علمی اردو لغت (جامع)

زندہ اردو زبان کی ایک جامع لغت

جس میں اردو ادب کے عام قاری اور طالبعلم

کی جملہ ضروریات پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے

مؤلفہ

وارث سرہندی ایم اے

نظرِ ثانی

محمد احسن خان

علمی کتاب خانہ کبیر سٹریٹ اردو بازار **لاہور**

سردار محمد پبلشر نے

الکٹرپریس لاہور سے چھپوا کر

علمی کتاب خانہ، کبیر سٹریٹ اُردو بازار

لاہور سے شائع کیا :

قیمت مجلّد : ایک سو پچاس رُوپے ۱۵۰/-

انتساب

صدیقی المکرم محمدّ احسن خانصاحب کے نام

جن کی تحریک و اعانت اِس تالیف کا سببِ خاص ہے

سخن ہائے گفتنی

آج تک اُردو لغت کی سیکڑوں مطوّل و مختصر کتابیں لکھی جا چکی ہیں، اور متعدد بازار میں دستیاب بھی ہیں۔ یہ سب کتابیں اپنی بعض انفرادی خصوصیات کے لحاظ سے ممتاز بھی ہیں اور اپنے اپنے دائرہ کار میں مفید بھی۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی ایسی جامعیت کی حامل نہیں کہ اُردو کے ایک عام قاری اور اردو ادب کے طالب علم کی جملہ علمی ضروریات پوری کر سکے اور وہ اس کی موجودگی میں دوسری کتب لغت سے بے نیاز ہو سکے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے اکثر مؤلفین نے نقل در نقل ہی کو اپنا شعار بنائے رکھا اور مختلف موضوعات کی اہم کتابوں کے مطالعہ کے بعد الفاظ کا ذخیرہ فراہم کرنے کی کوشش نہیں کی۔ یہ طریق کار اگرچہ بڑی محنت و جانفشانی اور دقت نظر کا متقاضی ہے، مگر ایک اچھی لغت مرتب کرنے کے لیے اس کے بغیر چارۂ کار بھی نہیں۔ نتیجہ ظاہر ہے۔ سہل انگاری کے باعث ہماری اکثر و بیشتر کتب لغت ایک دوسری کا چربہ بن کر رہ گئی ہیں۔ اور ان میں کوئی نمایاں خوبی اور جامعیت پیدا نہیں ہو سکی۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس سلسلہ میں کسی نے بھی ان خطوط پر کام نہیں کیا۔ ماضی میں لغت کی بعض گراں قدر کتابیں تالیف ہوئیں۔ اور وہ اپنے وقت میں بڑی حد تک جامع بھی تھیں۔ مگر اب جبکہ اُردو میں ہزاروں نئے الفاظ شامل ہو چکے ہیں اور بعض الفاظ میں معنوی تصرف ہو چکا ہے، ان کی وہ افادیت باقی نہیں رہی جو اپنے زمانہ میں تھی۔ ان کی تاریخی اہمیت بجا لیکن اب وہ زمانہ کا ساتھ دینے کے قابل نہیں۔ ان کو ایک جامع لغت کی تالیف کی بنیاد تو بنایا جا سکتا ہے، مگر وہ بذات خود ایک جدید جامع لغت کی جگہ پُر نہیں کر سکتیں اور آج کے عام قاری اور ادب کے طالب علم کے لیے زیادہ سود مند ثابت نہیں ہو سکتیں۔ ماضی قریب میں لغت کی بعض کتابیں بڑے طمطراق اور بلند بانگ دعووں کے ساتھ شائع ہوئیں۔ ان کے دعووں سے یہ امید بندھی تھی کہ ان سے طلبہ اور عام اردو دان قارئین کی ضروریات بڑی حد تک پوری ہو سکیں گی لیکن جب یہ چھپ کر سامنے آئیں تو سخت مایوسی ہوئی کیونکہ یہ کتب پہلی کتابوں پر کوئی اچھا اضافہ ہونے کی بجائے ان کی ناقص اور بھونڈی نقل سے زیادہ کوئی حیثیت نہ رکھتی تھیں۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ لغت نگاری ایک فنی کام ہے اور اس میں ذہنی اُپج کی بہت کم گنجائش ہے۔ کیونکہ ایک فرہنگ نویس نئے الفاظ ایجاد کرنے سے تو رہا۔ البتہ وہ انداز ترتیب و پیش کش میں ذہنی اُپج سے کام لے کر انفرادیت پیدا کر سکتا ہے یا پھر محنت و جستجو کے بعد ان الفاظ کا اضافہ کر سکتا ہے جو الفاظ پہلی کتب لغت میں کسی نہ کسی وجہ سے شامل ہونے سے رہ گئے ہوں۔ لیکن ان کتابوں میں ایسی کوئی بات نظر نہیں آتی۔ ان میں نہ تو انداز ترتیب و پیش کش کے لحاظ سے کوئی جدت نظر آتی ہے اور نہ ذخیرۂ الفاظ میں کوئی قابل قدر اضافہ ہوا ہے۔ ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ جو کتاب سابقہ کتب میں بلحاظ کیفیت کوئی اضافہ نہیں کر سکتی یا کسی انفرادی پہلو کی حامل نہیں، آخر اس کی تحریر و اشاعت سے کیا فائدہ ہے وہ ان سے کتابوں کے انبار کا حجم تو بڑھا سکتا ہے لیکن کوئی علمی خدمت انجام نہیں دی جا سکتی۔ علمی کاموں میں محض کمیت کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ البتہ کیفیت کو ایک مقام حاصل ہے۔ جس کا ان کتابوں میں فقدان ہے۔ ان وجوہ کی بنا پر ایک ایسی لغت کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی تھی جو اردو کے عام قارئین، طلبہ اور اخبار بین حضرات کی ضروریات، بہ تمام و کمال نہیں تو بڑی حد تک تو پوری کر سکے۔ چنانچہ اسی مقصد کو پورا کرنے کے لیے علمی اردو لغت کی تالیف کا منصوبہ تیار کیا گیا اور اس پر پوری تندہی سے کام شروع کر دیا گیا۔ ہم نے لکیر کا فقیر بننے سے احتراز کرتے ہوئے قدیم و جدید کتب ادب و لغت، مختلف موضوعات کی کتب اور اخبارات و رسائل کے مطالعہ کے بعد الفاظ کی فہارس مرتب کیں۔ تاکہ ان تمام الفاظ کا احاطہ کیا جا سکے، جن سے قدیم و جدید ادب کے قارئین، طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے حیات میں کام کرنے والے عام اردو دانوں کو سابقہ پڑتا ہے۔

اگر ان تمام کتابوں کی فہرست پیش کی جائے جن سے اس لغت کی تالیف میں مدد لی گئی ہے تو یہ بجائے خود ایک تالیف بن جائے گی۔ اس کے علاوہ ہم اس نمود و نمائش اور خود ستائی کا قائل نہیں۔ اصل مقصد تو اس لغت کو زیادہ سے زیادہ مفید اور کارآمد بنانا ہے۔ اس لیے ہم ایسی فہرست ساتھ لگانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔

یہاں یہ امر ملحوظ رکھنا چاہیے کہ یہ کوئی فنی فرہنگ نہیں، بلکہ ایک عام نوعیت کی لغت ہے۔ اس لیے اس میں مخصوص فنی اصطلاحات کی تلاش بیکار ہوگی۔ البتہ وہ فنی اصطلاحات اس لغت میں ضرور ملیں گی جو محض فنی ماہرین کے حلقہ تک محدود نہیں بلکہ اپنے فنی حلقہ سے باہر بھی عام طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ بہرحال علمی اردو لغت کو بڑی حد تک جامع بنانے کی کوشش کی گئی ہے اور توقع کی جا سکتی ہے کہ یہ لغت اردو کے عام قاری اور طالب علم کو دوسری کتب لغت، سے بڑی حد تک بے نیاز کر دے گی۔ بلاخوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ اردو میں آج تک شائع ہونے والی کسی

لغت میں عملی لحاظ سے اتنا مفید اور کارآمد ذخیرۂ الفاظ نہیں ملے گا جتنا علمی اردو لغت میں شامل کیا گیا ہے۔

یہاں یہ نکتہ ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ اردو کی کوئی لغت بھی جامع اور مانع نہیں ہو سکتی خواہ وہ کتنی ہی ضخیم و حجیم ہو۔ کیونکہ ایک تو اردو ایک زندہ زبان ہے اور اس میں آئے دن نئے الفاظ کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ دوسرے۔ اردو زبان کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے، جسے خواہ آپ عیب سمجھیں یا خوبی کہ اس میں عربی، فارسی اور ہندی کا ہر لفظ کھپ سکتا ہے۔ ایسی صورت میں جامع ترین لغت تو وہی ہو سکتا ہے جس میں ان زبانوں کے تمام الفاظ کا احاطہ کر لیا جائے۔ اوّل تو یہ بہت مشکل بات ہے اور اگر کسی طرح اس مشکل گھاٹی کو عبور کر بھی لیا جائے تو بھی ایسی حجیم لغت کتب خانوں کی زینت تو بن سکتی ہے مگر عام قارئین اور طلبہ اس تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے۔ کیونکہ یہ بذاتِ خود کتابوں کے ایک انبار سے کم نہیں ہوگی اور قیمت کے لحاظ سے بھی بہت گراں۔ جس کے باعث اس کی عملی افادیت بہت کم ہوگی۔ البتہ علمی لحاظ سے اس کو واقعی ایک معرکہ کی چیز کہا جائے گا۔ اس سلسلہ میں ترقی اردو بورڈ کراچی ان ہی خطوط پر کام کر رہا ہے اور جامع ترین اردو لغت مرتب کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جس کی نظرثانی کرنے والوں میں مَیں بھی شامل ہوں۔ لیکن بورڈ کو بھی مجبور ہو کر یہ شرط عائد کرنی پڑی ہے کہ اس لغت میں وہی الفاظ شامل کیے جائیں گے جن کی سند قدیم یا جدید کسی اردو کتاب سے مل جاتے۔ ظاہر ہے کہ اس شرط نے جہاں بورڈ کے کام کو کسی حد تک آسان بنا دیا ہے وہاں اس کی جامعیت کو بھی متاثر کیا ہے۔ اس کے علاوہ عین ممکن ہے کہ بہت سے الفاظ اس میں بھی شامل ہونے سے رہ جائیں۔ اوّل تو یہ ممکن نہیں کہ آج تک لکھی جانے والی ہر ایک اُردو کتاب بورڈ کے کارکنوں کے مطالعہ میں آ سکے۔ پھر ضروری نہیں کہ ہر وہ لفظ جو بولا جاتا ہے تحریر میں بھی آ چکا ہو۔ یہ میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ بورڈ نے پلیٹس کی ڈکشنری میں شامل بعض ایسے الفاظ ترک کر دیئے ہیں جن کے استعمال کی سند حاصل کرنے سے وہ قاصر رہے ہیں۔ اسی طرح ڈاکٹر فیلن کی انگریزی ہندوستانی ڈکشنری میں اردو کے بعض ایسے الفاظ و محاورات اور امثال و اصطلاحات درج ہیں جن کو بورڈ کی زیرِ ترتیب لغت میں بار نہیں مل سکا اور ظاہر ہے کہ ان الفاظ کی عدم شمولیت بورڈ کی لغت کا کمزور پہلو ہوگا بہرحال اس کے باوجود اگر بورڈ کی لغت مکمل ہو کر شائع ہو گئی تو یہ ایک معرکہ کی چیز ہوگی اور اردو کے ذخیرۂ لغت میں ایک اہم اور نہایت مفید اضافہ ہوگا۔ لیکن یہاں پھر وہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ اتنی ضخیم لغت کو خریدنا ایک عام قاری کے بس کی بات نہیں ہوگی۔ اسے معدودے چند صاحب استطاعت اصحاب ہی خرید کر اپنی ذاتی ملکیت میں رکھ سکیں گے اور اس لیے یہ زیادہ تر لائبریریوں ہی کی زینت بن سکے گی۔ ہر شخص کے لیے لائبریری میں جا کر استفادہ کرنا ممکن نہیں۔ پھر لغت کی ضرورت تو کسی وقت بھی پڑ سکتی ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ جب بھی ضرورت پڑے تو آدمی بھاگا بھاگا لائبریری میں جائے۔ یہ موانع بورڈ کی لغت کی عملی افادیت کو بہت محدود کر دیں گے۔ کارآمد لغت وہی ہو سکتی ہے جسے ایک متوسط درجہ اور کم وسائل کا انسان بھی خرید سکے اور اس سے ہر وقت استفادہ کر سکے۔

اس لیے ہم نے اس لغت کے عملی اور افادی پہلوؤں کو نظر سے اوجھل نہیں ہونے دیا۔ لغت کی ضخامت کو قابو میں رکھنے کے لیے شواذ کو ترک کر دیا گیا ہے اور رواج و استعمال کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ بہرحال میں اپنی حد تک مطمئن ہوں کہ میری یہ کاوش سعیٔ رائگاں نہیں ہوگی۔ قبول و ناقبول خدا کے ہاتھ ہے۔ مگر ہیں امید ضرور رکھتا ہوں کہ ان شاء اللہ یہ لغت تمام حلقوں میں مقبول ہوگی۔

ذیل میں علمی اردو لغت کی بعض نمایاں خصوصیات درج کی جاتی ہیں تاکہ ان پر ایک نظر ڈالنے سے یہ اندازہ ہو سکے کہ اس میں اور دوسری کُتب لُغت میں کیا فرق ہے۔

۱- ابتدائی مدارج سے اعلیٰ مدارج تک کے طلبہ کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ تمام الفاظ شامل کیے گئے ہیں، جو نصاب کی کتابوں اور اردو نظم و نثر کی اہم کتابوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

۲- اردو کی کسی لغت میں بھی غالبؔ۔ ذوقؔ۔ اقبالؔ اور نظیرؔ اکبرآبادی کے کلام میں استعمال ہونے والے الفاظ کو شامل کرنے کی خصوصی کوشش نہیں کی۔ مگر علمی اردو لغت کی تالیف میں ان شعراء کے کلام کو خاص طور پر سامنے رکھا گیا ہے اور ان کے کلام میں استعمال ہونے والے الفاظ کا بڑی حد تک احاطہ کر لیا گیا ہے۔

۳- دکنی دَور کے قدیم الفاظ کو بھی نظرانداز نہیں کیا گیا۔ اس ضمن میں وَلی دکنی اور سراجؔ اورنگ آبادی کے کلام کو بالخصوص پیش نظر رکھا گیا ہے۔

۴- "باغ و بہار" اردو نثر کی اہم کتابوں میں سے ایک ہے اور مختلف مدارج کے نصاب تعلیم میں کُلاً و جزواً شامل بھی ہے، مگر بدقسمتی سے کسی لغت میں اس کے الفاظ کا احاطہ نہیں کیا گیا۔ اس لیے علمی اردو لغت میں "باغ و بہار" میں استعمال ہونے والے الفاظ و محاورات کے اندراج کا خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ تمام بڑے اور اہم مصنفین مثلاً ڈپٹی نذیر احمد، رتن ناتھ سرشار وغیرہم کی تصانیف کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ یہ تو بطور نمونہ چند نام گنوا دیئے ہیں۔ ورنہ اردو کے تمام اہم شعراء و ادباء کی تصانیف سے استفادہ کر کے ان کے استعمال کردہ الفاظ کو شامل لغت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

۵- اخبارات میں استعمال ہونے والے الفاظ و مصطلحات کو خاص اہتمام سے شامل لغت کیا گیا ہے تاکہ اخبار بین حضرات بھی اس لغت سے مستفید ہو سکیں۔

۶ - ادبی اصطلاحات، بیان و معانی، عروض اور صرف و نحو کی اصطلاحات کو بڑی حد تک درج کر لیا گیا ہے۔

۷ - اسلامی اصطلاحات جو اردو میں عام طور پر مستعمل ہیں اور جن کا استعمال کسی خاص طبقہ تک محدود نہیں، شامل کر لی گئی ہیں۔

۸ - اردو میں جدید الفاظ و مصطلحات رواج پذیر ہو چکے ہیں۔ ان کو خاص طور پر شامل لغت کیا گیا ہے۔ اس لیے علمی اُردو لُغت میں ایسے سیکڑوں بلکہ ہزاروں جدید الفاظ ملیں گے، جو اردو کی کسی اور لغت میں شامل نہیں۔

۹ - انگریزی کے وہ الفاظ جو اردو میں رواج پا چکے ہیں اور بول چال اور تحریروں میں عام طور پر استعمال ہوتے ہیں، شامل کر لیے گئے ہیں، کیونکہ وہ بھی اُردو زبان کا حِصّہ بن چکے ہیں۔

۱۰ - اُردو میں بہت سی انگریزی اصطلاحات کے تراجم استعمال ہو رہے ہیں، مگر ابھی تک کتب لغت میں بار نہیں پا سکے۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ ہر شخص ایک نیا ترجمہ کرتا ہے۔ اس طرح ایک ہی لفظ کے متعدد تراجم ملتے ہیں۔ لیکن اس سلسلہ میں ہم نے قبول و رواج کے اصول کو مدِنظر رکھتے ہوئے ایسے تراجم کو شامل لغت کر لیا ہے جو نسبتاً زیادہ مقبول اور کثیر الاستعمال ہیں۔ احتیاطاً ساتھ ہی اصل انگریزی الفاظ بھی درج کر دیے ہیں جن کا وہ ترجمہ ہیں۔

۱۱ - اردو میں ایسی بہت سی گنگا جمنی تراکیب رائج ہو چکی ہیں، جو اصول و قاعدہ کے لحاظ سے غلط ہیں۔ تاہم ایسی تراکیب کو شامل لغت کر لیا گیا ہے مگر ساتھ ہی ان کے غلط ہونے کی صراحت کر دی ہے تاکہ حقیقت حال واضح ہو سکے۔

۱۲ - اس لغت کو عملی لحاظ سے زیادہ مفید بنانے کے لیے ضروری تھا کہ اس کی ضخامت اتنی زیادہ نہ بڑھے کہ ایک عام قاری کے لیے اس کا خریدنا محال ہو جائے۔ یوں بھی کسی کتاب بالخصوص لغت کا متعدد حِصّوں میں ہونا، ایک عام قاری اور طالب علم کے لیے اس کی عملی افادیت کو کم کر دیتا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ہندی اور سنسکرت کے نامانوس الفاظ ترک کر دیئے ہیں۔ ان کی بجائے عربی اور فارسی الفاظ کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ ان عربی اور فارسی الفاظ کے اردو میں رواج پانے کا زیادہ امکان ہے۔

۱۳ - اسماء و اعلام کو بڑی حد تک ترک کر دیا گیا ہے۔ البتہ ان اسماء و اعلام کو شامل لغت کر لیا گیا ہے، جو اردو ادب میں خاص اہمیت اور تلمیحی حیثیت رکھتے ہیں۔

۱۴ - ضخامت کو قابو میں رکھنے کے لیے اسناد ترک کر دی گئی ہیں۔ البتہ تمام الفاظ کے معنی تحقیق کے بعد درج کیے گئے ہیں۔ کہیں کہیں بعض نامانوس الفاظ کے ضمن میں اسناد درج بھی کر دی گئی ہیں تاکہ ان الفاظ کا اردو میں استعمال ثابت ہو سکے۔

۱۵ - اردو میں فارسی اور عربی کی بہت سی عام نوعیت کی ایسی تراکیب استعمال ہوتی ہیں جنھیں قاعدہ کے مطابق ہر شخص بنا سکتا ہے۔ اس لیے ایسی تراکیب میں سے صرف انہی کو درج کیا گیا ہے جو بہت مشہور اور کثیر الاستعمال ہیں۔

۱۶ - ایسی عطفی اور اضافی تراکیب کو ترک کر دیا گیا ہے۔ جن کے اجزاء لغت میں اپنے اپنے مقام پر درج ہو چکے ہیں۔ لیکن اگر یہ الفاظ ترکیبی صورت میں اپنے لغوی معنوں سے ہٹ کر استعمال ہوتے اور تراکیب لغوی معنی کے علاوہ کوئی خاص معنی بھی رکھتی ہیں، تو ان کو شامل لغت کیا گیا ہے۔

۱۷ - معانی کے استیعاب کی طرف خاص توجہ دی گئی ہے اور کوشش کی گئی ہے کہ لفظ کے تمام معنوی پہلو واضح ہو جائیں۔ اس لیے معانی درج کرتے وقت ہر پہلو کو نمایاں کرنے کے لیے نمبر لگا دیئے گئے ہیں۔

۱۸ - الفاظ پر اعراب لگانے کا التزام کیا گیا ہے۔ ہر نئے لفظ پر اہتمام و احتیاط کے ساتھ اعراب لگائے گئے ہیں۔ جہاں کہیں اشتباہ کا احتمال ہوا وہاں علامتی اعراب کے علاوہ ملفوظی اعراب کا اہتمام بھی کیا گیا ہے تاکہ لفظ کا صحیح تلفظ واضح ہو سکے اور کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے۔

۱۹ - الفاظ کی صرفی حیثیت خوب واضح کر دی گئی ہے۔

۲۰ - ہر لفظ کا قریبی ماخذ بیان کیا گیا ہے مثلاً جو الفاظ کسی دوسری زبان سے معرب صورت میں اردو میں آتے ہیں۔ ان کو عربی لفظ کی حیثیت سے ظاہر کیا گیا ہے۔ زیادہ دُور جانے کی کوشش نہیں کی گئی کیونکہ ایک عام قاری کو اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

۲۱ - ہندی کے جو الفاظ اردو میں پوری طرح گھل مل گئے ہیں ان کو اردو کا لفظ ظاہر کیا گیا ہے۔ البتہ جن الفاظ کے متعلق یہ محسوس ہوا کہ وہ اُردو میں اچھی طرح رچ بس نہیں سکے اور ان سے ابھی تک اجنبیت کی بُو آتی ہے، اُن کا اصل ماخذ ہندی یا سنسکرت بتا دیا گیا ہے۔

۲۲ - جن الفاظ کی ایک سے زیادہ صورتیں بہ ادنیٰ اختلاف مُروّج ہیں ان کو الگ الگ درج کرنے کی بجائے ترچھی لکیر ڈال کر ایک ہی جگہ درج کر دیا گیا ہے۔ مثلاً قانونی/قانونیًا و علیٰ ہذا القیاس۔ البتہ جہاں ضروری محسوس ہوا وہاں ایسے الفاظ کو الگ الگ بھی درج کیا گیا ہے۔

۲۳ - جو الفاظ قوسین میں درج ہیں اُن کو ساتھ ملا کر پڑھا جائے تو بھی درست ہے اور اگر چھوڑ دیا جائے تو بھی درست ہے — یہ الفاظ دونوں طرح مستعمل ہیں۔

۲۴ - وہ علمی اور فنی مصطلحات جن کا استعمال کسی خاص طبقہ تک محدود نہیں بلکہ علمی و ادبی کتابوں اور اخبارات میں عام استعمال ہوتی ہیں ان کو محض فنی اصطلاحات ہونے کی بناء پر ترک نہیں کیا گیا بلکہ شامل لغت کر لیا گیا ہے۔

۲۵- ایس (s) سے شروع ہونے والے انگریزی الفاظ جو اردو میں مستعمل ہیں انھیں "سین" کی بجائے بالعموم الف مقصورہ کی تقطیع میں درج کیا گیا ہے۔ مثلاً "سکول" کی بجائے "اسکول" لکھا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انگریزی میں ایسے الفاظ میں ایس (s) ساکن استعمال ہوا ہے لیکن اردو میں کسی بھی لفظ کا پہلا حرف ساکن نہیں ہو سکتا۔

۲۶- فارسی میں صیغۂ امر بطور لاحقہ فاعلی بھی استعمال ہوتا ہے اور کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اس لیے اس لُغت میں ایسے الفاظ کو لاحقہ فاعلی کی حیثیت سے درج کر لیا گیا ہے مگر ان کو یائے مصدری کے اضافہ کے ساتھ درج نہیں کیا گیا۔ مثلاً "گر" بطور لاحقہ فاعلی درج ہوگا، "گر" "گری" بطور لاحقہ اسم کیفیت درج نہیں ہوگا۔ کیونکہ اصلاً "گری" کوئی لفظ نہیں اور نہ یہ لاحقہ اسم کیفیت ہے۔ بلکہ لاحقہ اسم کیفیت تو یائے مصدری ہے جس کا اضافہ صفت پر کیا جاتا ہے تاکہ اس میں مصدری معنی پیدا ہو سکیں۔ مثلاً "داستان گر" "داستان" اور "گر" سے مل کر اسم فاعل ترکیبی یا صفت فاعلی بنا ہے۔ اس پر یائے مصدری بڑھا کر "داستان گری" اسم کیفیت بن سکتا ہے اور یہ ایک با معنی لفظ ہوگا۔ مگر مجرد "گری" ان معنوں میں کوئی لفظ نہیں ہے کیونکہ اصل لاحقہ "ی" ہے۔

۲۷- جہاں حرف "حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے" لکھا گیا ہے وہاں حرف علت میں اعراب بھی شامل ہیں کیونکہ اعراب بھی حروف علت کی مختصر صورتیں ہیں۔ مثلاً "ب" کی تعریف میں لکھا ہے کہ یہ حرف صحیح ہے اور حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا۔ الف، واو، یا کے علاوہ زیر۔ زبر۔ پیش لگنے سے بھی آواز دے گا۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔

۲۸- عربی کی جمع سالم اور فارسی اور اردو کے قاعدہ سے بننے والی جمع کا اندراج نہیں کیا گیا۔ (فارسی اور اردو کے قاعدے سے بننے والی جمعیں بھی جمع سالم کی تعریف میں آتی ہیں) کیونکہ جمع سالم میں لفظ کی اصل ہیئت برقرار رہتی ہے اور معنی میں کوئی خصوصیت پیدا نہیں ہوتی۔ البتہ عربی کی جمع مکسر درج کی گئی ہے۔ کیونکہ اس میں لفظ کی صورت تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور ایک نئی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔

۲۹- مذکر لفظ کے معنی درج کیے گئے ہیں، مگر مؤنث کے معنی درج کرنے کی بجائے اس کا مذکر بتا کر اس کی طرف رجوع کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ الّا یہ کہ مونث میں مذکر سے ہٹ کر کوئی خاص معنی پیدا ہوتے ہوں۔ یہی طریق کار صفات نسبتی کے سلسلہ میں اختیار کیا گیا ہے۔ وہاں بھی کسی صفت نسبتی کے معنی بیان کرنے کی بجائے وہ لفظ لکھ دیا گیا ہے جس سے یہ منسوب ہے۔ سوائے ایسی صورت کے کہ اس میں کوئی خصوصیت پائی جاتی ہو۔

غرض اُردو میں استعمال ہونے والے تمام الفاظ و محاورات اور امثال و مصطلحات کا بڑی حد تک احاطہ کر لیا گیا ہے۔ اور بڑی کدوکاوش سے کئی جلدوں کا مواد ایک جلد میں سمونے کی کوشش کی گئی ہے۔ بالفاظ دیگر دریا کو کوزہ میں بند کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ میں اپنی اس کوشش میں کس حد تک کامیاب رہا ہوں، اس کا فیصلہ اہل نظر حضرات پر چھوڑتا ہوں۔ البتہ میں اپنی جانب سے مطمئن ہوں کہ میں نے اس لغت کو ہمہ جہت مفید اور جامع بنانے میں کوتاہی نہیں کی۔

یہ ناسپاسی ہوگی اگر میں آخر میں اپنے محب خاص جناب محمد احسن خاں کا ذکر نہ کروں جو اس تالیف کے اصل محرک ہیں۔ وسائل کی فراہمی سے لے کر مسودہ کی تحریر و تکمیل تک احسن صاحب نے ہر مرحلہ میں میری بھرپور مدد کی ہے۔ اگر ان کی ہمہ پہلو مدد شامل حال نہ ہوتی تو میں اکیلا اس مہم کو سر نہ کر سکتا تھا۔ احسن صاحب اگرچہ اپنے زمانۂ تعلیم میں سائنس کے طالب علم رہے ہیں، لیکن علم و ادب سے ان کو جو ذوق و شغف ہے۔ وہ ان کو ادبا کی فہرست میں شامل کرنے کے لیے کافی ہے۔ احسن صاحب ادب کے با ذوق اور ذہین قاری ہونے کے ساتھ تحقیقی مزاج رکھتے ہیں۔ ان کی ہمت اور سچی لگن سونے پر سہاگا ہے۔ اردو زبان کی محبت تو ان کے رگ و پے میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ اس لیے وہ ہر وقت اردو زبان کی ترقی کے منصوبے سوچتے رہتے ہیں۔ اور ان کو بروئے کار لانے کے لیے برابر کوشاں و سرگرداں رہتے ہیں۔ اس لغت کی تالیف میں موصوف نے بھرپور حصہ لیا ہے۔ مختلف کتب کے مطالعہ کے بعد الفاظ کی فہرستیں مرتب کرنے اور معانی کے تعین میں ان کی مساعی اور صائب مشورے میرے لیے بہت سودمند ثابت ہوئے ہیں۔

اپنی مسلسل اور طویل علالت کے باوجود احسن صاحب نے جس جانفشانی کے ساتھ اس لغت پر نظر ثانی کی ہے، اس کا اعتراف نہ کرنا ناشکری ہوگا۔

اس سلسلہ میں اُن کی خدمات ایک پیشہ ور نقاد سے کہیں بڑھ کر اور اعلیٰ و ارفع ہیں۔ کیونکہ پیشہ ور نقاد تو ادھر ادھر کی چیزوں سے بھان متی کی طرح کنبہ جوڑتے ہیں اور ان میں علم و فن کی سچی لگن نہیں ہوتی۔ اس لیے اُن کی نظر سطح سے نیچے نہیں جاتی۔ مختصر الفاظ میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ اس لغت کی تالیف میں ان کی حیثیت شریک مؤلف سے کم نہیں۔ بلکہ شریک غالب کی ہے۔ سب سے بڑی اور اہم بات یہ ہے کہ اس جدوجہد اور جانفشانی سے ان کا مقصد صرف اُردو زبان کی خدمت تھا، ورنہ اس لغت کی تالیف سے ان کا کوئی مالی مفاد وابستہ نہ تھا۔ بلکہ اس سلسلہ میں الٹا اُن کو مالی طور پر بھی زیر بار ہونا پڑا۔ اس لغت میں جو خوبیاں پائی جاتی ہیں ان کا سہرا بڑی حد تک احسن صاحب کے سر ہے اور جو خامیاں ہیں اُن کی ذمہ داری مجھ پر عائد ہوتی ہے۔ اگرچہ ہم دونوں کی کوشش یہی رہی ہے کہ یہ لغت خامیوں سے یکسر مبرا ہو، لیکن سہو و نسیان بشریت کا خاصہ ہے۔ بہر حال میں احسن صاحب کی مخلصانہ مساعی کا کھلے دل سے اعتراف کرتا ہوں اور ان کی خدمت میں بصمیم قلب ہدیہ تشکر و سپاس پیش کرتا ہوں

ی حقیقت کے اعتراف کے طور پر میں اس تالیف کا انتساب بھی احسن صاحبؒ کے نام کر رہا ہوں۔

مجتبی المکرم جناب ماہر القادری مدیر ماہنامہ "فاران" کراچی کا بھی میں بہ خلوص دل شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بھی اس سلسلہ میں مجھے بعض مفید مشوروں سے نوازا۔ اور بہ کمال مہربانی اس لغت کا "تعارف" بھی لکھا۔

لغت کے مسودہ کی تحریر میں بعض دوسرے احباب نے بھی میرا ہاتھ بٹایا ہے۔ اس ضمن میں برادر محترم محمد صدیق خاں صاحب اور عزیزم محمد عارف خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ مسودہ کی ترتیب کا کام بڑی حد تک ان دونوں کا مرہون منت ہے۔ میں ان کا شکر گزار ہوں۔

اس لغت کے ناشر حاجی سردار محمد صاحب کا ذکر بھی غیر مناسب نہ ہوگا۔ ایک ناشر کی حیثیت سے حاجی صاحب کا رویہ میرے ساتھ نہایت شریفانہ اور ہمدردانہ رہا اور انہوں نے ہر طرح میری ضروریات کا خیال رکھا۔ اگرچہ ناشران کے متعلق عام طور پر اچھی رائے کا اظہار نہیں کیا جاتا۔ مگر اس ضمن میں میرا تجربہ بہت خوشگوار رہا۔ اس لیے میں عام خیال ملحوظ رکھتے ہوئے بھی حاجی صاحب کو مستثنیات الصالحات میں شمار کر سکتا ہوں، اور ان کی شرافت و خوش معاملگی کا صدق دل سے معترف و سپاس گزار ہوں۔ فقط۔

وارث سرہندی

کنجروڑ (ضلع سیالکوٹ)

تعارف

جناب وارثؔ سرہندی علم و اخلاق اور زبان و ادب کے خاموش خدمت گزار ہیں۔ مطالعہ ان کی زندگی اور تحقیق و فکر اُن کا محبوب مشغلہ ہے۔ اپنی قابلیت ... اور تجربہ کے لحاظ سے اُنھیں جتنا مشہور ہونا چاہیئے تھا۔ اس کے مقابلے میں اُن کی شہرت اُڑد پر سفیدی کے برابر ہے بلکہ یہ نہیں کہنا کہ وہ "فرشتہ"، "درویش" ہیں مگر ہاں یہ ضرور ہے کہ وارث صاحب شہرت و نمود کے آرٹ سے ناواقف ہیں۔ اس لیے وہ مشہور نہیں ہو سکے۔ مگر اُن کا شمار زبان و ادب کے اکابر اور مشاہیر میں ہونا چاہیئے۔

راقم الحروف کو بدوِ شعور ہی سے لغت و زباں سے شغف رہا ہے۔ گزشتہ ۲۴ سال کی مدت میں اپنے ماہنامہ "فاران" میں ڈھائی ہزار سے بھی زیادہ کتابوں پر تبصرہ کر چکا ہوں۔ ان تبصروں میں علم و فن کے محاسن کے اعتراف اور اسقام پر گرفت کے علاوہ زیادہ زور "زبان و بیان" پر دیا گیا ہے۔ اور ان تبصروں کا محرک یہ مرکزی خیال رہا ہے کہ جب تک زبان پر پوری طرح قدرت نہ ہو۔ اس وقت تک کوئی شخص نہ عظیم شاعر بن سکتا ہے اور نہ بڑا ادیب۔ مگر

جناب وارث سرہندی نے بعض اوقات خود میری زبان و بیان کی غلطیوں کی گرفت کی ہے۔ تو اُن کی گرفت اکثر و بیشتر درست ثابت ہوئی ہے کبھی کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ میری توجیہات کے بعد وہ مطمئن ہو گئے ہیں۔ اور اپنی بات پر اصرار نہیں کیا۔ علمی مسائل میں اُن کی یہ روش اُن کی حق پسندی کی دلیل ہے۔

جناب وارثؔ سرہندی کی طبیعت زبان کی صحت و نزاکت سے خاص مناسبت رکھتی ہے۔ اُن کی تحریریں بڑی متوازن ہوتی ہیں۔ لفظوں کے صحیح طور پر برتنے کا سلیقہ انھیں آتا ہے۔ اُردو لغت پر خاص طور سے وارثؔ صاحب کو عبور حاصل ہے۔

عرب شعراء کی طرح وارث سرہندی کا واسطہ دشت و صحرا سے رہا ہے۔ اس لیے وہ فطرتاً جفاکش اور مشقت پسند ہیں ان کی یہی جفاکشی اور ریاضت "علمی اُردو لغت" کی تدوین میں کام آئی۔ "لغت نگاری" میں فطری ذوق اور ذہانت و قابلیت کے علاوہ

ع
راتیں گزار دی ہیں سہارے چراغ کے۔

کی منزل سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔

عام قاری اور طالب علم کے لیے بہت مشکل ہے کہ وہ لغات کا انبار اپنے ساتھ رکھ سکے۔ اس لیے ایک ایسی لغت کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ جو ایک قاری، اخبار بین اور ادب کے طالب علم کی ضروریات کو بڑی حد تک پورا کرنے میں مدد دے سکے۔ اسی مقصد کے پیشِ نظر "علمی اردو لغت"، کو مرتب و مدوّن کیا گیا ہے۔

جناب وارثؔ سرہندی کی مرتب کردہ "علمی اُردو لغت"، کی خصوصیات کی طرف اشارہ کیے بغیر اگر میں سرسری طور پر گزر جاؤں تو یہ فاضل مولّف لغت کی محنت و تحقیق اور قارئین کے ذوقِ طلب کے ساتھ ناانصافی بلکہ ایک طرح کا ظلم ہو گا۔

۱ - علمی اُردو لغت کو کافی حد تک جامع و محیط بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس لیے توقع ہے کہ ایک عام قاری اور زبان و ادب کے طالب علم کو یہ لغت دوسری کتب لغت سے بڑی حد تک بے نیاز کر دے گی۔

۲ - ابتدائی منزلوں سے لے کر اعلیٰ مدارج تک طلبہ کی ضرورت کو مدِنظر رکھتے ہوئے وہ تمام الفاظ شامل کیے گئے ہیں جو نصاب کی کتابوں اور اُردو نظم و نثر کی اہم اور قابلِ ذکر کتابوں میں استعمال ہوئے ہیں۔

۳ - اُردو کی کسی بھی لغت میں اس کا التزام اور اہتمام نہیں کیا گیا کہ غالبؔ، مومنؔ، ذوقؔ، نظیرؔ اکبر آبادی اور اقبالؔ کے کلام میں استعمال ہونے والے الفاظ اس میں آجائیں۔

علمی اُردو لغت کی تالیف میں ان شعرائے کرام کے کلام کو خاص طور پر پیشِ نظر رکھا گیا ہے اور ان کے کلام میں استعمال ہونے والے الفاظ کا بڑی حد تک احاطہ کیا گیا ہے۔

۴ - "باغ و بہار" کا شمار اُردو نثر کی اہم کتابوں میں ہوتا ہے مگر کسی لغت میں "باغ و بہار" کے الفاظ کو بطورِ خاص شامل کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔

"علمی اُردو لغت"، میں اس کا اہتمام کیا گیا ہے۔ کہ "باغ و بہار کے لیے یہ لُغت "کلید" کا کام دے سکے۔[1]

۵ - جن الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال کا اُردو میں عام چلن ہے۔ ان کا اس لغت میں احاطہ کیا گیا ہے۔[1]

۶ - اخبارات میں مستعمل اصطلاحات کو خاص طور پر شامل کیا گیا ہے۔

۷ - دینی اصطلاحات جو اُردو میں عام طور پر استعمال ہوتی ہیں اور جن کا تعلق کسی خاص طبقہ تک محدود نہیں ہے شامل کر لی گئی ہیں۔

---

[1] جب ہم "احاطہ کیا گیا ہے" "شامل ہو گئے ہیں" "صراحت کر دی گئی ہے" جیسے الفاظ لکھتے ہیں تو اُن سے "بڑی حد تک" مراد ہوتی ہے۔ (م۔ ق)

- اُردو میں جو جدید الفاظ، تراکیب اور مصطلحات رواج پا چکی ہیں۔ ان کو خاصے اہتمام کے ساتھ علمی اُردو لُغت میں سمویا گیا ہے اسی لیے علمی اُردو لُغت میں ایسے سیکڑوں بلکہ غالباً ہزاروں جدید الفاظ ملیں گے جو اور کسی لغت میں نہیں پائے جاتے۔

- انگریزی کے وہ الفاظ جن کا اُردو میں چلن ہے۔ اور وہ کثرتِ استعمال سے اردو زبان میں داخل و شامل ہو چکے ہیں اور عام بول چال میں مستعمل ہیں شامل لغت کیے گئے ہیں۔

۱ - اُردو میں بعض انگریزی مصطلحات کے تراجم استعمال ہو رہے ہیں مگر ابھی تک لغت کی کتابوں میں اُنھیں نہیں لیا گیا۔ ایسے تمام تراجم علمی اُردو لغت میں شامل کیے گئے ہیں۔ اور ان کے ساتھ انگریزی کے اصل الفاظ بھی درج کر دیے گئے ہیں۔

۱ - اُردو میں ایسی گنگا جمنی قسم کی تراکیب بھی گھل مل گئی ہیں جو اصول اور قاعدے کے لحاظ سے درست نہیں ہیں یا احتیاط و ثقاہت کے خلاف ہیں ایسی تمام تراکیب علمی اُردو لغت میں شامل کر لی گئی ہیں مگر ساتھ ہی اُن کے غلط ہونے کی صراحت بھی کر دی ہے اس باب پر مختلف رائیں ہو سکتی ہیں مگر دیکھنا یہ ہے کہ لغت نویس نے کس باریک بینی سے کام لیا ہے۔

۱ - ایک طرف اس بات کا اہتمام کہ لغت کو زیادہ سے زیادہ مفید اور کار آمد بنایا جائے تو دوسری طرف اس کا خیال کہ ضخامت اتنی زیادہ نہ ہو جائے کہ عام قاری کے لیے اس کا خریدنا دشوار ہو جائے عام طور پر کسی کتاب کا کئی کئی حصّوں میں شائع ہونا ایک عام قاری اور خاص طور سے طالب علم کے لیے علمی افادیت کے لحاظ سے ایک مسئلہ اور مرحلہ بن جاتا ہے۔ ان نزاکتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہندی اور سنسکرت کے نامانوس الفاظ ترک کر دیئے گئے ہیں۔ ان کی بجائے عربی اور فارسی الفاظ کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

۱۴ - اسماء اعلام کو بڑی حد تک ترک کر دیا گیا ہے۔ اور صرف اُن اسماء و اعلام کو شامل لغت کیا گیا ہے جو اُردو ادب میں کوئی نہ کوئی تلمیحی حیثیت رکھتے ہیں۔

۱۴ - فاضل لغت نویس نے اپنی پوری کوشش اور توجہ اس پر صرف کی ہے کہ لفظ کے تمام رُخ اور پہلو نمایاں ہو جائیں۔ اس لیے معانی لکھتے وقت ہر پہلو کو سامنے لانے کے لیے نمبر لگائے گئے ہیں۔

۱۵ - ضخامت و طوالت کے اندیشہ سے اسناد ترک کر دی گئی ہیں البتہ تمام الفاظ کے معنی تحقیق کے بعد درج کیے گئے ہیں۔

۱۶ - الفاظ پر اعراب لگانے کا خاص طور التزام کیا گیا ہے۔ ہر نئے لفظ پر احتیاط کے ساتھ اعراب لگائے گئے ہیں۔ خدا کرے کتابت میں بھی یہی صورت باقی رہے۔

۱۷ - الفاظ کی صرفی حیثیت واضح کر دی گئی ہے۔

۱۸ - ہر لفظ کا ماخذ بیان کر دیا گیا ہے۔

۱۹ - ہندی کے وہ الفاظ جو اردو میں گھل مل چکے ہیں۔ ان کو اُردو لفظ ظاہر کیا گیا ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے جن لفظوں کے متعلق یہ محسوس ہوا کہ اُردو میں رچ بس کر "اُردو" نہیں بن سکے اور اردو دان اُن کے بارے میں کسی نہ کسی حد تک اجنبیت محسوس کرتے ہیں ان کا اصل ماخذ۔ ہندی یا سنسکرت دے دیا گیا ہے۔

۲۰ - اُردو کے قدیم شعرا مثلاً دلی دکنی (یا گجراتی) اور سراج اورنگ آبادی کے کلام میں استعمال ہونے والے قدیم دکنی الفاظ کو بھی بڑی حد تک اس لغت میں شامل کر لیا گیا ہے تاکہ قدیم ادب کا مطالعہ کرنے والے کے لیے یہ لغت مفید ثابت ہو سکے۔

۲۱ - جن الفاظ کی ایک سے زیادہ صورتیں خفیف و ادنیٰ اختلاف کے ساتھ مروج ہیں ان کو الگ الگ درج کرنے کی بجائے ٹیڑھی لکیر کھینچ کر ایک ہی جگہ درج کر دیا گیا ہے تاکہ کتاب کے حجم میں اضافہ نہ ہو۔ لیکن جہاں ضرورت محسوس کی گئی وہاں اس قسم کے الفاظ علیحدہ بھی درج کیے گئے ہیں۔

۲۲ - علمی اور فنی اصطلاحات جن کا استعمال بعض مخصوص افراد تک محدود نہیں۔ اور جو علمی و فنی کتابوں میں عام طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ اُن کو شامل لغت کیا گیا ہے۔

۲۳ - فاضل لُغت نویس نے بڑی ریاضت و محنت اور کد و کاوش سے کئی جلدوں کے مسالے کو ایک جلد میں سمونے کی کوشش کی ہے۔ یہ وہ کوشش ہے جس پر دریا کو کوزے میں بند کرنے کی ضرب المثل صادق آتی ہے۔

۲۴ - دوسری زبانوں کے وہ الفاظ جو "شواذ" کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے ترک کرنے ہی کو بہتر سمجھا ہے۔ لُغت نویس نے اپنے اور قاری کے وسائل کو ملحوظ رکھا ہے۔

۲۵ - فارسی اور عربی میں بہت سی عام نوعیت کی تراکیب استعمال ہوتی ہیں۔ جن کو اصول و قاعدے کے مطابق ہر شخص بنا سکتا ہے، اس لیے اس نوع کی تراکیب میں سے صرف انھی کو لیا گیا ہے جو مشہور ہیں۔ ایسی عطفی اور اضافی تراکیب کو ترک کر دیا گیا ہے جن کے اجزاء لغت میں درج ہیں اور وہ ترکیبی صورت میں لغوی معنی سے ہٹ کر استعمال نہیں ہوتے۔

۲۶ - جمع سالم درج نہیں کی گئی۔ البتہ اگر محاورات میں جمع سالم استعمال ہوتی ہے یا جمع کی صورت میں واحد کے مقابلے میں کچھ فرق پیدا

ہو گیا ہے تو پھر سنہ سال بھی درج کر دی گئی ہے۔

ان خصوصیات نے علمی اردو لغت کو تمام اردو لغات میں ممتاز بنا دیا ہے۔ یہ کام ایک ادارے کے کرنے کا تھا جسے صرف ایک شخص نے بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دیا ہے۔

جناب وارث سرہندی کی زبان دانی اور لغت پر عبور کے اعتراف کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ صاحب موصوف ترقی اردو بورڈ کراچی کی زیرِ ترتیب لغت پر نظرِ ثانی کی خدمت انجام دے رہے ہیں اور مرکزی اردو بورڈ لاہور کے لیے فیلن کی انگریزی ہندوستانی ڈکشنری کو جو رومن رسم الخط میں ہے۔ اردو رسم الخط میں منتقل کر رہے ہیں۔

نہ تو فاضل لغت نویس اس کے مدعی ہیں اور نہ میں اس مبالغہ کا الزام اپنے سر لینے کو تیار ہوں کہ علمی اردو لغت تسامحات اور کمزوریوں سے منزہ ہے اور اس کا حرف حرف سند ہے۔ انسانوں کے کاموں میں پوری احتیاط کے باوجود تھوڑی بہت کور کسر رہ جاتی ہے۔ دنیا کے پردے پر قرآن کریم ہی تنہا ”الکتاب“ ہے۔ جو ”لا ریب فیہ“ ہے۔ مگر میں اس کے اعتراف میں کوتاہی نہیں کروں گا کہ جناب وارث سرہندی نے اس لغت کو مرتب فرما کر زبان و ادب کا عظیم کارنامہ انجام دیا ہے اور میری یہ دعا ہی نہیں پیش گوئی بھی ہے کہ
”علمی اردو لغت“ سے مستقبل کے ہر دور میں استفادہ کیا جاتے گا اور یہ لغت وارث سرہندی کے نام کو زندہ رکھے گی۔

مشرقی پاکستان کے المیہ نے دل و دماغ کی چولیں ہلا دی ہیں۔ اسی عالم میں یہ تعارف لکھا گیا ہے۔

لفظ سکتے میں ہیں معنی مضمحل
کتنی مشکل میں لبِ اظہار ہے۔ دم

ماہر القادری۔ کراچی
۱۶ر جنوری ۱۹۷۲ء

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

عرضِ حال

اَلحمدُ للّٰہ کہ پانچ سال کی مسلسل تگ و دَو کے بعد اُردو زبان کی یہ ادنیٰ سی خدمت "قائدِ اعظم کے مبارک سال" میں اُردو ادب کے خدمتگاروں کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔ مصنفِ کتاب جناب وارث سرہندی نے جس محنت سے کام کرکے اس کو مرتب کیا ہے' اس کا کچھ تذکرہ تو جناب مولینا ماہرالقادری صاحب نے اپنے "تعارف" میں کر دیا ہے۔ اپنی کتاب کی تعریف کا تو میں قائل نہیں کیونکہ

"مُشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطّار بگوید"

قارئین خود اس کی ضرورت اور افادیت کا صحیح اندازہ لگالیں گے۔ البتہ اتنی گذارش ضرور ہے کہ تنقید میں تعمیری پہلو کو ضرور ملحوظ رکھا جائے اور یہ خیال بھی پیشِ نظر رہے کہ بشریت کی بھول سے کوئی انسان مُبرّا نہیں ہے۔ ناشر کی حیثیت سے اس کی صوری خوبیوں کی طرف اپنی بساط کے مطابق کافی کوشش کی گئی ہے۔ پہلے اچھے خوش نویسوں کا انتخاب کرکے کتابت کا کام سپرد کیا گیا جو تقریباً ڈھائی تین سال میں ختم ہوا "پروف ریڈنگ" کا کام عربی، فارسی اور اردو کے دو ماہر اساتذہ **پروفیسر مولینا منظور احمد** ایم اے (عربی۔ اسلامیات۔ دونوں میں گولڈ میڈلسٹ) فاضل دیوبند جامعہ اسلامیہ بہاولپور اور پروفیسر **جمیل احمد انجم** ایم۔ اے (اردو۔ عربی) جناح اسلامیہ کالج۔ سیالکوٹ نے خوب محنت اور دلچسپی سے سرانجام دیا اور بعض فروگذاشتوں کی نشاندہی بھی کر دی جس کو مصنف صاحب نے شکریہ کے ساتھ قبول کیا۔ ان دونوں کے بعد خود مصنف صاحب نے بھی تمام کتاب کی ورق گردانی کی اور بعض جگہ نئے الفاظ کا اضافہ کیا۔ آخری نظر اس پر جناب محمد احسن خاں صاحب نے ڈالی ہے اور بعض اغلاط جو رہ گئی تھیں کی نشاندہی کی۔

خطاطوں میں منشی **خلیل احمد بٹ** نے مرکزی کردار ادا کیا اور تصحیح اغلاط میں بساط کے مطابق اپنی تمام کوششیں صرف کیں۔ سرِورق جناب **نفیس رقم** کی قلم کا مرہونِ منّت ہے جس کی دل فریبی ہر نظر کو لُبھائیگی۔ پریس، المکّہ پریس، لاہور نے بھی یہ دیکھ کر کہ یہ قومی ضرورت کا کام ہے' بڑی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ چنانچہ برسات کے دنوں میں جب لُغات کی ۶۰ پلیٹیں چھپ چکی تھیں' آگے کام یہ کہہ کر روک دیا کہ پلیٹیں ٹھیک نہیں لگ رہیں، برسات ختم ہونے دیں تاکہ اچھی پلیٹ میکنگ اور چھپائی کا کام ہو سکے۔ میں نے بھی ان کی نیک نیتی کی داد دی کہ ذاتی مفاد پر قومی مفاد کو ترجیح دی گئی۔ کتاب اگرچہ زیادہ ہی لیٹ ہو گئی لیکن یہ ایک مجبوری بھی تھی۔

کتاب کی صحت کے متعلق اپنی امکانی کوششوں کے باوجود بھی اغلاط کا رہ جانا ناممکن نہیں۔ اس لیے شائقین اُردو زبان سے درخواست ہے کہ جہاں کوئی غلطی نظر پڑے اس کو احقر کے پاس مندرج ذیل پتہ پر لکھکر بھیج دیا جائے۔ یہ اُردو کی خدمت تو ہے ہی' بندہ بھی ممنون ہوگا۔ کچھ وقت کے بعد ایک غلط نامہ کی صورت میں تمام خریدار حضرات کو بھیج دیا جائے گا تاکہ وہ کتاب میں ہی اسکی تصحیح فرمالیں۔

قیمت کے معاملے میں معذرت ضروری معلوم ہوتی ہے۔ کام شروع کرتے وقت ستر اسّی روپے تک اندازہ کیا گیا تھا۔ لیکن ایک دو سال بعد ہی پاکستانی روپے کی قیمت بہت زیادہ گر جانے سے جو ہمہ گیر گرانی کا چکّر چلا تو اس سے بیرونی اشیاء ہی متاثر نہیں ہوئیں، اندرونِ ملک ہر چیز گراں سے گراں تر ہوتی گئی' اس کا لازمی اثر کاغذ، کام کرنے والوں' پریسوں، جلد سازوں، پر ہوا۔ غرض تمام کی اُجرتیں تین تین، چار چار گُنا ہو گئیں۔ کاغذ بھی ولایتی لگایا گیا ہے۔ قیمت اس تمام

کے باوجود صرف -/۱۵۰ روپے رکھی گئی ہے جس میں منافع بہت کم ہے۔ کیونکہ جلد پر ریکسین لگائی جائے گی تاکہ مضبوط بنے اور سلائی بھی کافی محنت سے ہوگی۔

خادمِ اسلام و قومی زبان

سردار محمدؐ

علمی کتاب خانہ

کبیر سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور

مورخہ ۲۱ر نومبر ۱۹۷۶ء

۲۸ر ذی قعد ۱۳۹۶ھ

مختصرات ومخففات

	برائے	اسم
انگ	〃	انگریزی
ب	〃	بنگالی
پرو	〃	پرتگالی
پن	〃	پنجابی
ج	〃	جمع
س	〃	سنسکرت
صف	〃	صفت
عبر	〃	عبرانی
ع	〃	عربی
ف	〃	فارسی
فر	〃	فرانسیسی
گ	〃	گجراتی
مذ	〃	مذکر
مص	〃	مصدر
ہ / ھ	〃	ہندی

ار	برائے	اردو
پ	〃	پالی
پش	〃	پشتو
ت	〃	ترکی
جج	〃	جمع الجمع
سندھ	〃	سندھی
ض	〃	ضمیر
عف	〃	عربی فارسی
عو	〃	عوامی
عورت	〃	عورتوں کی زبان
فع	〃	فارسی عربی
ق	〃	قدیم
لا	〃	لاطینی
مث	〃	مونث
و	〃	واحد
یو		یونانی

اشارات

۱۔ کسی کلمہ کے آخر میں آنے والے ساکن حرف پر کوئی علامت نہیں لگائی گئی۔ مثلاً دل

۲۔ کسی کلمہ کے آخر میں یا درمیان آنے والی یائے معروف سے پہلے علامت کسرہ لگائی گئی ہے مثلاً۔ بِی۔ گِیر۔ مگر یائے مجہول سے پہلے کوئی علامت نہیں لگائی گئی۔ مثلاً سے، دیر۔

۳۔ کسی کلمہ کے آخر میں آنے والے واوِ معروف سے پہلے علامت ضمہ لگائی گئی ہے، مثلاً خُو۔ لیکن واو مجہول پر کوئی علامت نہیں لگائی گئی مثلاً دو

۴۔ کسی کلمہ کے آخر میں یا درمیان میں آنے والے واو لین یا یائے لین سے پہلے علامت فتحہ لگائی گئی ہے مثلاً سَو۔ شَے۔

۵۔ نون غنہ اگر کسی کلمہ کے آخر میں آیا ہے تو اس پر نقطہ نہیں لگایا گیا۔ مثلاً نہیں+ ہیں

توضیحات

غلط العام۔ وہ غلط لفظ جو خواص اور عام دونوں استعمال کرتے ہیں۔

غلط العوام: وہ غلط لفظ جو صرف عوام اور جہلا کے استعمال میں ہو۔

تصغیر: جس میں چھٹائی، تحقیر یا پیار کے معنی پائے جائیں۔

تکبیر یا مُکبّر: جس میں بڑائی اور عظمت کے معنی پائے جائیں۔

اسم کیفیت: جس میں کسی صفت کی کیفیت پائی جائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ا

ا: (الف) [ع۔ اند] اُردو، عربی، فارسی اور ان تمام زبانوں کے حروفِ تہجی میں سے پہلا حرف جن کا رسم الخط عربی سے ماخوذ ہے۔

۱۔ متحرک الف عربی میں ہمزہ کہلاتا ہے اور "ء" کی صورت میں لکھا جاتا ہے ساکن کو الف کہتے ہیں اور "ا" کی صورت میں لکھتے ہیں۔

۲۔ عربی قواعد کی رو سے حروفِ قمری میں شامل ہے۔ یعنی اگر اس سے پہلے عربی ترکیب میں "ال" آئے تو لام اپنی آواز دے گا، مثلاً "الاسلام" جب کہ شمسی حروف سے پہلے آنے کی صورت میں لام غیر ملفوظ ہوتا ہے۔

۳۔ متحرک الف حرفِ صحیح ہوتا ہے، کیونکہ یہ اپنی انفرادی آواز دیتا ہے لیکن ساکن ہو تو حرفِ علت ہوتا ہے، کیونکہ اس صورت میں اس کی اپنی آواز کوئی نہیں ہوتی بلکہ یہ اپنے ماقبل حرف کی حرکت فتحہ کے اشباع کا کام دیتا ہے

۴۔ علم حساب میں یہ ایک ہندسہ کی شکل ہے

۵۔ قاعدہ جمل کے مطابق اس کا ایک عدد لیا جاتا ہے۔

۶۔ اُردو میں اعراب اور حروفِ علت کے ساتھ مندرجہ ذیل دس آوازیں پیدا کرتا ہے:

آ۔ اَ۔ اِ۔ اُ۔ او۔ اَو۔ اُو۔ اے۔ اَے۔ ای

۷۔ علامتی اعتبار سے درج ذیل مفاہیم کا حامل ہے۔

(ا) اَحَد یعنی ذاتِ باری تعالیٰ (ب) بُرجِ ثور (ج) صیقل کی لکیر (د) راستی، راست بازی (ہ) اکیلا (و) ننگا (ز) دلیر (ح) مجرّد

۸۔ کسی لفظ یا کلمہ کے شروع، وسط یا آخر میں آ کر مندرجہ ذیل معنوی تبدیلیاں پیدا کرتا ہے

(ا) نفی کے لیے مثلاً اَمِل۔ اَمِٹ اَمُر وغیرہ میں

(ب) ندا کے لیے مثلاً اماں اجی۔ ساقیا۔ ناصحا وغیرہ میں

(ج) تفضیل کے لیے مثلاً اکرم۔ اشرف۔ اَعلم وغیرہ میں۔

(د) وصفیت کے لیے مثلاً اَحمر۔ اَبرص۔ اَصفر وغیرہ میں

(ہ) عطف کے لیے مثلاً تکاپو، شبا روز۔ دھینگا مشتی وغیرہ میں

(و) انحصار و استیعاب کے لیے مثلاً سراپا۔ لبالب۔ سراسر وغیرہ میں

(ز) متجانسین کے مابین شدت، کثرت اور تواتر کے لیے مثلاً مارا مار۔ رنگا رنگ۔ گرما گرم وغیرہ میں۔

(ح) اضافت کے لیے مثلاً سونیا داہ۔ بھیڑیا چال۔ مُوسلا دھار۔ وغیرہ میں۔

(ط) تعدیہ کے لیے مثلاً جلنا سے جلانا، ملنا سے ملانا، کرنا سے کرانا وغیرہ میں

(ی) ماضی مطلق بنانے کے لیے مثلاً آنا، جانا، دینا سے آیا، گیا، دیا وغیرہ میں۔

(ک) حالیہ تمام یا صفت مفعولی بنانے کے لیے مثلاً کھلا خط، لکھا پڑھا۔ بسورتا وغیرہ میں۔

(ل) تذکیر کے لیے مثلاً مُرغا، بھینسا وغیرہ میں۔

(م) تحقیر کے لیے مثلاً کھٹا، ٹوکرا، مُٹھنا وغیرہ میں

(ع) ندبہ کے لیے مثلاً دردا، دریغا، واحسرتا وغیرہ میں۔

(ف) فاعلیت کے لیے مثلاً دانا، بینا، جویا وغیرہ میں

۹۔ فارسی میں بعض حروف کے تبادل کے لیے بھی آتا ہے۔ مثلاً بایں و بدیں، استاخ و گستاخ، ایچ و ہیچ وغیرہ میں۔

آ (اَلِف مَمدُودہ)

آ: یہ دراصل دو الفوں کا مجموعہ ہے یعنی "ا ا" ہے جس میں پہلا الف متحرک ہے اور دوسرا ساکن۔ ساکن الف کو مدہ کی صورت میں ظاہر کیا جاتا ہے اور کھینچ کر بولا جاتا ہے۔ یہ صورت صرف اُردو، فارسی اور ان زبانوں سے متاثر زبانوں تک محدود ہے۔ عربی میں اسے "ءا" کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ اُردو میں مدہ صرف الف سے مخصوص ہے، مگر عربی میں مدہ تینوں حروفِ علت یعنی ا، و، ی کے اشباع کے لیے آتی ہے بلکہ یہ تینوں حروفِ علت "حروفِ مدہ" کہلاتے ہیں۔

آ: (۱) اُردو مصدر "آنا" اور فارسی مصدر "آمدن" سے امر کا صیغہ کسی کو اپنے پاس بلانے کا کلمہ۔ جا کی ضد۔ حاضر ہو۔

(۲) کبوتروں کو بلانے کی آواز

(۳) آغازِ نغمہ اور نغمہ یا تان لینے کی آواز

(۴) بازی گروں یا مداریوں کی کوئی غائب چیز منگوانے کی آواز۔

آ آ۔ [ا۔ ا۔ صوت] پالتو جانوروں یا مرغیوں کو بلانے کی آواز

آ آ جانا [ا۔ محاورہ] آتے جاتے رہنا۔

آ بڑے باپ کی بیٹی ہے تو مجھ سے پنجہ کرلے: [ا۔ ا۔ مثل] اگر بڑا حوصلہ ہے تو لڑ لو۔

آ بلا گلے پڑ / لگ نہیں پڑتی تو بھی پڑ: [ا۔ مثل۔ عو] خواہ مخواہ لڑائی مول

لینے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

آبَدنا: (آبن نا) [ا ر۔ محاورہ] مصیبت پڑنا۔ بلا نازل ہونا۔

آبنی اپنے چھوڑ پرائی آس: [ا ر۔ مثل] مصیبت کے وقت کسی سے کوئی امید نہیں رکھنی چاہیئے۔ مصیبت کا مقابلہ خود کرنا چاہیئے۔

آبَوالڑیں، لڑے ہماری بلا: [ا ر۔ مثل] جو خواہ مخواہ لڑائی مول لے عورتیں اس کی نسبت کہتی ہیں۔

آبے سونے تیری باری، کان چھوڑ کنپٹی ماری: [ا ر۔ مثل] کسی کام میں مسلسل ناکامیوں کے بعد آخری تدبیر کرتے وقت کہتے ہیں۔

آپے لونڈے جاپے لونڈے کرنا: [ا ر۔ محاورہ] فضول باتوں میں وقت ضائع کرنا۔ ٹال مٹول کرنا، کام نہ کرنا۔

آبیل مجھے مار: [ا ر۔ مثل] خواہ مخواہ لڑائی مول لینے کے وقت کہتے ہیں۔

آپڑنا: [ا ر۔ محاورہ] ٹپک پڑنا۔ آموجود ہونا (۲) حملہ آور ہونا۔ ٹوٹ پڑنا (۳) کسی کے گھر آ رہنا (۴) غیر متوقع طور پر آفت یا مصیبت پڑنا۔

آپڑوسن لڑ / لڑیں: [ا ر۔ مثل] بلا وجہ چھیڑ چھاڑ کرتے، خواہ مخواہ لڑائی مول لیتے وقت کہتے ہیں۔

آپڑوسن مجھ سی ہو: [ا ر۔ مثل] اپنے ساتھ دوسرے کو بھی برباد کرنا۔ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی مصیبت میں مبتلا کرنا

آپہنچنا [ا ر] پہنچ جانا۔ منزل طے کرنا

آپھنسنا [ا ر۔ محاورہ] (۱) پھنس جانا (۲) فریب میں آنا

آپھنسنے کی بات ہے یا آپھنسی کا معاملہ ہے: [ا ر۔ مثل] مجبوراً سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

آجانا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) پہنچ جانا (۲) سیکھ لینا۔

آدبانا: [ا ر۔ محاورہ] پکڑ لینا۔ دبوچ لینا

آدھمکنا: [ا ر۔ محاورہ] اچانک آجانا۔ بے دھڑک چلے آنا

آدھمنا: [ا ر۔ محاورہ] آموجود ہونا۔ آکر بیٹھ جانا۔ ڈیرا جما لینا

آرہنا: [ا ر۔ محاورہ] آ بسنا۔ بیٹھ جانا۔ سکونت اختیار کرنا۔ گر پڑنا۔

آلگنا: [ا ر۔ محاورہ] پہنچنا۔ قریب آجانا۔

آلینا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) قریب پہنچ جانا (۲) پکڑ لینا

آمرنا: [ا ر۔ محاورہ] آجانا۔ آموجود ہونا (تحقیراً)

آنکلنا: [ا ر۔ محاورہ] اتفاقاً چلے آنا۔ بے ارادہ کہیں پہنچ جانا۔

آ - ب

آب: [ف ا مذ] (۱) پانی (۲) آنسو (۳) تلوار وغیرہ کا جوہر (۴) عرق (۵) پھلوں کا رس (۶) خالص شراب (۷) رونق (۸) چمک (۹) عزت (۱۰) تازگی (معنی نمبر ۳، ۷، ۸، ۹، ۱۰ میں بطور مؤنث مستعمل ہے)

آب آب کر مرگئے سرہانے دھرا رہا پانی: [ا ر۔ مثل] ایسے موقع پر بولتے ہیں جب غیر زبان میں گفتگو کرنے کے باعث نقصان اٹھانا پڑے روایت ہے کہ ایک شخص کچھ فارسی سیکھ گیا۔ گھر میں ایک بار سخت بیمار ہوا۔ پیاس لگی تو آب آب چلانے لگا مگر وہاں فارسی دان کوئی نہ تھا اس لئے کسی نے پانی نہ دیا حالانکہ پانی سرہانے پڑا تھا۔ اس طرح وہ پیاسا ہی مرگیا۔

آب آب کرنا: [ا ر۔ محاورہ] شرمندہ کرنا۔ منفعل کرنا (۲) پانی مانگنا۔

آب آب ہونا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) شرمندہ ہونا (۲) پسینہ میں تر ہونا۔

آب آتش رنگ / آتش مزاج / آتش ناک یا آتشیں: [ف] مجازاً سرخ شراب۔

آب آجانا: [ا ر۔ محاورہ] (چہرے پر) رونق آجانا (۲) جلا پیدا ہونا، چمک آنا، صفائی آنا۔ دھار تیز ہونا (صیقل ہونا)۔

آب آخرت [فع۔ امذ] غسل میت۔ وہ آخری غسل جو اہل اسلام مردے کو دیتے ہیں

آب آمد تیمم برخاست: [ف۔ مثل] پانی مل جانے پر تیمم جائز نہیں رہتا۔ اصل چیز مل جانے پر عارضی / نقل کی ضرورت نہیں رہتی۔ بڑوں کے آگے چھوٹوں کی کوئی حیثیت نہیں۔

آب آنا: (۱) چمک آنا (۲) ہتھیار کی دھار تیز ہونا۔

آب آہن: [ف۔ امث] لوہے کی چمک۔ لوہے کا صیقل

آب آہن تاب: [ف۔ امذ] وہ پانی جس میں لوہا گرم کرکے بجھایا جائے

آب آئینہ: [ف۔ امث] آئینہ کی چمک۔ آئینہ کا صیقل

آب اترجانا / آب اترنا: [ا ر۔ محاورہ] چمک جاتی رہنا (۲) عزت نہ رہنا۔

آب احمر یا ارغوانی [فع۔ امذ] سرخ شراب

آب اڑنا [ا ر۔ محاورہ] (۱) چمک جاتی رہنا (۲) دھار کند ہونا (۳) رونق نہ رہنا۔

آب از سر گزشت [ف۔ مثل] پانی سر سے گزر گیا۔ مصیبت حد سے بڑھ جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

آب ایستادہ: [ف امذ] ٹھہرا ہوا پانی۔ بند پانی۔ حوض یا تالاب کا پانی

آب انبار: [ف امذ] پانی کا ذخیرہ۔ بڑا حوض جو قلعوں میں پانی کا ذخیرہ کرنے کے لیے ہوتا تھا۔

آب انگور: [ف امذ] انگور کا عرق۔ انگور کی شراب۔

آب باراں: [ف امذ] بارش کا پانی۔ مینہ

آب باز: [ف۔ صفت فاعلی] پانی سے کھیلنے والا

آب بازی: [ف۔ امث] آب باز سے اسم کیفیت۔ پانی سے کھیلنا۔ چھینٹے اڑانا

آب باشی: [ف۔ امث] بچے کو پہلی مرتبہ پانی پلانا۔

آب بستہ: [ف۔ امذ] جما ہوا پانی۔ برف۔ اولا۔

آب بقا: [فع امذ] دیکھئے آب حیات

آب بگڑنا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) چمک جاتی رہنا۔ جلا نہ رہنا (۲) دھار کند ہونا (۳) ماند ہونا (۴) عزت میں فرق آنا۔

آب پاش: [ف۔ اا فاعل۔ مذ] (۱) درختوں اور پودوں پر پانی چھڑکنے کا آلہ (۲) سقا

آب پاشی: [ف۔ امث] آب پاش سے اسم کیفیت۔ آبیاری۔ چھڑکاؤ۔ کھیتوں کو پانی دینا۔

(کرنا، ہونا کے ساتھ مستعمل)

آب پشت. [ف۔ امذ] نطفہ۔ منی

آب پیما: (پ ے م ا) [ف امذ] ایک آلہ جس سے مائعات

کی کثافتِ اضافی کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ وہ آلہ جس سے کسی مائع کے ناقص یا ناخالص ہونے کا سراغ لگایا جاتا ہے۔ مقیاس الماء انگ hydrometer کا ترجمہ۔

آب تاب: [ف۔ امث] چمک دمک۔ بھڑک۔ رونق

آب ترسی: [ف۔ امث] پانی سے ڈرنا سگ گزیدہ کا پانی سے ڈرنا۔ بھڑک

آب تلخ: [ف۔ اند] شراب

آبِ جاری: [فع۔ اند] بہتا پانی۔ ندی۔ نہر۔ دریا

آب جانا: [ار۔ محاورہ] چمک دمک دہنا۔ بے رونق ہونا۔ عزت پر حرف آنا۔

آبْ جُو: [ف۔ امث] ندی۔ نہر۔ چشمہ نالہ

آب جوش: [ف۔ اند] شوربا۔ یخنی۔ گوشت کا عرق۔ سوڈا واٹر

آب چڑھانا: [ار۔ محاورہ] صیقل کرنا۔ جلا کرنا قلعی کرنا۔ صاف کرنا۔ اُجالنا

آب چشم: [ف۔ اند] آنسو اشک

آب چکاں: [ف۔ اند] مکان کے پچھواڑے چھت کا پانی ٹپکنے کی جگہ۔

آب چو از سرگزشت، چہ یک نیزہ وچہ یک دست: [ف۔ مثل] جب پانی سر سے گزر گیا تو وہ سر سے ہاتھ بھر اونچا ہو یا نیزہ بھر، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ مصیبت یا تکلیف حد سے گزر جائے تو پھر کمی بیشی سے کوئی فرق نہیں پڑتا

آبِ حرام: [فع۔ اند] (۱) ناپاک پانی جس کا پینا جائز نہ ہو۔ (۲) شراب (۳) نشہ آور عرق۔

آبِ حیات: [فع۔ اند] (۱) زندگی بخش پانی۔ ایک چشمہ اور اس کا پانی جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے پینے سے موت نہیں آتی۔ حضرت خضر کے متعلق مشہور ہے کہ انہوں نے آب حیات پیا ہے، اس لیے قیامت تک زندہ رہیں گے۔ (۲) مغلیہ دور میں بادشاہ کے پینے کے پانی کو بھی کہتے تھے۔ (۳) شاعروں کا مشہور تذکرہ۔ از مولانا محمد حسین آزاد رح

آبِ حیوان: [فع۔ اند] دیکھئے آب حیات ۱

آبِ خاصہ: [فع۔ اند] بادشاہوں اور امیروں کے پینے کا پانی۔

آبِ خجالت یا خجلت: [فع۔ اند] عرقِ ندامت۔ شرم کے باعث آنیوالا پسینہ۔

آبِ خضر: [فع۔ اند] دیکھئے آب حیات ۱

آب خورد: [ف۔ اند] قسمت نصیب۔ بھاگ

آب خورہ / خورا: [ف۔ اند] پانی پینے کا مٹی کا گلاس۔ کوزہ۔

آب خورے بھرنا: [ار۔ محاورہ] منت پوری ہونے پر آب خوروں میں دودھ یا شربت بھر کر نیاز دلوانا۔

آب خیز: [ف۔ اند] (۱) موج۔ لہر (۲) وہ زمین جہاں پر تھوڑا کھودنے سے پانی نکل آئے

آب دار [ف۔ اند] (۱) وہ شخص جو پانی کے انتظام پر مامور ہو۔ (۲) چمکیلا، صاف مجلا (۳) تیز دھار کا۔ (۴) خوب صورت۔ نفیس۔ عمدہ۔

آب دار خانہ [ف۔ اند] وہ مکان جہاں پانی رکھا جائے۔

آب داری: [ف۔ امث] (۱) آب دار خانہ کی خدمت (۲) جلا۔ صیقل۔ چمک۔ صفائی (۳) دھار کی تیزی (۴) لطافت۔ تازگی

آبِ دان: [ف۔ اند] (۱) تالاب۔ حوض۔ (۲) پانی کا برتن۔

آب دانہ: [ف۔ اند] دانہ پانی۔ ان جل۔ روزی۔ رزق۔

آبِ دست: [ف۔ اند] استنجا۔ طہارت۔ نیز وہ پانی جس سے رفع حاجت کے بعد طہارت کی جائے۔ (افعال: کرنا۔ لینا کے ساتھ)

آب دست کا بھی سلیقہ نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت بدسلیقہ ہونا۔ پھوہڑ ہونا۔

آب دنداں: [ف۔ امث] دانتوں کی چمک۔

آب دوز: [ف۔ امث] ڈبکنی کشتی۔ غوطہ خور کشتی۔ وہ جنگی کشتی جو سطح آب کے نیچے اور اوپر دونوں جگہ چل سکتی ہے۔ انگ

آب دہن: [ف۔ اند] (۱) منہ کا لعاب۔ رال (۲) کلی کا پانی

آبِ دیدہ: [ف۔ اند] آنسو۔ اشک

آب دیدہ: [ف۔ صف] جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں۔ رونے والا۔ رونکھا روانسا۔ روہانسا (افعال: کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

آب دینا: [ار۔ محاورہ] جلا دینا۔ اجالنا۔ دھار تیز کرنا۔

آبِ راکد (بکسرۂ کاف) [فع۔ اند] کھڑا پانی۔ بند پانی۔ آب جاری کی ضد۔

آبِ رحمت: [فع۔ اند] (۱) رحمت کا پانی (۲) بارش۔ مینہ (۳) بخشش۔ معافی۔

آب رکھنا / رکھوانا: [ار۔ محاورہ] باڑھ رکھنا۔ رکھوانا۔ سان پر چڑھانا۔ دھار تیز کرنا۔ کروانا۔

آبِ رواں: [ف۔ اند] (۱) بہتا پانی (۲) ایک قسم کا عمدہ باریک کپڑا۔ ململ۔ ڈوریا۔

آب ریز: [ف۔ اند و مث] (۱) پانی گرنے، پرنالہ گرنے کی جگہ۔ (۲) دوات میں پانی ڈالنے کی چمچی (۳) پانی ڈالنے یا چھڑکنے کا برتن۔ لوٹا۔ فوارہ۔

آبِ زر: [ف۔ اند] سونے کا پانی جو نقاشی اور ملمع میں کام آتا ہے۔

آبِ زر سے لکھنے کے قابل: [ار۔ صف] قابل قدر۔ قابل یادگار۔

آبِ زلال: (بضمہ زائے منقوطہ) [فع۔ اند] (۱) صاف اور شیریں پانی (۲) نتھرا ہوا پانی (۳) وہ پانی جس میں دوا بھگوئی گئی ہو اور نتھار لیا گیا ہو۔

آبِ زمزم: [فع] (۱) مکہ معظمہ کے اس چشمہ کا پانی جو حضرت اسماعیلؑ کے ایڑیاں رگڑنے سے جاری ہوا تھا اور اب بھی کنوئیں کی شکل میں موجود ہے (۲) متبرک پانی۔

آب زن: [ف۔ اند] (۱) وہ برتن جس میں دوا کا پانی بھر کر مریض کو بٹھاتے ہیں۔ ٹب۔ (افعال: کرنا کے ساتھ) (۲) پانی چھڑکنے والا۔

آب زنی: [ف۔ امث] چھڑکاؤ۔ پانی ڈالنا (افعال: کرنا کے ساتھ) مثلاً
؎ کچھ آب زنی کرے نہیں تو سرنا رِ جحیم نے اٹھایا (مومن)

آب زیر کاہ: [ف۔ اند] (۱) وہ پانی جو گھاس کے نیچے چھپا ہوا ہو (۲) مکار اور عیار آدمی۔

آبِ سبیل: [فع۔ اند] وہ پانی جو پیاسوں کے لیے سرِ راہ رکھا جاتا ہے اور مفت پلایا جاتا ہے۔

آبِ سرخ: [ف۔ اند] سرخ شراب۔ شراب

آبِ سیاہ: [ف۔ اند] شراب۔ گہرا پانی۔ بھنور کا پانی۔

آبِ شار: [ف۔ اند و امث] بلندی سے گرنے والا قدرتی پانی۔ جھرنا۔

آبِ شور: [ف۔ اند] کھاری پانی۔ نمکین پانی۔ سمندر کا پانی۔

آبِ شورہ: [ف۔ اند] (۱) وہ پانی جو شورہ میں لگا کر ٹھنڈا کیا جائے۔ (۲) کھٹا پانی جو کچی املی یا کچور اور سٹر کو بھگو کر نتھار لیا جاتا ہے (۳) شکر اور لیموں کا عرق جو پانی ملا کر پیتے ہیں۔ سکنجبین

آب کار: [ف۔ اند] (۱) شراب فروش۔ کلال۔ (۲) سقا

آبکاری: [ف۔ امث] (۱) شراب کشید کرنے کا کارخانہ (۲) وہ محکمہ جو نشہ آور چیزوں پر محصول لگاتا اور ان کی قانون کے اندر خرید و فروخت کی نگرانی کرتا ہے۔

آب کش: [ف۔ اند] سقا۔ کنوئیں سے پانی نکالنے والا۔

آب کشی: [ف۔ امث] پانی کھینچنے کا عمل۔ کنوئیں سے پانی نکالنا۔

آب کوثر: [فع۔ اند] (۱) جنّت کی ایک نہر کوثر کا پانی۔ شراب طہور

آب کوثر سے زبان دھونا: [نہایت پاکیزگی اختیار کرنا۔ فصیح و شیریں بیان ہونا۔

آب گریہ: [ف۔ اند] آنسو۔

آب گل: [ف۔ اند] گلاب کا عرق۔ پھولوں کا پانی

آب گل رنگ / گلگوں: [ف۔ اند] سرخ شراب۔

آب گوں: [ف۔ اند] (۱) پانی کے رنگ کا (۲) آسمانی۔ نیلا

آب گوہر: [ف۔ مرکب اضافی] موتی کی چمک

آب گیر: [ف۔ اند] حوض۔ تالاب

آب گینہ / آبگینہ: [ف۔ اند] شیشہ۔ بلور۔ کانچ (۲) باریک شیشے کا ظرف۔

آب گینۂ فانوس: [ف۔ اند] فانوس کا شیشہ۔ لالٹین کی چمنی۔

آب مٹ جانا: [ار۔ محاورہ] رونق جاتی رہنا۔ چمک نہ رہنا۔ رنگ پھیکا پڑنا

آب مروّق: [فع۔ اند] صاف پانی۔ نتھرا ہوا پانی۔

آب مضاف: [فع۔ اند] وہ پانی جس میں کچھ ملا ہوا ہو۔ کسی چیز کا عرق۔

آب منجمد: [فع۔ اند] ژالہ۔ اولا۔ برف۔

آب نائے / آبنائے: [ف۔ امث] پانی کا وہ تنگ راستہ جو دو سمندروں کو ملائے

آب ندامت: [فع۔ اند] وہ پسینہ جو شرم کے باعث آتا ہے۔

آب ندیدہ موزہ کشیدہ: [ف۔ مثل] پانی دیکھا نہیں اور جوتے اتار لیے۔ خطرہ یا مصیبت سے پہلے شور مچانے کے وقت کہتے ہیں۔

آب نقرہ: [ف۔ اند] (۱) پارا (۲) چاندی کا پانی جس سے چمڑے وغیرہ پر لکھتے ہیں (۳) چاندی کا ملمع۔

آب نہ رہنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آب مٹ جانا"

آب نے: [ف۔ امث] حقہ کی وہ نلکی جس کے ایک سرے پر چلم رکھی جاتی ہے اور دوسرا پانی میں رہتا ہے۔

آب نیساں: (نئے ساں) [ف۔ اند] بہار کے موسم کی بارش جو ساتویں رومی مہینے نیساں میں ہوتی ہے۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ اس سے سیپ میں موتی، بانس میں بنس لوچن، گائے کے سینگ میں گلوچن اور کیلے میں کافور بنتا ہے

آب و تاب: [ف۔ امث] چمک دمک آبداری۔ رونق۔ شان

آب و خور: [ف۔ اند] کھانا پینا رزق۔

آب و خورش میں فرق آنا: [ار۔ محاورہ] کھانے پینے میں بے قاعدگی پیدا ہونا۔

آب و دانہ: [ف۔ اند] کھانا پینا۔ دانہ پانی۔ رزق۔ روزی۔

آب و دانہ اٹھنا: [ار۔ محاورہ] دانہ پانی ختم ہونا۔ رزق ختم ہونا سفر درپیش ہونا۔ موت آنا۔

آب و دانہ بند کردینا: [ار۔ محاورہ] کھانا پینا بند کردینا۔ بھوکا اور پیاسا رکھنا

آب و رنگ: [ف۔ اند] چمک دمک۔ رونق۔ رنگ و روپ

آب و گل: [ف۔ اند] (۱) پانی اور مٹی (۲) کیچڑ (۳) خمیر۔ فطرت۔ سرشت۔

آب و ناں: [ف۔ اند] روٹی پانی۔ خوراک۔ رزق۔

آب و نمک: [ف۔ اند] (نمکینی) کھانے کا ذائقہ، مزہ

آب و نمک سے درست ہونا: [ار۔ محاورہ] کھانا نمک مرچ اور ذائقہ کے لحاظ سے اچھا ہونا۔

آب و ہوا: [ف۔ امث] پانی اور ہوا خوشگوار اور سرد موسم۔ ماحول۔ فضا۔

آب و ہوا بدلنا: [ار۔ محاورہ] صحت و تندرستی کی بحالی کے لیے کسی بہتر جگہ جانا۔

آب و ہوا راس آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی جگہ کے موسم کا طبیعت کے موافق ہونا

آب و ہوا کا بگاڑ: [ار۔ اند] موسم کی خرابی۔

آب ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) رقیق ہونا۔ پانی کی طرح پتلا ہونا (۲) دل نرم ہونا۔ رحم آنا (۳) دل میں حرکت اور نرمی کا تاثر پیدا ہونا۔

آبی: [ف۔ صف] (۱) پانی سے متعلق۔ پانی میں رہنے والا۔ (۲) ہلکا نیلا رنگ نیلگوں (۳) ایک قسم کی روٹی جو پھیتھن کی بجائے پانی لگا کر پکائی جاتی ہے۔

آبی برج / بروج: [فع۔ اند] علم نجوم کی رو سے تین آسمانی بروج جو عنصر آب سے منسوب ہیں: یعنی، سرطان۔ عقرب، حوت

آبی حرف / حروف: [فع۔ اند] علم جفر کی رو سے مندرجہ ذیل سات حروف جو عنصر آب سے منسوب ہیں: ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ

آبیار: [ف۔ اند] کھیتوں کو پانی دینے والا۔

آبیاری: [ف۔ امث] آبیار سے اسم کیفیت۔ کھیتوں کو پانی دینا۔

آبیانہ: [ف۔ اند] آب پاشی کا معاوضہ۔ وہ رقم جو محکمہ آب پاشی کھیتوں کو پانی مہیا کرنے کے عوض میں وصول کرتا ہے

آباء: [ع۔ اند] اب بمعنی باپ کی جمع۔ باپ دادا۔ بزرگ

آباء و اجداد: [ع۔ اند بترکیب فارسی مرکب عطفی] اب بمعنی باپ اور جد بمعنی دادا کی جمع۔ باپ دادا۔ بزرگ۔ اسلاف

آبائے علوی: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی مرکب اضافی] (۱) بلند مرتبہ بزرگ (۲) سات ستارے۔ نو آسمان۔

آبائی: [ع صف] آبا سے منسوب جدی پشتی خاندانی

آباد: [ف۔ صف] (۱) بسا ہوا۔ آدمیوں سے بھرپور (۲) بارونق (۳) شاد آباد۔ ہرا بھرا۔ پھلا پھولا۔

آبادان: [ف۔ صف] آباد بسا ہوا۔ بارونق (۲) ایران کا ایک شہر۔

آبادانی: [ف۔ امث] آبادی۔ رونق۔ شادابی

آبادکار: [ف۔ اند] غیر آباد جگہ کو آباد کرنے والا۔ بنجر زمین کو قابل کاشت بنانے یا کاشت کرنے والا۔

آبادکاری: [ف امث] (۱) آباد کرنا۔ بسانا۔ آباد کرنے کا عمل۔ بحالیات (۲) ایک محکمے کا نام جو مہاجرین کو آباد کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا، جسے محکمہ بحالیات بھی کہتے ہیں۔ انگ rehabilitation کا ترجمہ۔

آباد کرنا: [ار۔ مص۔ جعل] بسانا۔ رونق دینا۔ کاشت کرنا۔

آباد ہونا: [ار۔ مص۔ جعل] بسنا۔ معمور ہونا۔ رہنا۔ بنیاد پڑنا۔ رونق پر ہونا۔ بھرا پرا ہونا۔ کاشت ہونا۔

آبادی: [ف۔ امث] کسی گاؤں، شہر، ملک یا ملک کے حصہ میں بسنے والے افراد اور ان کی تعداد۔ آرام، چین۔ خوشی۔ رونق۔ چہل پہل۔

آبان: [ف۔ اند] (۱) ایرانی سال کا آٹھواں مہینہ۔ (۲) ہر شمسی مہینے کا

دسواں دِن (۳) لوہے کا فرشتہ
آبانگاہ : [ف۔ اندو مث] (۱) ماہ فروردین کا دسواں دن۔ پانی کا موکّل فرشتہ
آبتیین : [ف۔ اند] فریدوں کے باپ کا نام
آبرُو : (آب رُو) [ف۔ امث] (۱) عزّت۔ بزرگی۔ نیک نامی۔ شہرت ناموس قدر و منزلت۔ اعتبار۔ ساکھ (۲) طبقہ اوّل کے ایک اُردو شاعر شاہ نجم الدین عرف شاہ مبارک کا تخلص۔
آبرُو اُتارنا : [ار۔ محاورہ] رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ گالی دینا۔
آبرُو اُتر جانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرو اتارنا" جس کا یہ لازم ہے
آبرُو بچانا : [ار۔ محاورہ] عزت و ناموس محفوظ رکھنا عصمت کی حفاظت کرنا۔
آبرُو بچنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرو بچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو بخشنا : [ار۔ محاورہ] عزت دینا۔ توقیر کرنا۔
آبرُو برباد کرنا : [ار۔ محاورہ] بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ عصمت دری کرنا۔
آبرُو برباد ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو برباد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو بڑھانا : [ار۔ محاورہ] عزت اور وقار زیادہ کرنا۔ مرتبہ بڑھانا۔
آبرُو بڑھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو بگاڑنا : [ار۔ محاورہ] بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ اعتبار کھونا۔
آبرُو بگڑنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو بنانا : [ار۔ محاورہ] بھرم قائم کرنا۔ اعتبار قائم کرنا۔ عزت پیدا کرنا۔
آبرُو بیچنا : [ار۔ محاورہ] عزت گنوانا۔ بے عصمت ہونا
آبرُو پانا : [ار۔ محاورہ] عزت حاصل کرنا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔
آبرُو پر پانی پھرنا : [ار۔ محاورہ] عزت جانا۔ ذلیل ہونا
آبرُو پر پانی پھیرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرو پر پانی پھرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
آبرُو پر حرف آنا : [ار۔ محاورہ] عزت میں فرق آنا۔ عزت کم ہونا۔
آبرُو پیدا کرنا : [ار۔ محاورہ] نام پانا۔ شہرت حاصل کرنا۔ اعتبار قائم کرنا۔
آبرُو ٹکے کی ہو جانا : [ار۔ محاورہ] عزت مٹ جانا۔ ساکھ ختم ہو جانا
آبرُو جانا : [ار۔ محاورہ] عزت اترنا۔ بھرم کھو جانا۔
آبرُو جا کے نہیں آتی : [ار۔ مقولہ] عزت ضائع ہونے کے بعد واپس نہیں ملتی۔ بدنامی ہو جانے کے بعد نیک نامی حاصل نہیں ہوتی۔
آبرُو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیئے / بادشاہی خاک ہے جو دولت نہیں [ار۔ مثل] دنیا میں عزت سے زندگی بسر کرنا بادشاہی کے برابر ہے۔ عزت بڑی
آبرُو خاک میں ملانا : [ار۔ محاورہ] بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ ناموس خراب کرنا۔
آبرُو خاک میں ملنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرو خاک میں ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو خراب کرنا : [ار۔ محاورہ] عزت بگاڑنا۔ ذلیل کرنا۔
آبرُو خراب ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو خراب کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو دار [ف۔ صف فاعل] ذی عزت۔ مرتبہ والا۔ غیرت مند۔
آبرُو دو کوڑی کی ہو جانا : [ار۔ محاورہ] عزت ختم ہونا۔ وقار نہ رہنا
آبرُو دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) عزت دینا۔ کسی کو معزز و محترم بنانا (۲) عزت گنوانا۔ عصمت کھونا
آبرُو ڈوب جانا : [ار۔ محاورہ] عزت نہ رہنا۔ قدر و منزلت ختم ہو جانا۔
آبرُو رکھنا : [ار۔ محاورہ] عزت برقرار رکھنا۔ عزت بچا لینا۔ عزت محفوظ رکھنا۔
آبرُو رہ جانا / رہنا : [ار۔ محاورہ] بات رہ جانا۔ لاج رہنا۔ عزت بچ جانا۔

آبرُو ریزی : [ف۔ امث] بے حُرمتی۔ بے عزتی۔ عصمت دری۔
آبرُو سلامت رہنا : [ار۔ محاورہ] عزت قائم رہنا۔ عصمت محفوظ رہنا۔
آبرُو سنبھالنا : [ار۔ محاورہ] عزت بچائے رکھنا۔ عزت محفوظ رکھنا۔
آبرُو سے پیش آنا : [ار۔ محاورہ] عزت کا برتاؤ کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔
آبرُو سے درگزر کرنا : [ار۔ محاورہ] عزت و حُرمت کی پروا نہ کرنا۔
آبرُو سے رہنا : [ار۔ محاورہ] عزت سے زندگی بسر کرنا۔
آبرُو سے ہاتھ اٹھانا / دھونا : [ار۔ محاورہ] عزت سے مایوس ہونا۔ بے عزتی کا کام کرنا۔
آبرُو کا بھوکا : [ار۔ اند] عزت کا خواہش مند۔
آبرُو کا پاس : [ار۔ اند] عزت کا خیال۔ وقار یا وضع کا لحاظ
آبرُو کا پیاسا : [ار۔ اند] (۱) عزت کا خواہاں (۲) (کسی کی) عزت کا دُشمن۔
آبرُو کا صدقہ جان : [ار۔ مثل] عزت پر جان قُربان ہے۔ عزت جان سے عزیز ہے۔
آبرُو کا لاگو ہونا : [ار۔ محاورہ] عزت کے درپے ہونا۔ عزت کا دُشمن ہونا۔
آبرُو کرنا : [ار۔ محاورہ] عزت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔ تکریم کرنا۔
آبرُو کو ڈرنا : [ار۔ محاورہ] بے عزتی کا خوف ہونا۔ عزت خراب ہونے کا ڈر ہونا
آبرُو کی چیز : [ار۔ امث] وُہ چیز جو عزت کا باعث ہو
آبرُو کے پیچھے پڑنا : [ار۔ محاورہ] عزت برباد کرنے کے درپے ہونا۔
آبرُو کے درپے ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرو کے پیچھے پڑنا"۔
آبرُو کھونا : [ار۔ محاورہ] عزت گنوانا۔
آبرُو گرہ میں باندھنا : [ار۔ محاورہ] عزت کی حفاظت کرنا۔ آن کو عزیز رکھنا۔
آبرُو گنوانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو کھونا"
آبرُو گھٹانا : [ار۔ محاورہ] عزت کم کرنا۔ ذلیل کرنا۔
آبرُو گھٹنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو گھٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو لٹنا : [ار۔ محاورہ] عزت برباد ہونا۔ عصمت خراب ہونا۔
آبرُو لوٹنا : [ار۔ محاورہ] بے عزت کرنا۔ عصمت خراب کرنا۔
آبرُو لینا : [ار۔ محاورہ] عزت اتارنا۔ عصمت دری کرنا۔
آبرُو مٹا دینا : [ار۔ محاورہ] عزت ضائع کرنا۔
آبرُو مٹ جانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو مٹا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو ملنا : [ار۔ محاورہ] عزت ملنا۔ مرتبہ حاصل ہونا۔
آبرُو موتی کی آب ہے : [ار۔ مقولہ] عزت بہت نازک چیز ہے۔
آبرُو میں بٹا لگانا : [ار۔ محاورہ] عزت میں خلل ڈالنا۔ ساکھ خراب کرنا
آبرُو میں بٹا لگ جانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو میں بٹا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آبرُو میں داغ لگانا : [ار۔ محاورہ] آبرُو میں بٹا لگانا۔
آبرُو میں داغ لگ جانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آبرُو میں داغ لگانا" جس کا یہ لازم ہے
آبلوچ : [ف۔ امث] مصری۔ قند۔ شفاف (سپ رس)
آبلہ : (آ بْ لَہ) [ف۔ اند] چھالا۔ پھپھولا۔ چیچک کا دانہ۔
آبلہ پا : [ف۔ صف] جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں۔
آبلہ پائی : [ف۔ امث] پاؤں میں چھالے پڑے ہونے کی کیفیت۔ پاؤں میں چھالے ہونا۔
آبلہ رُو : [ف۔ صف] جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔
آبلۂ فرنگ : [ف۔ اند] ایک موذی مرض جو عموماً بدکاری سے ہوتا ہے اور جس کے باعث جسم پر چھالے پڑ جاتے ہیں۔ باد فرنگ۔ آتشک۔

آبلے مرجھانا : [ار۔ محاورہ] چھالا خشک ہونا۔

آبلے بھرنا : [ار۔ محاورہ] چھالوں میں پانی بھرنا۔

آبنوس : (آب نوس) [ع۔ امذ] ایک درخت جس کی لکڑی سخت سیاہ اور وزنی ہوتی ہے

آبنوس کا کُندہ : [ار۔ امذ] آبنوس کی لکڑی کا ٹکڑا مجازاً موٹا اور کالا آدمی

آبنوسی : [ع۔ صت] آبنوس سے منسوب۔ سیاہ رنگ کا

آ۔پ

آپ : [ار۔ ضمیر واحد و جمع حاضر] تعظیم کے لیے غائب کے صیغوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ (۱) خود۔ اپنی ذات سے (۲) جناب۔ حضور (۳) روح (۴) خدا کی ذات (۵) ہوش و حواس (۶) خودی۔ ہستی (۷) دانستہ۔ عمداً

آپ آپ کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) عزت کرنا۔ ادب کرنا (۲) خوشامد کرنا

آپ آپ کو : [ار۔ متعلق فعل] (۱) آپس میں (۲) اپنی طرف (۳) اپنے اپنے دم کو

آپ آپ میں : [ار۔ متعلق فعل] آپس میں

آپ آئے بھاگ آئے : [ار۔ مثل] آپ کے آنے سے نصیب جاگ اٹھے آپ کا آنا باعثِ خیر ہے۔

آپ اپنے حال میں گرفتار ہونا : [ار۔ محاورہ] اپنی مصیبت یا فکر میں مبتلا ہونا

آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا : [ار۔ محاورہ] اپنا نقصان خود کرنا خود اپنے آپکو تباہ کرنا

آپ اپنے حق میں کانٹے بونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا"

آپ اپنی قبر کھودنا : [ار۔ محاورہ] اپنی ہلاکت کا سامان خود کرنا۔ اپنے لیے خود تباہی کا سامان پیدا کرنا۔

آپ اپنے کو : [ار۔ متعلق فعل] خود اپنی ذات کو

آپ بھلے تو جگ بھلا : [ار۔ مثل] (۱) جو خود اچھا ہو اسے دوسرے بھی اچھے دکھائی دیتے ہیں (۲) اپنی بہتری کے بعد ہی دوسرے کی بہتری کا خیال آتا ہے۔

آپ بیتی : [ار۔ امث] اپنی سرگذشت۔ اپنا ماجرا۔ اپنی کہانی۔

آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی : [ار۔ مثل] اپنا ماجرا کہوں یا دوسروں کا۔

آپ تو عید کا چاند ہو گئے : [ار۔ محاورہ] بہت کم نظر آتے ہیں دوست سے یہ شکایتاً کہتے ہیں۔

آپ جانیں آپ کا کام : [ار۔ روزمرہ] اپنا کام آپ خود کریں ہم آپ کے کام کے ذمہ دار نہیں

آپ خور ادے آپ مرادے : [ار۔ مثل] (۱) خود غرض مطلب پرست (۲) غریبی میں امیروں جیسی شان بنا کر خوش ہونے والا۔

آپ ڈال ڈال ہیں تو میں پات پات : [ار۔ مثل] میں آپ سے بھی زیادہ ہوشیار ہوں

آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا : [ار۔ مثل] آپ مر گئے تو گویا سارا جہان مر گیا جب انسان خود مصیبت میں گرفتار ہو تو اسے دوسروں کی پروا نہیں ہوتی۔

آپ ڈوبے تو ڈوبے اور کو بھی لے ڈوبے : [ار۔ مثل] آپ بھی برباد ہوئے ساتھ دوسروں کو بھی برباد کرنا۔

آپ راہ راہ دُم کھیت کھیت : [ار۔ مثل] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو بظاہر تو نیک ہو لیکن بہ باطن عیار اور مکار ہو۔

آپ وپ مہا روپ : [ار۔ صف] جسے کسی نے پیدا نہ کیا ہو۔ خدا۔ مغرور۔ خود رائے۔

آپ زندہ جہاں زندہ آپ مُردہ جہاں مُردہ : [ار۔ مثل] سب کچھ اپنی جان کے ساتھ ہے۔ آپ خوش ہو تو سب خوش۔ آپ دکھی ہو تو سب دکھی معلوم ہوتے ہیں۔

آپ سے آپ کا ازار / کمر بند کھُلے : [ار۔ مثل] بہت آہستہ بولنے والے کمتعلق کہتے ہیں

آپ سے : [ار۔ متعلق فعل] خود بخود بن مانگے

آپ سے آپ : [ار۔ متعلق فعل] خود بخود۔ بلا سبب

آپ سے آئے تو آنے دے : [ار۔ مثل] بلا کوشش ملے تو لے لینا چاہیے۔ مشہور ہے کہ ایک قاضی صاحب کے گھر محلہ کی مرغی آ گئی۔ گھر والوں نے ذبح کر کے پکالی۔ قاضی صاحب جب کھانے بیٹھے اور مرغی کی حقیقت معلوم ہوئی تو ناراض ہوئے بیوی سے کہنے لگے کہ صرف شوربا دے دو۔ کیونکہ اس میں گھی مسالا تو اپنا ہے چنانچہ بیوی شوربا ڈالنے لگی تو اس میں ایک بوٹی بھی آ گئی وہ بوٹی نکالنے لگی تو قاضی صاحب بولے کہ اری کم بخت، آپ سے آئے تو آنے دو۔ بیوی بولی کہ مرغی بھی آپ سے آئی تھی۔ قاضی کہنے لگے کہ یہ بات ہے تو مرغی بھی جائز ہے۔

آپ سے اپے ہونا : [ار۔ محاورہ] معزز سے حقیر ہونا عزت والے سے بے عزت بننا۔

آپ سے اچھا / خوب خدا : [ار۔ مثل] (۱) اپنی ذات سے بہتر سوائے خدا کے کوئی نہیں۔ اپنے سے بہتر کوئی نہیں (۲) پہلے خدا کی یاد پھر اپنی فکر۔

آپ سے باہر ہونا : [ار۔ محاورہ] غصے یا خوشی میں حد سے بڑھ جانا۔ بیخود ہو جانا۔ بدحواس ہو جانا

آپ سے بے آپ ہونا : [ار۔ محاورہ] بے خود ہونا۔ بہت بے چین ہونا

آپ سے جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) بے ہوش ہونا (۲) بن بلائے کسی کے پاس جانا۔

آپ سے چار برساتیں زیادہ دیکھی ہیں : [ار۔] آپ سے زیادہ تجربہ ہے۔ زیادہ عمر ہے یا زیادہ تجربہ جتانے کے وقت کہتے ہیں۔

آپ سے دُور : [ار۔ کلمہ دعائیہ] خدا نہ کرے۔ آپ کی جان سے دور ہے۔ مخاطب کی بری بات کا ذکر کرنے وقت کہتے ہیں۔

آپ سے گزر جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) بیہوش ہو جانا (۲) مرجانا (۳) مغرور ہو جانا

آپ سے گیا جگ جہان سے گیا : [ار۔ مثل] جو چیز اپنے پاس نہ رہی وہ گویا دنیا سے گئی۔

آپ ملے سے دُودھ برابر مانگ لیا سو پانی : [ار۔ مثل] جو چیز بغیر مانگے ملے وہ مانگے سے ملنے والی سے بہتر ہے۔

آپ فضیحت اور کو نصیحت : [ار۔ مثل] خود برے کام کرنا اور دوسروں کو نصیحت کرنا۔

آپ کا پایاں قدم لیجیے : [ار۔ طنزیہ جملہ] آپ کی چالاکی قابل داد ہے۔ کسی کی عیاری اور چالاکی کی داد دیتے وقت طنزاً کہتے ہیں۔

آپ کاج مہا کاج : [ار۔ مثل] جو کام اپنے ہاتھ سے کیا جائے وہی بہتر ہوتا ہے

آپ کا سر بجائے قرآن : [ار۔ محاورہ] آپ کے سر کی قسم۔

آپ کا قطع کلام / سخن ہوتا ہے : [ار۔ محاورہ] آپ کی بات میں بولتا ہوں۔ معاف کیجیے۔ کسی کی بات کے درمیان میں بولتے وقت معذرت کے طور پر کہتے ہیں۔

آپ کا کیا بگڑتا / جاتا ہے : [ار۔ محاورہ] آپ کا کیا نقصان ہے یعنی آپ کا کوئی نقصان نہیں

آپ کا کیا کہنا : [ار۔ محاورہ] (تعریف بہ طورِ طنز)

آپ کا کیا لیتا ہے : [ار۔ محاورہ] آپ کا کیا نقصان کرتا ہے یعنی آپ کا کوئی نقصان نہیں۔

آپ کا گھر ہے : [ار۔ روزمرہ] اسے اپنا گھر سمجھیے۔ تکلف نہ کیجیے

آپ کا منہ / ملاحظہ ہے : [ار۔ محاورہ] آپ کا لحاظ ہے۔ آپ کی خاطر رعایت کرتا ہوں۔

آپ کا نام ہوگا، ہمارا کام ہوگا : [ار۔ مثل] آپ کی شہرت ہوگی ہمیں فائدہ حاصل ہو جائے گا۔ دونوں کا مشترکہ مفاد ہے۔ کسی کو کام کی ترغیب دیتے وقت کہتے ہیں۔

آپ کا نوکر ہوں، بینگنوں کا نوکر نہیں: [ار۔ مثل] خوشامدی کے لیے کہتے ہیں۔ مشہور ہے کہ ایک نواب صاحب اور ان کے خوشامدی مصاحب بیٹھے تھے۔ اتفاقاً بینگنوں کا ذکر چل پڑا۔ نواب صاحب کو بینگن پسند نہ تھے۔ نواب صاحب کی ناپسندیدگی دیکھ کر خوشامدی مصاحب نے بینگنوں کی مذمت میں زمین و آسمان ایک کر دیا۔ کچھ مدت بعد پھر بینگنوں کا ذکر چلا تو نواب صاحب کی بینگنوں سے متعلق رائے بہتر ہو گئی تھی۔ اب کی بار اسی خوشامدی مصاحب نے نواب صاحب کی رائے کا پاس کرتے ہوئے بینگنوں کی تعریف کے پُل باندھ دیئے۔ نواب صاحب نے پُوچھا کہ اُس روز تو آپ بینگنوں کی مذمت کر رہے تھے۔ آج اس قلب ماہیت کا کیا سبب ہے۔ اس پر مصاحب نے جواب دیا کہ حضور میں آپ کا نوکر ہوں۔ بینگنوں کا نوکر نہیں۔ مجھے تو آپ کی رائے کا لحاظ کرنا ہے۔

آپ کو آسمان پر کھینچنا: [ار۔ محاورہ] تکبّر کرنا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا

آپ کو بھُولنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بے خود ہونا (۲) اپنی اصلیت کو بھُول جانا۔ اترانا۔

آپ کو پانا: [ار۔ محاورہ] اپنی حقیقت کو سمجھنا۔

آپ کو پہنچنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آپ کو پانا"

آپ کو خونِ کرنا: [ار۔ محاورہ] خودکشی کرنا۔

آپ کو خاک میں ملانا: [ار۔ محاورہ] اپنے آپ کو تباہ کرنا۔ اپنا آپا تجنا۔

آپ کو دُور جاننا / سمجھنا: [ار۔ محاورہ] اپنے آپ کو زیادہ عقل مند سمجھنا۔ اپنے آپ کو دُوسروں سے بلند تر خیال کرنا۔

آپ کو دُور کھینچنا: [ار۔ محاورہ] (۱) گھمنڈ کرنا۔ تکبّر کرنا (۲) عام لوگوں سے نفرت کرنا۔ (۳) الگ تھلگ رہنا۔

آپ کو دیکھیں، مجھے دیکھیں: [ار۔ محاورہ] اپنی اور میری حیثیت کا خیال کریں

آپ کو ڈبونا: [ار۔ محاورہ] خود کو تباہ کرنا۔

آپ کو روکنا: [ار۔ محاورہ] اپنے آپ پر قابو پانا۔ کسی کام سے باز رہنا۔

آپ کو شاخِ زعفران جاننا / سمجھنا / گننا: [ار۔ محاورہ] اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا

آپ کو کھونا: [ار۔ محاورہ] اپنے آپ کو مٹا دینا۔ خود کو تباہ کرنا۔

آپ کو مٹا دینا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آپ کو کھونا"

آپ کھائے بلّی کو بتائے: [ار۔ مثل] اپنا الزام دُوسرے کے سر تھوپنا۔

آپ کی بلا سے: [ار۔ محاورہ] آپ کو کیا۔ آپ سے کیا واسطہ۔ بات نہ ماننے والے شخص کو کہتے ہیں۔

آپ کے بھی چچا ہیں: [ار۔ محاوراتی جملہ] آپ سے بھی زیادہ چالاک ہیں۔

آپ کے بھی صدقے جائیے: [ار۔ طنزیہ جملہ] کسی حماقت کے ظہور پر بولتے ہیں۔ یعنی آپ بھی عجیب احمق ہیں۔

آپ کی ٹکی یہاں نہ لگے گی: [ار۔ مثل] آپ کی عیّاری یہاں نہ چلے گی۔

آپ کی دال یہاں نہ گلے گی: [ار۔ مثل] آپ کا جادو یہاں نہ چلے گا۔ آپکی عیّاری کام نہ آئیگی

آپ کی ذِلت / خفت میرے سر آنکھوں پر: [ار۔ مثل] آپ تو خفیف ہونے سے رہے میں ہی آپ کی خفت اپنے سر لیتا ہوں۔ جب کوئی شخص اپنی غلطی محسوس کرنے کے باوجود اپنی بات پر اڑا رہے تو اس کو شرمندہ کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

آپ کے دُشمن: [ار۔ روزمرّہ] جب مخاطب کے متعلق کوئی بُری بات کہنی ہو تو کہتے ہیں۔ مثلاً آپ کے دشمن بیمار تھے یعنی آپ خود بیمار تھے۔

آپ کی شکایت / شکوہ (میرے) سر آنکھوں پر: [ار۔ روزمرّہ] کسی کی شکایت کو صحیح تسلیم کرنے کے بعد کہا جاتا ہے۔ یعنی آپ کی شکایت بجا ہے اور میں شرمندہ ہُوں۔

آپ کے فرمانے کی کیا بات ہے: [ار۔ روزمرّہ] آپ کے کہنے کی ضرورت نہیں۔ آپ کے کہے بغیر ہی میں یہ کام کرتا۔

آپ کی کیا بات ہے: [ار۔ روزمرّہ] آپ نہایت قابلِ تعریف ہیں (۲) آپ نہایت احمق ہیں۔

آپ کے لڑکے بھی گھٹنوں کے بل چلیں گے: [ار۔ طنزیہ جملہ] تم سے کچھ نہ ہو سکے گا۔ تم ہمیشہ بیوقوف ہی رہو گے۔

آپ کے مُنہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا اُدھار: [ار۔ مثل] امیر کی ذرا سی توجہ سے غریب کا کام بن سکتا ہے۔

آپ گاتے کیا ہیں: [ار۔ طنزیہ فقرہ] آپ بکتے کیا ہیں۔ آپ کا مطلب کیا ہے؟

آپ مرے جگ پرلو: [ار۔ مثل] آپ مر گئے تو گویا سارا جہان مر گیا جو مر گیا اس کے لیے قیامت آ گئی۔ انسان کو اپنی مصیبت زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

آپ مُوئے جگ مُوا: [ار۔ مثل] دیکھیے "آپ مرے جگ پرلو"

آپ میاں صُوبے دار، گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ: [ار۔ مثل] ظاہری ٹیپ ٹاپ امیروں کی سی لیکن اصل میں مُفلس اور قلّاش۔

آپ میاں منگتے / ننگے باہر کھڑے درویش: [ار۔ مثل] جو خود ہی محتاج ہو وہ دوسروں کی مدد کیا کرے گا۔

آپ میں آنا: [ار۔ محاورہ] ہوش میں آنا۔ حواس بجا ہونا۔

آپ میں پانا: [ار۔ محاورہ] اپنی ذات میں پانا۔ اپنے نفس میں پانا (۲) ہوش میں آنا۔

آپ میں رہنا: [ار۔ محاورہ] ہوش میں رہنا۔ قابو میں رہنا۔ (۲) گھمنڈ نہ کرنا۔

آپ میں کیا سُرخاب کا پَر لگا ہے: [ار۔ مثل] آپ میں کون سی خصوصیت یا نرالی بات ہے۔

آپ میں کیا شاخِ زعفران لگی ہے: [ار۔ مثل] دیکھیے "آپ میں کیا سُرخاب کا پَر لگا ہے"

آپ میں نہ رہنا: [ار۔ محاورہ] ہوش میں نہ رہنا۔ بے قابو ہو جانا (۲) گھمنڈ کرنا۔

آپ میں نہ سمانا: [ار۔ محاورہ] بے خود ہو جانا۔

آپ ہارے بہو کو مارے: [ار۔ مثل] اپنا الزام دُوسرے کے سر تھوپنا۔ کمزور پر غصہ اتارنا۔

آپ ہی آپ: [ار۔ متعلق فعل] خود بخود۔ از خود۔ بے وجہ۔ بلا سبب۔

آپ ہی آپ باتیں کرنا: [ار۔ محاورہ] بلا وجہ بولے جانا۔ پاگلوں کی طرح باتیں کرنا

آپ ہی بی بی آپ ہی باندی: [ار۔ مثل] وہ خاتون جو گھر کا سارا کام خود کرے

آپ ہی کا کھاتا ہوں: [ار۔ مثل] آپ ہی کے دیئے ہُوئے پر گزارہ کرتا ہوں۔

آپ ہی کی جُوتیوں کا صدقہ ہے: [ار۔ مثل] آپ ہی کی بخشش پر گزارہ ہے آپ ہی کی عنایت پر دارومدار ہے۔

آپ ہی مارے آپ ہی چلاّئے: [ار۔ مثل] خود ہی ظلم کرے، خود ہی فریاد کرے

آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار ہیں: [ار۔ مثل] اپنے بننے سنورنے ہی سے فرصت نہیں اپنے معاملات ہی سے فراغت نہیں۔

آپا: [ت۔ امث] بڑی بہن۔ باجی۔ خواہر۔ چھوٹی عمر کی ماں۔

آپا: [ار۔ امذ] اپنا آپ۔ اپنی ذات۔ اپنا سراپا۔ خودی

آپا تجے سو ہر کو بھجے: [ار۔ مثل] اپنی خودی یا ہستی کو مٹا کر ہی خدا کی عبادت ہو سکتی ہے۔

آپادھاپی / آپ دھاپ: [ار۔ امث] خودغرضی۔ نفسی نفسی۔ اپنی فکر۔
آپا سنبھالنا: [ار۔ محاورہ] ہوشیار رہنا۔ خبردار رہنا۔
آپریٹر: [انگ۔ صف فاعلی operator] کسی مشین کو چلانے والا۔
آپس: [ار۔ صف۔ متعلق فعل] (۱) باہم۔ ذاتی (۲) میل جول۔ رشتہ داری
آپس داری: [ار۔ ف۔ امث۔ غلط العام] رشتہ داری۔ قرابت ناتا۔ باہم میل جول۔
آپس کا معاملہ: [ار۔ امذ] گھر کی بات۔ بیچ کی بات۔ باہمی تعلق
آپس کی پھوٹ: [ار۔ امث] باہمی نااتفاقی۔
آپس میں: [ار۔ متعلق فعل] ایک دوسرے کے ساتھ۔ رشتہ داری میں۔
آپس میں گرہ پڑنا: [ار۔ محاورہ] آپس میں بگاڑ ہونا۔ باہم رنجش ہونا۔
آپس میں رہنا: [ار۔ محاورہ] مل جل کر رہنا۔ اتفاق سے رہنا۔
آپستا: [ار۔ صف] خودسر۔ خوددار (سب رس)
آپی: [ار۔ متعلق فعل] آپ ہی کا مخفف۔ خود ہی
آپی آپ: [ار۔ متعلق فعل] آپ ہی آپ کا مخفف۔ خود بخود۔ از خود
آپے: [ار۔ امذ] آپا بمعنی سراپا کی جمع
آپے سے گزرنا: [ار۔ محاورہ] قابو سے باہر ہونا۔ اپنے آپ میں نہ رہنا
آپے سے باہر ہونا: [ار۔ محاورہ] غصہ یا خوشی میں بے قابو ہو جانا۔ بیخود ہونا۔
آپے سے جانا: [ار۔ محاورہ] بے خود ہو جانا۔ قابو میں نہ رہنا
آپے سے نکلا پڑنا: [ار۔ محاورہ] بے قابو ہونا۔ بُری طرح مچلنا۔
آپے سے نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آپے سے باہر ہونا"
آپے میں آنا: [ار۔ محاورہ] ہوش میں آنا۔ حواس بجا ہونا۔
آپے میں نہ رہنا: [ار۔ محاورہ] ہوش میں نہ رہنا۔ بے خود ہو جانا۔

آت

آتا: [ار۔] آنا مصدر سے ماضی تمنائی (۲) آنے والا (۳) قرض
آتا تو سب ہی بھلا تھوڑا بہت کچھ جاتے تو دو ہی بھلے لدّر اور دُکھ:
[ار۔ مثل] آنا جانے سے بہتر ہے۔ صرف تکلیف اور بیماری کا جانا ہی بہتر ہے۔
آتا جاتا: [ار۔ اسم حالیہ] آنے جانے والا۔ مسافر۔ کسی کام کی واقفیت
آتا ہو آئے جاتا ہو جائے: [ار۔ مثل] کوئی آئے کوئی جائے ہمیں کوئی پروا نہیں
آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجئے، جاتا ہو تو اس کا غم نہ کیجئے: [ار۔ مثل] آدمی کو باحوصلہ ہونا چاہیئے۔ کوئی چیز ملے تو ضرور لے اور اگر نقصان ہو جائے تو غم نہ کرے۔
آتا نہ چھوڑیئے، جاتا نہ موڑیئے: [ار۔ مثل] کوئی چیز ملے تو لے لے، جاتی ہے تو پروا نہ کرے
آتے آتے: [ار۔ متعلق فعل] (۱) چلتے چلتے (۲) آہستہ آہستہ (۳) آنے تک
آتے بھلے نہ جاتے: [ار۔ مثل] نہ آنے کا فائدہ نہ جانے کا فائدہ۔ آنا جانا برابر ہے۔
آتے جاتے: [ار۔ اسم حالیہ] آنے جانے میں۔ راہ چلتے۔ چلتے پھرتے۔ راہ گلی میں
آتے کا نام سہجا جاتے کا نام ہکتا: [ار۔ مثل] آؤ تو خوب، نہ آؤ تو پروا نہیں
آتش: [ف۔ امث] (۱) آگ۔ نار۔ جلن۔ سوزش (۲) تجلّی (۳) اُردو کے مشہور شاعر خواجہ حیدر علی کا تخلص (زبر سے بھی آتَش درست ہے) زیر سے فصیح ہے۔
آتش افروز: [ف۔ صف فاعلی] آگ بھڑکانے والا۔
آتش افسردہ: [امث۔ مرکب توصیفی] وہ آگ جو ٹھنڈی پڑ چکی ہو۔

آتش انگیز: [ف۔ صف فاعلی] آگ بھڑکانے والا۔ فساد برپا کرنے والا۔
آتش بار: [ف۔ صف فاعلی] (۱) آگ برسانے والا (۲) آگ بگولا (۳) چقماق۔ (۴) ایک قسم کی بندوق۔
آتش باری: [ف۔ امث] آگ برسانا۔ آتش بار کا اسم کیفیت۔
آتش باز: [ف۔ صف فاعلی] بارود کے کھلونے بنانے والا۔ آگ سے کھیلنے والا
آتش بازی: [ف۔ امث] (۱) آگ کا کھیل (۲) بارود سے بنے ہوئے کھلونے یا تماشے کی چیزیں (افعال بننا، بنانا، چھوٹنا، چھوڑنا)
آتش بازی کا دیو: [ار۔ امذ] کاغذ کی ڈراؤنی شکل بنا کر اس میں بارود بھر دیتے ہیں اور آگ لگا دیتے ہیں۔ دُسہرے کا دن۔
آتش بیاں: [ف۔ صف] شعلہ بیاں۔ تیز گفتار۔ پُراثر مقرر۔
آتش بیانی: [ف۔ امث] دیکھئے "آتش بیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آتش بے دود: [ف۔ صف و امث] (۱) بغیر دھوئیں کی آگ (۲) شراب
آتش پا: [ف۔ صف] بے قرار۔ تیز رفتار۔
آتش پائی: [ف۔ امث] دیکھئے "آتش پا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آتش پرست: [ف۔ صف فاعلی] آگ پوجنے والا۔ پارسی۔ زردشت کا پیرو۔ مجوسی
آتش پرستی: [ف۔ امث] آگ کی پوجا۔ "آتش پرست" کا اسم کیفیت۔
آتش پیکر: [ف۔ صف] جس کا جسم آگ کا ہو۔ جن۔ بھوت۔ شیطان۔
آتش تر: [ف۔ امث] تر آگ۔ مجازاً شراب
آتش جاں سوز: [ف۔ امث] جان کو جلانے والی آگ۔ مجازاً عشق کی گرمی
آتش خاموش: [ف۔ امث] (۱) بجھی ہوئی آگ۔ اندر ہی اندر سلگنے والی آگ (۲) مجازاً محبت
آتش خانہ: [ف۔ امذ] وہ مکان جہاں پارسی آگ کی پوجا کرتے ہیں۔ آتش کدہ۔ وہ جگہ جہاں سردیوں میں تاپنے کے لئے آگ جلاتے ہیں۔ انگیٹھی۔ گرم مکان۔
آتش خو: [ف۔ صف] تیز مزاج۔ محرور المزاج۔ غصے والا۔
آتش خوار: [ف۔ صف] (۱) آگ کو کھانے والا (۲) مجازاً ایک جانور۔ چکور۔ یونانی میں (۳) آگ کا کیڑا۔ سمندر (۴) رشوت خور
آتش دان: [ف۔ امذ] چولہا۔ انگیٹھی
آتش دروں: [ف۔ امث] اندر کی آگ۔ دل سوز و گداز۔ محبت
آتش رُخ: [ف۔ صف] آگ کی طرح سُرخ چہرے والا۔ معشوق۔
آتش رنگ: [ف۔ صف] آگ جیسے سُرخ رنگ والا۔ سُرخ۔ ببوکا۔ معشوق
آتش ریز: [ف۔ صف فاعلی] آگ لگانے والا۔ فسادی۔ جھگڑالو۔
آتش زباں: [ف۔ صف] دیکھئے "آتش بیاں"
آتش زبانی: [ف۔ امث] دیکھئے "آتش زباں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آتش زدگی: [ف۔ امث] دیکھئے "آتش زدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آتش زدہ: [ف۔ صف مفعولی] آگ سے جلا ہوا۔
آتش زن: [ف۔ صف فاعلی] آگ لگانے والا۔ جلانے والا
آتش زنی: [ف۔ امث] دیکھئے "آتش زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
آتش زیر پا: [ف۔ صف] جس کے پاؤں کے نیچے آگ ہو۔ مجازاً بے چین۔ بے قرار
آتش زیر پائی: [ف۔ امث] دیکھئے "آتش زیر پا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آتش سنگ: [ف۔ امث] وہ آگ جو پتھر میں پوشیدہ ہوتی ہے اور ٹکرانے سے نکلتی ہے
آتش سیال: [ف۔ امث] بہنے والی آگ۔ مجازاً شراب
آتش طور: [ف۔ امث۔ تلمیح] وہ آگ جو حضرت موسیٰؑ کو کوہ طور پر نظر آئی۔

آتش عناں: [ف ـ صف] تیزرو ـ تیز رفتار
آتش فشاں: [ف ـ صف فاعلی] آگ برسانے والا چنگاریاں بکھیرنے والا۔
آتش فشاں پہاڑ: [ف ـ ار ـ اند] وہ پہاڑ جس میں سے آگ نکلتی ہے اور لاوا بہتا ہوا نکلتا ہے
آتش فشانی: [ف ـ امث] دیکھئے "آتش فشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آتش قدم: [فع ـ صف] تیز رفتار ـ تیز قدم
آتش قدمی: [فع ـ امث] دیکھئے "آتش قدم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آتش کا پرکالہ: [ار ـ ف ترکیب اضافی] (۱) آگ کا ٹکڑا (۲) چالاک ـ ہوشیار (۳) شریر ـ مفسد
آتش کدہ: [ف ـ اند] (۱) پارسیوں کا عبادت خانہ جہاں پوجا کے لئے ہر وقت آگ روشن رہتی ہے (۲) بہت گرم مکان
آتش گیر: [ف ـ صف فاعلی] (۱) آگ پکڑنے والا (۲) چمٹا ـ دستِ پناہ (۳) وہ چیز جس کو فوراً آگ لگ جائے۔
آتش مردہ: [ف ـ امث] بجھی ہوئی آگ
آتش مزاج: [فع ـ صف] دیکھئے "آتش خو"
آتش ناک: [ف ـ صف] آگ سے بھرا ہوا نہایت گرم ـ غصہ ور
آتش نفس: [فع ـ صف] نہایت گرم ـ دل جلا ـ سوز و گداز والا۔
آتش نمرود: [فع ـ امث تلمیح] وہ آگ جو نمرود بادشاہ نے حضرت ابراہیمؑ کو زندہ جلانے کے لیے روشن کی تھی اور خدا کے حکم سے گلزار بن گئی تھی۔
آتشک: [ف ـ امث] دیکھئے "آبلہ فرنگ"
آتشکیا: [ف ـ ار ـ صف] جس کو آتشک کی بیماری ہو۔
آتشی: [ف ـ صف] آگ سے تعلق رکھنے والی چیز ـ گرم
آتشی اینٹ: [ف ـ ار ـ امث] ایک قسم کی اینٹ جو کیمیائی مرکبات سے بنائی جاتی ہے اور انتہائی حرارت سے بھی متاثر نہیں ہوتی۔ انگریزی لفظ firebrick کا ترجمہ
آتشی شیشہ: [ف ـ اند] ایک خاص قسم کا شیشہ جس کو سورج کے سامنے رکھنے سے اس میں کرنیں جمع ہو کر نیچے پڑے کپڑے وغیرہ کو آگ لگا دیتی ہیں ـ محدب شیشہ
آتشی شیشی: [ف ـ ار ـ امث] ایک خاص قسم کی شیشی جس کے ذریعہ سے روغن نکالتے ہیں۔
آتشین: [ف صف] آگ سے نسبت رکھنے والی چیز ـ آگ کا بنا ہوا۔
آتشیں آب: شراب
آتشیں اسلحہ: [فع ـ اند] آگ برسانے والے ہتھیار ـ مثلاً بندوق و توپ وغیرہا۔
آتما (آت ما) [ہ ـ امث] روح ـ نفس ـ قلب ـ وجود ـ ذات۔
آتما ٹھنڈی کرنا: [ار ـ محاورہ] دل خوش کرنا ـ سکھ پہنچانا ـ بھوکے کا پیٹ بھرنا۔
آتما ستانا: [ار ـ محاورہ] دل دکھانا ـ دل آزاری کرنا
آتما کا درد: روح کی تکلیف ـ دلی محبت ـ ممتا
آتما کا کوسنا: [ار ـ اند] دلی بد دعا
آتما کلپانا: [ار ـ محاورہ] دل دکھانا
آتما کلپنا: [ار ـ محاورہ] دل دکھنا
آتما کی آنچ: [ار ـ امث] ماں کی محبت ـ مامتا ـ ممتا۔
آتما مسوسنا: [ار ـ محاورہ] دکھ سہنا ـ مجبوراً صبر کرنا ـ محبت اور تمنا ضبط کرنا۔
آتما میں آگ لگی ہے: [ار ـ محاورہ] بہت بھوک لگی ہے ـ محبت کی آگ تیزی پر ہے۔
آتما میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے: [ار ـ مثل] بھوکے پیٹ عبادت بھی نہیں ہو سکتی ـ پیٹ بھرنے پر ہی خدا کی طرف دھیان جاتا ہے۔
آتو / آتون: [ت ـ امث] استانی ـ وہ عورت جو لڑکیوں کو پڑھاتی یا کام سکھاتی ہے۔
آتے: [ار ـ آتا کی جمع یا مغیرہ صورت] آنے والے ـ آتے ہوئے۔
آتے آؤ جاتے جاؤ: [ار ـ مثل] دیکھئے "آتا" کے تحت۔
آتے بھلے نہ جاتے: [ار ـ مثل] دیکھئے "آتا" کے تحت۔
آتی: دیکھئے "آتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
آتی پاتی: [ار ـ امث] بچوں کا ایک کھیل جس میں کسی درخت کا پتا توڑ کر ساتھیوں کو چھوتے ہیں۔

آ ـــ ٹ

آٹ [ار ـ ن ـ اعدد] آٹھ
آٹ: [ار ـ آٹنا مصدر سے امر کا صیغہ] بھر دو ـ پُر کر دو۔
آٹا: [ار ـ اند] پسا ہوا غلہ ـ سفوف ـ بہت باریک ـ گلا ہوا ـ گھسا ہوا ـ برادہ ـ کھلی
آٹا آٹا کرنا: [ار ـ محاورہ] بہت باریک کرنا ـ چورہ کرنا ـ ریزہ ریزہ کرنا۔
آٹا آٹا ہو جانا: [دیکھئے "آٹا آٹا کرنا" جس کا یہ لازم ہے ـ ناقص ہونا۔
آٹا دال: [ار ـ اند] رزق ـ روزی
آٹا دال آتو بھی ہے: [ار ـ مثل] اچھائیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہیں ـ بے جوڑ بات کے متعلق کہتے ہیں۔
آٹا گیلا ہونا: [ار ـ محاورہ] کام بگڑنا ـ مصیبت میں پھنس جانا۔
آٹا نبڑا بڑھیا سٹکا: [ار ـ مثل] غلسی میں خود غرض لوگ ساتھ چھوڑ جاتے ہیں۔
آٹا ہو جانا: [ار ـ محاورہ] دیکھئے "آٹا آٹا ہو جانا"
آٹے دال کا بھاؤ بتانا: [ار ـ محاورہ] خوب خبر لینا ـ تنبیہہ کرنا ـ دھمکانا۔
آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہونا: [ار ـ محاورہ] قدر و عافیت معلوم ہونا ـ اونچ نیچ
آٹے دال کی فکر: [ار ـ امث] روزی ـ رزق کی فکر ـ گزارے کا غم۔
آٹے کا چراغ ـ گھر رکھوں تو چوہا کھا جائے ـ باہر رکھوں تو کوا لے جائے
[ار ـ مثل] ایسی بات جس میں ہر صورت نقصان ہی نقصان ہو۔
آٹے کی آپا: [ار ـ امث] بھولی بھالی عورت ـ بے وقوف عورت۔
آٹے کی بلی: [ار ـ امث] دیکھنے میں ایک چیز خوفناک ہو مگر حقیقت میں ایسا نہ ہو۔
آٹے کے ساتھ گھن پسنا: [ار ـ محاورہ] گناہ گار کے ساتھ بے گناہ کو سزا ملنا۔
آٹے میں نمک ہونا: [ار ـ محاورہ] بہت کم ہونا ـ برائے نام ہونا
آٹم پاٹم: [ار ـ متعلق فعل] ہر جگہ ـ اوپر نیچے
آٹنا: [ار ـ مص] پُر کرنا ـ بھرنا۔
آٹوگراف: [انگ autograph اند] اپنے دستخط ـ اپنی تحریر ـ خود نوشت۔
آٹومیٹک: [انگ automatic صف] خود کار ـ خود بخود چلنے والی۔
آٹھ: [ار ـ اعدد] سات اور ایک ـ نو سے ایک کم۔
آٹھ آٹھ آنسو رونا: [ار ـ محاورہ] زار زار رونا ـ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
آٹھ اٹھارہ کرنا: [ار ـ محاورہ] پریشان کرنا ـ تتر بتر کرنا ـ پراگندہ کرنا۔
آٹھ بار نو تیوہار: [ار ـ مثل] عیش و عشرت کی زیادتی۔
آٹھ پہر: [ار ـ روزمرہ] دن رات ـ چوبیس گھنٹے ـ ہر وقت ـ ہر لمحہ
آٹھ پہر چونسٹھ گھڑی [ار ـ روزمرہ] دیکھئے "آٹھ پہر"
آٹھ پہر سولی ہے: [ار ـ محاورہ] ہر وقت مصیبت کا سامنا ہے
آٹھ پہر میان سے باہر رہنا: [ار ـ محاورہ] ہر وقت لڑنے پر آمادہ رہنا۔

آٹھ جُولاہے نو حُقّے، اِس پر بھی دھکم دھکّے: [ار۔ مثل] زیادہ سامان ہونے کے باوجود جھگڑا۔

آٹھ گاؤں کا چودھری، بارہ گاؤں کا راوا، اپنے کام نہ آؤ تو ایسی تیسی میں جاؤ: [ار۔ مثل] کوئی شخص کیسا ہی بڑا یا با وسائل ہو اگر اپنے کام نہیں آتا تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

آٹھواں: [ار۔ صف۔ ترتیبی۔ مذ] (۱) ترتیب میں سات کے بعد۔ ہشتم (۲) حمل کا آٹھواں مہینہ (۳) [عدد کسری] آٹھواں حصّہ۔ پاؤ

آٹھوں: [ار۔ عدد استغراقی] آٹھ کے آٹھ یعنی جو آٹھ ہیں وہ سب کے سب

آٹھوں: [ار۔ اند] ہولی کے آٹھویں کا تیوہار جو ہنود مناتے ہیں، جسے "آٹھوں کا میلہ" بھی کہتے ہیں۔

آٹھوں پہر: [ار۔ محاورہ] ہر وقت۔ دن رات۔ چوبیس گھنٹے

آٹھوں جام: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آٹھوں پہر" (باغ و بہار)

آٹھوں گانٹھ کمیت: [ار۔ محاورہ] (۱) وہ سُرخ رنگ کا گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ یعنی چاروں ٹخنے اور چاروں گھٹنے مضبوط ہوں (۲) چالاک۔ ہوشیار۔ مُستعد (۳) شریر۔ فسادی، جملہ عیوب کا حامل۔

آٹھویں: [ار۔ صف ترتیبی یائے مجہول کے ساتھ] دیکھئے "آٹھواں" جس کی یہ مغیرہ صورت ہے

آٹھویں: [ار۔ صف ترتیبی یائے معروف سے] دیکھئے "آٹھواں" جس کی یہ تانیث ہے

آٹھویں ساتویں: [ار۔ محاورہ یائے مجہول سے] کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔

آ ۔۔۔ ث

آثار: [ع۔ اند] (۱) اثر کی جمع۔ نشانات قدموں کے نشان (۲) (اصطلاحاً) رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث، سُنّت صحابہ کرام کے اقوال و افعال (۳) (اُردو) دیوار کی چوڑائی، نیو (۴) علامات، نشانیاں (۵) ڈھنگ۔ انداز

آثارِ بد: [عف۔ اند] بُری علامتیں۔ بری فال

آثار بندھنا: [ار۔ محاورہ] نشانیاں ظاہر ہونا۔ علامتیں ظاہر ہونا

آثار پائے جانا: [ار۔ محاورہ] علامتیں موجود ہونا۔ نشانیاں موجود ہونا۔

آثار پیدا ہونا: [ار۔ محاورہ] نشانیاں ظاہر ہونا۔ علامتیں ظاہر ہونا۔

آثار چھا جانا: [ار۔ محاورہ] علامات کثرت سے ظاہر ہونا۔

آثار ڈالنا / رکھنا: [ار محاورہ] نیو رکھنا۔ بنیاد رکھنا

آثارِ شریف / شریفہ: [ار۔ اند] بزرگوں کے مقبرے اور یادگار عمارتیں۔ انبیاء اور اولیاء کے تبرکات

آثارِ صنادید / آثار الصنادید: [ع اند] بزرگوں اور بادشاہوں کی نشانیاں اور عمارتیں

آثار ظاہر / عیاں ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "آثار پیدا ہونا"۔

آثارِ قدیمہ / عتیقہ: [ار۔ اند] پرانی نشانیاں، پرانی عمارتیں۔ محکمہ آثار قدیمہ۔ ایک محکمہ کا نام، جو پرانی عمارتوں کی دیکھ بھال اور حفاظت کا ذمہ دار ہے۔

آثارِ قیامت: [ع۔ بترکیب فارسی۔ اند] قیامت کی نشانیاں۔ آفتیں اور مصیبتیں

آثارِ محشر: [ع۔ بترکیب فارسی۔ اند] دیکھئے "آثارِ قیامت"

آثارِ نیک: [عف۔ اند] اچھی علامتیں۔ نیک شگون

آثم: [ع۔ مذ] گناہ گار۔ انکسار کے طور پر اپنے آپ کو بھی کہتے ہیں۔

آ ۔۔۔ ج

آج: [ار۔ اند] (۱) موجودہ دن۔ امروز (۲) اب۔ اِس وقت (۳) زمانہ حال۔ (۴) دورِ حاضر۔ فی زمانا (۵) جیتے جی۔ حینِ حیات

آج آئے کل چلے: [ار مثل] بہت مختصر قیام ہونا۔ جلد چلے جانا

آج برس کے پھر نہ برسوں گا: [ار۔ مثل] (۱) جب بارش تھمنے میں نہ آئے تو کہتے ہیں یعنی بارش ساری کسر آج نکالے گی۔

آج تک: [ار۔ متعلق فعل] اب تک۔ اس وقت تک۔

آج تک پڑے ہینگ ہگ رہے ہیں: [ار۔ مثل] اسوقت کہتے ہیں جب کوئی اپنی بداعمالیوں کی سزا بھگت رہا ہو یعنی اب تک مصیبت میں مبتلا ہے۔

آج جو کرنا ہے کر لے، کل کی کل کے ہاتھ ہے: [ار۔ مثل] زندگی کا کوئی بھروسا نہیں، جو کام کرنا ہو فوراً کر لینا چاہیئے۔

آج چل کے پھر نہ چلوں گی: [ار مثل] جب ہوا بہت زور کی چل رہی ہو تو کہتے ہیں یعنی آج ہوا تمام کسر پوری کر کے چھوڑے گی

آج زبان کھلی ہے، کل بند: [ار۔ مثل] زندگی کا کوئی بھروسا نہیں۔ زندگی عارضی ہے۔

آج سے: [ار۔ متعلق فعل] اَب سے، اس وقت سے۔

آج سے کل نزدیک ہے: [ار۔ مثل] جب کوئی آنے والے زمانے کو دُور سمجھ کر کام میں سستی کرے تو کہتے ہیں کہ آنے والا وقت بہت جلد آ جاتا ہے۔

آج صبح صبح کس کا مُنہ دیکھا ہے: [ار مثل] تمام دن پریشانیوں سے دو چار رہنے پر کہتے ہیں یعنی کس منحوس کا منہ دیکھا ہے جس سے بد شگونی ہوئی اور تمام دن پریشان رہنا پڑا۔

آج کا کام آج ہی کرنا چاہیئے: [ار۔ مقولہ] جو کام کرنا ہو فوراً کر لینا چاہیئے۔ دُوسرے کسی وقت پر ٹالنا مناسب نہیں۔

آج کا کام کل پر اٹھا رکھنا / ٹالنا / چھوڑنا / ڈالنا: [ار محاورہ] کسی کام میں سستی کرنا۔ کام کو کسی دوسرے وقت پر ٹالنا۔

آج کدھر آ نکلے: [ار۔ مثل] جب کوئی شخص مدت کے بعد ملے تو بطور شکایت کہتے ہیں۔

آج کدھر بھول پڑے / آج کدھر (سے / کا) چاند نکلا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آج کدھر آ نکلے"

آج کرے گا کل پائے گا: [ار۔ مثل] جو جیسا کرے گا ویسا پائے گا۔ نیکی یا بدی کا بدلہ ضرور ملے گا۔

آج کس کا مُنہ دیکھ کر اُٹھا تھوں: [ار۔ مثل] دیکھئے "آج صبح صبح کس کا مُنہ دیکھا ہے"۔

آج کل: [ار۔ محاورہ] ان دنوں۔ فی زمانا۔ عن قریب۔ جھٹ پٹ۔ ٹال مٹول

آج کل اِس / اِن کے دَور دَورے ہیں: [ار مثل] اِن دنوں ان کا بڑا عروج ہے۔

آج کل بارہ برس کی بیٹیا بر مانگے ہے: [ار۔ مثل] اب زمانہ بہت بُرا آ گیا ہے یا زمانہ سے شرم اٹھ گئی ہے کہ بارہ برس کی لڑکی بھی خاوند چاہتی ہے۔

آج کل بتانا: [ار۔ محاورہ] ٹال مٹول کرنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔

آج کل تمھارے نام کی کمان چڑھی ہے: [ار۔ مثل] آج کل تمھارا عروج

ہے۔ (یہ مثل دوسری ضمیروں کے ساتھ بھی استعمال ہوتی ہے)۔
آج کل کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آج کل بتانا"۔
آج کل میں: [ار۔ متعلق فعل] بہت جلد۔ عن قریب
آج کل نہ جانا: [ار۔ محاورہ] مکر و فریب سے باز نہ آنا
آج کی آج۔ آج کی سو برس میں / آج کے آج اور سو برس میں:
[ار۔ مثل ۔عو] جو بات ہونے والی ہے وہ ہو کر رہتی ہے۔ خواہ سو برس بعد ہی کیوں نہ ہو۔
آج کے بنیے کل کے سیٹھ: [ار۔ مثل] انقلاب زمانہ سے بڑے چھوٹے ہو جاتے ہیں اور چھوٹے بڑے
آج کے بچھے آج ہی نہیں چلتے: [ار۔ مثل] جلد بازی سے کوئی کام نہیں ہوتا سب کام رفتہ رفتہ ہی ہوتے ہیں۔
آج کیا جانی دُنیا دیکھی: [ار۔ مثل] جب کوئی شخص خلاف توقع کام کرے تو اسوقت کہتے ہیں کہ آج کیا بات ہے جو تم وہ کام کر رہے ہو جو کرنا نہیں چاہتے تھے۔
آج مرے / موئے کل دُوسرا دِن [ار۔ مثل] زمانہ بہت جلد گزر جاتا ہے مرنے کے بعد کوئی کسی کو یاد نہیں رکھتا۔
آج ہمیں کل تو: [ار۔ مثل] موت ہر شخص کو آنی ہے۔ آج تمھیں تو کل ہمیں مرنا ہے۔ موت سے کسی کو مفر نہیں۔
آج ہمیں نہیں یا وہ / تم نہیں: [ار۔ محاورہ] پختہ ارادہ کر لیا ہے کہ آج جان دے دوں گا یا جان لے لوں گا۔
آج ہمیں ہُوں یا وُہ ہے: [ار۔ محاورہ] آج معاملہ ختم ہو کے رہے گا۔ آج جھگڑا ختم ہو کر رہے گا۔
آج نصیبوں سے ہاتھ لگے ہو [ار۔ محاورہ] آج اتفاق سے ملاقات ہُوئی ہے۔
آجنُوں: [ار۔ ق۔ متعلق فعل] اب تک۔ آج تک (ب پ رس)
آج ہمارے بلے کل تمھارے بلے: [ار۔ مثل] سب کے ساتھ یکساں سلوک ہو گا۔ حالات سے ہر ایک کو متاثر ہونا پڑتا ہے۔
جو آج ہے سو کل نہیں۔ [ار۔ مثل] زمانہ ہمیشہ یکساں نہیں رہتا۔ حالات روز بروز بگڑتے جا رہے ہیں۔ جو آج زندہ ہیں وہ کل مُردہ ہوں گے۔
آجِر: [ع۔ اند] اُجرت پر کام لینے والا۔ آقا۔ مالک۔

آ — چ

اَچار: [ف۔ اند] کسی ترکاری یا پھل بالخصوص آم کا مُرکب جو تیل یا سرکہ یا پانی میں مرچ مسالا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے اور کھانے کے کام آتا ہے۔ اچار (افعال بنانا اور ڈالنا)
اَچار کرنا / نکالنا: [ار۔ محاورہ] بہت پیٹنا۔ گت بنانا۔ بھُرکس نکالنا۔
اچاریہ: [س۔ اند] (۱) گورو، اُستاد، معلم، ادیب (۲) برہمن (۳) کسی فرقے کا بانی (۴) ایک خطاب جو لائق آدمیوں کو دیا جاتا ہے (۵) پانڈووں کے اُستاد دروان کا لقب
آچمن: [س۔ اند] کُلی۔ پاکیزگی کے خیال سے کھانے یا مذہبی رسوم سے پہلے کُلی یا جل پانی کرنا۔ (افعال ہ کرنا۔ ہونا)
اَچھا: [ہ۔ صف] اَچھا۔ خوب۔ بہتر
اَچھے دِن پاچھے گئے ہَر سے کیا نہ ہیت
اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ [ہ۔ مثل]

جوانی میں خدا سے لَو نہ لگائی اور بُرے کام کرتا رہا۔ اب بڑھاپے میں پچھتانے سے کیا فائدہ۔
آپچھیں: [ار۔ اصوت] چھینک کی آواز۔

آ — ح

آحاد: [ع۔ احد] احد معنی ایک کی جمع۔ اعداد کے چار درجوں میں سے پہلا درجہ یعنی ایک سے نو تک کے اعداد

آ — خ

آخ: [ار۔ اسم صوت] کھنکھارنے کی آواز۔ اظہار نفرت کا کلمہ
آخ تھُو: [ار۔ اسم صوت] کھنکھار کر تھوکنے کی آواز۔ لعنت اور پھٹکار یا نفرت کے اظہار کا کلمہ۔
آختہ: [ف۔ صف مفعولی] وہ جس کے خصیے نکال دیئے گئے ہوں۔ خصّی۔ نامرد
آختہ کرنا: [ف۔ مص جعلی] خصیے نکالنا۔ خصّی کرنا۔ نامرد بنانا۔
آخِذ: (بکسر ثانی) [ع۔ اسم فاعل] لینے والا۔ پکڑنے والا۔
آخَر: (بفتح ثانی) [ع۔ صف] اور۔ ایک اور۔ دُوسرا۔
آخِر: (بکسر ثانی) [ع۔ صف] (۱) پچھلا (۲) انتہا۔ حد۔ نہایت (۳) تمام۔ ختم (۴) ختم ہونے کے قریب (۵) انتقال۔ وفات (۶) بہ حال۔ انجام کار۔
آخر آخر: [ع۔ متعلق فعل] آخر کار۔ انجام کار۔ سب سے پچھلا
آخر آدمی نے کچا دودھ پیا ہے: [ار۔ مثل] غلطی اور بھُول انسان کی فطرت ہے۔
آخر اپنی اصالت پر گیا: [ار۔ مثل] ایسے موقعوں پر بولتے ہیں جب کسی نیچ قوم کے آدمی سے کوئی بُری حرکت سرزد ہوتی ہے۔
آخرُ الاَمر: [آخر اول امر بکسر ثانی] [ع۔ متعلق فعل] آخر کار۔ انجام کار۔
آخرُ الذِکر: [آخر و ذکر۔ بفتح ثانی] [ع۔ صف] جس کا ذکر ایک کے بعد یا دوسرے نمبر پر کیا جائے۔ ثانی الذکر
آخر بیں: [ع ف۔ صف فاعلی] انجام پر نظر رکھنے والا۔ دُور اندیش
آخر زماں / زمانہ: [ع۔ صف] (۱) آخری زمانہ (۲) قیامت کے قرب کا زمانہ۔ (۳) بڑھاپا
آخر فَنا: [ع۔ مقولہ] ہر چیز کا انجام فنا ہے۔ موت ہر ایک کو آنی ہے۔
آخر کار: [ع ف۔ متعلق فعل] انجام کار۔ الغرض
آخر کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ختم کرنا۔ تمام کرنا۔ (۲) کسی کام کو انجام تک پہنچا دینا (۳) قتل کرنا۔
آخر کو: [ع، ار۔ متعلق فعل] دیکھئے "آخر کار"
آخر وقت: [ع۔ اند] نزع کا وقت۔ موت کا وقت۔ سب سے آخر میں
آخر ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) ختم ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ (۲) مر جانا۔
آخِرَت: [بکسر ثانی و بفتح ثالث] [ع۔ اسم ث] عاقبت۔ قیامت۔
آخرت بگاڑنا: [ار۔ محاورہ] عاقبت خراب کرنا۔ بُرے کام کرنا جس کا بُرا لازم ہے۔
آخرت بگڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آخرت بگاڑنا"

آخرت سنوارنا: [(نون غنہ، وزن سوارنا) [ار۔ محاورہ] دوسری زندگی کو بہتر بنانا۔ نیک کام کرنا۔

آخرت کا سودا کرنا: [ار۔ محاورہ] عاقبت بہتر بنانے کا کام کرنا۔ نیک عمل کرنا

آخرت کی کمائی: [ار۔ محاورہ] نیک اعمال جو عاقبت میں کام آئیں۔

آخرش: (بکسرِ ثانی و بفتحِ ثالث) آخر کار۔ انجام کار۔

آخری: [ع۔ صف] پچھلا۔ بعد کا۔ اخیر کا

آخری بہار: [عف۔ امث] (۱) اخیر موسم (۲) عروج کا خاتمہ (۳) رونق اور حُسن کا زوال

آخری پوشاک: [عف۔ امث] کفن۔ وہ لباس جو سب سے آخر میں پہنا جائے

آخری چہار شنبہ: [عف۔ امذ] ماہ صفر کا آخری بدھ جو پیغمبر اسلام علیہ السلام کے غسلِ صحت کا دن ہے۔

آخری دم: [عف۔ امذ] جان کنی کا وقت۔ نزع کا عالم۔ موت کا وقت

آخری دور: [عف۔ امذ] اخیر زمانہ۔ خاتمہ کا وقت۔ آخری زمانہ۔ آخر مرتبہ کا شراب کا دور

آخری دیدار: [عف۔ امذ] (۱) مریض کا مرتے وقت آخری دفعہ کسی کو دیکھنا۔ (۲) مرتے وقت کی ملاقات (۳) دفن کے وقت مرنے والے کا مُنہ دیکھنا۔

آخری زمانہ: [عف۔ امذ] (۱) اخیر وقت (۲) قُربِ قیامت کا وقت

آخری سواری: [عف۔ امث] (۱) سواری پر آخری مرتبہ چڑھنا (۲) جنازہ

آخری صحبت: [ع۔ امث] وہ ملاقات جس کے بعد ملاقات نصیب نہ ہو۔ آخری مجلس

آخری ملاقات: [ع۔ امث] دیکھئے "آخری صحبت"

آخرین: [عف صف] دیکھئے "آخری"

آخور / آخُر: [ف۔ امث] (۱) "آب خور" کا مخفف ہے (۲) جانوروں کو دانہ گھاس ڈالنے کی جگہ۔ چراگاہ۔ اصطبل (۳) کوڑا کرکٹ (۴) ناکارہ و بے کار چیز۔

آخور کی بھرتی: [ف۔ امث] (۱) نکمی چیزیں جمع کرنا (۲) گنواروں اور بیوقوف لوگوں کا اجتماع۔

آخون: [ف۔ امذ] دیکھئے "آخوند"

آخوند: (آخُند) [ف۔ امذ] اُستاد۔ مُعلّم۔ مدرّس۔

آ ۔ د

آد: [ہ۔ ازس آد۔ صف] ابتدا۔ آغاز۔ شروع

آد اَنت: [ہ صف] ہمیشہ۔ ازابتدا تا انتہا شروع سے آخر تک (باغ و بہار)

آداب: [ع۔ امذ] ادب کی جمع (۱) اطوار (۲) مراتب (۳) سلیقہ (۴) سلام (۵) ادب و احترام کے وہ الفاظ جو مکتوبات میں القاب کے بعد لکھے جاتے ہیں (۶) طور طریقے۔ قاعدے اصول

آداب بجا لانا: [ار۔ محاورہ] (۱) سلام کرنا (۲) شکریہ ادا کرنا۔

آداب شاہانہ / شاہی: [فع۔ امذ] (۱) بادشاہوں سے مخاطب ہونے کے طور طریقے (۲) شاہی دربار میں حاضر ہونے کے قاعدے۔

آداب عرض کرنا: [ار۔ محاورہ] سلام کرنا۔ آداب بجالانا

آداب عرض ہے: [ار محاوراتی فقرہ] تسلیم عرض۔ سلام عرض ہے شکریہ پیش کرتا ہوں۔

آداب فن: [ع بترکیب فارسی۔ امذ] کسی فن یا ہنر کے اُصول و قواعد۔

آداب کرنا: [ار۔ محاورہ] ادب سے سلام کرنا۔

آداب مجلس / محفل: [ع۔ بترکیب فارسی امذ] چار آدمیوں میں اُٹھنے بیٹھنے اور بات چیت کرنے کے طریقے۔

آداب والقاب: [ع۔ بترکیب فارسی امذ] خط کے شروع میں مکتوب الیہ کے رتبہ کے مطابق جو الفاظ اور دُعائیہ فقرے لکھے جاتے ہیں۔ مثلاً مکرمی، عزیزی وغیرہ۔

آداب و تسلیمات: [ع بترکیب فارسی۔ امذ] سلام۔ مجرا۔ کورنش۔

آداب ہے: [ار۔ محاورہ] سلام عرض ہے۔ تسلیم عرض کرتا ہوں۔ شکریہ ادا کرتا ہوں

آدر: (بفتحِ ثانی) [ہ۔ امذ۔ ومث] عزت احترام۔ خاطر تواضع۔

آدرش: (بفتحِ ثانی و بسکونِ ثالث و رابع) [س۔ امذ] (۱) آئینہ (۲) اصل نمونہ (۳) اصول (۴) سیرت (۵) معیار (۶) کسی گھرانے کے روایتی اخلاق (۷) علامت

آدم: (بفتحِ ثانی) [ع۔ امذ] پہلا انسان اور پہلا پیغمبر حضرت آدم علیہ السلام۔ انسان۔

آدم آبی: [عف۔ امذ] انسان کی شکل کا چوپایہ جو پانی میں رہتا ہے۔

آدم بے سایہ: [عف۔ لقب] حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ کیونکہ آپ کا سایہ نہ تھا۔

آدم ثانی: [ع۔ بترکیب فارسی لقب] حضرت نوح علیہ السلام کیونکہ آپ کے زمانہ میں طوفان سے تمام دنیا تباہ ہوگئی اور از سر نو نسلیں چلیں۔

آدم خاکی: [عف۔ امذ] انسان کیونکہ انسان مٹی سے بنا ہے۔

آدم خور: [عف صف] انسان کو کھا جانے والا درندہ یا وحشی انسان

آدم را گندم بہشت نہ سازد: [ف مثل] آدمی کو بہشت کے لیموں موافق نہیں۔ انسان کو اچھا کھانا میسر نہیں ہوتا۔ انسان عیش دشمن ہے۔

آدم زاد: [عف۔ امذ] آدم کی اولاد۔ انسان

آدم شناس: [عف صف فاعل] اچھے اور بُرے انسان میں تمیز کرنے والا۔

آدم نہ آدم زاد: [ار۔ روزمرہ] جہاں دُور دُور تک کوئی آبادی نہ ہو اور انسان کا نشان نہ ملے، وہاں یہ فقرہ بولتے ہیں یعنی ویرانہ۔ بیابان۔

آدمی: [ف۔ امذ] (۱) انسان بنی آدم (۲) ملازم۔ خادم (۳) قاصد (۴) خاوند شوہر (۵) مرد عورت کی ضد (اردو میں یہ لفظ عموماً دال کے سکون سے مستعمل ہے)

آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر: [ار۔ مثل] سب آدمی ایک جیسے نہیں ہوتے کوئی اچھا ہوتا ہے، کوئی بُرا۔

آدمی اپنے مطلب میں اندھا ہوتا ہے: [ار مثل] انسان اپنے فائدہ کی خاطر اچھے بُرے میں تمیز نہیں کرتا۔

آدمی اناج کا کیڑا ہے: [ار۔ مثل] انسان اناج کھا کر ہی زندہ رہ سکتا ہے

آدمی بنانا: [ار محاورہ] انسان بنانا۔ تہذیب سکھانا۔ عقل و تمیز سکھانا۔

آدمی بننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آدمی بنانا" جس کا یہ لازم ہے

آدمی پانی کا بُلبلا ہے: [ار مثل] انسان فانی ہے زندگی ناپائیدار ہے۔

آدمی پر آدمی گرنا: [ار۔ محاورہ] بہت بھیڑ ہونا۔ زیادہ ہجوم ہونا۔

آدمی پیٹ کا کُتا ہے: [ار مثل] روزی کے لیے انسان سب کچھ کرتا ہے۔

آدمی ٹھوکر کھا کر ہی سنبھلتا ہے: [ار۔ مقولہ] انسان غلطی کرکے یا نقصان کرکے ہی تجربہ حاصل کرتا ہے۔

آدمی جلنے سے، سونا جالے کسے: [ار مثل] انسان کے عیب و ہنر ساتھ رہ کر معلوم ہوتے ہیں اور سونے کی حقیقت کسوٹی پر گھسنے سے معلوم ہوتی ہے

آدمی سا کوئی پکھیرو نہیں: [ار۔ مثل] انسان اپنی عقل کی وجہ سے وہاں تک پہنچ جاتا ہے جہاں پرندہ پر بھی نہیں مار سکتا۔

آدمی کا بچہ ہونا: [ار۔ محاورہ] درمیانی شکل و صورت ہونا۔ نہ زیادہ خوبصورت

نہ زیادہ بدصورت ہونا۔

آدمی کا شیطان آدمی ہے: [ار۔ مثل] آدمی کو آدمی ہی بہکاتا اور خراب کرتا ہے۔

آدمی کچھ کھو کر ہی سیکھتا ہے: [ار۔ مثل] آدمی نقصان اُٹھا کر ہی تجربہ حاصل کرتا ہے۔

آدمی کیا جو آدمی کو نہ پہچانے: [ار۔ مثل] جو شخص اچھے اور بُرے آدمی میں تمیز نہ کر سکے اسے انسان نہیں کہنا چاہیئے

آدمی کی دوا آدمی ہے: [ار۔ مثل] انسان ہی انسان کے کام آتا ہے۔

آدمی کی قدر مرے پر ہوتی ہے: [ار۔ مثل] مرنے کے بعد ہی کسی آدمی کی کمی محسوس ہوتی ہے اور قدر ہوتی ہے۔

آدمی کی کسوٹی آدمی ہے: [ار۔ مثل] معاملہ پڑنے پر ہی آدمی کی اصلیت معلوم ہوتی ہے۔

آدمی کے جامے میں آنا: [ار۔ محاورہ] انسانی صورت میں آنا۔ شریفانہ وضع اختیار کرنا

آدمی نے کچا دودھ پیا ہے: [ار۔ مثل] آدمی سے غلطی ہو ہی جاتی ہے۔

آدمی ہو یا بھوت: [ار۔ مثل] آدمی نہیں کوئی بھوت پریت ہو۔

آدمی ہو یا جانور: [ار۔ مثل] بالکل تمیز نہیں۔ نرے احمق ہو۔

آدمی ہو یا گھن چکر: [ار۔ مثل] بہت گھومنے پھرنے والے آدمی کو کہتے ہیں جنہیں کسی وقت قرار نہیں۔

آدمی ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) انسان ہونا۔ شریف ہونا (۲) معمولی شکل و صورت کا ہونا

آدمیت [ع۔ امث] انسانیت۔ شرافت۔ عقل و شعور

آدمیت آنا: [ار۔ محاورہ] شرافت پیدا ہونا۔ تمیز آنا۔ انسانی خوبیاں پیدا ہونا۔

آدمیت اُٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] انسانیت ختم ہو جانا۔ شرافت دور ہو جانا۔ اچھے اخلاق سے عاری ہونا۔

آدمیت اختیار کرنا: [ار۔ محاورہ] شرافت اختیار کرنا۔ انسانی خوبیاں حاصل کرنا

آدمیت پکڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آدمیت اختیار کرنا"

آدمیت سے گزر جانا: [ار۔ محاورہ] شرافت چھوڑ دینا۔ انسانی خوبیوں سے عاری ہو جانا

آدمیت کے جامے میں آنا: [ار۔ محاورہ] شرافت و انسانیت اختیار کرنا۔

آدمیت میں لانا: [ار۔ محاورہ] شائستہ بنانا۔ عقل و تمیز سکھانا

آدمیوں کا جنگل: [ار۔ روزمرہ] وہ آبادی جہاں آدمیوں کی کثرت ہو۔

آدھ: [ار۔ عدد کسری] آدھا کا مخفف۔ نصف۔ دو برابر حصوں میں سے ایک حصہ

آدھ پاؤ آٹا چوبارے میں رسوئی: [ار۔ مثل] ایسے موقع پر کہتے ہیں، جب کوئی شخص شیخی میں آکر اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرے۔ شیخی بگھارنا۔

آدھ سیر آٹا: [ار۔ محاورہ] روزی۔ گزارے کی صورت

آدھ سیر آٹے سے لگ جانا: [ار۔ محاورہ] روزی کمانے لگنا۔ کوئی مقررہ آمدن ہونا۔

آدھ سیر آٹے کے سر ہو جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آدھ سیر آٹے سے لگ جانا" گزارے کے لائق کام مل جانا۔

آدھا: [ار۔ عدد کسری] آدھ۔ نصف۔ نیم

آدھا آدھا: [ار۔ عدد کسری] نصف۔ نصف۔ ہر ایک کو نصف

آدھا آدھا ہونا: [ار۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔ کڑھنا

آدھا آپ گھر، آدھا سب گھر: [ار۔ مثل] لالچی آدمی جو زیادہ حصہ خود رکھ لیتا ہو۔

آدھا تیتر آدھا بٹیر: [ار۔ مثل] بے میل اور بے جوڑ۔ بے ڈھنگا۔ اِدھر نہ اُدھر۔ دوغلا۔ دورُخا۔ بے قاعدہ

آدھا تیہا، آدھے کا تیہا: [ار۔ محاورہ] بہت تھوڑا حصہ

آدھا رہ جانا: [ار۔ محاورہ] بہت دُبلا ہو جانا۔ کمزور ہو جانا۔ (۲) گھٹ جانا۔ کم ہو جانا۔

آدھا ساجھا: [ار۔ مذ] آدھے حصہ کی شرکت

آدھا سیسی: [ار۔ امث] آدھے سر کا درد۔ دردِ شقیقہ

آدھا کر دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) بہت کم کر دینا (۲) بہت دُبلا کر دینا (۳) برباد کر دینا۔

آدھا نام لینا: [ار۔ محاورہ] حقارت یا پیار سے ادھورا نام لینا یا ادھورے نام سے پکارنا۔

آدھا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آدھا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

آدھم ساجھا: [ار۔ مذ] بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ باہم شرط کر لیتے ہیں کہ جو چیز ایک کھائے اس میں سے آدھی دوسرے کو دے۔ چنانچہ جب ایک دوسرے کو کوئی چیز کھاتے دیکھتا ہے تو "آدھم ساجھا" کہہ کر آدھی چیز بانٹ لیتے ہیں۔

آدھوں آدھ (واو مجہول سے) [ار۔ روزمرہ] آدھا آدھا۔ پورا آدھا

آدھی: [ار۔ عدد کسری مث] دیکھئے "آدھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

آدھی بات نہ اُٹھنا [ار۔ محاورہ] ذرا سی بُری بات بھی برداشت نہ ہونا۔

آدھی بات نہ پوچھنا: [ار۔ محاورہ] توجہ نہ دینا۔ قدر نہ کرنا۔

آدھی بات نہ سُننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آدھی بات نہ پوچھنا"

آدھی چھوڑ ساری کو دھائے، آدھی رہے نہ ساری پائے: [ار۔ مثل] زیادہ کا لالچ کرنے سے تھوڑی بھی نہیں ملتی۔

آدھی چھوڑ ساری کو دھاوے، ایسا ڈوبے تھاہ نہ پاوے: [ار۔ مثل] جو شخص تھوڑے پر قناعت نہ کرے وہ تباہ ہو جاتا ہے۔

آدھی دنیا آباد آدھی ویران: [ار۔ مثل] یک چشم شخص پر پھبتی کہتے ہوئے کہتے ہیں۔ یک چشم۔ واحد العین۔ کانا۔

آدھی رات ادھر آدھی رات اُدھر: [ار۔ مثل] (۱) رات کے بارہ بجے بیچوں بیچ رات (۲) اندھیری رات۔ رات کا سناٹا۔

آدھی رات کو جماہی آئے۔ شام ہی سے مُنہ پھیلائے: [ار۔ مثل] وقت سے پہلے کام کی تیاری کرنا پیش از مرگ واویلا

آدھے: [ار۔ عدد کسری] دیکھئے "آدھا" جس کی جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

آدھے پیٹ: [ار۔ محاورہ] پیٹ پورا نہ بھرنا۔ بھوک سے آدھی خوراک کھانا۔ نصف خوراک بھوکا رہنا (افعال کھانا۔ اٹھنا)

آدھے قاضی قدوہ، آدھے باوا آدم: [ار۔ مثل] کہتے ہیں کہ پُرانے زمانے میں کوئی قاضی قدوہ تھے، جن کے بہت اولاد تھی۔ اسلئے مزاحاً کہتے ہیں کہ دنیا کی آدھی آبادی قاضی قدوہ کی وجہ سے ہے۔ مجازاً بہت اولاد والا۔ کثیر الاولاد۔

آدھے کا ساجھی، برابر کی چوٹ: [ار۔ مثل] آدھے حصہ کا شریک برابر کی حیثیت رکھتا ہے

آدھے گاؤں دوالی، آدھے گاؤں ہولی: [ار۔ مثل] سب کی رائے الگ الگ ہونا۔ نااتفاقی۔

آدھے میاں موج، آدھے میں ساری فوج: [جب کسی چیز کا آدھا حصہ فرد واحد کو اور باقی آدھا حصہ پوری جماعت کو ملے تو اس وقت کہتے ہیں۔

آدھار: [ہ۔ مذ] (۱) گمان۔ توقع۔ امید (۲) خوراک۔ کھانے کا سہارا۔

آدھار ہونا: [ار۔ محاورہ] پیٹ بھرنا۔ کافی ہونا۔

آدھن: [ہ۔ مذ] کھولتا ہوا یا گرم پانی (نظیر اکبرآبادی)

آدھین: [یائے معروف سے] [ہ- اند] فرماں بردار۔ مطیع۔ عاجز۔ مسکین (افعال۔ ہونا)
آدھینی / آدھینتا: [ہ- اند] فرماں برداری۔ عاجزی
آدی: [س- صف] (۱) پہلا۔ اوّل (۲) افضل۔ برتر
آدی بادی: [ار- تابع و متبوع] دیکھیے "بادی"
آدی باری: [ہ- اند] ہندوستان کے قدیم باشندے جو چھوٹی ذات کے سمجھے جاتے ہیں
آدی آنت / آدی انت: [س- صف] دیکھیے "آدانت"
آدیس، آدیش: [س- اند] (۱) حکم (۲) ہدایت (۳) اجازت (۴) جوگیوں کا سلام
آدینہ: (یائے معروف سے) [ف- اند] جمعرات کے بعد آنے والا دن جمعہ۔ ہفتے سے پہلے کا دن

آ — ڈ

آڈٹ: [انگ AUDIT اند] حساب کی جانچ پڑتال
آڈمبر: (ہ ڈمبر) [س- اند] (۱) نمائش۔ تصنع۔ ریاکاری (۲) غرور۔ تکبر (۳) شور۔ عوغا (۴) ہاتھی کی چنگھاڑ
آڈو: [ہ- صف- موسیقی] وہ راگ یا راگنی جس کی آروہی یعنی چڑھاؤ اور امروہی یعنی اتار دونوں میں پانچ سُر استعمال ہوتے ہیں
آڈو سمپورن: [ہ- صف- موسیقی] وہ راگ یا راگنی جس کی آروہی میں پانچ اور امروہی میں سات سُر لگیں۔
آڈو کھاڈو: [ہ- صف- موسیقی] وہ راگ یا راگنی جس کی آروہی میں پانچ اور امروہی میں چھ سُر لگتے ہوں
آڈیٹر: [انگ AUDITOR اند] حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا محاسب
آڈیٹوریم: [انگ- اند] (AUDITORIUM) سماعت گاہ۔ وہ کمرا جہاں تقریریں کی جاتی ہیں اور سامعین کی نشست کا انتظام ہوتا ہے اور یہ معین سمت اور مناسب انداز

آ — ذ

آذار: [ف- اند] چھٹا رومی مہینہ جو بہت یا چیت میں آتا ہے
آذر۔ بفتح ثانی: [ف- اند] (۱) ایرانی شمسی سال کا نواں مہینہ جو پوس یا جنوری میں آتا ہے (۲) آگ (۳) چنگاری
آذر پرست: [ف- صف فاعل] آگ پوجنے والا۔ پارسی۔ مجوسی
آذر فشاں: [ف- صف فاعل] آگ بکھیرنے والا۔ شعلہ بار۔ گرم
آذر فشانی: [ف- امث] دیکھیے "آذر فشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آذر (بضم ثانی): [ف- اند] دیکھیے "آذر"
آذوقہ: دیکھیے "آزوقہ" جو صحیح ہے۔

آ — ر

آر: [ہ- امث] (۱) نوکیلی کیل جو کاغذ وغیرہ میں سوراخ کرنے یا چمڑا وغیرہ سینے کے کام آتی ہے (۲) وہ چھوٹی سی نوکیلی کیل جو بیلوں کو ہانکنے کی لکڑی کے سرے پر لگی ہوتی ہے۔ (۳) بچھو۔ بھڑ یا مکھی کا ڈنک۔

آر: [ار- لاحقہ حاصل مصدر و اسم فاعل] وہ کلمہ جو کسی لفظ کے آخر میں آ کر اس کو حاصل مصدر یا اسم فاعل بنا دیتا ہے مثلاً جھنکار اور سُنار میں۔
آڑ لگانا: [ار- محاورہ] آڑ چھوڑنا۔ سُست آدمی کو کام پر ابھارنا۔ تحریک کرنا۔
آرا: [ف- لاحقہ] فارسی مصدر "آراستن" سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے ساتھ بطور لاحقہ آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور "سجانے والا" کے معنی دیتا ہے مثلاً جہاں آرا، خود آرا، چمن آرا وغیرہ میں۔
آرا: [ع- امث] رائے کی جمع۔ رائیں۔ دیکھیے "رائے"
آرا: [ہ- اند] لوہے کا ایک دندانے دار اوزار جو لکڑی وغیرہ چیرنے کے کام آتا ہے
آرا چلانا: [ار- محاورہ] (۱) آرے سے کوئی چیز چیرنا (۲) ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا۔
آرا چلنا: [ار- محاورہ] دیکھیے "آرا چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آراکش: [ار- ف صف فاعل غلط العوام] آرا چلانے والا۔ صحیح "ارہ کش" ہے جو فارسی ہے۔
آراکشی: [ار- ف- امث- غلط العوام] دیکھیے "ارہ کشی" جو صحیح ہے۔
آرے چلانا: دیکھیے "آرا چلانا"
آرے چلنا: دیکھیے "آرا چلنا"
آرے سر پہ چل گئے تو بھی مدارہی مدار: [ار- مثل] مصیبت اور ظلم کے باوجود اپنی بات پر قائم رہنا۔
آرا جاری: [ار- امث] دیکھیے "آرہ جاری"
آراستگی: [ف- امث] سجاوٹ۔ بناؤ سنگار۔ زیب و زینت۔ ترتیب۔ درستی
آراستہ: [ف- صف مفعول] سجا ہوا۔ بنا سنورا۔ سنگار کیا ہوا
آراستہ پیراستہ: [ف- صف مفعول] سجا سجایا۔ بنا سنورا۔ نہایا دھویا
آراضی: [ع- امث] دیکھیے "اراضی"
آرام: [ف- اند] (۱) سکون۔ چین۔ قرار۔ تسکین۔ راحت۔ (۲) صحت۔ شفا۔ افاقہ (۳) سہل۔ راحت کی نیند (افعال۔ کرنا۔ پانا۔ پہنچانا۔ دینا)
آرام اُڑ جانا: [ار- محاورہ] چین جاتا۔ بنا۔ سکھ جاتا رہنا۔
آرام پائی: [ار- امث] ایک قسم کی عمدہ اور نرم جوتی جو پاؤں کو آرام دیتی ہے۔
آرام پسند: [ف- صف فاعل] آرام پسند کرنے والا۔ سُست۔ کاہل
آرام جان / دل: [ف- ترکیب اضافی] جان یا دل کا آرام۔ محبوب۔ پیارا
آرام چوکی: [ار- ف- امث] ایک قسم کی ٹیک دار کرسی
آرام دان: [ف- اند] پانوں کی پٹاری۔ چھوٹا برجی والا پان دان
آرام رساں: [ف- صف فاعل] آرام پہنچانے والا۔ سکھ دینے والا۔ چین دینے والا۔
آرام سے پاؤں پھیلانا: [ار- محاورہ] (۱) چین سے سونا۔ سکھ کی نیند سونا۔ (۲) چین سے بسر کرنا۔ بے فکری کی زندگی گزارنا۔
آرام سے سونا: [ار- محاورہ] میٹھی نیند سونا۔ بے کھٹکے سونا
آرام سے کٹنا / گزرنا: [ار- محاورہ] چین اور بے فکری سے زندگی بسر ہونا

آرام طلب : [ف صف فاعل] دیکھئے "آرام پسند"
آرام کُرسی : [فیع۔ امث] وہ کرسی جس پر پاؤں پھیلا کر بیٹھ سکتے ہیں یا نیم دراز ہو سکتے ہیں
آرام گاہ : [ف ۔امث] وہ جگہ جہاں آرام کیا جاتا ہے۔ سونے کا کمرا ۔ خواب گاہ ۔
آرام لینا : [ار۔ محاورہ] دم لینا۔ سُستانا
آرام ملنا : [ار محاورہ] راحت ملنا ۔ چین ملنا ۔
آرام میں ہونا : [ار۔ محاورہ] سوتے ہُوئے ہونا۔ سُستا رہے ہونا ۔
آرام والی : [ار۔امث] گھر والی ۔ بیوی ۔ زوجہ
آرام ہونا : [ار۔ محاورہ] چین آجانا ۔ افاقہ ہونا ۔ تندرست ہونا ۔
آرایش : [ف۔امث] (۱) سجاوٹ ۔ بناؤ ۔ سنگار ۔ زیبائش (افعال دینا، کرنا، ہونا) (۲) کاغذ اور ابرک کے پھول وغیرہ جو مہندی یا بارات کے ساتھ دلہن کے گھر لے جاتے ہیں ۔
آرایش پسند : [ف صف فاعل] سجاوٹ اور بناؤ سنگار کا شوقین
آرایش کا تخت ۔ [ف۔ امذ] کاغذ اور ابرک کا تخت جس پر "آرائش" سجائی جاتی ہے
آرایشِ محفل : [ف۔امث] (۱) محفل کی سجاوٹ (۲) اُردُو کی مشہور نثر کی کتاب جس میں حاتم طائی کا قصہ بیان کیا گیا ہے ۔
آربل ۔ [ہ۔امث] زندگی۔ عمر۔ حیات
آر پار [ہ۔ صف] ایک سرے سے دوسرے سرے تک سُوراخ۔ ان معنوں میں وار پار فصیح ہے
آرپن : [ہ۔ امذ] صدقہ۔ بھینٹ۔ نذر۔ قربانی۔ خیرات (افعال ۔ کرنا)
آرتا ۔ [ہ ۔امذ] ہندوؤں کی ایک رسم جو شادی کے موقع پر ادا کی جاتی ہے جب دُولھا دُلھن کے گھر پہنچتا ہے تو دُلہن کے رشتہ دار آٹے کا گھی کا چراغ ۔ چاول اور سیندور ایک تھال میں رکھ کر دُولہا کے سر کے گرد پھراتے ہیں ۔
آرتی : [ہ۔امث] (۱) ہندوؤں میں پوجا کی ایک رسم۔ ایک تھال میں پانچ مکھا دیا۔ آٹا۔ سیندور خوشبو رکھ کر بُت کے گرد پھراتے ہیں
۲۔ بھجن جو پوجا کے وقت گائے جاتے ہیں ۔
آرتی لینا / کرنا : [ار۔محاورہ] آرتی کی رسم ادا کرنا۔ جلتی بتیوں کے لَووں پر ہاتھ پھیر کر مُنہ پر ملنا جس سے ہنود کے اعتقاد کے مطابق گناہ دُور ہو جاتے ہیں ۔
آرتی کے وقت سو گئے ، مال بھوگ کے وقت جاگ اُٹھے : [ار۔مثل] کام چور آدمی کے متعلق کہتے ہیں یعنی کام کے وقت کھسک گئے اور کھانے کے وقت آموجود ہوئے ۔
آرٹ : [انگ (ART) امذ] فن ۔ ہُنر ۔ صفائی ۔ کمال ۔ شاعری ۔ مصوری
آرٹسٹ : [انگ (ARTIST) ا۔ فاعل] فن کار ۔ ہُنرمند ۔ شاعر ۔ ادیب ۔ مصور ۔
آرٹیکل : [انگ (ARTICLE) ا۔ مذ] (۱) مضمون (۲) قانون کی دفعہ (۳) معاہدہ کی شرط ۔
آرجار : [ہ۔امث] آمدورفت ۔ آنا جانا
آرجان : [ہ۔امث] جین مت کی سادھو عورتیں ۔ جوگنیں
آرچ بشپ : [انگ (ARCHBISHOP) امذ] بڑا پادری ۔ پاپائے اعظم
آرد : [ف ۔ امذ] آٹا ۔ پسا ہُوا غلہ ۔ چُون
آرڈر : [انگ (ORDER) امذ] (۱) حکم ۔ فرمان (۲) فرمائش (۳) درجہ (۴) تمغہ
آرڈر بک : [انگ (ORDER BOOK)] (۱) احکام کی کتاب ۔ وہ رجسٹر جس پر حکم لکھ کر دفتر میں سب کے پاس بھیجا جاتا ہے ۔ (۲) وہ کتاب یا رجسٹر جس میں گاہکوں کی فرمائشیں درج کی جاتی ہیں ۔
آرڈر بک کرنا : [انگ ۔ار۔ مص۔ جعلی] فرمائش رجسٹر میں درج کرنا ۔

آرڈنری : [انگ (ORDINARY)] معمولی ۔ سرسری ۔ عام
آرڈی نینس : انگ (ORDINANCE) امذ] ضابطہ ۔ حکم ۔ قانون وُہ ضابطہ جو حکومت وقتی ضروریات کے پیشِ نظر نافذ کرتی ہے ۔
آرزُو : [واو معروف سے) (ف۔امث] خواہش ۔ تمنا ۔ اُمید ۔ مقصد ۔ مطلب ۔ مُراد
آرزُو بر آنا : [ار۔ محاورہ] خواہش پوری ہونا ۔ مطلب حاصل ہونا ۔ مراد پوری ہونا ۔
آرزُو پوری ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آرزُو بر آنا"
آرزُو بر لانا ۔ [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آرزو بر آنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔
آرزُو خاک میں ملانا : [ار۔ محاورہ] نا اُمید کرنا ۔ نامراد کرنا ۔ خواہش پامال کرنا ۔
آرزُو خاک میں ملنا : [ار۔محاورہ] تمنا پوری نہ ہونا ۔ مایوس ہونا ۔ مراد پوری نہ ہونا ۔
آرزُو دل کی دل میں رہنا : [ار محاورہ] مراد پُوری نہ ہونا ۔ آرزو بر نہ آنا ۔
آرزُو عیب نہیں : [ار۔ روزمرّہ] کسی چیز کی خواہش کرنے میں بُرائی نہیں ۔
آرزُو کا خُون ہونا : [ار۔ محاورہ] خواہش پوری نہ ہونا ۔ تمنا پامال ہونا ۔
آرزُو کرنا : [ار مص۔ جعلی] خواہش کرنا ۔ تمنا کرنا ۔
آرزُو گاہ ۔ [ف۔امث] اُمید کی جگہ ۔ دنیا
آرزُو گور میں لے جانا : [ار۔محاورہ] زندگی میں تمنا پُوری نہ ہونا ۔ دنیا سے ناکام جانا ۔
آرزُو مر جانا : [ار۔ محاورہ] خواہش مٹ جانا ۔ اُمید ختم ہو جانا ۔
آرزُومند : [ف۔صف] اُمید رکھنے والا ۔ خواہش مند ۔ تمنائی
آرزُومندی : [ف۔امث] خواہش مندی ۔ اُمیدواری
آرزُو نکالنا : [ار محاورہ] خواہش پوری کرنا ۔ مراد پوری کرنا ۔
آرزُو نکلنا ۔ [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آرزُو نکالنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
آرسی [ہ۔امث] (۱) آئینہ (۲) ایک زیور کا نام جو عورتیں انگوٹھے میں پہنتی ہیں اور اس میں آئینہ جڑا ہوتا ہے ۔
آرسی تو دیکھو ، [ار۔ محاورہ ۔عو] اپنی صورت تو دیکھو ۔ لیاقت تو پیدا کرو ۔
آرسی ٹوٹ گئی ؛ [ار۔مثل] بدصورت اپنی صورت پر اترائے تو اس وقت کہتے ہیں ۔ کیا آئینہ ٹوٹ گیا ہے جس میں یہ اپنی شکل دیکھ سکے ۔
آرسی مُصحف : [ار ع ۔ ایک رسم] شادی کی ایک رسم جس میں نکاح کے بعد دُولھا دُلہن کو قرآن مجید اور آئینہ دکھاتے ہیں تاکہ دُولہا اور دُلہن آئینہ میں ایک دوسرے کی صورت دیکھ لیں ۔
آرکیالوجی : [انگ (archeology) امث] علم آثار قدیمہ ۔ پُرانی چیزوں کا علم ۔ ایک شعبہ علم جس میں قدیم چیزوں کا مطالعہ اور تحقیق کی جاتی ہے ۔
آرکیالوجیکل ڈیپارٹ منٹ : [انگ ARCHAEOLIGICAL DEPART امذ] محکمہ آثار قدیمہ ۔ نیز دیکھئے "آثارِ قدیمہ"
آرکیسٹرا : [انگ (ORCHESTRA) امذ] سازینہ ۔ سازندوں کا طائفہ ۔ وُہ نغمہ جو سازوں پر بجایا جائے ۔
آرگن : [انگ (ORGAN) امذ] (۱) ارغن ۔ باجا (۲) آلہ ۔ عضو ۔ اوزار (۳) واسطہ ۔ رابطہ (۴) ترجمان ۔
آرمیدگی : [ف۔امث] آرام پسندی ۔ سُستی ، کاہلی
آرمیدہ : [ف ۔صف مفعولی] آرام کیا ہُوا ۔ کاہل ۔ سُست ۔ تن آسان
آرمیڈا : [انگ (ARMADA) امذ] (۱) جنگی جہازوں کا بیڑا (۲) وہ جنگی بیڑا جو ۱۵۸۸ء میں ہسپانیہ کے بادشاہ فلپ دوم نے انگلستان کے خلاف بھیجا تھا ۔
آرنبھ / آرمبھ : [س۔ امذ] دیباچہ ۔ تمہید ۔ مقدمہ ۔ شروع ۔ آغاز

آرمبھ کرنا: [ا۔ مص جعلی] شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ ابتدا کرنا۔
آروغ: [ف۔ امذ] ڈکار
آروہی: [س۔ امث۔ موسیقی] اوپر کے کسی سُر تک پڑھتے جانا۔ سُروں کا چڑھاؤ۔
آری: [ہ۔ امث] دیکھئے "آرا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
آرے: [ہ۔ امذ] دیکھئے "آرا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے
آرے چلنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت اٹھانا۔ جان پر بننا۔
آرے: [ف۔ امذ] کلمۂ ایجاب۔ ہاں
آرے بلے کرنا: [ا۔ محاورہ] ہاں ہوں کرکے ٹالا ٹالی کرنا۔ بہانہ بنانا۔
آریا: [ہ۔ امث] ایک ترکاری جو لکڑی جیسی ہوتی ہے۔
آریا: [س۔ امذ] (۱) ایک قوم جو پہلے وسط ایشیا میں رہتی تھی اور پھر ہندوستان اور یورپ میں پھیل گئی (۲) ہنود کا ایک فرقہ جو دیانند سرسوتی کا پیرو ہے۔
آریا سماج: [ہ۔ امث و مذ] (۱) آریا مذہب (۲) آریا لوگوں کے عقیدہ اور طریقہ پر چلنے والی جماعت (۳) دیانند سرسوتی کا مسلک اور اس کا پیرو۔
آریا سماجی: [ہ۔ امذ] دیانند سرسوتی کے مسلک کا پیرو
آریا ورت: [س۔ امذ] آریا قوم کا ملک۔ ہندوستان

آ ـــ ڑ

آڑ: [ہ۔ امث] (۱) اوٹ۔ پردہ۔ ٹٹی (۲) سہارا۔ مدد۔ پناہ۔ ٹیک۔ باڑھ
آڑ باندھنا: [ا۔ محاورہ] پردہ ڈالنا۔ اوٹ کرنا
آڑبند: [ا۔ ف۔ امذ۔ غلط العام] ایک قسم کا لنگوٹ۔ لنگر
آڑ پکڑنا: [ا۔ محاورہ] پناہ لینا۔ سہارا لینا
آڑ توڑنا: [ا۔ محاورہ] حجاب دور کرنا۔ پردہ اُٹھا دینا۔
آڑ ڈھونڈنا: [ا۔ محاورہ] سہارا تلاش کرنا۔ پناہ چاہنا
آڑ لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آڑ پکڑنا"
آڑ میں آنا: [ا۔ محاورہ] (۱) اوٹ میں آنا۔ چھپ جانا (۲) راستے میں کھڑے ہو کر راہ روکنا۔ مداخلت کرنا۔ درمیان میں آنا۔
آڑ ہونا: [ا۔ محاورہ] اوٹ ہونا۔ حجاب ہونا۔ پردہ ہونا۔
آڑا: [ہ۔ امذ] (۱) ٹیڑھا۔ ترچھا (۲) ایک قسم کا دھاریوں والا ریشمی کپڑا
آڑا اُتارنا: [ا۔ محاورہ] (۱) کپڑے کو ترچھا پھاڑنا (۲) زور دار پتنگ کو ہوا کے رُخ سے بچا کر اتارنا۔
آڑا پاجامہ: [ا۔ امذ] ایک قسم کا چوڑی والا پاجامہ، جس کی کاٹ ترچھی ہوتی ہے۔
آڑا ترچھا: [ا۔ امذ] بانکا۔ ٹیڑھا
آڑا ترچھا ہونا: [ا۔ محاورہ] ٹیڑھا ہونا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔
آڑا چڑھانا: [ا۔ محاورہ] دوسرے کے پتنگ پر اپنے پتنگ کو ترچھا کرکے لے جانا
آڑا چو تالا: [ا۔ امذ۔ موسیقی] موسیقی کی ایک تال کا نام
آڑا گوڑا: [ہ۔ امذ] (۱) کوڑا کرکٹ۔ ناچیز۔ بے حقیقت (۲) کفایت۔ کم خرچی
آڑا گوڑی: [ہ۔ امث] ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر گرا دینا۔ کشتی کا ایک داؤں۔
(افعال: دینا۔ چڑھانا۔ مارنا)
آڑا لگانا: [ا۔ محاورہ] کسی طرف زیادہ جھکے ہوئے پتنگ کو ڈور سے کر روکنا اور ہوا کی تہ پر لے جانا
آڑا ہونا: [ا۔ مص جعلی] ٹیڑھا ہونا۔ ترچھا ہونا۔ پیٹھ موڑنا۔ اوندھا ہونا۔ پھوٹ ڈالنا۔ سامنے کرنا۔
آڑ باڑ: [ہ۔ امث] نام کی ذمہ داری۔ کم اعتمادی
آڑ پھانس: [ہ۔ امث] دیکھئے "آڑ باڑ"
آڑ گوڑ: [ہ۔ امث] لین دین۔ حساب کتاب۔ معاملہ
آڑو: [ہ۔ امذ] ایک مشہور پھل جو گول، نوکیلا، اور چپٹا ہوتا ہے، قدر درمیانے آلو جتنا رنگ سُرخی مائل سبز۔ ذائقہ کسی قدر ترش۔
آڑھت: [ہائے مخلوط سے] [ہ۔ امث] (۱) وہ مقام جہاں بیوپاریوں کا مال دلالی لے کر فروخت کیا جاتا ہے (۲) دلالی۔ دستوری۔ محنتانہ۔ کمیشن۔
آڑھتی / آڑھتیا: [ہ۔ امذ] دلالی پر کام کرنے والا۔ دلال گماشتہ۔ ایجنٹ۔
آڑی: [ہ۔ امذ] کھیل کے دو فریقوں میں سے اپنے فریق کا ساتھی۔ کھیل کا ساتھی۔ مددگار۔ دوست۔ حامی۔
آڑی: [ہ۔ امث] دیکھئے "آڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔
آڑی بیل (یائے مجہول سے) [ہ۔ امث] ترچھی بیل جو عورتیں کپڑے میں لگاتی یا کاڑھتی ہیں۔
آڑی ترچھی سُنانا: [ا۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔
آڑی ترچھی سننا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آڑی ترچھی سنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آڑی کرنا: [ا۔ محاورہ] (۱) زرگری کی اصطلاح میں ورق کو لپیٹے رُخ کوٹنے کے بعد چوڑائی کے رُخ کوٹنا (۲) کھیل میں ساتھی بنانا
آڑی گوٹ: [ا۔ امث] ترچھی تراش کی گوٹ جو کپڑوں پر لگائی جاتی ہے۔
آڑی ہیکل: [ا۔ امث] ایک زیور جو گلے میں بدھی کی طرح پہنا جاتا ہے۔
آڑے: [ہ۔ امذ] دیکھئے "آڑا" جس کی یہ جمع ہے۔
آڑے آنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت اور پریشانی کے وقت مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔
آڑے ہاتھوں لینا: [ا۔ محاورہ] خبر لینا۔ تاڑنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ عاجز کرنا۔

آ ـــ ز

آز: [ف۔ امث] حرص۔ طمع۔ لالچ
آزاد [ف۔ امذ۔ صف] (۱) جو غلام نہ ہو۔ رُستگار (۲) خود مختار (۳) فارغ (۴) بے غم (۵) ناپابند۔ بے قید (۶) الگ۔ بے تعلق (۷) مجرد (۸) سیدھا۔ قد (۹) فقیر (۱۰) مشہور انشا پرداز مصنف "آب حیات" (۱۱) مشہور سیاسی زعیم و عالم ابوالکلام کا تخلص (افعال: کرنا۔ ہونا)
آزادانہ: [ف۔ صف] (۱) آزادوں کی طرح (۲) بے تکلف (۳) بغیر کسی دباؤ یا رو رعایت۔
آزاد طبع: [ف۔ صف] تکلف اور بناوٹ سے دور رہنے والا۔ صاف گو۔
آزاد کا الف / آزاد کے ماتھے کا الف: [ا۔ امذ] فقیروں کے ماتھے کی بیدھی لکیر۔
آزاد کا سونٹا: [ا۔ امذ] فقیروں کا ڈنڈا (۲) اکھڑ، مُنہ پھٹ۔ بیباک

آزاد کا نشقہ: [ار۔ اند] فقیروں کے ماتھے کا نشان
آزاد لوگ: [ار۔ اند] (۱) آزاد فقیروں کی جماعت (۲) بے تعلق۔ بے پروا
آزاد مَرد: [ف۔ اند] (۱) دنیا سے الگ تھلگ (۲) نڈر۔ بے خوف (۳) کھرا۔ منہ پھٹ۔ حق گو۔
آزاد مزاج / خیال: [فع۔ صف] دیکھئے "آزاد طبع"
آزاد مَنِش: [بفتحہ میم و بکسر نون] [ف۔ صف] دیکھئے "آزاد طبع"
آزاد وضع: [فع۔ صف] دیکھئے "آزاد مرد"
آزادگی: [ف۔ امث] دیکھئے "آزادہ" جس سے یہ اسم کیفیت ہے۔
آزادہ: [ف۔ اند] جس کی رہائی اپنے ہاتھ میں ہو۔ بے قید۔ بے پروا (ج آزادگان)
آزادہ / آزاد رَو: [ف۔ صف] (۱) بے تکلف (۲) نڈر (۳) شریف
آزادہ مزاجی: [فع۔ امث] طبیعت کی سادگی۔ بے پروائی۔ بے تکلفی
آزادی: [ف۔ امث] (۱) بے فکری۔ بے پروائی (۲) غلامی سے نجات (۳) فراغت (۴) راستی۔ سیدھا پن (۵) خود مختاری (افعال: دینا۔ ملنا) آزاد سے اسم کیفیت۔
آزار: [ف۔ اند] بیماری۔ دُکھ۔ تکلیف۔ رنج
آزار: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر "آزاریدن" سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور "دُکھ دینے والا" کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً "دِل آزار" وغیرہ ہیں۔
آزار پہچاننا: [ار۔ محاورہ] بیماری کی جانچ کر کے پتہ لگانا۔ دُکھ معلوم کرنا
آزار پہنچانا: [ار۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ دُکھ پہنچانا
آزار پہنچنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آزار پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آزار پھیلنا: [ار۔ محاورہ] بیماری بڑھنا۔
آزار پیدا ہونا: [ار۔ محاورہ] روگ لگنا۔ بیماری ہونا۔
آزار دینا: [ار۔ محاورہ] دُکھ دینا۔ تکلیف دینا
آزار کھینچنا: [ار۔ محاورہ] تکلیف برداشت کرنا۔ مصیبت سہنا
آزار لگانا: [ار۔ محاورہ] روگ لگانا۔ مصیبت ڈالنا
آزار لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آزار لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آزاری: [ف۔ صف] بیمار۔ روگی۔ مریض
آزر: [ع۔ اند] حضرت ابراہیمؑ کے باپ کا نام (بعض کے نزدیک چچا کا نام) جو مشہور بت تراش اور بُت پرست تھا۔
آزری: [فع۔ امث] بت تراشی۔ بُت گری
آزردگی: [ف۔ امث] دیکھئے "آزردہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
آزردہ: [ف۔ صف مفعول] رنجیدہ۔ افسردہ۔ ناخوش۔ دُکھی (ج۔ آزردگان) (افعال: کرنا۔ ہونا۔ رہنا)
آزردہ خاطر / دِل: [ف۔ صف] اُداس۔ غمگین۔ خفا۔ ملول
آزُقہ / آزوقہ: [ف۔ اند] آب وزُقہ کا مخفف (آب بمعنی پانی وزقہ بمعنی چوگا) تھوڑی غذا۔ کم تنخواہ۔ قوتِ قلیل۔ دانہ پانی
آزما: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر آزمودن سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور جانچنے والا یا امتحان کرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً طالع آزما وغیرہ ہیں۔
آزمانا: [ار۔ مص] جانچنا۔ پرکھنا۔ امتحان کرنا
آزمائش: [ف۔ امث] مصدر آزمودن کا حاصل مصدر۔ جانچ۔ پرکھ۔ امتحان (افعال: کرنا)
آزمائش میں ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] امتحان میں پورا اترنا۔
آزمائشی: [ف۔ صف] امتحانی۔ تجرباتی

آزمودہ: [ف۔ صف مفعول] آزمایا ہوا۔ تجربہ شدہ۔ جانچا ہوا۔ پرکھا ہوا۔
آزمودہ را آزمودن جہل است: [ف۔ مقولہ] آزمائے ہوئے کو آزمانا بے وقوفی ہے۔
آزمودہ کار: [ف۔ صف] تجربہ کار۔ ہوشیار۔ دانش مند۔ زمانے کے نشیب و فراز سے واقف۔
آزو بازو: [ار۔ متعلق فعل] آس پاس۔ اِدھر اُدھر

آ — س

آس: [ہ۔ امث] (۱) امید۔ خواہش۔ بھروسا۔ سہارا (۲) گلے یا ساز کی آواز جس سے سنگت والے گویّے کو سہارا ملتا ہے (۳) حمل
آس اولاد: [ار۔ امث] بال بچے۔ اولاد
آس باندھنا: [ار۔ محاورہ] اُمید کرنا۔ آسرا لگانا۔
آس بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آس باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
آس بیگانی جو تکے وہ جیوت ہی مر جائے: [ار۔ مثل] دوسروں کے سہارے پر زندہ رہنے سے مرجانا بہتر ہے۔ جو شخص دوسروں کا سہارا تلاش کرتا ہے وہ زندہ نہیں رہ سکتا۔
آس پاس: [ار۔ متعلق فعل] اردگرد۔ قرب وجوار میں۔ قریب۔
آس پُجنا: [ار۔ محاورہ] امید پوری ہونا۔ مُراد بر آنا
آس پوری کرنا: [ار۔ محاورہ] مراد بر لانا۔ مقصد پورا کرنا۔
آس پوری ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آس پوری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
آس تجنا: [ار۔ محاورہ] اُمید چھوڑ دینا۔ مایوس ہو جانا۔
آس تکنا: [ار۔ محاورہ] انتظار کرنا۔ اُمیدوار ہونا۔ راہ دیکھنا۔ سہارا ڈھونڈنا۔
آس توڑنا: [ار۔ محاورہ] نا امید کرنا۔ نا امید ہونا۔
آس ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] نا امید ہونا۔ مایوس ہونا۔
آس چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آس ٹوٹنا"
آس چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آس تجنا"
آس دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) تسلی دینا۔ سہارا دینا (۲) گویّے کو ساز یا آواز سے مدد دینا۔
آس رکھنا: [ار۔ محاورہ] امید رکھنا۔ بھروسا رکھنا۔
آس رہنا: [ار۔ محاورہ] حمل ٹھہرنا۔
آس سے ہونا: [ار۔ محاورہ] حاملہ ہونا۔
آس کا نام دنیا ہے: [ار۔ مثل] دنیا کا کام اُمید سے چلتا ہے۔ دُنیا بہ اُمید قائم است۔
آس کرنا: [ار۔ محاورہ] اُمید کرنا۔ بھروسا کرنا۔
آس کرے تو پاس آئے: [ار۔ مثل] کسی کو غرض ہوتی ہے تو کسی کے پاس آتا ہے۔ دنیا میں بغیر مطلب کے کوئی کسی کو نہیں پوچھتا۔
آس لگانا: [ار۔ محاورہ] اُمید کرنا۔ ٹیک لگانا۔
آس لگی رہنا / لگی ہونا: [ار۔ محاورہ] امید بندھی رہنا۔ آسرا لگا رہنا۔
آس مُراد: [ار۔ امث عو] (۱) آل اولاد (۲) مال و دولت
آس مُراد والی: [ار۔ امث۔ عو] بال بچوں والی عورت
آس ہونا: [ار۔ محاورہ] امید ہونا۔ بھروسا ہونا۔ حمل ہونا۔
آس: [ف۔ امث] (۱) چکی۔ (۲) تاش کا پتا۔ گنجفہ۔
آس بی بی: [ع۔ ار۔ امث] اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مراد ہے۔

آس بی بی کی ٹکیاں: [ا۔ امث] وہ میٹھی ٹکیاں جن پر حضرت عائشہؓ کی نیاز دلائی جاتی

آس پاس برسے، دِلّی پڑی ترسے: [ا۔ مثل] اپنے محروم رہیں اور بیگانے فائدہ اُٹھائیں۔

آس پاس پھرنا: [ا۔ محاورہ] گرد پھرنا۔ صدقے ہونا۔

آسا: [ا۔ امث] ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کے نام کا بگاڑ۔ حضرت فاطمہ زہراؓ

آسا کا کاسہ: [ا۔ اند] ایک منت جس میں مُراد پوری ہونے پر عورتیں حضرت فاطمہ زہراؓ کے نام کا کاسہ بھر کر نیاز دلواتی ہیں اور نیک عورتوں کو کھلاتی ہیں۔

آسا کے گلگلے: [ا۔ اند] ایک منت جس میں عورتیں مُراد پوری ہونے کے بعد گلگلے پکاتی ہیں اور سہاگنیوں کو کھلاتی ہیں۔

آسا کے نام کا چھلا اُٹھانا: [ا۔ امث] ایک منت جس میں عورتیں چاندی کا ایک چھلا پانی میں غوطہ دیکر اٹھا رکھتی ہیں اور مُراد پوری ہونے پر وہی چھلا بیچ کر شیرینی تقسیم کر دیتی ہیں۔

آسا: [ف۔ حرف تشبیہ] مانند۔ مثل

آسا: [ہ۔ اند] ایک راگ کا نام جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

آسا: [ہ۔ امث و مذ] (۱) اُمید۔ بھروسہ (۲) امیدوار۔ پُرامید

آسا جئے نراسا مرے: [ا۔ مثل] انسان اُمید کے سہارے زندہ رہتا ہے، مایوس ہو جائے تو مر جاتا ہے

آسا مرے نراسا جئے: [ا۔ مثل] امید اور انتظار کی تکلیف سے نا اُمیدی بہتر ہے نا امید انسان امید و انتظار کی جان لیوا تکلیف سے بچ جاتا ہے۔

آساڑھ: [ہ۔ اند] دیکھئے "اساڑھ"

آسامی: [ہ۔ امث] دیکھئے "اسامی"

آسان: [ف۔ صف] سہل۔ بے دقت۔ دشواری کی ضد (افعال: کرنا۔ ہونا)

آسانی: [ف۔ امث] دیکھئے "آسان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

آسایش: [ف۔ امث] آرام۔ چین۔ سکھ۔ راحت

آستاں / آستانہ: [ف۔ اند] چوکھٹ۔ دروازہ۔ درگاہ۔ بادشاہ کی بارگاہ۔ بزرگ کا مقبرہ

آستاں بوس: [ف۔ صف فاعلی] چوکھٹ چومنے والا۔ غلام۔ خادم۔ معتقد

آستاں بوس ہونا: [ا۔ مص و متعی] چوکھٹ چومنا۔ حاضری دینا۔ عقیدتمندی کا اظہار کرنا۔ خدمت کرنا

آستاں بوسی: [ف۔ امث] دیکھئے "آستاں بوس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

آستاں بوسی کرنا: [ف۔ مص و متعی] دیکھئے "آستاں بوس ہونا"

آستائی: [ہ۔ امث] راگ کا ابتدائی حصہ۔ خیال

آستین: [ف۔ امث] قمیص، کوٹ وغیرہ کا بازو۔ لباس کا وہ حصہ جو بازوؤں کی پوشش کرتا ہے

آستین اتارنا: [ا۔ محاورہ] آستین پھاڑنا

آستین اُلٹنا: [ا۔ محاورہ] آستین چڑھانا۔ کسی کام کے لیے تیار ہونا لڑنے مرنے پر تیار ہو جانا

آستین پکڑنا: [ا۔ محاورہ] روکنا۔ مانع آنا۔ پکڑنا۔

آستین جھاڑنا: [ا۔ محاورہ] (۱) ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ سب کچھ لٹا کر خالی ہاتھ ہو

آستین / آستینیں چڑھانا: [ا۔ محاورہ] لڑنے مارنے پر تیار ہونا (۲) کسی کام کے لیے تیار ہونا۔

آستین چُننا: [ا۔ محاورہ] آستین میں چُنٹیں ڈالنا۔ بیل بوٹے بنانا۔

آستین کا سانپ: [ا۔ امث] وہ شخص جو دوستی کی آڑ میں دشمنی کرے۔

آستین میں سانپ پالنا: [ا۔ محاورہ] دشمن کی پرورش کرنا۔ بُرے آدمی سے نیکی کرنا

آسرا: [ہ۔ اند] (۱) بھروسا۔ سہارا۔ اعتبار۔ اعتماد (۲) کفیل۔ جائے پناہ۔ دستگیر

آسرا پکڑنا: [ا۔ محاورہ] سہارا لینا۔ پناہ لینا۔ توقع کرنا

آسرا تکنا: [ا۔ محاورہ] سہارا ڈھونڈنا۔ پناہ چاہنا۔ راہ دیکھنا

آسرا توڑنا: [ا۔ محاورہ] امید توڑنا۔ مایوس کرنا۔

آسرا ٹوٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آسرا توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

آسرا دینا: [ا۔ محاورہ] سہارا دینا۔ اُمیدوار کرنا۔

آسرا ڈھونڈنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آسرا تکنا"

آسرا کرنا: [ا۔ محاورہ] تکیہ کرنا۔ بھروسا کرنا۔ امید کرنا۔

آسرا لگانا: [ا۔ محاورہ] امید باندھنا۔ بھروسا رکھنا۔

آسرا لینا: [ا۔ محاورہ] پناہ لینا۔ سہارا لینا۔

آسرا ہونا: [ا۔ محاورہ] امید ہونا۔ بھروسا ہونا۔ سہارا ہونا۔

آسمان: [ف۔ آس بمعنی چکی اور مان بمعنی مانند سے مرکب۔ اند] نیلا گنبد جو اس دُنیا پر سرپوش کی طرح ہے اور اس میں چاند، سورج، ستارے معلق نظر آتے ہیں۔ زمین سے اوپر فضائے بسیط۔ فلک۔ چرخ۔ گردوں

آسمان پر اُڑنا: [ا۔ محاورہ] (۱) اترانا۔ غرور کرنا (۲) بلند خیالات کا دماغ میں آنا۔

آسمان پر تھوکنا: [ا۔ محاورہ] بیوقوفی کا کام کرنا۔ ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ اپنی ذلت ہو۔ کسی بلند شخصیت پر خواہ مخواہ اعتراض کرنا۔

آسمان پر چڑھا کر اتارنا: [ا۔ محاورہ] عزت دے کر ذلت دینا

آسمان پر چڑھانا: [ا۔ محاورہ] بہت تعریف کرنا۔ بہت عزت دینا

آسمان پر دماغ ہونا: [ا۔ محاورہ] مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔

آسمان پھٹ پڑنا: [ا۔ محاورہ] سخت مصیبت میں پھنسنا۔ عذاب نازل ہونا۔

آسمان تھرانا: [ا۔ محاورہ] شدید ظلم ہونا۔ سانحہ عظیم ہونا۔

آسمان ٹل جانا: [ا۔ محاورہ] ناممکن بات ہو جانا۔ انقلاب عظیم آنا۔

آسمان ٹوٹ پڑنا / ٹوٹنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت آجانا۔ تباہ ہو جانا۔ قہر نازل ہونا۔

آسمان جاہ: [ف۔ صف] (۱) بلند مرتبہ۔ بڑے مرتبہ والا۔ بڑی شان والا (۲) ایک خطاب

آسمان جھانکنا: [ا۔ محاورہ] مُرغ کا مست ہو کر لڑائی کے لیے تیار ہو جانا اور غرور میں آسمان کی جانب دیکھنا۔

آسمان (کو) دیکھنا: [ا۔ محاورہ] (۱) مایوسی یا تکلیف کی حالت میں شکایتہً آسمان کی طرف نظر اٹھانا (۲) کشتی کی حالت میں دھیان بٹانے کے لیے آسمان کی طرف دیکھنا (۳) پہلوان کا چت ہونا۔

آسمان زمین ایک کرنا: [ا۔ محاورہ] بہت کوشش کرنا۔ ہل چل ڈالنا۔

آسمان زمین کا رونا: [ا۔ محاورہ] غم عام۔ ابتلائے عام۔ وہ مصیبت جس میں سب مبتلا ہوں

آسمان زمین کا فرق: [ا۔ محاورہ] بہت بڑا فرق۔ وسیع اختلاف

آسمان زمین کھا گئے: [ا۔ مثل] کہیں نشان نہیں ملتا۔ کوئی سراغ نہیں ملتا۔

آسمان زمین کے قلابے ملانا: [ا۔ محاورہ] بہت مبالغہ کرنا۔ زیادہ جھوٹی باتیں بنانا۔ جوڑ توڑ کرنا۔ گپ ہانکنا۔

آسمان زمین شق کیوں نہیں ہو جاتے: [ا۔ [illegible]] قیامت کیوں نہیں آجاتی۔ جب کوئی بہت بُرا کام ہو تو یہ فقرہ کہتے ہیں

آسمان زمین میں دھوم پڑنا: [ا۔ محاورہ] عام شہرت ہونا۔ دنیا بھر میں مشہور ہونا۔

آسمان زمین میں سَنّاٹا ہو جانا : [ار۔محاورہ] ہر طرف خاموشی چھا جانا۔ ہمہ تن گوش ہو جانا
آسمان زمین ہلا دینا : [ار۔محاورہ] ہل چل ڈال دینا۔ طوفان بپا کر دینا۔
آسمان سر پر اٹھا لینا ۔ [ار۔محاورہ] شور و غل کرنا۔ اودھم مچانا
آسمان سے آگ برسنا : [ار۔محاورہ] بہت زیادہ گرمی پڑنا۔
آسمان سے اترنا : [ار۔محاورہ] کسی چیز کا نہایت عمدہ ہونا کوئی نیا مضمون ذہن میں آنا۔
آسمان سے باتیں کرنا ۔ [ار۔محاورہ] بہت اونچا ہونا بہت مغرور ہونا۔
آسمان سے تارے لے آنا / آسمان سے تارے اتارنا : [ار۔محاورہ]
مشکل اور ناممکن کام کرنا۔
آسمان سے ٹکر کھانا : [ار۔محاورہ] بہت بلند ہو جانا۔
آسمان سے ٹکر لینا : [ار۔محاورہ] زبردست کا مقابلہ کرنا۔ بہت بلند ہونا۔
آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا : [ار۔مثل] ایک مصیبت سے نجات پا کر دوسری
میں مبتلا ہو جانا۔
آسمان سے گرنا : [ار۔محاورہ] (۱) مفت ہاتھ آنا۔ (۲) بے وقعت ہونا۔
آسمان صاف ہونا : [ار۔محاورہ] مطلع صاف ہونا۔ بادل چھائے نہ ہونا۔
آسمان قدر : [ار۔صف] دیکھیے "آسمان جاہ"
آسمان کا تھوکا مُنہ پر آتا ہے : [ار۔مثل] کسی اچھے آدمی پر الزام لگانے سے
اپنی ہی ذلت ہوتی ہے۔
آسمان کا رکھا نہ زمین کا [ار۔مثل] غارت کر دیا۔ برباد کر دیا۔ کہیں کا نہ رکھا۔
آسمان کا رنگ بدلنا : [ار۔محاورہ] انقلاب آنا ۔ حالات تبدیل ہونا۔
آسمان کا کھونچا : [ار۔اند] (۱) بہت بڑے نیچے کا حصّہ (۲) لمبا تڑنگا آدمی
آسمان کھا گیا یا زمین : [ار۔مثل] خُدا جانے کہاں غائب ہو گئی۔ تلاش کے بعد
چیز نہ ملنے پر کہتے ہیں۔
آسمان کی باتیں : [ار۔امث] سمجھ میں نہ آنے والی باتیں
آسمان کی چیل زمین کی اچیل : [ار۔مثل] بہت چالاک عورت جو ایک جگہ نہ
ٹکے اور دوڑ دوڑ کر کام کرے۔
آسمان کی خبر لانا : [ار۔محاورہ] بہت اونچا ہونا۔ بہت بلند پروازی کرنا۔
آسمان کی سُوجھنا : [ار۔محاورہ] دُور کی سُوجھنا
آسمان کی سیر کرنا : [ار۔محاورہ] خیالات کا دُور پہنچنا (عموماً نشہ کے موقع پر بولتے ہیں)
آسمان کی طرف دیکھنا : [ار۔محاورہ] دیکھیے "آسمان دیکھنا"
آسمان کے پار ہونا : [ار۔محاورہ] آسمان سے آگے نکل جانا "
آسمان کے تارے توڑنا : [ار۔محاورہ] دیکھیے "آسمان سے تارے اتارنا"
آسمان گرجنا : [ار۔محاورہ] بادل گرجنا۔ بجلی کڑکنا۔
آسمان گیر : [ف۔صف۔اند] چھتا۔ شامیانہ
آسمان میں تھگلی لگانا : [ار۔محاورہ] انتہائی چالاکی دکھانا۔ فریب کرنا۔ عیاری کرنا
آسمان میں چھید کرنا : [ار۔محاورہ] دیکھیے "آسمان میں تھگلی لگانا"
آسمان میں چھید ہو جانا : [ار۔محاورہ] لگاتار بارش ہونا۔ بارش کا بند نہ ہونا۔
آسمان نہ پھٹ پڑے ۔ [ار۔محاورہ] قیامت نہ آ جائے۔ عذاب نازل نہ ہو
جائے (بہت ظلم اور گناہ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں)
آسمان ہلا دینا : [ار۔محاورہ] آہ و فریاد کا موثر ہونا۔ ہل چل ڈالنا۔
آسمان ہو جانا / بن جانا [ار۔محاورہ] ۱۔ بلند مرتبہ ہونا (۲) ظالم ہونا۔

آسمانی : [ف۔صف] (۱) آسمان سے نسبت رکھنے والا (۲) آسمان کے رنگ کا نیلا (۳) ناگہانی
آسمانی آفت : [فع۔امث] ناگہانی بلا۔ اچانک مصیبت
آسمانی بلا : [فع۔امث] دیکھیے "آسمانی آفت"
آسمانی پلانا : [ار۔محاورہ عوامی] بھنگ پلانا۔ نشہ پلانا
آسمانی تھپیڑا : [ار۔اند] اچانک صدمہ۔ قدرتی مار
آسمانی تیر : [ار۔اند] (۱) وُہ تیر جو آسمان کے رُخ چھوڑیں (۲) رات کو ٹوٹنے والا
تارہ شہاب ثاقب۔ (۳) بہتے کی بات (۴) خدائی مار
آسمانی دَھکّا : [ار۔اند] (۱) اچانک صدمہ۔ (۲) خدائی مار
آسمانی زبان : [ف۔امث] مسلمانوں کے نزدیک عربی اور ہندوؤں کے نزدیک سنسکرت۔
کیوں کہ ان زبانوں میں ان کی مقدس کتابیں ہیں۔
آسمانی غضب / قہر : [فع۔اند] خدا کا قہر و غضب
آسمانی کتاب : [فع۔امث] خدا کی جانب سے نازل ہونے والی کتاب۔
کلام خدا۔ مثلاً قرآن مجید۔ توریت۔ انجیل۔ زبور
آسمانی گولہ : [ف۔ار۔اند] (۱) ناگہانی آفت (۲) غیبی مار (۳) اولے۔ برف۔
آسَن : [ہ۔اند] (۱) ران کے نیچے کا حصہ (۲) گھوڑے پر بیٹھنے کا طریقہ (۳)
جوگیوں کے بیٹھنے کا طریقہ (۴) جوگیوں کے رہنے کی جگہ (۵) وہ کپڑا جس پر
بیٹھ کر ہندو فقیر پوجا پاٹ کرتے ہیں (۶) جماع کرنے کا طریقہ
آسَن اکھڑنا : [ار۔محاورہ] (۱) گھوڑے کی پیٹھ پر سوار کا بے قابو ہو جانا۔ ران
نہ ٹکنا (۲) فقیر کا کٹیا چھوڑ کر اور جگہ چلے جانا۔
آسَن باندھنا : [ار۔محاورہ] رانوں میں جکڑنا۔ رانوں سے زور کرنا۔
آسَن پاٹی : [ار۔امث] چارپائی۔ پلنگ۔ مسہری
آسن پاٹی لے کر پڑنا : [ار۔محاورہ] روٹھ کر پڑ جانا۔ اَٹوانٹی کھٹوانٹی لے کر پڑ رہنا۔
آسن تلے آنا : [ار۔محاورہ] (۱) ران تلے آنا۔ سواری میں آنا (۲) اطاعت کرنا۔ محکوم ہونا
آسَن جلنا : [ار۔محاورہ] ایک ہی طرح بیٹھے بیٹھے رانوں میں گرمی پیدا ہونا۔
آسن جمانا : [ار۔محاورہ] ران جما کر گھوڑے پر بیٹھنا۔ (۲) کسی جگہ قیام کرنا
(۳) قابو کرنا۔
آسن جمنا : [ار۔محاورہ] دیکھیے "آسَن جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آسَن جوڑنا / آسَن سے آسن جوڑنا : [ار۔محاورہ]
ایک دُوسرے کے سامنے بیٹھنا۔
آسن کے نیچے آنا : [ار۔محاورہ] دیکھیے "آسن تلے آنا"
آسن گانٹھنا : [ار۔محاورہ] جماع کے لیے تیار ہونا۔
آسن لگانا : [ار۔محاورہ] بسیرا کرنا۔ بستر جمانا۔ قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔
آسَن لینا : [ار۔محاورہ] دیکھیے "آسن گانٹھنا"
آسن مار کر بیٹھنا : [ار۔محاورہ] (۱) جوگیوں کا عبادت کے لیے آلتی پالتی مار کر
بیٹھنا (۲) چار زانو بیٹھنا۔ (۳) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔
آسنی : [ار۔امث] کپڑا یا چٹائی جو ہندو جوگی بچھا کر کھاتے ہیں۔ یا وُہ کپڑا
جس پر بیٹھ کر جوگی عبادت کرتے ہیں۔
آسُودگان : [ف۔صف مفعولی] آسودہ کی جمع۔ آرام پائے ہوئے۔ خُوش دل۔
آسُودگانِ خاک : [ف۔ترکیب اضافی] مجازاً قبر میں آرام کرنے والے۔ مُردے
آسُودگی : [ف۔امث] دیکھیے "آسودہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

آسودہ: [ف۔صف مفعولی] باآرام۔ خوش۔ مطمئن۔ دولت مند
آسودہ حال: [ف۔صف] خوش دل۔ امیر۔ مطمئن۔ خوش حال
آسودہ حالی: [ف۔امث] دیکھیے "آسودہ حال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آسودہ خاطر/ دل: [ف۔صف] بے فکر۔ مطمئن۔ فارغ البال
آسودہ خاطری/ دلی: [ف۔امث] دیکھیے "آسودہ خاطر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آسودہ ہو جانا/ ہونا: [ار۔محاورہ] سیر ہونا۔ خوش حال ہونا۔
آسیا: [ف۔امث] چکی۔ غلہ پیسنے کی کل۔
آسیاب: [ف۔امث] آسیائے آب کا مخفف، پن چکی۔ پانی سے چلنے والی چکی۔
آسیائے باد: [ف۔امث] پون چکی۔ ہوائی چکی۔ ہوا کے زور سے چلنے والی چکی۔
آسیانہ: [ف۔امذ] وہ پتھر جس سے ہتھیاروں کی دھار تیز کی جاتی ہے۔ فسان۔ سان
آسیب: [ف۔امذ] (۱) تکلیف۔ صدمہ (۲) جن، بھوت یا پری کا سایہ
آسیب آنا: [ار۔محاورہ] (۱) جن، بھوت یا پری کا کسی کو ستانا، (۲) چوٹ لگنا۔ تکلیف پہنچنا۔
آسیب اتارنا: [ار۔محاورہ] عمل کے ذریعہ جن بھوت کو دفع کرنا۔
آسیب پہنچانا: [ار۔محاورہ] نقصان پہنچانا۔ صدمہ پہنچانا۔ تکلیف دینا
آسیب پہنچنا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "آسیب پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آسیب زدہ: [ف۔صف مفعولی] جن بھوت کا ستایا ہوا۔ جس پر جن بھوت کا اثر ہو
آسیب سر پر آنا/ چڑھنا: [ار۔محاورہ] کسی پر جن بھوت کا اثر ہونا۔
آسیب سر سے اتارنا: [ار۔محاورہ] جن بھوت کا اثر زائل کرنا
آسیب کا اثر/ خلل/ دخل: [ار۔روزمرہ] جن بھوت کا اثر
آسیب کا سر پر آکر بولنا: [ار۔محاورہ] جن بھوت کا کسی کے سر پر آکر اپنا اتا پتا بتانا۔
آسیب کا سر پر کھیلنا: [ار۔محاورہ] عامل کا آسیب زدہ کو کھلانا اور آسیب کا اثر زائل کرنا
آسیب کا گزر ہونا: [ار۔محاورہ] کسی مقام پر جن بھوت کا رہنا یا پھیرا ہونا۔
آسیب کا لپٹنا: [ار۔محاورہ] جن بھوت کا کسی کے پیچھے پڑ جانا۔
آسیبی: [ف۔صف] وہ شخص یا مقام جہاں آسیب کا اثر ہو۔ آسیب زدہ۔
آسیر باد: [ہ۔امذ] دیکھیے "آشیر باد"
آسیمہ: [ف۔صف] حیران۔ پریشان (غالب)
آسیہ: [ع۔امث] فرعون کی بیوی کا نام جنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کی اور بعد میں حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے کی پاداش میں فرعون کے حکم سے شہید کر دی گئیں۔

آ ش

آش: [ف۔امث] (۱) پتلی غذا (۲) شوربا (۳) حریرہ
آش پلاؤ: [ف۔امذ] جَو کا پلاؤ جو مریض کو کھلایا جاتا ہے۔
آش جو: [ف۔امذ] جَو کا جوش دیا ہوا پانی، جو بیماروں کو دیا جاتا ہے۔
آشا: [س۔امث] آرزو۔ تمنا۔ خواہش۔ امید۔ توقع
آشام: [ف۔لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر آشامیدن کا صیغۂ امر جو اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور "پینے والا" کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً مے آشام۔ خون آشام،
آشتی: [ف۔امث] صلح۔ محبت۔ امن۔ دوستی۔ اتفاق
آشرم: [س۔امذ] (۱) مکان۔ رشیوں کے رہنے کی جگہ۔ جھونپڑی۔ (۲) درختوں کا جھنڈ (۳) درس گاہ (۴) پناہ گاہ (۵) برہمن کی زندگی کا ایک حصہ۔
آشفتگی: (آشُفتَگی) [ف۔امث] دیکھیے "آشفتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آشفتہ: [ف۔صف] (۱) حیران۔ پریشان۔ (۲) دیوانہ۔ آوارہ۔ (۳) عاشق۔
آشفتہ بیان: [ف۔صف] یاوہ گو۔ بکواسی۔ فضول باتیں کرنے والا۔
آشفتہ بیانی: [ف۔امث] دیکھیے "آشفتہ بیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آشفتہ حال/ خاطر/ دل: [ف۔صف] پریشان حال، پراگندہ دل۔ عاشق۔
آشفتہ روز: [ف۔صف] بدنصیب۔ بدقسمت۔
آشفتہ سر: [ف۔صف] سرپھرا۔ دیوانہ۔ بدحواس
آشفتہ طبع: [ف۔صف] پریشان طبع۔ پراگندہ دل۔
آشفتہ مزاج: [ف۔صف] دیکھیے "آشفتہ طبع"
آشفتہ مو: [ف۔صف] بکھرے ہوئے بالوں والا۔ پریشان حال۔ غمگین
آشفتہ نوا: [ف۔صف] جس کی آواز سے پریشانی ظاہر ہو۔
آشکار/ آشکارا: [ف۔صف] ظاہر۔ عیاں۔ نمایاں۔ واضح (افعال: کرنا۔ ہونا)
آشنا: [ف۔صف و امذ] (۱) دوست۔ یگانہ (۲) روشناس۔ جان پہچان والا۔ واقف (۳) شناور۔ پیراک۔ (۴) ناجائز تعلق رکھنے والا۔
آشنا پرست: [ف۔صف فاعلی] دوست کی قدر کرنے والا۔
آشنا پرور: [ف۔صف فاعلی] دوست کی پرورش کرنے والا۔ دوست پر احسان کرنے والا۔
آشنائی: [ف۔امث] دیکھیے "آشنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
آشنائی کا کچا/ جھوٹا: [ار۔صف] بے وفا۔ دوستی کو نباہ نہ سکنے والا۔
آشنائی کا سچا: [ار۔صف] وفادار۔ دوستی نبھانے والا۔
آشنائی کرنا: [ار۔محاورہ] دوستی کرنا۔ آنکھ لڑانا۔ معاشقہ کرنا
آشنائی ملّا تا سبق: [ف۔شل] مُلّا سے دوستی سبق تک۔ مطلب پرستی۔ خودغرضی۔
آشوب: [ف۔امذ] فتنہ۔ فساد۔ شور۔ غوغا۔ آنکھ کا درد اور سُرخی۔
آشوب اٹھانا: [ار۔محاورہ] فتنہ پیدا کرنا۔ فساد برپا کرنا۔
آشوب آگہی: [ف۔امذ] عقل کا فساد۔ عقل کا پیدا کردہ فتور۔ فتنۂ عقل
آشوب چشم: [ف۔امذ] آنکھ کی تکلیف۔ آنکھ کی سرخی اور دُکھن۔
آشوب روزگار/ زمانہ/ عالم: [ف۔امذ] (۱) معشوق جس کے باعث ایک دنیا مصیبت میں مبتلا ہے۔ (۲) فساد۔ فتنہ۔
آشوب گاہ: [ف۔امث] فتنہ و فساد کا مقام
آشوب محشر: [ف۔امذ] قیامت کا ہنگامہ۔ ہولناک شور و غوغا۔
آشوب: [ف۔لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر آشفتن اور آشوبیدن سے صیغۂ امر جو اسم کے ساتھ آکر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً عالم آشوب۔ پریشان کرنے والا۔
آشیاں/ آشیانہ: [ف۔امذ] گھونسلا۔ مکان۔ گھر۔
آشیاں اٹھانا: [ار۔محاورہ] گھونسلا چھوڑنا۔ سکونت ترک کرنا۔ گھر چھوڑنا۔
آشیاں باندھنا: [ار۔محاورہ] گھونسلا بنانا۔ مکان بنانا۔ سکونت اختیار کرنا۔
آشیر باد: [ہ۔امث] دُعا۔ نیک خواہش

آ ص

آصف: [عبر۔امذ] (۱) حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر کا نام۔ (۲)

مجاز الانق وزیر۔

آصفُ الدّولہ (آصِفُدُ دَولہ)، [ع۔ اِمذ] (۱) ایک خطاب (۲) سلطنتِ اودھ کے ایک فرماں روا کا لقب۔

آصف جاہ: [ف۔ امذ] (۱) ایک خطاب (۲) نظام حیدرآباد کا لقب۔

آصف خاں: [ف۔ امذ] ملکہ نورجہاں کے بھائی کا نام جس کا مزار لاہور میں شاہدرہ کے مقام پر ہے۔

آصف خانی: [ار۔ امذ] ایک قسم کا شلوکا نیم آستین۔ آدھی آستینوں والا ایک لباس۔

آ — غ

آغا: [ت۔ امذ] (۱) آقا۔ مالک (۲) بڑا بھائی (۳) افغانوں اور مغلوں کا تعظیمی لقب۔

آغا میر: [ت ف۔ امذ] غازی الدین حیدر فرماں روائے اودھ کے ایک وزیر کا نام۔

آغا میر کی دائی سب سیکھی سکھائی: [ار۔ مثل] جو خود ہوشیار ہو اس کو سمجھانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ہوشیار اور چالاک عورت۔

آغا مینا: [ار۔ امث] (۱) بنگالی مینا جو خوب باتیں کرتی ہے۔ (۲) پیاری پیاری باتیں کرنے والی لڑکی۔

آغاز: [ف۔ امذ] شروع۔ ابتدا۔ پہل (افعال: کرنا۔ ہونا)

آغاز انجام جاننا: [ار۔ محاورہ] نتیجہ معلوم کر لینا۔ حالات سے پوری طرح باخبر ہونا۔

آغاز انجام نہ سوچنا: [ار۔ محاورہ] آگا پیچھا نہ دیکھنا۔ بے سوچے سمجھے کام کرنا نتیجہ کا خیال نہ کرنا۔

آغازِ کار: [ف۔ امذ] کسی کام کا شروع۔ ابتدا امر

آغشتہ: (بفتحۂ غین نونا) [ف صف مفعولی] آلودہ۔ لتھڑا ہوا۔ بھرا ہوا۔

آغشتہ بہ خوں: [ف صف مفعولی] خون میں لتھڑا ہوا۔ خون میں ڈوبا ہوا۔ ناکام۔

آغوش: [ف۔ امث] گود۔ بغل۔ کنار۔ پہلو۔ کولی۔

آغوش آباد کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) گود میں بیٹھنا۔ بغل گرم کرنا (۲) محبوب کا بغل میں ہونا۔

آغوش بھرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بھرلو یہ گود میں آنا (۲) عورت کا اولاد والی ہونا۔

آغوش پھیلانا: [ار محاورہ] گود میں لینے کے لیے آگے بڑھنا۔ گود میں لینے کے لیے دونوں ہاتھ آگے کرنا۔

آغوش خالی کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) گود سے نکل جانا۔ کنارہ کشی کرنا (۲) ماں کا بچہ مرجانا

آغوش خالی ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آغوش خالی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

آغوش کھولنا: [ار محاورہ] گود پھیلانا۔ دونوں ہاتھ کھول کر بغل گیر ہونا۔

آغوش گرم کرنا: [ار۔ محاورہ] گود میں بیٹھنا ساتھ لیٹنا۔ پیار سے بغل میں لینا۔

آغوشِ لحد میں سونا: [ار۔ محاورہ] مر جانا۔ قبر میں دفن ہونا۔

آغوشِ مادر میں سونا: [ار محاورہ] آرام کی حالت میں ہونا۔ چین سے ہونا۔

آغوش میں بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] پہلو میں بیٹھنا۔ بغل میں بیٹھنا۔

آغوش میں کھینچنا: [ار۔ محاورہ] شوق و آرزو سے گود میں لینا۔

آغوش وا ہونا: [ار۔ محاورہ] گود کھلنا

آغوں: [ار۔ امث۔ حکایت صوت] دودھ پیتے بچے کی آواز۔

آغوں غٹے: [ار۔ کلمۂ خطاب] دودھ پیتے بچوں کو خطاب کرنے کا کلمہ۔

آغوں غٹے بٹیا/بٹیا/بھیا ماسے کھٹے: [ار۔ مثل] چھوٹے بچے کو کھلاتے ہوئے ہنسانے کے لیے کہتے ہیں۔ یعنی بچہ دودھ پی کر ہنستا ہے۔

آغوں غٹے دودھ پی، پی کر میاں ہٹے مٹے: [ار۔ مثل] چھوٹے بچے کو کھلاتے ہوئے کہتے ہیں۔ یعنی بچہ دودھ پی کر موٹا تازہ ہوتا ہے۔

آغوں کرنا: [ار۔ محاورہ] چھوٹے بچے کا آواز نکالنا۔ بولنا۔

آفات: [ع۔ امث] آفت کی جمع۔ مصیبتیں۔ بلائیں۔

آفاتِ ارضی: [ع۔ مرکب اضافی بترکیب فارسی مث] زمین سے پیدا ہونے والی بلائیں۔

آفاتِ سماوی: [ع۔ مرکب اضافی بترکیب فارسی مث] آسمانی بلائیں۔ ناگہانی مصیبتیں۔

آفاق: [ع۔ امذ] افق کی جمع۔ آسمان کے کنارے۔ اردو میں بطور واحد دنیا۔ جہان کے معنوں میں مستعمل ہے۔

آفاق گیر: [ع ف صف فاعلی] دنیا پر چھا جانے والا۔ وہ بات یا خیال جو پوری دنیا میں رائج ہو۔ فاتح عالم۔

آفاقی: [ع۔ صف] پوری دنیا سے تعلق رکھنے والا۔ ہمہ گیر۔ عالم گیر۔ بہت وسیع۔

آفاقیت: [ع۔ امث] دیکھئے "آفاقی" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

آفت: [ع۔ امث] (۱) مصیبت۔ بلا۔ قہر (۲) مشکل۔ وبا۔ عذاب۔ قحط۔ (۳) چالاک۔ عیار۔ فسادی۔

آفت آہنگ: [ف صف] جس کی آواز آفت کا باعث ہو۔ فتنہ پرداز (غالب)

آفت آنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت آنا۔ عذاب نازل ہونا۔ وبا پھوٹ پڑنا۔

آفت اٹھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) مصیبت برداشت کرنا (۲) شور مچانا۔ فتنہ برپا کرنا۔

آفت برپا کرنا: [ار۔ محاورہ] ستم ڈھانا۔ قیامت برپا کرنا۔ فساد برپا کرنا۔ شور مچانا۔ مصیبت پیدا کرنا۔

آفت پڑنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت پڑنا۔ عذاب نازل ہونا۔

آفت توڑنا: [ار۔ محاورہ] غضب ڈھانا۔ ستم کرنا۔ خفا ہونا۔ غصہ اتارنا۔

آفت ٹالنا: [ار محاورہ] مشکل آسان کرنا۔ مصیبت دور کرنا۔

آفت ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آفت توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

آفتِ جاں: [ف صف۔ ...] (۱) جان کا عذاب۔ جان کا دشمن (۲) معشوق۔

آفت جان پہ آنا: [ار۔ محاورہ] صدمہ پہنچنا۔ قہر نازل ہونا۔

آفت جان پر لینا: [ار۔ محاورہ] مصیبت اٹھانا۔ دکھ سہنا۔

آفت جھیلنا: [ار۔ محاورہ] صدمہ سہنا۔ مصیبت برداشت کرنا۔

آفت خیز: [ف صف مفعولی] آفت اٹھانے والا۔ آفت اٹھنے کا مقام۔

آفت دیکھنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت کا سامنا کرنا۔

آفت ڈھانا: [ار۔ محاورہ] ستم توڑنا۔ قیامت برپا کرنا۔ ہنگامہ کرنا۔

آفت رسیدہ: [ف صف مفعولی] مصیبت کا مارا۔ دکھیا۔

آفت روزگار: [ف صف] (۱) زمانہ کے لیے باعث مصیبت۔ فتنہ پرور۔ فسادی (۲) معشوق۔

آفت زدہ [ف۔ صف مفعولی] دیکھئے "آفت رسیدہ"۔

آفت سر پر ڈالنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت میں گرنا۔ ہونا۔ قہر توڑنا۔

آفت سر پر لینا: [ار۔ محاورہ] اپنے سر مصیبت لینا۔ جھگڑے میں پڑنا

آفت سہنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت برداشت کرنا۔ دکھ سہنا۔

آفت طلب: [ف۔ صف فاعلی] مصیبت کا طلب گار۔

آفت کا پرکالہ: [ع۔ف۔ ا۔صف] دیکھئے "آفت کا ٹکڑا"
آفت کا ٹکڑا: [ع۔ ا۔صف] شرارت کا پُتلا۔ معشوق
آفت کا گھر: [ع۔ ا۔ اند] مصیبتوں کا گھر۔ وہ مقام جہاں تکلیفیں اور مصیبتیں ہوں۔
آفت کا نمونہ: [ع۔ ا۔ ف ۔ اند] آفت کا پتہ دینے والا۔ آفت کا ٹکڑا۔
آفت کی پُڑیا: [ع۔ ا۔ امث۔ اند] نہایت شریر۔ عیار۔ چالاک ۔ فتنہ پرداز
آفت کی پوٹ۔ [ا۔ امث و مذ] دیکھئے "آفت کی پُڑیا"
آفت گلے لگنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت پڑنا۔
آفت مچانا: [ا۔ محاورہ] شرارت کرنا ادودھم مچانا
آفت نازل ہونا: [ا۔ محاورہ] مصیبت آنا۔
آفتیں ٹوٹ کر آنا: [ا۔ محاورہ] سب سخت مصیبتیں آنا۔
آفتاب: [ف۔ اند] (۱) سُورج (۲) دھوپ (۳) گرم چیز (۴) معشوق (۵) شراب (۶) گنجفے کا ایک پتا۔
آفتاب آمد دلیل آفتاب: [ف۔ مثل] ظاہر چیز کے ثبوت کی ضرورت نہیں ہوتی
آفتاب برآمد ہونا۔ [ا۔ محاورہ] (۱) سورج نکلنا (۲) گنجفہ میں آفتاب کا دوپہر سے پتے کے ساتھ پھینکنا، جس سے کھیل شروع ہوتا ہے۔
آفتاب بر سر دیوار: [ف۔ محاورہ] زوال کے قریب ۔ بڑھاپا۔
آفتاب بنا دینا۔ [ا۔ محاورہ] درجہ بلند کرنا۔ مرتبہ اونچا کرنا۔
آفتاب پرست: [ف صف فاعل] (۱) سُورج کا پجاری (۲) گرگٹ
آفتاب ڈھلنا: [ا۔ محاورہ] زوال کا وقت شروع ہونا۔ دِن ڈھلنا
آفتاب سر پر آنا: [ا۔ محاورہ] دوپہر ہونا (عین دوپہر کے وقت سُورج سر پر آجاتا ہے)
آفتاب سوا نیزے پر آنا: [ا۔ محاورہ] قیامت آنا۔ دُھوپ کی حدت بہت بڑھ جانا۔
آفتاب کو چراغ دکھانا۔ [ا۔ محاورہ] عاقل کو عقل دینا۔ تجربہ کار کو تجربہ سکھانا صاحب کمال کے آگے کمال کا دعویٰ کرنا۔
آفتاب گیر: [ف۔صف فاعلی] چھجا۔ چھتری۔ سائبان۔ دُھوپ کو روکنے والی چیز۔
آفتاب لب بام: [ف۔ محاورہ] ڈوبنے کے قریب سُورج (۱) زوال کے قریب (۲) بہت بوڑھا۔
آفتاب مغرب سے نکلنا۔ [ا۔ محاورہ] قیامت آنا (سُورج کا مغرب سے نکلنا آثار قیامت میں سے ہے)
آفتاب نصف النہار پر ہونا: [ا۔ محاورہ] (۱) دوپہر ہونا (۲) اوجِ کمال پر ہونا
آفتابہ۔ [ف ۔ اند] آبتابہ (بمعنی گرم پانی کا برتن) کا بگاڑ۔ دستی اور سرپوش والا لوٹا
آفتابی: [ف ۔ امث] (۱) ایک قسم کی آتشبازی (۲) آفتاب کی طرح گول (۳) دُھوپ میں گرم کیا ہُوا (۴) تیاروں کی شکل کے اعزازی نشانات میں چاندی سونے کا ایک دائرہ جس پر ڈنڈی لگی ہوتی ہے اور جو بادشاہوں کے جلوس میں سواری کے ساتھ ہوتا ہے (۵) امیروں کے مکانات میں ماہتابی کی طرح کا ایک بلند مقام (۶) ایک طرح کی پنکھی (۷) سُورج مکھی ایک قسم کی سُرخ ڈھال۔
آفتابی چہرہ: [ف۔ اند] گول چہرہ۔
آفتابی دائرہ: [ف ۔ اند] گول دائرہ
آفتابی گل قند: [ف ۔ اند] وہ گل قند جو دُھوپ میں رکھ کر تیار کیا جائے۔
آفریدگار: [ف۔ا۔ فاعل] پیدا کرنے والا۔ خالق ۔ خدا۔
آفریدہ: [ف ۔ امفعول] پیدا کیا ہُوا۔ مخلوق

آفریدی: [ف ۔ اند] پٹھانوں یا افغانوں کے ایک قبیلہ کا نام۔
آفریں: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر "آفریدن" کا صیغہ امر جو اسم کے بعد بطور لاحقہ آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پیدا کرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً جان آفریں میں
آفریں [ف۔ کلمہ تحسین] تعریف و تحسین کا ایک کلمہ۔ شاباش۔ سُبحان اللہ۔ مرحبا۔
آفریں باد بریں ہمّت مردانۂ تو [ف۔ منقولہ] تیری بہادرانہ ہمت پر شاباش ہے
آفریں صد آفریں: [ف۔ کلمہ تحسین] انتہائی تعریف کے موقع پر کہتے ہیں۔ شاباش اور طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔
آفریں ہونا: [ا۔ محاورہ] تعریف ہونا۔ داد ملنا۔
آفرینش: [ف ۔ امث] "آفریدن" مصدر کا اسم کیفیت۔ پیدائش۔ موجوداتِ عالم۔
آفرینندہ۔ [ف۔ ا فاعل] پیدا کرنے والا۔ خدا۔
آفندی: [ت ۔ اند] جناب ۔ حضور۔ صاحب ۔ مالک۔
آفیسر: [انگ : OFFICER) اند] حاکم۔ افسر

آ—ق

آقا: [ت۔ اند] مالک۔ میاں۔ صاحب ۔ خداوند۔ حاکم
آقائے ولی نعمت: [ف۔صف] خداوندِ نعمت۔ مالک (نوکر اپنے مالک کو تعظیماً اس طرح خطاب کرتے ہیں۔

آ—ک

آک: [ہ ۔ اند] ایک خودرو چوڑے پتوں اور کڑوے ذائقے والا پودا، جس کے تمام اجزا طبی مصرف میں آتے ہیں۔ مدار۔ آکھ۔ اکوا۔ اکواڑ۔
آک کا ڈوڈا: [ا۔ اند] آک کا پھل جس میں رُوئی سی ہوتی ہے
آک کا کیڑا آک میں راضی ڈھاک کا ڈھاک میں: [ا ۔ مثل] ہر شخص اپنے مقام پر ہی خوش رہتا ہے۔
آک کی بڑھیا: [ا۔ امث] وہ رُوئی سی جو آک کے ڈوڈے میں سے نکلتی ہے اور تکیوں کے بھرنے میں کام آتی ہے۔ مجازاً بہت بوڑھی عورت ۔
آکا: [ت ۔ اند] (۱) بڑا بھائی (۲) کلمہ خطاب جیسے۔ میاں۔ دوست (۳) بدوضع سپاہی۔
آکاس / آکاش: [ہ ۔ س ۔ اند] آسمان ۔ فلک ۔ خلا۔ حدِ نگاہ
آکاس بیل (یائے مجہول سے) [ہ۔امث] ایک زرد رنگ کی دھاگے کی سی بیل جو درختوں سے لپٹ جاتی اور اپنی خوراک حاصل کرتی ہے۔ جس درخت پر یہ بیل ہوتی ہے وہ چند دنوں میں سوکھ جاتا ہے۔ امربیل۔ افتیمون۔
آکاس پھل: [ا۔ اند] اولاد ۔ بال بچے
آکاس گنگا: [ہ۔ امث] کہکشاں۔ آسمان کی ندی اندر کے ہاتھی کا راستہ۔
آکاش وانی / بانی: [س۔ امث] (۱) غیبی آواز آسمانی آواز۔ ہاتف کی صدا۔ الہام (۲) ریڈیو
آکسفورڈ: [انگ (OXFORD) ا۔ مذ] انگلستان کا ایک شہر جس میں اسی نام کی ایک یونیورسٹی ہے جس کی وجہ سے اس کی شہرت ہے۔
آکسن ۔ [انگ (OXON) صف) آکسفورڈ یونیورسٹی سے نسبت رکھنے والا۔ آکسفورڈ کا طالب علم
آکسیجن: (آک سی جن): [انگ OXYGEN) امث] ایک بے رنگ، بے بو اور بے ذائقہ گیس جو پانی اور ہوا کا جزو لازم ہے۔ یہ جلنے اور زندگی

کے لیے نہایت ضروری ہے۔

[illegible]: [ہ۔اند] (۱) آگ (۲) بیشکر کی کپوٹ (۳) درندوں اور جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔

[illegible] (بفتحِ دوم) [ہ۔اث] چوپایوں کے رہنے کی جگہ۔ جنگلی جانوروں کے سونے کی جگہ وہ مقررہ جگہ جہاں نر ہرن مینگنی کرتا ہے۔

[illegible] (بضمِ دوم) [ہ۔اند] مربع زین کے چاروں سروں پر گڑے ہوئے کانٹے جن کو پکڑ کر آدمی دوڑتے ہیں۔ غاشیہ

[illegible]لاپن: [ہ۔اند] گھوڑے کی اچھل کود۔ شوخی۔ شرارت

آ — گ

[آ]گ: [ا۔اث] (۱) اربع عناصر میں سے ایک عنصر۔ جلانے والی چیز۔ آتش۔ اگنی (۲) گرمی۔ حدت۔ تپش۔ سوزش (۳) گرم تاثیر والی چیز (۴) کھولتا ہوا، جلتا ہوا۔ (۵) [illegible] (۶) پیاس کی شدت (۷) بھوک کی شدت (۸) عشق۔ محبت۔ سوز و [illegible] (۹) دشمنی (۱۰) حسد۔ جلاپا۔ رقابت (۱۱) غصہ (۱۲) لڑائی جھگڑا۔ فساد (۱۳) فتنہ (۱۴) بہت تیز چمکیلا

[آگ] اور بیری کو کم نہ سمجھے: [ار۔مقولہ] آگ خواہ تھوڑی ہو اور دشمن خواہ کمزور ہو، ان کو حقیر نہیں سمجھنا چاہیے اور [illegible] غافل نہیں ہونا چاہیے۔

[آ]گ اور پھوس میں بیر ہے: [ار۔مثل] [illegible] پھوس اکٹھے ہوں تو جلے بغیر نہیں رہ سکتے۔ اسی طرح جوان مرد اور [illegible] ایک جا رہ کر پاک نہیں رہ سکتے۔

آگ اور خس یک جا ہوتو ممکن نہیں نہ جلے: [ار۔مثل] دیکھئے "آگ اور پھوس میں بیر ہے"

آگ اور روئی کی کیا دوستی: [ار۔مثل] دو جانی دشمنوں کا ملاپ نہیں ہو سکتا مخالف طبع افراد میں دوستی نہیں ہو سکتی ہے۔

آگ بھولا: [ار۔صف] دیکھئے "آگ بگولا" جو زیادہ مشہور ہے

[آگ] بنانا: [ار۔محاورہ] آگ دکھانا۔ توپ، بندوق وغیرہ داغنا۔

[آگ] بجھانا: [ار۔محاورہ] آگ ٹھنڈی کرنا۔ غصہ فرو کرنا۔ فساد مٹانا۔ بھوک پیاس مٹانا۔ خواہش پوری کرنا۔ جلاپا مٹانا۔

آگ بجھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آگ بجھانا" جس کا یہ لازم ہے

آگ برسانا: [ار۔محاورہ] (۱) آتش بازی چھوڑنا (۲) گولے برسانا۔ گولیوں کی بوچھار کرنا۔

آگ برسنا: [ار۔محاورہ] (۱) بہت سخت گرمی پڑنا (۲) گولے برسنا۔ گولیوں کی بوچھاڑ ہونا

آگ بگولا: [ار۔صف] (۱) جلتا بھنتا۔ لال لال دہکتا ہوا (۲) تند و تیز غصہ میں بھرا ہوا۔

آگ بگولا ہونا: [ار۔محاورہ] غضب ناک ہونا۔ بہت غصہ میں آنا۔

آگ بنانا: [ار۔محاورہ] (۱) آگ سلگانا (۲) برانگیختہ کرنا۔ غصہ دلانا۔

آگ بن جانا / ہو جانا: [ار۔محاورہ] غصہ میں لال ہونا۔ غصہ بھڑک اٹھنا۔

آگ بن دھواں کہاں: [ار۔مثل] ہر بات کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے

آگ بھبھوکا ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آگ بگولا ہونا"

آگ بھری ہونا: [ار۔محاورہ] (۱) سوز و گداز ہونا (۲) تپک ہونا۔ جلن ہونا (۳) دشمنی ہونا۔ بغض ہونا (۴) پیٹ میں سوزش ہونا۔ گرم مزاج ہونا (۵) آتشک ہونا (۶) پرشہوت ہونا

آگ بھڑکانا: [ار۔محاورہ] (۱) ہوا دے کر آگ تیز کرنا (۲) محبت بڑھانا۔ شوق زیادہ کرنا۔ بے قرار کرنا (۳) لڑائی بڑھانا (۴) غصہ دلانا

آگ بھڑکنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آگ بھڑکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

آگ بھی نہ لگاؤں: [ار۔روزمرہ۔عو] کسی چیز سے نفرت کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔

آگ پانی ایک جگہ نہیں رہ سکتے: [ار۔مثل] دو مخالف ایک جگہ نہیں سما سکتے۔

آگ پانی کا بیر: [ار۔اند] طبعی دشمنی۔ فطری مخالفت

آگ پانی کا سنجوگ: [ار۔اند] دو مخالف چیزوں کی یک جائی۔ اجتماعِ ضدین

آگ پانی کا کھیل: [ار۔اند] (۱) آگ اور پانی سے چلنے والی مشین (۲) حلوائی یا [illegible] کا کام۔ حلوائی یا باورچی سے اگر پکوان خراب ہو جائے تو اپنی خطا چھپانے کے لیے کہتا ہے کہ یہ تو آگ پانی کا کھیل ہے۔

آگ پر پانی ڈالنا: [ار۔محاورہ] آگ بجھانا۔ جھگڑا مٹانا۔ فساد ختم کرنا۔

آگ پر تیل ٹپکانا / چھڑکنا / ڈالنا: [ار۔محاورہ] آگ بھڑکانا۔ فساد پیدا کرنا۔ غصہ [illegible]

آگ پر لٹانا: [ار۔محاورہ] جلانا۔ تڑپانا۔ بے قرار کرنا۔

آگ پر لوٹنا: [ار۔محاورہ] بے چین ہونا۔ تڑپنا۔ بے قرار ہونا۔

آگ پڑ جانا: [ار۔محاورہ] جلن ہونا۔ دشمنی پیدا ہونا۔

آگ پڑنا: [ار۔محاورہ] سخت گرمی پڑنا۔ دھوپ بہت تیز ہونا۔

آگ پھانکنا: [ار۔محاورہ] بدگوئی کرنا۔ چغلی کرنا۔

آگ پھنکنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آگ پھونکنا" جس کا یہ لازم ہے۔

آگ پھوس میں بیر ہے
آگ پھوس کا کیا ساتھ
آگ پھوس کی دوستی کیسی
آگ پھوس ایک [illegible] رہ سکتے ہیں
[ار۔امثال] دیکھئے "آگ اور پھوس کا بیر"

آگ پھونکنا: [illegible] (۱) [illegible] کو پھونکنی یا [illegible] سے ہوا دینا (۲) چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا [illegible] پیدا کرنا [illegible] تحفہ کرنا (۴) عشق بڑھانا

آگ پھیلانا: [ار۔محاورہ] آگ بھڑکانا یا فتنہ برپا کر دینا۔ فساد پھیلانا

آگ پھیلنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آگ پھیلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

آگ تاپنا: [ار۔محاورہ] آگ سے اپنے کو گرم کرنا۔

آگ تلووں سے لگنا: [ار۔محاورہ] غصہ آنا

آگ ٹھنڈی کرنا: [ار۔محاورہ] (۱) آگ بجھانا (۲) فساد مٹانا (۳) دشمنوں میں میل کرانا (۴) غصہ ٹھنڈا کرنا۔

آگ جاگ اٹھنا: [ار۔محاورہ] (۱) بجھی ہوئی آگ بھڑک اٹھنا (۲) شوق بڑھ جانا (۳) فساد دوبارہ ہونا (۴) دشمن ہونا۔

آگ جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے: [ار۔مثل] حکم دینے والا ذمہ دار ہے، تعمیل کرنے والے کا قصور نہیں۔

آگ جگانا: [ار۔محاورہ] بجھی ہوئی آگ کو دوبارہ بھڑکانا۔ شوق بڑھانا۔

آگ جھاڑنا: [ار۔محاورہ] (۱) پتھر اور چقماق سے آگ نکالنا۔ آگ سے راکھ دور کرنا۔

آگ چمکنا: [ار۔محاورہ] آگ روشن ہونا۔

آگ دبانا: [ار۔محاورہ] (۱) انگاروں کو راکھ سے چھپانا (۲) فتنہ و فساد مٹانا (۳) عشق کے جوش پر قابو پانا۔

آگ دکھانا: [ار۔محاورہ] آگ لگانا۔ جلانا

آگ دھونا: [ار۔محاورہ] انگاروں پر سے راکھ دور کرنا۔

آگ دھونکنا: [ار۔محاورہ] پنکھے یا دھونکنی سے آگ روشن کرنا۔

آگ دے کے پانی کو دوڑنا: [ار۔مثل] دیکھئے "آگ لگا کے پانی کو دوڑنا۔"

آگ دینا: [ار۔محاورہ] آگ لگانا۔ آگ دکھانا۔

آگ روشن کرنا۔ [ار۔ محاورہ] آگ جلانا

آگ سا دہکنا: [ار۔ محاورہ] آگ کی طرح لال ہونا یا جلنا

آگ سرد ہونا: [ار۔ محاورہ] آگ بجھنا۔ غصہ رفع ہونا۔ شوق نہ رہنا

آگ سلگانا: [ار۔ محاورہ] آگ جلانا۔ چولہا گرم کرنا۔

آگ سلگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آگ سلگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

آگ سے پانی ہو جانا [ار۔ محاورہ] غصہ دور ہونا۔ نرم ہو جانا۔

آگ کا باغ: [ار۔ اند] (۱) گلزار ابراہیم (۲) سنار کی کٹھالی (۳) آتش بازی۔

آگ کا پتلا: [ار۔ اند] نہایت تند خو۔ غصہ ور۔ گرم

آگ کا پتلا آگ کو دھائے: [ار۔ مثل] آگ کا بنا ہوا آگ میں جاتا ہے۔ ہر چیز اپنی اصل کی طرف جاتی ہے۔

آگ کا پتنگا: [ار۔ اند] شرارہ۔ چنگاری

آگ کا پھول: [ار۔ اند] (۱) آگ کا پھول (۲) چنگاری

آگ کا پیڑ: [ار۔ اند] آگ کا پودا۔ آتش بازی سے بننے والا پیڑ

آگ کا جلا آگ سے ٹھنڈا ہوتا ہے: [ار۔ مثل] گرمی کو گرمی مارتی ہے۔ جس نے آزار دیا ہے اسی سے آرام ملتا ہے۔

آگ کا کھیل [ار۔ محاورہ] ا۔ آتش بازی (۲) باورچی کا کام (۳) کیمیا گری

آگ کا گھر: [ار۔ اند] گرم مکان

آگ کر دینا: [ار۔ محاورہ] غصہ دلانا۔ گرم کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔

آگ کو آگ مارتی ہے: [ار۔ مثل] دیکھئے "آگ کو آگ ٹھنڈا کرتی ہے"۔

آگ کو دامن سے ڈھانکنا: [ار۔ محاورہ] راز کو اس طرح چھپانا کہ ظاہر ہو جائے۔

آگ کھائے گا انگارے ہگے گا: [ار۔ مثل] جیسا کرے گا ویسا بھرے گا

آگ کھائے منہ جلے، ادھار کھائے پیٹ: [ار۔ مثل] قرض آگ سے زیادہ خطرناک ہے۔

آگ کہتے منہ نہیں جلتا: [ار۔ مثل] کہنا آسان ہے کرنا مشکل ہے۔

آگ کے لوکے اٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) شدت ... ہونا (۲) جی جلنا۔

آگ کے مول بکنا: [ار۔ محاورہ] بہت گراں ... مہنگا ہونا۔

آگ گاڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آگ دبانا" جو فصیح ہے۔

آگ لگا کر پانی کو دوڑنا: [ار۔ محاورہ] لڑائی کرا کے صلح کی باتیں کرنا ... کر کے امن کی باتیں کرنا

آگ لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) آگ روشن ... (۲) حرارت پیدا کرنا (۳) جوش اور ولولہ پیدا کرنا (۴) حسد پیدا کرنا (۵) برافروختہ ... مشتعل کرنا (۶) شرارت کرنا۔ فتنہ برپا کرنا (۷) ... ہنگامہ آرائی کرنا (۸) تباہ و برباد کرنا۔

آگ لینا [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آگ لگانا" جس کا یہ ... ہے۔

آگ لگنا جھونپڑا جو نکلے سو لابھ
آگ لگنی جھونپڑی جو نکلے سو لابھ } [ار۔ مثل] جاتی ہوئی چیز سے جو کچھ مل جائے غنیمت ہے۔

آگ لگے [ار۔ کلمۂ بددعا] جل جائے۔ تباہ ہو جائے۔ اجڑ جائے۔ ناپید ہو جائے

آگ لیے پر بلی کا موت ڈھونڈنا: [ار۔ محاورہ] بے وقت کوشش کرنا۔ بے موقع اور بے سود کام کرنا۔

آگ لگے پر کنواں کھودنا: [ار۔ محاورہ] وقت گزرنے کے بعد علاج کرنا۔ بے موقع کوشش کرنا

آگ لگے تو بجھے جل سے، جل میں لگے تو بجھے کیسے: [ار۔ مثل] ناسمجھ کی اصلاح تو ہو سکتی ہے لیکن جو جانتے بوجھتے غلطی کرنے کا عادی ہو اس کی اصلاح نہیں ہو سکتی۔

آگ لینے آنا: [ار۔ محاورہ] کھڑے کھڑے آنا۔ الٹے پاؤں پلٹ جانا۔ بہت تھوڑا ٹھہرنا

آگ لینے آئی گھر کی مالک بن گئی: [ار۔ مثل] ذرا سا بہانہ بنا کر قبضہ جما لینا۔

آگ لینے بھیجا پلٹ کے نہ آیا: [ار۔ مثل] بہت بڑا چکمہ دیا

آگ مٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آگ بجھنا" جو فصیح ہے۔

آگ میں آگ لگانا: [ار۔ محاورہ] جلے ہوئے کو جلانا۔ فساد کرا دو بھڑکانا۔ مظلوم کو اور ستانا۔

آگ میں پانی ڈالنا: [ار۔ محاورہ] فساد رفع کرنا۔ غصہ فرو کرنا۔ جھگڑا مٹانا۔

آگ میں پڑنا: [ار۔ محاورہ] دوسرے کی بلا اپنے سر لینا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

آگ میں جو چیز پڑی آگ ہے: [ار۔ محاورہ] جیسی صحبت میں رہے گا ویسا ہو گا۔

آگ میں جھونک دینا: [ار۔ محاورہ] آگ میں ڈالنا۔ مصیبت میں پھنسانا

آگ میں کود پڑنا: [ار۔ محاورہ] جینے مرنے کا خیال نہ کرنا۔ مصیبت میں پڑنا۔

آگ میں گرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آگ میں کود پڑنا"

آگ میں لوٹنا: [ار۔ محاورہ] بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔

آگ میں نکالنا۔ [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آگ جھاڑنا"

آگ نہ اگل لعل اگل: [ار۔ مثل] اچھی باتیں کر بری باتیں نہ کر۔

آگ ہونا: [ار۔ محاورہ] غضب ناک ہونا۔ لال پیلا ہونا۔ برافروختہ ہونا۔

آگا: [ار۔ اند] (۱) سامنا۔ اگلا حصہ (۲) سینہ (۳) پیشانی (۴) مستقبل

آگا باندھنا: [ار۔ محاورہ] سد راہ ہونا۔ سامنا روکنا

آگا بھاری ہونا۔ [ار۔ محاورہ] (۱) راستہ خطرناک ہونا (۲) عورت کا حاملہ ہونا۔

آگا پیچھا: [ار۔ اند] (۱) لباس کا اگلا پچھلا حصہ (۲) ... انجام و آغاز

آگا پیچھا سوچنا / دیکھنا: [ار۔ محاورہ] آغاز و انجام پر ... نظر ڈالنا۔

آگا پیچھا کرنا: [ار۔ محاورہ] پس و پیش کرنا۔ ہچکچانا

آگا تاگا لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) خاطر تواضع کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۲) راز معلوم کرنے کے لیے چھپ چھپ کر کن سوئیاں لینا۔

آگا دیکھا نہ پیچھا: [ار۔ محاورہ] برا بھلا کچھ نہ سوچا۔ آغاز و انجام نہ سوچا۔

آگا روکنا [ار۔ محاورہ] سد راہ ہونا۔ رکاوٹ ڈالنا۔ مقابل ہونا۔

آگا سنبھالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دور اندیشی سے کام لینا۔ حفظ ماتقدم کرنا۔ کسی کام کا پہلے ہی سے بندوبست کرنا (۲) دشمن کی فوج کا سامنا کرنا۔

آگا مارنا: [ار۔ محاورہ] دشمن کے ہراول کو شکست دینا۔ سامنے سے حملہ کرنا

آگاہ [ف۔ صف] خبردار۔ واقف۔ جاننے والا (افعال: کرنا۔ ہونا)

آگاہی / آگہی: [ف۔ اث] دیکھئے "آگاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

آگرہ: [ہ۔ اند] بھارت کا مشہور شہر جو دریائے جمنا کے کنارے پر ہے اور جس میں مقبرہ تاج محل ہے جو دنیا کے سات عجائبات میں شامل ہے۔

آگے: [ار۔ اند] دیکھئے "آگا" جس کی یہ مغیرہ صورت ہے۔ ماضی

آگے آگرہ پیچھے لاہور: [ار۔ مثل] غلط راستے پر ہونا۔

آگے آگے [ار۔ مرکب تاکیدی] آئندہ۔ مستقبل میں۔ چند روز میں

آگے آگے گرو، پیچھے پیچھے چیلا: [ار۔ مثل] جیسا استاد ویسا شاگرد۔

آگے آگے رنگ لانا: [ار۔ محاورہ] مزہ چکھانا۔ سزا دلانا۔

آگے آنا: [ار۔ محاورہ] پیش آنا۔ مقابلہ کرنا۔ کیے کا پھل پانا۔ عورت کا بے پردہ ہو کر کسی کے سامنے آنا

آگے آیت: [ار۔ روزمرہ] فقرہ ختم۔ بس فقط۔ بات ختم ہوئی۔

آگے بڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) سبقت لے جانا۔ ترقی کرنا (۲) دعویٰ کرنا۔ بدزبانی کرنا۔
آگے پانا: [ار۔ محاورہ] قیامت کو بدلہ پانا۔ عاقبت میں سزا پانا۔
آگے پیچھے: [ار۔ متعلق فعل۔] (۱) ادھر اُدھر ۔ ... (۲) ... (۳) بے ترتیب
آگے پیچھے پھرنا: [ار۔ محاورہ] خوشامد کرنا۔ ساپلوسی کرنا۔
آگے پیچھے چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ایک کے پیچھے دُوسرے کا چلنا۔ قطار میں چلنا۔ (۲) بے ترتیبی سے چلنا۔ آگے بڑھ کر یا پیچھے ہٹ کر چلنا۔
آگے پیچھے سب چل بسیں گے: [ار۔ مثل] ایک نہ ایک دن سب کو مرنا ہے۔
آگے پیچھے کوئی نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] لاوارث ہونا۔ بے کس و تنہا ہونا۔
آگے پیچھے ہاتھ دھرے ہونا: [ار۔ محاورہ] ننگا ہونا۔ نہایت مفلس ہونا۔
آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں۔ پیچھے دیکھتے آنکھیں پھوٹیں: [ار۔ مثل] (۱) ایک طرح کی قسم ہے۔ جسے روکنا منظور ہو اسے کہتے ہیں (۲) کسی کام سے مجبوری و معذوری کا اظہار (۳) کسی کام کے کرنے میں بھی خرابی ہو اور نہ کرنے میں بھی خرابی۔ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن۔
آگے جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) دُور نکل جانا (۲) بازی لے جانا (۳) بڑھنا (۴) مرجانا۔
آگے چلنے ہیں پیچھے کی خبر نہیں: [ار۔ مثل] انجام پر غور کیے بغیر کسی کام کا آغاز کرنے پر کہتے ہیں۔
آگے خدا کا نام: [ار۔ محاورہ] اب خاتمہ ہے، خُدا کے نام کے سوا کچھ نہیں۔ بس یہی ہے
آگے خیریت ہے: [ار۔ محاورہ] جو کچھ ہونا تھا ہو چکا اب کچھ اُمید نہ رکھو۔
آگے دوڑ پیچھے چوڑ: [ار۔ مثل] آگے بڑھتے جانا اور پچھلے کو بھولتے جانا کوئی کام مکمل نہ کرنا۔ ادھورا کام کرنا۔
آگے دَوڑ پیچھے چھوڑ: [ار۔ مثل] بے جا لالچ اور طمع کرنا۔ ایک کام ادھورا چھوڑ کر دوسرے میں لگ جانا۔
آگے دھر لینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آگے رکھ لینا" جو فصیح ہے۔
آگے دھرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آگے رکھنا" جو فصیح ہے۔
آگے دیکھ کے: [ار۔ متعلق فعل] ہوشیار ہو کے۔ سوچ سمجھ کر۔ دیکھ بھال کر۔
آگے دیکھو: [ار۔ محاورہ] دوسرا گھر دیکھو۔ کہیں اور جاؤ (فقیر کو ٹالنے کے لیے کہتے ہیں)۔
آگے دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) سامنے دینا (۲) زیادہ دینا (۳) حملہ کرنے والے کی راہ میں کوئی چیز رکھ دینا کہ اس کا دھیان بٹ جائے۔
آگے ڈال دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) سامنے رکھ دینا (۲) نذر کرنا
آگے رکھ لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) نشانہ بنا لینا (۲) ڈھال بنا لینا (۳) گرفتار کرنا
آگے رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سامنے رکھنا (۲) نذر کرنا (۳) آگے لے چلنا۔
آگے رنگ لانا: [ار۔ محاورہ] آئندہ نتیجہ ظاہر ہونا۔ آئندہ خرابی پیدا ہونا۔
آگے رہنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیش پیش رہنا (۲) سامنے رہنا۔
آگے سے: [ار۔ متعلق فعل] (۱) سامنے سے۔ رُو برو سے۔ (۲) شروع سے۔ اوّل سے۔
آگے سے ہوتی آئی ہے: [ار۔ مثل] ہمیشہ سے یہ سلسلہ جاری ہے۔ ابتدا سے اسی طرح ہو رہا ہے۔
آگے قدم رکھنا: [ار۔ محاورہ] آگے بڑھنا۔ پیش قدمی کرنا۔ ترقی کرنا
آگے قدم نہ اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] تھکاوٹ کے باعث اور نہ چل سکنا۔
آگے قدم نہ پڑنا: [ار۔ محاورہ] آگے بڑھنے کی ہمت نہ ہونا۔
آگے قسمت: [ار۔ روزمرّہ] جو قسمت میں ہوگا ہو رہے گا، ہم تو کوشش کر چکے۔ آئندہ جو نصیب میں ہوگا پیش آئے گا۔
آگے کا اُٹھا: [ار۔ مفعول] پس خوردہ۔ جھوٹا یا بچا ہُوا کھانا۔
آگے کا قدم پیچھے پڑنا: [ار۔ محاورہ] سٹ پٹا جانا۔ گھبراہٹ میں کچھ نہ سُوجھنا۔

ترقی معکوس کرنا۔ آگے بڑھنے کی بجائے پیچھے ہٹنا۔
آگے کر دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) پردہ توڑ دینا۔ سامنے لے آنا (۲) اپنے بچاؤ کے لیے دوسرے کو سامنے کر دینا۔ (۳) بڑھا دینا۔
آگے کرنا: [ار۔ محاورہ] سامنے کرنا۔ پیش کرنا۔ نذر کرنا۔
آگے کنواں پیچھے کھائی: [ار۔ مثل] کسی کام میں ہر طرح خرابی ہونا۔ ہر طرف مشکل ہی مشکل ہے۔
آگے کو: [ار۔ متعلق فعل۔ روزمرّہ] آگے چل کر آئندہ زمانہ میں۔
آگے کو کان ہونا: [ار۔ محاورہ] آئندہ کے لیے احتیاط ہونا۔
آگے کی خدا جانے: [ار۔ مثل] سوائے خُدا کے کسی کو معلوم نہیں کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے دیکھئے آئندہ کیا ہوتا ہے۔
آگے لانا: [ار۔ محاورہ] سامنے لانا۔ آگے بڑھانا۔ پردہ توڑنا۔
آگے مقدّر: [ار۔ روزمرّہ] دیکھئے "آگے قسمت"۔
آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا، سب سے بھلا کمہار کا گدھا: [ار۔ مثل] لاوارث۔ جس کا آگا پیچھا کوئی نہ ہو (اس مثل کا جزو اوّل بھی انہی معنوں میں مستعمل ہے)
آگے نکال رکھنا: [ار۔ محاورہ] پڑھے ہُوئے سبق کو دیکھ رکھنا۔ پہلے ہی مشق کر رکھنا۔
آگے نکل جانا: [ار۔ محاورہ] بڑھ جانا۔ جیت جانا۔ سبقت لے جانا۔
آگے نہ چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) رواج نہ پانا (۲) قائم نہ رہنا۔ مٹ جانا (۳) حل نہ ہونا۔ (۴) مقابلہ میں قدم نہ اٹھنا۔ کسی کے سامنے سرسبز نہ ہونا۔
آگے نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] سامنے نہ آنا۔ مقابلہ نہ کرنا۔
آگے ہاتھ پیچھے پات: [ار۔ مثل] اتنا مفلس ہونا کہ تن ڈھانکنے کو کپڑا تک نہ ہونا۔
آگے ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) قدم بڑھانا (۲) لڑنے کو آمادہ ہونا۔ مقابلہ کرنا (۳) بازی لے جانا۔ سبقت لے جانا۔ ترقی کرنا۔
آگے ہی: [ار۔ روزمرّہ] پہلے ہی۔
آگاہ / آگہ: [ف۔ صفت] جاننے والا۔ واقف۔ رازدان۔ عالم۔
آگاہی / آگہی: [ف۔ امث] دیکھئے "آگاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال۔ پانا۔ دینا)
آگت: (بفتحہ دوم) [ہ۔ امث] اگلی نسل۔ بیٹے پوتے۔ اولاد۔
آگرہ: [ار۔ امذ] ہندوستان کا ایک مشہور شہر جس میں تاج محل ہے۔
آگری: [ار۔ امث] چوڑیوں کی ایک قسم
آگل: [ار۔ متعلق فعل] آگے (دلی)
آگیا: [ار۔ فعل] مصدر آجانا سے ماضی مطلق۔
آگیا: [س۔ امث] حکم۔ فرمان۔ ارشاد۔ اجازت
آگیا پالنا: [ار۔ محاورہ] حکم ماننا۔ ارشاد کی تعمیل کرنا۔ اجازت پر چلنا۔
آگیں: [ف۔ لاحقہ] فارسی لاحقہ نسبت جو کسی فارسی اسم کے بعد آکر اسے صفت بنا دیتا ہے اور بھرا ہوا۔ بالب، والا کے معنی دیتا ہے جیسے "غلوص آگیں" میں

آ ــــ ل

آل: [ہ۔ امث] (۱) نئے پیاز کے ہرے پتے (۲) لبا گھیا۔ تری (۳) زمین کی نمی (۴) ایک درخت جس کی جڑ سے سُرخ رنگ نکلتا ہے۔
آل: [ت۔ امث] لال۔ سُرخ رنگ۔
آل: [ع۔ امث] بیٹا بیٹی۔ اولاد۔ خاندان۔ نسل

آل: [انگ (ALL) صف] کُل ۔ تمام ۔ سب ۔ اُردُو میں یہ لفظ مجرد استعمال نہیں ہوتا۔ البتہ مرکبات کی صورت میں مستعمل ہے ۔ جیسے آل انڈیا مسلم لیگ ۔

آل اَولاد: [ع ۔ امث] بال بچے ۔ نسل ۔ اخلاف ۔

آل تمغا: [ت ۔ اند] (۱) سُرخ مُہر (۲) شاہی فرمان ۔ معافی نامہ ۔ جاگیر کی شاہی سند (۳) انعام میں بخشی ہوئی جاگیر ۔

آلِ رَسُول / نبیؐ: [ع : ترکیب اضافی بہ اضافت فارسی) پیغمبر آخر الزّماں محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد ۔ حضوُرؐ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ الزہرہؓ کی اولاد ۔

آلِ عَبا: [ع ۔ مرکب اضافی ۔ بترکیب فارسی] حضرات علی ۔ فاطمہ ۔ حسن ۔ حسین رضی اللہ عنہم ۔ مشہور ہے کہ حضُور اکرمؐ نے ان تمام حضرات کو اپنی عَبا میں چھپا کر ان کے لیے دُعا کی تھی ۔

آل کا انڈا: [ار ۔ اند] لڑکوں کا ایک کھیل جس میں کسی غریب اور سادہ لڑکے کے سر پر چپتیں لگاتے ہیں ۔

آل کا رنگ: [ار ۔ اند] سُرخ رنگ ۔ وُہ رنگ جو آل کی لکڑی سے نکلتا ہے ۔

آلا: [ہ ۔ صف] ہرا ۔ کچا ۔ وہ زخم جو ابھی بھرا نہ ہو ۔ تر ۔ گیلا ۔ نم

آلا: [ہ ۔ اند] (۱) دیوار میں چراغ وغیرہ رکھنے کا طاقچہ (۲) گنجفہ میں دونوں طرف سر کرنا (۳) ٹھگ (۴) ختم نہ ہونے والی بات ۔ لمبی کہانی

آلا بالا: [ار ۔ اند (آر سے بلے کا بگاڑ)] ٹال مٹول ۔ حیلہ ۔ بہانہ

آلا بالا بتانا / دینا: [ار ۔ محاورہ] ٹالنا ۔ دم دلاسا دینا ۔ حیلے بہانے کرنا ۔

آلا پٹ جانا: [ار ۔ محاورہ] گنجفہ میں دونوں طرف سر کرنے ۔ فارغ ہو جانا

آلا دے نوالہ: [ار ۔ مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کمینہ بلند مرتبہ پر پہنچ جائے مگر اس کی کمینگی برقرار رہے ۔ اس سے ایک قصّہ بھی وابستہ ہے کہتے ہیں کہ کسی بادشاہ نے ایک بھکارن سے شادی کر لی ۔ انواع واقسام کی نعمتیں میسّر ہونے کے باوجود وہ کھانا بہت کم کھاتی اور دُبلی ہونے لگی بادشاہ نے بہت علاج کرایا مگر کوئی فائدہ نہ ہُوا آخر کار ایک حکیم نے جو اس کی اصلیت سے واقف تھا ، یہ تجویز پیش کی ایک مکان جس میں جا بجا طاقچے ہوں ، اس میں اس عورت کو چھوڑ دیا جائے اور ہر طاقچہ میں تھوڑا تھوڑا کھانا رکھ دیا جائے ۔ چناں چہ ایسا ہی کیا گیا وہ بھکارن ہر طاقچہ کے پاس جاتی اور صدا لگاتی " آلا دے نوالہ " اور اٹھا کر کھانا کھا لیتی اس طرح اس کو اپنی عادت کے موافق کھانا ملنے لگا تو چند ہی روز میں اچھی ہو گئی ۔ اس طرح یہ مثل مشہور ہوئی ۔

آلا رہنا: [ار ۔ محاورہ] زخم تازہ رہنا ۔ مندمل ہونے میں نہ آنا ۔

آلا کرنا: [ار محاورہ] گنجفہ میں دونوں طرف سر کرنا

آلا کھل جانا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے " آلا پٹ جانا "

آلا کھیلنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے " آلا کرنا "

آلاپ: [ہ ۔ اند (آ بمعنی بول اور لاپ بمعنی چال سے مرکب)] (۱) بول چال گفتگو (۲) میل جول ۔ میل ملاپ (۳) حساب میں سو آلا کی گنتی (۴) گیت کا اتار چڑھاؤ ۔ راگ کا آغاز جس میں بے معنی الفاظ بول کر آواز کا اتار چڑھاؤ ظاہر کیا جاتا ہے ۔ گیت کی اُٹھان ۔

آلاپ چاری: [ہ ۔ امث] گانے سے پہلے دُھن ٹھیک کرنا

آلات: [ع ۔ اند] آلہ کی جمع ۔ ہتھیار اوزار ۔ ساز و سامان ۔ لوازم

آلاتِ حَرب: [ع مرکب اضافی بہ اضافت فارسی) جنگی ہتھیار ۔ اسلحۂ جنگ

آلاتِ کشاورزی: [عف ۔ اند] کھیتی باڑی کے اوزار

آلا راسی: [ہ ۔ صف] کاہل ۔ سُست ۔ لاابالی ۔ بے فکرا

آلا راسی خصم خُدا: [ار ۔ مثل ۔ عو] کاہل آدمی کا اللہ ہی مالک ہے ۔ کاہل آدمی خود تو کچھ نہیں کرتا ، خدا ہی اس کا کام کر دے تو کر دے ۔

آلام: [ع ۔ اند] دیکھیے " الم " جس کی یہ جمع ہے ۔

آلان: [ہ ۔ اند] ہاتھی کا پاؤں باندھنے کی زنجیر ۔ ہاتھی کی پیٹھ کا گدا ۔

آلایِش: [ف ۔ امث] (۱) میل کچیل ۔ غلاظت ۔ گندگی ۔ پھوڑے وغیرہ کا مواد ۔

آلَت: [ع بعف ۔ اند] (۱) ہتھیار ۔ اوزار (۲) برتن (۳) جہاز کی رسّی (۴) آلۂ تناسُل کا مخفف ۔ عضوِ تناسل ۔ ذکر ۔

آلتی پالتی: [ہ ۔ امث] چار زانو ۔ بیٹھنے کا ایک انداز ۔

آلتی پالتی مارنا: [ار مص وضعی] چار زانو بیٹھنا ۔ مربع بیٹھنا ۔ چوکڑی مار کر بیٹھ

آل جنجال: [ہ ۔ اند] ڈراؤنا خواب ۔

آلسی: [ہ ۔ صف] سُست ۔ کاہل ۔

آلسی سدا روگی: [ار ۔ مقولہ] کاہل آدمی ہمیشہ بیمار رہتا ہے ۔

آلکس: [ار ۔ امث] سُستی ۔ کاہلی ۔ غفلت

آلکسی / آلکسیا: [ہ ۔ [illegible]] سُست ۔ کاہل

آلن: [ہ ۔ اند] بیسن یا آٹا جو ساگ میں ڈالتے ہیں ۔ پھٹکی

آلنا: [ہ ۔ اند] آشیانہ ۔ گھونسلا ۔ گھر ا (یہ لفظ عموماً پنجابی میں آتا ہے ۔ آلھنا)

آلنگ: [ہ امث] گھوڑی کی مستی (کبھی کبھار عورت کی مستی کو بھی کہہ دیتے ہیں ۔)

آلو: [ہ ۔ اند] ایک مشہور ترکاری ۔ یہ جڑ ہے ۔ تاثیر اس کی بادی ہے

آلو بخارا: [ف ۔ اند] ایک مشہور پھل جو مزہ میں کھٹ مٹھا ہوتا ہے اس کا رنگ زرد یا کشمشی ہوتا ہے ۔ تاثیر اس کی سرد ہے ۔ بخارا سے منسوب ہے ۔

آلوچہ: [ف ۔ اند] آلو بخارا کی شکل کا ایک مشہور پھل جو مزہ میں ترش ہوتا ہے

آلودگی: [ف ۔ امث] آلودہ سے اسم کیفیت ۔ گندگی ۔ آلایش دنیاوی تعلقات ۔

آلودَہ: [ف ۔ صف مفعولی] بھرا ہوا ۔ لتھڑا ہُوا ۔ تعلقات دنیا میں گرفتار

آلودَہ دامَن: [ف ۔ صف] گنہ گار ۔ جرم میں ملوث ۔ ناپاک ۔

آلودَہ دامنی: [ف ۔ امث] دیکھیے " آلودہ دامن " جس کا یہ اسم کیفیت ہے

آلوُن کرنا: [[illegible]] بھرنا ۔ لتھیڑنا ۔ برائی میں شامل کرنا ۔

آلو شفتالو: [ار ۔ اند] لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکا دُوسرے لڑکے کی پیٹھ پر سوار ہو کر اپنے ہاتھوں سے اس کی آنکھیں بند کر لیتا ہے اور ایک لڑکا اس سوار کے پیچھے کھڑا ہو کر کھڑے ہوئے لڑکے سے اپنی انگلیاں اٹھا کر ان کی تعداد دریافت کرتا ہے ۔ اگر وہ اتفاق سے صحیح تعداد بتا دے تو سوار گھوڑا بن جاتا ہے اور گھوڑا سوار ورنہ اسی طرح کھیل جاری رہتا ہے ۔

آلہ: [ع ۔ اند] ج آلات ۔ ہتھیار ۔ اوزار ۔ کسی چیز کے حاصل کرنے کا ذریعہ ۔

آلۂ تناسُل (بضم سین): [ع مرکب اضافی بہ اضافت فارسی ۔ مذ] عضوِ تناسل ذکر ۔ قضیب ۔ مرد کا عضو مخصوص ۔ نر کا پیشاب کرنے کا مقام ۔

آلۂ کار: [عف ۔ اند] کام کرنے کا ذریعہ وسیلہ ۔ وہ شخص جس کو حصول مقصد کا ذریعہ بنایا جائے

آلہا: (ہائے مخلوط سے) [ہ ۔ اند] ایک راجا جو بہت بہادر اور جنگجو تھا ۔ مجازاً لمبی کہانی ۔ وہ نظم جس میں راجا آلہا کے حالات جنگ بیان ہوئے ہوں ۔

آلہا / آلا گانا: [ار ۔ محاورہ] راجا آلہا کے کارناموں پر مبنی نظم گانا ۔ لمبی چوڑی اور بے سروپا باتیں بنانا ۔

آلی: [ہ ۔ امث] آلا کی تانیث (۱) تر ۔ گیلی (۲) سہیلی ۔ گوئیاں (۳) خام ۔ کچی (۴) باکرہ ۔ کنواری

آلے بالے: [ہ ۔ اند] دیکھیے " آلابالا " جس کی یہ جمع ہے افعال (بنانا ۔ دینا

آ ــــ م

۔۔ اند] ہندوستان و پاکستان کا مشہور پھل جو برسات کے موسم میں ہوتا ہے۔
یہ پھل کھٹا اور میٹھا ہوتا ہے کاٹ کر اور چوس کر کھاتے ہیں۔ اس کے نام اور
نسامیں بے شمار ہیں۔ کچے آم کو کیری کہتے ہیں۔ انبہ
آم کھاؤ، املی بوؤ املی کھاؤ: [ار۔مثل] جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔
ڈالنا / رکھنا: [ار۔مص۔وضعی] کچے آموں کو پکانے کے لیے خاص طریقہ
سے گھاس پھوس میں رکھنا۔
ا: [ار۔مص مرکب] آم کا پک کر درخت سے گرنا۔
سنا: [ار۔مص مرکب] آم کو ہاتھوں سے نرم کر کے منہ سے اس ۔
ل جانا: [ار۔مص۔مرکب] آم زیادہ نرم ہو جانا۔
کا لگنا: [ار۔محاورہ] آموں کا پک کر درختوں سے گرنا۔
نے سے کام / مطلب یا پیڑ گننے سے۔ [ار۔مثل] کام سے کام
ہونا چاہیئے فضول باتوں اور دلیلوں سے کوئی فائدہ نہیں۔
ئے پال کا، خربوزہ کھائے ڈال کا، پانی پیئے تال کا: [ار۔مثل]
پکا ہوا، خربوزہ بیل سے توڑا ہوا اور پانی تالاب کا استعمال کرنا چاہیئے۔
م گٹھلیوں کے دام: [ار۔مثل] دوہرا فائدہ۔ ہر طرح سے فائدہ۔
س: [ار۔اند] بُرا بھلا
مور آنا: [ار۔مص وضعی] آم کے درخت میں بھور آ۔
ار۔اند] لمبا اور پتلا آم
ف۔اند] نشانہ، ہدف۔ نشانے کا نقطہ
ہ: [ف۔امث] وہ جگہ جس کو نشانہ بنایا جائے۔ میدان جنگ۔
[ف۔امث] دیکھئے "آمادہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
[ف۔صف] تیار۔ مستعد۔ رضامند۔ راضی (افعال: کرنا۔ ہونا)
[ف۔اند] ورم۔ سوجن۔ سوج
ع۔امث] امل کی جمع۔ امیدیں۔ آرزوئیں
: [ف۔امث] (۱) آنا۔ تشریف آوری (۲) کلام میں روانی اور
ساختگی۔ بلا کوشش مضمون ذہن میں آنا۔ آورد کی ضد۔ یافت۔ آمدنی
: [ف۔امث] (۱) کسی بڑے آدمی کے آنے کی خبر یا دھوم دھام (۲) ابتدا، آغاز
ہ کے دن: [ار۔محاورہ] موسم تبدیل ہونے کا زمانہ۔ رُت پلٹنے کے دن
ر مطلب: [ف۔مثل] اب میں اصل بات کہتا ہوں
ارادت رفتن بہ اجازت [ف۔مثل] آنا اپنے ارادے سے
ہوتا ہے اور جانا میزبان کی اجازت سے ہوتا ہے۔
[ار۔امث] فائدہ۔ یافت۔ داخل۔ محاصل کاروبار یا کسی اور ذریعہ سے حاصل
ہونے والا۔ روپیہ پیسہ
لے سر سہرا ہے [مثل] عیش و آرام آمدنی پر موقوف ہے۔
رچ: [ف و ا مرکب لفظی۔ صحیح آمد و خرج بہ جیم تازی ہے] داخل و
خارج۔ آمدنی اور خرچ۔ یافت و صرف
فت: [ف۔مرکب عطفی مث] آر جار۔ آنا جانا
فت بند ہونا: [ار۔محاورہ] آنا جانا چھوٹنا۔ راہ و رسم ختم ہونا۔

آمد و رفت جاری ہونا: [ار۔محاورہ] آنا جانا شروع ہونا۔ راہ رسم دوبارہ قائم ہونا۔
آمد و رفت رہنا: [ار۔محاورہ] آنے جانے رہنا۔ میل ملاپ قائم رہنا۔
آمد و رفت لگانا: [ار۔محاورہ] بار بار آنا جانا۔
آمد و رفت لگی رہنا: [ار۔محاورہ] آنے جانے کا تا بندھا۔ مہمانوں کا بکثرت آنا جانا۔
آمد و شد: [ف۔مرکب عطفی۔مث] دیکھئے "آمد و رفت"
آمِر: (بکسر ثانی) [ع۔افاعل مذ] حکم دینے والا۔ مختار کل۔ مطلق العنان۔
(انگریزی لفظ DICTATOR کا ترجمہ)
آمُرزش (بضم دوم و بکسر چہارم) [ف۔امث] بخشش۔ معافی۔ مغفرت۔
آمرزگار: [ف۔افاعل] بخشنے والا۔ معاف کرنے والا۔
آمریت: [ع۔امث] حاکمیت۔ کل اقتدار و اختیار (DICTATOR SHIP)
آملہ: [ف۔مذ] ایک کسیلا پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے۔ اس کا مربہ اور اچار بھی
ڈالتے ہیں۔ تاثیر سرد ہوتی ہے۔
آملے کا کھایا، بزرگ کا فرمایا پیچھے معلوم ہوتا ہے: [دیکھئے آنولے کا
کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ دیتا ہے]
آملیٹ: [انگ (OMELETTE)] انڈوں کا چیلا، پیاز ملے ہوئے نمکین انڈے۔
آمَن: [ع۔صف] بڑا بے خوف۔ بہت نڈر۔ حفاظت میں پایا گیا۔ محفوظ
آمِن۔ (بکسر دوم) [ع۔افاعل] بے خوف۔ نڈر۔ امن سے رہنے والا۔
آمنا سامنا [ار۔اند] (۱) مقابلہ۔ مڈبھیڑ (۲) بے پردگی (۳) لڑائی (افعال: ہونا)
آمنّا و صدّقنا۔ [ع۔کلمہ ایجاب] ہم ایمان لائے اور ہم نے تصدیق کیا۔ بجا ہے
درست ہے۔
آمِنہ: [ع۔امث] پیغمبر اسلام محمد علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی۔
آمنے سامنے: [ار۔اند] ایک دوسرے کے مقابل۔ ایک دوسرے کے آگے
آمنے سامنے ہونا: [ار۔محاورہ] روبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔
آموختہ۔ [ف۔امفعول] پڑھا ہوا۔ پچھلا سبق
آموختہ پڑھنا / سنانا: [ار۔محاورہ] پچھلا سبق پڑھنا یا سنانا۔ پڑھے ہوئے کو دہرانا۔
آموختنی: [ف۔صف] پڑھنے سیکھنے کے لائق۔ سکھانے کے قابل۔
آموز (بہ واو مجہول) [ف۔لاحقہ] فارسی مصدر آموختن سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آکر اسے
اسم فاعل بنا دیتا ہے اور سیکھنے والا یا سکھانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً سبق آموز وغیرہ۔
آموزش: [ف۔امث] آموختن کا حاصل مصدر۔ پڑھائی۔ سکھائی۔
آموزش گاہ: [ف۔امث] مدرسہ۔ مکتب۔ درس گاہ
آموزگار: [ف۔افاعل] سکھانے والا۔ پڑھانے والا۔ استاد۔ معلم۔ مدرس
آمیختہ: [ف۔امفعول] ملا ہوا۔ مرکب
آمیز: [ف۔لاحقہ] آمیختن اور آمیزیدن مصدر سے صیغہ امر جو اسم کے بعد آکر
اس کو اسم فاعل بنا دیتا ہے اور ملنے والا یا ملانے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً کم آمیز وغیرہ۔
آمیزش: [ف۔امث] آمیختن اور آمیزیدن کا حاصل مصدر۔ ملاوٹ۔ میل۔
آمیزہ: [ف۔امفعول۔ غلط العام] مرکب۔ محلول۔ مکسچر
آمین: (یائے معروف سے) [ع۔کلمہ تائید] کوئی دعا کرے تو اس کی
تائید میں کہتے ہیں (۱) ایسا ہی ہو (۲) ایک رسم جو بچوں کے ختم قرآن کے موقع
کی جاتی ہے۔ اس میں اس بچے کا استاد اور رسم جماعت اس کے گھر اکٹھے ہوتے
ایک دعائیہ نظم پڑھی جاتی ہے اور باقی پیچھے آمین کہتے ہیں۔

آمین آمین ہونا: [ار۔ محاورہ] امن امان ہونا۔ سکھ چین ہونا۔
آمین اللہ: [ع۔ کلمہ تائید۔ عو] دیکھیے "آمین ۱"
آمین پڑھنا: [ار۔ محاورہ] آمین کی رسم ادا کرنا۔
آمین کہنا: [ار۔ محاورہ] تائید کرنا۔ ہاں میں ہاں ملانا
آمین کہنے والا: [ار۔ امذ] : ہاں میں ہاں ملانے والے۔ خوشامدی

آ—ن

آن: [ہ۔ امث] (۱) قسم۔ عہد (۲) بڑوں کی رسم۔ رواج (۳) ضد۔ ہٹ (۴) عادت خصلت (۵) آرزو۔ خواہش (۶) عزت۔ شرم۔ لاج
آن توڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) قول توڑنا۔ قسم توڑنا (۲) رسم کے خلاف کرنا۔
آن جانا: [ار۔ محاورہ] بات جانا۔ عزت ختم ہونا۔
آن رہ جانا: [ار۔ محاورہ] بات رہ جانا۔ عزت بچ جانا۔ وقار محفوظ رہنا
آن کھان ہونا: [ار۔ محاورہ] تباہ و برباد ہونا۔
آن: [ف۔ امث] (۱) شان (۲) ناز۔ ادا۔ انداز۔ چھب (۳) وضع۔ ڈھنگ۔ غرور
آن بان: [ار۔ امث] شان و شوکت۔ ٹھاٹ۔ بانکپن۔
آن بان سے رہنا: [ار۔ محاورہ] شان سے رہنا۔ ٹھاٹھ سے رہنا۔ وضع بنائے رکھنا۔
آن تان میں پورا ہونا: [ار۔ محاورہ] شان و شوکت میں کامل ہونا۔ وضع کا پابند ہونا۔
آن نکلنا: [ار۔ محاورہ] معشوقانہ انداز پیدا ہونا۔ نشان ظاہر ہونا۔
آن: [ع۔ امث] وقت۔ لمہ۔ لحظہ۔ ساعت۔ بہت تھوڑی مدت۔
آن کا مہمان: [ع ار۔ امذ] کوئی دم کا مہمان۔ بہت جلد چلا جانے والا۔
آن کی آن میں: [ار۔ متعلق فعل] فوراً۔ ذرا سی دیر میں۔
آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے: [ار۔ مثل] گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔ متلون مزاج شخص کے متعلق کہتے ہیں جس کا مزاج بدلتا رہے۔
آن واحد میں: [ار۔ متعلق فعل] ایک لمحہ میں۔ ایک لحظہ میں۔ فوراً
آن: [ار۔ "آ" کی قدیم صورت]۔ "آن" بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔
آن بنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آبنا" جو فصیح ہے۔
آن پڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آپڑنا" جو فصیح ہے۔
آن پہنچنا: [ار۔ محاورہ] آ پہنچنا۔ داخل ہونا۔ کنارے لگنا۔
آن بیٹا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آبیٹا" جو فصیح ہے
آن ملنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آملنا" جو فصیح ہے۔
آن نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آنکلنا" جو فصیح ہے۔
آں: (نون غنہ کے ساتھ) [ف۔ ا۔ اشارہ] اشارہ بعید۔ کلمہ تعظیم۔ وہ
آں جناب: [ف۔ کلمہ تعظیم] جناب والا۔ عالی جناب۔
آں حضرت / حضور / سرور: [کلمہ تعظیم] مراد پیغمبر اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم
آں دفتر را گاؤ خورد: [ف۔ مثل] اس دفتر کو بیل کھا گیا۔ اس کا نام و نشان باقی نہیں۔ جو چیز نابود ہو چکی ہو اس کا ذکر کرتے وقت کہتے ہیں۔
آں۔ آں حساب پاک است از محاسبہ چہ باک: [ف۔ مثل] جس کا حساب پاک ہو اس کو جانچ پڑتال کا کوئی خوف نہیں۔ صاف آدمی کو کسی کا ڈر نہیں ہوتا۔

آں قدح بشکست و آں ساقی نہ ماند: [ف۔ مثل] وہ پیالہ ٹوٹ گیا اور پلانے والا نہ رہا۔ وہ زمانہ گزر گیا۔ وہ بات ہی ختم ہو گئی۔
آنا: [ار۔ مص] جانا کی ضد۔ پہنچنا۔ چلنا۔ سامنے آنا۔ تشریف لانا۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔ آگے بڑھنا۔ نکلنا۔ نمودار ہونا۔ لوٹنا۔ واپس آنا۔ داخل ہونا۔ گھسنا۔ اترنا۔ ٹھہرنا۔ لہر آنا۔ مائل ہونا۔ گرنا۔ پھنسنا۔ جاننا۔ امڈنا۔ چڑھنا۔
آنا جانا: [ار۔ امذ] آمد و رفت۔ میل جول۔ ربط ضبط
آناً فاناً (آنٍ فانٍ) [ع۔ متعلق فعل] فوراً۔ یک لخت۔ اسی دم
آنا کانی: [ار۔ امث] ٹال مٹول۔ چشم پوشی۔ ٹرکھائی
آنا کانی دینا: [ار۔ محاورہ] جان بوجھ کر ٹال جانا۔ ٹال مٹول کرنا۔
انب: [ہ۔ امذ] آم
انبا ہلدی: [ہ۔ امث] ایک قسم کی سرخ ہلدی۔ جو عموماً دواؤں میں کام آتی ہے۔
آنت: [ہ۔ امث] پیٹ کے اندر غذا کی نالیاں۔ انتڑی۔ روده مجازاً لمبی چیز۔
آنت اترنا / بڑھ آنا: [ار۔ مص مرکب] ایک بیماری جس میں آنت خصیوں میں اتر آتی ہے۔ جس سے فوطوں میں درد اور ورم ہو جاتا ہے۔ آنت فوطوں میں آنا۔ فتق کا مرض ہونا۔
آنت بھاری تو مات بھاری: [ار۔ مثل] پیٹ میں خرابی ہو درد سر ہوتا ہے۔ تمام بیماریوں کی جڑ پیٹ کی خرابی ہے
آنت بھاری ہونا: [ار۔ محاورہ] پیٹ میں خرابی ہونا۔ سوء ہضم ہونا۔
آنت کی آنت: [ار۔ محاورہ] بہت لمبی چیز۔ طول طویل بات۔
آنتوں کے بل کھلنا / کھولنا: [ار۔ محاورہ] (۱) فاقوں کے بعد پیٹ بھر کر کھانا (۲) بہت بھوک لگنا۔
آنتوں کا قل ھو اللہ پڑھنا: [ار۔ محاورہ] سخت بھوکا ہونا۔ بھوک کے مارے مرنے کے قریب ہونا۔
آنتوں میں بل پڑنا: [ار۔ محاورہ] پیٹ میں بل پڑنا۔ پیٹ میں درد ہونا۔
آنتیں الٹ جانا: [ار۔ محاورہ] قے ہونا۔ ابکائیوں کی وجہ سے جی خراب ہونا۔ دل متلانا۔
آنتیں ڈھیر ہونا: [ار۔ محاورہ] چھری وغیرہ لگنے سے آنتوں کا پیٹ سے باہر نکلنا۔ پیٹ پھٹنا۔ مر جانا۔
آنتیں سمٹنا: [ار۔ محاورہ] فاقہ کشی کرنا۔ بھوکا رہنا۔
آنتیں سوکھنا [ار۔ محاورہ] فاقوں کی وجہ سے آنتوں میں خشکی آنا۔ بہت بھوکا ہونا۔
آنتیں کوستی ہیں: [ار۔ مثل] بھوک کے مارے آنتیں فریاد کرتی ہیں۔
آنتیں گلے پڑنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت میں پھنسنا۔ بلا نازل ہونا۔ عذاب میں جان پڑنا۔
آنتیں گلے میں آنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آنتیں گلے پڑنا"
آنتیں منہ کو آنا: [ار۔ محاورہ] کلیجہ منہ کو آنا۔ تنگ ہونا۔ ناک میں دم آنا۔ جی اکتانا۔
آنتیں موسنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آنتیں سمٹنا"
آنٹ: [ہ۔ امث] (۱) وہ لکیر جو سنار سونے یا چاندی کا کھرا پن یا کھوٹ معلوم کرنے کے لیے رتی سے ڈالتے ہیں (۲) گرہ۔ گانٹھ (۳) بل۔ پیچ (۴) عداوت۔ دشمنی۔ کینہ۔ مخالفت۔ رکاوٹ۔
آنٹ پڑنا: [ار۔ محاورہ] گرہ پڑنا۔ نفاق ہونا۔ مخالفت ہونا۔ دشمنی ہونا۔
آنٹ سانٹ: [ار۔ امث] (آنٹ معنی گرہ اور سانٹ معنی جوڑ) (۱) جوڑ توڑ۔ ملی بھگت میل جول۔ دوستی۔ (۲) حیلہ بہانہ (۳) سازش۔
آنٹ لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) سنار کا زیور کو پرکھنا۔ رگڑ لگانا (۲) گرہ دینا (۳) دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
آنٹ نکالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) رکاوٹ دور ہونا (۲) دل صاف ہونا۔ کدورت باقی رہنا۔
آنٹن: [ہ۔ امذ] ہاتھ یا پاؤں میں سخت کام کرنے یا مسلسل رگڑ یا دباؤ کی وجہ سے جو سختی پیدا ہو جاتی ہے۔ گٹا

آنٹی / آنٹھی : [ہ۔ امث] ا۔ دھاگے کا لچھا۔ گانٹھ۔ پھندا۔ لکڑی یا گھاس کا گٹھا (۲) کشتی کا ایک داؤ جس میں ٹانگ اڑا کر حریف کو گراتے ہیں اڑنگا (۳) دھوتی کی اڑسن۔

آنٹی دینا / مارنا : [ار۔ محاورہ] اڑنگا لگانا۔ ٹانگ میں ٹانگ مار کر گرانا۔

آنٹی : [انگ aunty یا auntie] تصغیر] خالہ۔ چچی۔ پھوپھی

آنبٹے جھونٹے : [ار۔ اذ] جھولے میں آمنے سامنے بیٹھ کر ایک دوسرے کی گود میں پاؤں رکھنا

آنچ : [نون غنہ] [ہ۔ امث] (۱) گرمی حرارت تپش لو کا۔ شعلہ (۲) جوش۔ تاؤ (۳) تمنا۔ محبت (۴) صدمہ۔ نقصان

آنچ آنا : [ار۔ محاورہ] چوٹ لگنا صدمہ پہنچنا۔

آنچ دکھانا : [ار۔ محاورہ] گرم کرنا۔ جلانا۔ آگ دکھانا

آنچ دینا : [ار۔ محاورہ] تاؤ دینا۔ گرمی پہنچانا۔

آنچ کا کھیل : [ار۔ اذ] (۱) کیمیا گروں اور حلوائیوں کا کام (۲) مشکل کام۔ دقت طلب کام (۳) جان جوکھوں کا کام

آنچ کڑی ہونا : [ار۔ محاورہ] آگ تیز ہونا۔ شعلے تیز ہونا۔

آنچ کھانا : [ار۔ محاورہ] تاؤ کھانا۔ پکنا۔ پگھلنا

آنچ نہ آنے دینا : [ار۔ محاورہ] حفاظت کرنا۔ تکلیف نہ پہنچنے دینا۔ صدمہ سے بچانا۔

آنچ / آنچیں نکلنا : [ار۔ محاورہ] شعلے اٹھنا۔ بہت گرمی ہونا

آنچل : (آن چل) [ار۔ اذ] (۱) دوپٹے کا پلو۔ شال یا چادر کا کنارہ۔ اوڑھنی وغیرہ کا دامن (۲) چھاتی۔ سینہ

آنچل اٹھانا : [ار۔ محاورہ] غیر مرد کے سامنے عورت کا چہرہ ننگا کرنا۔

آنچل پڑنا : [ار۔ محاورہ] دوپٹا کسی چیز سے چھو جانا۔ عورتوں کے خیال میں کسی کو کھ جلی کا کسی بچے پر اپنا آنچل ڈالنا جس سے آسیب ہو جاتا ہے۔

آنچل پکڑنا : [ار۔ محاورہ عو] انعام طلب کرنے کے لیے پلہ پکڑنا۔ انعام مانگنا۔

آنچل پکنا : [ار۔ محاورہ] عورت کی چھاتی میں زخم ہو جانا۔

آنچل پلو : [ار۔ اذ] ایک قسم کا بنارسی دوپٹا جس کے کناروں پر زری کے تاروں کے بیل بوٹے بنے ہوتے ہیں منقیش کی جھالر جو دلہا دلہن کے جوڑوں یا اوڑھنی وغیرہ کے کناروں پر ٹانکتے ہیں

آنچل پھاڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) جادو ٹونا کرنا (۲) گھونگھٹ کے زمانہ میں دلہن کا بے باکی سے باتیں کرنا۔ (۳) پردہ نشین عورت کا غیر محرم سے باتیں کرنا۔

آنچل دبانا : [ار۔ محاورہ] بچے کا پستان منہ میں لے کر دودھ پینا

آنچل ڈالنا یا سر پر ڈالنا : [ار۔ محاورہ] دلہن کے گھر دولہا کے سر پر بہنوں کا آنچل ڈال کر دروازہ سے صدر مقام تک لے جانا اور نیگ لینا

آنچل سنبھالنا : [ار۔ محاورہ] آنچل درست کرنا۔ آنچل سے منہ چھپانا۔

آنچل کترنا : [ار۔ محاورہ] جادو ٹونے کے لیے آنچل پھاڑنا۔ جادو ٹونا کرنا۔

آنچل لینا : [ار۔ محاورہ] مہمان آنے والی عورت کے دوپٹے کا کنارا احتراماً چھونا۔ قدم لینا۔ پاؤں پڑنا۔ تعظیم کرنا۔

آنچل منہ پر رکھنا / لینا : [ار۔ محاورہ] گھونگھٹ نکالنا۔ منہ چھپانا۔

آنچل میں (بات) باندھنا : [ار۔ محاورہ] کوئی بات یاد رکھنے کے لیے دوپٹے کے کنارہ میں گرہ لگانا۔ یاد رکھنا۔

آنچل میں گرہ دینا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آنچل میں باندھنا"

آنچل میں سات باتیں باندھنا : [ار۔ محاورہ] ٹونا ٹوٹکا کرنا۔ جادو کرنا۔

آندو : [ہ۔ اذ] ایک قسم کی زنجیر جسے فتح کے نشان کے طور پر کشتی جیتنے کے بعد نامی پہلوان پہنتے ہیں۔

آندولن : [ہ۔ اذ] تحریک۔ مہم چلانا

آندھ : [ہ۔ امث] سیاہی۔ کالک۔ کلونس۔ اندھیرا

آندھ آنا : [ار۔ محاورہ۔ عو] رتوندھا ہونا۔ اندھیرا چھانا۔ مصیبت آنا۔

آندھل / آندھی جھپٹ : [ار۔ متعلق فعل] اندھا دھند۔ جلد جلد۔ بیہودہ

آندھی : [ہ۔ امث] (۱) تیز ہوا۔ گرد و غبار والی ہوا۔ صرصر (۲) نہایت تیز۔ چست چالاک۔

آندھی اٹھنا / آنا / چلنا / چڑھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ہوا کا طوفان اٹھنا۔ گرد و غبار اٹھنا۔ (۲) آفت آنا۔ بلا نازل ہونا۔

آندھی آئے بیٹھ جائے۔ مینہ آئے بھاگ جائے : [ار۔ مثل] تھوڑی تکلیف کو برداشت کر لینا چاہیے اور زیادہ مصیبت کے وقت بچنا اور پناہ لینا چاہیے۔

آندھی آئے یا مینہ بڑھیا پیٹھ سے نہ رہے : [ار۔ مثل] جو شخص اپنی عادت سے کسی حالت میں بھی باز نہ آئے اس کے متعلق کہا جاتا ہے۔

آندھی پانی : [ار۔ اذ] آندھی اور بارش کا طوفان۔ باد و باراں۔ ابر و باد۔

آندھی تھمنا / ٹھہرنا / رکنا : [ار۔ مص۔ مرکب] آندھی بند ہونا۔ ہوا کم ہونا۔

آندھی جائے یا مینہ جائے : [ار۔ مثل] خواہ کچھ ہی ہو۔ بہر حال۔ بہر صورت۔

آندھی چھانا : [ار۔ محاورہ] آندھی کا گرد و غبار چھا جانا۔ فضا مکدر ہو جانا۔

آندھی حضرت بی بی کے دامن میں باندھی : [ار۔ مثل] آندھی آنے کے وقت جاہل عورتیں یہ کہہ کر چلاتی ہیں۔ ان کے عقیدے کے مطابق اس طرح کہنے سے آندھی چلی جاتی ہے۔

آندھی روگ : [ار۔ اذ] زیادہ چلنے کی وجہ سے تکان۔ مصیبت۔ آفت

آندھی کاٹنا : [ار۔ محاورہ] آندھی کو دفع کرنے کے لیے انگلی پر افسوں پڑھ کے اشارہ کرنا جس سے بعض لوگوں کے خیال کے مطابق آندھی رک جاتی ہے۔

آندھی کا کوا : [ار۔ صف] مصیبت کا مارا۔ سخت پریشان۔ سراسیمہ۔

آندھی کی طرح آنا اور بگولے کی طرح چلا جانا : [ار۔ محاورہ] فوراً آنا اور فوراً چلے جانا۔ تیزی سے آنا اور تیزی سے چلے جانا۔

آندھی کی طرح طبیعت آنا : [ار۔ محاورہ] بے اختیار کسی پر فریفتہ ہو جانا۔ بے اختیار دل آ جانا۔

آندھی کے آم : [ار۔ محاورہ] بہت سستی چیز۔ بے قدری چیز۔ مفت کی چیز۔

آندھی ہونا : [ار۔ محاورہ] بہت تیزی سے کوئی کام کرنا۔ جلد بازی کرنا۔

آنڈ / آنڈھ : [ہ۔ اذ] فوطہ۔ خصیہ۔ کپورا۔

آنڈ بڑھنا : [ہ۔ ار۔ مص۔ مرکب] فوطے بڑھ جانا۔ خصیوں میں پانی پڑنا۔ فتق ہونا۔

آنڈو : [ہ۔ صف۔ اذ] خصی / اختہ کی ضد جس کے فوطے بڑے ہوں (۲) پر شہوت شہوتی۔

آنڈو بیل : [ہ۔ ا۔ اذ] وہ بیل جو خصی نہ ہو۔ سانڈ (۲) بڑے فوطے والا آدمی جو فوطوں کے بوجھ کی وجہ سے چل پھر نہ سکے۔ (۳) کاہل۔ سست

آنڈی : [ہ۔ ا۔ مث] پیاز کی گٹھی

آنڈی بانڈی / آنڈے بانڈے کھیلنا : [ار۔ محاورہ] ا۔ سیر کرنا۔ پھرنا۔ ٹہلنا۔ گھومنا (۲) بچوں کا ایک کھیل۔

آنڈے بانڈے کھانا : [ار۔ محاورہ] مارے مارے پھرنا۔ تتر بتر ہونا۔ اِدھر اُدھر ہٹ جانا۔ منتشر ہونا۔

آنریبل : [انگ HONOURABLE) صف] معزز۔ صاحب اعزاز۔ عزت مآب۔ بڑے رتبے / مرتبے والا۔ (۲) وزراء کے نام سے پہلے بطور القاب۔

آنریری : [انگ HONORARY) صف] اعزازی۔ امتیازی۔ بغیر تنخواہ۔

کام کرنے والا مثلاً آنریری جج۔ آنریری سیکرٹری وغیرہ۔

آنِس: (بہ کسرۂ دوم) [ع۔ا۔ فاعل] اُنس رکھنے والا۔ محبت کرنے والا۔ جلد گھل مل جانے والا

آنسو: [ہ۔ مذ] وہ پانی جو خوشی یا غم یا کسی تکلیف کے باعث آنکھ سے نکلتا ہے۔ اشک

آنسو آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھ میں پانی بھر آنا۔

آنسو اُمڈ آنا: [ا۔ محاورہ] (کثرت سے آنسو آنا)

آنسو ایک نہیں کلیجہ ٹوک ٹوک: [ا۔ مثل] جھوٹ موٹ کا رونا۔ بناوٹی رونا

آنسو بہانا: [ا۔ مص۔ مرکب] رونا۔ آنسو ٹپکانا

آنسو بھر آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں پانی آجانا۔ آب دیدہ ہو جانا۔

آنسو بھر لانا: [ا۔ محاورہ] رونے کے قریب ہونا۔ آنکھوں میں آنسو بھر کر رونے کی شکل بنانا

آنسو بہنا: [ا۔ مص۔ مرکب] دیکھئے آنسو بہانا۔ جس کا یہ لازم ہے۔

آنسو تھمنا: [ا۔ محاورہ] رونا بند ہونا۔ ڈھارس بندھنا۔ تسلی ہونا۔ تشفی ہونا۔ اطمینان ہونا۔

آنسو پونچھنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں کا پانی خشک کرنا۔ تسلی دینا۔ تسکین بخشنا۔ دلاسا دینا۔

آنسو پھوٹ نکلنا: [ا۔ محاورہ] آنسو جاری ہو جانا۔ بے اختیار رو پڑنا۔

آنسو پینا: [ا۔ محاورہ] آنسو روکنا۔ صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔ غم کھا کر چپ رہنا۔

آنسو تُوڑا: [ا۔ مذ] بے موسم کی بارش۔ بے وقت کا مینہ

آنسو تھمنا: [ا۔ مص] رونا بند ہونا

آنسو ٹپکانا: [ا۔ مص] دیکھئے "آنسو بہانا"

آنسو خشک ہونا: [ا۔ محاورہ] روتے روتے آنکھوں میں آنسو باقی نہ رہنا۔ رونا موقوف ہونا

آنسو دینا: [ا۔ محاورہ] شمع کی موم یا چربی وغیرہ پگھل کر بوند بن کر ٹپکنا۔

آنسو ڈالنا: [ا۔ محاورہ] آنسو بہانا۔ زار زار رونا

آنسو ڈبڈبا آنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنسو بھر آنا"

آنسو ڈھال: [ا۔ ا۔ مث] آنکھ سے لگاتار آنسو بہنا (۲) گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کی آنکھوں سے ہر وقت پانی بہتا رہتا ہے۔

آنسو ڈھلکنا / ڈھلنا: [ا۔ مص] دیکھئے آنسو بہنا

آنسو کا چھالا: [ا۔ ا۔ مذ] وہ آبلہ جو آنسوؤں کی گرمی سے پڑ جائے۔

آنسو گرانا: [ا۔ مص۔ مرکب] دیکھئے آنسو بہانا

آنسو نکل آنا / نکل پڑنا: [ا۔ مص۔ مرکب] آنسو ٹپک پڑنا۔

آنسوؤں سے پیاس نہیں بجھتی: [ا۔ مثل] رونے سے دل کی حسرت نہیں نکلتی غم دور نہیں ہوتا

آنسوؤں سے منہ دھونا: [ا۔ محاورہ] زار زار رونا۔ بہت زیادہ رونا۔ شدت سے رونا

آنسوؤں کا تار باندھنا / جھڑی لگانا: [ا۔ محاورہ] لگاتار آنسو بہانا۔ مسلسل رونا۔

آنسوؤں کا تار بندھنا / جھڑی لگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنسوؤں کا تار باندھنا"

آنسوؤں کی لڑی: [ا۔ ا۔ مث] آنسوؤں کا تار۔ رونے کا تسلسل۔

آنسوؤں کے دریا میں نہانا: [ا۔ محاورہ] بہت زیادہ رونا

آنِسہ: (بکسرہ دوم و بفتح سوم) [ع۔ ا۔ مث] ۱۔ محبت کرنے والی۔ ۲۔ کنواری لڑکی۔ دوشیزہ۔ انگریزی MISS کا ترجمہ

آنک: [ہ۔ ا۔ مذ] ۱۔ ہندسہ۔ (۲) حرف (۳) نشان (۴) جانچ پرکھ اندازہ تخمینہ وغیرہ (۵) کپڑے کے تھان پر قیمت کا نشان۔

آنکڑا: [ہ۔ ا۔ مذ] ۱۔ کانٹا۔ ہک۔ ٹیڑھی آہنی میخ (۲) گرفت۔ قبضہ (۳) ٹھگوں کی اصطلاح میں ایک ہزار

آنکس: [ہ۔ ا۔ مذ] (۱) وہ آنکڑا جس سے مہاوت ہاتھی کو چلانے اور مارنے میں۔ سرکوب۔ نگراں

آنکس مارنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھی کو چلانے کے لیے آنکس چبھونا۔ (۲) میلان کرنا۔ فرمانبردار بنانا۔

آنکنا: [ا۔ مص] (۱) اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ جانچنا (۲) قیمت ڈالنا۔ کپڑے پر نشان لگانا۔ (۳) عمل یا منتر سے کسی تکلیف یا بیماری کو دور کرنا۔ جھاڑ دینا۔

آنکو: [ہ۔ صف] آنکنے والا۔ اندازہ کرنے والا۔ جانچنے والا۔

آنکھ: [ہ۔ ا۔ مث] (۱) دیکھنے کا عضو۔ چشم۔ دیدہ (۲) نگاہ۔ نظر (۳) دیکھنے کا انداز۔ تیور (۴) بینائی۔ بصارت (۵) اشارہ (۶) دخل (۷) شناخت۔ واقفیت (۸) حق شناسی۔ بصیرت (۹) تخمینہ۔ جانچ (۱۰) امید (۱۱) اولاد (۱۲) محبت۔ مروت (۱۳) کھیلے کے دونوں طرف کے گڑھے (۱۴) آلو، بانس اور گنے میں شاخیں پھوٹنے کی جگہ (۱۵) اناس کا حلقہ۔ سر دمیں وہ جگہ جہاں سے کلے پھوٹتے ہیں۔

آنکھ آشنا ہونا: [ا۔ محاورہ] واقف ہونا۔ روشناس ہونا

آنکھ آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھ دکھنے آنا۔ آنکھ میں تکلیف ہونا۔ آنکھ میں جلن ہونا۔

آنکھ اُبل آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھ میں تکلیف ہونا۔ آنکھ میں درد ہونا۔ آنکھ سوج جانا۔ آشوب چشم ہونا

آنکھ اٹکنا: [ا۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا: [ا۔ محاورہ] (۱) نظر بھر کر دیکھنا۔ اوپر دیکھنا۔ سامنے دیکھنا (۲) توجہ کرنا (۳) حسرت سے دیکھنا (۴) رغبت سے دیکھنا (۵) دشمنی کی نظر سے دیکھنا۔

آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ شرمانا۔ ۲۔ توجہ نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ ۳۔ ناراض ہونا۔ (۴) اچھی طرح نہ دیکھنا (۵) بے پروائی برتنا۔ ناقدری کرنا (۶) غرور کی وجہ سے نہ دیکھنا (۷) خوف سے نیچی نظر کیے رہنا۔

آنکھ اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] اوپر دیکھنا۔ نظر سامنے کرنا۔ دیکھنا (۲) توجہ ہٹا لینا (۳) کسی کام کی طرف اشارہ کرنا (۴) غصہ سے دیکھنا۔

آنکھ اُٹھ جانا: [ا۔ محاورہ] نظر پڑ جانا۔

آنکھ اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] نظر سامنے ہونا۔ توجہ ہونا

آنکھ اُٹھ نہ سکنا: [ا۔ محاورہ] آنکھ اونچی نہ ہو سکنا۔ بہت شرمندہ ہونا۔ رعب اور خوف غالب

آنکھ اچٹ جانا: [ا۔ محاورہ] آنکھ کھل جانا۔ جاگ پڑنا۔ ۲۔ نشانہ چوک جانا۔

آنکھ اڑنا [ا۔ محاورہ] آنکھ پھڑکنی

آنکھ اُلجھنا: [ا۔ محاورہ] عاشق ہونا۔

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل: [ا۔ مثل] جو چیز سامنے نہ ہو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

آنکھ اونچی کرنا: [ا۔ محاورہ] نظر اٹھانا

آنکھ اونچی نہ کرنا: [ا۔ محاورہ] نظر نہ اٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ ادب کرنا۔

آنکھ اونچی نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ضعف سے نگاہ نہ اٹھنا۔ ۲۔ شرمندہ ہونا۔ ۳۔ رعب سے نگاہ نہ اٹھنا

آنکھ اونچی ہونا: [ا۔ محاورہ] ذلت دور ہونا۔ شرمندگی رفع ہونا۔ سرخرو ہونا۔

آنکھ ایک نہیں کجلوٹیاں نو نو: [ا۔ مثل] اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی بدصورت کو بناؤ سنگار کا بہت شوق ہو۔

آنکھ بتانا: [ا۔ محاورہ] آنکھ سے اشارہ کرنا۔

آنکھ بچا جانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ بے مروتی کرنا (۲) چھپ کر کام کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ کھسک جانا۔

آنکھ پھری مال دوستوں / یاروں کا: [ا۔ مثل] نظر چوکی اور مال چوری ہو گیا۔ تھوڑی سی غفلت میں دشمن ہاتھ مار لے جاتا ہے۔

آنکھ بدل جانا: [ا۔ محاورہ] محبت میں فرق آنا۔ مروت نہ رہنا۔

آنکھ بدل کر دیکھنا: [ا۔ محاورہ] غصہ سے دیکھنا۔

آنکھ بدلنا: [ا۔ محاورہ] بے مروت ہو جانا۔ (۲) ظلم کرنا۔ غصہ کرنا۔

آنکھ برابر نہ کر سکنا: [ا۔ محاورہ] لحاظ اور شرم سے آنکھ سامنے نہ کر سکنا۔

آنکھ بنانا: [ار۔ محاورہ] (۱) آنکھ کا علاج کرنا۔ آنکھ سے موتیا دُور کرنا (۲) پتھر کی آنکھ بنا کر لگانا۔

آنکھ بند کر لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) سو جانا۔ مر جانا (۲) بے پروائی کرنا۔ بے وفائی کرنا۔ (۳) بے حیائی برتنا (۴) کسی کام سے توجہ کو ہٹا لینا۔

آنکھ بند ہونا / رہو جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھ بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے

آنکھ بنوانا: [ار محاورہ] (۱) موتیا بند کا علاج کرانا (۲) پتھر وغیرہ کی آنکھ بنوانا۔

آنکھ بنواؤ: [ار محاورہ] دیکھ کر کام کرو۔ تمیز حاصل کرو۔ لیاقت پیدا کرو۔

آنکھ بہ جانا: [ار محاورہ] آنکھ کا پانی بہ جانا۔ آنکھ خراب ہو جانا۔

آنکھ بھر آنا۔ [ار محاورہ] آنکھوں میں آنسو آ جانا۔ آبدیدہ ہو جانا۔

آنکھ بھر کر دیکھنا: [ار محاورہ] نظر جما کر دیکھنا۔ اچھی طرح دیکھنا۔ گھورنا۔ بُری طرح دیکھنا۔

آنکھ بھر لانا: [ار محاورہ] دیکھئے "آنکھ بھر آنا"

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا: [ار محاورہ] تیوری چڑھانا۔ خفگی کا اظہار کرنا۔ ناراض ہونا۔ نفرت ظاہر کرنا

آنکھ بھوں چڑھانا: [ار محاورہ] دیکھئے "آنکھ ٹیڑھی کرنا"

آنکھ بیٹھ جانا: [ار محاورہ] آنکھ کے ڈھیلے کا اندر کو دھنس جانا۔ اندھا ہونا۔ بینائی کا نقصان ہونا

آنکھ پانا: [ار محاورہ] اشارہ پانا۔ مرضی پانا

آنکھ پتھرانا: [ار۔ محاورہ] آنکھ پتھر کی طرح سخت اور بے نور ہو جانا۔ اندھا ہونا۔ مر جانا۔

آنکھ پر پردہ پڑنا: [ار۔ محاورہ] غافل ہونا۔ فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔

آنکھ پر تنکا رکھنا: [ار محاورہ] آنکھ کا پھڑکنا بند کرنے کے لیے آنکھ کے پپوٹے پر تنکا رکھنا۔ ٹوٹکا کرنا

آنکھ / آنکھوں پر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] پسند آنا۔ نگاہوں میں سمانا۔ جچنا

آنکھ پڑنا: [ار محاورہ] (۱) نظر پڑنا۔ دیکھنا (۲) رغبت سے کسی کی طرف دیکھنا (۳) اتفاقیہ نظر پڑنا (۴) توجہ ہونا (۵) عاشق ہونا

آنکھ پسارنا: [ار محاورہ] آنکھ پھیلانا دیدے پھاڑنا۔ آنکھ کھولنا۔ دُور اندیشی کرنا۔

آنکھ پسیجنا: [ار محاورہ] آنکھ میں آنسو آنا۔ شرم کرنا۔ لحاظ کرنا۔ ترس آنا

آنکھ پلٹنا: [ار محاورہ] نگاہ بدلنا۔ نظر پھرنا

آنکھ پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا: [ار محاورہ] (۱) بڑے غور سے دیکھنا (۲) حیرت سے دیکھنا (۳) پریشانی کی نظر سے دیکھنا (۴) محبت اور پیار سے دیکھنا۔

آنکھ پہچاننا: [ار محاورہ] اشارہ سمجھنا۔ مرضی سمجھنا۔ تیور سمجھنا۔

آنکھ پھر جانا: [ار محاورہ] خفا ہونا۔ دشمن ہو جانا۔ رُخ بدل جانا۔ بے اعتنائی ہونا۔

آنکھ پھرنا: [ار محاورہ] نگاہ چوکنا۔ نظر گھومنا۔

آنکھ پھری مال یاروں کا: [ار مثل] دیکھئے "آنکھ پچی مال دوستوں کا"

آنکھ پھڑکنا: [ار محاورہ] خود بخود آنکھ کے پپوٹوں کا حرکت میں آنا مشہور ہے کہ داہنی آنکھ پھڑکنے سے خوشی اور بائیں آنکھ پھڑکنے سے رنج حاصل ہوتا ہے۔

آنکھ پھڑکے بائیں بیر ملے یا سائیں / آنکھ پھڑکے ذہنی ماں ملے یا بھنی: [ار۔ مثل] عورت کی بائیں آنکھ پھڑکے تو بھائی یا شوہر ملتا ہے۔ مرد کی داہنی آنکھ پھڑکے تو ماں یا بہن ملتی ہے۔

آنکھ پھسلنا: [ار۔ محاورہ] کسی شے کی چمک صفائی کے باعث نظر نہ جمنا۔ نگاہ کا لغزش کرنا

آنکھ پھوٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بینائی جاتی رہنا (۲) اولاد مرنا۔

آنکھ پھوٹی پیڑ گئی: [ار مثل] جب تعلق نہ رہے تو ہمدردی کیسی۔ روز روز کی تکلیف سے ایک دفعہ بڑا نقصان ہونا۔

آنکھ پھوٹے گی تو کیا بھوں سے دیکھیں گے: [ار۔ مثل] جو چیز جس کام کی ہو اس سے وہی کام لیا جاتا ہے۔ نااہل سے کام نہیں نکلتا۔

آنکھ پھوڑ ٹِڈا: [ار۔ اسم] ایک سبز ٹِڈا جو آک کے پودے پر پایا جاتا ہے اور آنکھ پر حملہ کرتا ہے۔ مجازاً حاسد۔ بد سرشت

آنکھ پھوڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) اندھا کرنا (۲) بہت باریک کام کرنا جس کے لیے نظر پر بہت زور پڑے

آنکھ پھیر لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) ناراض ہونا (۲) بے اعتنائی کرنا۔ ۳۔ مر جانا۔

آنکھ پھیلانا: [ار محاورہ] دیکھئے "آنکھ پسارنا"

آنکھ پیدا کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھنے یا پرکھنے کی لیاقت پیدا کرنا۔

آنکھ تاڑ جانا: [ار۔ محاورہ] تیور سے ارادہ بھانپ جانا۔ نگاہوں کے انداز سے مقصد معلوم کرنا۔

آنکھ تر ہونا: [ار۔ محاورہ] آنسو آنا۔ رقت ہونا۔

آنکھ ٹھنڈی کرنا: [ار محاورہ] دل خوش کرنا۔ تسلی دینا۔ کسی دوست یا عزیز سے ملنا۔

آنکھ ٹیڑھی کرنا: [ار۔ محاورہ] بے رخی برتنا۔ بے مروتی اختیار کرنا۔ خفا ہونا۔

آنکھ جا پڑنا: [ار محاورہ] بیک نظر پڑ جانا۔ اتفاقیہ دیکھ پانا۔

آنکھ جا لڑنا: [ار محاورہ] ۱۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ نظر سے نظر ملنا۔

آنکھ جلنا: [ار محاورہ] (۱) مغلوب ہونا۔ دب جانا (۲) مقابلہ برداشت نہ کرنا۔

آنکھ جمنا: [ار۔ محاورہ] نظر ٹھہرنا۔

آنکھ جھپکانا: [ار محاورہ] پلک مارنا۔ شرمانا۔ اشارہ کرنا۔ روشنی کی تاب نہ لانا۔

آنکھ جھپکنا: [ار محاورہ] دیکھئے "آنکھ جھپکانا" جس کا یہ لازم ہے نیز تھوڑا سا سونا۔

آنکھ جھپکنے کی دیر میں: [ار متعلق فعل] چشم زدن میں۔ ذرا سی دیر میں۔ بہت جلد

آنکھ جھکانا: [ار محاورہ] شرم سے نظر نیچی کر لینا۔ شرمندہ ہونا۔ نظر نہ ملانا۔

آنکھ جھکنا۔ [ار محاورہ] دیکھئے "آنکھ جھکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

آنکھ چرا کر دیکھنا: [ار محاورہ] چوری چھپے دیکھنا۔ نظر بچا کر دیکھنا۔

آنکھ چرانا / چھپانا: [ار محاورہ] ۱۔ نظر بچانا۔ پہلو بچانا۔ اغماض کرنا۔ کترانا۔ ۲۔ بے مروتی کرنا (۳) جھینپنا۔ شرمانا۔

آنکھ چمکانا: [ار محاورہ] (۱) آنکھیں مٹکانا۔ اترانا (۲) کانے شخص کا ایک آنکھ سے دیکھنا۔

آنکھ چُندھی ہونا۔ [ار معں۔ مرکب] بیماری کے سبب پوری آنکھ نہ کھلنا۔ آشوب چشم ہونا۔

آنکھ خون میں ڈوبنا [بے حد غصہ آنا۔

آنکھ دبا کر دیکھنا: [ار معں۔ مرکب] آنکھ ذرا بند کر کے دیکھنا۔ آنکھ میں عیب ہونا۔

آنکھ دبنا: [ار محاورہ] کسی سے دب جانا۔ مغلوب ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

آنکھ دروازے کی طرف ہونا: [ار محاورہ] چشم براہ ہونا۔ انتظار کرنا۔

آنکھ دکھانا: [ار محاورہ] ۱۔ علاج کے لیے معالج کو آنکھ دکھانا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا (۳) گھرکنا۔ دھمکانا (۴) ناراض ہونا چیں بہ جبیں ہونا۔

آنکھ دُکھنا: [ار معں۔ مرکب] آنکھ میں درد ہونا۔ آنکھ میں تکلیف ہونا۔

آنکھ دوڑانا: [ار محاورہ] تلاش کرنا۔ جستجو کرنا سہارا تلاش کرنا۔

آنکھ دھوئی دُھلائی ہے: [ار مثل] آنکھوں میں ذرا حیا نہیں۔ ذرا مروت نہیں۔

آنکھ دیکھنا: [ار محاورہ] کسی کی صحبت میں رہنا۔ فیض حاصل کرنا۔ تربیت حاصل کرنا۔

آنکھ دینا: [ار محاورہ] دیکھنے کی طاقت بخشنا۔ علم و فہم عطا کرنا۔ لیاقت دینا۔

آنکھ ڈالنا: [ار محاورہ] ۱۔ دیکھنا نظر کرنا (۲) عشق کرنا (۳) دانت رکھنا۔ نیت رکھنا (۴) بری نظر سے دیکھنا۔

آنکھ ڈبڈبانا: [ار۔ محاورہ] آنسو بھر لانا۔ رنجیدہ ہونا۔

آنکھ رکھنا: [ار محاورہ] ۱۔ امید رکھنا۔ سہارا ڈھونڈنا (۲) پہچان رکھنا۔ پرکھ ہونا۔ (۳) تاکنا۔ بُری نظر سے دیکھنا۔

آنکھ رسیلی / رس بھری ہونا: [ار محاورہ] (۱) پیار کی آنکھ ہونا۔ لگاوٹ کی آنکھ ہونا (۲) نشہ بھری آنکھ ہونا۔ مست آنکھ ہونا۔

آنکھ روشن ہونا: [ار محاورہ] (۱) کسی سے مل کر خوش ہونا (۲) صاحب اولاد ہونا

آنکھ سامنے کرنا: [ار محاورہ] (۱) نظر ملانا ڈھٹائی سے دیکھنا (۲) توجہ کرنا

آنکھ سامنے نہ کرنا: [ار محاورہ] شرمندہ ہونا۔ جرأت نہ کرنا۔

آنکھ سامنے نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دیکھنے کی تاب نہ ہونا (۲) شرم آنا نادم ہونا۔

آنکھ سُرخ ہونا: [ار محاورہ] غصہ کی وجہ سے لال پیلا ہونا۔ ناراض ہونا۔

آنکھ سیدھی رکھنا / ہونا: [ار محاورہ] ۱۔ مہربانی کی نظر ہونا۔ اچھا برتاؤ کرنا

آنکھ سے آنکھ لڑنا: [ار محاورہ] ۱۔ نگاہیں چار ہونا (۲) عاشق ہونا۔

آنکھ سے آنکھ ملانا: [ار محاورہ] ۱۔ رُو بُرو آنا مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا۔

آنکھ سے اُتر جانا: [ار محاورہ] ۱۔ سُبک ہونا۔ بے قدر ہونا۔ جی سے اُتر جانا

آنکھ سے اوجھل ہونا: [ار محاورہ] نظر سے اوٹ میں ہونا نظر نہ آنا۔ غائب ہونا۔

آنکھ سے بچ کر نکلنا: [ار محاورہ] چھپ کر نکلنا

آنکھ سے دیکھ کر کام کرنا: [ار محاورہ] ۱ دیکھ بھال کر، سوچ سمجھ کر غور و فکر سے کام کرنا

آنکھ سے دیکھنا: [ار محاورہ] ۱۔ اپنی آنکھ سے دیکھنا۔ خود دیکھنا

آنکھ سے ریتی ٹپکنا: [ار محاورہ] خون کے آنسو رونا۔

آنکھ سے سلام لینا: [ار محاورہ] ۱۔ غرور سے زبان کی بجائے آنکھ کے اشارہ سے سلام کا جواب دینا۔

آنکھ سے طوفان اُٹھنا: [ار محاورہ] بہت زیادہ رونا۔ آنسوؤں کا مینہ برسنا۔

آنکھ سے کاجل چُرانا: [ار محاورہ] بے حد چالاکی اور عیاری سے کام لینا۔

آنکھ سے گرا دینا: [ار محاورہ] بے قدر کرنا۔ حقیر کرنا۔ بُرا جاننا

آنکھ سے گرنا: [ار محاورہ] ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔ بے عزت ہونا قدر و منزلت نہ رہنا

آنکھ سے گنگا بہانا: [ار محاورہ] بہت زیادہ رونا۔

آنکھ سے لہو آنا / ٹپکنا: [ار محاورہ] بے حد رونے کے باعث آنکھوں سے بجائے آنسوؤں کے خون بہنا

آنکھ سینکنا: [ار محاورہ] نظر بازی کرنا۔ گھُورنا دیکھنا۔

آنکھ سے نہ دیکھنا: [ار محاورہ] نظر نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔ حقیر سمجھنا۔

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پُورا: [ار مثل] بے وقوف مالدار جسے مال خرچ کرنے کی تمیز نہ ہو۔

آنکھ کا پانی بہ جانا: [ار محاورہ] بے غیرت ہو جانا۔

آنکھ کا پانی ڈھل جانا / مرنا: [ار محاورہ] بے حیا ہو جانا۔ ڈھیٹ ہو جانا

آنکھ کا پردہ: [ار۔ امذ] ۱ آنکھ کے ڈھیلے کی جھلی (۲) شرم حیا۔ لاج۔

آنکھ کا پردہ اُٹھا دینا: [ار محاورہ] شرم ترک کرنا لحاظ توڑ دینا

آنکھ کا تارا: [ار۔ امذ] ۱۔ آنکھ کی پتلی، آنکھ کا تل (۲) بہت پیارا۔ نورِ نظر۔ بیٹا۔

آنکھ کا تل: [ار۔ امذ] آنکھ کی پتلی۔

آنکھ کا جالا: [ار۔ امذ] وہ جھلی جو آنکھ کی پتلی پر چھا جاتی ہے اور بینائی زائل کر دیتی ہے

آنکھ کا حجاب: [ار۔ ع۔ امذ] آنکھ کی شرم۔ حیا

آنکھ کا ڈورا: [ار۔ امذ] خمار یا زیادہ جاگنے کے باعث آنکھ کی سفیدی پر اُبھر آنے والی سُرخ رگیں۔

آنکھ کا ڈھلکا: [ار۔ امذ] ایک بیماری جس میں آنکھ سے پانی بہتا رہتا ہے۔

آنکھ کا ڈھیلا: [ار۔ امذ] آنکھ کے اندر کا گول حصہ جس میں پُتلی ہوتی ہے

آنکھ کا غبار: [ار۔ امذ] آنکھ کا دُھندلا پن۔ آنکھ سے صاف نظر نہ آنا۔

آنکھ کا کاجل چُرانا: [ار محاورہ] دیکھئے "آنکھ سے کاجل چُرانا"۔

آنکھ کا کھا جانا: [ار محاورہ] نظر کا مہلک ہونا۔ نظر لگنا۔

آنکھ کا لحاظ: [ار۔ ا۔ امذ] قدرتی شرم و حیا۔

آنکھ کا لہو بوٹی ہو جانا: [ار محاورہ] آشوب یا صدمہ کی وجہ سے آنکھ کا بے حد سُرخ ہو جانا۔

آنکھ کا ناسُور ہو جانا: [ار محاورہ] لگاتار آنسو جاری رہنا۔

آنکھ کڑی ڈالنا: [ار محاورہ] غصہ سے دیکھنا۔

آنکھ کھٹکنا: [ار محاورہ] آنکھ میں چبھن ہونا

آنکھ کھلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) جاگنا (۲) ہوشیار ہونا (۳) ہوش میں آنا (۴) سمجھ اور عقل آنا (۵) دُنیا کی ہوا لگنا (۶) حقیقت حال معلوم ہونا (۷) پیدائش کے کئی دن بعد بعض حیوانات کے بچوں کی آنکھیں کھلنا (۸) آنکھوں میں روشنی آنا۔

آنکھ کھولنا: [ار محاورہ] (۱) جاگنا (۲) غش سے افاقہ ہونا۔ بیماری سے کسی قدر آرام آنا (۳) پیدا ہونا۔ خبردار رہنا۔ دنیا کی ہوا لگنا (۴) بالغ ہونا (۵) آنکھ بنانا۔ موتیا بند کا علاج کرنا (۶) سُسرال میں دُلہن کا حجاب دُور کرنا

آنکھ کی بدی بھَوں کے آگے: [ار مثل] کسی کا عیب اُسکے عزیز یا دوست کے سامنے بیان کرنا

آنکھ کی پُتلی: [ار۔ا مث] ۱۔ آنکھ کا کالا حصہ۔ مردمکِ چشم (۲) نہایت عزیز پیارا۔

آنکھ کی پتلی بنانا: [ار محاورہ] نہایت محبت کرنا۔ نہایت عزیز رکھنا۔

آنکھ کی پتلی پھرنا: [ار محاورہ] پتلیوں کا اُوپر چڑھ جانا۔ موت کی علامت ظاہر ہونا۔

آنکھ کی ٹھنڈک: [ار۔ا۔ مث] وہ عزیز یا دوست جسے دیکھ کر تسکین ہو۔

آنکھ کی حیا: [ار۔ ع۔ امث] دیکھئے "آنکھ کا لحاظ"

آنکھ کی سفیدی: [ار۔ا۔ مث] (۱) ڈھیلے کا سفید حصہ۔ بیاضِ چشم

آنکھ کی سیل: [ار۔ا مث] [illegible] (۲) مروت۔ لحاظ

آنکھ کی کیچڑ: [ار۔ا۔ مث] [illegible] جو آنکھ کے دونوں کونوں میں جم جاتی ہے۔

آنکھ کی گردش: [ار۔ا مث] آنکھ کی حرکت نظروں کا ہر طرف گھومنا

آنکھ کی مروت: [ار۔ امث] دیکھئے "لحاظ" فطری شرم و حیا۔

آنکھ گاڑنا: [ار محاورہ] غور سے دیکھنا۔ نظر جمانا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ گھُورنا۔

آنکھ گلابی ہونا: [ار محاورہ] آنکھ میں سُرخی پیدا ہونا۔

آنکھ لال کرنا: [ار محاورہ] غصہ کی نگاہ سے دیکھنا

آنکھ لجانا: [ار محاورہ] [illegible]

آنکھ لجانی۔ دھی ہوئی پرائی: [ار۔ مثل] لڑکی کا رشتہ مانگنے والے کا پیغام سن کر لڑکی والوں کا نظر نیچے کرنا جس سے معلوم ہو کہ رشتہ منظور ہے۔ خاموشی سے نظر جھکانا اقرار کی نشانی ہے۔

آنکھ لڑانا: [ار محاورہ] ۱۔ آنکھ ملانا (۲) گھورنا تاکنا (۳) عاشق ہونا (۴) مقابلہ کرنا۔

آنکھ لڑجانا / لڑنا: [ار محاورہ] عاشق ہونا۔ اشارہ کنایہ ہونا یا کرنا

آنکھ لگانا: [ار محاورہ] ۱۔ سونا۔ ۲۔ عاشق ہونا۔ ۳۔ تاک میں رہنا۔ ۴۔ انتظار کرنا۔

آنکھ لگنا: [ار محاورہ] دیکھئے "آنکھ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

آنکھ لگا مرد: [ار۔ا مذ] وہ مرد جس سے آشنائی کے بعد نکاح ہوا ہو۔

آنکھ لگی عورت: [ار۔ امث] وہ عورت جس سے آشنائی کے بعد نکاح ہوا ہو۔

آنکھ للچانا / للچائی ہوئی پڑنا: [ار محاورہ] کسی کی طرف رغبت سے دیکھنا۔ لالچ کی نظر سے دیکھنا۔

آنکھ مارنا: [ار محاورہ] آنکھ سے اشارہ کرنا۔ آنکھ کے اشارہ سے منع کرنا۔ خبردار کرنا۔ پلک جھپکنا۔

آنکھ مچکانا: [ار۔ محاورہ] آنکھ کھولنا۔ بند کرنا۔ اشارہ کرنا

آنکھ میچنا: [ار محاورہ] آنکھ بند ہونا۔ مرجانا

آنکھ مچولی: [ار۔ا مذ] بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک آنکھیں بند کرتا ہے دوسرے چھپ جاتے

ہیں۔ پھر یہ اُنہیں ڈھونڈ کر جسکو چھُو دیتا ہے وہ چور بنتا ہے اور اُسکی طرح آنکھیں بند کرتا ہے۔
آنکھ ملانا: [ا۔ محاورہ] آنکھ لڑانا۔ نگاہ سامنے کرنا (۲) مخاطب ہونا۔ متوجہ ہونا (۳) مقابلہ کرنا۔
آنکھ مِلنا: [ا۔ محاورہ] نظر سے نظر ملنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔ آمنا سامنا ہونا۔
آنکھ مَلنا: [ا۔ محاورہ] غنودگی کی حالت دور کرنے کے لیے آنکھوں کو ملنا۔
آنکھ مُندنا: [ا۔ محاورہ] آنکھ بند ہونا۔ مر جانا۔
آنکھ مُوندنا: [ا۔ مص] دیکھئے "آنکھ مُندنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
آنکھ مُندی اندھیرا پاکھ: [ا۔ مثل] آنکھ بند ہوتے ہی اندھیرا چھا جاتا ہے۔
آنکھ مُوچی دُھپ: [ا۔ ا۔ مذ] بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچے کی آنکھیں بند کر کے اس کے سر پر دھپ لگاتے ہیں اور پھر پوچھتے ہیں کہ کس نے مارا ہے۔ اگر صحیح بتا دے تو مارنے والا چور بنتا ہے اور سب اس کے دُھپ لگاتے ہیں۔
آنکھ مُوند لینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ آنکھیں بند کر لینا۔ ۲۔ تصور باندھنا۔ ۳۔ شرم کرنا (۴) بے توجہی کرنا۔ غفلت کرنا۔ (۵) مراقبہ میں بیٹھنا (۶) سو جانا۔ (۷) مر جانا۔
آنکھ میلی کرنا: [ا۔ محاورہ] بے رخی کرنا۔ بے مروّتی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔
آنکھ میں آنکھ ڈالنا: [ا۔ محاورہ] نظر سے نظر ملا کر غور سے دیکھنا۔ شرم و لحاظ نہ کرنا۔
آنکھ میں بسنا / رہنا: [ا۔ محاورہ] آنکھ میں سمانا۔ منظورِ نظر ہونا۔ محبوب ہونا۔
آنکھ میں پانی نہیں ہے: [ا۔ مثل] ۱۔ بے شرم ہے۔ بے حیا ہے۔ ۲۔ آنکھ اندھی ہے بے نور ہے
آنکھ میں پھُلی آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھ میں سفیدی آنا۔ بینائی زائل ہونا۔
آنکھ میں تھی شرم دل کی تھی نرم: [ا۔ مثل۔ عو] مُروت میں نہ ماننے والی بات بھی مان لینا۔
آنکھ میں جچنا: [ا۔ محاورہ] بھلا لگنا۔ پسند آنا۔
آنکھ میں چوب آنا: [ا۔ مرکب] کسی چیز سے آنکھ کا بچھ جانا۔ صدمہ پہنچنا۔
آنکھ میں خار ہونا: [ا۔ محاورہ] کھٹکنا۔ ناگوار ہونا۔ بُرا معلوم ہونا
آنکھ میں خاک / دُھول جھونکنا: [ا۔ محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب دینا
آنکھ میں سمانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھ میں بسنا"
آنکھ میں شرم ہو تو جہاز سے بھاری ہے: [ا۔ مثل] حیا اور شرم ہی سے عزت اور وقار ہوتا ہے۔
آنکھ میں کھُبنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھ میں بسنا"
آنکھ میں کھٹکنا: [ا۔ محاورہ] بُرا لگنا۔ بارِ خاطر ہونا۔ ناگوار گذرنا۔
آنکھ میں موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہونا: [ا۔ محاورہ] آنکھ بہت خوبصورت ہونا
آنکھ میں نہ ٹھہرنا: [ا۔ محاورہ] نگاہ میں نہ جچنا۔ حقیر ہونا
آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا: [ا۔ محاورہ] اندھا کرنا۔ آنکھ میں خاک جھونکنا۔ دھوکا دینا
آنکھ ناک سے درست ہونا: [ا۔ محاورہ] خوب صورت ہونا۔ بے عیب ہونا۔
آنکھ ناک سے ڈرنا: [ا۔ محاورہ] خدا سے ڈرنا کہ کہیں عیب دار نہ کر دے۔
آنکھ نم کرنا: [ا۔ مص۔ مرکب] آنکھ میں آنسو آنا۔
آنکھ نہ اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] (۱) نگاہ اوپر نہ کرنا (۲) کام میں مشغول رہنا (۳) شرم کرنا (۴) ادب اور لحاظ کرنا (۵) توجہ نہ کرنا۔
آنکھ نہ اُٹھ سکنا: [ا۔ مص] شرم یا ضعف کے باعث نگاہ اوپر نہ اٹھنا۔
آنکھ نہ پڑنا: [ا۔ محاورہ] رغبت نہ ہونا۔ توجہ نہ ہونا۔
آنکھ نہ پسیجنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ آنکھ میں آنسو نہ آنا (۲) رحم نہ آنا۔
آنکھ نہ ٹھہرنا: [ا۔ محاورہ] بے تابی سے نگاہ قائم نہ رہنا۔ روشن اور چمکیلی چیز پر نگاہ نہ جمنا۔
آنکھ نہ جھپکنا: [ا۔ محاورہ] (۱) جاگتے رہنا۔ ٹکٹکی بندھی ہونا (۲) شرمندۂ احسان نہ ہونا۔

آنکھ نہ چھپنا: [ا۔ محاورہ] مزاج کی حالت نظر سے ظاہر ہونا۔ غصہ یا محبت کا انداز ظاہر ہونا
آنکھ نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ: [ا۔ مثل] لیاقت کچھ نہیں اور دعوے بڑے بڑے۔
آنکھ نہ ڈالنا: [ا۔ محاورہ] نظر بھر کر نہ دیکھنا (۲) توجہ نہ کرنا (۳) کچھ حقیقت نہ جاننا۔
آنکھ نہ کھولنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ معشوقانہ نازو ادا سے آنکھیں بند رکھنا۔ حیا سے آنکھ بند رکھنا۔ تصور میں آنکھ بند رکھنا (۲) خواب سے نہ چونکنا۔
آنکھ نہ لگنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ نیند نہ آنا (۲) مسلسل بارش ہونا۔
آنکھ نہ ملانا: [ا۔ محاورہ] لجانا۔ شرمانا۔
آنکھ نہ ناک بنو چاند سی: [ا۔ مثل] بدصورتی میں حُسن کا دعویٰ (طنزاً کہا جاتا ہے)
آنکھ نیچی کرنا: [ا۔ محاورہ] نیچے کی طرف دیکھنا۔ شرمندہ ہونا۔
آنکھ نیچی ہونا: [ا۔ محاورہ] (۱) شرمندۂ احسان ہونا (۲) پشیمان ہونا۔
آنکھ والا: [ا۔ مذ] بینا۔ ہوشیار۔ چالاک۔ صاحب بصیرت۔ جوہر شناس۔
آنکھ ہونا: [ا۔ محاورہ] (۱) باطن کی نظر ہونا۔ سمجھ بوجھ ہونا۔ پرکھ ہونا۔ (۲) (پر کے ساتھ) نیت ہونا۔ ارادہ ہونا۔
آنکھ ہی پھوٹی تو بھوں سے کیا کام: [ا۔ مثل] جب اصل ہی نہ رہی تو فروع سے کیا تعلق۔ جب اصل تعلق ہی ختم ہو گیا تو پھر آنا جانا کیسا۔
آنکھوں: [ا۔ امث۔ ج] دیکھئے "آنکھ" جس کی یہ جمع ہے۔
آنکھوں آنکھوں میں: [ا۔ متعلق فعل] نظروں ہی نظروں میں۔ اشاروں ہی اشاروں میں
آنکھوں آنکھوں میں باتیں کرنا: [ا۔ محاورہ] اشاروں میں باتیں کرنا۔
آنکھوں آنکھوں میں پٹے جانا: [ا۔ محاورہ] محبت اور لگاوٹ کی نظر سے دیکھنا۔
آنکھوں آنکھوں میں رات کٹنا: [ا۔ محاورہ] تمام رات جاگتے بسر ہونا۔
آنکھوں آنکھوں میں چرا لینا: [ا۔ محاورہ] چپکے سے اڑا لینا۔ کسی چیز کو جھپٹ لینا۔
آنکھوں آنکھوں میں سحر ہو جانا: [ا۔ محاورہ] جاگتے جاگتے صبح ہو جانا۔
آنکھوں پر بٹھانا: [ا۔ محاورہ] نہایت عزت و تعظیم سے پیش آنا۔ بے حد خاطر تواضع کرنا۔
آنکھوں پر بیٹھئے: [ا۔ محاورہ] کسی کے آنے پر اظہارِ محبت و عقیدت کیلئے کہتے ہیں۔ جم جم آیئے۔
آنکھوں پر پاؤں رکھنا: [ا۔ محاورہ] عزیز رکھنا۔ بزرگ داشت کرنا۔
آنکھوں پر پٹی باندھنا / باندھ لینا: [ا۔ محاورہ] غافل ہونا۔ احسان فراموش ہونا۔ بے مروت ہونا
آنکھوں پر پردہ پڑنا: [ا۔ محاورہ] اندھا ہو جانا۔ بے خبر ہو جانا۔ دھوکے میں آ جانا۔ بے وقوف بن جانا۔ خیال نہ رہنا۔
آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا: [ا۔ مثل] جس سے محبت ہو وہ دل پر گراں نہیں گزرتا۔ اپنی چیز کسی کو گراں معلوم نہیں دیتی۔
آنکھوں پر ٹھیکری رکھنا / رکھ لینا: [ا۔ محاورہ] بے مروتی کرنا۔ بے حیا بننا۔ احسان فراموش ہونا۔
آنکھوں پر جگہ دینا: [ا۔ محاورہ] بہت تعظیم کرنا۔ ادب و احترام سے پیش آنا۔
آنکھوں پر چربی چھا جانا: [ا۔ محاورہ] بے مروتی کرنا۔ اندھا ہو جانا۔ بے خبر ہونا۔
آنکھوں پر چڑھنا: [ا۔ محاورہ] نہایت پسند آنا۔ منظورِ نظر ہونا۔
آنکھوں پر دیوار اٹھانا: [ا۔ محاورہ] جان بوجھ کر انکار کرنا۔ مکر جانا۔
آنکھوں پر رکھنا: [ا۔ محاورہ] متبرک سمجھنا۔ ادب کرنا۔ احترام کرنا۔
آنکھوں پر قدم لینا: [ا۔ محاورہ] بہت تعظیم و تکریم کرنا۔ ہاتھوں ہاتھ لینا۔

آنکھوں پر ہاتھ رکھنا/ رکھ لینا: [ا۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔ جھینپ جانا۔
آنکھوں تلے پھرنا: [ا۔ محاورہ] بہت یاد آنا۔ تصور میں ہونا / آنا
آنکھوں دیکھا: [ا۔ اسم مفعول] اپنا دیکھا ہوا۔ چشم دید
آنکھوں دیکھا جھٹ پڑے مجھے کانوں سُنا نہ دے: [ا۔ محاورہ] کسی کی دیکھی ہوئی بات کو غلط اور اپنی سُنی ہوئی بات کو سچ بتانے کی ضد کرنا۔
آنکھوں دیکھا جانا کانوں سُنا نہ مانا: [ا۔ مثل] آنکھوں دیکھے کے مقابلہ میں سُنی سُنائی بات کا کوئی اعتبار نہیں۔
آنکھوں دیکھتے: [ا۔ ا۔ حالیہ] جان بوجھ کر۔ اپنے زمانے میں۔
آنکھوں دیکھی: [ا۔ ا۔ مفعول] اپنی دیکھی ہوئی چشم دید۔ اپنے زمانے کی۔
آنکھوں دیکھی مکھی نہیں نگلی جاتی: [ا۔ مثل] جانتے بوجھتے کوئی مصیبت میں نہیں پڑتا
آنکھوں دیکھیں گے: [ا۔ مثل] کوئی خوشی کی بات دیکھنے کی اُمید یا خواہش۔
آنکھوں سُکھ کلیجے ٹھنڈک: [ا۔ مثل] بڑی خوشی سے منظور ہے۔ عین راحت ہے
آنکھوں سے: [ا۔ محاورہ] بڑی خوشی سے۔ سر آنکھوں پر
آنکھوں سے اُترنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں سے گرنا۔ بے قدر ہونا۔ بے وقعت ہونا۔ عزت میں کمی آنا۔
آنکھوں سے اٹھانا: [ا۔ محاورہ] کمال شوق سے اٹھانا۔ عزت و احترام سے اٹھانا
آنکھوں سے اوجھل ہونا / اوجھل ہونا: [ا۔ محاورہ] نگاہوں سے غائب ہوجانا۔ چھپ جانا
آنکھوں سے بجا لانا: [ا۔ محاورہ] کسی حکم کی تعمیل بڑی خوشی سے کرنا
آنکھوں سے بُلانا: [ا۔ محاورہ] اشارہ سے بلانا۔
آنکھوں سے پردہ اٹھ جانا: [ا۔ محاورہ] اصلیت سے واقف ہونا۔ غفلت دُور ہونا۔
آنکھوں سے پھول اٹھانا: [ا۔ محاورہ] ایک کھیل جس میں دو آدمی تھوڑے سے فاصلہ پر بالمقابل کھڑے ہو کر تعمیل کی رُو سے ایک دُوسرے پر پھول پھینکتے ہیں۔ جس کے ہاتھ سے پھول گر جاتا ہے وہ اُسے آنکھوں سے اٹھاتا ہے۔
آنکھوں سے تلوے سہلانا: [ا۔ محاورہ] بہت عزت اور محبت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ بہت زیادہ آرام دینا۔
آنکھوں سے جان / دم نکلنا: [ا۔ محاورہ] راہ تکتے تکتے مرجانا۔ کسی کے انتظار میں مرجانا
آنکھوں سے چنگاریاں اُڑنا: [ا۔ محاورہ] بہت جی جلنا۔ بہت دُکھ ہونا۔
آنکھوں سے خون برسنا: [ا۔ محاورہ] بہت غصّے میں ہونا۔ ۲۔ لہو کے آنسو رونا۔
آنکھوں سے دریا بہانا: [ا۔ محاورہ] بہت زیادہ رونا۔
آنکھوں سے دیکھا جو کبھی کانوں سے بھی نہ سُنا تھا: [ا۔ مثل] ایسی بات دیکھنا جو کبھی سُنی بھی نہ ہو۔
آنکھوں سے دیکھا نہ کانوں سے سُنا: [ا۔ مثل] عجیب و غریب یا خلاف قیاس واقعہ کا ظاہر ہونا۔
آنکھوں سے شعلے نکلنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں جلن ہونا۔ بہت زیادہ غصہ ہونا۔
آنکھوں سے قدم لگانا: [ا۔ محاورہ] بہت زیادہ عزت و احترام کرنا۔ عقیدت ظاہر کرنا۔
آنکھوں سے کام کرنا: [ا۔ محاورہ] خوشی اور شوق سے کام کرنا۔ عقل و ہوش سے کام کرنا
آنکھوں سے گرانا: [ا۔ محاورہ] ذلیل سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔
آنکھوں سے گرنا: [ا۔ محاورہ] بے قدر ہونا۔ دل سے اُتر جانا
آنکھوں سے لگانا: [ا۔ محاورہ] نہایت تعظیم کرنا۔ عزت کرنا۔ قدر کرنا
آنکھوں سے لگا کے رکھنا: [ا۔ محاورہ] عزت سے رکھنا۔ محبت سے رکھنا

آنکھوں سے معذور ہونا: [ا۔ محاورہ] اندھا ہونا۔ بینائی نہ ہونا۔
آنکھوں سے موہنی پیدا کرنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں عشق و محبت کی علامتیں ظاہر ہونا
آنکھوں سے تیل ڈھلنا: [ا۔ محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔ جانکنی کی حالت میں ہونا۔
آنکھوں کا پانی بہہ جانا: [ا۔ محاورہ] بے مروت ہوجانا۔ بدلحاظ ہوجانا۔ بے دید ہو جانا۔
آنکھوں کا پانی ڈھل جانا: [ا۔ محاورہ] بے غیرت ہونا۔ بے حیا ہونا۔
آنکھوں کا تارا: [ا۔ ا۔ مذ] دیکھئے "آنکھ کا تارا"
آنکھوں کا تیل نکالنا: [ا۔ محاورہ] بہت باریک کام کرنا جس سے آنکھوں پر زور پڑے
آنکھوں کا جادو چلنا: [ا۔ محاورہ] نگاہ کا اثر ہونا۔
آنکھوں کا چلنا پھرنا: [ا۔ محاورہ] نگاہ کا شوخی سے ایک جگہ نہ ٹھہرنا ادھر اُدھر دیکھنا۔
آنکھوں کا رونا: [ا۔ محاورہ] بینائی زائل ہوجانے کا افسوس۔ آنکھوں کا بیمار رہنا۔
آنکھوں کا لہو رونا: [ا۔ محاورہ] بے حد رونا۔
آنکھوں کا لہو ہو جانا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔ زیادہ رونے سے آنکھوں کا لال ہو جانا۔
آنکھوں کا ناسُور ہو جانا: [ا۔ محاورہ] ہر وقت روتے رہنا۔ لگاتار آنسو جاری رہنا۔
آنکھوں کا نُور: [ا۔ ا۔ مذ] ۱۔ بینائی۔ ۲۔ اولاد۔ پیاری چیز۔ عزیز
آنکھوں کا تیل ڈھل جانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھوں سے تیل ڈھلنا"
آنکھوں کا انتظار ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھنے کا شوق ہونا۔
آنکھوں کو رو بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] بینائی کھو بیٹھنا۔ اندھا ہونا۔
آنکھوں کو فرش کرنا: [ا۔ محاورہ] بہت عزت کرنا۔ نہایت خاطر تواضع کرنا۔
آنکھوں کی پتلی: [ا۔ ا۔ مث] آنکھوں کا تارا۔ بہت پیارا۔
آنکھوں کی پتلیاں پتھرانا: [ا۔ محاورہ] مرتے وقت آنکھوں کا بے نور اور بے حس ہو جانا ۲۔ بے حد انتظار کرنا۔
آنکھوں کی راہ سے دل میں آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں سما کر دل میں گھر کرنا۔ آنکھوں اور دل کو اچھا لگنا۔
آنکھوں کی سُوئیاں نکالنی رہ گئیں ہیں: [ا۔ محاورہ] تھوڑی سی کسر باقی ہے
آنکھوں کی سیاہی سفید ہونا: [ا۔ محاورہ] موت کی علامتیں ظاہر ہونا۔ بے وفا ہونا۔
آنکھوں کی صفائی: [ا۔ محاورہ] چالاکی۔ ڈھٹائی۔ بے مروتی۔
آنکھوں کی قصدیں کھلواؤ: [ا۔ مثل] دیکھنے کی لیاقت پیدا کرو۔
آنکھوں کے آگے: [ا۔ متعلق فعل] روبرو۔ سامنے
آنکھوں کے آگے آئے: [ا۔ کلمہ بددعا] اندھا ہو جائے۔ آنکھیں ختم ہوجائیں۔
آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا / چھا جانا: [ا۔ محاورہ] کچھ نہ سوجھنا۔ چکر آنا۔ غش آنا۔
آنکھوں کے آگے بھوؤں کا گلہ: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھ کی بدی بھوؤں کے آگے"۔
آنکھوں کے آگے پھر جانا: [ا۔ محاورہ] تصور میں کسی کا ہو بہو سامنے آنا۔ تصور ہونا۔
آنکھوں کے آگے تارے چھٹکنا: [ا۔ محاورہ] صدمہ یا ضعف کے باعث آنکھوں کے سامنے ترمرے آجانا۔
آنکھوں کے آگے جہان تاریک ہونا: [ا۔ محاورہ] نہایت رنج ہونا۔ غم ہونا۔
آنکھوں کے سامنے چاندنا ہو جانا: [ا۔ محاورہ] کچھ دکھائی نہ دینا۔ بے حد کمزوری کے باعث آنکھوں کے سامنے چمکتے ذرّے سے نظر آنا۔
آنکھوں کے آگے ناک سُوجھے کیا خاک: [ا۔ مثل] سامنے کی چیز نظر نہ

آنما پنا اور اپنے عزیزوں کا عیب نظر آنا۔

آنکھوں کے اندھے نام نین سکھ: [ار۔مثل] ان اوصاف پر فخر کرنا جن کا کوئی وجود نہ ہو۔ جھوٹے دعوے

آنکھوں کے بل چلنا: [ار۔محاورہ] انتہائی شوق و ادب سے چلنا

آنکھوں کے تلے اندھیرا آنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا"

آنکھوں کے حلقے: [ار۔ا۔مذ] وہ گڑھے جن میں آنکھوں کے ڈھیلے قائم ہیں۔ آنکھوں کے اردگرد پڑ جانے والے دائرے۔

آنکھوں کے سامنے کی بات: [ار۔امث] اپنی دیکھی ہوئی بات

آنکھوں کے ناخن لو: [ار۔مثل] "آنکھوں کی ضدیں کھلواؤ"

آنکھوں کے نیچے اندھیرا آ جانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے آنکھوں / آنکھ کے آگے اندھیرا آ جانا

آنکھوں میں: [ار۔متعلق۔فعل] سب کے سامنے۔ لوگوں کی موجودگی میں۔ اشاروں میں

آنکھوں میں آنا: [ار۔محاورہ] نگاہوں میں سمانا۔ تصور میں آنا۔

آنکھوں میں باتیں کرنا: [ار۔محاورہ] اشاروں میں باتیں کرنا

آنکھوں میں بجلی سی چمک جانا: [ار۔محاورہ] اچانک نظر آ کر آنکھوں سے غائب ہو جانا

آنکھوں میں بچن ہونا: [ار۔محاورہ] آنکھوں آنکھوں میں قول و قرار ہونا۔

آنکھوں میں بسنا: [ار۔محاورہ] نظروں میں سمانا۔ پسند آنا۔

آنکھوں میں بہار آنا / پھولنا / رچنا: [ار۔محاورہ] نگاہوں سے خوشی ٹپکنا۔ دل کی کلی کھلنا

آنکھوں میں بھنگ گھٹنا: [ار۔محاورہ] گہرا نشہ ہونا۔

آنکھوں میں بیٹھنا: [ار۔محاورہ] نظروں میں سمانا۔ بھلا لگنا۔ پسند آنا۔

آنکھوں میں پالنا: [ار۔محاورہ] بڑی محبت اور پیار سے پرورش کرنا۔ نہایت حفاظت سے پالنا

آنکھوں میں پھرنا: [ار۔محاورہ] تصور میں رہنا۔ ہر وقت یاد ہونا۔

آنکھوں میں پی جانا: [ار۔محاورہ] رونا ضبط کرنا۔ خاموش رہنا۔ کسی کی بری حرکت دیکھ کر ضبط کرنا۔ کسی مرغوب چیز کو خاموشی سے دیکھنا۔

آنکھوں میں تنکے چبھونا: [ار۔محاورہ] سخت تکلیف دینا۔ ظلم کرنا

آنکھوں میں تلنا: [ار۔محاورہ] نظروں میں جچنا۔ نہایت لطیف اور ہلکا ہونا

آنکھوں میں تیل لگانا: [ار۔محاورہ] بہانہ بنانا۔ حیلہ تراشنا

آنکھوں میں تیورا آنا: [ار۔محاورہ] آنکھوں میں اندھیرا آ جانا

آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا: [ار۔محاورہ] دل خوش ہونا۔ تسکین ہونا۔ تسلی ہونا

آنکھوں میں ٹھہرنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں سمانا"

آنکھوں میں ٹیسو پھولنا: [ار۔محاورہ] زرد ہی زرد دکھائی دینا۔ خوشی کا سامان نظروں میں پھرنا۔ خوش ہونا۔

آنکھوں میں جان آنا: [ار۔محاورہ] خوشی حاصل ہونا۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا مرنے کے قریب ہونا۔

آنکھوں میں جچنا: [ار۔محاورہ] پسند ہونا۔ وقعت ہونا۔

آنکھوں میں جگہ دینا: [ار۔محاورہ] قدر کرنا۔ عزیز رکھنا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔

آنکھوں میں جھٹنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں بسنا"

آنکھوں میں چکا چوند ہونا: [ار۔محاورہ] تیز روشنی کے سامنے نظر قائم نہ رہنا۔

آنکھوں میں چلے آنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں بسنا"

آنکھوں میں چھانا: [ار۔محاورہ] نظروں میں ایسا سمانا کہ اس کے سوا اور کچھ نہ سوجھے

آنکھوں میں خار کھٹنا: [ار۔محاورہ] ناگوار گزرنا۔ برا لگنا۔ کھٹکنا

آنکھوں میں خاک: [ار۔روزمرہ] نظر بد سے بچانے کے لیے کہتے ہیں۔ چشم بد دور

آنکھوں میں خاک / دھول جھونکنا: [ار۔محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

آنکھوں میں خون اترنا: [ار۔محاورہ] بہت غصہ آنا۔

آنکھوں میں دم آ جانا / ہونا: [ار۔محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔ جان لب ہونا۔

آنکھوں میں دنیا تاریک / سیاہ ہونا: [ار۔محاورہ] شدت غم سے کچھ دکھائی نہ دینا۔

آنکھوں میں ڈر نہ ہونا: [ار۔محاورہ] نڈر اور ڈھیٹ ہونا

آنکھوں میں رات کاٹنا: [ار۔محاورہ] اداسی سے رات بھر جاگتے رہنا بیقراری۔ انتظار یا پریشانی کی وجہ سے نیند نہ آنا۔

آنکھوں میں رات کٹنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں رات کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے

آنکھوں میں رائی لون: [ار۔روزمرہ] نظر بد سے بچانے کے لیے کہتے ہیں۔

آنکھوں میں رس / رسیلا پن ہونا: [ار۔محاورہ] آنکھوں میں مستی ہونا۔ آنکھوں کا خوبصورت ہونا۔

آنکھوں میں رکھنا: [ار۔محاورہ] نگرانی رکھنا۔ عزیز رکھنا

آنکھوں میں روشنی آ جانا: [ار۔محاورہ] بینائی حاصل ہونا۔ آنکھوں میں نور آنا۔

آنکھوں میں رہنا: [ار۔محاورہ] تصور میں رہنا۔ نہایت عزیز ہونا۔

آنکھوں میں سبک ہونا: [ار۔محاورہ] بے قدر ہونا۔ کم عزت ہونا۔

آنکھوں میں سحر کرنا: [ار۔محاورہ] جاگتے جاگتے صبح کر دینا۔

آنکھوں میں سحر ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں سحر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

آنکھوں میں سرخی ہونا: [ار۔محاورہ] رات کو جاگنے سے یا رونے سے / نشے سے / آشوب سے آنکھ سرخ ہو جانا۔

آنکھوں میں سرسوں پھولنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں ٹیسو پھولنا"

آنکھوں میں سرمہ کی تحریر کھینچنا: [ار۔محاورہ] سرمہ یا کاجل لگانا۔

آنکھوں میں سفیدی چھانا: [ار۔محاورہ] آنکھوں میں جالا پھیل جانا۔ اندھا ہونا۔

آنکھوں میں سلائی پھیرنا: [ار۔محاورہ] اندھا کرنا۔

آنکھوں میں سمانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھ میں سمانا"

آنکھوں میں سماں / بندھنا / پھرنا: [ار۔محاورہ] آنکھوں کو لطف آنا۔ کسی کیفیت کی تصویر آنکھوں کے سامنے ہونا۔

آنکھوں میں سوال و جواب ہونا: [ار۔محاورہ] اشاروں میں باتیں ہونا۔

آنکھوں میں شرم نہ ہو تو ڈھیلے لپچے: [ار۔محاورہ] بے حیا آنکھوں والے سے اندھا بھلا

آنکھوں میں صبح کرنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں سحر کرنا"

آنکھوں میں کاجل بن کر پھرنا: [ار۔محاورہ] آنکھوں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسنا۔

آنکھوں میں کوٹ کوٹ کے موتی بھرے ہونا: [ار۔محاورہ] نہایت خوبصورت آنکھیں ہونا۔

آنکھوں میں کھا جانا: [ار۔محاورہ] شوق اور رغبت کی نگاہ سے دیکھنا۔ پُراثر نگاہ ڈالنا۔

آنکھوں میں کھب جانا / کھبنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں سمانا"

آنکھوں میں کھٹکنا: [ار۔محاورہ] ناگوار گزرنا۔ برا معلوم ہونا۔

آنکھوں میں کھٹک ہونا: [ار۔محاورہ] آنکھوں میں چبھن ہونا۔ درد ہونا۔

آنکھوں میں کہنا: [ار۔محاورہ] اشاروں میں کہنا۔ اشارے سے بات کرنا۔

آنکھوں میں گھر کرنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں سمانا"

آنکھوں میں گھر ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھوں میں سمانا"
آنکھوں میں لہو اترنا: [ا۔ محاورہ] غصہ کے مارے آنکھیں سُرخ ہو جانا
آنکھوں میں مرچیں بھرنا: [ا۔ محاورہ] سونے نہ دینا۔ جاگتے یا جگانے کی تدبیر کرنا
آنکھوں میں موہنی ہونا: [ا۔ محاورہ] نگاہوں میں جادو ہونا۔ بہت کشش ہونا۔
آنکھوں میں نشہ چڑھنا / چھانا: [ا۔ محاورہ] نشہ سے چور ہونا۔
آنکھوں میں نقشہ پھر جانا / کھنچنا: [ا۔ محاورہ] کسی شے کی تصویر نگاہوں کے سامنے آ جانا۔
آنکھوں میں نمک / لون جھونکنا / چھڑکنا / ڈالنا: [ا۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ اندھا کرنا۔
آنکھوں میں نیل کی سلائی پھیرنا: [ا۔ محاورہ] اندھا کرنا
آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سنا: [ا۔ مثل] کوئی عجیب اور خلاف قیاس چیز۔
آنکھوں والو آنکھیں بڑی نعمت ہیں: [ا۔ مقولہ] اندھے فقیر صدا لگاتے وقت کہتے ہیں کہ آنکھیں قدرت کا بہت بڑا انعام ہیں ان کی قدر کرو۔
آنکھوں ہی آنکھوں میں: [ا۔ روزمرہ] اشاروں ہی اشاروں میں۔ سب کے سامنے
آنکھیں: [ا۔ امث۔ ج] دیکھئے "آنکھ" جس کی یہ جمع ہے۔
آنکھیں آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھیں دُکھنا، درد کرنا، سُرخ ہونا
آنکھیں آسمان سے لگی ہونا: [ا۔ محاورہ] بارش نہ ہونے یا دُعا قبول نہ ہونے یا کبوتروں کی پرواز دیکھنے کے لیے نگاہیں آسمان کی طرف ہونا۔
آنکھیں اِدھر اُدھر ہونا: [ا۔ محاورہ] نگاہیں پریشان ہونا۔ خیالات منتشر ہونا۔
آنکھیں اُگل پڑنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں کا بیماری کی حالت میں بہت اُبھر آنا۔
آنکھیں اُلٹ جانا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں پر سخت ورم ہونا۔ پُتلیاں چڑھ جانا مرنے کے قریب ہونا
آنکھیں اُمڈنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں آنسوؤں کا طوفان ہونا۔ رونے کا جوش ہونا۔
آنکھیں انگارا بن جانا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں کا بہت سُرخ ہو جانا۔
آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] شرمانا۔ شرم سے نگاہ نیچی رکھنا
آنکھیں بچھانا: [ا۔ محاورہ] بہت تواضع سے پیش آنا۔ بہت آؤ بھگت کرنا۔
آنکھیں بدلنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ نگاہ پھیر لینا۔ بے توجہی اور بے مروتی کرنا ۲۔ جان کنی کے وقت پُتلیاں بدلنا
آنکھیں بڑی چیز / دولت / نعمت ہیں: [ا۔ مقولہ] آنکھیں بہت قابل قدر اور قیمتی چیز ہیں، جن سے غافل نہیں ہونا چاہیئے۔
آنکھیں بنانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھ بنانا"
آنکھیں بند رکھنا: [ا۔ محاورہ] آنکھیں نہ کھولنا۔ توجہ نہ دینا۔ شکاری پرندوں کی آنکھوں کو سی کر یا ٹوپی چڑھا کر بند رکھنا۔
آنکھیں بند کرنا: [ا۔ محاورہ] (۱) سونا (۲) مر جانا (۳) تصور جمانا (۴) مراقبہ کرنا۔ ۵۔ بے ہوشی یا غفلت ہونا (۶) حیران ہونا۔
آنکھیں بند ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ سونا (۲) مر جانا
آنکھیں بھبھوکا ہونا: [ا۔ محاورہ] غصہ یا گرمی سے آنکھیں سُرخ ہو جانا۔ یکایک غصہ میں آ جانا
آنکھیں بھر آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں آنسو آ جانا۔ آب دیدہ ہونا۔
آنکھیں بھر کر دیکھنا: [ا۔ محاورہ] پوری طرح دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔

آنکھیں بیٹھ جانا: [ا۔ محاورہ] ضعف اور لاغری کے سبب آنکھوں کا اندر کی طرف دھنس جانا
آنکھیں پانی ہو کر بہہ جانا: [ا۔ محاورہ] روتے روتے اندھے ہو جانا۔
آنکھیں پتھرانا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں کا بے نور ہونا۔ جان بہ لب ہونا۔ موت کی علامت۔
آنکھیں پٹ پٹانا: [ا۔ محاورہ] دھوپ یا صدمہ کے باعث آنکھیں پٹ پٹ کرنا۔ آنکھوں کو جلد جلد بند کرنا اور کھولنا۔
آنکھیں پٹم ہونا: [ا۔ مص۔ مرکب] اندھا ہو جانا۔ بے نور ہونا۔
آنکھیں پڑنا: [ا۔ محاورہ] مورد توجہ ہونا۔ ہدف عنایت ہونا (پر کے ساتھ)
آنکھیں پسنا: [ا۔ محاورہ] دیکھ کر لوٹ جانا (پر کے ساتھ)
آنکھیں پلٹ جانا: [ا۔ محاورہ] رُخ بدل جانا۔ بے مروت ہونا۔ توجہ نہ کرنا۔ منہ پھیر لینا۔ دشمن بن جانا۔
آنکھیں پونچھنا: [ا۔ محاورہ] آنسو صاف کرنا۔ تسلی اور دلاسا دینا۔
آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ بہت غور، شوق یا رغبت سے دیکھنا۔ (۲) حسرت سے دیکھنا (۳) مصیبت میں گھبرا کر دیکھنا۔
آنکھیں پھٹنا: [ا۔ محاورہ] درد اور تکلیف کی شدت ہونا۔ ہکا بکا رہنا۔ رشک کرنا۔ حسد کرنا۔
آنکھیں پھر جانا: [ا۔ محاورہ] تیور بدل جانا۔ بے مروت ہو جانا۔ پتلیوں کا اوپر چڑھ جانا۔
آنکھیں پھوٹ جائیں: [ا۔ کلمہ بد دُعا] اندھا ہو جائے (آنکھوں کی قسم کھانا)
آنکھیں پھوٹنا: [ا۔ محاورہ] اندھا ہونا۔ سخت تکلیف ہونا۔
آنکھیں پھوڑنا: [ا۔ محاورہ] اندھا کرنا۔ اندھا ہونا۔ بے حد رونا۔ انتظار کرنا۔ دیدہ ریزی کرنا۔ ایسا کام کرنا جس سے آنکھوں پر زور پڑے۔
آنکھیں پھیر کے چل دینا: [ا۔ محاورہ] منہ پھیر کے چلے جانا۔ کترا کر نکل جانا۔
آنکھیں پھیر لینا: [ا۔ محاورہ] ناراض ہونا۔ بے رُخی کرنا۔ بے مروت ہونا۔
آنکھیں پھیرے طوطے (توتے) کی سی، باتیں کرے مینا کی سی: [ا۔ مثل] حقیقت میں بے وفا ہونا۔ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔ منافق
آنکھیں ترسنا: [ا۔ محاورہ] دیکھنے کی بہت تمنا ہونا۔ دیدار کے شوق میں بے قرار ہونا۔
آنکھیں ترش ہونا: [ا۔ محاورہ] نگاہوں سے غصہ ظاہر ہونا۔
آنکھیں تلووں سے رگڑنا / ملنا: [ا۔ محاورہ] اظہار الفت کرنا۔ عقیدت ظاہر کرنا۔ خوشامد کرنا۔
آنکھیں تلی ہونا: [ا۔ محاورہ] نگاہوں سے کسی بات کی تیاری ظاہر ہونا۔ آمادگی ظاہر ہونا۔
آنکھیں تیورا جانا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں اندھیرا آ جانا۔
آنکھیں ٹمٹمانا: [ا۔ محاورہ] ذرا ذرا آنکھیں کھولنا۔ زندگی کی رمق باقی ہونا۔
آنکھیں ٹوٹ آنا: [ا۔ محاورہ] آنکھیں دکھنا۔ آنکھیں دُکھنے آنا
آنکھیں ٹھنڈی کرنا: [ا۔ محاورہ] دل خوش کرنے والی چیزیں دیکھنا۔ تسلی دینا۔ پیارے کو دیکھنا۔
آنکھیں ٹھنڈی ہونا: [ا۔ محاورہ] اولاد زندہ رہنا۔ دل کو تسکین ہونا۔
آنکھیں جاتی رہنا: [ا۔ محاورہ] بینائی زائل ہونا۔ اندھا ہونا۔
آنکھیں جلنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں سوزش ہونا۔ جلن ہونا۔
آنکھیں جھپکانا / جھپکنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ شرمندہ ہونا (۲) لجانا۔

آنکھ سامنے نہ ہو سکنا (۳) نیند نہ آنا (۴) روشنی کی تاب نہ لا سکنا۔ آنکھوں کا کھلنا اور بند ہونا۔

آنکھیں جھک جانا: [ا۔ محاورہ] (۱) نیند یا نشہ کا غلبہ ہونا (۲) شرمندہ ہونا۔

آنکھیں چار کرنا: [ا۔ محاورہ] نظر سے نظر ملانا۔ ڈھٹائی سے دیکھنا۔

آنکھیں چار ہونا: [ا۔ محاورہ] رُوبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔ ملاقات کرنا۔

آنکھیں چُرانا: [ا۔ محاورہ] چشم پوشی کرنا۔ تجاہل عارفانہ سے کام لینا۔ کترانا

آنکھیں چرنے گئی ہیں: [ا۔ استفہامیہ فقرہ] کیا تمہاری آنکھیں غائب ہو گئی ہیں۔ کیا نظر نہیں آتا۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص سامنے پڑی چیز بھی نہ دیکھ سکے۔

آنکھیں چڑھانا: [ا۔ محاورہ] (۱) خاطر میں نہ لانا۔ بددماغ ہونا (۲) خفا ہونا (۳) ایک منت جس میں آنکھوں کی بیماری دُور ہو نے کے بعد سونے چاندی کی آنکھیں چڑھاتے ہیں۔

آنکھیں چڑھنا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں خمار ہونا۔ نیند کا اثر ہونا۔

آنکھیں چلنا: [ا۔ محاورہ] جلد جلد پلکیں جھپکنا۔

آنکھیں چمکانا: [ا۔ محاورہ] ناز و غمزہ سے آنکھیں گھمانا۔ دیدے مٹکانا

آنکھیں چندھیانا: [ا۔ محاورہ] نہایت چمکیلی چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا پورا نہ کھلنا۔ نگاہ خیرہ ہونا۔

آنکھیں چھت سے لگنا: [ا۔ محاورہ] اوپر کی طرف آنکھوں کا چڑھ جانا۔ کسی کے انتظار میں راہ دیکھنا۔ موت کی علامت ظاہر ہونا۔

آنکھیں دکھانا: [ا۔ محاورہ] چشم نمائی کرنا۔ دھمکانا۔ ڈرانا

آنکھیں دیکھی ہیں: [ا۔ محاورہ] صحبت میں رہا ہے۔ تعلیم پائی ہے۔ تربیت پائی ہے۔

آنکھیں دیوار ہو جانا: [ا۔ محاورہ] کچھ نہ سوجھنا۔ دکھائی نہ دینا۔

آنکھیں ڈبڈبانا: [ا۔ مص۔ ونعی] آنکھوں میں آنسو آنا۔

آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا: [ا۔ محاورہ] نہایت کمزوری سے آنکھوں میں حلقے پڑنا۔ تمام جسم کی بجائے کمزوری کے باعث آنکھیں حرکت کرتی نظر آنا۔

آنکھیں ڈھانپنا/ڈھانکنا: [ا۔ محاورہ] شرم کے باعث منہ چھپا لینا۔

آنکھیں ڈھلنا: [ا۔ محاورہ] مائل نظارہ ہونا۔ متوجہ ہونا۔ نظر بازی کرنا

آنکھیں ڈھونڈتی ہیں: [ا۔ محاورہ] آنکھیں دیکھنا چاہتی ہیں۔ مشتاق دید ہیں۔

آنکھیں رکھنا: [ا۔ محاورہ] عقل رکھنا۔ شناخت اور پرکھ ہونا۔

آنکھیں روشن کرنا: [ا۔ محاورہ] کسی دوست یا خوب صورت چیز کو دیکھنے سے نگاہوں کو تازگی دینا۔ نابینا کو بینا کرنا۔

آنکھیں روشن ہونا: [ا۔ محاورہ] (۱) آنکھوں میں نور آنا (۲) کسی کے دیدار سے دل شاد ہونا (۳) حقیقت معلوم ہونا

آنکھیں زمین سے لگ جانا: [ا۔ محاورہ] آنکھیں نیچی ہو جانا۔ ندامت کے باعث نظر اوپر نہ اٹھنا۔ شرمانا

آنکھیں زمین میں گڑی ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھیں زمین سے لگ جانا"

آنکھیں سامنے کرنا: [ا۔ محاورہ] آنکھیں مقابل کرنا۔ نگاہ رُوبرو کرنا۔

آنکھیں سُرخ کرنا: [ا۔ محاورہ] غصہ کرنا۔ غیظ و غضب میں آنا۔

آنکھیں سفید کرنا: [ا۔ محاورہ] زیادہ رونے یا انتظار سے آنکھیں اندھی کرنا۔

آنکھیں سینا: [ا۔ محاورہ] دھوکا دینا۔ چشم پوشی کرنا۔

آنکھیں سینکنا: [ا۔ محاورہ] حسینوں کی دید بازی کرنا۔ نظارہ بازی کرنا

آنکھیں فرش راہ کرنا: [ا۔ محاورہ] نہایت عاجزی اور تواضع سے پیش آنا۔

آنکھیں قدموں پر ملنا: [ا۔ محاورہ] نہایت اخلاص و محبت اور ادب و تواضع سے پیش آنا۔ بے حد تعظیم کرنا۔

آنکھیں کڑوانا: [ا۔ محاورہ] نیند کے خمار یا دھوئیں کی وجہ سے آنکھوں میں خارش ہونا۔

آنکھیں کھل جانا: [ا۔ محاورہ] بیدار ہونا۔ چونک پڑنا۔ حیران رہ جانا۔ عبرت پکڑنا۔

آنکھیں کھلنا: [ا۔ محاورہ] جاگنا۔ ہوشیار ہونا۔ ہوش سنبھالنا۔ متنبہ ہونا۔ جنم لینا۔ حقیقت واضح ہونا۔ بھلا چنگا ہونا۔

آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جانا: [ا۔ محاورہ] دم بخود ہونا۔ سکتے کی حالت میں دم نکل جانا۔ دیکھتے دیکھتے مر جانا۔

آنکھیں کھلی ہونا: [ا۔ محاورہ] آنکھوں کا کچھ کچھ کھلا رہنا۔ صحیح و سلامت ہونا۔ زندہ ہونا۔

آنکھیں کھولنا: [ا۔ محاورہ] جاگنا۔ بیدار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ جنم لینا

آنکھیں کھونا: [ا۔ محاورہ] رو رو کر آنکھیں خراب کر لینا۔ اندھا ہو بیٹھنا

آنکھیں کہیں ہیں، دل کہیں ہے: [ا۔ مثل] نگاہ ایک طرف اور دھیان دوسری طرف جو کام سامنے ہو اس کی طرف متوجہ نہ ہونا۔

آنکھیں گدّی میں ہونا: [ا۔ محاورہ] بے عقل ہونا۔ بدمست ہونا۔ مغرور ہونا۔

آنکھیں گرم کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ غصہ سے دیکھنا (۲) گھورنا

آنکھیں گرم ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ بہت غصہ آنا (۲) نیند آنا

آنکھیں گاڑنا: [ا۔ محاورہ] غور سے دیکھنا۔ گھورنا۔

آنکھیں گڑنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز پر نظر جم جانا۔ آنکھوں کا پیچھے کی طرف دھنس جانا۔ آنکھیں بیٹھنا۔ ٹکٹکی بندھنا۔

آنکھیں گلابی ہونا: [ا۔ محاورہ] نشہ یا جاگنے کی وجہ سے آنکھیں سُرخ ہونا۔

آنکھیں لال کرنا: [ا۔ محاورہ] غضب ناک ہونا۔ غصہ میں ہونا۔ بہت رونا۔

آنکھیں لڑانا: [ا۔ محاورہ] دید بازی کرنا۔ عاشق ہونا۔

آنکھیں لگانا: [ا۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ محبت کرنا۔ انتظار کرنا۔

آنکھیں لگی ہونا: [ا۔ محاورہ] ٹکٹکی بندھی ہونا۔ نظر جمی ہونا۔

آنکھیں مانگنا: [ا۔ محاورہ] بینائی چاہنا۔ آنکھوں کی روشنی کا طلب گار ہونا۔

آنکھیں مٹکانا: [ا۔ محاورہ] اترانا۔ ناز نخرے کرنا۔

آنکھیں ملنا: [ا۔ محاورہ] نیند کا غبار دُور کرنا۔ عقیدت کے باعث کسی بزرگ کے تلووں سے آنکھیں ملنا۔

آنکھیں مُندتے کیا دیر ہے: [ا۔ مثل] زندگی کا کیا بھروسا ہے۔

آنکھیں مُوندنا: [ا۔ محاورہ] آنکھیں بند کرنا۔ انتقال کر جانا۔ انتظار کرنا۔

آنکھیں میچ لینا: [ا۔ محاورہ] آنکھیں بند کر لینا۔ توجہ ہٹانا۔ شرمانا۔ دستبردار ہونا۔

آنکھیں نکالنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اندھا کرنا۔ ۲۔ غصہ ہونا۔ خفا ہونا۔ گھورنا۔

آنکھیں نکل آنا: [ا۔ محاورہ] کمزوری کے باعث آنکھوں کا حلقوں سے باہر اُبھر آنا۔

آنکھیں نکلوانا: [ا۔ محاورہ] کسی کی آنکھوں کے ڈھیلے نکلوا دینا۔ اندھا کرنا۔

آنکھیں نیلی پیلی کرنا: [ا۔ محاورہ] خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ غصہ کا اظہار کرنا۔

آنکھیں ہونا: [ا۔ محاورہ] عقل ہونا۔ سمجھ ہونا۔ ہوش آنا۔

آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار } [ا۔ مثل] سامنے تعریف کرنا۔
آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں آیا کھوٹ } پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔ منہ دیکھے کی محبت۔ ظاہری محبت

آنکھیں ہیں یا بھینس کے چوتڑ: [ا۔ مثل۔ عوام] دیکھ کر کام نہ کرنا۔ بے توجہی سے کام کرنا۔

آنگن: (آں۔ گن) [۔ اند] مکان کا صحن۔ انگنائی (پنجابی میں ویہڑا)۔

آنند: [بفتح نون اول وبسکون نون ثانی] [۔ اند] خوشی۔ شادمانی۔ عیش۔ خوش۔ راضی

آنند بدھاوا: [ہ۔امذ] خوش خبری۔ مبارک باد۔ خوشی کا گیت۔ مبارک باد کا گیت

آنند بھیروں: [ہ۔امذ] بھیروں ٹھاٹھ کا ایک سمپورن راگ جس میں سات سُر لگتے ہیں اس کا وادی سُر سا ہے۔ یہ پوروانگ میں بھیروں اور اُتر انگ میں بلاول ٹھاٹھ ملانے سے بنا ہے۔ صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

آنند رہنا: [ار۔مص۔مرکب] خوش رہنا۔ مطمئن رہنا۔ خوشی میں مگن رہنا۔

آنند کرنا: [ار۔مص۔مرکب] خوشی کرنا۔ مزے کرنا۔ آرام سے بسر کرنا۔ چین کرنا۔

آنند کے تار بجانا: [ار۔محاورہ] عیش کرنا۔ مزے کرنا۔ خوشی کے گیت گانا

آنند منگل: [ار۔امذ] خوشی و خرمی۔ راحت۔ عیش۔ آرام

آنند ہونا: [ار۔مص۔مرکب] خوش ہونا۔ مطمئن ہونا۔ راضی ہونا

آنندی: [ار۔ا۔صفت] خوش۔ شادماں۔ راضی خوشی

آنندی پُرش: [ار۔امذ] ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ ہنسوڑ

آنو: (آن ؤ) [ار۔امث] وہ سفید اور چکنی رطوبت جو پیچش کے مرض میں پاخانہ کے ساتھ نکلتی ہے۔ (افعال: آنا۔ پڑنا۔ نکلنا)

آنو لہو: [ار۔امث] پیچش۔ مروڑ

آنول: (آں ول) [ہ۔امث] وہ جھلی کی نلکی جو بچے کی پیدائش کے وقت اس کی ناف سے لگی ہوتی ہے اور کاٹ دی جاتی ہے۔ آنول نال

آنولا / آملہ: (آں ولا) [ار۔امذ] ایک کھٹا اور کسیلا پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے اس کا اچار اور مُربہ ڈالتے ہیں اور تیل نکالتے ہیں۔ نیز اس کا درخت۔

آنولا سار گندھک: [ار۔امث] آنولے کے رنگ سے مشابہ گندھک۔ صاف گندھک

آنول گٹا: [ار۔امذ] خشک آنولا جو پیڑ پر سوکھ جائے۔

آنول نال: [ہ۔امث] دیکھئے "آنول"

آنول نال گڑنا: [ار۔محاورہ] جائے پیدائش ہونا۔ کسی جگہ سے جائے پیدائش کی سی محبت ہونا۔

آنولا: [ار۔امذ] دیکھئے "آنولا" جو صحیح ہے۔

آنولے کا کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ دیتا ہے: [ار۔مثل] بڑوں کی نصیحت شروع میں تو بُری لگتی ہے مگر بعد میں اس کا فائدہ معلوم ہوتا ہے اسی طرح آنولا شروع میں یعنی کھاتے وقت کڑوا لگتا ہے لیکن بعد میں مفید ثابت ہوتا ہے۔

آنہ: [ار۔امذ] روپے کا سولہواں حصہ۔ اکنی۔ ایک سکہ جب اعشاری سکہ چلا ہے۔ اب یہ سکہ رائج نہیں رہا۔

آنہ پائی: [ار۔امذ] — کوڑی کوڑی۔ پورا پورا

آنہ پائی سے حساب کرنا: [ار۔محاورہ] پورا پورا حساب کرنا۔ حساب میں چھوٹی سے چھوٹی رقم کو بھی نظر انداز نہ کرنا

آنہ پائی کا حساب کرنا: [ار۔محاورہ] کفایت شعاری کرنا۔ کنجوسی کرنا۔ قرض ادا کرنا۔

آنی بانی: [ار۔امث] ہنسی ٹھٹھا۔ چھیڑ چھاڑ۔ شرارت

آنی جانی: [ار۔صف] ناپائیدار۔ بے ثبات۔ عارضی۔ فانی

آ — و

آوا: [ار۔امذ] کمہار کی بھٹی جس میں کچے برتن پکائے جاتے ہیں۔ اینٹوں کا بھٹا۔ پزاوہ

آوا اُترنا: [ار۔محاورہ] برتنوں کا پک کر بھٹی سے باہر نکلنا۔ برتن پک کر تیار ہو جانا۔

آوا بگڑنا: [ار۔محاورہ] سب برتنوں کا خراب ہونا۔

آوا چڑھنا: [ار۔محاورہ] کچے برتنوں کو پکانے کے لیے بھٹی میں رکھنا۔

آوا جائی: [ار۔امث] بے ضرورت آنا جانا۔ بے مقصد آمد و رفت (اب متروک ہے)

آوا جائی لگا رکھنا: [ار۔محاورہ] فضول آمد و رفت جاری رکھنا۔

آوارجہ: [ف۔امذ] روزنامچہ۔ بہی کھاتہ۔ جمع خرچ کا رجسٹر

آوارگی: [ف۔امث] دیکھئے "آوارہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

آوارہ: [ف۔صف] ۱۔ پریشان۔ مارا مارا پھرنے والا۔ سرگرداں۔ بدحال (۲) اوباش۔ بدوضع۔ بدچلن۔ بیکار۔ ۳۔ وطن سے پھرا ہوا (۴) گیا گزرا (۵) بھٹکا ہوا (۶) کوچہ گرد (۷) ڈانواڈول (افعال: پھرنا۔ کرنا۔ ہونا)

آوارہ گرد: [ف۔صف] بدچلن۔ بدمعاش۔ بے کار۔ بیہودہ۔ مارا مارا پھرنے والا۔

آوارہ گردی: [ف۔امث] دیکھئے "آوارہ گرد" جس کا اسم کیفیت ہے۔

آوارہ مزاج: [فع۔صف] بدوضع۔ لاابالی۔ بے پروا۔

آوارہ مزاجی: [فع۔امث] دیکھئے "آوارہ مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

آوارہ وطن: [فع۔صف] غریب الوطن۔ مسافر۔ پردیسی

آوارہ وطنی: [فع۔امث] دیکھئے "آوارہ وطن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

آواز: [ف۔امث] صدا۔ ندا۔ بانگ۔ پکار۔ کھٹکا۔ آہٹ۔ دھماکہ۔ شہرہ۔ غل

آواز آنا: [ار۔محاورہ] کان میں آواز پڑنا۔ آواز سنائی دینا۔ غیب سے آواز سنائی دینا۔ آہٹ سنائی دینا

آواز اٹھانا: [ار۔محاورہ] آواز بلند کرنا۔ اونچے سروں میں گانا۔ دعویٰ کرنا۔ احتجاج کرنا۔

آواز اکھڑ جانا: [ار۔محاورہ] آواز بے سُری ہو جانا۔ تان لیتے وقت آواز پھٹ جانا۔

آواز بدل جانا: [ار۔مص۔مرکب] کسی وجہ سے آواز میں فرق آنا۔ لہجہ تبدیل ہو جانا۔

آواز بدلنا: [ار۔مص۔مرکب] اصلی آواز تبدیل کرنا۔ لہجہ تبدیل کرنا۔

آواز بڑھانا: [ار۔مص۔مرکب] آواز اونچی کرنا۔

آواز بگڑ جانا: [ار۔مص۔مرکب] نزلہ یا کسی اور بیماری کے باعث آواز خراب ہو جانا

آواز بلند کرنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آواز اٹھانا"

آواز بند کرنا: [ار۔مص۔مرکب] خاموش کرنا۔ آواز روک دینا۔ آواز نہ نکلنے دینا۔

آواز بند ہونا: [ار۔مص۔مرکب] دیکھئے "آواز بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

آواز بھاری ہونا: [ار۔مص۔مرکب] آواز میں گرانی پیدا ہونا۔ آواز بیٹھ جانا۔

آواز بھر آنا: [ار۔مص۔مرکب] آواز بھاری ہونا۔ صاف طور سے بول نہ سکنا۔ گلا بیٹھنا۔

آواز بیٹھنا: [بفتحۂ ی و مدہ یائے لینہ] [ار۔مص۔مرکب] آواز بھاری ہونا۔ گلا بیٹھ جانا۔

آواز پر کان دھرنا / رکھنا / لگانا: [ار۔محاورہ] کسی کی آواز سننے کے لیے متوجہ ہونا۔

آواز پر گولی لگانا: [ار۔محاورہ] جدھر سے آواز ہو دیکھے بغیر نشانہ پر گولی مارنا۔ ماہر نشانہ باز ہونا۔

آواز پر لگانا: [ار۔محاورہ] جانور کو اس طرح سدھانا کہ آواز دینے پر پاس آ جائے یا جو کام بتایا جائے وہ کام کرے۔

آواز پر لگنا: [ار۔محاورہ] آواز پہچاننا۔ جانور کا آواز پر بولنا۔ اشارہ پر کام کرنا۔ بولی سمجھنا

آواز پڑ جانا: [ار۔محاورہ] ۱۔ آواز بیٹھ جانا (۲) عدالت میں اہل مقدمہ کو پکارا جانا۔

آواز پڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "آواز پڑ جانا" جو اس کی تکمیل ہے۔

آواز پھٹنا: [ار۔محاورہ] آواز بیٹھ جانا۔ صاف طور سے بولا نہ جانا۔

آواز پھولنا: [ار۔محاورہ] آواز بھاری ہونا۔ صاف طور سے بولا نہ جانا (خوشی کی وجہ سے)

آواز پیدا ہونا: [ا۔ مص مرکب] آواز نکلنا

آواز ٹھہر آنا: [ا۔ مص۔ مرکب] آواز کا پھٹنا۔ آواز میں لغزش ہونا۔

آواز جانا: [ا۔ مص مرکب] آواز پہنچنا۔

آواز جکڑ جانا: [ا۔ مص مرکب] نزلہ وغیرہ کی وجہ آواز بیٹھ جانا۔ آواز صاف نہ نکلنا۔

آواز دب جانا: [ا۔ مص۔ مرکب] آواز پست ہونا۔ آواز کم ہونا۔

آواز دینا: [ا۔ محاورہ] بُلانا۔ پکارنا۔ صدا لگانا۔ آواز پیدا ہونا۔

آواز ڈوک میں آنا: [ا۔ محاورہ] بالغ ہونے پر کنٹھ پھوٹنے سے آواز بھاری ہونا۔

آواز سگاں کم نہ کند رزقِ گدا را: [ف۔ مثل] کتوں کی آواز سے فقیر کی روزی کم نہیں ہوتی یعنی بدنیت اور حاسد لوگوں کی شرارت سے کسی کی روزی کم نہیں ہوتی۔

آواز سنائی پڑنا / دینا: [ا۔ مص۔ مرکب] آواز کان میں پڑنا۔ کانوں میں آواز پہنچنا

آواز سے آواز ملنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہم آہنگ ہونا (۲) ایک آواز کا دوسری آواز سے مشابہ ہونا (۳) گانے میں ایک کے سُر سے دوسرے کا سُر ملنا۔

آواز سے شگون لینا: [مص۔ مرکب] آواز سے اچھی یا بُری فال لینا۔ مثلاً کوّے کی آواز سے مہمان کی آمد اور کتوں کی آواز سے مصیبت کے نزول کی فال لیتے ہیں

آواز صاف ہو جانا: [ا۔ محاورہ] آواز کا بھاری پن جاتا رہنا۔ گلہ صاف ہو جانا۔ درست آواز نکلنا

آوازِ صُور: [ا۔ تلمیح] اُس صُور (نرسنگی) کی آواز جو حضرت اسرافیلؑ بحکم خُدا پھونکیں گے تو قیامت آجائے گی۔ شورِ قیامت۔

آوازِ غیب: (بہ اضافت۔ لفتحہ غینؑ یائے لینہ) [ع۔ امث] صدائے ہاتف۔ الہامی آواز

آواز کا پاٹ [ا۔ ترکیب اضافی۔ امذ] آواز کی حد۔ آواز کا پھیلاؤ۔ گرج

آواز کا پاٹ نہ ملنا: [ا۔ محاورہ] بیحد بلند آواز ہونا۔ گویّے کی آواز بہت اُونچی ہونا۔

آواز کا چڑھاؤ اُتار: [ا۔ ترکیب اضافی۔ مذ] آواز کی پستی و بلندی۔ بم و زیر آواز کا باقاعدگی کے ساتھ اونچا اور نیچا ہونا۔

آواز کان پڑنا: [ا۔ مص۔ مرکب] دیکھئے "آواز سنائی پڑنا"

آواز کان پڑی سنائی نہ دینا: [ا۔ محاورہ] بہت شور وغل ہونا۔

آواز کانوں میں بھرنا: [ا۔ محاورہ] کوئی آواز بار بار سننے کا اتفاق ہونا اور ہر وقت ایسا معلوم ہونا کہ وہی آواز سنائی دے رہی ہے۔

آواز کرنا: [ا۔ محاورہ] پکارنا۔ بُلانا۔ بندوق یا توپ چھوڑنا

آواز کسنا: (بفتح کاف و بہ سکون سین) [ا۔ محاورہ] بلند آواز سے تان اڑانا۔

آواز کھلنا: [ا۔ محاورہ] آواز صاف ہونا۔ آواز میں خرابی نہ رہنا۔

آواز گرنا: [ا۔ محاورہ] آواز کا ہلکا ہو جانا۔ دھیما ہو جانا۔ نیچے سُر میں آ جانا

آواز گوش زد ہونا: [ا۔ مص۔ مرکب] آواز سنائی دینا۔ آواز کان میں پڑنا۔

آواز گونجنا: [ا۔ مص مرکب] آواز کا اثر دیر تک فضا میں رہنا۔

آواز لڑنا: [ا۔ محاورہ] آواز کا آواز میں ملنا۔ ہم آہنگ ہونا۔ آواز کا اچھی طرح سُر پر پہنچنا

آواز لگانا: [ا۔ محاورہ] پکارنا۔ آواز دینا۔ سودا وغیرہ بیچنے کے لیے صدا لگانا۔ بھیک مانگنا۔ ان دینا۔ جانوروں کا بولنا۔

آواز ملانا: [ا۔ محاورہ] ہم آواز ہو کر گانا۔ ہم آہنگ ہونا۔ سُر ملانا۔

آواز ملنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آواز ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

آواز میں پتی لگ جانا: [ا۔ محاورہ] آواز کا صاف نہ نکلنا۔ آواز میں کھرکھراہٹ آ جانا۔ بے سُرا ہونا۔

آواز میں پیچ دینا: [ا۔ محاورہ] تان لیتے وقت خوبصورتی کے ساتھ آواز نکالنا۔

آواز میں چھریاں بھری ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ آواز کا بیحد موثر اور دردناک ہونا۔ ۲۔ آواز کا ناگوار ہونا۔

آواز میں کھٹکا ہونا: [ا۔ محاورہ] آواز میں پُر اثر اور دلکش کیفیت ہونا۔

آواز میں کھنڈلے پڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آواز میں پتی لگنا"

آواز میں لوچ ہونا: [ا۔ محاورہ] آواز میں نرمی اور نزاکت ہونا۔

آواز میں نمک ہونا: [ا۔ محاورہ] آواز میں درد ہونا۔ سوز و گداز ہونا۔

آواز نکالنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ بولنا۔ ۲۔ چیخنا۔ رونا۔ ۳۔ گانا شروع کرنا۔

آواز ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز سے آواز نکلنا۔

آوازہ: [ف۔ ا۔ مذ] ۱۔ دھوم شہرہ۔ غلغلہ (۲) غل شور۔ بلند آواز ۳۔ طعن و تشنیع۔ ہونا

آوازہ بلند ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ دھوم مچنا۔ نامور ہونا ۲۔ شہرت ہونا۔ مشہور ہونا۔ آواز بلند

آوازہ پہنچنا: [ا۔ محاورہ] شہرت پہنچنا۔

آوازہ پھیلنا: [ا۔ محاورہ] شہرت پھیلنا۔ نام پھیلنا۔ ناموری ہونا۔

آوازے پھینکنا / کسنا / سنانا / مارنا: [ا۔ محاورہ] طعن و تشنیع کرنا۔ بولی مارنا ہنسی اڑانا۔ چھیڑ چھاڑ کرنا۔ طنز کرنا

آواگمن / گَوَن: [ہ۔ ا۔ مذ] آنا جانا۔ جون بدلنا۔ کایا پلٹنا۔ مرنے کے بعد رُوح کا ایک جسم سے نکل کر دوسرے جسم میں جانا۔ تناسخ۔

آور: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی آوردن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور لانے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً خراب آور۔

آورد [ف۔ امث] ۱۔ محنت اور کوشش سے بات پیدا کرنا۔ (۲) تکلف سے شعر کہنا۔ آمد کی ضد

آوردہ: [ف۔ ا۔ مفعول] لایا ہوا۔ کسی کا سفارشی۔ متوسل۔

آوشیکتا: [ہ۔ ا۔ مث] ضرورت۔ احتیاج

آوہ: [ا۔ ا۔ مذ] دیکھئے "آوا" جو صحیح ہے۔

آوے: [ا۔ ا۔ مذ] دیکھئے "آوا" جس کی یہ جمع ہے۔

آوے: [ا۔ مضارع] مصدر آونا سے واحد مذکر غائب صیغہ کا مضارع ہے معنی "آئے" جواب متروک ہے۔

آوے کا آوا بگڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ سب برتنوں کا خراب ہو جانا (۲) تمام خاندان یا جماعت کا برائی میں یکساں ہونا۔

آوے میں ناند کھوئی: [ا۔ مثل] صریح جھوٹ یا جرم سے بری ہونے کیلئے ناقابل قبول عذر پیش کرنا

آویزاں: [ف۔ ا۔ حالیہ] لٹکا ہوا۔ لٹکتا ہوا۔ معلق

آویزش: [ف۔ ا۔ مث] لاگ ڈانٹ۔ چپقلش۔ لڑائی۔ فساد

آویزہ: [ف۔ ا۔ مذ] کان میں پہننے کا ایک زیور۔ بالی۔ لٹکن۔ مُرکی۔ بندہ۔ کانٹا۔

آ — ہ

آہ: [ف۔ کلمہ تاسف مث] حیف۔ افسوس۔ ہائے۔ سانس۔ دم

آہ آہ کرنا: [ا۔ محاورہ] کراہنا۔ ہائے ہائے کرنا۔

آہ اٹھنا: [ا۔ محاورہ] دل سے آہ کرنا۔ آہ نکلنا۔

آہ بھرنا: [ا۔ محاورہ] آہ کرنا۔ افسوس کرنا۔

آہ بھر کر رہ جانا: [ار محاورہ] کچھ نہ کہنا۔ تمام کر رہ جانا۔ غم ضبط کرنا۔ افسوس کرکے چپ رہنا

آہ پڑنا: [ار محاورہ] مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔ ستائے ہوئے کی بد دعا کا اثر ہونا۔

آہِ جگر: [ف۔ا۔ مث] دل سے نکلی ہوئی آہ۔

آہِ رسا: [ف۔ مرکب توصیفی مث] اثر کرنے والی آہ۔ قبول ہونے والی فریاد۔

آہ سرد بھرنا: [ار محاورہ] اظہار غم کرنا۔ صبر کرنا۔ ٹھنڈی سانس لینا

آہ سرکرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "آہ بھرنا"

آہ کرنا/ کھینچنا: [ار محاورہ] دیکھئے "منہ سے آہ نکالنا"

آہ لگنا: [ار محاورہ] دیکھئے "آہ پڑنا"

آہ لینا: [ار محاورہ] کسی کو ستا کر اس کے وبال میں پڑنا۔ بددعا لینا۔ ظلم کرنا۔

آہ نہ آئے: [ار محاورہ] بالکل افسوس نہ ہو۔

آہ نیم شب: [ف۔ ترکیب اضافی۔ مث] آدھی رات کو کی جانے والی فریاد۔

آہ و بکا/ آہ و فغاں/ آہ و زاری: [ف۔ا۔ مث] چیخ و پکار۔ نالہ و فریاد۔ واویلا۔ رونا پیٹنا

آہا: [ف۔ کلمۂ تحسین] واہ وا۔ سُبحان اللہ

آہار: [ف۔ا۔ مذ] وصلی پر پھیرنے کا کلف۔ لیئی۔ مادا۔ انڈی

آہار: [ہ۔ا۔ مذ] کھانا۔ بھوجن۔ طعام)

آہٹ: [ہ۔ا۔ مث] پاؤں کی آواز۔ چلنے کی آواز۔ کھٹکا

آہٹ پانا: [ار محاورہ] چلنے کی آواز سننا۔ کھٹکا محسوس کرنا۔

آہٹ لینا: [ار محاورہ] کسی کے چلنے کی آواز کو پہچان لینا۔ آواز پر کان دھرنا۔

آہٹ ہونا: [ار محاورہ] چاپ ہونا۔ چلنے کی آواز ہونا۔ کھٹکا ہونا۔

آہستگی: [ف۔ا۔ مث] سستی۔ نرمی۔ آسانی۔ کم آواز سے

آہستہ: [ف۔ صفت] دھیرے سے۔ چپکے سے۔ سنبھل کر

آہستہ آہستہ: [ف۔ متعلق فعل] رفتہ رفتہ۔ دھیرے دھیرے

آہرن: [ہ۔ا۔ مذ] لوہے کا ایک وزنی ٹکڑا جس پر رکھ کر لوہار لوہا کوٹتے ہیں۔

آہک: [ف۔ا۔ مذ] چونا۔ قلعی

آہن: [ف۔ا۔ مذ] لوہا

آہن رُبا: [ف۔ا۔ مذ] وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ مقناطیس

آہن گر: [ف۔ا۔ فاعل] لوہے کا کام کرنے والا۔ لوہار

آہن گری: [ف۔ا۔ مث] لوہار کا کام۔ لوہار کا پیشہ

آہنگ: [ف۔ا۔ مذ] آواز۔ نغمہ۔ گانا (۲) ارادہ قصد۔ نیت

آہنی/ آہنیں: [ف۔ صفت] آہن سے نسبت رکھنے والا۔ لوہے کا بنا ہوا۔ (۲) مضبوط۔ سخت۔

آہو: [ف۔ا۔ مذ] ہرن۔ ہرگ

آہو چشم: [ف۔ صفت] ہرن کی سی آنکھ والا۔ خوبصورت آنکھ والا۔ بڑی بڑی آنکھوں والا۔

آہوگیر: [ف۔ا۔ فاعل] ہرن کو پکڑنے والا شکاری۔ صیاد۔ عیب نکالنے والا

آہو نگاہ: [ف۔ صفت] دیکھئے "آہو چشم"

آہوئے چرخ: [ف۔ا۔ مذ] سورج۔ آفتاب

آہوئے حرم: [ف۔ ع۔ا۔ مذ] مکۂ معظمہ کا ہرن جس کا شکار ممنوع ہے۔ (کنایتاً معشوق جو قابو میں نہیں آتا)

آہوئے فلک: [ف۔ا۔ مذ] دیکھئے "آہوئے چرخ"

آ-۶

آؤ: [ار۔ کلمہ خطاب] آنا مصدر سے صیغہ جمع امر حاضر بمعنی آیئے۔ چلئے وغیرہ۔

آؤ بھگت: [ار۔ا۔ مث] خاطر مدارات۔ تواضع

آؤ پڑوسن گھر کا بھی لے جاؤ: [ار مثل] نفع کی اُمید پر نقصان اٹھانا

آؤ پڑوسن لڑیں: [ار مثل] دیکھئے "آپڑوسن لڑیں"

آؤ تاؤ: [ار۔ا۔ مذ] رنگ ڈھنگ

آؤ تو جاؤ کہاں: [ار مثل] کسی کے بگڑنے کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

آؤ جاؤ گھر تمہارا کھانا مانگے دشمن ہمارا: [ار مثل] کنجوس آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ زبانی آؤ بھگت بہت کرنا۔ کھانے کو کچھ نہ دینا

آؤ دیکھا نہ تاؤ: [ار مثل] بے محل۔ بے موقع۔ جلدی سے۔ بے سوچے سمجھے۔ بے بوجھے

آئی: [ار۔ فعل] آنا مصدر سے ماضی مطلق کا صیغہ واحد غائب مؤنث۔

آئی: [ار۔ا۔ مث] قضا۔ اجل۔ موت۔ مرگ۔ مصیبت۔ بلا

آئی بات کو روکنا۔ ذہن کند کرنا ہے: [ار مثل] منہ پہ آئی ہوئی بات کو روکنا ذہن کو کند کرتا ہے۔

آئی بلا سر سے ٹالنا: [ار محاورہ] آئی ہوئی مصیبت کو دور کرنا۔

آئی پر نہیں چوکتے: [ار مثل] دل میں جو بات آجاتی ہے اُسے بے دھڑک کہہ دیتے ہیں ضبط نہیں کرسکتے۔

آئی تو رمائی نہیں تو خالی چارپائی: [ار مثل] روزی ملی تو کام میں لائے۔ ورنہ خیر

آئی تو روزی نہیں تو روزہ: [ار مثل] مل گیا تو کھایا نہیں تو فاقہ۔

آئی تو نوش نہیں تو فراموش: [ار مثل] دیکھئے "آئی تو روزی نہیں تو روزہ۔"

آئی تھی آگ کو رہ گئی رات کو: [ار مثل] بے حیا عورتوں کے متعلق کہتے ہیں کہ بدچلنی کے لیے ذرا سا حیلہ کافی ہوتا ہے۔

آئی ٹل جانا: [ار محاورہ] آفت کا دُور ہو جانا۔ مصیبت کا ہٹ جانا۔

آئی ٹلے برساسوں جیئے: [ار مثل] مصیبت اگر ٹل جائے تو آدمی بہت عرصہ تک زندہ رہ سکتا ہے۔ مصیبت سے امن ہو تو آرام سے گزر جاتی ہے۔

آئی عقل جانا: [ار محاورہ] بدحواس ہو جانا۔ ہوش جاتے رہنا۔

آئی گئی میرے ماتھے: [ار مثل] سارا الزام میرے ہی سر۔

آئی گئی ہونا: [ار۔ روزمرہ] یاد نہ رہنا۔ رفع دفع ہونا۔

آئی موج فقیر کی دیا جھونپڑا پھونک: [ار مثل] بے پرواہ اور آزاد منش آدمی اپنی چیز ضائع کر دیتا ہے۔

آئی ہوئی نہیں ٹلتی: [ار مثل] موت اپنے وقت پر آکر رہتی ہے۔ قضا نہیں ٹلتی

آئی ہے جان کے ساتھ جائے گی جنازے کے ساتھ: [ار مثل] عادت نہیں بدلتی۔

آئے: [ار فعل] (۱) آنا مصدر سے ماضی مطلق کا صیغہ جمع غائب مذکر (۲) مضارع صیغہ واحد غائب مذکر

آئے آم جائے بیدی: [ار مثل] کسی نہ کسی طرح مطلب حاصل ہونا چاہیے

آئے بائے کھاٹ کے پائے: [ار مثل] دیکھئے "آئیں بائیں شائیں" جو ٹھیک ہے

آئے بیر بھاگے رہیر: [ار مثل] نیک لوگوں کے سامنے بُرے نہیں ٹھہر سکتے۔

آئے تو کیا آئے: [ار۔ مثل] آنے کے بعد فوراً چلے گئے۔ آنا نہ آنا برابر ہے۔
آئے دِن: [ار۔ متعلق فعل] آئے روز۔ ہمیشہ۔ ہر روز
آئے دلو کے وسیرے: [ار۔ مثل] ان لوگوں کے لیے بولتے ہیں جو بیکار اِدھر اُدھر پھرتے رہتے ہیں۔
آئے کا آیا: [ار۔ متعلق فعل] کوئی دم میں آنے والا ہے۔ بہت جلد آنے والا ہے۔ ابھی آیا۔ کچھ دیر ہیں
آئے کی خوشی نہ گئے کا غم: [ار۔ مثل] نہ حاصل ہونے کی نہ نقصان ہونے کا فکر۔
آئے گا تو اپنے پاؤں سے جائے گا تو کس کے پاؤں سے: [ار۔ مثل] دشمن کو اس کے پاؤں سے واپس نہیں جانے دوں گا۔ زندہ نہیں چھوڑوں گا۔
آئے گا کتا تو پائے گا ٹکا: [ار۔ مثل] بغیر کوشش اور دوڑ دھوپ کے کوئی چیز نہیں ملتی۔
آئے گئے: [ار۔ صفت] آنے جانے والے مسافر
آئے گئے کا سودا: [ار۔ مثل] مرنے کے لیے بالکل تیار ہونا۔
آئیں: (یائے مجہول سے) [ار۔ فعل] آنا مصدر سے مضارع کا صیغہ جمع غائب۔
آئیں بائیں شائیں: [ار۔ مثل] بے سروپا۔ بے ٹھکانے۔ بے معنی۔
آئیں (یائے معروف سے) [ار۔ فعل] آنا مصدر سے ماضی مطلق کا صیغہ جمع غائب مؤنث
آئیں بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ: [ار۔ مثل] ہر کام میں دخل دینا خواہ اسے وہ کام آتا ہو یا نہ آتا ہو۔
آئینتی۔ پائینتی: [ار۔ ا۔ مئنث] سرہانے اور پاؤں کی طرف
آئین: [ف۔ ا۔ مذ] قاعدہ۔ قانون۔ دستور۔ رسم۔ رواج
آئین جاری کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] ضابطہ مقرر کرنا۔ قانون مقرر کرنا۔
آئینِ دیوانی: [ف۔ ا۔ مذ] لین دین کا قانون
آئینِ فوجداری: [ف۔ ا۔ مذ] فوجی اور جنگی قانون۔ وہ قانون جس میں جرم اور اس کی سزا کا بیان درج ہو۔
آئینِ مال: [ف۔ مذ] زمین کی مالگزاری کے قواعد۔ محاصل و مداخل کے قانون۔
آئینہ: [ف۔ ا۔ مذ] ۱۔ منہ دیکھنے کا شیشہ (۲) صاف صاف بتانے والا گواہ۔ (۳) حیران و ششدر (۴) صاف۔ واضح۔ عیاں۔ ظاہر
آئینہ اُلٹا دکھانا: [ار۔ محاورہ] نظرِ بد کا اثر دور کرنے کے لیے ٹوٹکے کے طور پر آئینہ اُلٹا کر کے دکھانا۔
آئینہ اندھا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] آئینہ دُھندلا جانا۔ آئینہ ایسا خراب ہو جانا کہ اس میں صورت صاف نظر نہ آئے۔
آئینہ اندھے کو دکھانا: [ار۔ محاورہ] ناقدر شناس لوگوں کے سامنے ہُنر کا اظہار کرنا۔ ایسے آدمی کو نصیحت کرنا جس میں قبولیت کی صلاحیت نہ ہو۔
آئینہ باطن: [ف۔ صفت] روشن ضمیر۔ نیک دل۔ صاف باطن۔ دل کی بات جان لینے والا
آئینہ بنانا: [ار۔ محاورہ] ہوشیار، چیک کو دینا۔ حیران کر دینا۔
آئینہ بن جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آئینہ بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
آئینہ بندی: [ف۔ ا۔ مث] شیشہ و بلور کے آلات سے مکان کو سجانا۔
آئینہ پرداز: [ف۔ ا۔ فاعل] آئینہ کو جلا دینے والا۔ صیقل کرنے والا۔
آئینہ تمثال: [ف۔ صفت] آئینہ کی طرح صاف چہرے والا کنایتاً معشوق
آئینہ خانہ: [ف۔ ا۔ مذ] وہ مکان جس میں چاروں طرف آئینے لگے ہوئے ہوں۔ شیش محل۔

آئینہ دار: [ف۔ ا۔ فاعل] شیشہ دکھانے والا۔ عیب و صواب ظاہر کرنے والا۔ سنگار کرانے والا۔ نائی۔ حجام
آئینہ داری: [ف۔ ا۔ مث] دیکھیے "آئینہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
آئینہ دکھانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ آئینہ سامنے کرنا۔ (۲) سفر پر جانے والے عزیز کی پیٹھ کو آئینہ دکھانا تاکہ وہ خیریت سے گھر واپس لوٹے (۳) خدمت گاری کرنا (۴) حقیقت حال ظاہر کرنا (۵) نصیحت کرنا۔ (۶) سکتے کی بیماری میں آئینہ منہ کے سامنے رکھنا۔
آئینہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] آئینہ میں اپنی شکل دیکھنا۔
آئینہ رُخ / رُخسار / رُو: [ف۔ ا۔ صفت] نہایت حسین۔ خوبصورت جس کا چہرہ آئینہ کی طرح صاف اور چمکیلا ہو۔ مجازاً معشوق
آئینہ ساز: [ف۔ ا۔ فاعل] آئینہ بنانے والا۔ آئینہ گر۔
آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا: [ار۔ محاورہ] ہر وقت بناؤ سنگار میں لگے رہنا۔
آئینہ سکندری: [ف۔ ا۔ مذ] سکندر کا ایجاد کیا ہوا آئینہ
آئینہ سیما: [ف۔ صفت] آئینہ جیسی صاف اور روشن پیشانی والا (معشوق)
آئینہ عذار: [ف۔ صفت] دیکھیے "آئینہ رُخسار"
آئینہ کر دینا: [ار۔ محاورہ] ظاہر کر دینا۔ عیاں کر دینا۔ روشن کر دینا۔ چمکا دینا۔ صیقل کر دینا۔ حیران کر دینا
آئینہ گر: [ف۔ ا۔ فاعل] دیکھیے "آئینہ ساز"
آئینہ ہو جانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کھل جانا۔ ظاہر ہونا۔ ۲۔ صاف۔ شفاف ہونا۔ ۳۔ حقیقت نما ہیں
آئینے کا گھر: [ف۔ ا۔ مذ] وہ حلقہ جس میں آئینہ جڑا ہوا ہوتا ہے۔
آئینے میں چاند دکھانا: [ار۔ محاورہ] رات کو بھوک کے رونے اور ضد کرنے پر آئینہ میں چاند کا عکس دکھلا کر بہلانا۔
آئینے میں بال آ جانا: [ار۔ مص۔ مرکب] حیرت کے باعث آئینہ میں ہلکی سی درز پڑ جانا
آئینے میں چاند دیکھنا: [ار۔ محاورہ] ۲۹ ویں رمضان کو دوپہر کے وقت پانی کے بھرے ہوئے طشت میں آئینہ رکھ کر سورج کے قریب چاند دیکھنا۔ اگر چاند ۱۲ درجے سورج سے آگے بڑھ چکا ہو تو نظر آ جاتا ہے۔
آئینے میں منہ تو دیکھو / آئینہ لیکے منہ تو دیکھو / آئینہ اُٹھا کے منہ تو دیکھو: [ار۔ مثل] جب کوئی آدمی کسی ایسی بات کا دعوے یا ارادہ کرے جس کا وہ اہل نہ ہو۔ تو اس کے لیے کہا جاتا ہے۔
آئینی: [ف۔ صفت] قانون کے مطابق۔ قانون سے متعلق
آئیے: [ار۔ فعل] آنا مصدر سے امر کا صیغہ بطور احترام استعمال ہوتا ہے۔ آؤ۔ آئیں۔

آ ــــ ی

آیا: [ار۔ فعل] آنا مصدر سے ماضی مطلق کا صیغہ واحد غائب مذکر
آیا: [ار۔ کلمہ سوال] کیا
آیا: [ف۔ ا۔ مث] دودھ پلانے والی انّا۔ دایہ۔ کھلائی۔
آیا بندہ آئی روزی۔ گیا بندہ گئی روزی: [ار۔ مثل] ہر شخص کا رزق اس کے ساتھ آتا ہے۔
آیا رمضان بھاگا شیطان: [ار۔ مثل] نیک کے آنے پر بد کا چلا جانا۔
آیا سمجھو / جانو: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "آئے کا آیا"

آیا کتا کما گیا تو بیٹی ڈھول بجا: [ار شل] بے پردا اور سست عورت پر مشتق کہتے ہیں کہ جہیز برباد ہو گیا مگر اسے قطعاً خبر نہ ہوئی۔

آیا گری: [ہ۔ت۔امث] دایا کا پیشہ

آیا گیا: [ار صف مذ] آنے جانے والا۔ مسافر مہمان۔ بھولا بسرا

آیات: [ع۔ا۔مث] جمع آیت کا نشانیاں۔ قرآن پاک کے مکمل جملے

آیاتِ متشابہات: [ع۔ا۔مث۔ج] قرآن پاک کی وہ آیتیں جن کے ایک سے زیادہ معنی لیے جا سکیں۔

آیاتِ محکمات: [ع۔ا۔مث۔ج] قرآن مجید کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور واضح ہوں کہ تاویل کی گنجائش نہ ہو۔

آیت: [ع۔ا۔مث] ۱۔ علامت۔ نشان۔ جو کسی حقیقت یا چیز کی طرف راہ نمائی کرے ۲۔ قرآن مجید کا پورا جملہ (۳) وہ گول نشان جو قرآن مجید میں جملہ کے خاتمہ پر لگا ہوا ہوتا ہے اور اس پر ٹھہرنا ہوتا ہے۔

آیت اترنا / آنا: [ار محاورہ] آسمان سے آیت نازل ہونا۔

آیت الکرسی: [ع۔امث] قرآن مجید کی سب سے لمبی آیت جو سورہ بقرہ (تیسرے پارہ) میں پائی جاتی ہے چوں کہ اس میں "کرسی" کا لفظ آیا ہے۔ اس لیے اسے آیت الکرسی کہتے ہیں۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی بعض اہم صفات بیان ہوئی ہیں۔

آیتِ سجدہ: [ع۔ا۔مث] قرآن مجید کی وہ آیت جسے پڑھ کر یا سن کر سجدہ کرنا واجب ہو جائے۔

آیتِ مطلق: [ع۔ا۔مث] قرآن مجید میں وقف کی وہ علامت جہاں ٹھہرنا پڑے۔

آیتِ لا: [ع۔ا۔مث] قرآن مجید میں وقف کی وہ علامت جہاں ٹھہرنا ضروری نہ ہو

آیت و حدیث ہے: [ار شل] بالکل درست ہے بالکل سچ ہے

آیند و روند: [ف۔ا۔فاعل] آنے جانے والے۔

آیندہ: [ف۔ا۔فاعل] آنے والا۔ آنے والا زمانہ۔ دوبارہ۔ پھر کبھی

آیندہ اختیار بدست مختار: [ف۔شل] ہمارا کام سمجھا دینا تھا۔ ماننے نہ ماننے کا تمھیں اختیار ہے۔

آیو: [ہ۔ا۔مث] عمر۔ حیات۔ زندگی

آیوجن: [ہ۔ا۔مث] تیاری۔ آمادگی۔ مستعدی

آیورویدک: [ہ۔ا۔مث] ہندی طب۔ ہندی طریقۂ علاج

آیہ: [ع۔ا۔مذ] دیکھیے "آیت"

ا — الف مقصورہ

عربی میں الف کی دو قسمیں ہیں یعنی ممدود اور مقصورہ۔ عربی میں مقصورہ اس کو کہتے ہیں جس کے بعد ہمزہ نہ ہو، جیسے " خطایا " میں۔ عربی میں اسے " ی " کے اُوپر نصف الف کی صورت میں بھی لکھتے ہیں جیسے عیسیٰ، کبریٰ، مصطفیٰ وغیرہ میں۔ گویا عربی میں مقصورہ الف ساکن کو کہتے ہیں جس کے بعد ہمزہ نہ ہو مگر کھینچ کر پڑھا جائے اور دو زبر کے برابر ہو اس کے برعکس اردو اور فارسی میں الف مقصورہ متحرک بھی ہوتا ہے۔ مثلاً اگر اِس اُن وغیرہ میں اور ساکن بھی ہوتا ہے۔ مثلاً مال، سال، جالا۔ وغیرہ میں مگر مدّ والے حرف کی طرح کھینچ کر نہیں پڑھا جاتا۔ اگر الف متحرک ہو تو عربی میں اسے ہمزہ کہتے ہیں۔

اَ : (الف مفتوح) : [ع۔ حرف استفہام] کیا

اَ : (الف مفتوح)۔ [ہ۔ اند] (۱) دیوناگری رسم الخط کا پہلا سور یعنی حرفِ علت جس کی صورت یہ ہے: "अ" (۲) ایک اعراب یا حرکت جو ہر ویَنجن یعنی دیوناگری رسم الخط کے حرفِ صحیح میں مخفی ہے (۳) وِشن جی کا نام

اِ : (الف مکسور) : [ہ۔ اند] ا۔ دیوناگری رسم الخط کا تیسرا سور یعنی حرفِ علت، جس کی صورت یہ ہے " इ " (۲) کام دیو یعنی عشق کے دیوتا کا نام

اُ : (الف مضموم) [ہ۔ اند] ا۔ دیوناگری رسم الخط کا پانچواں سور یعنی حرفِ علت جس کی صورت " उ " ہے (۲) شِو جی اور برہما جی کا نام۔

ا — ب

اَبْ : (بفتح اول) : [ع۔ اند۔ ابو کی تخفیف] (۱) باپ۔ پدر۔ والد۔ آبا (۲) (مسیحی) آسمانی باپ۔ خُدا۔ خالقِ مسیح۔

اَب و جَد : (ابوجَد) [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] ا۔ بزرگان خاندان۔ ماں واوا۔ اسلاف

اَب و عَم : (ابوعَم) [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] باپ اور چچا

اَبْ : [عبر۔ اند] یہودیوں کا بارھواں مہینہ۔ اس مہینے کی پہلی تاریخ کو ہارونؑ نے وفات پائی۔ یہ مہینہ ۵ ارجولائی سے شروع ہوتا ہے۔

اَب : [ار۔ ا۔ ظرف] (۱) اِس وقت۔ اس دم (۲) موجودہ زمانہ میں۔ دورِ حاضر میں (۳) آج (کل کے مقابلہ میں) ۴۔ ان دنوں۔ آج کل۔ اس دَور میں (۵) اس حالت میں۔ اس صُورت میں (۶) اس نوبت پر۔ اس مرحلہ میں (۷) بہت جلد۔ جھٹ پٹ۔ آئندہ لمحہ میں (۸) اس کے بعد آئندہ (۹) پھر۔ دوبارہ (۱۰) تھوڑی دیر پہلے (زمانہ قریب میں) (۱۱) اُس وقت تب (ماضی میں) (۱۲) تنبیہہ، تہدید، ترغیب، التماس دعا، جز کے لیے (۱۳) بیان کی توضیح، تمہید یا خلاصۂ کلام کے لیے۔

اَب آئے : [ار۔ روزمرہ] ابھی آتے ہیں۔ ذرا سی دیر میں آنے والے ہیں۔

اَب اَب کرکے : [ار۔ متعلق۔ فعل] حال میں۔ تھوڑے دنوں سے۔ تھوڑی مدت سے۔

اب اب کرنا : [ار۔ محاورہ] ٹال مٹول کرنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔ حیلے بہانے کرنا

اَب اِدھر یا اُدھر : [ار۔ محاورہ] اب فیصلہ ہو جانا چاہیے۔ اب بات ٹھکانے لگنی چاہیے۔

اب　اللہ ہی اللہ ہے : [ار۔ محاورہ] سب سہارے ٹوٹ گئے ہیں۔ تمام دنیاوی تعلقات ختم ہو گئے ہیں۔

اب ایسا (بھی) کیا : [ار۔ محاورہ] یہ بات نہیں ہو سکتی۔ یہ ممکن نہیں۔ یہ کیونکر ہو۔

اب بتاؤ / بتلائیے : [ار۔ محاورہ] (قائل کرنے کے لیے) (۱) مان جاؤ۔ اب کوئی راہ نہیں (۲) (حیرت یا بے چارگی کے اظہار کے لیے) اب کیا کیا جائے۔ اب کوئی چارہ کار نہیں۔

اب بولو : [ار۔ محاورہ] دیکھیے " اب بتاؤ "

اب بھی : [ار۔ محاورہ۔ متعلق فعل] (بطور تنبیہہ) (۱) آئندہ بھی ایسا کرو گے؟ یعنی آئندہ ایسا نہ کرنا، پھر کبھی یہ حرکت نہ کرنا (۲) اس پر بھی۔ پھر بھی۔ تاہم۔ بایں ہمہ (۳) اب تک۔ ہنوز۔ تا ایں دم (۴) آج بھی۔ اس حالت میں بھی

اب بھی کچھ نہیں گیا : [ار۔ محاورہ] ابھی وقت ہے۔ ابھی اصلاح یا تلافی ہو سکتی ہے۔

اب بھی میرا مُردہ تیرے زندے پر بھاری ہے : [ار۔ مثل] اس گئی گزری حالت میں بھی تم سے بہتر ہوں۔ تم سے طاقت ور ہوں۔ تمہارا مقابلہ کر سکتا ہے۔

اب پچھتائے کیا ہوئے / ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت : [ار۔ مثل] نقصان ہو جانے کے بعد پشیمان ہونے سے کوئی فائدہ نہیں۔ بے موقع افسوس فضول ہے

اَب تب : [ار۔ متعلق فعل نیز امث] ا۔ آج کل میں۔ بہت جلد (۲) ٹال مٹول۔ حیلہ بہانہ۔

اَب تب ہونا : [ار۔ محاورہ] نزع کے عالم میں ہونا۔ جان کنی کی حالت ہونا۔ جان بلب ہونا۔

اب تلک / تک : [ار۔ متعلق فعل] اس وقت تک۔ ابھی تک۔ ہنوز۔ تا ایں دم۔

اب تو : [ار۔ متعلق فعل] ا۔ اس کے بعد۔ آئندہ (۲) آخرکار۔ مجبوراً (۳) ان حالات میں (۴) اس زمانہ میں (۵) اس مرتبہ۔ اب کی دفعہ۔ اس دفعہ (۶) اس صورت میں۔

اب تو ہوتُوں میں اُونی اُونی، جب ہوں گی ستّے دُونی : [ار۔ مثل] ابھی تو تھوڑی خرابیاں ہیں۔ آئندہ بہت ہو جائیں گی۔ آئندہ شرارتوں کی تکمیل ہو جائے گی۔

اب توڑی : [ار۔ متعلق۔ فعل۔ متروک] دیکھیے " اب تک "

اب تیئں : [ار۔ متعلق فعل متروک] دیکھیے " اب تک "

اب جا کے / جا کر : [ار۔ متعلق فعل] بہت دیر بعد۔ اتنے دنوں بعد۔

اب جاگے : [ار۔ محاورہ] اب ہوش آیا۔ بہت دیر بعد خیال آیا۔

اب جب میں : [ار۔ متعلق فعل] کوئی دنوں میں۔ بہت جلد۔ آن کی آن میں

اب رنگ لائی گلہری : [ار۔ مثل] اب کچھ کھلے۔ اب کرتوت ظاہر ہو گئے۔ اب حقیقت کھلی

اب سُت کو جتی ہو کر بیٹھی لوسٹ کھایا سنسار : [ار۔ مثل] تمام دنیا کو لُوٹ کر پرہیزگار بن بیٹھے۔ نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی۔

اب سے: [ا۔ متعلق فعل] (۱) اس وقت سے (۲) آگے کو۔ آئندہ

اب سے آئے گھر سے آئے: [ا۔ مثل] جو ہُوا سو ہُوا، اب ایسا نہ ہوگا آئندہ کے لیے توبہ۔

اب سے دُور: [ا۔ محاورہ۔ عو] (۱) خُدا نہ کرے۔ خُدا پھر ایسا واقعہ نہ دکھائے (۲) خُدا نظرِ بد سے بچائے خُدا نہ کرے (۳) موجودہ زمانہ سے پہلے گزشتہ زمانہ میں۔

اب کا: [ا۔ صف۔ متعلق فعل] اس وقت کا۔ زمانۂ حال کا۔ اس بار کا۔ اس بار۔ اس دفعہ۔

اب کوئی دم میں مُرلیا باجے گی: [ا۔ مثل] اب کوئی دم میں معلوم ہوگا۔ تھوڑی دیر میں سزا ملے گی۔

اب کہاں جاتا ہے: [ا۔ محاورہ] اب قابو میں آگیا ہے جانے نہ پائے گا۔

اب کہو: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اب بتاؤ"

اب کھائی تو کھائی، اب کھاؤں تو رام دُہائی: [ا۔ مثل] اب جو کچھ ہُوا سو ہُوا آئندہ ایسا نہ ہوگا۔ اب تو غلطی ہُوئی آئندہ نہ ہوگی۔

اب کی: [ا۔ متعلق فعل و صف]: اس دفعہ۔ اس مرتبہ۔ آئندہ (۲) اس بار کی۔ حال کی

اب کی (بات) اب کے ساتھ، جب کی (بات) جب کے ساتھ: [ا۔ مثل] اب زمانہ کا جو رنگ ہے اسکے مطابق چلنا چاہیئے۔ ماضی کی بات ماضی کے ساتھ گئی۔

اب کی بچے تو گھر گھر پہنچے: [ا۔ مثل] جب چوسر کی گوٹ زد پر ہوتی ہے اور پانسہ دوسرے کے ہاتھ میں ہوتا ہے تو قمار باز کہتے ہیں یعنی اس بار بچ جائے تو تمام خانوں میں گھومتی پھرے گی اور پٹ نہ سکے گی۔

اب کی چھائی کی نرالی باتیں: [ا۔ مقولہ] نئی نسل کا رنگ ڈھنگ عجیب ہے۔ عجیب زمانہ آگیا ہے۔

اب کے: [ا۔ صف۔ متعلق فعل] ۱۔ اس بار کے۔ اس زمانہ کے (۲) اس۔ (۳) اس بار۔ اس دفعہ۔ اس مرتبہ (۴) آئندہ۔ پھر۔ اگلی بار۔

اب کے حساب/حسابوں: [ا۔ متعلق فعل] آجکے مقابلے میں۔ اس زمانہ کے مقابلہ میں

اب کے ساون ہم نہ بیاہے پھٹ پڑو وہ ساون: [ا۔ مثل] اس بار بیاہوں کے موسم میں بھی ہماری شادی نہ ہُوئی تو اس موسم پر لعنت ہے ایسے سازگار حالات میں بھی ہمارا کام نہ بنا تو ایسے سازگار حالات پر بھی لعنت ہے۔

اب کے مُڑیئے ہو رہا جا: [ا۔ مثل] اس بار واپس آجاؤ تو جو چاہو سو کرو۔

اب کیا پوچھنا ہے: [ا۔ محاورہ] اب مزے ہیں۔ اب پُوری آزادی ہے۔ اب کوئی فکر نہیں۔

اب کیا تھا: [ا۔ محاورہ] اب کیا دیر تھی۔ فوراً۔ اُسی دم۔ بلاتاخیر

اب نہ تب: [ا۔ متعلق فعل] اس وقت نہ پھر کبھی۔ کبھی نہیں۔ ہرگز نہیں۔

اب وہ پانی ملتان بہ گیا: [ا۔ مثل] موقع جا چکا ہے۔ اب موقع نہیں رہا اب کوئی فائدہ نہیں۔

اَب: [ع۔ اند] سبزہ۔ گھاس

اَبا: [ع۔ اند۔ ترکیب میں بہ حالت نصب] باپ۔ پدر مثلاً یا اباتراب

اَباً عَن جَدٍّ (اَبًا عن جَدٍّ): [ع۔ متعلق فعل] باپ دادا سے۔ قدیم سے۔ نسلاً بعد نسل

اَبا: [ا۔ (دکنی) حرف فجائیہ] حیرت و استعجاب کے موقع پر بولتے ہیں۔ واہ واہ۔ ایں

اَبّا: (بفتح اوّل و بہ تشدید و فتحۂ ثانی) [ا۔ اند] (۱) باپ۔ پدر۔ والد۔ بابا۔ جنم دینے والا (۲) اُستاد۔ گرو (۳) کلمۂ تعظیم بجائے صاحب۔ قبلہ بزرگ۔

ابا بنانا: [ا۔ محاورہ] باپ بنانا۔ باپ قرار دینا۔ باپ کی جگہ سمجھنا۔

اَبا جان: [ا۔ اند] باپ کو محبت سے خطاب کرنے کا کلمہ

اَبا جانی: [ا۔ اند] "ابا جان" سے کسی قدر زیادہ پیار کا کلمہ

اَبا جی: [ا۔ اند] باپ کو محبت اور احترام سے خطاب کرنے کا کلمہ

ابا حضور: [ا۔ اند] باپ کو ادب و احترام سے خطاب کرنے کا کلمہ

ابا میاں: [ا۔ اند] دیکھئے "اباجی"

اِبا: (بکسرہ اوّل) [ع۔ اند] (۱) انکار (۲) کراہت۔ ناپسندیدگی (۳) اختلاف۔ ناموافقت (۴) اجتناب۔ پرہیز (۵) سرتابی۔ نافرمانی (افعال: کرنا۔ ہونا)

اَبابیل: (بفتح الف اوّل، بکسر بائے موحدہ ثانیہ و یائے معروف): [ع۔ امث] (۱) ایک چھوٹی سی چڑیا جس کے پر سیاہ اور سینہ سفید ہوتا ہے۔ پرانے گنبدوں، کھنڈروں اور تاریک مقامات پر مٹی کا گھونسلا بنا کر رہتی ہیں (۲) عربی میں اس کے معنی گروہ اور جھنڈ کے ہیں اور یہ اسم جمع ہے۔ بعض کے نزدیک اس کا واحد ابل، ابالہ یا ابول ہے اور بعض کے نزدیک اس کا واحد کوئی لفظ نہیں۔

اَبابیلیا: [ا۔ اند] ایک قسم کا کبوتر جو ابابیل سے مشابہ ہوتا ہے۔

اِباحت: (بکسرہ اوّل و فتحۂ ثانی و فتحہ رابع): [ع۔ امث] کسی چیز کا مباح ہونا۔ جوازِ کسی چیز کے کرنے یا نہ کرنے پر شرعاً کوئی پابندی نہ ہونا۔ جائز ہونا۔

اِباحتی: [ع۔ اند] ۱۔ حرام کو جائز خیال کرنے والا (۲) محرمات سے صحبت جائز رکھنے والا (۳) فرقہ اباحیہ سے تعلق رکھنے والا۔

اِباحی: [ع۔ اند] دیکھئے "اباحتی"

اِباحیّت: (بہ کسرہ الف، فتحہ بائے موحدہ، کسرہ حائے حطی، تشدید و فتحہ یائے تحتانی۔ [ع۔ امث] ۱۔ فرقہ اباحیہ کا طریق و عمل (۲) حرام کو جائز سمجھنا (۳) فرقہ اباحیہ کا مسلک۔

اِباحیہ: (بہ کسرہ اوّل، فتحۂ ثانی، کسرہ رابع، فتحہ خامس) [ع۔ اند] باطل اہل تصوف کا ایک فرقہ جس کا نظریہ ہے کہ انسان میں نہ گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ اوامر کے بجالانے کی اور اس دنیا میں کوئی کسی چیز کا مالک نہیں اس لیے زر اور زن میں سب کا حصّہ ہے۔

اَبارو: [ف۔ اند] ایک ایرانی مہینے کا نام (زودق)

اُبارنا: [ا۔ مص] ۱۔ باقی رکھنا۔ جمع کرنا (۲) آزاد کرنا۔ چھوڑنا۔ بچانا۔

ابا ریز: [ا۔ ا۔ اند] ۱۔ وہ دوائیں، مسالے اور سبزیاں جو کھانے کو خوشبودار اور خوش مزہ بنانے کے لیے ڈالتے ہیں ۲۔ گرم مسالا

اَباریق: [ع۔ اند] دیکھئے "ابریق" جس کی یہ جمع ہے۔

اُباس: (بضم اوّل) [ہ۔ امث] بدبو۔ سڑاند (۲) خمیر

اُباسی: [ہ۔ صف] بدبودار۔ سڑاند والا۔ جس میں خمیر اٹھا ہُوا ہو۔

اباضیہ: [ا۔ ا] خوارج کا ایک فرقہ جس کا بانی عبداللہ بن اباض تھا۔

اَباطِل: (بہ فتح اوّل و کسرۂ ثالث) [ع۔ ا۔ تفضیل] الباطل کی جمع۔ غلط ترین جھوٹ۔ باطل باتیں

اَباطیل: (بہ فتحۂ اوّل و کسرۂ ثالث و یائے معروف) [ع۔ صف۔ مذ] بے اصل باتیں۔ غلط باتیں۔

اِباق: (بکسرہ اوّل) [ع۔ اند] لونڈی یا غلام کا فرار، بھاگ جانا۔

اَباک: (بفتح اوّل) [ہ۔ صف] ۱۔ گونگا۔ خاموش۔ مبہوت (۲) بیچے جنوب میں

اُباکنا: (بضم اوّل) [ا۔ مص] ۱۔ اُبکائیاں لینا۔ متلی ہونا۔ قے کرنا۔

اُبال: (بضم اوّل) [ا ر۔ امذ] ا۔ دودھ پانی وغیرہ کا جوش (۲) وفور۔ ابھار۔ ہیجان (۳) خون وغیرہ کا جوش (۴) پھدپھداہٹ (۵) کف۔ جھین (۶) تیز حرارت گرمی کا جوش (۷) غصہ۔ تاؤ۔ تیہا (افعال: اٹھنا۔ آنا۔ بیٹھنا۔ لانا۔ نکلنا۔

اُبال کرنا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) جوش میں آنا (۲) ابکائی لانا۔ متلی پیدا کرنا (۳) اُبھرنا۔

اُبال لینا: [ا ر۔ محاورہ] ان جان آدمی کا بُرا بھلا کھانا پکا لینا۔

اُبالا: [ا ر۔ صف] ۱۔ جوش دیا ہُوا۔ اُبالا ہُوا۔ گرم پانی میں کھولایا ہُوا۔ ۲۔ بے گھی اور مسالے کا بدمزا کھانا

اُبالا سُبالا: (بضم سین) [ا ر۔ صف۔ مذ (سُبالا تابع مہمل)] بے گھی اور مسالے کا۔ بے مزہ۔ پھیکا، سیٹھا (کھانا)

اُبالنا: [ا ر۔ مص۔ محاورہ] ۱۔ جوش دینا۔ کھولانا۔ اوٹنانا (۲) کسی چیز کو پانی میں جوش دے کر کھولانا (۳) غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔ جلانا۔

اُبالی: [ا ر۔ صف۔ مث] دیکھئے "اُبالا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اُبالی بھاتی ہے: [ا ر۔ مثل] یہی بہت ہے۔ اسی میں خوش ہیں۔ گھٹیا چیز پر قناعت کرنا۔

اُبالی دال مِلنا۔ [ا ر۔ محاورہ] گھٹیا چیز ملنا۔ نکمّی خوراک ملنا۔

اُبالی سُبالی: [ا ر۔ صف] دیکھئے "ابالا سبالا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اُبانا: [ا ر۔ مص] ۱۔ اُگانا۔ بونا۔ کاشت کرنا۔ پود لگانا (۲) بے لطف کرنا۔ اجیرن کرنا۔

اَباہَن: (بفتح اوّل، دوم، چہارم) ہَوَن۔ یگیہ۔ ہوم۔ ہنود کی ایک خاص رسم جو کسی دیوتا یا پنڈت کی تعظیم کے لیے کی جاتی ہے۔ اس میں آگ جلا کر خاص طریقہ سے آگ میں گھی وغیرہ ڈالتے ہیں۔

اُبائی: [ا ر۔ امث] "ابانا" سے اسم کیفیت اور اسم معاوضہ (۱) اُگانا۔ کاشت (۲) اُگانے یا کاشت کرانے کی اجرت۔ ابوائی۔

اَبتَث: [ا ر۔ امذ] عربی حروف تہجی کی ایک ترتیب کا نام جو یہ ہے: اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ ء ی ے

اِبتِدا (بکسرہ اوّل، سکون ثانی، کسرۂ ثالث، فتحہ رابع) [ا ر۔ امث] (۱) آغاز۔ آفرینش۔ ازل۔ قدیم ترین زمانہ (۲) اوائل۔ شروع۔ وقت آغاز (۳) کسی چیز کے آغاز کی جگہ (۴) بچپن۔ طفلی۔ لڑکپن (۵) (عروض) مصرعِ ثانی کا جزو اوّل (افعال: کرنا۔ پڑنا)

ابتدا ابتدا میں: [ا ر۔ متعلق فعل] اوّل اوّل میں۔ شروع شروع میں۔ ابتدائی دور میں

ابتدا بگڑنا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ بچوں کی تربیت کا خراب ہونا۔ آغاز بُرا ہونا۔ (۲) بسم اللہ غلط ہونا۔ کسی کام کا شروع خراب ہونا۔

ابتدا ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] بنیاد رکھنا۔ آغاز کرنا۔ شروع کرنا

ابتداءً: (اب تدا اَن)؛ [ع۔ متعلق فعل] اول اول۔ شروع شروع میں۔ پہلی مرتبہ۔ پہلے پہل

ابتداع [ا ر۔ مص] عجائبات پیدا کرنا۔ اختراع کرنا۔ بدعت کرنا۔

ابتدائی: [ع۔ صف] ا۔ پہلا۔ اوّلین۔ تمہیدی۔ سرسری (۲) آغاز کا۔ شروع کا۔ (۳) قدیمی۔ اصلی (۴) اصولی۔ بنیادی۔

ابتدائی تعلیم: [ع۔ امث] شروع کی تعلیم۔ پہلی پانچ جماعتوں تک کی تعلیم۔ تحتانی۔ پرائمری تعلیم۔

ابتدائی رُسوم: [ع۔ امث۔ مذ] ا۔ شروع کی رسمیں (۲) پہلا سرکاری حق (۳) پہلا محنتانہ (۴) پہلا زمینداری کا حق جو شکرانہ یا نذرانہ کے طور پر دیا جاتا ہے (۵) فیس کورٹ کا حق۔

ابتدائی عَدالت: [ع۔ امث] ا۔ ماتحت۔ عدالت۔ پہلی کچہری (۲) ماتحت حاکم۔ جس کے فیصلہ کے خلاف اپیل ہو۔

ابتدائی مَدارِس: [ع۔ امذ۔ ج] تحتانی مدرسے۔ پرائمری سکولز۔ وُہ مدرسے جن میں پہلی سے پانچویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے۔

ابتدائیہ: (۱) وہ مضمون جو کسی کتاب کے شروع میں ہو، افتتاحیہ، مقدمہ، دیباچہ (۲) شروع کا، آغاز کا۔ ابتدائی کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے شلاً مدارس ابتدائیہ۔

اِبتِذال: (بکسرہ الف، سکون بائے موحدہ، کسرہ تائے مثناۃ، فتحہ ال معجمہ) [ع امذ] (۱) کمینہ پن۔ اخلاقی پستی (۲) پامالی۔ عمومیت۔ عامیانہ پن (۳) شاعری میں رکیک، بازاری، عامیانہ۔ فرسودہ، پامال۔ مضامین و الفاظ کا اظہار و استعمال۔

اَبتَر: (اَب تَر) [ع۔ صف۔ مذ] (۱) دُم کٹا۔ ننڈورا (۲) لاولد۔ جس کی نسل منقطع ہو جائے (۳) منتشر۔ پراگندہ۔ تتر بتر۔ بے ربط، بے قاعدہ، بے ترتیب (۴) خوار۔ زبوں۔ خستہ۔ خراب۔ بُری حالت۔ بگڑی ہوئی شکل میں (۵) بدشعار۔ بدچلن۔ آوارہ (۶) غلط۔ فاسد۔ باطل۔ غیر منطقی۔ غیر معقول (۷) (گنجفہ میں) بے میر کی بازی۔ جو ملا دی جاتی ہے یعنی جب پتے بانٹنے کے بعد میر کسی کے پاس نہ آئے تو پتے رلا ملا دیئے جاتے ہیں (۸) (عروض میں) وہ رکن جس میں زحاف بتر واقع ہو۔ ۹۔ ایک قسم کا سانپ جس کی دُم چھوٹی ہوتی ہے۔

اَبتَری: (اَب تَری): [عف۔ امث] "ابتر" سے اسم کیفیت بہ قاعدہ فارسی ا۔ بے ترتیبی۔ بدنظمی۔ انتشار (۲) گنجفہ میں پتوں کا گڈمڈ ہو جانا۔ پتوں کی تقسیم میں غلطی (۳) زوال تنزل (۴) برہمی۔ بے ترتیبی۔ گڑبڑ (۵) پریشانی۔ تباہی۔

اِبتِسام: (اِب تِسام) [ع۔ امذ] تبسّم۔ مسکراہٹ۔ شگفتگی۔ پھول اور ہونٹوں کا کھل اٹھنا۔

اِبتِغا: (اِب تِغا) [ع۔ امذ] طلب۔ خواہش

اِبتِکار: (اِب تِکار) [ع۔ امذ] ا۔ نیا کرنا۔ جدید بنانا۔ پہلا میوہ کھانا (۲) دوشیزہ سے ہمبستر ہونا (۳) کسی کے پاس سویرے جانا۔

اِبتِلا: (اِب تِلا): [ع۔ امذ] ا۔ آزمائش۔ امتحان۔ جانچ (۲) مبتلا ہونا۔ پھنس جانا۔ (۳) بلا مصیبت۔

اِبتِہاج۔ (اِب تِہاج): [ع۔ امذ] مسرت۔ خوشی۔ انبساط۔

اِبتِہاجیہ: [ع۔ صف] (۱) مسرور کن۔ نشاط انگیز (۲) وہ کھیل یا ڈرامہ جس کا انجام خوش کن ہو۔ طربیہ۔ انگریزی لفظ COMEDY کا ترجمہ۔

اُبٹَن: (اُب ٹَن): [ا ر۔ امذ] وہ خوشبودار مسالا جو جسم میں صفائی اور نرمی پیدا کرنے کے لیے دُولہا اور دُولہن کے جسم پر ملتے ہیں۔

اُبٹنا: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "ابٹن"

اُبٹنا کھیلنا: [ا ر۔ محاورہ] مذاق سے ایک دوسرے کے مُنہ پر ابٹنا لگانا یا پھینکنا۔ یہ شادی کی ایک رسم ہے جس میں دُلہن کو مائیوں بٹھانے کے بعد اور ساچق کے دن اندر عورتوں میں اور باہر لڑکوں اور مردوں میں ابٹنا کھیلا جاتا ہے۔ دُلہن کے رشتہ دار دُولہا کے یہاں اور دُولہا کے رشتہ دار دُلہن کے یہاں ابٹنا کھیلتے ہیں۔ ایک دوسرے کے مُنہ، سر آنکھوں وغیرہ پر بہ خوشی او زبردستی ابٹنا ملتے اور ایک دُوسرے کی گت بناتے ہیں اور خوب اودھم مچاتے ہیں۔

اَبجَد: (اَب جَد) [ع۔ امث] ا۔ عربی حرُوف تہجّی کی ایک ترتیب کا نام،

جس کے چار ابتدائی حروف یعنی ا ب ج د سے کر نام رکھ لیا گیا ہے (۲) حروف تہجی (۳) قاعدہ جمل ۔ قاعدہ جمل میں عموماً یہی ترتیب کام آتی ہے اس قاعدہ کی رُو سے تمام حرُوف کے اعداد مقرر ہیں ۔ کسی تاریخی فقرہ یا مصرع سے کسی واقعہ کا سن دریافت کرنے کے لیے ان حروف کے اعداد کو حسب ہدایت جمع کر لیتے ہیں ۔ یہ ترتیب اور اس کے اعداد کی تفصیل درج ذیل ہے :

اَبْ جَ دُ	ہَ وَزْ	حُ طِ یْ	کَ لِ مَ نْ
۱ ۲ ۳ ۴	۵ ۶ ۷	۸ ۹ ۱۰	۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰

سَ عْ فَ صْ	قَ رِ شَ تْ	ثَ خَ ذْ	ضَ ظَ غْ
۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰	۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰	۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰	۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

(۴) کسی علم یا فن کے ابتدائی اصول ۔

ابجد خواں : [عف ۔ ا ۔ فاعل] حرف شناس ۔ ا ، ب پڑھنے یا جاننے والا ۔

ابجد داں : [عف ۔ ا ۔ فاعل] دیکھئے " ابجد خواں "

اَبجَد کا قفل : [عف ۔ اند ۔ اردو ترکیب سے] ایک قسم کا بغیر کنجی کا تالا جس میں گھومنے والے چھلے لگے ہوتے ہیں جن پر حرُوف کندہ ہوتے ہیں ۔ چھلوں کو گھما کر صحیح ترتیب سے حرُوف جوڑے جائیں تو تالا کھل جاتا ہے ۔ حرُوف کی صحیح ترتیب جانے بغیر تالا نہیں کھولا جا سکتا ۔

اَبْجَد کے اَعْدَاد : [ع ۔ اند اُردُو ترکیب سے] وُہ اعداد جو قاعدہ جمل کے مطابق حرُوف تہجی کے لیے مقرر ہیں تفصیل کے لیے دیکھئے " ابجد "

اُبْجھ : [ہ ۔ صف] ابجھ ۔ نادان ۔ بے شعور ۔ گاؤدی

اُبْچ : [ہ ۔ امث] دیکھئے " اُوچ "

اُبْچھرا : [ہ ۔ امث] دیکھئے " اُپچھرا "

اَبْحَار : [اَب حَار] [ع ۔ اند ۔ ج] بحر کی جمع ۔ بہت سے دریا ۔ سمندر

اَبْخَر : (اَب خَر) [ع ۔ صف] گندہ دہن ۔ جس کے منہ سے بدبُو آتی ہے ۔

اَبْخَرَات (اَب خَرات) [ع ۔ اند ۔ ج] بخار کی جمع الجمع ۔ بخارات ۔ بھاپیں

اَبْخِرَہ (اَب خِرہ) [ع ۔ اند ۔ ج] بخار کی جمع ۔ اُردُو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے ۔

(۱) بخارات ۔ بھاپیں (۲) گرم پانی کے بھبکے ۔ گرمی کے جھونکے ۔

اَبْخَرے (اَبْ خَرے) [ع ۔ ار ۔ اند ۔ ج] ابخرہ کی اُردُو جمع بہ تصرف اعراب (۱) بھبکے ۔ بخارات جو پانی یا نم جگہ سے اُٹھیں (۲) (طب یونانی) ریاح جو معدہ سے اٹھتی ہے اور بلغم سے پیدا ہوتی ہے

ابخرے اُٹھنا : [ار ۔ محاورہ] بھبکے نکلنا ۔ گرمی پیدا ہونا غصہ آنا ۔

ابخرے دماغ کو چڑھنا : [ار ۔ محاورہ] دماغ کو گرمی چڑھنا ۔ پاگل ہونا

اَبْخَل : [ع ۔ ا ۔ تفضیل] ا ۔ نہایت بخیل ۔ مہا کنجوس (۲) ہونق ۔ سٹریلا

اَبَد : [ع ۔ اند ۔ و مث] (۱) ہمیشہ ۔ مدام ۔ غیر متناہی مدت (۲) ہمیشگی ۔ زمانہ جس کو انتہا نہ ہو (۳) دنیا کی آخری حد ۔ روزِ قیامت (۴) (تصوف) مرتبۂ ذات باری تعالیٰ ۔

اَبَدُ الآباد (اَبَ دُل آباد) [ع ۔ اند] دوام ۔ ہمیشگی ۔ جاودانی زمانہ

اَبَدَ الآباد : [ع ۔ ظرف ۔ متعلق فعل] مدام ۔ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

اَبَداً : (اَ بَ دَنْ) [ع ۔ متعلق فعل] ہمیشہ کے لیے ۔ ابد تک (نفی میں) ۲ ۔ قطعاً ۔ کلیتہً

اَبَداً مؤبداً (اَبَ دَنْ مُ اَبْ دَنْ) [ع ۔ متعلق فعل] ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ۔ غیر منقطع مدت تک ۔ مسلسل ۔

اِبْدَا : [ع ۔ اند] ا ۔ پیدا کرنا ۔ وجود میں لانا (۲) ظاہر کرنا ۔ نمایاں کرنا ۔

اَبَدَ اَبَد : [ار ۔ متعلق فعل ۔ اَبَداً اَبَداً کا بگاڑ] ہمیشہ ہمیشہ ۔ قیامت تک

اِبْدَاع : [ع ۔ اند] اختراع ۔ ایجاد ۔ بے مثال نئی چیز کی تخلیق ۔

اَبْدَال : (بفتحہ اوّل) [ع ۔ اند] بدل کی جمع (۱) اہل التصوف کے نزدیک اولیا اللہ کے دس طبقات میں سے پانچواں طبقہ ، جس کے ارکان کی معینہ تعداد چالیس بتائی جاتی ہے اور یہ تعداد پوری رکھی جاتی ہے ، چنانچہ اگر کوئی ابدال انتقال کر جائے یا ترقی کر جائے تو اس کی جگہ کسی اور کو ابدال مقرر کیا جاتا ہے ۔ چونکہ یہ حضرات ایک دوسرے سے بدلتے رہتے ہیں اس لیے ان کو ابدال کہا جاتا ہے ۔ امام راغب اصفہانی کی رائے میں ان کی برائیاں نیکیوں سے بدل دی گئی ہیں اس لیے ان کو ابدال کہا جاتا ہے (۲) افغانوں کے ایک جرگہ کا مورث اعلیٰ ۔

اِبْدَال : (بکسر اوّل) [ع ۔ اند] تبادلہ کرنا ۔ بدل کرنا ۔

اَبْدَالی : (بفتحہ اوّل) [ع] افغانوں کے ایک قبیلہ کا نام جو اَبدال سے منسوب ہے ۔

اَبْدَان ۔ (بفتحہ اوّل) [ع ۔ اند ۔ ج] بدن کی جمع ۔ اجسام ۔

اُبْدَج ، (بضم اول ، سکون ثانی ، فتحہ ثالث) [ہ ۔ اند] کپڑے مکوڑے جو برسات میں پائے جاتے ہیں ۔

اَبْدَح : (بفتحہ اوّل ، سکون ثانی ، فتحہ ثالث) [ع ۔ اند] علم رمل کے ایک دائرہ کا نام جس کی ترتیب یہ ہے :۔

۱ ۔ فردِ آتش کی قیمت ا کے مساوی ۱ مقرر ہے

۲ ۔ فرد باد کی قیمت ب کے مساوی ۲ مقرر ہے

۳ ۔ فرد آب کی قیمت د کے مساوی ۴ مقرر ہے

۴ ۔ فردِ خاک کی قیمت ح کے مساوی ۸ مقرر ہے

اس حساب سے رمل کی سولہ شکلیں ہیں

اَبْدھُوت [ہ ۔ اند] ا جوگی جس نے دُنیا تیاگ دی ہو ۔ سادھو ۔ بیراگی ۔ سنیاسی (۲) ہندو فقیروں کا ایک گروہ جو واجب الوجود کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتا اور تمام مذہبی رسُوم کا منکر ہے ۔ (۳) شو جی کا پجاری جو نشہ پیتا ہو ۔ (۴)

اَبَدی : [ع ۔ صف] جاودانی ۔ سرمدی ۔ غیر فانی ۔ جس کی حد اور انتہا نہ ہو ۔

اَبَدِیّت : [ع ۔ امث] بقائے دوام ۔ ہمیشگی ۔ سرمدیت ۔

اَبْر : (بفتحہ اول وسکون ثانی وثالث) [ف ۔ اند] ا ۔ بادل ۔ گھٹا ۔ بدلی ۔ (۲) فولاد کا پانی ۔ ہلکی نیل گوں یا دُخانی رنگ کی لہریں جو تلوار ، خنجر وغیرہ کے پھل پر یا بندوق کی نالی پر یا دوسرے اسلحہ پر صیقل کے ذریعے پیدا کی جاتی ہیں (۳) تصوف کی اصطلاح میں وہ حجاب جو مراتب سلوک یا شہود کے حصول میں حائل ہوتا ہے ۔

ابر آذاری : [ف ۔ اند] آغاز بہار کا بادل ۔ ماہ آذار میں اٹھنے والی گھٹا ۔

اَبرِ آذری : [ف ۔ اند] ماہ آذر کا بادل جو برستا کم اور گرجتا زیادہ ہے ۔

اَبرِ بہمن : [ف ۔ اند] وہ بادل جو شمسی مہینہ بہمن میں برسے ۔

اَبر پھٹنا : [ار ۔ مص وضعی] چھائے ہوئے بادل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر منتشر ہونا ۔

اَبرِ تر : [ف ۔ اند] برسنے والا بادل ۔ بھیگی بھیگی گھٹا ، جس سے بارش کی امید ہو ۔

اَبرِ تنک : [ف ۔ اند] چھدرا بادل ۔ ہلکی گھٹا

اَبرِ تیرہ : [ف ۔ اند] سیاہ بادل ۔ کالی اور گہری گھٹا ۔

اَبرِ تیغ : [ف ۔ اند] تلوار کے جوہر کی زنگاری دھاریاں ۔

اَبر چھٹنا : [ار ۔ مص مرکب] مطلع صاف ہونا ۔ گھٹا کا کھل جانا ۔ بادل منتشر ہو جانا

اَبرِ دریا بار : [ف ۔ اند] بہت برسنے والا بادل ۔ بے حد برسنے والی گھٹا ۔

اَبرِ رَحمَت : [ف ۔ اند] (۱) وقت پر برسنے والا بادل ۔ کھیتوں کو سرسبز کرنے والا

بادل (۲) خدا کی رحمت۔ عنایت۔

اَبرِ سپہر: [ف۔ اند] ڈھال کی سیاہی اور جوہر

اَبرِ سیاہ: [ف۔ اند] کالی گھٹا۔ گہری گھٹا۔ گھنا بادل

اَبرِ غلیظ: [فع۔ اند] گہرا بادل۔ گھنگھور گھٹا

اَبرِ قبلہ: [فع۔ اند] ۱۔ قبلہ یعنی مغرب کی سمت سے اُٹھنے والی گھٹا جو بہت برستی ہے۔ (۲) ابرِ رحمت۔ خدا کا بھیجا ہُوا بادل۔

اَبر کا لکہ: [ف۔ ار۔ اند] بادل کا ٹکڑا

اَبرِ کرم: [فع۔ اند] ۱۔ بادل کی طرح نہال کرنے والا۔ کرم اور سخاوت کی بارش کرنے والا سخی۔ فیاض (۲) فیض۔ کرم۔ رحمت (۳) ابرِ رحمت۔

اَبر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑنا: [ار۔ مثل] بہتر کی امید موہوم پر موجود چیز بھی کھو بیٹھنا۔ عاقبت نااندیشی سے کام لینا۔ جلد بازی اور حماقت کا ثبوت دینا۔

اَبرِ کوہسار / کہسار / کہساری: [ف۔ اند] پہاڑ کی سمت سے اُٹھنے والی گھٹا جو عموماً برستی ہے۔

اَبر کھلنا / پھٹنا: [ار۔ محاورہ] مطلع صاف ہونا۔ بادلوں کا آسمان پر نہ رہنا۔ بارش تھمنا

اَبرِ گندہ بہار: [ف۔ اند] برسات کا بادل جس سے کیچڑ ہو جاتی ہے۔

اَبرِ گوہر (گہر) بار: [ف۔ اند] موتی برسانے والا بادل۔ ابرِ نیساں

اَبر گھرنا: [ار۔ محاورہ] گھٹا چھانا۔ آسمان پر بادل جمع ہونا

اَبرِ محیط: [فع۔ اند] چاروں طرف چھایا ہوا بادل۔ ہر طرف پھیلی ہُوئی گھٹا۔

اَبرِ مُردَہ: [فع۔ اند] ۱۔ برسا ہوا بادل (۲) اسفنج

اَبرِ مَطیر: [فع۔ اند] برسنے والا بادل۔ ابرِ تر

اَبرِ نَیساں / نیسانی: [ف۔ اند] شامی سال کے ساتویں ماہ نیساں میں برسنے والا بادل جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے قطرہ سے سیپ میں موتی اور بانس میں بنسلوچن، سانپ کے منہ میں زہر، کیلے میں کافور پیدا ہوتا ہے۔ بہار کا بادل

اَبر و باد: [ف۔ مرکب عطفی] مینہ اور ہوا۔ بارش اور ہوا کا طوفان۔ آندھی اور بارش

اَبرا: [ہ۔ اند] ۱۔ اندھا (۲) کمزور۔ غریب

اَبرا کی جورو سب کی بھاوج: [ہ۔ مثل] غریب کی چیز میں ہر کوئی حصہ دار بن جاتا ہے۔

اَبرا کی بھینس بیائی سگرو گاؤں مٹیالے ڈھائی: [ہ۔ مثل] غریب کی بھینس بیائی تو سارا گاؤں برتن لے کر دودھ لینے آگیا۔ غریب کی چیز کو ہر کوئی ہتھیانا چاہتا ہے۔

اِبراء: [ع۔ اند] براءت (بریت) رہائی۔ چھٹکارا۔ دست برداری۔

اِبرا نامہ: [عف۔ اند] دعویٰ سے دست برداری کی تحریر۔ معاہدہ فسخ کرنے کی دستاویز۔

اَبرار: (بفتح اول) [ع۔ اند۔ ج] بَرّ کی جمع۔ ۱۔ نیک اور پرہیزگار لوگ (۲) اولیاءاللہ

اِبرام: (بکسر اول) [ع۔ اند] ۱۔ اصرار۔ تقاضا۔ تاکید۔ پُرزور مطالبہ (۲) خواہش۔ طلب (۳) انکار۔ ناگواری (۴) تنگ دلی۔ بے قراری

اِبراہیمؑ: (بکسر اول) [ع۔ اند۔ عبرانی ابراہام کی عربی صورت] مشہور پیغمبر۔ آزر بت تراش کے بیٹے، حضرت اسماعیلؑ کے باپ۔ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جدِ امجد کعبۃ اللہ کے بانی۔ اُر (اور) کے باشندے جن کو توحید کی تبلیغ کے جرم میں بابل کے مدعی الوہیت بادشاہ نمرود نے آگ میں جلا کر ہلاک کرنا چاہا، مگر بحکمِ خدا وہ آگ گلزار بن گئی۔

اِبراہیم اَدہَم: [ع۔ اند] مشہور ولی اور بزرگ، جن کے متعلق مشہور ہے کہ بلخ کی بادشاہی چھوڑ کر فقیری اختیار کی۔

اَبرَش: (بفتحِ اوّل و سکونِ ثانی و فتحِ ثالث) [ع۔ صف] ۱۔ چتلا۔ چت کبرا۔ کچھ سیاہ اور کچھ سفید۔ ابلق (۲) وہ گھوڑا جس میں سُرخ اور سفید دو رنگ ہوں۔ دو رنگا گھوڑا

اَبرَص: (بروزن اَفعَل مذکر) [ع۔ صف۔ مذ] وہ شخص جس کے بدن پر گلابی رنگ کے داغ اور دھبے ہوں۔ برص۔ پھلبہری کا مریض۔ (۲) چتکبرا گھوڑا۔

اَبرَق / اَبرَک: [ع۔ ف۔ اند وامث] ایک معدنی شے، جس کے پرت والے ڈھیلے چٹانوں میں سے برآمد ہوتے ہیں، جن سے چمکیلے اور بھربھرے ورق جدا ہو جاتے ہیں۔ ان پر آگ، پانی اور برقی رَو اثر انداز نہیں ہوتی۔ یہ دوا کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے اور رنگ ریز اس کا چورا لئی میں ملا کر کپڑوں کو بھی لگاتے ہیں۔ جس سے کپڑوں پر تارے سے چمکنے لگتے ہیں۔

اَبرَن: (بفتح الف و رائے مہملہ) [ہ۔ اند] زیور۔ گہنا۔ سنگھار کا سامان۔ لباس۔

اُبرَن سُبرَن: (بضم الف و فتح رائے مہملہ و ضم سین) [ہ۔ اسف۔ عر] بچا کھچا جیز۔ بچی ہوئی چیز۔ فالتو شے۔

اُبرَنا: [ار۔ مص۔ ل] ۱۔ باقی بچنا (۲) ظاہر ہونا۔ باہر آنا (۳) بڑھ جانا۔

اَبرَنجَن: (اَب رَن جَن) [ف۔ اند] ۱۔ بطور جمع: ہاتھ پاؤں کے زیور (۲) بطور واحد پہنچی (ہاتھ کا ایک زیور) پائل۔ پازیب

اَبرُو: [ف۔ امث و مذ] ۱۔ آنکھ کی محراب کے اوپر اُگے ہُوئے بال۔ بھوں (۲) کلام و الہام غیبی۔ سالک کا اپنے مرتبہ سے کسی خطا کے باعث گر جانا (اصطلاح تصوف)

اَبرُو پر بل پڑنا: [ار۔ محاورہ] تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا۔

اَبرُو پر شکن آنا / پڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اَبرُو پر بل آنا"

اَبرُو پر میل آنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ابرو پر بل پڑنا"

اَبرُو پھڑکانا: [ار۔ محاورہ] بھویں ہلانا۔ اشارہ کرنا

اَبرُو پھڑکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ابرو پھڑکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

اَبرُو تاننا: [ار۔ محاورہ] غصہ دکھانا۔ تیوری چڑھانا

اَبرُو چڑھانا: [ار۔ محاورہ] پیشانی پر بل ڈالنا۔ ناخوش ہونا۔ غصہ ہونا۔

اَبرُو چڑھنا: [ار۔ محاورہ] بھویں سکڑنا۔ ماتھے پر بال ڈالنا۔ ترش رو ہونا۔

اَبرُو چڑھوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ابرُو چڑھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

اَبرُو سمیٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ابرو چڑھنا"

اَبرُو کمان: [ف۔ صف] کمان جیسے ابروؤں والا۔ خوبصورت معشوق۔

اَبرُو مروڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ابرُو چڑھانا"

اَبرُو ملانا: [ار۔ محاورہ] باہم ساز باز کرنا۔ رمز کرنا۔ اشارہ بازی کرنا۔

اَبرُو میں بل آنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ابرو پر بل آنا"

اَبرُوئے پیوستہ: [ف۔ اند و مث] آپس میں ملی ہوئی بھویں۔

اَبرُوئے فلک: [فع۔ اند] ہلال۔ ماہِ نو۔ پہلی رات کا چاند۔

اَبرَہ: (اَب رَہ) [ف۔ اند] لباس یا اوڑھنے کے کپڑے کا بالائی حصہ۔ استر کی ضد

اَبرَہَن: (بفتح الف، سکون بائے موحدہ، فتح رائے مہملہ، فتح ہائے ہوز، سکون نون) [ہ۔ اند۔ ق] دیکھئے "ابرن"

اَبرَہہ: [ع۔ اند۔ صف] یمن کے حبشی گورنر کا نام جس نے محمد

مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے چھٹی صدی کے نصف اوّل میں ہاتھیوں کے لشکر کے ساتھ مکہ معظمہ پر چڑھائی کی۔ لیکن بحکم خداوندی پرندوں (ابابیل) نے اس کے لشکر پر کنکریوں کی بارش کر کے اسے تباہ کر دیا۔ قرآن مجید کے سورۃ فیل میں اس کا ذکر ہے۔

اَبْرِی: [ف۔ امث] ابر سے منسوب (۱) ایک قسم کا رنگین اور روغنی کاغذ، جس کے چکنے رُخ پر رنگا رنگ کے نقش و نگار ہوتے ہیں اور کتابوں کی جلد کے اوپر لگاتے ہیں (۲) کلئے ہوئے چمڑے کی اُوپر کی سطح جو رنگین اور چمکیلی ہوتی ہے۔ نری (۳) ابرہ (۴) جوہردار۔ صیقل شدہ۔ (تلوار کی صفت) ۵۔ رنگین و منقش (کاغذ کی صفت) ۶۔ جھلا بور۔ جھل مل کرتا زرق برق لباس۔

اَبْرِی کا پتھر: [ف۔ ار۔ امذ] دو رنگا پتھر، جس میں لہر دار دھاریاں ہوتی ہیں۔

اَبْرِیشم (اَب رے شم) [ف۔ امذ] ۱۔ کچا ریشم۔ ایک کیڑے کے لعاب دہن کے تار جن سے ریشمی کپڑا تیار کیا جاتا ہے (۲) ساز کا تار، جو لوہے، پیتل، تانبے اور جست وغیرہ سے بنایا جاتا ہے۔

ابریشمی / ابریشمیں: [ف۔صف] ابریشم سے منسوب۔ ریشم کا بنا ہوا۔ ریشم جیسا

ابریشمینہ: [ف۔صف] ریشمی۔ ریشم کی بنی ہوئی چیز

اِبْرِیق (بہ کسر اوّل، سکون دوم، کسر سوم، یائے معروف) [ع۔ امذ] آبریز کا معرب (۱) ٹونٹی والا لوٹا (۲) جام۔ شیشہ۔ قرابہ۔ چھاگل صراحی۔

اَبڑ دَھبڑ: [ار۔ امث۔صف] ۱۔ بے ہنگم۔ بے ڈھنگے انداز میں (۲) گڑبڑ۔ بھاگ دوڑ

اَبَس: (بفتحہ اوّل و ثانی) [ہ۔ صف] بے بس۔ مجبور۔ ناچار

اَبسرا / اَبسرہ: [ہ۔ امث] دیکھئے "اپسرا"

اُبَسنا: (بضم اول، فتحہ دوم، سکون سوم) [ار۔ مص] گلنا۔ سڑنا۔ بدمزہ ہونا۔ خراب ہو جانا

اُبسانا [ار۔ مص] اُبسنا کا متعدی

اَبِسْوَاس: (بفتحہ اول، کسرہ ثانی، سکون ثالث، فتحہ رابع) [ہ۔ امذ] بدظنی بے اعتباری۔ شک۔

اَبِسواسی: [ہ۔ صف] شک کرنے والا۔ بدگمان۔ اعتبار نہ کرنے والا۔

اَبْشَار (اَب شار) [ع۔ امذ] دیکھئے "بشر" جس کی یہ جمع ہے۔

اَبْصَار: (بفتحہ اول) [ع۔ امذ] بصر کی جمع۔ آنکھیں۔ نظریں

اِبْصَار: (بکسر اول) [ع۔ امذ] دیکھنا۔ نگاہ۔ بینائی۔ بصیرت

اَبْطَال: (بفتحہ اول) [ع۔ امذ] بطل کی جمع۔ بہادر لوگ۔ بڑے لوگ۔ ہیرو

اِبْطَال: (بکسر اول) [ع۔ امذ] بطلان۔ تردید۔ غلط قرار دینا۔ جھٹلانا

اَبطی: [ار۔ صف] بلا کا

اَبْطَل: (بفتحہ اول، سکون ثانی، فتحہ ثالث) [ع۔ ا۔ تفضیل] بہت جھوٹا۔ بہت خود پسند (متقابلتاً)

اَبْعَاد: (اَب عاد) [ع۔ امذ] بُعد کی جمع (۱) فاصلے دُوریاں (۲) ضخامت۔ موٹائی۔ (۳) جسم یا مکان کی حدود جن سے اس کا حجم متعین ہو (۴) کسی رقم کے اعداد و قوت عمل کا مجموعہ

ابعادِ ثلاثہ: [ع۔ مرکب عددی بہ ترکیب فارسی] تین فاصلے یعنی طول، عرض، اور عمق۔ لمبائی، چوڑائی اور موٹائی۔

اَبعادی: [ع۔ صف] جسامت رکھنے والا۔ مادی

اَبْعَاض: (بفتحہ اوّل) دیکھئے "بعض" جس کی یہ جمع ہے۔

اَبْعَد: (اَب عَد) [ع۔ ا۔ تفضیل] بعید تر۔ زیادہ دُور۔ زیادہ پرے

اَبْغَض: [ا۔ ا۔ تفضیل] سب سے زیادہ قابل نفرت

اِبْقا: (بکسر اول) [ع۔ امذ] بقا۔ پائندگی۔ باقی رکھنا۔ محفوظ رکھنا۔ رعایت کرنا۔

اِبقائے نوعی: [ع۔ مرکب اضافی بترکیب فارسی] بقائے نسل۔ بقائے جنس۔ سلامتی۔

ابقر: [ار۔ امذ] شورہ

اَبقی: (اَبقا) [ع۔صف] ہمیشہ باقی رہنے والا۔ ہمیشہ زندہ رہنے والا۔

اُبکا (بضم اول) [ہ۔ امذ] رسی کا پھندا جسے پانی نکالتے وقت برتن کے گلے میں ڈال دیا جاتا ہے۔

اَبکار: (بفتحہ اوّل) [ع۔ امث و مذ] بکر کی جمع (۱) کنواری لڑکیاں۔ دوشیزگان (۲) اچھوتے اور نادر افکار و مضامین۔

اُبکار: (بضم اول) [ہ۔ امذ] دیکھئے "اُبکار"

اُبکائی: (بضم اول) [ہ۔ امث] متلی۔ مالش۔ قے آنے کو ہونا (افعال: آنا۔ اُٹھنا۔ لینا)

اُبکائی آنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ متلی ہونا۔ طبیعت مالش کرنا (۲) نفرت ہونا۔

اَبکَبت: (اَب کَبَت) [ہ۔صف] وہ گویا جس کے الفاظ گلے میں اٹک کر رہ جائیں اور سننے والوں کی سمجھ میں نہ آئیں۔

اَبِکنت (بفتحہ اوّل، کسرہ دوم، سکون سوم و چہارم) [ہ۔ صف] ان بجانا۔ انوکھا۔ سمجھ میں نہ آنے والا۔ غیر معقول)

اَبکَم: (بفتحہ اوّل، سکون دوم، فتحہ سوم، سکون چہارم) [ع۔ صف] گونگا۔ جو بول

اُبَکنا: (بضم اوّل و فتحہ ثانی) [ار۔ مص] اُبکائی لینا۔ متلی ہونا۔ قے آنے کو ہونا۔

اُبکوں ڈُبکوں: [ار۔ (اُبکوں تابع، ڈُبکوں متبوع) ا۔ مث۔ صف] ۱۔ ڈوبنے تیرنے کی کیفیت۔ امید و بیم کا عالم (۲) ڈوبنے کے قریب (افعال: کرنا۔ ہونا)

اَبکی: (اَب کا) [ع۔ صف] بہت رونے والا۔

اُبَل: (بضم اول و فتحہ ثانی) [ار۔ مادہ] "اُبلنا" کا مادہ اور صیغہ امر۔

اُبَل آنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کھولتے ہوئے پانی یا کسی سیال شے کا جوش کھا کر باہر نکل آنا۔ (۲) آنکھوں کا آشوب کرنا، سوجنا (۳) جسم کا سُوج جانا (۴) کسی مادہ کا اندر سے باہر نکلنا۔ پانی کا کنوئیں یا دریا کے سوت سے ایک دم باہر نکل آنا۔ ذہن میں مضامین پے در پے پیدا ہونا۔

اُبَل پڑنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ بُرا بھلا کہنا۔ خفا ہونا۔ (۲) کم ظرفی دکھانا آپے میں نہ رہنا۔ (۳) نکل آنا۔ نمودار ہونا۔ پھُوٹ پڑنا۔

اُبَل جانا / چلنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ جوش دکھانا (۲) کم ظرفی سے کچھ کہہ اٹھنا ۳۔ حد سے باہر نکلنا۔

اَبْلا: (بہ فتحہ اوّل، سکون دوم، فتحہ ثالث) [ہ۔ اور صف مث] (۱) عورت۔ زن استری (۲) نازک۔ کامنی۔ البیلی۔ کمزور

اُبلا: (بضم اول) [ار۔ فعل] دیکھئے "اُبلنا" جس کا یہ ماضی مطلق کا صیغہ ہے

اَبلا پلی: (بہ فتحہ اول) [ہ۔ امذ۔ ن] کمزور کا حامی۔ ضعیف کا مددگار

اَبلایا: [ار۔ امذ] ا۔ کمزوری۔ ناتوانی (۲) نازکی، نازک بدنی۔

اَبلا پری: [ار۔ ف۔ امث] حسینہ و جمیلہ۔ نازک اور خوبصورت عورت۔

اِبلاس: (اِب لاس) [ع۔ امذ] ناامیدی۔ مایوسی۔ حزن و ملال۔ رنجیدگی

اِبلاغ: [ع۔ امذ] ا۔ تبلیغ۔ اشاعت (۲) پیغام رسانی۔ بھیجنا۔ پہنچانا۔

اِبلاگھا: [ہ۔ امث۔ شاذ] خواہش آرزو۔ تمنا

اُبلاؤ: (بضم اوّل) [ار۔ امث۔ شاذ] اُبلنا کا حاصل مصدر (۱) جوش۔ ابال (۲) سطح کا ابھار (۳) معدے کا ابھار یا پیٹ۔

اُبلانا: [ار۔ مص] اُبلنا کا متعدی (۱) ابالنا۔ پانی میں کھولا کر گلانا۔ (۲) اُبھارنا (۳) رنج دینا۔ بھڑکانا (۴) تیکھی نگاہوں سے دیکھنا۔ خفا ہونا۔ (۵) آنکھیں سہلانا یا سرخ کرنا (رو کر)

اَبلائی: (بفتحہ اول) [ار۔ امث] دیکھئے "ابلاپا"

اُبلتی چھاتی: [ار۔ محاورہ] مغرور ہونا۔ سرکش ہونا۔

اَبلَغ: (بروزن اختر) [ع۔ اسم تفضیل] ا۔ بلیغ ترین (متعلقاً) زیادہ بلیغ (۲) مبالغہ کی حد پر۔ نہایت درجہ کو پہنچا ہوا۔

اَبلَق: [ع۔ صف] ا۔ دورنگا۔ سیاہ اور سفید (۲) وہ گھوڑا جس کی جلد پر بالوں کے سیاہ، سفید یا سرخ اور سفید بڑے دھبے ہوں۔ چینت کبرا۔ (۳) جس کے جسم پہ برص کے دھبے ہوں۔ پھلبہری کا مریض۔ مبروص۔

اَبلَقِ ایام / روزگار / لیل و نہار: [ع۔ ف۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] دن رات

اَبلَقِ چشم: [ع۔ ف۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] آنکھ کا استعارہ

اَبلَقا: (اَب لَقا): [ع۔ ار۔ امذ] ایک خوش آواز پرندہ جیسکے پر سیاہ اور پیٹ سفید ہوتا ہے

اُبلَہ: (بضم الف، سکون بائے موحدہ، فتحہ لام) [ار۔ امث] "اُبلنا" کا حاصل مصدر دیکھئے "اُبال"۔

اُبلنا: (بضم اول، فتحہ دوم، سکون سوم، فتحہ چہارم) [ار۔ مص] (۱) کھولنا۔ جوش کھانا (۲) لبریز ہونا۔ چھلک پڑنا (۳) نکل پڑنا۔ پھوٹ پڑنا (۴) جوش دیا جانا۔ پکنا۔ پک کر نرم ہونا۔ گل جانا (۵) پھدپھدانا (۶) کنہرنی دکھانا۔ اترانا۔ پھولنا۔ اچھرنا (۷) طیش میں آنا۔ غصہ میں آنا (۸) تکنا جھکنا (۹) پھولنا۔ سوجنا۔ ابھر آنا (۱۰) مستی یا جوش میں آنا۔

اُبلوان: (بضم اول، فتحہ ثانی، سکون ثالث۔ آخر میں نون غنہ) [ار۔ صف] (۱) اُبلی ہوئی حالت یا صورت ہیں (۲) باہر نکلا ہوا (۳) اُبلا ہوا سا۔

اَبلوج: (بہ فتحہ الف سکون بائے موحدہ، ضم لام و واو معروف) [ف۔ امذ] آبلوج کا مخفف۔ سفید شکر۔ قند۔ مصری

اَبلَہ: (بہ فتحہ اوّل، سکون ثانی، فتحہ ثالث) [ع۔ صف] کم عقل۔ بھولا۔ بیوقوف۔ احمق۔

اَبلہ طراز: [ع۔ بہ ترکیب فارسی۔ صف] دیکھئے "ابلہ فریب"

اَبلہ طرازی: [عف۔ امث] دیکھئے "ابلہ فریبی"

اَبلہ فریب: [عف۔ صف] فریبی، مکار۔ بیوقوف کو دھوکا دینے والا۔

اَبلہ فریبی: [عف۔ امث] ابلہ فریب کا اسم کیفیت۔ بہکانہ پھسلانا۔ سبز باغ دکھانا۔ بے وقوف بنانا۔ مکاری۔ عیاری

اَبلَہی: (بہ فتحہ اول، سکون دوم، فتحہ سوم، کسرہ چہارم، یائے معروف) [عف۔ امث] بیوقوفی۔ حماقت۔ سادہ لوحی

اِبلیس: (بہ کسر الف، سکون بائے موحدہ، کسرہ لام، یائے معروف، سکون سین) [ع۔ امذ، صف] ا۔ آتشی مخلوق کا وہ مشہور فرد جو تخلیق آدم سے پہلے عبادت و ریاضت کی بدولت مقبول بارگاہ خداوندی تھا اور فرشتوں کا استاد بن گیا تھا لیکن حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کے باعث راندۂ درگاہ خداوندی ٹھہرا اور ہمیشہ کے لیے مورد لعنت و ملامت قرار پایا۔ شیطان۔ عزازیل۔ خدا کی رحمت سے نا امید (۲) خبیث۔ مردود۔ مفسد۔ سرکش۔ (۳) مکار فریبی۔ حیلہ گر

اِبلیس پرست: [عف۔ ا۔ فاعل] شیطان کو پوجنے والا۔ (داستانوں میں) مفسد اور باطل پرستوں کا گروہ جو حق پرستوں سے لڑتا تھا۔

اِبلیسی: [ع۔ صف] شیطانی۔ باطل۔ مردود۔

اِبلیسی: [عف۔ امث] شیطنت۔ ابلیسیت۔ مفسدہ پردازی۔ فتنہ پروری۔

اِبلیسیت: (اِب لِی سِیَّت) [ع۔ امث] شیطنت۔ سرکشی۔ باطل پرستی۔ فتنہ انگیزی۔

اِبن: (بکسر اول و سکون ثانی و ثالث) [ع۔ امذ] ا۔ بیٹا۔ لڑکا۔ پوت۔ ولد (۲) بندہ۔ غلام۔ پیغامبر

اِبنُ الاَخ: (اِب نُل اَخ) [ع۔ مرکب اضافی۔ مذ] بھائی کا بیٹا۔ بھتیجا۔

اِبنُ الاُخت: (اِب نُل اُخت) [ع۔ مرکب اضافی۔ مذ] بہن کا بیٹا۔ بھانجا۔

اِبنُ الخَطّاب: [ع۔ کنیت نسبی۔ مذ] مسلمانوں کے خلیفہ دوم حضرت عمرؓ جو خطاب کے بیٹے تھے۔

اِبنُ السَّبیل (اِب نُس سَبیل) [ع۔ کنیت وصفی۔ مذ] ا۔ راہ گیر۔ مسافر (۲) اجنبی۔ بے راہ چلتا (۳) (فقہ) وہ شخص جو مال کا مالک تو ہو مگر اس پر قابض نہ ہو۔

اِبنُ الغَرَض: (اِب نُل غَرَض) [ع۔ کنیت وصفی۔ مذ] مطلبی۔ غرض کا بندہ۔ گول کا یار۔

اِبنُ اللہ: [ع۔ کنیت۔ مذ] اللہ کا بیٹا۔ عیسائی عقیدہ کے مطابق حضرت عیسیٰ (معاذ اللہ)

اِبنُ الوَقت: [ع۔ کنیت وصفی۔ مذ] ا۔ زمانہ کے ساتھ چلنے والا۔ وقتی مصلحت کے مطابق پلٹ جانے والا۔ فائدہ کی خاطر بدل جانے والا (۲) مصلحت بیں۔ موقع شناس۔ وقت کے تقاضا پر عمل کرنے والا (۳) وقتی حالات یا ماحول کی پیداوار جو حالات کا تابع ہو اور حالات کو اپنا تابع نہ بنا سکے۔ (۴) (تصوف) وہ صوفی جو وقت اور حالات کا تابع ہو اور حالات کو بدلنے کی طاقت نہ رکھتا ہو (۵) ڈپٹی نذیر احمد کے ایک ناول کا نام۔

اِبنِ سبیل: [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] ا۔ دیکھئے "ابن السبیل"

اِبنِ عَم: [ع۔ کنیت نسبی۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] ا۔ چچا کا بیٹا۔ چچیرا بھائی۔ ہم جد بھائی۔ (۲) رشتہ دار۔ عزیز

اِبنِ مادَر: [عف۔ کنیت۔ مذ] بھائی۔ اخیافی بھائی۔ ماں جایا بھائی جس کا باپ کوئی اور ہو۔

اِبنِ مَریَم: [ع۔ کنیت۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] مریم کا بیٹا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

اِبنِ مُلجَم: [ع۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] حضرت علیؓ کا قاتل۔ اس کا نام عبدالرحمان تھا۔

اَبنا: (بہ فتحہ اول، سکون ثانی، فتحہ ثالث) [ع۔ امذ۔ ج] ا۔ ابن کی جمع۔ بیٹے۔ لڑکے۔ ذریات۔ اخلاف۔ اولاد کی اولاد (۲) (اضافت کے ساتھ) والے۔ صاحبان۔ اہل نسبت رکھنے والے (۳) فارس کے امراء و شرفاء جو یمن میں متوطن ہو گئے تھے۔

اَبنائے جنس: [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] ایک ہی جنس سے تعلق رکھنے والے انسان۔ آدمی (۲) ہم پیشہ و ہم مشرب لوگ۔ (۳) ہم قوم۔ ہم وطن۔

اَبنائے جہاں: [عف۔ کنیت۔ مذ] دنیا کے لوگ۔ اہل جہان۔

اَبنائے دُنیا: [ع۔ کنیت۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] ا۔ دُنیا کے لوگ ۲۔ دُنیا والے لوگ

اَبنائے دَہر: [ع۔ کنیت۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] زمانے والے۔ موجودہ وقت کے لوگ۔

اَبنائے روزگار: [عف۔ کنیت۔ مذ] دیکھئے "ابنائے دہر"

اَبنائے زماں / زمانہ: [ع۔ کنیت۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "ابنائے دہر"

اَبناءُ السَّبیل: [ع۔ کنیت۔ مذ] دیکھئے "ابن السبیل" جس کی یہ جمع ہے۔

اَبنائے عَصر: [ع۔ کنیت۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "ابنائے دہر"

اَبنائے وَطن: [ع۔ کنیت۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] اہل وطن۔ ہم وطن۔ برادران وطن۔

اَبنائے وَقت: [ع۔ کنیت۔ مذ بترکیب فارسی] دیکھئے اَبنائے دہر

اُبنا: (بضم اول) [ا ر۔ مص لازم] اُگنا۔ زمین سے پھوٹ کر نکلنا۔

اُبنَہ: (اُبْ نَہ) [ع۔ امث] ایک بیماری جیسکے مریض کو اغلام کرنے کی خواہش ہوتی ہے علّت الشیوخ۔ علّت انثا عشری۔ بھبس

اِبنیّت: (اِب نِیْ یَت) [ع۔ امث] بیٹا ہونا۔ بیٹا ہونے کی حیثیت۔ فرزندی۔

اَبنیہ: (اَب نِیَہ) [ع۔ امث۔ ج] بنا کی جمع۔ بنیادیں۔ آثار۔ عمارتیں۔

اَبو: (بہ فتح اول، ضمۂ ثانی، واو معروف) [ع۔ امذ] ا۔ باپ۔ والد۔ پدر (۲) مالک صاحب۔ والد

اَبُوالاَجساد: (اَبُلْ اَجْ سَاد) [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ] (۱) مُراد گندھک۔ (۲) (تصوف) حضرت آدم علیہ السّلام)

اَبُوالاَجسام: (اَبُل اَجْ سَام) [ع۔ کنیت وصفی۔ مذ] دیکھئے "ابوالاجساد"

اَبُوالاَرامِل: (اَبُل اَرامِل) [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ] محتاجوں کا باپ۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم۔

اَبُوالاَرواح: (اَبُل اَرْوَاح) [ع۔ کنیت وصفی] (تصوف) رُوحِ محمدی جو مبدء تخلیق کل ہے۔

اَبُوالآبا: (اَبُل آبا) [ع۔ کنیت۔ مذ] ا۔ جدِّ اعلیٰ مورث اعلیٰ۔ بزرگ خاندان (۲) بزرگ ترین فرد۔ سرخیل امام۔ حضرت آدم علیہ السّلام

اَبُوالاَنبیا: (اَبُل اَنْ بِیا) [ع۔ کنیت۔ وصفی] حضرت ابراہیم علیہ السّلام

ابوالبشر: (اَبُلْ بَشَر) [ع۔ کنیت۔ مذ] حضرت آدم علیہ السّلام۔

اَبُوالحارِث: (اَبُل حارِث) [ع۔ کنیت وصفی] جنگل کا بادشاہ۔ شیر

اَبُوالحَسَن: (اَبُل حَسَن) [ع۔ کنیت۔ نسبی] حضرت علی رضؓ

اَبُوالخَراب: (اَبُل خَراب) [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ] ویرانوں کا باپ یعنی بُوم۔ اُلّو

اَبُوالخَیر: (اَبُل خَیر) [ع۔ کنیت۔ مذ] ا۔ نیکی والا۔ نیک (۲) فارسی کا مشہور صوفی اور رباعی گو شاعر ابو سعید ابوالخیر۔

اَبُوالقاسِم: (اَبُل قاسِم) [ع۔ کنیت نسبی۔ مذ] آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلّم

اَبُوالمَنصُور: (اَبُل مَنصُور) [ع۔ کنیت وصفی] فاختہ

اَبُوالوَقت: (اَبُل وَقت) [ع۔ کنیت۔ وصفی] (تصوف) صوفی کامل۔ وہ صوفی جس نے وقت کو اپنا تابع بنا لیا ہو۔

اَبُوالہَول: (اَبُل ہَول) [ع۔ کنیت۔ وصفی] مصر کا ایک عظیم اور ہیبت ناک بُت جس کا بدن شیر کا اور چہرہ عورت کا ہے۔

اَبُوبَکر: [ع۔ کنیت] مسلمانوں کے خلیفۂ اوّل صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کا پہلا نام عبدالکعبہ اور اسلامی نام عبداللہ تھا۔

اَبُوتُراب: [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ] خاک والا۔ خاک آلودہ۔ مراد حضرت علی رضؓ جن کو خاک آلودہ دیکھ کر ایک بار آں حضرتؐ نے اس نام سے پکارا۔

اَبُوجَہل: [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ] ابوالحکم عمرو بن ہشام مخزومی کی کنیت جو اس کی جہالت کی وجہ سے مسلمانوں نے اسے دی۔ یہ شخص اسلام اور پیغمبر اسلامؐ کا بہت بڑا دشمن اور مخالف تھا۔ بالآخر جنگ بدر میں دو مسلمان لڑکوں کے ہاتھوں مارا گیا

اَبُوحَنیفہ: [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ] امام اعظم حضرت نعمان بن ثابت علیہ الرحمۃ کی کنیت۔ جو اہل سنّت کے چار بڑے طبقوں میں سب سے بڑے طبقے کے امام ہیں فقہ حنفی انہیں سے منسوب ہے، انکے مقلدین سُنّی حنفی کہلاتے ہیں۔

اَبُوذَر: [ع۔ کنیت۔ مذ] جندب بن جنادہ الغفاری متوفی ۳۲ھ، رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت۔

اَبُوطالِب: [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ] آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کا حقیقی چچا۔ ان کا نام عمران بتایا جاتا ہے اور مشہور ہے کہ وہ آں حضرت صلعم کے ولی اور مُربّی تھے مگر بعض محققین کا خیال ہے کہ عمران ابوطالب کے بڑے بھائی کا نام تھا، جن کو بنو ہاشم کی سیادت حاصل تھی اور وہی آں حضرت کے ولی اور مُربّی تھے۔

اَبُولَہَب: [ع۔ کنیت۔ وصفی۔ مذ] آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حقیقی چچا، مگر آپؐ کا اور اسلام کا بہت بڑا دشمن۔ نام عبدالعزّیٰ تھا۔ چونکہ اس کے گال انگاروں کی طرح سُرخ تھے، اس لیے ابولہب یعنی انگاروں والا کہا جاتا تھا۔ جنگ بدر میں قریش کی شکست کے غم میں فوت ہُوا۔

اَبُوہُریرَہ: [ع۔ کنیت۔ وصفی مذ] آں حضرتؐ کے مشہور صحابی اور راوی احادیث۔ عبدالرحمٰن ابن صخر یا عمیر ابن عامر نام تھا۔ چونکہ بلّیاں بہت پالتے تھے، اس لیے ابوہریرہ مشہور ہُوئے۔

اَبُّو: [ا ر۔ امذ] ابّو کا بگاڑ (۲) ابّاجان پیار اور محبت کا لفظ)

اَبواب: [ع۔ ا۔ مذ۔ ج] باب کی جمع ۱۔ دروازے (۲) کتاب کے حصّے (۳) وہ روپیہ جو مالگذاری کے ساتھ سڑکوں، مدرسوں، رفاہ عامہ کے کاموں اور چوکیداروں وغیرہ کی تنخواہ کے لیے زائد وصول کیا جاتا ہے (۴)، بابیں، ۵۔ راستے

اُگوانا: [ا ر۔ مص متعدی] اُگانا۔ اُگوانا۔ کاشت کرانا۔ بیج لگوانا۔ دیکھئے ذریعہ

اُبُوّت: [ع۔ ا۔ مث] باپ ہونا۔ رشتۂ پدری۔ والدیت

اِبوتی: [ہ۔ ا۔ مث] جنگلی گائے کے گوبر کی راکھ، سیکھڑی کے ساتھ ملی ہُوئی جسے ہندو، جوگی بدن اور چہرے پر ملتے ہیں۔ (بھبوت)

اِبوجک: [ہ۔ صف۔ ق] بے سمجھ۔ نادان۔ بھولا

اَبوجھ: [ہ۔ صف] ا۔ جسے بوجھا نہ جا سکے ناقابل فہم۔ لاینحل۔ ۲۔ بے سمجھ نادان۔ جاہل۔ ۳۔ ناسمجھ ننھا بالا (سیانا کی ضد۔ بچّہ)

اَبُوس: [ع۔ ا۔ مذ] زنگار سے کہیں جہاں میں کائی نظر نہیں آتی کہ صرف رنگ رزاں ہوگئی بجائے ابوس (مومن)

اَبول / اَبولا: [ا ر۔ صف] گم صم۔ خاموش۔ کم سخن

اُبھار: [ا ر۔ ا۔ مذ] ا۔ اٹھان۔ اونچاپن۔ سطح کا ابھرا ہُوا حصّہ۔ (۲) ظہور۔ نمود۔ برآمدگی۔ ۳۔ وفور۔ جوش۔ بالیدگی۔ ۴۔ امنگ۔ موج۔ ولولہ (۵) افزائش۔ ترقی۔ فروغ بڑھنے کا عمل (۶) محدب سطح کی بیرونی سمت کا نمایاں حصہ (۷) پستان۔

اُبھار دینا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ بڑھاوا دینا۔ ۲۔ نمایاں کرنا۔ واضح کرنا۔ ۳۔ اُونچا کرنا۔ کسی شے کو اس کی جگہ سے اُونچا اٹھانا۔

اُبھار لانا: [ا ر۔ محاورہ] بھگا لانا۔ بہکا لانا۔ ورغلا کر کسی کو نکال لانا۔ اغوا کرنا۔

اُبھارا: [ا ر۔ امذ] ا۔ اُچھالا۔ غوطہ کھا کر سطح پر آنا۔ ۲۔ بڑھاوا۔ شہ۔ بھترا۔ ۳۔ اٹھان۔ بلندی۔ ۴۔ رغبت۔ ۵۔ جوش۔ ۶۔ بہکاوا۔

اُبھارا دینا: [ا ر۔ محاورہ] ہمت بڑھانا۔ دل بڑھانا۔

اُبھارا لینا: [ا ر۔ محاورہ] بیماری کا عود کر آنا۔ مرض کا دوبارہ ہو جانا۔

اُبھارنا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ اُچھالنا۔ تاننا۔ ۲۔ اٹھانا۔ اونچا کرنا۔ ۳۔ اُکسانا۔ شہ دینا۔ بڑھاوا دینا۔ جوش دلانا۔ ۴۔ سہارا دینا۔ سنبھالنا۔ ۵۔ اُچھالنا۔ تیرانا۔ (۶) ترقی دینا۔ پست حالت سے نکالنا۔ ۷۔ ترغیب دینا۔ آمادہ کرنا۔ راہ پر لانا۔ (۸) اغوا کرنا۔ بہکا لیجانا۔ لے اُڑنا۔ ۹۔ جلا دینا۔ فروغ دینا۔ ۱۰۔ حرکت میں لانا

بھر دینا۔ ۱۱۔ نمایاں کرنا۔ واضح کرنا۔ ۱۲۔ اٹکی یا دبی ہوئی چیز کو نکالنا۔ باہر کرنا۔ اوپر لانا

اُبھارُو: [ا۔ صف] ۱۔ اُبھار دینے والا۔ ۲۔ اٹھا لینے والا۔ غائب کر دینے والا اٹھائی گیرا۔ چور (۳) اُبھرا ہُوا۔ سطح پر نمایاں (۴) اُلارو۔ ایک طرف سے زیادہ اُٹھا ہُوا۔

اُبھاروں میں آنا: [ا۔ محاورہ] بھرتوں میں آنا۔ بڑھاوے میں آنا۔

ابھار سے لینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ غرور کرنا۔ پھپنا۔ ۲۔ لہرا لہرا کر اوپر چڑھنا۔ ہرا ہوا پانی میں بلند ہونا

اَبھاگ: [ہ۔ صف۔ مذ۔ ق] بدنصیب۔ بدقسمت

ابھاگن: [ہ۔ صف۔ مث۔ ق] بدنصیب یا بدقسمت عورت

ابھاگنی: [ہ۔ صف۔ مث۔ ق] دیکھئے "ابھاگن"

اَبھاگی: [ہ۔ صف۔ مذ۔ ق] ۱۔ دیکھئے "ابھاگ" (۲) منحوس۔ سبز قدم۔

اُبھال: [ہ۔ ا۔ مث] ۱۔ چھلانگ (سب رس) ۲۔ بادل

اُبھر: [ا۔ فعل] اُبھرنا کا صیغہ امر

ابھر آنا: [ا۔ محاورہ] نمودار ہونا۔ نکل آنا۔ اونچا ہونا

ابھر چلنا [ا۔ محاورہ] نمو شروع ہونا۔ ترقی کرنے لگنا۔ غرور کرنا

ابھرن: [ہ۔ ا۔ مذ] زیور، پوشاک

اُبھرنا: [ا۔ مص] ۱۔ سطح سے نمایاں ہونا پھولا ہونا۔ ۲۔ اونچا ہونا۔ اوپر اٹھنا۔ ۳۔ بڑھنا۔ پنپنا۔ افزائش پانا۔ ۴۔ سطح پر آنا۔ سر نکالنا۔ ۵۔ اُبھار لینا۔ خوب کرنا۔ ۶۔ اُچکنا سر بگیدن کر اونچا کرنا۔ ۷۔ غرور کرنا۔ ہرا ہونا۔ ۸۔ دبی ہوئی یا پست حالت سے نکلنا (۹) غائب ہونا۔ اڑ جانا۔ چلتا بننا۔ ۱۰۔ نمایاں ہونا۔ ظاہر ہونا ۱۱۔ اٹھان پر ہونا۔ جوش میں آنا۔ ۱۲۔ اکڑنا۔ تننا۔ غرور کرنا۔ ۱۳۔ جوانی کے آثار ظاہر ہونا۔

اُبھروان [ا۔ صف] ابھرا ہوا۔ ابھرتا ہُوا۔

اَبھک: [ہ۔ صف] اٹا ٹوٹ۔ بہت زیادہ۔ ۲۔ اخراج۔ بہاؤ۔ سیلان

اَبھلاکھا: [ہ۔ ا۔ مث] خواہش۔ آرزو۔ تمنّا۔

اَبھیمان: [س۔ ا۔ مذ] ۱۔ گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔ ۲۔ خودداری پاس وضع۔

اَبھیمانی: [س۔ صف] متکبر۔ مغرور۔ گھمنڈی

ابھوکن: [ہ۔ ا۔ مذ۔ ق] زیور۔ گہنا

اَبھوگ: [س۔ ا۔ مث۔ ق] ۱۔ ترک پرہیز۔ ناداری (۲) موسیقی۔ دھرپت کا چوتھا حصہ جو تار استھان میں گایا جاتا ہے)

ابھوگ پیرن: [س۔ ا۔ مث] موسیقی۔ تان کی تیسری قسم اس کا آغاز گندھار اور مدھم سُروں سے ہوتا ہے۔

اَبھوگی: [س۔ ا۔ صف] پرہیز کرنے والا۔ شامل نہ ہونے والا۔ تارک لذت۔

اَبھولا: [س۔ صف] غافل۔ بے پروا۔ بے خود

اَبھی: [ا۔ صف] ۱۔ فی الحال۔ سر دست (۲) اِسی آن۔ اس وقت۔ فوراً۔ ۳۔ ذرا دیر پہلے۔ ماضی قریب میں (۴) ذرا دیر بعد۔ ذرا دیر میں۔ ۵۔ ابھی سے۔ اتنی جلدی سے (۶) ہنوز۔ اب تک۔ تب تک۔ ۷۔ اسکے بعد۔ آئندہ۔ ۸۔ کسی وقت۔ ایک وقت میں۔ کبھی

ابھی ابھی: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ ذرا دیر پہلے۔ دم بھر پہلے۔ ۲۔ فوراً۔ اسی وقت۔ ۳۔

ابھی تک: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ اب تک۔ اس وقت تک۔ ہنوز۔

ابھی چھٹی کا دُودھ نہیں سُوکھا: [ا۔ مثل] ہنوز نادان بچے ہیں۔ کچھ تجربہ نہیں رکھتے۔ کم عقل لونڈے ہیں۔

ابھی دِلّی دُور ہے: [ا۔ مثل] بہت وقت پڑا ہے۔ منزل مقصود نہیں آئی۔ کامیابی نہیں۔ ابھی اور وقت لگے گا۔

ابھی دودھ کے دانت بھی نہیں ٹوٹے: [ا۔ مثل] ہنوز بچہ ہے۔ ہوش نہیں سنبھالا۔ تجربہ نہیں رکھتے۔

ابھی دیکھا کیا ہے: [ا۔ محاورہ] ۱۔ دنیا کا تجربہ نہیں۔ اَلھڑ نا تجربہ کار ہیں۔ (۲) ابھی اور کچھ ہوگا۔

ابھی سویرا ہے: [ا۔ محاورہ] ہنوز وقت باقی ہے۔ ابھی کچھ نہیں گیا۔ تدارک ہو سکتا ہے۔

ابھی سے: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ اتنی جلدی۔ ۲۔ ابتدا ہی میں۔ اس عمر میں۔ کم سنی میں۔ ۳۔ اسی وقت۔ آج سے۔

ابھی سیر میں سے پونی بھی نہیں کتی: [ا۔ مثل] ابھی کام شروع ہُوا ہے۔ ابھی بہت کام باقی ہے۔

ابھی کچا برتن ہے / کچی لکڑی ہے: [ا۔ مثل] ناتجربہ کار ہے۔ ابھی کمسن بچہ ہے۔

ابھی کچھ نہیں بگڑا ہے / گیا ہے: [ا۔ محاورہ] ابھی وقت باقی ہے۔ تدارک یا تلافی ہو سکتی ہے۔

ابھی کچے گھڑے پانی بھرنا ہے: [ا۔ مثل] ابھی بہت مصیبتیں اور تکلیفیں پیش آنی ہیں۔

ابھی کچے ہیں کون دانت کھٹے کرے: [ا۔ مثل] بہت کوشش کے بعد جب چیز ہاتھ نہ آئے تو اپنا دل بہلانے کے لیے کہتے ہیں۔ فضول عذر۔

ابھی کل کی بات ہے: [ا۔ محاورہ] ابھی زیادہ مدت نہیں گزری۔

ابھی کیا ہے: [ا۔ محاورہ] ہنوز آغاز ہے۔ آئندہ اس سے زیادہ ہوگا۔

ابھی کے دن۔ کے راتیں: [ا۔ محاورہ] تھوڑے دنوں کی بات ہے۔ حال کی بات ہے۔ زیادہ زمانہ نہیں گزرا۔

ابھی کے دن ہوتے: [ا۔ محاورہ] تھوڑا عرصہ ہُوا۔ زیادہ زمانہ نہیں گزرا۔

ابھی منہ دابئے تو چلّو بھر دودھ نکل پڑے: [ا۔ مثل] دیکھئے "ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سوکھا"

ابھی منہ کی رال نہیں جھڑی: [ا۔ مثل] دیکھئے "ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سوکھا"

اَبھیاس: [س۔ ا۔ مذ] روحانی ریاضت۔ ۲۔ مشق۔ ریاض۔ کام کو بار بار کرنا تاکہ عادت یا مہارت ہو جائے۔

ابھی روگ: [ہ۔ ا۔ مث] مویشیوں کی ایک بیماری جس سے زبان پر چھالے پڑ جاتے ہیں اور ان میں کیڑے پڑ جاتے ہیں۔

اِبہام: [ع۔ ا۔ مذ] ۱۔ مبہم پن۔ عدم وضاحت۔ اشتباہ۔ ۲۔ ہاتھ کا انگوٹھا (۳) ہاتھ کے انگوٹھے کی چھاپ۔ یا اس کی لکیروں کا نقش۔

اِبہام کرنا: [ا۔ مص۔ مرکب] انگوٹھا لگانا۔ انگوٹھے کا نشان کرنا۔

اُبہت: [ع۔ ا۔ مث] شان۔ شوکت۔ بڑائی۔ بزرگی۔

اَبہل: [ع۔ ا۔ مذ] سرو کوہی کی قسم سے ایک درخت جس کا پھل بیر کے برابر ہوتا ہے۔ یہ درخت دو قسم کا ہوتا ہے۔ کلاں جس کے پتے سرو کی مانند۔ اور شاخیں خاردار ہوتی ہیں۔ خرد۔ جھاؤ کے پتوں کی مانند۔ ہاؤ بیر

اِبّی دُبّی: [ا۔ ا۔ مث] گلی ڈنڈا۔ پہلی ضرب اِبّی اور دوسری ضرب دُبّی کہلاتی ہے

اَبے: [ا۔ کلمہ ندا و تحقیر] ۱۔ بہائے۔ اے۔ ارے۔ او (۲) تحقیر و تصغیر کے لیے (۳) ارے۔ اِرے۔ فجائیہ

ابے تبے: [ا۔ ا۔ مذ] بازاری بول چال۔ ناشائستہ گفتگو۔ بد تہذیبی کے کلمات

[قبل کرنا]

اَتبے تبے: [ار۔ امذ] آن بان۔ شان و شوکت۔ ٹھاٹھ باٹھ۔

اَبیات: [ع۔ امذ] جمع بیت کی۔ گھر۔ اشعار بسلسل مثنوی یا قصیدہ کی صورت میں۔

اَبیج: [ہ۔ امذ۔ صف] ۱۔ بُرا بیج۔ ناقص تخم۔ جو اُگ نہ سکے۔ ۲۔ جس کا تخم مارا گیا ہو ہیجڑا۔ زنانہ۔ ۳۔ جس کا بیج نہ ہوتا ہو۔

اَبیرا: [ہ۔ ا۔ مث] ۱۔ دیکھئے "ادیرا" جو صحیح ہے۔

اَبیر: [ہ۔ ا۔ مذ] ۱۔ عبیر زعفران کی آمیزش سے تیار کردہ خوشبو یا گلال۔ ایک خوشبودار لال سفوف جو ابرک کے برادہ یا سنگھاڑے کے آٹے وغیرہ میں لال گلال اور خوشبوئیں ملا کر بنایا جاتا ہے۔ ہولی کے تہوار میں ہندو ایک دوسرے پر چھڑکتے اور چہرہ پر ملتے ہیں۔

اَبیری: [ہ۔ صف۔ امث] ۱۔ اَبیر سے منسوب۔ اَبیر کے رنگ کا۔ سیاہی مائل لال رنگ کا۔ ۲۔ اساوری ٹھاٹھ کی ایک راگنی۔ جسے اَبھری بھی کہتے ہیں۔

اَبیَض: [ع۔ صف] ۱۔ سفید۔ اُجلا۔ ۲۔ گورا چِٹّا

اَبیَضِ منقوش: [ع۔ مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] چاندی کا روپیہ جس پر نقش ہوتے ہیں۔ ۲۔ دولت۔ روپیہ پیسہ۔

اَبیل دَبیل: [ار۔ صف] مقابلہ میں ہیٹا کمزور۔ دبنے والا۔

اَبیَن: [ع۔ ا۔ تفضیل] زیادہ واضح۔ بہت روشن۔ نمایاں تر۔

اَبی وَرد: [ف۔ امذ] خوارزم کے علاقہ میں ایک قدیم بستی کا نام۔ جہاں کی آب و ہوا ناخوشگوار اور وبائی بتائی جاتی ہے۔

ا ــ پ

آپ: [ہ۔ ضمیر] ۱۔ خود۔ آپ ۲۔ اپنا۔ اپنی

آپ سے: [ار۔ صف۔ تاکید] ۱۔ از خود۔ آپ ہی۔ اپنے آپ

اَپ: [ار۔ سابقہ] سابقہ جو اسماء کے شروع میں دُوری۔ پستی۔ نفی اور جُدائی کے معنی پر دلالت کرتا ہے۔

اُپ سُر: [ہ۔ صف] وہ گویا جو سُروں کا خیال نہ رکھے اور ایک راگ کے سُر اور سُرتیاں دوسرے راگ میں ملا دے۔

اُپ: [ہ۔ ا۔ مث] دیکھئے "آپائی"

اُپ: [ہ۔ سابقہ] سابقہ جو اسماء کے شروع میں قرب۔ مماثلت یا ضمنیت اور پستی کا اظہار کرتا ہے۔

اُپ انگ: [ہ۔ امذ] اُپانگ۔ نس ترنگ۔ پاکستان کی شمال مغربی سرحد والوں کا ستار یا سارنگی کی قسم کا ساز۔

اُپ جنتر: [ہ۔ ا۔ مذ] پرندوں کی چونچ کی شکل کا جراحی آلہ۔

اُپ سَان: [ار۔ ا۔ مث] اُپلے گوں کو جلا دینے کے لیے عمدہ لکڑی کی بنی ہوئی سان

اُپ ناس / نیاس: [ہ۔ امذ] موسیقی۔ وہ سُر جس پر راگ کا ایک حصہ ختم ہو (نیاس کے سُر پر پورا راگ ختم ہوتا ہے اور اُپ نیاس کے سُر پر راگ کا ایک حصہ۔

اُپ وَن: [ہ۔ ا۔ مذ] خانہ باغ۔ پائیں باغ۔

اُپ وید: [س۔ ا۔ مذ] وہ علوم و فنون جو ویدسے ماخوذ ہیں۔ یہ چار ہیں۔ (۱) تیر اندازی یجر وید سے ۲۔ موسیقی، سام وید سے۔ ۳۔ طب، رگ وید سے ۴۔ فن تعمیر، اتھر وید سے

اُپا: [ار۔ صف۔ مذ] دیکھئے "اُپی" جو زیادہ مشہور ہے۔

اَپاپ: [ہ۔ س۔ ا۔ مذ] بے گناہی۔ معصومیت

اُپادھا: [ہ۔ ا۔ مث] تشدد۔ زیان۔ نقصان۔ ظلم۔ ناانصافی

اُپادھی: [ہ۔ صف] شدید۔ ظالم۔ ناانصاف۔

اُپادھیا: [س۔ ا۔ مذ] دیکھئے "اُپادھیائے"

اُپادھیائی: [س۔ ا۔ مذ] ۱۔ ویدانگ کا پڑھنے والا ۲۔ معلم۔ استاد۔ ۳۔ برہمنوں کی ایک قسم

اَپار: [س۔ صف۔ ق] ۱۔ ناقابل عبور۔ ناپیداکنار۔ ۲۔ بہت زیادہ۔ بے حد و شمار

اُپار: [ار۔ متعلق۔ فعل] دیکھئے "آدپر"

اَپارا / اَپاری: [ہ۔ صف] دیکھئے "اپار"

اُپارنا: [ہ۔ مص۔ ق] دیکھئے "اُپاڑنا"

اُپاڑ: [ار۔ امذ] ۱۔ اکھاڑنے ادھیڑنے کا عمل۔ ۲۔ بدھی کا نشان۔ اُدھیڑن (۳) (۴) دانے یا آبلے جو تیز دوا کی مالش سے جلد پر نمودار ہو جائیں۔

اُپاڑنا: [ار۔ مص] ۱۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ بیخ کنی کرنا۔ نیست و نابود کرنا (۲) بدھیاں ڈالنا۔ کھال اُدھیڑنا (۳) جُڑی ہوئی یا چپکی ہوئی چیز کو الگ کرنا۔ نوچنا بگاڑنا

(۴) تیار کرنا کاجل وغیرہ کا۔

اُپاڑو: [ار۔ صف] اپاڑنے والا۔ کھال اتارنے والا۔ آبلے یا پھپھولے ڈالنے والا

اُپاس: [ہ۔ مذ] فاقہ۔ برت۔ روزہ رکھنا

اُپاسک: [ہ۔ صف] روزہ دار۔ بھوکا (۲) معتقد۔ پیرو۔ ماننے والا

اُپاسنا: [ہ۔ ا۔ مث] خدمت کرنا۔ عزت کرنا۔ احترام کرنا۔ ماننا۔ حرمت۔ پرستش۔ عبادت۔

اُپاسی: [ہ۔ صف] عبادت گزار۔ پجاری

اُپاشنا: [ہ۔ ا۔ مث] دیکھئے "اُپاسنا"

اُپانا: [ہ۔ مص] پیدا کرنا۔ جنم دینا۔ کمانا۔ تیار کرنا۔ اختیار کرنا (تجربہ یا علاج کے طور پر)

اُپاؤ: [ہ۔ ا۔ مذ] دیکھئے "اپائے"

اُپاہا: [ہ۔ امث۔ ق] ارمان۔ تمنا۔ اُمنگ۔

اَپاہج: [ار۔ صف] ۱۔ ہاتھ پاؤں سے معذور۔ لُنجا۔ لنگڑا۔ لولا۔ ۲۔ نحیف نزار۔ کام کاج یا چلنے پھرنے کے ناقابل (۳) معذور مجبور (۴) بے عمل۔ بے توفیق سست۔ کاہل۔ ۵۔ مفلوج۔ ازکار رفتہ۔ ۶۔ محتاج۔ بے بس بے سہارا۔

اپاہج پن / پنا: [ار۔ ا۔ مذ] ۱۔ کسی عضو کے معطل ہو جانے کی وجہ سے معذوری ۲۔ کاہلی۔

اپاہجی: [ار۔ ا۔ مث] اعضا کی معذوری۔ محتاجی۔ کاہلی۔ سستی۔ نکماپن۔

اُپاہے: [ا۔ امث۔ ق] دیکھئے "اُپاہا"

اُپائی: [ار۔ ا۔ مث] نگوں کو جلا دینا۔ چمکانا

اُپائی / اُپائے [س۔ امث] تدبیر۔ جتن۔ منصوبہ۔ داؤ۔ گھات۔ چال۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ تیاری

اُپائے کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] تدبیر کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ طریقہ اختیار کرنا۔

اَپبھرنش: [س۔ ا۔ مث] ۱۔ تیسرے دور کی پراکرت جس کا زمانہ ۶۰۰ سے ایک ہزار عیسوی تک قیاس کیا جاتا ہے اسکی تین بولیاں ہیں۔ ۱۔ وراچڈ (۲) ناگر (۳) اُپ ناگر۔ برصغیر کی آریائی زبانیں براہ راست اپبھرنس کی پیداوار ہیں (۱) عام بول چال کی زبان۔ عوامی بولی۔

اُپپٹ: [ہ۔ ا۔ مث] سطح زمین کی اوپر کی تہ کی تڑقن جو پانی خشک ہو جانے کے بعد چکنی مٹی کی زمین پر درزوں کی صورت میں پیدا ہو جاتی ہیں۔

اُپٹن: [ار۔ امذ] اُبٹن (ملنا)

اَپٹوڈیٹ: [انگ۔صف] (UP-TO-DATE) جدید وضع قطع رکھنے والا۔ ۲۔ تازہ۔ مطابق حال

اُپَٹنا: [ار۔مص۔ق] ۱۔جوش مارنا۔ اٹھانا۔ تیزی سے بہنا ۲۔ غصہ کرنا۔ آپے سے باہر ہونا۔ بگڑنا۔

اَپَچ: [ار۔صف۔غلط العوام] پاجی۔ از حد کمینہ۔ دُوں فطرت

اَپَچ اَلپتاج: [ار۔صف غلط العوام] پاجیوں کا پاجی۔ بہت بڑا پاجی۔ بگڑا

اُپَج: [ہ۔ا۔مث] ۱۔ پیداوار۔ حاصل۔ ۲۔ پیدائش۔ وجود جسمانی (۳) بعثت ورُود ظہور۔ (۴) عمر۔ سن وصال ۵۔ انوکھی بات۔ نرالاپن۔ جدت۔ اختراع۔ (۶) جوش۔ اُمنگ۔ اُبال (۷) موسیقی: تان سُر لے)

اُپج کی سُوجھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "اُپج کی لینا"

اُپج کی لینا: [ار۔محاورہ] ۱۔ انوکھی بات کہنا۔ جدت کا اظہار کرنا۔ (۲) دوُں کی لینا۔ شیخی بگھارنا۔ (اترانا۔ (۳) جدت، اختراع، ایجاد سے کام لینا (۴) نئی باتیں اڑانا۔

اُپج لینا: [ار۔محاورہ] جدت دکھانا۔ نئی حرکت کرنا (۲) (موسیقی: تان لینا۔ آلاپنا۔)

اُپج نکالنا: [ار۔محاورہ] انوکھی بات کرنا۔ نرالے پن کا اظہار کرنا۔

اُپج ہونا: [ار۔محاورہ۔ق] نمودار ہونا۔ نکلنا۔ باہر آنا۔

اُپجان: [ار۔اِمذ] پیداوار۔ حاصل۔ نمو۔ وغیرہ۔

اُپجانا: [ار۔مص] پیدا کرنا۔ اُگانا۔

اُپجان ہارا: [ار۔صف۔ق] خالق۔ پیدا کرنے والا۔

اَپجَس: [ا۔ہ۔اِمذ] بے عزتی۔ رُسوائی۔ بدنامی۔

اُپجنا: [ار۔مص] ۱۔ اُگنا۔ پھوٹ نکلنا۔ نشوونما پانا۔ ۲۔ پیدا ہونا۔ ۳۔ جنم لینا۔ ظہور کرنا ۴۔ دل میں نیا خیال آنا۔ نئی بات یا اُمنگ پیدا ہونا (۵) ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ برآمد ہونا۔ ۶۔ جوش میں آنا۔ اُبھرنا (۷) نکھرنا۔ سنورنا۔ فروغ پانا۔ ۸۔ تان اڑانا۔ گانا

اپچ: [ہ۔امث] آپ ہی۔ خود ہی

اُپچ: [ہ۔امث] دیکھئے "اُپج"

اُپچار: [ہ۔ا۔مث۔ق] چلن۔ وضع۔ طریقہ

اُپجان ہارا: [ہ۔صف] دیکھئے "اُپجان ہارا"

اُپجاؤ: [ہ۔صف] زرخیز۔ قابل کاشت

اُپجنا: [ار۔مص] دیکھئے "اُپجنا"

اُپجن ہار: [ہ۔اِمذ] ۱۔ عمدہ زمین جس میں بیج جلد اُگ آئے اور پھوٹے یا ہر قسم کے بیج بونے کے لیے موزوں ہو۔ ۲) اُگنے والا / پھوٹنے والا بیج۔

اَپچھر: [ہ۔ا۔مث۔ق] رجوع کریں۔ "اپچھرا"

اَپچھرا: [ہ۔ا۔مث۔ق] دیکھئے "اَپسرا"

اپچھری: [ہ۔ا۔مث۔ق] دیکھئے "اَپسرا"

اُپدَرو: [ہ۔اِمذ] شوروغل۔ اُدھم

اُپدیش: [س۔اِمذ] ۱۔ رائے۔ مشورہ۔ صلاح (۲) نصیحت۔ وعظ۔ تلقین۔

اُپدیشک: [س۔صف] ناصح۔ واعظ۔ مبلّغ

اَپَر: [انگ صف] (UPPER) ۱۔ بلند۔ اعلیٰ (۲) بالائی۔ شمالی۔ سمندر کے مخالف سمت کا۔ ۳۔ جوتے کے اُوپر کا حصہ۔

اُپَر: [ہ۔حرف جار] دیکھئے "اُوپر"

اُپر آنا: [ار۔محاورہ۔ق] نکل آنا۔ نمایاں ہونا۔ اُبھر آنا۔

اَپرادھ / اَپرادھ: [س۔اِمذ] ۱۔ قصور۔ کوتاہی۔ جُرم (۲) اِلزام۔ اتہام۔

اَپرادھی: [س۔صف] قصوروار۔ مجرم

اُپرال: [ار۔حرف جار] دیکھئے "اُوپر"

اُپرالا: [ہ۔صف۔ق] معاونت۔ مدد۔ حفاظت۔

اپرالا کرنا: [ار۔مص۔مرکب] مدد کرنا۔ ساتھ دینا۔ حفاظت کرنا۔

اُپرانا: [ار۔محاورہ] ۱۔ الگ تھلگ رہنا۔ مانوس نہ ہونا۔ اجنبی معلوم ہونا (۲) غیریت برتنا۔ گڑبڑ کرنا۔ بچنا۔ ۳۔ اُوپر آنا۔ باہر نکل آنا۔ ۴۔ اٹھانا۔ اُوپر کرنا۔

اُپراؤ: [ار۔ا۔مذ۔ق] غلبہ۔ تسلّط

اُپرلا: [ار۔صف] ۱۔ بالائی۔ اُوپر کا۔ ۲۔ بیرونی۔ ظاہری۔ ۳۔ سطحی اوپری

اَپرم پار: [س۔صف۔ق] بےحد۔ لامحدود۔ بے انتہا۔

اَپرنٹس: [انگ۔اِمذ] (APPRENTICE) ۱۔ امیدوار۔ کسی آسامی کا خواہاں۔ ۲۔ کسی علم یا فن یا عہدہ کا کام سیکھنے کے لیے بلا اُجرت یا کم اُجرت پر کام کرنے والا۔ ۳۔ نوآموز۔

اُپرپچھا: [ہ۔اِمذ] دیوار کا آخری سرا جس پر کڑیاں رکھی جاتی ہیں یا منڈیر بنائی جاتی ہے۔

اَپروپ: [ہ۔صف۔ق] ۱۔ نادر۔ انوکھا۔ بےمثل ۲۔ اچھا۔ خوبصورت پسندیدہ۔

اُپرودھا: [ہ۔صف] ۱۔ اوپر کا۔ بالائی۔ ۲۔ پہلونٹی کا۔ اوّلین۔ ۳۔ اوپری۔ اجنبی۔

اَپریشن: [انگ۔مذ] (OPERATION) جسم کے کسی حصّہ کو علاج کے لیے چاک کرنا۔ چیر پھاڑ کے ذریعہ مادہ فاسد یا کسی اور چیز کو جسم سے باہر نکالنا یا کسی خرابی کو درست کرنا۔ عملیہ۔ عمل جراحی۔

اَپریل / اَپرِل: [انگ اِمذ] (APRIL) انگریزی شمسی سال کا چوتھا مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے۔ یہ چیت اور بیساکھ میں آتا ہے۔

اَپریل فول: [انگ۔صف] (APRIL FOOL) ۱۔ اپریل کی پہلی تاریخ کو خوش طبعی کے لیے کسی کو دھوکا دے کر بیوقوف بنانے کا دستور۔ جو انگریزوں میں رائج ہے اور ان کی تقلید میں بعض دوسرے لوگ بھی ایسا کرتے ہیں۔ (۲) جھوٹ۔ افواہ جو لوگوں نے بیوقوف بنانے کے لیے اڑائی ہو۔

اُپرٹ: [ار۔امث] دیکھئے "اُپڑنا" جس کا یہ حاصل مصدر ہے۔

اُپڑ آنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ اکھڑنا (۲) کھال پر دانے اُبھر آنا۔ نشان پڑ جانا۔

اُپڑ اُٹھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "اُپڑ آنا"

اُپڑا دینا: [ار۔محاورہ۔متروک] مروڑنا۔ بل ڈالنا۔

اُپڑانا: [ار۔مص] دیکھئے "اُپڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

اُپڑنا: [ار۔مص] ۱۔ جڑ سے اکھڑنا۔ ۲۔ مار پڑنا (۳) چھٹنا۔ چھڑایا جانا (۴) اُدھڑنا (۵) اُبھرنا نمایاں ہونا۔

اَپڑھ: [ار۔صف] ناخواندہ۔ اَن پڑھ۔ جو پڑھنا نہ جانتا ہو۔

اپنس: [ار۔ضمیر۔ق] ۱۔ اَپ (آپ) کی مغیرہ صورت۔ اپنا۔ آپ۔ خود (۲) آپ کی اضافی حالت۔ اپنا۔

اُپسانا: [ار۔مص۔شاذ] خمیر اٹھانا۔ سڑانا

اَپستا: [ار۔صف۔ق] دیکھئے "اپٹھا"

اَپسٹا: [ار۔صف۔ق] بےخود جس کو اپنی سُدھ بُدھ نہ ہو۔ عاشق۔

اَپسرا: [ہ۔امث] ۱۔ راجا اندر کے درباری رقاصہ۔ طوائف (۲) بہشت کی حُور۔ (۳) شریف مسکین۔ سگھڑ عورت (۴) حسینہ۔ خوبصورت عورت۔

اَپسری: [ہ۔امث] دیکھئے "اَپسرا"

اُپسنا: [ار۔مص] دیکھئے "اُپسنا"

اُپکار: [س۔ اند] ۱۔ احسان۔ کرم (۲) مدد۔ خدمت۔ حاجت روائی۔
اُپکار کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ احسان کرنا۔ احسان مند بنانا (۲) احسان کا صلہ دینا۔ احسان ماننا۔
اُپلا: [ا۔ اند۔ صف] ۱۔ گوبر جس کو تھاپ کر خشک کر لیتے ہیں اور ایندھن کا کام دیتا ہے (۲) سوجا ہوا۔ پھولا ہوا (۳) بدقطع۔
اُپلا پاتھنا: [ا۔ مص۔ مرکب] اُپلے بنانا۔ گوبر اکٹھا کر کے ہاتھ سے اُپلے گھڑنا۔
اُپلا تھاپنا: [ا۔ مص۔ مرکب] دیکھئے "اُپلا پاتھنا"
اُپلان: [ا۔ امث] ۱۔ اُپلے کی اُبھری ہوئی طرف (۲) اُبھار۔ اُونچان۔
اُپلانا: [ا۔ مص] اُپلے کی مانند پھلانا۔ سُجانا
اُپلی: [ا۔ امث] دیکھئے "اُپلا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
اُپلے: [ا۔ اند۔ ج] دیکھئے "اُپلا" جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ صُورت۔
اَپمان: (اَپ مان) [س۔ اند] بے عزّتی۔ ذلت۔ توہین
اَپن: [ا۔ ضمیر۔ عوامی] ۱۔ ہم (بطور واحد متکلم) (۲) ہیں اور تم (بطور تثنیہ) (۳) ہم تم۔ سب (بطور جمع) ۴۔ (اضافی) اپنا۔ اپنی
اَپنا: [ا۔ اند۔ ضمیر] ۱۔ (اضافی) میرا۔ ہمارا۔ تیرا۔ تمھارا۔ اس کا۔ ان کا۔ خود کا۔ اپنی ذات کا (۲) (فاعل) آپ (۳) یگانہ۔ دوست۔
اپنا آپا: [ا۔ اند] اپنا نفس۔ اپنا دل۔ اپنی جان۔ اپنا جسم
اَپنا اَپنا: [ا۔ صف] ۱۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ (۲) انفرادی۔ ذاتی۔ شخصی۔
اپنا اپنا، پرایا پرایا: [ا۔ مثل] ۱۔ عزیز سے کتنی ہی بے تعلقی اور بگاڑ ہو، وُہ پھر بھی عزیز ہے۔ بیگانہ کتنی ہی دوستی کا اظہار کرے عزیز کی برابری نہیں کر سکتا وقت پڑنے پہ عزیز ہی کام آتا ہے (۲) اپنی چیز کا جو فائدہ ہے وُہ دُوسرے کی چیز کا نہیں ہو سکتا۔
اپنا اپنا راستہ لینا: [ا۔ محاورہ] اپنی اپنی طرف چلے جانا۔ اپنی مرضی کرنا۔
اپنا اپنا کرنا، اپنا اپنا بھرنا: [ا۔ مثل] جو جیسا کرتا ہے ویسا ہی پھل پاتا ہے۔ ہر شخص کو اپنے کیے کی جزا یا سزا ملتی ہے۔
اپنا اپنا کمانا، اپنا اپنا کھانا: [ا۔ مثل] ہر شخص کا گزر اس کی اپنی کمائی پر ہوتا ہے ہر شخص اپنی جگہ آزاد اور مختار ہے۔
اپنا اپنا گھولو اپنا اپنا پیو: [ا۔ مثل] اپنے کام کے لیے اپنی گرہ سے خرچ کرو دوسروں کی چیز میں حصہ نہ بٹاؤ۔
اپنا اپنا لہنا ہے: [ا۔ مثل] سب کی قسمت ایک جیسی نہیں۔ ہر ایک کا مقدر جُدا ہے
اپنا اپنا مقدر / مقسوم / نصیب ہے: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنا اپنا لہنا ہے"
اپنا اُلّو سیدھا کرنا: [ا۔ محاورہ] ذاتی غرض حاصل کرنا۔ کسی کو فریب دیکر اپنا مطلب نکالنا۔
اپنا اُلّو کہیں نہیں گیا: [ا۔ محاورہ] میرا مطلب تو نکل ہی آئے گا۔ خواہ کسی کا نفع ہو یا نقصان اپنا کام تو ہو ہی جائے گا۔
اپنا بالا اور کا دِھینگڑا: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنا پوت پرایا دھینگڑا"
اپنا بسم اللہ دوسرے کا نعوذ باللہ: [ا۔ مثل] لوگ اپنی چیز کی تعریف کرتے ہیں اور دوسرے کی چیز کی مذمت کرتے ہیں۔
اپنا بگانہ: [ا۔ اند] دیکھئے "اپنا بیگانہ" جو فصیح ہے
اپنا بنانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی چیز کو اپنی ملکیت قرار دینا۔ دُوسرے کی چیز پر قبضہ کرنا کسی کو اپنے عزیزوں میں شامل کرنا۔ اپنانا (۲) رشتہ جوڑنا۔ دوستی کرنا۔ طرف دار بنانا۔ دلدادہ بنانا۔ فریفتہ کرنا۔

اپنا بوجھ (کسی پر) ڈالنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اپنے مصارف کا کفیل دوسرے کو بنانا۔ اپنی ضروریات کا خرچ دوسرے پر ڈالنا (۲) اپنی ذمہ دار دوسروں پر ڈالنا۔
اپنا بھلا چاہنا: [ا۔ محاورہ] اپنے ہی فائدہ کا خیال رکھنا
اپنا بھی خُدا ہے: [ا۔ مثل] کوئی ساتھ دے یا نہ دے خدا مالک و مددگار ہے۔
اپنا بیٹا سب کو خوبصُورت معلوم ہوتا ہے: [ا۔ مثل] ہر شخص اپنی چیز کو پسند کرتا ہے۔
اپنا بیگانہ: [ا۔ اند] ۱۔ ہر شخص۔ سب بھی (۲) قریب و بعید۔ عزیز و غریب (۳) دوست و دشمن۔
اپنا بیل کلہاڑی ناتھیں: [ا۔ مثل] اپنی چیز کو جس طرح چاہیں استعمال کریں، کسی کو اس پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔
اپنا پرایا: [ا۔ اند] دیکھئے "اپنا بیگانہ" (۲) فرق و امتیاز اپنے پرائے کا فرق۔
اپنا پرایا کرنا: [ا۔ محاورہ] غیریت برتنا۔ تکلف کرنا۔
اپنا پرایا ہونا: [ا۔ محاورہ] اجنبیت ہونا۔ غیریت یا تکلف پایا جانا
اپنا پن: [ا۔ اند] دیکھئے "اپنایت"
اپنا پوت بالا / اور کا / دُوسرے کا / پرایا دِھینگڑا: [ا۔ مثل] ایک ہی بات پر اپنے عزیز کی طرف داری کرنا اور دوسرے کی مخالفت۔
اپنا پوت، پتنگر، دُوسرے کا ڈھٹنگر: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنا پوت بالا .... الخ"
اپنا پوت، دُوسرے کا (پرایا۔ اور کا) دھینگڑا: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنا پوت بالا الخ"
اپنا پیٹ: [ا۔ اند] اپنا جایا۔ اپنی اولاد
اپنا پیٹ پالنا: [ا۔ محاورہ] اپنا گزارہ کرنا۔ اتنا کما لینا کہ گزارہ ہو سکے۔
اپنا پیٹ تو کتا بھی پال لیتا ہے: [ا۔ محاورہ] تن پروری کوئی خوبی کی بات نہیں یہ کام تو جانور بھی کر لیتے ہیں دوسروں کے کام آنا ہی انسانیت ہے۔
اپنا پیٹ مارنا: [ا۔ محاورہ] اپنی طلب یا خواہش کو نظر انداز کرنا۔ ایثار کرنا۔ اپنے نفس کو دبانا۔
اپنا پیسہ / دام کھوٹا تو پرکھنے والے کا کیا دوس / دوش: [ا۔ مثل] اپنی چیز ناقص ہو یا اپنے میں کوئی کمی ہو تو اعتراض کرنے والے کو کیا الزام دیا جائے۔ سچی اور کھری بات پر قائل ہو جانا چاہیئے۔
اپنا تن پہلے ڈھانکو دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا: [ا۔ مثل] پہلے اپنی بُرائیاں دُور کرو پھر دوسرے کو بُرا کہنا۔
اپنا توشہ اپنا بھروسہ: [ا۔ مثل] سفر میں ضروری چیزیں ساتھ ہونی چاہئیں دوسروں پر بھروسہ ٹھیک نہیں۔
اپنا ٹھکانہ کرنا / کر لینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اپنا گھر الگ بنانا۔ الگ گھر سے کے رہنا۔ (۲) شادی کرنا۔ اپنا گھر آباد کرنا۔ (۳) اپنے رہن سہن کا اہتمام کرنا۔ (۴) موجودہ حالت سے کسی دوسری حالت کی فکر کرنا۔
اپنا ٹھیک نہیں اور کا ٹیک نہیں: [ا۔ مثل] اپنی رائے متزلزل دُوسرے کی رائے ناپسند۔
اپنا ٹینٹ نہ نہارے اور کی پھلّی دیکھے: [ا۔ مثل] اپنے عیبوں

پر نظر نہیں جاتی۔ دوسرے کے پوشیدہ یا چھوٹے چھوٹے عیب بھی نظر آجاتے ہیں۔

اپنا جوہر دکھانا: [ا۔ محاورہ] اپنا ہنر ظاہر کرنا۔ اپنا کمال دکھانا۔

اپنا جوہر کرنا: [ا۔ محاورہ] اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔ خودکشی کرنا۔

اپنا حاکم حاکم اور کا حاکم آدمی / اپنا پیر پیر اور کا پیر آدمی: [ا۔ مثل] اپنا تعلق دار تو قابلِ عزت ہے اور دوسرے کے تعلق دار کی کوئی حیثیت نہیں۔

اپنا حساب کر لو: [ا۔ محاورہ] اپنا لین دین کا معاملہ صاف کرو۔ اپنا حساب دیکھ لو۔ نوکری چھوڑ دو

اپنا خون: [ا۔ اندھو] اپنا عزیز۔ اپنا سگا۔ نسبی۔ قرابت دار

اپنا خون اپنی گردن پر ہونا: [ا۔ محاورہ] اپنا قاتل خود بننا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا

اپنا خون پینا: [ا۔ محاورہ] ناگوار بات پر صبر کرنا۔ تاؤ کھانا اور کچھ کہہ نہ سکنا۔ غم سہنا

اپنا خون کرنا: [ا۔ محاورہ] اپنا نقصان کرنا۔ حد سے زیادہ محنت کرنا۔ جان لڑا دینا

اپنا دل اپنی خوشی: [ا۔ روزمرہ] ہماری مرضی ٹھیک کیا، کسی کو کیا۔ جو ہمارا دل چاہا کریں

اپنا دیجئے دشمن کیجئے: [ا۔ مثل] قرض دے کر دشمنی مول لو۔

اپنا راستہ لو: [ا۔ محاورہ] جاؤ اپنا کام کرو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ دوسرے کے کام میں دخل نہ دو

اپنا رکھ پرایا چکھ: [ا۔ مثل] اپنا مال جمع رکھنا دوسروں کا صرف کرنا۔ اپنی چیز محفوظ رکھنا۔ دوسرے کی چیز برتنا۔

اَپنا سا: [ا۔ متعلق فعل] دیکھئے "اپنی سی"

اپنا سا حال دوسرے کا بھی جانو۔ [ا۔ مقولہ] دوسروں کا بھی خیال رکھو۔ دوسروں کی تکلیف کا بھی خیال کرو۔

اپنا سا جانتا ہے: [ا۔ مثل] اپنی طرح سمجھتا ہے نیک ہے تو نیک، برا ہے تو برا۔

اپنا سا منہ لیکر: [ا۔ متعلق فعل] ا۔ نادم ہو کر۔ شرمندہ ہو کر۔ ناکام ہو کر۔ ۲۔ بے شرمی سے۔ بے حیائی اور ڈھٹائی سے (۳) لاجواب ہو کر۔ قائل ہو کر۔

اپنا سا منہ لیکر رہ جانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ نہایت خفیف اور نادم ہونا۔ ۲۔ جواب بن نہ پڑنا۔ قائل ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ ۳۔ حیران و ششدر رہ جانا۔

اپنا سیتا دیکھنا: [ا۔ محاورہ] اپنا انتظام کرنا۔ اپنی فکر کرنا اپنے لیے آرام کی صورت پیدا کرنا

اپنا سیتا کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنا سیتا دیکھنا"

اپنا سر: [ا۔ روزمرہ] کچھ نہیں۔ خاک نہیں۔ ہیچ

اپنا سر پیٹنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ماتم کرنا۔ افسوس کرنا ۲۔ اپنا آپا پیٹنا۔ اپنے پر غصہ اتارنا

اپنا سر کھانا: [ا۔ محاورہ] غم و غصہ برداشت کرنا۔ کسی کا کچھ نہ کر سکنا اپنا آپ بگاڑنا

اپنا سلام ہے: [ا۔ محاورہ] ہم متفق نہیں۔ ہم جانتے ہیں۔ ہمیں معاف رکھو۔

اپنا سمجھنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ اپنی چیز تصور کرنا۔ اپنی ملکیت سمجھنا (۲) اپنایت عزیزداری۔ بے تکلفی برتنا۔ عزیز۔ قریب ساتھی یا ہمراز سمجھنا

اپنا سوپ جھڑے تو ہاتھوں پچھوڑ: [ا۔ مثل] اپنی چیز دیکھ خود محتاج ہونا۔

اپنا سوجھتا کرنا: [ا۔ محاورہ] اپنی بہتری کی تدبیر کرنا۔ اپنے بچاؤ کی تدبیر کرنا۔

اپنا سونا کھوٹا تو پرکھنے والے کو کیا دوس / دوش: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنا پیسہ / دام کھوٹا تو پرکھنے والے کا کیا دوس"

اپنا قلم شجرہ سنبھالو: [ا۔ مثل] قطع تعلق کرو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ آئندہ تم سے کوئی تعلق نہیں

اپنا کام کر جانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ عیاری اور مکاری دکھانا۔ فریب دینا۔ جُل دینا (۲) اثر دکھانا۔ خاصیت کے مطابق کام کرنا۔

اپنا کام کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ نج کا کام کرنا۔ ذاتی کام کرنا۔ آزاد پیشہ ہونا۔ (۲) کارِ منصبی انجام دینا۔ فرض بجا لانا۔ ۳۔ کسی روزگار یا پیشے میں لگ جانا۔

(۴) مطلب براری کرنا۔ غرض پوری کرنا۔ ۵۔ دوسرے کے معاملے میں دخل نہ دینا۔ دخل در معقولات نہ کرنا۔ ۶۔ اثر دکھانا۔ ۷۔ کام تمام کرنا۔ خودکشی کرنا۔

اپنا کتا باندھو ہم بھیک سے باز آئے: [ا۔ مثل] نفع نہ پہنچاؤ تو دکھ بھی نہ دو۔

اپنا کرنا / کر لینا: [ا۔ محاورہ] ا۔ دوست گردانا۔ عزیز و قریب بنانا۔ اپنی حمایت میں لینا۔ ۲۔ کسی چیز پر قبضہ کرنا۔ ہتھیا لینا۔ ۳۔ کسی شخص کو اثر میں لینا۔ خیرخواہ بنانا۔ مطیع بنانا۔

اپنا کرنا اپنا بھرنا: [ا۔ محاورہ] انسان اپنے عمل کا پھل پاتا ہے۔ ۲۔ انسان کے لیے اپنے ہی دم قدم کا سہارا ہے۔

اپنا کمانا اپنا کھانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنا اپنا کمانا اپنا اپنا کھانا"

اپنا کہا کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ اپنی رائے پر عمل کرنا۔ اپنی طبیعت کی پیروی کرنا۔ (۲) ضد کرنا۔ بات پہ اڑ جانا ۳۔ قول نبھانا۔ کہا کر دکھانا۔ جو کہنا وہی کرنا۔

اپنا کھانا اپنا پہننا: [ا۔ محاورہ] کسی کا دست نگر نہ ہونا۔ اپنی قوت بازو سے اپنی روزی پیدا کرنا۔

اپنا کیا آگے آنا: [ا۔ محاورہ] اپنے اعمال کی جزا یا سزا پانا۔

اپنا کیا پانا: [ا۔ محاورہ] اپنے کرتوتوں کی سزا بھگتنا۔ اپنے عمل کا پھل پانا۔

اپنا گلا کاٹنا: [ا۔ محاورہ] خودکشی کی دھمکی دینا۔ اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔

اپنا گوشت کھانا: [ا۔ محاورہ] دل ہی دل میں کڑھنا۔ مجبوری کی حالت میں غصہ آنا۔

اپنا گھٹنا کھولیے اور آپ لاجوں مریئے: [ا۔ مثل] اپنے عزیز و قریب کی عیب جوئی سے خود ہی خفت اور ندامت اٹھانی پڑتی ہے۔ اپنی عزیز چیز کی رسوائی خود اپنی رسوائی ہے۔

اپنا گھر بھرنا: [ا۔ محاورہ] کسی کا مال آہستہ آہستہ اپنے قبضہ میں کرنا۔

اپنا گھر جاننا / سمجھنا: [ا۔ محاورہ] غیریت نہ برتنا۔ غیر نہ سمجھنا۔

اپنا گھر دور سے سوجھتا ہے: [ا۔ مثل] اپنے آرام اور فائدہ کو ہر شخص دیکھ لیتا ہے اپنے مطلب پر نظر سب سے پہلے جاتی ہے۔

اپنا گھر دیکھنا: [ا۔ محاورہ] اپنے فائدے پر نظر رکھنا۔

اپنا گھر ہگ بھر پرایا گھر تھوکنے کا ڈر: [ا۔ مثل] اپنے گھر میں جو آزادی اور آرام ہوتا ہے وہ دوسرے کے گھر میں کہاں۔ اپنی چیز کو جس طرح چاہے استعمال کرے دوسرے کی چیز کی احتیاط رکھنی پڑتی ہے۔

اپنا لال گنوا کے در در مانگے بھیک: [ا۔ مثل] اپنے مال کو کھو کر دوسروں کا سہارا ڈھونڈنا پڑتا ہے۔

اپنا لہو بہانا: [ا۔ محاورہ] اپنے آپ کو قتل کرنا۔ خودکشی کرنا۔

اپنا لہو پینا: [ا۔ محاورہ] رنج و غم سہنا۔ پیچ و تاب کھانا۔

اپنا لینا کیا پرایا دینا کیا: [ا۔ مثل] اپنا قرض ادا کیا اور دوسرے کے ذمہ سے اپنا لے لیا۔

اپنا لینا کیا۔ اور پرایا دینا کیا: [ا۔ مثل] نہ اپنا قرض لینا نہ دوسرے کا قرض دینا۔

اپنا مارے چھاؤں میں بٹھائے۔ دوسرا / غیر مارے تو دھوپ میں بٹھائے: [ا۔ مثل] اپنے عزیز کے ستم میں بھی ہمدردی ہوتی ہے۔ غیروں سے ہمدردی کی توقع نہیں کی جا سکتی۔

اپنا مال اپنی چھاتی تلے: [ا۔ مثل] اپنی چیز اپنے قبضے میں ہی زیادہ محفوظ رہتی ہے۔

اپنا مال جائے اور آپ ہی چور کہلائے: [ا۔ مثل] نقصان بھی اپنا ہو اور الزام بھی اپنے پر۔

اپنا مرن جگت کی ہنسی: [ا۔ محاورہ] اپنی تباہی ہونا اور دوسروں کو مذاق اڑانے کا موقع ملنا۔

اپنا مطلب نکالنا: [ا۔ محاورہ] اپنا کام بنانا۔ مدعا حاصل کرنا۔

اپنا مکان کوٹ سمان: [ا۔ مثل] اپنے گھر کی حیثیت قلعہ کی سی ہوتی ہے۔ ہر شخص اپنے گھر میں زیادہ محفوظ اور عافیت سے ہوتا ہے۔

اپنا منہ بنواؤ / دیکھو: [ا۔ محاورہ] تم اس قابل نہیں ہو پہلے اپنے آپ کو اس قابل بناؤ۔

اپنا منہ تڑواؤ: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنا منہ بنواؤ"

اپنا منہ دیکھتا ہے: [ا۔ محاورہ] بجھا بجھا سا ہے۔ چراغ کی روشنی کم ہو جانے پر کہتے ہیں۔

اپنا منہ دھو رکھو: [ا۔ محاورہ] اس خیال سے درگزرو۔ اس تمنا سے باز آؤ۔ یہ کام نہیں ہوگا

اپنا منہ سا منہ لے رہنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنا سا منہ لیکر رہ جانا" جو زیادہ

اپنا منہ گڑھیا میں دھو رکھو: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنا منہ دھو رکھو"

اپنا منہ لے کے رہ جانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنا سا منہ لیکے رہ جانا"

اپنا نام بدل ڈالیں / نہ رکھیں: [ا۔ محاورہ] شرط کے موقع پر کمال یقین ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ ایسا ضرور ہوگا۔ ایسا ہونا یقینی ہے۔

اپنا ننگڑ پرایا ڈھینگڑا: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنا بالا اور کا ڈھینگڑا"

اپنا والا: [ا۔ صف] ۱۔ ذاتی۔ نج کا۔ خود سے وابستہ (۲) عزیز۔ قریب۔

اپنا ہاتھ اپنے سر پہ: [ا۔ محاورہ] کوئی سرپرست اور والی وارث نہیں ہے جو کچھ ہے وہ خود ہے

اپنا ہاتھ کٹوا ڈالوں: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنا نام بدل ڈالیں"

اپنا ہارا اور مہری کا مارا کون کہتا ہے: [ا۔ مثل] جواری اپنا نقصان اور جورو سے مار کھانے والا اپنی ذلت بیان نہیں کرتا ہر شخص اپنی ذلت اور خواری پر پردہ ڈالتا ہے

اپنا ہی مطلب سوجھتا ہے: [ا۔ محاورہ] اپنا ہی کام نکالنے کی کوشش ہے دوسرا چاہے کسی حالت میں ہو۔

اپنایا: [ا۔ اذ] دیکھئے "اپناپا" اور "اپنایت"

اپنایت: [ا۔ امث] دیکھئے "اپنایت"

اپناتی: [ا۔ اذ] کنبہ والے۔ برادری کے لوگ۔ عزیز و اقارب

اپنانا: [ا۔ مص] ۱۔ اپنا بنانا ۲۔ دوسرے کی چیز پر قبضہ کرنا۔ کسی کی چیز کو اپنا بنالا اپنے ذمے لینا۔ ۳۔ کسی کو اپنی پناہ میں لینا۔ اپنے سے متعلق کرنا۔ ۴۔ پسند کرنا۔ عزیز رکھنا اپنا سمجھنا۔ ۵۔ اختیار کرنا قبول کرنا۔ کسی اصول یا طریقہ کو اپنانا۔ شعار بنانا۔ اپنا سمجھنا (۵) اختیار کرنا۔ قبول کرنا کسی اصول یا طریقہ کو اپنانا۔ شعار بنانا۔ ۶۔ پرچانا۔ اپنے ڈھب پر لانا۔

اپناوا: [ا۔ اذ] دیکھئے "اپنایت"

اپنائی: [ا۔ امث] دیکھئے "اپنایت"

اپنایت۔ [ا۔ امث] ۱۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ عزیز داری۔ ۲۔ برادرانہ سلوک عزیزوں کی سی ہمدردی۔ محبت۔ ۳۔ کنبہ۔ قبیلہ کنبہ۔

اپنشد: [س۔ امث] سنسکرت زبان کے مقدس منظوم رسالے۔ جو ویدوں کا ایک حصہ ہیں اور جن میں ویدوں کی تشریح کی گئی ہے۔ جو ہنود کے لیے مذہبی اہمیت رکھتے ہیں

اپنک: [ا۔ ضمیر ق] خود۔ آپ

اپنگ: [ا۔ ضمیر ق] دیکھئے "آپنک"

اپنوں: [ا۔ ضمیر] اپنا کی جمع ہے۔

اپنوں پر آ گیا: [ا۔ محاورہ] ضد چڑھ گئی۔ ہرگز نہ مانا۔

اپنوں کی عار کوئی نہیں اٹھاتا: [ا۔ مثل] رشتہ داروں کا کوئی احسان نہیں لیتا۔

اپنی: [ا۔ ضمیر] دیکھئے "اپنا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اپنی آبرو اپنے ہاتھ / اپنی عزت اپنے ہاتھ: [ا۔ مثل] انسان وہ کام ہی نہ کرے جس سے آبرو میں فرق آئے۔ آبرو بچانا اپنے اختیار میں ہے۔

اپنی آگ میں آپ جلنا: [ا۔ محاورہ] اپنے حسد یا غصہ سے آپ ہی متاثر ہونا۔

اپنی آنکھ میں: [ا۔ متعلق۔ فعل] اپنی نظر میں۔ اپنی نگاہ میں۔

اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھ لیتے ہیں: [ا۔ مثل] اپنا بڑے سے بڑا عیب نظر نہیں آتا دوسرے کا معمولی قصور بڑا بن جاتا ہے۔

اپنی اپنی: [ا۔ صف۔ مث] جدا جدا۔ الگ الگ۔ ذاتی۔ انفرادی۔ شخصی۔

اپنی اپنی بولی / بولیاں / بولنا: [ا۔ محاورہ] سب کا جدا جدا آوازیں نکالنا۔ ۲۔ کئی لوگوں کا مل جل کر باتیں بنانا۔ ادھر ادھر سے آوازے کسنا۔ ۳۔ جدا جدا رائے ظاہر کرنا۔ ہر ایک کا دوسرے سے الگ رائے رکھنا۔

اپنی اپنی پڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہر ایک کو اپنی فکر لاحق ہونا۔ دوسرے کی پروا نہ کرنا۔ ۲۔ آپا دھاپی مچنا۔

اپنی اپنی جگہ: [ا۔ متعلق۔ فعل] الگ الگ۔ جدا جدا

اپنی اپنی ڈفلی / ڈھپڑی۔ اپنا اپنا راگ: [ا۔ مثل] ۱۔ جس کی سنو کچھ اور ہی گاتا ہے۔ اتفاق رائے نہ ہونا۔ ۲۔ ہر ایک کا طریقہ اور عمل جدا ہونا۔

اپنی اپنی راہ پر ہونا: [ا۔ محاورہ] ہر ایک کی روش اور وضع قطع دوسرے سے مختلف ہونا۔

اپنی اپنی سب بھگت لیں گے: [ا۔ مثل] جس پر جیسی پڑے گی وہ برداشت کرے گا۔

اپنی اپنی سمجھ ہے: [ا۔ محاورہ] بہت احمق ہے۔ طنزاً کہتے ہیں۔

اپنی اپنی کھال میں مست ہونا: [ا۔ محاورہ] ہر ایک کا اپنے حال پر خوش ہونا۔ کسی کو کسی کی پروا نہ ہونا۔

اپنی اپنی گانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنی اپنی بولی بولنا"

اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل: [ا۔ مثل] کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا۔ اپنے اعمال ہی سے واسطہ ہے۔

اپنی اپنی ہانکنا۔ [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنی اپنی بولی بولنا"

اپنی اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ چننا"

اپنی اصل / اصلیت پر جانا: [ا۔ محاورہ] اپنی ذات کے مطابق کام کرنا۔ اپنے طرز عمل سے نیچ پن کا اظہار کرنا

اپنی اور تیری جان ایک کر دوں گا۔ [ا۔ محاورہ] خود بھی مروں گا اور تجھے بھی ماروں گا اور تیرا اور میرا خون ایک ساتھ بہے گا۔

اپنی اولاد سے پائے: [ا۔ محاورہ۔ عو] بددعا۔ کوسنا۔ اس کی اولاد اس کے ساتھ برا سلوک کرے۔ ظالم کو ظلم کا بدلہ اس کی اولاد سے ملے۔ ۲۔ اس کی اولاد پر میرا صبر پڑے۔ اس کی اولاد کے آگے آئے۔

اپنی ایڑی دیکھنا: [ا۔ محاورہ] کسی عزیز شخص یا چیز کو نظر بد سے بچانا۔ (کسی چیز کو بہت زیادہ پسند کیا جائے تو نظر سے بچانے کے لیے ایڑی دیکھتے ہیں جو ایک طرح کا ٹوٹکا ہے)

اپنی ایسی تیسی کرا لینا: [ا۔ محاورہ] اپنا ہی کچھ بگاڑنا۔ کسی کو نقصان پہنچانے کی ہوس نہیں خود کو نقصان پہنچانا۔

اپنی ایسی تیسی میں جائے: [ا۔ محاورہ] بھاڑ میں جائے ہمیں کیا غرض۔ جو چاہے سو ہو۔

اپنی بات اپنے ہاتھ: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنی آبرو اپنے ہاتھ"

اپنی بات پر آنا / آ جانا: [ا۔ محاورہ] اپنے کہے کی پیچ کرنا۔ ضد یا ہٹ کرنا

اپنی بات کا ایک ہی ہے۔ [ا۔ محاورہ] قول پر قائم رہنے والا

اپنی بات کا پورا ہونا: [ا۔ محاورہ] قول کا پکا ہونا۔ جو کہنا کر دکھانا
اپنی بانی پر آنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنی وانی پر آنا"
اپنی بانی نہ چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] اپنے ہٹ کو نہ چھوڑنا۔ اپنی حرکت سے باز نہ آنا۔
اپنی بڑائی اپنے ہاتھ: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنی آبرو اپنے ہاتھ"
اپنی بساط تو دیکھو: [ا۔ محاورہ] اپنی لیاقت کو دیکھو۔ اپنی طاقت کو دیکھو اس قابلیت پر دعوی کرنا زیب نہیں دیتا۔
اپنی بساط سے بڑھ کر / باہر کام کرنا: [ا۔ محاورہ] اپنی طاقت سے زیادہ کام کر دکھانا۔
اپنی بکنا اور کسی کی نہ سننا: [ا۔ محاورہ] اپنی بات کہے جانا دوسرے کو کچھ کہنے کا موقع نہ دینا۔
اپنی بلا اور کے سر دھرنا: [ا۔ محاورہ] کسی قصور یا الزام میں مصیبت سے اپنا پہلو بچانا۔ کسی دوسرے کو پھنسا کر خود بری الذمہ ہو جانا۔
اپنی بلا سے: [ا۔ محاورہ] ہم کو کچھ پروا نہیں
اپنی بھوک کھانا اپنی نیند سونا: [ا۔ محاورہ] آزاد اور فارغ البال ہونا۔
اپنی بیتی: [ا۔ امث] دیکھئے "آپ بیتی"
اپنی بیتی کہوں کہ جگ بیتی: [ا۔ محاورہ] اپنا حال بیان کروں یا اوروں کا
اپنی پڑنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ خطرہ لاحق ہونا۔ خوف کھانا۔ ۲۔ پریشانی میں مبتلا ہونا ۳۔ اپنے فائدے پر نظر رکھنا۔ خود غرضی کرنا۔
اپنی پگڑی اپنے ہاتھ: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنی آبرو اپنے ہاتھ"
اپنی پیٹھ نہیں دکھائی دیتی: [ا۔ مثل] انسان کو اپنے عیب نظر نہیں آتے۔
اپنی پیڑ پرائی باتیں: [ا۔ مثل] انسان اپنے ہی دکھ درد کو محسوس کرتا ہے دوسروں کی تکلیف کا احساس نہیں کرتا۔
اپنی تو خبر لو پھر دوسرے کو کہنا: [ا۔ مثل] دوسروں پر نکتہ چینی کرنے سے پہلے اپنی حالت کو دیکھ لینا چاہیے۔ پہلے اپنے آپ کو درست کرو پھر دوسروں پر اعتراض کرو۔
اپنی تو یہ دیہی بھی نہیں: [ا۔ مثل] دنیا کی ساری ملکیتیں عارضی ہیں۔ حتی کہ انسان کو اپنے جسم پر بھی اختیار نہیں ہے۔
اپنی ٹانگ / ران کھولیے آپ ہی لاجوں مرے: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنا گھٹنا کھولیے الخ"
اپنی ٹکی لگائے جانا: [ا۔ محاورہ] اپنے ہی مطلب کی کہے جانا۔ اپنی غرض کے پیچھے لگے رہنا۔ اپنا رنگ جمائے جانا۔
اپنی ٹن میں رہنا: [ا۔ محاورہ] اکڑ میں رہنا۔ مغرور ہونا۔ الگ تھلگ رہنا۔
اپنی جان پر کھیلنا: [ا۔ محاورہ] جان جوکھوں کا کام کرنا۔ جان گنوانے کو مستعد رہنا
اپنی جان سب کو پیاری ہوتی ہے: [ا۔ مقولہ] اپنی جان بچانے کی سب کوشش کرتے ہیں جہاں کوئی خطرے کا سامنا ہو تب یہ جملہ وہاں کہا جاتا ہے
اپنی جان سے جانا: [ا۔ محاورہ] ہلاک ہونا۔ مر جانا
اپنی جان کو رونا: [ا۔ محاورہ] شکوے شکایتیں کرنا۔ جھینکنا
اپنی جگہ: [ا۔ ا۔ مث] اپنے بدلے میں۔ اپنے عوض میں
اپنی جمانا: [ا۔ محاورہ] اپنا اثر بٹھانے کی کوشش کرنا
اپنی جوانی سے ہاتھ دھوئے: [ا۔ بد دعا] جوانی میں مر جائے۔ جوانا مرگ ہو۔

اپنی چال سے نہ چوکنا: [ا۔ محاورہ] اپنی حرکتوں سے باز نہ آنا۔ دھوکا دینے سے باز نہ آنا۔
اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو: [ا۔ مثل] اپنے ادنی نفع کے لیے مجھ کو برباد کرتے ہو۔
اپنی چھاتی پر کودوں دلوانا: [ا۔ محاورہ] ظلم و ستم برداشت کرنا۔ اپنی آنکھ سے برا کام ہوتے دیکھنا اور برداشت کرنا۔
اپنی چھاتی پر ہاتھ دھرنا / دھر کے دیکھنا: [ا۔ محاورہ] اپنے دل کا چور پکڑنا۔ اپنی سچی کیفیت کو جاننا۔ خود فریبی سے بچنا۔ ۲۔ انصاف کرنا۔ خدا لگتی کہنا۔
اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں بتاتا: [ا۔ مثل] اپنی چیز کو سب اچھا بتاتے ہیں / جانتے ہیں۔ اپنی چیز یا اپنے کام میں کوئی عیب نظر نہیں آتا۔
اپنی خبر نہیں: [ا۔ محاورہ] بے خود ہیں۔ اپنے آپ کا پتہ نہیں۔
اپنی خوشی: [ا۔ حرف فجائیہ متعلق فعل] ا۔ ہم جیسا چاہیں کریں کسی کو کیا (۲) رضا و رغبت۔
اپنی خوشی کا: [ا۔ صف] خود رائے۔ ضدی
اپنی خیر منانا: [ا۔ محاورہ] اپنا بچاؤ کرنا۔ اپنی سلامتی چاہنا۔ ۲۔ اپنی فلاح و بہبود کی فکر کرنا۔ ۳۔ خود غرضی کرنا۔ اپنا مطلب نکالنا۔
اپنی دفعہ: [ا۔ متعلق فعل] اپنی بار
اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا / چننا: [ا۔ محاورہ] ا۔ دوسروں سے بے نیاز ہو کر اپنا مختصر سا ٹھاٹھ قائم کرنا۔ سب سے الگ تھلگ رہنا۔ ۲۔ جماعت سے انحراف کرنا۔ مسلمہ روش سے روگردانی کرنا۔ ۳۔ خود رائی کرنا۔
اپنی ڈیڑھ چاول کی کھچڑی الگ پکانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا"
اپنی ذات سے: [ا۔ متعلق فعل] بذات خود۔ اپنے آپ
اپنی ذات سے اچھے ہیں: [ا۔ محاورہ] اپنے دم سے اچھے ہیں۔
اپنی راہ جا کو یاد کرنا: [ا۔ محاورہ] اپنی راہ لینا۔ اپنا کام کرو۔ ہم سے تمہارا کیا تعلق / واسطہ
اپنی ران کھولنا: [ا۔ محاورہ] اپنا پوشیدہ عیب بیان کرنا۔ ۲۔ اپنوں کی برائی کرنا
اپنی راہ پکڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنی راہ لینا"
اپنی راہ لگنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ چل دینا۔ روانہ ہونا۔ ۲۔ اپنے کام سے کام رکھنا دوسرے سے سروکار نہ رکھنا
اپنی راہ لینا: [ا۔ محاورہ] اپنے کام سے کام رکھنا۔ اپنی منزل کی طرف جانا۔ اپنے راستے پر چلنا۔
اپنی سدھ نہ آنا / رہنا: [ا۔ محاورہ] بے خبری کے عالم میں ہونا۔ اپنے آپ کا ہوش نہ رہنا۔
اپنی سی: [ا۔ متعلق۔ فعل و صف] ا۔ مقدور بھر۔ تا بہ امکان۔ ۲۔ حسب دل خواہ اپنی مرضی کے مطابق۔ ۳۔ اپنی جیسی۔ اپنی ایسی
اپنی سی صورت لیکر رہ جانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنا سا منہ لیکر رہ جانا۔"
اپنی سی کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مقدور بھر کوشش کرنا۔ ۲۔ اپنی رائے کے موافق عمل کرنا۔ اپنی خواہش کے مطابق کرنا۔
اپنی سی کہنا: [ا۔ محاورہ] اپنے دل کی بات کرنا۔ اپنے دل کی بات کہنا اپنے مطلب کی بات کرنا۔
اپنی سی گانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنی سی کہنا"

اپنی سی نبھانا: [ا رمحاورہ] وضعداری کا برتاؤ کرنا۔
اپنی صورت تو دیکھو: [ا رمحاورہ] تم ہرگز اس قابل نہیں ہو۔ جب کوئی اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعویٰ کرے تو کہتے ہیں۔
اپنی طرف دیکھنا / خیال کرنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ اپنے مرتبے اور درجے کا لحاظ کرنا ۲۔ دوسرے کے عیب یا قصور سے چشم پوشی کرنا۔ (۳) اپنی حالت کا جائزہ لینا اپنے حال پر نظر رکھنا۔ خود کو سنبھالنا۔
اپنی طرف سے: [ا رمتعلق فعل] ۱۔ اپنے ذہن سے گھڑ کر۔ اپنے دل سے جوڑ کر (۲) از خود ذاتی رائے سے ۳۔ اپنی چاہت سے ذاتی طور سے (۴) اپنی جانب سے
اپنی طرف کھینچنا: [ا رمحاورہ] اپنی طرف مائل کرنا۔ راغب کرنا۔ رجھانا۔
اپنی عزت اپنے ہاتھ: [ا رمثل] دیکھئے "اپنی آبرو اپنے ہاتھ"
اپنی عقل اور پرائی دولت بہت بڑی / زیادہ معلوم ہوتی ہے: [ا رمقولہ] ہر شخص اپنے آپ کو زیادہ عقلمند اور دوسرے کو زیادہ دولت مند سمجھتا ہے۔
اپنی عمر سے مرنا: [ا رمحاورہ] عمر طبعی کو پہنچ کر مرنا۔
اپنی غرض باولی: [ا رمثل] غرض کے پیچھے آدمی پاگل بن جاتا ہے۔ غرض مندی آدمی کو ہر بات پر مجبور کر دیتی ہے۔
اپنی غرض کا آشنا: [ا ر صف] خود غرض مطلبی
اپنی غرض کو: [ا رمتعلق فعل] اپنے مطلب سے۔ اپنے مقصد کے لیے
اپنی غرض کو گدھے چرلتے ہیں: [ا رمثل] غرض مند کو نہایت ذلیل کام بھی کرنا پڑتا ہے۔
اپنی غرض کو گدھے کو بھی باپ بنالیتے ہیں: [ا رمثل] غرض مند کو ذلیل سے ذلیل آدمی کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔
اپنی قبر کھودنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا"
اپنی قسمت کا لے آترنا: [ا رمحاورہ] جو نصیب میں لکھا ہے اس کا ساتھ دنیا میں لے آنا۔ جو کچھ قسمت میں ہے اس کا ملنا اسقدر یقینی ہے گویا آدمی وہیں سے اپنے ساتھ لیکر آیا ہے
اپنی قسمت / تقدیر کو رونا: [ا رمحاورہ] اپنی بے نصیبی کی شکایت کرنا۔ اپنی بدقسمتی پر اظہار افسوس کرنا ۲۔ مجبوری اور بے بسی کی حالت میں بسر کرنا۔
اپنی کرکے نہ رکھنا: [ا رمحاورہ] مال کو حفاظت سے نہ رکھنا۔ کسی چیز کو احتیاط سے نہ برتنا۔
اپنی کرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "اپنی سی کرنا"
اپنی کرنی: [ا ر امث] ۱۔ اپنے کرتوت۔ اپنی حرکت ۲۔ اپنی ہٹ۔ اپنی مرضی کا کام۔
اپنی کرنی اپنی بھرنی: [ا رمثل] دیکھئے "اپنا کرنا اپنا بھرنا"
اپنی کرنی پار اُترنی: [ا رمثل] اپنا کیا ہی کام آتا ہے اپنے اعمال ہی نجات کا باعث بنتے ہیں۔
اپنی کرنی پر داں کیا ہندو کیا مسلمان: [ا رمثل] ہندو ہو یا مسلمان سب کو اپنے کیے کا پھل ملے گا۔
اپنی کرنی کر گزرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "اپنی کرنی کرنا"
اپنی کرنی کرنا: [ا رمحاورہ] اپنی خواہش یا غرض یا مقصد کو پورا کرنا ۲۔ اپنی حرکتوں سے باز نہ آنا
اپنی کملی میں مست / مگن رہنا / ہونا: [ا رمحاورہ] اپنی تھوڑی حیثیت میں بھی خوش و خرم رہنا
اپنی کر، پوتیں، پرائی کر و ں: [ا رمحاورہ] اپنی چیز کو بڑھانا دوسرے کی چیز کو گھٹانا۔
اپنی کھال میں مست / مگن ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "اپنی کملی میں مست ہونا"
اپنی کہنا اور کی نہ سننا: [ا رمحاورہ] خود ہی کہے جانا۔ دوسرے کی بات کی طرف [illegible] دھیان نہ دینا

اپنی کہو اور کی سنو: [ا رمحاورہ] تسلی سے بات چیت کرو۔
اپنی کہو نہ اور کی سنو: [ا رمحاورہ] بے کار بک بک لگانے کی جگہ کہا جاتا ہے۔ نہ خود مطلب کی بات کرتے ہو نہ دوسرے کی سنتے ہو۔
اپنی کہی کرنا: [ا رمحاورہ] کسی کی صلاح مشورہ کو نہ ماننا اپنی ضد پر اڑے رہنا۔
اپنی کہی نہ اور کی سنی: [ا رمحاورہ] چٹ پٹ مر گئے کچھ کہنے سننے بھی نہ پائے۔
اپنی کھچڑی الگ پکانا: [ا رمحاورہ] صلح صفائی کیساتھ الگ ہو جانا۔ جھنجھٹ سے بچنا۔
اپنی گانا: [ا رمحاورہ] ۱۔ اپنی باتیں کرنا اپنی داستان سنانا ۲۔ دوسروں سے بے نیاز ہونا (۳) دوسروں کی باتوں کی طرف توجہ نہ دینا۔
اپنی گرہ کا: [ا ر صف] ۱۔ ذاتی جمع جتھا۔ اپنی پونجی ۲۔ ذاتی۔ نج کا۔ اپنا۔
اپنی گرہ سے: [ا رمتعلق فعل] ۱۔ اپنی جیب سے۔ اپنے پاس سے۔ اپنی ملکیت سے۔
اپنی گرہ / گانٹھ نہ ہو پیسا تو پرایا آسرا کیسا: [ا رمثل] ۱۔ کام ہمیشہ اپنے بھروسے پر ہوتا ہے۔ دوسرے کے سہارے پر نہیں ہوتا۔
اپنی گڑیا سنوار دینا: [ا رمحاورہ] بیٹی کو اپنے حسب حیثیت دان جہیز دیکر بیاہ دینا۔
اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے: [ا رمثل] اپنے علاقہ میں ہر شخص کی جرات و ہمت بڑھ جاتی ہے۔ حمایتی کے بھروسے پر بزدل بھی بہادر بن جاتا ہے۔
اپنی گور اپنی منزل: [ا رمثل] کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا۔ ہر ایک کے نیک و بد اعمال اس کے واسطے ہوتے ہیں
اپنی گوں کا: [ا ر صف] غرض و مطلب کے مطابق۔ اپنے کام کا یا ڈھب کا۔ خود غرض مطلب آشنا
اپنی گوں کا یار: [ا ر صف] مطلبی دوست۔ مطلب پرست۔ خود غرض۔
اپنی گوں کو: [ا رمتعلق فعل] اپنے مطلب کی خاطر۔ اپنی غرض کے لیے
اپنی گوں گانٹھنا: [ا رمحاورہ] مطلب نکالنا۔ کام نکالنا۔
اپنی گھات کا: [ا ر صف] دیکھئے "اپنی گوں کا"
اپنی لگنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "اپنی پڑنا"
اپنی لینا: [ا رمحاورہ] من مانی کرنا۔ تغافل برتنا۔
اپنی مانی منوانا: [ا رمحاورہ] اپنی بات دوسرے سے منوانا۔ مخاطب کو قائل کرنا۔
اپنی مراد کو پہنچنا: [ا رمحاورہ] اپنے مقصد میں کامیاب ہونا ۲۔ پھل پھولنا ہونا۔
اپنی مرن جگت کی ہنسی: [ا رمحاورہ] دیکھئے "اپنا مرن جگت کی ہنسی"
اپنی مرن کو مرنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ آبرو کے بدلے برداشت کرنا ۲۔ اپنے قول کی خاطر نقصان اٹھانا۔
اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے: [ا رمقولہ] اپنے اچھے برے کو ہر شخص جانتا ہے۔
اپنی موت مرنا: [ا رمحاورہ] طبعی موت مرنا۔
اپنی ناک چوٹی میں گرفتار ہونا: [ا رمحاورہ] ۱۔ خود آرائی اور بناؤ سنگار میں لگے رہنا ۲۔ اپنے کاموں میں اتنا مصروف ہونا کہ دوسرے کے کام کی فرصت نہ ملنا۔
اپنی ناک کٹی تو کٹی، پرائی بدشگونی تو ہوگئی: [ا رمثل] اپنی رسوائی ہوئی تو کیا دوسرے دشمن کو تو نقصان پہنچ گیا۔
اپنی نبیڑنا: [ا رمحاورہ] اپنی فکر کرنا۔ اپنی دھن میں رہنا۔
اپنی نظر میں آپ نظر آنا: [ا رمحاورہ] صفر رہ جانا۔ مٹ جانا۔
اپنی نظروں کے دیکھتے: [ا رمتعلق فعل] ہمارے سامنے۔ دیکھتے ہی دیکھتے
اپنی نوبت بجانا: [ا رمحاورہ] اپنی باری بھرنا۔ عمر بسر کرنا۔ وقت گذارنا۔
اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "اپنی بھوک کھانا اپنی نیند سونا"
اپنی نیند سونا اپنی نیند اٹھنا / جاگنا: [ا رمثل] دیکھئے "اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا"

اپنی دادی پر آنا: [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنی والی پر آنا "۔

اپنی والی: [ار- امث] ۱- ضد- ہٹ- ۲- فطری تقاضا- ذاتی جلال ۳- اپنی سی پوری کوشش

اپنی والی یا والیوں پر آنا: [ار- محاورہ] ۱- اڑ جانا- ہٹ کرنا- ذاتی جلال و غضب سے کام لینا- فطری تقاضے کے مطابق کام کرنا- ۲- اپنی ہی کرنا ۳- اپنی اصلیت پر جانا اوچھی حرکتیں کرنا۔

اپنی ہانکنا: [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنی بکنا "

اپنی ہائی اور پرچھائی / ڈھائی / گنوائی: [ار- مثل] اپنی برائی دوسرے کے سر منڈھنا اپنا قصور دوسرے کے سر تھوپنا۔

اپنی ہائی جانے دائی: [ار- مثل] تکلیف کا احساس اسی کو ہوتا ہے جو واقف ہو دوسرا کیا جانے۔

اپنے: [ار- اند ضمیر] (ضمیر اضافی) ۱- اپنا کی جمع (۲) اپنا کی مغیرہ یا ظرفی حالت ۳- (ضمیر فاعلی) خود- آپ (بطور تاکید) ۴- یگانے- عزیز

اپنے آپ: [ار- ضمیر] ۱- اپنا آپا (۲) خود بخود- از خود- اپنی ذات سے (۳) بے بلائے بلا ترغیب (۴) تنہا- بغیر کسی مدد کے (۵) جان بوجھ کے- دانستہ (۶) لازماً- البتہ (۷) دل ہی دل میں

اپنے آپ کو: [ار- ترکیب اضافی] خود کو- اپنی ذات کو۔

اپنے آپ کو کچھ سمجھنا: [ار- محاورہ] ۱- اپنی نسبت خوش فہمی کا شکار ہونا- خود کو بڑا لائق خیال کرنا (۲) نازاں اور مغرور ہونا۔

اپنے آپ کو کھینچنا: [ار- محاورہ] ۱- غرور کرنا- اکڑنا (۲) کسی کی صحبت سے کترانا کسی سے اجتناب کرنا۔

اپنے آپ میں: [ار- متعلق فعل] دیکھئے " اپنے آپے میں "۔

اپنے آپ میں آنا: [ار- محاورہ] ہوش میں آنا- حواس میں آنا۔

اپنے آپ: [ار- ضمیر متعلق فعل] دیکھئے " اپنے آپ "

اپنے آپے سے گزرنا۔ [ار- محاورہ] ۱- خوشی یا بڑائی کے احساس سے مست ہو جانا جامے سے باہر ہونا- اعتدال سے بڑھنا (۲) بے خود ہونا- اپنی ہستی کو بھول جانا۔

اپنے آپے سے نکل جانا۔ [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنے آپے سے گزر جانا "

اپنے آپے میں: [ار- متعلق فعل] ہوش میں- با حواس۔

اپنے آگے: [ار- متعلق- فعل] ۱- اپنے مقابلہ میں (۲) آئندہ- مستقبل میں

اپنے آگے پائے: [ار- محاورہ- عو] بددعا- خدا سمجھے

اپنے اپنے۔ [ار- صف] دیکھئے " اپنا اپنا " جس کی یہ جمع ہے۔

اپنے اپنے حال میں مست ہیں: [ار- محاورہ] کسی کو کسی کی فکر نہیں- ہر شخص جس حالت میں ہے اسی میں مگن ہے۔

اپنے اپنے گھر سب بادشاہ ہیں: [ار- مثل] ہر شخص کی اپنے گھر میں حکومت ہوتی ہے۔

اپنے اپنے گھر سدھارنا: [ار- محاورہ] چلا جانا- رخصت ہو جانا۔

اپنے اختیار میں ہونا: [ار- محاورہ] ۱- طبیعت پر قابو پانا- ہوش و حواس ہونا۔ ۲- اپنی مرضی کا مالک ہونا- آزاد ہونا

اپنے اڑھائی چاول الگ گلانا: [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا "۔

اپنے اللہ سے پانا: [ار- محاورہ] سزا بھگتنا- غضب الٰہی کا شکار ہونا۔

اپنے اوپر لینا۔ [ار- محاورہ] ۱- اپنے ذمہ کرنا- متحمل ہونا- جھیلنا (۲) ہدف بن جانا- سپر بن جانا- وار یا الزام کو اپنے سر لینا۔

اپنے اوپر اوڑھ لینا: [ار- محاورہ] خود مصداق بن جانا- اپنے پر چسپاں کر لینا- قصد یا الزام اپنے سر لینا۔

اپنے باپ کا بیٹا ہے: [ار- مثل] ۱- اپنے باپ کی سیرت کا حامل ہے (۲) اپنے باپ کے نقش قدم پر چل رہا ہے۔

اپنے باپ کا نہیں: [ار- محاورہ] کسی کی رُو رعایت نہیں کرتا- (۲) شرم حیا عاری ہے

اپنے باولوں روئیے، دوسرے کے باولوں ہنسیے: [ار- مثل] دنیا کے لوگ اپنے نقصان پر افسوس کرتے ہیں اور دوسرے کے نقصان کی ہنسی اڑاتے ہیں۔

اپنے بچے کو ایسا ماروں، جو پڑوسن کی چھاتی پھٹے: [ار- مثل] خود کو ایسی تکلیف دینا کہ حریف بھی دیکھنے کی تاب نہ لا سکے۔

اپنے بچھڑے کے دانت سب کو معلوم ہوتے ہیں
اپنے بچھڑے کے دانت سبھی جانتے ہیں
اپنے بچھڑے کے دانت کون گنتا ہے / کون نہیں جانتا
} اپنے آدمی کے عیبوں یا گنوں سے سب لوگ باخبر ہوتے ہیں۔

اپنے بس: [ار- متعلق فعل] ۱- اپنے اختیار اور مرضی سے (۲) اپنے امکان و اختیار میں اپنے قابو میں۔

اپنے بھانویں / بھاویں / بھائیں: [ار- متعلق فعل] اپنے نزدیک- اپنے خیال میں۔

اپنے پاؤں: [ار- متعلق فعل] ۱- پیادہ پا- پیدل- ۲- بخوشی- برضا و رغبت (۳) از خود

اپنے پاؤں پر آپ تیشہ مارنا: [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا "

اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا: [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا "،

اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا: [ار- محاورہ] دوسروں کی مدد سے بے نیاز ہونا۔ دوسروں کی مدد کے بغیر اپنا کام اچھی طرح چلانا۔

اپنے پاؤں سے: [ار- متعلق فعل] دیکھئے " اپنے پاؤں "

اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا: [ار- محاورہ] اپنے ہاتھوں اپنے کو ضرر پہنچانا اپنا نقصان آپ کرنا۔

اپنے پر: [ار- متعلق فعل] اپنی ذات پہ- اپنے آپ پر

اپنے پرائے کی ٹھوکریں کھانا: [ار- محاورہ- عو] اپنوں اور بیگانوں سے دکھ اٹھانا۔

اپنے پوت کنوارے پھریں، پڑوسن کے پھیرے: [ار- مثل] ۱- اپنے کنوارے لڑکوں کا تو کوئی فکر نہیں غم ہے تو پڑوسن کے پھیروں یعنی شادی کا (۲) پڑوسن میں بیاہی جائیں اور اپنے بیٹوں کو لڑکی نصیب نہ ہو- عزیز محروم رہیں غیر گلچھرے اڑائیں۔

اپنے پیر کو مان: [ار- محاورہ] تجھ کو تیرے مرشد کا واسطہ- تجھے اپنے مرشد کی قسم۔

اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنا: [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنے پاؤں میں کلہاڑی مارنا "

اپنے تک رکھنا: [ار- محاورہ] راز رکھنا- کسی سے کچھ نہ کہنا- پردہ فاش نہ کرنا۔

اپنے تئیں: [ار- ضمیر] اپنے کو- آپ کو- اپنے آپ کو (اب متروک ہے)

اپنے تئیں کھینچنا: [ار- محاورہ] ۱- اترانا- گھمنڈ کرنا- ۲- احتراز کرنا- دور رہنا۔

اپنے تئیں لیے رہنا: [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنے تئیں لیے دیئے رہنا "

اپنے تئیں لیے دیئے رہنا: [ار- محاورہ] خودداری برتنا- متانت سے کام لینا- سنبھلے سنبھلائے رہنا۔

اپنے جامے سے باہر ہونا: [ار- محاورہ] اپنے آپ میں نہ رہنا- خوشی یا غصہ سے بے خود ہونا۔

اپنے جامے سے (باہر) نکلنا: [ار- محاورہ] دیکھئے " اپنے جامے سے باہر ہونا۔

اپنے جھونپڑے کی خیر مانگنا / منانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے فدح کی خیر منانا"
اپنے جی سے: [ا۔ متعلق فعل] ١۔ دل سے لگا کر (٢) اپنی زندگی سے۔ اپنی جان سے
اپنے چلتے: [ا۔ متعلق فعل] مقدور بھر۔ حتی الوسع
اپنے چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا: [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں بتاتا"
اپنے حال پر رونا: [ا۔ محاورہ] اپنی حالت غم پر افسوس کرنا۔
اپنے حال پر رہنا: [ا۔ محاورہ] بدستور سابق رہنا۔ حالت میں کوئی تبدیلی نہ ہونا۔
اپنے حال میں مست ہیں: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے اپنے حال میں مست ہیں"
اپنے حال میں نہ رہنا: [ا۔ محاورہ] ١۔ بے خود ہونا (٢) اپنی حیثیت کے مطابق نہ رہنا۔
اپنے حساب / حسابوں: [ا۔ متعلق فعل] ١۔ بخیال خود۔ اپنے نزدیک۔ (٢) دیدہ و دانستہ۔ جان بوجھ کر۔
اپنے حق میں: [ا۔ متعلق فعل] نام۔ اپنے واسطے۔ اپنے لیے
اپنے حق میں زہر کرنا: [ا۔ محاورہ] ١۔ اپنے ضرر کا سامان خود کرنا (٢)۔ اپنے اوپر ناجائز یا حرام کرنا۔
اپنے حق میں کانٹے بونا: [ا۔ محاورہ] اپنا مستقبل بگاڑنا۔ آئندہ کے لیے اپنی خرابی کا سامان مہیا کرنا۔
اپنے خدا سے پانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے اللہ سے پانا"
اپنے خدا کو مان: [ا۔ محاورہ] تجھ کو خدا کا واسطہ۔ تجھ کو تیرے خدا کی قسم۔
اپنے دام کھوٹے (ہوں) تو پرکھنے والے / پرکار کو کیا دوش (دوش): [ا۔ مثل] دیکھئے "اپنا پیسہ کھوٹا ..... الخ"
اپنے دل پر ہاتھ دھر کے: [ا۔ متعلق فعل] ایمان اور دھرم سے
اپنے دل / کلیجے پر ہاتھ دھرو: [ا۔ محاورہ] پہلے اپنی حالت تو دیکھو۔ دوسروں کو پھر سمجھانا۔
اپنے دل کا بادشاہ ہونا: [ا۔ محاورہ] ١۔ خودمختار اور آزاد ہونا۔ (٢) من موجی ہونا۔ اپنی مرضی کا مالک ہونا۔
اپنے دماغ میں تلنا: [ا۔ محاورہ۔ عو] نخوت سے بات نہ کرنا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔
اپنے دم سے: [ا۔ متعلق فعل] ١۔ بذات خود تنہا (٢)۔ بجائے خود۔ اپنے طور سے
اپنے دن پورے کرنا: [ا۔ محاورہ] ١۔ بے لطف زندگی بسر کرنا (٢) موت کا انتظار کرنا۔
اپنے دنوں کو رونا: [ا۔ محاورہ] اپنی قسمت کو رونا۔
اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے: [ا۔ مثل] اپنی چیز کی ہر کوئی تعریف ہی کرتا ہے
اپنے ڈب پیسا تو پرایا آسرا کیسا: [ا۔ مثل] اپنے پاس ہو تو دوسروں کا سہارا لینے کی ضرورت نہیں جس کے پاس کھانے کو ہو اسے دوسروں سے نہیں مانگنا چاہیئے۔
اپنے ڈھائی چاول (چانول) الگ گلانا: [ا۔ محاورہ] جماعت سے الگ ہو کر کام کرنا۔
اپنے ڈھب کا: [ا۔ صف] ١۔ اپنے سے مناسبت رکھنے والا۔ اپنے مطلب کا۔ (٢) اپنے فن کا۔ اپنی روش کا۔
اپنے رنگ میں رنگنا: [ا۔ محاورہ] اپنا جیسا بنانا۔ اپنی طرح کرنا۔
اپنے زور میں آپ رہنا: [ا۔ محاورہ] تیزی میں اپنے آپ کو نقصان پہنچانا۔

اپنے ساتھ لے ڈوبنا: [ا۔ محاورہ] اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کرنا۔
اپنے ساتھ لپٹنا: [ا۔ محاورہ] اپنے ساتھ دوسرے کو بھی ..... کرنا۔
اپنے سائے سے وحشت کرنا / بھڑکنا: [ا۔ محاورہ] ١۔ بہت زیادہ ڈرنا (٢) بدگمان ہونا۔ چوکنا رہنا۔ (٣) خفقان ہونا۔ پاگل ہونا۔
اپنے سائے سے دہشت ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے سایہ سے وحشت کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
اپنے سر آفت لینا: [ا۔ محاورہ] خود اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا کسی مشکل کام کو اپنے ذمہ لینا۔
اپنے سر اوڑھ لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے اوپر اوڑھ لینا"
اپنے سر بلا لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے سر آفت لینا"
اپنے سر پر کھیلنا: [ا۔ محاورہ] جان ہتھیلی پر رکھنا ہر قسم کی تکلیف برداشت کرنا
اپنے سر غیر کی بلا لینا: [ا۔ محاورہ] اپنے اوپر غیر کی آفت لینا۔
اپنے سر لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے اوپر لینا"
اپنے سر مصیبت لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے سر آفت لینا"
اپنے سوئی نہ جانے دو دوسرے کے بھالے گھسیڑ دو: [ا۔ مثل] اپنے حق میں رحم دل دوسروں کے لیے سنگدل۔
اپنے سے: [ا۔ متعلق فعل] ١۔ اپنی طرف سے جہاں تک خود سے ہو سکا۔ مجھ سے تم سے
اپنے سے باہر ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "آپے سے باہر ہونا"
اپنے سے بہتر خدا: [ا۔ مثل] خدا کے سوا کسی کو اپنے سے بہتر و برتر نہیں سمجھتا کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتا۔ مغرور متکبر سرکش
اپنے فدح کی خیر منانا: [ا۔ محاورہ] اپنی بہتری اور سلامتی کی دعائیں مانگنا۔ اپنے فائدہ کی فکر کرنا۔
اپنے کاسے سے کام رکھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے کام سے کام رکھنا"
اپنے کام سے کام رکھنا: [ا۔ محاورہ] ١۔ اپنے مطلب سے غرض رکھنا۔ مطلب آشنا ہونا (٢) یکسو ہو کر کام کرنا (٣) دوسروں کے کام میں نہ پڑنا۔ کسی کے کام میں دخل نہ دینا۔
اپنے کام کا ہونا: [ا۔ محاورہ] اپنے مطلب کا ہونا۔
اپنے کام کا نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] اپنے مطلب کا نہ ہونا۔ اپنی گوں کا نہ ہونا۔
اپنے کام لگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے کام سے کام رکھنا"
اپنے کو: [ا۔ ضمیر] خود کو۔ آپ کو۔ اپنے کو۔ اپنے تئیں۔
اپنے کو گھالم گھولا اور کی بار ٹال مٹولا: [ا۔ مثل] خودغرضی۔ اپنی غرض کا خیال رکھنا دوسرے کے کام کا وقت ہو تو ٹال دینا
اپنے کو لیے رہنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اپنے تئیں لیے دیئے رہنا"
اپنے کو ماننا: [ا۔ محاورہ] خودپرست ہونا۔ خودپسند ہونا۔ اپنے سوا کسی کی حقیقت نہ سمجھنا گھمنڈ کرنا
اپنے کو ہونا: [ا۔ محاورہ] یکسر ہونا۔ گوشہ امن و عافیت اختیار کرنا۔
اپنے کہے کا ہونا: [ا۔ محاورہ] ١۔ خودرائے ہونا۔ من مانی کرنا۔ ضدی
اپنے کیے پر پچھتانا: [ا۔ محاورہ] ١۔ خود ہی کوئی کام کر کے بعد میں پشیمان ہونا۔
اپنے کیے کا علاج نہیں: [ا۔ مثل] ١۔ جو خود کر چکے ہیں اس کو کوئی نہیں مٹا سکتا۔ اپنی خطا کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے۔
اپنے کیے کا مزہ چکھنا: [ا۔ محاورہ] اپنے کیے کا نتیجہ پانا۔

اپنے کیے کو بھگتنا / پانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " اپنے کیے کا مزہ چکھنا "
اپنے کیے کو رونا: [ا ر محاورہ] اپنے فعل پہ پچھتانا. جو کچھ کیا اس کی سزا بھگتنا
اپنے کیے کے پاس بیٹھنا: [ا ر محاورہ] جیسا کرنا ویسا کرنا
اپنے کیے کی سزا پانا: [ا ر محاورہ] بُرے کام کا نتیجہ بھگتنا
اپنے کیے کی لاج ہونا: [ا ر محاورہ] قول نبھانا. بات کی پچ کرنا
اپنے گریبان میں سر ڈالنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنا.
اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنا / منہ ڈالنا: [ا ر محاورہ] اپنے پوشیدہ اعمال پر نظر ڈالنا. اپنے اعمال کا محاسبہ کرنا. اپنے فعلوں سے شرمانا.
اپنے گھر آئے ہوئے کتے کو نہیں دھتکارتے: [ا ر مثل] مہمان سے بُرا سلوک نہیں کرنا چاہیئے.
اپنے گھر بار کا ہونا: [ا ر محاورہ] شادی شدہ ہونا. بیوی بچوں والا ہونا. جُدا یا الگ ہونا
اپنے گھر چیونٹی بھی شیر ہوتی ہے: [ا ر مثل] دیکھئے " اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے "
اپنے گھر خوش رہو: [ا ر محاورہ] ہم سے کچھ تعلق نہیں. اپنا کام کرو۔
اپنے گھر سُلگو نہ اور کے گھر پیڑا: [ا ر مثل] اپنے گھر کھانے کو کچھ نہیں دوسرے کے گھر جاکر عمدہ کھانوں کی فرمائش کرنا.
اپنے گھر سے خوش: [ا ر صف] خوش حال غنی ۔ بے نیاز
اپنے گھر کو آنا کس کو بُرا لگتا ہے: [ا ر مثل] اپنا نفع کسی کو بُرا نہیں معلوم ہوتا.
اپنے گھر کی راہ لو: [ا ر محاورہ] رخصت ہو جاؤ۔ یہاں سے چل دو ۔
اپنے گھر میں کتا بھی شیر ہے: [ا ر محاورہ] دیکھئے " اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہے "
اپنے لکھے کو رونا: [ا ر محاورہ] اپنی قسمت کا گلہ شکوہ کرنا.
اپنے لگے تو پیٹھ میں اور کے لگے تو بھیت میں: [ا ر مثل] اپنے دکھ کو دکھ جاننا دوسرے کے دکھ کی پروا نہ کرنا.
اپنے لیکھے [ا ر متعلق فعل] دیکھئے " اپنے حسابوں "
اپنے مرے بن سُرگ / سُورگ نہیں ملنا: [ا ر مثل] اپنی محنت کے بغیر آرام نہیں ملتا
اپنے مطلب کا: [ا ر صف] اپنے ڈھب کا. خود غرض. مطلبی
اپنے مطلب کا یار: [ا ر صف] دیکھئے " اپنی گوں کا یار "
اپنے من سے جانیئے پرائے من کی بات: [ا ر مثل] اپنی تکلیف سے دوسرے کی تکلیف کو سمجھنا چاہیئے.
اپنے منہ پر طمانچے مارنا: [ا ر محاورہ] اپنے کیے پر سخت نادم ہونا.
اپنے منہ پر جاؤ: [ا ر محاورہ] اپنی طرف دیکھو. اپنی شرافت کا خیال کرو۔
اپنے منہ سے دھنا بائی: [ا ر مثل] دیکھئے " اپنے منہ میاں مٹھو ".
اپنے منہ سے کہنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ اپنی زبان سے اقرار کرنا (۲) منہ پھوڑ کر کہنا شرم کو بالائے طاق رکھ کر زبان سے کہنا.
اپنے منہ میاں مٹھو: [ا ر مثل] آپ ہی اپنی تعریف. اپنی زبان سے اپنی بڑائی.
اپنے منہ میاں مٹھو بننا: [ا ر محاورہ] اپنی تعریف آپ ہی کرنا. ڈینگیں مارنا
اپنے موتی سوروں کے آگے نہ پھینکو: [ا ر محاورہ] بے قدروں کو اپنا ہنر نہ دکھاؤ.
اپنے موئے رام نہیں: [ا ر مثل] زندگی میں عبادت کر لو پھر یہ موقع نہیں ملیگا.

اپنے میں: [ا ر متعلق فعل] اپنے جسم میں. اپنے ہاتھ میں. اپنی ذات میں. اپنے نفس میں.
اپنے میں آنا: [ا ر محاورہ] واپس ہوش میں آنا. غفلت سے ہوشیار ہونا.
اپنے میں نہ سمانا: [ا ر محاورہ] آپے سے باہر ہونا. بے خود ہونا.
اپنے میں ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " اپنے آپے میں ہونا "
اپنے نام کا: [ا ر صف] ۱۔ اپنے حصہ کا. اپنی ملکیت میں۔ اپنی ذات کا (۲) نام والا اپنے نام کا مستحق.
اپنے نام کا ایک: [ا ر صف] ۱۔ لاجواب ۔ بے مثل ضدی. آفت کا پرکالا. وعدہ کا پورا۔
اپنے نام کا پاس ہے: [ا ر محاورہ] اپنی عزت کا پاس ہے. اپنی عزت کا لحاظ ہے.
اپنے نزدیک: [ا ر متعلق فعل] اپنے خیال میں. اپنی دانست میں. بزعم خود۔
اپنے نزدیک بہت دور ہونا: [ا ر محاورہ] اپنے آپ کو بہت بڑا / قابل /
اپنے نصیب / نصیبوں کو رونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " اپنی قسمت کو رونا ".
اپنے نین گنوا کے دَر دَر مانگے بھیک: [ا ر مثل] اپنی دولت برباد کر کے غیر کے محتاج ہونا.
اپنے نیناں مجھے دے تو نہلاتی پھر } دیکھئے " اپنا سُوپ مجھے دے تو
" " **جھلاتی پھر** } اٹھوا، پچھوڑ "
" " **تو گھوم پھر کے دیکھ** }
اپنے ہاتھ: [ا ر متعلق فعل] دیکھئے " اپنے ہاتھ سے "
اپنے ہاتھ سے: [ا ر متعلق فعل] ۱۔ خود۔ اپنے آپ. کسی کی مدد کے بغیر (۲) اپنے فعل سے۔ اپنے کیئے کی بدولت
اپنے ہاتھ سے اپنے پاؤں میں کلہاڑی مارنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا "
اپنے ہاتھ کا: [ا ر صف] اپنے کرنے کا. اپنے ہاتھ کا بنایا ہُوا ۔ اپنے ہاتھ کا لکھا ہُوا اپنے ہاتھ کا کیا ہُوا۔
اپنے ہاتھ کٹا لینا: [ا ر محاورہ] قول یا تحریر دے بیٹھنا. معاہدہ کر کے مجبور و بے بس ہو جانا.
اپنے ہاتھ کرنا: [ا ر محاورہ] قبضے میں کرنا. ہاتھ میں لینا. موہ لینا.
اپنے ہاتھ کے بل بل جائیے جیسا مَن ہو ویسا کھائیے: [ا ر مثل] اپنے ہاتھ کا کام عین مرضی کے مطابق ہوتا ہے.
اپنے ہاتھ ہونا: [ا ر محاورہ] اپنے اختیار میں ہونا.
اپنے ہاتھوں: [ا ر متعلق فعل] از خود ۔ دیدہ دانستہ
اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا / کنواں کھودنا / کانٹے بونا: [ا ر محاورہ] اپنے فعل / کام سے خود اپنا نقصان کرنا.
اپنے ہی پیٹ میں رکھنا: [ا ر محاورہ] کسی سے نہ کہنا. خفیہ رکھنا. بلا راز رکھنا.
اپنے ہی تن کا پھوڑا ستاتا ہے: [ا ر مثل] عزیزوں. قریبیوں ہی سے تکلیف پہنچتی ہے
اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے: [ا ر مثل] اپنوں کا اٹھایا ہوا فساد ہے. کسی غیر کی شرارت نہیں ہے.
اپنیوں: [ا ر ضمیر مث] دیکھئے " اپنی " جس کی یہ جمع ہے.
اپنیوں پر آنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " اپنی وال پر آنا "
اپورَن: [ہ ۔ صف] ادھورا. ناقص. نامکمل.

اپورب: [ار صف۔ ق] عجب وغریب۔ انوکھا۔ نادر

اپورن: (صف) دیکھئے "اپور" **اپورو**: (ہ۔صف) دیکھئے "اپورب"

اپوزیشن: (انگ۔امث) opposition دیکھئے حزب اختلاف جو اسکا ترجمہ ہے۔

اپوسم: [امث۔اند] ایک قسم کا جانور جس کی مادہ کے پیٹ میں ایک تھیلی ہوتی ہے جس میں بچے ڈال لیتی ہے۔ ناک اور کان لمبے اور دُم دراز ہوتی ہے اور اس پر بال نہیں ہوتے۔ درخت پر زندگی بسر کرتا ہے اور پھل پھول کھاتا ہے۔ اگر اس کو پکڑو تو مردہ بن جاتا ہے۔ (OPOSSUM)

اپوَن: [ہ۔اند] باغ۔چمن

اپواس: [ہ۔اند] روزہ۔صوم۔ فاقہ۔ برت

اَپھار: [ار۔اند] ۱۔ پیٹ کی پھُلاؤ۔ نفخ (۲) مویشی کے پیٹ کی بیماری جو جگالی بند ہونے سے ہوتی ہے اور اس کی وجہ سے پیٹ پھول جاتا ہے۔ (۳) کھلیان بنانے اور گاہنے سے پہلے اناج کی بالیوں اور پولیوں کا ڈھیر۔

اپھارا: [ار۔اند] دیکھئے "اپھار"

اُپھار: [ار۔اند] دیکھئے "اپھارنا" جس کا یہ حاصل مصدر ہے۔

اُپھارا: [ار۔اند] دیکھئے "اُبھارنا"

اُپھارنا: [ار مص] پھونک پھونک کر پھلانا۔ اُبھارنا۔

اُپھالنا: [ار مص] ۱۔ اکھاڑنا۔ ۲۔ ہل چلا کر زمین نرم کرنا۔ ہل کی پھال سے نیچے کی مٹی اوپر کرنا۔

اُپھان: [ار۔اند] جھاگ۔ پھین۔ کف

اَپھر: [ار۔امث] ۱۔ پھُولن نفخ۔ (۲) اتراہٹ۔ گھمنڈ

اَپھر جانا: [ار مص] دیکھئے "اپھرنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

اَپھر چلنا: [ار محاورہ] ۱۔ مغرور ہو جانا۔ اترانا۔ (۲) پھولنا۔ کُپا ہو جانا

اپھرانا: [ار مص] ۱۔ پھیلنا۔ نفخ ہونا۔ ۲۔ غرور میں بھرنا۔ گھمنڈی ہونا۔ ۳۔ پھونک بھرنا۔ پھلانا

اپھرائی: [ار صف] ۱۔ اپھری ہوئی۔ سوجی ہوئی (۲) شیخی میں بھری ہوئی۔

اَپھرن: [ار۔امث] ۱۔ نفخ۔ پھولن۔ اپھارا۔

اَپھرنا: [ار مص] ۱۔ پھولنا۔ ہوا بھر کر تن جانا۔ ۲۔ پیٹ پھولنا۔ نفخ شکم ہونا۔ (۳) فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔ (۴) گھمنڈ کرنا۔ اترانا۔ اکڑنا (۵) اتنا کھانا پینا کہ سانس پھولنے لگے (۶) ناخوش ہونا۔ ہیٹھ جانا (۷) فریب کھانا۔ فریب میں آنا۔

اپھردکتا: [اند] (موسیقی) کھرج گرام کے ساتویں سور چھنے کا نام جس کی شکل یہ ہے: رے۔ گا۔ ما۔ پا۔ دھا۔ نی۔ سا۔ سا۔ نی۔ دھا۔ پا۔ ما۔ گا۔ رے سا یعنی رکھب سے ٹیپ کی کھرج تک اور ٹیپ کی کھرج سے واپس رکھب تک۔

اَپھل: [ہ۔ا۔صف] بے ثمر۔ بے پھل۔ بانجھ درخت۔ بنجر زمین۔ بانجھ عورت۔

اپھن: [ار۔امث] دیکھئے "اپھان" جو زیادہ صحیح ہے۔

اُپھن جانا: [ار مص۔ مرکب] کف لانا۔ جھاگ نمودار ہونا۔ پھین لے آنا

اُپھننا: [ار مص] جوش میں آ کر کف لانا۔ پھولنا۔ جھاگ لے آنا

اِپی: [ار ضمیر تاکیدی ق] آپ ہی۔ خود ہی

اُپّی: [ار صف مث] ۱۔ سان پر چڑھی ہوئی۔ تیز چمکتی ہوئی ۲۔ کھنچی ہوئی۔ عریاں ننگی

اَپیلے: [ار ضمیر ق] آپ۔ خود

اپیل: [انگ۔ا۔مذ مث] (APPEAL) ۱۔ درخواست۔ التدعا۔ ۲۔ استغاثہ فریاد۔ شکایت۔ ۳۔ مرافعہ۔ عدالت ماتحت کے فیصلہ کے خلاف بالا تر عدالت سے چارہ جوئی۔

اپیل بحال کرنا: [ار مص۔ مرکب] ماتحت عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا۔

اپیل خارج کرنا: [ار مص۔ مرکب] ماتحت عدالت کے فیصلے کو برقرار رکھنا۔ مرافعہ نامنظور کرنا۔

اپیل داخل کرنا: [ار مص۔ مرکب] ماتحت عدالت کے فیصلے کے خلاف بالاتر عدالت میں چارہ جوئی کی درخواست پیش کرنا۔

اپیل داخل ہونا: [ار مص مرکب] دیکھئے "اپیل داخل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اپیل دائر کرنا: [" " "] دیکھئے "اپیل داخل کرنا"

اپیل کی میعاد: [ار۔امث] مقررہ مدت جس کے اندر اندر ماتحت عدالت کے فیصلہ کے خلاف عذرداری کی جا سکے۔

اپیلانٹ: [انگ صف] (APPELLANT) اپیل کرنے والا۔ مرافعہ کرنیوالا

اَپیَن: [ار ضمیر ق] دیکھئے "اپی"

اَپیَن پنا: [ار۔اند] احساس ذاتی۔ اپنی ذات یا وجود کا احساس۔

ا ۔ ت

اَت: [ہ۔صف] ۱۔ شدید۔ پُرزور۔ ۲۔ شدید تر قوی تر۔ ۳۔ بہت زیادہ

اَت چپل: [ہ صف] ۱۔ بہت شوخ۔ بے حد چنچل۔ تیز رفتار

اَت کومل: [ہ۔اند] (موسیقی) وہ سُر جو شدھ سُر سے دو درجے اُترا ہوا ہو۔

اَت کوملی: [ہ امث] دیکھئے "اَت کومل"

اَت گت: [ار صف و متعلق فعل] ۱۔ بہت زیادہ بے اندازہ۔ حد سے سوا ۲۔ بیشمار۔ اَن گنت

اِت: [ار۔ا۔ظرف۔ق] ۱۔ یہاں۔ اسجگہ۔ اس دنیا میں۔

اُت: [ار۔ا۔ظرف ق] ۱۔ وہاں۔ اُس جگہ۔ اُس جہان میں

اُت گت: [ار۔امث] علم۔ کُنہ۔ حقیقت

اَت اور نار ائن سے بیر ہے: [ہ۔مثل] زیادتی اور حد سے بڑھنا خدا کو پسند نہیں ہیں۔

اَت کا بھلا نہ برسنا اَت کی بھلی نہ دھوپ
اَت کا بھلا نہ بولنا اَت کی بھلی نہ چپ } [ار مثل] ہر چیز کی زیادتی بُری اور نقصان دہ ہوتی ہے

اَتا: [ت۔ا۔مذ] ۱۔ باپ۔ پدر۔ والد۔ ۲۔ بزرگ۔ پیر۔ شیخ (۳) آقا۔ سردار۔ بڑا۔ (۴) اُستاد

اَتا: [ار۔ا۔ظرف ق] اب۔ اس وقت۔ آج کل اس زمانے میں۔

اَتا: [ار متعلق فعل ق] اتنا۔ اس قدر

اِتّا: [ار نعت] دیکھئے "اِتنا" **اُتّا**: [ار متعلق فعل ق] دیکھئے "اُتنا"

اَتابک: [ت اند] ۱۔ استاد آتالیق (۲) وزیر یا وزیر اعظم کا لقب۔ بادشاہ کا لقب۔

اتا پتا: [ار۔اند] ۱۔ پتہ۔ سُراغ۔ نشان ۲۔ موقع محل۔ مقام و مسکن (۳) مناسبات و متعلقات جو پہیلی بوجھنے میں معاون ہوں۔

اِتال: [ا۔ظرف] دیکھئے "اِتال"

اُتار: [ار۔اند] ۱۔ اوپر سے نیچے آنا۔ اترنا (۲) نشیب۔ ڈھلان۔ ڈھلوان زمین (۳) دریا کے بہاؤ کا رُخ (۴) ازالہ۔ دفعیہ (۵) ضعف۔ زوال۔ انحطاط (۶) کمی۔ گھٹاؤ۔ گھاٹ (۷) نشہ کا زوال (۸) طغیانی کے پانی میں کمی۔ جزر۔ بھاٹا (۹) مصلح۔ کسی چیز کا اثر زائل کرنیوالا۔ (۱۰) جادو کا توڑ۔ ردِ سحر (۱۱) صدقہ (۱۲) گھاٹ۔ دریا کا کنارا (۱۳)

ادنیٰ - کمتر - گھٹیا (۱۴) پیچ - کمین

آتار چڑھاؤ: [ار - امذ] ۱. اترنا چڑھنا - اوپر نیچے کے پھیرے - ناہموار زمین پر چلنا (۲) کسی کیفیت کا بار بار طاری ہو کر زائل ہو جانا - بار بار رہ رہ کر عود کرنا۔ (۳) آرتی - ہاتھ کی حرکت سے کسی چیز کو کسی کے سر پر سے صدقہ کرنا (۴) بلندی و پستی - نشیب و فراز - اونچی نیچی ناہموار زمین (۵) مدو جزر - جوار بھاٹا (۶) عروج و زوال - فتح و شکست (۷) کمی بیشی (۸) ارزانی و گرانی - ۹ - بحث و تکرار (۱۰) نیک و بد - جوڑ توڑ (۱۱) چھل فریب - اینچ پیچ (۱۲) زیر و بم۔

اُتار چڑھاؤ دینا: [ار - محاورہ] ۱. ترغیب دینا - پٹی پڑھانا (۲) موسیقی) سُر کو کبھی مدھم اور کبھی اونچا کرنا

اُتار چڑھاؤ کرنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "اُتار چڑھاؤ" جس کا یہ فعل ہے۔

اُتار لی منہ کی لوئی تو کیا کرے گا کوئی: [ار - مثل] بے شرم سب کچھ کر سکتا ہے - بے حیا سے کوئی بات بعید نہیں۔

اُتارا: [ار - امذ - صف] ۱. لشکر وغیرہ کا پڑاؤ - قیام - ۲. مسافر کی آمد - نزول (۳) مُردے کا قبر میں اُتارا جانا - تدفین (۴) پہاڑ سے میدانی علاقہ کی طرف آمد - اُترائی (۵) چھاؤنی - عارضی قیام گاہ (۶) اترنے کی جگہ (۷) پڑاؤ - ٹانڈا (۸) راتہ - مسافت (۹) دریا پار جانے کا راستہ - دریا کا پاٹ جہاں پانی کم ہو اور جہاں سے دریا کو عبور کریں (۱۰) گھاٹ - دریا کا کنارا - جہاں سے دریا عبور کیا جائے (۱۱) گھاٹ یا کشتی کا کرایہ یا پار اترنے کا محصول (۱۲) عبور - مرور (۱۳) سوار کا لڑنے کے لیے گھوڑے سے اُتر کر پیادہ ہونا (۱۴) ردِ سحر - دفع بلا کا عمل - جھاڑ پھونک (۱۵) دفعیہ - ازالہ - (جادو اور مرض کا) ۱۶. صدقہ - کوئی چیز جو وار پھیر کے بعد فقرا کو دی جائے - چاول یا آٹا وغیرہ جسے برتن میں بھر کر آسیب زدہ یا بیمار پر سر سے پاؤں تک سات بار پھرا کر خیرات کر دیا جائے (۱۷) چوراہے کے بھوت یا مسان کو پیش کی جانے والی قربانی (۱۸) چوراہہ - جہاں صدقہ اُتارا جائے (۱۹) نقل - مثنیٰ (۲۰) زمین جو مندر کے لیے وقف ہو - (۲۱) کسی شخص کی خدمات کے اعتراف میں جو زمین بطور عطیہ دی جائے اور جس کا لگان معاف ہو (۲۲) سند (۲۳) آتارو - آمادہ۔

اُتارا اُتارنا: [ار - محاورہ] ۱. وارنا - صدقے کرنا (۲) پڑاؤ کرنا - ٹھہرنا - قیام کرنا۔

اُتارا جانا: [ار - محاورہ] (متروک) کسی کا مارا جانا - قتل کیا جانا

اُتارا دینا: [ار - محاورہ] قربان کرنا - بھینٹ چڑھانا - صدقہ کرنا

اُتارا کرنا: [ار - محاورہ] ۱. نیزہ اکرنا - اوپر سے نیچے آنا (۲) پڑاؤ ڈالنا - چھاؤنی کرنا - قیام کرنا (۳) صدقہ کرنا - قربانی دینا (۴) جھاڑ پھونک کرنا - سحر و بلا کو رد کرنے کے لیے عمل پڑھنا یا پڑھانا

اُتارا ہونا: [ار - محاورہ] ۱. پڑاؤ پڑنا - قیام ہونا (۲) قتل ہونا - مارا جانا (۳) اُنھیں پہلے کر آہستگی سے قبر میں اُتارا یا لٹایا جانا (۴) صدقے ہونا قربان کیا جانا (۵) دریا کو عبور کرنا - پار اُترنا (۶) آتارو ہونا - تُل جانا - آمادہ ہونا (۷) پیادہ ہونا - گھوڑے کی پیٹھ سے جنگ کے لیے اُترنا۔

اُتارگی: [ار - امث - ق] آمد - ورود - پیدائش

اُتارن: [ار - امذ و امث] دیکھئے "اُترن"

اُتارنا: [ار - مص] ۱. اوپر سے نیچے لانا - ۲. بلندی سے پستی کی طرف لانا - (۲) زمین پر ٹکانا (۳) گڑھے میں ڈالنا - بھرنا یا سمانا - سطح زمین کے نیچے پہنچانا - قبر میں رکھنا (۴) جھکنا - الگ کرنا - توڑ لینا (۵) منہدم کرنا ڈھانا - ساقط کرنا۔

گرانا (۶) (سر) تراشنا - قلم کرنا - کاٹنا - (۷) نازل کرنا - اِلقا کرنا (۸) مبعوث کرنا - نبی بنانا - (۹) قیام کرانا - ٹھہرانا - مہمان بنانا (۱۰) پذیرائی کرنا - سوار کو احترام یا مدد کے طور پر سہارا دے کر سواری سے نیچے اُتارنا - (۱۱) کسی جگہ لے جانا پہنچانا - پڑاؤ کرانا - ٹھہرانا (۱۲) پیدا کرنا - وجود میں لانا (۱۳) ذہن یا دماغ سے برآمد کرنا - گھڑنا - اُپج کی لینا (۱۴) ذہن نشین کرانا - دل میں بٹھانا (۱۵) پیوست کرنا - داخل کرنا گھونپنا - بھونکنا (۱۶) جسم یا اس کے کسی حصہ سے الگ کرنا - جُدا کرنا (۱۷) اکھاڑنا - چھڑانا - الگ کرنا (۱۸) کھانچے، چُول یا جوڑ پر سے کِھسکانا، ہٹانا - جسم کا جوڑ الگ کرنا (۱۹) کسی چیز کے اثر کو رفع کرنا، زائل کرنا (۲۰) کسی چیز کا دفعیہ کرنا - دُور کرنا (۲۱) برطرف کرنا - معزول کرنا (۲۲) سُر یا آواز کا پست کرنا، دھیما کرنا (۲۳) اوپر کے درجہ یا جماعت سے نیچے کے درجہ میں لانا - تنزل کرنا (۲۴) دُبلا بنانا - نحیف کرنا (۲۵) بھاؤ کم کرنا - ڈھیلا کرنا (۲۶) بے وقعت کرنا - پست و خوار بنانا (۲۷) نگلنا، پینا - کھانا (۲۸) پردہ وغیرہ کا لٹکانا، اوپر سے چھوڑنا (۲۹) داغنا - سَر کرنا - نشانے پر پہنچانا (۳۰) تیار کرنا - مکمل کرنا - پکا کر چولھے یا آگ سے ہٹانا - سانچے یا مشین سے بنا کر نکالنا (۳۱) ادا کرنا - بے باق کرنا - چکانا (قرض وغیرہ) (۳۲) ذمہ داری سے سبکدوش ہونا - فرض پورا کرنا (۳۳) کسی عبارت کو نقل کرنا، ایک کاغذ سے دوسرے پر منتقل کرنا (۳۴) عکس لینا - تصویر کھینچنا (۳۵) چربہ اُٹھانا - کاغذ کو چرب کر کے نقل کرنا - خاکہ کھینچنا - چھاپا لینا (۳۶) وارنا - قربان کرنا - صدقہ کرنا (۳۷) عزت و احترام کے ساتھ لینا - چڑھانا - رکھنا (۳۸) (دریا وغیرہ) عبور کرانا پار کرنا (۳۹) چھیننا - لے لینا (عزت وغیرہ) (۴۰) سوار کرا کے پہنچانا (۴۱) مقابلہ کے لیے میدان میں لانا (۴۲) شدت کم کرنا - اعتدال پر لانا۔ (۴۳) جاری کرنا - رواں کرنا۔

اُتارو: [ار - صف] کسی کام یا بات پر آمادہ مستعد - تُلا ہوا - پار لگنے والا - (۲) طاق - ماہر

اُتارے ہونا: [ار - محاورہ] ۱. کسی کام یا بات پر تُلا ہوا ہونا - متوجہ ہونا - پیچھے پڑ جانا (۲) بہت خفا ہونا - بُرا ہو صدقے اُترنا۔

اُتاق: [ت - امذ] خیمہ - ڈیرا - کمرا - کوٹھڑی

اُتاقا: [ت - امذ] کلغی - کیس - سر کے بال - ٹوپی کے پر۔

اُتال: [ار - ا - ظرف - ق] اب - اس وقت - فوراً

اُتالا: [ار - امذ - صف] ۱. اتاولا (۲) بے چین بے قرار (۳) مشتاق ہم - اتاولی

اُتالی: [ار - امث - ق] ۱. بے چینی - بے قراری - بے صبری (۲) اشتیاق - شوق (۳) جلدی - عجلت۔

اَتالیق: [ت - مذ] ادب سکھانے والا - معلم - اُستاد - نگران کار - خیر گیر - شیخ کا اُستاد۔

اتالیقی: [ت امث] ۱. ادب آموزی - تعلیم و تربیت (۲) معلمی - اُستادی کا پیشہ۔

اُتان: [س - صف] ۱. پھیلنے والا (۲) چت لیٹنے والا - اُس طرح سونے والا کہ منہ اوپر کی طرف ہو (۳) سطح کے اوپر پھیلا ہوا - (۴) کم گہرا - پایاب (۵) منوّر (۶) کھلا

اتانا: [س - صف] الجھا ہوا - پیچیدہ (۲) چت - بآرام

اُتاور: [ار صف ق] بے چین - بیقرار - مشتاق

اُتاول: [ھ - امث و صف ق] جلدی - تیزی - جلدبازی - بیتابی - بے کلی - بے چینی - مشتاق - بیقرار

اُتاوَلا: [ہ۔ صف] بے چین۔ بیقرار۔ جلد باز۔ تلوّن مزاج۔ سیماب پا

اُتاولا سو باولا: [ا۔ مثل] جلد باز پاگل ہوتا ہے۔ جلد بازی حماقت ہے۔

اُتاولی: [ہ۔ ا۔ امث] جلدی عجلت

اَتاہ: [ہ۔ ا۔ صف] دیکھئے "اتھاہ"

اَتائی: [ہ۔ ا۔ مذ] ۱۔ عطائی (۲) جو شخص کسی فن یا ہنر کو باقاعدہ حاصل نہ کرے اور سرسری مطالعہ یا معمولی تجربہ کی بناء پر اس میں دخل دے۔ ناواقف فن۔ بے اُستادا۔ اناڑی۔ ۳۔ علاج معالجہ میں تھوڑا سا دخل رکھنے والا نیم حکیم۔

اُتبار: [ہ متعلق فعل] دیکھئے "اُتبراں"

اَتباع: [ع۔ ا۔ مذ] تبع کی جمع (۱) مقلدین۔ پیرو۔ مرید۔ کسی امام فن یا مذہبی پیشوا کی تقلید کرنے والے (۲) لواحق۔ متعلقین (۳) تابعین

اِتّباع: [ع۔ ا۔ مذ مث] اطاعت۔ فرمانبرداری ۲۔ پیروی تقلید۔ ۳۔ اختیار عمل

اُتبراں: [ہ۔ متعلق فعل] اس کے بعد۔ ازاں بعد۔

اُت پت: [ہ۔ ا۔ مذ۔ ق] خلق۔ وجود۔ پیدائش

اُت پن: [ہ۔ ا۔ مذ۔ مث۔ ق] دیکھئے (۱) "اُت پت" (۲) پیداوار منافع (۳) کسی گاؤں کا لگان۔

اُتنا: (اُت نا) [ا۔ متعلق فعل۔ ق] دیکھئے "اُتنا"

اِتنا: (اِت نا) [ا۔ متعلق فعل۔ ق] دیکھئے "اِتنا"

اِتّحاد: [ع۔ ا۔ مذ] ۱۔ وحدت وحدیت۔ دو یا دو سے زیادہ کا مل کر ایک ہونا (۲) یکسانی۔ مطابقت۔ دو یا دو سے زیادہ افراد یا اشیاء کی کسی صفت میں شرکت (۳) اتفاق۔ ایکا (۴) قرب۔ یکجائی۔ ہم نشینی (۵) میل جول۔ خلا ملا۔ ملاپ (۶) محبت۔ یارانہ (۷) اختلاط۔ سازگاری۔ باہمی موافقت (۸) تصوف) خدا کی ہستی میں سالک کا استغراق یا وجود مطلق کا اس طرح مشاہدہ کہ اس میں اور موجودات میں غیریت نظر نہ آئے۔

اِتّحادی: [ع۔ صف۔ ا۔ مذ] ۱۔ اتحاد کی طرف منسوب۔ اتحاد والا (۲) حلیف وہ لوگ یا قومیں جنہوں نے صلح و جنگ میں ایک دوسرے کی مدد کا معاہدہ کر لیا ہو۔ (۳) سابقہ عالمگیر جنگوں میں جرمنی وغیرہ کے خلاف لڑنے والی بڑی طاقتوں کا مجموعی لقب

اِتحاف: [ع۔ ا۔ مذ] تحفہ۔ پیش کش۔ تحفہ دینا

اُتر: [ا۔ ا۔ مذ فعل] "اُترنا" مصدر کا صیغہ امر اور حاصل مصدر

اُتر آنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اعلیٰ درجہ چھوڑ کر پست درجہ اختیار کرنا۔ اوپر سے نیچے آنا۔ ۲۔ آمادہ ہونا۔ تل جانا۔ ۳۔ حملہ آور ہونا۔ دھاوا بولنا۔ باقی معنوں کیلئے دیکھئے "اُترنا"

اُتر پڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اُترنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

اُتر جانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اُترنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

اُتر کر ہے: [ا۔ متعلق فعل] مقابلۃً کم یا پست۔ کم تر۔ پست تر۔

اُتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی: [ا۔ مثل] انسان بے حیائی اختیار کرے تو کسی کا کوئی خوف نہیں رہتا۔ جب عزت اتر جاتی ہے تو انسان نڈر ہو جاتا ہے۔

اُتّر: [ہ۔ ا۔ مذ] ۱۔ شمال۔ ۲۔ جواب

اُتر جاؤ کہ دکھن وہی کرم کے لکھن: [ا۔ مثل] کہیں جاؤ کہیں رہو بدنصیبی ساتھ لگی رہتی ہے

اِترا: [ا۔ صف] دیکھئے "اِیترا" (۲) اترانے والا

اِترا پن: [ا۔ مذ] دیکھئے "اِتراہٹ"

اُترا: [ا۔ ا۔ مفعول] اُترا ہوا

اُترا باجا: [ا۔ امذ] وہ باجا جس کے تار یا پردے ڈھیلے پڑ گئے ہوں۔

اُتراپن: [ا۔ امذ] دُبلاپن۔ اضمحلال

اُترا تھاٹ: [ا۔ امذ] (موسیقی) کھرج گرام کے تیسرے مورچھنا کا نام۔ جس کی شکل یہ ہو: دھا۔ نی۔ سا۔ رے۔ گا۔ ما۔ پا۔ پا۔ ما۔ گا۔ رے۔ سا۔ نی۔ دھا یعنی دھیوت سے پنچم تک اور پنچم سے واپس دھیوت تک۔

اُترا چکارا: [ا۔ صف] ناکارہ۔ معطل

اُترا سُر: [ا۔ امذ] ۱۔ کومل سُر چڑھے سُر کی ضد جس کی آواز چڑھے سُر کے مقابلہ میں مدھم معلوم ہوتی ہے۔ ۲۔ وہ سُر جو گانے میں قاعدہ کے خلاف لگے دُشمن سُر۔ دولوی ترتہ

اُترا شحنہ مردک نام: [ا۔ مثل] موقوف شدہ عہدہ دار کی عزت نہیں رہتی۔ عہدہ سے علیحدہ ہو جانے پر آدمی حقیر رہ جاتا ہے۔

اُترا گھاٹی ہوا ماٹی: [ا۔ مثل] ہر چیز جو کھانے حلق سے اتار لی جانے کے بعد مٹی کے برابر ہوتی ہے۔

اُترا مال: [ا۔ امذ] تجارتی مال جو مقررہ مدت گزرنے پر خراب قرار دیدیا گیا ہو۔

اُترا مندرا: [ا۔ امذ] (موسیقی) کھرج گرام کے پہلے مورچھنا کا نام جس کا سُور گرام یہ ہے: سا۔ رے۔ گا۔ ما۔ پا۔ دھا۔ نی

اُترا: [ا۔ صف۔ ق] ۱۔ پیچھے کا۔ بعد کا۔ (۲) اخستیاد اصل کے بعد کا اختیار (۳) شمالی۔ سوا۔

اِتراٹ: [ا۔ امث۔ ق] ۱۔ دیکھئے "اِتراہٹ"

اُتراق: [ت۔ امث] توقف۔ عارضی قیام۔ پڑاؤ

اَتراک: [ع۔ امذ] تُرک کی جمع۔ ترکستان کے رہنے والے

اُتران: [ا۔ امث] نشیب۔ ڈھلان

اِترانا: [ا۔ مص] ۱۔ برائی جتلانا۔ گھمنڈ دکھانا۔ ناز کرنا۔ فخر کرنا۔ غرور کرنا۔

اُترانا: [ا۔ مص] پانی کے اوپر رہنا۔ کسی شے کا پانی کی سطح پر آجانا۔

اُترانا: [ا۔ مص] دیکھئے "اُتروانا" جو فصیح ہے۔

اُترانگ: [ا۔ امث] (موسیقی) سرگم کی سپتک کے دوسرے حصے کا مجموعی نام جو پنچم اور ٹیپ کے کھرج سُروں پر مشتمل ہوتا ہے۔

اُترانگ کے راگ: [ا۔ امذ] وہ راگ جو سرگم کے دوسرے حصے میں گائے جاتے ہیں یا جن کا ان سُروں پر زور زیادہ رہتا ہے

اُتراون: [ہ۔ امث] دیکھئے "اُترن" جو زیادہ صحیح اور فصیح ہے

اِتراونا: [ا۔ مص۔ ق] دیکھئے "اِترانا"

اِتراہٹ: [ا۔ ا۔ امث] شیخی۔ برائی۔ گھمنڈ۔ نازنخرہ۔ فخر۔ غرور

اُتراہری: [ا۔ امث] اُتر کی ہوا۔ باد شمال۔ پہاڑی ہوا

اُتراہی: [ا۔ امث] دیکھئے "اُتراہری" جو زیادہ فصیح ہے۔

اُترائی: [ا۔ امث صف] ۱۔ ڈھلان۔ نشیب۔ اُتار (۲) کسی انبوہ یا گروہ کا پہاڑی علاقہ سے نشیبی علاقہ میں آنا (۳) دریا عبور کرنے کا محصول کشتی کا کرایہ۔ پہاڑ سے نیچے آنے کا بھاڑا (۴) احسان کا بدلہ۔ عوض (۵) احسان کا بدلہ چکانے والا۔ حق ادا کرنے والا احسان سے بری۔

اُترپال: [ہ۔ ا۔ صف] بنجر قسم کی زمین جس میں پانی گہرا اتر جائے اور اوپر کی سطح پر کچھ [illegible]

اُترا: [ار صف مفعولی] اُترا ہُوا۔
اُترتا پانی [ار۔مذ] دریا یا ندی کا پانی جو اتنا کم ہو جائے کہ اس میں کشتیاں نہ چل سکیں۔
اُترتا چاند: [ار۔مذ] مہینہ کا آخر۔ زوال ماہ۔ اندھیرا پاکھ۔
اُترتائی: [ار۔امث] جلد بازی۔ تیزی۔ چالاکی
اُترتی: [ار صف۔مث] دیکھیے "اُترتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
اُترتی برسات: [ار۔امث] برسات کا آخر زمانہ۔ نکلتی برسات
اُترتی تان: [ار۔امث] پچھلی تان
اُترتی ندی: [ار۔امث] وہ ندی جس کی طغیانی کا جوش و خروش کم ہو جائے
اُترتی ندی کنارے ڈھاتے: [ار۔مثل] بے بس انسان بے ڈھب ہاتھ پاؤں مارتا ہے اور اپنا نقصان کرتا ہے۔ جب آدمی کا کچھ بس نہیں چلتا تو کمزوروں کو ستاتا ہے۔
اُتر جانا: [ار۔محاورہ] اوپر سے نیچے آ جانا (۲) دُبلا ہو جانا۔ غم اور مایوسی سے چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگنا۔ (۳) ناپسند ہونا۔
اُتر کے: [ار منتعلق فعل] گھٹ کے۔ کمتر۔ کہتر
اِتر جانا: [ار محاورہ] تاڑ جانا۔ بھانپ لینا۔ کھٹکنا
اَترسوں: [ار۔امث] آج سے چوتھا دن گزشتہ ہو یا آئندہ۔ لکھنؤ میں پرسوں کے قبل کو نرسوں اور نرسوں کے قبل کو اترسوں کہتے ہیں۔ لیکن دہلی میں نرسوں کی جگہ اترسوں کہتے ہیں۔
اُترن: [ار۔ امث وصف وذم] ۱۔ اُتارا ہُوا کپڑا جس کا استعمال ترک کر دیا جائے۔ (۲) پھٹا پرانا مستعمل لباس جو عموماً غریبوں ناداروں کو بخشدیا جاتا ہے ۳۔ اُتارنے کی تراشی ہوئی
اُترن پُترن: [ار۔امث] دیکھیے "اُترن"
اُترن کھُترن: [ار امث] دیکھیے "اُترن"
اِترنا: [ار۔ مص] ا۔ دیکھیے "اِترانا" ۲۔ مٹکنا۔ چٹکنا۔ ۳۔ تاڑنا۔ سمجھ لینا۔
اُترنا۔ [ار مص] ا۔ سطح مرتفع سے نیچے آنا (۲) کسی چیز پر ٹوٹ کر گرنا (۳) نقل مکانی کر کے دُور سے نزدیک پہنچنا (۴) پڑاؤ کرنا (۵) پیوست کرنا (۶) غیب سے نازل ہونا۔ (۷) جُدا ہونا (۸) زوال پزیر ہونا (۹) کم ہونا (۱۰) عبور کرنا (۱۱) تیار ہونا (۱۲) بلند جگہ سے پست مقام کی طرف رجوع کرنا (۱۳) سطح زمین سے گہرائی کی طرف جانا (۱۴) سواری چھوڑ کر زمین پر قدم رکھنا (۱۵) بار کردہ اشیاء کا زمین پر رکھا جانا (۱۶) نیچے آنا (۱۷) چڑھی ہوئی حالت سے نیچے گرنا۔ صعود کرنا کی ضد۔ نزول کرنا (۱۸) مقابلۃً پست ہونا۔ نیچا ہونا۔ چڑھنا کی ضد (۱۹) رُک رُک کر سانس کھینچنا (۲۰) نف سے نیچے آنا۔ چھٹنا (۲۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچنا۔ وُرود یا خروج کرنا۔ سر مد پار ہونا (۲۲) کسی بلند مقام یا منزل کو چھوڑنا (۲۳) ایک کام کے مکمل ہونے کے بعد دوسرے کی طرف رجوع ہونا (۲۴) سواری لے کر ہٹنا یا چڑھ کر الگ ہونا (۲۵) کھانے وغیرہ کا حلق سے نیچے جانا (۲۶) سرایت کرنا۔ جذب ہونا۔ پیوست ہونا (۲۷) ذہن میں یا دل و دماغ میں کسی بات یا خیال کا اچھی طرح بیٹھ جانا۔ (۲۸) پڑاؤ کرنا۔ فروکش کرنا۔ ٹھہرنا (۲۹) مقابلہ کے لیے سامنے آنا۔ میدان میں قدم رکھنا (۳۰) دریا وغیرہ میں داخل ہونا (۳۱) ہویدا ہونا۔ ظہور کرنا (۳۲) غیب سے نازل ہونا۔ خدا کی طرف سے دیا جانا (۳۳) اِلقا ہونا۔ الہام ہونا (۳۴) کسی چیز سے ٹوٹ کر یا کھل کر الگ ہونا۔ جھڑ جانا۔ جُدا ہونا (۳۵) تراش دیا جانا۔ جُدا کر دیا جانا (۳۶) جوڑ پیوند سے ہٹنا۔ بے جوڑ ہونا (۳۷) دُور ہونا۔ رفع ہونا۔ زائل ہونا (۳۸) چھٹ جانا۔ اکھڑ جانا۔ گھس کر ختم ہو جانا (۳۹) کسی جذبہ یا احساس کا فرو ہونا (۴۰) گھٹ کر اعتدال پر آنا۔ شدید سے خفیف ہونا (۴۱) زوال پزیر ہونا۔ ڈھلنا (۴۲) ڈھیلا پڑنا۔ کساؤ کم ہونا (۴۳) گھٹنا۔ کم ہونا۔ (۴۴) نحیف و کمزور ہونا۔ سُست جانا (۴۵) ماند پڑنا۔ بدرنگ ہونا۔ پھیکا پڑ جانا۔ (۴۶) پار جانا۔ عبور کرنا (۴۷) محو ہونا۔ مٹ جانا۔ فراموش ہونا۔ بھول جانا۔ (۴۸) چھپ کر تیار ہو کر یا فراہم ہو کر ہاتھ آنا۔ مہیا ہونا (۴۹) ادا ہونا۔ پورا ہونا۔ چکتا ہونا۔ بیباق ہونا (۵۰) نکلنا۔ ٹھہرنا پایا جانا (۵۱) رواں ہونا جاری ہونا (۵۲) عکس کھنچنا۔ نقل ہونا۔
اُترنگ [ار۔مذ] دیکھیے "اُترنگا" جو زیادہ فصیح ہے
اُترنگا: [ار۔مذ] چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی جس کے دونوں سرے اُتارے دونوں بازوؤں پر ٹکے ہوئے ہوتے ہیں (داب)
اُتروانا: [ار۔مص] دیکھیے "اُتارنا"
اُترائی: [ار۔امث] ا۔ اُتارنے کی اُجرت (۲) پیشوائی۔ استقبال
اُتری: [ار۔امث] دیکھیے "ایتری"
اُتری (۱) [ار صف مفعولی] دیکھیے "اترنا" جس کا یہ اسم مفعول ہے
اُتری حنا / مہندی: [ار۔امث] مہندی کے پتوں کی لگدی جو ہاتھ پاؤں پر لگائے جانے کے بعد رنگ دے چکی ہو اور اتار دی گئی ہو۔
اُتری جوانی: [ار۔امث] ڈھلا ہوا شباب
اُتری کر دینا: [ار۔محاورہ] ردّی قرار دینا۔ ہیکا کر دینا
اُتری کمان۔ [ار۔امث] وہ کمان جس کا چلّہ چڑھا ہوا نہ ہو۔ یا اتار دیا گیا ہو۔ (۲) حکومت۔ رُعب یا دبدبہ کا زوال۔ ۳۔ گئی گزری حالت
اُتری گھاٹی ہوئی ماٹی: [ار۔مثل] دیکھیے "اترا گھاٹی ہوا ماٹی"
اُتری ہوئی پاپوش: [ار۔امث] بے قدر اور بے حقیقت چیز۔
اُتری (۱۱) [ار۔امث] ناش یا گنجفہ کا لیقینی پتا بڑا اُتر یا امیر جیسے اکا
اُتری بنانا۔ [ار۔محاورہ] ہیر کھینا
اُتری (۱۱۱) [ار امث] ساز کا وہ پردہ جس سے کسی سُر کی مدھم یا کومل آواز پیدا ہو۔
اُترے: [ار صف مفعولی] دیکھیے "اترا" جس کی یہ جمع ہے۔
اُترے جی سے۔ [ار منتعلق فعل] بادل ناخواستہ۔ بے دِل سے۔ نیم رضا سے
اُترے دِل سے: [ار منتعلق فعل] دیکھیے "اترے جی سے"
اِتری پھل: [ار۔مذ] تری پھل۔ یا ترپھلہ۔ تین پھل۔ ہرڑ۔ بہیڑا۔ آملہ اس کا معرب "اطریفل" زیادہ مستعمل ہے۔
اُترٹ: [ار۔ حاصل مصدر] دیکھیے "اُتر" جس کی یہ قدیم صورت ہے۔
اُترڑی: [ار امث] دیکھیے "انتڑی" جو زیادہ مستعمل ہے
اَتسار: [س۔ مذ] پیچش۔ دست۔ اسہال
اُتساہ: [س۔ مذ] ا۔خوشی۔ انبساط۔ جوش (۲) سعی۔ استقلال
اُتسو: [س۔مذ] خوشی کا مظاہرہ شادمانی۔ جشن۔ تہوار۔ غصہ۔ ناراضگی۔ بے چینی
اِتصاف: [ع۔ امذ] تعریف۔ توصیف۔ خوبی۔ عمدگی۔ جوہر۔ گُن۔ وصف بیان کرنا۔
اِتصال: [ع۔ امذ] ا۔چپکنا۔ چسپیدگی (۲) اقتران۔ پیوستگی۔ ملاپ (۳) قرب۔ نزدیکی (۴) تسلسل۔ تعاقب۔ ایک چیز کا بلا انقطاع دُوسرے کے بعد آنا (۵) اتحاد۔ یگانگی۔ وصل (۶) نقطہ اتصال سنگم (۷) (منطق) ایک چیز کے ثبوت و سلب کا دوسری چیز کے ثبوت و سلب پر موقوف ہونا (۸) (اصول حدیث) کسی حدیث یا روایت کے سلسلۂ سند کا غیر منقطع ہونا۔ یا سلسلۂ

سند کے نام۔ راویوں کا نام بنام ذکر کرنا (۹) (طب) جسم کے جوڑ کا دوسرے جوڑے ملنا (۱۰) (سائنس) کشش یا جذب جس کی وجہ سے جسم کے ذرّے یکجا رہتے ہیں یا ایک جسم دوسرے جسم سے جدا نہیں ہوتا (۱۱) (نجوم) برجوں اور درجوں کے اعتبار سے ستاروں کا باہم نظر کرنا

اِتصالِ تفصیل: [ع - اِمذ] (طب) ایک قسم کا جوڑ جس میں ایک ہڈی دوسری سے الگ رہتی ہے جیسے گھٹنے کا جوڑ

اِتصالِ حقیقی: [ع - اِمذ] ا۔ یکجان ہونا۔ دوئی کا مٹ جانا (۲) (تصوف) واصل الی اللہ ہونا۔ مبدا رحقیقی سے جا ملنا۔

اِتصالِ لحمی: [ع - اِمذ] (طب) ایک جوڑ کی ہڈی کا دوسری سے مل کر ایک ہو جانا۔ جیسے نیچے کے جبڑے کے دونوں حصے ٹھوڑی کے پاس پہنچ کر ایک ہو گئے ہیں۔

اِتصالی: [ع صف] ا۔ اِتصال سے منسوب (۲) (سائنس) انجذابی کشش جو ایک جسم کو دوسرے جسم کی طرف کھینچتی ہے۔

اِتفاق: [ع - اِمذ] ا۔ یکدلی۔ ہم خیالی۔ رائے اور خیال کی موافقت (۲) یکجہتی میل جول۔ ایکا (۳) ملاپ۔ اقتران (۴) محبت خلوص سچی دوستی (۵) یکسانی مطابقت (۶) ہمنوائی۔ ہم آہنگی (۷) غیر متوقع بات۔ اِمزا کمانی (۸) سانحہ حادثہ تغیر زمانہ (۹) موقع۔ محل (۱۰) وقوع۔ صدور۔ بغیر سبب و علت (۱۱) (منطق) مقدم و تالی یعنی شرط اور جزا کے درمیان اِتصال و انفصال کی کوئی علت نہ ہو۔

اِتفاق آپڑنا: [ا محاورہ] دیکھئے "اتفاق پڑنا"

اتفاق پڑنا: [ا محاورہ] واقعہ پیش آنا حادثہ رونما ہونا۔ موقع ہونا۔

اتفاق پیش آنا: [ا محاورہ] دیکھئے "اتفاق پڑنا"

اتفاقِ رائے: [ع - اِمذ] ا ہم خیالی باہمی رضامندی (۲) یکجہتی۔ ایکا۔ اتحاد

اتفاق سے: [ا۔ متعلق فعل] ا۔ اتفاقاً۔ اچانک غیر متوقع طور پر (۲) شاذ و نادر بہت کم

اتفاق کرنا: [ا محاورہ] مان لینا۔ تسلیم کرنا (۲) تائید کرنا۔

اتفاق کی بات: [ا متعلق فعل] اتفاقاً۔ اتفاقیہ

اتفاق ہونا: [ا محاورہ] ا۔ اتحاد ہونا۔ موافقت ہونا۔ ایکا ہونا (۲) موقع نکلنا۔ وقوع میں آنا (۳) جانے کا موقعہ پیش آنا۔

اِتفاقات: [ع - اِمذ] ا۔ دیکھئے "اتفاق" جس کی یہ جمع ہے (۲) غیر متوقع۔ ناگہانی امور یا صورتِ حال (۳) حادثات سانحات۔ غیر متوقع واقعات

اِتفاقاً: [ع متعلق فعل] اچانک۔ یکایک۔ لاعلمی کی حالت میں۔

اِتفاقی: [ع صف] ا اتفاق سے منسوب۔ غیر اصولی۔ ناگہانی۔ غیر متوقع (۲) غیر ارادی۔ غیر اختیاری۔

اتفاقی رخصت: [ا۔ امث] کارِ منصبی سے غیر حاضر رہنے کی اجازت جو فوری یا غیر متوقع ضرورت پیش آجانے کی وجہ سے ملتی ہے انگریزی CASUAL LEAVE کا ترجمہ

اِتفاقیہ: [ع۔ متعلق فعل] ا اتفاقاً۔ اتفاق سے (۲) اچانک۔ بے سان گمان پیش آنے والا واقعہ (۳) غیر ارادی (۴) (منطق) قضیہ شرطیہ جس میں مقدم و تالی کے درمیان اِتصال یا انفصال کی کوئی علت نہ ہو بلکہ دونوں کے ایک زمانے میں واقع ہو جانے کی وجہ سے حکم لگایا گیا ہو۔

اِتفاقیہ رخصت: [ا۔ امث] دیکھئے "اتفاقی رخصت"

اِتقا: [ع - اِمذ] ا۔ کسی چیز یا شخص سے اجتناب۔ احتراز (۲) (شرع) ممنوعات و محرّماتِ شرع سے اجتناب۔ زہد۔ تقویٰ پرہیزگاری۔

اِتقان: [ع - اِمذ] استحکام۔ استواری۔

اَتقیٰ: [ع التفضیل] بہت بڑا متقی۔ حد کا پرہیزگار۔ تقویٰ میں دوسروں سے بڑھا چڑھا۔

اَتقیا: [ع - اِمذ - جمع] تقی کی جمع ا۔ پرہیزگار۔ محرمات و ممنوعاتِ شرعی سے پرہیز کرنے والے (۲) اولیا۔ زہاد

اُتکا: [ت - امث] دیکھئے "اتکہ"

اِتکا: [ع - اِمذ] ا۔ تکیہ۔ اعتماد۔ بھروسا (۲) تکیہ کرنا۔ تکیہ لگانا۔ سہارا لینا۔

اَتکہ. [ت - امث] انّا۔ دایہ۔ دودھ پلانے والی

اَتل: [ھ - امث] پاتال کا پہلا طبقہ۔ تحت الثریٰ

اَتل: [ا صف] بن تلا۔ جو وزن نہ کیا گیا ہو (۲) تول اور اندازے سے باہر (بہت زیادہ) (۳) جو تولا نہ جاسکے جس کا وزن نہ ہو سکے۔

اِتلاف: [ع - ا مذ] ا۔ تلف کرنا۔ ضائع کرنا۔ کھونا (۲) تلف نقصان۔ زیان۔ بربادی۔

اَتمّ: [ع - اِتفضیل] تمام سے۔ اسم تفضیل۔ کامل ترین۔ اکمل جامع۔ جو ناقص نہ ہو بھرپور۔ حاوی

اُتم: [س صف] ا۔ اشرف۔ اعلیٰ سب سے بڑھ کر شریف۔ نیچ کی ضد (۲) اچھا۔ بہتر۔ بجا۔ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔

اُتم سے اُتم ملے اور نیچ سے نیچ [ا مثل] شریف شریف کی طرف اور کمین کمین کی طرف مائل ہوتا ہے۔

اُتم کھیتی مدھم بان (بیوپار) نکھد چاکری بھیک ندان: [ا مثل] سب سے اونچا پیشہ کاشتکاری ہے۔ تجارت درمیانہ درجے کا پیشہ ہے نوکری سب سے گھٹیا ہے اور بھیک مانگنا بدترین

اُتم گانا مدھم بجانا: [ا مثل] ا۔ گانے کا درجہ اعلیٰ اور بجانے کا درجہ درمیانہ ہے ا۔ ہر کام میں اعتدال ملحوظ رکھنا چاہیے۔

اِتمام: [ع - اِمذ] تکمیل۔ خاتمہ۔ انجام

اِتمامِ حجّت. [ع - اِمذ] آخری دلیل فیصلہ کن بات۔ رفع اختلاف کے لیے آخری بات یا کوشش۔

اِتمان: [ہ - امث] روح۔ آتما۔ جیو آتما۔ جو محسوس نہیں ہوتی۔

اِتنا [ا متعلق فعل] ا۔ اس قدر۔ اس مقدار میں (۲) خاص مقدار جس کی طرف اشارہ کیا جائے (۳) بہت زیادہ (۴) بہت کم تھوڑا سا (۵) ایسا۔ اس قابل (۶) اس درجہ اس حد تک (۷) کی جگہ۔ یہ بات (۸) برابر مساوی

اتنا اتنا: [ا متعلق فعل] ا۔ بہت کچھ۔ بہت زیادہ (۲) بہت تھوڑا بہت کم۔ ذرا ذرا۔

اتنا بھر: [ا متعلق فعل] اس قدر۔ اس درجہ۔

اتنا بھرا کہ چھلک گیا: [ا محاورہ] اتنی خیانت کی کہ کھل گیا (ظاہر ہو گیا) اتنا پریشان کیا کہ بگاڑ ہو گیا۔

اتنا پکا کہ باسی ٹھکا: [ا مثل] کوئی بات بڑھتے بڑھتے ضرورت سے زیادہ ہو جانا۔

اتنا سا: [ا صف] ا۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا (۲) چھوٹا سا۔ ننھا سا۔

اتنا سارا: [ا صف] بہت سا۔ بہت زیادہ

اتنا سا فتنہ: [ا۔ اِمذ] جسامت میں کم مگر انتہائی شریر اور شوخ (۲) کم عمر مگر بلا کا ذہین

اتنا سا کام: [ا۔ اِمذ] تھوڑا سا کام۔ ذرا سا کام

اتنا سا منہ نکل آیا: [ا محاورہ] چہرہ اتر گیا۔ کمزور و لاغر ہو گیا۔ شرمندہ ہو گیا۔

اتنا کچھ. [ا صف] بہت زیادہ۔ بے حساب

اِتنا کھائے جتنا آٹے میں نمک: [ار۔ مثل] خیانت بھی ہو تو اتنی کہ چھپ سکے۔
اِتنا کھائے جتنا پچے: [ار۔ مثل] اتنا نفع لے جو اعتدال سے نہ بڑھ جائے۔ خیانت بھی ہو تو اتنی کہ چھپ سکے۔
اِتنا نہ گدگداؤ کہ آدمی روٹھے: [ار۔ مثل] اسقدر چھیڑ چھاڑ نہ کرو کہ گراں گزرے
اِتنا نہ لگ چلو: [ار۔ محاورہ] دوست سے فرط محبت اور تپاک کے اظہار میں اور زبان دراز اور بے ادب سے رنجش کے طور پر کہتے ہیں۔
اِتنا ہے: [ار۔ محاورہ] اتنی بات ہے۔ یہ پیش نظر رہے۔ اتنا ملحوظ خاطر رہے۔
اُتنا: [ار۔ متعلق فعل] دیکھئے "اتنا" جس کی یہ بعید صورت ہے۔
اِتنوں۔ [ار۔ متعلق فعل۔ اند] دیکھئے "اِتنا" جس کی یہ جمع ہے
اِتنی: [ار۔ متعلق۔ فعل۔ امث] دیکھئے "اِتنا" جس کی یہ تانیث ہے
اِتنی سی جان: [ار۔ صف امث] کم سن۔ بہت کم عمر
اِتنی سی جان سوا گز کی زبان: [ار۔ مثل] اپنی حد سے بڑھ کر بات کرنا۔
اِتنی سی فلتی: [ار۔ امث] دیکھئے "اتنا سا فتنہ" جس کی یہ تانیث ہے۔
اِتنی صورت نظر نہ آئے گی: [ار۔ مثل] ایسی سزا پاؤ گے کہ صورت بگڑ جائے گی۔ تباہ ہو جاؤ گے۔ برباد ہو جاؤ گے۔
اِتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے: [ار۔ مثل] زیادہ عقل بھی نقصان دہ ہوتی ہے
اِتنے: [ار۔ صف۔ متعلق فعل] دیکھئے "اِتنا" جس کی یہ جمع ہے۔ (۱) ان دامون (۲) جتنی دیر میں۔ جب تک (۳) اس اثنا میں۔ اس مدت میں (۴) ذرا سی۔ حقیر۔ معمولی
اِتنے تو نہیں ہو: [ار۔ محاورہ] یہ حوصلہ نہیں۔ یہ ہمت نہیں
اِتنے سے اُتنا کرنا: [ار۔ محاورہ] چھوٹے سے بڑا کرنا۔
اِتنے سے اُتنا ہونا: [ار۔ محاورہ] چھوٹے سے بڑا ہونا۔ بچے سے جوان ہونا۔
اِتنے سے کے لیے: [ار۔ متعلق فعل] دیکھئے "اتنے کے لیے"
اِتنے کے لیے: [ار۔ متعلق فعل] اس غرض کے لیے۔ اس مقصد کے لیے۔ محض اسلیئے
اِتنے کی بڑھیا نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا
اِتنے کی کمائی نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا } [ار۔ مثل] اتنے کا فائدہ نہیں جتنے کا نقصان ہو گیا۔
اِتنے لیے: [ار۔ متعلق فعل] دیکھئے "اتنے کے لیے"
اِتنے میں: [ار۔ متعلق۔ فعل] اس عرصہ میں۔ اس اثناء میں (۲) اس مقدار میں۔ اس ذرا
اِتنے واسطے: [ار۔ متعلق فعل] اس بارے۔ اس خاطر (متروک ہے)
اُتو: [ار۔ اند] ۱۔ بوٹیاں۔ دھاریاں۔ جو ایک کند آلہ کی دھار سے کپڑے کی سطح پر داب دے کر بنائی جاتی ہیں (۲) منقش دھاری دالا (۳) کند دھار کا چھرا جس سے گرم کر کے کپڑے پر دھاریاں اور نقوش بنائے جاتے ہیں۔
اُتو کر کے چلنا: [ار۔ محاورہ] گن گن کر قدم رکھنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
اُتو کرنا: [ار۔ محاورہ] دھاریوں سے آراستہ کرنا نقش و نگار بنانا، کھال پر بدھیاں ڈالنا اُدھیڑ دینا۔ مار مار کے برا حال کر دینا (۳) چیر کے۔ داغ زخم لگانا (۴) ناک میں دم کر دینا۔ بے طرح خبر لینا (۵) زمین پر قدموں کے نشان بناتے ہوئے چلنا۔
اُتو ساز / کش / گر: [ار۔ افاعل] اُتو کرنیوالا۔ خوش نمائی کے لیے کپڑے پر نشان کرنیوالا۔
اُتو ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اتو کرنا" جس کا یہ لازم ہے
اُتواپ: [ار۔ امث] [غلط العوام] دیکھئے "توپ" جس کی یہ جمع ہے۔
اِتوار: [ار۔ اند] یکشنبہ۔ سنیچر اور پیر کے درمیان کا دن
اُتول: [ار۔ امذ۔ ق] دیکھئے "آتاولی" یا آتاولا"

اِتہاس: [ہ۔ اند] تاریخ۔ قصہ۔ کہانی
اِتّہام: [ع۔ اند] الزام۔ تہمت۔ شبہ
اِتّہام کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] تہمت لگانا۔ الزام دینا۔
اِتہامی: [ع صف] اتہام کی طرف منسوب، بے بنیاد اور غلط
اُتھا: [ار۔ فعل ناقص] دیکھئے "تھا" جس کی یہ قدیم صورت ہے
اُتھال: [ار۔ صف] اُتھلی۔ ہتھیلی کی طرح مسطح اور ہموار
اُتھال دینا: [ار۔ مص وصفی] مسطح کر دینا۔ اتھلا بنانا (۲) اچھال دینا۔ سطح پر لے آنا۔
اُتھالا: [ار۔ اند] اُچھالا۔ نیچے سے اوپر کی طرف دباؤ۔
اُتھالنا: [ار۔ مص] ا۔ سطح بلند کرنا (۲) اونچا کرنا۔ بلند کرنا (۳) آپے سے باہر کرنا۔ مت بلانا
اَتھاہ: [ار۔ صف] جس کی تہ نہ ہو۔ بہت عمیق۔ بہت گہرا۔
اَتھرو / اَتھرو وید: [س۔ اند] ہندوؤں کی چار مذہبی کتابوں (ویدوں) میں سے چوتھی کتاب، جو دعاؤں اور مناجاتوں پر مشتمل ہے۔
اَتھک: [ار۔ صف] نہ تھکنے والا۔ جو محنت و مشقت سے نہ تھکے۔ بہت زیادہ محنت کرنے والا۔ بہت زیادہ غیر معمولی (محنت، کوشش، خدمت)
اَتھل: [ار۔ صف] اجس کی تھل یعنی بنیاد نہ ہو۔ بے اساس (۲) جنباں۔ لرزاں۔ (۳) غیر مستقل۔ غیر مستحکم
اُتھل: [ار۔ صف] ا۔ اُتھلا۔ کم گہرا (۲) پیٹ کا ہلکا۔ جو راز نہ چھپا سکے۔
اُتھل پتھل: [ار۔ صف۔ امث] ا۔ اُلٹ پلٹ۔ تہ و بالا۔ اوپر نیچے (۲) نقصے پر آمادہ۔ متلاشی ہونی (طبیعت) (۳) حرکت۔ کھد بدی
اُتھل پتھل کرنا / ہونا: [ار۔ محاورہ] اُلٹ پلٹ کرنا۔ تلے اوپر کرنا یا ہونا۔
اُتھل پڑنا: [ار۔ محاورہ] ابل جانا۔ اُلٹ پڑنا۔
اُتھل پن: [ار۔ اند] ا۔ اُتھلا پن۔ چھچھلا پن (۲) اوچھا پن۔ ہلکا پن۔
اُتھل جانا: [ار۔ محاورہ] بے باک ہونا۔ اوچھا پن دکھانا۔ حد سے باہر ہونا۔
اُتھل: [ار۔ صف] دیکھئے "اُتھل" جس کی یہ قدیم صورت ہے۔
اُتھلا: [ار۔ صف] دیکھئے "اُتھل"
اُتھلا پانی: [ار۔ اند] پایاب۔ تھوڑا پانی جس میں کشتی نہ چل سکے
اُتھلا پن: [ار۔ اند] دیکھئے "اُتھل"
اُتھلنا: [ار۔ مص] الٹ پلٹ کرنا۔ تہ و بالا کرنا۔
اُتھلی: [ار۔ صف] دیکھئے "اُتھلا" جس کی یہ تانیث ہے
اِتی: [ار۔ متعلق فعل۔ صف] دیکھئے "اِتنی" جس کی یہ قدیم اور عوامی صورت ہے
اُتی: [ار۔ متعلق فعل صف] دیکھئے "اُتنی" جس کی یہ قدیم اور عوامی صورت ہے
اِتے: [ار۔ متعلق فعل صف] دیکھئے "اِتنے" جس کی یہ قدیم اور عوامی صورت ہے
اُتے: [ار۔ متعلق فعل صف] دیکھئے "اُتنے" جس کی یہ قدیم اور عوامی صورت ہے
اِتے پتے بکھاننا۔ [ار۔ محاورہ] عیب جوئی کرنا۔ برائی بیان کرنا
اِتیاچار: [س۔ اند] زیادتی۔ تعدی۔ جور۔ ظلم
اِتیان: (اِت یان) [ع۔ اند۔ شاذ] صحبت۔ مجامعت۔ مباشرت۔ ہم بستری۔
اِتیا پتیا: [ار۔ محاورہ] آؤ بھگت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔
اَتیت: [ہ۔ اند و مث] ا۔ ہندو فقیروں کی وہ قسم جن کے بال بٹے ہوئے ہاتھ میں لوہے کے کڑے اور منہ پر بھبوت ملا ہوا ہوتا ہے۔ درویش، تارک الدنیا فقیر (۲) (موسیقی) وہ مقام جو سم کے بعد آتا ہے اور کبھی کبھی سم کا کام دیتا ہے

جلسے کے کسی بول کا سَم سے پہلے اختتام (۳) وہ مہمان جس کے آنے کا وقت مقرر نہ ہو۔

اَتیتھ: [ہ۔اند] دیکھئے " اتیت معنی ۳"

اَتیس: [ہ۔اند] ۱۔ایک زہریلا پودا۔ جو ہمالیہ کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے۔ پتے چوڑے بیضوی، دندانہ دار یا گرشہ دار ہوتے ہیں۔ پھول کا رنگ نیلا، جڑ ڈیڑھ دو انچ لمبی، مخروطی اور گداز ہوتی ہے دواؤں میں استعمال ہوتا ہے (۲) ایک بوٹی کی جڑ، سیاہ و سفید دو قسم کی، رنگ باہر سے مٹیالا، اندر سے سفید۔ جد وار کے برابر، مخروطی۔ گنڈا، بھرنگی، دروپا بھی کہتے ہیں (۳) ایک گھاس کی انگل بھر کی جڑ۔ رنگ بھورا، ذائقہ کھٹا۔

ا ۔ ٹ

اَٹ: [ا۔امث] ۱۔میل چکیٹ۔ زنگ (۲) اٹک۔ اڑس (۳) جمگھٹا۔ جماؤ (۴) گرد و غبار (۵) اٹ کا مخفف (۶) "اٹنا" کا صیغہ امر

اَٹ اَٹا کر: [ا۔متعلق فعل] بھر کر۔ گھر کر

اَٹ پَٹ [ا۔صف] ۱۔بے ترتیب۔ اوندھی سیدھی (۲) بے ڈھنگی بے تُل

اَٹ پَٹا: [ا۔صف] ان مل۔ بے جوڑ۔ ناموزوں

اٹ پٹانا: [ا۔محاورہ] ۱۔پس و پیش کرنا (۲) بغلیں جھانکنا لاجواب ہونا (۳) بے تُل باتیں کرنا۔ سٹکنا

اَٹ جانا: [ا۔مص مرکب] ۱۔ کھر جانا۔ پٹ جانا (۲) جمع ہو جانا۔ جم جانا (۳) گرد، مٹی، دھوئیں وغیرہ کا کسی چیز پر بیٹھ جانا (۴) سوراخ وغیرہ کا بھر کر بند ہو جانا مسدود ہو جانا۔

اَٹ سَٹ: [ا۔امث] ۱۔ بے تکی۔ اوندھی سیدھی (۲) سازش۔ جوڑ توڑ دھوکا فریب

اٹ سٹ لڑنا / ہونا: [ا۔محاورہ] سازش ہونا۔ یارانہ ہونا۔

اٹ کی سٹ کر دینا: [ا۔محاورہ] غلط سلط بک دینا۔ الٹی سیدھی کہہ دینا۔

اَٹ کھٹ [ا۔امث] روگ۔ کھٹکا۔ دردسری

اَٹ مَٹ: [ا۔امث۔صف] ۱۔گرد و غبار۔ کیچڑ گارا (۲) کیچڑ میں لت پت۔ غبار یا گرد سے بھرا ہوا۔

اَٹا: [ا۔اند] ۱۔ بالاخانہ۔ کوٹھا مکان کی چھت پر بنا ہوا مکان (۲) انبار۔ اٹم

اَٹا اَٹ [ا۔صف] اوپر تک بھرا ہوا۔ اچھی طرح پُر

اَٹا اُٹ: [ا۔اند۔ق] آفت۔ مصیبت

اَٹا ٹُٹ: [ا۔صف متعلق فعل] ۱۔ بے روک ٹوک بے تحاشا (۲) ان گنت بے حد بے شمار

اٹاچی / اٹاشی: [انگ۔اند] (ATTACHE) ۱۔ ملا ہوا۔ شامل (۲) سفارتخانہ کا وہ عہدہ دار جو سفیر سے وابستہ ہو اور اس کے گوناگوں فرائض میں سے کسی خصوصی کام کی انجام دہی میں اس کا ہاتھ بٹائے

اٹاچی کیس: [انگ۔اند] (ATTACHE - CASE) ہاتھ میں لٹکانے کے لائق چمڑے کا صندوقچہ جس میں ضروری کاغذ، کپڑے اور چھوٹی موٹی چیزیں رکھتے ہیں

اَٹارا: [ا۔اند] دیکھئے " اٹالا" جو زیادہ مستعمل ہے

اِٹارا: [ا۔تابع مہمل] دیکھئے "پٹارا" جس کا یہ تابع مہمل ہے۔

اِٹارا پٹارا: [ا۔اند] ساز و سامان۔ اسباب

اَٹاری: [ا۔امث] ۱۔کوٹھا۔ بالاخانہ چھت پر بنا ہوا کمرا (۲) مکان کا وہ بالائی حصہ جسے کھپریل ڈال کر پاٹ دیا گیا ہو

اَٹال: [ا۔امث] ۱۔ انبار۔ تودہ۔ ڈھیر (۲) لکڑی وغیرہ کا ذخیرہ۔ لکڑیوں کی دکان ٹال

اَٹال لادنا: [ا۔مص] ... کو خوب بھر دینا۔ لادنا

اَٹالا: [ا۔اند] ۱۔اسباب خانہ۔ خانہ داری کی چیزیں۔ اثاث البیت (۲) کاٹھ کباڑ۔ ٹھکر کھنگڑ کھڑ (۳) رحل سامان، خصوصاً فوج کا۔ لداوا۔ بوجھا۔

اَٹالا ہو جانا: [ا۔محاورہ] ڈھیر ہو جانا ڈھے جانا برباد ہونا۔

اَٹالے کا / کی: [ا۔صف] زبردست۔ اعلیٰ درجہ کا۔ باعظمت

اٹامک انرجی (انگ) atomic energy ایٹمی توانائی وہ قوت جو ایٹم سے حاصل کی جاتی ہے۔

اَٹان: [ا۔اند] ٹانڈ۔ مچان جو جگہ کی کمی کی وجہ سے دو دیواروں کے درمیان کڑیاں اور تختے لگا کر بنائی جاتی ہے اور اس پر گھر کا سامان رکھتے ہیں۔

اُٹانی: [ا۔امث] اٹھانی۔ وہ ظرف جس سے بھٹی کی شراب نکالی جاتی ہے۔

اَٹاؤ: [ا۔اند] ۱۔ گرد ... ۱۔ ذخیرہ (۲) سامانوں کی کثرت۔ بھیڑ بھاڑ (۳) دھوئیں کی گھٹن۔ گھٹن (۴) کوڑا کرکٹ۔ کیچڑ

اَٹاوا: [ا۔اند] ۱۔انبار یا ڈھیر جو راستہ روکے یا جگہ گھیرے (۲) کیچڑ۔ کیچڑا۔

اِٹاوہ / اٹاوے کا کاریگر: [ا۔صف] بھارت کا ایک شہر جہاں کے کاریگر فریبی مشہور ہیں) ۱۔ وہ شخص جو کسی کام میں اُستادی کا دعویٰ کرے۔ مگر اس میں دخل نہ رکھتا ہو۔ (۲) فریبی۔ دھوکا دینے والا۔

اُٹ پٹانگ: [ا۔صف] دیکھئے " اوٹ پٹانگ" جو زیادہ مستعمل ہے۔

اُٹ پٹنگی: [ا۔صف۔مث] اول جلول۔ اَن مل۔ بے جوڑ۔ بے ڈھنگی

اَٹُٹ: [ا۔صف] ۱۔ اٹوٹ۔ نہ ٹوٹنے والا۔ مضبوط۔ مستحکم (۲) کم نہ ہونے والا۔ بھرپور لبالب (۳) لگاتار۔ مسلسل

اٹرنی / اٹارنی: [انگ۔اند] (ATTORNEY) وکیل یا مختار جو مقدمات کو مرتب کرکے بیرسٹر کے سپرد کر دیتا ہے یا کونسل کے پیش کر دیتا ہے اور خود پیروی نہیں کرتا

اَٹریا: [ا۔امث] دیکھئے " اٹاری" جس کی یہ تصغیر ہے

اَٹک: [ا۔امث] " اٹکنا" کا حاصل مصدر (۱) روک ٹوک مزاحمت۔ اٹکاؤ (۲) جگہ۔ مقام (۳) دُگدا۔ تذبذب جھجک۔ پکڑ دھکڑ (۴) پرہیز۔ بچاؤ۔

اَٹک: [ا۔(علم)] دریائے سندھ کا علاقائی نام جو پشاور کے مشرق میں قریباً ۳۰ میل کے فاصلہ پر اٹک کے مقام سے گزر کر ابا سندھ یا اباسین کے نام سے موسوم ہوتا ہے۔

اَٹک کر / کے [ا۔متعلق فعل] ۱۔رک رک کر ٹھہر ٹھہر کر۔ آہستہ آہستہ (۲) ہکلا کر۔ توڑ توڑ کر۔

اَٹک جانا: [ا۔مص وضعی] ۱۔ رک جانا ٹھہر جانا (۲) الجھ جانا۔ پھنس جانا (۳) مشغول ہونا منہمک ہونا (۴) جھگڑا کرنا (۵) وابستہ ہونا۔ لگ جانا۔ تعلق پیدا ہونا۔

اَٹک رہنا: [ا۔محاورہ] ۱۔رک جانا۔ اڑ جانا۔ ٹھہر جانا (۲) تقاضا کرنا۔ اصرار کرنا۔ پیچھے پڑنا۔

اَٹک لینا: [ا۔محاورہ۔متروک] روک لینا۔ اٹکا لینا

اُٹک مٹک: [ا۔امث] ناز و انداز۔ تبختر

اَٹکا: [ا۔صف۔مفعولی] دیکھئے " اٹکانا" جس کا یہ اسم مفعول ہے

اَٹکا بَنیا سَو دا کرے: [ار۔ مثل] جب تک غرض وابستہ نہ ہو انسان کوئی کام نہیں کرتا۔ مجبور ہو کر انسان کام کرتا ہے
اَٹکا دینا: [ار۔ مص۔ مرکب] دیکھئے "اَٹکانا" جس کی یہ تکمیل ہے
اَٹکا رکھنا: [ار۔ محاورہ] جھلانا۔ لٹکائے رکھنا۔ لیت و لعل میں ڈالنا۔
اَٹکا رہنا: [ار۔ محاورہ] اُلجھا رکھنا۔ لگا رہنا مشغول رہنا۔
اَٹکانا: [ار۔ مص] ۱۔ کسی چیز کو دوسری چیز میں پھنسانا یا اُلجھانا (۲) روکنا اور اَلتوا میں ڈالنا (۳) کسی ایک کام میں اُلجھائے رکھنا مشغول رکھنا (۴) تھوڑی دیر کے لیے پہننا (۵) لگانا۔ گرویدہ کر دینا (۶) نوکر رکھ دینا
اَٹکاؤ: [ار۔ اند] ۱۔ روک۔ مزاحمت۔ اُلجھاؤ (۲) سبب مانع [illegible] (۳) تعلق۔ وابستگی
اَٹکاوا: [ار۔ اند] دیکھئے "اَٹکاؤ" ۲
اٹ کَنّی: [ار۔ امث] ڈھینکلی کی شکل کی اوکھلی کا موسل، جو داب کے ذریعہ اُٹھتا اور گرتا ہے
اَٹکَرّ لیس: [ار۔ صف و متعلق فعل] ۱۔ بے اٹکل۔ اٹکل پچو۔ بے قرینہ (۲) واہیات۔ لایعنی۔ بیکار
اَٹکری: [ار۔ امث] کنکر۔ کنکری
اَٹکل: [ار۔ امث] ۱۔ قیاس محض۔ عقل۔ تیر تکا (۲) حس ذکی ذوق سلیم (۳) اندازہ۔ تخمینہ (۴) جبلی صلاحیت قدرتی تمیز (۵) دانست۔ وقوف۔ علم (۶) شعور۔ سمجھ (۷) پہچان۔ شناخت
اَٹکل باز: [ار۔ صف] تاڑنے والا۔ بھانپ جانے والا۔ جانچ لینے والا۔
اَٹکل پَچّو: [ار۔ صف و متعلق فعل] ۱۔ اوٹ پٹانگ۔ اندھا دُھند۔ بے قرینہ بے ترتیب (۲) بے جانے بوجھے۔ بے سمجھے (۳) قیاس سے۔ قیاس پر مبنی۔ ظنی (۴) خیالی۔ فرضی۔ من گھڑت (۵) ان گھڑ۔ نامنتب۔ بے ڈھنگا
اَٹکل جانا: [ار۔ محاورہ۔ متروک] سمجھ لینا۔ تاڑ جانا
اَٹکل دوڑانا: [ار۔ مص مرکب] قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ عقل سے کام لینا
اَٹکل سے۔ [ار۔ متعلق فعل] ۱۔ اٹکل پچو۔ اٹکر لیس۔ بے سوچے سمجھے (۲) اندازہ سے۔ ناپ تول کے بغیر
اَٹکل کی فاتحہ دینا [ار۔ محاورہ] بے سمجھے بوجھے کچھ کہنا۔ کبھی کچھ کہنا، کبھی کچھ
اَٹکل کرنا [ار۔ مص مرکب] قیاس یا تخمین سے کام لینا۔
اَٹکل ملنا: [ار۔ مص مرکب] اندازہ ہونا۔ تخمینہ ہونا۔ شناخت پیدا ہونا۔
اَٹکلّو: [ار۔ صف] بیہودہ۔ بے ڈھنگا۔ بے شعور
اَٹکلا: [ار۔ اند۔ ق] دیکھئے "اَٹکل"۔ **اَٹکلانا** [ار۔ مص۔ ق] دیکھئے "اَٹکلنا"
اَٹکلنا: [ار۔ مص متروک] ۱۔ قیاس سے جانچنا پرکھنا (۲) سوچنا۔ اندیشہ کرنا۔
اَٹکن: [ار۔ امث] ۱۔ رکاوٹ (۲) مشکل۔ جھنجھٹ
اَٹکن بَٹکن: [ار۔ اند] چھوٹے بچوں کا ایک کھیل جس میں سب بچے ایک حلقہ میں بیٹھ جاتے ہیں اور اپنی اُنگلیاں کھڑی کر کے اپنے آگے نکال لیتے ہیں۔ ایک بچہ شہادت کی انگلی سے ہر ایک کے ہاتھ کو چھوتا ہے اور منہ سے یہ الفاظ کہتا ہے: "اٹکن بٹکن دہی چٹاخن، اگلا جھولے بگلا جھولے۔ ساون ماس کریلا پھولے، پھول پھول کی بالیاں، بادا گئے دِلّی لائے سات پیالیاں۔ ایک پیالی پھوٹ گئی نیولے کی ٹانگ ٹوٹ گئی" آخری الفاظ کہتے وقت جس بچہ کے ہاتھ پر اُنگلی پڑتی ہے، اس سے پوچھا ہے، چھُری ماروں کہ گھنڈا؟ اگر وہ جواب میں گھنڈا طلب کرتا ہے تو کہتا ہے: تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا۔ اگر وہ لڑکا چھُری کہے تو جواب ملتا ہے: تیری ماں بُری۔ اس کے بعد سب کے ہاتھ سینوں پر رکھوا دیے جاتے ہیں اور سب کھڑے ہو کر کہتے ہیں "چکّی گھمر گھمر اور آٹا پھسر پھسر" گویا آٹا پس رہا ہے۔ پسنے اور چھننے کے بعد جھوٹ موٹ دودھ خرید لیا جاتا ہے اور اس کی خیالی کھیر پکتی ہے اور سب کو تقسیم کی جاتی ہے۔ اس پر کھیل ختم ہو جاتا ہے۔
اَٹکن بَٹکن کھیلنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے "اٹکن بٹکن" (۲) بے کار شغل میں لگنا فضول کام کرنا۔
اَٹکن مَٹکن: [ار۔ اند] دیکھئے "اٹکن بٹکن"
اَٹکنا: [ار۔ مص] ۱۔ اُلجھنا۔ پھنسنا۔ گرفتار ہونا (۲) چبھنا داخل ہو کر رُک جانا۔ (۳) ٹھہرنا۔ توقف کرنا (۴) کسی چیز کے حائل ہو جانے کی وجہ سے رُک جانا۔ (۵) لگنا۔ تعلق ہونا (۶) کسی سے تعلق خاطر ہونا۔ کسی کی محبت میں گرفتار ہونا۔ آشنائی ہونا۔ ناجائز تعلق ہونا (۷) موقوف ہونا۔ منحصر ہونا (۸) بات کو چبا چبا کر یا رُک رُک کر ادا کرنا (۹) تامل کرنا۔ کسی مسئلہ یا معاملہ میں اُلجھنا یا کسی نتیجہ پر نہ پہنچنا (۱۰) مقابلہ کرنا۔ مزاحم ہونا (۱۱) وابستہ ہونا۔ متعلق ہونا۔
اَٹکنا: [ار۔ صف] اٹکنے والا۔ پھنسنے والا
اَٹکنا مَٹکنا: [ار۔ محاورہ] اٹک مٹک دکھانا۔ نازنخرے کرنا۔
اَٹکو: [ار۔ صف مث] اٹکنے والی۔ اٹکیلی (تراغیر مستعمل)
اَٹکو چٹکو: [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "اٹکیلی چٹکیلی"
اَٹکو مٹکو: [ار۔ صف۔ مث] مٹکنے چٹکنے والی۔ نازنخرے کرنے والی۔
اَٹکوانا: [ار۔ مص] ۱۔ دیکھئے "اٹکانا" جس کا یہ متعدی ہے (۲) کسی کاروبار میں روپیہ لگوا دینا۔
اَٹکھیل: [ار۔ صف و اند] ۱۔ کھلاڑ۔ شوخ۔ اٹکھیلیاں کرنے والا (۲) کھلاڑپن شوخی اٹھلاہٹ۔
اَٹکھیل پن / پنا: [ار۔ اند] چلبلا پن۔ چنچل پن۔ شوخی (متروک)
اَٹکھیل کھیلنا: [ار۔ مص۔ مرکب] ناز و انداز دکھانا۔ شوخی کرنا (متروک)
اَٹکھیلی: [ار۔ امث] ۱۔ شوخی۔ ناز و انداز۔ چھیڑ چھاڑ (۲) تبختر۔ خرام ناز۔ اٹھلاتی ہوئی چال
اَٹکھیلی / اٹکھیلیوں سے چلنا: [ار۔ مص مرکب] اِترا کر چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا۔
اَٹکھیلی / اٹکھیلیوں کی چال: [ار۔ امث] اٹھلاتی رفتار۔ خرام ناز۔ شوخی کی چال۔ ناز و انداز کی چال
اَٹکھیلیاں کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] ۱۔ کھیلنا کودنا۔ کھلاڑیاں کرنا۔ (۲) شوخیاں کرنا۔ چھیڑ چھاڑ کرنا۔ نازنخرے دکھانا (۳) اٹھلانا۔ جھٹک مٹک دکھانا۔ جھوم کر چلنا
اَٹل: [ار۔ صف] جو اپنی جگہ سے نہ ہلے۔ ساکن (۲) مضبوط۔ مستحکم (۳) برقرار۔ نہ ٹلنے والا۔ اڑ جانے والا (۴) بھاری بھرکم (۵) سیر۔ آسودہ (۶) پائندہ دائم (۷) یقینی۔ قطعی۔ ناگزیر
اَٹل بنانا: [ار۔ محاورہ] خوب پیٹ بھر دینا۔ بھاری کر دینا (۲) مستحکم بنانا۔ مضبوط کر دینا۔
اِٹلانٹک: [انگ۔ اند] (ATLANTIC)۔ بحر اوقیانوس۔ سمندر کا

وہ حصہ جو امریکہ کے سواحل اور مغربی یورپ اور افریقہ کے درمیان واقع ہے اور شمال سے جنوب تک چلا گیا ہے۔

اَٹلس: [انگ - اند] (ATLAS) کسی ملک یا شہر وغیرہ کے نقشوں کا مجموعہ جس میں زمین کے حدود و مقامات خطوط اور رنگوں کے ذریعہ ظاہر کیے جاتے ہیں۔

اَٹم: [ھ ا ند] ا۔ ڈھیر۔ انبار۔ پشتہ (۲) بھاری سامان۔ اٹالے کی چیزیں۔

اَٹم لگانا: [ار۔ مص مرکب] ڈھیر کرنا۔ انبار کرنا۔ زیادہ کرنا

اَٹمبا: [ھ ا ند] دیکھئے "اَٹم"

اَٹمبار: [ھ۔ا۔ند] اونچا ڈھیر۔ بھاری۔ وزنی چیزوں کا انبار

اَٹنا: [ار۔ مص] ا۔ بھر جانا۔ پُر ہونا (۲) غبار وغیرہ سے آلودہ ہونا (۳) جلد کر بند ہو جانا (۴) مسامات میں بیٹھ جانا۔ سرایت کر جانا (۵) جمع ہونا۔ جم جانا (۶) پوری طرح رچ بس جانا

اُٹنا: [ار۔ مص ق] دیکھئے "اُٹھنا" جس کی یہ قدیم صورت ہے

اُٹنگا: [ار۔ صف] ا۔ ٹخنوں سے اونچا پاجامہ وغیرہ (۲) اوچھا۔ کم نیچا لباس (۳) ناموزوں۔ بے ڈھنگا۔

اُٹنگل: [ار۔ صف ق] دیکھئے "اُٹکل"

اُٹنگن: [ار۔ اند] ایک خاردار پودا ہے جس کی پتیاں جسم سے چھو جانے سے خارش ہونے لگتی ہے اس کے بیج دواؤں میں کام آتے ہیں۔

اٹوائی کھٹوائی: [ھ۔ا۔مث] ٹوٹی پھوٹی چارپائی۔ ساز و سامان۔ گھر کی چیزیں۔

اٹوائی کھٹوائی لے کر پڑنا: [ار۔ محاورہ] غم و غصہ یا صدمہ کی حالت میں الگ تھلگ تنہائی میں پڑا رہنا۔ علیحدہ پلنگ بچھا کر پڑ رہنا۔ ناخوش ہونا۔ غم و غصہ کا اظہار کرنا۔

اٹوائی کھٹوائی لینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اٹوائی کھٹوائی لے کر پڑ رہنا"

اَٹوپ: [ار۔ اند ن] گھمنڈ۔ غرور

اَٹوٹ: [ھ۔ار۔ صف] دیکھئے "اٹٹ"

اَٹوک: [ار۔ صف متعلق فعل] ا۔ بے روک ٹوک۔ نڈر۔ بے قید (۲) آسانی سے۔ برابر۔ لگاتار۔ کھلے بندوں۔ متواتر

اَٹھ: [ار۔ اعدد] دیکھئے "آٹھ" جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں استعمال ہوتا ہے

اَٹھ پہری: [ار۔ صف متعلق فعل و امث] ا۔ آٹھوں پہر کا۔ ہر وقت کا۔ ہمہ وقتی (۲) آٹھوں پہر ہر تین گھنٹے کے بعد (۳) ہر وقت بجائی جانے والی نوبت۔

اَٹھ گنا: [ار۔ صف] آٹھ مرتبہ زیادہ۔ آٹھ حصے بڑھ کر

اَٹھ ماس: [ار۔ اند] دیکھئے "اٹھوانس"

اَٹھ ماسا: [ار۔ اند] ا۔ دیکھئے "اَٹھوانسا" (۲) گنے کی کاشت کے لیے اساڑھ سے پوس تک آٹھ مہینے ہل چلا کر تیار کیا ہوا کھیت۔

اَٹھلاری: [ار۔ صف] آٹھ کارتوسوں کا طمنچہ۔ جس میں بیک وقت آٹھ کارتوس بھرے جا سکتے ہوں۔

اَٹھوانس: [ار۔ صف] ہشت پہلو۔ مثمن

اٹھوانسا: [ار۔ اند] بچہ جو آٹھ ماہ بطن مادر میں رہ کر پیدا ہوا ہو

اُٹھ: [ار۔ فعل و اند] ا۔ "اُٹھنا" سے حاصل مصدر (۲) "اُٹھنا" سے صیغہ امر

اُٹھ آنا: [ار۔ محاورہ] منتقل ہونا۔ ایک مکان سے دوسرے مکان میں جا کر مقیم ہونا

اُٹھ بیٹھ: [ار۔ امث] ا۔ اٹھک بیٹھک۔ (۲) بے چینی (۳) نقل و حرکت (۴) انداز۔ وضع۔ نشست و برخاست (۵) صحبت سنگت۔

اُٹھ بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ لیٹے سے بیٹھ جانا۔ یا بیٹھے سے کھڑا ہو جانا (۲) صحت یاب ہونا (۳) بیدار ہونا۔ جاگنا۔

اُٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ کھڑے ہو جانا۔ اٹھ کے چلے جانا (۲) موقوف ہونا۔ باقی یا برقرار نہ رہنا (۳) اٹھایا جانا (۴) انتقال کر جانا (۵) منتقل ہو جانا۔ کسی دوسری جگہ جا کر قیام کرنا (۶) ہٹ جانا۔ رفع ہو جانا (۷) درہم برہم ہو جانا (۸) خرچ ہو جانا صرف ہو جانا (۹) کرایہ وغیرہ پر چلے جانا (۱۰) اُچاٹ ہو جانا۔

اُٹھ چلنا: [ار۔ محاورہ] چلنے کے لیے آمادہ ہونا (۲) چلنے لگنا۔ جانے لگنا۔

اُٹھ دوڑنا: [ار۔ محاورہ] حملہ آور ہونا۔ حملہ کرنا (۲) تیزی سے روانہ ہونا۔ دوڑ پڑنا۔

اُٹھ رہنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ ٹلنا۔ ملتوی ہونا (۲) موقوف ہونا منحصر ہونا (۳) چلا جانا۔ (۴) باقی بچنا۔ بچ رہنا۔

اُٹھ کھڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] ا۔ کھڑے ہو جانا (۲) مستعد ہونا آمادہ ہونا (۳) رونما ہونا۔ پیدا ہونا۔ بپا ہونا (۴) بغاوت۔ خروج یا مخالفت کرنا (۵) صحت یاب ہونا (۶) روانہ ہونا۔ چل دینا۔

اُٹھ کھڑنا: [ار۔ محاورہ ق] دیکھئے "اُٹھ کھڑا ہونا" جس کی یہ قدیم صورت ہے

اُٹھ کر پانی نہ پینا: [ار۔ محاورہ] سست اور کاہل ہو جانا۔

اُٹھ کر پانی نہ مانگنا: [ار۔ محاورہ] صاحب فراش ہونا۔ کمزوری کے باعث نہ اُٹھ سکنا۔

اَٹھا: [ار۔ اند] (۱) تاش کا وہ پتا جس میں آٹھ نشان بنے ہوں (۲) وہ پانسہ جس پر آٹھ نقطے ہوں

اُٹھا: [ار۔ فعل] ا۔ اٹھنا کی ماضی (۲) اُٹھانا کا صیغہ امر

اُٹھا بٹھانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ صحت یاب کرنا۔ تندرست کرنا (۲) بیدار کرنا۔ جگانا۔

اُٹھا چکنا: [ار۔ مص] دیکھئے "اٹھانا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

اٹھا چلنا: [ار۔ محاورہ] بپا کر جانا۔ پیدا کر جانا۔

اٹھا دینا: [ار۔ محاورہ] اٹھا کر دیدینا (۲) لڑکی کو بیاہ دینا (۳) دیکھئے "اٹھانا"

اٹھا ڈالنا: [ار۔ محاورہ] صرف کر دینا۔ خرچ کر دینا۔

اُٹھا رکھنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ اٹھا کر رکھ دینا (۲) محفوظ رکھنا باقی رکھنا۔ صرف نہ کرنا (۳) ملتوی کرنا (۴) کمی کرنا۔

اٹھا لانا: [ار۔ محاورہ] اُٹھا کر لانا۔ لے آنا (۲) دیکھئے "اٹھانا"

اٹھا لینا: [ار۔ محاورہ] ا۔ لے لینا اختیار کرنا۔ منتخب کرنا۔ ۲۔ مکمل کرنا۔ اِتمام کرنا۔

اُٹھا: [ار۔ فعل] ا۔ دیکھئے "اُٹھنا" جس کی یہ ماضی ہے (۲) اُٹھا ہوا۔ اونچا۔ (۳) بچا ہوا۔

اُٹھا بیٹھی: [ار۔ امث] (۱) بار بار اُٹھنا بیٹھنا (۲) سزا کے طور پر کان پکڑوا کر اُٹھانا بٹھانا۔

اٹھارا: [ار۔ اند] دو پہیا گاڑی کے سامنے کے سرے کو اوپر اٹھا رکھنے کی ٹیک۔

اٹھارہ: [ار۔ ا۔ عدد] دس اور آٹھ کا مجموعہ (۲) چوسر کا ایک داؤ (۳) چالاک

اٹھارہ بنی: [ار۔ صف] اٹھارہ انچ دہانے کی توپ

اٹھارہ کنکرہ: [ار۔ اند] دیکھئے "اٹھارہ گوٹی"

اٹھارہ گوٹی: [ار۔ امث] ایک کھیل جس کو دو آدمی بالمقابل بیٹھ کر بیچ میں ایک مقررہ نقشہ کی لکیریں کھینچ کر اور لکیروں کے تقاطعوں پر اٹھارہ کنکر رکھ کر کھیلتے ہیں جس کے سب کنکر پٹ جائیں وہ ہار جاتا ہے۔

اٹھارھواں: [ار۔ عدد ترتیبی و ترتیبی صف] ترتیب میں سترہ کے بعد کا

با اثر ہونا۔ تاثیر رکھنا (۳) قابو رکھنا

اَثر کرنا: [ار محاورہ] موثر ہونا۔ تاثیر کرنا۔ رنگ دکھلا

اَثر کھُلنا: [ار محاورہ] تاثیر ظاہر ہونا

اَثر نکلنا: [ار محاورہ] تاثیر ظاہر ہونا۔ اثر پیدا ہونا

اَثر ہونا: [ار محاورہ] متاثر ہونا۔ سمجھ میں آنا۔ ذہن میں بیٹھنا

اَثری: [ع صف] ا۔ اثر کی طرف منسوب (۲) آثار قدیمہ سے متعلق۔ تاریخی

اِثقال: (بفتح اوّل) [ع۔ اند۔ ج] ثقل کی جمع۔ بوجھ۔ بھاری سامان

اَثقل: [ع ایفضیل] ا۔ زیادہ وزنی۔ بہت بھاری (۲) دیر ہضم جو مشکل سے پچے

اَثل: (بفتح اول وسکون ثانی وثالث) [ع۔ اند] ایک درخت جس کی لکڑی سے عرب ہنڈیاں اور پیالے بناتے تھے۔ جھاؤ کا درخت

اِثم: (بکسر اوّل وسکون ثانی وثالث) [ع۔ اند] گناہ معصیت۔ اخلاقی یا مذہبی جرم

اَثمار: (بفتح اوّل وسکون ثانی) [ع۔ اند ج] ثمر کی جمع (۱) پھل۔ میوہ (۲) نتیجہ۔ حاصل۔

اِثمد / اُثمد: [ع۔ اند] ا۔ ایک قسم کا پتھر جس سے سُرمہ تیار کیا جاتا ہے۔

اَثنا: [ع۔ اند] ا۔ درمیان (وقت کلام، مقام کا) ۲ سلسلہ۔ تعلق۔ ضمن

اِثنا عشر: [ع۔ ا۔ عدد] بارہ۔ دس اور دو

اِثنا عشری: [ع۔ صف] بارہ سے منسوب (۱) امامیہ شیعہ مسلک کا پیرو جو بارہ اماموں کو مانتا ہو (۲) ایک آنت جو بارہ انگشت لمبی ہوتی ہے اور معدے کے پیچھے سوراخ سے شروع ہوکر نیچے والی خالی آنت میں ختم ہوتی ہے۔ مرارہ اور لبلبہ کی نالیاں متحد ہوکر اس آنت میں کھلتی ہیں۔

اِثنا عشریّہ: [ع۔ صف] دیکھئے "اثنا عشری" جس سے یہ منسوب ہے۔

اَثیر (۱) (یائے معروف کے ساتھ) [ع۔ اند۔ صف] ا۔ فلک الافلاک۔ سب سے اونچا اور بڑا کرہ۔ نواں آسمان (۲) مستحکم۔ شان دار

اَثیر (۲): [ع۔ اند] لطیف اور سیال مادہ جو فضا میں بھرا ہوا ہے اور جس کی موجوں کی وجہ سے ہم آوازیں سنتے ہیں (مقابلہ کیجئے انگریزی (ETHER)

اَثیری [ع۔ صف] اثیر (۲) سے منسوب

اَثیم (یائے معروف سے) [ع۔ صف] گناہگار۔ خطاکار۔ مجرم

ا ــــ ج

اِجابت: [ع۔ امث] ا۔ مقبولیت۔ قبول دُعا (۲) (طبّ) فضلئہ حاجت رفع حاجت۔ پاخانہ کا اخراج (۳) پاخانہ۔ براز

اِجابت کرنا: [ار۔ محاورہ] قبول کرنا۔ ماننا

اِجابت ہونا: [ار۔ محاورہ] پاخانہ آنا۔ معدہ سے فضلہ خارج ہونا۔

اَجات: [ہ۔ اند] ذات باہر۔ ذات سے خارج۔ جس کی کوئی ذات نہ ہو۔

اِجارا: [ار۔ امث] فارسی "ازارا" کا بگاڑ۔ فرش کی سطح سے تین فٹ کے قریب اونچی بنا کی ہوئی دیوار کی حد۔ کھڑکی یا طاق وغیرہ کی حد تک چنائی۔

اِجارہ اُجاڑ: [ار۔ مقولہ] ا۔ ٹھیکے پر بنوایا ہوا کام خراب ہوتا ہے (۲) ٹھیکے پر دی ہوئی جائیداد تباہ ہو جاتی ہے۔

اجارہ باندھنا: [ار محاورہ] ٹھیکے پر لینا۔ قبضہ کرنا

اِجارہ دار: [عف۔ صف۔ فاعل] ا۔ ٹھیکے پر لینے والا (۲) کرایہ پر لینے والا۔

(۳) ذمہ دار (۴) لگان پر زمین جوتنے والا کسان (۵) وہ شخص جس نے اُجرت پر مزدوروں کی خدمات حاصل کی ہوں۔

اِجارہ کرنا: [ار محاورہ] ا۔ اُجرت پر کام لینا۔ ٹھیکا لینا (۲) ذمہ لینا۔

اِجارہ کیا ہے: [ار محاورہ] قابو نہیں ہے دعویٰ نہیں ہے

اِجارہ لینا: [ار۔ محاورہ] ٹھیکا لینا۔ ٹھیکے پر لینا

اِجارے: [ار۔ ع۔ اند] ا۔ دیکھئے "اجارہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) ذمہ یا قبضہ میں

اِجارے لینا: [ار محاورہ] اُجرت پر لینا۔ کرایہ پر حاصل کرنا۔

اُجاڑ: [ار۔ صف] ا۔ اُجڑا ہوا۔ ویران۔ غیر آباد (۲) تباہ۔ برباد۔ خراب (۳) بے رونق وحشت کا مقام

اُجاڑنا: [ار۔ مص] ا۔ غیر آباد کرنا۔ سنسان اور بے چراغ کرنا (۲) برباد کرنا۔ مسمار کرنا۔ نوچ کھسوٹ کر تباہ کرنا (۳) بے گھر اور بے در بنانا۔ تباہ حال اور پریشان روزگار (۴) اداس کرنا۔ غمگین بنانا۔ وحشت زدہ کرنا (۵) نکال باہر کرنا۔ اخراج (۶) منتشر کرنا۔ ادھر اُدھر پھینک دینا۔ خالی کرنا۔ ضائع کرنا۔

اُجاڑ نگری سُونا دیس: [ار۔ مثل] دیکھئے "اُجڑی نگری سونا دیس"

اُجاڑُو: [ار۔ ا۔ فاعل] لٹا دینے والا۔ اُڑا دینے والا۔ اندھا دھند خرچ کرنے والا۔

اِجازت: [ع۔ امث] ا۔ اذن۔ پروانگی۔ رخصت۔ رضا (۲) جواز یا رخصت کسی کام کے کرنے کا اختیار یا آزادی (۳) (تصوف) مرشد کی طرف سے بیعت لینے اور تلقین وارشاد کا مجاز ہونا (۴) اصول حدیث۔ محدث کا اپنے شاگرد کو روایت حدیث کا اختیار دینا (۵) کسی بزرگ یا عامل کا کسی شخص کو کوئی وظیفہ پڑھنے یا کام میں لانے کا اختیار دینا۔

اجازت دینا: [ار۔ محاورہ] فرصت مہیا کرنا۔ موقع دینا (۲) رضامندی کرنا

اجازت طلب: [عف۔ ا۔ فاعل] اجازت چاہنے والا۔

اجازت نامہ: [عف۔ اند] ا۔ وثیقہ اجازت۔ پٹہ۔ سند۔ وہ تحریر جس کے ذریعہ اجازت دی جائے (۲) پرمٹ یا پاسپورٹ وغیرہ

اجازہ: [عف۔ اند] ا۔ دیکھئے اجازت (۲) وہ اجازت نامہ اور سند جو علما کی طرف سے شاگردوں کو تکمیل درسیات کے بعد دی جاتی ہے جس کے ذریعہ امامت کرانے یا مذہبی مسائل پر فتویٰ دینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

اُجاغ: [ت۔ اند] چولھا۔ آتش دان۔ انگیٹھی

اَجاکل: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] دیکھئے "آج کل" جس کی یہ قدیم صورت ہے۔

اُجاگر: [ہ۔ صف] ا۔ روشن۔ منور (۲) نمایاں۔ ایسا ابھرا ہوا کہ صاف نظر آئے (۳) ظاہر۔ واضح۔ غیر مبہم

اُجالا: [ار۔ اند۔ صف] ا۔ روشنی۔ نور (تاریکی کی ضد) (۲) بیاض صبح۔ صبح کی سفیدی سویرا (۳) رونق۔ زیب وزینت (۴) برکت فیض (۵) کامیابی۔ ترقی (۶) نورانیت۔ بصیرت (۷) چمک دمک صفائی (۸) صفایا۔ چاندنا (۹) روشن۔ منور

اُجالا پڑنا: [ار۔ محاورہ۔ ق] روشنی یا نور پیدا ہونا۔ بصیرت ہونا

اِجارا: [ار۔ اند] دیکھئے "اجارہ" جو صحیح ہے

اُجارا: [ہ۔ صف] روشن۔ تابندہ۔ اُجالا کی ایک صورت

اِجارت [ع اند ق] دیکھئے "اجارہ" جس کی یہ قدیم اردو صورت ہے

اِجارَہ: [ع۔ اند] ا۔ ٹھیکا۔ ایک مقررہ مدت تک کے لیے اُجرت یا معاوضہ دے کر کسی شئے پر تصرف (۲) قبضہ۔ تصرف (۳) دعویٰ۔ زور۔ زبردستی (۴) کرا

اُجالا ڈالنا: [ار محاورہ] چالاکی کرنا۔ فریب کرنا۔ دغا دینا
اُجالنا: [ار مص] ۱۔ جلا دینا۔ قلعی کرنا۔ صیقل کرنا (۲) میل کچیل دُور کرنا (۳) روشن کرنا۔ منور کرنا (۴) اُجاگر کرنا۔ چمکانا۔ نمایاں کرنا
اُجالی: [ار امث صف] ۱۔ روشنی۔ نور۔ چمک دمک (متروک) ۲۔ روشن۔ منور
اُجالیاں: [ار صف۔ ن] دیکھئے "اُجالی" جس کی یہ جمع ہے
اُجالے کا پہرا: [ھ۔ ا۔ مذ] پچھلی رات کا پہر جو صبح کو شروع ہوتا ہے
اجالے کا تارا: [ھ ۔ مذ] صبح کا تارا۔ زہرہ۔ شکر۔ ناہید
اَجان: [ھ۔ صف ن] ۱۔ ناواقف۔ معصوم۔ سیدھا سادہ۔ بھولا (۲) اجنبی۔ ناواقف (۳) بے جان۔
اَجان پنا: [ار امذ ن] دیکھئے "اجان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
اَجانا: [ا صف ن] دیکھئے "اجان"
اَجانب: [ع صف] اَجنبی کی جمع ۱۔ اغیار۔ بے گانے (۲) مخالفین۔ حریف
اِجبار: [ع ا۔مذ] ۱۔ جبر۔ زبردستی ۲۔ مجبوری
اُجبک: [ار۔ امذ] ۱۔ دیکھئے "اُجڈ" ۲۔ اُجڈ۔ ناشائستہ۔ بے ڈھنگا۔ احمق
اَجبل: [ار صف] دیکھئے "اُجبک"
اجت: [ھ صف و امذ ن] سورج۔ آفتاب (۲) روشن
اَجِت: [ھ صف] جو جیتا نہ جا سکے۔ غیر مفتوح۔ غیر مغلوب۔ ناقابلِ تسخیر۔
اِجتماع: [ع ا۔مذ] ۱۔ اکٹھا۔ مجمع۔ انبوہ (۲) جلسہ۔ نشست (۳) میل جول۔ میل ملاپ۔ وصل (۴) ترتیب۔ تنظیم (۵) (نجوم) شمس و قمر کا ایک درجہ اور ایک دقیقہ میں ایک برج میں جمع ہونا (۶) (رمل) کُرّہ کی سولہ شکلوں میں سے چھٹی شکل کا نام جو عطارد سے منسوب ہے
اِجتماعِ ساکنین: [ع امذ] (صرف) دو ساکن حروف کا اتصال کسی کلمہ میں دو حروف کی بلا حرکت و بلا فصل یکجائی۔
اجتماعِ سعدین: [ع۔ا مذ] (نجوم) دو سعد ستاروں کی ایک منزل میں یکجائی بالخصوص مشتری اور زہرہ کی جو مبارک سمجھی جاتی ہے۔
اجتماعِ ضدّین: [ع۔ا مذ] دو مخالف و متضاد چیزوں یا کیفیتوں کا ایک محل اور وقت میں ایک حیثیت سے پایا ہونا جو منطق کی رُو سے ناممکن ہے۔ مثلاً یہ کہ ایک چیز ایک وقت میں سیاہ بھی ہو اور سفید بھی۔
اِجتماع کرنا: [ار محاورہ] (رمل) زائچہ کی کل شکلوں پر نظر کر کے نتیجہ اخذ کرنا اور حکم لگانا
اِجتماعِ نقیضین: [ع۔ا مذ] (منطق) دو ایسی مخالف و متضاد چیزوں، کیفیتوں وغیرہ کا ایک وقت میں ایک محل پر اور ایک حیثیت سے یکجا ہونا جن میں ایک کا عدم دوسرے کے وجود کی دلیل ہو مثلاً زندگی اور موت۔ حرکت اور سکون (ضدین اور نقیضین میں یہ فرق ہے کہ ضدین یکجا نہیں ہوتے لیکن دونوں لاموجود ہو سکتے ہیں۔ نقیضین کا اجتماع و ارتفاع دونوں محال ہیں نہ یہ یکجا ہوتے ہیں اور نہ اُٹھ سکتے ہیں۔
اجتماعِ نیّرین: [ع۔ا۔مذ] شمس و قمر کا ایک منزل میں یکجا ہونا۔
اجتماعی: [ع صف] ۱۔ اجتماع کی طرف منسوب ۲۔ جماعتی۔ معاشرتی۔ سماج سے متعلق۔
اجتماعیات: [ع۔ امذ و مث] انسانی معاشرے سے تعلق رکھنے والے مسائل و مباحث نیز ان سے منسوب شعبہ علم۔ عمرانیات۔ علم الاجتماع (SOCIOLOGY) کا ترجمہ

اِجتناب: [ع۔ امذ] ۱۔ اعتراض۔ پرہیز (۲) کنارہ کشی۔ دُور رہنا۔ رکھنا ۳۔ محرماتِ شرعیہ سے گریز و پرہیز۔ تقویٰ و پارسائی (۴) انحراف۔ رُوگردانی فراموشی (متروک)
اِجتنان: [ع۔ امذ] ولادت۔ پیدائش
اِجتہاد: [ع۔ امذ] ۱۔ کوشش۔ جدوجہد (۲) رائے قیاس (۳) جدت اختراع (۴) نقطہ تفہیم۔ غور کر کے سمجھنا (۵) اَدِلّۂ اربعہ کو بنیاد بنا کر کسی مسئلہ کے متعلق شرعی حکم دریافت کرنے کی کوشش۔
اِجتہادی: [ار صف] "اجتہاد" کی طرف منسوب
اُجٹ: [ار صف] دیکھئے "اُجڈ" جو صحیح اور فصیح ہے۔
اُجٹّا: [ار۔ امذ] تربیت یافتہ پہلوان
اَجداد: [ع۔ امذ جمع] جد کی جمع۔ دادے پر دادے وغیرہ کا سلسلہ۔ اسلاف
اَجُدھیا: [ھ۔ امث] راجا رامچندر کی جائے پیدائش اور کوشلیا سلطنت کا دارالحکومت جو فیض آباد کے قریب دریائے گھاگھرا کے کنارے آباد ہے۔
اُجڈ: [ار صف] ان گھڑ۔ ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ کُندۂ ناتراش
اُجڈ پن، پنا: [ار امذ] گنوار پنا۔ ناشائستگی
اَجر: [ع۔ امذ] ۱۔ صلہ۔ بدلہ۔ پھل۔ جزا و سزا (۲) مزدوری۔ اُجرت (۳) ثواب۔ جزائے خیر
اِجرا: [ع امذ] ۱۔ نشر و اشاعت (۲) نفاذ (۳) کشود حل۔ تعطل کے بعد کی بحالی (۴) آغاز۔ افتتاح (۵) صورت و تدبیر کی عمل میں آنا۔ جاری ہونا (۶) بہاؤ۔ بہنا (۷) (قانون) حاکم یا متعلقہ افسر کے دستخط کے بعد کسی کاغذ یا حکم نامے کی روانگی۔
اِجرا ہونا: [ار محاورہ] جاری رکھا جانا۔
اَجراف: [ع۔ امذ] شاذ "جرف" کی جمع دریا وغیرہ کے کنارے کے وہ حصے جنہیں پانی نے کھوکھلا کر دیا ہو۔
اَجرام: [ع۔ مذ] جرم کی جمع (۱) اجسام فلکیہ۔ آسمان اور ستارے (۲) اجسام۔ ابدان
اَجرامِ علوی: [ع امذ] اجسام فلکی آسمان اور ستارے
اَجرامِ فلکی: [ع۔ امذ] ستارے سیارے سُورج چاند وغیرہ۔
اِجران: [ار۔ امث] زمین جو ہل چلا کر چھوڑ دی گئی اور اس میں کاشت نہ کی جائے۔
اِجرائی: [ار صف و امث] ۱۔ دیکھئے "اجرا" (۲) جاری۔ منتشر کیا ہوا۔
اُجرت: [ع۔ امث] ۱۔ حق محنت۔ مزدوری۔ صلۂ کار۔ صلۂ خدمت (۲) کرایہ۔ معاوضہ استعمال
اُجرتی: [ع صف] ۱۔ اُجرت پر کام کرنے والا۔ مزدور (۲) اُجرت پر کیا ہوا کام۔ مزدوری کا کام
اُجڑ: [ار صیغۂ امر] دیکھئے "اُجڑنا" جس کا یہ صیغۂ امر ہے
اُجڑ پُجڑ جانا: [ار۔ روزمرہ] دیکھئے "اُجڑ جانا"
اُجڑ جانا: [ار مص۔ مرکب] دیکھئے "اُجڑنا" جس کی یہ تکمیل ہے
اُجڑ: [ار صف] ۱۔ دیکھئے "اُجڈ" (۲) اُجڑا ہُوا
اُجڑا: [ار صف مذ] ۱۔ خالی۔ سنسان۔ خراب۔ برباد (۲) مسمار۔ کھنڈر (۳) بے رونق۔ بدحال۔ بُرے حال (۴) اکھڑا۔ بدبخت۔ موا (۵) ویران۔ پریشان۔ تباہ۔ بے گھر۔
اُجڑا اُجڑایا: [ار صف] دیکھئے "اُجڑا"
اجڑا پُجڑا: [ار صف] دیکھئے "اُجڑا"

اُجڑنا: [ار۔مص] ۱۔ ٹوٹا پھوٹا مسمار برباد ہونا۔ ٹوٹنا۔ پھوٹنا۔ تاراج ہونا۔ ۲۔ خراب وخستہ ہونا۔ شکستہ وابتر ہونا۔ (۳) خالی ہونا۔ ویران ہونا۔ غیر آباد ہونا۔ (۴) بے گھر ہونا (۵) خشک ہونا۔ پامال ہونا (۶) تباہ حال ہونا۔ پریشان روزگار ہونا (۷) منحوس ہونا۔ ناگوار ہونا۔ نامُراد ہونا (۸) غائب ہونا۔ آنکھوں سے اوجھل ہونا (۹) بے رونق ہونا۔

اُجڑوانا: [ار۔مص] ۱۔ دیکھئے "اُجڑنا" جسکا یہ متعدی ہے (۲) اُکھڑوانا۔ گرانا۔ مِٹانا

اُجڑی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے اُجڑا جس کی یہ تانیث ہے

اُجڑی اُجڑائی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے "اُجڑا اُجڑایا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اُجڑی پُجڑی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے "اُجڑا پُجڑا" جس کی یہ تانیث ہے

اُجڑی نگری سُونا دیس: [ار۔مثل] ویران۔ تباہ وبرباد جگہ

اُجڑے گاؤں سے ناتا کیا: [ار۔مثل] جس چیز کو چھوڑ دیا اس سے کیا واسطہ۔ تعلق آبادی سے ہوتا ہے ویران بستی سے کیا تعلق۔

اُجڑے گھر کا بَنِیڈا اَرِینڈا: [ار۔مثل] سارے گھر کی تباہی کے بعد کسی نالائق کا بچ رہنا

اَجزا: [ع۔ا۔مذ] جزو کی جمع (۱) ٹکڑے۔ حصّے۔ اکائیاں جن سے مل کر کوئی چیز وجود میں آئے یا ترکیب پائے (۲) متفرق اوراق۔ کتاب کے مختلف حصّے (۳) نُسخے کا نُسخوں (۴) بسائط۔ مفردات۔ کسی مُرکب یا نسخے کے لازمی حصّے (۵) (حساب) وہ اعداد جن کی باہمی ضرب سے کوئی حاصل ہو۔ جیسے دو اور تین چھ کے اجزا ہیں اجزائے ضربی (۶) عروض۔ دوحرفی۔ سہ حرفی یا چہار حرفی الفاظ جن سے ارکان یا اوزان مرکب ہوتے ہیں جیسے فع فعو۔ مفعولن (۷) اجزاء لایتجزّیٰ

اجزائے دیمقراطیسی: [ع۔ا۔مذ] دیکھئے "اجزاء لایتجزیٰ"

اجزائے لایتجزّیٰ: [ع۔ا۔مذ] (فلسفہ) مادے کے چھوٹے سے چھوٹے ذرّے جو مزید تقسیم نہ ہو سکے۔ جواہر فرد۔ یونانی حکیم دیمقراطیس کا خیال تھا کہ جسم کی ترکیب تقسیم نہ ہونے والے ذرات سے ہوئی ہے اس لیے انکو اجزاء دیمقراطیسی بھی کہتے ہیں۔ ایٹم۔ سالمہ

اجزائے متناسبہ: [ع۔ا۔مذ] وہ ٹکڑے یا حصّے جو ملائے جانے کی صورت میں تناسب کے لحاظ سے ٹھیک یا موزوں ہوں۔

اَجَس: [ھ۔ا۔مذ۔صف] ۱۔ بدنام۔ بُرا۔ خراب (۲) بدنامی۔ بے عزتی۔ رُسوائی ۳ بدنام کرنا۔ (۴) بُرا آدمی

اَجساد: [ع۔ا۔مذ] جسد کی جمع (۱) دوسرے ریان جسم یا مادی وجود اجسام ابدان ۲۔ مادیات۔ روحانیات کی ضد۔

اَجسام: [ع۔ا۔مذ] جسم کی جمع (۱) مادی یا عُنصری اَبدان (۲) دو سے زیادہ حیوانی جسم (۳) وہ صُورتیں جن میں ابعاد ثلاثہ یعنی طول عرض اور عُمق پائے جائیں۔

اَجگر: [ھ۔امذ۔صف] ۱۔ بھاری لمبا اور موٹا سانپ جو وزنی ہونیکی وجہ سے آہستہ کھسکتا ہے اور بڑے بڑے شکار کو آنکھوں کی کشش سے مسحور کر لیتا ہے۔ اژدر۔ اژدہا (۲) وزنی بھاری جرم

اجگر کے دَاتا رام: [ار۔مثل] کاہل کا روزی رساں اور رکھوالا خدا ہی ہے۔

اَجَل: [ع۔امث] قضا۔ مرگ۔ موت

اَجَلّ: [ع۔صف۔تفضیل] اعلیٰ۔ جلیل القدر۔ ذیشان۔ بڑا

اُجَل: [ار۔امذ۔صف۔ق] ۱۔ اُجالا۔ روشنی (۲) اُجلا۔ روشن

اُجّل: [ار۔صف] دیکھئے "اُجلا"

اُجّل گھرا: [ار۔امذ] شریف خاندان۔

اُجلا: [ار۔صف] ۱۔ سفید۔ بُراق۔ ستھرا۔ میلا کی ضد (۲) گورا چٹا (۳) عمدہ۔ مہذب شائستہ (۴) پاکیزہ۔ صاف (۵) امیرانہ پرتکلف (۶) ستھرا شفاف (۷) بنا ٹھنا صاف ستھرے لباس والا (۸) دھوبی

اُجلاپن: [ار۔امذ] ۱۔ ستھرائی صفائی۔ شائستگی (۲) سفیدی۔ براقی۔ چمکیلا پن

اُجلا پھل ہوگا: [ار۔محاورہ] لڑکا پیدا ہوگا۔ بیٹا پیدا ہوگا۔

اُجلا کارخانہ: [ار۔امذ] وہ مکان یا کمرا جو خوش سلیقگی سے آراستہ ہو

اُجلا کام: [ار۔امذ] صاف کام جس میں کسی قسم کی بدنظمی یا ابتری نہ ہو

اُجلا منہ: [ار۔امذ] سُرخرو۔ بے گناہ

اِجلاس: [ع۔امذ] ۱۔ جلوس تمکّن۔ نشست (۲) بادشاہ یا امیر کا ایوانِ حکومت میں جلوس (بیٹھنا) ۳۔ عام نشست۔ بیٹھک (۴) جلسہ اجتماع (۵) کچہری۔ عدالت حاکم کے بیٹھنے کی جگہ

اجلاس کرنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ حاکم یا امیر کا ایوان میں خدمات نمٹنے کے لیے بیٹھنا (۲) بیٹھنا متمکن ہونا

اَجلاف: [ع۔امذ] جلف کی جمع (۱) کمینے۔ رذالے۔ ہیچ (۲) نیچ ذاتوں کے بدتمیز لوگ۔

اَجلاف پن رہنا: [امذ] کمینگی۔ رذالت

اِجلال: [ع۔امذ] بزرگی۔ عظمت۔ شان وشوکت

اُجلانا: [ار۔مص] دیکھئے "اُجالنا"

اُجلنا: [ار۔مص] دیکھئے "اُجالنا" جس کا یہ لازم ہے

اِجلواز: [ع۔امذ] سُرعت رفتار۔ تیز چلنا

اُجلوانا: [ار۔مص] دیکھئے "اُجالنا" جس کا یہ متعدی ہے

اَجلّہ: [ع۔امذ] جلیل کی جمع جلالت والے۔ بزرگان۔ بڑے آدمی۔ صاحبانِ ذیشان

اُجلی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے "اُجلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اُجلی تلسی: [ار۔امث] تلسی کا وہ پودا جس کے بیج یا پھول سفید ہوں۔

اُجلی سمجھ: [ار۔امث] بعد بات کی تہ کو پہنچنے والی عقل۔ فہم رسا

اُجلی طبیعت: [ار۔امث] ایسی طبیعت جسکی ہر ایک بات صفائی اور روانی کیساتھ ہو۔

اُجلی گزران: [ار۔امث] اچھی خوراک اور اچھے لباس سے گزر بسر ہو۔

اُجلی مرچ: [ار۔امث] سفید گول مرچ سے دکنی مرچ بھی کہتے ہیں۔

اَجَم: [ع۔امث] ۱۔ کچھار۔ جھاڑی۔ درختوں کا جھنڈ

اِجماع: [ع۔امذ] ۱۔ اجتماع۔ یکجائی۔ جمع ہونا (۲) مجمع۔ جمگھٹا (۳) اتفاق رائے ہم خیالی (۴) سکون۔ اطمینان (۵) (اصُولِ فقہ) کسی عہد کے مسلمان مجتہدوں کا کسی امر شرعی پر اتفاق۔

اِجماعی: [ع۔صف] ۱۔ اجماع کی طرف منسُوب۔ متفقہ (۲) اجتماعی۔ مشترک۔ ساجھے کا۔

اِجمال: [ع۔امذ] ۱۔ اختصار۔ ایجاز (۲) ابہام۔ عدم وضاحت

اِجمالی: [ع۔صف] ۱۔ دیکھئے اجمال جسکی طرف یہ منسُوب ہے (۲) سرسری۔ اُوپری۔ جھلکی بطور نظر دیرہ

اَجمل: [ع۔اتفضیل] بہت حسین۔ نہایت خوبصُورت

اَجمُود: [ف۔امذ] ایک پودا جسکے پھول سفید اور پتیاں خوشبودار ہوتی ہیں۔ بیج کالے کلونجی جیسے یہ بیج بطور دوا کام آتے ہیں ایک خاص قسم کا زیرہ یا اجوائن

اَجنا: [ع۔امذ] دیکھئے "اجنہ"

اَجناس: [ع۔امث] جنس کی جمع (۱) اقسام۔ انواع (۲) غلہ کی اقسام۔ (۳) اشیاء چیزیں (۴) گھر کا سامان۔ اثاثہ (۵) (منطق) مختلف النوع کلیات

اچار پڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی جگہ پڑے پڑے مدت بیت جانا۔ بند، محصور، محبوس کیا جانا۔
اچار ڈالنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ نمک، مرچ، مسالا وغیرہ ڈال کر اچار تیار کرنا (۲) کسی چیز کو بلا ضرورت کسی جگہ رکھ چھوڑنا۔ گلانا۔ سڑانا
اچار کر دینا: [ار۔ محاورہ] بہت پیٹنا۔ کچومر نکال دینا
اچار کرنا: [ار۔ محاورہ۔ ق] اچار ڈالنا یا بنانا
اچار نکالنا: [ار۔ محاورہ] بھرکس نکالنا۔ کچومر کرنا۔ بھرتا بنانا
اچار نکل جانا: [ار۔ محاورہ] کچومر نکل جانا۔ بھرتا بن جانا
اچار ہو جانا [ار۔ محاورہ] بُری گت بننا۔ اصلی حالت باقی نہ رہنا۔ بے رونق ہونا۔ بدہیئت ہو جانا۔
اَچارَج ۔ [ہ۔ امذ] ہندوؤں میں مُردوں کا کریا کرم کرانے والے میت کی آخری رسوم ادا کرنیوالا۔ مہابرہمن۔ دان پُن اور کریا کرم کا مال لینے والا برہمن۔
اَچارَن [س امذ] تلفظ لہجہ۔ بول۔
اُچارنا [ہ مص] تلفظ کرنا۔ بولنا۔ کہنا۔ کلام کرنا
اَچارِیج [ار۔ امث] شیشہ، چینی یا مٹی کا وہ برتن جس میں اچار یا مربہ رکھتے ہیں۔ چھوٹا مرتبان۔
اچاریہ: [ہ۔ امذ] ا ویدوں کی تعلیم دینے والا معلم (۲) رامانج فرقہ کا عابد جو ہری پوجا میں خاص اہتمام سے کام لے۔
اُچاغ [ار۔ امث۔ متروک] دیکھئے "اُجاغ"
اُچان [ار۔ امث۔ متروک] ا۔ اونچان۔ بلندی (۲) برتری۔ تفوق
اُچانا: [ار۔ مص۔ ق] ا اونچا کرنا۔ بلند کرنا (۲) اٹھانا۔ لادنا۔ مارنا۔ (۳) جگانا۔ بیدار کرنا (۴) چلانا۔ ہلانا (۵) موقوف کرنا۔ دُور کرنا (۶) برباد کرنا۔ مٹانا (۷) آگے بڑھانا۔ ہنکانا
اَچانچک [ار۔ متعلق فعل متروک] دیکھئے "اچانک"
اچانک۔ [ار۔ متعلق فعل۔ صف] یکایک۔ دفعتہً۔ ناگہاں (۲) ناگہانی۔ اتفاقی
اُچانک: [ار۔ امث] اچھل کود۔ شوخی۔ چھل بل (گھوڑے کی)
اُچاوا: [ار۔ امذ] دیکھئے "اُچھاوا"
اُچاوَٹ: [ار۔ امث متروک] ا اونچائی۔ بلندی
اَچپل: [ہ۔ صف] شوخ شریر۔ چلبلا
اَچپلا: [ہ۔ صف] دیکھئے "اچپل"
اَچپلاہٹ: [ہ۔ امث] شوخی۔ چلبلاپن۔ چنچل پن۔
اچپلائی: [ار۔ امث] دیکھئے "اچپلاہٹ"
اَچپلی: [ار۔ امث] ا۔ دیکھئے "اچپلا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) دیکھئے "اچپلاہٹ"
اَچُھت: [ہ۔ صف و امذ] ا۔ احمق۔ بیوقوف۔ بےحس (۲) بن باسی۔ نیک۔ صالح۔ پرہیزگار۔ نیز دیکھئے "اچھوت"
اَچِت: [س۔ صف] مناسب۔ بہتر۔ درست۔ معقول۔ اصول کے مطابق
اچتا پچتا: [ار۔ متعلق فعل] نادم و شرمندہ ہو کر۔ پشیمان ہو کر
اُچٹ: [ار۔ امث] دیکھئے "اچٹنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
اُچٹ آنا: [ار۔ محاورہ] ابھرنا۔ نقش ہونا
اُچٹ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اچٹنا" جس کی یہ تکمیل ہے
اُچٹا: [ار۔ امذ۔ صف] ا۔ کھیت کے اندر آدمی کی مصنوعی صورت جس کو دیکھ کر جنگلی جانور ڈر کر بھاگ جاتے ہیں۔ اُچکا۔ بچکا۔ دھڑکا (۲) دیکھئے "اُچٹنا"
اُچٹانا: [ار۔ مص] ا۔ دیکھئے "اچٹنا" جس کا یہ متعدی ہے (۲) منقطع کرنا۔ (سلسلہ) ٹال دینا۔ ملتوی کرنا

اُچٹتا (سا / ہوا): [ار۔ صف] ا۔ چھوتا ہوا۔ اوپری سطح سے مس ہوتا ہوا۔ (۲) سرسری۔ ادھورا (۳) خفیف۔ بے اثر۔ ہلکا۔
اُچٹنا: [ار۔ مص] ہتھیار کا بھرپور نہ پڑنا یا اس ڈھب سے پڑنا کہ پڑتے ہی اچھل یا پھسل جائے (۲) خطا کرنا۔ صحیح مقام سے ہٹنا (۳) بے اثر رہنا۔ راسخ یا متمکن نہ ہونا۔ (۴) کسی چیز سے چھو کر یا ٹکرا کر پلٹ جانا (۵) بیزار ہونا۔ اکتانا۔ برگشتہ خاطر ہونا (۶) اڑ جانا۔ جاتا رہنا۔ غائب ہونا (نیند وغیرہ) (۷) بھڑکنا۔ اکھڑ جانا۔ کترا جانا انحراف کرنا۔
اَچْرَج: (اچ رَج) [ہ۔ امذ] ا۔ تعجب۔ حیرت۔ اچنبھا (۲) حیرت کی بات۔ تعجب انگیز امر۔ انوکھی چیز (۳) ایک قسم کا ککر وندے کا سالن جو لکھنؤ میں پکایا جاتا ہے۔
اُچک: [ار۔ امث و صف] ا۔ دیکھئے "اُچکنا" جس کا یہ حاصل مصدر اور صیغہ امر ہے (۲) اُچکا۔ چور (قدیم)
اُچک پڑنا۔ [ار۔ محاورہ] کسی غیر متوقع آواز وغیرہ سے چونک پڑنا۔ اچھل پڑنا۔
اُچک پھاند: [ار۔ مرکب عطفی۔ مث] اچھل کود۔ جست وخیز۔ کود پھاند۔
اُچک جانا۔ [ار۔ محاورہ] ا۔ اچھل کے کسی مقام پر ٹک جانا۔ گھوڑے پر بیٹھ جانا (۲) کسی تنی ہوئی چیز کا یکایک لپک جانا (۳) پھاندنا۔ اچھل کر ایک طرف سے دوسری طرف جانا (۴) اونچا ہونا۔ بلند ہونا۔ ابھر جانا (۵) ترقی کرنا۔ بڑا درجہ پانا۔
اُچک دم۔ [ار۔ مرکب عطفی۔ مث] اچھل کود۔ نچلا نہ بیٹھنا۔
اُچک کر / کے: [ار۔ متعلق فعل] ا۔ پنجوں کے بل کھڑے ہو کر (۲) چھین کر۔ جھپٹ کر۔ ابھار کر
اُچک کود: [ار۔ مرکب عطفی۔ مث] دیکھئے "اچھل کود" جو فصیح ہے۔
اُچک لے جانا۔ [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اُچک لینا"
اُچک لینا: [ار۔ محاورہ] چھین لینا۔ اڑا لینا۔ چرا لینا۔ جھپٹ لینا
اُچکا: [ار۔ امذ] ا۔ پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی چرخی (۲) دیکھئے "اچٹا"
اُچکا دینا۔ [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اُچکانا ۱ و ۲"
اُچکّا۔ [ار۔ امذ۔ صف] ا۔ شاطر چور۔ جو دن دہاڑے مال اڑالے اور کسی کو خبر نہ ہو (۲) بدمعاش۔ اٹھائی گیرا۔ اوباش (۳) اچک لینے والا۔ چھین جھپٹ کر کے بھاگنے والا۔
اُچکّاپن [ار۔ امذ] بدمعاشی۔ چوری۔ شرارت
اُچکانا: [ار۔ مص] اوپر اٹھانا۔ اونچا کرنا
اُچکا ہُوا: [ار۔ صف۔ مفعولی] پُرزور۔ بلند۔ عالی (شعر وغیرہ)
اَچکن: [ار۔ امث] لمبی دامن کا گھٹنوں سے نیچے تک لمبا لباس، جس میں دونوں طرف پردہ اور گریبان سے کر تونی یا کمر پٹی تک کاج اور بٹن ہوتے ہیں۔ شیروانی سے ملتا جلتا لباس۔
اُچکنا: [ار۔ مص] ا۔ یکایک اوپر اٹھنا۔ چمک کر ابھرنا۔ سر ابھار کر یا پنجوں کے بل اونچا ہونا (۲) چھلانگ مارنا۔ جست کرنا (۳) اچھلنا۔ پھدکنا (۴) بلند پروازی کرنا (۵) چھیننا۔ جھپٹنا۔ اڑا لینا۔ لے بھاگنا۔ چرا لینا (۶) اچھل کر پکڑ لینا (۷) اوپر سے جھک کر یا ہاتھ کرکے بھاگنا۔ جھپٹا مارنا۔

اُچھلا پڑنا: [ار-محاورہ] ہاتھوں سے نکل جانا۔ اچھل اچھل کر گرفت سے نکل جانے کی کوشش کرنا۔ تھمکنا۔

اُچھلنا: [ار-مص] ا۔ اچانک پستی سے بلندی کی طرف اُٹھنا۔ فضا میں دفعتہً بلند ہونا۔ اوپر کی طرف جست کرنا (۲) کودنا پھاندنا (۳) اُٹھکیلیاں کرنا (۴) اُبھرنا۔ بھاؤ کے دوران اوپر جانا (۵) جوش یا جذبہ کے اثر سے جسم کو حرکت دینا۔ وجد کرنا (۶) اس طرح یا اس بے اُوپر پھینکا جانا کہ نیچے آ کر سے گرانے یا لپکنے کے لیے اڑایا جانا (۷) تیزی سے اُچک کر ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچنا (۸) منتشر ہونا۔ بکھرنا (۹) اندرونی حرارت یا جوش سے حرکت کرنا جولان ہونا۔ گرمی وغیرہ سے متاثر ہو کر اُبھرنا (۱۰) پھڑکنا۔ تڑپنا (نبض وغیرہ کا (۱۱) خوشی۔ رنج۔ خوف وغیرہ کی وجہ سے اختیاراً اُٹھ کر بیٹھنا یا کودنا۔ (۱۲) دفعتہً سطح سے اُٹھ کر اوپر جانا اُٹھنا۔ چھٹکنا جست کرنا (۱۳) دل دھڑکنا دھک دھک کرنا (۱۴) پانی کی تہ سے سطح پر آنا (۱۵) چھلکنا۔ کناروں سے نکل پڑنا موجزن ہونا۔ (۱۶) اُبھرنا۔ انگیختہ ہونا۔ یکایک نمودار ہونا (۱۷) نکھرنا۔ کسی کیفیت میں اُبھار یا شدت رونما ہونا (۱۸) اکڑنا اترانا نمود مار کرنا (۱۹) بڑھنا سربلند ہونا۔ ترقی کرنا (۲۰) نہر پانا مالا مال ہونا (۲۱) اچھالا جانا یا بار بار ایک برتن سے دوسرے برتن میں اوپر سے نیچے ڈالا جانا۔

اُچھلنا کودنا [ار-محاورہ] دیکھئے "اُچھلنا ۲، ۳"

اُچھن بچھن [ار-اند-ن] سخن سازی۔ بتولے

اُچھن پُچھن۔ [ار-اند-ن] خوبصورتی۔ خوبی۔ بانکپن

اُچھنا۔ [ار-مص-ق] ا۔ رہنا ٹھہرنا قیام کرنا (۲) ہونا

اُچھنبا: [ار-اند] دیکھئے "اچنبھا"

اُچھنہار۔ [ار-صف-ن] دیکھئے "اُچھن ہار"

اُچھو۔ [ار-اند] ا۔ وہ پھندا جو حلق میں غذا وغیرہ کے پھنس جانے سے پڑے سانس کی نالی میں ... سانس رکنے اور گلے میں خراش آ جانے کی کیفیت (۲) ہچکی

اچھوانی [ار-امث] چند دواؤں کا حریرہ یا جوشاندہ جو زچہ کو وضع حمل کے بعد پلایا جاتا ہے

اچھوت [ار-اند-صف] ا۔ شودر۔ نیچ۔ ہندوؤں کے نزدیک کمین ذات کے لوگ (۲) نجس ناپاک آدمی جسے چھونے یا پاس بٹھانے سے لوگ گریز کریں

اُچھوت اُدّھار / سُدھار: [ار-اند] اچھوت قوموں کی ترقی کے کام

اَچھوتا [ار-صف] ا۔ بچا ہوا۔ محفوظ (۲) وہ کھانا وغیرہ جو کسی کا جھوٹا نہ ہو (۳) انوکھا نادر نرالا (۴) تازہ تر جدید۔ ان سُنا۔ (۵) جسے کسی نے چھوا نہ ہو جو کام میں یا معرض بحث میں نہ لایا گیا ہو۔ ناآزمودہ (۶) کنوارا۔ ناکتخدا (۷) عفیف پارسا۔ خطا سے بری (۸) بے داغ مستنا کھرا۔ خالص (۹) کھالی ٹھیٹھ۔ مخصوص (۱۰) تنہا۔ اکیلا (۱۱) نذر و نیاز کا کھانا جسکو نہ ... چھونے نہیں (۱۲) پاک طاہر مقدس (۱۳) بھونرا حلوت ...

اَچھوتا پنڈا: [ار-اند] ا۔ دیکھئے "کورا پنڈا" (۲) بدن جس پر چیچک کے داغ نہ ہوں۔

اَچھوتنی: [ار-امث] دیکھئے "اُچھوت" جس کی یہ تانیث ہے

اَچھوتی: [ار-صف-مث] ا۔ دیکھئے "اچھوتا" جس کی یہ تانیث ہے۔ (۲) امام مہدی آخر زمان یا بارہ اماموں میں سے کسی ایک کی نامزد و مفروضہ حرم۔ جس کی صورت یہ تھی کہ نصیر الدین حیدر بادشاہ لکھنؤ کے عہد میں چند بن بیاہی عورتیں امام آخر زماں کے حرم کے نام سے ملازم تھیں جو اچھوتیاں کہلاتی تھیں بادشاہ ہر روز صبح انہیں سلام کرتے تھے۔ (۳) عیسائی راہبہ۔ جو ترک دنیا کر کے گوشہ گیر ہو جاتی ہیں۔ نن۔

اَچھوتی صحنک۔ [ار-امث] بی بی فاطمہ کی نذر کا کھانا جسے بڑی احتیاط اور دیکھ بھال سے صرف پاک اور نمازی پرہیزگار بی بیاں چکھتی ہیں

اَچھوتی کا ٹکا: [ار-اند] نیاز کا کھانا جو الگ رکھا جاتا ہے اور کوئی اُسے ہاتھ نہیں لگاتا سب سے الگ تھلگ رہنے والا۔

اچھوتی کوکھ۔ [ار-امث] وہ عورت جس کا کوئی بچہ نہ مرا ہو

اَچھون۔ [ار-متعلق فعل] دیکھئے "اَچھوں" راجوں معنی ابھی فی الحال وغیرہ۔

اَچھوں: [ار-صف] دیکھئے "اچھا" جس کی یہ جمع ہے۔

اَچھوں کا اچھا: [ار-از] بہت اچھا۔ سب سے اچھا۔ اچھوں لوگوں میں سے منتخب۔

اچھوں کے اچھے ہوتے ہیں: [ار-مثل] اچھے آدمی کی اولاد بھی اچھی ہوتی ہے۔

اچھی: [ار-صف-مث] ا۔ دیکھئے "اچھا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) بے تکلفی میں عورتوں سے خطاب کا کلمہ۔

اچھی بات ہے: [ار-روزمرہ] ا۔ ٹھیک ہے۔ انجام بخیر ہو گا (۲) خیر نہیں مانتے تو یونہی سہی (۳) ناراضگی یا برہمی کا اظہار۔

اچھی بُری: [ار-امث] دیکھئے "اچھا بُرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اچھی خاصی: [ار-امث] دیکھئے "اچھا خاصا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اچھی رہی [روزمرہ] ا۔ خلاف امید کام ہوا۔ غیر متوقع فائدہ ہو گیا (۲) کسی بات یا کام یا دخل اندازی سے ناگواری یا نارضامندی کے اظہار کے موقع پر کہتے ہیں یعنی یہ بات ہرگز پسند نہیں ہے۔ ہم اس کے لئے تیار نہیں ہیں۔ انہیں اس بات کا کیا حق ہے۔ وہ کون ہوتے ہیں خوب رہی۔ یہ بھی کوئی بات ہوئی۔

اچھی طرح سے [ار-متعلق فعل] خوب۔ خاطر خواہ (۲) بہ عافیت۔ بخیریت

اچھی کٹنا: [ار-محاورہ] آرام سے یا حسب دلخواہ بسر ہونا۔ عزت و آبرو سے وقت گزرنا۔

اچھی کہی: [روزمرہ] یہ بات ٹھیک نہیں (۲) خوب پھبتی کہی۔ یہ بات یا یہ کام ہمیں قبول نہیں۔

اچھی گزرنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "اچھی کٹنا"

اچھی نظر سے دیکھنا: [ار-محاورہ] پسند کرنا۔ عزت کرنا

اچھے: [ار-اند] دیکھئے "اچھا" جس کی یہ جمع ہے (۲) بزرگ۔ بالاتر، قوی دست (۳) پیارے۔ محبوب

اچھے اچھوں۔ [ار-صف] دیکھئے "اچھے اچھے" جس کی یہ مغیرہ صورت ہے۔

اچھے اچھے: [ار-صف] ا۔ کسی وصف میں بہت بڑے اعلیٰ دوسروں سے ممتاز

اچھے آئے: [ا ر روزمرہ] کون ہوتے ہیں۔ کیا حق رکھتے ہیں۔
اچھے بچے: [ا ر صف] دیکھئے "اچھا بچا" جس کی یہ جمع ہے
اچھے پڑ رہنا: [ا ر محاورہ] نفع میں رہنا۔ قدر و قیمت پانا۔
اچھے جی سے: [ا ر متعلق فعل] برضا و رغبت۔ بخوشی
اچھے حالوں: [ا ر متعلق فعل] فراغت کے ساتھ آرام سے
اچھے خاصے: [ا ر متعلق فعل] دیکھئے "اچھا خاصا" جس کی یہ جمع ہے۔
اچھے دام: [ا ر امذ] معقول و مناسب یا اندازہ سے زیادہ قیمت
اچھے داموں: [ا ر متعلق فعل] دیکھئے "اچھے دام"
اچھے دل سے: [ا ر متعلق فعل] (۱) محبت و خلوص کی جگہ (۲) خوشی اور رغبت سے
اچھے دن: [ا ر امذ] خوش حالی یا فارغ البالی کا زمانہ
اچھے رہے: [ا ر روزمرہ] (۱) فائدہ میں رہے کامیاب رہے (۲) سرخرو رہے۔ بُرے نہ بنے۔ شرمندہ نہ ہوئے۔
اچھے کو: [ا ر متعلق فعل] اچھا ہوا۔ خیریت گزری
اچھے گھر بیانا / بیعانہ: [ا ر مثل] مناسب اور موزوں شخص سے معاملہ کیا یا تعلق جوڑا۔
اچھے کی صحبت بیٹھئے کھائیے ناگر پان / بُرے کی صحبت بیٹھئے کٹئے ناک اور کان: [ا ر مثل] اچھے کی صحبت فائدہ مند اور بُرے کی صحبت نقصان دہ ہوتی ہے۔
اچھے وقت: [ا ر متعلق فعل] (۱) عین ضرورت کے وقت (۲) بہ موقعہ بر محل (۳) نیک ساعت
اچھیاں: [ا ر صف] دیکھئے "اچھی" جس کی یہ جمع ہے۔
اُچیڑنا۔ اُچیلنا: [ا ر محاورہ ا ر مص] اکھاڑنا۔ اُدھیڑنا

ا-ح

اَحاد: [ع ۔ صف] دیکھئے "آحاد" جو صحیح ہے۔
اَحادِث: [ع ۔ امذ] دیکھئے "حادثہ" جس کی یہ جمع ہے۔
اَحادیث: [ع ۔ امث] دیکھئے "حدیث" جس کی یہ جمع ہے۔
اِحاطت: [ع ۔ امث قلم] دیکھئے "احاطہ نمبر ۵۔ ۶"
اِحاطہ: [ع ۔ امذ] حاطہ (عوامی) (۱) کسی چیز کے گرد حد بندی کے لئے کھینچا ہوا حصار۔ دائرہ۔ گھیرا۔ دیوار۔ خط یا نشان۔ چار دیواری یا باڑھ، جس سے کوئی شے یا جگہ محدود ہو۔ حد، مرز (۲) چار دیواری سے گھری ہوئی جگہ۔ محصور قطعہ یا میدان۔ محدود علاقہ (۳) محلہ۔ بستی۔ بازار۔ گھیر (۴) آنگن۔ صحن خانہ تعمیر کے اطراف کھلی ہوئی جگہ جو اسی عمارت کا جزو سمجھی جاتی ہو (۵) وہ دور، حد، میدان جہاں تک رسائی، سمائی یا دخل محدود یا ممکن ہو۔ دائرہ عمل و اقتدار عملداری۔ میدان کار (۶) زمین کا وہ حصہ یا خطہ جو انتظامی، طبعی خصوصیات یا کسی اور لحاظ سے ایک وحدت قرار دیا جائے۔ علاقہ۔ خطہ۔ سرزمین (۷) گھراؤ گھیرے جانے کا عمل یا کیفیت۔ محدود میں آ جانے یا لائے جانے کی صورت (۸) وسعت۔ پھیلاؤ۔ سمائی (۹) پوری طرح محیط یا حاوی ہونے کی کیفیت حصر۔ جامعیت۔
اِحاطہ کرنا: [ا ر محاورہ] (۱) چاروں طرف سے گھیرنا۔ محصور کر لینا (۲) کل اجزا کو سمیٹ کر اپنے دائرہ اختیار یا عمل میں لے آنا۔ استقصا کرنا (۳) کسی شے کی آخری حدود تک پہنچ جانا (۴) کلیات و جزئیات کو پورے طور پر جاننا یا سمجھنا (۵) پورے اثر و رسوخ سے مسلط ہو جانا

اَحَبّ: [ع ۔ تفضیل] جس سے بہت زیادہ محبت ہو، محبوب ترین، سب سے پیارا
اَحِبّا: [ع ۔ امذ ج] حبیب کی جمع ۔ احباب ۔ دوست ۔ عزیز ۔ سب سے پیارے
اَحباب: [ع ۔ امذ ج] حبیب کی جمع (۱) دوست ۔ عزیز۔ پیارے (۲) احباب لوگ ۔ وہ بیگانے جن کو اخلاقاً دوست کہہ دیا جائے ۔
اَحبار: [ع ۔ امذ ۔ ج] حِبر کی جمع (۱) نیک ۔ دانا (۲) یہودیوں کے پیشوا، عالم یا زاہد لوگ
اِحتِبا: [ع ۔ امذ] پیٹھ اور پنڈلیوں کو کپڑے میں لپیٹ کر بیٹھنے کی صورت ۔ اکڑوں بیٹھ کر پنڈلیوں اور کمر کو سہارے کے لئے ایک ساتھ کپڑے میں لپیٹ لینے کا طریقہ
اِحتِباس: [ع ۔ امذ] (۱) دم گھٹنے کی وہ کیفیت، جو گرمی میں ہوا بند ہونے سے پیدا ہو۔ حبس، گھٹن، امس، گھمس (۲) سانس، پیشاب، مواد یا قابل اخراج خون یا ریاح وغیرہ کے جسم میں رک جانے یا اٹک اٹک کر نکلنے کی کیفیت (۳) (طب) حیض یا نفاس بند ہونے یا معمول سے کم خارج ہونے کی بیماری (۴) ہوا، دھواں بھاپ یا گیس کے کسی محدود مقام میں گھر جانے کی کیفیت ۔
اِحتِجاب: [ع ۔ امذ] (۱) عورت کا نامحرم سے پردہ ۔ پردہ نشینی (۲) کسی ستارے کا چاند کے پیچھے یا کسی جرم فلک کا کسی دوسرے جرم فلک کے پیچھے چھپ جانا
اِحتِجاج: [ا ر ۔ امذ] کسی امر کے خلاف دلیل یا حجت پیش کرنا ۔ کسی فرد یا روش کے خلاف اظہار ناپسندیدگی ۔ اعتراض اور مخالفت کی آواز اٹھانا ۔ انگریزی لفظ PROTEST کا ترجمہ ۔
اِحتِداد: [ع ۔ امذ] حدت کی شدت ۔ گرمی کی زیادتی ۔ حرارت
اِحتِراز: [ع ۔ امذ] (۱) اجتناب ۔ پرہیز ۔ کنارہ کشی (۲) تکلف ۔ جھجک ۔ حجاب
اِحترازی: [ع ۔ امث] دیکھئے "احتراز" جس کی یہ قدیم اور متروک صورت ہے ۔
اِحتِراق: [ع ۔ امذ] (۱) سوزش ۔ جلن (۲) سوختہ ہو جانے یا جل جانے کی کیفیت (۳) (طب) حرارت و حدت کے باعث کسی خلط کے اجزائے لطیف و رقیق کا تحلیل و فنا ہونا اور ما بقا کا اس قدر کثیف ہو جانا کہ وہ خلط اپنی جنس سے خارج ہو جائے ۔ خلط کی جنس کا استحالہ (۴) (نجوم) چاند کے سوا کسی سیارے کا سورج کے ساتھ کسی برج میں ایک درجہ اور ایک دقیقہ میں اجتماع
اِحتِراقی: [ع ۔ صف] (۱) احتراق سے منسوب ۔ بخار کی ایک قسم، جس میں گرمی اور سوزش زیادہ ہو (۲) آنکھوں کی ایک بیماری جس میں طبقۂ قرنیہ کی بیرونی سطح پر سفید اون کا سا ٹکڑا رکھا ہو اور اس کی شاخیں چاروں طرف پھیلی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔
اِحتِرام: [ع ۔ امذ] عزت ۔ حرمت ۔ توقیر
اِحتِساب: [ع ۔ امذ] (۱) عیب و ثواب کی جانچ پڑتال ۔ جائزہ ۔ بازپرس (۲) روک ٹوک ممانعت
اِحتِشام: [ع ۔ امذ] (۱) کر و فر ۔ دبدبہ ۔ شان و شوکت ۔ ٹھاٹھ باٹھ (۲) ایک نفسیاتی بیماری جس میں مرد وقت خاص میں عورت سے مرعوب ہو کر وقتی طور پر نامرد ہو جاتا ہے ۔
اِحتِشامی: [ع ار ۔ امث] دیکھئے "احتشام" جس کی یہ قدیم و متروک صورت ہے ۔
اِحتِضار: [ع ۔ امذ] نزع کا عالم ۔ جان کنی کی کیفیت ۔ موت کا سامنے نظر آنا
اِحتِظاظ: [ع ۔ امذ] (۱) حظ ۔ لذت ۔ لطف (۲) لذت اندوزی ۔ حظ اٹھانے کی کیفیت ۔
اِحتِقار: [ع ۔ امذ] حقارت ۔ حقیر جاننا
اِحتِقان: [ع ۔ امذ] (۱) مبرز کے ذریعہ پیٹ میں دوا یا پانی پہنچانا ۔ حقنہ ۔ عمل (۲) پیشاب وغیرہ کا رکنا
اِحتِکار: [ع ۔ امذ] کسی شے کو آئندہ مہنگا بیچنے کے لئے روک رکھنا ۔ ذخیرہ اندوزی انگریزی لفظ HOARDING کا ترجمہ
اِحتِلال: [ع ۔ امذ] نزول ۔ ایک قوم کا دوسری قوم پر تسلط

اِحتلام: [ع - امذ] (۱) بدخوابی۔ سوتے ہوئے انزال ہونا یعنی منی خارج ہونا (۲) نطفہ۔ منی

اِحتمال: [ع - امذ] (۱) امکان۔ گنجائش۔ توقع (۲) شک۔ شبہ۔ گمان (۳) بوجھ کو اٹھانے کا عمل۔ برداشت (۴) خیال، فرضی یا وہمی امور (۴) منطق: امکانی صورت۔ شق

اُحتمال [ع - امذ] ممکن ہونا۔ یقینی ہونا

اِحتمال کرنا: [ار - محاورہ] خیال آرائی کرنا۔ وہم وگمان یا قیاس سے نکتے پیدا کرنا

اِحتمالات: [ع - امذ - ج] (۱) امکانات (۲) تصورات۔ قیاسات (۳) شکوک وشبہات

اِحتمالی: [ع - صف] (۱) احتمال کی طرف منسوب۔ ممکن۔ مفروضہ۔ متوقع (۲) (صرف) وہ فعل ماضی جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کے متعلق شک پایا جائے۔ ماضی۔ احتمالی یا شکی۔

اِختناق: [ع - امذ] جسم کے متورم ہوجانے کی کیفیت

اِختناق الرحم: [اِخْ تِناقُرْ رَحِم] [ع - امذ] ایک مرض جس میں ورم سے بچہ دانی کا منہ بند ہو جاتا ہے۔ اس مرض میں عورت پر پاگل پن کا دورہ پڑتا ہے یا دورہ پڑنے پر بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔ ہسٹیریا

اِحتوا: [ع - امذ] سبب پر یکساں منطبق یا حاوی ہونے کا عمل۔ حاوی ہونا

اِحتیاج: [ع - امث] (۱) حاجت۔ ضرورت (۲) محتاجی۔ حاجت مندی (۳) مفلسی۔ غریبی (۴) پیشاب یا پاخانہ کی ضرورت (۵) جس بات کی ضرورت ہو۔ امر ضروری

اِحتیاج پڑنا: [ار - محاورہ] ضروری ہونا۔ لازم ہونا

اِحتیاج رکھنا: [ار - محاورہ] کسی چیز کی ضرورت ہونا

اِحتیاج لانا: [ار - محاورہ] اپنی ضرورت کسی کے سامنے پیش کرنا۔ درخواست کرنا

اِحتیاز: [ع - امذ] منتشر چیزوں کو یکجا کرنا یا سمیٹنا۔

اِحتیاط: [ع - امث وذ] (۱) سوچ سمجھ کر صحیح کام کرنے کی عادت۔ توجہ۔ حزم۔ ہوشیاری سمجھ بوجھ (۲) بصیرت۔ دور اندیشی۔ عاقبت اندیشی (۳) نقصان سے بچنا۔ حفاظت۔ نگہبانی (۴) لوگوں کی نظر سے بچ کر کام کرنا (۵) تکلف یا ہچکچاہٹ کے ساتھ کام کرنا (۶) کسی مصلحت کی بنا پر کسی کام سے باز رہنا۔ روک تھام۔ ضبط (۷) پرہیز۔ اجتناب۔ دوری (۸) بیگانہ پن۔ کنارہ کشی۔ پہلو تہی کا برتاؤ۔ (۹) اجتہاد اور تقلید کے بین بین والا عمل، جس میں شارع کے حکم کے مطابق عمل ہو جانے کا یقین ہو (۱۰) وہ فوج جو میدان جنگ کے علاوہ مقامی ضروریات کیلئے محفوظ ہو۔

اِحتیاط برتنا: [ار - محاورہ] احتیاط سے کام لینا۔ ہوشیاری و دوراندیشی سے کام لینا۔

اِحتیاط رکھنا: [ار - محاورہ] آئندہ کسی کام سے باز رہنا۔ دیکھ بھال کر کام کرنا

اِحتیاطاً: [ع - متعلق فعل] احتیاط کے طور پر۔ حفظ ماتقدم کے طور پر

اِحتیاطی: [ع - صف] احتیاط سے منسوب۔ وہ عمل جو احتیاط کی غرض سے ہو یا جس میں احتیاط پایا جائے۔

اِحتیال: [ع - امذ] (۱) حیلہ۔ مکر۔ فریب

احتا بحثی: [ار ع - امث] بحث مباحثہ۔ تکرار

اَحجار: [ع - امذ - ج] حجر کی جمع۔ بہت سے پتھر۔ کنکر

اَحد: [ع - اعد] (۱) ایک۔ عدد واحد (۲) یکتا۔ بے مثال۔ یگانہ۔ اکیلا (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۴) (تصوف) خالص ذات باری تعالیٰ۔ وجود محض (۵) ایک شخص۔ فرد واحد

اُحد: [ع - اعلم - مذ] مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑی جس کے دامن میں کفار مکہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جنگ ہوئی۔

اَحداث: [ع - امذ - ج] حدث کی جمع۔ نئی باتیں۔ بدعات۔ خلاف سنت باتیں۔

اِحداث: [ع - امذ] (۱) اختراع و ایجاد (۲) تعمیر۔ تاسیس (۳) خلق۔ پیدائش۔ وجود (۴) دریافت۔ اکتشاف (۵) بدعت

اِحداث ہونا: [ار - محاورہ] (۱) پیدا کیا جانا۔ وجود میں آنا

اَحداق: [ار امذ - ج] (۱) وہ سیال تل جو آنکھ میں ہوتے ہیں۔ آنکھ کی پتلیاں (۲) آنکھیں (حدقہ کی جمع)

اَحدی: [ع - صف] (۱) اکبر بادشاہ کے عہد میں تیراندازوں کی ایک فوج، جن سے خاص اور اہم موقع پر کام لیا جاتا تھا۔ اور یہ براہ راست بادشاہ کے ماتحت ہوتے تھے۔ (۲) مغل سلطنت کے عہد زوال میں وہ وظیفہ خوار و منصبدار جو ہر وقت بیکار پڑے رہتے تھے۔ اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لئے بھی دوسروں کے محتاج تھے (۳) کاہل سست۔ نکما (ان تمام معنوں میں اس لفظ کا عربی سے کوئی تعلق نہیں) (۴) اللہ تعالیٰ سے نسبت رکھنے والا۔ خداوندی۔ الوہی (۵) یکہ و تنہا (عربی ترکیب میں مستعمل ہے۔ مثلاً احدی العین)

اِحدیٰ: [ع - امذ و مث] دیکھئے "احد" جس کی یہ تانیث ہے۔

اَحدی پن: [ع ار - مذ] احدی (۳) سے اسم کیفیت۔ سستی۔ کاہلی

اَحدے: [عف - امذ] کوئی ایک۔ یکے۔ شخصے۔ چیزے

اَحدیّت: [ع - امث] (۱) یکتائی۔ توحید۔ وحدانیت۔ خدا کا ایک اور لاشریک ہونا (۲) خدا۔ باری تعالیٰ (۳) (تصوف) ذات اور صفات الٰہی کا وہ مرتبہ جس کے ادراک عارف کی بصیرت عاری ہے۔

اَحرار: [ع - امذ ج] حُر کی جمع (۱) آزاد۔ آزاد منش۔ بے قید (۲) شرفا۔ اعیان۔ ابرار (۳) پرندے خصوصاً شکرا۔ باز۔ کبوتر (۴) برصغیر ہند و پاکستان کے مسلمانوں کی ایک سیاسی و مذہبی جماعت، جس نے تحریک آزادی میں اور قادیانی نبوت کے خلاف مہم چلانے میں نمایاں حصہ لیا۔ پاکستان کے قیام کے بعد اس کی سرگرمیاں قریباً معطل ہوگئیں۔

اَحراری: [ع - صف] احرار (۴) سے تعلق رکھنے والا۔ جماعت احرار کا رکن

اِحراز: [ع - امذ] ذخیرہ کرنا۔ محفوظ کرنا۔ حفاظت۔ نگہبانی

اِحراض: [ع - امذ] بیماری کے باعث بدن کا گھل جانا۔ حد درجہ لاغری

اَحراق: [ع - امذ شاذ] (حرق کی جمع جو اردو والوں نے بنائی ہے) جلا دینے والی چیزیں۔

اِحراق: [ع - امذ] (۱) جلن۔ سوزش (۲) کسی چیز کو جلا دینے کا عمل۔ جلانا

اِحرام: [ع - امذ] (۱) حج یا عمرہ کرنے والوں کا مقررہ مقام سے حج تمام ہونے تک بعض مباح چیزوں کو اپنے لئے حرام کر لینا۔ جس کی تفصیل فقہ کی کتابوں میں موجود ہے (۲) حج کے زمانہ میں سلے ہوئے کپڑوں اور خوشبوؤں وغیرہ سے پرہیز (۳) حاجیوں کے پہننے کا بے سلا کپڑا یا لباس جو عموماً دو چادروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ (۴) بڑی چادر (عموماً گیروے رنگ کی) جو صوفیا اور فقرا (بالخصوص چشتی سلسلہ کے صوفیا) نصف تہ بند کے طور پر باندھتے ہیں اور بقیہ نصف جسم کے اوپر کے حصہ پر لپیٹ لیتے ہیں (۵) قصد۔ نیت

اِحرام باندھنا: [ار - محاورہ] (۱) حج یا عمرہ کے لئے جانے والے کا مکہ معظمہ کے قریب مقررہ جگہ پر پہنچ کر نیت کرکے بن سلا کپڑا پہننا اور دوسری شرائط پر عمل کرنا (۲) قصد کرنا۔ نیت کرنا۔ ارادہ کرنا۔

اِحرام سفر باندھنا: [ار - محاورہ] سفر کا ارادہ کرنا

اِحرام کرنا: [ار - محاورہ - شاذ] احرام باندھنا۔ طواف کرنا

اِحرامی: [ع - صف] احرام سے منسوب۔ احرام سے متعلق لباس وغیرہ

اَحزاب: (بفتحۂ اوّل) [ع - امذ] حزب کی جمع (۱) جماعتیں۔ فرقے۔ گروہ۔ فوجیں (۲) قرآن مجید کے ایک سورہ کا نام جو اکیسویں پارہ میں ہے اور اس میں کفار مکہ

کی مدینہ پہ چڑھائی کا ذکر ہے ۔

اَحْزان : [ع ۔ اِمذ] حُزن کی جمع ۔ غم ۔ پریشانیاں

اَحْزَم : [ع ۔ تفضیل] بہت دور اندیش ۔ نہایت محتاط ۔ ہوشیار

اِحساس : [ع ۔ اِمذ] (۱) کسی حس کے ذریعہ دریافت کرنے یا ہونے کا عمل ۔ محسوس ہونے کی کیفیت (۲) کسی چیز سے اعصاب کی اثر پذیری ۔ جذبہ ۔ جوش (۳) انفعال ۔ تاثر ۔ جذباتی تاثر (۴) شعور ۔ وجدان ۔ اندازہ ۔ قیاس ۔ (۵) تصور ۔ خیال ۔

اِحساسِ برتری : [عف ۔ مرکب اضافی ۔ اِمذ] (نفسیات) ایک مرض ۔ جذبۂ تفوق اپنے آپ کو دوسروں سے بالاتر سمجھنا اور دوسروں کی بات کی پروا نہ کرنا ۔

اِحساسِ کمتری / کہتری : [عف ۔ مرکب اضافی ۔ مذ] (نفسیات) ایک مرض خود کو دوسروں سے پست خیال کرنا ۔ مرعوبیت ۔ خود اعتمادی کا فقدان

اِحساسِ محرومی : [عف ۔ مرکب اضافی] (نفسیات) جا نہ جیت کا وہ جذبہ جو ناکامی یا خاطر خواہ مقبولیت حاصل نہ ہونے کے باعث پیدا ہو جاتا ہے ۔

اِحساسات : [ع ۔ اِمذ] احساس کی جمع ۔ دیکھئے "احساس"

اِحساسی : [ع ۔ صف] احساس سے منسوب ۔ احساس سے متعلق

اِحْسان : [ع ۔ اِمذ] (۱) نیکی ۔ اچھا سلوک ۔ مہربانی کا برتاؤ (۲) اچھے سلوک کا بار ، جسے سلوک کرنے والا یا جس سے سلوک کیا گیا ہو ، محسوس کرے (۳) نیکی ۔ عمل خیر (۴) اچھے سلوک کا اعتراف ۔ ممنونیت (۵) (تصوف) نورِ بصیرت سے حق کا مشاہدہ ۔ صفات کے پردہ میں ذاتِ باری تعالیٰ کا دیدار ۔ مشاہدۂ صفاتیہ جس کو عین الیقین کہتے ہیں ۔

اِحسان اتارنا : [ار ۔ محاورہ] اچھے سلوک کے بدلہ میں خود بھی اچھا سلوک کرنا

اِحسان اُترنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "احسان اتارنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

اِحسان اٹھانا : [ار ۔ محاورہ] منت کش ہونا کسی کے اچھے سلوک کا بوجھ اپنے سر لینا ۔

اِحسان اُٹھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "احسان اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

اِحسان جتانا : [ار ۔ محاورہ] اچھا سلوک کر کے اس کا اعلان کرنا ۔

اِحسان دھرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا (۲) دیکھئے "احسان جتانا"

اِحسان رکھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "احسان دھرنا"

اِحسان رہنا : [ار ۔ محاورہ] کسی نے نیک سلوک کا بوجھ سر پہ رہنا ۔ اس کا مساوی بدلہ نہ دیا جانا

اِحسان سہنا : [ار ۔ محاورہ] کسی کے سلوک یا اعانت کو ناگوار سمجھنے کے باوجود برداشت کرنا ۔

اِحسان فراموش : [عف ۔ صف] (۱) کسی کے نیک سلوک کو بھلا دینے والا (۲) محسن کو نظر انداز کر دینے والا

اِحسان فراموشی : [عف ۔ امث] دیکھئے "احسان فراموش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

اِحسان کھینچنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "احسان اٹھانا"

اِحسان لیجئے جہان کا نہ لیجئے شاہ جہان کا : [ار ۔ مثل] انسان کو چاہئے کہ کسی سے مدد نہ لے اور اپنے آپ پر بھروسا کرے ۔ مستقل رہے ۔

اِحسان لینا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "احسان اٹھانا"

اِحسان ماننا : [ار ۔ محاورہ] کسی کے نیک سلوک کا اعتراف کرنا ۔ شکر گزار ہونا ۔

اِحسان مند : [عف ۔ صف] زیر بارِ منت ۔ کسی کے نیک سلوک کا بوجھ اٹھانے والا ، معترف شکر گزار ۔ ممنون

اِحسان مندی : [صف ۔ امث] دیکھئے "احسان مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

اِحسان ناشناس : [عف ۔ صف] کسی کے نیک سلوک کو نہ پہچاننے والا ۔ ناشکرا ۔ احسان فراموش

اِحْسانی : [ع ۔ صف] احسان سے منسوب و متعلق

اَحْسَن : [ع ۔ تفضیل] (۱) بہت اچھا ۔ سب سے اچھا ۔ نہایت عمدہ (۲) بہت حسین نہایت خوبصورت

اَحْسَنِ تَقْویم : [ع ۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی ۔ صف مذ] (۱) خوب ترین سانچا بہترین مادہ ۔ سب سے اچھی صورت (۲) انسان

اَحْسَنْتَ : [ع ۔ کلمہ تحسین ۔ امث شاذ] واہ وا ۔ بہت خوب ۔ سبحان اللہ ۔ کیا کہنے ۔ شاباش آفرین (۲) حسن و خوبی

اَحْشا : [ع ۔ اِمذ و مث ۔ ج] (۱) حشا و حشو کی جمع ۔ آنتیں ۔ انتڑیاں (۲) گردن کے نیچے سے ناف تک کے اندرونی اعضاء

اَحْشائی : [ع ۔ صف] "احشا" سے منسوب و متعلق

اَحْشام : [ع ۔ اِمذ ۔ ج] حشم کی جمع ۔ وہ ملازم ، نوکر اور عزیز جو رفاقت میں جان دینے سے دریغ نہ کریں ۔ جاں نثاران ۔

اِحْصا : [ع ۔ اِمذ] (۱) خیالات کا احاطہ کرنا ۔ کسی کے متعلق ساری باتیں سمیٹ کر الفاظ میں جمع کرنا (۲) گنتی ۔ شمار (۳) (ریاضی) ہندسہ کے وہ اصول جن سے اہتزازی یا رقاصی حرکت نیز وقت کے چھوٹے چھوٹے وقفہ کا حساب لگایا جاتا ہے ۔

اِحْصائی : [ع ار ۔ امث] دیکھئے "احصاء" جس کی یہ غلط صورت ہے ۔

اِحْصار : [ع ۔ اِمذ] (۱) گھیرنے یا محصور کرنے کا عمل اور کیفیت (۲) (فقہ) وہ رکاوٹ جس کی وجہ سے عازمِ حج یا محرم سفر کو ملتوی کر دے جیسے مرض یا دشمن

اِحْصان : [ع ۔ اِمذ] (۱) کنوارا ۔ مجرد ۔ بغیر شادی شدہ ہونے کی کیفیت ۔ پاکدامنی (۲) شادی بیاہ شادی کرنا (۳) وہ مرد یا عورت مسلم بالغ آزاد جو بصورت ارتکاب زنا مستحق درخواست سزا ہو ۔ برائیوں سے نگہداشت ۔

اِحْضار : [ع اِمذ] حاضری یا موجود کرنے یا ہونے کا عمل ۔ حاضر کیا جانا ۔ یا حاضر کرنا ۔

اِحْضاری : [ع ۔ صف] موجود ۔ حاضر

اِحْظاظ : [ع اِمذ] لذت یابی ۔ لطف اندوزی (۲) مزہ ۔ حظ ۔ لذت (عربی میں یہ لفظ نہیں ملتا)

اَحْفاد : [ع اِمذ جمع] حافِد کی جمع ۔ نواسے ۔ پوتے ۔ ذریات (۲) انصار ۔ مددگار

اِحْفاظ : [ع اِمذ] حفاظت ۔ نگہبانی ۔ پاسداری

اَحْفَظ : [ع ۔ تفضیل] زیادہ یاد رکھنے والا ۔ جس کا حافظہ زیادہ قوی ہو ۔ جو سہو و نسیان کا عادی نہ ہو ۔

اَحَقّ : [ع ۔ تفضیل] (۱) زیادہ حق دار ۔ بہت مستحق (۲) زیادہ حق ، درست اور صحیح (۳) زیادہ لائق ۔ بہت موزوں

اَحَقُّ خُصبتہ الارض : [ع اِمذ] (طبیعیات) وہ دائرہ جو خطِ استوا کے مرکز کو دائرہ آسیا کی طرح محیط ہے ۔

اَحْقاب : [ع اِمذ] حُقب کی جمع ۔ بہت سے سال ۔ طویل مدت ۔ قرون

اَحْقاف : [ع اِمذ] جمع حقف کی ریت کے ٹیلے جو دور تک پھیلے ہوں (۲) ایک علاقہ عرب میں جہاں قوم عاد آباد تھی ۔

اِحْقاق : [ع اِمذ] (۱) دلائل و براہین سے ثابت کرنے کا عمل (۲) ثبوت دینا ۔ اثبات کسی کا حق ظاہر کرنا ، قائم کرنا ، ثابت کرنا ۔ حق دار کے حق کو تسلیم کرنا (۳) عدل گستری (حق و یقین ہونا)

اُحقر : [ع ا تفضیل] (۱) پست درجہ والا۔ نہایت حقیر۔ ذلیل ترین (۲) چھوٹا۔ بے حقیقت۔ خاکسار۔ ناچیز

احقرالافراد/ الانام/ العباد : [ع ا تفضیل] سب سے حقیر۔ ناچیز

احکاک : [ع ا مذ] دو چیزوں کو ایک دوسرے سے ملا کر گھسنا۔ رگڑنا۔ رگڑ

احکام : [ع۔ امذ] حکم کی جمع (۱) ہدایات۔ ارشادات۔ فرامین (۲) قاعدے۔ ضابطے۔ قوانین (۳) اعمال و عبادات سے متعلق ہدایات (۴) مستقبل کے حالات و واقعات کے متعلق پیشگوئیاں (۵) ستاروں کی گردش کے اثرات و نتائج (۶) کسی شے کے خصوصیت و لوازم، جو دوسری شے پر منطبق کئے جائیں۔

اُحکامِ درمیانی : [عف امذ] ضمنی احکام۔ وہ حکم جو حاکم آخری فیصلے سے پہلے دوران مقدمہ میں صادر کرتا ہے۔

اُحکامِ عشرہ : [ع ف امذ] دینِ موسوی کے دس بنیادی قوانین جو حضرت موسیٰؑ پر اس وقت نازل ہوئے جب وہ کوہ طور پر خدا کی ہمکلامی سے مشرف ہوئے۔

اُحکام کرنا : [ارمحاورہ متروک] دیکھئے "احکام لگانا"

اُحکام لگانا : [ارمحاورہ] (۱) علم نجوم کے قاعدے سے ستاروں کے اثرات دریافت کرکے مستقبل کی بابت رائے دینا۔ نیز تجربہ کی بنا پر آثار سے یہ بتانا کہ اب کیا ہونے والا ہے (۲) قانون یا اصول و آئین کو کسی پر نافذ کرنا اور اس کے مطابق عمل ہونے کا حکم دینا۔

اُحکامِ مستزاد : [ع۔ امذ] غیر ضروری حکم۔ زائد حکم

اُحکامِ ناطق : [ع امذ] قطعی اور آخری احکام

اُحکامِ نجوم : [ع امذ] مستقبل میں ہونے والی باتیں جو علم نجوم کے ذریعہ دریافت کی جائیں۔

اُحکام نکالنا : [ارمحاورہ] نجوم وغیرہ کے علم سے مستقبل کا حال دریافت کرنا۔

اِحکام : [ع امذ] (۱) وہ ستون وغیرہ جو عمارت کے کسی حصہ کو مستحکم اور مضبوط کرنے کیلئے بنایا جائے (۲) مضبوط کرنا

اِحکامی : [ع صف] جو عمارت محکم اور مضبوط کرنے کی غرض سے ہو۔

اُحکامات : [ع امذ] دیکھئے "احکام" جس کی یہ جمع الجمع ہے۔

اُحکامیّہ : [ع صف] جن میں احکام اور فرمان بیان ہوئے ہوں۔ حکموں سے متعلق

اُحکَم : [ع ا تفضیل] (۱) بڑا حاکم۔ سب سے بڑا حکمران (۲) بہت زیادہ مستحکم مضبوط۔

اُحکمُ الحاکمین : [ع صف۔ اتفضیل] تمام حاکموں سے بڑا حاکم۔ خدا تعالیٰ۔ بہت اچھا یا بہتر جج

اُحلام : [ع امذ] جمع حُلم کی (۱) سوتے میں نظر آنے والے خواب (۲) پریشان خواب جو بیشتر معدے کی خرابی فکر یا ملالت کے باعث سوتے میں یا نیم بیداری میں نظر آتے ہیں۔

اُحلَم : [ع ا تفضیل] غصہ کو بہت ضبط کرنے والا۔ نہایت بردبار

اِحلیل : [ع امذ صف] (۱) پیشاب خارج ہونے کا سوراخ (۲) پستان سے دودھ نکلنے کا سوراخ

اُحمال : [ع امذ] ا۔ حمل کی جمع۔ سامان یا اسباب کے بوجھ۔ گٹھڑیاں۔ صندوق۔ ساز و سامان۔

اِحمال : [ع امذ] لادے جانے والے بوجھ کی برداشت۔ سہارا

اُحمَد : [ع ا تفضیل ا علم] (۱) بہت زیادہ حمد کرنے والا (۲) بہت زیادہ قابل تعریف (۳) پیغمبر اسلام علیہ السلام کا دوسرا نام

احمدِ ثانی : [ع اعلم] امام حسین کے صاحبزادے امام علی اکبر کا لقب کیونکہ وہ آنحضرتؐ سے مشابہ تھے۔

احمد کی پگڑی محمود کے سر : [ارمثل] ایک کا حق دوسرے کو دے دینا۔ حق تلفی۔ ناانصافی

احمد کی ڈاڑھی بڑی یا محمود کی : [ارمثل] فضول بحث و تکرار۔ بے کار حجت

احمد۔ محمود : [ع امذ] ادنیٰ و اعلیٰ۔ زید بکر۔ کوئی

اُحمَدی : [ع صف] ا۔ احمد سے منسوب۔ پیغمبر اسلام سے نسبت رکھنے والا (۲) مرزا غلام احمد قادیانی کے پیروکار۔ مرزائی۔ قادیانی (۳) سونے کا سکہ جسے سلطان ٹیپو نے رائج کیا (۴) احمد شاہ ابدالی کا رائج کردہ سکہ جو دہلی میں چلتا تھا۔

اُحمَر : [ع۔ صف] (۱) سُرخ۔ لال رنگ کا (۲) ایک سمندر کا نام

اُحمرِ قانی : [ع صف] گہرا سُرخ۔ سیاہی مائل سُرخ

اُحمری۱ : [ع صف] سُرخ رنگ رکھنے والا۔ سُرخ رنگ کا

اُحمری۲ : [ع ف۔ امث] سرخی۔ لالی

اُحمرین : دیکھئے "اُحمری۱"

اُحمر یاقوت : سیاہی مائل سرخ یاقوت جس کی آب رنگ کی تیزی سے دبی ہوئی ہو۔ دوسرے درجے کا یاقوت

اُحمَق : [ع صف] (۱) جس میں بات سمجھنے کی صلاحیت نہ ہو۔ بے وقوف۔ ناسمجھ (۲) جاہل۔ اُلّو۔ گدھا۔ پاگل

اُحمقُ الّذی : [ع۔ صف] بہت بے وقوف۔ بڑا احمق۔ حماقت سے بھرا ہوا۔

اُحمقُ النّاس : [ع۔ صف] سب سے زیادہ بے وقوف۔ انسانوں میں سب سے زیادہ بیوقوف

اُحمق بنانا : [ارمحاورہ] بے وقوف بنانا۔ فریب میں لانا۔ دھوکا دینا۔

احمق بننا : [ارمحاورہ] دیکھئے "احمق بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

احمق پن/پنا : [ع ار امذ] حماقت۔ ناسمجھی۔ جہالت

احمقانہ : [ع ف صف] حماقت پر مبنی۔ بے وقوفوں کا سا

اُحمقائی : [ع ار امث] دیکھئے "احمقی" جس کی یہ قدیم اور متروک صورت ہے۔

اُحمقی : [ع ف۔ امث] عقل یا تہذیب کے خلاف حرکت۔ بے وقوفی۔ حماقت

اُحناف : [ع۔ امذ] حنفی کی جمع (۱) فقہی مسائل میں امام ابوحنیفہ کی تقلید کرنے والے (۲) وہ لوگ جنہوں نے قبل اسلام بُت پرستی ترک کردی تھی اور ملت ابراہیم کے پیرو تھے (ان معنوں میں شاذ ہے)

احوال : [ع امذ] حال کی جمع۔ حالات۔ کیفیات (۲) (فلسفہ) شرائط و عوارض (۳) (بطور واحد) کیفیت۔ حالت۔ صورت حال (۴) کسی واقعہ کا ذکر۔ بیان۔ ماجرا۔ سرگزشت (۵) حقیقت امر اصلیت (۶) خیر خبر اطلاع (۷) خیر و عافیت۔ حال چال (۸) (تصوف) وجد اور سرمستی کی کیفیت جو حسنِ عمل کے اجر میں یا بطور الطاف حقی خدا کی طرف سے انسان کو ملتی ہے۔

احوال پرسی : [ع ف امث] خیر و عافیت اور تکلیف و راحت سے متعلق حالات کی دریافت مزاج پرسی

احوال گیر : [ع ف صف فاعل] دُکھ درد یا بیماری میں خیر خبر لینے والا۔ تیمار دار

اُحوال نامہ : [ع ف امذ] وہ رجسٹر جس میں کسی ملازم یا سپاہی کی خاص کارگزاری درج ہو۔

اُحوَط : [ع۔ صف] ا۔ دو یا زیادہ باتوں میں جو احتیاط سے قریب تر ہو۔ جس میں غلطی سے بچنے کا زیادہ امکان ہو۔ زیادہ موزوں۔ مناسب

اُحوَل : [ع۔ صف] (۱) وہ شخص جس کی ایک پتلی ایک طرف پھری ہوئی ہو جس کے سبب ایک کے دو نظر آئیں۔ کج نظر۔ بھینگا۔

اُحوَل چشم : [ع ف۔ صف] جس کی آنکھ سیدھا نہ دیکھ سکے۔ بھینگا

اُحوَلی : [ع۔ امث] بھینگاپن

اُحیَا : [ع امذ] (۱) حی کی جمع (۲) زندہ لوگ (۳) قبیلے خاندان

اِحیاء : [ع امذ] (۱) مرے ہوئے جسم میں از سر نو روح پھونکنا۔ زندہ کرنا۔ زندگی بخشنا (۲) کسی خیال عقیدہ جذبہ وغیرہ کو نئے سرے سے اُبھارنے کی تحریک۔ (۳) دبے ہوئے احساس یا جذبہ میں جان ڈالنے کا کام (۴) زندہ و برقرار رکھنے کا عمل

اِحیائے شب : [ع امذ] رات کو عبادت کی غرض سے جاگنے کا عمل۔ شب بیداری

اُحیاز : [ع۔ امذ] دیکھئے "حیز" جس کی یہ جمع ہے۔

اُحیان : [ع۔ امذ] حین کی جمع۔ اوقات۔ ساعات۔ مدتیں

احیاناً [ع متعلق فعل] ا۔ اتفاقاً۔ اتفاق سے (۲) کبھی کبھار۔ کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔

ا-خ

اَخ[۱] : [ع - امذ] (۱) باپ، ماں، چچا، ماموں یا خالہ کا بیٹا بھائی (۲) ساتھی - دوست - عزیز (۳) اوصاف یا شکل وصورت میں مشابہ

اَخ[۲] : [ار - اصوات - مث] (۱) گلا صاف کرنے یا کھنکارنے کی آواز (۲) نفرت ظاہر کرنے کا کلمہ، تف، تھو، لعنت (۳) مجازاً کف، تھوک

اَخ تھُو : [ار - اصوات - مث] کھنکارنے اور تھوکنے کی آواز (۲) کسی چیز سے نفرت یا کراہت ظاہر کرنے کی آواز (۳) لعنت ملامت، نفرین کرنے کی آواز - حریف کو چھیڑنے یا بھاسنے کی آواز

اَخ تھو کرنا : [ار - محاورہ] کراہت کرنا - لعنت بھیجنا

اَخ تھو کھٹے ہونٹے ہیں : [ار - مثل] کسی چیز کے ملنے سے مایوس ہونے کے بعد محض بات بنانے کے لئے اس میں عیب نکالتے ہوئے کہتے ہیں -

اَخ تھو ہونا : [ار - محاورہ] تھُڑی تھُڑی ہونا - ملامت اور نفرین ہونا

اَخَا : [ع - امذ] دیکھئے "اخ" جس کی یہ حالت نصبی ہے اور ترکیب میں مستعمل ہے مثلاً یا "اخا العرب"

اَخّاہ : [ار - حرف فجائیہ] دیکھئے "اَخاہ" جس کا یہ مخفف ہے -

اَخّاذ : [ع - امبالغہ] پکڑنے والا - لینے والا - تیز وطباع -

اَخّاہ : [ار - حرف فجائیہ] کسی غیر متوقع بات پر حیرت ومسرت کے اظہار کے لئے کہتے ہیں - بہت خوب - واہ وا

اخبار : [ع - امث ومذ] خبر کی جمع (۱) خبریں - اطلاعات - واقعات (۲) احادیث (۳) روایات - قصص - بطور واحد (۴) روایت بیان - داستان (۵) مخبر یا جاسوس کا پرچہ یا روزنامچہ (۶) وقوعہ کی اطلاع یا خبر (۷) وہ روزنامہ، سہ روزہ یا ہفت روزہ پرچہ جس میں تازہ خبریں واقعات اور دیگر مضامین درج کرکے شائع کئے جاتے ہیں - انگریزی NEWS PAPER کا ترجمہ

اَخبار بینی : [عف - امث] اخبار[۷] پڑھنا - اخبار کی خبریں اور مضامین وغیرہ کا مطالعہ

اَخبار دیکھنا : [ار - محاورہ] اخبار[۷] پڑھنا - اخبار کی خبریں اور مضامین کا مطالعہ کرنا

اخبار کا پرچہ : [ار - امذ] کسی تاریخ کا اخبار (۷)

اخبار کا ہرکارہ : [ار - امذ] خبریں پہنچانے والا - ڈاک کے موجودہ نظام سے پہلے محکمہ خبر رسانی کا قاصد

اخبار کے فرشتے : [ار - امذ - ج] کراماً کاتبین - انسان کے اعمال لکھنے والے فرشتے

اخبار نکالنا : [ار - محاورہ] روزنامہ یا کسی اور مقررہ وقفہ پر شائع ہونے والا اخبار جاری کرنا - اخبار کی اشاعت کا کاروبار کرنا -

اخبار نویس : [عف - افاعل] (۱) اخبار میں لکھنے والا - نامہ نگار - صحافی - جرنلسٹ (۲) خبر رساں یا قاصد جو ڈاک کے موجودہ نظام سے پہلے خبریں پہنچانے پر مامور تھے -

اخبار نویسی : [عف - امث] اخبار نویس سے اسم کیفیت - اخبار کے مضامین لکھنا اخبار میں مضامین لکھنے کا پیشہ - نامہ نگاری - صحافت - جرنلزم

اخبارات : [ع - امذ] دیکھئے "اخبار" (۷) جس کی یہ جمع ہے -

اخباری : [ع - صف] (۱) اخبار (۷) سے منسوب ومتعلق (۲) غیر مقلد فرقہ جو صرف قرآن وحدیث کو قابل استناد سمجھتا ہے - نیز اس فرقہ سے تعلق رکھنے والا -

اِخبار : (بکسر اول) [ع - امذ] خبر رسانی - پرچہ نویسی - نامہ نگاری - خبر دینا

اِخبار ہونا : [ار - محاورہ] خبر دی جانا

اَخبث : [ع - اتفضیل] بہت خبیث - خباثت اور شرارت سے بھرا ہوا -

اُخت : [ع - امث] "اَخ" کی تانیث - خواہر - ہمشیر - بہن

اُخت بند : [ار - ق] وہ گرہ جو بہن بناتے وقت لگائی جائے - بہن بنانے کی رسم - بہناپا

اِختبار : (اِخ تِ بَ ار) [ع - امذ] امتحان - آزمائش - جانچ -

اِختتام : [ع - امذ] خاتمہ - ختم - اخیر - انجام (افعال - کرنا - ہونا)

اِختتام پانا : [ار - محاورہ] تکمیل یا خاتمہ تک پہنچنا - ختم ہو جانا

اِختتام پر آنا / پہنچنا : [ار - محاورہ] خاتمہ کے قریب پہنچنا - تمام ہونے کو ہونا

اِختتام کو پہنچنا : [ار - محاورہ] پورا ہو جانا - ختم ہو جانا

اِختتامی : [ع - صف] اختتام سے منسوب - تکمیلی - آخری

اِختتامیہ : [ع - امذ] وہ مختصر سا مضمون جو کسی کتاب کے آخر میں ہوتا ہے - اور اس میں مندرجات کے نمایاں پہلوؤں کی جانب اشارہ کرکے بات کو انجام تک پہنچا دیا جاتا ہے (۲) وہ مختصر سی نظم یا تقریر جو کسی ڈرامے کے آخر میں ہوتی ہے - اور ڈرامے کے خاتمے کے اعلان کی حیثیت رکھتی ہے - انگریزی EPILOGUE کا ترجمہ

اختر : [ف - امذ] (۱) ستارہ - تارا - رات کو آسمان پر چمکنے والے اجرام سوائے چاند کے (۲) ستاروں کی گردش کے حساب سے معلوم کیا ہوا - طالع - قسمت کا ستارہ

اختر چمکنا : [ار - محاورہ] نصیب جاگنا - قسمت اچھی ہونا - دن پھرنا

اختر سوختہ : [ف - امذ] بدنصیبی - بدقسمتی - بدبختی - بھاگ اچھے نہ ہونا -

اختر شمار : [ف - افاعل] دیکھئے "اختر شناس"

اختر شماری : [ف - افاعل] تارے گننا - رات بھر جاگتے رہنا - رات کی بے چینی اور اضطراب - بے خوابی

اختر شمری : [ف - امث] دیکھئے "اختر شماری" جس کا یہ مخفف ہے -

اختر شناس : [ف - افاعل] ستاروں کی گردش کے حساب سے آئندہ حالات و واقعات کا اندازہ کرنے والا - جوتشی - نجومی - منجم -

اختر شناسی : [ف - امث] دیکھئے "اختر شناس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

اُختر اسجنر[۱] : [ار - امذ] دیکھئے "اختر بجنر"

اِختراع : [ع - امذ ومث] (۱) نئی چیز کی دریافت - ایجاد (۲) جدت - اپج (۳) من گھڑت - جھوٹ

اِختراعِ فائقہ : (اضافت کے ساتھ) [ع - مرکب توصیفی - ترکیب فارسی] شاہکار ایجاد - اعلیٰ درجہ کی دریافت انگریزی لفظ MASTERPIECE کا ترجمہ

اِختراعات : [ع - امذ ومث - ج] نئی دریافت کی ہوئی چیزیں یا باتیں - ایجادیں

اِختراعی : [ع - صف] اختراع سے منسوب ومتعلق

اَختر بجنر : (آخ تر ب ج نر) [ار - امذ] استر بستر کا بگاڑ - ساز وسامان - برتن - بھانڈا

اِختزال : (اِخ تِزَال) [ع - امذ] رموز کے ذریعہ کتابت - اشاریاتی کتابت

اِختصار : (اِخ تِصَار) [ع - امذ] کمی - کوتاہی - گھٹاؤ - تعارت - چھوٹا پن - طوالت کی ضد

اِختصار نویس: [عف - افاعل] اشارات میں لکھنے والا - حروف کی بجائے علامات میں لکھنے والا مختصر نویس -

اِختصار نویسی: [مف - امث] ایک طرزِ کتابت جس میں حروف کی بجائے اشکال و علامات سے کام لیا جاتا ہے - تاکہ جلد لکھا جاسکے - SHORT-HAND WRITING کا ترجمہ

اِختصاص: [ع - امذ] (۱) کسی چیز سے غیر معمولی وابستگی، تعلق یا نسبت (۲) کسی شخص سے خاص ربط - تقرب (۳) کسی بات میں امتیاز و برتری - خاص مہارت انگریزی لفظ SPECIALIZATION کا ترجمہ

اِختصاصی: [ع - صف] اختصاص سے منسوب - کسی فن یا شعبہ میں خاص مہارت رکھنے والا ماہر خصوصی - متخصص - انگریزی لفظ SPECIALIST کا ترجمہ

اِختصام: [ع - امذ] باہم مخالف ہونے کی کیفیت - مخالفت - دشمنی - تضاد

اِختفا: [ع - امذ] چھپ جانے کی کیفیت - پوشیدگی - پردہ داری -

اِختفا کرنا: [ل - معں مرکب] چھپانا - پردہ میں رکھنا - پردہ ڈالنا -

اِختفاءُ العَینَین: (اِخ تِفا اُل عے نَین) [ع - امذ] ایک جسمانی نقص، جس میں ابروؤں سے لے کر رخساروں تک کھال ڈھلک جاتی ہے - جس سے آنکھیں بالکل ڈھک جاتی ہیں -

اِختلاج: [ع - امذ] (۱) پھڑکنے یا دھڑکنے کی کیفیت - حرکت اور اس کی ضربات معمول سے زیادہ تیز دھڑکن (نبض یا دل کی) (۲) ایک مرض کا نام، جس میں دل کی حرکت بہت تیز ہوجاتی ہے اور اس میں نظم نہیں رہتا - بسا اوقات غش آجاتا ہے -

اِختلاجِ قلب: [ع - مرکب اضافی - بترکیب فارسی] دیکھئے "اختلاج" (۲) ہول دل کا مرض

اِختلاجی: [ع - صف] اختلاج سے منسوب - اختلاجِ قلب کا مریض

اِختلاط: [ع - امذ] (۱) میل جول - ربط و ضبط - خلا ملا - تعلقات (۲) دوستی - اخلاص یارانہ - دوستانہ محبت (۳) چھیڑ چھاڑ - بے تکلفی کی گفتگو - اشارہ بازی گرم جوشی (۴) بوس و کنار - پیار - محبت (۵) ہم بستری - مجامعت (۶) خلط ملط - گڈمڈ ہونے کی کیفیت

اِختلاطُ العقل: (اِخ تِلا طُل عَقل) [ع - مرکب اضافی - امذ] عقل کی خرابی - بے عقلی پاگل پن - جنون - فتورِ دماغ

اِختلاف: [ع - امذ] (۱) عدم موافقت - مخالفت - تضاد (۲) جدائی - علیحدگی (۳) فرق - تفاوت (۴) جھگڑا - مخالفت - معاندت (۵) تنوع - رنگا رنگی (۶) تغیر و تبدل (۷) (طب) غذا کا معدہ میں نہ ٹھہرنا - معدہ کی خرابی کے باعث دست - اسہال

اِختلافِ بیانی: (بلا اضافت) [مف امث] اصلیت اور حقیقت کے خلاف بیان ہونے کی کیفیت - کذب - جھوٹ غلط بیانی

اِختلاف پڑنا: [ار - محاورہ] (۱) جھگڑا ہونا - مخالفت ہونا - عداوت ہونا (۲) عقیدہ اور رائے میں رنگا رنگی ہونا -

اِختلافی: [ع - صف] (۱) اختلاف سے منسوب - وہ بات جس میں ایک سے زیادہ آرا و اقوال ہوں (۲) اختلاف کی قدیم اردو صورت

اِختلاق: [ع - امذ] جھوٹ گھڑنا - دروغ بافی - بہتان - افترا

اِختلال: [ع - امذ] (۱) خرابی - کمزوری - ابتری - بدنظمی (۲) فتور - خلل (۳) ہنگامہ جھگڑا - فساد

اِختناق: (اِخ تِناق) [ع - امذ] دم گھٹنے کی کیفیت - اعضائے حلق کا ورم کرنا - خناق

اِختناقُ الرَّحم: (اِخ تِنا قُر رَحم) [ع - امذ] دیکھئے "اختناق الرحم"

اَختو بختو: (اَخ تو - بخ تو) [ار - امث] لکڑی کی دو پتلیاں جن کو تماشا کرنے والے لڑاتے ہیں -

اَختہ: [ف صف - امذ] (۱) وہ چوپایہ جس کے خصیے نکال یا مسل دیئے گئے ہوں، خصی - بدھیا (۲) معطل - نکما (۳) خواجہ سرا - حرم سرا کا نوکر (جو خصی ہوتا تھا) نامرد - انفعال کرنا ہونا

اَختہ بیگی: [ف ت صف] جانوروں کو اختہ کرنے والا - جانوروں کو اختہ کرنے پر مامور

اَختہ خانہ: [ف - امذ] وہ مقام جہاں چوپائے اختہ کیے جائیں -

اَختی گھوڑی: [ار - امث - عامیانہ] وہ عورت جس کی چھاتیاں ابھری ہوئی نہ ہوں - سینہ سپاٹ عورت

اِختیار: [ع - امذ] (۱) حکم چلانے کی اہلیت - کسی معاملہ پر پورا تصرف - اقتدار حاکمیت (۲) اپنی مرضی کے مطابق کام کرنے کی قدرت - بس - قابو - غلبہ - قبضہ (۳) اپنے قصد و ارادہ سے کوئی کام کرنے کی قدرت - قول و عمل کی آزادی (۴) مرضی خوشی (۵) حق - منصب (۶) پسند کرنا - چن لینا (۷) امکان - مقدور (۸) (علم کلام) یہ نظریہ کہ انسان اپنے اعمال کو اپنے ارادہ سے انجام دینے کی قدرت و صلاحیت رکھتا ہے اور مجبورِ محض نہیں (۹) خوش - آمادہ - راضی - (افعال پانا، دینا، رکھنا، سنبھالنا، سونپنا، کرنا، ہونا)

اِختیار بدست مختار: [ف - مثل] دیکھئے "آئندہ اختیار بدست مختار"

اِختیارِ تمیزی: (اضافت کے ساتھ) [ع - مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] (۱) وہ حق یا قدرت جو دوسرے کو نہ ہو (۲) حق یا منصب رکھنے والے کے ذوقِ سلیم کا فیصلہ متضاد باتوں میں سے کسی ایک کو پسند کرنے کا حق یا قدرت

اِختیار چلنا: [ار محاورہ] بس چلنا - قابو ہونا

اِختیار دینا: [ار محاورہ] حکومت دینا - اقتدار دینا

اِختیار رکھنا: [ار محاورہ] قدرت رکھنا - طاقت رکھنا

اِختیارِ سماعت: [مف - امذ] مقدمہ سننے کا اختیار

اِختیار سے باہر جانا / ہونا: [ار - محاورہ] بے خود ہونا - آپے میں نہ ہونا - خود مختار نہ ہونا - نافرمان ہونا - وہ کام کرنا جو اپنے اختیار میں نہ ہو (۲) امکان میں نہ ہونا - قابو میں نہ ہونا -

اِختیار کرنا: [ار - محاورہ] (۱) پسند کرنا - منتخب کرنا - چن لینا - عمل میں لانا (۲) قابو میں کر لینا -

اِختیار لینا: [ار محاورہ] اجازت لینا - منظوری لینا - حکومت لینا

اِختیار ملنا: [ار محاورہ] اجازت ملنا - قبضہ ملنا - حکومت ملنا

اِختیار میں ہونا: [ار محاورہ] قابو اور قبضہ میں ہونا - بس میں [illegible] - آپ میں ہونا ہوش و حواس میں ہونا - امکان میں ہونا -

اِختیار ہے: [ار محاورہ] آپ جانئے اور آپ کا کام جو چاہے کیجئے -

اِختیارا: [ار - امذ - ق] دیکھئے "اختیار" جو فصیح ہے -

اِختیارات: [ع امذ جمع] دیکھئے "اختیار" جس کی یہ جمع ہے -

اِختیاری: [ع صف] (۱) جو امکان میں ہو - بس کا - قابو کا (۲) جو اپنے عزم سے انجام دیا جائے - ارادی (۳) جس کا کرنا یا نہ کرنا مرضی پر منحصر ہو - غیر لازمی - انگریزی لفظ OPTIONAL کا ترجمہ (۴) "اختیار" جس کی یہ قدیم صورت ہے -

اختیاری کرنا : [ا۔ محاورہ ق] خواہش کرنا

اَخذ : [ع۔ امذ] لینے یا حاصل کرنے کا عمل۔ حصول۔ کسب۔ اکتساب (۲) معلوم باتوں سے یا ذہانت سے کوئی نتیجہ نکالنے کی کیفیت۔ استنباط۔ استفادہ (۳) نقل، اقتباس (۴) سیکھنے یا دیکھا دیکھی اختیار کرنے کا عمل (۵) (طب) آشوب چشم میں مبتلا ہونا۔

اَخذِ بالجبر : [ع۔ امذ] بغیر رضامندی یعنی زبردستی لینا

اَخذ کرنا : [ع ا۔ محاورہ] لینا۔ چننا۔ انتخاب کرنا۔ پکڑنا۔ بات سے بات نکالنا۔

اَخراج : [ع۔ امذ] خرج کی جمع۔ خرچ اخراجات

اِخراج : [ع۔ امذ] (۱) نکال دینے یا خارج کر دینے کا عمل (۲) نکلنے کی کیفیت یا عمل (خروج)

اِخراج پانا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اخراج ہونا"

اِخراج کرنا : [ا۔ محاورہ] نکال باہر کرنا۔ خارج کرنا (۲) (اصول فقہ) اخذ و استنباط کرنا

اِخراج ہونا : [ا۔ محاورہ] (۱) نکلنا۔ خارج ہونا (۲) نکالا جانا

اَخراجات : [ع امذ] خرج کی جمع الجمع۔ مصارف۔ لاگت۔ خرچہ۔ خرچ

اَخرَب : [ع۔ صف] (عروض) وہ ہفت حرفی رکن جس میں زحاف خرب واقع ہو جیسے مفاعیلن سے مفعول

اَخرَج : [ع التفضیل] دیکھئے "خارجی" جس کی یہ تفضیل ہے۔

اَخرَف : [ع۔ صف] بہت بڈھا۔ سٹھیایا ہو۔

اَخروٹ : [ا امذ] جوز۔ گردگان۔ چہار مغز۔ ایک قسم کا میوہ (پھل) جسکا چھلکا بہت سخت ہوتا ہے اور اس کی گری کھائی جاتی ہے (۲) اس میوے کا درخت

اَخروٹی : [ا۔ صف] اخروٹ کے رنگ یا شکل و صورت والا

اُخروی : [ع صف] آخرت سے منسوب۔ اگلے جہان کے متعلق۔ قیامت سے متعلق

اُخریٰ : [ع۔ امث] قیامت کا دن۔ یوم حساب۔ آخرت۔ عاقبت (۲) دوسری۔ دوم

اَخَس : [ع التفضیل] خسیس تر۔ بہت خسیس۔ ذلیل اور۔ (۲) نیز۔ کمینہ

اَخَص : [ع التفضیل] خاص کی تفضیل بعض و کل۔ مخصوص ترین۔ خاص۔ نہایت افضل

اَخصاص : [ع۔ امذ۔ ق] اثرات

اَخضر : [ع۔ صف] سبز۔ ہرا۔ نیلگوں

اَخضری : [ع۔ صف] ہرا یا نیلا رنگ رکھنے والا

اِخفا : [ع۔ امذ] (۱) مخفی رکھنے یا چھپانے کی کیفیت۔ چھپانا۔ مخفی رکھنا۔ مخفی ہونا۔ چھپنا۔ پوشیدگی ۲۔ (فقہ) نماز میں اتنی کم آواز سے قرأت کرنا کہ پاس کھڑا ہوا شخص بھی نہ سن سکے (۳) (تجوید) حرف نون کے اظہار اور ادغام کی درمیانی حالت یعنی ناک میں آواز پوشیدہ کر کے پڑھنا ۵۔ چھپ کر پوشیدہ طور پر

اَخفش : [ع امذ] علم نحو کا مشہور عالم ابوالحسن سعید جو سیبویہ نحوی کا شاگرد تھا بلخ میں پیدا ہوا ۲۱۱ یا ۲۲۱ ہجری میں وفات پائی۔ آنکھیں بہت چھوٹی تھیں اس لئے اخفش کہلاتا تھا کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے بکرے کا کان پکڑ کر علمی مسائل اسے سناتا اور جب تک بکرا گردن نہ ہلاتا سناتا رہتا۔ بُز اخفش اسی سے منسوب ہے (۲) کمزور نظر والا۔ چندھی آنکھوں والا۔

اَخگر : [ف۔ امذ] انگارا۔ چنگاری۔ جلتے ہوئے کوئلے سے اچٹا ہوا ذرہ۔ دہکتے ہوئے کوئلے کا ریزہ

اَخگرِ یّہ : [ف۔ صف] وہ گھوڑا جس کے جسم پر ایسے نقطے ہوں جیسے چنگاریاں نکلتی ہوں۔

اَخل : [ا امث ق] دیکھئے "عقل" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

اَخلوَند : [ا صف ق] دیکھئے "عقلمند"

اِخلاص : [ع امذ] (۱) نیک عمل کی وہ نیت جو غرض کے شائبہ سے پاک ہو۔ بے لوث نیت یا ارادہ۔ خلوص (۲) دوستی۔ ربط ضبط۔ میل ملاپ (۳) عشق و محبت (۴) نیک برتاؤ یا عمل جو بے غرض ہو (۵) بے تکلفی یا بے حجابی کی باتیں۔ (۶) قرآن شریف کی ایک سورت کا نام جو "قل ہو اللہ" سے شروع ہوتی ہے (۷) (تصوف) شرک سے دل کا پاک ہونا۔

اِخلاص انگیز : [ع ف صف] مخلص۔ سچا۔ خلوص والا

اِخلاص بڑھانا : [ا۔ محاورہ] آپس میں پیار محبت یا میل جول زیادہ کرنا۔ ایسا برتاؤ کرنا جس سے دوستی اور محبت میں اضافہ ہو۔

اِخلاص بڑھنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اخلاص بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

اِخلاص جوڑنا : [ا۔ محاورہ] دوستی کرنا۔ یارانہ کرنا

اِخلاص چہارگانہ : [ع ف امذ] ترکِ مال، ترکِ جان، ترکِ ناموس اور ترکِ دین جو اکبر کے دینِ الٰہی میں شمولیت کی اولین شرط تھی۔

اِخلاص دھرنا / رکھنا : [ا۔ محاورہ] دوست یا نیازمند ہونا۔ دل سے عقیدت ہونا

اِخلاص لانا : [ا۔ محاورہ ق] قول و عمل کے حق ہونے پر یقین کرنا

اِخلاص مند : [ع ف صف] سچا دوست۔ مخلص۔ پُرخلوص۔ بے غرض

اِخلاص مندی : [ع ف امث] دیکھئے "اخلاص مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

اِخلاص ہونا : [ا۔ محاورہ] محبت ہونا

اَخلاط : [ع امذ] خلط کی جمع (۱) (طب) بدن کی چار رطوبتیں جو غذا تحلیل ہونے سے پیدا ہوتی ہیں۔ سودا۔ صفرا۔ بلغم اور خون (۲) کسی شے کے وہ تمام اجزاء جن سے مل کر وہ بنی ہو

اَخلاطِ اربعہ : [ع۔ صف] چاروں خلطیں دیکھئے "اخلاط (۱)"

اَخلاطِ فاسدہ : [ع۔ صف] بگڑے ہوئے خلط

اَخلاف : [ع امذ] جمع خلف کی۔ اولاد۔ بیٹے۔ پوتے۔ بعد کی نسلیں۔ اسلاف کی ضد

اَخلاق : [ع امذ] خلق کی جمع (۱) خصلتیں۔ طور طریقہ (۲) پسندیدہ عادتیں، اچھے طور طریقے (۳) اچھا برتاؤ۔ شریفانہ سلوک۔ مروت (۴) (فلسفہ) وہ علم جس میں تہذیب نفس، تدبیر منزل اور سیاست مدن یا ان میں سے کسی ایک سے بحث کی جاتی ہے۔ علم الاخلاق۔ اخلاقیات۔

اَخلاق سوز : [ع ف صف فاعلی] مروت اور شرافت کے منافی جس سے بے حیائی یا بے شرمی ظاہر ہو۔

اَخلاق کرنا : [ا۔ محاورہ ق] مروت اور شرافت سے پیش آنا۔ خاطر تواضع کرنا

اَخلاقاً : [ع متعلق فعل] مروتاً یا شرافت کی راہ سے۔ حسن سلوک کی بنا پر

اَخلاقِ معاشرت : [ع امذ] باہم مل جل کر رہنے کے آداب اور طریقے

اَخلاقی : [ع ف] اخلاق سے منسوب یا متعلق

اَخلاقی جُرأت : [ع امث] کسی خوف یا جھجک کے بغیر اپنا مُنہ کا کہہ دینے کی ہمت و حوصلہ

اَخلاقیات : [ع۔ امذ] دیکھئے اخلاق (۴)

اَخلاقیاتی : [ع صف] اخلاقیات سے منسوب

اَخلاقیت : [ع امث] اخلاقی اصولوں کا برتاؤ۔ معیار اخلاق

اِخلال : [ع امذ] نظم میں موقع کا لفظ چھوڑ کر دوسرا لفظ اس کی جگہ لانے کا عیب

اَخنوخ : [عبرا امذ] ایک پیغمبر حضرت ادریس علیہ السلام کا نام

اَخنی : [ن امث] دیکھئے "یخنی" جو زیادہ مستعمل ہے۔
اَخنی یخنی : [ا امث] ذلیل۔ بد وضع اور بدچلن عورت۔ ایری غیری
اَخو : [ع اند] دیکھئے اَخ
اَخوات : [ع۔ امث ج] دیکھئے اُخت جس کی یہ جمع ہے۔ (بہنیں
اِخوان : [ع۔ اند] دیکھئے اخ ۲ جس کی یہ جمع ہے (۲) اہل یا صاحب
اِخوانُ الزّمان : [ع۔ اند] ہم عہد۔ ہم عصر۔ اہل زمانہ
اِخوانُ الشّیاطین : [ع۔ اند] شیطان کے بھائی۔ شیطان کی سی خصلت رکھنے والے مُفسد۔ شریر۔ بدمعاش لوگ
اِخوانُ الصّفا : [ع اند] (۱) پُرخلوص اور سچے احباب (۲) جن کا ضمیر لوثِ دنیا سے پاک ہو۔ اہل تقویٰ۔ پرہیزگار
اِخوانی : [ع صف] (نفسیات) جو بنی نوع کے ہر فرد سے ایسی بے لوث محبت رکھتا ہو جیسی اپنی ذات سے ہو۔ اپنی جان، مال، صحت سب کچھ اپنے ہم جنسوں کے لئے نثار کر دے / قربان کر دے۔
اِخوانیت : [ع۔ امث] ہم جنس کی تکلیف یا ضرورتوں کی خاطر اپنی تکلیف یا ضرورت کو بھلا دینے کا جذبہ۔
اِخوَت : [ع اند] دیکھئے اخ "جس کی یہ جمع ہے۔
اُخوّت : [ع امث] (۱) بھائی ہونے کا رشتہ (۲) وہ برادرانہ تعلق جو رشتہ کے علاوہ کسی اور نسبت سے ہو۔ بھائی چارہ۔ یگانگت۔ دوستی (۳) بھائی بنانے کا عہد۔ بھائی بنانا
اَخورا : [ا اند] دیکھئے "آب خورہ"
اَخون : [ف اند] دیکھئے "اَخوند" جس کا یہ مخفف ہے۔
اَخوند : [ف اند] (۱) اُستاد۔ معلم۔ اتالیق (۲) سردار۔ آقا۔ حاکم۔ آخوند
اَخوندجی : [ف ا اند] (۱) تعظیم اور محبت کے اظہار کے موقعہ پر اَخوند کی جگہ مستعمل
اَخہ : [ا کلمہ تحسین] دیکھئے "اَخا"
اَخوّیت : [ع امث] دیکھئے "اُخوّت"
اَخی : [ع اند] (۱) بھائی۔ عزیز۔ دوست (۲) میرا بھائی۔ میرا عزیز۔ میرا دوست
اَخیار : [ع اند ج] خیر کی جمع (۱) نیک۔ پارسا۔ برگزیدہ لوگ (۲) خیر پسند اور شر سے بچنے والے لوگ (۳) ۳۵۶ یا ۳۵۷ ابدال غوث وغیرہ کی بارہ قسموں میں سے ایک قسم کے لوگ جن کی تعداد سات ہے۔
اَخیاف : [ع اند] خیف کی جمع۔ وہ بھائی اور بہنیں جن کی ایک ماں اور مختلف باپ ہوں۔
اَخیافی : [ع۔ صف] دیکھئے اخیاف جس سے منسوب ہے۔
اَخیر : [ع صف] (۱) جو حد یا انتہا پر ہو۔ سب سے بعد کا آخری (۲) پہلے کے مقابلہ میں بعد کا سابق سے بعد کا۔ اگلا یا مقدم کا بالمقابل (۳) جو ختم ہونے کے قریب ہو۔ خاتمہ کے لگ بھگ (۴) آخری حصہ کا سا۔ اواخر کا (۵) جو آخر کا حکم رکھتا ہو۔ مختتم (۶) اخر کو۔ انجام کار۔ بالآخر (۷) انتہا۔ حد (۸) آخری دور۔ اختتام (۹) انجام۔ نتیجہ
اَخیر داں : [ع ف اند] بیاہی ہوئی بیٹی کے کفن دفن کا خرچ۔ جو اس کے والدین یا بھائی کے ذمہ ہوتا ہے۔
اخیر کو : [ا متعلق فعل] دیکھئے "آخر کو" جو زیادہ مستعمل ہے۔
اخیر میں : [ا متعلق فعل] تمام مرحلوں کے بعد۔ سب کے بعد
اخیر وقت : [ع اند] خاتمہ کا وقت۔ نزع کا عالم

اَخیر ہونا : [ا۔ محاورہ] ختم ہونا۔ تمام ہونا
اَخیری : [ع۔ صف] دیکھئے "آخری" جو زیادہ مستعمل ہے۔

ا - د

اَد : [ا۔ سابقہ بمعنی نصف] دیکھئے "آدھ" جس کا یہ مخفف ہے۔
اَدْ : [س۔ اند] دیکھئے "آد"
اَذ اَنت : [س۔ متعلق فعل] دیکھئے "آدانت"
اَدا : [ف۔ امث] (۱) نقل و حرکت کا انداز۔ ڈھنگ۔ روش۔ اسلوب۔ طرز (۲) دل لبھانے والی حرکت یا اشارہ۔ انداز معشوقانہ۔ آن۔ ناز۔ نخرہ۔ غمزہ۔ حُسن کی دلکشی (۳) دلکش پیرایہ۔ ڈھنگ۔ وضع۔ ڈول۔ طرح داری
اَدابند : [ف۔ افاعل] الفاظ میں کیفیات حسن کی تصویر کھینچنے والا۔ ناز و انداز کو بیان کرنے والا۔ (جیسے ترغزل گو شاعر)
اَدابندی : [ف۔ امث] دیکھئے "ادابند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
اَدادار : [ف۔ صف فاعلی] وہ حسین جس کی حرکات و سکنات میں دلکشی ہو۔ ناز و انداز والا۔ طرح دار
اَداداری : [ف امث] دیکھئے "ادادار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
اَداسنج : [ف۔ صف فاعلی] تیور، مزاج یا روش کو پہچاننے والا۔ موقع اور مصلحت کو سمجھنے والا۔
اَداسنجی : [ف۔ امث] دیکھئے "اداسنج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
اَداشناس : [ف۔ صف فاعلی] دیکھئے "اداسنج"
اداشناسی : [ف۔ امث] اداشناس کا اسم کیفیت دیکھئے "اداسنجی"
ادافہم : [ف۔ فاعلی] دیکھئے "اداسنج"
ادافہمی : [ف۔ امث] ادافہم کا اسم کیفیت دیکھئے "اداسنجی"
اداکار : [ف۔ افاعل] ڈرامے وغیرہ میں کام کرنے والا۔ تمثیل میں کسی فرد کے طور پر پیش ہونے والا مُمثّل۔ انگریزی لفظ ACTOR کا ترجمہ
اداکارہ : [ا۔ امث] دیکھئے "اداکار" جس کی یہ تانیث ہے اور خلاف قاعدہ و غلط ہے
اداکاری : [ف۔ امث] دیکھئے "اداکار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ انگریزی لفظ ACTING کا ترجمہ
اداکرنا : [ا۔ محاورہ۔ ق] (۱) معشوقانہ ناز و انداز دکھانا
ادانکالنا : [ا محاورہ] نیا ناز و انداز یا اسلوب اختیار یا ایجاد کرنا
ادانکلنا : [ا محاورہ] دیکھئے "ادانکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
اَدا : [ع اند مث] (۱) بے باقی۔ چکتا۔ چکانا قرض وغیرہ کا (۲) بیباک ہونا۔ بار اُترنا یا اُتارنا۔ ادائیگی۔ ادائی (۳) اختتام۔ اِتمام۔ تکمیل۔ سرانجام۔ پہنچانا یا پہنچنا (۴) انجام دہی۔ پورا کرنا (۵) بیان یا اظہار (۶) مفہوم الفاظ کے مطابق آواز میں اُتار چڑھاؤ اور حرکات و سکنات کرنے کا عمل۔ تبانبا کر پڑھنا یا گانا (۷) (فقہ) وہ عبادت جو مقررہ وقت پر بجا لائی جائے۔
اَدا ہونا : [ا محاورہ] قرض ادا ہونا۔ بے باق ہونا
ادائیگی : [ع ف۔ امث] قسط بندی۔ رقم قرضہ کو مقررہ اوقات پر ٹکڑے ٹکڑے کرکے ادا کرنا

اداکاری: ذعف-امث] (۱) انجام دہی بجالانا۔ پیدا کرنا (۲) بے باقی۔ چکتا

اداکرنا: [ارمحاورہ] بے باق کرنا۔ چکانا۔ دینا (۲) سبکدوش کرنا۔ ذمہ داری سے نجات۔ (۳) زبان سے نکالنا۔ کہنا۔ پڑھنا (۴) زبان سے اَلفاظ۔ مقررہ قاعدے سے قرأت کرنا (۵) مفہوم کے مطابق لہجہ میں اتار چڑھاؤ اور حرکات کرنا (۶) مفہوم کو الفاظ میں بلاغت و فصاحت سے بیان کرنا (۷) انجام دینا۔ بجالانا۔ پورا کرنا (۸) پہنچانا (۹) پیش کرنا۔ حاضر کرنا۔

اداکنندہ: [عف افاعل] (۱) چکانے والا۔ دینے والا۔ سبکدوش پانے والا (۲) بجالانے والا انجام دینے والا

اداہونا: [ارمحاورہ] دیکھئے 'اداکرنا' جس کا یہ لازم ہو۔

ادامہ: [ارصف ق] دیکھئے "آدھا" جس کی یہ صورت قدیم ہے۔

اَدات: [ع امذ] (۱) آلات۔ اوزار۔ اسباب (۲) (قواعد) حرف۔ حروف

اُدار: [س صف] (۱) شریف النفس۔ سیدھا سادہ نیک (۲) فیاض۔ سخی۔ مخیر

ادارات: [ع امذ جمع] دیکھئے "ادارہ" جس کی یہ جمع ہے۔

ادارت: [ع امث] (۱) اخبار یا رسالہ ترتیب دینے اور اس کی نگرانی کرنے کا کام۔ جریدہ نگاری۔ مدیری۔ ایڈیٹری (۲) کسی دوسرے کی کتاب کے مسودہ یا دیگر مواد یا معلومات وغیرہ کو با اصول طریقے پر ترتیب دینے تصحیح کرنے اور اس پر حواشی وغیرہ لکھنے کا کام ترتیب و تالیف

ادارجات: [ع امذ جمع] دیکھئے 'ادارہ' جس کی یہ جمع ہے (مگر اردو میں شاذ ہی استعمال ہوئی)

اِدارَہ: [ع امذ] (۱) محکمہ۔ دفتر۔ سررشتہ (۲) تنظیم جو کسی جمہوری مقصد کے لئے قائم ہو (۳) کوئی منظم شعبہ۔ مجلس۔ انجمن۔ نیز انگریزی INSTITUTION کا ترجمہ

اِدارہ کرنا: [ارمحاورہ] منظم کرنا۔ اصول و آئین کے تحت چلانا

اِداریہ: [ع امذ] مقالہ افتتاحیہ۔ اخبار کے مدیر کا اپنا خاص مضمون۔ انگریزی لفظ EDITORIAL کا ترجمہ

اُداس: [ھ صف امث] (۱) غمگین۔ ملول (۲) بیزار۔ اُچاٹ (۳) پژمردہ۔ افسردہ۔ نڈھال (۴) بے رنگ۔ ماند (۵) سُونا۔ بے رونق۔ اُجاڑ۔ ویران (۶) دُوگرداں بیزاری۔ بے پروائی۔

اُداسا: [ھ امذ] (۱) دیکھئے اداس (۲) آمادہ تیار (۳) بوریا بستر۔ اوڑھنا بچھانا

اُداسا چھانا: [ارمحاورہ] دیکھئے "اداسی چھانا"

اُداسا کسنا: [ار۔محاورہ] سفر کرنا۔ سفر کے لئے آمادہ ہونا۔ رخت سفر باندھنا۔ تیاری کرنا۔

اُداسا کھینچنا: [ارمحاورہ] تنہائی میں بیٹھ کر حبس دم کرنا۔ ترک دنیا کرنا۔

اُداسا لگانا: [ارمحاورہ] بوریا بستر جمانا

اُداسی: [ارامث] دیکھئے "اداس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) سنیاسی فقیر۔ بیراگی۔ نانک شاہی سادھو۔ جو سر گھٹاتے اور لنگوٹ باندھتے ہیں۔

اُداسی باجا: [ارامذ] ایک گہری آواز کا باجا جو پھونک کر منہ سے بجایا جاتا ہے۔

اُداسی برسنا: [ارمحاورہ] غمگینی۔ افسردگی یا بے رونقی کا سماں ہونا۔

اُداسی پھیلنا: [ارمحاورہ] بے رونقی پھیلنا۔ سناٹا چھانا۔ حُزن۔ ملال۔ افسردگی۔ پژمردگی۔ مسلط ہونا

اُداسین: [ھ امذ] تعلقات دنیا سے دور اور بیزار۔ گوشہ نشین۔ سنیاسی (۲) نانک پنتھی فقیر

ادافیوس: [ا امذ] نرگس کی مانند ایک پھول ؎

نگاہ باغی بصیرت سے وہ بیدا ہو گیا
کہ چار چشم نہ ہوں نرگس اورادافیوس — (مومن)

اِدام: [ع-امذ] سالن۔ شوربا

اَدامَ اللہ: [ع کلمہ دعا] خدا ہمیشہ برقرار رکھے۔

اَدامَ اللہ فیوضہم: [ع کلمہ دعا] اللہ تعالیٰ ان کے فیوض ہمیشہ باقی رکھے۔ بزرگوں کے نام کے بعد بہ طور دعا استعمال ہوتا ہے۔

اُدان: [امث] ڈکار۔ ایک قسم کی بُو جو پیٹ سے منہ کو آتی ہے۔

اَدانہ: [امث] سر پیشانی اور کنپٹی کی حفاظت کے لئے ایک آہنی ٹوپ جو عموماً جنگ میں استعمال ہوتا ہے خود آہنی ٹوپ

اَدانی: [ھ-امذ] دیکھئے "ادنیٰ" جس کی یہ جمع ہے۔

اُداہٹ: [ھ امث] وہ رنگ جو سرخی اور سیاہی ملنے سے پیدا ہو۔ اودا پن

ادائیگی: [عف امث] رقم محصول۔ لگان وغیرہ کا ادا ہوتا

ادائی: [امث] دیکھئے ادا (۱۱)

ادائیات: [ع امث] "ادائی" کی جمع

ادایات: [ع امذ جمع] دیکھئے ادا (۱) جس کی یہ جمع ہے۔

اَدَب: [ع امذ] (۱) عادات و مذاق میں اعلیٰ معیار یا اخلاقی اصول کی پابندی۔ شائستگی تہذیب۔ تمیز (۲) کسی کی عظمت یا بزرگی کا پاس۔ حفظ مراتب۔ احترام (۳) نظم و نثر اور ان کے متعلقات (۴) زبان کا سرمایہ لٹریچر (۵) پسندیدہ طریقہ۔ ڈھنگ قاعدہ۔ ضابطہ۔ سلیقہ (۶) تہذیب جو ایک قوم کو دوسری قوم سے ممتاز کرے۔ دستکارنے کی آواز دکتے کو ہٹانے اور قرینے سے بٹھانے کے لئے تادیباً کہتے ہیں (۷) حیا۔ شرم (۸) عجز و نیاز۔ خاکساری۔ فروتنی۔

اَدَبُ العَالِیہ: [ع امذ] کسی زبان کا مستند سرمایہ جس کو ہمیشہ کے لئے بنیادی حیثیت حاصل ہو۔ اعلیٰ ادب۔ انگریزی لفظ "CLASSICS" کا ترجمہ

اَدَبُ القُدَمَا: [ع امذ] پرانا ادب۔ اگلے وقتوں کی نظم و نثر۔

ادب آداب: [ع امذ] معاشرے کے پسندیدہ طور طریقے۔ دستور اور قاعدے (۲) کسی کی عظمت اور بزرگی کا پاس و لحاظ۔ حفظ مراتب۔ احترام

اَدَب آموز: [عف افاعل] (۱) تعلیم و تربیت دینے والا۔ تادیب کرنے والا۔ اُستاد (۲) ادب سیکھنے والا۔ شاگرد۔ مؤدب

اَدَب آموزی: [عف امث] دیکھئے "ادب آموز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ادب برائے اَدَب: [عف۔ فقرہ] ادبیات کا یہ نظریہ کہ ادب کا مقصد کلام میں محاسن لفظی و معنوی پیدا کر کے لطف اندوز ہوتا ہے اور ادب بجائے خود اپنا مقصود ہے۔

اَدَب برائے زندگی: [عف۔ فقرہ] ادبیات کا یہ نظریہ کہ ادب کا مقصد زندگی کی عکاسی اور ہر شعبہ زندگی سے سماجی تقاضوں کے مطابق بحث کرنا ہے۔

اَدَب پارہ: [عف امذ] ادبی قدر و قیمت رکھنے والی نظم یا نثر

اَدَب پانا/پکڑنا: [عف ار محاورہ] شائستگی حاصل کرنا۔ تہذیب سیکھنا (۲) نصیحت حاصل کرنا۔ سبق لینا۔ عبرت پکڑنا (۳) سزا بھگتنا۔

اَدَب دار: [عف افاعل] شائستہ۔ مہذب۔ مؤدّب

اَدب دان : [ع ف اِ فاعل] زبان کے علوم سے واقف - ادیب - عالم
اَدب دانی : [ع ف اِمث] دیکھئے "ادب دان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
اَدب دینا : [ا ر محاورہ] تہذیب و شائستگی سکھانا
اَدب رکھنا : [ا ر محاورہ ق] دیکھئے ادب کرنا
اَدب سکھانا : [ا ر محاورہ] تہذیب و شائستگی کی تعلیم دینا
اَدب سیکھنا : [ا ر محاورہ] تہذیب و شائستگی کی تعلیم حاصل کرنا
اَدبِ عالیہ : [ع امذ] دیکھئے "ادب العالیہ"
اَدب قاعدہ : [ع امذ] دیکھئے "ادب آداب"
اَدب کرنا : [محاورہ] تہذیب و شائستگی سے پیش آنا - عزت و احترام کرنا - حفظ
مراتب کا خیال رکھنا (۲) مراسم ادب بجالانا (۳) سزا دینا - تادیب کرنا
اَدب گاہ : [ع ف اِمث] تعلیم و تربیت کی جگہ - مدرسہ (۲) جہاں سزا و تنبیہ کے لئے رکھا
جائے - (۳) ادب و احترام کی جگہ
ادب لحاظ : [ع امذ] عزت و احترام - شرم و حیا
ادبِ لطیف : [ع امذ] وہ تحریر جس میں حسن تخیل جذباتی تاثر اور اسلوب بیان کی
خوبی نمایاں ہو -
اَدَباً : [ع متعلق فعل] تعظیم و احترام سے - پاس مراتب اور شرم و حیا سے
اُدَبا : [ع امذ] دیکھئے "ادیب" جس کی یہ جمع ہے -
اِدبار : [ع امذ] (۱) بدنصیبی - نحوست - پستی - بداقبالی (۲) افلاس - مفلسی - فلاکت
ناداری (۳) ہزیمت - شکست - پیٹھ دکھانا
اِدبار آنا : [ا ر محاورہ] تباہی - نحوست یا مفلسی میں مبتلا ہونا
اِدبار پڑنا : [ا ر محاورہ] شامت اعمال میں گرفتار ہونا
اِدبار چڑھنا : [ا ر محاورہ ق] گردش میں مبتلا ہونا - مصیبت میں پھنسنا
اِدبار چھانا : [ا ر محاورہ] نحوست کا گھیر لینا
اَدبُد : [ہ صف] عجب - حیرت انگیز
اَدبَدا : [ا ر متعلق فعل] دیکھئے "ادبدا کر"
اَدبَدا کر : [ا ر متعلق فعل] ہیر پھیر کر لانا - از روئے تجربہ (۲) دانستہ - عمداً - جان
بوجھ کر (۳) بے چینی یا اشتیاق کے ساتھ (۴) بے اختیاری - بے ساختہ
اَدبَدانا : [ہ محاورہ] اضطراب دکھانا - بے چین ہونا
اَدَبی : [ع صف] دیکھئے ادب ۲، ۳، ۴ جس سے یہ منسوب و متعلق ہے -
ادبیات : [ع امث] (۱) لٹریچر - نظم - نثر (۲) وہ مسائل یا علوم جو لٹریچر سے
تعلق رکھتے ہوں -
ادبیت : [ع امث] ادب کا حسن - شان - خصوصیت - اہمیت
ادبیہ : [ع صف] دیکھئے ادبی جس کی یہ تانیث ہے اور بطور جمع بھی آتی ہے -
اَدِت : [ہ امذ] سورج - آفتاب
اُدِت : [ہ امذ] نمایاں - روشن - جلی - واضح
اِدخال : [ع امذ] شگاف یا کشادگی میں داخل کرنے کا عمل (۲) بے روزن کی ہموار جگہ میں
گھونپنا (۳) شامل کرنا شریک کرنا (۴) ادا کرنا - جمع کرنا (۵) داخلہ - شمولیت (۶)
دخل پانا - دخیل ہونا
اِدخالی : [ع صف] اندر سے تعلق رکھنے والا - اندرونی
اَدخِر : [ع امذ] دیکھئے "ادخرہ"

اُدخِنہ : [ع امذ] دیکھئے "دُخان" جس کی یہ جمع ہے -
اُدخنے : [ا ر امذ] دیکھئے "ادخنہ" جس کی یہ اردو جمع الجمع ہے -
اُدَر : [س امث] پیٹ - رحم - ماں
اُدرَاج : [ہ امذ] ایک درخت کا نام جس کے دانوں کی مالا بناتے ہیں اور اکثر سادھو یہ
دانے کانوں میں بھی پہنتے ہیں (۲) کانوں میں پہننے کا ایک طلائی زیور جس کا رخ
رخساروں کی طرف ہوتا ہے -
اِدراج : [ع امذ] (۱) خلط ملط کیا جانا - جس سے اصل مفہوم مشتبہ یا مبہم ہو جائے - غلط
مبحث (۲) محدث کا حدیث کی روایت میں حدیث کے الفاظ کے علاوہ کوئی اور
قول داخل کر دینا
اِدرار : [ع امذ] پیشاب کی زیادتی - بار بار پیشاب آنا (۲) جاری ہونا - بہنا (۳)
زیادہ بارش ہونا (۴) روزینہ - وظیفہ
اِدراک : [ع امث] (۱) دریافت کرنا - پانا (۲) عقل - سمجھ - فہم - رسائی
اُدرسا : [ہ امذ] ایک قسم کا سفید سوتی کپڑا جس کی بناوٹ میں کھسر کھسرا پن
ہوتا ہے -
اَدرَک : [ف امث] ایک قسم کی جڑ جو خشک ہونے پر
سونٹھ کہلاتی ہے -
اَدرَکی : [ف امث] ایک قسم کی مٹھائی - سونٹھ کا مربہ - تازہ گڑ میں سونٹھ ملا کر بنائی
ہوئی ٹکیاں -
اِدریس : ایک مشہور پیغمبر کا لقب جو درس و تدریس میں زیادہ مشغول رہتے تھے جن کا
اصلی نام اخنوخ تھا - روایت ہے کہ یہ زندہ بہشت میں اٹھا لئے گئے - [ع - امذ]
اُدَڑ گُدَڑ : [ہ امذ] پھٹے پرانے کپڑے - چیتھڑے
اُدڑا گدڑا : [ہ امذ] وہ شخص جس نے پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے ہوں
اُدڑ گدڑ سووے مرجاد والا روئے : [ا ر فعل] غریب مزے سے سوتا ہے امیر کو
نیند نہیں آتی -
اِدِّعا : [ع - امذ] دعوے کرنا - بے دلیل بات کہنا - اپنی طرف ایسی بات منسوب
کرنا جو واقع میں نہ ہو -
ادعائی : [ع - صف] ادعا سے منسوب
ادعائی رشتے : [ع - مرکب توصیفی] غیر حقیقی رشتے - منہ بولے رشتے
ادعائی ناخوشی : [ع - مرکب توصیفی] غیر حقیقی اور فرضی ناخوشی
اَدعِیہ : [ع - امث] دعا کی جمع - دعائیں
اَدعِیۂ ماثورہ : [ع - امث] وہ دعائیں جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے
منقول ہیں -
اِدغام : [ع امذ] (۱) شامل کر دینا - ملا دینا - ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں
ملا دینا جیسے بدتر سے بتر
اَدَق : [ع افعل التفضیل] بڑا دقیق نہایت مشکل - بہت باریک
اَدَھچہ : [ت امذ] کارچوبی سفید حاشیہ کی چادر جو بطور آرائش توشک کے نیچے بچھائی
جاتی ہے اور اس کے حاشیہ دار کنارے باہر لٹکتے رہتے ہیں -
اَدِک / اَدِھک : [ہ صف] بہت زیادہ
اُدگدرا : [ہ صف] آدھا کچا آدھا پکا - نیم پختہ

اُدل بدل کرنا / اُدلا بَدلا: [ا۔امذ] ایک چیز دے کر اس کے بدلے میں دوسری چیز لینا

ادل بدلی: [ا۔امث] عوض۔ معاوضہ۔ مبادلہ۔ تغیر۔ تبدل۔ اُلٹ پھیر

اُدل پہچان: [ا۔صف] وہ چیز جو بلا تامل پہچان لی جائے۔ جس کی شناخت میں کچھ شبہ اور دقت نہ ہو۔

اُدلا: [ا۔امذ] جانور کی ران کا بے ریشہ گوشت۔ عربی لفظ "عضلہ" کا بگڑا ہوا

اِدِلّہ: [ع۔امث] "دلیل" کی جمع۔ دلیلیں

اُدَم: [ھ۔امذ] محنت۔ کوشش۔ جانفشانی

اُدم سے دَلِدّر گھٹے: [ا۔مثل] محنت اور کوشش سے نحوست دور ہو جاتی ہے۔

اُدمات: [ھ۔امث] مستی۔ ولولۂ جوانی

اُدماتا: [ھ۔صف مذ] مست۔ نشۂ جوانی سے چور

اُدمات لگنا: [ا۔محاورہ] مستی سوجھنا۔ مست ہونا

اُدماتی: [ھ۔صف مذ] دیکھئے اُدماتا جس کی یہ تانیث ہے۔

اُدماد: [ھ۔امث] دیکھئے ادمات

اودمادا: [ھ۔صف مذ] دیکھئے ادماتا

ادمادی: [صف مث] دیکھئے ادماتی

اُدنتری: [ھ۔صف] لٹکا ہوا۔ آویزاں۔ معلق۔ کمزور۔ ناتواں (سب رس)

اُدنیٰ: [ع۔ تفضیل] کم رتبہ۔ چھوٹے درجے کا۔ کمینہ۔ اعلیٰ کی ضد (۲) ذرا سا۔ تھوڑا (۳) فقیر۔ کنگال

اُدوات: [ع۔امذ] دیکھئے ادات جس کی یہ جمع ہے۔

اُدوار: [ع۔امذ] جمع دور کی۔ زمانے۔ عرصے۔ دورتیں۔ چکر

اُدوان / اُدوائن: [ھ۔امث] چارپائی کی پائنتی کسنے کی رسی (۲) وہ بان جو چرخے میں لگایا جاتا ہے۔

اُدوائن کا طوطا: [ا۔امذ] ٹانگیں پھیلا کر آہستہ آہستہ چلنے والا شخص

اُدویات: [ع۔امث] دیکھئے دوا جس کی یہ جمع الجمع ہے۔

اُدوِیہ: [ع۔امث] دیکھئے دوا جس کی یہ جمع ہے۔

اُدھ: [ھ۔ عدد کسری] دیکھئے آدھا جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں بطور سابقہ آتا ہے۔

اُدھ بیچ: [ا۔متعلق فعل] درمیان

اُدھ پکا: [ا۔صفت] جو پوری طرح پکا نہ ہو (نیم پختہ)

اُدھ پئی: [ا۔امث] آدھ پاؤ کے وزن کا کوئی باٹ۔ دو چھٹانک (۲) آدھ پاؤ وزن کی کوئی چیز۔

اُدھ جل گگری چھلکت جائے: [ا۔مثل] کم ظرف آدمی تھوڑا سا مقدور ہونے پر اترانے لگتا ہے۔

اُدھ جلا: [ا۔صف مذ] آدھا جلا ہوا۔

اُدھ جلی: [ا۔صف مذ] دیکھئے ادھ جلا جس کی یہ تانیث ہے

اُدھ سیرا: [ا۔امذ] آدھ سیر یا آٹھ چھٹانک وزن کا باٹ

اُدھ سیری: [ا۔امث] ادھ سیر وزن کی کوئی چیز (۲) وہ برتن جس میں آدھ سیر وزن کی کوئی چیز پک سکے یا سما سکے۔

اُدھ کٹی: [ا۔صف] آدھی کٹی ہوئی کوئی چیز۔ نیم کوفتہ۔ اُدھوری بات ناقص۔ ناتمام

ادھ کچا: [ا۔صف امذ] جو پوری طرح پکا نہ ہو آدھا کچا ہو

ادھ کچی: [ا۔مث] دیکھئے ادھ کچا جس کی یہ تانیث ہے۔

اَدھ کچرا: [ا۔صف مذ] گدر پھل۔ آدھا پکا آدھا پکا پھل۔ ناتمام کام

اَدھ کچری: [ا۔صف مث] دیکھئے ادھ کچرا جس کی یہ تانیث ہے۔

اَدھ کچلا: [ا۔امذ صف] ادھ کٹا یا کچلا ہوا۔ نیم کوفتہ۔ آدھا کوٹا ہوا۔

ادھ کر / ادھ کرڑی: [ا۔امث] مال گزاری کی نصف قسط۔ کرایہ یا ٹیکس وغیرہ کی آدھی قسط

اَدھ کھلا: [ا۔صف۔مذ] آدھا کھلا ہوا پھول۔ نیم شگفتہ

ادھ کھلا: [ا۔صف مذ] کچھ کھلا کچھ بند۔ نیم باز

ادھ کھلی: [ا۔صف مث] دیکھئے ادھ کھلا جس کی یہ تانیث ہے۔

ادھ گلا: [ا۔صف مذ] جو پوری طرح گلا نہ ہو۔ کم گلا۔ نیم پختہ

ادھ مرا / ادھ موا: [ا۔صف مذ] مرنے کے قریب۔ نیم جان

ادھ مری / ادھ موئی: [ا۔صف مذ] دیکھئے ادھ موا جس کی یہ تانیث ہے۔

ادھنا: [ا۔امذ] آدھ آنہ یا دو پیسے کا سکہ جو اب متروک ہے۔

ادھنی: [ا۔امث] "ادھنا" کی تانیث۔

اَدھا: [ا۔امذ] کسی مقدار معینہ کا نصف (۲) توپچے کی وضع کی بگھی (۳) شراب کی بوتل (۴) ہر ایک چھوٹی بوتل (۵) فاکہ اور کانچ کی چوڑیوں کے پورے جوڑے کا نصف (۶) بچوں کا ایک کھیل جس میں آپس میں اقرار کرتے ہیں کہ جب ایک دوسرے کو کوئی چیز کھاتے دیکھیں تو آدھی بانٹ لیں۔

ادھا بدنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے ادھا ۶

اَدھا سیسی: [ھ۔امذ] آدھے سر کا درد۔ درد شقیقہ

اُدھار: [ھ۔امذ] ناشتے کے طور پر کچھ کھانا۔ سہارا۔ آسرا۔ وسیلہ

اُدھار: [ھ۔امذ] قرض۔ نقد کی ضد

اُدھار آنا: [محاورہ] کوئی چیز قرض خریدی جا کسی پر قرض آنا

اُدھار بیوپار: [ھ۔امذ] قرض سے کاروبار کرنا۔ قرض سے کام چلانا

اُدھار پٹا: [ھ۔امذ] وہ تجارتی سمجھوتہ جس میں قیمت بعد میں ادا کی جائے LEND LEASE

اُدھار دیجئے دشمن کیجئے: [ا۔مثل] قرض دینا دوست کو دشمن بنانا ہے۔

ادھار دینا: [ا۔محاورہ] قرض دینا

ادھار کھانا: [ا۔محاورہ] قرض لینا (۲) کسی بات پر تل جانا

اُدھار کھانا پھوس سے / کا تاپنا برابر ہے: [ا۔محاورہ] قرض یا ادھار کی چیز میں برکت نہیں ہوتی۔

ادھار کی کیا ماں مری: [ا۔محاورہ] قرض ملنا زیادہ مشکل نہیں

ادھار لینا: [ا۔محاورہ] قرض لینا

ادھار ہونا / ہو جانا: [ا۔محاورہ] مقروض ہونا۔ قرضہ سر پر چڑھ جانا

اُدھر: [ھ۔صف] بے سہارا۔ بن بنا۔ معلق۔ ادھر ندا دھر (۲) ہونٹ۔ لب

اُدھر میں پڑے ہیں: [محاورہ] کسی طرف کے نہیں ہیں۔ یکسو نہیں ہیں

اُدھر میں چھوڑنا: [محاورہ] کسی طرف کا نہ رہنے دینا / رکھنا (۲) وقت پر دھوکا دینا۔ بے وفائی کرنا

اِدھر میں لٹکنا : [ا، محاورہ] یکسوئی کی حالت نہ ہونا۔ نہ مرنا نہ جینا

اِدھر : [ا، متعلق فعل] یہاں اِس طرف۔ اِس سمت۔ قریب۔ پاس، اِس زمانے میں

اِدھر آیا اُدھر گیا : [ا، محاورہ] ذرا قیام نہیں۔ جاتے کچھ دیر نہیں لگتی۔

اِدھر اُدھر : [ا، متعلق فعل] چاروں طرف۔ اردگرد۔ آس پاس۔ ایسی ویسی جگہ دائیں بائیں۔ جگہ سے بے جگہ۔ بے محل۔ پراگندہ۔ تتر بتر۔ غائب ہونے اور ٹل جانے کی جگہ

اِدھر اُدھر پھرنا : [ا، محاورہ] آوارہ پھرنا۔ بے مقصد پھرنا

اِدھر اُدھر سے لینا : [ا، محاورہ] ہر طرف سے اکٹھا کرنا۔ اعتدال سے بڑھی ہوئی چیز کو کاٹنا چھانٹنا

اِدھر اُدھر کر دینا : [ا، محاورہ] غائب کر دینا اُڑا دینا۔ چُرا لینا۔ چھپا لینا

اِدھر اُدھر کی باتیں : [ا، امث] فضول۔ لغو اور بے کار باتیں

اِدھر اُدھر کی کہنا : [ا، محاورہ] متفرق اور مختلف قسم کی باتیں کرنا

اِدھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر : [محاورہ] ایک جگہ دم نہ لینا۔ نچلے نہ بیٹھنا۔

اِدھر سے اُدھر کرنا : [ا، محاورہ] کسی چیز کو اپنی جگہ سے غائب کر دینا۔ چرا لینا۔ سرکا دینا۔

اِدھر سے اُدھر ہونا : [ا، محاورہ] اپنی جگہ یا مقام پر نہ رہنا۔ سرک جانا۔ مخالف ہونا۔

اِدھر قبلہ اُدھر کعبہ بی خدیجہ ہوئے کدھر : [ا، مثل] یوں بھی مشکل وؤں بھی مشکل۔ کوئی بات نہیں بنتی۔

اِدھر کاٹے اُدھر لپٹ جائے : [ا، مثل] تکلیف پہنچائے اور کر جائے۔

اِدھر کا نہ اُدھر کا : [ا، مثل] کسی شمار میں نہیں کسی طرف کا نہیں۔

اِدھر کنواں اُدھر کھائی : [ا، مثل] ہر طرف نقصان۔ ہر صورت مشکل

اِدھر کی اُدھر کرنا : [ا، محاورہ] لگائی بجھائی کرنا۔ چغلی کرنا

اِدھر کرنا اُدھر لگانا : [ا، محاورہ] دیکھئے "اِدھر کی اُدھر کرنا"

اِدھر کی دنیا اُدھر کرنا : [ا، محاورہ] دنیا کو درہم برہم کرنا۔ انقلاب برپا کرنا

اِدھر کی دنیا اُدھر ہونا / ہو جانا : [ا، محاورہ] دیکھئے "اِدھر کی دنیا اُدھر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اِدھر کی راہ نہ چلے : [ا، محاورہ] اس طرف کا قصد نہ کرے۔ اس طرف کا رخ نہ کرے

اِدھر کی نہ اُدھر کی یہ بلا کدھر کی : [ا، مثل] جو کسی قابل نہ ہو جسے کوئی نہ پوچھے۔

اِدھر کی ہوا اُدھر نہیں جاتی : [ا، مثل] مکمل بے تعلق ہونا

اِدھر کے نہ اُدھر کے ہونا : [ا، محاورہ] کسی طرف کے نہ ہونا۔ کسی شمار میں نہ ہونا۔

اِدھر ہاتھ لانا : [ا، محاورہ] داد چاہنا

اِدھر یا اُدھر ہونا : [ا، محاورہ] جھگڑا چکنا۔ یکسوئی ہونا۔ جینا یا مرنا۔ جانکنی سے نجات پانا

اُدھر : [ا، متعلق فعل] اُس سمت۔ اُس طرف۔ وہاں۔ دورِ سابق۔ بیشتر۔ خدا کی طرف اشارہ

اُدھر سے : [ا، متعلق فعل] اُس جانب سے۔ اُس طرف سے۔ دوسرے فریق کی طرف سے۔ خدا کی طرف سے۔

اُدھر ہی اُدھر : [ا، متعلق فعل] باہر ہی باہر۔ اوپر ہی اوپر۔ بالا بالا

اَدھراج / اَدھیراج [ا، مذ] بڑا راجا۔ مہاراجہ۔ راجاؤں کا راجا

اُدھڑنا : [ا، مص] سیون کھلنا۔ ٹانکے ٹوٹنا (۲) بہت پٹنے اور مار کھانے کی وجہ سے کھال کا اُدھڑنا۔ بدن سے پوست جدا ہو جانا (۳) تباہ ہونا۔ زیر بار ہونا (۴) کھل جانا

اَدِھک : [س صفت] زیادہ بہت زیادہ

اَدِھکار : [ا، مذ] حق۔ ورثہ۔ ترکہ۔ استحقاق

اَدِھکاری : [ا، فاعل] حق دار۔ مستحق

اُدھل جانا / اُدھلنا : [ا، مص] آوارہ ہونا۔ جوش مستی میں آپ سے باہر ہو جانا عورت کا کسی غیر مرد کے ساتھ بھاگ جانا۔ بگڑنا

اُدھلی چتون : [ا، امث] مستانہ چتون۔ خواہش نفسانی سے بھری ہوئی نگاہ

اَدْہَم : [ع، امذ] سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا۔ کالا سانپ

اُدھم : [ا، مذ] ہنگامہ۔ چیخ و پکار۔ شور و غل

اُدھم اٹھانا / جوتنا / کرنا / مچانا : [ا، محاورہ] شور و غل مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا

اُدھمی : [ا، فاعل] شور مچانے والا۔ فسادی

اَدَھن : [ا، مذ] وہ پانی جو کھانا، چاول، دال وغیرہ پکانے کے لئے جوش کیا جاتا ہے۔ گرم پانی

اَدَھن چڑھانا / رکھنا : [ا، محاورہ] کھچڑی وغیرہ پکانے کے لئے چولہے پر پانی چڑھانا یا رکھنا

اَدَھن ہونا : [ا، محاورہ] پانی کھولنے لگنا

اَدھوانڑ : [ا، مذ] بیچوں بیچ۔ درمیان۔ وسط جہاں سے کوئی چیز آدھوں آدھ ہو۔ کبوتر یا کنکوا جو دو رنگ کا ہو۔

اَدھوتر : [ا، مذ] ایک قسم کا دیسی سوتی کپڑا جس کو غربا عام استعمال کرتے ہیں۔ دھوتر

اَدھورا : [ا، صف] ناقص۔ ناتمام۔ پورا کی ضد

اَدھوڑی : [ا، امث] گائے بھینس کا کمایا ہوا چمڑا۔ موٹا کچا چمڑہ

اَدھوڑی استر : [ا، مذ] وہ جوتا جس کے اوپر نری اور استر میں اَدھوڑی ہو۔

اَدھوڑی تاننا : [ا، محاورہ] اتنا کھانا کہ پیٹ خوب تن جائے اور سانس نہ سمائے

اَدھی : [ا۔ا۔مث] نصف دمڑی پیسے کا آٹھواں حصہ ۲۔ ایک قسم کا نہایت عمدہ سفید سفید سوتی کپڑا

اَدھی اَدھی پہ جان دینا : [ا، محاورہ] کمال بخل کرنا۔ بہت کنجوس ہونا

ادھی ادھی کا حساب : [ا، مذ] ذرا ذرا سی چیز کا حساب

اَدھی کی چول چول : [ا، امث] نہایت حقیر اور کم قیمت چیز

اَدھی کے واسطے پیسے کا تیل جلانا : [ا، محاورہ] تھوڑے کے واسطے زیادہ نقصان اٹھانا۔ حساب کے کاغذات بہت ٹھیک ٹھاک رکھنا

ادھی کی ہانڈی بھی ٹھوک بجا کر لیتے ہیں : [ا، مثل] ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے بہت زیادہ احتیاط سے کام لینا چاہیے۔

اَدھی کے لون کو جاؤں لاؤ میری پالکی : [ا، مثل] شیخی خورے امیر کے متعلق بولتے ہیں جو کوئی چیز موقع بے موقع استعمال کر کے چھچھورے پن کا اظہار کرے۔

اَدھیا : [ا، امث] پیداوار کے دو حصے کی بانٹ (۲) آدھی بوتل

ادھیا سا گیا : [ا، محاورہ] آدھا ہو گیا

ادھیانا : [ا، مص] دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ آدھوں آدھ بانٹنا

اَدھیائے : [س امذ] باب۔ حصہ۔ سبق

ادھیراج : دیکھئے ادھراج

اَدِھیرج : [ہ-صف] بیقراری۔بے چینی۔اضطراب

اَدھیڑ : [ا-صف] نہ نوجوان نہ بڈھا۔درمیانی عمر کا

اُدھیڑ : [ہ-ا-وامر] دیکھئے ادھیڑنا جس کا یہ امر ہے اور اسم کیفیت ہے

اُدھیڑپن : [ا-مث] سوچ۔بچار۔فکر۔تردد (کنایۃ)

اُدھیڑنا : [ا-مص] سیون کھولنا۔سلائی کے ٹانکے توڑنا۔راز فاش کرنا۔عیب نکالنا کھال اتارنا۔پرندے کے پر نوچنا۔چھت یا قبر وغیرہ کے اوپر کا حصہ اکھاڑنا۔خوب کھانا۔رسی کا بل کھولنا۔بنی ہوئی چیز کھولنا

اَدھیلا : [ہ-اِمذ] آدھا پیسہ۔دو دمڑی کا سکہ ایک روپے کا ۱/۱۲۸ حصہ

ادھیلا نہ دے ادھیلی دے : [ا-مثل] تھوڑے نقصان سے بچنے کے لئے زیادہ نقصان اٹھانا

ادھیلیا : [ہ-امذ] آدھی پائی۔وہ کنکوا جو آدھے پیسے میں آتا ہے۔

ادھیلی : [ہ-امث] نصف / آدھا روپیہ

ادھیلیا : [ہ-امذ] آدھے حصے کا مالک۔ادھیلے کی کوئی چیز

اَدِھین : [ہ-امذ] احسان مند۔غریب۔ماتحت۔فرمانبردار۔ملازم

اَدْیان : [ع-امذ] دیکھئے "دین" جس کی یہ جمع ہے۔

اَدیب : [ع-صف] علم و ادب کا ماہر۔استاد۔ادب سکھانے والا۔اتالیق زبان دان

اُدَبِیہر : [د-امذ] دیکھئے ادیب جس کی یہ جمع ہے۔

اَدیبانہ : [ع-ف] متعلق فعل ادیب سے متعلق

اَدیم : [ع-امذ] ادھوڑی۔کھال۔دباغت دیا ہوا چمڑا

اَدیم یمنی : [ع-امذ] خوشبودار اور دھاری والا رنگین چمڑا جو یمن میں تیار ہوتا ہے۔

اَدِیم : دسترخوان (قصائد مومن)

ا-ڈ

اَڈّا : [ہ-امذ] (۱) بیٹھک جو پالتو پرندوں کے بیٹھنے کے لئے بنائی جاتی ہے (۲) جالی کاڑھنے اور کارچوبی بنانے کا چوکھٹا۔کہاروں کی ڈولیوں، گاڑیوں، گڈوں، ٹانگوں موٹروں وغیرہ کے کھڑے ہونے کا مقام۔فاحشہ اور بدکار عورتوں کی بدکاری کی مقررہ جگہ۔چکلا (۳) جوتے کی ایڑی (۴) بنائی کا کام کرنے کی تپائی (۵) کسی خاص مقام کے لوگوں کے جماؤ کی جگہ (۶) کسی شخص کے اکثر بیٹھنے کی جگہ (۷) کنکورے کی ڈور جس چیز سے چرخی پر چڑھاتے ہیں (۸) وہ مدور حلقہ جو کردشیا کا کام بنانے میں استعمال ہوتا ہے

اَڈانا : [ہ-امذ] ایک راگنی کا نام جو رات کو گائی جاتی ہے۔

اُڈوا اُڈو کرنا / ہونا : [ا-محاورہ] بدنام کرنا یا ہونا۔نکو بنانا یا بننا۔نظروں سے گرانا یا گرنا

اَڈی : [ہ-امث] (۱) جوتے کی ایڑی (۲) کپڑے کی وہ کل جو عورتوں کے شلوکے میں کٹوری اور آستین کے بیچ میں ہوتی ہے۔

اڈیٹر : [انگ] دیکھئے ایڈیٹر

اڈے پر لگانا : [ا-محاورہ] ہم خیال بنانا۔بہکانا

اڈیشن : [انگ] دیکھئے ایڈیشن

اڈیٹوریل : (انگ) دیکھئے ایڈیٹوریل

ا-ذ

اَذان : [ع-امث] (۱) عربی کے وہ مخصوص جملے جو مسجد میں نماز سے تھوڑی دیر پہلے ایک شخص بلند آواز سے کہتا ہے تاکہ نمازی نماز کے لئے اکٹھے ہو جائیں۔بانگ (۲) آگاہی۔اطلاع

اَذان دینا / کہنا : [ا-محاورہ] (۱) نماز کے لئے مقررہ جملے کہہ کر پکارنا (۲) مسلمانوں میں بچے کی پیدائش کے بعد اس کے دائیں کان میں اذان کے الفاظ کہنا (۳) طوفان آندھی اور وبا وغیرہم کے دفعیہ کے لئے اذان کے الفاظ پکار کر کہنا (۴) مرغ کا صبح کے وقت بولنا۔

اِذعان : [ع-امذ] یقین۔اعتبار۔فرمانبرداری۔اطاعت۔اعتماد۔اعتقاد

اِذعانی : (ع) اذعان سے منسوب

اَذفَر : [ع-صف] (۱) خالص (۲) تیز بو۔تیز بو رکھنے والی چیز

اَذقان : [ع-امث-ج] دیکھئے "ذقن" جس کی یہ جمع ہے۔

اَذکار : [ع-امذ-ج] دیکھئے ذکر جس کی یہ جمع ہے۔

اَذکیا : [ع-صف-ج] دیکھئے ذکی جس کی یہ جمع ہے۔

اِذن : [ع-امذ] اجازت۔حکم

اَذناب : [ع-امث] دیکھئے "ذَنَب" جس کی یہ جمع ہے۔

اَذواق : [ع-امذ] دیکھئے "ذوق" جس کی یہ افعال کے وزن پر جمع بنائی گئی ہے۔

اَذہان : [ع-امذ] دیکھئے "ذہن" جس کی یہ جمع ہے۔

اَذِیَّت : [ع-امث] تکلیف۔دکھ۔مصیبت۔گزند

ا-ر

اَر : [ہ-امذ] (۱) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی بہت ہلکی ہوتی ہے جس سے صندوق اور تلوار کے میان بنائے جاتے ہیں (۲) آنکس۔کانٹا (۳) [illegible] کے پہیے کے ڈنڈے

اَر : [ف حرف شرط] اگر

اُر : [اعلم] قدیم عراق کا ایک شہر جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مسکن تھا۔

اَرّا : [ہ-امذ] لکڑی کے چیرنے کے ایک اوزار کا نام۔آرا (فارسی لفظ آرہ کا بگاڑ ہے۔

اَر اَرا کے بیٹھ جانا / گر پڑنا : [ا-محاورہ] دفعتہً گر پڑنا۔درخت یا چھت کا گر پڑنا۔بوسیدہ عمارت کا بیٹھ جانا جس سے آواز بھی پیدا ہو۔

اَرابہ : [ف امذ] چھکڑا۔گاڑی۔توپ کی گاڑی جس پر توپ کا سامان گولہ بارود وغیرہ رکھتے ہیں۔

اَرّاٹا : [ہ-امذ] کسی عمارت، درخت وغیرہ کے گرنے کی آواز۔

اِرادت : [ع-امث] اعتقاد۔عقیدہ۔عقیدت۔محبت۔یقین۔آرزو۔تمنا

اِرادت مند : [ع-ف صف] معتقد۔مرید

اِرادت مندی : [ع ف امث] دیکھئے "ارادت مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
اِرادہ : [ع امذ] قصد۔ عزم۔ خواہش۔ تمنا۔ نیت (افعال) باندھنا۔ کرنا۔ رکھنا۔ ہونا
اِرادی : [ع صف] ارادہ سے منسوب اختیاری
اَراذِل : [ع امذ] دیکھئے ارذل جس کی یہ جمع ہے
اَرارات : [امذ] آرمینیا کا ایک پہاڑ جس کی نسبت مشہور ہے کہ حضرت نوح کی کشتی اس پہاڑ پر آکر ٹھہری تھی۔
ارارُوٹ : [انگ امذ] (ARROWROOT) ساگودانہ کی طرح کا ایک جلد ہضم ہونے والا اناج (۲) ایک غذا ہے جو بچوں یا بیماروں کو پانی یا دودھ کے ساتھ دی جاتی ہے۔ یہ ہند و پاکستان میں ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے۔ جس کو ارر کا درخت کہتے ہیں۔
اَراضی : [ع امث] دیکھئے ارض جس کی یہ جمع ہے (۲) کھیت۔
اراضیات : [ع امث] دیکھئے ارض جس کی یہ جمع الجمع ہے۔
اراضی افتادہ : [ع ف امث] غیر آباد زمین
اَراضی بندوبستی : [ع ف امث] وہ زمین جس کا بندوبست ہو چکا ہو۔ جس کی پیمائش کر کے بندوبست کر چکا ہو
اَراضی جل کر : [ع امث] وہ زمین جس میں آبپاشی کے لئے برساتی پانی جمع کیا جائے۔
اَراضی خالصہ : [ع امث] خالص سرکاری زمین
اراضی دریا برآمد : [ع امث] وہ اراضی جو دریا کے ہٹ جانے سے حاصل ہو (۲) سوکھے کی زمین
اراضی دریا بُرد : [ع ف امث] وہ اراضی جو دریا میں شامل ہو جائے یا ڈوب جائے یا جس پر دریا بہنے لگے۔
اراضی سکنی : [ع ف امث] وہ اراضی جس پر رہائشی مکانات تعمیر کر کے سکونت اختیار کی گئی ہو۔
اراضی شاملات : [ع ف امث] مشترکہ زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو
اراضی شور : [ع ف امث] کلر۔ بنجر زمین
اراضی غیر ممکن : [ع ف امث] ناقابل کاشت زمین
اراضی معافی / بلا اخراج : [ع ف امث] وہ اراضی جس پر لگان یا مالگزاری معاف ہو
اراضی منضبط : [ع ف امث] وہ زمین جو بحق سرکار ضبط کر لی گئی ہو۔
اراضی نوتردد : [ع ف امث] نئی کاشت کی ہوئی زمین
اراضی وقف : [ع ف امث] جو زمین کسی کار خیر کے لئے مخصوص کر دی گئی ہو۔
اِراقت : [ع امث] پیشاب کرنا۔ ڈالنا۔ گرانا۔ بہانا۔ جاری ہونا۔ پیشاب وغیرہ کے جاری ہونے کا عمل۔
اراکین : [ع امذ] دیکھئے رکن جس کی یہ جمع الجمع ہے
ارانا : [ہ مص] (۱) کنکوے کا ہوا کے رخ پر گھومنا (۲) دن چڑھے تک سونا (۳) کسی چیز کا کہیں کثرت سے ہونا۔
اَرَب : [ہ امعدد] سو کروڑ
ارب کھرب : [ہ صف] بے شمار۔ ان گنت۔ لاتعداد (۲) شان و شوکت سامان ظاہری
اَرباب : [ع امذ] رب کی جمع۔ صاحبان۔ مالک۔ پرورش کرنے والے۔

ارباب اقتدار : [ع ف امذ] با اختیار۔ با اقتدار لوگ۔ صاحبان قوت
اَربابِ بست و کشاد : [ع ف امذ] معاملات حکومت میں تصرف و تسلط رکھنے والے لوگ
اربابِ بصیرت : [ع ف امذ] ذی فہم۔ ذی شعور۔ زیرک۔ روشن دماغ لوگ
اربابِ پرستی : [ع ف امث] ایک سے زیادہ خداؤں کی پرستش
اربابِ حجت : [ع ف امذ] منطقی لوگ
اربابِ حل و عقد : دیکھئے ارباب بست و کشاد
اربابِ دانش : [ع ف امذ] صاحب علم لوگ
اربابِ دولت : [ع ف امذ] صاحبان دولت و حکومت۔ امراء۔ حکام
اربابِ سخن : [ع ف امذ] شعراء و ادبا
اربابِ سیر : [ع ف امذ] مؤرخان۔ سوانح نگاران
اربابِ شرع : [ع ف امذ] قانون شریعت کا نفاذ کرنے والے لوگ۔ حکام۔ قضاۃ
اربابِ عدالت : [ع ف امذ] منصفان انصاف کرنے والے لوگ۔ قاضی جج وغیرہ
اربابِ عشرت : [ع ف امذ] عیش کرنے والے۔ محفل عشرت کے شریک
اربابِ علم : [ع امذ] صاحبان علم۔ علماء۔ فضلاء
اربابِ معنی : [ع ف امذ] خدا شناس۔ حقیقت شناس۔ عارف و زاہد لوگ
اربابِ نشاط : [ع ف امذ] گانے بجانے والے لوگ۔ ڈوم، قوال وغیرہ
اربابِ نظر / بینش : [ع ف امذ] عقل و شعور رکھنے والے لوگ
اربابِ ہمم : [ع ف امذ] ہمت یا حوصلہ رکھنے والے لوگ۔ دریا دل۔ سخی
اربابِ ہنر : [ع ف امذ] صاحبان فن۔ فنکار۔ ہنرمند لوگ
اُربسی : [ہ امث] راجا اندر کے دربار کی ایک پری کا نام (۲) خوبصورت پری پیکر (۳) سینہ پر پہننے کا ایک زیور (۴) روشنی چمک دمک
اَربَع : [ع اعدد] چار
اَربَع جیوں کا تیوں کنبہ ببیٹھا کیوں : [ہ مثل] اپنی بے وقوفی سے اپنا گھر برباد کرنا اور پھر قائل نہ ہونا۔
اربع عناصر : [ع مرکب عددی] چار عنصر۔ آگ، پانی، مٹی، ہوا
اربع عناصر میں خلل پڑنا : [ہ محاورہ] خلل پڑنا۔ عناصر میں اعتدال نہ رہنا
اربع متناسبہ : [ع امذ] حساب کا ایک قاعدہ جس میں چار ہم نسبت عدد ہوتے ہیں۔ ان میں سے اگر ایک عدد نامعلوم ہو تو باقی تینوں کے ذریعے سے وہ چوتھا نامعلوم عدد دریافت کر سکتے ہیں۔
اربعین : [ع اعدد] چالیس۔ حضرت امام حسینؓ کا چہلم جو ۲۰ صفر کو منایا جاتا ہے۔ مختلف مضامین کی چالیس حدیثیں
اَربَل : [ہ امث] ایک بھونری جو گھوڑے کے کان کی جڑ میں ہوتی ہے اگر ایک ہو تو منحوس خیال کرتے ہیں اگر دو ہوں تو مبارک
اَرپَن کرنا : [ہ محاورہ] نذر کرنا۔ قربان کرنا۔ تحفہ پیش کرنا
اَرت : [ہ امذ] دیکھئے "ارتھ" جس کی یہ قدیم صورت ہے۔
اِرتباط : [ع امذ] میل جول۔ دوستی۔ تعلق واسطہ۔ بے تکلفی۔ آشنائی۔ محبت
اِرتجال : [ع امذ] بے سوچے فوراً بول اٹھنا۔ بلیساختہ بولنا۔ بے ساختگی
اِرتجالاً : [متعلق فعل] بے ساختہ طور پر۔ فی البدیہہ۔ بے سوچے (شعر وغیرہ کہنا)۔

اِرتِحال: [ع۔ امذ] رحلت۔ کوچ۔ سفر۔ موت

اِرتِداد: [ع۔ امذ] مرتد ہو جانا۔ اسلام سے انحراف۔ مسلمان سے کافر ہو جانا۔ مذہب چھوڑ دینا

اِرتِسام: [ع۔ امذ] نقش کرنا۔ مہر لگانا۔ نشان۔ تحریر وغیرہ

اِرتِشا: [ع۔ امذ] رشوت لینا

اِرتِعاش: [ع۔ امذ] رعشہ۔ کپکپی۔ کانپنا۔

اِرتِفاع: [ع۔ امذ] بلندی۔ اونچائی۔ مرتبہ۔ عروج۔ ترقی۔ سرفرازی

اِرتِفاع پیما: [صف۔ آلہ] بلندی ناپنے کا ایک آلہ انگریزی لفظ (ALTIMETER) کا ترجمہ

اِرتِقا: [ع۔ امذ] ترقی۔ اوپر چڑھنا۔ بتدریج بڑھنا۔ بڑھاوا۔ بالیدگی عروج

اِرتِقائی: [ع۔ صف] ارتقا سے منسوب

اِرتِکاب: [ع۔ امذ] کسی کام کا کرنا۔ اختیار کرنا۔ عمل فعل۔ ناجائز کام میں ہاتھ ڈالنا

اِرتِکاز: [ع۔ امذ] ایک جگہ اکٹھا کر دینا۔ جمع کر دینا۔ جمع کرنے یا مرکوز کرنے کا عمل۔

اَرتھ: [س۔ امذ] کسی چیز کی اصل۔ مادہ۔ مطلب۔ معنی۔ نیت۔ ارادہ۔

ارتھ بچانا نکالنا: [ھ۔ محاورہ] معنی نکالنا۔ مطلب بتانا۔ مطلب سمجھنا

اَرتھی: [ھ۔ امث] ہندوؤں کا جنازہ (۲) لکڑی کا تختہ جس پر میت کو رکھ کر مرگھٹ میں لے جاتے ہیں۔

اَرتھی نکلے: [ھ کلمہ بددعا] خدا کرے مر جائے۔ جنازہ نکلے

اِرتیاب: [ع۔ امذ] شک و شبہ۔ تشکیک

اِرث: [ع۔ امث] میراث۔ ترکہ۔ ورثہ۔ میت کا چھوڑا ہوا مال

اِرجاع: [ع۔ امذ] رجوع کرنا۔ دائر کرنا۔ رجعت

ارجاع نالش: [عف۔ امذ] مقدمہ دائر کرنا۔ عدالت میں عرضی دینا

اَرجُل: [ع۔ امذ] بڑے پاؤں کا آدمی (۲) وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید اور تین کسی دوسرے رنگ کے ہوں جو بڑا منحوس سمجھا جاتا ہے۔

اَرجمند: [ف۔ صف] قدر و قیمت والا۔ ذی رتبہ۔ ذیشان

اَرجنٹ: [انگ صف] (URGENT) ضروری۔ فوری۔ تاکیدی

اَرحام: [ع۔ امذ] دیکھئے "رحم" جس کی یہ جمع ہے۔

اَرحم: [ع۔ اِتفضیل] بہت زیادہ رحم کرنے والا۔ سب سے زیادہ مہربان۔

اَرحمُ الرّاحمین: [ع۔ مرکب اضافی] مہربانوں میں سب سے بڑا مہربان۔ اللہ تعالیٰ

اُرد: [ہ۔ امذ] ایک مشہور غلہ جس کے دانے سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں اور ان پر سفید چھوٹا سا دھبا ہوتا ہے۔ مونگ سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کی دال پکا کر کھاتے ہیں۔ ماش

اُرد پر سفیدی: [ار۔ امث] بہت قلیل مقدار۔ بہت کم ہونا۔

اُرد پڑھ کر مارنا: [ار۔ محاورہ] جادوگر کا ماش کے دانوں پر سحر پڑھ کر کسی کی طرف پھینکنا تاکہ اس پر جادو کا اثر ہو جائے

اُرد کے آٹے کی طرح اینٹھنا: [ار۔ محاورہ] بہت اکڑنا۔ اترانا

اُردا بیگنی: [ت۔ ار۔ امث] ترکنی جو مردانہ لباس پہن کر محلات شاہی میں انتظام اور پہرا چوکی کے فرائض انجام دے۔ سپاہی عورت۔

اَرداس: [ار۔ امث] (غالباً "عرض داشت" کا بگاڑ) عرض۔ گزارش۔ التماس

اُرداوا: [ار۔ امذ] (غالباً "آرد آبہ" کا بگاڑ) جو اور گیہوں کا بھنا ہوا آٹا جو پانی میں ملا کر گھوڑے کو کھلاتے ہیں تاکہ فربہ ہو جائے۔

اِردگرد / اردا گرد: [ف۔ ار۔ اردو تابع مہمل۔ گرد (فارسی متبوع) متعلق فعل] آس پاس۔ اِدھر اُدھر۔ چوگرد

اَردلی: [ار۔ امذ] انگریزی لفظ "ORDERLY" کی اردو شکل (۱) وہ چپراسی جو حکام کے اجلاس پر حکم پہنچانے اور انتظام رکھنے کے لیے ہوتا ہے (۲) امیر کی سواری کا جلوس (۳) سواری کے ساتھ رہنے والے سپاہی۔

اردلی بازار: [ار۔ امذ] شاہانِ دہلی کے ساتھ سفر میں چلنے والا بازار جو لشکریوں کو اشیائے ضرورت مہیا کرنے کے لیے ہوتا تھا۔

اَردلی میں چلنا: [ار۔ محاورہ] ساتھ چلنا۔ سواری کے ساتھ چلنا۔

اَردلی اتارنا: [ار محاورہ] بہت سے مردوں کا ایک عورت سے جماع کرنا۔

اَردلی میں رہنا: [ت۔ امذ] ا۔ لشکر گاہ۔ لشکر۔ فوج۔

اُردو: [ت۔ اعلم مث] ہند آریائی گروہ کی مشہور زبان مسلمانوں کے ورودِ ہند کے ساتھ ہی عربی، فارسی، ترکی اور دلیسی بولیوں کے میلاپ سے بننی شروع ہو گئی۔ پاک و ہند میں ایک مشترکہ زبان کی حیثیت رکھتی ہے اور سب سے زیادہ بولی جاتی ہے مغربی پاکستان میں سرکاری زبان بھی ہے اور دنیا میں تیسرے یا چوتھے درجے پر سب سے زیادہ بولی جانے والی زبانوں میں شمار ہوتی ہے۔ انگریز اُسے عموماً ہندوستانی کا نام دیتے تھے۔

اُردوئے مُعلّیٰ: [فع۔ امث] ا۔ اردو زبان۔ شاہانِ مغلیہ کے دربار میں بولی جانیوالی اُردو جس کو بہت فصیح اور مستند خیال کیا جاتا تھا۔ (۲) مرزا غالب کے خطوط کے مجموعہ کا نام۔

اُردی بہشت: [ف۔ امذ] ایرانی سال کے دوسرے مہینے کا نام جو موسم بہار میں آتا ہے اور اپریل کے مطابق ہوتا ہے۔

اَرذَل: [ع۔ اِتفضیل] انتہائی گھٹیا۔ بے حد کمینہ۔ رذیل ترین۔ بہت ذلیل۔

اَرَر: [ار۔ اصوات] حیرت و استعجاب کے موقع پر یہ آواز منہ سے نکلتی ہے۔

اَرڑانا: [ار۔ محاورہ۔ عامیانہ] چیخنا۔ چلّانا

اَرز: [ف۔ امث] (۱) قیمت۔ قدر (۲) بزرگی۔ عزت

اَرزاق: [ف۔ امذ۔ ج] دیکھئے "رزق" جس کی یہ جمع ہے

اَرزاں: [ف۔ صف] سستا۔ کم قیمت۔ گراں کی ضد

ارزاں بہ علت، گراں بہ حکمت: [ف۔ مقولہ] سستی چیز میں کوئی نہ کوئی نقص ہوتا ہے اور مہنگی چیز میں کوئی نہ کوئی خوبی ہوتی ہے۔

اَرزانی: [ف۔ امث] ا۔ سستا پن۔ بے قدری (۲) کثرت۔ زیادتی

ارزانی کرنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سستا کرنا۔ زیادہ کرنا (۲) بخشنا۔ عطا کرنا۔

اَرزش: [ف۔ امث] ارزیدن کا حاصل مصدر۔ قیمت۔ وقعت۔

اُرزن: [ف۔ امذ] ایک غلہ کا نام۔ چینا

اَرژنگ: [ف۔ امذ] ا۔ قدیم چین کا بے مثال نقاش و مصور (۲) عام خیال کے مطابق مشہور مصور مانی کا نگارخانہ (۳) ایک دیوتا کا نام جس کو ایران کے مشہور پہلوان رستم نے مازندران میں قتل کیا تھا (۴) قدیم توران کا ایک پہلوان جو طوس کے ہاتھوں مارا گیا تھا۔

ارسال: [ع۔ امذ] ا۔ وہ روپیہ جو علاقوں سے وصول کر کے علاقہ دار کی سرکار میں بھیجا جاتا ہے یا مال گزاری کی رقم جو زمیندار سرکاری خزانہ میں جمع کراتا ہے (۲) تحفہ۔ سوغات

ارسال کرنا: [ع۔ ار۔ مص مرکب] بھیجنا۔ روانہ کرنا۔
ارسطو / ارسطاطالیس: [ی۔ع۔ ر۔ انقلم] ا۔ مشہور یونانی فلسفی و حکیم، جو افلاطون کا شاگرد اور اسکندر اعظم کا استاد تھا (۲) (کنایۃً) دانا۔ عالم۔ فاضل۔
ارشاد: [ع۔ امذ] حکمت۔ ہدایت
ارشاد بجالانا: [ار۔ محاورہ] حکم کی تعمیل کرنا
ارشاد فرمانا / کرنا: [ار۔ مص مرکب] ا۔ حکم دینا۔ ہدایت دینا (۲) پڑھنا۔ سنانا
ارشاد ہونا: [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "ارشاد فرمانا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
اَرْشَد: [ع۔ التفضیل] بہت زیادہ ہدایت یافتہ۔ بہت نیک۔ اطاعت گزار
اَرْشَق: [ع۔ التفضیل] بہت اچھے قد والا۔ خوش قد
اَرْض: [ع۔ امث] زمین۔ علاقہ۔ ملک۔ کھیت
ارضِ مقدّس: [ع۔ امث] ا۔ پاک زمین (۲) فلسطین (کیونکہ وہاں بیت المقدس ہے)
ارض و سما: [ع۔ مرکب عطفی] زمین اور آسمان
اَرضی: [ع۔ صف] ارض سے منسوب۔ زمین سے متعلق۔ زمینی
اَرضیات: [ع۔ امذ] زمین کے طبقوں کا علم۔ علم طبقات الارض۔ انگریزی میں اصطلاح (GEOLOGY) کا ترجمہ
اَرغن / ارغنون: [ف یو۔ امذ] ایک باجا، جس کا موجد افلاطون کو بتایا جاتا ہے (مقابلہ کیجئے انگریزی ORGAN)
اَرغوان: [ف۔ امذ] ا۔ ایک سُرخ رنگ کا خوش نما پھول، جس کا مزہ میٹھا ہوتا ہے (۲) سرخ۔ سُرخ رنگ (مجازاً)
اَرغوانی: [ف۔ صف] ارغوان سے نسبت رکھنے والا۔ سُرخ۔ نارنجی
اَرْفَع: [ع۔ التفضیل] سب سے بلند۔ بہت اونچا
اَرقام: [ع۔ امث] دیکھئے "رقم" جس کی یہ جمع ہے
اِرقام: [عف۔ امذ] (فارسی والوں نے عربی مادہ "رقم" سے افعال کے وزن پر ارقام بنایا جو عربی میں مستعمل نہیں) نوشت۔ تحریر۔ کتابت۔ نگارش۔ لکھنا
اَرکان: [ع۔ امذ] دیکھئے "رکن" جس کی یہ جمع ہے
ارکان ادا کرنا: [ار۔ محاورہ] عبادت کو صحیح طور پر اصول و قواعد کے مطابق ادا کرنا
ارکانِ دولت / سلطنت: [ع۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] امراء۔ وزراء۔ حکومت کے اعلیٰ عہدہ دار
ارکان ادا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ارکان ادا کرنا" جس کا یہ لازم ہے
اَرگجا: [ہ۔ امذ] ایک مرکب عطر کا نام، صندل، گلاب، کافور، مشک اور عنبر سے مرکب خوشبو
اَرگن: [انگ۔ امذ] (ا۔ ARGAN) کی اردو شکل) دیکھئے "ارغن"
اِرَم: [ع۔ امذ] ا۔ ایک شہر کا نام، جس میں قوم عاد آباد تھی (۲) ایک بے نظیر باغ جو یمن کے بادشاہ شداد نے بنوایا تھا۔ بہشتِ شداد (۳) بہشت۔ جنت
اَرمان: [ف۔ امذ] تمنا۔ خواہش۔ آرزو۔ حوصلہ، حسرت (اس میں افسوس کا عنصر شامل ہے)
ارمان بھرا: [ف۔ ار۔ صف۔ مذ] آرزوؤں سے بھرا ہوا۔ تمناؤں سے پُر
ارمان بھری: [ف ار۔ صف مث] دیکھئے "ارمان بھرا" جس کی یہ تانیث ہے
ارمان پورا ہونا: [ار۔ محاورہ] آرزو پوری ہونا۔ مقصد حاصل ہونا۔
ارمان جاتا رہنا: [ار۔ محاورہ] آرزو مٹ جانا۔ خواہش ختم ہونا
ارمان جی کا جی میں رہنا: [ار۔ محاورہ] آرزو دل کی دل میں رہنا، پوری نہ ہونا
ارمان خاک میں ملنا: [ار۔ محاورہ] آرزو پامال ہونا۔ مایوسی ہونا
ارمان رہ جانا: [ار۔ محاورہ] حسرت رہ جانا۔ حوصلہ نہ نکلنا

ارمان کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کی تمنا کرنا۔ آرزو کرنا
ارمان نکالنا: [ار۔ محاورہ] خواہش پوری کرنا۔ حوصلہ نکالنا
ارمان نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ارمان نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
اَرمغان: [ف۔ امذ] ہدیہ۔ تحفہ۔ سوغات
اَرنا: [ہ۔ امذ] ا۔ جنگلی۔ جنگلی اُپلا۔ مویشیوں کا وہ گوبر جو جنگل میں پڑا خشک ہو جاتے۔
اَرنا بھینسا: [ہ۔ امذ] ا۔ جنگلی بھینسا جو بہت موٹا اور شہ زور ہوتا ہے (۲) موٹا آدمی
اَرنڈ: [ہ۔ امذ] ایک عام درخت، جس کے پتے بہت چوڑے اور کٹاؤ دار ہوتے ہیں اور لکڑی کمزور ہوتی ہے اس کے بیجوں کا تیل نکالتے ہیں۔
اَرنڈ خربوزہ: [ہ۔ امذ] ایک مشہور پھل اور اس کا درخت۔ درخت کی شکل ارنڈ کی مانند اور پھل کی خربوزہ کی مانند ہوتی ہے۔ پپیتا۔
اَرنڈ کی جڑ: [ار۔ مرکب اضافی۔ مث] مجازاً بہت بودی اور ناپائیدار چیز
اَرنڈی: [ہ۔ امث] ارنڈ کے بیج
ارنڈی کا تیل: [ار۔ امذ] ارنڈ کے بیج سے نکالا ہوا تیل، جو عموماً جلاب لینے کے لیے پیا جاتا ہے۔ (کسٹر آئل)
اَرِنی: [ع۔ فقرہ تلمیح] "مجھے اپنا جلوہ دکھا" کوہ طور پر حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ سے یہ درخواست کی تھی کہ مجھے اپنا جلوہ دکھا۔ جس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے "لن ترانی" کہا تھا یعنی تو نہیں دیکھ سکے گا۔ قرآن مجید میں اس کا ذکر موجود ہے۔ یہ فقرہ اسی واقعہ کی جانب اشارہ ہے۔
اَرنی کہنا: [ار۔ محاورہ] طالب دیدار ہونا۔ دیدار کی التجا کرنا۔
اَرنی گو: [عف۔ ا۔ فاعل] ارنی کہنے والا۔ مراد ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام
اَرواح: [ع۔ امث۔ ج] دیکھئے "روح" جس کی یہ جمع ہے۔ اردو میں بطور واحد بمعنی "روح" بھی مستعمل ہے۔
ارواح ادھر ہی ہے: [ار۔ فقرہ] عموماً یہ فقرہ کسی مرے ہوئے کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ یعنی اس کی روح ستانے نہ آئے۔
ارواح بھٹکنا: [ار۔ محاورہ] روح کا پریشان ہونا۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کسی چیز کی حسرت لے کر مر جائے۔
ارواح بھر جانا / پھر جانا: [ار۔ محاورہ] طبیعت بیزار ہونا۔ جی بھر جانا۔
ارواحِ خبیثہ: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] بدروحیں۔ بھوت پریت۔
ارواح لگی رہنا: [ار۔ محاورہ] نیت لگی رہنا۔
ارواح نہ شرمائے: [ار۔ محاورہ] کسی کی موت کے بعد اس کی خامی کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔
اروپا: [ہ۔ صف۔ امذ] ا۔ بدشکل۔ بھدا (۲) بدصورتی۔ بھدا پن۔
اَرونا: [ار۔ مصدر] اناج کو ہاتھوں سے صاف کرنا۔
اَروگی: [ہ۔ صف] جس کو کوئی بیماری نہ ہو۔
اَرولی: [ہ۔ امذ] ایک قسم کا کاغذ جو سفید اور موٹا ہوتا ہے۔
اَروں گھروں: [ہ۔ امذ] بچوں کا ایک کھیل۔ کم سن لڑکے باہم بیٹھ کر برابر پاؤں پھیلا کر ہاتھ پھیرتے ہیں اور یہ بے معنی الفاظ بولتے ہیں۔ اروں۔ گھروں۔ گھی کی چروں۔
اَروی: [ہ۔ امث] کچالو کی قسم سے ایک ترکاری۔ یہ جڑ ہوتی ہے اس کے پتے بہت چوڑے ہوتے ہیں۔ ہاتھی کے کانوں سے کسی قدر مشابہ ہوتے ہیں۔ پکنے پر لیسدار ہو جاتی ہے۔

آرہ: [ف۔ امث] لکڑی چیرنے کا اوزار۔ آرا

ارّہ کش: [ف۔ افاعل] آرا کھینچنے والا۔ آرے کے ساتھ لکڑیاں چیرنے والا

آرکشی: [ف۔ امث] آرا چلانے کا عمل

اَرہر: [ہ۔ امف] ایک قسم کا غلّہ۔ اس کے دانے چنے کے برابر ہوتے ہیں اور اس کی دال بناتے ہیں۔

اَرہر کی ٹٹیا اور گجراتی تالا: [ار۔ مثل] ناموزوں کام۔ غیر مناسب چیزوں کا میل۔

اَری: [ہ۔ امث] وہ لکڑی جس میں چوا ہے، کانٹے بیل کو ہانکتے ہیں

اَری: [ار۔ کلمہ خطاب] مونث کو پکارنے کے لیے کہتے ہیں۔

ارے: [ار۔ کلمہ خطاب] ا۔ مذکر کو پکارنے کا کلمہ۔ اس میں حقارت، محبت اور بے تکلفی پائی جاتی ہے (۲) کلمۂ تعجب

اَرے تُرے کرنا: [ار۔ محاورہ] بدتہذیبی سے بولنا۔ ابے تبے کرنا

ارے رے رے: [ار۔ کلمہ تعجب] انتہائی حیرت و تعجب کے اظہار کے لیے بولتے ہیں۔

اُریب: [ف۔ صف] آڑا ترچھا

اُریب دار پاجامہ: [ف۔ امذ] آڑا پاجامہ، جس کی موہری اتنی تنگ ہوتی ہے کہ پنڈلی سے چپک جاتی ہے

اُریب کی باتیں: [ار۔ امث] ہیر پھیر کی باتیں۔ فریب کی باتیں

اُریب کی چال: [ار۔ امث] ٹیڑھی چال۔ فریب کا کام

اُریہواں: [ار۔ صف] ترچھا۔ آڑا

اَریب: [ع۔ صف] عقلمند۔ دانا

اریکہ: [ف۔ امذ] تخت۔ مسہری

ا ــــ ڑ

اَڑ: [ہ۔ امث] ا۔ ضد۔ ہٹ۔ تعصب (۲) قبض۔ سُدّہ۔ بچوں کے پیٹ کا خلل جو ثقیل غذا کھانے سے ہو۔

اَڑ: [ار۔ فعل۔ امر] دیکھیے "اڑنا" جس کا یہ صیغہ امر ہے

اڑ بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اصرار کرنا۔

اڑ جانا: [ار۔ محاورہ] ضد کرنا۔ جم جانا۔ رک جانا۔ سدِ راہ ہونا

اڑکے بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] جم کر بیٹھنا۔ دھرنا دینا / مارنا۔ اس ارادہ سے بیٹھ جانا کہ جب تک کام پورا نہ ہو۔ نہ اُٹھیں

اَڑا اَڑا: [ہ۔ صف۔ امذ] دیوار یا اونچے مکان کے گرنے کی آواز (۲) دریا کا کنارہ

اڑا اڑا کر بیٹھنا / گرنا: [ار۔ محاورہ] مکان کا بلند آواز / دھماکے سے گرنا

اَڑ اَڑا اُڑا دھم: [ار۔ صوت] کسی چیز کے بے تحاشا گرنے کی آواز

اُڑ: [ار۔ فعل۔ امر] دیکھیے "اُڑنا" جس کا یہ صیغہ امر ہے۔

اُڑا: [ار۔ فعل ماضی] دیکھیے "اڑنا" جس کا یہ ماضی مطلق ہے۔

اُڑا: [ار۔ امذ۔ عو] نایاب۔ کمیاب

اُڑا آنا: [ار۔ محاورہ] بہت جلد آنا۔ بہت تیزی سے آنا۔ بھاگے چلے آنا۔

اڑ لے جانا: [ار۔ محاورہ] نایاب ہو جانا۔ ناپید ہو جانا

اڑا پھرنا: [ار۔ محاورہ] جلد جلد گشت لگانا۔ اڑتے ہوئے پھرنا

اُڑا جانا: [ار۔ محاورہ] تیز تیز جانا۔ اڑتے ہوئے جانا

اڑا دینا: [ار۔ محاورہ] ا۔ مشہور کر دینا (۲) موقوف کر دینا (۳) بند کر دینا (۴) چوری کر لینا یا غائب کر دینا (۵) خرچ کر ڈالنا (۶) ادھیڑنا (۷) کاٹ ڈالنا۔

اڑا لانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ ہوا کے ذریعہ کوئی چیز اڑا کر لے آنا (۲) بھگا لانا۔ (۳) چرا لانا۔

اُڑا لینا: [ا۔ محاورہ] ا۔ چرا لینا۔ اس طرح لے جانا کہ معلوم نہ ہو۔

اُڑان: [ہ۔ امذ] وہ لکڑی جو کسی گرتی چیز کو روکنے کے لیے کھڑی کی جائے۔

اُڑان: [ار۔ امث] ا۔ پرواز۔ اڑنے کی کیفیت

اڑان گھائی بتانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "اڑن گھائی" بتانا۔

اَڑانا: [ار۔ مص] اٹکانا۔ اُلجھانا۔ پھنسانا۔ روکنا۔ ٹھہرانا (۲) دیکھیے "اڑان" جس کا یہ اسم مکبّر ہے۔

اِڑانا: [ار۔ محاورہ] ایڑی میں ڈالنا۔ پہننا (باغ و بہار)

اُڑانا: [ار۔ مص] ا۔ کسی پرند کو پرواز میں لانا (۲) پتنگ یا کنکوے کو بڑھانا (۳) کاٹنا۔ قلم کرنا (۴) نقل کرنا۔ کسی کی وضع سیکھ لینا۔ کسی کا انداز اڑا لینا۔ (۵) غائب کر دینا چرا لینا (۶) ٹالنا۔ آنا کانی کرنا (۷) بے جا صرف کرنا۔ فضول اُٹھانا (۸) فریب دینا۔ بہلانا۔ ٹالنا (۹) بھگانا۔ بھگا لانا (۱۰) رونق دینا۔ چمکانا (۱۱) ہٹانا۔ ہانکنا۔ نکال دینا (۱۲) تیز لے جانا۔ دوڑانا (۱۳) حد سے بڑھانا۔ (۱۴) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ مٹا دینا (۱۵) معزول کر دینا (۱۶) کھڑا کرنا قائم کرنا۔ گاڑنا (۱۷) تناول کرنا۔ نوش کرنا (۱۸) نوکری سے ہٹا دینا۔ موقوف کرنا (۱۹) اٹھانا۔ لوٹنا۔ حاصل کرنا (۲۰) چھیننا (۲۱) مٹانا۔ (۲۲) قلمزد کرنا۔ کاٹ دینا خارج کرنا (۲۳) ادھیڑنا (۲۴) اکھاڑ کر پھینک دینا (۲۵) بارود گولے وغیرہ سے گرانا اور اکھاڑ کر پھینک دینا (۲۶) ہلاک کرنا (۲۷) تان وغیرہ لینا۔ گانا۔ (۲۸) کھو دینا (۲۹) اُچھالنا (۳۰) ہوا میں پریشان کرنا۔ برباد کرنا (۳۱) دل کا مطلب سمجھ لینا۔ تاڑ جانا (۳۲) ترک کرنا۔ قطع نظر کرنا (۳۳) قطع تعلق کرنا (۳۴) ہنسی میں ڈال دینا (۳۵) ٹھیک نشانہ لگانا (۳۶) نوچنا۔ کاٹنا (۳۷) کاغذ وغیرہ کا پھاڑنا۔ پرزے کرنا (۳۸) ڈالنا۔ مثلاً خاک ڈالنا (اٹھانا) (۳۹) لگانا (۴۰) کترنا۔ تراشنا (۴۱) اُجاڑنا۔

اڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] ضد پر قائم ہونا۔ جم کے بیٹھ جانا (۲) حائل ہونا۔ سدِ راہ ہونا۔

اُڑاؤ: [ار۔ ا۔ فاعل] فضول خرچ۔ گھر لٹا دینے والا

اَڑ بَڑ: [ار۔ صف] ناہموار۔ اونچا نیچا (۲) بے معنی۔ بے محل۔

اَڑ با کھڑیا: [ار۔ امذ] سپاہیوں کی اصطلاح میں اسباب سفر گھٹڑی۔ بچھونا۔ بستر

اُڑ بنگا: [ہ۔ امذ] رکھنا۔ جھگڑا۔ جھمیلا

اُڑ بھاگنا: [ار۔ محاورہ] تیزی سے بھاگ جانا۔ قابو سے نکل جانا۔

اُڑ بھنبھیری ساون آیا: [ار۔ مثل] کسی شخص کو اتفاقاً دولت مل جائے تو کہتے ہیں یعنی خوب عیش کرو کل چھترے اُڑاؤ۔

اَڑتالیس: [ار۔ اعدد] چالیس اور آٹھ کا مجموعہ (۴۸)

اُڑتی: [ار۔ صف مفعولی] (۱) اُڑتی ہوئی (۲) تول میں کچھ کم۔

اُڑتی بیماری: [ار۔ امث] وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے۔ متعدی مرض

اُڑتی تول: [ار۔ امث] کم تولنا۔ مقررہ وزن میں کم۔

اُڑتی چڑیا کے پر گننا / اُڑتی چڑیا کو پہچاننا: [ار۔ محاورہ] اشارے سے بات سمجھنا۔ دانائی سے بات / تیور پہچاننا۔ دور کی بات تاڑ لینا۔ دل کی بات

سمجھ لینا۔ بہت ذہین / ہوشیار ہونا

اُڑتی سی خبر: [ار۔امث] افواہ۔ سُنی سنائی بے تحقیق بات

اَڑتیس: [ار۔ا۔عدد] تیس اور آٹھ کا مجموعہ۔ ۳۸

اُڑ جانا: [ار۔محاورہ] ا۔تیزی سے غائب ہو جانا (۲) صرف ہو جانا (۳) جلدی مر جانا (۴) غائب ہو جانا۔ ہٹ جانا۔ دُور ہو جانا۔ بھاگ جانا۔ چلا جانا

اُڑ جائے: [ار۔کلمہ بددعا۔عو] مٹ جائے۔ غارت ہو جائے

اُڑ چلنا: [ار۔محاورہ] بساط سے بڑھ کر کوئی کام کرنا۔ اپنی حد سے بڑھنا۔ اترانا غرور کرنا۔ شان و شوکت دکھانا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ آوارہ ہو جانا

اُڑچن: [ار۔امث] رکاوٹ۔ دقت

اُڑس: [ار۔امذ] ا۔کھٹمل (۲) "اُڑسنا" مصدر سے صیغہ امر

اُڑس لینا: [ارمحاورہ] دیکھئے "اُڑسنا" جس کی یہ تکمیل ہے

اَڑسٹھ: [ار۔ا۔عدد] ساٹھ اور آٹھ کا مجموعہ ۶۸

اُڑسنا: [ار۔مصدر] اٹکانا۔ ٹانگنا۔ اُلجھانا یا جامہ کے نیفے میں کوئی چیز پھنسا لینا۔

اُڑ کر کہاں جاؤ گے: [محاورہ] بھاگ کر کہیں جا نہیں سکتے رہائی پانا محال ہے (۲) تمہاری عیاری نہیں چل سکتی۔

اُڑکے: [ار۔متعلق فعل] بہت سے بہت۔ زیادہ سے زیادہ۔ تیزی سے۔ فوراً۔ بہت قریب

اُڑکے لگنا: [ار۔محاورہ] بیماری کا ایک سے دُوسرے کو لگ جانا متعدی مرض ہونا

اُڑکے [ار۔محاورہ] ا۔خود پہنچ جانا۔ بذریعہ سیدھے پہنچ جانا (۲) بہت اشتیاق سے جانا

اُڑ کے مُنہ میں کھیل بھی نہیں گئی: [ار۔مثل] کچھ نہیں کھایا کچھ چکھا تک نہیں۔ بالکل خالی پیٹ ہے

اَڑ گڑا: [ار۔امذ] ا۔وہ مقام جہاں گھوڑے کو سدھاتے ہیں (۲) وہ لکڑی جس میں گاڑی کے گھوڑے جُوت کر نکالے جاتے ہیں (۳) وہ جگہ جہاں گاڑیاں کرائے پر جانے کی غرض سے کھڑی رہتی ہیں۔ اڈا۔

اُڑ گیا: [ار۔محاورہ۔ا۔صف مذ عو] خانہ خراب۔ غارت گیا۔ درگور

اَڑم: [ھ۔امذ] ڈھیر انبار

اُڑن: [ھ۔امث] پرواز "اُڑنا مصدر" سے حاصل مصدر

اَڑنا: [ھ۔مص] ا۔جگہ سے نہ سرکنا۔ سرکشی کرنا۔ (۲) جمنا۔ قائم ہونا (۳) پھنسنا رُکنا۔ نکل نہ سکنا (۴) سدِ راہ ہونا۔ حائل ہونا (۵) ضد کرنا۔ مچلنا (۶) اُلجھنا۔ گرنا۔

اُڑنا: [ار۔مص] ا۔پرواز کرنا (۲) ہوا سے کسی چیز کا بلند ہونا (۳) نرشنا۔ کٹ کر الگ ہو جانا (۴) نقل اُترنا (۵) پڑھنے یا گانے کی طرز سیکھ جانا (۶) غائب ہونا۔ چوری ہو جانا (۷) اترانا۔ غرور کرنا (۸) چل دینا۔ بھاگ جانا (۹) جست کرنا۔ پھاندنا (۱۰) طرار سے بھرنا (۱۱) خوب کھانا پینا (۱۲) مٹنا (۱۳) اُدھڑنا (۱۴) گولے بارود سے ہلاک ہونا (۱۵) گانے کی آواز آنا۔ گایا جانا (۱۶) معدوم ہو جانا۔ اُٹھ جانا۔ (۱۷) اُچٹنا (۱۸) جلتے رہنا (۱۹) اُچھلنا (۲۰) چھل جانا۔ سوراخ ہو جانا۔ نہ اُتر جانا (۲۱) نشانہ پر لگنا / نشانہ صحیح لگنا (۲۲) کٹنا۔ نوچا جانا (۲۳) سنسان اور سنسان ہونا (۲۴) بنے کی باتیں، گپ ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۲۵) بھڑکنا۔ (۲۶) جلنا۔ شعلہ دینا (۲۷) پھیلنا مشہور ہونا (۲۸) پھیکا پڑنا (۲۹) پراگندہ ہونا۔ پریشان ہونا (۳۰) تیز چلنا (۳۱) رونق بڑھ جانا۔ لُطف زیادہ ہو جانا

اُڑنا گن / ناگنی: [ار۔امث] اُڑنے والی سانپن۔ سانپن جو اچھل کر کاٹتی ہے

اُڑن تشتری: [ار۔امث] تشتری سے کسی قدر مشابہ اُڑنے والی مشین جو کسی چلانے والے کے بغیر فضا میں پرواز کرتی ہے۔ جنگ عظیم دوم کے دوران میں اور اس کے بعد بعض مقامات پر اُڑن تشتریاں فضا میں پرواز کرتی ہوئی دیکھی گئی ہیں، جو مختلف شکل اور قد و قامت کی ہیں بظاہر اُن میں کوئی دروازہ وغیرہ نظر نہیں آتا۔ اُن کی ساخت اور ماہیت کے متعلق ابھی تک کوئی حتمی اور تفصیل معلومات حاصل نہیں ہو سکیں۔ (FLYINGSAUCER) کا ترجمہ

اُڑن جوگا: [ار۔صف عو] قابلِ نفرت۔ مٹ جانے کے قابل۔

اُڑنچھو (اُڑن چھُو) ہو جانا: [ار۔محاورہ] غائب ہو جانا۔ چل دینا۔

اُڑن کھٹولا: [ار۔امذ] تختِ پرواں۔ اُڑنے والا تخت۔ پرانی کہانیوں کے مطابق پریوں یا دیوتاؤں کے سیر کرنے کا اُڑنے والا تخت۔ اساطیری طیارہ۔

اَڑنگ [ار۔امذ] ڈھیر انبار

اڑنگ بڑنگ: [ار۔امذ] ا۔لڑکوں کے ایک کھیل کا نام (۲) بے ہنگم۔ خمدار۔ ٹیڑھا (۳) مہمل اور بے سر و پا باتیں

اڑنگ بڑنگ ہو جانا: [ار۔محاورہ۔عو] جگہ سے ہٹ جانا۔ بے ترتیب ہو جانا

اَڑنگا: [ھ۔ا۔مذ] ا۔کشتی کا ایک داؤ جس میں ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر گرا دیتے ہیں (۲) رخنہ۔ جھمیلا (۳) ٹیک سہارا

اڑنگا لگنا / لگانا / لگا دینا: [ار۔محاورہ] چلتے ہوئے کام کو روک دینا۔ کھانچی مارنا۔

اڑنگا مارنا: [محاورہ] اڑنگے کا پیچ کرنا۔ گرا دینا (۲) اڑنگا لگانا

اڑنگے پر چڑھا کر مارنا / اڑنگے پر مارنا: [ارمحاورہ] اڑنگے کے پیچ سے حریف کو دے مارنا۔

اڑنگے پر چڑھانا: [محاورہ] ا۔فریب دینا (۲) اڑنگے کا پیچ کرنا (۳) دھوکے سے قابو میں لانا

اُڑن گھائی: [ار۔امث] جھوٹی سچی فقرے بازی۔ فریب دہی۔ چالاکی

اُڑن گھائی بتانا: [ار۔ھ محاورہ] دیکھئے "اڑان گھائی بتانا"

اڑوار: [ھ۔امث] وہ لکڑی جو پرانی چھت کے نیچے گر پڑنے کے خوف سے لگا دیتے ہیں۔

اڑوانا: [ار۔مص] دیکھئے "اڑنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

اڑوس پڑوس: [ار۔امذ] آس پاس۔ پڑوس۔ ہمسایہ۔ نزدیکی۔ قرب

اڑوسی پڑوسی: [ھ۔امذ] ہمسائے۔ پڑوس میں رہنے والے

اُڑھانا: [ار۔مص] دیکھئے "اوڑھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے

اَڑھائی: [ار۔ا۔عدد] دو اور آدھے کا مجموعہ (ڈھائی)

اڑھائی اَنچھر: [ار۔امذ۔مرکب عددی] مختصر اور نہایت پُر تاثیر باتیں۔

اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا / اڑھائی چاول الگ گلانا / پکانا: [ار۔محاورہ] سب سے الگ رائے رکھنا

اڑھائی بکاین میاں باغ میں کانی حرم محل خانے میں: [ار۔مثل۔عوامی] کم ظرف اور اوچھا ہے۔ زمین پر پاؤں نہیں رکھتا۔

اڑھائی چلو لہو یا خون پینا: [ار۔محاورہ] بہت تنگ کرنا۔ بہت دُکھ دینا۔ ہلاک کرنا

اڑھائی دِن کا جھونپڑا: [ار۔صف] ناپائیدار مکان

اڑھائی دِن کی بادشاہت: [ار۔امث] چند روزہ ناپائیدار خوشی۔ چند روزہ عیش۔ نظام سقے کی حکومت

اڑھائی گھڑی کی موت آئے: [ار۔بددعا۔عو] فوراً مر جائے۔

اڑھائی ہاتھ کی ککڑی نو ہاتھ کا بیج: [ار۔مثل] بچہ ماں سے بھی زیادہ شریر ہے

اُڑھری: [ھ۔ا۔مث] غیر کفو کی بیوی۔ چاہے منکوحہ ہو یا مدخولہ

اڑھیّا: [ار۔امث] اڑھائی سیر وزن کا باٹ

اَڑی: [ھ۔امث] ا۔مشکل وقت۔ مصیبت کا زمانہ (۲) جو سہارا دے۔ کبڈی کھیلنے والوں کی اصطلاح میں گوٹ کا ایسی جگہ پھنسا جہاں چوٹ کھائی ہو (۳) کشتی کا ایک پیچ

اَڑی ڈری قاضی جی کے سر پڑی: [ار۔مثل] پرائی بلا اپنے سر آئی

اَڑی باز: [ار۔امذ] جعلساز۔ دغاباز۔ مکار۔ فریبی

اَڑی مشکل: [ار۔امث] سخت مشکل

اُڑی اُڑی طاق پہ جا بیٹھی: [ار۔امث] رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی۔ بات منہ سے نکلنے کے بعد مشہور ہو جاتی ہے۔

اُڑی پڑی بات: [ار۔امث] غیر معتبر خبر۔ افواہ

اُڑنے اُڑ جائے: [ار۔بد دُعا۔عو] تباہ ہو جائے۔ برباد ہو جائے

اُڑے اُڑے پھرتے ہو: [ار۔محاورہ] دکھائی نہیں دیتے۔ ملتے نہیں۔ قابو میں نہیں آتے

اُڑے تھڑے پر رہیں: [ار۔متعلق فعل] ضرورت کے وقت۔ مصیبت کے وقت

اَڑے وقت کا گہنا: [ار۔مثل] سخت ضرورت میں کام آنے والی چیز۔

واَڑیل: [ا۔صف] سرکش۔ اڑ جانے والا۔ چلتے چلتے رک جانے والا۔

اَڑیچ: [ار۔امث] بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔ کاوش (افعال۔ رکھنا۔ نکالنا)

اَڑیوا: [ہ۔امذ] ذخیرہ۔ جمع جتھا۔ اندوختہ

اَڑے وقت: [ار۔امذ] مصیبت کے وقت

ا۔ز

اَز: [ف۔حرف جار] سے۔ ساتھ۔ کا

از ابتدا تا انتہا: [فع۔متعلق فعل] شروع سے آخر تک

اَزاں: [ف۔متعلق فعل] (از + آں سے مرکب) اُس سے۔ سے

ازاں باز: [ف۔متعلق فعل] اُس وقت سے

ازاں بعد: [فع۔متعلق فعل] اُس کے بعد۔ اس وقت تک

ازاں جملہ: [فع۔متعلق فعل] ان میں سے۔ ان تمام میں سے۔ ان سب میں سے

اَز بر: [ف۔متعلق فعل] برزبان۔ نوک زبان۔ یاد۔ حفظ

اَزبر کر لینا: [ار۔محاورہ] زبانی یاد کر لینا۔ حفظ کر لینا

اَز برائے خُدا: [ف۔متعلق فعل] خُدا کے واسطے۔ خُدا کے لیے

اَز بس: [ف۔صف] بہت زیادہ۔ نہایت

اَز بس کہ: [ف۔حرف شرط] چوں کہ

اَز حد: [فع۔متعلق فعل] بے حد۔ نہایت۔ بہت

از خرداں خطا و از بزرگاں عطا: [ف۔مثل] چھوٹوں کا کام غلطی کرنا ہے اور بڑوں کا کام معاف کر دینا ہے۔

از خرس موئے بس است: [ف۔مثل] ریچھ سے بال مل جانا بھی بہت ہے۔ کنجوس سے تھوڑی سی چیز بھی مل جائے تو کافی ہے۔ نالائق سے تھوڑی سی بھلائی بھی بہت ہے۔

از خود: [ف۔متعلق فعل] ا۔آپ سے (۲) خودبخود۔ آپ سے آپ۔ اپنے آپ (۳) ارادۃً۔ قصداً۔ عمداً۔ جان بوجھ کر۔

اَز خود رفتگی: [ف۔امث] اپنے آپ میں نہ رہنا۔ بے خودی

از خود رفتہ: [ف۔صف مفعولی] ا۔بے خود۔ بے ہوش (۲) آپے سے باہر (۳) بے بس (۴) باولا۔ دیوانہ۔ پاگل

اَز دیدہ دُور، از دل دُور: [ف۔مثل] جو سامنے نہ ہو اس کا خیال نہیں رہتا۔ نیز دیکھیے "آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل"۔

از راہ: [ف۔متعلق فعل] طریقہ سے۔ نظر سے۔ بطور (بطور سابقہ اضافت کے ساتھ مستعمل ہے مثلاً ازراہِ عنایت۔ ازراہِ کرم۔ ازراہِ محبت)

اَز رُوئے: [ف۔متعلق فعل] بغرض۔ بربنا۔ کسی چیز کی بنیاد پر (بطور سابقہ مستعمل ہے)

اَز سر تا پا: [ف۔متعلق فعل] سر سے لیکر پاؤں تک۔ شروع سے آخر تک۔ مکمل طور پر۔ بالکل

از سرِ نو: [ف۔متعلق فعل] نئے سرے سے۔ دوبارہ۔ پھر سے

از غیب / غیبی: [فع۔متعلق فعل] (۱) غیب سے۔ خدا کی طرف سے (۲) نہ معلوم طریقے سے۔ غیر متوقع طور پر

از غیبی تمانچا (طمانچا) / تھپیڑا / دھکّا / گولا / گھونسا / مار: [ار۔مرکب توصیفی] اگھائی مصیبت۔ آسمانی بلا۔ اچانک یا غیر متوقع آفت۔

از غیبا: [ار۔امذ] حرامی۔ ولدالزنا

از کار رفتہ: [ف۔صف] جو کام کے قابل نہ ہو۔ نکما۔ نامرد

از ماست کہ بر ماست: [ف۔مقولہ] ہر ایک کو اپنے اعمال کا پھل ملتا ہے جیسی کرنی ویسی بھرنی

اَزیں: [ف۔متعلق فعل] اِس سے (از + ایں سے مرکب)

ازیں پیش: [ف۔متعلق فعل] اس سے پہلے

اَزیں سُو رانده و ازاں سُو درمانده: [ف۔مثل] نہ ادھر کا نہ اُدھر کا۔ ہر طرح مجبور

اِزار: [ع۔امث] پاجامہ۔ شلوار۔ تہبند

اِزار بند: [عف۔امذ] کمربند۔ سوت یا ریشم کا ناڑا جو پاجامہ یا شلوار کے نیفے میں ڈالا جاتا ہے (فعل۔ ڈالنا)

ازار بند کی ڈھیلی: [ار۔صف] بدکار عورت۔ فاحشہ

ازار بند کی سچی: [ار۔صف] باعصمت عورت۔ نیک عورت۔ پاک دامن عورت

ازار بند نہ کھلنا: [ار۔محاورہ] عورت کا کنوارا ہونا

ازار بندی رشتہ: [ار۔امذ] سُسرالی رشتہ۔ بیوی کی طرف کا رشتہ

اِزار سے باہر ہو جانا: [ار۔محاورہ] مارے غصّے کے آپے میں نہ رہنا۔ غصہ میں ادب لحاظ نہ رہنا

اِزار میں ڈال کر پہن لیا ہے: [ار۔محاورہ۔عو] خاطر میں نہیں لاتا۔ ادب نہیں کرتا۔

اِزالہ: [ع۔امذ] زائل کرنا۔ دُور کرنا۔ ہٹانا۔ مٹانا (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

ازالۂ بکارت: [ع۔مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] کنوارپن کا خاتمہ۔ کنواری عورت سے جماع

اِزالۂ حیثیت عُرفی: [ع۔مرکب اضافی] ہتک عزت۔ توہین۔ شہرت خراب کرنا۔ تحریر و تقریر کے ذریعہ کسی کی عزت و شہرت کو نقصان پہنچانا۔

اُزبک: [ت۔امذ] ا۔تاتاری ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام (۲) وحشی۔ بدقطع۔ بدسلیقہ

اِزدحام: [ع۔امذ] ہجوم۔ بھیڑ۔ جمگھٹا

اِزدِواج: [ع۔امذ] جوڑا بنانا۔ نکاح کرنا۔ نکاح۔ بیاہ

اَزدیاد: [ع۔ اند] زیادہ ہونا۔ کثرت۔ زیادتی

اَزرَق [ع۔ صف] نیلا۔ نیلگوں

اَزرَق چشم: [صف۔صف] (۱) نیلی آنکھوں والا۔ گربہ چشم (۲) بے مروّت

اَزکیا: [ع۔ صف۔ ج] دیکھیے "زکی" جس کی یہ جمع ہے۔

اَزَل: [ع۔ امث] (۱) وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا یا حد نہ ہو (۲) آغاز خلقت

اَزَلی: [ع۔ صف] ہمیشہ سے۔ شروع سے۔ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو۔

اَزمان: [ع۔ اند۔ ج] دیکھیے "زمن" جس کی یہ جمع ہے۔

اَزمِنہ: [ع۔ اند۔ ج] دیکھیے "زمانہ" جس کی یہ جمع ہے

اَزواج: [ع۔ امث] زوج کی جمع۔ جوڑے (۲) بیویاں

اَزواجِ مُطَہّرات: [ع۔ مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] (۱) پاک بیبیاں (۲) کنایۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں۔

اَزوقہ [ف۔ اند] دیکھیے "آزوقہ"

اَزہار: [ع۔ اند۔ ج] "زَہرہ" کی جمع۔ پھول۔ کلیاں

اِزہاق: [ع۔ اند] باطل کو مٹانا۔ جھوٹ کو نیست و نابود کرنا۔ جھوٹ کا خاتمہ

اَزہَر: [ع۔ اسم تفضیل] (۱) بہت روشن۔ چمکیلا۔ خوبصورت (۲) جامعہ ازہر مصر کی مشہور دانش گاہ جو مصر کے فاطمی حکمران نے قائم کی تھی اور اب تک قائم ہے

اَزہَری: [ع۔ صف] جامعہ ازہر سے منسوب جس نے جامعہ ازہر مصر میں تعلیم پائی ہو

اژ

اَژدر: [ف۔ اند] دیکھیے "اژدہا"

اَژدرِ موسیٰ: [ف۔ تلمیح] حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کی طرف اشارہ ہے۔ جس کو حضرت موسیٰ زمین پر ڈالتے تھے تو اژدہا بن جاتا تھا۔ فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ کے لیے جادوگر بلائے تھے، انھوں نے جادو کے سانپ بنا کر حضرت موسیٰ کی طرف چھوڑے تھے۔ حضرت موسیٰ نے عصا زمین پر ڈالا تو وہ اژدہا بن کر تمام جادو کے سانپوں کو کھا گیا

اَژدَہا: [ف۔ اند] بھدا بڑا اور موٹا سانپ

اژدہے کے منہ سے بچے: [ار۔ مثل] مصیبت سے نجات پائی

اژدہے کے منہ میں پاؤں رکھنا: [ار۔ محاورہ] خطرناک جگہ جانا

اژدہے کے منہ میں جھونکنا: [ار۔ محاورہ] خطرہ میں ڈالنا۔ مصیبت یا ہلاکت میں ڈالنا

اژدہے کے منہ میں ہاتھ دینا / ڈالنا: [ار۔ محاورہ] خطرناک کام کرنا۔ موذی کو چھیڑنا۔

اژدہے کے منہ میں ہونا [ار۔ محاورہ] دشمن کے پنجہ میں ہونا۔ موذی سے سابقہ پڑنا۔

اژدہام: [اند] دیکھیے "ازدحام" جو صحیح ہے۔

اژدھات: [ف۔ امث] "اشٹ دھات" کا بگاڑ (۱) آٹھ ملی ہوئی دھاتیں سونا، چاندی، تانبا، پیتل، رانگ، جست، لوہا اور سکہ کا مرکب (۲) سخت۔ مضبوط۔ پختہ

اس

اِس: [ار۔ اشارہ قریب] اشارہ قریب۔ یہ کی مغیرہ صورت

اِس اُٹھک بیٹھک پر سلام: [ار۔ مثل] طنزاً نماز کے لیے کہتے ہیں۔ ہم نہیں پڑھتے

اس باغ کی اور ہی ہوا ہے: [ار۔ مثل] یہاں طریقہ مختلف ہے، یہاں کی حالت مختلف ہے

اس برتے پر تتا پانی: [ار۔ مثل] نا قابلیت پر لیاقت کا دعویٰ۔ نامردی پر مردی کا اظہار

اِس بھول کا خدا حافظ: [ار۔ مثل] اس بھول کا کوئی علاج نہیں، بہت بھول لینے والے شخص کے لیے کہتے ہیں۔

اِس پار: [ار۔ مرکب اشاری] دریا کا قریبی کنارہ

اِس پر بھی: [ار۔ متعلق فعل] باوجود اس کے۔ اتنا کچھ ہو لینے کے بعد۔ ایسی حالت میں بھی۔

اس پر نہ بھولو / پھولو: [ار۔ محاورہ] اس پر گھمنڈ نہ کرو۔ اس پہ بھروسہ نہ رکھو۔

اس پر نہ جاؤ: [ار۔ محاورہ] اس پر نظر نہ کرو۔ یہ خیال نہ کرو۔

اس پھیر میں نہ آؤ / پڑو: [ار۔ محاورہ] دھوکا نہ کھاؤ۔ اس چکر میں نہ پڑو۔

اس جا: [ار۔ متعلق فعل] اس موقع پر۔ اس مقام پر۔

اس درد کی دوا خدا کے گھر میں بھی نہیں ہے: [ار۔ مقولہ] یہ مرض لا دوا ہے۔ عشق کے متعلق کہتے ہیں

اس دم: [ار۔ متعلق فعل] اس وقت۔ فوراً

اس دوران میں: [ار۔ متعلق فعل] ایسے وقت۔ اس اثنا میں

اس زمانے میں خون سفید ہو گئے: [ار۔ مثل] آجکل لوگوں میں محبت نہیں رہی۔

اس سرے سے اُس سرے تک: [ار۔ متعلق فعل] اس طرف سے اُس طرف تک۔ کل جگہ شروع سے آخر تک۔

اِس سوا: [ار۔ متعلق فعل] بجز اس کے۔ اس کو چھوڑ کے۔

اس سے: [ار۔ متعلق فعل] اس سبب سے۔ اس وجہ سے

اِس سے اچھا تو خدا کا نام ہے: [ار۔ مثل] بہت اچھی چیز ہے۔ اس سے بڑھ کر کوئی اچھی چیز نہیں ہے

اِس سے تو مکھی کی ناک بھی نہیں کٹتی: [ار۔ مثل] بہت کند ہے۔ چاقو یا چھری کے متعلق کہتے ہیں۔

اِس سے کیا پورا پڑیگا: [ار۔ محاورہ] یہ مقدار کافی نہیں۔ یہ شخص خاطر خواہ کام نہ کر سکے گا۔

اس سے ہاتھ دھوؤ / دھولو: [ار۔ محاورہ] اس سے صبر کرو۔ اس کا خیال چھوڑ دو۔

اِس طرح: [ار۔ متعلق فعل] یوں۔ اس طریقہ سے

اِس قدر: [ار۔ متعلق فعل] اتنا۔ اس مقدار میں

اِس قدر کا: [ار۔ متعلق فعل] اتنا زیادہ۔ بہت زیادہ

اِس کاندھے / کندھے چڑھ اُس کاندھے / کندھے اُتر: [ار۔ مثل] جس طرح چاہے کر ہمیں عذر نہیں تیری خاطر منظور ہے۔ تیری ہر بات منظور ہے۔

اس کان سن کے اس کان اڑا دینا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کی پروا نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔

اس کو تو پتھر مارے بھی موت نہیں: [ار۔ مثل] بہت سخت جان ہے۔

اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں کرنا: [ار۔ محاورہ] فضول اور بیکار کام کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔

اِس کو چیلوں کوّوں کو دوں: [ار۔ کلمہ بد دعا] بددعا۔ کوسنا۔ بوٹی بوٹی کر کے کوّوں کو دوں۔ عورتیں اکثر غصے میں کوسنے کے طور پر کہتی ہیں۔

اِس کو خدا پر چھوڑ دو: [ار۔ مثل] جب کوئی کام تدبیر اور کوشش سے نہ ہو سکے تو کہتے ہیں۔

اس کو خدا پر چھوڑ دو [ا۔ر۔ مثل] جب کوئی کام تدبیر اور کوشش سے نہ ہو سکے تو کہتے ہیں۔

اس کو کیا کہتے ہیں: [ا۔ر۔ محاورہ] تعجب کی جگہ کہتے ہیں

اس کو وہاں ماریں جہاں پانی نہ ملے: [ا۔ر۔ مثل] بد دعا۔ اس پر ہرگز ترس نہ کھانا چاہیے ایسی جگہ ماریں جہاں منہ میں ٹپکانے تک کو پانی نہ ملے

اس کی چھاتی دیکھیے / سراہیے: [ا۔ر۔ مثل] اس کی ہمت کی داد دو داد دیجئے اس کے حوصلے اور جرأت کی تعریف کیجئے

اس کے جگر کو / دل گردے کو دیکھو: [ا۔ر۔ مثل] اس کی ہمت۔ جرأت۔ دلیری حوصلہ اور جیالے پن کی داد دیجئے۔

اس گھر کا باوا آدم ہی نرالا ہے: [ا۔ر۔ مثل] ان کا طریقہ ہی سب سے جدا ہے

اس مرض کا توتا کوئی اور پالتا ہوگا۔ میں نہیں پالتا: [ا۔ر۔ مثل] میں اس جھگڑے اور بکھیڑے میں نہیں پڑتا۔ میں اس معاملے میں دخل نہیں دیتا۔

اس میں کچھ بھید / تہ / رقی ہے: [ا۔ر۔ مثل] اس معاملہ میں کوئی راز کی بات پوشیدہ ہے۔ دال میں کچھ کالا ہے۔ اس میں کوئی خاص بات ہے۔

اس میں کچھ ہے: [ا۔ر۔ مثل] اس معاملہ کی تہ میں کوئی راز کی بات پوشیدہ ہے اس میں کوئی خاص بات ہے۔

اس واسطے: [ا۔ر۔ متعلق فعل] اس لیے۔ اس کی خاطر۔ اس وجہ سے

اس وقت: [ا۔ر۔ متعلق فعل] اب۔ ابھی

اس وقت اس وقت: [ا۔ر۔ متعلق فعل] دن رات۔ صبح شام

اس وقت تم کہاں ہو: [ا۔ر۔ محاورہ] اسوقت کس سوچ میں محو ہو۔ اسوقت تم ہوش میں نہیں ہو۔

اس وقت میں: [ا۔ر۔ متعلق فعل] ایسے وقت۔ ایسی گھڑی

اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے: [ا۔ر۔ محاورہ] ہر کام کا بدلہ فوراً یا ضرور ملتا ہے جیسا کرے گا ویسا پائے گا۔

اسی: [ا۔ر۔ متعلق فعل] اِس ہی کا مخفف ہے موجودہ۔

اسی اثنا میں: [ا۔ر۔ متعلق فعل] اسی وقت۔ اسی دوران میں

اسی بات پر / سے: [ا۔ر۔ متعلق فعل] اسی وجہ سے۔ اسی باعث

اسی برتے پر: [ا۔ر۔ متعلق فعل] اسی حوصلے پر۔ اسی زور اور قوت پر۔ جب کوئی کسی بات کے کرنے کا دعویٰ کرے اور اس کے کرنے کے قابل نہ ہو تو کہتے ہیں۔

اسی دن کے لیے، اسی دن کے واسطے / اسی دن کو: [ا۔ر۔ متعلق فعل] ایسے ہی برے / مشکل وقت کے لیے

اسی دن کو پالا تھا / پال کر بڑا کیا تھا: [ا۔ر۔ مثل] جب اپنی اولاد یا کسی پروردہ سے رنج پہنچے تو کہتے ہیں۔

اسی میں بہتری / خیر / خیریت ہے: [ا۔ر۔ مثل] دھمکانے یا سمجھانے کو کہتے ہیں

اسی وقت: [ا۔ر۔ متعلق فعل] ابھی۔ اب۔ فوراً

اسے چھپاؤ اُسے دکھاؤ: [ا۔ر۔ مثل] دو شخصوں یا دو چیزوں میں گہری شابہت ہونے پر کہا جاتا ہے

اسے کیا کہتے ہیں: [ا۔ر۔ محاورہ] دیکھئے اس کو کیا کہتے ہیں۔

اُس: [ا۔ر۔ اشارہ بعید۔ ضمیر غائب] وہ کی مغیرہ صورت

اُس پار: [ا۔ر۔ متعلق فعل] دریا کے پرے۔ دور کے کنارے پہ

اُس پر: [ا۔ر۔ متعلق فعل] اُس وجہ سے

اُس پر بھی: [ا۔ر۔ متعلق فعل] تاہم۔ باوجود اُس کے

اُس دن: [ا۔ر۔ متعلق فعل] چند روز ہوئے

اُس سرے: [ا۔ر۔ متعلق فعل] اس پار۔ زیادہ سے زیادہ۔ آخری حد تک

اُس سرے کا: [ا۔ر۔ متعلق فعل] پرلے درجے کا۔ نہایت

اُس کا بھی منہ جھلس دو: [ا۔ر۔ محاورہ] اس کو بھی کچھ دے دلا کر ٹال دو۔

اُس کا منہ کالا: [محاورہ۔ کلمہ بد دعا۔ عو] بد دعا۔ کوسنا۔ رُو سیاہ

اُس کا منہ کالا ہوگیا: [ا۔ر۔ محاورہ عو] وہ سخت جھوٹا ثابت ہوا

اُس کی جان کو صبر: [ا۔ر۔ محاورہ] کسی کے ہاتھ سے تکلیف پہنچنے پر کوسنے اور بد دعا کے طور پر کہتے ہیں۔

اُس کی جوتی: [ا۔ر۔ محاورہ] اس کو کیا غرض پڑی ہے

اس کی قدرت کے کھیل / کارخانے ہیں: [ا۔ر۔ مثل] خلاف قیاس اور خلاف امید بات پر کہتے ہیں۔

اُس کی لاٹھی میں آواز نہیں ہے: [ا۔ر۔ مثل] خدا کا قہر اچانک نازل ہوتا ہے

اُس کے چھپر تو پھوس بھی نہیں: [ا۔ر۔ مثل] نہایت کنگال ہے۔ نادار ہے قلاش ہے

اُس کے دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں: [ا۔ر۔ مثل] خدا کے پاس اپنے بندوں کو دینے کے بے شمار طریقے یا ذرائع ہے۔

اُس کے راج میں گابھن گابھ ڈالتی ہے: [ا۔ر۔ مثل] اُس کی حکومت کا بہت زیادہ رعب داب ہے۔

اُس کے منہ کی: [ا۔ر۔ امث] اُس کی زبان سے کہی ہوئی بات

اُس کے نام کا کتا بھی نہیں پالتے [ا۔ر۔ مثل] کسی سے انتہائی نفرت کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔

اُس نے رکھا اُس نے اٹھایا: [ا۔ر۔ مثل] دو آدمیوں کی کوئی ایک جیسی عادت ہونا۔

اُسی کی جوتی اُسی کے سر: [ا۔ر۔ مثل] جب کسی کے ہاں سے کچھ حاصل ہو اور اس کو اُسی کے کام میں صرف کیا جائے تو کہتے ہیں۔

اَسَاتِذَہ: [ع۔ امذ۔ جمع] اُستاذ کی جمع۔ کاملان فن۔ ماہرین۔ معلّمین

اَسارا: [ھ۔ا۔مذ] ابریشم کا بنا ہوا ایک ڈورا جس پر تار چڑھا کر کلابتوں بناتے ہیں۔

اُسارا: [ھ۔ا۔مذ] ۱۔ دروازہ۔ دہلیز۔ برآمدہ (۲) سائبان۔ چھپر (۳) آب زلال۔ دو داؤں کا نتھارا ہوا پانی۔

اسارت: [ع۔ امث] اسیری۔ قید

اُسارنا: [ا۔ر۔ مص] ۱۔ پانی نکالنا۔ دوا بھگو کر اس کا آب زلال لینا۔ (۲ پ) عمارت بنانا (۳-۴) علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ ختم کرنا۔

اَساڑھ: [ھ۔ امذ] بکرمی سال کا تیسرا مہینہ جو برسات کا پہلا مہینہ ہوتا ہے۔

اساڑھ جو ڈاٹے برکھا ہو دے: [ھ۔ مثل] اساڑھ کے مہینے میں گرمی پڑے تو مینہ برستا ہے۔

اساڑھ کے درزی: [ھ۔ صف] نکما اور بیکار (اساڑھ کے مہینے میں درزیوں کے پاس کوئی کام نہیں ہوتا۔

اساڑھی: [ھ۔ امث] فصل ربیع۔ وہ فصل جو اساڑھ کے مہینے میں اٹھائی جاتی ہے (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار

اَساس: [ع۔امث] بنیاد۔ بنا۔ نیو۔ جڑ۔ کُرسی (مکان وغیرہ کی)
اساسیات: [ع۔اند] مبادیات۔ بنیادی امور
اساسی: [ع۔صف] اساس سے متعلق
اُساس: [س۔اند] آہ۔ افسوس۔ رنج غم
اَساطیر: [ع۔امث] اُسطورہ کی جمع قصّے۔ کہانیاں کہاوتیں
اَساطیرُ الاَوّلین: [ع۔امث جمع] پُرانے لوگوں کے قصّے کہانیاں
اَساطین: [ع۔اند] اسطوانہ کی جمع بمعنی بہت سے سُتون
اَسافل: [ع۔ التفضیل] اسفل کی جمع۔ نہایت کمینے لوگ ادنیٰ۔ رذیل
اَسالیب: [ع۔اند] اسلوب کی جمع۔ طریقے ڈھنگ۔ وضع۔ انداز
اَسامی: [ع۔اند] اسم کی جمع الجمع
اَسامی: [ھ۔امث] ا۔کسان۔ کاشتکار۔ گاہک۔ خریدار (۲) مفروض (۳) عہدہ۔ نوکری ملازمت (۴) جواریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو کھیل اچھی طرح نہ جانتا ہو اور اکثر ہارتا رہتا ہو (۵) دولتمند۔ مالدار
اَسامی بلاحقِ دخیل کاری: [ار۔امث] دخل یابی کا حق نہ رکھنے والی آسامی
اَسامی بنانا: [ار۔مص] اپنے مطلب کا بنانا۔ بیوقوف بناکر فائدہ اٹھانا ٹھگنا وغیرہ
اَسامی شکمی: [ار۔امث] کسی پتی کا شریک۔ چھوٹا کسان اندرونی شریک۔ ماتحت کاشتکار
اَسامی غیر موروثی: [ار۔امث] دوامی کاشت کا حق نہ رکھنے والا کاشت کار
اَسامی مستقل: [ار۔امث] وہ کاشت کار جو مالک تو نہ ہو لیکن مقررہ لگان ادا کرتے رہنے کی صورت میں بے دخل نہ کیا جاسکے۔
اَسامی وار: [ار۔متعلق فعل] اَسامیوں کے ناموں کی ترتیب سے۔ فرداً فرداً۔ نام بنام
اُسانا: [ار۔مص] غلّے کو ہوا کے رُخ اڑا کر اس میں سے بھوسہ وغیرہ الگ کرنا۔
اَسانید: [ار۔ع۔امث] ا۔سند کی جمع الجمع (۲) ۔ راویانِ حدیث کے سلسلے مثلاً وہ کتابیں جو سلسلۂ رواۃ پر لکھی گئی ہوں
اَساوری: [ھ۔امث] ا۔ ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا (۲) ایک راگنی اور ایک ٹھاٹھ
اَساول: [ت۔اند] قاصد۔ پیامبر
اَسباب: [ع۔اند۔جمع] سبب کی جمع (۱) وجوہ۔ بواعث۔ موجبات (۲) بطور واحد سامان اثاثہ
اَسباط: [ع۔اند] جمع سِبط۔ پوتے پڑپوتے۔ نواسے نواسیاں
اَسباق: [ع۔اند] دیکھئے "سبق" جس کی یہ جمع ہے
اِسبغول/اسپغول: [ف۔اند] ایک قسم کا لعابدار تخم جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔ اسپ بمعنی گھوڑا۔ غول بمعنی کان۔ چونکہ یہ گھوڑے کے کان سے مشابہ ہوتا ہے۔ اسلئے یہ نام پایا۔
اَسپ: [ف۔اند] ا۔گھوڑا (۲) شطرنج کا مہرہ۔ جو گھوڑے کا ہم شکل ہوتا ہے۔
اَسپات: [ہ۔اند] ہندی اسپات جس کی اصل پرتگالی اسپاڈ ہے۔ معنی ایک قسم کا عمدہ اور پختہ لوہا جو فولاد سے دوسرے درجہ پر خیال کیا جاتا ہے۔
اِسپتال: [انگ۔اند] انگریزی (HOSPITAL) شفاخانہ۔ بیمارستان
اِسپرنگ: [انگ۔اند] انگریزی (SPRING) ایک پیچدار کمانی جس میں لچک ہوتی ہے
اِسپند: [ف۔اند] ایک قسم کا تخم جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔ کالا دانہ (ہرمل) جو ہوا صاف کرنے اور نظرِ بد کا اثر دور کرنے کے لیے جلایا جاتا ہے
اِسپند کرنا: [ار۔محاورہ] نظرِ بد کا اثر دُور کرنے کے لیے اسپند جلانا
اِسپیچ: [انگ۔امث] انگریزی (SPEECH) تقریر۔ خطاب
اَسپیشل: [انگ۔صف] انگریزی (SPECIAL)۔ خاص۔ مخصوص
اَسپیشلسٹ: [انگ۔اند] ماہر خصوصی متخصص

اِسپیکر: [انگ۔اند] انگریزی (SPEAKER) (۱) مجلس قانون ساز کا صدر ۲۔ مقرر
اَسپین [اند] ہسپانیہ۔ اُندلس یورپ کا ایک مشہور ملک جو فرانس کے جنوب مغرب میں واقع ہے جسے عربوں نے پہلی صدی ہجری میں فتح کرکے اسلامی سلطنت میں شامل کیا جو قریباً چھ سو سال مسلمانوں کے زیرِ نگین رہا۔
اَسپینیل: [انگ۔اند] ایک قسم کا ولایتی کتا جس کے بال اور کان لٹکتے ہیں (پنیر) چاپلوس خوشامدی (انگریزی SPANIEL) **اِستا**: [ف۔امث] تعریف
اِستا [ف۔امث وصف] اوستا کی تخفیف ۲۔ ایک کتاب (۳) گاڑی بان۔
اِستاد: [ف۔اند۔مث] "استادن" مصدر سے حاصل مصدر (۱) قیام استادگی (۲) کھڑا استادہ (۳) خیمہ کا ستون یا چوب
ف۔اند] ا۔معلّم۔ تعلیم دینے والا۔ سکھانے والا۔ پڑھانے والا (۲) آزمودہ کار۔ کامل فن (۳) چالاک ہوشیار (۴) مرشد۔ پیر
اُستاد باپ کی جگہ ہے۔ [ار۔مقولہ] اُستاد کا درجہ باپ کے برابر ہے۔
اُستاد، بیٹھے پاس، کام آئے راس: [ار۔مثل] وہ کام بہت اچھا ہوتا ہے، جو اس فن کے ماہر کی موجودگی میں ہوتا ہے۔
اُستاد کرنا۔ [ار۔محاورہ] کسی فن میں کسی کو اپنا معلّم بنانا۔
اِستادگی: [ار۔امث] استادہ کا اسم کیفیت (۱) قیام۔ کھڑا ہونا (۲) پائیداری مضبوطی (۳) مرد کے عضو مخصوص کا سخت ہوکر کھڑا ہونا۔ نعوظ
اِستادہ: [ف۔صف] کھڑا۔ قائم
اُستادی: [ف۔امث] اُستاد سے اسم کیفیت (۱) کسی فن میں مہارت اور کمال (۲) عیاری۔ چالاکی۔
اُستاذ: [ع۔اند] دیکھئے "اُستاد" جس کا یہ معرّب ہے
اُستا کار: [ف۔اند] اُستاد۔ ماہر فن۔ چالاک
اُستاکاری: [ف۔امث] دیکھئے "استاکار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
اِستامبول/اِستانبول: [ف۔ا۔علم] دیکھئے "استنبول"
اُستانی: [ار۔امث] دیکھئے "اُستاد" جس کی یہ اردو قاعدے کے مطابق تانیث ہے
اِستبداد: [ع۔اند] (۱) مطلق العنان ہونا۔ خودمختاری (۲) خود رائی۔ ضد۔ ہٹ (۳) استقلال (۴) ظلم۔ جور۔ ستم
اِستبدادی۔ [ع۔صف] استبداد سے منسوب (۱) مطلق العنان (۲) ظالمانہ (۳) رجعت پسند
اِستبدادیت۔ [ع۔امث] مطلق العنان نظامِ حکومت۔ ظالمانہ نظام۔ ظلم و جور
اِستبرق: [ع۔اند] (استبرہ کا معرّب) اطلس کی قسم کا ایک ریشمی کپڑا جو بہت چمکیلا ہوتا ہے۔
اِستبشار: (اِس تِب شار) [ع۔اند] خوش خبری پانا بشارت
اِستبصار: (اِس تب صار) [ع۔اند] ا۔غور کرنا۔ سمجھنا (۲) دانائی۔ سمجھ بوجھ۔
اِستبعاد۔ [ع۔اند] ا۔علیحدگی چاہنا (۲) دُوری
اَستُت: [س۔امث] ا۔چھوٹے کی زبان سے بڑے کی تعریف (۲) گانے کی وہ چیز جو شروع میں گائی جائے اور اس میں معرفت کے مضامین ہوں۔
اِستتار: [اِس تِتار) [ع۔اند] چھپانا۔ پوشیدگی۔ اِخفا
اِستثنا: (اِس تِث نا) [ع۔اند] کسی عام حکم یا قاعدہ سے کسی کو الگ کرنا۔ علاحدگی علیحدہ ہونے کی کیفیت
اِستجابت: (اِس تِجا بَت) [ع۔امث] التجا کو سننا، قبول کرنا (۲) قبولیت۔
اِستحاضہ: (اِس تِحا ضہ) [ع۔اند] حیض کے علاوہ خون آنا بےوقت خون آنا۔ کثرتِ خون۔ بے وقت اور معمول سے زیادہ ماہواری
استحالہ: (اِس تِحالہ) [ع۔اند] ا۔ محال ہونا، ناممکن ہونا۔ ۲۔حالت کی

تبدیلی۔ تبدیل ہیئت۔ قلب ماہیت

استحالۂ کیمیائی: [ع۔ مرکب توصیفی بترکیب فارسی] کیمیائی ترکیب میں کئی مختلف چیزیں مل کر ایک ایسی چیز بن جانا، جس کے خواص اپنے اجزائے ترکیبی سے مختلف ہوں۔ مثلاً تانبا اور گندھک مل کر نیلا تھوتھا بن جاتا ہے۔

اِستجازت: [ع۔ امذ] اجازت چاہنا، صلہ مانگنا (۲) اجازت طلبی۔ صلہ خواہی

اِستحباب: [اِس تِحْ باب) [ع۔ امذ] ا۔ دوست رکھنا۔ اچھا جاننا (۲) شرعی اصطلاح میں کوئی ایسا کام جس کا کرنا ثواب کا باعث ہو اور نہ کرنا گناہ کا باعث نہ ہو۔ مستحب ہونا

استحسان: [اِس تِحْ سان) [ع۔ امذ] ا۔ اچھا جاننا۔ پسند کرنا (۲) پسندیدگی

اِستحصال: (اِس تِحْ صال) [ع۔ امذ] ۱) حاصل کرنا۔ حاصل کرنے کی خواہش (EXPLOITATION کا ترجمہ) چھین لینا۔ چھین لینے کا عمل یا کیفیت

اِستحصال بالجبر: (اِس تِحْ صال بِل جَبْر) [ع۔ امذ] زبردستی چھین لینا زبردستی حاصل کرنا۔ جبراً چھین لینے کا عمل

اِستحضار: (اِس تِحْ ضار) [ع۔ امذ] ا۔ حاضری چاہنا (۲) یادداشت۔ یاد

اِستحفاظ: (اِس تِحْ فاظ) [ع۔ امذ] نگہداشت۔ نگرانی۔ حفاظت

اَستحقار: (اِس تِحْ قار) [ع۔ امذ] حقیر جاننا۔ ذلیل جاننا (۲) حقارت

اِستحقاق: (اِس تِحْ قاق) [ع۔ امذ] حق طلب کرنا۔ حق جتانا۔ مستحق ہونا۔ ۲ حق دعوے قابلیت۔ اختیار۔ انگریزی لفظ PRIVILEGE کا ترجمہ)

اِستحکام: (اِس تِحْ کام) [ع۔ امذ] ا۔ مضبوطی چاہنا (۲) مضبوطی۔ پختگی۔ استقلال

اِستحلال: (اِس تِحْ لال) [ع۔ امذ] ا۔ حلال کرنا۔ حلال سمجھنا

اِستخارہ: [اِس تَ خارہ) [ع۔ امذ] ا۔ بھلائی چاہنا۔ طلب خیر (۲) کسی جائز کام کے ہونے یا نہ ہونے کی نسبت مقررہ طریق سے دعا وغیرہ پڑھ کر اشارۂ غیبی چاہنا۔

اِستخارہ آنا: [ار۔ محاورہ] استخارہ سے کسی کام کی اجازت ملنا۔

استخارہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "استخارہ کرنا"

استخارہ کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کے لیے اشارہ چاہنا۔

استخارہ کا راہ دینا: [ار۔ محاورہ] استخارہ کے ذریعہ اجازت ملنا۔

استخارہ کا مانع آنا: [ار۔ محاورہ] کام نہ کرنے کا اشارہ غیبی ہونا۔

استخارہ کا واجب آنا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کی اجازت کا اشارہ ہونے کے بعد اس کے ترک کی مخالفت کا اشارہ ہونا

اِستخبار: (اِس تِخْ بار) [ع۔ امذ] خبر پوچھنا۔ دریافت کرنا (۲) تفتیش

استخباری: [ع۔ صف] استخبار سے منسوب۔ خبر پوچھنے والا مثلاً استفہام استخباری

اِستخراج: (اِس تِخْ راج) [ع۔ امذ] ا۔ چھانٹنا۔ برآمد کرنا۔ نکالنا (۲) (ریاضی) بڑی رقموں سے چھوٹی رقمیں گھٹانا (۳) (منطق) کسی قاعدہ یا کلیہ کی تحقیق کے لیے چند افراد پر تجربہ کر کے نتیجہ نکالنا۔ استقرار کی ضد۔ انگریزی اصطلاح DEDUCTION کا ترجمہ

اِستخفاف: (اِس تِخْ فاف) [ع۔ امذ] ا۔ ہلکا سمجھنا۔ خفیف سمجھنا (۲) حقارت۔ خفت۔ سبکی

اَستخلاص: [اِس تِخْ لاص] [ع۔ امذ] ا۔ چھڑانے کی کوشش کرنا (۲) خلاصی۔ آزادی (۳) نجات

اِستخلاف: (اِس تِخْ لاف) [ع۔ امذ] جانشین کرنا۔ خلیفہ بنانا

استخوان: (اُس تُخان) [ف۔ امذ] ہڈی

استخواں فروشی: [ف۔ امث] مرے ہوئے باپ دادا کے نام پر عزت چاہنا۔

اِستدانت: (اِسْ تِدانَتْ) قرض لینا۔ قرض کی نالش کرنا۔

اِستدراج: (اِسْ تِدْراج) ا۔ درجہ بدرجہ آگے بڑھنا (۲) وہ خرقِ عادت یا حیرت انگیز کام جو کسی غیر مسلم سے ظاہر ہو [ع۔ امذ]

اِستدراک: (اِسْ تِدْراک) [ع۔ امذ] بدی کا بدلہ نیکی سے دینا۔ کسی کی تلافی کرنا (۲) تدارک۔ اصلاح

اِستدعا: (اِسْ تِدْعا) [ع۔ امث] درخواست۔ خواہش۔ التجا

اِستدقاق: (اِسْ تِدْقاق) [ع۔ امذ] باریک ہونا۔ باریک۔ پتلا۔ دبلا

اِستدلال: (اِسْ تِدْلال) [ع۔ امذ] ا۔ دلیل طلب کرنا۔ دلیل لانا۔ سند لانا۔ (۲) دلیل۔ سند

اَستر: [ف۔ امذ] (آستر کی تخفیف) دوہرے یا روئی والے کپڑے کی نیچے کی تہہ۔ ابرے کی ضد۔

اِستراحت: [ع۔ امث] آرام کی خواہش۔ آرام۔ چین۔ سکھ

اِسترخا: [ع۔ امذ] ڈھیلا ہو کر لٹک پڑنا۔ ڈھیلا پن۔

اِسترداد: [ع۔ امذ] رد کرنا۔ منسوخ کرنا (۲) منسوخی۔ تنسیخ۔ انگریزی لفظ (VETO) کا ترجمہ

اِسترضا: [ع۔ امذ] ا۔ رضا چاہنا۔ خوشنودی چاہنا (۲) رضاجوئی۔ رضا طلبی

اَستر کاری: [ف۔ امث] دیواروں پر سفیدی، چونا وغیرہ پھیرنے کا عمل۔

اُسترہ: [ف۔ امذ] (اردو میں بفتحہ سوم بولا جاتا ہے) بال مونڈنے کا آلہ۔

اُسترہ پھرنا: [ار۔ محاورہ] چہرہ کے رؤئیں کا استرہ سے صاف ہونا۔

اُسترہ پھیرنا: [ار۔ محاورہ] چہرہ کے رؤئیں اور اکا دکا بالوں کو استرہ سے صاف کرنا

اُسترہ لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "استرہ پھرنا"

اُسترہ لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "استرہ پھیرنا"

اُسترہ لینا: [ار۔ محاورہ] استرہ سے زیرِ ناف بال صاف کرنا یا مونڈنا۔

اِستری: [ہ۔ امث] ا۔ لوہے یا پیتل کا آلہ جسے دھوبی یا درزی کپڑے کی شکنیں دور کرنے کے لیے گرم کر کے کپڑے کے اوپر پھیرتے ہیں۔ (۲) زوجہ۔ بیوی۔ جورو۔

اِستری دھن: [ہ۔ امذ] بیوی کی جائداد۔ بیوی کا مال

اِستسقا: [ع۔ امذ] (۱) پانی مانگنا (۲) ایک مرض جس میں پیاس بہت لگتی ہے پیٹ بڑھ جاتا ہے اور تمام بدن ڈھیلا اور سست ہو کر پھول جاتا ہے جلودھر۔ جلندھر بھی کہتے ہیں۔

اِستشارہ: [ع۔ امذ] ا۔ مشورہ لینا یا کرنا (۲) رائے۔ صلاح۔

اِستشہاد: [ع۔ امذ] ا۔ ثبوت میں گواہ لانا۔ شہادت سننا یا لینا (۲) شہادت۔ ثبوت۔ گواہی

استشہادی: [ع۔ صف] منسوب بہ استشہاد

اِستشہاد نامہ: [عف۔ امذ] سند۔ ڈپلوما

اِستصلاح: [ع۔ امث] صلاح پوچھنا، مشورہ لینا (۲) مشورہ طلبی

اِستصواب: [ع۔ امذ] ا۔ مشورہ لینا۔ رائے پوچھنا (۲) عدالت ماتحت کا کسی بڑی عدالت سے مشتبہ قانونی امر میں مشورہ لینا۔

اِستصوابِ رائے عامّہ: [ع۔ مرکب اضافی بترکیب فارسی] رائے شماری کے ذریعہ عام لوگوں کی خواہش معلوم کرنا۔ کسی مسئلے میں عوام کی رائے جاننا REFRENDUM یا PLEBISCITE کا ترجمہ

اِستطاعت: [ع۔ امث] مقدور۔ بساط۔ حیثیت

استطراد: [ع۔ امذ] مکر و فریب سے پیچھے ہٹنا۔ میل ملاپ چاہنا۔ چال فریب، ربط خواہی۔

استظہار: [ع۔ امذ] ا۔ یاد کرنا (۲) مدد چاہنا (۳) مدد۔ پشت پناہی

اِستعارہ: [ع۔ اند] ۱۔ اُدھار مانگنا (۲) کسی لفظ کو اصلی معنیٰ کی بجائے کسی اور معنیٰ میں استعمال کرنا جب کہ اِن دونوں معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو۔
اِستعارہ بالتصریح: [ع۔ اند] مشبہ کو بعینہٖ مشبہ بہ قرار دے کر صرف مشبہ بہ کا ذکر کرنا جیسے شیر کہہ کر بہادر مراد لینا
اِستعارہ تخییلیہ: [ع۔ اند] جب مُشبّہ بہ ترک کیا جائے۔ جیسے فقرہ ذیل میں دِل کے ہم زخم کو مژگاں سے رفو کرتے ہیں۔ اِس مصرع میں مژگان کو سُوئی سے استعارہ کیا گیا ہے مُشبّہ اور مذکور ہے۔ سُوئی جو مُشبّہ بہ ہے وہ متروک ہے۔ رفو کرنا جو قرینہ ہے اس سے بات سمجھی جاتی ہے جو استعارۂ تخییلیہ ہے۔
اِستعارہ بالکنایہ: [ع۔ اند] جب مُشبّہ مذکور اور مُشبّہ بہ متروک ہو تو استعارہ بالکنایہ ہے جیسے۔ آج ہم موت کے پنجہ سے بمشکل چھُوٹے موت اِستعارہ بالکنایہ ہے درندہ سے اور لفظ پنجہ قرینہ ہے۔
اِستعانت: [ع۔ امث] ۱۔ مدد چاہنا۔ مدد مانگنا (۲) مدد طلبی۔ امداد طلبی
اِستعجاب: [ع۔ اند] حیرت۔ تعجب۔ حیرانی۔ اچنبھا
اِستعجال: [ع۔ اند] ۱۔ جلدی کرنا۔ دوسروں سے جلدی چاہنا (۲) عجلت جلدی۔ شتابی
اِستعداد: [ع۔ امث] لیاقت۔ قابلیت۔ آمادگی
اِستعذار: [ع۔ اند] ۱۔ عذر چاہنا (۲) معذرت خواہی
اِستعفا: [ع۔ اند] ۱۔ معافی چاہنا (۲) نوکری ترک کرنے کی درخواست
اِستعلا: [ع۔ اند] ۱۔ بلندی طلب کرنا۔ برتری چاہنا (۲) فضیلت۔ فوقیت۔
اِستعلاج: [ع۔ اند] علاج چاہنا۔ مداوا جوئی
اِستعمار: [ع۔ اند] آبادی بڑھانا۔ نوآبادی قائم کرنا۔ زمین و ملک کی ہوس کی بنا پر کسی آزاد ملک کو غلام بنا لینا۔
اِستعماری: [ع۔ صف] دیکھئے "استعمار" جس سے یہ منسوب ہے۔
اِستعماریّت: [ع۔ امث] قریبی ملکوں کو اپنے ملک کے ساتھ زبردستی ملانے یا دوسرے غیر ملکی آبادیوں پر قابض ہونے کا عمل انگریزی IMPERIAL, ISM کا ترجمہ
اِستعمال: [ع۔ اند] کام میں لانا۔ برتنا۔ عمل میں لانا (۲) عمل۔ کار۔ کام۔ برتاؤ (آنا۔ کرنا۔ لانا۔ ہونا کے ساتھ)
اِستعمالی: [ع۔ صف] برتا ہُوا۔ پُرانا
اِستغاثہ: [ع۔ اند] ۱۔ فریاد کرنا (۲) داد خواہی۔ نالش۔ فوجداری۔ دعویٰ۔ داد فریاد
اِستغراق: [ع۔ اند] ۱۔ غرق ہو جانا۔ ڈوب جانا۔ کسی خیال یا فکر میں محویت (۲) خدا کی یاد میں محو ہو جانا (۳) جایداد کو ادائے قرض کے لیے ذمہ دار کر دینا۔
اِستغراقِ فصل: [ع۔ اند۔ ترکیب فارسی] فصل کا قرض وغیرہ میں صرف ہو جانا
اِستغفار: [ع۔ اند] بخشش چاہنا۔ طلب مغفرت۔ گناہ بخشوانے کی خواہش۔ توبہ
اِستغفار کرنا: [ار۔ محاورہ] توبہ کرنا
اَستغفِرُ اللہ: [ع۔ کلمہ استغفار] ۱۔ مغفرت چاہتا ہوں۔ توبہ (۲) انکار (۳) اظہارِ نفرت
اِستغنا: [ع۔ اند] بے نیازی۔ بے فکری۔ بے پروائی (۲) دولتمندی۔ امارت۔ تونگری (۳) قناعت۔ صبر
اِستفادہ: [ع۔ اند] فائدہ حاصل کرنا۔ نفع اُٹھانا (۲) مفاد۔ نفع
اِستفاضہ: [ع۔ اند] فیض پانا / حاصل کرنا۔ نفع اُٹھانا / پانا
اِستفتا: [ع۔ اند] فتویٰ چاہنا۔ شرعی حکم دریافت کرنا (۲) وہ کاغذ جس پر لکھ کر / تحریر کر کے فتویٰ حاصل کیا جائے۔
اِستفراغ: [ع۔ اند] ۱۔ فراغت چاہنا (۲) قے۔ اُلٹی
اِستفراغِ اِمتلائی: [ع۔ اند۔ ترکیب فارسی] وہ قے جو پیٹ بھرے ہُونے سے ہو۔
اِستفراغِ وبائی: [عف۔ اند] وہ قے جو وبا کے دنوں میں آب و ہوا کی خرابی سے ہو۔
اِستفسار: [ع۔ اند] ۱۔ سوال کرنا۔ دریافت کرنا۔ پوچھنا (۲) سوال
اِستفہام: [ع۔ اند] سمجھنے کی خواہش (۲) سوال۔ استفسار
اِستفہامِ اِستخباری یا حقیقی: [ع۔ اند] جس سے صرف دریافت کرنا مقصود ہو جیسے تم کیا کرتے ہو؟
اِستفہامِ اِقراری: [ع۔ اند] جس سے ثبوت پایا جائے۔ سوال کے ذریعے کسی چیز کا ثبوت جیسے۔ کرتے کیوں نہیں؟
اِستفہامِ اِنکاری: [ع۔ اند] جس سے نفی مقصود ہوتی ہے جیسے میں نے کب کہا تھا۔
اِستفہامِ مجازی: [ع۔ اند] دیکھئے "استفہامِ اقراری"
اِستفہامی: [ع۔ صف] استفہام سے منسوب
اِستفہامیہ: [ع صف] سوالیہ، جس میں سوال پایا جائے۔
اِستقالہ: [ع۔ اند] کسی سے معاہدہ توڑنے کی درخواست کرنا
اِستقامت: [ع۔ امث] ۱۔ استقلال۔ قیام۔ پائیداری مضبوطی ۲۔ سیدھا ہونا۔
اِستقبال: [ع۔ اند] آگے جانا۔ آگے بڑھنا۔ پیشوائی۔ مہمان کو لینے کے لیے آگے بڑھنا۔ خیر مقدم (۲) چاند اور سُورج کا ایک دوسرے کے متقابل ہونا (۳) مقابل ہونا۔ رُخ پر ہونا (۴) مستقبل۔ زمانۂ آئندہ
اِستقبالیہ: [ع۔ اند] وُہ دعوت یا جلسہ جو کسی کے خیر مقدم کے لیے کیا جائے۔
اِستقرا: [ع۔ اند] تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۲) (منطق) کسی چیز کے چند افراد پر کوئی تجربہ کر کے اس کے کل افراد پر کوئی قاعدہ مقرر کرنا۔
اِستقرار: [ع۔ اند] قرار پانا۔ قائم رہنا۔ طے پانا۔ ٹھہرنا۔
اِستقصا: [ع۔ اند] پوری کوشش کرنا۔ انتہائی حد تک پہنچنا۔ انتہائی کوشش۔ سعی بلیغ
اِستقلال: [ع۔ اند] ۱۔ ثابت قدمی۔ ضبط و تحمل۔ ثبات۔ پائیداری۔ قیام۔ استحکام (۲) خود مختار حکومت قائم ہونا۔ آزادی
اِستکبار: [ع۔ اند] تکبر۔ غرور۔ زعم۔ فخر۔ شیخی
اِستکراہ: [ع۔ اند] نفرت۔ کراہت۔ ناپسند کرنا۔ گھن آنا
اِستکشاف: [ع۔ اند] کسی چیز کے اظہار کی خواہش کرنا۔ وضاحت چاہنا۔ ظہور۔ صراحت۔
اِستکمال: [ع۔ اند] تکمیل چاہنا۔ کمال پر پہنچانا (۲) کمالیت۔ تکمیل
اِستلام: [ع۔ اند] ۱۔ وصول کرنا (۲) پتھر کو ہونٹ یا ہاتھ سے چومنا (۳) اصطلاح حج خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے حجرِ اسود کو بوسہ دینا۔
اِستلزام: [ع۔ اند] لازم کرنا۔ ضروری بنانا۔ لزوم وجوب۔ ضرورت۔ فرض
اِستماع: [ع۔ اند] سننا۔ غور سے سننا۔ کان لگا کر سننا
اِستمالت: [ع۔ امث] دل جوئی۔ خوشامد
اِستمتاع: [ع۔ اند] نفع اٹھانا۔ فائدہ ڈھونڈنا۔ لطف اُٹھانا۔
اِستمداد: [ع۔ امث] مدد چاہنا / مانگنا۔ سہارا ڈھونڈنا
اِستمرار: [ع۔ اند] ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی۔ دوام
اِستمراری: [ع۔ صف] دوامی۔ ہمیشہ کے لیے
اِستمزاج: [ع۔ اند] عندیہ لینا۔ مرضی پوچھنا۔ رائے دریافت کرنا۔
اِستمنا بالید: [ع۔ اند] ہاتھ سے منی خارج کرنا، جلق۔ مشت زنی۔
اِستناد: [ع۔ اند] سند لانا۔ سند پیش کرنا۔ سند پکڑنا
اِستنباط: [ع۔ اند] نکالنا۔ سمجھنا۔ ایک بات سے دوسری بات نکالنا۔ نتیجہ اخذ کرنا۔

اِستنبول: [ت۔ اِمذ] اِسلام بول کا بگاڑ۔ یورپی ترکیہ کے دارالحکومت کا نام (قسطنطنیہ)

اِستنتاج: [ع۔ اِمذ] نتیجہ نکالنا۔ نتیجہ اَخذ کرنا

اِستنجا: [ع۔ اِمذ] ا۔ پاک کرنا دھونا۔ ناپاکی دُور کرنا (۲) پیشاب یا پاخانہ کے بعد آبدست لینا۔ پاک کرنا۔ طہارت کرنا۔ ڈھیلا لینا۔

اِستنجے کَہرا مِلنا: [ا۔ محاورہ] آپس میں ایسی بے تکلفی ہونا کہ کسی بات کا لحاظ اور پردہ نہ رہے۔

اِستنجا لڑنا: [ا۔ محاورہ] قارورہ ملنا۔ بے تکلفی اور دوستی ہونا

اِستنجے کا ڈھیلا: [ع۔ ا۔ اِمذ] ا۔ وہ مٹی کا ڈھیلا جس سے بول و براز کے بعد طہارت کریں (۲) کثرت کے سبب جس کی کچھ قدر نہ ہو (۳) نکما۔ ناکارہ۔ بے عزت۔ ذلیل

اِستنشاق: [ع۔ اِمذ] ناک میں پانی چڑھانا۔ ناس لینا

اِستوا: [ع۔ اِمذ] برابر ہونا۔ برابری (۲) (جغرافیہ) اس فرضی خط کا نام جو دونوں قطبوں سے برابر فاصلہ پر شرقاً غرباً کھنچا ہوا مانا گیا ہے اور کرہ زمین کو شمالاً جنوباً دو برابر حصّوں میں تقسیم کرتا ہے۔ جو علاقے اس کی حد میں آتے ہیں ان پر سورج کی شعاعیں سیدھی پڑتی ہیں۔

اِستوائی: [ع۔ صف] اِستوا^۲ سے منسوب

اُستوار: [ف۔ صف] مضبوط۔ پائیدار۔ مستحکم

اُستواری: [ف۔ امث] دیکھئے "اُستوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

اُستھاپن: [ہ۔ اِمذ] کھڑا کرنا۔ ٹھہرانا۔ تعین۔ تقرر۔ ٹھہراؤ۔

اُستھاپن کرنا: [ا۔ مص۔ مرکب] مُورتی کو مندر میں رکھنا ٹھکانے لگانا۔ مقرر کرنا۔

اُستھان: [س۔ اِمذ] تھان۔ جگہ۔ ٹھکانہ

اِستہزا: [ع۔ اِمذ] ا۔ ہنسی اڑانا۔ ٹھٹھا کرنا (۲) تضحیک

اِستہزائی: [ع۔ صف] استہزا سے منسوب

اِستہزائیہ: [ف۔ صف] استہزا سے منسوب، استہزائی

اِستیصال: [ع۔ اِمذ] جڑ سے اکھاڑنا۔ قلع قمع کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا

اِستیعاب: (اِس تی عاب) [ع۔ اِمذ] کسی مضمون یا کتاب کا شروع سے اخیر تک مسلسل اور بہت اچھی طرح پڑھنا

اِستیفا: [ع۔ اِمذ] پورا کرنا۔ مکمل کرنا۔ مکمل طور پر تسلی کرنا۔ تمام مطالبہ پُورا کرنا

اِستیلا: [ع۔ اِمذ] ا۔ غلبہ۔ تسلط۔ حکومت (۲) قابو میں رکھنا۔ مالک ہونا۔

اِسٹاف: [انگ۔ اِمذ] عملہ۔ ایک محکمے کے ملازم (انگریزی STAFF)

اِسٹاک: [انگ۔ اِمذ] (STOCK) کسی دکان یا دفتر کا موجُود سامان۔ ذخیرہ۔

اسٹاک ایکسچینج: [انگ۔ اِمذ] stock exchange وہ مقام جہاں تمسکات کی خرید فروخت ہوتی ہے

اِسٹال: [انگ۔ اِمذ] (STALL) میلہ یا بازار میں عارضی یا چھوٹی دکان (۲) سودا بیچنے کی میز (۳) تھیٹر میں سامنے کی نشستیں اور سینما میں سب سے پہلی نشستیں۔

اِسٹام / اِسٹامپ: [انگ۔ اِمذ] (STAMP) دستاویز لکھنے کا سرکاری کاغذ۔ جس کی پیشانی پر سرکاری مہر اور اُس کی قیمت چھپی ہوئی ہوتی ہے۔

اِسٹائل: [انگ۔ اِمذ] (STYLE) طرز۔ اُسلوب۔ وضع۔ انداز (۲) ساخت۔ نمونہ۔

اَسٹرلنگ: [انگ۔ اِمذ] sterling برطانوی سکہ کا نام۔ برطانیہ کا زرِ معیاری

اَسٹوو: [انگ۔ اِمذ] (STOVE) ایندھن وغیرہ سے جلنے والا چولہا۔ چولہا

اسٹوڈیو: [انگ۔ اِمذ] (STUDIO) ا۔ فوٹو گرافی کا کمرا یا دکان (۲) فلم کمپنی کا کارخانہ (۳) ریڈیو اسٹیشن کا کوئی کمرہ جہاں سے تقریریں گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں۔

اِسٹور: [انگ۔ اِمذ] (STORE) ا۔ ذخیرہ (۲) بڑی دُکان جس میں ہر قسم کی چیزیں ملتی ہوں

اِسٹیج: [انگ۔ اِمذ] (STAGE) ا۔ ایک چبوترہ۔ نمایاں جگہ (۲) تماشا گاہ کا چبوترہ جہاں تماشا کیا جاتا ہے (۳) مقرر کے تقریر کرنے کا چبوترہ۔

اِسٹیڈیم: [انگ۔ اِمذ] (STADIUM) ورزشی کھیلوں کا میدان

اِسٹیشن: [انگ۔ اِمذ] (STATON) مُستقر۔ مقام۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ اڈا ریل گاڑی کے ٹھہرنے کی جگہ

اِسٹیشنری: [انگ امث] لکھنے پڑھنے کا سامان۔ کاغذ قلم۔ دوات وغیرہ (STATIONERY)

اِسٹیل: [انگ۔ اِمذ] (STEEL) فولاد۔ عمدہ اور اعلیٰ درجہ کا لوہا

اِسٹیمر: [انگ۔ اِمذ] (steamer) دُخانی کشتی یا چھوٹا جہاز جو بھاپ سے چلنے والا ہو۔

اِسٹینڈ: [انگ۔ اِمذ] (STAND) مقام۔ جگہ۔ میز۔ چوکی۔ گھوڑے، گاڑیوں وغیرہ کا اڈا۔ سہارا۔

اِسٹینسل: [انگ۔ اِمذ] (STENCIL) دھات کی پتلی سی تختی۔ جس پر کاٹ کر حروف یا نقش بنائے جاتے ہیں اور اس کے ذریعہ کسی سطح پر نقاشی یا چھپائی کی جاتی ہے۔

اِسٹینوگرافر: [انگ۔ اِمذ] (STENOGRAPHER) مختصر نویس۔ محرّر

اِسٹینوگرافی: [انگ۔ اِمذ] (STENOGRAPHY) مختصر نویسی۔

اِسحاق: [عبر۔ اِمذ] ایک پیغمبر جو حضرت ابراہیمؑ اور سارہ کے بیٹے اور حضرت یعقوبؑ کے والد تھے

اَسَد: [ع۔ اِمذ] ا۔ شیر (۲) آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک کا نام

اَسَدُ اللہ: [ع۔ اِمذ] ا۔ خدا کا شیر (۲) حضرت علیؓ کا لقب (۳) اُردو کے مشہور شاعر مرزا غالب کا اصلی نام

اَسَدُ اللّٰہی: [ع۔ صف] ا۔ اَسَدُ اللہ سے منسوب (۲) ایک شیعہ فرقہ

اَسر: [ہ۔ اِمذ] ا۔ خبیث رُوح۔ جن۔ دیو۔ شیطان

اُسر: [ہ۔ امث] بنجر زمین۔ غیر مزروعہ زمین

اَسرار: [ع۔ اِمذ] سِر کی جمع (۱) بھید۔ راز۔ چھپی ہوئی بات (۲) جن۔ بھوت۔ سایہ

اِسراع: [ع۔ اِمذ] جلدی۔ تیزی

اِسراف: [ع۔ اِمذ] فضول خرچی۔ بے جا خرچ

اِسرافیل: [ع۔ اِمذ] ایک مقرب فرشتہ جو قیامت کے دن صُور پھونکے گا۔

اِسرائیل: [عبر۔ اِمذ] ایک یہودی مُلک۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا دوسرا نام۔ بندہ خدا۔

اِسرائیلی: [عبر۔ صف] اسرائیل سے منسوب۔ یہودی قوم یا فرد

اسسٹنٹ: [انگ۔ اِمذ] (ASSISTANT) ا۔ مددگار۔ معاون۔ نائب

اُسطرلاب: [یونانی۔ اِمذ] دیکھئے "اُصطرلاب"

اُسطوانہ: [ع۔ اِمذ] تھم۔ کھمبا۔ ستون۔ لاٹھ۔ پایہ

اُسطوخودوس: [یو۔ اِمذ] ایک دوا کا نام ہے جو نزلہ اور پاگل پن میں مفید ہے اکثر اطبا اس کو دماغ کا جھاڑو کہتے ہیں۔

اُسطورہ: [ع۔ امث] کہانی۔ قصہ۔ بات۔ افسانہ

اَسعَد: [ع۔ التفضیل] بہت مبارک۔ نہایت خوش نصیب۔ زیادہ خوش قسمت۔

اِسفاناخ: [ع۔ اِمذ۔ مث] پالک جو ایک سبزی کا نام ہے

اَسفَل: [ع۔ التفضیل] سب سے نیچا۔ انتہائی ذلیل

اَسفَل السافلین: [ع۔ مرکب اضافی] سب سے نیچا۔ دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ۔

اسفنج: ایک سمندری مخلوق اس کی بناوٹ ایسی جوف دار ہوتی ہے کہ اس میں پانی جذب ہو کر جمع ہو جاتا ہے اور نچوڑنے پر خارج ہو جاتا ہے۔
اسقاط: [ع۔ امذ] ۱۔ گرانا۔ ڈالنا (۲) حمل گرانا
اسقام: [ع۔ امذ] سقم کی جمع۔ عیب۔ برائیاں۔ نقائص
اسقف: [ع۔ امذ] لاٹ پادری۔ پادریوں کا پادری یا پادریوں کا سردار
اسکاؤٹ: [انگ۔ امذ] (SCOUT) ایک عالمگیر تحریک جس کا مقصد لڑکوں میں خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ اس کے رکن لڑکے ایک خاص وردی پہنتے ہیں (۲) وہ سپاہی جو دشمن کی سرگرمیوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے بھیجے جاتے ہیں۔
اسکرٹ: [انگ۔ امذ] (SKIRT) ایک انگریزی لباس۔ لہنگا سایا
اسکرو: [انگ۔ امذ] (SCREW) پیچ جو لکڑی وغیرہ میں کسا جاتا ہے۔ بوتل کا کارک کھولنے کا پیچ
اسکرین: [انگ۔ امث] (SCREEN) ۱۔ پردہ۔ آڑ۔ اوٹ (۲) وہ پردہ جس پر فلم کی تصویریں دکھلائی جاتی ہیں۔
اسکندر: [یو۔ع۔ امذ] فیلقوس شاہ مقدونیہ کا بیٹا جس نے بلخ، بخارا، ایران اور شمالی ہندوستان کا بہت سا حصہ فتح کر لیا تھا اسکندر اعظم کے نام سے مشہور ہے۔
اسکندریہ: [ع ۔] بحر روم کے کنارے مصر کی مشہور بندرگاہ اور شہر جو سکندر کے نام پر آباد کیا گیا تھا۔
اسکور: [انگ۔ امذ] (SCORE) کھیل میں حاصل کیے جانے والے نمبر
اسکول: [انگ۔ امذ] (SCHOOL) مدرسہ۔ مکتب۔ درس گاہ
اسکویش: [انگ۔ امذ] (SQUASH) (۱) عرق۔ شربت (۲) ایک کھیل کا نام جو ریکٹ اور نرم گیند سے کھیلا جاتا ہے۔
اسکیچ: [انگ۔ امذ] (SKETCH) ۱۔ تصویر کا خاکہ (۲) ڈھانچہ (۳) خلاصہ مختصر مضمون
اسکیم: [انگ۔ امث] (SCHEME) ۔ تجویز۔ ترکیب۔ منصوبہ
اسکینڈل: [انگ۔ امذ] (SCANDAL) رسوائی تہمت فضیحت بدنامی
اسگند / اسگندھ: [ھ۔ امذ] (آشو گندھ گھوڑا و گند معنی بو سے مرکب) ایک سفید جڑ جس میں سے گھوڑے کے پسینہ کی سی بو آتی ہے۔ اور بطور دوا استعمال ہوتی ہے
اسلاف: [ع۔ امذ] جمع سلف کی۔ اگلے وقتوں کے لوگ۔ پچھلے بزرگ
اسلام: [ع۔ امذ] ۱۔ اطاعت کرنا۔ گردن جھکانا (۲) دین محمدی۔ مسلمانوں کا دین
اسلام قبول کرنا / لانا: [ار۔ مص مرکب] دائرہ اسلام میں داخل ہونا۔ مسلمان ہونا۔
اسلامی: [ع۔ صف] دین اسلام سے متعلق۔ مسلمان
اسلحہ: [ع۔ امذ] "سلاح" کی جمع۔ سامان حرب۔ جنگ کے ہتھیار
اسلحہ خانہ: [عف۔ امذ] وہ مکان جس میں ہتھیار رکھے جاتے ہیں
اسلم: [ع۔ ا] نہایت سالم۔ سب سے سالم (۲) سانپ کا کاٹا ہوا۔
اسلوب: [ع۔ امذ] طریقہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ وضع۔ انداز
اسم: [ع۔ امذ] ۱۔ نام (۲) (صرف نحو) وہ کلمہ جو کسی جاندار یا چیز کو دوسروں سے ممتاز کرے۔
اسم آلہ: [عف۔ امذ] وہ اسم جو کسی اوزار یا ہتھیار کے معنی دے۔
اسم استفہام: [عف۔ امذ] وہ اسم جو پوچھنے کے موقع پر بولا جائے
اسم اشارہ: [عف۔ امذ] وہ اسم جس سے کسی کی طرف اشارہ کیا جائے

اسم اعظم: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام
اسم بامسمّیٰ: [ع۔ امذ] جیسا نام ویسے گن۔ وہ شخص جس کے اوصاف ٹھیک ٹھیک اس کا نام ثابت کرتے ہوں۔
اسم تصغیر: [ع۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جس میں اصل کی نسبت چھوٹا پن پایا جائے۔ مثلاً بچھڑا
اسم تکبیر: [ع۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جس میں اصل کی نسبت بڑائی پائی جائے۔ مثلاً پگڑ
اسم جامد: [ع۔ مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اس سے کچھ بنے مثلاً گھوڑا
اسم جلالی: [ع۔ مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس سے شان جلال کا اظہار ہوتا ہو مثلاً جبّار
اسم جمالی: [ع مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس سے رحمت جمال کا اظہار ہو۔ مثلاً رحیم
اسم جنس: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جو کسی نوع یا جنس کے لیے استعمال ہوتا ہو۔ مثلاً انسان گھوڑا۔
اسم حالیہ: [ع مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جس سے فاعل یا مفعول کی حالت معلوم ہو۔ مثلاً دوڑتا ہوا۔ بیٹھا ہوا
اسم ذات: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جس سے ایک چیز کی حقیقت دوسری سے الگ ظاہر ہو اور اس میں وصفیت نہ پائی جائے۔ مثلاً ہاتھی۔ گھوڑا۔
اسم صفت: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب اضافی] جس سے کسی شخص یا چیز کی کوئی خصوصیت ظاہر ہو مثلاً اچھا۔ برا۔ کالا۔ گورا۔
اسم ضمیر: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جو نام کی بجائے استعمال کیا جائے یا کسی دوسرے اسم کا قائم مقام ہو مثلاً ہم تم وہ
اسم ظرف: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جس میں جگہ یا زمانہ کے معنی پائے جاتے ہیں اگر جگہ کے معنی ہوں تو ظرف مکان اور اگر زمانہ یا وقت کے معنی ہوں تو ظرف زماں کہتے ہیں۔ مثلاً صبح۔ شام۔ گھر شہر
اسم عدد: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جس سے تعداد ظاہر ہو مثلاً دس بیس
اسم علم: [ع۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] جو کسی خاص شخص، چیز یا مقام کا نام ہو مثلاً لاہور سیالکوٹ۔ حمید۔
اسم فاعل: [ع مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ اسم جو کسی مصدر سے بنے اور فاعل کے معنی دے مثلاً لکھنے والا جانے والا
اسم مصغر: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "اسم تصغیر"
اسم معاوضہ: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ اسم مشتق جو کسی کام کی اجرت کے معنی دے۔ مثلاً دھلائی۔ رنگائی
اسم معرفہ: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] کسی خاص شخص، چیز یا مقام کا نام مثلاً لاہور اکبر وغیرہ۔
اسم مفعول: [ع۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] جو مصدر سے بنے اور مفعول کے معنی دے۔ مثلاً مرا ہوا۔ پڑھا ہوا۔
اسم مکبّر: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "اسم تکبیر"
اسم موصول: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ نامکمل اسم جو کسی جملہ کا جزو تام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا، جب تک اس کے ساتھ

کوئی جملہ مذکور نہ ہو یعنی اکیلا نہ فاعل ہو سکتا ہے نہ مفعول، نہ خبر نہ مبتدا جو جس وغیرہ
اِسمِ نکرہ: [ع مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] جو ایک ہی قسم کی تمام چیزوں پر بولا جائے۔ مثلاً آدمی۔ کتاب ملک۔ شہر
اِسم نویسی: (بلا اضافت) ۱۔ نام لکھنا ناموں کا اندراج (۲) ناموں کی فہرست گواہوں کی فہرست ۳۔ وہ کاغذ جو شادی کی نسبت کے رقعہ سے پہلے لکھا اور بھیجا جاتا ہے، جس میں ضروری امور درج ہوتے ہیں
اِسم وار: [بلا اضافت۔ واو کے ساتھ) [عف متعلق فعل] نام بہ نام۔ ناموں کی ترتیب کے مطابق۔ فرداً فرداً
اَسْمَا: [ع۔ اند ج] دیکھئے "اسم ۱" جس کی یہ جمع ہے
اَسْماءُ الرِّجال: (اَس ما اُر رِجال) [ع۔ مرکب اضافی۔ اند] ۱۔ مردوں کے نام (۲) علم حدیث کا شعبہ جس میں رادیان حدیث کے نام اور حالات
کے نام (۲) علم حدیث کا شعبہ جس میں راویان حدیث کے نام اور حالات سے بحث کی جاتی ہے۔
اسمائے حُسنیٰ: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام (صفاتی نام)
اسماعیل / اسمٰعیل: [عبر۔ ا۔ علم] حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فرزند اکبر کا نام جو حضرت ہاجرہ کے بطن سے تھے ان کا لقب ذبیح اللہ تھا۔ علیہ السلام۔
اسماعیلی / اسمٰعیلیہ: [ع۔ صف۔ اند] اہل تشیع کے ایک فرقہ کا نام جو امام جعفر صادق کا جانشین ان کے فرزند موسیٰ کاظم کی بجائے ان کے فرزند اکبر اسمٰعیل کو مانتا ہے
اَسمبلی: [انگ۔ امث] (ASSEMBLY) ۱۔ اجتماع۔ جرگہ۔ انجمن (۲) مجلس شوریٰ یا قانون ساز (۳) مدرسہ کے لڑکوں کا صبح کے وقت دعا کے لئے اجتماع۔
اِسمگل کرنا: [انگ۔ ار۔ مصدر۔ مرکب] (SMUGGLE) خلاف قانون درآمد یا برآمد کرنا۔ چنگی کا محصول ادا کئے بغیر مال لے جانا
اِسمگلر: [انگ۔ ا۔ فاعل] (SMUGGLER) خلاف قانون درآمد یا برآمد کرنے والا
اِسمگلنگ: [انگ۔ امث] (SMUGGLING) ناجائز درآمد یا برآمد
اِسْمی: [ع۔ صف] اسم سے منسوب۔ نام بنام
اَسْنَاد: [ع۔ امث] سند کی جمع۔ سندیں۔ دلیلیں۔ حجتیں (۲) سرٹیفکیٹس۔ وثیقے
اِسْنَاد: [ع۔ اند] سند پیش کرنا۔ نسبت دینا۔ مسند اور مسندالیہ کا درمیانی تعلق
اَسْنَان: [ع۔ اند] سن کی جمع۔ دانت۔ دندان
اَسْوَار: [ف۔ اند] دیکھئے "سوار" جو زیادہ مشہور ہے
اَسْوَاری: [ف۔ امث] دیکھئے "سواری" جو زیادہ مشہور ہے
اَسْوَانسی: [ہ۔ امث] زمین ناپنے کا ایک آلہ۔ بِگوانسی کا بیسواں حصّہ
اَسُوج: [ہ۔ ا۔ مث] بکرمی سال کا چھٹا مہینہ جو قریباً ۱۵ ستمبر کو شروع ہوتا ہے
اَسْوَد: [ع۔ صف] ۱۔ سیاہ۔ کالا (۲) حبشی (۳) ایک سمندر کا نام
اسود و احمر: سیاہ اور سُرخ۔ مجازاً کالا اور گورا
اِسْہال: [ع۔ اند] دست۔ پتلا پاخانہ۔ پاخانہ بار بار آنا۔ اُسْوہ: [ع۔ اند] نمونہ۔ چال۔ روش۔ اُسوۂ حَسَنہ: [ع۔ مرکب توصیفی] اچھا نمونہ، نیک مثال
اَسّی: [ار۔ ا۔ عدد] بیس کم ایک سو۔ ستر اور دس
اَسّی برس کا ریزہ: [ار۔ اند] وہ شخص جو بڑھاپے میں جوانوں کا سا مزاج رکھے یا بچوں کی سی باتیں کرے
اَسّی برس کی عمر نام میاں معصوم: [ار۔ مثل] بڑھاپے میں بچوں کی سی حرکتیں کرنے والے کے متعلق کہا جاتا ہے۔

اَسّی کوس: [ار۔ محاورہ] بہت زیادہ فاصلہ
اَسّی لسّی: [ار۔ صف] بڑھاپے میں کمزوری لازمی ہے (بوڑھے آدمی کے خون کو ٹھنڈی لسّی سے تشبیہ دی گئی ہے۔
اِسی: [ار۔ مرکب تخصیصی] اِس، ہی
اُسی: [ار۔ مرکب تخصیصی] اُس ہی (حرف تخصیص) کا مرکب۔ وہی کی مغیرہ صورت۔ اس کے معنی
اُس کی جُوتی اُسی کے سر: [ار۔ مثل] جب کسی کے ہاں سے کچھ حاصل ہوا اور اس کو اُسی کے کام میں صرف کیا جائے تو کہتے ہیں یعنی اُس کی چیز اُسی کے کام آئی۔
اَسِیر: [ع۔ اند] قیدی۔ پابند (۲) عاشق
اَسِیری: [ع۔ ف۔ امث] دیکھئے "اسیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
اَسِیرباد: [ہ۔ اند۔ کلمہ دعا] دیکھئے "اشیرباد"
اَسِیس: [ہ۔ امث] دعا خیر۔ نیک دعا۔ اچھی دعا
اَسِیس دینا / اَسیسنا: [ہ۔ مص] دعا دینا۔ برکت دینا
اَسیسر: [انگ۔ ا۔ فاعل] (ASSESSOR) مشیر۔ مددگار۔ وہ شخص جو مقدمات فوجداری میں سیشن جج کو رائے دینے کے لئے اعزازی طور پر منتخب کیا جاتا ہے۔
اُسیلا: [ہ۔ صف] عو۔ احمق۔ بے وقوف۔ کم عقل
اَسیلونا: [ہ۔ اند] اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی نکالنا۔ پیچھ۔ پیچ۔

ا ـــ ش

اِش: [ف۔ ا۔ صوت] شیرخوار بچوں کو پیشاب اور پاخانہ کراتے وقت یہ آواز نکالی جاتی ہے
اش اش: [ار۔ کلمہ تحسین] حیرت۔ خوشی اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے
اش اش کرنا: [ار۔ محاورہ] بہت پسند کرنا۔ وجد میں آنا۔ بے انتہا تعریف کرنا
اشارات: [ع۔ اند] دیکھئے "اشارہ" جس کی یہ جمع ہے
اِشارت: [ع۔ امث] رمز۔ کنایہ۔ اشارہ
اشارہ: [ع۔ اند] ایما۔ کنایہ۔ ہاتھ یا آنکھ کی حرکت سے کوئی بات سمجھانا۔ کرنا۔
اشارہ پانا: [ار۔ محاورہ] منشا معلوم کر لینا۔ ایما دریافت کرنا
اشارہ فہم: [عف۔ ا۔ فاعل] اشارہ سے مطلب سمجھنے والا۔ قرینے سے منشا معلوم کرنیوالا
اشارہ کرنا: [ار۔ محاورہ] آنکھ، ہاتھ سے اشارہ کر کے کسی کی کوئی بات سمجھانا (۲) کسی بات کو تقریر۔ تحریر میں مجملاً یا کنایتہً ظاہر کرنا (۳) بہکانا۔ بھڑکانا۔ آنکھ لڑانا۔
اِشارے بازی کرنا: [ار۔ محاورہ] اشارے سے دلی مطلب ظاہر کرنا۔ اشارے کنائے سے باتیں کرنا
اِشارے پر چلنا: [ار۔ محاورہ] ایما پا کر عمل کرنا۔ منشا سمجھ کر کام کرنا حسب منشا کام کرنا۔
اِشارے پر لگانا: [ار۔ محاورہ] کسی کو ایسی تعلیم دینا کہ اشارہ پا کر کام کرنے لگے۔
اِشارے پر لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اشارہ پر لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
اشارے چلنا: [ار۔ محاورہ] اشارے بازی ہونا۔
اشارے ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی کے متعلق اشارہ کنایہ میں گفتگو ہونا
اِشاریہ: [ع۔ اند] کسی کتاب کے مضامین یا مندرجات کی حروف تہجی کے اعتبار سے تفصیلی فہرست۔ انگریزی INDEX کا ترجمہ
اِشاعت: [ع۔ امث] پھیلانا۔ مشہور کرنا۔ شائع کرنا (۲) طبع۔ ایڈیشن انگریزی EDITION کا ترجمہ
اَشاعرہ: دیکھئے "اشعری"

اِشباع: [ع۔ امذ] حرکات کو اس طرح کھینچ کر پڑھنا کہ زبر سے الف زیر سے ی اور پیش سے واو کی آواز پیدا ہو جائے (۲) علم قافیہ میں حرف دخیل کی حرکت کا نام۔
اَشباہ: [ع۔ امذ] شبہ کی جمع شبیہیں۔ شکلیں۔ صورتیں
اِشتباہ: [ع۔ امذ] کسی کے مانند ہونا۔ مُشابہ ہونا
اِشتباہ: [ع۔ امذ] ا۔ شبہ ہونا۔ شک ہونا۔ گمان (۲) دھوکا لگنا
اِشتداد: [ع۔ امذ] ا۔ سخت ہونا۔ شدت۔ زیادتی۔ مضبوطی (۲) اکثر زیادتی و شدّتِ مرض کے لیے آتا ہے۔
اُشتر: [ع۔ امذ] اُونٹ
اِشتراک: [ع۔ امذ] شرکت۔ ساجھا۔ حصّہ داری۔ میل جول
اِشتراکی: [ع۔ صف] اشتراکیت کا حامی یا پیرو (COMMUNIST) کا اُردو ترجمہ
اِشتراکیت: [ع۔ صف] معاشی خدمت اور پیدائش کے ذرائع پر عوامی ملکیت کے اصول پر مبنی معاشرتی نظام۔ مزدور کی آمریت اس میں بلا لحاظ مراتب و قابلیت سب کو مساوی معاوضہ دیا جاتا ہے۔ قومی پیداوار میں سب کی یکساں شرکت انگریزی لفظ (COMMUNISM) کا ترجمہ
اِشتعال: [ع۔ امذ] غصہ دلانا۔ اُبھارنا۔ بھڑکانا۔ برانگیختگی۔ جوش۔ شعلہ۔ لو
اِشتعالِ طبع: [ع مرکب اضافی بترکیب فارسی] طبیعت کا جوش۔ برہمی یا فرختگی
اِشتعالک: [ع۔ ف۔ امث] ا۔ چنگاری۔ شعلہ۔ لپٹ (۲) چراغ کی بتی اُکسانے کا تنکا (۳) تحریک ...ت، اکساہٹ
اِشتغال: [ع۔ امذ] مشغول ہونا (۲) مشغولیت۔ شغل۔ کاروبار میں لگنا۔ کام
اِشتقاق: [ع۔ امذ] ا۔ شق کرنا۔ چیرنا۔ نکالنا (۲) ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنانا مصدر سے اسم اور فعل وغیرہ بنانا۔ کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانا
اِشتمال: [ع۔ امذ] شامل ہونا۔ ملانا۔ شمولیت
اِشتمالِ اراضی: [ع۔ امذ] زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو ایک جگہ اکٹھا کرنا
اِشتمالی: [ع۔ صف] دیکھئے "اشتمالیت" جس سے یہ منسوب ہے، انگریزی socialist کا ترجمہ
اِشتمالیت: [ع۔ امث] پیدائش دولت کے تمام مادی وسائل پر تسلط ہونا اور تمام افراد قوم کا اس میں برابر کا حصّہ دار ہونا (SOCIALISM) کا ترجمہ
اِشتمام: [ع۔ امذ] سونگھنا۔ سونگھنے کی کیفیت
اِشتہا: [ع۔ امث] خواہش۔ بھوک۔ چاہت
اِشتہار: [ع۔ امذ] ا۔ شہرت دینا۔ مشہور کرنا (۲) اِطلاع۔ نوٹس (۳) اعلان کی غرض سے چھپا ہوا کاغذ۔ اِطلاع نامہ
اِشتہار دینا: [ار۔ محاورہ] اشتہار کے ذریعہ کسی بات کی عام اطلاع دینا
اِشتہار لگانا: [ار۔ محاورہ] اشتہار کے چھپے ہوئے کاغذ کو کسی جگہ پر چسپاں کرنا
اِشتہار لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اشتہار لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
اِشتہار نکالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اشتہار" کا چھپنا۔
اِشتہار نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اشتہار نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
اِشتہاری: [ع۔ صف] اشتہار سے منسوب۔ جس کا اشتہار دیا جائے جس کی تشہیر کی جائے
اِشتہاری مجرم: [ع۔ مرکب توصیفی] (قانون) ایسا مجرم جس کے عدالت میں حاضر نہ ہونے کی بنا پر اس کو اشتہاری مجرم قرار دے دیا گیا ہو (اور اس کی گرفتاری پر انعام مقرر ہو)
اِشتیاق: [ع۔ امذ] شوق۔ آرزو۔ تمنّا۔ محبت۔ چاہت
اَشٹمی: [ہ۔ امث] ہندی سال کے ہر مہینے کی آٹھویں تاریخ۔
اَشجار: [ع۔ امذ] دیکھئے "شجر" جس کی یہ جمع ہے۔

اَشجع: [ع۔ اِ۔ تفضیل] بہت شجاع۔ بہت بہادر۔ نہایت بہادر
اَشخاص: [ع۔ امذ] دیکھئے "شخص" جس کی یہ جمع ہے
اَشَدّ: [ع۔ اِ۔ تفضیل] شدید تر۔ بے حد۔ حد سے بڑھ کر۔ بہت سخت۔ سخت ترین نہایت مضبوط۔ تیز مزاج۔ تیز طبع
اَشُدّھ: [س۔ صف] گندہ۔ غلیظ۔ ناپاک وغیرہ
اَشَرّ: [ع۔ اِ۔ تفضیل] نہایت شریر۔ انتہائی شریر (۲) بدکار۔ زبون۔ پاپی۔ فاسد
اَشرار: [ع۔ امذ] شریر کی جمع۔ بُرا۔ بد۔ شرارتی۔ فسادی۔ فتنہ انگیز
اَشراف: [ع۔ امذ۔ جمع] شریف کی جمع وہ لوگ جن کا حسب نسب اچھا ہو۔ اردو میں بطور واحد بھی استعمال ہوتا ہے) عالی خاندان لوگ۔ تہذیب و شرافت سے آراستہ لوگ۔ اعلیٰ نسب شخص۔ بھلا مانس۔
اَشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے: [ار۔ مثل] شریف تو اپنی شرافت کی وجہ سے نرمی کرتا ہے اور کمینہ یہ سمجھتا ہے کہ مجھ سے ڈر گیا۔ اس لیے دلیر ہو جاتا ہے۔
اَشراف پرست: [ع ف۔ ا۔ فاعل] بھلے مانسوں کی قدر کرنے والا۔
اَشراف وہ ہے جس کے پاس اشرفی ہے: [ار۔ مثل] اس زمانے میں مالدار ہی شریف سمجھا جاتا ہے۔
اَشرافت: [ار۔ امث] دیکھئے "شرافت" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
اَشرافیہ: [ع۔ امث] اُمرا کی حکومت۔ طبقۂ اُمرا۔ انگریزی ARISTORACY کا ترجمہ۔
اِشراق: [ع۔ امذ] ا۔ سورج کا طلوع ہونا (۲) سورج نکلنے کا وقت (۳) وہ نماز جو سورج نکلنے کے وقت پڑھی جاتی ہے (۴) حکمت۔ روشن ضمیری۔ تصفیہ باطن۔
اِشراقی: [ع۔ ا۔ صف] ا۔ اِشراق سے منسوب حکماء کے اس گروہ سے تعلق رکھنے والا جو صفائی باطن اور روشن ضمیری کے باعث دور ہی سے اپنے شاگردوں کو تعلیم دیتے تھے (۲) حکما کا وہ گروہ جو بذریعۂ کشف اشیاء کے حقائق معلوم کر لیتے تھے۔
اِشراقیین: [ع۔ امذ۔ جمع] دیکھئے "اشراقی" جس کی یہ جمع ہے۔
اَشرف: [ع۔ اِ۔ تفضیل] نہایت شریف۔ بزرگ تر۔ بہت اچھا اور نیک آدمی۔ عالی نسب
اَشرفُ الاَشراف: [ع۔ مرکب اضافی۔ مذ] شریفوں کا شریف۔ نہایت شریف
اَشرفُ المخلوقات: [ع مرکب اضافی] تمام مخلوق سے بہتر اور بزرگ تر۔ انسان۔ بنی آدم۔
اَشرفُ النّاس: [ع۔ مرکب اضافی] سب سے اشرف۔ آں حضورؐ صلعم کا لقب
اَشرفی: [ف۔ امث] سونے کا ایک سکّہ۔ مُہر۔ دینار۔ پونڈ
اَشرفی بُوٹی: [ف۔ ار۔ امث] ا۔ اشرفی کے قد کے برابر بُوٹیاں جو کمخواب اور زربفت کے کپڑے پر نکالی جاتی ہیں (۲) ایک جنگلی بُوٹی جس کے پھول اشرفی کے مانند اور گول ہوتے ہیں۔
اَشرفیاں لُٹیں اور کوئلوں پر مُہر: [ار۔ مثل] اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو فضول کاموں پر بہت خرچ کرتا ہو اور ضروریات کے معاملہ میں کنجوسی کرتا ہو۔
اَشعار: [ع۔ امذ] دیکھئے "شعر" جس کی یہ جمع ہے۔
اِشعار: [ع۔ امذ] آگاہ کرنا۔ مشہور کرنا
اِشعاع: [ع۔ امذ] کرنیں ڈالنا۔ انگریزی (RADIATION) کا ترجمہ
اَشعری: [ع۔ امذ] شیخ ابوالحسن علی بن اسمٰعیل اشعری۔ اہل سُنت کے مشہور امام
اَشعریّہ: [ع۔ امذ] ابوالحسن اشعری کے پیروکار جن کی جمع "اشاعرہ" آتی ہے۔

اَشغال: [ع - اند] دیکھئے "شغل" جس کی یہ جمع ہے

اُشغلا / اُشتقلا: [ار - اند] فساد۔ فتنہ۔ فساد والی بات (افعال: اٹھانا۔ چھوڑنا۔ نکان)

اَشفاق: [ع - اند] دیکھئے "شفقت" جس کی یہ جمع ہے

اِشفاق: [ع - اند] شفقت۔ ملائمت۔ دردمندی۔ رحم۔ ترس

اَشقلا: دیکھئے "اشغلا"

اَشقیا: [ع - اند] دیکھئے "شقی" جس کی یہ جمع ہے۔ بدبخت۔ بدنصیب ظالم وغیرہ

اَشک: [ف - اند] آنسو۔ لسوا۔ قطرہ

اَشک بار: [ف - فاعل] آنسو بہانے والا۔ رونے والا۔

اَشک باری: [ف - امث] آنسو بہانا۔ رونا "اشکبار" سے اسم کیفیت۔

اشکِ بُلبُل: [ف - مرکب اضافی] (لکھنؤ) افیون کی خفیف مقدار۔ بہت تھوڑی سی

اَشک ریز: [ف - اند فاعل] دیکھئے "اشک بار"

اشک ریزی: [ف - امث] دیکھئے "اشک باری"

اشکِ شمع: [ف - مرکب اضافی] جلتی ہوئی موم بتی سے گرنے والے موم کے قطرے

اشک شوئی: [ف - امث] ا۔ آنسو پونچھنا۔ تسلی دینا۔ دلاسا دینا (۲) تسلی۔ دلاسا

اشک فشاں: [ف - امث] دیکھئے "اشک بار"

اشک فشانی: [ف - امث] دیکھئے "اشک باری"

اشکِ کباب: [ف - مرکب اضافی] وہ پانی جو کباب سینکتے وقت نکلتا ہے۔

اشکِ ندامت: [ف - مرکب اضافی] وہ آنسو جو شرمندگی یا پشیمانی کی وجہ سے نکلے

اَشکال: [ع - امث] دیکھئے "شکل" جس کی یہ جمع ہے

اِشکال: [ع - اند] دشواری۔ دقت۔ مشکل

اُشلک: [ف - اند] بہتان۔ تہمت (افعال: لگنا۔ لگانا)

اَشلوک: [س - اند] ا۔ شعر۔ فقرہ۔ نظم۔ بند (۲) حمد۔ مدح

اِشمام: [ع - اند] خوشبو پھیلانا۔ خوشبو چھڑکنا۔ خوشبو لگانا۔ ا۔ کسی خاموش حرفِ صحیح کو ضمہ یا کسرے کی ذرا سی آواز دینا۔

اَشنان: [ھ - اند] نہانا۔ غسل کرنا۔ غسل کرکے پاک ہونا۔ غسل

اَشواق: [ع - اند] دیکھئے "شوق" جس کی یہ جمع ہے

اَشوک: [ھ - اند] ا۔ ایک درخت کا نام جس کے اجزا دواؤں میں مستعمل ہیں۔ (۲) قدیم ہندوستان کے ایک مشہور راجا کا نام

اَشہاد: [ع - اند] دیکھئے "شاہد" جس کی یہ جمع ہے

اِشہاد: [ع - اند] شہادت دینا۔ شہادت پیدا کرنا۔ ثبوت پیش کرنا۔

اَشہب: [ع صفت - اند] ا۔ وہ سیاہ رنگ جس میں سفیدی غالب ہو (۲) سبزہ گھوڑا۔ (۳) گھوڑا

اَشہر: [ع - ا۔ تفضیل] بہت زیادہ مشہور و معروف

اَشیا: [ع - امث] دیکھئے "شے" جس کی یہ جمع ہے

اَشیرباد: [س - امث] دعائے خیر۔ دعائے برکت۔ اسیس

ا — ص

اَصابت: [ع - امث] ا۔ ٹھیک بات کہنا۔ صحیح نتیجہ پر پہنچنا (۲) مضبوطی۔ پختگی

اَصابع: [ع - امث] اُنگلیاں۔ ہاتھ کی انگلیاں۔ اصبع کی جمع۔

اَصاغر: [ع - اتفضیل] دیکھئے "اصغر" جس کی یہ جمع ہے

اِصالت: [ع - امث] اصلیت۔ خاصیت۔ خمیر کی تاثیر۔ نطفے اور نسل کا اثر (۲) شرافت (۳) رذالت (۴) گھوڑے اور مرغ کا عمدہ نسل سے ہونا (۵) تلوار کا اچھا۔ کھرا ہونا۔

اصالت پر آنا: [ار - محاورہ] کینڈے پر آنا۔ قدرتی یا خاندانی اثر دکھانا

اصالتاً / اصالۃً: [ع - متعلق فعل] اصالتاً غلط اور اصالۃً صحیح ہے۔ بذاتِ خود بہ نفسِ نفیس۔ وکالتاً کی ضد

اَصباح: [ع - امث] "صبح" کی جمع

اِصباح: [ع - اند] صبح کرنا۔ صبح ہونا۔ صبح کے وقت آنا یا کوئی کام کرنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا۔

اَصحّ: [ع - اتفضیل] بہت صحیح۔ درست ترین

اِصحا: [ع - اند] مستی سے ہوشیاری میں آنا۔ ہوشیاری۔ صحو

اَصحاب: [ع - اند] صاحب کی جمع۔ ساتھی۔ ہم نشین۔ دوست۔ وہ لوگ جنہوں نے پیغمبر علیہ السلام کو دیکھا۔ ان پر ایمان لائے اور بہ حالت ایمان فوت ہوئے۔

اَصحابُ الاُخدُود: [ع - اند] خندق والے جن کا ذکر قرآن شریف میں آتا ہے یہ عیسائی تھے اور ان کو یمن کے یہودی بادشاہ ذونواس نے زندہ جلوا دیا تھا یا خندق میں زندہ دفن کر دیا تھا

اصحابُ الرّائے: [ع - اند] وہ فقہا جو مسائل کے استنباط میں قیاس اور رائے سے کام لیں۔

اَصحابُ الشِّمال: [ع - اند] بائیں طرف والے وہ لوگ جن کو نامۂ اعمال بائیں ہاتھ میں ملے گا۔ (دوزخی لوگ)

اصحاب ظاہر / ظواہر: وہ لوگ جو قرآن و حدیث کے ظاہری یا لفظی معنی پر صبر کرتے ہیں اور ان کے خلاف کوئی مطلب لینا جائز نہیں سمجھتے۔

اَصحابُ الفُروض / اَصحابُ الفرائض: [ع - اند] وہ وارث جن کے حصّے قرآن شریف میں مقرر کر دیے گئے ہیں۔

اِصحابُ المیراث: [ع - اند] فقہ حنفی کی رو سے وہ ورثا جن کو اصحاب الفروض کے بعد حصہ ملتا ہے۔

اصحابُ الیمین: [ع - اند] دائیں ہاتھ والے لوگ وہ لوگ جن کو ان کا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں ملیگا۔ جنتی۔ بہشتی

اَصحابِ صُفّہ: [ع - اند] صحابۂ اکرام کی وہ جماعت جو ہر وقت عبادت میں مشغول رہتی تھی۔ صُفّہ چبوترہ یا سائبان کو کہتے ہیں یہ صحابہ مسجد نبوی کے چبوترے میں رہتے تھے

اَصحابِ فیل: [ع - اند] ہاتھی والے۔ یمن کے بادشاہ ابرہہ اور اس کے ساتھی جنہوں نے ہاتھیوں کے ساتھ خانہ کعبہ پر چڑھائی کی اور خدا کے حکم سے پرندوں نے ان پر کنکریاں برسا کر ان کو تباہ کر دیا تھا

اَصحابِ کہف: [ع - اند] غار والے۔ وہ سات بالو اشخاص جو اب سے ہزاروں سال پہلے دقیانوس بادشاہ کے ظلم و ستم سے بچنے کے لیے غار میں چھپ کر سو رہے اور صدہا سال کے بعد جاگے۔ بازار سے کھانا لاکر کھایا اور دوبارہ سو رہے بعض کے نزدیک ابھی تک بدستور سو رہے ہیں۔ ان کے ساتھ ایک کتا بھی ہے۔

اِصدار: [ع - اند] ا۔ صادر کرنا۔ اُتارنا۔ بھیجنا (۲) صدور۔ اجرا۔

اَصداف: [ع - اند] دیکھئے "صدف" جس کی یہ جمع ہے

اَصدق: [ع - اتفضیل] بہت سچا۔ سب سے سچا۔

اَصدقا: [ع - اند] دیکھئے "صدیق" جس کی یہ جمع ہے

اِصرار: [ع۔ اند] ضد۔ ہٹ۔ تکرار۔ تاکید

اَصراف: [ع۔ اند] "صَرف" کی جمع

اِصراف: [ع۔ اند] خرچ۔ مصرف

اِصطِباغ: [ع۔ اند] رنگنا۔ غوطہ دینا۔ عیسائی بناتے وقت سر پر رنگین پانی چھڑکنے کی رسم (بپتسمہ) انگریزی baptism کا ترجمہ

اِصطَبل: [یونانی۔ اند] طویلہ۔ گھوڑوں کے باندھنے کا مکان۔

اُصطُرلاب: [یو۔ ع۔ اند] پیتل کا وہ گولا جس پر آفتاب اور ستاروں کی بلندی اور بُعد معلوم کرنے کے لیے نقوش اور حروف بنے ہوتے ہیں۔

اِصطِفا: [ع۔ اند] ا۔ چننا۔ منتخب کرنا (۲) انتخاب۔ برگزیدگی

اِصطِلاح: [ع۔ امث] وہ لفظ جس کے کوئی خاص معنی کسی علم یا فن کے ماہروں یا کسی جماعت نے مقرر کر لیے ہوں مثلاً حدیث کے لغوی معنی بات ہیں مگر شرعیت کی اصطلاح میں آں حضرت صلعم کے قول و فعل اور تقریر کو کہتے ہیں۔

اِصطلاحات: اصطلاح کی جمع۔

اِصطلاحی: [ع صفا] اصطلاح سے منسوب۔

اَصغَر: [ع۔ اند۔ اتفضیل] بہت چھوٹا۔ سب سے چھوٹا

اَصفار: [ع۔ اند] دیکھئے "صفر" جس کی یہ جمع ہے

اَصفَر: [ع صف] زرد۔ زعفرانی۔ پیلا

اَصفری: [ع۔ امث] اصفر سے منسوب۔ زردپن

اَصفِیا: [ع۔ اند] صفی کی جمع۔ برگزیدہ لوگ

اَصل: [ع۔ امث] ا۔ جڑ۔ بنیاد (۲) طبیعت (۳) خالص (۴) سرمایہ ۵۔ نسب۔ ذات

اَصلُ الاُصُول / اَصلِ اُصُول: [ع۔ اند] علتِ غائی۔ خلاصہ۔ ولُبِ لباب۔

اَصلُ السُّوس: [ع۔ امث] ملٹھی۔ ایک درخت کی جڑ جو مزے میں میٹھی ہوتی ہے۔ کھانسی وغیرہ کو نافع ہے۔ بطور دوا مستعمل ہے۔

اَصل پر جانا: [ار۔ محاورہ] اپنے افعال سے فطری یا نسلی پستی کا ثبوت دینا۔

اَصل خیر سے رخیر کے ساتھ: [ار۔ محاورہ] بخیریت ہے۔ سلامتی سے

اَصل بد از بدی خطا نہ کند: [ف۔ مثل] کمینہ سے بھلائی نہیں ہوتی۔ رذیل بدی سے باز نہیں آتا۔

اَصل سے خطا نہیں کم اصل سے وفا نہیں: [ار۔ مثل] شریف برائی نہیں کرتا اور رذیل بھلائی نہیں کرتا۔

اَصلاً: [ع۔ متعلق فعل] صحیح اصلاً ہے۔ ہرگز۔ کسی طرح۔ ذرا۔ مطلق نام کو

اَصلاب: [ع۔ امث] صُلب کی جمع۔ پشتیں۔ پیڑھیاں

اِصلاح: [ع۔ امث] ا۔ درستی (۲) ترمیم (۳) موافقت۔ میل۔ صلح (۴) ایک دوا کی مضرت کو دوسری دوا کی شرکت سے دفع کرنا (۵) حجامت

اِصلاحات: [ع۔ امث] اصلاح کی جمع۔ (۱) درستیاں۔ ترمیمیں (۲) حکومت کی وہ اصلاحیں جو نظامِ حکومت کی خرابیوں کو دور کر کے رعایا کی فلاح و بہبود کے لیے اختیار کی جائیں۔ انگریزی لفظ (REFORMS) کا ترجمہ

اِصلاح بنوانا: [ار۔ محاورہ] حجامت بنوانا۔ خط بنوانا

اِصلاح پر آنا: [ار۔ محاورہ] نقصان دُکھ ہونا۔ بہتر ہونا

اِصلاح پذیر: [ع۔ ف۔ ا۔ فاعل] اصلاح قبول کرنے والا

اِصلاح دینا: [ار۔ محاورہ] نقص نکالنا۔ درست کرنا

اِصلاح ساز: [اند] حجامت بنانے والا۔ نائی

اِصلاح لینا: [ار۔ محاورہ] اُستاد کو نقص دور کرنے کے لیے اپنا کلام یا تحریر دکھانا

اِصلاحی: [ع۔ صف] اصلاح سے منسوب۔

اَصلی: [ع صف] ا۔ ذاتی۔ پیدائشی (۲) عمدہ۔ صحیح (۳) کا جس میں بناوٹ نہ ہو (۴) خالص نقلی یا مصنوعی کی ضد

اَصلَح: [ع۔ صفت] انسب۔ بہتر

اَصلیّت: [ع۔ امث] اصل بات۔ حقیقت۔ واقعیت۔

اَصَم: [ع۔ صف] جسے سنائی نہ دے۔ بہرا

اَصناف: [ع۔ امث] دیکھئے "صنف" جس کی یہ جمع ہے

اَصنام: [ع۔ اند] دیکھئے "صنم" جس کی یہ جمع ہے

اَصوات: [ع۔ امث] دیکھئے "صوت" جس کی یہ جمع ہے۔

اَصوام: [ع۔ اند] صوم کی جمع

اُصُول: [ع۔ اند] اصل کی جمع (۱) جڑیں۔ بنیادیں (بطور واحد) ۲) قاعدہ۔ طریقہ دستور۔ ڈھنگ

اُصول باندھنا: [ار۔ محاورہ] قاعدے مقرر کرنا

اُصولِ کلام: [ع مرکب اضافی بترکیب فارسی] علم کلام میں مسائل کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا۔

اُصولِ موضوعہ: [ع مرکب توصیفی بترکیب فارسی] وہ باتیں جو دوسری چیزوں کو ثابت کرنے کے لیے مان لی گئی ہوں۔ عارضی نظریات جو امتحاناً مان لئے گئے ہوں۔

اُصولی: [ع۔ صف] دیکھئے "اصول" جس کی طرف یہ منسوب۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو تقلید مجتہد کا قائل ہے۔

اُصولیات: [ع۔ امث] اصولی کی جمع (۱) وہ امور جن کا تعلق اصول سے ہو۔ اصول و قواعد، اصولی باتیں

اَصہار: [ع۔ اند] وہ رشتہ دار جن سے شادی از روئے شریعت جائز نہ ہو۔ صہر کی جمع۔

اَصِیل: [ع صف] شریف۔ اچھی نسل کا۔ جوہر دار (۲) خادمہ۔ لونڈی۔ باورچن

اصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں: [ار۔ مثل] شریف آدمی سے کام لینے کے لیے سختی کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اصیل مرغ کے ڈیکے: [ار۔ مثل] خاندانی لوگوں اور شریفوں کی قدر نہ ہو۔

ا ـــ ض

اِضافت: [ع۔ امث] ا۔ تعلق۔ لگاؤ۔ نسبت (۲) (نحو) ایک اسم کی دوسرے اسم سے نسبت یا تعلق۔ اردو میں کا۔ کی۔ کے۔ اس تعلق کو ظاہر کرتے ہیں اور فارسی میں زیر (کسرہ) یہ کام دیتی ہے۔ جس اسم کا تعلق ظاہر کیا جائے اسے مضاف اور جس سے تعلق ہو اسے مضاف الیہ کہتے ہیں۔ دونوں کا مجموعہ مرکب اضافی کہلاتا ہے، مشہور اقسام یہ ہیں:

اضافتِ ابنی: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بترکیب فارسی] اولاد اور والدین کا تعلق مثلاً حامد کا لڑکا

اِضافتِ استعارہ: [ع۔ مرکب اضافی بترکیب فارسی] جب استعارۂ تخییلیہ استعارہ بالکنایہ کی طرف مضاف ہوتا ہے تو اس اضافت کو اضافت استعارہ کہتے ہیں۔ مثلاً پائے فکر" یہاں فکر" کو شخص فرض کر کے اس کی نسبت سے

"یا" کا لفظ لایا گیا ہے۔

اضافت بہ ادنیٰ تعلق یا ملابست: [ع۔ مرکب اضافی] تھوڑے سے تعلق کی بنا پر ایک چیز کو دوسری کی طرف منسوب کرنا۔ مثلاً اس کا شہر

اضافتِ بیانی: [ع۔ مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] مادہ اور مصنوع کا تعلق۔ یعنی جس سے کوئی چیز بنی ہو اور وہ مضاف الیہ اور جو چیز بنی ہو وہ مضاف ہو۔ مثلاً چاندی کا ہار

اضافتِ تشبیہی: [ع۔ مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] مشبہ اور مشبہ بہ کا تعلق۔ اس میں مشبہ مضاف الیہ اور مشبہ بہ مضاف ہوتا ہے مثلاً گل رخسار

اضافتِ تخصیصی: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ تعلق جس سے مضاف کا مضاف الیہ کے لیے خاص ہونا ظاہر ہو۔ مثلاً میرا کام۔ عارف کا ہاتھ

اضافتِ تملیکی: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ تعلق جس سے مضاف کا مضاف الیہ کی ملکیت ہونا ظاہر ہوتا۔ مثلاً اسلم کا گھوڑا

اضافتِ توصیفی: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ تعلق جو صفت اور موصوف کے درمیان پایا جائے۔ اس میں مضاف موصوف اور مضاف الیہ صفت ہوتا ہے۔ مثلاً روزِ روشن۔

اضافتِ توضیحی: [ع مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] وہ تعلق جس میں مضاف الیہ مضاف کی وضاحت کرے۔ مثلاً لاہور کا شہر۔ روزِ عید

اضافتِ ظرفی: [ع۔ مرکب توصیفی۔ بہ ترکیب فارسی] ظرف اور مظروف کے درمیان تعلق۔ اس میں مضاف مظروف اور مضاف الیہ ظرف ہوتا ہے مثلاً کنوئیں کا پانی

اضافہ: [ع۔ امذ] بیشی۔ ترقی۔ زیادتی۔ بڑھوتری

اضافہ بولنا: [ار۔ محاورہ] زیادہ قیمت لگانا۔ بڑھ کر بولی دینا

اضافہ کرنا: [ار مص۔ مرکب] زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ ترقی دینا

اضافی: [ع۔ صف] ا۔ جو اصلی نہ ہو۔ اعتباری۔ نسبتی۔ زائد (۲) مددگار۔ معاون

اضافیت: [ع۔ امث] ا۔ اعتباری یا نسبتی تعلق۔ غیر اصلی تعلق (۲) (فلسفہ) یہ نظریہ کہ علم کوئی حقیقی اور اصلی شے نہیں بلکہ حالات و اتفاقات سے مشروط ہے ایک اعتباری چیز (۳) (طبیعیات): آئن شٹائن کا یہ نظریہ کہ حرکت بذاتِ خود کوئی چیز نہیں بلکہ ایک اضافی اور اعتباری شے ہے۔ انگریزی (RELATIVITY)

اُضحوکہ: [ع۔ امذ] جس سے ہنسی آئے۔ ہنسی کی بات۔ مضحکہ خیز بات

اَضحیٰ: [ع۔ امذ] ا۔ قربانی کا دن (۲) قربانی۔ (۳) صبح کو کام کرنا۔

اُضحیہ: [ع۔ امث] قربانی کا جانور

اَضداد: [ع۔ امث] ا۔ ضد کی جمع (۱) ایسی متضاد چیزیں جو ایک جگہ اور ایک وقت میں جمع نہ ہو سکیں۔ مثلاً سیاہی اور سفیدی (۲) وہ لفظ جس میں متضاد معنی پائے جائیں مثلاً "کل" روزِ آئندہ کو بھی کہتے ہیں اور روزِ گزشتہ کو بھی۔

اَضراب: [ع۔ امث] ضرب کی جمع۔ چوٹیں

اِضراب: [ع۔ امذ] ا۔ منہ پھیر لینا (۲) (نحو) وہ حرف جو ایک بات کو ترقی دینے یا ایک دوسرے سے بڑھانے کے لیے آتا ہے۔ مثلاً وہ انسان بلکہ حیوان ہے۔ یہاں بلکہ حرفِ اضراب ہے۔

اَضرار: [ع۔ امذ] ضرر کی جمع۔ نقصانات

اِضرار: [ع۔ امذ] نقصان پہنچانا

اِضطراب: [ع۔ امذ] بے تابی۔ بے قراری۔ گھبراہٹ۔ بے چینی

اِضطرابی: [ع۔ صف] اضطراب سے منسوب

اِضطرار: [ع۔ امذ] ا۔ کسی کام کو کرنے پر مجبور ہو جانا کہ اس کے سوا کوئی چارہ کار نہ رہے۔ بے اختیاری۔ بے بسی (۲) بے چینی۔ بے قراری۔

اِضطراری: [ع۔ صف] اضطرار سے منسوب

اَضعاف: [ع۔ عدد ضعفی] ضعف کی جمع۔ دوگنے۔ دوچند

اِضعاف: [ع۔ امذ] ا۔ دوگنا کرنا (۲) کمزور کرنا

اَضعافاً مضاعفاً: [ع۔ عدد ضعفی] دوگنا۔ بگنا

اَضعف: [ع۔ اتفضیل] نہایت کمزور۔ سب سے ضعیف

اَضغاث: [ع۔ امذ] ضغث کی جمع۔ سوکھی اور گیلی گھاس کے مٹھے۔ ملی جلی گھاس۔

اَضغاثِ احلام: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی] پریشان خواب جس کی تعبیر نہ ہو۔

اَضلاع: [ع۔ امذ] ضلع کی جمع۔ خطۂ زمین۔ صوبہ کا حصہ (۲) حدود و اشکال کے خطوط۔

اِضلال: [ع۔ امذ] گمراہ کرنا۔ بھٹکانا (۲) گم راہی

اِضمار: [ع۔ امذ] کلام میں کسی اسم کی جگہ ضمیر استعمال کرنا

اِضمار قبل الذکر: [ع۔ امذ] کسی اسم کے ذکر سے پہلے اس کے لیے ضمیر لانا

اِضمحلال: [ع۔ امذ] سستی۔ پژمردگی۔ کمزوری۔ ہے بلا

ا — ط

اطاعت: [ع۔ امث] فرمانبرداری۔ بندگی۔ تعمیلِ حکم

اطاعت گزار: [ع۔ ف۔ اسم فاعل] اطاعت کرنے والا۔ فرمانبردار۔ حکم ماننے والا

اطاعت گزاری: [عف۔ امث] دیکھیے "اطاعت گزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

اُطاق: [ت۔ امذ] کوٹھری۔ کمرا۔ حجرہ

اَطال اللہ عمرہ: [ع۔ کلمہ دعا] اللہ تعالیٰ اس کی عمر دراز کرے (یہ دعائیہ کلمہ چھوٹوں کے لیے استعمال ہوتا ہے

اطالوی: [ع صف] اطالیہ سے منسوب

اَطالیہ: [ع۔ امذ] یورپ کا ایک مشہور ملک (اٹلی)

اَطِبّا: [ع۔ امذ جمع] دیکھیے "طبیب" جس کی یہ جمع ہے

اَطراف: [ع۔ امث] طرف کی جمع۔ کنارے سمتیں

اِطریفل: [ع۔ امذ] تری پھل کا معرب ایک قسم کی معجون جو ہرڑ۔ بہیڑہ اور آملہ سے تیار کی جاتی ہے

اَطعمہ: [ع۔ امذ] دیکھیے "طعام" جس کی یہ جمع ہے

اِطفا: [ع۔ امذ] بجھانا۔ آگ یا شعلہ کا خاموش کرنا

اَطفال: [ع۔ امذ] دیکھیے "طفل" جس کی یہ جمع ہے

اِطلاع: [ع۔ امث] ا۔ خبر۔ آگاہی (۲) اعلان۔ نوٹس۔ اشتہار

اِطلاع نامہ: [عف۔ امذ] وہ چٹھی یا تحریر جو خبر دینے کے لیے بھیجی جائے۔ سمن۔ حکم نامہ۔ پروانہ۔ نوٹس

اطلاعاً: [ع۔ متعلق فعل] آگاہ کرنے کے لیے۔ خبر دینے کے لیے

اِطلاع یابی: [ع۔ ف۔ امث] خبر پانا۔ آگاہ ہونا۔ آگاہی۔ باخبری

اِطلاق: [ع۔ امذ] ا۔ آزاد کرنا۔ چھوڑنا۔ کھولنا (۲) کہنا۔ بولا جانا (۳) کسی لفظ کے مفہوم کا کسی ذات پر منطبق ہونا۔ کسی چیز کا دوسری پر محمول ہونا۔ عائد ہونا۔

اِطلاق نویس: [عف۔ اسم فاعل] سمن یا پروانہ جاری کرنے والا اور خرچ کا حساب کتاب رکھنے والا افسر

اَطلس: [ع۔ امث] ایک قسم کا چکنا ریشمی کپڑا

اِطمینان: [ع۔ اِمذ] تسلّی۔ تشفی۔ دِل جمعی۔ ڈھارس۔ دِلاسا۔ بے قراری کی ضد (افعال۔ کرنا۔ ہونا۔ دلانا۔ رکھنا۔)

اَطناب: [ع۔ امذ] طُنب کی جمع۔ طنابیں۔ تنبو کی رسّیاں

اِطناب: [ع۔ امذ] ا۔ طول دینا۔ لمبا کرنا (۲) طوالت

اَطوار: [ع۔ امذ] دیکھئے "طور" جس کی یہ جمع ہے

اَطوَل: [ع۔ التفضیل] بہت طویل۔ سب سے لمبا

اَطہار: [ع۔ امذ] دیکھئے "طاہر" جس کی یہ جمع ہے۔ پاک لوگ،

اِطہار: [ع۔ امذ] پاک کرنا۔ صاف کرنا،

اَطہَر: [ع۔ التفضیل] بہت پاک۔ سب سے پاک

اَطیَب: [ع۔ التفضیل] نہایت خوب۔ بہت خوشبودار۔ بہت پاک

ا — ظ

اَظفار: [ع۔ امذ] ظفر کی جمع ناخن

اَظفَر: [ع۔ صف] بڑے ناخنوں والا

اَظلال: [ع۔ امذ] ظِل کی جمع۔ سائے

اِظلال: [ع۔ امذ] سایہ ڈالنا

اِظلام: [ع۔ امذ] تاریک کرنا۔

اَظلَم: [ع۔ التفضیل] نہایت ظالم۔ سخت ظالم

اِظہار: [ع۔ امذ] ا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ بیان کرنا (۲) بیان، شہادت، گواہی

اِظہارِ حلفی: [ع مرکب توصیفی بترکیب فارسی] قسمیہ بیان یا شہادت

اِظہار دینا: [ار۔ محاورہ] گواہی دینا۔ بیان دینا۔ عدالت میں مقدمہ کے واقعات و حالات ظاہر کرنا

اِظہارِ قانونی: [ع۔ مرکب توصیفی بترکیب فارسی] قانون کی رُو سے درست گواہی

اِظہار کرنا: [ار۔ محاورہ] کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا

اِظہار لینا: [ار۔ محاورہ] شہادت لینا۔ بیان لینا۔ اہلِ مقدمہ سے کسی مقدمہ کے حالات دریافت کرنا

اِظہار نامہ: [ع ف۔ امذ] اشتہار۔ اعلان۔ سمن۔ اطلاع نامہ

اِظہار نویس: [ع ف۔ افاعل] وہ محرر جو بیان لکھتا ہے

اَظہَر: [ع۔ التفضیل] بہت ظاہر۔ بہت نمایاں۔ نہایت واضح۔ خوب روشن

اَظہَرُ مِنَ الشَّمس: [ع صف] سورج سے زیادہ نمایاں۔ بہت واضح۔ صریح۔ بیّن، روشن

ا — ع

اِعادَہ: [ع۔ امذ] دُہرانا۔ کسی بات کو بار بار کہنا۔ کسی کام کو بار بار کرنا (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

اعادۂ شباب: [ع۔ امذ] بڑھاپے میں دوبارہ جوانی کی طاقت۔ امنگ پیدا کرنا۔

اَعاظِم: [ع۔ التفضیل] دیکھئے "اعظم" جس کی یہ جمع ہے۔

اِعانت: [ع۔ امث] ا۔ مدد کرنا۔ حمایت کرنا (۲) مدد۔ سہارا۔ امداد

اِعانتِ مجرمانہ: [ع مرکب توصیفی بترکیب فارسی] ارتکاب جرم میں مدد دینا

اِعتاق: [ع۔ امذ] آزادی۔ رہائی۔ غلام کو آزاد کرنا

اِعتبار: [ع۔ امذ] عبرت پکڑنا۔ قیاس کرنا (۲) اعتماد۔ بھروسا۔ یقین۔ بلاس ساکھ (۳) ثبات۔ قیام (۴) لحاظ۔ نظر

اعتبار آنا: [ار۔ محاورہ] یقین آنا۔ باور ہونا

اعتبار اُٹھ جانا / جاتا رہنا: [ار۔ محاورہ] اعتماد نہ رہنا۔ بھروسا نہ رہنا۔ ساکھ جاتی رہنا۔

اعتبار پانا: [ار۔ محاورہ] قابل اعتماد ہونا۔ معزز ہونا۔

اِعتبار رکھنا: [ار۔ محاورہ] معتبر ہونا

اِعتبار کرنا: [ار۔ محاورہ] بھروسا رکھنا۔ سچ جاننا۔ یقین کرنا۔ قیاس کرنا۔

اِعتبار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اعتبار کرنا" جس کا یہ لازم ہے

اِعتباری: [ع۔ صف] معتبر۔ بھروسے کے لائق۔ قیاسی۔ اِضافی۔

اِعتِدا: [ع۔ امذ] ظُلم۔ زیادتی

اِعتِدال: [ع۔ امذ] ا۔ برابر۔ نہ کمی نہ زیادتی۔ تناسب۔ ٹھیک۔ میانہ روی۔ درستی (۲) طب) مزاج کا معتدل ہونا۔ صحت کی حالت جس میں چاروں ٹھیک ترکیب سے ہوں

اِعتدال پر آنا: [ار۔ محاورہ] معتدل ہونا۔ طبیعت کا بحال ہونا

اِعتدال پر رہنا: [ار۔ محاورہ] میانہ روی رکھنا۔ ہر بات ہر کام مناسب طریق پر کرنا

اِعتدال پسند: [ار صف] میانہ روی پسند کرنے والا۔ افراط و تفریط کے خلاف۔

اِعتِدالی: [ع صف] اعتدال سے منسوب

اِعتِذار: [ع۔ امذ] معافی۔ عذرخواہی۔ عُذر کرنا

اِعتذار نامہ: [ع ف۔ امذ] معافی نامہ

اِعتِراض: [ع۔ امذ] عیب نکالنا۔ شبہ کرنا۔ نکتہ چینی۔ گرفت۔ حُجّت۔ عیب جوئی۔ جرح۔ مخالفت کرنا۔ منظور نہ کرنا۔ معترض ہونا۔

اِعتراض اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ معترض کا شبہ رفع کرنا۔ نکتہ چینی کا ٹھیک جواب دینا (۲) اعتراض کی ابتداء کرنا۔

اِعتراض اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اعتراض اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

اِعتراض جڑنا / جمانا: [ار۔ محاورہ] اعتراض کرنا۔

اِعتراض کرنا: [ار۔ محاورہ] عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

اِعتراض نکالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اعتراض کرنا"

اِعتراض نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اعتراض نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اِعتراض ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اعتراض کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اِعتراضی: [ع صف] دیکھئے "اعتراض" جس سے یہ منسوب ہے۔

اِعتِراف: [ع۔ امذ] مان لینا۔ تسلیم کرنا۔ اِقرار۔ اقبال

اِعتِزاز: [ع۔ امذ] پھیلاؤ۔ اثر۔ خوبی۔ جوہر

اِعتِزال: [ع۔ امذ] ا۔ علیحدہ ہو جانا۔ چھوڑ دینا۔ الگ ہو جانا (۲) اختلاف ناموافقت (۳) نوکری چھوڑ دینا۔ تخت یا گدّی سے دستبردار ہو جانا۔ (۴) فرقہ معتزلہ کا مسلک۔ جس میں اخبار و آثار کی نسبت تعقل پر زیادہ زور دیا جاتا ہے۔ اس نظریہ کے مطابق رویتِ باری محال ہے اور قرآن مجید مخلوق ہے۔ چونکہ بعض مسائل میں مسلک اہل سنت سے انحراف کیا گیا ہے اس لیے اس مسلک کو اعتزال سے تعبیر کیا گیا۔

اِعتِصام: [ع۔ امذ] گناہ سے بچنا۔ اپنے آپ کو محفوظ رکھنا۔ بھروسا کرنا۔

مضبوطی سے پکڑنا۔

اَعتقاد: [ع۔اند] ایمان۔ عقیدہ۔ یقین

اَعتقاد اُٹھنا: [ار۔محاورہ] عقیدہ جاتا رہنا۔ اعتبار نہ رہنا۔

اَعتقاد رکھنا: [ار۔محاورہ] معتقد ہونا۔ ایمان لانا۔

اِعتکاف: [ع۔اند] عبادت کے لیے مسجد میں گوشہ نشین ہونا۔ نفس کو دنیاوی

اِعتکاف سے نکلنا: [ار۔محاورہ] اعتکاف ختم ہونا۔

اِعتکاف کرنا: [ار۔محاورہ] مقررہ شرائط کے مطابق گوشہ نشین ہونا

اِعتکاف میں بیٹھنا: [ار۔محاورہ] اعتکاف کرنا۔ دنیا چھوڑ دینا

اِعتلا: [ع۔اند] اُونچائی۔ بُلندی۔

اِعتماد: [ع۔اند] بھروسا۔ اعتبار۔ آسرا۔ یقین کرنا۔ صحیح سمجھنا۔

اِعتماد اُٹھ جانا: [ار۔محاورہ] بھروسا نہ رہنا۔ اعتبار نہ رہنا

اِعتماد رکھنا / کرنا: [ار۔محاورہ] بھروسا کرنا۔ اعتبار کرنا

اِعتماد ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "اعتماد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اِعتمادی: [ع۔صف] اعتماد سے منسُوب

اِعتنا: [ع۔اند] پروا کرنا۔ ہمدردی کرنا۔ شریک درد و غم ہونا (۲) غم خواری توجہ۔ پروا۔ خیال

اِعجاز: [ع۔اند] معجزہ۔ کرشمہ۔ کرامت۔ خرقِ عادت جو انبیائے کرام سے ظہور میں آئے

اِعجاز بیان: [ع۔ف۔صف] وہ شخص جس کے کلام میں بہت اثر ہو۔

اِعجاز دکھانا: [ار۔محاورہ] معجزہ دکھانا۔ حیرت انگیز کام کرنا

اِعجازِ مسیحا: [ع۔مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] حضرت عیسیٰؑ کا مُردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ

اُعجوبہ: [ع۔اند] عجیب شے۔ انوکھی چیز۔ طُرفہ تماشا

اُعجوبۂ روزگار: [ع۔اند] زمانے کی نہایت عجیب چیز۔ نادر چیز

اَعدا: [ع۔اند] عدو کی جمع۔ دُشمن۔ مخالف۔ بَیری۔ حریف

اَعداد: [ع۔اند] عدد کی جمع۔ ہندسے۔ گنتی۔ رقم

اَعدادِ مُتَبایِن: [ع مرکب۔ توصیفی بہ ترکیب فارسی] وہ طاق اعداد جنہیں کوئی عدد پورا تقسیم نہ کرسکے مثلاً ۵۔۷۔۱۳۔۱۷

اَعدادِ مُتَداخِل: [ع۔مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] وہ اعداد جنہیں کوئی عدد پورا تقسیم کرسکے مثلاً ۶، ۱۵، ۲۱، ۲۷ وغیرہ۔

اَعدادِ مُتَماثِل: [ع۔مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] وہ اعداد جو ایک دُوسرے کے مشابہ ہوں۔ مثلاً ۲۔۴ وغیرہ

اَعدادِ مُتَوافِق: [ع۔مرکب توصیفی بہ ترکیب فارسی] وہ ہندسے جو دُوسرے ہندسوں کو پورا تقسیم کرسکیں۔ مثلاً ۲۔۴ اور ۲۔۸

اَعداد و شمار: [مرکب عطفی] ا۔ پوری پوری گنتی (۲) کسی ملک کے باشندوں کی تعداد اُن کے پیشوں وغیرہ کے متعلق معلومات۔ کسی ملک کی صنعتی تجارتی تعلیمی اور رفاہی سرگرمیوں کے متعلق مکمل اطلاعات انگریزی (STATISTICS) کا ترجمہ

اَعدَل: [ع۔ اِتفضیل] بہت عادل۔ نہایت عادل، بہت بڑا منصف۔

اَعراب: [ع۔اند] عرب کے صحرانشین۔ بدو

اِعراب: [ع۔اند] حروف کی حرکات۔ زیر۔ زبر۔ پیش

اَعرابی: [ع۔اند] عرب کا صحرانشین۔ بدو۔ گنوار۔ اُجڈ

اَعراض: [ع۔اند] عرض کی جمع۔ آرزوئیں۔ غرضیں (۲) جواہر کے برعکس وہ چیزیں جو اپنی ذات سے قائم نہ ہوں (۳) بیماری کی ظاہری علامتیں۔

اِعراض: [ع۔اند] منہ پھیرنا۔ رُوگردانی کرنا (۲) نفرت۔ حقارت (۳) گریز

اَعراف: [ع۔اند] ا۔ بہشت اور دوزخ کا درمیانی طبقہ (۲) قرآن مجید کی ایک سورۃ

اِعزاز: [ع۔اند] عزت دینا۔ رتبہ دینا (۲) عزت توقیر۔ رُتبہ

اِعزازی: [ع۔صف] ا۔ تعریفی۔ ستائشی (۲) عزت بڑھانے والا (۳) نمائشی۔ بلا تنخواہ یا بلا معاوضہ منصب (۴) تحفہ یا ہدیہ کے طور پر۔

اعزازیہ: [ع۔اند] وہ نذرانہ جو کسی کی خدمات کے اعتراف کے طور پر پیش کیا جائے۔ (انگریزی کا لفظ honorary)

اَعِزّہ: [ع۔اند] عزیز کی جمع۔ بھائی بند۔ رشتہ دار۔ اَقربا

اَعشاریہ: [ع۔اند] دس سے متعلق۔ حساب کا وہ باقاعدہ جس میں دسواں حصہ شمار کیا جاتا ہے

اَعصاب: [ع۔اند] عصب کی جمع۔ نسیں۔ رگیں۔ پٹھے۔

اَعصابی: [ع۔صف] اعصاب سے مَنسُوب

اَعصابی جنگ: [عف۔مرکب توصیفی] سرد جنگ ایسی جنگ جس میں دو مخالف ملک یا بلاک ایک دوسرے کو سیاسی میدان میں نیچا دکھانے کی کوشش کریں۔ انگریزی لفظ (COLD WAR) کا ترجمہ۔

اَعضا: [ع۔اند] دیکھیے "عُضو" جس کی یہ جمع ہے

اَعضا شکنی: [عف۔امث] بُخار وغیرہ کی وجہ سے بدن ٹُوٹنا یا جوڑوں میں درد ہونا۔

اَعضائے رئیسہ: [ع مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] دل۔ جگر۔ دماغ۔

اِعطا: [ع۔اند] بخشنا۔ دینا۔ عطا کرنا

اَعظم: [ع۔ اتفضیل] بہت بڑا۔ نہایت بڑا۔ بزرگ تر۔ کبیر۔ مہا

اَعقاب: [ع۔اند] عقب کی جمع۔ پسماندگان۔ آل اولاد۔ وُرثا جو کسی کی موت کے بعد باقی رہیں۔ پچھلی نسلیں

اِعلا: [ع۔اند] بلند ہونا۔ چڑھنا۔ بلند کرنا۔ اُونچا کرنا۔ غالب کرنا

اَعلام: [ع۔اند] دیکھیے "عَلَم" جس کی یہ جمع ہے۔

اِعلام: [ع۔اند] خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔ بتانا۔ علم کرانا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اِطلاع دینا۔ اعلان۔ پروانہ۔ نوٹس

اِعلامیہ: [ع۔اند] سرکاری اِعلان۔

اِعلان: [ع۔اند] اظہار۔ شہرت۔ ظاہر کرنا

اَعلَم: [ع۔ امبالغہ] بڑا عالم۔ بہت زیادہ جاننے والا۔

اَعلیٰ: [ع۔ اِتفضیل] بہت بلند۔ نہایت اُونچا

اَعلیٰ علیین: [ع۔مرکب توصیفی] پاک روحوں کا مقام (۲) جنت کا اونچا درجہ

اَعمار: [ع۔امث] دیکھیے "عُمر" جس کی یہ جمع ہے۔

اِعمار: [ع۔اند] معمور رکھنا۔ بھرنا۔ آباد کرنا

اَعماق: [ع۔امث] عُمق کی جمع گہرائیاں

اَعمال: [ع۔امث] دیکھیے "عمل" جس کی یہ جمع ہے

اَعمال نامہ: [ع۔اند] وہ کتاب جس میں اللہ کے مقرر کردہ فرشتے (کراماً کاتبین) آدمی کے اعمال لکھتے رہتے ہیں، قیامت میں اِسی کی رُو سے حساب ہوگا (۲) وہ کتاب جس میں سرکاری ملازموں کے حالات درج ہوتے رہتے ہیں (SERVIC BOOK) کا ترجمہ

اَعمام: [ع۔اند] جمع عم کی۔ چچا۔ پھوپھا۔ ماموں وغیرہ

اَعمٰی: [ع۔صف] اندھا۔ نابینا۔ عقل کا اندھا۔ غافل
اَعناق: [ع۔اند] عنق کی جمع۔ گردنیں
اَعنی: [ع۔جملہ] میں مراد رکھتا ہوں۔ اس لفظ سے میری مُراد یہ ہے۔
اَعوام: [ع۔اند] عام (بمعنی سال۔ برس) کی جمع
اَعوان: [ع۔اند] عون کی جمع۔ حامی۔ مددگار۔ امدادی۔ سہایک (۲) مسلمان راجپوتوں کا ایک قبیلہ
اِعوجاج: [ع۔اند] ٹیڑھا ہونا۔ کجی۔ ترچھاپن۔ انحراف
اَعیان: [ع۔اند] عین کی جمع (۱) سردار۔ اُمراء۔ وزراء (۲) موجوداتِ عالم
اَعیانی: [ع۔صف] سگے بھائی جو ایک ہی ماں اور باپ سے ہوں

ا — غ

اِغتسال: [ع۔اند] غسل کرنا۔ دھونا
اَغذیہ: [ع۔اند] غذا کی جمع، غذائیں
اَغراض: [ع۔امث] غرض کی جمع۔ مطالب۔ مقاصد۔ حاجتیں۔ نیتیں۔ ارادے۔ مُرادیں
اِغراق: [ع۔اند] ۱۔ ڈبو دینا۔ غرق کردینا (۲) مبالغہ کی ایک قسم
اَغلاط: [ع۔امث] غلط کی جمع۔ غلطیاں۔ خطائیں۔ بھول چوک
اِغلاق: [ع۔اند] پیچیدگی۔ مشکل کرنا۔ پیچیدہ کرنا۔ دشواری
اِغلام: [ع۔اند] لونڈے بازی۔ لونڈوں سے بدفعلی۔ خلافِ وضعِ فطری۔ لواطت
اِغلامی: [ع۔صف] لونڈے باز۔ لوطی۔ لڑکوں سے بدفعلی کرنے والا
اَغلب: [ع۔اتفضیل] ۱۔ زیادہ غالب (۲) قوی گمان۔ یقین کے قریب
اَغل بَغل: [ف۔متعلق فعل] اِدھر اُدھر۔ آس پاس۔ اِردگرد۔ دائیں بائیں
اَغلط: [ع۔اتفضیل] بہت زیادہ غلط۔ نہایت غلط
اِغماز: [ع۔اند] غمزہ کرنا۔ نخرہ کرنا۔ غرور کرنا۔ اترانا (۲) آبرو گھٹانا
اِغماض: [ع۔اند] ۱۔ چشم پوشی۔ درگزر۔ بے پروائی۔ رُوگردانی (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
اَغنیا: [ع۔اند] غنی کی جمع۔ امیر۔ دولت مند۔ مال دار
اِغوا: [ع۔اند] ورغلانا۔ بہکانا۔ بھگالے جانا۔ لے بھاگنا۔ اُبھارنا۔ اُکسانا
اَغیار: [ع۔اند] غیر کی جمع۔ بیگانے

ا — ف

اُف: [ع۔امث] ۱۔ اوہ۔ آہ۔ ہائے جو کہ تکلیف کی حالت میں منہ سے نکلتا ہے (۲) وائے حسرت۔ افسوس (۳) غلطی اور بھول کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے۔ (۴) کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لیے بھی بولتے ہیں۔
اُف اُف کرنا: [ار۔محاورہ] کراہنا۔ آہ آہ کرنا
اُف تیرا کاٹا نہ جیئے: [ار۔مثل] فتنہ پرداز۔ دغاباز موذی کی طرف اشارہ ہے کہ تیری فتنہ پردازی سے بچنا محال ہے۔
اُف رے: [ار۔کلمہ حیرت] ہائے رے۔ اللہ رے۔ کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لیے بطور مبالغہ کہتے ہیں۔
اُف کر دینا: [ار۔محاورہ] جلا کر خاک کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔
اُف نہ کرنا: [ار۔محاورہ] بہت ضبط کرنا کسی تکلیف کی شکایت نہ کرنا۔
اُف ہو جانا: [ار۔محاورہ] خرچ ہو جانا۔ خاک میں مل جانا۔ نیست ہو جانا۔

اِفادت: [ع۔امث] فائدہ پہنچانا۔ بھلا کرنا۔
اِفادہ: [ع۔اند] ۱۔ فائدہ۔ نفع۔ بابت مطلب۔ منشا (۲) مفید بات (۳) تعلیم تلقین۔ تربیت (حاصل کرنا ہونا کے ساتھ)
اِفادی: [ع۔صف] دیکھئے "افادہ" جس سے یہ منسوب ہے
اَفاضل: [ع۔اتفضیل] "افضل" کی جمع
اِفاضہ: [ع۔اند] فیض۔ فیض رسانی۔ فائدہ
اَفاغنہ: [ف۔اند] افغان کی جمع بقاعدہ عربی۔ افغانستان کے باشندے۔ پٹھان
اِفاقہ / افاقت: [ع۔اند۔مث] بیماری یا تکلیف میں تخفیف (کمی) ہونا مرض میں کمی ہونا۔ صحت۔ آرام۔ شفا وغیرہ۔
اِفتا: [ع۔اند] فتویٰ دینا
اُفتاد: [ف۔امث] اچانک۔ مصیبت۔ دکھ تکلیف۔ حادثہ۔ اتفاقی سانحہ (۲) طرز۔ ڈھنگ۔ عادت۔ خلقت۔ فطرت (۳) شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔ بنیاد زندگی کا شروع۔ (افعال۔ پڑنا۔ آنا)
اُفتادگی: [ف۔امث] ۱۔ عاجزی۔ انکساری۔ خاکساری۔ بےکسی۔ بےبسی
اُفتادہ: [ف۔امفعول] ۱۔ گرا ہوا۔ عاجز۔ بےکس۔ مجبور (۲) غیرمزروعہ و بےآباد بنجر زمین
اُفتاں: [ف۔احالیہ] گرتے ہوئے
اُفتاں و خیزاں: [ف۔متعلق فعل] گرتے پڑتے۔ اُٹھتے بیٹھتے بدحواسی کے عالم میں۔ گھبراہٹ میں
اِفتتاح: [ع۔اند] کھولنا۔ شروع کرنا (۲) کسی ادارہ یا کاروبار کے اجراء کی رسم ادا کرنا۔
اِفتتاحی: [ع۔صف] افتتاح سے منسوب
اِفتتاحیہ: [ع۔ار۔مذ] ۱۔ اخبار وغیرہ کا پہلا مضمون جو مدیر کے قلم سے ہو اداریہ (۲) کسی کتاب کا دیباچہ۔ تمہید
اِفتخار: [ع۔اند] ۱۔ فخر کرنا۔ ناز کرنا (۲) فخر۔ عزت۔ شہرت۔ ناموری۔ شان
اِفترا: [ع۔اند] بہتان۔ تہمت۔ الزام
اِفترا باندھنا: [ار۔محاورہ] جھوٹا الزام لگانا۔ تہمت لگانا
اِفترا بنانا: [ار۔محاورہ] افترا جوڑنا۔ الزام لگانا (متروک ہے)
اِفترا پرداز: [عف۔افاعل] جھوٹا الزام لگانے والا۔ مفسد۔ شریر
اِفترا پردازی: [عف۔امث] دیکھئے "افترا پرداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
اِفترا جوڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "افترا باندھنا"
اِفتراق: [ع۔اند] جدائی ڈالنا۔ فرقت۔ فراق۔ ہجر۔ جدائی
اِفتقار: [ع۔اند] ۱۔ غریب ہونا۔ حاجتمند ہونا۔ مفلس ہونا (۲) غربت۔ افلاس فقیری۔ ذلت
اِفتکار: [ع۔اند] سوچنا۔ فکر کرنا۔
اِفتکاک: [ع۔اند] جدائی۔ علیحدگی
اَفتیمون: [ع۔امث] اکاس بیل۔ امربیل
افرا تفری: [ار۔امث] افراط و تفریط (ع) کا بگاڑ۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ ہل چل۔ ہلچل
اَفراد: [ع۔اند] فرد کی جمع۔ اشخاص۔ لوگ۔ آدمی (۲) اشعار۔ ایسے اشعار جو اکیلے ہوں کسی نظم یا غزل میں شامل نہ ہوں۔
اَفراز: [ف۔لاحقہ فاعلی] افراختن سے صیغہ امر جو اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور اونچا کرنے والا۔ بلند کرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً سرافراز

افزائی: [ف-امث] بلندی۔ بڑائی۔ تعریف کرنا (الگ استعمال نہیں ہوتا بلکہ ترکیب میں لبطور لاحقہ)

افراط: [ع-امث] زیادتی۔ کثرت۔ فراوانی۔ بہتات۔ حدِ اعتدال سے بڑھ جانا۔

افراطِ زر: [عف مرکب اضافی] ملک میں سکہ کا پھیلاؤ زیادہ ہو جانا جبکہ اشیائے صرف کی پیداوار اور رسد کم ہو۔ اور طلب زیادہ۔ افراطِ زر کی حالت میں چیزوں کی قیمتیں بے حد بڑھ جاتی ہیں۔ انگریزی لفظ INFLATION کا ترجمہ

افراط و تفریط: [ع۔ مرکب عطفی] حد سے بڑھی ہوئی زیادتی وکمی۔ غیر معتدل حالت

افرنج: [ع۔ امذ] دیکھئے "افرنگ" جس کا یہ معرب ہے۔

افرنجی: [ع صف] دیکھئے "افرنگی" جس کا یہ معرب ہے۔

افرنجیت: [ع۔ امث] "افرنگی پن" افرنگی کے اطوار و عادات، مزاج وطبع

افرنگ: [ف۔ امذ] انگریز۔ فرانسیسی۔ یورپی

افرنگی: [ف۔ صف] یورپ کا باشندہ۔ انگریز فرانسیسی وغیرہ۔

افروختہ: [ف صف مفعولی] ۱۔ بھڑکا یا ہوا (۲) غصہ میں بھرا ہوا (۳) آگ بگولا بلا بھنا (۴) روشن (افعال: کرنا، ہونا)

افروز: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر افروختن سے صیغہ امر جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور روشن کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً جہاں افروز

افریقہ: [ا۔علم] ایک براعظم جو یورپ اور بحیرہ روم کے جنوب میں۔ بحر ہند اور بحر اوقیانوس کے درمیان خط استوا کے دونوں طرف قریباً یکساں فاصلے تک واقع

افریقی: [ع۔ صف] افریقہ سے منسوب۔ افریقہ کا باشندہ

افزا: [ف لاحقہ فاعلی] افزودن مصدر سے صیغہ امر جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور بڑھانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً صحت افزا۔

افزائش: [ف۔ امث] (افزودن کا حاصل مصدر) بیشی۔ کثرت۔ ترقی بڑھوتری

افزایندہ: [ف۔ افاعل] بڑھانے والا۔ ترقی دینے والا

افزود: [ف۔ صف] زیادہ۔ فاضل۔ مزید۔ زائد

افزوں: [ف صف] زیادہ۔ بیش۔ بہت

افزونی: [ف۔ امث] دیکھئے "افزوں" جس سے یہ اسم کیفیت والا

افساد: [ع۔ امذ] فساد کرنا۔ خرابی کرنا۔ خراب کرنا۔ برباد کرنا

افسار: [ف۔ امذ] باگ ڈور

افسان: [ف۔ امث] دیکھئے "فسان" جو زیادہ مشہور ہے

افسانہ: [ف۔ امذ] ۱۔ داستان۔ قصہ۔ کہانی۔ سرگزشت۔ حال۔ روداد۔ (۲) مشہور (۳) بے اصل بات (۴) طول طویل بات (۵) چرچا۔ ذکر (۶) (ادبی اصطلاح) خیالی واقعہ یا کہانی جس کے افراد اور کردار فرضی ہوں۔ انگریزی FICTION کا ترجمہ (۷) وہ مختصر سی کہانی جس میں زندگی کے کسی ایک خاص پہلو کو اجاگر کیا جائے۔ انگریزی SHORT STORY کا ترجمہ

افسانہ چھڑنا: [ار۔ محاورہ] قصہ شروع ہونا۔ سرگزشت بیان ہونے لگنا

افسانہ چھیڑنا: [ار۔ محاورہ] قصہ شروع کرنا حال بیان کرنا۔ روداد کہنا

افسانہ خواں: [ف۔ افاعل] قصہ گو۔ داستان کہنے والا

افسانہ سنانا: [ار۔ محاورہ] حال کہنا۔ داستان بیان کرنا

افسانہ سننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "افسانہ سنانا" جس کا یہ لازم ہے

افسانہ گو: [ف۔ افاعل] دیکھئے "افسانہ خواں"

افسانہ گوئی: [ف۔ امث] دیکھئے "افسانہ گو" جس سے یہ اسم کیفیت ہے

افسانہ نگار/نویس: [ف۔ افاعل] دیکھئے افسانہ (۷) لکھنے والا

افسانہ نگاری/نویسی: [ف۔ امث] افسانہ (۷) لکھنے کا فن

افسانوی: [ف۔ صف] افسانہ سے منسوب

افسانویت: [عف۔ امث] (یہ لفظ قاعدے کی رو سے غلط ہے) کہانی پن۔ قصہ پن۔ افسانہ کی کیفیت

افسر (۱): [ف۔ امذ] تاج۔ مکٹ۔ کلاہِ شاہی

افسر (۲): [ار۔ امذ] انگریزی لفظ (OFFICER) کی اردو شکل۔ حاکم عہدہ دار۔ اہل کار

افسرِ مال: [ار۔ امذ] محکمہ مال کا عہدہ دار جس کے پاس ضلع کی مال گزاری اور مزروعہ اراضی کی نگرانی کا کام ہوتا ہے۔ انگریزی REVENUE-OFICER کا ترجمہ

افسری: [ار۔ امث] افسر (۲) سے اسم کیفیت۔ حاکمیت۔ عہدہ داری۔ سرداری

افسردگی: [ف۔ امث] افسردن سے اسم کیفیت۔ طبیعت کا مرجھانا۔ دل گیری پژمردگی۔ اداسی

افسردہ: [ف صف مفعولی] ۱۔ ٹھٹھرا ہوا (۲) مرجھایا ہوا۔ پژمردہ (۳) اداس۔ رنجیدہ

افسردہ خاطر/دل: [ف صف] مردہ دل۔ غمگین۔ اداس۔ بددل

افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را: [ف۔ مقولہ] غمگین آدمی ساری مجلس کو غمگین کر دیتا ہے۔

افسنتین: [ف۔ امث] ایک مشہور نباتاتی دوا ہے، جو سخت کڑوی اور مصفی خون ہوتی ہے

افسوس: [ف۔ امذ] پچھتاوا۔ غم۔ رنج۔ قلق۔ حیرت تاسف۔ کلمہ تاسف۔ دریغا، دردا

افسوس آنا: [ار۔ محاورہ] قلق ہونا۔ تاسف ہونا۔ رنج ہونا

افسوس دل کڑھتے ہیں: [ار۔ فقرہ ظرلیفانہ۔ عوامی] کسی چیز کو دیکھ کر دل للچانا مگر بس نہ چلنا۔

افسوس رہ جانا: [ار۔ محاورہ] قلق باقی رہنا۔ حسرت نہ نکلنا۔

افسوس کرنا: [ار۔ محاورہ] اظہار رنج کرنا قلق ظاہر کرنا۔

افسوس کھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "افسوس کرنا"

افسوس ناک: [ف۔ صف] قابل افسوس۔ دکھ بھرا جس پر رنج آئے۔ قلق سے بھرا ہوا

افسوس ہونا: [ار۔ محاورہ] دکھ ہونا۔ رنج ہونا۔ قلق ہونا

افسوں: [ف۔ امذ] ۱۔ جادو۔ منتر۔ سحر (۲) حیلہ۔ مکر۔ فریب

افسوں پڑھنا: [ار۔ محاورہ]۔ منتر پڑھنا۔ الفاظِ سحر پڑھنا

افسوں پھونکنا: [ار۔ محاورہ] منتر پڑھ کر دم کرنا

افسوں چل جانا: [ار۔ محاورہ] دام میں پھنس جانا۔ قابو میں آجانا۔ فریب میں آجانا دھوکا کھانا۔

افسوں چلنا: [ار۔ محاورہ] جادو کارگر ہونا۔ منتر کا اثر کرنا

افسوں ساز: [ف۔ ا۔ فاعل] ساحر۔ جادوگر

افسوں کرنا: [ار۔ محاورہ] منتر پھونکنا۔ جادو کرنا

افسوں گر: [ف۔ افاعل] دیکھئے "افسوں ساز"

افسوں گری/سازی: [ف۔ امث] جادوگری۔ ساحری۔ جادو کرنے کا کام

افشا: [ع۔ امذ] ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اظہار۔ انکشاف (افعال، کرنا۔ ہونا)

افشائے راز کرنا: [ار۔ مصدر۔ مرکب] بھید کھولنا۔ پردہ فاش کرنا۔

چھپی ہوئی بات ظاہر کرنا

اَفشاں: [ف۔ لاحقہ فاعلی] افشاندن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اس کو اسم فاعل بنا دیتا ہے اور چھڑکنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً گل فشاں۔

اَفشاں: [ف۔ امث] مقیش یا گوٹے کی باریک کترن جو عورتیں آرائش کے لیے ماتھے پر، مانگ اور بالوں پر چھڑکتی ہیں۔

اَفشاں اُترنا: [ار۔ محاورہ] چُنی ہوئی افشاں چھٹ جانا یا اتر جانا

اَفشاں اڑانا: [ار۔ محاورہ] افشاں چھڑکنے کے لیے ہوا میں اڑانا۔

اَفشاں بنانا: [ار۔ محاورہ] مقیش یا گوٹا کتر کے افشاں تیار کرنا

اَفشاں جمانا: [ار۔ محاورہ] سیلیدے سے ماتھے اور گالوں پر افشاں لگانا

اَفشاں چُننا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "افشاں جمانا"

اَفشاں چھُڑانا: [ار۔ محاورہ] لگی ہوئی افشاں کو الگ کرنا

اَفشاں چھڑکنا: [ار۔ محاورہ] بالوں پر افشاں ڈالنا

اَفشاں کا ذرّہ: [ف۔ ع۔ ا۔ مرکب اضافی] افشاں کا ریزہ

اَفشاں کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز پر رنگ چھڑکنا

اَفشاں لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "افشاں چُننا"

افشانی کاغذ: [ار۔ امذ] افشاں چھڑکا ہوا یا رنگ چھڑکا ہوا رنگ

افشُردہ: [ف۔ ا۔ مفعول] ا۔ نچوڑا ہوا۔ (۲) جو کچھ کسی چیز کے نچوڑنے سے نکلے۔ کسی پھل سے نچوڑا ہوا عرق یا رس

اَفشُرہ: [ف۔ ا۔ مفعول] دیکھیے "افشردہ" جس کا یہ مخفف ہے

اَفصَح: [ع۔ ا۔ تفضیل] نہایت فصیح۔ بہت خوش کلام۔ زیادہ خوش بیان

اَفضال: [ع۔ امذ] فضل کی جمع۔ مہربانیاں بخششیں۔ عنایتیں

اِفضال: (بکسر اول) [ع۔ امذ] ا۔ مہربانی کرنا۔ بخشش کرنا (۲) لطف۔ کرم۔ احسان

اَفضَل: [ع۔ ا۔ تفضیل] بہت فضیلت رکھنے والا۔ نہایت بزرگ۔ سب سے اچھا۔

اَفضلیّت: [ع۔ امث] افضل سے اسم کیفیت۔ بزرگی۔ بڑائی۔ عظمت

اِفطار: [ع۔ امذ] روزہ کی ضد۔ روزہ کھولنا

اِفطار کرنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ روزہ کھولنا (۲) روزہ نہ رکھنا

اِفطاری: [عف۔ امث] ا۔ جو چیزیں روزہ افطار کرنے کے وقت کھائی جائیں۔ سحری کی ضد (۲) روزہ کھولنا۔

اَفعال: (بفتح اول) [ع۔ امذ] فعل کی جمع (۱) کام۔ اعمال (۲) مصدر کے مشتقات جن میں زمانہ پایا جائے (۳) خواص: تاثیریں۔

اَفعی: [ع۔ امذ] (عربی میں صحیح افعیٰ (یعنی افعا) ہے۔ مگر فارسی اور اردو میں بیائے معروف ہے) ا۔ کالا سانپ جو بہت زہریلا ہوتا ہے (۲) زہرا سانپ (۳) چالاک۔ شریر۔ موذی

افعی سیرت: [عف۔ صف] ضرر رساں، موذی شخص

اَفغان: [ف۔ امث] دیکھیے "فغان"

اَفغان: [ف۔ امذ] مسلمانوں کی ایک ذات۔ پٹھان (۲) افغانستان کا باشندہ

اَفغانِستان: [ف۔ امذ] پٹھانوں کا ملک جو پاکستان کی شمال مغربی سرحد سے متصل واقع ہے

اُفق: [ع۔ امذ] وہ جگہ جہاں زمین اور آسمان ملتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ آسمان کا کنارہ

اَفقَر: [ع۔ ا۔ تفضیل] سب سے زیادہ فقیر۔ بہت مفلس۔ بہت محتاج

اُفُقی: [ع۔ صف] افق سے متعلق (۱) افق کے متوازی (۲) چپٹا۔ مسطح (۳) دائیں سے بائیں کو پھیلا ہوا۔ عمودی کی ضد۔

اَفکار: [ع۔ امذ] فکر کی جمع (۱) پریشانیاں۔ تردّدات (۲) غور و فکر سے کہی ہوئی باتیں۔ خیالات (۳) شاعر کا کلام۔ اشعار

اَفگار: [ف۔ صف] زخمی۔ مجروح۔ گھائل۔ چاک چاک

اَفگن: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر افگندن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور گرانے یا مارنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً شیر افگن۔

اَفگندہ: [ف۔ ا۔ مفعول] گرا ہوا۔ عاجز

اَفلاس: [ع۔ امذ] مفلسی۔ تنگ دستی۔ ناداری۔ فلاکت۔ تہی دستی

اَفلاطُون: [ع۔ امذ] یونان کا ایک مشہور حکیم جو سقراط کا شاگرد اور ارسطو کا استاد تھا (۲) بڑا تیز فہم۔ چالاک ہوشیار۔ ذہین۔

افلاطون کا سالا: [ار۔ امذ] مغرور یا متکبر آدمی

افلاطون کا ناتی: [ار۔ امذ۔ صف] شیخی خورہ۔ بڑا مغرور

افلاطون کے ناتی بنے پھرتے ہیں: [ار۔ مثل] اپنی عقل پر بے حد غرور کرتے ہیں۔

افلاطونی پھلکے: [ار۔ امذ] ایک قسم کے پھلکے جو بہت سُبک، ہلکے اور زود ہضم ہوتے ہیں۔

اَفلاک: [ع۔ امذ] دیکھیے "فلک" جس کی یہ جمع ہے

اَفواج: [ع۔ امث] دیکھیے "فوج" جس کی یہ جمع ہے

اَفواہ: [ع۔ امث] "فوہ" کی جمع۔ اردو میں بطور واحد مستعمل ہے۔ اڑتی ہوئی خبر۔ بے اصل بات۔ مشہور بات۔ بازاری۔ خبر۔ گپ

اَفواہ اُڑانا: [ار۔ محاورہ] بے اصل بات مشہور کرنا۔ بدنام کرنا۔

اَفواہاً: [ار۔ ع متعلق فعل] افواہ کے طور پر

اُفّوہ / اُفّو: [ار۔ کلمۂ تعجب] تعجب۔ تاسف۔ تکلف۔ بھول چوک کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

اُفّوہ رے تیری فیل بازی: [ار۔ محاورہ] تو تو بڑا مکار ہے

اَفہام: [ع۔ امذ] "فہم" کی جمع بہت سی سمجھیں۔ عقلیں

اِفہام: [ع۔ امذ] سمجھنا۔ فہمائش

اَفیم: [ف۔ امث] ایک زہریلی نشیلی چیز ہے جو پوست کے ڈوڈے کے دودھ کو جما کر بنائی جاتی ہے (افعال: پینا۔ دینا۔ کھانا۔ گھولنا)

افیم کا انٹا: [ار۔ مرکب اضافی] افیم کی بڑی گولی

افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر: [ار۔ مثل] افیم انسان کو نکما بنا دیتی ہے اس لیے اس کو امیر یا فقیر ہی کو کھانا چاہیے۔ کاروباری آدمی کو افیم سے پرہیز کرنا ہے

افیمی / افیمچی: [ار۔ صف مذ] افیم کا عادی

افیمی تین منزل سے پہچانا جاتا ہے: [ار۔ مقولہ] افیمی بہت دور سے پہچانا جاتا ہے۔ اس کی شکل یا چال ڈھال ہی نرالی ہوتی ہے

افیمی چڑا: [ار۔ مقولہ] بہت افیم کھانے والا۔

اَفیُوس: [ع۔اند] ایک سیاہ رنگ کا پھل جو بے حد مرطوب ہوتا ہے

رطوبت ایسی نظر آئی داغ لالہ میں
کہ چاک چاک حسد سے ہوا دلِ افیوس (مومن)

افیون: [ف۔امث] "ابیون" کا معرب ہے جس کے معنی یونانی زبان میں گہری نیند لانے والی چیز کے ہیں۔ "دیکھئے" "افیم"

افیون پینا: [ار۔محاورہ] افیون/افیم کو پانی میں گھول کر پینا

افیون چڑھنا: [ار۔محاورہ] افیون کا نشہ چڑھنا۔

افیون دینا: [ار۔محاورہ] بچوں کو سلانے کے لیے افیون کھلانا

افیون کا جوگا: [ار۔مرکب اضافی] افیون کا پھل اور فضلہ جو گھولنے کے بعد رہ جاتا ہے

افیون کا گھولا/گھولوا: [ار۔اند] گھلی ہوئی افیون

افیون کھانا: [ار۔محاورہ] ا۔ افیون بغیر گھولے استعمال کرنا (۲) افیون کھا کر خود کشی کرنا یا خودکشی کرنے کے لیے افیون کھانا۔

افیون کی پینک: [ار۔امث] افیون کا نشہ

افیون گھولنا: [ار۔محاورہ] افیون کو پانی میں گھول کر پینے کے لیے تیار کرنا

افیون گھلنا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "افیون گھولنا" جس کا یہ لازم ہے

افیونی: [ار۔صف] دیکھئے "افیمی"

افیونی جنونی: [ار۔مقولہ] افیمی دیوانہ ہوتا ہے۔ افیمی کے ہوش ٹھکانے نہیں ہوتے

ا ــــ ق

اَقَارِب: [ع۔التفضیل] اقرب کی جمع۔ رشتہ دار۔ عزیز۔ قرابت دار۔ سگے۔ اعزہ

اَقَاصِی: [ع۔التفضیل] دیکھئے "اقصیٰ" جس کی یہ جمع ہے

اَقَاقِیا: [یو۔اند] کیکر کا درخت۔ کیکر کے درخت کا رس

اِقَالہ: [ع۔اند] معافی چاہنا۔ بیع کو مسترد کرنا یا منسوخ کرنا

اَقَالِیم: [ع۔اند] اقلیم کی جمع

اِقَامت: [ع۔امث] ٹھہراؤ۔ قیام۔ قرار۔ سکون (۲) نماز کی وہ تکبیر جو فرض نماز کی نیت باندھنے سے پہلے کہی جاتی ہے۔

اِقَامت رکھنا: [ار۔محاورہ] ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ اُترنا

اِقَامت گزین: [عف۔ا۔فاعل] قیام کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔

اَقَانیم: [ع۔اند] اُقنوم کی جمع یعنی اصل۔ بنیاد۔ تثلیث کے افراد

اَقَانیم ثلاثہ: [ع۔اند] عیسائیوں کے عقیدہ کے مطابق۔ خدا عیسیٰ اور روح القدس تینوں مل کر انکے نزدیک ایک ہوتے ہیں اور ان کو اقانیم ثلاثہ کہتے ہیں۔

اِقْبَال: [ع۔اند] ا۔ خوش قسمتی۔ خوش نصیبی۔ نیک بختی۔ سعادت۔ بہرہ مندی ادبار کی ضد۔ عروج۔ خوشحالی۔ فرخندہ فالی۔ (۲) قبول کرنا۔ مان لینا۔ انکار کی ضد (۳) برکت۔ طفیل (۴) پاکستان کے قومی شاعر ڈاکٹر محمد اقبال کا تخلص۔

اقبال بلند ہونا: [ار۔محاورہ۔ خوش نصیب ہونا۔ قسمت اچھی ہونا

اقبال جرم کرنا: [ار۔محاورہ] جرم تسلیم کر لینا۔ قصور مان لینا

اقبال چمکنا: [ار۔محاورہ] دولت اور مرتبہ حاصل ہونا۔

اقبالِ دعویٰ: [ع۔ا۔مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] کسی کے دعوے کا اقرار۔ دعویٰ کو تسلیم کرنا۔

اِقبال کرنا: [ار۔مص مرکب] ماننا تسلیم کرنا

اِقبال مند: [عف۔اصف] صاحب اقبال۔ خوش نصیب

اِقبال مندی: [عف۔امث] دیکھئے "اقبال مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

اِقبالی: [ع۔صف] اقبال کرنے والا۔ ماننے والا۔

اِقبالیات: [ع۔امث] پاکستان کے قومی شاعر علامہ اقبال کے فن اور شخصیت سے متعلق شعبۂ علم

اِقتِبَاس: [ع۔اند] ا۔ روشنی لینا (۲) انتخاب کرنا (۳) نقل کرنا۔ کسی کے کلام کو اپنی تصنیف میں حوالہ کے ساتھ شامل کرنا۔

اِقتِدَا: [ع۔اند] پیروی کرنا امام کے پیچھے نماز پڑھنا

اِقتِدَار: [ع۔اند] اختیار حکومت۔ زور۔ قوت۔ بڑائی۔ شان و شوکت۔

اِقتِرَان: [ع اند] نزدیک ہونا۔ قریب ہونا۔ پاس ہونا۔

اِقتِصَاد: [ع۔اند] میانہ روی۔ کفایت شعاری۔ اعتدال سے کام لینا۔

اِقتِصَادی: [ع۔اصف] معاشی۔ اقتصاد سے منسوب

اِقتِصَادِیات: [ع۔اند] وہ علم جس میں دولت کی پیداوار اور تقسیم وغیرہ سے بحث ہوتی ہے۔

اِقتِضَا: [ع۔اند] تقاضا۔ خواہش

اِقتِضَاء: [ع۔اند] خواہش کرنا۔ چاہنا (۲) مقتضا۔ تقاضا۔ سزاوار

اَقدَار: [ع۔امث] قدر کی جمع۔ اصول۔ معیار۔ قواعد

اَقدَام: [ع۔اند] قدم کی جمع، **اِقدَام**: [ع۔اند] ا۔ پیش قدمی۔ آگے بڑھنا (۲) عمل۔ ارتکاب۔ ارادہ

اَقدَس: [ع۔اتفضیل] بہت پاک۔ نہایت مقدس

اِقرَار: [ع۔اند] وعدہ کرنا۔ عہد و پیمان

اِقرارِ صالح: [ع۔اند] عدالت میں وہ بیان جو یہ کہہ کر سچ کہوں گا۔ دیا جاتا ہے۔ یہ حلفی نہیں ہوتا مگر حلفی بیان کی سی حیثیت رکھتا ہے۔

اِقرار کرنا: [ار۔مص۔مرکب] وعدہ کرنا۔ عہد کرنا۔

اِقرار لینا: [ار۔محاورہ] وعدہ لینا۔ عہد لینا

اِقرار مدار: [ع۔اند] عہد و پیمان۔ قول قرار

اِقرار نامہ: [عف۔اند] وہ دستاویز جو کسی بات کا وعدہ کرتے وقت لکھی جاتی ہے (افعال: لکھانا۔ لکھ دینا۔ لکھنا)

اِقرار ہونا: [ار۔مص مرکب] دیکھئے "اقرار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اِقراری: [ار۔صف] اقبال۔ اعتراف کرنے والا۔ ماننے والا۔ تسلیم کرنے والا۔

اَقرَان: [ع۔اند] قرین کی جمع

اَقرَب: [ع۔التفضیل] بہت قریب۔ بہت نزدیک

اَقرِبَا: [ع۔اند] قریب کی جمع۔ رشتے دار

اَقسَاط: [ع۔اند] قسط کی جمع

اَقسَام: [ع۔اند] قسم کی جمع

اَقصیٰ: [ع۔التفضیل] بہت دور۔ بعید

اَقطَاب: [ع۔اند] قطب کی جمع۔

اَقطَار: [ع۔اند] قطر کی جمع کنارے۔ ضلعے

اَقطَاع: [ع۔اند] قطعہ کی جمع

اِقطَاع: [ع۔اند] کاٹنا۔ کاٹ دینا۔ قطع کر دینا۔

اَقفال: [ع۔ اند] قفل کی جمع
اَقلّ: [ع۔ اتفضیل] بہت قلیل۔ بہت تھوڑا۔ کم۔ چھوٹا۔ حقیر
اَقلّ قلیل: [ع۔ مرکب اضافی] چھوٹے سے چھوٹا۔ انتہائی چھوٹا
اَقلیت: [ع۔ امث] کمی۔ کم تعداد۔ تھوڑا ہونا۔ وہ قوم جو تعداد میں تھوڑی ہو
اُقلیدس: [یونانی۔ اِمذ] مصر کا مشہور ریاضی داں جس نے اسکندریہ میں درس گاہ ریاضی کی بنیاد ڈالی۔ اسکو علم ہندسہ کا شوق تھا اس لیے اس کا نام ہی اقلیدس ہوگیا۔
اِقلیل الملک [ع۔ اِمذ] ایک گرم خشک دوا جو ضماد لیپ کے کام آتی ہے
اِقلیم: [ع۔ امث] ولایت۔ ملک۔ سلطنت خطّہ دنیا کرۂ ارض کا ۱/۷ حصّہ
اَقمار: [ع۔ اند] قمر کی جمع
اَقمشہ: [ع۔ اند] جمع قماش کی۔ پشمینہ کے کپڑے
اُقنوم: [یو۔ اند] مادہ۔ اصل۔ بنیاد (۲) تثلیث مسیحی کا ہر فرد
اِقوا: [ع۔ اند] قافیہ کا ایک عیب جس میں قافیہ کا اعراب پہلے کلمے سے مختلف ہوتا ہے۔ مثلاً۔ گُل اور گِل کا قافیہ
اَقوال: [ع۔ اند] قول کی جمع
اَقوام: [ع۔ امث] قوم کی جمع
اَقرِبا: [ع۔ اند] قری کی جمع

ا ــ ک

اِک: [ار۔ اعدد] ایک کا مخفف۔ یک
اِک اکیلا: [ار۔ محاورہ] تن تنہا
اِک بات کی بات: [ار۔ محاورہ] دم بھر۔ بہت قلیل مدت
اِک بار: [ار۔ متعلق فعل] ایک مرتبہ (۲) دفعتہً۔ اچانک۔ یکایک۔ بے تامّل
اِک بارگی: [ار۔ تف] ایک ہی بار۔ دفعتہً۔ یکایک۔ اچانک (یکبارگی زیادہ صحیح ہے)
اِک باری: [ار۔ تف] یکایک۔ اچانک
اِک پولیا: [ار۔ اند] وہ دروازہ جس کا ایک ہی کواڑ ہوتا ہے۔ جو اکثر بازاروں میں ہوتے ہیں۔
اِک پیچا: [ار۔ اند] ایک قسم کی پگڑی جس کا ایک ہی پیچ ہو جو اکثر بانکے باندھتے
اِک تارا: [ار۔ اند] ۱۔ ایک قسم کا سفید کپڑا جس میں ننھے ننھے خانے ہوتے ہیں (۲) طنبورے سے مشابہ ایک ساز جس کا ایک ہی تار ہوتا ہے۔ اسے اکثر سادھو یا فقیر وغیرہ بجاتے ہیں۔
اِک تالا: [ار۔ اند] طبلہ کی ایک گت کا نام
اِک ٹک / اِک ٹک: [ار۔ متعلق فعل] بغیر نظر پھیرے کے ٹکٹکی باندھ کر ایک ہی مقام پر نظر رکھنا۔
اِک جا: [ار۔ متعلق فعل] ایک جگہ۔ اکٹھا (یہاں "یک جا" فصیح ہے)
اِک جہان: [ار۔ اند] پوری دنیا۔ سارا جہاں
اِک چِت: [ہ۔ صف] ایک دل ہو کر۔ اکٹھے۔ مِل کر
اِک چیز ہونا: [ار۔ محاورہ] نایاب ہونا۔ یکتا ہونا
اِک خدائی: [ار۔ امث] بہت لوگ۔ ساری دنیا۔ سارا جہان

اِک درا: [ار۔ اند] ایک دروازے والا۔ دالان
اِک دِل ہونا: [ار۔ محاورہ] متفق ہونا (یک دِل ہونا، فصیح ہے)
اِک دم: [ار۔ متعلق فعل] یک بارگی، یک دم
اِک دِن: [ار۔ متعلق فعل] کسی دِن۔ عنقریب
اِک ذرا: [ار۔ تف] ذرا کچھ۔ تھوڑا سا
اِک ڈال: [ار۔ صف] بے جوڑ۔ یکساں۔ وُہ خنجر۔ چھُری وغیرہ جس کا پھل اور دستہ ایک ہی لوہے کا ہو۔ کوئی شے ایک ہی چیز کی بنی ہوئی جس میں جوڑ نہ ہو
اِک رُخی: [ار۔ صف] جس کے دونوں رُخ یکساں نہ ہوں۔ یک طرفی۔ طرفداری کی جانبداری کی
اِک رُخی تصویر: [ار۔ مث] چہرے کے ایک طرف کی تصویر
اِک سار / اِک سال: [ار۔ صف] یکساں۔ ہموار۔ برابر۔ ایک طرح کے
اِک سرے سے: [ار۔ متعلق فعل] ایک طرف سے۔ تمام و کمال۔ سب کا کا سب۔ سارے کا سارا
اِک سُو ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت کا مطمئن ہونا۔ جھگڑے وغیرہ کا فیصلہ ہونا۔
اِک طرف: [ار۔ متعلق فعل] چھوڑو اس کو۔ اس کا ذکر نہ کرو۔
اِک عمر: [ار۔ متعلق فعل] بہت عرصہ۔ بہت مدت
اِک گونہ: [ار۔ متعلق فعل] کسی قدر۔ تھوڑا۔ سا۔ اک طرح کا۔ اک قسم کا
اِک لخت: [ار۔ متعلق فعل] تمام و کمال۔ بالکل۔ پورے کا پورا
اِک لڑا: [ار۔ متعلق فعل] ایک لڑی والا ہار
اِک منزلہ: [ار۔ صف] ایک چھت کا مکان
اِک نظر: [ار۔ متعلق فعل] ذرا سی دیر۔ تھوڑی دیر۔ ایک لمحہ
اِک نہ اک طرح / اک نہ اِک صورت سے: [ار۔ متعلق فعل] کسی طرح۔ کسی تدبیر سے
اِکّا: [ار۔ صف۔ اند] اکیلا۔ تنہا۔ واحد۔ بے نظیر۔ بے مثل۔ لاثانی۔ یکتا (۱) ایک قسم کی چھوٹی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جُتا ہوتا ہے۔ چھوٹی بہلی بگھی یا تانگہ۔ (۳) ایک زیور یا تعویذ کا نام جو بازو پر باندھتے ہیں (۴) ایک بنی کا شمعدان (۵) ایک کنول کی بیٹھک (۶) ایک بڑا بھاری مگدر جس کو پہلوان آزمائش کے طور پر اُٹھاتے ہیں۔ (۷) تاش کے پتّوں میں ایک پتّا جس پر ایک نشان بنا ہُوا ہوتا ہے (۸) گنجفے میں ایک بکھر والا پتّا (۹) شاہی زمانے میں پہرہ چوکی لگانے والا افسر (۱۰) ریاستوں میں خاندانی رئیس جو گھر بیٹھے، بغیر کسی کام کے تنخواہ حاصل کرتے تھے۔
اِکّا دُکّا: [ار۔ متعلق فعل] ایک دو۔ کوئی کوئی۔ بہت کم۔ خال خال۔
اَکابِر: [ع۔ اند] اکبر کی جمع۔ بزرگ لوگ۔ بڑے بڑے مقتدر آدمی۔ امیر کبیر۔ رؤسا۔
اِکادشی: [ہ۔ مث] ہندی ہر مہینے کی ۱۱ تاریخ
اکادمی: دیکھئے "اکیڈمی"
اَکاذیب: [ع۔ امث] کذب کی جمع الجمع۔ جھوٹی باتیں
اکارت / اکارتھ: [ہ۔ صف] بے فائدہ۔ بے سُود۔ بے ثمر۔ بے بر۔ ناکارہ۔ بیکار (افعال: جانا۔ کرنا۔ ہونا)
اکاس: [ہ۔ اند] دیکھئے "آکاس" آسمان
اکاس بیل: [ہ۔ امث] دیکھئے "افتیمون"

اَکاسِرہ: [ف۔ اِمذ] جمع کسریٰ کی

اِکاسی: [ا۔ا۔ عدد] اَسّی اور ایک کا مجموعہ

اَکال: [ھ۔ امذ] قحط سالی۔ خشک سالی۔ گرانی۔ قلت۔ کمی تنگی (۲) نہ مرنے والا۔

اَکّال: [ع۔ا۔ مبالغہ] بہت کھانے والا۔ بلانوش پیٹو۔

اَکالی: [ھ۔ امذ] سکھ قوم کا ایک فرقہ

اِکانوے: [ا۔ا۔ عدد] نوّے اور ایک کا مجموعہ

اِکاوَن: [ا۔ا۔ عدد] پچاس اور ایک کا مجموعہ

اکاؤنٹ: [انگ۔ امذ] ACCOUNT حساب

اکاؤنٹنٹ [انگ۔ امذ] (OCCOUNTANT) حساب کرنیوالا۔ محاسب منیب

اِکائی: [ا۔ امث] واحد۔ ایک۔ شمار کا پہلا درجہ۔ ایک سے نو تک۔

اَکبر: [ع۔ اَلتفضیل] بہت بڑا (۲) مشہور مُغل بادشاہ جلال الدین کا لقب جس نے دین الٰہی بنایا (جو اس کی وفات کے بعد ختم ہو گیا)

اُکت: [ھ۔ امث] نئی بات۔ انوکھی بات

اُکت لینا یا اکت کی لینا: [ا۔ محاورہ] نئی بات کرنا۔ بے موقع۔ بے محل کوئی بات کر بیٹھنا۔

اِکتالیس: [ا۔ا۔ عدد] چالیس اور ایک کا مجموعہ۔ ۴۱

اُکتانا / اکتا جانا: [ا۔ محاورہ] غمگین ہونا۔ اُداس ہونا۔ بے زار ہونا۔ کسی چیز سے دل اُچاٹ ہونا۔ تنگ ہو جانا۔ سیر ہونا۔ افسردہ ہونا۔

اُکتائی کمہاری ناخن سے مٹی کھودے: [ا۔ محاورہ] اکتایا ہوا شخص بے دلی سے کام کرتا ہے۔

اِکتساب: [ع۔ امذ] محنت سے پیدا کرنا۔ کوشش سے حاصل کرنا۔ کمانا

اِکتشاف: [ع۔ امذ] دریافت ہونا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ کسی نئی اور نامعلوم بات کا دریافت ہونا۔

اِکتفا: [ع۔ امذ۔ مث] کافی ہونا۔ کفایت کرنا۔ بس کرنا۔

اِکتفا کرنا / ہونا: [ا۔ مص۔ مرکب] کافی ہونا۔ پورا ہونا۔ قناعت کرنا

اکتوبر: [انگ۔ امذ] عیسوی سال کا دسواں مہینہ جو اسوج اور کاتک کے مطابق ہوتا ہے (OCTOBER)

اِکتیس: [ا۔ا۔ عدد] تیس اور ایک کا مجموعہ۔ ۳۱

اَکَٹ: [ھ۔ صف] مضبوط اور سخت چیز۔ جو کاٹے نہ کٹے۔

اِکٹھا: [ھ۔ صف] یک جا۔ فراہم۔ ایک ہی دفعہ

اَکثر: [ع۔ اَلتفضیل] بہت زیادہ۔ بارہا۔ بیشتر۔ ہمیشہ

اکثر اوقات: [ا۔ تف] بہت دفعہ۔ بارہا۔ بیشتر۔ ہمیشہ

اکثر کرکے: [ا۔ محاورہ عوامی] بار بار۔ اکثر۔ بیشتر۔ دیکھئے "اکثر"

اکثریت: [ع۔ امث] کسی ملک کی وہ قوم جسکے افراد کی تعداد دوسری قوموں سے زیادہ

اَکرا: [س۔ امذ] ایک قسم کی گھاس جو اناج میں اُگ کر اس کی بالیدگی کو روکتی ہے۔ (۲) بہت ہی ادنیٰ اور خراب قسم کا غلّہ جو جانوروں کو کھلایا جاتا ہے

اِکرام: [ع۔ امذ] ا۔ بزرگی۔ عزت۔ توقیر (۲) بخشش۔ عطا

اِکراہ: [ع۔ امذ] ا۔ جبر۔ زبردستی (۲) نفرت۔ کراہت

اَکرم: [ع۔ اَلتفضیل] ا۔ بہت معزز (۲) بہت سخی

اکرودا: [ھ۔ امذ] ایک کڑوی اور کسیلی دوا جو زچہ کو استقرار حمل میں پلاتے ہیں یا اس سے آبدست کراتے ہیں۔

اَکڑ: [ھ۔ امث] اجسم کا تناؤ (۲) گھمنڈ۔ سرکشی (۳) ٹھٹھراپن۔ اینٹھن

اکڑباز: [ھ۔ ف۔ افاعل] اکڑ کر چلنے والا۔ مغرور۔ شیخی خورہ

اکڑ مشکڑ: [ھ۔ امث] ا۔ گھمنڈ۔ آن بان۔ اینٹھن۔ (۲) جوش۔ امنگ

اکڑ پھوں / فوں: [ھ۔ امث] بانکپن۔ اِتراہٹ۔ خود پسندی۔ خود بینی۔ گھمنڈ

اکڑکے چلنا: [اترا کر چلنا۔ سینہ ابھار کر چلنا

اکڑ نکالنا: [ا۔ محاورہ] شیخی دور کرنا۔ مار پیٹ کر مزاج درست کرنا۔ بیدھا کرنا۔

اکڑاؤ: [ھ۔ امذ] اینٹھن۔ کھچاؤ

اکڑنا: [ا۔ مص] ا۔ تننا (۲) سینہ اُبھارنا (۳) ٹھٹھرنا (۴) اینٹھنا (۵) گھمنڈ کرنا (۶) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا (۷) اترانا (۸) آزردہ ہونا (۹) سرکشی دکھانا (۱۰) برر جانا۔ سخت ہو جانا۔

اکڑنت: [ھ۔ امث] دیکھئے "اکڑ"

اکڑنت کرنا: [ا۔ محاورہ] اکڑنا۔ غرور کرنا

اُکڑوں: [ھ۔ امث] گھٹنوں پر بوجھ ڈال کر بیٹھنے کا انداز۔ دوزانو

اُکڑوں بیٹھنا: [ا۔ مص۔ مرکب] پاؤں کے بل اس طرح بیٹھنا کہ پنڈلیاں رانوں سے لگ جائیں اور گھٹنے پیٹ سے لگ جائیں۔

اُکسانا: [ا۔ مص] ا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا (۲) ابھارنا۔ بہکانا (۳) روشنی تیز کرنے کے لیے چراغ کی بتی کو اونچا کرنا۔

اِکسپرٹ: [انگ۔ صف] (EXPERT) ماہر۔ مشّاق

اِکسپورٹ: [انگ۔ امث] (EXPORT) برآمد۔ ملک سے باہر بھیجنا۔

اِکسٹھ: [ا۔ا۔ عدد] ایک اور ساٹھ۔ ۶۱

اُکسنا: [ا۔ مص] ا۔ گڑی یا جمی ہوئی چیز کا ہلنا۔ جنبش کرنا (۲) ہٹنا۔ سر اٹھانا۔ نمودار ہونا۔ ابھرنا۔ خود نمار ہونا۔

اُکسنے نہ دینا: [ا۔ محاورہ] ہلنے نہ دینا۔ سر ابھارنے دینا۔ حالت بہتر نہ ہونے دینا۔

اِکسیر: [ع۔ امث] ا۔ کیمیا۔ رسائن۔ وہ شے جس کے لگانے سے تانبا سونا اور قلعی چاندی بن جاتی ہے (۲) کسی مرض کے لیے نہایت مفید سریع الاثر دوا۔ (۳) بہت مفید۔ نہایت فائدہ مند۔

اکسیر گر: [عف۔ افاعل] کیمیا گر۔ اکسیر بنانے والا۔ مہوس

اِکفا: [ع۔ امذ] قافیہ کا ایک عیب۔ حرف روی کا مختلف ہونا۔ مثلاً جب اور چپ۔

اَکفر: [ع۔ اَلتفضیل] بہت کافر۔ سخت کافر

اَکل: [ع۔ امذ] کھانا۔ غذا۔ روزی

اَکلِ حلال: [ع۔ مرکب اضافی۔ بترکیب فارسی] حلال روزی جائز طریقے سے کمایا ہوا رزق

اَکل و شُرب: [ع۔ مرکب عطفی۔ بترکیب فارسی] کھانا پینا۔

اَکلّ: [ھ۔ صف] اکیلا۔ تنہا

اَکل کھرا / اکھل کھرا: [ھ۔ صف] جو دوسرے کو دیکھ نہ سکے۔ رُوکھا۔ بدمزاج مردم بیزار۔

اکل کھرا جگ سے بُرا: [ا۔ مثل] بدمزاج شخص سب سے بُرا ہوتا ہے۔

اَکلا [ھ۔ صف] اکیلا۔ تنہا

اُکلانا: [ا۔ مص] ا۔ اکتانا۔ گھبرانا۔ بے قرار ہونا۔ تنگ آنا۔ تھک جانا۔

اِکلو: [ا۔ امذ] گنجفے کی بازی میں مسلسل آنے والا حکم کا پتا۔ خواہ وہ سلسلہ وار تقسیم میں آئے یا کھیل میں سر کرنے کے بعد

اکلو سوختہ ہونا: [ار. مص. مرکب] گنجفہ کی اصطلاح۔ اکلو پتوں کا بیکار جانا۔
اکلوتا: [ار. صف مذ] اکیلا بیٹا، جس کا کوئی بھائی بہن نہ ہو۔
اکلوتی: [ار. صف مث] اکیلی بیٹی جس کا کوئی بھائی بہن نہ ہو۔
اکلیل: [ع. امذ] تاج۔ کلاہ۔ طرہ
اکلیل الملک: [ع. امذ] دیکھئے "اقلیل الملک"
اکمال: [ع. امذ] کامل کرنا۔ پورا کرنا
اکمل: [ع. ا. تفضیل] کامل ترین۔ نہایت مکمل
اکناف: [ع. امذ] کنف کی جمع۔ اطراف۔ کنارے۔ سمتیں
اکنالجمنٹ: [انگ. امث] رسید۔ اقرار۔
اکناٹ: [ہ. صف] ا. ایک رنگ۔ اپنے قول سے نہ پھرنے والا (۲) لکڑی کا ایک کھیل جو بغیر پھری کے صرف گدے سے کھیلا جاتا ہے۔
اکواہی: [ہ. صف] ایک پہلو بیٹھا یا نیٹا۔ جو ایک پہلو کی طرف زیادہ مائل ہو۔
اکوائی: [ہ. امث] ا. دلالوں کی اصطلاح میں تین (۲) گھوڑے کی ایک چال۔
اکوتا: [ہ. امذ] کسی چیز کو ناپے اور تولے بغیر اندازہ سے قیمت دے کر خریدنا۔
اکوتا: [ہ. امذ] ایک جلدی مرض جس میں ہاتھ پاؤں کی پشت پر ننھے ننھے دانے پیدا ہو جاتے ہیں۔
اکول: [ع. امبالغہ] بڑا کھانے والا۔ پیٹو
اکولا: [ہ. امذ] ایک لوہے کا چولھا
اکولا: [ہ. امذ] گنے کی چوٹی۔ گنے کے اوپر کا حصہ
اکونا: [ہ. صف] ایک ایک کرکے چُنا ہوا۔ صاف اور خالص اناج
اکوسے: [ہ. ہ. مذ] (بطور جمع مستعمل ہے) وہ متلی جو حاملہ عورت کو ہوتی ہے۔
اکوہر: [ہ. امذ] ایک جنگلی درخت کا نام
اکہرا: [ہ. صف] ایک ہی تہ کا۔ ایک ہی بار کا
اکہرا بدن: [مرکب توصیفی] دُبلا پتلا۔ چھریرا بدن
اکہری: [ار. امث] "اکہرا" کی تانیث
اکہری سواری: [ار. امث] ڈولی یا فنس وغیرہ میں ایک شخص کا سوار ہونا۔
اُکھاڑ: [ہ. ا. مث] اُکھاڑنا کا حاصل مصدر یا اسم کیفیت۔ بربادی۔ بیخ کنی۔
اکھاڑ پچھاڑ: [ار. امث] تغیر و تبدل۔ اُلٹ پلٹ۔ لگائی بجھائی۔ بیخ کنی دراندازی۔ موقوفی۔ درہمی برہمی۔
اُکھاڑنا: [ار. مص] جڑ سے کھود کر نکال دینا۔ کسی گڑی ہوئی چیز کو کھینچ کر جگہ سے جدا کر دینا۔ کام سے دل ہٹا دینا۔ کسی کی رائے بدل دینا۔ کسی کا معاملہ بگاڑ دینا۔ جوڑ سے الگ کرنا۔ کھودنا۔ ڈھانا۔ جدا کرنا۔ روزگار سے موقوف کرانا۔ جھگڑا کرا دینا۔ اجاڑنا۔ بھگا دینا۔ گھبراہٹ پیدا کر دینا۔ منتشر کر دینا۔
اکھاڑا: [ہ. ار. مذ] کشتی کا مقام دنگل ا. وہ مقام جہاں پہلوان کسرت کرتے ہیں۔ بھانک پیٹے والوں کا جتھا (۳) ناچ رنگ کی محفل ہم جنسوں کا جمگھٹ ۵ مجمع
اکھاڑا بدنا: [ار. محاورہ] اکھاڑا قرار دینا۔ کشتی مقرر کرنا
اکھاڑا جمنا: [ار. محاورہ] اکھاڑیوں کا اکھاڑے میں جمع ہونا۔ کسی مقام پر بہت آدمیوں کا ہجوم ہونا
اکھاڑا گرم ہونا: [ار. محاورہ] زیادہ۔ جمع ہونا۔ مجمع میں زیادہ رونق ہونا۔
اکھاڑے کا جوان: [ار. مرکب اضافی] مضبوط۔ مرد میدان۔ ورزشی بدن کا آدمی۔ لڑا بھڑا جوان۔
اکھاڑے میں آنا: [ار. محاورہ] مقابلے میں کھڑا ہونا۔
اکھاڑے میں اتارنا: [ار. محاورہ] لڑانا اور مقابلہ کرانا۔

اکھاڑے میں اترنا: [ار محاورہ] دیکھئے اکھاڑے میں اتارنا جس کا یہ لازم ہے۔
اکھتر / اکہتر: [ار. اعدد] ایک اور ستر کا مجموعہ
اکھٹا / اکٹھا: [ہ. صفت] دیکھئے "اکٹھا"
اکھرنا: [ہ. ار. مصدر] ناگوار گزرنا۔ بار خاطر ہونا۔
اکھڑ: [ار صف] اُجڈ۔ غیر مہذب۔ گنوار۔ ناشائستہ۔ بدتمیز۔ سرکش۔ سخت مزاج جھگڑالو۔
اکھڑپن: [ار. ا. مذ] جہالت۔ بدتمیزی۔ ناشائستگی۔ بدمزاجی۔ سرکشی۔ بدتہذیبی۔
اکھڑپن کی لینا: [ار. محاورہ] جہالت کا کام کرنا۔ بدتمیزی کرنا
اُکھڑ: [ار. فعل] دیکھئے "اکھڑنا" جس کا یہ صیغہ امر ہے۔
اُکھڑا: [ار. صف مفعولی] اپنی جگہ سے الگ۔ دور۔ بے ربط۔ خراب۔ ٹیڑھا۔ رنجیدہ۔ دل برداشتہ۔ غیر مفید۔ غیر معین
اُکھڑا رہنا: [ار محاورہ] میل ملاپ نہ رکھنا
اُکھڑنا: [ار. مصدر] دیکھئے "اکھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے
اُکھڑوانا: [ار مصدر] دیکھئے "اُکھاڑنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
اُکھڑی اُکھڑی باتیں کرنا: [ار. محاورہ] دل برداشتگی کے ساتھ گفتگو کرنا بے جوڑ اور ان مل باتیں کرنا۔ رنجش آمیز گفتگو کرنا۔ سیدھی باتوں کے اُلٹے جواب دینا۔
اُکھڑی گفتگو: [ار. امث] رنجش کی باتیں۔
اُکھڑے اُکھڑے رہنا: [ار محاورہ] برہم رہنا۔ رنجیدہ رہنا۔
اکھل: [س. صف] تمام۔ کل۔ مکمل
اُکھل: [ہ. امذ] اوکھلی کا اسم مکبر
اُکھلی: [ہ. امث] لکڑی یا پتھر کا ایک برتن جس میں دھان یا دیگر اناج صاف کرنے کے لیے یا چھلکا اتارنے کے لیے کوٹتے ہیں
اُکھلی میں سر دیا تو دھمکوں کا کیا ڈر: [ار. مثل] خطرے کا کام اپنے ذمہ لے لینے کے بعد اس سے ڈرنا کیسا۔
اُکھلی میں سر دینا: [ار. محاورہ] خود کوئی سخت کام اپنے ذمہ لینا۔ اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا۔
اکھنڈ: [ہ. صفت] جو تقسیم نہ ہو سکے۔ پورا سالم۔ مکمل (۲) نوعمر۔ بچھیرا
اکھولا: [ہ. ا. مذ] دیکھئے "اگولا" گنے کی چوٹی۔ جڑ کی ضد
اکھو مکھو: [ہ. ا. مث] بچوں کو بہلانے کے لیے عورتیں اکثر رات کو اپنا ہاتھ چراغ کی طرف لے جاتی ہیں اور پھر ہاتھوں کو چراغ کی طرف سے ہٹا کر بچے کے منہ پر پھیرتی ہیں اور یہ کلمہ بطور دعا کے کہتی ہیں۔ اکھو مکھو میاں کو اللہ رکھو۔
اکھیڑ: [ہ. امث] پہلوانوں کی اصطلاح میں زمین سے اٹھانا۔
اکھیڑ دینا: [ار محاورہ] ا. دیکھئے "اکھاڑنا" ۲. کسی کی صحبت سے کسی کو نکلوا دینا۔
اکھیڑ مارنا: [ار محاورہ] داؤ پیچ کرنا (۲) مخالفت کرنا۔
اکھیڑنا: [ار. مصدر] دیکھئے "اکھاڑنا"
اکید: [ع. صف] محکم۔ استوار۔ سخت۔ مضبوط (عموماً تاکید کے ساتھ)
اکیڈمی: [انگ. امذ] ACADEMY۔ بیت العلوم۔ علم و ادب کو ترقی دینے والا، انجمن۔ اکادمی
اکیس: [ار. ا. عدد] بیس اور ایک کا مجموعہ
اکیس پان کا بیڑا: [ار. امذ] شادی میں آرسی مصحف دکھانے کے بعد دولہا کو اکیس پان کا بیڑا کھلاتے ہیں۔

اکیس رہنا / ہونا: [ار محاورہ] غالب رہنا۔ بہتر رہنا۔ بڑھ کر رہنا۔ اوّل آنا

اکیلا: [ہ۔ صف] تنہا۔ تن تنہا

اکیلا پن: [ا مذ] اکیلا کا اسم کیفیت

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا: [ار۔ مثل] اکیلا آدمی بہت سے آدمیوں کا کام نہیں کر سکتا۔

اکیلا ہنسو روئے کہ قبر کھودے: [ار مثل] اکیلا آدمی مصیبت پڑنے پر کیا کیا کرے۔

اکیلا دُکیلا: [ار۔ ا۔ صف] تن تنہا۔ بغیر ہمراہی کے۔

اکیلا دم: [ار۔ ا مذ] تن تنہا۔ اکیلا۔ اکیل جان

اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا: [ار مثل] اکیلے آدمی سے کوئی بات بن نہیں پڑتی۔

اکیلی: [ار صف۔ مث] دیکھئے "اکیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی: [ار مثل] تنہا آدمی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔

اکیلی جان: [ار صف۔ امث] تن تنہا جس کا کوئی شریک اور ساتھی نہ ہو۔

اکیلے اکیلے: [ار متعلق فعل] کسی کو کوئی کام الگ ہو کر کرنے پر مذاق کے طور پر کہا جاتا ہے۔ تنہا الگ الگ۔

اکیلے دُکیلے: [ار متعلق فعل] ایک دو آدمی۔ تن تنہا

اکیلے دُکیلے کا اللہ بیلی: [ار مثل] تنہا آدمی کا خدا حافظ۔ تنہا آدمی ہمیشہ خطرے میں رہتا ہے۔

اکیلے نہ چلیے بات، جھاڑ بیٹھیے کھاٹ: [ار۔ مثل] اکیلے سفر نہیں کرنا چاہیئے اور چارپائی جھاڑ کر بیٹھنا چاہیئے کیونکہ سفر میں کوئی ہرج مرج ہو سکتا ہے اور چارپائی میں کوئی کیڑا پتنگا چھپا ہو سکتا ہے۔

اُکیلنا: [ار معں] ادھیڑنا۔ چھیلنا۔ مغز سے پوست الگ کرنا۔ رسّی کا بل کھولنا۔

ا — گ

اُگ: [ار۔ فعل] دیکھئے "اُگنا" جس سے یہ امر کا صیغہ ہے

اُگارنا: [ار۔ معں] کنوئیں کی مٹی صاف کرنا

اگاڑی: [ار۔ امث] (۱) وہ رسّی جو گھوڑے کے گلے میں ڈال کر دائیں اور بائیں دو میخوں میں باندھی جاتی ہے (۲) وہ رسّی جو گھوڑے کے اگلے پاؤں میں باندھتے ہیں۔ (۳) آگے

اگاڑی پچھاڑی تڑانا: [ار محاورہ] ۱۔ بے قابو ہو جانا (۲) گھوڑے کا اپنی اگلی اور پچھلی دونوں طرف کی رسیاں تڑا کر بھاگ جانا

اُگال: [ہ۔ ا۔ مذ] پان کی پیک۔ اُگلی ہوئی چیز

اُگال دان: [ہ۔ ا۔ ظرف] وہ برتن جس میں پان کی پیک۔ اگال۔ لعاب دہن ڈالتے / یا تھوکتے ہیں۔

اُگالنا: [ہ۔ معں] منہ سے نکال کر تھوکنا (۲) جگالی کرنا

اُگاہنا: [ار۔ معں] جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ وصول کرنا۔ قرض۔ لگان۔ چندہ وغیرہ کا۔

اُگاہی: [ار۔ امث] وصول۔ وصولی بالاقساط۔ رقم قابل قبول۔

اُگانا: [ار معں] دیکھئے "اُگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

اَگاؤ: [ا۔ مذ] پیشگی۔ آگے

اُگت: [ا۔ مث۔ ق] حالت

اُگٹا پیچی: [ہ۔ ا۔ مث] غصے کی حالت میں طعنے دینا اور اپنے احسانات جتانا۔

اُگٹنا: [ار۔ معں] احسان جتانا۔ طعنے دینا۔ عیب کھولنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

اَگد: [ار۔ ا صوت] (۱) ایک کلمہ جو فیلبان ہاتھی کو تیز کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

اَگر: [ف۔ حرف۔ شرط] جب۔ جو۔ بشرطیکہ۔ مبادا۔ بالفرض

اگرچہ: [ف۔ حرف شرط] باوجودیکہ۔ ہرچند

اگر مگر کرنا: [ار۔ محاورہ] ہچکچانا۔ پس و پیش کرنا۔

اگر: [ہ۔ ا۔ مذ] ایک خوشبودار لکڑی عُود ہندی

اگر دان: [ا۔ ظرف۔ مذ] وہ برتن جس میں اگربتی رکھ کر جلائی جاتی ہے۔

اگر سوز: [ار۔ ا۔ ظرف] دیکھئے اگر دان"

اگر کی بتی: [ار۔ امث] وہ بتی جو اگر کے برادے۔ صندل اور دوسری خوشبوئیں ملا کر بنائی جاتی ہے اور خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہے۔

اگر دھوں دھوں: [ار۔ امذ] دھولنے کی آواز۔ موٹا آدمی۔ بھاری بدن والا

اُگرنا: [ار۔ معں] دیکھئے "اگارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اَگروال: [ہ۔ ا۔ مذ] ویش بنیوں کی ایک ذات جو تجارت کا کام کرتی ہے (۲) راجا اگر کی اولاد۔ آگرہ اسی قوم کی بستی ہے۔

اَگرئی: [ار۔ صف] سیاہی مائل۔ صندلی رنگ (۲) اک قوم کا نام جو چماروں سے ملتی جلتی ہے (۳) آگرہ سے نسبت رکھنے والی چیز (۴) شاہانِ دہلی کی ایک پلٹن کا نام۔ جس کی وردی اگری تھی۔

اگری: [ار۔ صف] وہ رنگ جو گہرے۔ کشمکشی کے قریب ہوتا ہے۔

اگڑم بگڑم: [ہ۔ ا۔ مذ] مہمل باتیں جو سمجھ میں نہ آئیں۔ بیکار۔ بے معنی باتیں

اگست: [انگ۔ ا۔ مذ] عیسوی سال کا آٹھواں مہینہ (AUGUST)

اَگل: [ار۔ ا۔ مذ۔ ق] سامنے۔ روبرو

اَگل پچھل۔ [ار۔ متعلق فعل] آگے پیچھے۔ گھوڑے یا بیلوں کی جوڑی کو برابر برابر جوتنے کی بجائے آگے پیچھے جوتنا۔

اُگل: [ار۔ فعل] اُگلنا کا امر کا صیغہ

اُگل آنا: [ار۔ محاورہ] نگلی ہوئی چیز کا منہ سے واپس باہر نکل آنا۔ خنجر یا تلوار کا میان سے باہر نکل پڑنا۔

اُگل پڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "اُگل آنا"

اُگل اُگل کے کھانا: [ار محاورہ] انتہائی بے رغبتی سے کوئی چیز کھانا۔

اَگلا: [ار۔ صف] آگے کا۔ پہلے کا۔ پہلا۔ پرانا۔ گزشتہ۔ آئندہ۔ پیشرو۔ ہوشیار چلتا ہوا۔ اُستاد۔

اگلا پچھلا: [ار۔ صف] اوّل و آخر۔ آئندہ و گزشتہ

اگلا جنم: [ار۔ ا۔ مذ] ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق اگلی پیدائش۔

اگلا زمانہ: [ار۔ امذ] سابق۔ گزرا ہوا زمانہ۔ پرانا زمانہ۔

اگلا کرے پچھلے پر آئے: [ار مثل] بڑے قصور کریں چھوٹے سزا پائیں

اگلا کہتا ہو تو آپ / چپکے ہو بیٹھئے: [ار۔ مقولہ] جب دوسرا بول رہا ہو تو قطع کلام نہیں کرنا چاہیئے۔

اگلا رلیا دے بہا۔ اب کا لیا آگے لا: [ار۔ مثل] پچھلے احسان کر بھلا کر نئے احسان کی توقع رکھنا۔ (۲) پچھلے کام کو مٹا کر نئے سرے سے شروع کرنا۔ (۳) فضول کام کرنا۔ کام خواہ مخواہ بڑھانا
اگلی: [ار۔ صفت مث] " دیکھئے " اگلا " جس کی یہ تانیث ہے۔
اگلی باتیں: [ار۔ مث] پرانی باتیں
اگلے: [ار۔ صفت] دیکھئے " اگلا " جس کی یہ جمع ہے۔
اگلے دفتر کھولنا: [ار۔ محاورہ] پرانی باتیں دُہرانا۔ پرانی شکایتیں چھیڑنا۔
اگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی: [ار۔ مثل] نہایت بدانتظامی۔ بہت گڑبڑ۔
اگلے نے کیا پچھلے پر آئی: [ار۔ مثل] بڑے نے قصور کیا چھوٹے نے سزا پائی۔
اگلے وقت کا: [ار۔ صفت۔ مذ] بڑا بوڑھا۔ پرانے زمانے کا
اگلے ہوتے پچھلے۔ پچھلے ہوتے بردھان: [ار۔ مثل] لائق آدمی کی قدر گھٹا کر نالائق کو عزت دینا۔ انقلاب ہونا۔
اُگلتی تلوار اور بیسوا لگائی خصم کو مار رکھتی ہے: [ار۔ مثل] میان سے باہر نکلی ہوئی تلوار اور بدکار عورت سے ہر وقت خطرہ رہتا ہے۔
اُگلنا: [ار۔ مص] منہ سے باہر نکالنا۔ تھوک دینا۔ ہضم کیا ہوا مال مجبور و بے بس ہو کر واپس کرنا۔ کسی بات کو پیٹ میں نہ رکھنا
اُگلوانا: [ار۔ محاورہ] منہ سے نکلوانا۔ اقبال یا اقرار کرانا۔ ہضم کیے ہوئے مال کو نکلوانا
اُگلے تو اندھا۔ نگلے تو کوڑھی: [ار۔ مثل] کرنے میں بھی نقصان۔ نہ کرنے میں بھی نقصان۔
اَگم: [س۔ مذ] غیب۔ غیب کی باتیں۔ خفیہ بات
اَگم باچنا / باندھنا: [ار۔ محاورہ] غیب کا حال بتانا۔ پیشین گوئی کرنا
اگم بدیا: [ہ۔ مث] علم غیب۔ باطنی علم
اَگم شاستر: [س۔ مذ] وہ کتاب جس میں غیب کی باتوں کا حال درج ہو۔ علم نجوم کی کتاب
اَگن: [ہ۔ مذ] آگ۔ آنچ۔ شعلہ (۲) ایک چھوٹا مٹیالے رنگ کا خوش آواز پرندہ۔
اَگن باؤ: [ہ۔ مث] بادِ سموم۔ سخت لو (۲) گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں انکے بال اُکھڑ جاتے ہیں اور کھال اُدھڑ جاتی ہے (۳) آتشک
اگن بوٹ: [ہ۔ مث] دُخانی کشتی۔ سٹیمر
اَگن چڑیا: [ہ۔ مث] آگ کا کیڑا۔ سمندر
اگن کے نیچے کو جوری بتانا: [ار۔ محاورہ] جھوٹے بہانے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
اگن کے نیچے کھجور پڑے ہیں: [ار۔ مثل] فضول بات۔ ناممکن بات۔
اَگن ہوتری: [ہ۔ مث] بھڑبھونجا۔ دانے بھوننے والا
اَگُن: [ہ۔ صفت] نالائق۔ بدسلیقہ۔ پھوہڑ
اَگنت: [ہ۔ مث] عاقبت۔ آخرت۔ موت کے بعد کا زمانہ
اُگنا: [ار۔ مص] پیدا ہونا۔ نمو پانا۔ ظاہر ہونا۔ نکلنا
اگنی: [س۔ مث] دیکھئے " آگ "
اگنی کُنڈ: [س۔ مث] آگ کا تالاب۔ دوزخ (۲) وہ گڑھا جس میں آگ جلائی جائے (۳) آگ کا وہ الاؤ جس میں سے ہندو روایت کے مطابق چھتری پیدا ہوئے تھے۔ جنھوں نے بدھ مذہب کا خاتمہ کیا۔
اگوا / اگوا کار: [ہ۔ مذ] پیشوا سردار۔ ہادی۔ جو گھر کا سب کام کرے۔ وہ جو شادیوں کا انتظام کرے۔ گھر کا مکھیا
اگواڑا: [مذ] آگے کا حصہ۔ مکان کے سامنے کا حصہ۔ سامنے کا رُخ۔
اگوانا: [ار۔ مص] سردار مقرر کرنا۔ آگے کرنا۔
اگوائی: [ہ۔ مث] راہنمائی۔ استقبال۔ پیشوائی۔ برات یا کسی بڑے آدمی کی پیشوائی۔ اُوپر کا کام کاج کرنے والا آدمی۔
اَگوچر: [س۔ صفت] خفیہ۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
اگولا: [ہ۔ مذ] گنے کی چوٹی۔ وہ پتے جو گنے کی اوپر کی چوٹی میں آتے ہیں۔ آگ۔ جڑ کی ضد
اگونا / اگورنا: [ار۔ مص] پہرہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ خیال رکھنا۔
اُگھاڑنا: [ہ۔ مص] کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ عیاں کرنا۔ راز افشا کرنا۔ کل معاملہ ظاہر کرنا۔
اگھانا: [ہ۔ مص] پیٹ بھر کر کھانا۔ سیر ہونا۔ اکتانا۔ بیزار ہونا۔ اپھرنا۔ اپھڑنا۔
اَگھائی: [ہ۔ صفت۔ امث] سیری۔ آسودگی
اگھڑنا: [ار۔ مص] دیکھئے " اگھاڑنا " جس کا یہ لازم ہے
اَگھن: [ہ۔ مذ] بکرمی سال کا آٹھواں مہینہ۔ منگسر جو نصف نومبر سے نصف دسمبر تک ہوتا ہے (۲) کھلا بن۔ کشادہ جنگل۔
اُگھتنا: [ہ۔ مص] دیکھئے " اگاہنا " جس کا یہ لازم ہے۔
اگھور پنتھ: [ہ۔ مذ] ہندوؤں میں فقیروں کی ایک جماعت یا مذہبی فرقہ جو گو کو پوجتا ہے۔
اگھوری: [ہ۔ صفت] اگھور پنتھ کا معتقد (۲) غلیظ۔ گندہ۔ ناپاک
اَگیا بیتال: [ہ۔ امث] غول بیابانی۔ چھلاوا۔ بھوت پریت
اَگیاری: [ہ۔ صفت امث] پوجا کے وقت آگ جلانا اور مورتی کو خوشبو لگانے کا کام (ہَوَن)
اَگیانا: [ہ۔ مص] دھات کے برتنوں کو پاک کرنے کی غرض سے گرم کرنا۔
اَگیانی: [ہ۔ صفت] بے سمجھ۔ نادان۔ جاہل۔ بے تمیز
اَگیتا: [ہ۔ صفت] آگے آنے والا۔ وقت سے پہلے۔ سویرے سویرے۔
اَگیرا: [ہ۔ مذ] پہلی پولی جو کاشت کار کو دی جاتی ہے۔

ا۔ل

اَل: [ع حرف تعریف] عربی زبان میں اسم اور صفت کے ساتھ آ کر اس کے معنوں میں خصوصیت پیدا کرتا ہے
اَلآن: [ع متعلق فعل] ابھی۔ اسی وقت
اَلآن کما کانَ: [ع متعلق فعل] جیسا تھا ویسا ہی ہے۔ ہنوز روزِ اوّل۔
اَلا: [کلمہ تنبیہہ] خبردار ہوشیار
اِلّا: [ع حرف استدراک] مگر۔ لیکن۔ بجز۔ سوائے۔ بغیر
اَلابلا: [ار۔ امث] خراب سے خراب اور بُری سے بُری چیز۔ درد۔ دکھ۔ مصیبت۔ بھوت پریت
الابلا۔ بگردنِ مُلّا: [ف مثل] سارا وبال مُلّا کی گردن پر
الابلا لوں۔ صحنک سَر کا لوں: [مثل] چکنی چپڑی باتیں کرکے مطلب نکال لینا۔
الابلا لینا: [ار محاورہ] بلائیں لینا (سب رس)

الااللذی نہ الااللذی: [ا ر. محاورہ] پراگندہ. مذبذب. ڈانواں ڈول

الاماشاءاللہ: [ع بمتعلق فعل] لیکن جو خدا چاہا ہے. شاذونادر. کہیں کہیں

الاپ: [ہ. امث] آواز کا اتار چڑھاؤ. سُر ملانا. آواز کو کھینچنا. راگ شروع کرنے سے پہلے سُروں کا اتار چڑھاؤ کرنا. راگ کا ابتدائی حصہ گانے میں سُر لگانا

الاپنا: [ا ر معں] گانا شروع کرنا ۔ تانیں لگانا.

الاچا/ الاچا: [ہ. امذ] ایک قسم کا دھاری دار کپڑا.

الاچا بیگ: [ہ. امذ] کٹھ پتلی کے تماشا میں ایک مُوچھل پتلی. مضحکہ خیز شکل کا نام ہے۔ مجازاً دُبلا پتلا آدمی

الاٹ کرنا: [انگ. ا ر] (ALLOT) تقسیم کرنا. مخصوص کرنا. دینا

الاٹ منٹ: [انگ. مث] تقسیم. تخصیص. بخشش

الاچی/ الائچی: [ا ر. امث] ایک خوشبودار پھل جس کے اندر خوشبودار دانے ہوتے ہیں. اس کی دو قسمیں ہیں چھوٹی الائچی. بڑی الائچی. بڑی کتھئی رنگ کی ہوتی ہے اور چھوٹی ہلکے سبز رنگ کی (۲) سکی سہیلی. جب دو عورتیں ایک الائچی توڑ کر اس کے دانے کھا لیتی ہیں تو ایک دوسری کو الائچی کہتی ہیں.

الاچی دانہ/ الائچی دانہ: [ا ر. امذ] مٹھائی کی ایک قسم جو الائچی کے دانوں کو کھانڈ چڑھا کر بنائے جاتے ہیں. مگر اب کھانڈ چڑھے ہوئے کئی چیزوں کو بھی کہتے ہیں.

الار: [ہ صفت] گاڑی میں پچھلا بوجھ زیادہ ہونے کی وجہ سے اگلے حصہ کا اوپر کو اٹھ جانا.

الاراسی: [ا ر صفت] دیکھئے " آلا راسی "

الاراسی کارخانہ: [ا ر. امذ] بے توجہی کا کام. بے پروائی کا کام

الاراسی مزاج: [امذ] بے پروا ۔ لاابالی طبیعت

الارم: [انگ. امذ] ALARM (۱) خطرے سے آگاہی. گھڑی کی جگانے والی گھنٹی

الارنا: [ا ر. معں] اُچھلنا

الاس: [ہ. امذ] کُودنا. اُچھلنا. جوش. امنگ. ولولہ (۲) پھرتی. چالاکی. خوشی (۳) آرام. سُکھ. چین. آنند

الاسا: [ا ر. امذ ق] دلاسا. تسلی. تشفی

الاسٹک: [انگ. امذ] ELASTIC (۱) لچک والی چیز. ربڑ. ڈوری. دھاگا. تانا ہوا فیتہ

الاسنا: [ا ر معں ق] جوش میں آنا. اُمنگ پیدا ہونا.

الاغ/ الاق: [ت امذ] گدھا. ڈاک کا گھوڑا. ایک قسم کی چھوٹی کشتی

الاقارب کا لعقارب: [ع مثل] رشتہ دار بچھو کی مانند ہیں. ہمیشہ نیش زنی کرتے ہیں. عزیزوں ہی سے تکلیف پہنچتی ہے۔

الال/ الالو: [ا ر. صفت] دیکھئے " الار"

الامان: [ع کلمہ ندا] پناہ بخدا.

الامان کہنا: [ا ر محاورہ] پناہ مانگنا. رحم مانگنا

الامر فوق الادب: [ع مقولہ] حکم ادب پر فوقیت رکھتا ہے۔

الانا: [ا ر معں] تکلیف سے کراہنا. چیخنا. رونا. ہائے ہائے کرنا.

الانتظار اشد من الموت: [ع مقولہ] انتظار کی تکلیف موت سے زیادہ ہے

الانگنا/ الانگھنا: [ا ر معں] (۱) کودنا. پھلانگنا (۲) چابک سواروں کی اصطلاح میں پہلی مرتبہ گھوڑے پر چڑھنا.

الاہنا: [ہ امذ] گلہ شکوہ. شکایت (۲) برائی. الزام. بدنامی

الاہنا دینا: [محاورہ] گلہ کرنا. شکوہ کرنا. الزام یا بدنامی لگانا.

الاؤ: [ہ. امذ] آگ کا ڈھیر

الاؤنس: [انگ. امذ] ALLOWANCE. زائد خرچ. بھتا. وہ رقم جو تنخواہ کے علاوہ کسی کام یا منصب کی وجہ سے سرکار سے ملے (۲) رعایت

الباب: [ع. امذ] لُب کی جمع. عقلیں

البتہ: [ع حرف استدراک] مگر بے شک

البرز: [ف. امذ] ایران کا ایک مشہور پہاڑ (۲) پہاڑ

ال بل: [ہ امذ] غرور گھمنڈ (۲) فرق کمی بیشی (۳) صدقہ. قربان

ال جاؤں بل جاؤں بلوے کے وقت ٹل جاؤں: [ا ر مثل] یوں تو محبت کے بہت دعوے مگر وقت آنے پر کنی کترانا.

البم: [انگ امذ] تصویروں کی کتاب (ALBUM) مجموعہ تصاویر

البیٹ: [ہ. امذ مث] پیچ. لپیٹ. بل. موڑ. خم. چکر. کجی. پھیر.

البیلا: [ہ. امذ] بانکا. چھیلا. جوان. رنگیلا لڑکا. بھولا بھالا. خوبصورت. خوبرو. دلربا. منوہر. من موہن. جی لبھاؤ.

البیلاپن: [ہ امذ] بانکپن. بھولاپن وغیرہ وغیرہ.

البیلی: [ہ. امث] دیکھئے " البیلا " جس کی یہ تانیث ہے

البیلی چال: [ہ. امث] مستانہ چال. بانکی. ترچھی چال یا وضع.

البیلی نے پکائی کھیر دودھ کی جگہ ڈالا پلیر: [ہ مثل] بے وقوفی اور بے ڈھنگے پن نے کام بگاڑ دیا.

البیلی وضع: [ہ. امث] رنگین وضع. بانکی وضع

الپاکا/ الپکا: [انگ. امذ] ALPACA (۱) بھیڑ کی قسم کا ایک جانور جو جنوبی امریکہ میں پیرو. چلی وغیرہ میں ہوتا ہے (۲) کپڑا جو الپاکا جانور کی اُون سے تیار ہوتا ہے

الپن: [امث] کاغذ میں لگانے کی بغیر ناکے کی گھنڈی والی سوئی (پن)

التباس: [ع. امذ] مشکوک ہونا. دو چیزوں کا یکساں ہونے کے باعث مشتبہ ہونا. ہمشکل ہونا. مشابہت ہونا. ابہام و تجنیس.

التجا: [ع. امث] عرض. گزارش. منت سماجت. خوشامد. بنتی. پرارتھنا.
[افعال کرنا. بھانا. ہونا]

التزام: [ع. امذ] کسی چیز کو لازم بنا لینا. ضروری قرار دینا. کسی کام کو اپنے ذمے لے لینا.

التصاق: [ع. امذ] چمٹنا. چپکنا.

التفات: [ع. امث] توجہ. مہربانی. ۲ محبت. اخلاص. مروت. پاس (۳) نگاہ دھیان. رغبت کرنا.

التماس: [ع. امذ مث] عرض. گزارش. منت سماجت. بنتی پرارتھنا

التمغا: [ت امذ] دیکھئے " آلتمغا "

التنی: [ہ. امث] ہاتھی کی گردن میں بندھی ہوئی رسی جس پر مہاوت رکاب کے طور پر پاؤں رکھتا ہے.

التوا: [ع. امذ] ملتوی کرنا. دوسرے پر اٹھا رکھنا. ٹال دینا

التہاب: [ع. امذ] آگ کا بھڑکنا. شعلہ بھڑکنا. گرمی. حرارت تپش سوزش. آماس سوجن

التہاب زائدہ: [ع. امذ] ایک بیماری جس میں اندھی آنت میں سوزش ہو جاتی ہے. appendicitis کا ترجمہ

التیام: [ع. امذ] دو چیزوں کا آپس میں مل جانا. میل ملاپ. میل جول

زخم کا بھرنا، انگور آنا، تندرست ہونا۔ تسکین ہونا۔

اُلٹ: [ار۔ امث دفعل] الٹنا کا امر و اسم کیفیت (۲) توڑ۔ برعکس۔ ضد نقیض۔

اُلٹ آنا: [ار محاورہ] پلٹ آنا۔ (۲) جہاں سے چلے تھے وہیں گرنا۔ واپس آنا (۳) کسی چیز کا دوسری چیز پر گرنا۔

اُلٹ پڑنا: [ار۔ محاورہ] برہم ہونا۔ برس پڑنا۔ مخالف ہونا۔ حملہ کرنا۔ ناراض ہونا۔ غصہ ہونا۔ خلاف ہو جانا

اُلٹ پلٹ ہونا: [ار محاورہ] ٹیڑھا بیدھا۔ بے ڈھنگا۔ منتشر۔ بے ترتیب ہونا۔

اُلٹ پلٹ ہونا: [ار محاورہ] تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ درہم برہم ہونا۔

اُلٹ پھیر: [ار۔ امذ] ہیر پھیر۔ ردوبدل۔ برگشتگی۔ کرتب۔ ادل بدل

اُلٹ پھیر میں آجانا: [ار۔ محاورہ] فریب میں آجانا۔ دھوکا کھانا

اُلٹ پیچ: [ار۔ امذ] گردش پھیر۔ چھل۔ داؤ پیچ۔

اُلٹ جانا: [ار محاورہ] ایک شے دوسرے رُخ ہونا (۲) چت ہو جانا۔ پٹا کھا جانا۔ (۳) اوندھا ہو جانا (۴) برعکس ہو جانا۔ اثر مخالف ہونا (۵) پھر جانا۔ برگشتہ (۶) بدل جانا۔ انقلاب آنا (۷) پلٹ جانا۔ واپس جانا (۸) تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا (۹) ہٹ جانا۔ اُٹھ جانا (۱۰) چوٹ کھا کر شکار کا لوٹ پوٹ ہو جانا۔ (۱۱) مفلس ہو جانا۔ (۱۲) مدہوش ہو جانا۔

اُلٹ دینا: [ار محاورہ] ا۔ تباہ کر دینا (۲) اِدھر سے اُدھر کر دینا (۳) اٹھا دینا (۴) چت کو پٹ کر دینا (۵) اوندھا کر دینا (۶) اُگل دینا۔ قے کر دینا

اُلٹ کے جواب دینا: [ار محاورہ] پیغام کا جواب لا دینا۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا

اُلٹ کے خبر نہ لینا: [ار۔ محاورہ] توجہ نہ دینا۔ خبر نہ ہونا۔ غفلت کرنا

اُلٹ کے کروٹ نہ لینا: [ار۔ محاورہ] بے خبر ہو جانا۔ پھر آکر خبر نہ لینا۔ انتہائی غفلت برتنا۔

اُلٹا: [ار۔ صفت مفعولی] ا۔ سیدھے کی ضد (۲) ٹیڑھا (۳) خلاف (۴) لوٹا ہوا (۵) اوندھا (۶) معکوس (۷) بیوقوف (۸) سر کے بل (۹) نقیض (۱۰) بایاں۔

اُلٹا پاسا / پانسا پڑنا: [ار محاورہ] ا۔ پانسا غلط پڑنا۔ ہار جانا (۲) خلاف تمنا و توقع ہونا (۳) کوشش رائیگاں جانا۔

اُلٹا پلٹا: [ار صفت مذ] بے ترتیب۔ تلے اوپر۔ گڈمڈ۔ درہم برہم

اُلٹا پلٹی: [ار۔ امث] درہمی برہمی۔ ہیرپھیر۔ ادل بدل

اُلٹا پھر آنا: [ار۔ محاورہ] پلٹ آنا۔ لوٹ آنا۔ راہ میں سے واپس آجانا۔ ناکام آنا۔

اُلٹا پھرنا: [ار۔ محاورہ] واپس آجانا جس طرف سے آیا تھا۔ اسی طرف واپس ہو جانا۔ ناکام پلٹ آنا۔ پہنچتے ہی واپس آجانا۔

اُلٹا پھیرنا: [ار۔ محاورہ] واپس کر دینا۔ لوٹا دینا۔ جس طرف سے آیا تھا اسی طرف واپس بھیج دینا۔ فوراً واپس کر دینا۔

اُلٹا توا: [ار۔ امذ] کالا کلوٹا۔ سیہ فام۔ کالا بھجنگا

اُلٹا ٹانگنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز میں ٹانگیں باندھ کر سر کے بل لٹکانا۔ الٹا لٹکانا سخت سزا دینا۔

اُلٹا جننا: [ار۔ محاورہ] رحم سے بچے کا پچھلے پاؤں نکلنا۔ عام طریقے کے خلاف بچہ پیدا ہونا

اُلٹا جواب دینا: [ار۔ محاورہ] مطلب کے خلاف جواب دینا۔ خلاف توقع جواب دینا۔ ٹیڑھا جواب دینا۔

اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے: [ار۔ مثل] اپنے کیے ہوئے پر نادم ہونے کی بجائے دوسرے کو جھڑکنا۔ بے شرم اور گستاخ آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

اُلٹا دریا بہنا: [ار محاورہ] خلاف دستور بات ہونا۔ انقلاب ہونا۔

اُلٹا (اُلٹے) دم لگنا: [ار محاورہ] سانس اکھڑ جانا۔ نزاع کی حالت میں ہونا۔

اُلٹا (اُلٹے) دم لینا: [ار محاورہ] عالم نزع میں ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

اُلٹا دھڑا باندھنا: [ار۔ محاورہ] اپنا الزام دوسرے کے سر تھوپنا۔ بے قصور کو گنہگار بنانا۔

اُلٹا دھڑا بندھنا: [ار محاورہ] دیکھیے "الٹا دھڑا باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اُلٹا زمانہ آیا / لگا ہے: [ار محاورہ] برا وقت آگیا ہے۔ اچھائی اور برائی میں فرق نہیں رہا۔

اُلٹا سبق پڑھانا / سکھانا: [ار محاورہ] خلاف اصول اور مضر بات بتانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔

اُلٹا سیدھا: [ار۔ امذ] بے قاعدہ۔ بے ترتیب۔ بے جا۔

اُلٹا سیدھا جواب دینا: [ار۔ محاورہ] خلاف جواب دینا۔ نامعقول جواب دینا۔ ناملائم جواب دینا۔

اُلٹا لٹکانا: [ار محاورہ] دیکھیے "الٹا ٹانگنا"

اُلٹا لیا جائے نہ سیدھا: [ار۔ مثل] کسی طرح قائل نہ ہونے والے شخص کی نسبت کہتے ہیں کہ نہ سیدھے راہ پہ آتا ہے نہ اُلٹے پر

اُلٹا مزاج: [ار۔ امذ] جس طبیعت پر ہر بات کا اثر اُلٹا پڑتا ہو۔

اُلٹا نصیبا: [ار۔ امذ] بُری قسمت۔ بدنصیبی

اُلٹا ہاتھ مارنا: [ار۔ محاورہ] حسرت افسوس ظاہر کرنا۔

اُلٹوا اُلٹی: [ار۔ امث] اپنا الزام دوسرے پر عائد کرنا۔ سیدھی بات کو پلٹ دینا۔

اُلٹی: [ار۔ صفت مث] دیکھیے "اُلٹا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اُلٹی آنتیں گلے پڑنا: [ار۔ محاورہ] لینے کے دینے پڑنا۔ نیکی کا بدلہ بدی ملنا۔

اُلٹی آنکھیں دکھانا: [ار۔ محاورہ] آپ ہی خطاوار ہونا اور آپ ہی خفا ہو کر دوسروں کو گھورنا۔

اُلٹی اُلٹی باتیں: [ار۔ امث] بے تکی باتیں۔

اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا / لینا: [ار۔ محاورہ] پیٹ میں سانس نہ سمانا۔ موت کے قریب ہونا۔

اُلٹی بات: [ار۔ امث] بے ڈھنگی بات

اُلٹی پٹی پڑھانا: [ار۔ محاورہ] ورغلانا۔ بہکانا۔ بری باتیں سکھانا۔

اُلٹی تقدیر: [ار۔ امث] بری قسمت۔ برا نصیب۔

اُلٹی پڑتے سیدھی پڑے: [ار۔ محاورہ] خدا جانے کیا نتیجہ نکلے۔

اُلٹی ٹانگیں گلے پڑنا: [ار۔ محاورہ] اپنی بات سے آپ ہی نقصان اٹھانا۔ اپنے ہاتھوں مصیبت مول لینا۔

اُلٹی ٹانگیں گلے میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] بھلائی کے عوض برائی کا الزام لگانا۔

اُلٹی چھری سے حلال کرنا: [ار محاورہ] بہت ظلم کرنا۔ بہت زیادتی کرنا

اُلٹی چین: [ا۔ محاورہ] بیچے کی بندش کا ایک انداز، جس میں، کپڑے کی ڈوری سے دھاریاں بنائی جاتی ہیں۔
اُلٹی رسم: [ار۔ امث] موقع محل کے خلاف رسم۔ خلاف دستور بات
اُلٹی سانس چلنا: [ار۔ محاورہ] نزع کی حالت میں۔ سانس کا بے قاعدہ چلنا۔
اُلٹی سانس / سانسیں لینا: [ا محاورہ] دیکھئے "اُلٹا دم لینا"
اُلٹی سمجھ: [ار۔ امث] اوندھی عقل۔ حماقت۔ نافہمی
اُلٹی سمجھے نہ سیدھی: [ار محاورہ] جو کسی طرح نہ مانے۔ ضدی۔ ہٹیلا
اُلٹی سیدھی سنانا: [ار محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ گالی گلوچ دینا۔
اُلٹی سنانا: [ار۔ محاورہ] خلاف اصول بات کہنا
اُلٹی سوجھنا: [ار۔ محاورہ] عقل یا رسم و رواج کے خلاف کوئی بات ذہن میں آنا۔
اُلٹی سیدھی: [ار صفت] دیکھئے "الٹا سیدھا" جس کی یہ تانیث ہے
اُلٹی سیدھی باتیں کرنا: [ار محاورہ] ہٹ دھرمی کرنا۔ سخن پروری کرنا
اُلٹی سیدھی پڑنا: [ار محاورہ] مصیبت پڑنا۔ آفت آنا۔ چوٹ لگنا۔ جوتے لگنا
اُلٹی سیدھی سنانا: [ار محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا
اُلٹی سیدھی نہ سمجھنا: [ار محاورہ] کسی طرح نہ ماننا۔ اچھی بُری بات کو نہ سمجھنا، ذہن میں نہ لانا۔
اُلٹی سیدھی ہانکنا: [ار محاورہ] فضول اور بیہودہ باتیں کرنا
اُلٹی سیفی: [ار۔ امث] سیفی وہ عمل ہے جو دشمن کی تباہی اور قتل کے لیے پڑھا جاتا ہے۔ اور جب کبھی عمل کی شرائط پوری نہ ہونے کی وجہ سے اس کا اثر الٹا عامل پر پڑ جائے تو اس کو الٹی سیفی کہتے ہیں۔ اب عموماً اُس جگہ استعمال کرتے ہیں جہاں کوئی دوسرے کی برائی کی تدبیر کرے اور خود نقصان اُٹھائے۔
اُلٹی سیفی پڑھنا یا پھیرنا: [ار محاورہ] بددعا دینا۔ کوسنا
اُلٹی سیفی ہو جانا: [ار محاورہ] عمل کا اُلٹا پڑنا۔ عامل کا خود تباہ و برباد ہو جانا۔
اُلٹی قسمت: [ار۔ امث] بُری قسمت۔ بُری تقدیر
اُلٹی کھیری: [ار۔ امث] مجذوبوں کی بڑ
اُلٹی کرنا: [ار مص۔ مرکب] قے کرنا۔ متلی سے قے کرنا۔ کھایا پیا اُگل دینا
اُلٹی کھوپری اندھا گیان: [ار مثل] بے عقل۔ کم سمجھ۔ اوندھی کھوپری میں اوندھا خیال۔
اُلٹی کھوپری کا: [ار صفت] بے وقوف۔ جاہل۔ اُجڈ۔ کوڑ مغز
اُلٹی گنگا بہنا: [ار۔ محاورہ] خلاف دستور کام کرنا
اُلٹی مالا پھیرنا: [ار۔ محاورہ] اُلٹی تسبیح پڑھنا۔ خلاف دستور باتیں کرنا۔ کسی کی ہلاکت یا تباہی و مقہوری کے لیے وظیفہ کرنا۔
اُلٹی مانے نہ سیدھی: [ار محاورہ] دیکھئے "الٹی سمجھے نہ سیدھی"
اُلٹی مَت: [ار۔ امث] سیدھی بات کو اُلٹی سمجھنے والی عقل۔ غلط سمجھ
اُلٹی ہَوا چلنا: [ار۔ محاورہ] زمانے کا برخلاف ہونا۔ اُلٹا زمانہ آنا۔
اُلٹے: [ار صفت] (اُلٹا کی جمع اور مُغیرہ صورت)۔ برعکس۔ جیسا چاہیئے اس کے خلاف۔
اُلٹے اُسترے سے سر مُنڈوانا: [ار محاورہ] ذلیل کرنا۔ ذلت کے لیے سخت سزا دینا
اُلٹے بانس بریلی کو / اُلٹے بانس پہاڑ چڑھے: [ار مثل] برعکس معاملہ حماقت کا کام۔ نقصان کا کام۔
اُلٹے بل کی چوٹی: [ا مث] وہ چوٹی جس کے گوندھنے میں بال نیچے سے اوپر کو لائے جائیں
اُلٹے پاؤں پڑنا: [ار۔ محاورہ] آگے بڑھنے کی بجائے پیچھے ہٹنا۔ کہیں جانے کی ہمت نہ پڑنا۔
اُلٹے پاؤں پھرنا / بھاگنا، اُلٹے پیروں پھرنا: [ار محاورہ] فوراً واپس ہونا۔ آنے کے بعد فوراً ہی پلٹ پڑنا۔ واپس ہو جانا۔
اُلٹے پاؤں چلنا: [ار۔ محاورہ] جس طرف جانا ہو اُس طرف پیٹھ کر کے چلنا۔
اُلٹے پاؤں پھر آنا / پھرنا: [ار۔ محاورہ] فوراً پلٹ آنا۔ راہ میں سے واپس آ جانا
اُلٹے چور کوتوال کو ڈانٹے / اُلٹے چور کوتوالی ڈانڈے: [ار مثل] جب کوئی اپنی خطا پر نادم نہ ہو بلکہ ٹوکنے والے سے بگڑے یا خود ہی خطا کرے اور دباؤ ڈالے۔ وہاں کہا جاتا ہے۔
اُلٹے سانس بھرنا / لینا / چلنا: [ار۔ محاورہ] نزع کی حالت ہونا۔ موت قریب ہونا۔
اُلٹے سر ہونا / ہو جانا: [ار محاورہ] خوش ہونے کی بجائے ناراض ہو جانا۔
اُلٹے سیدھے: [ار صف] ناحق۔ بے جا
اُلٹے قدم پڑنا: [ار محاورہ] کہیں جانے کی ہمت نہ پڑنا۔ کہیں جانے کو دل نہ چاہنا
اُلٹے کانٹے تولنا: [ار۔ محاورہ] کم تولنا
اُلٹے گدھے پر چڑھانا: [ار محاورہ] سخت ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا۔
اُلٹے ملک کا: [ار صف] بیوقوف۔ احمق۔ ہر بات عقل کے خلاف کرنے والا۔
اُلٹے ہاتھ کا کھیل / داؤ: [بہت آسان کام۔ نہایت سہل (ار۔ امذ)
اُلٹی میٹم: [انگ۔ امذ] ULTIMATUM اعلانِ جنگ۔ انتباہ
اَلجبرا: [ع۔ امذ] الجبر والمقابلہ کا مخفف۔ علم ریاضی کی ایک شاخ۔
اَلجُوع: [ع۔ کلمہ ندائیہ] بھوک کی شدت کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔
اُلجھ: [ار امث] دیکھئے اُلجھنا جس کا یہ حاصل مصدر اور امر ہے۔
اُلجھا: [ار صف مفعولی] سلجھا کی ضد۔ پھنسا ہوا۔ پیچ در پیچ گتھی یا پھندا
اُلجھانا: [ار مص] سلجھانا کی ضد۔ پیچیدہ کرنا۔ پھنسانا۔ اٹکانا۔ روکنا۔ مصروف و متوجہ کرنا۔ جھگڑے میں ڈالنا۔ لڑانا۔ کسی کام میں لگانا۔ طول دینا۔ عشق میں مبتلا کرنا۔ فریب میں لانا۔ شادی بیاہ کرنا۔ فیصلہ نہ کرنا۔ دیر لگانا۔
اُلجھاؤ: [ار۔ امذ] بکھیڑا۔ دقت۔ مشکل۔ جھگڑا۔ پھندا۔ گتھی
اُلجھ پڑنا: [ار محاورہ] بحث کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ جٹنا۔ دخل دینا
اُلجھ جانا / اُلجھ رہنا: [ار محاورہ] پھندا یا گتھی پڑ جانا۔ جھگڑا ہو جانا۔ مشغول ہو جانا وغیرہ
اُلجھ جائیگا تو سلجھ جائے گا: [ار محاورہ] شادی ہو جانے پر درست ہو جائے گا (سمجھ جائے گا)
اُلجھن: [ار امث] ۱۔ گھبراہٹ۔ بے چینی (۲) تشویش۔ خلش۔
اُلجھنا: [ار محاورہ] سلجھنا کی ضد۔ گتھی پڑ جانا (۲) پھنسنا۔ اٹکنا (۳) مصروف ہونا مشغول ہونا (۴) رُکنا۔ ادائے مطلب پر قادر نہ ہونا (۵) بیزار ہونا۔ گھبرانا اکتانا (۶) مبتلائے عشق ہونا (۷) ناجائز تعلق ہونا (۸) باہم گتھنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ دست و گریباں ہونا (۹) اعتراض کرنا۔ ٹوکنا
اُلجھنا آسان سُلجھنا مشکل: [ار مقولہ] مصیبت میں انسان آسانی سے

پھنس جاتا ہے مگر نکلنا مشکل ہوتا ہے

الجھیڑا: [ار۔ اند] جھگڑا۔ بکھیڑا۔ کش مکش۔ تکلیف۔ مصیبت

الجھیڑے میں پھنسنا: [ار محاورہ] کش مکش میں گرفتار ہونا۔

الچنا / اُلچھنا / اُلیچنا: [ھ مص] پانی پھینکنا / نکالنا / ڈالنا (۲) کنوئیں میں سے پانی نکالنا۔ کسی چیز۔ برتن وغیرہ کو پانی سے خالی کرنا۔

اَلحاج: [ع۔ اند فاعل] حاجی۔

اِلحاح: [ع۔ امث] زاری کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ گڑگڑانا

اَلحاد: [ع۔ اند] لحد کی جمع۔ قبریں

اِلحاد: [ع۔ اند] سیدھے راستے سے کترا کر چلنا۔ مُلحد ہونا۔ دین سے پھرنا۔

اَلحاصِل: [ع متعلق فعل] قصہ مختصر۔ قِصہ کوتاہ۔ آخر کار

اِلحاق: [ع۔ اند] شامل کرنا۔ شمول ایک چیز یا ملک کو دوسرے سے ملانا

اَلحال: [ع متعلق فعل] ابھی۔ اسی وقت

اَلحان: [ع امث مذ] لحن کی جمع۔ آواز۔ سُر۔ اچھی آواز۔ گانے کی آواز

اِلحان: [ع۔ اند] اچھی آواز سے گانا یا پڑھنا۔ گا کر پڑھنا

اَلحذر: [ع کلمہ پناہ] پناہ بخدا۔ اللہ بچائے

اَلحفیظ: [ع کلمہ پناہ] خُدا بچائے۔ اللہ حفاظت میں رکھے

اَلحق: [ع کلمہ قسم] فی الحقیقت۔ بے شک۔ یقیناً

اَلحمد: [ع۔ امث] قرآن شریف کی پہلی صورت۔ سُورۂ فاتحہ

الحمد للہ: [ع فقرہ] خُدا کا شکر ہے۔

اَلحمرا: [ع۔ اند] غرناطہ (اندلس) میں مسلمانوں کا خوب صُورت سُرخ پتھر کا محل۔

الخ: [ع متعلق فعل] اِلیٰ آخرہٖ کا مخفف جب کسی عبارت کا تھوڑا حصہ لکھ کر باقی کو نہیں لکھتے تو الخ لکھ دیتے ہیں۔ جس کا منشا یہ ہوتا ہے کہ باقی تمام عبارت شامل سمجھی جائے۔

اَلخالق: [ت۔ امث] روئی دار قبا جس کی آستینوں کا چاک اور پردہ کھلا ہوتا ہے۔ پوشاک جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں۔

الخاموشی نیم رضا: [ار مثل] جب ہونے میں بھی ایک قسم کی رضامندی پائی جاتی ہے

الڑ بلڑ: [ار۔ اند] طفلانہ حرکتیں، بے قوفی۔

اِلزام: [ع۔ اند] تہمت۔ بہتان۔ بے حقیقت بات جو کسی کے متعلق کہی جائے۔

اِلزام آنا: [ار محاورہ] قصور وار ٹھہرنا۔ تہمت لگنا

اِلزام اُٹھانا: [ار محاورہ] اپنے سر بدنامی لینا۔ مورد الزام بنا۔

اِلزام پانا: [ار۔ محاورہ] بدنام ہونا۔

الزام تھوپنا: [ار۔ محاورہ] الزام دینا۔ بدنام کرنا

اِلزام دینا: [ار۔ محاورہ] اِتہام لگانا۔ قصور وار ٹھہرانا

اِلزام دھرنا: [ار۔ محاورہ] خطا وار ٹھہرانا۔ قصور وار ٹھہرا

الزام رکھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "الزام دھرنا"

الزام عائد کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "الزام دھرنا"

الزام کا کام / کی بات / چیز: [ار امث مذ] وہ کام یا بات یا چیز جس کی وجہ سے بدنامی آئے

الزام کے روسے رکھنا: [ار۔ محاورہ] الزام پر الزام لگانا

الزام لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "الزام دھرنا"

الزام لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "الزام لگانا" جس کا یہ لازم ہے

الزام لینا: [ار۔ محاورہ] اپنے اوپر بدنامی لینا۔

الزام ملنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "الزام پانا"

اَلس: [ھ مذ] محنت نہ کرنا۔ کام نہ کرنا۔ بیکاری۔ سستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی۔

اَلسان: [ھ۔ صف] بیکار۔ سست۔ اُونگھتا ہُوا۔ بے پروا۔ بے شغل۔ مُردہ دِل۔ دنیا سے بیزار

اَلسانا: [ھ مص] سست ہونا۔ کاہل ہونا۔ تھکا ہُوا ہونا۔

اَلَستُ: [ع تلمیح] (کیا میں نہیں ہوں) اشارہ ہے قرآنی آیت اَلَستُ بِرَبِّکُم کی طرف (یعنی کیا میں تمہارا رب نہیں ہُوں) جب اللہ تعالیٰ نے ارواح کو پیدا کیا تو ان سے یہ سوال کیا تھا۔

اَلسّلام: [ع۔ کلمۂ دُعا] سلامتی ہو، سلام ہو۔

اَلسّلام علیکم: [ع۔ کلمہ دعا] تم پر سلامتی ہو۔ مسلمانوں کا سلام۔

اَلسِنہ: [ع۔ امث] لِسان کی جمع۔ زبانیں۔ بولیاں

اَلسی: [ھ۔ امث] ایک پودا اور اس کا بیج جس سے تیل نکلتا ہے۔ کتان

السی کا بھوڑا نہ گدھا کھائے نہ گھوڑا: [ار مثل] کسی کام کا نہیں۔ کسی مصرف کا۔

بیانی اور عمر رسیدہ عورتیں کسر نفسی کے طور پر اپنے آپ کو کہا کرتی ہیں۔

اَلیسٹ / اَلیسٹھ: [ہ۔ امث] ا۔ دغا فریب دھوکا۔ چھل۔ پھند۔ جھگڑا۔ الجھاؤ۔ اڑنگا۔ رکاوٹ۔ ہوشیاری۔ سیانہ پن۔ چالاکی۔ بدمعاملگی۔ حساب میں کمی۔ خسارا۔ گھاٹا۔

السیٹیا / السیٹی: [ہ افاعل] دغاباز۔ فریبی۔ جھگڑالو۔ دھاندلی کرنے والا۔ نادہند

اُلش: [ت اند] پس خوردہ۔ بچا ہُوا کھانا۔ جھوٹا کھانا

اُلش کرنا: [ار۔ محاورہ] کھانے کو ہاتھ لگا کر / ذرا سا کھا کر جھوٹا کرنا۔

اِلصاق: [ع۔ اند] ملانا۔ چسپاں کرنا۔ چپکانا

اَلطاف: [ع۔ اند] لطف کی جمع مہربانیاں۔ نوازشیں۔ عنایتیں۔ شفقتیں۔

اَلعاقل تکفیہ الاشارہ: [ع مثل] عقلمند کو اشارہ کافی ہوتا ہے۔

اَلعبد: [ع۔ اند] بندہ ناچیز۔ فدوی۔ دستاویز کے خانہ پر دستخط کرنے کے لیے یہ کلمہ بطور پیشانی لکھتے ہیں

اَلعطش: [ع کلمہ فجائیہ] شدتِ پیاس کے موقع پر کہتے ہیں۔ بہت پیاس ہے

اَلعظمتُ لِلّٰہ: [ع لف] تمام بزرگی خدا کے لیے ہے۔

اِلغار: [ت اند ق] دیکھئے "یلغار" جس کا یہ بگاڑ ہے

اَلغاروُن: [ت متعلق فعل] بہت۔ بافراط۔ کثرت سے

اَلغرض: [ع متعلق فعل] الحاصل۔ قصہ مختصر

الغوزہ: [ار۔ اند] ایک ساز۔ ایک قسم کی بانسری

الغوزہ ملغوزہ: [ار۔ اند] پیٹ کے اندر کی تمام انتڑیاں

الغیاث: [ع کلمۂ پناہ] فریاد ہے۔ دُہائی ہے

اَلف: [ع۔ اسم] ہزار

اَلِف: [ع۔ اند] ا۔ ا کا تلفظ (۲) ابجد کا پہلا حرف (۳)

اَلِف آزاد کا: [مذ] آزاد فرقے کے فقرا جو اپنے ماتھے پر ایک لکیر اوپر سے نیچے تک سیدھی کھینچتے ہیں۔ اس لکیر کو آزاد کا الف کہتے ہیں۔

اَلِف اللہ: [ا۔ مذ] ۱۔ الف آزاد کا جس سے خدا کی وحدانیت کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۲) اللہ کے الف کی طرح بے لاگ۔ بے تعلق۔ تنہا۔ اکیلا مفلس۔ محتاج

اَلِف ب / الف ب ت: [ا۔ امث] حروف تہجی۔ جو بچوں کو اوّل اوّل سکھاتے ہیں۔

الف ب ت پڑھانا: [ا۔ محاورہ] ناسمجھ اور بیوقوف کو کوئی بات سمجھانا۔

الف سے ب نہ سُننا: [ا۔ محاورہ] اپنی نسبت ذرا بھی بُری بات نہ سننا۔

الف سے ب نہ کہنا: [ا۔ محاورہ] کسی کو ذرا بھی بُرا نہ کہنا۔ نا ملائم کلمہ زبان پر نہ لانا۔

الف کھینچنا: [ا۔ محاورہ] آزاد فقیروں کا اپنے ماتھے پر ا کی لکیر کھینچنا (۲) فقری بانا لینا۔ فقیری اختیار کرنا۔

الف کے نام ب نہ جاننا: [ا۔ محاورہ] بالکل ان پڑھ ہونا بے تمیز جاہل ہونا۔

اَلِف ہونا: [محاورہ] ۱۔ جراغ پا ہونا۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔ ۲۔ برہنہ یعنی ننگا ہونا۔

اُلف: [ا۔ امث] دوستی۔ محبت

اَلفاظ: [ع۔ امذ] لفظ کی جمع۔ کلمے۔ باتیں

اُلفت: [ع۔ امث] محبت۔ پیار۔ دوستی

اُلفت جتانا: [ا۔ محاورہ] محبت کا اظہار کرنا۔

اُلفت کا بندہ: [ا۔ صفت] بندۂ محبت جو محبت کی وجہ سے خدمت کرے۔

اُلفت کرنا: [ا۔ محاورہ] محبت کرنا۔

اَلفا / اَلِفتہ: [ا۔ صفت] آوارہ۔ لُچا۔ شہدا۔ اوباش۔ مُفلس۔ قلاش حیلہ ساز۔ مکار

اَلفِراق: [ع۔ کلمہ فجائیہ] جدا ہوتے وقت حسرت و افسوس سے کہتے ہیں۔

الفربہ خواہ مخواہ مرد آدمی: [ا۔ مثل] تن و توش والے آدمی میں کچھ نہ وجاہت ہوتی ہے۔

الفقر و فخری: [ع۔ امث] اس جملہ کا حدیث ہونا مشہور ہے معنی میرے لئے فقیر یا مسکین ہونا فخر ہے۔

الف لیلہ: [ع امث] فرضی قصوں کی مشہور کتاب۔ چونکہ اس میں ایک ایک ہزار کہانیاں ہیں اس لیے کا نام الف لیلہ یعنی ایک ہزار راتیں رکھا گیا۔

اَلفن: [ا۔ امث] ایک قسم کی تکل۔ پتنگ

اَلفی: [امث] فقیروں کا بغیر بازوؤں کے لمبا کرتہ۔ کفنی

الفی کتاب: [امث] وہ کتاب جس پر چھوٹے چھوٹے سیدھے خط پڑے ہوتے ہیں

الفی کنکوا: [امذ] وہ کنکوا یا پتنگ جس میں اوپر سے نیچے تک دوسرے کاغذ کی ایک چوڑی پٹی لگی ہوئی ہوتی ہے۔

اِلقا: [ع امذ] وہ بات جو دل میں خدا کی طرف سے ڈالی جائے۔ الہام

اَلقاب: [ع۔ امذ] لقب کی جمع۔ وہ وصفی نام جو کسی صفت کی وجہ سے شہرت پا جائے اردو میں بطور واحد بمعنی (۱) خطاب (۲) خط کا عنوان وہ الفاظ جو خط کے شروع میں کسی کو مخاطب کرکے لکھے جاتے ہیں۔

اَلقِصّہ: [ع متعلق فعل] غرضکہ۔ الحاصل۔ قصہ مختصر

اَلقَط: [ع۔ امذ] کاٹ دینا۔ علیحدہ کرنا۔ موقوف کر دینا۔ ختم کرنا۔ تسلیم نہ کرنا۔ غلط۔ بیکار

اَلقط کرنا: [محاورہ] ترک کرنا چھوڑنا۔ نکال دینا۔ جواب دینا۔ تسلیم نہ کرنا۔ موقوف کرنا

اَلقلی: [ع۔ امذ] (ALKALI) کا معرب۔ الکلی (سوڈا۔ پوٹاس) ایک قسم کا نمک

اَلکحل: [ع۔ امث] شراب۔ سپرٹ وغیرہ۔

الکریم اذا وعد وفیٰ: [ع۔ مثل] شریف جو وعدہ کرتا ہے اسے پورا کرتا ہے۔

الکس / الکساہٹ: [ھ۔ امث] سستی۔ کاہلی۔ کام کرنے کو دل نہ چاہنا۔ بدن بھاری ہونا۔

الکسانا: [ھ۔ مص] سستی کرنا۔ کاہلی کرنا۔

الکسی: [ا۔ امث] دیکھئے "الکس"

الکسی آنا / سوار ہونا: [ا۔ محاورہ] کام کرنے کو دل نہ چاہنا۔ جسم کا بھاری معلوم ہونا۔

اَلکن: [ع۔ صفت] جو صاف نہ بول سکے۔ ہکلا

اَلکوس: [ف۔ امذ] ترکستان کا ایک مشہور پہلوان جسے رستم نے قتل کیا تھا۔

اَلکھ: [ھ صفت] نادیدہ۔ پنہاں۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ بغیر شکل و صورت کے مراد خدا تعالیٰ

اَلکھ پرش: [ھ۔ امذ] خدائے نادیدہ۔

الکھ پرش کی مایا۔ کہیں دھوپ کہیں چھایا / سایہ: [ھ۔ مثل] خدا کی قدرت کہیں کچھ ہے کہیں کچھ۔ کہیں خوشی کہیں غم۔ کہیں امیری کہیں غریبی۔ کہیں دھوپ کہیں چھاؤں۔

اَلکھ جاگے: [حرف ندا] جوگیوں کے۔ مانگنے کی صدا۔ یعنی خدا ہر جگہ موجود ہے

الکھ جگانا: [ا۔ محاورہ] خدا کا نام لینا۔ مناجات کرنا۔ گداگری کرنا۔

الکھ دھاری / نامی: [ھ۔ امذ] ہندو سادھوؤں کا ایک فرقہ جو برہما کے سوا کسی کو نہیں مانتے۔

اَلگ: [ھ صفت] علیحدہ جدا۔ نیارا۔ فرق سے۔ فاصلے سے۔ کچھ دور انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔ اکیلا۔ تنہا۔ علاوہ۔ ماسوا۔ سوا۔ چپکے سے آہستہ۔ مستثنیٰ۔ خارج۔ جھکا ہوا۔ اپنی جگہ سے ہٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ شق۔ بے تعلق کنارہ کش۔ اچھوتا۔ غیر مستقل۔ کنارے۔ محفوظ جگہ۔ اپنی جگہ۔ بجز۔ الگ کر

الگ الگ: [ا۔ متعلق فعل] جدا جدا۔ پرے پرے دور دور۔ علیحدہ۔ علیحدہ۔ اکیلا اکیلا

الگ الگ پھرنا: [ا۔ محاورہ] دور دور رہنا۔ پرے پرے رہنا۔

الگ الگ رہنا: [ا۔ محاورہ] دور دور رہنا۔ خفا خفا کھنچے کھنچے رہنا

الگ بٹھانا: [ا۔ محاورہ] علیحدہ بٹھانا

الگ پڑنا: [ا۔ محاورہ] جدا ہونا۔

الگ تھلگ: [ا۔ متعلق فعل] بے تعلق۔ بے لاگ۔ جدا۔ علیحدہ۔

الگ رہنا: [ا۔ محاورہ] بے تعلق رہنا۔ علیحدہ رہنا۔

الگ کرنا / کر دینا: [ا۔ محاورہ] جدا کرنا۔ ہٹانا۔ قطع نظر کرنا۔ توڑ ڈالنا موقوف کرنا۔ چھڑانا۔ باقی معنوں کے لیے دیکھئے "الگ"

الگ کھسکنا: [ا۔ محاورہ] علیحدہ ہٹ جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ دور رہنا۔

الگ ہونا: [ا۔ محاورہ] جدا ہونا۔ ٹوٹنا۔ موقوف ہونا۔ کھسکنا۔ سرکنا۔

اُلک ہی اُلک: [ا۔ متعلق فعل] اوپر ہی اوپر۔ اکیلے ہی اکیلے

اَلگنی: [ا۔ امث] وہ ڈوری۔ رسی یا تار جس پر کپڑے لٹکاتے یا ڈالے جاتے ہیں۔

اَلگنی پر ڈالنا: [ا۔ محاورہ] سکھانے کے لیے ڈالنا۔

اَلگنی پر ڈالنے کے لائق ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت کمزور اور دُبلا ہونا۔

اَلّل بچھیرا: [ا۔ امذ] (اصل میں اُلیل بچھیرا تھا) گھوڑے کا نخیز بچہ جس پر ابھی سواری نہ ہوئی ہو۔ بے فکر۔ بے پروا جوان۔ ناتجربہ کار

اَلّل ٹپ / اَلّل ٹپو: [ا۔ صف] اٹکل پچو۔ خیالی۔ بادہوائی۔

اَلّل جھپ: [ا۔ صف] متزلزل۔ غیر مستقل۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنے والا۔ بے پرواہ۔

اَللّے تللّے: [ا۔ امذ] فضول خرچی۔ اسراف۔ عیش و عشرت

اللہ: [ع۔ امذ] خدا تعالیٰ کا نام۔ یہ اسم ذات ہے۔ وہ ذات جس میں حُسن و خوبی کے تمام اوصاف جمع ہیں۔ مسلمان اس نام کو خُدا کا ذاتی نام تصور کرتے ہیں۔ دوسرے تمام ناموں کو صفاتی سمجھتے ہیں۔ لیعنی معبود خاص اس کا استعمال اُردو میں تعجب اور تحیّر مبالغہ۔ خوشی۔ فخر یا اضطراب ا۔ر یاس کی حالت میں بھی ہوتا ہے۔

اللہ آمین: [ا۔ محاورہ] پورا محاورہ اللہ آمین پیر سلامی ہے"۔ یعنی خُدا کی جناب میں دُعا کی پیروں کی درگاہوں کو سلام کیا تب یہ دن نصیب ہوا۔

اللہ آمین سے پالنا: [ا۔ محاورہ] نازو نعمت سے پالنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔

اللہ آمین کا: [صفت] نازوں کا پالا ہوا۔ بہت منت اور دعاؤں کا بہت عزیز اور بہت پیارا۔

اللہ آمین کرنا: [ا۔ محاورہ] بہت غور و پرداخت کرنا۔ خیر و خوبی کی دُعا مانگنا۔

اللہ آمین ہونا: [ا۔ محاورہ] غور و پرداخت ہونا۔

اللہ اٹھالے یا اُٹھا لیتا: [ا۔ محاورہ] مرجائے۔ موت آجائے یا موت آجاتی

اللہُ اکبر: [مرکب توصیفی] اللہ بڑا ہے۔ یہ تکبیر ہے نماز میں نیت کے بعد رکوع و سجود کے اوّل و آخر۔ جنگ میں حملہ آور ہونے کے وقت جانور کو ذبح کرنے کے وقت۔ عیدین کی نماز کو گھر سے جاتے وقت۔ قبرستان سے گزرنے وقت کہی جاتی ہے (۲) بول چال میں تعجب و حیرت شکوہ۔ شکایت۔ صفت و مبالغہ اور فخر کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

اللہ اللہ: [کلمۂ تعجبیہ] واہ واہ سُبحان اللہ (۲) شکوہ شکایت کی جگہ (۳) سلام کی جگہ (۴) شناسائی۔ صاحب سلامت۔ تحسین و آفرین

اللہ اللہ خیر سلّا: [ا۔ محاورہ] بس۔ خاتمہ۔ فراغت۔ فرصت ملی

اللہ اللہ رے: [ا۔ کلمہ مبالغہ] مبالغہ کی جگہ استعمال ہوتا ہے

اللہ اللہ کرکے: [ا۔ محاورہ متعلق فعل] خُدا خُدا کرکے۔ بڑی دشواری سے بڑی مشکل

اللہ اللہ کرنا: [ا۔ محاورہ] خدا کی عبادت کرنا۔ وظیفہ پڑھنا۔ توکل کرکے بیٹھ رہنا۔

اللہ اللہ کرو: [ا۔ محاورہ] جھوٹ نہ بولو۔ مبالغہ نہ کرو۔ خدا سے ڈرو۔

اللہ اللہ کی چیز: [ا۔ امث] نذر نیاز کی چیز جو نیاز دینے سے پہلے چھوٹی نہیں کی جاتی۔

اللہ بچائے: [ا۔ کلمۂ پناہ] خُدا محفوظ رکھے

اللہ بخشے: [ا۔ کلمہ مغفرت] اللہ مغفرت کرے۔ خدا محفوظ رکھے۔

اللہ بسم اللہ کرنا: [ا۔ محاورہ] غور و پرداخت۔ منتیں۔ مرادیں۔ مانگنا

اللہ بس باقی ہوس: [ا۔ مقولہ] سوائے خدا کے اور سب ہیچ ہے۔

اللہ بھلا کرے: [ا۔ کلمہ دعا] (۱) فقیروں کی صدا (۲) کسی کے سلوک اور نیکی پر دعائیہ کلمہ۔

اللہ بیلی: [ا۔ کلمہ دُعا] عورتوں کا سلام۔ خدا حافظ

اللہ پر نگاہ / نظر رکھنا: [ا۔ محاورہ] خدا پر بھروسا ہونا۔ ہراساں نہ ہونا۔

اللہ پر نگاہ رہنا: [ا۔ محاورہ] خدا ہی پر بھروسا رہنا۔ تسلیم و رضا پر قائم رہنا۔

اللہ پیر ماننا: [ا۔ محاورہ] منتیں ماننا۔ دعائیں مانگنا۔ نذر نیاز دینا۔

اللہ پیر منانا: [ا۔ محاورہ] منتیں ماننا۔ دعائیں مانگنا۔ نذر نیاز دینا۔

اللہ توکلی: [ا۔ متعلق فعل] خدا کے بھروسے پر

اللہ توکلی کارخانہ ہے: [ا۔ محاورہ] توکل پر بسر اوقات ہے کوئی انتظام نہیں۔ بے پروائی ہے۔

اللہ جانتا ہے: [ا۔ محاورہ] خدا کو علم ہے۔ قسم کی جگہ

اللہ جانے: [ا۔ محاورہ] خدا کو علم ہے واللہ اعلم بالصّواب، کسی بات کو نہ جاننے سمجھ نہ آنے یا مصلحتاً نہ بتانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

اللہ جھوٹ نہ بلوائے: [ا۔ محاورہ] جب ایسی بات کہنی ہوتی ہے جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ یہ سچ ہے یا غلط تو اس موقع پر عورتیں اس طرح کہا کرتی ہیں۔

اللہ حافظ: [ع] [ا۔ کلمہ دُعا] خُدا اپنی حفاظت میں رکھے۔ رخصت کے وقت کہا جاتا ہے۔

اللہ خیر کرے: [ا۔ کلمہ دعا] خطرے اور اندیشے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

اللہ دے اور بندہ لے: [ا۔ محاورہ] کسی بات کی کثرت یا غصہ کو ظاہر کرنے کے لیے کہا جاتا ہے۔ اللہ دینے والا ہے جو کچھ دے شکر سے لے لینا چاہیے۔

اللہ رکھے: [ا۔ کلمہ دعا] خدا زندہ رکھے۔ خُدا قائم رکھے۔ چشم بد دُور۔

اللہ رکھے تو کون چکھے: [ا۔ محاورہ] جسے اللہ صحیح سالم رکھنا چاہے اُسے کون نقصان پہنچا سکتا ہے۔

اللہ رے: [حرف فجائیہ] تعریف اور مذمت میں مبالغے کیلئے بولتے ہیں اُف رے۔ بل بے۔

اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی: [ا۔ محاورہ عو] اُف بے حیائی واہ رے ڈھٹائی

اللہ رے دماغ: [ا۔ محاورہ] کس قدر مغرور ہے۔

اللہ رے ہیں: [ا۔ محاورہ] واہ رے ہیں۔ اپنے آپ پر فخر کرنا۔

اللہ سلامت رکھے: [کلمہ دعا] خُدا برقرار رکھے۔ زندہ رکھے۔

اللہ سے ڈرو: [ا۔ محاورہ] خُدا کا خوف کرو۔ جھوٹ نہ بولو۔ ظلم نہ کرو۔

اللہ سے کام پڑا ہے: [ا۔ محاورہ] جان کے لالے پڑے ہیں۔ سخت مصیبت میں مبتلا ہے۔

اللہ سے لو لگی ہے: [ا۔ محاورہ] خُدا ہی کا آسرا ہے۔ قریب مرگ ہے۔ خُدا کی طرف دھیان ہے۔

اللہ شاہد ہے: [کلمہ قسمیہ] خُدا گواہ ہے قسم ہے۔

اللہ غنی: [کلمہ فجائیہ] اللہ بے پروا ہے۔ کسی صدمہ۔ تکلیف یا تعجب کے موقع پر بولتے ہیں۔

اللہ غنی تو کاہے کی کمی: [ا۔ مقولہ] خُدا کے پاس سب کچھ ہے وہ چاہے

کو ایک دم میں امیر کردے ۔ اللہ کے گھر میں کمی نہیں ، اس سے مایوس نہیں ہونا چاہیئے ۔

اللہ کا الف : [ا ر ۔ اِ مذ] دیکھئے " الف آزاد کا "

اللہ کا بندہ : [ا ر ۔ مرکب اضافی ۔ مذ] ا ۔ خدا کا بندہ ۔ خُدا کا غلام (۲) نیک رحم دِل (۳) (طنزاً) سیدھا سادہ ۔ بے وقوف

اللہ کا پیارا : [ا ر مرکب اضافی ۔ مذ] خُدا کا محبوب ۔ بزرگ ۔ ولی

اللہ کا دیا سر پر : [ا ر مثل] جب کوئی بات قابو سے باہر ہو اور گوارا کرنی پڑے تو کہتے ہیں یعنی اللہ کی طرف سے جو کچھ ہو وہ گوارا کرنا پڑتا ہے ۔

اللہ کا دیا نور ، کبھی نہ ہووے دُور : [ا ر مثل] اللہ کی دی ہوئی چیز کو زوال نہیں ۔ جب خضاب لگانے کے باوجود چند سفید بال رہ جاتے ہیں تو عورتیں مزاحاً کہتی ہیں

اللہ کا کلام : [ا ر ۔ مرکب اضافی ۔ اِ مذ] قرآن مجید

اللہ کا گھر : [ا ر ۔ مرکب ظرفی ۔ مذ] ا ۔ خانۂ کعبہ (۲) مسجد (۳) انسان کا دِل

اللہ کا گھر بڑا ہے : [ا ر مثل] اللہ کے پاس کسی چیز کی کمی نہیں ۔ وہ بڑا کارساز ہے خُدا سے کبھی مایوس نہیں ہونا چاہیئے ۔ خدا پر بھروسا رکھنا چاہیئے ۔

اللہ کا محبُوب : [ا ر مرکب اضافی] ا ۔ اللہ کا پیارا (۲) پیغمبر آخرالزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ کا نام : [ا ر ۔ محاورہ] سوائے خدا کے نام کے کچھ باقی نہیں ۔ کچھ نہیں

اللہ کا نام لو : [ا ر ۔ محاورہ] اللہ سے ڈرو ۔ اتنا جھوٹ نہ بولو ۔ اتنی زیادتی نہ کرو ۔

اللہ کا نام محمدؐ کا کلمہ : [ا ر ۔ محاورہ] کچھ موجود نہیں ۔ بالکل ناداری ہے ۔ (یعنی سوائے خدا کے نام اور محمدؐ کے کلمہ کے اور کچھ پاس نہیں ۔)

اللہ کا نام ہے : [ا ر ۔ محاورہ] کچھ باقی نہیں رہنے ۔ کچھ موجود نہیں ہے ۔ (سوائے خُدا کے نام کے)

اللہ کا نور : [ا ر ۔ مرکب اضافی مذ] ا ۔ اللہ کی تجلی (۲) سفید داڑھی (۳) حسین وجمیل

اللہ کرے : [ا ر ۔ کلمۂ تمنا] خدا کرے ایسا ہی ہو ۔

اللہ کو پیارا ہونا : [ا ر ۔ محاورہ] مر جانا

اللہ کو دیکھنا : [ا ر ۔ محاورہ] رنج و مایوسی کی حالت میں خُدا پر بھروسا کرنا ۔ صبر کرنا ۔

اللہ کو سونپنا : [ا ر محاورہ] خدا کے سپرد کرنا ۔ رخصت کے وقت خدا حافظ کہنا

اللہ کو مانو : [ا ر ۔ محاورہ] خدا کا خوف کرو ۔ اس بات سے باز آؤ ۔

اللہ کو منہ دکھانا ہے : [ا ر ۔ محاورہ] خُدا سے ڈرو ۔ آخر حشر کے دِن اس کو حساب دینا ہے ۔ ان بداعمالیوں سے باز آؤ ۔

اللہ کو یاد کرو : [ا ر محاورہ] خدا پر بھروسا رکھو اور گھبراؤ نہیں ۔

اللہ کی امان : [ا ر کلمہ پناہ] خدا بچائے ۔ خُدا اپنی پناہ میں رکھے ۔

اللہ کی امان پیروں کا سایہ
اللہ کی امان پیر پیغمبر کا سایہ } [ا ر جملہ دعا] خُدا اور پیر پیغمبر حفاظت کریں کسی کو رخصت کرتے وقت بطور دُعا کہتے ہیں ۔

اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے : [ا ر منقولہ] خُدا کے بھید کوئی نہیں پا سکتا ۔ انسان خدا کی مصلحت کو نہیں سمجھ سکتا ۔

اللہ کی پناہ : [ا ر کلمہ پناہ] خُدا بچائے ۔ خدا محفوظ رکھے ۔

اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری : [ا ر منقولہ] علانیہ کوئی بیہودہ کام کرتے وقت ڈھٹائی سے کہتے ہیں ۔

اللہ کی راہ : [ا ر ۔ مرکب اضافی ۔ امث] نیک کام ۔ ثواب کا کام ۔

اللہ کی سنوار : [ا ر ۔ مرکب اضافی امث] عورتوں کے انداز میں بددعا ۔ خُدا کی لعنت ۔

اللہ کی شان : [ا ر ۔ مرکب اضافی ۔ امث] خلاف توقع اور خلاف مرتبہ کام ہونے پر کہتے ہیں ۔

اللہ کی قدرت ہے
اللہ کی قدرت نظر آتی ہے
اللہ کی قدرت کا تماشا نظر آتا ہے } [ا ر جملہ تعجب] کسی عجیب و غریب بات پر اظہار تعجب کے لیے ، حسن و کمال کی تعریف کے لیے ، خلاف توقع کام پر اظہار حیرت کرنے کے لیے کہتے ہیں ۔

اللہ کی گائے : [ا ر ۔ امث] دیکھئے " اللہ میاں کی گائے "

اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں : [ا ر مثل] خدا اس طرح ظلم کا بدلہ لیتا ہے کہ گمان بھی نہیں ہوتا ۔

اللہ کی ہزار باتیں ہیں : [ا ر محاورۃً] کوئی کسی کے پاس امانت رکھنا چاہے تو اس سے انکار کرنے وقت عورتیں کہتی ہیں کہ خدا جانے کیا ہو ، کوئی ہرج مرج ہو جائے ۔ اس لیے ہم یہ ذمہ داری قبول نہیں کرتے ۔

اللہ کے بڑے بڑے ہاتھ ہیں : [ا ر مثل] اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت وسیع ہے ۔ اس سے مایوس نہیں ہونا چاہیئے ۔

اللہ کے فقیر : [ا ر ۔ اِ مذ] درویش کامل ۔ ولی اللہ ۔

اللہ کے گھر سے پھرنا : [ا ر محاورہ] مرتے مرتے بچنا ۔ سخت مرض یا صدمے سے بچ جانا ۔

اللہ کے گھر میں کیا کمی ہے : [ا ر محاورہ] خُدا کے پاس کسی چیز کی کمی نہیں ۔

اللہ کے مست : [ا ر ۔ اِ مذ] خُدا رسیدہ ، مجذوب ، پہنچے ہوئے لوگ ۔

اللہ کے نام پر : [ا ر متعلق فعل] فی سبیل اللہ ۔ خُدا کی راہ میں ۔ خُدا کے واسطے ۔

اللہ لاٹھی لے کے تھوڑا ہی مارتا ہے : [ا ر ۔ منقولہ] خُدا گناہ کی سزا اس طرح دیتا ہے کہ وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتا ۔

اللہ لگتی : [ا ر ۔ امث] انصاف کی بات ۔ صحیح بات ۔ حق کی بات ۔ سچی بات ۔

اللہ لوگ / اللہ والے لوگ : [ا ر ۔ اِ مذ] نیک ۔ سادہ ۔ بزرگ

اللہ مارا : [ا ر ۔ اِ مذ] (اظہارِ نفرت کے موقع پر) خُدائی خوار ۔ ذلیل ۔ مصیبت زدہ ۔

اللہ ملائی جوڑی ، کوئی اندھا کوئی کوڑھی : [ا ر مثل] دونوں ایک جیسے ہیں ۔ عیب دار کو عیب دار مل جاتا ہے ۔

اللہ میاں : [ع ۔ ا ر ۔ اِ مذ] محبت اور احترام کے لیے " میاں " کا اضافہ کر دیا جاتا ہے ۔ خُداوند تعالیٰ ۔

اللہ میاں بھرے کو بھرتے ہیں : [ا ر ۔ منقولہ] اس موقع پر کہتے ہیں جب ضرورت مند محروم رہے اور جس کو ضرورت نہ ہو اس کو مزید مل جائے ۔

اللہ میاں کا رحم : [ا ر ۔ اِ مذ] عورتیں رت جگے میں گلگلوں کے علاوہ چاولوں کے آٹے میں کھانڈ ملا کر پیڑے سے بناتی ہیں ، جن کو اللہ میاں کا رحم کہتے ہیں

اللہ میاں کا طاق بھرنا : [ا ر محاورہ] مسجد کے طاق میں گلگلے اور رحم رکھنا

اللہ میاں کی بھینس : [ا ر ۔ امث] ا ۔ ایک سیاہ رنگ کا سخت جان کیڑا جو برسات میں ہوتا ہے (۲) موٹا ، بھدا اور سیاہ فام آدمی ۔

اللہ میاں کی گائے : [ا ر ۔ امث] بھولا بھالا اور سیدھا سادہ آدمی

اللہ نگہبان : [ا ر کلمہ دُعا] خدا حافظ (رخصت کے وقت کہتے ہیں)

اللہ نہ دکھائے: [ا۔ کلمہ دُعا] کسی چیز یا وقت سے نفرت اور خوف ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں کہ خدا کرے ایسا نہ ہو۔

اللہ نے یہ دن دکھایا: [ا۔ محاورہ] کسی خوشی کے موقع پر کہتے ہیں کہ اللہ نے اپنی مہربانی سے یہ موقع نصیب کیا۔

اللہ والے: [ا۔ اند۔ ج] ا۔ فقیر۔ ولی اللہ۔ خدا رسیدہ۔ بزرگ (۲) بیسے سادے۔ بیوقوف

اللہ والے لوگ: [ا۔ اند۔ ج] باخدا لوگ۔ جو دُنیا چھوڑ کر خدا کے ہو رہیں۔ بزرگ لوگ۔

اللہ والی ہے: [ا۔ محاورہ] اللہ مالک ہے کسی معاملہ میں بے بس ہونے پر کہتے ہیں کہ خدا ہی کارساز ہے۔ وہی سب کچھ کر سکتا ہے، مگر بظاہر اُمید نہیں۔

اللہ ہے رہی ہے: [ا۔ محاورہ] مایوسی کی حالت میں کہتے ہیں کہ خدا چاہے تو ایسا ہو جائے، مگر بظاہر اُمید نہیں

اللہ ہی اللہ: [ا۔ کلمہ مبالغہ] تعریف میں مبالغہ کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ یعنی تعریف سے بالاتر ہے۔

اللہ ہی اللہ ہے: [ا۔ محاورہ] ا۔ ہر جگہ ہر چیز میں خدا ہی کا جلوہ ہے۔ (۲) کچھ نہیں ہے (۳) نہایت خوشی کے موقع پر۔ زہے نصیب۔ خوف تقدیر (۴) نہایت تعریف کے موقع پر۔ بہت خوب (۵) تعجب کے موقع پر۔ سبحان اللہ کیا کہنے (۶) فقیر کی صدا

اللہ یار ہے تو بیڑا پار ہے: [ا۔ محاورہ] خدا نے مدد کی تو تمام مشکلیں آسان ہو جائیں گی۔

اَلَم: [ع۔ اند] رنج۔ غم۔ ملال۔ دُکھ۔ کلفت۔ سوگ

اَلَم اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] رنج برداشت کرنا۔ غم کھانا

اَلَم انگیز: [عف افاعل] رنج پیدا کرنے والا۔ دُکھ دینے والا۔

اَلَم پہنچنا: [ا۔ محاورہ] دُکھ پہنچنا۔ رنج پہنچنا۔

الماری: [ہ۔ امث] پُرتگالی لفظ "المارا" سے اسم مونث۔ لکڑی کا ایک کھڑا صندوق جس میں تختے لگا کر خانے بنائے ہوئے ہوتے ہیں۔

اَلماس: [ت۔ اند] ایک بیش قیمت پتھر۔ از قسم ہیرا جو شیشے کو کاٹ دیتا ہے کانوں، پہاڑوں اور دریاؤں میں پایا جاتا ہے۔

اَلماغوجی: [ا۔ اند] ا۔ وہ شخص جس کے نسب کا پتہ نہ ہو (۲) فضول اور ناکارہ چیز (۳) دغابازی اور دھاندلی سے کوئی چیز دبا بیٹھنا۔

اَلمانی: [ع صف] جرمنی سے منسوب۔ جرمنی کا رہنے والا۔

اَلمانیہ: [ع۔ اند] جرمنی (یورپ کا ایک ملک)

اُلمبا: [ہ۔ اند] وہ سختی جو کسی دُنبل یا زخم کے گرداگرد کناروں پر ہوتی ہے گھٹی۔ سوجی ہوئی گلٹی جس میں درد نہیں ہوتا۔

اَلمختصر: [ع۔ متعلق فعل] قصہ کوتاہ۔ الحاصل

اَلمَدَد: [ع۔ کلمہ ندا] مشکل کے وقت مدد کے لیے پکارنا

اَلمرءُ یقیسُ علیٰ نفسہٖ: [ع فعل] ہر شخص دوسرے کو اپنے نفس کے مطابق خیال کرتا ہے جیسا خود ہوتا ہے ویسا ہی دوسرے کو سمجھتا ہے۔

اَلمست: [ا۔ صفت] بدمست۔ مدہوش۔ نفسانی خواہشوں سے بھرا ہوا۔

المضاعف: [ع۔ صف] دوگنا۔ دوچند۔

المعنیٰ فی بطن الشاعر: [ع مقولہ] کسی بات کا مطلب واضح نہ ہو تو کہتے ہیں۔ شعر کے معنی شاعر ہی جانے یا شاعر ہی کے دل میں ہوں گے۔

الم غلّم: [ا۔ اند] ا۔ بے معنی اور فضول باتیں (۲) بے کار چیزیں۔

الم غلّم بکنا: [ا۔ محاورہ] فضول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔

اَلَم غَلَم کرنا: [ا۔ محاورہ] چرا لینا۔ اڑا لینا۔ غبن کرنا۔

اَلَم غلّم کھانا: [ا۔ محاورہ] واہیات، بیکار، رکھی چیزیں کھانا

اَلمکتوبُ نصفُ الملاقات: [ع مقولہ] خط لکھنا، آدھی ملاقات کے برابر ہوتا ہے۔

اِلَل ٹَلَل (ڈھمل) (اِل ٹِل بِل): [ہ۔ اند۔ عو] ضروری کام ترک کرنا، چھوڑ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔

اَلَم نشرح: [ع۔ اند] ا۔ مشہور۔ ظاہر۔ کھلا (۲) قرآن مجید کی ایک سورۃ جو "الم نشرح" سے شروع ہوتی ہے۔

اَلَم نشرح کرنا: [ا۔ محاورہ] مشہور کر دینا۔ ظاہر کر دینا۔

اَلم نشرح ہونا: [ا۔ محاورہ] مشہور ہونا۔ ظاہر ہونا۔

اَلمنّت للہ: [ع۔ کلمۂ تشکر] خدا کا شکر ہے۔

اَلموت: [ع۔ اند] ا۔ عُقاب کا آشیانہ (۲) ایک قلعہ جو قزوین اور گیلان کے درمیان ہے جس پر حسن بن صباح نے قبضہ کیا تھا بہت زیادہ بلندی پر واقع ہونے کی وجہ سے الموت مشہور ہوا۔ کیونکہ عقاب کا آشیانہ بھی بہت بلند ہوتا ہے۔ [دیکھئے ایلومینیم]

اَلمیّہ: [ع۔ اند] دردناک واقعہ۔ انگریزی لفظ TRAGEDY کا ترجمہ

اُلّنی: [ا۔ امث] ا۔ اُلّو کی تانیث (۲) بے وقوف عورت

الّا یدرک کلّہٗ لا یترک کلّہٗ... **اَلنّادِرُ کالمعدوم**: [ع مقولہ] کمیاب چیز نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔

اَلَنگ: [ہ۔ امث] طرف۔ سمت۔ پہلو۔ سلسلہ۔ قطار۔ ضلع

اُلنگ: [ہ۔ صف] ننگا۔ مادرزاد۔ برہنہ۔

اُلَنگنا: [ا۔ مص] کودنا۔ چھلانگ لگانا۔ پھاندنا۔ پھلانگنا

اُلّو: [ا۔ اند] ویرانوں میں رہنے والا ایک پرندہ جو دن بھر سوتا اور رات کو جاگتا اور شکار کرتا ہے چہرہ اس کا بلی سے مشابہ ہوتا ہے۔ قد چیل کے برابر۔ اسے منحوس اور بیوقوف خیال کیا جاتا ہے (۲) بیوقوف۔ احمق۔

اُلّو بنانا: [ا۔ محاورہ] بے وقوف بنانا۔ خوب لوٹنا۔ بدمست کرنا۔

اُلّو بننا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اُلّو بنانا" جس کا یہ لازم ہے

اُلّو بولنا: [ا۔ محاورہ] ویران ہونا۔ اُجاڑ ہونا

اُلّو پھنسنا: [ا۔ محاورہ] کسی بیوقوف کا قابو میں آنا۔ فریب کھا جانا۔

اُلّو کا پٹھا: [ا۔ اند] نہایت بیوقوف۔ احمق۔ گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

اُلّو کا گوشت کھلانا: [ا۔ محاورہ] بیوقوف بنانا۔ قابو میں کرنا۔

اُلّو کی خاصیت رکھنا: [ا۔ محاورہ] منحوس ہونا

اُلّو کی دُم فاختہ: [ا۔ صف] نہایت بے وقوف۔ گھامڑ

اُلّو کے منہ نام پڑنا: [محاورہ] کسی نام یا چیز کو بار بار رکھتے رہنا۔ رٹنا۔ بکتے رہنا۔

اُلّو کی ہوک: [ا۔ امث] اُلّو کی آواز

اُلّو فاختہ: [ا۔ صف] بے عقل۔ بیوقوف

اُلّو ماں کا خبطی بیٹا: [ا۔ مثل] بے وقوف ماں کا بیوقوف بچہ۔ حماقت موروثی ہوتی ہے۔

اُلو داہی سمجھنا: [ا۔ محاورہ] بیوقوف جاننا

اُلو ہو جانا: [ا۔ محاورہ] نشہ میں چور ہو جانا۔ بے ہوش ہو جانا

اُلو پٹھے: [ا۔ محاورہ] بے وقوف ہے۔

اَلواح: [ع۔ امث] دیکھئے "لَوح" جس کی یہ جمع ہے۔

اَلواط: [ع۔ اصف] لُوطی کی جمع۔ تماش بین۔ اوباش

اَلوان: [ع۔ امذ] لَون کی جمع۔ بہت سے رنگ (۲) پشمینہ جس پر کام بنا کر اکثر دوشالے یا رُومال تیار کرتے ہیں۔

اَلوپ: [ہ۔ صف] چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ غائب

اَلوپ انجن: [ہ۔ امذ] وہ کاجل جس کے لگانے سے، لگانے والا دوسرے لوگوں کی نظروں سے غائب ہو جاتا ہے۔

الوپ ہو جانا: [ا۔ محاورہ] غائب ہو جانا

اَلوَداع: [ع۔ کلمہ رخصت] رخصت ہونا

اَلوَداع کہنا: [ا۔ محاورہ] رخصت کرنا۔ خدا حافظ کہنا

اُلوف: [ع۔ امذ] اَلف کی جمع۔ ہزاروں۔

اَلول: [ہ۔ امذ] اُچھل کود (خصوصاً گھوڑے کی)

الول کلول: [ہ۔ امذ] کھیل کود

الومینیم: [انگ۔ امذ] ایک سفید ہلکی دھات جو چمکدار ہی کا مرکب ہے (سلور) (ALUMINIUM)

اَلونا: [ہ۔ صف] بغیر نمک کا۔ پھیکا۔ بے مزہ۔

اَلوند: [ایران] ہمدان کے قریب ملک فارس / ایران میں ایک بہت بڑا پہاڑ

اُلوہی: [ع صف] اَللہ سے منسوب

اُلوہیت: [ع۔ امث] خدائی۔ ربانیت۔ معبودیت۔ شان خداوندی

اِلٰہ: [ع۔ امذ] معبود۔ خدا۔ جس کی عبادت کی جائے۔

اِلٰہ العالمین: [ع۔ امذ] جہانوں کا معبود۔ خدا۔

اِلہام: [ع۔ امذ] وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں ڈالی جائے۔ اِلقاء۔ وحی

اِلہامی: [ع صف] (الہام سے منسوب)

اُلہنا: [ہ۔ امذ] الزام۔ تہمت۔ جُھنجھلاہٹ

الہنا دینا: الزام دینا

اَلھڑ: [ہ۔ امذ] کم سن۔ نادان۔ بھولا

اَلھڑپنا: [ہ۔ امث] کم سنی۔ نادانی۔ بھولا پن

اِلٰہی: [ع۔ امذ] میرے اللہ۔ میرے خدا (۲) اللہ سے منسوب

الٰہی پناہ: [کلمہ پناہ] کسی خطرے یا ضرر کے وقت بولتے ہیں۔ خدایا بچا!

الٰہی توبہ: [ا۔ محاورہ] خدا کے ڈر سے کسی فعل کے آئندہ نہ کرنے کا وعدہ کر کے پناہ مانگنا۔ اللہ معاف کرے آئندہ ایسا نہ ہوگا (۲) کسی کے زیادہ جھوٹ بولنے پر خوف کھانے کی جگہ یا زچ ہو جانے یا تنگ پڑ جانے کی جگہ بولا جاتا ہے۔

الٰہی خرچ: [ا۔ امذ] بے اندازہ خرچ

الٰہی خیر: [ا۔ کلمہ دعا] الٰہی تیری پناہ۔ اللہ بہتر کرے

الٰہی کارخانے: [ا۔ امذ] خدا کی قدرت اور اس کے کام

الٰہی گز: [ا۔ امذ] اکبر بادشاہ کا رائج کیا ہوا گز

الٰہی مذہب: [ا۔ امذ] اکبر بادشاہ کا رائج کردہ دینِ الٰہی

الٰہی مہر: [ا۔ امث] مہر شاہی۔ لازمی اور ضروری قرضہ۔ جو قرضہ لازماً ادا کرنا پڑے۔

اِلٰہیات: [ع۔ امذ] ۱۔ الٰہی سے منسوب (۲) ایک علم جس میں خدا کے وجود اور ذات و صفات سے بحث کی جاتی ہے۔

اِلیٰ: [ع حرف جار] تک۔ تلک

اِلی الآن: [ع متعلق فعل] اب تک۔ اس وقت تک

اِلیہ: [ع متعلق فعل] اُس تک۔ اس کی طرف

اِلیہم: [ع متعلق فعل] دیکھئے "اِلیہ" جس کی یہ جمع ہے

اَلیا بلیا: [ہ۔ امث] ۱۔ بدشگنی (۲) جھینٹ نذر (۳) کوئی چھوٹی سی جلتی ہوئی چیز جس سے ہندو دیوالی کے موقع پر ایک دوسرے سے چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں۔

اِلیاس: [ع۔ امذ] ایک مشہور پیغمبر جو خدا کے حکم سے زندہ ہیں اور تری میں بھٹکوں کو راستہ دکھلاتے ہیں۔

الیچنا: [ا۔ مص] کسی جگہ سے پانی نکال کر پھینکنا۔ پانی پھینکنا۔

اَلیف: [ع۔ صف] ساتھی۔ دوست۔ واقف

اَلیق: [ع۔ اتفضیل] بہت لائق۔ نہایت / بے حد موزوں

الیکشن: [انگ۔ امذ] (ELECTION) انتخاب۔ چناؤ۔ لوگوں کا اپنے نمائندے چننے کا عمل۔

اُلیل: [ہ۔ امث صف] [اُردو میں بضم اول بولتے ہیں] ۱۔ اچھل کود۔ کلیل۔ امنگ۔ ترنگ۔ شوخی (۲) ناکندہ۔ بچھیرا۔ ناتجربہ کار۔ شوخ۔

اَلیم: [ع۔ صف] دردناک۔ تکلیف دہ

ا ـــ م

اَم: [ا۔ صوت] دُودھ پیتے بچے کی زبان میں پانی کا اشارہ۔

اِم: [ف۔ امث] یہ۔ اسی۔ مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل ہے۔ مثلاً امسال

اُم: [ع۔ امث] ماں (۲) اصل

اُم الامراض: [ع۔ امث] مرضوں کی ماں۔ کوئی بیماری جس سے دوسری بیماریاں پیدا ہوتی ہوں (زکام۔ قبض وغیرہ)

اُم الخبائث: [ع۔ امث] ۱۔ تمام خرابیوں کی جڑ (۲) مجازاً شراب۔

اُم الصبیان: [ع۔ امث] بچوں کی مرگی

اُم العلوم: [ع۔ امث] علم (۱) لفظی معنی تمام علموں کی ماں (۲) علم صرف

اُم القریٰ: [ع۔ امث] (شہروں کی ماں) مکہ معظمہ

اُم الکتاب: [ع۔ امث] قرآن شریف کی سُورۂ فاتحہ (۲) قرآن مجید (اقبال)

اُم الولد: [ع۔ امث] اس لونڈی کو کہتے ہیں جس سے آقا صحبت کرے اور اس سے اولاد ہو۔

اُم غیلان: [ع۔ امث] ببول۔ کیکر۔

اَمّا: [ع۔ حرف۔ استدراک] لیکن۔ مگر۔ تاہم۔ پھر بھی۔

اَمّا بعد: [ع متعلق فعل] اس کے بعد۔ بعد ازاں

اِمارت: [ع۔ امث] تونگری۔ دولتمندی۔ حکومت۔ سرداری

اَمّارہ: [ع۔ امبالغہ] ۱۔ کثرت سے حکم دینے والا (۲) بدی کی طرف رغبت دلانے والا۔ سرکش (۳) نفس انسانی کی ایک قسم

اَماس: [ہ۔ امث ق] ۱۔ اندھیری رات۔ اماوس۔ چاند کی

کی ۲۸ تاریخ جو مکمل اندھیری ہوتی ہے۔

اَماکِن: [ع۔ اند] مکان کی جمع الجمع مکانات۔ مقامات۔ جگہیں

اماکنِ شریفہ و متبرکہ و مقدسہ: [ع۔ اند] زیارت گاہیں۔ مقدس مقامات

اِمالہ: [ع۔ اند] ۱۔ مائل کرنا (۲) اصطلاح صرف میں الف یا ہائے ہوز پر ختم ہونے والے الفاظ کے بعد اگر کوئی حرف ربط آجائے۔ تو الف یا ہائے ہوز کو یائے مجہول سے بدل دے۔ مثلاً گھوڑے پر۔ لڑکے سے۔ بندے سے۔ مدرسے

اِمام: [ع۔ اند] پیشوا۔ ہادی۔ رہبر (۲) نماز پڑھانے والا (۳) تسبیح میں اوپر کا لمبا دانہ

اِمامِ اعظم: [ع۔ اعلم] دیکھئے ابوحنیفہ

اِمام باڑہ: [ع۔ ار۔ اند] وہ مکان جو خاص طور پر تعزیہ داری کے لیے بنایا جاتا ہے اہل تشیع (شیعہ) یہاں واقعاتِ کربلا کے ذکر کے لیے مجلس منعقد کرتے ہیں

اِمام ضامن کا روپیہ: [ار۔ اند] جب کوئی سفر کو جانے لگتا ہے تو گھر والے اس کے بازو پر امام ضامن کا روپیہ باندھ دیتے ہیں جس کو مسافر منزل مقصود پر پہنچ کر خیرات کر دیتا ہے (روپیہ کی تخصیص نہیں دولت مند لوگ اشرفی اور مفلس پیسہ ٹکا بھی باندھ سکتے ہیں۔

امام ضامن کو سونپا: [ار۔ کلمہ دعا۔ عو] کسی مسافر کے سفر کے وقت اس کے گھر والے کہتے ہیں کہ جاؤ تم کو امام ضامن کو سونپا۔

امام ضامن کی ضامنی: [ار۔ کلمہ دعا۔ عو] یعنی امام علی رضا محافظ و نگہبان ہوں۔ شیعہ عورتیں کسی کے متعلق بطور دعا کہتی ہیں

اِمامت: [ع۔ امث] امام سے اسم کیفیت

اِمامیہ: [ع۔ صف] وہ شیعہ فرقہ جو صرف بارہ اماموں کو مانتا ہے۔

اَمان: [ع۔ اند] ۱۔ پناہ۔ حفاظت (۲) آرام۔ ۳۔ آسائش

اَمان پانا: [ار۔ محاورہ] پناہ ملنا۔ حفاظت میں آنا۔ آرام آسائش نصیب ہونا۔

امان دینا: [ار۔ محاورہ] پناہ دینا۔ حفاظت میں لینا۔

امان مانگنا: [ار۔ محاورہ] پناہ طلب کرنا۔

اَماں: [ار۔ کلمہ خطاب] ارے۔ اے جی (ارے میاں کا مخفف)

اَمّاں: [ار۔ امث] ماں۔ والدہ۔ مادر

اَمّاں باوا: [ار۔ مرکب عطفی] ماں باپ۔ والدین

اَمّاں جان/جانی: [ار۔ امث] ماں کو پیار سے پکارنے کے لیے "جان یا جانی" کا اضافہ کرتے ہیں۔

اَمّاں صدقے/واری: [ار۔ کلمہ دعا] عورتیں پیار سے بچوں کو کہا کرتی ہیں یعنی ماں تجھ پر قربان ہو۔

اَمانا: [ار۔ مص] سمانا۔ بھر جانا۔ اٹ جانا

اَمانت: [ع۔ امث] سپرد کی ہوئی چیز۔ دیانت داری۔ ایمانداری۔ دیانتداری کا کام۔ امین کا عہدہ۔ امن، وامان۔ سلامتی (۲) وہ چیز جس میں تصرف نہ کیا جائے

امانت جاری: [امث] استعمال۔ مالگزاری

امانت خانہ: [عف۔ اظرف] وہ جگہ یا مکان جہاں چیزیں امانت رکھی جائیں۔

امانت خانی زردہ: [ار۔ صف] ایک قسم کا کھانے کا تمباکو جو امانت خان سے منسوب ہے

اَمانت دار: [عف۔ ا۔ فاعل] جس کی حفاظت میں کوئی چیز رکھی گئی ہو۔ امانت رکھنے والا، دیانت دار

امانت داری: [امث] دیانت داری "امانت دار" سے اسم کیفیت ہے

اَمانت رکھنا: [ار۔ محاورہ] حفاظت کی غرض سے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا

اَمانت گزار: [ع۔ اند] وہ شخص جو کسی کی چیز امانت رکھے اور اُسے بجنسہ واپس کر دے۔

امانت میں خیانت: [ار۔ امث] کسی کی امانت رکھی ہوئی چیز میں تصرف کرنا۔

امانت میں خیانت تو زمین بھی نہیں کرتی: [ار۔ مقولہ] ملامت اور الزام کے موقع پر کہتے ہیں (خیال یہ ہے کہ اگر لاش زمین میں امانت رکھ دی جاتے تو وہ خراب نہیں ہوتی) انسان کو امانت میں تصرف نہیں کرنا چاہیئے۔

امانت نامہ: [ع۔ اند] امانت رکھنے کی دستاویز

امانی: [ار۔ امث] وہ کام جو اپنے طور پر کرایا جائے۔ ٹھیکہ پر نہ کرایا جائے

امانی آبادی اجارہ اُجاڑہ: [ار۔ مثل] اپنے طور پر کرایا ہوا کام درست ہوتا ہے اور ٹھیکہ پر کرایا ہوا خراب۔

اَماوس: [ھ۔ امث] اندھیرے پاکھ کی پندرھویں تاریخ۔ قمری مہینے کی ۲۸ تاریخ

اَمبَر: [س۔ اند] ۱۔ چادر۔ اوڑھنا۔ غلاف (۲) آسمان (۳) بادل

امبولینس: [انگ۔ اند] ہسپتال کی گاڑی۔ جنگی ہسپتال (AMBULANCE)

امبی/امبیا: [ھ۔ امث] چھوٹا سا کچا آم۔ کیری (اَب یا انب کی تصغیر)

امپائر: [انگ۔ اند] (UMPIRE) منصف جو کھیلوں میں مقرر کیا جائے

اِمپورٹ: [انگ۔ اند] (IMPORT) درآمد۔ تجارتی مال جو کسی ملک کے اندر دیگر ممالک سے آئے۔

اُمّت: [ع۔ امث] جماعت۔ گروہ۔ قوم۔ جو کسی پیغمبر کے پیرو ہوں۔

اُمّتِ مرحومہ: [ع۔ امث] اُمت جس کی بخشش کی خوشخبری دی جا چکی ہے بخشی ہوئی اُمت۔ مسلمان

اِمتثال: [ع۔ اند] ۱۔ حکم ماننا (۲) تعمیلِ حکم۔ فرماں برداری

اِمتحان: [ع۔ اند] آزمائش۔ جانچ پڑتال (افعال کرنا، ہونا، لینا، دینا)

اِمتحان پاس کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] کامیاب ہونا۔ امتحان میں کامیابی حاصل کرنا۔ بالخصوص کسی تعلیمی امتحان میں کامیاب ہونا

اِمتحان میں پورا اُترنا: [ار۔ محاورہ] آزمائش میں کامیاب ہونا

اِمتداد: [ع۔ اند] (۱) لمبا ہونا (۲) طوالت۔ درازی۔ لمبائی

اِمتزاج: [ع۔ اند] ملاوٹ۔ آمیزش۔ مرکب ہونا۔

اِمتلا: [ع۔ اند] ممتلی ہونا۔ دل متلی کرنے کو چاہنا۔ بدہضمی۔ معدے کا غذا سے یا بدن کا مادے سے بھرا ہونا۔

اِمتناع: [ع۔ اند] ۱۔ منع کرنا (۲) ممانعت۔ مناہی۔ روک

اِمتناعی: [ع۔ صف] کسی چیز سے روکنے والا۔ امتناع سے منسوب

اِمتنان: [ع۔ اند] کسی پر احسان کرنا۔ احسان

اِمتیاز: [ع۔ اند] فرق۔ تمیز۔ پہچان۔ شناخت۔ سمجھ۔ شعور۔ ترجیح۔ مرتبہ

اِمتیاز کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] ۱۔ فرق کرنا۔ تمیز کرنا

اِمتیازی: [ع۔ صف] دیکھئے "امتیاز" جس سے یہ منسوب ہے۔

اُمّتی: [ع۔ صف] اُمت سے منسوب۔ کسی پیغمبر کا ماننے والا۔ کسی پیغمبر کا متبع یا پیرو۔

اَمِٹ: [ھ۔ صف] نہ مٹنے والا۔ پائیدار۔ لافانی۔ قائم رہنے والا۔

اُمڈنا: [ھ۔ ار۔ مص] بل کھانا

اَمثال: [ع-امث] مثل کی جمع۔ کہاوتیں۔ ہم شبیہ۔ ہم صورت۔ ہمشکل
اَمثِلہ: [ع-امث] مثال کی جمع۔ مثالیں۔ نظائر
اَم جانا: [ہ-مص مرکب] ا۔ اعضاء کا بھاری ہو جانا۔ شل ہو جانا۔ بے حس ہو جانا پکا پھوڑا ہو جانا۔ جم جانا۔ قائم ہو جانا۔
اَمجَد: [ع-اتفضیل] بہت بزرگ۔ معزز یا بڑا
اَمچُور: [ہ-اند] کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں (۲) دُبلا پتلا۔ سست سوکھا ہوا آدمی۔
اِمداد: [ع-اند] مدد۔ کمک۔ اعانت۔ سہارا۔ کمک
اِمداد باہمی: [ار امث] ا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا (۲) ایک محکمے ادارے کا نام
اِمدادی: [ع-صف] دیکھئے "امداد" جس سے یہ منسوب ہے
اُمڈنا: [ار-مص] دیکھئے "اُمنڈنا"
اَمر: [ع-اند] حکم۔ کام۔ فعل۔ معاملہ۔ مسئلہ
اَمر بالمعروف و نہی عن المنکر: [ع-اند-مث] بھلائی کا حکم دینا اور بُرائی سے روکنا
اَمَر: [ہ-اند] نہ مرنے والا۔ غیر فانی۔ طویل عمر۔ ہمیشہ رہنے والا۔
اُمَرا: [ع-اند] امیر کی جمع۔ دولت مند۔ رئیس۔ معزز لوگ
اَمراض: [ع-اند] مرض کی جمع۔ بیماریاں
اَمرائی: [ہ-امث] دیکھئے "آم کا باغ"
اَمربیل: [ہ-امث] دیکھئے "آکاس بیل"
اَمرلوک: [س-اند] غیر فانی عالم۔ وہ عالم جو دیوتاؤں کا مسکن ہے۔ سُورگ
اَمرِت: [س-اند] ا۔ آبحیات۔ اکسیر۔ بہت لذیذ اور شیریں۔
اَمرِت بانی: [ہ امث] شیریں کلام۔ میٹھی باتیں۔ خوش بیانی
اَمرِت پھل: [ہ-اند] ا۔ سیب۔ (۲) کوئی عمدہ اور لذیذ پھل
اَمرِت دھارا: [ار-مث] ایک مشہور دوا جو بہت سی بیماریوں میں مختلف بدرقات کے ہمراہ استعمال کی جا سکتی ہے۔
اِمرتی: [ہ-ار-امث] ایک مشہور مٹھائی جو ماش کے آٹے کی بنائی جاتی ہے اور شکل میں جلیبی سے مشابہ ہوتی ہے۔
اَمرَد: [ع-اند] ا۔ نوجوان لڑکا جسکے ابھی ڈاڑھی مونچھ نہ آئی ہو (۲) صاف۔ خالی
اَمرَد پَرَست: [ع-ف-اند] لڑکوں سے عشق لڑانے والا۔
اَمرَد پَرَستی: [عف-صف] لڑکوں سے معاشقہ (امرد پرست سے اسم کیفیت)
اَمرَس: [ہ-اند] پکے آم کا رس نچوڑ کر کپڑے پر پھیلا کر سکھایا ہوا۔
اَمرُود: [ف-اند] ایک مشہور پھل
اِمروز: [ف-اند] آج۔ آج کا دن
اِمروز فردا: [ف-اند] آج کل۔ ٹال مٹول (۳) "ہیں" کیساتھ جلدی عن قریب
اِمروز فردا کرنا: [ار محاورہ] ٹالنا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔
اَمریاں: [ہ-اند] آموں کے باغ جہاں آم کے درختوں کے جھنڈ کے جھنڈ ہوں۔
اَمزِجہ: [ع اند] مزاج کی جمع۔ طبیعتیں۔ خاصیتیں
اُمَس: [ہ امث] گرمی۔ نہایت سخت گرمی جو برسات میں ہوا رک جانے کی وجہ سے محسوس ہوتی ہے۔ گھمس۔ حبس
اُمَس: [ہ امث ق] ہمت۔ حوصلہ۔ اُمنگ
اِمساک: [ع-اند] ا۔ رُکنا۔ ٹھہرنا (۲) کھینچ۔ رکاوٹ (۳) خست کنجوسی۔ کنجل (۴) منی کا بوقت مباشرت دیر سے نکلنا۔
اِمساکِ باراں: [عف مرکب اضافی] خشک سالی۔ بارش نہ ہونا۔
اِمسال: [ف-اند] اس سال۔ اب کے سال۔ اسی سال
اَمسنا: [ہ مص] دیکھئے "اُبسنا"
اَمصار: [ع-اند] مصر کی جمع۔ بہت سے شہر یا دیار
اِمضا: [ع-اند] حکم جاری کرنا (۲) سرکاری مُہر۔ دستخط۔ نشان
اَمطار: [ع اند] مطر کی جمع۔ بادل
اِمطار: [ع اند] مینہ برسنا۔ بارش
اَمعاء: [ع-امث] معا کی جمع۔ انتڑیاں
اِمعان: [ع-اند] گہری نظر۔ غور و فکر۔ تیز فہمی۔ ذکاوت
اَمک: [ہ صف] ایسا ایسا۔ ایسا ویسا۔ فلاں
امکا ڈھمکا / اَمک ڈھمک: [ہ-اند] یہ وہ۔ ایسا ویسا۔ ایرا غیرا۔ بے قدر آدمی۔ اَلّم غلّم
اِمکان: [ع-اند] ممکن ہونا۔ مجال۔ طاقت۔ قابو۔ قدم کی ضد۔ وہ عالم جو فنا ہو جائے گا۔ جس کا وجود عارضی ہے۔
اِمکان بھر: [ہ-ار متعلق فعل] طاقت کے موافق۔ مقدور بھر
اِمکان سے خارج ہونا: [ار محاورہ] ناممکن ہونا۔ محال ہونا۔
اِمکانی: [ع صف] امکان سے منسوب
اَمکِنہ: [ع-اند] مکان کی جمع۔ مکانات
اُمگّا: [ہ-صف] اُبھرا ہوا۔
اَمل: [ہ-ار-مذ] نشہ۔ نشہ آور چیز (سوائے شراب کے تمام نشہ آور اشیاء)
اَمَل: [ع-امث] اُمید۔ آس۔ آرزو۔ خواہش
اَمِل: [ہ-صف] نہ ملنے والا۔ بے مروت۔ جو ملنسار نہ ہو۔
اِملاء: [ع مذ و مث] رسم الخط کے موافق لکھنا۔
اَملاک: [ع-امث] مِلک کی جمع۔ مقبوضات۔ جائیداد۔ مال و متاع
اَمل بید: [ہ مذ] گلگل کی قسم کا ایک انتہائی ترش پھل۔ پہاڑی گلگل۔ جسمیں لوہے کی سوئی چبھونے سے گل جاتی ہے۔
اَمل پتی: [ہ مث] تربن کی چپٹی سلائی جو املی کی پتی کے برابر ہوتی ہے۔ (۲) نشہ لانے والی پتی (بھنگ)
اَملتاس: [ہ-اند] ایک درخت اور اس کا پھل جو دو تین فٹ تک لمبا ہوتا ہے اس کے اندر بیج پیسے کی طرح ہوتے ہیں۔ اس کے گودے سے جو سیاہ لیسدار ہوتا ہے مسہل کا کام لیا جاتا ہے (خیار شنبر)
اَملنا: [ار مص] ترش ہونا۔ کند ہونا (۲) دُکھنا پیٹ کے پٹھوں کا کھنچ جانا۔
اِملی: [ہ-امث] ایک درخت اور اس کا پھل۔ تمر ہندی۔ جو چٹنی وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔
اُمَم: [ع-اند] اُمت کی جمع اُمتیں۔
اَمن: [ع-اند] ا۔ چین۔ اطمینان۔ دلجمعی۔ سکون۔ آرام (۲) صلح۔ آشتی (۳) حفاظت سے پناہ۔
امن و امان / امن چین: [ار-اند] حفاظت آرام۔ تسلی۔ پناہ۔ سکون فساد کی ضد۔
اُمنڈنا: [ار مص] جوش آنا۔ ہجوم ہونا۔ جمع ہونا۔ طغیانی آنا۔ چڑھنا

اُمنگ: [ھ۔ امث] جوش۔ ولولہ۔ اشتیاق۔ شوق۔ ترنگ۔ نہایت خوشی انبساط۔ خرمی۔ شادمانی۔ کامیابی کا نشہ۔ تمنا۔ آرزو

اُمنگ / اُمنگوں پر: [ار۔ محاورہ] ترنگ میں بھرا ہوا۔ مستی سے بھرپور۔

اُمنگ کے دن: [ار۔ امذ] خوشی کا زمانہ۔ آرزو وں کا زمانہ

اَمنیّت: [ع۔ امث] امن امان۔ امن چین

اَمُوّا: [ھ امذ] آم

اَمُوّا: [ھ۔ امذ] وہ رنگت جو آم کی رنگت سے مشابہ ہو۔ گہرا سبز رنگ

اَموات: [ع۔ امث] موت کی جمع موتیں۔ میّت کی جمع لاشیں

اَمواج: [ع امث] موج کی جمع۔ موجیں

اَموال: [ع۔ امث] مال کی جمع۔ مال و دولت

اُمور: [ع۔ امذ] امر کی جمع

اَمُول: [س صفت] بے جڑ کی۔ بے بنیاد

اَمول: [ھ صفت] بیش بہا۔ بیش قیمت۔ ناقابل خرید۔ نایاب۔ کم یاب

اَمول یا امولہ: [ھ۔ امذ] آم کا نیا پودا

اُمومت / اُمومیّت: [ع۔ امث] مادرپن۔ ماں ہونا۔ مادری حالت۔ منصب مادری

اَمونیا: [انگ۔ امذ] (AMMONIA) ایک بے رنگ گیس جو پانی میں آسانی سے حل ہو جاتی ہے اس کی ناک میں مرچیں سی لگ جاتی ہیں، یہ چھوٹی تجربہ گاہوں میں لیے نوشادر اور چونے سے تیار کرتے

اَمونیشن: [انگ۔ امذ] (AMMUNITION) سامانِ جنگ، گولہ بارود وغیرہ۔

اُمّہات: [ع۔ امث] اُم کی جمع۔ مائیں

اُمّہاتِ سِفلی: [ع۔ امث] زمین کے چاروں عناصر ہوا پانی۔ خاک۔ آتش

اُمّہاتِ عُلوی: [ع۔ امث] علوم نفوس۔ ارواح

اَمّی: [ار۔ امث] ماں۔ والدہ (پیار کے لہجہ میں)

اُمّی: [ع۔ صف] ناخواندہ۔ ان پڑھ۔ کنایتہً پیغمبر اسلام محمد علیہ السلام

اُمیٹھنا: [ار مص] مروڑنا۔ بل دینا۔ اینٹھنا

اَمی جمی: [ار۔ امث] اطمینان کی حالت بے فکری کا زمانہ۔ امن امان

اُمید / اُمّید / اُمیّد: [ف۔ امث] آسرا۔ توقع (۲) آرزو۔ خواہش (۳) حمل

اُمید اُٹھ جانا: [محاورہ] توقع نہ رہنا۔ آسرا جاتا رہنا۔

اُمید بر آنا: [ار۔ محاورہ] آرزو پوری ہونا۔ مقصود حاصل کرنا۔

اُمید بر لانا: [ار۔ محاورہ] آرزو پوری ہونا

اُمید بندھانا: [ار محاورہ] تسلی دینا۔ ڈھارس بندھانا

اُمید بندھنا: [ار۔ محاورہ] آسرا ہونا۔ توقع ہونا

اُمید پڑنا: [ار۔ محاورہ] آسرا بندھنا

اُمید توڑنا: [ار محاورہ] آسرا ہٹا دینا۔ توقع ہٹا دینا

اُمید ٹوٹنا: [ار محاورہ] یاس ہونا۔ مایوس۔ بے آس ہونا۔

اُمید دلانا: [ار محاورہ] سہارا دینا

اُمید رکھنا: [ار۔ محاورہ] بھروسا رکھنا۔ آسرا رکھنا

اُمید سے ہونا: [ار۔ محاورہ] عورت کا حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا۔

اُمید قطع کرنا: [ار۔ محاورہ] آسرا چھوڑ دینا۔ توقع نہ رکھنا

اُمید قطع / منقطع ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "امید قطع کرنا" جو کہ لازم ہے

اُمید کرنا: [ار محاورہ] توقع رکھنا

اُمید گاہ: [ار۔ اظرف] امید کی جگہ۔ جس پر اُمید ہو۔

اُمید لگائے بیٹھے ہیں: [ار۔ محاورہ] اُمید ہے۔ امیدوار ہیں۔ آسرا لگائے بیٹھے ہیں۔

اُمید لگی ہے: [ار۔ محاورہ] آسرا لگا ہے۔ سہارا باقی ہے۔

اُمیدوار: [ف۔ افاعل] توقع رکھنے والا۔ آرزومند

اُمیدوار کرنا: [ار۔ محاورہ] آسرا دینا۔ کسی بات کا وعدہ کرنا۔

اُمیدوار ہونا: [ار۔ محاورہ] آرزومند ہونا۔ توقع رکھنا

اُمیدواری: [ار۔ امث] "اُمیدوار" سے اسم کیفیت

اُمید و بیم: [ف۔ مرکب عطفی] امید اور خوف کے درمیان کی حالت غیر اطمینانی۔ جس میں طبیعت کو یکسوئی نہ ہو ایسی حالت

اَمیر: [ع امذ] بڑا آدمی۔ دولت مند۔ متمول۔ رئیس۔ سردار۔ حاکم

اَمیرُ الاُمَرا: [ع۔ امذ] بہت بڑا امیر۔ نہایت دولت مند۔ بڑا رئیس۔

اَمیرُ البحر: [ع۔ امذ] بحری بیڑے کا سالار۔ بحری فوج کا سالارِ اعلیٰ۔

اَمیرُ المومنین: [ع۔ امذ] ا۔ مومنوں کا سردار۔ مسلمانوں کا خلیفہ۔

اَمیرانہ: [ف صف] امیروں کی طرح کا۔

اَمیرانہ کارخانہ: [ف۔ امذ] دیکھئے "امیری کارخانہ"

اَمیرزادہ: [ف امذ] امیر کا بیٹا

اَمیری: [ف۔ امث] ا۔ حکومت۔ ریاست (۲) دولت مندی

اَمیریا: [ار۔ امذ] ایک خاص رنگ کا کبوتر

امیری اور فقیری کی بو چالیس برس تک نہیں جاتی: [ار مثل] امارت اور فقر کا اثر مدت تک رہتا ہے۔

امیری کارخانہ: [ف۔ امذ] جہاں حیثیت سے بہت بڑھ کر فضول مصارف ہو۔ بولا جاتا ہے

اَمین: [ع صف] ا۔ امانت دار۔ معتمد (۲) بندوبست میں پیمائش کرنے والا عہدیدار (۳) عدالت مال میں بٹوارا کرنے والا (۴) عدالت دیوانی میں ڈگری کی جائیداد قرق کرنے اور جانچنے والا (۵) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب

ا۔ن

اَن: [ہ۔ امذ] اناج۔ غلہ (نون مشدّد اور غیر مشدد دونوں طرح مستعمل ہے)

اَن جل / پانی: [ہ۔ مرکب عطفی] خوراک اور پانی۔ دانہ پانی۔ کھانا پینا

اَن داتا: [ہ۔ صف] رزق دینے والا۔ خداوند نعمت۔ آقا۔ والی۔

اَن کا کیڑا: [ہ۔ امذ] اناج کھانے والا۔ آدمی۔ انسان

اَن: [ہ۔ حرف نفی] حرف نفی جو بطور سابقہ آ کر نفی کے معنی پیدا کر دیتا ہے۔

اَن بَن: [ہ۔ امث] بگاڑ۔ رنجش۔ ناچاقی

اَن بوجھ: [ہ۔ صف] نہ سمجھنے والا۔ بے عقل۔ بے وقوف۔ غافل

اَن بول: [ہ۔ صف] نہ بولنے والا۔ گونگا۔ خاموش

اَن بولا: [ہ۔ امذ] بات چیت بند ہونا۔ رنجش کی وجہ سے آپس میں نہ بولنا

اَن بولی راتی: [ہ۔ امث] ا۔ بھولی بھالی عورت (۲) بد دماغ عورت

اَن بھول: [ہ۔ صف امث] ا۔ سادہ۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار

(۲) سادگی ۔ ناتجربہ کاری ۔ ناواقفیت

اَن پڑھ: [ہ۔ صف] ناخواندہ ۔ اُمی ۔ جو پڑھا لکھا نہ ہو۔

اَن جان: [ہ۔ صف] نہ جاننے والا ۔ ناواقف ۔ اجنبی ۔ بیگانہ

اَن جان بننا: [ار۔ محاورہ] بہ ظاہر کرنا کہ کچھ معلوم نہیں ۔ جانتے بوجھتے ناداں بننا

اَن چیت: [ہ۔ صف] اچانک ۔ خلافِ توقع

اَن دیکھا: [ہ۔ صف] بن دیکھا ۔ نادیدہ ۔ مخفی ۔ غائب

اَن دیکھی: [ہ۔ صف مث] دیکھئے " اَن دیکھا " جس کی یہ تانیث ہے۔

اَن سمجھ: [ہ۔ صف] ناسمجھ ۔ بے وقوف ۔ بے عقل

اَن سُنی: [ہ۔ صف مث] نہ سنی ہوئی ۔ عجیب

اَن کہی: [ہ۔ صف مث] نہ کہنے کے قابل ۔ ناگفتنی ۔ بُری (بات)

اَن گِنا: [ہ۔ صف] جو شمار نہ کیا گیا ہو ۔ شمار سے باہر

اَن گِنا برس: [ار۔ اند] عمر کا آٹھواں سال ، جو عورتوں کے خیال کے مطابق منحوس ہوتا ہے ، اس لیے اس کا نام نہیں لیتیں اور ان گنا برس کہتی ہیں۔

اَن گِنا مہینا: [ار۔ اند] حمل کا آٹھواں مہینہ عورتیں اسے بھی منحوس خیال کرنے کے سبب نام نہیں لیتیں۔

اَن گِنت / گِنتی: [ہ۔ صف] ناقابلِ شمار ۔ جس کو گنا نہ جا سکے ۔ بے شمار ۔ لاتعداد

اَن گھڑ: [ہ۔ صف] ناتراشیدہ ۔ بدقطع ۔ بے ڈول ۔ بے ڈھنگا

اَن گھڑ بات: [ہ۔ امث] بے تکی بات ۔ اول جلول بات

اَن مِل: [ہ۔ صف] بے میل و بے جوڑ ۔ بے تکا (۲) ان مِل ۔

اَن مِل بے جوڑ: [ہ۔ صف] بے تکی باتیں بے ڈھنگے کام۔

اَن مِلا: [ہ۔ صف] بیگانہ خو ۔ جو ملنسار نہ ہو ۔ جو الگ تھلگ رہے

اَن مِلی: [ہ۔ صف] " اَن مِلا " کی تانیث (۱) بے جوڑ ۔ بے ربط کلام (۲) ہندی میں ایک صنعت کا نام یعنی چند بے جوڑ اور غیر متعلق چیزوں کو نظم یا نثر میں لاتے ہیں ۔ کہ مکرنی اور دو سخنے کی قبیل سے ۔ انگریزی میں " انمل " کہتے ہیں۔

اَن مَنا: [ہ۔ صفت] اُداس ۔ شکستہ ۔ بے زار ۔ بیدل

اَن مناپن: [ہ۔ امث] اُداسی ۔ بے دلی

اَن منا ہونا: [ار۔ محاورہ] اُداس ہونا ۔ بیمار ہونا ۔

اَن مَنی: [ہ۔ صف مث] دیکھئے " ان منا " جس کی یہ تانیث ہے۔

اَن مول: [ہ۔ صف] بے بہا ۔ بہت قیمتی ۔ جس کی کوئی قیمت ادا نہ کر سکے

اَن میل: (طئے مجہول سے) [ہ۔ امث] بے جوڑ بے جوڑ ۔ ناموزوں

اَن ہوت: (واو مجہول سے) [ہ۔ امث] نہ ہونا ۔ ناداری ۔ افلاس ۔

اَن ہونی: [ہ۔ صف مث] نہ ہونے والی ۔ محال ۔ ناممکن ۔ ناشدنی

اِن: [ار۔ ا۔ اشارہ ضمیر] اشارہ قریب " اِس " کی جمع نیز ضمیر غائب " اس " کی جمع احترام اور تعظیم کے لیے واحد کے ساتھ بھی لاتے ہیں۔

اِن آنکھوں سے کیا کیا نہیں دیکھا: [ار۔ فقرہ] ۱۔ بہت کچھ دیکھ چکے ہیں ۔ بہت تجربہ ہو چکا ہے ۔ (۲) بہت مصیبتیں جھیل چکے ہیں۔

اِن باتوں میں کیا رکھا ہے: [ار۔ فقرہ] یہ باتیں بے فائدہ ہیں ۔ یہ حرکتیں فضول ہیں۔

اِن بے چاروں نے ہینگ کہاں پائی: [ار۔ مثل] یہ اس قابل نہیں ۔ ان کو اتنی عقل کہاں۔

اِن تلوں میں تیل نہیں: [ار۔ محاورہ] بے مروت ہیں ؟ سیجتے نہیں ۔ رو کے پھیکے ہیں

اِن دِنوں / روزوں: [ار متعلق فعل] آج کل ۔ اس زمانہ میں ۔ دورِ حاضر میں۔

اِن مولوں کیا مہنگا ہے: [ار۔ محاوراتی فقرہ] اس طرح حاصل ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔

اِن نینوں / نینوں کا یہی بسیکھ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ: آنکھوں کا کام بھی یہی ہے کہ بُرا بھلا سب کچھ دیکھتی رہیں ، آدمی کو دکھ سکھ ، اچھا بُرا سب کچھ برداشت

اُن: [سابقہ] ایک کم ۔ جیسے اُنتیس یعنی ایک کم تیس۔

اُن: [ار۔ ا۔ اشارہ ضمیر] اشارہ بعید " اُس " کی جمع اور ضمیر جمع غائب ۔

اُن دِنوں / روزوں: [ار متعلق فعل] اُس زمانہ میں ۔ دورِ گزشتہ میں۔

اُن کی سی کہنا: [ار۔ محاورہ] اُن کی طرف داری کرنا۔

اَنا: [ار۔ امث] دایہ ۔ دودھ پلانے والی عورت

انا دَدا و اسلے: [ار۔ اند] اناؤں اور دائیوں کی سفارش پر منصب حاصل کرنے والے (۱) غیر شریف لوگ ۔ ایسے ویسے (۲) عورتوں کی کمائی پر بسر کرنے والے۔

اَنا: [ع ضمیر متکلم ۔ امث] ۱۔ واحد متکلم کی ضمیر ، میں (۲) شعور ۔ پندار ۔ خودداری ۔

اَنا الحق: (اَنَل حق) [ع ۔ تلمیح] میں حق (خدا) ہوں ۔ حسین بن منصور حلاج کا نعرہ ۔ جس کی پاداش میں علماء کے فتویٰ پر حلاج کو موت کی سزا دی گئی تھی۔

اِنابت: [ع ۔ امث] ۱۔ خدا کی طرف رجوع کرنا (۲) توبہ ۔ رجوع ۔ عاجزی ۔

اَنابیب: [ع ۔ امث] انبوب کی جمع ۔ نالیاں ۔ نلکیاں ۔ ریکل کی پوریں ۔ نلکے

اَنابیب الشعری / انابیب شعری: [ع ۔ مرکب اضافی] ایک کشش جس کی وجہ سے پانی باریک نالیوں میں خود بخود چڑھ جاتا ہے (۲) بال جیسی باریک نالیاں ۔ بال جیسے باریک سوراخ (۳) وہ خاصیت جس کے ذریعہ مائعات اپنی سطح سے اونچے چڑھ جاتے ہیں ۔ جیسے تیل بتی میں۔

اَناپ شناپ: [ار ۔ صف] اندھا دُھند ۔ اوٹ پٹانگ ۔ بے غور و فکر ۔ بغیر سوچے سمجھے

اَناتھ: [س صف] بے مالک ۔ بے سہارا ۔ بے یار و مددگار ۔ لاوارث ۔

اِناث: [ع امث] اُنثیٰ کی جمع ۔ مادائیں ۔ عورتیں ۔ ذکور کی ضد ۔

اَناج: [ہ ۔ اند] غلہ ۔ جنس

اَناج کا دُشمن: [ار ۔ اند] وہ شخص جو بہت زیادہ کھائے اور کام نہ کرے ۔ بسیار خور ۔ پیٹو ۔

اناج کا کیڑا: [ار ۔ اند] دیکھئے " اَن کا کیڑا "

اَناج کال نہیں راج کال ہے: [ار مثل] مہنگائی اناج کی کمی کے باعث نہیں حکومت کی نااہلی کے باعث ہوتی ہے۔

اَناجیل: [ع امث] دیکھئے " انجیل " جس کی یہ جمع ہے۔

اَناجیل اربعہ: [ع ۔ مرکب عددی] چاروں انجیلیں یعنی متی ۔ مرقس ۔ لوقا اور یوحنا کی روایت کردہ انجیلیں

اَناچیت / اَناچیتی: [س ۔ مث ق] بے پروائی ۔ بے توجہی ۔ غفلت ۔

اَنادِ / اَنادی: [س صف] جس کی ابتدا نہ ہو ۔ ازلی ۔ مراد خداوند تعالیٰ

اَنار: [ف ۔ اند] ایک مشہور درخت اور اُس کا پھل ۔ اس کی شکل گول ہوتی ہے ۔ رنگ سرخ یا زرد ۔ اندر سرخ یا سفید دانے ہوتے ہیں جن میں رس بھرا

ہوتا ہے مزے میں ترش اور شیریں دو طرح کا ہوتا ہے۔ پھل کا قد مختلف آب و ہوا اور زمین کے لحاظ سے مختلف بڑا یا چھوٹا ہوتا ہے۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی بشکل انار۔

انارا: [ا۔ اند] سرخ آنکھوں والا کبوتر

انار دانہ: [ا۔ اند] ا۔ ترش انار کے خشک دانے (۲) چورن کی ایک قسم جس میں انار دانہ شامل ہوتا ہے (۳) ایک خاص قسم کا چارخانہ کپڑا۔

انار دانہ بنا ہوا ہے: [ا۔ محاورہ] سرخ و سفید ہے۔ موٹا تازہ ہے

انارکسٹ: [انگ۔ اند] ANARCHIST بدامنی بدنظمی پیدا کرنیوالا۔ انتہا پسند باغی۔

انارکی: [انگ۔ امث] ANARCHY بدنظمی۔ بدامنی۔ فوضویت۔ نراج

اناری: [ا۔ صف] ا۔ انار سے منسوب (۲) دیکھئے "انارا"

اناڑی: [ھ۔ صف] ا۔ بے سلیقہ۔ ناتجربہ کار۔ انجان۔ ناسمجھ

اناڑی پن / پنا: [ھ۔ اند] ناتجربہ کاری۔ ناسمجھی

اناڑی کا سونا بارہ باٹ: [ا۔ مثل] ناتجربہ کار کسی چیز سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔

اناسی: [ا۔ عدد] ستر اور نو کا مجموعہ۔ ۷۹

اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ راجِعُون: [ع آیت قرآنی] (بے شک ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف پلٹنے والے ہیں) یہ آیت دکھ مصیبت یا موت کی خبر سن کر پڑھی جاتی ہے۔

انام: [ع۔ ا۔ جمع] مخلوقات و موجودات

انامل: [ع امث و مذ۔ جمع] انملہ کی جمع۔ انگلیاں۔ انگلیوں کے سرے۔

انانیت: [ع۔ امث] خود پسندی۔ خود بینی۔ خودداری۔

اناؤنسر: [ع۔ ا۔ فاعل] (ANNOUNCER) اعلان کرنے والا۔ منادی

انبار: [ف اند] ذخیرہ۔ ڈھیر۔ تودہ

انبار خانہ: [ف۔ اظرف] مخزن۔ گودام وہ مکان یا جگہ جہاں ذخیرہ کیا جائے۔

انباری: [ھ امث] عماری کا بگاڑ۔ ہاتھی کا ہودہ

انباز: [ف اندمث] (مذ) شریک۔ ساجھی۔ ہمسفر (مث) سوت۔ سوکن

انبساط: [ع اندمث] (۱) پھیلنا۔ کشادہ ہونا (۲) خوشی۔ شادمانی۔ فرحت

انبعاث: [ع۔ اند] ا۔ اٹھنا۔ برانگیختہ ہونا (۲) اشتعال۔ برانگیختگی

انبوب: [ع۔ اند] نل۔ نالی۔ نلکی نیز دیکھئے "انابیب" جس کا یہ واحد ہے۔

انبوہ: [ف۔ اند] گروہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ کثرت۔ جھمگٹ

انبہ: [ف۔ اند] دیکھئے "آم"

انبیا: [ھ۔ امث] دیکھئے "امبیا" **انبیاء:** [ع۔ اند] نبی کی جمع۔ خدا کے بھیجے ہوئے پیغمبر

انبیق / امبیق: [ع اند] ا۔ بھبکا۔ وہ برتن جس میں نالی رکھ کر عرق کشید کرتے ہیں

انپڑانا: [ا۔ مص ق] پہنچانا

انپڑنا: [ا۔ مص ق] پہنچنا

انت: [س۔ اند] خاتمہ۔ اخیر۔ انجام

انت برے کا برا انت بھلے کا بھلا: [ا۔ مقولہ] برے کام کا نتیجہ برا اور بھلے کام کا نتیجہ بھلا ہوتا ہے۔

انت بھلا سو بھلا: [ا۔ مثل] جس کا انجام اچھا ہو وہی کام اچھا ہوتا ہے

انت سمے / کال: [ا۔ اند] موت کا وقت آخری وقت

انتالیس: [ا۔ عدد] ایک کم چالیس (۲) تیس اور نو کا مجموعہ۔ (۳۹)

انتباہ: [ع۔ اند] ا۔ خبردار کرنا آگاہ کرنا۔ (۲) آگاہی۔ اطلاع۔ خبرداری

انت بنت: [ا۔ امث] بناؤ سنگار۔ زیب زینت۔ زیبائش و آرائش۔

انتخاب: [ع۔ اند] ا۔ چننا۔ پسند کرنا (۲) چناؤ۔ پسندیدگی۔ چھانٹ

انتداب: [ع۔ اند] ا۔ کسی کام کے لیے پکارنا (۲) قبول کرنا۔ تسلیم کرنا (۳) پکارنے والے کا جواب دینا (۴) (جدید اصطلاح) کسی علاقہ کو عارضی طور پر کسی ریاست کی تحویل اور حکومت میں دینا بالخصوص وہ علاقے جو جنگ عظیم کے نتیجہ میں آزاد ہوگئے تھے، مگر اپنے پاؤں پر کھڑے نہ ہو سکتے تھے۔ ان کو کسی ترقی یافتہ حکومت کی سرپرستی میں دینا۔ انتداب کہلایا۔ عارضی۔ حوالگی انگریزی اصطلاح MANDATE کا ترجمہ

انتر: [س۔ اند] ا۔ فرق۔ دوگری۔ فاصلہ۔ دو چیزوں کے درمیان کی جگہ (۲) راز بھید۔

انتر بھومی: [س۔ اند] زمین کا اندرونی حصہ

انتر بید / وید: [س۔ اند] دریاؤں کے درمیان کی زمین۔ دوآبہ

انتر جامی: [س۔ اندصف] ا۔ جان روح (۲) واقف حال۔ دانائے راز۔

انتر دوار: [س۔ اند] گھر میں آنے جانے کے لیے خفیہ دروازہ۔ چور دروازہ۔

انتر دھیان: [س۔ اند] محویت۔ استغراق

انتر منتر: [ھ اند] جادو۔ ٹونا۔ ٹو . جھاڑ پھونک

انترا: [ھ صف۔ اند] ا۔ کڑی۔ سلسلہ۔ گانے کی چیز کا وہ ٹکڑا جو استھائی کے بعد ہو (۲) لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح میں ہاتھ کی ایک ضرب

انتڑی: [ا۔ امث م] دیکھئے "آنت"

انتڑی میں روپ کپڑے میں چھب: [ا۔ مثل] رنگ روپ غذا سے اور زیبائش لباس سے۔

انتڑیاں جلنا: [ا۔ محاورہ] سخت بھوک لگنا

انتڑیوں کو مسوس کر رہ جانا: [ا۔ محاورہ] بھوک کی شدید تکلیف سہنا۔ بھوک ضبط کرنا۔

انتزاع: [ع۔ اند] اکھاڑنا۔ چھوڑنا۔ نکال لینا (۲) معزولی۔ غصب

انتساب: [ع۔ اند] منسوب کرنا۔ کسی سے نسبت دینا (۲) لگاؤ۔ تعلق۔ نسبت واسطہ۔ رشتہ۔

انتشار: [ع۔ اند] پھیلنا۔ پراگندہ ہونا۔ تتر بتر ہونا (۲) پریشانی۔ گھبراہٹ۔ تردد (۳) شہوت۔ خیزش۔ خیزی۔

انتصاب: [ع۔ اند] قیام کرنا۔ پاؤں پر کھڑا ہونا (۲) قیام۔ نصب ایستادگی۔

(انتصاف): [ع اند] انصاف پانا۔ نصف ہونا (۲) حصول انصاف

انتظار: [ع اند] راہ دیکھنا۔ آسرا تکنا (۲) آسرا۔ امید (افعال۔ کرنا۔ کھینچنا۔ ہونا)

انتظام: [ع۔ اند] بندوبست کرنا۔ اہتمام کرنا (۲) تدبیر۔ بندوبست۔ ترتیب (افعال کرنا۔ بیٹھنا۔ دینا)

انتظامی: [ع صف] انتظام سے منسوب

انتظامیہ: [ع۔ امث] ا۔ حکومت کا وہ شعبہ جو قانون پر عمل کرانے اور امن و امان برقرار رکھنے کا ذمہ دار ہے عدلیہ کے مقابلے میں انگریزی EXECUTIVE کا ترجمہ (۲) کسی ادارے کی وہ مجلس جو اس ادارے کے انتظام و انصرام کی ذمے دار ہو کا ترجمہ

انتفاع: [ع۔ اند] فائدہ اٹھانا۔ نفع حاصل کرنا (۲) فائدہ۔ منافع۔

اِنتقاد: [ع اِمذ] تنقید کرنا۔ پرکھنا (۲) نکتہ چینی۔ تنقید۔ پرکھ
اِنتقادی: [ع۔ صف] انتقاد سے منسوب۔ تنقیدی
اِنتقاض: [ع امذ] ۱۔ ٹوٹنا (۲) شکست
اِنتقال: [ع امذ] ۱۔ تبدیل کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا (۲) بدلی۔ موت
اِنتقالِ اراضی: [ع امذ] زمین کا کسی دوسرے کے نام منتقل ہو جانا
اِنتقالِ جائیداد: [ع۔ امذ] جائیداد ایک شخص کے قبضہ سے دوسرے شخص کے قبضہ میں چلا جانا۔
اِنتقالِ ذہن / ذہنی: [ع: امذ] ایک بات سے دوسری بات کی طرف ذہن کا جانا۔
اِنتقال کرنا: [ار محاورہ] مرنا۔ فوت ہونا۔
اِنتقام: [ع۔ امذ] ۱۔ بدلہ لینا۔ عوض لینا (۲) بدلہ۔ عوض۔ پاداش
اَنتقامانہ: [عف صف] اِنتقام سے منسوب
اِنتقامی: [ع صف] انتقام سے متعلق انتقام سے منسوب
اِنتہا: [ع۔ امث] اخیر۔ حد۔ سرا۔ انجام۔ خاتمہ۔
انتہا پسند: [عف امذ] کسی کام کے آخر کو چاہنے والا۔ اعتدال پسند کی ضد ( )
اِنتہا پسندی: [ع ف امث] دیکھئے "انتہا پسند" جس سے یہ اسم کیفیت ہے
اِنتہا کا: [ع ار صف] پرلے درجے کا۔ بے حد
اِنتہا لینا: [ار محاورہ] کسی بات کی حد کا اندازہ کرنا۔
اِنتہائی: [ع صف] دیکھئے "اِنتہا" جس سے یہ منسوب ہے۔
اَنتی: [ہ امث] کان میں پہننے کا ایک زیور۔ نتھ کی قطع کا۔
انتیسار ہو کر نکلے: [ار۔ بدُعا] کٹ کٹ کر گرے۔ پاخانے کے رستہ مروڑ ہو کر نکلے۔
اُنتیس: [ار اعدد] ایک کم تیس۔ بیس اور نو کا مجموعہ۔ ۲۹
اَنٹا: [ہ۔ امذ] ۱۔ بڑی گولی (۲) افیون کی بڑی گولی (۳) کھیلنے کی بڑی گولی جو شیشہ یا لاکھ کی بنی ہوتی ہے (۳) بندوق کی بڑی گولی (۴) اُوپر کا کوٹھا سب سے اونچی چھت (۵) ایک انگریزی کھیل جو بڑی میز پر گولیوں سے کھیلا جاتا ہے۔ بلیئرڈ
اَنٹا چت ہونا: [ار محاورہ] ۱۔ پیٹھ کے بل پڑنا (۲) نشہ میں چور یا بدمست ہونا۔
اَنٹا غفیل: [ار۔ صف] بے ہوش۔ مست۔ بے سُدھ۔ نشہ میں چور [ہونا کیا تھ] (بازاری زبان ہے)
اَنٹا گھر: [ار۔ امذ] انٹا کھیلنے کا مقام۔ بلیئرڈ روم
اِنٹر: [انگ صف] (INTER) درمیانی۔ ریل کا درمیانہ درجہ
اِنٹرمیڈیٹ: [انگ صف۔ امث] (INTER MEDIATE)
۱۔ درمیانی۔ وسطی (۲) بارھویں جماعت کے امتحان کا نام
اِنٹرنس: [انگ امذ] دسویں جماعت کا امتحان جو پہلے یونیورسٹی لیتی تھی میٹرک کا امتحان
اِنٹرویو: [انگ۔ امذ] (INTER VIEW) ملاقات۔ باضابطہ ملاقات مبادلۂ خیالات، اخبار، ریڈیو، ٹیلی ویژن یا کسی انتخابی ادارے وغیرہ کے ارکان کا سوالات پوچھ کر کسی کے خیالات و نظریات یا معلومات کا اندازہ کرنا
اَنٹ کا سَنٹ / اَنٹ سَنٹ: [ہ صف] اوٹ پٹانگ۔ بیہودہ۔ لغو۔ مہمل
اُنٹنی: [ہ۔ امث] اونٹنی۔ اُونٹ کی مادہ۔

اَنٹی: [ہ۔ امث] ۱۔ گرہ۔ گانٹھ (۲) دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ (۳) سُوت یا ریشم کی لچھی (۴) وہ لکڑی جس پر سُوت چڑھاتے ہیں (۵) جیب کیسہ
اَنٹی باز / مار: [ار صف] (قمار بازوں کی اصطلاح) ۱۔ وہ شخص جو انگلیوں کے درمیان کوئی چیز چھپالے (۲) مکار۔ فریبی۔ دغاباز
اَنٹی پر چڑھانا: [ار محاورہ] دام میں لانا۔ فریب دینا۔ مطلب نکالنا۔
اَنٹی پر چڑھ جانا: [ار محاورہ] فریب میں آجانا۔ دھوکا کھا جانا۔
اَنٹی دینا: [ار محاورہ] حریف کی گردن میں ہاتھ ڈال کر اٹھا لینا۔ گردن ناپنا۔
اَنٹی کرنا: [ار محاورہ] ۱۔ سُوت کی لچھی بنانا (۲) دھوکے سے کسی کا مال قبضہ میں کرنا۔
اَنٹی مارنا: [ار محاورہ] ۱۔ جوا کھیلتے وقت کوڑی دونوں انگلیوں کے درمیان چھپا لینا (۲) آنکھ بچا کر کسی کا مال اڑا لینا۔ (۳) ڈنڈی مارنا۔ کم تولنا۔
اَنٹی میں آنا: [ار محاورہ] قابو میں آنا۔ فریب میں آنا
اُنثیٰ: [(اُن ثا)] [ع امث] ۱۔ عورت۔ مادہ۔ نر کی ضد (۲) خصیہ
اُنثیین: [(اُنث یین)] [ع۔ امذ۔ تثنیہ] دونوں خصیے۔ دونوں فوطے
اِنجاح: [ع۔ امذ] ۱۔ مطلب پورا کرنا۔ مراد بر لانا (۲) کاربراری۔ کامیابی۔
اَنجام: [(اَن جام)] [ف۔ امذ] اخیر۔ انتہا۔ خاتمہ۔ نتیجہ
انجام بخیر ہونا: [ار محاورہ] نتیجہ بہتر ہونا (۲) خاتمہ اچھا ہونا۔
انجام پانا: [ار محاورہ] مکمل ہونا۔ تکمیل کو پہنچنا۔ پورا ہونا
انجام دینا: [ار۔ محاورہ] مکمل کرنا۔ پورا کرنا۔
انجام سوچنا: [ار۔ محاورہ] اخیر کا خیال کرنا۔ نتیجہ پر نظر رکھنا
انجام کار: [ف۔ متعلق فعل] آخر کار۔ آخر کو۔ آل کار۔ نتیجتہً
انجام کو پہنچانا: [ار محاورہ] پورا کرنا۔ ختم کرنا۔
انجام کو پہنچنا: [ار محاورہ] مکمل ہونا۔ پورا ہونا۔
انجام ہو جانا: [ار۔ محاورہ] خاتمہ ہونا۔ مرجانا۔ کام تمام ہو جانا۔
اَنجب: [(اَن جب)] [ع۔ التفضیل] ۱۔ بہت نجیب۔ بہت شریف۔ (۲) پرستار زادہ۔ لونڈی بچہ
اَنجبار: [ف۔ امذ] ایک سُرخ رنگ کی بیل جو دواؤں میں کام آتی ہے۔
اِنجذاب: [ع۔ امذ] جذب کرنا۔ جذب ہونا۔ کھینچنا، کھنچنا،
انجذابی: [ع صف] انجذاب سے منسوب۔
انجذابیہ: [ع صف] انجذابی کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے۔
اَنجر پنجر: [ار امذ] ہڈی پسلی۔ جوڑ جوڑ
اَنجر پنجر ڈھیلے کر دینا: [ار محاورہ] تھکا دینا۔ مضمحل کر دینا۔
انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "انجر پنجر ڈھیلے کر دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
اَنجل: [(اَن جَل)] [ہ۔ امذ] ملے ہوئے ہاتھ، جیسے دعا مانگتے وقت ملائے جاتے ہیں۔ لپ
اَنجلی: [ہ۔ امث] دیکھئے انجل جس کی یہ تصغیر ہے۔
اَنجلی نکالنا: [ار محاورہ] غلہ تیار کرنے کے بعد خیرات کے طور پر لپ بھر غلہ دینا۔
اَنجم: [ع۔ امذ] نجم کی جمع۔ ستارے۔

اَنجم شناس : [ف۔ افاعل] نجومی۔ منجم۔ ستاروں کے حساب سے پیش گوئی کرنے والا

اِنجماد : (اِن جماد) [ع۔ اند] ۱۔ جمنا۔ منجمد ہونا (۲) جماؤ۔ منجمد ہونے کی کیفیت۔

اَنجمن : [ف۔ امث] محفل۔ بزم۔ مجلس

اَنجن : [ہ۔ اند] سُرمہ۔ کاجل

اِنجن : [انگ۔ اند] ENGINE مشین۔ بھاپ یا تیل سے چلنے والی کل

انجن ہاری : [ہ۔ امث] ۱۔ آنکھ کے کونے میں نکلنے والی پھنسی۔ گوہانجنی (۲) ایک قسم کی مکھی جسے کمہاری بھی کہتے ہیں

اَنجو / انجھو : [ار۔ اند۔ ق] اشک۔ آنسو

انجیر : [ف۔ اند] ایک مشہور پھل جو گولر سے مشابہ اور مزہ میں شیریں ہوتا ہے اس کو خشک کر کے چپٹا کر لیا جاتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے

اِنجیل : [ع۔ امث] عیسائیوں کی مذہبی کتاب (۱) مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق وہ کتاب جو اللہ تعالٰی کی طرف سے حضرت عیسٰی علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی (۲) عیسائیوں کے عقیدہ کے مطابق ان نائیس یا اٹھائیس رسائل کا مجموعہ، جو حضرت عیسٰیؑ کے حواریوں یا تابعین نے مرتب کیے تھے۔ جن میں حضرت عیسٰیؑ کے اقوال اور حالاتِ زندگی تحریر ہیں۔ اس مجموعہ کو "عہد نامہ جدید" کہتے ہیں۔ اس مجموعہ کا ہر رسالہ بھی انجیل کہلاتا ہے (۳) توریت اور انجیل کا مجموعہ بھی انجیل کہلاتا ہے۔

اِنجینیئر (اِن جی نیئر) ENGINEER [انگ۔ افاعل] تعمیرات یا مشینوں کے کام کا ماہر۔

اِنچ : [انگ۔ اند] INCH فٹ کا بارھواں حصہ۔ گز کا چھتیسواں حصہ

اِنچارج : [انگ۔ اند] INCHARGE (۱) وہ شخص جس کے اہتمام یا انتظام میں کوئی کام ہو (۲) کسی محکمہ یا ادارہ کا ذمہ دار عہدہ دار۔ (۳) قائم مقام

اُنچاس : [ار۔ ا۔ عدد] چالیس اور نو۔ پچاس سے ایک کم۔ ۴۹

اُنچاس : (بروزن اُداس) } اونچا کے اسمائے کیفیت

اُنچان : (بروزن اُٹھان) } [ار۔ امث] اونچاپن۔ بلندی

اُنچاؤ : [ار۔ اند] بلندی۔ اونچاپن

اونچائی : [ار۔ امث] دیکھئے "اُنچاؤ" جس کی یہ تانیث ہے۔

اُنچلا : [ار۔ صف۔ مذ] چنچلا کی ضد۔ بے قرار۔ چنچل۔ شوخ

انچلاچال : [ار۔ اند] بے قراری۔ بیتابی۔ شوخی۔ چنچل پن

انچھر : [ہ۔ اند] ۱۔ جادو کے بول۔ منتر (۲) پڑھ تا ثیرات

انچھر پڑھ کے مارنا : [ار۔ محاورہ] جادو کرنا۔ منتر پڑھ کر کوئی چیز پھینکنا۔

اِنچے اِنچے رہنا : [ار۔ محاورہ] دُور دُور رہنا۔ کھنچے کھنچے رہنا۔

اِنحراف : (اِن حراف) [ع۔ اند] ۱۔ رُوگردانی کرنا۔ پھر جانا برخلاف ہونا۔ مکر جانا (۲) سرکشی۔ روگردانی۔ مخالفت

انحصار : [ع۔ اند] گھرنا۔ محصور ہونا (۲) موقوف ہونا۔ منحصر ہونا (۳) دارومدار۔ احاطہ۔

اِنحطاط : [ع۔ اند] ۱۔ اُترنا۔ گھٹنا۔ کم ہونا (۲) زوال۔ تنزل۔ کمی

اِنحلال : [ع۔ اند] ۱۔ گرہ کھلنا۔ تحلیل ہونا (۲) حل۔ علاج

اِنخلا (اِن خلا) : [ع۔ اند] ۱۔ کٹا ہوا ہونا۔ خالی کرنا (۲) خالی کرنے کا عمل۔

اَند : [ار۔ اند۔ ق] قلعہ کی دیوار کا موکھا

اِندارا / اِنہارا : [ار۔ اند] بہت گہرا اور چوڑا کنواں، جس میں بہت پانی ہو

اَنداز : [ف۔ اند] ۱۔ طریقہ۔ وضع (۲) قیاس۔ اندازہ۔ تخمینہ (۳) اعتدال (۴) معشوقانہ ادا (۵) نمونہ۔ پیمانہ (۶) انداختن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسم فاعل بنا دیتا ہے اور ڈالنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً تیرانداز

انداز اڑانا : [ار۔ محاورہ] کسی کا ڈھنگ سیکھنا۔ کسی کی وضع اختیار کرنا۔

انداز پٹی : [ار۔ امث] اپنے ناز و انداز پر اترانے والی عورت۔ نخرے والی

انداز سے باہر ہو جانا : [ار۔ محاورہ] حد سے بڑھ جانا۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔

انداز ملنا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ اندازہ ہونا۔ تخمینہ ہونا (۲) طرز ملنا۔ وضع ملنا۔

انداز نکلنا : [ار۔ محاورہ] شان پیدا ہونا۔ وضع پائی جانا (کسی کا) ڈھنگ ظاہر ہونا۔

انداز نکالنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے انداز نکلنا جس کا یہ متعدی ہے

اندازہ : [ف۔ اند] ۱۔ قیاس۔ تخمینہ۔ اٹکل (۲) امتحان۔ جانچ (۳) پیمائش ناپ (۴) حدِ اعتدال۔ مقررہ مقدار

اندازہ پانا : [ار۔ محاورہ] اٹکل ملنا۔ تخمینہ ہونا

اندازہ کرنا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ تخمینہ کرنا۔ اٹکل سے کام لینا۔ قیاس کرنا۔ (۲) جانچنا۔ امتحان کرنا۔

اَندام : [ف۔ اند] جسم۔ بدن۔ جُثّہ۔ انگ

اندام نہانی : [ف۔ اند] جسم کا پوشیدہ حصہ۔ شرم گاہ۔ (بالخصوص عورت کی فرج)

اَندر : [ف۔ حرف جار۔ ع] میں۔ درمیان۔ بیچ۔ بھیتر۔ باہر کی ضد

اندرخانے : [ف۔ ار۔ متعلق فعل] اندر ہی اندر۔ چپکے چپکے۔ خفیہ طور پر۔

اندر کی سانس اندر، باہر کی سانس باہر : [ار۔ محاورہ] تنگ لباس یا خوف و دہشت یا شرم و ندامت یا انتہائی حیرت کے باعث سانس رُک جانا (افعال ہونا، رہنا)

اندروار : [ف۔ متعلق فعل] اندر کی طرف۔ اندر کے رُخ۔

اندر والا : [ار۔ اند] ۱۔ دل۔ جی (۲) پیٹ کے اندر کا بچہ۔ جنین

اندر والی : [ار۔ امث] کلیجی (عورتیں بدشگونی کے خیال سے صبح صبح کلیجی کا نام نہیں لیتیں، بلکہ کنایتہً اندر والی کہتی ہیں)

اندر ہی اندر : [ار۔ متعلق فعل] دیکھئے "اندرخانے"

اِندر : [س۔ اند] ۱۔ دیوتاؤں کا راجا۔ سورگ (بہشت کا) راجا۔ مینہ برسانے والا دیوتا (۲) رعد۔ گرج۔ کڑک۔ بجلی (۳) چالاکی۔ ہوشیاری۔

اندر آسن : [س۔ اند] راجا اندر کا تخت

اندر آسن آنا : [ار۔ محاورہ] عیش و آرام سے زندگی بسر کرنا۔ عیش منانا

اندرجال : [ہ۔ اند] ۱۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا (۲) شعبدہ۔

اندرجو : [ہ۔ اند] جو کے مشابہ ایک درخت کا پھل۔ لسان العصافیر۔ زبان گنجشک۔

اِندر کا اکھاڑا: [ار۔ اند] ا۔ راجا اندر کی مجلس (۲) حسینوں کا مجمع
اِندَراج: [ع۔ اند] ا۔ درج کرنا۔ تحریر کرنا۔ لکھنا۔ داخل کرنا (۲) تحریر۔ ترقیم
اِندرائن: [ہ۔ اند] حنظل۔ ایک خربوزہ کی شکل کا پھل جو دیکھنے میں خوبصورت اور مزہ میں نہایت تلخ ہوتا ہے۔
اندرائن کا پھل: [ار۔ اند] وہ شخص جو صورت کا اچھا اور سیرت کا بُرا ہوتا ہے
اِندرائن کا پھل دیکھنے کا ہے، چکھنے کا نہیں: [ار۔ مثل] ظاہر عمدہ، باطن خراب۔ صورت اچھی ہے، سیرت خراب ہے۔
اَندَرسا: [ار۔ اند] ایک مٹھائی جو چاول کا آٹا اور کھانڈ ملا کر گھی میں تل جاتی ہے
اَندرون: [ف۔ حرف جار] دیکھئے "اندر"
اَندرُونِ خانہ: [ف مرکب جاری] ا۔ گھر میں (۲) آپس میں (۳) بیوی
اِندرونی: [ف۔ صف] اندر کا۔ اندر سے متعلق۔ بیرونی کی ضد
اِندری: [ہ۔ امث] ا۔ محسوس کرنے کا آلہ (۲) حواس ظاہری و باطنی (۳) عضوِ تناسل۔ اندامِ نہانی (۴) خواہش نفسانی
اِندِفاع: [ع۔ اند] ا۔ دُور ہونا۔ دفع ہونا (۲) مدافعت۔ دفعیہ
اَندک: [ف۔ صف] تھوڑا۔ قلیل۔ کم۔ ذرا سا۔
اَندکار: [ار۔ اند۔ ق] اندھیرا۔ تاریکی
اَندلس: [ع۔ اند] دیکھئے "اسپین" جس کا یہ عربی نام ہے
اِندِمال: [ع۔ اند] ا۔ زخم بھرنا (۲) زخم کی درستی یا صحت (۳) تسلی۔ اطمینان
اِندو: [ار۔ اند۔ ق] پیشانی۔ ماتھا
اَندوختہ: [ف۔ صف مفعول] جمع کیا ہوا۔ بچایا ہوا۔ پس انداز کیا ہوا مال
اندود [ف۔ لاحقہ مفعول] اندودن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسکو اسم مفعول بنا دیتا ہے اور لیپا ہوا کے معنی دیتا ہے مثلاً زر اندود۔
اَندوہ: [ف۔ اند] رنج۔ غم۔ فکر۔ تردد
اَندوہ رُبا: [ف۔ صف۔ فاعل] غم دُور کرنے والا۔ غم مٹانے والا
اَندوہگیں: [ف۔ صف] غم ناک۔ مغموم۔ رنجیدہ۔ متفکر۔ دردمند
اندوہناک: " " " "
اَندھا: [ار۔ صف] ا۔ نابینا۔ کور۔ جو دیکھنے کی قوت سے محروم ہو (۲) دھندلا غیر شفاف (۳) ناواقف۔ بے خبر۔ جاہل (۴) بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔ بیوقوف
اندھا آئینہ: [ار ف۔ اند] دھندلا آئینہ۔ غیر شفاف شیشہ۔ وہ آئینہ جس میں صورت صاف دکھائی نہ دے یا وہ شیشہ جس میں سے نگاہ پار نہ ہو۔
اندھا اندھا جلنا: [ار۔ محاورہ] بجھی بجھی سی روشنی دینا۔ مدھم روشنی دینا۔
اندھا بانٹے ریوڑیاں پھر پھر اپنوں ہی کو دے: [ار۔ مثل] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو ہر صورت اپنے عزیزوں ہی کو فائدہ پہنچاتے اور دوسروں کو نفع پہنچانے میں اپنی معذوری کا حیلہ کرے۔
اَندھا بگلا: [ار۔ اند] ا۔ گھبراہٹ اور بدسلیقگی سے کام کرنے والا (۲) جلد جلد گھبراتے ہوئے کھانا کھانے والا۔
اَندھا بنانا: [ار محاورہ] ا۔ آنکھوں میں دھول جھونکنا۔ بیوقوف بنانا (۲) فریب دینا (۳) شدتِ جذبات سے بے ہوش اور بدحواس کر دینا۔ عقل پہ پردہ ڈال دینا۔ حواس پہ چھا جانا۔
اَندھا بننا: [ار محاورہ] ا۔ دھوکا کھانا (۲) توجہ نہ دینا۔ پروا نہ کرنا۔

اندھا بھینسا: [ار۔ اند] بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکے کی آنکھیں بند کر کے دوسرا اس کی کمر پہ سوار ہو جاتا ہے۔ باقی لڑکے باری باری اس کے نیچے سے نکلتے ہیں۔ سوار لڑکا اس سے ہر ایک کا نام پوچھتا ہے جس کا نام وہ صحیح بتا دے اس لڑکے کو بھینسا بنا کر بتانے والا سوار ہو جاتا ہے اسی طرح کھیل جاری رہتا ہے۔
اندھا بے ایمان: [ار۔ مقولہ] اندھا بے ایمان ہوتا ہے کیونکہ نظر نہ آنے کے باعث لوگوں کے متعلق بدگمانی میں مبتلا رہتا ہے۔
اَندھاپن: [ار۔ اند] ا۔ نابینائی۔ بے بصری۔ آنکھوں سے نظر نہ آنا (۲) بیوقوفی۔ جہالت۔ ناواقفیت۔
اندھا تب پتیائے جب دو آنکھیں پاتے: [ار۔ مثل] غرض مند کو اسی وقت اطمینان ہوتا ہے جب اس کی غرض پوری ہو جائے۔
اَندھا جانے آنکھوں کی سار: [ار۔ مثل] آنکھوں کی قدر اندھا ہی جانتا ہے۔ کسی نعمت کی قدر وہی جانتا ہے جو اس سے محروم ہو۔
اندھا جئے بُرے حالوں: [ار۔ مثل] مصیبت میں زندگی کا لطف نہیں رہتا
اندھا دربار: [ار۔ اند] وہ عدالت جہاں عدل و انصاف نہ ہو۔ وہ حکومت جس میں ظلم و ستم کا دور دورہ ہو۔
اندھا دوزخی بہرا بہشتی: [ار۔ مقولہ] اندھا آدمی دیکھ نہ سکنے کی وجہ سے بدگمانی کا مرتکب ہوتا ہے اور بہرا سُن نہ سکنے کی وجہ سے بُری باتیں سننے سے بچ جاتا ہے۔ اس لیے اندھا گنہگار رہے اور بہرا نیک۔
اَندھا دُھند: [ار۔ صف] ا۔ بے سوچے سمجھے (۲) بے حساب۔ بے دھڑک بے احتیاطی سے (۳) اندھیر۔ بدنظمی
اَندھا دُھند لٹانا: [ار۔ محاورہ] بے حساب خرچ کرنا۔ بے دریغ خرچ کرنا۔
اندھا دُھند مچنا: [ار محاورہ] بے انصافی ہونا۔ ظلم کا دور دورہ ہونا۔
اندھا دیکھے تو پتیائے: [ار مثل] دیکھئے "اندھا تب پتیائے جب دو آنکھیں پائے"
اندھا راجا چوپٹ نگری: [ار۔ مثل] ظالم اور بیوقوف بادشاہ اور بے آئین حکومت۔ وہ حکومت یا سلطنت جس میں حکمران کی غفلت کی وجہ سے بے انصافی اور ظلم کا دور دورہ ہے۔
اندھا کرنا: [ار محاورہ] ا۔ نابینا کرنا۔ دیکھنے کی قوت زائل کرنا (۲) شوق اور جوش سے بدحواس کرنا۔ عقل پر پردہ ڈال دینا۔
اَندھا کنواں: [ار۔ اند] ا۔ خشک اور تاریک کنواں (۲) بچوں کا ایک کھیل جو شطرنج کی طرح چار کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔
اندھا کیا جانے بسنت (لالے) کی بہار: [ار۔ مثل] نااہل آدمی کسی چیز کی قدر نہیں کر سکتا۔
اندھا کیا چاہے، دو آنکھیں: [ار مثل] حاجت مند ہمیشہ اپنی حاجت پوری کرنا چاہتا ہے۔ ضرورت مند کو ہر وقت اپنی ضرورت کا خیال ہوتا ہے۔
اندھا گائے بہرا بجائے: [ار مثل] نااہلوں کا مجمع ہے۔ جب کوئی کام ان لوگوں کے سپرد ہو، جو اس کی صلاحیت نہ رکھتے ہوں تو کہتے ہیں۔
اندھا گھوڑا: [ار۔ اند] فقیروں کی اصطلاح میں جوتا۔ پاپوش
اندھا گیا سگائی کو آپ کو کہ بھائی کو: [ار مثل] خود غرض کو

اپنا مطلب مقدم ہوتا ہے، وہ دوسرے کی ضرورت کا خیال نہیں رکھتا۔

اندھا لُولی مسجد: [ا۔ مثل] ناقص کو چیز بھی ناقص ہی ملتی ہے

اندھا ہو: [ا۔ کلمۂ قسم] اگر فلاں کام کرے تو اندھا ہو جائے قسم کھاتے وقت کہتے ہیں

اندھا ہو جائے: [ا۔ بددعا] عورتیں بددعا کے طور پر کہتی ہیں کہ آنکھیں پھوٹیں

اندھا ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ نابینا ہونا (۲) شوق اور جوش یا جذبات کی شدت کے باعث عقل و ہوش سے بیگانہ ہو جانا (۳) پس و پیش نہ دیکھنا۔ آگا پیچھا نہ دیکھنا۔ انجام نہ سوچنا

اندھڑ: [ھ۔ امذ] تیز ہوا۔ آندھی۔ صَرصَر

اندھ کار: [ہ۔ امذ] آندھی۔ طوفانی گرد و باد

اندھ کھوپڑی: [ہ۔ صفت] جس کے دماغ میں عقل نہ ہو۔ احمق۔ بیوقوف

اندھلا: [ا۔ امذ ق] دیکھئے "اندھا"

اندھلانا: [ا۔ مص] اندھا بنانا (اب متروک ہے)

اندھوں: [ا۔ صفت] دیکھئے "اندھا" جس کی یہ جمع ہے

اندھوں میں کانا راجا: [ا۔ مثل] نالائقوں میں تھوڑا سا جاننے والا بھی لائق سمجھا جاتا ہے۔

اندھی: [ا۔ صفت۔ مث] دیکھئے "اندھا" جس کی یہ تانیث ہے

اندھی آنت: [ا۔ امث] ایک فالتو آنت جو بڑی آنت کے اوپر لگی ہوتی ہے۔ زائدہ (APPENDIX)

اندھی پیسے کتا کھائے: [ا۔ مثل] بدسلیقگی اور پھوہڑپن کے موقع پر کہتے ہیں۔

اندھی سرکار: [ا۔ امث] وہ حکومت جس میں ظلم و ستم عام ہو یا جس کا انتظام خراب ہو جس کے نوکروں کو وقت پر تنخواہ نہ ملے۔

اندھے حافظ کانے راجا: [ا۔ مثل] مزاحاً اندھے مسلمان کو حافظ اور کانے کو راجا کہتے ہیں

اندھے کو اندھا کیسے راستہ دکھائے: [ا۔ مثل] جو شخص خود گمراہ ہو دوسرے کی رہبری نہیں کر سکتا

اندھے کے آگے روئیے اپنی آنکھیں / اپنے نین کھوئیے: [ا۔ مثل] ۱۔ اہل کو نصیحت کارگر نہیں ہوتی (۲) ایسے شخص کے پاس درخواست لے جانے کا کوئی فائدہ نہیں جو سنے ہی نہیں۔

اندھے کے ہاتھ بٹیر لگا / اندھے کے پاؤں تلے بٹیر دبنا: [ا۔ مثل] کم حوصلہ شخص کو اس کی بساط سے زیادہ کوئی چیز مل جانا۔

اندھے کے حساب رات دن برابر ہے: [ا۔ مثل] جاہل اچھے بُرے میں تمیز نہیں کر سکتا۔

اندھے کی جورو کا اللہ بیلی: [ا۔ مثل] جب کوئی شخص اپنی چیز کی اچھی طرح حفاظت نہ کر سکے تو کہتے ہیں۔

اندھے کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھے گا: [ا۔ مثل] مجبور شخص کی غلطی جرم نہیں۔

اندھے کی لاٹھی: [ا۔ امث] بڑھاپے کا سہارا

اندھے گھوڑے پر سوار کر دے: [ا۔ فقرہ] فقیروں کی اصطلاح میں جوتی پہنا دے۔

اندھیارہ: [ھ۔ امذ] اندھیرا۔ تاریکی

اندھیارا: [ھ۔ امذ] دیکھئے "اندھیارہ"

اندھیاری: [ھ۔ امث] دیکھئے "اندھیری"

اندھیاری کوٹھڑی: [ا۔ امث] اندھیرا کمرا (۲) پیٹ۔ کوکھ

اندھیاری لگی کہ چور: [ا۔ مثل] ہر وقت حفاظت اور احتیاط کرنی چاہیے۔

اندھیر: [ہ۔ امذ] ۱۔ تاریکی۔ سیاہی (۲) ظلم و ستم۔ قہر۔ آفت۔ غضب (۳) بے انصافی۔ بدنظمی۔ بدانتظامی (۴) بدامنی۔ فساد۔ کھلبلی (۵) دغا۔ فریب بے ایمانی (۶) رنج و غم

اندھیر پکارنا: [ا۔ محاورہ] ظلم و ستم کی فریاد کرنا

اندھیر چھانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ تاریکی و سیاہی پھیل جانا (۲) بے انصافی۔ بدنظمی کا دَور دَورہ ہونا

اندھیر ڈھانا: [ا۔ محاورہ] بہت ظلم کرنا۔ بہت زیادتی کرنا۔

اندھیر کرنا: [ا۔ محاورہ] ظلم کرنا۔ بے انصافی کرنا۔

اندھیر کھاتا: [ا۔ امذ] حساب میں گڑبڑ (۲) بے ایمانی۔ بدمعاملگی

اندھیر کی بات: [ا۔ امث] بے انصافی کی بات

اندھیر مچانا: [ا۔ محاورہ] بے انصافی کرنا۔ ظلم کرنا۔ لوٹ مچانا۔ کھلم کھلا بیہودہ حرکتیں کرنا۔

اندھیر نگری چوپٹ راجا۔ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا: [ا۔ مثل] حکمران کی بے پروائی، اور ناانصافی کی وجہ سے لوٹ مچی ہوئی ہونا۔

اندھیر ہونا: [ا۔ محاورہ] ظلم ہونا۔ ناانصافی ہونا۔

اندھیرا: [ھ۔ امذ] تاریکی۔ سیاہی۔ اُجالا کی ضد

اندھیرا جھک آنا: [ا۔ محاورہ] تاریکی بڑھ جانا

اندھیرا چھانا: [ا۔ محاورہ] تاریکی ہو جانا۔

اندھیرا کرنا: [ا۔ محاورہ] روشنی روکنا۔ چراغ گل کرنا۔

اندھیرا گھپ: [ھ۔ امذ] سخت تاریکی

اندھیرا ہونا: [ا۔ محاورہ] تاریکی ہونا

اندھیری: [ھ۔ امث۔ صفت۔ مث] تاریکی۔ سیاہی (۲) تاریک۔ سیاہ (۳) چمڑے یا کپڑے کا وہ پردہ جو شریر گھوڑے کی آنکھوں پر باندھتے ہیں۔

اندھیری جھکنا / چھانا: [ا۔ محاورہ] ایسی تاریکی پھیلنا کہ کچھ دکھائی نہ دے۔

اندھیری دینا / ڈالنا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا۔ نقاب چڑھانا (۲) کسی شخص کی آنکھوں کو بند کرکے خوب گت بنانا۔

اندھیری کوٹھڑی: [ھ۔ امث] تاریک مقام (۲) جسم کا اندرونی حصہ۔ پیٹ۔ رحم

اندھیرے اُجالے: [ا۔ متعلق فعل] وقت بے وقت۔ اوبیر۔ سویر

اندھیرے گھر کا اُجالا / چراغ: [ا۔ مثل] اکلوتا بیٹا۔ بہت پیارا۔

اندھیرے منہ: [ا۔ متعلق فعل] بہت سویرے۔ تڑکے

اندیش: [ف۔ لاحقہ فاعلی] مصدر اندیشیدن سے صیغۂ امر جو اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور سوچنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً عاقبت اندیش۔

اندیشہ: [ف۔ امذ] ۱۔ غور۔ فکر (۲) کھٹکا۔ خوف۔ ڈر۔ خطرہ (۳) خیال۔ وہم

اندیشناک / اندیشہ ناک: [ف۔ صفت] پُرخطر۔ خوفناک

انڈا: [ھ۔ امذ] بیضہ۔ تخم

انڈا بٹھانا: [ا۔ محاورہ] انڈا سینے کی غرض سے مُرغی وغیرہ کے نیچے رکھنا۔

انڈا کھلنا: [ا۔ محاورہ] پرندے کے بچے کا انڈا توڑ کر باہر نکلنا۔
انڈا گندہ ہونا: [ا۔ محاورہ] انڈا خراب ہونا۔ بچہ نکلنے کے قابل نہ رہنا
انڈر ویر: [انگ۔ اند] UNDER WEAR زیر جامہ۔ پاجامہ وغیرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا
انڈس: [انگ۔ اند] INDUS دریائے سندھ کا نام
انڈکس: [انگ۔ اند] (INDEX) فہرست۔ تفصیلات کا خلاصہ۔ ضمیمہ۔ اشاریہ
انڈلانہ: [ہ۔ محاورہ] اٹھلانا۔ شوخیاں کرنا
انڈل پڑنا: [ا۔ محاورہ] گر پڑنا
انڈوا: [ہ۔ صف] نر۔ غیر آختہ جانور
انڈوا: [ہ۔ اند] (۱) پرانے کپڑے کا حلقہ جو بوجھ اُٹھانے کے لیے سر پر رکھتے ہیں (۲) عمدہ کپڑے اور لچکے پٹھے سے بنا کر آرائش پسند مرد اور عورتیں سر اور بازو میں
انڈوں پر ہونا: [ا۔ محاورہ] (۱) مادہ پرندے کا انڈے سینا (۲) انڈے دینے کے لیے تیار رہنا
انڈے: [ا۔ اند] دیکھئے "انڈا" جس کی یہ جمع ہے
انڈے بچوں میں بچے کھجور میں: [ا۔ مثل] بد انتظامی سے بے ترتیبی۔ کوئی چیز کہیں اور کوئی کہیں۔
انڈے بچے: [ا۔ اند] لڑکے بالے۔ آل اولاد
انڈے دینا: [ا۔ محاورہ] انڈے پیدا کرنا
انڈے رکھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "انڈے دینا"
انڈے سینا: [ا۔ محاورہ] (۱) کسی پرندہ کا انڈوں پر بیٹھ کر گرمی پہنچانا تاکہ ان میں سے بچے نکل آئیں (۲) گھر میں بیٹھے رہنا۔ گھسر گھس ہونا۔
انڈے سیوے کوئی بچے لیوے کوئی
انڈے سیوے فاختہ اور کوے میوے کھائیں } [ا۔ مثل]
محنت کوئی کرے اور فائدہ کوئی اُٹھائے۔
انڈے کا ستارہ: [ا۔ اند] گھی میں تلا ہوا خالی انڈا
انڈے کا شہزادہ: [ا۔ اند] وہ شخص جو گھر سے کبھی باہر نہ نکلا ہو۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار
انڈے لڑانا: [ا۔ محاورہ] ایک قسم کا جوا۔ قمار باز نوروز کے دن انڈے ہاتھوں میں لیکر ایک دوسرے سے لڑاتے ہیں جس کے ہاتھ کا انڈا ٹوٹ جائے وہ ہار جاتا ہے۔
انڈے ہوں گے تو بچے بھی ہو رہیں گے: [ا۔ مثل] کام اور محنت کریگے تو نفع ہوگا۔ جڑ قائم ہوگی تو سر سبزی بھی ہو جائے گی۔
انڈیا: [انگ۔ اند] (INDIA) ہندوستان۔ ہند۔ بھارت ورش
انڈیانا: [ا۔ محاورہ] انڈے دینے پر آمادہ ہونا
انڈیلنا: [ا۔ مص] اوندھا کرنا۔ ڈالنا۔ گرانا۔ الٹنا
انڈین نیشنل کانگریس: [انگ۔ امث] ہندوستان کی ایک سیاسی جماعت جو ۱۸۸۵ء میں قائم ہوئی تقسیم ہندوستان سے پہلے واحد ہندو سیاسی جماعت تھی۔
انڑ تڑ: [ہ۔ صفت] بے معنی۔ فضول۔ لغو۔ واہیات
انریت / انریتی: [ہ۔ امث] بے رواجی۔ بدرسمی۔ بدچلنی
انزال: [ع۔ اند] اتارنا۔ اُترنا۔ خلاص ہونا (نکلنا منی کا)
انزجار: [ع۔ اند] ہٹ جانا۔ پلٹ جانا
انزوا: [ع۔ اند] (۱) کونے میں بیٹھنا (۲) خانہ نشینی۔ گوشہ نشینی (۳) عزلت تنہائی۔ پوشیدگی۔ نہفتگی
انس: [س۔ اند] توانائی۔ طاقت (۲) (نجوم) درجہ حصہ

انس: [ع۔ اند] انسان
انس و جان: [ع ف مرکب عطفی] انسان اور جن
اُنس: [ع۔ اند] محبت۔ الفت۔ شفقت۔ پیار
انساب: [ع۔ اند] نسب کی جمع۔ شجرے۔ قومیں۔ نسلیں۔ خاندان
انسان: [ع۔ اند] آدمی۔ بنی آدم۔ آنکھ کی پتلی۔ مہذب۔ اخلاق سے آراستہ۔
انسان بنانا: [ا۔ محاورہ] آدمی بنانا۔ آدمیت سکھانا
انسان بننا: [ا۔ محاورہ] آدمیت سیکھنا
انسان کیا پکھیرو ہے: [ا۔ مثل] بہت سیر و سیاحت کرنے والا ہے۔ بہت جہاں گرد ہے۔
انسان میں کچھ نہیں: [ا۔ مثل] زندگی کا ذرا سا اعتبار نہیں۔
انسان ہی تو ہیں: [ا۔ مثل] آدمی سے خطا ہو ہی جاتی ہے
انسانی: [ع صف] انسان سے منسوب
انسانیت: [ع امث] آدمیت۔ عقل۔ شعور۔ تمیز
انسانیت برتنا: [ا۔ محاورہ] مروت و اخلاق سے پیش آنا۔
انسانیت سے خارج ہونا: [ا۔ محاورہ] انسانی صفات سے محروم ہونا۔ بدتمیز ہونا۔ بے رحم ہونا۔ حیوان کی طرح ہونا۔
انسائیکلوپیڈیا: [انگ امث] encyclopaedia دائرۃ المعارف۔ قاموس العلوم۔ وہ کتاب حوالہ جس میں جملہ علوم و فنون کے متعلق معلومات درج ہوں۔
انسب: [ع۔ اتفضیل] زیادہ مناسب۔ بہت ٹھیک
انسپکٹر: [انگ اند] معائنہ کرنے والا۔ نگران (INSPECTOR)
انسٹھ: [ا۔ امد] پچاس اور نو کا مجموعہ۔ ایک کم ساٹھ
انسٹیٹیوٹ / انسٹیچیوٹ: [انگ امث] ادارہ۔ محکمہ۔ انجمن ترقی علوم و فنون
انسداد: [ع۔ اند] روک۔ مخالفت۔ بندش
انسیت: [ع۔ امث] محبت۔ ہمدردی
انشا: [ع۔ امث] (۱) عبارت لکھنا۔ بات پیدا کرنا (۲) تحریر۔ ایجاد
انشا پرداز: [ع ف فاعل] مضمون نگار۔ نثر لکھنے والا۔ منشی۔ ادیب
انشا پردازی: [عف امث] دیکھئے "انشا پرداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
انشا کرنا: [ا۔ محاورہ] تحریر کرنا۔ لکھنا۔ ایجاد کرنا
انشائیہ: [ع اند] (۱) جملے کی ایک قسم جس میں صدق یا کذب کا احتمال نہ ہو (۲) ہلکا پھلکا مضمون۔ غیر سنجیدہ مضمون انگریزی (ESSAY) کا ترجمہ
انشاء اللہ / ان شاء اللہ: [ع فقرہ] اگر خدا نے چاہا۔ اگر خدا کو منظور ہوا۔
انشراح: [ا۔ اند] کھلنا۔ کشادہ ہونا (۲) فرحت۔ مسرت۔ کشادگی
انشقاق: [ع اند] شق ہونا۔ پھٹنا۔ ترخنا
انشورنس: [انگ اند] (INSURANCE) بیمہ
انصار: [ع۔ اند] ناصر کی جمع۔ مددگار۔ امدادی۔ مدینے کے وہ مقامی صحابہ جنہوں نے حضور اکرم صلعم اور مہاجرین کی ہر طرح مدد کی اور اپنے بھائی بنا کر اپنی جائداد میں حصہ دیا۔
انصاری: [ع صف] انصار سے منسوب
انصاف: [ع۔ اند] داد۔ عدل۔ نیا

اِنصاف چاہنا: [ا ر محاورہ] داد رسی چاہنا
اِنصاف چُکانا: [ا ر محاورہ] فیصلہ کرنا۔ حق پر نظر رکھنا۔ جھگڑا چکانا
اِنصاف سے دیکھنا: [ا ر محاورہ] حق پر نظر رکھنا
اِنصاف کا خون کرنا: [ا ر محاورہ] انصاف نہ کرنا۔ بے انصافی کرنا۔
اِنصاف کرنا: [ا ر محاورہ] صحیح فیصلہ کرنا۔ حق کے مطابق فیصلہ کرنا
اِنصاف ہونا: [ا ر محاورہ] عدل ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ حق کے مطابق فیصلہ ہونا
اَنصاب: [ع اند] بُتوں کے تھان۔
اِنصِراف [ع اند] لوٹ کر آنا۔ پلٹ کر آنا۔ پیچھے ہٹنا۔ واپس چلا جانا
اِنصِرام: [ع۔ اند] انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا (۲) انتظام۔ بندوبست
اِنضِباط: [ع اند] ا۔ منضبط کرنا۔ تعمیم کرنا۔ تحریر کرنا (۲) پابندی نظم و ضبط۔ باقاعدگی۔ تحریر منضبط
اِنضِباطی: [ع صف] انضباط سے منسوب ضبط و نسق سے متعلق، تادیبی انگریزی disciplinary کا ترجمہ۔
اِنضِباطِ اوقات: [ع اند] وقت کی تقسیم وقت کی پابندی۔ دستور العمل ٹائم ٹیبل
اِنضِمام: [ع۔ اند] پیوست ہونا۔ پیوند ہونا۔ ایک چیز کو دوسری میں ملا کر ایک کرنا۔ وصل ہونا۔ ۲۔ اِتصال۔ پیوستگی۔ شمولیت
اِنطِباع: [ع اند] چھپنا۔ طبع ہونا۔ نقش ہونا۔ ۲۔ چھاپہ۔ چھپائی۔ طباعت
اِنطاق: [ع۔ اند] بات کرنا۔ بات
اِنطِباق: [ع اند] منطبق ہونا۔ وصل ہونا۔ ملنا۔ جُڑنا۔ اطلاق ہونا۔
اِنطِفا: [ع اند] بجھ جانا۔ افسردہ ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا (۲) افسردگی۔ رنجیدہ۔ غمگینی
اَنظار: [ع۔ اسث] نظر کی جمع۔ نگاہیں (نجوم) ستاروں کی چالیں
اِنعام: [ع۔ اند] صلہ۔ اجر۔ معاوضہ۔ بخشش۔ تحفہ
انعام و اکرام: [مرکب عطفی] خلعت۔ عزت
اِنعِدام: [ع۔ اند] نیست و نابود ہونا۔ معدوم ہونا۔ منہدم ہونا۔ ختم ہونا۔ (۲) نیستی۔ نابودی۔ معدومی
اِنعِطاف: [ع۔ اند] پھرنا۔ ٹیڑھا ہونا۔ جھکنا (۲) جھکاؤ۔ میلان
اِنعِقاد: [ع اند] بندھنا۔ منعقد ہونا۔ برپا ہونا (۲) اجتماع۔ عقد۔ قیام
اِنعِکاس: [ع۔ اند] اُلٹنا۔ نمودار ہونا۔ عکس پڑنا (۲) عکس۔ سایہ۔ اُلٹ انحراف
اَنف: [ع۔ امث] ناک۔ بینی
اَنفار: [ع اند] نفر کی جمع۔ لوگ
اَنفاس: [ع اند] نفس کی جمع۔ سانس۔ دَم
اِنفِراد: [ع اند] تنہا ہونا۔ اکیلا ہونا (۲) تنہائی۔ یکتائی
اِنفِرادی: [ع صف] فرد سے متعلق۔ ذاتی۔ شخصی
اِنفِرادیت: [ع۔ امث] ذاتی خصوصیت فرد ہونے کی حیثیت، فرد کا الگ وجود
اِنفِراغ: [ع اند] فراغت پانا۔ چھٹکارا پانا۔ مطمئن ہونا (۲) فراغت۔ اطمینان
اَنفَس: [ع۔ اتفضیل] بہت نفیس۔ بہت عمدہ
اَنفُس: [ع اند] نفس کی جمع۔ نفوس۔ رُوحیں۔ دل۔ بہت سے آدمی
اِنفِساخ: [ع اند] ا۔ فسخ ہونا۔ ٹوٹ جانا (۲) تنسیخ۔ خاتمہ۔ شکست
اِنفِصال: [ع۔ اند] ا۔ فیصلہ ہونا۔ جدا ہونا (۲) فیصلہ۔ جدائی

اِنفِعال: [ع۔ اند] ا۔ فاعل کے فعل کا مفعول پر اثر کرنا۔ اثر قبول کرنا۔ متاثر ہونا۔ (۲) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا (۳) اثر پذیری۔ تاثر (۴) شرمندگی۔ ندامت۔ خفت
اِنفِعالی: [ع صف] اثر پذیرانہ۔ مجہول۔ انگریزی لفظ (PASSIVE) کا ترجمہ
اِنفِعالیت [ع۔ امث] مجہولیت۔ مفعولیت۔ فاعل کا اثر قبول کرنے کی کیفیت فعالیت کی ضد۔ انگریزی لفظ (PASSIVITY) کا ترجمہ
اِنفِکاک [ع اند] ا۔ الگ ہونا۔ جدا ہونا (۲) جدائی۔ آزادی
اِنفِکاکِ رہن [ع۔ مرکب اضافی بہ ترکیب فارسی] (عدالتی اصطلاح) زر رہن ادا کر کے رہن کی ہوئی چیز واپس لینا۔
اِنفلوئنزا [انگ اند] (INFLUENZA) وبائی زکام۔ وبائی بخار زکام سے ہونے والا بخار
اِنفنٹری [انگ امث] (INFANTRY) پیادہ فوج۔ بری فوج کا جنگجو حصہ
اِنقِباض [ع۔ اند] ا۔ سکڑنا۔ رکنا۔ بند ہونا (۲) قبض۔ بستگی۔ طبیعت کا تکدر۔ دل گرفتگی۔ بیزاری۔ انبساط کی ضد۔
اِنقِراض [ع۔ اند] ا۔ کٹنا۔ گزرنا۔ مقررہ مدت کا پورا ہونا (۲) قطع۔ میعاد کا خاتمہ
اِنقِسام [ع اند] ا۔ تقسیم ہونا۔ منقسم ہونا۔ حصہ حصہ ہونا (۲) تقسیم۔ بٹوارا۔
اِنقِضا [ع۔ اند] ا۔ پورا ہونا۔ گزرنا (۲) تکمیل۔ اختتام (مدت وغیرہ کے لیے
اِنقِطاع [ع۔ اند] ا۔ کٹ جانا۔ الگ ہو جانا۔ بند ہو جانا (۲) خاتمہ۔ شکست
اِنقِلاب [ع۔ اند] ا۔ بدل جانا۔ اُلٹ پلٹ ہونا۔ تہ و بالا ہو جانا (۲) تغیر و تبدل الٹ پلٹ۔ الٹ پھیر۔ گردش (REVOUTION) کا ترجمہ
اِنقِلابی [ع صف] ا۔ انقلاب سے منسوب (۲) انقلاب پسند۔ انقلاب کا حامی انقلاب برپا کرنے والا (REVOLUTIONARY) اور REVOLUTIONIST کا ترجمہ (۳) کلی۔ بنیادی۔ غیر معمولی۔
اِنقِیاد [ع۔ اند] ا۔ پابندی کرنا۔ تابع ہونا (۲) اطاعت فرماں برداری۔
اَنک [س۔ اند] ا۔ نشان (۲) حرف۔ تحریر (۳) حصہ۔ قسمت (۴) گنتی۔ اعداد (۵) کاجل کی بندی جو بچے کے ماتھے پر لگائی جاتی ہے۔ داغ۔ دھبا (۶) ایک سے نو تک کے اعداد۔ احاد میں سے کوئی ایک (۷) ناٹک کا حصہ (۸) پار (۹) دکھ (۹) بار۔ دفعہ۔ مرتبہ (۱۰) عورت (۱۱) روپ۔
اِنکار: [ع اند] ا۔ انحراف کرنا نہ پہچاننا۔ تسلیم نہ کرنا (۲) نامنظوری اقرار کی ضد۔ پرہیز۔ ناآمادگی۔ عذر [افعال: کرنا۔ ہونا]
اِنکاری [ع صف] انکار کرنے والا
اَنکانا [ا ر مص] دیکھیے "انکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
اَنکاؤ [ا ر۔ اند] تخمینہ۔ جانچ۔ اندازہ۔ قیمت کا اندازہ
اَنکڑی [ا ر۔ امث] ا۔ لوہے کی سلاخ جس کا سر مڑا ہوا ہو (۲) ہل کی لکڑی جس میں پھال لگاتے ہیں (۳) تانگے کے پہیوں کے جوڑوں پر لگی ہوئی کیل۔
اَنکس [۰۔ اند] دیکھیے "آنکس"
اِنکِسار [ع۔ اند] ا۔ ٹوٹنا۔ شکستہ ہونا۔ عجز کرنا (۲) فروتنی۔ عاجزی۔ خاکساری
اِنکِشاف [ع۔ اند] ا۔ کھلنا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا (۲) اظہار۔ دریافت۔ نمود
اَنکِک [س۔ اند] حسابی۔ حساب دان۔ محاسب۔ نگران
اِنکم ٹیکس [انگ اند] (INCOME - TAX) آمدنی پر سرکاری محصول
اَنکنا [ا ر مص] ا۔ جچنا۔ تخمینہ ہونا۔ اندازہ۔ قیمت لگنا۔ مول پڑنا

اَنگوائی [ہ۔امث] ا۔ جانچ۔ تخمینہ (۲) تخمینہ لگانے یا جانچنے کا معاوضہ
اَنگوٹ: [ہ۔ اند] ہندوؤں کا ایک تیوہار جو دیوالی سے دوسرے دن ہوتا ہے
اس میں طرح طرح کے کھانے پکاکر دیوتاؤں کو بھوگ لگاتے ہیں۔
اَنکھڑی [ہ۔امث] دیکھئے "آنکھ" جس کی یہ تصغیر ہے
اَنکھ ر آنکھ مُندی [ا۔صف مث] کنواری لڑکی۔ نا سمجھ۔ بھولی بھالی
اَنکھوا [ا۔ اند] ا۔ بیج سے پھوٹ کر نکلنے والی سوئی سی، جو کونپل کی شکل اختیار کرلیتی ہے۔ (پھوٹنا کے ساتھ) ۲۔ آٹے کی ایک چیز جو سگرد کی شکل کی بناکر گھی میں تلتے ہیں اور شیرے میں ڈال کر کھاتے ہیں۔ اکثر عورتیں نظرِ بد کے دفعیہ کے بدلے اس پر نیاز دلواتی ہیں۔ (۳) ماش اور مونگ کے لمبے لمبے ریشے جو دُلنے میں دال سے الگ ہو کر نکلتے ہیں۔
اَنکھیارا: [ا۔صف] ا۔ آنکھ والا۔ اندھے کی ضد (۲) صاحبِ بصیرت۔ عقلمند۔
انکھیاں [ا۔امث] دیکھئے "آنکھ" جس کی یہ قدیم جمع ہے اور اب متروک ہے (۲) کھجور کی شکل کی ایک میٹھی چیز جو تل کر بنائی جاتی ہے اور اس پر نیاز دلوائی جاتی ہے۔ مدار صاحب کی انکھیاں اس سلسلہ میں مشہور ہے۔
اَنگ [ہ۔ اند] ا۔ جسم۔ بدن۔ عضو۔ جوڑ (۲) پستان۔ چھاتی
اَنگ لگنا [ا۔ محاورہ] ا۔ غذا کا جزوِ بدن ہونا (۲) بغل گیر ہونا۔
اَنگ لگوٹا [ا۔صف] وہ بچہ جو ہر وقت ماں کی گود میں رہے۔
اَنگا [ہ۔ اند] انگرکھا۔ لبادہ۔ پرانی وضع کی شیروانی
اَنگا [ت امث] دایہ کھلائی۔ دودھ پلانے والی
اَنگات [ہ صف] عاجز
اَنگار ر انگارا [ا۔ اند] ا۔ آگ کا دہکتا ہوا ٹکڑا۔ جلتا ہوا کوئلہ۔ (۲) نہایت سُرخ چیز
انگارا بننا [ا۔محاورہ] ا۔ غصہ میں سرخ ہو جانا (۲) کسی چیز کا بہت سرخ ہو جانا۔ اچھی صحت اور تندرستی سے رنگ سُرخ ہو جانا۔
انگارا ہونا [ا۔محاورہ] دیکھئے "انگارا بننا"
انگاروں پر لِٹانا [ا۔محاورہ] بہت دکھ دینا۔ تڑپانا۔ اذیت دینا۔ رنج دینا
انگاروں پر لوٹنا ر لیٹنا [ا۔محاورہ] ا۔ تڑپنا۔ بے قرار ہونا (۲) رشک و حسد سے جلنا۔
انگارہ: [ف۔ اند] دفتر۔ تصویر کا۔ خاکہ۔ ناتمام چیز۔ طریقہ۔ افسانہ
انگارے [ا۔ اند] انگارا کی جمع، کسی کے سوال کرنے پر اگر وہ چیز دینی مقصود نہ ہو تو عورتیں غصہ میں یا شوخی سے "انگارے" کہہ دیتی ہے۔
انگارے اُگلنا [ا۔محاورہ] سخت باتیں کہنا۔ تکلیف دہ باتیں کہنا۔ نازیبا باتیں کہنا۔
انگارے برسنا [ا۔محاورہ] سخت گرمی پڑنا (۲) خدا کا قہر نازل ہونا
انگارے برسیں [ا۔ بد دعا] خدا کا قہر نازل ہو۔ آفت ٹوٹے
انگارے پھانکنا [ا۔محاورہ] کوئی ایسا کام کرنا جس کا انجام تلخ ہو۔ وہ کام کرنا جس کا نتیجہ بُرا ہو۔
انگارے کی طرح دہکنا [ا۔محاورہ] ا۔ بہت تیز بخار ہونا (۲) آگ کی طرح جلنا۔
اَنگاری [ا۔امث] دیکھئے "انگارا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

اَنگبین [ا۔ اند] عسل۔ شہد
انگرکھا: [ا۔ اند] مردوں کے پہلے کا ایک لباس۔ قبا۔ چکن
اَنگریز: [پر اند] انگلستان کا رہنے والا۔ فرنگی (پرتگالی میں بجبر اوّل ہے)
انگریزی [پر۔ا۔صف مث] ا۔ انگریز سے متعلق (۲) انگریز کی زبان۔ انگلش (۳)

انگریزی راج، نہ تن کو کپڑا نہ پیٹ کو اناج [ا۔مثل] انگریز کی حکومت میں لوگ ننگے اور بھوکے تھے۔ انگریز کا دَور حکومت مصائب کا زمانہ تھا۔ (یہ مثل مبالغہ آمیز ہے۔ انگریز کے بعد کا دَور زیادہ بدحالی کا دور ہے)
انگڑانا [ا۔مص] انگڑائی لینا۔ بستر پر کروٹیں بدلنا۔
انگڑائی [ا۔امث] جسم کو تن کر سستی دُور کرنے کی کیفیت۔ خمیازہ
انگڑائی توڑنا [ا۔محاورہ] انگڑائی لیتے ہوئے کسی کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اپنے جسم کا بوجھ اس پر ڈالنا۔
انگڑائی لینا [ا۔محاورہ] جسم کو تن کر سستی دُور کرنا
انگڑ کھنگڑ [ا۔ اند] ا۔ کاٹھ کباڑ۔ گھر کا بے کار اور پرانا سامان (۲) بہت پھیلی ہوئی چیزیں۔
اَنگش بَنگش [ا۔صف] اوّل جلول۔ مہمل لغو۔ خرافات
انگشت (اُں کُشت) [ف۔امث] اُنگلی
انگشت بدنداں ہونا [ف۔ا۔محاورہ] حیرت کے مارے دانتوں میں انگلی دبانا۔ حیران ہونا۔ افسوس کرنا
انگشت بلب ہونا [ف ا۔محاورہ] خاموش رہنے کا اشارہ کرنا
انگشت رکھنا [ا۔محاورہ] دیکھئے "انگلی دھرنا ر رکھنا"
انگشت ششم [ف۔امث] چھٹی اُنگلی۔ وہ زائد اور بیکار اُنگلی جو بعض کے ہوتی ہے۔
انگشت شہادت [ف۔ اند] داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ساتھ کی انگلی۔
انگشت نمائی [ف۔امث] بدنامی۔ رُسوائی
انگشت نر [ف۔ اند] انگوٹھا
انگشت نما [ف صفت] وہ شخص جس پر انگلیاں اُٹھیں۔ بدنام۔ رُسوا (ہونا کیا گیا)
انگشت نمائی کرنا [ا۔محاورہ] عیب نکالنا۔ بدنام کرنا۔
اَنگشتانہ ر [ف۔ اند] لوہے یا پیتل کی ٹوپی سی۔ جو درزی کام کرتے وقت اُنگلی پر چڑھا لیتے ہیں تاکہ سوئی چبھنے سے محفوظ رہیں۔
اَنگشتر ر انگشتری [ف امث] انگوٹھی۔ انگوٹھی میں پہننے کا ایک زیور
اُنگل (بضم الف و بضم کاف فارسی۔ مگر سنسکرت میں بفتحہ الف و بضم کاف ہے) [ہ۔ اند] ایک انگلی کی موٹائی کے برابر
اُنگلانہ [ا۔محاورہ سوقیانہ] چھیڑنا۔ دق کرنا اُکسانا (مقعد میں انگلی کر دینا)
اِنگلستان [انگ ا۔اند] انگریزوں کا ملک۔ فرنگستان انگلینڈ
اِنگلش [انگ صف امث] ا۔ انگلینڈ سے منسوب (۲) انگریز (۳) انگریزوں کی زبان۔ انگریزی
اُنگلی [ہ۔ امث] ہاتھ اور پاؤں کی شاخ۔ انگشت
اُنگلی پکڑانا :[ا۔محاورہ] سہارا دینا۔ چلنا سکھانا
اُنگلی پکڑتے پونچھا پکڑنا [ا۔ محاورہ] ذرا سا سہارا پاکر پاؤں پھیلانا

کسی کو عنایت سے ناجائز فائدہ اُٹھانا

انگلی پکڑنا: [ا۔ محاورہ] سہارا لینا

اُنگلی دھرنا / رکھنا [ا۔ محاورہ] اعتراض کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا

انگلی کرنا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "انگلانا"

انگلی لگانا [ا۔ محاورہ] چھونا۔ چھیڑنا

انگلی میں لہو لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا [ا۔ محاورہ] تھوڑا سا دخل پاکر حق دار اور مدعی بن جانا۔ محض دکھاوا کرنا۔

اُنگلیاں اُٹھانا [ا۔ محاورہ] اشارہ کرنا۔ بدنام اور رسوا شخص کی طرف اشارہ کرنا۔

انگلیاں اٹھنا [ا۔ محاورہ] اشارہ ہونا۔ رسوا شخص کی طرف اشارہ۔ ناکسی چیز کی طرف اشارہ ہونا

اُنگلیاں توڑنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ انگلیاں چٹخانا (۲) عورتوں کا کسی کی بلائیں لیتے ہوئے یا بددعا دیتے ہوئے انگلیاں چٹخانا۔

اُنگلیاں ٹوٹنا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "انگلیاں توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اُنگلیاں چٹخانا / چٹکانا [ا۔ محاورہ] انگلیوں کو اس طرح کھینچنا کہ ان میں سے چٹ چٹ کی آواز نکلے۔

اُنگلیاں چٹخنا / چٹکنا [ا۔ محاورہ] دیکھئے انگلیاں چٹخانا" جس کا یہ لازم ہے

انگلیاں چمکانا [ا۔ محاورہ] عورتوں کا غمزہ سے یا لڑائی میں انگلیاں اُٹھانا یا انگلیوں کو حرکت دینا

اُنگلیاں دانتوں میں دبانا [ا۔ محاورہ] حیران ہونا۔ حیرت کا اظہار کرنا

اُنگلیاں کاٹنا [ا۔ محاورہ] متاسف و حیران ہونا

اُنگلیاں کانوں میں دینا [ا۔ محاورہ] بیزاری کا اظہار کرنا

انگلیاں گھِسنا [ا۔ محاورہ] ایسا کام کرنا، جس سے اُنگلیوں پر رگڑ آئے۔

اُنگلیاں مٹکانا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اُنگلیاں چمکانا"

اُنگلیاں نچانا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "انگلیاں چمکانا"

اُنگلیوں پر گِننا / گِنا جانا [ا۔ محاورہ] کم تعداد میں ہونا

انگلیوں پر نچانا [ا۔ محاورہ] اُلّو بناکر جو چاہنا کرانا۔ مذاق اڑانا۔ ہنسی اڑانا۔ بے وقوف بنانا۔ ذلیل کرنا۔

اُنگلیوں میں فندق لگانا [ا۔ محاورہ] اُنگلیوں کے سروں پر مہندی لگانا

انگلیٹ [ہ۔ امث] جسم۔ جُثّہ۔ ڈیل ڈول۔ جسم کی ساخت

اَنگنائی [ہ۔ امث] آنگن کی تصغیر۔ صحن

انگوٹھا [ہ۔ امث] ۱۔ ایک طرف کی سب سے موٹی انگلی پاؤں کی ہو یا ہاتھ کی (عموماً ہاتھ کے انگوٹھے کو کہتے ہیں) ٹھینگا۔ انگشتِ نر

انگوٹھا چومنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ عقیدت اور محبت کے اظہار کے لیے ہاتھ کا انگوٹھا چومنا (۲) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا (۳) تعظیم کرنا۔

انگوٹھا دکھانا [ا۔ محاورہ] ۱۔ چھیڑنا۔ چڑانا (۲) صاف انکار کرنا (۳) کسی کی چیز لے کر واپس نہ کرنا۔

انگوٹھا چوسنا [ا۔ محاورہ] انگوٹھا دکھاکر چڑانا

انگوٹھے باندھنا [ا۔ محاورہ] میت کے پاؤں کے دونوں انگوٹھے آپس میں باندھنا تاکہ پاؤں بندھے رہیں۔

انگوٹھے چوسنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ شیر خوار بچہ کا انگوٹھا منہ میں لے کر چوسنا

(۲) بچوں کی سی حرکت کرنا۔

انگوٹھی [ہ۔ امث] انگشتری۔ انگلی میں پہننے کا ایک زیور

اَنگوچھا [ہ۔ امذ] اِتنا بدن پونچھنے کا چھوٹا کپڑا۔ چھوٹی تولیہ

انگور [ف۔ امذ] ۱۔ مشہور پھل، جو بیل کو لگتا ہے۔ ذائقہ میں شیریں اور ترش دونوں طرح کا ہوتا ہے۔ اس کے رس سے شراب اور سرکہ تیار کیا جاتا ہے بڑے انگور کے بیج نکال کر خشک کریں تو منقیٰ (مویز منقیٰ) اور چھوٹے خشک انگور کو کشمش کہتے ہیں۔ تاک کا پھل۔ رز (۲) زخم بھرنے پر جو کھرنڈ سا آتا ہے وہ بھی انگور کہلاتا ہے۔

انگور بندھنا [ا۔ محاورہ] زخم بھرنا۔ زخم اچھا ہونا۔

انگور پھٹنا / پھٹ جانا [ا۔ محاورہ] بھرے ہوئے زخم کا پھر تازہ ہو جانا زخم کھل جانا۔

انگور پھوٹ بہنا [ا۔ محاورہ] بھرتے ہوئے زخم کا پھٹ کر مواد خارج ہونا۔

انگور کھٹے ہیں [ا۔ مثل] کسی چیز کے حصول میں ناکامی ہو تو کھسیانا پن مٹانے کے لیے اس چیز میں عیب نکالنا۔

انگور کی ٹٹی / ٹٹیاں [ا۔ امث] بانس کی بنی ہوئی وہ ٹٹی / ٹٹیاں جن پر انگور کی بیلیں چڑھا دیتے ہیں۔

انگوری بیل [ا۔ امث] ۱۔ انگور کی بیل (۲) انگور کی بیل کی شبیہ جو کپڑے پر بنی یا کڑھی ہوتی ہے۔

اَنگول [ہ۔ امذ ق] وہ غسل، جس میں سر پر پانی نہ ڈالا جائے۔

اَنگیا [ہ۔ امث] وہ چھوٹا کپڑا جو عورتیں سینہ پر پہنتی ہیں تاکہ چھاتیاں چھپی اور تنی رہیں۔ سینہ بند۔ محرم

اَنگیا کا بنگلا (بنگلہ) [ا۔ امذ] انگیا کی کٹوریوں پر گوٹا کناری سے چھ پھانکیں بنانا۔

اَنگیا کا بھترا [ا۔ امذ] بٹا ہوا سوت کا ڈورا، جو انگیا کے نیچے کی گوٹ میں لگایا جاتا ہے اور بند کا کام دیتا ہے۔

اَنگیا کا چکر [ا۔ امذ] انگیا کی کٹوریوں پر ماہی پشت کام جال اور جلیبیوں کا سلسلہ نما کام بنانا۔

اَنگیا کا خربوزہ [ا۔ امذ] انگیا کی کٹوریوں پر گوٹے کناری سے بارہ پھانکیں بنانا

انگیا کا کنٹھا [ا۔ امذ] دیکھئے "انگیا کا گھاٹ"

انگیا کا گھاٹ [ا۔ امذ] انگیا کا گریبان۔ وہ مقام جو گلے کے نیچے کھُلا ہوتا ہے

انگیا کی چڑیا [ا۔ امث] وہ سیون جو انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ میں ہوتی ہے

انگیا کی کسی / خواصی [ا۔ امث] وہ سیون جو انگیا کو آستینوں سے ملاتی ہے۔

انگیا کی دیواریں [ا۔ امث] انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے حصے جو انگیا کے پاٹ سے بڑے ہوتے ہیں۔

انگیا کی کٹوری / کٹوریاں [ا۔ امث] انگیا کا وہ حصہ جو چھاتیوں پر ہوتا ہے۔

انگیا کے بازو [ا۔ امذ] انگیا کے وہ حصے جو دونوں پہلوؤں کو چھپاتے ہیں

انگیا کے بند [ا۔ امذ] انگیا کے ڈورے جن سے پشت کی طرف انگیا کسی یا باندھی جاتی ہے۔

انگیا کے پان [ا۔ امذ] کٹوریوں میں کپڑے کا وہ چھوٹا ٹکڑا جو دیوار کے پاس ہوتا ہے۔

انگیا کے پٹھے [ا۔ امذ] انگیا کی آستینوں کی چوڑی گوٹ۔

انگیا کے پچھوے : [ار۔ اند] انگیا کے وہ ٹکڑے جو پشت کی جانب لگتے ہیں
انگیٹھی : [ہ۔ امث] آتش دان۔ وہ چولھا جس میں راکھ نکلنے کے لیے جالی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ وہ ظرف جس میں آگ ڈال کر تاپتے ہیں۔ منقل۔ مجمر
انگیخت : [ف۔ امث] (انگیختن کا حاصل مصدر) اشتعال، تحریک
انگیز : [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر انگیختن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور اٹھانے، پیدا کرنے، بھڑکانے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً فساد انگیز۔ فتنہ انگیز
انگیز کرنا [ار۔ محاورہ] برداشت کرنا۔ گوارا کرنا
انگیزنا [ار۔ محاورہ] جبر سہنا۔ مصیبت برداشت کرنا۔ گوارا کرنا
اَنُمان یا اَنمان [ہ۔ اند] (اَنُومان کا مخفف) ا۔ نتیجہ۔ پھل (۲) گمان۔ اندازہ۔
اَنمنا (ان مَنا) [ہ۔ صف] بے ہوش۔ مضطرب۔ بیمار۔ علیل
اَنمنایت [ہ۔ امث ق] بحث و تکرار
اَنمناتی [ہ۔ صف ق] بحث کی بات۔ جھگڑے کی بات
اَنمنانا [ار۔ مص ق] بحث و تکرار کرنا۔ جھگڑنا
اَنمناہٹ [ار۔ امث] ناسازی۔ بے ہوشی۔ اضطراب
اَنَنّاس [پر۔ اند] ایک مشہور پھل جو خربوزے سے چھوٹا ہوتا۔ شکل میں لمبوترا ذائقہ میں ترش و شیریں اور خوشبودار ہوتا ہے۔
اَنَنت [ہ۔ صف] (اَن اَنت کا مخفف) جس کی انتہا نہ ہو۔ بے حد۔ بے پایاں (۱) ازلی و ابدی۔ خدا۔ پرمیشور۔ شیو جی (۲) چودہ گانٹھوں کا ڈورا جو ہنود بھادوں کی چودہ تاریخ کو بازوؤں پر باندھتے ہیں۔
اَنَنت چَودس [ہ۔ مث] بھادوں کی چودہ تاریخ کو منایا جانے والا شیو جی کا تیوہار جس روز ہندو اپنے بازوؤں پہ چودہ گانٹھوں کا ڈورا باندھتے ہیں۔
اَنند [ہ۔ صف] دیکھئے "آنند"
اَنند بدھاوا / بدھائی [ہ۔ اند امث] دیکھئے "آنند بدھاوا"
اَنند کے تار بجانا [ار۔ محاورہ] دیکھئے "آنند کے تار بجانا"
اَنند منگل [ہ۔ اند] دیکھئے "آنند منگل"
اَنندی پرشن [ہ۔ اند] دیکھئے "آنندی پرشن"
اَنوار [ع۔ اند] نور کی جمع۔ دیکھئے "نور"
اَنْوَاسنا [ار۔ مص] کورے برتن کو کھنگالنا۔ نئے برتن کو پہلی بار کام میں لانا
اَنْوَاسی [ہ۔ صف مث] کھنگالی ہوئی۔ بیاہی ہوئی۔ کنواری کی ضد
اَنواع [ع۔ امث] دیکھئے "نوع" جس کی یہ جمع ہے
اَنُوپ [ہ۔ صف] بے مثال۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ یکتا
اَنُوپان [ہ۔ اند] ۱۔ وہ چیز جو دوا کے ساتھ اس غرض سے دی جائے کہ دوا حلق سے نیچے اتر جائے (۲) دوا کا طریق استعمال۔ پرہیز وغیرہ۔
اَنوَٹ (اَن وَٹ) [ہ۔ امث و مذ] ا۔ پاؤں کے انگوٹھے میں پہننے کا ایک زیور (۲) وضع، انداز
انوٹھا / انوٹھا [ہ۔ صف] ا۔ انوکھا۔ عجیب (۲) کھانے کی وہ چیز، جس میں سے کسی نے کچھ کھایا نہ ہو۔ جھوٹا کی ضد
انوٹھی [ہ۔ صف مث] دیکھئے "انوٹھا" جس کی یہ تانیث ہے
اُنوثیت / اُنوثیّت (خفیف تصرف) [ع۔ اند] مؤنث ہونے کی کیفیت۔ نسوانیت۔

اَنوَر [ع۔ افعل التفضیل] بہت روشن۔ سب سے زیادہ روشن۔ زیادہ چمکیلا
اَنوسار [ہ۔ متعلق فعل] مطابق۔ موافق۔ حسب
اَنوکھا [ہ۔ صف] عجیب و غریب۔ نادر۔ نرالا۔ سب سے الگ
اَنوکھاپن [ہ۔ اند] دیکھئے "انوکھا" جس سے یہ اسم کیفیت ہے
اَنوکھی [ہ۔ صف مث] دیکھئے "انوکھا" جس کی یہ تانیث ہے
اُنہہ / اُونہہ [ہ۔ صوت] بے پروائی اور نفرت کے اظہار کے لیے یہ آواز نکالتے ہیں۔
اَنہار [ع۔ امث] دیکھئے "نہر" جس کی یہ جمع ہے
اِنہدام (اِن ہدام) [ع۔ اند] ا۔ گرانا۔ ڈھانا۔ مسمار کرنا (۲) مسماری۔ بربادی۔
اِنہزام (اِن ہزام) [ع۔ اند] ا۔ شکست کھانا۔ بھاگنا (۲) شکست۔ بھگدڑ
اِنہضام (اِن ہضام) [ع۔ اند] ا۔ ہضم ہونا۔ پچنا (۲) ہضم۔ ہاضمہ۔ پچاؤ
اِنہماک (اِن ہماک) [ع۔ اند] ا۔ محو ہونا۔ مشغول ہونا (۲) محویت۔ مشغولیت۔
اُنہتّر [ار۔ اعدد] ساٹھ اور نو۔ ستر سے ایک کم (۶۹)
اَنھوریاں [ار۔ امث ج] گرمی دانے۔ وہ چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمیوں میں خون کے جوش سے بدن پر نمودار ہو جاتے ہیں۔
اِنھوں (بکسر اول) [ار۔ اشارہ قریب] اشارہ قریب جمع "اِن" کی مغیرہ صورت
اُنھوں (بضم اول) [ار۔ اشارہ وضمیر] اشارہ بعید جمع اور ضمیر جمع غائب "اُن" کی مغیرہ حالت
اِنھیں (بکسر اول و یائے مجہول) [ار۔ ضمیر] ضمیر جمع غائب قریبی "اِن" کی حالت مفعولی۔ ان کو۔
اِنھی / اِنھیں (بکسر اول و یائے معروف) [ار۔ مرکب تخصیصی] اشارہ قریب جمع اور حرف تخصیص یعنی: ان + ہی + ں (زائد) سے مرکب۔ ان ہی
اُنھیں (بضم اول و یائے مجہول) [ار۔ ضمیر] ضمیر جمع غائب (بعید) کی حالت مفعولی۔ انکو
اُنھیں (بضم اول و یائے معروف) [ار۔ مرکب تخصیصی] اشارہ بعید جمع اور حرف تخصیص یعنی: اُن + ہی + ں (زائد) سے مرکب۔ اُن ہی
اُنھیں / اُنھی پاؤں [ار۔ متعلق فعل] فوراً۔ بلا توقف۔
اَنی [ار۔ امث] ا۔ نیزے، برچھی، تیر وغیرہ کی نوک (۲) جوتے کی نوک (۳) مرغ کا خار یا اس کی نوک (۴) پھکیتوں کی اصطلاح میں) سامنے کی سیدھی چوٹ۔
اَنی دار جوتا [ار۔ اند] ایک قسم کا نکیلا جوتا، جس کی نوک لمبی اور اوپر کو اٹھی ہوتی ہے۔
اَنی کا ہاتھ [ار۔ اند] سامنے کی سیدھی چوٹ
انی کی چوٹ / ضرب [ار۔ امث] دیکھئے "انی کا ہاتھ"
انی کی ٹلی ہزار برس [ار۔ مثل] مصیبت ایک لمحہ کے لیے ٹل جائے تو گویا ہزار برس کے لیے ٹل گئی۔
اَنی مارنا [ار۔ محاورہ] سیدھی چوٹ کرنا۔ سامنے سے حملہ کرنا۔

اَنیا ٹانگ: [ار. اِمذ. عوامی] ٹھیک تول. صحیح وزن
اَنیاں بنانا: [ار. محاورہ] سامنے سے چوٹ لگانا. سیدھا وار کرنا
اَنیائی: [ہ. صف] ا. بے انصاف. ظالم. شریر (۲) ناشائستہ بچہ
اَنیتی (اَ نی تی) [ہ. امث] شرارت. برائی. بے انصافی. ظلم. بدنیتی
اَنیس: (اَ نِ ی س) [ع. صف] ا. اُنس رکھنے والا. دوست. ہم دم
(۲) مشہور اُردو مرثیہ گو شاعر ببر علی کا تخلص
اُنیس: [اُ ن ی س] [ار. اعد] دس اور نو. بیس سے ایک کم ۱۹
اُنیس بیس [ار. روزمرہ] تھوڑا سا. معمولی سا
اُنیس بیس کا فرق [ار. روزمرہ] تھوڑا سا فرق. معمولی فرق. خفیف فرق
اُنیس بیس ہونا [ار. محاورہ] ہرج مرج ہونا. لڑائی بھڑائی ہونا. خرابی ہونا
اُنیسواں [ار. صف ترتیبی] ترتیب میں اٹھارہ کے بعد
اَنیسون [ع. امث] سونف. ایک پودے کے بیج (اجوائن سے مشابہ)
اَنیق [ع. صف] انوکھا. عجیب. نادر. خوش. آنند. عمدہ
اَنیقہ [ع. صف] دیکھئے "انیق" جس کی یہ تانیث ہے
اَنیک [ار. صف] (اَن + ایک سے مرکب) کئی. بہت سے. چند. رنگا رنگ. مختلف
اَنیلا [ہ. صف] ناتجربہ کار. نادان. بھولا
اَنیلاپن [ہ. اِمذ] دیکھئے "انیلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
اَنیلی [ہ. صف مث] دیکھئے "انیلا" جس کی یہ تانیث ہے

ا — و

او [ار. کلمہ ندا] اپنے سے چھوٹے یا کم رتبہ شخص کو پکارنے کے لیے کہتے ہیں.
ارے. اے. ابے
اَواخِر [ع. اِمذ] آخر کی جمع. پچھلے حصے. خاتمہ. انتہا. حد. انجام
اوارجہ [ف. اِمذ] روزنامچہ. بہی. حساب کی کتاب
اوازہ توازہ [ار. اِمذ] طعن و تشنیع. بولی ٹھولی
اَواسط [ع. اِمذ] اوسط کی جمع. درمیانی حصے
اَوا سَوا [ار. اِمذ. ق] ایرے غیرے. بیگانے (سب رس)
اَوامِر [ع. اِمذ] امر کی جمع. احکام. فرائض
اواں [ار. متعلق فعل. ق] وہاں
اَوائل [ار. اِمذ] وہ رسی جس پر چرخے کی مال ہوتی ہے
اَوائل [ع. اِمذ] اوّل کی جمع. ابتدائی حصے. پہلے حصے
اَوائی [ہ. امث] (ہوائی کا بگاڑ) آمد کی خبر. شہرت. جھوٹی خبر
(افعال: اڑنا. اڑانا)
اوائی جوائی [ار. امث] (آونا جاونا سے اسمائے کیفیت و معاوضہ)
آمد و رفت کا خرچ
اُوب [ہ. امث] اکتاہٹ. بیزاری. بے چینی. گھبراہٹ
اَوباش [ع. صف] بوش کی جمع (فارسی اور اردو میں بطور واحد بھی مستعمل)
آوارہ. بدمعاش. بدچلن. لُچّا
اوباشی [ع. امث] آوارگی. بدمعاشی. بدچلنی
اُوبنا [ار. مص] اکتانا. بیزار ہونا. بے چین ہونا. گھبرانا

اوبی (واؤ مجہول ہے) [ہ. امث] وہ گڑھا جو ہاتھی کو پھنسانے کے لیے جنگل میں خس پوش کر دیا جاتا ہے.
اُوپ [ہ. امث] آب و تاب. جلا. رونق
اوپچی [ہ. اِمذ] سپاہی. مسلّح. ہتھیار بند
اُوپر [ار. متعلق فعل] ا. نیچے کی ضد. بالا. اونچا (۲) کوٹھا بالاخانہ (۳) بعد
(۴) باہر (۵) زیادہ (۶) (عو) سہارے
اوپرا [ار. صف] دکھاوے کا. ظاہری (۲) اجنبی (۳) غیر موزوں.
اوپر اوپر [ار. تف] الگ الگ. پوشیدہ. بالا بالا
اُوپر اُوپر جانا [ار. محاورہ] بے کار جانا. بے اثر ہونا. بے نتیجہ ہونا.
اُوپر اُوپر سے [ار. متعلق فعل] سطح پر سے. باہر سے. آہستہ سے. نرمی سے
اُوپر تلے [ار. متعلق فعل] ا. نیچے اوپر. تہ و بالا. زیر و زبر. ایک کے اوپر دوسرا
(۲) لگاتار. متواتر. یکے بعد دیگرے
اُوپر تلے کے [ار. صف] تلے اوپر کے دو بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہوئے ہوں. وہ بچے جنکے درمیان کوئی بچہ نہ پیدا ہوا ہو جنکے درمیان فاصلہ کوئی نہ ہو
اُوپر جانا [ار. محاورہ] کوٹھے یا بالاخانہ کی چھت پر جانا. نشیب سے بلندی پر جانا (۲) ترقی کرنا.
اوپر چڑھ جانا [ار. محاورہ] اونچا ہو جانا. سکڑ جانا (لباس وغیرہ کا)
اُوپر دھرّی [ار. امث] ناحق کا الزام. مفت کی تہمت. ظاہر کی / دکھاوے کی محبت
اوپر سے [ار. متعلق فعل] ا. بلندی سے (۲) اس پر. دوسرے. اس کے علاوہ.
(۳) بالائی آمدنی. رشوت (۴) باہر سے. بظاہر. دکھاوے کے طور پر.
اُوپر سے اوپر [ار. متعلق فعل] بالا بالا. علیحدہ علیحدہ
اُوپر سے دینا [ار. محاورہ] تھپڑ. طمانچہ وغیرہ مارنا
اُوپر کا [ار. صف] باہر کا. فالتو. بیگانہ. غیر
اوپر کا دم بھرنا [ار. محاورہ] ظاہر طور پر محبت دکھانا (۲) مرنے کے قریب ہونا
اکھڑے سانس لینا.
اوپر کا کام [ار. اِمذ] فالتو کام. زائد کام. فرض منصبی کے علاوہ.
(۲) سودا سلف وغیرہ لانے کا کام.
اُوپر کی سُوجھنا [ار. محاورہ] دُور کی سوجھنا
اُوپر کے دم آنا [ار. محاورہ] دیکھئے اوپر کا دم بھرنا
اوپرلا [ار. صف] اوپر کا. اوپر وار
اُوپر وار [ار. متعلق فعل] اوپر کی طرف
اُوپر والا [ار. صف] ا. بڑا چاند (۲) خدا (۳) بالائی کام کرنے والے نوکر
اُوپر والے [ار. اِمذ جمع] منتظم. کارکن. غیر آدمی. بیگانے
اُوپر والیاں [ار. امث جمع] ا. چڑیلیں (۲) پریاں. چڑیلیں. روحیں (۳)
اچھیلیں اور اوپر کا کام کرنے والی خدمت گار عورتیں. لونڈیاں. کنیزیں.
اُوپر ہی اُوپر [ار. متعلق فعل] چپ چاپ. الگ الگ. بالا ہی بالا
اوپری [ار. صف مث] ا. ناموزوں. بدزیب (۲) بالائی (۳) باہر کی. اجنبی
(۴) رشوت میں آئی یا ملی ہوئی چیز یا آمدنی وغیرہ
اوپری بات [ار. امث] رسمی اور معمولی بات. بیکار بات
اوپری دل سے [ار. متعلق فعل] ظاہر داری سے. بناوٹ سے
اَوپیرا [انگ. اِمذ] (OPERA) ا. غنائیہ. غنائی تمثیل. ڈرامہ

اوت (واو مجہول) [ہ۔ امث] ا۔ فائدہ، نفع (۲) صحت، افاقہ
اُوت [ہ۔ امذ] بیوقوف، نادان، جاہل
اَوت (واو لین) [ہ۔ امذ] لاولد، بے اولاد، نامراد
اوت پڑنا [ار محاورہ] نفع ہونا۔ فائدہ اُٹھانا
اوت کسر ماری جانا [ار محاورہ] نفع نقصان ہونا
اُوت نہ پُوتا [ار۔ امذ] لاولد۔ بے اولاد
اُوت نہ پُوتی [ار امث] دیکھئے " اوت نہ پُوتا " جس کی یہ تانیث ہے
اُوتوں کی فاتحہ [ہ امث] وہ فاتحہ جو بے اولادوں کو ثواب پہنچانے کی غرض سے دلائی جائے پرانی ہندوادر مسلمان عورتوں کا عقیدہ تھا کہ بے اولادوں کی فاتحہ کوئی نہیں دلاتا۔ ان کی رُوحیں بھٹکتی پھرتی ہیں ایسا نہ ہو وہ بھوت پریت بنکر ہمیں یا ہماری اولاد کو تنگ کریں۔ اسلئے ان کی فاتحہ دلاتی تھیں۔
اَوتاد [ع امذ] وَتَد کی جمع۔ ا۔ میخیں۔ کھونٹیاں (۲) اولیاء اللہ کا وہ طبقہ جسکو انتظام عالم میں دخل ہے اور اپنی جگہ سے نہیں ہلتا۔
اَوتار [ع ار امذ] وتر کی جمع
اَوتار [س امذ] ہندو عقیدے کے مطابق۔ خدا یا دیوتا کا انسانی شکل میں آکر لوگوں کی اصلاح کرنا (۲) نیک آدمی (۳) اُستاد۔ مُرشد
اَوتاری [ار۔ امذ] نیک۔ شریف۔ صالح (۲) طنز ا شریر۔ بدمعاش
اوتاری ہونا [ار محاورہ] کسی کام پر متوجہ ہو جانا۔ کسی کام کے لیے مستعد تیار ہو جانا۔
اوتیسا اتر ہونا [ار محاورہ] بدلہ ہونا۔ معاوضہ ہونا۔ بے باق ہونا۔ قرضہ اتر جانا
اُوتی [ہ صف مث] دیکھئے " اُوت " جس کی یہ تانیث ہے
اوٹ [ہ امث] آڑ۔ پردہ۔ حجاب۔ اوجھل۔ غائب۔ سامنے کی چند لکڑی کا وہ چوکھا جس پر کپڑے سے منڈھوا کر کھڑا کرتے ہیں۔
اوٹ [ہ۔ امذ] ضمانت۔ ذمہ داری
اوٹا [ہ امذ] پردہ۔ دیوار (۲) وہ آدمی جو کپاس سے روئی علیحدہ کرنے کا کام کرتا ہو
اوٹ پٹانگ [ہ صف] مہمل۔ واہیات۔ لغو۔ بے معنی
اوٹ کرنا [ار محاورہ] آڑ کرنا۔ پردہ کرنا
اوٹل جانا / اوٹلنا [ار۔ مص] نظر سے غائب ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ چھپنا
اُوٹنا [ار۔ مصدر] ا۔ کپاس سے روئی اور بنولے الگ الگ کرنا۔ بیلنا (۲) کسی کی ضمانت کرنا۔ کسی کا قرضہ اپنے ذمہ لینا (۳) پردہ کرنا۔ آڑ کرنا۔ بچانا۔
اَوٹنی [ہ امث] روئی اور بنولے علیٰحدہ کرنے کی چرخی۔ بیلنی
اَوج [ع۔ امذ] بلندی۔ اونچائی۔ ارتفاع۔ رُتبہ۔ عروج ترقی
اَوج پر ہونا [ار محاورہ] عروج پر ہونا۔ بلند مرتبہ پر ہونا
اَوج کو پہنچنا [ار محاورہ] بڑا رتبہ پانا۔
اَوج موج [ار امث] مزہ، لطف۔ فارغ البالی۔ شان شوکت عظمت مال مرتبہ
اَوجاع [ع امذ] وجع کی جمع ؛ درد
اُوجڑ [ہ صف] ویران۔ برباد۔ تباہ۔ خراب۔ غیر آباد
اُوجڑ نگری سُونا دیس [ار مثل] گاؤں تباہ ملک برباد۔ ظالم حاکم کے ظلم سے تباہی۔
اوجھ [ہ۔ امذ] اوجھڑی۔ انتڑیاں۔ معدہ
اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے [ار مثل] نہ زیادہ کھاؤ نہ بیمار ہو۔ تھوڑا کھانا بیماری سے بچاتا ہے
اُوجھا [ہ امذ] ا۔ قلم (۲) نجومی۔ جوتشی۔ رمّال۔ جادوگر۔ ساحر (۳) جھاڑ پھونک کرنے والے (۴) مداری۔ شعبدہ باز (۵) برہمنوں کی ایک قسم یا گوت
اَوجھڑ [ہ امث] جھڑپ۔ چوٹ۔ ضرب۔ صدمہ۔ ٹھوکر۔ ٹھیس
اوجھڑ لگانا یا مارنا [ار محاورہ] دُشمن کی ڈھال پر ڈھال مارنا (۲) دھکا مارنا۔ ضرب لگانا۔ صدمہ پہنچانا۔
اوجھڑی [ہ امث] ا۔ جانوروں کا معدہ
اوجھڑی مرجھا / بھچکا گئی ساس کے بہو کھا گئی [ار مثل] ناحق کا اِلزام
اوجھل [ہ امث] آڑ۔ پردہ۔ اوٹ۔ حجاب۔
اوجھنا [ہ مص] بہانا، گرانا، پانی انڈیلنا۔ گھڑے وغیرہ کسی بڑے برتن سے گلاس لوٹے وغیرہ یا چھوٹے برتن میں پانی ڈالنا
اوچھ [ہ۔ امث] کمی۔ کسر۔ تھوڑا رہنا
اوچھا [ہ صف] کم ظرف۔ کمینہ۔ ذلیل۔ اِحسان جتانے والا (۲) ادھورا ہلکا، اُچٹتا ہوا۔ نہ پورا۔ کچھ کم۔ کم گہرا۔ خفیف
اوچھا برتن ہی اُبلتا ہے / چھلکتا ہے [ار محاورہ] کم ظرف تھوڑی پونجی پر اتراتا ہے۔
اوچھاپن [ہ امذ] کم ظرفی۔ کمینگی
اوچھا وار [ہ۔ امذ] ضرب جو کاری نہ ہو
اوچھا ہاتھ پڑنا [ار محاورہ] اوچھا وار پڑنا۔ ہلکی۔ خفیف ضرب آنا۔ وہ ضرب جو کاری نہ ہو۔
اوچھن پوچھن [ار۔ امذ مث] کھانا کھا چکنے کے بعد جو بچا ہُوا برتنوں میں سے نکالا جائے۔
اوچھی [ہ صف] دیکھئے " اوچھا " جس کی یہ تانیث ہے
اوچھی بات [ار امث] ہلکی بات ناز یبا بات۔ نامناسب بات۔
اوچھی پونجی خصم کو کھائے [ار مثل] تھوڑی رقم سے بیوپار کرنے سے اصل بھی ضائع ہو جاتا ہے۔
اوچھے کا اِحسان بُرا ہوتا ہے [ار مقولہ] کم ظرف کا احسان / کمینہ کی مدد کبھی نہ حاصل کرے۔
اوچھے کی پیت۔ بالو کی بھیت [ار مثل] کمینے کی دوستی ریت کی دیوار کی طرح قابل اعتبار نہیں ہوتی۔
اوچھے کے گھر کھانا جنم جنم کا طعنہ [ار مثل] کم ظرف تھوڑا احسان کرتا ہے اور تمام عمر طعنے دیتا ہے۔
اوچھے ہتھیاروں پر اترنا [ار محاورہ] بس نہ چلنے پر ناز یبا حرکات کرنے لگنا، کینگی پہ اُتر آنا۔
او خویشتن گم است کرا رہبری کُنَد [ف مثل] جو خود نا قابل و نا اہل ہے وہ دوسرے کی کیا مدد کرے گا۔
اُودا [ہ صف] سُرخی مائل سیاہ رنگ
اودات / اوداہٹ [ہ امث] اوداپن۔ سُرخی مائل سیاہی
اُود بلاؤ [ہ۔ امذ] ا۔ پانی کا ایک جانور جو مچھلیاں کھاتا ہے۔ پانی کا

بلا۔ سِیک تِل، ڈمڈھ (۲) بیوقوف

اُوْدھ بلاؤ کی ڈھیرو [مع] کبھی ختم نہ ہونے والا جھگڑا

اُوْدھم [ہ اند] ن۔ جھگڑا فساد دنگا
(اُنغال، اُٹھانا، مچانا)

اُودھمی [ہ صف] فسادی شریر

اودھو کا لین نہ مادھو کا دین [ار مثل] سب جھگڑوں سے الگ۔ کسی سے کوئی واسطہ نہ رکھنا

اور [ہ۔ امث] کنارہ۔ جانب۔ طرف۔ اصل۔ شروع۔ ابتدا۔ آغاز ختم۔ سرا۔ اختتام۔ انتہا

اَور [ہ کلمہ عطف] ۱۔ حرفِ عطف (۲) پھر (۳) مگر۔ لیکن (۴) تعجب اور حیرت کے موقع پر (۵) بلکہ (۶) اگر (۷) ضرور۔ بیشک (۸) لازمی نتیجہ ظاہر کرنے کے موقع پر (۹) زیادہ (۱۰) دوسرا (۱۱) بیگانہ۔ غیر (۱۲) برعکس خلاف (۱۳) متغیر۔ خلاف سابق (۱۴) نیا۔ طرفہ۔ جدید (۱۵) اس کے علاوہ۔ ساتھ ہی۔

اور ارادے سے دیکھنا [ار محاورہ] ارادہ بدل کر دیکھنا۔ نظرِ بد سے دیکھنا

اور اور [ار صف] غیر بیگانے۔ ایسے ویسے۔ ایرے غیرے

اور اور باتیں [ار امث] عجیب عجیب باتیں۔

اور اُلٹے [ار صف] برخلاف۔ برعکس

اور بات ہے [ار محاورہ] جُداگانہ امر ہے۔ الگ معاملہ ہے۔

اور بھی سُنا؟ [فقرہ] نئی بات سُنی۔ یہ عجیب بات بھی تم نے سنی

اور تو اور [ار متعلق فعل] حیرت کی بات ہے

اور چھور (زورِ شور کے وزن پر) [ار امث] ابتدا۔ انتہا۔ شروع۔ آخر

اور سُنو [ار روزمرہ] تعجب کی بات سنو۔ تازہ بات سنو۔ نئی بات سنو

اور سے اور ہو جانا [ار محاورہ] حالت پلٹ جانا۔ ترقی کر جانا۔

اور عالم ہو جانا [ار محاورہ] دُوسری کیفیت پیدا ہو جانا

اور عالم ہونا [ار محاورہ] دوسرا رنگ ہونا۔

اور کو نصیحت اپنے تئیں فضیحت [ار مثل] دوسروں کو نصیحت کرنا مگر خود عمل نہ کرنا۔

اور کیا [ار کلمہ استفہام] تصدیق اور تحسین کے لیے بولا جاتا ہے۔ بے شک۔ یقیناً۔ کیا خوب

اور کے نام انڈے بچے، ہمارے نام گڑڈک [ار مثل] غیر مزے کریں اپنے جھوکے مریں۔

اور گھر دیکھو [ار محاورہ] دوسری جگہ تلاش کرو دُوسرا ٹھکانا ڈھونڈو۔

اور نہیں تو کیا [ار فقرہ] یہی بات تو ہے

اور ہی بات ہے [ار فقرہ] تعریف کی جگہ کہتے ہیں۔ نرالی کیفیت ہے۔

اَوْرَاد [ع اند] ورد کی جمع۔ وظیفے۔ جاپ۔ وُہ دُعائیں جو مقررہ وقت پر پڑھی جائیں۔

اَوْرَاد خوانی [ع امث] وظیفے کرنا۔ مقررہ دُعائیں مقررہ طریقہ سے پڑھنا

اَوْرَاق [ع۔ اند] ورق کی جمع۔ کاغذ کا تاؤ۔ پرت۔ پنے۔ یا کاغذ کے ٹکڑے سے مشابہ کسی اور چیز کا پارچہ مثلاً چاندی کا ورق

اَورَس بَورَس [ہ صف مث] ہموار۔ مسطح۔ برابر۔ چکور

اُورما [ہ۔ اند] سلائی کا ایک خاص انداز۔ سیون کی ایک قسم جس میں دونوں کنارے تلے اوپر رکھ کر سیتے ہیں کہ باہر پھندا سا بن جاتا ہے۔ کور۔ گوٹ

اُورما بنانا / کرنا [ار محاورہ] اورمے کی سلائی کرنا (۲) بہت مارنا، پیٹنا

اورنگ [ف۔ اند] ۱۔ تخت۔ تختِ شاہی (۲) ایک قسم کا پھول۔ گل فندق

اَوْرَنگ زیب [ف۔ اعلم] (لفظی معنی: تخت کو زینت دینے والا) مغلیہ خاندان کے چھٹے باجبروت بادشاہ محی الدین عالمگیر ابن شاہجہان شاہ ہند کا لقب۔

اَوْرَنگ زیبی بات [ار۔ امث] نہایت دانائی اور سمجھ کی بات۔ پیچ اور نکتہ کی بات

اَوْرَنگ زیبی پھوڑا [ار اند] مُغلی پھوڑا۔ ایک نہایت تکلیف دہ دُنبل۔ کاربنکل (مدت دراز تک دکن میں رہنے کی وجہ سے پہلے پہل اورنگ زیب کی فوج میں یہ مرض پیدا ہُوا۔

اوریب [ہ۔ امث] ترچھاپن (۱) ترچھی چال (۲) کپڑے کی ترچھی قطع (۳) پیچ۔ اُلجھن (۴) بگاڑ۔ جھگڑا

اورے دھورے [ہ متعلق فعل (اظرف۔ مذ) آس پاس۔ اردگرد۔

اوریئنٹل (اوری۔ اَین ٹل) [انگ صف] (ORIENTAL) مشرق سے متعلق مشرقی

اوریئنٹلِسٹ [انگ صف] (ORIENTALIST) مشرقی علوم و فنون کا ماہر (غیر مشرقی) مستشرق

اُوڑا [ہ۔ اند] کمی تنگی قلت۔ قحط

اُوڑا پڑنا [ار محاورہ] توڑا پڑنا قحط پڑنا۔ ناپید ہونا۔

اوڑھانا [ار مص] دیکھئے "اوڑھنا" جس کا یہ متعدی ہے

اوڑھ لینا [ار محاورہ] ۱۔ بدن پر ڈال لینا (۲) اپنے ذمہ لینا

اوڑھلی لوئی تو کیا کرے گا کوئی [ار مثل] بے حیا کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

اوڑھنا [ار مص] بدن پر ڈالنا۔ چادر وغیرہ جسم پر لینا۔

اوڑھنا [ہ۔ اند] اوڑھنے کی کوئی چیز۔ کمبل۔ چادر وغیرہ۔

اوڑھنا اُتارنا [ار محاورہ] ننگ کرنا۔ بے عزت کرنا (عورتوں کے لیے مخصوص ہے یعنی چادر وغیرہ اتار کر بے عزت کرنا)

اوڑھنا اوڑھانا / ڈالنا [ار محاورہ] رانڈ یا بیوہ کے ساتھ نکاح کرنا۔ دوپٹا اوڑھنا

اوڑھنا بچھانا [ار محاورہ] کسی چیز کو ہر وقت استعمال کرنا۔

اوڑھنا بچھونا [ار اند] لحاف توشک (۱) بستر بستر (۲) تھوڑا سرمایہ۔ پونجی۔ ہر وقت کام آنے والی چیز۔

اوڑھنا بچھونا بنا لینا [ار محاورہ] کسی چیز کو ہر وقت کام میں لانا

اوڑھنا گلے میں ڈالنا [ار محاورہ (گنوار)] سر ہو جانا۔ دامن گیر ہونا۔ الزام لگانا

اَوڑھنی [ار۔ امث] اوڑھنا کی تصغیر (۱) چھوٹا دوپٹہ، جسے لڑکیاں پہنتی ہیں چُنری (۲) سُرخ کار چوبی مسالا ٹکا ہوا، دوپٹا جو دُولہن کے جوڑے میں

نکتا ہے۔

اوڑھنی اوڑھنا: [ار۔ محاورہ] مرد کا بزدل بن جانا۔ مرد کا عورت کی طرح چھپ کر بیٹھنا

اوڑھنی بدلنا: [ار محاورہ] ایک دوسری کے ساتھ اوڑھنی (دوپٹا) تبدیل کرکے بہناپا یا قائم کرنا۔ منہ بولی بہن بنانا

اوڑھوں کہ بچھاؤں: [ار محاورہ] جب کسی کام کے بدلہ میں خالی تعریف ملے اور کوئی فائدہ نہ ہو کہتے ہیں۔ کیا کروں۔ بے فائدہ بات۔

اوڑھنی چادر ہوئی برابر، میں بھی شاہ کی خالہ ہوں: [ار شل] تھوڑی سی پونجی پر شیخی مارنا کم حیثیت آدمی کا خواہی نخواہی بڑے آدمی سے رشتہ جوڑنا۔

اَوزار: [ع اند] وزر کی جمع۔ آلات۔ ہتھیار (اردو میں واحد اور جمع دونوں طرح)

اَوزان: [ع۔ اند] وزن کی جمع (۱) بوجھ (۲) تول (۳) باٹ۔ تولنے کے پیمانے

اوس: [ہ۔ امث] شبنم۔ پانی کی وہ بوندیں جو رات کو گرتی ہیں۔

اوس پڑنا: [ار محاورہ] اوس گرنا (۱) مرجھانا۔ اداسی چھانا۔ بے رونقی ہونا (۲) جوش ختم ہونا (۳) شرمندہ ہونا (۴) افسردہ ہونا۔ ٹھٹھرنا۔

اوس چاٹے پیاس نہیں بجھتی: [ار شل] زیادہ کی ضرورت ہو تو تھوڑی چیز ملنے سے بات نہیں بنتی۔

اوس کے موتی [ار۔ اند] زائل یا فنا ہونے والی چیز۔ نابود ہونے والی شے

اَوسان [ہ۔ اند] ہوش وحواس۔ ہمت۔ جرأت۔ حوصلہ (بطور جمع مستعمل ہے)

اوسان آنا: [ار محاورہ] ہوش آنا۔ حواس بجا ہونا

اَوسان اڑانا: [ار محاورہ] بدحواس کرنا۔ ہوش زائل کرنا

اوسان اڑنا: [ار محاورہ] بدحواس ہونا۔ ہوش نہ رہنا

اوسان ٹھکانے ہونا: [ار محاورہ] ہوش آنا۔ ہوش بجا لانا

اوسان جاتے رہنا: [ار محاورہ] ہوش وحواس بجا نہ رہنا۔ عقل درست نہ رہنا۔ گھبرا جانا۔ ہمت اور استقلال نہ رہنا

اَوسان جانا: [ار محاورہ] دیکھئے "اوسان اُڑنا"

اَوسان خطا ہونا: [ار محاورہ] حواس بجا نہ رہنا۔ ہوش جاتا رہنا

اَوسان کھو جانا: [ار محاورہ] گھبرا جانا

اَوسان کھو دینا: [ار محاورہ] بدحواس کر دینا۔ گھبرا دینا

اَوسان گُم: [ار صف مث] بدحواس۔ بے قرار۔ بے چین (عورت)

اَوسان لے جانا: [ار محاورہ] بدحواس کر دینا۔ پاگل بنا دینا

اَوسان میں نہ رہنا: [ار محاورہ] ہوش میں نہ رہنا۔ ہوش ٹھکانے نہ رہنا

اَوسر: [ہ۔ امث] نوجوان گائے یا بھینس جس کے بچہ نہ ہو۔

اوسر: [ہ۔ امث] شور زمین۔ بنجر زمین۔ جس زمین میں کچھ پیدا نہ ہو۔

اوسر کھیت میں کیسر: [ار شل] ۱۔ بدصورتوں میں خوبصورت (۲) بدنام گھرانے نیک اولاد (۳) نااہلوں کی مجلس میں لائق آدمی

اَوسر: (تلفظ AVSAR) واؤ حرفِ صحیح کی حیثیت سے آیا ہے۔ سنسکرت تلفظ آوَسر ہے) [ہ۔ اند] وقت۔ موقع۔ سماں۔ رُت

اوسر چوکنا: [ار محاورہ] وقت سے چوکنا۔ بے وقت کام کرنا۔ بے وقت گانا۔

اَوسر چوکی ڈومنی گائے تال بے تال: [ار شل] بے وقت کام درست نہیں ہوتا۔ وقت سے چوکنے کے بعد ناکامی ہی مقدر ہوتی ہے۔

اوسرا [ہ۔ اند] باری۔ نوبت۔ دَور

اَوسَط [ع۔ صف] ۱۔ درمیانی۔ بیچ کا (۲) برابر کا پڑتا۔ معمولی عام انگریزی لفظ "AVERAGE" کا ترجمہ

اَوشدھ [س۔ امث] ۱۔ دوا۔ علاج (۲) جڑی بُوٹی، دھات جو بطور دوا کام آ

اَوشدھالہ / اَوشدھالیہ: [س۔ اظرف۔ مذ] دواخانہ۔ شفا خانہ

اَوصاف: [ع۔ اند] دیکھئے "وصف" جس کی یہ جمع ہے

اوصیا: [ع۔ اند] دیکھئے "وصی" جس کی یہ جمع ہے

اَوضاع: [ع۔ اند] دیکھئے "وضع" جس کی یہ جمع ہے

اَوطان: [ع۔ اند] دیکھئے "وطن" جس کی یہ جمع ہے۔

اَوقات: [ع۔ اند] ۱۔ دیکھئے "وقت" جس کی یہ جمع ہے (۲) (بطور واحد مونث) بساط۔ حیثیت۔ مالی حالت

اَوقات بسر کرنا: [ار محاورہ] گزرنا۔ زندگی کے دن کاٹنا

اَوقات بسری: [عف امث] گزربسر۔ زندگی بسر کرنے کے لیے روزی فراہم کرنا۔

اَوقات تلخ ہونا: [ار محاورہ] تکلیف میں گزرنا۔ بُری طرح زندگی بسر ہونا۔

اوقات چلی جانا: [ار محاورہ] گزر بسر ہوتے جانا۔

اوقات خمسہ: [ع۔ مرکب عددی۔ بہ ترکیب فارسی] پانچ وقت۔ نماز کے پانچوں وقت

اَوقات ضائع کرنا: [ار مص مرکب] بے کار وقت ضائع کرنا۔ نکمی باتیں کرنا۔

اوقات کاٹنا: [ار محاورہ] وقت گزارنا

اوقات کٹنا: [ار محاورہ] دیکھئے "اوقات کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے

اَوقات کھونا: [ار محاورہ] دیکھئے "اوقات ضائع کرنا"

اوقات گنوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "اوقات کٹنا"

اوقات ہونا: [ار۔ محاورہ] حیثیت ہونا۔ بساط ہونا۔

اَوقاف: [ع اند] وقف کی جمع (۲) ایک محکمہ کا بھی نام ہے جو وقف جائدادوں کا انتظام کرتا ہے۔

اوقاف و رموز: [ع۔ اند] تحریر میں وقفہ اور ٹھہراؤ کے لیے مخصوص علامات لگانا کہ مطلب واضح ہو سکے اور غلط بحث نہ ہو (PUNCTUATION) کا ترجمہ

اُوقیہ [ع اند] وزن جو قریباً بھر درہم یا انگریزی اونس کے برابر ہوتا ہے

اوک [ہ۔ اند] ۱۔ چلّو۔ دونوں ہاتھ ملا کر جو پیالہ سا بنایا جاتا ہے۔

اُوک چوک: [ہ۔ امث] بھول چوک غلطی نسیان۔ سہو

اَوکل: [ہ صف ق] بے کل۔ بے چین۔ بیقرار

اُوکنا: [ہ مص] قے کرنا۔ دل متلانا (تلفظ OVAKNA)

اوکنا: [ہ مص] چوکنا۔ سہو کرنا۔ غلطی کرنا۔ نشانہ خطا کرنا

اوکھ: (یہ واؤ مجہول) [ہ۔ اند] گنا۔ نیشکر۔ پونڈا۔ ایکھ

اوکھا (یہ واؤ مجہول) [ہ صف] کھوٹا۔ کمتر۔ گھٹیا خراب۔ کھرے کی ضد

اَوکھا: [ہ صف] بونگا۔ بے ڈھنگا۔ بے ڈھب۔ تنگ۔ مشکل

اَوکھد [ہ۔ امث] دوا۔ دارو علاج۔ معالجہ

اُوکھل / اکھلی۔ اوکھلی: [ہ امث مذ] لکڑی یا پتھر کی بڑی گونڈی جس میں غلہ وغیرہ موسل سے کوٹتے ہیں۔ ہاون

اوکھلی میں سر دینا: [ار محاورہ] خود خطرے میں پڑنا۔ جان بوجھ کر مصیبت مول لینا

اوکھلی میں سر دیکر رونا: [ا۔ محاورہ] چھپ کر رونا۔ خطرے میں خود پڑ کر افسوس کرنا

اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں / موسلوں کا کیا ڈر: [ا۔ مثل] جب ہمّت کرکے کسی کام کو شروع کیا تو پھر اس کے ضرر سے خوف کیا۔

اوکھی: [ہ ا مث] بے جا۔ بے موقع۔ خلاف شان

اوکھیاں آنا: [ا۔ محاورہ] آوازے کسنا طعنے دینا

اوکھیاں چھوڑنا / سنانا: [ا۔ محاورہ] آوازے کسنا

اوکھے گوکھے: [ہ۔ اند] دیہاتی احمق بے وقوف۔ گنوار۔ ایسے ویسے

اوکے چوکے: [ہ متعلق فعل] بھولے بھٹکے۔ اتفاق سے کبھی کبھار۔ بے ارادہ

اوکیلنا: [ہ مص] بٹی ہوئی ڈوری یا رسی کے بل کھولنا

اوگ: [ہ۔ اند] ہل میں ایک لمبی سی لکڑی کو تنگ اور سخت کرنے کا خانہ

اوگرا: [ہ صف] اُبالا ہوا۔ بے گھی کے۔ بدمزہ

اوگل: [ہ۔ اند] سطح زمین کے قریب کی نمی۔ سیم

اوگم: [ہ۔ اند] آغاز۔ ابتدا۔ شروع

اوگن: [ہ اند] گن کی ضد۔ نقص۔ خرابی۔ برائی عیب۔ بے ہنری

اوگن لگانا: [ا۔ محاورہ] الزام لگانا۔ گنہگار ٹھہرانا

اوگنا: [ہ مص ق] غصہ کے وقت احسان جتانا (۲) طلوع ہونا۔

اوگھٹ: [ہ صف] کھردرا۔ ناہموار۔ ناقابل گزر۔ دشوار۔ کٹھن

اوگھٹ گھاٹی: [ہ امث] دشوار گذار راستہ۔ وہ راستہ جس سے گزرنا محال ہو۔

اوگھی: [ہ۔ امث] لمبا چابک جس کو گھوڑا نکالتے (سدھاتے) وقت اس کو بھگانے کے لیے اس کے پیچھے پھٹکارتے ہیں۔

اوگی: [ہ۔ امث] کارچوبی یا مخمل کے جوتے کا پتا (۲) ایک انٹی یا بیل (۳) ہاتھی یا شیر پکڑنے کا گڑھا۔

اول: [ہ۔ مذ مث] ۱۔ زمین کے اندر پیدا ہونے والی ترکاری۔ مثلاً زمین قند۔ اروی۔ آلو کچالو وغیرہ۔ (۲) بدلہ۔ معاوضہ۔ ضمانت۔ یرغمال

اول میں پھول دہی میں موسل: [ہ مثل] ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب کوئی کسی بات میں دوسری بے موقع و بے معنی بات چھیڑ دے۔

اوّل: [ع صف] ۱۔ پہلا۔ یکم۔ متقدم (۲) اعلیٰ۔ افضل عمدہ بہتر (۳) خدا کا نام۔ (۴) ابتدا۔ آغاز۔ شروع

اوّلاً: [ع متعلق فعل] پہلے پہل۔ شروع میں

اوّل آخر: [ع متعلق فعل] ابتدا۔ انتہا۔ باپ دادا۔ آل اولاد

اوّل اوّل: [ع متعلق فعل] پہلے پہل۔ شروع شروع میں

اوّل باآخر نسبتے دارد: [ف مقولہ] آغاز و انجام میں تعلق ہوتا ہے ابتدا ہی انجام کا اندازہ ہوتا ہے۔

اوّل خویش بعدہٗ درویش: [ف مثل] پہلے اپنے پھر غیر

اوّل طعام بعدہٗ کلام: [ف مثل] کھانا سب کاموں سے مقدم ہے۔

اوّل مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا: [ا۔ مثل] جس کام کے لیے چارہ ہی نہیں پھر اس سے خوف کیسا

اوّل منزل: [ا مث] قبر۔ گور۔ لحد

اوّل منزل پہنچانا: [ا۔ محاورہ] دفن کرنا۔ قبر میں اتارنا

اوّل منزل کر دینا: [ا۔ محاورہ] دفن کر دینا

اوّل نمبر / اوّل درجے کا: [ا۔ صف] سب سے بڑھ کر نہایت اعلیٰ۔ بہت عمدہ

اولا: [ہ۔ اند] منجمد بخارات جو بارش کے وقت برف کی شکل میں فضا سے گرتے ہیں (۲) شکر یا قند سے بنائے ہوئے لڈو (۳) نہایت سرد

اولا ہو جانا: [ا۔ محاورہ] بہت ٹھنڈا ہو جانا

اولوں کا مارا کھیت پانی کا مارا گاؤں، چلموں کا مارا چولہا نہیں پنپتا: [ا۔ مثل] جس کھیت میں اولے پڑیں، جس گاؤں کا زور ہالی گزار رکھا باقی ہو۔ جس چولہے سے حقّہ کی چلمیں بھری جائیں وہ کبھی اچھی حالت میں نہیں ہوتے۔

اولوں ماری فاختہ: [ا۔ امث] دکھیاری عورت۔ مصیبت زدہ عورت۔

اولے پڑنا: [ا۔ محاورہ] ژالہ باری ہونا۔

اولے تلے برسالوں جیتے: [ہ۔ مثل] آفت دفع ہو تو آرام ہو جاتا ہے۔

اولا: [ہ اند] پردہ۔ راز۔ بھید۔ ستر۔ گھونگھٹ

اولاد: [ع۔ امث] ولد کی جمع۔ عیال و اطفال۔ بیٹا بیٹی۔ بال بچے۔ لڑکے بالے ایک آدمی کی اولاد (اردو میں بطور واحد استعمال ہوتا ہے)

اولادِ آدمؑ: [ع۔ اند] انسان۔ آدمی

اولادِ اناث: [ع امث] لڑکیاں۔ بیٹیاں۔ دختراں

اولادِ حرام: [ع امث] ایسی عورت سے اولاد جس سے مرد کی شادی نہ ہوئی ہو۔ ناجائز اولاد

اولادِ حلال: [ع۔ امث] جائز اولاد

اولادِ حوّا: [ع امث] حوّا کی بیٹیاں۔ عورتیں

اولادِ ذکور / نرینہ: [ع۔ اند] لڑکے بیٹے۔ پسران۔ فرزنداں

اولاد کی آنچ بری ہوتی ہے: [ا۔ مثل] اولاد کی ممتا بہت بڑی چیز ہے اولاد کی محبت میں آدمی سب کچھ کر بیٹھتا ہے

اولاس: [ہ اند ق] شوق

اولاسا: [ہ اند ق] دلاسا۔ تسلّی

اولالہ: [ہ اند ق] ولولہ۔ جوش

اولالی: [ہ امث ق] بیہوشی۔ بے راہ روی۔ کلیل۔ چہل

اولا مولا: [ا صف] ۱۔ بے وقوف۔ اول جلول

اولتی: [ہ امث] چھپر۔ کھپریل وغیرہ کی چھت کا نیچے کا کنارہ جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے سائبان کا وہ کنارا جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے۔

اولتی کا پانی بلندی نہیں چڑھتا: [ہ مثل] کمینہ شریف کے مرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا۔ ہر ناممکن بات کی نسبت کہہ دیتے ہیں۔

اولتی تلے کا بھوت سنتر / کھوں / پشتوں کا نام جانے: [ہ مثل] گھر کا بھیدی خراب کرتا ہے۔

اولیتوں بھنگ چرادی: [ہ۔ مثل] سب کو بے وقوف بنا دیا۔

اول جلول: [ا صف] بے ڈھنگا۔ بدسلیقہ۔ بھدا۔ ناتراشیدہ۔ بے قرینہ (۲) مہمل۔ لغو۔

اول جلول ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ بے عقل۔ بیوقوف بے سلیقہ ہونا (۲) بے معنی لغو ہونا۔

اول فول: [ا۔ اند] لغویات۔ بیہودہ باتیں گالی گلوچ

اول فول بکنا: [ا۔ محاورہ] بیہودہ باتیں کرنا۔ گالی گلوچ دینا۔ فحش بکنا۔ بکواس کرنا

اولکشن / اولکھن: [س ہ صف ق] بدچلن۔ بدکردار

اُولنا: [ت امذ] ۱. گرم پانی میں جوش دیا ہوا گوشت (۲) ایسا جانور جسے ذبح کرکے اُس کے بال یا پَر گرم پانی میں جوش دے کر اُتارے گئے ہوں۔
(۱) افعال۔ اُکرنا۔ ہونا۔

اولمپک: [یو صف] (OLYMPIC) یونان کے ایک میدان اولمپیا سے منسُوب جہاں پُرانے زمانے میں کھیل ہوا کرتے تھے۔

اولمپک کھیل: [یو اِ امذ] زمانہ حال کے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلے جو ہر چوتھے سال ہوتے ہیں

اُولل: [ہ صف] اوپرا، عجیب۔ نادر۔ انوکھا۔ ۲۔ ناگوار۔ ناخُوشگوار۔ بھدّا۔ دیکھنے میں کٹھن۔ بشست۔ (۳) بے آرام بے چین (۴) انوکھاپن۔ نرالاپن۔

اُولو: [ع امذ] صاحب۔ مالک

اُولُوالاَبصار: [ع امذ] صاحبانِ بصیرت۔ سمجھ والے۔ دانا۔ عقل مند۔ آنکھ والا

اُولُوالالباب: [ع امذ] عقل مند۔ باشعُور

اُولُوالاَمر: [ع امذ] صاحبانِ حکم۔ بااختیار۔ حاکم

اُولُوالعَزم: [ع امذ] صاحبانِ ارادہ۔ باہمت۔ فراخ حوصلہ

اُولُوالعَزمی: [ع امث] ہمت۔ جُرات۔ استقلال (قاعدہ کے لحاظ سے یہ ترکیب درُست نہیں۔

اُولُوالعِلم: [ع امث] صاحبانِ علم۔ عالم۔ فاضل

اُولی: [ع امذ] دیکھئے اُولُو۔ جس کی یہ مجروری حالت ہے

اُولی اجنحہ: [ع امذ صف] بال و پر والے۔ پرندے۔ فرشتے

اَولیٰ / اولےٰ: [ع صف] بہت بہتر۔ نہایت اچھا

اُولیٰ: [ع امث] دیکھئے " اوّل " جس کی تانیث ہے

اولیا: [ع۔ امذ] ولی کی جمع۔ بھولے۔ بھالے۔ سیدھے سادھے اشخاص۔ خدارسیدہ۔ بزرگ۔ دوست۔ مالک

اولیا کے گھر بھُوت: [ا رمثل] نیکوں کے گھر بد۔ بھلے آدمیوں کی بُری اولاد

اَوّلیّت: [ع امث] تقدم۔ فوقیت۔ بہتری۔ فضیلت

اُولیل: [ہ امث] گھوڑے کی اُچھل کُود

اَوّلین: [ع صف صف] پہلا۔ پہلے لوگ۔ پہلے زمانے والے

اوم: [س امذ] ایشور کا سب سے مقدس نام

اُون: [ہ امث] پشم۔ صوف۔ جانوروں کی کھال کے بال

اُونا: [ہ صف] ۱۔ چھوٹا۔ کم۔ جو پُورا بھرا ہوا نہ ہو (۲) ایک قسم کی چھوٹی تلوار جو پتلی اور چھوٹی ہوتی ہے۔

اُونا ہونا / ہو جانا: [ا ر محاورہ] تلوار کا اتر جانا۔ خراب ہونا

اُونٹ: [ہ امذ] شتر۔ ایک پالتو چوپایہ جو ریگستانوں میں سواری اور باربرداری کے کام آتا ہے

اونٹ بڈھا ہُوا پر موتنا نہ آیا: [ا رمثل] باوجود عمر رسیدہ ہونے کے تمیز نہ آئی۔

اونٹ برابر ڈیل بڑھایا پاؤ بھر عقل نہ آئی: [ا رمثل] اتنے بڑے ہوگئے اور شعور ذرا نہیں۔ قد تو اتنا بڑا ہوگیا۔ مگر عقل ذرا نہ آئی۔

اُونٹ بلبلاتا / بڑبڑاتا ہی لدتا ہے: [ا رمثل] اس موقعہ کہتے ہیں جب کوئی کام کرتا ہوا بڑبڑاتا ہے۔ یہ کام اسی طرح مجبوری سے بُرا ہی کرتے ہیں

اونٹ بلائی / بلیاں لے گئیں ہاں جی ہاں جی کہیئے: [ا رمثل عو] ناجائز خوشامد کی نسبت کہا جاتا ہے جو دوسروں کو خوش کرنے کیلئے دن کو رات کہنے پر تیار ہو جائے

اُونٹ پہاڑ کے نیچے آتا ہے تب آپکو سمجھتا ہے: [ا رمثل] اپنے سے زبردست سے مقابلہ کرنے پر ہی اپنی حقیقت ظاہر ہوتی ہے۔

اُونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھم / یا مکہ کو: [ا رمثل] ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔

اُونٹ چڑھے بونٹ مانگے: [ا رمثل] بے موقع اور بے محل بات کے موقعہ پر کہا جاتا ہے

اُونٹ چڑھے کو کتّا کاٹے: [ا رمثل] نہایت بدنصیبی کے موقع پر کہتے ہیں؛

اُونٹ دیکھئے کس کروٹ کل بیٹھتا ہے: [ا رمثل] دیکھئے انجام کیا ہو۔

اُونٹ ڈوبیں بھیڑیں تھاہ مانگیں: [ا رمثل] بڑی مصیبتوں والے فریاد نہیں کرتے معمولی تکلیف والے فریادی ہیں جہاں بزرگوں یا بڑوں کے حوصلے پست ہوں وہاں چھوٹے کیا کرسکتے ہیں۔

اُونٹ رے اُونٹ تیری کون سی کل سیدھی: [ا رمثل] بے ڈھنگے یا جھوٹے آدمی کی کس بات پر یقین کیا جائے۔

اُونٹ سستا ہے اور پٹا مہنگا: [ا رمثل] معمولی کام کے ساتھ بڑا الجھیڑا ہونے کے وقت بولتے ہیں۔

اُونٹ سے بڑے / بڑا اور نام چھوٹے خاں: [ا رمثل] ناموزوں کام کرنا۔ طاقت اور حیثیت کے خلاف چلنا۔ سیانا ہوکر بچوں کی سی باتیں کرنا۔

اُونٹ فرشتے کی ذات ہے: [ا رمقولہ] اونٹ صابر قانع اور نرم خُو جانور ہے۔ (اونٹ کی تعریف میں کہا جاتا ہے)

اُونٹ کا پاد: [ا ر امذ] بے فائدہ بات۔ بیہودہ بات

اُونٹ کا پاد زمین کا نہ آسمان کا: [ا رمثل] بے فیض آدمی سے کسی کو فائدہ نہیں۔

اُونٹ کا پادا اُونچا جائے: [ا رمثل] بڑوں کی بُرائی اور عیب اکثر مخفی رہتے ہیں۔

اُونٹ کٹارا: [ہ۔ امذ] ایک چھوٹا سا خاردار پودا یا جھاڑی جو اُونٹ کو مرغوب ہے۔

اُونٹ کو کس نے چھپّر چھائے: [ا رمثل] بے ضرورت باتیں کون کرتا ہے۔

اُونٹ کی پکڑ اور عورت کے فریب سے خدا بچائے: [ا رمقولہ] دونوں سے جانبری مشکل ہے۔ آدنٹ جب کسی کو پکڑ لیتا ہے تو جان سے مار کر چھوڑتا ہے اسی طرح اگر عورت سے ناجائز تعلق ہو جائے تو آشنا یا خاوند دونوں میں سے کسی ایک کی موت لازمی ہے)

اُونٹ کی پکڑ اور کتّے کی جھپٹ: [ا رمقولہ] دونوں نہیں رُکتے۔ اُونٹ کی گرفت اور کتّے کا حملہ دونوں سخت ہیں۔

اُونٹ کی چوری جھکے جھکے / نہورے نہورے: [ا رمثل] ایسی بُرائی کو چھپانے کی کوشش کرنا جو چھپ نہ سکتی ہو۔

اُونٹ کی چوری سر پر کھیلنا: [ا ر محاورہ] اتنے بڑے جانور کی چوری جان جوکھوں کا کام ہے۔ کیونکہ اتنا بڑا جانور چھپ نہیں سکتا۔

اُونٹ کے پیٹ میں مینگنیاں کون بناتا ہے: [ا رمقولہ] خدا کی قدرت کا منکر نہیں ہونا چاہیئے۔

اُونٹ کے گلے میں بلّی: [ا رمثل] ناموزوں بات۔ غلط مثال۔

بیہودہ۔ ذلیل۔

اُونٹ کے گلے میں ٹلّی: [ا ر مثل] بے میل رشتہ۔ چھوٹی لڑکی کو کسی بڑی عمر کے مرد سے بیاہ دینا۔

اُونٹ کے مُنہ میں زیرہ: [ا ر مثل] زیادہ کھانے والے کو ذرا سی چیز دینا۔

اُونٹ گاؤ: [ا ر اند] شُتر گاؤ۔ زرّافہ

اُونٹ لدے بیگاری: [ا ر مثل] جب کسی کو کسی کام مجبوراً کرنا پڑتا تو بولتے ہیں

اُونٹ مرا کپڑے کے سر: [ا ر مثل] مال کو مہنگا بیچ کر تمام اخراجات پورے کرنا۔ ایک چیز میں نقصان اُٹھا کر دوسری چیز کو مہنگا بیچ کر پورا کرنا کسی بزاز کا اونٹ مرگیا تو اس نے کپڑے کی قیمت بڑھا کر اونٹ کا نقصان پورا کیا۔

اُونٹ نگل جائیں اور دُم سے ہچکیاں لیں: [ا ر مثل] بڑی بڑی باتیں کر گزرنا اور معمولی بات میں رُک جانا۔

اُونٹ کے نہ پادا۔ نہ پادا۔ پادا تو پھُس: [ا ر مثل] باوجود دعویٰ متانت کے بے وقوفی کی بات کہنا۔ کسی کی قلعی باتوں سے کھل جانے کو کہتے ہیں۔

اُونٹانا: [ا ر مص] جوش دینا۔ کھولانا

اُونٹنا: [ا ر مص] دیکھئے "اونٹانا" جس کا یہ لازم ہے

اُونٹنی: [ا ر امث] دیکھئے "اونٹ" جس کی یہ تانیث ہے

اُونٹی (مجہول): [ہ امث] بیلنی، کپاس بیلنے کا آلہ۔

اُونچ: [ہ امث] اونچائی۔ بلندی۔ فراز

اُونچ نیچ: [ا ر مث] نشیب و فراز۔ اتار چڑھاؤ۔ بھلائی برائی۔ نفع نقصان

اُونچ نیچ بتانا / دکھانا / سمجھانا: [ا ر محاورہ] نیک و بد جتانا

اُونچ نیچ سمجھنا / سوچنا / سوجھنا: [ا ر محاورہ] نیک و بد کی پہچان کرنا / ہونا

اُونچ نیچ ہو جانا: [ا ر محاورہ] کوئی خرابی یا قباحت واقع ہونا

اُونچا: [ا ر صفت مذ] بلند۔ بالا۔ معزز۔ عالی مرتبہ۔ جلیل۔ عظیم۔ امیر دولتمند

اُونچا (بول) بولنا: [ا ر محاورہ] مغرور ہونا۔ فخر کی بات کہنا۔ تکبر کرنا۔

اُونچا چڑھنا: [ا ر محاورہ] کسی اونچی جگہ پر چڑھنا۔ ہوا میں اُوپر کو اُٹھنا۔ ترقی کرنا۔ اعلیٰ درجہ حاصل کرنا۔

اُونچا سُر: [ا ر اند] تان۔ بلند آواز (گانے میں)

اُونچا سنائی دینا / سننا: [ا ر محاورہ] کم سُننا۔ بہرا ہونا

اُونچا کرنا: [ا ر محاورہ] بلند کرنا۔ اُٹھانا۔ ترقی دینا

اُونچا گھر / گھرانا: [ا ر اند] بڑا خاندان۔ عالی رتبہ قبیلہ

اُونچا نیچا: [ا ر صفت] غیر مسطح۔ ناہموار

اُونچا ہاتھ رہنا: [ا ر محاورہ] ہمیشہ دیتے رہنا۔ ہمیشہ حکومت پر ہونا۔ قابو پانا۔ سب سے بڑھ جانا

اُونچا ہونا: [ا ر محاورہ] بلند ہونا۔ اٹھنا

اُونچائی: [ا ر امث] دیکھئے "اونچا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

اُونچی دکان پھیکا پکوان: [ا ر مثل] شہرت اور نام بڑا حقیقت کچھ بھی نہیں

اُونچی ناک کرنا: [ا ر محاورہ] اپنے ہم عصروں میں معزز ہونا۔ باعزت ہونا۔

اُونچی ناک والا: [ا ر صفت] بڑا مغرور۔ شیخی خورہ

اُونچی ناک ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "اونچی ناک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

اُونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے گرا نہیں سنبھل سکتا [ا ر مقولہ] ذلیل ہو کر پھر عزت حاصل کرنا مشکل ہے

اُونچے مکان کا رُتبہ اُونچا چاہیئے: [ا ر مقولہ] بڑے کام کے لیے حوصلہ بلند ہونا چاہیئے۔

اُوند: [ہ۔ امث] وہ رسّی جس سے چھپر کو اوپر کی طرف کھینچ کر باندھ دیتے ہیں

اَوندھا: [ا صف] (۱) اُلٹا۔ ٹیڑھا (۲) بے وقوف۔ احمق

اَوندھا بخت: [ا ر اند] اُلٹی قسمت۔ بدقسمتی

اَوندھا چلن: [ا ر۔ اند] اُلٹا طریقہ۔ اُلٹا قاعدہ

اَوندھانا: [ا ر مص] کسی سیال چیز کا اُلٹا برتن کرکے گرا دینا۔ لُنڈھانا۔

اَوندھا ہو جانا: [ا ر محاورہ] نشہ میں بدمست / بے ہوش ہو جانا۔

اَوندھ جانا: [ا ر محاورہ] پٹ ہو جانا۔ گر جانا

اَوندھی: [ا ر صفت مث] دیکھئے "اوندھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

اَوندھی پیشانی: [ا ر امث] (۱) جھکا ہوا ماتھا (۲) بدقطع آدمی (۳) بدنصیب۔ منحوس

اَوندھی پیشانی کا: [ا ر صفت] کم عقل۔ بے وقوف

اَوندھی سمجھ / عقل / مت: [ا ر امث] بیوقوفی۔ بے عقلی۔ حماقت

اوندھی کھوپڑی اُلٹی مت: [ا ر مثل] بے وقوف ہے دُوسروں کی مانتا نہیں

اوندھی کھوپڑی کا: [ا ر صفت] کم عقل۔ بیوقوف۔ احمق

اوندھے منہ دودھ پینا: [ا ر محاورہ] بچے کی سی باتیں کرنا۔ نادان / عقل سے کم ہونا۔

اوندھے منہ شیطان کا دھکا: [ا ر بددُعا] سر کے بل گرے اور تباہ ہو جائے۔

اوندھے مُنہ گرنا: [ا ر محاورہ] (۱) منہ کے بل گرنا (۲) ذلت اٹھانا (۳) اپنی سزا بھگتنا

اوسرٹی (اُون ٹری): [ہ امث] (۱) چوپایوں کے دودھ دینے کی جگہ (۲) مشک کا منہ باندھنے کی رسّی

اَونس: [انگ اند] (OUNCE) پونڈ کا سولھواں حصہ ۲½ تولہ۔ آدھی چھٹانک

اُونگنا: [ا ر مص] گاڑی کے دُھرے کو چکنائی وغیرہ لگانا۔

اُونگھ: [ہ امث] غنودگی۔ جھپکی۔ نیند

اُونگھتا جائے مُوتے کی خبر لائے: [ا ر مثل] ہر چیز کے آثار سے انجام معلوم ہو جاتا ہے۔ سست نوکر کی نسبت کہتے ہیں

اُونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ: [ا ر مثل] کام کرنے کو اپنا دل نہ چاہے۔ دُوسرے کے منع کرنے کا بہانہ بنا لے۔ تھوڑا سا بہانہ ہاتھ لگ جانا۔ خفیف سی بات کو بہانہ بنا کر کام سے بچنا

اُونگھتے کو سوجاتے کیا دیر: [ا ر مثل] جس کام کا ارادہ ہو جائے وہ جلد مکمل ہو ہی جاتا ہے۔

اُونگھنا: [ا ر مص] نیند کی جھپکی آنا۔ سستی آنا۔ غفلت آنا۔ غنودگی آنا۔

اُونگھے: [ہ متعلق فعل] اُدھر۔ وہاں

اُونہہ: [ا ر اصوات] دیکھئے "اُنہہ"

اُونی: [ہ امث] پھرنے والی آوارہ گرد عورت

اُونی: [ہ۔ صفت] اُون کی بنی ہوئی چیز۔ اُون سے منسوب

اَونے پَونے: [ہ متعلق فعل] سستے داموں۔ کم قیمت پر

اوور ٹائم: [انگ۔ اند] (OVER TIME) (۱) زائد وقت (۲) وہ اُجرت جو مقررہ وقت سے زائد کام کرنے پر دی جاتی ہے۔

اودر سیئر: [انگ اند] (OVER SEER) عمارتوں کی نگرانی۔ زمین کی پیمائش وغیرہ کا کام کرنے والا ایک عہدیدار

اوورکوٹ: [انگ اند] (OVERCOAT) لمبا اور بڑا کوٹ جو باقی لباس کے اُوپر پہنا جاتا ہے

اوورہال کرنا: [انگ ا مص] کسی مشین کے تمام پُرزوں کو کھول کر معائنہ، صفائی اور درستی کرنا

اوہ / اوہ جی: [ا رکلہ استغنا] کیا پرواہے۔ کیا مضائقہ ہے

اُوہا: [ہ۔ اند] چُولہے کا وہ حصہ جس پر برتن یا توا وغیرہ رکھتے ہیں

اَوہام: [ع اند] دیکھئے "وہم" جس کی یہ جمع ہے

اوہ ہو / اُوہو: [ا رکلہ تعجب و تحسین] واہ واہ۔ شاباش۔ آفرین

اوہوت: [ا رکلہ ندا] (بازاری لوگوں کی زبان میں) ارے او وغیرہ

اُوئی / اُوہی / دوئی: [ا رکلہ تعجب و افسوس] (ع) تکلیف و تعجب، نازو نخرہ، وحشت اور خوف کے وقت عورتیں زبان پر لاتی ہیں

اَویر: [ا د - متعلق فعل] دیر۔ تاخیر

اویر سویر: [ا، متعلق فعل] وقت بے وقت۔ گاہے بگاہے۔ آگے پیچھے۔ جلدی یا دیر

اویر سویر درست ہوجائے گا: [ا رمثل] تھوڑے عرصہ میں ٹھیک ہوجائیگا

اَوِیرا: [س۔ امث] بے اولاد بیوہ۔

ا ــــ ہ

اَہا: [ا رکلہ تعجب و انبساط] دیکھئے "آہا" (۲) واہ واہ۔ بہت خُوب

اَہاہا: [" " "] دیکھئے "آہا"

اہاجی [ع۔ امث] (اُردُو میں ہجو کی جمع کے طور پر مستعمل ہے) وہ نظم جو کسی کی مذمت میں کہی جائے۔ قصیدے کی ضد

اَہار: [ہ اند] کھانا خوراک۔ سامان۔ خورد و نوش (۲) کلف [افعال: دینا۔ لگانا کرنا]

اَہالی: [ع۔ اند] اہل کی جمع۔ صاحبان۔ کام کرنے والے لوگ۔ باشندے

اہالی موالی: [ع اند جمع] اہل اور مولیٰ کی جمع۔ یار دوست۔ مصاحب۔ کارکن یار دوست، نوکر چاکر، امیر و غریب۔ اُمراء و وزراء

اِہاں: [ہ متعلق فعل۔ ق] یہاں

اُہاں: [ہ متعلق فعل ق] وہاں

اِہانت: [ع۔ امث] ا۔ توہین کرنا۔ بے عزت کرنا (۲) حقارت۔ ہتک بے عزتی۔ ذلت

اِہتدا: [ع امث] راہ پانا۔ راستہ بنانا۔ ہدایت پانا

اِہتزاز: [ع۔ اند] ا۔ ہوا کا چلنا۔ پھولوں کا کھلنا۔ جھومنا۔ ہلنا۔ ستاروں کا ڈوبتے وقت چمکنا (۲) خوشی۔ مسرت۔ انبساط۔ وُجد

اِہتمام: [ع۔ اند] ا۔ کوشش کرنا۔ غمخواری کرنا (۲) انتظام۔ بندوبست۔ انصرام

اِہدا: [ع۔ اند] ا۔ تحفہ دینا (۲) ہدیہ۔ تحفہ

اَہرا: [ہ اند] مٹی کا بنایا ہوا ایک گول سا کچا برتن جس میں اوپلے لگا کر آگ جلاتے ہیں اور دودھ کڑھاتے اور دوسری چیزیں پکاتے ہیں (بڑی قسم کی انگیٹھی)

اَہرام: [ع اند جمع] ہرم کی جمع بمعنی قدیم (۲) چار پہلو مخروطی مینار۔ مصر کے مختلف علاقوں میں پائے جاتے ہیں اور یہ قدیم فراعنہ مصر کے مقبرے ہیں جو کئی ہزار سال قبل مسیح تعمیر کئے جا چکے ہیں۔

اُہر تھہر: [ہ امث] گھبراہٹ۔ زرع کی بے چینی۔ تلاطم۔

اُہر جانا: [ہ مص] ہٹ جانا۔ کھسکنا۔ ٹل جانا۔

اَہرمن: [ف اند] پارسیوں کے عقیدے کے مطابق بدی کا خدا۔ مجازاً شیطان

اَہرن: [ہ اند] لوہے کی نہائی جس پر لوہار لوہا اور سنار سونا چاندی کوٹتے ہیں۔

اَہل: [ع اند] ا۔ صاحب۔ مالک۔ خداوند (۲) خاندان۔ کنبہ۔ گھر کے لوگ (۳) بیوی (۴) لائق۔ قابل۔ شریف۔ خلیق۔ شائستہ

اہلِ اشغال: [ع۔ اند] زاہد

اہلُ اللہ: [ع۔ اند] اللہ والے۔ خدا رسیدہ۔ بزرگ

اہلِ ایمان / اہلِ اسلام: [ع اند] مسلمان مومن۔ ایماندار

اہلِ باطن: [ع اند] صاحب باطن۔ عارف کشف والے لوگ

اہلِ بیت: [ع۔ اند] گھر کے لوگ آنحضرتؐ کے گھر والے۔ حضرت فاطمہؓ علیؓ و حسینؓ حسنؓ

اہلِ بینش: [ع اند] عقل مند لوگ۔ دانا لوگ

اہلِ تسنن: [ع اند] اہلِ سُنّت والجماعت لوگ

اہلِ تشیع: [ع۔ اند] شیعہ فرقے کے لوگ

اہلِ تصوّف: [ع اند] صُوفی

اہلِ تقویٰ: [ع۔ اند] پرہیزگار۔ متقی

اہلِ حدیث: مسلمانوں کا غیر مُقلد فرقہ جو صرف قرآن و حدیث پر عمل کرنے کا مدعی ہے [ع۔ اند

اہلِ حرفہ: [ع۔ اند] پیشہ ور لوگ۔ صنعت و حرفت والے لوگ

اہلِ خانہ: [ع اند] گھر کے لوگ (۲) بیوی

اہلِ خرابات: [ع۔ اند] شراب خانے کے رند۔ مجازاً وہ لوگ جن کا ظاہر و باطن یکساں ہوتا ہے راستباز

اہلِ خرد: [ع۔ اند] عقل مند لوگ

اہلِ دل: [ع اند] ا۔ بہادر۔ حوصلہ مند (۲) سخی۔ ہمدرد۔ خدا رسیدہ

اہلِ دُنیا: [ع۔ اند] دنیا والے

اہلِ دُوَل: [ع اند] دولت مند۔ حکمران۔ اُمراء و وزراء

اہلِ رائے / اہلُ الرّائے: [ع اند] دانش مند۔ عقل مند۔

اہلِ زبان: [ع اند] کسی زبان کے ماہر وہ لوگ جن کی وہ مادری زبان ہو اور اس پر ان کو مکمل عبور حاصل ہو۔

اہلِ سخن: [ع۔ اند] شاعر۔ اہل زبان

اہلِ سُنّت والجماعت: [ع اند] دیکھئے "اہلِ تسنن"

اہلِ سیف: [ع اند] فوجی آدمی۔ لشکری۔ تلوار چلانے والا۔

اہلِ شر: [ع۔ اند] فسادی۔ شریر لوگ

اہلِ شرع: [ع۔ اند] شریعت کو جاننے اور اس پر چلنے والے

اہلِ صفا: [ع اند] صاف باطن لوگ۔ نیک لوگ

اہلِ صُفّہ: [ع اند] دیکھئے "اصحاب صُفّہ"

اہلِ صنعت: [ع اند] دستکار۔ کاریگر لوگ

اہلِ طریقت: [ع۔ اند] صوفی۔ بزرگ

اہلِ عرفان: [ع اند] عارف۔ خدا شناس لوگ

اہلِ عزا: [ع اند] ماتم کرنے والے لوگ

اہلِ علم: [ع اند] عالم۔ علم والے لوگ

اہلِ غرض: [ع اند] مطلبی۔ حاجت مند

اہلِ قبلہ: [ع اند] قبلۂ مقررہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنے والے لوگ۔ تمام مسلمان

اہلِ قرآن: [ع اند] ہندی مسلمانوں کا ایک فرقہ جو صرف قرآن کو مانتا ہے۔ اور حدیث و سنت کا منکر ہے۔ ان کو چکڑالوی بھی کہا جاتا ہے۔

اہلِ قریہ: [ع۔ اند] اہلِ شہر

اہلِ قلم: [ع۔ اند] پڑھے لکھے لوگ

اہلکار: [ع اند] کارکن۔ کارندہ۔ سرکاری ملازم۔ عدالتوں اور دفتروں کے منشی کلرک

اہلِ کتاب: [ع۔ اند] وہ پیغمبر جن پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں۔ ایسے پیغمبروں کی اُمت عام طور پر یہودی، عیسائی اور مسلمان اہلِ کتاب کہلاتے ہیں۔ ہندو، آتش پرست۔ بدھ۔ جین۔ سکھ وغیرہ کو اہلِ کتاب نہیں کہا جاتا۔

اہلِ محلہ: [ع۔ اند] محلہ والے لوگ۔ ہمسائے

اہلمد: [ع۔ اند] سرکاری دفاتر کے کسی ایک صیغہ میں کام کرنے والا کلرک (۲) مال گذاری کا محاسب (۳) محرر جو عدالتوں میں پیش کار کے ماتحت لکھنے اور اجراء کا کام کرتا ہے۔

اہلِ معرفت: [ع اند] خدا پرست۔ پرہیزگار۔ خدا کا علم رکھنے والے لوگ عالم۔ فاضل۔ عارف

اہلِ نشاط: [ع اند] ۱۔ خوش و خرم لوگ۔ عیش پرست لوگ۔ (۲) ناچنے گانے والے لوگ (۳) طوائفیں

اہلِ نظر: [ع اند] آنکھوں والے لوگ۔ اہلِ بصیرت۔ صاحب اثر۔ جانچنے پرکھنے والا آدمی۔ عاشق۔ طالب دیدار

اہلیت: [ع امث] قابلیت۔ آدمیت۔ لیاقت

اہلیت نہ رکھنا: [ا امص مرکب] قابل نہ ہونا۔ لائق نہ ہونا۔ کسی کام کی صلاحیت نہ رکھنا

اہلیہ: [ع۔ امث] بیوی۔ جورو

اہلاک: [ع اند] ہلاکت۔ تباہی۔ بربادی

اہلے گہلے: [ا رمتعلق فعل] اتراتے ہوئے معشوقوں کی طرح۔ ناز و انداز سے

اہلے گہلے پھرنا: [ا رمحاورہ] خوش فعلیاں کرتے پھرنا۔ اتراتے پھرنا معشوقانہ انداز میں پھرنا۔

اہلی گہلی: [ا رمتعلق فعل مث] دیکھئے "اہلے گہلے" جس کی یہ تانیث ہے

اہم: [ع۔ صف۔ اسم تفضیل] بہت یا زیادہ۔ سخت یا مشکل۔ خصوصی ضروری

اہمال: [ع۔ اند] ا۔ مہمل ہونا۔ غفلت۔ سستی۔ بے پروائی۔ بے توجہی۔ تاخیر

اہمالی: [ع امث] دیکھئے "اہمال" جس کی یہ تانیث ہے۔

اہنسا: [س امث] سلامتی۔ عدم تشدد۔ بچاؤ

اہو ہو: [کلمۂ تعجب و انبساط] دیکھئے "اہاہا" خوب۔ بہت اچھا

اہیر: [ھ اند] ہندوؤں کی ایک قوم جو گائے رکھتے اور دودھ بیچتے ہیں۔ گوالا۔ گھوسی

اہیر بھیروں: [ھ۔ اند] بھیروں ٹھاٹ کا ایک سمپورن راگ جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

اہیرن، اہیرنی: [ھ۔ امث] دیکھئے "اہیر" جس کی یہ تانیث ہے۔

ا ۔ ی

ائتلاف: [ع اند] میل ملاپ۔ اتحاد، دوستی۔ بے تکلفی محبت (۲) تعلق۔ خط و کتابت

أئمہ: [ع۔ اند] دیکھئے "امام" جس کی یہ جمع ہے۔

ا ۔ ی

اے: [ع اف ا حرف ندا] پکارنے۔ توجہ دلانے کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔

اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تست: [ف مثل] یہ سارا فساد تمہارا پیدا کردہ ہے۔

اے روشنیٔ طبع تو برمن بلا شدی: [ف مثل] اے طبیعت کی ذہانت تو میرے لیے بلا ہوگئی۔ جب اپنی ہی قابلیت اور لیاقت اپنے لیے مصیبت بن جائے تو کہتے ہیں۔

اے زر تو خدا نہ ولیکن بخدا
ستار العیوب و قاضی الحاجاتی
[ف مثل] روپیہ تمام عیبوں کو چھپا لیتا ہے اور ضرورتوں کو پورا کرتا ہے۔

اے گل بتو خرسندم تو بوئے کسے داری: [ف مثل] کسی عزیز سے تعلق رکھنے / مشابہت رکھنے والی چیز کو دیکھ کر بولا جاتا ہے

اے لو: [ا ر۔ روزمرہ] یہ لیجئے۔

اے واہ (عو) [ا رکلمہ طنز] کیوں نہ ہو۔ کیا خوب

اے وائے۔ [کلمۂ تاسف] حسرت و افسوس کی جگہ بولتے ہیں ہائے افسوس

اے وقت تو خوش کہ وقت ما خوش کردی: [ف مثل] خوشخبری سنانے والے کو بطور دعا کہتے ہیں۔ تو نے مجھے خوش کیا لہٰذا تو بھی خوش ہو۔

اے ہاں (عو) [روزمرہ] کوئی بھولی بات یاد آجائے۔ یا نفرت کے موقع پر کہتی ہیں

اے ہے [عو] کلمۂ تاسف] تعجب اور افسوس کے مقام پر بولتی ہیں۔

اے ہے دشمن کو بھی نصیب نہ ہو (عو) کلمۂ افسوس] خدا کرے ایسی مصیبت دشمن کو بھی نہ پڑے۔

اے ہی تو ہے (عو) [روزمرہ] قریب ہی تو ہے۔ یہی تو ہے

ایارجہ: [ع امث] ایک مسہل معجون جس کا جزو اعظم ایلوا ہے اور بہت تلخ ہوتی ہے

ایارج: [ع۔ امث] دیکھئے "ایارجہ" جس کی یہ جمع ہے۔

ایاز: [ع اند علم] سلطان محمود غزنوی کا غلام جس سے سلطان کو بہت محبت تھی۔

ایاز قدر خود بشناس: [ف مثل] جب کوئی اپنی حیثیت سے بڑھ کر بات کرے تو کہتے ہیں۔ یعنی اپنے پچھلے حالات کو یاد کرو۔

ایاغ: [ت۔ اند] شراب پینے کا پیالہ۔ کوزہ۔ ساغر۔ قدح

ایا صوفیہ: [ت۔ اند] وہ مشہور عالم مسجد قسطنطنیہ میں ہے اور پہلے گرجا تھی

ایال: [ا ر مذ مث] گھوڑے کی گردن کے بال

ایال پر ہاتھ ڈالنا: [ا رمحاورہ] گھوڑے پر چڑھنے کے پہلے اس کی گردن کے بالوں کو پکڑنا۔

ایام: [ع اند] یوم کی جمع۔ دن۔ روز (۲) وقت۔ زمانہ۔ مدت (۳) حیض کے دن۔

ایام بیض: [ع اند] ہر قمری ماہ کی ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ تاریخ جبکہ چاند مکمل روشن ہوتا ہے۔

ایام تشریق: [ع اند ترکیب فارسی] عیدالاضحٰی کے بعد کے تین دن

ایام سے ہونا: [ا، محاورہ] حیض کا جاری ہونا۔ حائضہ ہونا

ایامِ معلومات: [ع - اند۔ بہ ترکیب فارسی] یکم سے دہم ذوالحجہ تک کے دس دن

اَیتام: [ع اند] یتیم کی جمع

ایتر / ایترا: [ھ - صف] اوچھا، کم ظرف، سفلہ، شیخی خورہ

ایتر کے گھر تیتر، باہر باندھوں کہ بھیتر: [ھ مثل] کم ظرف کے کوئی چیز ہاتھ آ جائے تو موقع بے موقع اس کی نمائش کرتا ہے۔

ایتلاف: [ع امث] بے تکلفی، دوستی

ایتھر: [انگ۔ اند] دیکھیے "اَثیر"

ایٹ ہوم: [انگ متعلق فعل اند] مکان میں، گھر پر۔ دعوت دینا۔ دعوتِ عصرانہ at-home

ایٹم: [انگ اند] ATOM ناقابلِ تقسیم سب سے چھوٹا ذرہ۔ جوہر

ایٹم بم: [انگ اند] وہ گولہ جس میں ایٹم کی طاقت ہو، جو سخت مہلک اور تباہ کن ہے

ایٹمی: [انگ / صف] جوہری "ایٹم سے منسوب"

ایٹی کیٹ: [انگ اند] (etiquette) ادبِ مجلس، تہذیب، شائستگی

ایثار: [ع - اند] دوسروں کے مفاد کے لیے خود نقصان اٹھانا، تحفہ دینا

ایجاب: [ع اند] قبول کرنا، منظور کرنا، اقرار کرنا

ایجاب و قبول: [ع اند] شادی کے موقع پر مرد اور عورت کا آپس میں ایک دوسرے کو قبول کرنا

ایجابی: [ع صف] یقینی، حقیقی، اصلی، مثبت، انگریزی positive کا ترجمہ

ایجاد: [ع - امث] کوئی چیز پیدا کرنا، اختراع، نئی چیز بنانا (افعال: کرنا۔ بنانا)

ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ: [ف مثل] اپنی ایجاد کردہ چیز کو پیش کرنے کے موقع پر انکسار سے کہا جاتا ہے۔

ایجاز: [ع اند] خلاصہ کرنا، انتخاب کرنا (۲) خلاصہ، انتخاب، اختصار

ایجنٹ: [انگ۔ اند] AGENT گماشتہ، آڑھتی، قائم مقام (۲) [illegible]

ایجنڈا: [انگ - مذ] (AGENDA) کسی جلسہ کی کارروائی کا پیش نامہ۔

ایجنسی: [انگ امث] (AGENCY) وہ دکان جس کی معرفت کسی چیز کی خرید و فروخت ہو۔ آڑھت، سربراہی

ایجی ٹیشن / ایجیٹیشن: [انگ امث] تحریک، جوش (AGITATION) شورش، ستیہ گرہ

ایچ پیچ: [ھ - اند] چکر، ہیر پھیر، دھوکا بازی، مکر فریب

ایچ پیچ کی باتیں: [ھ - امث] دغا فریب، ہیر پھیر کی باتیں

ایچ پیچ نہ جاننا: [ا، محاورہ] دغا فریب نہ جاننا۔ سیدھا سادہ ہونا۔

ایڈرس: [انگ - اند] (ADDRESS) پتا، سرنامہ (۲) القاب (۳) سپاس نامہ، خطاب

ایڈمرل: [انگ اند] امیر البحر، بحری بیڑہ کا سپہ سالار

ایڈوانس: [انگ اند] پیشگی، بیعانہ (۲) پیش قدمی

ایڈووکیٹ: [انگ اند] (ADVOCATE) وکیل، قانونی مشیر ہائی کورٹ میں پیش ہونے والے وکیل

ایڈیٹر: [انگ - اند] (EDITOR) مدیر، کسی کتاب، نظم، رپورٹ، اخبار یا رسالہ کو ترتیب دینے والا

ایڈیٹوریل: [انگ اند] (EDITORIAL) دیکھیے "اداریہ"

ایڈیشن: [انگ اند] (EDITION) طبع، اشاعت، چھاپ

ایڈی کانگ: [انگ اند] (AIDE - DE - CAMP) حاکمِ اعلیٰ کے ماتحت حکم بردار افسر جو حاکم کے فرمان ماتحتوں تک پہنچاتا ہے۔

ایذا: [ع امث] تکلیف پہنچانا، دکھ دینا (۲) ضرر، ضرب، گزند، دکھ، تکلیف (افعال: اٹھانا، پانا، پہنچنا، پہنچانا، جھیلنا)

ایذا دہندہ / رساں: [ع ف صف] تکلیف دینے والا، تکلیف پہنچانے والا

ایذا دہی / رسانی: [ع ف امث] تکلیف دینا یا پہنچانا

ایذا طلبی: [ع ف امث] تکلیف چاہنا، تکلیف پسندی

ایرا / اردب: [ا، اند] شطرنج میں ایک مہرہ جو بادشاہ کو کشت سے بچانے کے لیے بیچ میں لایا جاتا ہے (۲) آڑ، روک (افعال: دینا، کرنا)

ایرا پھیرا / ایرا پھیری: [ا، امث] سودا خرید کر بار بار واپس کرنا، ہیرا پھیری، بار بار آنا جانا

ایراد: [ع اند] اعتراض، الزام (افعال: کرنا، ہونا کے ساتھ)

ایرا غیرا: [ا، اند] ہر وہ، اجنبی، بے واسطہ، بے کام کے لوگ۔

ایرا غیرا نتھو خیرا: [ا، اند] اجنبی لوگ، کم حقیقت معمولی حیثیت والے لوگ

ایرے غیرے پچکلیان: [ا - اند] دیکھیے "ایرا غیرا"

ایراوتی: [س - امث] دریائے راوی (پنجاب) کا پرانا نام

ائرگن: [انگ امث] ہوائی بندوق (AIR - GUN)

ایریا: [انگ اند] (AREA) رقبہ، علاقہ، زمین

ایریل: [انگ - اند] (AERIAL) ا۔ فضائی، ہوائی (۲) ریڈیو کا وہ تار جو فضا سے برقی لہریں وصول کرتا ہے۔

ایڑ: [ھ - امث] ایڑی، مہمیز، کانٹا

ایڑ کرنا / لگانا / مارنا: [ا، محاورہ] گھوڑے کو تیز کرنے کے لیے پاؤں سے اشارہ کرنا۔ مہمیز لگانا

ایڑ پر ڈالنا: [ا، محاورہ] گھوڑے کو تیز کرنا، مہمیز لگانا۔

ایڑی: [ا امث] پاؤں کا پچھلا حصہ پنجے کا مقابل، پاشنہ، جوتے کا پچھلا حصہ

ایڑی چوٹی پر سے صدقے کروں، قربان کروں، وار دوں / اتار کروں [ا، محاورہ] اظہارِ حقارت و نفرت کرنا۔

ایڑی چوٹی کا پسینہ ایک کر دینا / بنانا: [ا، محاورہ] بہت کوشش کرنا، سخت محنت کرنا۔

ایڑی چوٹی کا زور لگانا: [ا، محاورہ] پوری کوشش کرنا۔

ایڑی دیکھنا: [ا، محاورہ] نظرِ بد دور کرنے کے لیے کسی عزیز کی ایڑی پر نظر ڈالنا

ایڑی سے چوٹی تک: [ا، متعلق فعل] سر سے پاؤں تک

ایڑی کا پسینہ سر کو آنا: [ا، محاورہ] از حد کوشش کرنا، ایڑی چوٹی کا زور لگانا

ایڑیاں: [ا - امث] دیکھیے "ایڑی" جس کی یہ جمع ہے

ایڑیاں رگڑ رگڑ کر: [ا، متعلق فعل] مشقت کرا کے، خراب کر کے۔

ایڑیاں رگڑ رگڑ کے مرجانا: [ا، محاورہ] بہت تکلیف اٹھا کے مرجانا۔ سخت مصیبت میں زندگی گزارا جانا۔

ایڑیاں رگڑنا: [ا، محاورہ] ا۔ مصیبت اور تکلیف میں زندگی بسر کرنا۔ (۲) نہایت محنت و کوشش کرنا۔

ایڑیاں رگڑوانا: [ا، محاورہ] دیکھیے "ایڑیاں رگڑنا" جس کا یہ متعدی ہے

ایڑیاں گھس جانا: [ار محاورہ] بہت دوڑ دھوپ کرنا۔ بہت محنت کرنا۔
ایزاد: [ار۔ اذ] ا۔ زیادہ کرنا (۲) اضافہ (عربی کے وزن افعال پر بعض لوگوں نے یہ لفظ گھڑ لیا ہے۔ عربی میں اس کا وجود نہیں ثقہ حضرات اُردو میں بھی اسے استعمال نہیں کرتے۔
ایزد: [ف۔ اذ] خدا۔ اللہ
ایزدی: [ف۔ صفت] دیکھیے "ایزد" جس سے یہ منسوب ہے
ایسا: [ار صفت] اس طرح کا۔ اس قسم کا۔ اس شکل کا۔
ایسا تیسا: [ار صفت] ا۔ معمولی۔ فضول (۲) غصہ میں تحقیر کے لیے کہا جاتا ہے
ایسا گیا گزرا ہونا: [ار محاورہ] بالکل نکما اور فضول ہونا
ایسا منہ نہیں: [ار محاورہ] اتنی ہمت نہیں۔ اتنا حوصلہ نہیں
ایسا ویسا / ایسی ویسی: [ار صفت] ناچیز۔ ناکارہ۔ برا بھلا۔ گھٹیا۔ بے حقیقت
ایسا ویسا بھاتا نہیں، خوان ملو کا آتا نہیں: [ار مثل] معمولی کھانا پسند نہیں اور عمدہ کھانا ملتا نہیں غریب ہو کر امیرانہ مزاج رکھنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
ایسٹر: [انگ۔ اذ] EASTER عید الفصح۔ باعوث۔ عیسائیوں کا ایک تہوار (جو ان کے خیال کے مطابق حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے کے بعد زندہ ہو کر آسمان کی طرف پرواز کر جانے کے دن منایا جاتا ہے) یہ تہوار ۲۱ مارچ یا اس کے بعد پہلے اتوار کو منایا جاتا ہے۔
ایسی: [ار صفت] دیکھیے "ایسا" جس کی یہ تانیث ہے
ایسی تیسی: [ار۔ امث] برا بھلا۔ گالی
ایسی تیسی کرنا: [ار محاورہ] ا۔ برا بھلا کہنا سخت کلامی کرنا (۲) خراب کام کرنا۔ کام بگاڑ دینا
ایسی تیسی میں جائے: [ار محاورہ] ہمیں کیا غرض۔ جو ہو سو ہو بھاڑ میں جائے۔
ایسی کہی کہ چھا گئی: [ار محاورہ] کوئی چبھتا ہوا ایسا فقرہ کہا جائے جو چسپاں ہو کر رہ جائے۔
ایسی کہی کہ دھوئے نہ چھوٹے: [ار محاورہ] اتنی سخت بات کہنا کہ اس کا اثر کبھی زائل نہ ہو۔
ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہہ رہی ہے: [ار محاورہ] تجھ میں ایسی کیا خصوصیت ہے
ایسی کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے: [ار محاورہ] کسی کا کوئی قصور نہیں کیا کہ ڈر ہو۔
ایسی میخ ماری کہ پار نکل گئی: [ار محاورہ] خوب زک دی۔ سخت نقصان پہنچایا
ایسی ویسی ہونا: [ار محاورہ] مصیبت واقع ہونا۔ مرجانا
ایسے: [ار صفت] دیکھیے "ایسا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
ایسے پر لعنت بھیجتے ہیں: [ار محاورہ] ایسے پر لعنت بھیجتے ہیں ایسے لوگوں سے ہمارا واسطہ نہیں۔
ایسے تو میری جیب / میرے ناخنوں میں پڑے ہیں: [ار محاورہ] میرے سامنے ان کی کوئی حقیقت نہیں۔ میں ان سے چالاک ہوں۔
ایسے کیا کیڑے پڑے ہیں: [ار محاورہ] کیا خرابی ہے۔ کیا برائی ہے
ایسے کیڑے پڑ گئے: [ار محاورہ] بری حالت ہو گئی۔ سارا معاملہ خراب ہو گیا۔
ایسے کیا پھل لگے ہیں: [ار محاورہ] ایسی کیا خوبی ہے
ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ: [ار محاورہ] ایسے غائب ہوئے نشان تک نہ ملا۔
ایسے لڑکے بہت کھلائے ہیں: [ار محاورہ] میرے سامنے ایسے آدمیوں کی کیا حقیقت ہے۔ میں بہت سوں کو درست کر چکا ہوں
ایسے پسرے بھولے: [ار محاورہ] جب کوئی شخص جان بوجھ کر ناواقف بنے تو کہتے ہیں۔
ایسے میں: [ار متعلق فعل] ایسی حالت میں ایسے موقع پر ایسے زمانے میں
ایسے ویسے: [ار۔ اذ] معمولی درجے کے لوگ۔ گھٹیا لوگ
ایسے ہوتے تو عید بقرعید کے کام آتے: [ار محاورہ] بہت نکمے ہیں، بالکل فضول ہیں
ایسے ہی بھولے ہیں: [ار طنزیہ فقرہ] بہت ہوشیار / چالاک ہیں۔
ایشر / ایشور: [س۔ اذ] خدا
ایشیا: [انگ اذ] ایک براعظم جو دنیا کا سب سے بڑا براعظم ہے۔ اس کے مشرق میں بحرالکاہل شمال میں بحر منجمد شمالی جنوب میں بحر ہند مغرب میں بحیرہ روم۔ ہندو پاکستان اسی براعظم میں واقع ہیں
ایشیائی: [ار صفت] ایشیا سے منسوب
ایصال: [ع اذ] پہنچانا۔ ملانا۔ جوڑنا
ایصالِ ثواب: [ع اذ باضافت فارسی] ثواب پہنچانا (بالعموم مردوں کے لیے مستعمل ہے)
ایصالِ حرارت: [ع۔ اذ باضافت فارسی] علم طبعی کا ایک عمل جس سے سیال اشیاء میں حرارت ایک سے دوسرے کی جگہ چلی جاتی ہے
ایصالِ مالگزاری: [عف۔ اذ] زمین کا مالیہ ادا کرنا۔ زمین کے لگان کا روپیہ سرکاری خزانہ میں داخل کرنا۔
ایضاً: [ع متعلق فعل] وہی۔ بشرح صدر۔ ایسا ہی۔ اس طرح کا۔ مخففہ آ
ایضاح: [ع اذ] روشن کرنا۔ ظاہر کرنا۔ واضح کرنا
ایطا: [ع اذ] ا۔ پامال کرنا (۲) (عروض) قافیہ کا بعینہ لفظاً و معناً مکرر لانا
ایطائے جلی: [ع اذ] دو مصرعوں میں قافیہ کی تکرار خوب واضح ہو۔ مثلاً دردمند۔ حاجت مند۔ جو معیوب ہے۔
ایطائے خفی: [ع اذ] دو مصرعوں میں قافیہ کی تکرار غیر واضح ہو مثلاً دانا۔ گویا
ایفا: [ع اذ] ا۔ پورا کرنا۔ سرانجام دینا (۲) نباہ۔ انجام دہی
ایفائے وعدہ / عہد: [ع۔ اذ] ا۔ اقرار پورا کرنا۔ وعدہ وفا کرنا (۲) وعدہ وفائی۔ پابندی عہد
ایف اے F.A [انگ اذ] FIRST OF ARTS / یا FACULTY OF ARTS) کا اختصار بی اے سے نیچے اور میٹرک کے اوپر کا درجہ یعنی گیارھویں اور بارھویں جماعت
ایقان: [ع اذ] ا۔ یقین کرنا۔ یقین ہونا۔ یقینی طور پر جاننا (۲) یقین۔ ایمان۔
ایک: [ار۔ ا۔ عدد صفت] ا۔ واحد۔ فرد۔ اکیلا۔ تنہا۔ صرف (۲) یکساں متحد۔ برابر (۳) منتخب۔ یکتا۔ بے نظیر (۴) بہت۔ بڑا۔ نہایت (۵) سارا۔ تمام (۶) پورا۔ یکساں (۷) متفق۔ یکجا ۸۔ دوسرا (۹) کوئی (۱۰)

گنتی کا سب سے پہلا عدد (۱۱) عجیب۔ وہی (۱۲) سچا۔ صادق (۱۳) تھوڑا۔ ذرا سا (۱۴) عجیب۔ نادر

ایک آتا ہے ایک جاتا ہے: [ا۔ محاورہ] آنے جانے والوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ بر لگا ہوا ہے۔

ایک آدھ: [ا۔ صف] اکا دُکا۔ خال خال۔ کوئی کوئی

ایک آفت سے تو مَر کے بچے تھے / جینا ہوا تھا: [ا۔ مثل] ایک مصیبت سے تو بڑی مشکل سے چھٹکارا ہوا تھا۔

ایک آم کی دو پھانکیں ہیں: [ا۔ مثل] دونوں ایک ہی جیسے / ایک ہی شکل صورت کے ہیں / مشابہت ہے۔

ایک آن میں: [ا۔ متعلق فعل] دم بھر میں۔ ایک لمحہ میں

ایک آنچ کی کسر رہ جانا / ہونا: [ا۔ محاورہ] ذرا سا نقص باقی رہ جانا۔ کچھ کمی ہونا۔

ایک آنکھ (دیکھو) [ا۔ امث] ذرا مطلق۔ برابر

ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں
ایک آنکھ پھوٹ جاتی ہے تو دوسری کی خیر مناتے ہیں [ا۔ مثل] ایک دفعہ دھوکا کھا کر تجربہ ہو جاتا ہے۔ ایک بچہ مر جائے تو دوسرے کی خواہ مخواہ احتیاط کرتے ہیں

ایک آنکھ سے رونا اور دوسری سے ہنسنا: [ا۔ محاورہ] بہت چالاک، دغاباز ہونا

ایک آنکھ سے سب کو دیکھنا: [ا۔ محاورہ] سب کو یکساں سمجھنا۔ اپنے پرائے کا فرق نہ کرنا۔ انصاف پسند ہونا۔

ایک آنکھ میں: [ا۔ متعلق فعل] ایک نظر میں۔ ایک نگاہ میں۔ تھوڑی سی توجہ سے

ایک آنکھ میں لہر مہر ایک میں خدا کا قہر / ایک آنکھ میں شہد ایک میں زہر: [ا۔ مثل] ایسی صورت میں کہا جاتا ہے جب (۱) آدمی کسی پر زیادہ مہربان ہو کسی پر کم (۲) جو شخص دم بھر میں خوش اور دم بھر میں ناراض ہو جائے۔ متلون مزاج

ایک آنکھ نہ بھانا: [ا۔ محاورہ] بالکل مطلق پسند نہ آیا

ایک آنکھ پہ ایک آنکھ دُکھ: [ا۔ مثل] دونوں برابر ہیں۔ اولاد کے متعلق کہتے ہیں کہ سب بچے یکساں عزیز ہیں۔

ایک آوے کے برتن ہیں: [ا۔ مثل] سب ایک جیسے ہیں ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔

ایک اکیلا دو کا میلا: [ا۔ مثل] اتفاق میں بڑی برکت ہے دو شخص مل کر بہت کام کر سکتے ہیں

ایک انار سو بیمار / ایک انگور سو زنبور: [ا۔ مثل] چیز تھوڑی، ضرورت مند زیادہ۔

ایک انڈا وہ بھی گندا: [ا۔ مثل] ایک بیٹا وہ بھی نالائق، ہر وہ شے جو ایک ہو اور ناکارہ ہو اس کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

ایک ایک دو گیارہ / ایک اور ایک گیارہ: [ا۔ مثل] اتفاق میں بہت برکت ہے۔

ایک اور دس / سو کا فرق: [ا۔ مثل] بہت زیادہ فرق۔ بڑا فرق

ایک ایک ادا پر لوٹا جانا: [ا۔ محاورہ] ادا پر فدا ہونا۔ کسی کی ہر بات پسند ہونا

ایک ایک چھب بھاتی تھی: [ا۔ مثل] ہر ادا پسند آتی تھی۔ ہر بات پسند تھی۔

ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلتا ہے: [ا۔ مثل] ایک بات پر قائم نہیں رہتا۔ بہت جلد بدل جاتا ہے۔

ایک ایک دن، ایک ایک مہینے کے برابر ہے: [ا۔ مثل] انتظار کی تکلیف ظاہر کرنے کو کہتے ہیں کہ انتظار میں وقت نہیں گزرتا۔

ایک ایک، دو دو: [ا۔ متعلق فعل] باری باری۔ علیحدہ علیحدہ۔ جُدا جُدا۔

ایک ایک رگ و پے میں نمک پیوست ہو گیا ہے: [ا۔ مثل] بہت نمک حلال ہے، بہت وفادار ہے۔

ایک ایک سے کہنا: [ا۔ محاورہ] جو ملے اُسی سے کہنا۔ ہر ایک سے کہتے پھرنا۔

ایک ایک قدم ایک ایک منزل ہونا: [ا۔ محاورہ] سخت غم یا تھکاوٹ سے قدم اٹھاتے ہوئے تکلیف ہونا

ایک ایک کا دامن پکڑ کر رونا: [ا۔ محاورہ] نہایت بیکسی اور بے لبسی کی حالت میں رونا۔

ایک ایک کا منہ تکنا / دیکھنا: [ا۔ محاورہ] حیرت اور حسرت سے دوسروں کی طرف دیکھنا۔

ایک ایک کر کے: [ا۔ متعلق فعل] رفتہ رفتہ ایک ایک کر چُن کر۔ باری باری سب۔ فرداً فرداً

ایک ایک کی چار چار لگانا: [ا۔ محاورہ] مبالغے کے ساتھ جا کر بات سنانا۔ ذرا سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔

ایک ایک کے دس دس ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت نفع ہونا۔ پو بارہ ہونا۔

ایک ایک کے دو دو ہونا: [ا۔ محاورہ] دوگنا منافع ہونا۔ کاروبار کا رونق پکڑنا

ایک ایک کے دو دو اور بھاگوان کے تین تین: [ا۔ مثل] لڑائی اور جنگ میں سپاہیوں کا جوش و خروش۔ یعنی جو سامنے آئے گا اس کے ٹکڑے کر دیے جائیں گے۔ گھمسان کی جنگ۔

ایک ایک گھڑی ایک ایک برس سے زیادہ / بھاری / پہاڑ ہونا [ا۔ محاورہ] وقت کا گزرنا نہایت مشکل ہونا۔

ایک اینٹ کے لیے محل / مسجد ڈھانا: [ا۔ محاورہ] تھوڑے سے فائدہ کے لیے بہت سا نقصان کرنا۔ دنیوی فائدہ کے لیے دین کو گنوانا۔

ایک بات: [ا۔ امث] سہل کام۔ ٹھیک قیمت۔ پختہ وعدہ۔ معقول بات

ایک بات تھی کہ منہ سے نکل گئی: [ا۔ مثل] معافی مانگنے کے موقع پر کہا جاتا ہے معمولی بات تھی جو کہی گئی۔

ایک بات میں: [ا۔ متعلق فعل] ذرا سے اشارے میں۔ تھوڑی سی بات میں۔

ایک بات میں سو مزے دیکھنا: [ا۔ محاورہ] ایک ہی چیز سے طرح طرح کا لطف اٹھانا

ایک بات ہزار منہ: [ا۔ مثل] ہر شخص نئی بات ہی کہتا ہے۔ کس کس کی سنی جائے۔

ایک بات ہونا: [ا۔ محاورہ] معمولی بات ہونا۔ کوئی اہم بات نہ ہونا

ایک بات ہے: [ا۔ محاورہ] (۱) جس کی کوئی اصلیت نہیں ہے (۲) آسان ہے۔ سہل ہے (۳) ایک خاص ادا ہے (۴) یکساں ہے کچھ فرق نہیں ہے لازمی نتیجہ ہے (۵) معاملہ واحد ہے (۶) افواہ ہے

ایک بار / بارگی / ایک بارگی: [ا۔ متعلق فعل] ناگہاں۔ اچانک۔ یکایک

ایک بازار بند ہونا / ایک محلہ اجاڑ ہونا: [ا۔ محاورہ] یک چشم ہونا۔ کانا ہونا

ایک بال چل نہیں: [ا۔ مثل] بالکل فرق نہیں۔ ذرا سا بھی اختلاف نہیں

ایک بال کا مول: [ا۔ مثل] خوبصورتی کے معاملہ میں مبالغہ سے کام لے کر کہتے ہیں کہ اتنی قیمت تو ایک بال کی ہے

ایک بچن: [ا۔ اند] ایک قول۔ ایک بات۔ ایک کلام

ایک بغل ہونا: [ا۔ محاورہ] ایک طرف ہونا۔ راستہ دینے کے لیے ہٹنا

ایک بوتل کا سرور / نشہ: [ا۔ اند] آدھا نشہ ہوا۔ ایک بوتل شراب پینے سے ہو جائے

ایک بولی تین کام: [ا۔ مثل] طنزاً۔ جب ایک وقت میں بہت سے کام ہوا کریا جاتا ہے

ایک بھی نہ ماننا: [ا۔ محاورہ] ایک بھی نہ ماننا۔ کوئی بات نہ ماننا۔ کسی بات پر رضامند نہ ہونا

ایک پاپی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے: [ا۔ مقولہ] ایک برا آدمی سارے خاندان کو بدنام کرتا ہے

ایک پاؤں اندر ایک پاؤں باہر: [ا۔ محاورہ] کبھی یہاں کبھی وہاں سخت کام یا اضطراب کی وجہ سے ایک جگہ نہ ٹھہرنا

ایک پاؤں پھرنا: [ا۔ محاورہ] برابر پھرتے رہنا

ایک پاؤں رکاب میں رہنا: [ا۔ محاورہ] ہر وقت روانہ ہونے کیلئے تیار رہنا

ایک پاؤں سے کھڑا رہنا / ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت ہی درجہ سرگرم ہونا۔ حکم کی تعمیل کے لئے تیار رہنا

ایک پاؤں کہیں ایک پاؤں کہیں: [ا۔ محاورہ] ایک جگہ قیام نہیں

ایک پٹا: [ا۔ صفت] بغیر جوڑ کا جس کی چوڑائی میں کوئی جوڑ نہ ہو۔ ایک ہی پٹ کا

ایک پر ایک: [ا۔ متعلق فعل] لگاتار۔ متواتر

ایک پر ایک گرنا: [ا۔ محاورہ] بہت بھیڑ ہونا۔ بہت ہجوم ہونا

ایک پر بیٹھ رہنا: [ا۔ محاورہ] عورت کا ایک خاوند یا آشنا پر قناعت کرنا۔ ایک کے ساتھ عمر گزارنا۔

ایک پرہیز سو علاج: [ا۔ مثل] پرہیز علاج سے بہتر ہے

ایک پڑا لوٹے دوسرا کہے مجھے چوکھی دے: [ا۔ مثل] ایک تو کسی بات سے نقصان اٹھائے دوسرا اسی کی خواہش کرے

ایک پنتھ دو کاج: [ا۔ مثل] ایک تدبیر سے دو کام نکل آنا۔ ایک کام کے ساتھ دوسرا بھی ہو جانا

ایک پیٹ کے: [ا۔ اند] سگے بہن بھائی۔ ایک ماں کے۔

ایک ترکش کے تیر ہیں: [ا۔ مثل] ایک جیسے ہیں۔ مشابہ ہیں۔ ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔ کوئی بھی ایک دوسرے سے کم نہیں ہے

ایک تندرستی ہزار نعمت ہے: [ا۔ مقولہ] صحت اور تندرستی بہت بڑی نعمت ہے

ایک تنکا نہیں چھوڑا: [ا۔ محاورہ] کچھ نہیں چھوڑا سب اٹھا / چرا لے گئے ہیں۔

ایک تنکے کا احسان نہ لینا: [ا۔ محاورہ] کسی کا ذرہ بھر احسان نہ لینا

ایک تنکے کا سہارا بھی بہت ہوتا ہے: [ا۔ مثل] مصیبت میں معمولی مدد بھی بہت کارگر ثابت ہوتی ہے۔

ایک تنکے کا سہارا نہیں: [ا۔ مثل] کسی سے ذرا امداد کی امید نہیں ہے

ایک تو چوری دوسرے سینہ زوری: [ا۔ مثل] قصور بھی کرنا اور مزید یہ کہ الٹی آنکھیں دکھانا

ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنا ہوا: [ا۔ مثل] ظالم کا صاحب اختیار ہونا۔

ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا: [ا۔ مثل] برے سے اور برائی کے سبب پیدا ہو گئے

ایک تو میاں اونگھتے اوپر سے کھائی بھنگ (ایک تو میاں تھے ہی تھے اوپر سے کھائی بھنگ۔ تلے ہوا سر اوپر ہوئی ٹانگ) [ا۔ مثل] کاہل آدمی اور ایسے کام کرے جس سے اور بھی سستی بڑھے

ایک توے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی: [ا۔ مثل] چھوٹے بڑے سب ایک ہی قسم کے ہیں

ایک تھیلی کے ٹکڑے / ایک تھیلی کے باٹ / چٹے بٹے ہونا: [ا۔ محاورہ] سب ایک ہی ہونا۔ ایک ہی گھرانے کے ہونا

ایک تیر سا سینے پر لگ گیا: [ا۔ مثل] بڑا رنج گزرا۔ بہت دکھ ہوا

ایک ٹانگ پھرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ایک پاؤں پر پھرنا"

ایک ٹانگ پر کھڑے رہنا / ہونا: [ا۔ محاورہ] ایک پاؤں پر کھڑے بلایا ہونا

ایک ٹک: [ا۔ متعلق فعل] لگاتار۔ متواتر۔ بغیر پلک جھپکے۔ بلا توقف

ایک ٹکا میری گانٹھی لڈو کھاؤں کہ ماٹھی: [ا۔ مثل] اترانے والے مفلس کی نسبت کہتے ہیں

ایک ٹکے پر مسجد ڈھانا: [ا۔ محاورہ] تھوڑے سے فائدے کیلئے بڑے سے برا کام کرنا

ایک ٹھوکر سے آنکھ کی چربی اتر گئی: [ا۔ مثل] ایک صدمہ سے عقل آگئی

ایک جان ایک جگر: [ا۔ محاورہ] نہایت گہرے دوست

ایک جان دو تن: [ا۔ مثل] ایک جان دو قالب۔ جب دو دوستوں میں زیادہ محبت ہو تو کہتے ہیں۔

ایک جان کیا ہزار جان سے شیدا (عاشق) ہونا (ا۔ محاورہ) دل و جان سے فدا۔

ایک جان کیا تو سب سامان (ا۔ مثل) ایک شخص کی وجہ سے سب عیش ہے۔

ایک جان ہزار ارمان: [ا۔ مثل] جان کے ساتھ ہزاروں خواہشیں ہوتی ہیں

ایک جان ہزار غم: [ا۔ مثل] ایک شخص پر بے حد مصیبتیں

ایک جان ہونا: [ا۔ محاورہ] مل جانا۔ مکمل مل جانا۔ کوئی فرق باقی نہ رہنا

ایک جان ہے جا ہے خدا لے جا ہے بندہ: [ا۔ مثل] جب کوئی مشکل کام ضرور کرنا ہو اور جان کی پرواہ نہ کی جائے تو کہتے ہیں۔

ایک چشم زدن میں: [ا۔ متعلق فعل] فوراً۔ ایک لحظہ میں۔ ایک لمحہ میں

ایک چلو پانی ڈوب مرنے کو بہت ہے / ایک چلو پانی میں ڈوب مرو: [ا۔ مثل] تمہیں شرم آنی چاہیے۔

ایک چنا کیا بھاڑ کو پھوڑ یگا: [ا۔ مثل] دیکھئے "ایک سُودا چنا الخ"

ایک چنے کی دو دالیں: [ا۔ مثل] دونوں ہم شکل ہیں۔ مشابہ ہیں۔ دونوں میں کوئی فرق نہیں

ایک چیخ زمین ایک آسمان: [ا۔ مثل] بہت چلانا۔ بہت زور سے چیخنا

ایک حمام میں سب ننگے: [ا۔ مثل] سب ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ کسی برائی میں سب کا شامل ہونا

ایک خطا دوسری خطا تیسری مادر خطا: [ا۔ محاورہ] ایک دو بار خطا ہونا تو خطا ہے۔ مگر بار بار خطا ہونا شرارت ہے

ایک دانت کاٹی روٹی ہونا: [ا، محاورہ] نہایت گہرے دوست ہونا۔ نہایت دل ملے ہونا۔
ایک در بند ہزار در کھلے: [ا، مثل] اگر ایک ذریعہ آمدن بند ہو تو خدا دوسرا ذریعہ نکال دیتا ہے
ایک دل یاروں میں ایک چوکیداروں میں: [ا، محاورہ] متذبذب ہونا۔ بے حد فکر ہونا پریشانی ہونا
ایک دم: [ا، متعلق فعل] بے توقف۔ برابر۔ فوراً۔ متواتر
ایک دم کا دم ہے: [ا، محاورہ] تھوڑی سی زندگی ہے۔
ایک دم کے ساتھ سب سامان ہے / ایک دم کے ساتھ سب کھیل ہے: [ا، مثل] دیکھئے "ایک جان کے ساتھ سب سامان ہے"
ایک دم ہزار دم: [ا، مثل] ایک سانس لینے میں ہزار سانس لینے کی امید ہوتی ہے۔ جب تک سانس تب تک آس۔
ایک دن سب کو مرنا ہے: [ا، مقولہ] موت سے مفر نہیں۔ جو پیدا ہوا ضرور مریگا
ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن بلائے جان: [ا، مقولہ] مہمان ایک دو دن تو بھلا معلوم ہوتا ہے تیسرے دن دوبھر ہو جاتا ہے۔
ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول۔ دوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول۔ تیسرے دن کا مہمان گھر کیوں گیا بھول: [ا، مقولہ] دیکھئے "ایک دن کا مہمان دوسرے دن کا مہمان الخ"
ایک دن کھوٹا پیسہ بھی کام آ جاتا ہے: [ا، مقولہ] ناقص چیز بھی کسی وقت کام آ جاتی ہے۔
ایک دو: [صفت] چند۔ تھوڑے بہت
ایک دے گا دس پائے گا: [ا، مقولہ دعائیہ] فقیروں کی صدا۔ ایک سلوک نیک کریگا تو دس گناہ اجر ملے گا۔
ایک ڈوبے تو سب سمجھائیں سب ڈوبیں تو کون بچائے: [ا، مثل] ایک آدمی خرابی کرے تو دوسرے اسے سمجھا سکتے ہیں اگر جہان ہی خرابی کرے کون سمجھائے۔
ایک ذات کا: [ا، صفت] ایک جنس کا۔ ایک ہی قسم کا۔
ایک راس: [ا، امث] ایک قسم۔ ایک جنس۔ یکساں۔ برابر
ایک رسی میں بندھنا: [ا، محاورہ] باہم اتفاق ہونا۔ یکجہتی ہونا۔
ایک رنگ آنا / ایک رنگ جانا: [ا، محاورہ] خوف یا صدمے کے سبب چہرے کی رنگت بدلنا
ایک روٹی کے دو ٹکڑے: [ا، مثل] ایک ہی قسم کی دو چیزیں۔ مشابہ و مماثل چیزیں۔
ایک زبان: [ا، صفت] ہم قول ہم زبان۔ ہم آہنگ
ایک زبان رکھنا: [ا، محاورہ] بات کا پکا ہونا۔ جو کہنا سو کرنا
ایک ساں / سا: [ا، صفت] یکساں۔ ایک ہی جیسے۔ ساتھ ساتھ
ایک سانچے کے ڈھلے ہیں: [ا، محاورہ] ایک سے ہیں۔ ہم شکل ہیں سرمو فرق نہیں۔
ایک سانس میں کچھ دوسری سانس میں کچھ: [ا، محاورہ] گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ
ایک سخنیا: [ا، امذ] وہ شخص جو ایک دام کہہ کر کمی نہ کرتا ہو۔ ایک بات پر قائم رہنے والا۔

ایک سر ہزار سودا: [ا، مثل] ایک آدمی کو ہزاروں خیال۔ ایک آدمی کو بہت سے فکر و غم ہونا۔
ایک شور یا چنا بھاڑ کو نہیں پھوڑ سکتا: [ا، مثل] ایک آدمی خواہ کتنا ہی لائق اور باہمت ہو مگر اس کام کو نہیں کر سکتا۔ جو بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہو۔
ایک سی: [ا، صفت۔ مث] ایک ہی طرح کی۔ ایک جیسی
ایک سے ایک: [ا، متعلق فعل] بہتر سے بہتر
ایک سے ایک بڑھ کر: [ا، متعلق فعل] ایک سے ایک اچھا۔ ایک سے ایک شریر۔
ایک سے ایک اعلیٰ سبحان ربی الاعلیٰ: [ا، مثل] اس جگہ کہتے ہیں جہاں ایک سے دوسرا شرارت میں بڑھا ہوا ہو۔
ایک سے دن نہ رہنا: [ا، محاورہ] حالت میں تغیر واقع ہونا۔
ایک سے دو بھلے: [ا، مقولہ] اکیلے کوئی کام کرنے سے دو آدمیوں کا کام بہتر ہے۔ تنہائی سے کسی کا ساتھ رہنا اچھا ہے۔
ایک سے لاکھ تک: [ا، متعلق فعل] کثرت یا بہتات کی جگہ بولا جاتا ہے
ایک سے لے ایک کو دے: [ا، مثل] خدا کسی کو غریب بناتا ہے کسی کو امیر
ایک سے ہزار ہونا: [ا، محاورہ] تھوڑے سے بہت ہونا۔ برکت ہونا۔ مرتبہ حاصل کرنا۔ بڑے پائے پر پہنچنا۔
ایک سے ہونا: [ا، محاورہ] ایک جیسے ہونا۔ ہمشکل ہونا۔ ہم خیال ہونا۔ ہم رائے ہونا۔
ایک شیر ماتا ہے۔ سو گیدڑ / لومڑیاں کھاتے / کھاتی ہیں: [ا، مثل] باہمت کی کمائی سے سینکڑوں ناکارے پلتے ہیں۔
ایک صورت سے: [ا، متعلق فعل] یکساں حالت سے۔ ایک طرح سے۔
ایک طرح / ایک طرح پر: [ا، متعلق فعل] ایک حالت سے۔ ایک ڈھنگ سے
ایک طرح پر گزرنا: [ا، محاورہ] یکساں گزرنا ایک حالت پر بسر ہونا۔
ایک طرح کا: [ا، متعلق فعل] ایک قسم کا۔ ایک جیسا۔ ایک نوع کا۔ ایک جنس کا۔
ایک طرف کا بازار بند ہے / ایک طرف کی دنیا غائب ہے: [ا، محاورہ] دیکھئے "ایک بازار بند ہے / ایک محلہ اجاڑ ہے"
ایک طرف ہو جانا: [ا، محاورہ] ایک کنارے ہونا۔ راستہ چھوڑنا (۲) ایک دھڑے میں

ایک عالم: [ا، مذ] سارا جہان۔ دنیا بھر ایک عالم ہے: [محاورہ] عجیب بہار ہے عجب کیفیت ہے۔ نرالا جوبن ہے۔ ایک عمر: [ا، امث] تمام عمر۔ عمر بھر۔ مدت دراز تک مدید۔
ایک غریب مارا تھا اس کے ناک میں چربی نکلی تھی: [ا، مثل] جب کوئی شخص اپنی خوبی کا اظہار کرے۔ یہ اصل وہ غریب نہ ہو تو یہ کہا جاتا ہے۔
ایک فرہاد سو تیشے ایک جان سو اندیشے: [ا، مثل] ایک آدمی کو بہت سی مصیبتیں۔
ایک قلم: [ا، متعلق فعل] فوراً۔ یک لخت۔ برابر
ایک کا منہ شکر سے بھر جاتا ہے سو کا خاک سے بھی نہیں: [ا، مثل] اکیلے شخص کی خبر گیری بہتر طریقہ سے ہو سکتی ہے۔ مگر بہت سے لوگوں کی مشکل ہوتی ہے۔
ایک کا ہو رہنا: [ا، محاورہ] ایک کے سوا دوسرے کی طرف مائل نہ ہونا۔
ایک کان بہرا ایک گونگا کر لینا: [مطلق التفات نہ کرنا۔ کسی کی طرف سے بالکل بے پروا ہونا۔ [ا، محاورہ]

ایک باٹنے میں تولنا: [ا ر محاورہ] یکساں وزن کرنا
ایک پل کی گھڑی: [ا ر - امث] ایک لمحہ ۔ بہت مختصر مدت
ایک کرے دس بھریں: [ا ر مثل] خطا ایک شخص کرے اور خمیازہ سب کو بھگتنا پڑے
ایک کنارے ہونا: [ا ر محاورہ] ایک طرف ہونا ۔ الگ ہونا
ایک کو ایک کھائے جاتا ہے: [ا ر مثل] ۱. ایک دوسرے سے حسد کرتا ہے
(۲) ایک پر دوسرا ظلم کرتا ہے۔
ایک کو پاتی اور ایک کو پیچ: [ا ر مثل] نا انصافی جانب داری
ایک کو دے رُتبہ عالی، ایک کو دے گھر یا جالی: [ا ر مثل] خدا کی حکمت اور بے نیازی ہے کہ کسی کو عیش و آرام دیتا ہے اور کسی کو دُکھ اور مصیبت۔
ایک کوڑی کی بھی آمدنی نہ ہونا: [ا ر محاورہ] بالکل آمدنی نہ ہونا۔
ایک کو سائی ایک کو بدھائی: [ا ر مثل] ہر ایک سے وعدہ ۔ ہر ایک سے اقرار مکاری اور فریب سے سب کو اُمید دلائے رکھنا
ایک کہو گے تو دس / دو سنو گے: [ا ر محاورہ] اگر تم کسی کو بُرا کہو گے تو وہ تم کو بُرا کہیگا۔
ایک کمائے بلیدا، ایک کھائے بھُس: [ا ر مثل] اپنی اپنی قسمت ہے کوئی عیش کرتا ہے اور کوئی تکلیف اٹھاتا ہے۔
ایک کھیل ہونا: [ا ر محاورہ] بہت آسان ہونا ۔ معمولی بات ہونا
ایک کہے نہ چار سُنے: [ا ر مثل] نہ کسی کو بُرا کہو نہ خود بُرا سُنو۔
ایک کی ایک سے کہنا: [ا ر محاورہ] لگائی بجھائی کرنا۔
ایک کی ایک سے نہیں بنتی: [ا ر مقولہ] آپس میں نا اتفاقی ہو۔ اتفاق و اتحاد نہیں
ایک کی دوا دو / دوا دو، دو کی دوا چار: [ا ر مثل] ایک آدمی پر غالب آنے کے لیے دو آدمی کافی ہوتے ہیں۔
ایک کی سو / دس سنانا: [ا ر محاورہ] بہت بد زبان یا بد لگام ہونا ۔ بہت منہ پھٹ ہونا۔
ایک کی لاٹھی دس کا بوجھ: [ا ر مثل] ۱. ایک شخص پر پورے گھر کی ذمہ داری
(۲) ایک سائل کا بہت سے اشخاص سے سوال پورا کرانا۔
ایک کے پیچھے ایک: [ا ر متعلق فعل] یکے بعد دیگرے ۔ متواتر ۔ لگاتار ہونا۔
ایک گال ہنسنا، ایک گال رونا: [ا ر محاورہ] گھڑی میں ہنسنا گھڑی میں رونا ۔ تلون مزاج
ایک گُرو (گورو) کے بالکے ہیں: [ا ر مثل] ایک جیسے ہیں، ایک دوسرے سے مشابہ ہیں
ایک گھاٹ اتارنا: [ا ر محاورہ] تمام لوگوں کے ساتھ یکساں سلوک کرنا
ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں: [ا ر مثل] سب کے ساتھ یکساں سلوک ہے۔
ایک گھر بچے تو سب گھر رہے: [ا ر مثل] شطرنج اور چوسر وغیرہ کے کھیل میں کسی مشکل چال کے وقت کہتے ہیں کہ اگر اس گھر پر مہرہ یا گوٹ بچ جائے تو گویا بازی جیت لی۔
ایک گھر کے دو بننا: [ا ر محاورہ] نا اتفاقی ہونا ۔ آپس میں اتحاد نہ ہونا۔
ایک لاٹھی سب کو ہانکنا: [ا ر محاورہ] ادنیٰ اور اعلیٰ میں تمیز نہ کرنا ۔ شریف اور رذیل میں فرق نہ کرنا ۔ سب سے بلا لحاظ مراتب یکساں سلوک کرنا۔
ایک لکڑی کیا جلے اور کیا اُجالا ہو: [ا ر مثل] ایک آدمی کی بساط ہی کیا ہے اکیلی ذات کہاں تک دل سوزی کرے ۔ اکیلا کچھ نہیں کر سکتا۔
ایک ماں باپ کا ہونا: [ا ر محاورہ] ۱. حلال زادہ ہونا ۔ دوغلہ نہ ہونا۔
(۲) سگے بھائی بہن ہونا۔
ایک مُٹھ، ایک گھٹ: [ا ر - امذ - ق] اتفاق ۔ اتحاد

ایک مچھلی سارے تالاب / جل کو گندہ کر دیتی ہے: [ا ر مثل] ایک نالائق سارے خاندان کو بدنام کر دیتا ہے۔ ایک بُرا آدمی ساری قوم کو بدنام کر دیتا ہے
ایک مرغی نو جگہ حلال نہیں ہوتی: [ا ر مثل] تھوڑی سی چیز بہت سے آدمیوں میں تقسیم نہیں ہو سکتی۔
ایک مُشت: [ا ر صفت] ایک ہی دفعہ ۔ اکٹھا ۔ ایک دم "یکمشت" زیادہ بہتر ہے)
ایک مُنہ: [ا ر صفت] متفق ۔ ہم آواز ۔ ہم زبان
ایک مُنہ دو بات: [ا ر محاورہ] بالکل متضاد باتیں کہنا۔
ایک مُنہ میں ہزار باتیں کہہ جانا: [ا ر محاورہ] لگاتار سینکڑوں باتیں سنانا ۔ بے انتہا بُرا بھلا کہنا۔
ایک مُنہ موتیوں سے بھرا جاتا ہے سو مُنہ خاک سے بھی نہیں بھرے جاتے: [ا ر مثل] دیکھیے "ایک کا منہ شکر سے بھرا جاتا ہے ۔ الخ
ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں: [ا ر مثل] ایک ہی چیز کے دو طالب اور خواہش مند کبھی مل کر نہیں رہ سکتے۔
ایک میرے گھر آنا دو مرے رونا: [ا ر مثل] گھر میں بہت سامان نہیں ایک دو ملازم ہیں۔
ایک میں دوسرا میرا بھائی تیسرا حجام نائی: [ا ر مثل] اس جگہ طنزاً کہتے ہیں جہاں کوئی بہت سا لے آدمی لے کر آئے اور ظاہر یہ کرے کہ میرے ساتھ کوئی نہیں۔
ایک نا ہزار نہیں کے برابر ہے: [ا ر مثل] ایک دفعہ کا انکار کافی ہے۔
ایک نا رجب دوسے رَتی۔ جیسے ایک ویسے استی: [ا ر مثل] عورت کی پارسائی اس کے شوہر ہی تک ہے
ایک نظر دیکھنا: [ا ر محاورہ] ایک مرتبہ کسی کی طرف دیکھنا ۔ سرسری نگاہ سے دیکھنا۔
ایک نظر سے دیکھنا: [ا ر محاورہ] سب کو یکساں چاہنا ۔ یکساں برتاؤ کرنا۔
ایک نظر کے گنہگار رہنا: [ا ر محاورہ] صرف ایک دفعہ دیکھنا ۔ صرف آنکھ سے دیکھنے کا خطاوار ہونا ۔ مجرم نہ ہونا
ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا: [ا ر مثل] لباس سے انسان کی عزت شان اور خوب صورتی بہت بڑھ جاتی ہے۔
ایک نہ ایک: [ا ر ضمیر تنکیری] کوئی نہ کوئی ۔ ایک آدھ ۔ تھوڑا بہت۔
ایک نہ چلنا: [ا ر محاورہ] کوئی تدبیر کارگر نہ ہونا ۔ کوئی اثر نہ ہونا۔
ایک نہ دو: [ا ر محاورہ] ایک دو پر ہی بس نہیں ۔ بہت زیادہ۔
ایک نہ سننا: [ا ر محاورہ] کوئی بات نہ ماننا ۔ قطعاً توجہ نہ دینا۔
ایک نہ ماننا: [ا ر محاورہ] کوئی بات قبول نہ کرنا۔
ایک نہ ۔ سو سکھ / ایک نہیں ستر بلا کو ٹالتی ہے: [ا ر مثل] کبھی تھوڑی بے مروتی بہت سی آفتوں سے بچا لیتی ہے
ایک نیم سو کوڑھی: [ا ر مثل] دیکھیے "ایک انار سو بیمار"
ایک ہاتھ چھوڑنا / لگانا: [ا ر محاورہ] ایک ضرب لگانا ۔ ایک تلوار مارنا۔
ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی: [ا ر مثل] محبت یا عداوت ایک طرف سے نہیں ہوتی۔
ایک ہاتھ کا ہے: [ا ر محاورہ] ایک ہی ضرب میں کام ختم ہے
ایک ہاتھ کی لینی ایک ہاتھ کی دینی: [ا ر مثل] نیکی کی جزا فوراً مل جاتی ہے۔
ایک ہاتھ میں دو ٹکڑے: [ا ر محاورہ] ایک ضرب میں دو ٹکڑے۔

ایک ہنر اور ایک عیب ہر آدمی میں ہوتا ہے: [ا۔ مقولہ] اچھائی اور برائی / عیب و ہنر سے کوئی خالی نہیں

ایک ہنسی ایک دُکھ [ا۔ مثل] ایک بات خوشی کی دوسری غم کی

ایک ہو جانا [ا۔ محاورہ] متحد ہو جانا۔ ایکا کرلینا

ایک ہے [ا۔ محاورہ] لاثانی ہے۔ بے نظیر ہے۔ یکتا ہے

ایک ہی چلو میں اُلو کر دینا [ا۔ محاورہ] تھوڑی سی شراب پینے سے مدہوش ہو جانا

ایکا [ا۔ امذ] میل۔ اتفاق۔ اتحاد۔ یکجہتی

ایکا ایکی [ا۔ متعلق فعل] اچانک۔ یکایک۔ یکدم

ایکادشی [ہ۔ امث] ہندوؤں کے ہر مہینے کے ہر پندرھواڑے کی گیارہ تاریخ۔

ایکانت [ھ۔ امث] تنہائی۔ علیحدگی۔ گوشہ نشینی

ایکٹ [انگ۔ امذ] ا۔ فعل۔ کام (۲) نقل سوانگ (۳) قانون۔ ضابطہ (ACT)

ایکٹر [انگ امذ] (ACTOR) ڈراما۔ تماشا یا نقل کرنے والا شخص۔ اداکار۔ ممثّل

ایکٹریس [انگ امث] (ACTORESS) تماشا کرنے والی عورت۔ ڈراما میں کردار بننے والی۔ اداکار۔ ممثلہ

ایکٹنگ [انگ۔ امث] (ACTING) اداکاری۔ تماشا نقل وغیرہ کرنے کا عمل

ایکڑ [انگ۔ ا۔ امذ] ACRE آٹھ کنال یا ۴۸۴۰ مربع گز کا رقبہ یا پیمائش کرنے کا ایک پیمانہ

ایکسپورٹ [انگ امث] (EXPORT) برآمد۔ نکاسی۔ ملک سے کوئی مال بیرونی ممالک میں بھیجنا۔

ایکس چینج [انگ۔ امذ] (EXCHANGE) باہمی تبادلہ۔ ادلہ بدلہ۔ مبادلہ

ایکسریز [انگ۔ امذ] (XRAYS) لاشعاع۔ ایک قسم کی خاص شعاعیں جس کو رونٹجن نامی جرمن سائنسدان نے اتفاقیہ طور پر دریافت کیا تھا۔ یہ شعاعیں غیر شفاف اجسام میں سے گزر جاتی ہیں۔ اس لیے ان کی مدد سے انسانی جسم کے اندرونی اعضاء کی تصویریں لی جا سکتی ہے۔

ایکھ [ہ۔ امث] گنا۔ نیشکر

ایل ایل۔ بی [انگ۔ امذ] (BACHELOR OF LAWS) کا اختصار قانون کا ایک امتحان جسے پاس کرنے کے بعد وکالت کی جا سکتی ہے۔

ایل ایل۔ ڈی [انگ۔ امذ] DOCTOR OF LAWS کا اختصار۔ قانون کی اعلیٰ سند

ایلدرٹ [ہ۔ متعلق فعل ق] اُدھر۔ اُس طرف (سب رس)

ایلاسٹک [انگ امذ] ELASCTIC لچکیلا فیتہ جو سوت اور ربڑ کی آمیزش سے تیار ہوتا ہے۔

ایلاؤس [یو۔ امذ] معدہ اور آنتوں کا ایک مرض جسمیں اُوپری آنتوں کا درد ہر غذا کو قے کے ذریعے نکال دیتا ہے۔ وہ بیماری جس میں پاخانہ منہ کے ذریعہ نکلتا ہے۔

ایلچی: [ت امذ] قاصد۔ پیغامبر۔ سفیر

ایلچی را زوالے نیست: [ف مقولہ] پیغام کتنا ہی سخت ہو ایلچی کو سزا نہیں دی جا سکتی۔

ایلچی کو زوال نہیں: [ا۔ مقولہ] دیکھیے "ایلچی را زوالے نیست" جس کا یہ اُردو ترجمہ ہے

ایلچی گری: [ت۔ امث] سفارت۔ وکالت۔ پیغامبری

ایلوا [ھ۔ امذ] مُصبّر۔ ایک نہایت کڑوی دوا۔ گھیکوار کے گودے کا سکھایا ہوا ست (فقنامذوق)

ایلوپیتھی [انگ۔ امث] علاج بالضد۔ ڈاکٹری طریق علاج (ALLOPATHY)

ایلول: [ف۔ امذ] شامیوں کا بارھواں مہینہ۔

الومینیم: [انگ امث] ایک قسم کی ہلکی دھات جو نرمی، قلت کثافت حرارت اور برق کی اعلیٰ درجے کی موصل ہونے کے لیے مشہور ہے۔ اسکا رنگ نیلگوں سفید ہوتا ہے یہ برتن، بجلی کے تار اور طیارے بنانے میں استعمال ہوتی ہے

ایلیا: [عبر۔ امذ] ا۔ یروشلم (۲) ایلیاس کا عبرانی تلفظ۔ حضرت الیاس (مشہور پیغمبر) حضرت

ایم اے: [انگ امذ] MASTER OF ARTS کا مخفف (اختصار) فنون کی اعلیٰ سند۔

ایم ایل اے: [انگ امذ] MEMBER OF LEGISLATIVE ASSEMBLY کا اختصار۔ رُکن مجلس قانون ساز

ایم این اے: [انگ امذ] MEMBER OF NATIONAL ASSEMBLY کا اختصار رُکن قومی مجلس قانون ساز

ایم بی بی ایس: [انگ امذ] BACHELOR OF MEDICINES AND SURGERY کا اختصار۔ علم طب و جراحی کی سند (ڈگری)

ایم پی اے: [انگ امذ] (MEMBER OF PROVANCIAL ASSEMBLY کا اختصار۔ رُکن صوبائی مجلس قانون ساز

ایم ڈی: [انگ امذ] DOCTOR OF MEDICINES کا اختصار (طب کی اعلیٰ ڈگری)

ایما: [ع۔ امذ] اشارہ۔ رمز و۔ منشا۔ عندیہ۔ رمز (افعال پا۔ کرنا۔ ہونا)

ایمان [ع۔ امذ] مسلمانوں کے نزدیک ایک خدا پر یقین لانا اور حضرت محمدؐ کی نبوت کا اقرار کرنا۔ دین۔ مذہب۔ دھرم اعتقاد

ایمان اٹھا کر طاق پر رکھ دینا: [ا۔ محاورہ] بے ایمان بن جانا

ایمان بغل میں دبانا / مار لینا: [ا۔ محاورہ] بے ایمانی کرنا۔ جھوٹ بولنا

ایمان بیچنا: [ا۔ محاورہ] دین کو دنیا کی خاطر برباد کرنا۔ بے ایمانی کرنا

ایمان پر چھوڑ دینا / چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] کوئی بات دوسرے کے ایمان پر موقوف رکھنا۔ کسی کی دیانت داری اور ایمانداری پر کسی بات کا فیصلہ موقوف کرنا

ایمان پھر جانا: [ا۔ محاورہ] ایمان میں خلل پڑنا۔ ایمان ٹھیک نہ رہنا۔

ایمان ٹھکانے نہ رہنا / نہ ہونا / ٹھیک نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] بدنیت ہو جانا۔ نیت ٹھیک نہ رہنا

ایمان جاتا رہنا / جانا: [ا۔ محاورہ] عقیدہ درست نہ رہنا۔ نیت خراب ہونا

ایمان چور / چوٹا: [ا۔ صفت] بے ایمان۔ دغاباز آدمی

ایمان چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بے ایمانی کرنا (۲) حق سے کنارہ کرنا۔

ایمان دار: [ع۔ ف ا فاعل ترکیبی] دیانت دار۔ راست باز

ایمانداری [ا۔ امث] دیکھیے "ایماندار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ایمانداری اُٹھنا [ا۔ محاورہ] راستبازی اور ایمانداری کا جاتے رہنا۔

ایمان درست نہ ہونا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ایمان ٹھکانے نہ رہنا" الخ

ایمان ڈانواں ڈول / تمام ہو جانا [ا۔ محاورہ] نیت۔ میں فرق آجانا۔

ایمان ساتھ جانا [ا۔ محاورہ] مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق انسان کی موت کے بعد اسکے ساتھ صرف اعتقاد ہی ہوتا ہے جو اُسے عذاب قبر اور آخرت سے بچاتا ہے

ایمان سے پوچھئے / پوچھو [ا۔ محاورہ] حق کی بات چاہو۔ انصاف کی بات چاہو

ایمان سے بولنا / کہنا [ا۔ محاورہ] خدا لگتی کہنا۔ سچ سچ کہنا۔ حق کہنا۔

ایمان کا سودا ہونا [ا۔ محاورہ] ایمانداری کا معاملہ ہونا۔

ایمان کانپنا [ا۔ محاورہ] خدا کا خوف آنا۔ بُرائی سے ڈرنا۔

ایمان کھونا [ا۔ محاورہ] بے ایمان ہونا (۲) ہٹ دھرمی کرنا۔

ایمان کی [ا۔ امث] حق حق۔ سچی بات

ایمان کی کہنا [ا۔ محاورہ] حق بات کہنا۔ خدا لگتی کہنا۔
ایمان لانا / لے آنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ مسلمان ہونا۔ اسلام قبول کرنا۔ کسی کی بات پر یقین کرنا
ایمان لگتی کہنا [ا۔ محاورہ] کسی کی طرف داری نہ کرنا۔ حق بات کہنا
ایمان میں آنا [ا۔ محاورہ] انصاف کی رُو سے کوئی بات تجویز کرنا۔
ایمان میں فرق آنا / رخنہ پڑنا [ا۔ محاورہ] اعتقاد ڈگمگانا۔ نیت بگڑنا
ایمان نگل جانا [ا۔ محاورہ] جھوٹ بولنا۔ بے ایمانی کرنا
ایمان ہونا [ا۔ محاورہ] یقین ہونا۔ اعتقاد ہونا
ایمان ہے تو سب کچھ ہے [ا۔ مثل] ایمان تمام چیزوں سے بڑھ کر ہے۔ ایمان ہی مقدم ہے۔
ایمبولینس [انگ۔ اند] AMBULANCE۔ فوجی شفاخانہ۔ جنگی ہسپتال۔ بیماروں اور زخمیوں کو لے جانے والی گاڑی
اَیمَن [ع۔ صف] بے خوف۔ نڈر۔ محفوظ (۲) امن دیا ہوا۔ خوش قسمت۔ مبارک
ایمَن [ف۔ مذ۔ مؤنث] ایک راگ یا راگنی کا نام (۲) پرانی تقسیم کے مطابق دیپک راگ کی ایک راگنی۔ جدید تقسیم کے مطابق کلیان ٹھاٹھ کا سمپورن راگ جو سرشام گایا جاتا ہے۔ عام روایت کے مطابق امیر خسرو کی ایجاد ہے۔
ایمنی [ع۔ صف] حفاظت۔ سلامتی
ایمنی بلاول [ہ۔ اند] ایک راگ۔ کلیان ٹھاٹھ کا سمپورن راگ جو ایمن اور بلاول سے مل کر بنا ہے۔
ایمونیا: دیکھئے امونیا
ایمونیشن [انگ۔ اند] AMMUNITION گولہ بارود۔ سامانِ جنگ (کارتوس)
اَیمَہ [ت۔ مذ۔ مث] وہ زمین جو بادشاہ کی طرف سے کسی کو بطور انعام دی جاتی تھی۔ معافی۔ جاگیر۔ وہ جاگیر جو علما، زاہد و صوفیا کو دی جائے۔
ایمہ دار [ف۔ اند] معافی دار۔ جاگیر دار
اَئِمَّہ [ع۔ اند] دیکھئے اِمام جس کی یہ جمع ہے۔
این [ھ۔ اند] گائے بھینس بکری وغیرہ کے دودھ اترنے کی جگہ۔ کھیری۔ پیوی۔ تھن وغیرہ (افعال) کرنا۔ نکالنا۔ اب بھینس این کرآئی ہے یعنی بچہ دینے کے قریب ہے۔
این [کلمہ تعجب و تنبیہ] کیا۔ کیوں۔ خبردار
این [ف۔ اشارہ] اشارۂ قریب بمعنی یہ
این جانب [ف۔ محاورہ] ہم۔ ما بدولت
این خانہ تمام آفتاب است [ف۔ مقولہ] گھر / خاندان کا ہر فرد لائق ہے۔ اچھا ہے۔ طنزاً شریر ہے۔ نالائق ہے
این کار از تو آید و مرداں چنیں کنند [ف۔ مقولہ] کیا کہنے۔ یہ کام تم ہی سے ہو سکتا ہے۔ مرد ایسا ہی کرتے / کیا کرتے ہیں
ایں گل دیگر شگفت [ف۔ مثل] اور گل کھلا۔ نئی بات ہوئی۔ تماشا دیکھئے۔
این و آن [ف۔ واند] حجت۔ دلیل۔ چون وچرا (۲) ہر کس و ناکس
این و آن کرنا [ا۔ محاورہ] حجت کرنا۔ بحث کرنا۔ دلیلیں چھانٹنا
ایں ہم اندر عاشقی بالائے غم ہائے دیگر [ف۔ مقولہ] مصیبت پر مصیبت پیش آنے کی جگہ کہتے ہیں۔ جہاں بہت کچھ بھگت چکے ہیں وہاں یہ بھی سہی
ایں ہم بچۂ شتر است [ف۔ مثل] یہ بھی اسی گروہ کا ہے۔ یہ بھی اسی قبیل کا ہے

ایں ہم بر سر الم [ف۔ مثل] بہت سی مصیبتوں میں ایک اور بھی سہی۔
اینٹ [ھ۔ امث] خشت۔ مٹی کے بنے ہوئے کچے یا پکے ٹکڑے جن سے دیوار یا عمارت بنائی جاتی ہے (۲) سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ڈلے جو مربع یا مستطیل ہوتے ہیں (۳) تاش کا ایک رنگ جو سرخ رنگ کا مربع شکل کا نشان ہوتا ہے۔
اینٹ اُلٹنا [ا۔ محاورہ] عورتوں کا ٹوٹکا جس سے عداوت ہو اس کا نام لے کر ہتھ اینٹ اُلٹی رکھ دیتی ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ اس عمل سے دشمن ہلاک یا تباہ ہو جاتا ہے
اینٹ سے اینٹ بجانا / بجا دینا [ا۔ محاورہ] تباہ کرنا۔ گرا دینا۔ برباد کر دینا
اینٹ سے اینٹ بجنا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "اینٹ سے اینٹ بجانا" جس کا یہ لازم ہے
اینٹ کا جواب پتھر سے دینا [ا۔ محاورہ] کسی بُری بات کا جواب اس سے زیادہ بُرائی سے دینا۔ سخت تر جواب دینا۔
اینٹ کا گھر مٹی کا در [ا۔ مثل] بے جوڑ بات
اینٹ کا گھر مٹی کر دینا [ا۔ محاورہ] فضول خرچی سے دولت اور گھر کو تباہ کر دینا (۲) گرا کر سب خاک میں ملا دینا۔
اینٹ کی عینک لگاؤ [ا۔ محاورہ] جب کسی کو کوئی اچھی طرح نظر نہ آئے تو مذاقاً کہتے ہیں
اینٹ کی لینی اور پتھر کی دینی [ا۔ مثل] سخت بات کے جواب میں اس سے زیادہ سخت بات کہنا۔
اینٹ گلانا [ا۔ محاورہ] اینٹ پیوست کرنا
اینٹا [ھ۔ اند] دیکھئے "اینٹ" جس کا یہ اسم مکبر ہے۔
اَینٹھ [ھ۔ اند] بل۔ پیچ۔ مروڑ۔ اکڑ (۲) شیخی۔ نخوت۔ تکبر۔ غرور
اَینٹھ جانا [ا۔ محاورہ] اکڑ جانا۔ خفا ہو جانا۔ ناراض ہونا۔ غصہ میں ہو جانا۔
اَینٹھ رکھنا [ا۔ محاورہ] کینہ رکھنا۔ بل رکھنا (۲) دبا لینا۔ قابو کر لینا
اَینٹھ کر چلنا [ا۔ محاورہ] اکڑ کر چلنا۔ اترا کر چلنا
اَینٹھ لینا [ا۔ محاورہ] چھین لینا۔ زبردستی لے لینا۔
اینٹھا [ھ۔ اند] رسی بٹنے کا آلہ
اَینٹھن [ھ۔ امث] کھچاؤ۔ بل۔ مروڑ۔ پیچ (۲) تشنج۔ پٹھوں اور رگوں کا کھنچ جانا
اَینٹھنا [ا۔ مص] مروڑنا۔ بل دینا۔ بل کھانا (۲) اکڑنا۔ روٹھنا۔ غصہ ہونا (۳) ٹھٹھرنا۔ سکڑنا (۴) غصب کرنا۔ چھین لینا۔ دبا بیٹھنا۔ قبضہ کرنا۔ (۵) دم دے کر لے لینا۔ دھوکے سے ہتھیا لینا
اینٹھو [ھ۔ صف] اکڑباز۔ مغرور۔ گھمنڈی
اینٹھے باز / خان [ھ۔ اند۔ مذ] مغرور۔ سرکش۔ اکڑباز
اینٹی چینٹی [ا۔ امث] سارا خاندان جہاں تک سلسلہ ملے ہر ایک۔ سب
اینچ [ھ۔ اند] کشش۔ کھچاؤ۔ ٹیڑھاپن
اینچ پینچ [ھ۔ اند] الجھاؤ۔ مکر و فریب
اَینچ دینا [ا۔ محاورہ] پھانسی دینا۔ سُولی چڑھانا
اَینچ کرنا [ا۔ محاورہ] اکڑنا۔ کھنچنا۔ ناتفاقی کرنا۔
اَینچ لینا [ا۔ محاورہ] نکال لینا۔ کھینچ لینا۔ میان سے تلوار نکال لینا۔ دم لگا کر پینا
اَینچا تانا [ا۔ صف] بھینگا
اینچا تانی / کھینچی [ا۔ امث] کشاکشی۔ کھینچا کھینچ۔ کشمکش۔ جھگڑا۔
اَینچ کھینچ [ا۔ امث] کشاکش۔ کھینچا تانی۔

اینچنا: [ا-امذ] کھینچنا۔ گھسیٹنا۔ تاننا۔ کسنا۔ ضامن ہونا۔
اینچن چھوڑ گھیسلن میں پڑے: [عو] [ا-مثل] ایک آفت سے دُوسری بڑھ کر ثابت ہوئی۔ اُلٹی بلا گلے پڑی
ایندھن: [ھ-امذ] جلانے کی چیزیں۔ لکڑی کوئلہ وغیرہ
ایندھن ہو جانا: [ا-محاورہ] ۱-ناکارہ ہو جانا۔ بوڑھا ہو جانا (۲) جلانے کے قابل ہو جانا
اَینڈ: [ہ-امذ] ۱۔ پیٹے ہوئے۔ لوٹتے ہوئے (۲) سست ناکارہ۔ نکما۔ فضول بیکار۔ کاہل (۳) نامکمل۔ ناتمام۔ ادھورا (۴) بھنور۔ گرداب (۵) تخمینہ۔ سرسری اندازہ۔ جانچ
اَینڈا اَینڈا پھرنا: [ا-محاورہ] اِتراتا پھرنا۔ نازاں و خراماں پھرنا۔ اینٹھا اینٹھا پھرنا
اینڈا بینڈا: [امذ] بے ہودہ۔ اُلٹا سیدھا۔ ناشائستہ
اینڈ کر چلنا: [ا-محاورہ] شیخی سے چلنا۔ غرور سے چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔
اینڈ کر دینا: [ا-محاورہ] ناکارہ کر دینا۔ بیکار کر دینا۔ ردی کر دینا۔
اینڈنا: [ا-محاورہ] غرور کرنا۔ اکڑنا۔ بدن کو تاننا۔ باربار انگڑائیاں لینا۔ کچھ کام نہ کرنا۔ پلنگ توڑنا۔ سست ہو کر پڑے رہنا۔
اینڈ ہونا: [ا-محاورہ] نکما ہونا۔ بگڑ جانا۔ پھنس جانا
اِینڈوا: [ا-امذ] کپڑے یا بالوں کا حلقہ جو بوجھ اٹھاتے وقت سر پر رکھا جاتا ہے تاکہ سر میں بوجھ نہ چبھے۔
اِینڈوی: [ا-امث] دیکھئے "اینڈوا" جس کی یہ تصغیر ہے
اینڈی بینڈی: [امث] آڑی ترچھی۔ بُری بھلی۔ سخت سُست
اینڈی بینڈی پڑ جانا: [ا-محاورہ] مصیبت پڑنا۔ مشکل کا سامنا ہونا۔ نقصان والی بات ہونا۔

اینڈی بینڈی چال: [ا-امث] مستانہ چال
اینڈی بینڈی سنانا: [ا-محاورہ] گالیاں دینا۔ سخت سُست کہنا
اَینڈے بینڈے: [ا-صف مذ] ٹیڑھے ترچھے۔ نالائق۔ سُست۔ نکمے
اینگلو انڈین: [ANGLO INDIAN] [ا-صف مذ] وہ انگریز جو ہندوستان میں پیدا ہوا اور وہیں رہنے بسنے لگا ہو۔
ایوارا: [ھ-امذ] وہ مکان جو مویشیوں کے لیے جنگل میں بناتے ہیں (باڑا)
ایوارڈ: [انگ امذ] (AWARD) ۱۔ عدالتی حکم۔ تاوان جرمانہ سزا وغیرہ صلہ۔ انعام (AWARD)
اَیوان: [ف-امذ] محل۔ مکان۔ قصر (۲) وہ مجلس جو قوانین بنائے (اسمبلی)
ایوانِ تجارت: [ف ع-امذ] تجارت پیشہ لوگوں کی انجمن۔ چیمبر آف کامرس کا ترجمہ commerce
اَیّوب: [ع-امذ] ایک مشہور پیغمبر جن کا صبر مشہور ہے
ایودھیا: [س امذ] (لفظی ترجمہ جس کے خلاف لڑائی نہ کی جا سکے) اودھ کا پرانا نام (اجودھیا)
اَیورسٹ: [انگ امذ] کوہ ہمالیہ کی سب سے بلند چوٹی جو ۲۹۰۰۲ فٹ اونچی ہے۔ مونٹ ایورسٹ پورا نام ہے جو انگریز کوہ پیما ایورسٹ سے منسوب ہے۔
ایہام: [ع-امذ] ۱۔ شک یا وہم میں ڈالنا (۲) اصطلاح شعر میں وہ صنعت جس میں شاعر اپنے کلام میں ایسے لفظ لائے جس کے دو معنی ہوں۔ ایک اس مقام کے قریب دوسرا بعید۔ لیکن شاعر معنی بعید مُراد لے۔
اے ہے: [ا-کلمہ افسوس و تاسف] ہائے وائے

ب

ب: [ع۔ اث] عربی میں اسے "با" اُردو میں "بے" کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے اسے بائے ابجد اور بائے تحتانی موحدہ یا بائے موحدہ تحتانیہ بھی کہتے ہیں (۱) یہ عربی، فارسی اور اُردو حروف تہجی کی ترتیب کے لحاظ سے دوسرا حرف ہے۔ (۲) دیوناگری رسم الخط میں تیئیسواں ونجن یعنی حرف صحیح ہے (۳) یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت کے ساتھ مل کر آواز دیتا ہے (۴) شفتی حرف ہے یعنی اسے ہونٹوں سے ادا کیا جاتا ہے (۵) عربی تقسیم کے مطابق قمری حرف ہے یعنی اس سے پہلے اگر "ال" ہو تو لام اپنی آواز دیتا ہے۔ بخلاف حرف شمسی کے کہ وہ جس حرف سے پہلے آئے اسے مشدد کر دیتا ہے اور خود غیر ملفوظ ہوتا ہے مثلاً الباری میں (۶) قاعدہ جمل کے مطابق اس کے دو عدد ہیں (۷) عربی میں پیر کے دن رجب کے مہینے اور برج جوزا کی علامت کے طور پر آتا ہے (۸) فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے "پ" کا مثلاً تب اور تپ۔ "د" کا مثلاً دالان اور بالان "ف" کا مثلاً زبان اور زفان "م" کا مثلاً غژب اور غژم "و" کا مثلاً گرمابہ اور گرماوہ۔ "ہ" کا مثلاً کوہ اور کوب (۹) سنسکرت میں واو کا بدل ہے مثلاً بید اور وید

بَ: [بائے مفتوحہ] فارسی تراکیب میں مندرجہ ذیل معانی دیتی ہے (۱) قسم کے لیے مثلاً بخدا (۲) آغاز و ابتدا کے لیے مثلاً بنام خدا (۳) مطابق و موافق کے معنی میں مثلاً بقول شاعر (۴) ساتھ کے معنی میں مثلاً بخیریت۔ (۵) طرف کے معنی میں مثلاً رو بقبلہ (۶) مقابل کے معنی میں مثلاً رو برو (۷) حد و انتہا کے لیے مثلاً روز بروز در بدر (۸) بیان سبب کے لیے مثلاً ع راز مکتوب بہ بے ربطی عنوان نکلا (۹) تیمن و توسل کے لیے مثلاً بروح فلاں (۱۰) "میں" کے معنی میں مثلاً نہا کم بدہن (۱۱) زائد مثلاً بغیر۔ یا کبھی بائے مفتوح جب اکیلی آئے تو اس کا املا "بہ" ہوتا ہے

بآسانی (بہ آسانی): ف متعلق فعل] آسانی سے۔ سہولت سے۔ بلا دقت کے

بآواز بلند (بہ آواز بلند): [ف۔ متعلق فعل] اونچی آواز سے

باِجرا: (بہ اجرا) [فع متعلق فعل] (کسی حکم یا قانون کے) جاری ہونے پر۔ نافذ کرنے سے۔

باِجلاس: (بہ اجلاس) [فع متعلق فعل] اجلاس میں۔ کچہری میں۔ پیشی میں

باستثنا: (بہ استثنا) [فع متعلق فعل] الگ کر کے۔ جدا کر کے

بافراط: (بہ افراط) [فع۔ متعلق فعل] کثرت سے۔ بہت زیادہ۔ وافر

باِیں: (بہ ایں) [ف۔ متعلق فعل] اس کے ساتھ

بایں ریش و فش: [فع۔ مثل] یہ ڈاڑھی، یہ طرہ اور ایسی حرکتیں۔ شکل مومنوں کی، کرتوت کافروں کے

بایں ہمہ: [فع۔ متعلق فعل] ان تمام کے باوجود۔ ان سب باتوں کے ہوتے ہوئے۔

بایں ہیئت کذائی: [فع۔ متعلق فعل] اس وضع سے

بتراضیِ طرفین: [فع۔ متعلق فعل] دونوں فریقوں کی رضامندی سے۔

بتمنائے گوشت مُردن بہ کہ تقاضائے زشتِ قصاباں: [ف مقولہ] قصاب کا تقاضا اٹھانے سے گوشت کی آرزو میں مر جانا بہتر ہے۔ قرض لینے کی مذمت میں کہتے ہیں۔

بتنگ: [ف۔ صف] عاجز۔ مجبور۔ بیزار

بتنگ ہونا: [ا۔ محاورہ] عاجز ہونا۔ بیزار ہونا۔

بجِد: [فع صف] کوشش کرنے والا۔ ساعی۔ مُصر۔ **بجد ہونا**: [ا۔ محاورہ] کوشش کرنا۔ مُصر ہونا

بجُز: [ف۔ متعلق فعل] سوا۔ مگر۔ بغیر

بجہت: [فع متعلق فعل] وجہ سے۔ سبب سے

بچشم: [ف متعلق فعل] خوشی سے منظور ہے

بچشم خود دیکھنا: [ا۔ مص مرکب] اپنی آنکھ سے دیکھنا

بچشم سر: [ف متعلق فعل] ظاہری آنکھوں سے

بحدّ / بحدّے کہ: [فع متعلق فعل] اس حد تک۔ یہاں تک

بحساب: [فع متعلق فعل] ایک حساب سے۔ گویا

بحضور: [فع متعلق فعل] اجلاس میں۔ پیشی میں۔ روبرو

بحق: [فع متعلق فعل] کے حق میں۔ موافقت میں۔ معاملہ میں

بحکم: [فع متعلق فعل] حکم سے۔ ارشاد کے مطابق

بخدا: [فع متعلق فعل] خدا کی قسم

بخلاف: (بہ خلاف) [فع متعلق فعل] برخلاف۔ برعکس

بخوبی: [ف۔ متعلق فعل] اچھی طرح۔ پوری طرح

بخیر: [فع متعلق فعل] ۱۔ اچھی طرح۔ بھلائی سے۔ خیریت سے (۲) ناممکن و دشوار

بخیر انجام ہونا: [ا۔ محاورہ] اچھا نتیجہ ہونا

بخیر گزرنا: [ا۔ محاورہ] اچھی طرح کٹنا۔ اچھی طرح (زندگی) بسر ہونا

بخیر و عافیت: [فع متعلق فعل] اچھی طرح۔ بغیر کسی زحمت کے۔

بدرجہ غایت: [فع متعلق فعل] انتہا تک۔ از حد

بدرجہا: [ف۔ متعلق فعل] بہت زیادہ۔ کہیں زیادہ

بدست: [ف متعلق فعل] ہاتھ میں۔ بذریعہ

بدستور: [ف متعلق فعل] قاعدے کے مطابق۔ عادت کے مطابق۔ حسب سابق

بدفعات: [فع متعلق فعل] کئی دفعہ۔ کئی مرتبہ۔

بدقت: [فع متعلق فعل] مشکل سے۔ دشواری سے

بدل و جان: [ف متعلق فعل] خوشی سے

بدولت: [ف متعلق فعل] ۱۔ سبب سے۔ ذریعہ سے۔ طفیل سے (۲) آسرا

بدون: [فع متعلق فعل] بغیر۔ بجز۔ سوا

بدیں: [ف متعلق فعل] اس سے

بدیں حال: [فع۔ متعلق فعل] اس حال میں۔

بدیں سبب: [فع متعلق فعل] اس وجہ سے

بدیں غرض: [فع متعلق۔ فعل] اس غرض سے۔ اس مقصد سے۔

بدیں لحاظ: [فع متعلق فعل] اس خیال سے۔ اس پر نگاہ کرتے ہوئے۔

بذات خود: [فع۔ متعلق فعل] اپنی ذات سے۔ خود ہی

بربِّ کعبہ: [فع متعلق فعل] کعبہ کے رب کی قسم۔ خدا کی قسم

برنگ: [ف۔ متعلق فعل] مثل۔ مانند

برُوئے: [ف متعلق فعل] مُنہ پر۔ کے مطابق

بسبب: [فع متعلق فعل] سبب سے۔ وجہ سے
بسر و چشم: [ف متعلق فعل] خوشی سے۔ سر آنکھوں پر
بسفر رفتنت مبارک باد، بسلامت روی و باز آئی: [ف مقولہ دعائیہ] کسی کے سفر پر روانہ ہوتے وقت کہتے ہیں کہ تمہارا سفر پہ جانا مبارک ہو اور خیریت کیساتھ واپس آؤ
بشرح صدر: [فع متعلق فعل] ا۔ جو کچھ اُوپر کہا گیا ہے۔ یہاں بھی وہی ہے (۲) دل کی صفائی کے ساتھ۔ صاف دل سے۔
بشرط آں کہ: [فع متعلق فعل] اُس شرط پر۔ اگر
بہ شرطے کہ: [فع۔ متعلق فعل] اس شرط سے
بشکل: [فع متعلق فعل] شکل سے۔ صورت سے۔ انداز سے
بشمول: [فع متعلق فعل] شامل کرکے۔ ساتھ
بصد: [ف متعلق فعل] اظہار کثرت کے لیے
بصراحت: [فع متعلق فعل] واضح طور پہ۔ صاف صاف۔
بصورت: [فع۔ متعلق فعل] انداز سے۔ وضع سے
بصیغہ: [فع متعلق فعل] کہ میں۔ محکمہ میں ضمن میں۔ سلسلہ میں
بضد: [فع صف] ہٹ پر۔ ضد پر۔ مُصر
بضد ہونا: [ا۔ محاورہ] ضد کرنا۔ اصرار کرنا
بطرز: [فع متعلق فعل] انداز سے۔ طریقہ سے
بطرف: [فع متعلق فعل] سمت میں۔ جہت میں
بطریق: [فع متعلق فعل] طریقہ سے۔ انداز سے
بطور: [فع متعلق فعل] طرز سے۔ طریقہ سے
بطور خود: [فع متعلق فعل] اپنی طرف سے۔ اپنی رائے سے۔ اپنے انداز سے
بطوع خاطر: [فع متعلق فعل] رضامندی سے۔ رغبت سے۔ دل کی خوشی کیساتھ
بطیب خاطر: [فع متعلق فعل] خوشی کے ساتھ۔ رغبت سے
بظاہر: [فع متعلق فعل] ظاہر میں۔ دیکھنے میں
بعوض: [فع متعلق فعل] بدلہ میں۔ بجائے۔
بعون خدا / اللہ: [فع متعلق فعل] خدا کی مدد سے
بغیر: [فع متعلق فعل] بدون۔ بجز۔ سوا
بقدر ضرورت: [فع متعلق۔ فعل] ضرورت کے مطابق
بقول: [فع متعلق فعل] قول کے مطابق۔ کہنے کے مطابق
بقول شخصے: [فع متعلق فعل] کسی کے کہنے کے مطابق
بقید حیات: [فع۔ متعلق فعل، صف] زندگی کی قید میں۔ زندہ
بکار: [ف متعلق فعل] کام سے
بکار آمد: [ف صف] کار آمد۔ مفید۔ کام آنے والا
بلطائف الحیل: [فع متعلق فعل] اچھے حیلے سے۔ خوش اسلوبی سے
بمدارج: [فع۔ متعلق۔ فعل] درجہ بدرجہ۔ کئی درجے۔ زیادہ
بمراتب: [فع متعلق فعل] مرتبہ کے لحاظ سے۔ درجہ بدرجہ۔ زیادہ
بمشکل: [فع متعلق فعل] مشکل سے۔ دقت کیساتھ۔ دشواری کے ساتھ
بمرگش بگیر تا بہ تپ راضی شود: [ف مقولہ] موت کی دھمکی دے تاکہ تپ پر راضی ہو جائے۔ زیادہ تکلیف کے مقابلہ میں انسان تھوڑی تکلیف برداشت کرنے پر راضی ہو جاتا ہے۔

بمنزلہ: [فع متعلق فعل] بجائے۔ قائم مقام
بموجب: [فع متعلق فعل] مطابق۔ موافق
بنا راضی: [فع متعلق فعل] برخلاف
بنام: [ف متعلق فعل] ا۔ نام پر۔ بمقابلہ (۲) (عدالتی اصطلاح) بخلاف (مدعا علیہ کے نام سے پہلے آتا ہے)
بنامیزد: [ف متعلق فعل] (بنام ایزد کا مخفف) (۱) خدا کے نام کے ساتھ بسم اللہ (۲) ماشاء اللہ چشم بد دور
بنفس نفیس: [عف متعلق فعل] خود۔ آپ
بوجہ احسن: [فع متعلق فعل] اچھے طریقے سے۔ خوش اسلوبی سے۔
بوجہ حلال: [فع متعلق فعل] جائز طریقہ سے
بہر: [ف متعلق فعل] کسی۔ کوئی (تنہا مستعمل نہیں)
بہر تقدیر: [فع۔ متعلق فعل] ہر حال میں۔ ہر صورت میں
بہر حال: [فع متعلق فعل] ہر حالت میں
بہر زمین کہ رسیدیم آسماں پیدا است جہاں بھی جائیں مصیبت کا سامنا ہے
بہر صفت موصوف: [ف متعلق فعل صف] جُملہ خوبیوں سے بھرا ہوا
بہر صورت: [فع متعلق فعل] ہر طرح سے۔ ہر انداز سے
بہر طور: [فع متعلق فعل] ہر صورت سے۔ ہر طرح سے
بہر عنوان: [فع متعلق فعل] ہر طریقہ سے۔ ہر طرح سے
بہر کیف: [فع متعلق فعل] ہر صورت سے۔ ہر حالت میں۔
بہزار: [ف متعلق فعل] اظہار کثرت کے لیے۔ بہت
بہم: [ف متعلق فعل] آپس میں۔ ایک دوسرے کے ساتھ۔ ساتھ
بہم پہنچنا: [ا۔ محاورہ] حاصل ہونا۔ مہیا ہونا۔ میسّر ہونا۔
بہم کرنا: [ا۔ محاورہ] حاصل کرنا۔ مہیا کرنا۔ فراہم کرنا۔
بہم ہونا: [ا۔ محاورہ] ا۔ چسپاں ہونا۔ پیوستہ ہونا (۲) حاصل کرنا۔
بہیئت مجموعی: [فع متعلق فعل] مکمل طور سے۔ مجموعی شکل میں۔
بیک بینی و دو گوش: [ف متعلق فعل] تن تنہا۔ بغیر کسی ساز و سامان کے
بیک کرشمہ دو کار } [ف مثل] ایک تدبیر میں۔ دو کام۔
بیک گز دو فاختہ } دوہرا فائدہ
ب: (بائے مکسور) عربی میں معیت، قسم اور توسل کے لیے آتی ہے اور "با" کی شکل میں بھی لکھی جاتی ہے۔ اس صورت میں الف زائد اور غیر ملفوظ ہوتا ہے مثلاً "بالارادہ" میں کہ تلفظ "بِل ارادہ" ہے
باسمہ (ب اس م ہی) [کلمہ آغاز] اس کے نام سے۔ بنام خدا کسی کام بالخصوص مکاتیب کے آغاز میں خیر و برکت کے لیے لکھتے ہیں:
بالآخر: (بِل آخِر) [ع۔ متعلق فعل] آخر کار۔ آخر میں
بالاتفاق: (بِل اتّفاق) [ع متعلق فعل] اتفاق کیساتھ۔ متحد ہو کر۔ متفقہ طور پر۔
بالاجماع: (بِل اجماع) [ع متعلق فعل] سب کے اتفاق سے۔ متفقہ طور پر
بالاجمال: (بِل اجمال) [ع متعلق فعل] مختصر طور پر۔ اختصار کے ساتھ۔
بالارادہ: (بِل ارادہ) [ع متعلق فعل] ارادۃً۔ قصداً
بالاستقلال: (بِل استقلال) [ع متعلق فعل] مستقل طور پر۔ مضبوطی سے

بالاشتراک (بل اشتراک) [ع۔ متعلق فعل] ساجھے میں شرکت میں
بالاعلان (بل اعلان) [ع متعلق فعل] علانیہ۔ کھُلم کھُلا
بالانفراد (بل انفراد) [ع متعلق فعل] جُدا جُدا۔ الگ الگ۔
بالتحقیق (بت تحقیق) [ع متعلق فعل] یقینی طور پر۔ بلا شک و شبہ
بالتخصیص [بت تخصیص) [ع۔ متعلق فعل] خصوصیت سے۔ خاص طور پر
بالتصریح (بت تصریح) [ع متعلق فعل] صاف صاف۔ واضح طور پر
بالتفصیل (بت تفصیل) [ع متعلق فعل] مفصل طور پر۔ پوری طرح۔ واضح طور پر
بالجبر (بل جبر) [ع متعلق فعل] زبردستی۔ ظلم سے
بالجملہ [بل جملہ) [ع متعلق فعل] حاصل یہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔ حاصل کلام۔
بالخاصہ (بل خاصہ) [ع متعلق فعل] اپنے اثر سے۔ مزاج کی حالت سے۔ طبیعت سے۔
بالخصوص [بل خصوص] خاص کر
بالخیر [بل خیر) [ع متعلق فعل] خیر سے۔ اچھی طرح
بالذات [بذ ذات) [ع متعلق فعل] خود بلا واسطہ۔ بلا شرکت غیرے
بالراس والعین [بر راس ول عین) [ع متعلق فعل] بسر و چشم۔ بخوشی خاطر
بالضرور (بض ضرور) [ع متعلق فعل] یقیناً
بالطبع (بط طبع) [ع۔ متعلق فعل] فطری طور پر۔ ذاتی طور پر
بالعشی والابکار (بل عشی ول ابکار) [ع متعلق فعل] صبح و شام
بالعکس [بل عکس) [ع متعلق فعل] برخلاف۔ برعکس
بالعموم (بل عموم) [ع متعلق فعل] عام طور سے
بالغدو والآصال (بل غدو ول آصال) [ع متعلق فعل] صبح و شام
بالفرض (بل فرض) [ع متعلق فعل] فرض کرتے ہوئے۔ مانتے ہوئے
بالفعل (بل فعل) [ع متعلق فعل] اس وقت۔ اب۔ سر دست
بالقابہ (ب القابہی) [ع متعلق فعل] اپنے تمام القاب و اعزاز کیساتھ اگر کسی کے بہت سے القاب ہوں تو سب کا ذکر کرنے کی بجائے مختصر طور پر کہہ دیتے ہیں
بالقصد (بل قصد) [ع متعلق فعل] قصداً۔ جان بوجھ کر
بالقوۃ (بل قوت / بل قوہ) [ع متعلق فعل] ۱۔ قوت اور طاقت سے۔ از روئے قوت (۲) (منطق) اس قوت سے جو وجود میں آنے کے قابل ہو مگر ابھی وجود میں نہ آئی ہو۔
بالکل (بل کل) [ع متعلق فعل] پوری طرح۔ ہو بہو۔ بہ تمام و کمال
بالکنایہ [بل کنایہ) [ع متعلق فعل] اشارہ سے۔ کنایہ سے
باللہ [بل لاہ) [ع۔ متعلق فعل] اللہ کی قسم۔ خدا کی قسم
باللہ العظیم (بل لاہ ل عظیم) [ع متعلق فعل] خدائے بزرگ و برتر کی قسم
بالمرۃ (بل مرت / مرۃ) [ع متعلق فعل] ایک ہی دفعہ۔ ہمیشہ۔ بالکل
بالمشافہہ (بل مشافہہ) [ع متعلق فعل] رو برو۔ آمنے سامنے
بالمضاعف [بل مضاعف) [ع متعلق فعل] دوگنا۔ دوچند
بالمقابلہ (بل مقابلہ) [ع متعلق فعل] آمنے سامنے۔ رو برو۔ موجودگی میں۔
بالمقطع (بل مقطع) [ع متعلق فعل] ۱۔ بغیر جاؤ تاؤ کے۔ مجمل طور پر۔ چکتا (اکٹھی یا مجموعی قیمت (۲) مقررہ لگان یا مالگذاری
بالمواجہہ (بل مواجہہ) [ع متعلق فعل] آمنے سامنے۔ رو برو
بالواسطہ (بل واسطہ) [ع متعلق فعل] وسیلہ سے۔ ذریعہ سے

بالیقین (بل یقین) فارسی میں نون غنہ سے) [ع متعلق فعل] یقیناً۔ یقینی طور پر
بتمامہ (ب تمام ہی) [ع متعلق فعل] بالکل۔ سب۔ تمام
بجنسہ [ب جنس ہی) [ع متعلق فعل] جوں کا توں۔ کل۔ ٹھیک ٹھیک۔ ہو بہو
بحمد اللہ [ع متعلق فعل] اللہ کی تعریف کے ساتھ۔ خدا کے شکر کے ساتھ
بحول اللہ [ع متعلق فعل] خدا کی مدد سے
بذاتہ [ب ذات ہی) [ع متعلق فعل] اپنے دم سے۔ (۲) ذات سے بلا شرکت غیرے۔
بعون اللہ / بعونہ [ع متعلق فعل] اللہ تعالیٰ کی (اس کی) مدد کے ساتھ
بعینہ [ب عین ہی] [ع۔ متعلق فعل] جوں کا توں۔ ہو بہو۔
بفضلہ / بفضلہ تعالیٰ (ب فضل ہی تعالا) [ع متعلق فعل] خدا کے فضل سے

ب — ا

با [ف۔ حرف۔ ربط۔ سابقہ] ۱۔ ہمراہ۔ ساتھ۔ مع (۲) باوجود (۳) صاحب۔ والا (۴) مطابق۔ موافق
باآبرو [ف صف] عزت والا۔ معزز
باآنکہ [ف متعلق فعل] اس کے باوجود۔ اس کے ہوتے ہوئے۔
بااثر [فع۔ صف] ۱۔ اثر رکھنے والا۔ پُر تاثیر (۲) رسوخ والا۔
بااختیار [فع صف] اختیار رکھنے والا۔ مختار۔ صاحب اقتدار۔ قدرت والا۔
بااخلاص [فع۔ صف] خلوص والا۔ مخلص۔ سچا دوست بے ریا۔
باادب [فع صف متعلق فعل] ۱۔ ادب تمیز والا۔ مؤدب (۲) ادب و احترام کیساتھ۔
باادب بانصیب، بے ادب بے نصیب [فقرہ مثل] بڑوں کا ادب کرنے والا خوش نصیب ہوتا ہے اور گستاخ بدبخت ہوتا ہے۔
باایمان [فع صف متعلق فعل] ۱۔ ایماندار۔ دیانتدار۔ ڈینددار (۲) ایمان کیساتھ۔
بااین ہمہ [ف متعلق فعل] دیکھئے " باین ہمہ "
باتدبیر [فع صف] صاحب تدبیر۔ مدبر۔ دانا۔ ہوشیار
باتمیز [فع صف] تمیز والا۔ خوش سلیقہ مہذب۔ شائستہ
باحیا [فع صف] حیادار۔ شرم والا۔ نیک
باخبر [فع صف] آگاہ، واقف، خبردار
باشرع [ف۔ صف] پابند شریعت۔ دین دار، نیک۔
باخدا [فع صف] خدا پرست۔ ایمان دار۔ نیک۔
باذوق [ف۔ صف] صاحب ذوق۔ اچھا ذوق رکھنے والا۔ دلچسپی رکھنے والا باتمیز
باشعور [فع صف] عقل مند۔ سلیقہ مند۔ ہوشیار
باشوق [فع صف و متعلق فعل] ۱۔ شوق رکھنے والا۔ مشتاق (۲) شوق سے۔ خوشی سے
باضابطہ [فع متعلق فعل] قانون کے مطابق۔ طریقہ کے مطابق۔ قاعدہ کیساتھ۔
باطہارت [فع صف] پاک۔ صاف۔ وضو کیے ہوئے غسل کیے ہوئے۔
باعمل [فع صف] عامل۔ عمل کرنے والا
بافراغت [فع متعلق فعل] اطمینان سے۔ اچھی طرح۔ تسلی کے ساتھ۔
باقاعدہ [فع متعلق فعل] قاعدہ اور قانون کے مطابق۔ قرینہ سے
باقرینہ [فع متعلق فعل] سلیقہ سے۔ قاعدہ سے

ل: [ع۔ صف] صاحب کمال۔ کامل۔ ماہر

اد: [ع متعلق فعل] مراد پانے والا۔ کامیاب

وّت: [ع صف] ملنسار۔ خوش اخلاق۔ لحاظ کرنے والا

ہ: [ف صف] خوش ذائقہ۔ لذیذ۔ دلچسپ

لماں اللہ اللہ بابرہمن رام رام: [ف مقولہ] ہر ایک کے ساتھ ستی ہونا۔ صلح کل۔

صیب: [ف صف] اچھی قسمت والا۔ خوش بخت

ا: [ف صف] ۱۔ آداز والا (۲) ساز و سامان والا (۳) بے پردا (۴) مسلمان فقرون کا ایک گروہ

جود: [ع متعلق فعل] اگرچہ۔ باوصف۔ کسی چیز کے ہونے ہوئے

جود ےکہ: [ع متعلق فعل] حالاں کہ۔ اس بات کے ہوتے ہوئے۔

صف: [ع متعلق فعل] دیکھئے "باوجود"

ضع [ع صف] وضع دار۔ خوش سلیقہ۔ نباہ کرنے والا۔ سجیلا

ضو: [ع صف] وضو کیے ہوئے۔ پاک۔ صاف

فا: [ع صف] وفادار۔ بات کا پورا۔ قول نبھانے والا۔ خیر خواہ۔ نمک حلال

قار: [ع صف] عزت والا۔ معزز۔ محترم

م: [ف متعلق فعل] ایک دوسرے کے ساتھ۔ آپس میں

مہ و بے ہمہ: [ف صف] سب سے ملا ہوا اور سب سے الگ (۱) بے فکر آزاد ی کی صفت) ۲۔ مرنجاں مرنج۔ سب لوگوں سے میل جول رکھے گر جھگڑے بکھیڑے سے الگ رہے

می: [ف صف] آپس کا۔ ساتھ کا۔

ہمیں مردان بباید ساخت: [ف مقولہ] جیسے بھی برے بھلے گ موجود ہیں انہی کے ساتھ نباہ کرنا چاہیئے

ب: [ع۔ اند] ۱۔ دروازہ (۲) نوع قسم (۳) مصدر اور اس سے بننے والے بنوں کا وزن (۴) کتاب کا حصہ جو تقسیم مضمون یا عنوان کے لحاظ سے الگ حیثیت ھتا ہو (۵) بابت (۶) مقصد مطلب (۷) سلسلہ۔ موضوع مضمون زیر بحث (۸) ربار۔ درگاہ (۹) لائق۔ مناسب (۱۰) حساب۔ محصول۔

ب اجابت: [ع۔ مرکب اضافی بترکیب فارسی مذ] دعا قبول ہونے کا دروازہ

ب توبہ بند ہونا: [ار محاورہ] قرب قیامت ہونا۔ قیامت کے آثار ظاہر ونا (مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے نزدیک توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا اور کسی کی دعا قبول نہ ہوگی۔)

ب عالی: [ع۔ مرکب اضافی بترکیب فارسی] ۱۔ بلند دروازہ (۲) عثمانی لطنت (ترکیہ) کے دارالوزرا کا نام۔

: [ف۔ ار۔ اند] ۱۔ باپ۔ والد (۲) فقیر (۳) بوڑھا (۴) فقیروں کی اصطلاح یر خاندان (۵) بچہ ان معنوں میں انگریزی لفظ BABY کا بگاڑ ہے۔

آدم: [ار۔ اند] ۱۔ حضرت آدم علیہ السلام۔ انسان کے مورث اعلیٰ (۲) وضع۔ انداز۔ طریقہ

آدم بدل گیا ہے: [ار محاورہ] نئی وضع ہے۔ پرانا انداز بدل گیا ہے۔

آدم کے پوتے ہیں: [ار مقولہ] انسان ہیں۔ حضرت آدم کی اولاد ہیں۔

آدم نرالا ہے: [ار محاورہ] عجیب طرح کا انداز ہے۔ عجیب وضع ہے

جان: [ار۔ اند] پیار سے چھوٹے اپنے باپ، چچا، دادا کو کہتے ہیں۔

لوگ: [ار۔ اند] انگریزوں کے شاگرد پیشہ لوگ انگریزوں کے بچوں کو کہا کرتے تھے۔

بابت: [ف ار امث] ۱۔ نسبت۔ بارے میں۔ معاملے میں (۲) وسیلہ سفارش ذریعہ (۳) حرف ب کی تختی جو ب کا جوڑ ملانے کو لکھتے ہیں (۴) بدلہ۔ عوض۔ (۵) بسبب۔ واسطے۔ لیے (۶) لائق قابل (۷) حساب۔ فعل۔ مذ۔ صیغہ۔

بابر: [ہ امث] ایک قسم کی گھاس جس کا بان بٹتے ہیں۔ اور کاغذ بھی بنایا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔ (۳) مشہور مغل بادشاہ۔

بابر لوٹ / لیٹ: [ار امث] باین نٹ کا مغرب (بگاڑ) ایک جالیدار کپڑا

بابرنگ / باؤ برانگ: [ہ۔ امث] ایک دوا کا نام جو سیاہ مرچ کے مشابہ ہے جس کو برنج کابلی کہا جاتا ہے۔

بابل: [ع۔ اند] عراق قدیم کا ایک شہر جو دریائے فرات کے کنارے کوفہ کے قریب مرود کا آباد کردہ تھا جس کے کھنڈرات اب موجودہ بغداد سے ۶۰ میل جانب جنوب پائے جاتے ہیں۔ سکندر اعظم یونانی ہندوستان سے واپس جاتے ہوئے اسی شہر میں فوت ہوا تھا۔

بابل: [ہ اند] باپ۔ والد (۲) ایک گیت جو لڑکی کی رخصتی کے وقت گایا جاتا ہے

بابن: [انگ امث] BOBBIN اردو میں بضم بائے موحدہ بولتے ہیں) ۱۔ باریک فیتا جو سپاہیوں کے بوٹوں میں لگایا جاتا ہے (۲) بہت باریک بنی ہوئی ڈوری جو کپڑوں میں لگائی جاتی ہے۔ سلائی کی مشین کا وہ پرزہ جس پر دھاگہ لپٹتے ہیں۔

بابن لیٹ: [ار امث] انگریزی bobbinet کا بگاڑ) ۱۔ ایک نہایت باریک جالیدار کپڑا

بابو: [ہ اند] ۱۔ بنگال کا لقب (۲) عزت دار / خاندانی آدمی (۳) بچہ (۴) عام پڑھے لکھے شخص کا لقب (۵) دفتر کا کلرک یا منشی (۶) انگریزی دان کا لقب گو بنگال سے باہر اسے کوئی پسند نہیں کرتا۔

بابونہ: [ف اند] ایک بوٹی جو عام اور مشہور ہے جسکے پھولوں کا تیل جوڑوں کے دردوں میں مفید ہوتا ہے

بابی: [ع اند] ایک مذہبی فرقہ جس کا بانی محمد علی (باب) تھا۔ اس کا پیرو۔

باپ: [ار اند] والد۔ پدر

باپ بنانا: [ہ ار محاورہ] باپ کے برابر / بزرگ سمجھنا (۲) خوشامد کرنا۔

باپ بھکاری پوت بھنڈاری: [ار مثل] شیخی باز کی نسبت کہتے ہیں

باپ بھلا نہ بھیا۔ سب سے بھلا روپیا: [ار مثل] دولت کی تعریف میں کہتے ہیں کہ جتنی یہ کام آتی ہے اسقدر کوئی عزیز رشتہ دار بھی کام نہیں آسکتا۔

باپ بخیل پوت نواب: [ار مثل] باپ بخیل اور بیٹا شاہ خرچ۔

باپ پر پوت پتا پر گھوڑا۔ بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا: [ار مثل] ہر شخص میں خاندانی اثر تھوڑا بہت ضرور ہوتا ہے۔

باپ تک جانا / جا پہنچنا: [ار محاورہ] کسی کے بزرگوں کو / باپ کو برا بھلا کہنا۔ گالی دینا۔

باپ دادا: [ار اند] خاندان کے بزرگ۔ اسلاف

باپ دادا سے: [ار متعلق فعل] پیڑھیوں سے۔ پشتوں سے

باپ دادا کا نام برباد کرنا: [ار محاورہ] موروثی عزت میں دھبا لگانا

باپ دادا کا نام ڈوب جانا: [ار محاورہ] خاندان کی عزت جاتی رہنا۔ (۲) خاندان کی یادگار باقی نہ رہنا۔ کوئی فرد خاندان باقی نہ رہنا۔

باپ دادا کی ہڈیاں: [ار امث] خاندانی عزت۔

باپ دادا کی ہڈیاں اُکھڑوانا: [ا-محاورہ] خاندان کی عزت خراب کرنا۔ بُرا بھلا کہلوانا۔

باپ رے باپ: [ا-کلمہ خوف یا تعجب] ڈر یا خوف یا تعجب کے اظہار کے لیے بولتے ہیں

باپ سے بیر پُوت سے سگائی: [ا-مثل] بڑوں سے دشمنی اور اولاد سے دوستانہ

باپ کا: [ا-صف] موروثی۔ پُشتینی

باپ کا سایہ سَر سے اُٹھ جانا: [ا-محاورہ] باپ کا فوت ہو جانا۔

باپ کا سمجھنا: [ا-محاورہ] اپنی ملکیت یا مقبوضہ سمجھنا

باپ کرے باپ کے آگے آتے / (پائے) بیٹا کرے بیٹے کے آگے آئے / پائے: [ا-مثل] جو کرے سو بھرے

باپ مارے کا بیر: [ا-مذ-اند] قدیم دشمنی۔ جدی دشمنی

باپ مرے گا تو بیل بٹیں گے: [ا-مثل] جب باپ کے مرنے کا انتظار ہو تو کہا جاتا ہے۔

باپ مرے تو راج کریں [ا-مثل] باپ کے مرنے کے بعد اولاد گلچھرے اڑائے / عیش کرے تو کہا جاتا ہے۔

باپ نہ مارے پدڑی بیٹا تیر انداز: [ا-مثل] جب کوئی اپنے خاندان کی حیثیت سے بڑھ کر کام کرے تو کہا جاتا ہے۔

بات: [ا-مث] ۱۔ قول۔ کہا۔ کہنا (۲) لفظ۔ بول۔ کلمہ (۳) رائے (۴) کہاوت مثل (۵) طعن تشنیع۔ سخت کلامی (۶) روش۔ طرز (۷) حسن۔ خوبی (۸) واقعہ واردات (۹) سرگزشت (۱۰) تذکرہ۔ ذکر (۱۱) درخواست۔ عرض۔ التجا۔ (۱۲) منگنی۔ نسبت (۱۳) تدبیر حکمت۔ تجویز (۱۴) گفتگو۔ بحث۔ حجت (۱۵) دلیل (۱۶) ثبوت (۱۷) چیز۔ شے (۱۸) مضمون (۱۹) حالت۔ صورت کیفیت (۲۰) مطلب مقصد۔ غرض (۲۱) راز۔ بھید۔ نکتہ (۲۲) حکم۔ ارشاد (۲۳) شکل۔ صورت (۲۴) عزت۔ وقعت شان (۲۵) نصیحت۔ مشورہ۔ صلاح (۲۶) تعریف۔ مدح (۲۸) وقعت۔ شہرت۔ عزت۔ ساکھ (۲۹) الزام۔ خطا۔ کھوٹ۔ جرم۔ گناہ (۳۰) کمی۔ نقصان (۳۱) ملامت۔ گلا۔ شکوہ شکایت (۳۲) موقع محل (۳۳) چٹکلا۔ لطیفہ۔ خوبی۔ نزاکت کلام (۳۴) دشوار۔ مشکل (۳۵) اشارہ۔ تنبیہہ (۳۶) دانش مندی۔ فراست عقل مندی (۳۷) خبر۔ پیغام (۳۸) بدزبانی (۳۹) وقفہ۔ عرصہ۔ درمیان۔ (۴۰) خیال وہم (۴۱) قصد۔ حوصلہ۔ دعوٰے۔ ضد۔ ہٹ (۴۲) سبب وجہ (۴۳) نتیجہ۔ ثمرہ۔ پھل (۴۴) طرز۔ ادا۔ چال ڈھال۔ سج دھج (۴۵) مہارت۔ ہنر۔ خوبی۔ کمال (۴۶) پالیسی۔ حکمت عملی (۴۷) اتفاقی۔ نشدنی (۴۸) خطرہ۔ جوکھم (۴۹) سخن۔ تکیہ (۵۰) روزمرہ کا معاملہ۔ دستور (۵۱) کھیل۔ معمولی بات (۵۲) تدبیر۔ علاج (۵۳) شان۔ شوکت (۵۴) ما فی الضمیر (۵۵) حالت۔ کیفیت۔ عادت (۵۶) مجال۔ حوصلہ۔ جرأت۔ (۵۷) وضع۔ چلن (۵۸) سامان (۵۹) آرزو۔ ارمان (۶۰) طریقہ۔ رسم و رواج (۶۱) رسم و راہ (۶۲) برتاؤ۔ معاملت (۶۳) قیمت۔ نرخ۔ مول (۶۴) مضائقہ (۶۵) حکایت۔ افسانہ (۶۶) وصل کنایۃً (۶۷) باب۔ معاملہ۔ مقدمہ۔ کام کاج (۶۸) جھگڑا (۶۹) حیلہ۔ بہانہ (۷۰) کھیل کود۔ لہو و لعب۔

بات آ پڑنا: [ا-محاورہ] بیچ آ پڑنا۔ اتفاق پیش آ جانا۔

بات آ رہنا: [ا-محاورہ] نتیجہ نکلنا۔ منحصر ہو جانا۔

بات آزمانا: [ا-محاورہ] کسی امر کا تجربہ کرنا۔

بات آگے آنا: [ا-محاورہ] کہا پورا ہونا۔

بات آنا: [ا-محاورہ] الزام آنا۔ بُرائی آنا (۲) نسبت کا پیغام آنا (۳) سلیقہ ہونا۔

بات آنچل میں باندھنا: [ا-محاورہ] کوئی قول / کسی کا قول یاد رکھنا۔ کوئی معاملہ دھیان میں رکھنا، بات یاد رکھنا

بات آنکھوں سے سُننا: [ا-محاورہ] گفتگو خوشی اور رغبت سے سُننا۔

بات آئینہ ہونا: [ا-محاورہ] حال ظاہر ہونا۔

بات آئی گئی ہو جانا: [ا-محاورہ] بات بھول جانا۔ بھول میں پڑنا۔ رفت گزشت ہو جانا

بات آئے پر چُوکنا: [ا-محاورہ] موقع آئے پر چوکنا۔ دھیان میں آئی ہوئی بات نہ کرنا

بات اتنی ہے: [ا-محاورہ] اصل بات یہ ہے۔ اصلیت یہ ہے۔

بات اٹکا رکھنا: [ا-محاورہ] معاملہ کو الجھاوے میں ڈالنا۔

بات اٹکنا: [ا-محاورہ] کسی امر کا منحصر ہونا۔

بات اُٹھا رکھنا: [ا-محاورہ] کسی معاملہ کو ملتوی رکھنا

بات اُٹھا نہ رکھنا: [ا-محاورہ] کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرنا۔ کوئی کسر نہ چھوڑنا۔

بات اُٹھانا: [ا-محاورہ] بدزبانی برداشت کرنا۔ بُرا بھلا سہنا (۲) گفتگو کی ابتدا کرنا۔

بات اُٹھ رہنا: [ا-محاورہ] کسی معاملہ کو ملتوی کرنا

بات اُٹھنا: [ا-محاورہ] دیکھئے "بات اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے

بات اُڑانا: [ا-محاورہ] ۱۔ نقل اتارنا (۲) مطلب کڑھانا (۳) خبر اڑانا۔ گپ اڑانا۔

بات اُڑا دینا: [ا-محاورہ] بات کو ٹال دینا۔ معاملے کا جھول میں پڑ جانا۔

بات اس کان سے سننا اُس کان اُڑا دینا: [ا-محاورہ] نصیحت کی پروا نہ کرنا بے پروائی کرنا۔

بات اُلٹنا: [ا-محاورہ] بات بدلنا۔ تردید کرنا۔ کہہ کے مکر جانا۔

بات اکارت جانا: [ا-محاورہ] بات ضائع جانا۔

بات اور ہے: [ا-محاورہ] جو معاملہ سمجھا گیا تھا وہ نہیں ہے کچھ اور ہے

بات اُونچی رہنا: [ا-محاورہ] بات بالا رہنا۔ بات بڑھ کر رہنا۔

بات اُونچی کرنا: [ا-محاورہ] آبرو بڑھانا / بالا کرنا

بات ایک طرح رہنا: [ا-محاورہ] برتاؤ یکساں رہنا۔ برتاؤ میں فرق نہ آنا۔

بات بات: [ا-امث] ۱۔ ہر بات (۲) ہر ادا

بات بات پر: [ا-متعلق فعل] ذرا ذرا سے معاملہ میں۔ ہر فعل پر۔ ہر حرکت پر۔ ہر کام میں

بات بات میں: [ا-متعلق فعل] ہر بات میں۔ ہر بار۔ بالکل۔ سراسر

بات بات میں چھُری کٹاری: [ا-صف] ہر بات میں لڑنے کو تیار۔

بات بات میں کھٹنا: [ا-محاورہ] ہر بات میں روٹھنا، ناراض ہونا۔ بُرا ماننا۔

بات بات میں موتی پرونا: [ا-محاورہ] سخن سازی کرنا۔

بات بالا رہنا: [ا-محاورہ] آبرو بڑھی رہنا۔

بات بالا ہونا: [ا-محاورہ] بات اونچی ہونا۔ آبرو بڑھنا

بات باندھنا: [ا-محاورہ] مکرنا۔ جھوٹی دلیل دینا۔ خلاف بیانی کرنا۔

بات بدلنا: [ا، محاورہ] کہتے کہتے کچھ اور کہنے لگنا۔ کہہ کر پلٹ جانا۔ وعدہ کرکے مُکر جانا۔

بات بدلی ساکھ بدلی: [ا، مثل] بات میں فرق آیا اور اعتبار گیا۔ وعدہ خلافی سے آدمی کی عزت نہیں رہتی۔

بات بُری لگنا: [ا، محاورہ] بات ناگوار گزرنا۔

بات بڑھانا: [ا، محاورہ] ۱۔ گفتگو کو طول دینا۔ بحث لمبی کرنا (۲) جھگڑا بڑھانا (۳) کسی بات کو ترجیح دینا۔ کلام کی تائید کرنا۔ (۴) عزت بڑھانا (۵) کسی واقعہ کو مشہور کرنا۔

بات بڑھتی چلی جانا: [ا، محاورہ] معاملہ میں طوالت پیدا ہو جانا۔ معاملہ ٹلتا رہنا۔

بات بڑھ کے کرنا: [ا، محاورہ] شیخی مارنا۔ دور کی لینا۔ اپنی حیثیت سے زیادہ کام کرنا

بات بڑھنا: [ا، محاورہ] ۱۔ حجت ہونا۔ تکرار ہونا۔ جھگڑا ہونا (۲) کسی معاملہ میں طوالت ہونا (۳) آبرو زیادہ ہونا۔ عزت میں اضافہ ہونا۔

بات بڑی کرنا: [ا، محاورہ] ۱۔ کلام کی تائید کرنا۔ ہاں میں ہاں ملانا (۲) بات کو طول دینا (۳) قطع کلام کرنا۔ بات کاٹنا (۴) عزت دینا

بات بڑی ہونا: [ا، محاورہ] بات بالا ہونا

بات بگاڑنا: [ا، محاورہ] ۱۔ معاملہ خراب کرنا، کام بگاڑنا۔ گڑبڑ کرنا (۲) اعتبار کھونا۔ ساکھ مٹانا (۳) دوالا نکالنا (۴) بیوہ کر دینا۔

بات بگڑنا: [ا، محاورہ] ۱۔ کام بگڑنا (۲) عزت میں فرق آنا (۳) برباد ہونا حیثیت بگڑنا (۴) الزام آنا۔ عیب لگنا

بات بنانا: [ا، محاورہ] ۱۔ بات کو پھیر پھار کر اپنے مطلب کے مطابق کہنا (۲) سخن سازی کرنا (۳) جھوٹ بولنا۔ فضول گوئی سے کام لینا۔ (۴) بھرم قائم رکھنا۔ ساکھ بنانا (۵) سدھارنا۔ درست کرنا۔

بات بنا لینا: [ا، محاورہ] ۱۔ دل سے کوئی بات گھڑ لینا (۲) کسی بات کی توجیہہ کرنا

بات بن پڑنا: [ا، محاورہ] ۱۔ عزت حاصل ہونا۔ ساکھ قائم ہونا (۲) تدبیر بن پڑنا (۳) گفتگو کرتے بن پڑنا۔

بات بن جانا: [ا، محاورہ] تدبیر راس آنا۔ معاملہ درست ہونا۔

بات بننا: [ا، محاورہ] ۱۔ کامیاب ہونا (۲) اعتبار جمنا (۳) عزت پانا (۴) موقع ملنا۔ بول بالا ہونا۔

بات بنی رہنا: [ا، محاورہ] ۱۔ یادگار باقی رہنا (۲) ساکھ قائم رہنا

بات بھاری ہونا: [ا، محاورہ] ۱۔ بات ناگوار ہونا (۲) وقعت ہونا۔

بات بھانا: [ا، محاورہ] بات پسند آنا

بات بہکنا: [ا، محاورہ] بات کا سلسلہ خراب ہونا۔ تقریر ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر پہنچ جانا۔

بات بھلانا: [ا، محاورہ] وعدہ پورا نہ کرنا۔ حکم کی تعمیل نہ کرنا۔ کام بھول جانا۔

بات بھولنا: [ا، محاورہ] کوئی کام یا بات بھول جانا۔

بات بیچ میں سے لینا: [ا، محاورہ] بات کاٹنا۔ دخل در معقولات کرنا۔ ایک شخص کی بات ختم ہونے سے پہلے دوسرے کا درمیان میں بول پڑنا

بات پانا / پا لینا: [ا، محاورہ] تاڑ لینا۔ حقیقت سمجھ لینا۔ بات کی تہ تک پہنچ جانا

بات پتھر کی لکیر ہونا: [ا، محاورہ] پختہ وعدہ ہونا۔ بات نہ بدلنا۔ وعدہ پر قائم رہنا۔

بات پچنا: [ا، محاورہ] بات پوشیدہ رہنا۔ راز ظاہر نہ ہونا۔ بات دل ہی میں ہضم

بات پر آنا / آ جانا: [ا، محاورہ] ۱۔ بات کی پچ کرنا۔ ضد کرنا۔ اپنی بات کی طرف داری کرنا۔ قول پر قائم رہنا (۲) ارادہ کرنا۔ ہمت کرنا (۳) آبرو کا پاس کرنا۔

بات پر بات چلنا: [ا، محاورہ] ایک ذکر کے سلسلہ میں دوسرا ذکر چل پڑنا۔ بات میں سے بات نکلنا۔

بات پر بات کہنا: [ا، محاورہ] کسی تذکرہ میں کچھ کہنا۔ کسی بات کے جواب میں کچھ کہنا

بات پر بات یاد آنا: [ا، محاورہ] باتیں کرتے ہوئے بھولی ہوئی بات یاد آنا۔

بات پر ٹھہرنا: [ا، محاورہ] اپنے قول پر قائم رہنا۔ وعدہ پر ثابت قدم رہنا۔

بات پر جانا: [ا، محاورہ] کسی کے قول پر اعتماد کرنا۔ کسی کی بات کا دھیان رکھنا۔

بات پر جان دینا: [ا، محاورہ] بات پر سر دینا۔ قول نبھانا۔ ضد پر قائم رہنا۔

بات پر چلنا: [ا، محاورہ] وضع نباہنا۔ اپنا طریقہ نہ چھوڑنا۔

بات پر خاک پڑنا: [ا، محاورہ] بات کا بھول میں پڑنا۔ معاملہ دب جانا۔

بات پر خاک ڈالنا: [ا، محاورہ] بات کا خیال نہ کرنا۔ بات کو بھلا دینا۔ درگزر کرنا۔

بات پر زبان کٹنا: [ا، محاورہ] بولنے کی اجازت نہ ہونا۔ زبان بندی ہونا۔

بات پر سر دینا: [ا، محاورہ] آن پر جان قربان کر دینا۔ قول نبھانے کے لیے جان کی پروا نہ کرنا۔

بات پر قائم رہنا: [ا، محاورہ] ہٹ پر قائم رہنا۔ قول پر ثابت قدم رہنا۔

بات پر قیام ہونا: [ا، محاورہ] وعدہ پر قائم رہنا۔ قول نبھانا۔ بات پر اڑے رہنا

بات پر کان رکھنا: [ا، محاورہ] بات کو غور سے سننا

بات پر مٹنا / مر مٹنا: [ا، محاورہ] لاگ ڈانٹ میں تباہ ہونا۔ نام کے لیے برباد ہونا۔ آبرو پہ جان دینا۔ آن کی خاطر جان کی پروا نہ کرنا۔

بات پر مرنا: [ا، محاورہ] ۱۔ سخن پروری کرنا (۲) ہٹ کرنا (۳) عزت پر جان دینا۔

بات پڑنا: [ا، محاورہ] موقع پڑنا۔ تذکرہ ہونا۔

بات پکڑنا: [ا، محاورہ] ۱۔ نکتہ چینی کرنا۔ بات میں نقص نکالنا۔ (۲) کسی کو اسی کے قول سے قائل کرنا۔

بات پکی کرنا: [ا، محاورہ] ۱۔ پختہ اقرار کرنا۔ کسی معاملہ کو یقینی طور پر طے کرنا۔ (۲) نسبت یا منگنی مضبوط طور پر طے کرنا۔

بات پکی ہونا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات پکی کرنا" جس کا یہ لازم ہے

بات پلٹنا: [ا، محاورہ] ۱۔ کہہ کر مکرنا۔ بات بدلنا (۲) کسی سے جیسے سننا، اس کو ویسا ہی جواب دینا۔

بات پلے باندھنا: [ا، محاورہ] کسی بات کا پورا پورا خیال رکھنا نصیحت یاد رکھنا

بات پوچھنا: [ا، محاورہ] ۱۔ تحقیقات کرنا (۲) حال دریافت کرنا۔ خبر لینا۔ (۳) آؤ بھگت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔

بات پوچھنا بات کی جڑ پوچھنا: [ا، محاورہ] کرید کر پوچھنا۔ بال کی کھال نکالنا۔

بات پہنچنا: [ا، محاورہ] خبر پہنچنا۔ بات معلوم ہونا۔ اطلاع ملنا۔

بات پھوٹنا: [ا، محاورہ] بھید کھلنا۔ راز ظاہر ہونا۔

بات پھیلانا: [ا، محاورہ] ۱۔ کوئی بات مشہور کرنا۔ راز فاش کرنا۔ (۲) جھگڑا بڑھانا۔

بات پھیلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات پھیلانا" جس کا یہ لازم ہے
بات پھینکنا: [ا۔ محاورہ] طعنہ مارنا۔ آوازے کسنا
بات پی جانا: [ا۔ محاورہ] برداشت کرنا۔ تحمل کرنا۔ ناگوار بات کو ضبط کرنا۔
بات پیدا کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا (۲) کمال حاصل کرنا۔ خوبی پیدا کرنا (۳) کوئی لطیف یا جدید پہلو نکالنا۔
بات پیش جانا: [ا۔ محاورہ] بحث میں غالب آنا۔ قائل کرنا۔
بات تاڑنا: [ا۔ محاورہ] انداز سے معاملہ سمجھ لینا۔ قیاس سے بات معلوم کر لینا۔
بات تلخ ہونا: [ا۔ محاورہ] بات بدمزہ ہونا۔ ناگوار ہونا۔
بات تو یہ ہے: [ا۔ متعلق فعل] خلاصہ یہ ہے۔ مختصر یہ ہے۔ القصہ۔ الغرض
بات تھل کی نہ بیڑے کی: [ا۔ مثل] کبھی وعدہ پورا نہیں کیا۔ کبھی قول نہیں نبھایا۔
بات تہ کر رکھنا: [ا۔ محاورہ] گفتگو ملتوی کرنا۔
بات تیر لگنا: [ا۔ محاورہ] بات بہت ناگوار معلوم ہونا۔ بات بیحد بُری لگنا
بات ٹالنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ اصل بات کا جواب نہ دینا (۲) حیلے بہانے کرنا ۳۔ سُنی اَن سُنی کر دینا۔ ۴۔ تعمیل حکم سے پہلو تہی کرنا۔ ۵۔ وعدہ پورا نہ کرنا۔
بات ٹپکنا: [ا۔ محاورہ] بات ظاہر ہونا۔ کسی بات کا اشارہ معلوم ہونا۔
بات ٹلنا / ٹل جانا: [ا۔ محاورہ] بات بھول میں پڑنا۔ معاملہ رفت گزشت ہونا
بات ٹوٹنا: [ا۔ محاورہ] بات نہ رہنا۔ معاہدہ منسوخ ہونا۔
بات ٹھاننا: [ا۔ محاورہ] منصوبہ باندھنا۔ کسی کام کا قصد کرنا۔ کسی ارادہ پر جم جانا
بات ٹھن جانا: [ا۔ محاورہ] کوئی بات دل میں جم جانا۔ بات دل میں بیٹھ جانا۔
بات ٹھنڈی پڑنا: [ا۔ محاورہ] معاملہ دب جانا۔ شورش فرو ہونا۔
بات ٹھہرانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ تجویز کرنا۔ کوئی معاملہ طے کرنا (۲) نسبت ٹھہرانا۔
بات ٹھہرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ تجویز قرار پانا (۲) معاملہ پیش آنا (۳) منگنی قرار پانا۔
بات جا پڑنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ دورانِ گفتگو میں کوئی اور تذکرہ چھڑ جانا۔ بات کہیں کی کہیں نکل جانا (۲) معاملہ اٹک جانا۔ رکاوٹ پیدا ہو جانا۔
بات جاتی رہنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات جانا"
بات جانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ اعتبار نہ رہنا۔ عزت نہ رہنا۔ ساکھ ختم ہونا۔ (۲) خبر پہنچنا (۳) موقع نکل جانا۔ وقت نکل جانا (۴) منگنی کا پیام جانا۔
بات جب ہے: [ا۔ متعلق فعل] اثر اس وقت ہے۔ تعریف تب ہے۔
بات جمنا [ا۔ محاورہ] ا۔ بات ذہن نشین ہونا (۲) کسی بات کا اثر پیدا ہونا۔
بات جمانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بات ذہن نشین کرنا (۲) عزت قائم کرنا
بات جو چاہے اپنی / پانی مانگ نہ پی: [ا۔ مثل] اگر عزت چاہتا ہے تو کسی کا ذرا سا بھی احسان نہ اُٹھا۔ کسی سے سوال نہ کر۔
بات جھٹلانا [ا۔ محاورہ] بات کو غلط کہنا۔ بات کی تردید کرنا۔
بات جھنڈے پر چڑھانا [ا۔ محاورہ] بُری بات کا مشہور کرنا۔ کسی کے عیب کو شہرت دینا
بات جھوٹ اُڑانا: [ا۔ محاورہ] غلط خبر مشہور کرنا
بات جی سے گھڑنا: [ا۔ محاورہ] بات بنانا۔ جھوٹی بات بنانا۔ بے اصل بات کرنا۔
بات جی کو لگنا: [ا۔ محاورہ] بات ذہن نشین ہونا۔ اچھی بات معلوم ہونا
بات جی میں بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بات کا دل پر اثر ہونا۔ پختہ ارادہ ہونا۔ کسی واقعہ کا قرین قیاس ہونا۔

بات جی میں نہ رہنا: [ا۔ محاورہ] پیٹ کا ہلکا ہونا۔ راز کو چھپا نہ سکنا۔
بات چبا چبا کے کرنا: [ا۔ محاورہ] صاف صاف گفتگو نہ کرنا۔ اصل مطلب چھپا جانا۔ شیخی مارنا۔
بات چبانا / چبا جانا: [ا۔ محاورہ] بات ٹال جانا۔ بات کا رُخ بدل دینا۔
بات چنچلی ہونا: [ا۔ محاورہ] لڑکوں جیسی گفتگو ہونا۔ بات میں سنجیدگی نہ ہونا
بات چٹکیوں میں اڑانا [ا۔ محاورہ] کسی کی بات کو ہنسی میں ٹال دینا۔ بات کو اہمیت نہ دینا۔
بات چرا کے کہنا: [ا۔ محاورہ] بات چھپا کے کہنا
بات چلانا [ا۔ محاورہ] بات شروع کرنا۔ ذکر چھیڑنا۔ آغاز کرنا۔
بات چلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بات چلی جانا: [ا۔ محاورہ] بات کا سلسلہ نہ ٹوٹنا۔ بات کا تسلسل قائم رہنا
بات چندرا کے کہنا: [ا۔ محاورہ] انجان بن کے بات کہنا۔
بات چھڑنا: [ا۔ محاورہ] بات شروع ہونا ذکر ہونا۔ آغاز ہونا۔
بات چھو نہ جانا: [ا۔ محاورہ] خصلت نہ ہونا۔ انداز نہ ہونا۔
بات چھیڑنا: [ا۔ محاورہ] تذکرہ شروع کرنا۔ گفتگو کا آغاز کرنا۔ ذکر چلانا
بات چیت: [ا۔ مث] گفتگو۔ بول چال۔ گفت و شنید
بات دبانا: [ا۔ محاورہ] ضبط کرنا۔ معاملہ کو خفیہ رکھنا / چھپانا
بات دبنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات دبانا" جس کا یہ لازم ہے
بات دل پر نقش ہونا: [ا۔ محاورہ] بات کا اثر ہونا نصیحت کارگر ہونا۔ بات ذہن نشین ہونا
بات دل میں اُتر جانا: [ا۔ محاورہ] بات دل میں نقش ہو جانا۔
بات دل میں بیٹھ جانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات دل میں اُتر جانا"
بات دل میں پھرنا: [ا۔ محاورہ] کسی امر کا بار بار خیال آنا۔
بات دل میں / دل ہی دل میں پکانا: [ا۔ محاورہ] منصوبہ باندھنا۔ کسی بات کے متعلق دیر تک سوچنا۔
بات دل میں چبھ جانا / کھُب جانا: [ا۔ محاورہ] بات کا دل میں اثر کر جانا۔
بات دماغ سے نکالنا: [ا۔ محاورہ] نئی بات سوچ کر کہنا۔ لطیف مضمون پیدا ہونا۔ ایجاد کرنا (۲) کسی بات یا خیال کو بھلا دینا / خارج کر دینا
بات دماغ سے نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات دماغ سے نکالنا" جسکا یہ لازم ہے
بات دو کوڑی کی ہونا: [ا۔ محاورہ] بے وقعت ہونا۔ ساکھ جانا۔
بات دُور پہنچنا: [ا۔ محاورہ] معاملے کا طول پکڑنا بات مشہور ہو جانا۔ کشش بڑھنا
بات دور کھینچنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات دور پہنچنا
بات دُہرانا: [ا۔ محاورہ] کہی ہوئی بات کو دوبارہ کہنا (۲) کسی کی کہی ہوئی بات کو پلٹ کر اُسی طرح کہنا۔
بات دھری اُٹھائی نہ جانا: [ا۔ محاورہ] کچھ کہہ نہ سکنا۔ نہ اقرار کرنا اور نہ انکار کر سکنا۔ نہ جواب دیتے بنا نہ چپ بیٹھے۔
بات دینی آنا: [ا۔ محاورہ] ذمہ داری ہونا۔ بازپرس ہونا۔ شرط ہار جانا۔
بات ڈالنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بات کا ذکر چھیڑنا۔ معاملہ پیش کرنا (۲) بات رد کرنا
بات ڈبونا: [ا۔ محاورہ] کام بگاڑ دینا۔ بات ہلکی کرنا۔ افشا ہونا۔

بات ڈھالنا: [ا۔ محاورہ] الزام رکھنا
بات ڈھال کے کہنا: [ا۔ محاورہ] اشارے کنائے میں کہنا
بات ڈھونڈنا: [ا۔ محاورہ] رشتہ کی تلاش کرنا
بات ذہن پر چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات ذہن میں آنا۔"
بات ذہن سے اُترنا: [ا۔ محاورہ] بات دھیان سے جاتے رہنا۔ بھول جانا
بات ذہن میں آنا: [ا۔ محاورہ] بات خیال میں آنا۔ سوجھنا۔
بات ذہن میں اُتر جانا / بیٹھ جانا / بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] بات کا دل میں اُتر جانا۔ دل نشین ہونا۔
بات ذہن نشین ہو جانا: [ا۔ محاورہ] بات دل میں بیٹھ جانا
بات رفت گزشت ہونا: [ا۔ محاورہ] موقع نکل جانا۔ معاملہ دب جانا معاملہ بھول میں پڑ جانا۔
بات رکھ لینا: [ا۔ محاورہ] آبرو نہ بگڑنے دینا۔ پردہ رکھ لینا۔ عیب چھپا لینا۔ کہا مان لینا
بات رکھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ عزت قائم رکھنا۔ اعتبار رکھنا (۲) کہا مان لینا ۳۔ الزام لگانا
بات کی رو میں نکل جانا: [ا۔ محاورہ] سلسلۂ گفتگو میں کسی بات کا منہ سے نکل جانا
بات رہ جاتی ہے وقت نکل / گزر جاتا ہے: [ا۔ مثل] مصیبت کا وقت جاتا ہے مگر برتاؤ یاد رہتا ہے۔
بات رہ جانا: [ا۔ محاورہ] عزت رہ جانا۔ ساکھ رہ جانا۔ ۲۔ یادگار باقی رہ جانا ۳۔ عرض قبول ہو جانا۔ آرزو پوری ہو جانا۔ ۴۔ موقع نہ ملنا۔ کامیابی نہ ہونا۔ تمنا پوری نہ ہونا (۵) وعدہ وفا ہو جانا (۶) شکایت باقی رہنا (۷) الزام رہ جانا (۸) بھلائی یا بُرائی باقی رہنا۔
بات رہنا: [ا۔ محاورہ] عزت قائم رہنا۔ آبرو رہنا
بات زبان پر آنا: [ا۔ محاورہ] تذکرہ کرنا۔ کہنا
بات زبان پر لانا: [ا۔ محاورہ] ذکر کرنا۔ بات کہنا
بات زبان سے نکلنا: [ا۔ محاورہ] بات کہی جانا۔ معاملہ ظاہر ہونا۔
بات زہر سے بھری ہونا: [ا۔ محاورہ] بات میں شرارت بھری ہونا۔
بات زہر لگنا / ہونا: [ا۔ محاورہ] بات ناگوار ہونا۔ بات بُری معلوم ہونا
بات سبک کرنا: [ا۔ محاورہ] بات ہلکی کرنا۔ ساکھ مٹانا۔
بات سبک ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات سبک کرنا" جس کا یہ لازم ہے
بات سجھانا: [ا۔ محاورہ] کسی امر سے واقف کرنا۔ خبردار کرنا۔
بات سرسبز ہونا: [ا۔ محاورہ] بات کامیاب ہونا۔ درخواست منظور ہونا۔
بات سنانا: [ا۔ محاورہ] خبر سنانا۔ آواز سنانا۔ کہانی سنانا
بات سننا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات سنانا" جس کا یہ لازم ہے
بات سننے کا دماغ ہونا: [ا۔ محاورہ] گفتگو سننے کی برداشت ہونا۔ کسی کی سخت کلامی کا تحمل ہونا۔
بات سنوارنا: [ا۔ محاورہ] بات بنانا۔ بات کی اصلاح کرنا۔
بات سنی اَن سنی کرنا: [ا۔ محاورہ] بات سن کر ٹال جانا۔
بات سو بات: [ا۔ متعلق فعل] جیسا موقع ہو۔
بات سوجھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ نیا مضمون خیال میں آنا (۲) بات کی تہ تک پہنچنا (۳) تدبیر سمجھ میں آنا۔
بات سوچنا: [ا۔ محاورہ] تجویز کرنا۔ تدبیر سوچنا۔ غور کرنا
بات سوچ سمجھ کے: [ا۔ متعلق فعل] معاملہ پر غور کر کے۔ اُدھیڑ بن کیجئے۔

بات سہنا: [ا۔ محاورہ] بدزبانی برداشت کرنا۔ کڑی سن کے تحمل کرنا۔ سخت بات پر صبر کرنا۔
بات سے پھرنا / پھر جانا: [ا۔ محاورہ] کہہ کے مکرنا۔ بدعہدی کرنا۔ زبان بدلنا
بات سے کان آشنا ہونا: [ا۔ محاورہ] آواز کان میں پڑنا۔ آواز سنائی دینا
بات سے نکل جانا: [ا۔ محاورہ] قول سے بے قول ہونا۔ بدعہدی کرنا۔
بات شیر و شکر ہونا: [ا۔ محاورہ] بات خوشگوار ہونا۔
بات شیریں ہونا: [ا۔ محاورہ] بات خوشگوار ہونا۔ پسندیدہ ہونا۔
بات ضائع جانا: [ا۔ محاورہ] کہنے پر عمل نہ ہونا (۲) آبرو جاتی رہنا۔ ساکھ جاتی رہنا
بات ظاہر کر دینا: [ا۔ محاورہ] راز ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا
بات ظاہر ہو جانا / ہونا: [ا۔ محاورہ] راز کھلنا۔ نتیجہ نکلنا
بات کا آشنا ہونا: [ا۔ محاورہ] برتاؤ کا خوگر ہونا۔ بات کا عادی ہونا۔
بات کا اشارہ: [ا۔ امذ] بات کا پہلو
بات کا اعادہ: [ا۔ امذ] بات کا دُہرانا۔ پھر کہنا (افعال: کرنا، ہونا)
بات کا اور چھور: [ا۔ امذ] بات کا سر پیر۔ معاملہ کا اصل مطلب۔
بات کا ایما پانا: [ا۔ محاورہ] اشارہ سمجھنا۔ مطلب سمجھنا۔ کنایہ تاڑ جانا۔
بات کا بتنگڑ بنانا / کرنا: [ا۔ محاورہ] کسی سے سیدھی بات میں جھگڑا پیدا کرنا۔ چھوٹی سی بات کو بڑھانا۔ معاملے کو طول دینا۔ بہت بڑھا کر مشہور کرنا
بات کا تنگڑ بنانا / باندھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات کا بتنگڑ بنانا"
بات کا تنگڑ کرنا / ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے " " " "
بات کا بُرا ماننا: [ا۔ محاورہ] کسی بات سے ناراض ہونا۔ بات کو بُرا سمجھنا۔
بات کا بھید: [ا۔ امذ] بات کی تہ۔ معاملے کا راز۔ مغزِ سخن
بات کا پا جانا: [ا۔ محاورہ] بات پانا
بات کا پورا / پکا / دھنی / سچا: [ا۔ صفت] وعدہ وفا کرنے والا۔ صادق القول۔ راست باز۔ وفادار۔ قول کا سچا
بات کا پہلو: [ا۔ امذ] بات کا انداز۔ بات کا اشارہ
بات کاٹنا: [ا۔ محاورہ] بات میں بات کہنا۔ بیچ میں بولنا۔ دوسرے کی بات میں دخل دینا۔ بات رد کرنا۔ بات پوری نہ کہنے دینا۔
بات کا چوکا آدمی۔ ڈال کا چوکا بندر پھر سنبھلتا نہیں: [ا۔ مثل] موقع کھونے کے بعد اُس کی تلافی مشکل ہے۔
بات کا چھینٹا: [ا۔ امذ] بات کا کنایہ۔ بات کا اشارہ۔
بات کا رنگ پانا: [ا۔ محاورہ] بات کا با اثر ہونا
بات کارگر ہونا: [ا۔ محاورہ] نصیحت میں اثر ہونا۔ تدبیر کامیاب ہونا
بات کا سر پیر نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] بے تکی اور بے سلسلہ اور ناقص گفتگو ہونا۔
بات کا فروغ پانا: [ا۔ محاورہ] بات اونچی رہنا۔ بات بالا رہنا
بات کا قیام نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] بات کا اعتبار نہ ہونا۔ بات درست نہ ہونا۔
بات کا کنایہ: [ا۔ امذ] بات کا اشارہ۔ بات کا پہلو
بات کا چٹکا: [ا۔ امذ] کسی مزے کی چاٹ
بات کا موقع: [ا۔ امذ] گفتگو کا محل۔ بات چیت کی فرصت
بات کان پڑنا: [ا۔ محاورہ] اتفاقاً کوئی بات سنائی دینا
بات کان تک پہنچنا: [ا۔ محاورہ] بات سنائی دینا۔ خبر پہنچنا۔

بات کان سے سُننا: [ا: محاورہ] غور سے سننا۔ توجہ سے سننا
بات کان میں پڑنا: [ا: محاورہ] بات گوش گزار ہونا۔
بات کان میں پڑی رہنا: [ا: محاورہ] بات دھیان میں رہنا۔ معاملہ یاد رہنا
بات کان میں پھونک دینا / ڈال دینا: [ا: محاورہ] کسی طریقہ سے بات کہہ دینا۔ مشورہ دینا۔
بات کا کچا / ہیٹا: [ا: صفت] بے اعتبار۔ ناقابل اعتبار۔ بات پر قائم نہ رہنے والا مکر جانے والا۔ بات پر پورا نہ اُترنے والا۔
بات کتر دینا: [ا: محاورہ] بات کاٹنا
بات کٹ جانا: [ا: محاورہ] بیچ میں کسی کا بول پڑنا۔ بات کہنے نہ دینا۔ گفتگو کا سلسلہ ٹوٹ جانا۔
بات کرتے پتھر مارتا ہے: [ا: محاورہ] سخت بدکلام ہے
بات کرتے کرتے / بات کرتے میں: [ا: متعلق فعل] فوراً۔ فی الفور بہت جلد
بات کرسی نشین ہونا: [ا: محاورہ] بات ٹھیک بیٹھ جانا
بات کرنا: [ا: محاورہ] بولنا۔ گفتگو کرنا (۲) متوجہ ہونا (۳) خبر لینا (۴) شکوہ کرنا۔ گلہ کرنا۔
بات کرنے کا سلیقہ نہ ہونا: [ا: محاورہ] گفتگو کرنے کی تمیز نہ ہونا۔ گفتگو کا طریقہ نہ آنا۔
بات کرتے میں / کہتے میں: [ا: متعلق فعل] دم کے دم میں۔ لمحہ بھر میں۔ فوراً
بات کرتے میں پھول جھڑنا: [ا: محاورہ] نرم گفتگو کرنا۔ شیریں گفتار ہونا۔
بات کرید کرید کر پوچھنا: [ا: محاورہ] بال کی کھال نکالنا۔ جرح کرنا۔
بات کڑوی ہونا / لگنا: [ا: محاورہ] بات ناگوار ہونا
بات کو بٹا لگنا: [ا: محاورہ] بات جانا۔ عیب لگنا۔ بدنامی ہونا
بات کو ٹوکنا: [ا: محاورہ] کسی بات سے روکنا۔ کوئی کام کرنے سے منع کرنا
بات کو جھیلنا: [ا: محاورہ] دیکھئے "بات سہنا"
بات کو پیچ کر دینا: [ا: محاورہ] بات کو پھیر پھار کے کہنا۔ سیدھی طرح بیان نہ کرنا
بات کوڑی کی ہو جانا: [ا: محاورہ] دیکھئے "بات دو کوڑی کی ہو جانا"
بات کو طول دینا: [ا: محاورہ] بات کو لمبا کرنا۔ جھگڑا کرنا
بات کو گرہ میں باندھنا: [ا: محاورہ] دیکھئے "بات آنچل میں باندھنا"
بات کو منہ سے لے جانا / پالینا: [ا: محاورہ] کسی بات کے کہنے میں پیش دستی کرنا۔ جو بات کوئی دوسرا کرنے لگا ہو وہ اُس سے پہلے خود کر دینا۔
بات کہہ اٹھنا: [ا: محاورہ] بے سمجھے بوجھے بول اٹھنا۔
بات کہتے: [ا: متعلق فعل] فوراً
بات کہتے بن نہ پڑنا: [ا: محاورہ] کچھ کہہ نہ سکنا
بات کہہ کے گنہگار ہونا / بات کہنے کا گنہگار رہونا: [ا: محاورہ] کوئی بات کہہ کر پچھتانا۔ بات کہہ کر شرمندہ ہونا۔
بات کہہ نہ آنا: [ا: محاورہ] دیکھئے "بات کہتے بن نہ پڑنا"
بات کہنا: [ا: محاورہ] ۱۔ منہ سے بولنا (۲) ذکر کرنا۔ تذکرہ کرنا۔ خبر سنانا۔ قصّہ یا کہانی کہنا (۳) نصیحت کرنا۔ فہمائش کرنا۔
بات کہنے کو رہ گئی: [ا: محاورہ] شکایت رہ گئی۔ یادگار رہ گئی

بات کہنے میں: [ا: متعلق فعل] بہت جلد۔ فوراً۔ جھٹ پٹ
بات کہنے میں آتی ہے: [ا: محاورہ] بات کہنی پڑتی ہے، اچھی ہو یا بُری
بات کہی اور پرائی ہوئی: [ا: مثل] راز ظاہر ہوتے ہی مشہور ہو جاتا ہے۔ منہ سے نکلی ہوئی بات چھپ نہیں سکتی۔
بات کہے کی لاج: [ا: امث] کہے کا نباہ۔ قول کی شرم
بات کیجئے جگ بھاتی روٹی کھائیے من بھاتی: [ا: مثل] کھانے کو تو آدمی جیسا چاہتے کھائے مگر بات ایسی کرنی چاہئیے جو لوگوں کو بُری نہ لگے۔
بات کھٹائی میں پڑنا: [ا: محاورہ] ۱۔ توقف ہونا۔ التوا میں پڑنا (۲) جھگڑا پڑ جانا۔
بات کھٹائی میں ڈالنا: [ا: محاورہ] ۱۔ بات اٹکا رکھنا۔ ٹال مٹول کرنا (۲) جھگڑا کرنا۔
بات کھٹکنا: [ا: محاورہ] ۱۔ خلش ہونا۔ ناپسند ہونا۔ قابل اعتراض ہونا۔
بات کھلنا: [ا: محاورہ] بھید ظاہر ہونا۔ راز افشا ہونا۔
بات کھونا: [ا: محاورہ] بے آبرو ہونا۔ بے وقعت ہونا۔ بے عزت ہونا۔
بات کے آگے کسی کی چلنے نہ دینا: [ا: محاورہ] من مانی کرنا۔ کسی دوسرے کی بات نہ چلنے دینا۔
بات کیا ہے؟: [ا: فقرہ] اصل واقعہ کیا ہے۔ مطلب کیا ہے۔ کوئی مشکل نہیں۔ آسان ہے
بات کی بات: [ا: امث] ۱۔ معمولی بات (۲) تھوڑی دیر
بات کی بات کو: [ا: متعلق فعل] دم بھر کے لیے۔ تھوڑی دیر کے لیے
بات کی بات میں: [ا: متعلق فعل] فوراً۔ آناً فاناً
بات کی بات لات کی لات / بات کی بات خرافات کی خرافات: [ا: مثل] جب ہنسی مذاق میں کوئی ناگوار واقعہ بیان کیا جائے یا معمولی بات میں درپردہ کسی ناگوار معاملہ کا اشارہ ہو تو کہتے ہیں۔
بات کی پچ: [ا: امث] بات کی پیروی۔ پاس سخن۔ کہی بات کا پاس۔
بات کی پروا ہونا: [ا: امث] کسی چیز کی ضرورت ہونا۔ کسی بات کا خیال ہونا۔
بات کی تاب آنا / لانا: [ا: محاورہ] بات کی برداشت ہونا۔ بدزبانی کا تحمل ہونا۔
بات کی تہ: [ا: امث] اصل مطلب۔ بات کا اشارہ
بات کی ٹھیس لگنا: [ا: محاورہ] بات ناگوار ہونا
بات کی جان: [ا: امث] بات کی خوبی۔ معاملہ کی اصلیت
بات کی رٹ لگنا: [ا: محاورہ] ایک ہی بات کو بار بار کہنا
بات کے شاخسانے: [ا: امذ] بات کے پہلو
بات کی کر باندھنا: [ا: محاورہ] کسی کام کو معمول مقرر کرنا۔
بات کی گرفت: [ا: امث] روک ٹوک۔ نکتہ چینی
بات گانٹھ میں باندھنا: [ا: محاورہ] دیکھئے "بات آنچل میں باندھنا"۔
بات گر جانا: [ا: محاورہ] بات مانی نہ جانا
بات گرہ میں باندھنا: [ا: محاورہ] دیکھئے "بات آنچل میں باندھنا"
بات گلے سے اُترنا: [ا: محاورہ] بات قابل قبول ہونا۔
بات گوش زد ہونا: [ا: محاورہ] بات قابل سماعت نہ ہونا۔ فضول ہونا۔ بیکار جانا
بات گول کر جانا: [ا: محاورہ] صاف صاف نہ کہنا
بات گھڑنا: [ا: محاورہ] دل سے بات بنا کر کہنا۔ جھوٹی بات کہنا۔ جس کی کوئی اصلیت نہ ہو وہ بات کہنا
بات گئی گزری ہونا: [ا: محاورہ] معاملہ رفت گزشت ہونا۔

بات گئی پھر ہاتھ نہیں آتی: [ا، مثل] جب ایک مرتبہ اعتبار جاتا ہے تو پھر نہیں جمتا۔
بات لانا: [ا، محاورہ] نسبت / رشتہ کا پیغام لانا
بات لاکھ کی / کرنی خاک کی: [ا، مثل] باتیں بہت بنائے عملاً کچھ نہ ہو۔
بات لٹکائے رکھنا: [ا، محاورہ] معاملے کا فیصلہ نہ کرنا۔ صاف صاف نہ کہنا
بات لکھ رکھنا: [ا، محاورہ] بات کو یقینی سمجھ کر یاد رکھنا
بات لکھنا: [ا، محاورہ] کیفیت تحریر کرنا
بات لگا دینا / لگانا: [ا، محاورہ] چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا (۲) نسبت یا منگنی ٹھہرانا (۳) فروخت کی بات چیت کرنا۔ معاملہ ٹھہرانا (۴) الزام رکھنا، تہمت لگانا۔
بات لگنا: [ا، محاورہ] نسبت قرار پانا۔
بات لمبی چوڑی ہونا: [ا، محاورہ] گفتگو میں طوالت ہونا
بات مات کرنا: [ا، محاورہ] کسی چال میں نہ آنا
بات مارنا: [ا، محاورہ] ۱۔ بات دبا لینا۔ سلسلہ گفتگو کو تبدیل کرنا یا بدلنا۔ چھپا لینا۔ جھٹلانا۔ ڈانٹنا۔ ڈپٹنا۔ طنز کرنا۔ طعن و تشنیع کرنا۔ کسی بات کی مخالفت کرنا۔ چپ کرا دینا۔
بات ماننا: [ا، محاورہ] نصیحت پر عمل کرنا۔ کہا ماننا
بات مغز سے اتارنا / نکالنا: [ا، محاورہ] ذہانت سے کوئی بات پیدا کرنا
بات مقدور سے باہر کرنا: [ا، محاورہ] حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔
بات من میں بسنا: [ا، محاورہ] بات دل میں رہنا۔ دل کو پسند آنا۔ بات یاد رہنا
بات منگوانا: [ا، محاورہ] نسبت کا پیغام منگوانا۔
بات منہ پر آنا: [ا، محاورہ] چرچا ہونا۔ تذکرہ ہونا۔
بات منہ پر رکھنا: [ا، محاورہ] کوئی بات جتانا۔ شکوہ کرنا
بات منہ پر کہنا: [ا، محاورہ] کسی کے سامنے کوئی بات کہنا۔
بات منہ پر لانا: [ا، محاورہ] کسی بات کا ذکر کرنا۔ خیال ظاہر کرنا۔ احسان جتانا
بات منہ تک آنا: [ا، محاورہ] زبان تک آنا۔ بات کہہ دینا
بات منہ تک نہ آسکنا: [ا، محاورہ] بات کہتے ہوئے ہچکچانا یا شرمانا
بات منہ سے نکالنا: [ا، محاورہ] بات کہی جانی
بات منہ سے نہ نکالنا: [ا، محاورہ] شکوہ نہ کرنا۔ تذکرہ نہ کرنا۔ چُپ رہنا
بات منہ سے نکلنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات منہ سے نکالنا" جسکا یہ لازم ہے
بات منہ سے نکلی پرائی ہوئی / بات منہ سے نکلی ہزاروں میں پڑی
[ا، مثل] دیکھئے بات کہی اور پرائی ہوئی
بات منہ میں پڑنا: [ا، محاورہ] تذکرہ ہونا۔ معاملے کا مشہور ہونا۔
بات میں: [ا، متعلق فعل] لمحہ بھر میں۔ بہت جلد
بات میں بات: [ا، متعلق فعل] ایک قسم کے تذکرے میں دوسری قسم کا تذکرہ۔ ایک شخص کی گفتگو میں دوسرے کا کچھ کہنا
بات میں بات ملانا: [ا، محاورہ] کسی کی گفتگو میں دخل دینا۔ معاملہ میں باریکی نکالنا
بات میں بات نکالنا: [ا، محاورہ] ۱۔ باریکی نکالنا (۲) کوئی نازک پہلو نکالنا (۳) سلسلہ گفتگو میں اسی قسم کا دوسرا تذکرہ کرنا (۴) نکتہ چینی کرنا
بات میں بات نکلنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں بات نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
بات میں بٹا لگانا: [ا، محاورہ] عیب نکالنا۔ ساکھ مٹانا
بات میں بٹا لگنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں بٹا لگانا" جسکا یہ لازم ہے۔

بات میں بل ہونا: [ا، محاورہ] دھوکے کی بات ہونا۔ جھوٹ ہونا۔
بات میں بولنا: [ا، محاورہ] بیچ میں بول پڑنا۔ کسی کے معاملے میں دخل دینا۔
بات میں پخ نکالنا: [ا، محاورہ] اعتراض کرنا۔ نکتہ چینی کرنا
بات میں پخ نکلنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں پخ نکالنا" جسکا یہ لازم ہے۔
بات میں پھرنا: [ا، محاورہ] قول سے پھرنا۔ وضع یا دستور کے خلاف کرنا۔
بات میں پہلو نکالنا: [ا، محاورہ] بات میں شاخیں نکالنا
بات میں پہلو نکلنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں پہلو نکالنا جسکا یہ لازم ہے
بات میں پھول جھڑنا: [ا، محاورہ] بات دلچسپ ہونا۔ عام پسند ہونا۔
بات میں پے نکالنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں فی نکالنا
بات میں توڑنا: [ا، محاورہ] کسی کو قائل کرنا۔ گفتگو میں عاجز کرنا۔
بات میں ثبات نہیں: [ا، محاورہ] بات میں استقلال نہیں۔ جو کہنا وہ نہ کرنا۔ قول و فعل یکساں نہ ہونا۔
بات میں چیپیاں لگانا: [ا، محاورہ] صاف صاف نہ کہنا
بات میں دخل دینا: [ا، محاورہ] قطع کلام کرنا۔ بیچ میں بول پڑنا
بات میں دخل کرنا: [ا، محاورہ] اعتراض کرنا۔
بات میں دخل ہونا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں دخل کرنا" جسکا یہ لازم ہے
بات میں رخنے نکالنا: [ا، محاورہ] بات میں پہلو نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا
بات میں رخنے نکلنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں رخنے نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
بات میں زہر لونا: [ا، محاورہ] فساد ڈالنا۔ شرارت کرنا
بات میں سے بات نکالنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں بات نکلنا"۔
بات میں شاخ / شاخیں نکالنا: [ا، محاورہ] نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض نکالنا
بات میں شاخ / شاخیں / شاخسانے نکلنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں شاخ / شاخیں نکالنا"
بات میں فرق آنا: [ا، محاورہ] وضع کے خلاف ہونا۔ عزت کم ہو جانا۔ اعتبار نہ رہنا
بات میں فی نکالنا: [ا، محاورہ] اعتراض کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ نقص یا عیب نکالنا۔
بات میں فی نکلنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں فی نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
بات میں قند گھولنا: [ا، محاورہ] ہنسی مذاق کی باتیں کر کے گفتگو کو پُر لطف بنانا۔ دلکش باتیں کرنا
بات میں قند گھلنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں قند گھولنا" جس کا یہ لازم ہے
بات میں کجی ہونا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں بل ہونا"
بات میں کلام ہونا: [ا، محاورہ] ۱۔ بولنے سے عاجز ہونا (۲) کسی امر میں شبہ ہونا۔ اعتراض ہونا۔
بات میں کھڑ پینچ نکالنا: [ا، محاورہ] اعتراض یا نکتہ چینی کرنا
بات میں گرا دینا / گرانا: [ا، محاورہ] قائل کر دینا۔ چپ کرا دینا
بات میں گر جانا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بات میں گرا دینا" جسکا یہ لازم ہے
بات میں لگانا: [ا، محاورہ] فریب دینا۔ گفتگو میں مشغول کرنا۔
بات میں ہندی کی چندی نکالنا: [ا، محاورہ] بال کی کھال نکالنا۔ جرح کرنا
بات میں ہیٹی ہونا: [ا، محاورہ] کسی بات میں کمی ہونے کی وجہ سے بے عزت ہونا
بات نباہنا: [ا، محاورہ] وضع پر قائم رہنا۔ قول کا پکا رہنا
بات نشتر ہونا: [ا، محاورہ] بات ناگوار ہونا
بات نظر میں ہونا: [ا، محاورہ] معاملہ یاد ہونا۔ دھیان میں ہونا۔

بات نکالنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ تذکرہ کرنا۔ (۲) مضمون پیدا کرنا۔ تدبیر نکالنا
بات نکلنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ منہ سے کوئی کلمہ نکلنا (۲) نتیجہ نکلنا (۳) ادا نکلنا
بات نہ آنا: [ا۔ محاورہ] کچھ کہتے نہ بن پڑنا۔ جواب نہ آنا
بات نہ پوچھنا: [ا۔ محاورہ] خبر نہ لینا۔ بے پروائی کرنا۔ منہ نہ لگانا
بات نہ پھوٹنا: [ا۔ محاورہ] بات نہ نکلنا
بات نہ سننا: [ا۔ محاورہ] متوجہ نہ ہونا۔ بے پروائی کرنا۔ آواز نہ سننا۔ کہا نہ ماننا
بات نہ کر آنا: [ا۔ محاورہ] بھولے پن یا خوف کی وجہ سے بات کرتے بن نہ پڑنا۔
بات نہ کرنا: [ا۔ محاورہ] مغرور ہونا۔ خاطر میں نہ لانا
بات نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] معمولی بات ہونا۔ آسان ہونا۔
بات نہیں بتنگڑ ہے: [ا۔ محاورہ] جھگڑے کا معاملہ ہے۔ معمولی بات نہیں ہے۔
بات نہیں بتنگڑ ہے: [ا۔ محاورہ] جھگڑے کا معاملہ ہے معمولی بات نہیں۔
بات نیچی پڑنا / رہنا: [ا۔ محاورہ] آبرو جاتی رہنا۔ بے وقعت ہونا
بات نیچی ڈالنا: [ا۔ محاورہ] اپنی بات کو رد ہونے دینا
بات اُوپر رہنا: [ا۔ محاورہ] بات اُونچی رہنا
بات وزنی ہونا: [ا۔ محاورہ] بات درست ہونا۔ با وقعت ہونا
بات وہ ہے: [ا۔ محاورہ] قابل ذکر معاملہ وہ ہے۔ وصف یہ ہے
بات ہاتھ آنا: [ا۔ محاورہ] نتیجہ حاصل ہونا
بات ہلکی کرنا: [ا۔ محاورہ] ساکھ مٹانا۔ عزت کم کرنا
بات ہلکی ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بات ہلکی کرنا" جس کا یہ لازم ہے
بات ہنسی کے ٹال دینا: [ا۔ محاورہ] بات کو بے وزن یا بے وقعت سمجھ کر جواب نہ دینا
بات ہنسی میں اُڑا دینا: [ا۔ محاورہ] بات کا مذاق اڑا دینا۔ حقارت سے ٹال دینا۔
بات ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی امر کا وقوع میں آنا (۲) نسبت طے ہونا۔ منگنی ہونا۔
بات ہیٹی ہونا: [ا۔ محاورہ] ہیٹی ہونا۔ ساکھ بگڑنا
بات یہ ہے / بات تو یہ ہے: [ا۔ متعلق فعل] اصل مطلب یہ ہے۔ معاملہ دراصل یہ ہے
باتوں: [ا۔ امث] دیکھئے "بات" جس کی یہ جمع ہے
باتوں باتوں: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ باتوں میں۔ گفتگو میں
باتوں باتوں میں: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ دوران گفتگو میں (۲) فوراً۔ یکایک۔ دفعتہً (۳) چٹکلوں میں۔ لطیفوں میں (۴) دلیل و حجت میں (۵) مفت (۶) آسانی سے (۷) ترکیب سے۔
باتوں باتوں میں کام نکالنا: [ا۔ محاورہ] مفت میں کام نکالنا۔ ترکیب سے کام نکال لینا۔
باتوں باتوں میں کہنا: [ا۔ محاورہ] کسی اور تذکرہ میں مطلب کی بات کہنا
باتوں بوڑھا، کرتب خوار: [ا۔ مثل] باتیں تجربہ کاروں کی سی مگر کام خراب
باتوں پر جانا: [ا۔ محاورہ] کسی کے افعال کی تقلید کرنا (۲) کسی کی بات کا برا ماننا۔ لحاظ کرنا۔
باتوں چکنا، کاموں خوار: [ا۔ محاورہ] باتیں خوب بنانا اور کام نہ جاننا یا خراب کرنا۔
باتوں سے ڈر جانا: [ا۔ محاورہ] دھمکی میں آ جانا
باتوں سے کام نہیں چلتا: [ا۔ مقولہ] کام کرنے سے ہوتا ہے۔ باتیں بنانے سے نہیں۔
باتوں سے کلیجا پک جانا: [ا۔ محاورہ] شرارت سے بیزار ہونا

باتوں کا الم نشرح کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اذکر برملا کہنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔
باتوں کا باغ لگانا: [ا۔ محاورہ] فضول باتیں کرنا۔ خیالی پلاؤ پکانا
باتوں کا تار: [ا۔ امذ] باتوں کا سلسلہ
باتوں کا جمع خرچ: [ا۔ امذ] خالی باتیں۔ لفاظی
باتوں کا جھاڑ: [ا۔ امذ] باتوں کا سلسلہ۔ باتوں کا تار
باتوں کا جھاڑ باندھنا: [ا۔ محاورہ] برابر بولے جانا۔ لگاتار کہے جانا
باتوں کا جھاڑ بندھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "باتوں کا جھاڑ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے
باتوں کا دھنی: [ا۔ صف] بہت باتیں بنانے والا۔ باتونی۔ سست۔
باتوں کا دفتر کھولنا: [ا۔ محاورہ] گلہ شکوہ کرنا
باتوں کا لچھا: [ا۔ امذ] باتوں کا پیچ۔ باتوں کا سلسلہ
باتوں کا منہ چومنا: [ا۔ محاورہ] بہت دلچسپ باتیں ہونے پر کہتے ہیں۔
باتوں کی پڑیا: [ا۔ صف] باتوں کا مجموعہ۔ بہت باتونی
باتوں کی جھڑی: [ا۔ امث] باتوں کا سلسلہ
باتوں کی کنسوئیاں لینا: [ا۔ محاورہ] باتوں کی ٹوہ لگانا۔ باتوں کا سراغ لگانا۔
باتوں کے قربان: [ا۔ متعلق فعل] باتوں کے صدقے۔ باتوں کی تعریف میں اور طنزاً مذمت میں کہتے ہیں۔
باتوں کی طرف کان لگانا: [ا۔ محاورہ] متوجہ ہوکر سننا۔ غور سے سننا۔
باتوں میں: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ گفت وشنید میں۔ بات چیت میں (۲) واہیات امور میں مزخرفات میں (۳) فقروں میں۔ جھانسوں میں (۴) خوشامد سے چاپلوسی سے (۵) ناشائستہ کاموں میں۔ شرارت میں
باتوں میں آنا / آ جانا: [ا۔ محاورہ] دھوکے میں آنا۔ دم میں آنا۔ جھانسے میں آنا۔
باتوں میں اڑانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہنسی میں اڑانا۔ ٹالنا (۲) مغالطہ دینا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
باتوں میں اُڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "باتوں میں اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے
باتوں میں اُلجھانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ باتوں میں لگانا (۲) بات چیت میں دیر لگانا۔
باتوں میں اُلجھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ باتوں میں پھنس جانا (۲) باتوں میں جھگڑنا۔
باتوں میں بند کرنا: [ا۔ محاورہ] گفتگو میں ساکت کرنا۔ قائل کرنا۔
باتوں میں بند ہونا: [ا۔ محاورہ] قائل ہونا۔ لاجواب ہونا۔
باتوں میں بہلانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ خیال بانٹنا۔ دوسری طرف متوجہ ہونا۔ (۲) باتیں بنا کر خوش کرنا۔ باتوں میں لگانا۔ دم جھانسا دینا۔
باتوں میں بہلنا / بہل جانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "باتوں میں بہلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
باتوں میں پھسلانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "باتوں میں بہلانا"
باتوں میں تاڑ لینا: [ا۔ محاورہ] انداز گفتگو سے سمجھ لینا
باتوں میں ٹالنا: [ا۔ محاورہ] باتوں میں وقت گزارنا
باتوں میں ٹٹولنا: [ا۔ محاورہ] گفتگو کرکے حال دریافت کرنا۔
باتوں میں جھلانا: [ا۔ محاورہ] ٹالنا۔ بہلانا
باتوں میں دھر لینا: [ا۔ محاورہ] لاجواب کرنا۔ قائل کرنا۔ باتوں میں مغلوب کرنا۔
باتوں میں کھلنا / کھل جانا: [ا۔ محاورہ] گفتگو میں بے تکلف ہو جانا۔ اصل بات کہہ دینا۔
باتوں میں کھولنا: [ا۔ محاورہ] گفتگو کرکے اصل حال معلوم کرنا۔

باتوں میں لگانا: [ا۔ محاورہ] گفت گو میں مشغول کرنا۔

باتوں میں لگنا: [ا۔ محاورہ] بات چیت میں مصروف ہونا۔

باتوں ہاتھی پائیے / باتوں ہاتھی پاؤں پیا ہے: [ا۔ مثل] زبان سے انعام بھی ملتا ہے اور مصیبت بھی آتی ہے بات سے راحت بھی ملتی ہے اور رنج بھی۔

باتون / باتونی / باتونیا: [ا۔ صف] بہت باتیں کرنے والا

باتیں (بیائے مجہول) دیکھئے "بات" جس کی یہ جمع ہے (۱) سہل کام (۲) قاعدے۔ قانون (۳) مثالیں (۴) بے تکلف روزمرّہ (۵) افعال حرکات (۶) واقعات۔ لطف۔ [ا۔ امث]

باتیں آنا: [ا۔ محاورہ] چالاک۔ طرار ہونا۔ سخن ساز ہونا

باتیں آئینہ ہو جانا: [ا۔ محاورہ] راز کھل جانا۔ حقیقت ظاہر ہو جانا

باتیں اڑانا: [ا۔ محاورہ] تعلّی کرنا۔ لفاظی کرنا

باتیں بگھارنا: [ا۔ محاورہ] شیخی مارنا سخن سازی کرنا

باتیں بنانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ جھوٹ بولنا۔ ڈینگ مارنا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ یاوہ گوئی کرنا (۲) چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ ۳۔ معذرت کرنا۔ ۴۔ الزام رکھنا

باتیں جڑنا: [ا۔ محاورہ] چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا

باتیں چبا چبا کے کرنا: [ا۔ محاورہ] غرور کی باتیں کرنا۔ اکڑا اکڑ کے باتیں کرنا

باتیں چھکنا: [ا۔ محاورہ] خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا

باتیں چھانٹنا: [ا۔ محاورہ] جھوٹی باتیں بنانا۔ طنز آمیز باتیں کرنا۔ طعنے دینا

باتیں سُنانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ حالات سنانا قصہ سُنانا (۲) گالیاں دینا۔ طعن و تشنیع کرنا

باتیں سُنا کروں / سُنا کرے: [ا۔ محاورہ] کسی کی خوش بیانی کی تعریف میں کہتے ہیں۔

باتیں سنوانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بُرا بھلا کہلوانا۔ گالیاں دِلوانا

باتیں سُننا: [ا۔ محاورہ] بُرا بھلا سننا۔ گالیاں سننا (۲) گفتگو سُننا

باتیں کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ تذکرہ کرنا۔ حالات بیان کرنا۔ تعریف کرنا (۲) بات چیت کرنا۔ گفتگو کرنا۔ (۳) مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا۔ ہمسری کا دعویٰ کرنا۔

باتیں کھلانا: [ا۔ محاورہ] باتیں بنانا

باتیں لڑانا: [ا۔ محاورہ] جھوٹی سچی باتیں کرنا۔ غیبت کرنا۔ باتوں میں وقت کاٹنا۔

باتیں لگانا: [ا۔ محاورہ] چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا

باتیں ملانا: [ا۔ محاورہ] ہاں میں ہاں ملانا۔ بے سمجھے بوجھے کسی شخص کے کلام میں تائید کرنا۔ باتیں گھڑنا۔ فریب اور دھوکے کا کلام کرنا۔

باتیں ہو جانا: [ا۔ محاورہ] مشورہ ہو جانا۔ بات چیت ہو جانا۔

باتیں ہو چکنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ باتیں ختم ہونا (۲) لطف جاتے رہنا۔ کیفیت جاتی رہنا

باتیں ہیں: [ا۔ محاورہ] ڈھکوسلے ہیں۔ کوئی حقیقت نہیں بے اصل باتیں ہیں

باتیں ہی باتیں ہیں: [ا۔ محاورہ] باتیں کرنا جانتے ہیں کام کچھ نہیں کر سکتے۔ عمل کچھ بھی نہیں صرف لفاظی ہے (۲) حیلہ بہانہ۔ ٹال مٹول۔ دھمکی ہے۔

باٹ: [ھ۔ اند] ا۔ وزن۔ وہ لوہے پیتل یا پتھر کے ٹکڑے جن سے ترازو یا کانٹے میں تولتے ہیں (۲) گنجفہ او ر تاش کے پتوں کی تقسیم (۳) راہ۔ راستہ۔ سڑک (۴) سفر۔ مسافرت۔ سیاحت (۵) انتظار

باٹ چلنا: [ا۔ محاورہ] سفر چلنا۔ مسافت طے کرنا۔ منزل مارنا۔

باٹ چلے جانیئے یا باٹ پڑے جانیئے: [ا۔ مثل] ساتھ سفر کرنے سے واسطہ پڑنے ہی سے حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

باٹ دکھانا: [ا۔ محاورہ] رستہ بتانا۔ رستے پر لگانا۔

باٹ دیکھنا: [ا۔ محاورہ] انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا

باٹ دینا: [ا۔ محاورہ] سودا دیکر پیسے وصول کرنا۔ آٹا یا کوٹھی وغیرہ بناتے وقت روڑا دینا۔ پیسے وصول کر دینا۔

باٹ روکنا: [ا۔ محاورہ] راستہ بند کر دینا۔ کسی کو راستہ پر چلنے سے روک دینا

باٹ سارو: [ا۔ اند۔ ق / صفت] راہ رو۔ مسافر

باٹ کا آٹا: [ا۔ اند] وہ آٹا جو پیسے وقت ارد گرد جمع ہو جاتا ہے۔

باٹ کا روڑا: [ا۔ اند] وہ اینٹ وغیرہ کا ٹکڑا جس سے راستہ چلتے میں رکاوٹ ہو (۲) مفلس نادار آدمی

باٹ مارنا: [ا۔ محاورہ] راستہ کھوٹا کرنا۔ نقصان پہنچانا۔

باٹرکا: [ھ۔ اند] بنگلہ

باٹی: [ا۔ امث] ا۔ آٹے کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں جو اپلے کے گولوں کے انگاروں پر سینک کر پکایا کرتے ہیں (۲) آٹے گوندھنے یا پانی پینے کا کھڑے کناروں والا برتن۔ چھوٹی پرات۔

باج: [ف۔ اند] خراج۔ محصول۔ زمین کا محصول جو بادشاہ کو دیا جاتا ہے۔ زرِ مالگزاری لگان

باج [ھ امث] بجنے کی آواز۔ وہ آواز جو زیور یا باجے وغیرہ سے نکلتی ہے۔

باجدار: [ف صف فاعلی] محصول دینے والا۔ خراج دینے والا۔

باجِ دہ یک: [ف اند] ایک قسم کا محصول۔ عُشر۔ پیداوار کا دسواں حصّہ جو لگان میں لیا جاتا تھا۔

باج گزار: [ف صف] خراج گزار (بادشاہ یا ریاست) محصول دینے والا۔

باج گیر: [ف صف] محصول لینے والا۔ محصّل

باجا: [ف۔ اند] بجنے والی چیز۔ ساز۔ آلۂ موسیقی۔ مزمار

باجا گاجا: [ا۔ اند] دھوم دھام۔ خوشی اور مسرت کا سامان

باجپئی (باج پئی): [ھ۔ اند] برہمنوں کی ایک قسم / ایک ذات۔ ایک گوتر

باجرا: [ھ اند] ا۔ ایک قسم کا غلّہ۔ جو خریف میں پیدا ہوتا ہے جسکے دانے بہت چھوٹے چھوٹے اور گول ہوتے ہیں (۲) بارش کی ننھی ننھی بوندیں۔ پھوہار (۳) چھالیا کے کترے ہوئے چھوٹے چھوٹے اور گول دانے (۴) پازیب وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے گھونگرو (گھنگرو)

باجرا برسنا: [ا۔ محاورہ] پھوہار پڑنا ترشّح ہونا

باجرا سا بکھرنا: [ا۔ محاورہ] بے کل ہونا۔ پریشان ہونا منتشر ہونا۔ (۲) تھک کر چُور ہونا۔

باجرا مرغ: [ا۔ اند] ایک قسم کا سیاہ پرند جسکے پروں پر باجرے کے برابر زرد رنگ کی چتیاں ہوتی ہیں۔ **باجری:** [ا۔ امث] مرغیوں کا ایک رنگ (۲) چھوٹی قسم کا باجرا۔

باجن [ھ۔ ا] باجا کی جمع۔ ڈھول تاشہ وغیرہ

باجنا: [ھ۔ محاورہ] ا۔ بجنا۔ (۲) مشہور ہونا۔ موسوم ہونا (۳) لڑائی چھڑنا۔

باجنترا / باجنتری [ھ۔ اند] ا۔ باجے والا۔ ۲۔ وہ محصول جو گانے اور ناچنے والوں سے لیا جاتا ہے۔

باجی: [ت۔ امث] بڑی بہن۔ آپا

باجی: [ھ۔ امث] بازی (۲) (مذ) گھوڑا

باچھ: [ھ۔ امث] ا۔ تقسیم۔ علیحدگی (۲) مُنہ۔ ہونٹ۔ لب کا سرا۔ (۳) چندہ لگان (۴) خراج۔ جمعبندی۔ معاملے کی تقسیم (۵) شرح زمین

حصّہ رسدی ہر ایک کی انفرادی ذمّہ داری۔
باچھ ڈالنا: [ا۔ محاورہ] اُگاہی کرنا۔ بَچّی ڈالنا۔ لگان تقسیم کرنا۔ محصول جو چندے سے جمع کیا گیا ہو ادا کرنا۔ کھاتے دار لگان مقرر کرنا
باچھ کرنا: [ا۔ محاورہ] چندہ کرنا۔
باچھنا: [ا۔ محاورہ] گھاس وغیرہ کھیت سے چُننا۔ نرانا۔ گوڈنا
باچھیں آنا: [ا۔ محاورہ] ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا
باچھیں پکنا / پھٹنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہونٹوں کے کونوں پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنا (۲) دیکھیے "باچھیں آنا"
باچھیں ٹھوڑی تک آنا: [ا۔ محاورہ] بہت ہنسنا۔ خوش ہونا
باچھیں کھل جانا: [ا۔ محاورہ] بیحد خوش ہونا۔ خوشی میں بیحد ہنسنا۔ قہقہہ مار کر ہنسنا
باچھا: [ہ۔ اِمذ] بچھڑا۔ کسی جانور کا بچّہ۔ گائے کا بچّہ
باختر: [ف۔ امذ] ایک علاقہ جو کوہ ہندوکش اور دریائے جیحوں کے درمیان واقع ہے (۲) مشرق یا مغرب
باختری اُونٹ: [ا۔ امذ] دو کوہان والا اُونٹ
باختہ: [ف صف] باختن (اُڑنا) سے۔ (۱) اُڑا ہُوا۔ مرکبات میں جیسے حواس باختہ
باد: [ف۔ امث] ہوا۔ باؤ
بادآور / آورد: [ف امث] ۱۔ خسرو پرویز کے ایک خزانے کا نام۔ وہ دولت جو بلا زحمت ہاتھ آئے (۲) ایک دوا کا نام
بادبان: [ف۔ امذ] وہ پردہ جو ہوا بھرنے اور یا ہوا کا رُخ بدلنے کے لیے جہاز پر لگاتے ہیں
بادبانِ اخضر: [ف۔ امذ] آسمان (کنایۃً) لفظی معنی سبز بادبان
بادبانی جہاز: [ف۔ امذ] وہ جہاز جو بادبانوں کے ذریعہ چلے
بادِ بہار / بادِ بہاری: [ف۔ امث] ۱۔ موسم بہار کی ہوا (۲) برات کے ساتھ کی آرائش (فرہنگ اثر)
بادبریں: [ف۔ امث] وُہ ہوا جو شمال سے چلے
بادپا: [ف۔ امذ] تیز قدم۔ ہوا کی طرح تیز چلنے والا گھوڑا
بادپیما: [ف صف] ۱۔ فضول گو۔ بکواسی۔ بیہودہ گو (۲) ہوا کی طرح تیز چلنے والا گھوڑا (۳) جنگل کی ہوا کھانے والا سیّاح (۴) ہوا کا دباؤ ناپنے کا آلہ
بادپیمائی: [ف۔ امث] ہوا خوری۔ سیّاحی۔ فضول کام
بادِ تند: [ف۔ امث] تیز ہوا۔ طوفان آندھی۔ جھکڑ
بادِ جنوب: [فع۔ امث] جنوب کی طرف سے چلنے والی ہوا، جو صحت انسانی کے لیے مضر ہے
بادِ خایہ: [ف۔ امذ] وہ بیماری جس سے فوطے بڑھ جاتے ہیں۔ فتق
بادِ خزاں: [ف۔ امث] وُہ ہوا جو پت جھڑ ہونے کے وقت چلتی ہے۔
بادِ خنک: [ف۔ امث] ٹھنڈی ہوا
بادخوان (تلفظ: بادخان) [ف۔ صف] خوشامدی
بادخور / خورہ: [ف امذ] گنج وُہ بیماری جس سے گھوڑے کے بال جھڑ جاتے ہیں۔
بادِ دَبور [ف امث] پچھوا ہوا
بادرفتار: [ف صف] نہایت تیز اور سُبک چلنے والا گھوڑا۔ ہوا کی طرح تیز چلنے والا
بادِ زمہریر: [ف۔ امث] بہت ٹھنڈی ہوا
بادزن: [ف امذ] پنکھا
بادِ سرخ: [ف امث] ایک بیماری کا نام
بادِ سموم [ف امث] بہت گرم ہوا۔ لُو

بادسنج: [ف صف] خام طبع۔ بے ہودہ گو۔ بے فائدہ کام کرنے والا
بادسیر: [ف صف] ۱۔ تیز گھوڑا ۲۔ مغرور آدمی
بادِ شُرطہ: [ف امث] جہاز رانوں کی اصطلاح میں وہ ہوا جو جہاز کے موافق ہو۔ موافق ہوا۔
بادِ شمال: [فع۔ امث] شمال کی جانب سے چلنے والی ہوا۔ خوشگوار ہوا۔
بادِ صبا: [ف۔ امث] صبح کے وقت کی گوشہ شمال مشرق کی ہوا، پُروا ہوا۔
بادِ صرصر: [ف۔ امث] تیز ہوا
بادِ فتق: [ف امث] نام ایک بیماری کا جس میں خصیہ بڑھ جاتا ہے۔ فتق۔
بادفر: [ف۔ امث] لڑکوں کا ایک کھلونا، پھرکی
بادِ فرنگ: [ف۔ امث] مرض آتشک
بادفروش: [ف صف فاعلی] بازیگر۔ خوشامدی۔ شیخی خورہ
بادکش: [ف۔ امذ] پنکھا۔ چھت میں لٹکانے والا پنکھا۔ دھونکنی۔
بادگرد: [ف۔ امذ] بگولا۔ بونڈر۔
بادِ مخالف: [فع امث] وُہ ہوا جو کشتی یا جہاز کے خلاف ہو۔ ناساز گار ہوا۔
بادِ مراد: [فع امث] موافق ہوا۔ سازگار ہوا۔
بادِ مسیح / عیسٰی [فع امث] دمِ عیسٰی حضرت عیسیٰؑ کی پھونک جو مردوں کو زندہ کرتی تھی
بادِ موافق: [ف امث] وُہ ہوا جو کشتی جہاز وغیرہ کو آگے بڑھنے میں مدد دے۔
بادِ نسیم: [ف۔ امث] صبح کی ٹھنڈی ٹھنڈی، ہلکی ہلکی ہوا۔
بادنما: [ف۔ امذ] وُہ آلہ جس سے ہوا کا رُخ معلوم ہو۔
بادِ ہوائی: [ف صف] جھوٹا وعدہ لغو باتیں (۲) ناکارہ۔ نکمّا۔ اُڑتی ہوئی خبر۔
بادِ ہوائی باتیں کرنا: [ا۔ محاورہ] فضول بے سر و پا بکنا
بادام: [ف۔ امذ] ایک خشک میوہ۔ مجازاً آنکھ
بادام پھٹا: [ا۔ امذ] ایک قسم کی مٹھائی۔ بڑھیا کا کاتا
بادامچہ: [ا۔ امذ] چاندی سونے تانبے یا پیتل کا پترا جس کو صندوقوں یا صندوقوں کے کونوں پر لگاتے ہیں۔
بادامہ: [ف۔ امذ] ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) ریشم کا کویا (۳) وہ گودڑی جو مختلف قسم کے کپڑوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے بنائی جاتی ہے۔
بادامی: [ف صف] ۱۔ ہلکا زرد رنگ (۲) ایک قسم کی مخروطی ڈبیا جس میں زیور اور جواہرات رکھتے ہیں (۳) خواجہ سرا (۴) بادام کے رنگ کا (۵) وہ رکابی جو بادام کے رنگ کی ہوتی ہے (۶) ایک قسم کا چاول
بادامی آنکھ: [ف امث] چھوٹی آنکھ۔ بادام کی شکل کی آنکھ۔ خوبصورت آنکھ۔
بادرنج: [ع۔ امذ] (بادرنگ کا معرب) ۱۔ ایک قسم کی نارنگی۔ ایک قسم کا کھیرا۔
بادرنجبویہ / بادرنگبویہ: [ف امذ] ایک خوشبودار گھاس۔ بلّی لوٹن
بادریسہ / بادریشہ: [ف۔ امذ] ۱۔ پھرکی (۲) وہ لکڑی یا چمڑے کا گول ٹکڑا جو تکلے کے آخیر میں ہوتا ہے (۳) وہ گول لکڑی جو خیمہ کی چوب کے اوپر رکھتے ہیں۔
بادریہ: [ف۔ امذ] روشن دان جو چھت میں ہوتا ہے۔
بادشاہ / بادشہ: [ف۔ امذ] سُلطان۔ شاہ۔ راجا۔ تخت کا مالک۔ (۲) مالک حاکم۔ مختار۔ اُستادِ فن۔ کامل (۴) آزاد۔ خود مختار (۵) نہایت امیر (۶) طنزاً بھولا بھالا۔ بیوقوف
بادشاہانہ: [ف صف] بادشاہوں سا۔ امیرانہ

بادشاہت: [ف۔ امث] سلطنت۔ حکومت۔ راج

بادشاہوں اور دریا کا پھیر کس نے پایا ہے: [ا۔ مثل] بادشاہوں کے خیالات کو کوئی نہیں پہنچ سکتا۔

بادشاہی: [ف۔ صف] دیکھئے بادشاہ جس سے یہ منسوب ہے

بادشاہی حق: [ف۔ اند] بادشاہ کا حصّہ

بادشاہی حکم: [ف۔ اند] شاہی فرمان۔ سلطنت کی طرف سے حکم۔

بادشاہی خرچ: [ف۔ اند] شاہانہ خرچ، امیرانہ خرچ۔ بے انتہا فضول خرچی حیثیت سے بڑھ کر خرچ۔

بادشاہی رعایا سے ہے: [ا۔ مثل] اگر رعایا خوش اور آسودہ ہو تو بادشاہت بھی قائم رہتی ہے۔

بادشاہی سند: [ف۔ امث] شاہی فرمان۔ ایک حکم یا تحریر جس کی رو سے معافی۔ جاگیر وغیرہ کا حکم ہو۔

بادشاہی عدالت: [ف۔ امث] شاہانہ انصاف / عدل

بادشاہی کرنا: [ا۔ محاورہ] حکومت کرنا۔ سلطنت کرنا

بادشاہی گھرانا: [ا۔ اند] بادشاہ کا خاندان۔ شاہی خاندان

بادشاہی مال: [ا۔ اند] شاہی جائیداد۔ بادشاہ کی ذاتی ملکیت

بادل: [ھ۔ اند] ابر۔ گھٹا

بادل آنا / اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] ابر کا آسمان پر نمودار ہونا۔ گھٹا اُٹھنا

بادل اُمنڈ کے آنا / اُمنڈنا: [ا۔ محاورہ] بہت زور سے گھٹا آنا۔

بادل اُمنڈ گھمنڈ کے آنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بادل اُمنڈ کے آنا"

بادل برسنا: [ا۔ محاورہ] مینہ پڑنا۔ بارش ہونا۔

بادل پھٹنا: [ا۔ محاورہ] بادل دور ہونا۔ بارش کے بعد آسمان صاف ہونا۔ بادل کے ٹکڑے منتشر ہونا۔

بادل پھیلنا: [ا۔ محاورہ] بادل گھرنا۔ بادل چھانا

بادل جھکنا: [ا۔ محاورہ] بادلوں کا بہت نیچا ہونا۔

بادل جھوم کے آنا: [ا۔ محاورہ] ابر کا زور شور سے آنا۔ گھٹا اُٹھنا

بادل کا جھوم جھوم کے برسنا: [ا۔ محاورہ] بارش کا بہت زور سے برسنا۔

بادل چڑھنا: [ا۔ محاورہ] گھٹا کا اُفق سے آگے بڑھنا

بادل چلنا: [ا۔ محاورہ] بادلوں کا حرکت کرنا۔ بادل کا روانہ ہونا

بادل چھانا: [ا۔ محاورہ] ابر گھرنا

بادل چھٹنا: [ا۔ محاورہ] ابر منتشر ہونا۔ آسمان کھل جانا

بادل دوڑنا: [ا۔ محاورہ] ابر کا بہت تیز چلنا

بادل دیکھ کر گھڑے پھوڑنا: [ا۔ محاورہ] اُمید بر آنے کے آثار پاکر اپنا نقصان کر لینا

بادل رُندھ رُندھ کر آنا: [ا۔ محاورہ] بادل کا گھر آنا

بادل کا بھاگنا: [ا۔ محاورہ] ہوا کے زور سے بادلوں کا تیز جانا

بادل کا رونا: [ا۔ محاورہ] بارش کا ہونا

بادل کڑکنا: [ا۔ محاورہ] بادلوں کے ٹکرانے کی آواز۔

بادل کھلنا: [ا۔ محاورہ] بادلوں کا منتشر ہو کر آسمان صاف ہونا

بادل کی طرح گرجنا: [ا۔ محاورہ] غصّہ کرنا۔ شور مچانا

بادل کی گرج: [ا۔ امث] بجلی کی آواز۔ بادلوں کے ٹکرانے کی آواز۔ کڑک

بادل گرجنا: [ا۔ محاورہ] بادلوں سے گرج کی آواز پیدا ہونا۔

بادل گھر آنا / گھرنا: [ا۔ محاورہ] بادلوں کا آسمان پر چھا جانا

بادل میں تھگلی لگانا: [ا۔ محاورہ] دشوار کام کرنا۔ بہت مکاری و عیاری کرنا۔

بادل میں ڈوب جانا: [ا۔ محاورہ] چاند کا بادلوں میں چھپ جانا۔ پرندوں یا کسی دوسری اڑنے والی چیز کا بادلوں سے اوپر پہنچ جانا کہ وہ اہلِ زمین کو دکھائی نہ دے۔

بادلا / بادلہ: [ا۔ اند] سونے چاندی کے تار جو گوٹا بننے اور کلابتوں وغیرہ بننے کے کام آتا ہے (۲) زربفت۔ زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بنا جاتا ہے۔

بادلا مونڈھے سے نہیں چھپتا: [ا۔ مثل] صورت بدلنے سے سیرت نہیں بدلتی۔

بادمہرہ: [ا۔ اند] سانپ کا مہرہ جو مار گزیدہ کے لیے تریاق ہے۔

بادنجان (بادن جان): [ع۔ اند] بادنگان کا معرب بمعنی بینگن ایک سبزی

بادہ: [ف۔ اند] شراب

بادہ پرست / پیما / خوار: [ف۔ اند] شراب پینے کا عادی۔ شرابی

بادہ پرستی / پیمائی / خواری: [ف۔ امف] شراب خوری۔ میخواری۔

بادۂ ریحانی: [ف۔ اند] پھولوں کی شراب

بادۂ سرجوش: [ف۔ صف] صاف شراب جس میں تلچھٹ نہ ہو۔

بادہ فرسا / گسار: [ف۔ صف] شرابی۔ میخوار

بادہ کش: [ف۔ صف] دیکھئے "بادہ فرسا"

بادۂ گلرنگ: [ف۔ صف] سرخ شراب

بادۂ محبت: [ف۔ اند] وہ شراب کا پیالہ جو کسی کو محبت کے ساتھ پلایا جائے نیز شرابِ محبت (شراب سے محبت کو تشبیہہ دی گئی ہے)

بادہ نوش: [ف۔ صف] شرابی۔

بادھ: [ھ۔ اند] ڈوری۔ رسّی

بادھا: [ھ۔ اند] درد۔ تکلیف۔ رکاوٹ۔ مخالفت۔ فراوانی۔ بڑھوتری

بادی: [ف۔ امث] ریحی ہونا۔ نفاخ۔ سرد۔ ٹھنڈا۔ گنٹھیا۔ وجع المفاصل۔ بواسیر کی ایک قسم۔ خفنی کی ضد۔ بارد۔ سرد۔ ریاح پیدا کرنے والا مادہ۔ جسم پھلا دینے والا۔ ہوا پیدا کرنے والا۔

بادی: [ع۔ امف] ا۔ شروع۔ اوّل۔ ظاہر (۲) شروع کرنے والا۔

بادی الرّائے (بادِیُر رائے) سرسری رائے۔ ابتدائی رائے۔

بادی النظر (بادِیُن نظر) سرسری نظر سے۔ ابتدائی نظر سے

بادی النظر میں: [ع۔ متعلق فعل] سرسری نظر سے۔ ابتدائی نظر میں۔ دیکھتے ہی۔

بادی پن: [ف۔ اند] نفخ پیدا کرنے کی کیفیت یا استعداد

بادی پھیلانا: [ا۔ محاورہ] سستی اتارنا۔ انگڑائیاں لینا۔ فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

بادی چور: [ا۔ اند] مشّاق چور۔ پکا چور۔ چوروں کا اُستاد۔ کامل چور

بادی کا بدن: [ا۔ اند] موٹاپن۔ موٹا جسم۔ وہ موٹاپا جو بلغم کی زیادتی کی وجہ سے ہو۔

بادیان [ف۔ امث] سونف۔ ایک دوا۔

بادیہ [ف۔ اند] بڑا پیالہ نما برتن۔ تانبے، پیتل وغیرہ کا ایک بڑا پیالہ۔

بادیہ [ع۔ اند] جنگل۔ بیابان۔ صحرا

بادیہ پیما / گرد: [عف۔ اند] جنگل، صحرا، بیابان میں پھرنے والا۔

بادیہ پیمائی / گردی: [عف امث] دیکھئے "بادیہ پیما / گرد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

باڈی: [انگ امث] (BODY) ۱. بدن، وجود، جسم (۲) دھڑ یا ڈھانچا (۳) جماعت. گروہ. انجمن (۴) چھوٹے کپڑے. انگیا

باڈی بلڈر: [انگ اِمذ] (BODY BUILDER) تن ساز. ورزش سے جسم بنانے والا. موٹر گاڑیوں کا ڈھانچہ بنانے والا

باڈی گارڈ (BODY GUARD) محافظ دستہ

بَاذِل: [ع صف] سخی. بخشنے والا. عنایت کرنے والا.

بار: [ھ امث] عرصہ. دیر. وقت (۲) نوبت. مرتبہ. موقع (۳) (بطور تابع) جیسے گھر بار بمعنی اہل و عیال (۴) دروازہ. رستہ (۵) ہفتہ کا دن. سنیچر وار. شنبہ

بار: [انگ امث] (BAR) وکیلوں کی عدالت میں کھڑے ہونے کی جگہ (۲) بیرسٹروں وکیلوں کی جماعت (۳) ہوٹل میں وہ جگہ جہاں سے شراب تقسیم ہوتی ہے (شراب خانہ) (۴) لوہے کی بھاری سلاخ

بار ایسوسی ایشن: [انگ امث] وکیلوں کی مجلس. انجمن BAR ASSOCIATION

بَارّ: [ع اِمذ صف] نیکوکار. فرمانبردار. اللہ تعالیٰ کا ایک نام

بار: [ف. اِمذ] ۱. گرانی. بوجھ. وزن (۲) دخل. رسائی (۳) شماہ. قربت (۴) کار کے ساتھ بطور تابع جیسے کاروبار (۵) باریدن مصدر سے صیغہ امر، جو کسی اسم کے بعد بطور لاحقہ آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور برسانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے گہربار. اشک بار. دُربار (۶) حمل (۷) پھل. پیداوار. درخت کی جڑ. (۸) قرض. ذمہ داری

بار آنا: [ار. محاورہ] ۱. باری آنا. (۲) پھل آنا

بار آور: [ف صف] پھل لانے والا پھل دار (۲) حاملہ (۳) نتیجہ خیز

بار آور ہونا: [ار محاورہ] پھلنا. پھل لانا. حاملہ ہونا

بار بار: [ار متعلق فعل] گھڑی گھڑی. کئی مرتبہ

بار بٹانا لینا / بٹانا: [ار محاورہ] ذمہ داری میں شریک ہونا. بوجھ یا تکلیف بٹ لینا.

باربٹائی: [ار. امث] غلہ کے کاٹنے سے پہلے فصل کے گٹھے باندھ کر تقسیم کرنا.

باربد: [ف. اِمذ] ایک مطرب کا نام جو خسرو پرویز کا مصاحب اور فن موسیقی میں اُستاد کامل تھا. وہ ہر وقت بادشاہ کے پاس جا سکتا تھا اس لیے باربد نام ہوا.

باربر: [ف صف] بوجھ اُٹھانے والا

باربر: [انگ. اِمذ] حجام. نائی BARBER

باربردار: [ف. ا. فاعل] ۱. بوجھ اٹھانے والا. قلی. جانور جس پر بوجھ لادا جائے. گاڑی جس پر بوجھ لادا جائے.

باربرداری: [ار. امث] سامان لے جانے کے ذرائع. چوپائے. گاڑی. چھکڑے. ٹرک. ریل گاڑی (۲) مزدور. جانور (۳) چھکڑوں اور جانوروں وغیرہ کا کرایہ (۴) لے جانے والا اسباب. سامان

باربرداری کے جانور: [ار. اِمذ] وہ جانور جن پر سامان لادا جاتا ہے

بار پانا: [ار محاورہ] دخل ہونا. رسائی ہونا

بار تردید: [ف. اِمذ] جواب دہی کی ذمہ داری

بار ثبوت: [ف. اِمذ] ثابت کرنے کی ذمہ داری

بار ثبوت منتقل کرنا: [ار محاورہ] ثبوت کی ذمہ داری مقدمہ کے فریق ثانی پر ڈالنا.

بارِ خاص: [ف. اِمذ] خاص اجازت (۲) دربارِ خاص. نجی اجلاس

بارِ خاطر: [ف. اِمذ] طبیعت پر بوجھ. ناگوار. تکلیف

بارِ خاطر نہیں یارِ شاطر ہوں: [ار مثل] چالاک دوست ہوں تکلیف نہیں دوں گا (فارسی مثل "یارِ شاطر نہ بارِ خاطر" کا اردو ترجمہ ہے)

بارِ خاطر ہونا: [ار. محاورہ] ناگوار معلوم ہونا.

بار خانہ: [ف. اِمذ] گھر کا سامان. اسباب. مال ومتاع (۲) مال خانہ. گودام (۳) وہ پردہ یا خیمہ جس کے نیچے سفر میں بارش کے دوران میں سامان رکھتے ہیں.

بارِ خدا / بارِ خدایا: [ف. صف. ندا] خدائے بزرگ

بار دار: [ف صف] ۱. پھلا ہوا. ثمردار (۲) بوجھ سے لدا ہوا (۳) حاملہ

باردانہ: [ف. اِمذ] ۱. فارسی میں باردان. کسی چیز کے رکھنے کا برتن (۲) تھیلا. کھانے پینے کا سامان رکھنے کا سامان (۳) دکان کا سامان رکھنے کا سامان ۴. سوداگری کے سامان کے خالی بکس. بوریاں. تھیلے وغیرہ (۵) باورچی خانے کا سامان

بار دینا: [ار. محاورہ] اجازت دینا. دربار میں جانے دینا (۲) لادنا. تکلیف دینا. دھوکا دینا.

بار رَہن: [ف. اِمذ] جب جائداد پر قرضہ لیا جاتا ہے تو وہ جائداد مذکورہ پر بار رہن کہلاتا ہے.

بار عام: [ف. اِمذ] عام اجازت عام کچہری. عام دربار

بار غم: [ف. اِمذ] غم کا بوجھ. غم جو بوجھ کی مانند ہے

بار کش: [ف صف] آدمی، جانور، گاڑی وغیرہ جس پر بوجھ لادا جاتا ہے.

بارگاہ: [ف. امث] اجلاس کی جگہ. دربار. کچہری. عدالت. خیمہ شاہی. محل شاہی

بارگیر: [ف. امث] ۱. وہ سوار جس کا اپنا ذاتی گھوڑا نہ ہو (۲) بوجھ اٹھانے والا جانور. (۳) سائیس (اردو میں ۲ ۳ میں مستعمل ہے)

بار ملنا: [ار. محاورہ] رسائی ہونا. اجازت ملنا

بار ور: [ف صف] پھل لانے والا. صاحب اولاد. نتیجہ خیز. کامیاب

بارہا: [ف متعلق فعل] متعدد بار. کئی دفعہ (بار کی جمع)

باریاب: [ف صف] اجازت پانے والا. حضوری حاصل کرنے والا. درباری

باریابی: [ف. امث] دربار میں حاضری. بارگاہ میں داخلہ

بارا: [ھ. اِمذ] ۱. وہ شخص جو کنوئیں پر آبپاشی کی غرض سے کھڑا ہو کر چرسے کا چرس کنوئیں سے پکڑتا ہے (۲) اس گیت کو بھی کہتے ہیں جو وہ اس وقت گاتا ہے (۳) ستاروں کا جنتری میں نام کھینچنے کا عمل (۴) وہ کھانا جو بوڑھے آدمی کے فوت ہونے پر دیا جاتا ہے.

باراجوری: [ار. امث] زبردستی دھینگا مشتی

بارات: [ھ. امث] دیکھئے "برات"

باران: [ف. اِمذ] ۱. مینہ. بارش (۲) موسم برسات (۳) صفت برستا ہوا. برسنے والا.

باران دیدہ: [ف صف] جس پر مینہ پڑ چکا ہو. تجربہ کار. آزمودہ کار.

باران رحمت: [ف. اِمذ] رحمت کا مینہ. پانی اور بارش

باران کوٹ: [ار. اِمذ] برساتی کوٹ. بارش سے بچانے والا کوٹ

باران گیر: [ف. اِمذ] چھجا

بارانی: [ف. اِمذ] باران (بارش) پر منحصر (۲) وہ زمین جو صرف بارش سے

سیراب ہوتی ہو (۳) ایک قسم کا کوٹ جو بارش سے محفوظ رکھنے کے لیے پہنا جاتا ہے۔ برساتی کوٹ (۴) برسنے والا۔

بارانی زمین / کھیت: [ف اندمث] وہ زمین جس کی کاشت صرف مینہ کے پانی پر منحصر ہو۔

بَارَاہ: [ھ اند] ا۔ سُؤر۔ خنزیر (۲) گاؤں کے قریب کی زمین (۳) وشنو جی کا تیسرا اوتار۔ جس میں انہوں نے زمین کو اپنے دانتوں سے اونچا کیا تھا۔ اور سُؤر کا جنم لیا تھا (ہندو دیو مالا)

بَارتنگ: [ف۔ اند] ا۔ اکیلا (۲) ایک دوا کا نام

بارِج: [ھ۔ اند] پانی سے پیدا شدہ چیز۔ (۲) کنول۔ سنکھ (۳) مک

بارجات: [ف اند] ایک ظالمانہ رواج جس کے بموجب چیزوں کو بازاری قیمت سے مہنگا خریدنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔

بارجائے: [ف۔ اند] ا۔ وہ زمین جو کوئی زمیندار اپنے رشتہ دار کو مفت دے دے (۲) بارجات

بارْجہ یا **بارْجَہ**: [ف۔ اند] چھوٹا دروازہ۔ چور دروازہ۔ دریچہ۔ برآمدہ۔ ایوان

بارِد: [ع صف] سرد۔ ٹھنڈا۔ جما ہوا۔ مضبوط۔ سخت

بَارْڈر: [انگ۔ اند] BORDER سرحد۔ حصار۔ کنارہ۔ حاشیہ

بَارِز: [ع۔ صف] آشکارا۔ ظاہر۔ باہر نکلا ہوا۔ آتا ہوا۔

بَارِش: [ف۔ امث] مینہ۔ برسات۔ برکھا

بَارِش کا تار: [ف ار اند] جھڑی۔ مسلسل بارش۔ بارش کا سلسلہ

بارک [انگ امث] فوج (BARRACK) فوج یا پولیس کے رہنے کے مکانات وہ بنگلے یا کوٹھیاں جن میں فوج رہے۔

بَارَکَ: [ع۔ دعا] برکت دے

بارَکَ اللہ: [ع دعا] اللہ برکت دے

بارگی: [ف۔ متعلق فعل] ا۔ دفعہ۔ مرتبہ۔ بار۔ مثلاً یک بارگی

بارندہ: [ف۔ افاعل] برسنے والا۔

باروُ: [ہ۔ امث] بالُو کی دوسری صورت۔ ریت۔ ریگ

بارُوت: [ت۔ امث] دیکھئے "بارُود" جو زیادہ مستعمل ہے

بارُود: [ف۔ امث] (لفظی معنی شورہ) شورہ، گندھک اور کوئلہ وغیرہ کا مرکب، جو بندوق، توپ اور دیگر آتشیں اسلحہ داغنے اور آتشبازی میں کام آتا ہے۔

بارُود / باروت اُڑنا: [ار محاورہ] بارُود کا آگ پکڑنا۔ بارود کا آگ کے باعث بھک سے اُڑ جانا۔

بارُود بنانا: [ار۔ محاورہ] بارُود تیار کرنا۔

بارُود خانہ: [ف۔ اظرف۔ مذ] ا۔ وہ مقام جہاں بارود بنتی ہے (۲) وہ مقام جہاں بارُود یا گولا بارُود جمع کرتے ہیں۔

بارُود کا دانہ: [ف۔ ار۔ اند] بارُود کا ذرّہ

بارُود گولا: [ف۔ ار (مرکب عطفی)] اند۔ سامانِ جنگ۔ آتشیں اسلحہ

بارود / باروت میں آگ لگانا: [ار محاورہ] ا۔ بارُود کو آگ دکھانا۔ (۲) اشتعال پیدا کرنا۔

بارُود / باروت میں آگ لگنا: [ار محاورہ] دیکھیے "بارود میں آگ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بارَہ: [ف متعلق فعل] ا۔ متعلق۔ بابت۔ حق میں۔ بابت۔ دفعہ۔ مرتبہ۔ بار۔

بارَہ: [ار۔ اعدد] دس اور دو۔ (۱۲)

بارَہ اَبھَرَن: [ہ۔ مرکب عددی] اَبھرن بمعنی زیور۔ بارہ جگہ پہننے کے زیور مثلاً سر، پیشانی، کان، ناک، گلا، سینہ، بازو، ہاتھ، ہاتھ کی انگلیاں، کمر، پاؤں، پاؤں کی انگلیاں۔ یہ وہ بارہ اعضاء ہیں جن کو زیوروں سے آراستہ کیا جاتا ہے۔

بَارَہ اَبھَرَن سولہ سِنگار / سنگھار: [ہ۔ مرکب عددی۔ مذ] بارہ جگہ پہننے کے زیور، (جن کی تفصیل "بارہ ابھرن" کے تحت آ چکی ہے) اور سولہ سنگار جو مفصلہ ذیل ہیں: غسل کرنا، تیل ملنا، سر گوندھنا، سر کو زیور سے آراستہ کرنا، چندن بھرنا، لباس پہننا، قشقہ لگانا، کاجل لگانا، گوشوارے پہننا، ناک کا زیور پہننا، پھولوں یا موتیوں کا ہار گلے میں ڈالنا، مہندی لگانا، گھنگرو والا کمر بند کمر میں لپٹنا، پاؤں کو زیور سے آراستہ کرنا، پان کھانا۔ گلے میں زیور پہننا۔

بارَہ اِمام [ار۔ ع۔ مرکب عددی۔ مذ] مسلمانوں کے شیعہ امامیہ فرقہ کے بارہ آئمہ یا پیشوایانِ مذہب۔ جن کو وہ مامور مِنَ اللہ خیال کرتے ہیں۔ ان کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں (۱) حضرت علیؓ (۲) حضرت حسنؓ (۳) حضرت حسینؓ (۴) امام زین العابدین (۵) امام محمد باقر (۶) امام جعفر صادق (۷) امام موسیٰ کاظم (۸) امام علی رضا (۹) امام محمد تقی (۱۰) امام محمد نقی (۱۱) امام حسن عسکری (۱۲) امام منتظر مہدی۔

بَارَہ باٹ: [ہ۔ مرکب عددی۔ مذ] (لغوی معنی بارہ راستے) متفرق۔ جُدا جُدا۔ منتشر۔ پریشان۔ ضائع۔ بیکار۔ مختلف الراستے۔ برباد۔ ویران

بارَہ باٹ کرنا: [ار محاورہ] بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ برباد کرنا۔ ضائع کرنا

بارہ باٹ ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "بارہ باٹ کرنا" جس کا یہ لازم ہے

بارہ بانی / بارہ بانی کا: [ار صف] خالص۔ کھرا۔ کامل۔ بے عیب۔ بے نقص

بارہ بارہ چوبیس کوس: [ار متعلق فعل] دور تک۔ کوسوں تک

بارہ بچے والی: [ار۔ امث، صف] ا۔ سُؤر کی مادہ۔ سُؤرنی (۲) کثیر الاولاد عورت (تحقیراً)

بَارَہ بُرج: [ار۔ ع۔ مرکب عددی۔ مذ] آفتاب کی بارہ منزلیں، جن کو آفتاب مرحلہ ایک ایک کرکے سال بھر میں طے کرتا ہے۔ علم نجوم میں ان کے نام یہ ہیں ۱۔ حمل (۲) ثور (۳) جوزا (۴) سرطان (۵) اسد (۶) سنبلہ (۷) میزان (۸) عقرب (۹) قوس (۱۰) جدی (۱۱) دلو (۱۲) حوت

بارہ برس پیچھے کوڑے / گھورے کے بھی دن پھرتے ہیں / بارہ برس پیچھے کوڑی کی بھی سُنی جاتی ہے: [ار مثل] مصیبت اور پریشانی کا زمانہ ہمیشہ نہیں رہتا۔ مدت کے بعد کم تر بھی اعلیٰ ہو جاتا ہے۔

بارہ برس دلّی میں رہے اور / مگر بھاڑ جھونکا (دیکھئے) [ار مثل] مدت تک لائق لوگوں کی صحبت میں رہ کر بھی نالائق ہی رہے۔ جو شخص مدت دراز تک اچھے لوگوں کی صحبت میں رہ کر بھی نالائق رہے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

بارہ برس فقیری اور امیری کی بُو نہیں جاتی: [ار مثل] عادت بہت مدت کے بعد چھوٹتی ہے۔

بارہ پتھر: [ہ۔ اند] چھاؤنی یا شہر کی وہ حدیں، جو بارہ ستونوں سے گھیری جاتی تھیں۔ حدودِ شہر چھاؤنی کی حدیں۔

بارہ پتھر باہر کرنا: [ار محاورہ] چھاؤنی کی حد سے باہر نکال دینا۔ شہر بدر کرنا۔
بارہ پنی توپ: [ار۔ امث] ۱۔ وہ توپ جس میں بارہ پونڈ وزنی گولا آتا ہے (۲) فربہ اور موٹا آدمی۔
بارہ ٹوپی: [ار۔ امث] (۱) یورپ کی بارہ طاقتوں اور حکومتوں سے مُراد ہے۔ (۲) عقل مند اور ہوشیار لوگوں کی مجلس
بارہ خانوادے: [ار۔ امذ] فقراء و صوفیاء کے بارہ سلسلے جو بارہ بزرگوں سے منسوب ہیں جن کی تفصیل یہ ہے (۱) قادریہ، شیخ عبد القادر جیلانی سے (۲) نقشبندیہ، خواجہ نقشبند سے (۳) صوفیہ، شیخ صفی سے (۴) عبد الروسیہ، شیخ عبد الروس سے (۵) نوریہ، شیخ نور الحسن نوری سے (۶) شطاریہ، شیخ عبد اللہ شطار سے (۷) یوسفیہ، شیخ احمد یوسفی سے (۸) انصاریہ، شیخ عبد اللہ انصاری سے (۹) زاہدیہ، خواجہ بدر الدین زاہد سے (۱۰) قلندریہ، محمد قلندر سے (۱۱) خضریہ، احمد خضروی سے (۱۲) حیینیہ، امام حسین سے۔
بارہ دری: [ار۔ امث] ۱۔ بارہ دروازوں کا ہوادار مکان جو باغ میں یا دریا کے کنارہ پر بنایا جاتا ہے (۲) ہوا دار مکان
بارہ سنگا / سنگھا: [ار۔ امذ] ایک قسم کا پہاڑی ہرن، جس کے سینگ شاخ در شاخ اور بہت لمبے ہوتے ہیں۔
بارہ کھڑی: [ہ۔ امث] دیوناگری رسم الخط کے بارہ حروف علت (سور) جنھیں حرف صحیح سے ملا کر پڑھا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی مرہٹی نظم جس کے مصرع کے نیچے شروع سے آخر تک ہندی حروف تہجی کا ایک ایک حرف ترتیب سے ملا کر تمام حروف کو ختم کرتے ہیں
بارہ گُنا / گُنی: [ار۔ عدد ضعفی] بار ستے زیادہ ۱۲×۱ (امذ، امث)
بارہ گنی مکھنی ہو ل: [ار۔ محاورہ۔ عو] ہارنے کی صورت میں ایک کے بارہ دینے کی شرط باندھنی ہو ل، سخت شرط باندھنا۔
بارہ ماسہ: [ہ۔ امذ] ہندی نظم کی ایک قسم جس میں مہجور کی طرف سے بارہ مہینوں کے دُکھ اور مصیبتوں کا حال بیان کیا جاتا ہے۔
بارہ ماسی: [ار۔ صف] ۱۔ وہ درخت جو سال بھر سرسبز رہے یا پھلے (۲) وہ قلی جو مستقل ملازم ہو، عارضی نہ ہو۔
بارہ مسالے: [ار۔ مرکب عددی۔ امذ] بارہ قسم کے مسالے، جو حسب ذیل ہیں ۱۔ زیرہ سفید (۲) زیرہ سیاہ (۳) پودینہ (۴) الائچی (۵) مرچ سیاہ (۶) سونف (۷) نمک (۸) دھنیا (۹) ہلدی (۱۰) ادرک (۱۱) کلونجی (۱۲) اجوائن مجازاً کل ضروری اشیاء
بارہ مقام: [ار۔ امذ] ایرانیوں کی تقسیم کے مطابق موسیقی کے بارہ پردے یا ٹھاٹھ جو بارہ بُرجوں کی رعایت سے وضع کیے گئے ہیں۔
بارہ مہینے: [ار متعلق فعل] سال بھر، سلسلہ دار۔ ہمیشہ
بارہ مہینے بارہ برس ہوگئے: [ار محاورہ] ایک ایک مہینہ سال سال بھر کا ہو چلا۔ انتظار کی تکلیف اور شدت کو بیان کرنے کے لیے کہتے ہیں۔
بارہ مہینے تیس دن: [ار متعلق فعل] ہر وقت، ہر ساعت۔ ہمیشہ
بارہ میں تین گئے تو رہے کیا خاک: [ار مثل] اگر سال کے بارہ مہینوں میں سے برسات کے تین مہینوں میں بارش نہ ہو تو خشک سالی سے سب کچھ تباہ ہو جائے۔
بارہ وفات: [ار۔ امذ عو] ۱۔ ربیع الاول کا مہینہ (۲) ربیع الاول کی بارہ تاریخ، جس دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی۔
بارہ ہاتھ کی زبان ہونا: [ار محاورہ] بہت زبان دراز ہونا۔
بارھواں: [ار عدد ترتیبی۔ مذ] ۱۔ ترتیب میں گیارہ کے بعد (۲) (عو) بارھواں سال
بارھوں پرتیزا: [ار۔ امذ] وہ کبوتر جس کی دُم سفید ہو اور بقیہ حصّہ سبز سُرخ، زرد یا سیاہ ہو۔
بارھویں (یائے مجہول سے): [ار۔ عدد ترتیبی] دیکھیے "بارھواں" جس کی یہ مغیرہ صورت ہے
بارھویں، (یائے معروف سے): [ار۔ عدد ترتیبی] دیکھیے "بارھواں" جس کی یہ تانیث ہے۔
بارہا: [ف۔ متعلق فعل] اکثر۔ کئی بار۔ بار کی جمع
باری: [ع۔ امذ۔ صف] ۱۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) پیدا کرنے والا۔ خالق۔ آگاہ کرنے والا
باری: [ار۔ امث] ۱۔ نوبت۔ مرتبہ (۲) بخار کا دن (۳) وہ قوم جو پتل بناتی ہے۔ (۴) مشعلچی (۵) باغیچہ (۶) بال بال (۷) سولہ برس سے کم عمر لڑکی (۸) کان اور ناک میں پہننے کا زیور (۹) چوکی پہرا۔
باری بھرنا: [ار محاورہ] اپنے وقت پر پہرا چوکی دینا
باری دار: [ار ف صف مذ] پہرے چوکی والا۔ امیروں کا چوب دار
باری دارنی: [ار۔ ف صف مث] وہ عورت جو محلات میں پہرے چوکی کا کام کرتی ہے۔
باری کا بخار / کی تپ: [ار۔ امذ] وہ بخار جو ایک یا دو دن چھوڑ کر آئے۔
باری باری: [ار متعلق فعل] اپنی اپنی نوبت پر، اپنے اپنے نمبر پر، ترتیب وار
باری سے: [ار متعلق فعل] ایک دن چھوڑ کر
بارے: [ف۔ متعلق فعل] بالجملہ۔ الغرض۔ آخر کار
باریک: [ف صف] ۱۔ مہین۔ پتلا۔ نازک (۲) لطیف (۳) مشکل (۴) خفیف
باریک آواز: [ف۔ امث] مہین اور مدھم آواز
باریک بات: [ف۔ ار۔ امث] نازک بات۔ لطیف بات۔ نکتہ
باریک بین: [ف صف فاعلی] تیز فہم۔ مبصر۔ واقف کار۔ معاملہ پر غور سے نظر ڈالنے والا۔ دقیقہ سنج
باریک بینی: [ف۔ امث] دیکھیے "باریک بین" جس سے یہ اسم کیفیت ہے
باریک خیال: [ف۔ امذ] نازک خیال۔ عالی خیال۔
باریک کام: [ف ار امذ] نازک کام۔ مشکل کام۔ مہین کام جس سے نگاہ پر زور پڑے۔
باریک میان: [ف صف] پتلی کمر والا۔ مجازاً معشوق
باریک نظر: [ف صف] باریک بین۔ بلند نظر
باریکا / باریکہ: [ف۔ امذ] ۱۔ حاشیہ۔ کنارہ (۲) مصوروں کا وہ قلم جس سے باریک خط کھینچتے ہیں (۳) باریک خط (حاشیہ کا)
باریکی: [ف۔ امث] پتلا پن۔ نزاکت لطافت (۲) نکتہ۔ دقیقہ (۳) موشگافی۔ تبصرہ۔ اعتراض۔ نکتہ چینی (۴) دقت مشکل
باریکی نکالنا: [ار محاورہ] نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔ خوردہ گیری کرنا (۲) لطیف مضمون نکالنا
باریکیاں چھانٹنا: [ار محاورہ] دیکھیے "باریکی نکالنا"
باریکیاں چھٹنا: [ار محاورہ] دیکھیے "باریکیاں چھانٹنا" جس کا یہ لازم ہے

باریکیاں نکالنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باریکی نکالنا" جس کی یہ جمع ہے۔
باڑا: [ھ۔ امذ] احاطہ۔ چاردیواری۔ دائرہ (۲) کٹہرا (۳) دنگل (۴) میدان۔ (۵) گورستان تکیہ (۶) خیرات جو ہندو شادی میں دیتے ہیں۔
باڑھ / باڑ: [ھ امث] سیلاب۔ دریا کی طغیانی (۲) دھار۔ دمِ شمشیر (۳) آڑ۔ کانٹوں کی روک۔ حد۔ کنارہ (۴) مہرہ۔ زد۔ سامنے۔ آگے (۵) فوجی سپاہیوں کی صف (۶) کھیت کی وہ احاطہ بندی جو کانٹوں سے کر دیتے ہیں۔ (۷) درختوں کی قطار (۸) بوچھاڑ۔ کئی بندوقوں یا توپوں کا ایک ساتھ اور ایک ہی نشانہ پر فیر (فائر) (۹) شربت اور چاول سے مرکب ایک مٹھائی (۱۰) درازیِ قد۔ نمو۔ بالیدگی
باڑھ اُترنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ دھار کا خراب ہونا یا بگڑ جانا
باڑھ اڑانا: [ا۔ محاورہ] قطار باندھ کر فائر کرنا۔ کئی بندوقیں یا توپیں ایک ساتھ چھوڑنا ایک ساتھ چھوڑنا۔
باڑھ باندھنا: [ا۔ محاورہ] کانٹوں یا جھاڑی سے احاطہ کرنا۔ روک لگانا حد بندی کرنا۔
باڑھ پر آنا: [ا۔ محاورہ] زد پر آنا (۲) نمو ہونا
باڑھ پڑنا: [ا۔ محاورہ] بوچھاڑ پڑنا۔ گولیوں کی بوچھاڑ ہونا۔
باڑھ پر چڑھانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ دھار تیز کرنا (۲) آمادہ کرنا (۳) اشتعال دینا۔ کسانا۔ غیرت دلانا (۴) طبیعت کو تیز کرنا (۵) دم میں لانا۔ فریب دینا
باڑھ پر چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
باڑھ پر رکھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ زد پر رکھنا۔ نشانہ پر رکھنا۔ ۲۔ اشتعال دینا۔ تیز کرنا
باڑھ پر ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ترقی پہ ہونا (۲) سیلاب ہونا (۳) نمو پہ ہونا
باڑھ تیز کرنا: [ا۔ محاورہ] دھار تیز کرنا۔ **باڑھ تیز ہونا**: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ تیز کرنا" جسکا یہ لازم ہے۔ **باڑھ جاتی رہنا**: [ا۔ محاورہ] دھار کا بگڑنا۔ خراب ہونا
باڑھ جھاڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ اڑانا"
باڑھ چڑھانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ پر چڑھانا"
باڑھ چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے
باڑھ چلانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ اُڑانا"
باڑھ چلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ چلانا" جس کا یہ لازم ہے
باڑھ چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ چلانا"
باڑھ چھٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ چھوڑنا" جس کا یہ لازم ہے
باڑھ داغنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ اُڑانا"
باڑھ دردری ہونا: [ا۔ محاورہ] جب تلوار چاقو یا چھری پتھر اینٹ یا کسی چیز پر رگڑ جائے تو باڑھ بلکہ پھل پر بھی رگڑ سے لکیریں اور نشان پڑ جاتے ہیں یعنی دھار صاف اور چکنی نہیں رہتی۔ ایسی دھار کو دردری کہتے ہیں۔ اور ایسی دھاریں کاٹنے کی قابلیت زیادہ ہوجاتی ہے
باڑھ دلانا: [ا۔ محاورہ] اشتعال دینا۔ بڑھاوا دینا
باڑھ دینا: [ا۔ محاورہ] کسی کام پر آمادہ کرنا۔ اشتعال دینا
باڑھ روکنا: [ا۔ محاورہ] آگے نہ بڑھنے دینا۔ سامنے جانے سے روکنا
باڑھ رکھنا: [ا۔ محاورہ] "دھار تیز کرنا"
باڑھ رکھوانا: [ا۔ محاورہ] دھار تیز کرانا
باڑھ کاٹے نام (رہو) تلوار کا: [ا۔ مثل] کام کوئی کرے اور نام کسی کا ہو۔

باڑھ کا ڈورا: [ا۔ امذ] خطِ شمشیر۔ وہ خفیف سا نشان جو تلوار کی دھار پر پڑ جاتا ہے۔
باڑھ کر جانا: [ا۔ محاورہ] چھری۔ تلوار۔ چاقو یا کسی اور دھار والے آلے میں دندانے پڑ جانا۔
باڑھ گر جانا: [ا۔ محاورہ] دھار کا خراب ہو جانا
باڑھ مارنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باڑھ اڑانا"
باڑھ مُڑنا: [ا۔ محاورہ] دھار کا پھر جانا
باڑھنا: [ھ مص] باڑھ لگانا۔ بڑھنا
باڑھیا / باڑیا: [ھ۔ امذ] دھار رکھنے والا۔ صیقل گر
باڑی: [ھ۔ امث] ۱۔ کھیتی زراعت (۲) جائے سکونت (۳) باغ۔ وہ چھوٹا سا چمن جو مکان کے اندر لگاتے ہیں (۴) کپاس کا کھیت۔ کپاس پھلوں یا ترکاری کا باغیچہ۔
باز: [ف۔ امذ] ایک شکاری پرندہ (اصل میں یہ مادہ ہے۔ نر کو شاہین یا جُرّہ کہتے ہیں۔
باز: [ف لاحقہ] باختن مصدر سے امر۔ جو کسی اسم کے آخر میں بطور لاحقہ آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور کھیلنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے شطرنج باز مرغ باز۔ جُوا باز۔ کبوتر باز۔ پتنگ باز۔ **باز**: [ف متعلق فعل صفت] پھر۔ مکرر۔ دوبارہ (۲) کھلا
باز آمدم بر سرِ مطلب: [ف فقرہ] میں پھر اس مطلب پر آتا ہوں۔ جو جملہ معترضہ کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔
باز آنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اجتناب کرنا۔ پرہیز کرنا (۲) چھوڑ دینا۔ دستبردار ہونا (۳) توبہ کرنا۔ بیزار ہونا۔
باز پُرس: [ف امث] مواخذہ۔ جواب دہی تحقیقات۔ پوچھ گچھ۔ دریافت کرنا۔
بازپس / پسین: [ف۔ امذ صف] پیچھے ہٹنے والا۔ آخری
بازخواست: [ف امث] مطالبہ۔ دی ہوئی چیز کا لینا۔ واپس مانگنا۔ بازپرس
بازخواہ: [ف صف] تحقیقات کرنے والا۔ جواب طلب کرنیوالا۔ بازپرس کرنے والا۔
بازدار: [ف۔ امذ] باز رکھنے والا۔ جس کے ذمہ باز کی پرورش ہو۔
بازداری: [ف امث] باز رکھنے کا کام۔ بازوں کی خورد برد اور حفاظت کرنیکا کام۔
بازدعوی / نامہ: [ف۔ امذ] نالش کا واپس لینا۔ دعوے سے دستبرداری
بازدہی: [ف۔ امث] واپسی۔ واپس دینا
بازدید: [ف۔ امث] کسی کے ملنے آنیکے بعد اُسے ملنے جانا۔ جوابی ملاقات
باز رکھنا: [ا۔ محاورہ] مداخلت کرنا۔ روکنا۔ منع رکھنا۔ موقوف کرنا۔
باز رہنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ دیکھیے "باز رکھنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) کھلا رہنا۔
باز کی آنکھیں سینا: [ا۔ محاورہ] باز کی آنکھیں عموماً سی کر یا ٹوپ چڑھا کر رکھتے ہیں۔ جب شکار پر چھوڑنا ہو تو آنکھیں کھول دیتے ہیں۔
بازگشت: [ف۔ امث] واپسی۔ مراجعت۔ لوٹنا۔ پلٹنا۔ واپس آنا۔
بازگیر: [ف صفت] باز رکھنے والا۔ باز سے شکار کھیلنے والا (۲) مورخ۔ وقائع نگار
بازگیری: [ف۔ امث] ضبطی۔ واپس لینا۔
بازیاب: [ف۔ اف عل] پھر پانے والا۔ دوبارہ حاصل کرنے والا۔
بازیابی: [ف۔ امث] واپسی۔ دوبارہ پانا۔ پھر پانا۔
بازیافت: [ف امث] گئی ہوئی چیز کا واپس ملنا۔
بازیافتگی: [ف امث] بازیافت۔ مال مسروقہ۔ کا مل جانا۔
بازار: [ف۔ امذ] وہ راستہ عام جس پر دکانیں ہوں۔ منڈی۔ مارکیٹ۔ خرید و فروخت کی جگہ (۲) نرخ۔ بھاؤ (۳) خرید و فروخت۔ بکری۔ مجمع عام۔
بازار اُتر جانا: [ا۔ محاورہ] نرخ کم ہو جانا

بازار اُٹھ جانا: [ا۔ محاورہ] بازار بند ہو جانا۔
بازار اُس کا جو لے کے دے: [ا۔ مثل] معاملہ کا صاف رکھنا اعتبار کا باعث ہوتا ہے
بازار بٹّا: [ا۔ اِمذ] کٹوتی۔ منہائی۔ کمشن۔ محصُول۔ دستوری
بازار بڑھ جانا / بڑھنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بازار بند ہو جانا۔ (۲) چیزوں کے نرخ تیز ہو جانا۔ قیمت بڑھ جانا
بازار بنانا: [ا۔ محاورہ] مسلسل دُکانیں بنانا۔
بازار بند ہونا: [ا۔ محاورہ] دکانیں نہ کھلنا۔ ہڑتال ہونا
بازار بیٹھک: [ف۔ ا۔ امث] بازار میں بیٹھنے کا محصول۔ تہ بازاری
بازار تیز ہونا: [ا۔ محاورہ] نرخ بڑھ جانا۔ قیمتوں کا چڑھ جانا۔
بازار ٹھنڈا کرنا: [ا۔ محاورہ] بے قدری کرنا۔ مانگ نہ ہونا۔
بازار ٹھنڈا ہونا / پڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بازار ٹھنڈا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بازار چڑھنا: [ا۔ محاورہ] نرخ گراں ہونا
بازار چمکنا: [ا۔ محاورہ] بازار گرم ہونا
بازار خرچ: [ا۔ اِمذ] جیب خرچ۔ روزمرہ کا ذاتی خرچ
بازار دکھانا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کو بیچنے کے لیے بازار لے جانا۔ بیچ ڈالنا
بازار دیکھنا: [ا۔ محاورہ] بازار میں سودا مول لینے جانا (۲) بازار تلاش کرنا
بازار سرد کرنا: [ا۔ محاورہ] بے رونق کرنا
بازار سرد ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بازار سرد کرنا" جس کا یہ لازم ہے
بازار کا بھاؤ: [ا۔ اِمذ] بازاری قیمت۔ کھلا نرخ۔ ٹھیک قیمت
بازار کا چلن: [ا۔ اِمذ] بازار کا رواج یا دستور
بازار کا ستّو باپ بھی کھائے بیٹا بھی کھائے: [ا۔ محاورہ] رنڈیوں (طوائفوں) کے متعلق کہا جاتا ہے کہ عیاش لوگوں کو اُن سے بدفعلی کے لیے پیسے کی ضرورت ہے انہیں بُرے بھلے یا باپ بیٹے کی کوئی تمیز نہیں ہوتی۔
بازار کا مندا ہونا: [ا۔ محاورہ] مندا ہونا۔ بازار سرد ہونا
بازار کا سودا: [ا۔ اِمذ] وہ مال جو بازار میں فروخت ہوتا ہے۔
بازار کا کُتّا: [ا۔ اِمذ] وہ شخص جو مارا مارا پھرے
بازار کا مول / نرخ: [ا۔ اِمذ] دیکھئے "بازار کا بھاؤ"
بازار کرنا: [ا۔ محاورہ] عام کر دینا
بازار کھل جانا / کھلنا: [ا۔ محاورہ] دکانیں کھلنا
بازار کی آواز: [ا۔ امث] وہ آواز جو سودا بیچنے والے لگاتے ہیں۔
بازار کی چھینک رانڈ کا رونا: [ا۔ امث] دونوں بے اثر۔ یعنی نہ کوئی بازاری چھینک پر توجہ دیتا ہے نہ بیوہ کے رونے پر۔
بازار کی گالی: [ا۔ امث] عام بات۔ فضول بات
بازار کی گالی کس کی جس نے سُنی اسکی / جو پھر کے دیکھے اُسکی: [ا۔ مثل] جو کسی عام الزام یا طعن کا جواب دیگا تو ظاہر ہوگا کہ وہ الزام یا طعن اُسی کے متعلق ہے۔
بازار کی مٹھائی: [ا۔ امث] ا۔ آسانی سے مل جانے والی چیز (۲) ہر ایک کے استعمال کی چیز (۳) بازاری عورت فاحشہ۔ رنڈی وغیرہ سے مطلب ہوتا ہے
بازار کی مٹھائی جس نے پائی / چاہی کھائی: [ا۔ مثل] طوائفوں پر طنز ہے جو بڑا لیکھا دے پیسے اُن کے پاس جا سکتا ہے۔

بازار کے بھاؤ پٹنا: [ا۔ محاورہ] خوب پٹنا کہ سب کو خبر ہو جائے۔
بازار گرم ہونا: [ا۔ محاورہ] بازار میں بکثرت خرید و فروخت ہونا۔ بازار میں بہت رونق ہونا کسی چیز کا زور ہونا۔ کسی چیز کی مانگ ہونا۔ قدر ہونا۔
بازار گرنا: [ا۔ محاورہ] بھاؤ کم ہو جانا۔ نرخ گر جانا
بازار لگانا: [ا۔ محاورہ] دُکانیں کھولنا (۲) چیزوں کا فروخت کے لیے سجانا (۳) چیزیں ترتیب سے رکھنا۔ ترتیب سے لگانا۔
بازار لگنا: [ا۔ محاورہ] دکانیں کھلنا۔ بھیڑ رہنا۔
بازار لگا نہیں گٹھ کٹے آن پہنچے: [ا۔ مثل] قبل از وقت اپنا اپنا موقع ڈھونڈنے لگے۔
بازار لگا نہیں گئے والے ہوت: [ا۔ محاورہ] قبل از وقت اپنا اپنا موقع ڈھونڈنے لگے۔
بازار مندا ہونا: [ا۔ محاورہ] خرید و فروخت کم ہو جانا۔ بازار سرد ہونا۔
بازار میں آگ لگنا: [ا۔ محاورہ] جنس گراں ہو جانا۔ چیز کے بھاؤ / نرخ بڑھ جانا
بازار میں آنا: [ا۔ محاورہ] فروخت کے واسطے آنا
بازار میں بیچ لینا: [ا۔ محاورہ] دھوکا دینا۔ چھلنا۔ جُل دینا۔ بیحد مکار اور شریر ہونا
بازار میں سر مُنڈا گھر نہ کہنا: [ا۔ مثل] مشہور ہوئی ہوئی بات کو چھپانا۔
بازار ناپتے پھرنا / ناپنا: [ا۔ محاورہ] آوارہ گردی کرنا۔
بازارُو: [ا۔ صفت مذ] وہ چیز جو جلد بک جائے۔ بازار کی بکری کی چیز (۲) نمائشی چیز۔ (۳) معمولی وضع کی چیز۔
بازاری: [ا۔ صفت] ا۔ بازار سے نسبت رکھنے والی چیز (۲) بازار کی چیز ۲۔ عام معمولی۔ غیر معتبر (۳) رائج الوقت (۴) بازار کے بیٹھنے والے۔ شہدے۔ اوباش (۵) رنڈی۔ بیسوا۔ فاحشہ
بازاری آدمی: [ا۔ اِمذ] عام شخص۔ بد اخلاق آدمی۔ اوباش
بازاری آدمی کا کیا اعتبار: [ا۔ مقولہ] بازاری آدمی قابلِ اعتبار نہیں ہوتا۔
بازاری بات / خبر: [ا۔ امث] گپ۔ بیہودہ بات۔ لغو کلام۔ افواہ۔
بازاری عورت: [ا۔ امث] کسبی۔ بیسوا۔ فاحشہ عورت۔ زانیہ
بازاری قیمت: [ا۔ امث] عام نرخ۔ معمولی شرح
بازاری گپ: [ا۔ امث] عام افواہ۔ ناقابلِ اعتبار بات
بازرگان: [ف۔ اِمذ] بازارگان کا مخفف۔ سوداگر۔ دُکاندار
بازرگانی: [ف۔ امث] ا۔ مالِ تجارت (۲) تجارت۔ لین دین۔ خرید و فروخت
بازندگی: [ف۔ امث] مکاری۔ حیلہ گری
بازندہ: [ف۔ صفت] ا۔ کھیلنے والا۔ کھلاڑی (۲) ایک قسم کا لوٹن کبوتر
بازو: [ف۔ اِمذ] ا۔ ڈنڈ۔ ہاتھ میں کہنی سے شانے تک کا حصّہ (۲) پرندوں کے جسم کا وہ حصّہ جس میں پر ہوتے ہیں (۳) قوت۔ سہارا (۴) ثانی مقابل جواب۔ دوسرا۔ برابر (۵) میمنہ۔ میسرہ۔ دائیں بائیں کی فوج۔ (۶) دروازوں کی دونوں طرف کی لکڑیاں (۷) دوست مددگار۔ ساتھی (۸) بھائی (۹) وہ شخص جو مرثیہ خواں کے ساتھ آواز ملاتا ہے (۱۰) بازوبند۔ (۱۱) انگیا کے وہ حصّے جو دونوں پہلوؤں کو چھپاتے ہیں (۱۲) چارپائی کی دونوں پٹیاں۔
بازوبند: [ف۔ اِمذ] ایک قسم کا زیور جو بازو میں پہنا جاتا ہے۔
بازو پھڑکنا: [ا۔ محاورہ] بازو کے گوشت کا خود بخود حرکت کرنا۔ جو کسی

دوست کے ملنے کا شگون سمجھا جاتا ہے۔
بازو تول لینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ پرندے کا اڑنے پر مستعد ہونا (۲) آمادہ ہونا۔ تیاری کرنا
بازو ٹوٹنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ قوت جاتی رہنا۔ مددگار یا بھائی مر جانا۔
بازو ٹوٹے باز کو باز ہی لقمہ دے: [ا۔ مثل] ہم جنس کو تکلیف پہنچے تو ہم جنس ہی مدد کرتا ہے۔
بازو ٹوٹے باز کو سایش ہی طعمہ دے: [ا۔ مثل] کوئی چیز جس کی پالی ہو وہی اس کی پرورش، خبر گیری کرتا ہے۔
بازو دعویٰ: [ا۔ اند] اغوا شدہ عورت یا والدین کے گھر رکی ہوئی عورت کے وارث (خاوند) کی طرف سے اس کی واپسی کے لیے دعویٰ کرنا۔
بازو دینا: [ا۔ محاورہ] مدد کرنا
بازو رہ جانا: [ا۔ محاورہ] بازو تھک جانا۔ بازو بیکار ہونا
بازو کی مچھلی: [ا۔ امث] بازو کے اندر کا ابھرا ہوا گوشت
بازو واپس دلانا: [ا۔ محاورہ] اغوا شدہ عورت کو دوبارہ اس کے وارثان جائز کو واپس کرنا۔
بازو واپس دینا: [ا۔ محاورہ] اغوا شدہ عورت کو اسکے جائز وارث یا خاوند کو واپس دینا۔
بازو واپس لینا: [ا۔ محاورہ] اغوا شدہ عورت کو اسکے وارثان کا واپس لینا۔
بازی: [ف۔ امث] ۱۔ کھیل۔ کرتب۔ تماشا (۲) شرط۔ زر شرط (۳) کبوتر کی پلٹیاں (۴) داؤ (۵) دھوکا۔ فریب (۶) غلبہ۔ جیت (۷) گنجفہ یا تاش کے پتے۔ (۸) گنجفہ۔ شطرنج وغیرہ کا کھیل۔
بازی آنا: [ا۔ محاورہ] کھیل سے واقف ہونا۔ تاش کے پتوں کا بانٹ میں آنا۔
بازی اٹھنا: [ا۔ محاورہ] کھیل ختم ہونا۔
بازی اڑنا: [ا۔ محاورہ] کھیل میں طوالت ہونا
بازی بازی با ریش بابا ہم بازی: [ف۔ مثل] باپ کی داڑھی سے بھی کھیلتا ہے۔ جب کسی بڑے سے کوئی الجھے تب کہتے ہیں۔
بازی بدنا: [ا۔ محاورہ] شرط لگا کر کوئی کھیل کھیلنا
بازی پانا / جیتنا: [ا۔ محاورہ] شرط جیتنا۔ کھیل میں کامیاب / غالب ہونا
بازی چڑھنا: [ا۔ محاورہ] بازی کا غالب ہونا
بازیچہ: [ف۔ اند] کھیل تماشا۔ کھلونا
بازیچۂ اطفال: [ف۔ اند] بچوں کا کھیل۔ غیر اہم بات
بازی دے جانا: [ا۔ محاورہ] جُل دینا۔ فریب دینا
بازی دینا: [ا۔ محاورہ] ہرا دینا۔ مات دینا۔ جیتنا۔ شکست دینا
بازی کا پھول: [ف۔ اند] ۱۔ متلون مزاج (۲) گل بازی
بازی کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی چیز سے کھیلنا۔ ہرانا۔ مات کرنا (۲) کبوتر کا اور بازی گردن کی پلٹیاں کھانا
بازی کھانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ مات کھانا۔ شکست کھانا۔ (۲) کبوتر کا گرہ کرنا۔ پلٹیاں کھانا (۳) فریب کھانا (۴) نٹوں کا کلا کرنا۔
بازی کھیلنا: [ا۔ محاورہ] تاش شطرنج وغیرہ کھیلنا (۲) کبوتر کا گرہ کرنا۔
بازی گاہ: [ف۔ امث] کھیل کی جگہ۔ تماشا گاہ
بازی گر: [ف۔ افاعل] شعبدہ کرنے والا۔ نٹ۔ تماشا کرنے والا
بازی گرنی: [ف۔ امث] دیکھئے "بازی گر" جس کی یہ تانیث ہے
بازی گری: [ف۔ امث] شعبدہ بازی۔ چالاکی۔ فریب

بازی لگانا: [ا۔ محاورہ] شرط بدنا
بازی لگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بازی لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بازی لے جانا: [ا۔ محاورہ] جیتنا۔ غالب رہنا۔ سبقت لے جانا۔
بازی لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بازی لے جانا"
بازی نادر ہونا: [ا۔ محاورہ] گنجفے تاش وغیرہ پتوں کے کھیل میں کسی ایک رنگ کے پتوں کا نہ ہونا یا بڑے پتے نہ ہونا۔ تصویر والے پتے نہ ہونا۔
بازی ہاتھ آنا: [ا۔ محاورہ] بازی جیتنا کامیاب ہونا
بازی ہاتھ رہنا: [ا۔ محاورہ] بازی جیتنا۔ کامیاب رہنا
بازی ہارنا: [ا۔ محاورہ] مات کھانا۔ شکست کھانا
بازی ہرنا: [ا۔ محاورہ] کھیل بگڑ جانا۔ کھیل ہرنا۔ مات ہونا۔ مغلوب ہونا۔
بازی ہروانا: [ا۔ محاورہ] کسی کو مات دلوانا یا ہروانا۔ مغلوب کروانا۔
باس: [انگ۔ اند] (BOSS) مالک آقا۔ افسر
باس: [ھ۔ امث] ۱۔ جائے سکونت۔ رہنے کی جگہ (۲) بو (۳) سڑاند (۴) علامت۔ نشانی
باسا: [ھ۔ اند] ۱۔ رہنے کی جگہ۔ مکان۔ ڈیرا۔ مسکن (۲) گھونسلا۔ آشیانہ
باسا کرنا: [ا۔ محاورہ] بسیرا کرنا۔ رات کی رات ٹھہرنا
باسٹھ: [ھ۔ اعدد] ساٹھ اور دو کا مجموعہ۔ ۶۲
باسط: [ع۔ افاعل صف] ۱۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۲) پھیلانے والا۔
باسک: [ھ۔ اند] ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق وہ ناگ جس نے اپنے پھن پر زمین کو اٹھا رکھا ہے۔
باسلیق: [ع۔ امث] انسانی جسم میں بازو کی اس بڑی رگ کا نام جو دل اور جگر سے ہو کر آتی ہے۔ اگر یہ کٹ جائے تو موت واقع ہو جاتی ہے۔
باسمتی: [ھ۔ اند] ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول
باسن: [ھ۔ اند] برتن۔ بھانڈا۔ ظرف
باسنا: [ھ۔ اند] خوشبو۔ مہک
باسور: [ع۔ امث] ایک مرض جس میں ناک یا مقعد میں زائد گوشت (مسّہ) پیدا ہو جاتا ہے (اس کی جمع کو بواسیر کہتے ہیں۔)
باسی: [ھ۔ صف] ۱۔ رہنے والا۔ بسنے والا (۲) تازہ کا ضد (۳) مرجھایا ہوا (۴) رات کا بچا ہوا کھانا۔ جس پر رات گزر جائے (۵) ناشتا۔
باسی بچے نہ کتا کھائے: [ا۔ مثل] جو آمدنی وہ خرچ (۲) جو کچھ پاس ہو وہ خرچ کر ڈالنا۔ غریب اور مفلس ہونا۔
باسی بھات میں اللہ میاں کا نہوڑا: [ا۔ مثل] ناقص چیز میں احسان جتانا۔
باسی پھولوں میں باس نہیں پردیسی بالم تیری آس نہیں: [ا۔ مثل] جس طرح باسی پھولوں میں خوشبو نہیں رہتی اسی طرح پردیسی محبوب سے نباہ کی امید نہیں ہوتی۔
باسی تباسی: [ھ۔ صف] دو تین روز کا بچا ہوا کھانا
باسی دانتوں: [ا۔ متعلق فعل] نہار منہ۔ منہ ہاتھ دھونے سے پہلے
باسی عید: [ا۔ امث] عید سے دوسرا دن
باسی کڑھی میں ابال آنا: [ا۔ محاورہ] بے وقت جوش آنا۔ وقت گزرنے کے بعد کسی کام کے کرنے کا ولولہ پیدا ہونا۔
باسی کوسی: [ا۔ صف] باسی

بَاسی کھانا: [ار۔ اِمذ] رات کا بچا ہُوا کھانا۔
بَاسی مُنہ: [ار۔ اِمذ] نہار منہ۔ ہاتھ منہ دھوئے بغیر
بَاسی ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز پر رات گزر جانا۔ تازہ نہ رہنا
بَاشَد: [ف۔ فعل مضارع] ہوا کرے۔ کچھ بھی ہو۔ پروا نہیں
بَاشِنْدَہ: [ف۔ اِفاعل] ا۔ ساکن۔ رہنے والا۔ بسنے والا (۲) (قانون) وُہ شخص جو کسی شہر یا ملک کی حدود میں عام طور پر رہتا ہو، کاروبار رکھتا ہو، جائیداد کا مالک ہو یا وہاں کے شہری حقوق رکھتا ہو۔
بَاشِنْدگان: [ف۔ صف۔ ج] دیکھئے "باشندہ" جس کی یہ جمع ہے۔
بَاشَہ: [ف۔ اِمذ] ایک شکاری پرندہ
بَاصِر: [ع۔ اِفاعل] بینا۔ دیکھنے والا
بَاصِرَہ: [ع۔ امث] بینائی۔ دیکھنے کی قوت
بَاطِل: [ع۔ صف] جھوٹ۔ غلط۔ بے کار۔ لغو۔ بیہودہ۔ ناحق
بَاطِل کرنا: [ار۔ مص مرکب] رد کرنا۔ جھٹلانا۔ منسوخ کرنا۔ غلط ٹھہرانا
بَاطِن: [ع۔ ا۔ مذ] ا۔ ظاہر کی ضد۔ پوشیدہ چیز۔ اندرون (۲) دِل۔ خیال طبیعت (۳) خدا کا نام۔
بَاطِنی: [ع۔ صف] ظاہری کی ضد۔ پوشیدہ۔ پنہاں۔ اندرونی (۲) فرقہ باطنیہ کا پیرو۔
بَاطِنیَہ: [ع۔ اِمذ] اہل التشیع کا ایک فرقہ، جس کے عقیدہ میں ہر شرعی امر کا ظاہر کچھ ہوتا ہے اور باطن کچھ اور باطن سے صرف امام وقت ہی واقف ہوتا ہے یہ فرقہ اِس لیے بھی باطنیہ کہلایا کہ یہ لوگ اپنا مذہب پوشیدہ رکھتے تھے۔ یہ ایک سیاسی نوعیت کا فرقہ تھا جس کو حسن بن صباح نے فروغ دیا۔ یہ لوگ اپنے مخالفین کو فریب سے قتل کر دیتے تھے۔ ان کو حشیشین بھی کہتے ہیں۔
بَاعِث: [ع۔ اِمذ] ا۔ وجہ۔ سبب۔ علت (۲) موجد۔ مخترع (۳) اصل حقیقت۔ بنیاد (۴) اللہ تعالیٰ کا ایک نام
بَاعِث ہونا: [ار۔ محاورہ] سبب ہونا۔ مصر ہونا (باغ و بہار)
بَاعِث کھلنا: [ار۔ محاورہ] سبب ظاہر ہونا۔ وجہ معلوم ہونا۔
بَاغ: [ف۔ اِمذ] ا۔ پھلواری۔ گلزار۔ چمن۔ وہ جگہ جہاں بہت سے درخت لگائے گئے ہوں۔ روضہ۔ بوستان۔ گلستان (۲) اولاد۔ باغ۔ بچے (۳) دنیا
بَاغِ اِبْرَاہیمؑ: [ف۔ تلمیح اِمذ] وُہ آگ جو نمرود بادشاہ نے حضرت ابراہیمؑ کو زندہ جلانے کے لیے روشن کی تھی، مگر جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ڈالا گیا تو بحکمِ خدا باغ بن گئی۔ گلزارِ ابراہیم۔ گلزارِ خلیل۔
بَاغِ اِرَم: [فع۔ اِمذ۔ تلمیح] دیکھئے "باغ شداد"
بَاغ بَاڑی: [ار۔ امث] ا۔ پھلواڑی (۲) بال بچے۔ اولاد (۳) آرائش۔ کاغذی باغ کی ٹٹیاں وغیرہ جو برات کے ساتھ لے جاتے ہیں اور عروس کے مکان کے قریب پہنچ کر لٹا دی جاتی ہیں۔
بَاغ بَاغ ہونا: [ار۔ محاورہ] خوش ہونا۔ شاداں و فرحاں ہونا۔
بَاغ بَان / بَاغبَاں: [ف۔ اِفاعل] باغ کی حفاظت رکھنے والا۔ باغ کا محافظ۔ باغ لگانے والا۔ مالی
بَاغبَانی: [ف۔ امث] باغبان کا منصب یا کام۔ باغ کی محافظت۔ پودوں اور درختوں کی پرورش اور نگہبانی کا ہُنر

بَاغ پَیرا: [ف۔ اِ۔ فاعل] باغ کو کاٹ چھانٹ کر آراستہ کرنے والا۔ مالی
بَاغِ خَلِیل: [ف۔ اِمذ (تلمیح)] دیکھئے "باغ ابراہیمؑ"
بَاغِ رِضْوَان: [فع۔ اِمذ] جنت۔ بہشت
بَاغِ شَدَّاد: [فع۔ اِمذ (تلمیح)] وہ جنت جو شداد نے بنائی تھی اور جس میں قدم رکھتے ہی وہ مرگیا تھا۔ نیز دیکھئے "ارم"
بَاغِ قَالی / قَالِین: [ف۔ صف] ا۔ وُہ پھول اور بوٹے جو قالین پر بنے ہوتے ہیں (۲) نمائشی۔ مصنوعی۔ خیالی۔ وہمی۔
بَاغِ قُدْس: [فع۔ اِمذ] جنت۔ بہشت
بَاغ لگانا: [ار محاورہ] ا۔ پھولوں اور پھلوں کے درخت لگانا۔ باغ تیار کرنا (۲) رنگین و دلکش مضامین جمع کرنا (۳) رونق دینا۔
بَاغ لگا نہیں منگتوں نے ڈیرے ڈال دیئے: [ار مثل] کام بنا نہیں اور سوالیوں نے تنگ کرنا شروع کر دیا۔
بَاغ والا: [ف۔ ار۔ اِمذ] باغ کا مالک۔ مالی
بَاغ وان: [ف۔ اِمذ] دیکھئے "باغبان" جو صحیح ہے۔
بَاغ و بہار: [ف۔ اِمذ صف] ا۔ آراستہ۔ بارونق (۲) اُردو نثر کی ایک مشہور اور اہم کتاب کا نام، جس میں قصہ چہار درویش بیان ہُوا ہے اور میر امّن دہلوی کی تالیف ہے (۳) ظریف الطبع۔ خوش مزاج۔ ہنس مکھ (۴) جس میں خوش مزاجی اور مزاح کا عنصر ہو۔
بَاغِ وَحْش: [فع۔ اِمذ] چڑیا گھر۔ وہ مقام جہاں طرح طرح کے جانور رکھے جائیں
بَاغَات: [ف۔ اِمذ] باغ کی جمع بقاعدہ عربی (جو غلط ہے)
بَاغَاتی: [ف صف] باغ سے منسوب۔ باغ سے متعلق
بَاغْچَہ: [ف۔ التصغیر۔ مذ] باغ کی تصغیر۔ چھوٹا باغ
بَاغِیچَہ: [ف التصغیر۔ غلط العوام] دیکھئے "باغچہ" جو صحیح ہے۔
بَاغی: [ع۔ صف۔ مذ] بغاوت کرنے والا۔ سرکش۔ نافرمان۔ منحرف۔ فسادی
بَاغی کرنا: [ار مص مرکب] منحرف کرنا۔ پھرا دینا۔ برگشتہ کرنا۔
بَاغی ہونا: [ار۔ مص۔ مرکب] بگڑ بیٹھنا۔ ناخوش ہونا
بَاف: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر "بافتن" سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے آخر میں بطور لاحقہ آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بننے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً پارچہ باف۔ زرباف
بَافْت: [ف۔ امث] ا۔ بُنائی۔ بناوٹ (۲) بہت باریک بُنی ہوئی چیز (۳) نسیج جسم کی بہت باریک رگیں۔ انگریزی اصطلاح TISSUE کا ترجمہ
بَافْتَہ: [ف۔ امفعول۔ مذ] ا۔ بُنا ہُوا (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) کبوتر کی ایک رنگت (۴) مرکبات میں بطور لاحقہ مفعولی آتا ہے۔ مثلاً زربافتہ
بَافِنْدگی: [ف۔ امث] بافندہ سے اسم کیفیت۔ بُنائی کا کام۔ جولاہے کا پیشہ
بَافِنْدگان: [ف۔ صف۔ ج] دیکھئے "بافندہ" جس کی یہ جمع ہے۔
بَافِنْدَہ: [ف صف] بُننے والا۔ کپڑا بُننے والا۔ جولاہا
بَاقِرخانی: [ار۔ ت۔ امث] ایک قسم کی خستہ روغنی روٹی، جو میدہ، شکر اور دودھ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے اپنے موجد باقر خاں سے منسوب ہے
بَاقِلا: [ع۔ اِمذ] ایک قسم کی پھلیاں جو پکا کر کھاتے ہیں۔
بَاقی: [ع۔ صف مث] ا۔ بچا ہوا۔ رہا ہُوا (۲) واجب الادا۔ واجب الوصول

(۳) ہمیشہ رہنے والا۔ غیرفانی۔ زندہ۔ موجود (۴) اللہ کا ایک نام
باقی آنا: [ا۔ محاورہ] حساب میں جمع سے خرچ مجرا کرنے کے بعد رقم باقی نکلنا۔
باقی بیباق کرنا: [ا۔ محاورہ] حساب بیباق کرنا۔ حساب چکانا۔ کل رقم ادا کرنا
باقی پڑنا: [ا۔ محاورہ] مالگزاری کا بے باق نہ ہونا۔ بقایا ذمّہ رہنا
باقی جمع: [ا۔ امث] لگان کی رقم جو گزشتہ سالوں سے ادا کرنی باقی ہو۔
باقی چکانا: [ا۔ محاورہ] حساب بے باق کرنا
باقی دار: [ف۔ صف] جسپر یا جس کے ذمّہ کوئی رقم باقی ہو۔ جسپر مطالبہ باقی ہو۔
باقی دارد: [ف۔ فقرہ] باقی پھر سہی۔ باقی آئندہ۔ ابھی باقی ہے
باقی ساقی: [ع۔ امث] رہا سہا۔ بچا کھچا۔ فاضل
باقی ماندہ: [ف۔ ع صفت مفعولی] باقی بچا ہوا۔ باقی رہا ہُوا
باقی نام اللہ کا: [ا۔ مقولہ] اللہ تعالیٰ کے سوا سب کو فنا ہے۔ ہمیشہ رہنے والی ذات صرف خدا کی ہے اب کچھ باقی نہیں ہے۔
باقی نکالنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے ذمّہ حساب میں باقی نکالنا
باقی نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "باقی نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
باقیات: [ع۔ امث] دیکھئے "باقی" جس کی یہ جمع ہے۔
باقیاتُ الصّالحات } [ع۔ امث] وہ نیک کام / اچھی چیزیں
یا باقیات صالحات } نیک اولاد جو مرنے کے بعد یادگار چھوڑی جائیں۔
باک: [ف۔ اذ] ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ ہراس۔ وحشت۔ فکر۔ خطر
باک: [ھ۔ اذ] لفظ گفتگو۔ زبان
باکرہ: [ع۔ امث] دوشیزہ۔ کنواری کنیا۔ دُرِ ناسفتہ
باکس: [انگ اذ] (BOX) ۱۔ بکس صندوق (۲) تھیٹر یا سینما میں الگ نشست گاہ جو بند کمرہ کی شکل کی ہوتی ہے (۳) سنتری یا سگنل والے کی کوٹھڑی
باکسر: [انگ۔ اذ] (BOXER) مکّہ باز
باکسنگ [انگ۔ امث] (BOXING) مُکّے بازی
باکلی: [ھ۔ امث] اُبلا ہُوا اناج۔ گھنگنی
باکھ [ھ۔ اذ] مویشیوں کے تھنوں کے اوپر کا حصّہ۔ این۔ شیردان۔ کھیری۔ لیوٹی / لیوٹا
باکھر / باکھل: [ھ۔ اذ] ۱۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ مویشیوں کا باڑا۔ احاطہ چند گھروں کا محلہ۔ چند مکانات کی بستی۔
باکھڑی / باکھلی: [ھ۔ امث] پانچ مہینے دوُدھ دیکر رُک جانیوالی گائے بھینس **باکھا**
باگ: [ھ۔ امث] ۱۔ عنان۔ لگام۔ راس۔ وُہ تسمہ جس کا ایک سرا سوار کے ہاتھ میں اور دُوسرا ایک سرا گھوڑے کے دہانے میں رہتا ہے۔ تلوار کا سرا
باگ اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] گھوڑا دوڑانا۔ چل پڑنا۔ روانہ ہونا۔
باگ اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "باگ اٹھانا" جسکا یہ لازم ہے۔ ۲۔ گھوڑے کا چلنا روانہ ہونا۔
باگ پکڑائی: [ھ۔ امث] ہندوؤں کی ایک رسم کہ دُولہا کے گھوڑے کی باگ داماد پکڑتے ہیں اور نیگ لیتے ہیں (۲) وہ رقم جو باگ پکڑنے کے صلہ میں بطور نیگ داماد کو دی جائے۔
باگ پکڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ باگ پکڑائی کی رسم ادا کرنا (۲) سوار کا باگ کو ہاتھ میں لینا۔ (۳) گھوڑے کو روکنے کے لیے کسی دوسرے آدمی کا اس کی باگ تھامنا۔
باگ پھرنا: [ا۔ محاورہ] باگ مُڑنا۔ دوسری طرف متوجہ ہونا اشارہ ہونا۔
باگ چھوڑ دینا / چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے کو اس کی مرضی پر چلنے دینا۔ آزاد کر دینا۔ نگرانی ترک کر دینا۔

باگ دینا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے کے منہ میں لگام دینا
باگ ڈال دینا: [ا۔ محاورہ] باگ چھوڑ دینا۔ نگرانی ترک کر دینا۔
باگ ڈور: [ھ۔ امث] وُہ رستی جو گھوڑے کی گردن میں رلگام یا دہانے میں باندھ کر سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے (۲) کسی کام کے کرنے کا اختیار۔ زمام کار۔
باگ ڈھیلی کرنا / چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے کی باگ ڈھیل کرنا تاکہ وہ اپنی مرضی کے مطابق چلے یا خوب دوڑے (۲) انتظام میں ڈھیل ڈالنا (۳) چشم پوشی کرنا۔ (۴) کسی کو اس کے فعل کا مختار بنا کر چھوڑ دینا۔
باگ روکنا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے کو روکنے کے لیے لگام کھینچنا۔ ۲۔ تنبیہ کرنا۔
باگ سنبھالنا: [ا۔ محاورہ] سوار کا چلنے پر مستعد ہونا
باگ کھینچنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "باگ روکنا"
باگ کی برداشت نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے کو باگ ناگوار ہونا۔ بہت شوخ اور تیز رفتار گھوڑے کی نسبت کہتے ہیں۔
باگ لینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ باگ اُٹھانا (۲) گھوڑے کی باگ پکڑنا۔
باگ مُڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ باگ پھرنا۔ گھوڑے کا رُخ دوسری طرف ہو جانا۔ ۲۔ چیچک کے دانوں کا مُرجھانا۔
باگ موڑنا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے کا رُخ دوسری جانب کرنا۔ گھوڑے کو موڑنا۔ توجہ دوسری جانب کرنا۔
باگ ہاتھ سے چھوٹنا: [ا۔ محاورہ] بے قابو ہو جانا۔ بے اختیار ہو جانا۔ موقع ہاتھ سے جاتے رہنا۔ گھبرا جانا۔
باگ ہاتھ سے چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ لگام کو ڈھیلی چھوڑنا۔ گھوڑا دوڑانا انتظام سے بے پروائی کرنا۔ نگرانی ترک کرنا۔
باگ ہاتھ میں چھوڑ دینا: [ا۔ محاورہ] اختیار دے دینا
باگا: [ھ۔ اذ] دُولہا کا جوڑا۔ پوشاک۔ لباس۔ اُردُو میں تنہا مستعمل نہیں ہے۔ بلکہ جوڑے کے بعد آتا ہے جیسے جوڑے باگے
باگڑ: [ھ۔ اذ] ہرنوں کا ریوڑ (۲) بیٹھنے کی جگہ۔ چراگاہ۔
باگڑ بلّا: [ھ۔ اذ] ایک قسم کا بڑا بلّا (۲) جنگلی جانوروں سے زراعت کو بچانے کے لیے کپڑے وغیرہ کا بنا ہوا جو فرضی نشان کھڑا کیا جاتا ہے۔ عورتیں بچوں کو اِس نام سے ڈراتی ہیں۔
باگمبری: [ھ۔ امث] شیر کی خشک کھال جس پر بعض فقراء سوتے ہیں۔
باگھ: [ھ۔ اذ] شیر۔ چیتا
باگھ بکری: [ا۔ امث] ایک قسم کا لڑکوں کا کھیل
باگھ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں: [ا۔ مثل] بہت زیادہ امن و امان ہے۔ بڑوں چھوٹوں کے ساتھ یکساں سلوک ہوتا ہے۔ بہت انصاف ہے
باگھ کا بچّہ: [ا۔ اذ] شیر یا چیتے کا بچہ۔
باگھن باگھنی: [ھ۔ امث] دیکھئے "باگھ" جس کی یہ تانیث ہے۔
باگھی: [ھ۔ امث] وہ گرہ جو کسی زخم یا سوزاک کی وجہ سے پٹھوں میں پڑ جاتی ہے۔
باگیسری: [ھ۔ امث] ایک راگنی۔ کافی ٹھاٹ کی کھاڑو سمپورن راگنی۔ جس میں غم کا تاثر پایا جاتا ہے اور یہ رات کو گائی جاتی ہے۔
بال: [انگ اذ] ۱۔ گیند (۲) ناچ (BALL)
بال: [ھ۔ اذ مث] ۱۔ بچہ لڑکی یا لڑکا جو سن بلوغت کو نہ پہنچا ہو۔

(۲) (اناج) یا غلہ کا خوشہ (بالی)
بال: (ف۔امذ) پرندے کے بازو کا جوڑ جس کی قوت سے وہ پرواز کرتا ہے (۲) پَر
بال: (ع۔امذ) حال شان۔ وضع۔ طور۔ کیفیت۔ حالت
بال: (ا۔امذ) رُواں رونگٹا۔ کس۔ پشم۔ مُو
بال آنا: (ا۔محاورہ) ۱۔ تال پڑنا ترخ پڑنا ٹوٹنے کے آثار ظاہر ہونا۔ ۲۔ خوشہ نکلنا (۳) بال پیدا ہونا، بال نکلنا (۴) داڑھی پڑنا۔
بال اُترنا: (ا۔محاورہ) از خود بالوں کا جھڑ جانا۔ مُو تراشی ہونا۔ مونڈن ہونا۔
بال اُکھاڑنا: (ا۔محاورہ) جسم کے بال نوچنا
بال اُکھڑنا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال اکھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بال اُگنا: (ا۔محاورہ) بال پیدا ہونا۔
بال بال: (ا۔متعلق فعل) ہر ایک بال مُو بمُو۔ بالکل۔ سر سے پاؤں تک (۲) بہت تھوڑے فرق سے۔ ذرا سا تفاوت سے۔
بال بال بچانا: (ا۔محاورہ) صدمہ سے بالکل محفوظ رکھنا۔ بہت قریب سے بچا دینا
بال بال بچنا: (ا۔محاورہ) محفوظ رہنا۔ خطرہ کے انتہائی قریب آکر محفوظ رہنا ذرا آنچ نہ پہنچنا۔
بال بال بندھنا / جکڑنا: (ا۔محاورہ) اچھی طرح جکڑا جانا۔ بہت بری طرح پھنسنا
بال بال خطاوار: (ا۔صفت) بیحد خطاوار
بال بال دشمن ہونا: (ا۔محاورہ) ہر ایک کا دشمن ہو جانا۔ سب کے سب کا دشمن ہو جانا۔
بال بال گج موتی پرونا: (ا۔محاورہ) بہت زیادہ آراستہ پیراستہ ہونا۔ سر سے پاؤں تک بننا سنورنا۔
بال بال گنہگار: (ا۔صفت) سراپا گنہگار
بال بال موتی پرونا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال بال میں موتی پرونا"
بال بال میں موتی ہونا: (ا۔محاورہ) سر سے پاؤں تک آراستہ ہونا انتہائی آراستگی
بال بال مجرم: (ا۔صفت) بال بال گنہگار
بال باندھا: (ا۔صفت) ۱۔ ٹھیک ٹھیک۔ بے شبہ (۲) یقینی۔ تیر بہدف (۳) (۴) غلاموں کی طرح مطیع۔ تابع فرمان۔
بال باندھی: (ا۔صفت) دیکھئے "بال باندھا" جس کی یہ تانیث ہے
بال باندھا چور: (ا۔امذ) مشتاق چور۔ کامل چور
بال باندھا غلام: (ا۔امذ) فرماں بردار غلام بے عذر غلام۔ اشارے پر کام کرنے والا
بال باندھا نشانہ اُڑانا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال باندھی کوڑی اڑانا"
بال باندھا نشانہ اُڑنا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال باندھا نشانہ اڑانا" جس کا یہ لازم ہے
بال باندھی کوڑی اُڑانا: (ا۔محاورہ) ٹھیک نشانہ لگانا۔ ایسی احتیاط سے کام کرنا کہ خطا نہ ہو
بال بانکا ہونا: (ا۔محاورہ) بال بیکا ہونا۔
بال بچوڑنا: (ا۔محاورہ) سر کے بالوں کو ہٹا ہٹا کر دیکھنا تاکہ جلد کی حالت معلوم ہو سکے۔
بال بچوں والی: (ا۔امث) ۱۔ صاحب اولاد عورت (۲) چیچک۔ سیتلا
بال بچے: (ا۔امذ جمع) اہل و عیال۔ لڑکے بالے۔ آل اولاد

بال بُدھ: (ہ۔امث) بچوں کی سی سمجھ۔ ناتجربہ کاری
بال بِدھوا: (ہ۔امث) نو عمر بیوہ۔ وہ عورت جو بچپن میں بیوہ / رانڈ ہو گئی۔
بال برابر: (ا۔صفت) نہایت باریک۔ ذرا سا۔ خفیف سا۔
بال برابر فرق نہ ہونا: (ا۔محاورہ) بالکل فرق نہ ہونا۔ ایک جیسا ہونا
بال برابر لگی نہ رکھنا: (ا۔محاورہ) ذرا بھی کوتاہی نہ کرنا۔ کوئی کسر نہ رکھنا۔
بال برابر لگی نہ رہنا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال برابر لگی نہ رکھنا"
بال بڑھانا: (ا۔محاورہ) بالوں کو لمبا ہونے دینا
بال بڑھنا: (ا۔محاورہ) بالوں کا لمبا ہونا
بال بکھرنا: (ا۔محاورہ) بال پریشان ہونا۔ بالوں سے پریشانی کی حالت ظاہر ہونا۔
بال بکھیرنا: (ا۔محاورہ) بال پریشان کرنا۔ ماتم کرنا۔ رنج و غم کا اظہار کرنا۔
بال بگڑنا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال بکھیرنا"
بال بنانا: (ا۔محاورہ) چوٹی گوندھنا یا بالوں کو آراستہ کرنا۔ خط بنانا۔ حجامت بنانا۔
بال بھر: (ا۔صفت) ذرا سا خفیف
بال بھر کا فرق نہ ہونا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال برابر فرق نہ ہونا"
بال بھونری: (ا۔امث) گھوڑے کا ایک نقص۔ جس میں بالوں کی ایک خاص شکل بن جاتی ہے۔
بال بیکا ہونا: (ا۔محاورہ) نقصان ہونا۔ صدمہ پہنچنا (عموماً نفی میں استعمال ہوتا ہے)
بال بیکا نہ ہونا: (ا۔محاورہ) مطلق نقصان نہ ہونا۔ کوئی گزند نہ پہنچنا۔
بال پالنا: (ا۔محاورہ) بالوں کو لمبا کرنا۔
بال پریشان کرنا: (ا۔محاورہ) بالوں کو چھٹکانا۔ بکھیرنا۔ ماتم کرنا
بال پریشان ہونا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال بکھرنا"
بال پڑنا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال آنا"
بال پکنا: (ا۔محاورہ) ۱۔ بالوں کا سفید ہو جانا۔ بڑھاپا آنا (۲) خوشہ پک جانا
بال پن یا بال پنا: (ا۔امذ) بچپن۔ لڑکپن
بال پھیلانا: (ا۔محاورہ) غسل کے بعد بالوں کو خشک کرنے کے لیے پریشان کرنا۔
بال پی جانا: (ا۔محاورہ) کسی رقیق شے / مائع کے ساتھ بال نگل جانا
بال توڑ: (ا۔امذ) وہ پھنسی جو بال ٹوٹ جانے سے ہو جاتی ہے۔
بال ٹیڑھا ہونا: (ا۔محاورہ) بال بیکا ہونا۔
بال جمنا: (ا۔محاورہ) بال پیدا ہونا
بال جنجال بال سنگار: (ا۔مثل) بال باعث تکلیف بھی ہوتے ہیں اور انسانی خوب صورتی بھی ہیں۔
بال جنجال پلے تو پال نہیں تو مونچھوں کو ٹال: (ا۔مثل) بالوں کو اچھی طرح رکھ سکتے ہو تو رکھو نہیں تو منڈوا دو۔
بال جھاڑنا: (ا۔محاورہ) کنگھی کرنا۔ بالوں کو گرانا
بال جھڑنا: (ا۔محاورہ) بالوں کا خود بخود ٹوٹ جانا / گر جانا / جھڑ جانا
بال چکٹ جانا: (ا۔محاورہ) بالوں کا میلا ہو کر ایک دوسرے سے چپک جانا۔
بال چننا: (ا۔محاورہ) موچنے سے خط بنانا / بال اکھاڑنا
بال چنوانا: (ا۔محاورہ) دیکھئے "بال چننا" جس کا یہ متعدی ہے
بال چھٹنا: (ا۔محاورہ) بال بکھرنا

بال چھتری: [ا ر-امث] ۱-کبوتروں کی چھتری (۲) انسان کی چندیا کے بال (۳) شاہجہانی پگڑی۔
بال چھڑ / بالچھڑ: [ا ر-امذ] ایک خوشبودار گھاس جو بطور دوا مستعمل ہے (سنبل الطیب)
بال خورہ / خورا: [ا ر-امذ] ایک مرض جس میں بال جھڑ جاتے ہیں
بالدار / بال دار [ا رصف] رویئں دار۔ جس کے جسم پر بہت بال ہوں (۲) تڑخا ہُوا۔ جس میں بال آیا ہو۔
بال دُھوپ میں سُفید کرنا: [ا رمحاورہ] بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا۔
بال دُھوپ میں سفید ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بال دھوپ میں سفید کرنا" جسکا یہ
بال دُھلوانا: [ا ر محاورہ] کھلی بیسن وغیرہ سے بالوں کو صاف کرانا
بال دھونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بال دُھلوانا" جو اس کا متعدی المتعدی ہے۔
بال دینا: [ا رمحاورہ] (ہندو) کریا کرم سے پہلے نعش کے وارثوں کا بال منڈوانا (۲) مسلمان عورتوں کا تعزیہ کے سامنے بالوں کو آگے پیچھے جھٹکا کر ماتم کرنا۔
بال ڈالنا: [ا رمحاورہ] خط ڈالنا۔ نشان ڈالنا
بال رکھا: [ا ر-امذ] چٹائی کی اونچی نشست جس پر بیٹھ کر کھیت کی رکھوالی کی جاتی ہے۔ (۲) وُہ اُجرت جو اس شخص کو ملتی ہے جو تیار فصل کی رکھوالی کرے۔
بال رکھنا: [ا رمحاورہ] ۱-بالوں کو بڑھنے دینا (۲) بالوں کی منت ماننا (۳) برہمنوں کا دشمن کی تباہی و بربادی کے لیے منت ماننا اور بال بڑھانا
بال راندہ: [ا رصف۔مث] دیکھئے "بال بدھوا"
بال سُکھانا: [ا رمصدر] تر بالوں کو خشک کرنا
بال سفید ہونا: [ا رمحاورہ] بڑھاپا آنا
بال سُلجھانا: [ا رمحاورہ] اُلجھے ہوئے بالوں کو کھولنا۔
بال سے باریک: [ا ر۔صف] بہت مہین۔ بہت دُبلا۔ نہایت لاغر
بال سے پتلا: [ا رصف] بال سے زیادہ باریک
بال سے کھال جُدا کرنا: [ا رمحاورہ] باریک بات نکالنا۔ نکتہ پیدا کرنا (۲) گوشت سے پوست جُدا کرنا۔ ایک تحریر سے دوسرے کو چھڑانا۔
بال صاف کرنا: [ا رمحاورہ] بال مونڈنا
بال صفا: [ا ر۔امذ] بال اڑانے والی دوا۔
بال کا پھندا: [ا ر-امذ] بالوں کا وہ حلقہ جس سے چڑیا وغیرہ پرندے پکڑے جاتے ہیں
بال کا کمبل بنانا: [ا رمحاورہ] چھوٹی سی بات کو بڑا کرنا۔ مبالغہ کرنا۔
بال کترنا: [ا رمعف مرکب] قینچی سے بال کاٹنا۔ حجامت بنانا۔
بال کتروانا: [ا رمص] دیکھئے "بال کترنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
بال کترنے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا: [ا رمثل] بھاری وزن میں سے اگر بہت معمولی سا حصّہ کم کر دیا جائے تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ بڑی مصیبت یا بیماری میں ناقابل لحاظ افاقہ کوئی معنی نہیں رکھتا۔
بال کُشا: [ف صف فاعل] آمادہ پرواز۔ اڑنے کے لیے پر کھولنے والا۔
بال کمانی: [ا ر۔امث] گھڑی کے اندر کی باریک کمانی جو گھڑی کو چلاتی ہے۔
بال کھا جانا: [ا رمحاورہ] "دیکھئے بال پی جانا"
بال کھچڑی ہونا: [ا رمحاورہ] سیاہ بالوں میں سفیدی غالب آنا
بال کھڑے ہونا: [ا رمحاورہ] رونگٹے کھڑے ہونا۔ سردی یا خوف سے ایسا ہوا کرتا ہے
بال کھسوٹنا: [ا رمحاورہ] بال نوچنا۔ بال پکڑ کر کھینچنا۔
بال کھلنا: [ا رمحاورہ] بالوں کا خود بخود پریشان ہو جانا
بال کھولنا: [ا رمحاورہ] عورتوں کا نوحہ یا ماتم کرنے کے لیے سر کے بال کھولنا
بال کی بھیڑ بنانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بال کا کمبل بنانا"
بال کی بال کھینچنا / نکالنا / اتارنا: [ا رمحاورہ] نکتہ چینی کرنا۔ باریکیاں نکالنا۔ موشگافی کرنا۔ تحقیقات کرنا۔
بال گندھانا / گندھوانا: [ا رمحاورہ] بالوں کی چوٹی بنوانا۔
بال گندھنا / گوندھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بال گندھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بال گوپال: [ا ر-امذ] لڑکے بالے۔ بچے۔ چیلے چانٹے
بال لینا: [ا رمحاورہ] ۱۔ مونڈنے زار صاف کرنا (۲) بال مونڈنا۔
بال مسّے پر باندھنا: [ا رمص مرکب] مسّوں کا علاج ہے کہ بال سے باندھتے ہیں تاکہ خشک ہو کر گر پڑیں۔
بال مُنڈوانا: [ا ر۔مص] بال استرے سے صاف کروانا۔
بال مونڈنا: [ا ر۔مص] بال اُسترے سے صاف کرنا۔
بال میں گرہ پڑ جانا / پڑنا: [ا رمحاورہ] کسی امر میں دِقت پیدا ہو جانا۔
بال نوچنا: [ا رمص مرکب] ماتم و رنج و دیوانگی میں بالوں کا کھینچنا۔ بال اکھاڑنا۔
بال و پر: [ف مرکب عطفی۔ مذ] بازو و پر۔ پر پُرزے (۲) ذریعہ۔ وسیلہ (۳) قوت پرواز، قابلیت ہمت۔
بال و پر نکالنا: [ا رمحاورہ] پر پُرزے نکالنا۔ اُڑنے کے قابل ہونا۔ ہوش سنبھالنا۔ طاقت ور ہونا (۲) اندرونی شرارت ظاہر کرنا۔ شریر ہونا۔ فتنہ انگیز ہونا (۳) نو دولت ہونا۔ نیا مال ہاتھ لگنا۔
بال و پر نکلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بال و پر نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بال و پر شکستہ: [ا رصف] بازو ٹوٹا ہوا۔ ناچار
بال ہتیا: [س-امث] حمل گرانا۔ حرام چھپانے کے لیے بچے کو مار ڈالنا۔ بچہ کشی
بال ہتیارا: [س-امذ] بچہ کش۔ بچوں کو قتل کرنے والا۔
بال ہٹ: [ہ۔امث] بچے کی ضد۔ بچے کی اڑ
بال ہٹ / بالک ہٹ، تریا ہٹ، راج ہٹ نہیں ٹلتی: [ہ] بچے، عورت اور بادشاہ کی ضد بڑی سخت ہوتی ہے۔
بالا: [ہ-امذ] ۱۔ کان میں پہننے کا ایک زیور۔ بڑی بالی (۲) ایک کیڑا جو گیہوں اور جو کے پودے کھاتا ہے (۳) خس۔ جس کی ٹٹیاں پردے وغیرہ بنائے جاتے ہیں (۴) سید سالار مسعود غازی کا لقب (۵) بچہ۔ لڑکا۔ کم عمر (۶) جو اور گیہوں کا پودا جس کا قد ایک مٹھی بھر کا ہو (۷) بچوں کا سا (۸) ناسمجھ۔ نادان (۹) فریب۔ حیلہ بہانہ۔ دھوکا
بالا: [ف صف۔امذ] اُوپر۔ اوپر کا حصّہ۔ چوٹی۔ زیر کا مقابل (۲) بلند۔ دراز۔ اونچا۔ مرتفع (۳) آگے۔ سامنے (۴) غالب۔ ترجیح رکھنے والا (۵) قد و قامت (۶) اوپر لکھا ہُوا۔ اُوپر کا۔ لکھا ہُوا۔
بالا بالا: [ف متعلق فعل] الگ الگ علیحدہ علیحدہ۔ اُوپر ہی اُوپر۔ بے اطلاع۔ خفیہ طور پر
بالا بالا جانا: [ا رمحاورہ] اوپر ہی اوپر جانا۔ الگ الگ جانا۔ خفیہ جانا

پوشیدہ پوشیدہ جانا۔ بے نتیجہ ہونا۔ بے اثر ہونا۔ خالی جانا: بڑے افسروں کو جا ملنا۔ بڑے افسروں کی معرفت جانا۔ بڑے افسروں کا براہ راست ایک دوسرے کو کاغذات وغیرہ بھیج دینا۔

بالا بتا دینا / بتانا: [ار محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ حیلہ کرنا۔ ٹال دینا۔ بہانہ کرنا

بالا بر: [ف۔ امذ] انگرکھے کا وہ حصہ جو آگے کی کلی سے باہر نکلا ہوا ہوتا ہے اور دامن کے نیچے چھپا رہتا ہے

بالا بند: [ف۔ امذ] وہ گوشوارہ جو پگڑی کے اوپر رہتا ہے۔ سرپیچ۔ سربند (۲) ایک قسم کی پگڑی۔ ایک قسم کا لحاف۔ ایک قسم کا کوٹ

بالا بلند: [ف صف امذ] بلند قد۔ اونچا (۲) بلند قد والا۔ معشوق

بالا بھولا: [ار صف] سیدھا سادہ۔ سادہ مزاج۔ معصوم

بالا پن: [ار۔ امذ] کم عمری۔ لڑکپن

بالا پوش: [ف صفت۔ امذ] پلنگ پوش۔ سب سے اوپر پہننے کا جبّہ اوورکوٹ۔ وہ کپڑا جو لحاف یا توشک کے اوپر ڈالا جاتا ہے

بالاتر: [ف تفضیل لبعض صف] زیادہ اونچا۔ زیادہ مرتبے والا

بالا تنگ [ف امذ] گھوڑے کی کاٹھی کے اوپر کسا جانے والا تنگ۔

بالا جوبن: [ف ھ امذ] اٹھتی جوانی۔ نوجوانی

بالا چاند: [ھ۔ امذ] نیا چاند۔ ماہ نو۔ ہلال

بالاخانہ: [ف۔ امذ] اوپر کا کمرا۔ کوٹھا۔ چوبارہ۔ طوائف کا کوٹھا

بالادست: [ف صف] عالی مرتبہ۔ بلند مرتبہ۔ زبردست (۲) اعلیٰ افسر/ حاکم (۳) غالب۔ بڑھ کر (۴) بہتر۔ نفیس۔ پاکیزہ۔ افضل

بالادستی: [ف۔ امث] دیکھئے "بالادست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بالا دوی: [ف۔ امث] تیزی۔ تیز رفتاری

بالا دینا: [ار محاورہ] فریب دینا۔ دھوکا دینا

بالا شاہی [ف۔ امذ] ایک سکہ

بالا کشی: [ف۔ ھ۔ امذ] جر ثقیل۔ وہ آلہ جس کے ذریعہ بھاری بھرکم چیزوں کو اوپر اٹھانے / چڑھاتے ہیں جس کو انگریزی میں کرین کہتے ہیں۔

بالا گشتی: [ف۔ امذ] پولیس کا انسپکٹر۔ گشت کنندہ گشت کرنے اور ملاحظہ کرنے والا افسر

بالا نشین: [ف۔ امذ] صدر۔ وہ شخص جو عزت کی جگہ بیٹھے (۲) صف۔ امیرانہ۔ عمدہ

بالا روی: [ف۔ امث] پرواز تیز رفتاری۔ بلند پروازی

بالا و پست: [ف صف] آسمان و زمین۔ اونچ نیچ۔ نشیب و فراز

بالائی: [ف صف امث] اونچا۔ بلند۔ اوپر کا (۲) دودھ کی ملائی۔ سرشیر

بالائی آمدن / آمدنی: [ف۔ امث] آمدنی جو علاوہ تنخواہ یا معمولی آمدنی کے ہو۔ رشوت

بالائی باتیں: [ف۔ ار امث] ادھر ادھر کی باتیں۔ فضول باتیں۔ جن کا اصل مطلب سے تعلق نہ ہو۔

بالائی پیداوار: [ف۔ امث] دیکھئے بالائی آمدن / آمدنی

بالائی خرچ: [ف۔ ار۔ امذ] فالتو خرچ

بالائی رقم: [ف۔ ار۔ امث] وہ رقم جو مقررہ رقم کے علاوہ ہو

بالائی کام: [ف۔ ار۔ امذ] اوپر کے کام۔ فالتو کام۔

بالائی مزے: [ف۔ امذ] خفیہ لطف۔ چوری چھپے کے مزے۔ عورت کے ساتھ سوائے جماع کے باقی لطف۔ چھیڑ چھاڑ بوس و کنار

بالائی یافت: [ف۔ امث] دیکھئے "بالائی آمدن"

بالائے بام: [ف۔ امذ] کوٹھے پر

بالائے طاق: [ف صف] طاق پر۔ الگ۔ علیحدہ۔ کنارے

بالائے طاق رکھنا: [ار محاورہ] پروا نہ کرنا

بالائے والا: [ف۔ ار۔ امذ] اونچا قد۔ بلند قد

بالٹی: [ھ۔ امث] ڈولچی۔ ٹین یا جست کا ایک ڈول جو اوپر سے چوڑا اور نیچے سے چھوٹا ہوتا ہے۔

بالش: [ف۔ امذ] تکیہ۔ سرہانہ۔ مسند (۲) افزونی۔ زیادتی

بالشت: [ف۔ مذ۔ مث] وہ لمبائی جو انگلیاں پوری پھیلانے پر انگوٹھے اور چھنگلیا کی نوکوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ۹ انچ یا چار گرہ کا پیمانہ۔

بالشتیا: [ف صف] بالشت کے برابر آدمی (۲) بونا۔ پست قد

بالشوزم: [روس۔ امث] بالشویکوں کا طرز عمل۔ یا طریقہ (BOLSHEVISM)

بالشوک: [روس۔ امذ] (BOLSHEVIK) لفظی معنی زیادہ بڑا۔ یہ روس کی اس سوشل ڈیموکریٹک پارٹی (اشتراکی عوامیہ جماعت کو دیا گیا تھا۔ جو ۱۹۱۷ء میں سب سے بڑی اور زیادہ طاقتور تھی۔ وہ اس وقت سے اب تک روس پر حکومت کر رہی ہے اس پارٹی کا رکن۔ انقلاب پسند۔ انتہا پسند اشتراکی۔

بالغ: [ع۔ امذ] سن بلوغت کو پہنچنے والا سیانا۔ جوان آدمی۔ اٹھارہ سال سے زیادہ عمر کا نابالغ کی ضد۔ کہنہ رس۔ غور سے دیکھنے والا کسی امر پر گہری نظر ڈالنے والا۔ تجربہ کار۔ باریک بین۔

بالغ نظر: [ع صف] ذہین تجربہ کار۔ باریک بین حقیقت بین گہری نظر والا

بالغ نظری [ع ف امث] دیکھئے بالغ نظر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بالغہ: [ع۔ امث] جوان عورت پندرہ سال سے زیادہ عمر والی (۲) دیکھئے "بالغ" جس کی یہ تانیث ہے

بالغہ بالسن: [ع۔ اصف مث] عمر کے لحاظ سے بالغ عورت خواہ جسم کے لحاظ سے چھوٹی ہی معلوم ہو۔

بالغہ بالعلامات [ع اصف مث] وہ لڑکی جس کی عمر تو حد بلوغ سے کم ہو مگر علامات بلوغ یعنی حیض وغیرہ ظاہر ہو چکی ہوں

بالک: [ھ۔ امذ] بچہ۔ شیرخوار بچہ۔ بال

بالکا: [ھ۔ امذ] مرید۔ چیلا۔ شاگرد

بالکپن / پنا: [ھ۔ امذ] بچپن۔ لڑکپن۔ طفلی (۲) نادانی کی بات

بالک جانے ہیا مانس جانے کیا۔ [ھ۔ مثل] بچہ محبت کو پسند کرتا ہے اور انسان کام سے نتیجہ نکالتا ہے۔ بچہ جو اس سے محبت سے پیش آتے اُسے اچھا سمجھتا ہے اور تجربہ کار آدمی دوسرے کے کام کو دیکھ کر اس سے نتیجہ نکالتا ہے یا رائے قائم کرتا ہے۔

بالک چوری: [ھ۔ امث] بچوں کا اغوا۔ بچوں کو اٹھالیجانا / بھگا لیجانا۔

بالکی۔ [ھ۔ امث] دیکھئے "بالکا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بالگیر: [ف۔ امذ] بارگیر کا بگاڑ۔ سائیس

بالم / بالما [ھ۔ امذ] پیارا۔ محبوب۔ عاشق۔ خاوند۔ معشوق

بالم چاول: [ھ۔ امذ] ایک قسم کا بڑھیا چاول

بالم کھیرا: [ھ۔ امذ] ایک قسم کا کھیرا جو سفید رنگ کا ہوتا ہے۔

بالمیک / والمیک: [ھ۔ اند] سنسکرت زبان کی مشہور کتاب "رامائن" کا مصنف (۲) سنسکرت آمیز ہندی کا مشہور ترین اور مقبول ترین شاعر

بالمیکی: [ھ۔ اند۔ جمع] ۱۔ بالمیک کے پیروکار اور معتقد (۲) اچھوت۔ بھنگی

بالن: [ھ۔ اند] ایندھن

بالنگو: [ف۔ اند] ایک دوا کا نام۔ ایک تخم کا نام جس کو گرمی کے موسم میں بھگو کر پیتے ہیں (تخم لنگا)

بالو: [ھ۔ امث] ۱۔ ریت۔ ریگ (۲) بھٹے کے وہ ریشے جو داڑھی کی طرح ہوتے ہیں۔

بالو بُرد: [ف۔ ھ۔ اند] وہ زمین جو سیلاب آنے کی وجہ سے ریت میں چھپ جائے (۲) مالگزاری کی وہ تخفیف جو زمین کے ریت میں دب جانے کی وجہ سے یا دریا بُردی کی وجہ سے ہو۔

بالو چار: [ھ۔ صف] وہ ریت کا ٹیلا جو دریا طغیانی کے وقت قریبی زمین پر چھوڑ جائے

بالوچری: [ھ۔ اند] ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو بالوچر۔ مرشد آباد میں بنایا جاتا ہے۔

بالوشاہی: [ار۔ اند۔ مث] ایک مشہور مٹھائی۔ زبان خشکی کی وجہ سے یہ نام پڑا۔

بالو کا آبخورہ: [ار۔ اند] ایک قسم کا مٹی کا آبخورہ۔

بالو کی بھیت: [ار۔ امث] ریت کی دیوار۔ کوئی شے جو جلد تلف ہونے والی ہو۔ ناپائیدار

بالو کی دوات: [ار۔ امث] وہ مٹی یا دھات کا برتن جس میں ریت رکھتے ہیں اور سیاہی کو کاغذ پر سے خشک کرنے کے لیے یہ ریت چھڑکتے ہیں۔ جو جاذب کا کام دیتی ہے۔

بالو گھڑی: [ار۔ امث] ایک خاص شیشے کا ظرف جس کے اُوپر کے حصے میں بالو (ریت) ڈالتے ہیں جو ایک چھوٹے سوراخ کے ذریعہ سے نیچے کے حصے میں گرتی ہے جتنی دیر میں پوری بالو گر جائے اس سے وقت کا اندازہ کر لیتے ہیں۔

بالوں (واو مجہول سے): [ار۔ اند] دیکھئے "بال" جس کی یہ جمع ہے۔

بالوں کی سیاہی گئی دِل کی چاہ نہ گئی: [ار مثل] بڑھاپا آ گیا مگر اُمنگیں اور آرزوئیں جوان ہیں۔

بالوں ہاتھ چھنالا اور کاگوں ہاتھ سندیسا: [ھ مثل] دونوں فضول ہیں: بچہ بچپن کی وجہ اور کوا عادت کی وجہ سے پیغام نہیں پہنچا سکتا۔

بالی: [ھ۔ امث] ایک قسم کا زیور جسے عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں (۲) کم عمر لڑکی۔ (۳) خوشہ۔ گندم جو وغیرہ کا سِٹا (۴) عورت کے سر کے چھوٹے بال جو بڑھتے نہیں۔

بالی بھولی: [ھ۔ اند] چھوٹی کم عمر لڑکی (۲) بے وقوف کم عقل عورت۔

بالی پتے: [ھ۔ اند] پتوں کی شکل کے جڑاؤ آویزے جو بالیوں میں لٹکاتے ہیں۔

بالی عُمر / عُمریا: [ھ۔ ع۔ امث] چھوٹی عمر

بالی کی سُوئیاں: [ھ۔ امث] وہ چھوٹے اور سخت ریشے جو گیہوں اور جَو کے خوشوں میں اُن کے گرد ہوتے ہیں۔

بالے: [ھ۔ اند] دیکھئے "بالا" جس کی یہ جمع ہے

بالے بھولے: [ھ۔ اند] دیکھئے بالا بھولا" جس کی یہ جمع ہے

بالے کی مچھلی: [ھ۔ امث] مچھلی کی شکل کا زیور جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں

بالے میاں: [ار۔ اند] سالار مسعود غازی (محمود غزنوی کے بھانجے) کا لقب جو بہرائچ کے مقام پر شہید ہوئے تھے۔ جن کی چھڑیاں بھی کھڑی کی جاتی ہیں۔ بہرائچ میں ان کا ہر سال عُرس یا میلہ ہوتا ہے۔ بہت سے لوگ وہاں اپنی منتیں مانتے ہیں۔

بالے میاں کی بیدھنی: [ار۔ امث] وہ گروہ جو بالے میاں کے مزار کو میلے کے زمانے میں جاتا ہے۔

بالیدگی: [ف۔ امث] بڑھنا۔ روئیدگی۔ نمو۔ بڑھوتری۔ افزائش۔ جماؤ۔ طبیعت کا اُبھار۔ ولولہ۔ اُمنگ۔ خوشی۔ پختگی۔ پکاپن۔ **بالیدگی پانا**: [ار محاورہ] بڑھنا۔ نمو پانا۔

بالیدہ: [ف۔ صف] بڑھا ہوا۔ خوش۔ جوش سے پُر۔ نمودار۔ روئیدہ۔ **بالیدہ ہونا**: [ار محاورہ] جمنا۔ بڑھنا۔ بالغ ہونا **بالین**: [ف۔ اند] سرہانہ۔ تکیہ

بالیں پرست: [ف صف] بیمار۔ آرام طلب

بالیں پہ نظر آنا: [محاورہ] سرہانے نظر آنا

بام: [ف۔ اند] ۱۔ چھت۔ کوٹھا (۲) ایک قسم کی مچھلی۔ جو لمبی اور سانپ کے ہم شکل ہوتی ہے (۳) "دام" کا بگاڑ بمعنی قرض (۴) گہرائی ناپنے کا پیمانہ (فرہنگ اثر)

بامداد / بام دادن: [ف اظرف] صبح سویرے قبل از طلوع آفتاب

بام گردوں: [ف۔ اند] آسمان کی چھت (آسمان مجازاً)

بام مسیح: [ف۔ اند] چوتھا آسمان

بام نہم: [ف۔ اند] عرش۔ نواں آسمان

بامن / باھمن / باہمن: [ھ۔ اند] برہمن۔ ویدوں کا عالم۔ وشنو جی کے ایک اوتار کا نام

بامن بچن پرواں: [ھ مقولہ] برہمن کا کہا ہوا پورا ہو جاتا ہے۔ برہمن سے دُعا لینی چاہیئے۔ برہمن کو ناراض نہیں کرنا چاہیے

بامن بیٹا لوٹے پوٹے۔ مول بیاج دونوں کھوٹے: [ھ مثل] برہمن کو قرض دیا جائے تو سُود کجا۔ اصل بھی وصول نہیں ہوتا۔ وہ منت سماجت کر کے چھڑا لیتا ہے۔

بامن جیمے ہی پتیائے: [ھ مثل] برہمن جب کھانا کھا لے اُسے اور ججمان دونوں کو تب تسلی ہوتی ہے۔

بامن کا بیٹا باون برس تک بولنگا: [ھ مقولہ] برہمن ساری عمر مانگ کر ہی کھاتا ہے۔ کبھی بھی کام نہیں کرتا۔

بامن کی بیٹی کلمہ پڑھے: [ار مثل] مزے دار چیز کی تعریف میں کہتے ہیں۔

بامن منتری بھاٹ خواص اس راجا کا ہووے ناس: [ھ مثل] جس راجہ کا برہمن وزیر اور بھاٹ دوست ہو اس کا ستیاناس ہو جاتا ہے کیونکہ یہ دونوں بہت بُرے صلاح کار ہوتے ہیں۔

بامن سے دان مانگنا: [ار محاورہ] اُلٹی بات کرنا۔ غیر موزوں بات کرنا برہمن کا پیشہ تو خود مانگنا ہے وہ کسی کو خیرات کیسے دے سکتا ہے۔

بامنی: [ھ۔ امث] ۱۔ بامن کی تانیث (۲) ایک کیڑا جس کی دُم سُرخ اور جسم چمکیلا ہوتا ہے (۳) کنول کے پھول کا زرد زیرہ (۴) آنکھوں کی ایک بیماری جس میں پلکیں گر جاتی / جھڑ جاتی ہیں۔ (۵) تخم ریزی۔

بان: [ع۔ اند] ایک خوشبودار درخت جو عرب میں ہوتا ہے اس کے بیجوں سے تیل نکالتے ہیں۔ (۲) بید مُشک

بان: [ف لاحقہ] لاحقہ جو اسم کے آخیر میں آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور صاحب محافظ اور چلانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً"

باغبان میزبان۔ دربان۔ فیل بان

بان: [ھ۔ اند] ا۔ تیر (۲) مونج یا کسی دوسرے ریشہ کی رسّی جس سے چارپائی وغیرہ بُنتے ہیں (۳) آتشبازی (۴) طور ڈھنگ۔ مزاج۔ خاصیّت (مثلاً آن بان میں) ۵۔ عادت (۶) ایک قسم کی ہوائی جو جنگوں میں دشمن کی طرف پھینکتے تھے (اگنی بان) ۷۔ بڑا جوار بھاٹا جو دریاؤں پر آتا ہے (۸) مائیاں۔ شادی سے پہلے دولہا دُلہن کو کسی مکان کے گوشے میں بٹھانے کی رسم (۹) زخمی جانور کے خون کا نشان

بان بان کرنا: [ار محاورہ] بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ شور مچانا۔ چیخنا چلّانا راز ظاہر کر دینا۔

بان دار: [صفت فاعلی - اف] ہوائی پھینکنے والا۔ وُہ مسلح سپاہی جو حفاظت کے لیے سواری کے ساتھ رہتا ہے۔

بانا: [ھ۔ مص] ا۔ کھولنا

بانا: [ھ۔ اند] ا۔ پوشاک۔ لباس (۲) تانا کی ضد یعنی وہ تار جسے جولاہے کپڑے کے عرض میں بُنتے ہیں (۳) ریشمی دھاگا جو بُننے اور سینے میں استعمال ہوتا ہے (۴) وردی۔ وضع۔ بھیس (۵) شکل۔ صورت۔ رنگ (۶) طلائی۔ نقری۔ ریشمی ڈورا۔ جو بہادر آدمی اپنے پاؤں میں بہادری اور دلاوری ظاہر کرنے کے واسطے باندھتے ہیں۔ (۷) حرفہ۔ پیشہ۔ ہُنر (۸) ایک قسم کا آلہ حرب (ہتھیار) جس کو لڑائی میں دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر پھیلاتے ہیں (۹) ایک قسم کا لوہے کا ڈول جس سے آب پاشی کے لیے پانی نکالتے ہیں (۱۰) دھاگوں کا چھلا جو کبوتر کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔

بانا اُترنا: [ار محاورہ] ریشمی یا طلائی دھاگا پاؤں سے اُترنا۔

بانا باندھنا: [ار محاورہ] ا۔ کسی کام کا بیڑا اُٹھانا۔ ذمّہ لینا (۲) ہتھیار بند مسلح ہونا (۳) تیار ہونا کمر باندھنا (۴) کسی کام میں بے مثل ہونے کا دعویٰ کرنا (۵) شرط بدنا۔

بانا بدلنا: [ار محاورہ] ا۔ لباس تبدیل کرنا۔ بھیس بدلنا۔ رُوپ بھرنا۔

بانا پڑنا: [ار محاورہ] بہادری کے نشان کے طور پر پاؤں میں طلائی یا ریشمی ڈوری باندھنا۔

بانات: [ھ۔ امث] ایک قسم کا اُونی کپڑا جو دبیز اور گرم ہوتا ہے اور دوہرے عرض کا ہوتا ہے

باناتی: [اصف] بانات کا بنا ہوا۔ بانات کے رنگ کا۔ بہت سُرخ رنگ کا۔

بانبی: [ھ۔ امث] سانپ کا بل

بانٹ: [ھ۔ امث] بانٹنا کا حاصل مصدر تقسیم۔ بٹوارا۔ بٹائی۔ حاصل قسمت۔ خارج قسمت (۳) حصہ۔ بخرہ (۴) گنجفہ یا تاش کے پتوں کی تقسیم (۵) وہ دانہ یا چارہ جو گائے بھینس کے آگے دُودھ دوہتے وقت رکھتے ہیں (بھاڑا) سنگ ترازو۔ پتھر لوہے وغیرہ کے وہ باٹ جن سے وزن تولتے ہیں۔

بانٹ بُونٹ کر: [ار متعلق فعل] تقسیم کر کے

بانٹ چُونٹ کرنا: [ار محاورہ] دینا۔ دلانا۔ تقسیم کرنا

بانٹ دینا: [ار محاورہ] ا۔ تقسیم کر دینا (۲) پیتے تقسیم کرنا۔ حصے کرنا۔ حصے لگانا حصے کر کے دے دینا۔

بانٹ کھانا: [ار محاورہ] تقسیم کر لینا۔

بانٹ لینا: [ار محاورہ] تقسیم کر لینا۔

بانٹنا: [ار مص] تقسیم کرنا۔ حصے کرنا

بانج / بانجھ: [ھ۔ امث] وہ عورت جس کے اولاد نہ ہوتی ہو۔ جس کو حمل نہ رہے بیبتہ (۲) بنجر۔ کلر۔ شور زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو۔

بانجھ کیا جانے پرسُوتی کی پیڑ: [ھ۔ مثل] جو تکلیف کسی نے خود نہ اُٹھائی ہو اس کو وہ سمجھ نہیں سکتا۔

بانچ: [ھ۔ فعل] بانچنا کا امر

بانچا: [ھ۔ فعل] بانچنا کا ماضی

بانچنا: [ھ۔ مص] پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔ تلاوت کرنا۔ اندازہ لگانا

باندا: [ھ۔ اند] وہ پودا جو کسی دوسرے درخت پر پیدا ہوتا ہے۔ اور اُس درخت سے اپنی خوراک لیتا ہے۔

باندر: [ھ۔ اند۔ ق] دیکھئے "بندر" جو فصیح ہے۔

باندری / باندری: [ھ۔ اند۔ ق] دیکھئے "بندریا" جو فصیح ہے۔

باندھ: [ھ۔ اند] ا۔ باندھنا کا صیغہ امر (۲) بندھن۔ بند۔ مینڈ۔ روک۔ ۳۔ پُشتہ۔ قید

باندھا جانا: [ار۔ محاورہ] گرفتار ہونا۔ قید ہونا

باندھ رکھنا: [ار محاورہ] قید کر کے رکھنا۔ زبردستی روک رکھنا

باندھے موئے کو ہینگ کی پُڑی، میری بلّی کاٹتے لوکڑی: [ار مثل] اس وقت کہتے ہیں، جب کوئی شخص اپنی معمولی چیز کی بہت تعریف کر کے اس کو ٹھکانے لگانے کی کوشش کرے۔

باندھ کیسہ کھا ہریسہ: [ار۔ مثل] روپے سے ہر کام بن جاتا ہے۔

باندھنا: [ار۔ مص] ا۔ کھولنا کی ضد۔ تلے اُوپر رکھنا (جیسے نماز میں ہاتھ باندھنا) جوڑ ملانا (۲) کسنا (۳) رسّی یا زنجیر وغیرہ سے لپیٹنا۔ کسی چیز کو لپیٹنا (۴) مقام پر بٹھانا۔ جمانا۔ ملانا۔ چڑھانا (جیسے ہڈی باندھنا) (۵) مقرر کرنا۔ بدنا (جیسے شرط باندھنا) ۶۔ رکھنا۔ دھرنا (کوئی چیز زخم وغیرہ پر رکھ کر باندھنا) ۷۔ لگانا۔ عائد کرنا (جیسے بہتان باندھنا) ۸۔ قطار بنانا۔ ترتیب دینا (۹) تعمیر کرنا (جیسے پُشتہ باندھنا) ۱۰۔ روکنا۔ بند لگانا (جیسے پانی باندھنا) ۱۱۔ بنانا۔ جمع کرنا۔ شکل دینا۔ بند کرنا (مثلاً پڑیا باندھنا) سلسلہ وار کرنا۔ تسلسل پیدا کرنا (مثلاً "تار باندھنا) ۱۲۔ عمدہ منظر بنانا۔ کیفیت پیدا کرنا (مثلاً "سماں باندھنا") (۱۳) لکھنا۔ بیان کرنا۔ نظم یا نثر میں استعمال کرنا (مثلاً مضمون باندھنا) (۱۴) افسردہ کرنا (دِل کے ساتھ) ۱۵۔ قید کرنا۔ زبردستی کرنا۔ (۱۶) کسی کام کو سلسلہ وار کرنا (۱۷) کسی کام کو مسلسل کرنا۔ مبالغہ کی حد تک کرنا (مثلاً طومار باندھنا) ۱۸۔ جمانا (مثلاً آسن باندھنا) ۱۹۔ بٹھانا (مثلاً خیال باندھنا) ۲۰۔ تشخیص کرنا۔ قرار دینا۔ قائم کرنا۔ لگانا۔ تجویز کرنا۔ مقرر کرنا (مثلاً مہر باندھنا) ۲۱۔ سوچنا۔ ذہن میں لانا (مثلاً تصوّر باندھنا) کسی خیال کو دِل میں جگہ دینا۔ (مثلاً بیَر باندھنا) ۲۲۔ نظر جمانا۔ بیدھ کرنا (مثلاً نشانہ باندھنا) ۲۳۔ لگانا۔ عائد کرنا (مثلاً محصول باندھنا) ۲۴ تشبیہ دینا۔ مثال دینا (مثلاً شاعر معشوق کو سرو باندھتے ہیں) ۲۵۔ وزن کرنا۔ برابر کرنا (مثلاً دھڑا باندھنا) ۲۶ مسلح ہونا یا کرنا۔ آراستہ کرنا لگانا۔ (مثلاً ہتھیار باندھنا) ارادہ کرنا (مثلاً نیت باندھنا) ۲۷ ذمّہ داری لینا (مثلاً خرچ باندھنا) ۲۸۔ ٹونا کرنا۔ جادو کرنا۔ جادو کے زور سے اپنے بس میں کرنا۔ جادو کے زور سے بیکار کرنا (مثلاً"

چولہے کی آگ باندھنا) ۲۹. تیز کرنا۔ باڑھ بنانا (مثلاً اُسترے کی دھار باندھنا) ۳۰. گوندھنا۔ سنوارنا۔ درست کرنا (مثلاً بال باندھنا) ۳۱. مقرر کرنا۔ ٹھہرانا (مثلاً وقت باندھنا) ۳۲. گھیرنا۔ بنانا (مثلاً مینڈ باندھنا) ۳۳. اُٹھانا۔ اونچا کرنا۔ پٹینا (مثلاً پردہ باندھنا) ۳۴. ذمہ لگانا۔ مقرر کرنا۔ اپنے سر لینا (مثلاً خرچ باندھنا) ۳۵. سمیٹنا۔ اٹھانا (مثلاً باقی باندھ لو)

باندھنوُ: [ا۔ اند] ۱. وہ بندش جو رنگ ریز چیرا رنگنے کے لیے لگاتے ہیں ۲. جھوٹی تہمت۔ طوفان۔ الزام۔ سازش۔ افترا۔ بناوٹ (۳) پیش بندی تدبیر۔ تجویز (۴) منصوبہ (۵) لوازم (۶) خیال۔ تصور (۷) خیالی افسانہ (۸) ایک ریشمی کپڑا (۹) ایک قسم کا ٹونا۔

باندھنو باندھنا: [ا۔ محاورہ] تہمت لگانا۔ جھوٹی بات مشہور ہونا

باندھنو بندھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "باندھو باندھنا" جس کا یہ لازم ہے

باندھوُ: (واؤ معروف سے) [ہ۔ اند] ۱. رشتہ دار (۲) دوست

باندی: [ہ۔ امث] لونڈی۔ داسی۔ کنیز

باندی تھی سو بیوی ہوئی اور بیوی تھی سو باندی ہوئی: [ا۔ مثل] نوکر مالک کے منہ لگ کر عزیزوں اور گھر والوں سے زیادہ مقرب ہو جائے تو کہتے ہیں

باندی کا بیٹا / بچہ / جنا: [ا۔ اند] ۱. خانہ زاد غلام (۲) مطیع۔ فرمانبردار ۳. ذلیل۔ حقیر

باندی کو باندی کہا رو دی، بی بی کو باندی کہا ہنس دی: [ا۔ مثل] حقیقی عیب کا اظہار ناگوار ہوتا ہے۔

باندی کے آگے باندی، بیلنہ گنے نہ آندھی: [ا۔ مثل] کمینے کا حاکم ہو جانا عذاب ہوتا ہے۔

بانڈا: [ہ۔ صف] ۱. دُم کٹا سانپ (۲) دُم کٹا (۳) کُبڑا۔ کوزہ پُشت (۴) ٹیڑھی ٹانگوں والا (۵) کج رفتار (۶) کج فہم

بانڈی: [ہ۔ امث] ۱. ایک قسم کی چھڑی۔ لاٹھی۔ چوب (۲) چوپائے کی مادہ جس کی دُم نہ ہو (۳) ایک قسم کا باسن (۴) بدقسمتی۔ مصیبت۔

بانڈی باز: [ا۔ ف۔ صف] لٹھ چلانے والا۔ لڑاکا۔ فسادی۔ شورہ پشت (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے۔)

بانڈی چلانا: [ا۔ محاورہ] لٹھ چلانا۔ لٹھ مارنا

بانڈی چلنا: [ا۔ محاورہ] لٹھ چلنا۔ لکڑیوں سے لڑائی ہونا۔ مار پیٹ ہونا۔ فساد ہونا

بانس: (نون غنہ سے) [ہ۔ اند] ۱. ایک لکڑی کی قسم، جو اندر سے خالی اور باہر سے گنے کی طرح گرہ دار ہوتی ہے (۲) سوا تین گز کا ایک پیمانہ جس سے زمین کی پیمائش کی جاتی ہے (مقابلہ کیجیے انگریزی POLE (۳) دراز قد۔ اونچا لمبا (مثلاً وہ تو بانس کا بانس ہے۔ بانس برابر آدمی)

بانس پہ ٹانگنا: [ا۔ محاورہ] ۱. کسی چیز کو بانس پر لٹکانا (۲) رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ علانیہ

بانس پر ٹنگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بانس پہ ٹانگنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بانس پر چڑھانا: [ا۔ محاورہ] ۱. بانس پہ لٹکانا (۲) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ نکو بنانا۔ علانیہ

بانس پر چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بانس پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بانس پھوڑ: [ا۔ صف] بانس کی تیلیوں سے ٹوکریاں اور چکیں بنانے والے۔ بنس پھوڑ

بانس ٹوٹنا / پڑنا: [ا۔ محاورہ] بانسوں سے پٹنا۔ اتنا مارنا کہ مارتے مارتے بانس ٹوٹ جائے۔

بانس چڑھے گڑ کھائے: [ا۔ مثل] بے حیائی کرنے والا دنیا وی منفعت اٹھاتا ہے۔ جو بے حیائی اختیار کرے اُسے اچھی اچھی چیزیں میسر آتی رہتی ہیں۔

بانس ڈوبیں لوری تھاہ مانگے: [ا۔ مثل] جہاں بڑے بڑے آدمیوں کو تکلیف ہو رہی ہو۔ اور چھوٹے آدمی معمولی تکلیف سے چیخ و پکار کریں / شور مچائیں وہاں کہتے ہیں۔

بانس کا جنگل: [ا۔ اند] ذخیرہ جس میں کثرت سے بانس کے درخت ہوں۔

بانس کھانا: [ا۔ محاورہ] مار پڑنا

بانس کی کوٹھی: [ا۔ امث] بانس کے درختوں کا جھنڈ

بانس کے بانس اور ملاّحی کی ملاّحی: [ا۔ مثل] بانس بھی کھانے اور ملاّحی بھی کرنی پڑی۔ دوہری مصیبت کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ جس کام سے گریز کیا۔ گریز کرنے کی سزا بھی بھگتنی پڑی اور پھر وہی کام بھی کرنا پڑا

بانس گن بسور اور چمار گن ادھور: [ہ۔ مثل] بانس کی خوبی بانس کے جنگل اور چمار کی چمڑے کے گودام میں معلوم ہوتی ہے۔ ہر چیز اپنی اپنی جگہ بھلی معلوم ہوتی ہے۔

بانس واڑی: [ہ۔ امث] بانسوں کا جنگل

بانسوں اُچھلنا / کودنا: [ا۔ محاورہ] خوشی یا غصّہ کی شدت میں کودنا۔ بہت اُچھلنا۔

بانسوں پانی اُچھلنا / چڑھنا: [ا۔ محاورہ] ۱. پانی میں جوش ہونا۔ (۲) کسی معاملہ میں بہت جوش ہونا۔

بانسوں پانی ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت زیادہ گہرا پانی ہونا۔

بانسا / بانسہ: [ہ۔ اند] دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی۔ ناک کی جڑ (۲) ریڑھ کی ہڈی (۳) ایک درخت جس کے پتوں سے سُرخ رنگ نکالتے ہیں (۴) ایک نلی جس کے ذریعہ چکی میں دانے ڈالتے ہیں (۵) ایک بوٹی جس کے پتے۔ پھول وغیرہ بطور دوا مستعمل ہیں۔

بانسا پھر جانا: [ا۔ محاورہ] نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا جو موت کی علامت

بانسری / بانسلی: [ہ۔ امث] مُرلی۔ منہ سے بجانے کا ایک ساز۔ نے

بانسی / بانسلی: [ہ۔ امث] ۱. کلک۔ ایک قسم کا نرکل جو بانس کی طرح مضبوط ہوتا ہے اور حقّے کے نیچے بنانے کے کام آتا ہے (۲) ایک سفیدی مائل زرد پتھر (۳) حیائی

بانسی کا چاول: [ا۔ اند] ایک قسم کا عمدہ اور باریک چاول

بانک: [ہ۔ اند] ۱. ٹیڑھا پن (۲) دریا کا گھماؤ۔ موڑ (۳) خطا۔ قصور۔ جرم۔ نقص

بانک: [ہ۔ امث] ۱. سپہ گری کا ایک فن جس میں بیٹھ کر یا لیٹ کر خمدار چھریوں سے وار کرتے ہیں (۲) بانک کھیلنے کا ہتھیار۔ خنجر۔ کٹار (۳) ایک لوہے کا خمدار دھار والا آلہ جس سے بانس یا گنا وغیرہ کاٹتے ہیں جو نعل کی شکل کا ہوتا ہے (۴) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ خمیدہ۔ کج۔ گولائی والا (۵) ایک قسم کی چھری جس کا پھل خمدار ہوتا ہے (۶) ایک قسم کا زیور جس کو ہندو عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں اور ایک دوسرا زیور جسے مسلمان عورتیں بازو میں پہنتی ہیں۔ (۷) ایک قسم کی چوڑی جو عورتیں کلائی میں پہنتی ہیں (۸) لشتم (۹) دریا کا گھماؤ۔ موڑ (۱۰) گاڑی کے پہیئے کے باہر کی طرف کی (ٹیڑھی) لکڑی جو پہیئے کو

گاڑی میں رو کے رکھتی ہے۔

بانٹ بگڑنا: [ار محاورہ] بنا بنایا کام خراب ہونا (۲) رانڈ ہونا

بانک پٹا: [ار۔ اند] لکڑی کے بنے ہوئے خنجر اور تلوار۔ جن سے محرم کے زمانے میں کھیلتے ہیں۔

بانک کا چھلا: [ار۔ اند] ایک قسم کا ٹیڑھا چھلا جو سینگ، ہاڑی وغیرہ سے بناتے ہیں

بانک کے توڑ: [ار۔ اند] بانک کھیل کے داؤ پیچ

بانکا: [ار۔ اند صفت] ۱۔ ٹیڑھا۔ جھکا ہوا۔ کج۔ خم دار۔ ترچھا۔ مڑا ہوا۔ ۲۔ ناخوش۔ ناراض۔ باغی۔ (۳) ایک خاص فرقہ جو سر پر ٹیڑھا دوپٹا باندھتا ہے (۴) رنگیلا۔ رسیلا۔ چھبیلا۔ البیلا (۵) بدوضع شخص۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بدا طوار (۶) ایک قسم کی چھری جو ٹیڑھی ہوتی ہے (۷) طرح دار۔ وضع دار۔ خوش وضع۔ خوش لباس (۸) بہادر۔ دلیر (۹) بیباک۔ نڈر (۱۰) لچا۔ شہدا۔ نڈر (۱۱) شوخ۔ شریر۔ چالاک (۱۲) آزاد (۱۳) (کنایۃً) معشوق

بانکا ترچھا ٹیڑھا: [ار صفت] مغرور۔ سرکش

بانکا چور: [ار صفت] مشاق چور

بانکا چھیلا: [ار صفت] خوش وضع طرحدار۔ معشوق

بانکپن: [ار۔ اند] ٹیڑھاپن۔ ترچھاپن۔ وضع داری جس میں خودنمائی شامل ہو (۲) سرکشی۔ بدوضعی (۳) ناز و انداز۔ شوخی۔ طراری۔ نخرہ۔ بغاوت

بانکپن دکھانا: [ار محاورہ] شوخی دکھانا۔ خودنمائی کرنا

بانکپن کی لینا: [ار محاورہ] دیکھئے "بانکپن دکھانا"

بانکپن کے پیچ باندھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بانکپن کی لینا"

بانکڑی: [ہ۔ امث] ایک قسم کا فیتہ (لیس) جو گوٹہ لاری کی طرح کپڑوں پر لگایا جاتا ہے

بانکی: [ہ۔ امث] دیکھئے "بانکا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بانکی آواز: [ار۔ امث] اچھی آواز۔ دل کش آواز۔

بانکی ادا: [ار۔ امث] شوخی۔ طراری۔ ناز و انداز۔ معشوقانہ انداز

بانکی چتون: [ار۔ امث] نگاہِ شوخ۔ شوخ نظر۔ نگاہِ ناز

بانکیا: [ہ۔ اند] تانبے یا پیتل کا ٹیڑھا باجا جو سادھوؤں اور مہنتوں کے آگے بجایا جاتا ہے۔

بانگ: [ف۔ امث] ۱۔ آواز۔ صدا (۲) اذان (۳) مرغ کی آواز

بانگ دینا: [ار محاورہ] اذان دینا۔ نوزائیدہ بچے کے کان میں اذان دینا۔ مرغ کا بولنا۔

بانگِ خلیل اللہی: [ف۔ امث] اللہ اکبر۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہر دم رٹتے بیٹھے کہا کرتے تھے۔ کشتی یا جنگ میں حریف کو اٹھاتے یا حملہ کرتے وقت کہتے ہیں۔

بانگِ درا: [ف۔ امث] جرس کی آواز۔ قافلہ رخصت ہونے کے وقت گھنٹے کی آواز۔ علامہ اقبال کا ایک ابتدائی اردو مجموعہ کلام

بانگِ صبح: [ف۔ امث] صبح کی اذان

بانگ کرنا: [ار محاورہ] آواز دینا

بانگ مارنا: [ار محاورہ] بلانا۔ آواز دینا

بانگِ نماز: [ف۔ امث] اذان۔ تکبیر

بانگا: [ہ۔ اند] کپاس کا پودا۔ کپاس کا کھیت۔ کپاس

بانگر: [ہ۔ اند] کھادر کی ضد۔ اونچی، ہموار زمین

بانگڑو / بانگڑو: [ہ۔ اند] بانگر سے متعلق، بانگر کا رہنے والا (۲) کم عقل۔ دایے وقوف۔ احمق۔ بے سلیقہ۔ غافل۔ ناواقف

بانگی (بان کی): [ہ۔ امث] نمونہ۔ چاشنی۔ تبعیر (اعلان نون سے)

بانگی دکھانا: [ار۔ محاورہ] نمونہ دکھانا

بانگی دیکھنا: [ار محاورہ] نمونہ دیکھنا

بانو: [ف۔ امث] خاتونِ خانہ۔ بیگم۔ بی بی۔ عزت دار عورت۔ معزز عورت۔ شریف عورت

بانوا: [ہ۔ امث] ایک پانی کا پرندہ

بانوا: [ف۔ اند] دولت و حشمت اور لاؤ لشکر والا۔ ساز و سامان والا۔

بانوے: [ار۔ اعدد] نوّے اور دو کا مجموعہ۔ آٹھ کم سو

بانہہ (بانھ): [ہ۔ امث] کہنی سے شانے تک ہاتھ کا حصہ (۲) آستین ۳۔ کنایۃً۔ مدد۔ سہارا۔ معرفت وسیلہ (۴) مددگار۔ مربی۔ حمایتی۔ حامی۔ دستگیر (۵) پرورش کرنے والا (۶) طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔ توانائی (۷) بھائی۔ ضامن کفیل (۸) اغوا شدہ عورت

بانہہ (بانھ) بل: [ہ۔ اند] زورِ بازو۔ مدد۔ حمایت

بانہہ (بانھ) بل نہ زر بل: [ار۔ اند] نہ قوتِ بازو ہے اور نہ روپیہ پیسا۔

بانہہ (بانھ) بلند ہونا: [ار۔ محاورہ] طاقت ور ہونا۔ عالی حوصلہ ہونا۔ عالی ہمت ہونا۔ سخی ہونا۔

بانہہ (بانھ) پکڑنا: [ار محاورہ] مدد کرنا۔ دستگیری کرنا۔ حمایت کرنا (۲) روکنا

بانہہ (بانھ) ٹوٹنا: [ار محاورہ] ۱۔ بازو ٹوٹنا (۲) مددگار کا مر جانا (۳) بھائی کا گزر جانا۔

بانہہ (بانھ) دینا: [ار محاورہ] کسی کی مدد کرنا۔ سہارا دینا۔

بانہہ (بانھ) گہے کی لاج: [ار۔ امث] ہاتھ پکڑنے کا لحاظ

بانہہ (بانھ) واپس دینا یا کرنا: [ار محاورہ] اغوا شدہ عورت کو واپس وارثان کو دے دینا

بانہیں (بانھیں) چڑھانا: [ار محاورہ] کسی کام کی تیاری کرنا۔ دیکھئے "آستینیں چڑھانا"

بانی: [ع۔ اِ فاعل] بنیاد ڈالنے والا۔ بنانے والا۔ ایجاد کرنے والا۔ موجد۔ مصنف (۲) باعث۔ سبب۔ ذریعہ

بانیِ دوجہان: [ع۔ اند] اللہ تعالیٰ

بانیِ جفا: [ع۔ اصف مرکب اضافی۔ بترکیب فارسی] ظالم۔ سفاک (۲) کنایۃً معشوق

بانیِ ستم: [ع۔ ف۔ صف مرکب اضافی۔ بترکیب فارسی] دیکھئے بانیِ جفا۔

بانیِ فساد: فساد شروع کرنے والا فسادی شریر۔ سرغنہ۔ شرارت۔ بس کی جڑ۔ (ع۔ مرکب۔ اضافی بترکیب فارسی)

بانیِ کار: ع۔ ف مرکب اضافی بترکیب فارسی] کسی کام کی بنیاد ڈالنے والا کام شروع کرنے والا (۲) ماہر استاد کامل۔ چالاک۔ مشاق شریر۔ دغاباز۔ اشتعال دینے والا۔

بانیِ کاری: [امث] استادی۔ مہارت۔ اشتعال

بانیِ مبانی: [ار۔ مذ] اصل باعث۔ سبب۔ وجہ۔ اصل ذمہ دار

بانی: [ہ۔ امث] آواز۔ صدا (۲) زبان۔ تقریر۔ بیان۔ بات۔ گفت گو (۳) نصیحت۔ تلقین (۴) گیت (۵) خدائی علم (۶) فقیروں کی صدا (۷) دوہڑے یا گیت۔ شعر (۸) خاص طبیعت۔ قدرتی مزاج (۹) علم کی دیوی۔ سرسوتی۔ (۱۰) بیچنے والوں کی صدائیں (۱۱) ساخت۔ بناوٹ (۱۲) دعویٰ حق (۱۳) پیڑا بننے کا دھاگا (۱۴) کوئی چیز یا خوبی جس پر کسی کو فخر ہو۔ (۱۵)

اسّی روپے کے وزن کا ایک باٹ (سیر) ۱۶۰ ایک زرد رنگ کی مٹی جسے کمہار کچے " خشک برتنوں پر پکانے سے پہلے پھیرتے ہیں۔

بانی پر اَڑنا: [ہ۔ا۔محاورہ] بات یا قول پر قائم رہنا

بانی پر آنا: [ا۔محاورہ] جوش میں آنا۔ غصہ ظاہر کرنا کسی بات پر اڑ جانا۔

باؤ: [ہ۔امث] ۱۔ ہَوا (۲) ایک مرض جو بدکار مردوں اور عورتوں کو ہوتا ہے آتشک

باؤ بتاس: [ہ۔امث] ۱۔ آسیب۔ پریت (۲) گھمنڈ۔ غرور ۳۔ گوز۔ ریح۔ ہَوا

باؤ آنا: [ا۔محاورہ] ریاح خارج ہونا

باؤ باندھنا: [ا۔محاورہ] خوشامد کرنا اپنا مطلب نکالنا۔ ہجو ملیح

باؤ بڑنگ: [ا۔اند] دیکھئے " بابڑنگ "

باؤ بھک: [ہ۔امث] ۱۔ بکواس (۲) گھوڑے کا مرض

باؤ بندی: [ہ۔امث] خیالی پلاؤ بے بنیاد بات۔ دھوکا فریب

باؤ بھری کھال: [ہ۔امث] فانی چیز۔ جانور۔

باؤ بھڑکنا: [ا۔محاورہ] سودائی ہو جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔ بکواس کرنا۔ بات بات میں بگڑنا / لڑنا

باؤ پر آجانا: [ا۔محاورہ] مغرور ہو جانا۔ متکبر ہونا۔ دماغ میں ہوا بھر جانا۔

باؤ جھک: [ہ۔امث] دیکھئے " باؤ بھک "

باؤ ڈنڈی پھرنا: [ا۔محاورہ] آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا

باؤ سرنا: [ا۔محاورہ] گوز آنا۔ ریح خارج ہونا۔

باؤ سُول: [ہ۔اند] پیٹ کا پیچی درد۔ باؤ گولہ

باؤ کا رُخ بتانا: [ا۔محاورہ] بے وقوف بنانا۔ ٹالنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا

باؤ کھانا: [ا۔محاورہ] بہت تنگی کی حالت میں ہونا

باؤ کھمبل: [ہ۔اند] ایک پودا جو بطور دوا مستعمل ہے۔

باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا: [ا۔محاورہ] نہایت غرور کرنا۔ مغرور و متکبر ہونا۔ بے حد ناز سے چلنا۔ بہت جلدی کرنا تیز چلنا چست و چالاک ہونا

باؤ گولہ: [ہ۔اند] قولنج کا درد۔ ریح کا گولہ جو تلّی میں ہوا بھرنے کے باعث ہوتا ہے اور درد کرتا ہے۔

باؤ لینا: [ا۔محاورہ] ہوا کا اوپر کھینچنا۔ گھوڑے کا ایک عیب

باؤ نہ بتاس تیرا آنچل کیونکر ڈولا۔ پوت نہ بھتیار تیرا ڈھینڈا کیونکر پھولا: [ا۔مثل] تجھے کس بات کا غرور ہے۔ تو کیوں اترائی پھرتی ہو۔

باوا: [ہ۔اند] ۱۔ باپ (۲) فقیر (۳) اُستاد۔ گرو۔ سردار

باوا آدم: [ا۔اند] حضرت آدم علیہ السلام نیز دیکھئے " آدم "

باوا آدم نرالا ہونا: [ا۔محاورہ] سب سے الگ ڈھنگ ہونا سب سے جدا کام کرنا

باوا آوے تالی باجے: [ا۔مثل] بزرگ آئے تو خود بخود ہی شہرہ ہو جاتا ہے۔

باوا باوا اُونٹ بکاؤ۔ بیٹا بہت مہنگا
باوا باوا اُونٹ بکاؤ۔ بیٹا بہت سستا: [ا۔مثل] امیری میں مہنگی چیز بھی سستی ہوتی ہے اور مفلسی میں سستی چیز بھی مہنگی معلوم ہوا کرتی ہے

باوا بھلا نہ بھیا سب سے بھلا روپیا: [ا۔مثل] روپے کی سب سے زیادہ خواہش ہوتی ہے۔ باپ بھائی کا صرف ظاہری اِخلاص ہے۔

باوا جان: [ا۔اند] ابّا جان۔ باپ کو پیار سے کہتے ہیں

باوا کا: [ا۔صف] موروثی۔ جدّی۔ باپ دادا کا

باوا کا اجارہ: [ا۔اند] روک ٹوک کا حق۔

باوا کمائے بیٹا اُڑائے: [ا۔مثل] والد کی محنت مشقت کی کمائی جب اولاد عیش و عشرت میں اُڑا دے تو کہا جاتا ہے۔

باوا مرے گا تب بیل بیٹں گے: [ا۔مثل] اُمید موہوم کے موقع پر کہتے ہیں

باوٹا: [ہ۔اند] ۱۔ جھنڈا پھریرا (۲) زیور کی ایک قسم جسکو ہندو عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں

باوٹا اڑانا: [ا۔محاورہ] جھنڈا بلند کرنا (۲) بھر کس نکالنا۔ خوب پیٹنا۔

باوٹا اڑنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے " باوٹا اڑانا " جس کا یہ لازم ہے

باوَر: [ت۔اند] یقین۔ بھروسا۔ اعتماد (افعال: کرنا ہونا آنا) **باور**: [ہ۔اند] ایک قسم کی مٹھائی **باورا**: [ہ۔صف] پاگل۔ دیوانہ۔ باولا۔

باورچن / باورچنی: [ا۔امث] دیکھئے " باورچی " جس کی یہ تانیث ہے

باورچی: [ف۔اند] کھانا پکانے والا طباخ۔ خانساماں

باورچی خانہ: [ت ف اند] کھانا پکانے کا کمرا۔ مطبخ۔ رسوئی

باورچی گری: [ت۔ف امث] کھانا پکانے کا پیشہ۔ طباخی۔ خانساماں گری۔

باوَلا: [ہ۔اند] پاگل۔ دیوانہ۔ احمق۔ بے وقوف۔ سیدھا سادھا۔ بھولا بھالا کم عقل

باولی: [ف۔امث] وہ چرخ جسکے ذریعہ شکاری پرندوں کو شکار کی مشق کرائی جاتی ہو۔

باولی / باوڑی: [ہ۔امث] دیکھئے " باولا " جس کی یہ تانیث ہے۔

۲. وہ بڑا چوڑا کنواں جس میں پانی بھرنے یا لینے کے لیے سیڑھیاں بنی ہوئی ہوتی ہیں۔ تاکہ مسافر بغیر رسّی ڈول کے نیچے اُتر کر پانی لے سکیں۔

باولی بنانا: [ا۔محاورہ] اشتعال دینا

باولی دینا: [ا۔محاورہ] دلیری بنانا۔ تعلیم دینا کسی پرندے پر کسی دوسرے شکاری پرندے کو چھوڑ کر شکار پکڑنے / کرنے کی مشق کے طور پر تیز اور دلیر کرنا۔

باولی کھاٹ کے باولے پائے۔ باولی رانڈ کے باولے جائے: [ا۔مثل] جیسا باپ ویسے ہی بیٹے۔ سب ایک ہی قسم کے بے وقوف۔

باولی کو آگ بتائی لے کر گھر میں لگائی: [ا۔مثل] بے وقوف دوسروں کی نقل کر کے نقصان اُٹھاتا ہے

باولی ہانڈی: [ا۔امث] مختلف سبزی ترکاریوں کو اکٹھا کر کے ایک ہی ہانڈی میں ایک دم اکٹھا پکانا

باولے کتے نے کاٹا ہے: [ا۔مثل] پاگل ہوئے ہو۔ کیسی بیوقوفی کی باتیں کرتے ہو۔

باوَن: [ا۔ا عدد] پچاس اور دو کا مجموعہ

باوَن تولے پاؤ رتّی: [ا۔صف] بالکل ٹھیک۔ نہایت کارآمد

باوَن گز کا: [ا۔صف] طویل۔ دراز قامت (۲) فسادی۔ شریر

باوَن ہزاری: [ا۔صف] شاہی زمانے کا ایک عہدہ

باہ: [ع۔امث] قوتِ مردمی۔ شہوت۔ جماع کی قوت

باہر: [ع۔صف] نہایت اعلیٰ۔ عمدہ۔ افضل۔ اتم (۲) روشن۔ آشکارا۔ عیاں

باہَر: [ہ متعلق فعل صف] ۱ اندر کی ضد (۲) کھلے میدان میں۔ بیرون۔ ۳۔ نکلا ہوا۔ خارج (۴) علیحدہ۔ جدا۔ بے تعلق (۵) بیرونجات

قزب وجوار۔ بیرون شہر ۲ منحرف۔ سرکش۔ انکاری ۳۔ زائد (۸) مجازاً بیت الخلا

باہر آنا: [ا۔ محاورہ] گھر کے اندر سے نکل کر باہر آنا۔

باہر باہر: [ا۔ متعلق فعل] بالا بالا۔ اوپر ہی اوپر ۲۔ دُور دُور۔ الگ الگ (۳) اندر داخل ہو / دُور ہی دُور

باہر بھیتر: [ا۔ متعلق فعل] اندر باہر

باہر بھیتر ا کانا: [ا۔ محاورہ] بار بار اندر سے باہر جانا اور باہر سے اندر آنا۔

باہر جانا: [ا۔ محاورہ] ا سفر کو جانا گھر سے نکلنا۔ پردیس جانا۔ (۲) حد سے نکلنا ۳۔ پاخانے جانا۔ جنگل جانا۔ سیر تماشے کو جانا (۴) احاطے سے نکل جانا۔

باہر دھکیلنا / ڈھکیلنا: [ا۔ محاورہ] زبردستی نکالنا۔ علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا۔

باہر سدھارنا: [ا۔ محاورہ] باہر جانا۔

باہر سے: [ا۔ متعلق فعل] مکان کے باہر کی طرف سے ظاہرا۔ دیکھنے میں

باہر کا: [ا۔ صفت] غیر۔ اجنبی۔ بیرونی۔ دیہاتی۔ گنوار۔ دہقان

باہر کا اُٹھنے بیٹھنے والا: [ا۔ صفت] مردوں میں نشست و برخاست رکھنے والا

باہر کرکے: [ا۔ متعلق فعل] نکال کر۔ چھوڑ کر۔ الگ کر کے

باہر کرنا: [ا۔ محاورہ] ا نکال دینا ۲۔ چھوڑ دینا۔ برخاست کرنا۔ علیحدہ کرنا (۳) طلاق دینا (۴) ذات برادری سے خارج کرنا (۵) کسی چیز کو کسی چیز سے نکالنا (۶) ترک کر دینا۔ خیال چھوڑ دینا۔

باہر کی بُو: [ا۔ امث] کھلی ہوا

باہر کی پھرنے والی: [ا۔ امث] پردے سے نکلنے والی گھر سے باہر جاکر کام کرنے والی بے پردہ باہر جانے والی

باہر کی جانے والی: [ا۔ صفت مث] وہ عورت جو چادر ڈال کر بازار میں سودا سلف [illegible]

باہر کی ہوا لگنا: [ا۔ محاورہ] آوارہ ہونا۔ بہک جانا۔ خارجی اثر قبول کرنا (۲) اثر انداز ہونا۔ غیر آدمیوں کا اثر پڑنا۔

باہر کے پھرنے والے: [ا۔ صفت مذ] نوکر چاکر

باہر کے کھائیں گھر کے (گیت) گائیں: [ا۔ مثل] غیروں کو نفع پہنچے اپنے محروم رہیں

باہر لے جانا: [ا۔ محاورہ] گھر سے لیجانا۔ سب کے سامنے لیجانا۔ بازار لیجانا۔ دوسرے ملک میں لے جانا۔ دساور لے جانا۔

باہر میاں صوبے دار، گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ / باہر میاں ہفت ہزاری گھر میں بیوی کرموں / فاقے کی ماری: [ا۔ مثل] میاں تو نواب بنے پھرتے ہیں اور بیوی نصیبوں کو روتی ہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جبکہ کوئی شخص اپنی حیثیت سے زیادہ ٹھاٹھ کرے۔

باہر نکلنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ گھر سے برآمد ہونا (۲) پردیس جانا۔ وطن سے نکلنا۔

باہر والا: [ا۔ صفت] بھنگی۔ خاکروب۔ مہتر

باہر والی: [ا۔ صفت] دیکھئے "باہر والا" جس کی یہ تانیث ہے

باہر ہونا: [ا۔ محاورہ] گھر سے نکلنا۔ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ تعمیل سے گریز کرنا۔ انحراف کرنا۔ خلاف ہونا (عموماً نفی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے)

باہر ہی باہر: [ا۔ متعلق فعل] بالا ہی بالا۔ اوپر ہی اوپر

باہرا: [ھ۔ امذ] وہ شخص جو کنوئیں پر کھڑا ہو کر پانی کا بھرا ہوا چرسا پکڑ کر پانی انڈیلتا ہے۔ لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح میں لکڑی کا حملہ جو دائیں جانب سے کیا جاتا ہے۔

باہم: [ف۔ متعلق فعل] ساتھ۔ آپس میں

باہمی: آپس کا۔ آپس کی

باہن: [ھ۔ امذ] گاڑی۔ چھکڑا۔ سواری (۲) ایک پہیے کا نشان۔ ۳۔ ہل کی لکڑی (۴) وہ کھیت جس میں ہل چلایا ہو مگر بویا نہ گیا ہو۔ جوتی ہوئی زمین۔

باہنا: [ا۔ ف س] جوتنا۔ کاشت کرنا۔ ہل چلانا (۲) کھولنا۔ پھیلانا۔ نمایاں کرنا۔ بال سنوارنا۔ کنگھی کرنا۔ محنت کرنا۔ مشقت کرنا۔ گاڑی چلانا۔

باہیب: [ھ۔ امذ] سرکنا۔ علیحدہ کرنا۔ جدا ہونا۔ [illegible] دوسمت جو اُترکھنڈ کے کونے میں ہے۔ کسی چیز کا نشانے پر نہ پہنچنا (۱) سخن کا بے اثر ہونا (۵) عجیب حیرت انگیز

بائبل: [انگ۔ امث] (BIBLE) عیسائیوں اور یہودیوں کی مقدس کتابوں کا مجموعہ۔ انجیل

بائع: [ع۔ صفت] بیچنے والا

بائعہ: [ع۔ صفت] دیکھئے "بائع" جس کی یہ تانیث ہے

بائلر: [انگ۔ امذ] (BOILER) انجن کا وہ حصہ جس میں پانی گرم ہو کر [illegible] سے بھاپ بنتی ہے۔

بائن / بائنہ: [ع۔ صف] آخری طلاق۔ طلاق کی وہ قسم جس کے بعد رجوع نہ ہو سکے۔

بائی: [ھ۔ امث] ا عورت۔ شریف عورت۔ معزز عورت (۲) ناچ گانے والی عورت۔ ڈیرہ دار طوائف (۳) بیوی (۴) بہن ۵ وہ عورت جو ناچنے گانے کا پیشہ کرے۔ رنڈی۔ طوائف۔ فاحشہ عورت (۵) ریح (۶) سرسام۔ خفقان۔ ہذیان (۷) تشنج۔ اینٹھن

بائی پڑنا: [ا۔ محاورہ] ریاح خارج ہونا۔ گوز آنا

بائی گولہ: [ھ۔ امذ] دیکھئے بادگولہ

بائیس: [ا۔ اعداد] بیس اور دو کا مجموعہ (۲۲)

بائیسی: [ا۔ امث] شاہی فوج میں بائیس صوبوں کے رسالے خاندان مغلیہ کے وقت تمام سلطنت میں بائیس صوبے تھے) ۲۔ بائیس سو سپاہیوں پر حکم رکھنے والا امیر یا سردار (۳) وہ شاہی جلوس جس میں بائیس صوبوں کی فوج ہمراہ رہتی تھی (۴) جتھا۔ پنچایت۔ جماعت۔

بائیسی ٹوٹنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ جتھا ٹوٹنا (۲) تمام فوج سے حملہ کرنا۔ ۳۔ پوری قوت سے حملہ کرنا

بائیسکل: [انگ۔ امث] (BICYCLE) دو پہیوں کی گاڑی جس کو سوار اپنے پاؤں سے چلاتا ہے۔

بائیکاٹ: [انگ۔ امذ] (BOYCOTT) قطع تعلق۔ مقاطعہ۔ ترک موالات۔ عدم تعاون (افعال: کرنا ہونا)

بائیں: [ھ۔ صفت مث] دیکھو "بایاں" جس کی یہ تانیث ہے۔

بائیں آنکھ پھڑکنا: [ا۔ محاورہ] بائیں آنکھ کے پپوٹے کا خود بخود حرکت کرنا جو بدشگونی کی علامت ہے

بائیں بائیں کرنا: [ا۔ محاورہ] شور مچانا۔ بیہودہ بکنا

بائیں پشم: [ا۔ صفت] ناچیز۔ بے حقیقت

بائیں دہنے: [ا۔ متعلق فعل] چپ و راست۔ اِدھر اُدھر

بائیں طرف: [ار متعلق فعل] سمت چپ

بائیں ہاتھ سے رکھوا لینا: [ار محاورہ] زبردستی لینا

بائیں ہاتھ کا کام / کرتب: [ار مثل] سہل کام۔ آسان کام

بایاں: [ار صف] دایاں کی ضد۔ چپ۔ اُلٹا ہاتھ (۲) نیچا۔ گہرا سُر جو خاص کر طبلے ڈھولک وغیرہ سے نکلتا ہے۔ وُہ طبلہ جو بائیں ہاتھ کی طرف رہتا ہے

بایاں بازو: [ف ساند] سیاسی اصطلاح میں وُہ جماعت یا لوگ جنہیں جو انتہا پسندوں اور ملکی معاملات میں میانہ روی اور اعتدال کی حکمت عمل کے خلاف ہوں

بایاں بولنا: [ار محاورہ] کہیں آتے جاتے وقت تیتر کا بائیں طرف بولنا جو نیک شگون ہے۔ کامیاب ہونا۔ کام بننا۔ فتح ہونا

بایاں پیر / پاؤں / پوجنا / چومنا: [ار محاورہ] کسی کی اُستادی کا اقرار کرنا قائل ہونا۔ ہار ماننا۔ باز آنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ لوہا ماننا

بایاں پاؤں لینا: [ار محاورہ] تعظیم کرنا۔ عزت ماننا۔ چالاکی فتنہ پردازی اور شرارت کا قائل ہونا۔

بایاں قدم چومنا: [ار محاورہ] تعظیم کرنا

بایاں قدم کدھر ہے: [ار محاورہ] دوسرے کی چالاکی یا شرارت کو ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ آپ بڑے خرانٹ ہیں۔

بایاں قدم لینا: [ار محاورہ] دیکھئے "بایاں پاؤں لینا"

باید و شاید: [ف۔ مضارع] جیسا چاہیئے۔ درست۔ مناسب۔ بہت زیادہ۔ نہایت مناسب

بایستہ و شائستہ: [ف صف] لائق۔ قابل۔ باہنر۔ موزوں۔

بایست: بساط۔ حیثیت۔ لیاقت

بائے فارسی: [ف۔ امث] وہ "ب" جس کے نیچے تین نقطے ہوتے ہیں یعنی "پ"

بائے موحدہ: [ف۔ امث] وُہ "ب" " " ایک نقطہ ہوتا ہے۔ "ب"

ب - ب

بِب: [انگ۔ امذ] (BIB) وہ چھوٹا سا کپڑا یا گدی جو بچوں کے گلے میں باندھی جاتی ہوتا کہ تھوک وغیرہ سے کپڑے خراب نہ ہوں۔

بَباد: [ہ۔ امذ] جھگڑا۔ فساد (۲) بحث۔ مباحثہ۔ مجادلہ۔ (۳) تنازعہ۔ مقدمہ

بَباد اٹھانا / کرنا: [ار محاورہ] جھگڑا کرنا۔ بکھیڑا کرنا۔ فساد کرنا۔ لڑانا۔ مقدمہ کرنا۔

بَباد اُٹھنا / رہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "بباد اٹھانا / کرنا جس کا یہ لازم ہے

بَباد (بہ باد) [ف صف] برباد۔ ویران۔ خراب

بَباد دینا: [ار محاورہ] تباہ کرنا۔ خراب کرنا۔ مٹا دینا۔ برباد کرنا
(بہ باد دادن کا ترجمہ)

بَبادی: [ہ۔ صف] فسادی۔ جھگڑالو۔ مقدمہ باز

بَبادی: [ف۔ امث] تباہی۔ بربادی

بَبَر: [ہ۔ امث] ببول۔ کیکر۔ ایک قسم کا خاردار درخت

بَبَر / ببر: [ہ۔ امذ] ایک بڑا اور غضبناک قسم کا شیر جسکی گردن پر بال ہوتے ہیں

بَبَرَ: [ہ۔ امذ] وہ شخص جو اُونٹ اور گھوڑے کے بال کاٹتا ہے

بَبَرا: [ہ۔ امذ] وہ نیلے رنگ کا کبوتر جسکے بازوؤں پر کالے رنگ کی چتیاں ہوتی ہیں۔

ببری: [ہ۔ امذ] دیکھئے ببر بمعنی ببول

بَبَری: [ہ۔ امث] ۱۔ گھوڑے کی ایال یا دُم جس کے بال کٹ گئے ہوں ۲۔ عورتوں کی پیشانی کے وہ بال جن کو کاٹ کر چھوٹا کرتی ہیں اور خوبصورتی کے واسطے ماتھے پر چھوڑتی ہیں۔ طرّہ (۳) چھوٹی ہوئی لٹ (۴) نیلے رنگ کی کبوتری جس کے بازوؤں پر سیاہ چتیاں ہوں (۵) گھوڑوں کے بال کاٹنے کا کام

بَبریاں چھوڑنا: [ار محاورہ] زلفیں چھوڑنا۔ لٹ چھوڑنا (۲) چوٹی گندھتے وقت دونوں طرف بال چھوڑنا۔

ببوا (بَبْ وَا) [ہ۔ امذ] بالو کی تصغیر (۲) خوبصورت بچہ (۳) مٹی یا پتلا اینٹ کی قسم کا کھلونا (۴) بھولا بچہ۔

ببول: [ہ۔ امث] کیکر۔ مغیلاں۔ ایک خاردار درخت

ببول کے پیڑ بونا: [ار محاورہ] بُرے کام کرنا۔ ایسے کام کرنا جنکا نتیجہ خراب ہو

ببولا: [ہ۔ امذ] بگولا۔ بونڈلا۔ وُہ ہوا جو خلا کی وجہ سے چکر کھا کر بلند ہوتی ہو۔

بِبھاس: [ہ۔ امث] ۱۔ بھیروں ٹھاٹھ کی ایک راگنی۔ جس میں پانچ سُر لگتے ہیں۔ مزاج ٹھہرا ہوا ہے۔ وقت صبح (۲) ماروا ٹھاٹھ کی ایک راگنی جس میں سات سُر لگتے ہیں۔ وقت رات۔

بَبَئی: [ہ۔ امث] ایک قسم کی خوشبودار بوٹی (۲) مینا کی قسم کا ایک پرندہ جس کو اہل دہلی ببئی اور اہل لکھنؤ بوئی کہتے ہیں۔ اور وہ درختوں کی کھوکھ میں گھر بنا کر رہتی ہے

بَبِی۔ عو [ہ۔ امث] بوسہ۔ چُوما۔ پیار (بالخصوص بچوں کا) افعال: لینا۔ دینا

بِبیا (بب یا) [ار۔ امث] بی بی کی تصغیر۔ بچی۔ لڑکی (۲) تاش میں بیگم۔ یا عورت کی تصویر کا پتا۔

ببیانہ: [ہ۔ صف] زنانہ عورتوں کا۔ وہ چیزیں جو صرف عورتوں کے استعمال کی ہوں یہ اُردو قاعدہ کی رُو سے غلط ہے

بَبِیس (یائے معروف سے) [ہ امث] ۱۔ بواسیر (۲) علت اُبنہ (اغلام کرانے کی عادت)

ببیسی: [ہ۔ امث] دیکھئے "ببیس"

بَبِیسیا (ببی سیاہ) بوبیسیا: [ہ۔ صف] ۱۔ بواسیر کا مریض (۲) اغلام کرانے کا عادی (۳) باتونی۔ بکواسی۔ بہت زیادہ باتیں کرنے والا۔ (۴) فریبی۔ چالاک

ب - پ

بپا: [ف۔ صف] قائم۔ کھڑا

بپا کرنا: [ار محاورہ] قائم کرنا کھڑا ہونا۔ پیدا کرنا

بپا ہونا: [ار محاورہ] قائم ہونا۔ کھڑا ہونا

بپتا یا بپت: [ہ۔ امث] دکھ۔ تکلیف۔ مصیبت۔ بلا۔ مصیبت کی سرگزشت

بپت / بپتا پڑنا: [ار محاورہ] ۱۔ مصیبت آنا (۲) خاوند کا مرجانا بیوہ یا رانڈ ہو جانا

بپت / بپتا برابر سکھ نہیں جو تھوڑے دن کی ہو: [ار مثل] تھوڑی مصیبت آسودہ حالی کی قدر کا باعث ہوتی ہے۔

بپتا میں کوئی ساتھی نہیں: [ارمقولہ] مصیبت کے وقت کوئی ساتھ نہیں دیتا ہے
بپت / بپتا پڑی جب بھینٹ منائی / مانی، نکر گیا جب دینی آئی: [ارمثل] مصیبت کے وقت انسان بہت کچھ دینے کے لیے تیار ہو جاتا ہے جب گزر جائے تو سب کچھ بھول جاتا ہے۔
بپتسما / بپتسمہ: [انگ۔ اند] (BAPTISM) اصطباغ۔ عیسائی مذہبی رسم کے مطابق کسی کو عیسائی بناتے وقت اس پر پانی چھڑکنا یا پانی میں غوطہ دینا
بپتسما / بپتسمہ لینا: [ارمحاورہ] عیسائی مذہب اختیار کرنا
بپوتی: [ھ۔ اند۔ مث] (۱) میراث۔ ورثہ (۲) موروثی۔ نسلی۔ آبائی
بپھارا: [ھ۔ اند] (۱) بھاپ۔ بخارات (۲) بھاپ سے پسینہ نکالنا (۳) پسینہ لانے والی دوا (دیکھیے "بھپارہ" جو صحیح ہے)
بپھرنا: [ھ۔ امث] (۱) غصہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ تلملانا۔ بھڑکنا۔ آگ بگولا ہونا۔ خفا ہونا (۲) جوش میں آنا۔ مست ہونا۔ طیش میں آنا۔ قابو سے باہر ہونا (۳) ضد کرنا۔ فیل مچانا۔ مچلنا۔ ڈھیٹ ہونا (۴) باغی ہونا۔ سرکش ہونا۔ بغاوت کرنا۔ حملہ کرنا (۵) پریشان ہونا۔ بے انتظام ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۶) چمکنا۔ اچھلنا کودنا (گھوڑے کا)
بپھرے رذیل، رذالے اور بھوکے اشراف سے ڈرنا چاہیئے: [ارمثل] کمینہ غصے کی حالت میں اور شریف بھوک افلاس کی حالت میں خطرناک ہوتا ہے۔

ب ۔ ت

بت: [ھ۔ مث] بات کا مخفف جو مرکبات میں آتا ہے
بت بنا: [ھ۔ صف] باتونی۔ جھوٹی باتیں بنانے والا
بت کہا: [ھ۔ صف] باتیں کرنے والا۔ باتیں بنانے والا
بت کہاؤ: [ھ۔ امث] گفتگو۔ بات چیت
بت کہاؤ ہونا: [ارمحاورہ] گفتگو ہونا۔ بحث ہونا۔ تکرار ہونا۔ صلاح مشورہ ہونا
بت: [ف۔ امث] ایک قسم کا آبی پرندہ۔ مرغابی۔ بطخ۔ بط
بت: [ھ۔ امث] (۱) قد۔ عمر۔ سن (۲) قابلیت۔ قوت۔ دولت۔ سرمایہ۔ جائیداد (۳) بساط۔ پہنچ۔ قدر۔ اونچائی۔ ذریعہ
بت باہر: [ھ۔ صف] بساط یا طاقت سے زیادہ
بُت: [ف۔ اند] (۱) مورت۔ پتلا۔ صنم (۲) وہ آڑا تختہ یا پتھر جس پر قمارباز پانسہ پھینکتے ہیں (۳) معشوق (۴) خاموش۔ چپ چاپ (۵) گونگا۔ گھونسا (۶) بے وقوف۔ احمق۔ بے ہوش۔ مدہوش
بتان: [ف۔ اند۔ جمع] دیکھیے "بت" جس کی یہ جمع ہے
بتان آزری: [ف۔ اند] آزر کے بنائے ہوئے بت جو بہت خوبصورت ہوتے تھے
بت بن جانا / بننا: [ارمحاورہ] چپ یا خاموش ہو جانا۔ محو ہو جانا۔
بت بن کر بیٹھنا: [ارمحاورہ] خاموش رہنا
بت بے پیر: [ار۔ اند] بے رحم معشوق
بت پرست: [ف۔ صف فاعلی] بتوں کی پوجا کرنے والا۔ کافر (۲) عاشق
بت پرستی: [ف۔ امث] بتوں کو پوجنا۔ مورتی پوجا۔ (بت پرست کا اسم کیفیت)
بت تراش: [ف۔ صف فاعلی] بت بنانے والا۔
بت تراشی: [ف۔ امث] دیکھیے "بت تراش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بت خانہ: [ف۔ اند] بت رکھنے کی جگہ۔ مندر۔ شوالا۔
بت خانۂ آذر: [ف۔ مرکب اضافی] آتش کدہ۔ وہ مقام جہاں پارسی آگ کی پوجا کرتے ہیں۔
بت خانۂ آزری: [ف۔ ع۔ اند] آزر کی دکان (۲) مجازاً۔ دنیا۔ جہان۔
بت شکن: [ف۔ صف فاعلی] بت توڑنے والا۔
بت شکنی: [ف۔ امث] بتوں کو توڑنا
بت کدہ: [ف۔ اند] دیکھیے "بت خانہ"
بت گر: [ف۔ صف فاعلی] دیکھیے "بت تراش"
بت گری: [ف۔ امث] دیکھیے "بت تراشی"
بت ہرجائی: [ف۔ امث] بے وفا معشوق۔ جو کسی ایک عاشق کا پابند نہ ہو۔
بت ہو جانا / بت سا ہو جانا: [ارمحاورہ] دیکھیے "بت بن جانا"
بتا: [ارفعل] "بتانا" مصدر سے امر کا صیغہ
بتا: [ھ۔ اند] (۱) ایک ہاتھ کی چوڑائی (۲) بالشت
بُتا: [ھ۔ اند] دھوکا۔ دم جھانسا۔ فریب۔ حیلہ بہانہ۔ ٹال مٹول
بتا بتانا: [ارمحاورہ] فریب دینا۔ دھوکا دینا
بتا دینا: [ارمحاورہ] فریب دینا۔ جھوٹا وعدہ کرنا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔
بتاس: [ھ۔ امث] ہوا۔ آندھی
بتاس پھینی: [ھ۔ امث] ایک قسم کی مٹھائی
بتاسا / بتاشا: [ھ۔ اند] (۱) بلبلا۔ حباب۔ ہوا سے بھری ہوئی چیز (۲) ایک قسم کی مٹھائی جو خالص قند سے بشکل حباب بناتے ہیں (۳) آتشبازی کا چھوٹا انار جو بتاسے کا ہم شکل ہوتا ہے۔
بتاسا سا گھلنا: [ارمحاورہ] غم یا بیماری سے یکایک دفعتہً دبلا ہو جانا۔
بتاسے کا قفل: [ار۔ اند] ایک قسم کا چھوٹا سا گول تالا
بتاسے کی طرح بیٹھ جانا: [ارمحاورہ] دفعتہً بہت دبلا ہو جانا۔ یکایک حالت ردی ہو جانا
بتاسے کی طرح گھل جانا: [ارمحاورہ] دیکھیے "بتاسا سا گھلنا"
بتام / بٹنام: [انگ۔ اند] بٹن
بتانا: [ھ۔ مص] بجھ جانا۔ خاموش ہو جانا۔ ٹھنڈا ہو جانا (گل ہو جانا یا بڑھ جانا آگ کا)
بتانا / بتلانا: [ھ۔ مص] (۱) کہنا۔ بیان کرنا۔ جواب دینا (۲) سکھانا۔ پڑھانا۔ تعلیم دینا۔ ذہن نشین کرنا۔ سمجھانا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ راز افشا کرنا۔ واقف کرنا۔ (۴) دکھانا (۵) اشارہ کرنا (۶) کام دینا۔ کام پر لگا دینا (۷) ٹھیک بنانا۔ مارنا۔ پیٹنا (۸) بوجھنا (پہیلی وغیرہ کا) (۹) فریب دینا۔ راستہ کیا۔
بتانا: [ھ۔ اند] (۱) ایک زیور کا نام۔ سونے چاندی یا پیتل کی چوڑی جو عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں اس میں گھونگرو بھی ہوتے ہیں (۲) مجازاً اشرفی یا روپیہ (امداد) (۳) لوہے کا وہ کڑا جو مہاوت کے پاس ہوتا ہے جس کی مدد سے ہاتھ میں چوڑی بحفاظت چڑھائی جاتی ہے (۴) گھوڑے کی آنکھ کا کویا جس کی رنگت سے گھوڑے کی بیماری کی شناخت کی جاتی ہے (۵) پرانی دستار۔ وہ دستار جسکو پگڑی کے نیچے اس غرض سے رکھتے ہیں کہ اوپر کی طرف گولائی آئے (بعض لوگوں کے نزدیک اس کی اصل بطانہ ہے)

بِتانا: [ھ۔مص] گزارنا۔ گزار دینا۔ وقت گزار دینا

بَتاؤ: [ھ۔امث] کاشت کاروں کی اصطلاح میں زمین کی اتنی زیادہ نمی جس میں ہل نہ چل سکے۔

بَتَر: [ف صف] بدتر کا مخفف۔ زیادہ برا۔ نکما۔ ناقص

بُترا: [ھ صف] کُند۔ وہ ہتھیار جس کی دھار جاتی رہے، خراب ہو جائے۔

بِترانا: [ھ۔مص] عیب نکالنا۔ برائی نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا (۲) جھوٹ بنانا۔ جھٹلانا

بِتَرن: [ھ۔اند] ترک۔ تیاگ۔ خیرات۔ دان

بِتَرنا: [ھ مص] خیرات دینا۔ عطا کرنا بخشنا۔ بخشش کرنا دان دینا۔ پن کرنا

بِتسا: [ھ۔اند] ایک قسم کا چاول

بُتَک: [ف۔امث] بَت کی تصغیر۔ بطخ۔ بط

بَتکا: [ف۔اندمث] زر بطخ

بَتَنگڑ: [ھ۔امکبر فاعل] چھوٹی بات کو بڑا کر دینا۔ مبالغہ۔ بتنگڑ (۲) باتونی۔ بَت کہا

بِتنا: [ھ مصدر] دیکھئے "بیتنا" جو فصیح ہے

بِتنا: [ھ۔اند] دیکھئے "بُنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بِتنگ: [ف صف] بے زار۔ ناخوش۔ عاجز (افعال آنا۔ ہونا)

بَتنگڑ: [ھ۔امکبر] طول طویل کلام بے فائدہ بات

بَتوانا: [ھ۔مص] نپوانا۔ پیمائش کرانا۔ ناپ کرانا

بَتورا: [ھ۔اند] خشک اوپلوں کا ڈھیر۔ بٹورا

بَتوَرن / بتولن: [ھ۔اند] غلہ کا ڈھیر جو فصل کاٹنے یا گاہنے کے وقت لگایا جاتا ہے۔

بَتوری: [ھ۔امث] وہ ورم جو نہایت سخت ہو کر مثل پتھر کے ہو جائے ۲۔ ایک قسم کا چھوٹے چھوٹے دانوں کا اناج۔ چینی۔ چلینہ وغیرہ۔

بَتول: [ع۔اند] ۱۔ کنواری (۲) پاکدامن۔ باعصمت۔ پاکیزہ پارسا (۳) حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا لقب (۴) تارک الدنیا

بَتولا: [ھ۔اند] فریب۔ دھوکا۔ ہنسی کی بات بیہودہ دغاباز۔ مکار۔ فریبی

بَتولن: [ھ۔امث] دیکھئے "بتولا" جس کی یہ تانیث ہے

بَتولے بتانا / بنانا: [ار محاورہ] چکنی چپڑی باتیں کرنا سخن سازی کرنا۔

بَتولے دینا: [ار محاورہ] فریب دینا۔ جھانسا دینا

بَتولے میں آنا: [ار محاورہ] دھوکا کھانا۔ فریب کھانا

بِتھا: [ھ۔امث] درد۔ دکھ۔ تکلیف

بِتھارنا: [ھ مص] بکھرنا۔ پھیلانا۔ چھڑکنا

بِتھرانا: [ھ۔مصدر] دیکھئے "بتھارنا"

بِتھرنا: [ھ۔مصدر] دیکھئے "بتھارنا" جس کا یہ لازم ہے

بَتھوا: [ھ۔اند] ایک قسم کا ساگ عموماً جو گندم کے کھیت میں خود رو پیدا ہوتا ہے

بَتھوے کا ساگ کن ساگوں میں گلیا ساس کن ساسوں میں
[ار مثل] ادنیٰ چیز کی کچھ قدر و منزلت نہیں ہوتی اور دور کا رشتہ دار کچھ رشتہ دار نہیں ہوتا۔

بَتھیا: [ھ۔امث] خشک اوپلوں کا ڈھیر

بَتی: [ھ۔امث] لفظ۔ گفتگو۔ بات

بَتّی (بت تی): [ھ۔امث] وہ بٹی ہوئی روئی یا کپڑا جسے چراغ میں جلاتے ہیں (۲) وہ بنا ہوا فیتہ جو انگریزی لیمپوں یا لالٹینوں میں جلایا جاتا ہے (۳) فتیلہ (۴) روشنی۔ چراغ۔ شمع (۵) لاکھ کی قلم (۶) وہ فتیلہ جو زخم میں دوا لگا کر دیا جاتا ہے (۷) وہ فتیلہ جس سے توپ بندوق سر کرتے ہیں یا آتش بازی میں آگ دیتے ہیں (توڑا) (۸) شافہ (۹) پگڑی کا بٹا ہوا پیچ (۱۰) دیا سلائی (۱۱) حیوانات کا گوشت جو پیٹھ کی ہڈی کے دونوں جانب ہوتا ہے (۱۲) میل جو مالش سے بدن سے چھوٹتا ہے (۱۳) اگر صندل، بارود وغیرہ کا فتیلہ (۱۴) بانس یا سرکنڈے کی گڈی جو چھپر میں باندھتے ہیں (۱۵) روئی یا کپڑے کا فتیلہ جو نزلہ کا پانی نکالنے کے لیے ناک میں رکھا جاتا ہے (۱۶) موم بتی۔ شمع۔ موم چڑھا ہوا فیتہ جو چراغ کا کام دیتا ہے۔ یا گاڑیوں کے لیمپوں میں لگاتے ہیں۔

بَتّی اڑانا: [ار محاورہ] نشانہ ٹھیک لگانا۔ چراغ کی لو پر نشانہ لگا کر اسے بجھا دینا۔

بَتّی اکسانا: [ار محاورہ] چراغ کی بتی اونچا کرنا / آگے بڑھانا

بَتّی بٹنا: [ار محاورہ] روئی یا کپڑے کو دونوں ہتھیلیوں سے مل کر بتی بنانا۔

بَتّی بنا کر رکھ چھوڑو: [ار محاورہ] ناراضگی کی حالت میں کسی چیز کے متعلق کہا جاتا ہے۔ یعنی بیکار ہے کسی مطلب کا نہیں ہے۔

بَتّی بنانا: [ار محاورہ] کسی چیز کو لپیٹنا۔ بتی بٹنا۔

بَتّی بول جانا / بلانا: [ار محاورہ] پست ہو جانا۔ ہار جانا۔ عاجز ہو جانا آنا

بَتّی جلانا: [ار محاورہ] چراغ روشن کرنا۔

بَتّی جلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بتی جلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَتّی چڑھانا: [ار محاورہ] موم بتی کا کنول شمعدان میں لگانا (۲) چراغ کی بتی اوپر اکسانا (۳) کسی دوا وغیرہ کی بتی۔ فتیلہ یا شافہ تیار کر کے رحم میں رکھنا (۴) کسی زخم وغیرہ میں بتی رکھنا۔

بَتّی چڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بتی چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَتّی دکھانا: [ار محاورہ] بتی (توڑا) سے کسی بندوق / توپ وغیرہ کو داغنا یا کسی چیز کو آگ لگانا (۲) روشنی دکھانا۔

بَتّی دینا: [ار محاورہ] آگ دینا۔ توپ وغیرہ کا داغنا۔ دوا کی بتی زخم وغیرہ میں رکھنا

بَتّی لگانا: [ار محاورہ] روشنی کرنا۔ توپ وغیرہ کا داغنا۔ بندوق چھوڑنا۔ دوا کی بتی رکھنا

بَتّی: [ھ۔امث] بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکا پاؤں کے انگوٹھے کی گھاٹی میں ٹھیکری پھینکتا ہے۔ دوسرا اسی طرح رکھ کر ایک سانس میں بتی بتی کہہ کر اٹھا لیتا ہے

بَتّی بلا دینا / بلانا: [ار محاورہ] ہار منوا دینا۔ عاجز کر دینا

بَتّی بول جانا: [ار محاورہ] ہار جانا۔ عاجز آ جانا۔

بُتّے بازی: [ار محاورہ] حیلہ سازی۔ فریب دہی

بُتّے دینا: [ار محاورہ] دھوکا دینا۔ جھوٹے دعوے کرنا۔ چکمے دینا۔ جُل دینا۔

بُتّے میں آنا: [ار محاورہ] فریب میں آنا۔ دَم میں آنا

بَتیا: [ھ۔امث] ۱۔ ایک قسم کا پھل از قسم بینگن (۲) کچا یا ہرا پھل یا ترکاری (۳) (صفت) کچا۔ ہرا۔ نہ پکا ہوا۔ نرم۔ نازک (۴) عموماً کچے خربوزے کو بھی کہتے ہیں۔

بِتیا: [ھ۔اند] بالشت بھر کا۔ بالشتیہ

بَتیا: [ھ۔ار] بتیانا بمعنی بات کرنا کا صیغہ امر

بَتیانا: [ھ۔مصدر۔ف] بات کرنا۔ گفتگو کرنا

بَتیاں : [ھ۔ امث۔ ق] گفت گو۔ بات چیت

بِتیت : [ھ صف] گزرا ہوا گیا ہوا ختم ہُوا ہُوا۔

بِتیت کردینا/کرنا [ار محاورہ] وقت گزارنا

بِتیت ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے "بِتیت کردینا/کرنا" جس کا یہ لازم ہے

بَتیس : [ار۔ا۔ عدد] تیس(۳۰) اور دو کا مجموعہ۔ ۳۲

بتیس ابرن / ابھرن : [ار۔ ٥۔ امذ] عورت کے بتیس زیور ۱ سیس پھول (سرکا) ۲۔ کھُور (۳) ٹیکا (ماتھے کے) ۴ بالی (۵) پتّا (۶) کرن پھول (۷) جھومر (کان کے) ۸۔ نتھ (ناک کا) ۹۔ چندن ہار (۱۰) نکمٹ ہار (۱۱) جوہا (۱۲) چمپا کلی (۱۳) جگنو (۱۴) کنٹھ سری (۱۵) پچلڑی (گلے کے) (۱۶) آرسی (۱۷) انگوٹھی (ہاتھوں کے) ۱۸۔ کنگن کڑے (۱۹) پہنچی (۲۰) پچھڑیاں (۲۱) چھن منقش (۲۲) تونگے (کلائی کے) ۲۳۔ بازو بند (۲۴) جوشن (۲۵) لڑے بازو۔ کے (۲۶) کردھنی (کمرکا) ۲۷۔ کڑے (۲۸) پازیب (۲۹) جھانجر (۳۰) چھڑے (۳۱) بچھوے (ٹخنوں کے) ۳۲۔ چھلے پاؤں کے آج کل اِن کے علاوہ اور بہت سے نوایجاد زیورات ہیں۔ جن کے نام اسماء بالا میں شامل نہیں

بتیس دانت کی بھاکا [ھ۔ امث] منہ سے نکلی ہُوئی بات۔ بد دُعا

بتیس دانتوں میں زبان [ار محاورہ] چاروں طرف سے پھنسا ہُوا ایک زور متعدد زبردست دشمنوں میں گھرا ہُوا۔

بتیس دھار : [ار محاورہ] ماں کا دودھ جو بچپن میں بچہ پیتا ہے

بتیس دھار ہو کر نکلے : [ار بد دُعا] بد دعا۔ بتیس زخموں کے ذریعہ کر نکلے پھوٹ پھوٹ کر نکلے۔ بدن پھوٹ جائے

بتیس دھاریں دُودھ بخشوانا : [ار محاورہ] ماں سے اسکے احسانات پرورش معاف کروانا۔

بتیس دھاریں دُودھ بخشنا : [ار محاورہ] ماں کا اپنے بچوں کو دُودھ پلانے کا معاوضہ جو انھیں ندامت کی شکل میں ادا کرنا۔ بخش دینا

بَتیسا : [ار۔ مذ] ۱۔ ایک قسم کا حلوا جو بتیس(۳۲) چیزوں سے مرکب ہوتا ہے اور زچاؤں کو کھانے کو دیتے ہیں (۲) اس قسم کی ایک دوا جو گھوڑیوں کو بچّہ دینے کے بعد کھلاتے ہیں (۳) حلوائے سوہن کی دو تین قسمیں

بَتیسی : [ار۔ امث] انسان کے منہ میں بتیس(۳۲) دانتوں کا مجموعہ

بتیسی بجنا : [ار محاورہ] سردی یا خوف کی شدت سے کانپتے ہوئے دانتوں کا آپس میں بجنا یا آواز دینا

بتیسی بند ہو جانا/ہونا : [ار محاورہ] کسی بیماری میں بے ہوشی کی وجہ سے یا زہر وغیرہ اثر کر جانے سے مُنہ کُھلنا بند ہو جاتا ہے۔

بتیسی حلق میں ہوگی : [ار محاورہ] اتنی مار پڑے گی کہ بتیسی ٹوٹ کر حلق میں گر جائے گی

بتیسی دکھانا : [ار محاورہ] اس طرح ہنسنا کہ سارے دانت نظر آئیں۔ زور سے ہنسنا (۲) مضحکہ کرنا۔ منہ چڑانا۔ (۳) انکساری کرنا۔ منت اور لجاجت کرنا۔

بتیسی گر جانا/جھڑ جانا : [ار محاورہ] سب دانت گر جانا۔ پوپلا ہو جانا۔

بتیسنا : [ھ مصدر] (قصابوں کی اصطلاح میں) کھانا کھانا۔ طعام نوش کرنا۔

بتیسنی : [ار امث] کھانا۔ طعام

ب — ٹ

بَٹ : [ھ۔ امذ] بٹنا مصدر کا صیغہ امر (۱) تقسیم۔ بانٹ حصّہ (۲) مروڑ پیچ بل سلوٹ (۳) راستہ پگڈنڈی (۴) ایک درخت۔ بڑ۔ برگد (۵) تولنے کا وزن۔ باٹ کا مخفف (۶) کوڑی (۷) کشمیریوں کی ایک ذات (۸) وہ ورم چوٹ کے صدمہ سے جسم انسان پر ہو جاتا ہے (۹) وہ شکن جو گردن یا پیٹ وغیرہ پر موٹاپا (فربہی) کے سبب پڑ جائیں (۱۰) اوجھڑی کا موٹا گوشت جس میں خار نہیں ہوتے۔

بَٹ مار / بٹ پا / بٹ پاڑ [ار صف] ڈاکو۔ راہزن

بَٹ ماری : [ار امث] ڈاکا۔ راہ زنی قزاقی

بٹ موگرا : [ار امذ] ایک قسم کا بڑا موگرا

بَٹّا : [ھ امذ] ۱۔ کمی۔ گھاٹا (۲) باٹ کی تصغیر (۳) تولنے کا وزن (۴) وہ کمی جو زیور، روپیہ وغیرہ بھناتے وقت پڑے (۵) منہائی۔ کٹوتی۔ مجرائی۔ جھوٹ (۶) پتھر کا ٹکڑا جس سے سل پر مسالا وغیرہ پیستے ہیں (۷) زیور وغیرہ رکھنے کا کاٹھ کا ڈبا (۸) چھوٹا گول آئینہ (۹) شعبدہ بازوں کا گول ڈبہ جس میں گولے رکھ کر غائب کرتے ہیں (۱۰) گولا جس کو بازی گر کمان کی ڈوری پر چلاتے ہیں (۱۱) لکڑی کا چھوٹا گولا جو فصد کھلنے والے کے پاس ہوتا ہے اور فصد کھلواتے وقت وہ اس کو مریض کے ہاتھ میں پکڑاتا ہے (۱۲) ارباب نشاط کا انعام جس کو وُہ بیل بٹا کہتے ہیں (۱۳) پان رکھنے کا گول ڈبلا (۱۴) نقصان (پڑنا) عیب (لگنا) حرف آنا (۱۵) وہ لکڑی جس میں سوراخ کرکے اور اس میں دوسری لکڑی لگا کر کنویں پر رکھتے ہیں تاکہ کنویں میں رسّی آسانی سے جا سکے (۱۶) رقم جو فوجی سپاہیوں کو میدان جنگ میں دی جاتی ہے (بھنا) (۱۷) فرق (۱۸) پنسل کی گٹھیا (۱۹) کمی جو ایک ملک کا سکہ دوسرے ملک کے سکے سے بدلنے میں پڑے (۲۰) نقص کمی۔ کسر کوتاہی (۲۱) عیب قصور جرم (۲۲) بدنامی رسوائی لعنت

بٹّا آنا : [ار محاورہ] دیکھئے "بٹا لگنا"

بٹّا دینا : [ار محاورہ] کمی پوری کرنا نقصان اُٹھانا

بٹّا دھار / ڈھال : [ار صف] مسطح۔ ہموار (۲) تباہ و برباد

بٹّا سٹّا ہونا : [ار محاورہ] خاموش ہونا۔ چپ ہونا

بٹّا سٹّا : [ھ۔ امذ] ایک قسم کی زرہ بکتر (۲) سازش۔ بندش۔ سازباز

بٹّا کاٹنا / کاٹ لینا : [ار محاورہ] قرضہ کاٹ لینا۔

بٹّا لگانا : [ار محاورہ] کمی پوری کرنا۔ کٹوتی کاٹنا (۲) عیب لگانا

بٹّا لگنا : [ار محاورہ] کمی پڑنا۔ نقصان پڑنا (۲) عیب لگنا

بٹّا لینا : [ار محاورہ] کٹوتی لینا مجرائی وصول کرنا

بٹّے باز : [ار ھ۔ ف صف] چالاک۔ دغاباز (۲) بھان متی۔ بازیگر۔ شعبدہ باز۔

بٹّے بازی : [ھ۔ ف۔ امث] دیکھئے "بٹّے باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بٹّے پر خریدنا : [ار محاورہ] نفع نقصان پر خریدنا

بٹّے دار روپیہ : [ار امذ] ناقص کھوٹا روپیہ جس پر بٹا لگے۔

بٹے کھاتے:[ا۔ اند] ناقابل وصول رقم۔ وہ رقم جس کا وصول ہونا مشتبہ ہو ۲۔ نفع نقصان

بٹے کھاتے لکھنا۔[ا۔ محاورہ] کسی رقم کو ناقابل وصول قرار دینا۔

بٹے کھاتے میں ڈالنا:[ا۔ محاورہ] دیکھیے "بٹے کھاتے لکھنا"

بٹالین:[انگ۔ امث] (BATTALION) ۱۔ کمپنیاں یا ایک ہزار پیدل سپاہیوں کی رجمنٹ

بَٹانا:[ا۔ مص] پھیلانا۔ بکھرنا

بَٹانا:[ا۔ مص] بانٹ لینا۔ تقسیم کرنا (۲) دوسری طرف متوجہ کرنا۔ توجہ دُور کرنا

بٹاؤ:[ا۔ اند] بانٹ۔ تقسیم

بٹاؤ (واؤ معروف):[ا۔ فاعل] راہ گیر۔ مُسافر

بٹائی:[ھ۔ امث] ۱۔ تقسیم۔ حصّہ کسی چیز یا جنس کا حصّہ (۲) کاشت کار اور مالک کے درمیان غلہ کی تقسیم (۳) پیداوار تقسیم ہونے کا موسم (۴) کھیت کی پیداوار بانٹنے کی اُجرت۔

بَٹ جانا / بَٹنا:[ا۔ مص] ۱۔ تقسیم ہو جانا (۲) مروڑ کھانا / دینا۔ بل کھانا / دینا۔ پیچ کھانا / دینا (۳) اِدھر اُدھر سرک جانا۔ کھسک جانا۔

بَٹرنا:[ھ۔ مص] ایک جگہ جمع ہونا۔ اکٹھے ہونا۔ فراہم ہونا۔ تُر جانا۔ سیا جانا

بٹ لوہی / لوئی:[ھ صف] ۔ اَعْمُوماً پیتل کا وہ ظرف جس میں پانی رکھتے یا دودھ دوہتے ہیں۔

بٹن:[انگ۔ اند] (BUTTON) ۔ بوتام۔ گھنڈی۔ تکمہ جو قمیص اور پہننے والے کپڑوں کی آستینوں یا گلے یا گریبان وغیرہ میں بند کرنے کی غرض سے لگائے جاتے ہیں

بُٹنا:[ھ۔ اند] اُبٹن۔ ایک خوشبودار مصالحہ جس سے بدن کا میل اُترتا رنگ نکھرتا اور بدن خوشبودار رہتا ہے۔

بُٹنا کھیلنا:[ا۔ محاورہ] شادی کے موقع پر ایک دوسرے کو مذاقاً بٹنا ملنا

بٹنا گھولنا:[ا۔ محاورہ] بٹنے میں پانی ڈال کر لیپ سا بنا رکھنا

بٹنا کھلنا:[ا۔ محاورہ] دیکھیے "بٹنا گھولنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بٹنا ملنا:[ا۔ محاورہ] "بٹنے کو بدن پر لگانا"

بٹنگ:[ھ۔ اند] ناشپاتی کی قسم کا ایک کشمیری پھل

بُٹنی:[ھ اند] سرپستان۔ چوچی۔ بھٹنی۔ پستان پر وُہ گھنڈی نما سرا جس کو بچہ منہ میں پکڑ کر دودھ پیتا ہے۔

بٹوا:[ھ۔ اند] کئی خانوں والی دوہری تھیلی جس میں پان کھانے والے الائچی۔ تمباکو۔ چھالیا وغیرہ رکھتے ہیں (۲) چمڑے کی تھیلی جو نقدی رکھنے کے کام آتی ہے (۳) ہمیانی۔ انگریزی لفظ PURSE کا ترجمہ۔

بٹوا سا قد:[ا۔ اند] چھوٹا سا قد۔ بونا

بٹوا سا منہ:[ا۔ اند] چھوٹا سا منہ۔ غنچہ دہن۔ خوبصورت چہرہ

بٹوار / بٹوال:[ھ۔ اند] ۱۔ محصول اکٹھا کرنے والا (۲) محصل جو سڑک پر محصول اکٹھا کرے

بٹوارا:[ھ۔ اند] بانٹنا۔ اپنا اپنا حصہ علیحدہ کرنا (۲) تقسیم (افعال کرنا، ہونا)

بٹورانا:[ا۔ مص] تقسیم کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ کمائی کرانا۔ وصول کرانا

بٹورا:[ھ۔ اند] خشک اُپلوں کا ڈھیر جس پر مٹی یا گوبر لیپ کر اُوپر پھونس سے ڈھانپ دیتے ہیں۔

بٹورن:[ا۔ امث] ۱۔ بچی کچھی چیز۔ کوڑا کرکٹ (۲) چُنی ہوئی۔ فراہم کی ہُوئی۔

بٹور رہ جانا:[ا۔ محاورہ] باہر جانا۔ پاخانے جانا جو لوگ آبادی سے باہر پاخانہ پھرتے ہیں وہ کہتے ہیں کیونکہ بٹورا ابھی اسی جگہ ہوتا ہے

بٹورنا:[ھ۔ مصدر] اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ فراہم کرنا (۲) ترجیہ کرنا (۲) ترپنا۔ سینا۔ ۳۔ سمیٹنا

بٹورے میں سے اُوپلے ہی نکلیں گے[ھ یا۔ مقولہ] ۔ بُروں سے بُرے کام ہی کی توقع ہوتی ہے۔

بٹوہیا:[ھ اند] راہ گیر۔ مسافر (۲) قاسم۔ تقسیم کنندہ

بٹیہ:[ھ۔ اند] دیکھیے بٹا جو صحیح املا ہے

بٹھا[ھ۔ اند] بٹھانا کا صیغۂ امر

بٹھا دینا۔[ا محاورہ] ۱۔ بیٹھنے پر مجبور کرنا۔ بٹھلانا (۲) ہمت پست کر دینا گرا دینا (۳) مکتب یا مدرسہ میں داخل کرنا۔ تعلیم یا تربیت کے لیے کسی کے سپرد کرنا۔ کسی کاریگر کے پاس کسی پیشے یا کام کے سیکھنے کے لیے بھیجنا (۴) کسی محفل سے دست بردار کرنا یا کرانا (۵) پتلا کر دینا۔ نرم کر دینا۔ ڈھیلا کر دینا (۶) دیوالہ نکلوا دینا۔ سخت نقصان پہنچانا (۸) چاول (گھٹی) کر دینا (۹) مکان گرا دینا۔ مسمار کر دینا۔ ڈھا دینا (۱۰) جہاز یا کشتی غرق کر دینا۔ ڈبو دینا (۱۱) کیل وغیرہ یکساں کر دینا۔ برابر کرنا ٹھونک دینا (۱۲) ایک لاٹھی تھپیڑ وغیرہ میں چکرا دینا۔ بے ہوش کر دینا (۱۳) آنکھ وغیرہ دھنسا دینا۔ پھوڑ دینا۔ اندر کر دینا (۱۴) رُوئی وغیرہ جھاڑنا۔ ٹھونسنا (۱۵) قلمی وغیرہ ۔حذف کر دینا کھپا دینا۔

بٹھا رکھنا:[ا محاورہ] ۱۔ انتظار کرنا (۲) بیٹھنے پر مجبور کرنا (۳) کنوارا رکھنا (۴) لڑکی کی شادی نہ کرنا (۵) شادی کے بعد کسی عورت کو سسرال نہ جانے دینا۔ بھیجنا (۶) بیکار رکھنا۔ گھر پر رکھنا

بٹھانا / بٹھائنا:[ا مص] متعدی ہے بیٹھنا کا (۲) بسنے دینا قائم رکھنا بسنے دینا ٹھہرنے دینا / رکھنا (۳) بدحواس کرنا۔ اُتارنا۔ پیوست کرنا۔ ٹھیک جگہ پر لگانا (۴) درست کرنا (۵) ٹھیک جمع کرنا۔ حساب کرنا۔ (۶) پرت پھیلانا۔ نوبنا (۷) کسی مادہ پرندکو بچے نکالنے کے لیے انڈوں پر چھوڑنا (۸) اکٹھا کرنا۔ پنچایت کرنا (۹) اُبھرنے نہ دینا (۱۰) برابر کرنا۔ یکساں کرنا۔ صاف کرنا۔ ۱۱۔ پہرہ لگانا۔ مقرر کرنا (۱۲) مشق کرکے ہاتھ درست کرنا۔ بٹھانا پختہ کرنا (۱۳) یقین دلانا۔ تسلی دینا (۱۴) پودا وغیرہ زمین میں لگانا (۱۵) ٹیکس تشخیص کرنا / لگانا (۱۶) انتظام بندوبست کرنا۔ ۱۷۔ گھر میں عورت سے تعلق ناجائز پیدا کرنا۔ کسی غیر عورت کو گھر میں ڈالنا۔ (۱۸) (تخت پر) بادشاہ بنانا۔

بٹھک:[ہ۔ اند] دیمک کا گھر۔ بانبی جسے پہلے دیمک اپنے لیے تیار کرتی ہے بعد میں سانپ دیمک کو کھا کر اپنی سکونت کے لیے سنبھال لیتا ہے۔

بٹھلانا۔[ا۔ مص] دیکھیے "بٹھانا"

بٹھور:[ہ۔ امث] جلی ہوئی لال مٹی

بٹھی / بٹی:[ہ۔ امث] سونے کے تار بنانے کا کام۔ کلابتوں بٹنے کا کام (۲) سُوت۔ مونج وغیرہ بٹنے کا کام

بٹی:[ہ۔ امث] ۱۔ چھوٹا پھل (نو) نایل کا گولہ (۳) شمع (۴) عرق کھینچنے کا بھبکا۔

بٹیے:[ہ۔ اند] دیکھیے "بٹا" جس کی یہ جمع ہے

بلٹیا: [ہ۔ امث] ۱۔ باٹ کی تصغیر چھوٹا باٹ جس سے وزن کرتے ہیں (۲) چھوٹا گول پتھر (۳) پتھر کا گھسا ہوا ٹکڑا جو دریا کے پانی کے ساتھ پہاڑ سے لڑھکتا چلا آتا ہے (۴) ناریل کی گری (۵) کلابتوں بٹنے والا (۶) بٹ کی تصغیر چھوٹی راہ۔ کھیتوں کے بیچ کا راستہ (۷) ایک قسم کی ریشمی ڈوری جس سے عورتیں پشت کی طرف چوٹی کے بالوں کو باندھتی ہیں
(۸) تنگ راہ

بٹیا: [ہ۔ امذ] کلابتوں بٹنے والا (۲) سُوت یا مونج وغیرہ بٹنے والا۔

بٹیا [ہ۔ امث] بیٹی کی تصغیر۔ بیٹی۔ لڑکی

بٹیر: [ہ۔ امذ و مث] ایک چھوٹا سا پرندہ جو خاکی چڑیا سے کسی قدر بڑا اور مٹیالے رنگ کا ہوتا ہے اس کا گوشت بھی استعمال کیا جاتا ہے اور اس کو لڑانے کے لیے بھی پالتے ہیں۔

بٹیر باز: [ار۔ ف۔ صف] بٹیر پالنے والا۔ بٹیر لڑانے والا (ترکیبی

بٹیر بازی: [ار۔ امث] دیکھیے "بٹیر باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بٹیر جگانا: [ار۔ محاورہ] بٹیر کے کان میں رات کو کوکنا۔ بٹیر کو سونے نہ دینا۔

بٹیر کا بَہ جانا [ار محاورہ] دانہ نہ ملنے کی وجہ سے بٹیر کا دُبلا ہو جانا۔

بٹیریں لڑانا: [ار محاورہ] ۱۔ پالے میں بٹیر لڑانا۔ بٹیر کی لڑائی دیکھنا (۲) فسا دڈالنا۔ لڑانا۔ جھگڑا پیدا ہونا۔

بٹیری: [ہ امث] ۱۔ بٹیر کی تانیث (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس کے مطابق دُلہن والے دُلہا کو کپڑے اور نقدی کا نذرانہ دیتے ہیں۔

ب — ث

بَثَر: [ع۔ امذ] چھالہ پھپھولا۔ مہاسا

بُثور: [ع۔ امذ] بثر کی جمع۔ مہاسے۔ مہاسوں سے بھرا ہوا۔

بثیر: [ع۔ صف] کثیر
بہت زیادہ

ب — ج

بَج: [ار فعل] بجنا مصدر سے صیغہ امر

بجا: [ار فعل] بجانا مصدر سے صیغہ امر

بَجا: [ف صف] ٹھیک۔ درست۔ سچ [افعال: کہنا۔ فرمانا]

بجا آوری: [ف امث] تعمیل کرنا۔ انجام دہی۔ نفاذ

بجا رہنا: [ار محاورہ] درست رہنا۔ ٹھیک رہنا

بجا کرنا: [ار محاورہ] ٹھیک کام کرنا۔

بجا لانا: [ار محاورہ] تعمیل کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔

بجا ہونا: [ار محاورہ] درست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔

بُجّا: [ہ۔ امذ] کپڑے کی چھوٹی سی گدی۔ گھاس پھونس کا مُٹھا۔ جو کسی سوراخ وغیرہ کو بند کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

بَجاج: [ہ۔ امذ] بزاز کا بگاڑ (۲) ہندوؤں کی ایک ذات۔

بِجار: [ہ۔ امذ] ۱۔ وہ موٹا تازہ بیل جو گایوں میں بیج کے لیے چھوڑتے ہیں۔ سانڈ۔ وہ بیل جو مردے کے نام پر داغ دیکر چھوڑتے ہیں (مجازاً) شہوت پرست آدمی۔

بِجاگ: [ہ۔ امذ] دیکھیے بجوگ

بِجالا: [ہ صف] بہت بیج والا۔ بیجوں سے بھرا ہوا (بینگن۔ ق)

بَجانا: [ار مص] باجے سے سُر پیدا کرنا / آواز نکالنا (۲) جانچنا پرکھنا۔ کھوٹا کھرا دریافت کرنا۔ روپیہ یا سکے کو چٹکی لگا کر آواز نکالنا (۳) تعمیل کرنا۔ خدمت کرنا (جیسے نوکری بجانا) ۴۔ مارنا پیٹنا ۵ چھوڑنا۔ داغنا۔ سر کرنا۔ مثلاً گولا بجانا۔

بجائی: [ار۔ امث] وہ مٹھی بھر غلّہ جو غربا کو فصل اٹھانے کے وقت دیا جاتا ہے

بجائے: [ف متعلق فعل] قائم مقام۔ بالعوض۔ بدلے میں۔ جگہ پر۔

بجائے خود۔ [ف متعلق فعل] بغیر کسی مدد کے۔ اپنے نزدیک۔ اپنی سمجھ کے مطابق۔

بج بجانا [ار مص] کسی چیز کا سڑ کر ایسا خراب ہو جانا کہ اس میں بلبلے اٹھیں اُبس جانا۔ سڑ جانا۔

بجٹ: [انگ امذ] سال آئندہ کی آمد و خرچ کا حساب۔ فرد حساب۔ میزانیہ سالانہ آمدنی اور خرچ کا تخمینہ (BUDGET)

بجر: [ہ صف] ۱۔ بھاری۔ بوجھل (۲) نہایت آہستہ چلنے والا۔ سُست کاہل (۳) سخت پتھر مضبوط۔ ٹھوس۔ بھاری پتھر (۴) کٹھن۔ دُوبھر۔ دُشوار۔ مشکل اجیرن۔

بجرا: [ار۔ امذ] سیر کرنے کی چھوٹی کشتی جو پیچھے سے نوک ہوتی ہے۔

بجر بٹو: [ہ۔ امذ] ۱۔ ایک سیاہ جنگلی پھل جس کی ہندو مالا بناتے ہیں۔ اور ریچھ نچانے والے ریچھ کے بالوں میں پرو کر نظر بد کے دفیعہ کے لیے بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں (۲) ایک قسم کا کھلونا (۳) (مجازاً) بے وقوف۔ نادان۔

بجری: [ہ امث] ۱۔ سنگریزہ۔ کنکر (۲) کنکریلی لال مٹی ۳۔ چھوٹے چھوٹے اولے

بجری: [ہ۔ امث] دیکھیے "بجلی"

بجلی: [ہ امث] ۱۔ وہ چمک جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے۔ برق۔ صاعقہ ۲۔ آم کی گٹھلی کا مغز۔ کچے آم کی گٹھلی (۳) عورتوں کے کان کا ایک زیور (۴) برقی قوت (۵) بہت تیز۔ چالاک۔ چُست۔ پھرتیلا

بجلی بچاؤ: [ہ۔ امذ] وہ آلہ جو بلند مقامات پر اس غرض سے لگاتے ہیں کہ اگر بجلی گرے تو اس کے ذریعہ عمارت کو نقصان پہنچائے بغیر زمین میں سرایت کر جائے۔

بجلی بسنت: [ہ۔ امث] بسنت کے موسم کی بجلی جو بہت تیز ہوتی ہے (۲) جلتی ہوئی لکڑی۔ ۳۔ تیز چالاک تیز رفتار (۴) مفسد۔ زبان دراز۔ آگ لگانے والی لڑاکا۔

بجلی پڑنا: [ار محاورہ] ۱۔ بجلی گرنا (۲) آم کی کیری میں گٹھلی پڑنا (۳) آفت آنا۔ مصیبت آنا۔

بجلی پڑے: [ار کلمہ دعا] بد دعا۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔

بجلی ٹوٹے۔ (عو) [ار محاورہ] دیکھیے "بجلی پڑے"

بجلی چمکنا: [ار محاورہ] بادلوں میں بجلی کی روشنی دکھائی دینا۔

بجلی کڑکنا: [ار مصدر مرکب] ۱۔ بادلوں کی رگڑ سے آواز پیدا ہونا۔

بجلی کا کڑکا: [ار۔ امذ] ۱۔ آواز جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے۔ گرج۔

بجلی کوندنا: [ار مصدر مرکب] بجلی چمکنا۔

بجلی کی تلوار [ار۔ امث] ۱ نہایت تیز تلوار۔ اس لوہے کی بنی ہوئی تلوار جس پر بجلی گری ہو۔ تیغ بُراں

بجلی کی کڑک: [ا۔امث] دیکھیے "بجلی کا کڑکا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بجلی کی لپک: [ا۔امث] بجلی کی چمک
بجلی کے بالے: [ھ۔امذ] ایک قسم کا کانوں میں پہننے کا زیور۔ جڑاؤ بالے
بجلی گرانا: [ا۔محاورہ] آفت ڈھانا۔ صدمہ پہنچانا۔ قہر ڈھانا
بجلی گرنا: [ا۔محاورہ] ۱۔ بجلی کا بادلوں سے نکل کر زمین پر پڑنا۔ اگر کوئی چیز اس کے راستے میں آجائے تو اس کو جلا دیتی ہے۔ (۲) آفت آنا۔
بجلی گرے: (عو) [بد دعا] دیکھیے "بجلی پڑے"
بجلی گھر: [ا۔امذ] وہ عمارت جس میں بجلی پیدا کرنے اور تقسیم کرنے کے آلات نصب ہوتے ہیں۔ POWER HOUSE کا ترجمہ
بجلی لوکنا: [ا۔مصدر وضعی] دیکھیے "بجلی چمکنا"
بجلی مہمان گھر میں نہیں تنکا: [ا۔مثل] جب کوئی غریب آدمی کسی امیر کی دعوت کرے تو طنزاً کہتے ہیں۔
بجنا: [ا۔مصدر] ۱۔ آواز نکلنا۔ بولنا (۲) سُر پیدا ہونا (باجے وغیرہ کا) ۳۔ مشہور ہونا (۴) کان سے بھنبھناہٹ کی آواز نکلنا یا سائیں سائیں کرنا (۵) گھڑی یا گھنٹے کا وقت ظاہر کرنا (۶) دانتوں کا سردی یا خوف سے آواز دینا (۷) بندوق وغیرہ کا چلنا۔ چھوٹنا۔
بجنا: [ا۔امذ] دلالوں کی اصطلاح میں روپیہ
بجنا: [ا۔صف] بجنے والا۔ آواز دینے والا۔ بچوں کا کھلونا۔
بجنا: [ھ۔امذ] پنکھا۔ دیکھیے "بیجنا"
بجنا: [ا۔امذ] حیض کی گدی۔ حیض کا لتّا۔ بجّا
بجنتر / بجنتری: [ھ۔امذ] دیکھیے "باجنتر / باجنتری"
بجنتر / بجنتر کی محل: [ھ۔امذ] گویوں کے راگ ناچ بجانے والوں کے بیٹھنے کی جگہ
بجو: [ھ۔امذ] ایک جانور جو قبر سے مُردے کو نکال کر کھا جاتا ہے (۲) مجازاً چھوٹی آنکھ والا آدمی۔ سکڑے منہ کا آدمی۔
بجوانا: [ا۔مص] دیکھیے "بجانا" جسکا یہ متعدی ہے **بجوٹھا**: [ھ۔امذ] ایک قسم کا زیور جسکو ہندو عورتیں بازو میں بازو بند کی بجائے پہنتی ہیں۔
بجورا: [ھ۔امذ] ترنج۔ گلگل کی قسم کا ایک کھٹا پھل۔
بجوڑنا / بجورنا: [ھ۔مص] سخت مارنا۔ پیٹنا۔
بجوگ: [ھ۔امذ] جدائی، مفارقت۔ تفرقہ۔ بچھوڑا۔ علیحدگی (۲) منحوس ستاروں کا اجتماع (۳) حادثہ۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔ مصیبت (۴) محرومی۔ برطرفی۔ چھوٹ۔ نقصان
بجوگ پڑنا: [ا۔محاورہ] جدا ہونا۔ مفارقت پڑنا۔ ناگہانی واقعہ ہونا۔ علیحدگی ہونا۔ جدائی پڑنا وغیرہ۔ **بجوگی**: [ھ۔امذ] وہ شخص جو اپنے معشوق سے جدا ہوا۔ کمبخت یا بدبخت آدمی۔ بدقسمت شخص۔ **بجھ**: [ا۔فعل] بجھنا مصدر کا صیغہ امر۔
بجھا: [ا۔فعل] بجھانا مصدر سے صیغہ امر (۲) اور مصدر بجھنا سے ماضی۔
بجھا: [ا۔صف] بجھا ہوا۔ افسردہ۔ جس میں کوئی خواہش نہ ہو۔
بجھا دینا: [ا۔مصدر۔مرکب] دیکھیے "بجھانا" جس کی یہ تکمیل ہے۔
بجھارت: [ھ۔امث] ۱۔ حساب فہمی۔ حساب کا تصفیہ (۲) پہیلی۔ معمّا۔ مشکل اور پیچیدہ بات۔
بجھانا: [ا۔مصدر] ۱۔ آگ۔ چراغ۔ لیمپ۔ شمع یا کسی جلتی ہوئی چیز کا سرد کرنا۔ گل کرنا (۲) ہمت توڑنا۔ شکستہ خاطر کرنا۔ (دل کے ساتھ) ۳۔ تشنگی مٹانا سیر کرنا۔ ٹھنڈا کرنا (پیاس کیساتھ) ۴۔ آب دینا۔ پانی پھیرنا (ہتھیار کیساتھ) ۵۔ پانی ڈال کر ٹھنڈا کرنا (۶) فہمائش کرنا۔ ذہن نشین کرنا (۷) کیمیا گروں کی اصطلاح میں) کسی معدنی چیز کو پگھلا کر پانی یا عرق میں ٹھنڈا کرنا (۸) گنجفہ کھیلنے والوں کی اصطلاح میں جب کسی کے پاس سر کرنے کو پتا نہیں رہتا تو اس کے پتے ابتر کر کے کہیں سے ایک پتہ مانگ لیتے ہیں جسے بجھانا کہتے ہیں۔
بجھاؤ: [واؤ مجہول سے] [ا۔امذ] بجھانا کا حاصل مصدر۔ کاٹ۔ تیزی (تلوار وغیرہ کی)
بجھائی: [ھ۔امث] بجھانا کا حاصل مصدر
بجھایا پانی: [ا۔امذ] وہ پانی جس میں کوئی گرم چیز بجھا کر اسکی رطوبت جلائی گئی ہو۔
بجھ۔ بجھوّل: [ا۔امذ۔ن] پہیلی۔ چیستان
بجھرا (بجھ را): [ھ۔امذ] گیہوں۔ جَو۔ چنا۔ مسور۔ ملا ہوا اناج (۲) آمیزہ۔ ملاپ
بجھگا کا ہ: [ھ۔امذ] پتلا یا کالی ہانڈی جو چڑیوں یا دوسرے جانوروں، پرندوں کو کھیت سے ڈرانے کے لیے کھیت میں لٹکا دیتے ہیں۔ ڈراوا۔ ڈراونا۔
بجھنا: [ھ۔مص] ۱۔ کسی جلتے ہوئی جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا (۲) دھوپ جل جانا (۳) ہمت ہارنا (۴) سیری ہونا (۵) ٹھٹھرنا۔ مدہم ہونا (۶) دھیما ہونا (۷) بڑھنا (۷) پکوان کا اچھا پک جانا (۸) سکڑنا۔ کم ہو جانا (۹) آلودہ ہونا (۱۰) گنجفہ کے پتوں کا درہم برہم ہو کر بوجھ کے قابل ہو جانا (۱۱) افسردہ ہونا۔ اداس ہونا یا ہوش (۱۲) تیز ہونا۔ آپ چڑھنا۔
بجھوّل: [ھ۔امث] پہیلی۔ چیستان
بجھی آگ: [ا۔امث] وہ آگ جو سرد ہو گئی ہو۔ وہ فساد جو مٹ گیا ہو۔
بجھی آواز: [ا۔امث] نہایت پسندیدہ اور دھیمی آواز۔
بجھی طبیعت: [ا۔امث] افسردہ دل
بجھے ہوئے تیور / بجھے تیور: [ھ۔امث] وہ نگاہ جس سے افسردگی یا ملال ظاہر ہو۔
بجھیرا / بجھیرا: [ھ۔امث] وہ کٹورے نما چوڑا ظرف جسے مٹی کے گھڑے کے منہ پر ڈھانکتے ہیں جس میں اوپر کی طرف پکڑنے کے لیے ڈنڈی لگی ہوتی ہے (۲) پانی گرم کرنے کا گگرا (۳) ڈھکنا (۴) گھڑونچی۔

بجھیل: [ہ۔صف] لدا ہوا۔ بھاری
بجئی: [ھ۔امث] بیج دالاغلہ۔ جسے کاشتکار جو غریب ہوں۔ بونے کے لیے دوکانداروں سے خریدتے ہیں
بجے: [ھ۔امث] فتح۔ جیت، سنسکرت لفظ "وِجے" کا بگاڑ
بجیا (بج یا): [ھ۔امث] باجی کی تصغیر۔ بڑی بہن۔ آپا
بجیا: [ھ۔امذ] سبزی۔ بھنگ
بجیلا (بجی۔لا): [ھ صف] وہ پھل جس میں بہت سے بیج ہوں۔ بیجوں والا۔

ب — چ

بچ: [ا۔فعل] بچنا سے صیغہ امر
بچ: [ھ امث] ایک کڑوی اور بدبودار دوا۔

بُچّا: [ہ۔اِمذ] ا۔جس کے کان نہ ہوں۔ ۲۔چھوٹے کانوں والا۔ کن کٹا

بَچا: [ا۔فعل] بچانا کا امر صیغہ امر

بَچا: [ا۔صفت مفعولی] بچا ہوا

بَچّا: [ا۔اِمذ] دیکھئے " بچّہ " جو صحیح ہے۔

بَچا بچایا: [ا۔صفت] باقی ماندہ

بَچا جانا: [ا۔مص۔مرکب] بھُول جانا (۲) چھوڑ دینا۔ ۔ ۔ رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا

بَچا کُھچا: [ا۔صفت] دیکھئے " بچا بچایا "

بَچا لانا: [ا۔محاورہ] کسی خطرناک مقام سے بغیر نقصان کے نکال لانا (۲) پس انداز کرنا (۳) بری کرانا

بچانا: [ا۔مص] ا حفاظت کرنا۔ محفوظ رکھنا۔ پناہ میں رکھنا۔ امان میں رکھنا (۲) مدد دینا۔ تائید کرنا۔ کفالت کرنا (۴) چھپانا (۵) چوری کرنا۔ خیانت کرنا۔ الگ کرنا۔ نکالنا۔ غبن کرنا (۶) بری کرانا (۷) پس انداز کرنا۔ جمع کرنا۔ جوڑنا (۸) راستہ صاف کرنا۔ ایک رُخ کرنا۔ کنارے ہٹانا۔ راستہ چھوڑنا (۹) قید سے آزاد کرانا۔ مصیبت سے نجات دلانا (۱۰) زد سے ہٹانا۔

بِچار: [ہ۔اِمذ] سوچ۔ فکر۔ خیال۔ دھیان (۲) حساب شمار۔ رائے تجویز (۳) ارادہ۔ قیاس۔ اٹکل۔ دوراندیشی۔ سمجھ۔ دانست۔ تدبیر تمیز (۴) دریافت تفتیش تحقیقات امتحان

بِچار کرنا / بِچارنا: [ا۔محاورہ] سوچنا غور کرنا۔ تصوّر کرنا۔ سمجھنا۔ قیاس کرنا۔ ارادہ کرنا۔ ٹھاننا۔ ستاروں کا حساب لگانا۔ فیصلہ کرنا۔ فیصلہ سنانا محسوس کرنا۔ اندازہ کرنا۔

بِچار میں نکلنا: [ا۔محاورہ] علم نجوم کے ذریعہ معلوم ہونا۔

بِچارا: [ہ۔صفت] دیکھئے " بیچارہ "

بِچالی: [ہ۔امث] وہ گھاس جو گھوڑے کے نیچے تھان پر بچھائی جاتی ہے۔

بَچاؤ: [ہ۔اِمذ] دیکھئے " بچانا " جس کا یہ حاصل مصدر ہے۔

بِیچ بچاؤ: [ہ۔اِمذ] دیکھئے " بیچ بچاؤ "

بچپن / بچپنا: [ہ۔اِمذ] طفلی۔ کم سنی۔ لڑکپن (۲) ناسمجھی۔ کم عقلی

بچپن کرنا: [ا۔محاورہ] بچوں کی سی باتیں کرنا۔ نادانی کرنا۔

بچپنے کی باتیں: [ا۔امث] ناسمجھی کی باتیں۔ بچوں کی سی باتیں۔

بَچَت: [ہ۔امث] جو خرچ سے بچا ہو۔ بقیہ۔ نفع فائدہ کمی

بِچتر: [ہ۔صفت] مصوّر۔ نقاش (سب رس)

بِچک: [ہ۔امث] بچکنا کا صیغہ امر (۲) ڈر خوف جھڑک مایوسی۔

بَچکانا: [ہ اِمذ] بچوں کے لائق۔ کم عمر کا۔ بچوں کا۔ بچے کا جوتہ / جوتا۔ کنفک کا لڑکا وہ زنانہ لڑکا جسے کسی زنانے نے پالا ہو۔ ہیجڑا (پنجابی خُسرہ بچہ)

بِچکانا: [ہ۔مص] خوف دلانا۔ بھچکانا گھبرا دینا (۲) پیچھے ہٹانا۔ واپس ہٹنے پر مجبور کرنا (۳) نا امید کرنا۔ مایوس کرنا (۴) قول و قرار سے پھر جانا۔ وعدہ ایفا نہ کرنا

بِچکانی: [ہ۔اِمذ] دیکھئے " بچکانا " جس کی یہ تانیث ہے۔

بِچکنا: [ہ۔مص] نا اُمید ہونا۔ ٹھٹکنا۔ بھاگنا۔ خوف کھانا۔ گھبرا جانا۔ ہٹ جانا مایوس ہونا۔ سر پیچ آنا۔

بَچ کُچ: [ہ۔اِمذ] بچا کچا اہل و عیال۔ بچے کچے۔ تمام کُنبہ۔ مع بچے نوکر چاکر وغیرہ۔

بِچکنّا (بیچ کنا): [ہ۔اِمذ] ا۔ہاتھ کی درمیانی انگلی۔ ایک زیور جو کان کے اندر پہنا جاتا ہے۔

بِچکنی: [ہ۔امث] ایک قسم کی کان میں پہننے کی بالی

بیچ کے چلنا: [ا۔محاورہ] ہٹ کے چلنا۔ راہ چھوڑ کے چلنا۔

بیچ کے قدم رکھنا: [ا۔محاورہ] احتیاط سے پاؤں رکھنا۔ سنبھل کے چلنا۔

بیچ کے کھیلنا / بیچ کھیلنا: [ا۔محاورہ] ہٹ کے چلنا۔ شطرنج میں کسی مہرے کو زد سے بچانا۔

بچگان: [ف اِمذ] دیکھئے " بچّہ " جس کی یہ جمع ہے۔

بچگانہ: [ف صفت] بچوں کے متعلق۔ بچپنے کا۔ طفلانہ۔ بچّوں کے قابل۔ بچوں کی طرح۔

بچگی: [ف۔امث] بچپن۔ طفلی

بِچلا: [ہ۔اِمذ] منجھلا۔ بیچ کا درمیانہ

بِچلنا: [ا۔مصدر] ا۔لغزش کرنا۔ بہکنا۔ چُوکنا (۲) کھو جانا۔ گم ہو جانا۔ (۳) پھرنا۔ منکر ہونا۔ مُکرنا (۴) مچلنا۔ بدکنا۔ پھڑکنا بھڑکنا (۵) ناکام ہونا۔ (۶) بے سُرا ہونا (۷) خراب ہونا۔ بدنما ہونا (۸) بے ترتیب ہونا۔ گڈمڈ ہو جانا (۹) پاگل ہو جانا (۱۰) کام خراب ہو جانا

بِچلی: [ہ۔امث] دیکھئے " بچلا " جس کی یہ تانیث ہے۔

بچن: [ہ۔اِمذ] ا۔گفتگو۔ بات۔ کہا۔ بات چیت۔ کہاوت۔ مثل۔ مقولہ۔ مرئے (۲) قول۔ وعدہ۔ عہد۔ قول و قرار۔ اقرار عہد و پیمان۔ فال شگون۔

بچن بندھ: [ہ صفت] وعدہ کیے ہوئے۔ قول و قرار کیے ہوئے۔ مقررہ شدہ۔ مشروط

بچن بندھ کرنا: [ہ۔محاورہ] قول لینا۔ عہد لینا۔

بچن بندھ ہونا: [ہ۔محاورہ] قول دینا۔ وعدہ کرنا۔

بچن پال: [ہ۔صفت] بات کا پکّا۔ قول کا پُورا

بچن پالنا: [ا۔محاورہ] وعدہ پورا کرنا۔ عہد نبھانا

بچن توڑنا / چھوڑنا: [ا۔محاورہ] قول و قرار سے پھرنا۔ عہد شکنی ہونا۔

بچن دینا: [ا۔محاورہ] ماننا۔ رضامند ہونا۔ وعدہ کرنا۔ قول دینا۔ اتفاق کرنا۔

بچن ڈالنا: [ا۔محاورہ] سوال کرنا۔ طلب کرنا۔ آرزو کرنا (۲) التجا کرنا۔ قبول نہ کرنا۔

بچن لینا: [ا۔محاورہ] وعدہ لینا۔ عہد لینا۔

بچن مارنا: [ا۔محاورہ] وعدہ کرنا۔ اقرار نامہ لکھانا۔ ہاتھ پہ ہاتھ مار کر پختہ وعدہ کرنا۔

بچن ماننا: [ا۔محاورہ] بات ماننا۔ کہا ماننا۔ حکم ماننا۔ تعمیل کرنا۔

بچن نبھانا / نباہنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے " بچن پالنا "

بچن نکلنا: [ا۔محاورہ] اچھا شگون نکلنا۔ اچھی فال نکلنا

بچن ہارنا: [ا۔محاورہ] ا۔زبان دینا اقرار کرنا۔ قول دینا۔ عہد کرنا۔ راضی ہونا۔ قول پکا کرنا۔ قسم کھانا۔ (۲) وعدہ ایفا نہ کرنا۔ قول سے پھر جانا۔

بچنا: [ا۔مص] ا۔باقی رہنا۔ بچت میں پڑنا۔ پس انداز ہونا۔ جمع ہونا (۲) بڑھنا فاضل رہنا (۳) خالی جانا (۴) زندہ رہنا۔ سلامت رہنا۔ شفا پانا (۵) کنارے ہونا۔ ہٹنا۔ دُور رہنا (۶) زندہ بچنا۔ صدمہ سے محفوظ رہنا۔ تھوڑی کسر رہنا۔

بچنوں کا باندھا کھڑا ہے آسمان: [ا۔مثل] وعدوں کی ایفا کی وجہ سے دنیا قائم ہے۔ دنیا زبان کے بھروسے قائم ہے۔

بچو: [ا ر - اِ مذ] دیکھئے " بچہ " جس کی یہ تصغیر ہے۔
بچورنا: [ا ر - مص] تُرنا۔ کھولنا۔ مَلنا۔ مل کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ پرزے پرزے کر دینا۔ اُدھیڑنا۔ جُدا کرنا۔
بچولا / بچولیا / بچولی / بچویا / بچویت: [ھ - اِ مذ] بیچ والا۔ درمیان والا۔ درمیان میں آنے والا۔ فیصلہ کرانے والا۔ جھگڑا مٹانے والا (۲) دَلّال۔ درمیانی آدمی (۳) ایلچی۔ سفیر۔ حاج دُوت (۴) نائب۔ کارگزار۔ عامل۔ گماشتہ۔ آڑتی (۵) شادی کرانے والا۔ ناطے / نسبت کرانے والا۔
بچوں: [ھ - اِ مذ] دیکھئے " بچہ " جس کی یہ جمع ہے۔
بچوں سے گود / گودی بھری رہے: [دُعا] اولاد کثرت سے ہو اور زندہ رہے۔
بچوں سے گھر کی رونق ہے: [ا ر مثل] بچوں کی وجہ سے گھر میں چہل پہل رہتی ہے۔ اگر بچے نہ ہوں تو گھر بے رونق ہوتا ہے۔
بچوں کا کھیل: [ھ - اِ مذ] آسان کام۔ سہل کام۔ فضول بات۔ سرسری کام۔ معمولی کام
بچوں بچوں کا لشکر: [ا ر - اِ مذ] بہت سے لڑکے بالے
بچونگڑا: [ھ - اِ مذ] بچہ کی تصغیر۔ ننھا بچہ۔ کودک نادان۔ بچہ نا واقف
بچوں والا: [ا ر صف] باپ۔ صاحب اولاد مرد
بچوں والی: [ا ر صف] ماں۔ صاحب اولاد عورت (۲) سیتلا۔ چیچک۔ خسرہ
بچہ: [ھ - ا ر مث] ا۔ انسان کی کم سن اولاد۔ لڑکا۔ طفل۔ چھوکرا (۲) ہر ایک جاندار کی کم سن اولاد (۳) بیٹا (۴) درختوں کا نیا پودا۔ جڑ سے جو نیا پودا پھوٹے (۵) فقیر لوگ دنیا داروں کو کہتے ہیں (۶) بعض وقت حقارت سے مردود اور نابکار کہتے ہیں جیسے یزید کا بچہ (۷) بعض وقت قومیت ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ جیسے ترک بچہ۔ شیخ بچہ (۸) گالی کے طور پر کسی جانور کے نام کے ساتھ جیسے سُور کا بچہ (۹) کبھی بہادری ظاہر کرنے کی غرض سے بولتے ہیں جیسے شیر کا بچہ (۱۰) ظالمانہ عادت کے اظہار کے لیے موذی جانور کے نام کے ساتھ، جیسے سانپ کا بچہ۔ ۱۱۔ نفرت کے لیے کمتر نالائق ظاہر کرنے کے لیے جیسے بھلا بچہ اب کے سہی (۱۲) شطرنج کا مہرہ جو مثل پیادے کے ہوتا ہے۔
بچہ: [ا ر صف] ا۔ ہم شکل۔ ہم وضع۔ متشابہ۔ ملتا جلتا (۲) ناتجربہ کار۔ ناسمجھ نادان۔ کم عقل (۳) معصوم۔ پاک۔ بے گناہ۔
بچہ اُتر جانا / اُترنا: [ا ر محاورہ] بچہ مر جانا
بچہ باز: [ا ر محاورہ] اَمرد پرست۔ اِغلام باز۔ لونڈے باز
بچہ بازی: [ا ر محاورہ] دیکھئے " بچہ باز " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بچہ بالا: [ف - اِ مذ] اولاد۔ لڑکا بالا۔
بچہ بھرانا: [ا ر محاورہ] پرندے کا بچہ کو چونچ سے دانہ کھلانا۔ چوگا دینا۔
بچہ پھرنا: [ا ر محاورہ] پیدائش سے قبل بچہ کا شکم مادر میں جان پڑ جانے کے بعد حرکت کرنا۔
بچہ جنانا: [ا ر محاورہ] پیدائش کے وقت دائی یا ڈاکٹر کا زچہ کو بچہ جننے میں مدد دینا۔
بچہ جننا: [ا ر محاورہ] عورت کا بچے کو جنم دینا
بچہ دار: [ف صف] حاملہ۔ صاحب اولاد عورت
بچہ دان / دانی: [ف - اِ مذ] رحم۔ کوکھ۔ وہ جگہ جہاں بچہ ماں کے پیٹ میں رہتا ہے۔
بچہ دینا: [ا ر محاورہ] مادہ جانور کا بچہ جننا۔
بچہ بریش: [ف - اِ مذ] زیر لب بال۔ وہ بال جو نچلے ہونٹ کے عین نیچے ٹھوڑی پر ہوتے ہیں۔
بچہ کش: [ف - اِ مذ] وہ عورت جو بہت زیادہ بچے جنتی ہے / ہو۔
بچہ کش: [ف - اِ مذ] بچے کو قتل کرنے والا۔
بچہ کشی: [ف - صف] دیکھئے " بچہ کش " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بچہ کُشی: [ف صف] دیکھئے " بچہ کُش " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بچہ مینا: [ف - اِ مذ] شراب
بچہ نو: [ف - اِ مذ] نیا حادثہ۔ نیا نتیجہ۔ نئی کونپلیں۔ نئے شگوفے
بچھ: [ھ فعل] صیغہ امر بچھنا مصدر سے
بچھا: [ھ فعل] ا۔ صیغہ امر بچھانا مصدر سے (۲) بچھنا کی ماضی
بچھا جانا: [ا ر محاورہ] بہت زیادہ خاطر تواضع کرنا۔ بہت عجز و انکسار کرنا۔
بچھا جانا: [ا ر محاورہ] فرش یا بستر وغیرہ بچھا کر چلے جانا۔
بچھا دینا / بچھانا: [ا ر محاورہ] فرش یا بستر وغیرہ پھیلا دینا / پھیلانا۔
بچھ جانا: [ا ر محاورہ] ا۔ فرش ہو جانا (۲) کثرت سے زمین پر گر کر پھیل جانا۔ (۳) مائل ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔
بچھا: [ا ر اِ مذ] دیکھئے۔ بچھڑا
بچھا: [ھ - اِ مذ] وقفہ۔ عرصہ۔ فاصلہ۔ مہلت (۲) فرق۔ بیچ۔ درمیان
بچھتیا: [ھ - اِ مث] چھپکلی
بچھڑا: [ھ - اِ مذ] گائے کا نر بچہ (۲) انسان کا موٹا تازہ بچہ (۳) نوعمر لڑکا۔
بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے: [ا ر مثل] ہر شخص حمایتی کی مدد پر اکڑتا / ناز کرتا ہے۔
بچھڑا / بچھڑا ہوا: [ھ صف] جُدا۔ دُور افتادہ۔
بچھڑانا: [ا ر مص] علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا۔ جُدا کرنا۔
بچھڑ جانا / بچھڑنا: [ا ر مص] علیحدہ ہونا۔ جُدا ہو جانا۔ پیچھے رہ جانا۔
بچھڑو: [ھ - اِ مذ] دیکھئے " بچھڑا "۔ **بچھڑی:** [ھ - اِ مث] دیکھئے " بچھڑا " جس کی یہ تانیث ہے۔
بچھڑیا: [ھ اِ مث] ہاتھی کا مادہ بچہ
بچھلنا: [ھ - مص - صف] پھسلنا۔ لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا (۲) پھسلنے والا
بچھنا: [ا ر مص] ا۔ فرش ہونا۔ بستر ہونا (۲) پھیلنا۔ بکھرنا (۳) بہت خاطر مدارات کرنا۔ عاجزی کرنا۔ منت کرنا (۴) تباہ ہونا۔ مفلس ہونا۔ گرنا۔ بیٹھ جانا۔
بچھناگ / بچناگ: [ھ اِ مذ] ا۔ ایک زہریلا پودا۔ جس کی جڑ دواؤں میں مستعمل ہے اور بہت زہریلی ہوتی ہے۔ بیش۔ میٹھا تیلیا
بچھو: [ھ - اِ مذ] ایک زہریلا جانور جس کے دُم کے سرے پر ڈنک ہوتا ہے جس میں زہر بھرا ہوتا ہے۔ عقرب۔ کثر دُم (۲) خطرناک بدذات۔ تکلیف دینے والا۔ کمتفنی
بچھو بوٹی: [ھ - اِ مث] ایک پہاڑی بوٹی جس کو چھونے سے سخت کھجلی ہوتی ہے۔
بچھو کا منتر: [ھ - اِ مذ] ایسا منتر جس کو پڑھ کر بچھو کے کاٹے پر پھونک دینے سے بچھو کا زہر تکلیف نہیں دیتا۔ اور آرام آ جاتا ہے۔
بچھو کا منتر نہ جانے اور سانپ میں ہاتھ ڈالے: [ا ر مثل] معمولی کام

کی قابلیت نہیں اور بڑے بڑے کام کرنے کو تیار ہو جاتا ہے۔

بِچھوا: [ہ۔اند] ا۔ بچھو (۲) ایک قسم کی چھوٹی سی چھری جس کا پھل مڑا ہوا ہوتا ہے۔ (۳) ایک قسم کا زیور۔ جسے ہندو عورتیں پاؤں کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں۔ (۴) سن کی پھلی جس سے سن کا بیج لیا جاتا ہے۔ (۵) ایک قسم کا چٹ پٹا آچار

بِچھوانا: [ار۔مص] فرش کروانا۔ بستر کروانا

بِچھوڑنا: [ہ۔ مص] رُوئی کا بیج سے علیحدہ کرنا۔ بیلنا

بِچھونا: [ہ۔اند] ا۔ بستر۔ توشک (۲) کوئی چیز جو بچھائی جائے۔ دری قالین وغیرہ (۳) وہ چٹائی یا دری جس پر بیٹھ کر ہندو عورتیں ماتم کرتی ہیں (۴) ماتم کا زمانہ (۵) کسی چیز کا کثرت سے چھٹکنا۔

بچھونا کرنا: [ار محاورہ] بستر بچھانا (۲) کثرت سے کسی چیز کو ڈالنا، پھینکنا۔ (۳) بہت زیادہ مار پیٹ کر گرانا۔

بَچھّی: [ہ۔امث] دیکھئے "بچھڑی"

بَچھیا: [ہ۔امث] بچھی کی تصغیر (۲) بیٹی کو پیار سے کہتے ہیں (۳) ہندو بنیوں کی ایک رسم جو مُردے کی تیرھوں یا سترھوں کو ہوتی ہے۔

بچھیا کا باوا / تاؤ: [ار۔صف مذ] بے وقوف۔ نادان۔ کم عقل

بچھیانا: [ار۔مص] کان پیچھے کو کرنا۔ جیسے جانور کرتے ہیں۔ کان مڑنا۔ کان کھڑے ہونا۔

بچھیرا / بچھیڑا: [ہ۔اند] گھوڑے کا نر بچہ۔

بچھیرا پلٹن: [ار۔اند] نوجوانوں کا گروہ / مجموعہ / مجمع

بچھیری / بچھیڑی: [ہ۔امث] گھوڑے کا مادہ بچہ۔ ۲ سال سے کم کی گھوڑی۔

بچّی: [ار۔ امث] چھوٹی عمر کی لڑکی۔ دوشیزہ۔ کنواری دختر (۲) بڑے بوڑھے جوان عورت کو کہتے ہیں (۳) وہ بال جو نچلے ہونٹ کے عین نیچے ٹھوڑی پر ہوتے ہیں (نیچہ ریشں) قصابوں کی اصطلاح میں بکری کا مادہ بچہ۔

بچّی: [ہ۔امث] دیکھئے "بچا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بچے: [ار۔اند] دیکھئے "بچہ" جس کی یہ جمع ہے۔

بچے تو آپسے نہ بچے سگے باپسے: [ار۔مثل] عورت اپنی مرضی سے تو بچ سکتی ہے۔ حفاظت سے نہیں (عورت اپنی پاکدامنی۔ عصمت کو اپنی مرضی سے بچا سکتی ہے۔ کسی کے حفاظت کرنے سے نہیں بچ سکتی)

بچے کا ہاتھ سے کھیل جانا: [ار محاورہ] بچے کا مر جانا۔

بچے کچے: [ار۔اند] بال بچے۔ چھوٹے چھوٹے لڑکے بالے۔

بچے نکالنا: [ار محاورہ] پرندوں کا انڈوں پر بیٹھ کر بچے پیدا کرنا۔

بچے نکلنا: [ار محاورہ] انڈوں سے بچے پیدا ہونا۔

بچے نکلوانا: [ار محاورہ] ا۔ انڈے بٹھانا۔ پرندوں کے انڈوں سے بچے لینا

بچے والی: [ار۔امث] ماں (۲) زچہ (۳) وہ مرغی جسکے ساتھ بچے ہوں۔

بچے ہٹ جانا / رہنا: [ار محاورہ] بچے مر جانا۔

بُچیانا: [ہ۔ مص] گھوڑے کا شوخی یا خوشی سے کان کھڑے کر کے دونوں سرے ملا دینا۔

ب - ح

بحار: [ع۔اند] بحر کی جمع سمندر

بحال: [ف۔ صف] ا۔ اصلی حالت پر بدستور۔ جیسا پہلے تھا (۲) اچھی حالت میں تندرست صحت یافتہ۔ خوش و خرم (۳) برقرار۔ قائم۔ رکھا ہوا (۴) پھر مقرر کیا ہوا۔ دوبارہ کام پر لگایا ہوا (افعال: کرنا ہونا۔ رکھنا۔ رہنا)

بحالی: [ف۔امث] دیکھئے "بحال" جس کا اسم کیفیت ہے۔

بحث: [ع۔امث] مباحثہ۔ مناظرہ۔ سوال و جواب۔ لفظی یا زبانی جھگڑا۔ (۲) دلیل و حجت (۳) تعلق۔ واسطہ۔ مطلب (۴) باب۔ فصل (۵) وہ گفت گو جو وکلا حاکم کے رُو برُو۔ اپنے دعوے کی تائید اور دُوسرے فریق کی تردید میں کرتے ہیں۔

بحث آ پڑنا: [ار محاورہ] مقابلہ / جھگڑا / تکرار ہو جانا

بحثا بحثی: [ار۔امث] ا۔ مباحثہ۔ مناظرہ۔ باہمی تکرار (۲) حجت۔ اختلاف

بحث بڑھنا: [ار محاورہ] بات لمبی ہونا۔ گفت گو میں طوالت ہونا۔

بحث پڑنا: [ار محاورہ] مقابلہ ہونا۔ حجت ہونا۔ تکرار ہونا۔

بحث چھڑنا: [ار محاورہ] تذکرہ ہونا۔ گفتگو ہونا۔ مناظرہ ہونا۔

بحث قانونی: [ار امث] وہ بحث جو قانون کے پہلو کو واضح کرنے کے لئے ہو۔ قانون کے متعلق ہو یا کسی قانون کی رُو سے ہو۔

بحث کرنا: [ار محاورہ] جھگڑنا۔ حجت کرنا۔

بحثنا: [ار مصدر مرکب] حجت کرنا۔ ضد کرنا۔ تکرار کرنا۔

بحث نکال کھڑی کر دینا / کرنا: [ار محاورہ] جھگڑا پیش کر دینا۔

بحث نہ ہونا: [ار محاورہ] تعلق نہ ہونا۔ مزاحمت نہ ہونا۔ حجت نہ ہونا۔

بحث واقعاتی: [عف۔امث] وہ بحث جو واقعات مقدمہ سے متعلق ہو۔

بحث ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "بحث کرنا" جس کا یہ لازم ہے

بحر: [ع۔اند] بڑا دریا۔ بڑا سمندر

بحر: [ع۔امث] شعر کا وزن۔ چند کلمات موزوں کا نام جن پر اشعار کا وزن ٹھیک کرتے ہیں۔

بحر کھلنا: [ار محاورہ] بے تکلف بولنا۔ حافظہ بڑھنا۔

بحران: [ع۔ اند] اصطلاح طب میں۔ بیماری کے زور کا دن۔ طبیعت اور مرض کے مقابلہ کا دن (۲) نازک حالت۔ تعطل۔ انگریزی لفظ CRISIS کا ترجمہ

بحر رواں: [عف۔ امث] ا۔ بہتا دریا (۲) کشتی۔ ناؤ

بحر و بر: [عف۔اند] تری اور خشکی۔ پانی اور زمین (۲) تمام دنیا۔ ہر جگہ۔

بحری: [ع۔ اصف] بحر سے منسوب سمندری

بحری بیڑا: [ع ار۔اند] سمندری جہازوں کا قافلہ۔ جنگی جہازوں کا دستہ

بحری رَو: [ع ف امث] سمندر کی لہر کا وہ مسلسل بہاؤ جو کسی سمت کو مسلسل جاری رہتا ہے۔

بحریہ: [ع۔امث] بحری فوج۔ سمندری فوج (NAVY) کا ترجمہ۔

بحل: [ف صف] ا۔ معاف (۲) معافی (افعال: کرنا۔ ہونا)

بحور: [ع۔امث] بحر کی جمع (۱) اوزان شعر۔ **بحیرہ**: [ف۔اند] بحر کی تصغیر۔

چھوٹا سمندر (۲) کسی سمندر کا چھوٹا حصّہ۔ وُہ چھوٹا سمندر جو چاروں طرف خشکی سے گھرا ہو

ب - خ

بُخار: [ع اِمذ] بھاپ۔ گرمی۔ حرارت۔ تپ۔ غصّہ۔ غصہ کا جوش۔ کدُورت۔ رنج

بُخار آنا: [ا رمحاورہ] تپ آنا۔ حرارت ہونا (۲) خوف آنا۔ ڈر معلوم ہونا۔

بُخار اُترنا: [ا رمحاورہ] تپ زائل ہونا (۲) ڈر دُور ہونا۔

بُخارات: [ع امذ] دیکھئے "بُخار" جس کی یہ جمع ہے۔ بھاپ حرارت

بُخار اُٹھنا: [ا رمحاورہ] بھاپ اُٹھنا۔ دُھواں اُٹھنا

بُخار بھرا ہونا: [ا رمحاورہ] شکووں سے بھرا ہونا۔ غُبار سے پُر ہونا

بُخار چڑھنا: [ا رمحاورہ] تپ آجانا (۲) غصہ میں بھرنا۔ غصہ آنا (۳) صدمہ ہونا (۴) ڈر لگنا۔ خوف آنا۔

بُخار دِل میں رکھنا۔ [ا رمحاورہ] دِل میں کینہ رکھنا۔ بُغض رکھنا

بُخار دل میں رہنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بُخار دِل میں رکھنا" جسکا یہ لازم ہے

بُخار دھیما ہونا: [ا رمحاورہ] تپ ہلکا ہونا۔

بُخار رکھنا: [ا رمحاورہ] بُغض۔ کینہ یا عداوت رکھنا

بُخار کافور ہو جانا: [ا رمحاورہ] بُخار جاتا رہنا

بُخار نکالنا: [ا رمحاورہ] دِل کا جوش نکالنا۔ دل کا غُبار نکالنا (۲) غصّہ نکالنا (۳) ہوس نکالنا۔ حسرت نکالنا۔ خواہش پُوری کرنا

بُخار نکلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بُخار نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

بُخار ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بُخار چڑھنا"

بُخاری: [ا رصف] ا۔ بُخارا سے منسوب (۲) سادات کا ایک قبیلہ (۳) حدیث کی مشہور کتاب صحیح بخاری (۴) غلہ رکھنے کی تنگ کوٹھڑی (۵) وہ چمنی جو دُھواں نکلنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔ دُودکش

بَخت: [ف۔ امذ] ا۔ حصّہ۔ بخرہ۔ دولت (۲) قسمت۔ طالع۔ اقبال۔ نصیب۔ بھاگ (۳) خوش قسمتی۔ جاہ وحشمت

بَخت آزمائی۔ [ف۔ امث] قسمت آزمائی۔ تقدیر کا امتحان

بخت آور / بختاور [ف صف] خوش نصیب۔ اقبال مند

بخت آوری / بختاوری: [ف امث] خوش نصیبی۔ خوش بختی۔

بخت اُڑ گئے بلندی رہ گئی۔ [ا رمثل] ملک اور ریاست سب کچھ جاتا رہا صرف نام باقی رہ گیا۔ بے ٹکلے نواب۔ مفلسی میں امیرانہ مزاج

بخت اُلٹنا: [ا رمحاورہ] بدقسمت ہونا۔ قسمت پلٹ جانا

بخت بازی: [ف۔ امث] قسمت آزمائی

بخت برگشتہ: [ف صف] بدنصیب۔ بدقسمت

بخت بلند / بیدار: [ف صف] خوش قسمت۔ خوش نصیب

بخت پھرنا: [ا رمحاورہ] قسمت خراب ہونا۔

بخت جلا: [ف ا رصف] کم بخت۔ بدنصیب

بخت جلنا: [ا رمحاورہ] بدقسمت ہونا

بخت جواں: [ف صف] خوش قسمت۔ خوش نصیب (۲) ترقی کرنیوالا۔

بخت چمکنا: [ا رمحاورہ] نصیبہ جاگنا۔ طالع بیدار ہونا۔

بخت خفتہ: [ف امذ] بُرا نصیب۔ سویا ہوا نصیب۔ بگڑی ہوئی قسمت

بخت رسا: [ف۔ امذ] خوش نصیبی۔ اقبال

بخت رمیدہ: [ف۔ امذ] خراب قسمت، بدقسمتی

بخت سازگار: [ف۔ امذ] دیکھئے "بخت بلند"

بخت سبز: [ف۔ امذ] خوش نصیبی

بخت ہونا: [ا رمحاورہ] بدنصیب ہونا۔ قسمت کا ناموافق ہونا۔

بخت سیاہ: [ف۔ امذ] بدبختی۔ بدقسمتی

بخت سیدھا ہونا: [ا رمحاورہ] نصیبہ کھُلنا۔ نصیب کا موافق ہونا۔

بخت کا مارا: [ف۔ امذ] بدنصیب۔ بدقسمت

بخت کھُلنا: [ا رمحاورہ] قسمت کھُلنا۔ نصیب جاگنا۔ دِن پھرنا۔ ناکتخدا کی شادی ہونا۔

بخت مند: [ف صف] خوش نصیب۔ خوش قسمت

بخت و اتفاق: [ف۔ امذ] نصیبے اور اتفاق سے کوشش اور سعی سے نہیں اگر کسی بے وقوف کو کوئی چیز ہاتھ لگ جائے تو کہتے ہیں۔

بخت واژگون / داژدوں: [ف۔ امذ] بگڑا ہوا نصیبہ۔ اُلٹا نصیبہ اوندھی قسمت۔

بختور (بخت ور) ف صف] دیکھئے "بخت آور / بختاور"۔

بختوں جلا: [ا ر صف] بدنصیب۔ مصیبت زدہ

بختوں جلی: [ا رصف مث] بدنصیب۔ مصیبت زدہ عورت (۲) بیوہ عورت۔ بے اولاد عورت

بخت ہمایوں: [ف۔ امذ] دیکھئے بخت بلند

بُختی: [ف۔ امذ] ایک قسم کا بُختی اونٹ جو خراسان سے آتا ہے۔ بُخت نصر بادشاہ نے عربی اونٹنی اور عجمی اُونٹ کے ملاپ سے بچہ لیکر نسل چلائی اور اپنے نام سے نامزد یا منسوب کیا۔

بَختے: [ا رامذ] بھُنے اور دلے ہوئے چنے جن پر چھلکا نہ ہو۔

بختیار (بخت یار) [ف۔ امذ] کامیاب، خوش نصیب۔

بخت یار رہے: [ا ردُعا] قسمت اچھی ہو۔

بخرہ: [ف۔ امذ] حصّہ۔ ٹکڑا۔ بانٹ۔ تقسیم۔ منافع۔

بخرہ کرنا: [ا رمص مرکب] حصّوں میں تقسیم کرنا۔

بخش: [ف۔ امذ] حصّہ۔ ٹکڑا۔ بخرہ۔ بانٹ (۲) کھانے کا مکمل حصّہ جو تقریبات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

بَخش: [لاحقہ فاعلی] بخشودن مصدر سے صیغہ امر جو اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور معاف کرنے والا اور عطا کرنے والا / دینے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً گنج بخش۔ خطا بخش۔

بخشانا: [ا رمصدر] معاف کرانا۔ عفو کرانا، دلانا (۲) اپنے گناہ معاف کرانا

بخشائش: [ف۔ امث] گناہ کی معافی

بخشائش گر: [ف۔ فاعل] بخشنے والا۔ خدا تعالیٰ۔ غفار

بخشائندہ: [ف صف] بخشش کرنے والا

بخشش دینا: [ا رمحاورہ] معاف کر دینا۔ بلا معاوضہ دے دینا

بخشش: [ف۔ امث] انعام۔ عطیہ۔ خیرات (۲) معافی۔ عفو

بخشش نامہ: [ف۔ امذ] وُہ دستاویز جس کے ذریعہ مال۔ جائیداد

بلا معاوضہ کسی کو دیدی جائے۔ ہبہ نامہ۔

بخشنا: [ا ر مص جعل] ا۔ دینا۔ عنایت کرنا۔ عطا کرنا (۲) قرآن شریف کی آیات پڑھ کر ثواب پہنچانا (۳) گناہ معاف کرنا۔ عفو کرنا (۴) بلا معاوضہ کوئی چیز دینا۔ کسی عمل کرنے۔ تعویذ لکھنے۔ وظیفہ پڑھنے۔ دعا کرنے کی اجازت دینا۔

بخشش نامہ: [ف۔ مذ] دیکھئے "بخشش نامہ"

بخشن ہار / ہارا: [ف ہ صف] معاف کرنے والا۔ دینے والا۔

بخشو: [صیغہ امر فعل] معاف کرو۔ پیچھا چھوڑو۔ بخشنا سے صیغہ امر

بخشوانا: [ا ر مص جعل] معاف کروانا

بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی جیئے گا: [ا ر مثل] جب کوئی شخص کسی کے قریب بھی نہ آئے تب کہتے ہیں۔ جیسے ہم کو ویسے ہی رہنے دیجئے۔ جو نقصان اٹھانا تھا اٹھا چکے۔ اب تمہارے قابو میں نہیں آتے۔

بخشی: [ف۔ اند] شاہی زمانے کے ایک فوجی عہدیدار کا نام جو فوج والوں کو تنخواہ تقسیم کرتا تھا (۲) فوج کا سپہ سالار تنخواہ تقسیم کرنا بھی اسی کے ذمّہ ہوتا تھا۔

بخشی خانہ: [ف۔ اند] بخشی کا دفتر۔ جہاں تنخواہ تقسیم کی جاتی تھی۔

بُخل: [ع۔ اند] کنجوسی۔ تنگ دلی (۲) حرص۔ لالچ۔

بُخلا: [ع۔ اند] بخیل کی جمع

بخور: [ع۔ اند] وہ چیزیں جو خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہیں۔ جیسے۔ اگربتی۔ لوبان وغیرہ

بخوردان: [صف۔ مذ] وہ ظرف جس میں بخور (عود۔ لوبان وغیرہ) جلاتے ہیں

بخیانا: [ا ر مصدر جعل] بخیہ کرنا۔ سینا

بخیل: [ع۔ اند] کنجوس۔ ممسک۔ شوم۔ تنگ دل

بخیلی: [ع صف۔ امث] کنجوسی۔ بخیل کی خاصیت

بخیہ: [ف۔ اند] دوہرا ٹانکا۔ ایک قسم کی مضبوط سیون جو پاس پاس اور دوہری ہوتی ہے۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

بخیہ ادھڑنا: [ا ر محاورہ] ٹانکا کھلنا۔ ٹانکے کھلنا (۲) قلعی کھلنا۔ راز فاش ہونا۔ عیب ظاہر ہونا (۲) طاقت ختم ہو جانا۔

بخیہ ادھیڑنا: [ا ر محاورہ] قلعی کھولنا۔ حقیقت ظاہر کرنا۔ عیب کھولنا۔

بخیہ ٹوٹنا: [ا ر محاورہ] ٹانکا ٹوٹ جانا۔ سیون ادھڑنا

بخیہ دار: [ف۔ صف] وہ کپڑا جس میں بخیہ کیا گیا ہو۔

بخیہ زن / گر: [ف صف] بخیہ کرنے والا

بخیہ گری: [ف صف] دیکھئے بخیہ گر جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بخیہ کھلنا: [ا ر محاورہ] ٹانکے ادھڑنا۔ بھید ظاہر ہونا۔ پردہ فاش ہونا۔

بخیے: [ا ر۔ اند] دیکھئے "بخیہ" جس کی یہ جمع ہے۔ نیز مندرجہ بالا محاورں میں بخیہ کی بجائے بخیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

ب — د

بد: [ف صف] نیک کی ضد۔ برا۔ خراب (۲) شریر۔ فسادی۔ ناقص۔ نکما بد باطن (۳) برے شگون والا۔ نامبارک۔ منحوس

بد: [ہ۔ امث و مذ] ساہوکاروں کی اصطلاح میں ذمّہ۔ متعلق (۲) وہ دنبل جو پھوڑوں اور بغل وغیرہ میں نکلتا ہے (۳) طاعون کی گلٹی (۴) شور۔ خنزیر

بدھ: [ہ۔ امث] وہ گڑھا جس میں نیچے کھیلتے وقت گیند یا گولی وغیرہ ڈالتے ہیں۔

بد آغاز: [ف صف] بد اصل۔ بد ذات

بد آموز: [ف صف] ا۔ بری تعلیم پایا ہوا (۲) بری باتیں سکھانیوالا۔ لگائی بجھائی کرنیوالا

بد آموزی: [ف۔ امث] غیبت۔ لگائی بجھائی۔ بدگوئی۔

بد آئین: [ف صف] خراب اصولوں والا۔ جس کے کوئی اصول نہ ہوں۔ بے اصول

بد آئینی: [ف۔ امث] دیکھئے " بد آئین " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بد اچھا بدنام برا: [ا ر مثل] رسوا اور بدنام ہونا بدکاری سے بھی خراب ہے

بد اختر: [ف صف] بدبخت۔ بدنصیب

بد اخلاق: [ف صف] بری عادتوں والا۔ غیر مہذب۔ کج خلق

بد اخلاقی: [فع امث] ناشائستگی۔ کج خلقی

بد استخوان: [ف صف] بدشکل۔ بھدا

بد اسلوب: [ف صف] بے ڈھنگا۔ بدنما۔ بد قطع (۲) بدراہ۔ بدوضع۔ بدکردار

بد اسلوبی: [ف۔ امث] بے ڈھنگاپن (۲) بدراہی

بد اصل: [ف۔ صف] بری نسل کا۔ کمینہ۔ پاجی بدذات

بد اصول: [ف صف] بد آئین۔ بد اصل۔

بد اصولی: [ف امث] کمینہ نسل۔ بری تعلیم۔ برے اصولوں پر عمل۔

بد اطوار: [ف صف] برے چلن والا۔ بدوضع۔ بدمعاش

بد اطواری: [ف امث] بدچلنی۔ بدوضعی

بد اعتقاد: [ف۔ صف] جسکا عقیدہ خراب ہو۔

بد اعتقادی: [ف۔ امث] عقیدے کا خراب ہونا۔ بے ایمانی۔ کسی پر اعتقاد نہ ہونا۔

بد اعمال: [ف صف] بدچلن۔ بدکردار

بد اعمالی: [ف۔ امث] بدچلنی۔ بدکرداری

بد افعال: [ف ـ] بدمعاش۔ برے افعال والا۔ بدکردار

بد افعالی: [ف امث] بدمعاشی۔ بدکرداری۔ بدعملی

بد امنی: [ف۔ امث] گڑبڑ۔ بغاوت۔ فساد

بد انتظامی: [ف۔ امث] خراب انتظام ہونا۔ انتظام کی خرابی۔ بدعملی۔ اند

بد انجامی: [ف۔ امث] خراب انجام۔ اخیر برا ہونا۔

بد انجام: [ف صف] جس کا اخیر برا ہو / خراب ہو۔

بد اندیش: [ف صف] برا چاہنے والا۔ مخالف۔ دشمن۔ حاسد۔ بدخواہ۔

بد اندیشی: [ف۔ اند] حسد۔ دشمنی۔ بدخواہی

بد اوسان: [ف ہ صف] بدحواس۔ گھبرایا ہوا۔

بد اوسانی: [ف۔ ہ۔ امث] گھبراہٹ۔ بدحواسی

بد بات پھوٹنا: [ا ر محاورہ] بری بات مشہور ہو جانا۔ عیب کھل جانا۔ راز فاش ۔

بد بات جھنڈے پر چڑھانا: [ا ر محاورہ] عیب کو مشہور کرنا۔

بد باطن: [فع۔ صف] کینہ پرور۔ منافق۔ جس کی نیت خراب ہو۔

بد باطنی: [فع۔ امث] دیکھئے بد باطن جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بدبخت: [ف صف] بدنصیب۔ کم بخت۔ بدقسمت

بَدبَختی: [ف ۔ امث] بدنصیبی ۔ کم بختی ۔
بَدبَرَد: [ف صف] بدباطن ۔ بدظن (افعال: کرنا ۔ ہونا)
بَدبَلا: [ف صف] چڑیل ۔ ڈائن ۔ نہایت شریر ۔ ظالم
بَدبُو: [ف ۔ امث] خوشبو کی ضد ۔ خراب بُو ۔ دماغ پریشان کرنیوالی بُو
بَدبُو آنا: [ا ۔ محاورہ] تعفن بُو آنا ۔ سڑاند پھیلنا
بَدبُودار: [ف ۔ صف] جس میں سے بُری / خراب بُو آتی ہو ۔
بَدبُو کرنا: [ا ۔ محاورہ] ناگوار بو پھیلانا
بَد بولنا: [ا ۔ محاورہ] بُرا کہنا ۔ گالی دینا
بَدپانسا پڑنا: [ا ۔ محاورہ] خواہ مخواہ غصہ ہونا ۔ چپ ہو جانا ۔ پانسہ خراب پڑنا
کھیلنے والے جب ہار نے یا خراب پانسہ پڑنے سے جگڑ کر بولتے یا غصہ میں
چپ ہو جاتے ہیں وہاں کہا جاتا ہے ۔
بَدپَرہیز: [ف صف] جو کھانے پینے میں پرہیز نہ کرے ۔ مضر صحت اشیا کھانیوالا ۔ بے احتیاط
بَدپَرہیزی: [ف امث] بے اعتدالی ۔ بے احتیاطی ۔ عیاشی ۔ فضول خرچی
بَدتَر: [ف ۔ صف] بہت خراب (بد کی تفضیل بعض)
بَدتر کھتر ہو جانا: [ا ۔ محاورہ] بہت زیادہ خراب ہو جانا ۔
بَدی: [ف ۔ امث] بُرائی ۔ خرابی ۔
بَدتَرین: [ف صف] سب سے زیادہ بُرا ۔ انتہائی بُرا ۔ (بد کی تفضیل کل)
بَدتَمیز: [ف صف] بدسلیقہ ۔ پھوہڑ ۔ گستاخ ۔
بَدتَمیزی: [ف ۔ امث] گستاخی ۔ پھوہڑ پن ۔ ناشائستگی
بَدتَہذیب: [ف صف] بدتمیز ۔ غیر مہذب
بَدتَہذیبی: [ف ۔ امث] بدتمیزی ۔ ناشائستگی
بَدجانور: [ف صف] سُور ۔ خنزیر
بَدجِلَو: [ف صف] سرکش گھوڑا ۔ اسپ کوتل
بَدچَشم: [ف صف] بُری نیت سے دیکھنے والا ۔ لالچی ۔ حریص
بَدچَلن: [ف ۔ ہ صف] بُرے چال چلن کا ۔ بداطوار ۔ بداعمال ۔ بدافعال ۔
بَدچَلنی: [ف ۔ ہ امث] بدکرداری ۔ بداعمالی ۔ بدفعلی ۔ بدکاری
بَدحال: [ف ۔ ع صف] خستہ حال ۔ بُرا حال ۔ بدبخت
بَدحالی: [فع ۔ امث] بُری حالت ۔ بدبختی
بَدحَواس: [فع صف] بیہوش ۔ بدعقل ۔ کم عقل ۔ مضطرب ۔ پریشان
بَدحَواسی: [فع ۔ امث] گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔ اضطراب ۔ بے عقلی ۔ کم عقلی
بَدحَواسی پھیلانا: [ا ۔ محاورہ] پریشان کرنا ۔
بَدحَواسی پھیلنا: [ا ۔ محاورہ] پریشان ہونا
بَدحَیثیت: [فع صف] بدشکل ۔ جس کی شکل سے کم حیثیتی ٹپکتی ہو (۲) بدقطع بدوضع
بَدخَبَر: [ف امث] بُری اطلاع ۔ موت کی خبر
بَدخَبری: [ف امث] موت کی خبر کی نسبت
بَدخِصال / خصلت: [فع ۔ صف] بدمزاج ۔ بُری خو والا ۔ بدافعال ۔ بدطینت
بَدخَط: [ف صف] جس کا خط خراب ہو ۔ بُرا لکھنے والا ۔
بَدخَطی: [ف ۔ امث] بُری تحریر ۔ بُری لکھائی
بَدخُلق: [فع صف] بداخلاق
بَدخُلقی: [فع ۔ امث] بداخلاقی

بَدخُو: [ف صف] بُری عادت والا ۔ بدتہذیب
بَدخُوئی: [ف ۔ امذ] دیکھئے "بدخو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
بَدخواب: [ف صف] نیند سے جگایا ہُوا جو اس وجہ سے بدمزاج ہو ۔
بَدخواب کرنا: [ا ۔ محاورہ] نیند اُچاٹ دینا / خراب کر دینا
بَدخواب ہونا: [ا ۔ محاورہ] ا ۔ نیند اچٹ جانا ۔ نیند پوری نہ ہونے سے
بے چین ہوتے ہیں انزال ۔ ڈراؤنے خواب دیکھنا
بَدخوابی: [صف ۔ امث] نیند نہ آنے کی وجہ سے بے چینی ۔ نیند اُچاٹ ہونا ۔
احتلام ہونا ۔ خوفناک خواب دیکھنا ۔
بَدخواہ: [ف صف] دشمن بُرا چاہنے والا ۔ بداندیش
بَدخواہی: [ف ۔ امث] دشمنی ۔ بَیر ۔ عداوت
بَددُعا: [فع ۔ امث] کوسنا ۔ بُرائی چاہنا ۔ بُرائی کے لیے خدا سے خواہش کرنا ۔
بَددُعا دینا: [ا ۔ محاورہ] کوسنا دینا ۔
بَددُعا کرنا: [ا ۔ محاورہ] کوسنا ۔ بُرا چاہنا
بَددُعا لگنا: [ا ۔ محاورہ] بددُعا کا اثر ہونا ۔ کوسنے کا اثر ہونا
بَددُعا لینا: [ا ۔ محاورہ] کوسنے کا مستحق ہونا اپنے حق میں کسی سے کوسنا لینا ۔
بَددِل: [ف ۔ صف] ا ۔ شکستہ خاطر ۔ ناامید (۲) ناراض ۔ ناخوش (۳) ڈرنے والا ۔ بزدل
بَددِلی: [ف ۔ امث] ا ۔ شکستہ خاطری ۔ ناامیدی (۲) ناخوشی ۔ خوفزدگی ۔ بزدلی
بَددِماغ: [فع ۔ اصف] ا ۔ مغرور ۔ چڑچڑا ۔ نازک مزاج ۔ بدمزاج (افعال: کرنا ۔ ہونا)
بَددِماغی: [فع ۔ امث] غرور ۔ تکبر ۔ چڑچڑا پن ۔ بدمزاجی
بَددِیانت: [فع ۔ صف] خائن ۔ بے ایمان ۔ دغاباز ۔ فریبی
بَددِیانتی: [فع ۔ امث] خیانت ۔ بے ایمانی ۔ دغابازی
بَدذات: [فع ۔ صف] بدطینت ۔ کمینہ ۔ پاجی ۔ شریر ۔ لچا ۔ شوخ
بَدذاتی: [فع ۔ امث] کمینگی ۔ پاجی پن ۔ شرارت
بَدذاتی پر آنا: [ا ۔ محاورہ] شرارت پر آمادہ ہونا ۔
بَدذائقہ: [فع ۔ صف] بدمزہ ۔ جس کا مزہ خراب ہو ۔
بَدذَوق: [فع ۔ صف] جس کی پسند خراب ہو ۔ بدمذاق ۔ غیر معیاری چیزوں کو پسند کرنے والا ۔
بَدذَوقی: [فع ۔ امث] بدمذاقی ۔ خراب پسند
بَدذِہن: [فع صف] کند ذہن ۔ غبی ۔ جس کا ذہن خراب ہو ۔
بَدذِہنی: [فع ۔ امث] کند ذہنی ۔ کوڑمغزی
بَدراہ: [ف ۔ صف] بُرے راستے پر چلنے والا ۔ بدوضع ۔ بدچلن
بَدراہی: [ف ۔ امث] دیکھئے "بدراہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
بَدرِکاب: [فع ۔ صف] وہ گھوڑا جو چڑھنے نہ دے ۔ سوار ہوتے وقت شرارت کرنے والا گھوڑا ۔
بَدرِکابی: [فع صف] سوار نہ ہونے دینا ۔ سوار ہوتے وقت گھوڑے کا شرارت کرنا ۔
بَدرَگ: [ف ۔ صف] بدسرشت ۔ بدطینت ۔
بَدرَنگ: [ف صف] ا ۔ بُرے رنگ کا ۔ خراب یا بدنما رنگ کا (۲) جس کا رنگ اڑا ہوا ہو مدھم رنگ کا (۳) ناقص کھوٹا ۔ بدوضع (۴) تاش یا گنجفہ کھیلتے وقت وہ پتا جو بازی کے رنگ کا نہ ہو ۔ بازی کے رنگ کے خلاف پتا ڈالنے والا ۔ ۵ ۔ چوسر کی سولہ گوٹوں میں سے آٹھ گوٹیں
بَدرَنگی: [ف ۔ امث] ا ۔ خراب رنگ ۔ بدنما رنگ ۔ مدھم رنگ (۲) کھوٹا پن

۳- تاش یا گنجفہ میں بازی کے ہم رنگ پتا نہ پھینکنا۔
بدرَو: [ف۔ امث] دیکھئے "بدر رو" جو صحیح ہے۔
بَدرَو: [ف صف] بدرفتار۔ چلتے ہوئے سوار کو تنگ کرنے والا گھوڑا
بدرُو: [ف صف] بدشکل۔ بدصورت۔ بدنما۔
بدرُوئی: [ف۔ امث] بدصورتی۔ بدنمائی
بدروز: [ف صف] بدبخت۔ بدقسمت
بدروزگار: [ف صف]۔ بدنصیب بدقسمت۔ جس کے زمانہ موافق نہ ہو۔
بدزبان: [ف صف] گالی گلوچ بکنے والا۔ گستاخ۔ بدکلام
بدزبانی: [ف۔ امث] گالی گلوچ۔ گستاخی۔ سخت کلامی
بدزیب: [ف صف] نازیبا۔ بدنما۔ بھونڈا
بدزیبی: [ف امث] بدنمائی۔ بھونڈاپن
بدساعت: [فع۔ امث] منحوس گھڑی۔ بُری گھڑی
بدسرشت: [ف صف] بدطینت۔ بدخصلت
بدسرشتی: [ف۔ امث] دیکھئے بدسرشت جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بدسگال: [ف صف] بداندیش۔ بدخواہ۔ بُرا چاہنے والا۔
بدسگالی: [ف۔ امث] بداندیشی۔ بدخواہی۔ بُرا چاہنا
بدسلوک: [فع۔ صف] بُرا برتاؤ کرنے والا۔ رُوکھا پھیکا
بدسلوکی: [فع۔ امث] بُرا برتاؤ۔ رُوکھاپن۔
بدسلیقہ: [فع۔ صف] بدتمیز۔ بدتہذیب
بدسلیقگی: [فع۔ امث] بدتمیزی۔ بدتہذیبی
بدسیرت: [فع صف] بدطینت۔ بدخو۔ خراب عادت کا
بدسیرتی: [فع۔ امث] بدطینتی۔ بدخوئی۔ بُری خصلت
بدشکل: [فع۔ صف] بدصورت۔ بدہیئت۔ بُری صورت کا۔ بدنما
بدشکلی: [فع۔ امث] بدصورتی۔ بدنمائی
بدشگون / شگُن: [ف صف] منحوس۔ بدفال
بدشگنی / شگونی: [ف۔ امث] نحوست۔ بدفالی
بدصورت: [فع۔ امث] بدشکل۔ بدنما۔ بُری صورت کا
بدصورتی: [فع۔ امث] بدشکلی۔ بدنمائی۔ بُری صورت
بدطالع: [فع۔ صف] بدقسمت۔ بدنصیب
بدطرازی: [فع۔ امث] مصیبت۔ بے ڈھنگاپن۔ بُری روش
بدطریق: [فع۔ صف] گمراہ۔ بدراہ
بدطینت: [فع۔ صف] بُری سرشت کا۔ بُری طبیعت کا۔ بدخو۔
بدطینتی: [فع۔ امث] شرارت۔ بدخوئی
بدظن: [فع صف] بدگمان۔ شکی
بدظنی: [فع۔ امث] بدگمانی۔ شک
بدعقیدہ: [فع صف] جس کا عقیدہ ٹھیک نہ ہو۔
بدعقیدگی: [فع امث] دیکھئے بدعقیدہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بدعمل: [فع صف] بُرے کام کرنیوالا۔ خطاکار۔ گنہگار
بدعملی: [فع امث] بداعمالی۔ اندھیر۔ بدامنی
بدعنوان: [فع۔ صف] ۱۔ ہیرا پھیری کرنیوالا (۲) رشوت خور (۳) بدقماش، بداطوار
بدعنوانی: [فع۔ امث] دیکھئے "بدعنوان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بدعہد: [فع صف] وعدہ وفا نہ کرنے والا۔ وعدہ خلاف۔ بے وفا
بدعہدی: [فع امث] وعدہ خلافی۔ بے وفائی
بدفرجام: [فع صف] وہ جس کی عاقبت بخیر نہ ہو۔
بدفعل: [فع صف] بدکار۔ اغلام باز
بدفعلی: [فع۔ امث] بدکاری۔ اغلام بازی۔ لواطت
بدقدم: [فع صف] منحوس
بدقدمی: [فع امث] دیکھئے بدقدم جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بدقطع: [فع صف] بدشکل۔ بدصورت۔ بے ڈھنگا
بدقلعی: [فع صف] گھسی ہوئی قلعی والا۔ جس کی قلعی خراب ہو گئی ہو۔
بدقمار: [فع صف] ۱۔ جو دھوکا دے کر روپیہ بٹور لے (۲) وہ جواری جو اچھی چال نہ چل سکتا ہو۔ ہمیشہ ہارنیوالا جواری (۳) بدطینت۔ بدسرشت (۴) شریر
بدقماری: [فع امث] دیکھئے بدقمار جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بدقماش: [فع صف] بدچلن۔ بدوضع
بدقماشی: [فع۔ امث] دیکھئے بدقماش جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بدقوارہ: [فع صف] بدشکل
بدقوارگی: [فع۔ امث] دیکھئے بدقوارہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بدقوما (عو): [ا۔ صف] کمینہ
بدکار: [فع صف] بدفعل۔ زانی۔ فاجر۔ بدمعاش
بدکاری: [ف۔ امث] زنا۔ حرامکاری۔ فسق و فجور
بدکردار: [ف صف] بدفعل۔ بدکار۔ فاسق
بدکرداری: [ف امث] بدکاری فسق و فجور۔ حرامکاری
بدکیش: [ف صف] بدخو۔ بدمذہب۔ بددین
بدکیشی: [ف امث] دیکھئے بدکیش جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بدگمان: [ف صف] جس کو کسی پر یقین نہ ہو۔ بدظن۔ شکی۔
بدگمانی: [ف۔ امث] شک و شبہ
بدگو: [ف۔ صف] بدزبان چغل خور۔ بُری بات کہنے والا۔
بدگوشت: [ف صف] وہ فاضل گوشت جو بدن کے کسی حصہ میں کسی مادہ فاسد کی وجہ سے پیدا ہو جائے
بدگوئی: [ف امث] بدی۔ چغلی
(بدگہر / گوہر): [ف صف] بداصل۔ بدسرشت۔ بدطینت۔ شریر گھوڑا۔
بدگھوڑا: [ف صف] شریر گھوڑا۔
بدلحاظ: [فع صف] گستاخ۔ بے شرم۔ شریر۔
بدلحاظی: [فع امث] گستاخی۔ بے شرمی۔ شرارت
بدلگام: [ف صف] ۱۔ منہ زور (گھوڑا) وہ گھوڑا جو لگام کے اشارے پر کام نہ کرے (۲) بدزبان۔ منہ پھٹ۔ جو منہ میں آئے بکنے والا۔ اپنے آپکو ضبط نہ کرنیوالا۔
بدلگامی: [ف۔ امث] منہ زوری۔ شرارت۔ بدزبانی
بدلگامی کرنا: [امحاورہ] گھوڑے کا لگام کے اشارے پر نہ چلنا۔ شرارت کرنا۔ سرکشی اور گستاخی کرنا
بدلہجہ: [فع صف] بدآواز۔ بدزبان
بدمآل: [فع صف] بدانجام۔ جس کا نتیجہ خراب ہو۔

بد مآلی: [ف۔ امث] بدمآل کا اسم کیفیت
بد مذہب: [ف صف] بدطریق۔ بدکیش۔ بے ایمان
بد مزاج: [ف صف] تُند خو۔ تُرش رُو۔ غصّہ آور۔ بُری طبیعت والا۔
بد مزاجی: [ف۔ امث] تُند خوئی۔ تُرش رُوئی۔ چڑچڑا پن۔
بد مزگی: [ف امث] ذائقہ کی خرابی۔ رنجش۔ ناموافقت۔ بگاڑ
بد مزہ: [ف صف] بے مزہ جس کا ذائقہ بُرا ہو۔ بیمار۔ علیل۔ ناراض خفا
بد مست: [ف۔ صف] شرابی۔ مدہوش۔ نشہ میں چُور۔ شریر۔ پُرشہوت۔
بد مستی: [ف۔ امث] شہوت پرستی۔ مدہوشی۔ شرارت۔ شراب خوری
بد معاش: [ف صف] بدچلن۔ شریر۔ کُتّا۔ شُہدا۔ حرام خور۔ اُچکّا۔ اُٹھائی گیرا۔ وہ شخص جس کا گزارہ بُرے کاموں کی آمدنی پر ہو۔
بد معاشی: [ف۔ امث] شرارت۔ بد ذاتی۔ بدچلنی
بد معاملگی: [ف۔ امث] لین دین میں صاف نہ ہونا۔ نادہندگی۔ بدعہدی بے ایمانی۔
بد معاملہ: [ف۔ صف] بد دیانت۔ نادہند۔ لین دین کا خراب
بد مہری: [ف۔ امث] ا۔ سرد مہری (۲) ایک مرض جو گھوڑوں اور اُونٹوں میں
بد نام: [ف صف] وہ شخص جس کی شہرت خراب ہو۔
بدنام کنندۂ نکونامے چند: [ف۔ مثل] نیک ناموں کو بدنام کرنے والا۔ انکسار کے طور پر اپنے لیے کہتے ہیں۔
بدنامی: [ف۔امث] بُری۔ شہرت
بدنامی اُٹھانا: [ارمحاورہ] رُسوائی برداشت کرنا۔
بدنامی اُٹھنا: [ارمحاورہ] رُسوا ہونا۔
بدنامی کا ٹیکا / ٹوکرا / داغ / دھبّا: [ف اند] بُرے کام کا الزام
بدنامی (کا) سمیٹنا: [ار۔مص۔ مرکب] رُسوائی کا چھپانا یا دُور کرنا۔
بدنامی مِٹنا: [ار۔مص۔ مرکب] رُسوائی دُور ہونا۔ بُرے کام کا الزام جاتے رہنا۔
بد نژاد / نسل: [ف صف] خراب نسل کا۔ کمینہ۔ بد اصل۔ بد ذات
بد نصیب: [ف صف] بُری قسمت۔ یا نصیبے والا۔ بدبخت۔ کم بخت
بد نصیبی: [ف۔امث] دیکھئے بدنصیب جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بد نظر / بدنگاہ [ف صف] بُری نظر سے یا بُری نگاہ سے دیکھنے والا
بدنظر سے دیکھنا: [ارمحاورہ] بُری نیت سے دیکھنا۔ زنا وغیرہ کے خیال سے دیکھنا۔ (۲) دشمنی کی نظر سے دیکھنا۔
بدنظری / بدنگاہی: [ف امث] دیکھئے بدنظر جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بد نظم: [ف صف] بدانتظام
بد نظمی: [ع۔امث] بد انتظامی۔ گڑبڑ۔ فساد
بدنفس: [ف صف] بد ذات۔ بدطینت
بدنفسی: [ف۔امث] شرارت۔ بدذاتی
بدنگاہ سے دیکھنا: [ارمحاورہ] شہوت کے خیال سے دیکھنا (۲) زنا کی خواہش
بد نما: [ف صف] بدزیب۔ بدشکل
بد نمائی: [ف۔امث] بدزیبی
بد نہاد: [ف صف] بدسرشت۔ بدطینت
بد نہادی: [ف۔امث] بدعادتی۔ بدطینتی۔ بدخوئی

بد نیّت: [ف صف] وہ شخص جس کی نیت صاف نہ ہو۔ خراب ارادہ والا۔
بد نیّتی: [ف۔ امث] نیک نیتی کی ضد۔ نیّت کی خرابی
بد وضع: [ف صف] بدچلن۔ عیاش۔ بداطوار۔ ناموزوں۔ بُری قطع کا
نا زیبا۔ نامناسب ۔ بدصورت۔
بد وضعی: [ف۔ امث] بدچلنی۔ عیاشی۔ بدصورتی۔ بھونڈا پن۔
بد ہضمی: [ف۔ امث] غذا کا ہضم نہ ہونا۔ طبیعت میں گرانی محسوس ہونا۔ کوئی چیز ہضم نہ ہو سکنا
بد ہوائی: [ف۔امث] شرارت۔ بدذاتی
بد ہولی: [ار صف] بدشکل
بد ہیئت: [ف صف] بدشکل۔ بدصورت
بد ہیئتی: [ف۔امث] بدشکلی۔ بدصورتی
بد یقین: [ف صف] خراب بات کا یقین کرنے والا۔ بدعقیدہ
بد یقینی: [ف۔ امث] دیکھئے "بدیقین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بد یُمن: [ف صف] منحوس، نامبارک
بد یُمنی: [ف۔ امث] نامبارکی۔ بدشگونی۔ نحوست
بَدا: [ع۔ امث] شروع۔ آغاز
بدا: [ہ صف] مقرر۔ معین۔ قسمت میں لکھا ہُوا۔
بِدا: [ہ۔ امث] رخصتی۔ دُلہن کا اپنے گھر سے رخصت ہونا۔ وداع کا بگاڑ (افعال۔ ہونا۔ کرنا)
ہَدا: [ف کلمۂ تاسف] افسوس۔ وائے۔ دریغا
بدابدی: [ہ صف] ا۔ شرطی۔ حکمی۔ (۲) کینہ وری سے۔ ضد بحثی سے۔
بداعت: [ع۔ امث] جدت، اختراع۔ ندرت،
بداہت: [ع۔ امث] یقینی بات۔ صریح اور کھلی بات یا کیفیت جو محتاج دلیل نہ ہو
بداہتہً: [ع متعلق فعل] بغیر سوچے سمجھے۔ ارتجالاً"
بداءت / بدائت: [ع۔امث] شروع۔ آغاز
بدائع: [ع۔ اند] بدیع کی جمع
بدایوں کے لالہ / للّا: [ار صف] بدایوں بھارت کے ایک شہر کا نام ہے جہاں کے لوگ بھولے بھالے ہوتے ہیں۔ مجازاً سادہ لوح۔ احمق۔ نادان۔ سیدھے سادے۔
بُدبُدانا: [ار مص] چپکے چپکے کہنا۔ بُڑبُڑانا
بدبر کرنا: [ارمحاورہ] بدظن کرنا۔ بدگمان کرنا
بَدر: [ع۔ اند] چودھویں رات کا چاند۔ ماہ کامل۔ پورا چاند
بدرُالدجیٰ: [ع۔صف] اندھیری رات کا چاند۔ اُجالا پھیلانے والا۔ (۲) آنحضرت صلعم کا لقب کیونکہ آپ نے جہالت کی تاریکیوں کو دُور کیا۔
بَدَر: [ف صف] ا۔ باہر (۲) غلطی۔ نقص۔ عیب (۳) بقایا
بَدر۔ بُدر: [ف صف] آہستہ آہستہ
بُدر بُدر کرنا۔ عو [ارمحاورہ] آہستہ آہستہ کسی کو بُرا کہنا
بَدرَ رو: [ف۔ امث] ا۔ نالی (۲) گندہ پانی بہانے کی نالی۔
بَدرَقہ: [ف۔ اند] وہ شخص جو راہ میں مسافر کی حفاظت کرے (۲) اصطلاح طب میں وہ دوا جو کسی دوسری دوا کی معاون ہو۔ (۳) قافلے کا رہنما۔ نگہبان محافظ۔ وہ ٹیکس جو زمانہ سابق میں راستوں کی حفاظت کے لیے لیا جاتا تھا۔
بدرقہ حساب: [ف۔ اند] ا۔ وہ حساب جو خزانچی چالان کے ذریعہ خزانہ

میں بیچتا ہے (۲) مال کا بیچاک (۳) مال بیچنے کا محصول

بَدر نکالنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ غلطی نکالنا (۲) کسی کے نام حساب میں رقم نکالنا۔

بَدر نویسی: [ا۔ امث] قابل سماعت رقوم کا لکھنا۔ حساب کی ماہیت درج کرنا۔

بَدرَہ: [ف۔ اند] چمڑے کی تھیلی۔ ہمیانی۔ بٹوا۔ توڑا۔ کیسہ

بَدری: [ف۔ امث] چھوٹی تھیلی

بَدری: [ہ۔ امث] تانبے۔ جست اور رانگے کی مرکب دھات جس پر چاندی کا کام بنا ہوا ہوتا ہے۔

بِدعت: [ع۔ امث] ۱۔ مذہب میں کوئی ایسی نئی بات نکالنا جس سے اصول میں فرق پڑتا ہو (۲) اختراع۔ ایجاد (۳) ظلم۔ تشدد۔ ستم۔ سختی۔ جبر۔ جور۔ جفا۔ تعدی۔ لڑائی جھگڑا۔ فساد۔ قضیہ۔ ٹنٹا (افعال کرنا۔ پھیلانا۔ ہونا)

بِدعتی: [ع۔ صفت] ۱۔ بدعت کرنے والا۔ دین میں نئی بات نکالنے والا (۲) فسادی۔ مفسد۔ ظالم۔

بَدک: [ہ۔ فعل] بدکنا مصدر سے صیغہ امر

بَدکانا: [ا۔ متعدی] گھوڑے کو ڈرانا۔ دوڑانا۔ بھڑکانا۔ دل برداشتہ کرنا۔ دھمکانا۔ جھکانا

بَدکنا: [ا۔ لازم] دیکھئے "بدکانا" جس کا یہ لازم ہے۔ اچھلنا کودنا جست کرنا۔

بَدَل: [ع۔ اند] عوض۔ بدلہ۔ تبادلہ۔ معاوضہ۔ تورہ

بَدَلِ اشتراک: [عف۔ اند] کسی اخبار یا رسالے کا چندہ یا قیمت (مجازاً)

بَدَل جانا: [ا۔ محاورہ] پھر جانا۔ مکر جانا (۲) بدلنا

بَدَل دینا: [ا۔ متعدی مرکب] ایک چیز کے عوض دوسری چیز دینا۔ تبادلہ کرنا۔ ادل بدل کرنا (۲) صورت پلٹ دینا۔ تبدیل کر دینا۔

بَدَل کرنا: [ا۔ محاورہ] عوض کرنا۔ ملا دینا۔ گڈمڈ کر دینا۔ تبدیل کرنا۔

بَدَل کے بیان کرنا: [ا۔ محاورہ] غلط بیانی کرنا۔ اصل واقعہ کو پھر کر بیان کرنا

بَدَلنا [ا۔ متعدی لازم] تبدیل کرنا / ہونا۔ تغیر و تبدل ہونا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا۔ منتقل کرنا۔ (۴) بے مروتی ہونا (۵) ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا (۶) خیالات اور عقیدہ اور ہو جانا (۷) رنگ متغیر ہونا۔ ہلکا ہونا (۸) انقلاب زمانہ ہونا (۹) حالت۔ امیر سے غریب یا غریب سے امیر ہو جانا (۱۰) طبیعت یا مزاج اور قسم کا ہو جانا (۱۲) کسی چیز کو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھنا (۱۳) منتقل کرنا۔ پلٹ دینا۔ پھیر دینا (۱۴) درہم برہم کرنا۔ ملا دینا۔ گڈمڈ کر دینا (۱۵) ایک چیز کو دوسری چیز کے معاوضہ میں دے دینا (۱۶) جو کچھ پہلے کہا تھا اس کے خلاف کہنا (۱۷) (جیسے وضع صورت وغیرہ میں) دوسری وضع اختیار کرنا۔ لباس یا صورت مختلف بنانا (۱۸) (بیان وغیرہ) جھوٹ بولنا۔ مکر جانا۔ غلط بیانی کرنا (۱۹) بات کوئی اور ذکر شروع کر دینا (۲۰) (مکان) تبدیل مکان کرنا۔ جگہ بدلنا۔

بدل نصیب ہونا: [ا۔ محاورہ] گمشدہ چیز جیسی دوسری چیز ملنا

بَدلوانا: [ا۔ متعدی] دیکھئے "بدلنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

بَدلوائی / بَدلائی: [ا۔ امث] تبادلہ کی قیمت۔ معاوضہ۔ بٹا۔ سکے کی تبدیلی کا معاوضہ

بَدلہ / : [ع۔ اند] معاوضہ۔ عوض۔ اجر۔ صلہ۔ بخشش۔ انتقام

بَدلہ اُتارنا: [ا۔ محاورہ] احسان دینا۔ عوض دینا

بَدلہ اُترنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بدلہ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَدلہ پانا: [ا۔ محاورہ] عوض پانا۔

بَدلہ دینا: [ا۔ محاورہ] معاوضہ دینا۔

بَدلہ کرنا: [ا۔ محاورہ] تبدیل کرنا۔ معاوضہ کرنا۔

بَدلہ لینا: [ا۔ محاورہ] عوض لینا۔ انتقام لینا۔ قصاص لینا۔ بدی کا جواب بدی سے دینا

بَدلہ ملنا: [ا۔ محاورہ] عوض ملنا۔ بدی کا جواب بدی سے ملنا

بَدلی: [ا۔ امث] تبدیلی۔ منتقلی۔ تبادلہ

بَدلی: [ا۔ امث] بادل کا چھوٹا ٹکڑا۔

بَدلی کی چھاؤں: [ا۔ امث] ۱۔ بدلی کا سایہ (۲) ناپائیدار۔ بہت جلد مٹ جانے والا

بَدلی ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ابر ہونا۔ بادل ہونا (۲) تبدیلی ہونا۔

بَدلے: [ا۔ اند] بدلہ کی مغیرہ صورت۔

بَدَن: [ع۔ اند] ۱۔ جسم۔ تن۔ سریر۔ ننگا جسم۔ گوشت۔ استخوان (۲) اندام نہانی۔ شرم گاہ

بَدَن اُترنا: [ا۔ محاورہ] جسم کا بدقطع ہونا۔ جسم میں نقصان ہونا۔

بدن اُتو کرنا: [ا۔ محاورہ] مارتے مارتے بدن پر نیل ڈال دینا

بَدن اُتو ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بدن اُتو کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَدن اندر سے پھوڑا ہونا: [ا۔ محاورہ] رگ رگ میں درد ہونا۔

بَدن بگڑ جانا: [ا۔ محاورہ] کوڑھ ہونا۔ جذام ہونا۔

بدن بگڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بدن بگڑ جانا"

بَدن پاک کرنا: [ا۔ محاورہ] بدن سے نجاست دھو ڈالنا۔

بدن پر بوٹی چڑھنا: [ا۔ محاورہ] موٹا تازہ ہونا

بَدن پر بوٹی نہ آنا: [ا۔ محاورہ] بہت دُبلا ہونا۔

بدن پر بوٹی نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بدن پر بوٹی نہ آنا"

بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا"

بَدن پر کپڑا نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] عُریاں ہونا۔ ننگا ہونا

بدن پر نہیں لتا پان کھائیں البتہ [ا۔ مثل] غریبی میں امیری کے ٹھاٹھ رکھنا۔

بَدن پھل جانا [ا۔ محاورہ] پھنسیوں یا چھوٹے چھوٹے دانوں کا جسم پر کثرت سے نکل آنا"

بَدن پھلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بدن پھل جانا"

بَدن پھوٹ جانا: [ا۔ محاورہ] بدن پر زخم پڑ جانا۔ جذام یا کوڑھ ہونا۔

بَدن پھوٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بدن پھوٹ جانا"

بَدن پھیکا ہونا: [ا۔ محاورہ] جسم گرم ہونا۔ بخار ہونا

بدن تختہ ہو جانا [ا۔ محاورہ] جسم اکڑ جانا۔ پٹھے کے سخت ہو جانا

بَدن تختہ ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بدن تختہ ہو جانا"

بَدن توڑنا: [ا۔ محاورہ] انگڑائی لینا۔ سستی پھیلانا۔ ورزش کرنا۔

بَدن ٹوٹنا: [ا۔ محاورہ] اعضا شکنی ہونا۔ ہلکا ہلکا درد ہونا۔ ریاضت سے جسم میں نرمی پیدا ہونا۔ بخار سے پہلے گرانی ہونا۔ جو عام پر بخار کی نشانی ہوتی ہے۔

بَدن جلنا: [ا۔ محاورہ] بخار کی بہت تیزی ہونا۔

بَدن چھٹنا [ا۔ محاورہ] جسم کا دُبلا ہونا۔

بَدن چرانا: [ا۔ محاورہ] شرم سے بدن چھپانا۔ بدن سمٹنا۔

بَدن چور چور ہونا: [ا۔ محاورہ] سخت تھک جانا۔

بَدن خشک ہونا: [ا۔ محاورہ] لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا۔

بَدن دکھانا: [ا۔ محاورہ] برہنگی ظاہر کرنا۔ عُریاں ہونا۔ ننگا ہونا۔

بَدن دوہرا ہونا: [ا۔ محاورہ] جسم کا خمیدہ ہونا۔ جھک جانا (۲) موٹا ہونا۔

بَدَن ڈھانچہ ہونا: [ا رمحاورہ] دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ صرف پوست و استخوان رہ جانا۔
بَدَن ڈھیلا کرنا: [ا رمحاورہ] جسم کا سست کرنا یا چست نہ رکھنا
بَدَن ڈھیلا ہونا: [ا رمحاورہ] بدن میں سختی نہ ہونا۔ بدن نرم ہونا۔
بدن زرد ہونا: [ا رمحاورہ] ضعف یا رنج سے بدن کا رنگ زرد ہو جانا۔
بدن سانچے میں ڈھالنا: [ا رمحاورہ] بدن کا موزوں کرنا / رکھنا بدن کے ہر ایک عضو کو خوبصورت اور موزوں رکھنا (ورزش وغیرہ سے)
بدن کا سانچے میں ڈھلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بدن سانچے میں ڈھالنا" جس کا یہ لازم ہے
بدن سنسنانا: [ا رمحاورہ] جسم میں سنسنی پیدا ہونا۔ رُونگٹے کھڑے ہونا۔
بدن سُوکھ کر کانٹا ہو جانا: [ا رمحاورہ] نہایت دُبلا ہو جانا
بَدَن سے چنگاریاں اُڑنا: [ا رمحاورہ] سخت گرمی محسوس کرنا
بدن قیمہ ہونا: [ا رمحاورہ] بدن نہایت زخمی ہونا۔
بَدَن کا کپڑا: [ا ر۔ اند] بدن کا پہنا ہوا کپڑا
بَدَن کو غذا نہ لگنا: [ا رمحاورہ] باوجود کھانے پینے کے لاغر رہنا بعض دفعہ یہ بیماری کا اثر بھی ہوتا ہے۔
بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا: [ا رمحاورہ] سردی یا ڈر کی وجہ سے بالوں کا کھڑے ہو جانا (۲) خوف کھانا۔ ڈرنا۔ کانپنا۔ ہیبت چھانا۔
بَدَن گھل جانا: [ا رمحاورہ] بہت لاغر ہو جانا۔
بَدَن گدرانا: [ا رمحاورہ] جسم کا موٹا تازہ ہو جانا۔ تروتازہ ہونا۔
بدن مٹی ہونا: [ا رمحاورہ] جسم سست ہو جانا (۲) خفیف حرارت ہونا۔
بَدَن ملنا: [ا رمحاورہ] بدن کی مالش کرنا
بدن ملوانا: [ا رمحاورہ] بدن کی مالش کرانا
بَدَن موم ہو جانا: [ا رمحاورہ] جسم نرم ہو جانا
بَدَن موم ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بدن موم ہو جانا" جو اس کی تکمیل ہے۔
بَدَن مَیلا ہو جانا: [ا رمحاورہ] بدن کا کثیف ہو جانا۔ مَیلا ہو جانا
بَدَن مَیلا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بدن میلا ہو جانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بَدَن میں آگ سی لگنا: [ا رمحاورہ] نہایت غصہ آنا
بَدَن میں جان نہ ہونا: [ا رمحاورہ] بہت کمزور ہونا
بَدَن میں مرچیں لگنا: [ا رمحاورہ] غصہ کی شدت سے بیتاب ہونا۔
بدن میں حال نہ رہنا: [ا رمحاورہ] بدن یا جسم میں سکت نہ رہنا۔
بدن میں دم نہیں نام زور آور خان: [ا ر۔ مثل] اُن صفات سے موصوف کرنا جو کسی میں موجود نہ ہوں۔ شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
بدن میں کھاج پیدا ہونا: [ا رمحاورہ] اپنے ہاتھوں میں خرابی ہونا۔ بد اعمالی آگے آنا۔
بدن میں لہو نہ ہونا: [ا رمحاورہ] جسم کا سفید پڑ جانا۔ بہت کمزور ہو جانا۔
بدن نُور کے سانچے ڈھلنا: [ا رمحاورہ] جسم نہایت گورا ہو جانا۔
بَدَن نیلا کر دینا / کرنا: [ا رمحاورہ] اتنا مارنا کہ بدن پر نیل پڑ جائیں۔
بدن نیلا ہو جانا / ہونا: [ا رمحاورہ] بدن میں زہر کا اثر پھیل جانا۔ یا چوٹ کا نشان ہونا
بَدَن ہرا ہو جانا / ہونا: [ا رمحاورہ] بدن کا تروتازہ ہونا۔ زہریلے مادے یا زہر سے بدن کا سبز ہو جانا۔
بَدنا: [ا ر۔ مص] ۱۔ شرط لگانا (۲) قسمت میں لکھا
بَدَنی: [ع۔ صف] بدن سے تعلق رکھنے والا۔ جسمانی۔

بَدنی: [ھ۔ امث] ایک معاہدہ جس میں مقروض۔ ایک اقرار نامہ بڑی شرح پر سود دینا ہے اور ضمانت میں کھڑی فصل کو بازاری نرخ سے کم قیمت پر لگا دیتا ہے (۲) وہ معاہدہ جو کسی پیداوار کے خریدنے کی بابت فصل سے پہلے خاص نرخ پر قرار پائے (۳) ساتی
بَدْو: [ع۔ امث] شروع۔ آغاز (۲) دشت۔ صحرا
بَدّو / بَدوی: [ع۔ اند] ریگستان عرب کا صحرا نورد باشندہ
بَدّو: [ہ۔ صف] بدنام۔ بُرا۔ خراب۔ معیوب (مذکر) بدمعاش۔ بدچلن آدمی، ڈاکو لیٹرا
بَدّو کرنا: [ا رمحاورہ] رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔
بَدّو ہونا: [ا رمحاورہ] رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔
بُدھ: [ہ۔ امث] ا۔ جوڑ۔ میزان (۲) اچھے نیک ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔
بُدھ دکھانا: [ا رمحاورہ] ا۔ میزان ٹپنا۔ موافقت رہنا۔ اتفاق رائے ہونا (۲) میزان درست ہونا (۳) زائچہ کے مطابق ہونا۔
بدھ کھانا: [ا رمحاورہ] موافقت آنا۔ اتفاق رائے ہونا۔ دوستی ہونا۔ کام بننا۔ سازگاری ہونا۔
بدھ ملانا: [ا رمحاورہ] جنم پتری ملانا۔ زائچہ مطابق کرنا۔ میزان کا مقابلہ کرنا۔ پڑتال کرنا۔
بدھ ملنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بدھ کھانا"
بُدھ: [ہ۔ امث] عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ تیز فہمی
بُدھ: [ہ۔ اند] ا۔ چہارشنبہ (۲) عطارد (۳) عقل۔ تجربہ۔ سمجھ (۴) عارف۔ خداشناس (۵) گوتم کا لقب جو بُدھ مت کا بانی تھا۔
بَدھاوا: [ا ر۔ مذ] شادی بیاہ و ولادت کی تقریبوں میں اعزہ و اقربا کا سامان تقریب لے کر گھر پہنچنا (۲) شادی کا گیت مبارک کا گیت (۳) بچہ کی پیدائش کی مبارکباد (۴) شادی بیاہ کا انعام۔
بَدھائی: [ہ۔ امث] ا۔ بالیدگی۔ بڑھوتری۔ نسل کی ترقی (۲) اولاد ہونے کی مبارکباد۔ خوشی۔ مبارک باد (۳) بیاہ کا انعام
بَدھائی گانا: [ا رمحاورہ] مبارکباد کے گیت گانا۔
بِدھنا: [ا ر۔ مص] بِندھنا (۱) بھننا (۲) پیوست ہونا۔ رگ رگ میں اثر کر جانا۔ ۳۔ سوراخ ہونا۔ پرویا جانا (موتی وغیرہ کا) (بکسر اول)
بَدھنا: [ا ر۔ اند] ٹونٹی والا لوٹا (بفتح اول)
بَدھنی: [ا ر۔ امث] دیکھئے "بَدھنا" جس کی یہ تصغیر ہے
بُدھو: [ہ۔ صف] (لفظی معنی عقل مند) مجازاً۔ بیوقوف۔ نادان۔ ناسمجھ۔
بِدھوا: [ہ۔ صف] (بدھ وا) (سنسکرت ودھوا سے) بیوہ۔ رانڈ
بَدھّی: [بفتح اول] [ہ۔ امث] ا۔ پھولوں کا ہار۔ پھولوں کا وہ لمبا ہار جو شادی کے دن دولہا کو پہنایا جاتا ہے (۲) وہ نشان جو کسی لچکیلی چیز کی ضرب سے پڑے۔ کوڑے یا قمچی کی ضرب کا نشان (۳) تلوار کا آڑا زخم (۴) گلے میں ڈالنے کا ہنکا (۵) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس پر حجام استرہ صاف کرتا ہے۔
بُدھی: (بضم اول) [ہ۔ امث] عقل۔ سمجھ۔ دانائی
بَدھی کا ہاتھ: [ا ر۔ اند] ترچھا وار
بَدھیا: [ہ۔ صف۔ امث] ا۔ اختہ۔ ہیجڑا (۲) اختہ بیل وچوپایہ جس کے فوطے نکال دیئے یا مل دیئے گئے ہوں (۳) دو شاخوں کا چھوٹا گٹھا۔
بَدھیا بیٹھنا: [ا رمحاورہ] چلتے ہوئے بیل کا بیٹھ جانا (۲) بیکار ہو جانا (۳) نقصان ہونا (۴) دیوالا نکلنا۔ مفلس ہونا۔
بَدھیا کرنا: [ا رمحاورہ] بیل کو اختہ کرنا۔ جیسے نکال ڈالنا نامرد کرنا۔

بُدھیا مری تو مری مگر آگرہ تو دیکھ لیا: [ا ر مثل] ذرا سی لغزش کے بدلے بڑا نقصان گوارا کر لینا۔ بے پروا اور لاابالی آدمی کو کہتے ہیں۔
بَدھیاں پڑنا: [ا ر محاورہ] چوٹ کا نشان پڑنا۔ لکڑی یا کوڑے کی مار کا نشان اُبھر آنا۔
بَدھیاں ڈالنا: [ا ر محاورہ] مار مار کر نشان ڈالنا۔ مار مار کر کھال اُدھیڑنا۔
بَدہیات: [ع۔ امث] دیکھئے "بدیہیات"
بَدی: [س۔ امث] قمری مہینے کا دوسرا پندرھواڑا جس میں چاند گھٹتا ہے سُدی کی ضد
بَدی: [ف۔ امث] بُرائی۔ بدخواہی۔ غیبت
بدی پر آنا: [ا ر محاورہ] بُرائی پر آمادہ ہونا۔ دشمنی پر کمر باندھنا۔ سرکشی کرنا۔
بَدی چیتنا: [ا ر محاورہ] بُرائی کا خیال کرنا۔ بُرائی کی نیت کرنا۔ بُرا چاہنا۔
بَدی کرنا: [ا ر محاورہ] بُرائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ غیبت کرنا
بِدیا: (بکسر اول) (سنسکرت ودیا۔ ہے) [ہ۔ امث] ۱۔ علم۔ ہنر (۲) فلسفہ (۳) شاستر کا علم (۴) علم کی دیوی (۵) چالاکی۔ فریب (۶) گٹکا جس کے منہ میں رکھنے سے اڑنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔
بِدیارتھی: [ہ۔ صف] ودیارتھی۔ طالب علم۔ متعلم۔ علم کا خواہش مند
بِدیا وان: [ہ۔ صف] عالم۔ فاضل۔ گیانی۔ فقہ دان۔ ماہرِ فن
بِدیس: [ہ۔ اند] پردیس۔ غیر ملک۔ دوسرا ملک۔ ملک سے باہر
بِدیسی: (بکسر اول) [ہ۔ صف] غیر ملکی۔ پردیسی۔ مسافر۔ اجنبی
بَدیع: [بفتح اول) [ع۔ صف۔ اند] ۱۔ انوکھا۔ نادر۔ نیا (۲) موجد۔ بنانے والا۔ (۳) نو ایجاد چیز (۴) ایک علم جس میں کلام کی لفظی، در معنوی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں۔
بَدیہہ: (بفتح اول) [ع۔ صف] ۱۔ صریح۔ ظاہر۔ برجستہ۔ ٹھیک (۲) بغیر غور و فکر کے ٹھیک بات کہنا (۲) منطق کی اصطلاح میں وہ بات جس کے لیے دلیل کی ضرورت نہ ہو، جو بغیر غور و فکر کے سمجھ میں آ جائے۔
بَدیہہ گوئی: [فع۔ امث] غور و فکر کے بغیر کہنا۔ برجستہ شعر کہنا۔ حاضر جوابی
بَدیہی: [ع۔ صف] ۱۔ صاف۔ واضح۔ صریح۔ ظاہر۔ روشن (۲) اصطلاح (منطق) بلا غور و فکر میں آنے والی بات، جو دلیل کی محتاج نہ ہو، مثلاً کل جُز سے بڑا ہوتا ہے، یہ ایک بدیہی امر ہے۔
بَدیہیُ الاِنتاج: (بَدی ہی یُل اِن تاج) [ع۔ امث] منطق کی پہلی شکل، جس کے نتیجے نکالنے میں غور و فکر کی ضرورت نہیں ہوتی۔ لفظی معنی، جس کا نتیجہ واضح ہو۔
بَدیہیات: [ع۔ امث] بدیہی کی جمع۔ ظاہر باتیں۔ صریحی اُمور

ب ۔ ڈ

بِڈارنا: [ہ۔ مص] ۱۔ جلا وطن کرنا۔ نکالنا۔ باہر کرنا (۲) چیرنا۔ پھاڑنا (۳) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۴) خراب کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔
بِڈھا: [ہ۔ اند] ۱۔ بہت لمبا چوڑا گڑھا۔ کھائی۔ خندق (۲) کٹائی اور کھدائی کا شروع کا حصہ، جو کٹ گیا ہو یا کھد گیا ہو۔
بِڈھا لگانا: [ا ر مص مرکب] ۱۔ کھدائی یا کٹائی کا کام شروع کرنا۔ ۲۔ نقب لگانا
بُڈھا: (بضم اول) [ا ر صف۔ مذ] بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ کہن سال۔ ضعیف۔ پیر
بُڈھا پھونس / کھوسٹ: [ا ر صف] بہت زیادہ بوڑھا۔ سال خوردہ۔ ضعیف فانی۔ بہت کمزور
بُڈھا ٹھڈا / بڈھے ٹھڈے: [ا ر صف] بہت بوڑھا / بوڑھے۔ بہت ضعیف
بُڈھا لگنا / بڈھا لگنے لگنا: [ا ر محاورہ] تھوڑی عمر میں بوڑھا معلوم ہونا۔ بڑھاپا آئے بغیر ہی بوڑھا معلوم ہونا
بُڈھی: [ا ر صف۔ مث] دیکھئے "بڈھا" جس کی یہ تانیث ہے
بڈھی گھوڑی لال لگام: [ا ر مثل] بڑھاپے میں جوانوں کی طرح بناؤ سنگار کرنے والے یا بڑھاپے میں جوانی کا دم بھرنے والے شخص کو کہتے ہیں۔
بُڈھیرا / بڈھیڑی: [ہ۔ امث] ایک خوشبودار گھاس
بڈھے کی نہ مرے جورو، بالے کی نہ مرے ماں: [ا ر مثل] بڈھے کی بیوی اور بچے کی ماں مرنے سے بڑی مصیبت کا سامنا ہوتا ہے۔
بڈھیا بڈھی: [ا ر صف۔ مث] پیرزال۔ بہت بوڑھی عورت

ب ۔ ذ

بَذر: [ع۔ اند] بیج۔ تخم
بَذرقہ: [ع۔ اند] دیکھئے "بدرقہ"
بَذل: [ع۔ اند] بخشش۔ داد و دہش۔ سخاوت (۲) عطیہ۔ انعام۔
بَذلہ: [ع۔ اند] لطیفہ۔ خوش طبعی کی بات۔ چٹکلا۔ مذاق
بَذلہ سنج / گو: [عف۔ صف] خوش طبع۔ لطیفہ گو۔ ظریف۔ نفیس بات کرنے والا۔ دلچسپ اور مزاحیہ گفتگو کرنے والا۔
بَذلہ سنجی / گوئی: [عف۔ امث] خوش طبعی۔ ظرافت۔ نفیس باتیں کہنا۔ لطیفہ گوئی۔

ب ۔ ر

بَر (ف حرف ربط) ۱۔ اُوپر۔ پر۔ کو۔ میں۔ ساتھ۔ بلند۔ غالب
بَر: [ف لاحقہ فاعلی] بُردن مصدر سے صیغہ امر جو اسم کے آخر میں آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور لیجانے والے کے معنی دیتا ہے۔ جیسے پیامبر۔ دلبر۔
بَر: [ف۔ اند] ۱۔ جسم۔ بدن (۲) سینہ (۳) بغل۔ آغوش۔ کنار۔ پہلو (۴) چوڑائی (۵) جوان عورت (۶) نزدیک
بَر آر: [ف صف فاعلی] پورا کرنے والا۔ لیجانے والا۔ لانے والا۔ اٹھانے والا۔ کام کرنے والا (عموماً تراکیب کے آخر میں آتا ہے۔ مثلاً کاربرآر)
برآرِ کار: [ف صف] کام کی تکمیل کرنے والا
برآری: [ف۔ امث] دیکھئے "برآر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بَر آشفتہ: [ف صف] غصے میں بھرا ہوا۔ ناراض
بَر آمد: [ف۔ امث] خرچ۔ مصارف (۲) وہ زمین جو دریا کے پیچھے ہٹ جانے سے نکل آتی ہے (۳) مال کی روانگی یا نکاسی (۴) اُبھار (۵) طلوع ظہور۔ خروج۔ نکلنا (۶) نمائش۔ ظاہر داری (۷) اصل چیز جس میں

کوئی بناوٹ نہ ہو (۸) کسی مال کا ملک سے باہر بھیجنا۔ بیرونی ممالک سے تجارت
۹۔ وہ اشیاء جو بغرض تجارت ملک سے باہر بھیجی جائیں EXPORT کا ترجمہ۔

بَر آمد کرنا: [ا، محاورہ] ۱۔ کھوج نکالنا۔ ظاہر کر دینا (۲) نکالنا (۳) چور سے چوری کا مال نکالنا/ پکڑنا/ لینا (۴) تنخواہ (روپیہ) خزانہ یا بنک سے لانا (۵) تجارت کے سلسلے مال تجارت کا ملک سے باہر بھیجنا۔

بَر آمدگی: [ف۔ امث] وصولی۔ کھوج۔ سُراغ۔ نکاسی۔ چور سے مال مسروقہ کی واپسی۔

بَر آمدہ: [ف صف] ۱۔ مکان کے سامنے بغیر دروازوں کا کمرا۔ دہلیز۔ پیش گاہ۔ ایوان (۲) سائبان۔ غلام گردش (۳) بالاخانہ۔ اُوپر کا باہر کا نکلا ہوا کمرا

بر آمد ہونا: [ا، محاورہ] دیکھئے "بر آمد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَر آنا: [ا، محاورہ] حاصل ہونا۔ پُورا ہونا۔ کامیاب ہونا۔

بَر آوَرد: [ف۔ امث] تخمینے کی فرد۔ گوشوارہ (۲) وہ کاغذ جس پر مصارف کا حساب لکھا ہوا ہو۔ (۳) بل یا تنخواہ کا کاغذ

بر آورد بنانا: [ا، مص مرکب] تخمینے کی فرد بنانا۔ تخمینہ بنانا

بر آورد بننا: [ا، مص مرکب] دیکھئے "بر آورد بنانا" جس کا یہ لازم ہے

بر آورد کرنا: [ا، محاورہ] نکالنا۔ بر آمد کرنا (۲) کسی رقم کا ایک مد سے نکال کر دوسری میں داخل کرنا (۳) منہا کرنا۔ تفریق کرنا۔ گھٹانا۔

بَر آوَردَہ: [ف صف مفعول] وہ رقم جو ایک مد سے نکال کر دوسری میں ڈالی جائے۔

بَرار: [ف صف] دیکھئے "برآر" جس کی یہ تخفیف ہو۔

بَر اُفتاد: [ف صف] ہٹا ہوا۔ الگ۔ گھٹا ہوا۔

بَر اُفتادہ: [ف صف] مغلوب۔ قابو میں آیا ہوا۔ بے طاقت۔ کمزور

بَر افروختگی: [ف۔ امث] غصّہ۔ طیش

بَر افروختہ: [ف صف] غصّہ میں بھرا ہوا۔ جلتا ہوا۔ ناراض

بَر افگن: [ف صف فاعل] تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا۔ تہ و بالا کرنے والا

بَر افگنی: [ف۔ امث] دیکھئے "بر افگن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بَر انداز: [ف صف] پھینکنے والا۔ برباد کرنے والا۔

بَر انداز: [ف۔ امذ] ۱۔ خرچ (۲) پائدان۔ پا انداز (۳) ڈولی وغیرہ کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ بُرقع۔ نقاب۔ اُوپر کا پردے والا کپڑا۔

بَر انگیختگی: [ف۔ امث] غصہ۔ طیش۔ اشتعال

بَر انگیختہ: [ف صف] غصہ اور طیش میں بھرا ہوا۔ مشتعل۔ بھڑکا ہوا۔

بَر انگیختہ کرنا: [ا، مص مرکب] کسی کو غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔ اُبھارنا۔ اشتعال دینا۔ آمادہ کرنا۔

بَرباد: [ف صف] تباہ۔ ویران۔ اُجاڑ۔ خراب۔ نیست۔ نابُود

برباد کرنا: [ا، محاورہ] تباہ کرنا۔ ویران کرنا۔ اُجاڑنا۔ ضائع کرنا۔ نیست و نابُود کرنا

برباد ہونا: [ا، محاورہ] دیکھئے "برباد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَربادی: [ف۔ امث] تباہی۔ اُجاڑ۔ خرابی

بَرپا: [ف صف] قائم۔ ایستادہ

برپا رہنا: [ا، محاورہ] قائم رہنا۔ آباد رہنا۔ کھڑا رہنا

برپا کرنا: [ا، محاورہ] قائم کرنا۔ مچانا۔ اُٹھانا۔ پھیلانا۔ کھڑا کرنا۔ آباد کرنا۔ شورش کرنا۔ منعقد کرنا۔

برپا ہونا: [ا، محاورہ] اُٹھنا۔ پیدا ہونا۔ مچنا۔ جوش ہونا۔ پھیلنا۔ پھولنا۔ منعقد ہونا۔

بَرتَر: [ف صف] زیادہ بلند۔ زیادہ بزرگ۔ اعلیٰ۔ غالب۔ ترجیح رکھنے والا۔ بڑھ کر۔

برتر خیال کرنا/ سمجھنا: [ا، محاورہ] بزرگ سمجھنا۔ غالب سمجھنا۔ بڑھ کر سمجھنا۔

بَرتَری: [ف۔ امث] بڑائی فضیلت۔ بزرگی۔ غلبہ۔ فوقیت۔ بلندی

بَر تقدیر: [ف متعلق فعل] بالفرض

بَرجا: [ف صف] بجا۔ برقرار۔ ٹھیک۔ ثابت

بَرجَستگی: [ف۔ امث] دیکھئے "برجستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بَرجَستہ: [ف صف] موزوں۔ برمحل۔ بے ساختہ۔ مناسب ٹھیک (۲) فی البدیہہ بے سوچے۔ بے فکر کیے (۳) بلند۔ عالی۔ پسندیدہ۔ تحفہ

بَر حسبِ دل خواہ: [ف متعلق فعل] دلی خواہش کے مطابق

بَرحَق: [ف صف] ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ بجا۔ بے شک۔ ناگزیر۔ لازمی۔ شدنی (۲) راستی پر۔ سچائی پر۔ سچا

برخاست: [ف صف] بلند۔ ختم۔ ملازمت سے علیحدہ۔ موقوف۔ برطرف [افعال کرنا ہونا]

بَرخاستگی: [ف۔ امث] دیکھئے "برخاست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بَرخاستہ خاطر: [ف صف] دیکھئے "برخاستہ دل"

بَرخاستہ خاطری: [ف۔ امث] دیکھئے برخاستہ دلی"

بَرخاستہ دل: [ف صف] رنجیدہ۔ کبیدہ۔ آزردہ۔

بَرخاستہ دلی: [ف۔ امث] رنجیدگی۔ کبیدگی۔ آزردگی

بَرخاستہ طبیعت: [ف صف] دیکھئے "برخاستہ دل"

بَرخلاف: [ع صف] برعکس۔ اُلٹ۔ ضد۔ ناموافق۔ مخالف۔

بَرخلافِ آئین: [ع صف] خلاف قاعدہ۔ خلافِ دستور۔

بَرخلافِ قانون: [ع صف] دیکھئے "برخلاف آئین"

بَرخود غلط: [ع صف] اپنے متعلق غلط رائے قائم کرنے والا۔ شیخی باز۔ شیخی خورہ۔

بَرخوردار: [ف صف] اقبال مند۔ بختاور۔ کامیاب۔ پیارا (۲) (دعا) جیتے رہو۔ کامیاب رہو (۳) بیٹا بیٹی

برخورداری: [ف۔ امث] خوشی۔ کامیابی۔ اولاد کی کثرت (۲) دیکھئے "برخوردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۳) عافیت) برخوردار کی نالش

بَردار: [ف صف] ۱۔ اُٹھانے والا۔ جیسے علمبردار۔ نازبردار (۲) بلند اُونچا (۳) چوڑا۔ چوڑائی رکھنے والا کپڑا (عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)

بَرداری: [ف۔ امث] اُٹھا لے جانا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے باربرداری۔ نازبرداری

بَرداشت: [ف۔ امث] ۱۔ صبر۔ تحمل۔ بردباری۔ سہنا۔ اُٹھانا (۲) جانوروں کی غور و پرداخت (۳) اجابت۔ قرض۔ اُدھار۔ لینا

برداشت خانہ: [ف۔ امذ] وہ کمرا جس میں سامان رکھیں۔ گودام

برداشتہ: [ف صف] اُٹھایا ہوا۔ ہٹایا ہوا۔ بیجا یا گیا۔ (مرکبات میں جیسے دل برداشتہ)

برداشتہ خاطر: [ف صف] بیزار۔ اُداس۔ آزردہ۔ اُچاٹ۔

بیدل۔ رنجیدہ

بَرداشتہ خاطری: [ف۔ امث] دیکھئے "برداشتہ خاطر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بَرداشتہ دِل: [ف صف] دیکھئے "برداشتہ خاطر"

بَردوختگی: [ف۔ امث] دیکھئے "بردوختہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بَردوختہ: [ف صف] سِیا ہُوا۔ جُڑا ہُوا۔ میخوں سے لگا ہُوا۔

بَردوش: [ف متعلق فعل] کندھے پر

(**بَرُو**) [ف تف] مُنہ پر۔ رُوبرُو

بَرزُبان: [ف صف] زبان پر۔ حفظ۔ یاد (افعال کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

برزبان تسبیح و در دل گاؤخر: [ف مقولہ] زبان پر سبحان اللہ اور دل میں گھریلو خیالات ظاہر اچھا باطن خراب

برسبیل: [ف متعلق فعل] بطور

برسبیلِ تذکرہ [ف متعلق فعل] (۱) تذکرے کے طور پر

برسبیلِ تنزل [ف متعلق فعل] بالفرض (۲) اپنے موقف سے ہٹ کر

برسبیلِ دوام [ف متعلق فعل] ہمیشہ کے لیے۔ دائمی طور پر

برسرِ کھلا: [ف صف] کھلی پر

برسرِ بازار: [ف متعلق فعل] کھلم کھلا۔ آشکارا

برسرِ پرخاش: [ف صف] لڑائی پر آمادہ

برسرِ جنگ: [ف صف] دیکھئے "برسرِ پرخاش"

برسرِ حساب: [ف صف] سختی کرنے پر آمادہ۔ مخالف۔ دشمن

برسرِ خود: [ف صف] خودسر۔ خود رائے۔ خودمختار

برسرِ خویش: [ف صف] دیکھئے "برسرِ خود"

برسرِ فرزندِ آدم ہرچہ آید بگذرد: [ف مقولہ] آدمی پر کیسی ہی مصیبت آئے برداشت کر ہی لیتا ہے۔

برسرِ کار: [ف متعلق فعل] کام پر۔ ملازمت میں۔ مشغلے میں

برسرِ کوہ: [ف متعلق فعل] پہاڑ کی چوٹی پر

برسرِ کین، برکینہ: [ف صف] دیکھئے لڑائی یا دشمنی پر آمادہ

برسرِ مطلب: [ف متعلق فعل] اصل مقصد پر (آمدم کے ساتھ)

برسرِ موقع: [ف متعلق فعل] عین موقع پر

برسرو چشم: [ف متعلق فعل] دیکھئے "بسرو چشم"

برضد (ع) [ف صف] مخالف۔ ضدی

برضدی (ع) [ف۔ امث] تکرار۔ ضد۔ اڑ

برطبق: [ف صف] موافق۔ بموجب۔ بمطابق۔ فوراً

برطرف: [ف صف] برخاست۔ موقوف۔ دُور۔ علیحدہ۔ بےتعلق (افعال کرنا۔ ہونا)

برطرف: [ف متعلق فعل] بالائے طاق۔ کیا ذکر۔ ذکر نہ کرو۔

برطرفی: [ف۔ امث] موقوفی۔ معزولی۔ علیحدگی

برطرفی بحالی ہونا: [ا محاورہ] کسی کا موقوف ہونا کسی کا بحال ہونا۔ کبھی کچھ ہونا۔ کبھی کچھ ہونا

برعکس: [ف متعلق فعل] اُلٹا۔ برخلاف۔ مخالف

برعکس نہند نام زنگی کافور: [ف۔ مقولہ] کوئی خاصیت نہ ہو اور اس

برعکسی: [ف۔ امث] مخالفت۔ دشمنی۔ عداوت

کے برخلاف مشہور ہو (۲) ناموزوں نام۔

برقرار: [ف صف] بحال۔ قائم۔ ثابت۔ مستقل (۲) زندہ موجود صحیح سالم۔ باقی (افعال رکھنا۔ رہنا)

برکریماں کارہا دشوار نیست: [ف مقولہ] کریموں کے لیے کوئی کام مشکل نہیں۔

برگزیدگی: [ف امث] دیکھئے "برگزیدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

برگزیدہ [ف صف] منتخب۔ مقبول۔ پسندیدہ

برگشتگی: [ف۔ امث] بغاوت۔ انحراف۔ پھرنا

برگشتہ: [ف صف] پھرا ہُوا۔ مخالف (۲) سرکش۔ باغی

برگشتہ ایام [ف صف] بدبخت۔ بدنصیب۔ بدقسمت

برگشتہ اختر: [ف صف] دیکھئے "برگشتہ ایام"

برگشتہ بخت [ف صف] دیکھئے "برگشتہ ایام"

برگشتہ دولت: [ف صف] دیکھئے "برگشتہ ایام"

برگشتہ سمر: [ف صف] دیکھئے "برگشتہ ایام"

برگشتہ طالع [ف صف] دیکھئے "برگشتہ ایام"

برلانا: [ا محاورہ] پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔

برماضی صلوٰۃ آیندہ را احتیاط: [ف مثل] جو کچھ ہُوا ہُوا۔ آئندہ احتیاط رکھنی چاہیئے۔

برمحل: [ف متعلق فعل] موزوں۔ برجستہ۔ مناسب۔ ٹھیک۔ موقع پر۔ عین وقت پر۔

برمخنث سلاحِ جنگ چہ سود: [ف مثل] ہیجڑے پر ہتھیار کا کیا فائدہ۔ (۲) جو کسی بات کا اہل نہ ہو اس سے اس کام کی توقع کرنا فضول ہے۔

برملا: [ف صف] کھلم کھلا۔ دن دہاڑے۔ آشکارا۔ منہ پر۔ رُوبرُو۔

برملا سنانا / کہنا: [ا محاورہ] کھلم کھلا گالیاں دینا۔ علانیہ کہنا۔ اُجڑ دیا منہ پر سنانا۔

برملا ہونا: [ا محاورہ] علانیہ تکرار۔ لڑائی۔ جھڑپ ہونا۔

برمن منگر برکرم خویش بنگر: [ف مثل] میری طرف نہ دیکھ اپنی مہربانی کی طرف دیکھ۔ میرے گناہوں کی طرف خیال نہ کر اپنی نیک دلی کا خیال کر۔

بر میں لپٹا ہونا یا لپٹنا: [ا محاورہ] بدن سے لپٹا ہونا

بر میں ہونا: [ا محاورہ] بدن پر ہونا۔ پہنے ہونا۔

بروقت: [ف متعلق فعل] عین وقت پر۔ برمحل

برومند: [ف صف] پھل لانے والا۔ بارور (۲) خوش قسمت۔ خوش نصیب

برومندی: [ف۔ امث] دیکھئے "برومند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بَرّ: [ع۔ اند] (۱) زمین۔ خشکی۔ جنگل۔ بیابان۔ ریگستان۔ بحر کی ضد (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام (۳) بڑا نیک۔ احسان کرنے والا۔ مہربان (۴) فرمانبردار۔

برِّاعظم: [ع۔ اند] خشکی کا بہت بڑا قطعہ جس میں بہت سے ملک ہوں۔

برِّصغیر: [ع۔ اند] غلط العام چھوٹا برِّاعظم (مجازاً پاکستان و بھارت) (معنوی لحاظ سے یہ ترکیب غلط ہے)

بَرّی: [ع صف] خشکی کا۔ زمینی۔ جنگلی

بَرّی فوج: [ع۔ امث] خشکی پر لڑنے والی فوج army کا ترجمہ

بَر: [ف۔ اند] (۱) خاوند۔ شوہر (۲) کپڑے کا عرض (۳) منگیتر۔ منسوب (۴) انتخاب کرنا۔ چننا (۵) انتخاب۔ چھانٹ۔ پسند (۶) خواہش۔ مرضی۔ درخواست (۷) عطیہ۔ بخشش۔ مہربانی (۸) برکت۔ نیکی (۹) کوئی چیز جو تحفے کے طور پر

انتخاب کی جائے (۱۰) انعام ۔ تحفہ ۔ اجر ۔ ثمرہ (۱۱) وہ شخص جو انتخاب کرے ۔ (۱۲) وہ شخص جو کسی لڑکی سے شادی کی درخواست کرے ۔ سائل ۔ خواہاں خواستگار ۔ عاشق ۔ طالب (۱۳) تلوار کی چوڑائی (۱۴) صف ۔ نہایت اچھا ۔ اعلیٰ ۔ قیمتی (۱۵) ایک بڑا درخت ۔ برگد ۔ بڑ

بَر پانا : [ا ر محاورہ] خاوند یا منگیتر ملنا ۔

بَر جُڑنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " بر پانا "

بَر جوگ : [ہ ۔ صف] شادی کے قابل ۔ جوان لڑکی

بردان / بر دوان : [ہ ۔ اند] درخواست منظور کرنا ۔ عطیہ بخشنا (۲) شادی کا عطیہ جو دولہا دلہن کو بھیجتا ہے ۔ دعا کی قبولیت

بَر دکھاوا / دکھائی : [ہ ۔ امث] ایک رسم جو نسبت پکی کرنے سے پہلے ادا کی جاتی ہے اور منگیتر رونمائی کی غرض سے سسرال کے گھر جاتا ہے ۔

بَر دینا : [ا ر محاورہ] شادی کر دینا ۔ بیاہ دینا (۲) مراد بخشنا ۔ دعا دینا ۔ طاقت دینا

بَر مانگنا : [ا ر محاورہ] خاوند کی خواہش کرنا ۔ خاوند طلب کرنا ۔ بیاہ چاہنا ۔ (۲) منگنی ہونے کے بعد لڑکے یا لڑکی والوں کی طرف سے جلد شادی ہونے کا مطالبہ کرنا ۔ مراد چاہنا ۔ دعا مانگنا ۔ تمنا کرنا ۔

بَر مرے پر واسی نہ ٹوٹے : [ہ ۔ مثل] خاوند کے مرنے پر بھی بالوں کا سنگار ویسا ہی ہے ۔ بدکار عورتوں کے متعلق کہا جاتا ہے ۔

بِر (بکسر اوّل) [ع ۔ امث] ا ۔ نیکی ۔ احسان

بُر (بضم اوّل) [ہ ۔ امث] عورت کا اندام نہانی ۔ جائے مخصوص زنانہ ۔ فرج ۔ (۲) کپڑے کے اوپر کا رواں ۔

برا : [ہ ۔ اند] بڑا ۔ چنے یا ماش اور مونگ کی ٹکیاں جو تل کر بنائی جاتی ہیں ۔

برّا : [ہ ۔ اند] جو ، چنا یا جوار ملے ہوئے (مخلوط اناج)

بُرا : [ہ ۔ صف] ا ۔ اچھا کی ضد ۔ خراب ۔ ناگوار ۔ نکما ۔ ناقص (۲) بھونڈا ۔ بدشکل ۳ ۔ بے وفا (۴) خوفناک (۵) خطرناک ۔ مہیب (۶) ڈراونا ۔ بھیانک ۔ گندہ ۔ غبی (۷) بدمزہ (۸) مضرت رساں ۔ زہریلا (۹) شریر ۔ بدنیت (۱۰) بدخلق ۔ ناشائستہ ۔ نازیبا (۱۱) بے شرم ۔ بے حیا ۔ بدچلن (۱۲) کمینہ لالچی ۔ سخت دل ۔ بے رحم (۱۳) بدقسمت ۔ کمبخت (۱۴) چڑچڑا ۔ زود رنج (۱۵) نکما ۔ بیکار ۔ فضول (۱۶) دشمن ۔ مخالف ۔ رقیب ۔ (۱۷) نجس ۔ پلید ۔ ناروا ۔

بُرا آزار : [ا ر ۔ اند] تپ دق یا سل کا مرض

بُرا احوال کرنا : [ا ر محاورہ] عو ۔ برا حال کرنا ۔ بری گت بنانا

بُرا بنانا : [ا ر محاورہ] مخالف بنانا ۔ مجرم ٹھہرانا ۔ رسوا کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ حقیر کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔

بُرا بننا : [ا ر محاورہ] الزام لینا ۔ برائی بدنامی لینا ۔ مخالف بننا ۔

بُرا بھلا : [ا ۔ صف ۔ اند] ا ۔ نیک و بد ۔ ایسا ویسا ۔ روا ناروا ۔ ہرکس و ناکس ۔ (۲) گالی گلوچ ۔ سخت سست ۔ بدزبانی

بُرا بھلا آنا : [ا ر محاورہ] اچھا برا جاننا ۔ سلیقہ ہونا ۔

بُرا بھلا سنانا : [ا ر محاورہ] گالیاں دینا ۔ لعنت ملامت کرنا ۔

بُرا بھلا کہنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " برا بھلا سنانا " جس کا یہ لازم ہے ۔

بُرا بھلا کرانا : [ا ر محاورہ] زنا کرانا ۔ بدفعلی کرانا

بُرا بھلا کرنا : [ا ر محاورہ] زنا کرنا ۔ بدفعلی کرنا ۔

بُرا بھلا کہنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " برا بھلا سنانا "

بُرا بیٹا ۔ کھوٹا پیسا وقت پر کام آتے ہیں : [ا ر مثل] کسی چیز کو ناکارہ اور غیر مفید نہیں سمجھنا چاہیئے ، شاید وہ وقت پر کارآمد ثابت ہو جائے ۔

بُرا پَیرا (عو) [ا ر صف] منحوس قدم ۔ سبز قدم

بُرا جاننا : [ا ر محاورہ] خراب جاننا ۔ شرارتی سمجھنا

بُرا چاہنا : [ا ر محاورہ] کسی کی برائی کی آرزو کرنا ۔ بدخواہی کرنا

بُرا چاہنے والا : [ا ر ۔ اند] دشمن ۔ حاسد ۔ بدخواہ ۔

بُرا چیتنا : [ا ر محاورہ] برا چاہنا

بُرا حال کرنا : [ا ر محاورہ] ا ۔ مارنا ۔ پیٹنا ۔ گت بنانا (۲) خراب حال کرنا ۔ بگاڑنا ۔ تباہ کرنا ۔

بُرا حال ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " برا حال کرنا " جس کا یہ لازم ہے ۔

بُرا خواب نظر آنا : [ا ر محاورہ] ڈراونا خواب دیکھنا ۔

بُرا درجہ کرنا : [ا ر محاورہ] برا حال کرنا ۔

بُرا درجہ ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " برا حال ہونا "

بُرا دل کرنا : [ا ر محاورہ] نفرت دلانا ۔ رنج کرنا ۔ افسوس کرنا ۔

بُرا دل ہو جانا / ہونا : [ا ر محاورہ] نفرت ہو جانا ۔ رنجیدہ ہو جانا ۔ غمگین ہونا ۔ دل پھٹ جانا ۔

بُرا دن : [ا ر ۔ اند] مصیبت کا زمانہ منحوس وقت

بُرا دن کرنا : [ا ر محاورہ] برا درجہ کرنا

بُرا دن کرنا بُری رات کرنا : [ا ر محاورہ] زندگی تکلیف میں گزارنا ۔

بُرا دہاڑا کرنا : [ا ر محاورہ] برا حال کرنا

بُرا دن ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " برا دن کرنا " جس کا یہ لازم ہے ۔

بُرا دن ہونا بُری رات ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " برا دن کرنا بری رات کرنا " جسکا یہ لازم ہے ۔

بُرا دہاڑا ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " برا دہاڑا کرنا " جسکا یہ لازم ہے

بُرا راج : [ا ر ۔ اند] بدانتظامی ۔ بدامنی

بُرا زمانہ : [ا ر ۔ اند] وقت ۔ افلاس یا پریشانی کا وقت ۔ مصیبت کا وقت [افعال : لگنا ۔ ہونا]

بُرا سا منہ بنانا : [ا ر محاورہ] چہرے سے ناگواری ظاہر کرنا

بُرا سمجھنا : [ا ر محاورہ] برا جاننا ۔

بُرا سننا : [ا ر محاورہ] سخت سست سننا

بُرا کام : [ا ر ۔ اند] ا ۔ بدفعلی ۔ زنا (۲) وہ فعل جو مذہب قانون یا رسم کے خلاف ہو [افعال : کرنا ۔ ہونا]

بُرا کام کرنا : [ا ر محاورہ] ا ۔ بدفعلی کرنا (۲) نامناسب کام کرنا (۳) نفع کرنا (ہلو)

بُرا کرنا : [ا ر محاورہ] ا ۔ نقصان پہنچانا (۲) نامناسب فعل کرنا (۳) بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا (۴) کسی کو کسی سے ناخوش کرنا ۔

بُرا کہنا : [ا ر محاورہ] غیبت کرنا ۔ شکایت کرنا ۔ بدنام کرنا ۔

بُرا کہنے والے پر تین حرف : [ا ر مثل] غیبت کرنے والے پر لعنت ہے

بُرا لچھا : [ا ر اند] برا درجہ ۔ برا حال (افعال ۔ کرنا ۔ ہونا)

بُرا لگنا : [ا ر محاورہ] ناگوار معلوم ہونا ۔ بدنما معلوم ہونا ۔ گراں گزرنا

بُرا ماننا : [ا ر محاورہ] ناخوش ہونا رنجیدہ ہونا ۔ خفا ہونا ۔ بگڑنا (۲) پسند نہ کرنا (۳) پروا نہ ہونا

بُرا مانو یا بھلا : [ا ر ۔ فقرہ] اچھا لگے یا برا ۔ اچھا سمجھو یا برا ۔

بُرا منہ بنانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بُرا سا" الخ
بُرا نہ ہو (عو) [کلمہ برمحل] بددعا کی بجائے کہتے ہیں یعنی بُرا ہو۔ تجھ پر آفت یا مصیبت آئے۔
بُرا وقت: [ا۔ مذ] تکلیف کا تنگی کا مصیبت کا۔ افلاس کا زمانہ۔
بُرا وقت آ گیا ہے / آ لگا ہے: [ا۔ محاورہ] عو۔ بُرا زمانہ ہے۔ کل جگ ہے۔
بُرا وقت آنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت کا زمانہ آنا۔ تکلیف کا وقت آنا۔
بُرا وقت ٹالنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت کے دن گزارنا۔ تکلیف کا زمانہ صبر کے ساتھ بسر کرنا۔
بُرا حُرا کرنا: [ا۔ محاورہ] عو۔ خراب ڈھنگ کرنا۔ خراب حالت کرنا۔
بُرا ہو: [ا۔ بددعا] خانہ خراب ہو۔ بددعا کے بدلے مستعمل ہے۔
بُرا ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ بدنام ہونا (۲) ہوشیار ہونا۔ چالاک ہونا ۳۔ خراب ہونا
برابر: [ف۔ صف] ۱۔ لفظی معنی سینہ بسینہ (۲) مسطح۔ ہموار۔ سیدھا۔ (۳) یکساں، (فاصلہ اور حالت میں) ایک جیسا / جیسے (۴) ٹھیک۔ مطابق (۵) مانند۔ جیسا (۶) ہم رُتبہ۔ ہمسر (۷) پہلو بہ پہلو۔ ساتھ ایک ہی قطار میں (۸) اکٹھے ایک ساتھ۔ (۹) ترتیب وار۔ سلسلہ وار (۱۰) نصفا نصف۔ آدھوں آدھ (۱۱) فوراً۔ اُس وقت۔ اُسی دم (۱۲) پاس۔ قریب۔ ساتھ (۱۳) ہم عمر (۱۴) مثل۔ ساتھ کا۔ (۱۵) مقابل کا۔ مدِمقابل۔ حریف (۱۶) ضائع۔ خراب۔ برباد۔ ختم (۱۷) ہم جماعت، ہم سبق (۱۸) رسدی۔ مساوی۔ یکساں (۱۹) بھرا ہُوا۔ لبریز (۲۰) پے در پے، بار بار (۲۱) بیباق (۲۲) طرح۔ مانند (۲۳) بے شک۔ ضرور (۲۴) لگاتار۔ سراسر (۲۵) ہمیشہ۔ ہر وقت۔ سدا۔
برابر آنا: [ا۔ محاورہ] دوڑ میں اکٹھے پہنچنا۔ امتحان میں ایک جیسے نمبر لینا (۲) پیچھے سے آ کر مل جانا (۳) مقابلہ میں ایک جیسا رہنا۔
برابر اُترنا: [ا۔ محاورہ] تول میں ہموزن رہنا۔ برابر جچنا (۲) یکساں ہونا۔
برابر اُٹھ جانا / اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] شطرنج یا کسی دُوسرے بیٹھک والے کھیل میں برابر ہونا۔
برابر برابر: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ پہلو بہ پہلو۔ سینہ بسینہ (۲) پاس پاس۔ قریب قریب (۳) آدھا آدھا۔ نصف نصف (۴) ساتھ ساتھ۔ ایک صف یا قطار میں (۵) مسلسل لگاتار۔ ترتیب وار۔
برابر پیش آنا: [ا۔ محاورہ] یکساں برتاؤ کرنا
برابر جاننا: [ا۔ محاورہ] یکساں سمجھنا
برابر جوڑ: [ا۔ صف] ایک جیسی طاقت کا
برابر چھوٹنا: [ا۔ محاورہ] کشتی میں پہلوانوں کا۔ لڑائی میں مرغوں بٹیروں وغیرہ یا دُوسرے جانوروں کا بغیر ہار جیت کا فیصلہ ہونے کے علیحدہ کر دینا / ہو جانا۔
برابر سرابر: [ا۔ متعلق فعل] (سرابر تابع مہمل ہے) یکساں۔ مساوی (۲) بیباق۔
برابر سمجھنا: [ا۔ محاورہ] یکساں سمجھنا۔ ایک جیسا برتاؤ کرنا۔
برابر سے نکلنا: [ا۔ محاورہ] قریب سے نکلنا
برابر سے جواب دینا: [ا۔ محاورہ] گستاخانہ جواب دینا۔ گفتگو بے تمیزی سے کرنا۔

برابر کا: [ا۔ صف] اُسی عمر کا اُسی قد کا۔ اُسی حیثیت کا۔ اُسی عہدے کا۔ اُسی پائے کا (۲) جوان۔ ہمسر۔ ہم عمر۔ مقابل۔ متشابہ (۳) یکساں۔ مساوی۔
برابر کا بیٹا: [ا۔ مذ] جوان لڑکا
برابر کا جواب دینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہمسری کرنا۔ ترکی بترکی جواب دینا۔
برابر کا جوڑ: [ا۔ صف] مقابل / یکساں / ایک جیسی طاقت۔
(پہلوانوں کی اصطلاح)
برابر کا نیٹے: [ا۔ صف] ہم پلہ۔ ہموزن
برابر کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ مطابق کرنا۔ یکساں کرنا (۲) برباد کرنا تباہ کرنا۔ اڑا دینا۔ مٹا دینا (۳) سطح برابر کر دینا۔ مٹا دینا (۴) ختم کرنا۔ مکمل کرنا۔ (۵) درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ ترتیب سے لگانا (۶) متواتر کرنا۔ لگاتار کرنا۔ (۷) بلا ناغہ کرنا۔
برابر کی بانہہ: [ا۔ امث] ۱۔ چھوٹا بھائی۔ برابر کا بھائی (۲) ساتھی رفیق۔ ساجھی۔ مددگار۔ معاون۔ دوست
برابر کی بیٹی: [ا۔ امث] جوان لڑکی۔ جوان بیٹی
برابر کی ٹکر: [ا۔ صف] ہم پلہ۔ ہمسر۔ ہم رُتبہ (۲) (علم جرثقیل) وُہ ایک جیسی قوتیں جو ایک دُوسرے کے خلاف عمل کرتی ہوں۔
برابر کی ٹکر دار: [ا۔ صف] ہمسر۔ ہم رُتبہ
(قاعدہ کے لحاظ سے ٹکردار غلط ترکیب ہے)
برابر کی چوٹ: [ا۔ صف] دیکھئے "برابر کی ٹکر"
برابر میں: [ا۔ متعلق فعل] ساتھ ساتھ۔
برابر نکلنا: [ا۔ محاورہ] یکساں ثابت ہونا۔
برابر والا: [ا۔ صف] ہمسر۔ برابر کی طاقت یا دولت والا۔
برابر ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ موافق ہونا (۲) ایک سطح میں ہونا (۳) بیباق ہونا۔ مٹ جانا۔ اُتر جانا (۴) یکساں ہو جانا۔ مساوی ہو جانا (۵) ہمسر ہونا۔ ہم رتبہ ہونا۔ برابر حالت میں ہونا (۶) ہموزن ہونا۔ ہم پلہ ہونا (۷) اکارت ہو جانا۔ ضائع ہو جانا (۸) ساتھ ساتھ ہونا۔ آمنے سامنے ہونا (۹) یاد سے اُتر جانا۔ جاتے رہنا (۱۰) بھر جانا۔ لبریز ہو جانا۔
برابری: [ا۔ امث] ۱۔ ہمسری (۲) ہم چشمی۔ رقابت۔ ریس۔ ۳۔ گستاخی بے ادبی۔ ہمرا۔ بحث۔ مطابقت۔ موافقت۔ مساوات۔ یکسانی (۴) ہمواری، ہموزنی۔ ہم پلگی (۵) مقابلہ
برابری کرنا: [ا۔ محاورہ] ہمسری کا دعویٰ کرنا۔ ہم چشمی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ ۲۔ گستاخی کرنا بے ادبی کرنا۔
بَرات: [ف۔ امث] فرمان۔ حکمنامہ (۲) وُہ تحریر جس سے خزانہ سے تنخواہ ملے۔ تنخواہ (۳) (شب) شعبان کی چودھویں رات جب مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق ہر شخص کی عمر کا حساب اور رزق کی تقسیم ہوتی ہے۔ ۴۔ حصّہ۔ جزو۔
بَرات: [ہ۔ امث] دُولہا کی سواری کا جلوس۔ نوشاہ / نوشہ کے ہمراہی۔ انبوہ۔ ازدحام۔ گنجفہ کی ایک بازی کا نام بھی ہے۔
برات آنا: [ا۔ محاورہ] دُولہا کا اپنے ہمراہیوں سمیت شادی کے لیے لڑکی والوں کے گھر شکل جلوس آنا۔
برات اُترنا: [ا۔ محاورہ] براتیوں کا کسی مقام پر ٹھہرنا۔

ن پیچھے ڈھولنا۔ عید پیچھے ٹر: [ا رمثل] جب کوئی بات وقت گزر
انے کے بعد کی جائے تو کہتے ہیں۔ بے محل بات۔ بے موقع کام۔
ت جانا: [ا رمحاورہ] شادی کا جلوس جانا / روانہ ہونا۔
ت چڑھنا: [ا رمحاورہ] برات کے جلوس کا دولہن کے گھر کو روانہ ہونا۔
عاشقاں بر شاخ آہو: [ف مثل] ٹال مٹول۔ جھوٹے وعدے۔
حیلے بہانے (۲) عاشقوں کے حصے میں محرومی ہوتی ہے۔
ن کا چھیلا۔ ساون کا کھیلا: [ا رمثل] (کھیلا گھاس اور چھیلا خوشی؛
ادی کی خوشی ساون کی گھاس کی طرح عام ہوتی ہے۔
ں کرنا: [ا رمحاورہ] شادی کے جلوس میں شرکت کرنا۔
ت کی سوبھا باجا۔ ارتھی کی سوبھا سیاپا (رونا) [ا رمثل]
ت پر باجا موزوں ہوتا ہے اور جنازے کے ساتھ رونا پیٹنا۔ مطلب
ہے کہ ہر کام / بات مناسب ہونا چاہیئے۔
سلے جانا: [ا رمحاورہ] شادی کے جلوس کا دولہن کے گھر لے جانا۔
میں جانا: [شادی کے جلوس میں شرکت کرنا۔
[ا را مذ] شادی کے جلوس میں شریک ہونے والا / والے
تو کھلی کر الگ ہو جاتے ہیں۔ کام دولہا دولہن سے پڑتا ہے
متولہ] اس موقع پر بولا جاتا ہے جب کہ قرض لیکر شادی کی جاتے کہ براتی تو چلے
تے ہیں مگر قرض ادا کرنے کا خمیازہ دولہا اور دولہن کو اٹھانا پڑتا ہے
ر براتیوں کو کھانے کی چاہ۔ دولہا کو دولہن کی چاہ: [ا رمثل]
ہر ایک کو اپنے مطلب سے کام ہوتا ہے۔
ن: [ھ۔ امث] خوبصورتی۔ شان وشوکت
ان: [ھ صف] چمکنے والا۔ بہت بہتر۔ نہایت عمدہ۔ ۲۔ گدی پر بیٹھنا
ان ہونا: [ا رمحاورہ] تشریف لانا / رکھنا سوار ہونا۔ زیب و زینت بخشنا۔
نا: [ھ۔ مص] جلوہ فرمانا۔ رونق افروز ہونا / رہنا (۲) عیش و آرام
ے رہنا۔
ر: [ف۔ امذ] ۱۔ بھائی (۲) رشتہ دار۔ ہم قوم (۳) ہم مذہب۔ ہم مشرب۔
۴۔ ہم پیشہ
اخیافی: [ف۔ امذ] ان بھائیوں میں سے ایک جن کی ماں ایک ہو
ور باپ جدا جدا ہوں۔
اعیانی: [فع۔ امذ] سگا بھائی۔ ایک ماں باپ کی اولاد۔
ان یوسف: [ف۔ امذ] بے مروت بھائی۔ جو بھائی ہو کر دشمنی کریں۔
رانہ: [ف صف] بھائی کا سا۔ مثل بھائی کے۔ آپس کا۔ یگانگت کا۔
توام: [فع صف] جڑواں بھائی۔ وہ بھائی جو اکٹھے پیدا ہوئے ہوں۔
حقیقی: [فع۔ امذ] سگا بھائی
حقیقی دشمن مادر زاد ہے: [ا رمتولہ] اگر بھائیوں میں (سلطنت
ائیداد وغیرہ کی وجہ سے) جھگڑا ہو جائے تو بھائی کو دوسرا بھائی جان
مار دیتا ہے۔
خوانده: [ف۔ صف۔ امذ] منہ بولا بھائی
رضاعی: [فع۔ امذ] دودھ شریک بھائی۔ وہ اشخاص جنہوں نے

ایک ہی ماں کا دودھ پیا ہو۔
بَرادَر زادَہ: [ف۔ امذ] بھائی کا بیٹا۔ بھتیجا
بَرادَر زادی: [ف۔ امث] بھائی کی بیٹی۔ بھتیجی
بَرادَرِ عَلاتی: [فع۔ امذ] سوتیلا بھائی جن کا باپ ایک اور مائیں الگ الگ ہوں
بَرادَر کُش: [ف۔ امذ] بھائی کا قاتل
بَرادَر کُشی: [ف۔ امث] بھائی کا قتل
بَرادَرِ نِسبتی: [ف۔ امذ] بیوی کا بھائی۔ سالہ (۲) ہمشیر کا خاوند۔ بہنوئی۔
بَرادَری: [ف۔ امث] ۱۔ ذات۔ قوم (۲) رشتہ داری بھائی بندی۔ قرابت داری۔
۳۔ قوم کے لوگ۔ رشتہ (۴) گروہ۔ جماعت
برادری سے باہر / خارج: [ا رصف] ذات برادری یا گروہ۔ جماعت
سے خارج شدہ / خارج کیا ہوا
برادری سے باہر / خارج کرنا: [ا رمحاورہ] ذات سے باہر نکالنا۔
رشتہ داری سے علیحدہ کرنا۔
برادری سے باہر / خارج ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "برادری سے باہر
کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
برادری میں امیر غریب سب برابر ہیں: [ا رمقولہ] عزیز داری
میں چھوٹا بڑا سب یکساں ہوتا ہے۔
بُرادہ: [ف۔ امذ] چورا۔ لکڑی یا دھات کا چورا جو آری یا سوہن سے
نکلتا ہے سفوف کسی خوشبودار لکڑی کا۔
بَرار: [ف صف] دیکھئے "بَرآر" جس کی یہ تخفیف ہے۔
بَراز: [ع۔ امذ] فضلہ۔ گندگی۔ غلاظت۔ پاخانہ۔ گوہ۔ نجاست
بَراعَت الاِستہلال: [ع۔ امذ] علم ادب کی ایک صنعت کا نام ہے۔
ایسے الفاظ یا مضامین تمہید میں لاتے ہیں جن سے اصل مطلب کا پتا چلتا ہو۔
بَرّاق: [ع صف] نہایت سفید۔ چمکیلا۔ نورانی۔ منور (۲) چالاک۔ ہوشیار
مشتاق۔ تیز رو
بُراق: [ع۔ امذ] وہ آسمانی گھوڑا یا جانور جس پر سوار ہو کر پیغمبر اسلام معراج
کے لئے تشریف لے گئے (۲) مجازاً گھوڑا (۳) وہ تعزیہ جسکا دھڑ گھوڑے کا سا اور شکل
انسان کی بناتے ہیں۔
بَراقی: [ع۔ امث صف] چمک۔ چمک دمک۔ صاف شفاف۔ برق سی لطافت۔
براگ / براگا: [ھ۔ امذ] خواہشوں کا ترک۔ نفس کشی۔ ترک دنیا (۲)
بے پروائی۔ پرہیز۔ نفرت۔ خوشی یا غم سے آزادی یا چھٹکارا۔
براگی: [ھ۔ امذ] خواہش نفسانی سے آزاد۔ خوشی اور غم سے بے پرواہ۔
ایک فرقہ ہندو سادھوؤں کا۔
بُرّان: [ف صف] کاٹ کرنے والا۔ تیز
بَرّانا: [ھ مص] خواب میں بڑبڑانا۔ نیند میں باتیں کرنا۔ بہکنا۔ بُرّانا۔
برانا: [ھ صف] بیگانہ۔ غیر کا۔ دوسرے کا۔ باہر کا۔ بیرونی۔ کسی اور کا۔
براندا: [ا۔ امذ] دیکھئے "برآمدہ"
برانڈی: [ا نگ۔ امث] ایک قسم کی انگریزی تیز شراب
برانڈی: [ا۔ امث] بارانی کوٹ۔ اوورکوٹ۔ بڑا کوٹ جو تمام کپڑوں
کے اوپر سے پہنا جاتا ہے
برادا دینا: [ا رمحاورہ] حیلہ بہانہ کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ جھانسا دینا۔

بَراہٹ: [ہ۔ امث] فضول بکواس۔ سوتے میں بولنا
براہمن: [س۔ اند] دیکھئے برہمن جوزیادہ مستعمل اور صحیح ہے۔
بَراہمہ: [س۔ اند] براہمن کی جمع۔ بطور عربی بنائی گئی سے مگر غلط ہے
براہی: [ہ۔ اند] ایک چھوٹی قسم کا گنّا۔ ایکھ۔ نیشکر
براہیم: دیکھئے "ابراہیم جس کا یہ مخفف ہے۔
براہین: [ع۔ اند] بُرہان کی جمع۔ دلیلیں
بَرائت / بَرَاءَت: [ع۔ امث] بَری ہونا۔ چھٹکارا۔ نجات۔ صفائی۔ بے زاری، پاکیزگی
براؤ (عو) [ہ۔ اند] احتیاط۔ حفاظت۔ پرہیز
بُرائی: [ہ۔ امث] خرابی۔ نقص۔ بدی۔ غیبت۔ شرارت۔ جھوٹا الزام
بَرائے: [ف متعلق فعل] لئے واسطے (۲) وسیلے سے۔ برکت سے۔ صدقے سے
بَرائے بَیت: [ف صف] زائد۔ فضول۔ فالتو۔ شعر کا وزن پورا کرنے کے لیے بھرتی کے الفاظ۔
برائے چندے: [ف متعلق فعل] چند روز کے واسطے
برائے خدا: [ف متعلق فعل] خدا کے واسطے۔ لِلّٰہ
برائے مصلحت کار: [ف متعلق فعل] کسی کام کی مصلحت کی وجہ سے۔
برائے نام: [ف صف] نام دکھانے کو۔ فرضی
برائے نہادن چہ سنگ و چہ زر: [ف مقولہ] رکھنے کے لیے پتھر، دولت یکساں ہے۔
بَرایا: [ع امث] مخلوقات۔ خلقِ خدا۔ لوگ۔
بَربَر: [ف۔ اند] شمالی افریقہ کا وُہ علاقہ جو مصر اور بحرِ اوقیانوس کے درمیان صوبۂ اعظم کے شمال میں ہے۔
بَربَرا: [ہ۔ صف] بُھربُھرا۔ خستہ۔ نرم
بُربُڑانا: [ہ۔ مص] چھڑکنا۔ بُرکنا
بَربَری: [ا۔ امث] قبیلہ بربر سے منسُوب (۲) بکری کی ایک قسم۔ جو خوبصورت چکبری اور چھوٹے قد کی ہوتی ہے جس کے متعلق مشہُور ہے کہ ہرن اور بکری کے ملاپ سے پیدا ہوئی ہے۔ (۳) ظالم۔ وحشی
بَربَری خانہ: [ا۔ اند] قصابخانہ (۲) وہ جگہ جہاں بکریاں رہتی ہیں۔ بکریوں کا احاطہ۔
بَربَریّت: [ع۔ امث] وحشی پن۔ ظلم۔ جور۔ خلاف انسانیت کام۔
بَربَط: [ف۔ اند] ایک ساز۔ جس کو عود بھی کہتے ہیں۔ لفظی معنی بط کا سینہ۔ چونکہ یہ ساز بھی بط کے سینے کے مطابق ہوتا ہے۔
بَرت: [ہ۔ امث] ایک قسم کی بیماری جو چاول کی کاشت میں ہوتی ہے (۲) وُہ رسّی جس سے کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں (۳) تسمہ۔ تنگ (۴) بدھی۔ وہ نشان جو کسی لچکیلی چیز کی ضرب سے جسم پر پڑ جائے۔
بَرت: [ہ۔ اند] ہندوؤں کا روزہ
بِرت: [ہ۔ امث] ا۔ جاگیر۔ آمدنی۔ وجہ معاش (۲) جائداد (۳) عطیہ گزر اوقات کے واسطے ہو یا بطور خیرات (۴) ربط۔ حق (۵) جمان۔ کفالت کرنے والا۔ (۶) ورثہ (۷) معافی کی زمین۔
بِرتا: [ہ۔ اند] بل۔ طاقت (۲) لیاقت۔ حیثیت۔ قابلیت (۳) سہارا۔ حوصلہ۔ مدد (۴) مادہ۔ ذریعہ۔ امداد (۵) کارگزاری عمل۔ کردار۔

بَرتانا [ہ۔ مص] تقسیم کرنا۔ حصّہ لگانا۔ بانٹنا
بَرتاؤ / برتاوا: [ہ۔ امذ] سلوک۔ طرزِ عمل۔ روش
بَرتَش: [ہ۔ امث] وہ زمین جس میں چاول کاٹ لینے کے بعد گنا بو دیا جائے
بَرتن: [ہ۔ اند] ظرف۔ باسن۔ بھانڈا۔
برتن سے برتن کھٹک ہی جاتا ہے: [ا مثل] آپس میں گھر میں کسی نہ کسی بات پر تکرار ہو ہی جاتی ہے۔
برتن بھانڈے: [ہ۔ اند] ظروف۔ باسن۔ برتن
برتن کھنکنا: [ا محاورہ] ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کا ایک خاص قسم کی آواز دینا۔
بَرتنا: [ا مص] استعمال کرنا۔ کام میں لانا (۲) تجربہ کرنا (۳) خرچ کرنا۔ (۴) نبھانا (۵) برتاؤ کرنا۔
بِرتھا / بِرتھا: [ہ۔ صف] فضول۔ بے فائدہ۔ نکمّا۔ بے قیمت۔ بے وقعت (۲) فضول طور پر، بے فائدہ طور پر، بلا ضرورت۔ بغیر وجہ۔ بیوقوفی سے۔ (۳) فضول یا بے فائدہ، نکمّی چیز۔
بَرتھ ڈے: [انگ۔ اند] جنم دن۔ یوم پیدائش۔ پیدا ہونے کا دن۔
(BIRTH DAY)
بَرتھ کنٹرول: [انگ۔ اند] بچوں کی پیدائش کو قابو میں رکھنا۔ بچے زیادہ نہ ہونے دینا۔
بَرتی: [ہ۔ اند] ایک پودا (۲) (ہندو) روزہ دار
برتے رہنا: [ہ محاورہ] کسی بات پر بھروسا کرنا۔ نازاں رہنا
بَرتیا: [ہ۔ اند] روزہ دار۔ برت رکھے ہوئے
بَرتیتر [ہ اند] ایک قسم کا جنگلی تیتر جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے۔
بُرج: [ع۔ اند] ا۔ گنبد (۲) راس۔ ستارے کا گھر یا مقام۔ آسمانی دائرے کا بارھواں حصّہ۔
بُرج آبی: [ع اند] سرطان۔ عقرب، حُوت
بُرج آتشی: [ع۔ اند] حمل اسد۔ قوس
بُرج اسد: [ع۔ اند] وُہ بُرج آسمانی جس کی شکل شیر کی سی ہوتی ہے۔ (۲) سال کا وُہ وقفہ جس میں آسمان پر بہت سے ستارے مل کر شیر کی شکل بناتے ہیں۔
بُرج بادی: [ع۔ اند] جوزا میزان۔ دلو
بُرج ثور: [ع۔ اند] آسمان کا وُہ بُرج جس کی شکل بیل کی ہوتی ہے۔
بُرج جدی: [ع۔ اند] آسمان کا وُہ برج جس کی شکل بکری کی ہے
بُرج جوزا: [ع۔ اند] وُہ بُرج جس کی شکل دو جڑواں بچوں کی ہے۔
بُرج حمل: [ع۔ اند] آسمان کا وُہ بُرج جس کی شکل مینڈھے کی ہوتی ہے۔
بُرج حُوت: [ع۔ اند] آسمان کا وُہ برج جس کی شکل مچھلی کی ہے۔
بُرج خاکی: [ع۔ اند] ثور سنبلہ۔ جدی
بُرج دلو: [ع۔ اند] آسمان کا وُہ بُرج جس کی شکل ایک گھڑا یا ڈول اُٹھائے ہوئے شخص کی ہے۔
بُرج سرطان: [ع۔ اند] آسمان کا وُہ بُرج جس کی شکل کیکڑا کی سی ہے۔
بُرج سُنبلہ: [ع۔ اند] آسمان کا وُہ بُرج جس کی شکل ایک کنواری لڑکی کی سی ہے جو گیہوں یا جَو کی بالی ہاتھ میں لیے کھڑی ہے۔

بُرجِ شَرَف: [ع۔ امذ] وہ بُرج جس میں کسی ستارے کو عروج حاصل ہوتا ہے۔

بُرجِ عَقرَب: [ع۔ امذ] وہ آسمانی بُرج جس کی شکل بچھو کے مانند ہے۔

بُرجِ قوس: [ع۔ امذ] وہ بُرجِ آسمانی جس کی شکل کمان کی ہے۔

بُرجِ کبوتر: [ف۔ امذ] ایران میں ایک بلند خانہ دار عمارت کبوتروں کے واسطے جنگل میں بناتے ہیں۔

بُرجِ میزان: [ع۔ امذ] وہ آسمانی بُرج جس کی شکل ترازو کے مانند ہے۔

بُرج / برج: [ھ۔ امذ] ہندوستان میں آگرہ اور متھرا کا علاقہ

برج بھاشا / بھاکا: [ھ۔ امث] وہ زبان جو آگرہ اور متھرا کے علاقہ میں استعمال ہوتی تھی

برَج: [انگ۔ امذ] ا۔ پُل (۲) تاش کا ایک کھیل

برَجنا: [ھ۔ مص] منع کرنا۔ روکنا۔ فہمائش کرنا۔ باز رکھنا۔ سمجھانا۔

بُرجی: [ا۔ امث] بُرج کی تصغیر (۱) چھوٹا بُرج۔ کنگرہ۔ گنبد کے اوپر کا گول حصّہ۔ پتھر کے وہ چھوٹے چھوٹے ستون جو حد بندی کے لیے گاؤں یا سڑک کے کنارے لگاتے ہیں۔

برجیس: [ف۔ امذ] ستارہ مشتری کا فارسی نام۔ برہسپت

برجیج: [ھ۔ امذ] بیر بن کا چورن۔ بیر کا آٹا۔

برچھ: [ھ۔ امذ] درخت۔ پیڑ۔ پودا

برچھ کا سایا اور پُرش کا مایا: [ھ۔ مثل] درخت کا سایہ اور انسان کا رسوخ اس کی ذات کے ساتھ ہے۔

برچھا: [ھ۔ امذ] بھالا۔ نیزہ۔ بلم

برچھا بردار: [ھ ف صف] برچھا اُٹھانے / رکھنے والا

برچھک: [ھ۔ امذ] بُرجِ عقرب

برچھوں اُچھلنا: [ا محاورہ] بہت اُچھلنا

برچھی: [ھ۔ امث] برچھا کی تصغیر۔ چھوٹا برچھا۔ چھوٹا بھالا۔

برچھی اُتر جانا / اُترنا: [ا محاورہ] برچھی کا بدن میں گھس جانا / پار ہونا۔

برچھی بردار: [صف] وہ سپاہی جو برچھی استعمال کرتا ہو۔

برچھی تولنا: [ا محاورہ] برچھی مارنے کی تیاری کرنا۔

برچھی تاننا: [ا محاورہ] برچھی لگانے پر آمادہ ہونا۔

برچھی جگر کے پار ہونا: [ا محاورہ] برچھی لگنا۔ بے حد صدمہ ہونا۔

برچھی چلنا: [ا محاورہ] لڑائی ہونا جس میں برچھی استعمال ہو (۲) مصیبت اور صدمہ کی شدّت ہونا۔

برچھی چبھنا: [ا محاورہ] ا۔ برچھی لگنا۔ (۲) بہت صدمہ ہونا۔

برچھی سیدھی کرنا: [ا محاورہ] برچھی مارنے کے لیے تیار ہونا۔

برچھی کی انی: [ھ۔ امث] برچھی کی نوک

برچھی لگانا: [ا محاورہ] برچھی کو زور سے بدن میں داخل کرنا (۲) صدمہ پہنچانا۔ سخت تکلیف پہنچانا۔

برچھی لگنا: [ا محاورہ] دیکھیے "برچھی لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

برچھی مارنا: [ا محاورہ] دیکھیے "برچھی لگانا"

برچھیت: [ھ۔ صف] برچھی چلانے والا۔ نیزہ باز۔

برچھیتی: [ھ۔ امث] نیزہ بازی

بَرد: [ع۔ امث] سردی۔ ٹھنڈک۔ جاڑا۔ سیت

بردِ اطراف: [ع۔ امث] ہاتھ پاؤں کی سردی "موت کی ٹھنڈک" جس میں ہاتھ پاؤں سرد ہو جاتے ہیں۔

بُرد: [ف۔ امث] سیاہ دھاری دار چادر (۲) چار گوشہ کی کملی

بُرد: [ف۔ امث] ا۔ آمدنی۔ منافع۔ منفعت کی رقم (۲) رشوت۔ بالائی آمد (۳) شطرنج میں ایک طرف کے سب مہرے پٹ جانا (۴) شرط بازی۔

بُردبار: [ف صف] برداشت کرنے والا۔ متحمل۔ صابر۔ حلیم

بُردباری: [ف۔ امث] برداشت۔ صبر۔ تحمل

بُرد دینا: [ا محاورہ] آدھی مات کرنا (۲) ہارنا۔ کھونا۔ تباہ کرنا

بُرد لینا: [ا محاورہ] شرط جیتنا (۲) آدھی بات قبول کرنا۔

بُرد مارنا: [ا محاورہ] ا۔ بازی جیتنا۔ کامیابی حاصل کرنا (۲) رشوت لینا۔ مال مارنا۔ فائدہ حاصل کرنا۔

بُرد ہاتھ لگنا: [ا محاورہ] منفعت کی رقم ملنا

بُرد یمانی: [ع۔ امث] یمن کی ایک خاص قسم کی دھاری دار چادر۔

بَردہ: [ف۔ امذ] غلام۔ لونڈی۔ بندہ۔ عبد (۲) لڑائی کا قیدی۔

بردہ فروش: [ف صف] لونڈی غلام بیچنے والا۔

بردہ فروشی: [ف۔ امث] لونڈی غلام بیچنے کا پیشہ / کاروبار

بردھ / بردھا / برد: [س۔ امذ] بیل۔ سانڈ

بردھائی / بردھوئی: [س۔ امذ] بازار جس میں بیل فروخت ہوتے ہوں۔ (ہندی مویشیاں)

بَرَرنا: [ھ۔ مص] کسی چیز کا زیادہ خشک ہونے یا بوجھ کے نیچے دب جانے سے کچھ ہو جانا۔ اینٹھنا (۲) غرغر کرنا۔

بَرزَخ: [ع۔ امذ] ا۔ دو چیزوں کے درمیان پردہ یا آڑ (۲) موت سے قیامت تک کا زمانہ (۳) دو مخالف چیزوں کے بیچ میں ایک ملتی ہوئی چیز (۴) عجیب شکل۔ انوکھی صورت۔ خیالی صورت و شکل (۵) دو متضاد چیزوں اور کیفیتوں کا درمیان (۶) مصیبت اور آرام کا درمیانی درجہ (۷) وہ عالم جس میں موت سے قیامت تک رُوحیں رہیں گی۔

برزن: [ف۔ امذ] گلی کوچہ۔ سڑک (۲) محلہ۔ محل۔ مکان (۳) شہر کا ایک حصّہ (۴) دشت۔ صحرا۔ جنگل۔

برس: [ھ۔ امذ] سال۔ سن۔ سمت۔ ۱۲ مہینے کی مدّت۔ زمین کا سورج کے گرد پھرنے کی مدّت جو تقریباً ۳۶۵ دن ہوتی ہے۔

برسا برس: [ھ۔ امذ] سالہا سال

برس دن کا دن / برس برس کا دن: [ھ۔ امذ] وہ خوشی یا جشن کا دن جو سال بھر کے بعد آتا ہے۔

برس دن: [ھ۔ امذ] سال بھر

برس کا / کے برس دن: [ھ۔ امذ] دیکھیے "برس برس کا دن"

برس گانٹھ: [ھ۔ امث] سال گرہ

برسوال: [س۔ صف] سالانہ۔ ہر سال کا فاتحہ۔ برسی

برسوں: [ھ۔ امذ] سالہا سال۔ (برس کی جمع)

برسوں جھلانا: [ا محاورہ] عرصہ تک اُمیدوار رکھنا

برسوں جھولنا: [ا محاورہ] دیکھیے "برسوں جھلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

برسوں کا بیمار: [ا۔ امذ] پرانا بیمار

برسوں کا مرض: [ار۔ امذ] پرانا مرض۔ پرانی بیماری
برسوں کی راہ: [ھ۔ ار۔ امث] طویل راستہ۔ لمبی مسافت
برسویں دن: [ار۔ امذ] ہر سال سال میں ایک بار
برسی: [ار۔ امث] ۱۔ مرنے کے بعد سال بھر بعد کا فاتحہ (۲) کسی کی وفات کے بعد اس کی تاریخ وفات پر ہر سال جو یادگاری تقریب منائی جاتی ہے (۳) مُردے کے سال پورا ہونے کا دن
برسی کا دن: [ار۔ امذ] سالانہ فاتحہ کا دن
برسات: [ھ۔ امث] بارش کا موسم۔ برکھا رت۔ پانی برسنے کا موسم
برسات بر کے ساتھ: [ار مثل] برسات کا مزہ شوہر کے ساتھ ہے
برسات کھا جانا: [ار محاورہ] برساتی اثر قبول کرنا۔ کسی چیز پر برسات کا زمانہ گزر جانا
برسات کی چاندنی: [ار امث] ناپائیدار چیز
برسات کی گرمی: [ار۔ امث] بہت سخت گرمی
برسات ہونا: [ار۔ محاورہ] بارش ہونا۔
برساتی: [ھ۔ امث۔ صف] ۱۔ گھوڑوں اور اونٹوں کی ایک بیماری جو برسات میں ہوتی ہے اور بہت خطرناک ہے (۲) سائبان (۳) وہ فصل جو برسات کے موسم میں تیار ہو (۴) برسات اور بارش میں پہننے کا لبادہ (۵) چھت پر ایک کمرا برسات میں سونے کے لیے۔
برساتی سانپ: [ار۔ امذ] بے ضرر سانپ جو برسات کے موسم میں پایا جاتا ہے
برساتی کیڑے: [ار۔ امذ] چھوٹے چھوٹے کیڑے مکوڑے جو برسات کے موسم میں پائے جاتے ہیں (۲) مجازاً اولاد کی کثرت۔ محروم اور بیماریوں کو بھی کہا جاتا ہے۔
برساتی فصل: [ار امث] وہ فصل یا غلہ جو برسات میں بویا جائے یا برسات میں تیار ہو
برسام: [ف۔ امذ] سینہ کے ایک مرض کا نام
برسانا: [ار۔ مص] بارش کرنا۔ اناج کو گرا کر صاف کرنا۔ کثرت سے پھینکنا یا چلانا۔ جیسے تیر چلانا
برساؤ: [ار۔ صف۔ فاعل] برسنے والا
برس پڑنا: [ار۔ محاورہ] بارش ہونا۔ مینہ کا زور سے پڑنا (۲) مارنا۔ ناراض ہونا۔ غصہ ہونا۔ ۳۔ روپیہ بکثرت آنا۔ مرغ بازوں کی اصطلاح میں ایک مرغ کا دوسرے مرغ کو مارنا۔
برس کا کھلنا: [ار محاورہ] بارش ہونے کے بعد مطلع صاف ہو جانا۔
برسنا: [ار۔ مص] بارش ہونا۔ پانی پڑنا۔ غصہ آنا (۲) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ مارنا۔ ۳۔ ظاہر ہونا۔ ٹپکنا (۴) کثرت سے ملنا۔ بہت آمدنی ہونا
برسی بروسی: [ھ۔ امث] انگیٹھی
برسے ساون تو پانچ کے ہوں باون: [ار مثل] ساون میں اگر بارش ہو جائے تو فصل اچھی ہوتی ہے۔
بُرِش: [ف۔ امث] تیزی۔ کاٹ
برش: [انگ۔ امذ] brush مو قلم (۲) کپڑے جوتے۔ بال وغیرہ صاف کرنے کا بالوں کا بنا ہوا آلہ۔
برشتگی: [ف۔ امث] دیکھئے برشتہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
برشتہ: [ف صف مفعول] بریاں۔ بھنا ہوا۔
برشکال: [ف امث] برسات کا موسم۔ بارش کا موسم
برص: [ع۔ امذ] ایک مرض کا نام جس میں جسم پہ سفید داغ پڑ جاتے ہیں۔ پھلبہری۔ جذام

برطانیہ: [ف۔ امث] یورپ کے مغرب میں چند جزیرے جو بحر شمالی میں واقع ہیں۔ ان میں بڑا جزیرہ برطانیہ کلاں اور اس کے ملحقہ جزیرے سکاٹ لینڈ، آئرلینڈ ہیں (انگلستان)
برطانوی: [ف صف] برطانیہ سے منسوب۔
برف: [ف۔ امث] جما ہوا پانی (۲) پالا۔ یخ (۳) جما ہوا دودھ شربت۔ صف: بہت سفید۔ بہت سرد
برفاب: [ف۔ امذ] سرد پانی۔ برف کا پانی (برف + آب)
برفانی: [ف صف] برف سے منسوب۔ بہت سرد
برف باری: [ف۔ امث] برف پڑنے کا عمل
برف پرورده: [ف صف] برف میں ٹھنڈا کیا ہوا۔ سرد کیا ہوا
برف پڑنا: [ار محاورہ] پالا پڑنا۔ بہت سردی پڑنا۔
برف پینا: [ار محاورہ] برف کا پانی پینا
برف جمانا: [ار محاورہ] کسی رقیق چیز کو برف کی طرح منجمد کرنا۔
برف جمنا: [ار محاورہ] دیکھئے "برف جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔
برف زدی: [ف صف] برفباری سے زراعت کو ہونے والا نقصان۔
برف کا ذخیرہ / کھتی: [ف۔ امذ] کنویں کی شکل کے گڑھے جن میں آسمانی برف جمع کی جاتی ہے۔
برف کا زمانہ: [ف ار۔ امذ] وہ زمانہ جب دنیا برف سے ڈھکی ہوئی تھی۔ اور زندگی کے آثار روئے زمین پر نہیں تھے۔
برف کی قلفی / قلفی: [ار امث] ٹین یا مٹی کی ڈبیا جس میں دودھ ڈال کر جماتے ہیں۔
برف گرنا: [ار محاورہ] سردی پڑنا۔ پالا پڑنا
برف گلنا: [ار محاورہ] برف پگھلنا (۲) سخت سردی ہونا۔
برف میں لگانا: [ار محاورہ] برف کے ذریعہ کسی چیز کو سرد کرنا۔
برف میں لگنا: [ار محاورہ] دیکھئے "برف میں لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
برف والا: [ار۔ امذ] برف بیچنے والا۔
برف ہونا: [ار محاورہ] بہت سرد ہونا۔ سخت سرد ہونا
برفیا۔ لکھنؤ: [ار صف] برف بیچنے والا۔
برفی: [ف۔ امث] ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ کے کھوئے اور شکر سے بنتی ہے۔
برفیلا / برفیلی: [ف۔ صف] دیکھئے برفانی
برق: [ع۔ امث] بجلی۔ وہ روشنی جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے (۲) صاف تیز۔ چالاک۔ ہوشیار (۳) صاف شفاف چمکیلا۔
برق آسا: [عف صف] بجلی کی مانند۔ بہت تیز۔
برق آہنگ: [عف صف] بجلی کی طرز کا۔ بجلی نما معشوق کی تعریف۔
برق افگن: [عف صف] بجلی گرانے والا۔ تباہ کرنے والا
برق بن کر گرنا: [ار محاورہ] تباہ کرنا۔ بجلی کی سی تیزی کے ساتھ ٹوٹ پڑنا۔
برق تاب: [عف صف] بجلی کی طرح چمکنے والا۔ روشن۔
برق تاز: [عف صف] تیز۔ بجلی کی طرح دوڑنے والا۔
برق جولان: [عف صف] تڑپتی چمکتی بجلی مجازاً معشوق
برق جہنده: [عف صف] تڑپتی بجلی۔ مجازاً پھرتی ظاہر کرنے والا۔

بَرقِ خاطف: [ع ف صف] نگاہوں کو خیرہ کرنے والی بجلی
بَرقِ خرام: [ع ف صف] بجلی کی طرح تیز رفتار
بَرقِ دَم: [ع ف صف] بجلی کی طرح تیز رفتار، چالاک، چست
بَرقِ دَماں: [ع ف صف] چمکنے والی بجلی
بَرقِ زُبا: [ع ف صف] آسمانی بجلی کو زمین پر اُتارنے والا آلہ۔ کنڈکٹر کا ترجمہ،
بَرقِ رُخسار: [ع ف صف] خوبرو، حسین، جس کے رُخسار بجلی کی طرح روشن اور رخشاں ہوں۔
بَرقِ رَفتار: [ع ف صف] دیکھئے "برق خرام"
بَرق زَدہ: [ع ف صف] بجلی کا مارا ہُوا۔
بَرق زدہ از آتش می گریزد: [ف فقرہ] بجلی کا جلا ہُوا، آگ سے ڈرتا ہے
بَرق سوار: [ع ف صف] تیز۔ چالاک۔ شوخ
بَرق شتاب/عناں: [ع ف صف] دیکھئے "برق سوار"
بَرقِ سرِ طور: [ع ف امث] برق۔ تجلی۔ وُہ نُور جو حضرت موسیٰؑ نے کوہِ طور پر دیکھا تھا۔
بَرقِ شمشیر: [ع ف صف] تلوار کا برق سے استعارہ۔ بجلی کی طرح کاٹنے اور فنا کرنے والی تلوار
بَرق شعار: [ع ف صف] بجلی کی طرح تیز و شوخ
بَرق گرنا/ٹوٹنا: [ارمحاورہ] بجلی گرنا۔ مصیبت پڑنا۔ تباہی آنا
بَرق نگاہ: [ع ف صف] شوخ نظر
بَرق نُما: [ع ف صف] ایک آلہ جس کے ذریعہ معلوم کیا جاتا ہے کہ جسم پر برقی بار ہے یا نہیں۔ اور اگر ہے تو وہ منفی ہے یا مثبت (ELECTRO SCOPE) کا ترجمہ
بَرق وَش: [ع ف صف] بجلی کی مانند۔ شوخ۔ چالاک۔ تیز
بَرق ہے: [ارمحاورہ] تیز ہے۔ ہوشیار ہے۔ چالاک ہے۔
بَرقاب: [ع ف امث] پن بجلی۔ پانی کی طاقت سے پیدا کی جانے والی بجلی۔ (برق + آب) (HYDRO ELECTRICITY) کا ترجمہ
بَرقانا: [ار۔ مصدر جعلی] کسی چیز میں بجلی بھرنا۔ یا بجلی کی رو دوڑانا
بُرقَع: [ع۔ اند] ایک لمبا سفید یا رنگدار لباس جسے مسلمان پردہ دار عورتیں کپڑوں اور لباس کے اُوپر سے پہن کر باہر نکلتی ہیں جس کے پہننے سے تمام جسم اور چہرہ چھپا رہتا ہے (۲) نقاب (۳) لباس (۴) پوشاک (۵) وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے۔
بُرقع اُٹھانا: [ارمحاورہ] پردہ ہٹانا۔ منہ سے بُرقع ہٹانا۔ راز فاش کرنا
بُرقع اُٹھنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "بُرقع اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بُرقع اُلٹنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "بُرقع اُٹھانا"
بُرقع اوڑھنا: [ارمحاورہ] بُرقع پہننا
بُرقع پوش: [ار صف] برقع پہننے والا/والی۔ نقاب پوش۔ پردہ دار
بُرقع ڈالنا: [ارمحاورہ] "بُرقع اوڑھنا"
بُرقع کی جالی: [ار۔ امث] بُرقع کا وُہ جالی دار حصہ جو بُرقع میں منہ پر آنکھوں کے سامنے رہتا ہے۔ جس کے اندر سے بُرقع پوش باہر دیکھ سکے۔
بُرقع میں چھیچھڑے کھانا: [ارمحاورہ] نیک چلنی کے پردہ میں بدچلنی کرنا۔
بَرقَنداز: [۔۔۔ اند] سپاہی۔ محافظ۔ پاسبان۔ بندوق اٹھانے والا۔ بندوقچی
بَرقی: [ع۔ صف] برق سے منسوب۔ بجلی کا۔ بجلی کی طاقت سے کام کرنیوالا/والی
بَرقی رَو: [ع ف۔ امث] بجلی کی لہر "electric current" کا ترجمہ

بَرقِیہ: [ع۔ اند] (۱) تار۔ ٹیلیگرام (۲) منفی چارج کا برقی پارہ (ELECTRON) کا ترجمہ۔
بَرَک: [ف۔ اند] اُونٹ کے بالوں سے بنایا جانے والا اُونی کپڑا
بَرَکات: [ع۔ امث] دیکھئے "برکت" جس کی یہ جمع ہے۔
بَرکانا: [ہ۔ مص] دیکھئے "بِرکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
بَرَکت: [ع۔ امث] اُردو میں برکت بسکون دوم ہے) زیادتی۔ نیک بختی۔ درازی۔ ترقی افزائش (۲) خوش قسمتی۔ عروج۔ رونق۔ نمود (۳) بیٹھ کمہاروں کے یہاں تولتے وقت رنگ پہلے تول کو ایک کی بجائے برکت بھی بولتے ہیں۔
بَرکت اُٹھ جانا/اُٹھنا/اُڑ جانا/جاتی رہنا/جانا: [ارمحاورہ] رونق نہ رہنا۔ جلدی ختم ہو جانا۔ نحوست آنا
بَرکت دینا: [ارمحاورہ] درازی بخشنا۔ کام یا چیزوں میں زیادتی نصیب کرنا۔ ترقی دینا۔ بڑھانا۔ بڑا کرنا
بَرکت ظاہر ہونا: [ارمحاورہ] عروج ظاہر ہونا۔ خوبی نظر آنا۔
بَرکت کے دِن: [ار۔ اند] وہ زمانہ جب چیزیں سستی ملتی ہوں۔
بَرکت ہونا: [ارمحاورہ] دراز ہونا۔ زیادتی ہونا۔ تمام ہونا۔ ختم ہونا۔
بَرکت ہے: [ارمحاورہ] عورتیں یہ کلمہ سائل کا سوال رد کرنے کیلئے کہتی ہیں۔ (۲) ختم ہے۔
بُرکلا: [ہ۔ اند] اُپلوں کا ہار جو ہولی پر چڑھایا جاتا ہے (۲) چھوٹا اُپلا جس میں سوراخ ہوتا ہے اور جسے برتنوں پر ڈھکنے کے طور پر دیتے ہیں۔
بُرک دینا: [ہ۔ مص] کچھ دیکھئے "بُرکنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔
بُرکنا: [ہ۔ مصدر] بکھیرنا۔ ڈالنا۔ چھڑکنا۔ چھینٹا لگانا (پانی وغیرہ کا)
بَرکھا: [ہ۔ امث] بارش۔ برسات
بَرگ: [ف۔ اند] پتا۔ ساز و سامان
بَرگِ تنبول/برگِ سبز: [ف۔ اند] پان کا پتا۔
بَرگ و بار: [ف۔ اند] درخت کے پھل اور پتے
بَرگ و بار لانا: [ارمحاورہ] ا۔ پروان چڑھنا۔ نتیجہ نکلنا۔
بَرگ و ساز: [ف۔ اند] ساز و سامان، کھانے کا سامان۔ زندگی کا سامان۔ معاش
بَرگ و نوا: [ف۔ اند] توشہ، کھانا، سامان۔ سامانِ بہار، باغ، چمن
بَرگا: [ہ۔ اند] چھوٹے شہتیر یا کڑی
بَرگد: [ہ۔ اند] بڑ کا درخت
بَرگد کی جٹا/داڑھی: [ہ۔ امث] برگد کے وُہ ریشے جو شاخوں سے لٹک کر زمین تک پہنچتے ہیں
بِرگیڈ: [انگریزی (BRIGADE)] [انگ۔ اند] پیدل فوج یا رسالہ کا ایک دستہ جس میں قریباً آٹھ دس ہزار جوان ہوتے ہیں
بِرگیڈیر: [انگ۔ اند] برگیڈ کا سالارِ اعلیٰ
بِرلا: [ہ۔ اند] خال خال۔ کہیں کہیں۔ کوئی کوئی۔
بَرَم: [ہ۔ امث] طبلے کی ایک تال کا نام
بَرما: [ہ۔ اند] سُوراخ کرنے کا ایک لوہے کا آلہ۔
بَرمانا: [ہ۔ مص] چھید کرنا۔ سُوراخ کرنا (۲) زخمی کرنا۔
بَرم راکس/برہم راکشش: [ہ۔ اند] خبیث رُوح
بَرموہی: [ہ۔ امث] بدشکل (۲) بلی (۳) بُرے مُنہ۔ خراب چہرہ والی۔ بدصورت

بَرَن: [ھ۔ اند] ۱. جنس (۲) سراپا۔ حلیہ (۳) ذات۔ قوم۔ ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے کوئی ایک (۴) تازہ مٹی جو پانی کے ساتھ کسی نشیب کی جگہ اکٹھی ہو جاتی۔ (۵) وضع، لباس

بَرَن مالا [ھ۔ امث] حروف تہجی۔ الف ب کی تختی۔ قاعدہ۔

بَرَنا: [ھ۔ مص] ۱. جلنا (۲) شادی کرنا۔ بیاہ کرنا

بَرنا: [ھ۔ اند] ۱. ایک درخت

بُرنا: [ف۔ اند] جوان۔ نوعمر

بَرِنج: [ف۔ اند] چاول

بِرِنج: [ع۔ اند] پیتل۔ تانبا وغیرہ (اصطلاح کیمیا گراں)

بَرَنجاسِف: [ف۔ امث] ایک دوا کا نام

بَرِنج مُشک: [ف۔ اند] ایک دوا کا نام (بالنگو)

بَرَنجَن: [ف۔ امث] سونے چاندی کی چوڑیاں جو ہاتھ میں پہنی جائیں وہ دستبرنجن اور جو پاؤں میں پہنی جائیں پا برنجن کہلاتی ہیں۔

بِرنجی: [ع۔ صف] ۱. پیتل کا (۲) چھوٹی میخ۔ کیل۔ کوکا

بَرَنگا: [ھ۔ اند] لکڑی کا چھوٹا تختہ جو چھت پر ڈالا جاتا ہے

بَرَنی: [ھ۔ امث] پلک وہ جگہ جہاں پلکیں نکلتی ہیں۔ پپوٹوں کا کنارہ

بَرَنی: [ھ۔ امث] بھڑ۔ ایک زرد رنگ کا پردار زہریلا کیڑا

بَرَوا: [ھ۔ اند۔ امث] ۱. خراب قسم کی ریتلی زمین (۲) کافی ٹھاٹھ کی ایک آڈو سمپورن راگنی جو بوقت سہ پہر دن کو گائی جاتی ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے اثر سے وحشی جانور رام ہو جاتے ہیں۔

بَروا: [ھ۔ اند] ۱. پودا۔ درخت (۲) بچہ۔ لڑکا۔ چھوٹا یا کم عمر کا۔

بُرُوت: [ف۔ امث] مونچھ۔ مونچھیں

بَرَوسٹ: [ھ۔ امث] ایک قسم کی سختی جو پیٹ میں بوجہ ریاح جمع ہونے کے ہو جاتی ہے (۲) پیٹ کا ورم۔ پیٹ کا پھوڑا۔

بَرَوٹھا: [ھ۔ اند] ڈیوڑھی۔ اندرونی کوٹھڑی۔ زنانہ مکان سے آمد و رفت کے دروازہ سے ملی ہوئی عمارت

بُرُوج [ع۔ اند] دیکھئے "بُرج" جس کی یہ جمع ہے۔

بُرُودَت: [ع۔ امث] سردی۔ ٹھنڈک

بَرودھ [ھ۔ اند] اختلاف۔ دشمنی۔ جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی

بَرودھ کرنا: [ھ۔ مص مرکب] مخالفت کرنا۔ دنگا کرنا۔ روکنا

بَرودھی: [ھ۔ صف] فسادی۔ لڑاکا۔ جھگڑالو۔ دشمن

بُرُوق: [ع۔ امث] دیکھئے "برق" جس کی یہ جمع ہے۔

بَروگ: [ھ۔ اند] جدائی۔ تفرقہ۔ ہجر۔ عاشق کی عدم حاضری

بَروگن: [ھ۔ صف۔ امث] فراق زدہ عورت۔ مہجور عورت

بَروگی: [ھ۔ صف۔ مذ] مہجور مرد۔ فراق زدہ عاشق مرد

بَرومَند: [ف۔ امث] ۱. فائدہ حاصل کرنے والا۔ پھل کھانے والا (۲) بارآور۔ پھل لانے والا

برومندی: [ف۔ امث] دیکھئے "برومند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بَرُون: [ف۔ صف۔ متعلق فعل] بیرون کا مخفف۔ باہر۔ باہر کی طرف

بَرّہ: [ف۔ اند] بکری یا بھیڑ کا بچہ۔ حلوان۔ بزغالہ

بَرّۂ فلک: [ف۔ امث] برج حمل۔ آسمان کا پہلا برج

بَرَہ: [ھ۔ اند] جدائی۔ ہجر۔ فراق

بَرَہا: [ھ۔ اند] ۱. رسی۔ دھاگا۔ تسمہ (۲) پانی کی نالی۔ جو کھیتوں میں آبپاشی کے لئے ہوتی ہے۔ کھالی (۳) گاؤں کی زمین جو فاصلہ پر ہو۔ اور جس زمین میں مویشی پھرتے ہیں۔

بِرَہا: [ھ۔ اند] فراق کا ایک گیت

بُرہان: [ع۔ امث] دلیل۔ قطعی دلیل۔ جس میں شک و شبہ نہ ہو۔

بُرہانِ اِنّی: [ع۔ امث] دلیل کی وہ قسم جس میں معلول سے علت کی طرف استدلال کرتے ہیں۔ (منطق)

بُرہانِ لِمّی: [ع۔ امث] (منطق) دلیل کی وہ جس میں علت سے معلول کی طرف استدلال کیا جاتا ہے۔

برہسپت: [س۔ اند] سات ستاروں میں سے ایک۔ مشتری۔ برجیس۔

برہسپت وار: [س۔ اند] جمعرات۔ پنج شنبہ۔ ویروار

بَرہم: [ف۔ صف] پریشان۔ پراگندہ۔ ناراض۔ خفا [افعال کرنا۔ ہونا]

برہم: [ھ۔ اند] پرمیشر۔ پرماتما۔ خدا تعالیٰ۔ خالق

برہم بھوج: [س۔ اند] برہمنوں کی ضیافت۔ برہمنوں کو کھانا کھلانا۔

برہم چاری / چاریہ: [س۔ اند] ویدوں اور شاستروں کا عالم۔ پرہیزگار پاکدامن۔ برہمنوں کے تعلیم حاصل کرنے کا زمانہ۔ مجرد۔

برہم چرج: [س۔ اند] عفت پاکدامنی۔

بَرہم و دَرہم: [ف صف] پریشان۔ خراب۔ تتر بتر

بَرَہمن / بَرَہمَن: [ھ اند] وید جاننے والا وید کا عالم۔ پنڈت پجاری ہندوؤں میں سب سے اونچی ذات۔

برہمہ: [ف۔ اند] ایک فرشتہ کا نام جس کی پرستش ہوتی ہے (۲). برہمن

بَرَہمی: [ھ۔ امث] دیکھئے "برہمن" جس کی یہ تانیث ہے۔

برہمی: [ف امث] پریشانی۔ ابتری۔ گڑبڑ۔ خرابی۔ ناراضگی۔ رنجیدگی۔

بَرَہمی / برمی: [ھ صف] ملک برہما کا باشندہ۔ برمی

بَرَہن: [ھ۔ صف] برہا کی ستائی ہوئی۔ بروگن۔ مہجور عورت

بَرَہنہ / بَرَہنہ: [ف صف] ننگا عریاں۔ بغیر کپڑوں کے۔

بَرَہنہ پا [ف صف] ننگے پاؤں۔ بغیر جوتا پہنے۔

برہنہ پینٹ [ف صف] بالکل ننگا۔ عریاں۔

برہنہ پیر کا بالکا: [ف۔ اند] اس شخص کو کہتے ہیں جو ننگا دھڑنگا پھرتا ہو۔

برہی (روٹی): [ھ۔ امث] وہ روٹی جس میں دال یا قیمہ بھر کر پکاتے ہیں۔

برہی / برہیا: [ھ۔ صف۔ مذ] دیکھئے "برہن" جس کا یہ مذکر ہے۔

بَرَہیلا: [ھ۔ اند] بڑھیلا۔ جنگلی سؤر

برئی: [ھ۔ اند] پان کی کاشت کرنے والا (۲) پان بیچنے والا

بَری: [ھ۔ امث] وہ زیور کپڑے میوہ مٹھائی وغیرہ جو دولہا کی طرف سے شادی کے روز دلہن کے ہاں بھیجے جاتے ہیں۔ [افعال: آنا۔ جانا] (۲) وہ کھانا جو دال سے تیار کیا جاتا ہے اصل میں بڑی ہے (بڑیاں)

بری: [ھ۔ امث] فیلبانوں کا کلمہ جو ہاتھی کو روکنے کے لیے بولتے ہیں۔ (بری بری)

بری: [ھ صف] دیکھئے "بری"۔

بَری: [ع صف] آزاد، مستثنیٰ۔ بے جرم۔ پاک۔ فارغ۔ سبکدوش۔ بے گناہ۔ بے عیب۔ بے قصور (افعال: کرنا۔ ہونا)

بَرِیُّ الذِّمّہ: [ع۔ صف] ذمہ داری سے مستثنیٰ۔ بے قصور۔ غیر ذمہ دار

بُری: [ہ۔ صف امث] دیکھئے "بُرا" جس کی یہ تانیث ہے

بُری آنکھ ڈالنا / بُری آنکھ سے دیکھنا: [ا محاورہ] بُری نظر سے دیکھنا خراب نیت سے دیکھنا۔

بُری آنکھوں سے دیکھنا: [ا محاورہ] بُری نیت سے دیکھنا۔

بُری آنکھ سے گھورنا: [ا محاورہ] غصے سے دیکھنا قہر کی نظر سے دیکھنا

بُری بات: [ا۔ امث] نازیبا بات۔ بُرا کام

بُری بَسْت: [عو] [ا امث] حرام چیز۔ سُوَر

بُری بست بکھاننا: [ا محاورہ] بُرا بھلا کہنا

بُری بَلا: [ا امث] آفت۔ تکلیف۔ دُبلا شخص۔ مصیبت۔

بُری بھلی جاننا: [ا محاورہ] نیک و بد کی تمیز ہونا۔ ہوشیار ہونا

بُری بھلی کہنا: [ا محاورہ] سب قسم کی باتوں کا ذکر کرنا اچھی بُری لعن طعن بیان کرنا۔

بُری بننا: [ا محاورہ] صدمہ ہونا۔ تکلیف پہنچنا

بُری بنی ہے: [ا محاورہ] بُری حالت ہے مصیبت کا وقت ہے۔

بُری چال: [ا۔ امث] بد وضع۔ بد چلن۔ بُرا طریقہ

بُری چیز: [ا امث] دیکھئے "بُری بَسْت"

بُری خبر: [ا۔ امث] موت کی خبر۔ ناگوار خبر

بُری خبر جلد پھیل جاتی ہے: [ا مقولہ] بُرے کام کی شہرت بہت جلد ہوتی ہے

بُری ریس بھیک منگواتی ہے: [ا مقولہ] جو شخص دوسروں کی دیکھا دیکھی بُرے کام کرے وہ جلد تباہ ہو جاتا ہے۔

بُری زُبان: [ا۔ امث] بدزُبانی۔ بیہودہ گوئی

بُری ساعت: [ا امث] منحوس گھڑی

بُری سمانا: [ا محاورہ] خراب دُھن۔ خراب لگن۔ بُرا خیال دماغ میں بیٹھنا۔

بُری سُنانا: [ا محاورہ] سخت یا ناگوار بات کہنا

بُری سُنائی: [ا محاورہ] سخت ناگوار بات کہی

بُری سوجھنا: [ا محاورہ] خراب معلوم ہونا۔ خراب نظر آنا۔ بُرا خیال ذہن میں آنا۔

بُری صحبت: [ا امث] بدوضع یا خراب لوگوں کی مجلس

بُری صحبت کا بُرا اثر ہوتا ہے: [ا مثل] بُرے کی صحبت میں بیٹھنے والا بھی بُرا ہو جاتا ہے۔

بُری طرح پیش آنا: [ا محاورہ] سختی یا بدتہذیبی کا برتاؤ کرنا۔

بُری گت: [ا۔ امث] خراب حالت۔ بُرا حال (افعال بنانا۔ بننا۔ کرنا۔ ہونا)

بُری گھڑی: [ا۔ امث] بُرا وقت۔ منحوس گھڑی / ساعت)

بُری گھڑی نہ آئے: [ا کلمۂ دعا] مصیبت نہ آئے

بُری لت: [ا۔ امث] خراب عادت

بُری لگنا: [ا محاورہ] ناگوار گزرنا

بُری مَت: [ا۔ امث] خراب عقل۔ رندی طبیعت

بُری نظروں سے تکنا: [ا محاورہ] غصے کی نظر سے دیکھنا۔ بدنیتی سے دیکھنا۔

بُری نظروں سے دیکھنا: [ا محاورہ] دیکھئے "بُری نظروں سے تکنا"

بُری نظروں سے گھورنا: [ا محاورہ] دیکھئے "بُری نظروں سے تکنا"

بُری نظر والا: [ا۔ صف] بدنظر۔ بدنیت

بُرے: [ا۔ صف] دیکھئے "بُرا" جس کی یہ جمع ہے۔

بُرے حال سے: [ا متعلق فعل] خراب حالت میں۔ پھٹے حالوں۔

بُرے حالوں جینا: [ا محاورہ] خراب حالت میں / افلاس / مصیبت میں زندگی بسر کرنا۔

بُرے دل سے: [ا متعلق فعل] بے اعتنائی سے۔ بے پروائی سے۔ ناخوشی / ناگواری سے۔ بدنیتی سے۔

بُرے دن: [ا۔ امذ] تکلیف اور مصیبت کے دن۔ بُرا زمانہ۔

بُرے سے سب ڈرتے ہیں / بُرے سے دیو بھی ڈرتا ہے؛ بُرے سے خدا بھی ڈرتا ہے / بُرے تجھ سے کیا ڈریئے؛ تیری بُرائی سے / بُرے تجھ سے کیا ڈرتے ہیں، تیری بُرائی سے ڈرتے ہیں!: [ا مثل] بُرے آدمی کی مذمت کے لیے کہا جاتا ہے۔

بُرے کا بُرا انجام: [ا مقولہ] بُری بات کا نتیجہ بُرا ہی ہوتا ہے۔ بُرے کو ضرور سزا ملتی ہے۔

بُرے کا سر: [ا۔ روزمرہ] (عو) بیزاری اور غصے میں کہی ہیں یعنی فضول۔ بکواس

بُرے کی بُرائی میں نہ بھلے کی بھلائی میں۔ [ا۔ مثل] سب سے الگ۔ کسی سے کوئی واسطہ نہیں

بُرے کی جان پر: [ا متعلق فعل] دُشمن پر۔ ظالم پر

بُرے کی جان کو رونا: [ا محاورہ] ظالم کی شکایت کرنا (۲) ظلم و ستم پر صبر کرنا۔

بُرے لچھن: [ا۔ امذ] بُری عادت۔ بُرے کام۔

بُرے مولوں بیچنا: [ا محاورہ] سستے داموں بیچنا۔ ارزاں بیچنا

بُرے وقت: [ا متعلق فعل] بے موقع۔ بے محل۔ نامناسب وقت۔ مصیبت میں مفلسی میں۔

بُرے وقت آڑے آنا: [ا محاورہ] مصیبت کے وقت مدد کرنا۔

بُرے وقت سب آنکھ چُراتے ہیں: [ا مثل] مصیبت میں کوئی کوئی ساتھی نہیں ہوتا۔

بُرے وقت کا اللہ بیلی: [ا مثل] مصیبت میں سوائے خدا کے اور کوئی مددگار نہیں ہوتا۔

بُرے وقت کا کون ہے: [ا مثل] بُرے وقت کا کوئی ساتھی نہیں ہوتا۔

بُرے وقت کا کوئی ساتھی نہیں: [ا مثل] مصیبت میں کوئی ساتھی نہیں ہوتا۔

بُرے وقت کا کوئی شریک نہیں ہوتا: [ا مثل] دیکھئے "بُرے وقت کا کوئی ساتھی نہیں ہوتا"

بُرے وقت میں کام آنا: [ا محاورہ] مصیبت میں مدد کرنا۔

بُرے وقت کوئی ساتھ نہیں دیتا: [ا مقولہ] مصیبت کے وقت یار بھی مدد نہیں کرتے۔

بُرے وقت یار بھی آنکھیں چُرا گئے: [ا مقولہ] دیکھئے "بُرے وقت میں سب آنکھیں چُراتے ہیں۔

بَرَیا: [ہ۔ امث] دیکھئے "بَرئی" پان بیچنے۔ بونے والا

بُرہا: [ہ ۔ امث] عورت کے کان کے زیور
بَرْیار / بریارا: [ہ ۔ صف] مضبوط ۔ طاقت ور ۔ شدید (۲) زرخیز (۳) ایک پودا جسے بلا بھی کہتے ہیں۔
بِریاں: [ف ۔ صف] بھنا ہوا ۔ "تلا ہوا"۔
بِریانی: [ف ۔ امث] ایک قسم کا پلاؤ ۔ جس میں گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے ۔ اور زرد و سفید دو رنگ کے چاول ہوتے ہیں۔
بُرِیت: [ہ ۔ امث] رسّی
بُرِیت: [ہ ۔ امث] کسی پکے ہوئے چیز کی ار نشان ہرن پر (کوڑا) بید وغیرہ
بریتف: [ع ۔ امث] دیکھئے "براءت" جو صحیح ہے۔
بُریتّا: [ہ ۔ اند] ا۔ دھوبی (۲) "بنیشت" تیسرے درجے کی زمین (۳) وہ زمین جس پر گنا بویا جا کر کٹ چکا ہو۔
بریٹھن: [ہ ۔ امث] دھوبن
بَرِید: [ع ۔ اند] ا۔ قاصد ۔ پیغام بر ۔ ایلچی ۔ ہرکارہ (۲) ڈاک ۔ ڈاک کا نظام
برید فلک: [ع ۔ اند] مجازاً قمر و زحل دو ستارے
بُرِیدہ: [ف ۔ امث فارسی مصدر] (بُریدن سے اسم کیفیت) کاٹ قطع ، یہ الگ استعمال نہیں ہوتا ۔ ترکیب میں مستعمل ہے ۔ مثلاً قطع و برید
بر بر ۔ برید کرنا / کہنا: [ا ۔ محاورہ] بڑبڑانا ۔ رونا ۔ شکوہ شکایت کرنا۔
بریشم: [ف ۔ امث] ابریشم ۔ ریشم
بریک: [انگ ۔ اند] ا ۔ (گاڑی کو) روکنے کا آلہ (۲) ریل گاڑی کا وہ ڈبّا یا کمرہ جس میں سامان لادا / رکھا جاتا ہے۔
بریک لگانا: [ا ۔ محاورہ] گاڑی روکنا
بریک لگنا: [ا ۔ محاورہ] گاڑی رکنا
بریکٹ: [انگ ۔ اند] خطوط وحدانی (۲) دیوارگیری دیوار میں لگانے کی چھوٹی الماری ۔ دیوار کی کھونٹی یا کگر جو تصویریں رکھنے کے لیے دیوار میں بناتے ہیں۔
بریگیڈ: [انگ ۔ اند] دیکھئے "برگیڈ"
بریگیڈیر: [انگ ۔ اند] دیکھئے "برگیڈیر"
بریل: [انگ ۔ اند] اندھوں کے لیے نظام تحریر و طباعت جس میں حروف ابھرے ہوتے ہیں تاکہ ہاتھوں سے مس کر کے پڑھے جا سکیں۔
بریلی جانے کا کیا کام: [ا ۔ مثل] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو پاگلوں کی سی حرکت یا کام کرے (بریلی میں ہندوستان کا سب سے بڑا اور مشہور پاگل خانہ تھا۔
بریلی رُوپا ریلی: [ا ۔ مثل] بریلی میں بہت دولت ہے۔
بَرِین: [ف ۔ صف] عالی ۔ بلند ۔ برتر
بَرِیّن: [ہ ۔ اند] اسم کا نگر (۲) ترہ بمعنی پھوڑے کی جمع
بریں عقل و دانش بباید گریست: [ف ۔ مثل] ایسی عقل اور سمجھ پر رونا چاہیے ۔ کوئی بیوقوفی کی بات کرے تو کہتے ہیں۔
بریں مژدہ گر جاں فشانم رواست: [ف ۔ مثل] اس خوشخبری پر اگر جان بھی قربان کر دی جائے تو درست ہے ۔ کوئی بہت اچھی خبر سن کر کہتے ہیں۔
بریں ہمہ: [ف ۔ متعلق فعل] باوجود اس کے ، تاہم ، اس پر بھی

بَریّہ: [ع ۔ اند] خلق ۔ خلقِ خدا۔

ب ۔ رڑ

بَرْڑ: [ہ ۔ اند] ایک چوڑے پتوں والا ، بڑے پھیلاؤ کا سایہ دار درخت ، جو پیپل سے مشابہ ہوتا ہے ۔ اس کی شاخوں سے ڈاڑھی کی شکل میں جڑیں پھوٹ کر زمین سے جا لگتی ہیں اور تنا بن جاتی ہیں ۔ برگد۔
بَرْڑ: [ہ ۔ امث] بکواس ۔ ہذیان ۔ پاگلوں کا سا کلام
بَرْڑ: [ہ صف] بڑا کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ مثلاً بڑبولا۔
بڑ باگڑ: [ہ ۔ اند] ایک قسم کی بڑی چمگادڑ
بڑبولا / بولی: [ا صف] شیخی مارنے والا / والی ۔ زیادہ بولنے والا / والی
بڑبھاگی: [ا صف] خوش قسمت ۔ بڑی قسمت والا ۔ خوش قسمت آدمی۔
بڑبھکوا: [ا صف مذ] بڑا بے وقوف ۔ احمق
بڑپن / پنا: [ا ۔ اند] بزرگی ۔ بڑائی ۔ عزت ۔ شان و شوکت
بڑپیٹا / بڑپیٹو: [ہ صف ۔ مذ] بڑے پیٹ والا ۔ توندل ۔ بلانوش ۔ بڑا لالچی۔
بڑ تلے کا بھوت: [ہ ۔ اند] ایسے شخص کو کہتے ہیں جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو ۔ مشہور ہے کہ بڑ کے درخت پر رہنے والا بھوت اگر کسی کے پیچھے پڑ جائے تو جان نہیں چھوڑتا۔
بڑدنتا / بڑدنتا: [ا ۔ اند] بڑے دانتوں والا
بڑکا: [ا صف] سب سے بڑا بھائی
بڑکنا: [ہ ۔ صف ۔ مذ] بڑے کانوں والا
بڑکنی: [ہ صف مث] بڑے کانوں والی
بڑگرو: [ہ ۔ صف ۔ اند] بڑا استاد ۔ گرو گھنٹال
بڑ لگانا: [ا محاورہ] مجنونانہ باتیں کرنا ۔ جھک مارنا
بڑ لگنا: [ا محاورہ] دیکھئے لگانا جس کا یہ لازم ہے
بڑما: [ہ ۔ صف ۔ مث] بڑی ماں کا عفت ۔ سیانی ۔ بزرگ ۔ باعزت عورت
بڑ مارنا: [ا محاورہ] دیکھئے "بڑ لگانا"
بڑمونہی: [ہ صف مث] ا ۔ سؤر کی مادہ (۲) بکواسن ۔ معزز عورت
بڑنکا: [ہ صف مذ] ا ۔ بڑی ناک والا (۲) ایک قسم کا کبوتر یا دوسرا پرندہ۔
بڑ میں آنا: [ا محاورہ] ا ۔ جوش میں آنا ۔ شیخی یا برائی شروع کرنا۔
بڑ ہانکنا: [ا محاورہ] دیکھئے "بڑ لگانا"
بڑہونٹا: [ہ ۔ صف ۔ مذ] بڑے ہونٹوں والا۔
بڑا: [ہ صف] ا ۔ چھوٹا کی ضد ۔ کلاں ۔ وسیع ۔ دراز ۔ لمبا ۔ کشادہ ۔ چوڑا چکلا۔ (۲) اعلیٰ ۔ نمایاں ۔ عظیم الشان (۳) بھاری ضخیم (۴) اونچا ۔ بلند (۵) عالی خیالی معزز ۔ جلیل القدر ۔ عالی خاندان ۔ فیاض ۔ بلند حوصلہ ۔ ذی عزت (۶) گرانڈیل طویل ۔ بہادر ۔ شہ زور (۷) بہتر ۔ عمدہ (۸) عمر ۔ رتبہ ۔ جسامت میں یا قد میں زیادہ۔ (۹) افسر ۔ سردار (۱۰) موٹا ۔ بھاری بھرکم (۱۱) امیر ۔ دولت مند (۱۲) بہت نہایت کثرت سے (۱۳) سنگین سخت (۱۴) ضروری ۔ جلدی (۱۵) عمدہ بیش قیمت (۱۶) مربی ۔ سرپرست ۔ باپ دادا (۱۷) مونگ یا ماش کی تلی ہوئی ٹکیا
بڑا آدمی: [ا ۔ اند] امیر آدمی ذی عزت

بڑا آزار: [ا ر۔ اند] سل۔ دق

بڑا آیا: [ا ر۔ طنزاً فقرہ] کون ہے۔ اس کا کیا حق ہے۔ اس کا منصب نہیں۔ اس کی اتنی وقعت نہیں ہے

بڑا ابّا: [ا ر۔ مذ] تایا۔ دادا۔ خسر

بڑا استاد: [ا ر۔ اند] ہشیار۔ چالاک۔ گرگو

بڑا اندھیر: [ا ر۔ اند] سخت ظلم ہے کوئی انصاف نہیں۔

بڑا اندھیر ہے: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بڑا اندھیرا"

بڑا استنجا کرنا / لینا: [ا رمحاورہ] پاخانہ کے بعد طہارت کرنا۔ (۲) پاشخانہ پھرنا۔

بڑا بانٹنے والا: [ریاضی] عادِ اعظم

بڑا بچارا: [ا ر۔ اند] حقیر کی جگہ بولا جاتا ہے

بڑا بوڑھا: [ا ر۔ صفت۔ مذ] معمر۔ بزرگ۔ باپ دادا۔ مربی۔ سرپرست

بڑا بول: [ا ر۔ اند] شیخی۔ غرور۔ تکبر کی بات۔ ڈینگ

بڑا بول آگے آنا: [ا رمحاورہ] غرور کی سزا ملنا

بڑا بول بولنا: [ا رمحاورہ] شیخی مارنا۔ غرور کرنا

بڑا بول پیش آنا: [ا رمحاورہ] مغرور کا ذلیل ہونا

بڑا بول سامنے آنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بڑا بول آگے آنا"

بڑا بول۔ قاضی کا پیادہ ایک نہ ایک دن آئے گا۔ [ا رمحاورہ] مغرور ضرور ذلیل ہوتا ہے۔

بڑا بے پیر ہے: [ا رفقرہ] بہت بے مروّت، بہت بے رحم ہے، بے انصاف ہے

بڑا بیٹا: [ا ر۔ اند] بیٹا جو عمر میں سب بیٹوں سے بڑا ہو۔

بڑا بے ڈھب: [ا رصفت] ا۔ بے خوف (۲) سرکش۔ نافرمان (۳) خود غرض (۴) نالائق بدمعاش (۵) چوکس۔ ہوشیار۔ چالاک (۶) جو کسی کے قابو میں نہ آئے۔

بڑاپا: [ا رصفت] بزرگی بڑائی۔ زیادہ عمر ہونا

بڑا پتھر: [ا رمحاورہ] بہت سنگدل ہے۔ بہت ظالم ہے۔ بہت بھاری ہے

بڑا پلّا کیا: [ا ر۔ اند] بہت سفر کیا۔ بہت دور گئے

بڑاپن: [ا ر۔ اند] بزرگی۔ بڑا ہونا

بڑا پیٹ ہے: [ا رمحاورہ] بہت کھانے والا ہے۔ بہت روپیہ کمانے کھانے والا ہے

بڑا تقدیر والا ہے: [ا رمحاورہ] بڑا خوش قسمت ہے۔ بہت خوش نصیب ہے۔

بڑا تیر مارا: [ا ر۔ محاورہ] بڑا کام کیا۔ بہت حوصلہ کیا۔ طنزاً کوئی اہم کام نہ کیا۔

بڑا جانور: [ا ر۔ اند] ا۔ سؤر (۲) گائے۔ بیل

بڑا جگر / جگرا: [ا ر۔ اند] بڑا حوصلہ۔ بڑی ہمت

بڑا جنگی: [ا ر۔ صفت] بہت وزنی۔ بہت بڑا۔

بڑا چلّہ / چلّا: [ا ر۔ اند] زچہ کا چالیسویں دن کا غسل

بڑا داتا: [ا ر۔ اند] بڑا سخی۔ بہت دینے والا۔ فیاض۔

بڑا دل: [ا ر۔ اند] دیکھئے "بڑا جگر"

بڑا دم کلا ہے: [ا رمحاورہ] بہت عیار اور بدمعاش ہے۔

بڑا دن: [ا ر۔ اند] دسمبر کی پچیسویں تاریخ، جو حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کا دن ہے۔ بزرگ اور مبارک کا ترجمہ چونکہ اس تاریخ سے دن بڑھنا شروع ہو جاتا ہے، اس لیے بھی بڑا دن کہا جاتا ہے۔

بڑا دیدہ ہے: [ا رمحاورہ] بہت شوخ چشم ہے۔ بیباک ہے۔ نڈر ہے۔

بڑا راستہ پکڑنا: [ا رمحاورہ] ا۔ دور کا سفر اختیار کرنا (۲) مر جانا۔

بڑا روگ: [ا ر۔ اند] دیکھئے "بڑا آزار"

بڑا سؤر: [ا رمحاورہ] بہت بدذات ہے۔ بہت موذی ہے۔ بہت شریر ہے۔

بڑا شخص: [ا ر۔ اند] عالی حوصلہ۔ بلند ہمت (۲) مالدار (۳) تجربہ کار۔ (۴) ذہین طنزاً فطرتی۔ شریر۔ شیطان

بڑا شہدہ ہے: [ا رمحاورہ] بڑا بیہودہ ہے۔ بڑا شریر ہے۔

بڑا صاحب: [ا ر۔ اند] حاکم اعلیٰ۔ بڑا افسر

بڑا قاف: [ا ر۔ اند] قرساق۔ بھرڑا۔ بھکوا۔ (۲) قافِ منقوطہ

بڑا کام: [ا ر۔ اند] ضروری کام۔ زیادہ کام۔ اہم کام۔ نمایاں کام۔ عظیم کام

بڑا کام کرنا: [ا رمحاورہ] اہم کام کرنا۔ قابلِ تحسین کام کرنا۔ کارِ عظیم انجام دینا۔

بڑا کرنا: [ا رمحاورہ] ا۔ بڑھانا۔ اونچا کرنا۔ کھینچنا۔ تاننا (۲) پالنا۔ پوسنا۔ پرورش کرکے جوان کرنا (۳) گل کرنا۔ بجھانا (چراغ کا) (۴) تائید کرنا (۵) عزت دینا۔

بڑا کفر توڑا: [ا رمحاورہ] ا۔ بڑے ضدی کو قابو میں لائے (۲) بڑا کام کیا۔

بڑا کلیجا: [ا ر۔ اند] بڑا دل۔ بڑا حوصلہ۔ بڑا ظرف

بڑا کوّا: [ا ر۔ اند] جنگلی کوّا۔ پہاڑی کوّا

بڑا کوئی ہے: [ا رمحاورہ] بہت چالاک ہے۔ بہت ہوشیار ہے۔ بہت حیلہ ساز ہے۔

بڑا کھانا: [ا ر۔ اند] دھوم دھام کی ضیافت۔ اعلیٰ درجہ کی ضیافت۔

بڑا گھان مارنا: [ا رمحاورہ] بہت بڑی کامیابی حاصل کرنا۔ بڑا معرکہ مارنا

بڑا گھر: [ا ر۔ اند] ا۔ وسیع مکان (۲) شریف اور معزز خاندان (۳) امیر گھرانہ (۴) قید خانہ (۵) پاخانہ

بڑا گھرانا: [ا ر۔ اند] اعلیٰ خاندان۔ معزز خاندان۔ امیر گھر

بڑا لائے: [ا رمحاورہ] خوب کہی۔ کیا خوب۔ کیوں نہ ہو۔

بڑا مزہ ہو: [ا رمحاورہ] بڑا لطف ہو۔ خوب سیر ہو۔

بڑا نام کرنا: [ا رمحاورہ] عزت حاصل کرنا۔ شہرت حاصل کرنا۔

بڑا نام ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بڑا نام کرنا" جس کا لازم ہے۔

بڑا نکیلا: [ا رمحاورہ] بڑا وضع دار ہے۔ بڑا آن والا ہے۔

بڑا نوالہ کھائے، بڑا بول نہ بولے: [ا رمثل] کھانا خوب کھائے مگر تکبر نہ کرے۔

بڑا نہان: [ا ر۔ اند] (عو) زچہ کا چالیسویں دن کا غسل

بڑا وقت: [ا ر۔ اند] بڑی مہلت۔ بڑا وقفہ

بڑا ہی پاجی ہے: [ا رمحاورہ] ا۔ بہت شریر ہے۔ بہت چالاک ہے۔ بہت فتنہ پرداز ہے۔

بڑا ہی سخت ہے: [ا رمحاورہ] ا۔ بہت بدمزاج ہے (۲) بہت بے رحم ہے (۳) بہت موذی ہے (۴) بہت جفاکش ہے۔

بڑا جانا: [ا۔ محاورہ] کسی آفت یا مصیبت سے گھبرا اٹھنا۔ چلا پڑنا

بڑانا: [ہ۔ مص] داخل کرانا۔ گھسنے دینا

بڑانا: [ا۔ مص] بکواس کرنا۔ ہذیان ہونا۔ بے معنی باتیں کرنا سوتے میں بولنا

بڑائی: [ا۔ امث] ۱۔ بزرگی عظمت (۲) درازی عمر (۳) وسعت (۴) جسامت ضخامت۔ حجم (۵) تعریف توصیف مدح (۶) منصب درجہ مرتبہ (۷) طوالت۔ لمبائی۔ اونچائی (۸) عزت آبرو۔ ادب۔ لحاظ (۹) فضیلت۔ خوبی (۱۰) شیخی۔ ڈینگ لاف زنی خودنمائی۔ گھمنڈ

بڑائی دینا [ا۔ محاورہ] عزت دینا۔ بڑا مرتبہ دینا

بڑائی کرنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ تعریف کرنا (۲) شیخی مارنا۔ خودستائی کرنا

بڑائی کی لینا: [ا۔ محاورہ] غرور کرنا۔ شیخی مارنا

بڑائی مارنا: [ا۔ محاورہ] شیخی مارنا۔ خودستائی کرنا۔

بڑائی چھٹائی: [ا۔ امث] بڑاپن چھوٹاپن۔ عمر کا فرق۔ قد یا جسامت کا فرق

بڑبڑ: [ا۔ امث] بک بک۔ جھک جھک۔ لاف۔ گزاف

بڑبڑانا: [ا۔ محاورہ] چپکے چپکے باتیں کرنا۔ منہ میں بولنا۔ زیرلب کچھ کہنا۔ آہستہ خودبخود باتیں کرنا (۲) چپکے چپکے کسی کو برا کہنا۔ چپکے چپکے پڑھنا

بڑبڑاہٹ / بڑبڑاہٹ: [ا۔ امث] دیکھئے "بڑبڑ"

بڑبڑائی / بڑبڑائی [ہ۔ امث] دیکھئے "بڑبڑ"

بڑبڑیا: [ہ۔ صف] بے ہودہ گو۔ بکواسی

بڑبڑیری [ا۔ امث] بزرگوں کا فاتحہ جو عورتیں ہر تقریب شادی پر کرتی ہیں۔

بڑبک: [ہ۔ صف] بے وقوف

بڑبھس: [ہ۔ اند] بڑھاپے میں جوانی کی امنگ / مستی / باتیں (۲) وہ بدخوئی اور بدمزاجی جو بڑھاپے میں ہو جاتی ہے (۳) بڑھاپے کی وجہ سے عقل جاتی رہنا۔

بڑبھس لگنا: [ا۔ محاورہ] بڑھاپے میں مستی چھوٹنا۔ بوڑھا ہو کر جوانی کی باتیں کرنا۔

بڑبھچود: [ا۔ صف] ایک گالی۔ جس کے معنی ہیں۔ بیٹی سے برا کرنے والا۔

بڑرا: [ا۔ اند] گیہوں اور چنے کا ملا ہوا اناج۔

بڑک: [ہ۔ اند] (پورب) دانت کی گرفت حیوان کا دانتوں سے کاٹنا (۲) پانی میں ڈبکی۔ غوطہ

بڑک: [ہ۔ امث] پاؤں کی آہٹ۔ کسی کے چلنے پھرنے کی آہٹ (۲) وہ آواز یا کھڑکا جو اندھیرے میں برتنوں کے باہم ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔

بڑکا: [ہ۔ اند] بکٹا۔ حیوان کا منہ / دانتوں سے کاٹنا۔ دانتوں کی گرفت

بڑکی: [ہ۔ امث] غوطہ ڈبکی

بڑکی مارنا: [ا۔ محاورہ] غوطہ مارنا۔ ڈبکی مارنا

بڑنا: [ہ۔ مص] داخل ہونا۔ گھسنا۔ اندر جانا

بڑنگا: [ہ۔ اند] کڑی۔ شہتیر

بڑونکھا: [ہ۔ اند] ایک قسم کا گنا۔ جس کی پوریاں لمبی لمبی ہوتی ہیں

بڑولی: [ا۔ امث] بڑکے درخت کا پھل

بڑوں: [ہ۔ صف] دیکھئے "بڑا" جس کی یہ جمع ہے۔

بڑوں کا بڑا ہی بھاگ۔ [ا۔ مثل] امیروں کے پاس روپیہ بہت آتا ہے۔ بھرا ہوا ہی بھرتا ہے۔

بڑوں کی بات بڑے ہی پہچانیں: [ا۔ مثل] بڑوں کی باتوں کو بڑے ہی سمجھتے ہیں۔

بڑوں کی بڑی بات۔ [ا۔ مثل] بڑے آدمیوں کے خیالات بڑے اعلیٰ ہوتے ہیں۔

بڑوں کے بڑے ہی کام [ا۔ مثل] بڑے لوگ بڑے بڑے کام کرتے ہیں۔ بڑے لوگ بڑے خرچ کرتے ہیں۔

بڑھ: [ا۔ فعل] مصدر "بڑھنا" سے صیغۂ امر

بڑھ آنا: [ا۔ محاورہ] آگے ہونا

بڑھ بڑھ کے باتیں بنانا: [ا۔ محاورہ] چرب زبانی کرنا۔ بہت باتیں کرنا۔

بڑھ بڑھ کے بولنا: [ا۔ محاورہ] فخر کرنا۔ بساط سے بڑھ کر باتیں کرنا۔ لاف و گزاف کرنا۔

بڑھ بڑھ کہنا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بڑھ بڑھ کے بولنا"

بڑھ بڑھ کے شیخی مارنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بڑھ بڑھ کے بولنا"

بڑھ جانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ آگے نکل جانا۔ سبقت لے جانا (۲) آگے چلے جانا۔ (۳) دولت عزت مرتبہ میں ترقی ہونا۔ متجاوز ہونا۔ نکل جانا (۴) طوالت ہو جانا۔ (۵) چراغ یا شمع کا گل ہو جانا (۶) ایک چیز کا دوسری چیز سے زیادہ ہو جانا (۷) اٹھ جانا۔

بڑھ چڑھ کے: [ا۔ صف] بہتر۔ برتر۔ بالاتر۔ فائق۔ زیادہ

بڑھ چلنا / بڑھ کے چلنا [ا۔ محاورہ] آگے ہو جانا۔ پیش قدمی کرنا۔ آگے بڑھنا (۲) حد سے تجاوز کرنا۔ بے تکلفی کرنا (۳) ترقی کرنا (۴) گستاخ ہونا گستاخی کرنا (۵) غرور کرنا۔ فخر کرنا۔ اپنی طاقت سے بڑھ کر کوئی کام کرنا

بڑھ کا [ا۔ صف] زیادہ قیمتی عمدہ تر

بڑھ کر / بڑھ کے [ا۔ متعلق فعل] زیادہ زیادہ تر

بڑھ کے بولنا / کر بولنا [ا۔ محاورہ] شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ گستاخی کرنا۔ بے ادبی سے بولنا۔

بڑھ کے بات کرنا [ا۔ محاورہ] غرور کی بات کرنا۔ شیخی مارنا

بڑھ کے بولیاں بولنا / بولی دینا [ا۔ محاورہ] نیلام میں دوسروں سے زیادہ قیمت لگانا

بڑھ کے بولیاں بولنا / مارنا [ا۔ محاورہ] بہت طعنے دینا۔ بہت آوازے کسنا

بڑھ کے لینا۔ [ا۔ محاورہ] پیشوائی کرنا پیشوائی کے لیے آگے جانا۔

بڑھا۔ [ا۔ صف] زیادہ تر مرکبات میں مستعمل ہے۔ آگے آیا ہوا۔ بڑھا ہوا۔

بڑھاپا / بڑھاپن: [ا۔ اند] بوڑھاپن۔ پیرانہ سالی۔ کہن سالی۔ عمر زیادہ ہونے کا زمانہ۔

بڑھاپا اگلنا۔ [ا۔ محاورہ] بڑھاپے کے طعنے دینا۔

بڑھاپا اگلوانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بڑھاپا اگلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

بڑھاپے میں عقل ماری گئی ہے [ا۔ فقرہ] بوڑھی عمر میں بیوقوف ہو گیا ہے۔

بڑھاپے میں مٹی خراب [ا۔ مقولہ] پچھلی عمر میں بہت تکلیف ہوتی ہے۔

بڑھا (بڑھیں) تو امیر۔ گھٹا (گھٹیں) تو فقیر۔ مرا (مریں) تو پیر: [ا۔ مثل] ہندوؤں کا مسلمانوں کے متعلق خیال ہے کہ یہ دولت مند ہوں تو امیر غریب ہوں تو فقیر اور مر جائیں تو پیر کہلاتے ہیں۔ غرضیکہ ہر حالت میں اچھے نام سے پکارے جاتے ہیں۔

بڑھا چڑھا: [ا ر صف] نامی گرامی۔ زیادہ اچھا۔ بالاتر

بڑھا دینا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بڑھانا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

بڑھا لانا: [ا رمحاورہ] ا۔ آگے لانا (۲) فوج کو آگے لانا (۳) شطرنج میں کسی مہرے کو بہت آگے لے جانا جہاں اس کی امداد کے لیے دوسرا مہرہ نہ پہنچ سکے۔

بڑھانا: [ا ر مصدر] ا۔ آگے کرنا۔ آگے لے جانا (۲) زیادہ کرنا۔ بہت کرنا (۳) دراز کرنا۔ لمبا کرنا (۴) ترقی دینا۔ اضافہ کرنا (۵) امیر کرنا۔ دولت مند کرنا۔ (۶) شامل کرنا۔ ملانا۔ جوڑنا (۷) پھیلانا۔ وسیع کرنا (۸) اُٹھانا (۹) کھینچنا (۱۰) تعریف کرنا۔ مدح کرنا (۱۱) بنانا۔ تعریف میں مبالغہ کرنا (۱۲) سرکانا۔ آگے کرنا۔ پیش کرنا۔ (۱۳) دیر لگانا۔ ملتوی کرنا (۱۴) دودھ چھڑانا۔ عورتوں کا بچے کو دودھ پلانا بند کرنا (۱۵) دسترخوان اُٹھانا۔ ہٹانا (۱۶) شمع وغیرہ کا بجھانا۔ گل کرنا (۱۷) زیور کپڑے وغیرہ اُتارنا۔ الگ کرنا (۱۸) دکان بند کرنا (۱۹) پتنگ اڑانا۔ بلند کرنا۔ (۲۰) بال لمبے کرنا۔ رکھنا (۲۱) پالنا (۲۲) دل وغیرہ) ہمت زیادہ کرنا۔ حوصلہ دینا۔ جرأت دلانا (۲۳) (ہاتھ) مانگنا۔ ملانے کے لیے آگے کرنا (۲۴) بات) دیکھئے بات کے تحت۔

بڑھاؤ: [ھ۔ امذ] ا۔ بیشی۔ زیادتی۔ افزونی۔ اضافہ (۲) ترقی۔ عروج (۳) درازی۔ لمبائی۔ پھیلاؤ (۴) چڑھاؤ۔ طوفان (۵) خوشامد۔ مبالغہ (۶) تقاضا۔ بچپن

بڑھاوا: [ا ر امذ] ا۔ حوصلہ۔ جرأت (۲) لالچ۔ طمع (۳) ترغیب (۴) دم۔ فریب۔ دھوکا۔ جھانسا (۵) خوشامد۔ مبالغہ۔

بڑھاوا / چڑھاوا دینا: [ا رمحاورہ] ا۔ ترغیب دینا۔ لالچ دینا۔ ہمت بڑھانا۔ تعریف کر کے کسی کام پر آمادہ کرنا۔ شاباش دے کر لڑانا۔ سبز باغ دکھانا

بڑھاوے: [ا ر۔ امذ] بڑھاوا کی جمع

بڑھاوے میں آنا: [ا رمحاورہ] فریب میں آنا۔ لالچ میں آنا / پھنسنا۔ خوشامد سے خوش ہو کر کوئی کام کرنا۔

بڑھتی: [ا ر صف] زائد۔ زیادہ۔ فاضل۔ فالتو (۲) ترقی۔ زیادتی۔ برکت

بڑھتی دولت: [ا ر۔ امث] روز افزوں دولت۔ ترقی کرنے والا مال۔ آئے دن بڑھتا چلا جانے والا اقبال

بڑھتی کا پہرا: [ا ر۔ امذ] بہبودی کے دن۔ ترقی کا زمانہ

بڑھتی منانا: [ا رمحاورہ] ترقی چاہنا

بڑھل: [ا ر امذ] ایک چوڑے پتوں والا پھل والا درخت۔ اس کا پھل۔

بڑھنا: [ا ر مص] (+) دیکھئے "بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بڑھنت: [ھ۔ امث] دیکھئے "بڑھاوا"

بڑھو: [ھ۔ امذ] بڑھا۔ بوڑھا کی تحقیر

بڑھوا: [ھ۔ امذ] بوڑھا۔ زیادہ عمر کا۔

بڑھوتر / بڑھوتری: [ھ۔ امث] ا۔ دیکھئے "بڑھاؤ" (۲) ترقی۔ زیادتی۔ سود منافع

بڑھوتی: [ھ۔ امث] بڑھاپا

بڑھئن: [ھ۔ امث] دیکھئے "بڑھئی" جس کی یہ تانیث ہے۔

بڑھئی: [ھ۔ امذ] ا۔ ترکھان۔ نجار (۲) ایک چھوٹا سا پرندہ۔ ہدہد۔

بڑھی: [ھ۔ امث] دیکھئے "بڑھوتری"۔

بڑھی: [ھ۔ امث] بوڑھی عورت

بڑھیا: [ا ر صف] قیمتی۔ بیش قیمت۔ نہایت اعلیٰ (۲) زرخیز (۳) ایک قسم کا پتھر۔

بڑھیا: [ھ۔ امث] بوڑھی عورت۔ زال (۲) آک کے پودے کی روئی۔ جو قدرت نے بیج کو اڑا کر دور لے جانے کے لیے بنائی ہے۔

بڑھیا آفت کی پڑیا: [ا ر مثل] فتنہ انگیز عورت۔ کٹنی

بڑھیا دیوانی ہوئی پرائے برتن اُٹھانے لگی: [ا ر مثل] مطلب کی دیوانی ہے۔ مطلب میں بھی اتنا نافع سوچتا ہے۔

بڑھیا کا کاتا: [ا ر۔ امث] ایک لچھے دار مٹھائی۔ جو بڑھیا کے سر کے سفید بالوں کی سی ہوتی ہے۔

بڑھیا کو پینٹھ بنا کب سرے: [ا ر مثل] باوجود بوڑھی ہونے کے سیر تماشے کا شوق نہیں گیا۔

بڑھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا: [ا ر مثل] نقصان ہوا تو ہوا دل کا ارمان تو پورا ہو گیا۔

بڑھیا مری تو مری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا: [ا ر مثل] ایک بار کا نقصان بہت سے نقصانوں کی تمہید ہے۔ اس نقصان کے بعد بڑے نقصان کے خطرے ہیں

بڑھیل: [ھ۔ صف] بہت بوڑھی۔ پیرزال

بڑھیلا: [ھ۔ امذ] جنگلی سؤر۔ بنیلا

بڑی: [ھ۔ امث] مصالحہ دار پیٹھی کا ٹکڑا جو بطور سالن پکاتے ہیں

بڑی: [ا ر امث] دیکھئے "بڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بڑی آبرو سے گزر گئی: [ا ر فقرہ] عزت سے وقت پورا ہو گیا۔

بڑی آپا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بڑا آپا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بڑی اسامی: [ا ر۔ امث] امیر۔ مالدار

بڑی الائچی: [ا ر۔ امث] سرخ الائچی

بڑی بات: [ا ر۔ امث] دشوار کام۔ مہم عظیم۔ تعجب انگیز بات۔ ترجیح کے قابل بات۔

بڑی بات نہیں: [ا رمحاورہ] دشوار کام نہیں۔ معمولی بات ہے۔

بڑی بڑی باتیں کرنا: [ا ر۔ محاورہ] بہت کچھ کہنا۔ برا بھلا کہنا۔

بڑی بڑی باتیں ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بڑی بڑی باتیں کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بڑی بڑی زبانیں ہونا: [ا رمحاورہ] بدزبان ہونا۔ زبان دراز ہونا۔

بڑی بڑائی ہوئی: [ا رمحاورہ] بہت ہوا تو۔ بہت کوشش ہوئی تو۔ زیادہ سے زیادہ ہوا تو

بڑی بوڑھی: [ا ر امث] زیادہ عمر کی۔ تجربہ کار عورت

بڑی بھاری غلطی: [ا ر۔ امث] بڑا قصور

بڑی بہو: [ا ر۔ امث] بڑے بیٹے کی بیوی۔ (۲) بے وقوف پھوہڑ عورت

بڑی بہو بڑا بھاگ: [ھ۔ مثل] بیوی عمر کی بڑی ہو تو قسمت اچھی ہوتی ہے جب دولہن دولہا سے بڑی ہو تو دولہا کے والدین کی تسلی کے لیے کہا کرتے ہیں۔

بڑی بہو کو بلاؤ جو کھیر میں نمک ڈالے: [ا ر مثل] جب کسی ہوشیار آدمی سے کوئی کام بگڑ جائے تو یہ کہتے ہیں۔

بڑی بہو نے نکالے کرے۔ وہی آئے ہیں پارم پار: [ا ر مثل] جو طریقہ بزرگوں نے قائم کر دیا وہ چھوٹوں کا دستور العمل ہو گیا

بڑی بھابی ماں کی جگہ: [ا ر مقولہ] بڑی بھابی کا درجہ والدہ کے برابر ہوتا ہے

بڑی بھینس پر بالائی: [ا۔ مقولہ] جس طرح بڑی بھینس کے دُودھ پر بالائی بہت ہوتی ہے۔ اسی طرح امیر آدمی سے بہت سے فائدہ ہُوا کرتے ہیں۔
بڑی پونچھ کا آدمی: [ا۔ اند] مغرور۔ متکبر آدمی۔ بڑی ٹیڑھی کھیر ہے۔ بڑا مشکل کام ہے۔
بڑی چیز: [ا۔ امث] (۱) عظیم۔ اہم۔ باوقعت۔ باعزت (۲) (ع) قرآن شریف (۳) غیر معمولی (۴) قیمتی۔ نایاب (۵) قابلِ تعریف۔
بڑی چیز اُٹھانا (عو): [ا۔ محاورہ] قرآن مجید کی قسم کھانا۔ حلف اُٹھانا
بڑی چیز پر ہاتھ رکھنا: [ا۔ محاورہ] قرآن مجید کی قسم کھانا۔ حلف اٹھانا
بڑی چیز ہاتھ پر رکھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بڑی چیز اُٹھانا"
بڑی حرمت سے گزر گئی: [ا۔ فقرہ] اچھا عزت کے ساتھ وقت بسر ہو گیا
بڑی خیریت سے گزری / ہُوئی: [ا۔ فقرہ] بہت اچھا وقت گزرا۔
بڑی خیر گزری / ہوئی: [ا۔ فقرہ] بہت اچھا ہوا۔ بہتر ہوا کسی ناگہانی صدمہ یا تکلیف سے بچ جانے پر کہتے ہیں۔
بڑی خیریت ہُوئی: [ا۔ محاورہ] بہت غنیمت ہُوا۔ بڑی بات ہُوئی۔
بڑی خیریت ہے: [ا۔ محاورہ] بہت غنیمت ہے۔ اچھی بات ہے۔
بڑی دُور کی بات: [ا۔ محاورہ] دُور اندیشی کی بات۔ نہ کی بات
بڑی دُور کی سُوجھنا: [ا۔ محاورہ] نہایت اچھا خیال آنا۔
بڑی دُور کی کہانیاں باندھنا: [ا۔ محاورہ] شیخی مارنا۔ اِترانا۔ ڈینگ مارنا۔
بڑی دُور کی لینا: [ا۔ محاورہ] بہت شیخی مارنا۔ بہت اِترانا
بڑی دُون کی لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بڑی دُور کی لینا"
بڑی دیر کے بعد اُونٹ پہاڑ تلے آیا: [ا۔ محاورہ] بڑی دیر کے بعد سرکش قابو میں آیا۔
بڑی ڈیوڑھی: [ا۔ امث] امیر آدمی۔ فیاض آدمی۔ بہت سخی
بڑی سرکار: [ا۔ امث] دیکھئے "بڑی ڈیوڑھی"
بڑی رات آنا: [ا۔ محاورہ] رات کا بڑا حصہ گزر جانا۔ رات بہت گزرنا۔
بڑی روٹی: [ا۔ امث] (۱) چھوٹی روٹی کی ضد (۲) قرآن شریف
بڑی روٹی اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] حلف اٹھانا قرآن کی قسم کھانا۔
بڑی روٹی پر ہاتھ رکھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بڑی روٹی اُٹھانا"
بڑی شادی: [ا۔ امث] ختنہ کی تقریب
بڑی فجر: [ا۔ امث] صبح سویرے
بڑی فجر چولھے پر چوکے پر نظر: [ا۔ امث] صبح سویرے کھانے کی خواہش آلگی۔ اُس کی نسبت کہتے ہیں۔ جسے ہر وقت کھانے کی فکر رہے۔
بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو کھاتی ہے: [ا۔ مقولہ] زبردست زیردست کو تنگ کرتا ہے۔ بڑے آدمی چھوٹوں کا مال کھا جاتے ہیں۔
بڑی ناک والا: [ا۔ اند] بہت عزت والا۔ بہت غیرت والا۔ بہت وقار والا
بڑی نند بجلی پسند: [ا۔ مقولہ] دولہنوں کی عام طور پر نندوں سے نہیں بنتی۔
بڑی نند شیطان کی چھڑی جب دیکھو تیرسی کھڑی: [ا۔ مقولہ] "بڑی نند بجلی پسند"
بڑے: [ا۔ صف] دیکھئے "بڑا" جس کی یہ جمع ہے
بڑے آدمی: [ا۔ اند] دیکھئے "بڑا آدمی" جس کی یہ جمع ہے۔

بڑے ابّا: [ا۔ اند] دیکھئے "بڑا ابّا" جس کی یہ مغیرہ صورت ہے۔
بڑے اَنّ پورنا بنے ہیں: [ا۔ مثل] اپنے آپ کو بڑے فیاض سمجھتے ہیں
بڑے باپ کا بیٹا: [ا۔ اند] مشہور شخص کا بیٹا۔ عاقل آدمی کا لڑکا۔ عالی خاندان۔
بڑے باپ کی بیٹی: [ا۔ امث] مشہور یا قابل باپ کی بیٹی۔ شریف زادی۔ امیر زادی۔ عالی خاندان عورت۔ معزز اور قابلِ احترام عورت۔
بڑے برتن کی کھرچن: [ا۔ امث] امیروں کا بچا ہُوا کھانا۔
بڑے برتن کی کھرچن بھی بہت ہے: [ا۔ مثل] بگڑے ہوئے رئیس سے کچھ نہ کچھ فائدہ ہو ہی جاتا ہے۔
بڑے بڑے: [ا۔ صف] نامی۔ معزز (۲) قابل۔ ہوشیار۔ عقلمند (۳) امیر۔ اُمرا۔ (۴) بہت بڑے۔

بڑے بڑے بہے جائیں۔ گدھا پُوچھے کتنا پانی گڈریا تھالے۔ یا۔ گڈریئے سے پُوچھیں کتنا پانی بڑے بڑے داہ گئے بتائی پُوچھے کتنا پانی	[ا۔ مثل] بڑے بڑے عقلمند تو عاجز

معمولی عقل کے دخل دیتے ہیں۔
بڑے بڑے سامان ہونا: [بہت انتظام ہونا۔
بڑے بزرگ ہیں: [ا۔ فقرہ] خدا رسیدہ یا کامل ہیں
بڑے بوڑھے: [ا۔ اند] عمر رسیدہ بزرگ۔ بڑے تجربہ کار۔ سرپرست۔ مربّی
بڑے بول کا سر نیچا: [ا۔ مثل] غرور کا سر نیچا۔ غرور کا انجام ذلت۔ مغرور ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے
بڑے بے تُکے ہو: [ا۔ محاورہ] واہیات بکتے ہو۔
بڑے بیچارے (کہیں کے) نکلے: [ا۔ محاورہ] طنزاً جب کوئی نصیحت کے طور پر کوئی بات کہے تو کہتے ہیں۔ یعنی تم کون کہنے والے ہو۔
بڑے بے ڈھب ہو: [ا۔ محاورہ] بڑے چالاک ہو بڑے شرارتی ہے
بڑے پاپڑ بیلے ہیں: [ا۔ محاورہ] بڑی تکلیف اُٹھائی ہے۔ بہت محنت اور کوشش کی ہے۔ بہت قسم کے کام کیے ہیں۔
بڑے پاک ہو: [ا۔ محاورہ] طنزاً بڑے بے شرم ہو۔
بڑے پاؤں پھیلائے: [ا۔ مثل] بڑا جھگڑا کیا۔
بڑے تو بڑے ہی چھوٹے سبحان اللہ: [ا۔ مثل] دیکھئے "بڑے میاں ... الخ"
بڑے جانور کا گوشت: [ا۔ اند] گائے / بھینس کا گوشت
بڑے چلتے پُرزے ہیں: [ا۔ محاورہ] بہت چالاک ہیں۔
بڑے چور کا حصہ نہیں: [ا۔ مثل] زبردست جو چاہے لے لے اسکا حصہ مقرر نہیں ہوتا۔
بڑے حضرت ہیں: [ا۔ محاورہ] طنزاً بہت شریر ہیں۔
بڑے دانت پیسے: [ا۔ محاورہ] بڑے غصے ہُوئے (۲) بہت لالچ کیا
بڑے داتا ہیں: [ا۔ محاورہ] طنزاً۔ بڑے کنجوس ہیں۔
بڑے دل کا: [ا۔ صف] بڑے حوصلے والا۔ صاحب ہمت۔ اولوالعزم۔ دلیر بہادر
بڑے دھڑے کا آدمی ہے: [ا۔ محاورہ] بہت رعب و داب والا ہے (۲) بڑی مضبوطی سے پارٹی کا ساتھ دینے / نبھانے والا۔
بڑے رستم ہیں: [ا۔ محاورہ] بڑے بہادر ہیں۔ طنزاً۔ بزدل ہیں۔
بڑے زہد کا پیسہ / پیسا: [ا۔ اند] بڑی محنت سے کمایا ہُوا روپیہ۔

اصل میں تجھد تھا جو تہد ہوگیا۔

بڑے شہر کا بڑا چاند: [ار۔ مثل] بڑے شہروں میں بدمعاش بھی بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ بڑے آدمیوں کی ہر بات بڑی ہوتی ہے۔

بڑے صاحب: [ار۔ اند] مالک خانہ۔ گھر کا بڑا بوڑھا۔ معمر آدمی۔ حاکم اعلیٰ۔ ضلع کا اعلیٰ افسر

بڑے کام آنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت کے وقت امداد دینا۔ بہت مفید ثابت ہونا

بڑے کڑاہی میں تلے جاتے ہیں: [ار۔ مثل] معززین کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ بڑوں پر سخت مصیبتیں آتی ہیں (بڑے بمعنی میٹھی ٹکیاں۔ اس لحاظ سے یہ مثل بنی ہے۔

بڑے کوس: [ار۔ اند] لمبا فاصلہ۔ ناگوار سفر میں کوس بہت لمبا معلوم ہوتا ہے۔

بڑے کی بڑائی نہ چھوٹے کی چھٹائی: [ار۔ محاورہ] بڑا بد تمیز ہے۔

بڑے کے کہے کا۔ آنولوں کے کھائے کا پیچھے سے سواد آتا ہے: [ار۔ مثل] بڑوں کی نصیحت کڑوی معلوم ہوتی ہے، مگر بعد میں اس کی قدر معلوم ہوتی ہے۔

بڑے گھر: [ار۔ اند] دیکھئے "بڑا گھر"

بڑے گھر پڑیئے پتھر ڈھو ڈھو مریئے: [ار۔ مثل] بڑے گھر میں شادی ہو تو دلہن کو بہت کام کرنا پڑتا ہے (۲) جیل خانے جاتے ہیں پتھر ڈھونے پڑتے ہیں۔ دونوں کا مطلب یہ ہے کہ ناموزوں کام نہیں کرنا چاہیئے۔ تعلق اپنے جیسے سے ہونا چاہیئے۔

بڑے گھر جانا: [ار۔ محاورہ] قید ہو جانا۔ جیل میں جانا (۲) انتقال کر جانا۔ مر جانا

بڑے لوگ: [ار۔ اند] بڑے آدمی۔ خاندان کے بڑے بزرگ

بڑے مرشد: [ار۔ صف] طنزاً۔ بہت شریر۔ بڑے چالاک

بڑے مزے سے گزرنا: [ار۔ محاورہ] بہت آرام چین سے بسر ہونا / کرنا

بڑے منہ: [ار۔ اند] رئیس

بڑے میاں: [ار۔ اند] صاحب خانہ۔ بوڑھا آدمی۔ گھر کا سب سے بڑا مرد

بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ: [ار۔ مثل] بڑے میاں تو کہیں رہے۔ چھوٹے بھی شرارتی ہیں۔ سارا کنبہ ہی ایک جیسا ہے ایک سے ایک بڑھ کر ہے۔

بڑے نہان کا دن: [ار۔ اند] وہ غسل جو عورت بچہ جننے کے چالیس دن بعد کرتی ہے۔

بڑے نہ بوڑن دیت ہیں۔ جا کی پکڑیں بانھہ جیسے لوہا ناؤ میں تِرت پھرے جل مانھ: [ہ۔ مثل] جس طرح کشتی میں لوہا لکڑی کے ساتھ تیرتا ہے۔ اسی طرح بڑے آدمی جس کی امداد کریں وہ کامیاب ہو جاتا ہے۔

بڑیاں: [ار۔ امث] بڑی کی جمع جو ماش یا مونگ کی دال کی پیٹھی پیس کر اس کی پکوڑیاں بناتے ہیں اور خشک کرنے کے بعد سالن کے طور پر پکاتے ہیں۔

بڑیاں توڑنا / توکنا: [ار۔ محاورہ] بڑیاں بنانا

ب۔ ز

بز: [ف۔ امث۔ و مذ] بکرا۔ بکری

بز اخفش: [ف۔ اند] بے وقوف۔ نافہم

بزدل / بزدلا: [ف۔ اند] کم ہمت۔ ڈرپوک۔ بے حوصلہ

بزدلی: [ف۔ اند] کم ہمتی۔ کم دلی۔ ڈرپوک پن / پنا

بز غالہ: [ف۔ اند۔ مث] بکری کا بچہ (۲) پہاڑی بکرا۔

بزا: [ف۔ اند] ایک پرندہ۔ سیاہ و سفید بگلا

بزار: [ف۔ اند] "بازار" کا بگاڑ یا مخفف

بزاز: [ع۔ اند] کپڑا بیچنے والا

بزازا: [ار۔ اند] کپڑے کا بازار

بزازی: [ع۔ امث] کپڑا بیچنے کا پیشہ

بزرجمہر / بزرجمہر: [ف۔ ع۔ اند] نوشیرواں کا دانا وزیر (۲) مجازاً عقل مند، دانا (بزرگ + مہر)

بزرگ: [ف صف] بڑا۔ معمر۔ سن رسیدہ (۲) معزز۔ شریف۔ صاحب شان و شوکت (۳) باپ دادا (۴) سنجیدہ۔ نیک۔ پارسا۔ متقی۔ خدا رسیدہ (۵) طنزاً شریر

بزرگانہ: [ف۔ صف] بزرگوں کی طرح کا۔ بزرگوں کی وضع کا۔

بزرگداشت: [ف۔ امث] خاطرداری۔ خدمت گزاری۔ مہمانداری خبر گیری۔ نگہداشت۔ طنزاً مار پیٹ۔ [افعال کرنا۔ ہونا]

بزرگ زادہ: [ف۔ اند] شریف زادہ۔ عالی خاندان

بزرگ سال: [ف۔ اند] معمر۔ سن رسیدہ۔ بوڑھا۔

بزرگ منش: [ف صف] ۱۔ بزرگوں کی عادت۔ طریقے یا طرز والا۔ شریف النفس۔ فیاض

بزرگوار: [ف۔ صف] بزرگ

بزرگواری: [ف۔ امث] دولت و اقبال حشمت و جلال۔ بزرگی

بزرگوں کا ٹھیکرا: [ف۔ ار۔ اند] موروثی یا جدی مکان

بزرگوں کی مٹی میں جان ڈالنا: [ار۔ محاورہ] بزرگوں کا نام روشن کرنا۔

بزرگی: [ف۔ امث] بزرگی۔ بڑائی۔ عزت و شان۔ شرافت۔ (بزرگ سے اسم کیفیت)

بزرگی بہ عقل است نہ بہ سال: [ف مقولہ] بزرگی عقل سے ہوتی ہے۔ عمر سے نہیں ہوتی۔

بزلہ: [ع۔ اند] دیکھئے "بذلہ" جو صحیح ہے

بزم: [ف۔ امث] محفل۔ مجلس۔ جلسہ۔ خوشی کی محفل۔ رزم کی ضد۔

بزم آرا: [ف۔ اند] بزم نشین۔ صاحب بزم۔ میر جلسہ۔ صدر مجلس۔

بزم افروز: [ف۔ صف] رونق مجلس

بزم سخن: [ف۔ امث] محفل مشاعرہ۔ شاعروں کی مجلس

بزم طرب: [ف۔ امث] گانے بجانے کی مجلس۔ مجلس نشاط۔

بزم عیش: [ف۔ امث] عیش و نشاط کی مجلس۔ راگ رنگ کا جلسہ۔

بزم گاہ: [ف۔ امث] مجلس کی جگہ۔ جلسہ گاہ

بزم گرم ہونا: [ار۔ محاورہ] محفل خوب جمنا۔

بزم ماتم: [ف۔ امث] غم کی مجلس

بزم نشاط: [ف۔ امث] دیکھئے "بزم عیش"

بزم نشین: [ف۔ صف۔ اند] صاحب مجلس۔ میر مجلس

بزن: [ف۔ اند] زدن سے صیغہ امر (۱) مار (۲) قتل عام کا حکم۔ (۳) جنگی فوج کا ایک حصہ

بزن بولنا: [ا۔ محاورہ] قتل عام کا حکم دن
بزن کا حکم دینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بزن بولنا"
بزن کرنا: [ا۔ محاورہ] قتل عام کرنا۔
بزن ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بزن کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ب۔س

بس [انگ۔ امث] چار پہیوں والی موٹر گاڑی جو کار سے بڑی ہوتی ہے اور مسافروں کی نقل و حرکت کے لیے استعمال کی جاتی ہے (۲) کرایہ کی موٹر گاڑی۔ لاری
بس: [ف متعلق فعل] کافی۔ بہت کثرت سے (۲) بہت یا نہایت زیادہ۔ (۳) موقوف۔ تمام ختم (۴) حاصل کلام القصہ (۵) خبردار (۶) ٹھہرو۔ رکو۔ دم لو (۷) فقط۔ صرف (۸) اب۔ اس وقت (۹) یعنی (۱۰) سب۔ تمام کل (۱۱) اور نہیں۔ اب نہیں۔
بس: [ہ۔ اند] طاقت قوت (۲) حکم۔ اختیار۔ قابو۔ قدرت (۳) مرضی۔ رسوخ (۴) موقع۔ داؤں (۵) چارہ۔ علاج۔ زور
بس: [ہ۔ اند] بسنا سے صیغہ۔ کسی جگہ رہنا
بس [ہ۔ اند] زہر سم (۲) پھناک۔ مجازاً کوئی کڑوی چیز۔ ناگوار چیز۔ فساد یا جھگڑا پیدا کرنے والی چیز (۳) شرارت کی چیز۔ کینہ۔ حسد (۴) عیب جوئی نقص نکالنا۔
بس: [ہ فعل] بسنا مصدر سے صیغہ امر
بس بس: [ا۔ متعلق فعل] کافی ہے اور نہیں۔ اتنا بہت ہے۔ ختم کرو۔ جانے دو زیادہ نہ کہو۔
بس بیٹھو بھی: [ا۔ محاورہ] چپ رہو۔ باتیں نہ بناؤ۔
بس چلنا: [ا۔ محاورہ] قابو ہونا۔ اختیار ہونا
بس دیکھ لیا: [ا۔ محاورہ] امتحان کر لیا۔ آزما لیا۔
بس کا/کی: [ا۔ صف] قابو کا/کی۔ اختیار کا/کی
بس کا روگ: [ا۔ اند۔ روزمرہ] ا۔ اختیار کی بات
بس کرنا: [ا۔ محاورہ] ختم کرنا۔ تمام کرنا۔ انکار کرنا (۳) چپ رہنا (۴) ٹھہرنا۔ (۵) موقوف کرنا۔ جانے دینا۔
بس کرو: [ا۔ محاورہ] جانے دو صبر کرو
بس کہ: [ف متعلق فعل] چونکہ
بس میں آنا: [ا۔ محاورہ] قابو میں آنا۔ اختیار میں آنا۔ قبضے میں آنا۔
بس میں پڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بس میں آنا"
بس میں رکھنا: [ا۔ محاورہ] قابو میں لانا۔ اختیار میں لانا۔ قبضے میں لانا۔
بس میں رہنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بس میں رکھنا" جس کا یہ لازم ہے
بس میں کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بس میں رکھنا"
بس میں لانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بس میں رکھنا"
بس میں ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بس میں کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بس نہ چلنا: [ا۔ محاورہ] چارہ نہ ہونا۔ علاج نہ ہونا۔ موقع نہ ملنا۔ زور نہ چلنا۔
بس ہو چکی نماز اب مصلا اٹھائیے: [ا۔ مثل] مذاق کے طور پر اس وقت کہتے ہیں جب کوئی کام ختم ہو جائے۔

بس ہونا: [ا۔ محاورہ] ختم ہونا۔ تمام ہونا
بس اگلنا: [ا۔ محاورہ] برا کہنا توہین کرنا (۲) بدلہ لینا۔ بغض نکالنا (۳) جس بات کا رنج ہو کہہ دینا۔
بس بونا: [ا۔ محاورہ] بدی کی بنیاد رکھنا۔ بدی کا بیج بونا فساد کی ابتدا کرنا
بس بھرا: [ہ۔ صف] کینہ ور فسادی۔ زہریلا
بس کھانا: [ا۔ مص۔ مرکب] ا۔ زہر کھانا
بس کی پڑیا: [ا۔ صف] ا۔ شریر۔ فسادی۔ جھگڑالو (۲) مردم آزار۔ کینہ ور موذی (۳) شرارت کی جڑ۔ فساد کا بانی۔
بس کی پوٹ: [ا۔ صف] دیکھئے "بس کی پڑیا"
بس کی گھان / کان: [ا۔ صف] "بس کی پڑیا"
بس کی گانٹھ / گرہ: [ا۔ صف] دیکھئے "بس کی پڑیا"
بس کھپرا / کھوپرا: [ہ۔ اند] ا۔ ایک پودا جس کو ادویہ میں استعمال کرتے ہیں (۲) ایک لمبی گرہ
بس گھولنا: [ا۔ محاورہ] برائی پھیلانا فتنہ و فساد کی باتیں کرنا۔ کسی کے برخلاف بری باتیں کرنا۔
بس ملانا: [ا۔ محاورہ] نقصان کرنا برا کرنا۔ بگاڑ دینا۔ کسی کے کھانے پینے میں زہر ملا دینا۔
بس ہونا: [ا۔ محاورہ] کڑوا ہونا۔ زہر ہونا۔
بسا: [ف۔ صف] بہت۔ اکثر
بسا اوقات: [ف متعلق فعل] بارہا اکثر مرتبہ بہت دفعہ۔ بار بار
بسات: [ہ۔ امث] پھیلا ہوا وہ چیز جو پھیلائی جائے (۲) قوت طاقت۔ قابلیت حیثیت (۳) قدر و منزلت۔ وقعت
بسائین: [ع۔ اند] دیکھئے "بستان" جس کی یہ جمع ہے
بسار / بسارا: [ہ۔ اند] ادھار لیا ہوا بیج جو فصل کی تیاری پر واپس کیا جائے۔
بسار دینا / بسارنا: [ہ۔ مص] بھلا دینا۔ بھول جانا۔ فراموش کرنا دل سے نکال دینا۔
بساط: [ع۔ امث] وہ چیز جو پھیلائی جائے۔ پھیلاوٹ وسعت۔ بچھونا۔ (۲) وہ کپڑا جس پر شطرنج یا چوسر کھیل جاتی ہے اور خانے بنے ہوئے ہوتے ہیں (۳) حوصلہ۔ حیثیت۔ سرمایہ۔ ہستی (۴) قدرت۔ طاقت۔ قوت (۵) مال تجارت۔ پونجی۔
[افعال۔ اٹھنا۔ اٹھانا۔ بچھانا۔ بچھنا الٹنا لوٹنا]
بساط خاک: [عف۔ امث] زمین کا فرش
بساط خانہ: [عف۔ اند] بساطیوں کا بازار۔ بساطی کی دکان
بساط سے باہر: [عف متعلق فعل] مقدور سے بالاتر۔ طاقت سے زیادہ
بساط کیا ہے: [ا۔ محاورہ] حیثیت کیا ہے۔ ہستی کیا ہے۔ حقیقت کیا ہے۔
بساطی: [ع۔ اند] چھوٹی چھوٹی چیزیں بیچنے والا۔ متفرق اشیاء بیچنے والا
بسالت: [ع۔ امث] دلیری۔ بہادری۔ شجاعت۔ حوصلہ
بسان: [ف۔ صف] مثل۔ طرح۔ مانند۔ مشابہ
بسان [ہ۔ امث] بساندھ۔

بَسانا: [ا ـ مصدر] ۱ ـ آباد کرنا، ٹھہرانا (۲) مُعطّر کرنا. خوشبو میں رچانا.
بِسانا / بِساہنا: [ہ ـ مصدر] خریدنا ـ مول لینا. حاصل کرنا.
بِساند / بِساندھ / بِساہند: [ہ ـ امث] ۱ ـ مچھلی یا کچے گوشت کی بُو (۲) بدبُو
سڑاند عفونت درگندھ (۳) اصلی مادہ کا اثر ـ اصلی عیب ـ خاندانی نقص
کمینہ پن ـ گنوار پن.
بِساندا / بِساہندا: [ہ ـ صف] بدبُودار ـ بدمزہ ـ بدذائقہ (۲) نا سنجیدہ.
غیر مہذب ـ (۳) گندا متعفن اُبسا ہُوا (۴) کمینہ ـ گنوار
بِساند نہ جانا: [ا ـ محاورہ] گنوار پن باقی رہنا ـ کمینہ پن ظاہر ہونا ـ گندہ پن ظاہر ہونا
بِساندی / بِساہندی: [ہ ـ صف] دیکھیے "بِساندا / بِساہندا" جسکی یہ تانیث ہے.
بَساوٹ: [ہ ـ امث] مہک ـ خوشبو
بَساوری: [ہ ـ امث] رہنے کا لگان ـ لگان جو گاؤں میں بسنے کے لیے ان
لوگوں سے لیا جاتے جو مالکان اراضی نہیں ہوتے (جو کیدار)
بِسہا: [ہ ـ اند] وہ کتا جس کے بیس ناخن اور زہریلے دانت ہوتے ہیں.
بَسائط: [ع ـ اند] بسیط کی جمع وہ مادے جو مرکب نہیں ـ اربعہ عناصر.
بَسائی: [ہ ـ امث] بس ـ طاقت
بِسباسہ: [ہ ـ ع ـ اند] جاوتری جائفل کا چھلکا ـ ایک دوا.
بِسَنت: [ف ـ امث ـ اند] اثاثہ ـ اسباب ـ خانگی (جہیز بست)
بَست: [ف صف] باندھا یا جکڑا ہوا
بِست (بکسر اوّل): [ف ـ اعدد] بیس[۲۰]
بست در بست کا تعویذ: [ف ـ اند] نقش کی ایک قسم جس کی ہر قطار کے
(۲۰) خانے ہوں ـ اور کل میزان چار سو خانوں کی ہو.
بَست و کشاد: [ف مرکب عطفی] حل و عقد ـ بندش اور کشادگی،
تنگی اور فراخی
بَسطار: [ہ ـ اند] تفصیل ـ تشریح ـ پھیلاؤ ـ وسعت ـ فراخی ـ درخت کا خوب
پھیل جانا ـ مدح ثنا ـ طول کلامی ـ (افعال : کرنا ـ ہونا)
بُستان: [ع ـ اند] بوستان کا معرّب ـ پھولوں کا باغ گلزار ـ گلستان چمن.
بُستان افروز: [ع ـ صف] چمن کی رونق بڑھانے والا ـ چمن کی رونق.
ایک سُرخ رنگ کا پھول جس کو کلغا کہتے ہیں.
بُستان پیرا: [ف ـ ع صف] باغ کو کانٹ چھانٹ کر آراستہ کرنے والا.
بُستان سرا: [ف ـ اند] مکان جس میں باغ ہو ـ باغ کا مکان ـ بنگلہ.
بُستانی: [ف ـ صف] باغ سے متعلق ـ باغ کا.
بَستر: [ہ ـ اند] لباس ـ کپڑا ـ پوشاک ـ سامان ـ اسباب.
بِستر: [ف ـ اند] ا ـ بسترا ـ بچھونا ـ قالین ـ غالیچہ ـ فرش
بِستر اُٹھانا: [ا محاورہ] ۱ ـ سکونت ترک کرنا ـ بچھونا اُٹھانا.
بِستر اُٹھنا: [ا محاورہ] دیکھیے "بستر اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے.
بستر اُلٹا جانا: [ا محاورہ] بستر اُٹھنا ـ سکونت ترک کرنا.
بستر سے لگ جانا / بستر سے پیٹھ لگ جانا: [ا محاورہ] بیماری کی وجہ
سے بستر پر لیٹنا ـ صاحب فراش ہونا.
بستر غم: [ف ـ اند] غم کی حالت میں بستر پر لیٹنا
بستر کرنا: [ا محاورہ] ۱ ـ سکونت اختیار کرنا ـ قیام کرنا (۲) بچھونا بچھانا.

بستر لگانا: [ت ـ اند] دیکھیے "بستر کرنا"
بستر لگنا: [ا محاورہ] دیکھیے "بستر لگانا" جس کا یہ لازم ہے.
بستر ہونا: [ا محاورہ] دیکھیے "بستر کرنا" جس کا یہ لازم ہے.
بِسترا: [ہ ـ اند] ۱ ـ فقرا کی اصطلاح میں لباس ـ پوشاک ـ کپڑا ـ تکیہ ـ
فقیروں کا مسکن ـ بچھونا
بسترا بچھانا: [ا محاورہ] رات بسر کرنے کا سامان کرنا ـ بچھونا بچھانا.
بسترا جمانا: [ا محاورہ] سکونت اختیار کرنا (۲) سونے کا سامان کرنا.
بسترا کرنا: [ا محاورہ] دیکھیے "بسترا بچھانا"
بسترا لگانا: [ا محاورہ] دیکھیے "بستر بچھانا"
بسترا لگنا: [ا محاورہ] دیکھیے "بسترا لگانا" جس کا یہ لازم ہے.
بستر ہونا: [ا محاورہ] دیکھیے "بسترا کرنا" جس کا یہ لازم ہے.
بَستگی: [ف ـ امث] ۱ ـ بندھن (طب) ۲ ـ قبض ـ بند ہونا ـ تفریح نہ ہونا ـ گھٹن (طبیعت وغیرہ کی)
بستم لبستہ (عو) روک ٹوک ـ بولنے کی ممانعت ـ زبان بندی
بُشتی: [ف ـ امث] پنجرے ـ ستار ـ یا ساز کی وغیرہ کی پوشش ـ وہ کپڑا.
جس میں کوئی چیزیں باندھ کر رکھیں.
بَستہ: [ف صف] ۱ ـ جما ہُوا ـ بندھا ہُوا (۲) کتابوں یا کاغذات کی گٹھڑی.
جزدان ـ بقچہ (۳) وہ کپڑا جس میں کاغذات باندھتے ہیں (۴) بند
افسردہ (۵) رواں کی ضد غیر متحرک.
بَستی: [ہ ـ امث] آبادی ـ آباد جگہ ـ گاؤں ـ بہہ اُجاڑ کی ضد ـ رونق چہل پہل.
بستی اُجڑنا: [ا محاورہ] گھر کی تباہی
بُسَّد: [ف ـ اند] مرجان ـ مونگا ـ بیخ مرجان
بَسَر: [ف ـ امث] گزر ـ گزارہ
بسر آنا: [ا محاورہ] غالب آنا ـ کامیاب ہونا.
بسر اوقات: [ا ـ اند] گزارہ ـ گزر اوقات
بسر کرنا: [ا ـ محاورہ] گزارہ کرنا ختم کرنا کاٹنا ـ زندگی کے دن گزارنا
بسر ہونا: [ا محاورہ] دیکھیے "بسر کرنا" جس کا یہ لازم ہے.
بِسَر: [س ـ اند] بھول.
بِسرا: [ہ ـ صف] بھولا ہُوا
بِسرام: [ہ ـ اند] آرام ـ چین ـ استراحت ـ قرار ـ آسودگی ـ سکھ
بسرام کرنا / لینا: [ا محاورہ] رات کو رہنا ـ آرام کرنا ـ استراحت کرنا.
(خصوصاً سادھوؤں کا)
بِسرانا: [ہ ـ مصدر] بھلا دینا ـ غلط راستہ پر چلانا
بِسرانت: [ہ ـ امث] ۱ ـ وہ گھاٹ جس میں سیڑھیاں بنی ہوئی ہوں ـ آرام
بِسرانت: [ہ صف] آرام کیا ہُوا ـ استراحت پر
بِسراہٹ: [ہ ـ امث] بھول ـ فراموشی ـ نسیان ـ سہو
بِسرنا / بسر جانا: [ا مص] بھُولنا، بھُول جانا، فراموش ہونا.
بَسط: [ع ـ اند] ۱ ـ پھیلانا (۲) پھیلاوٹ ـ انتشار ـ فراخی ـ کشادگی ـ وسعت
(۳) تفصیل ـ وضاحت ـ صراحت.
بسفائج: [ع ـ اند] ایک جڑ جو ادویہ میں مستعمل ہے ـ سودا و بلغم کو دفع
کرتی اور مسہل ہے.

بِسکُٹ: [انگ۔ اِمذ] biscuit انگریزی وضع کی میٹھی اور نمکین ٹکیاں جو خستہ ہوتی ہیں.

بِسکَپرا: [ہ۔ اِمذ] ایک گھاس جو دوا میں مستعمل ہے۔ قد چھوٹا پتے چوڑے اور لمبوترے ہوتے ہیں۔ مزاج گرم خشک اور قابض ہے۔ ریاح پیدا کرتا اور مادہ کو خشک کرتا ہے۔

بِسمِ اللّٰہ: [ع۔ اِمث] بِسمِ اللّٰہ الرَّحمٰن الرَّحیم کا جزو اوّل۔ بمعنی شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے (۲) ہر کام کی ابتداء میں برکت حاصل کرنے کی غرض سے کہا جاتا ہو (۳) امیروں اور رئیسوں کے اُٹھنے بیٹھنے پر مصاحب کہتے ہیں (۴) مکتب نشینی کی رسم (۵) ابتدا۔ آغاز (۶) خدا کا نام لینا۔ ۷۔ خدا بچائے۔ اللہ محافظ ہے (۸) کوئی گرنے لگے تو کہتے ہیں (۹) بچہ گر پڑے تو عورتیں کہتی ہیں (۱۰) بہت بہتر۔ بہت مناسب (۱۱) شروع کیجئے۔ (۱۲) کسی بڑے آدمی کے آنے کے وقت تعظیماً بولتے ہیں۔

بِسمِ اللّٰہ اللّٰہُ اَکبَر کر دینا: [ا۔ محاورہ] ذبح کرنا

بِسمِ اللّٰہ کا طُغرا: [ع۔ اِمذ] بِسمِ اللّٰہ کا اس طرح لکھا جانا کہ کوئی شکل بن جائے۔

بِسمِ اللّٰہ کا مُرغ: [ع۔ ا۔ اِمذ] بِسمِ اللّٰہ کو اس طرح لکھنا کہ مُرغ بن جائے۔

بِسمِ اللّٰہ کرنا: [ا۔ محاورہ] شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ بِسمِ اللّٰہ کی تقریب کرنا۔ (۲) حلال کرنا۔ ذبح کرنا (شرعی قاعدے کے مطابق)

بِسمِ اللّٰہ کی شادی: [ا۔ اِمث] مکتب نشینی کی تقریب۔

بِسمِ اللّٰہ کے گُنبد میں بیٹھنا / رہنا: [ا۔ محاورہ] اَمن میں رہنا۔ گوشہ نشین ہونا۔ دُنیا و مافیہا سے بے خبر رہنا۔ ناتجربہ کار ہونا۔ زمانے کے نشیب و فراز سے ناواقف ہونا۔

بِسمِ اللّٰہ سے تمّت تک: [ا۔ محاورہ] ابتدا سے انتہا تک۔ شروع سے اخیر تک

بِسمِ اللّٰہ مجریہا و مُرسٰہا (بِس مِلّاہ مُجرے ہا وَ مُر سَا ہا) [ع۔ دُعا] ایک دُعا جو کشتی میں چڑھتے وقت پڑھتے ہیں۔ بمعنی اس کا (کشتی کا) چلنا اور ٹھہرنا اللہ کے ہی نام سے ہے۔

بِسمِ اللّٰہ ہونا: [ا۔ محاورہ] آغاز ہونا۔ شروع ہونا۔ ابتداء ہونا۔

بِسمِ اللّٰہ ہی غلط: [ا۔ محاورہ] پہلا ہی کام خراب۔ شروع ہی میں غلطی [افعال: کرنا۔ ہونا]

بِسمِل: [ع۔ صف] زخمی۔ گھائل۔ مذبوح۔ قربان کیا ہُوا۔ نیم جان۔ مجازاً فریفتہ۔ شیدا۔ عاشق

بَسنا: [ا۔ مص] رہنا۔ ٹھہرنا۔ سکونت اختیار کرنا (۲) خوشبو وغیرہ سے معطّر ہونا۔ تھیلی یا کپڑا جس میں کوئی چیز رکھی جائے جیسے صرافوں کا بَسنا۔

بُسنا: [ہ۔ مص] دیکھئے "بُسنا"

بَسَنت: [ہ۔ اِمذ۔ اِمث] ا۔ موسم بہار سرسوں پھولنے کا موسم ہے (۲) اسی موسم کا ایک میلہ تہوار ماگھ شُدی پنچمی کو ہوتا ہے۔ (۳) پوربی ٹھاٹھ کا آڈو سمپورن راگ جو آغاز بہار کے موسم میں گایا جاتا ہے (۴) وہ میلے جو مسلمان فقیروں کے مزاروں اور ہندو دیوی دیوتاؤں کے استھانوں پر ہوتے ہیں (۵) زرد پھولوں کا گلدستہ یا ہار (۶) سرسوں کے کھلے ہوئے زرد پھول۔ ۷۔ ۔ ۔ ۔ چیچک۔

بَسَنت پنچمی: [ہ۔ ا۔ مث] ہندوؤں کا ایک میلہ جو ماگھ شُدی کی پانچویں تاریخ کو ہوتا ہے۔

بَسَنت پھُولنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ سرسوں کے پھُول کھلنا (۲) زردی چھانا۔ (۳) ہر طرف زردی دکھائی دینا۔ (۴) آنکھوں میں چکا چاند ہونا۔

بَسَنت جاڑے کا انت: [بسنت کے بعد عموماً سردی کم ہو جاتی ہے۔

بَسَنت کی خبر ہے (نہیں): [ا۔ محاورہ] ناتجربہ کار ہونا۔ ناسمجھ ہونا۔

بَسَنت منانا: [ا۔ محاورہ] بسنت کی خوشی کرنا۔

بَسَنتی: [ہ۔ صف۔ اِمث] زرد رنگ۔ زرد رنگ کا لباس جو بسنت میں پہنتے ہیں

بَسَنتی پوش: [ہ۔ اِمذ] زرد رنگ کا لباس پہننے والا۔ مجازاً معشوق۔

بَسَندر: [ہ۔ اِمث] ا۔ اگنی دیوتا۔ (۲) پاک مقدس آگ

بِسنی: [ہ۔ اِمث] تھیلی

بِسنی: [ہ۔ صف] ا۔ آوارہ۔ بدچلن۔ عیّاش۔ لُچّا۔ شہدا۔ بُری عادتوں والا۔ (۲) نازک۔ نفیس۔ خوش پوشاک

بِسوا / بِسوہ: [ہ۔ اِمذ] ایک بیگھے کا بیسواں حصّہ۔ زمین ناپنے کا ایک پیمانہ۔ (صحیح اِملا الف ہی سے ہے۔

بِسوادار: [ہ ف۔ اِمذ] وہ شخص جو گاؤں میں زرعی اراضی کا مالک ہو خواہ اس کی مقدار کتنی ہی قلیل یا کثیر ہو۔ مالک اراضی۔ گاؤں میں حصّہ دار۔ دخیل کار۔

بِسوار: [ہ۔ اِمذ] پسا ہُوا مصالحہ، جو آچار یا سالن وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔

بِسواری: [ہ۔ اِمذ] بانسوں کا جنگل یا ذخیرہ۔

بِسواس: [ہ۔ اِمذ] اعتماد۔ اعتبار۔ یقین۔ ایمان۔ اعتقاد۔ دھرم۔ پرتیت ۲۔ بھروسا۔ آسرا۔ تقویت (۳) شبہ۔ شک

بِسوانسی / بِسوانسا: [ہ۔ اِمث] ایک بسوے کا بیسواں حصّہ۔ ایک مربع کرم یا سرساہی۔ زمین ناپنے کا پیمانہ

بِسورنا: [ہ۔ مص] رونے کی تیاری کرنا۔ چپکے چپکے رونا رونے کی صورت بنانا

بِسورتیے: [ہ۔ صف] رونے والے

بَسوس: [ع۔ اِمث] زمانہ جاہلیت کی ایک عورت۔ مجازاً بدقسمت عورت۔ ناکام عورت

بَسولا: [ہ۔ اِمذ] لکڑی چھیلنے کا اوزار۔ بڑھئی کا تیشہ۔

بَسولی: [ہ۔ اِمث] اینٹیں تراشنے کا اوزار جسے معمار استعمال کرتے ہیں۔ معمار کا تیشہ

بِسوہ بِس کی گانٹھ: [ا۔ مثل] گاؤں میں زمین کا حصّہ دار ہونا۔ لڑائی جھگڑوں کی وجہ ہے۔

بِسہا: [ہ۔ صف] زہریلا۔ زہر دار

بِسہری: [ہ۔ اِمث] ایک قسم کا دنبل یا پھوڑا جو ہاتھ کی اُنگلیوں پر ہوتا ہے۔ (۲) ایک زہریلا رینگنے والا جانور۔

بَسے: [ف صف] زیادہ۔ بہتات سے

بِسیار: [ف صف] زیادہ۔ بہت۔ کثیر (۲) بے انتہا۔

بِسیار خور: [ف صف۔ مذ] بہت کھانے والا۔ پیٹو۔

بِسیار گو: [ف۔ اِمذ] بہت زیادہ بولنے والا۔ بکواسی۔ گپّی۔ پُرگو شاعر۔

بِسیار گوئی: [ف۔ اِمث] دیکھئے "بسیار گو" جس کا یہ اِسم کیفیت ہے

بَسِیتْ: [ہ۔صف] گاؤں کا چودہری۔ مُقدّم۔ پٹیل۔ نمبردار۔ مُکھیا

بَسِیٹ / بسیٹھ: [ہ۔اند] گاؤں کا منتظم۔ یا سب سے معزز شخص۔ مقدم۔ چودہری پٹیل (۲) وُہ شخص جو تمام احکامات و رسومات کی احتیاط سے پابندی کرے۔ (۳) مینب۔ گماشتہ۔ کارکن۔ وکیل۔ ایلچی۔ سفیر۔ پیغام بر۔ دلّال (۴) دخل در معقولات کرنے والا۔ دوسروں کے کام میں دخل دینے والا۔ شرارتی۔ چغل خور۔ لگائی بجھائی کرنے والا۔

بسیٹھی: [ہ۔امث] بسیٹھ کا کام۔ بسیٹھ کا پیشہ

بَسیرا: [ہ۔اند] شام ہونے سے پیشتر کا وقت جب پرندے اپنے گھونسلوں میں جاتے ہیں (۲) پرندوں کی شب باشی کا وقت (۳) رات کو درختوں پر یا گھونسلوں میں پرندوں کا سونا (۴) چند پرندوں کا ایک جگہ رہنا (۵) ہندو جوگی فقیر اور سادھوؤں کی اصطلاح میں رات کو آرام کرنے کا ٹھکانا۔ (۶) مجازاً مکان۔

بسیرا ہونا: [ا۔محاورہ] شام کو درختوں پر پرندوں کا ہونا / چھپانا

بسیرا کرنا / لینا: [ا۔محاورہ] رات کو آرام کرنا۔ رات کو ٹھہرنا پرندوں کا درختوں پر رات گزارنا۔

بسیرے کا وقت: [ا۔اند] پرندوں کا گھونسلے میں جانے کا وقت

بَسِیط: [ع۔صف] ۱۔ وسیع۔ طویل۔ فراخ۔ پھیلا ہُوا۔ بچھا ہُوا۔ (۲) خالص ۳۔ غیر مُرکّب (۴) عروض کی ایک بحر کا نام

بَسیکھ: [ہ۔اند] فرق۔ اِمتیاز (۲) عادت۔ سبھاؤ۔ خاص حالت

بسیکھا: [ہ۔اند] شمار

بَسیلا: [ہ۔صف] زہردار۔ زہریلا

بَسَینْدھا: [ہ۔صف] بدبُودار۔ سڑا ہوا۔ بُسا ہُوا

ب ۔ ش

بش شرٹ / بوشرٹ: [انگ۔امث] ایک قسم کی اُونچی قمیص جس کا گریبان / کوٹ کی طرح کھلا ہوتا ہے اور دامن نہیں ہوتا۔

بِشارَتْ: [ع۔امث] ۱۔ مژدہ۔ خوشخبری۔ الہام غیبی۔ وُہ بات جس کی خواب میں ہدایت کی جائے

بِشارَت دینا: [ا۔محاورہ] خوشخبری دینا۔ خواب میں جتانا۔ اِلقا ہونا۔

بَشّاش: [ع۔صف] ہنس مکھ۔ خنداں رُو۔ خُوش و خُرّم

بَشاشَت: [ع۔امث] دیکھئے "بشاش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بِشَپ: [انگ۔اند] bishop گرجے کا بڑا پادری

بَشَر: [ع۔اند] آدمی۔ اِنسان۔ اولادِ آدم

بَشَرہ: [ع۔اند] (عربی میں بفتح اوّل و دوم) چہرہ مہرہ۔ شکل۔ حُلیہ قیافہ۔ پیشانی

بَشَری: [ع۔صف] بشر سے منسُوب ہے۔ (بشر کا۔ اِنسان کا)

بَشَرِیَّت: [ع۔امث] بشر ہونا۔ اِنسانیت۔ آدمیت

بِشن: [ہ۔اند] ہندوؤں کا ایک دیوتا۔ وِشنو۔ خُدا یا پروردگار

بِشن پَد: [ہ۔اند] حمد کا گیت۔

بِشنوی / بشنوئی: [ہ۔اند] وِشن جی کو پوجنے والے۔ ہندوؤں کا ایک فرقہ یا اُس کا فرد

بِشنی: [ہ۔اند] ۱۔ وشنو کا پجاری (۲) رنڈی کا آشنا۔ بدکار

بَشِیر: [ع۔صف] خوشخبری دینے والا۔ پیغمبرِ اسلام صلعم کا لقب

ب ۔ ص

بَصارَت: [ع۔امث] نظر۔ بینائی۔ آنکھ کی روشنی۔ شناخت

بَصَر: [ع۔امث] آنکھ۔ چشم۔ مجازاً بینائی۔ نظر

بَصَل: [ع۔امث] پیاز

بَصِیر: [ع۔صف۔مذ] ۱۔ دیکھنے والا۔ بینا (۲) ہوشیار۔ واقف کار۔ ماہر (۳) خدا کا ایک نام۔

بَصِیرَت: [ع۔امث] دل کی بینائی۔ عقل مندی۔ دانائی۔ ہوشیاری، سمجھ

ب ۔ ض

بِضاعَت: [ع۔امث] سرمایہ۔ پونجی۔ مالِ تجارت۔ حصّہ۔ ایجنسی۔ کمیشن

ب ۔ ط

بَط: [ع۔امث] ایک آبی پرندہ جو زیادہ اُڑ نہیں سکتا اس کے پاؤں کی انگلیوں میں جھلّی ہوتی ہے۔ راج ہنس۔ بطخ

بطِ بادہ / شراب / صہبا / مے: [ع۔امث] شراب کی صراحی جو بط کی ہم شکل و صُورت بنی ہوتی ہے۔

بَطّال: [ع۔امبالغہ] بڑا مکّار۔ ناچیز۔ نکما۔ بیہودہ۔ جھوٹا۔ دغاباز

بَطالَت: [ع۔امث] بے وقوفی۔ جھُوٹ۔ دغا۔ نکماپن۔ شیخی

بِطانہ: [ع۔اند] ٹوپی یا کپڑا جو پگڑی کے نیچے باندھا جائے۔ (۲) رازِ نہانی۔

بَطْحا: [ع۔اند] ۱۔ مکہ معظمہ (۲) وادیٔ مکہ (۳) (ایسی پتھریلی زمین جو دریا کی گذرگاہ ہو یا گذرگاہ رہ چکی ہو۔)

بَطّخ: [ف۔امث] پالتو بط

بَطّخ کا کیچڑ کھانا: [ا۔محاورہ] بے تیزی سے کھانا۔ اس طرح کھانا کہ سالن سے منہ اور ہاتھ وغیرہ آلودہ ہو جائیں۔ بھر جائیں۔

بَطّخا: [ف۔امث] بطخ کا نر۔ نر بطخ۔

بَطّخی: [ف۔امث] چھوٹی بطخ (۲) بارُود کی کپّی جو بطخ کی شکل کی ہوتی ہے۔

بِطْرِیق: [ع۔اند] عیسائیوں۔ یہودیوں۔ آتش پرستوں کا پیشوا۔ مغرور متکبر آدمی (۳) دس ہزار سپاہیوں کا کمانڈر

بَطَک: [ف۔ع۔امث] "بط" کی تصغیر۔ چھوٹی بط۔ شراب کی چھوٹی صراحی۔

بَطَل: [ع-اند] ١. بہادر۔ نامور۔ غازی۔ انگریزی کا ترجمہ
بَطَل پرست: [ع-ف صف فاعلی] قومی ناموروں یا بہادروں کو پوجنے ماننے/پسند کرنے والا۔
بطل پرستی: [ع-امث] دیکھئے "بطل پرست" جس کا اِسم کیفیت ہے۔ hero-worship کا ترجمہ
بُطل: [ع-اند] جھُوٹ۔ دغا۔ فریب
بُطلان: [ع-اند] تردید۔ باطل ہونا۔ ضائع ہونا۔ مٹانا۔ بے اثر کر دینا۔
بَطن: [ع-اند] پیٹ۔ شکم۔ ہر چیز کا اندرُونی حصّہ۔ ظاہر کی ضد۔ اندر بھتر
بطن بُطون: [عف-امث] بہت گہرائی۔
بَطنًا بعد بطن: [ع متعلق فعل] بالشت دربشت۔ نسل درنسل۔ موروثی
بَطن الوَادی: [ع-اند] وادی کا اندرونی حصّہ۔
بطن مادر: [عف-اند] ماں کا پیٹ۔ مجازاً رحم۔
بَطنی: [ع صف] بطن سے منسوب۔ پوشیدہ۔ پیٹ کا۔ رحم سے متعلق۔
بطُون: [ع-اند] بطن کی جمع۔ اردو میں بطور واحد مستعمل ہے۔ راز۔ بھید پردہ دِل کا حال۔ ارادہ
بَطی: [ع صف] دیر کرنے والا۔ سُست
بَطی الحرکت: [ع-صف] دم جو آہستہ حرکت کرے۔
بَطی الحِس: [ع-صف] جسے احساس نہ ہو۔ بہت دیر سے محسوس کرنے والا۔
بَطی السّیر: [ع-صف] سُست رفتار۔ آہستہ آہستہ چلنے والا۔
بَطّیخ: [ع-اند] خربُوزہ
بَطّیخ اَخضر: [ع-اند] تربُوز
بَطین: [ع-اند] (نجوم) دُوسرا پچھتر یا منزل بھرنی (۲) توندیلا۔ بڑ پیٹو۔

ب - ظ

بَظر: [ع-اند] عورت کی شرمگاہ کا گوشت پارہ۔ مقام حِس و لذّت

ب - ع

بَعث: [ع-اند] رُوز قیامت۔ مُردوں کو زندہ کرنا مجازاً قیامت
بَعث ونشر: [ع-اند] زندہ کرنا اور پریشان کرنا۔ مجازاً۔ قیامت کے دن مُردوں کو زندہ کرکے میدان قیامت میں لانا۔
بِعثت: [ع-امث] پیغمبر کا بھیجا جانا۔ خصُوصاً رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا بھیجا جانا۔ پیغمبری۔ رسالت۔ رسالت کا زمانہ
بَعد: [ع متعلق فعل] پیچھے۔ آخر میں
بَعد اَزاں: [ع-متعلق فعل] اِس کے پیچھے
بعد از خرابی بسیار (بصرہ): [عف متعلق فعل] بڑی دقت سے۔ بڑی مشکل سے۔
بعد از مرگ واویلا: [ف-مثل] کام ہو چکنے کے بعد/بے وقت شور مچانا۔
بُعد: [ع-اند] فاصلہ۔ دُوری۔ فرق۔ تفاوت۔ مسافت
بُعد المشرقین: [ع-اند] بہت فاصلہ مشرق سے مغرب تک کا فاصلہ

انتہائی فاصلہ
بَعدہٗ: [ع متعلق فعل] اُس کے بعد
بَعض: [ع صف] چند۔ کچھ۔ متعدد۔ متفرق۔ خاص۔ کوئی
بعض اوقات: [عف متعلق فعل] کسی وقت۔ کبھی کبھار
بعض بعض: [ع متعلق فعل] کوئی کوئی۔ کہیں کہیں۔ کچھ کچھ
بعضے/بعضی: [ع صف] بعض کی جمع۔ چند۔ کئی۔
بَعل: [ع-اند] ایک دیوتا (۲) خاوند۔ مالک
بَعید: [ع-صف] دُور۔ فاصلے پر۔ دُور دراز۔ پرے۔ الگ۔ جُدا۔ علیحدہ۔ خلاف۔ اجنبی۔ بیگانہ۔
بعید از وہم/خیال/قیاس: [عف صف] وہ بات جو خیال میں بھی نہ آسکے جس تک وہم وقیاس کی رسائی بھی نہ ہو سکے۔
بَعیدُ العَقل: [ع صف] خلاف عقل۔ عقل سے دُور۔ بیہودہ۔ فضول۔
بعید الفہم: [ع-صف] دیکھئے "بعید العقل"
بعید القیاس: [ع-صف] وُہ بات جسے اِنسان سوچ بھی نہ سکے۔
بعید نظر آنا: [ا-محاورہ] خلاف قیاس ہونا غیر ممکن ہونا۔
بعید ہونا: [ا-محاورہ] دیکھئے بعید نظر آنا۔
بَعیر: [ع-اند] اُونٹ۔

ب - غ

بُغار/بُغارہ: [ف-اند] ١. کپڑے یا دیوار کا بڑا چھید ٢. رخنہ۔ دراز۔ دراڑ شگاف۔ چاک (۳) گڑھا (۴) زخم۔ گھاؤ۔ ریش
بُغارہ پڑنا: [ا-محاورہ] چھید کر دینا۔ گڑھا ڈال دینا/بنا دینا۔
بُغارہ ڈال دینا/ڈالنا: [ا-محاورہ] دیکھئے "بغارہ پڑنا"
بَغاوت: [ع-امث] سرکشی۔ نافرمانی۔ غدر۔ بلوہ۔ رُوگردانی مخالفت۔ بدامنی۔ لوٹ مار [افعال۔ کرنا، ہونا]
بغاوت اختیار کرنا: [ا-محاورہ] سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا۔
بَغبَغا: [ع-اند] وہ گوشت جو اِنسان کی ٹھوڑی کے نیچے موٹا ہونے کی وجہ سے لٹکے۔ (۲) وُہ گوشت جو بیل کے یا دُوسرے جانوروں کی ٹھوڑی کے نیچے لٹکے۔
بَغبَغانا: [ا-محاورہ] اُونٹ کا مست ہو کر بولنا (۲) کبوتروں کا غوں غوں کرنا۔ (۳) مست ہونا (۴) شہوت میں آنا (۵) فخر کرنا۔
بُغبَغایا پھرنا: [ا-محاورہ] اونٹ کی طرح سے متنا جانا۔ مست ہو جانا۔ بلبلایا پھرنا۔
بُغبُغون: [ہ-اند] کبوتروں کی مستی کی آواز
بَغتَتاً: [ع متعلق فعل] اچانک۔ ناگاہ
بُغچہ: [ف-اند] باغیچہ کا مخفف۔ چھوٹا باغ۔
بُغچہ: [ت-اند] چھوٹی گٹھڑی۔ بقچہ۔ جامہ بند
بُغچی: [ت-امث] بہت چھوٹی گٹھڑی۔ پوٹلی (بُغچہ کی تصغیر)
بُغچیا: [ت-امث] نہایت چھوٹی سی گٹھڑی جس میں عورتیں سینے پرونے کا

سامان رکھتی ہیں

بُغدا: [ف ۔ اِمذ] قصابوں کا چوڑا اور لمبائی میں چھوٹا قیمہ کرنے کا چھرا۔ چاپر۔ چاپڑ

بُغدی / بغدادی: [ع ۔ اِمذ] ایک قسم کا اعلیٰ درجے کا اُونٹ

بُغرا: [ف ۔ اِمذ] وہ جھاگ جو اُونٹ کے مُنہ سے مستی کی حالت میں سردیوں میں نکلا کرتی ہے۔

بُغض: [ع ۔ اِمذ] دُشمنی۔ عداوت۔ کینہ۔ حسد۔ بیر۔ لاگ
(افعال۔ رکھنا۔ رہنا۔ نکالنا۔ نکلنا۔ کرنا۔ ہونا)

بُغض بھرا ہونا: [ا ر محاورہ] کینے سے پُر ہونا

بُغضِ لِلّٰہی: [ع ۔ اِمذ] خُدا واسطے کی دُشمنی بلاوجہ دُشمنی (۲) وہ دُشمنی جو ذاتی نفسانیت سے نہ ہو بلکہ حق کی طرفداری اور خُدا کے حکم کے مطابق ہو۔

بُغضی: [ع ۔ اِمذ] بُغض رکھنے والا

بَغل: [ف ۔ امث] ۱۔ شانے / مونڈھے کے نیچے کا حصّہ (۲) پہلو۔ بازو۔ ۳۔ وہ کپڑا جو کُرتے۔ انگرکھے وغیرہ میں شانے کے نیچے لگایا جائے (۴) علیٰحدہ کنارے ایک طرف (۵) پہلو میں۔ نزدیک۔

بَغل بلائی: [ف ۔ امث] بغل کا پھوڑا۔ گکرالی (عورتوں کا خیال ہے کہ بغل کا پھوڑا ابلی کو چٹا دینے سے اچھا ہو جاتا ہے اس لیے یہ نام پڑا۔

بغل بجانا: [ا ر محاورہ] خوشی منانا (۲) مضحکہ اڑانا۔

بغل بچہ: [ا ر اِمذ] پٹھا

بغل بند: [ف ۔ صف] کپڑا یا رسی جو بغل کے نیچے سے باندھی جاتی ہے۔

بغل پروردہ: [ف صف] گودیوں میں پلا ہوا۔ ناز و نعمت میں پلا ہوا۔ لاڈلا۔

بغل جانا: [ا ر محاورہ] راستے سے ہٹ کر چلنا۔ ہٹ جانا۔ ایک طرف ہو جانا۔

بغل سُونگھنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ متلی دُور کرنے کے لیے بغل سُونگھتے ہیں۔ (۲) شرمندہ ہونا۔ شرم آنا۔ تائب ہونا۔

بغل کا پھوڑا: [ف ۔ ا ر ۔ اِمذ] ۱۔ وہ پھوڑا جو بغل میں نکلے (۲) تکلیف دینے والا۔ ایذا پہنچانے والا۔

بغل کا چور بُرا ہوتا ہے: [ا ر مثل] مصدی کی چوری بڑی خطرناک ہوتی ہے

بغل کا دُشمن: [ف ۔ ا ر ۔ اِمذ] دوست بن کر دُشمنی کرنے والا۔ خفیہ دُشمن۔ دغاباز دوست۔ آستین کا سانپ

بغل کا گھونسا: [ف ۔ ا ر ۔ اِمذ] دیکھئے "بغل کا دُشمن"

بغل گرم کرنا: [ف ۔ ا ر / ا ر ۔ محاورہ] پہلو میں لِٹنا۔ پہلو میں لِٹنا۔ ساتھ ہونا۔

بغل گرم ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "بغل گرم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بغل گند: [ھ ۔ امث] بغل میں سے بدبُو آنے کا مرض۔

بغل گیر ہونا: [ا ر محاورہ] لپٹنا۔ ملنا۔ گلے ملنا۔ ہم آغوش ہونا۔ معانقہ کرنا۔

بغل لگانا: [ا ر محاورہ] کنارے لگانا۔ علیٰحدہ کرنا۔ ایک طرف کرنا۔ راستہ صاف کرنا۔

بغل میں: [ا ر متعلق فعل] ایک طرف ایک پہلو میں

بغل میں بیٹھنا: [ا ر محاورہ] پہلو میں بیٹھنا

بغل میں ایمان دابنا: [ا ر محاورہ] بددیانتی کرنا۔ ایمان بالائے طاق رکھنا

بغل میں ایمان دبانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "بغل میں ایمان دابنا"

بغل میں پالنا: [ا ر محاورہ] حمایت میں پرورش کرنا۔ اپنی زیر سرپرستی پالنا۔

بغل میں پرورش پانا: [ا ر محاورہ] کسی کے زیر سایہ پرورش پانا۔

بغل میں چھُری مُنہ میں رام رام: [ا ر مثل] ظاہر میں دوست باطن میں دُشمنی۔

بغل میں چھُری نیت بُری: [ا ر مثل] جب کسی کی نیت بگڑتی ہے تو دُوسرے کی ایذا رسانی کی فکر میں رہتا ہے۔

بغل میں دابنا / دبا لینا: [ا ر محاورہ] ۱۔ بغل میں لینا۔ گلے ملنا (۲) کسی چیز کو بغل میں چھپا لینا۔ چوری کرنا۔ کسی چیز کا پوشیدہ کرنا۔

بغل میں دبانا: [ا ر محاورہ] آغوش میں لینا بھینچ بھینچ کر گلے ملنا۔ سرقہ کرنا۔ چوری کرنا۔ فریب سے کوئی چیز لے لینا۔

بغل میں سُلانا: [ا ر محاورہ] پہلو میں سُلانا۔ ساتھ سُلانا

بغل میں سونٹا نام غریب داس: [ا ر مثل] جس کی شکل صورت سے غریب معلوم ہو۔ ویسے ہر وقت لڑنے کو تیار رہے ایسے شخص کے لیے کہا جاتا ہے

بغل میں سونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "بغل میں سُلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا: [ا ر مثل] چیز پاس ہے۔ اور اس کی تلاش جگہ جگہ ہو رہی ہے۔

بغل میں لیکر بیٹھنا: [ا ر محاورہ] ہم آغوش کرنا۔ گود میں لینا۔ پہلو میں بیٹھنا۔ ہمکنار ہونا

بغل میں لیکر سونا: [ا ر محاورہ] کسی کو پہلو میں لیکر سونا۔ کسی کیساتھ لپٹ کر سونا۔

بغل میں لینا: [ا ر محاورہ] پہلو میں رکھنا۔ ایک طرف کو کر دینا۔ گود میں لینا۔ ہم آغوش کرنا۔ پہلو میں بٹھانا۔ ہمکنار کرنا۔ اُٹھا کر لیجانا۔

بغل میں مارنا: [ا ر محاورہ] پہلو میں چھپانا۔ دبانا / رکھنا / لینا (۲) قبضہ کرنا۔ اُٹھا لیجانا۔

بغل میں منہ ڈالنا: [ا ر محاورہ] شرمندہ ہونا۔ خجالت ظاہر کرنا۔

بغل میں ہونا: [ا ر محاورہ] پہلو میں ہونا۔ نہایت نزدیک ہونا۔

بغل میں ہو جانا / ہونا: [ا ر محاورہ] کنارے ہو جانا۔ راستہ سے الگ ہو جانا۔ ایک طرف ہو جانا۔ راستہ چھوڑ دینا۔

بغلی: [ا ر صف] ۱۔ بغل کا۔ ایک طرف کا (۲) (امث) حمائل شریف (۳) وہ تکیہ جو بغل میں رکھنے کے لیے ہوتا ہے (۴) عورتوں کی تلاوانی (۵) ڈنڈ کھیلنے کا ایک طریقہ (۶) مگدر ہلانے کا ایک طریقہ (۷) کُشتی کا ایک داؤ۔ (۸) فقیر کی جھولی۔ زنبیل (۹) اُونٹ کا ایک عیب جس میں ران پیٹ سے لگتی ہے۔ (۱۰) پرندوں کا پروں میں مُنہ چھُپانا۔

بغلی تکیہ: [ا ر ۔ اِمذ] بغلوں میں رکھنے کا تکیہ۔

بغلی چور: [ا ر ۔ اِمذ] خفیہ مخالف۔ وہ دُشمن جو ہر وقت ساتھ رہے۔ منافق دُشمن۔

بغلی دُشمن: [ا ر ۔ اِمذ] دیکھئے "بغل کا دُشمن"

بغلی دینا: [ا ر محاورہ] دیوار توڑ کر گھر میں گھُس جانا

بغلی ڈوبنا: [ا ر محاورہ] بغل میں سے نکل کر پیچ کرنا / داؤں مارنا۔ چالاکی کرنا۔

بغلی گور: [ا ر ۔ امث] ایک قسم کی قبر جس میں مُردہ رکھنے کی جگہ قبر کے منہ کے ایک طرف ہوتی ہے۔

بغلی گھونسا: [ا ر ۔ اِمذ] دیکھئے "بغلی دُشمن"

بغلیں: [ا۔ امث] بغل کی جمع۔ آستین کے نیچے کا کپڑا
بغلیں بجانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ بازوؤں کو حرکت دے کر بغل سے آواز پیدا کرنا (۲) خوشی کرنا۔ خوش ہونا۔
بغلیں بجاؤ: [ار محاورہ] خوشی مناؤ۔
بغلیں بنانا: [ار محاورہ] بغلوں کے بال صاف کرنا۔
بغلیں بنوانا: [ار محاورہ] بغلوں کے بال منڈوانا۔
بغلیں جھانکنا: [ار محاورہ] شرمندہ ہونا نادم ہونا۔ بھاگنے کی راہ تلاش کرنا۔ لاجواب۔ ہونا۔ پناہ ڈھونڈنا۔
بغلیں جھنکانا: [ار محاورہ] شرمندہ ہونا۔ پریشان ہونا۔
بغلیں سونگھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "بغل سونگھنا"
بغلیں سونگھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بغل سونگھنا"
بغلیں لینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "بغلیں بنانا"
بغلول: [ہ۔ امذ] بے وقوف۔ احمق۔ سادہ۔ بدھو۔ چھچھورا۔ بیہودہ۔
بغی: [ع صف] ۱۔ باغی (۲) بغاوت۔ ظلم ستم۔ (۳) فاحشہ عورت۔
بغیا: (عو) [ار۔ امث] باغیچہ کا مخفف۔ چھوٹا باغ
بغیچہ: [ار۔ امث] دیکھئے "بغیا" (باغیچہ کا مخفف۔ صحیح باغچہ ہے)

ب ۔ ف

بفا: [ف۔ امث] وہ سفید چھلکے جو انسان کے سر سے جھڑتے رہتے ہیں رُوسی۔ سر کی خشکی سبوس

ب ۔ ق

بقا: [ع۔ امث] باقی رہنا۔ زندہ رہنا (۲) زندگی۔ وجود۔ قیام (۳) ہمیشہ کی زندگی حیات جاوداں۔
بقائے اصلح: [ع۔ امث] بہترین چیز کا باقی رہنا (۲) دُنیا میں کمزور اور نکمی عموماً چیزیں تلف ہو جاتی ہیں اور نباتات و حیوانات میں طاقت ور اور قابل افراد بچ جاتے ہیں اور نسل کے جاری رکھنے کا باعث ہوتے ہیں۔ survival of the fittest کا ترجمہ
بقائے باہم: [عف۔ امث] ۱ دوسروں کے ساتھ زندہ رہنا۔ خود بھی زندہ رہنا اور دوسروں کو بھی زندہ رہنے دینا (۲) ہم وجودی (انگریزی) COEXISTENCE کا ترجمہ
بقائے دوام: [ع۔ امث] ہمیشہ کی زندگی یا شہرت۔ حیات جاودانی۔
بقار: [ع۔ امذ] مویشیوں کا سوداگر۔ گائے بیل خریدنے والا (۲) لوہار
بقال: [ع۔ امذ] اصل معنی سبزی فروش (بقل۔ سبز ہونا۔ پودوں سے) غلہ بیچنے والا۔ بنیا۔ پرچون فروش
بقالنی: [ع۔ امذ] ۱۔ بقال کی عورت۔ بیٹے کی بیوی (۲) وہ عورت جو غلہ وغیرہ فروخت کرتی ہو یا دکان پر بیٹھ کر سودا بیچتی ہو۔
بقایا: [ع۔ امذ] بچا کھچا۔ باقی بچا ہوا (۲) رقم فاضلہ۔ بچت۔ قرض سے جو کچھ بچ رہے۔ (بقیہ کی جمع)

بق بق: [ع۔ امث] بک بک۔ بکواس
بق بق زق زق: [ع۔ امث] بک بک۔ بکواس۔
بق بق زق زق کا دماغ: [ع۔ امذ] بکواس کی برداشت۔
بقچہ: [ف۔ امذ] کپڑوں کی گٹھڑی۔ بُقچہ
بقچی: [ف۔ امث] کپڑوں کی نہایت چھوٹی گٹھڑی۔ پوٹلی (۲) وہ کپڑے کی جوڑے ناسلی ہوئی تھیلی جس میں عورتیں سینے پرونے کا سامان سوئی دھاگہ وغیرہ رکھتی ہیں۔ (بقچا کی تصغیر)
بقرہ: [ع۔ امذ] گائے بیل (۲) قرآن شریف کی دوسری سُورت جو سب سے بڑی ہے صحیح نام بقرہ ہے
بقرہ عید / بقرا عید: [عف۔ امث] مسلمانوں کا وہ تہوار جو حج کے ایک دن بعد یعنی ذوالحجہ کی دسویں تاریخ کو ہوتا ہے مسلمان اس دن قربانی کرتے ہیں۔ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اپنے بیٹے اسمٰعیل علیہ السلام کو خدا کے حکم سے اُس کی راہ میں قربانی کرنے پر تیار ہو جانے کی یادگار میں ہے۔ عید الاضحیٰ، عید قربان۔
بقرعید / بقرید: [ار۔ امث] دیکھئے "بقرہ عید" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
بقعہ: [ع امذ] مکان۔ گھر جگہ۔ خانقاہ۔ قطعہ زمین
بقعۂ نور: [ع۔ امذ] مکان۔ جگہ جس میں بہت روشنی ہو۔ منور مقام۔
بقل / بقلہ: [ع۔ امث] ترکاری۔ سبزی۔ ساگ
بقلۃ الحمقا: [ع۔ امذ] خرفہ ایک قسم کا ساگ جو مزاج کا سرد ہوتا ہے۔
بقولات: [ع۔ امث] بقل کی جمع الجمع۔ سبز ترکاریاں
بقیہ: [ع۔ صف] باقی بچا ہوا۔ بچا۔ کھچا۔ بچا بچایا۔
بقیۃ السلف: [ع۔ صف] پُرانے لوگوں یا بزرگوں میں سے جو لوگ بچ گئے ہوں
بقیۃ السیف: [ع۔ صف] تلوار سے بچا ہوا۔ قتل عام ہونے کے بعد جو فوجی لوگ بچ جائیں انھیں کہتے ہیں۔

ب ۔ ک

بک: [ہ۔ امث] بکواس۔ بیہودہ گوئی۔ جھک۔ یاوہ گوئی
بک بک: [ہ۔ امث] بہت باتیں۔ بہت بکواس۔ یاوہ گوئی
بک بکا: [ار صف] بے مزہ کسیلا، پھیکا
بک بک۔ جھک جھک: [ہ۔ امث] دیکھئے "بک بک"۔
بک بک کرنا: [ار محاورہ] بہت باتیں کرنا۔ فضول باتیں کرنا۔
بک بک لگانا: [ار محاورہ] دیکھئے "بک بک کرنا"
بک بک مچانا: [ار محاورہ] دیکھئے "بک بک کرنا"
بک بک۔ کے بھیجا پکا دینا: [ار محاورہ] فضول، بکواس کرکے تھکا دینا
بک بک کے دماغ کھا جانا / کھانا: [ار محاورہ] دیکھئے "بک بک کے بھیجا پکا دینا"۔
بک بک کے سر کھا جانا / کھانا: [ار محاورہ] دیکھئے "بک بک کے بھیجا پکا دینا"
بک بک کے کان کھا جانا / کھانا: [ار محاورہ] دیکھئے "بک بک کے سر کھا جانا"

بک بک کے مغز کھا جانا / کھانا: [ا محاورہ] دیکھئے "بک بک کے سر کھا جانا"۔
بک بک کے / بکتے بکتے دماغ / مغز چاٹ جانا: [ا محاورہ] دیکھئے "بک بک کے سر کھا جانا"۔
بک جانا: [ا محاورہ] کوئی نہ کہنے والی بات کہہ دینا۔
بک جھک: [ا متعلق فعل] بک بک۔
بک جھک کے: [ا متعلق فعل] رو پیٹ کر۔ غم و غصّہ کھا کر
بک دینا: [ا محاورہ] کہہ دینا۔ اقبال کرنا۔ مان لینا۔
بک لگانا: [ا محاورہ] بک بک کرنا۔ فضول بکنا۔ بیہودہ اور بے معنی باتیں کرنا۔ لگاتار بکے جانا۔
بک لگنا: [ا محاورہ] دیکھئے "بک لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بک: [ا امر] "بکنا" مصدر سے صیغہ امر
بک پوسٹ: [انگ۔ امذ] book post ڈاک کے ذریعہ مطبوعہ مضمون کے اوراق اس طرح بھیجنا کہ لفافہ کا ایک سرا کھلا ہو
بک کرانا: [انگ۔ ا مصدر مرکب] ا۔ سامان ریلوے کے ذریعہ دوسری جگہ بھیجنے کے لیے ریلوے کے متعلقہ اہلکار کو دیکر رسید حاصل کرنا۔ (۲) فرمائش درج کرانا (۳) نشست یا کمرا وغیرہ مخصوص کرانا۔
بک کرنا: [انگ۔ ا مصدر مرکب] دیکھئے "بک کرانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بکنگ آفس: [انگ۔ امذ] وُہ جگہ جہاں ٹکٹ فروخت ہوتے ہوں (۲) جہاں سامان دُوسری جگہ بھیجنے کے لیے درج کرایا جاتا ہو۔
بُکا: [ع۔ امث] گریہ وزاری۔ فریاد۔
بُکّا: [ھ۔ امذ] ا۔ مٹھی۔ مٹھی بھر (۲) مُشتِ خاک۔ مُشتِ غُبار (۳) بھاپ یا دُھواں جو کثرت سے نکلے۔ لپٹ۔ گوکا
بکار: [ھ۔ امذ] ا۔ بگاڑ۔ نقص۔ خرابی (۲) مرض۔ روگ۔ بیماری۔ (۳) حالت کی تبدیلی (۴) گھبراہٹ۔
بکارا: [ھ۔ امذ] (ا) راہبر۔ مُخبر۔ پیغامبر۔ قاصد۔ ایلچی (۲) جواب بھوت پریت کے سائے والے کا (۳) چالان۔ بیجک۔ خط۔
بکارت: [ع۔ امث] دوشیزگی۔ کنوارپن۔
بکاول: [ف۔ امذ] باورچی خانہ کا داروغہ۔ باورچی۔ خانساماں۔ رسوئیا۔ بھنڈاری یعنی پکا ہُوا کھانا تقسیم کرنے والا۔ امیروں کے آگے کھانا رکھنے / سجانے والا۔ کھانے کی میز پر کھانا چُننے والا۔
بکاؤ: [ا صف] قابلِ فروخت، بکنے والا۔
بکاولنی: [ا۔ امث] بکاول کی بیوی۔ زنانہ باورچی۔ باورچی خانہ میں سے کھانا تقسیم کرنے والی عورت
بکاولی: [ا۔ امث] کھانا پکانے کا سامان۔ تشتری
بکاین / بکائن / بکان: [ھ۔ امذ] ا۔ ایک نیم کی قسم کا درخت جس کا پھل نہایت کڑوا ہوتا ہے۔ ڈینگ (۲) اس درخت کا پھل۔
بکبکا: [ھ صف] خراب۔ بد ذائقہ۔ بدمزہ۔ کسیلا۔ کڑوا۔
بکتر: [ت۔ امذ] زرہ۔ چار آئینہ۔ ایک لوہے کی بنی ہُوئی جالی کا جامہ یا پوشاک جو فوجی سپاہی میدان جنگ میں لڑائی کے وقت پہنتے تھے۔

بکتر پوش: [ف۔ امذ] زرہ پہننے والا (۲) زرہ پہنے ہوئے۔
بکتری: [ف صف] زرہ پہننے والا (۲) زرہ پہنے ہوئے۔
بکٹ: [انگ۔ امذ] پکٹ picket کا بگاڑ۔ طلایہ۔ پہرہ۔ گارد وسنہ وغیرہ۔
بکٹ: [ھ صف] بڑا۔ کلاں (۲) خوفناک۔ خطرناک (۳) سخت۔ مشکل کٹھن (۴) بدشکل۔ بدصورت۔ کریہہ
بکٹ پہاڑا: [ھ۔ امذ] کسروں کا پہاڑا جیسے سوایا۔ ڈیوڑھا۔ ڈھایا۔ اوٹا۔ ڈھونچا۔ پونچا۔
بکٹ: [ھ۔ امذ] چنگل۔ پنجہ۔ مٹھی۔ لپ۔ بھرا ہُوا ہاتھ
بکٹا: [ھ۔ امذ] وہ مقدار جو ایک چنگل / مٹھی / لپ میں آئے۔
بکٹا بھرنا: [ا محاورہ] چنگل مارنا۔ نوچنا۔ ہاتھ کی انگلیوں کو پھیلا کر کوئی چیز اتنی لینا کہ انگلیاں مل جائیں۔ مٹھی بھر
بکٹا مارنا: [ا محاورہ] دیکھئے "بکٹا بھرنا"
بکٹا ڈالنا: [ا محاورہ] مٹھی میں کوئی چیز لیکر کسی دوسری چیز پر ڈالنا۔
بکٹا / بکھٹا: [ھ صف] کسیلا۔ کڑوا۔ بکسیلا
بک جانا: [ا محاورہ] فروخت ہونا۔ مطیع ہونا۔ ممنون ہونا۔ فرمانبردار ہونا
بکر: [ع۔ امث] کنواری لڑکی۔ کنوارا لڑکا (۳) غیر مستعمل چیز۔ کام میں نہ آئی ہوئی چیز۔ نئی چیز (۳) نازک۔ لطیف۔
بکر ٹوٹنا: [ا محاورہ] ازالہ بکارت ہونا۔
بکر توڑنا: [ا محاورہ] عورت کے ساتھ پہلی دفعہ جماع کرنا۔ ازالہ بکارت کرنا۔
بکرا: [ھ۔ امذ] ا۔ بُز نر۔ بوک۔ گوسفند۔ بکری کا مذکر۔ ایک مشہور چوپایا۔ جس کا گوشت کھایا جاتا ہے (۲) بے حیا آدمی
بکر قصاب / قصائی: [ا۔ امذ] وُہ قصاب جو صرف بھیڑ بکری کا گوشت بیچتا ہو۔
بکرکود کرنا / مچانا: [ا محاورہ] اُچھلنا۔ کودنا۔
بکرم: [انگ۔ امذ] buckram وُہ سخت کپڑا جو آستینوں۔ کالروں وغیرہ میں دیا جاتا ہے تاکہ کڑا رہے۔
بکرمی سنہ / سمت: [ا۔ امذ] وُہ سنہ جو راجہ بکرماجیت سے منسوب ہے۔ زیادہ تر ہندوؤں میں رائج ہے۔
بکری: [ھ۔ امث] ا بُز مادہ (۲) غریب مسکین بے زار۔
بکری: [ا۔ امث] فروختگی۔ فروخت۔ وہ روپیہ یا قیمت جو کسی چیز کو بیچنے سے حاصل ہو۔
بکری بٹا: [ھ۔ امذ] روپیہ جو فروخت سے حاصل ہُوا ہو۔
بکری کھاتہ: [ھ۔ امذ] حساب فروخت
بکری کا سا منہ چلنا: [ا محاورہ] ہر وقت کھاتے رہنا۔
بکری سے ہل جُتتا تو بیل کون رکھتا: [ا مثل] یونہی کام چلتا تو محنت کون کرتا (۲) اگر نااہل سے کام ہو جاتا تو اہل کی قدر کس کو ہوتی؟
بکری کرے گھاس سے یاری تو چرنے کہاں جائے: [ا مثل] اگر کسی کی دوستی کی وجہ سے اپنا رزق چھوڑ دیا جائے تو کہاں سے کمائے / گزارہ کیسے ہو۔
بکری کے نصیبوں چھری: [ا مثل] جو قسمت میں ہو وُہ ضرور ہوگا۔

بکری ناؤ میں خاک اڑاتی ہے: [ا۔ مثل] وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کو بلا وجہ دُکھ یا نقصان پہنچایا جائے۔

بکری نے دودھ دیا وہ بھی مینگنیں بھر کر: [ا۔ مثل] وہاں بولتے ہیں جہاں کسی کا کوئی کام بد دلی سے کیا جائے یا کوئی چیز دی جائے مگر اُسے خراب کر کے دیا جائے۔

بکرے: [ہ۔ اند] دیکھئے "بکرا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

بکرے کا مستی کرنا: [ا۔ محاورہ] بکرے کا مستی میں آواز نکالنا یا بکری کی طرف دوڑنا/ توجہ کرنا

بکرے کی اولاد: [ا۔ صف] حرامی۔ ولد الزنا

بکرے کی بولی بولنا: [ا۔ محاورہ] تمسخر کرنا۔

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی: [ا۔ مثل] بکرا جو ذبح ہونے والی چیز ہے آخر ایک نہ ایک ذبح ہو کر رہے گا (۲) بد اپنی بدی کی سزا کسی نہ کسی دن پائے گا۔ جو سزا مقدر میں ہو گی ٹل نہیں سکتی۔

بکس / بکسہ: [انگ۔ اند] box صندوق۔ ڈبہ۔ ڈبا۔ پیٹی

بکسا: [ہ۔ صف] کسیلا۔ کڑوا

بکسا ہٹ: [ہ۔ امث] کسیلا پن۔ کڑوا پن

بکسنا: [ہ۔ مص] ا۔ کھلنا۔ پھیلنا (۲) کھلنا۔ شگفتہ ہونا۔ پھولنا۔ پھول آنا (۳) خوش ہونا خرّم ہونا (۴) ہنسنا۔ مسکرانا (۵) مرجھانا۔ خشک ہونا گل جانا۔ سڑنا

بکسیت: [ہ۔ صف] کھلا ہوا۔ شگفتہ۔ خوش و خرّم

بکسوا: [ہ۔ اند] بانکا (بمعنی ٹیڑھا) اور سوا (مخفف) ایک کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے باندھنے یا اٹکانے کے لیے ایک حلقہ سا لگا ہوتا ہے۔

بکسیلا: [ہ۔ صف] کڑوا۔ کسیلا۔ بکٹا

بکل / بکلا: [ہ۔ اند] درخت کی چھال۔ چھلکا۔ پوست

بکل اُتارنا: [ا۔ محاورہ] درخت کی چھال اُتارنا (۲) خوب مارنا۔ کھال ادھیڑنا۔

بکل چھیلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بکل اُتارنا"

بکل: [ہ۔ امث] عورتوں کا دوپٹے کو اس طرح اوڑھنا کہ بازو۔ چھاتی پیٹ پیٹھ سر اور منہ چھپ جائے (بعض عورتیں منہ کھلا رکھتی ہیں) دوپٹے کی لپیٹ۔

بکل مارنا: [ا۔ محاورہ] عورتوں کا دوپٹا اوڑھنا۔ کسی کپڑے کو اوڑھ کر خاص طریقے سے کندھے پر ڈالنا۔

بکلس: [انگ۔ اند] وہ لوہے کا چھوٹا سا آلہ جس میں کسی چیز کو اٹکانے کے لیے ایک کانٹا سا لگا ہوتا ہے جیسے واسکٹوں۔ پتلونوں۔ پیٹیوں۔ گھوڑے کے ساز اور زینوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔

بُکم: [ع۔ اند] اَبکم کی جمع۔ گونگے اشخاص

بکنا: [ا۔ مص۔] بکواس کرنا۔ بیہودہ بولنا۔ بُرا بھلا کہنا

بکنا: [ا۔ مص] ا۔ فروخت ہونا۔ مطیع ہونا تابع ہونا۔ غلامی میں آنا۔

بکنی: [ہ۔ امث] ا۔ بُرادہ۔ سفوف۔ باریک پسی ہوئی چیز۔ چورا (۲) ایک قسم کا ہاضم سفوف (۳) بوسیدہ (۴) ایک دوا جس کے کھانے سے کبوتر تیز اُڑتے ہیں۔

بکو۔ بکواد: [ہ۔ امث] بکواس

بکواس: [ا۔ امث] بک بک۔ بیہودہ بات۔

بکواسن: [ا۔ امث] بکواسی کی تانیث

بکواسی: [ا۔ اند] بیہودہ گفتگو کرنے والا۔ بہت زیادہ باتونی۔ فضول باتیں کرنے والا

بکوانا (بکسر اوّل): [ا۔ مص] فروخت کروانا سودا کروانا۔ مول تول کروانا

بکوائی (بکسر اوّل): [امث] بیچنے / بکوانے کی اُجرت دلالی آڑھت وغیرہ

بکوٹا: [ہ۔ اند] دیکھئے "مکٹا"

بکوٹنا: [ہ۔ مص] ناخن سے زخم لگانا۔ کھرچنا۔ کھسوٹنا

بکولا: [ہ۔ اند] کمبل یا کپڑے کا وہ ٹکڑا جو فقیر اپنے سر پر ڈال لیتے ہیں۔

بکولی: [ہ۔ اند] ایک قسم کا سبز کیڑا جو دھان کی فصل کو نقصان دیتا ہے۔

بکّہ: [ع۔ اند] مکّہ شریف کا قدیم نام۔ جو قرآن مجید میں آیا ہے۔

بکھ: [ہ۔ اند] زہر۔ سم۔ بس

بکھ بونا: [ہ۔ محاورہ] فساد ڈالنا۔ دشمنی پیدا کرنا

بکھاری / بکھا: [ہ۔ امث۔ اند] کھتی۔ اناج کا گودام۔ کوٹھی۔

بکھان: [س۔ اند] فضیحتا۔ گالی۔ مذمت۔ لعنت و ملامت

بکھان ڈالنا: [ا۔ محاورہ] (عو) کسی کو ذلیل کرنے کی غرض سے اُس کے پوشیدہ حال کھول کھول کر بیان کرنا۔

بکھان کرنا: [ا۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ بے جا بات کہنا۔ پوشیدہ حال بیان کرنا

بکھاننا: [ہ۔ مص] (عو) بُرائی بیان کرنا۔ بُرا بھلا کہنا سخت سُست کہنا۔

بکھر: [ہ۔ اند] میل جو کچی شکر سے نکلتا ہے (۲) ایک قسم کا بل (۳) مکان۔ احاطہ گائے، بھینس باندھنے کی جگہ (۴) روغن دار بیج تل۔ سرسوں۔ توریا وغیرہ وغیرہ۔

بکھر پکانا: [ا۔ محاورہ] کھانڈ یا شکر وغیرہ کا شیرہ یا قوام پکانا (۲) کچی شکر سے میل نکالنا

بکھر پیلنا: [ا۔ محاورہ] روغن دار چیزوں کا کولہو میں ڈال کر تیل نکالنا۔

بکھرا جانا: [ا۔ محاورہ] اکڑا پڑنا۔ بیٹھے جانا۔ ٹوٹا جانا۔ کھلا جانا۔ (۲) قابو سے نکلا جانا۔ ہاتھوں سے نکلا جانا۔

بکھرانا: [ا۔ مص] پریشان کرنا۔

بکھرنا: [ا۔ مص] پھیلنا۔ منتشر ہونا۔ پراگندہ ہونا (۲) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ بپھرنا (۳) پریشان ہونا۔ بے حال ہونا (۴) غشی کی حالت طاری ہونا (۵) بویا جانا (۶) خراب ہو جانا (۷) ضائع ہو جانا (۸) حالت خراب ہونا (۹) چھلنا۔

بکھری: [ہ۔ امث] مکان گھر۔ جھونپڑی

بکھریا: [ہ۔ اند] مالک مکان

بکھل: [ہ۔ اند] مکان۔ احاطہ۔ کوچہ۔ محلہ وغیرہ

بکھی: [ہ۔ امث] بغل کے نیچے کا حصہ (عوامی)

بکھیاں توڑ دینا / توڑنا: [ا۔ محاورہ] بہت زیادہ مارنا۔

بکھیاں ٹوٹنے لگیں: [ا۔ مثل] پیٹ میں ہنستے ہنستے بل پڑنے لگے۔

بکھیر: [ہ۔ امر] بکھیرنا مصدر سے صیغہ امر (۲) منتشر۔ پراگندہ۔ پریشان (۳) وہ چیز جو بکھری جائے (۴) روپے پیسے جو دولہا کے سر سے نچھاور کیے جائیں۔

بکھیر کرنا / بکھیرنا: [ا۔ مص] منتشر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ پریشان کرنا (۲) ڈالنا۔ پھیلانا۔ چھڑکنا

بکھیڑا: [ہ۔ اند] جھگڑا۔ تکرار۔ حجت۔ قضیہ۔ غل۔ غپاڑا۔ غل شور۔ غوغا۔ (۲) فساد۔ دنگا۔ لڑائی۔ مارکٹائی۔ ہنگامہ (۳) اُلجھاؤ۔ الجھیڑا۔ پیچ۔ جنجال کھڑاگ (۴) وقت۔ مشکل۔ دشواری۔ تکلیف۔ کشٹ۔ بپتا (۵) اندیشہ۔ تردد۔ ڈر۔ خوف۔ انتشار۔ کشمکش و پیچ۔ گھبراہٹ۔ پریشانی

ں۔چرچ۔ اٹکاؤ۔ سدِّ راہ۔ مزاحمت (۷) مال و اسباب۔ سامان۔
ت مال و متاع۔ ساز و سامان۔ بوریا بدھنا۔ انگڑ کھنگڑ (۸) نااتفاقی
ت (۹) طریقہ ڈھنگ (۱۰) چالاکی حکمت۔ عیّاری۔ چھل حیلہ۔ فریب۔
نیادی تعلقات۔ دنیادی جھگڑے یا معاملے۔
پڑنا: [ا۔ محاورہ] جھگڑا ہونا
چکانا: [ا۔ محاورہ] جھگڑا مٹانا۔ معاملہ طے کرنا (۲) کام ختم کرنا
ام سے سبکدوش ہونا۔
النا: [ا۔ محاورہ] جھگڑا اٹھانا۔ کام بڑھانا
رنا: [ا۔ محاورہ] جھگڑا فساد کرنا
نا [ا۔ محاورہ] جھگڑا لگانا
چانا: [ا۔ محاورہ] بکھیڑا ڈالنا
کالنا: [ا۔ محاورہ] جھگڑا پیدا کرنا جھگڑا پیش کرنا۔
ہونا: [ا۔ محاورہ] جھگڑا ہونا۔
: [ہ۔ صف۔ امذ] جھگڑالو۔ فسادی۔ کام بڑھانے والا۔
ے میں ڈالنا: [ا۔ محاورہ] جھگڑے یا دقت میں پھنسانا۔
جھمیلے میں ڈالنا۔ مصیبت میں پھنسانا
ت: [ہ۔ صف] بکھیڑنا سے منسوب پھیلا ہوا۔ منتشر پراگندہ۔
جھگڑالو فسادی
ہ صف] زیادہ بولنے والا۔ بکواس کرنے والا
۔مث] دیکھیے "بکل" (۲) مٹھی بھینچ (۳) بانہہ ملانا (۴) دوستی۔ آشنائی۔ یاری۔
ا: [ا۔ محاورہ] بکل مارنا۔
ہ۔ امذ] دیکھیے "بکا" جس کی یہ جمع ہے
رانا [ا۔ محاورہ] خوشبو پھیلانا۔ سبار پھیلانا
: [ہ۔ امذ] بانک کا فن جاننے والا (۲) بانکا۔ مجازاً معشوق
[ہ۔ امذ] ڈھاک کے درخت کی جڑوں سے بنی ہوئی رسی
[ہ۔ امذ] ایک گھاس کی جڑ جس کی رسیاں بنتی ہیں (۲) مونج
[ہ۔ امث] وہ گائے یا بھینس جس کا دودھ گھٹ گیا ہو۔

ب - گ

[ہ۔ امذ] بگلا۔ بوتیمار
[ہ۔ امث] باگ کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے
مان۔ لگام۔ راس
ٹ / بگٹوٹ: [ہ۔ صف] ا۔ وہ گھوڑا سرپٹ بھاگ رہا ہو یا
کی باگ ٹوٹ گئی ہو (۲) بے تحاشا
ٹٹ: [ہ صف] وہ گھوڑا جسکی باگ ہاتھ سے چھوٹ گئی ہو۔ نیز سرپٹ
صف] بھولا۔ معصوم (۲) بے وقوف۔ کم عقل (۳) موٹا آدمی
[ہ۔ مص] پھیلانا۔ منتشر کرنا۔ بکھیرنا۔ پھیلانا۔
[ہ۔ امذ] خرابی۔ بربادی (۲) رنجش لڑائی۔ تکرار (۳) نقص۔ ضرر۔
عیب (۴) بیماری۔ مرض۔ خلل۔ روگ (۶) برائی۔ کھوٹ۔ کمی (۷)

(۷) ابتری۔ فتور (۸) بلوہ۔ غدر۔ سرکشی۔ بغاوت (۹) نااتفاقی۔ ناموافقت۔
اختلاف (۱۰) ہوتے ہوئے کام کو رکوا دینا۔
بگاڑ آنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ دشمنی پیدا کرانا۔ جھگڑا کرانا۔ خراب کرانا۔
رنجش لینا۔
بگاڑ بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] رنجش کر لینا۔ ان بن کر لینا (۲) خراب کر دینا۔
بگاڑ پڑنا: [ا۔ محاورہ] رنجش ہو جانا۔ ملال ہو جانا۔ لڑائی ہو جانا۔
بگاڑ دینا: [ا۔ محاورہ] خراب کر ڈالنا۔
بگاڑ ڈالنا: [ا۔ محاورہ] فساد ڈالنا۔ رنجش کرا دینا

بگاڑ سنوار خدا کے ہاتھ: [ا۔ مثل] نیکی بدی خدا کے ہاتھ ہے
بگاڑ کرانا: [ا۔ محاورہ] رنجش پیدا کرنا۔ لڑائی کرا دینا۔
بگاڑ کروانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بگاڑ کروانا"
بگاڑ کرنا [ا۔ محاورہ] رنجش پیدا کرنا۔ لڑائی کرنا۔
بگاڑنا۔ [ا۔ محاورہ] ا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۲) کھونا۔ ضائع کرنا۔ خاک میں
ملانا (۳) بدمزہ کرنا۔ ذائقہ خراب کرنا (۴) پھیرنا۔ برگشتہ کرنا (۵)
بے جا صرف کرنا۔ اڑانا۔ لٹانا (۶) خراب کرنا۔ نقصان کرنا (۷) خفا کرنا۔ ناخوش
کرنا (۸) بدچلن کرنا۔ آبرو لینا (۹) بدحال کرنا (۱۰) بدہیئت کرنا (۱۱) بیکار
کرنا۔ نکما کرنا (۱۲) مٹانا (۱۳) خلاف کر دینا (۱۴) پھوڑ ڈالنا۔ چھوڑ دینا
کھو دینا (۱۵) پاگل کرنا (۱۶) پریشان کرنا (۱۷) ناپاک کرنا (۱۸) خلل
ڈالنا۔ لڑائی کرانا (۱۹) رنجش پیدا کرنا۔ جھگڑا کرنا (۲۰) بہکانا (۲۱)
عادت خراب کرنا۔
بگاڑو: [ہ۔ امذ] خراب کرنے والا۔ لٹانے والا۔ فضول خرچ
بگاڑ ہونا: [ا۔ محاورہ] رنجش ہونا۔ ملال ہونا۔ جھگڑا ہونا۔
بگانا / بگانہ: [ف صف] بیگانہ کا مخفف۔ غیر۔ اجنبی۔ غیر
بگانا سیر پسیری کی جگہ: [ا۔ مثل] غیر کا لحاظ نہیں ہوتا۔
بگانی [ا۔ صفت مث] دیکھیے بگانا جس کی یہ تانیث ہے
بگانی کھتی پر جھینگر ناچے۔ [ا۔ مثل] پرائے مال پر فخر کرنا۔ بیجا شوخی
بگھارنے اور بے ماتصرف کے موقع پر بولتے ہیں۔
بگدھری۔ [ا۔ امث] گھوڑے کا اچھلنا کودنا۔ گھوڑے کی اچھل کود
بگدھری کرنا: [ا۔ مص مرکب] گھوڑے کا اچھلنا۔ کودنا
بگری: [ہ۔ امذ] ایک قسم کا چاول
بگریلی: [ہ۔ امث] ا۔ ایک پہاڑی چھوٹا پرندہ۔ ایک قسم کی چھوٹی چڑیا۔
بگڑ۔ [ہ۔ امذ] نخے دانوں کا سرخ رنگ کا اناج (۲) احاطہ۔ مکان۔ کوچہ
محلہ۔ ہمسایہ۔ پڑوس۔
بگڑ میں بگڑ تین گھر تیلی دھوبی نائی: [ا۔ مثل] کمینے لوگوں کے
پاس نشست برخاست ہونے پر بولا جاتا ہے۔
بگڑا۔ [ہ۔ امذ] تکلیف۔ دغابازی۔ فریب۔ فساد۔ جھگڑا
[افعال۔ کرنا۔ نکالنا]
بگڑا۔ [ا۔ صف] بگڑا ہوا۔ خراب۔ ناکارہ۔ نکما۔ ۲۔ بدوضع۔ بدچلن۔
۳۔ آزردہ۔ ناراض۔ برگشتہ

بگڑا بیٹا کھوٹا پیسا کبھی نہ کبھی کام آہی جاتا ہے: [ا۔ مثل] اپنی چیز کیسی ہی خراب کیوں نہ ہو۔ کبھی نہ کبھی ضرورت کے وقت کام آ ہی جاتا ہے

بگڑا شاعر مرثیہ گو۔ بگڑا گویّا مرثیہ خوان: [ا۔ مقولہ] نکمّا اور ادنیٰ درجے کا شاعر مرثیے لکھتا ہے اور نکمّا اور ادنیٰ درجے کا گویّا مرثیے گاتا ہے۔

بگڑا ہُوا: [ا۔ صفت مفعولی] بدوضع۔ آزردہ۔ ناراض

بگڑ بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ سرکشی کرنا۔ لڑائی کے لیے تیار ہو جانا۔

بگڑ جانا / بگڑنا: [ا۔ مص] ۱۔ سنورنا کی ضد (۲) خراب ہو جانا۔ برباد ہو جانا (۳) کھو جانا۔ ضائع ہو جانا۔ تلف ہو جانا (۴) بدمزہ ہو جانا۔ بدذائقہ ہو جانا۔ سڑ جانا (۵) بے جا صرف ہونا۔ اکارت جانا (۶) اصل ہیئت کا بدل جانا (۷) پھرنا۔ برگشتہ ہونا۔ باغی ہونا (۸) ضرر آنا۔ نقصان ہونا (۹) خفا ہونا۔ غصہ ہونا۔ رنجش ہونا (۱۰) ناقص ہونا۔ خراب ہونا۔ فرق آنا (۱۱) درہم برہم ہونا۔ ابتر ہونا (۱۲) آواز کا خراب ہونا۔ بے سُرا ہونا (۱۳) مشق جاتی رہنا۔ دربط چھوٹ جانا (۱۴) عیاش ہونا۔ بدچلن ہونا۔ عادت خراب ہونا۔ (۱۵) حالت کا غیر ہونا۔ مُردنی چھانا۔ طبیعت خراب ہونا (۱۶) بدشکل ہونا۔ بدنما ہونا۔ (۱۷) بیکار ہونا۔ نکمّا ہونا۔ ناقابل استعمال ہونا (۱۸) گلنا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ (۱۹) چھوٹنا (۲۰) ٹوٹ پھوٹ جانا۔ اُکھڑ جانا (۲۱) بٹنا (۲۲) بکھرنا۔ پریشان ہونا (۲۳) بھر جانا۔ سَن جانا۔ لتھڑ جانا۔ ناپاک ہونا (۲۴) زہریلا ہونا (۲۵) ساکھ میں فرق آنا (۲۶) خراب ہونا۔ ناقص ہونا (۲۷) شریر ہونا۔ بدی پر آنا (۲۸) لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا (۲۹) ناخوش ہونا۔ خفا ہونا۔ (۳۰) دوستی چھوٹ جانا۔ محبت ترک ہو جانا (۳۱) رنجش ہونا۔ اَن بن ہونا (۳۲) نام کا غلط بولا جانا۔ (۳۳) داغ لگ جانا۔ جل جانا (۳۴) خراب ہونا۔ تباہ ہونا (۳۵) دیوالیہ ہونا۔ مُفلس ہونا (۳۶) پاگل ہو جانا۔ حماقت کی باتیں کرنا۔ بال بکھیرنا (۳۷) روشنائی پھیلنا۔ حرفوں کا خراب ہو جانا ۳۸ شرارت کرنا۔ بدی پر آمادہ ہو جانا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ تہس نہس ہونا۔ نااتفاقی ہو جانا۔

بگڑ کر چلا آنا: [ا۔ محاورہ] ناراض ہو کر آ جانا۔ لڑ کر چلا آنا

بگڑ کر چلا جانا: [ا۔ محاورہ] ناراض ہو کر چلا جانا۔ بغاوت کر کے دشمن سے جا ملنا

بگڑی: [ا۔ صفت مث] دیکھیے "بگڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بگڑی بات بنانا: [ا۔ محاورہ] خراب بگڑے کام کا ٹھیک کرنا۔ خراب معاملے کو سدھارنا۔

بگڑی بات بننا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بگڑی بات بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بگڑی بن جانا: [ا۔ محاورہ] خراب حالت کا درست ہو جانا۔

بگڑی بنی: [ا۔ صفت] اچھی بُری۔ نیک و بد

بگڑی پر دوست بھی کنارہ کش ہو جاتے ہیں: [ا۔ مثل] مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا۔

بگڑی تو بگڑی ہی سہی: [ا۔ فقرہ] دُشمنی ہُوئی تو ہوتی رہے۔ شکر رنجی ہُوئی تو ہو جائے

بگڑی زُبان: [ا۔ امث] وُہ زبان جو سخت کلامی کی عادی ہو۔

بگڑی لڑائی بکتر پوشوں کے سر: [ا۔ مثل] شکست کے ذمّہ دار سالار ہوتے ہیں۔

بگڑی کا بنانے والا: [ا۔ صفت] مجازاً خدا

بگڑے: [ا۔ صف] دیکھیے "بگڑا" جس کی یہ جمع اور مُغیرہ صورت ہے۔

بگڑے امیر / رئیس: [ا۔ اند] وُہ امیر یا رئیس جو اپنی فضول خرچیوں کی وجہ سے تباہ ہو گئے ہوں۔

بگڑے دِل: [ا۔ اند] نڈر۔ بیباک۔ آزاد

بگڑیا: [ا۔ اند] دغاباز۔ بے ایمان۔ فریبی

بگل / بگُل: [انگ۔ اند] قرنا۔ تُرہی۔ صُور۔ نرسنگھا۔ تُرم منہ سے بجانے کا ایک باجا جسے فوج اور پولیس وغیرہ میں مختلف پیغامات و اشارات دینے کے لیے بجایا جاتا ہے۔

بگلا: [ہ۔ اند] ا۔ ایک قسم کا آبی پرندہ جس کا رنگ سفید اکثر پانی کے قریب مچھلیاں اور دُوسرے آبی کیڑے کھاتا ہے۔ بوتیمار۔ ماہی خور (۲) سفید نہایت سفید۔ بالکل چٹا۔ اُجلا

بگلا بھگت: [ہ۔ صفت] وُہ شخص جو ظاہر میں نیک اور باطن میں بُرا ہو۔ بدنیت۔ بہ باطن منافق

بگلا بھی دھوبی کا بھائی ہے: [ا۔ مثل] ہر وقت پانی میں رہتا ہے۔

بگلا مارے (پکھنا) پنکھ ہاتھ: [ا۔ مثل] بے سُود کام کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ بے فائدہ دوسرے کو نقصان پہنچانا۔ بگلے میں گوشت بہت ہی کم ہوتا ہے۔ اس لیے اسکے مارنے سے سوائے پروں کے کچھ ہاتھ نہیں آتا

بگلوس: [ا۔ امث] کمر میں باندھنے کی پٹی۔

بگلے پکڑنا / بگلے کے سر پہ موم رکھ کر پکڑنا: [ا۔ مثل] کوئی کام کرنے کے لیے فضول / غلط / پیچیدہ ترکیب اختیار کرنا۔

بگلے کا پر: [ا۔ صفت] اُجلا۔ چٹا۔ بہت سفید

بگولا / بگوُلا: [ہ۔ اند] چکر کھاتی ہُوئی ہوا۔ گردباد۔ بونڈلا۔ دیوباد

بگولا / بگولے اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] بونڈلا پیدا ہونا۔ گردباد پیدا ہونا۔

بگولا / بگولے اُڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بگولا اُٹھنا"

بگولے کی بلندی ہے: [ا۔ مثل] عارضی ہے۔ تھوڑی دیر میں پست ہو جائیگا

بگونا: [ہ۔ ا۔ مص] الزام دینا۔ الزام لگانا۔ بدنام کرنا۔ عیب یا دوس لگانا۔ (۲) مذمت کرنا۔ تحقیر کرنا (۳) تضحیک کرنا۔ ٹھٹھا کرنا (۴) برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ نقصان کرنا۔

بگویا / بگوئی: [ہ۔ امث] بدگوئی کا بگاڑ (۱) غیبت۔ بُرا کہنا۔ عیب جوئی۔ الزام۔ تہمت

بگوئیا: [ہ۔ اند] غیبت کرنے والا۔ بدی بیان کرنے والا۔

بگھار: [ہ۔ اند] گھی یا تیل جس میں پیاز وغیرہ ڈال کر مختلف سالنوں اور کھانوں میں داغ دیا جاتا ہے۔ چھونک

بگھار ڈالنا: [ا۔ محاورہ] ریزہ ریزہ کر دینا۔ ڈھانا

بگھار لگانا / دینا: [ا۔ محاورہ] ا۔ داغ کرنا (۲) شراب پی کر حقّہ سگریٹ وغیرہ کا دَم لگانا۔

بگھارنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ داغ کرنا (۲) مسالے کو گھی میں بھون کر ترکاری گوشت وغیرہ میں ڈالنا۔ تڑکنا۔ چھونکنا۔ بھونا۔ تلنا۔ ۳۔ بولنا (بطور حقارت) ۳ شیخی کے ساتھ ڈینگ مارنا (۴) (لکھنؤ) جامن کے پھلوں کو کسی برتن

میں ڈال کر اوپر سے پسا ہُوا نمک شامل کر کے ہلانا / اُچھالنا تاکہ چھل پھٹ کر نمک خوب پیوست ہو جائے (۵) نخرے کرنا۔

بگھرا / بگھیرا : [ہ۔ اند] چیتا۔ بھیڑیا

بگھن : [ہ۔ امث] مزاحمت۔ روک ٹوک۔ اٹکاؤ۔ ممانعت۔ مخالفت۔ تعرض امتناع۔ سدِ راہ (۲) روٹی کھاتے ہوئے حقّہ پینا

بگھن ڈالنا : [ا ر محاورہ] ا۔ رکاوٹ ڈالنا۔ مزاحمت کرنا۔ مخالفت کرنا

بگھن کرنا : [ا ر محاورہ] تکلیف دینا۔ مارنا۔ قتل کرنا

بگھن مچانا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " بگھن کرنا "

بگھی : [انگ۔ امث] buggy ایک گاڑی جس میں دو یا چار گھوڑے جوتے جاتے ہیں

بگھیل / بگھیلا : [ہ۔ اند] شیر کا بچہ (۲) راجپوتوں کی ایک ذات

بگ ہنس : [ہ۔ اند] سیاہی مائل۔ سفید ہنس

بگہی (بگ ہی) : [ہ۔ امث] ایک قسم کی بڑی مکھی جو گھوڑوں کو بہت ستاتی ہے۔ ڈانس۔

بگیر بچہ : [ف۔ اند] ایک رسم جو چھٹی میں زچہ کو تارے دکھانے کے بعد ادا کی جاتی تھی۔

بگیری : [ہ۔ امث] ایک قسم کی چھوٹی چڑیا۔ برگیل

بگیلنا : [ہ۔ ا ر مص] پھینکنا۔ دھکیلنا (گنوارو)

بگینی : [ہ۔ امث] دیکھئے " بکینی "

ب ــــ ل

بل : [انگ۔ اند] bill قبض الوصول۔ حساب کی فرد۔ ہُنڈی۔ چیک (۲) مسودۂ قانون جو منظوری کے لیے پیش کیا جائے۔

بل ادا کرنا : [ا ر محاورہ] فردِ حساب کے بموجب روپیہ ادا کرنا۔

بل ارسال کرنا / بھیجنا : [انگ۔ ا ر۔ مصدر مرکب] فردِ حساب بھیجنا۔

بل بنانا : [انگ۔ ا ر مصدر مرکب] فردِ حساب بنانا

بل پاس کرنا : [انگ۔ ا ر۔ مص۔ مرکب] حساب کی فرد منظور کر کے روپیہ ادا کرنے کا حکم دینا۔

بل پاس ہونا : [انگ۔ ا ر۔ مصدر وضعی] دیکھئے " بل پاس کرنا " جس کا یہ لازم ہے (۲) مسودہ قانون منظور کر کے قانون کی شکل دینا۔

بل جاری کرنا : [انگ۔ ا ر۔ مرکب] چیک یا ہنڈی کاٹنا، جاری کرنا۔

بل جاری ہونا : [انگ۔ ا ر مصدر وضعی] دیکھئے " بل جاری کرنا " جس کا یہ لازم ہے۔

بل دینا : [انگ۔ ا ر مص مرکب] فردِ حساب بھیجنا

بل سرکاری : [انگ۔ ا ر مذ] خزانے کا حکم۔ ہُنڈی۔ چیک

بل کاٹنا : [انگ۔ ا ر۔ مص مرکب] فردِ حساب کے نرخ یا قیمت میں کمی کرنا۔

بل منظور کرنا : [انگ۔ ا ر۔ مص مرکب] دیکھئے " بل پاس کرنا "

بل منظور ہونا : [انگ۔ ا ر۔ مص مرکب] دیکھئے بل منظور کرنا جس کا یہ لازم ہے

بل : [ہ۔ اند] غار۔ بھٹ۔ سوراخ۔ خصوصاً وہ سوراخ جس میں چوہے رہتے ہوں۔ بلی کو بھگانے کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔

بل (۲) : [ہ۔ اند] ایک درخت اور اس کا پھل جو گیند کی مانند گول، چھلکا بہت سخت اندر زرد رنگ کا گودا ہوتا ہے جس میں بہت لیس یا چیپ ہوتا ہے۔ ذائقہ میں شیریں۔ یہ عموماً دواؤں میں کام آتا ہے۔

بل ڈھونڈنا : [ا ر محاورہ] چھپنے کی جگہ تلاش کرنا۔ پناہ تلاش کرنا۔ چھپتے پھرنا۔

بل / بلوں میں گھسنا : [ا ر محاورہ] اپنی اپنی جگہ پر چلے جانا۔ چھپنا۔

بل : [ہ۔ ا۔ مث] عورت کی شرمگاہ / جائے مخصوص۔ فرج

بَل : [ہ۔ اند] بال کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

بل تاڑ : [ہ۔ اند] وہ نر تاڑ جس میں پھل کی بجائے بالیں نکلتی ہیں۔

بل توڑ / بلتوڑ : [ہ۔ اند] دیکھئے " بال توڑ "

بَل : [س ہ۔ اند] زور۔ قوت۔ طاقت۔ توانائی۔ شکتی۔ قدرت۔ ہمت۔ برتا (۲) قابلیت۔ لیاقت (۳) کبر۔ غرور۔ نخوت (۴) تیزی۔ تندی۔ سختی۔ شدت۔ درشتی۔ (۵) پہلو۔ جانب۔ رُخ۔ کروٹ (۶) کوشش۔ سعی۔ جد و جہد۔ محنت۔ جتن۔ اُپائے (۷) سہارا۔ حمایت۔ مدد (۸) فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔ دَل۔ عسکر (۹) فربہی۔ مٹاپا۔ (۱۰) حمایت (۱۱) پیچ۔ مروڑ۔ پیٹ۔ اینٹھ۔ خم۔ کجی۔ ٹیڑھ (۱۲) قربانی۔ نذر۔ بھینٹ (۱۳) چین۔ جبیں (جیسے پیشانی میں بل آ گیا) ۱۴۔ بغض۔ کینہ۔ کپٹ (جیسے اُن کے دل میں بل ہو) ۱۵۔ سلوٹ۔ شکن جیسے پیٹ میں بل پڑ گئے ۔ تلوار کی کجی جو کسی صدمہ کی وجہ سے ہو جاتی ہے۔ کمر کا ٹیڑھا پن۔ ۱۷۔ دیوتا کا بھوگ (۱۸) رنجش۔

بَل آنا : [ا ر محاورہ] ٹیڑھا ہونا۔ شکن پڑنا۔ پیچ پڑنا (۲) فرق آنا۔ خلل پڑنا (۳) حساب میں میزان کا برابر ہونا (۴) اینٹھ جانا۔

بَل اُترنا : [ا ر محاورہ] پیچ دُور ہونا۔ غصہ دُور ہونا۔

بَل بَل جانا : [ا ر محاورہ] صدقے ہونا۔ قربان ہونا۔

بَل بوتا : [ہ۔ اند] طاقت۔ قوت۔ سہارا۔ آسرا۔

بَل بھرنا : [ا ر محاورہ] زور میں آنا۔ طاقت جتانا۔ زور دکھانا (۲) کبیدہ خاطر ہو جانا۔ ناخوش ہونا۔ خفا ہونا۔

بَل بے : [ا ر کلمہ تحسین] واہ واہ۔ آہا۔ کیا خوب۔ مرحبا۔ شاباش (آجکل مستعمل نہیں)

بَل بے چھپنی تیرا دل : [ہ۔ مثل] کم حوصلہ اور کم حقیقت کے غرور پر بولتے ہیں۔

بل بے جما تیری دھج : [ہ۔ مثل] کسی اترانے والے بدوضع شخص کے متعلق تحقیراً کہتے ہیں۔

بَل پر کودنا : [ا ر محاورہ] سہارے پر نازاں ہونا۔ بھروسا پر اترانا۔

بَل پڑ جانا / پڑنا : [ا ر محاورہ] کجی ہونا (۲) شکن پڑنا۔ چین پڑنا۔ بٹ پڑنا ۳۔ حساب میں فرق پڑنا۔ کمی رہنا۔ میزان نہ ملنا (۴) رکاوٹ ہونا (۵) بگاڑ ہونا۔ ان بن ہونا۔ نفاق ہونا (۶) خرابی آنا (۷) گانٹھ لگ جانا۔ مروڑ پڑ جانا۔

بَل جانا : [ا ر۔ مص۔ مرکب] مروڑ مٹنا۔ پیچ دُور ہونا۔

بَل چڑھنا : [ا ر محاورہ] قوت آنا۔ بااثر ہونا۔ باوقعت ہونا۔

بل دار : [ہ ف صف] پیچیدہ۔ مروڑا ہُوا۔ بٹا ہُوا (یہ ترکیب غلط ہے)

بل دان : [ہ۔ اند] ہندو فقیروں کا نفس کشی کا ایک طریقہ جس میں اپنے آپ کو کسی بُت پر بھینٹ چڑھا کر خودکشی کر لیتے ہیں۔ نذر۔ چڑھاوا۔ قربانی خُدا کے نام کی قربانی۔

بَل دینا : [ا ر محاورہ] بٹنا۔ خم دینا۔ مروڑنا۔ لپیٹنا۔ اینٹھنا (۲) فدیہ دینا۔

قربانی دینا: نذر چڑھانا۔ بھینٹ دینا

بَل ڈالنا: [ا۔ محاورہ] شکن ڈالنا۔ پیچ ڈالنا

بَل رکھنا: [ا۔ محاورہ] عداوت رکھنا۔ رنجش رکھنا

بَل رہ جانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ پیچ رہنا (۲) عداوت رہنا۔ رنجش رہنا۔ ۳۔ فرق رہنا۔

بَل رہنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بل رہ جانا"

بَل کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اینٹھنا۔ ٹیڑھا ہونا (۲) پیچ و تاب کھانا۔ غصّہ کرنا (۳) اترانا غرور کرنا (۴) کینہ رکھنا۔ بُغض رکھنا ۵ قربانی کرنا۔

بَل کھانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ پیچ و تاب کھانا۔ غصّے میں آنا (۲) ٹیڑھا ہونا۔ ترچھا ہونا۔ جھکنا (۳) کُڑا بیٹھنا۔ زور دکھانا۔

بَل کھُلنا: [ا۔ محاورہ] خم نکلنا۔ سیدھا ہونا۔ مروڑ اُدھڑنا۔ پیچ کھُلنا (۲) سلجھنا۔ صاف ہو جانا (۳) رنجش دُور ہونا۔ غصہ دفعہ ہونا (۴) گھمنڈ دُور ہونا۔

بَل کھولنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بل کھُلنا" جس کا یہ متعدّی ہے۔

بَل کی بات۔ [ا۔ امث] شرارت۔ چالاکی۔ پیچ دار بات

بَل کی لینا: [ا۔ محاورہ] اترانا۔ غرُور کرنا

بَل لانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بل کرنا"

بَل میں آنا: [ا۔ محاورہ] مغرور ہونا تیہے میں آنا

بَلنا: [ا۔ مص] ٹَلنا۔ بل دینا (۲) کسی زیور میں ڈورا بٹ کر ڈالنا۔ پٹولی کا کام کرنا۔

بَل نکال دینا / نکالنا: [ا۔ محاورہ] کجی دُور کرنا۔ سیدھا کرنا (۲) سزا دینا (۳) درست کرنا (۴) فرق نکالنا (۵) غرور ڈھانا۔

بَل نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بل نکالنا" جس کا یہ لازم ہے (۱) بدلہ ملنا۔ حساب صاف ہو جانا۔ راضی نامہ ہونا۔ صفائی ہونا۔

بَل ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ حساب کتاب میں فرق یا کمی بیشی ہونا (۲) پیچ ہونا۔ ۳۔ زور رہنا۔ قوت ہونا (۴) سہارا ہونا۔ بِرتا ہونا۔ حمایت ہونا۔

بَلّا: [ہ۔ اِمذ] ۱۔ شہتیر۔ کڑی۔ ڈنڈا (۲) کشتی کا قلابہ (۳) لکڑی کا ایک آلہ جس سے گیند کے ساتھ کھیلتے ہیں۔ جیسے کرکٹ۔ ٹینس وغیرہ۔

بِلّا: [ہ۔ اِمذ] "بِل" کی تصغیر۔ چھوٹا سا سُوراخ

بِلّا: [ہ۔ اِمذ] بِلّی کا نر۔ گربہ نر

بِلّا: [ہ۔ اِمذ] تمغا۔ نشان جو علامت پولیس اور فوج کی وردی پر بنی ہوتی ہے یا علیحدہ لگی ہوتی ہے (۲) وُہ فینہ جو تلوار یا خنجر کے دستے میں اس غرض سے باندھتے ہیں کہ میان سے الگ نہ ہو جائے

بُلّا: [ہ۔ اِمذ] حباب۔ بُلبُلا [افعال: اُٹھنا۔ ٹوٹنا

بَلا: [ع۔ امث] تکلیف۔ مصیبت۔ آفت۔ قہر۔ بِپتا۔ دُکھ۔ اِیذا (۲) سختی۔ زحمت مشقت۔ (۳) آسیب سایہ۔ جن بھُوت (۴) وُہ شخص جو نہایت تکلیف کا باعث ہو۔ بڑا بُرا اور شرارتی آدمی۔ کمینہ یا ناچیز شے (۵) حد سے زیادہ چیز جیسے انتہا چیز۔ شے (۶) پاپوش۔ بیزار کی جگہ (۸) (صف) چُست۔ چالاک۔ مشّاق۔ تیز۔ قیامت۔ غضب۔ (۹) خوفناک۔ مہیب۔ بھیانک (۱۰) حد سے زیادہ غضب کا (۱۱) آزمائش (۱۲) سختی غم جو جسم کو دُبلا کرے اور شاق ہو (۱۳) (عو) ڈائن۔ چڑیل

بَلا آنا: [ا۔ محاورہ] آفت آنا۔ مصیبت (۲) انقلاب آنا

بَلا اپنے گلے باندھنا: [ا۔ محاورہ] کوئی عیب لگا لینا۔ کوئی مصیبت اپنے اُوپر لینا۔

بَلا اُترنا: [ا۔ محاورہ] خدا کی طرف سے تکلیف آنا۔ آسمان سے مصیبت کا اُترنا / نازل ہونا

بَلا بدتر / بتر: [ا۔ صف] نہایت ہی خراب۔ ناکارہ۔ نکمّا

بَلا بوغما: [ا۔ صف] ۱۔ الم غلم۔ فضول۔ واہیات (۲) بدشکل۔ بھدّا۔ موٹا۔ بدسلیقہ۔ بدتہذیب۔ بے ہودہ۔ پھُوہڑ۔

بَلا پالنا: [ا۔ محاورہ] بکھیڑے کی چیز۔ محبت کے ساتھ رکھنا۔

بَلا پڑنا: [عو] [ا۔ محاورہ] جھگڑا پڑنا۔ مصیبت پیش آنا۔

بَلا پیچھے لگانا: [ا۔ محاورہ] مفت کی مصیبت مول لینا۔ خود مصیبت میں مبتلا ہونا۔ روگ لگا لینا۔

بَلا پیچھے لگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بلا پیچھے لگانا" جس کا یہ لازم ہے

بَلا ٹالنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت سے پیچھا چھڑا لینا۔

بَلا ٹلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بلا ٹالنا" جس کا یہ لازم ہے

بَلا جانے: [ا۔ محاورہ] بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔ یعنی میری پیزار سے / پاپوش سے

بَلا جھیلنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت برداشت کرنا۔

بَلا چَٹ: [ا۔ صف] اناپ شناپ کھانے والا۔ بہت کھانے والا۔ ہر چیز کھا جانے والا۔

بَلا چین: [ا۔ صف] بلائیں لینے والا / والی

بَلا خیز: [ا۔ صف] مصیبت انگیز۔ ہیبت ناک

بَلا دفع کرنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت ٹالنا۔ تکلیف رفع کرنا۔

بَلا دُور ہو / بَلا دُور رہے: [ا۔ کلمہ دُعا] دعائیں۔ مصیبت دُور رہے اللہ تکلیف سے بچائے۔

بَلا رَد کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بلا دفع کرنا"

بَلا رَد ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بلا رَد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَلا زَدہ: [ا۔ صف] آفت زدہ۔ مصیبت کا مارا ہُوا

بَلا سَر پر آنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت پڑنا

بَلا سَر پڑنا: [ا۔ محاورہ] خواہ مخواہ مصیبت آنا۔ کسی کا لڑائی جھگڑا کسی کے ذمّہ پڑ جانا۔ جھگڑا کسی کا۔ مصیبت میں کوئی پھنسے

بَلا سَر سے ٹالنا: [ا۔ محاورہ] ذمہ داری دُور کرنا۔ مصیبت دُور کرنا۔

بَلا سَر سے ٹلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بلا سر سے ٹالنا" جس کا یہ لازم ہے

بَلا سَر لینا: [ا۔ محاورہ] تکلیف یا ذمّہ داری اپنے اُوپر لینا۔

بَلا سَر منڈھنا: [ا۔ محاورہ] الزام لگنا۔ مصیبت پڑنا

بَلا سَر منڈھی جانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بلا سر منڈھنا"

بَلا سے: [ا۔ متعلق فعل] جُوتی سے۔ بیزار سے۔ کچھ پرواہ نہیں۔

بَلا سے نجات پانا: [ا۔ محاورہ] مصیبت سے چھٹکارا حاصل کرنا۔

بَلا کا: [ا۔ صف] غضب کا۔ آفت کا انتہا کا۔ بہت تیز۔ بہت چالاک۔

بَلا کا آدمی ہے: [ا۔ فقرہ] بُرا ہوشیار ہے (۲) بہت محنت کش آدمی ہے

بلا کا بنا ہُوا ہونا: [ار محاورہ] نہایت چالاک ہونا۔ بہت ہوشیار ہونا۔
بلا کا پُتلا: [ار۔ امذ] نہایت چالاک۔ سخت پھرتیلا۔
بلا کا سر پر بولنا: [ار محاورہ] جن یا بھوت کا کسی کے سر پر آکر اپنا نام و نشان بتانا۔
بلا کاٹنا: [ار محاورہ] مصیبت دُور کرنا۔ جھگڑا ختم کرنا۔
بلا کٹنا: [ار محاورہ] مصیبت دور ہونا۔ جھگڑا ختم ہونا۔
بلا کش: [ار صف] مصیبت اٹھانے والا۔ آفت جھیلنے والا (۲) مجازاً عاشق
بلا کو اپنے سر لینا: [ار محاورہ] مصیبت اپنے اوپر لینا
بلا کو کیا غرض: [ار محاورہ] کیا پروا ہے۔ پاپوش کو کیا پڑی ہے۔
بلا کی: [ار صف] بے حد۔ بہت۔ انتہا کی۔
بلا کی طرح پیچھے پڑنا: [ار محاورہ] پیچھا نہ چھوڑنا بُری طرح سر ہونا (۲) درپئے نقصان ہونا۔
بلا کی طرح لپٹنا: [ار محاورہ] گلے پڑنا۔ خوامخواہ سر ہونا۔ حجّت کرنا۔ بُری طرح سر ہونا۔
بلا کی طرح نازل ہونا: [ار محاورہ] یکایک لوگوں کو تکلیف دینے کے لیے آجانا
بلا گردان: [ار صف] وُہ شخص جو دُوسروں کی مصیبت اپنے سر لے۔ (۲) صدقے ہونے والا۔ قربان ہونے والا۔
بلا گردی: [ار۔ امث] تصدق۔ قربانی کا عمل۔
بلا گلے پڑنا: [ار محاورہ] مصیبت آپڑنا
بلا لگانا: [ار محاورہ] روگ لگانا
بلا لگنا: [ار محاورہ] روگ لگنا۔ مصیبت آنا۔
بلا لینا: [ار محاورہ] نثار ہونا۔ صدقے ہونا۔ پیار کرنا۔
بلا مار جانا: [ار محاورہ] آفت آجانا
بلا مول لینا: [ار محاورہ] اپنے سر مصیبت لینا
بلا میں پڑ جانا / پڑنا: [ار محاورہ] مصیبت میں مبتلا ہونا۔
بلا میں پھنسنا: [ار محاورہ] دیکھیے "بلا میں پڑ جانا"
بلا میں گرفتار ہونا: [ار محاورہ] دیکھیے "بلا میں پڑ جانا"
بلا نازل ہونا: [ار محاورہ] مصیبت آنا۔ قہرِ خدا آنا
بلا نصیب: [ار صف] بدقسمت۔ بدنصیب
بلا نکلنا: [ار محاورہ] آفت ہونا غضب کا ثابت ہونا۔ ظالم ہونا۔
بلا نوش: [عف صف] بہت کچھ کھانے والا۔ بہت زیادہ شراب پینے والا۔
بلا ہوجانا: [ار محاورہ] آفت بن جانا۔ مصیبت بن جانا۔
بلاؤں: [ار۔ امث] بلا کی جمع
بلاؤں سے بچنا: [ار محاورہ] مصیبتوں سے بچنا۔ تکلیفوں سے بچا رہنا۔
بلائے آسمانی [عف۔ امذ] اگہانی مصیبت۔ خدا کا قہر
بلائے بد: [عف صف۔ امث] بُری بلا۔ نہایت شریر
بلائے بے درماں: [عف۔ امث] لاعلاج مصیبت
بلائے جان: [عف۔ امث] جی کا جنجال۔ جان کی مصیبت
بلائے روزگار: [عف۔ امث] آفت دوراں۔ نہایت چالاک۔ نہایت شریر۔ سخت ظالم شخص۔

بلائے مجسّم: [عف۔ امث] بلا کا پُتلا۔ سچ مُچ کی بلا۔
بلائے ناگہانی: [عف۔ امث] دفعتاً آجانے والا مصیبت۔ ایسی مصیبت جس کا سان گمان تک نہ ہو۔
بلائیں: [عف۔ امث] بلا کی جمع
بلائیں لینا: [ار محاورہ] بہت پیار کرنا۔ قربان ہونا۔ عورتوں کا عزیزوں بچّوں کے سر پر ہاتھ پھیر کر اپنی کنپٹیوں پر دونوں ہاتھ رکھ انگلیاں چٹخانا۔ ۳۔ بلا گردان ہونا (۴) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔
بلا: [عف حرف نفی] بجز۔ بغیر۔ سوا۔ بے۔ بدون۔ بنا۔ بن (اس حرف کا عربی کا کوئی وجود نہیں ہے۔ اس لیے محتاط لوگ اسے استعمال نہیں کرتے۔
بلا اُجرت: [عف صف] بغیر مزدوری کے
بلا ارادہ: [عف صف] بے قصد
بلا اکراہ و اجبار: [عف صف] بغیر کراہیت اور جبر کے۔ (۲) رضا و رغبت سے۔ مرضی سے۔
بلا اشتباہ: [عف صف] بے شبہ
بلا انتظار: [عف صف] بغیر انتظار کیے
بلا اندیشہ: [عف صف] بغیر خطرے کے۔ بغیر ڈر کے۔
بلا تامل: [عف صف] دیکھیے "بلا توقف"
بلا پس و پیش: [عف صف] بغیر ہچکچاہٹ۔ فوراً
بلا تحاشا: [عف مشتق منہا] بے خوف۔ بے تکلیف
بلا تردد: [عف صف] بے تامّل۔ بے وسواس
بلا تشبیہ: [عف صف] بغیر نسبت دیئے۔ بلا مناسبت۔ جب کوئی تشبیہ ایسی دیتے ہیں جو نا موزوں و مناسب ہو تو کہتے ہیں۔
بلا تصرّف: [عف صف] بغیر مداخلت کے۔
بلا تصنّع: [عف صف] بغیر بناوٹ کے۔ درست۔ ٹھیک ٹھیک۔
بلا تکلّف: [عف صف] بے ساختہ۔ فی البدیہہ۔ بے روک ٹوک۔ برجستہ۔
بلا توقف: [عف صف] بغیر دیر کے۔ فوراً۔ جلد۔ اُلٹے پاؤں۔
بلا ٹھور ٹھکانے: [عف صف] بغیر واقفیت۔ بغیر ٹھہرنے کی جگہ کے۔
بلا حساب: [عف صف] بے حساب۔ بہت زیادہ۔
بلا سان گمان: [عف صف] جس کا پہلے سے خیال نہ ہو۔ غیر متوقع۔
بلا سبب: [عف صف] خوامخواہ بغیر وجہ کے
بلا سمجھے بوجھے: [عف صف] بلا سوچے سمجھے۔ بلا شبہ۔ بغیر توقف کے
بلا شبہ: [عف صف] یقینی۔ بغیر شک کے۔
بلا شرط: [عف صف] بغیر شرط کے۔ یونہی۔ بغیر عہد و پیمان کے
بلا شرکت غیرے: [عف صف] بغیر کسی کی شرکت کے۔ ساجھے کے بغیر۔
بلا شک: [عف صف] بے شبہ۔ البتہ۔ بے شک
بلا عذر: [عف صف] بغیر عُذر کے
بلا غل و غش: [عف صف] بلا فکر۔ بغیر کھٹکے
بلا فصل: [عف صف] بغیر رکنے کے۔ لگاتار جاری رہنا۔ بغیر فاصلہ کے۔
بلا فیس [ار۔ انگ صف] بغیر اُجرت کے۔

بلاقید: [ع‌ف صف] بلا شرط۔ بلا روک ٹوک

بلاکم و کاشت: [ع‌ف صف] بغیر کمی کے۔ پُورا پُورا

بلامرضی: [ع‌ف صف] بغیر رضا مندی کے۔ بغیر قبولیت کے۔

بلامیعاد: [ع‌ف صف] بغیر وقت مقرر کیے کے۔

بلاناغہ: [ع‌ف صف] سلسلہ وار متواتر۔ ہر روز

بلاواسطہ: [ع‌ف صف] براہِ راست۔ سیدھا۔ بغیر ذریعہ کے۔ بغیر سفارش کے ناحق۔ بغیر کسی غرض کے۔

بلاواسطے: [ار صف] بے سبب۔ خواہ مخواہ

بلاوجہ: [ع‌ف صف] خواہ مخواہ بے وجہ کے۔ ناحق

بلاوسواس: [ع‌ف صف] بغیر ڈر۔ بغیر ہچکچاہٹ۔ بے ڈر کے۔ فوراً۔

بلاوضعات: [ع‌ف صف] بغیر کمی کے۔ بغیر مُجرا کیے۔ بغیر کاٹ کے۔

بُلا بھیجنا: [ار محاورہ] طلب کرنا۔ بلوانا۔ کسی کے ذریعہ بلانا۔ پیام دینا۔

بلاپ: [ھ۔ اند] رونا پیٹنا، ماتم

بلاد: [ع۔ اند] بلدہ کی جمع۔ شہر۔ قصبے۔ ممالک۔ صوبے

بلادت: [ع۔ امث] کُند ذہنی۔ بے وقوفی

بلادُر: [ف۔ اند] ایک درخت اُس کا پھل۔ بھلانواں

بلاس: [ھ۔ اند] خوشی۔ خرمی۔ فرحت۔ سرُور۔ عیش و عشرت۔ راگ رنگ آنند مزہ۔ لطف۔ لذت (۲) حظِ نفس۔ عیاشی۔ مباشرت۔ رنگ رس۔

بلاسنا / بلاس کرنا: [ار محاورہ] عیش کرنا۔ مزے اُڑانا

بلاسی: [ھ صف] عیاش۔ عیاشی کرنے والا (۲) (مذکر) عیاش آدمی۔ بندۂ عیش۔ آنند پُرش۔

بَلاغ: [ع۔ اند] پہنچانا۔

بلاغت: [ع۔ امث] خوش گفتاری۔ شیریں کلامی (۲) کم از کم الفاظ میں موقع محل کے مطابق زیادہ سے زیادہ مطلب بیان کرنا۔

بلاغت آیین: [ع۔ صف] بلیغ۔ فصیح **بلاق**: [ت۔ اند] ناک کی درمیانی ہڈی (۲) ایک زیور جو اس ہڈی میں پہنایا جاتا ہے۔ **بلاک**: [انگ۔ اند] ۱۔ عمارت کا حصہ۔ سلسلۂ عمارت (۲) چھپائی کے سانچے کا بُلد

بلالانا [ار۔ مص] ہمراہ لانا۔ ساتھ لے آنا۔ پکارنا

بُلالینا: [ار محاورہ] طلب کرنا۔

بُلانا: [ار مص] پکارنا۔ آواز دینا۔ طلب کرنا (۲) حقہ کا آواز دینا۔

بُلانا چلانا: [ار محاورہ] بُلانا طلب کرنا۔

بلا جانا: [ار محاورہ] غائب ہو جانا۔

بلانا: [ار مص] تڑپنا۔ زار و زار رونا۔ چیخنا

بلاند: [ھ۔ امث] بالشت

بلاؤ: [ھ۔ اند] بلا۔ گربۂ نر

بلاوا: [ھ۔ اند] دعوت۔ نیوتا۔ طلبی

بلاوا پھرنا: [ار محاورہ] بلانے کا پیغام جانا۔ جو عموماً نائی یا نائن لے جاتے ہیں۔

بلاوا دینا: [ار محاورہ] نائی کے ذریعہ بلاوے کا پیغام بھیجنا۔

بلاول / بلاولی: [ھ۔ اند و امث] ۱۔ ایک ٹھاٹھ کا نام۔ جو سارے گاما پادھانی پر مشتمل ہے اسکا دوسرا نام شنکر بھرن میل ہے (۲) ایک راگنی کا نام۔ جس میں ساتوں سُر لگتے ہیں۔ اس کے گانے کا وقت رات ہے۔

بلائی: [ھ۔ امث] بلی۔ گربۂ مادہ۔

بُلائی نہ چلائی میں دُلہن کی تائی: [ار مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی خود بخود بن بلائے آجائے اور پھر تعلق یا قرابت داری ظاہر کرے۔

بلائی کند: [ھ۔ اند] ایک دوائی کا نام ہے

بُلائی نہ چلائی میرے تین نخرے: [ار مثل] وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی بن بلائے آکر حصے مانگنے شروع کر دے۔

بَلب: [انگ۔ اند] bulb قمقمہ۔ برقی قمقمہ۔ بجلی کا چراغ۔

بُلبُل: [ف۔ اند۔ مث] ایک خوش آواز۔ چھوٹا سا خاکستری رنگ کا پرندہ۔ جو ایران میں پایا جاتا ہے۔ ہند و پاکستان میں ایک سُرخی مائل بھورے رنگ کے پرندے کو جس کی دُم کے نیچے سُرخ داغ ہوتا ہے۔ بلبل کہتے ہیں۔ اگرچہ اس کا نام گُل دُم ہے۔

بُلبُل چشم: [ف۔ اند] (بلا اضافت) ایک قسم کا ریشمی کپڑا، جس کی بناوٹ چارخانہ و کھیس کی سی ہوتی ہے اور اس میں بُلبُل کی آنکھوں سے مشابہ نشان بنے ہوتے ہیں۔

بُلبُل کا طغرا: [ع۔ ار۔ اند] اس طرح لکھنا کہ حروف سے بُلبُل کی شکل بن جاتے۔

بلبلِ ہزار داستان: [ف صف] (باضافت) خوش بیان۔ شیریں کلام۔ دلکش گفتگو کرنے والا۔

بُلبُلا: [ھ۔ اند] ۱۔ پانی کا بُلا۔ پانی میں ہوا بھرنے یا کسی چیز کے سڑکر اُبلنے سے جو گول سی شکل بنتی ہے حباب (۲) مجازاً ناپائیدار

بِلبِلا اُٹھنا: (بہ کسرہ اول وسوم) [ار محاورہ] تکلیف سے چیخ پڑنا بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا بے قرار ہونا۔

بِلبِلا پڑنا / جانا: [ار محاورہ] بے تاب ہونا۔ بدحال ہونا۔ عاجز آنا۔ منتیں کرنا۔

بَلبَلانا: [ار مص] (بہ فتحہ اول وسوم) ۱۔ اونٹ کا مست ہوکر بولنا۔ چلانا (۲) مستی پر آنا (۳) غصہ میں لال پیلا ہونا خفا ہونا۔ جھنجھلانا۔ غرانا (۴) جوش مارنا۔ پھدپھدانا۔ کھدربدر ہونا۔

بِلبِلانا (بہ کسرہ اول وسوم) [ار مص] ۱۔ بے تاب ہونا۔ تڑپنا (۲) بے قراری سے رونا، چلانا (۳) بچہ کا زار زار رونا، بھوک سے بے تاب ہونا (۴) منت و زاری کرنا۔ گڑگڑانا (۵) چوٹ یا درد سے بلکنا (۶) خواہش مند ہونا۔ (۷) مشتاق ہونا۔

بُلبُل ٹین / بلبُل ٹین: [انگ۔ اند] انگریزی velveteen کا بگاڑ) نقلی مخمل۔ مخمل سے مشابہ سُوتی کپڑا۔

بُلبُلی: [ف صف] بُلبُل سے منسوب۔ بُلبُل کے رنگ کی شراب۔

بلبوس: [ع۔ امث] پیاز سے مشابہ ایک نبات جو طبی لحاظ سے پیاز سے زیادہ مفید ہے۔ جنگلی پیاز

شعر

یہ گُل کھلاتی ہیں آب و ہوا کی تربیتیں۔
کہ ہے پیاز کو لاف منافع بلبوس (مومن)

بُل بھکوا: [ھ صف] لالچی۔ حریص۔ بوالہوس۔ بڑھاپے میں جوانوں کی سی حرکتیں کرنے والا۔

بلمانا: (بہ کسرِ اوّل) [ا۔ ر۔ مص] ۱۔ صرف کرنا۔ ضائع کرنا۔ برباد کرنا (۲) (عامیانہ) مچلنا

بلمٹنا: (بہ کسرِ اوّل و فتحہ دوم) [ا۔ ر۔ مص] دیکھیے "بلمانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بلٹی: [ا۔ ر۔ امث] (انگریزی billet سے ماخوذ) ۱۔ مال کی رسید جو ریل یا جہاز کے دفتر میں کہیں بھجوانے کے لیے مال جمع کرانے پر ملتی ہے۔ منزلِ مقصود پر مال پہنچنے کے بعد یہ رسید دکھا کر مال وصول کیا جاتا ہے (۲) اشیاء کی فہرست۔ حساب کی فرد۔

بلچیک: (بہ فتحِ اوّل و سوم) [ہ۔ امث] ۱۔ قبضۂ شمشیر کی ضرب ۲۔ تلوار کی پیک

بلد: [ع۔ امذ] ۱۔ خطۂ زمین (۲) بستی۔ شہر

بلد: [ف۔ صف] واقف۔ راہ نما۔ راہبر

بلدہ: [ع۔ امذ] بستی۔ قصبہ۔ شہر

بلدیات: [ع۔ امث] دیکھیے "بلدیہ" جس کی یہ جمع ہے۔

بلدیہ: [ع۔ امث] عوام کے انتخاب کردہ ارکان پر مشتمل وہ ادارہ جو شہر کی صفائی، روشنی وغیرہ کا انتظام کرتا ہے۔ انگریزی لفظ (MUNICIPALITY) کا ترجمہ۔

بلدیاتی: [ع صف] بلدیہ سے متعلق و منسوب

بلڈ ہاگ: [انگ۔ امذ] بڑے سر والا خوفناک کتا۔

بل رانڈ: [ہ۔ امث] دیکھیے "بال بدھوا"

بلسان: [ع۔ امذ] مصر کے ایک مشہور درخت کا نام جن کے پتوں سے روغن نکلتا ہے۔ جو بطور دوا مستعمل ہے۔

بلسنا: [ہ۔ مص] ۱۔ زندگی کا لطف اٹھانا۔ آرام پانا (۲) برتنا۔ استعمال میں لانا۔ کام نکالنا

بلعوم: [ع۔ امذ] نرخرا۔ گلا۔ ع: جام سے گر کوئی پی جائے تری نہی کے بعد
زہر کھا دے پئے درمان خراشِ بلعوم (مومن)

بلغا: [ع۔ صف] دیکھیے "بلیغ" جس کی یہ جمع ہے

بلغار: [ع۔ امذ] ایک بودار روسی چمڑا جو بطور دوا زخم بھرنے اور مرض خفقان میں کام آتا ہے

بلغم: [ع امذ] ۱۔ انسانی جسم کی چار خلطوں میں سے ایک (۲) کف۔ کھنکار

بلغم کرنا: [ا۔ محاورہ] منہ اور ناک کے راستے بلغم خارج ہونا۔

بلغمی: [ع۔ ا۔ صف] ۱۔ مرطوب۔ بادی۔ بلغمی مزاج والا (۲) موٹا (۳) کاہل۔ سست (۴) موٹی سمجھ والا۔

بلک: [ہ۔ فعل] دیکھیے "بلکنا" جس کا یہ امر ہے۔

بلکانا: [ا۔ ر۔ مص] بچوں کو رلانا۔ چھڑکانا۔ بے چین۔

بلکنا: [ہ۔ مص] بےتاب ہونا۔ بے چین ہونا۔ رونا۔ چیخنا۔ چلّانا

بلکہ: [ع۔ ف۔ حرف اضراب] پھر بھی۔ سوا۔ علاوہ۔ اس سے بھی بڑھ کر۔

بل گوندھن: [ہ۔ امث] ۱۔ شادی کی رسم جس میں دولھن کے سر کے بال گوندھے جاتے ہیں۔ نصابات میں اس کو بٹیاں بھی کہتے ہیں (۲) لڑکیوں کے بال گوندھنے کی تقریب

بللا: [ہ۔ صف۔ مذ] بے وقوف۔ بیہودہ۔ لغو

بللی: [ہ۔ صف۔ مث] پھوہڑ عورت۔ بے وقوف عورت

بللے پن کی باتیں: [ہ۔ امث] بھولے پن یا بے وقوفی کی باتیں۔ اول جلول باتیں

بلم / بلما: [ہ۔ امذ] عاشق۔ پیارا۔ خاوند۔ محبوب

بلم: [ہ۔ امذ] برچھا۔ نیزہ۔ بھالا (۲) عصا۔ نشان جو امیروں اور حاکموں کے آگے لے کر چلتے ہیں۔

بلم بردار: [ہ۔ ف۔ امذ صف] نیزہ اٹھانے والا۔ نیزہ باز (۲) اعلیٰ حکام کے آگے عصا اٹھا کر چلنے والا۔

بلما: [ہ۔ امذ] ایک زہریلا کیڑا جو برسات میں گھاس میں ہوتا ہے جسے کھا کر مویشی بیمار ہو جاتے ہیں۔

بلمانا: [ہ۔ مص] ۱۔ ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔ بیٹھ رہنا۔ دیر لگانا (۲) روکنا۔ ٹھہرانا۔ پکڑ رکھنا (۳) معشوق بنانا۔ دل لگانا۔ موہ لینا۔ شادی کرنا۔

بلمنا: [ہ۔ مص] مویشی کا بلما کیڑا کھا کر بیمار ہو جانا۔ اس بیماری میں مویشی کے پاؤں لنگڑے ہو جاتے ہیں۔

بلمب / بلمبھ: [ہ۔ امث] ۱۔ ہتکی۔ سستی۔ کاہلی۔ دیر۔ تاخیر (۲) لمبا وقت۔ دیر تک ٹھہرنا۔ دیر تک ٹھہرانا۔ ٹال مٹول۔ آج کل [افعال: کرنا۔ رہنا]

بلمپت: [ہ۔ امث] موسیقی کی ایک دھیمی لے۔

بلنا: [ہ۔ مص] ۱۔ بٹنا۔ بل دینا۔ گوندھنا۔ بٹنا (۲) آگ سے جلنا۔ سلگنا۔ بھڑکنا۔ شعلہ اٹھنا

بلند: [ف صف] اونچا۔ رفیع۔ بالا۔ لمبا۔ دراز (۲) عالی۔ برتر۔ بڑا (۳) زور کا۔ بھاری۔ پرشور [افعال: کرنا۔ ہونا]

بلند آشیان: [ف صف] وہ جو اپنا مکان کسی اونچی جگہ پر بناتے۔

بلند آشیانی: [ف۔ امث] دیکھیے "بلند آشیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بلند آواز: [ف صف] اونچی آواز والا۔

بلند آوازی: [ف۔ امث] دیکھیے "بلند آواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بلند آہنگ: [ف صف] ۱۔ دیکھیے "بلند آواز"

بلند آہنگی: [ف امث] دیکھیے "بلند آوازی"

بلند اختر: [ف صف] خوش قسمت۔ خوش نصیب۔

بلند اختری: [ف۔ امث] دیکھیے "بلند اختر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بلند ارادہ: [ف صف] عالی حوصلہ۔ ابوالعزم

بلند اقبال: [ف صف] دیکھیے "بلند اختر"

بلند اقبالی: [ف۔ امث] دیکھیے "بلند اختری"

بلند بالا: [ف صف] اونچے قد کا۔ دراز قد۔

بلند بانگ: [ف صف] ۱۔ بلند آواز (۲) زوردار

بلند بخت: [ف صف] دیکھیے "بلند اختر"

بلند بختی: [ف۔ امث] دیکھیے "بلند اختری"

بلند ہمت: [ف صف] بلند ارادہ۔ باہمت۔ حوصلہ مند۔

بلند پایہ: [ف صف] عالی رتبہ۔ عالی مقام

بلند پرواز: [ف صف] ۱۔ اونچا اڑنے والا (۲) عالی خیال۔ عالی دماغ۔

بلند پروازی: [ف۔ امث] عالی حوصلگی۔ عالی دماغی۔ عالی خیالی (۲) طنزاً خودنمائی۔ خودستائی۔ لاف و گزاف

بلندتر: [ف صف] دیکھیے "بلند" جس کی یہ تفضیل بعض ہے۔

بلند ترین: [ف صف] دیکھیے "بلند" جس کی تفضیل کل ہے۔

بُلند جاہ: [ف صف] اعلیٰ مرتبہ۔ بلند پایہ۔
بُلند حوصلہ: [ف صف] عالی ہمت بُلند ہمت (۲) سخی۔ فیاض (۳) جری بہادر۔ دلیر۔ نڈر
بُلند حوصلگی: [فع امث] دیکھئے "بلند حوصلہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بُلند قامت: [فع صف] دراز قد۔ اُونچا
بُلند قامتی: [فع۔ امث] دیکھئے "بلند قامت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بُلند مرتبہ: [فع صف] دیکھئے "بلند جاہ"
بُلند نظر / نگاہ: [فع۔ صف] عالی حوصلہ۔ عالی ہمت (۲) عالی خیال
بُلند نظری / نگاہی: [فع امث] دیکھئے "بلند نظر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بُلند و بالا: [ف صف] اُونچا۔ دراز۔ بڑے قد والا
بُلند و پست: [ف صف] اُونچا نیچا۔ بڑا چھوٹا
بُلند ہمت: [فع صف] دیکھئے "بلند حوصلہ"
بُلند ہمتی: [فع۔ امث] دیکھئے "بلند حوصلگی"
بُلندی: [ف۔ امث] دیکھئے "بلند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بُلندی پیما: [ف۔ اند] دیکھئے "ارتفاع پیما"
بُلندی و پستی: [ف۔ امث] نشیب و فراز۔ زمین و آسمان
بلنکنا: [ہ مص] ۱۔ اُچھل کر پکڑنا ۲۔ کودنا۔ کسی چیز کی طرف اُٹھنا ۳۔ لٹکنا (۴) پکڑنا۔ نہ چھوڑنا۔
بلنگنی: [ہ۔ امث] دیکھئے "الگنی"
بلنی: [ہ۔ امث] الجن ہاری (۲) آنکھ کی ایک دوسری بیماری جس میں پلکوں یا بھوؤں کے بال جھڑ جاتے ہیں
بلنی: [ہ صف مث] طاقتور عورت
بلوا: [ع۔ اند] ۱۔ بغاوت۔ غدر۔ مدمل حکمی۔ سرتابی۔ سرکشی۔ (۲) غل۔ شور۔ فتنہ فساد (۳) کھلبلی۔ رل چل۔ بدنظمی (۴) بھیڑ۔ مجمع۔ ہجوم۔ انبوہ ۵۔ (قانون) بہت سے آدمیوں کا فساد کرنے پر آمادہ ہونا اور فساد کے قصد و نیت سے مجمع میں شریک ہونا۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]
بلوائی: [ع۔ اند] بلوا کرنے والے
بلوائے عام: [ع۔ اند] بہت سے آدمیوں کی سرتابی۔ عام لوگوں کا ہجوم۔
بلوا: [ہ۔ صف] کرکرا۔ ریتیلا۔ کنکریلا
بلوان: [ہ۔ صف] زور آور۔ طاقت ور۔ شجاع۔ دلیر۔ بہادر۔
بلوانا: [ار مص] دیکھئے "بلانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
بلو بک: [انگ۔ امث] blue book پارلیمنٹ کی رپورٹیں۔ ہندوستان و انگلستان کی سرکاری اطلاع کی کتاب۔ وہ کتاب جس میں خاص خاص راز کی باتیں لکھی جاتی ہیں۔
بلوٹا / بلونگڑا: [ہ۔ اند] بلی کا بچہ خواہ نر ہو یا مادہ۔
بلوچ: [ف۔ اند] ایک قوم۔ بلوچستان کے رہنے والے
بلوچی: [ف۔ امث] بلوچوں کی زبان۔
بلور / بلوُر / بلورہ: [ف۔ اند] چمکیلا کانچ جو ہیرا مانند شیشہ جسے عام لوگ کچا ہیرا کہتے ہیں۔ ادویہ میں بھی مستعمل ہے۔
بلوری / بلورین: [ف صف] بلور کی طرح چمکیلا۔ شفاف۔ بلور کا بنا ہوا۔

بلوط: [ع۔ اند] ایک درخت جس کی لکڑی عمارتوں اور دوسری خانگی چیزوں میں کام آتی ہے۔ ادویات میں بھی اس کے تمام اجزاء مستعمل ہیں۔ سیتا سپاری۔ سیتا برچھ۔
بلوغ: [ع۔ اند] حد کو پہنچنا۔ وہ عمر جس میں مرد کو عورت کی اور عورت کو مرد کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ جوانی۔ شباب۔
بلوغت: [ع۔ امث] دیکھئے "بلوغ"
بلونا: [ہ۔ مص] متھنا۔ گنگولنا۔ دہی وغیرہ کو حرکت دینا۔ نیل کے پانی کو حرکت دینا۔
بلونی: [ہ۔ امث] وہ برتن جس میں دودھ، دہی بلوتے ہیں۔
بلوں بلوں: [ار۔ امث] واویلا۔ ہائے ہائے (۲) مانگ۔ خواہش (۳) کمی۔ تنگی۔ عسرت
بلوں بلوں پڑنا / ہونا: [ار محاورہ] تنگی ہونا۔ مانگ اور پکار ہونا۔
بلوں بلوں کرنا: [ار محاورہ] پکارنا۔ گھبرانا۔ بدحواس ہونا۔ ہائے وائے کرنا
بلونت: [ہ۔ صف] بہادر۔ شجاع۔ طاقتور۔ زور آور
بلہار / بلہاری: [ہ۔ امث] صدقے۔ قربان۔ واری۔ نثار
بلہار / بلہاری جانا: [ار محاورہ] (عو) صدقے جانا۔ نثار ہونا۔ قربان ہونا۔
بلہرا: [ہ۔ اند] پان رکھنے کا لمبا ڈبا۔
بلہری: [ہ۔ امث] دیکھئے "بلہرا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
بلی: [س صف] طاقتور۔ قوی۔ بلوان۔
بلی: [ہ۔ اند] فیلبانوں کی اصطلاح میں۔ ہاتھی کا سر اُٹھانے کے لیے حکم دینا۔
بلی: [ہ۔ امث] ۱۔ لمبا بانس (۲) ناؤ چلانے والی لمبی لکڑی یا بانس (۳) چھت میں سہارا دینے والی لکڑی۔ سال کے درخت کی لمبی شاخ۔
بلی کی بلی ہے: [ار۔ فقرہ] بہت ہی لمبا ہے۔
بلی مارنا: [ار مصدر] کشتی چلانا۔ ناؤ کھینا
بلی: [ہ۔ امث] ۱۔ ایک چھوٹا درندہ جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے۔ جنگلی بھی ہوتی ہے اور پالتو بھی جو چوہے پکڑنے کے لیے مشہور ہے۔ گربہ (۲) ایک لکڑی جو کواڑوں کو بند رکھنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔
بلی الانگنا: [ار محاورہ] جس طرف سے بلی گئی ہو اس راستہ کو کاٹ کر آنا جسے منحوس خیال کیا جاتا ہے اور فساد کا شگون سمجھا جاتا ہے۔ (۲) لڑائی جھگڑے کے بیچ آنا۔
بلی بنا رہنا: [ار محاورہ] مسکین صورت بنا رہنا۔
بلی بھی لڑتی ہے تو مُنہ پر پنجہ رکھ لیتی ہے: [ار مثل] حیوان بھی لڑنے سے شرماتے ہیں۔
بلی جب گرتی ہے تو پنجوں کے بل: [ار محاورہ] ہوشیار آدمی اپنے آرام کا خیال رکھتا ہے۔
بلی خدا واسطے چوہے نہیں مارتی: [ار مثل] ہر شخص جو کام کرتا ہے اپنے نفع کے لیے کرتا ہے۔
بلی روتی ہے بنگل کس دن گا رہی تھی: [ار مثل] وہ تو ہمیشہ روتا ہی رہتا ہے۔ خوش کس دن ہوا تھا۔ کام نہ کرنے والے یا کام دیکھ کر رونی صورت بنانے والے کے متعلق کہا جاتا ہے۔

بلی سے چھیچھڑوں کی رکھوالی / بلی سے دودھ کی رکھوالی: [ا۔ مثل] بددیانت کو خزانچی بنانا۔ چور اور بدمعاش کو امین یا منتظم مقرر کرنا۔
بلی کا توڑ جانا: [ا۔ محاورہ] بلی کا حملہ کر کے کسی جانور کو ہلاک کر ڈالنا۔
بلی کا راستہ کاٹنا: [ا۔ محاورہ] بلی کا آگے سے گزر جانا جسکو منحوس سمجھا جاتا ہے
بلی کا رونا: [ا۔ محاورہ] بلی کا چلانا جسے عورتیں بہت زیادہ منحوس سمجھتی ہیں۔
بلی کا گوہ نہ لیپنے کا نہ پوتنے کا: [ا۔ مثل] نکمے آدمی کی نسبت کہا جاتا ہے۔
بلی کو چھیچھڑوں کے خواب: [ا۔ مثل] ہر ایک کو اپنے مطلب کی سوجھتی ہے۔
بلی کو خواب میں بھی چھیچھڑے نظر آتے ہیں: [ا۔ مثل] دیکھئے "بلی کو چھیچھڑوں کے خواب"
بلی کھائیگی نہیں تو پھیلائیگی ضرور: [ا۔ مثل] بدذات بے فائدہ نقصان پہنچاتا ہے۔
بلی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے: [ا۔ مثل] ظالم کا خوف / رعب بہت ہوتا ہے۔ زبردست کی جھپٹ کو کون سنبھال سکتا ہے۔
بلی کی میاؤں کو کون پکڑ سکتا ہے: [ا۔ مثل] دیکھئے "بلی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے"۔
بلی کی میاؤں کو کون سنبھالے گا: [ا۔ مثل] دیکھئے "بلی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے"۔
بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا: [ا۔ مثل] حسب منشا کام بن گیا۔ مراد پوری ہوگئی۔
بلی / بلائی / لوٹن: [ھ۔ امذ] ایک خوشبودار گھاس جس پر بلی عاشق ہے اور اکثر وہاں لوٹتی ہے۔ بادرنجبویہ۔ سنبل الطیب۔ بالچھڑ
بلی ناگھ کر آنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بلی الانگنا"
بلی نے شینہ / شیر پڑھایا بلی کو کھانے آیا: [ا۔ مثل] شاگرد استاد کے مقابلے کی جرأت کرے تو کہتے ہیں۔
بلیٰ: [ع۔ حرف اقرار] ہاں۔ کیوں نہیں۔
بلے: [ف۔ حرف اقرار] ہاں۔ سچ ہے۔ بجا ہے۔ کیوں نہیں
بلیات: [ع۔ امث] بلیّہ کی جمع۔ بلائیں۔ الا بلا خبیث۔ بھوت پریت۔
بلیاں لینا: [ا۔ محاورہ] بلائیں لینا۔ دوسرے کی بلا اپنے سر لینا۔ کسی کے چاروں طرف پھرنا۔ واری صدقے جانا۔
بلیٹن: [انگ۔ امذ] bulletin سرکاری اطلاع۔ خبرنامہ
بلیچنگ پوڈر: [انگ۔ امذ] bleaching powder رنگ اور میل کاٹنے اور صاف کرنے والا سفوف۔
بلید: [ع۔ صف] کند ذہن۔ کم سمجھ۔ بے وقوف۔ کم عقل
بلیڈ (یائے مجہول سے) [انگ۔ امذ] blade چاقو استرے وغیرہ کا پھل۔ وہ تیز دھار والی پتی جسے سیفٹی میں رکھ کر داڑھی مونڈتے ہیں۔
بلیڈر: [انگ۔ امذ] bladder غبارا۔ فٹ بال وغیرہ کے اندر والا ربڑ کا غبارا۔ جس میں ہوا بھری ہوتی ہے۔
بلیئرڈ: [انگ۔ امذ] billiard ایک خاص قسم کا انگریزی طرز کا کھیل۔ جو ہاتھی دانت کی گولیوں سے میز کے اوپر لمبی لکڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔
بلیزر: [انگ۔ امذ] blazer ایک قسم کے گرم کپڑے کا کوٹ جو کھلاڑیوں اور اکثر کالج کے طالب علموں کی وردی میں شامل ہوتا ہے۔
بلیغ: [ع۔ صف] ۱۔ خوش بیان موقع محل کے مطابق گفتگو کرنے والا۔ صاحب بلاغت اعلیٰ درجے کی زبان بولنے والا۔ رسا۔ کامل۔ مکمل۔ پورا (۲) اعلیٰ درجے کا کلام (۳) بالغ۔ جوان۔ نہایت اچھا
بلیک مارکیٹ: [انگ۔ امث] black market چوربازاری۔ مقررہ قیمت سے زیادہ قیمت پر چوری مال فروخت کرنا۔
بلیک میل کرنا: [انگ۔ ا۔ محاورہ] افشائے راز کی دھمکی دیکر مالی مفاد یا رشوت وصول کرنا۔
بلیلہ: [ف۔ امذ] بہیڑا۔ جو تریھلہ کا جزو ہے۔ ایک دوا کا نام۔
بلینڈا: [ھ۔ امذ] ۱۔ چھت کی کڑی۔ چھپر کے بیچ کا بڑا بانس (۲) لونڈا (۳) بہت لمبا مرد
بلینڈی: [ھ۔ امث] دیکھئے "بلینڈا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بلیوں پانی اچھلنا: [ا۔ محاورہ] سخت طوفان آنا۔
بلیوں پانی ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت زیادہ پانی ہونا۔ پانی بہت گہرا ہونا۔
بلیوں دل / کلیجا اچھلنا: [ا۔ محاورہ] سخت ڈر یا گھبراہٹ ہونا۔ دل بہت دھڑکنا
بلیّہ: [ع۔ امث] دکھ۔ آزمائش۔ سخت طوفان

ب ـ م

بم: [ف۔ امث] راگ یا باجے کی اونچی آواز۔ آواز کا چڑھاؤ۔ زیر کی ضد
بم: [انگ۔ امذ] bomb کا مخفف۔ آتش گیر مادے کا بنایا ہوا گولہ جو گرنے سے پھٹ جاتا ہے اور پھٹنے سے تباہ کن ثابت ہوتا ہے۔
بم: [ھ۔ امذ] اس کی بہت سی قسمیں ہیں (۱) گاڑی کے آگے لگانے والی لکڑی جس میں گھوڑا جوتتے ہیں (۲) چشمہ۔ پانی کا سوت (۳) غل۔ شور (۴) رنتو کو پکارنے کی آواز (۵) نقارہ۔ دھونسا (۶) دایاں طبل یا وہ طبل جس میں سے گونجیلی اور بھاری آواز نکلے۔
بم بلانا: [ا۔ محاورہ] خراب کرنا۔ پرپلا کرنا۔ نقارہ کی طرح بجانا۔ سخت تکلیف پہنچانا۔
بم بولنا: [ا۔ محاورہ] جے پکارنا۔
بم پولیس: [ا۔ امذ] ۱۔ لشکری (۲) عام پاخانہ کی جگہ۔ وہ پاخانے جو عوام کے لیے بنائے گئے ہوں۔
بم پھوٹنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ پانی کا سوتا نکلنا۔ کنویں کی تہ سے پانی کا جوش مار کر نکلنا۔ کسی چیز کا کثرت سے نکل پڑنا۔
بم چخ مچانا: [ا۔ محاورہ] شور و غل کرنا۔ ہل چل ڈالنا۔ فساد برپا کرنا۔
بم چخ مچنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بم چخ مچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بم مچانا: [ا۔ محاورہ] فریاد کرنا
بم مچنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بم مچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بم مہادیو: [ھ۔ نعرہ] مہادیو کی جے (بول بالا)
بمان / بوان: [ھ۔ امذ] ۱۔ اڑن کھٹولا۔ تخت رواں۔ دیوتاؤں کی سواری۔ ارتھی۔ ہندوانہ جنازہ۔
بمبا: [پرت۔ امذ] ۱۔ چشمہ۔ نالا۔ پانی کی نال (۲) نل۔ کسی اونچی جگہ پانی پہنچانے کا عمل۔

بَمبار: [انگ۔ ف صف] بم برسانے والا۔ بم گرانے والا۔
بَمباری: [انگ۔ ف۔ امث] بم گرانے کا عمل
بَمبُو: [انگ۔ امذ] بانس۔ بڑ۔ نے۔ بید۔ ناؤ اور بجرے کی لکڑی (بَلّی) چنڈو پینے کی نے۔ (انگریزی)
بَمبُوکاٹ: [انگ۔ امذ] بمبوکارٹ کا مخفف۔ ہندوستانیوں کی اختراع ہے انگریزی میں مستعمل نہیں۔ ایک قسم کی ٹم ٹم۔ گھوڑا گاڑی
بَمنا: [ہ۔ امذ] ایک رنگ کا کبُوتر، سُرخ، سبز، زرد یا سیاہ
بَمنیا: [ہ۔ امذ] تحقیراً برہمن کے بیٹے کو کہتے ہیں۔
بَمنی: [ہ۔ امث] ا۔ برہمنی۔ برہمن کی مونث (۲) ایک خاص قسم کی کبُوتری جس کی چونچ کے نیچے چند سفید پَر ہوتے ہیں۔ ایک رنگ کی کبُوتری۔

ب ۔ ن

بَن: [ہ۔ امذ] ا۔ جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔ درختوں کا جُھنڈ (۲) رُوئی۔ رُوئی کا کھیت۔
بَن باس: [ہ۔ امذ] دیس نکالا۔ جلاوطنی۔ جنگل میں رہنے کا حکم۔
بَن باسی: [ہ۔ صف] جنگلی۔ جنگل میں رہنے والا۔ تیاگی۔ سنیاسی
بَن بِلاؤ: [ہ۔ امذ] جنگلی۔ بِلا
بَن بہار: [ہ۔ امذ] جنگلوں میں پھرنا۔ شکار کرنا
بَن بھانٹا: [ہ۔ امذ] جنگلی بینگن
بَن پرستھ: [ہ۔ امذ] سنیاسی۔ سادھو۔ جنگل میں زندگی بسر کرنا۔ جنگل میں رہنا۔
بَن تِرئی: [ہ۔ امذ] ایک قسم کی جنگلی ککڑی
بَن تیتر: [ہ۔ امذ] جنگلی تیتر
بَن کٹیا: [ہ۔ امث] ایک خاردار جنگلی بُوٹی
بَن کریلا: [ہ۔ امذ] جنگلی کریلا
بَن کنڈا: [ہ۔ امذ] جنگلی اُپلا
بَن کھنڈ: [ہ۔ امذ] جنگل۔ صحرا
بَن کھنڈی: [ہ۔ امث۔ جنگل کا حصہ (۲) صف جنگل میں رہنے والا۔ سنیاسی۔ سادھو
بَن مانس: [ہ۔ امذ] جنگلی آدمی۔ وحشی آدمی۔ ایک قسم کا بڑے قد کا بندر۔
بَن: [ا۔ فعل] دیکھئے "بننا" جس کا یہ صیغہ امر ہے۔
بَن آنا: [ا۔ محاورہ] درست ہونا۔ مطلب یا مراد حاصل ہونا (۲) کارگر ہونا۔ سُود مند ہونا۔ کام درست ہونا قسمت کھُلنا۔ بس چلنا۔ تدبیر کارگر ہونا۔
بَن آئے کا سودا / بن آئے کی بات ہے: [ا۔ مثل] موقعہ ملنے کا معاملہ ہے۔ بس چلنے کا کام ہے۔
بَن بنا کر: [ا۔ متعلق فعل] درُست ہو کے۔ تیار ہو کے۔ بن سنور کے۔ سنگار کرکے۔

بَن بَن کے بگڑ جانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ کسی کام کا درُست ہو کے خراب ہو جانا۔ تیاری کے قریب پہنچ کر بگڑ جانا (۲) نمائشی طور پر خفگی ظاہر کرنا۔
بَن بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] از خود کوئی وضع اختیار کر لینا۔
بَن پڑنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ موقع ملنا۔ ہاتھ آنا (۲) معاملہ رو براہ ہونا۔ مُراد حاصل ہونا (۳) سُود مند ہونا (۴) مجبُور ہونا (۵) سمجھ میں آنا (۶) ہو سکنا۔
بَن پڑے کی بات ہے: [ا۔ مثل] دیکھئے بن آئے کا سودا بن آئے کی بات۔
بَن ٹھن کر: [ا۔ متعلق فعل] سج سجا کر۔ بناؤ سنگار کرکے۔
بَن ٹھن کر آنا: [ا۔ محاورہ] سنگار کرکے آنا
بَن ٹھن کر بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] سنگار کرکے بیٹھنا۔
بَن ٹھن کر جانا: [ا۔ محاورہ] سنگار کرکے جانا
بَن ٹھن کر نکلنا: [ا۔ محاورہ] سنگار کرکے نکلنا۔
بَن جانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مصیبت پڑنا (۲) رنج یا بلا میں پھنسنا (۳) اتر آنا۔ مجبور ہونا۔ ذائقہ دار ہونا۔ مزیدار بن جانا (۴) خوشنما ہو جانا۔ بہتر ہو جانا۔ بارونق ہو جانا (۵) نشان پڑ جانا (۶) وضع اختیار کرنا (۷) (کام) ہو جانا (۸) خراب ہُوا ہُوا کام درست ہو جانا۔ مصیبت کا راحت سے بدل جانا۔
بَن سنور کر: [متعلق فعل] دیکھئے "بن ٹھن کر"
بَن کر / کے: [متعلق فعل] ا۔ ہو کر (۲) بن کر (۳) اکڑ کر
بَن کر چلنا: [ا۔ محاورہ] اکڑ کر چلنا
بَن: [ہ۔ امث] چرائی کی اُجرت (۲) مزدوری جو کٹائی کے لیے دی جائے۔
بِن: [ہ۔ حرف۔ استثنا] بغیر۔ بجز۔ بدُون
بِن آئی / آئے مرنا: [ا۔ محاورہ] ناگہانی یا اتفاقیہ طور پر مرنا بے وقت مرنا۔ بے سبب مصیبت میں پھنسنا۔ ناحق آفت میں آنا۔ بلاوجہ پھنس جانا بے گناہ مرنا۔
بِن بِدیا نر نار، جیسے گدھا کُمہار: [ہ مثل] بغیر علم کے خواہ مرد ہو یا عورت کُمہار کے گدھے کی مانند ہوتے ہیں۔
بِن بُلائی / بلائے احمق لے دوڑی / دوڑے صحنک: [ا۔ مثل] بغیر بلائے چلے آئے یا بغیر پُوچھے کسی معاملہ میں دخل دینے پر کہتے ہیں۔
بِن بُلائی ڈومنی لڑکوں بالوں سمیت آئی: [ا۔ مثل] کمینے لوگ بغیر کسی کے بلائے ہی ہر جگہ پہنچ جاتے ہیں۔ کسی کے بن بلائے آجانے پر کہتے ہیں۔
بِن بہو پریت نہیں: [مثل] بغیر بیوی کے سسرال والے پوچھتے بھی نہیں۔ بغیر بیوی کے سسرال میں خاطر مدارات نہیں ہوتی۔
بِن بھائے پریت نہیں نہ بن پرچے پرتیت: [ہ۔ مثل] بغیر پسند کے محبت اور بغیر آزمائے اعتبار نہیں آتا۔
بِن بیاہا: [ا۔ صف مذ] وُہ مرد جس کی شادی نہ ہُوئی ہو۔ کنوارا۔
بِن بیاہی: [ا۔ صف۔ مث] وُہ عورت جس کی شادی نہ ہُوئی ہو۔ کنواری۔
بِن تیغ مارے شہید ہونا: [ا۔ محاورہ] (عاشقوں کے متعلق) یونہی مرجانا۔
بِن جانے / بوجھے: [ا۔ متعلق فعل] بغیر واقفیت کے۔
بِن جانے کون مانے: [ا۔ مثل] بغیر دیکھے اعتبار نہیں آتا۔
بِن چھُری حلال ہونا: [ا۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
بِن داموں کا غلام: [ا۔ صف مذ] فرمانبردار۔ مطیع۔ بغیر کچھ لیے کام کرنے والا۔
بِن داموں کی لونڈی: [ا۔ صف مث] دیکھئے "بن داموں کا غلام" جس کی یہ تانیث ہے۔

بن داموں کھوٹا ہے: [ا۔ مثل] مُفت بھی اچھی نہیں۔ مُفت ملے تب بھی کام کا نہیں۔
بن روئے ماں بھی دُودھ نہیں دیتی: [ا۔ مثل] بے طلب کچھ نہیں ملتا۔
بن سیوا میوہ نہیں: [ا۔ مثل] بغیر خدمت کے کچھ نہیں ملتا۔
بن کُٹا پے چھنا لا نہیں: [ا۔ مثل] جب تک کٹنی نہ ہو بدچلنی نہیں ہوسکتی۔
بن گھرنی گھر بھوت کا ڈیرا: [ہ۔ مثل] بغیر بیوی کے گھر اُجاڑ معلوم دیتا ہے۔
بن لاگ جو کھیلے جوا۔ آج نہ مو اکل موا: [ہ۔ مثل] جس کام کی واقفیت نہ ہو اس کے کرنے میں نقصان ہوتا ہے۔
بن مارے تو بہ کرنا: [ا۔ محاورہ] بے وجہ ڈرنا۔ تکلیف سے پہلے ہی واویلا شروع کردینا
بن مارے کی توبہ: [ا۔ امث] مفت کی شکایت ناحق کی فریاد۔
بن مارے مرجانا / بن مارے شہید ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بن تیغ مارے شہید ہونا"
بن مانگے دُودھ ملے اور مانگے ملے نہ پیچ / چھاچھ: [ہ۔ مثل] تقدیر کی بات ہے۔ کہ خود تو دولت ملتی ہے۔ اگر مانگنے جاؤ تو کچھ نہیں ملتا۔
بن مانگے ملے سو دُودھ اور مانگے ملے سو پانی: [ا۔ مثل] جو چیز مانگنے کے بغیر مل جائے وُہ بہتر ہوتی ہے اور جو چیز مانگ کر لی جائے وُہ بے لطف،
بن مانگے موتی ملیں اور مانگے ملے نہ بھیک۔ [ا۔ مثل] دیکھئے "بن مانگے دُودھ ملے ..... الخ"
بن ناتھی کا بیل: [ا۔ مذ] وُہ بیل جس کے ناک میں رسّی نہ ہو۔ مجازاً۔ آزاد۔ شتر بے مہار۔
بن ملے کو ہلائیے نہیں، اور ہلے کو ہٹائیے نہیں۔ [ہ۔ مثل] ہر کام میں اوسط / میانہ روی بہتر ہوتی ہے۔
بن ہونی ہوتی نہیں اور ہونی ہووت ہار: [ہ۔ مثل] جو قسمت میں ہے وُہ ضرور ہو گا۔
بِن: [ع۔ اذ] ابن کا مخفف۔ بیٹے اور باپ کے درمیان استعمال ہوتا ہے۔ جیسے۔ قاسم، بن محمد، بن حداد۔ بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔
بُن: [ع۔ اذ] قہوہ (بھوننے اور پیسے جانے سے پہلے)
بُن: [ف۔ اذ] ا۔ جڑ۔ بنیاد۔ انتہا (۲) نچلا حصّہ۔ سرا۔ نوک
بُنِ ران: [بہ اضافت] [ف۔ امث] ران کی جڑ
بُنِ گوش: [بہ اضافت] [ف۔ امث] کان کی لو کے نیچے کا حصّہ۔
بُنِ مُو: (بہ اضافت) [ف۔ امث] بال کی جڑ
بُن: [ا۔ فعل] مصدر "بُننا" سے صیغہ امر
بَنا: [بفتحِ اوّل] [ا۔ اذ] نوشاہ۔ دولھا۔
بِنا: [بہ کسرِ اوّل] [ہ۔ حرف استثنا] بِن کا مزید علیہ۔ بغیر۔ سوا۔ بجز۔ آغاز
بِنا: [بہ کسرِ اوّل] [ع۔ امث] ا۔ بنیاد۔ جڑ۔ اصل (۲) سبب۔ باعث (۳) ابتدا۔
بِنا بریں: [ع ف۔ متعلق فعل] اس بنا پر۔ اس وجہ سے۔ اس لیے۔
بِنا پڑنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ کسی عمارت کی بنیاد رکھی جانا (۲) کسی کام کا آغاز ہونا۔ بنیاد قائم ہونا۔
بِنا ڈالنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بنیاد رکھنا (۲) شروع کرنا (۳) ڈھنگ نکالنا
بِناءً علیہ: [ع متعلق فعل] دیکھئے "بنا بریں"۔

بنائے دعویٰ: [ع۔ مرکب اضافی، بہ ترکیب فارسی امث] دعویٰ کی وجہ۔ استغاثہ کا باعث۔
بنائے مُخاصمت: [ع۔ مرکب اضافی۔ بہ ترکیب فارسی۔ امث] لڑائی جھگڑے کی وجہ۔ دشمنی کا اصل سبب۔
بَنا / بَنا ہوا: [بفتحِ اوّل] [ا۔ صف مفعولی] ا۔ مرکب (۲) تیار (۳) طے شدہ مسئلہ (۴) ختم شدہ (۵) مرتب (۶) مضبوط (۷) نقلی۔ نمائشی۔ جعلی۔ مصنوعی (۸) جھوٹ۔ بے۔ بنیاد۔ خیالی۔
بنا بنایا: [ا۔ صف مفعولی] تیار۔ ٹھیک۔ درست۔ باقاعدہ۔
بنا بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] وضع اختیار کیے ہونا۔ دھج بنائے ہونا۔
بنا ٹھنا: [ا۔ صف] لباس اور زیور سے آراستہ۔ بانکا چھیل چھبیلا۔
بنا رہنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ زندہ رہنا۔ سلامت رہنا (۲) حاضر رہنا۔ جاگزین رہنا (۳) اقبال اور دولت میں ترقی ہونا (۴) برقرار رہنا۔ آباد رہنا۔ خوش و خرم رہنا۔ سرسبز رہنا۔ جاری رہنا۔
بنا لانا: [ا۔ محاورہ] تیار کر لانا۔ درست کر لانا۔
بنا لینا: [ا۔ محاورہ] ا۔ تیار کر لینا (۲) انتظام کر لینا (۳) نقصان پہنچانا (۴) حاصل کرنا۔ پیدا کرنا۔
بَنات۔ (بفتحِ اوّل) دیکھئے "بانات" جس کا یہ مخفف ہے۔ (ہ۔ امث)
بَنات (بفتحِ اوّل) [ع۔ امث] دیکھئے "بنت" بمعنی بیٹی جس کی یہ جمع ہے۔
بَناتُ النعش: [ع۔ امث] وہ سات ستارے جو قطب تارے کے گرد پھرتے ہیں۔ چار ستاروں کا چوکھٹا سا ہے اور تین چوکھٹے کے نیچے ہیں۔ اس چوکھٹے کو پلنگ یا جنازہ اور نیچے کے تین ستاروں کو جنازے کے پیچھے چلنے والی لڑکیاں فرض کرلیا ہے۔ اس لیے یہ نام پڑا۔
بَنادر: [ع۔ امث] بندر کی جمع۔ بندرگاہیں۔
بَنارس: [ہ۔ اذ] ہندوستان کا ایک شہر جو مندروں اور ٹھگوں کے لیے مشہور ہے۔
بنارسی ٹھگ: [ہ۔ اذ] بنارس کا ٹھگ۔ عیار۔ مکار۔ بڑا بدمعاش جو بظاہر شریف نظر آئے
بنارسی کپڑا: [ہ۔ اذ] بنارس کا بنا ہوا کپڑا، وہ ریشمی کپڑا، جس پر سنہری اور روپہلی تاروں سے کام بنا ہوتا ہے۔
بنارسی لنگڑا: [ہ۔ اذ] ایک قسم کا آم، جو بڑا اور لذیذ ہوتا ہے۔
بناسپتی: [ہ۔ امث صف] ا۔ جنگل کی پتیاں۔ ساگ پات۔ گھاس۔ جنگلی پھل ۲۔ ایک قسم کا زردی مائل سبز رنگ (۳) ایک قسم کا زردی مائل سبز، سیرا۔
بناسپتی گھی: [ہ۔ اذ] مصنوعی گھی جو نباتی تیلوں سے کیمیائی طریقہ پر بنایا جاتا ہے۔
بُناگوش: [ف۔ امث] (میر کے زمانہ میں مذکر تھا، مگر اب بالاتفاق مونث ہے) کان کی لو۔ کچیا
بنالا: [ہ۔ اذ] گوٹا کناری وغیرہ کا بانا
بنامی: [ہ۔ امث] رہن یا بیع جو کسی دُوسرے کے نام کی جائے اور اصل شخص کوئی اور ہو۔
بِنان: [ع۔ اذ] بنانہ کی جمع۔ انگلیوں کے سرے۔
بَنانا: [ا۔ مص] ا۔ تیار کرنا (۲) گھڑنا (۳) تعمیر کرنا (۴) تصنیف یا تالیف کرنا۔ ۵۔ ایجاد کرنا (۶) آراستہ کرنا (۷) خفیف کرنا۔ ہجو ملیح کرنا۔ خندہ زنی کرنا۔ احمق بنانا (۸) درست کرنا۔ مکمل کرنا (۹) ایک حالت سے دُوسری حالت کردینا (۱۰) صاف کرنا (گوشت وغیرہ) ۱۱۔ کاٹ کے دُرست

کرنا۔ ترمیم کرنا (۱۲) پکانا (۱۳) صورت بنانا (۱۴) اصلاح کرنا۔ اصلاح دینا (۱۵) ادب سکھانا۔ تربیت دینا (۱۶) موزوں کرنا (۱۷) مرتب کرنا۔ تیار کرنا (۱۸) حاصل کرنا (۱۹) پیدا کرنا (۲۰) کھینچنا (۲۱) نقصان کرنا (۲۲) حجامت بنانا۔

بَناوَٹ (بفتحِ اوّل) [ہ۔ امث] ا۔ وضع۔ شکل (۲) ساخت (۳) تصنع۔ تکلف۔ نمائش۔ ظاہرداری (۴) سخن سازی۔ جھوٹ۔ دروغ بافی (۵) کاریگری صنعت۔ دست کاری۔

بُناوَٹ: (بضمِ اوّل) [ہ۔ امث] ا۔ بُننے کی وضع (۲) بُننے کا کام۔ بُنائی

بَناوَٹی: [ہ۔ صف] ا۔ مصنوعی۔ نقلی (۲) نمائشی۔ دکھاوے کا۔ ظاہری

بَناؤ: [ار۔ اند] بگاڑ کی ضد (۱) دوستی۔ میل جول (۲) آراستگی۔ زیبائش (۳) بناوٹ

بَناؤ چُناؤ: [ار۔ اند] سنگار۔ آرائش

بَناؤ دینا: [ار۔ محاورہ] زیب دینا۔ بھلا معلوم ہونا

بَناؤ سِنگار / سِنوار: [ار۔ اند] آرائش۔ زیبائش

بَناؤ کرنا: [ار۔ محاورہ] سنگار کرنا۔ آراستہ کرنا۔ سنوارنا۔

بَنائے نہ بَننا: [ار محاورہ] تدبیر کارگر نہ ہونا۔ اختیار سے باہر ہونا۔

بَنبی: [ہ۔ امث] خرمن۔ کھلیان (سب رس)

بَنَت (بفتحِ اوّل و دوم) [ار۔ امث] کپڑے کی توئی جس پر گوکھرو وغیرہ لگے ہوں۔

بِنت: [ع۔ امث] بیٹی۔ لڑکی

بِنتُ البَحر: [ع۔ امث] (لفظی معنی سمندر کی بیٹی) ایک افسانوی مخلوق جس کا اوپر کا دھڑ عورت کا اور نچلا دھڑ مچھلی کا ہے۔ جل پری۔

بِنتُ العِنَب: [ع۔ امث] (لفظی معنی انگور کی بیٹی) انگوری شراب

بَنَت کی چِنی: [ار۔ مث] شیشہ کے ریزے جو بنت میں ٹکے ہوتے ہیں۔

بِنتی / بِینتی: [ہ۔ امث] ا۔ معذرت۔ عذر خواہی (۲) عرض۔ التجا (۳) منت سماجت

بَنٹا: [ہ۔ اند] ا۔ پیتل کا گھڑا، جس میں ہندو پانی رکھتے ہیں۔ کلسا (۲) کھانا پکانے کا برتن۔

بَنٹا ڈھار کرنا: [ار۔ محاورہ] برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا۔

بَنٹنا: [ار مص] تقسیم ہونا۔ بانٹا جانا

بَنج: (بفتحِ اوّل و دوم) [ہ۔ اند] تجارت۔ بیوپار۔ سوداگری۔ لین دین۔

بَنج بیوپار: [ہ۔ اند] سوداگری۔ تجارت۔

بنج کریں گے بانئے اور کریں گے ریس
بنج کیا تھا جاٹ نے رہ گئے سو کے تیس

[ار مثل] ہر شخص کو وہی کام کرنا چاہیئے جس میں اس کو مہارت ہو۔ دوسروں کی دیکھا دیکھی کوئی کام کرنے سے ہمیشہ نقصان ہوتا ہے۔

بنجارا: [ہ۔ صف۔ اند] ا۔ غلہ کی سوداگری کرنے والا (۲) ایک ہندو قوم جو غلہ کی تجارت کرتی ہے (۳) سوداگر۔ بیوپاری (۴) ایک پہاڑی قوم جو ہردوار سے گورکھپور تک دامن کوہ میں پائی جاتی ہے (۵) ایک خانہ بدوش گروہ جو کہیں مستقل سکونت نہیں رکھتا، یہ مذہباً ہندو ہیں۔

بنجارن / بنجاری: [ہ۔ امث] دیکھئے "بنجارا" جس کی یہ تانیث ہے

بنجاری: [ہ۔ صف] ا۔ مضبوط۔ موٹا۔ پائیدار (۲) اُبالا ہوا غلہ (۳) ایک قسم کا چھوٹا خیمہ جس کو بنجارے استعمال کرتے ہیں۔

بَن جانا: [ار محاورہ] ا۔ اثر ہونا۔ مجبور ہونا (۲) رنج یا بلا میں مبتلا ہونا (۳) خوشنما ہو جانا (۴) بہتر ہو جانا۔ بارونق ہو جانا (۵) نشان پڑ جانا (۶) وضع اختیار کرنا۔

بَنجَر: [ہ۔ امث] غیر مزروعہ زمین۔ ناقابل کاشت زمین۔ اُفتادہ زمین۔ وہ زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو۔

بنجر توڑنا: [ار مص مرکب] اُفتادہ زمین کی کاشت کرنا۔ غیر مزروعہ زمین کو قابل کاشت بنانا۔

بنجر جدید: [ہ۔ ع۔ امث] ا۔ وہ زمین جس میں چار سال تک لگاتار کوئی جنس پیدا نہ ہوئی ہو اور نہ میوہ دار درخت لگے ہوں (۲) وہ زمین جو ایک مدت تک غیر مزروعہ رہنے کے بعد کاشت کی گئی ہو۔

بنجر خارِجُ الجمع: [ہ۔ ع۔ امث] وہ غیر مزروعہ زمین جس کا مالیہ نہ لیا جاتا ہو۔

بنجر قدیم: [ہ۔ ع۔ امث] ا۔ جس زمین پر ایک مدت سے کاشت نہ ہوئی ہو۔ ۲۔ وہ زمین جو نئے بندوبست تک غیر مزروعہ ہو۔

بَنجھا: [ہ۔ امث] بستی کے آس پاس کی زمین

بَنچ: [انگ۔ امث] bench ا۔ لمبا تختہ جس کے پائے لگے ہوتے ہیں (۲) حکام عدالت۔

بَنچنا: [ہ۔ مص] پڑھا جانا۔ پڑھنے میں آنا۔ مطالعہ میں آنا۔

بَند: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر بستن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور منفرد کرنے والا باندھنے یا لگانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً نعل بند۔

بَند: [ف۔ اند] ا۔ کسی مسلسل نظم کا وہ حصہ، جس میں کسی خیال یا واقعہ کا کوئی ایک پہلو بیان کیا گیا ہو جس کے آخری شعر کا قافیہ دوسرے اشعار سے مختلف ہو۔ ایسے ہر بند میں تین سے لیکر دس مصرعوں تک نظم کی نوعیت کے مطابق ہو سکتے ہیں۔ مثلاً مثلث کا بند مسدس کا بند وغیرہ (۲) ہڈی کا جوڑ (۳) زنجیر یا رسی۔ جس سے پاگلوں کے ہاتھ پاؤں باندھتے ہیں (۴) لوہے کا پتر جو صندوق، کشتی یا کواڑ کے تختوں پر مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں (۵) بندِ شمشیر (۶) وہ روک جو پانی کو آگے بڑھنے سے روکنے کے لیے بنائی جاتی ہے (۷) کشتی کا داؤ (۸) گرہ۔ گانٹھ۔ عقدہ (۹) کمربند (۱۰) بندقبا (۱۱) بندش۔ کپڑے کی دھجی۔ پٹی (۱۲) ڈورا۔ سلا ہوا فیتا (۱۳) انگیا کے تسمے جن سے پشت کی طرف انگیا کسی جاتی ہے (۱۴) پشتہ، وہ دیوار جو نالاؤں، ندی نالوں اور دریاؤں کا پانی روکنے کے لیے بنائی جاتی ہے (۱۵) جوڑ۔ بدن کا جوڑ۔ عضو (۱۶) قید۔ حبس۔ حوالات (۱۷) فہرست۔ (۱۸) زنجیر کا حلقہ (۱۹) چوڑیوں کے بند (۲۰) کاغذ کی دھجی۔ پرزہ۔ ٹکڑا۔ ورق۔ تاؤ (۲۱) جادو۔ سحر (صف): (۲۲) رُکا ہوا۔ بندھا ہوا۔ (۲۳) موقوف (۲۴) مسدود (۲۵) مقفل۔ بھڑا ہوا۔ کنڈی لگی ہوئی (۲۶) خاموش۔ چپ۔ عاجز (۲۷) گھرا ہوا۔ تنگ (۲۸) (چابک سواروں کی اصطلاح میں) سکڑا ہوا (۲۹) (جادو کے زور سے) بے اثر۔ (۳۰) وعدہ۔ قول۔ بچن (۳۱) کپڑے کی تنی وغیرہ جس سے انگرکھا باندھتے ہیں۔

بَندِ آب: [ف۔ اند] پانی کا بند۔ پانی کی روک

بَند باندھنا: [ار مص] ار مص مرکب] ا۔ گرہ لگانا (۲) پشتہ باندھنا۔ (۳) مینڈ بنانا (۴) نیزہ بازوں اور کشتی لڑنے والوں کا حریف کے ساتھ

واؤ پیچ کرنا (۵) انتظام کرنا۔ تدبیر کرنا (۶) جادو کرنا (۷) جادو کے زور سے روکنا (۸) پیش بندی کرنا (۹) روک تھام کرنا (۱۰) تہمت لگانا (۱۱) منصوبہ کرنا۔

بَند بَندی: [ار امث ۔عو] روک ٹوک۔ پابندی۔ قید

بَند بَند: [ف ۔اند] ہر عضو۔ ہر گرہ۔ ہر جوڑ

بَند بَند: [نصف] افسردہ۔ پژمردہ چُپ چُپ۔ خاموش۔ (افعال: کرنا، ہونا)

بَند بَند ٹوٹنا: [ارمحاورہ] ہر جوڑ میں درد ہونا۔

بَند بَند جُدا کرنا: [ارمحاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پُرزے پُرزے کرنا۔ ہڈی پسلی توڑنا۔

بَند بَند جُدا ہونا: [ارمحاورہ] دیکھئے "بند بند جُدا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَند بَند جکڑنا: [ارمحاورہ] ۱۔ ہر جوڑ میں درد ہونا۔ جوڑ جوڑ اینٹھنا (۲) اچھی طرح باندھا جانا۔ رُکا رہنا۔

بَند بَند دُکھنا: [ارمص مرکب] ہر جوڑ کا درد کرنا۔

بَند بَند ڈھیلے کرنا: [ارمحاورہ] ۱۔ جوڑ جوڑ ملا دینا۔ چُولیں کمزور کر دینا۔ خُوب پیٹنا۔ گت بنانا۔

بَند بَند ڈھیلے ہونا: [ارمحاورہ] تھک جانا۔ خستہ ہونا۔ ہر جوڑ کاہل جانا۔

بَند پانی: [ار۔اند] رُکا ہوا پانی۔ کھڑا پانی۔ وُہ پانی جو جاری نہ ہو۔

بَند چھُڑانا: [ارمص۔ مرکب] ۱۔ قید سے آزاد کرنا۔ رہائی دلانا (۲) جوڑ الگ کرنا۔

بَند خانہ / بَندی خانہ: [ار۔ اند] قید خانہ۔ زندان

بَند دَست: [ار۔ اند] پونچا۔ گٹّا

بَند رہنا: [ارمحاورہ] ۱۔ قید رہنا۔ رُکا رہنا (۲) دبا رہنا (۳) خاموش رہنا۔ ۴۔ تعطیل رہنا۔ چھٹی رہنا (۵) افسردہ رہنا۔ رنجیدہ رہنا۔

بَندِ سوالات: [فع۔ اند] سوالات کی وُہ فہرست جو جواب کے لیے عدالت کسی فریق مقدمہ کو بھیجتی ہے۔

بَند سے بَند جُدا کرنا: [ارمص مرکب] ہر عضو کو جُدا جُدا کرنا۔ کاٹ ڈالنا۔

بَند سے بَند جُدا ہونا: [ارمص مرکب] دیکھئے "بند سے بند جُدا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَند کرنا: [ارمص۔ مرکب] ۱۔ پاٹنا۔ بھرنا۔ مقفل کرنا۔ آڑ لگانا۔ روک لگانا (۲) (شطرنج) گھر روکنا (۳) منع کرنا۔ روکنا۔ چُپ رہنا (۴) باز رکھنا۔ کسی امر کو نہ ہونے دینا۔ (۵) کسی بات کو موقوف کرنا (۶) ختم کرنا (۷) باقی نکالنا (۸) ترک کرنا (۹) قید کرنا (۱۰) جادو یا منتر سے بے اثر کرنا۔

بَند کَسنا: [ارمص وضعی] بند کو کس کر باندھنا۔ بند کو چُست کرنا۔

بَند کَش: [ف۔اند] ازار بند ڈالنے کی سلائی

بَند کھولنا: [ارمص۔] بند کی گرہ کھولنا۔ مُردہ کو قبر میں رکھنے کے بعد اس کے کفن کے بند کھولنا۔

بَند گوبھی: [ار۔ امث] ایک قسم کی گوبھی، جس میں پھُول کی بجائے پتوں کی گول تھیں ہوتی ہیں۔

بَند میں گرہ دینا: [ارمحاورہ] یادداشت کے واسطے بند میں گرہ دینا

بَند لگانا: [ارمص مرکب] سانپ کاٹے کی جگہ کو باندھنا تاکہ زہر آگے نہ پھیلے

بَند لگنا: [ار۔مص۔ مرکب] دیکھئے "بند لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بَند نہ ہونا: [ارمحاورہ] خوف نہ کرنا۔ عاجز نہ ہونا۔ منکر نہ ہونا

بَند وا کرنا: [ار مص۔ مرکب] بند کھولنا

بَندوبَست: [ف۔ اند] ۱۔ انتظام۔ ترتیب (۲) ضابطہ (۳) سلیقہ۔ ۴۔ تجویز۔ تدبیر (۵) زمین کی حد بندی اور مال گزاری کا انتظام

بَندوبَستِ اِستمراری: [فع۔ اند] دائمی بندوبست، جس میں میعاد گزرنے سے مال گزاری میں اضافہ نہیں ہوتا۔

بَندوبَستِ دیہی: [ف۔ اند] مال گزاری کی نئے سرے سے تشخیص کرنا۔ زمین کی حیثیت اور پیداوار کا اندازہ کرنا۔

بَندوبَستِ سابق: [فع۔ اند] پہلا بندوبست

بَندوبَستِ سَرسَری: [ف۔ اند] چندروزہ بندوبست۔ عارضی بندوبست

بَندوبَستِ قانُونی: [فع۔ اند] وہ بندوبست جس میں پہلی مرتبہ جمع کی تشخیص کی جائے اور اول مرتبہ فرد حقیقت تیار کی جائے۔

بَندوبَستی: [ف صف] بندوبست سے متعلق۔

بَندوکُشاد: [ف۔ اند] حل و عقد۔ انتظام

بَند ہونا: [ارمص۔ مرکب] ۱۔ رُک جانا (۲) ملتوی ہونا (۳) موقوف ہونا۔ مسدود ہونا (۴) بھر جانا (۵) تمام ہونا۔ ختم ہونا۔ پُورا ہونا (۶) مقفل ہونا (۷) (شطرنج) زچ ہونا۔ چلنے کے واسطے گھر نہ ہونا (۸) کند ہونا (۹) تعطیل ہونا (۱۰) برخاست ہونا۔ موقوف ہونا (۱۱) قائل ہونا۔ خاموش ہونا۔ ہار جانا (۱۲) قید ہو جانا (۱۳) حقے کی نے میں کوئی چیز پھنس جانا۔ جس کی وجہ سے ہوا نہ نکلے۔

بند ہیضہ: [فع۔ اند] وہ ہیضہ جس میں قے اور دست جاری نہیں ہوتے

بَن: [انگ۔ مذ] انگریزی bun کا بگاڑ۔ ایک قسم کی چھوٹی ڈبل روٹی۔

بِند / بِندی: [ہ۔امث] ۱۔ نقطہ۔ صفر (۲) بوند۔ قطرہ (۳) تخم۔ نطفہ

بُندا: [ہ۔ اند] عورتوں کے کان کا زیور۔ آویزہ۔ گوشوارہ۔

بُندا بڑھانا: [ارمحاورہ] ۱۔ بُندا کان سے اُتارنا (۲) منت بڑھانا۔ جن عورتوں کے بچے نہیں بچتے وُہ بچوں کے کان چھید کر بُندا پہناتی ہیں۔ اور جب بچہ بڑا ہو جاتا ہے تو وُہ بُندا اُتار کر خیرات کر دیا جاتا ہے۔

بِندا: [ہ۔ اند] ایک گول نشان یا ٹیکا جو ہندو ماتھے پر بناتے ہیں۔

بِندال: [ہ۔ اند] ایک قسم کی تلخ ذائقہ کی گھاس، جس سے چھینکیں بہت آتی ہیں۔

بِندال ڈوڈا: [ہ۔ اند] بندال کا پھل جو نہایت تلخ ہوتا ہے۔ اور دواؤں میں کام آتا ہے۔

بَندَر: [ہ۔ اند] ایک مشہور جانور جس کی شکل انسان سے ملتی ہے۔ درختوں پر بسیرا کرتا ہے اور نباتات پر گزارہ کرتا ہے۔

بَندَر بانٹ: [ہ۔ امث] ایسی تقسیم جس میں تقسیم کرنے والے کا فائدہ ہو اور جن کی چیز ہو ان کا خسارہ ہو۔ ثالث کا خود ہی مال کو ہضم کر جانا۔

بندر بھبکی: [ار۔ امث] نمائشی دھمکی

بندر کا پھوڑا / گھاؤ: [ار۔ اند] ۱۔ وہ پھوڑا یا زخم جو کبھی اچھا نہ ہو (۲) وُہ کام جو کبھی تمام نہ ہو (۳) وُہ مصیبت جو کبھی ختم نہ ہو۔

بندر کو ملی ہلدی کی گرہ، پنساری بن بیٹھا: [ارمثل] چھچھورا آدمی ذرا سی چیز پر بہت اتراتا اور فخر کرتا ہے۔

بندر کی لوٹی: [ار۔ امث] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں، جس کو ایک جگہ قیام نہ ہو۔
بندر کی طرح نچانا: [ار محاورہ] بہت دِق کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔
بندر کی کیا آشنائی: [ار مثل] بے مروت کا کیا بھروسا
بندر کی طرح گھُرکی دینا: [ار محاورہ] بندر کی سی شکل بنا کر ڈرانا
بندر کیا جانے ادرک کا بھاؤ: [ار مثل] معمولی آدمی اعلیٰ درجے کی چیز کی حقیقت نہیں جانتا۔
بندر کی دوستی جی کا جنجال: [ار مثل] کمینے کی دوستی میں ہمیشہ نقصان ہوتا ہے۔
بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا: [ار مثل] کسی شخص کے پاس ایسی چیز کا ہونا جس کا وہ اہل نہ ہو۔ رذیل آدمی کو عزت دینا۔
بندر کے ہاتھ آئینہ: [ار مثل] اترانے والے یا کمینے کے ہاتھ کسی اچھی چیز کا آجانا۔
بندروں کی سی کونسل: [ار۔ امث] نادانوں کا مجمع۔ شہر
بَندَر: [ف۔ اند] دریائی گزرگاہ۔ وہ شہر یا تجارت کی منڈی جو سمندر کے کنارے ہو (۲) بندر گاہ
بَندَر گاہ: [ف۔ اند] سمندر کے کنارے جہازوں کے ٹھہرنے کا مقام
بَندَری: [ھ۔ امث] ا بندر کی مادہ (۲) ایک قسم کی چھینٹ جو پچھلی بندر میں تیار ہوتی ہے (۳) ایک قسم کی تلوار جو راج بندر میں ملتی ہے۔
بَندَریا: [ھ۔ امث] بندر کی مادہ
بَندِش: [ف۔ امث] بندھن۔ گرہ (۲) الفاظ کی ترکیب۔ عبارت کی ترکیب لفظوں کا ربط (۳) سازش (۴) تدبیر۔ پیش بندی۔ روک ٹوک (۵) الزام۔ تہمت۔ بہتان (۶) خیال۔ تمہید (۷) بناوٹ۔ ساخت۔ گھڑت (۸) تکلف۔ بناوٹ
بَندک۔ بَندھا: [ھ۔ اند] روک ٹوک۔ ممانعت۔ مناہی
بِندکی: [ھ۔ امث] چھوٹی چھوٹی بوندیں۔ چھوٹے چھوٹے نقطے۔ چتی
بَندگان: [ف۔ اند] دیکھئے "بندہ" جس کی یہ جمع ہے۔
بَندگانِ عالی: [ف۔ ع۔ اند] تعظیماً حضور کی جگہ بولتے ہیں۔
بَندَگی: [ف۔ امث] ا۔ سلام۔ تسلیم (۲) رخصتی۔ سلام۔ خدا حافظ (۳) اجتناب۔ پرہیز (۴) غلامی (۵) عبادت (۶) عجز۔ انکسار (۷) ملازمت۔ (۸) خدمت (۹) شکریہ (۱۰) (طنزاً) مرحبا۔
بَندگی بجالانا: [ار محاورہ] فرمانبرداری۔ خدمت کرنا، کہا ماننا۔ نہیں
بندگی بیچارگی: [ار۔ مثل] ملازمت میں فرمانبرداری ہے اور آزادی بالکل
بَندگی دُور سے کرنا: [ار محاورہ] پرہیز کرنا۔ احتراز کرنا۔
بندگی عرض ہے: [ار فقرہ] تسلیم ہے۔ سلام عرض ہے۔
بَندگی قبول نہ ہونا: [ار محاورہ] رسائی نہ ہونا۔
بَندگی کرنا: [ار محاورہ] ا۔ سلام کرنا۔ خدا کی عبادت کرنا۔ پوجا کرنا۔ پرستش کرنا (۲) ترک کرنا۔ نفرت کرنا۔
بندگی یہیں سے پہنچے: [ار محاورہ] بندہ یہیں سے رخصت ہوتا ہے۔ سلام قبول ہو۔
بندگی لینا: [ار محاورہ] سلام قبول کرنا۔
بَندگی میں خدائی قبول کرنا: [ار محاورہ] نوکری میں حکومت کرنا۔
بُندلا: [ھ۔ اند] بوند۔ قطرہ
بُندلی: [ھ۔ امث] ایک قسم کا چاول جو بندیل کھنڈ میں ہوتا ہے۔
بِندلی: [ھ۔ امث] شیشے کا چھوٹا سا گول ٹکڑا جسے ہندو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں۔
بَندُوڑ: [ھ۔ امث] باندی کی تصغیر۔ کنیزک۔ کم رتبہ لونڈی (۲) وہ باندی جسے بیوی بنا لیں

بنڈورپن: [ھ۔ امث] باندی کی عادت یا خو
بندوڑی: [ھ۔ امث] باندی۔ لونڈی
بَندُوق: [ع۔ امث] ایک مشہور آتشی ہتھیار۔ تفنگ
بندُوق بھرنا: [ار محاورہ] بندوق میں گولی بارود ڈالنا۔
بَندُوق چلانا: [ار محاورہ] بندوق سر کرنا۔ فائر کرنا۔ گھوڑا دبانا۔
بَندوق چلنا: [ار محاورہ] بندوق کا خود بخود سر ہو جانا۔
بندوق چھتیانا: [ار محاورہ] بندوق کا نشانہ باندھنا۔ بندوق کو چھاتی پر رکھ کر چلانے کو تیار ہونا۔
بَندوق چھُوٹنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بندوق چلنا"
بندوق سر کرنا: [ار محاورہ] دیکھئے بندوق چلانا۔
بندوق سر ہونا: [ار محاورہ] بندوق چلنا۔
بَندوق داغنا / چھوڑنا / لگانا: [ار محاورہ] دیکھئے بندوق چلانا۔
بَندوقچی: [ف۔ اند] بندوق رکھنے والا سپاہی۔
بَندوق کا پیالہ: [ار۔ اند] توڑے دار بندوق میں اوپر کی طرف ایک چھوٹی سی کٹوری ہوتی ہے جس میں بارود ڈالتے تھے۔
بَندوق لگنا: [ار محاورہ] بندوق کی گولی لگنا۔
بَندَہ: [ف۔ اند] غلام۔ نوکر۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ تابع (۲) عاجز۔ خاکسار نیازمند (۳) بشر۔ انسان۔
بندۂ بے دام: [ف صف] ا۔ بندۂ بے زر (۲) مطیع فرمانبردار
بَندۂ آزاد: [ف۔ اند] ا۔ آزاد غلام (۲) مذہبی پابندیوں اور دنیاوی ضروریات سے بے پروا۔
بندہ بشر: [ف۔ اند] انسان۔ آدمی
بَندہ بشر ہے: [ار مثل] بھول چوک انسان کی فطرت میں داخل ہے۔
بَندہ بنا لینا: [ار محاورہ] مطیع کر لینا۔ قابو میں کر لینا۔
بَندہ بن جانا / بننا: [ار۔ مص] مطیع ہو جانا۔ غلام ہو جانا۔
بندۂ بے دام: [ف صف] مفت کا غلام۔ بہت مطیع فرمانبردار۔
بَندہ پَروَر: [ف صف] غلاموں کو پالنے والا۔ فیاض۔ سخی
بَندہ پروَری: [ف۔ امث] دیکھئے "بندہ پرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بَندہ جوڑے پلی پلی رام لنڈھائے کپا: [ار مثل] تھوڑی تھوڑی جمع کی ہوئی دولت بعض دفعہ اچانک ضائع ہو جاتی ہے تو کہتے ہیں۔
بندۂ خدا: [ف اند] لطف کلام کے لیے کہتے ہیں۔
بَندۂ درگاہ: [ف۔ اند] شاہی دربار کا غلام۔ نیازمند۔ خاکسار
بَندہ زادہ: [ف۔ اند] انکسار کے طور پر اپنے لڑکے کو کہا جاتا ہے۔
بَندہ زادی: [ف۔ اند امث] انکسار کے طور پر اپنی بیٹی کو کہا جاتا ہے۔
بَندۂ زر: [ف۔ اند] لالچی۔ حریص۔ دولت کا غلام
بَندہ عاجز ہے: [ف] انسان بے بس ہے۔ خدا کی مرضی کے خلاف انسان کی کوئی تدبیر نہیں چلتی۔
بَندۂ مخلص: [ف۔ اند] سچا انسان
بَندۂ ناچیز: [ف۔ اند] حقیر۔ بے وقعت
بَندہ نواز: [ف صف] مالک۔ مختار۔ حاکم۔ غلاموں کی پرورش کرنیوالا۔

بندہ نوازی: [ف۔ امث] دیکھئے "بندہ نواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بندھ: [ھ۔ اند] دیکھئے "بند"
بندھا: [ار۔صف] جکڑا ہوا۔ مقرر کیا ہوا۔
بندھا پانی: [ار۔اند] کھڑا پانی۔
بندھا توڑا: [ھ۔ اند] پوری تھیلی۔ روپوں کی بھری ہوئی تھیلی
بندھا خرچ: [ار۔ اند] مقررہ خرچ۔ جس کی مقدار مقرر ہو۔
بندھا خوب مار کھاتا ہے: [ارمثل] مجبور کو جو چاہو سزا دو۔
بندھانا: [ار۔مص] دیکھئے "باندھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
بندھائی: [ار۔امث] ا۔ باندھنے کی اُجرت (۲) باندھنے کا عمل
بندھک: [ھ۔ اند] گروی۔ رہن
بندھ گیا سو موتی رہ گیا سو پتھر: [ارمثل] جو کچھ بھی ہوگیا غنیمت ہے۔ جو چیز کام آگئی وہی ہے۔
بندھن: [ھ۔ اند] ا۔ بندھ۔ بندش۔ پٹی (۲) چھپر کی بندش (۳) وہ رسی یا فیتہ جس سے کوئی چیز بندھی ہو۔ روک۔ رکاوٹ۔ لگاؤ۔ لاگ
بندھنا: [ارمص] گرہ لگنا۔ پھنسنا۔ مُبتلا ہونا۔ مقرر ہونا۔ دستور ہونا۔ شعر کا مضمون اور قافیہ درست بیٹھنا۔ قید ہونا۔ پکڑا جانا۔
بندھنا: [ارمص] سُوراخ ہونا۔ چھدنا۔ پرویا جانا۔
بندھنو: [ار۔اند] دیکھئے "باندھنو"
بندھن وار: [ھ۔اند] آم کے پتوں اور پھولوں کے ہار۔ ہار جو کسی خوشی کے موقعہ پر دروازوں پر باندھ دیتے ہیں یا کسی حاکم کے آنے پر سڑکوں اور بازاروں میں لٹکا دیئے جاتے ہیں۔
بندھو: [ھ۔اند] دوست۔ رشتہ دار
بندھوا: [ھ۔اند] اسیر قیدی۔ پابند۔ فرمانبردار
بندھوانا: [ار مص] قید کرانا۔ گرفتار کرانا۔ باندھنے کا حکم دینا
بندھی: [ھ۔صف۔ مث] معمولی۔ مقررہ
بندھی آواز: [ھ۔ امث] وہ آواز جو گانے والے کے قابو میں ہو اور سُر پر قائم رہے۔
بندھی بات: [ھ۔امث] دستور۔ رواج
بندھی ٹکی بات: [ھ۔ امث] دستور۔ قاعدہ۔ مقررہ بات۔ عادت
بندھی چوٹ: [ھ۔ امث] وہ انداز جس کی عادت پڑ گئی ہو اور برابر ہوتا رہا ہو۔ مقررہ شوخی۔
بندھی کلی: [ھ۔امث] غنچہ۔ کلی
بندھی مٹھی: [ھ۔صف] بے خوف۔ چُپ چاپ۔ بے کھٹکے (۲) خُفیہ۔ پوشیدہ۔ راز۔ چھپی ہوئی بات (۳) اتحاد۔ ایکا (۴) یک مُشت۔ اکٹھا۔ مال اور اسباب جمع ہونا۔
بندھی مٹھی لاکھ برابر: [ارمثل] اتفاق کی بڑی قوت ہے۔
بندھیج: [ھ۔ اند] روک ٹوک
بندی: [ار۔ امث] لونڈی۔ کنیز (بندہ کی تانیث) ۲۔ بیٹی
بندے کی خدا سے نہیں چلتی: [ارمقولہ] خدا کی مرضی کے مقابلے میں انسان کی کوئی تدبیر کارگر نہیں۔

بندے خدا سے ڈر: [ارفقرہ] جھوٹ بولنے والے کو کہتے ہیں کہ اتنا جھوٹ نہ بول۔
بندی (دان): [ف۔ اصف] قیدی۔ اسیر۔ گرفتار
بندی خانہ: [ف۔ اند] قید خانہ۔ زندان
بندی: [ھ۔ امث] ا۔ نقطہ۔ صفر (۲) گول ٹیکا۔ نشان جو ہندو عورتیں اپنے ماتھے پر لگاتی ہیں۔
بندے ماترم: [س۔ ترانہ] (جنم بھومی کو سلام) بھارت کا قومی ترانہ۔
بندیا: [ار۔ امث] دیکھئے "بندی" جس کی یہ تصغیر ہے۔
بندیا: [ار۔امث] ایک قسم کی مٹھائی جو گول گول پانی کے قطرے کی شکل کی ہوتی ہے۔
بندیلا: [ار۔ امث] ہندوؤں کی ایک قوم
بندیلن: [ار۔ امث] عطر خوشبو وغیرہ بیچنے والی عورت
بنڈا: [ھ۔ اند] ایک قسم کی ترکاری (۲) بے دم کا۔
بنڈا: [ھ۔ اند] لکڑیوں کا گٹھا۔ لکڑیوں کا بوجھ۔ یا گھاس پھوس کا بوجھ۔
بنڈل: [انگ۔ اند] BUNDLE گٹھڑی۔ پلندہ۔ پیکٹ۔
بنڈی: [ھ۔ امث] بے آستینوں کا ایک چھوٹا سا کوٹ۔ ایک قسم کی صدری۔
بنڈیری: [ھ۔امث] لمبی لکڑی جس پر چھپر رکھتے ہیں۔
بنڈیلا: [ھ۔ اند] جنگلی سؤر
بنرا / بنڑا: [ھ۔اند] ا۔ دُولہا (۲) شادی کا گیت
بنری / بنڑی: [ھ۔ امث] دُلہن
بنس (بہ اعلان نون): [ھ۔ اند] خاندان۔ نسل۔ اولاد۔ گھرانا۔
بنس پھوڑ: [ھ۔ اند] بانس یا بید کا کام کرنے والا۔
بنس لوچن: [ھ۔ اند] ایک سفید دوا جو بانس کی گرہوں سے نکلتی ہے (طباشیر)
بنس واڑی: [ھ۔ امث] وہ جگہ جہاں کثرت سے بانس ہوں (۲) بانسوں کے قریب قریب ملے ہوئے درخت۔
بنسی: [ھ۔ امث] ا مچھلی پکڑنے کی ڈور اور کانٹا (۲) بانسری۔ مرلی (۳) ایک قسم کا گیہوں
بنسری: [ھ۔امث] دیکھئے "بانسری"
بنصر: [ع۔ امث] وہ انگلی جو بیچ کی انگلی اور سب سے چھوٹی انگلی کے درمیان ہے۔
بنفشہ: [ف۔ امث۔ مذ] ایک مشہور بوٹی جو کئی دواؤں میں کام آتی ہے۔ مسہل اور ملیّن۔
بنفشی: [ف صف] بنفشہ سے منسُوب۔ بنفشہ کے رنگ کا یعنی ارغوانی رنگ کا۔
بنفشی شعاعیں: [ف۔ ع ار۔ امث] ارغوانی رنگ کی شعاعیں ایک آلے کے ذریعے سُورج سے اخذ کی جاتی ہیں
بنفشین: [ف۔ امث] دو دواؤں سے مرکب ایک دوا جو چوٹ اور درد کیلئے مفید ہے
بنک [انگ۔ اند] BANK وہ دوکان یا کمپنی جو روپیہ کا لین دین کرتی ہے اور جہاں لوگ روپیہ امانت رکھتے ہیں۔
بنک بیلنس: [انگ۔اند] bank balance بنک میں بقایا رقم۔
بنکارنا: [ھ مص] پوشیدہ بات کا اعلان کرنا (۲) شور و غل کرنا (۳) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا (۴) کسی بھوت پریت کا سر پر آ کر بولنا۔
بنکڑی: [ھ۔ امث] ایک قسم کی بلوں والی چوڑی۔
بنکیا: [ھ۔ امث] ایک قسم کی ٹیڑھی چھری جس سے قلم تراشتے ہیں۔

بنکیت: [ہ صف] ۱. بانک کے فن کا ماہر (۲) مسلح لڑائی پر تیار (۳) بانکا
بنکیتی: [ہ۔ امث] ۱. بانک پن (۲) بانک کے فن میں مہارت۔
بنگ: [ف۔ امث] ایک نشیلی بوٹی۔ بھنگ
بنگا: [ہ۔ امذ] بانس۔ ڈنڈا۔ سونٹا
بنگا مٹونکنا: [ا رمحاورہ] میخ ٹھونکنا (۲) چلتے کام میں روڑا اٹکانا۔
بنگال / بنگالا: [ہ۔ امذ] ہندوستان کا مشہور صوبہ۔ جس کا مشرقی حصّہ پاکستان میں شامل ہے اور مغربی ہندوستان میں۔
بنگالن: [ہ۔ امث] بنگال کی رہنے والی عورت۔
بنگالی: [ہ۔ امذ] بنگال سے منسوب (۱) بنگال کا رہنے والا (۲) بنگال کی زبان۔
بنگالی جادُو: [ہ۔ امذ] پُراثر اور تیز جادُو۔
بنگالے کی مینا: [ہ۔ امث] مجازاً خوب باتیں کرنے والا بچہ۔
بنگاہ: [ف۔ امث] مکان۔ جگہ۔ اسباب رکھنے کی جگہ۔
بنگر: [ہ۔ امذ] جنگل۔ جنگل کی پیداوار۔ جنگل کی آمدنی
بنگری / بنگڑی: [ہ۔ امث] ٹیڑھی مروڑی والی۔ ایک قسم کی بل والی چوڑی جو لاکھ یا کانچ کی بنتی ہے۔
بنگلہ: [انگ۔ امذ] انگریزی bungalow کا مُورَّد۔ کوٹھی۔ انگریزی وضع کا مکان۔ چھپر کا چھوٹا مکان۔
بنگلہ / بنگلا: [ہ۔ امذ] ۱. بنگال کا پان (۲) بنگالی زبان (۳) انگیا پڑا ہوا جس پان کا ٹیکا۔
بنگلیا: [ا ر۔ امث] دیکھئے " بنگلہ " جس کی یہ تصغیر ہے۔
بنگی: [ا رصف] بھنگ پینے والا۔ بھنگ کا نشہ کرنے والا۔
بنگی: [ہ۔ امث] ایک قسم کا آدا زدار لٹو جو اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے۔ اور اس میں سوراخ ہوتا ہے۔
بُننا: [ا رمص] دھاگوں کو ترتیب سے لگا کر کپڑا تیار کرنا (۲) پٹی اور سیر دسے میں بان ڈال کر پلنگ تیار کرنا (۳) سلائیوں سے موزے سوئیٹر وغیرہ تیار کرنا۔
۴. کاڑھنا۔
بَننا: [ا رمص] ۱. آراستہ ہونا (۲) خفیف ہونا احمق بننا (۳) ایجاد ہونا اختراع ہونا۔ نکلنا (۴) درُست ہونا مکمل ہونا۔ صحیح ہونا۔ مرمت ہونا (۵) وجود میں آنا (۶) تیار ہونا (۷) سُدھرنا۔ سنورنا (۸) ہو جانا۔ شکل اختیار کرنا۔ وضع اختیار کرنا (۹) تالیف ہونا تصنیف ہونا۔ لکھا جانا۔ مرتب ہونا۔ (۱۰) پکنا تیار ہونا۔ صاف ہو کر پکنے کے قابل ہونا (۱۱) چارہ کار ہونا۔ مناسب ہونا (۱۲) اصلاح ہونا۔ مالدار ہونا۔ امیر ہونا (۱۳) (شطرنج) پیادہ کا مُہرا ہو جانا (۱۴) اکڑنا۔ اینٹھنا (۱۵) نباہ ہونا موافقت ہونا (۱۶) انجان بننا۔ (۱۷) بھیس بدلنا وضع بدلنا (۱۸) کھینچنا (۱۹) منقش (۲۰) موافق ہونا۔ میل ہونا ملاپ ہونا۔ اتفاق رائے ہونا (۲۱) حاصل ہونا (۲۲) ساکھ ہونا۔ عزت ہونا۔ آبرو ہونا (۲۳) ممکن ہونا۔ موقع ملنا۔ بندوبست ہونا (۲۴) پھٹکا جانا۔ صاف ہونا (۲۵) منڈنا۔ کترا جانا (۲۶) تہہ ہونا۔ (۲۷) مشکل پیش آنا۔
بننا ٹھننا: [ا رمحاورہ] بناؤ کرنا۔ سنگھار کرنا۔
بننا سنورنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے " بنا ٹھننا "

بنو: [ا ر۔ امث] بانو کا مخفف۔ خانم بیگم (۲) خطاب بجائے بوا کے (۳) دُلہن (۴) پیار سے چھوٹی لڑکی کو بھی کہتے ہیں۔
بنواں اُپلا / کنڈا: [ہ۔ امذ] گائے بھینس کا گوبر جو جنگل میں پڑا پڑا خشک ہو جائے۔ ارنا۔
بُنوانا: [ا رمص] دیکھئے " بننا " جس کا یہ متعدّی ہے۔
بَنوانا: [ا رمص] دیکھئے " بَننا " جس کا یہ متعدّی ہے۔
بُنوائی: [ا ر۔ امث] کسی چیز کی تیاری کی اُجرت۔ مزدُوری
بنوائی: [ا ر۔ امث] کسی چیز کے بننے کی اُجرت یا مزدوری۔
بنوٹ: [ہ۔ امث] بناوٹ۔
بنوٹ: [ہ۔ امث] سپہ گری کا ایک فن جس میں ڈنڈوں سے لڑتے ہیں اور حریف کے ہاتھ پر ایسی جگہ چوٹ لگاتے ہیں کہ اس کا ہتھیار گر جائے۔
بنولا: [ہ۔ امذ] کپاس کا بیج۔ پنبہ دانہ۔
بنولی: [ہ۔ امث] چھوٹے اولے۔
بنہگی: [ہ۔ امث] دیکھئے " بہنگی "
بنی: [ہ۔ امث] دُلہن۔ عرُوس۔ بنری۔
بنی: [ہ۔ امث] " بن " کی تصغیر چھوٹا جنگل۔ درختوں کا جھنڈ یا ذخیرہ۔
بنی: [ا ر۔ امث] میل جول۔ موافقت۔ خوشی خوشحالی۔
بنی بات: [ہ۔ امث] مسلّم بات
بنی بگڑی: [ہ امث] دیکھئے " بگڑی بنی "
بنی بنائی بات: [ا ر۔ امث] طے شدہ معاملہ۔ سُدھرا ہوا معاملہ
بنی رکھنا: [ا رمحاورہ] میل رکھنا۔ تعلق قائم رکھنا
بنی رہنا: [ا رمحاورہ] تعلق قائم رہنا قسمت کا موافق رہنا۔
بنی: [ع۔ امذ] بنین کا مخفف جو بن / ابن کی جمع ہے۔ بیٹے پوتے۔ اولاد نسل۔
بنی آدم: [ع۔ امذ] آدم کی اولاد۔ انسان
بنی اسرائیل: [ع۔ امذ] حضرت یعقوبؑ (جن کا لقب اسرائیل تھا) کی اولاد۔ یہودی۔
بنی نوعِ انسان [ع۔ امذ] انسان۔ آدم کی اولاد۔
بنی جان: [ع۔ امذ] جنوں کی نسل / قوم
بنی عم: [ع امذ] چچیرے بھائی
بنی نوعِ بشر: [ع۔ امذ] انسان۔ آدم کی اولاد
بنی کے سب ساتھی ہیں بگڑی کا کوئی نہیں: [ا رمثل] خوشحالی میں سب یار ہوتے ہیں۔ بدحالی میں کوئی ساتھی نہیں ہوا کرتا
بنیا: [ہ۔ امذ] ۱. ہندوؤں میں ایک قوم جو تجارت کرتی ہے۔ ویش۔ بقال۔ اناج بیچنے والا۔ جنس بیچنے والا۔ تاجر۔ دوکاندار (۲) (صف) بخیل۔ کنجوس۔ کفایت شعار (۳) کمینہ۔ ذلیل (۴) کم حوصلہ۔ بُزدل (۵) سیدھا۔ سادہ۔ سادی وضع کا۔
بنیا اپنا گڑ بھی چھپا کر کھاتا ہے: [ا رمثل] ہر کام میں رازداری بہتر ہوتی ہے ایسے آدمیوں کو نصیحت کے طور پر کہتے ہیں جو کھلم کھلا بُرائی کرتے ہیں۔
بنیا بھولتا ہے تو بھی زیادہ بتاتا ہے: [ا رمثل] بنیا بھول چوک میں بھی اپنا ہی مفاد مدنظر رکھتا ہے۔
بنیا جب اُٹھاتا ہے تو جھاڑو دینے لگتا ہے: [ا رمثل] جب کوئی

کسی کو انگ کرنا چاہے تو ہزاروں بہانے۔

بَنیا جب بولتا ہے تو زیادہ ہی بولتا ہے: [ا۔ مثل] ہوشیار آدمی ہر حالت میں اپنا مطلب حاصل کرتا ہے (۲) بَنیا ہمیشہ زیادہ بتاتا ہے۔ تاکہ اگر گاہک کم بھی دے تو اصل قیمت تو آ ہی جائے گی۔

بَنیا جس کا یار اُس کو دُشمن کیا درکار: [ا۔ مثل] بنیا سخت بے وفا ہوتا ہے۔ اس کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔ دوست بن کر دھوکا دیتا ہے۔

بَنیا حاکم قہرِ خدا: [ا۔ مثل] بَنیا حاکم بن جائے تو سخت بے انصافی اور ظلم کرتا ہے۔

بَنیا ریجھے ہر لُر دے: [ا۔ مثل]۔ بنیا اگر کسی سے بہت خوش ہوگا تو معمولی / تھوڑی سی چیز دیگا۔

بَنیا دیتا ہی نہیں۔ کہیں ذرا پورا تو لیو: [ا۔ مثل] کام شروع سے بنتا ہی نہیں درستیِ انجام کی فرمائش ہو رہی ہے۔

بَنیا مارے جان۔ ٹھگ مارے انجان: [ا۔ مثل]۔ بنیا ٹھگ سے بھی زیادہ لُٹیرا ہوتا ہے کہ ٹھگ انجان آدمیوں کو لوٹتا ہے اور بنیا جان پہچان والوں کو

بَنیا میت نہ بیسوا ستی: [ہ۔ مثل] ہو نا ممکن بات ہے کہ بنیا دوست ہو اور بدکار عورت ستی ہو۔ بنیے کی بے وفائی پر طنز ہے۔

بنیوں کا سا / جیسا چلن / بنیوں کی سی چال۔ [ہ۔ اند۔ مث] کفایت شعاری۔

بنیئے: [ہ۔ اند] دیکھئے "بنیا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

بنیئے سے سیانا سو دیوانہ [ہ ا۔ مثل] جو شخص لین دین کے معاملے یا تجارت میں اپنے آپ کو بنیے سے ہوشیار سمجھے وُہ بے وقوف ہے۔

بنیے کا بہکایا اور جوگی کا پھٹکارا: [ا۔ مثل] (خراب ہوتا ہے) دونوں نقصان اٹھاتے ہیں۔ سنبھلتے نہیں۔

بنیئے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے: [ا۔ مثل] بنیا اگر ظاہرا کوئی نقصان اُٹھاتا ہے تو وُہ کسی بہت بڑے فائدہ کی اُمید بلکہ یقین پر ایسا کرتا ہے

بنیے کا جی دھنیا: [ا۔ مثل] بنیا بہت کم دِل۔ کم حوصلہ ہوتا ہے۔

بنیے کا چیلا آدھا اُجلا آدھا میلا: [ا۔ مثل] بنیا شوقین بھی ہوگا تو اُس کے آدھے کپڑے میلے ہوں گے۔

بنیے کا شاہ بھڑ بھونجا: [ا۔ مثل] بنیے کو جب قرض کی ضرورت پڑتی ہے تو بھڑبھونجے کے پاس جاتا ہے وہ اس سے زیادہ کنجوس ہوتا ہے۔

بنیے کا قرض اور گھوڑے کی دوڑ برابر ہے: [ا۔ مثل] مرکب سُود کی وجہ سے قرض دِن دونا رات چوگنا بڑھتا رہتا ہے۔

بنیے کا مُنہ گراہ اور پیٹ موم: [ا۔ مثل] (گراہ مگرمچھ کو کہتے ہیں) اس کے مُنہ میں جو چیز آ جائے چھوٹتی نہیں مطلب یہ ہے کہ بنیے کے پاس جو چیز آ جائے اُسے وُہ چھوڑتا نہیں۔ اور روپیہ بچانے کے لیے اپنی خوراک میں بھی کمی کر دیتا ہے۔

بنیئے کی اجابت اور گھوڑے کی دوڑ: [ا۔ مثل] دیکھئے "بنیئے کا قرض اور گھوڑے کی دوڑ"

بنیئے کے پیشاب میں بچھو پیدا ہوتے ہیں: [ا۔ مثل] بنیے کی مکاری اور ابذلوہی پر طنز ہے۔

بنیے کی کمائی مکان یا بیاہ نے کھائی: [ا۔ مثل]۔ بنیا خرچ صرف اِن ہی دو کاموں پر کرتا ہے

بنیے کی گون میں نو من کا دھوکا: [ا۔ مثل تھوڑے معاملے میں بہت زیان غلطی

بُنیاد [ف۔ امث] ا۔ جڑ۔ اصل۔ نیو (۲) ابتدا۔ آغاز۔ شروع (۳) حیثیت۔ مقدور طاقت۔ حوصلہ (۴) پونجی۔ سرمایہ۔ مال و دولت

بُنیاد ڈالنا: [ا۔ محاورہ] آغاز کرنا۔ ابتدا کرنا۔ نیو رکھنا

بُنیاد رکھنا: [ا۔ محاورہ] تعمیر میں بنیاد کے اندر پہلی اینٹ رکھنا

بُنیادِ فساد: [ا۔ اند] جھگڑے کا آغاز جھگڑے کا موجب

بُنیادِ فساد مٹنا: [ا۔ محاورہ] جھگڑا ختم ہونا

بُنیاد کا پتھر رکھنا: [ا۔ محاورہ] آغاز کرنا۔ ابتدا کرنا۔

بُنیاد نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] حیثیت نہ ہونا۔ حقیقت نہ ہونا۔ اصلیت نہ ہونا۔

بُنیادی: [ا۔ صف] اصلی حقیقی۔ ابتدائی

بُنیان: [ع۔ امث] بنیاد۔ نیو۔ عمارت۔ خلقت۔

بَنیان: [ہ۔ امث] ا۔ بُنی ہوئی چیز۔ وُہ بُنی ہُوئی چھوٹی قمیض پوشش جو کپڑوں کے نیچے پہنی جاتی ہے۔ زیر جامہ قمیض کے نیچے پہننے والا چھوٹا لباس

بنیاین / بنیانی / بنینی [امث] ا۔ زنِ بقال۔ بنیے کی بیوی (۲) چھوٹا سا گھنا جنگل۔

بَنیٹ: [ہ۔ امث] بانا چلانے میں مشاق۔ وُہ شخص جو بہادری کا نشان لیے ہوئے ہو (۲) کبوتر جس کے پاؤں میں پیدار حلقہ پڑا ہُوا ہو۔

بِنیت: [ہ صف] تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ۔ مُہذب۔ شائستہ (۲) فرمانبردار۔ سرتسلیم خم کرنے والا۔ حکم بجا لانے والا۔ ماننے والا (۳) حلیم۔ شریف۔ نرم۔ متحمل۔ ملائم۔

بنیتی: [ہ۔ امث] بانا چلانے کی مہارت۔

بنیٹی / بنیٹھی: [ہ۔ امث] ایک ورزش جس میں بانس کے دونوں سروں پر گیند کی شکل میں کپڑا باندھ کر آگ کا چکر باندھ کر اور اُسے آگ لگا کر چلانے والا اپنے سر اور بدن کے گرد اِس طرح گھماتا ہے کہ آگ کا چکر بندھ جاتا ہے۔

(فعال۔ پھینکنا۔ کرنا۔ ہلانا)

بَنیلا / بنیلا: [ہ صف] ا۔ جنگل کے متعلق (۲) جنگل کا (۳) جنگلی۔ وحشی (مذ) جنگلی سُؤر

بَنینی: [ہ۔ امث] بنیے کی بیوی۔

بنیئے پان دمڑی کے کھائے گھر رہے کہ جائے: [ا۔ مثل] بخیل آدمی تھوڑے خرچ کو بہت سمجھتا ہے

ب۔و

بَو: [ہ۔ امث] کونپل۔ شاخ (۲) گھاس کی شاخ جو زمین پر چلتی یا کسی چیز پر چڑھتی ہے (۳) زمیندار کا حق یا فیس جو کسی کاشتکار کی لڑکی کی شادی پر اُسے ملتا ہے۔

بُو / بو: [ف۔ امث] مہک۔ خوشبو۔ بدبو۔ سڑاند (واو مجہول سے) اثر۔ نشان۔ طرز۔ ڈھنگ۔ علامت (۴) آن بان۔ شان۔ گھمنڈ (۵) خبر۔ راز۔ بھید (۶) شک۔ شبہ

بُو آنا: [ا۔ مص مرکب] خوشبو ناک میں پہنچنا۔ خوشبو محسوس ہونا (۲) انداز ظاہر ہونا۔ طرز معلوم ہونا۔ علامت پائی جانا۔

بُو اُڑنا: [ا۔مص مرکب] بُو پھیلنا۔ بُو کا جاتے رہنا

بُو باس: [ا۔امث] بُو کا سراغ۔ نشان

بُو بدھنا / بُو لینا: [ا۔مص مرکب] بُو سمانا۔ بُو کا کسی چیز میں اثر کر جانا

بُو پانا: [ا۔مص مرکب] خبر پانا۔ خبر سُننا (۲) کُتّے کا کسی چیز کی بُو سونگھ کر پیچھا کرنا۔

بُو پر لگنا: [ا۔محاورہ] تاک میں ہونا۔

بُو پھُوٹنا: [ا۔ محاورہ] بُو نکلنا۔ افشائے راز ہونا۔ شہرت ہونا۔

بُو پھیلنا: [ا۔محاورہ] بُو کا پراگندہ ہونا (۲) مشہور ہونا۔

بُو جانا: [ا۔ محاورہ] بُو دفع ہونا۔ اثر مٹنا۔ گھمنڈ نکلنا۔

بُو چھُو جانا: [ا۔مص مرکب] بُو کا خفیف سا اثر ہونا۔

بُو دار: [ا۔صف] بدبو دینے والا (۲) شکاری کتا (۳) خوشبودار یعنی چیڑا۔

بُو دینا: [ا۔محاورہ] بُو نکالنا۔ پتہ دینا۔ نشان ہونا۔

بُو سمانا: [ا۔محاورہ] بُو کا اثر کرنا۔ کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ

بُو شناس: [ف۔امذ] وہ جس کی قوت شامہ بہت تیز ہو / صحیح ہو

بُو کا مست ہونا: [ا۔محاورہ] بُو کا نہایت خوشگوار ہونا۔

بُو کرنا: [ا۔مص مرکب] بُو دینا

بُو کش: [ف۔صف فاعلی] خوشبو سُونگھنے والا

بُو کشی: [ف۔امث] خوشبو سونگھنا (بوکش کا اسم کیفیت)

بُو گئی بُو دار گئی۔ رہی کھال کی کھال: [ا۔مثل] شان و شوکت جاتی رہی۔ اصلی حالت رہ گئی۔

بُو نکلنا: [ا۔محاورہ] بُو کا جاتے رہنا۔ بُو کا زائل ہونا (۲) بُو ظاہر ہونا۔ بُو پیدا ہونا (۳) راز کھلنا۔ بات معلوم ہو جانا۔ اثر ظاہر ہونا۔

بُو ہونا: [ا۔محاورہ] تھوڑی سی کوئی خاصیت ہونا۔ کچھ اثر ہونا۔

بُوئے محبت: [ا۔امث] محبّت کی علامت۔ محبّت کا نشان۔

بُوئے طِفلی: [ا۔امث] لڑکپن کا اثر۔ بچپن کا اثر۔

بُو: [ع۔امذ] اَبُو کا مخفف۔ جو مُرکّب الفاظ میں استعمال ہوتا ہے۔ اور باپ۔ والد صاحب یا مالک کے معنی دیتا ہے۔

بو العجب: [ع۔صف] انوکھا۔ عجیب۔ شعبدہ باز

بُو العجبی: [ع۔امث] دیکھئے "ابو العجب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بُو الفضول: [ع صف] بہت بکنے والا۔ بکواسی۔ فضول کام کرنیوالا۔

بُو الہوس: [ع صف] خواہش نفسانی کا پابند۔ ہوس رکھنے والا۔ لالچی۔ حریص

بُو الہوسی: [ع۔امث] بُری آرزو یا ہوس۔ حرص۔ لالچ۔

بُو تراب: [ع۔امذ] حضرت علیؓ کی کنیت۔

بُو جہل: [ع۔امذ] دیکھئے "ابُو جہل"

بُو حنیفہ: [ع۔امذ] دیکھئے "ابُو حنیفہ"

بُو: [ہ۔امث] بُوا کا مخفف۔ (۲) بوڑھی عورت (۳) بہن۔ عورتیں ایک دوسری کو خطاب کرتی ہیں (۴) پھوپھی۔ باپ کی بہن۔

بو: [ا۔مص] بونا مصدر سے صیغۂ امر۔ بونا۔ کاشت کر۔ بیج ڈال۔

بُوا: [ہ۔امذ] بوڑھی عورت۔ بہن۔ پھوپھی۔ دایہ

بَوّاب: [ع۔امذ] چوکیدار۔ دربان۔

بَوادی: [ع۔امذ] دیکھئے "بادیہ" جس کی یہ جمع ہے۔ صحرا

بُوار: [ہ۔امث] بونا۔ بیج ڈالنا۔ کاشت کرنا (۲) بیج ڈالنے کا موسم۔

بُوارا: [ہ۔امذ] دیکھئے "بوار"

بَوار: [ع۔امذ] تباہی۔ خرابی۔ بربادی۔

بَواسیر: [ع۔امث] باسُور کی جمع۔ لفظی معنی زائد گوشت (۲) ایک بیماری جس میں مقعد پر مَسّے ہو جاتے ہیں۔ اگر خون آئے تو خونی ورنہ بادی کہلاتی ہے۔

بوانا: [ا۔مص] بونا کا متعدّی۔ کاشت کرانا۔ بیج ڈالنا۔ بھینس پر بھینسا چڑھانا (گائے پر بھی) گابھن کرانا۔

بُوائی: [ا۔امث] بونے کا وقت (۲) بونے کا عمل۔ بجائی۔

بِوائی: [ا۔امث] خشکی اور سردی کے باعث پاؤں کی ایڑیاں وغیرہ پھٹ جانا

بوائی پھٹنا: [ا۔محاورہ] ایڑیوں میں زخم ہونا۔ تکلیف ہونا۔ مصیبت پڑنا۔

بُوبا: [ہ۔امذ] پیٹ۔ شکم۔ عورتیں خفارتاً کہتی ہیں۔

بوبا: [ہ۔امذ] مال۔ متاع۔ مال اسباب۔ سامان

بُوبک: [ہ۔امذ] بوڑھا۔ پیر نابالغ۔ احمق۔ بیوقوف۔ پاجی۔ مسخرا۔

بُوبلا: [ہ۔امذ] بالو ریت۔ ریگ۔ باجرے کے بالوں کا بھُس۔

بُوبُو: [ہ امث] بڑی بہن۔ کنیز باعزت۔ اس ذی عزّت لونڈی کو بھی کہتی ہیں جس نے اُن کی ماں کی پرورش کی ہو۔ (دہلی)
۳۔ مالکِ خانہ۔ مالکہ (۴) مدخولہ حرم۔

بوتا: [ہ۔امذ] (بوائے مجہول) ا۔ درخت کا تنا (۲) زیلے یا خفّے کی نال۔

بُوتا: [ہ امذ] (بوائے معرُوف) زور۔ قوّت۔ طاقت۔ بس۔ حمایت۔ سہارا۔ امداد۔ مدد۔

بُوتات: [ا۔امذ] بیوتات کا بگاڑ۔ جنس کا اُدھار دینا۔ اچاپت۔

بوتات نویس: [ا۔امذ] اچاپت کا حساب لکھنے والا۔

بُوتات نویسی: [ا۔امث] اچاپت کا حساب لکھنے کا عمل۔

بوتام: [فر۔امث] دیکھئے "بٹن"

بوتل: [ا۔امذ] انگریزی bottle کا مُوَرَّد۔ کانچ کا لمبا سا برتن جس کا اُوپر کا حصہ یا گردن پتلی ہوتی ہے۔ اس میں سیّال چیزیں رکھی جاتی ہیں۔
۲۔ شراب کی بوتل۔

بوتل اُڑانا: [ا۔محاورہ] بوتل میں جس قدر شراب ہو سب کی سب پی جانا۔

بوتل تراشنا: [ا۔محاورہ] ہیرے کے قلم سے بوتل کو کاٹنا۔

بوتل چڑھانا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "بوتل اڑانا"

بوتل کاٹنا: [ا۔محاورہ] تلوار کی تیزی کا امتحان کرنا جو بوتل کو کاٹ کر کیا جاتا ہے۔

بوتل کٹنا: [ا۔محاورہ] بوتل کا تراشا جانا۔

بوتل کا کاگ: [ا۔امذ] وہ ہلکی لکڑی کا بنا ہُوا گول سا ٹکڑا جو بوتل کے مُنہ میں لگایا جاتا ہے۔

بوتل کا نشہ: [ا۔امذ] شراب کا نشہ۔

بوتل کی بوتل اُلٹ دی: [ا۔محاورہ] ساری شراب پی گیا۔

بوتل والی چیز: [ا۔امث] شراب

بوتہ: [ت۔امذ] اُونٹ کا زبچہ (۲) مجازاً بدشکل۔ بھدا آدمی۔

.بوتہ: [ف۔ اند] (۱) دھات گلانے کی کٹھالی (۲) پودا۔ بوٹا (۳) وُہ چھوٹا درخت جس کی شاخیں زمین کے قریب ہوں (۴) کپڑے پر بنا ہُوا پھُول

.بوتۂ خار: [ف۔ اند] خاردار جھاڑی

.بوتۂ خاک: [ف۔ اند] قالب انسانی۔ آدمی کا بدن

.بوتی: [ار۔ امث] اُونٹ کا مادہ بچّہ

.بوتیمار: [ف۔ اند] (بروزن موسیقار) سفید بگلا

.بُوٹ: [انگ۔ اند] انگریزی جُوتا۔ جو ٹخنوں تک ہوتا ہے اور جس میں تسمے پڑے ہُوئے ہیں۔

.بُوٹ: [ھ۔ اند] سبز کچے چنے

.بُوٹ پلاؤ: [ار۔ اند] چاول جو کچے سبز چنے ڈال کر پکائے گئے ہوں۔

.بوٹ: [ار۔ اند] گھاس کا ایک کیڑا۔ ٹڈا (۲) گوشت کا بڑا سا ٹکڑا (۳) چڑیا یا دوسرے پرندوں کا بے بال و پر بچّہ (۴) مٹی کا ایک برتن جس میں ہندو گنگا جل لاتے ہیں / رکھتے ہیں۔

.بوٹا: [ار۔ اند] بوٹی کا اسم مکبّر۔ گوشت کا بڑا ٹکڑا۔

.بُوٹا: [ار۔ اند] چھوٹا درخت۔ جھاڑی۔ پھولوں کا چھوٹا سا درخت پھُول پتی جو کپڑوں پر بنی ہوتی ہے۔ گلکاری

.بُوٹا سا قد: [ار۔ اند] خوشنما۔ موزوں قد

.بُوٹا کاڑھنا: [ار۔ مص مرک] کشیدہ کاری کے ذریعہ بیل بوٹے کپڑوں پر بنانا۔

.بُوٹے دار: [ار۔ صف] جس پر نقش نگار بنے ہوں (اصولاً غلط ترکیب ہے)

.بُوٹی: [ار۔ امث] ا۔ چھوٹا پھُول (۲) چھوٹا پودا (۳) جڑی جس کی تلاش میں کیمیاگر رہتے ہیں (۴) چھوٹا جنگلی پودا جو ادویہ میں کام آئے (۵) سبزی۔ بھنگ (۶) پھول پتی جو کسی کاغذ یا کپڑے وغیرہ پر بنائی جائے۔

.بُوٹی بنانا: [ار محاورہ] گلکاری کرنا۔ کسی کپڑے یا کاغذ وغیرہ پر پھُول پتی بنانا۔

.بُوٹی بننا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوٹی بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

.بُوٹی بولنا: [ار محاورہ] ساحروں کا اپنے قاعدہ اور اصُول کے مطابق پُوجا پاٹ کر کے بوٹیوں کو اپنے قبضے میں لانا۔ اگر بُوٹی بولے تو سمجھا جاتا ہے کہ قبضہ میں آگئی۔

.بُوٹی کا پکارنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوٹی بولنا"

.بُوٹی کاڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوٹا کاڑھنا"

.بوٹی (واوٴ مجہول سے) [ھ۔ امث] گوشت کا چھوٹا ٹکڑا۔ پرندے کا چھوٹا بے بال و پر بچّہ۔ لوتھڑا۔ نہایت سُرخ

.بوٹی اُتارنا: [ار محاورہ] بوٹی کاٹنا۔ جسم سے گوشت کا ٹکڑا کاٹنا / اُتارنا

.بوٹی بھرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوٹی اُتارنا"

.بوٹی بوٹی پھڑکنا: [ار محاورہ] ہر عضوِ بدن کا متحرک ہونا (۲) نہایت شوخ اور چُلبلا ہونا۔ رقاصہ کے بدن کا جُنبش کرنا۔

.بوٹی بوٹی کانپنا: [ار محاورہ] غصّہ یا خوف کی شدّت کے سبب سے جسم پر لرزہ کی کیفیت طاری ہونا

.بوٹی بوٹی میں درد ہونا: [ار محاورہ] تمام بدن میں درد / تکلیف ہونا۔

.بوٹی بھرنا: [ار محاورہ] دانتوں سے بدن کا گوشت کاٹ لینا۔

.بوٹی توڑنا: [ار محاورہ] زور سے چٹکی لینا۔

.بوٹی چڑھنا: [ار محاورہ] فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔ تیار ہونا (جسم کا)

.بوٹی دے کر بکرا لیتے ہیں: [ار مثل] ذرا سا احسان کر کے بہت عوضانہ لیتے ہیں۔

.بوٹی کانپنا: [ار محاورہ] بے حد خوف زدہ ہونا۔

.بوٹی لرزنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوٹی کانپنا"

.بوٹی نہیں تو شوربہ ہی سہی: [ار مثل] بہت نہیں تو تھوڑا ہی سہی۔

.بوٹیاں: [ھ۔ امث] دیکھئے "بوٹی" جس کی یہ جمع ہے۔

.بوٹیاں اڑانا: [ار محاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ بہت مارنا۔ دھجی دھجی کرنا۔ پُرزے پُرزے کرنا۔

.بوٹیاں اُڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوٹیاں اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

.بوٹیاں توڑ توڑ کر کھانا: [ار محاورہ] تنگ کرنا۔ ستانا (۲) طعنے دینا۔

.بوٹیاں توڑنا: [ار محاورہ] تکلیف دینا۔ چٹکیاں بھرنا۔ بوٹیاں کاٹنا۔ نوچنا۔ طعنے دینا۔

.بوٹیاں چیل کوّوں کو دینا: [ار محاورہ] ایک قسم کا کوسنا ہے۔

.بوٹیاں کاٹ کاٹ کھانا: [ار محاورہ] سخت غصے میں ہونا۔

.بوٹیاں کاٹنا: [ار محاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ (۲) کھٹمل وغیرہ کا خون چوسنا۔ لہو پینا۔

.بوٹیاں کتّوں۔ کوّوں سے نچوانا: [ار محاورہ] ایک قسم کا کوسنا ہے۔

.بوٹیاں نوچ کر کھانا / نوچنا: [ار محاورہ] دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ چٹکیاں لینا۔

.بوجوت: [ھ۔ امث] کاشت کاری۔ زراعت۔

.بوجھ: [ہ۔ اند] بار۔ وزن۔ کسی چیز کی گٹھڑی (۳) ذمہ داری۔ دُشواری۔ دقت۔ ناگواری

.بوجھ اُتارنا: [ار محاورہ] سبکدوش کرنا۔ بری الذّمہ کرنا (۲) قرض ادا کرنا۔ (۳) بیگار ٹالنا بے پروائی سے کام کرنا۔

.بوجھ اُترنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوجھ اُتارنا" جس کا یہ لازم ہے

.بوجھ اُٹھانا: [ار محاورہ] ذمہ داری لینا۔ خرچ برداشت کرنا۔

.بوجھ اُٹھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوجھ اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

.بوجھ بٹانا: [ار محاورہ] مصیبت میں شریک ہونا۔

.بوجھ بٹائی: [ار۔ امث] کٹے ہوئے اناج کی گٹھڑیاں باندھ کر یا انبار لگا کر بانٹنا۔

.بوجھ بھار: [ار۔ اند] ا۔ استقلال (۲) آدمیت (۳) قدر و مرتبہ

.بوجھ پڑنا: [ار محاورہ] ا۔ دباؤ پڑنا (۲) خرچ ذمہ ہونا (۳) فکر پڑ جانا۔

.بوجھ ڈالنا: [ار محاورہ] کسی کو ذمہ دار کرنا (۲) دباؤ ڈالنا (۳) کسی بھاری چیز کو گرا دینا۔

.بوجھ سر پر رکھنا: [ار محاورہ] الزام رکھنا

.بوجھ سر پر ہونا: [ار محاورہ] فکر ہونا۔ ذمہ داری ہونا۔ کسی کا احسان ہونا۔

.بوجھ سر سے اُتارنا: [ار محاورہ] احسان اُتارنا (۲) بار کا سر سے اُتار کر زمین پر رکھنا۔ (۳) کسی ذمہ داری سے سبکدوش کرنا (۴) بیٹی کی شادی کرنا۔

.بوجھ سر سے اُترنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوجھ سر سے اُتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

.بوجھ سنبھالنا: [ار محاورہ] کسی ذمہ داری کو اپنے سر لینا۔ بار اُٹھانا۔

.بوجھ سنبھلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بوجھ سنبھالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

.بوجھ گردن پر اُٹھانا: [ا۔محاورہ] ذمّہ داری لینا۔ کوئی مشکل کام اپنے ذمّہ لینا۔
.بوجھ گردن پر رہنا: [ا۔محاورہ] بارِ احسان رہنا۔ فکر رہنا۔ خیال رہنا۔
.بوجھ گردن سے اُتارنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے ".بوجھ سر سے اتارنا"۔
.بوجھ گردن سے اُترنا: [ا۔محاورہ] ذمّہ داری سے سبکدوش ہونا۔
.بوجھ لادنا: [ا۔محاورہ] بار اُٹھانا۔ ذمّہ داری لینا۔ ذمّہ داری ڈالنا۔
.بُوجھ: [ھ۔امث] ا۔سمجھ۔ فہم۔ ادراک (۲) پہیلی کا حل (۳) گنجفہ کے کھیل میں جس کے پاس سرِ ہو۔ اس کے پتّے اتر کر کے کہیں سے ایک پتّا مانگ لیتے ہیں۔ اُسے بوجھ کہتے ہیں (افعال۔ لینا۔ دینا۔ مانگنا۔ نکلنا)
.بُوجھ بُجھکّڑ: [ھ۔صف] ہوشیار۔ عقلمند۔ طنزاً بیوقوف
.بُوجھ بُجھوّل: [ھ۔امث] پہیلیاں بوجھنے کا کھیل۔
.بُوجھ بچار: [ھ۔امث] سوچ سمجھ۔ عقل دانائی۔
.بُوجھ جانا/ لینا: [ا۔محاورہ] سمجھ جانا۔ دریافت کرلینا۔ بتا دینا۔
.بُوجھ کر/ کے: [ا۔متعلق فعل] ارادۃً۔ قصداً۔ عمداً۔ جان بوجھ کر۔ دیدہ دانستہ۔
.بُوجھا بُوجھی: [ھ۔امث] بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچے کی آنکھیں بند کرکے دُوسرے ہاتھ لگاتے ہیں۔ اگر وہ ہاتھ لگانے والے کا نام بتا دے تو پھر اس کی آنکھیں باندھتے ہیں۔
.بوجھل: [ا۔صف] وزن دار۔ وزنی۔ بھاری (۲) ثقیل (۳) لدا ہُوا۔ (۴) بوجھ کے نیچے دبا ہُوا۔
.بُوجھ کیا چکّی کا پاٹ: [ا۔مثل] اس شخص کے لیے بولتے ہیں۔ جو عقلمندی کا دعویٰ کرے مگر بیوقوف ہو۔ پڑھا لکھا بیوقوف
.بُوجھنا: [ا۔مص] ا۔سمجھنا۔ پہچاننا۔ دریافت کرلینا۔ جان لینا (۲) پہیلی بتانا۔ چیستان حل کرنا (۳) گنجفہ میں ورق اُتر کرکے پتّا مانگنا (۴) خیال کرنا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ دھیان کرنا۔
.بوجھنا: [ا۔مص] لادنا۔ چاولوں کا گرم پانی میں جوش دینا۔ اُبالنا۔
.بوجھوں: [ھ۔امذ] بوجھ کی جمع۔
.بوجھوں مرنا: [ا۔محاورہ] بہت زیادہ بوجھ اُٹھانا۔ سخت ذمہ داری لینا۔
.بُوجھائی: [ھ۔امث] سکھلائی تعلیم۔ سوچ سمجھ۔ فہم ادراک
.بوجھائی: [ھ۔امث] بوجھا۔ بارِ جہاز
.بُوجھکا: [ھ۔صف] پاگل۔ سودائی۔ مجنوں۔ دیوانہ۔ مخبوط۔ سڑی۔ باؤلا۔
.بُوچا: [ھ۔صف] بغیر کانوں کے۔ جس کے کان کٹے ہُوئے ہوں۔ کن کٹا۔ گوش بریدہ (۲) چھوٹے کانوں والا۔ کن کٹا آدمی یا کتّا (۳) جس کے زیور نہ ہوں۔
.بوچا: [ھ۔امذ] ایک امیروں کی سواری جس کو کہار اُٹھاتے ہیں۔ ہوادار تام جان۔ جھپان۔
.بوچرا: [ھ۔صف] جس کے کنارے ٹوٹے ہُوئے ہوں۔ دندانہ دار۔ گڑھے پڑا ہُوا۔ درز پڑا ہُوا۔ شگاف دار
.بُوچڑ: [انگ۔امذ] (BUTCHER) کا بگاڑ۔ قصاب۔ قصائی۔ اردو میں عموماً گائے ذبح کرنے والے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔
.بُوچی: [ھ۔صف۔مث] دیکھئے ".بوچا" جس کی یہ تانیث ہے۔
.بُوچھار/ بوچھاڑ: [ھ۔امث] ہوا کی وجہ سے ترچھی بارش۔ کسی چیز کا کثرت سے ہونا (۲) بھرمار (۳) تاثیر (۴) گالیوں کی کثرت۔ باتوں کی کثرت۔
.بوچھاڑ پڑنا: [ا۔محاورہ] مینہ کی بوندوں کا زور سے گرنا اور بھرمار ہونا۔ (۲) تیر یا گولیوں کا کثرت سے برسنا (۳) ہر طرف سے لعن طعن ہونا۔ اعتراض ہونا (۴) کثرت سے گالیاں یا کوسنے پڑنا (۵) باتوں کا تار باندھنا۔
.بوچھاڑ کرنا: [ا۔محاورہ] بکثرت روپیہ لُٹانا۔ بکھیرا کرنا۔ بخشش کرنا۔ باتوں کا تار باندھنا۔ اعتراضوں کا پُل باندھنا۔
.بوچھاڑ لگا دینا: [ا۔محاورہ] تار باندھ دینا۔ بھرمار کرنا۔
.بوچھاڑ ہونا: [ا۔محاورہ] دیکھئے ".بوچھاڑ پڑنا"۔
.بوچھاڑی: [ھ۔امث] سائبان جو دروازوں پر لگایا جاتا ہے۔ تاکہ بوچھاڑ اندر نہ آئے۔
.بُود: [ف۔امث] ا۔ہستی۔ وجُود (۲) قیام۔ ترجیح (۳) (فعل) تھا۔
.بُود و باش: [ف۔امث] رہن سہن سکونت کی جگہ۔
.بود و ماند: [ف۔امث] دیکھئے ".بود و باش"
.بود و نابود: [ف۔امث] ہستی و نیستی۔ ہونا نہ ہونا۔ بقا و فنا۔
.بُود ہم پیشہ با ہم پیشہ دُشمن: [ف مقولہ] ایک قسم کے پیشے والوں کی آپس میں عداوت ہوتی ہے۔
.بودا: [ا۔صف] کمزور۔ کم طاقت۔ بُزدل۔ کم ہمت۔ ڈرپوک۔ بے حوصلہ۔ ۲۔گھسا ہُوا۔ سڑا ہُوا۔ بوسیدہ (افعال: کرنا۔ ہونا)
.بوداپن: [ا۔امذ] دیکھئے ".بودا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
.بودر: [ھ۔امذ] ایک مربع بڑا حوض جس میں آبپاشی کے لیے پانی جمع کرتے ہیں (۲) وہ جگہ جہاں کھڑے ہو کر کنوئیں سے نکلے ہوئے چرسے لنڈھاتے ہیں۔
.بودلا: [ھ۔صف۔مذ] ا۔سیدھا سادہ۔ بھولا بھالا (۲) احمق بیوقوف۔ ۳۔ فقیروں کی ایک قسم۔ بے نوا فقیر
.بودلی: [ھ صف مث] ا۔ دیکھئے ".بودلا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) وہ عورت جو بے نوا فقیروں کے ساتھ مردانے لباس میں رہتی ہے۔
.بودم بے دال: [ف صف] بوم۔ اُلّو۔ بے وقوف۔ احمق
.بودھ: [ھ۔امذ] بُدھ کا پیرو (۲) علم گیان۔ عقل سمجھ۔ معرفت (۳) ضمانت ۴۔ کفالت (۵) علم کا دیوتا۔
.بودھ دھرم/ مت: [ھ۔امذ] گوتم بُدھ کا قائم کیا ہُوا مذہب۔
.بودی: [ھ صف مث] دیکھئے ".بودا" جس کی یہ تانیث ہے۔
.بودی بات: [ھ۔امث] اوچھی بات۔ کم رُتبہ بات۔ ناقص دلیل۔
.بُور: (واؤ مجہول سے) [ھ۔امذ] غوطہ۔ ڈبکی
.بُور: [ھ۔امذ] چوکر۔ بھُوسی۔ برادہ۔ چھلکا (۲) خیرات جو شادی کے موقع پر ہندو کرتے ہیں (۳) فضول چیز۔ کوڑا کرکٹ۔
.بُور: [ھ۔امذ] آم کا پھُول۔ (۲) بیل (۳) گھات (۴) پھندا۔
.بُور کا لڈو: [ھ۔امذ] گیہوں کی بھُوسی کے بنے ہُوئے لڈو۔ جو سستے ہونے کے باعث لوگ خرید لیتے ہیں۔ (۲) دھوکے کی مٹھائی۔ فریب اور چالبازی۔
.بُور کے لڈو کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے: [ا۔مثل]

ں کے کرنے اور نہ کرنے پر دونوں صُورتوں میں حسرت اور افسوس کرنا
ا پڑتا ہو۔
: [ہ ۔ اند] بُرادہ۔ سفوف۔ چُورا (۲) پسی ہُوئی صاف شُدہ کھانڈ۔
: [ہ ۔ اند] موٹے کپڑے یا ٹاٹ کا بڑا تھیلا۔ بڑی بوری۔
: [ہ ۔ صف] دیوانہ پاگل۔ سودائی۔ باؤلا
پن : [ہ ۔ اند] پاگل پن۔ دیوانہ پن
نا : [ہ ۔ مص] پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔
انی : [ف ۔ امث] ایک قسم کا رایتہ جو بریاں بینگن دہی میں ڈال کر بناتے ہیں۔
بور : [ہ ۔ صف] پُرزے پُرزے ٹکڑے ٹکڑے۔ پاش پاش۔
(افعال : کرنا۔ ہونا)
ڈ : [انگ ۔ اند] board (۱) تختہ (۲) جہاز کی سطح (۳) مجلس۔
انجمن۔ محکمہ۔ ادارہ۔
آف ریونیو : [انگ ۔ اند] board of revenue
صیغۂ مال کا ایک اعلیٰ محکمہ۔
ر : [انگ صف] boarder ۔ بورڈنگ میں رہنے والے لڑکے۔
نگ ہاؤس : [انگ ۔ اند] boarding house سکول یا
کالج کے طالب علموں کے رہنے کا مکان۔
ٹل سسٹم : [انگ ۔ اند] نابالغ قیدیوں کو علیحدہ جیل میں رکھ کر تربیت
دینے کا طریقہ
ق : [ع ۔ اند] سُہاگہ۔ ایک دوا۔
نا : [ہ ۔ مص] بھگونا۔ تر کرنا۔ ڈبونا۔
ی : [ہ ۔ امث] تھیلا۔ بورا کی تصغیر
ی / : [ہ ۔ صف ۔ مث] چُنے اور صاف کیے ہُوئے جو۔
ی / بوری [ہ کلمہ ندا] (اصل بواری) اری بہن۔ اے ہمشیرہ۔ اے خواہر
یا : [ف ۔ اند] کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی۔
یا باف : [ف صف فاعلی] چٹائی بنانے والا۔ بُننے والا۔
یا باندھنا / اُٹھانا : [ا ۔ محاورہ] کُوچ کرنا۔ سفر کی تیاری کرنا۔
یا بدھنا : [ف ۔ ہ ۔ اند] مال اسباب۔ سامان
یا بدھنا سنبھالنا : [ا ۔ محاورہ] روانگی کا سامان کرنا۔ کُوچ کی تیاری کرنا
یا بستر : [ف ۔ ہ ۔ اند] دیکھئے "بوریا بدھنا"
یا بستر اُٹھانا / باندھنا / سمیٹنا : [ا ۔ محاورہ] چلنے جانا۔ رُخصت ہونا۔
یا بغل میں دابنا : [ا ۔ محاورہ] چلے جانا۔ رُخصت ہونا۔
یائے فلاکت : [ف ۔ اند] ناداری کا بوریا (۲) وُہ بوریا جس پر قتل
ہونے والے شخص کو بٹھاتے ہیں۔
/ بوڑھ : [ہ صف] بوڑھا / بوڑھی کا مخفف۔ عُمر رسیدہ۔
[ہ ۔ اند] بیل ۔ جانور
ا : [ہ صف] پُرانا۔ ردی۔ ٹوٹا پھوٹا۔ پوپلا۔ بہرا
سُہاگن : [ہ صف] وُہ عورت جس کا خاوند مرتے دم تک زندہ ہو۔
وُہ عورت جو مرتے دم تک رانڈ نہ ہو۔
نا : [ہ مص] ڈوبنا۔ غرق ہونا (۲) غوطہ لگانا (۳) غرق کرنا۔

بوڑھا : [ہ صف] سن رسیدہ۔ بڑی عمر کا۔ پیر (۲) بڑی عمر کا آدمی۔
•بوڑھا / آڑھا : [ہ صف] بوڑھا۔ سن رسیدہ۔ بڑی عمر کا۔
•بوڑھا بالا / بچہ برابر : [ا ۔ مثل] بوڑھا اور بچہ دونوں خبرگیری کے محتاج
ہیں (۲) دونوں میں عقل کم ہوتی ہے۔
بوڑھا بڑھا : [ہ صف] بوڑھا عقل مند آدمی۔
•بوڑھا لوبک : [ہ ۔ صف] بڑھاپے میں شوقینی کرنے والا۔ بیوقوف۔ حریص
۔ جو بڑھاپے میں جوانی کی سی سج دھج رکھے اور ناز و انداز کرے۔
•بوڑھاپا : [ہ ۔ اند] بوڑھا ہونا۔ عُمر رسیدگی۔ بوڑھا ہونے کی کیفیت
•بوڑھا تونگ : [ہ ۔ صف] بیوقوف بڈھا۔
•بوڑھا پھُونس : [ہ صف] نہایت بوڑھا۔ پیرِ فرتوت۔
•بوڑھا جانے کیا اور بالا جانے ہیا : [ا ۔ مثل] بڑی عُمر کا آدمی کام کو دیکھتا
ہے۔ اور بچہ پیار کو۔
•بوڑھا چوچلا : [ہ ۔ اند] بڑھاپے کا غمزہ یا نخرا۔
•بوڑھا چونڈا : [ہ ۔ اند] سر کے سفید بال۔ بڑھاپا۔
•بوڑھا چونڈا منڈوانا : [ا ۔ محاورہ] بڑھاپے میں ذلیل کروانا۔
•بوڑھا چونڈا ہلانا : [ا ۔ محاورہ] بڑھاپے میں جوانوں کی طرح ناز نخرے کرنا۔
•بوڑھا خرانٹ : [ا ۔ صف] بہت بوڑھا۔ تجربہ کار۔ چالاک۔ جہاں دیدہ۔
•بوڑھا ڈھونگ : [ا ۔ صف] وُہ کم عُمر لڑکا جس کا قد بہت لمبا ہو۔
•بوڑھا ریپٹ : [ا ۔ صف] دیکھئے "بوڑھا پھونس"
•بوڑھا کھُنٹ : [ا ۔ صف] دیکھئے "بوڑھا پھونس"
•بوڑھا طوطا : [ا ۔ صف] بوڑھا بیوقوف
•بوڑھا کھنگڑ / کھنک : [ہ صف] دیکھئے "بوڑھا پھونس"
•بوڑھا گھاگ : [ہ صف] دیکھئے "بوڑھا خرانٹ"
•بوڑھا نخرا ہلانا : [ا ۔ محاورہ] دیکھئے "بوڑھا چونڈا ہلانا"
•بوڑھا نخرا کرے چلا جنازے کے ساتھ : [ا ۔ مثل] بڑھاپے میں جوانوں
کی سی حرکتیں کرنا۔
•بوڑھا ہو : [ا ۔ کلمہ دُعا] عُمر دراز ہو۔
•بوڑھی : [ہ صف] دیکھئے "بوڑھا" جس کی یہ تانیث ہے۔
•بوڑھی ڈھڈو : [ہ صف] بوڑھی پھُونس۔
•بوڑھی عید : [ا ۔ امث] وُہ عید جس میں رمضان کا چاند تیس (۳۰) دن کا ہو۔
•بوڑھی گھوڑی لال لگام : [ا ۔ مثل] بڑھاپے میں جوانی کا سنگار۔
•بوڑھے : [ا ۔ صف ۔ مذ] دیکھئے "بوڑھا" جس کی یہ جمع ہے۔
•بوڑھے بارے خلق دوارے : [ا ۔ مثل] بوڑھا آدمی دربدر خراب ہوتا ہے۔
•بوڑھے ڈرائیں مرنے سے اور جوان بھاگنے سے : [ا ۔ مثل]
جب کوئی کام کرنا ہو تو بوڑھے ڈراتے ہیں کہ اگر ہماری بات نہ مانی گئی تو
خودکشی کر لیں گے اور جوان یہ کہہ کر ڈراتے ہیں کہ ہم گھر سے بھاگ
جائیں گے۔
•بوڑھے طوطے پڑھانا : [ا ۔ محاورہ] زیادہ عُمر کے آدمی کو تعلیم دینا یا کوئی
کام سکھانا۔
•بوڑھے طوطے پڑھنا : [ا ۔ محاورہ] دیکھئے "بوڑھے طوطے پڑھانا" جس کا یہ

یہ لازم ہے۔

.بوڑھے طوطے پڑھیں قرآن: [ارمثل] تعجب خیز بات ہے۔
.بوڑھے مُنہ مہاسے (لوگ چلے تماشے): [ارمثل] بڑھاپے میں وُہ بات کرنا جو جوانوں کو زیبا ہو۔
بُڑھیا: [ہ صف] دیکھئے "بوڑھا" جس کی تانیث ہے۔ اور "بوڑھی" جس کی تصغیر ہے۔
.بوڑھی: [ہ۔ امث] ا۔ نیزے کی نوک۔ سنان
.بوڑی بردار: [ہ ف۔صف] نیزہ بردار۔ سنان بردار
.بُوڑی: [ہ۔ امث] زمین کا ایک ناپ (۲) کوڑی کا بیسواں (۲۰) حصّہ۔
.بُوڑی: [ہ۔ امث] خشخاش کی بونڈی۔
.بُوڑیا: [ہ۔ اند] غوطہ خور۔ ڈبکی لگانے والا
.بُوز/ بوزہ: [ف۔ اند] سفید گھوڑا۔ جس کے رنگ میں سُرخی یا بھورا پن جھلک دیتا ہو۔
.بُوزنہ/ بوزینہ: [ف۔ اند] بندر
.بوزنہ را با درودگری چہ کار: [ف۔مثل] اپنی حیثیت کے مُطابق کام کرنا چاہیئے
.بُوزَہ: [ف اند] ایک قسم کی شراب۔ جو چاول چنے اور جَو کے آٹے سے بنتی ہے۔
.بُوزَہ/ بوزا: [ف۔ اند] ایک پرندہ آبی جو سارس سے چھوٹا اور بگلے سے بڑا ہوتا ہے۔
.بُوزیدان: [ف۔ اند] ایک جڑ ہے جو بطور دوا کام آتی ہے۔
.بوس: [ف لاحقہ] فارسی مصدر بوسیدن سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ اور چُومنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً پابوس۔ فلک بوس۔
.بوس: [ع۔ اند] ۱۔ دیکھئے "بوسہ" جس کا یہ معرب ہے (۲) دُکھ، رنج۔ غم کی شدّت۔
.بوستان: [ف۔ اند] باغ۔ خوشبو کی جگہ۔ چمن (۲) شیخ سعدی کی منظوم کہانیوں کی کتاب۔
.بوس وکنار: [ف۔ اند] بوسہ بازی۔ چومنا اور بغل میں لینا۔ پیار کرنا۔
.بوسہ: [ف۔ اند] چُوما۔ چومنا۔ پیار کرنا۔ (افعال۔ لینا۔ دینا)
.بوسہ بازی: [ف۔ امث] ایک دُوسرے کو چُومنا۔ چوما چاٹی۔
.بوسہ بہ پیغام: [ف۔ اند] دُوسرے شخص کے ذریعے حصُولِ مطلب
.بوسہ زن: [ف صف فاعلی] بوسہ لینے والا
.بوسہ زنی: [ف۔ امث] دیکھئے "بوسہ زن" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
.بوسہ گاہ: [ف۔ امث] وُہ مقام جس کو چُوما جائے۔
.بوسیدگی: [ف۔ امث] پُرانا پن۔ فرسُودگی۔ خستگی۔
.بوسیدہ: [ف صف مفعول] پھٹا۔ پُرانا۔ گلا سڑا
.بُوشرٹ: [انگ۔امث] دیکھئے "بُش شرٹ"
.بوغ بند: [ف۔ اند] وُہ کپڑا جس میں گٹھڑی بندھی ہو (۲) بُرا بقچہ (۳) وُہ کپڑا جس میں لحاف یا توشک وغیرہ باندھ کر رکھتے ہیں۔

.بوغرا: [ف۔ اند] ایک کھانا جو آٹا چاول اور اُبلے ہُوئے گوشت سے تیار کیا جاتا ہے۔
.بوغرا نکالنا: [ارمحاورہ] بہت مارنا۔ سخت زدوکوب کرنا۔ خُوب پیٹنا۔
.بوغرا نکلنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "بوغرا نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
.بوغما: [ف۔ اند] ا۔ فضول چیزیں۔ الابلا۔ کوڑا کرکٹ (۲) بند ہیضہ۔ (۳) گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں سب اعضاء سے پسینہ بہنے لگتا ہے (۴) گلٹی گلے یا گردن کا ایک پھوڑا (دنبل) ۵۔ واہی تباہی (۶) بدشکل بھدی عورت۔
.بُوق: [ع۔ امث] قرنا۔ نفیری۔ بگل۔ نرسنگا۔ ترئی۔
.بُوقلمُون: [ع صف] رنگا رنگ مختلف رنگ نوع یا وضع کا (۲) عجیب تعجب انگیز۔ ۳۔ گرگٹ۔ عجیب وغریب۔
.بوقلمُونی: [ع۔ف۔ امث] رنگا رنگی۔ تنوع۔
.بُوقلہ: [ف۔ اند] ساگ پات باقلہ
.بوک: [ہ۔ اند] ا۔ جوان اور مست بکرا (۲) نر بکرا جو نسل کشی کے کام آئے۔
.بوک کی سی ڈاڑھی: [ار۔ امث] جو ڈاڑھی بکّی اور دراز ہو۔
.بوکا: [ہ اند] چمڑے کا ڈول جسکے ذریعے کنوئیں وغیرہ سے پانی نکالتے ہیں ۲۔ دیکھئے بوکا
.بوکر: [ہ۔ اند] دیکھئے بوک ۱
.بوکھل: [ارصف] گھبرایا ہُوا۔ بدحواس۔ وحشی۔
.بوکھلا جانا: [ارمص] دیوانہ ہو جانا۔ پریشان ہو جانا۔
.بُوکھلانا: [ارمص] گھبرانا۔ بےتاب ہونا۔ بے چین ہونا
.بُوکھلاہٹ: [ہ۔ امث] گھبراہٹ۔ پریشانی۔
.بوگرا نکالنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "بوغرا نکالنا"
.بوگرا نکلنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "بوغرا نکلنا"
.بوگس: [انگ۔صف] bogus. بناوٹی۔ غیر حقیقی۔ جعلی
.بوگی: [انگ۔ امث] bogie ریل کا پُورا ڈبا۔ ریل گاڑی۔
.بَول: [ع۔ اند] پیشاب
.بَول براز: [ع۔ اند] پیشاب۔ پاخانہ
.بَول خطا ہونا: [ارمحاورہ] پیشاب نکل جانا۔ ڈر یا خوف کی وجہ سے پیشاب خارج ہونا۔
بول: [ار۔ اند] ا۔ بات۔ کلمہ (۲) حُکم (۳) طعنہ۔ طنز (۴) نکاح (۵) گیت کے الفاظ۔ گیت کا ٹکڑا (۶) بولنا مصدر سے صیغہ امر۔
.بول اُٹھنا: [ارمحاورہ] ا۔ بولنا۔ کہہ اُٹھنا۔ چلا پڑنا (۲) خوش نما ہو جانا۔ خوش ذائقہ ہو جانا۔ بہتر ہو جانا۔
بول بالا: [ار۔ اند] عزّت و آبرُو کی ترقی۔ کامیابی۔ شُہرت (افعال: رہنا ہونا۔ کرنا)
.بول جانا/ اُٹھنا: [ارمحاورہ] تمام ہونا۔ ختم ہونا (۲) مجبُور ہونا عاجز آنا (۳) ہار جانا۔ تھک جانا (۴) گھبرا جانا۔ چلا اُٹھنا (۵) پُرانا ہو جانا۔ دم نہ رہنا (۶) دیوالا نکل جانا (۷) برداشت نہ رہنا (۸) استقلال نہ رہنا (۹) سخت سُست کہہ جانا (۱۰) کُوچ کر جانا۔
.بول چال: [ار۔امث] بات چیت گفتگو (۲) روزمرہ (۳) لب ولہجہ۔ گفتگو کا انداز (۴) میل جول ربط وضبط (۵) رفتار گفتار (۶) بحث وتکرار

.بول چال ہو جانا: [ا۔محاورہ] ۱۔ موافقت ہو جانا۔ صلح ہو جانا (۲) بحث و تکرار ہو جانا

.بول دھرنا: [ا۔محاورہ] الزام دینا

.بول دینا: [ا۔محاورہ] حکم دینا۔

.بول سنانا: [ا۔محاورہ] ۱۔ طعنہ دینا۔ برا بھلا کہنا (۲) گیت سنانا۔

.بول مارنا: [ا۔محاورہ] طعنے دینا۔ سنی ان سنی کرنا۔

.بول نکلنا: [ا۔محاورہ] سارنگی ستار یا کسی اور ساز سے گیت کے بول ادا ہونا۔

.بول نہ سکنا: [ا۔محاورہ] شرم یا خوف کی وجہ سے کچھ کہہ نہ سکنا۔

.بولا چاہتی ہے: [ا۔روزمرہ] جب کوئی تصویر اصل سے بہت زیادہ مشابہ ہو تو تعریف میں کہتے ہیں۔

.بولا چالی: [ا۔امث] ۱۔ بات چیت (۲) لڑائی جھگڑا (۳) میل جول۔

.بولا دینا: [ا۔محاورہ] گھبرا دینا۔ بدحواس کر دینا۔

.بولانا: [ا۔مص] گھبرانا۔ بدحواس ہونا۔ دیوانہ سا ہونا۔

.بولتا: [ا۔امذ] سانس۔ دم۔ روح (۲) حقہ (۳) خوب بولنے والا۔

.بولتا ہے جب تلک ہے بولتا: [ا۔مقولہ] زندگی کیساتھ ہی گویائی ہے۔

.بولتی / بولتی چالتی تصویر: [ا۔امث] وہ تصویر جو اصل کے عین مطابق ہو۔

.بولر: [انگ۔صف فاعلی] bowler گیند پھینکنے والا

.بولنا: [ا۔مص] ۱۔ کہنا۔ جواب دینا (۲) کسی کہر درلکڑی کا چٹخنا۔ آواز دینا۔ ۳۔ بجنا (۴) حقے کا آواز دینا (۵) پرندوں کا چہچہانا (۶) طرف داری کرنا ۷۔ دام لگانا (۸) مقرر کرنا (۹) خفا ہونا (۱۰) آواز نکالنا (۱۱) نیلام میں بولی دینا (۱۲) خوب چہل پہل ہونا (۱۳) جماع کرنا۔

.بولنا چالنا: [ا۔محاورہ] ۱۔ غصہ کرنا۔ ناخوشی ظاہر کرنا (۲) روکنا ٹوکنا (۳) بے جا بات کہنا۔ ۴۔ عذر کرنا (۵) چھیڑنا۔

.بولنگ: [انگ۔امث] bowling گیند پھینکنے کا عمل۔

.بولنے پر آنا: [ا۔محاورہ] بیباکی سے گفتگو کرنا۔ شرم لحاظ نہ کرنا۔

.بولا اٹھنا / جانا: [ا۔محاورہ] گھبرا اٹھنا۔ تنگ آ جانا۔

.بولی: [ا۔امث] گفت گو بول چال (۲) زبان (۳) کسی محدود علاقہ میں بولی جانے والی زبان۔ ۴۔ جانوروں کی آواز (۵) نیلام کی آواز (۶) نیلام کی قیمت

.بولی بڑھانا: [ا۔محاورہ] کسی مال کی قیمت بڑھ کر لگانا

.بولی بڑھنا: [ا۔محاورہ] نیلام میں کسی چیز کی قیمت زیادہ ہونا۔

.بولی بولنا: [ا۔محاورہ] ۱۔ جانوروں کا بولنا (۲) دوسرے کے لہجے میں گفتگو کرنا۔

.بولی بولنے والا: [ا۔صف فاعلی] ۱۔ نیلام کرنے والا۔

.بولی ٹھولی: [ا۔امث] مذاق۔ دل لگی۔ طعن و تشنیع۔ مسخراپن (۲) عامیانہ گفت گو کی زبان۔

.بولی ٹھولی پھینکنا / کسنا / مارنا: [ا۔محاورہ] طعنہ زنی کرنا۔ مضحکہ اڑانا

.بولی دینا: [ا۔محاورہ] نیلام میں قیمت لگانا۔

.بولیاں: [ا۔امث] دیکھئے "بولی" جس کی یہ جمع ہے۔

.بولیاں بولنا: [ا۔محاورہ] طرح طرح کی آوازیں نکالنا۔ چہچہانا (۲) طعنہ زنی کرنا۔ گالیاں دینا (۳) نیلام میں قیمت لگانا۔ (۴) اپنی اپنی رائے ظاہر کرنا۔

.بولیاں ٹھولیاں مارنا: [ا۔محاورہ] آوازے کسنا۔ مذاق کرنا۔ طعنے دینا۔

.بولیاں سنانا: [ا۔محاورہ] طعنے دینا

.بولیاں سننا: [ا۔محاورہ] طعنے سننا۔ طعنے برداشت کرنا۔ بیہودہ باتیں سننا۔

.بولیاں مارنا: [ا۔محاورہ] طعنہ زنی کرنا۔

.بوم: [ف۔امذ] ۱۔ الو (۲) جگہ۔ مقام۔ مجازاً منحوس تنہائی پسند بیوقوف۔

.بونا: [ا۔صف] پست قد۔ چھوٹے قد کا۔

.بونا: [ا۔مص] ۱۔ کاشت کرنا (۲) زمین میں بیج ڈالنا (۳) جینے کا جھگتی کرنا۔

.بونا جوتنا: [ا۔مص] کھیت میں بیج ڈالنا اور ہل چلانا۔

.بونٹ: [ھ۔امذ] ہرے کچے چنے (۲) چھوٹا مضبوط گھوڑا۔

.بونٹ پلاؤ: [ا۔ف۔امذ] وہ پلاؤ جس میں سبز چنے جو کچے ہوں ڈالے جائیں

.بوند: [ا۔امث] ۱۔ قطرہ (۲) نطفہ (۳) ایک قسم کا ریشی کپڑا جس پر چتیاں ہوتی ہیں (۴) صف، نہایت اونچا (۵) بہت تیز۔ آب دار (ہتھیار)

.بوند بوند تالاب بھرتا ہے: [ا۔مثل] تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے

.بوند بھر: [ا۔صف] ایک قطرہ کی مقدار۔ تھوڑا سا۔

.بوند پڑنا: [ا۔محاورہ] قطرہ گرنا۔

.بوند ٹپکنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "بوند پڑنا"

.بوند چھٹنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "بوند پڑنا"

.بوند چرانا: [ا۔محاورہ] نطفہ قبول کرنا۔ حاملہ ہونا۔

.بوند چونٹی: [ا۔صف مث] حاملہ ہونے پر آمادہ

.بوند ساون: [ا۔امذ] چھوٹا دن

.بوند کا چوکا گھڑے ڈھلکائے: [ا۔مثل] ایک دفعہ موقع ہاتھ سے نکل جائے تو کچھ نہیں بنتا۔

.بوند کی بوند: [ا۔امث] ۱۔ منتظر (۲) دوآتشہ شراب۔ نہایت تیز شراب۔

.بوند گرنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "بوند پڑنا"

.بوند ہو جانا / ہونا: [ا۔محاورہ] بہت اونچا ہونا۔ بہت بلند ہونا۔

.بوندا: [ھ۔امذ] ۱۔ کچی کلی۔ غنچہ (۲) پوست کا ڈوڈا (۳) مکئی کا بھٹا (۴) چھرا جو بندوق میں بھر کر پرندے مارتے ہیں (۵) پرندوں کے سر کی تباری

.بوندا باندی: [ا۔امث] تھوڑا تھوڑا مینہ۔ ترشح۔

.بوندی: [ا۔امث] ۱۔ بوند کی تصغیر (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔ جس کی شکل پانی کی بوند سی ہوتی ہے (۳) ایک قسم کا درخت (۴) ایک قسم کی عمدہ کٹار جو راجپوتانہ کے شہر بوندی میں بنی ہو۔

.بوندی: [ھ۔امث] ۱۔ درخت کا کلا جو پھول گرنے کے بعد پھوٹے ۲ وہ کلی جو کھلنے کو ہو (۲) جوار کی بالی (۴) کچنار کا پھول

.بوندیاں: [ا۔امث] دیکھئے "بوندی" جس کی یہ جمع ہے

.بوندیں: [ا۔امث] دیکھئے "بوند" جس کی یہ جمع ہے۔

.بوندیں آنا: [ا۔محاورہ] پانی برسنا پانی کے قطرے ٹپکنا۔

.بوندیں / بوندیاں پڑنا: [ا۔محاورہ] چھینٹیں گرنا۔ بارش ہونا۔

.بونڈ: [انگ۔امذ] bond سود والے قرضہ کا تمسک جو حکومت جاری کرتی ہے اور میعاد گزرنے کے بعد قرض مع سود ادا کر دیا جاتا ہے۔ (۲) معاہدہ

.بونڈری: [انگ۔امث] boundary حد۔ حد بندی۔

.بونڈلا: [ھ۔امذ] بگولا۔ گرد باد۔ چکر کھائی ہوئی ہوا۔

بوندے اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] بگولے پیدا ہونا۔
بوندی: [ہ۔ امث] ۱۔ جوار کی بالی (۲) وہ کلی جو کھلنے کے قریب ہو۔
بونڈیانا: [ہ۔ مص] ۱۔ اردگرد لپٹنا۔ بل کھاتے ہوئے دوڑنا۔ ٹیڑھا اور چکر کھاتے ہوئے دوڑنا
بونس: [انگ۔ امذ] bonus ۱۔ وہ انعام جو ملازمین کو اُجرت کے علاوہ دیا جاتا ہے (۲) زائد منافع جو کمپنی کے حصہ داروں کو دیا جاتا ہے۔ (۳) وہ منافع جو بیمہ کرانے والوں کو دیا جاتا ہے۔
بونگا: [ہ۔ صف] ۱۔ بیوقوف نادان (۲) غیر موزوں نامناسب۔
بونگا: [ہ۔ امذ] ۱۔ بھُس وغیرہ کا بند صافر دولی شکل کا ڈھیر جس کے چاروں طرف پھولس باندھ دیا جاتا ہے (۲) بانس کا چھوٹا سا ٹکڑا / رکھ کھلا بانس (۳) نابدل۔
بونگی: [ہ۔ صف۔ مث] دیکھئے "بونگا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بونی: [ا۔ صف مث] دیکھئے "بونا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بونی: [ہ۔ امث] بیجنے کا موسم۔ بیج بونے کا موسم۔
بوڑیا: [ہ۔ صف] وہ مرد جو آتشک کے مرض میں مبتلا ہو۔
بوڑیائی: [ہ۔ صف مث] دیکھئے "بوڑیا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بوہرا: [ہ گجراتی امذ] ۱۔ مسلمانوں کی ایک تاجر قوم (۲) ساہوکار۔ گاؤں کا مہاجن۔
بوہری: [ہ۔ امث] بھُنے ہوئے جو۔
بوہنی: [ہ۔ امث] وہ بکری جو دن میں پہلے پہل ہو۔ وہ رقم جو پہلے پہل ملے (افعال: کرنا۔ ہونا)
بوئی: [ہ۔ امث] بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام (۲) ایک گھاس کا نام۔
بوئیا / بوئیاں: [ہ۔ امذ] تنگ منہ کی چھوٹی سی ٹوکری۔ جس میں اکثر روٹی کا پیڑا رکھتے ہیں۔
بوئیٹی: [ہ۔ امث] دیکھئے "بوئیا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
بویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا: [ا۔ مثل] محنت اور مشقت کے بغیر کام بن گیا۔
بویام: [ہ۔ امذ] انگریزی وضع کے مرتبان۔ اچار یا مربہ ڈالنے کا برتن۔
بوئیسا: [ہ۔ امذ] ۱۔ بہت بولنے والا (۲) بواسیر کی بیماری (۳) اغلام کرانیوالا۔

ب — ہ

بہ: [ا۔ فعل] دیکھئے "بہنا" جس کا یہ صیغہ امر ہے
بہ: [ہ۔ امذ] ۱۔ عورتوں کی ناک یا کان کا وہ سوراخ جس میں وہ زیور پہنتی ہیں (۲) موتی کا سوراخ
بہ: [ف صف] اچھا خوب عمدہ۔
بہا: [ف۔ امذ و مث] مول۔ دام قیمت
بہا بہا پھرنا: [ا محاورہ] کسی سیال چیز کا کثرت سے بہنا (۲) کسی چیز کا کثرت سے ہونا۔
بہا بہا ڈولنا: [ا محاورہ] واہی تباہی پھرنا۔ مارا مارا پھرنا

بہادر: [ف صف] ۱۔ جوانمرد۔ شجاع۔ نڈر۔ دلیر (۲) لڑائی کا مرغ (۳) ایک خطاب جو حکومت کی طرف سے دیا جاتا تھا۔
بہادرانہ: [ف۔ متعلق فعل] بہادری سے دلیری سے۔
بہادری: [ف۔ امث] جوانمردی۔ دلیری۔ شجاعت۔

بہادری ٹوڈی: [ہ۔ امث] ایک راگنی کا نام۔ جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
بہا دینا: [ا محاورہ] ستیاناس کر ڈالنا۔ اونے پونے ڈالنا۔ لٹا دینا۔
بہار: [ف۔ امث] پھول کھلنے اور شگوفے نکلنے کا موسم۔ بسنت کا زمانہ۔ خزاں کی ضد (۲) گلِ نارنج (۳) شادابی۔ رونق۔ سرسبزی۔ لطف کیفیت (۴) سیر تماشا دل لگی۔ خوشی (۵) کانی ٹھاٹھ کی ایک راگنی جس میں چھ سُر لگتے ہیں۔ اس کا مزاج شوخ ہے۔ اور عموماً موسم بہار میں گائی جاتی ہے۔
بہار آنا: [ا محاورہ] ۱۔ بہار کا موسم آنا (۲) رونق آنا۔ لطف آنا۔
بہار اڑانا: [ا محاورہ] رونق لٹنا
بہار الاپنا: [ا محاورہ] بہار راگنی گانا۔
بہار بیچنا: [ا محاورہ] پھل والے درختوں کی فصل بیچنا۔ پھل آنے سے پہلے ہی پھل بیچنا۔
بہار پر آنا: [ا محاورہ] رونق پر آنا۔ جوبن پر آنا (۲) جوان ہونا (۳) پھولوں کا کھلنا (۴) مزیدار ہونا۔
بہار پر ہونا: [ا محاورہ] سرسبز ہونا۔ شاداب ہونا۔
بہار دکھانا: [ا محاورہ] سماں دکھانا۔ کیفیت دکھانا۔
بہار دیکھنا: [ا محاورہ] سرسبزی دیکھنا۔ لطف دیکھنا۔
بہار دینا: [ا محاورہ] لطف دینا۔
بہار کھلنا: [ا محاورہ] رونق ہونا۔
بہار کے دن: [ف۔ ا۔ امذ] بہار کا موسم
بہار لوٹنا: [ا محاورہ] ۱۔ لطف حاصل کرنا۔ عیش کرنا۔ مزا اڑانا (۲) سیر کرنا۔ تماشا دیکھنا (۳) تباہ و برباد کرنا۔ ویران کرنا۔
بہاراں: [ف۔ امذ] بہار کا موسم
بہارن: [ہ۔ امذ] جھاڑن۔ جھاڑنے کا کپڑا۔ ٹہورن۔
بہارنا: [ا مص] صاف کرنا۔ جھاڑنا۔
بہارو: [ا۔ امذ] جھاڑو کا ہم معنی (جو جھاڑو کے تابع کے طور پر آتا ہے (۲) جھاڑو دینے والا۔ بھنگی۔
بہاری: [ف صف] دیکھئے "بہار" جس سے یہ منسوب ہے۔
بہاری: [ف صف] ۱۔ صوبہ بہار سے منسوب (۲) ایک قسم کا سفید رنگ جس کی رنگت نارنج کے پھولوں سے ملتی جلتی ہے (۳) ایک قسم کا لیموں (۴) ایک قسم کا سہرا جس میں پھول بہت پاس پاس ہوتے ہیں اور سر سے پاؤں تک لٹکتا ہے (۵) کرشن جی کا ایک نام۔
بُہاری: [ہ۔ امث] جھاڑو۔ جاروب۔
بہاگ: [ہ۔ امذ] بلاول ٹھاٹھ کا ایک راگ جو آدھی رات کے

وقت گایا جاتا ہے۔ اس کا مزاج پُرسکون ہے۔

بہاگڑا: [ہ۔ امذ] جاول ٹھاٹھ کا ایک راگ۔ جو رات کو گایا جاتا ہے

بہانا: [ا رمص] ا۔ لنڈھانا (۲) جاری کرنا۔ پانی کی رَو میں ڈالنا۔ (۳) خراب کرنا ضائع کرنا (۴) سستا بیچنا۔

بَہانَہ: [ف۔ امذ] عذر۔ حیلہ۔ ظاہرداری۔ دھوکا۔ دم فریب (۲) وسیلہ۔

بَہانَہ باز: [صف فاعلی] دیکھئے "بہانہ جو" (۲) ڈھب۔ موقع ٹالِ مٹول۔ حیلہ

بَہانَہ بازی: بہانہ باز کا اسم کیفیت [ف۔ امث]

بہانہ بنانا: [ا رمحاورہ] ٹالنا۔ حیلے حوالے کرنا

بَہانَہ جُو: [ف صف فاعلی] حیلے ڈھونڈنے والا۔ فریبی

بَہانہ جُوئی: [ف۔ امث] دیکھئے "بہانہ جو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بَہانَہ چلنا: [ارمحاورہ] حیلہ کارگر ہونا۔ تدبیر کا اثر کرنا۔

بَہانَہ خور: [ف صف فاعلی] مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔

بَہانَہ ڈھونڈنا: [ارمحاورہ] حیلے کی تلاش میں رہنا۔ عذر ڈھونڈنا۔

بَہانَہ رکھنا: [ارمحاورہ] الزام رکھنا۔ ٹالنا۔ حیلہ کرنا۔

بَہانَہ ساز: [ف صف فاعلی] حیلہ کرنے والا۔

بَہانَہ سازی: [ف۔ امث] دیکھئے "بہانہ ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بَہانَہ طَلَب: [ف صف فاعلی] حیلہ ڈھونڈنے والا۔

بَہانَہ طلبی: [ف۔ امث] دیکھئے "بہانہ طلب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بَہانَہ کرنا: [ارمحاورہ] حیلہ حوالہ کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔

بَہانَہ مِلنا: [ارمحاورہ] حیلہ ہاتھ آنا۔

بَہانَہ لانا: [ارمحاورہ] حیلہ پیش کرنا۔

بَہانے: [ار۔ امذ] دیکھئے "بہانہ" جس کی یہ جمع ہے۔

بَہانے سے: [ارمتعلق فعل] حیلے سے

بہانے موت حیلے رزق: [ار مقولہ] موت کا کوئی سبب ہو... رزق کا کوئی وسیلہ ہوتا ہے۔

بَہائِم: [ع۔ امذ] "بہیمہ" کی جمع چوپائے۔ مویشی حیوان

بَہاؤ: [ار۔ امذ] ا۔ روانی (۲) پانی کا جوش طغیانی (۳) پانی بہنے کا رُخ۔

بہائمی: [ع صف] چوپاؤں کے متعلق۔ چوپاؤں کا (۲) (مونث) حیوانی خصلت۔ حیوانیت۔

بہائی: [ہ۔ امث] وہ رُوح جو بچوں کو نیند میں ہنساتی رُلاتی ہے (۲) وہ خواب جس کو بچے دیکھ کر سوتے میں ہنستے یا روتے ہیں (۳) ایک گیت کا نام جو بچہ پیدا ہونے پر گایا جاتا ہے۔ بدھائی

بُہائی: [ع۔ امذ] بہاؤاللہ کے مذہب کا پیرو۔ بہائی مذہب کا ماننے والا۔ جو بابی مذہب کی ایک شاخ ہے۔ اس کا آغاز ایران میں ہوا تھا۔

بِہبُود: [ف۔ امث] بھلائی۔ بہتری۔ خیرطلبی۔ فائدہ۔ نفع (۲) خیریت عافیت (۳) خوش اقبالی۔ بلند بختی۔ طالع مندی (۴) ترقی۔ افزونی بیشی۔ بہتات

بِہبُودی: [ف صف] دیکھئے "بہبود" جس سے یہ منسوب ہے۔

بُہت: [ہ۔ صف] ا۔ نہایت زیادہ کثرت سے۔ افراط سے (۲) کافی کئی (۳) بڑا وسیلہ (۴) کلمۂ ایجاب۔ بہت بہتر۔ مناسب (۴) طنزاً کیا کہنے۔ واہ واہ (۵) دھمکی کے طور پر۔ خیر دیکھا جائے گا۔ کیا مضائقہ ہے (۶) کسی سوال کے جواب میں: ہاں

بُہتُ اچھا: [ارکلمہ ایجاب] بہت بہتر۔ بالکل مناسب۔

بہت اُڑنا: [ارمحاورہ] چالاکی کرنا۔ دُور کی لینا۔

بہت اولاد بھی غضب ہے: [ار۔ مقولہ] کثرت اولاد بھی مصیبت ہے۔

بہت بُرا کیا: [ارفقرہ] نہایت بُرا کام کیا۔ سخت غلطی کی۔

بہت بُری کی: [ارفقرہ] خطا کی۔ دھوکا کھایا۔ غلطی کی۔

بہت بڑی چُوک ہوئی: [ارفقرہ] بڑی غلطی ہوئی۔

بہت بڑی عمر ہے: [ارمحاورہ] ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کسی شخص کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ آ جائے۔

بہت بہت پُوچھنا: [ارمحاورہ] عورتیں مزاج پُرسی کا پیغام اسی طرح دیتی ہیں یعنی ہماری طرف سے بہت مزاج پُرسی کرنا۔

بہت بہت سلام کہنا: [ارمحاورہ] تاکید سے سلام کا پیام دینا۔

بہت پَر نکلنا: [ارمحاورہ] بہت ہوشیار یا چالاک ہو جانا۔ ۲۔ اترانا۔ غرور کرنا (۳) گستاخ ہو جانا۔

بہت خاصے: [متعلق فعل] بہت خوب واہ واہ۔

بہت خاک اُڑانا: [ارمحاورہ] بہت کوشش کرنا۔ بہت محنت کرنا۔ بہت تلاش کرنا۔ آوارہ گردی کرنا۔

بہت خاک چھاننا: [ارمحاورہ] دیکھئے "بہت خاک اُڑانا"

بہت خوب: [ارکلمہ ایجاب] دیکھئے "بہت اچھا"

بہت دم دینا: [ارمحاورہ] بہت فریب کرنا۔ بہت کوشش کرنا۔

بہت دم دلاسا دینا: [ارمحاورہ] بہت تسلی دینا۔ بہت فریب دینا۔

بہت دِن آیا/آ گیا/چڑھا: [ارمحاورہ] دن کا بہت سا حصہ گزر جانا۔ آفتاب بہت بلند ہونا۔

بہت دِن پڑے ہیں: [ارمحاورہ] بہت وقت ہے۔

بہت دِن یاد کرنا: [ارمحاورہ] بہت افسوس کرنا/پچھتانا۔

بہت دُور: [ارصف] ہوشیار۔ چالاک۔ دُور اندیش (۲) زیادہ فاصلے پر

بہت دُور نکلنا: [ارمحاورہ] بڑا ہوشیار یا چالاک ثابت ہونا۔

بہت دُور دُبک کرنا: [ارمحاورہ] دبکانا۔ ڈانٹنا۔

بہت رات آنا/جانا: [ارمحاورہ] رات کا کافی حصہ گزر جانا۔

بہت سا/سی: [ار وصف] کثرت سے

بہت سر پٹخنا/پٹکنا: [ارمحاورہ] بہت بھٹکا۔ بہت کوشش کی بہت کیا۔

بہت سونا دلدّر کی نشانی ہے: [ارمثل] ضرورت سے زیادہ سونا نحوست ہے۔

بہت شور سننا: [ارمحاورہ] بڑی شہرت ہونا

بہت قریب، زیادہ رقیب: [ارمثل] قرابتی کو زیادہ حسد ہوتا ہے۔

بہت قصائیوں میں گائے مُردار: [ارمثل] زیادہ صلاح کاروں سے کام خراب ہو جاتا ہے۔

بہت کٹ گئی تھوڑی رہ گئی: [ا۔ مثل] بہت گئی تھوڑی رہی۔ تھوڑی سی زندگی باقی ہے۔
بہت کچھ: [ا۔ متعلق فعل] بڑا۔ زیادہ
بہت کچھ کہنا: [ا۔ محاورہ] منت کرنا۔ دیر تک سمجھانا
بہت کر کے: [ا۔ متعلق فعل] اکثر۔ بار بار۔ بکثرت
بہت کرنا: [ا۔ محاورہ] زیادہ خاطر کرنا۔
بہت گھول میل ہے: [ا۔ محاورہ] بڑا یارانہ ہے۔ بہت ربط ضبط ہے بہت میل جول ہے۔
بہت گئی تھوڑی رہی: [ا۔ مقولہ] دیکھئے "بہت کٹ گئی تھوڑی رہ گئی"۔
بہت مار میں آدمی تو بہ بھول جاتا ہے: [ا۔ مقولہ] جب ہر طرف سے حملہ ہوتا ہے تو انسان بدحواس ہو جاتا ہے (۲) جب چاروں طرف سے مصیبتیں پڑ جاتی ہیں تو انسان کو کچھ نہیں سوجھتا

بہت مار میں رونا نہیں آتا: [ا۔ مقولہ] بہت مصیبتیں پڑ جائیں تو شکایت نہیں کی جاتی
بہت مبارک: [ا۔ کلمہ ایجاب] دیکھئے "بہت اچھا"
بہت مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں: [ا۔ مثل] بہت بے تکلفی کا نتیجہ جھگڑا فساد ہوتا ہے۔ بہت میل جول کا نتیجہ خراب ہوتا ہے۔
بہت نکٹوں میں ایک ناک والا نکو: [ا۔ مثل] بہت عیب داروں میں ایک بے عیب، عیب والا گنا جاتا ہے۔
بہت ننھا کاتنا: [ا۔ محاورہ] بہت سوچنا۔ بہت غور و فکر کرنا۔
بہت ہو گا: [ا۔ محاورہ] زیادہ سے زیادہ یہ ہو گا۔
بہت ہے: [ا۔ مقولہ] ا۔ کافی ہے۔ زیادہ ہے۔ بڑی مہربانی ہے۔ بڑی بات ہے (۲) برکت ہے۔ نہیں ہے (بعض عورتیں نہیں ہے کہنا منحوس سمجھتی ہیں اس لیے یہ کہتی ہیں)
بہت ہی بہت ہے۔ عو: [ا۔ مقولہ] کچھ نہیں
بہت یاد ہیں: [ا۔ مقولہ] معلوم ہیں۔ مشق میں ہیں۔
بہت یار ہی بن گئے: [ا۔ مقولہ] بہت بے تکلف ہو گئے بالکل نڈر ہو گئے
بہتا: [ہ۔ امث] دیکھئے "بہتات"
بہتات: [ہ۔ امث] زیادتی کثرت۔ افراط۔ وفور۔ افزونی۔ افزائش۔ بڑھوتری
بہتان: [ع۔ اند] تہمت افترا۔ لم کلنک۔ حرف۔ طوفان۔ ٹھڈا۔ (۲) الزام۔ بدنامی۔ عیب
بہتان اٹھانا: [ا۔ محاورہ] الزام لگانا۔ تہمت لگانا
بہتان باندھنا: [ا۔ محاورہ] الزام لگانا۔ تہمت لگانا
بہتان بندھنا: [ا۔ محاورہ] تہمت لگنا۔
بہتان جوڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بہتان باندھنا"
بہتان دھرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بہتان اٹھانا"
بہتان رکھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بہتان دھرنا"
بہتان لگانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بہتان اٹھانا"
بہتان لگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بہتان لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بہتان لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "بہتان رکھنا"
بہتر: [ا۔ ا۔ عدد] ا۔ ستر اور دو کا مجموعہ (۲) بہت۔ کثرت۔
بہتر (بہ۔تر): [ف صف] بہ کی تفضیل بعض (۱) زیادہ اچھا۔ عمدہ۔ اعلیٰ افضل (۲) (کسی بات کے جواب میں) بہت اچھا۔ ہاں۔ بہت خوب (۳) خیر کیا مضائقہ
بہتر جاننا: [ا۔ محاورہ] اچھا سمجھنا۔ ترجیح دینا۔
بہتر کام: [ا۔ اند] اچھا کام۔ عمدہ بات
بہتری: [ف۔ امث] بھلائی۔ بہبود۔ خیریت۔ ترقی۔ فائدہ۔ عمدگی۔ خوبی
بہتری جاننا: [ا۔ محاورہ] بھلائی سمجھنا
بہترین: [ف صف] بہ کی تفضیل کل۔ نہایت اچھا اعلیٰ افضل۔
بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا / بہتے دریا میں ہاتھ دھونا: [ا۔ مثل] فیاضی سے فائدہ اٹھانا۔
بہتیرا (بہ۔تیرا): [ا۔ صف] دیکھئے "بہت"
بہتیرا گاؤ بجاؤ کوڑی نہ پاؤ: [ا۔ مثل] چاہے کتنی کوشش کرو کچھ نہیں ملے گا
بہتیرے ہاتھ پاؤں پیٹے / مارے: [ا۔ محاورہ] بہت کوشش بہت محنت کی۔ بہت منت کی بہت دہائی مچائی۔
بہتیری: [ا۔ صف] "بہتیرا" کی تانیث
بہجت: [ع۔ امث] خوشی شادمانی۔ تازگی۔ انتہائی مسرت۔
بہہ دانا: [ف۔ اند] بہی کا بیج جس کا لعاب گلے کے درد اور زکام کیلئے مفید ہے۔
بہ در بہ: [ا۔ متعلق فعل] سلسلہ وار تفصیل وار۔ بہی وار مفصل۔ بہی در بہی کا بگاڑ۔
بہرا: [ہ صف] وہ شخص جسے سنائی نہ دے۔ گراں گوش۔ کر (۲) توجہ نہ کرنے والا۔ بے خبر۔ بے پروا۔
بہرا بادل / بھنڈ: [ا۔ صف] (مذاقاً اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنے خیالات میں محو ہونے کی وجہ سے نہ سنے۔ جسے اونچا سنائی دے۔
بہرا بہشتی، اندھا دوزخی: [ا۔ مقولہ] دیکھئے "اندھا دوزخی بہرا بہشتی"
بہرا پتھر: [ا۔ صف] وہ شخص جس کی سننے کی قوت بالکل زائل ہو گئی ہو
بہرا ازدکی پیٹ پٹ سنتا ہے: [ا۔ مثل] ہر شخص اپنے مطلب کی بات سن لیتا ہے۔
بہرا سنے دھرم کی کتھا: [ہ۔ مثل] ناممکن بات ممکن نہیں ہو سکتی۔
بہرا سو گہرا: [ہ۔ مقولہ] بہرا بڑا چالاک ہوتا ہے۔
بہرام: [ف۔ اند] سیارہ مریخ جلاد فلک۔ منگل سیارہ۔
بہرام چرخ / فلک: [ف۔ اند] دیکھئے "بہرام"
بہروپ: [ہ۔ اند] بھیس۔ سوانگ۔ دھوکا۔ فریب مکر۔ شعبدہ۔
بہروپ بدلنا: [ا۔ محاورہ] بھیس بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ شعبدہ بازی کرنا۔
بہروپ بھرنا: [ا۔ محاورہ] وضع اختیار کرنا۔ نئی حالت میں نظر آنا۔
بہروپ بھرنے میں بھی کمال چاہیئے: [ا۔ مقولہ] ادنیٰ کام بھی عقل کے بغیر نہیں ہو سکتا۔
بہروپ دکھانا: [ا۔ محاورہ] تماشا دکھانا۔ رنگ لانا۔ نئی وضع اختیار کرنا۔
بہروپ لانا: [ا۔ محاورہ] نئی وضع ظاہر کرنا۔ نئی شکل میں ظاہر ہونا۔
بہروپیا: [ہ صف] نئی وضع بدلنے والا (۲) مکار۔ فریبی۔

بَہرَہ: [ف۔ امذ] فائدہ قسمت نصیب۔ حوصلہ۔ دلیری۔ حصّہ

بَہرہ رکھنا: [ا رمحاورہ] حصّہ رکھنا حصّہ دار ہونا (۲) کچھ ملنا (۳) دسترس رکھنا

بَہرہ کھل جانا / کھُلنا: [ا رمحاورہ] قسمت کھلنا۔ نصیبہ جاگنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔ (۳) حوصلہ ہونا۔ دلیری کرنا (۴) کامل ہونا (۵) دل روشن ہونا۔

بَہرہ مند / ور / یاب: [ف صف] خوش قسمت۔ خوش نصیب (۲) جس کی اُمیدیں پوری ہوں (۳) فائدہ اُٹھانے والا (۴) خوش و خرّم

بہرہ مندی / وری / یابی: [ف۔ امث] خوش قسمتی طالع مندی۔ اقبال۔ (۲) خوش خری۔

بَہری: [ھ۔ امث] ایک شکاری پرندہ جو اکثر کبوتروں، فاختاؤں وغیرہ کا شکار کرتا ہے۔

بَہری چھُوٹنا: [ا رمحاورہ] بہری کا شکار پر حملہ کرنا۔

بہری: [ھ۔ امث] برابر کا حصّہ (۲) چندہ۔ قسط

بہری باندھنا: [ا رمحاورہ] چندہ مقرر کرنا۔ باری مقرر کرنا۔ قسط مقرر کرنا

بُہری: [ھ۔ امث] بھُنے ہُوئے جَو۔

بَہریا: [ھ۔ امذ] اجنبی پردیسی دُوسرے ملک کا۔

بُہریا: [ھ۔ امث] بہو۔ بیٹے کی بیوی۔ بے پالک کی بیوی (۲) غلام زادے کی بیوی۔

بہشت: [ف۔ امذ] جنّت۔ فردوس۔ باغ جناں۔ خلد۔ باغ رضوان۔ (۲) فضا کا مقام۔ عیش و آرام کی جگہ۔ ۳۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

بہشتِ بریں: [ف امذ] اعلیٰ بہشت۔ جنت کا اعلیٰ درجہ

بہشتا: [ف امذ] بہشتی

بہشت شدّاد: [ف امذ] دیکھئے "ارم"

بہشت کا جانور [ف ارامذ] مور طاؤس

بہشت کا میوہ: [ف ارامذ] انار انجیر (۲) کوئی مزہ دار پھل

بہشت کی قمری: [ف ارامث] ناچنے گانے والی عورت

بہشت کی ہوا: [ف ارامث] نسیم۔ شمیم

بہشت میں ٹھوکر مارنا۔ [ا رمحاورہ] آرام و آسائش کو چھوڑنا راحت ترک کرنا (۲) خدا کی مہربانیوں کی ناشکری کرنا (۳) نیک کے ساتھ بدی سے پیش آنا (۴) ماں باپ سے بدسلوکی کرنا۔ اپنی عاقبت خراب کرنا اپنے حق میں بُرائی کرنا۔

بہشت میں لات / لاتیں مارنا۔ [ا رمحاورہ] دیکھئے "بہشت میں ٹھوکر مارنا"

بہشت والا: [ف ارصف] بہشت کا (۲) بہشتی۔

بہشتن: [ف ھ امث] دیکھئے بہشتی جس کی یہ مؤنث ہے۔

بہشت نژاد: [ف صف] بہشت کی طرح کا۔ بہشت کی مانند۔ باغ یا شہر کی تعریف میں بولتے ہیں۔

بہشتی [ف امذ] بہشت کا رہنے والا۔ جنتی (۲) چونکہ مسلمانوں میں پانی پلانا بڑے ثواب کا کام سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے پانی پلانے والا۔ سقہ۔ پانی بھرنے والا (۳) عورتیں مرے ہوئے کے نام کے ساتھ یہ لفظ لگا کر ذکر کرتی ہیں۔

بہشتی پرند: [ف امذ] جزیرہ نیوگنی کا ایک نہایت خوبصورت پرندہ جس کی بہت سی اقسام ہیں

بَہک۔ [ا رفعل] بہکنا کا صیغۂ امر (۲) (مؤنث) بہکی باتیں الٹی پلٹی باتیں۔ جن کا سر پیر کچھ نہ ہو (۳) گمراہی گم گشتگی راہ راست سے دُوری (۴) بد قسمتی۔ شراب کے نشے میں کچھ سے کچھ کہنا

بہک اُٹھنا۔ [ا رمحاورہ] بہکی باتیں کرنا نشے میں ہوجانا

بہک جانا۔ [ا رمحاورہ] دھوکہ کھا جانا۔ فریب میں آجانا راہ راست سے بچھڑ جانا۔ گمراہ ہوجانا

بَہک چلنا۔ [ا رمحاورہ] بے حد مست ہوجانا۔ بہکنے لگنا۔ باؤلا ہوجانا۔ (۳) حد سے تجاوز ہوجانا (۴) اترانا۔ مغرور ہوجانا

بَہکا: [ا رفعل] بہکانا مصدر کا صیغہ امر (۲) (ماضی) بہکنا مصدر کی حالت ماضی (۳) (صفت) گم گشتہ (۴) بیوقوف۔ بے عقل۔ نافہم

بہکا بہکا پھرنا: [ا رمحاورہ] آوارہ پھرنا۔ بھٹکتے پھرنا

بہکا دینا: [ا رمحاورہ] بہکانا کی تکمیل

بہکا لے جانا۔ [ا رمحاورہ] دم دے کر لے جانا۔ دھوکا دے کر بھگا لے جانا

بہکانا: [ا رمصدر] (۱) راستہ بھلانا (۲) غلط راستے پر لگانا (۳) ورغلانا۔ اغوا کرنا (۴) دھوکا دینا فریب دینا (۵) سبز باغ دکھانا۔ جھوٹے وعدے کرنا غلط بیانی سے یقین دلانا۔ کان بھرنا۔ بدگوئی کرنا (۶) ڈرانا دھمکانا (۷) خوف دلانا (۸) اشتعال دینا۔ ترغیب دینا (۹) مست کرنا

بَہکاوا: [ا رامذ] دھوکا۔ فریب۔ ڈر

بہکاوٹ: [ا رامث] دیکھئے "بہکاوا"

بہکاوے میں آنا [ا ردومحاورہ] دھوکا کھانا فریب میں آنا

بہکتے پھرنا۔ [ا رمحاورہ] بھٹکتے پھرنا آوارہ پھرنا

بہکنا۔ [ا رصفت مفعولی] وہ شخص جو کسی کے بہکاوے میں آجائے۔

بہکنا۔ [ا رمصدر] راہِ راست سے دُور ہوجانا۔ بچھڑنا (۲) نشے میں اُلٹی پلٹی باتیں کرنا (بخار میں بکنا (۴) دھوکا کھانا فریب میں آجانا (۵) پھسلنا کہیں سے کہیں جانا (۶) نشانہ خطا کرنا (۷) ڈرنا خوف کھانا (۸) حد سے بڑھ جانا پاؤں لڑکھڑانا ڈگمگانا

بہکنے لگنا: [ا رمحاورہ] الٹی پلٹی باتیں کرنا بے سر و پا باتیں کرنا

بہکوانا۔ [ا رمص وضعی] دیکھئے "بہکانا" جس کا متعدی المتعدی ہے

بہکی بہکی باتیں کرنا [ا رمحاورہ] اس طرح باتیں کرنا جیسے نشہ میں ہو۔ الٹی پلٹی باتیں کرنا

بہکی ہوئی آواز: [ا رامث] وہ آواز جو بولنے والے کے قابو میں نہ ہو۔ بے سری آواز

بَہَل / بہِل: [ف صف] معاف چھوڑ دیا گیا۔ ترک کیا ہوا۔

بہَل: [ھ امث] بہلی۔ بیل گاڑی

بہلوان: [ا ر امذ] بہلی چلانے والا۔ بیل گاڑی چلانے والا

بہَل: [ا رفعل] بہلنا مصدر سے صیغہ امر

بہَل: [ع صف] چھوٹا ذرہ سا۔ تھوڑا۔ (۲) لعنت پھٹکار۔ کوسنا۔ سراپ۔ بددعا۔

بہلا : [ا رفعل] بہلانا مصدر سے صیغۂ امر

بہلا دینا : [ارمحاورہ] کھیل میں لگا کر بچوں کو رونے سے باز رکھنا (۲) ٹال دینا دوسری طرف متوجہ کر دینا

بہلانا : [ارمص] دل خوش کرنا۔ سیر تفریح کرنا۔ سیر تماشا دیکھنا (۲) دوسرے کو خوش کرنا (۳) توجہ دوسری طرف کرنا۔ ٹالنا۔ جھوٹ موٹ تسلی کرنا۔ (۴) فریب دینا۔ دم دینا (۵) بچے کو کھیل میں لگا کر رونے سے باز رکھنا۔ پھسلانا (۶) پانی کھیت میں لے جانا۔ کھیت میں پانی لگانا

بہلاؤ / بہلاوا : [ارامذ] تفریح مرکبات کے آخر میں استعمال کرتے ہیں جیسے دل بہلاؤ یا بہلاوا

بہلنا / بہل جانا : [ارمصدر] (۱) دل لگنا۔ متوجہ ہونا۔ تفریح ہونا مشغول ہونا (۲) ضبط ہونا برداشت ہونا (۳) وقت مزے سے گزرنا (۴) بچے کا کسی کھیل میں مشغول ہو کر رونے سے باز رہنا

بہلا : [ھ صفت] . بانجھ مویشی

بہلا : [ھ امذ] پروین۔ عقد ثریا۔ جھمکا۔ ست رشی

بہلہ : [ف امذ] بڑا بٹوہ جس میں نقدی اور کاغذات رکھے جاتے ہیں (۲) چمڑے کا دستانہ جس کو شکاری شکرے وغیرہ کو بٹھانے کے لئے پہنتے ہیں

بہلی : [ھ امسف] ایک سواری اکے نما گاڑی جسے بیل چلاتے ہیں۔

بہلیا : [ھ امذ] بہلی چلانے والا جوان

بہم : [ف متعلق فعل] باہم کا مخفف ایک دوسرے کے ساتھ۔ آپس میں

بہم آنا : [ارمحاورہ] میسر آنا۔ ملنا۔ حاصل ہونا۔ مہیا ہونا۔ دیا جانا۔

بہم پہنچانا : [ارمحاورہ] دیکھئے "بہم آنا"

بہم پہنچنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "بہم پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بہم دیگر : [ف متعلق فعل] ایک دوسرے کے ساتھ آپس میں۔

بہمن : [ھ امذ] دیکھئے "برہمن"

بہمن : [ف امذ امسف] (۱) ایک دوائی جو سرخ و سفید دو قسم کی ہوتی ہے مقوی دل و دماغ ہیں۔ بلغم۔ خفقان اور یرقان کو مفید ہیں۔ خون کو صاف اور بدن کو موٹا کرتی ہیں (۲) ایرانی گیارھویں مہینے کا نام

بہمال : [ف۔ کلمہ تنفیر] غیر معین اشخاص۔ فلاں

بہمنڈی : [ھ امسف] ایک قسم کی بڑی لڑکی

بہن : [ھ امسف] کسی کے باپ اور ماں کی بیٹی۔ باپ کی بیٹی۔ ماں کی بیٹی چچا۔ ماموں۔ خالہ۔ پھوپھی کی بیٹی۔ ہم عمر عورتیں یا سہیلیاں ایک دوسری کو اس نام سے پکارتی ہیں۔

بہن بھلی نہ بھیا سب سے بھلا روپیہ : [ارمثل] روپیہ سب سے بڑی چیز ہے۔

بہن سو برس کی بھائی پانچ برس کا : [ارمثل] بھائی خواہ کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو وہ خاندان میں یا حقوق کے لحاظ سے بڑا سمجھا جاتا ہے۔

بہن کے گھر بھائی کتا، سسرے گھر جنوائی کتا
کتا پالے وہ کتا، سب کتوں کا
سردار جو باپ رہے بیٹی کے بار
} [ارمثل] بہن کے گھر بھائی اور سسرے کے گھر

داماد کتے کے برابر ہے (ذلیل ہوتا ہے) جو شخص کتا رکھے وہ بھی کتا ہے۔ مگر سب سے بڑھ کر کتا وہ شخص ہے۔ جو اپنی بیٹی کے گھر جا کر رہے۔

بہن : [ھ امذ] بیج بونے والا بیج

بہنا : [ھ امث] بہن۔ عورتیں پیار سے بلاتی ہیں تو کہتی ہیں

بہنا : [ارمص] (۱) جاری ہونا۔ رواں ہونا (۲) پانی کی رو میں چلا جانا (۳) پتلا ہونا (۴) ضائع ہونا بے جا صرف ہونا (۵) کھو جانا جدا ہونا۔ پریشان ہونا (پرند وغیرہ کا) (۶) اسقاط ہونا (چوپایہ کا) (۷) پھیل جانا جگہ سے ہٹ جانا (۸) جاری ہونا نکلنا (۹) پہاڑ سے آنا (بٹیر وغیرہ کا) (۱۰) کبوتروں کے جوڑے کا بہت انڈے دینا (۱۱) ہوا چلنا (۱۲) پھوڑا پھوٹنا مواد نکلنا (۱۳) پگھلنا (۱۴) غارت ہونا۔ برباد ہونا (۱۵) تتر بتر ہونا متفرق ہونا (۱۶) سستا بک جانا۔ نرخ سے گھٹ کر بکنا (۱۷) چھری یا تلوار کا اندر اتر جانا (۱۸) کنکوے یا تکل کا بیٹا چھوڑنا۔ ڈور کا ڈھیلا پڑ جانا (۱۹) بہکنا

بہنا : [ھ امذ] دھنیا۔ نداف۔ روئی پیجنے والا

بہناپا : [ھ امذ] بہن کا رشتہ۔ بہن کا تعلق

بہنگم : [ف صفت] بے ہنگام کا مخفف۔ بدقطع۔ بدنما۔ بدوضع۔ بے ڈول۔

بہنگی : [ھ امذ مسف] ایک بانس یا ڈنڈا جس کے دونوں طرف بوجھ لٹکانے کے لیئے رسیاں بندھی ہوتی ہیں۔

بہنگی بردار / بردالا / والا : [ھ صفت] بہنگی اٹھانے والا

بہنوت : [ھ امذ] بھانجا۔ بہن کا بیٹا

بہنور : [ھ امث] پودوں کا ذخیرہ

بہنوئی : [ھ امث] بہن کا خاوند

بہنی : [ھ امث] سب سے پہلا سودا۔ جو دکان کھولنے کے بعد دکاندار نقد داموں پر بیچے۔ (۲) پہلی قیمت جو دکاندار کو ملے۔

بہنی کرنا : [ارمحاورہ] پہلا سودا نقد بیچنا۔ پہلی قیمت وصول کرنا

بہنیو : [ھ امذ] دیکھئے "بہنوئی"

بہو بیٹی / بیٹیاں : [ھ امث] شریف نوجوان عورتیں

بہو بیٹی تکنا : [ارمحاورہ] غیر عورت پر بری نظر ڈالنا

بہو بیٹی سب رکھتے ہیں : [ارمثل] اس شخص کو تنبیہ کے طور پر کہتے ہیں جو غیر عورتوں کی طرف دیکھے۔

بہو باتوں بڑی کہ کرتب : [ارمقولہ] بے ہنر زبان دراز عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

بہو بیگم نام رکھنا : [اپنے آپ کو معزز اور بڑا بننا۔ فخریہ لقب اختیار کرنا (ارمحاورہ)

بہو جی : [ھ امث] باعزت نوجوان عورت (۲) مرد جو عورتوں کی سی حرکت کرے

بہو رہی کنواری ساس رہی واری
بہو آئی بیاہی پڑ گئی خواری
} [اردو مثل] منگنی کے بعد بہو کی بڑی خاطر تواضع ہوتی ہے۔ مگر شادی کے بعد لڑائی جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں۔

بہو شرم کی، بیٹی کرم کی : [ار مثل] بہو شرمیلی اچھی اور بیٹی جو اچھے گھر بیاہی جائے یا جس کی قسمت اچھی ہو۔
بہو لاتی دلہن گھر گھالی : [ہ مثل] شوقین عورت بدچلن ہوتی ہے اور گھر برباد کر دیتی ہے۔
بہو لانا : [ار محاورہ] بیٹے کی شادی کرنا
بہو لگانا : [ار محاورہ] مہترانی یا بھنگن صفائی کے لئے نوکر رکھنا
بہو نویلی اور گئو دودھیلی : [ار مثل] نئی دلہن اور دودھ دینے والی گائے اچھی ہوتی ہے۔
بہوار : [ہ امذ] لین دین
بہوار جاری ہونا : [ار محاورہ] لین دین ہونا
بہوار کی بات : [ہ امث] لین دین کا معاملہ۔ ٹھیک بات
بہوری : [ہ امث] عروس کی طرح بناؤ سنگار
بہوڑا : [ہ امذ] وہ کھانا جو دلہن کے ساتھ برات کی واپسی پر بھیجا جاتا ہے (۲) دلہن کے رخصت ہونے کی رسم (۳) عروس کا چوتھی کے بعد دوبارہ شوہر کے گھر جانا۔
بہوڑے کا کھانا : [ار امذ] دیکھئے "بہوڑا"
بہونی : [ہ صف] (۱) چھوڑا ہوا۔ گزاشتہ (۲) علیحدہ الگ (۳) دوسرے ملک کا پردیسی بدیسی
بہی : [ف امذ] ناشپاتی کی شکل کا ایک پھل (۲) (بہ سے) نیکی۔ بہتری۔ اچھائی
بہی دانہ : [ف امذ] بہی کے بیج جن کا لعاب زکام کے لئے مفید ہے۔
بہی : [ہ امث] مہاجنوں اور دکانداروں کی لمبی حساب کی کتاب
بہی پر چڑھانا : [ار محاورہ] بہی پر لکھنا۔ خرید و فروخت کے وقت حساب کی یادداشت کا لکھ لینا۔
بہنیلا : [ہ امذ] محبت خواہرانہ۔ بہناپا (۲) عورتوں میں آپس کی دوستی
بہنیلا جوڑنا : [ار محاورہ] بہناپا کرنا
بہنیلی : [ہ امث] منہ بولی بہن
بہنیں بہنیں آپس میں لڑیں : [ار مثل] آپس کی تکرار سے یہ ضروری نہیں کہ عداوت ہو جائے۔
بہو : [ہ امث] بیٹے کی بیوی (۲) بیوی۔ زوجہ (۳) دلہن۔ بنی (۴) گھونگھٹ والا۔ چراغدان (۵) معزز نوجوان سہاگن (۶) چھوٹے بچے کا آلہ تناسل (۷) مہترانی۔ بھنگن
بہی پر چڑھنا : [ار محاورہ] حساب یادداشت کا بہی میں لکھا جانا
بہی خسرہ : [ہ ف امذ] بہی کھاتہ
بہی دھوڑا : [ہ امذ] پڑھے لکھے ہوئے حساب کی بہی
بہی روزنامچہ : [ہ امذ] روزانہ حساب کی کتاب (انگریزی کا ترجمہ) پرانی حساب کی کتابیں۔ خسرہ
بہی یادداشت : [ہ امث] یادداشت کی کتاب۔ نوٹ بک
بہیا : [ہ امذ] بہاؤ۔ طغیانی۔ طوفان۔ سیلاب
بہیار : [ہ امذ] اراضی۔ چراگاہوں سے دور ہو۔

بہیر : [ف امث] (۱) بھیڑ۔ مجمع۔ انبوہ (۲) وہ مجمع جو لشکر کے ہمراہ ہوتا ہے (۳) لشکر کے بازاری لوگ یا ملازم جو سپاہیوں کے علاوہ ہوتے ہیں (۴) لشکر کا مال اسباب (۵) خیمے یا مکانات۔ لشکر کے قریب جہاں لشکریوں کی بیویاں رہائش کریں۔
بہیر بھنگا : [ار امذ] فوج کے شاگرد پیشہ (۲) لشکر کا مال و اسباب اور لوگ (۳) برات کے ساتھ کے خدمت گار (یہ بہیر و بنگاہ کا بگاڑ ہے)
بہیر و بھنگا کے لوگ : [ف ار امذ] فوج کے شاگرد پیشہ
بہیرا : [ہ امذ] دیکھئے "بہیڑا"
بہیرٹ : [ہ امث] پرندوں کا پہاڑ سے آنا۔
بہیڑا : [ہ امذ] ایک پھل ہے جو دواؤں میں کام آتا ہے۔ بلیلہ۔ ہڑ کی ایک قسم
بہیلیا : [ہ امذ] چڑی مار شکاری
بہیمہ : [ع امذ] چوپایہ۔ مویشی
بہیمی : [ع امث] حیوانیت
بہین : [ف صف] نہایت اچھا (۲) نہایت نفیس
بہیو : [ہ امذ] پرندوں کا چگنے کے لئے پہاڑ سے دوسرے مقامات کو جانا۔ یہ اکثر موسم سرما میں پہاڑوں سے اتر کر میدان میں آجاتے ہیں۔ یہ شکار کا موسم ہوتا ہے۔

بھ

بھابر / بھابڑ : [ہ ار امث] ایک قسم کی لمبی باریک گھاس جس سے رسیاں بناتے ہیں (۲) ہلکی سیاہ مٹی
بھابی : [ہ امث] بھائی کی بیوی۔ بھاوج
بھاپ : [ہ امث] پانی یا دوسری مرطوب اشیاء کے بخارات جو گرمی یا آگ کی تیزی سے اٹھتے ہیں (۲) گرم ہوا۔ جو کسی گرم چیز سے یا سردی کے موسم میں انسان کے منہ سے نکلتی ہے۔
بھاپ بھرانا : [ار محاورہ] پرندوں کا اپنے منہ کی ہوا اپنے بچوں کے منہ میں پھونکنا
بھاپ دینا : [ار محاورہ] پھونک سے گرمی پہنچانا
بھاپ نکالنا : [ار محاورہ] شکایت کرنا۔ دل میں جو غصے کی ہو اس کا اظہار کرنا
بھاپ لینا : [ار محاورہ] گرم پانی میں دوائی ڈال کر یا دوائیوں کو پکا کر ان کی بھاپ یا بخارات سانس کے ساتھ اندر کھینچنا
بھاپنا : [ار مصدر] دیکھئے "بھانپنا"
بھات : [ہ امذ] (۱) چاول ابلے ہوئے۔ خشکہ (۲) ایک رسم کا نام جو شادی بیاہ کی تقریب میں نانا / ماموں کی طرف سے ادا کی جاتی ہے۔ اکثر اس رسم میں چاول۔ مونگ۔ گڑ کی بھیلی۔ زیور۔ کپڑا۔ نقدی وغیرہ لڑکی کو ننھیال کی طرف سے دیا جاتا ہے (۳) میٹھے چاول جو ہندو لوگ سیتلا چڑھاتے ہیں۔
بھات بھرنا : [ار محاورہ] نانا یا ماموں (ننھیال والوں) کی طرف سے لڑکی کی شادی کے موقعہ پر گڑ۔ چاول دال زیور پارچات اور نقدی لے کر جانا۔

بھات چھوڑا جاتا ہے، ساتھ چھوڑا نہیں جاتا: [ا رمثل] وضع دار لوگ نقصان برداشت کر لیتے ہیں مگر ساتھ نہیں چھوڑتے۔
بھات ہوگا تو کوّے بہت آ رہیں گے: [ا رمثل] دولت ہوگی تو خوشامدی بہت مل جائیں گے۔
بھاتی / بھاتئی: [ہ امث] ننہال کے لوگوں کا بھات بھرنے کے لئے سامان کا لے کر پہنچنا۔
بھاٹ: [ھ امذ] ایک قوم کا نام۔ جو اکثر نسب نامہ یاد رکھتی ہے (۲) کبت گیت وغیرہ بنانے والا (۳) گن گانے والا خوشامدی
بھاٹ بھٹیاری، بیسوا۔ تینوں جات کجات
آتے کا آدر کریں جات نہ پوچھیں بات } [ہ مثل] یہ تینوں قومیں گروہ مطلب پرست ہوتے ہیں۔ ہر آنے والے کی فائدہ کی امید پر خاطر تواضع کرتے ہیں مگر رخصت کے وقت قطعاً پرواہ نہیں کرتے۔
بھاٹا: [ھ امذ] سمندر میں پانی کا اتار۔ ۲۔ بینگن
بھاجر / بھاجڑ: [ھ امث] (۱) پریشانی۔ حیرانی (۲) اسباب۔ سامان (۳) افراتفری۔ بھاگڑ۔
بھاجی: [ھ امث] (۱) حصہ۔ بخرہ۔ تحفہ (۲) پکا ہوا ساگ۔ پکی ہوئی ترکاری (۳) وہ کھانا جو کسی تقریب میں دوستوں یا برادری میں تقسیم کیا جائے (۴) مردے کی فاتحہ کا کھانا جو برادری والوں کو کھلایا جاتا ہے۔ (۵) (انفعال بٹنا۔ بانٹنا)
بھاجی بٹ جانا: [ا رمحاورہ] کسی چیز کا تقسیم ہو کر ختم ہو جانا (۲) کسی بات کا عام ہو جانا۔ گھر گھر مشہور ہو جانا۔
بھاجی کی بھاجی، کیا دوسرے کی محتاجی: [ا رمثل] احسان کا بدلہ احسان سے اتار دینا چاہئے۔ کسی کا احسان سر پر نہیں رکھنا چاہئے۔
بھادوا / بھادوں: [ھ امذ] ہندوؤں کے بکرمی سال کا پانچواں مہینہ جو نصف اگست سے نصف ستمبر تک ہوتا ہے۔
بھادوں کا جھالا: [ھ امذ] بھادوں کے مہینے کی بارش جو مقدار میں کم مگر زوردار ہوتی ہے۔
بھادوں کا جھلا ایک سینگ سوکھا ایک گیلا۔ [ا رمثل] بھادوں کی بارش عام نہیں ہوتی۔ تھوڑی سی ایک جگہ۔ تھوڑی سی دوسری جگہ۔ اس کو مبالغہ سے بیاں کیا گیا ہے کہ بیل کے ایک سینگ پر تو بارش ہوتی ہے۔ ایک پر نہیں۔
بھادوں کا گھام ساجھے کا کام: [ا رمثل] بھادوں کے مہینے کی گرمی اور ساجھے کا کام دونوں برے ہوتے ہیں
بھادوں کی بھرن: [ہ امث] بھادوں کی بارش جس سے تالاب اور کھیت بہت بھر جاتے ہیں۔
بھادوں کے بیڑے: [ھ امذ] بھادوں کے مہینے میں برہمن لوگ گنگا جل لئے پھرتے ہیں۔
بھادوں کے ڈونگرے / مٹرکے: [ھ امذ] بھادوں کے مہینے کی تھوڑی تھوڑی بارش بھادوں کے مہینے کے وہ بادل جو بڑے زور سے گرجتے ہیں اور برس کر نکل جاتے ہیں۔

بھادوں کے مہینے کی بارش سے دونوں
ساکھ کی جڑ بندھتی ہے۔ } [ا رمثل] بھادوں کی بارش سے دونوں فصلوں کو فائدہ پہنچتا ہے
بھادوں میں برکھا ہووے
تو کال پچھوکڑ رووے } [ا رمثل] بھادوں کی بارش سے دونوں فصلوں کو تقویت پہنچتی ہے جس کی وجہ سے قحط کا خدشہ نہیں رہتا۔ بھادوں کی بارش قحط کو روکتی ہے۔
بھار: [ھ امذ] وزن۔ بوجھ (۲) ناگوار۔ اجیرن (۳) عزت۔ آبرو
بھارت: [س امذ] راجہ بھرت کے نام پر ہندوستان کو بھارت ورش کہتے تھے۔ اب صرف بھارت کہلاتا ہے۔ یہ مغربی و مشرقی پاکستان کے درمیان واقع ہے۔ یہاں تقریباً ایک ہزار سال مسلمانوں کی حکومت رہی جن کے عہد کے ہزاروں یادگاری نشان موجود ہیں۔
بھارت ورش: [س امذ] دیکھئے "بھارت"
بھارتی: [ھ صف] بھارت سے منسوب۔ بھارت کا باشندہ
بھارجا: [س امث] (۱) زوجہ۔ بیوی (۲) راگ کی دیوی (۳) راگ اور راگنی کے شعبے۔ ایک راگنی کا نام
بھارجے: [س امذ] (۱) پیرو۔ مرید۔ چیلے ساتھی۔ خوشامدی (۲) لوازم
بھارکس: [ھ صف] (۱) فارسی لفظ بارکش کا بگاڑ (۲) بوجھ لادنے کا چھکڑا۔ تسمہ جو خیمے کی چوب میں لپٹا ہوتا ہے۔ وہ تسمہ جو گاڑی کے ڈنڈوں کو گاڑی سے جکڑے رکھتا ہے۔ وہ تسمہ جو گھوڑا گاڑی میں گھوڑے کے پیٹ اور گاڑی کے بانسوں میں لپٹا ہوتا ہے۔
بھاری: [ھ صف] وزنی۔ بوجھل (۲) قابل قدر۔ قابل ترجیح (۳) ثقیل۔ دیر ہضم۔ گراں (۴) مضبوط۔ مستحکم (۵) ضخیم۔ عظیم (۶) موٹا۔ جسیم (۷) کثیر (۸) بہادرانہ۔ ۹۔ افسردہ۔ رنجیدہ (۱۰) دوبھر۔ اجیرن (۱۱) تکلیف شاق۔ ناگوار (۱۲) خوفناک۔ خطرناک۔ کٹھن (۱۳) منحوس۔ نامبارک۔ (۱۴) کھلی ہوئی۔ فاش (۱۵) گھمسان (۱۶) کم سننے والا (۱۷) اداس (۱۸) جن پری۔ آسیب یا بلا کی گزرگاہ (۱۹) قیمتی۔ بیش بہا (۲۰) امیر دولت مند (۲۱) وہ کپڑا جس پر بہت کام بنا ہوا ہو (۲۲) متحمل۔ بردبار (۲۳) دراز۔ لمبا (۲۴) بیٹھی ہوئی۔ موٹی۔ بلند آواز (۲۵) جسے قبض ہو۔
بھاری آنت: [ھ امث] قبض
بھاری آواز: [ھ امث] موٹی۔ بھدی آواز۔ بیٹھی ہوئی آواز
بھاری بھرّ: [ھ صف] بہت زیادہ وزنی
بھاری بھرکم: [ھ صف] موٹا تازہ۔ فربہ (۲) ذی عزت۔ ذی مرتبہ (۳) متحمل۔ بردبار (۴) سنجیدہ۔ متین۔ باوقار (۵) وزنی۔ بوجھل (۶) بھلا مانس شریف
بھاری پتھر: [ھ امذ] وزنی چیز۔ قابو سے باہر (۲) کنواری لڑکی مجازاً
بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا: [ا رمحاورہ] مشکل سمجھ کر کسی کام سے دست بردار ہو جانا۔
بھاری پن: [ھ امذ] دیکھئے "بھاری" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بھاری پیٹ: [ھ امذ] (۱) بدہضمی (۲) اپھرنا

بھاری پیر / پاؤں : [ہ ا رصف] حاملہ
بھاری رات : [ہ امث] شب دراز۔ تکلیف وغم کی رات
بھاری سر : [ہ امذ] سردرد
بھاری لگنا : [ا رمحاورہ] دُوبھر ہونا۔ کٹھن معلوم ہونا
بھاری ماتھا : [ہ امذ] دیکھئے "بھاری سر"
بھاری منزل : [ہ امث] دور دراز کی منزل۔ کڑی منزل
بھاری ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) وزنی ہونا (۲) قیمتی ہونا (۳) سخت مشکل معلوم ہونا (۴) ناگوار ہونا (۵) غالب ہونا (۶) نامبارک ہونا (۷) آسیب یا بلا کا گزر ہونا۔

بھاڑ : [ہ امذ] (۱) بھٹی جس میں بھڑبھونجے اناج بھونتے ہیں۔ تنور (۲) حرام کاری کی دلالی۔ حرام کی کمائی۔
بھاڑ پڑا بھن رہا ہے : [ا رمحاورہ] سخت گرمی ہے۔ تیز بخار ہے۔ (کی بجائے کہتے ہیں)
بھاڑ جھونکنا : [ا رمحاورہ] بھاڑ میں ایندھن ڈال کر جلانا۔ بھاڑ گرم کرنا۔ بھڑبھونجے کا کام (۲) بُری حالت میں زندگی بسر کرنا۔ اوقات ضائع کرنا۔
بھاڑ سا بھننا : [ا رمحاورہ] چٹ پٹ مارا جانا۔ بہ کثرت قتل ہونا۔
بھاڑ سے نکالا بھٹی میں جھونکا : [ا رمثل] ایک مصیبت سے نکال کر دوسری میں پھنسانے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
بھاڑ سے نکلا بھاڑ میں گرا : [ا رمثل] ایک مصیبت سے نکل کر دوسری میں پڑا۔
بھاڑ لیپی جائیں اور ہاتھ کالے کے کالے : [ا رمثل] بُری بات کو اچھا نہیں بنایا جاسکتا۔ بُرے کام کو اچھا بنا کر نہیں دکھایا جاسکتا۔
بھاڑ میں پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان : [ا رمثل] دیکھئے "بھٹ پڑے الخ"
بھاڑ میں پڑے : [ا ربددعا] (عورت) کوسنا
بھاڑ میں جاؤ / جائیے : [ا ربددعا] دیکھئے "بھاڑ میں پڑے"۔
بھاڑ میں جھونکنا : [ا رمحاورہ] آگ میں ڈالنا۔ ضائع کرنا۔ پھینکنا۔ جانے دینا تذکرہ نہ کرنا۔ نام نہ لینا
بھاڑ میں ڈالنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھاڑ میں جھونکنا"
بھاڑا : [ہ امذ] (۱) زنا کی کمائی۔ خرچی (۲) مزدوری۔ گاڑی کا کرایہ (کرنا۔ لینا)
بھاڑا / بھاڑ کھانا : [ا رمحاورہ] حرام کی کمائی کھانا۔ خرچی کھانا۔ اس کی نسبت بولتے ہیں جو کسی کی کمائی پر گزر بسر کرے۔ وہ چارا جو دودھ کے مویشی کو دودھ نکالنے سے پہلے دیا جاتا ہے۔
بھاڑو : [ہ امذ] بھڑوا۔ زنا کی دلالی کھانے والا
بھاڑو کے بھاڑو : [ہ گالی] بھڑوے کا بیٹا
بھاڑے کا ٹٹو : [ہ صف] کرایے پر کام کرنے والا۔ غیر مستقل (۲) کسی چیز کے سہارے کام کرنے والا (۳) بودا۔ ناپائیدار (۴) ہمیشہ مرمت کا محتاج (۵) وہ شخص جو نشے کا عادی ہو اور جب تک نشہ نہ ملے کوئی کام نہ کرے (۶) بغیر معاوضہ یا اُجرت کے کام نہ کرنے والا۔

بھاشا / بھاکا / بھاکھا : [ہ امث] زبان۔ بولی۔ بول چال۔ سنسکرت سے نکلی ہوئی زبان۔ ہندوستان کی پُرانی زبان۔
بھاکسی : [ہ امث] (۱) قید خانہ۔ حبس۔ زندان۔ جیل خانہ (۲) خشک کنواں (۳) بھٹی۔ تنور۔ بھاڑ۔
بھاکنا : [ہ مصدر] بولنا۔ کہنا۔ بکنا (۲) بلانا۔ بتانا۔ آواز دینا
بھاگ : [ہ امذ] (۱) حصّہ۔ ٹکڑا۔ جزو۔ (۲) تقسیم۔ بانٹ (۳) قسمت۔ تقدیر (۴) ورثہ (۵) سرکاری بانٹ محصول (۶) اقبال۔ خوش نصیبی۔
بھاگ : [ہ فعل] بھاگنا سے صیغۂ امر (۱) چلاؤ۔ چلے جاؤ۔ جاؤ
بھاگ آنا : [ا رمحاورہ] دوڑ کر آنا۔ چلے آنا
بھاگ آئے : [ا رصف] قسمت نے یاوری کی۔ نصیب جاگے۔
بھاگ بٹائی : [ا رامث] حصّوں کی تقسیم۔ جنس کا حصّہ
بھاگ بھرا : [ا رصف مذ] خوش نصیب۔ اقبال مند
بھاگ بھروسا : [ا ر۔ امذ] قسمت پر شاکر رہنا۔ تشفّی۔ دل جمعی
بھاگ بھری : [ہ صف مث] خوش نصیب عورت۔ اقبال مند عورت۔
بھاگ پھوٹنا : [ا رمحاورہ] (۱) تقدیر بگڑ جانا۔ قسمت الٹ جانا
بھاگ جاگنا / کھلنا : [ا رمحاورہ] قسمت کا یاوری کرنا۔ روپیہ عزت رتبہ ملنا۔ [illegible]
بھاگ جانا : [ا رمحاورہ] دوڑ جانا۔ فرار ہو جانا (۲) ہمت ہارنا۔ شکست کھانا۔ ہار مان لینا (۳) گائے بھینس کا دودھ دینا بند کر دینا (۴) منحرف ہونا۔ بے وفائی۔ اقرار پورا نہ کرنا
بھاگ لگانا : [ا رمحاورہ] (۱) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ حصّہ مقرر کرنا (۲) لہر بہر کرنا۔ ترقی دینا (۳) دن پھیرنا (۴) دولت دینا۔ عزت دینا (۵) اولاد دینا
بھاگ لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھاگ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بھاگا : [ہ فعل] بھاگنا مصدر سے صیغۂ ماضی۔ بھاگا ہوا۔ دوڑا ہوا۔ چلا ہوا
بھاگا بھاگ : [ہ امث] افراتفری۔ بھاگنے کی ہل چل۔ بھاگڑ۔ تیزی سے جھپٹ کر جلدی جلدی چلنا۔ دوڑا دوڑ۔ تیز تیز
بھاگا جانا : [ہ ص ذ] فرار ہو جانا۔ دوڑا جانا
بھاگا ہوا لولو : [ہ۔ صف] دربدر مارا مارا پھرنا۔ کہیں قرار نہ ہونا۔
بھاگتا : [ہ صف] دوڑتا ہوا
بھاگتے : [ہ صف] چلتے ہوئے۔ دوڑتے ہوئے۔

بھاگتے بھوت کی لنگوٹی سہی
بھاگتے چور کی لنگوٹی سہی
بھاگتے کی لنگوٹی سہی
[ا رمثل] جاتی ہوئی چیز یا ڈوبتی ہوئی رقم کا جو حصّہ بھی مل جائے غنیمت ہے۔

بھاگتے راستہ نہ ملنا : [ا رمحاورہ] جواب نہ بن پڑنا۔ جواب دینے کے قابل نہ رہنا / ہونا۔ عاجز اور مغلوب ہو جانا۔
بھاگتے کے آگے مارتے کے پیچھے : [ہ مثل] بزدل اور نامرد شخص کی نسبت بولتے ہیں جو بہادری کی لاف مارے مگر کچھ کر نہ سکے۔
بھاگتے ہوئے لشکر کا مرد پیچھا نہیں کرتا : [ا رمثل] دلیر آدمی ہارے ہوئے کو کچھ نہیں کہتا۔
بھاگتے چور کھڑیا ہاتھ : [ا رمثل] بھاگتا ہوا چور جو کچھ ہاتھ لگے لے جاتا ہے۔

بھاگڑ: [ھ امث] ڈر کے مارے بھاگنے کی جلدی۔ بل چل۔ افراتفری۔ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بے چینی۔ بے ترتیبی۔ بدانتظامی۔ شکست
بھاگڑ پڑنا: [ا رمحاورہ] بلچل مچنا۔ شکست ہو جانا۔ بے ترتیبی۔ بدانتظامی ہونا۔
بھاگڑ مچنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھاگڑ پڑنا"
بھاگم بھاگ / بھاگوں بھاگ: [ا رمتعلق] بھاگنے کو تیار رہنا
بھاگنا: [ھ مصدر] فرار ہونا۔ روپوش ہونا (۲) شکست ہونا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔ اعتراض کرنا۔ کنارہ کرنا۔ چھوڑنا۔ بے وفائی کرنا۔ منحرف ہونا۔
بھاگو: [ھ صف] بھاگنے والا
بھاگوان / بھاگمان: [ھ صف] خوش قسمت۔ اقبال مند
بھاگی: [ا رصف] بھاگنے والا۔ ۲۔ خوش قسمت۔ نیک نصیب۔ ۳۔ شریک۔ ساجھی۔ حصہ دار
بھال: [ھ امث] سنان۔ پیکان۔ برچھی یا نیزے کا پھل (انی) تیر کی نوک لوہے کی کیل۔ ۲۔ تلاش۔ ٹوہ۔ تفتیش۔ ۳۔ غور و فکر۔ دوراندیشی
بھالا: [ھ امذ] نیزہ۔ برچھا
بھالنا: [ا رمصدر] تلاش کرنا۔ دیکھنا۔ اردو میں حرف دیکھنا کے تابع ہوتا ہے اکیلا استعمال نہیں ہوتا۔ مثلاً "دیکھنا بھالنا"
بھالو: [ھ امذ] ریچھ۔ خرس
بھان: [ھ امذ] (۱) شعاع۔ کرن (۲) سورج۔ شمس
بھان: [ھ امث] ریزہ۔ خردہ۔ ریزگاری۔ ۲۔ خم۔ ٹیڑھاپن (۳) بہن (ق)
بھانا: [ا رمصدر] اچھا لگنا۔ بھلا معلوم ہونا۔ پسند آنا۔
بھانپ: "بھانپنا" کا امر [ا رفعل]
بھانپ لینا: [ا رمصدر رضمی] تاڑ لینا۔ معلوم کرنا۔ شناخت کر لینا۔ غور سے دیکھنا۔ چہرہ دیکھ کر شناخت کرنا۔
بھانپنا [ا رمصدر] دیکھئے "بھانپ لینا"
بھانپو [ھ صف مذ] جانچنے والا۔ بھانپنے والا۔ تاڑنے والا۔ سراغ لگانے والا
بھانت: [ھ امذ] طرح۔ طور۔ ڈھنگ۔ قسم۔ انداز۔ سلوک۔ رسم۔ ریت۔ طریقہ۔ نوع۔ قماش۔ جنس
بھانت بھانت کا [ھ صف] قسم قسم کا۔ طرح طرح کا۔ رنگ رنگ کا۔
بھانت بھانت کی بولیاں: [ھ صف] طرح طرح کی عجیب غریب باتیں۔
بھانتیا: [ھ امذ] ایک عمدہ قسم کا کبوتر جس میں مختلف رنگ ہوتے ہیں۔
بھانج: [ھ امذ] وہ کمی جو روپیہ بھناتے وقت دینی پڑے
بھانج: [ھ امث] اینٹھ۔ پیچ۔ چکر۔ مروڑا
بھانج: [ھ امذ] بھانجا کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
بھانج بہو: [ھ امث] بھانجے کی بیوی
بھانج داماد: [ھ امذ] بھانجی کا خاوند
بھانجا: [ھ امذ] بہن کا بیٹا۔ خواہر زادہ
بھانجنا: [ا رمص] بل دینا۔ مروڑنا۔ کاغذ کو تہہ کرنا
بھانجی (با علان نون): [ھ امث] بہن کی بیٹی
بھانجی (نون غنہ): [ھ امث] چغلی۔ خلل۔ دراندازی۔ روک۔ کاوش۔ مزاحمت۔ خرابی

بھانجی خور: [ا رصف] خلل انداز۔ چغل خور۔ کسی کی بھلائی میں رخنہ ڈالنے والا۔ کسی کے بنتے کام کو بگاڑنے والا۔
بھانجی دینا / کھانا / مارنا: [ا رمحاورہ] خلل ڈالنا۔ رخنہ ڈالنا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔ چغلی کرنا۔
بھانڈ: [ھ امذ] نقال۔ وہ لوگ جو محفلوں میں ناچتے گاتے اور مسخرے پن سے نقلیں کرتے ہیں (۲) پیٹ کا ہلکا جو کسی بات کو ہر جگہ کہتا پھرے۔
بھانڈ بھگتیے: [ا رامذ] نقالوں کا پیشہ کرنے والے۔ گانے بجانے والے۔
بھانڈ ڈوبتا ہے لوگ کہتے ہیں تماشا ہے / گاتا ہے } [ا رمثل] پرائی مصیبت کو کھیل سمجھتے ہیں۔ غیر کی مصیبت کو دل لگی جانتے ہیں۔
بھانڈوں کے ساتھ کھیتی کی گا بجا کے اپنی کی / بھانڈوں کے ساتھ کھیتی کیا گا بجا سب انہوں نے لیا } [ا رمثل] ایسے لوگوں کے ساتھ کسی کام میں ساجھی ہونا جو نکمے ہوں سخت نقصان دہ ہے۔ وہ کام نہیں کرتے اور سب کچھ کھا پی جاتے ہیں۔
بھانڈا: [ھ امذ] مٹی کا برتن۔ ہانڈی (۲) راز۔ بھید (۳) ملکیت ساز و سامان۔
بھانڈا پھوٹ جانا / پھوٹنا: [ا رمحاورہ] بھید کھل جانا۔ راز افشا ہونا
بھانڈا پھوڑ: [ا رصف] راز افشا کرنے والا۔ بھید کھولنے والا۔ پیٹ کا ہلکا
بھانڈا پھوڑ دینا / پھوڑنا: [ا رمحاورہ] بھید کھولنا۔ راز ظاہر کرنا
بھانگ: [ھ امث] دیکھئے "بھنگ"
بھانگڑ / بھانگی / بھانگیرا: [ا رصف] دیکھئے بھنگڑ / بھنگی / بھنگیرا
بھان متی: [ھ امذ] بازی گر۔ مداری۔ نقال۔ شعبدہ باز۔ بھانڈ
بھان متی کا سوانگ / تماشا: [ا رامذ] وہ تماشا جو بھان متی دکھاتے ہیں (۲) وہ معاملہ جو سمجھ میں نہ آئے۔ حیرت انگیز بات۔
بھان متی نے کنبہ جوڑا / کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا } [ا رمثل] بے میل رشتہ جتانا۔ واہی تباہی لوگوں کا مجمع
بھاننا: [ا رمص] بل دینا (۲) خراد پر چڑھانا (۳) گھمانا۔ پھیرنا (۴) رٹنا بار بار کہنا (۵) توڑنا۔ شکستہ کرنا۔
بھانور / بھانوری (نون غنہ) [ھ امث] گردش۔ چکر۔ بھنور
بھانوری پھرنا: [ا رمحاورہ] گرد پھرنا۔ قربان ہونا (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس سے شادی مکمل ہوتی ہے۔ دلہا دلہن کا آگ کے گرد طواف کرنا۔
بھانولی: (نون غنہ) [ھ امث] ایک قسم کی روئی
بھانویں: [ھ + متعلق فعل] (۱) نزدیک۔ حسابوں (۲) اثر۔ خیال۔ توجہ (۳) خواہ۔ چاہے۔
بھانویں نہیں: [ا رمحاورہ] پروا نہیں۔ دل پر اثر نہیں
بھاوج: [ھ امث] بھائی کی بیوی۔ بھابی
بھاوجہ: [ھ امث] دیکھئے "بھاوج" جو صحیح ہے
بھاؤ: [ھ امذ] (۱) نرخ۔ شرح۔ قیمت۔ مول (۲) حالت۔ کیفیت روپ۔ ڈھنگ (۳) ناز و ادا۔ اشارہ (۴) بھید (۵) سبھاؤ۔ عادت (۶) محبت۔ ممتا (۷) طریقہ۔ انداز (۸) چوچلا۔ نخرہ (۹) عورت۔ نخل تراضع

بھاؤ اُترنا : [ا رمحاورہ] قیمت گھٹنا۔ سستا ہونا

بھاؤ بتانا : [ا رمحاورہ] ناچ گانے میں ہاتھ یا آنکھ یا دیگر اعضا کے اشاروں سے گیت کے مضمون کا نقشہ کھینچنا (۲) نرخ بتانا

بھاؤ بگاڑنا : [ا رمحاورہ] نرخ خراب کرنا

بھاؤ بگڑنا : [ا رمحاورہ] نرخ خراب ہونا

بھاؤ بننا : [ا رمحاورہ] قیمت طے ہونا۔ سودا چکنا

بھاؤ بنانا : [ا رمحاورہ] قیمت طے کرنا۔ سودا چکانا

بھاؤ بہانا : [ا رمحاورہ] نرخ بگاڑنا۔ قیمت کم کرکے قدر گھٹانا

بھاؤ پڑجانا : [ا رمحاورہ] نرخ مقرر ہونا۔ قیمت مقرر ہونا

بھاؤ تاؤ : [ا ر۔ امذ] قیمت۔ نرخ۔ دام۔ مول تول (افعال: کرنا، ہونا)

بھاؤ تیز ہوجانا : [ا رمحاورہ] نرخ بڑھنا۔ قیمت چڑھنا۔ دام زیادہ ہوجانا

بھاؤ چڑھانا : [ا رمحاورہ] قیمت بڑھانا۔ دام زیادہ کرنا

بھاؤ چڑھنا : [ا رمحاورہ] نرخ بڑھنا۔ قیمت زیادہ ہونا

بھاؤ کاٹنا : [ا رمحاورہ] نرخ مقرر کرنا۔ قیمت طے کرنا

بھاؤ کٹنا : [ا رمحاورہ] نرخ مقرر ہونا

بھاؤ کرنا : [ا رمحاورہ] مول چکانا۔ قیمت طے کرنا۔ قیمت چکانا

بھاؤ گرنا : [ا رمحاورہ] نرخ کم ہونا۔ قیمت گھٹنا

بھاؤ نکالنا : [ا رمحاورہ] نرخ مقرر کرنا۔ قیمت ٹھہرانا

بھاؤ نکلنا : [ا رمحاورہ] نرخ مقرر ہونا

بھاؤ نہ جانے راؤ : [ا رمثل] بازار کی قیمت پر کسی کا زور نہیں چلتا

بھائی : [ا ر امذ] باپ یا ماں کا بیٹا۔ چچا کا بیٹا۔ رشتہ کا بھائی۔ چچا۔ ماموں، خالہ پھوپھی کا بیٹا۔ ہمراہی ساتھی۔ رشتہ دار برادری کا قوم کا ہمسر۔ ہم وجہ۔ دوست یار ہم صحبت۔

بھائی بند : [ھ امذ] ہم قوم۔ ہم مذہب۔ رفیق۔ ساتھی۔ رشتہ دار

بھائی بندی : [ھ امث] برادری رشتہ داری یگانگت

بھائی دوست نہیں اور بھائی جیسا دشمن نہیں : [ا ر۔ مثل] بھائی دوست بھی سب سے بڑھ کر اور دشمن بھی سب سے بڑھ کر ہوتا ہے۔

بھائی چارا : [ا ر امذ] دوستی۔ یگانگت۔ اخوت۔ میل جول (۲) بھائی بندی برادری (۳) رشتہ داری تعلق خون کا رشتہ یا شادی کا (۵) کھیت یا زمین جو رشتہ دار مشترکہ بوئیں اور جوتیں۔ مشترکہ غیر منقسم جائداد (۶) پتی داری معلق شاملاتی

بھائی دور پڑوسی نیڑے : [ا ر۔ مثل] ہمسایوں کے ساتھ بھائیوں سے زیادہ تعلق ہونا چاہیے۔

بھائی نہ دے بھاؤ دے : [ا رمثل] بھاؤ کے مطابق بیچنا چاہیے لحاظ نہیں کرنا چاہیے۔

بھائی سو بھائی باقی چھپکلے پر : [ا ر۔ مثل] بھائی کے سوا اور کسی کی پرواہ نہیں

بھائی کا بول اور بسولے کا پھول تربت جلتا ہے : [ا رمثل] بھائی کا طعنہ جلد اثر کرتا ہے اور تیشے کا چھلا ہوا جلدی جلتا ہے۔

بھائی کا ٹھ کی روٹی پیٹ کو باندھو بھوک نہ لگے : [ا رمثل] روپیہ کا کام باتوں سے نہیں چلتا۔

بھائی مار بلہا رہے اور سالا گھر کھائے : [ا ر مثل] یگانوں کا حق بیگانوں کو دینا

بھائی مس کھائیے بھتیجے مس دیجئے : [ا رمثل] احسان مند نہ رہنا چاہیے۔

بھائیوں کے ڈنٹر ملو : [ا رمثل] اس جگہ کہا جاتا ہے۔ جہاں کوئی شیخی مارے اور کام نہ کر سکے پہلوان جیسے تو اس کے ڈنٹر ملتے ہیں

بھائیں : [ا رصف] خوف ناک۔ ہیبت ناک۔ ڈراؤنا

بھائیں بھائیں : [ا ر اصوت] بچھڑے کی آواز

بھائیں بھائیں کرنا : [ا رمحاورہ] خوف معلوم ہونا۔ ویرانہ پن ظاہر ہونا

بھائس : [ھ امذ] مارواٹھاٹھ کا ایک راگ

بھبک : [ھ امذ] گرم بھاپ (۲) شعلہ کی بھڑک (۳) تیز بو (۴) نالی یا فوارے سے پانی زور سے نکلنا۔

بھبک اٹھنا/بھڑکنا : [ا رمحاورہ] (۱) نہایت گرم ہوجانا۔ شعلہ اٹھنا بھڑکنا (۲) غصہ ہونا۔ سخت بدبو کی لپیٹ میں آنا۔

بھبکا : [ھ امذ] عرق کھینچنے کا ایک آلہ (۲) کسی تیز بری بو کا جھونکا (۲) لاؤ لپیٹ۔ شعلہ

بھبکانا : [ا رمص] دیکھیے "بھبکنا" جس کا متعدی ہے۔

بھبکنا : [ا رمص] (۱) خوب کھولنا۔ نہایت گرم ہونا (۲) شعلہ اٹھنا۔ بھڑکنا جھلسنا آگ لگنا (۳) غرانا۔ غصہ ہونا

بھبکی : [ا ر امث] دھمکی۔ گھرکی۔ غصہ کی شکل بنا کر ڈرانا

بھبکی دینا : [ا رمحاورہ] ڈرانا۔ دھمکانا

بھبکیوں/بھبکی میں آجانا/آنا : [ا رمحاورہ] ڈر جانا۔ دھمکی میں آجانا

بھبوت : [ھ امث] وہ راکھ جو سادھو سنیاسی اپنے بدن پر ملتے ہیں۔

بھبوت رمالینا : [ا رمحاورہ] سادھوؤں کا اپنے بدن پر راکھ ملنا۔ سادھوؤں کا بھبوت ملنا۔ فقیر ہونا۔ جوگ لینا۔ بیراگ لینا

بھبوت رمانا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھبوت رمالینا"

بھبوت لگانا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھبوت رمالینا"

بھبوت ملنا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھبوت رمالینا"

بھبوکا : [ھ امذ] (۱) شعلہ۔ شرارہ (۲) شعلے کی بھڑک۔ بھبک (۳) (صفت) انگارے کی طرح سرخ۔ زیادہ سرخ۔ نہایت روشن۔ چمکنے والا (۴) بہت سفید۔ براق۔ نہایت گورا (۵) خوبصورت حسین (۶) شوخ۔ طرار (۷) غضبناک۔ خشمگیں (۸) گرم۔ جلتا ہوا (افعال، ہونا)

بھبوکا بننا/ہونا : [ا رمحاورہ] غصے میں لال پیلا ہونا۔ برافروختہ ہونا

بھبوکے اٹھنا : [ا رمحاورہ] غصے کے سبب تن بدن میں آگ لگنا۔ نہایت غصے ہونا۔ بخار چڑھ جانا۔ شعلے اٹھنا

بھپارا : [ا ر امذ] جوش کی ہوئی دوا (۲) فریب۔ بے اصل۔ جھوٹ بات۔ جو کسی کو خوش کرنے یا کسی سے مطلب نکال لینے کی غرض سے کی جائے۔

بھپارا دینا : [ا رمحاورہ] کسی جوش کی ہوئی چیز یا دوا سے سینکنا یا بھاپ دینا۔

بھیارے دینا: [ا رمحاورہ] دم جھانسا دینا. دم دلاسا دینا. فریب دینا۔
بھیارے میں آنا: [ا رمحاورہ] دھوکے میں آنا. فریب میں آنا
بھپکا: [ھ امذ] وہ ظروف جس میں نلی رکھ کر عرق پیتے ہیں۔
بھپکنا: [ھ مصدر] خشمگیں آواز سے کسی کو کچھ کہنا
بھپکی: [ھ امث] دیکھئے "بھبکی"
بھپوری: [ھ امث] ایک قسم کی مونگچی جو بیماروں کی غذا ہے۔
بھتا: [ھ امذ] سفر خرچ. خوراک. زادِ راہ. کوئی رقم یا الاؤنس جو سرکاری ملازموں کو تنخواہ کے علاوہ ملے. سرکاری ملازموں کو دورے وغیرہ کی صورت میں جبکہ وہ صدر مقام سے باہر کام کرتے ہوں تو جو رقم بطورِ الاؤنس خرچ خوراک وغیرہ دی جائے۔
بھت کلھیا: [ھ امث] چھوٹے بچوں (لڑکیوں) کی پکائی چیزیں کھلانے
بھتنا: [ھ امذ] بھوت کی تصغیر (۱) خبیث روح. شیطان. بدصورت آدمی مٹی میں لتھڑا ہوا بچہ۔
بھتنی: [ھ امث] "بھتنا" کی مؤنث
بھتنی ہو کر چمٹنا: [ا رمحاورہ] سر ہو جانا. پیچھے لگ جانا. گلے کا ہار ہو جانا
بھتنے کی چڈی: [ھ امث] لڑکوں کا ایک کھیل
بھتی: [ھ امث] وہ کھانا جو ماتم کے موقع پر قریبی رشتہ دار مرگ والے گھر میں تین تک بھیجتے ہیں۔
بھتی پکاؤں: [ا رکوسنا. بددعا] (عو) کوسنا ہے. ماتم کروں. مرجاؤ
بھتی کھانا: [ا رمحاورہ] (عو) بددعا دینا. ماتم کرنا
بھتی کھلانا: [ا رمحاورہ] (عو) کوسنا دینا. حلف دینا
بھتی کھائے: [کلمہ بددعا] (عو) قسم دلانے کے موقع پر بولتی ہیں. بیٹے روئے. ماتم کرے
بھتیج: [ھ امذ] بھتیجا کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے
بھتیج بہو: [ھ امث] بھتیجے کی بیوی
بھتیج داماد: [ھ ا رامذ] بھتیجی کا خاوند
بھتیجا: [ھ ا رامذ] بھائی کا بیٹا. سالے کا بیٹا. جیٹھ دیور کا بیٹا
بھتیجی: [ا رامث] بھائی کی لڑکی. سالے / جیٹھ یا دیور کی لڑکی
بھٹ: [ھ امذ] بھٹی. چولہا. تنور (۲) وہ غار جس میں گیدڑ. بھیڑیئے لومڑی وغیرہ رہتے ہیں (۳) سانپ کا بل (۴) کھوہ
بھٹ پڑنا: [ا رمحاورہ] گالیاں پڑنا. برباد ہونا. تباہ ہونا
بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان: [ا رمثل] جس چیز سے نقصان ہو وہ کس کام کی۔
بھٹ تیتر: [ا رامذ] ایک قسم کا تیتر جس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے ایک بڑا جنگلی تیتر جو ریگستانوں میں بہتات سے پایا جاتا ہے۔
بھٹا: [ھ ا. امذ] (۱) بھٹی جس میں چونا / اینٹیں وغیرہ پکاتے ہیں (۲) اینٹوں کا بھٹا (۳) پژاوہ (۴) ٹوٹی ہوئی دیواروں کا راستہ (۵) چولہے کی جلی ہوئی سرخ مٹی۔
بھٹہ لگانا: [ا رمحاورہ] اینٹیں پکانے کا کاروبار کرنا (۲) بھٹے میں اینٹیں پکانے کے لئے آگ دینا۔

بھٹا لگ گیا: [ا رمحاورہ] جل کر خاک سیاہ ہو گیا. دیمک کھا گئی۔ جوار کی بالی
بُھٹا (ھ. امذ) مکئی کی ککڑی (خوشہ) جوار کی بالی
بھٹا سا (سر) اڑا دینا: [ا رمحاورہ] ایک ضرب میں صفائی کے ساتھ اڑا دینا. ایک ہی ہاتھ میں فیصلہ کرنا. سر اڑانا
بھٹا سا اڑ جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھٹا سا اڑا دینا" سے یہ لازم ہے۔
بھٹا سا اڑنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھٹا سا اڑا دینا" جس کا یہ لازم ہے
بھٹک: [ھ امذ] "بھٹکنا" کا حاصل مصدر. گمراہی. آوارگی. سرگشتگی. تیر کا نشانے پر نہ پڑنا. راہ راست سے دور ہو جانا. کوٹے ہوئے اپلے کی خاک. جلد. فوراً۔
بھٹکا پھرنا: [ا رمحاورہ] بے راہ پھرنا. مارا مارا پھرنا. آوارہ پھرنا
بھٹکانا: [ا رمحاورہ] دھوکا دینا. بہکانا. گمراہ کرنا۔
بھٹکاؤ: [ھ امذ] وسوسہ. تردد
بھٹکتا پھرنا: [ا رمحاورہ] گمراہ ہونا. آوارہ ہونا
بھٹکنا: [ا رمصدر] گمراہ ہونا. راستہ بھولنا. بے راہ چلنا. سرگرداں پھرنا. سرگشتہ ہونا. ڈھونڈنا. تلاش کرنا. چاہنا. خواہش کرنا
بھٹکوانا: [ا رمص] دیکھئے "بھٹکنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
بھٹکٹائی بھٹکٹیا: [ھ امث] ایک خاردار جھاڑی. بنک کٹیا. بن کٹیا
بھٹ جانا: [ھ محاورہ] کسی چیز پر رنگ یا میل کا چھا جانا. آلودہ ہو جانا۔
بھٹنا: [ھ مصدر] دیکھئے "بھٹ جانا"
بھٹنا: [ھ مصدر] چھو جانا. دوسرے کو لگ جانا (۲) کسی نجس یا ناپاک چیز سے چھونا. پلید ہو جانا۔
بھٹناگر: [ھ امذ] ہندو کائستھوں کی ایک گوت
بھٹنی (بفتح اول) [ھ امث] بھٹ یا بھاٹ کی تانیث
بھٹنی (بکسر اول) [ھ امث] سرپستان. چوچی. ٹلکنا. پستان کی سیاہ گھنڈی
بھٹو: [ھ صف] بے وقوف. احمق
بھٹوا: [ھ امذ] خشک زمین جو صرف موسم خزاں میں فصل دے
بھٹواس: [ھ امذ] ایک قسم کا غلہ
بھٹئی: [ھ امذ] بھاٹ کا پیشہ. بھاٹ کی سی تعریف. خوشامد
بھٹئی کرنا: [ا رمحاورہ] خوشامد کرنا. بے جا تعریف کرنا۔
بھٹی: [ھ امث] (۱) لوہاروں، شیشہ گروں اور دھوبیوں کا آتشدان (۲) شراب خانہ. آبکاری. وہ جگہ جہاں شراب کشید کی جاتی ہے (۴) پژاوہ (۵) کپڑوں کو بھاپ دینے والا آلہ جو عموماً دھوبیوں کے گھروں میں تلا ہوتا ہے۔ (۶) راجپوتوں کی ایک گوت (ذات)
بھٹی چڑھانا: [ا رمحاورہ] کپڑے کو صاف کرنے کے لیے صابن وغیرہ لگا کر جوش دینا۔
بھٹی چڑھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھٹی چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے
بھٹی دار: [ا رصف] کلال. شراب کھینچنے والا. شراب بیچنے والا. مے فروش
بھٹیا: [ھ امث] بھٹا / بھٹی کی تصغیر. چھوٹا پژاوہ (۲) سب سے

بھٹیارا : [ھ امذ] (۱) پکانے کا پیشہ کرنے والا۔ نان بائی۔ ایک قوم جو کھانا پکانے کا کام کرتی ہے (۲)۔ وہ شخص جو سرائے میں مکان وغیرہ مسافروں کو کرائے پر دے اور ان کے کھانے وغیرہ کا انتظام کرے اور مسافروں کی خدمت کرے

بھٹیارپن : [ا ر امذ] (۱) باورچی گری۔ بھٹیارے کا پیشہ (۲) کمینہ پن

بھٹیار خانہ : [ا ر امذ] سرائے۔ کارواں سرائے (۲) کمینہ لوگوں کے مل بیٹھنے کی جگہ (۳) ٹھہرنے کی جگہ (۴) بھٹیاری کا گھر (۵) جگہ جہاں ہر شخص بلا روک ٹوک جا سکے (۶) وہ جگہ جہاں بہت شور و غل مچا رہتا ہو، مجمع عوام

بھٹے کی بالی : [ا ر امث] مکئی کا خوشہ

بھٹے کی گلی : [ا ر۔ امث] بھٹے کا وہ حصہ جس میں دانے لگے ہوتے ہیں۔

بھٹیارن / بھٹیاری : [ھ امث] دیکھئے "بھٹیارا" جس کی یہ مؤنث ہے۔ (۲) ایک پرند

بھٹیاریوں کی سی لڑائی : [ا ر مثل] بھٹیاریاں لڑنے میں مشہور ہوتی ہیں، نیز لڑائی میں بے شرمی و بے حیائی روا رکھتی ہیں۔

بھٹیالی : [ہ۔ امذ] بنگالی ملاحوں کا ایک گیت

بھج : [ھ امذ] بھاگنے والا۔ گریزاں۔ مفرور

بھُج : [ھ مذ] مثلث کا ضلع (۲) کہنی سے اُوپر کا حصہ

بھج پل : [ھ امذ] گھوڑے کے بازو کی بھونری

بھج بند : [ھ امذ] ایک زیور جو بازو پر باندھا جاتا ہے۔ بازوبند کوئی چیز جو بازو کے اوپر کے حصے پر باندھی جائے۔

بھج بھر : [ھ امذ] بازو بھر کے۔ بغل گیری

بھج ڈنڈ : [ھ امذ] نہایت سخت بازو۔ ایسے بازو جیسے ڈنڈا۔

بھج مول : [ھ امذ] بازو کا اُوپر کا حصہ۔ مونڈھے کے نزدیک

بھجا : [ھ امذ] دیکھئے "بھج"

بھجا ڈنڈ : [ھ امذ] ڈنڈ اور بازو۔ لمبا بازو۔ سخت بازو

بھجا ڈنڈ ہی کھیے دیتے ہیں : [ھ مثل] (طنزاً کہتے ہیں، جب کوئی شیخی مارے اور کام نہ کر سکے تو کہتے ہیں۔

بھجالی : [ھ امث] ایک قسم کی ٹیڑھی چھری

بھجاوٹ : [ھ امذ] موٹا تختہ جسے شہتیروں پر ڈاٹ لگانے اور چھت پاٹنے کے کام میں لاتے ہیں۔

بھجن : [س امذ] (۱) وہ گیت جس میں خدا کی حمد ہو (۲)، وہ گیت جس میں ہندو دیوتاؤں کی مدح ہو۔ وہ گیت جو پوجا پاٹ کرتے وقت ہندو گاتے ہیں جو ان کی عبادت میں شامل ہیں

بھجن کرنا : [ھ محاورہ] خدا کا نام یاد کرنا۔ عبادت کرنا۔ وظیفہ پڑھنا

بھجن گانا : [ا ر محاورہ] (۱) خدا کا دھیان کرنا (۲) خوشی منانا۔ بے فکر ہونا۔ (۳) شکریہ ادا کرنا۔ گیت گانا

بھجنا : [ھ امذ] سراہنا۔ تعریف کرنا۔ تسبیح پڑھنا۔ پوجا کرنا

بھجنگ : [ھ صف] نہایت سیاہ۔ کالا سانپ

بھجنگا : [ھ صف] ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو کوئل سے ملتا جلتا ہے۔ (۲) نہایت سیاہ

بھجنگے اڑنا : [ا ر محاورہ] بہت مصیبت ہونا (۲) مفلس ہونا (۳) جھوٹی خبریں اُڑنا۔

بھجنیا : [ھ صف] بھجن کرنے والا

بھجوانا : [ھ مصدر] دیکھئے "بھیجنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے

بھجیا : [ھ امث] پکایا ہوا۔ بھنا ہوا۔ بھنی ہوئی سبزی ترکاری۔ شلغم مولی وغیرہ کے پکے ہوئے پتے (۳) بھنے ہوئے دھان جن کے ستو بنائے جاتے ہیں۔

بھچ : [ھ صف] نہایت موٹا۔ بہت کالا۔ ان پڑھ۔ جاہل۔ گنوار۔ وحشی جنگلی۔ نو گرفتار۔ تازہ

بھچا : [ھ صف] تنگ۔ دبا ہوا۔ پست

بھچیڑ : [ھ امث] تنگی (۲) بے ایمانی

بھچک : [ھ صف] ڈرا ہوا۔ سہما ہوا۔ ہکا بکا۔ حیران

بھچک رہ جانا : [ا ر محاورہ] حیران ہو جانا۔ پریشان ہو جانا۔ متحیر ہو جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔

بھچکنا : [ھ مصدر] حیران ہونا

بھچمپا : [ہ امث] چمپا کی ایک قسم جسے بھوئیں چمپا کہتے ہیں۔ ایک طرح کی آتش بازی

بھچ جانا / بھچنا : [ا ر مصدر] (۱) سمٹنا (۲) دبنا۔ پچکنا (۳) مجبور ہونا (۴) شرمانا (۵) رکنا (۶) انقباض خاطر ہونا (۷) تنگ ہونا۔ گھٹا ہوا ہونا

بھچیڑ لانا : [ا ر محاورہ] (۱) فیل لانا (۲) انکار کرنا (۳) بے ایمانی کرنا۔ تنگ دلی کرنا۔

بھد : [ا ر اصوت] نرم چیز پر گرنے کی آواز۔ ہلکی سی آواز

بھد : [ھ امث صوت] (۱) ذلت۔ بے وقعتی۔ بدحالی [افعال: کرنا۔ ہونا]

بھدّا : [ھ اصف] بدشکل۔ بدصورت (۲) بہت موٹا۔ فربہ (۳) بھونڈا۔ بے ڈھنگا بے ڈول (۴) سست۔ کاہل (۵) ثقیل (۶) بے وقوف۔ احمق (۷) ناتراشیدہ اناڑی

بھداک / بھداکا : [ھ۔ اصوت] کسی چیز کے دوسری نرم چیز پر گرنے کی آواز (۲) کھیر وغیرہ کے پکنے کی آواز (کھد بھد)

بھداکا دینا / سنانا : [ا ر محاورہ] گرا دینا۔ دے مارنا

بھدانا : [ھ مص] کسی چیز میں نمک جذب کرانا

بھد بھد : [ھ امث صوت] موٹے آدمی یا بط کے چلنے کی آواز (۲) آواز جو ریت یا خاک پر گرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ (۳) وہ آواز جو پیٹ بھرا ہوا ہونے پر اس کے بجانے سے نکلتی ہے۔

بھد بھد دوڑنا : [ا ر محاورہ] اس طرح دوڑنا کہ زمین پر پاؤں کی آواز آئے زمین پر پاؤں لگنے کی آواز

بھدرا : [ھ امث] جوتش کی رُو سے چاند کی دوسری۔ ساتویں۔ بارھویں تاریخیں جو منحوس خیال کی جاتی ہیں۔ ہر تین شبانہ روز کے بعد بھدرا بارہ گھڑی رہتی ہے (۲) منحوس ساعت (۳) وہ آدمی جو ماتم میں چہار اَبرو کا صفایا کرا دے۔

بھدرا کرانا : [ا ر محاورہ] کریا کرم کے واسطے، یا یوں ہی کسی تیرتھ پر سر ڈاڑھی اور مونچھ منڈوانا

بھدرا ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "بھدرا کرانا" جس کا لازم ہے۔

بھدرک : [ھ امث] اچھا۔ بھلا۔ عمدہ۔ خوب (۲) لطف۔ مزہ۔ خوبی۔ سلیقہ۔ شعور (۳) استحکام۔ استقلال۔ مضبوطی۔ پائیداری

بھدری، بھدڑی [ہ۔ امذ] نجومی۔ جوتشی
بھدکنا: [ا۔ مصدر] کشتی میں گرا دینا۔ ہرا دینا
بھدنا: [ہ۔ مصدر] پسے ہوئے نمک مرچ یا کسی اور سفوف کا کسی دوسری چیز یا سفوف میں مل جانا۔ سرایت کرنا (۲) کسی چیز میں لُو بس جانا
بھددار: [ہ۔ امث] وہ زمین جو گنے کے واسطے تیار کی جائے (۲) وہ زمین جس میں خریف کے موسم میں ہل چلایا جائے اور پھر کاشت کپاس تک پڑی رہے (۳) وہ زمین جس میں اساڑھ سے بھادوں تک ہل چلایا جائے (۴) فصل ربیع کی تیاری کی جائے۔
بھدئی: [ہ۔ صف] بھادوں کی پیداوار۔ وہ جنس یا فصل جو بھادوں میں پک کر تیار ہو اور کاٹی جائے (۲) ایک قسم کا بادل جو بھادوں میں کاٹا جاتا ہے
بھدری: [ہ۔ صف] دیکھیے "بھدا" جس کی یہ تانیث ہے
بھدی آواز: [ہ۔ امث] موٹی آواز۔ بُری آواز
بھدیاں: [ہ۔ صف] بھادوں کا۔ بھادوں کی فصل کا آم
بھدیس، بھدیسل، بھدیسلا، بھدیسا: [ہ۔ صف] بدشکل۔ بدنما۔ گنوار۔ بھدا
بھر: [ہ۔ امث] ہندوؤں کی ایک ذات
بھر: [ہ۔ صف] (۱) پورا۔ برابر (۲) تمام۔ کل (۳) مقدار یا اندازہ ظاہر کرنے کے لیے (۴) تک (۵) وزن کی مقدار ظاہر کرنے کے لیے (۶) حتی الوسع۔ حتی الامکان
بھر آنا: [ا۔ محاورہ] (۱) زخم بھر کر گوشت برابر آجانا (۲) آنسو آنا۔ پُر اشک ہونا۔ (۳) غمگین ہونا (۴) پٹ جانا
بھر پانا: [ا۔ محاورہ] کل وصول کرنا۔ کوڑی کوڑی وصول کرنا۔ قرض بے باق ہونا (۳) حاصل ہونا (۴) پھل پانا۔ کیے کی سزا کو پہنچنا۔ بھگت لینا
بھر پور: [ہ۔ صف] پورا۔ تمام
بھر پائی: [ہ۔ امث] موصول ہونے کی رسید۔ پورے داموں کی رسید
بھر پیٹ: [ا۔ متعلق فعل] اچھی طرح۔ جی بھر کے۔
بھر جانا: [ا۔ محاورہ] لبریز ہو جانا (۲) پُر ہو جانا (۳) سما جانا (۴) آلودہ ہو جانا۔ سن جانا۔ لتھڑ جانا (۵) پسینے میں ہوا لگ کر گھوڑے کے اعضا کا جکڑا جانا۔ اینٹھ جانا (۶) مویشی کا حاملہ ہو جانا (۷) ختم ہو جانا (۸) خاتمے پر آجانا (۹) سیر ہو جانا (۱۰) سیراب ہو جانا
بھرجی: [ہ۔ متعلق فعل] خوب۔ اچھی طرح
بھر چکنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بھر دینا"
بھر دینا: [ا۔ محاورہ] پُر کرنا۔ لبریز کرنا (۲) مالا مال کرنا (۳) تلافی کرنا۔ نقصان پورا کرنا (۴) بیباق کرنا۔ ادا کر دینا (۵) رفو کرنا (۶) سان دینا۔ آلودہ کرنا۔ (۷) پانی سے سیراب کرنا
بھر لینا: [ا۔ محاورہ] لبریز کر لینا (۲) پورے پورے دام لینا۔ کل وصول کر لینا۔ (۳) آلودہ کر لینا (۴) جو مانگنا سو لے لینا
بھر مار: [ہ۔ امث صف] کثرت۔ افراط۔ بہتات (افعال کرنا۔ ہونا)
بھر مٹھی: [ا۔ متعلق فعل] مٹھی بھر (۲) بکثرت۔ بہت
بھر مقدور: [ا۔ متعلق فعل] جس قدر ہو سکے۔ جس قدر طاقت میں ہو۔ حتی الوسع
بھر منہ کوسنا: [ا۔ محاورہ] صاف صاف کوسنا۔ نام لے کر کوسنا
بھر منہ گالی دینا: [ا۔ محاورہ] نام لے کر گالی دینا

بھر نیند سونا: [ا۔ محاورہ] اچھی طرح سونا۔ پوری نیند ہونا
بھرّا: [ا۔ امذ] دھوکا۔ فریب۔ ترغیب۔ تحریک۔ اشتعال۔ نمائشی۔ تعریف جانوروں کے اڑنے کی آواز۔ کسی گھومنے والی چیز کی آواز۔ ایک قسم کا پتنگ جو اُڑنے میں آواز دیتا ہے۔
بھُرّا: [ہ۔ صف] بھوُرا کا مخفف۔ کالے اور اس کے ہم معنی الفاظ کی تاکید میں بولا جاتا ہے۔ مثلاً سیاہ بھُرّا۔ بہت سیاہ
بھرّا جانا: [ا۔ محاورہ] (۱) بیٹھ جانا۔ بڑھ جانا (۲) بھاری ہو جانا (۳) جھنجلا جانا۔
بھرّا دینا: [ا۔ محاورہ] (۱) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ ترغیب و تحریص دینا۔ اکسانا (۲) کبوتروں کو ایک ساتھ اُڑانا
بھرّانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "بھرّا جانا"
بھرا: [ا۔ صف] بھرنا کا ماضی (صف) پُر۔ لبریز۔ لبالب (۲) کل۔ تمام۔ مکمل۔ (۳) موجود۔ حاضر (۴) مجمع (۵) آباد۔ معمور (۶) موٹا تازہ۔ پُر گوشت (ہ۔ امذ) بوجھ۔ بھرت۔ کھیپ۔ گولی بارود۔ اسماء کے آخیر میں آ کر صفت بناتا ہے جیسے بس بھرا۔ لاج بھرا۔
بھرا بتولا، بھرا بھتولا: [ا۔ صف] آسودہ۔ مالدار۔ کھاتا پیتا (۲) صاحب اولاد۔ بال بچے دار (۳) آباد۔ معمور۔ بھرا ہوا۔
بھرا بھرا: [ا۔ صف] آباد۔ معمور۔ پُر گوشت۔ موٹا تازہ
بھرا بھرا گھر لگنا: [ا۔ محاورہ] گھر بارونق یا آباد معلوم ہونا
بھرا بھرایا گھر: [ا۔ امذ] ساز و سامان سے پُر گھر۔ بھرا ہوا گھر۔ آباد گھر
بھرا بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] غصے میں ہونا۔ ناراض ہونا۔ رونے کے قریب ہونا شکوہ شکایت کرنے کے لیے تیار ہونا۔
بھرا پُرا: [ا۔ صف] آباد۔ بارونق (۲) صاحب اولاد۔ بال بچے والا (۳) کامیاب۔ خوش حال (۴) امیر۔ دولت مند (۵) خوش قسمت۔ بلند اقبال طالع مند۔ خوش و خرم۔ خرسند
بھرا دربار: [ا۔ امذ] مجمع۔ مجلس
بھرا گھر: [ا۔ امذ] (۱) اسباب و مال سے بھرا ہوا گھر۔ آباد گھر (۲) (عو) خالی گھر کو بدشگونی کے خیال سے کہتی ہیں
بھرا گھر برباد ہونا: [ا۔ محاورہ] گھر کی رونق جاتی رہنا۔ خاندان تباہ ہو جانا
بھرا گھر چھوڑ کے چلا جانا: [ا۔ محاورہ] ناراض ہو کر گھر سے چلا جانا۔
بھرا ہونا: [ا۔ محاورہ] (۱) پُر ہونا (۲) بہت کچھ موجود ہونا (۳) کثرت ہونا۔ بہتات ہونا (۴) آزردہ ہونا
بھرّاٹا: [ہ۔ امذ] پرندوں کے اُڑنے کی آواز
بھرانا: [ا۔ مصدر] (۱) چوگا دینا۔ گابھن کرانا (۲) دیکھیے "بھرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
بھراؤ: [ا۔ امذ] (۱) گڑھے کے بھرنے کے لیے مٹی کوڑا کرکٹ وغیرہ (۲) گھڑے کے بھرنے کی مقدار (۳) ٹاٹ یا پرانی دری کے ٹکڑے جو جوتے کے تلے میں موٹا کرنے کے لیے بھرے جاتے ہیں (۴) بھرتی
بھرائی: [ا۔ امث] کپڑے میں روئی بھرنے کی اُجرت۔ پانی بھرنے کی اُجرت۔ گڑھا بھرنے کی اُجرت (۲) ایک قوم جو ڈھول بجانے کا پیشہ کرتی ہے۔

بھُربھُرا: [ہ صف] خستہ۔ پولا۔ کراما۔ جو ہاتھ لگانے سے ریزہ ریزہ ہوجائے (۲) مائل۔ فریفتہ

بھُربھُراہٹ: [ا رامث] دیکھیے "بھُربھُراہٹ"

بھُربھُرانا جانا: [ا رمحاورہ] مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ شوق پیدا ہونا۔ خواہش پیدا ہونا۔ اُمنگ پیدا ہونا

بھُربھُرانا: [ا رمصدر لازمی] (۱) مائل ہونا۔ راغب ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ دل گدگدانا (۲) بکھرنا۔ خستہ ہونا (۳) کسی چیز پر کوئی سفوف چھڑکنا

بھُربھُراہٹ: [ا رامث] خستگی۔ خستہ پن

بھُربھُری: [ا رامث] دیکھیے "بھُربھُرا"۔ جس کی یہ تانیث ہے

بھَربھَرا: [ا رشل] مصدر "بھربھرانا" کا صیغہ امر

بھَربھَراٹ: [ا رامث] دیکھیے "بھربھراہٹ"

بھَربھَرانا: [ا رمص] (۱) ورم ہونا۔ سوجنا (۲) چہرہ تمتمانا۔ سُرخ ہونا۔ ورم ہو کر چمکنا

بھَربھَراہٹ: [ا رامث] دیکھیے "بھربھری"

بھَربھَری: [ا رامث] ورم۔ سوجن۔ تمتماہٹ۔ سُرخی

بھَربھنڈ: [ہ امث] بدنظمی۔ گڑبڑ [افعال: کرنا۔ ہونا]

بھَرَت: [ہ امث] (۱) ایک دھات جو جست تانبے اور سیسے سے مرکب ہوتی ہے۔

بھَرَت: [ہ امث] (۱) جو چیز بھری جائے۔ بھرتی (۲) مال و اسباب۔ وہ مال جو گاڑی یا جہاز میں لادا جائے (۳) کرایہ۔ بھاڑا (۴) روپیہ جو ادا کیا جائے لگان جو کوئی ادا کرے (۵) مکمل ادائیگی (۶) ایک قسم کا چنڈول (۷) اُٹھانے والا، لے جانے والا۔ گاڑی وغیرہ

بھَرَت بھرنا: [ا رمحاورہ] (۱) بھرنا۔ پُر کرنا۔ بھرتی ڈالنا (۲) کمی پُوری کرنا۔ نقصان پورا کرنا (۳) سوداگری کا مال ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ دساور کو لے جانا

بھَرَت کھنڈ: [ہ امذ] بھارت ورش کا ایک حصہ وہ ملک جو اپنی آبادی اور پیداوار میں کامل ہو۔ مجازاً ہندوستان

بھُرتا: [ہ امذ] ایک کھانا جو اُبلی ہوئی اور جھلسائی ہوئی ترکاریوں کو کچل کر اور مصالحہ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں (۲) کُچلا ہُوا۔ خُوب کُچلا ہُوا۔

بھُرتا بنانا: [ا رمحاورہ] (۱) بھُرتا تیار کرنا (۲) مار مار کر کچومر نکال دینا

بھُرتا کر دینا: [ا رمحاورہ] خوب مارنا مارتے مارتے کچومر نکال دینا (۲) جلادینا

بھُرتا نکالنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھُرتا کر دینا"

بھرتار: [ہ امذ] خاوند

بھرتری: [ہ امذ] ہندو سادھوؤں کی ایک قسم یا گروہ

بھَرتی: [ا رامث] (۱) وہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جائے (۲) خس و خاشاک جو کسی گڑھے میں ڈالا جائے۔ مٹی جو چھت پر ڈالی جائے (۳) جہاز یا گاڑی میں جو اسباب لادا جائے (۴) ذخیرہ۔ کھتہ۔ گودام (۵) داخلہ۔ اندراج (۶) کسی محکمہ میں نام لکھا جانا (۷) فالتو۔ ردی (۸) جھوٹ اور بناوٹی (۸) تکمیل۔ اتمام۔

بھرتی بند ہونا: [ا رمحاورہ] کسی محکمہ میں نئے ملازم رکھنا کچھ عرصہ کے لیے بند ہو جانا

بھرتی بھرنا: [ا رمحاورہ] فضول چیزیں ڈال کر کسی چیز کو بھر دینا بُری بھلی چیز سے کمی پوری کرنا (۳) نیچی جگہ کو خس و خاشاک سے بھرنا (۴) سوداگری کا مال بھرنا۔

بھرتی کا شعر: [ا رامذ] بُرا بھلا شعر۔ وہ شعر جو محض تعداد پوری کرنے کے لیے نظم یا غزل میں شامل کر لیا جائے مگر اس میں کوئی خاص بات یا خوبی نہ ہو۔

بھَرتی کا مال: [ا رامذ] سوداگری کا مال۔ معمولی مال۔ کم قیمت مال

بھرتی کرنا: [ا رمحاورہ] (۱) کسی محکمہ میں نوکر کرنا (۲) زیادہ کھانا پیٹ میں ٹھونسنا۔

بھرتی کھلنا: [ا رمحاورہ] کسی محکمہ میں ملازمتوں کا سلسلہ شروع ہونا۔

بھرتی ہونا: [ا رمحاورہ] کسی محکمہ میں ملازم ہو جانا

بھرتیا: [ا رامذ] کسیرا۔ ٹھٹھیرا۔ تانبے پیتل کے برتن بنانے والا

بھرٹری: [ہ امذ] وہ اناج جو گاہنے کے بعد بالوں میں رہ جائے (پنجابی گھنڈیاں)

بھرشٹ / بھرشٹ: [س صف] ناپاک۔ نجس۔ پلید۔ ذلیل۔ رذیل

بھُرکس: [ہ امذ] ریزہ۔ چُورا۔ بھُوسی

بھُرکس نکالنا / نکال دینا: [ا رمحاورہ] مار مار کر کچومر نکال دینا / ہڈی پسلی توڑ دینا۔

بھُرکس نکل جانا / نکلنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھُرکس نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بھَرَم: [ہ امذ] شہرت۔ عزت۔ وقعت۔ آبرو۔ بھروسا۔ ساکھ۔ اعتبار

بھَرَم باندھنا: [ا رمحاورہ] ساکھ جمانا۔ اعتبار قائم کرنا

بھرم بنا رکھنا: [ا رمحاورہ] لوگوں کی نظر میں معزز رہنا۔ آبرو قائم رکھنا

بھَرَم جانا: [ا رمحاورہ] ساکھ جاتی رہنا۔ اعتبار کھو یا جانا۔ رعب مٹنا۔ کسی پہ شک یا شبہ ہونا

بھَرَم دینا: [ا رمحاورہ] راز ظاہر ہونے دینا۔ حال کھلنے دینا

بھَرَم رکھنا: [ا رمحاورہ] گمان کرنا۔ شک کرنا۔ بدگمان ہونا۔ بدظن ہونا

بھرم رہنا: [ا رمحاورہ] ساکھ رہنا۔ آبرو رہنا

بھرم کھل جانا: [ا رمحاورہ] اعتبار اُٹھ جانا۔ یقین نہ رہنا۔ ساکھ جاتی رہنا

بھرم کھلنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھرم کھل جانا"

بھرم کھولنا: [ا رمحاورہ] پوشیدہ راز ظاہر کرنا

بھرم کی ٹٹی: [ا رامث] ذریعہ عزت۔ وہ چیز جس سے آبرو قائم رہے۔

بھرم گنوانا: [ا رمحاورہ] عزت کھونا۔ ساکھ نہ رہنا

بھرم نکلنا: [ا رمحاورہ] وقعت جاتی رہنا۔ بے عزت ہو جانا۔ ساکھ جاتی رہنا۔ آبرو نہ رہنا

بھرم نہ ہونا: [ا رمحاورہ] بھروسا نہ ہونا۔ اعتبار نہ ہونا

بھرمانا: [ا رمصدر] دھوکا دینا۔ لالچ دینا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔ ترغیب دینا۔ اُکسانا۔ گمراہ کرنا۔ غلط راستے پر لگانا۔ بدراہ رکھنا۔ غلطی کرنا۔ پھسلانا۔ دغا دینا۔ لالچ دینا۔ للچانا۔ حیران کرنا۔ پریشان کرنا

بھرمنا: [ہ مصدر] بھٹکنا۔ ڈانواں ڈول پھرنا

بھَرَن: [ہ امث] زور کی بارش۔ جل تھل

بھرن پڑنا: [ا رمحاورہ] مینہ کا بڑے زور شور سے پڑنا۔ زور کی بارش ہونا

بھرنا: [ا رمصدر] (۱) قرضہ چکانا۔ ادا کرنا (۲) دینا۔ سلوک کرنا (۳) کسی کی طرف سے کسی کے دل میں بُرائی ڈالنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ بہکانا (۴) لادنا۔ بار کرنا (۵) توپ بندوق وغیرہ میں چھرا۔ گولی۔ بارود وغیرہ ڈالنا (۶)

کھیت میں آبپاشی کرنا۔ پانی وغیرہ سے سیراب کرنا۔ پانی لگانا۔ چھینٹا ڈالنا (۷) دھقیا ڈالنا (۸) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا (۹) لپیٹنا (۱۰) نقش کی خانہ پُری کرنا (۱۱) سنبھال کرنا۔ مالا مال کرنا (۱۲) بجالانا تعمیل کرنا عہد پُورا کرنا۔ تکمیل کو پہنچانا۔ (۱۳) نذر چڑھانا۔ منت ادا کرنا (۱۴) رنگ چڑھانا (۱۵) کسی ظرف میں کوئی چیز ڈالنا (۱۶) کسی چیز میں کوئی دوسری چیز ڈالنا یا ٹھونسنا (۱۷) چلم میں تمبا کو یا اٹک رکھنا (۱۸) نکالنا۔ کسی ظرف میں سے نکالنا (۱۹) لحاف وغیرہ میں روئی ڈالنا (۲۰) پُر ہونا۔ معمور ہونا (۲۱) پُورا ہونا۔ کامل ہونا۔ تمام ہونا (۲۲) ختم ہونا (۲۳) آلودہ ہونا۔ لتھڑنا (۲۴) رنج میں عمر بسر کرنا۔ عمر کاٹنا (۲۵) بدمزاج کے ساتھ بسر کرنا (۲۶) آنا۔ سمانا (۲۷) زخم کا برابر ہونا۔ انگور بننا (۲۸) برداشت کرنا (۲۹) تاوان دینا۔ تلافی کرنا۔ خسارہ اٹھانا (۳۰) سیر ہونا۔ چھکنا (۳۱) سہنا جھیلنا (۳۲) چیچک کا پورا نکل آنا (۳۳) مکان وغیرہ کا آباد ہونا بسنا (۳۴) آسامی کا خالی نہ رہنا۔ جگہ رُکنا (۳۵) کھسیانا ہونا۔ رونے کے قریب ہونا (۳۶) موٹا ہونا۔ پُر گوشت ہونا۔ فربہ ہونا (۳۷) شل ہونا۔ تھک جانا۔ (۳۸) خشم آلود ہونا۔ غضبناک ہونا (۳۹) ہجوم ہونا۔ جمگھٹا ہونا (۴۰) گھوڑی یا گتیا کا گابھن ہونا (۴۱) وصول کرنا۔ دام لینا (۴۲) بھگتنا (۴۳) آسیب یا بھوت وغیرہ کا سر پر آنا (۴۴) قرض ہونا (۴۵) روزانہ مصارف (۴۶) بدمزاج کے ساتھ نباہ کرنا

بھرنا بھرنا: [ا رمحاورہ] کسی کا خرچ برداشت کرنا۔ کفالت کرنا (۲) مصیبت جھیلنا (۳) رشوت دینا

بھرنی: [ا رامث] (۱) بانا۔ جولاہوں کا آلہ۔ نال (۲) نجوم دوسرا مکھند یا منزل قمر۔ بطین

بھروانا: [ا رمص] دیکھئے "بھرنا" جس کا متعدی المتعدی ہے

بھردی: [ھ امث] (۱) مکمل ادائیگی کی رسید رسید قبض الوصول۔ جواب (۲) معاوضہ۔ عوض۔ نقصان

بھروٹا۔ بھروٹھا: [ھ امذ] بھار کی تصغیر بوجھا۔ لدا۔ گھاس وغیرہ کا گٹھا۔

بھروسا: [ھ امذ] امید۔ آسرا۔ سہارا (۲) اعتماد۔ اعتبار۔ ساکھ (افعال: دینا۔ رکھنا۔ کرنا۔ ہونا)

بھروسے کا آدمی: [ا رصف] بااعتبار آدمی

بھردل: [ھ امذ] وہ فصل جس میں پھل بہت آئے۔ بھرا پُرا کھیت

بھرون: [ہ۔ امذ] کچا یا ادھورا بچہ۔ جنین (۲) حمل

بھری: [ا رصف مث] دیکھئے "بھرا" جس کی یہ تانیث ہے

بھری: [ا رامث] ایک وزن جو ساڑھے گیارہ ماشے ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی گھاس جو ۹ فٹ تک بڑھ جاتی ہے اور چھتوں پر ڈالنے کے کام آتی ہے (۳) گنوں کا یا گھاس کا بڑا گٹھا جو رسی سے باندھ کر اٹھاتے ہیں۔

بھری بوتلی۔ بھتولی: [ا رصف مث] دیکھئے "بھرا بتولا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بھری برسات: [ا رامث] عین برسات کا موسم۔ بارش کی شدت کا زمانہ

بھری بھری: [ا رصف مث] پُر گوشت۔ اور گول گول درانیں اور پھلیاں کے ساتھ)

بھری پُری: [ا رصف مث] دیکھئے "بھری پُوئی" (۲) دیکھئے "بھرا پُرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بھری تھالی میں لات مارنا: [ا رمحاورہ] عو۔ ملی ہوئی اچھی چیز کو چھوڑ دینا۔ لگی ہوئی نوکری چھوڑ دینا۔ ناشکری کرنا۔ اپنے آرام کو آپ چھوڑنا۔

بھری جوانی: [ا رامث] عین جوانی کا زمانہ

بھری جوانی مانجھا ڈھیلا: [ا رمثل] اس شخص کے متعلق ہیں جو جوان ہونے کے باوجود سست اور کاہل ہو۔

بھری ڈاڑھی: [ا رامث] نہایت گھنی ڈاڑھی

بھری ران: [ا رامث] موٹی فربہ ران گاؤدم۔ گوشت والی ران

بھری رکعت: [ا رامث] چار رکعت والی فرض نماز۔ جس کی پہلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد دوسری کوئی سورۃ پڑھی جاتی ہے۔

بھری سبھا میں: [ا رمتعلق فعل] دیکھئے "بھری مجلس میں"

بھری کچہری: [ا رمتعلق فعل] سب کے سامنے کھلم کھلا

بھری گود خالی ہونا: [ا رمحاورہ] (عو) اولاد مر جانا

بھری مجلس میں: [ا رمتعلق فعل] سب کے رُوبرو۔ علی الاعلان۔ برسرِ محفل

بھری محفل میں: [ا رتف] دیکھئے "بھری مجلس میں"

بھیڑی: [ہ امث] (۱) انتشار۔ پراگندگی۔ پھیلاؤ۔ بکھیر (۲) فرار۔ گریز

بھرے: [ا رصف] دیکھئے "بھرا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

بھرے بھرے: [ا رصف] دیکھئے "بھرا بھرا" جس کی یہ جمع ہے

بھرے بھرے ڈنڈ: [ا رامذ] تیار یا فربہ بازو

بھرے بیٹھے ہیں: [ا رمحاورہ] ناراض ہیں۔ خفا ہیں۔ غصے میں ہیں۔

بھرے رہنا: [ا رمحاورہ] (۱) پُر رہنا۔ لبریز رہنا۔ جمع رہنا (۲) ناخوش رہنا۔ کبیدہ رہنا

بھرے سمندر پیالے: [ا رمثل] باوجود بہت ہونے کے بھی حرص ہو

بھرے کو بھرنا: [ا رمحاورہ] ایسے شخص کو دینا۔ جسے احتیاج نہ ہو۔

بھرے کو ہی بھرنا: [ا رمثل] خدا بھی دولت مند ہی کو دیتا ہے۔

بھرے میں بھرنا: [ا رمحاورہ] دولت میں دولت ملانا

بھرے ہونا: [ا رمحاورہ] جمع ہونا (۲) آلودہ ہونا۔ تر ہونا (۳) لبریز ہونا۔ پُر ہونا (۴) کسی کی جانب سے کسی کے دل میں کینہ ہونا (۵) غصے میں ہونا

بھریا: [ھ امث] وہ زمین جس میں پانی سینچا جائے۔

بھڑ: [ھ امذ] (۱) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز۔ توپ یا بندوق کی آواز (۲) گوز کی آواز (۳) جلتی ہوئی لکڑی کے چٹخنے کی آواز (۴) آندھی کے چلنے کی آواز (۵) ایک کلمہ جو فیل بان ہاتھی کو اٹھانے کے واسطے کہتے ہیں (۶) (صف) مسخرا

بھڑ بھڑ: [ھ امذ] آگ کے جلنے کی آواز [۲ متعلق] آواز

بھڑ بھڑ کرنا: [ا رمحاورہ] آگ کا بھڑکنا۔ آواز سے جلنا۔ تڑکنا۔ چٹخنا

بھڑ: [ھ امث] ایک پردار زرد رنگ کا کیڑا جس کے ڈنک میں تکلیف دہ زہر ہوتا ہے۔ یہ کیڑا چھتے بنا کر رہتا ہے۔

بھڑ کا چھتا۔ بھڑوں کا چھتا: [ا رامذ] بھڑوں کا گھر (۲) (صف) ایسا خاندان جس میں سب کا باہم اتفاق ہو اگر ان میں سے کسی ایک کو چھیڑا جائے تو سب کے

سب پیچھے پڑ جائیں۔ فسادی۔ بھڑ کی طرح پیچھے پڑ جانے والا

بھڑ / بھڑوں کے چھتے کو چھیڑنا : [ا رمحاورہ] فسادی کو چھیڑنا۔ غصہ دلانا

بھڑ / بھڑوں کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا : [ا رمحاورہ] بد یا شرارتی آدمیوں کو چھیڑ کر اپنے گلے میں مصیبت ڈال لینا

بھڑ : [ھ فعل] بھڑنا مصدر سے صیغہ امر

بھڑ پڑنا : [ا رمحاورہ] لڑ پڑنا۔ بحث کرنے لگنا

بھڑ جانا : [ا رمحاورہ] لڑائی شروع ہو جانا۔ بحث ہو جانا۔ آمنے سامنے آ جانا۔ مقابلہ پڑ جانا (۲) حجت کرنے لگنا (۳) کواڑ کا بند ہو جانا (۵) ہل جانا (۶) گتھ جانا

بھڑ کر : [ا رمتعلق] مقابلے کے ساتھ۔ بہت قریب ہو کر۔ گھمسان کی

بھڑ کر تلوار چلنا : [ا رمحاورہ] فریقین میں زور و شور سے تلوار کی لڑائی ہونا

بھڑا بھڑ : [ا رصوت] دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز (۲) گوز کی آواز

بھڑا دینا : [ا رمحاورہ] مقابلہ کرا دینا۔ لڑا دینا

بھڑاس : [ھ امث] (۱) دل کا بخار۔ غصہ (۲) کینہ۔ عداوت۔ دشمنی

بھڑاس نکالنا : [ا رمحاورہ] رو کر، بُرا بھلا کہہ کر، شکوہ شکایت کر کے دل کا غصہ یا رنج نکالنا

بھڑاس نکل جانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھڑاس نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

بھڑاس نکلنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھڑاس نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

بھڑانا : [ا رمصدر] قریب لانا۔ ملانا (۲) ٹکرانا (۳) مقابل کرنا۔ مقابلہ کرا دینا (۴) لڑا دینا (۵) رشوت دینا (۶) ساجھا کرنا (۷) داؤ پہ لگانا (۸) دروازہ بند کرنا

بھڑ بھڑاٹ / بھڑ بھڑاہٹ : [ھ امث] (۱) آگ کی بھڑ بھڑ کی آواز (۲) اونچی اور لمبی آواز (۳) توپ۔ طوفان وغیرہ کی آواز۔ گڑگڑاہٹ دندناہٹ۔ گرج

بھڑ بھڑانا : [ا رمصدر] (۱) تڑکنا۔ چٹخنا۔ آگ کا بھڑکنا۔ بھڑ بھڑ کرنا۔ (۲) طبلہ بجانا

بھڑ بھڑیا : [ھ صفت] بغیر سوچے سمجھے بولنے والا۔ فضول باتیں کرنے والا ضبط نہ کرنے والا۔ صاف دل۔ پیٹ کا ہلکا۔ گپی۔ بکواسی۔ سیدھا سادا بھولا بھالا۔

بھڑ بھونجا : [ھ امذ] بھاڑ جھونکنے والا۔ اناج بھوننے والا۔ ہندوؤں کی ایک نیچ ذات (۲) بدشکل۔ سیاہ فام۔ میلا کچیلا۔ بدحیثیت۔ گندا

بھڑ بونجا سا : [ا رصفت] میلا کچیلا۔ سیاہ۔ بدحیثیت۔ گندا

بھڑ بونجن : [ھ امث] دیکھئے "بھڑ بونجا" جس کی یہ تانیث ہے

بھڑ بونجے کی بیٹی کیسر کا تلک : [ا رمثل] جب غریب آدمی امیروں کی نقل کرے تو بولتے ہیں۔

بھڑ تنگا : [ھ امذ] غل غپاڑا۔ شور۔ دھوم دھام

بھڑ سل : [ھ صفت] پھوہڑ۔ بے سلیقہ

بھڑک : [ھ امث] (۱) چمک دمک۔ روشنی۔ بجلی۔ تاب (۲) شدید پیاس پانی کی انتہائی خواہش (۳) نمود۔ رونق۔ جلوس۔ شان و شوکت (۴) دہشت جھجک (۵) گرمی

بھڑک اُٹھنا : [ا رمحاورہ] (۱) مشتعل ہونا (۲) آگ پکڑنا۔ جلنا۔ آگ کا تیز ہونا۔ شعلہ اُٹھنا۔ آگ کا روشن ہونا۔

بھڑک جانا : [ا رمحاورہ] (۱) ڈر جانا۔ جھجک جانا (۲) رنجیدہ ہونا۔ بُرا ماننا جانا۔ (۳) اُکھڑ جانا (۴) کسی چیز پہ مائل ہو کر اس سے ہٹ جانا (۵) رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۶) گھوڑے کا ڈر کر اپنی جگہ سے اچھل جانا۔ اچک جانا۔ بھاگ جانا۔

بھڑک نکل جانا : [ا رمحاورہ] جھجک نکل جانا۔ خوف جاتا رہنا۔ وحشت دور ہونا۔

بھڑک نکلنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھڑک نکل جانا"

بھڑکانا : [ا رمصدر] (۱) غصہ دلانا۔ برافروختہ کرنا۔ بہکانا (۲) آگ کو تیز کرنا۔ غصہ دلانا۔ مشتعل کرنا۔ ڈرانا۔ دہشت دلانا۔ چونکانا۔ تمباکو کو جلا کر سوختہ کر دینا۔ توے کا زیادہ جلا دینا۔

بھڑکدار : [ا رصفت] بھڑکیلا۔ چمکیلا (اصولاً یہ ترکیب غلط ہے)

بھڑکنا : [ا رمصدر] (۱) ڈرنا۔ متوحش ہونا (۲) جانوروں کا وحشت کرنا چوکنا ہونا (۳) گرم ہونا۔ جلنا (۴) رونق بڑھانا۔ چمک آ جانا (۵) آگ کا شعلہ تیز ہونا (۶) اعصاب کا کھنچ جانا۔ رگ پٹھے کا تن جانا (۷) چلم کے تمباکو کا جل جانا۔ سفا ہو جانا۔ (۸) گرمی کا بڑھنا۔ حرارت تیز ہونا۔

بھڑ کے بیٹھنا : [ا رمحاورہ] نزدیک نزدیک بیٹھنا۔ مل کر بیٹھنا۔ زانو بہ زانو بیٹھنا۔

بھڑکیل : [ھ صفت] وحشی۔ بھڑکنے والا۔ ڈرنے والا

بھڑکیلا : [ھ صفت] چمکیلا۔ زرق برق

بھڑمل : [ا رصفت مذ۔ لکھنؤ] بے شرم۔ بے حیا (۲) مسخرا۔ بھڑوا

بھڑنا : [ا رمصدر] قریب ہونا۔ متصل ہونا۔ پیوستہ ہونا۔ ملنا۔ مقابلہ کرنا (۲) گتھنا۔ مقابلہ کرنا۔ لڑائی پہ آمادہ ہونا (۳) ٹکر کھانا۔ ٹکرا جانا (۴) مباحثہ کرنا۔ کٹ حجتی کرنا

بھڑنگ : [ھ صفت] سادہ۔ بے وقوف۔ پیٹ کا ہلکا

بھڑوا : [ھ امذ] جو آدمی عورتوں کی کمائی کھائے۔ جو عورتوں کو غیر مردوں سے ملائے۔ قرمساق۔ دیوث۔ کٹنا۔ بچولیا۔ دلال۔ قلتبان۔ بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت

بھڑوا پن : [ا رامذ] قرساقی۔ دلالی۔ عورتوں کو غیر مردوں سے بغرضِ زنا ملانے کا کام

بھڑوا بڑوا کرنا : [ا رمحاورہ] (لکھنؤ) کسی کو بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا

بھڑوانا : [ا رمصدر] کٹنا پا کرنا۔ عورت کو مرد کے پاس لے جانا۔ دلالی کرنا

بھڑوانا : [ا رمصدر] دیکھئے "بھڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

بھڑوا ہے : [ا رمحاورہ] ہندو لوگ ہولی کے موقعہ پہ ایک دوسرے کو کہا کرتے ہیں۔ مست ہے نشہ میں چور ہے۔

بھڑوائی : [ا رامث] بھڑوے کے کام کی اُجرت

بھڑول دینا : [ا رمحاورہ] راز کھول دینا۔ کھول دینا

بھڑولنا : [ا رمص] دیکھئے "بھڑول دینا"

بھڑوے کو بھی مُنہ پر بھڑوا نہیں کہتے : [ا رمثل] کسی شخص میں اگر کوئی نقص ہو تو اُسے اس کے سامنے اس طرح بیان نہیں کرنا چاہیئے کہ اُسے بُرا معلوم ہو۔ جب کوئی شخص کسی کے متعلق بُرے لفظ استعمال

کرتے تو کہتے ہیں۔

بھُڑی : [ھ امث] (١) چاٹ۔ لالچ (٢) اشتغال پر چک (٣) کبوتروں کو طرز پرواز اٹھنے کا ڈھنگ سکھانا۔ کبوتروں کو جھوکا رکھ کر اڑاتا تاکہ وہ دانے پر واپس آئیں اور دوسرے کبوتر بھی ساتھ آئیں۔

بھڑیری : [ھ امث] برتنوں کا اوپر تلے ڈھیر

بھَس : [ھ امث] راکھ۔ بھبھوت۔ بھسم (٢) خاک۔ بیخ

بھُس بھُسا : [ھ صف] نرم۔ پلپلا۔ پھُسپھُسا۔ خستہ۔ راکھ کی طرح کا

بھُس تِکا : [ھ امث] گوشت کی بھُنی ہوئی بوٹی۔ کوئلوں پر بھُونی ہوئی بوٹی

بھُس : [ھ امذ] اناج کا چھلکا۔ چوکھر۔ بھُوسی۔ بھُوسی۔ پھٹکن چھلکن

بھُس اُڑا دینا : [ا رمحاورہ] اظہار غم کرنا۔ ماتم کرنا (٢) بہت مارنا۔ مار مار کر تباہ کر دینا۔

بھُس اُڑانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھُس اڑا دینا"

بھُس اُڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھس اڑانا" جس کا یہ لازم ہے

بھُس بھر دینا : [ا رمحاورہ] کسی خالی چیز کو / کھال وغیرہ کو بھُس سے بھر دینا۔ خراب کرنا۔ بگاڑ دینا۔

بھُس بھرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھس بھر دینا"

بھُس بھروانا : [ا رمحاورہ] پرانے زمانے کی ایک سزا جس میں آدمی کی کھال کھنچوا کر بھُس بھرا دیتے تھے۔ (٢) بہت مروانا۔ زدوکوب کروانا

بھُس پر لیپنا : [ا رمحاورہ] فضول کام کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا

بھُس کھا جانا : [ا رمحاورہ] جب کوئی شخص بے تُکی باتیں بنائے تو اس کو کہتے ہیں۔ بے ہودہ باتیں کرنا۔ بے وقوفی کی باتیں کرنا

بھُس کے مول بکنا : [ا رمحاورہ] سستا ہونا۔

بھُس کے مول ملیدہ ہے : [ا رمقولہ] بہت سستا ہے، ارزاں ہے

بھُس ملانا : [ا رمحاورہ] خراب کرنا

بھُس میں چنگاری ڈالنا : [ا رمحاورہ] آگ لگانا۔ فساد کرانا۔ لڑائی کرانا

بھُس میں چنگاری / چنگی / تیلی ڈال / جمالو دُور کھڑی [ا رمثل] : } وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی لڑائی کرا کر تماشا دیکھے۔

بھُس ہونا : [ا رمحاورہ] تھک جانا۔ خستہ ہونا

بھساکو : [ھ امذ] حقے میں پینے کا ملکا تمباکو۔ حقے کا وہ تمباکو جو کڑوا نہ ہو۔

بھسُل : [ھ صف] کثیف۔ ثقیل

بھُسد : [ھ امث] (١) منہ۔ دہانہ (٢) سورج۔ آفتاب (٣) شرمگاہ۔ فرج زن

بھُسرا : [ھ امذ] وہ گیہوں جس میں بھُس زیادہ اور دانہ کم ہو۔ گھٹیا قسم کا گیہوں

بھَسَنڈ : [ا رصف] نہایت موٹا۔ فربہ (٢) جھول (٣) بودا آدمی

بھسنڈا : [ھ امذ] بہت موٹا بھدا آدمی

بھسنڈی : [ھ امث] بہت موٹی عورت۔ بھدی عورت

بھسکنا : [ھ مص] چھانا۔ بھینس کی طرح۔ تحقیر کے رنگ میں

بھَسَم : [ھ صف مذ] راکھ بھبوت۔ جلی ہوئی چیز کی خاک (افعال: کرنا۔ ہونا)

بھسم اَشنان : [ھ امذ] اُپلوں کی راکھ سے نہانا۔ گلنے کے گوبر کی راکھ بدن پر ملنا۔

بھسم اَیتری : [ھ امث] گانجا۔ ایک نشیلی چیز جس کو تمباکو کی طرح پیتے ہیں۔

بھسم رمانا : [ا رمحاورہ] بھبوت ملنا

بھسلو (بہ واوِ معروف) [ھ صف مذ] بہت کھانے والا آدمی (٢) پیٹو۔ لالچی شخص

بھسکو (بہ واوِ مجہول) [ھ صف مث] بہت کھانے والی عورت (٢) ہرجائی عورت

بھسم کر دینا / کرنا : [ا رمحاورہ] جلا دینا۔ راکھ کر دینا (٢) ہضم کر جانا (٣) سخت خفا کر دینا

بھسم ہونا : [ا رمحاورہ] جل کر راکھ ہو جانا۔ جلنا (٢) حسد یا غصّے میں جلنا (٣) ہضم ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا

بھسک : [ھ امذ] (١) ضعف بھوک اور لاغری (٢) آنکھوں کی ایک بیماری جس میں نظر کم ہو جاتی ہے

بھسمنت : [ھ امث] وہ چیز جو بھسم ہو گئی ہو۔ کوئی برباد یا فنا ہو جانے والی چیز (٢) راکھ بھبھوت

بھسنڈ : [ھ صف] موٹا بدصورت (٢) ایک کتے کا نام جو بہت موٹا اور کالا ہوتا ہے۔

بھسورا / بھسوری : [ھ امث] بھُس رکھنے کی جگہ جو رہنے کے مکان میں ہوتی ہے۔ (٢) بھُس ہونا۔ خستہ ہونا۔

بھق بھق : [ھ امث] انجن سے دھواں نکلنے کی آواز (٢) تیز بو

بھقر بھقر بدبو آنا : [ا رمحاورہ] تیز بو آنا۔ بساند آنا

بھک : [ھ امث] تمباکو کے پتوں کا ایک باریک چورا (٢) اُڑ جانے والا مادہ۔ دھماکا۔ گھی یا تیل کو آگ لگنے کی آواز (٣) بارود کے اڑنے کی آواز

بھک بھک : [ھ امث] دیکھئے "بھق بھق"

بھک سے اڑ جانا : [ا رمحاورہ] بارود وغیرہ کا آواز دے کر اُڑ جانا

بھک سے اُڑ جانے والا مادہ : [ا رامذ] بارود۔ نائٹرو گلیسرین۔ ڈائنامائٹ اور دوسرے تمام آتش گیر مادے۔

بھکارن : [ھ امث] بھیک مانگنے والی

بھکاری : [ھ امذ] بھیک مانگنے والا

بھکت : [ھ امذ] دیکھئے "بھگت"

بھکتی : [ھ امث] دیکھئے "بھگتی"

بھکراند / بھکراہند : [ھ امث] (دہلی) گلے سڑے اناج کی بو

بھکراندا / بھکراہندا : [ا رصف (لکھنؤ)] جس میں سے بو آتی ہو۔

بھکشا : [س امث] بھیک۔ خیرات

بھکشو : [س امذ] بُدھ مت کا راہب۔ درویش۔ عالم

بھک منگا : [ھ صف] (١) بھیک مانگنے والا گداگر (٢) نہایت مفلس (٣) بھوکا کنگال۔ غریب (٤) مانگنے میں حیا نہ کرنے والا۔ منگتا۔ فقیر۔ سادھو۔

بھُک مرا : [ھ صف] بھُوک کا مارا ہوا۔ بہت بھوکا

بھک مری : [ھ صف] دیکھئے "بھک مرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بھکنا : [ا رمص] بے اعتدالی سے کھانا۔ نگلنا

بھُکنا : [ا رمص] گھس جانا۔ چبھنا۔ کسی نوکدار چیز کا کسی دوسری چیز میں گھس جانا

بھکوا : [ھ صف] (١) نادان۔ احمق بے وقوف (٢) مسخرہ۔ بیہودہ (٣) بھڑوا قرم ساق

بھکوسنا : [ھ مص] کھانا۔ نگلنا۔ ہڑپ کر جانا

بھکوی : [ھ صف] دیکھئے "بھکوا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بھگا : [ھ صف] مقابلے میں شکست کھا کر بھاگنے والا بٹیر۔
بھگا : [ھ صف] کم عقل۔ سیدھا سادہ۔ چورا۔ برادہ جیسے کسی بھنے ہوئے اناج کا بھگا۔
بھگا لے جانا : [ا ر محاورہ] کسی کو دم دے کر لے جانا۔ فریب دے کر ساتھ لے جانا (۲) تیز چال سے ساتھ لے جانا (۳) خفیہ طور پر لے جانا (۴) کسی عورت یا نابالغ بچہ کو اس کے ولی کی اجازت کے بغیر ورغلا کر لے جانا۔
بھگانا : [ا ر مص] دوڑانا۔ لپکانا۔ سرپٹ لے جانا (۲) کسی عورت کو گھر سے ورغلا کر لے جانا (۳) شکست دینا۔ پس پا کرنا (۴) دانت کھٹے کر دینا۔ منہ پھیر دینا۔
بھگت : [ھ امذ] (۱) مقدس پرہیزگار آدمی (۲) وہ شخص جو شخص جو سفلی اعمال کرتا ہو (۳) سیانا گنڈے تعویذ کرنے والا۔ بھوت پریت اتارنے والا (مونث) ہندوؤں کا ایک مذہبی سوانگ یا ناٹک یا نقل یعنی مزاقیہ تماشا۔ خاطر تواضع جیسے آؤ بھگت (۳) بے عزتی۔ بے حیائی (۴) قطع وضع
بھگت باز : [ھ ف اصف] ہندوؤں میں وہ فرقہ جو لڑکوں کو ناچنے اور سوانگ بھر کر تماشا کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔ لڑکوں کا تماشا کرنے والا
بھگت بنانا : [ا ر محاورہ] ایسی وضع بنانا جس پر لوگ ہنسیں (۲) سوانگ بنانا۔ روپ بھرنا۔
بھگت ہونا : [ا ر محاورہ] خوب پٹنا۔ بری گت ہونا۔ مٹی پلید ہونا (۲) شراب وغیرہ چھوڑ کر پارسا ہو جانا۔
بھگتانا : [ا ر مص] پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۲) ادا کرنا۔ بیباق کرنا (۳) تعمیل حکم کرنا (۴) فیصلہ کرنا (۵) بانٹنا۔ تقسیم کرنا (۶) جھگڑا مٹانا۔ (۷) جان سے مار ڈالنا۔
بھگتان : [ھ امذ] قرض کی بیباقی۔ سزا۔ بزا۔ بدلہ
بھگتائی : [ھ امث] ریاضت۔ تقویٰ۔ توکل۔ چاہ۔ انس۔ پیار۔ رفاقت۔ ہمدلی وفاداری۔ زہد۔ تپسیا۔ تپسی کی زندگی
بھگت جانا : [ا ر مص] نجات پانا۔ ختم ہونا۔ ادا ہونا۔ بیباق ہونا (۲) قتل کیا جانا (۳) معاملہ صاف ہونا حساب ہونا
بھگت لینا : [ا ر مص] (۱) برداشت کر لینا (۲) لڑنے مرنے کو آمادہ (۳) حساب سمجھ لینا (۴) کیے کی سزا برداشت کر لینا (۵) سمجھ لینا دیکھ لینا (۶) بدلہ لینا انتقام لینا۔
بھگت مان : [س صف] سزا کے قابل
بھگتنا : [ا ر مص] پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ ختم ہونا (۲) جھیلنا۔ برداشت کرنا۔ (۳) بیباق ہونا (۴) بھرنا (۵) تصفیہ ہونا۔ فیصلہ ہونا (۶) نباہ کرنا (۷) تاوان دینا۔
بھگتن / بھگتانی : [ھ امث] دیکھئے " بھگت " جس کی یہ تانیث ہے۔ (۲) رنڈی۔ کسبی
بھگتی : [ھ امث] درویشی۔ پارسائی
بھگتی / بھگتیا : [ھ صف مذ] ناچنے گانے والا نقال۔ بھانڈ۔ سوانگ بھرنے والا (۲) عورتوں کا لباس پہن کر ناچنے والا
بھگدڑ : [ھ امث] بھاگنے کی ہل چل

بھگر : [ھ امذ] گلا ہوا اناج۔ بھتی کا غلہ۔ جھکراندی بو کا غلہ
بھگل : [ھ امذ] فریب۔ چھل۔ دھوکا۔ بناوٹ
بھگل بنانا : [ھ مص] جھوٹی عزت ظاہر کرنا
بھگل گانٹھنا : [ھ مص وضعی] دھوکا دینا۔ فریب دینا
بھگل نکالنا : [ھ مص وضعی] فکر کرنا۔ بناوٹ کرنا
بھگنا : [ھ امذ] بھائی
بھگنا : [ھ مص] سیر ہونا
بھگندر : [ھ امذ] لواسیر
بھگندر : [ھ امذ] ایک قسم کا پھوڑا جو مقعد یا اس کے پاس ہوتا ہے۔ مغلی پھوڑا۔ اور رنگ زیبی پھوڑا
بھگوڑ : [ھ صف] بھگوڑا۔ مقابلے سے بھاگا ہوا۔ لڑائی سے بھاگا ہوا۔ (۲) جو استاد یا آقا کے پاس سے بھاگ جائے۔
بھگو : [ا ر فعل] " بھگونا " مصدر سے صیغۂ امر
بھگو بھگو کے لگانا : [ا ر محاورہ] (۱) جوتے تر کر کے مارنا تا کہ چوٹ زیادہ لگے (۲) مذاق میں سخت سست کہنا (۳) طعن تشنیع کرنا۔ شرمندہ کرنا (۴) لعنت ملامت کرنا۔ **بھگونا** : [ہ۔ امذ] دیگچہ۔ برتن۔
بھگوان : [ہ۔ امذ] رب۔ خدا تعالیٰ
بھگوانا : [ا ر مص] دیکھئے " بھگونا " جس کا یہ متعدی ہے۔
بھگوت گیتا : [ہ۔ امث] لفظی معنی بھگوان کا راگ۔ وہ وعظ جو کرشن مہاراج نے ارجن کو مہابھارت کی جنگ پر آمادہ کرنے کے لیے کہا۔ اس میں اصول پسندی اور حق پرستی کی تعلیم دی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ حق کے مقابلے میں رشتے اور قرابت کی کوئی وقعت نہیں۔
بھگوتی : [ہ۔ امث] (۱) درگا دیوی۔ بھوانی (۲) تلوار۔ توپ
بھگوڑا : (بہ واؤ مجہول) [ا ر صف] دیکھئے " بھگوڑ "
بھگی : [ہ۔ امث] بھاگڑ۔ ہل چل
بھگی پڑنا : [ا ر مص وضعی] بھاگڑ پڑنا۔ ہل چل پڑنا
بھگیل : [ہ۔ امث] فرار۔ ہزیمت۔ شکست
بھگیلا : (بہ یائے مجہول) [ہ۔ صف] بھگوڑا۔ مقابلہ سے بھاگ جانے والا۔ (بالخصوص پرندہ)
بھل : [بفتح اول] (ہ۔ امذ) رخ۔ پہلو۔ سہارے سے۔ بل
بھل : [بکسر اول] (ہ۔ صف) موٹا۔ فربہ (موٹا " کے ساتھ تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے مثلاً موٹا بھل)
بھلا : [ہ۔ صف] (۱) اچھا۔ خوب (۲) خوش نما۔ دلچسپ (۴) نیک (۵) عجیب (۶) شریف (بطور اسم) نیکی۔ سلوک۔ احسان (۷) (بطور کلمہ ایجاب) ہاں۔ اچھا حاضر ہوا۔ (۸) (بطور کلمہ تنبیہہ) دیکھا جائے گا۔ ہیں۔ کیا کرتا ہے (۹) (زائد زینت کلام کے لیے) مثلاً بھلا ہم کو کیا (۱۰) اچھا کے تابع کے طور پر مثلاً وہ اچھا بھلا ہے۔
بھلا آدمی : [ا ر صف] (۱) شریف۔ نیک۔ معزز (۲) (طنزاً) نالائق۔ چالاک۔ بے ڈھب
بھلا ایسی بات تھی : [ا ر فقرہ] (زائد برائے زینت کلام) کیا ایسا بھی ہو سکتا ہے یہ محال نہیں تھی۔

بھلا بجھ: [ار۔ دھمکی] سمجھ لوں گا۔ بدلہ لوں گا

بھلا بُرا: [ار۔ صف] اچھا بُرا۔ نیک و بد

بھلا بُرا کہنا: [ار۔ محاورہ] اچھا بُرا کہنا۔ سخت سُست کہنا۔ بدزبانی کرنا۔ دھمکانا۔

بھلا بے / بھلا رے / بھلا جی / بھلا صاحب: [ار۔ کلمات۔ ندا تعجب تنبیہ] خیر کیا مضائقہ ہے۔ دیکھا جائے گا۔ کیا ڈر ہے۔

بھلا چاہنا: [ار۔ مص وضعی] بہتری کی خواہش کرنا۔ خیر خواہ ہونا۔ فلاح و بہبود چاہنا

بھلا چنگا: [ار۔ صف] تندرست۔ صحیح سالم۔ اچھا بھلا۔ موٹا تازہ۔ اچھا خاصا

بھلا خیر: [ار۔ متعلق فعل] جانے دیجئے۔ چھوڑیئے۔ چلئے یوں ہی سہی

بھلا رہ تو سہی: [ار۔ دھمکی] ٹھہر تو ہی تیری خبر لیتا ہوں۔

بھلا ری بھلا: [ار۔ کلمہ تنبیہہ] کیا مضائقہ ہے۔ دیکھا جائے گا

بھلا سا نام ہے: [ار۔ فقرہ] جب کوئی نام یاد نہ آئے تو کہتے ہیں

بھلا کچھ نہ ہوگا: [ار۔ محاورہ] کم سے کم ہوگا

بھلا کر بھلا ہوگا: [ار۔ فقیروں کی صدا] نیکی کر تیرے ساتھ بھی نیکی ہوگی۔

بھلا کرنا: [ار۔ مص وضعی] (۱) اچھا برتاؤ کرنا۔ نیکی کرنا (۲) طنزاً، بُرا کرنا۔ سزا دینا

بھلا کہنا: [ار۔ مص وضعی] اچھا کہنا

بھلا لگنا: [ار۔ مص وضعی] پسند آنا۔ گوارا ہونا۔ خوش نما ہونا

بھلا مانس: [ار۔ امذ] شریف (۱) سفید پوش (۲) نیک (۳) مِلیق (۴) صاف دل (۵) ذی عزت (۶) صاحب ثروت (۷) سادہ دل (۸) طنزاً، شریر فسادی

بھلا ماننا: [ار۔ محاورہ] (۱) احسان مند ہونا۔ ممنون ہونا (۲) اچھا سمجھنا

بھلا منانا: [ار۔ محاورہ] بہتری چاہنا۔ خیر خواہی کرنا

بھلا نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) سیری نہ ہونا (۲) انجام بخیر نہ ہونا (۳) فائدہ نہ ہونا۔

بھلا ہو: [ار۔ کلمہ دعا] (۱) خوشی نصیب ہو (۲) طنزاً، بُرا ہوا۔

بھلا ہوا: [ار۔ محاورہ] اچھا ہوا۔ خوب ہوا۔ خیریت گزری

بھلا ہوا میری مٹکی پھوٹی، میں دہی بیچنے سے چھوٹی: [ار۔ مثل] تھوڑے نقصان کا غم نہیں، روز روز کا جھگڑا تو ختم ہوا

بھلا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] فائدہ ہو جانا

بھلا ہونا: [ار۔ محاورہ] بیماری سے صحت پانا۔ اچھا ہونا

بُھلا دینا [ار۔ محاورہ] (۱) فراموش کر دینا (۲) خاک میں ملا دینا (۳) مغرور ہونا

بُھلانا: [ار۔ مص] "بھولنا" کا متعدی (۱) فراموش کرنا۔ یاد نہ کرنا (۲) گمراہ کرنا۔ فریب دینا

بُھلاوا: [ار۔ امذ] (۱) مغالطہ (۲) فریب۔ دھوکا۔ دغا

بھلاواں / بھلانوا: [ہ۔ امذ] ایک پھل کا نام۔ جس کے رس کے داغ سے دھوبی کپڑوں پر نشان لگاتے ہیں۔ جو مٹتے نہیں بطور دوا بھی مستعمل ہے۔ بلاذر

بُھلاوے میں رہنا: دھوکے میں رہنا۔ مغالطہ میں رہنا [ار۔ محاورہ]

بھلاویں کا داغ: [ار۔ امذ] نہ مٹنے والا داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔ ہمیشہ رہنے والی بدنامی

بھلائی: [ار۔ امث] (۱) نیکی۔ اچھائی۔ خوبی۔ بہتری (۲) خوبصورتی۔ فائدہ۔ نفع (۳) سلوک۔ نیک نامی (۴) عورتیں اس کلمہ سے بچوں کو ڈراتی ہیں۔

بھلائی کی بات: [ار۔ صف۔ مث] اچھی بات۔ نیکی کی بات

بھلائی رہنا: [ار۔ محاورہ] نیکی کی یادگار باقی رہنا

بھلائی لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) نیک نامی حاصل کرنا (۲) دُعا لینا۔ تعریف لینا

بھل بھل: [ار۔ اصوت] بہت سا پانی یا خون گرنے کی آواز۔ عورت کے پیشاب کرنے کی آواز

بُھل بُھل: [ہ۔ امث] بھوبل۔ گرم ریت یا راکھ

بھلبھلانا: [ار۔ مص وضعی] بہنا۔ پانی کا گرنا

بُھلبُھلانا: [ار۔ مص وضعی] بھوبل میں کسی چیز کو بھوننا۔ گرم راکھ میں بھوننا

بُھلسانا: [ار۔ مص وضعی] جلانا۔ کوفت پہنچانا

بُھلسنا: [ار۔ مص وضعی] جھلسنا۔ جلنا۔ نیم سوختہ ہونا۔ بھوبل یا کسی گرم چیز میں بھننا

بھلک بھلک رونا: [ار۔ محاورہ] جی کھول کر رونا۔ زار و قطار رونا (عامیانہ)

بُھلکڑ: [ار۔ صف] بھول جانے والا۔ جو بار بار بھولتا ہو۔

بھلمنسات / بھلمنسا ہٹ / بھلمنساہٹ / بھلمنسائی / بھلمنسی: [ہ۔ امث] بھلے مانسوں کی وضع۔ وضع داری۔ شریفانہ برتاؤ۔ شرافت۔ انسانیت

بھلی: [ہ۔ صف] دیکھئے "بھلا" جس کی یہ تانیث ہے

بھلی بات: [ار۔ امث] اچھی بات۔ نیکی کی بات

بھلی بُری سنانا: [ار۔ محاورہ] بدزبانی کرنا۔ سخت کلامی کرنا

بھلی چلائی: [ار۔ محاورہ] خوب کہا۔ بے ضرورت ہے۔ بے فائدہ ہے۔

بھلی کہی: [ار۔ کلمہ تعجب] اظہار حیرت کے لیے کہتے ہیں (۱) اس معاملہ کا کیا ذکر کرتے ہو، یہ بے وقعت بات ہے قابل توجہ نہیں (۲) بھلی چلائی سند نہیں (۳) اچھی ہے (۴) بے مزہ ہے۔

بھلی مانس: [ار۔ امث] بھلا مانس کی تانیث

بھلے: [ہ۔ صف] دیکھئے "بھلا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

بھلے آدمی کو ایک بات، بھلے گھوڑے کو ایک چابک: [ار۔ مثل] شریف آدمی کو تھوڑی سی نصیحت کافی ہوتی ہے۔

بھلے آدمی ہو: [ار۔ طنزیہ فقرہ] بڑے بدذات ہو

بھلے آئے: [ار۔ طنزیہ فقرہ] خوب آئے۔ بہت دیر سے آئے۔ وعدہ پورا نہیں کیا

بھلے بُرے: [ار۔ صف] (۱) اچھے بُرے۔ نیک و بد (۲) خراب آدمی، بدمعاش ٹھگ۔ بھلا بُرا کی جمع

بھلے بُرے میں ایک بالشت کا فرق ہے: [ار۔ مثل] بظاہر تو سب ایک جیسے ہی ہوتے ہیں نیک اور بد میں اعمال ہی کا فرق ہوتا ہے۔

بھلے دن: [ار۔ امذ] اچھا زمانہ۔ اقبال کا زمانہ

بھلے دن آنا: [ار۔ محاورہ] اچھے دن آنا۔ اقبال کا زمانہ آنا۔

بھلے کا زمانہ نہیں: [ار۔ مثل] نیکی کرنے کا زمانہ نہیں۔ نیکی کا بدلہ بُرائی سے دینا

بھلے کو: [ار۔ متعلق فعل] (۱) فائدہ کی غرض سے۔ خیر خواہی کے لیے (۲) حسن اتفاق سے

بھلے کی: [ار۔ صف مث] فائدہ کی۔ مفید

بھلے کے لیے : [ار متعلق فعل] فائدہ کے لیے ۔ بہتری کے واسطے
بھلے مانس کی سب طرح خرابی ہے : [ار ۔ مثل] شریف آدمی کو نقصان ہی نقصان ہے ۔
بھمباقا / بھمباکا : [ہ ۔ امذ] بڑا سوراخ جو آرپار ہو ۔
بھمبو : (واؤ مجہول سے) [ہ ۔ امث] بھدی عورت ۔ موٹی عورت ۔ بے سلیقہ پھوہڑ عورت
بھمبیا : [ہ ۔ امذ] پرانا سانپ
بھننا / بھنّا : [ار ۔ مص] (۱) بریاں ہونا گوشت اور ترکاری کا گھی میں جلنا (۲) کینہ ، بغض یا غم سے جلنا (۳) ناخوش ہونا (۴) روپے کا خوردہ ہونا سکّے یا نوٹ کا خردہ ہونا (۵) تپنا ۔ بھبکنا (۶) غصّہ میں جلنا (عموماً جلنا کے تابع کے طور پر آتا ہے)
بھناس : [ہ ۔ امذ] (۱) ہاتھی باندھنے کا کھونٹا (۲) آلہ تناسل ۔ ذکر (عامیانہ)
بھنانا : [ار ۔ مص] (۱) دماغ چکر میں آنا ۔ سر میں چکر آنا ۔ درد ہونا ۔ دوران سر ہونا (۲) طیش میں آنا گھبرانا ۔ پریشان ہونا (۳) مچھروں یا مکھیوں کا جمع ہونا (۴) گھبرانا ۔ عاجز ہونا ۔ تنگ ہونا ۔ جیسی بولنا
بھنانا : [ار ۔ مص] (۱) بریاں کرانا (۲) روپے کا خوردہ کرانا ۔ ریزگاری لینا ۔ چیک وغیرہ کی رقم وصول کرنا ۔
بھنائی / بھنوائی : [ہ ۔ امث ۔ معاوضہ] بھنانے کی اُجرت ۔ یکوئی ۔ بٹا
بھنبھنا : [ہ ۔ صف] وہ شخص جو بولنے میں ناک سے آواز نکالے ۔
بھنبھناتا : [ار ۔ حالیہ] (عو) بھنبھناتا ہوا ۔ سُست ۔ کاہل ۔ ایسا سست جس پر مکھیاں بھنکا کریں مگر وہ ان کو اڑائے تک نہ ۔
بھنبھنانا : [ار ۔ مص] (۱) مکھیوں کا (کھانے پینے کی چیز پر) کثرت سے جمع ہونا ۔ بولنا (۲) ناک میں بولنا (۳) بھونرے کا بولنا
بھنبھناہٹ : [ار ۔ اصوت ۔ مث] مکھیوں کی آواز
بھنبھنی آواز : [ار ۔ امث] ناک سے نکلنے والی آواز
بھنبھنیا : [ار ۔ صف] (عو) وہ شخص جو جگہ جگہ مارا مارا پھرے ۔
بھنبھوا : [ار ۔ صف] بھوک سے تنگ آ کر چوری کرنے یا دوسروں کی چیزیں کھانے والا
بھنبھوڑنا : (واؤ مجہول سے) [ار ۔ مص] بلی ۔ کتے یا کسی درندے کا کاٹنا ۔ نوچنا ۔ نوچ نوچ کر کھانا ۔
بھنبھیری / بھنبیری : [ہ ۔ امث] (۱) برسات میں ہونے والا ایک پتنگا ۔ تتلی کی شکل کا ایک پردار کیڑا ۔ جس کے اڑنے سے بھن بھن کی آواز پیدا ہوتی ہے (۲) [صف] تیز بھاگنے والا ۔ پھرتیلا
بھنڈ / بھنڈا : [ہ ۔ امذ] (۱) پینے کے تمباکو کا ڈلا ۔ سوکھا ہوا ڈلا (۳) گول ڈھیر (۴) بنا ہوا تمباکو (۵) کھجوریں یا گوند اور چیز جو آپس میں چمٹ کر ڈلے کی صورت اختیار کر جائیں ۔
بھنڈ : [ہ ۔ امذ] تباہی ۔ بربادی (افعال : کرنا ۔ ہونا)
بھنڈا : [ہ ۔ امذ] ایک قسم کا حقّہ [افعال : نوش کرنا ۔ پینا]
بھنڈار : [ہ ۔ امذ] (۱) گودام ۔ ذخیرہ
(۲) سطح دریا ۔ پانی کی سطح
(۳) پانی کا خزانہ

بھنڈارا : [ہ ۔ امذ] (۱) ہندو فقیروں کی دعوت (۲) خیرات خانہ (۳) پھکیتی کی وہ ضرب ۔ جو حریف کے بائیں طرف لگاتے ہیں (۴) کھوپڑی
بھنڈاری : [ہ ۔ امذ] (۱) گودام کا محافظ ۔ مودی (۲) ، باورچی ۔ خان ساماں (۳) دوسرے کی طرف سے محتاجوں کو غلہ تقسیم کرنے والا ۔
بھنڈ پیرا / بھنڈورتا : [ہ ۔ صف ۔ مذ] منحوس ۔ بدقدم ۔ بھونڈے پاؤں والا
بھنڈ پیری : [ہ ۔ صف ۔ مث] دیکھیے "بھنڈ پیرا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
بھنڈسار / بھنڈسال : [ہ ۔ امذ] غلّہ کا گودام ۔ کٹھی ۔ ذخیرہ
بھنڈسالی : [ہ ۔ امذ] (۱) وہ شخص جو ارزانی میں غلہ خرید کر ذخیرہ کرے تاکہ گرانی میں فروخت کرے (۲) بودا غلہ ۔ گلا سڑا غلہ
بھنڈی : [ہ ۔ امث] ایک ترکاری کا نام جس کی شکل انسان کی انگلی سے ملتی جلتی ہے ۔ اور اس پر روئیں سے ہوتے ہیں ۔ توری کی ایک قسم
بھنڈی بردار : [ہ ف ۔ صف] امیروں کا نوکر جس کے سپرد حقّہ کشی کا سامان ہو (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)
بھنڈی خانہ : [ہ ۔ ف ۔ امذ] وہ جگہ جہاں حقّے پانی کا سامان رہے ۔ (گنگا جمنی ترکیب ہے)
بھنڈیاں نکلنا : [ار محاورہ] (عو) چیچک نکلنا
بھنڈیلا : [ہ ۔ امذ] بھانڈ کی تصغیر بھنڈیڑی ۔ حکت کرنے والا ۔ مسخرا
بھنک : [ہ امث] دھیمی آواز ۔ ہلکی آواز (۲) اڑتی بات ۔ مکھیوں کی آواز
بھنکار : [ار امث] مچھروں یا مکھیوں کا ہجوم ۔ مکھیوں مچھروں کی آواز
بھنکانا : [ار مص] "بھنکنا" کا متعدی ۔ کسی چیز کو بے احتیاطی سے رکھنا ۔ کہ اس پر مکھیاں اڑیں یا بیٹھیں ۔
بھنکتی صورت : [ار امث] گھناؤنی صورت ۔ بھونڈی صورت ۔
بھنکنا : [ار مص] مکھیوں کا ہجوم کرنا مکھیوں کا بھنبھنانا (۲) سُست اور کاہل بیٹھنا ۔ خالی بیٹھنا ۔
بھنگ : [ہ ۔ امث] ایک قسم کی نشہ پیدا کرنے والی بوٹی ۔ سبزی (۲) خرابی ۔ بربادی
بھنگ تو نہیں کھائی : [ار محاورہ] بدحواسی کی باتیں کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں ۔
بھنگ رہنا : [ار محاورہ] مست رہنا ۔ بدحواس رہنا ۔ پریشان رہنا ۔
بھنگ کرنا : [ار محاورہ] توڑنا ۔ مسمار کرنا ۔ برباد کرنا ۔ خراب کرنا ۔ بگاڑنا ۔
بھنگ کھانا : [ار محاورہ] نشہ میں ہونا ۔ بدحواس ہونا
بھنگ کھانا آسان ہے مرچیں دق کرتی ہیں : [ار مثل] بڑے کام کا آغاز آسان ہے انجام مشکل ہے
بھنگ کے بھاڑے میں جانا : [ار ۔ محاورہ] ضائع جانا ۔ رائیگاں جانا
بھنگ گھوٹنا : [ہ ۔ امذ] وہ ڈنڈا جس سے بھنگ گھوٹتے ہیں
بھنگ گھٹنا : [ار مص] بھنگ کا کھرل ہونا ۔ پسنا ۔ بھنگ گھوٹی جانا ۔
بھنگا : [ہ صف] دیکھیے "بھینگا"
بھنگا : [ہ امذ] ایک بہت چھوٹا پردار کیڑا
بھنگاسا : [ہ صف] ضعیف ۔ لاغر ۔ کمزور
بھنگرا : [ہ امث] ایک بوٹی کا نام ۔ جو دواؤں میں کام آتی ہے ۔

بھنگراج: [ہ امذ] ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ
بھنگڑ: [ہ صف] (۱) بھنگ پینے والا (۲) گپی بکواسی
بھنگڑ خانہ: [ہ ف امذ] بھنگ پینے کا اڈہ (۲) عام آدمیوں کے جمع ہونے کا مقام:
بھنگن: [ہ امث] (۱) بھنگ پینے والی (۲) بھنگ بیچنے والی (۳) بھنگی کی بیوی۔ مہترانی۔ خاکروب
بھنگی: [ہ امذ] (۱) بھنگ پینے والا (۲) حلال خور۔ خاکروب
بھنگی: [ہ امث] ایک قسم کا لٹو جس سے لڑکے کھیلتے ہیں
بھنگیانا: [ا رمحاورہ] نشہ میں ہونا۔ بدحواس ہونا۔
بھنگیڑا: [ہ امذ] بھنگ بیچنے والا۔ بھنگ بنانے والا
بھنگیڑ خانہ: [ہ ف امذ] بھنگ بیچنے والے کی دکان (۲) عوام کے جمع ہونے کا مقام۔ بھٹیار خانہ (۳) وہ جگہ جہاں لوگ بھنگ گھوٹتے اور پیتے ہیں۔
بھنگیڑ خانہ کی خبر: [ہ ف امث] ناقابل اعتبار خبر۔ بازاری افواہ۔ بے ٹھکانے بات
بھنگیڑن: [ہ امث] بھنگیڑا کی تانیث۔ وہ عورت جو نشہ بازوں کو حقہ اور بھنگ قیمت لے کر پلاتی ہے۔
بھننگ: [ہ امث] دھیمی دھیمی آواز
بھننگ بھی نہ پہنچے: [ا رمحاورہ] کانوں کان خبر نہ ہو۔
بھنوانا: [ا رمصدر] دیکھئے "بھونا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
بھنور: [ہ امذ] گرداب۔ پانی کا چکر (۲) گردش چکر، دوران۔ کھمبیری (۳) بلا۔ غم دکھ۔ مصیبت
بھنور پڑنا: [ا رمصدر] گرداب پڑنا۔ پانی کا چکر کھانا
بھنور جال: [ہ امذ] دنیا اور اس کے جھگڑے۔ بکھیڑے اور پھندے
بھنور کلی: [ہ امث] ایک پھرنے والا چھلا یا حلقہ جو کتے۔ بکری کے پٹے یا زنجیر میں ہوتا ہے اور جانوروں کو باندھنے میں کام آتا ہے
بھنیجا: [ہ امذ] (عو) بھانجا
بھنیج بہو: [ہ امث] بھانجے کی بیوی۔ بھانج بہو
بھنیج داماد: [ہ امذ] بھانجی کا خاوند۔ بھانج داماد
بھنیجی: [ہ امث] بھانجی
بھو: [ہ امذ] ڈر، خوف۔ دہشت
بھوا: [ہ امث] (۱) بھوسی (۲) مد۔ ایک قسم کا کیڑا
بھوانی: [ہ امث] درگا پاربتی۔ شوجی کی بیوی (۲) چیچک
بھوبل / بھوبھل: [ہ امث] راکھ۔ گرم راکھ۔ ریت
بھوبل میں روٹی داب کر دبا کر لو نہیں آتی: [عو] جب کوئی جلدی واپس جانا چاہے تو کہتے ہیں
بھوپال: [ہ امذ] (۱) متحدہ ہندوستان میں ایک مشہور مسلمان ریاست تھی۔ یہ دارالحکومت تھا آج کل مدھیہ پردیش میں ایک شہر کی حیثیت سے ہے۔ چونکہ ریاست ختم ہو چکی ہے (۲) بھیروں ٹھاٹھ کا ایک پانچ سُر کا راگ۔
بھوپالی: [ہ امث] (۱) بھوپال سے منسوب (۲) کلیان ٹھاٹھ کی ایک پانچ سُر والی راگنی کا نام ہے۔
بھوت: [ہ امذ] (۱) ناپاک روح، خبیث روح، شیطان، پلید، سایہ، چھلاوا، جن۔ آسیب۔ پریت (۲) (صف) پیچھا نہ چھوڑنے والا۔ سر ہو جانے والا (۳) بدصورت بدشکل۔ سیاہ فام۔ خاک آلودہ (۴) بدمست۔ نشہ میں چور۔ آپے سے باہر۔ بھوت کی طرح سے لپٹنے والا
بھوت آنا: [ا رمحاورہ] خبیث روح کا سر پر سوار ہونا۔ آسیب سر پر سوار ہونا
بھوت اتارنا: [ا رمحاورہ] منتر یا عمل کے ذریعے آسیب کو دور کرنا (۲) غصہ اتارنا
بھوت اترنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھوت اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بھوت بننا: [ا رمحاورہ] (۱) آسیب کی طرح ہو جانا (۲) پیچھے پڑ جانا۔ کسی بات کے پیچھے لگ جانا (۳) نشہ میں چور ہونا۔ بدمست ہونا (۴) مٹی میں آلودہ ہونا۔ خاک آلودہ ہونا (۵) غصے میں ہونا۔ آپے سے باہر ہونا (۶) ہمہ تن مصروف ہونا۔ بہت مشغول ہونا۔
بھوت بن کر چمٹنا: [ا رمحاورہ] (۱) پیچھے پڑ جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ کسی بات کے پیچھے پڑ جانا۔ سر ہو جانا۔
بھوت بھی مارے سے بھاگتا ہے: [ا رمثل] مار سے سب ڈرتے ہیں۔
بھوت پریت: [ہ امذ] دیکھئے "بھوت"
بھوت جان نہ مارے ستا مارے: [ا رمثل] جن پر بھوت سوار ہوتا ہے ان کو جان سے نہیں مارتا مگر خوف سے دل دہلا دیتا ہے موذی جان نہیں لیتا مگر ایذا ضرور پہنچاتا ہے۔
بھوت جلانا: [ا رمصدر] بھوت کے اثر کو جنتر منتر یا عمل سے اتارنا
بھوت چڑھنا: [ا رمحاورہ] (۱) دیوانہ ہونا (۲) سخت غصہ آنا۔ طیش آنا (۳) کسی طرح نہ ماننا (۴) جن چڑھنا۔ خبیث روح کا مسلط ہونا
بھوت سوار ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھوت چڑھنا"
بھوت سے پوت نہیں ہوتا: [ا رمثل] بے جا آرزو یا امید نہیں رکھنی نہیں چاہیئے
بھوت کا پکوان: [ا رامذ] مفت کی دولت جو آسانی سے ہاتھ لگے اور جلد صرف ہو جائے مال حرام جو جلد خرچ ہو جائے۔
بھوت کو پتھر کی چوٹ نہیں لگتی: [ا رمقولہ] بھوت کا جسم نہیں ہوتا اسے چوٹ نہیں لگتی اس لیے جس پر بھوت سوار ہو اسے مارنا نہیں چاہیئے کیونکہ چوٹ دراصل اُسے لگے گی
بھوتنا / بھتنا: [ہ امذ] آسیب۔ خبیث روح وغیرہ نیز دیکھئے "بھوت"
بھوت ہو جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھوت بننا"
بھوت ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بھوت بننا"
بھوتنی / بھتنی: [ہ امث] بدشکل، بدصورت۔ ڈائن۔ چڑیل، ناپاک روح۔ بھوت کی تانیث
بھوتنی والا: [ہ امذ] گالی۔ چڑیل کا جنا ہوا۔ بھتنی کا بچہ
بھوٹیا: [ہ امذ] بھوٹان کا رہنے والا (۲) چھوٹے قد کا سرخ آدمی۔
بھوج: [ہ امذ] کھانا۔ دعوت (۲) عیش و عشرت (۳) ایک درخت کا نام (۴) بھنا ہوا غلہ۔
بھوج پتر: [ہ امذ] بھوج درخت کی چھال جو اکثر حقے کی نے پر لپیٹی جاتی ہے اور ہندو عالم اس پر جنتر منتر لکھتے ہیں۔

بھوجن: [ہ امذ] کھانا۔ طعام۔ اُلش

بھوجن چھکنا: [ہ مصدر] کھانا کھانا۔ روٹی کھانا

بھوجن خرچ: [ہ امذ] روٹی کا خرچ۔ کھانے کے مصارف

بھوجن کرنا: [ہ مصدر] کھانا۔ روٹی کھانا۔ کھانا کھانا

بھوجن نہ بھات نہر دکا سماد: [ھ مثل] دینا نہ لینا جھوٹی محبت جتانا

بھوجن نہ بھات ہر ہر بات بات میں: [ھ مثل] غریب کو خدا بہت یاد آتا ہے۔

بھوجن نہ بھات نیہر کا سادھ: [ھ مثل] ہندو بیوگان کی حالت بہت بُری اور قابل رحم ہوتی ہے۔ نہ کھانا نہ کپڑا اور نہ میکے کی خبر

بھوجی: [ھ امث] بھجیا۔ پکایا ہوا ساگ۔ بھُنی ہوئی ترکاری (۲) بھُنے ہوئے دھان یا گیہوں۔

بھوجی / بھوجائی: [ہ امث] بھائی کی بیوی۔ بھاوج۔ بھابی

بھوچک / بھوچکا: [ہ صف] خوف سے بدحواس۔ ہکا۔ بکا۔ حیران

بھوڈل: [ھ امذ] اَبرک

بھور: [ھ امث] صبح سویرا۔ نور کا تڑکا۔ فجر۔ سحر (۲) خاتمہ۔ ماریپٹ (۳) خرچ

بھور اُڑانا: [ھ مصدر] خرچ کر دینا۔ ضائع کر دینا۔ کنگال کر دینا۔ مفلس بنا دینا۔

بھور کر دینا / کرنا: [ھ محاورہ] مار مار کر چُور کر دینا۔ بہت پیٹنا۔ خوب زدوکوب کرنا

بھور ہونا: [ا رمحاورہ] تھک جانا۔ چُور ہو جانا (۲) صبح ہونا۔ تڑکا ہونا۔ سحر ہونا۔ فجر ہونا (۳) ختم ہونا (۴) تنگی میں آنا۔ کنگال ہو جانا۔ (۵) بڑھاپا آنا۔

بھورا: [ھ صف] ایک رنگ۔ جو سُرخی مائل سیاہی اور زردی لیے ہوئے ہوتا ہے اُونٹ کا سا رنگ شتری رنگ (۲) ایک قسم کا کبوتر جس کے پروں پر سفید داغ ہوتے ہیں اور اس کا اپنا رنگ نیلا ہوتا ہے (۳) گاؤں کی وہ زمین جو آبادی سے بہت دُور ہو۔

بھوری: [ھ امث] (۱) بھورا کی تانیث (۲) وہ رُوٹی جو سرکنڈوں کی راکھ پر پکائی جائے (۳) ریتلی زمین۔ بھوڑ

بھورا: [واوِ مجہول سے] [ھ امذ] ریزہ۔ چھوٹا سا ٹکڑا۔ مٹھائی یا روٹی کا ذرہ۔

بھوڑ: [ھ امث] ریتلی زمین۔ جس میں کچھ نہ اُگ سکے۔ ریگستان

بھوس / بھوسا: [ھ امذ] دیکھئے "بھُس"

بھوسی: [ھ امث] بھوسا کی تصغیر (۲) سبوس۔ چھلکا جو کہ اوپر کا چھلکا۔ پوست۔

بھوسی بنانا: [ا رمحاورہ] ڈھلی۔ انکار کرنا

بھوسی ہے: [ار۔ محاورہ] کچھ نہیں۔ لڑکے جب کوئی چیز ختم ہو جائے اور دوسرا مانگے تو کہتے ہیں۔

بھوسی بہت آٹا تھوڑا: [ار مثل] فضول چیزیں بہت اچھی تھوڑی مفلس ہے۔ غریب ہے۔

بھوک: [ھ امث] (۱) کھانے کی خواہش۔ ضرورت۔ حاجت۔ اشتہا۔ گرسنگی ۲۔ ایک دوا جو لڑائی کے بٹیروں کو دیتے ہیں۔

بھوک اڑا دینا: [ار مص وضعی] اشتہا دور کر دینا۔ بھوک ختم کرنا۔

بھوک اُڑنا: [ا رمحاورہ] بھوک جاتی رہنا۔

بھوک بڑھنا: [ار مص وضعی] خواہش زیادہ ہونا۔ کھانے کی خواہش زیادہ ہونا۔

بھوک بھاگ جانا / بھاگنا: [ار مص۔ وضعی] کھانے کی پرواہ نہ کرنا۔ کھانے کی خواہش نہ کرنا

بھوک پیاس: [ھ امث] کھانے پینے کی ضرورت (۲) تنگی۔ افلاس فاقہ کشی۔

بھوک پیاس اڑا دینا: [ار محاورہ] کھانے کی خواہش نہ رہنا۔ سیر ہو جانا۔ بھوک نہ لگنا

بھوک پیاس اُڑ جانا: [ار۔ محاورہ] بھوک پیاس ختم ہونا۔ بھوک پیاس مٹ جانا۔

بھوک پیاس جاتی رہنا: [ار محاورہ] دیکھئے "بھوک پیاس اڑ جانا"

بھوک پیاس میں: [ار متعلق فعل] مفلسی میں۔ ان ہوت میں۔ تنگی میں ضرورت کے وقت

بھوک جاتی رہنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کھانے کی خواہش ختم ہونا (۲) خریداری کی خواہش ہونا

بھوک جنم کی ہوک: [ار۔ مثل] بھوکا رہنا زندگی کی سب سے بڑی تکلیف ہے۔

بھوک سب سے میٹھی ہے: [ار۔ مثل] بھوک میں ہر چیز مزہ دار معلوم ہوتی ہے۔

بھوک کا تُوڑا: [ار امذ] بھوک کی شدت

بھوک کڑی ہونا: [ار مص وضعی] سخت بھوک ہونا

بھوک کو بھوجن کیا اور نیند کو بچھونا کیا: [ار مثل] سخت بھوک میں انسان سب کچھ کھا لیتا ہے اور سخت نیند میں بستر کی پرواہ نہیں کرتا

بھوک کی برداشت / سہار: [ار امث] بھوک لگنے پر کھانا نہ کھانا۔ بھوک کی تکلیف برداشت کر سکنا۔ (افعال: کرنا؛ ہونا)

بھوک کی جھانجھ / جھلاہٹ: [ار۔ امث] بھوک کی شدت سے پیدا ہونے والا غصہ۔

بھوک گئے بھوجن ملے، جاڑا گئے قبا / جوانی گئے تریا ملے، تینوں اَن سبھا: [ار مثل] جو چیز بے وقت ملے وہ بے فائدہ ہوتی ہے، جس طرح بھوک ختم ہونے کے بعد کھانا، سردی نکل جانے کے بعد لباس اور جوانی ختم ہونے کے بعد بیوی کا ملنا بے فائدہ ہے۔

بھوک لگی تو گھر کی سوجھی: [ار مثل] کھیل کود میں لگے رہنے والے اور بے پروا کے متعلق کہتے ہیں۔

بھوک مر جانا / مرنا: [ار محاورہ] اشتہا ختم ہونا۔ کھانے کی خواہش نہ رہنا

بھوک میں بھجن بھی نہ ہو: [ار۔ مثل] بھوک میں عبادت بھی نہیں ہو سکتی بھوک میں کوئی کام نہیں ہوتا۔

بھوک میں گولر پکوان: [ار۔ مثل] بھوک میں نکمّی چیز بھی اچھی اور مزہ دار معلوم ہوتی ہے۔

بھوک ہڑتال: [ار امث] کسی بات کے خلاف خفگی کے اظہار یا کوئی مطالبہ منوانے کے لیے کھانا پینا چھوڑنا تاوقتیکہ مطالبہ مان نہ لیا جائے۔ فاقہ کشی

بھوک ہونا: [ار محاورہ] (۱) اشتہا ہونا (۲) خریداری کی خواہش ہونا

بھوکا: [ا۔ صف] (۱) کھانے کی خواہش رکھنے والا جس نے دیر سے کچھ کھایا نہ ہو۔ گرسنہ (۲) فاقہ کش (۳) قحط زدہ (۴) خواہش مند۔ مشتاق۔ آرزومند۔ (۵) نہایت مفلس۔ کنگال (۶) ایک دست آور دوا جو لڑنے والی بٹیر کو دیتے ہیں تاکہ بھوک کے مارے خوب لڑے

بھوکا اُٹھاتا ہے، بھوکا سُلاتا نہیں: [ا۔ مثل] اللہ تعالیٰ سب کو رزق دیتا ہے کوئی بھی بھوکا نہیں سوتا۔ ہر ایک کو کچھ نہ کچھ کھانے کو مل جاتا ہے۔

بھوکا بنگالی: [ا۔ صف] بہت مفلس۔ بہت غریب۔ قحط زدہ (یہ بنگال کے مشہور قحط کی طرف اشارہ ہے۔

بھوکا بنگالی بھات بھات پکارے: [ا۔ مثل] آدمی کو جس چیز کی ضرورت ہو وہی بار بار یاد آتی ہے۔ جس طرح بھوکے کو روٹی یاد آتی ہے۔

بھوکا ترک نہ چھیڑیئے ہو جاوے جی کا جھاڑ: [ا۔ مثل] بھوکے آدمی سے چھیڑ چھاڑ نہیں کرنی چاہیئے۔ ورنہ پیچھا چھڑانا مشکل ہو جاتا ہے۔ بھوکا آدمی بات بات پر لڑتا ہے۔

بھوکا لوٹا: [ہ۔ صف] محتاج۔ مفلس

بھوکا جورو ہیے۔ رہا کہے اُدھار لوں: [ا۔ مثل] غریب کی ضرورت کا امیر فائدہ اٹھاتا ہے۔

بھوکا چاہے روٹی دال۔ رجا (دھایا) کہے میں جوڑوں مال [ا۔ مثل] بھوکا آدمی دال روٹی پر گزارہ کرتا ہے۔ امیر آدمی مال و دولت جمع کرنا چاہتا ہے

بھوکا رہنا: [ا۔ مصدر وضعی] کھانے کو نہ ملنا۔ بھوک لگنے پر کھانا نہ کھانا

بھوکا سو رُوکھا: [ا۔ مثل] بھوکا آدمی کسی سے اچھی طرح نہیں ملتا۔

بھوکا کیا نہ پیچے اُگاہنا کہے بندھک رکھو: [ا۔ مثل] دوسرے کی حاجت سے ناجائز فائدہ اٹھانے پر کہتے ہیں۔

بھوکا مرتا کیا نہ کرتا: [ا۔ مثل] مجبوری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے (۲) مجبوری سب کچھ کروا لیتی ہے۔

بھوکا مرنا: [ا۔ محاورہ] بھوک سے سخت تکلیف ہونا۔ تنگی ہونا۔ فاقہ کشی کرنا

بھوکا مرے کہ ستو سانے: [ا۔ مثل] تھوڑا ہونا، کچھ نہ ہونے سے بہتر ہے

بھوکا ننگا: [ہ۔ صف] مفلس۔ غریب محتاج

بھوکا ننگا رکھنا: [ا۔ مصدر وضعی] تکلیف سے رکھنا کھانے پینے کو کافی نہ دینا

بھوکوں: [ا۔ امث و مذ] (۱) متعلق فعل بھوک کی وجہ سے (۲) بھوک اور بھوکا کی جمع

بھوکوں کا مارا: [ا۔ صف] مصیبت زدہ۔ وہ شخص جسے مدت سے کچھ کھانے کو نہ ملا ہو۔

بھوکوں کے پیٹ کاٹنا: [ا۔ محاورہ] حق داروں کے حق مارنا

بھوکوں مرنا: [ا۔ محاورہ] تنگی سے گزر ہونا۔ مشکل سے گزر ہونا

بھوکی: [ا۔ صف مث] دیکھیئے "بھوکا" جس کی یہ تانیث ہے

بھوکے: [ا۔ امذ] دیکھیئے "بھوکا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

بھوکے بھجن نہ ہو اے سادھو: [ہ۔ مثل] خالی پیٹ خدا کی یاد / عبادت بھی نہیں ہو سکتی۔

بھوکے بھلے مانس اور پیٹ بھرے گنوار سے نہ لڑیئے [ا۔ مقولہ] یہ دونوں ان حالتوں میں بے باک اور مغلوب الغضب ہوتے ہیں

بھوکے بھلے مانس سے ڈریئے: [ا۔ مثل] بھوکے شریف سے بہت ڈرنا چاہیئے

بھوکے کو ہیرا گاہے گانڈے: [ہ۔ مثل] خدا ہر ایک کو کچھ نہ کچھ دیتا ہے۔ غریب یا بھوکے کو ہیرا اور رجے ہوئے (امیر کو گنّے۔

بھوکے سے کہا۔ دو اور دو۔ کے۔ کہا چار روٹیاں: [ا۔ مثل] مطلبی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

بھوکے شریف سے پیٹ بھرے رذیل سے ڈریئے / ڈرنا چاہیئے [ا۔ مثل] دونوں لڑنے مرنے کو تیار رہتے ہیں شریف تو بھوک کی حالت میں غصّے میں بھرا ہوتا ہے اور رذیل آسودگی میں مغرور رہتا ہے۔

بھوکے کو ان۔ پیاسے کو پانی۔ جنگل جنگل آوادانی [ا۔ مثل] خدا کی قدرت کو ظاہر کیا ہے کہ بھوکے کو خوراک اور پیاسے کو پانی دیتا ہے اور جنگلوں میں بھی آبادی ہوتی ہے جہاں ہزاروں قسم کے جانور ہوتے ہیں

بھوکے ہو تو ہرے ہرے رُکھ دیکھو: [ا۔ فقرہ] بخیل لوگ سائلوں کو ٹالنے کے لیے کہتے ہیں۔

بھوک: (واؤ مجہول سے) [س۔ امذ] سوراخ۔ شگاف۔ چھید۔ رخنہ۔ دراڑ (۲) دریا کا منبع۔ نکاس۔ سرچشمہ (۳) تاریکی۔ اندھیرا (۴) وقت

بھوکنا: (واؤ مجہول سے) [ہ۔ مصدر] گھسیڑنا۔ داخل کرنا۔ گھونپنا۔ ٹھونسنا۔

بھوگ: [س۔ امذ] (۱) کھانا (۲) کالی (۳) حلوے کی طرح کا کھانا۔ جسے ہندو بتوں پر چڑھاتے ہیں (۴) ایک بھجن اور راگنی کا نام جو صبح کے وقت کرشن کے بھوگ کی تعریف میں گاتے ہیں (۵) خوشی (۶) عیش و عشرت (۷) مباشرت (۸) بدلہ (۹) نتیجہ۔ صلہ۔ جزا (۱۰) تخلّص (۱۱) (علم حساب) شمار کنندہ (۱۲) روپیہ مال و دولت (۱۳) رنڈیوں یا طوائفوں کو بلانا (۱۴) سانپ (۱۵) سانپ کا بھجن۔ (۱۶) بدن (۱۷) فوجوں کی آرائش۔ قطار در قطار فوج

بھوگ بلاس: [ہ۔ امذ] رنگ رلیاں۔ عیش و نشاط۔ عیش و عشرت

بھوگ بلاس کرنا: [ا۔ محاورہ] مزے اڑانا۔ عیش و عشرت کرنا

بھوگ بلاسی: [ہ۔ امذ] بھوگی۔ مباشرت کا شائق۔ عیاش۔ زانی۔ شہوت پرست (گالی)

بھوگ بھوگنا: دہلی [ا۔ محاورہ] ہم بستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔ صحبت کرنا۔

بھوگ پتی: [ہ۔ امذ] قابض۔ مالک۔ سردار۔ حاکم۔ قلعہ یا شہر کا حاکم

بھوگ پڑنا: [ہ۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں پڑنا۔

بھوگدار: [ا۔ صفت فاعلی] کسی جائیداد کا قابض یا مالک (ترکیب اصولاً غلط ہے)

بھوگ دینا: [ہ۔ محاورہ] الزام دینا۔ گالیاں دینا۔ لعنت ملامت کرنا

بھوگ سنانا: [ہ۔ محاورہ] دیکھیئے "بھوگ دینا"

بھوگ کرنا: [ہ۔ مص وضعی] دیکھیئے "بھوگ بھوگنا"

بھوگ کھانا: [ہ۔ محاورہ] بُرا بھلا سننا

بھوگ لگا دینا: [ہ۔ محاورہ] کھانا کھانا۔ دیوتاؤں کے بتوں کے آگے کھانا چننا

بھوگ لگا لینا: [ہ۔ محاورہ] دیکھیئے "بھوگ لگا دینا"

بھوگ لگانا: [ہ۔ محاورہ] دیکھیئے "بھوگ لگا دینا"

بھوگلی: [ہ۔ امث] ناک کی کھوکھلی نلکی جس میں عورتیں لونگ پہنتی ہیں

بھوگنا : [ھ مصدر] برداشت کرنا۔ سہنا۔ بھگتنا مصیبت جھیلنا۔ (۲) حظ اٹھانا۔ مزے اڑانا۔

بھوگنی : [ھ امث] عیش پسند عورت۔ راجا کی آشنا

بھوگی : [ھ امذ] (۱) عاشق (۲) آرام طلب (۳) زانی (۴) بھوجن کرنے والا۔ کھانے والا (۵) گرہستی۔

بھوگی سوروگی : [ھ مثل] عیش پرست اور زیادہ کھانے والا۔ دونوں ہمیشہ بیمار رہتے ہیں۔

بھول : [ھ امث] فراموشی۔ نسیان۔ چوک۔ غلطی۔ خطا۔ لغزش۔ دھوکا۔ شبہ۔

بھول بھٹک : [ہ امث] بھول چوک۔ گمراہی

بھول بھلیاں : [ہ امث] پیچ در پیچ راستہ کا مکان (۲) ایک قسم کی عمارت جس میں ایک وضع کے متعدد دروازے اور راستے ہوتے ہیں۔ جو شخص اس میں داخل ہوتا ہے راستہ بھول جاتا ہے (۳) گورکھ دھندا

بھول بھلیاں ہے : [ا رمحاورہ] اس کا بھید کسی کی سمجھ میں نہیں آتا۔

بھول پڑنا : [ا رمحاورہ] غلطی ہونا۔ سہو ہونا۔ یاد سے اتر جانا (۲) غلطی سے چلے جانا۔

بھول جانا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھول پڑنا"

بھول چوک : [ا رامث] خطا۔ قصور۔ سہو۔ فروگزاشت۔ غلطی۔ فراموشی

بھول چوک لینی دینی : [ا رامث] کمی بیشی لی دی جائے گی۔ حساب بعد میں اچھی طرح کر لیا جائے گا۔ اور جو دینا ہوگا دیا جائے گا اور جو لینا ہوگا وہ لیا جائے گا۔

بھول ڈالنا : [ا رمحاورہ] غلط کر دینا۔ مغالطہ ڈالنا

بھول کر : [ا رمتعلق فعل] غلطی سے۔ بھولے سے۔

بھول کر یاد کر لینا : [ا رمحاورہ] غلطی سے یاد کر لینا۔ سہو سے یاد کر لینا۔

بھول کر / کے بات نہ کرنا : [ا رمحاورہ] کبھی بات نہ کرنا۔ ہرگز بات نہ کرنا کسی حال میں بات نہ کرنا۔

بھول گئے ناچ رنگ بھول گئے چھکڑی
تین چیزیں یاد رہیں نون تیل لکڑی } [ا رمثل] بیاہ شادی کے بعد انسان دنیا کے دھندوں میں پھنس کر تمام عیش و عشرت اور کھیل کود بھول جاتا ہے۔

بھولا : (بہ واؤ مجہول) [ھ صف] کم عقل۔ نادان۔ سیدھا سادہ۔ ناآزمودہ کار۔ ناواقف (۲) شیوجی کا نام

بھولا بالا / بھالا : [ھ صف] سیدھا سادہ۔ سادہ لوح (۲) بھلا مانس۔ نیک مزاج (۳) معصوم

بھولا بننا : [ا رمحاورہ] انجان بننا

بھولا پن : [ھ امذ] سادگی۔ سادہ لوحی۔ نادانی۔ ناتجربہ کاری

بھولا ناتھ : [ھ امذ] شیوجی کا نام

بھولی : [ھ صف مث] دیکھیے "بھولا" جس کی یہ تانیث ہے۔

بھولی باتیں : [ا رامث] پیاری پیاری باتیں۔ سادگی کی باتیں

بھولی بالی / بھالی : [ھ صف] دیکھیے "بھولا بالا" جس کی یہ تانیث ہے

بھولی بھالی شکل / صورت : [ا رامث] وہ شکل جس سے معصومیت

بھولا : (بہ واؤ معروف) [ھ صف] گم شدہ۔ فراموش

بھولا بسرا : [ھ صف مذ] وہ شخص جو راہ بھول گیا ہو (۲) بھولی ہوئی چیز

بھولا بھٹکا : [ھ صف] راستہ بھولا ہوا۔ راستہ کھویا ہوا

بھولا چوکا : [ھ صف] دیکھیے "بھولا بسرا"

بھولا چیتا : [ھ صف] خراب حافظہ۔ بھول کا مادہ (۲) بھولا ہوا کام یاد آنا۔

بھولا ہونا : [ا رمحاورہ] اترانا۔ مغرور ہونا۔ نازاں ہونا

بھولنا : [ا رمص] (۱) فراموش ہونا۔ یاد نہ رہنا (۲) غلطی کرنا خطا کرنا (۳) بھٹکنا گم ہونا۔ کھو جانا (۴) دھوکا کھانا (۵) غرور کرنا (۶) بے خبر رہنا۔

بھولنا چوکنا : [ا رمحاورہ] ذہن سے ہٹنا۔ سہو ہونا۔ فروگزاشت ہونا

بھولی بسری باتیں : [ھ امث] وہ باتیں جو یاد سے جاتی رہی ہوں۔

بھولے سے : [ا رمتعلق فعل] دھوکے سے۔ سہواً

بھولے سے بھی نام نہ لینا : [ا رمحاورہ] بھول کر بھی یاد نہ کرنا۔ انتہائی نفرت یا عداوت کے لیے کہتے ہیں۔ ہرگز یاد نہ کرنا

بھولے بامن گائے کھائی
اب کے کھائے رام دہائی } [ا رمثل] انسان ایک بار فریب کھا کر ہوشیار ہو جاتا ہے۔ آئندہ ایسی غلطی نہیں کرتا۔

بھولے بھٹکے : [ا رمتعلق فعل] کبھی کبھی۔ بھولے چوکے۔ راستہ بھول کر۔

بھوم : [ھ امث] زمین۔ دھرتی (۲) دنیا۔ سنسار (۳) جگہ، مقام (۴) ملک ولایت (۵) دیس وطن

بھوم پال : [ق امث] جائے پیدائش

بھومی : [ھ صف] ارضی۔ زمین سے متعلق (مث) سیتا جی کا لقب

بھومیا : [ھ امذ] زمیندار۔ زمین کا مالک (۲) پرانا باشندہ (۳) وہ بہت پرانا سانپ جس کے سر پر بال نکل آتے ہیں۔

بھومیا بھوپال بھیڑے کے رکھوال : [ھ مثل] پرانا سانپ گاؤں اور خزانہ کا محافظ ہوتا ہے۔

بھومیا تو بھومی پہ مرے تو کیوں مرے بٹیر : [ھ مثل] زمیندار تو زمین کے لیے لڑتا ہے۔ بٹیر کو لڑنے کی کیا ضرورت۔ جہاں کوئی خواہ مخواہ لڑائی مول لے وہاں کہا جاتا ہے۔

بھون : [ھ امذ] گھر۔ مکان۔ مندر۔ آبادی۔ محل۔ قصر (۲) سرگ بہشت (۳) خاصیت (۴) جنم ولایت پیدائش (۵) وجود اور ہستی

بھوں : [ھ امث] وہ بال جو آنکھوں کے اوپر کمان کی شکل میں ہوتے ہیں۔ ابرو

بھوں پر بل پڑنا : [ا رمحاورہ] چہرے سے غصہ ظاہر ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر ہونا۔

بھوں پر بل ڈالنا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھوں پر بل پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

بھوں تاننا / ٹیڑھی کرنا / چڑھانا : [ا رمحاورہ] خفگی ظاہر کرنا۔ تیوری چڑھانا

بھوں تننا / ٹیڑھی ہونا / چڑھنا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "بھوں تاننا" جس کا یہ لازم ہے

بھوں کا گلا آنکھ کے سامنے : [ا رمثل] کسی کا گلا اس کے عزیز یا قریب ترین دوست سے کرنا

بھوں میں بل ڈالنا : [ا رمحاورہ] آزردہ ہونا۔ خفا ہونا

بھوں : [ھ امث] زمین

بھوں بھوں : [ا راصوات] (۱) کتے کی آواز (۲) رونے کی آواز

بھوں بھوں رونا : [ا رمحاورہ] بلند آواز سے رونا، کتے کی طرح رونا

بھوں بھوں کرنا: [ا رمحاورہ] بھونکنا۔ کتے کی طرح بولنا۔ بکنا
بھون: [ا ر فعل] بھوننا مصدر سے صیغۂ امر
بھون بھلس لینا: [ا رمحاورہ] بھون کھانا۔ کچا پکا پکا کر کھا لینا۔ اپنے لیے انکساری اور دوسرے کے لیے طنزاً استعمال ہوتا ہے۔
بھون کھانا: [ا رمحاورہ] (۱) کسی چیز کو بھون کر کھا جانا (۲) دیکھنا بھالنا۔ برتنا
بھونپو: (بہ واؤ مجہول) [ھ اند] ایک قسم کا باجا۔ نرسنگا۔ ترئی
بھونچال: [ھ اند] زلزلہ
بھونچکا: [ھ صف] حیران پریشان۔ گھبرایا ہوا
بھون چمپا: [ھ امث] ایک قسم کی آتش بازی
بھوندو: (بہ واؤ مجہول) [ھ صف] کمزور۔ احمق۔ اناڑی جاہل کندۂ ناتراش
بھوند دھاڑ نہ جانے پیٹ بھرنے سے کام: [ا ر مثل] بیوقوف کو کھانے کو مل جائے تو اور کسی بات کی پرواہ نہیں کرتا۔
بھونڈا: [ھ صف] بدنما۔ بدشکل۔ بدصورت۔ بدہیئت (۲) خراب۔ ناقص (۳) منحوس بدقسمت
بھونڈپن / پنا: [ھ۔ اند] بدصورتی۔ بدنمائی (۲) عیب۔ نقص۔ خرابی۔ (۳) بدتمیزی۔ بدتہذیبی۔
بھونڈا نخرا: [ھ اند] شتر غمزہ۔ غیر موزوں۔ بدزیب ناز
بھونڈ پیرا: [ھ صف] منحوس۔ بدقدم
بھونڈ پیری: [ھ صف مث] دیکھئے "بھونڈ پیرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بھونڈی: [ھ صف مث] دیکھئے "بھونڈا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بھونڈی بات: [ا ر امث] نکمی بات۔ بدتمیزی کی بات
بھونڈی صورت: [ا ر امث] بری صورت۔ بری شکل
بھونڈ: [ھ اند] گوبر یا پاخانے کا سیاہ پر دار کیڑا۔
بھونرا: [ھ اند] ایک قسم کا سیاہ پردار کیڑا جو کنول کے پھول پر عاشق ہے (۲) (دہلی میں) نیک شگون (۳) (صفت) نہایت سیاہ (۴) تہہ خانہ چاہ زنداں۔ قید خانہ
بھونرا سی آواز: [ا ر صف مث] باریک سُر کی نہایت اونچی گونجنے والی آواز
بھونری: [ھ امث] (۱) وہ بالوں کا چکر جو گھوڑے یا آدمی کے سر یا جسم کے کسی اور حصے پر ہوتا ہے۔ ان میں سے بعض منحوس اور بعض مبارک خیال کی جاتی ہیں (۲) وہ روٹی جو انگاروں پر پکائی جائے (۳) بھونرے کی مادہ۔
بھونری پھر جانا: [ا ر محاورہ] شادی ہو جانا
بھونرے میں پالنا: [ا ر محاورہ] نازونعمت میں پالنا۔ لاڈ پیار میں پالنا تہہ خانہ میں پالنا
بھونرے میں پلنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "بھونرے میں پالنا" جس کا یہ لازم ہے
بھونس / بھونسنا: [ھ مصدر] بھونکنا۔ چبھونا۔ گھونپنا۔ گھسیڑنا
بھونک: [ا ر اصوت] کتے کی آواز
بھونکانا: [ا ر مص] بھونکنا کا متعدی۔ چھیڑ کر غل مچوانا (۲) دق کرنا۔ تنگ کرنا۔
بھونکڑا: [ھ صف] (۱) موٹا بھدا۔ موٹی گلکلا سی ناک (۲) بڑے بڑے تانکے شیڈگا (۳) چلا کر رونا
بھونکنا: [ا ر مص] کتے کا بولنا (۲) غل مچانا۔ چیخنا (۳) بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔

بھونکنا: [ا ر مص] (۱) نوک دار چیز کو کسی دوسری چیز میں چبھونا۔ گھونپنا (۲) موٹی سلائی کرنا
بھوننا: [ا ر مص] (۱) بریاں کرنا (۲) آگ بھوبھل یا بالو میں جھلجھلانا۔ گھی میں تلنا (۳) جھلسانا۔ جلانا (۴) بندوق وغیرہ سے مارنا (۵) طعنوں سے دل جلانا
بھونی بھانگ نہیں: [ا ر محاورہ] مفلسی ہے۔ کچھ پاس نہیں
بھونی بھانگ نہ کرہ وا تیل: [ا ر مثل] انتہائی مفلسی ہے کوئی چیز پاس نہیں
بھوئی: [ہ صف] کہار۔ حمّال
بھوئیاں: [ھ صف] پھرنے والی۔ راستوں سے واقف
بھویّا: [ھ صف] بھاؤ بتا کرنا چنے والا۔ (نظیر اکبر آبادی)
بھئی: [ھ اند] بھائی کا مخفف۔ ہم سر اور چھوٹوں سے خطاب کا کلمہ
بھی: [ا ر حرف ربط تاکید] (۱) نیز۔ اور (۲) اب۔ فوراً (۳) تک (۴) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کچھ بھی۔ کوئی بھی
بھے: [ھ اند] ڈر۔ خوف (۲) خطرہ۔ خدشہ (۳) بیماری۔ مرض
بھیّا: [ا ر اند] بھائی کی تصغیر۔ پیار سے بولتے ہیں
بھیّا چارہ: [ا ر اند] (۱) دیکھئے "بھائی چارہ" (۲) شرکت کی زمین
بھیّا دوج: [ھ امث] ہندوؤں کی ایک رسم جس میں بہنیں بھائیوں کے پاس ٹیکا اور شرینی وغیرہ لے کر جاتی ہیں اور اس روز اسے تہوار کے طور پر منایا جاتا ہے۔
بھیانک: [ھ صف] ڈراؤنا۔ خوفناک۔ سنسان۔ ویران۔ پریشان۔ خوفزدہ
بھیاؤ: [ھ اند] بیاہ۔ شادی (سب رس)
بھیت: [ھ امث] دیوار۔ دیوار کی چوڑائی (۲) بند پڑے مکان کے نشانات
بھیتر: [ا ر متعلق فعل] (۱) درمیان۔ اندر (۲) چار دیواری کے اندر (۳) مکان کے اندر۔ پوشیدہ
بھیتری: [ھ صف] اندرونی باطنی۔ پوشیدہ
بھیتری مار: [ھ امث] وہ چوٹ جس کا نشان نہ پڑے اور اندرونی اعضا کو صدمہ پہنچے اندرونی ایذا۔ دلی صدمہ
بھیٹ: [ھ امث] دیکھئے "بھینٹ" جو زیادہ مستعمل ہے
بھیجا: [ا ر اند] (۱) مغز سر۔ دماغ۔ سر کا گودا (۲) (فعل) بھیجنا کا صیغہ ماضی
بھیجا پکانا: [ا ر محاورہ] بہت بکنا۔ بکواس کرنا۔ بکنے کی زحمت برداشت کرنا۔
بھیجا ٹپک جانا / ٹپکنا: [ا ر محاورہ] سر میں درد ہونا کسی کی بک بک سے دماغ پریشان ہونا۔ تنگ آنا۔ عاجز آنا
بھیجا کھا جانا / کھانا: [ا ر محاورہ] بکواس کر کے دماغ پریشان کرنا۔ سمع خراشی کرنا
بھیجا کھائیں سر سہلائیں: [ا ر مثل] چاپلوسی کر کے نقصان پہنچانا
بھیجنا: (بہ یائے مجہول) [ا ر مص] (۱) روانہ کرنا۔ ارسال کرنا۔ چلتا کرنا (۲) دعا یا بددعا کے طور پر کچھ کہنا مثلاً درود بھیجنا۔ لعنت بھیجنا۔
بھیجنا: (بہ یائے معروف) [ہ مص] دیکھئے "بھیگنا"
بھیچک: [ہ صف] دیکھئے "بھونچکا"
بھیچنا: [ا ر مص] دیکھئے "بھینچنا" جو زیادہ مستعمل ہے
بھید: (بہ یائے مجہول) [ا ر اند] (۱) راز۔ پوشیدہ بات۔ دل کی بات۔ (۲) سُراغ۔ پتا (۳) بوجھ پہیلی (۴) حال۔ احوال۔ اصلی کیفیت (۵) موتی کا سوراخ (۶) چھیدے ہوئے کان کا سوراخ
بھید پانا: [ا ر محاورہ] (۱) پتا لگانا۔ سراغ پانا (۲) چھپی ہوئی بات سمجھ جانا

بھید دینا: [ار۔ محاورہ] دل کی بات بتا دینا۔ راز فاش کرنا۔ خفیہ بات بتا دینا
گھر کی کیفیت ظاہر کرنا
بھید کہنا: [ار۔ محاورہ] راز ظاہر کرنا۔ راز کی بات کہہ دینا
بھید کھولنا: [ار۔ محاورہ] (۱) افشائے راز کرنا (۲) بھرم کھولنا
بھید کی بات: [ار۔ امث] راز کی بات۔ چھپانے کی بات
بھید لگانا: [ار۔ محاورہ] پتا لگانا۔ سراغ لگانا
بھید لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) چھپی ہوئی بات معلوم کرنا۔ خفیہ بات کا پتا لگانا۔
(۲) عندیہ لینا۔ منشا دریافت کرنا
بھید ملنا: [ار۔ محاورہ] راز کا پتا چلنا۔ سراغ لگنا۔
بھیدنا: [ار۔ مع] سوراخ کرنا
بھیدو: [ہ۔ صف۔ ق] دیکھئے "بھیدی"
بھیدی: [ار۔ صف] (۱) راز دار۔ راز داں۔ ہم راز (۲) واقفِ حال۔ محرم
(۳) پتا لگانے والا۔ سراغ رساں (۴) مخبر۔ جاسوس
بھیدیا: [ہ۔ صف] دیکھئے "بھیدی"
بھیر بھنگا: [ار۔ امث] فارسی "بھیر و بنگاہ" کا بگاڑ (۱) فوج کے ساتھ
کے شاگرد پیشہ۔ بقال وغیرہ (۲) برات کے ساتھ کے خدمت گزار۔
(۳) سفری لشکر کے ساتھ کے لوگ۔ ڈیرا۔ خیمہ
بھیرول: [ہ۔ امذ] (۱) شیوجی کا غصے کا روپ۔ شیو (۲) ایک راگ کا نام
جس میں ساتوں سُر لگتے ہیں۔ صبح کے وقت گایا جاتا ہے (۳) ہیبت ناک
بھیروں چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیوانوں کی سی باتیں کرنا
بھیروں ناچنا: [ار۔ محاورہ] اجاڑ ہونا۔ ویرانہ پن برسنا۔ صحبت کا رنگ بدلنا
ناغہ پڑنا۔ مطلق کام نہ رہنا۔ سکوت چھانا
بھیروی/بھیرویں: [ہ۔ امث] (۱) بھیروں کی بیوی۔ درگا کا ایک خاص
روپ۔ کالی دیوی (۲) سات سُر کی ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی
جاتی ہے۔
بھیرویں اڑانا/گانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بھیرویں گانا (۲) خوشی منانا۔
خوشی کے گیت گانا
بھیرویں اڑنا/گائی جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "بھیروی اڑانا" جس کا یہ لازم ہے
بھیرویں مارنا: [ار۔ محاورہ] تباہی پھرنا۔ بربادی چھانا۔ ویران ہو جانا
بھیرویں ہے تو ہماری بھی واہ: [ار۔ مثل] تحسین ناشناس کے موقع
پر بولتے ہیں۔ یا اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی مجلس میں یکایک چونک
کر کسی سے پوچھے کہ پڑھنے والے نے کیا پڑھا اور جب وہ بتائے تو
بغیر سمجھے داد دینے لگے۔
بھیڑ: [بہ یائے معروف] [ہ۔ امث] انبوہ۔ ہجوم۔ جمگھٹ (۲) مصیبت
بپتا۔ آفت
بھیڑ بھاڑ: [ہ۔ امث] ہجوم۔ مجمع۔ دھوم دھام
بھیڑ بھڑکا: [ہ۔ امذ] ہجوم۔ دھوم دھام
بھیڑ پڑنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت پڑنا۔ آفت آنا۔ مہم پیش آنا۔
وقت ضائع ہونا۔
بھیڑ چھٹنا: [ار۔ محاورہ] ہجوم کا کم ہونا۔ مجمع منتشر ہونا

بھیڑ کرنا: [ار۔ محاورہ] ہجوم کرنا۔ مجمع کرنا
بھیڑ لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "بھیڑ کرنا"
بھیڑ لگنا: [ار۔ محاورہ] ہجوم ہونا
بھیڑ: [بہ یائے مجہول] [ہ۔ امث] بکری کی قبیل سے ایک چوپایہ جس کا قد کم و بیش
دو ڈھائی فٹ ہوتا ہے۔ تمام بدن پر نرم لمبے بال ہوتے ہیں۔ جن سے
اون بنتی ہے۔ اس کا گوشت بھی کھایا جاتا ہے اور دودھ بھی پیا جاتا ہے
(۲) مسکین (۳) دولت مند
بھیڑ پہ اون کس نے چھوڑی: [ار۔ مثل] غریب کی چیز ہر کوئی لے جاتا ہے
غریب کو سب لوٹتے ہیں۔
بھیڑ جہاں جائے گی مونڈی جائے گی: [ار۔ مثل] غریب کو ہر جگہ
خسارہ ہوتا ہے (۲) دولت مند کو ہر جگہ کچھ دینا ہی پڑتا ہے۔
بھیڑ چال: [ار۔ امث] دیکھا دیکھی۔ اندھا دھند۔ دستور کے مطابق
بھیڑ کی لات ٹخنوں تک: [ار۔ مثل] کمزور سے کوئی نقصان نہیں پہنچ
سکتا۔ کمزور کی مار بے اثر ہوتی ہے۔
بھیڑا: [ہ۔ امذ] (۱) دیکھئے "بھیڑ" جس کا یہ مذکر ہے (۲) بھیڑیا
بھیڑنا: [ہ۔ مع] باہم ملانا۔ کواڑ بند کرنا
بھیڑنی: [ہ۔ امث] دیکھئے "بھیڑیا" جس کی یہ تانیث ہے
بھیڑی: [ہ۔ امث] مادہ بھیڑ
بھیڑیا: [ہ۔ امذ] ایک خونخوار درندہ۔ جو کتے سے مشابہ ہوتا ہے۔ گرگ
بھیڑیا چال: [ہ۔ امث] (۱) بھیڑ چال۔ (۲) اندھی تقلید۔ رسم کی پابندی۔ لکیر کا فقیر ہونا
بھیڑیا دھسان: [ہ۔ امث] بھیڑوں کی طرح گھس گھس کر بیٹھنا۔ ہجوم۔ اندھی
تقلید۔ دیکھا دیکھی۔
بھیڑیا کھائے تو، نہ کھائے تو منہ لال: [ار۔ مثل] الزام ہمیشہ
بدنام کے سر آتا ہے۔ خواہ وہ جرم کرے یا نہ کرے
بھیس: [ہ۔ امذ] (۱) لباس۔ پوشاک (۲) سوانگ (۳) وضع قطع
بھیس بدلنا: [ار۔ محاورہ] وضع بدلنا۔ دوسری ہیئت بنانا
بھیس بنانا: [ار۔ محاورہ] وضع اختیار کرنا۔ روپ بھرنا۔
بھیک: [ہ۔ امث] بھکشا۔ گدائی۔ خیرات۔ وہ چیز جو خدا کے نام پر
دی جائے۔
بھیک پر اوقات ہونا: [ار۔ محاورہ] گدائی سے گزر ہونا
بھیک کا ٹکڑا: [ار۔ امذ] خیرات کا ٹکڑا۔ مانگنے کی چیز (۲) نطفہ حرام
نطفہ بے تحقیق
بھیک کا ٹھیکرا: [ار۔ امذ] کاسۂ گدائی۔ مانگنے کا پیالہ (۲) کمائی کا وسیلہ
(۳) کسب فن
بھیک کا کاسہ: [ار۔ امذ] دیکھئے "بھیک کا ٹھیکرا"
بھیک کے ٹکڑے بازار میں ڈکار: [ار۔ مثل] مفلسی میں شیخی بگھارنا
بھیک کے نوالوں کا مزا پڑنا: [ار۔ محاورہ] مفت کی کھانے
کی عادت ہونا۔
بھیک لینا: [ار۔ مع] خیرات لینا۔ مانگنا
بھیک مانگ کر گڑیا سنوار دینا: [ار۔ محاورہ] کسی نہ کسی طرح مصیبت جھیل کر لڑکی کا جہیز

بھیک مانگ کھانا: [ا رمحاورہ] بھیک مانگ کر گزارہ کرنا
بھیک میں بھوڑ: [ا رمثل] زبردستی کی بشیخی۔ ذلیل حالت میں شیخی۔
بھیگا: [ارصف] مفعول۔ گیلا تر۔ پانی پڑا ہوا
بھیگتے بھاگتے: [ارمتعلق فعل] بھیگتے ہوئے
بھیگنا: [ارمص] تر ہونا۔ گیلا ہونا (۲) رات کا نصف سے زیادہ گزرنا (۳) رات عیش میں کٹنا (۴) آواز میں سوز پیدا ہونا
بھیگی: [ہ صف مث] دیکھئے "بھیگا" جس کی یہ تانیث ہے
بھیگی آواز: [ارامث] رات کے آخری حصہ میں جب آواز بندھ جاتی ہے اور سُر تال پر قائم ہوجاتی ہے تو اس آواز کو کہتے ہیں
بھیگی بلی: [ارامث] (۱) گربہ مسکین۔ عاجز۔ ذلیل۔ بے وقعت
بھیگی بلی بنانا: [ا رمحاورہ] ٹالنا۔ حیلہ کرنا بہانا کرنا
بھیگی رات: [ارامث] آدھی رات کے بعد کی رات
بھیگی مرغی: [ارامث] نہایت مسکین صورت۔ نہایت غربت کا مارا
بھیگی مسیں: [ارامث] سبزۂ آغاز۔ مونچھوں کے روئیں کے بال جو شروع میں نکلتے ہیں۔
بھیل: [ہ امذ] ہندوستان کے قدیم اصلی باشندے جو آریاؤں سے مغلوب ہوکر پہاڑوں اور جنگلوں میں جا چھپے تھے۔
بھیلسا: [ہ امذ] (۱) ریاست گوالیار میں ایک جگہ جہاں کا تمباکو بہت مشہور ہے۔ عمدہ تمباکو (بھیل سا)
بھیلی (بہ یائے مجہول) [ہ امث] گُڑ کا لمبا سا ڈلا جس کا وزن تین سیر سے زیادہ ہوتا ہے۔
بھیلی ٹوٹی اور روپیہ ٹوٹا پھر نہیں رہتا: [ارمثل] ٹوٹنے کے بعد روپیہ اور بھیلی جلد خرچ ہوجاتے ہیں
بھیم: [ہ امذ] (۱) شیوجی کا ایک روپ (۲) خوفناک (۳) پانڈووں میں سے ایک بڑا پہلوان جس نے جنگ مہابھارت میں دریودھن کو قتل کیا تھا (۴) ایک راگ کا نام جو شام کو گایا جاتا ہے
بھیم پلاسی: [ہ امذ] کافی ٹھاٹھ کا ایک راگ جو شام کو گایا جاتا ہے
بھیمڑا: [ہ امذ] منہ۔ مکھڑا
بھیمڑا ایسارنا: [ارمحاورہ] بچے کا بُری طرح منہ بنا کر رونا
بھیں: [ہ اصوت] بھیڑ اور بھینس کی آواز
بھیں بھیں: [ہ اصوت] انسان کے رونے کی آواز
بھیں بھیں رونا: [ارمص] اونچی اور بُری آواز سے رونا
بھینا: [ہ امث] بہن کی تصغیر
بھینا: (بہ یائے معروف) [ہ صف] ہلکا۔ نرم۔ لطیف
بھینٹ: [ہ امث] (۱) بھڑنا۔ ٹکرانا۔ لڑنا (۲) سامنا۔ مقابلہ۔ ملاپ۔ ملاقات (۳) نذر۔ سوغات۔ تحفے (۴) قربانی صدقہ نذرانہ (۵) رشوت منہ بھرائی (۶) ایک قسم کا گیت جو ہندو عورتیں کسی کی تعریف میں گاتی ہیں
بھینٹ بکرا: [ہ امذ] منت یا قربانی کا بکرا
بھینٹ چڑھانا: [ارمص] قربانی دینا۔ نذر دینا
بھینٹ چڑھنا: [ارمص] دیکھئے "بھینٹ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بھینٹ دینا: [ارص] (۱) نذر نیاز دینا۔ برباد کرنا۔
بھینٹ لینا: [ارمحاورہ] (۱) نذر لینا۔ چڑھاوا لینا (۲) جان لینا۔ مار ڈالنا
بھینٹ ہونا: [ارمحاورہ] سامنا ہونا۔ ملاقات ہونا۔ ملنا۔ بھڑنا (۲) نثار ہونا۔ قربان ہونا
بھینچنا: [ارمص] (۱) سکیڑنا۔ دبانا (۲) دبوچنا۔ کچلنا۔ مسلنا (۳) انگلیوں یا دانتوں کا زور سے بند کرلینا (۴) مجبور کرنا۔ روکنا (۵) زور کے ساتھ سینے کے ساتھ چمٹا لینا
بھینس: [ہ امث] مشہور دودھ دینے والا سیاہ یا بھورے رنگ کا مویشی گاؤمیش (۲) موٹی اور بھدی عورت
بھینس کا بُر جانا: [ارمص ومثل] "بُر" برسات کے موسم میں ایک کیڑا ہوتا ہے جس کے کھانے سے بھینس مرجاتی ہے۔ بھینس کا اس کیڑے کو کھا کر مرجانا۔
بھینس کے آگے بین بجائے، بھینس کھڑی پگرائے: [ارمثل] جاہل اور بے وقوف کے سامنے عالمانہ بات کرنا غلطی ہے۔
بھینسا: [ہ امذ] (۱) بھینس کا نر (۲) موٹا آدمی
بھینسا بھینسوں میں نہیں قصائی کے کھونٹے: [ارمثل] کوشش کرنے میں کیا حرج ہے۔ زیادہ سے زیادہ ناکامی ہی تو ہوگی۔
بھینسے لڑیں جھونڈوں کا نقصان: [ارمثل] سردار لڑتے ہیں اور رعیت تباہ ہوتی ہے۔
بھینسا داد: [ہ امذ] ایک قسم کا بڑا داد جس میں بہت خارش ہوتی ہے جو فساد خون سے پیدا ہوتا ہے۔
بھینسا گوگل: [ہ امذ] ایک قسم کا گوند جو دواؤں میں ڈالا جاتا ہے۔
بھینسا لہسن: [ہ امذ] ایک قسم کا بڑا سُرخ نشان جو اکثر گال یا گردن کی جلد میں ہوتا ہے۔
بھینگا: [ہ صف] آنکھ دبا کر دیکھنے والا (۲) جس کو ایک کے دو نظر آئیں (۳) احول
بھینگرا بجانا: [ارمحاورہ] نہایت بُری آواز سے رونا
بھینگی: [ہ صف] دیکھئے "بھینگا" جس کی یہ تانیث ہے
بھینی: [ہ صف] ہلکی۔ مدھم۔ نرم۔ لطیف
بھینی / بھینی بھینی بُو: [ہ صف] بھینی بھینی بو۔ پھولوں کی ہلکی ہلکی خوشبو۔ تازہ پھولوں کی میٹھی لطیف بُو۔

ب ۔ ی

بی: [ارامث] (۱) بی بی کا مخفف (۲) کلمہ خطاب ہے جو عورتوں سے مخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں۔
بی آسا: [ارامث] بی بی عائشہ کا بگاڑ
بی اے: [انگ صف] bachelor of arts کا مخفف۔ شعبہ فنون کی پہلی ڈگری۔ چودھویں جماعت کا امتحان
بی ایس سی: [انگ صف] bachelor of science کا مخفف سائنس کی پہلی ڈگری
بی بنو: [ار کلمہ خطاب] عورتوں کو خطاب کرنے کا ایک کلمہ

بی بجھوڑی کی کڑھائی: [ار مث] یہ کڑھائی مخنث کرتے ہیں۔ ان کے خیال میں جو اس کو کھالے مخنث ہو جاتا ہے

بی بی: [ار امث] (۱) بیگم خانم۔ خاتون (۲) عورت۔ بیوی گھر والی (۳) عورتوں کو مخاطب کرنے کا ایک باعزت کلمہ (۴) شریف زادی۔ جو کسی کی لونڈی باندی نہ ہو (۵) لڑکی بیٹی (۶) نیک پارسا عورت (۷) بڑی بوڑھی (۸) بہن ہمشیر (۹) عروس دلہن (۱۰) عورتیں آپس میں ایک دوسری کو اس کلمے سے مخاطب کرتی ہیں۔

بی بی بُتو: [ار کلمہ خطاب] دیکھئے "بی بُتو"

بی بی جی: [ار کلمہ خطاب] (۱) عورتوں کو عزت سے مخاطب کرنے کا کلمہ (۲) بڑی نند

بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے: [ار مثل] بڑا قصور کرے چھوٹا پکڑا جائے۔

بی بی خیلا دو چٹے ایک میلا: [ار مثل] کاہل اور پھوہڑ عورت کو کہتے ہیں

بی بی زَن: [ار صف] قابل تعظیم پارسا۔ نیک بخت۔ پاک دامن عورت

بی بی کا دانہ: [ار امذ] دیکھئے "بی بی کی صحنک"

بی بی کا کونڈا: [ار امذ] جلیبیوں کا کونڈا جس پر حضرت فاطمہؓ کی نیاز دلوائی جاتی ہے۔

بی بی کی پُڑیا: [ار امث] وہ مٹھائی جو حضرت فاطمہ کی نیاز د[illegible]نے کے لیے پڑیا میں منگوائی جاتی ہے۔

بی بی کی جھاڑو پھرے: [ار کوسنا] تباہ ہو۔ برباد ہو۔ بیڑا غرق ہو

بی بی کی صحنک: [ار امث] وہ صحنک جس پر حضرت فاطمہؓ کی فاتحہ دلوائی جائے جسے صرف پاکدامن عورتیں کھاتی ہیں۔

بی بی کی گڑیا: [ار امث] گلہری

بی بی کی نیاز: [ار امث] حضرت فاطمہ کی فاتحہ کی چیز جسے صرف پاکدامن عورتیں کھاتی ہیں۔

بی بی نہ پیر پہلے فلاں فقیر: [ار مثل] جو سب سے پہلے اپنا حصہ مانگے اس کی نسبت کہتے ہیں۔

بی بی واری باندی کھائے، گھر کی بلا گھر میں جائے: [ار مثل] جو کوئی اپنوں ہی سے سلوک کرے اور دوسروں کی پروا نہ کرے اس کی نسبت کہتے ہیں۔

بی جی: [ار امث] بیوی جی کا مخفف (۲) وہ مرد جس کی عورتوں کی سی چال ڈھال ہو۔

بی دولتی اپنے آپ ہی کھولتی: [ار مثل] حسد سے اندر ہی اندر جلنے والی کو کہتے ہیں۔

بی دیا سلائی صبح کو گئی شام کو آئی: [ار مثل] بہت غیر حاضر رہنے والی کی نسبت کہتے ہیں۔

بی شادی: [ار امث] ایک فرضی نام جو عورتوں نے بچوں کو ڈرانے کے لیے مقرر کر لیا ہے۔

بے: [ار حرف ندا] ابے کا مخفف۔ ارے۔ اجی

بے: [ف۔ حرف نفی] بغیر۔ بن۔ سوا۔ (نفی کے معنوں میں اکثر لفظوں کے پہلے آتا ہے۔

بے آب: [ف۔ صف] بے رونق۔ پانی کے بغیر

بے آبرو: [ف صف] بے حیا۔ بے عزت۔ بے حرمت (افعال: کرنا۔ ہونا)

بے آبروئی: [ف صف] دیکھئے "بے آبرو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے آب و رنگ: [ف صف] بے رونق

بے آپے ہونا: [ار محاورہ] قابو سے باہر ہونا۔ بدحواس ہونا

بے آرام: [ف صف] بے چین۔ بے کل

بے آرامی: [ف امث] دیکھئے "بے آرام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے آزار: [ف۔ صف] بے ضرر۔ جس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔

بے آزاری: [ف۔ امث] دیکھئے "بے آزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے آس: [ار۔ صف] ناامید۔ مایوس

بے اَٹکل: [ف۔ صف] بے سلیقہ۔ پھوہڑ۔ بے تمیز

بے اَثر: [ع صف] [illegible] اثر نہ ہو۔ بے کار۔ بے فائدہ

بے اَثری: [ع۔ امث] دیکھئے "بے اثر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بے اَجَل مارنا: [ار محاورہ] بے موت ہلاک کرنا۔ قبل از وقت مار ڈالنا

بے احتیاط: [ع۔ صف] بے پروا۔ غافل

بے احتیاطی: [ع۔ امث] دیکھئے "بے احتیاط" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے اختیار: [ع۔ صف] مجبور۔ بے بس۔ بے قابو

بے اختیاری: [ع۔ امث] دیکھئے "بے اختیار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے اَدَب: [ع۔ صف] گستاخ۔ شریر۔ دوسروں کا لحاظ نہ کرنے والا

بے اَدب بے نصیب، با اَدب بانصیب: [ار مثل] با ادب بانصیب، بے ادب بے نصیب۔

بے اَدَبی: [ع۔ امث] دیکھئے "بے ادب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بے اشتباہ: [ع۔ صف] جس میں کوئی شبہ نہ ہو۔ بے شک

بے اَصل: [ع۔ صف] بے بنیاد۔ بے حقیقت

بے اعتبار: [ع صف] ناقابل اعتماد۔ جو بھروسے کے قابل نہ ہو۔

بے اعتباری: [ع۔ امث] دیکھئے "بے اعتبار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بے اعتنائی: [ع۔ امث] بے پروائی۔ بے توجہی

بے اعتدال: [ع۔ صف] غیر معتدل۔ بدپرہیز۔ انتہا پسند

بے اعتدالی: [ع۔ صف] دیکھئے "بے اعتدال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے امتیاز: [ع۔ صف] بدتمیز۔ بے ادب۔ ناہموار

بے انتہا: [ع۔ صف] بے حد۔ حد سے زیادہ

بے اندازہ: [ف۔ صف] حد سے زیادہ۔ بے حساب

بے اولاد: [ع۔ صف] لاولد۔ جس کے اولاد نہ ہو

بے اولادی: [ع امث] (۱) لاولدی۔ اولاد نہ ہونا (۲) صف: وہ عورت جس کے اولاد نہ ہو۔

بے ایمان: [ع صف] بددین۔ بددیانت۔ دغا باز۔ جھوٹا۔ مکار۔ ناانصاف

بے ایمانی: [ع امث] دیکھئے "بے ایمان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے ایمانی کرنا ؛[ار۔مص۔متعدی] خیانت کرنا۔ غبن کرنا۔ چوری کرنا۔ بدنیتی کرنا۔ انصاف کے خلاف کرنا۔
بے باپ ؛[ار۔صف] سوتیلا بھائی یا سوتیلی بہن جن کا باپ ایک نہ ہو۔
بے باق ؛[فع۔صف] جس کے ذمہ بقایا نہ ہو۔ قرض سے سبکدوش
بے باق کرنا ؛[ار۔مص۔متعدی] چکا دینا۔ ادا کرنا۔ حساب صاف کر دینا
بے باق ہونا ؛[ار۔مص۔لازمی] دیکھئے "بے باق کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بے باقی ؛[فع۔امث] قرض باقی نہ ہونا۔ حساب صاف ہونا (بے باق کا اسم کیفیت)
بے باک ؛[ف۔صف] بے خوف۔ نڈر۔ دلیر
بے باکانہ ؛[ف۔متعلق فعل] بے خوفی سے۔ شوخی سے
بے باکی ؛[ف۔امث] دیکھئے "بے باک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے بال ؛[ف۔صف] بے کس۔ بے یار و مددگار۔ بے سامان
بے بال و پر ؛[ف۔صف] بے کس۔ بے یار و مددگار۔ بے سر و سامان۔ عاجز
بے بال و پری ؛[فع۔امث] دیکھئے "بے بال و پر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے بدل ؛[فع۔صف] بے مثل۔ لاجواب
بے برگ ؛[فع۔صف] (۱) پتوں کے بغیر (۲) محتاج
بے برگ و نوا ؛[ف۔صف] بے کس۔ عاجز۔ بے سر و سامان
بے برگ و نوائی ؛[ف۔امث] دیکھئے "بے برگ و نوا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے بس ؛[ار۔صف] بے اختیار۔ بے چارہ۔ مجبور۔ بے یار و مددگار
بے بسی ؛[ار۔امث] دیکھئے "بے بس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے بصر ؛[فع۔صف] (۱) اندھا۔ نابینا (۲) ناواقف
بے بصری ؛[فع۔امث] دیکھئے "بے بصر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے بلائے خدا کے گھر بھی نہیں جاتے یا بے بلائے خدا کے پاس (یہاں) نہیں جاتے [ار۔مثل] بے طلب کوئی کہیں نہیں جاتا۔
بے بود ؛[ف۔صف] معدوم، نیست، جس کا کوئی وجود نہ ہو
بے بہا ؛[ف۔صف] ان مول۔ بیش قیمت
بے بہرہ ؛[ف۔صف] (۱) بدبخت۔ بے نصیب۔ جو شخص کسی سے فائدہ نہ اٹھائے (۲) خراب۔ خستہ (۳) آوارہ۔ واہیات
بے بہرہ پھرنا ؛[ار۔محاورہ] خراب و خستہ پھرنا۔ آوارہ پھرنا
بے بہرہ ہونا ؛[ار۔محاورہ] بدتمیز ہونا۔ تہذیب سے خالی رہنا۔ آزاد ہونا۔ بے سرا ہونا۔
بے بھاؤ کی پڑنا ؛[ار۔محاورہ] بہت زیادہ جوتیاں پڑنا۔ بہت مار پڑنا
بے بیاہا ؛[ار۔صف۔مذ] کنوارا۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو
بے بیاہی ؛[ار۔صف۔مث] کنواری۔ جس عورت کی شادی نہ ہوئی ہو۔
بے پایاں ؛[ف۔صف] بے انتہا۔ بے حد۔ بے اندازہ۔ بے کراں
بے پر ؛[ف۔صف] بے کس۔ بے یار و مددگار۔ بے سر و سامان محتاج۔ مفلس
بے پری ؛[ف۔امث] دیکھئے "بے پر" جس کی یہ تانیث ہے
بے پر اڑانا ؛[ار۔محاورہ] بے جا تعریف کرنا
بے پردگی ؛[ف۔امث] دیکھئے "بے پردہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے پردہ ؛[ف۔صف] پردہ سے باہر۔ کھلم کھلا علی الاعلان۔ بے شرم
بے پر کی اڑانا ؛[ار۔محاورہ] بے اصل بات کہنا گپ اڑانا۔ ان ہونی بات مشہور کرنا۔

بے پر کی اڑنا ؛[ار۔محاورہ] دیکھئے "بے پر کی اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بے پروا ؛[ف۔صف] بے نیاز۔ بے خوف۔ غافل
بے پروائی ؛[ف۔امث] آزادی۔ بے فکری۔ غفلت
بے پروانگی ؛[ف۔امث] بے اجازت
بے پرہیز ؛[ف۔صف] بد پرہیز۔ بے احتیاط
بے پرہیزی ؛[ف۔امث] دیکھئے "بے پرہیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے پوچھے پچھے ؛[ار۔صف] بے اجازت۔ بغیر دریافت کیے
بے پیر ؛[ف۔صف] (فارسی میں یہ لفظ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے) جس کا کوئی پیر و مرشد نہ ہو (۱) بے درد۔ ظالم۔ سنگ دل (۲) خود غرض۔ (۳) احسان فراموش (۴) نافرمان (۵) بد اعتقاد (۶) بے ہنر۔ بے کمال
بے پیرا ؛[ار۔صف] جس کا کوئی استاد نہ ہو۔ گورو نہ ہو۔ ناقص۔ بے ہنر اناڑی
بے پیندی / پیندے کا بدھنا ؛[ار۔صف] (وہ بدھنا جس کی پیندی نہ ہو) متلون بقین جو ایک بات پر قائم نہ رہے۔ غیر مستقل مزاج۔ بے ٹھکانے
بے تاب (بیتاب) ؛[ف۔صف] (۱) بے چین۔ بے کل۔ مضطرب (۲) کمزور۔ ناتواں جس میں برداشت کی قوت نہ ہو۔
بے تابانہ (بیتابانہ) [ف۔متعلق فعل] گھبرایا ہوا۔ گھبراہٹ سے۔ بہت جلد۔ فی الفور
بے تابی (بیتابی) [ف۔امث] دیکھئے "بے تاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے تاثیر ؛[فع۔صف] جس میں اثر نہ ہو۔ بے اثر۔ بے فائدہ
بے تاثیری ؛[فع۔امث] دیکھئے "بے تاثیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے تال / بے تالا ؛[ار۔صف] وہ شخص جو لے کو برقرار نہ رکھ سکے اور گانے میں تال سے باہر ہو جائے۔
بے تاک ہونا ؛[ار۔محاورہ] بے پروائی سے خراب ہونا
بے تامل ؛[فع۔صف] بے اندیشہ۔ بے فکر۔ بے دھڑک
بے تحاشا ؛[فع۔متعلق فعل] (۱) مضطربانہ۔ بیتابانہ۔ بے اطمینانی سے (۲) بہت (۳) اندھا دھند
بے تدبیر ؛[فع۔صف] بے اندیشہ۔ بے پروا۔ بے سوچے سمجھے۔
بے تدبیری ؛[فع۔امث] دیکھئے "بے تدبیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے ترتیب ؛[فع۔صف] بے قاعدہ۔ بے سلسلہ۔ گڈمڈ
بے ترتیبی ؛[فع۔امث] دیکھئے "بے ترتیب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے تردد ؛[فع۔صف] (۱) وہ زمین جس میں کاشت نہ کی گئی ہو یا ہل نہ چلایا گیا ہو (۲) فکر اور اندیشہ کے بغیر۔ بے کھٹکے۔
بے ترکیب ؛[فع۔صف] بے جوڑ۔ بے انداز۔ بے تعلق علیحدہ۔ کنارہ کش
بے ترکیبی ؛[فع۔امث] دیکھئے "بے ترکیب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے تصدیع ؛[فع۔صف] بلا تکلیف۔ بے محنت
بے تعلق ؛[فع۔صف] (۱) علیحدہ۔ الگ۔ کنارہ کش (۲) کسی بات میں دخل نہ دینے والا (۳) کسی بات میں دلچسپی نہ لینے والا
بے تعلقی ؛[فع۔امث] دیکھئے "بے تعلق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے تقصیر ؛[فع۔صف] (۱) بے قصور۔ بے جرم۔ بے گناہ (۲) ناحق۔ بے وجہ
بے تقصیری ؛[فع۔امث] دیکھئے "بے تقصیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے تکلفیہ: [ع۔ صف] صاف صاف، کچھ چھپائے بغیر، صاف دلی سے۔
بے ٹنک: [ا۔ صف] بے ڈول۔ بے موقع۔ اول جلول
بے تکا: [ا۔ صف] بغیر موزوں۔ فضول۔ بے موقع (۲) بے حد
بے تکان: [ا۔ صف] بے تکلف۔ بہ آسانی (۲) بے حد (۳) گھوڑے کا بہت تیز بھاگنا۔
بے تکلف: [ف۔ صف] بے ساختہ۔ بے بناوٹ (۲) بے حجاب (۳) بے دھڑک بے خوف (۴) آزاد، سیدھا سادہ (۵) رازداں، محرم راز
بے تکلفانہ: [متعلق فعل] آزادی سے۔ بغیر بناوٹ کے۔ بے ساختہ۔ بے دھڑک
بے تکلفی: [ف ع امث] دیکھئے "بے تکلف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے تکی: [ا امث] دیکھئے "بے تکا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بے تمیز: [ف ع صف] بد تمیز۔ بے سلیقہ۔ بد لحاظ۔ بے ادب
بے تمیزی: [ف ع صف] دیکھئے "بے تمیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے توجہ: [ف ع صف] بے پروا۔ بے فکر۔ غافل جس کا دھیان دوسری طرف ہے
بے توجہی: [ف ع امث] غفلت تغافل بے پروائی۔ نامہربانی۔ بے رخی
بے توفیق: [ف ع صف] کم حوصلہ۔ پست ہمت
بے توفیقی: [ف ع امث] دیکھئے "بے توفیق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے تھانک چوری نہیں ہوتی: [ا۔ مقولہ] بغیر سازش کے چوری نہیں ہوتی۔
بے تھاہ: [ا۔ صف] بہت گہرا یا عمیق۔ بے ٹھکانے
بے ٹکٹ: [ا۔ صف] جو ٹکٹ کے بغیر ہو۔ جس شخص کے پاس اجازت نامہ نہ ہو (۲) وہ خط جس پر ٹکٹ نہ لگایا گیا ہو۔ بیرنگ
بے ٹونٹی کا بدھنا: [ا۔ صف] مخنث۔ ہیجڑا
بے ٹھکانہ: [ا۔ صف] بے موقع۔ بے قرینے۔ بے جا۔ (۲) بے اصل۔ بے نشان بے بنیاد۔ بے پتے (۳) وہ شخص جس کا ٹھور ٹھکانا نہ ہو۔
بے ٹھور ٹھکانے: [ا۔ صف] آوارہ گرد۔ بے گھر (۲) بے موقع بے محل
بے ثبات: [ف ع صف] ناپائیدار۔ بودا۔ کمزور۔ فانی۔ متزلزل
بے ثباتی: [ف ع امث] دیکھئے "بے ثبات" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے ثمر: [ف ع صف] وہ درخت جس پر پھل نہ آئے اور بے فیض انسان
بے ثمری: [ف ع امث] دیکھئے "بے ثمر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے جا: [ف ا صف] بے موقع۔ نامناسب۔ نازیبا۔ بے ٹھکانہ۔ بے کار۔ ناحق۔ نکمی بات۔ فضول۔ ناشائستہ۔ بے سبب۔ بد تہذیب (۲) ناجائز خلاف قانون۔ بے قصور (۳) ناراض
بے جا بات: [ا امث] نامناسب بات۔ بے موقع بات
بے جا صرف کرنا: [ا مص ؟] بے موقع روپیہ لٹانا۔ فضول خرچ کرنا
بے جان: [ف صف] مردہ۔ مرا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ پژمردہ۔ ضعیف۔ نحیف۔ گلا ہوا۔ بودا۔ جمادات۔
بے جانی: [ف امث] دیکھئے "بے جان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے جانے بوجھے: [ا۔ متعلق فعل] بغیر واقفیت کے۔ بغیر شناسائی (۲) بغیر سوچے سمجھے۔
بے جرأت: [فع صف] بزدل۔ ڈرپوک
بے جرم: [فع صف] بے گناہ۔ بے خطا

بے جرم: [فع صف] بے نقص۔ بے دھبے کا (جواہر
بے جگر: [فع صف] بے پروا۔ بہادر۔ دلیر
بے جگری: [ف امث] بہادری۔ دلبری۔ بے پروائی
بے جوڑ: [ا صف] بے میل۔ نامناسب۔ غیر موزوں (۲) جس میں جوڑ نہ ہو۔ (۳) لاثانی۔ یکتا۔ جس کے مقابلے کا کوئی اور نہ ہو۔
بے جہت: [فع صف] بے سبب۔ بلا وجہ
بے چارگی (بیچارگی): [ف امث] دیکھئے "بیچارہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے چارہ (بیچارہ): [ف صف] لاعلاج۔ عاجز۔ بے بس
بے چاری (بیچاری): [ا صف مث] دیکھئے "بیچارہ" جس کی یہ تانیث ہے
بے چال: [ا صف] بے اصول۔ بدذات
بے چراغ: [ف صف] بغیر دیئے کے۔ جہاں چراغ نہ جلتا ہو (آبادی نہ ہو) اجاڑ۔ ویران
بے چراغ ہونا: [ا محاورہ] برباد ہونا۔ ویران ہونا۔ اجاڑ ہونا۔ جوان لڑکے کا مرجانا۔ کمانے والے کا مرجانا۔
بے چگون: [ف صف] وہ جس کی صفات تک عقل کی رسائی نہ ہو۔ مراد اللہ تعالیٰ
بے چگونی: [ف امث] دیکھئے "بے چگون" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے چوبہ: [ف صف امذ] وہ خیمہ جس میں چوب استعمال نہ ہو۔ ۲۔ آسمان
بے چون: [ف صف] وہ جس کی مانند کوئی نہ ہو۔ بے مثل۔ لاجواب۔ مجازاً اللہ تعالیٰ
بے چون و چرا: [ف صف] کسی عذر کے بغیر۔ بے دلیل۔ بے حجت
بے چونی: [ف امث] دیکھئے "بے چون" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے چھری حلال کرنا: [ا محاورہ] بے حد ظلم و ستم کرنا۔ قبل از وقت مار ڈالنا۔
بے چھری حلال ہونا: [ا محاورہ] دیکھئے "بے چھری حلال کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بے چین: [ا صف] بے قرار۔ بے کل
بے چینی: [ا امث] دیکھئے "بے چین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے حاصل: [فع صف] بے فائدہ۔ لاحاصل
بے حاصلی: [فع امث] دیکھئے "بے حاصل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے حال: [ف صف] بیمار۔ جاں بلب۔ مرنے کے قریب۔ برباد۔ تباہ۔ ماندہ ضعف۔ پرانا۔ شکستہ۔ خراب۔ بیکار۔ غریب۔ مفلس
بے حالی: [فع امث] دیکھئے "بے حال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے حجاب: [ف صف] بے پردہ۔ بے تکلف۔ بے شرم۔ بے حیا۔ کھلے خزانے۔
بے حجابانہ: [ف متعلق فعل] بے تکلف۔ بے جھجک۔ بے روک ٹوک۔
بے حجابی: [ف امث] دیکھئے "بے حجاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے حد: [فع صف] بے شمار۔ بے حساب۔ نہایت
بے حرکت: [فع صف] ساکن۔ نہ ہلنے والا۔ قائم
بے حرکتی: [فع امث] دیکھئے "بے حرکت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے حرمت: [فع صف] بے عزت۔ ذلیل

بے حُرمت کرنا: [ا رمحاورہ] بے عزت کرنا. ذلیل (۲) زنا بالجبر کرنا (۳) بُرا کام کرنا
بے حُرمتی: [فع امث] دیکھئے "بے حُرمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے حِس: [فع صف] بے حرکت. ساکن. سُن. جو محسوس نہ کر سکے. جس کو کسی کا احساس نہ ہو (۲) سنگدل
بے حس و حرکت: [فع صف] بالکل ساکن. سُن. غیر متحرک جس میں حس یا حرکت نہ ہو
بے حسی: [فع امث] دیکھئے "بے حس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بے حساب: [فع صف] لاانتہا. بے شمار. بے اندازہ
بے حقیقت: [فع صف] ناچیز. بے وقعت (۲) ذلیل. بے اصل (۳) ناقابلِ خیال. کم قیمت
بے حکم: [فع صف] بلا اجازت. بلا رخصت
بے حکم پتّا نہیں ہلتا: [ا رمقولہ] بغیر خدا کی مرضی کے کچھ نہیں ہوتا
بے حکمت: [فع صف] اناڑی. نادان (۲) بے تمیز. بے عقل
بے حلاوت: [فع صف] بدذائقہ. بے مزہ. بے لطف
بے حمیّت: [فع صف] بے حیا. بے غیرت
بے حواس: [فع صف] بے خود. بے ہوش. پریشان (۲) دیوانہ. پاگل
بے حواس کرنا: [ا رمحاورہ] پریشان کرنا. پاگل کرنا
بے حواس ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بے حواس کرنا" جس کا یہ لازم ہے
بے حواسی: [فع امث] دیکھئے "بے حواس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے حوصلگی: [فع امث] دیکھئے "بے حوصلہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بے حوصلہ: [فع صف] بغیر دلیری یا عزم کے (۲) کمینہ. ذلیل (۳) پست ہمت. مردہ دل (۴) بغیر لیاقت یا قابلیت کے
بے حیا: [فع صف] بے شرم. بے ادب. گستاخ
بے حیا لونڈی: [ھ امث] نہایت بے حیا عورت
بے حیائی رُدبلا: [ا رمثل] بے حیا ہر طرح سے کام نکال سکتا ہے.
بے حیائی: [فع امث] دیکھئے "بے حیا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بے حیائی کا برقع منہ پر ڈالنا: [ا رمحاورہ] بے حیائی کا جامہ پہننا. بے شرمی اختیار کرنا. ڈھیٹ بن جانا
بے حیائی کا برقع اوڑھنا: [ا رمحاورہ] بے حیائی کے کام کرنا. بے شرم ہو جانا
بے خار: [ف صف] (۱) بغیر کانٹوں کا (۲) بے خوف. بے خطر (۳) وہ لڑکا جس کے ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو.
بے خانماں: [ف صف] بے گھر. بے وطن. بے ٹھکانے
بے خایہ: [ف صف] بغیر فوطوں کے. اختہ
بے خایہ کرنا: [ا رمحاورہ] مخنث کرنا / بنانا
بے خبر: [فع صف] لاعلم. ناواقف. غافل. نالائق. بے وقوف. بے عقل بے پرواہ. ناعاقبت اندیش. بے شعور. یکایک. دفعتاً
بے خبری: [ف امث] دیکھئے "بے خبر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بے خرد: [ف صف] بے عقل. ناسمجھ. بے وقوف
بے خطا: [ف صف] بے گناہ. بے قصور. معصوم
بے خطر: [فع صف] نڈر. بے خوف. دلیر. دلاور. محفوظ. امن سے.
بے خلش: [فع صف] بغیر فکر یا اندیشہ. بغیر تشویش

بے خواب: [ف صف] بے نیند کے. بے آرام. بیدار
بے خوابی: [ف امث] دیکھئے "بے خواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بے خواہش: [ف صف] بغیر شوق یا آرزو کے (۲) بے دل. مردہ دل
بے خود: [ف صف] بیہوش. مدہوش. مخمور. سرشار. آپے سے باہر. از خود رفتہ
بے خود کر دینا / کرنا: [ا رمحاورہ] بیہوش کرنا. مخمور کرنا
بے خود ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بے خود کرنا" جس کا یہ لازم ہے
بے خودی: [ف امث] دیکھئے "بے خود" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے خودی کا جوش ہونا: [ا رمحاورہ] بے خودی طاری ہونا
بے خور و خواب: [ف صف] وہ آدمی جو نہ کھائے نہ سوئے. بے آرام مصیبت کا مارا
بے خوف: [ف صف] نڈر. بے پروا
بے خوف کر دینا / کرنا: [ا رمحاورہ] ہمت دلانا / بڑھانا. نڈر کرنا بے پروا کرنا.
بے خوف ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "بے خوف کرنا" جس کا یہ لازم ہے.
بے خوف ہو کر بیٹھنا: [ا رمحاورہ] کسی خطرے کی پروا نہ کرنا. چین سے زندگی گزارنا
بے خوفی: [ف امث] دیکھئے "بے خوف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے خویش: [ف صف] بغیر رشتہ داروں کے
بے خیال: [ف صف] وہ جس کا خیال کسی طرف نہ رہے. بے پرواہ بے دھیان
بے خیالی: [ف امث] دیکھئے "بے خیال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بے داد / بیداد: [ف صف] ناانصاف. ظالم
بے دادگر: [ف صف] ظالم. سفاک
بے دادگری: [ف امث] ظلم. ستم. تعدّی. سفاکی
بیدار: [ف صف] جاگتا ہوا. جاگنے والا
بیدار باش: [ف کلمہ] جاگتے رہو. چوکیداروں کی صدا
بیدار بخت: [ف صف] صاحب اقبال. خوش نصیب
بیدار بختی: [ف امث] دیکھئے "بیدار بخت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بیدار دل: [ف صف] ہوشیار. مستعد. زندہ دل. روشن ضمیر
بیدار دلی: [ف امث] دیکھئے "بیدار دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بیدار کرنا: [ا رمصدر وضعی] جگانا. نیند سے اٹھانا
بیدار مغز: [ف صف] عالی دماغ. ہوشیار
بیدار مغزی: [ف امث] دیکھئے "بیدار مغز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بیدار ہونا: [ا رمصدر وضعی] جاگنا
بیداری: [ف امث] دیکھئے "بیدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
بے داشت: [ف صف] جس کی نگہداشت نہ کی گئی ہو. خراب خستہ.
بے داغ: [ف صف] بغیر دھبے کے. ٹھیک. صاف
بے دام: [ف صف] بغیر قیمت کے. مفت
بے داموں کا غلام: [ف صف] فرمانبردار اور مطیع. مفت کا غلام
بے داموں کی لونڈی: [ف صف] دیکھئے "بے دام کا غلام" جس کی یہ تانیث ہے

بے دانش: [ف صف] بے عقل۔ جاہل۔ بے علم۔ بے وقوف
بے دانشی: [ف امث] دیکھیے "بے دانش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے دانہ: [ف صف] (۱) بغیر دانوں کے (۲) بغیر بیج گٹھلی کے (۳) ایک قسم کا انار۔ ایک قسم کا انگور۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ ایک قسم کا تُوت
بے دانے پانی: [ف اصف] بھوکا پیاسا۔ بے آب و غذا۔ بغیر کھائے پیئے۔
بے دخل: [ف صف] محروم۔ قبضے سے نکالا ہوا۔ بے قبضہ۔ بے تعلق
بے دخل کرنا: [ار محاورہ] مالک جائیداد کے دعوے پر کسی مزارعہ / کرایہ دار کو جائیداد سے بذریعہ حکم عدالت نکالنا
بے دخل ہونا: [ار محاورہ] دیکھیے "بے دخل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بے دخلی (بیدخلی): [ف امث] دیکھیے "بیدخل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے درد: [ف صف] بے رحم۔ ظالم۔ سفاک (۲) معشوق
بے درد قصائی کیا جانے پیڑ پرائی: [ار مث] ظالم کو مظلوم پر / سخت دل کو دوسرے کی تکلیف یا مصیبت پر رحم نہیں آتا۔
بیدردی: [ف امث] دیکھیے "بیدرد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے درمان: [ف صف] لاعلاج۔ جس کا کوئی علاج نہ ہو سکے۔ نا اُمید۔
بے درنگ: [ف صف] بغیر دیر لگائے۔ یکایک۔ فوراً۔ تیز۔ چالاک
بے دریغ: [ف صف] بے سوچے سمجھے۔ بلا توقف۔ بلا تامل (۲) بغیر رنج و افسوس کے (۳) کثرت سے۔ افراط سے (۴) سخی۔ فیاض (۵) ظالم۔ بے رحم (۶) کھلے دل سے۔ بدل و جاں
بے دست و پا: [ف صف] بے ہاتھ پاؤں کا۔ اپاہج۔ لنگڑا لولا (۲) عاجز بے کس۔ پریشان (۳) عاشق (۴) جس کا کوئی رشتہ دار / دوست نہ ہو۔
بے دستور: [فع صف] بے قاعدہ۔ خلاف قانون۔ نامناسب۔ غیر معمولی۔
بے دل: [فع صف] بے جگر۔ جری۔ بہادر (۲) رنجیدہ۔ دل گیر (۳) ناخوش ناراض (۴) افسردہ۔ پژمردہ۔ مغموم (۵) دل برداشتہ (۶) عاشق
بے دلی: [ف امث] افسردگی۔ پژمردگی۔ رنج
بے دم: [ف صف] بے جان۔ تھکا ماندہ۔ خستہ (۲) سانس چڑھا ہوا۔ کند شکست۔ بودا۔ بوسیدہ
بے دماغ: [ف صف] ناخوش۔ ناراض۔ بدمزاج۔ زود رنج
بے دماغی: [ف امث] دیکھیے "بے دماغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے دودھ کا لڑکا رکھنا: [ار محاورہ] چیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا
بے دوس: [ار صف] بے گناہ۔ بے قصور۔ بے خطا
بے دولت: [فع صف] غریب۔ مفلس
بے دولھا کی برات: [ار امث] بے مقصد و بے معنی جلسہ یا ہجوم
بے دھڑک: [ار صف] بے خوف و خطر۔ بے اندیشہ (۲) بے تامل۔ بے تکلف اطمینان سے (۳) بہادر۔ دلیر
بے دہشت: [ار صف] دیکھیے "بے دھڑک"
بے دہن: [ف صف] وہ شخص جس کے منہ سے گھبراہٹ کی وجہ سے بات نہ نکلے۔ جو بات نہ کر سکے۔
بے دید: [ف صف] بے لحاظ۔ بے مروت۔ بے حیا۔ سنگدل۔ ظالم
بے دین: [فع صف] کافر۔ بے راہ۔ بے مذہب

بے دینی: [فع امث] دیکھیے "بے دین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے دیکھے بھالے: [ار صف] بے سوچے سمجھے۔ بغیر تحقیق کیے۔
بے ڈر: [ار صف] بے خوف۔ نڈر
بے ڈول: [ار صف] بدقطع۔ بدنما۔ بدوضع (۲) بدتہذیب۔ ناشائستہ۔ (۳) بے طرح۔ بُری طرح (۴) ناگوار۔ ناپسندیدہ (۵) نازیبا۔ ناروا (۶) بیجا۔
بے ڈھب: [ار صف] (۱) بے ڈول (۲) بے موقع۔ بے محل (۳) از حد بہت افراط سے (۴) چالاک۔ عیار۔ شریر۔ ۵۔ دلیر۔ نڈر۔ ۶۔ بے قابو بے اختیار۔ ۷۔ نہایت سخت۔ دشوار۔ ۸۔ بُری طرح۔ ناواجب طور سے (۹) بے طرح۔ بے طور (۱۰) بے ٹھور۔ بے ٹھکانے (۱۱) عجیب انوکھا۔ طُرفہ (۱۲) سنگدل۔ تیز۔ تُند۔ (۱۳) مُہلک۔ خطرناک (۱۴) مہیب۔ ڈراؤنا۔ خوفناک (۵) (متعلق فعل) بداسلوبی سے۔ بے ڈھنگے پن سے۔ بُری طرح سے۔
بے ڈھب آدمی: [ار امذ] شرارتی شخص۔ بُرا آدمی
بے ڈھب مار پڑنا: [ار محاورہ] بہت پٹنا
بے ڈھنگا: [ار صف] ناشائستہ۔ بدتمیز۔ بدتہذیب (۲) نامعقول۔ نازیبا۔ غیر موزوں (۳) بدچلن۔ بداسلوب (۴) بدشکل۔ بھدا۔ بدصورت۔
بے ڈھنگا پن: [ار امذ] ناشائستگی۔ بدتہذیبی۔ بھونڈا پن۔ بداسلوبی
بے ڈھنگا کارخانہ: [ار امذ] غیر موزوں طریقہ۔ بداسلوبی
بے ڈھنگی: [ا صف مونث] دیکھیے "بے ڈھنگا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بے ڈھنگی بات: [ار امث] بے موقع بات۔ فضول بات
بے ذوق: [ف صف] بے مزا۔ پھیکا
بے ذوقی: [ف امث] دیکھیے "بے ذوق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے راہ: [ف صف] گمراہ۔ لامذہب۔ بدچلن۔ بداطوار (۲) غلط۔ بے جا۔ (۳) خلاف دستور۔ ناجائز۔ بے قاعدہ (۴) بے اُصول
بے راہ چلنا: [ار محاورہ] دستور کے خلاف عمل کرنا۔ بے ضابطگی کرنا۔ (۲) بدچلن ہونا۔
بے راہ قدم اُٹھانا: [ار محاورہ] قاعدے کے خلاف کام کرنا (۲) وضع کے خلاف کام کرنا
بے راہ قدم اُٹھنا / اُٹھ جانا: [ار محاورہ] دیکھیے "بے راہ قدم اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
بے راہ روی: [ار امث] آوارگی۔ بدچلنی
بے ربط: [فع صف] بے جوڑ۔ بے میل۔ بے موقع
بے ربطی: [فع امث] بے ترتیبی۔ ناہمواری
بے رُت: [ار صف] بے موسم۔ بے فصل
بے رُتبہ: [فع صف] کم حیثیت۔ گھٹیل
بے رحم: [فع صف] ظالم۔ بے درد۔ سفاک
بے رحمی: [فع امث] ظلم۔ ستم۔ سفاکی۔ جبر
بے رُخ ہو جانا / ہونا: [ار محاورہ] (۱) بے مروت ہو جانا / ہونا۔ رُوکھا ہونا (۲) رنجیدہ ہونا۔ ناراض ہونا (۳) دھیان نہ رکھنا۔ خیال پھیر لینا (۴) پریشان ہونا
بے رُخی (بیرُخی): [ف امث] بے توجہی۔ بے مروتی۔ بے لحاظی [افعال کرنا۔ ہونا]

بے رضا: [ف اصف] بلا مرضی۔ بغیر اجازت کے
بے رنگ: [ارصف] بے موقع۔ بے لطف۔ پھیکا
بیرنگ: [ارصف] وہ خط یا لفافہ جس پر ڈاک کے ٹکٹ چسپاں نہ ہوں۔
بے رنگی: [ارامث] وہ حالت جس میں خدا کے سوا کسی سے تعلق نہیں رہتا۔
بے رُو: [ارصف] بے حیا۔ ڈھیٹ۔ بے شرم۔ بے رحم
بے رُوپ: [ارصف مث] بدشکل۔ بدنما۔ بدصورت
بے روز: [ارصف] بدقسمت
بے روزگار: [ف صف] جس کی آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ نوکری سے موقوف شدہ۔
بے روزگاری: [ف امث] دیکھئے "بے روزگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے روزہ: [ف صف] بغیر روزہ رکھے ہوئے
بے روزی: [ف امث] دیکھئے "بے روز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے روغن چراغ جلنا مشکل ہے: [ا رمثل] بغیر روپیہ کچھ نہیں ہو سکتا۔
بے روک ٹوک: [ارصف] بے اندیشہ۔ بے خوف۔ بے خطر۔ اطمینان سے بغیر روک کے جانے کے۔
بے رونق: [ارصف] بے لطف۔ بغیر چہل پہل۔ سُونا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
بے رونقی: [ارامث] دیکھئے "بے رونق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے رونقی چھا جانا: [ا رمحاورہ] سنسان ہو جانا
بے روہت: [ارصف] دیکھئے "بے رونق"۔
بے رہی: [ارصف] بے راہی
بے رُوئی: [ف امث] دیکھئے "بے رُو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے ریا: [ف صف] مخلص۔ صاف باطن
بے ریائی: [ف امث] دیکھئے "بے ریا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے ریب و ریا: [ف صف] بے ریا
بے ریش: [ف صف] وہ شخص جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔ ۲۔ امرد
بے ریشا: [ف صف] دیکھئے "بے ریش"
بے ریشہ: [ف صف] جس میں رگیں نہ ہوں۔ جیسے بے ریشہ آم یا گوشت۔
بے ریو و ریب: [متعلق فعل] بغیر فریب و شک۔ بلا نقص
بے زار: [ف صف] ناراض، ناخوش۔ ۲۔ افسردہ، پریشان [افعال۔ کرنا۔ ہونا]
بے زاری: [ف امث] دیکھئے "بے زار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے زبان: [ف صف] خاموش۔ کم سخن۔ کم بولنے والا (۲) غریب۔ مسکین (۳) وہ جو اپنا حالِ دل بیان نہ کر سکے (۴) گونگا (۵) حیوان
بے زبانی: [ف امث] دیکھئے "بے زبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے زر: [ف صف] غریب۔ مفلس۔ تہی دست
بے زر عشق ٹیں ٹیں: [ا رمثل] بغیر روپیہ کے عشق و عاشقی نہیں ہو سکتی۔
بے زری: [ف امث] دیکھئے "بے زر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے زوال: [ف صف] نہ گھٹنے والا۔ قائم۔ پائیدار
بے زہرہ: [ف صف] بغیر پتے کے۔ بغیر گھٹنے کے۔ بغیر کہنے کے (۲) قانع صابر۔ نیک طبیعت

بے زیب و زینت (ف صف) بدشکل، بدوضع، بدنما لباس پہنے ہوئے
بے زیر کئے: [ف صف] بغیر فتح پائے۔ بغیر گرائے۔ بغیر شکست دیئے۔
بے زین: [ف صف] (گھوڑا) بے زین کے۔ ننگی پیٹھ۔ بغیر کاٹھی کے۔
بے زین سواری گانٹھنا: [ا رمحاورہ] (۱) گھوڑے پر بغیر زین (کاٹھی) کے سواری کرنا (۲) زنا کرنا
بے ساختگی: [ف صف] سادگی۔ بھولا پن۔ سیدھا پن
بے ساختہ: [ف صف] فی البدیہہ۔ بے غور و فکر۔ بے تکلف (۲) بے قصد۔ بے ارادہ (۳) فوراً
بے ساختہ پن: [ف امذ] سادگی
بے ساز / بے ساز و سامان / بے سامان: [ف صف] (۱) بغیر مال و اسباب کے۔ بغیر بوریا بستر کے۔ بغیر آلات اور ہتھیار کے۔
بے سامانی: [ف امث] مفلسی۔ بے زری۔ مال و اسباب کی محتاجی
بے سبب: [ف صف] بلا نتیجہ۔ بے ضرورت۔ بے وجہ
بے ست: [ف صف] بے قابو۔ بے طاقت
بے ستر: [ف صف] بے پردہ۔ بے عزت۔ ننگا
بے ستری: [ف امث] بے پردگی۔ ننگا پن (۲) بے عزتی۔ بے حرمتی۔ بے توقیری۔ بے حیائی۔
بے ستون۔ [ف صف] بغیر ستونوں کے۔ بغیر پایوں کا۔ بے بنیاد (۳) ہیچ۔ ناچیز۔ حقیر۔ (۴) ایران کا ایک مشہور پہاڑ
بے سج: [ف ارصف] بدشکل، بدزیب
بے سخن: [ف صف] خاموش۔ چپ
بے سُدھ: [ارصف] بے تمیز۔ بے عقل۔ نافہم۔ غافل
بے سُدھ بُدھ: [ارصف] بے ہوش۔ مدہوش
بے سر: [ارصف] بغیر سر کے (۲) بغیر سردار کے
بے سر پیر کا: [ارصف] مہمل۔ فضول
بے سر و برگ: [ف صف] دیکھئے "بے سر و سامان"
بے سر و برگی: [ف امث] دیکھئے "بے سر و سامانی"
بے سر و پا: [ف صف] (۱) بے بنیاد۔ مہمل۔ فضول (۲) آوارہ بے ٹھکانے (۳) حیران پریشان (۴) محتاج مجبور
بے سر و پائی: [ف امث] دیکھئے "بے سر و پا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے سر و ساماں۔ [ف صف] غریب۔ مفلس۔ محتاج۔ بے زر۔ بے نوا۔ کنگال۔
بے سر و سامانی: [ف امث] دیکھئے "بے سر و ساماں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے سرا: [ارصف] بغیر سر کے (۲) بغیر سردار کے (۳) بدچلن۔ آوارہ (۴) خود رائے۔ خودسر (۵) لاوارث
بے سُرا: [ارصف] (۱) بدآواز (۲) جس کی آواز موسیقی کے قاعدہ کے خلاف ہو (۳) بے ڈھنگا
بے سُرت: [ارصف] بے ہوش۔ بے وقوف۔ احمق
بے سُری: [ارصف امث] دیکھئے "بے سُرا" جس کی یہ تانیث ہے
بے سری: [ف امث] دیکھئے "بے سر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے سلیقگی : [فع امث] دیکھئے "بے سلیقہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے سلیقہ : [فع صف] بدتمیز۔ پھوہڑ۔ بے ہنر۔ بدانتظام
بے سمجھ : [ار صف] بے وقوف۔ بے عقل
بے سمجھی : [ار امث] دیکھئے "بے سمجھ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے سوچے سمجھے : [ار متعلق فعل] بے پروائی سے۔ بغیر احتیاط کے۔
بے سُود : [ف صف] بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔ عبث
بے سیاق : [فع صف] حساب کے قاعدہ کے خلاف۔ بے قاعدہ
بے شائبہ : [فع صف] بے شبہ۔ بے شک۔ یقیناً
بے شرم : [ف صف] (۱) بے حیا (۲) بے ادب۔ گستاخ
بے شرمی : [ف۔ امث] دیکھئے "بے شرم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے شعور : [فع۔ صف] بے سمجھ۔ نادان۔ احمق۔ بے تمیز
بے شعوری : [فع۔ امث] دیکھئے "بے شعور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے شک : [فع۔ صف] بے شبہ۔ یقینی۔ لازمی۔ صحیح۔ درست
بے شمار : [ف۔ صف] بے حساب۔ ان گنت۔ بے اندازہ۔ بے حد۔ بہت زیادہ
بے صبر/صبرا : [فع۔ صف] بے قرار۔ غیر مطمئن۔ مضطرب۔ ناشکیبا
بے صبری : [فع۔ امث] دیکھئے "بے صبر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے صرفہ : [فع صف] بے فائدہ۔ بہت زیادہ۔ بغیر احتیاط کے
بے صلاح : [فع صف] صلاح مشورے کے بغیر
بے ضابطہ : [فع صف] خلاف قاعدہ۔ خلاف قانون
بے ضابطگی : [فع امث] دیکھئے "بے ضابطہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے ضبط و ربط : [فع صف] (۱) بے قاعدہ و قانون۔ بے ترتیب (۲) بے تعلق
بے ضرورت : [فع صف] جس کی ضرورت نہ ہو (۲) بلا حاجت
بے طاقت : [فع صف] ضعیف و ناتوان۔ کمزور
بے طاقتی : [فع امث] دیکھئے "بے طاقت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے طالع : [فع صف] بدنصیب۔ بدقسمت
بے طالعی : [فع امث] دیکھئے "بے طالع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے طرح : [فع صف] بُری طرح (۲) عجیب طور پر۔ بُرے اندازسے۔ بُرے طریقے سے (۳) بے حد زیادہ (۴) وہ غزل جو مصرع طرح کے خلاف پڑھی جائے۔
بے طریق : [فع صف] ناجائز طور پر۔ بُری طرح۔ بے قاعدہ
بے طلب : [فع صف] بغیر مانگے۔ بن بلائے
بے طمع : [فع صف] بغیر لالچ کے۔ مستغنی
بے طمعی : [فع امث] دیکھئے "بے طمع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے طور : [فع صف] بُری طرح۔ بہت زیادہ
بے طور نظر آنا : [ار محاورہ] مختلف حالت میں ہونا۔ غصّہ میں ہونا
بے عدیل : [فع صف] بے مثال۔ بے نظیر۔
بے عزت : [فع صف] ذلیل۔ خوار۔ رُسوا۔ بدنام۔ بے آبرو۔ بے قدر
بے عزتی : [فع امث] دیکھئے "بے عزت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
(افعال: کرنا۔ ہونا۔
بے عقل : [فع صف] ناسمجھ۔ کم فہم۔ احمق۔ نادان۔ بے وقوف

بے عقلی : [فع امث] دیکھئے "بے عقل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے علت : [فع صف] بے سبب۔ بے وجہ
بے عنوان : [فع صف] جس کا کوئی عنوان نہ ہو۔ سُرخی کے بغیر۔ بے قاعدہ
بے عنوانی : [فع امث] بے قاعدگی۔ بے ضابطگی۔ بدانتظامی
بے عیب : [فع صف] پاک صاف۔ عمدہ۔ اچھا۔ کھرا۔ بے داغ۔ بے نقص
بے عیب ذات خدا کی : [ار۔ مقولہ] خدا تعالیٰ کی ذات میں کسی قسم کا عیب یا نقص کی
بے عیبی : [فع امث] دیکھئے "بے عیب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے غایت : [فع صف] بے انتہا۔ بے حد
بے غرض : [فع صف] بے طمع۔ بے پرواہ۔ بے تعلق۔ خواہش نہ رکھنے والا
بے غرضانہ : [فع متعلق فعل] بے پروائی سے۔ بے غرضی سے
بے غرضی : [فع امث] دیکھئے "بے غرض" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے غل و غش : [فع صف] بے دریغ۔ اندھا دھند۔ بے پروائی سے بے تکلف۔ بے محنت و تکلیف۔ کثرت سے۔
بے غم : [فع صف] بے فکر۔ بے تردّد۔ مطمئن۔ مگن
بے غمی : [فع امث] دیکھئے "بے غم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے غیرت : [فع صف] بے حیا۔ بے شرم۔ بے حمیت
بے غیرتی : [فع امث] دیکھئے "بے غیرت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے غیرتی پر کمر باندھنا : [ار محاورہ] بے شرم بن جانا۔ بے حیائی پر آمادہ ہونا۔
بے غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں پر رکھنا : [ار محاورہ] بے غیرت بن جانا۔ بے حیا بن جانا۔
بے غیرتی کا جامہ پہننا : [ار محاورہ] بے حیائی اختیار کرنا۔ بے حیا بن جانا۔ بے شرم بن جانا۔
بے فائدہ : [فع صف] بے کار۔ بے نفع۔ بے وجہ۔ بے ضرورت بے پرواہ۔
بے فصل : [فع صف] بے وقت۔ موسم کے خلاف (۲) فاصلے کے بغیر۔ مسلسل
بے فصل کی بہار : [ف ار امث] وہ بہار جو موسم کے خلاف ہو۔ بے موسم پھل بیچتے وقت پھیری والے کی صدا۔
بے فکر/فکرا : [فع صف] وہ شخص جسے کسی قسم کی فکر نہ ہو۔ بے پرواہ۔ آزاد منش۔
بے فکری : [فع امث] دیکھئے "بے فکر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے فیض : [فع صف] سُوم۔ بخیل۔ کنجوس (۲) جس سے کوئی فائدہ نہ پہنچے۔
بے فیض اگر یوسف ہے تو کیا ہے : [ار مثل] جس شخص سے فائدہ نہ پہنچے وہ خواہ کچھ بھی ہو بیکار ہے۔
بے قابو : [فع صف] قابو سے باہر۔ اپنے بس سے باہر۔ خود مختار۔ آزاد

بے قاعدگی (فع۔ امث) دیکھئے "بے قاعدہ" جس کا اسم کیفیت ہے۔
بے قاعدہ (فع۔ صف) اصول کے خلاف۔ دستور کے خلاف۔ بے ترتیب۔ بے موقع
بے قدر : [فع صف] بے عزت۔ بے رتبہ۔ ناچیز
بے قدرا : [فع ا رصف] ناشناس۔ ناسپاس۔ قدر نہ کرنے والا کسی ہنر کی داد نہ دینے والا۔
بے قدری : [فع امث] بے وقعتی / بے عزتی۔ فضیحت کس مپرسی۔
بے قرار : [فع صف] بے صبر۔ بے تاب۔ بے چین۔ پریشان۔ مضطرب
بے قراری : [فع امث] دیکھئے "بے قرار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے قرینہ : [فع صف] بے ٹھکانے۔ بے موقع۔ گڑبڑ (۲) پریشان بے ترتیب
بے قصد : [فع صف] بے ارادہ۔ دفعتاً۔ یونہی
بے قصور : [فع صف] بے خطا۔ بے جرم۔ بے گناہ۔ پاک۔ معصوم
بے قضا مارنا : [ا رمحاورہ] وقت سے پہلے مارنا۔ بے موت مارنا۔
بے قلعی : [فع صف] وہ برتن جس پر قلعی نہ ہوئی ہو۔
بے قول : [فع صف] بے ایمان۔ دغاباز۔ بات پر قائم نہ رہنے والا
بے قیاس : [فع صف] بے شمار۔ بے حساب (۲) خیال سے باہر
بے قیاسی : [فع امث] بے خیالی۔ بے دھیانی
بے قید : [فع صف] آزاد۔ کھلے بندوں۔ بلا شرط۔ ناپابند۔ آوارہ۔ بے روک
بے کاج : [ا رصف] بے کار۔ بے کام
بے کار : [ف صف] نکما۔ ناکارہ (۲) ناقص۔ خراب (۳) بے روزگار (۴) فضول۔ خالی
بیکار بیٹھنا : [ا رمحاورہ] کچھ کام نہ کرنا۔
بے کار سے بیگار بھلی : [ا رمثل] خالی رہنے سے مفت کام کردینا ہی اچھا ہے
بے کار مباش کچھ کیا کر } [ا رمثل] کچھ نہ کرنے سے گھٹیا کام کرنا ہی بہتر ہے
کپڑے ہی ادھیڑ کر سیا کر } آدمی کو کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہئے۔
بے کارن : [ہ صف] بے فائدہ۔ بے وجہ۔ بے ارادہ
بے کاری : [ف امث] دیکھئے "بیکار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے کراں : [ف صف] بے حد۔ بے انتہا۔ لامحدود۔ بغیر کناروں کے۔ بہت وسیع
بے کرانی : [ف امث] دیکھئے "بے کراں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے کس : [ف صف] بے یار و مددگار۔ تنہا۔ محتاج۔ غریب
بے کسانہ : [ف متعلق فعل] عاجزی سے۔ بغیر امداد کے۔ بے چارگی سے
بے کسی : [ف امث] دیکھئے "بے کس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے کھٹکے : [ا رصف] بغیر کسی کے بغیر نقصان کے، بلا تکلف، صحیح و سالم۔
بے کفن : [فع صف] بغیر کفن کے۔ جس کو کفن نہ ملا ہو۔
بے کفنی : [ا رامث] دیکھئے "بے کفن" جس کی یہ تانیث ہے
بے کل : [ا رصف] بے قرار۔ بے چین۔ بے آرام۔ بے تاب
بے کلی : [ا رامث] دیکھئے "بے کل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے کلیجے : [ا رصف] بے جگر
بے کم و کاست : [ف صف] ٹھیک ٹھیک۔ درست۔ بغیر کمی بیشی کے مکمل۔
بے کینڈے : [ا رامف] بدقطع۔ جس کی شکل و صورت درست نہ ہو۔
بے گانگی : [ف امث] بے تعلقی۔ نیز دیکھئے "بیگانہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے گانہ (بیگانہ) : [ف صف] (۱) غیر۔ پرایا۔ دوسرے کا (۲) "یگانہ" کی ضد (۳) اجنبی۔ پردیسی (۴) خودرو
بے گانہ خو : [ف صف] جس کی فطرت میں میل جول نہ ہو۔ اکھڑ۔ غیر مانوس
بے گانہ سر پنسیری کی جگہ : [ا رمثل] جب کوئی دوسرے سر کی قسم کھاتا ہے تو کہتے ہیں۔ یعنی اس قسم کا کوئی اعتبار نہیں۔ دوسرے کی چیز کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔
بے گانہ سر کدو کے برابر : [ا رمثل] دیکھئے "بیگانہ سر پنسیری کی جگہ"
بے گانہ وار / وش : [ف متعلق فعل] غیروں کی مانند۔ اجنبی کی طرح
بے گانی کھتی پر جھینگر ناچے : [ا رمثل] دوسرے کی حیثیت پر غرور کرنا
بے گانے بردے آزاد کرنا : [ا رمحاورہ] غیر کے مال پر فیاضی دکھانا
بے گانے فلانے پر شکرا پالا : [ا رمثل] دوسرے کے بھروسے پر ذمہ داری کا کام اپنے سر لیا۔
بے گاہ : [ف صف] بے وقت
بے گماں : [ف صف] بے شک۔ بے شبہ
بے گناہ : [ف صف] بے قصور۔ بے جرم۔ ناحق
بے گناہی : [ف امث] دیکھئے "بے گناہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے گنت : [ا رصف] بے شمار۔ بے حساب۔ بے انتہا۔
بے گنتی : [ا رصف] دیکھئے "بے گنت"۔
بے گور و کفن : [ف صف] جسے نہ کفن دیا جائے اور نہ دفن کیا جائے۔
بے گھرا : [ا رصف] (۱) بے خانماں (۲) وہ شخص جس کا گھر بار نہ ہو۔
بے لاگ : [ا رصف] (۱) صاف۔ بے غرض (۲) کھرا ستھرا۔ پاک (۳) غیر جانبدار (۴) بے تعصب
بے لاگ لپیٹ : [ا رصف] صاف۔ صاف۔ طرف داری کے بغیر
بے لاڈ لپیٹ : [ا رصف] دیکھئے "بے لاگ لپیٹ"
بے لباس : [فع صف] ننگا۔ عریاں
بے لباسی : [فع امث] دیکھئے "بے لباس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے لحاظ : [فع صف] بے شرم۔ بے حیا (۲) گستاخ۔ بے ادب (۳) بے مروت
بے لحاظی : [فع امث] دیکھئے "بے لحاظ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے لڑے بھڑے : [ا رمتعلق فعل] لڑائی کے بغیر، جھگڑے کے بغیر
بے لطف : [فع صف] (۱) نامہربان۔ بے شفقت (۲) بے مزا۔ بے ذائقہ۔ بے لذت (۳) غیر دلچسپ۔ غیر دل کش
بے لطفی : [فع امث] دیکھئے "بے لطف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے لگام : [ف صف] (بغیر لگام کے گھوڑا) (۱) سرکش۔ آزاد (۲) منہ پھٹ گستاخ۔ بے ادب (۳) بے قابو۔ بے روک

بے لگامی : [ف امث] دیکھئے "بے لگام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے لگاؤ : [ار صف] (۱) بے جوڑ۔ بے ربط۔ بے لاگ (۲) الگ۔ جدا۔ محفوظ (۳) غیر جانبدار۔ بے تعصب
بے لوث : [فع صف] خالص۔ بے آمیزش (۲) بے غرض۔ پُرخلوص
بے لوثی : [فع امث] دیکھئے "بے لوث" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے لئے دیئے : [ار صف] بغیر صرف کرنے کے۔ بغیر خرچ کیے۔ بغیر رشوت دیئے۔
بے مات : [ار صف] سوتیلا یا سوتیلی۔ جن کی ماں ایک نہ ہو۔ بغیر ماں کا بغیر ماں کی
بے مار کی توبہ : [ار امث] جب کوئی شخص بغیر وجہ کے روئے تو کہتے ہیں۔
بے مارے مرنا : [ار محاورہ] قبل از وقت مرنا۔ بے موت مرنا۔
بے مان : [ار صف] بے عزت۔ رسوا۔ ذلیل و خوار
بے مانند : [ف صف] بے مثل۔ بے نظیر
بے مادمن : [ف صف] جس کو تن بدن کا ہوش نہ ہو۔ بے خود۔ نصابت کے بغیر۔
بے مایہ : [ف صف] مفلس۔ محتاج۔ نادار
بے مایگی : [ف امث] دیکھئے "بے مایہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے مثال / مثل : [فع صف] بے نظیر۔ لاجواب
بے محابا : [فع صف] بے دھڑک۔ بے تکلف (۲) بے خوف۔ بے ڈر بے حجاب
بے محاسبہ : [فع صف] بے مواخذہ بے سوچے سمجھے
بے محل : [فع صف] بے موقع۔ بے وقت۔ بے ڈھب۔ بے جا
بے مراد : [عف صف] جس کی کوئی مراد نہ ہو۔ بے مدعا۔ مستغنی۔
بے مروت : [فع صف] بے لحاظ۔ طوطا چشم (۲) ظالم نامہربان
بے مروتی : [فع امث] دیکھئے "بے مروت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے مزگی : [ف امث] دیکھئے "بے مزہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے مزہ : [ف صف] (۱) بے لطف۔ خراب۔ بدذائقہ (۲) ناساز۔ علیل۔ (۳) رنجیدہ۔ ناخوش
بے مصرف : [فع صف] بے فائدہ۔ بے کار۔ نکما۔ بے نتیجہ
بے معنی : [فع صف] مہمل۔ لغو۔ بیہودہ۔ بے سروپا
بے مغز : [فع صف] خالی۔ کھوکھلا (۲) پوچ۔ لچر۔ شبک
بے مقدار : [فع صف] بے وقار۔ بے وقعت
بے مقداری : [فع امث] دیکھئے "بے مقدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے مقدور : [فع صف] کم حیثیت مفلس۔ نادار
بے مقدوری : [فع امث] دیکھئے "بے مقدور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے منت : [فع صف] (۱) بغیر احسان کے (۲) بے پرواہ۔ بے نیاز (۳) بے تردد۔ بے تکلف (۴) بے سوچ بچار (۵) بے دریغ
بے منتا : [ار امذ] بھنگ چھاننے کی صافی۔ وہ دوشاخا لکڑی جس میں بھنگڑ صافی باندھ کر بھنگ چھانتے ہیں۔
بے موت مارنا : [ار محاورہ] قبل از وقت مارنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا صدمہ دینا۔

بے موت مرنا : [ار محاورہ] دیکھئے "بے موت مارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
بے موجب : [فع صف] بے سبب۔ بلاوجہ (۲) بے موقع (۳) خلاف دستور۔ بے جا
بے موسم : [فع صف] بے وقت۔ بے رُت
بے موقع : [فع صف] بے محل۔ بے وقت۔ نازیبا۔ نامناسب
بے مہار : [فع صف] آزاد۔ بے روک
بے مہر : [ف صف] بے مروت۔ بے رحم۔ بے محبت
بے مہری : [ف امث] دیکھئے "بے مہر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے میر بازی ابتر : [ار مثل] (گنجفہ کی بازی میں جو پہلی تقسیم میں کسی کے پاس میر نہیں آتا تو وہ یہ فقرہ کہہ کر بازی ملا دیتا ہے اور پتے از سر نو تقسیم کیئے جاتے ہیں) بغیر سرپرست کے جماعت آوارہ اور پریشان رہتی ہے۔
بے میل : [ار صف] جو کسی سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔ بے جوڑ۔ بے ربط
بے نام : [ف صف] گم نام
بے نام و نشان : [ف صف] گم نام۔ بے پتے۔ بے ٹھکانے
بے نصیب : [ف صف] بد قسمت۔ بدنصیب۔ محروم۔ بدبخت
بے نصیبی : [ف امث] دیکھئے "بے نصیب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے نظیر : [فع صف] بے مثال۔ لاجواب۔ لاثانی بے بدل۔ بے مانند۔
بے نقط سنانا : [ار محاورہ] گالیاں دینا۔ فحش گالیاں دینا
بے نقط گالیاں دینا : [ار محاورہ] دیکھئے "بے نقط سنانا"
بے نماز : [ف صف] نماز نہ پڑھنے والا۔ تارک نماز
بے نماز ہونا : [ار محاورہ] (۱) نماز نہ پڑھنا۔ نماز ترک کر دینا (۲) عورت کا حیض سے ہونا
بے نمک : [ف صف] پھیکا۔ بے مزہ۔ بے رنگ (۲) غیر دلچسپ (۳) وہ آدمی جس کے رنگ میں ملاحت وکشش نہ ہو۔ بے رونق
بے نمک آواز : [ف امث] وہ آواز جس میں کچھ لطف نہ ہو۔ بے اثر آواز
بے نمکی : [ف امث] دیکھئے "بے نمک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے نمود : [ف صف] غیر مشہور، غیر معروف، غیر نمایاں، غیر اہم، کم رُتبہ۔
بے ننگ : [ف صف] بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزت
بے ننگ و نام / ناموس : جس کو عزت کا پاس نہ ہو۔ بے شرم بے حیا۔ بدچلن (ف صف)
بے نوا : [ف صف] بے کس۔ بے سامان (۲) مسلمانوں کے ایک فرقے کا نام جو مذہبی پابندیوں سے آزاد رہتا ہے۔ ناپابند مذہب فقیروں کا ایک گروہ
بے نوائی : [ف امث] دیکھئے "بے نوا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے نوائی کرنا : [ار محاورہ] بے نوا فقیروں کا طریقہ اختیار کرنا۔
بے نہایت : [فع صف] بے انتہا۔ بے حد
بے نیاز : [ف صف] (۱) مستغنی (۲) بے پروا (۳) بے طمع۔ بے غرض (۳) آزاد۔ جو کسی کا محتاج نہ ہو۔
بے نیازی : [ف امث] دیکھئے "بے نیاز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بے نیل مرام: [فع صف] بغیر کامیابی کے حصول مقصد کے بغیر ناکام - نامراد۔
بے نیام: [ف - صف] (۱) نیام سے باہر، ننگی (تلوار وغیرہ) (۲) بے روک ٹوک
بے وارث / بے وارثا: [فع (ار) صف] جس کا کوئی والی وارث نہ ہو۔
بے وارثی: [فع - ار - صف مث] وہ عورت جس کا خاوند مرجائے یا جس کا کوئی مرد سرپرست نہ ہو (افعال - کہلانا - ہونا)
بے وارثی ناؤ ڈانوا ڈول: [ار - مثل] لاوارثی چیز کی فکر کسی کو نہیں ہوتی (۲) بے مالک کے سب کام خراب ہوجاتے ہیں۔
بے واسطہ / واسطے: [فع صف] بے وسیلہ - بے ذریعہ، خواہ مخواہ - بے سبب، ناحق
بے وجہ: [فع صف] بغیر کسی سبب کے۔
بے وحدت: [فع صف] بے حیا - بے شرم - بے ادب - بدلحاظ
بے وسواس: [دمتعلق فعل] بے کھٹکے - بلاتامل
بے وطن: [فع صف] وطن اور ملک سے نکالا ہوا - پردیسی۔
بے وطنی: [فع امث] دیکھئے "بے وطن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے وفا: [فع صف] وہ شخص جو دوستی کا حق ادا نہ کرے - بدعہد - بے مروت ناشکرا
بے وفائی: [فع امث] دیکھئے "بے وفا" جس کا اسم کیفیت ہے۔
بے وقار: [فع صف] بے عزت - ذلیل - اوچھا - بے قدر - کمینہ
بے وقت: [فع صف] بے موقع - بے محل - اوپر سویر
بے وقت کا الاپ: [ار امذ] ہنگام نامناسب فعل - جھگڑا
بے وقت کا راگ: [ار امذ] بے وقت - بے موقع بات
بے وقت کی چڑھنا: [ار محاورہ] نامناسب فعل کرنا - بے موقع نشہ ہونا بے موقع بات کرنا
بے وقت کی راگنی: [ار امث] دیکھئے "بے وقت کا راگ"
بے وقت کی سوجھنا: [ار محاورہ] بے موقع بات کرنا، نامناسب جھگڑا
بے وقت کی شہنائی: [ار امث] بے موقع بات - بے وقت کام
بے وقر: [فع صف] بے عزت ذلیل - خوار - کم ظرف - فرومایہ
بے وقری: [فع امث] دیکھئے "بے وقر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے وقعت: [فع صف] بے عزت - بے اعتبار - بے وزن
بے وقوف: [فع صف] کم عقل - احمق - نادان [افعال: بننا - بنانا]
بے وقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں: [ار مقولہ] بیوقوف کی کوئی خاص ظاہری پہچان نہیں وہ اپنی حرکتوں سے پہچانا جاتا ہے
بے وقوفی: [فع امث] دیکھئے "بیوقوف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے ہاتھ پاؤں ہلائے کچھ نہیں ملتا: [ار مقولہ] بغیر کوشش اور محنت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا
بے ہاتھ پاؤں ہلائے لقمہ منہ میں نہیں جاتا: [ار مقولہ] بغیر محنت کے کھانا میسر نہیں ہوتا۔
بے ہمال: [فع - صف] لاثانی - بے نظیر
بے ہمت: [فع صف] کم حوصلہ - پست ارادہ (۲) سست - کاہل - بزدل۔

بے ہمتا: [ف صف] بے مثل - جس کے برابر کوئی نہ ہو - بے نظیر
بے ہمتی: [فع امث] دیکھئے "بے ہمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے ہمہ و با ہمہ: [ف صف] جو سب کے ساتھ ہو اور کسی کے ساتھ نہ ہو۔ خدا تعالیٰ کی صفت (۲) وہ شخص جو دنیاوی جھگڑے فساد سے الگ رہ کر سب سے میل جول رکھے۔
بے ہنر: [ف صف] وہ شخص جسے کچھ نہ آتا ہو - نکما اور پھوہڑ - جو کوئی کام نہ کرسکتا ہو۔
بے ہنرا: [ف ا رصف] بے ہنر مرد
بے ہنری: [ف ا رصف] دیکھئے "بے ہنرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
بے ہنری: [ف امث] دیکھئے "بے ہنر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے ہنگام: [ف صف] بے وقت - بے موقع
بے ہنگم: [ف صف] بے موقع - غیر موزوں - بے ڈول - بھدا
بے ہودگی: [ف امث] دیکھئے "بے ہودہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے ہودہ: [ف صف] ناحق باطل (۲) لغو - واہیات (۳) خراب - نکما۔ (۴) ناشائستہ غیر مہذب (۵) بے فائدہ - ناجائز - بے نتیجہ۔
بے ہودہ پھرنا: [ار محاورہ] مارا مارا پھرنا - آوارہ پھرنا
بے ہودہ گو: [ف صف] فضول بکنے والا
بے ہودہ گوئی: [ف امث] دیکھئے "بے ہودہ گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
بے ہوش: [ف صف] بے خبر ناواقف - غافل (۲) بدحواس - ذریفتہ (۳) کم سن
بے ہوشی: [ف امث] دیکھئے "بے ہوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بے یار: [ف صف] بے کس - جس کا کوئی ساتھی اور ہمدرد نہ ہو
بے یار و مددگار: [ف صف] جس کا کوئی ساتھی اور مدد کرنے والا نہ ہو بے کس
بے یاری: [ف امث] دیکھئے "بے یار" جس کا اسم کیفیت ہے۔
بیا: [ہ امذ] ایک چھوٹی زرد رنگ کی چڑیا جو گھونسلا بنانے میں مشہور ہے (۲) وہ شخص جو بازار میں غلہ تولتا ہے۔
بیا: [ہ - امذ] بیج - تخم
بیاباں: [ف امذ] ریگستان - جنگل - ویرانہ - اجاڑ - جہاں کوسوں تک پانی اور درخت نہ ہو۔
بیابانِ قدس: [فع امذ] بیت المقدس کا جنگل
بیاباں گرد: [ف صف فاعلی] صحرا نورد - جنگلوں میں پھرنے والا
بیاباں مرگ: [ف صف] وہ شخص جو جنگل میں مرجائے اور اس کا کوئی پرسان حال نہ ہو۔
بیاباں نورد: [ف صف فاعلی] دیکھئے "بیاباں گرد"
بیابانی: [ف صف] جنگل کا - جنگلی - جنگل میں رہنے والا
بیاج: [ہ امذ] سود - منافع - ربوا - زیادتی - کسی چیز کے بدلے میں وہی چیز زیادہ لینا۔
بیاج پر بیاج: [ہ امذ] سود در سود - سود مرکب - بیاج کا بیاج
بیاج خور / بیاج چڑھیا: [ہ ف صف فاعلی] سود لینے والا - ناجائز مال کھانے والا
بیاجو: [ہ صف] سودی - وہ ادھار جو سود پر لیا جائے۔

بیادھ : [ہ امذ] (۱) روگ۔ بیماری (۲) جھگڑا۔ فساد۔ فتنہ

بیار / بیال : [ہ امث] باد۔ ہوا۔ آندھی۔ جھکڑ

بیاری : [ہ امث] رات کا کھانا

بیاز : [ہ امذ] دیکھئے "بیاج" جو صحیح ہے۔

بیازو : [ا رصف] دیکھئے "بیاجو" جو صحیح ہے۔

بیاسی : [ا ر اعدد] اسّی اور دو۔ ۸۲۔

بیاض : [ع امث] (۱) سفیدی۔ اُجلاپن (۲) چیدہ اشعار اور مضامین لکھنے کی کتاب۔ یادداشت کی کاپی (۳) رمل کی سولہ شکلوں میں سے ایک شکل کا نام

بیاضی : [ع صف] دیکھئے "بیاض" جس سے یہ منسوب ہے۔

بیاکرن : [ہ امذ] قواعد صرف و نحو

بیاکل : [ہ صف] دیکھئے "بے کل"

بیالا : [ہ امذ] دیوار کا سوراخ۔ روشندان (۲) ترکش۔ کھتا۔

بیالو : [ہ امذ] رات کا کھانا

بیالیس : [ا ر اعدد] چالیس اور دو کا مجموعہ۔ ۴۲۔

بیان : [ع امذ] (۱) قول۔ مقولہ۔ تقریر۔ گفتگو (۲) اظہار۔ شہادت (۳) تفصیل۔ تفسیر (۴) باب (۵) مضمون (۶) فصل (۷) مقدمہ۔ معاملہ (۸) ذکر۔ (۹) خبر۔ اطلاع (۱۰) وہ علم جس میں تشبیہ اور استعارے وغیرہ کے ذریعے ایک بات کو کئی طریقوں سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

بیانِ امرِ واقعی : [ع ا امذ] ٹھیک بات کا اظہار

بیان بدلنا : [ا رمحاورہ] بات بدلنا۔ اپنی پہلی بات سے پھر جانا۔ اپنی کہی ہوئی بات کے خلاف بیان کرنا۔

بیانِ تائیدی : [ع امذ] کسی بیان کی تائید میں یا حمایت میں دیا ہوا بیان

بیانِ تحریری : [ع امذ] وہ بیان جو لکھا ہوا ہو یا لکھ کر دیا جائے۔

بیانِ تقریری : [ع امذ] وہ بیان جو زبانی دیا جائے۔

بیانِ دعویٰ : [ع امذ] ثبوت دعویٰ۔ دعوے کی تفصیل۔ حقیقت حال

بیانِ ضمنی : [ع امذ] اصل مطلب کے درمیان یونہی آجانے والا ذکر

بیان کرنا : [ا رمص و متعدی] ظاہر کرنا۔ گفتگو کرنا۔ کہنا (۲) سرگزشت دہرانا

بیانا : [ہ مص] مویشیوں کا بچے دینا۔

بیانا : [ا ر امذ] دیکھئے "بیعانہ" جو صحیح ہے۔

بیاہ : [ہ امذ] شادی۔ نکاح۔ عقد۔ کتخدائی۔ رجاما

بیاہ پیچھے بدھاور، بیاہ پیچھے برات : [ا رمثل] بے موقع چیز کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

بیاہ پیچھے پتل بھاری : [ا رمثل] بڑے مصارف کے بعد تھوڑا خرچ بھی ناگوار ہوتا ہے۔

بیاہا : [ہ صف] وہ شخص جس کا بیاہ ہو چکا ہو۔

بیاہتا : [ہ صف] منکوحہ۔ شادی شدہ عورت۔ وہ عورت جو قومی رسم و رواج کے مطابق شادی کر کے لائی جائے۔

بیاہ جانا : [ا رمحاورہ] شادی کے بعد لڑکی کا میکے سے سسرال جانا۔

بیاہ رچانا : [ا رمحاورہ] شادی کا سامان کرنا۔ خوشی کرنا۔ شادی کی دھوم دھام کرنا۔

بیاہ کا جوڑا : [ا رامذ] وہ کپڑے جو دولہا یا دلہن شادی کے موقع پر پہنتے ہیں۔

بیاہ کرنا : [ا رمص و متعدی] شادی کرنا۔ نکاح کرنا

بیاہ کیے کی لاج ہے : [ا رمثل] اپنے کیے کو نبھانا پڑتا ہے۔

بیاہ مانگنا : [ا رمحاورہ] شادی کی خواہش کرنا۔ شادی کی تاریخ مقرر کرانا۔ شادی کا تقاضا کرنا۔

بیاہ میں بیج کا لیکھا : [ا رمثل] ایک کام میں دوسرا بے محل کام کرنا۔

بیاہنا : [ا رمص] بیاہ کرنا۔ شادی کرنا

بیاہ نہیں کیا براتیں تو دیکھی ہیں : [ا رمثل] ایک کام بذاتِ خود نہیں کیا مگر لوگوں کو کرتے دیکھا ہے۔

بیاہ ہوا نہیں گونے کا جھگڑا : [ا رمثل] اصل بات کا موقع نہیں آیا بعد کی باتوں کی بحث شروع ہو گئی۔

بیاہی بیٹی کا رکھنا ہاتھی کا باندھنا ہے : [ا رمقولہ] شادی کے بعد لڑکی کو گھر رکھنے سے بہت خرچ ہوتا ہے۔

بیاہی بیٹی پڑوسن داخل : [ا رمثل] شادی کے بعد بیٹی پر کچھ اختیار نہیں رہتا۔

بیاہی بیٹی ماں باپ پر بھی دوبھر ہو جاتی ہے : [ا رمثل] بیاہی بیٹی اگر خاوند سے لڑ کر ماں باپ کے پاس آجائے تو ان پر بوجھ بن جاتی ہے۔

بیاہی نہ برات چڑھی ڈولی میں بیٹھی نہ چوں چوں ہوئی : [ا رمثل] جس بات کو دیکھا ہی نہیں اس بات کا پتا کیونکر ہو سکتا ہے۔

بیائی : [ہ امث] وہ مٹھی بھر غلّہ جو غلّہ تولنے والے کو اُجرت میں دیتے ہیں۔ تولنے کی اُجرت۔

بیپار : [ہ امذ] جنس کی فروخت۔ لین دین۔ سوداگری

بیپاری : [ہ صف] مویشیوں کا سوداگر۔ جنس کا بیچنے والا۔ سوداگر۔ تاجر۔ بنجارا

بیت : [ہ امذ] (بید کا بگاڑ) ایک قسم کی لکڑی جس میں لچک بہت ہوتی ہے۔

بیت : [ع امذ] (۱) گھر۔ مکان (۲) جائے سکونت

بیت الاقصیٰ : [ع امذ] بیت المقدس

بیت الحرام : [ع امذ] خانہ کعبہ۔ بیت اللہ

بیت الحرم : [ع امذ] دیکھئے "بیت الحرام"

بیت الحزن : [ع امذ] غم کا گھر۔ رنج کا گھر۔ عاشق کا گھر

بیت الخلا : [ع امذ] طہارت گاہ۔ پاخانہ۔ جائے ضرورت

بیت السلاح : [ع امذ] اسلحہ خانہ۔ میگزین

بیت الشرف : [ع امذ] رسائی کا مقام۔ جہاں پہنچ کر بزرگی اور عزت حاصل ہو (۲) بزرگی کا گھر۔ عزت کا گھر (۳) معشوق کا گھر (۴) قصرِ شاہی۔ بادشاہ کا ملاقاتی مکان (۵) آفتاب کے لیے برج حمل، چاند کے لیے برج ثور، مشتری کو برج سرطان، زہرہ کو حوت، عطارد کو سنبلہ، مریخ کو جدی اور زحل کو میزان بیت الشرف ہیں۔ وہ برج جس میں کوئی سیارہ عروج کو پہنچے۔

بیت الصنم : [ع امذ] بت خانہ۔ شوالہ۔ مندر۔ مورتی کا استھان (۲) خانۂ محبوب

بَیت العَتیق : [ع امذ] پُرانا مکان ۔ قدیم گھر (۲) خانہ کعبہ جو عبادت الٰہی کے لیے دنیا میں سب سے پہلا مقام اور مکان ہے ۔ جسے حضرت ابراہیمؑ نے خدا کی عبادت کے لیے تعمیر کیا

بَیتُ العَروس : [ع امذ] دلہن کا کمرہ ۔ خانہ کعبہ

بَیتُ العُلوم : [ع امذ] کالج ۔ یونیورسٹی

بَیتُ العَنکبوت : [ع امذ] مکڑی کا جالا

بَیتُ العَوام : [ع امذ] ایوانِ زیریں ۔ مجلس قانون ساز کا وہ ادارہ جس میں عوام کے نمائندے ہوں

بَیتُ الغَزَل : [ع امذ] غزل کی روح ۔ غزل کی جان ۔ غزل کا بہترین شعر

بیت اللّٰہ : [ع امذ] خانہ کعبہ ، مکہ معظمہ ، مسجد ۔

بَیتُ المال : [ع امذ] مال کا گھر ۔ سرکاری خزانہ ۔ شاہی خزانہ (۲) خیرات خانہ (۳) ملک کے محاصل کا مرکز ۔ وہ مال جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو ۔ جو عام لوگوں کا حصہ ہو ، جس سے ہر مستحق کو مدد دی جائے ۔

بَیتُ المَعمور : [ع امذ] آسمان چہارم کی وہ مسجد جو کعبہ کے برابر (مقابل ہے) فرشتوں کا خانہ کعبہ

بَیتُ المُقدس / بَیتُ المَقدِس : [ع امذ] متبرک مقام ۔ مسجد اقصےٰ ۔ جس کی بنیاد حضرت داؤدؑ نے رکھی ۔ تکمیل حضرت سلیمانؑ نے کی ۔ یروشلم کا عبادت خانہ جو ارض فلسطین میں ہے

بَیت : [ع امذ] ملے ہوئے ایک وزن کے دو مصرعے ۔ شعر

بَیت بازی : [ا امث] لڑکوں کا ایک مشغلہ جس میں ایک لڑکا کوئی شعر پڑھتا ہے اور دوسرا اس کے جواب میں ایسا شعر پڑھتا ہے جو اس حرف سے شروع ہو جس پر پہلا شعر ختم ہوا ہو ۔

بیت بحثی : [ا امث] دیکھیے "بیت بازی"

بَیت بندی : [ا امث] شعر کہنا ، نظم کہنا

بیتال : [ھ امذ] بھوت پریت ۔ دیو ۔ خبیث روح

بیتل / بیتلا : [ھ صف] کمبخت ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب

بیتلا : [ف امذ] (۱) لاوارث مال ۔ چوری کا مال ۔ بے دعوے مال (۲) نالائق نکما ۔ خراب (۳) کمبخت ۔ بدنصیب (بیت المال کا بگاڑ)

بیتلی : [ھ صف مث] بدنصیب ناکارہ ، ناچیز (۲) نکمی نگوڑی ۔ بدنصیب عورت ۔

بیتنا : [ا مصدر] گزرنا ۔ ختم ہونا ۔ تمام ہونا (۲) تجربہ ہونا (۳) کٹنا (۴) مصیبت آنا (۵) وارد ہونا ۔ واقع ہونا ۔ اتفاق ہونا (۶) بھگتنا ۔ سہنا ۔ جھیلنا

بیتی : [ا ۔ امث] سرگزشت ۔ ماجرا (۲) آفت ، مصیبت ۔

بے تے سُنانا / کہنا : [ا محاورہ] سخت سست کہنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ بدزبانی کرنا

بیٹ : [ھ امث] پرندوں کا فضلہ (گُوہ)

بیٹ کھا جانا : [ا محاورہ] کسی کی نقل کرنا

بیٹا : [ا امذ] پسر ۔ لڑکا ۔ پُوت ۔ فرزند (۲) عورت کا بچہ (۳) فقیر کا چیلا (۴) بڑی عمر والے چھوٹوں کو پکارنے کے لیے کہتے ہیں ۔

بیٹا بنانا : [ا محاورہ] متبنیٰ کرنا ۔ گود لینا ۔

بیٹا بن کے سب کھاتے ہیں / سب نے کھایا باپ بن کے کسی نے نہیں کھایا : [ا مثل] چھوٹا بن کر مطلب نکلتا ہے بڑا بن کر نہیں ۔

بیٹا بیٹی : [ا امذ مث] لڑکے بالے ۔ بال بچے ۔ بلا امتیاز تذکیر و تانیث (۲) بچوں کا ایک کھیل جس میں گارے کی ایک ٹکیہ سی بنا کر اس میں چھید کر کے پتھر یا سل پر پٹختے ہیں ۔ بڑی آواز کو بیٹا اور چھوٹی کو بیٹی کہتے ہیں ۔

بیٹا بیٹی بس کا اچھا : [ا مقولہ] اولاد جو والدین کا کہا مانے / ان کے بس میں رہے وہی اچھی ہوتی ہے

بیٹا جن کر یو چلے سونا پہن کر ڈھک چلے : [ا مثل] اولاد اور دولت کا غرور نہیں کرنا چاہیے ۔

بیٹے کی بری بازار میں کھڑی : [ا مثل] بیٹے کی شادی کی تیاری میں کچھ دیر نہیں لگتی ۔

بیٹھا بنیا کیا کرے اس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی میں دھرے : [ا مثل] بے کار آدمی فضول اور بے نتیجہ کام کرتا ہے

بیٹھا پیر ۔ کھڑا مرید : [ا مقولہ] جو کھڑا ہو اُسے مرید سمجھو جو بیٹھا ہوا سے پیر ۔ مرید پیر کی عزت ہوتی ہے

بیٹھا پیر کھڑا امیر : [ا مقولہ] کام کرنے سے نفع ہوتا ہے ۔

بیٹھا جانا : [ا محاورہ] (دل جی کے ساتھ) سخت بے چین ہونا ۔ ضعف کی حالت ہونا ۔ بے قراری ہونا ۔

بیٹھا رہنا : [ا محاورہ] ٹھہرنا ۔ دیر تک بیٹھنا (۲) انتظار کرنا (۳) آسرے پر رہنا (۴) بے کار رہنا ۔ صبر کرنا ۔

بیٹھا کا بیٹھا رہنا : [ا محاورہ] (۱) اچانک مرجانا ۔ یکایک دفعتہً جان نکل جانا (۲) سناٹا ہو جانا ۔ منہ دیکھتے رہ جانا

بیٹھا ہونا : [ا محاورہ] جاگنا ۔ اُٹھنا ۔ بیدار ہونا ۔ ہوشیار ہونا

بیٹھ جانا : [ا محاورہ] کھڑا ہونے کی ضد ۔ نشست کرنا ۔ جلوس کرنا (۲) منہدم ہونا ۔ گر جانا ۔ ٹھیک ہونا ۔ درست ہونا (۳) ٹھیک آنا ۔ دیوالہ نکل جانا ۔ طاقت نہ رہنا (۵) سوار ہونا ۔ چڑھ جانا (۶) اُبھری ہوئی چیز کا دب جانا ۔ پچک جانا (۷) کسی چیز کا دوسری چیز میں ٹھیک سما جانا (۸) چاول گلتی ہو جانا ۔ الگ الگ نہ رہنا (۹) گڑ وغیرہ کا پتلا رہ جانا ۔ ڈھیلا ہو جانا (۱۰) آنکھ کے ڈھیلے کا اندر دھنس جانا ۔ اندھا ہو جانا (۱۱) تیر وغیرہ کا پیوست ہو جانا (۱۲) (دل) افسردہ ہونا ۔ مضمحل ہونا ۔ گھبرا جانا (۱۳) (غم اور صدمہ وغیرہ سے) طاقت نہ رہنا ۔ ہمت نہ رہنا (۱۴) (عورت کا) گھر میں پڑ جانا ۔ بغیر باقاعدہ شادی کے کسی مرد کے ساتھ رہنا ۔ بغیر نکاح کے کسی کے ہمراہ رہنا (۱۵) (پانی یا پارہ وغیرہ) جم جانا (۱۶) (گواہ) مکر جانا ۔ شہادت نہ دینا (۱۷) خانہ نشین ہونا (۱۸) پسند آنا ۔ اثر کرنا (۱۹) صبر کرنا ۔ سہارا لینا (۲۰) بے کار ہونا ۔ موقوف ہونا (۲۱) چاندی وغیرہ کا پگھل جانا (۲۲) تہہ میں چلے جانا ۔ ڈوب جانا (۲۳) استقلال چھوڑ دینا ۔

بیٹھ رہنا : [ا محاورہ] اپنی جگہ سے نہ اُٹھنا (۲) کوئی کام نہ کرنا ۔ رنجیدہ ہو کر کام چھوڑ دینا ۔ نوکری چھوڑ دینا (۳) صبر کرنا ۔ چپ ہو جانا (۴) آس چھوڑ دینا ۔ امید نہ کرنا (۵) دیر لگانا ۔ سستی کرنا (۶) ہمت ہارنا ۔ کوشش چھوڑ دینا (۷) چپ ہو جانا ۔ خاموش ہو جانا (۸) دستبردار ہونا (۹) شکست کھا جانا (۱۰) تہہ میں چلے جانا ۔

بَیٹھک: [ا ر امث] (۱) بیٹھنے کا انداز ہ۔ نشست (۲) نشست گاہ۔ بیٹھنے کی جگہ (۳) بیندا (۴) ایک قسم کی ورزش اُٹھنا بیٹھنا (۵) (پہلوانوں کی اصطلاح) مقابل کے لنگوٹ کو ایک ہاتھ سے پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے دونوں ٹانگوں کے بل اِس کو اُٹھا لینا (۶) ایک قسم کی نذر۔ نیاز

بَیٹھکا: [ا ر امذ] (۱) کمرا۔ نشست گاہ۔ ٹھہرنے کا مقام (۲) (لکھنؤ) آدمی اور حیوانوں کے بیٹھنے کی جگہ۔

بَیٹھک دینا: [ا ر محاورہ] مانی ہوئی منت پوری کرنا

بَیٹھک سر پہ ہونا: [ا ر محاورہ] منت مانی ہوئی ہونا۔ منت واجب الادا ہونا

بَیٹھ کر ٹانگ لگانا: [ا ر محاورہ] مغلوب پہلوان کا بیٹھے بیٹھے اندر سے ٹانگ توڑنا اور ہاتھ پکڑ لینا۔

بَیٹھکو: [ا رصف] بہت بیٹھنے والا (۲) وہ کبوتر جو اڑنے کے فوراً بعد بیٹھ جائے۔

بَیٹھکی: [ا ر امث] ایک قسم کی ورزش

بَیٹھ میرے یار: [ا ر قولہ] یہ کیا کیا۔ غضب کیا۔ بہت کام خراب کیا۔

بَیٹھن: [ا ر امذ] (۱) وہ کاغذ کپڑا یا لفافہ جس میں قیمتی سامان لپیٹ کر رکھتے ہیں (۲) وہ چادر جو میز پر استری کرنے کے لیے بچھاتے ہیں (۳) مونہ (۴) وہ موٹا کاغذ جو کاغذ کے رم کے گرد لپیٹتے ہیں۔

بَیٹھنا: [ا ر س] (۱) دیکھئے بیٹھ جانا (۲) خرچ پڑنا۔ لاگت آنا (۳) قائم مقام ہونا (۴) کام بگڑ جانا (۵) وزن کا اترنا (۶) داخل ہونا (۷) بھرتی ہونا (۸) مشق ہونا۔ درست ہونا (۹) (قمار بازوں کی اصطلاح) جوا کھیلنا۔ داؤں پر لگانا، رکھنا (۱۰) چاند کی نسبت) دیر کر کے نکلنا (۱۱) پرندوں کا جفتی کھانا۔ انڈے سینا (۱۲) (شطرنج) مُہرے کے گھر پر رکھنا (۱۳) تخت نشین ہونا (۱۴) (آواز کا) بھاری ہو جانا، اچھی طرح نہ نکلنا۔

بیٹھنا اُٹھنا: [ا ر محاورہ] نشست برخاست کرنا (۲) بے قراری ظاہر کرنا۔

بیٹھنے کا سہارا: [ا ر امذ] امداد کی جگہ

بیٹھو بھی: [ا ر محاورہ] الگ رہو۔ دخل نہ دو

بیٹھواں: [ا رصف] چپٹا۔ بیٹھا ہوا۔ جس کی پیندی چپٹی ہو۔

بیٹھی بڑھیا منگل گائے: [ا ر مثل] بہت خوش ہے۔

بیٹھی روٹی: [ا ر امث] وہ آمدنی جو بغیر مشقت کے ہو (۲) پنشن۔ وظیفہ جاگیر

بیٹھی ہوئی آواز: [ا ر امث] وہ آواز جو دشواری سے نکلے۔ آہستہ اور بھاری آواز جو زکام وغیرہ کی وجہ سے ہو جاتی ہے۔

بیٹھے بیٹھائے / بٹھلائے: [ا ر متعلق فعل] (۱) یکایک۔ اچانک۔ ناگہاں (۲) خواہ مخواہ (۳) بیکار۔ مفت میں (۴) ناحق ناروا (۵) بے حق۔ بے سبب

بیٹھے بیٹھے: [ا ر متعلق فعل] دیکھئے "بیٹھے بٹھائے" (۲) بے فائدہ

بیٹھے بیٹھے تو قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے: [ا ر مثل] بیکار بیٹھ کر خرچ کرنے سے کتنی ہی جائیداد ہو ختم ہو جاتی ہے۔

بیٹھے بیٹھے سوکھ جانا: [ا ر محاورہ] انتظار کرتے کرتے تھک جانا

بیٹھے بیٹھے کیا سوجھی: [ا ر مقولہ] کیسی فضول بات کی خواہ مخواہ کیا کرنے لگے

بیٹھے جانا: [ا ر محاورہ] دھنستے جانا۔ بیٹھتے جانا

بیٹھے سے بیگار بھلی: [ا ر مثل] بیکار رہنے کی بجائے کچھ کرنا ہی چاہیے۔

بیٹی: [ا ر امث] (۱) دختر۔ لڑکی (۲) بیٹے کی دلہن۔ بہو (۳) پیاری لڑکی جو بیٹی کی طرح عزیز ہو۔

بیٹی اور ککڑی کی بیل برابر ہے: [ا ر مثل] دونوں بہت جلد بڑھتی ہیں بیٹی جلد جوان ہو جاتی ہے۔

بیٹی اور مری مچھلیاں رکھنے کی چیزیں نہیں: [ا ر مثل] بیٹی کی شادی جلد کر دینی چاہیے۔

بیٹی بیوہار: [ہ امذ] شادی کا تعلق (۲) آپس کی شادیاں۔ رشتہ داری

بیٹی بچارو: [عو، ا امث] (لکھنؤ) نا کتخدا۔

بیٹی دینا: [ا ر محاورہ] دختر کی شادی کرنا (۲) داماد بنانا

بیٹی ذات ہے: [ا ر امث] عورت ہے باحیا ہے۔ باشرم ہے۔

بیٹی روٹی کرنا: [ا ر محاورہ] گالی دینا

بیٹی کا باپ: [ا رصف] (۱) ذلیل حقیر (۲) کمزور۔ بودا۔ کم ہمت غریب۔

بیٹی دھن نمانا ہے آتے بھی رلائے جاتے بھی رلائے: [ا ر مثل] بیٹی کی پیدائش، شادی اور موت پر ماں باپ غمگین ہوتے ہیں۔

بیٹی کی ذات موہنی ہے: [ا ر مقولہ] بیٹی بہت پیاری ہوتی ہے۔

بیٹی لینا: [ا ر محاورہ] کسی کی لڑکی کو شادی کر کے لانا (۲) منگنی کرنا۔

بیٹی نے کیا کمہار، ماں نے کیا لوہار، نہ تم چلاؤ ہمار، نہ ہم چلائیں تمہار: [ہ مثل] کوئی کسی کو طعنہ دینے کے قابل نہیں۔

بیٹی والا: [ا ر امذ] دلہن کا والد

بیٹی والے: [ا ر امذ] دلہن کے رشتے دار

بیٹی والیاں: [ا ر امث] دلہن کی رشتہ دار عورتیں

بیٹیا / بٹیا: [ا ر امث] بیٹی کی تصغیر

بیج: [ہ امذ] تخم۔ دانہ۔ گٹھلی۔ اصل و بنیاد۔ نطفہ (۲) ابتدا (۳) وہ غلہ جو کاشتکاروں کو بونے کے لیے دیا جاتا ہے۔

بیج آنا: [ا ر محاورہ] دانہ پڑنا۔ تخم تیار ہونا

بیج بونا: [ا ر محاورہ] تخم ریزی کرنا (۲) کسی بات کی بنیاد ڈالنا (۳) باعث ہونا۔ سبب بننا

بیج پڑنا: [ا ر محاورہ] (۱) تخم بویا جانا (۲) بنیاد پڑنا (۳) حمل ٹھہرنا۔ نطفہ قرار پانا۔

بیج پھوٹنا: [ا ر محاورہ] بیج سے پودے کا نمایاں ہونا

بیج جاتا رہنا: [ا ر محاورہ] تخم ضائع ہو جانا (۲) نسل منقطع ہو جانا۔ یا مٹ جانا۔

بیج جمنا: [ا ر محاورہ] بیج اُگنا۔ نکلنا۔ پھوٹنا (۲) حمل ٹھہرنا۔ نطفہ قرار پانا

بیج دار: [ا ر محاورہ] بہت بیجوں والا۔ جس میں بکثرت بیج ہوں

بیج دبانا: [ا ر محاورہ] گنے کی کاشت کے لیے اس کے بیج کو چند دن قبل مٹی میں دبا کر رکھنا۔

بیج ڈالنا : [ا ر محاورہ] بیج بونا۔ تخم ریزی کرنا

بیج کھاد : [ا ر امذ] وہ غلہ جو کاشتکار کو بیجنے یا کھانے کے لیے دیا جائے

بیج مارا جانا : [ا ر محاورہ] آگے کو کسی چیز کے پیدا ہونے کی امید نہ رہنا (۲) بیج ضائع ہو جانا۔ بیج میں اُگنے کی طاقت نہ رہنا (۳) کسی چیز کا نیست و نابود ہونا۔ نسل منقطع ہو جانا۔

بیج مار دینا : [ا ر محاورہ] بالکل غارت کر دینا۔ کسی چیز کو بالکل مٹا دینا

بیج ناس کر دینا / کرنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے بیج مار دینا

بیج ناس ہو جانا / ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "بیج ناس کر دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

بیجا : [ہ امذ] ایک ڈراؤنی اور خوف ناک شکل کا کاغذی چہرہ جسے بچے منہ پر رکھ کر ڈراتے ہیں۔

بیجار : [ہ صف] بیج والا جس میں بہت بیج پڑا ہوا ہو۔ بیج حاصل کرنے کے لیے رکھا ہوا پھل

بیجائی : [ہ امث] بیجنے کا موسم (۲) بیجنے کی اُجرت

بیجر : [ہ امث] (۱) دیکھئے بیجار (۲)، وہ زمین جس میں اناج بویا جائے۔

بیجک : [ہ امث] فہرست۔ چالان۔ وہ مفصل یادداشت، جس میں مال کی قیمت شرح، تعداد، محصول اور دیگر اخراجات درج ہوں (۲)، پونجی سرمایہ، اصل زر (۳) وہ ٹکٹ یا چٹ جو مال کی گٹھڑیوں پر چسپاں کرتے ہیں (۴) نشان، علامت، معاملہ

بیجک بننا : [ا ر محاورہ] سودا بننا۔ فہرست تیار ہونا۔ معاملہ درست ہونا۔

بیجک پٹنا : [ا ر محاورہ] فہرست پُر ہونا۔ فرد بھری جانا۔ حساب کی فہرست تیار ہونا۔

بیجنا : [ا ر مص] بونا۔ تخم ریزی کرنا

بیجنا : [ہ امذ] پنکھا۔ بادکش

بیجنا ڈھلانا / ڈلانا : [ا ر محاورہ] پنکھا ہلانا

بیجورہ : [ہ صف] دیکھئے بیجار

بیجھر / بیجھڑ / بیجھڑا : [ہ امسف امذ] ملی جلی فصل، مرکب اناج بخصوصاً گیہوں چنے اور جو (۲) دوغلا۔ دوغلی نسلوں کا

بیجیلا : [ہ صف] بہت بیجوں والا

بیچ : [ا ر متعلق فعل] درمیان۔ اندر۔ بیچ میں۔ مابین (۲) وسط۔ میانہ (۳)، وہ فاصلہ جو دو چیزوں میں ہو (۴) تفاوت۔ فرق (۵) جھگڑا، گفتگو (۶) (حرف جار) میں، اندر۔ درمیان میں۔ دوران میں

بیچا بیچ : [ہ امذ] عین وسط، مرکز۔ ٹھیک بیچ

بیچ اُدھر میں چھوڑ دینا / چھوڑنا : [ا ر محاورہ] کام ناتمام چھوڑ دینا۔ ادھورا چھوڑ دینا

بیچ بازار کے : [ا ر متعلق فعل] برسرعام، علانیہ

بیچ بچاؤ : [ا ر امذ] فیصلہ، تصفیہ۔ وہ فیصلہ جو دشمنوں میں کسی تیسرے شخص کے وسیلے سے ہو۔

بیچ بچاؤ کرنا : [ا ر محاورہ] جھگڑا مٹانا۔ فساد دور کرنا۔ سمجھانا بجھانا۔ فیصلہ کرانا۔ صلح کرانا۔

بیچ چوراہے میں : [ا ر متعلق فعل] منظر عام۔ ایسی جگہ میں جہاں سب دیکھیں۔

بیچ کا : [ا ر صف] منجھلا۔ وسطی، درمیانہ

بیچ کھیت : [ا ر متعلق] ڈنکے کی چوٹ۔ علانیہ۔ ضرور، بالضرور۔ لازمی طور پر ٹھیک ٹھیک۔ عین وسط میں

بیچ کی انگلی : [ہ امث] ہاتھ کی سب سے لمبی انگلی۔ کلمے والی انگلی کے ساتھ کی انگلی

بیچ کی انگلی بڑی ہوتی ہے : [ا ر مقولہ] ہر بات کا اوسط اچھا ہوتا ہے

بیچ کی بات : [ا ر امث] آپس کی بات۔ درمیان کا معاملہ۔ باہمی گفتگو

بیچ کی راس : [ہ صف] درمیانہ۔ نہ بُرا نہ بھلا۔ اوسط درجہ کا

بیچ کے کھڑے کی : [ہ صف] مجازاً تیز شراب۔ خالص شراب

بیچم بیچ : [ہ متعلق فعل] دیکھئے "بیچا بیچ"

بیچ میں آ پڑنا / آ جانا / آنا : [ا ر محاورہ] منصف بننا۔ کسی معاملہ کے درمیان آنا۔ فیصلہ کرانا۔ ثالث بننا۔ درمیان میں حائل ہونا

بیچ میں بول اٹھنا : [ا ر محاورہ] دو شخصوں کی گفتگو میں دخل دینا

بیچ میں پڑنا : [ا ر محاورہ] ضامن ہونا۔ ثالث بننا۔ پنچ ہونا۔ صلح کرانا۔ بیچ بچاؤ کرانا۔ وسیلہ بن کر کوئی کام کرانا

بیچ میں ڈالنا : [ا ر محاورہ] ثالث بنانا۔ پنچ کرنا۔ وسیلہ کرنا۔ ذریعہ کرنا

بیچ میں سان لینا : [ا ر محاورہ] بلاوجہ کسی کو کسی جھگڑے میں شریک بنا لینا

بیچ میں قدم ہونا : [ا ر محاورہ] واسطہ ہونا۔ حائل ہونا

بیچ میں کود پڑنا : [پرائی بات میں ناحق دخل دینا

بیچ والا : [ا ر صف] وہ شخص جو درمیان میں پڑ کر کوئی کام کرائے۔

بیچوں بیچ : [ا ر صف] وہ وسط جس کے ٹھیک درمیان ہونے میں کوئی شک نہ ہو۔

بیچا : [ہ امث] برقعہ۔ نقاب۔ کاغذ یا کپڑے کی مصنوعی ڈراؤنی صورت۔ بچوں کو ڈرانے کے لیے ایک ہیبت ناک صورت اس کو اللہ کا فضل یا ہَوّا بھی کہتے ہیں۔

بیچ : [ا ر فعل] بیچنا مصدر کا صیغۂ امر (۲) بِکری

بیچا باچی : [ا ر امث] خرید و فروخت۔ تجارت۔ کاروبار

بیچ ڈالنا : [ا ر مص وضعی] فروخت کر دینا۔

بیچ کھانا : [ا ر محاورہ] ضائع کر دینا۔ صَرف کر ڈالنا

بیچنا : [ا ر مص] فروخت کرنا۔ مول دینا۔ ہنڈی کی پشت پر بیچا لکھ دینا

بیچنا کھوچنا : [ا ر مص وضعی] فروخت کرنا (کھوچنا، تابع مہمل)

بیچنے کا ادھیکار : [ہ امذ] بیچنے کا حق۔ بیچنے کا اختیار

بیچو : [ا ر امذ] بیچنے والا۔ فروخت کنندہ

بیخ : [ف امث] (۱) جڑ۔ اصل مول۔ کند (۲)، بنیاد، نیو۔

بیخ بنیاد : [ف ع امث] (۱) جڑ۔ اصل، حسب نسب۔ خاندان کا سلسلہ

بیخ کن : [ف صف فاعلی] تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا (۲) قاضی، منصف

یعنی مجرموں کو تباہ کرنے والا (۳) چور۔ سارق

بیخ کنی : [ف امث] جڑ اکھاڑنا۔ جڑ کھودنا۔ نسل ختم کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔ ستیاناس کرنا (افعال کرنا، ہونا)

بیخ و بن / بنیاد : [ف امث] دیکھئے "بیخ بنیاد"

بیخ و بن سے اکھاڑنا / اکھاڑ دینا : [ا رمحاورہ] جڑ سے نکال لینا۔ استیصال کرنا (۲) خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ (۳) قطع نسل کرنا۔

بیخ و بن سے اکھڑ جانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بیخ و بن سے اکھاڑ" جس کا یہ لازم ہے۔

بُید : [ہ امذ] وید۔ طبیب۔ حکیم۔ معالج

بید : (بیہ یائے مجہول) [ہ امث] ہندوؤں کی مقدس کتاب۔ وید

بید : [ف امذ] ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں بہت نازک اور پتلی ہونے کی وجہ سے ہر وقت حرکت میں رہتی ہیں۔ اس سے چھڑیاں اور کرسیاں بنتی ہیں اور اس درخت کو پھل نہیں لگتا

بید انجیر : [ف امذ] ارنڈ کا درخت

بید باف : [ف صف فاعلی] بید کا کام کرنے والا۔ بید کی ٹوکریاں اور کرسیاں بنانے والا

بید بافی : [ف امث] دیکھئے "بید باف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بید برگ : [ف امث] بید کی پتی۔ ایک قسم کی برچھی کی انی۔ جو بید کے پتے کی مانند ہوتی ہے۔

بید کی طرح کانپنا : [ا رمحاورہ] خوف اور ڈر کے مارے کانپنا

بید مجنوں : [ف امذ] بید کی ایک قسم جس کے پتے باریک اور ٹہنیاں زمین کی طرف جھکی ہوتی ہیں۔ اس کی صورت دیوانوں کی سی معلوم ہوتی ہیں۔

بید مُشک : [ف امذ] ایک قسم کا درخت جس کے پھولوں کا عرق کھینچتے ہیں جو مفرح اور خوشبودار ہوتا ہے۔

بید کرے بیدائی چنگا کرے خدائی : [ا رمحاورہ] انسان کا کام تدبیر کرنا ہے کامیابی خدا کے ہاتھ میں ہے۔

بید کی بیدائی گئی کانڑی کی آنکھ گئی : [ا رمثل] صلاح کار کا خفیف سا نقصان ہوا؟ مگر دوسرا سب کچھ گنوا بیٹھا۔

بُیدا : [ع امذ] دشت۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک صحرا۔

بیدانت : [ہ امذ] بیاس جی کا بنایا ہوا وہ شاستر جس میں توحید پر بحث کی گئی ہے (۲) ہندو مذہب کا علم فلسفہ

بیدانتی : [ہ صف] بیدانت کا ماہر (۲) توحید کا مسئلہ سمجھنے والا۔ ہندو فلسفہ و مذہب کا عالم

بُیدائی : [ہ امث] طب۔ چارہ گری۔ علاج معالجہ

بَیدَق : [ع امذ] شطرنج کا پیادہ

بُیدک : [ہ امث] علم طب۔ علاج معالجہ کا علم۔ طبابت۔ حکمت (مذ) (۲) ہندو طبیب۔ حکیم۔ معالج

بیدن / بیدنا : [ہ امث مذ] تکلیف۔ درد۔ دکھ

بیدھ : [ہ امذ] سوراخ۔ چھید

بیدھا : [ہ صف] وہ شخص جس پر جادو کا اثر ہو۔ وہ شخص جو کسی مصیبت میں مبتلا ہو۔ بیوقوف۔ پاگل

بیدھنا : [ہ مص] سوراخ کرنا۔ چھید کرنا (۲) قابو میں لانے کے لیے جادو کرنا

بیدھی : [ہ صف] سوراخ کرنے والا۔ چھید کرنے والا

بیئر : [انگ امث] ایک قسم کی شراب جو جَو سے بنائی جاتی ہے (BEER)

بَیر : [ہ امذ] دشمنی۔ عداوت۔ کینہ۔ بغض (۲) بدلہ۔ معاوضہ (۳) بار۔ دفعہ

بیر : [ہ امذ] ایک پھل اور اس کے درخت کا نام۔ یہ پھل گول اور بیضوی شکل کا ہوتا ہے۔ قلمی بیضوی اور خودرو گول ہوتے ہیں۔ مزے میں کھٹا یا میٹھا ہوتا ہے

بیر : [ہ صف امذ] بہادر۔ دلیر۔ جری (۲) بھائی (۳) خبیث روح۔ وہ بھوت یا موکل جو جادوگر کسی پر مسلط کرتے ہیں۔

بَیر باندھنا : [ا رمحاورہ] عداوت پر تُل جانا۔ دشمنی پر آمادہ ہونا۔ ضد کرنا۔

بَیر بسانا : [ا رمحاورہ] دشمنی مول لینا۔ مخالفت کرنا۔ بغض نکالنا۔ ضد باندھنا

بَیر پڑنا : [ا رمحاورہ] عداوت ہو جانا۔ دشمنی ہو جانا

بَیر کا رشتہ : [ا رامذ] نند بھاوج۔ دیورانی جٹھانی۔ ساس بہو اور سوت سوتیلوں کا رشتہ۔ مخالفت کا رشتہ

بَیر لینا / نکالنا : [ا رمحاورہ] بدلہ لینا۔ انتقام لینا

بیر کھانسی کا گھر ہیں : بیر کھانے سے اکثر کھانسی ہو جاتی ہے [ا رمقولہ]

بیر کھلی : [ہ صف] بُرا بھلا۔ الم غلم

بیر کھلی سب ہضم : [ا رمحاورہ] سب الا بلا کھا جانا (۲) مفید اور غیر مفید سب جائز ہے (۳) بڑا بدتمیز ہے۔

بیر ہڈی / بیل ہڈی : [ا رامث] وہ گرہ دار ہڈی جو گھوڑے کے ٹخنوں اور گھٹنوں میں پیدا ہو جاتی ہے۔

بیر بٹھانا : [ا رمحاورہ] کسی پر موکل مسلط کرنا۔ کسی پر جن یا ہمزاد مسلط کرنا۔ جادو کرنا

بیر دوڑانا : [موکل چھوڑنا۔ جادو کے زور سے جن یا ہمزاد سے کام لینا

بَیَتر : [ہ امث] عورت۔ زن۔ استری۔ ناری

بیتر بانی : [ہ امث] بیوی۔ زوجہ

بَیرا : [انگ امذ] BEARER کا بگاڑ۔ خدمتگار۔ ہوٹل کا ملازم جس کے ذمے گاہکوں کے آگے کھانا چُننے کی خدمت ہوتی ہے۔

بَیرا : [ہ امذ] وہ لکڑی جو دروازے کے بازوؤں پر لگا کر دیوار میں لگا دی جاتی ہے تاکہ دروازہ اپنی جگہ سے نہ ہلے۔

بیرا : [ہ امذ] بھائی۔ برادر۔ عزیز۔ خویش

بَیرا کھیری : [ہ امث] دشمنی۔ عداوت۔ مخالفت

بیراج : [انگ امذ] BARRAGE بند۔ پُشتہ۔ وہ بند یا پشتہ جو دریاؤں پر باندھ کر پانی کو جمع کرتے ہیں اور آبپاشی کرتے ہیں۔

بَیراگ : [ہ امذ] (۱) ترک دنیا۔ خلوت نشینی۔ نفس کشی (۲) جوگ۔ فقیری

بَیراگ لینا : [ا رمص۔ وضعی] فقیری اختیار کرنا۔ جوگ لینا۔ تارک الدنیا ہونا۔

بَیراگا : [ہ۔ امذ] ظفر تکیہ۔ وہ ٹیڑھی لکڑی جس پر بیراگی ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں۔

بَیراگن : [ہ صف مث] دیکھئے "بیراگی" جس کی یہ تانیث ہے

بَیراگی : [ہ صف۔ مذ] تارک الدنیا۔ جوگی۔ فقیر (۲) امث) ہندو فقیروں کی چھڑی

بیر بہوٹی : [ہ امث] ایک نہایت گہرے سُرخ رنگ کا کیڑا جو برسات میں زمین سے پیدا ہوتا ہے اس کا جسم مخمل کی طرح ہوتا ہے اس کو خشک کر کے دواؤں میں کام لاتے ہیں عروسک (۲) بہت سُرخ

بیرسٹر : [انگ۔ صف] (BARRISTER) وہ وکیل جس نے وکالت کی ڈگری ولایت سے حاصل کی ہو

بیرق : [ت ا مذ] نشان۔ علم۔ جھنڈا۔ پھریرا (۲) وہ جھنڈا جو کسی زمین پر قبضہ کرنے کے بعد آباد کرنے کے نشان کے واسطے لگاتے ہیں۔

بیرن : [ہ امث] دشمن۔ عورت۔ وہ عورت جس کے دل میں دشمنی ہو۔ بدخواہ عورت

بیرن : [ہ امذ] بھائی۔ برادر

بیرنگ : [انگ صف] bearing کا بگاڑ۔ وہ چٹھی یا پارسل جس کا محصول پہلے سے ادا نہ کیا گیا ہے۔

بیروزا : [ف امذ] ایک قسم کا گوند۔ جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے۔ گندہ بیروزا

بیرومیٹر : [انگ امذ] barometer مقیاس الہوا۔ بادپیما۔ ہوا کا رُخ اور دباؤ معلوم کرنے کا آلہ

بیرول : [ہ امذ] دیکھئے "بیر" جس کی یہ جمع ہے (ایک پھل)

بیروں میں گٹھلیاں ملانا : [ا رمحاورہ] خلط ملط کرنا۔ گڈمڈ کرنا (۲) بات بگاڑ دینا۔ معاملہ کو گڑبڑ کر دینا۔

بیرون : [ف متعلق فعل] باہر۔ اندر کی ضد (۲) بغیر۔ سوا

بیرون جات : [ف ا امذ] شہر کے باہر کی بستیاں۔ قصبے۔ دیہات۔

بیرون جاتی : [ف ا امث] دیہاتی۔ شہر کے باہر کے لوگ

بیری : [ہ صف امذ] دشمن بدخواہ۔ مخالف (۲) دیکھئے بہری

بیری : [ہ امث] بیر کا درخت

بیڑ : [ہ امث] احاطہ۔ باڑہ۔ وہ درخت جو اُگنے کی جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ لگائے جاتے ہیں۔

بیڑ بندی کرنا : [ا رمحاورہ] کھیت کے گرد باڑہ لگانا۔ مینڈھ بنانا

بیڑا : [ہ امذ] ناؤ۔ کشتی۔ بانسوں کا وہ بڑا گٹھا جس کے ذریعے سے دریا پار کرتے ہیں (۲) جہازوں یا کشتیوں کی قطار یا مجموعہ (۳) رسالہ۔ فوج۔ جتھا (۴) چمڑے کی مشک کی طرح کی ایک چیز جس پر بیٹھ کر دریا پار کرتے ہیں (۵) ایک قسم کی منت جس میں بانس کی تیلیوں سے ناؤ سی بناتے ہیں اور اس میں چراغ روشن کر کے بھادوں کے مہینے میں جمعرات یا جمعہ کو دریا میں بہا دیتے ہیں۔

بیڑا باندھنا : [ا رمحاورہ] بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا۔ جمع اکٹھا کرنا

بیڑا پار کرنا / لگانا : [ا رمحاورہ] کشتی کنارے لگانا۔ جہاز کو سلامتی کے ساتھ پار اتارنا (۲) مصیبت سے نجات دینا۔ آڑے آنا۔ مراد بر لانا

بیڑا پار ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بیڑا پار کرنا" جس کا یہ لازم ہے

بیڑا چڑھانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے بیڑا کے معنی نمبر ۵۔ اس تشریح کے مطابق منت پوری کرنا

بیڑا چھوٹنا : [ا رمحاورہ] بیڑے کا کامیابی سے رواں ہونا

بیڑا ڈوبنا : [ا رمحاورہ] بیڑا غرق ہونا۔ کشتیاں ڈوبنا۔ کام بگڑنا۔ تباہ ہونا۔

بیڑا : [بیائے معروف سے] [ہ امذ] پان کی گلوری (۲) پان میں چھالیا، کتھا، چونا وغیرہ ڈال کر لپیٹ دیتے ہیں اور اس پر ڈھاک یا کیلے کے پتے لگا کر تقریبوں میں تقسیم کرتے ہیں (۳) سگرٹ سگار (۴) تلوار کے قبضے میں لگا یا جڑا وہ تسمہ جو تلوار کو میان سے از خود نکلنے نہیں دیتا۔

بیڑا اٹھانا : [ا رمحاورہ] کسی مشکل کام کو انجام دینے کا ذمہ لینا۔ عہد کرنا۔ شرط باندھنا ہمت کرنا۔ تہیہ کرنا

بیڑا چبانا : [ا رمحاورہ] (۱) پان چبانا (۲) نسبت یا منگنی کرنا۔

بیڑا چھننا : [ا رمحاورہ] شادی کی ایک رسم جس میں دلہن کے جسم پر مصری اور پان کے بیڑے رکھ دیتے ہیں۔ جن کو دولہا چن چن کر کھاتا ہے۔

بیڑا دینا : [ا رمحاورہ] ناچنے گانے والوں کو سائی دینا

بیڑا ڈالنا : [ا رمحاورہ] پرانے زمانے کا ایک رواج جس میں کوئی مہم پیش آنے پر لوگوں کو اکٹھا کر کے پان کی گلوریاں سامنے رکھ دی جاتی تھیں جو گلوری اٹھا لیتا وہ اس کام کو کرنے کا ذمہ دار ہو جاتا۔

بیڑا کھلانا : [ا رمحاورہ] (۱) پان کھلانا (۲) نسبت کرنا۔ منگنی کرنا

بیڑھا : [ہ صف] ٹیڑھا۔ کج۔ ترچھا۔ ٹیڑھا کا تابع

بیڑھنا : [ہ مص] باڑھ لگانا۔ چار دیواری بنانا۔ گھیر لینا۔ گھیرا ڈالنا، مویشی پھاٹک میں داخل کرنا۔

بیڑھنی : [ہ امث] گانے والی عورتوں کا ایک فرقہ۔ جیسے نٹنی۔ کنجری ڈومنی (پنجابی میں پیرنی)

بیڑھی روٹی : [ا رامث] دال بھری روٹی

بیڑی : (یہ یائے معروف) [ہ امث] (۱) بیڑا کی تصغیر (۲) پان کی گلوری (۳) ایک قسم کا دیسی سگریٹ جو تمباکو کو ڈھاک کے پتے میں لپیٹ کر بنائی جاتی ہے (۴) کھلی (افعال۔ کھانا پینا)

بیڑی (بہ یائے مجہول) [ہ امث] وہ کڑی یا زنجیر جو مجرموں اور قیدیوں کے پاؤں میں باندھ دیتے ہیں۔ تاکہ بھاگ نہ جائیں۔ (۲) وہ نیلا دھاگہ جو بچوں کے پاؤں میں بطور منت باندھتے ہیں (۳) چاندی کی کڑی یا پازیب جو خوبصورتی بچوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں (۴) سونے چاندی کے موٹے پچھے جو کندے کش بنا کر تار کشوں کو دیتے ہیں (۵) بیاہ شادی (۶) تعلقات دنیاوی، زن و فرزند (۷) وہ ڈول یا ٹوکری جس سے آبپاشی کے لیے نشیب جگہ سے پانی لے جاتے ہیں (۸) روک ٹوک (۹) پازیب، ایک زیور

بیڑی بڑھانا : [ا رمحاورہ] منت کی کڑی بعد نذرانہ نیاز اتارنا۔

بیڑی پڑنا : [ا رمحاورہ] کڑی یا زنجیر پاؤں میں پڑ جانا (۲) قید ہونا۔ محبوس ہونا (۳) پابند ہونا (۴) آزادی جاتے رہنا۔ نکاح ہونا۔ شادی ہونا۔ بال بچوں میں پھنسنا۔

بیڑی پہنانا : [ا رمحاورہ] قید کرنا۔ پابند کرنا (۲) منت کی کڑی یا دھاگا پہنانا۔ (۳) شادی کر دینا۔

بیڑی پہننا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بیڑی پہنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

بیڑی ڈالنا : [ا رمحاورہ] مجرم کے پاؤں میں کڑا ڈالنا۔ قید کرنا۔ پابند کرنا

بیڑی سونے کی بھی بری : [ا رمثل] قید بری چیز ہے۔ خواہ کتنی ہی آرام دہ ہو۔

بیڑی کاٹنا : [ا رمحاورہ] کڑی کو کاٹ ڈالنا۔ آزاد کرنا۔ نجات دلانا۔ مصیبت سے چھڑانا۔ منت پوری کرنا۔

بیڑی کٹنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بیڑی کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

بیڑی کھڑکھڑانا : [ا رمحاورہ] بیڑی ہلا کر اس سے آواز پیدا کرنا۔

بیڑی کھڑنا : [ا رمص وضعی] بیڑی بنانا۔ بیڑی تیار کرنا

بیڑی لگانا : [ا رمحاورہ] بیڑی کے ذریعے زراعت میں پانی پہنچانا (۲) دیکھئے بیڑی ڈالنا

بیڑیا : [ہ امث] رنڈیوں کی ایک قسم

بیڑیاں : [ہ امث] دیکھئے "بیڑی" جس کی یہ جمع ہے۔

بیڑیاں بھرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بیڑی ڈالنا"

بیڑیاں پہننا / ڈالنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بیڑی ڈالنا"

بیڑیاں کاٹنا / کٹنا / کھڑکھڑانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "بیڑی کاٹنا / کٹنا / کھڑکھڑانا"

بیز : [ف لاحقۂ فاعلی] فارسی مصدر بیختن سے صیغۂ امر جو اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پھیلانے، بکھیرنے، چھاننے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً عطر بیز

بیزار : [ف صف] ناراض۔ ناخوش۔ متنفر

بیزاری : [ف امث] دیکھئے "بیزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

بیس : [ہ امث] ہندوؤں کی ایک ذات جس کا کام تجارت اور زراعت ہے (۲) راجپوتوں کی ایک ذات

بیس : [ا ر اعدد] دس اور دس (۲) (صف) بہتر۔ زیادہ۔ اچھا

بیس باہو : [ہ امذ] بیس بازوؤں والا۔ راون کا لقب۔

بیس بسوے : [ہ امذ] (لغوی معنی) ایک بیگھہ (۲) تمام پورا۔ مکمل یقیناً۔ غالباً۔ ضرور (۴) سالم گاؤں

بیس راہ لگا دینا : [ا رمحاورہ] مختلف کاموں میں خرچ کر ڈالنا

بیس ہنڈیوں کا مزا چکھنا : [ا رمحاورہ] (۱) بہت جگہ نوکری کرنا (۲) بہت عورتوں کے ساتھ شادی کرنا۔ یا تعلقاتِ ناجائز رکھنا

بیسا : [ا رامذ] (۱) کوڑی (۲) بیس ناخن والا جانور جیسے کتا

بیسواں : [ا رعدد کسری] ۱/۲۰ کسی چیز کا بیسواں حصہ

بیسواں : [ا رعدد ترتیبی] ترتیب کے لحاظ سے انیس کے بعد کا درجہ (۲) مرنے کے بعد کی ایک رسم جو بیسویں دن منائی جاتی ہے۔ جس میں مسکینوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور عزیز و اقارب جمع ہوتے ہیں

بیسوں : [ا رعدد استغراقی] تمام بیس کے بیس (۲) بہت سے

بیسوں بسوے : [ہ امذ] (۱) تمام کا تمام گاؤں (۲) یقیناً۔ بے شک

بیسی : [ہ۔ امث] (۱) بیس، کوڑی (۲) اناج کا ایک پیمانہ (۳) زمین کا ایک پیمانہ جو بیس نلیوں کے برابر ہوتا ہے

بیسی کھیسی، ساٹھا پاٹھا : [ا رمثل] عورت بیس سال کی بوڑھی ہو جاتی ہے اور مرد ساٹھ سال کا بھی جوان ہوتا ہے۔

بیسیا : [ہ امذ] پورے بیس ناخنوں والا کتا۔

بیساکھ : [ہ امذ] سمت بکرمی کا پہلا مہینہ جو ۱۳ اپریل کو شروع ہوتا ہے۔

بیساکھا : وہ لاٹھی جو بیساکھ کے مہینے میں بنائی جاتی اور اس پر بہت سا لوہا چڑھا ہوتا ہے۔ [ہ۔ امذ]

بیساکھی : [ہ امث] (۱) بیساکھ کی پہلی تاریخ کو جو تہوار منایا جاتا ہے (۲) بیساکھ کے مہینے کی فصل (۳) بیساکھ کا خربوزہ (۴) وہ عورت جس کا پلوٹھی کا لڑکا ہوتا ہے وہ خربوزے بیساکھ میں کھاتی ہے، جیٹھ میں نہیں کھاتی۔

بیستون : [ف۔ امذ] ایران کا ایک مشہور پہاڑ، جس کے متعلق مشہور ہے کہ فرہاد نے اس کو کھود کر شیریں کے لیے نہر نکالی۔

بیسر : [ہ۔ امث] نتھنی جو ناک میں بلاق کی جگہ پہنی جاتی ہے۔

بیسن : [ہ۔ امذ] چنے کی دال کا آٹا۔

بیسنی روٹی : [ا ر۔ امث] بیسن کی روٹی۔ چنے کے آٹے کی روٹی جو کتری ہوئی پیاز، زیرہ اور نمک وغیرہ ملا کر پکاتے ہیں۔

بیسوا : [ہ۔ امث] بدچلن عورت۔ شریر عورت۔ فاحشہ۔ بازاری عورت

بیسوا ستی نہ کاگا جتی : [ا رمثل] بیسوا اور کتا نیک نہیں ہو سکتے۔

بیسوا لگائی (عورت) اور ننگی تلوار خصم کو مارتی ہے : [ا رمثل] بدچلن عورت اور میان سے نکلی ہوئی تلوار مالک کو نقصان پہنچاتی ہے۔

بیش : [ف صف] زیادہ۔ بہت۔ اچھا۔ عمدہ

بیش از بیش : [ف۔ صف] زیادہ سے زیادہ۔ بہت زیادہ

بیش باد : [ف۔ کلمہ دعا] برکت ہو۔ زیادتی ہو۔

بیش بہا : [ف۔ صف] قیمتی۔ بڑھیا

بیش تر : [ف صف] بیش کی تفضیل بعض۔ مقابلتہً زیادہ۔ بارہا۔ اکثر

بیش قرار : [فع۔ صف] معقول۔ کافی۔ زیادہ

بیش قیمت : [فع صف] قیمتی۔ بڑھیا۔ بھاری قیمت کا۔ عمدہ۔ نفیس۔

بیش و کم : [ف صف] تھوڑا بہت

بیشی : [ف۔ امث] دیکھئے "بیش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بیشی جمع : [فع۔ امث] مال گزاری کا اضافہ

بیشی لگان : [ف ار۔ امذ] لگان کا اضافہ۔ لگان کی زیادتی

بیشنو : [ہ۔ صف] وشنو کا پیرو۔ ہندو فقیر

بیشہ : [ف امذ] (۱) جنگل۔ بیابان۔ اجاڑ (۲) وہ جنگل جس میں شیر رہتا ہے۔

بیض : [ع۔ امذ] نشان یا علامت جو حکام فرمانوں پر کرتے ہیں۔ دستخط

بیضا : [ع۔ صف امث] روشن۔ سفید۔ سورج

بیضاوی : [ع صف] (۱) آفتابی۔ شمسی (۲) آفتابی دائرہ (۳) قرآن مجید کی ایک مشہور تفسیر

بیضوی : [ع۔ صف] انڈے کی شکل کا گول

بیضہ : [ع۔ امذ] (۱) انڈا۔ فوطہ۔ خصیہ (۲) گھوڑے کا ایک عیب جس میں گھوڑے کے ہاتھ یا پاؤں کے مٹھوں کے اوپر اندر یا باہر کی جانب کم و بیش انڈے کے برابر ابھار ہو جاتا ہے۔ جسے ماہرین برا نہیں سمجھتے۔

بیضۂ نوروز : [عف۔ امذ] نوروز کے دن ایرانی لڑکے انڈوں سے کھیلتے ہیں، جس کا انڈا ٹوٹ جائے وہ ہار جاتا ہے۔ اس کھیل کا نام

بیطار : [ع امذ] سالوتری۔ گھوڑوں اور مویشیوں کا معالج

بیطاری : [ع ف۔ امث] دیکھئے "بیطار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

بیع : [ع۔ امث] (عربی میں یہ لغت اضداد ہے، خرید، فروخت، دونوں معنوں میں آتا ہے) فروخت۔ بکری

بیع استطاعی : [ع۔ امث] افلاس۔ بے مقدوری

بیع بات / بیع بالوفا : [ع۔ امث] وہ رہن کا معاملہ، جس میں میعاد معینہ گزرنے کے بعد روپیہ ادا نہ ہونے پر مال مرہونہ فروخت ہو جاتا ہے۔

بیع بالخیار : [ع - امث] ایسی خرید و فروخت جس میں ایک مدت معین کر کے چیز کو واپس لینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔
بیع بالمنافع : [ع - امث] بامنافع فروخت
بیع جائز / حقیقی : [ع - بہ ترکیب فارسی - امث] وہ فروخت جو از روئے قانون درست ہو۔
بیع خانگی : [عف - امث] نجی کے طور پر کی جانے والی فروخت
بیع دار : [عف - صف فاعلی] خریداری کے ذریعہ مالک
بیع سلطانی : [ع - بہ ترکیب فارسی - امث] بادشاہ یا حاکم کے حکم سے بولیائی فروخت
بیع شرطی : [ع - بہ ترکیب فارسی - امث] وہ فروخت جو کسی شرط پر مبنی ہو۔
بیع فاسد : [ع - بہ ترکیب فارسی - امث] ناجائز فروخت
بیع قطعی : [ع - بہ ترکیب فارسی - امث] مکمل فروخت - پکی بکری
بیع کرنا : [ار - مص وضعی] فروخت کرنا - بیچنا۔
بیع میعادی : [ع - بہ ترکیب فارسی - امث] مشروط فروخت
بیع ناجائز : [ع - بہ ترکیب فارسی امث] وہ فروخت جو خلاف قانون ہو یا جس کا اختیار نہ ہو۔
بیع ناقص : [ع - بہ ترکیب فارسی امث] وہ فروخت جس میں کوئی قانونی نقص ہو نامکمل فروخت
بیع نمائشی : [عف - امث] دکھاوے کی، فرضی فروخت
بیع و شراء : [ع - بہ ترکیب فارسی - امث] خرید و فروخت
بیعانہ : [عف - امذ] سائی۔ وہ رقم جو فروخت کرنے والے کو پیشگی دی جائے۔ تاکہ معاملہ پختہ ہو جائے۔
بیعنامہ : (بیع نامہ) [عف - امذ] بیع کا قبالہ۔ فروخت کی دستاویز یا رسید
بیعت : [ع - امث] (۱) اطاعت کا عہد۔ کسی کو اپنا امیر بنانا اور اس کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر مکمل اطاعت اور وفاداری کا عہد کرنا۔ مرید بننا۔
بیعت کرنا : [ار - مص وضعی] (۱) اطاعت و فرمانبرداری کا عہد کرنا (۲) مرید بننا۔
بیعت طلب کرنا / مانگنا : [ار - مص - وضعی] اطاعت و فرمانبرداری چاہنا۔
بیعت لینا : [ار - مص وضعی] فرمانبرداری کا عہد لینا
بیکا : [ہ - صف] (۱) ٹیڑھا (۲) زخمی
بیکال : [ہ - امذ] پچھلا پہر۔ شام
بیکنٹھ : [ہ - امذ] (۱) بہشت - سُرگ (۲) وشن جی کا ایک نام (ہندو اصطلاح)
بیکنٹھ باسی : [ہ - صف] بہشتی - خلد آشیاں - ہندو مردہ کو مرحوم کی بجائے کہتے ہیں
بیگ : [انگ - امذ] (BAG) چمڑے کا تھیلا۔ تھیلا۔ بوری
بیگ : (بہ یائے مجہول) [ت امذ] سردار - امیر - ایک باعزت لقب
بیگنی : [ار - امث] دیکھئے "بیگ" جس کی یہ تانیث ہے
بیگار : [ف امث] (۱) بغیر اجرت کے کام (۲) زبردستی کا کام (۳) بے دلی کا کام
بیگار ٹالنا : [ار - محاورہ] بے دلی اور بے توجہی سے کام کرنا - دفع الوقتی کرنا
بیگار کے لیے پکڑے جانا : [ار - محاورہ] بغیر اجرت کام کرنے کے لیے مجبور ہونا۔
بیگاری : [ف - امذ - صف] (۱) بیگار میں کام کرنے والا (۲) بے دلی سے کام کرنے والا
بیگم : [ت - امث] امیرزادی ملکہ خاتون (۲) اب ہر عورت کو بیگم کہتے ہیں۔

بیگماں : [ار - امث] بیگم کی تصغیر چھوٹی بیگم - کم عمر بیگم
بیگمی : [ار - صف] (۱) ایک قسم کا عمدہ چاول (۲) ایک قسم کا سفید عمدہ پان (۳) پنیر کے دوسرے درجے کی قسم جس میں نمک کم ہوتا ہے
بیگن : [ہ امذ] دیکھئے "بھینگن"
بیگھہ : [ہ امذ] زمین کا ایک ناپ جو بیس بسوے کا ہوتا ہے یا چار کنال کا ہوتا ہے۔
بیل : [ہ امذ] گائے کا نر۔ نرگاؤ۔ ثور (۲) مجازاً بے وقوف۔ احمق
بیل بدھیا ساجھے ادھیا : [ہ مثل] دوسرے کی مدد سے کام کرنے میں کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔
بیل بیاہا ہیجڑے کے بیٹا ہوا : [ار مثل] کوئی ناممکن واقعہ سن کر کہتے ہیں۔
بیل کا بیل گیا نو ہاتھ کا پگہا گیا : [ار مثل] بہت سخت نقصان ہوا
بیل کبھی دودھ نہیں دیتا : [ار مقولہ] کنجوس سے کچھ نہیں ملتا۔
بیل نہ کودا، کودی گون، یہ تماشا دیکھے کون : [ار مثل] وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کوئی امید کے خلاف کام کرے۔ یا دخل در معقولات دے۔ جس کو کودنا یا شکایت کرنی چاہیئے وہ چپ رہے اور جس کو شکایت نہ کرنا ہو وہ الٹی شکایت کرنے لگے۔
بیل سرکاری یاروں کی ٹھکاری : [ار مثل] مال کسی کا استعمال کوئی کرتا ہے۔ جب کوئی چیز کسی کو مفت استعمال کے لیے مل جائے تو کہتے ہیں۔
بیل (بہ یائے مجہول) [ہ امث] وہ پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی ہیں یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں (۲) وہ گل بوٹے جو کپڑوں پر کاڑھے یا کاغذوں وغیرہ پر بنائے جاتے ہیں (۳) ایک قسم کا چھوٹے عرض کا فیتہ جو سونے اور ریشم کی تاروں سے بنایا جاتا ہے اور اردگرد کمخواب زربفت اور اطلس وغیرہ کی قباؤں اور لبادوں وغیرہ کے لگایا جاتا ہے۔ (۴) وہ روپیہ جو شادی کے موقع پر دلہا دلہن کے سر پر سے نچھاور کر کے مبارک باد گانے والوں کو دیا جاتا ہے (۵) اہل و عیال نسل (۶) ناؤ کھینے کا بانس (۷) ایک درخت جس کا پھل نارنگی کے برابر اور پتھر جیسا سخت ہوتا ہے اور (۸) اسی درخت کا پھل (۹) ایک قسم کا موتیا جس کا پھول دوہرا اور سفید اور خوشبودار ہوتا ہے (۱۰) برتن (۱۱) کنواں - وہ جگہ جہاں گڑ شکر بنانے کے برتن رکھتے ہیں (۱۳) گڑ پکانے کے کڑاہے اور بھٹی (۱۴) پتے اور شاخیں جو خیموں یا مکانوں میں لٹکائی جائیں (۱۵) ڈیل ڈول۔ قد و قامت (۱۶) ایک مضبوط اور لمبا رسا
بیل بیتا : [ہ امذ] دیکھئے "بیل شق ۴"
بیل بڑھنا : [ار محاورہ] بال بچے زیادہ ہونا۔ نسل بڑھنا (۲) ترقی ہونا (۳) قد بڑھنا
بیل بوٹا : [ار امذ] نقش و نگار پھولوں پتوں اور درختوں کی تصویریں جو کاغذوں کپڑوں اور پتھروں وغیرہ پر بنائی جائیں۔
بیل پات / پتر : [ہ - امذ] بیل کے درخت کے پتے جو مہادیو جی پر چڑھاتے ہیں
بیل پڑنا : [ار محاورہ] ڈومنیوں وغیرہ کو نچھاور دیا جانا۔
بیل چڑھنا : [ار مص وضعی] بیل کا درخت یا دیوار پر چڑھنا (۲) چوٹی پر پہنچ جانا (۳) تکمیل ہونا۔ تکمیل پر پہنچنا (۴) ترقی کرنا۔ سرسبز ہونا۔ پھلنا پھولنا
بیل دار : [ار صف] بیل لگا ہوا ایسا بیل لگا ہوا کپڑا ٹوپی وغیرہ

بیل دینا : [ار محاورہ] دیکھئے "بیل پڑنا"
بیل منڈھے چڑھنا : [ار محاورہ] کام بننا۔ شادی کا وقت آنا (۲) خوشی نصیب ہونا یا مراد ہونا۔
بیل : [ف اندھ] لوہے کا اوزار جس سے زمین کھودتے ہیں۔ پھاوڑا یا کدال (۲) نشان راستہ یا سڑک کا۔ جو بیل سے لگایا جائے۔
بیلچہ : [ف اندھ] پھاوڑے کی قسم کا چھوٹا اوزار
بیلچہ کار : [ف اندھ] وہ آدمی جو بیلچے کے ساتھ کھدائی کا کام کرے
بیل دار : [ف اندھ] دیکھئے "بیلچہ کار" (۲) نہر کے محکمہ کا ملازم جو نہر یا سڑک کی مرمت کرتا ہے (۳) فوج کا سپاہی جو سڑکیں وغیرہ بناتا ہے۔
بیلا : [ہ اندھ] (۱) بڑا کٹورا (۲) وہ نقدی جو خوشی کے موقع پر بطور خیرات تقسیم کی جائے (۳) ایک قسم کا باجا جو سارنگی سے مشابہ ہوتا ہے (۴) وہ جنگل جو دریا کے کنارے واقع ہو (۵) یاسمین یا چنبیلی کی قسم کا ایک پھول اور پودا۔
بیلا بردار : [ابف۔ صف] خیرات کے روپوں کی تھیلی لے کر چلنے والا خادم
بیلک : [ف اندھ] تیر کی انی۔ نوک یا سنان (۲) بیلچہ
بیلن : [ہ اندھ] لکڑی کا وہ مدور اوزار جس سے چکلے پر آٹے کا پیڑا رکھ کر روٹی یا پوری کی شکل میں بڑھاتے ہیں (۲) وہ لوہے یا پتھر کا ڈھول جیسا گول اوزار جس سے سڑکیں کوٹتے یا زمین ہموار کرتے ہیں (۳) ایک پرزے کا نام جو بعض باجوں میں لگا ہوتا ہے اور چکر کھاتا رہتا ہے (۴) گنے بیل کر رس نکالنے کا آلہ۔
بیلنا : [ہ اندھ] کپاس اوٹنے کا آلہ (۲) گنے کا رس نکالنے کا کولہو۔ بڑا بیلن
بیلنا : [ار مص] بیلن سے روٹی کو بڑھانا۔ کپاس سے بنولے نکالنا
بیلنی : [ہ امث] دیکھئے "بیلنا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
بیلا : [ف اندھ] دوآبہ (۲) جزیرہ۔ ٹاپو (۳) دریا کے کنارے یا ٹاپو کی خودرو گھاس (۴) تھیلی۔ صندوقچہ
بیلی : [ہ صف] نگہبان۔ محافظ۔ مددگار۔ ساتھی
بیم : [ف اندھ] خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ جوکھوں۔ دہشت۔ رعب
بیمناک : [ف صف] ڈرپوک۔ بزدل
بیمار : [ف صف] وہ شخص جسے کوئی مرض ہو۔ علیل۔ دکھی۔ مریض (۲) عاشق۔ فریفتہ (۳) خستہ۔ ماندہ۔ (افعال۔ پڑنا۔ ہونا۔ کرنا)
بیمار پرسی : [ف امث] عیادت۔ بیمار کا حال پوچھنا۔ بیمار کی خبر لینا۔
بیماردار : [ف صف فاعلی] وہ شخص جو بیمار کی خدمت کرے۔ خدمت کرنے پر تعینات ہو
بیمارداری : [ف امث] دیکھئے "بیماردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
بیمارستان : [ف اندھ] ہسپتال۔ شفاخانہ
بیمار کی خدمت خدا کی عبادت : [ار مقولہ] تیمارداری کرنا عبادت کے برابر ہے
بیمار کی رات پہاڑ کے برابر : [ار مقولہ] رنج اور مصیبت کا زمانہ کٹھن اور طویل معلوم ہوتا ہے۔
بیماری : [ف امث] روگ۔ مرض۔ علالت۔ دکھ۔ تکلیف (۲) عادت بد۔ لت
بیماری سے اٹھنا : [ار محاورہ] بیماری سے صحت پانا
بیماری کی تکلیف بیمار جانے : [ار مقولہ] تندرست کو کیا خبر جس پر مصیبت پڑی ہو۔ اسی کو تکلیف ہوتی ہے۔ دوسرے کو کیا خبر۔

بیموٹ : [ہ اندھ] چیونٹیوں کا گھر
بیمہ : [ف اندھ] ٹھیکا۔ ضمانت (۲) بند لفافے پر لاکھ کی مہر لگا کر ڈاکخانہ کی ضمانت میں دینا اور مقررہ فیس ادا کرنا۔ اگر یہ ضائع ہو جائے یا کھل جائے تو ڈاکخانہ اتنی رقم ادا کرنے کا ذمہ دار ہے۔ جتنی لفافے کے اوپر لکھی گئی ہو۔ زندگی یا کاروبار وغیرہ کو مقررہ مدت کے لیے کسی کمپنی کی ضمانت میں دے دینا اور مقررہ فیس ادا کرتے رہنا۔ اگر مقررہ مدت سے پہلے موت واقع واقع ہو جائے یا کاروبار کو نقصان پہنچے تو کمپنی اتنی رقم ادا کرنے کی ذمہ دار ہوگی جس کا بیمہ کرایا گیا ہو انگریزی لفظ insurance کا ترجمہ
بین : [ف لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر دیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور دیکھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے تماش بین۔ حق بین
بین : [ہ امث] تونبی سے بنا ہوا ایک مشہور باجا۔ جو بیچ میں سے پھولا ہوا ہوتا ہے اور منہ سے گال پھلا کر بجایا جاتا ہے۔ عام طور پر سپیرے بجاتے ہیں۔
(۲) تار کا ایک ساز جس میں تونبیں ہوتی ہیں۔
بین کار : [ار فاعلی] بین بجانے والا
بَین : [ع اندھ] (۱) عورتوں کا مُردے کے اوصاف بیان کر کے رونا پیٹنا (۲) بایاں جیب
بَین : [ع اندھ] فاصلہ۔ درمیانی فاصلہ۔ تفرقہ۔ علیحدگی (۲) درمیان۔ بیچ
بین الاقوامی : [ع امذ] مختلف قوموں کے درمیان۔ جس کا تعلق قوموں سے ہو۔ انگریزی لفظ international کا ترجمہ
بین السطور : [ع اندھ] وہ فاصلہ جو سطروں کے درمیان ہو
بین السطور پڑھنا : [ار محاورہ] باطنی یا پوشیدہ مفہوم سمجھنا۔ تالیف سے اصلیت جاننا
بین بین : [ع صف] بیچوں بیچ۔ درمیان میں
بَیّن : [ع صف] ظاہر۔ صاف۔ آشکارا۔ واضح
بین ہتھا : [ہ صف] چپ دست۔ وہ آدمی جو بائیں ہاتھ سے کام کرے کھبا
بینا : [ہ اندھ] (۱) بھومر کی قسم کا ایک زیور جو ماتھے پر پہنتے ہیں (۲) مٹھائی یا کھانا جو تقریبات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ بھاجی۔ بخرہ
بینا : [ف صف] دیکھنے والا۔ ناظر (۲) دانا۔ عقلمند (۳) ہشیار۔ دوراندیش۔
بینائی : [ف امث] نظر۔ آنکھ کی روشنی۔ بصارت (۲) دانائی۔ ہوشیاری۔
بینا : [ار مصدر] چننا۔ چگنا۔ سمیٹنا۔ جدا جدا کرنا۔ الگ الگ کرنا
بیّنات : [ع صف] بیّنہ کی جمع (۱) روشن۔ واضح (۲) گواہان صادق۔ روشن دلائل (۳) ایک قسم کا ابجد کا حساب جس میں ہر حرف کے عدد اس کے تلفظ کے لحاظ سے لیتے ہیں اور اس کے پہلے حرف کے عدد کو چھوڑ دیتے ہیں۔ مثلاً الف کے اعداد میں صرف ل اور ف کے عدد لیں گے اور ا کے چھوڑ دیں گے۔ ہر حرف کے تلفظ میں جو حرف پہلے آتا ہے اس کو زبر کہتے ہیں۔
بینتی : [ہ امث] التجا۔ منت۔ سماجت
بینٹ / بینٹا / بینٹھ : [ہ اندھ] کلہاڑے۔ کدال۔ پھاوڑے۔ درانتی کھرپے۔ چاقو چھری وغیرہ کا لکڑی کا دستہ
بینٹ : [انگ امث] بندوق کی کرچ۔ سنگین انگریزی لفظ bayonet کا بگاڑ

بینجنی [ہ صف] بینگنی۔ اُودا۔ بینگن کے رنگ کا۔ سرخی مائل سیاہ

بینجوا :[انگ۔ اند] تار والا ایک ساز یا باجا جو مضراب سے بجتا ہے اس میں سُر ملانے کے لیے چابیاں بنی ہوتی ہیں جنہیں انگلیوں سے دبایا جاتا ہے۔

بینچ :[انگ اند مث] دیکھئے "بنچ"

بیندھنا : [ہ مصدر] چھیدنا۔ پرونا (۲) طنز کی بات کرکے زخمی کرنا۔ طعنے دینا

بینڈ :[انگ اند] انگریزی باجے والوں کا گروہ

بینڈ : [ہ اند] سرکنڈا۔ نَے۔ سرکنڈوں کا گٹھا۔

بینڈا : [ہ صف مذ] ٹیڑھا۔ آڑا۔ ترچھا (۲) سخت۔ مشکل۔ بے ڈھب (۳) وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے ترچھی لگائی جاتی ہے۔ تاکہ دروازہ نہ کھل سکے۔

بلینڈا : [ہ اندم] ایک کیڑا جو برسات کے موسم میں درختوں پر بڑے زور سے بیں بیں کی آواز نکالتا ہے۔

بینڈی : [ہ صف مث] دیکھئے "بینڈا"، جس کی یہ تانیث ہے۔

بینڈی : [ہ امث] بالوں کا جوڑا جو پیچھے لپٹا ہوتا ہے (۲) بان یا سُتلی کی لچھی۔

بینڈی بات :[ہ امث] نازیبا بات۔ ناملائم بات۔

بینڈی چال : [ہ امث] ٹیڑھی چال بُری وضع

بینڈی سنانا : [ہ محاورہ] سخت جواب دینا۔ اُلٹی سیدھی ہانکنا

بینڈی کھوپڑی کا : [ارصف] کم فہم۔ جاہل۔ اوندھی سمجھ کا مالک۔ سمجھ والا

بینڈیا : [ہ اندم] وہ بیل جو بیلوں کی گاڑی میں بطور مددگار آگے جوتا جاتا ہے۔

بینش ، [ف امث] دیکھنا۔ دید۔ بینائی

بینک : [انگ اند] دیکھئے "بنک"

بینگن ، [ہ اند] ایک مشہور ترکاری جو گول یا لمبوتری اُودے رنگ کی ہوتی ہے۔ ۲۔ بادنجان۔ بتاؤں

بینگنوں کا نوکر نہیں۔ آپ کا نوکر ہوں ، [ارمثل] خوشامد پرست امیروں کو خوش کرنے کے لیے گھڑی میں کسی چیز کی تعریف اور پھر گھڑی بھر کے بعد اُسی چیز کی مذمت کرنے لگتے ہیں۔ مالک یا امیروں کی ہاں میں ہاں ملانا۔

بینندہ : [ف صف] بینا۔ صاحب بصیرت۔ دانشمند

بینی : [ف امث] ناک

بینی : [ارامث] وہ لمبی لکڑی جو کواڑ کے اگلے رُخ پر اس لیے لگاتے ہیں کہ بند کرنے پر جھری نہ رہے (۲) کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو آگے کو بڑھا ہوا ہوتا ہے اور کتاب بند کرنے پر اُوپر آجاتا ہے (۳) تلوار کے قبضے کی جھنڈی جس میں نتھنی پڑی ہوتی ہے۔

بینی پاک ، [ف اند] ناک پونچھنے کا رومال

بینی کوہ ، [ف امث] پہاڑ کی چوٹی

بیوپار : [ہ اند] دیکھئے "بیپار"

بیوپاری ، [ہ اند] دیکھئے "بیپاری"

بیورا : [ہ اند] اختلاف۔ فرق۔ تفصیل۔ پیغام۔ خبر۔ بھید۔ راز

بیورا کرنا : [ارمصدر وضعی] اطلاع دینا۔ خبر دینا

بیوروکریسی : [انگ امث] اشرافیہ۔ ایک طرز حکومت

بیورے وار : [ہ صف] مفصل۔ واضح۔ بالتفصیل

بیوگی : [ف اند] رنڈاپا۔ بدھواپن

بیونت : [ہ امث] (۱) کاٹ۔ تراش۔ قطع برید (۲) حساب۔ تقسیم (۳) موقعہ ڈھب (۴) کفایت شعاری کا ڈھنگ

بیونت پھیلنا : [ارمصدر وضعی] حساب ٹھیک ٹھیک بیٹھ جانا

بیونت کھانا : [ارمصدر وضعی] دیکھئے "بیونت پھیلنا"

بیونتنا : [ہ مصدر] کپڑے کا قطع و برید کرنا۔

بیوہ : [ف صف امث] وہ عورت جس کا شوہر مرگیا ہو۔ رانڈ۔ بدھوا

بیوہار : [ہ اند] (۱) تجارت۔ لین دین (۲) کام کاج۔ پیشہ (۳) معاملہ۔ واسطہ۔ تعلق (۴) قاعدہ۔ دستور۔ طریقہ۔ ڈھنگ (۵) خط و کتابت نامہ و پیغام (۶) بیاہ شادی۔ نسبت کا تعلق

بیوہار کی بات : [ہ امث] لین دین کی بات۔ معاملہ کی بات۔ ٹھیک اور مناسب

بیوہرا : [س اند] مہاجن

بیوی ، [ارامث] زوجہ۔ زن منکوحہ۔ بیگم۔ عورت۔ بی بی۔ استری۔ پتنی

بیوی بیوی عید آئی۔ چل دُور تجھے اپنی دال ٹکیا سے کام : [ارمثل] دنیا کے عیش و عشرت سے غریبوں کو کیا واسطہ

بیوی جی بیوی جی چاول گل گئے
ڈر کھتیا مردار وہ دن ٹل گئے } [ارمثل] عورتیں اس وقت کے متعلق کہتی ہیں جو خوش حالی میں اپنا پچھلا محتاجی کا وقت بھول جائے۔

بیوی کا دانہ کھانے والا ، [ار اند] جورو کی جائیداد کھانے والا۔ عورت کی کمائی کھانے والا۔ سُسرال کے ٹکڑوں پر بسر کرنے والا۔ بے غیرت۔ بے شرم

بیوی کا غلام ، [ار اند] زن مرید

بیوی کو باندی کہو ہنس دے
باندی کو باندی کہو جل مرے } [ارمثل] شریف کو کمینہ کہو ہنس دیتا ہے اور رذیل کو اُس کمینے کو کمینہ کہو تو ناراض ہو جاتا ہے۔

بیوی نیک بخت دمڑی کی دال تین وقت ، [ارمثل] سُگھڑ بیوی بڑی کفایت شعار ہوتی ہے۔

بیہہ ، [س اند] سوراخ۔ چھید (۲) ناک یا کان کا سوراخ

بیہڑ : [ہ صف] اونچی نیچی۔ ناہموار زمین۔ بنجر زمین۔ جنگل۔ چراگاہ ناقابل کاشت زمین

بُیُوت : [ع اند] جمع "بیت"، کی بمعنی گھر

بیوتات ، [ع اند] بیت کی جمع الجمع۔ ۲۔ وہ شاہی محل جس میں بیگمات رہتی ہوں۔ رنواس۔ ۳۔ خانہ داری کا خرچ۔

پ

پ : [ف - امث] فارسی میں اسے پا اور اردو میں پے (بیائے مجہول) کہتے ہیں۔ ب اور پ میں التباس سے بچنے کے لئے اسے بائے فارسی بھی کہتے ہیں۔ (۱) اردو اور فارسی حروف تہجی کی ترتیب میں تیسرا حرف ہے (۲) دیوناگری حروف تہجی کی ترتیب میں اکیسواں ویَنجن یعنی حرف صحیح ہے۔ (۳) یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے (۴) شفوی حروف میں سے ہے یعنی اس کی آواز ہونٹوں سے نکلتی ہے (۵) عربی میں یہ حرف اور اس کی آواز موجود نہیں۔ اس لئے عربی میں اسے "ف" سے بدل دیتے ہیں (۶) قاعدہ جمل میں اسے "ب" کی ایک صورت خیال کیا جاتا ہے، اس لئے "ب" کے مطابق اس کے دو عدد دئیے جاتے ہیں (۷) فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے

"ب" کا بدل مثلاً تب اور تپ وغیرہ میں

"ج" کا بدل مثلاً جالیز اور پالیز وغیرہ میں

"چ" کا بدل مثلاً چلاؤ اور پلاؤ وغیرہ میں

"غ" کا بدل مثلاً غریزن اور پرویزن وغیرہ میں

"ف" کا بدل مثلاً سفید اور سپید وغیرہ میں

"ک" کا بدل مثلاً کیچ اور پیچ وغیرہ میں

"ل" کا بدل مثلاً سراندیل اور سراندیپ وغیرہ میں

"م" کا بدل مثلاً سارک اور سپارک وغیرہ میں

"و" کا بدل مثلاً چاروا اور چارپا وغیرہ

"ہ" کا بدل مثلاً کوہ اور کوپ وغیرہ میں

(۸) اردو میں لاحقہ اسم کیفیت کے طور پر بھی مستعمل ہے مثلاً ملاپ وغیرہ میں۔

پا نمبر۱ : [ار - لاحقہ] مرکبات میں لاحقہ کے طور پر آکر اسم کیفیت کے معنی پیدا کرتا ہے مثلاً جلاپا - مٹاپا -

پا نمبر۲ : [ار - اند] پاؤں کا مخفف جو مرکبات میں مستعمل ہے مثلاً آدھ پا وغیرہ میں۔

پا نمبر۳ : [ار - فعل] "پانا" مصدر سے صیغۂ امر

پا نمبر۴ : [ف - اند] (۱) پاؤں - قدم (۲) جڑ - بنیاد - اصل (۳) مضبوطی - پائیداری -

پا نمبر۵ : [ف - صف] (۱) تحت - زیریں - نیچے (۲) ٹھہرنے والا

پا نمبر۶ : [ف - لاحقہ] فارسی مصدر "پاییدن" سے صیغۂ امر جو اسم کے آخر میں بطور لاحقہ فاعلی آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ٹھہرنے والا، مضبوط وغیرہ کے معنی دیتا ہے مثلاً دیرپا -

پا افزار : [ف - امث] جوتی - پاپوش

پا اُفتادہ : [ف - صف] بے کس - بے سہارا - عاجز - (جمع : پا افتادگان)

پا افشار : [ف - اعث] نعلین - کھڑاؤں

پا انداز : [ف - اند] ٹاٹ یا بڑ وغیرہ کا وہ ٹکڑا، جو دروازہ کے آگے پاؤں صاف کرنے کے لئے رکھ دیتے ہیں۔ گاڑی میں پاؤں رکھنے کی جگہ بھی رکھ دیتے ہیں

پابجَولاں (پا بہ جولاں) [ف - صف] مقید - پابند - بیڑیاں پہنے ہوئے (فارسی میں یہ ترکیب اور جولاں بمعنی زنجیر نہیں ملتی - ممکن ہے فارسی گویان ہندی نے وضع کی ہو - مسئلہ تحقیق طلب ہے)

پابدامن (پا بہ دامن) [ف - صف] دامن میں پاؤں سمیٹے ہوئے - گوشہ نشین، عزلت گزین جس نے چلنا پھرنا ترک کر دیا ہو۔

پابدست دگرے ، دست بدست دگرے [ف - متعلق فعل] (پاؤں ایک کے ہاتھ میں اور ہاتھ دوسرے کے ہاتھ میں - یعنی جیسے اٹھا کر لے جایا جا رہا ہو) مجبوراً - کشاں کشاں - زبردستی سے - دوسروں کے سہارے سے

پا برجا : [ف - صف] (۱) ثابت - قائم (۲) محکم - مضبوط

پا برکاب : (پا بہ رکاب) [فع - صف] (جس کا رکاب میں پاؤں ہو) چلنے کو تیار - چلنے پر مستعد۔

پا برنجن : [ف - اعث] پازیب - پاؤں میں پہننے کا ایک زیور

پا برہنہ : [ف - صف] ننگے پاؤں - جس کے پاؤں میں جوتی وغیرہ نہ ہو۔

پا بزنجیر (پا بہ زنجیر) [ف - صف] مقید - پابند - بیڑیاں پہنے ہوئے

پا بستہ / بستہ : [ف - صف] (۱) مضبوط - مستحکم (۲) مقید - گرفتار

پا بگل (پا بہ گل) : [ف - صف] (جس کے پاؤں مٹی میں یا زمین میں ہوں) (۱) مقید - بے بس - جو اپنی جگہ سے ہل نہ سکے (۲) حیران - متحیر

پابند نمبر۱ (پا بہ بند) [ف - صف] (۱) مقید - گرفتار (۲) خوگر - عادی۔ (۳) ماتحت - مطیع - پیرو - فرماں بردار - (۴) مجبور - رکا ہوا - (۵) خیال رکھنے والا - باقاعدہ

پابند نمبر۲ : [ف - اند] (۱) زنجیر - بیڑی - رسی (جس سے پاؤں باندھے جائیں) (۲) گھوڑے کے پچھلے پاؤں باندھنے کی رسی - پچھاڑی - پیکھڑا -

پابند کرنا : [ار - محاورہ] (۱) مقید کرنا - گرفتار کرنا (۲) مجبور کرنا - (۳) روک دینا (۴) کسی کام کا ذمہ دار بنا دینا (۵) شادی کرنا (۶) نوکر رکھنا۔

پابند ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پابند کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

پابندی : [ف - امث] (۱) اطاعت - فرمانبرداری (۲) استقلال - قیام - مداومت (۳) عادت - خو - لحاظ - خیال (۴) پیروی - متابعت (۵) تعمیل - عمل کرنا (۶) بیڑی - روک - افعال کرنا - ہونا - اختیار کرنا)

پابندی ایک کی بھلی : [ار - مقولہ] ایک کی اطاعت ہی اچھی طرح ہو سکتی

ہے۔ایک کی اطاعت آسان اور بہتر ہوتی ہے۔

پابوس : [ف ۔صف] (۱) قدم چومنے والا (۲) تعظیم و تواضع کرنے والا

پابوس : [ف ۔اند] دیکھئے "پابوسی" (جس کی غالباً یہ تخفیف ہے) (افعال ہونا)

پابوسی : [ف ۔ امث] (۱) پاؤں چومنا ۔ قدم لینا (۲) تعظیم ۔ تواضع ۔ آداب تسلیم (افعال کرنا)

پاپوش : [ف ۔امث] کفش ۔ جوتی (بیزاری کے اظہار کے لئے بھی یہ لفظ آتا ہے ۔ مثلاً میری پاپوش بھی نہیں جاتی)

پاپوش بھی نہ مارنا : [ار ۔ محاورہ] جوتی بھی نہ مارنا ۔ کچھ بھی لحاظ نہ کرنا ۔ نہایت بے وقعت سمجھنا ۔

پاپوش پر مارنا : [ار ۔ محاورہ] جوتی پر مارنا ۔ ٹھکرانا ۔ پروا نہ کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا

پاپوش جانے : [ار ۔ محاورہ] خبر نہیں ۔ معلوم نہیں ۔

پاپوش (کی نوک) سے : [ار ۔ متعلق فعل] بلا سے ۔ کچھ پروا نہیں ۔

پاپوش کاری : [ف ۔ امث] جوتیاں پڑنا ۔ جوتیوں کی مار ۔

پاپوش کے برابر سمجھنا : [ار ۔ محاورہ] نہایت ذلیل سمجھنا ۔ بہت حقیر جاننا

پاپوش کی خاک سے : [ار ۔ متعلق فعل] دیکھئے "پاپوش (کی نوک) سے"

پاپوش کی گرد ہونا : [ار ۔ محاورہ] ہیچ ہونا ۔ حقیر ہونا ۔ کوئی اہمیت نہ ہونا

پاپوش کی نوک پر مارنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) پروا نہ کرنا ۔ ذلیل جاننا

پاپوش مارنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) پروا نہ کرنا ۔ بے توجہی کرنا ۔ (۲) ترک کردینا ۔ چھوڑ دینا ۔

پاپیادہ : [ف ۔صف] پیدل ۔ سواری کے بغیر ۔

پاتابہ : [ف ۔ اند] (۱) جوتا ۔ موزہ (۲) پاؤں کے نیچے جوتے کے اندر ڈالنے کا چمڑا ۔ (۳) کپڑے کا جوتا جو موزے کے اوپر پہنا جاتا ہے ۔

پاتراب : [ف ۔ اند] جگہ بدلنا ۔ نقل مکان ۔ نیک شگون کے لئے نیک ساعت میں مکان سے نکل کر قیام کرنا اور بعد میں سفر جاری کرنا ۔

پاجامہ : [ف ۔اند] (۱) ازار ۔ شلوار ۔ شرعی زیر جامہ ۔ تنبا (۲) سیدھی کاٹ کا پتلون سے ملتا جلتا ایک لباس جو ٹانگوں میں پہنا جاتا ہے ۔ شلوار کی کاٹ ترچھی اور پھیر بڑا ہوتا ہے مگر پاجامے کی کاٹ سیدھی اور پھیر چھوٹا

پاجامہ/پاجامے سے باہر ہوجانا/نکلا پڑنا : [ار ۔ محاورہ] بہت خفا ہونا ۔ غصہ کی شدت میں آپے میں نہ رہنا ۔

پاجامہ/پاجامے میں ڈال کر پہن لینا : [ار ۔ محاورہ] نہایت بے باک ہونا ۔ بد لحاظ ہونا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ گستاخ ہونا ۔ بے باک ہونا ۔

پاجامہ/پاجامے میں ہگ دینا : [ار ۔ محاورہ] خوف یا دہشت سے بدحواس ہونا ۔ خوف زدہ ہونا ۔

پاچاک : [ف ۔ اند] دیکھئے "پاچک"

پاچراغ : [ف ۔صف] ایک پاؤں پر کھڑا ۔ (افعال : کرنا ؛ ہونا)

پاچک : [ف ۔ اند] اوپلا ۔ اُپلا ۔ کنڈا ۔ ارنا

پاچک دستی [ف ۔اند] ہاتھوں سے تھاپا ہوا اُپلا ۔ گوبر جو جلانے کے کام آتا ہے ۔

پاچک دشتی : [ف ۔ اند] جنگلی اوپلا ۔ وہ گوبر جو جنگل میں خود بخود خشک ہوجاتے ۔ ارنا

پاخانہ : [ف ۔ اند] (۱) بیت الخلا ۔ جائے ضرور ۔ رفع حاجت کی جگہ ۔ (۲) انسان کا فضلہ ۔ براز ۔ گوہ ۔

پاخانہ پھرنا : [ار ۔ محاورہ] رفع حاجت کرنا ۔ ہگنا

پاخانہ خطا ہونا : [ار ۔ محاورہ] بے اختیاری سے فضلہ خارج ہوجانا ۔ بہت خوف زدہ ہونا ۔

پاخانہ لگنا : [ار ۔ محاورہ] حاجت ہونا ۔ ہگنے کی خواہش ہونا

پاخانے میں لوٹا نہ رکھواؤں : [ار ۔ محاورہ] حقارت ظاہر کرنے کیلئے کہتے ہیں ۔

پادار : [ف ۔ صف] دیکھئے "پائیدار" جو زیادہ مستعمل ہے ۔

پاداری : [ف ۔ امث] دیکھئے "پائیداری" جو زیادہ مستعمل ہے ۔

پادراز : [ف ۔صف] پاؤں پھیلائے ہوتے ۔ آرام میں ۔ مزہ میں (افعال : کرنا ؛ ہونا)

پادر رکاب : [ف ۔ صف] دیکھئے "پابرکاب"

پادرگل : [ف ۔صف] دیکھئے "پابگل"

پادرہوا : [ف ۔صف] خیالی ۔ وہمی ۔ جس کا خارج میں کوئی وجود نہ ہو ۔ بے بنیاد ۔

پاروب : [ف ۔ آلہ ۔ مث] وہ لکڑی جس سے گھوڑے کے پاؤں میں سے گھاس اور لید وغیرہ صاف کرتے ہیں ۔

پازیب : [ف ۔امث] پاؤں کو زینت دینے والا ۔ عورتوں کے پاؤں کا ایک زیور ۔ خلخال ۔

پاسنگ : [ف ۔ اند] (۱) وہ چھوٹا وزن جو ترازو کے پلے برابر کرنے کے لئے ڈالتے ہیں ۔ (۲) وہ نقصان جو ترازو کے پلے ہموزن نہ ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے ۔ (۳) (صف) برابر ۔ ہم سر

پاسنگ نہ ہونا : [ار ۔ محاورہ] برابر کا نہ ہونا ۔ مقابلہ میں کچھ حیثیت نہ رکھنا ۔

پاشکستہ : [ف ۔ صف] (۱) چلنے پھرنے سے معذور (۲) بے بس ۔ مجبور

پاشویہ : [ف ۔ اند] مریض کے پاؤں یا ٹانگوں کو کسی گرم رقیق چیز سے دھونے کا عمل ۔ (افعال : کرنا ؛ ہونا)

پاکوب/پائے کوب : [ف ۔صف فاعل] پاؤں مارنے والا ۔ ناچنے والا ۔ رقاص

پاکوبی/پائے کوبی : [ف ۔ امث] دیکھئے "پاکوب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

پالغز : [ف ۔ امث] (۱) پاؤں کی لغزش ۔ پاؤں ڈگمگانا (۲) خطا ۔ غلطی

پامال : [ف ۔صف] خراب ۔ خوار ۔ پاؤں سے روندا ہوا ۔ (افعال : کرنا ؛ ہونا)

پامال زمیں : [ف ۔ امث] شاعروں کی اصطلاح میں غزل کا وہ قافیہ اور ردیف جس میں بہت زیادہ شاعروں نے طبع آزمائی کی ہو ۔

پامالی : [ف ۔امث] دیکھئے "پامال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

پامرد : [ف - صف] مستقل مزاج - ثابت قدم

پامردی : [ف - امث] "پامرد" کا اسم کیفیت ہے (۱) استقلال - (۲) بہادری (۳) مضبوطی (۴) زور - طاقت - ہمت

پاموز : [ف - صف] (۱) ایک قسم کا کبوتر جس کے پنجے پروں سے چھپے ہوتے ہیں - (۲) ایک قسم کی مرغی جس کے پنجے بالوں سے چھپے ہوتے ہیں۔

پانام : [ف - صف] (۱) نامزد - مشہور

پایاب : [ف - صف] دریا کی تھاہ - جس میں آدمی پاؤں سے چل کر ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک چلا جائے - کم گہرا - اُتھلا

پایابی : [ف - امث] کم گہرائی - اُتھلا پن - دریا کی اتنی گہرائی کہ آدمی پاؤں سے چل کر ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک پہنچ سکے۔

پاپ : [ہ - اند] (۱) گناہ - جرم - قصور - (۲) دکھ - مصیبت - عذاب

پاپ اُبھرے پر اُبھرے : [ار - مثل] بُرے کام اور گناہ چھپے نہیں رہتے - ایک دن ظاہر ہو کر رہتے ہیں۔

پاپ آڑے آنا : [ہ - محاورہ] کیا پانا - کئے کا پھل ملنا - گناہوں کا بدلہ پانا۔

پاپ بسانا : [ار - محاورہ] گناہ خریدنا - مصیبت مول لینا - عذاب گلے ڈالنا -

پاپ روپ : [ہ - اند] گناہ مجسم - گناہ گار - بدصورت - ظالم - بے رحم

پاپ روگ : [ہ - اند] بداعمالی سے پیدا ہونے والا مرض - مثلاً آتشک وغیرہ -

پاپ کا بیڑا / گھڑا بھر کر ڈوبتا ہے : [ار - مثل] ظالم کو ایک نہ ایک دن سزا مل کر رہتی ہے۔

پاپ کاٹنا : [ار - محاورہ] جھگڑا طے کرنا - قرضہ چکانا - نجات دینا -

پاپ کٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پاپ کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پاپ کرنا : [ار - مع مرکب] گناہ کرنا - برا کام کرنا -

پاپ کمانا : [ار - محاورہ] بُرا کام کرنا - گناہ کرنا - زنا کرنا -

پاپ کی پوٹ : [ار - صف] گناہ کی گٹھڑی - سراپا گناہ - مجسم گناہ

پاپ کی ناؤ آج نہیں تو کل اور کل نہیں تو پرسوں ڈوبے اور ڈوبے : [ار - مثل] ظالم کو ضرور سزا ملتی ہے - ایک نہ ایک دن گناہوں کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

پاپ ہرنا : [ار - مع مرکب] گناہ دور کرنا - مکتی یا نجات دلانا -

پاپا : [ف - اند] (۱) کیتھولک عیسائیوں کا مذہبی پیشوا - بطریق (۲) ایک قسم کا کیڑا جو چاول میں ہوتا ہے۔

پاپاخ / پپاخ : [ت - امث] وہ سیاہ رنگ کی لمبوتری ٹوپی جو سیاہ دنبہ کی کھال سے بنائی جاتی ہے۔

پاپائیت : [فع - امث] پاپا کا منصب - پاپا کا اختیار (قاعدے کے لحاظ سے غلط ہے۔)

پاپڑ : [ہ - اند] مونگ یا ماش کی دال کی مسالا ملی ہوئی چپاتی جو بہت پتلی اور کرارا ہوتی ہے

پاپڑ بیلنا : [ار - محاورہ] (۱) بیلن سے بیل کر پاپڑ تیار کرنا (۲) تنگی سے گزارہ کرنا - (۳) مصیبت اٹھانا (۴) نہایت محنت کرنا - مشقت اٹھانا - (۵) چالیں چلنا - گھٹیا حرکتیں کرنا۔

پاپڑ پیلنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پاپڑ بیلنا"

پاپڑا : [ہ - اند] (۱) ڈھاک کا پھل - (۲) ایک درخت کا نام جو کیلے سے مشابہ ہوتا ہے (۳) ایک پودا - گارڈینا - (۴) شاہترہ -

پاپڑ اکھار : [ہ - اند] وہ نمک جو پاپڑ میں ڈلتے ہیں۔

پاپن : [ہ - صف مث] دیکھئے "پاپی" جس کی یہ تانیث ہے۔

پاپی : [ہ - صف مذ] (۱) گناہ گار - خاطی - مجرم (۲) ظالم - بے رحم - (۳) بخیل - کنجوس

پاپی باپ کا، بھائی اور نہ باپ کا : [ار - مثل] بدآدمی کو بدی سے کام ہوتا ہے اور کسی سے غرض نہیں ہوتی۔

پاپی کا مال پراپت / اکارتھ جائے / بھوڑ پڑے یا ٹھگ لے جائے : [ار - مثل] کنجوس کا مال رائگاں جاتا ہے۔

پاپی کنواں : [ار - اند] وہ کنواں جس میں اکثر آدمی ڈوب کر مر جائیں وہ کنواں جو بھینٹ لے اور ہر سال اس میں کوئی نہ کوئی ڈوب کر مرے۔

پاپی کی ناؤ بھر کر ڈوبے / ڈوبے پر ڈوبے : [ار - مثل] بُرا آدمی کتنا ہی عروج حاصل کرلے ایک دن سزا پاکر رہتا ہے - برائی کا نتیجہ ضرور بُرا ہوتا ہے۔

پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے : [ار - مثل] گناہ گار تباہ ہو کر رہتا ہے۔

پاپی کے من میں پاپ ہی بسے : [ار - مثل] گناہ گار کے دل میں ہر وقت گناہ کا خیال سمایا رہتا ہے - شریر آدمی ہر وقت شرارتیں ہی سوچتا رہتا ہے۔

پاپیوں کو مارنے کو پاپ مہابلی : [ار - مثل] گناہ گار کی تباہی کے لئے اس کے گناہ ہی کافی ہوتے ہیں۔

پات : [ہ - اند] (۱) برگ - پتا (۲) کان میں پہننے کا ایک زیور۔

پات پات، ڈال ڈال : [ار - مثل] (پات سے پہلے اور ڈال سے پہلے ضمیر آتی ہے - مثلاً میں پات پات وہ ڈال ڈال) بڑھ کر ہونا - زیادہ ہوشیار ہونا۔

پات تیرتے ہیں، پتھر ڈوبتے ہیں : [ار - مثل] عام اور کم رتبہ لوگ آرام میں رہتے ہیں - بڑے لوگوں پر ہی مصیبت آتی ہے۔

پات گھابڑا (گھابرا) : [ہ - صف] بزدل - ڈرپوک

پاتال : [ہ - اند و مث] (۱) زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ - تحت الثریٰ - (۲) دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ (۳) غار - گڑھا -

پاتال جنتر : [ہ - اند] کشتہ کرنے کا ایک خاص طریقہ جس میں ایک ہنڈیا یا مٹی کے برتن کے اوپر دوسرا برتن الٹا رکھ دیتے ہیں - جس چیز کو کشتہ کرنا ہو، اس کو اس برتن کے اندر رکھ کر دونوں برتنوں کو جوڑ کر منہ بند کر دیتے ہیں اور اُپلوں کی آگ دیتے ہیں - اس طرح کشتہ ہو جاتا ہے۔

پاتال لوک : [ہ - اند ومث] (۱) ہندو دیو مالا کے مطابق وہ دنیا جو زمین کے سب سے نچلے طبقہ میں آباد ہے - یہ سانپ اور شیطان کا مسکن ہے (۲) دوزخ - جہنم -

پاتُر : [ہ - صف - مث] (۱) ہیسوا - فاحشہ - چھنال - قحبہ - (۲) رنڈی - طوائف - کسبی - (۳) رقاصہ - مغنیہ - (۴) (صف) دُبلا - پتلا - منحنی - ناتواں -

پاتُرتا : [ہ - امث] پاک دامن - باعصمت - نیک، پارسا عورت

پاتُرتا کو گزی نہیں اور ہیسوا اوڑھے خاصا : [ا - مثل] (نیک عورت کو پہننے کو گزی بھی نہیں ملتا مگر بدکار قیمتی لباس پہنتی ہے) نیک تنگی اور مصیبت میں بسر کرتے ہیں مگر بد عیش اڑاتے ہیں -

پاتک : [ہ - اند] (۱) گناہ - جرم - قصور (۲) ناپاکی - نجاست - گندگی (۳) کسی کے مرجانے کی وجہ سے گھر والوں کا ناپاک ہوجانا -

پاتک لگنا : [ہ - محاورہ] (۱) داغ لگنا - دھبا لگنا (۲) ہنود میں کسی موت سے اہل خاندان کا ناپاک ہوجانا

پاتَن : [ہ - امث] (۱) پاپوش - کفش - جوتی - (۲) خزاں - پت جھڑ - (۳) زوال - اخیر -

پاتھا : [ہ - اند] ہل کا وہ حصہ جس میں پھال لگائی جاتی ہے اور جس سے پھال کا کیا ہوا شگاف چوڑا ہوتا چلا جاتا ہے -

پاتھر : [ہ - اند] دیکھئے "پتھر" جس کی یہ زیادت ہے -

پاتھنا : [ار - مص] تھاپنا - اُپلے بنانا - سانچے میں ڈال کر اینٹیں بنانا (تھاپنا کا مقلوب)

پاتی : [ہ - امث] (پات کی تصغیر) (۱) خط - چھٹی - رقعہ (۲) پتی - چھوٹا پتا - (۳) خبر - اطلاع - پیغام (۴) کھوج - سُراغ

پاٹ نمبرا : [ہ - اند] (۱) دریا اور کپڑے کی چوڑائی - عرض (۲) چکی کا ایک پتھر (۳) تخت - گدی - مسند (ان معنوں میں راج کا تابع بن کر آتا ہے) (۴) وہ پتھر یا پٹرا جس پر دھوبی دھوتے ہوئے کپڑے پٹختے ہیں (۵) کولہو، بیلنے یا رہٹ کی وہ لکڑی جس پر بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے (۶) وہ شہتیر یا لکڑی کا لٹھا جو کنوئیں کے منہ پر رکھ دیتے ہیں تاکہ پانی کھینچنے میں آسانی ہو (۷) پٹڑا - چوکی - تختہ (۸) آواز کی بلندی - اُونچا سُر - (۹) حصہ - کپڑے کی ایک طرف یا کنارہ - (۱۰) پٹ (۱۱) ریشم - ریشمی کپڑے کے کونے -

پاٹ نمبر۲ : [انگ - اند] (POT) (۱) ظرف - برتن (۲) پاخانے کا طشت -

پاٹ دار آواز : [ہ ف - امث] بلند آواز - دور تک جانے والی آواز (اصولاً غلط ترکیب ہے)

پاٹ دینا : [ار - مص - وصفی] (۱) افراط سے کوئی چیز ڈال دینا - ڈھیر کر دینا - (۲) کسی کو زر و مال دے کر مال دار کر دینا (۳) بھر دینا - پُر کر دینا - (۴) چھت ڈالنا

پاٹلی : [ہ - اند] دیکھئے "پاٹ نمبرا" کی شق نمبر ۴

پاٹنا : [ار - مص] (۱) ڈھانکنا - چھانا - (۲) ریل پیل کرنا - (۳) بھرنا - پُر کرنا د گڑھا وغیرہ) (۴) چھت بنانا - بند کرنا -

پاٹھ : [ہ - اند] (۱) سبق - درس (۲) وظیفہ - وِرد - دعا - منتر -

پاٹھا : [ہ - اند] (۱) جوان ہاتھی - ہاتھی کا نر بچہ - (۲) پہلوان - پست قد - فربہ

پاٹھ شالا : [ہ - اظرف ند] - درس گاہ - مکتب - مدرسہ ابتدائی مکتب

پاٹھک : [ہ - صف] (۱) اُستاد - معلّم (۲) پنڈت جو شاستروں کے مطابق قانون بتاتے (۳) وہ برہمن جو پُران پڑھ کر سُنائے - (۴) برہمن کا لقب

پاٹھ کرنا : [ہ - مص مرکب] (۱) مطالعہ کرنا - پڑھنا - (۲) سبق یاد کرنا - (۳) ہر روز وید پڑھنا -

پاٹی : [ہ - امث] (۱) چارپائی کے بازو - پٹی (۲) تختی جس پر بچے لکھنا سیکھتے ہیں (۳) ایک قسم کی چٹائی - (۴) ایک قسم کی مٹھائی (۵) مانگ، سر کے بالوں کے درمیان میں

پاجانا : [ار - مص] سمجھ لینا (۲) حاصل کر لینا - (۳) بُھگتنا -

پاجی : [ف صف] کمینہ - ذلیل - ہیچ - سفلہ - (۲) لُچا - بدذات - شریر - گھٹیا - نوکر - ادنٰے غلام

پاجی پرست : [ف صف] سِفلہ پرور - کمینہ دوست - وہ آدمی جو رذیلوں اور کمینوں سے دوستی یا میل جول رکھے - اور ان کی خاطر مدارات کرے -

پاجی پن / پنا : [ف ار اند] کمینگی - بدذاتی

پاجی مزاج : [ف ع صف] سفلہ مزاج - کم ظرف

پاجیانہ : [ف متعلق فعل] رذیلوں کی طرح - کمینوں کی طرح

پاچ : [ہ اند - ق] زمرد (۲) شیشہ - کانچ (۳) لکڑی کا جالا

پاچک - پاچن : [س صف] (۱) پچانے والا - ہاضم (۲) چورن - (۳) پکانے والا - باورچی - (۴) صفرا - زرد آب - پتّا - دیکھئے "پاک" کے تحت

پاچھنا : [ہ - مص] چیرا لگانا - گودنا - پچھنے لگانا - (۲) پیوند لگانا - (۳) پوست کے ڈوڈے کو گودنا (پچھنے لگا کر افیون دودھ کی شکل میں حاصل کرنا -)

پاچھی : [ہ امث] دولتی - گھوڑے وغیرہ جانور کا پچھلی دونوں ٹانگوں سے ضرب لگانا -

پاچھی کرنا : [ار - مص مرکب] پوست کے ڈوڈے کو افیون حاصل کرنے کے لئے گودنا (۲) دولتی مارنا

پاچھی مارنا : [ار - مصدر مرکب] دولتی مارنا

پاچھے : [ہ - اند] دیکھئے "پیچھے" -

پاد نمبرا : [ف - اند] پاس - خیال - نگہداشت

پاد نمبر۲ : [ہ - اند] ریح - ریاح - گوز - بادِ شکم - پاخانہ کے مقام یعنی مبرز سے خارج ہونے والی ہوا -

پاد اُڑانا [ار محاورہ] گوز مارنا - ریاح خارج کرنا -

پاد بند ہونا [ار محاورہ] (۱) ریح بند ہونا (۲) پریشان ہونا - گھبرانا

سٹ پٹانا - دہشت سے ہوش جلتے رہنا۔

پاد چھوٹنا [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پاد اُڑانا"

پاد گھابڑا : [ھ صف] دیکھئے "پات گھابڑا"

پاد لگانا/مارنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پاد اُڑانا"

پاداپونی : [ھ ۔ صف] بزدل ۔ ڈرپوک

پادالون/نون : [ھ ۔ اند] سیاہ نمک ۔ کالا نمک ۔ بٹلون

پاداش : [ف ۔ اند] جزا ۔ بدلہ ۔ معاوضہ ۔ صلہ ۔ عوض ۔ سزا ۔ جرمانہ ۔ ڈنڈ ۔

پادامی : [ف ۔ اند] شکاری ۔ چڑیمار ۔ چھوٹے پرندوں کو جال سے پکڑنے والا ۔

پادری : [پر ۔ اند] (PADRE) عیسائی مذہب کا امام ۔ پیشوا ۔ (۲) عیسائیت کی تلقین کرنے والا (۳) عیسائی مبلغ ۔ اُسقف

پادشاہ/پادشہ : [ف ۔ اند] بادشاہ ۔ سُلطان

پادشاہ اور عاشق دوسرے کو نہیں دیکھ سکتا : [ار مقولہ] یہ دونوں شریک برداشت نہیں کرتے ۔

پادشاہ اور دریا کا بھید کس نے پایا ہے / پادشاہوں اور دریاؤں کے بھید کس نے پائے / پہچانے ہیں : [ار مقولہ] دونوں کا کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ کیا کریں گے ۔

پادشاہانہ : [ف صف] بادشاہوں جیسا ۔ بادشاہوں کی طرح ۔

پادشاہ زادہ : [ف اند] بادشاہ کا بیٹا ۔ شہزادہ

پادشاہ زادی : [ف ار امث] بادشاہ کی بیٹی ۔ شہزادی

پادشاہ سلامت : [فع کلمہ دعا] خدا بادشاہ کو سلامت رکھے ۔ (۲) یہ کلمہ دعا بطور لقب بھی استعمال ہوتا ہے ۔

پادشاہی : [ف ۔ امث] شاہی ۔ سلطنت ۔ راج ۔ حکومت

پادنا : [ار ۔ معل] گوز مارنا ۔ پاد نکالنا ۔ ریح خارج کرنا ۔ (۲) گھبرانا ۔ ہمت ہارنا ۔ ہار ماننا ۔

پادو : [ار ۔ صف] (۱) پاد مارنے والا ۔ پدوڑا ۔ (۲) بزدل ۔ ڈرپوک ۔

پادوری چڑیو ساون آیا : [ار مثل] خوش ہو جاؤ تمہارے مطلب کا وقت آگیا ہے ۔

پادھا : [ھ ۔ اند] معلم ۔ اُستاد ۔ پنڈت

پادے کوئی پٹے بھٹیاری والا : [ار ۔ مثل] خطا کسی کی ہو اور سزا کسی غریب کو ملے ۔

پار : [ف ۔ اند] سال گزشتہ ۔ گزرا ہوا ۔

پار : [س ۔ ھ ۔ اند] (۱) دوسری طرف (۲) دریا کا پرلا کنارہ ۔ (۳) حد ۔ کسی چیز کا اختتام ۔ ختم ۔ انجام ۔ آخیر ۔ (۴) عمق ۔ گہرائی ۔ تہ (۵) آبادی یا گاؤں جو دریا کی دوسری طرف ہو (ق) (۶) غیر ۔ بیگانہ

پار اُتارنا : [ار ۔ محاورہ] دریا کے دوسرے کنارے پر پہنچا دینا ۔ عبور کرا دینا ۔ (۲) انجام کو پہنچانا (۳) مراد کو پہنچانا ۔ کامیاب بنانا (۴) فارغ کر دینا ۔

پار اُترنا : [ار محاورہ] دیکھئے "پار اُتارنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پار اُتروں تو بکری دُوں [ار ۔ مثل] کام بن جانے / نکل جانے کے بعد وعدہ فراموش ہونا ۔

پارسال : [ف ۔ اند] پچھلا سال ۔ گزشتہ سال

پار کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دریا کے دوسرے کنارے پر لیجانا (۲) چھپ چھوڑنا (۳) پورا کرنا ۔ انجام کو پہنچانا (۴) حد سے باہر نکلنا (۵) تما بازوں کی اصطلاح میں بازی جیتنا (۶) گزارنا ۔ نباہنا ۔ بسر کرنا (۷) اُڑانا ۔ چوری کرنا ۔

پار لگانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پار اُتارنا"

پار لگنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پار اُترنا"

پار لنگھانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پار اُتارنا"

پار لیجانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) پار اتارنا (۲) سبقت لیجانا (۳) بازی جی[illegible]

پار نکلنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) پار گزرنا ۔ ایک طرف سے لگ کر د[illegible] طرف نکل جانا ۔

پار والے : [ھ ۔ اند] دریا کے دوسرے کنارے بسنے / رہنے والے

پار والے کہیں وار والے اچھے : وار والے کہیں پار والے اچھے [ار ش[illegible] ہر ایک دوسرے کی حالت کو اچھا سمجھتا ہے ۔

پار ہو جانا / ہونا [ار ۔ محاورہ] (۱) عبور کرنا (۲) کسی چیز میں سے گ[illegible] جانا ۔ توڑ کر نکل جانا ۔ (۳) کام ہو جانا ۔ بیڑا پار ہو جانا ۔ (۴) ختم ہو جانا ۔ مکمل ہو جانا (۵) بچ جانا ۔ محفوظ ہو جانا (۶) چلا جانا ۔

پارا : [ھ ۔ اند] ایک نہایت بھاری ۔ سیال ۔ سفید اور شفاف دھا[ت] جو ہر وقت متحرک رہتی ہے ۔ سیماب ۔

پارا : [ھ صف] بے قرار ۔ بے چین

پارا اڑانا : [ار ۔ محاورہ] گرمی پہنچا کر پارا کو اڑا دینا ۔ گیس بنا دینا

پارا اُڑنا : [ار ۔ محاورہ] آگ پر پارے کا نہ ٹھہرنا ۔ گیس بنکر اُڑ جانا ۔

پارا بھرا ہونا : [ار ۔ محاورہ] بہت وزنی ہونا ۔ بہت بھاری ہونا ۔

پارا بھرنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پارا پلانا"

پارا پلانا : [ار ۔ محاورہ] کسی چیز میں سیماب کو جذب کر دینا (۲) وزنی کرنا ۔ بھاری کر دینا ۔

پارا پینا : [ار ۔ محاورہ] وزنی ہونا ۔ بھاری ہونا ۔

پارا مارنا : [ار ۔ محاورہ] کشتہ کرنا ۔

پارا ہونا : [ار ۔ محاورہ] بھاری ہونا ۔

پارار : [ف ۔ اند] پچھلا تیسرا برس ۔ تیورس

پاربتی : [ہ ۔ امث] پہاڑ کی بیٹی ، شیوجی کی بیوی ، درگا دیوی ، مجازاً حوّا ۔

پارٹ : [انگ ۔ اند] (PART) (۱) ٹکڑا ۔ حصّہ (۲) باب ۔ فصل (۳) حصّہ کا کام ۔ مقررہ خدمت (۴) اداکار کے ذمہ جو کام یا نقل ہو ۔ اداکار کے مکالمے وغیرہ ۔

پارٹنر : [انگ ۔ صف] (PARTNER) (۱) حصّہ دار ۔ ساجھی (۲) ساتھی ۔ رفیق

پارٹی : [انگ ۔ امث] (PARTY) (۱) جماعت ، حزب ۔

(۲) فریق (۳) فرقہ (۴) جمعیت۔ جلسہ۔

پارچہ : [ف ۔ اند] (پارہ کی تصغیر) (۱) ریزہ۔ ٹکڑا۔ قاش (۲) دھجی چیتھڑا۔ (۳) پوشاک۔ لباس۔ خلعت (۴) گوشت کا ٹکڑا (۵) گھاٹے چکسے (۶) کڑی کا جالا (۷) وہ لکڑی یا سل جو کنوئیں کے منہ پر کسی قدر اندر جڑی ہو (۸) مچان، جس پر بیٹھ کر شکار کھیلتے ہیں (۹) ایک ریشمی کپڑا۔

پارچہ باف : [ف ۔ ا ۔ فاعل] کپڑا بُننے والا۔ جولاہا۔

پارچہ بافی : [ف ۔ امث] کپڑا بُننا۔ جولاہے کا کام

پارچہ فروش : [ف ۔ ا ۔ فاعل] کپڑا بیچنے والا۔ بزاز

پارچہ فروشی : [ف ۔ امث] کپڑا بیچنے کا پیشہ۔ بزازی۔

پارچیا : [ار ۔ اند] پارچہ فروش۔ خردہ فروش

پاردُم : [ف ۔ امث] زین یا کاٹھی کی دُمچی

پارس : [ف ۔ اند] ایران کا ملک۔ فارس

پارس : [ہ ۔ اند] (۱) ایک پتھر جس کے متعلق مشہور ہے کہ اگر وہ لوہے سے چھو جاتے تو اسے سونا بنا دیتا ہے۔ (۲) اکسیر۔ (۳) (صف) نہایت نفیس۔ عمدہ (۴) مال دار (۵) سخی۔ داتا۔ فیاض۔

پارس بن جانا : [ار ۔ محاورہ] بہت لائق بن جانا۔ باکمال ہو جانا۔

پارس ناتھ : [ہ ۔ اند] پارس کا مالک۔ جین مت کے ایک پیشوا کا نام اور اس کی مورتی۔

پارس ناتھ سے کھلی بھلی جو آملا دیے ہیں / کرلھو نر سے فرخی بھلی جو انڈے دیے ہیں | وہ شخص جس سے دوسروں کو فائدہ ہو، خواہ کم درجہ کا ہی ہو بلند مرتبہ بے فیض سے بہتر ہے۔

پارسا : [ف ۔ صف] پرہیزگار۔ نیک۔ صالح۔ بزرگ۔

پارسائی : [ف ۔ امث] دیکھئے "پارسا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پارسل : [انگ ۔ اند] (PARCEL) (۱) پلندہ۔ بستہ۔ بقچہ۔ گٹھا (۲) وہ چیز جس پر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر ڈاک، ریل یا کسی اور ذریعہ سے کہیں بھیجیں۔

پارسن : [ار ۔ امث] دیکھئے "پارسی نمبرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پارسی نمبرا : [ف ۔ صف] (۱) ایران یعنی پارس کا رہنے والا۔ ایرانی۔ فارسی (۲) آتش پرست۔ زردشت کا پیروکار

پارسی نمبر۲ : [ف ۔ امث] فارسی۔ ایران کی زبان۔

پارک : [انگ ۔ اند] (PARK) (۱) احاطہ۔ گھرا ہوا مقام (۲) باغ۔ رمنا۔ سبزہ گاہ (۳) شکارگاہ

پارکھ / پارکھی : [ہ ۔ صف] (۱) جانچنے والا۔ شناخت کرنے والا۔ (۲) جوہری (۳) نکتہ سنج۔ نقاد۔ ممتحن (۴) واقف۔ تجربہ کار

پارلیمان : [فر ۔ امث] (انگریزی PARLIAMENT کی فرانسیسی شکل جو جدید فارسی کے ذریعے اردو میں رواج پذیر ہوئی) کسی آزاد جمہوری ملک کی سب سے بڑی مجلس۔ قانون ساز۔ قومی مجلس۔ عوام کے منتخب نمائندوں کی مجلس جس کے سامنے وزراء جواب دہ ہوتے ہیں۔

پارلیمانی : [ار ۔ صف] پارلیمان سے منسوب۔ پارلیمان کے شایانِ شان (زبان وغیرہ)

پارلیمانی (نظام) حکومت : [ار ۔ اند] وہ نظام حکومت جس میں ارکان حکومت پارلیمان کے سامنے جوابدہ ہوتے ہیں اور حکومت کا انتظامی سربراہ وزیر اعظم ہوتا ہے۔ بخلاف صدارتی نظام کے کہ اس میں صدر مملکت ہی انتظامی سربراہ ہوتا ہے۔

پارلیمنٹ : [انگ ۔ امث] (PARLIAMENT) دیکھئے "پارلیمان"

پارلیمنٹری : [انگ ۔ صف] (PARLIAMENTARY) دیکھئے "پارلیمانی"

پارنا : [ہ ۔ مص] (۱) چراغ کی لو پر کوئی برتن رکھ کر دھواں جمع کرنا۔ کاجل بنانا (۲) تکمیل کرنا۔ مکمل کرنا۔

پارہ : [ف ۔ اند] (۱) ٹکڑا۔ ریزہ۔ پارچہ۔ جزو۔ حصہ (۲) پتھروں کی چھوٹی سی دیوار (۳) پیوند۔ جوڑ۔

پارہ پارہ کرنا : [ار ۔ مص ۔ مرکب] ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں اڑانا۔ پرنچے کرنا۔

پارۂ جگر : [ف ۔ اند] کلیجے کا ٹکڑا۔ مجازاً نہایت عزیز۔ بیٹا۔

پارہ دوز : [ف ۔ ا فاعل] پیوند لگانے والا۔ درزی۔ موچی۔ خیمہ سینے والا۔

پاری : [ہ ۔ امث] (۱) گڑ کی بھیلی۔ گڑ کا ڈلا (۲) ایک قسم کا پارہ۔ (۳) چمڑے کا بڑا برتن۔

پارے کا پیالہ : [ار ۔ اند] وہ پیالہ جو پارے کو بوٹیوں کی مدد سے منجمد کر کے بنایا جاتا ہے۔

پارے کا قائم النار ہونا : [ار ۔ محاورہ] بوٹیوں کی وجہ سے پارے میں خاصیت پیدا ہو جانا کہ وہ آگ پر نہ اُڑے بلکہ کشتہ ہو جاتے یا کیمیاگروں کی مطلب براری کے لئے تیار ہو جاتے۔

پارے کا کافور : [ار ۔ اند] پارے کا کشتہ۔

پارے کا کشتہ : [ار ۔ اند] وہ خاکستر جو پارہ کو قائم النار کر کے آگ دے کر بنائی جاتی ہے۔

پارے کا کنواں : [ار ۔ اند] پارے کی کان

پارے کی کان : [ار ۔ امث] جہاں سے پارا نکلتا ہے۔

پارے کی دیوار : [ار ۔ امث] وہ دیوار جو بغیر گارے اور چونے کے صرف اینٹوں اور پتھروں سے چُنی جاتے۔

پارینہ : [ف ۔ صف] (پار سے منسوب) پُرانا۔ کہنہ۔ قدیم۔

پاڑ / پاڑھ : [ہ ۔ امث] (۱) ٹانڈ۔ مچان (۲) وہ مچان یا لکڑی یا بانس کی بنائی ہوئی اونچی نشست جس پر بیٹھ کر معمار بلندی پر کام کرتے ہیں (۳) ایک لکڑی کا جال سا جو کنوئیں پر ڈالتے ہیں (۴) پھانسی پر چڑھانے کا تختہ (۵) پہاڑ

پاڑ آنا : [ہ ۔ محاورہ ق] مصیبت آنا۔ آفت ٹوٹنا

پاڑ پڑنا : [ہ ۔ محاورہ ۔ ق] مصیبت پڑنا۔ صدمہ اٹھانا

پاڑا : [ہ ۔ اند] (۱) کھیت۔ کھیتی (۲) کھیت کی حد (۳) وہ جھونپڑے یا آبادی جو گاؤں کی حد سے کچھ فاصلہ پر ہوں۔

ڑنا : [ہ - معں] (۱) نیچے پھینکنا ۔ گرانا ۔ (۲) ڈالنا (۳) مار ڈالنا ۔
لھا : [ہ - اند] ایک قسم کا ہرن ۔ چیتل
زہر / پادزہر : [ف - اند] فادزہر ۔ تریاق ۔ زہر مہرہ
ژند : [ف - اند] پارسیوں کی مذہبی کتاب " ژند " کی تفسیر کا نام ۔ ژند خود اوستا کی تفسیر ہے مگر اس سے بھی مشکل اس لئے اس کی تفسیر پاژند میں کی گئی ۔
پاس نمبر۱ : [انگ ۔ اند] (PASS) (۱) کامیابی (۲) اجازت نامہ
پاس کرنا : [انگ - ار ۔ معں مرکب] (۱) منظور کرنا ۔ (۲) کامیاب ہونا ۔ ترقی کرنا
پاس ہونا : [انگ ار ۔ معں مرکب] دیکھئے " پاس کرنا " جس کا یہ لازم ہے
پاس بک : [انگ ۔ امث] (PASS-BOOK) بہی ۔ حساب کی کتاب بنک سے لین دین کی کتاب ۔
پاس پورٹ (پاسپورٹ) [انگ ۔ اند] (PASS-PORT) پروانہ راہداری ۔ ملک سے باہر جانے کا اجازت نامہ ۔
پاس نمبر۲ ۔ [ف - اند] (۱) نگاہ بانی ۔ انتظار ۔ حراست (۲) پہر ۔ دن رات کا آٹھواں حصہ (۳) طرف داری ۔ لحاظ ۔ مروت ۔ رو رعایت (۴) حق (۵) خیال ۔ خاطر
پاسِ آبرو : [ف - مرکب اضافی - ند] عزت کا خیال ۔ حرمت کا لحاظ
پاس آجانا : [ار - محاورہ] لحاظ آجانا
پاسِ ادب : [فع ۔ مرکب اضافی ۔ ند] ادب کا لحاظ ۔ ادب کا خیال ۔
پاسِ انفاس : [فع مرکب اضافی - ند] (۱) سانسوں کی نگہبانی (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں ہر سانس کے ساتھ اللہ کا لفظ نکلنا ۔
پاس بان (پاسبان) : [ف ۔ ا فاعل] نگہبانی کرنے والا ۔ چوکیدار ۔ دربان ۔ گڈریا ۔
پاس بانی (پاسبانی) : [ف - امث] دیکھئے " پاس بان " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
پاسِ خاطر : [فع ۔ مرکب اضافی - ند] لحاظ ۔ رعایت ۔ خاطرداشت
پاس دار (پاسدار) : [ف - ا فاعل] لحاظ رکھنے والا ۔ حامی ۔ طرف دار ۔
پاس داری (پاسداری) : [ف ۔ امث] (پاس دار کا اسم کیفیت) رعایت ۔ حمایت ۔ طرف داری ۔
پاسِ شرع : [فع ۔ مرکب اضافی ۔ ند] شرع کا لحاظ ۔ مذہبی احکام کی پابندی ۔
پاس کرنا : [ف ار ۔ معں مرکب] لحاظ کرنا ۔ رعایت کرنا ۔ طرفداری کرنا ۔ حمایت کرنا
پاسِ ناموس : [ف ۔ مرکب اضافی ۔ ند] دیکھئے " پاس آبرو "
پاسِ نمک : [ف - مرکب اضافی - ند] حق نمک ۔ کسی کے احسان کا لحاظ (۲) کھانا کھانے کا لحاظ
پاس نمبر۳ : [ار ۔ متعلق فعل] (۱) نزدیک ۔ قریب (۲) قبضہ میں ۔ تصرف میں ۔ قابو میں ۔

پاس آلگنا : [ار ۔ محاورہ] قریب آجانا ۔
پاس آنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) نزدیک آنا ۔ قریب آنا (۲) (عوامی) ہم بستر ہونا ۔ ہم خواب ہونا ۔
پاس بیٹھنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) پہلو میں بیٹھنا ۔ قریب بیٹھنا (۲) استاد کے پاس تعلیم پانا ۔ (۳) صحبت میں رہنا ۔
پاس بیٹھنے والا : [ار ۔ صف فاعلی] مصاحب ۔ ہم نشیں ۔
پاس پاس : [ار ۔ متعلق فعل] (۱) برابر برابر ۔ قریب قریب (۲) قریباً ٹھیک ٹھیک
پاس پڑوس : [ار - اند] اردگرد ۔ قرب وجوار ۔ ہم سایگی
پاس پھٹکنا : [ار - محاورہ] قریب جانا ۔ ملنا جلنا
پاس جانا : [ار - محاورہ] (۱) قریب جانا (۲) ہم بستر ہونا ۔ جماع کرنا
پاس رکھنا : [ار - محاورہ] (۱) قریب رکھنا (۲) تیار رکھنا (۳) قبضہ میں رکھنا (۴) امانت رکھنا (۵) بیوی کی طرح رکھنا (۶) ساتھ رکھنا ۔
پاس رہے جانئے یا باٹ چلے جانئے : [ار ۔ مثل] ساتھ رہنے یا سفر میں شریک ہونے سے ہی کسی کا نیک و بد معلوم ہوتا ہے ۔
پاس کا کتا نہ دور کا بھائی : [ار ۔ مثل] قریب رہنے والے کتے کا دور رہنے والے بھائی سے زیادہ خیال ہوتا ہے ۔ قریب رہنے والا دور والے سے بہتر ہوتا ہے ۔
پاس کوڑی نہ بازار لیکھا : [ار ۔ مثل] بالکل قلاش ۔ نادار ۔ کنگال
پاس لگا رہنا : [ار ۔ محاورہ] قریب رہنا ۔ متصل رہنا ۔
پاس نہ کھڑے ہونا : [ار ۔ محاورہ] متنفر ہونا ۔ پرہیز کرنا ۔ دور رہنا
پاسا / پانسا : [ہ ۔ اند] (۱) قرعہ ۔ جس کو رمال پھینکتے ہیں (۲) وہ شش پہلو ہڈی کا ٹکڑا جس پر اعداد کی جگہ نقطے بنے ہوتے ہیں ۔ قمار باز باری باری اسے پھینکتے ہیں اور اس کے مطابق ہار جیت ہوتی ہے ۔ (۳) سونے (طلا) کی ایک قسم ۔ اعلیٰ درجہ کا سونا ۔
پاسا الٹا پڑنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) خلاف خواہش پاسا پڑنا جو جیت کو ہار میں بدل دے (۲) تدبیر اور خواہش کے خلاف کام ہونا ۔
پاسا الٹنا : [ار ۔ محاورہ] پاسا خلاف خواہش پڑنا (۱) تدبیر بگڑ جانا ۔ ہار ہونا (۲) زمانہ کا انقلاب ہونا ۔ حالات بدل جانا ۔
پاسا پڑنا : [ار ۔ محاورہ] جیت کا داؤں نکلنا ۔ مرضی کے موافق ہونا ۔ اقبال یاور ہونا ۔
پاسا پڑے اناڑی جیتے : [ار ۔ مثل] ناواقف آدمی اگر پاسا پھینکے تو داؤں موافق پڑتا ہے ۔ جیت اتفاق پر موقوف ہے ۔
پاسا پڑے سو داؤ ، حاکم کرے سو نیاؤ : [ار ۔ مثل] داؤں پانسا پڑنے پر یعنی اتفاق پر موقوف ہے اور حاکم جو کرتا ہے وہ انصاف ہوتا ہے ۔
پاسا پلٹنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " پاسا الٹنا "
پاسا پھینکنا : [ار ۔ محاورہ] قرعہ ڈالنا ۔ قسمت آزمانا
پاستاں : [ف ۔ صف] پرانا ۔ قدیم ۔ گزشتہ
پاشخ : [ف ۔ اند] جواب ۔ اتر
پاسنا ۔ [ہ ۔ معں] دودھ اتارنا ۔ دودھ کا تھن میں آنا ۔ تھنوں کو

دودھ سے بھرنا۔

پاسنگ : دیکھیے "پا" کے تحت

پاسی نہرا : [ہ۔ اند] (۱) ایک قوم جو تاڑی یعنی تاڑ کا رس بیچنے کا پیشہ رکھتی ہے۔ چونکہ یہ لوگ تاڑ پر چڑھتے وقت اپنے پاؤں میں پاسن یعنی رسی باندھ لیتے ہیں، اس لیے یہ نام پڑ گیا (۲) پھندا۔ پھانسی (۳) پچھاڑی رسی (۴) بھوسا وغیرہ باندھنے کی جالی (۵) بہلیا۔ چڑی مار۔ (۶) چارپایوں کے پانی پینے کا حوض۔

پاسی : [ف۔ صف فاعلی] پاسبان۔ نگہبان۔ چوکیدار

پاش : [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر پاشیدن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھڑکنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً گلاب پاش۔ نمک پاش۔

پاشا : [ت۔ اند] سرداروں کا لقب۔ ترکی سرداروں کا خطاب۔

پاشاں : [ف۔ صف] (۱) دور دور۔ متفرق (۲) وہ تحریر جس میں دائرے اور حروف دور دور لکھے ہوں۔

پاش پاش : [ف۔ صف] ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ۔ چور۔ چور (افعال : کرنا۔ ہونا)

پاشنہ : [ف۔ اند] (۱) ایڑی۔ پاؤں کا پچھلا حصہ (۲) عقب (۳) گھوڑے کی چالوں میں سے ایک چال جو سرپٹ کے قریب ہوتی ہے

پاشنہ کوب : [ف۔ صف] تعاقب کرنے والا۔ پیچھے پیچھے جانے والا۔ بھاگتے ہوئے کا تعاقب کرنے والا۔

پاک : [س۔ اند] ایک قسم کی مٹھائی۔

پاک : [ف۔ صف] (۱) طاہر۔ صاف (۲) ستھرا۔ بے لیث (۳) بے گناہ۔ نیک۔ پرہیزگار (۴) بے باک۔ منقطع (۵) محفوظ۔ بری (۶) جائز۔ حلال۔ مباح (۷) آزاد۔ بے باک (۸) بے شرم ڈھیٹ (۹) لاحقہ بمعنی صاف کرنے والا مثلاً رو پاک۔

پاک باز (پاکباز) : [ف۔ صف] (۱) زاہد۔ مجرد (۲) ایماندار۔ بیگناہ صاف دل (۳) نیک نیت۔ پاک محبت رکھنے والا۔ (۴) عاشق صادق (۵) بھنگڑوں کی اصطلاح میں بھنگ چھاننے کی صافی۔

پاک بازی (پاکبازی) : [ف۔ امث] دیکھیے "پاک باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پاک بیں : [ف۔ صف] پاک نظر سے دیکھنے والا۔ جس کی نگاہ میں گناہ کا شائبہ نہ ہو۔

پاک بینی : [ف۔ امث] دیکھیے "پاک بیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پاک داماں/دامن : [ف۔ صف] پارسا۔ باعصمت۔ عفیف۔

پاک دامانی/دامنی : [ف۔ امث] دیکھیے "پاک داماں/دامن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

پاک طینت/پاک مغز : [ف۔ صف] عقل سلیم اور فہم رسا کا مالک۔ عقل و فہیم۔

پاک رہ بے باک رہ : [ار۔ مقولہ] ایمان دار اور دیانت دار کو کچھ ڈر نہیں۔

پاک ذات : [فع۔ صف] ہر عیب سے مبرا۔ اللہ تعالیٰ کی تعریف

پاک زاد : [ف۔ صف] (۱) نیک طینت (۲) نیک اصل (۳) خالص نسل کا۔

پاک زادہ : [ف۔ اند] دھوبی۔ کپڑے دھونے والا

پاک شہدا : [ف ار۔ صف] بد وضع۔ بدچلن۔

پاک صاف : [فع۔ صف] نیک۔ نیک نیت۔ اچھوتا۔ ستھرا

پاک کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) چننا۔ صاف کرنا۔ پونچھنا (۲) دھو کر صاف کرنا۔ مذہبی شرائط کے مطابق صاف کرنا۔ (۳) پھٹکنا۔ میل دور کرنا کوڑا کرکٹ صاف کرنا (۴) حساب ختم کرنا۔ قرض بے باق کرنا (۵) ذبیحہ کی کھال یا آلائش نکالنا (۶) موئے زہار مونڈنا۔

پاک محبت : [فع۔ مرکب توصیفی۔ مث] وہ الفت یا دوستی جو نفسانی خواہش یا خود غرضی سے مبرا ہو۔ (افعال : کرنا، ہونا، رکھنا)

پاک نظر/نگاہ : [فع۔ ف۔ صف] نیک نیت۔ پاک بیں (افعال۔ رکھنا)

پاک نظری/نگاہی : [فع۔ ف۔ امث] دیکھیے "پاک نظر/نگاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پاک نہاد/سرشت : [ف۔ صف] نیک نیت۔ نیک طینت۔ نیک مزاج

پاک ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "پاک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پاکار : [ف۔ اند] (پاے کار کا مخفف) (۱) تحصیل کا پیادہ (۲) خدمت گار۔

پاکٹ : [انگ۔ امث] (POCKET) جیب۔ کیسہ

پاکٹ بک : [انگ۔ امث] (POCKET-BOOK) جیبی کتاب۔ وہ کتاب یا کاپی جو جیب میں آجائے۔

پاکستان : [ف۔ اند] دنیا کا سب سے بڑا مسلم آبادی کا ملک جو ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو ہندوستان کی تقسیم سے قائم ہوا۔ مسلمانان ہند کی ان تھک کوششوں اور قربانیوں کی بدولت مسلم لیگ قائد اعظم محمد علی جناحؒ کی سرکردگی میں برطانیہ سے آزادی ہند اور قیام پاکستان کا مطالبہ منوا سکی یہ سرحد، بلوچستان، سندھ، مغربی پنجاب اور مشرقی بنگال پر مشتمل ہے۔ آبادی تقریباً ۱۲ کروڑ ہے ستمبر ۱۹۷۱ء میں مشرقی پاکستان/بنگال پاکستان سے کٹ کر علیحدہ ملک بن گیا ہے اور بانفا پاکستان کی آبادی ساڑھے چھ کروڑ ہے۔

پاکھ : [ہ۔ اند] قمری مہینے کا نصف حصہ۔ نصف ماہ۔ پندرھواڑا

پاکھا : [ہ۔ اند] (۱) پہلو۔ بازو (۲) جانب۔ طرف (۳) چھپر جو دیوار پر جھکا ہوا ہو (۴) سائبان (۵) دیوار جو مکان کے دو پہلوؤں کے مقابل ہوتی ہے اور جس پر شہتیر رکھ کر مکان کو مثلث کی شکل میں پاٹتے ہیں۔

پاکھر : [ہ۔ امث] (۱) گھوڑوں ہاتھیوں وغیرہ کی زرہ۔ جھول۔ ترپال یا ٹاٹ کی پوشش (۲) ایک درخت کا نام جس کی چھلی تلی کے مرض میں مفید ہے

پاکھنڈ : [ہ۔ اند] (۱) بد ذاتی۔ شرارت۔ جھگڑا۔ بکھیڑا (۲) ریا۔ بناوٹ تصنع۔ دکھاوے کی عبادت (۳) وید کی تعلیم کے خلاف کوئی بات بدعت۔ (افعال : پھیلانا۔ کرنا۔ مچانا)

پاکھنڈی : [ہ۔ صف] (۱) بدعتی۔ منافق (۲) ریاکار۔ گندم نما جو فروش۔ (۳) فریبی۔ دغاباز (۴) فسادی۔ جھگڑالو۔ شریر

پاکی : [ف۔ امث] (۱) طہارت۔ صفائی۔ ستھرائی (۲) سر مونڈنے کا استرہ (۳) موئے زہار۔

پاکی لینا : [ار۔ محاورہ] زیر ناف کے بال مونڈنا۔

پاکیزگی: [ف - امث] دیکھئے "پاکیزہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پاکیزہ: [ف - صف] پاک کا مزید علیہ پاک۔ صاف۔ ستھرا۔ خوبصورت۔ خوش اسلوب۔ بے عیب۔ بے نقص۔ بے جرم۔ بے داغ۔

پاکیزہ بوم/سرشت/طینت: [ف - صف] نیک اصل۔ نیک سیرت

پاکیزہ صورت: [فع - صف] حسین۔ خوبصورت

پاکیزہ گوہر: [ف - صف] نیک اصل۔ خالص۔ اچھا۔

پاکیزہ نفس: [فع - صف] بے کینہ۔ بے شر

پاگ: [ہ - امث] (۱) پگڑی۔ دستار (۲) پاؤں۔ قدم (۳) مٹھائی۔ شربت کا سخت قوام جس سے ریوڑیاں بناتے ہیں۔ شیرہ۔

پاگ جوڑنا: [ار - محاورہ] جھولے میں بیٹھنے کا ایک انداز جس میں ایک کے پاؤں دوسرے کی طرف ہو جاتے ہیں۔ ٹانگیں پھیلا لی جاتی ہیں اور ہاتھوں سے جھولے کی رسیاں پکڑ لی جاتی ہیں۔

پاگاہ: [ار - اند - ق] فوج - لشکر

پاگر: [ہ - اند و مث] جگالی۔ مویشیوں کا چرنے کے بعد کھانے کو اگل کر چبانا اور باریک کرنا۔

پاگرانا: [ہ - مص] (۱) جگالی کرنا۔ (۲) مال ہضم کرنا۔ (زیادہ پگرانا بولتے ہیں)۔

پاگل: [ہ - صف] (۱) دیوانہ۔ مجنوں۔ سڑی۔ خبطی (۲) بے وقوف۔ احمق (۳) پریشان۔ حیران۔ سرگرداں۔

پاگل بنانا: [ار - محاورہ] اتنا تنگ کرنا کہ دوسرا باؤلا کہلا جائے۔ پریشان کرنا - حیران کرنا

پاگل پن: [ار - اند] دیکھئے "پاگل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پاگل خانہ: [ہ ف - اند] (۱) پاگلوں کے رہنے کا مکان۔ وہ عمارت جہاں پاگلوں کو رکھ کر ان کا علاج کیا جاتا ہے۔ اور ان کی نگہداشت کی جاتی ہے (۲) وہ جگہ جہاں احمقوں کا جمگھٹا ہو۔

پاگل کرنا/کر دینا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پاگل بنانا"

پاگل ہونا/ہو جانا: [ار - مص ...] سودائی یا مجنوں ہو جانا۔ ہوش و حواس نہ رہنا۔ مت ماری جانا۔

پاگلوں کے سر کیا سینگ ہوتے ہیں: [ار - مثل] پاگلوں کی کوئی خاص ظاہری نشانی نہیں ہوتی۔ وہ اپنی حرکتوں سے پہچانے جاتے ہیں۔

پاگنا: [ہ - مص] کسی چیز پر شکر کی تہ چڑھانا۔ غلاف چڑھانا۔

پال: [ہ - امث] (۱) چھوٹا خیمہ۔ کپڑے یا سرکیوں کا چھوٹا سا تنبو (۲) کشتی کا پردہ۔ بادبان (۳) پانی روکنے کا بند۔ پشتہ (۴) وہ گھاس پھوس جس میں کچا پھل رکھ کر پکایا جاتا ہے (۵) مذکر:- سایہ۔ امان۔ پناہ (۶) سرکاری زمین جو حکومت کے قبضہ میں رہے (۷) مینڈھ۔ کنگرا (۸) (فعل) "پالنا" مصدر سے صیغہ امر

پال اٹھانا: [ار - محاورہ] پھل کو پکنے کے بعد گھاس پھوس میں سے نکالنا۔

پال پال تیرے جی کا جنجال / ریا جی کا ہوگا کال: [ار - مثل] نااہل اور کمینہ کی پرورش سے تکلیف کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

پال پڑنا: [ار - محاورہ] (۱) کچے پھل کا پکنے کے لئے گھاس پھوس میں رکھا جانا (۲) کوئی چیز پڑی رہنا۔

پال دبانا: [ار - محاورہ] (۱) کچے پھل کو پکانے کے لئے گھاس پھوس میں رکھنا (۲) کسی چیز کو مدت تک اپنے پاس رکھ چھوڑنا۔

پال ڈالنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پال دبانا"

پال کا: [ار - صف] پال میں رکھ کر پکایا ہوا۔

پال میں پکانا/رکھنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پال دبانا"

پال لینا: [ار - مص] دیکھئے "پالنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

پالا: [ہ - اند] (۱) کہر برف۔ بہت ٹھر۔ جمی ہوئی اوس (۲) اکھاڑا۔ وہ مقام جہاں کشتی لڑتے ہیں یا زور کرتے ہیں۔ (۳) کبڈی کھیلنے والوں کی دونوں ٹولیوں کے درمیان بنائی جانے والی حد (۴) جھڑبیری کے سوکھے پتے (۵) جیت۔ فتح (۶) تعلق۔ واسطہ (۷) پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا (۸) فتح کا نشان

پالا پڑنا: [ار - محاورہ] (۱) برف پڑنا۔ کہر پڑنا۔ نہایت سردی ہونا۔ (۲) واسطہ پڑنا۔ سابقہ پڑنا۔

پالا جمنا: [ار - مص مرکب] اوس جم جانا۔ برف جمنا

پالا جیتنا: [ار - مص وضعی] بازی جیتنا۔ شکست دینا۔

پالا چھوڑ کے بھاگ جانا: [ار - محاورہ] مقابلہ سے بھاگ جانا۔ مقابلہ میں نہ ٹھہرنا۔

پالا چھونا: [ار - محاورہ] (۱) کبڈی کے کھیل میں درمیانی لکیر کے پاس سے ہی مڑ جانا (۲) بہت جلد کوئی کام کرنا۔

پالا خالی کرنا: [ار - محاورہ] اکھاڑا خالی کرنا۔ مقابلہ سے ہٹا دینا۔

پالا ڈالنا: [ار - محاورہ] اختیار میں دینا۔ سابقہ ڈالنا

پالا گرم ہونا: [ار - محاورہ] محفل میں رونق ہونا۔ چہل پہل ہونا۔

پالا گرنا: [ار - مص مرکب] برف پڑنا۔ کہر پڑنا

پالا مار جانا: [ار - محاورہ] برف کا گر کر کسی سبز چیز کو خشک کر دینا۔

پالا مار لینا: [ار - محاورہ] بازی جیت لینا۔ فتح پانا۔ میدان ہاتھ رہنا۔

پالا ہاتھ رہنا: [ار - محاورہ] میدان ہاتھ رہنا۔ جیتنا۔ فتح حاصل کرنا۔

پالاگن / پالا گی: [ہ - امث] قدم بوسی۔ پابوسی۔ آداب تسلیم۔ تعظیم۔

پالان: [ف - اند] وہ گدی یا کپڑا جو لدو جانوروں کی پیٹھ کے بچاؤ کے لئے ڈالتے ہیں۔ جھول۔ کجاوا۔ (افعال: باندھنا۔ رکھنا)

پالتو: [ہ - صف] پالا ہوا۔ سدھایا ہوا۔

پالتی: [ہ - امث] (۱) چار زانو بیٹھنے کا ایک طریقہ۔ داہنی ران کو بائیں ران پر اور بائیں کو داہنی پر رکھ کر بیٹھنا (۲) پیراکی کی ایک قسم جس میں چار زانو ہو کر تیرتے ہیں۔

پالتی لگانا: [ار - محاورہ] پانی میں آلتی پالتی مار کر پیرنا۔

پالتی مار کر بیٹھنا: [ار - مص مرکب] چار زانو بیٹھنا۔

پالتیوں کو پُنوانا: [ار - محاورہ] پالنے والوں یعنی والدین کو برا بھلا کہلوانا۔

پالٹ: [ہ - امث - مذ] لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح میں وہ ضرب جو حریف کے پاؤں پر لگائی جاتی ہے۔

پاٹ (کا ہاتھ) لگانا/مارنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں پر ضرب لگانا

پالسی/پالیسی: [انگ۔ امث] (POLICY) (۱) مصلحت۔ تدبیر۔ حکمت عملی (۲) سیاسی چال (۳) دُور اندیشی۔ دانائی (۴) بیمے کا معاہدہ

پالش: [انگ۔ اند] (POLISH) صفائی۔ صیقل۔ جلا۔ روغن جو کسی چیز کو موسمی اثرات سے بچانے اور چمکانے کیلئے پھیرا جاتا ہے۔

پالشت: [ہ۔ صف۔ ق] پلید۔ ناپاک۔ مُردار

پالک نمبر۱: [ہ۔ امث ونذ] ایک قسم کا ساگ اور اس کا بیج۔ اسفاناخ۔ اسپاناخ

پالک نمبر۲: [ار۔ صف] پروردہ۔ پرورش کیا ہوا۔ لے کر پالا ہوا

پالکڑی: [ہ۔ امث] وہ لکڑی کے ٹکڑے جو پلنگ کے سرہانے پایوں کے نیچے اس غرض سے رکھے جاتے ہیں کہ پلنگ ڈھالو ہو جائے۔

پالکی: [ہ۔ امث] ایک قسم کی سواری جو کہار اٹھاتے ہیں۔ ایک قسم کی ڈولی۔ محافہ۔ قفس

پالکی نشین: [ہ ف۔ صف] پالکی میں بیٹھنے والا۔ امیر۔ بڑے رتبہ والا

پالن: [ہ۔ اند] (۱) پرورش۔ تربیت۔ تعلیم (۲) دیکھ بھال۔ نگرانی بچاؤ۔ حفاظت

پالن کرنا: [ہ۔ مص مرکب] (۱) پالنا۔ پرورش کرنا (۲) ایفا کرنا۔ وعدہ پورا کرنا (۳) نبھانا۔ تعمیل کرنا۔ حکم ماننا

پالنا: [ار۔ اند] ایک قسم کا بچوں کا جھولا۔ ہنڈولا

پالنا: [ار۔ مص] (۱) پرورش کرنا۔ تربیت کرنا (۲) خدمت کرنا۔ خبرگیری کرنا (۳) ناز و نعم سے رکھنا (۴) برداشت کرنا۔ (۵) ذمہ داری لینا (۶) بھرنا

پالنا پوسنا: [… مص] پرورش کرنا۔ تربیت دینا

پالتو: [ہ۔ صف] پالتو۔ گھر کا پالا ہوا۔ سدھایا ہوا۔

پالو: [ہ۔ امث] جنڈ کا مقابل۔ لکڑی۔ شہتیر۔ نرکل اور گنے کا ابتدائی حصہ جو پتلا ہوتا ہے۔

پالودہ: [ف۔ اند] فالودہ۔ ایک قسم کی چاولوں کی پیچ جو موسم گرما میں شربت ملا کر پیتے ہیں۔

پالہنگ: [ف۔ امث] باگ ڈور۔ وہ رسی جو گھوڑے کی لگام میں باندھتے ہیں۔

پالی: [ہ۔ امث] (۱) مگدھ کی پراکرت (زبان) جس میں بدھ مت کی مذہبی کتابیں ہیں (۲) بٹیروں، تیتروں، مرغوں وغیرہم کی لڑائی کی جگہ۔ اکھاڑا۔ ("پالا" کی تصغیر)

پالی باہر ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) بٹیر وغیرہ کا ہار کر بھاگ جانا (۲) مقابلہ سے ہٹ جانا۔ ہار ماننا۔

پالی مارنا: [ار۔ محاورہ] لڑائی جیتنا۔ فتح پانا

پالے کا مارا: [ار۔ صف مفعولی] سردی سے ٹھٹھرا ہوا۔ وہ پودا جو سردی کے باعث مرجھا گیا یا خشک ہو گیا ہو۔

پالیز: [ف۔ امث] (۱) سبزہ زار۔ ہری ترکاری یا خربوزے کا کھیت۔ فالیز

پام نمبر۱: [ہ۔ امث] وہ ریشم یا سوت کی ڈوری جو گوٹے کناری کے کنارے پر مضبوطی کے لئے بُنتی میں ڈال دیتے ہیں۔

پام نمبر۲: [انگ۔ اند] (PALM) چھالیا، ناریل، کھجور اور تمام لمبے پودے یا درخت جن کے پتے لمبے چوڑے بے شاخ اور سخت ہوتے ہیں۔ ہتھیلی۔

پامسٹ: [انگ۔ صف] (PALMIST) ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر قسمت کا حال بتانے والا۔ دست شناس

پامسٹری: [انگ۔ امث] (PALMISTRY) ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر قسمت کا حال بتانا۔ دست شناسی۔ فراست الید

پان نمبر۱: [ہ۔ امث] کلف۔ مانڈی۔ پانی میں آٹا گھول کر جولاہے سوت کو لگاتے ہیں پان کہلاتا ہے۔

پان نمبر۲: [ہ۔ اند] (۱) برگ تنبول۔ ایک بیل کا پتہ جس پر کتھا چونا لگا کر اور چھالیا وغیرہ ڈال کر چباتے ہیں اس سے ہونٹ سرخ ہو جاتے ہیں اور منہ صاف ہو جاتا ہے (۲) پان کی شکل کا چمڑے کا ٹکڑا جو دیسی وضع کی جوتیوں کے اڈے پر لگاتے ہیں (۳) تاش کا ایک رنگ، اس رنگ کے پتوں پر سرخ رنگ کی پان کی شکل بنی ہوتی ہے۔ (۴) انگیا کی کٹوریوں میں دو ٹکڑے ہوتے ہیں، بڑا دیوار اور چھوٹا پان کہلاتا ہے (۵) پیان کی شکل جو شال اور دوشالوں پر بنی ہوتی ہے (۶) پانی کا مخفف۔

پان بنانا: [ار۔ محاورہ] گلوری تیار کرنا۔ پان میں کتھا چونا لگانا

پان بنوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پان بنانا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پان پتا: [ار۔ اند] (۱) پان اور مختلف لوازم خانہ داری (۲) خبرگیری۔ شادی کی مجلس (۳) زوجہ کی خبرگیری

پان پھول: [ار۔ اند] (۱) بُرائی بھلائی۔ سرانجام کار۔ (۲) صف: نازک۔ نازک بدن (۳) خاطر۔ مدارات

پان چبانا: [ار۔ مص] پان کھانا

پان چیرنا: [ار۔ محاورہ] بے فائدہ کام کرنا۔ بے نتیجہ کام کرنا

پان دان (پاندان): [ہ ف۔ اند] پان اور اس کے لوازم رکھنے کا ظرف۔

پان دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) پان کھلانا۔ پان سے تواضع کرنا (۲) رخصت کرنا۔ رخصت کا پان کھلانا

پان سے پتلا، چاند سا چکلا/چکیلا: [ار۔ صف] خوبصورت۔ نازک اندام

پان کا بیڑا: [ار۔ اند] پان کی گلوری۔ کتھا چونا وغیرہ لگا کر بنایا ہوا پان

پان کا لاکھا: [ار۔ اند] پان کا رنگ جو ہونٹوں پر جمایا جاتا ہے (افعال: بننا۔ جمانا)

پان کا لکھوٹا: [ار۔ اند] وہ سیاہی جو زیادہ پان کھانے کی وجہ سے لبوں پر ہو جاتی ہے۔

پان کھانا: [ار۔ محاورہ] پان چبانا۔ گلوری کھانا۔ پان سے منہ لال کرنا۔

پان کھا کے پیک ڈال دینا: [ار۔ محاورہ] پان کھا کے تھوک کان میں ڈالنا جو کان کے درد کا علاج خیال کیا جاتا ہے۔

پان کھلانا: [ار۔ محاورہ] منگنی کی رسم ادا کرنا۔

پان کھلائی: [ار۔ امث] (۱) پان کھلانے کا حق جو بھاوجوں کو شادی کے موقع پر گھڑ چڑھی کے وقت دیا جاتا ہے۔ پان کھلانے کا نیگ۔

(۲) منگنی کی رسم
پان کی پتّی : [ار - امث] پان کا ٹکڑا جس پر کتھا اور ڈلی ملی ہو۔
پان کی تحریر : [ار - امث] پان کا رنگ جو ہونٹوں پر جم جاتا ہے ۔
پان کی لالی : [ار - امث] پان کی سُرخی - وہ سُرخی جو پان کھانے سے ہونٹوں پر نمودار ہوتی ہے ۔
پان لگانا : [ار - محاورہ] دیکھئے " پان بنانا "
پان مرجانا : [ار - محاورہ] پان کا خشک ہونا یا سڑنا
پانا : [ار - مص] (۱) حاصل کرنا - وصول کرنا (۲) معلوم کرنا - پہچاننا - تاڑ جانا (۳) کھوئی ہوئی چیز کا دستیاب ہونا - ملنا - پڑا پانا - (۴) بھگتنا سہنا (۵) سکنا (۶) اجازت ہونا (۷) کھوج لگانا - سراغ لگانا پکڑ لینا (۸) کسی صفت میں برابر ہونا
پانپ : [ہ - اند] پاپ - دکھ - تکلیف
پانت : [ہ - امث] (۱) قطار - صف (۲) سپاہیوں کی قطار
پانتھ : [س - صف] (۱) مسافر - سیاح (۲) آوارہ گرد
پانجر : [ہ - اند] پنجر - پسلی - پہلو - ڈھانچہ
پانجنا : [ار - مص] کسی دھات کے برتن میں ٹانکا لگانا
پانچ : [ار - اعدد] چار اور ایک ۵
پانچ : [ار - صف] (۱) عقل مند - ہوشیار - چالاک (۲) شریر - تیز - شوخ
پانچ اِندری : [ہ - امث] حواسِ خمسہ - پانچ حسیں یعنی باصرہ، شامہ - سامعہ - ذائقہ - لامسہ
پانچ پنچ مل کیجے کاج ہارے جیتے نہ آوے لاج : [ار - مثل] جو کام صلاح مشورہ سے ہوتا ہے اس میں ناکامی سے ذلت نہیں ہوتی
پانچ جوتیاں اور حقّے کا پانی : [ار - مثل] کوئی شخص بہت زیادہ مانگے تو تحقیراً اس کے جواب میں کہتے ہیں۔
پانچ میر چودہ خانوادے : [ار - مقولہ] فقیری کی بنیاد یہی ہے - پانچ میروں میں حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ، حضرت حسن بصری اور کمیلؒ ابن زیاد شامل ہیں - اسی طرح فقیروں کے چودہ سلسلے ہیں۔
پانچ ہاتھ کی زبان : [ار - امث] زبان درازی
پانچواں : [ار - عدد کسری] ایک بٹا پانچ - ۱/۵ - پانچواں حصہ
پانچواں : [ار - عدد ترتیبی] ترتیب میں چار کے بعد کا درجہ۔
پانچواں آفتاب آنا : [ار - محاورہ] نیک ساعت آنا
پانچواں کالم : [ار - انگ - اند] وہ لوگ جو اپنے وطن میں رہ کر دشمن کی مدد کریں - غدار - FIFTH COLUMN کا ترجمہ
پانچوں : [ار - عدد استغراقی] پانچ کے پانچ - جو پانچ تھے وہ سب کے سب
پانچوں انگلیاں برابر/یکساں نہیں : [ار - مثل] سب آدمی ایک جیسے نہیں ہوتے ۔
پانچوں انگلیاں پانچوں چراغ : [ار - مثل] بہت قابل ہے - ہیرا ہے - بے عیب

پانچوں انگلیاں گھی میں (اور چھٹا سر کڑھائی میں) : [ار - مثل] (۱) مختارِ کل ہے (۲) ہر طرح مزے میں ہے (۳) سب کام ہاتھ میں ہے سب کچھ قابو میں ہے ۔
پانچوں پانڈے چھٹے نارائن : [ار - مثل] (۱) پانچوں پانڈو اور چھٹے کرشن جی وہاں بولتے ہیں جہاں کسی کے اچانک آجانے پر بہت خوشی ہو (۲) مشورے میں برکت ہوتی ہے ۔
پانچوں تر ہیں : [ار - مثل] کام خوب بن رہا ہے - مطلب حاصل ہے۔
پانچوں حواس : [ار - اند] حواس خمسہ - دیکھئے " پانچ اندری "
پانچوں سواروں میں نام لکھوانا : [ار - مثل] خوامخواہ ناموروں کے زمرہ میں اپنے آپ کو شامل کرنا - لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا۔
پانچوں عیب : [ار - اند] (۱) گھوڑے کے پانچ مرض یعنی ہڑا - موترا - رس - بیل - برساتی - یا یہ پانچ نقائص - منہ زور - شب کور - کہنہ لنگ - حشری - کرّی
پانچوں عیب شرعی : [ار - اند] چوری - زنا - جھوٹ - جوا - شراب
پانچوں کپڑے : [ار - اند] پگڑی - انگرکھا - پاجامہ - دوپٹہ - رومال (۲) سب کپڑے
پانچوں گھی میں سر کڑاہی میں : [ار - مثل] دیکھئے " پانچوں انگلیاں گھی میں "
پانچوں ہتھیار : [ار - اند] ڈھال - تلوار - برچھی - تیر - کمان
پانڈ : [ہ - امث] وہ عورت جس کے پستان بڑھے ہوئے نہ ہوں یا پستانوں میں دودھ نہ ہو۔
پانڈا : [ہ - اند] (۱) مندر میں پوجا کرنے والا برہمن (۲) برہمنوں کا ایک فرقہ جو قنوج، بنارس، متھرا وغیرہ میں رہتا ہے (۳) عالم - فاضل - استاد
پانڈو : [ہ - اند] راجہ پانڈو کی اولاد (۲) خصوصاً پانچ بھائی - یدھشٹر - ارجن - بھیم - نکل - سہدیو - جو مہابھارت کی جنگ میں شریک ہوئے۔
پانڈو : [ہ - اند] وہ زمین جس میں ریت اور چکنی مٹی ملی ہو - بارانی زمین - (۲) بھاری - بوجھ والا
پانڈی : [ہ - صف] بوری اٹھانے والا - قلی - حمال - بوجھ اٹھانے والا -
پانڈے : [ہ - اند] (۱) پنڈت - برہمن - استاد - معلم (۲) برہمنوں کا ایک خطاب -
پانڈے جی پچھتاؤ گے پھر وہی پے - کی کھاؤ گے : [ار - مثل] کہنا نہ مانو گے تو آخر کو پچھتاؤ گے ۔
پانڈے جی دونوں سے گئے حلوا ملا نہ مانڈے : [ار - مثل] کچھ فائدہ نہ ہوا - کچھ نہ ملا - ادھر کے رہے نہ ادھر کے۔
پانسری : [ہ - امث] ایک قسم کی بیل جس کے پتے خوشبودار ہوتے ہیں۔
پانس : [ہ - اند] وہ میلا کھاد جو کھیتوں میں پیداوار کو بڑھانے کے لئے ڈالا جاتا ہے۔
پانس دینا : [ہ مرکب] کھیتوں میں کھاد دینا
پانس ہونا / ہو جانا : [ار - محاورہ] کھاد ہو جانا - گل سڑ جانا
پانسا : [ہ - اند] دیکھئے " پاسا "
پانسنا : [ہ - مص] کھیت میں کھاد ڈالنا۔

پانسو: [ہ - امث] پسلی - پنجر - ڈھانچہ

پانسو: [ا عدد] پانچ سو کا مخفف

پانسی: [ہ - امث] ایک قسم کا جال جس میں گھاس رکھتے ہیں۔

پانصد: [ف - عدد] پانچ سو۔

پانصدی: [ف - ار - اند] مغل بادشاہوں کا ایک منصب جس میں ایک امیر کو پانچ سو سپاہیوں کا ذمہ دار بنایا جاتا تھا اور بیس ہزار روپیہ تنخواہ دی جاتی تھی۔

پانک: [ہ - امث] وہ مٹی یا ریت جو سیلاب کے بعد رہ جاتی ہے۔ کیچڑ - دلدل۔

پانہ: [ہ - اند] لکڑی کا وہ ٹکڑا جو بڑھئی لکڑی چیرتے وقت لکڑی کی درز میں رکھتا ہے - پھانا (۲) وہ آلہ جسے موچی جوتے کو قالب چڑھاتے وقت ایڑی میں ٹھونک دیتا ہے۔

پانو: [ار - اند] دیکھئے پاؤں جو زیادہ مستعمل ہے۔

پانی: [ہ - اند] آکسیجن اور ہائیڈروجن گیس کا بے رنگ، بے مزہ، بے مہک اور سیال مرکب ہے جسے گرم کرو تو بھاپ اور ٹھنڈا کرو تو برف بن جاتا ہے۔ (۲) آب - ماء - جل - نیر (۳) بارش مینہ (۴) عرق - پسینہ (۵) دھات منی - نطفہ (۶) شراب (۷) شرم - حیا - لحاظ - غیرت (۸) آنسو - اشک (۹) رطوبت سیل (۱۰) رقیق - پتلا - سیال (۱۱) ٹھنڈا - سرد (۱۲) پھیکا (۱۳) نرم - ملائم - ڈھیلا - نیم رام - مدھم - سیدھا - دھیما - (۱۴) کمزور - نڈھال (۱۵) جرأت - ہمت - ارادہ - قصد - استقلال (۱۶) بدمزہ - کنکوے کا نرم اور ڈھیلا ہو جانا - (۱۷) جلا - چمک (۱۸) ملمع (۱۹) وہ وقفہ جس میں مرغ بغیر چوٹ کھائے لڑتا ہے (۲۰) مرغ کی کشتی (۲۱) موقع (۲۲) اصل نسل (۲۳) دم شمشیر - آب شمشیر

پانی آنا: [ار - محاورہ] مینہ برسنا - مینہ آنا (۲) بارش کا سامان دکھائی دینا - ابر آنا (۳) زخم سے رطوبت نکلنا (۴) آنکھ یا ناک سے پانی نکلنا (۵) موتیا بند ہو جانا (۶) پانی ٹپکنا (۷)

پانی اتارنا: [ار - محاورہ] پانی نیچے لانا - پانی ایک مکان سے دوسرے مکان میں لانا یا بہانا (۲) پانی گھٹانا - کم کرنا - پانی کو دولہا دلہن کے سر پر وارنا۔

پانی اترنا: [ار - محاورہ] بارش ہونا - مینہ برسنا - موتیا بند کا عارضہ لاحق ہونا - پانی کا دریا یا جھیل میں کم ہونا - فوطوں میں پانی آجانا - بڑے ہو جانا -

پانی اٹھانا: [ار - محاورہ] پانی جذب کرنا - پانی چوسنا

پانی اٹھنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پانی اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پانی باندھنا: [ار - محاورہ] پانی کو روک لگانا - بند باندھنا (۲) تالاب کھودنا (۳) پانی کو ٹھہرانا - روکنا (۴) ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا - طاقت سے باہر کام کرنا - ہمت کرنا -

پانی بجھانا: [ار - محاورہ] پانی خارجی رطوبت جلانے کے لئے پانی میں لوہا گرم کر کے ڈالنا - بجھانا

پانی برسنا: [ار - محاورہ] مینہ برسنا - بارش ہونا

پانی بند کرنا: [ار - محاورہ] (۱) دشمن کے لئے پانی روکنا (۲) بیمار کو بخیال مرض پانی نہ دینا

پانی بہانا: [ار - محاورہ] کسی کے مرجانے پر گھر کے کواڑوں پہ پانی ڈالنا - رونا -

پانی بھرنا: [ار - محاورہ] کنویں - تالاب یا جھیل سے پانی لانا (۲) برتن کو پانی سے پُر کرنا (۳) عاجزی و انکساری کرنا (۴) غلام ہونا خدمت کرنا - حکم ماننا (۵) فرماں بردار رہنا (۶) فروتنی کرنا - شرمانا۔

پانی بھر آنا: [ار - محاورہ] حرص ہونا - طمع ہونا (منہ کے ساتھ)

پانی بہہ جانا: [ار - محاورہ] شرم جاتی رہنا - مروّت نہ رہنا۔

پانی بہنا: [ار - محاورہ] پانی جاری ہونا - آنسو جاری ہونا - رطوبت جاری ہونا

پانی پانی کرنا: [ار - محاورہ] شرمندہ کرنا (۲) پگھلانا (۳) پتلا کرنا - رقیق کرنا (۴) پسینہ پسینہ کرنا - تھکا دینا (۵) بار بار پانی مانگنا -

پانی پانی ہونا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پانی پانی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پانی پر بنیاد ہونا: [ار - محاورہ] ناپائدار ہونا - کمزور ہونا

پانی پر لکھا ہونا: [ار - محاورہ] ناپائدار ہونا (۲) بودا اور کچا ہونا

پانی پڑنا: [ار - محاورہ] بارش ہونا - پانی برسنا (۲) چیچک کے مرجھانے پر پانی کے چھینٹے دینا - نہلانا - (۳) چیچک کے دانوں میں پیپ پڑنا (۴) خراب ہونا - برباد ہونا (۵) غسل ہونا -

پانی پلانا: [ار - محاورہ] پیاسے کو پانی دینا (۲) پانی پلانے کا پیشہ کرنا - (۳) کھیت میں آبپاشی کرنا (۴) کسی کو بہت تنگ کرنا

پانی پھر جانا: [ار - محاورہ] ڈوب جانا - غرق ہو جانا (۲) تباہ ہونا برباد ہونا (۳) محنت رائگاں جانا - اکارت جانا - ضائع جانا - (۴) بے وقعت ہونا - بے رونق ہونا - نقصان ہونا (۵) برتن یا زیور پر سونے چاندی کا پانی چڑھنا (۶) رونق آجانا (۷) قلعی ہو جانا -

پانی پھوٹنا: [ار - محاورہ] کسی آڑ کو توڑ کر پانی کا نکلنا (۲) پانی میں خوب ابال آجانا (۳) پانی جاری ہونا (۴) زمین سے چشمہ نکلنا -

پانی پھونکنا: [ار - محاورہ] (۱) کچھ پڑھ کر پانی دم کرنا (۲) حقہ کا پانی پھونک مار کر نکالنا -

پانی پھیر دینا: [ار - محاورہ] محنت برباد کرنا - کام خراب کرنا -

پانی پھیرنا: [ار - محاورہ] ملمع کرنا - جلا کرنا - صیقل کرنا - تلوار پر آب چڑھانا (۲) تباہ کرنا - مٹانا -

پانی پھینکنا: [ار - محاورہ] کسی پر پانی ڈالنا - ہاتھی کا سونڈ سے پانی ڈالنا

پانی پیا منہ پر آتا ہے: [ار - مثل] بات چھپی نہیں رہتی -

پانی پی پی کے / کر: [ار متعلق فعل] بار بار - گھڑی گھڑی - ہر وقت -

پانی پی پی کر/کے دعا دینا: [ار- محاورہ] بہت دعائیں دینا۔ خوش ہو کر دعائیں دینا۔ بار بار دعائیں دینا۔

پانی پی پی کر/کے کوسنا: [ار- محاورہ] بددعا دینا۔ دم لے کر بددعا دینا

پانی پی کر/کے ذات پوچھنا: [ار- محاورہ] کوئی کام کر کے پچھتانا۔ بے وقت افسوس کرنا۔

پانی پیجیے چھان کے/کر، گرو کیجیے جان کے/کر: [ار- مثل] ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔

پانی پینا: [ار- محاورہ] پانی جذب کرنا۔ پانی کھینچنا (۲) پانی سوکھنا (۳) پانی سے پیاس بجھانا۔

پانی پیویں چھان کے جیو ماریں جان کے: [ار- مثل] ظاہراً بہت پارسا اور حقیقت میں شیطان۔

پانی تارا ہونا: [ار- محاورہ] گہرے پرانے کنوئیں میں جو پانی چمکتا دکھائی دیتا ہے کنوئیں کی گہرائی میں پانی تارا سا چمکنا۔

پانی تلے دھار اوپر دھار برسنا: [ار- محاورہ] مینہ کا شدت سے برسنا

پانی تو بہتا بھلا کھڑا گدھیلا: کام جاری رہے یا ہوتا رہے تو بہتر ہے۔

پانی توڑنا: [ار- محاورہ] پانی گھٹانا۔ کھینچنا۔ کم کرنا (۲) پانی لے لینا۔ کاٹنا (۳) بند سے یا نہر سے پانی چھوڑ دینا۔

پانی تھر جانا: [ار- محاورہ] گرد و غبار نیچے بیٹھ جانے سے پانی کا صاف ہو جانا۔

پانی تیز ہونا: [ار- محاورہ] دھار تیز ہو جانا

پانی ٹپکانا: [ار- محاورہ] پانی چوانا۔ پانی نچوڑنا۔ لٹکا کر دہی کا پانی نکالنا۔ نزع کے وقت حلق میں پانی چوانا۔

پانی ٹپکنا: [ار- محاورہ] پانی کا قطرہ قطرہ ہو کر گرنا۔

پانی ٹوٹ جانا: [ار- محاورہ] پانی بہت کم ہو جانا۔

پانی ٹھنڈا لگنا: [ار- محاورہ] پانی سرد معلوم ہونا۔

پانی جلنا: [ار- محاورہ] پانی کا بہت گرم ہو جانا (۲) رطوبت کا جل جانا

پانی جھم جھم برسنا: [ار- محاورہ] زور کی بارش ہونا۔

پانی جیتنا: [ار- محاورہ] مرغوں بٹیروں وغیرہ کا لڑائی جیتنا۔

پانی چٹانا: [ار- محاورہ] لڑنے والے مرغ کو ہتھیلی پر رکھ کر پانی پلانا۔

پانی چرانا: [ار- محاورہ] زخم میں پانی کا سرایت کرنا (۲) رطوبت جذب کر لینا۔ (۳) حاملہ ہونا (۴) کسی کے کھیت سے پانی کاٹ کر اپنے کھیت میں لے جانا۔

پانی چڑھانا: [ار- محاورہ] بہت سا پانی پی جانا (۲) جلا کرنا۔ صیقل کرنا۔ (۳) پانی کو بلندی پہ لے جانا (۴) پانی کو چولہے پر رکھنا۔

پانی چڑھنا: [ار- مص] (۱) دریا میں طغیانی آنا (۲) کنوئیں تالاب وغیرہ کا پانی اپنی حد سے بڑھ جانا۔

پانی چلانا: [ار- محاورہ] سینچنا۔ آبپاشی کرنا۔

پانی چلنا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پانی چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پانی چوانا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پانی ٹپکانا"

پانی چھاننا: [ار- مص] کپڑے میں سے پانی نکال کر صاف کرنا۔

پانی چھاجوں برسنا: [ار- محاورہ] موسلا دھار بارش ہونا۔ زور کا مینہ پڑنا۔

پانی چھڑکنا: [ار- مص] (۱) پانی کے چھینٹے دینا۔ کسی چیز پر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا (۲) چھڑکاؤ کرنا۔

پانی چھڑوانا: [ار- مص] پانی چھڑکوانا۔ پانی ڈلوانا

پانی چھوڑنا: [ار- محاورہ] (۱) پانی جاری کرنا۔ نہر یا کسی بند سے پانی چھوڑنا۔ (۲) پکتے وقت گوشت یا ترکاری میں سے پانی نکلنا (۳) جماع کے وقت عورت کی فرج سے رطوبت خارج ہونا۔

پانی دکھانا: [ار- محاورہ] جانوروں کے آگے پینے کے لیے پانی رکھنا۔ پانی پلانا۔

پانی دم کرنا: [ار- محاورہ] کوئی دعا پڑھ کر پانی پر پھونک مارنا۔

پانی دینا: [ار- محاورہ] (۱) آبپاشی کرنا۔ سینچنا۔ پانی ڈالنا (۲) ہنود کا مردے کے نام پر پیپل کی جڑ میں پانی ڈالنا۔ جل ترپن کرنا (۳) مرغ کو پانی چٹانا (۴) ذبح کرنا۔

پانی دیوا: [ار- صف] وارث۔ یادگار۔ بنیاد۔ خبر لینے والا۔ گھر کا مالک۔

پانی دیویں/دیں اور جڑ کاٹیں: [ار- مثل] ظاہراً مدد کریں اور اندرونی طور پر نقصان پہنچائیں۔

پانی ڈھل جانا/ڈھلنا: [ار- محاورہ] (۱) رونق اور آب و تاب جاتی رہنا (۲) ایام شباب گزر جانا

پانی رکھنا: [ار- محاورہ] (۱) تلوار یا چھری وغیرہ کا آبدار کرنا (۲) کسی برتن میں پانی ڈال کر کسی جگہ رکھنا۔

پانی روکنا: [ار- محاورہ] (۱) کسی کو پانی نہ دینا۔ پانی کے ... باز رکھنا (۲) نزلہ کا پانی بند کرنا تاکہ نزلہ کسی اور عضو پر نہ گرے۔

پانی سر سے اونچا ہونا/گزر جانا: [ار- محاورہ] معاملہ میں طوالت ہونا۔ کسی امر کا انتہا کو پہنچ جانا۔

پانی سمونا: [ار- مص] گرم پانی میں ٹھنڈا پانی ملا کر معتدل بنانا۔

پانی سونیزے چڑھانا: [ار- محاورہ] ناحق بدنام کرنا۔

پانی سونیزے چڑھنا: [ار- محاورہ] دیکھیے "پانی سونیزے چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پانی سے پتلا: [ار- صف] (۱) نہایت رقیق (۲) حقیر۔ خفیف (۳) ارزاں۔ آسان (۴) بے آبرو۔ شرمندہ۔ ذلیل۔

پانی سے پہلے پل باندھنا: [ار- محاورہ] فکر بے جا۔ کسی کام کے ہونے سے پہلے اس کی فکر میں مبتلا ہو جانا۔ بے جا پیش بندی کرنا۔

پانی قد آدم ہونا: [ار- محاورہ] پانی گہرا ہونا۔ اتنا پانی ہونا کہ آدمی ڈوب جائے۔

پانی کا بتاشا: [ار- اند] (۱) حباب (۲) جلد مٹنے والا ناپائیدار (۳) بے اصل۔ خالی۔

پانی کا بلا: [ار- اند] (۱) حباب (۲) انسان

پانی کا بلبلا: [ار- اند] دیکھئے پانی کا بتاشا

پانی کاٹنا: [ار- محاورہ] نہر سے پانی لینا۔ ایک نالی سے دوسری نالی میں پانی لے جانا (۲) تیرتے ہوئے پانی کو دھکیلنا۔ کشتی چلاتے ہوئے بلیوں سے

پانی ہٹانا۔ پانی میں ہو کر گزرنا۔

پانی کا چڑھاؤ: [ار۔ اند] طغیانی۔ طوفان

پانی کا سانپ: [ار۔ اند] ایک قسم کا سانپ جو مچھلی کی طرح پانی میں رہتا ہے اور کم زہریلا ہوتا ہے۔

پانی کا گھونٹ گلے سے نہ اترنا: [ار۔ محاورہ] نزع کی حالت میں یا کسی بیماری کی حالت میں پانی گلے سے نہ اترنا۔

پانی کا ہگا منہ پر آتا ہے: [ار۔ مثل] کئے کا پھل ملتا ہے۔ عیب ظاہر ہو کر رہتا ہے۔

پانی کر دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) نہایت آسان کر دینا۔ بہت سہل کر دینا (۲) ہر شخص کے سمجھ لینے کے لائق کر دینا (۳) غصے کو ٹھنڈا کر دینا۔ مدہم کر دینا (۴) شرمندہ کر دینا (۵) پتلا کرنا۔ ملائم کرنا۔ (۶) پگھلانا۔

پانی کرنا: [ار۔ محاورہ] مرغوں کا باہم دم لے کر لڑنا۔

پانی کمر کمر ہونا: [ار۔ مثل] پانی اتنا گہرا ہونا کہ آدمی کی کمر تک پہنچے۔

پانی کو ڈھونکنی لگنا: [ار۔ محاورہ] سخت پیاس لگنا۔

پانی کھڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] پانی کا رکنا

پانی کھلنا: [ار۔ محاورہ] کنوئیں سے پانی نکلنا۔ بارش کا رکنا۔ مینہ کا بند ہونا

پانی کھنچنا: [ار۔ محاورہ] کنوئیں سے پانی نکلنا۔

پانی کھینچنا: [ار۔ محاورہ] پانی نکالنا۔ پانی جذب کرنا۔

پانی کی بھڑک: [ار۔ امث] پیاس کی شدت

پانی کی پوٹ: [ار۔ صف] بالکل پانی۔ سر تا سر پانی۔ پانی سے پھولا ہوا (۲) ایسی چیز جس کے کھانے سے اس وقت تو پیٹ بھر جائے لیکن ذرا سی دیر میں بھوک لگے (۳) وہ چیز جو پکنے کے بعد گھٹ کر ذرا سی ہو جائے (۴) مشک جس میں پانی بھرا جاتا ہے۔

پانی کی چادر: [ار۔ امث] پانی کی چوڑی دھار

پانی کی لکیر: [ار۔ صف] ناپائیدار۔ فانی

پانی کی لہریں گننا: [ار۔ محاورہ] ناممکن کام کرنا۔ فضول کام کرنا

پانی کے چھینٹے پڑنا: [ار۔ محاورہ] ایک دوسرے کے پانی کے چھینٹے مارنا۔

پانی کے ریلے میں بہانا: [ار۔ محاورہ] پانی کی رو میں بہانا (۲) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔

پانی کے کچے گھڑے بھروانا: [ار۔ محاورہ] دشوار بات کو پورا کرانا۔

پانی کی کربلا ہونا: [ار۔ محاورہ] بالکل پانی بند ہونا۔ پانی نہ ملنا۔

پانی کے گھڑے پڑ جانا: [ار۔ محاورہ] نہایت شرمندگی ہونا۔ خجل ہونا۔

پانی کے مول: [ار۔ صف] نہایت ارزاں۔ بہت سستا۔ کوڑیوں میں۔ مفت۔

پانی کے نیچے نہ پانی کے اوپر: [ار۔ مثل] نہ الٹی مانتے ہیں نہ سیدھی۔

پانی گرانا: [ار۔ محاورہ] پانی بہانا۔ پانی پھینکنا (۲) نزلہ کی رطوبت کا آنکھ، ناک یا منہ سے خارج کرنا۔

پانی گرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پانی گرانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پانی گلے تک آجانا: [ار۔ محاورہ] انتہا ہو جانا۔

پانی گلے سے اترنا: [ار۔ محاورہ] پانی کا حلق سے نیچے اترنا۔

پانی گلے گلے ہونا: [ار۔ محاورہ] پانی کی گہرائی اتنی ہونا کہ انسان گلے تک ڈوب جائے۔

پانی گلے میں اترنا: [ار۔ محاورہ] پانی کا حلق سے نیچے جانا۔

پانی گھٹنے گھٹنے ہونا: [ار۔ محاورہ] گھٹنوں تک پانی ہونا۔

پانی گھول دینا: [ار۔ محاورہ] پانی ڈال دینا۔ پانی ملا دینا۔

پانی لگانا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز پر تھوڑا سا پانی چھوانا۔

پانی لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پانی کا موافق ہونا (۲) پانی سے دانتوں کو تکلیف پہنچنا۔

پانی لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) پانی پینا (۲) آب دست لینا۔

پانی مانگنا: [ار۔ محاورہ] پینے کے لئے پانی طلب کرنا (۲)، بارش کی دعا کرنا۔

پانی مرنا: [ار۔ محاورہ] نقص ہونا۔ عیب ہونا (۲) مکان یا دیوار میں پانی جذب ہونا (۳) الزام آنا۔

پانی منہ میں بھر آنا / بھر لانا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کو دیکھ کر دل للچانا۔

پانی میں آگ لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) لڑائی کرانا (۲) شعبدہ بازی کرنا ناممکن بات کرنا (۳) چغلی کھانا۔ سویا فتنہ جگانا

پانی میں بجھانا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کو گرم کر کے پانی میں ڈالنا۔

پانی میں پتھر نہیں سڑتا: [ار۔ مثل] جس طرح پتھر پر پانی کا اثر نہیں ہوتا اسی طرح بیوقوف پر علم کا اثر نہیں ہوتا۔

پانی میں گہن دیکھنا: [ار۔ مص مرکب] گرہن لگے ہوئے سورج کا عکس پانی میں دیکھنا۔

پانی میں گرہ باندھنا / دینا / لگانا: [ار۔ محاورہ] ناپائیدار کام کرنا۔ جلدی ہونا۔ شتابی ہونا۔ مٹ جانا

پانی میں مچھلی نو نو ٹکڑے حصہ: [ار۔ مثل] چیز ابھی ملی نہیں اور اس کی تقسیم کے متعلق پہلے ہی جھگڑے شروع ہو گئے۔

پانی ناپنا: [ار۔ مص] پانی کی تھاہ دریافت کرنا (۲) کالے پانی جانا

پانی نکلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پانی ٹپکنا (۲) قطرہ آنا۔ انزال ہونا۔

پانی نہ پچنا: [ار۔ محاورہ] پیٹ کا ہلکا ہونا۔ راز کی بات نہ چھپا سکنا۔

پانی نہ مانگنا: [ار۔ محاورہ] یکایک مر جانا۔ اچانک مر جانا۔ سانس نہ لینا۔ دم نہ مارنا۔

پانی وار کر پینا: [ار۔ محاورہ] عورتیں محبت ظاہر کرنے کے لئے ایسا کرتی ہیں۔

پانی وانی: [ار۔ امث۔ وانی تابع مہمل] دیکھئے "پانی"

پانی ہارنا: [ار۔ محاورہ] بٹیر کا ہار جانا۔ شکست کھانا

پانی ہوا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] پانی برسنے کے آثار ہو کر دفعتاً ہوا سے مطلع صاف ہو جانا (۲) پانی کا بخارات بن کر اڑ جانا۔

پانی ہو کر بہہ جانا: [ار۔ محاورہ] پتلا ہو کر بہہ جانا۔ فنا ہو جانا۔

پانی ہونا/ہوجانا: [ار- محاورہ] (۱) پتلا ہوجانا - رقیق ہونا (۲) پگھل جانا۔ (۳) کند ہوجانا (۴) نرم ہوجانا - ملائم ہونا (۵) سرد ہوجانا - تیزی جاتی رہنا (۵) دشوار کام آسان ہونا (۶) شرم سے پسینے پسینے ہوجانا (۸) خراب ہوجانا (۹) مرغ بازوں کی اصطلاح میں تجربہ ہونا - لڑنا

پاوَرَق: [فع - اند] (۱) ورق کا نچلا حصّہ (۲) حاشیہ کے نیچے اگلے صفحہ کا پہلا حرف - ترک

پاہ: [ہ - امث] (۱) وہ زمین جو تین سال سے بوئی گئی ہو (۲) ایک پتھر جو پھٹکری اور لونگوں کے ساتھ گھس کر آنکھوں کے لئے لیپ تیار کیا جاتا ہے۔

پاہونا/پاہُنا: [ہ- اند] (۱) مہمان (۲) وہ گیت جو دلہن کو وداع کرتے وقت گایا جاتا ہے۔ بابل

پاہونا/پاہُنا پیارا پر ایک دو دن: [ار- مثل] مہمان ایک دو دن رہے تو اچھا معلوم ہوتا ہے ۔زیادہ دن رہے تو ناگوار ہوتا ہے

پاہی: [ہ -صف] وہ کاشتکار جو دوسرے گاؤں میں کاشت کرے - جس گاؤں میں کاشت کرے اس میں اس کی سکونت نہ ہو۔

پاہی کاشت/پائی کاشت/پاہے دست: [ہ ف امث] (۱) وہ کاشت جو دوسرے گاؤں کا آدمی کرے۔ (۲) وہ آدمی جو دوسرے گاؤں میں کاشت کرے۔

پائپ: [انگ - امث] (PIPE) (۱) نل - نال - نالی (۲) انگریزی وضع کا تمباکو پینے کا حقہ اسمیں ایک چھوٹی سی پیالی یا چلم تمباکو ڈالنے کے لئے ہوتی ہے اور اس پیالی سے قریباً پانچ چھ انچ لمبی نلکی لش لگانے کے لئے لگی ہوتی ہے۔

پائریا/پائیوریا: [انگ - اند] pyorrhoea دانتوں کی ایک بیماری جس میں دانتوں سے خون آتا ہے اور منہ سے سخت بدبو آتی ہے۔

پائری: [ار- امث -ق] بنیاد - نیو

پائلَٹ: [انگ - اند] (PILOT) (۱) ہوا باز - طیارہ ران - ہوائی جہاز چلانے والا (۲) جہاز ران (۳) راہ نما - بدرقہ

پاؤ: [ار- عدد کسری] چوتھا حصّہ - چوتھائی۔

پاؤ ادھا رہنا: [ار- محاورہ] چوتھائی یا نصف رہنا۔

پاؤ بھر: [ار- صف] وزن میں ایک پاؤ یعنی چار چھٹانک کے برابر

پاؤ بھر سے سوا پاؤ ہوجانا: [ار- محاورہ] زیادہ ہوجانا - سوایا ہوجانا

پاؤٹکی: [ار- امث] قانون گو کی فیس جو مال گزاری پر چار آنے یعنی چوتھائی روپیہ فی سیکڑا لی جاتی تھی۔

پاؤروٹی: [ار- امث] (۱) نان پاؤ - ایک موٹی روٹی جو چار چھٹانک آٹے کی بنتی تھی۔ ڈبل روٹی (۲) روٹی کا چوتھا حصّہ۔

پاؤسیر: دیکھئے "پاؤ بھر"

پاؤ سیر چول/چاول چوبارے رسوئی: [ار- مثل] تھوڑی حیثیت پہ بہت کروفر - شیخی مارنا

پاؤلا: [ار- اند] روپیہ کا چوتھا حصّہ - کسی سکّہ کا چوتھا حصہ

پاؤلی: [ار- امث] روپیہ کا چوتھا حصّہ - چونی - چوتھائی روپیہ کا ایک سکہ۔

پاؤں: [ار- اند] (۱) جسم کا وہ حصّہ جو سب سے نیچے ہوتا ہے اور کھڑے ہونے یا چلنے کی صورت میں زمین پر ٹکتا ہے - قدم - پگ - چرن - پا (۲) جڑ بنیاد (۳) دخل - قبضہ (۴) استقلال - استحکام (۵) آخر - انجام - انتہا (۶) ڈھنگ - آثار - علامات (۷) چال (۸) گُن (۹) ذمہ داری - کفالت (۱۰) حصّہ - بخرہ

پاؤں آگے بڑھانا: [ار- محاورہ] (۱) حد سے متجاوز ہونا (۲) آگے بڑھنا

پاؤں آگے نہ پڑنا: [ار- محاورہ] آگے بڑھنے کی ہمت نہ ہونا۔

پاؤں آنا: [ار- محاورہ] دخل ہونا - تعلق ہونا۔

پاؤں آنکھوں سے لگانا: [ار- محاورہ] کمال محبت اور تعظیم سے پیش آنا۔

پاؤں اُتر جانا/اترنا: [ار- محاورہ] پاؤں کے جوڑ کا اپنی جگہ سے سرک جانا - موچ آنا۔

پاؤں اٹھا کر/کے: [ار- متعلق فعل] (۱) تیز - جلد - تھوڑی دیر کے لئے - لمحہ بھر کے لئے (افعال : آنا - جانا - چلنا)

پاؤں اُٹھا دینا: [ار- محاورہ] بھگا دینا - شکست دینا۔

پاؤں اُٹھانا: [ار- محاورہ] (۱) چلنا - قدم بڑھانا (۲) کسی سے علیحدہ ہوجانا - جھگڑے سے الگ ہوجانا (۳) تیز چلنا - جلد چلنا -

پاؤں اُٹھ جانا: [ار- محاورہ] شکست کھانا - بھاگ نکلنا۔

پاؤں اُٹھنا: [ار- محاورہ] (۱) چلنا - چلنے کی ہمت ہونا (۲) قدم اُٹھنا۔

پاؤں اٹھے جانا: [ار- محاورہ] ہمت کا جواب دینا - استقلال جاتا رہنا۔

پاؤں اَڑانا: [ار- محاورہ] خواہ مخواہ کسی معاملہ میں دخل دینا - کسی کے کام میں پڑنا - بیچ میں بولنا۔

پاؤں اُڑانا: [ار- محاورہ] (۱) حریف کی ضرب سے پاؤں بچانا (۲) پاؤں کاٹنا۔

پاؤں اُکھاڑ دینا/اکھاڑنا: [ار- محاورہ] (۱) پیر نہ جمنے دینا (۲) ہرا دینا - شکست دینا (۳) بے دخل کرنا۔

پاؤں اُکھڑ جانا: [ار- محاورہ] (۱) پاؤں کا جوڑ سے جدا ہوجانا (۲) ہمت پست ہونا - لغزش ہوجانا - (۳) شکست کھانا - ہزیمت کھانا۔

پاؤں الٹا پڑنا: [ار محاورہ] آگے جانے کو دل نہ چاہنا - آگے جاتے ہوئے ڈرنا۔

پاؤں اُلجھنا: [ار- محاورہ] کسی معاملہ میں گرفتار ہونا۔

پاؤں اونچ نیچ پڑنا: [ار- محاورہ] کوئی ایسی بات ہونا جس سے بدنامی ہو۔

پاؤں ایک جگہ نہ ٹھہرنا: [ار- محاورہ] استقلال نہ ہونا - کہیں نہ ٹکنا۔

پاؤں باندھ رکھنا: [ار- محاورہ] روکنا - جانے نہ دینا۔

پاؤں باہر نکالنا: [ار- محاورہ] (۱) حد سے بڑھنا (۲) بے شرم و بے لحاظ ہونا (۳) گھمنڈ کرنا - اترانا - غرور کرنا (۴) آوارہ ہونا - بدچلن ہونا۔

پاؤں باہر نکلنا: [ار- محاورہ] (۱) باہر پھرنے کی عادت ہوجانا (۲) پردے دار کا باہر نکلنا۔

پاؤں بچلنا: [ار- محاورہ] پاؤں پھسلنا - ڈگمگانا (۲) استقلال میں فرق آنا (۳) نیت میں فرق آنا - ایمان میں خلل پڑنا۔

پاؤں بڑھانا: [ار- محاورہ] (۱) تیز چلنا - جلد جلد چلنا (۲) آگے چلنا - آگے

جانا (۳) حد سے متجاوز ہونا۔ دخل بڑھانا۔ قبضہ بڑھانا (۴) قدم آگے رکھنا

پاؤں بھاری کرنا: [ار۔ محاورہ] آمد و رفت موقوف کرنا۔ نہ آنے کا عہد کرنا۔

پاؤں بھاری ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) حاملہ ہونا (۲) عورت کا حیض سے ہونا (۳) ہمت پست ہو جانا۔ (۴) رک رک کر چلنا۔ ٹھہر ٹھہر کر چلنا۔

پاؤں بھٹکنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پاؤں کا لڑکھڑانا (۲) لغزش کرنا۔

پاؤں بھر جانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں بتھر جانا۔ پاؤں کسی چیز سے آلودہ ہونا (۲) پاؤں تھک جانا۔ شل ہو جانا۔ پاؤں کا سُن ہو جانا۔

پاؤں بہکنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پاؤں کا ادھر ادھر پڑنا (۲) لغزش ہونا۔

پاؤں بیچ میں ہونا: [ار۔ محاورہ] ذمہ داری ہونا۔ ذمہ ہونا (۲) شرکت ہونا ساجھا ہونا۔ مداخلت ہونا

پاؤں پاک: [ار۔ اند] پاؤں پونچھنے کا رومال۔

پاؤں پانی پر لگانا: [ار۔ محاورہ] تیرنے کی غرض سے پاؤں کو پانی میں حرکت دینا۔

پاؤں پاؤں: [ار۔ متعلق فعل] پیروں سے۔ پیدل

پاؤں پاؤں چلنا / پھرنا: [ار۔ محاورہ] پاپیادہ چلنا۔ بچے کا اپنے پیروں پر چلنا۔

پاؤں پاؤں ڈولنا: [ار۔ محاورہ] بچے کا اپنے پاؤں پر چلنا

پاؤں پاؤں صندل کے پاؤں: [ار۔ پیار کا کلمہ] جس وقت بچہ پہلے پہل پاؤں سے چلتا ہے تو اس کے تلوؤں میں صندل گھس کر لگاتی ہیں۔ بچے کھلانے والی عورتیں بچے کے کھڑے ہونے اور چلنے پر یہ فقرہ کہتی ہیں۔

پاؤں پہ آنکھیں نکال کے ڈال دینا / رکھنا: [ار۔ محاورہ] بہت تعظیم کرنا۔ بہت عزت کرنا۔

پاؤں پر پاؤں رکھ کر بیٹھنا / سونا: [ار۔ محاورہ] بے فکری سے بسر کرنا۔ چین سے رہنا۔ پروا نہ ہونا

پاؤں پر پاؤں رکھنا: [ار۔ محاورہ] پیروی کرنا۔ نقش قدم پر چلنا۔ (۲) آرام سے بیٹھنا۔ چین کرنا۔

پاؤں پردے سے نکالنا: [ار۔ محاورہ] پردے سے باہر آنا۔

پاؤں پر ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) قربان کرنا۔ صدقے کرنا (۲) قصور معاف کرنے کے لئے کسی کو پیروں پر جھکا دینا۔

پاؤں پر سر جھکانا: [ار۔ محاورہ] عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا۔

پاؤں پر سر رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پاؤں پر گرنا (۲) عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ تعظیم سے پیش آنا۔

پاؤں سینچر سوار ہونا: [ار۔ محاورہ] آوارہ گرد ہونا۔ مارے مارے پھرنا۔ (۲) ایک جگہ ٹھہر نہ سکنا۔

پاؤں پر کھڑے ہونا: [ار۔ محاورہ] سنبھل جانا۔ بچ جانا

پاؤں پر گرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) قدم پر گرنا۔ عاجزی کرنا (۲) قدم بوسی کرنا۔ ادب کرنا۔ تعظیم کرنا (۳) خوشامد کرنا۔ لجاجت کرنا (۴) پناہ میں آنا۔ حمایت چاہنا

پاؤں پر لوٹنا: [ار۔ محاورہ] نہایت عاجزی کرنا۔ منت کرنا۔

پاؤں پڑنا: [ار۔ محاورہ] قدم لینا۔ تعظیم سے پیش آنا۔ سجدہ کرنا (۲) خوشامد کرنا۔ پاؤں پر گر کر معافی چاہنا۔

پاؤں پسارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پاؤں پھیلانا (۲) مرنا (۳) ضد کرنا۔ مچلنا۔ (۴) چین سے سونا (۵) لالچ میں آنا

پاؤں پسرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "پاؤں پسارنا" جس کا یہ لازم ہے

پاؤں پکڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) قدم چھونا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا (۲) نہایت التجا کرنا۔ قدموں پر گرنا تعظیم کرنا (۳) چلنے سے روکنا (۴) پناہ لینا۔

پاؤں پوجنا۔ [ار۔ محاورہ] بہت عزت کرنا (۲) طنزاً قائل ہونا۔ ہار ماننا (۳) ترک کر دینا۔

پاؤں پھٹنا: [ار۔ مص] پاؤں کا پھٹ جانا۔ پیروں میں بوائی نکل آنا۔

پاؤں پھسلنا۔ [ار۔ محاورہ] قدم ڈگمگانا۔ لغزش ہونا (۲) لالچ آنا۔ جی چاہنا خواہش کرنا۔

پاؤں پھنسنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز میں پاؤں اٹک جانا۔ پھنس جانا۔ جھگڑے میں گرفتار ہونا۔

پاؤں پھولنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں میں سوجن ہو جانا (۲) کمزور ہو جانا (۳) ہمت ہارنا (۴) حوصلہ نہ پڑنا۔ تکان ہو جانا۔ تھکنا (۵) گھبراہٹ کے مارے چل نہ سکنا۔

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا: [ار۔ محاورہ] احتیاط کرنا۔ بچنا۔ پرہیز کرنا احتراز کرنا۔ ڈرنا

پاؤں پھیرنا۔ [ار۔ محاورہ] دُلہن یا زچہ کا بعد غسل اپنے عزیزوں کے گھر جانا

پاؤں پھیلا کر سونا: [ار۔ محاورہ] بے فکری سے سونا۔ بے کھٹکے سونا۔

پاؤں پھیلانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پاؤں دراز کرنا (۲) ضد کرنا۔ مچلنا (۳) رنگ لانا۔ (۴) طمع کرنا۔ لالچ کرنا۔

پاؤں پھیلائے پڑے رہنا: [ار۔ محاورہ] سست ہو جانا۔ کاہل ہو ہونا۔ مجبور ہونا۔ مجہول ہو جانا۔

پاؤں پیٹ پیٹ کر مر جانا: [ار۔ محاورہ] ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر جانا۔ نہایت دکھ اور مصیبت سے مرنا۔ بہت تکلیف سے مرنا۔

پاؤں پیٹنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں دے دے مارنا۔ نہایت تکلیف ہونا۔ (۲) ہاتھ پاؤں مارنا۔ کوشش کرنا (۳) کمال سختی سے جان دینا۔ نزع کی حالت میں ہونا (۴) ذلیل و خوار ہونا۔

پاؤں پیچھے ہٹانا: [ار۔ محاورہ] پسپا ہونا۔ بھاگ جانا۔ ثابت قدمی میں فرق آنا۔ لغزش کھانا

پاؤں تُس جانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں بھر جانا۔ پاؤں تھک جانا۔

پاؤں تلے چیونٹی کی مثال: [ار۔ مثل] نہایت ادنیٰ۔ کمزور۔ بے حد ذلیل۔ ضعیف۔ بے بس۔

پاؤں تلے سے زمین نکل جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) ہوش اُڑ جانا۔ حیران ہونا۔ پریشان ہونا۔ (۲) پاؤں کے نیچے کی مٹی نکل جانا (۳) سُن ہونا اوسان جاتے رہنا (۴) حواس باقی نہ رہنا (۵) لرزنا۔ کانپنا۔ متزلزل ہونا۔ گر پڑنا۔ ڈگمگانا (۶) بیحد خوف ہونا۔ نہایت ڈرنا۔

پاؤں تلے کی مٹی چولہے میں جلانا: [ار۔ محاورہ] جب کسی کا کوسنا یا نظر اثر کرے تو جاہل عورتیں اس کے پاؤں تلے کی مٹی کے چولہے میں جلاتی ہیں
پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پاؤں تلے کی زمین نکل جانا"
پاؤں تلے ملنا: [ار۔ محاورہ] پامال کرنا۔ تنگ کرنا۔ بہت تکلیف دینا تباہ و برباد کرنا۔
پاؤں توڑ کر بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] مایوس ہونا ناامید ہونا (۲) کوشش کرتے کرتے تھک جانا۔ ہمت ہارنا۔ خاموش ہو بیٹھنا (۳) توکل پر بیٹھ رہنا۔ صبر کرنا۔ بھروسا کرنا (۴) قطعی باہر نہ نکلنا۔ گوشہ نشین ہو جانا (۵) کاہل ہو جانا۔ سست ہو جانا۔ محنت نہ کرنا۔
پاؤں توڑنا: [ار۔ محاورہ] نہایت کوشش کرنا (۲) بڑی دوڑ دھوپ کرنا (۳) تھکانا دوڑانا۔ حیران کرنا۔ (۴) بے فائدہ دوڑ دھوپ کرنا۔
پاؤں تھرتھرانا/تھرانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں میں لغزش ہونا۔ پاؤں لڑکھڑانا (۲) کسی کام سے خائف ہونا۔ عاجز ہونا۔ تھکنا۔ چلتے چلتے دور نکل جانا۔
پاؤں ٹکانا: [ار۔ محاورہ] (۱) ٹھیرنا۔ آرام کرنا (۲) دم لینا۔ سانس لینا (۳) پاؤں دھرنا۔ قدم رکھنا (۴) قدم جمانا۔ قبضہ کرنا۔ قابو میں لانا (۵) ٹھکانا بنانا۔ مکان تعمیر کرنا۔ (۶) گنجائش کرنا۔ جگہ تلاش کرنا۔ (۷) آرام کرنا۔ آرام لینا۔
پاؤں ٹکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پاؤں ٹکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پاؤں ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] چلتے چلتے تھک جانا۔ پاشکستہ ہونا۔
پاؤں ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] چلنے سے باز رہنا۔ نہ چلنا
پاؤں ثابت رکھنا: [ار۔ محاورہ] ثابت قدم رہنا۔ ایک بات پر قائم رہنا۔
پاؤں جمانا: [ار۔ محاورہ] کسی بات پر قائم رہنا۔ لڑائی کے میدان میں ڈٹے رہنا۔ قبضہ کرنا۔ دخل لینا۔ قائم ہونا۔ (۲) ہمت کرنا۔ استقلال کرنا (۳) سہارا ڈھونڈنا (۴) امیدوار ہونا۔ تعلق پیدا کرنا۔ واسطہ ڈالنا (۵) پاؤں رکھنا۔ پاؤں گاڑنا۔
پاؤں جمنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پاؤں جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پاؤں جوڑنا: [ار۔ محاورہ] دونوں پاؤں ملا کر رکھنا۔
پاؤں جھنجھنانا: [ار۔ مص] پاؤں سُن ہونا۔
پاؤں چپی کرنا: [ار۔ محاورہ] ٹانگیں دابنا۔ مٹھیاں بھرنا۔
پاؤں چلانا: [ار۔ محاورہ] تیز چلنا۔ لاتیں مارنا
پاؤں چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بچے کا اپنے قدموں پر چلنا (۲) پاپیادہ چلنا (۳) پاؤں کا حرکت کرنا (۴) لاتیں پڑنا (۵) قدم لڑکھڑانا۔
پاؤں چور ہونا: [ار۔ محاورہ] پاؤں تھک جانا۔
پاؤں چومنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں کو بوسہ دینا۔ (۲) تعظیم کرنا۔
پاؤں چھڑانا: [ار۔ محاورہ] اپنا تعلق ختم کر لینا۔ (۲) زمینداری سے الگ ہو جانا۔
پاؤں چھلنی ہونا: [ار۔ محاورہ] پاؤں میں آبلے ٹوٹنے سے سوراخ پڑ جانا۔ بہت زیادہ چلنا۔

پاؤں چھٹنا/چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) حیض کا کثرت سے جاری ہونا۔ (۲) جھگڑے سے چھوٹنا (۳) فراغت ہونا۔ بری الذمہ ہونا۔ رہا ہونا۔ آزاد ہونا (۴) بے تعلق ہونا۔ واسطہ نہ رہنا (۵) پابندی نہ رہنا (۶) آوارہ ہونا۔ سرگرداں پھرنا۔ واہی تباہی پھرنا۔
پاؤں چھونا: [ار۔ محاورہ] کوئی کام کرنے سے پہلے استاد یا پیر کے پاؤں چھونا (۲) تعظیم کرنا۔ تعظیم کی غرض سے پاؤں کو مس کرنا۔
پاؤں دابنا/دبانا: [ار۔ محاورہ] مشتالی کرنا۔ پاؤں چپی کرنا
پاؤں دب جانا: [ار۔ محاورہ] بے بس ہو جانا۔ پھنس جانا
پاؤں دبوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پاؤں دابنا" جس کا یہ متعدی ہے
پاؤں درد کرنا: [ار۔ مص] پاؤں دُکھنے لگنا۔ پاؤں میں درد ہونا۔
پاؤں درمیان سے نکالنا: [ار۔ محاورہ] واسطہ نہ رکھنا۔ ذمہ داری نہ رکھنا۔
پاؤں درمیان ہونا: [ار۔ محاورہ] ذمہ داری ہونا۔ معاملہ میں واسطہ ہونا۔ تعلق ہونا۔
پاؤں دُکھنا: [ار۔ مص] پاؤں میں درد ہونا۔
پاؤں دوڑنا: [ار۔ محاورہ] چلنے کی ہوس ہونا۔ خواہش ہونا۔
پاؤں دوڑی: [ار۔ امث] کوشش۔ محنت۔ بھاگ دوڑ
پاؤں دھرنا: [ار۔ محاورہ] قدم رکھنا۔ جانا۔ چلنا (۲) دخل دینا۔ بیچ میں پڑنا (۳) شروع کرنا۔ اختیار کرنا۔
پاؤں دھرنے کی جگہ: [ار۔ امث] قدم رکھنے کی جگہ۔ ٹکنے کی جگہ۔ موقع سہارا۔ مقام
پاؤں دُھلانا: [ار۔ مص] دوسرے کے پاؤں پر پانی ڈالنا۔
پاؤں دھو کے پینا: [ار۔ محاورہ] نہایت تعظیم سے پیش آنا۔ بہت عزت کرنا۔ محبت ظاہر کرنا۔ (۲) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
پاؤں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] کسی کام میں دخل دینا (۲) شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔
پاؤں ڈگمگانا: [ار۔ محاورہ] لغزش ہونا۔ پاؤں لڑکھڑانا (۲) ہمت ہارنا۔ استقلال نہ رہنا
پاؤں ڈِگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پاؤں ڈگمگانا"
پاؤں رکاب میں ہونا: [ار۔ محاورہ] چلنے کو تیار ہونا۔ مستعد رہنا۔ آمادہ ہونا۔
پاؤں رکھنا: [ار۔ محاورہ] کسی جگہ پاؤں رکھنا۔ قدم رکھنا۔ جانا۔ چلنا
پاؤں رکھنے کی جگہ: [ار۔ امث] پاؤں رکھنے کا ٹھکانا۔ ٹھہرنے کا سہارا۔
پاؤں رگڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کوشش کرنا (۲) نزع کی حالت میں ہونا۔ (۳) پاؤں آپس میں ملنا۔ (۴) آوارہ پھرنا (۵) منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ عاجزی کرنا۔
پاؤں رہ جانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں شل ہو جانا۔ تھک جانا۔
پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] بہت زیادہ مغرور ہونا۔ بہت اترانا

پاؤں زمین پر نہ رکھنا: [ار۔ محاورہ] بہت اترانا۔ ناز کرنا۔
پاؤں زمین میں نہ لگنا: [ار۔ محاورہ] کہیں نہ ٹھہرنا۔ برابر چلتے رہنا۔
پاؤں سر پر رکھ کر بھاگنا: [ار۔ محاورہ] بے تحاشا بھاگنا۔
پاؤں سرکنا: [ار۔ محاورہ] قدم ہٹنا۔ استقلال میں فرق آنا۔
پاؤں سکیڑنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں کھینچنا۔ پاتھ ہٹا لینا۔ کنارہ کشی کرنا قطع تعلق کرنا۔
پاؤں سما جانا/سمانا: [ار۔ محاورہ] قدموں پر کھڑے ہونا۔ اپنے پیروں سے چلنا
پاؤں سمیٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پاؤں سکیڑنا"
پاؤں سنسنانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں میں سنسنی پیدا ہونا۔ سوئیاں سی چبھنا
پاؤں سن ہو جانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں میں دورانِ خون رک جانا۔ پاؤں کا بے حس ہو جانا
پاؤں سوج کر/کے چھکڑا ہو جانا: [ار۔ مرکب] پاؤں کا ورم سے بوجھل ہو جانا۔
پاؤں سو جانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں کا سُن ہو جانا۔ بے حس ہو جانا۔
پاؤں سو سو من کے ہو جانا: [ار۔ محاورہ] تھک جانا۔ چل نہ سکنا۔
پاؤں سے پاؤں باندھ کر بٹھانا: [ار۔ محاورہ] اپنے پاس رکھنا۔ جدا نہ ہونے دینا۔ سخت نگہبانی کرنا۔
پاؤں سے پاؤں باندھنا: [ار۔ محاورہ] چوکسی کرنا۔ ہر وقت ساتھ رکھنا۔
پاؤں سے پاؤں باندھ کر چلنا: [ار۔ محاورہ] ساتھ ساتھ چلنا
پاؤں سے پاؤں جوڑ کر کھڑے ہونا: [ار۔ محاورہ] پاؤں سے پاؤں ملا کر پاس پاس کھڑے ہونا۔
پاؤں سے لگی سر میں بجھی: [ار۔ مثل] تن بدن جل گیا۔ بہت غصہ آیا
پاؤں سے مَل ڈالنا: [ار۔ محاورہ] روندنا۔ پامال کرنا۔
پاؤں شل ہو جانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں تھک جانا۔
پاؤں قائم کرنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں جمانا۔ کسی جگہ مستقل سکونت اختیار کرنا۔ ڈیرا جمانا۔
پاؤں کا انگوٹھا: [ار۔ اند] پاؤں کی سب سے موٹی انگلی۔
پاؤں کا پسینہ سر تک آنا: [ار۔ محاورہ] محنتِ شاقہ کرنا۔ بہت مشقت کرنا۔
پاؤں کا چکر: [ار۔ اند] پاؤں کی گردش۔
پاؤں کا دھوون: [ار۔ اند] (۱) وہ پانی جس سے پاؤں دھویا گیا ہو۔ (۲) بہت حقیر۔ ذلیل۔ ناچیز۔
پاؤں کاٹھ مارے جانا: [ار۔ محاورہ] پاؤں کا چلنے سے معذور ہونا۔ مجبور ہونا۔ مقید ہونا۔
پاؤں کاٹھ میں دینا: [ار۔ محاورہ] مقید کرنا۔ بیڑی ڈالنا۔
پاؤں کا کھٹکا: [ار۔ اند] پاؤں کی آہٹ۔
پاؤں کا نشان: [ار۔ اند] نقشِ قدم۔ پاؤں کے دباؤ سے پیدا ہونے والا نشان
پاؤں کانپنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پاؤں تھرتھرانا (۲) بہت پست ہونا۔

پاؤں کٹ جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پاؤں قلم ہونا (۲) آمد و رفت بند ہونا آنے کے قابل نہ رہنا (۳) دنیا سے اٹھ جانا۔
پاؤں کو بوسہ دینا: [ار۔ محاورہ] بہت عزت کرنا۔ عقیدت کا اظہار کرنا۔
پاؤں کو سر کا پسینہ آنا: [ار۔ محاورہ] بے انتہا محنت یا مشقت کرنا۔
پاؤں کھل جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پاؤں میں چلنے کی طاقت آ جانا۔ چلنے کے قابل ہو جانا (۲) آمد و رفت میں جھجک نہ رہ جانا۔
پاؤں کھنچنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں میں کشش ہونا۔ چلنے کی رغبت ہونا۔
پاؤں کھینچ کر بیٹھ رہنا: [ار۔ محاورہ] آنا جانا موقوف کر دینا۔ آمد و رفت بند کر دینا
پاؤں کھینچ لینا: [ار۔ محاورہ] ذمہ داری الگ کر لینا۔ علیٰحدگی اختیار کر لینا۔
پاؤں کھینچنا: [ار۔ محاورہ] چلنا پھرنا چھوڑ دینا۔ کوچہ گردی ترک کرنا۔ (۲) کسی معاملہ میں ذمہ داری نہ رکھنا۔
پاؤں کہیں سے کہیں پڑنا: [ار۔ محاورہ] نشہ یا اضطراب یا گھبراہٹ یا بہت تھکاوٹ کی وجہ سے پاؤں ادھر ادھر پڑنا۔
پاؤں کی آہٹ: [ار۔ امث] چلنے کی آواز۔ چاپ
پاؤں کی بیڑی: [ار۔ امث] روک۔ قید۔ پابندی (۲) بیوی (۳) بال بچے اہل و عیال (۴) بن بیاہی بیٹی۔
پاؤں کی ٹھکرائی کا سر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] ادنیٰ کا اعلیٰ کی برابری کرنا۔
پاؤں کی جوتی: [ار۔ امث] (۱) پاپوش۔ پیزار جوتا (۲) جورو۔ بیوی (۳) ذلیل۔ حقیر (۴) خوشامدی۔ چاپلوس (۵) نالائق۔ ناقابل (۶) کمین۔ نیچ (۷) نوکر۔ غلام
پاؤں کی جوتی سر کو لگنا: [ار۔ محاورہ] کمینہ کا مقابلہ میں آنا۔ ادنیٰ کا اعلیٰ کی برابری کرنا۔
پاؤں کی خاک ہونا: [ار۔ محاورہ] نہایت بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔
پاؤں کی چھچھوندر: [ار۔ امث] ماری ماری پھرنے والی عورت۔
پاؤں کی چیونٹی کیا اونچے سے گرے گی: [ار۔ مثل] ذلیل اور حقیر یا بے حقیقت کو کیا عروج حاصل ہوگا۔
پاؤں کی زنجیر: [ار۔ امث] قید۔ روک
پاؤں کی مہندی چھوٹ جانا: [ار۔ محاورہ] حرج ہونا۔ نقصان ہونا
پاؤں کی مہندی نہ چھوٹ جائی/گھس جانا: [ار۔ محاورہ] کسی شخص کے نہ آنے، نہ ملنے پر یا کام نہ کرنے پر بولتے ہیں
پاؤں کے انگوٹھے بندھنا: [ار۔ محاورہ] مرتے وقت پیروں کے انگوٹھے باندھے جانا۔
پاؤں کے تلے مَلنا: [ار۔ محاورہ] پامال کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ (۲) حقیر کرنا۔ ذلیل کرنا۔
پاؤں کے نیچے آنکھیں مَلنا: [ار۔ محاورہ] عجز ظاہر کرنا۔
پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی ایسی نہ ہوگی: [ار۔ مقولہ] عاجزی، خاکساری اور حقارت کے اظہار کے لئے کہتے ہیں۔
پاؤں کے نیچے مَلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پامال کرنا (۲) ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔

پاؤں گاڑنا: [ار - محاورہ] پاؤں جمانا - استقلال کے ساتھ قائم رہنا - جگہ نہ چھوڑنا -

پاؤں گردش میں ہونا: [ار - محاورہ] پاؤں چکر میں ہونا - مارے مارے پھرنا -

پاؤں گڑنا: [ار - محاورہ] ایک جگہ کا ہو جانا - ایک جگہ قیام کرنا -

پاؤں گلے میں ڈالنا: [ار - محاورہ] قائل کرنا - حریف کو اس کی دلیلوں سے قائل کرنا -

پاؤں گن گن کے رکھنا: [ار - محاورہ] ٹھہر ٹھہر کے چلنا -

پاؤں گور میں لٹکانا: [ار - محاورہ] (۱) مرنے کے قریب ہونا - مرنے پہ آمادہ ہونا -

پاؤں گھسنا: [ار - محاورہ] (۱) بہت آنے جانے کے باعث تھک جانا - چلنے میں تکلیف ہونا (۲) چلنے کی بے فائدہ محنت کرنا -

پاؤں گہنانا: [ار - محاورہ] حمل کے زمانہ میں گہن لگنے سے بچہ کے کسی عضو کا ناقص رہ جانا -

پاؤں لٹکانا: [ار - محاورہ] پاؤں کو بغیر کسی ٹیک کے زمین سے اونچا رکھنا -

پاؤں لڑکھڑانا: [ار - محاورہ] (۱) ضعف یا نشہ سے پاؤں کا پڑنا (۲) لغزش ہونا - استقلال میں فرق آنا - ثابت قدم نہ رہنا -

پاؤں لگانا: [ار - محاورہ] (۱) پاؤں سے کسی چیز کو چھونا (۲) لات مارنا - ٹھوکر لگانا - (۳) بے عزتی کرنا (۴) تیزی پیدا ہونا - چلنے کی قوت پیدا ہونا -

پاؤں لگ جانا: [ار - محاورہ] (۱) پاؤں چھو جانا (۲) شہرت ہونا - پھیل جانا - (۳) بچہ کا چلنے لگنا -

پاؤں لگنا: [ار - محاورہ] قدم لینا - آداب بجا لانا -

پاؤں لنگر میں ہونا: [ار - محاورہ] پاؤں میں بھاری بوجھ پڑا ہونا کہ چل نہ سکے -

پاؤں لینا: [ار - محاورہ] قدم لینا - آداب بجا لانا - عاجزی کرنا -

پاؤں مارنا: [ار - محاورہ] (۱) پیرنے میں پاؤں چلانا (۲) پاؤں سے صدمہ پہنچانا - ٹھکرانا -

پاؤں مرید: [ف ع - صف] غلام بڑا معتقد - نہایت مطیع - فرمانبردار

پاؤں من بھر کا ہو جانا: [ار - محاورہ] پاؤں وزنی ہو جانا - پاؤں بھاری ہونا -

پاؤں میدان سے نہ ہٹانا: [ار - محاورہ] معرکہ میں ثابت قدم رہنا - ڈٹے رہنا -

پاؤں میں بلیاں بندھی ہونا: [ار - محاورہ] بہت مارے مارے پھرنا -

پاؤں میں بیڑی پڑنا: [ار - محاورہ] (۱) قید ہونا - گرفتار ہونا - پابند ہونا (۲) عیال دار ہونا - بال بچوں والا ہونا (۳) مقروض ہونا -

پاؤں میں بیڑی ڈالنا: [ار - محاورہ] (۱) پاؤں میں زنجیر ڈالنا (۲) بیاہ دینا

پاؤں میں جوتی نہ سر پہ ٹوپی: [ار - مثل] نہایت مفلسی اور ناداری یا آوارہ گردی کی حالت -

پاؤں میں چکر ہونا: [ار - محاورہ] پاؤں میں گردش ہونا - مارے مارے پھرنا -

پاؤں میں رلنا: [ار - محاورہ] پامال ہونا - روندا جانا - عزت و وقعت نہ ہونا -

پاؤں میں زنجیر پڑنا: [ار - محاورہ] (۱) پاؤں میں بیڑی پڑنا (۲) چلنے سے معذور ہونا -

پاؤں میں سر دینا: [ار - محاورہ] پاؤں پر سر رکھنا - خوشامد کرنا - عاجزی کرنا -

پاؤں میں سنیچر اتر آنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پاؤں میں سنیچر ہونا"

پاؤں میں سنیچر ہونا: [ار - محاورہ] پاؤں میں گردش ہونا - مارے مارے پھرنا -

پاؤں میں مہندی لگنا: [ار - محاورہ] بہانہ ہونا (طنزاً) عذر بے جا ہونا - آنا جانا ترک ہونا -

پاؤں میں گھن چکر ہونا: [ار - محاورہ] پاؤں میں گردش ہونا - مارے مارے پھرنا -

پاؤں نکالنا: [ار - محاورہ] (۱) حد سے تجاوز کرنا (۲) چالاکی کرنا - ہوشیاری کرنا (۳) چل نکلنا - شرارت کرنا - (۴) سرکشی کرنا (۵) خراب عادتیں ظاہر کرنا - بدچلنی کرنا (۶) کسی معاملہ سے تعلق ختم کرنا - الگ ہو جانا (۷) رہائی دینا (۸) خاص انداز سے ناچنا - (۹) باہر جانا -

پاؤں نکلنا: [ار - محاورہ] (۱) آوارہ ہو جانا - بے قید ہونا (۲) آزاد ہونا پیچھا چھوٹنا - کسی معاملہ سے بے تعلق ہونا (۳) مشہور ہونا - شائع در شائع ہونا -

پاؤں نہ اٹھنا: [ار - محاورہ] چلنے کی طاقت نہ ہونا - ضعف یا تکان کی وجہ سے چل نہ سکنا - قدم نہ اٹھنا -

پاؤں نہ جمنا: [ار - محاورہ] ٹھہر نہ سکنا - مقابلہ کی تاب نہ لانا

پاؤں نہ دھلوانا: [ار - محاورہ] حقیر سمجھنا - حقیر سمجھ کر ادنیٰ خدمت بھی لینا گوارا نہ کرنا -

پاؤں نہ رکھنا: [ار - محاورہ] قدم نہ رکھنا - نہ جانا

پاؤں نہ ہونا: [ار - محاورہ] مقابلہ کی طاقت نہ ہونا - مقابلہ کی تاب نہ لا سکنا -

پاؤں ہزار من کے ہونا: [ار - محاورہ] ہلنا دشوار ہونا - حرکت دشوار ہونا -

پاؤں ہلانا: [ار - محاورہ] (۱) پاؤں کو گردش دینا - حرکت دینا - چلنا پھرنا (۲) کوشش کرنا - محنت کرنا (۳) کوئی کام کرنا -

پاؤں ہونا: [ار - محاورہ] دخل ہونا - تعلق ہونا

پاؤنڈ / پونڈ: [انگ - اند] (POUND) (۱) انگلستان کا ایک سکہ جو بیس شلنگ کا ہوتا ہے (۲) ایک انگریزی وزن جو آدھ سیر سے کچھ قدر کم ہوتا ہے -

پائی: [ہ - امث] ایک روپیہ کا ۱/۱۹۲ - آنہ کا بارھواں حصہ - ایک سکہ جو اب متروک ہے -

پائی کاشت: [ار - امث] دیکھئے "پاہی کاشت"

پاے : [ار-اند] پایہ کی اردو جمع - بکری، گائے وغیرہ کے اگلے پچھلے پاؤں جو پکا کر کھائے جاتے ہیں

پائے : [ف-اند] پاؤں۔ قدم۔ پگ

پائے بستہ : [ف-صف] مقید۔ گرفتار

پائے بند : [ف-صف] دیکھئے "پابند"

پائے بوسی [ف امث] دیکھئے "پابوسی"

پائے تابہ (پاتابہ) : [ف-اند] دیکھئے "پاتابہ"

پائے تخت : [ف اند] ریاست کا صدر مقام۔ دارالخلافہ۔ دارالسلطنت - تخت گاہ

پائے تراب : [ف اند] دیکھئے "پاتراب"

پائے جامہ : [ف-اند] دیکھئے "پاجامہ"

پائے خانہ : [ف-اند] دیکھئے "پاخانہ"

پائے دار (پائدار) : [ف-صف] مضبوط۔ دیرپا۔

پائے داری : [ف امث] دیکھئے "پائدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پائے در گل : [ف-صف] دیکھئے "پابگل"

پائے دان (پائدان) : [ف-اند] (۱) جوتی اتارنے کی جگہ (۲) جوتی (۳) گہوارہ (۴) گاڑی کی وہ جگہ جس پہ پاؤں رکھ کر سوار ہوتے ہیں۔

پائے رفتن نہ جائے ماندن : [ف-مقولہ] نہ جانے کی طاقت نہ رہنے کی جگہ (۲) کشمکش کا عالم

پائے زیب : [ف-امث] دیکھئے "پازیب"

پائے مال : [ف-صف] دیکھئے "پامال"

پائزہ : [ف-اند] وہ رسی جو خیموں اور سراپردوں میں مینخ سے باندھتے ہیں (۲) وہ چیز جو لگام میں اٹکاتے ہیں (۳) قلابہ - لوہے کا حلقہ جو کواڑوں میں لگاتے ہیں۔

پائے کاشت : [ف-امث] دیکھئے "پاہی کاشت"

پائے گاہ : [ف-امث] (۱) قدر۔ مرتبہ (۲) طویلہ اصطبل (۳) کچہری (۴) اجلاس۔ (۵) چھوٹی ریاست۔

پائے گدا لنگ نیست ملک خدا تنگ نیست : [ف-مثل] انسان ہمت کرے تو جہاں چاہے جا سکتا ہے۔ مانگنے والے کے لیے سارا جہان پڑا ہے جہاں چاہے مانگتا پھرے۔

پائل : [ہ-صف] ایسا بچہ جس کی ولادت پاؤں کی طرف سے ہو۔

پائل : [ہ-امث] پاؤں کا زیور - چھاگل - جھانجھر (۲) تیز چلنے والی ہتھنی (۳) بانس کی سیڑھی۔

پائیں : [ف-اند] نیچے پائنتی - سرہانے کی ضد

پائیں باغ : [ف-اند] وہ باغ جو قلعے یا محل کے نیچے لگایا جائے۔ مستورات کی سیر و تفریح کے لئے پردے دار ہو۔ مکان کے صحن کا باغ۔

پائین : [ہ-امث] ایک تسو کا چوتھا حصہ۔

پائینت : [ہ-امث] چارپائی کا وہ حصہ جس طرف پاؤں کر کے سوتے ہیں۔ سرہانے کا خلاف۔

پائینتی : [ہ-امث] پلنگ یا چارپائی کا پاؤں کی طرف کا حصہ

پائنچا : [ار-اند] ف "پائچہ" کا بگاڑ۔ ٹانگ کا غلاف - پاجامے کا وہ حصہ جس میں ٹانگ رہتی ہے۔

پائنچا بھاری کرنا : [ار-محاورہ] گوشہ نشین ہونا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا۔ ایک جگہ بیٹھ جانا۔ خانہ نشینی اختیار کرنا۔

پائنچا پھڑکانا : [ار-محاورہ] اتراتے پھرنا۔ غرور کرنا

پائنچے سے باہر نکلی پڑتی ہے : [ار-محاورہ] غصے میں آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے۔

پائنچا کھونسنا : [ار-مص-مرکب] پاجامے کے پائنچے کو نیفے میں اٹکانا تاکہ اونچا ہو جائے۔ مص

پائنچے اٹھانا : [ار-مص-مرکب] چلتے وقت پائنچے اونچے کر لینا۔

پائنچے تنگ کرنا : [ار-مص-مرکب] پائنچے کسنا

پائنچے چڑھانا : [ار-مص-مرکب] پائنچوں کو اوپر کر لینا۔

پائنچے چھوڑنا : [ار-مص] اٹھاتے ہوئے پائنچے کو نیچے چھوڑ دینا۔

پائیوریا : دیکھئے "پائیریا"

پایاں : [ف-اند] آخر - انجام کنارہ

پایک : [ف-اند] پیک کا بگاڑ۔ قاصد۔ پیغام بر۔ ایلچی۔ چوکیدار۔

پایہ : [ف-اند] (۱) قدر منزلت - درجہ - رتبہ (۲) بنیاد (۳) زینہ۔ سیڑھی (۴) پاؤں (۵) ستون (۶) میز - کرسی - تخت - پلنگ وغیرہ کا پیر جس کے ذریعہ وہ زمین پر قائم ہوتا ہے۔

پایہ بہ پایہ : [ف متعلق فعل] درجہ بدرجہ۔

پایہ بلند ہونا : [ار-محاورہ] مرتبہ زیادہ ہونا - درجہ بلند ہونا

پایۂ تخت : [ف-اند] (۱) تخت کا پیر (۲) راجدھانی۔ دارالسلطنت۔

پایۂ تخت کو بوسہ دینا : [ار-محاورہ] تخت کے پایہ کو چومنا۔ اطاعت کا اظہار کرنا۔

پایۂ ثبوت کو پہنچانا/پہنچنا : [ار-مص-مرکب] ثابت کرنا یا ہونا۔

پایہ شناس : [ف-صف] مرتبہ شناس۔ رتبہ کو پہچاننے والا۔

پایہ شناسی : [ف-امث] دیکھئے "پایہ شناس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

پایۂ عرش ہلانا : [ار-محاورہ] عرش تک اثر پہنچنا۔

پایہ پر کھینچنا : [ار-محاورہ] تپنچے یا بندوق کے گھوڑے کو اس کی حد تک کھینچنا۔

پایندہ : [ف-صف فاعل] قائم۔ استوار

پایندہ باد : [ف-کلمۂ دعا] قائم رہے۔ استوار رہے۔

پ - ب

پبلشر : [انگ-صف] (PUBLISHER) ناشر۔ کسی کتاب کو شائع کرنے والا۔

پبلک : [انگ-امث] عوام۔ عامۃ الناس۔ عام مخلوق (PUBLIC)

پپئی : [ار-امث] ایک چھوٹا سا جنگلی پرندہ - جس کو ببئی اور پپوئی بھی کہتے ہیں۔

پ - پ

پیپرمنٹ: [انگ - اند] (PEPPERMINT) پودینہ کا ست

پپڑ: [ہ - اند] دیوار کی کہگل کا وہ حصہ جو پھول کر علیحدہ ہو جاتا ہے۔

پپچڑ پاپڑہ: [ار - اند] وہ خشک پوست جو زخم کے کنارے چپکا رہتا ہے۔

پپڑا: [س - اند] بڑی پپڑی - اوپر کا چھلکا - چھال۔

پپڑانا / پپڑ جانا: [ار - معں] پپڑی بندھنا۔ سوکھ جانا - خشک ہو جانا۔

پپڑی: [ہ - امث] (۱) خشک پوست (۲) پرت (۳) اوپر کی تہ (۴) جو تر زمین خشک ہو کر پھٹ گئی ہو (۵) کا منی یا چکنی مٹی کا پرت جو خشک ہو کر اپنی سطح سے الگ ہو جاتے (۶) حلوا سوہن کی ایک قسم۔

پپڑی آنا: [ار - محاورہ] تہ جمنا - پرت بننا

پپڑی بندھنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پپڑانا"

پپڑی پڑنا: [ار - محاورہ] پرت جمنا - ملائی پڑنا

پپڑی جمانا: [ار - محاورہ] (۱) تہ جمانا (۲) حق قائم کرنا۔

پپڑی جمنا: [ار - محاورہ] (۱) پپڑی بندھنا - تہ جمنا - پرت جمنا (۲) کتھے وغیرہ کا جمنا (۳) ملائی جمنا۔

پپڑیا کتھا: [ار - اند] سفید عمدہ کتھا۔

پپڑیلا: [ار - صف] تہ دار - پرت والا - چھلکے والا۔

پپلا: [ار - صف] دیکھئے "پلپلا" جو صحیح ہے۔

پپلی: [ہ - امث] (۱) لمبی مرچ (۲) ایک قسم کی بوٹی

پپنی: [ہ - امث] مژہ - پلک۔

پپوٹا: [ہ - اند] آنکھ کے اوپر کا غلاف - آنکھ کا پٹ۔

پپوٹا اُبھرنا: [ار - محاورہ] پپوٹا پھول جانا۔

پپوٹا بھاری ہونا: [ار - محاورہ] پپوٹے پر ورم ہونا۔

پپوٹی: [ہ - امث] ایک پودا جس کے پتے زخم کے لئے مفید ہوتے ہیں۔ اس کا پھل مکو سے مشابہ ہوتا ہے۔

پپولنا: [ار - معں] پپلانا (۱) پوپلوں کی طرح منہ سے کسی چیز کو چوسنا (۲) بڑھاپے میں مسوڑھوں سے دبا کر کھانا۔

پپیا: [ہ - اند] آم کی اگی ہوئی گٹھلی جو گھس کر سیٹی بنالی جاتے - پتوں کو لپیٹ کر منہ سے بجائی جانے والی سیٹی۔

پپیانا: [ار - معں] پیپ پڑ جانا - زخم سے پیپ نکلنا۔

پپیتا: [ہ - اند] خربوزے کی شکل کا پھل اور اس کا درخت جو ارنڈ سے مشابہ ہوتا ہے۔ ارنڈ خربوزہ۔

پپیہا: [ار - اند] (۱) باجا یا سیٹی (۲) ایک پہاڑی پرند کا نام جو بہت خوش آواز ہوتا ہے (۳) دیکھئے "پپیا"

پ - ت

پَت: [ہ - امث] (۱) عزت - آبرو - ساکھ (۲) پات کا مخفف - پتا

پَت: - [ف - امث] اچھوائی۔

پِت (بہ کسر اول): [ہ - اند] چار خلطوں میں سے ایک خلط صفرا - زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے میں ہوتا ہے۔

پت اتارنا: [ار - محاورہ] بے آبرو کرنا - بے عزت کرنا۔

پت جانا: [ار - محاورہ] عزت جانا - ساکھ جاتی رہنا

پت جھڑ: [ہ - اند] پتے جھڑنے کا موسم - موسم خزاں۔

پت رکھنا: [ار - محاورہ] عزت قائم رکھنا - عزت محفوظ رکھنا - آبرو بچانا

پت گنوانا: [ار - محاورہ] عزت کھونا - ساکھ کھونا۔

پت اچھلنا: [ار - محاورہ] صفرا کی خرابی سے جسم پر سرخ دانے نمودار ہونا - پتی اچھلنا۔

پت ڈالنا: [ار - محاورہ] قے میں صفرا خارج کرنا - زرد رنگ کی قے کرنا۔

پِتا: [ہ - اند] والد - باپ - پدر۔

پَتّا: [ہ - اند] (۱) برگ - پات - درخت کا وہ حصہ جو ٹہنیوں میں سے پھوٹتا ہے یہ چوڑا اور پتلا ہوتا ہے۔ ہر درخت کا پتا دوسرے درخت یا پودے کے پتے سے شکل اور قد و قامت میں مختلف ہوتا ہے۔ اس کا رنگ سبز ہوتا ہے اور درخت یا پودا اس کے ذریعہ ہوا میں سے خوراک حاصل کرتا ہے (۲) ورق - گنجفے یا تاش کا ورق (۳) پان (۴) کان میں پہننے کا ایک زیور۔ (۵) وہ کاغذ جو پتنگ کے نیچے کے حصے میں لگایا جاتا ہے (۶) صف: ہلکا - سبک۔

پتا باندھنا: [ار - محاورہ] زخم پر کوئی پتا رکھنا۔

پتا بولنا: [ار - محاورہ] پتا منہ میں رکھ کر اس پرندے کی آواز نکالنا جسے پکڑنا مقصود ہو۔

پتا بھی بے حکم خدا نہیں ہلتا: [ار - مقولہ] کوئی کام خدا کی مرضی کے بغیر نہیں ہوتا۔

پتا توڑ کر بھاگنا: [ار - محاورہ] جلدی سے بھاگنا - فوراً چل دینا۔

پتا کھڑکنا: [ار - محاورہ] (۱) آہٹ ہونا - دھیمی آواز ہونا - ہوا چلنے سے پتوں کا آواز دینا (۲) خفیف اندیشہ ہونا

پتا کھڑکا بندہ سرکا / سٹکا: [ار - مثل] (۱) ذرا سے اشارہ سے مطلب تاڑ جانا (۲) ذرا سی آہٹ پا کر کسی جگہ سے ہٹ جانا (۳) ذرا سی آہٹ سے ڈر کر بھاگنا۔

پتا لگنا: [ار - محاورہ] (۱) پھلوں میں داغ لگنا (۲) پتا نمودار ہونا - پتا جڑا ہونا۔

پتا مارنا: [ار - محاورہ] دھوکا دینا - فریب دینا۔

پتا نہ ہلنا: [ار - محاورہ] حبس ہونا - ہوا بند ہونا۔

پتا ہلانا: [ار - محاورہ] خفیف حرکت دینا - چھوٹا سا کام کرنا۔

پتا ہو جانا / ہونا: [ار - محاورہ] اڑ جانا - ہوا ہو جانا - غائب ہو جانا۔

پتا: [ار - اند] (۱) نشان - سراغ - علامت (۲) ٹھور ٹھکانا۔ (۳) اشارہ (۴) سرنامہ (۵) مکتوب الیہ کا مکمل نام اور جائے

سکونت جو خط یا لفافہ پر لکھتے ہیں۔

پتا بتانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پتا دینا"

پتا چلنا: [ار۔ محاورہ] سراغ ملنا۔ نشان ملنا۔

پتا دینا: [ار۔ محاورہ] سراغ بتانا۔ نشان بتانا۔ ٹھکانا بتانا۔

پتا لگنا/ملنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پتا چلنا"

پتا نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] غائب ہونا۔ نشان نہ ہونا سراغ نہ ملنا۔

پتا ہونا: [ار۔ محاورہ] معلوم ہونا۔ واقفیت ہونا۔

پِتّا (بہ کسرِ اول) [ہ۔ اند] (۱) جگر کے نیچے ایک چھوٹی سی تھیلی جس میں زرد رنگ کا کڑوا پانی ہوتا ہے۔ مقامِ صفرا۔ مرارہ۔ زہرہ (۲) تاب۔ تحمل (۳) حوصلہ۔ ہمت (۴) غصہ۔ جوش (۵) تیزی۔ دل کا جوش۔ (۶) خواہش نفسانی (۷) شرم۔ غیرت۔

پتا پانی کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) غصہ فرو کرنا (۲) جوش دبانا۔ امنگ دبانا۔ (۳) برداشت پیدا کرنا۔

پتا پانی ہونا: [ار۔ محاورہ] "پتا پانی کرنا" کا لازم ہے۔(۱) غصہ جاتا رہنا (۲) امنگ نہ رہنا (۳) خوف کھانا۔ ڈر جانا (۴) ترس آنا۔ (۵) برداشت کی قوت پیدا ہو جانا۔

پتا کھینچنا: [ار۔ محاورہ] پتا نکالنا۔ قتل کی سزا دینا۔

پتا لگانا: [ار۔ محاورہ] کسی کام میں جی لگانا۔ طبیعت کو مائل کرنا۔

پتا لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پتا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پتا مارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) غصہ ضبط کرنا۔ تحمل کرنا (۲) لغویات اور حرص سے اپنے آپ کو بچانا (۳) امنگ یا جوش کو دبانا (۴) تکلیف برداشت کرنا (۵) صبر کرنا (۶) دل لگانا۔ محنت کرنا۔

پتا مرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) برداشت ہونا۔ سہ جانا (۲) تیزی نہ رہنا۔ (۳) غصہ فرو ہونا (۴) حوصلہ نہ رہنا۔ ہمت و جرأت نہ رہنا (۵) جوش اور امنگ کم ہو جانا (۶) دل مردہ ہو جانا۔

پتا نکالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) جان نکال لینا (۲) بہت تکلیف دینا۔ تنگ کرنا (۳) بہت پاپنا۔

پتال: [ہ۔ اند] دیکھئے "پاتال"

پتال جنتر: [ہ۔ اند] تیل نکالنے کا ایک طریقہ۔ جس کی صورت یہ ہے کہ ایک برتن میں سوراخ کر کے اسے زمین میں گاڑ دیتے ہیں۔ پھر ایک اور برتن میں دوا بھر کر اسے کپڑے اور مٹی سے خوب بند کر کے پہلے برتن کے اوپر اس طرح رکھتے ہیں کہ ایک دوسرے کے سوراخ اوپر نیچے ہوں اور ان دونوں برتنوں کو مٹی لگا کر ایک دوسرے سے پیوست کر دیتے ہیں پھر ان کو اوپلوں میں رکھ کر آگ لگا دیتے ہیں۔ اس طرح گرمی پہنچ کر پہلے برتن سے دوا کا تیل بن کر سوراخ کے ذریعہ نیچے کے برتن میں گرتا رہتا ہے۔ اسے گل حکمت بھی کہتے ہیں۔

پتال کی خبر لانا: [ار۔ محاورہ] دور کی خبر لانا۔ بات کی تہ تک پہنچنا۔

پتامبر: [ہ۔ صف] (۱) زرد پوشاک پہنے ہوئے (۲) کرشن جی۔ وشنو جی کا ایک نام (۳) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا۔ (۴) زرد کپڑے پہننے والا سادھو (۵) ناچنے والا۔ تماشا کرنے والا۔

پتانا: [ار۔ مص] (۱) ہوش باختہ ہونا۔ دنگ ہونا (۲) گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔ چکرانا (۳) شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔

پتاور: [ہ۔ امث] پھوس، جس سے چھپر بناتے ہیں۔

پتائی: [ہ۔ اند] پتوں کا ڈھیر

پُتائی: [ہ۔ امث] (۱) پائی۔ کہگل۔ سفیدی۔ پلستر (۲) پائی یا پلستر کرنے کا پیشہ۔ (۳) پلستر یا پائی کا معاوضہ۔ اجرت۔

پَتّر: [ہ۔ اند] (۱) سونے چاندی وغیرہ کے پتلے والے لمبے اور پتلے ٹکڑے۔ لوہے کے چوڑے اور مستطیل ٹکڑے جو صندوقوں وغیرہ کے جوڑوں پر مضبوطی کے لئے لگاتے ہیں۔ (۲) پتا۔ برگ۔ ورق (۳) خط۔ چٹھی (۴) تختہ۔ تاؤ۔

پُتّر: [ہ۔ اند] بیٹا۔ لڑکا۔ پسر۔

پَترا: [ہ۔ اند] (۱) جنتری۔ تقویم۔ وہ کتاب جس میں سال کی تمام سعد و نحس تاریخیں اور احکام نجوم لکھے ہوتے ہیں (۲) دھات کا مستطیل ٹکڑا۔ ورق (۳) خول چڑھانے کا ورق (۴) پتا۔

پَٹرول: [انگ۔ اند] (PATROL) رات کا گشت کرنے والا محافظ دستہ۔

پَتری: [ہ۔ امث] (۱) جنم کنڈلی۔ زائچہ (۲) خط چٹھی (۳) چھوٹا ٹکڑا۔

پُتری: [ہ۔ امث] بیٹی۔ لڑکی۔ دختر

پتر کھولنا: [ار۔ محاورہ] بھید ظاہر کرنا۔ عیب ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا۔

پَترِیا: [ہ۔ امث] رنڈی۔ کسبی۔ فاحشہ۔

پَتَّل: [ہ۔ امث] (۱) پتوں کی بنائی ہوئی تھالی جس میں ہنود کھانا کھلاتے ہیں (۲) ایک آدمی کی خوراک جو بیاہ میں تقسیم کی جاتی ہے۔

پتل پروسنا: [ہ۔ محاورہ] پتل میں کھانا رکھنا یا چننا۔

پتل پھاڑنا: [ہ۔ محاورہ] کھانا ختم کرنا۔ بھوجن چکھنا۔

پتل پھاڑی اور چل دیئے: [ہ۔ مثل] خود غرض کی نسبت کہتے ہیں۔

پتلا: [ار۔ صف] (۱) باریک۔ مہین۔ دُبلا (۲) رقیق۔ سیال (۳) نازک۔ ملائم۔

پتلا حال: [ار ع۔ اند] خراب حالت۔ غیر حالت۔ بُرا حال (افعال: کرنا۔ ہونا)

پُتلا: [ہ۔ اند] (۱) مورت۔ بت۔ تمثال۔ پیکر۔ مجسمہ۔ انسان یا حیوان کی صورت جو آٹے یا کسی اور چیز سے بنائی جائے (۲) وہ آٹے کی مورت جو جادوگر کسی انسان کی ہم شکل بنا کر تسخیر کے لئے اس پر جادو کرتے ہیں (۳) صدقہ کا گڈا یا گڑیا (۴) خاکہ۔ ہیولیٰ (۵) تلوار کا قبضہ (۶) صفت: مجسم۔ سراپا سر۔

پتلا خاک کا: [ار۔ اند] انسان۔ آدمی۔ (کنایۃً)

پتلا گاڑنا: [ار۔ محاورہ] تسخیر کے لئے ماش کے آٹے یا پینے کے تمباکو کا پتلا بنا کر زمین میں دفن کرنا۔

پتلانا: [ار۔ مص] (۱) پیتل کا کساؤ آجانا۔ پیتل کے برتن میں پکے یا رکھے ہوئے کھانے میں پیتل کا مزا یا کسیلا پن آجانا (۲) پیتل کی سی رنگت ہو جانا۔

پتلون: [ار۔ امث] (انگریزی PANTALOON کا مورّد) انگریزی وضع کا پاجامہ جس میں میانی نہیں ہوتی اور کمر بند کی جگہ پیٹی کسی جاتی ہے۔ قمیص کا دامن اس کے اندر اڑس لیا جاتا ہے۔

پتلون ڈھیلی ہونا: [ار۔ محاورہ] پریشان ہونا۔ شرکی تمام ہونا۔ گھبرانا۔

پتلی: [ا ر ۔ صف] دیکھئے "پتلا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

پتلی آواز: [ا رف ۔ مرکب توصیفی ۔ مث] باریک آواز ۔ مہین آواز

پتلی دال کھانے والا: [ا ر ۔ صف] کمزور ۔ بودا ۔ کم ہمت

پتلی کمر: [ا رف ۔ مرکب توصیفی ۔ مث] باریک اور نازک کمر ۔

پُتلی (بضم اول) [ہ ۔ امث] (۱) گڑیا ۔ مورت (۲) آنکھ کا گول سیاہ حصّہ (۳) گھوڑے کے سم کا وہ گوشت جو ابھرا ہوا ہوتا ہے (۴) شہد کی گرہ کی گرگ بارہ ، کل ۔ مشین (۶) حسین عورت ۔ نازک عورت ۔ خوبصورت ۔ (۷) انسان یا حیوان کی گلی موت ۔

پُتلی بن کے رہ جانا: [ا ر ۔ محاورہ] ساکت رہ جانا ۔ دم بخود رہ جانا ۔

پُتلی پھیر لینا: [ا ر ۔ محاورہ] بے وفائی کرنا ۔ بے مروتی کرنا ۔

پُتلی پھیرنا: [ا ر ۔ محاورہ] نگاہ پھیرنا ۔ اشارہ کرنا ۔

پُتلی کا تارا: [ا ر ۔ صف] بہت پیارا ۔ بہت عزیز ۔

پُتلی گھر: [ا ر ۔ اند] کارخانہ ۔ کپڑے کا کارخانہ ۔

پُتلی میں دم آجانا: [ا ر ۔ محاورہ] نزع کی حالت میں ہو جانا ۔

پُتلیاں اُلٹ جانا: [ا ر ۔ محاورہ] نزع کے وقت پتلیوں کا نیچے اوپر ہو جانا ۔

پُتلیاں بدل جانا: [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "پُتلیاں الٹ جانا"

پُتلیاں پتھرا جانا: [ا ر ۔ محاورہ] پتلیوں کا بے حس و حرکت ہو جانا ۔ موت کے وقت آنکھوں کا بے نور ہو جانا ۔

پُتلیاں پھر جانا: [ا ر ۔ محاورہ] آنکھ کی پتلیوں کا اوپر چڑھ جانا ۔ دیدے پھر جانا ۔ موت کے آثار عیاں ہونا ۔

پُتلیاں نچانا: [ا ر ۔ محاورہ] (۱) گڑیوں کا تماشا دکھانا (۲) آنکھیں مٹکانا

پُتلیوں کا تماشا: [ا رف ۔ اند] کاٹھ کی گڑیوں کا کھیل یا تماشا

پُتلیوں کا سانگ: [ا ر ۔ اند] دیکھئے "پُتلیوں کا تماشا"

پُتلیوں کا ناچ: [ا ر ۔ اند] دیکھئے "پُتلیوں کا تماشا"

پُتلیوں میں گھر کرنا: [ا ر ۔ محاورہ] بہت عزیز ہونا ۔ بہت پیارا ہونا ۔

پُتنا: [ا ر ۔ مص] (۱) لیپا پھرنا ۔ پوتا جانا (۲) اند وہ کپڑا جس سے پوچارا پھیرتے ہیں ۔

پتنگ: [ہ ۔ اند] (۱) کنکوا (۲) ایک پروار کیڑا جو روشنی پر گرتا ہے ۔ پروانہ (۳) وہ لکڑی جس سے سرخ رنگ نکالا جاتا ہے ۔

پتنگ باز: [ا رف ۔ اف اعل] کنکوا اڑانے والا ۔ (اصولاً ترکیب غلط ہے)

پتنگ بازی: [ا رف ۔ امث] دیکھئے "پتنگ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

پتنگ بڑھانا: [ا ر ۔ محاورہ] پتنگ کو ہوا میں بلند کرنا ۔

پتنگ بڑھنا: [ا ر ۔ محاورہ] پتنگ کا حریف کے پتنگ سے آگے نکل جانا ۔

پتنگ چھڑی: [ا ر ۔ صف ۔ مث] لڑائی کرا دینے والی ۔ لگائی بجھائی کرنے والی ۔ فتنی ۔

پتنگ ڈھا دینا: [ا ر ۔ محاورہ] بڑھے ہوئے پتنگ کو گرا دینا ۔

پتنگ ڈھا جانا: [ا ر ۔ محاورہ] پتنگ کا بے قابو ہو کر گر جانا

پتنگ کاٹ دینا: [ا ر ۔ محاورہ] اپنے پتنگ کی ڈور سے دوسرے کے پتنگ کی ڈور کاٹ ڈالنا ۔ (۲) شکست دینا ۔

پتنگ کٹ جانا: [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "پتنگ کاٹ دینا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پتنگ ملانا: [ا ر ۔ محاورہ] پیچ لڑاتے وقت ایک پتنگ کا دوسرے پتنگ کے برابر کرنا ۔

پتنگ ہتے سے اکھڑ جانا: [ا ر ۔ محاورہ] پتنگ کی ڈور کا ہتے سے ٹوٹ جانا ۔

پتنگا: [ا ر ۔ اند] (۱) چنگاری ۔ چراغ کا پھول (۲) پروانہ ۔ ایک پردار کیڑا ۔

پتنگا ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] تیزی اور پھرتی سے کوئی کام کرنا ۔

پتنگے لگانا: [ا ر ۔ محاورہ] (۱) شرارت کرنا ۔ چھیڑنا ۔ جلانا ۔ (۲) آگ لگانا ۔

پتنگے لگنا: [ا ر ۔ محاورہ] بہت ناگوار گزرنا ۔ غصّے سے بدن میں آگ لگنا ۔

پتنی: [ہ ۔ امث] پتی کی تانیث ۔ بیوی ۔ جورو ۔ زوجہ ۔ اہلیہ ۔

پتوار: [ہ ۔ امث] وہ لکڑی جس سے کشتی چلاتے ہیں ۔ اڑوالا ۔ کھم ۔

پتواس: [ہ ۔ امث] پرندوں کے بیٹھنے کا اڈا ۔ کبوتروں کے بیٹھنے کی چھتری ۔

پتوں والی: [ا ر ۔ امث] مولی

پتوہ: [ہ ۔ امث] بہو ۔ بیٹے کی بیوی ۔ زوجۂ پسر ۔

پتھر: [ہ ۔ اند] (۱) سنگ ۔ چٹان کا ٹکڑا (۲) اولا ۔ ژالہ (۳) جواہر یعنی ہیرا ، لعل ، زمرد ، یاقوت وغیرہ (۴) صف: سنگ دل ۔ کٹر ۔ بے رحم (۵) سخت چیز ۔ کڑی چیز (۶) بھاری ۔ ثقیل ۔ گراں (۷) اجنبی (۸) غبی ۔ کند ذہن (۹) بے وقوف (۱۰) دشوار کام (۱۱) ساکت ۔ خاموش ۔ (۱۲) کنواری بیٹی (۱۳) دیر ہضم ۔ ثقیل (۱۴) کنجوس ۔ مُسک ۔

پتھر ادھیڑنا: [ا ر ۔ محاورہ] پتھر اکھاڑنا

پتھر برسنا: [ا ر ۔ محاورہ] اولے پڑنا ۔ ژالہ باری ہونا ۔ پتھر پڑنا ۔

پتھر بن جانا: [ا ر ۔ محاورہ] (۱) سنگ دل ہو جانا ۔ بے رحم ہونا (۲) بہرا بن جانا (۳) بُت بن جانا ۔

پتھر پانی ہو جانا: [ا ر ۔ محاورہ] (۱) سخت دل کو رحم آنا (۲) کنجوس کا فیاضی کرنا ۔

پتھر پر لگانا: [ا ر ۔ محاورہ] کسی دھار والی چیز کو پتھر پر رگڑ کر تیز کرنا ۔

پتھر پر جونک نہیں لگتی: [ا ر ۔ مثل] جس پر کوئی اثر نہ ہو اس کی نسبت کہتے ہیں ۔

پتھر پر مارنا: [ا ر ۔ محاورہ] توڑنا ۔ چور چور کرنا ۔

پتھر پڑنا: [ا ر ۔ محاورہ] (۱) سنگ باری ہونا ۔ اولے گرنا (۲) آفت آنا ۔ مصیبت نازل ہونا ۔ (۳) کوئی بڑا کام ہونا ۔

پتھر پڑیں: [ا ر ۔ کلمہ بددعا] (۱) غارت ہو ۔ تباہ ہو ۔ ناس ہو (۲) تف ۔ لعنت ہے ۔

پتھر پسیجنا: [ا ر ۔ محاورہ] (۱) سخت دل کو رحم آنا (۲) بخیل کا خرچ کرنے پر آمادہ ہونا ۔

پتھر پوجے ہر ملے تو میں پوجوں سنسار: [ہ ۔ ش] اگر خوشامد سے کام بن سکے تو میں خوشامدی ہو جاؤں ۔

پتھر پھوڑ / پھوڑا: [ا ر ۔ اند] (۱) سنگ تراش پتھر کاٹنے اور گھڑنے والا (۲) ہدہد

پتھر پھوڑیاں: [ا ر ۔ امث] مونگ اور ماش کے آٹے میں مصالحہ ملا کر ٹکڑے سے بنا لیتے ہیں اور خشک کر لیتے ہیں ۔ ان کو پکا کر شوربا بنا کر کھاتے ہیں ۔ بڑیاں ۔

پتھر تراشنا: [ار۔ مص مرکب] پتھر کاٹنا۔ پتھر کو کاٹ کر بُت بنانا۔
پتھر تلے دامن دبنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت میں پھنسنا۔ تکلیف میں مبتلا ہونا
پتھر تلے سے ہاتھ نکالنا: [ار۔ محاورہ] نجات دلانا۔ زبردست کے پنجہ سے چھڑانا۔
پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پتھر تلے سے ہاتھ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
پتھر تلے کا ہاتھ [ار۔ اند] بے اختیاری۔ بے بسی
پتھر تلے ہاتھ ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) بھاری بوجھ کے نیچے ہاتھ دب جانا (۲) مجبور ہونا۔ بے بس ہونا۔ زبردست کے قابو میں آنا۔
پتھر چاٹنا: [ار۔ محاورہ] کسی دھار والی چیز کا پتھر پر رگڑ کر تیز ہونا۔
پتھر چٹا: [ار۔ اند] (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) ایک قسم کا سانپ جو پتھر چاٹتا ہے
پتھر چٹانا: [ار۔ محاورہ] سان پر رکھنا۔ چھری وغیرہ کو پتھر پر گھس کر تیز کرنا
پتھر چلانا: [ار۔ محاورہ] پتھر پھینکنا۔
پتھر چلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پتھر چلانا" جس کا یہ لازم ہے
پتھر چھاتی پر دھرنا: [ار۔ محاورہ] صبر کرنا ضبط کرنا۔ دل سخت کر لینا
پتھر ڈھلکانا: [ار۔ محاورہ] مصیبت جھیلنا۔
پتھر ڈھونا: [ار۔ محاورہ] سخت محنت کرنا۔ بڑی محنت کا کام کرنا
پتھر زمین: [ار۔ اسث] مشکل زمین جس میں شعر کہنا مشکل ہے جسکا قافیہ وردیف۔
پتھر سا پھینک/کھینچ مارنا: [ار۔ محاورہ] سختی سے جواب دینا۔ جو منہ میں آئے کہہ دینا۔
پتھر سے چکی بھلی جو پیس کھائے سنسار: [ار۔ مثل] بُت پرستی پر طنز ہے۔
پتھر سے سر پھوڑنا: ار۔ محاورہ] ناسمجھ کو سمجھانے کی کوشش کرنا۔
پتھر سے سر مارنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پتھر سے سر پھوڑنا"
پتھر سے نصیب پھوٹنا: [ار۔ محاورہ] سنگ دل سے معاملہ ہونا۔ کمال بدقسمتی کی جگہ بولتے ہیں۔
پتھر کا/پتھر کی: [ار۔ صف] سنگ دل۔ بے رحم۔ بہت ضبط کرنے والا/والی
پتھر کا بن جانا: [ار۔ محاورہ] سخت دل ہو جانا
پتھر کا پگھلنا: [ار۔ محاورہ] نرم دل ہو جانا
پتھر کا جگر: [ار۔ صف] (۱) سخت کلیجا (۲) بے رحم۔ سخت دل
پتھر کا جگر پانی ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت دل کو ترس آنا۔
پتھر کا جواب پتھر: [ار۔ مثل] سخت بات کا جواب سخت ہوتا ہے۔
پتھر کا چھاپا: [ار۔ اند] لیتھو گراف۔ پتھر پر حروف جما کر چھاپنا۔
پتھر کا دِل/پتھر کا کلیجا: [ار۔ صف] سنگ دل۔ بے رحم
پتھر کا دل موم ہو جانا: [ار۔ محاورہ] رحم آجانا۔ ترس آجانا۔
پتھر کا کلیجا کر لینا: [ار۔ محاورہ] دل سخت کر لینا۔ سنگدل ہو جانا۔
پتھر کا کیڑا: [ار۔ اند] پرانے زمانے میں خیال تھا کہ بعض پتھروں کے اندر ایک قسم کا کیڑا ہوتا ہے جو باہر نہیں نکل سکتا اور پتھر کے اندر ہی خوراک حاصل کرتا ہے۔
پتھر کا ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت دل ہونا بے حس ہونا۔
پتھر کلا: [ہ۔ اند] پرانی وضع کی بندوق جس میں چقماق لگی ہوتی تھی۔
پتھر کلیجے پر دھرنا: [ار۔ محاورہ] صبر کرنا
پتھر کو اثر کیا ہو: [ار۔ مثل] بے وقوف اور کم فہم پر فہمائش کا اثر نہیں ہوتا۔
پتھر کو پانی کر دینا: [ار۔ محاورہ] سنگدل کو نرم کر دینا۔
پتھر کو جونک نہیں لگتی: [ار۔ مثل] (۱) سخت دل کو رحم نہیں آتا (۲) بد کو نصیحت کا اثر نہیں ہوتا (۳) کنجوس فیاضی نہیں کر سکتا۔
پتھر کو موم بنانا/کرنا: [ار۔ محاورہ] سخت چیز کو نرم کرنا۔ بے رحم کو متاثر کرنا۔
پتھر کھانا: [ار۔ محاورہ] پتھروں کی مار کھانا۔
پتھر کھینچ مارنا: [ار۔ محاورہ] ایسی سخت بات کہنا جو سننے والے کو ناگوار گزرے۔
پتھر کی تصویر بننا: [ار۔ محاورہ] خاموش ہو جانا۔ چپ ہو جانا۔
پتھر کی چھاتی: [ار۔ اسث] بڑا حوصلہ بڑا دل۔ بڑا جگر۔
پتھر کی چھاتی کر لینا: [ار۔ محاورہ] صبر کرنا تحمل کرنا۔
پتھر کی لکیر/لیکھ: [ار۔ صف] نہ مٹنے والی چیز۔ مستقل۔ پائدار۔ پکی۔ مضبوط۔
پتھر کے تلے ہاتھ دبانا: [ار۔ محاورہ] مصیبت میں ڈالنا۔ آفت میں ڈالنا
پتھر کے تلے ہاتھ دبنا: [ار۔ محاورہ] مجبور ہونا۔ بے بس ہونا۔
پتھر کے کیڑے کو بھی خدا دیتا ہے: [ار۔ مقولہ] اللہ تعالیٰ ہر ایک کو رزق دیتا ہے۔
پتھر کے نیچے ہاتھ ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت مصیبت میں پھنسنا۔
پتھر لڑکانا/لڑھکانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پتھر پھسلانا (۲) ثقیل اور بھدے الفاظ استعمال کرنا
پتھر مارنا: [ار۔ محاورہ] دیوانوں کی سی حرکتیں کرنا (۲) روکھے پن سے جواب دینا (۳) سنگ زنی کرنا۔
پتھر مارے موت نہیں: [ار۔ مثل] نہایت سخت جان ہے۔ بےحیا کی نسبت کہتے ہیں۔
پتھر موم کرنا: [ار۔ محاورہ] سخت کو نرم کرنا۔ بے رحم کو رحم پر آمادہ کرنا۔
پتھر موم ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پتھر موم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پتھر میں جونک لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بے رحم کو رحم آنا (۲) کنجوس کا فیاضی کرنا۔ (۳) حیرت انگیز بات ہونا۔
پتھر نچوڑنا: [ار۔ محاورہ] سنگدل کو رحم دلانا۔ ناممکن کام کرنا۔
پتھر نہیں پگھلتے: [ار۔ مثل] سنگدل کو رحم نہیں آتا (۲) کنجوس فیاضی نہیں کرتا۔
پتھر ہو جانا/ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) سخت ہو جانا۔ جم کر سخت ہو جانا۔ (۲) بھاری ہو جانا (۳) دشوار ہو جانا۔ مشکل ہو جانا (۴) مُبت

بن جانا۔ خاموش ہوجانا (۵) بے رحم ہونا۔ سخت دل ہونا (۶) اندھا ہونا بیکار ہونا۔

پتھرا دینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پتھرانا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پتھرانا / پتھرا جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پتھر ہوجانا۔ سخت ہوجانا (۲) آنکھ کی بینائی زائل ہونا۔ پتلی میں نور نہ رہنا (۳) موت کے آثار عیاں ہونا۔

پتھراؤ: [ار۔ اند] سنگ باری۔ پتھر مارنا۔ پتھر پھینکنا (افعال: کرنا۔ ہونا)

پتھروٹا: [ہ۔ اند] پتھر کا پیالہ

پتھری: [ہ۔ امث] پتھر کی تصغیر (۱) پتھر کا چھوٹا ٹکڑا جس پر اُسترا وغیرہ تیز کرتے ہیں (۲) ایک قسم کا سخت مادہ جو مثانہ یا گردہ میں منجمد ہو کر پتھر کی مثل ہوجاتا ہے اور پیشاب میں رکاوٹ اور درد کا باعث بن جاتا ہے (۴) پرندوں کا معدہ۔ سنگدان (۵) سنگ ریزہ۔

پتھریلا: [ار۔ صف۔ مذ] پتھر سے منسوب۔ پتھر کا۔ پتھر ملا ہوا۔

پتھریلی: [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "پتھریلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پتھنا: [ار۔ مص] تھوپنا (۱) گوبر کے اُپلے بنانا (۲) سانچے میں ڈال کر اینٹیں بنانا۔

پتھنار / پتھنارا: [ار۔ اند] وہ جگہ جہاں اُپلے یا اینٹیں تھاپ کر خشک ہونے کے لیے رکھی جاتی ہیں۔

پتھوانا: [ار۔ مص] دیکھئے "پتھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پتھی / پوتھی: [ار۔ امث] پیاز کی آنٹی۔ لہسن یا پیاز کی گٹھی۔

پتھیر (یائے مجہول سے): [ار۔ امث] اینٹیں بنانے کی جگہ نیز دیکھئے "پتھنار"

پتھیرا: [ار۔ صف] کچی اینٹیں بنانے والا۔

پتی: [ہ۔ اند] (۱) خاوند۔ شوہر (۲) مالک۔ آقا

پتی ورتا / برتا: [ہ۔ امث] (۱) پاک دامن عورت۔ خاوند کی مطیع اور خدمت گزار عورت (۲) پاک دامنی۔ خاوند کی اطاعت۔

پتی: [ار۔ امث] پتا کی تصغیر (۱) چھوٹا پتا۔ کونپل (۲) سبزی۔ بھنگ (۳) حصہ۔ شرکت۔ چندہ (۴) نب۔ فولاد کا قلم (۵) دھات کا پتر (۶) گنے کے اوپر کا چھلکا (۷) بوٹی۔

پتی جمانا: [ار۔ محاورہ] فقرہ دینا۔ رنگ جمانا۔

پتی دار: [ار ف۔ صف] ساجھی۔ شریک۔ حصہ دار (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)

پتی (بہ کسر اوّل) [ار۔ امث] فساد خون کی ایک بیماری جو صفرا کے جوش سے پیدا ہوتی ہے اور تمام بدن پر سُرخ سُرخ دھبے سے پڑجاتے ہیں۔

پتی اچھلنا / نکلنا: [ار۔ محاورہ] فساد خون کی وجہ سے جسم پر سُرخ سُرخ سے دھبے پڑنا

پتے: [ہ۔ اند] دیکھئے "پتا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

پتے: [ہ۔ اند] دیکھئے "پتا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

پتے: (بہ کسر اوّل) [ہ۔ اند] دیکھئے "پتا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے

پتے باز: [ہ ف۔ صف] دغاباز۔ فریبی۔ (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)

پتے بازی: [ہ ف۔ امث] دیکھئے "پتے باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پتے پر آنا / پہنچنا: [ار۔ محاورہ] نشان کے مطابق کھوج لگانا۔ کسی علامت کے لحاظ سے کسی چیز کی تلاش کرنا۔ نشان کے مطابق ڈھونڈنا۔

پتے کی بات: [ار۔ امث] راز کی بات۔ کام کی بات۔ چبھتی بات۔

پتے کی سنانا / کہنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چبھتی ہوئی بات کہنا (۲) راز کی بات کہنا۔ بھید کھولنا (۳) چوٹ کرنا۔

پتے لینا / لے ڈالنا (پتے بہ کسر اول): [ار۔ محاورہ] ستانا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔

پتے ماری: [ار۔ امث] (۱) تکلیف۔ محنت (۲) برداشت۔ تحمل۔

پتے ماری کا کام: [ار۔ اند] (۱) سخت محنت کا کام (۲) وہ کام جس میں بڑے صبر و تحمل کی ضرورت ہو۔

پتیارا: [ہ۔ اند] یقین۔ اعتبار۔ بھروسا

پتیارے والا: [ہ۔ صف] معتبر۔ قابلِ اعتماد

پتیانا: [ار۔ مص] (۱) یقین کرنا (۲) خاطر میں لانا (۳) نرم ہونا۔ نرمی کرنا (۴) راضی ہونا (۵) قابو میں آنا (۶) رجوع کرنا

پتیت: [ہ۔ امث] غیر مزروعہ اراضی۔ بنجر زمین۔

پتیل نمبر۱: [ف۔ اند] فتیل۔ چراغ کی بتی۔ چراغ کا فتیلہ۔

پتیل نمبر۲: [ہ۔ صف] پتلا۔ باریک۔ مہین۔ جھر جھرا (عموماً کپڑے کی صفت کے طور پر مستعمل ہے)

پتیل سوز: [ف۔ اند] فتیل سوز۔ شمع دان۔ چراغدان

پتیلا: [ار۔ اند] بڑے منہ کا دیگچہ۔ کھانا پکانے کا چوڑے منہ کا بڑا برتن۔

پتیلی: [ار۔ امث] پتیلا کی تصغیر۔ دیگچی۔ تانبے یا پیتل وغیرہ کی ہنڈیا۔

پ ۔ ٹ

پٹ نمبر۱: [ہ۔ اند] (۱) کواڑ۔ دروازے کی جوڑی کا ایک تختہ (۲) گھونگھٹ نقاب (۳) کپڑے کا عرض (۴) ریشم۔ کپڑا (۵) کسی چیز کے گرنے کی آواز (۶) پاٹ کا مخفف۔ گدّی۔ مسند۔ تخت۔ سنگھاسن (۷) ران۔ زانو۔ آسن۔

پٹ نمبر۲: [ہ۔ صف] (۱) اوندھا۔ سرنگوں۔ برگشتہ (۲) فوراً۔ ترت۔ جلد

پٹ بھیڑنا: [ار۔ مص۔ مرکب] کواڑ بند کرنا۔ دروازہ بند کرنا۔

پٹ پٹ: [ار۔ اصوت۔ مث] (۱) متواتر گرنے کی آواز (۲) متواتر مارنے کی آواز۔

پٹ پٹ بولنا: [ار۔ محاورہ] تڑاق پٹاق بولنا۔ بے جھجک گفتگو کرنا۔

پٹ پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) خلاف ہونا (۲) غیر موثر ہونا۔ بے سود ہونا (۳) غلط ہونا (۴) کارگر نہ ہونا (۵) اوندھا گرنا۔ منہ کے بل گرنا (۶) تلوار کا چوڑائی کے بل گرنا۔

پٹ رانی: [ہ۔ امث] مہارانی۔ ملکہ۔ پہلی بیاہتا رانی، جس کی اولاد تخت کی وارث ہوتی ہے۔

پٹ سے بولنا: [ار۔ محاورہ] تڑاق سے کہہ دینا۔ بیچ میں بول اٹھنا۔

پٹ کھولنا: [ار۔ مص۔ مرکب] (۱) کواڑ کھولنا (۲) نقاب اٹھانا۔ گھونگھٹ کھولنا

پَٹ لگانا / مارنا: [ار- محاورہ] دروازہ بند کرنا- کواڑ بھیڑنا۔

پَٹ ہو جانا / ہونا : [ار- محاورہ] (۱) اوندھا پڑنا- پیٹ کے بل لیٹنا- (۲) بند ہو جانا۔

پُٹ ، (بضم اول) : [ہ - امث] پُٹھ - شائبہ - بُو- آمیزش - چاشنی - خمیر

پَٹا : [ہ- اند و مث] سپاہ گری کا ایک فن - پھری اور گدکے کا کھیل۔

پَٹا باز، [ہ ف - صف] (۱) پٹا کھیلنے والا- لکڑی کھیلنے والا (۲) ایک کھلونے کا نام جو جلنے سے پٹا کھیلتا ہے (۳) ایک آتشبازی کا نام۔

پَٹا بازی ،[ار- امث] دیکھئے " پٹا باز " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

پَٹا کھیلنا / ہلانا : [ار- محاورہ] گدکے کی چوٹ کرنا

پَٹا : [ہ- اند] (۱) چوپایوں یا پالتو جانوروں کے گلے میں ڈالنے کا پٹکا یا تسمہ طوق- گلوگیر- گلوبند- قلادہ (۲) چپراس - چپراس کا سلا ہوا پٹکا جو گلے میں یا کمر میں ڈالا جاتا ہے (۳) تختہ - پٹرا (۴) وہ دستاویز جو کاشت کار زمیندار کو کاشت کے متعلق لکھ دیتا ہے - ٹھیکے کا کاغذ - اجارہ نامہ (۵) وہ اجازت نامہ جو مالک کاشتکار کو لکھ کر دیتا ہے (۶) کام دار جوتی کا کپڑا یا بانات کا کپڑا جس پہ کام بنا ہو- (۷) پٹی- کمر کسنے کا چمڑا (۸) مردوں کے سر کے دونوں طرف کے بال- کاکل (۹) دوپٹا- ایک عرض کا اوڑھنا (۱۰) لنگی- کمر میں باندھنے کا پٹکا (۱۱) دستور- ینگ- حق الخدمت (۱۲) دلہن کے کمینوں اور خادموں کو دولہا کی جانب سے جو حق الخدمت دیا جاتا ہے (۱۳) کرایہ وصول کرنے کا دستور العمل ۔

پَٹا اُتارنا : [ار- محاورہ] (۱) چپراس چھین لینا - پیٹی لے لینا - چپراسی یا سپاہی کو برخاست کرنا (۲) جانور کو چھوڑ دینا آزاد کرنا ۔

پَٹا پھیرنا : [ار- محاورہ] ہندوؤں کی ایک رسم میں پھیروں کے وقت دلہا کا پٹرا دلہن کے نیچے اور دلہن کا دلہا کے نیچے بچھانا ۔

پَٹا تُڑانا : [ار- محاورہ] پٹا توڑ کر کسی جانور کا نکل جانا رسی تڑانا- بھاگنا- آزادی چاہنا۔

پَٹا لکھوا لینا : [ار- محاورہ] قول و قرار کرنا- معاہدہ کی دستاویز لکھوانا-

پَٹا پَٹ : [ار- اصوت - مث] (۱) کسی چیز کے مسلسل گرنے کی آواز (۲) مسلسل مارنے کی آواز (۳) پھلوں کے متواتر زمین پر گرنے کی آواز (۴) جوں مارنے کی آواز

پَٹا پَٹی : [ار- امث] ایک دھاری دار کپڑا۔

پَٹا پَٹی کا پَردہ ، [ار- اند] وہ پردہ جس میں مختلف رنگ کے پھول پتے یا سموسے بنے ہوں ۔

پَٹا پَٹی کا موباف ، [ار- اند] چوٹی باندھنے کا دھاری دار کپڑا۔

پَٹا پَٹی کی گوٹ : [ار- امث] رنگ برنگ گوٹ - کئی رنگ کی گوٹ جس میں سنگھاڑوں کی شکل بنا کر سی دیتے ہیں ۔

پَٹا پَٹی کی نواڑ : [ار- امث] رنگ برنگ کی دھاری دار نواڑ ۔

پَٹا پَٹ : [ہ - امث] رس بھری - ایک پھل جو مکو سے مشابہ ہوتا ہے ۔

پَٹا پَڑنا : [ار- محاورہ] کثرت سے ہونا- بہت ہونا-

پَٹاخ ، [ار- امث] تڑاق - پٹاخے ، بندوق یا تھپڑ کی آواز۔

پَٹاخ سے بولنا : [ار- محاورہ] جلدی بولنا- تیزی سے بولنا- جو منہ میں آئے کہہ دینا۔

پَٹاخا : [ار- اند] (۱) پڑاقا- ایک آتشبازی جو چھوٹنے پر بندوق چلنے کی سی آواز دیتی ہے (۲) بندوق کی ٹوپی (۳) صف : جو بیچ میں بول اٹھے- چالاک - طرح دار (۴) بدکار - فاحشہ ۔

پِٹارا ، [ار- اند] بانس اور بید وغیرہ کا ڈھکنے والا ٹوکرا جس میں عموماً سپیرے سانپ رکھتے ہیں۔

پِٹارا توڑنا : [ار- محاورہ] پٹارا توڑ کر چوری کرنا ۔

پِٹاری : [ار- امث] (۱) ایک چھوٹی ٹوکری جس پر ڈھکن ہوتا ہے (۲) پاندان (۳) انگور رکھنے کی لکڑی کی بنی ہوئی پٹاری-

پِٹاری کا خرچ : [ار- اند] پاندان کا خرچ- عورتوں کا جیب خرچ۔

پِٹاری میں بند رکھنے کے لائق : [ار- صف] طنزاً عجیب و غریب- نادر-

پُٹاس : [انگ - اند] (POTASH) ایک قسم کا آتش گیر مادہ جو پٹاخوں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔

پَٹاق : [ار - اصوت - مث] کسی چیز کے گرنے کی آواز- طپنچہ یا بندوق کی آواز۔

پَٹاک : [ار- امث] پھل گرنے کی آواز۔

پَٹاکا : [ار- اند] دیکھئے " پٹاخا "

پَٹانا : [ار- مص] (۱) وصول کرانا - بھنوانا- تحصیل کرانا (۲) آبپاشی کرانا- سینچنا (۳) پرستش کرانا (۴) چھت ڈلوانا (۵) سودا بنانا - معاملہ ٹھیک کرانا- جھگڑا فیصل کرانا ۔

پِٹانا : [ار- مص] دیکھئے "پیٹنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

پَٹاؤ : [ار- اند] کڑی - تختہ جو دروازہ پر رکھتے ہیں۔ (۲) آبپاشی ۔

پَٹایت : [ار- امث- ق] داؤں پیچ

پَٹ بندھک : [ہ - امث] (۱) رہن- گروی - کفالت (۲) ایسا رہن جس میں اصل اور سود ایک مقررہ وقت پر ادا کرنے کا وعدہ ہو-

پُٹ بھرا : [ار- صف] دیکھئے " پیٹ بھرا " جس کا یہ مخفف ہے ۔

پَٹ بیجنا : [ہ - اند] جگنو- ایک پر دار کیڑا جو رات کو چمکتا ہے ۔

پِٹ پِٹ : [ہ - امث] پٹائی - تھکا فضیحتی ۔

پِٹپِٹانا : (بہ کسر اول) : [ار- مص] حسرت کرنا- افسوس کرنا ۔

پُٹ پُٹانا (پُٹ پَٹانا) : [ار- مص] کسی چیز کو گرم بھوبھل میں بھون لینا ۔

پَٹ پَڑ (پَٹ پَڑ) ، [ہ- امث] (۱) بیابان، جس میں پانی اور گھاس نہ ہو (۲) ویران جگہ- وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ہر سال ڈوبتی ہے اور خشک ہو کر قابل کاشت ہو جاتی ہے - بنجر (۳) صف : برابر- ہموار- یکساں ۔

پیٹ پُچھنا : [ار- صف - ند] وہ لڑکا جو سب اولاد کے بعد پیدا ہوا ہو-

پیٹ پُچھنی : [ار- صف- مث] دیکھئے " پیٹ پُچھنا " جس کی یہ تانیث ہے۔

پَٹخارنا : [ار- مص] پیٹنا - کوڑے لگانا- دھمکانا

پَٹخنا / پَٹخ دینا : [ار- مص] (۱) کشتی میں زمین پر دے مارنا (۲) دیکھئے " پٹکنا "

پَٹخنی ، [ار- امث] کشتی کا ایک داؤں - زمین پر پٹخنے کا عمل ۔

پٹخنی دینا: [ار۔ محاورہ] زمین پر دے مارنا

پٹخنیاں دینا: [ار۔ محاورہ] بار بار دے مارنا

پٹخنیاں کھانا: [ار۔ محاورہ] پچھاڑیں کھانا۔ گرنا۔ گر کر سنبھلنا اور پھر گرنا۔

پٹر پٹر باتیں کرنا: [ار۔ محاورہ] بچوں کا صاف صاف باتیں کرنا۔

پٹرا: [ار۔ اند] (۱) لکڑی کا تختہ (۲) چھوٹی چوکی جس کے پائے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں جس پر بیٹھ کر عورتیں نہاتی ہیں یا روٹی پکاتی ہیں (۳) لکڑی کا لمبا تختہ جو زمین ہموار کرنے کے لئے کھیت میں پھیرتے ہیں (۴) دھوبیوں کا کپڑے دھونے کا تختہ یا سِل۔

پٹرا پھیرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) زمین ہموار کرنا۔ کھیت کے ڈھیلوں کو تختہ پھیر کر توڑنا اور کھیت کو ہموار کرنا (۲) دولت برباد کرنا۔

پٹرا کر دینا: [ار۔ محاورہ] تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ ستیاناس کر دینا۔

پٹرول: [انگ۔ اند] (PETROL) وہ معدنی تیل جو موٹریں وغیرہ چلانے کے کام آتا ہے۔

پٹری: [ار۔ امث] (۱) تختی۔ چھوٹا تختہ۔ لوح (۲) روش۔ چمن یا باغ کی چھوٹی سی سڑک جس پر گھاس لگا دیتے ہیں (۳) نہر کا کنارا۔ سڑک کا کنارا (۴) کپڑے کے اوپر کی چوڑی لکیر (۵) کھپریل کا کھپرا جس پر نلیاں رکھتے ہیں (۶) چاندی یا تانبے کی تختی جس پر کوئی تعویذ یا نقش کھدوا کر گلے میں ڈالتے ہیں (۷) سونے چاندی یا لاکھ کی چوڑی چوڑی۔ (۸) ران۔ گھوڑے کی زین پر سوار کا اپنی رانوں کو جما کر رکھنا (۹) ایک قسم کا جست کا زیور۔

پٹری جمانا: [ار۔ محاورہ] آسن جمانا۔ گھوڑے کے سوار کا زین پر رانیں ملی ہوئی رکھنا۔

پٹری جمنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پٹری جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پٹڑے کا پٹڑا: [ار۔ صف] (عو) موٹا تازہ (عورتیں عموماً بچہ کو کہتی ہیں)

پٹس: [ار۔ امث] (۱) ماتم۔ کہرام (۲) زد و کوب۔

پٹس پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مار پڑنا (۲) ماتم ہونا۔ کہرام ہونا (۳) مجلس عزا میں گریہ و ماتم ہونا۔

پٹس مچنا: [ار۔ محاورہ۔ عامیانہ] دیکھئے "پٹس پڑنا"

پٹسن (پٹ سن): [ہ۔ اند] ایک قسم کا پودا جس کے ریشے سے بوریاں اور کپڑا وغیرہ بنتا ہے۔ اس کی باقاعدہ کاشت کی جاتی ہے۔ اسے سنہری ریشہ بھی کہتے ہیں۔

پٹک: [ار۔ امث] پٹکنا۔ زمین سے ٹکر کھانا

پٹکا: [ار۔ اند] (۱) پٹی۔ کمر بند (۲) وہ دوپٹا یا رومال جس کو سپاہی اور سوار کمر سے لپیٹ لیتے ہیں (۳) مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹی (۴) حضرت عباس کے علم کی شبیہ میں لگا ہوا مستطیل کپڑا۔

پٹکا باندھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کمر باندھنا (۲) کسی امر کا تہیہ کرنا۔ کسی امر پر مستعد ہونا۔

پٹکا پکڑنا: [ار۔ محاورہ] دامن پکڑنا۔ روکنا۔ کمر میں ہاتھ ڈالنا۔

پٹکار: [ار۔ امث] (۱) چابک یا رسی جو گھوڑے کو چلانے یا دولنے یا کھیت سے پرندوں کو اڑانے کے کام آتی ہے (۲) چابک کو ہوا میں لہرانے یا مارنے کی آواز۔

پٹکارنا: [ار۔ مص] دیکھئے "پٹکنا"

پٹکن: [ہ۔ امث] (۱) بے چینی۔ بے کلی (۲) دھکا (۳) گرنا (۴) سوجن کم ہونا

پٹکنا: [ار۔ مص] (۱) کسی چیز کو دوسری پر زور سے دے مارنا (۲) ورم کم ہونا۔

پٹکنا: [ار۔ مص] دیکھئے "پٹخنا"

پٹکنی: [ار۔ امث] دیکھئے "پٹخنی"

پٹکی: [ار۔ امث] صدمہ۔ ضرب

پٹکی: [ار۔ امث] (۱) آفت۔ مصیبت (۲) خدا کا قہر۔ ناگہانی موت (۳) گھتی۔ (۴) داغ۔ دھبا (۵) وہ بیسن یا آٹا جو شوربا گاڑھا کرنے کے لئے سالن میں ڈالتے ہیں (۶) گوندھتے وقت آٹے وغیرہ میں دانے پڑ جانا۔

پٹکی پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) غضب الٰہی نازل ہونا۔ آفت آنا (۲) صدمہ پہنچنا۔ (۳) موت آنا۔ ناگہانی موت آنا۔ غارت ہونا۔

پٹکی پڑے: [ار۔ کلمہ بددعا] غضب نازل ہو۔ غارت ہو۔

پٹکی ڈالنا: [ار۔ محاورہ] اندھا کر دینا۔ آنکھیں بند کر دینا۔

پٹلا: [ار۔ اند] پشتارہ۔ بقچہ

پٹلی: [ار۔ امث] دیکھئے "پٹلا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

پٹم ہو جانا/ہونا: [ار۔ مص مرکب] آنکھیں بند ہو جانا۔ اندھا ہو جانا۔ کام خراب ہو جانا۔ چوپٹ ہو جانا۔

پٹن: [ہ۔ اند] گھاٹ۔ دریا کو عبور کرنے کی جگہ۔ پتّن۔ (۲) آبادی۔ بستی

پٹن: [ہ۔ امث] پٹس۔ ماتم۔ کہرام۔ رونا پیٹنا (۲) مار۔ پٹائی۔

پٹنا: [ار۔ مص] (۱) مار کھانا۔ کُٹ جانا۔ چوٹ کھانا

پٹنا: [ار۔ اند] جھگڑا۔ جھک (۲) ماتم۔ کہرام۔ سیاپا (۳) ناگوار کام۔ مصیبت کا بیان۔ بین

پٹنا ہونا: [ار۔ محاورہ] فکر و تردد ہونا۔

پٹ جانا/پٹنا: [ار۔ مص] (۱) پوشش ہونا۔ چھایا جانا (۲) ادا ہو جانا۔ (۳) طے ہونا۔ قیمت چکنا (۴) بھرنا۔ اَٹنا (۵) آبپاشی ہونا (۶) کثرت ہونا۔ افراط ہونا۔

پٹنی: [ہ۔ اند] ملاح۔ مانجھی۔ کھویّا۔ بلی مار۔ کشتی ران۔

پٹو: [ہ۔ اند] ایک قسم کا اُونی کپڑا (۲) بارانی۔ برساتی

پٹو: [ہ۔ صف] مار کھا جانے والا۔ پٹ جانے والا۔ شکست کھانے والا ہار جانے یا ہار ماننے والا۔ بھاگ جانے والا۔

پٹوا: [ہ۔ اند] وہ شخص جو ہاروں میں ڈورے ڈالتا ہے۔ زری باف۔ ریشم کا کام کرنے والا۔

پٹوار: [ہ۔ امث] پٹواری کا کام (۲) پٹواری کا علاقہ۔

پٹواری: [ہ۔ اند] وہ عہدہ دار جو گاؤں کی زمین کی پیمائش کرے اور زمین اور مال گزاری کا حساب کتاب رکھے۔ محاسب دہ

پٹوانا: [ار۔ مص] (۱) پٹانا (۲) قرضہ چکانا (۳) وصول کرانا۔ بھُنانا۔

چھت ڈلوانا ۔ لکڑی کے تختے وغیرہ ڈلوانا (۴) معاملہ کرانا ۔ سودا کرانا۔
(۵) آبپاشی کرانا (۶) پُر کرانا ۔ بھروانا ۔ گڑھوں میں مٹی ڈلوانا۔

پِٹوانا: [ا ۔ مصدر] پیٹنا کا متعدی اور مار کھوانا (۲) رُلوانا ۔ چھکوانا ۔ چڑوانا
ستانا ۔ تنگ کرانا (۳) ماتم کرانا

پَٹوتَن: [ھ ۔ امث] وہ تختے جو چھت پر ڈالے جاتے ہیں ۔

پِٹورَر: [ھ ۔ امث] ماتم ۔ کہرام ۔

پَٹولا: [ھ ۔ اند] ریشم کا کپڑا ۔

پَٹولی: [ھ ۔ امث] دیکھئے "پٹوا"

پَٹوَن میں چھپنا / گھُسنا: [ا ۔ محاورہ] رگ و پے میں سرایت کرنا (۲)
دل میں گھر کر لینا ۔ ہمراز بننا ۔

پَٹونی: [ھ ۔ اند] دیکھئے "پٹنی"

پَٹّہ: [ھ ۔ اند] دیکھئے "پٹا" جو صحیح ہے ۔

پَٹھ: [ھ ۔ امث] بکری کا مادہ بچہ ۔ وہ بکری جو بیا ئی نہ ہو (۲) جوان مُرغی ۔

پُٹھ: [ھ ۔ امث] سرین کا گوشت ۔ گائے بکری کی مردانے حصے کا گوشت ۔

پُٹھا: [ھ ۔ اند] جانور کا چوتڑ ۔ چوپائے کی دُم کی جگہ ۔ خاص طور پر گھوڑے
کا چوتڑوں کے اوپر والا حصہ ۔

پَٹّھا: [ھ ۔ اند] وہ باریک ریشہ دار سفید ڈورا جس کے وسیلے سے بدن کے
اعضا سکڑتے ۔ پھیلتے اور کھنچتے ہیں (۲) نوعمر ۔ نوخیز ۔ نوجوان (۳)
پہلوانوں کی اصطلاح میں شاگرد (۴) حیوان یا انسان کا جوان بچہ (۵)
بچہ مرغ (۶) بچہ کبوتر (۷) بچہ بوم (۸) چوڑا لمبا پتّا (۹) کھانے
کے تمباکو کا خشک پتّا (۱۰) وہ موٹا کاغذ جو کتاب کی حفاظت کے لئے
چڑھا دیتے ہیں (۱۱) اطلس یا ساٹن لیث کی چوڑی گوٹ ، گوکھرو جو
گھوکھرو کی توئی سے بنا کر دوپٹا یا کسنی پر ٹانک لیتی ہیں (۱۲) ایک قسم
کا زرباف جس کو عورتیں دوپٹوں پر گرداگرد لگاتی ہیں (۱۳) گھوڑے
کا جوان بچہ ۔ کالے سانپ کا جوان بچہ (۱۴) گھاس کا پتّا ۔ پیاز کا پوست
جس کو زبان پر رکھ کر پرندوں کی آواز نکالتے ہیں (۱۵) تلوار کا پھل
(۱۶) وہ چوڑی چوڑی جو چوڑیوں کے درمیان عورتیں پہنتی ہیں (۱۷)
کیلے کا پتا جس کو منہ میں رکھ کر بجاتے ہیں ۔ (۱۸) سر کے بال جو اِدھر
اُدھر چھوٹے رہتے ہیں (۱۹) قاش ۔ شاخ ۔

پَٹھان: [ھ ۔ اند] ایک قوم جو ہندوستان / پاکستان کے شمالی مغربی پہاڑوں
میں آباد ہے (۲) افغان ۔ مسلمانوں کی چار بڑی ذاتوں میں سے ایک
ذات (۳) مجازاً ۔ سپاہی ۔ جنگی ملازم (۴) (صف) جنگ جُو ۔
خونخوار سفاک ۔

پٹھان کا پُوت گھڑی میں اولیا ، گھڑی میں بھُوت: [ا ۔ مثل] پٹھان
بہت متلون مزاج ہوتے ہیں ۔ ان کا کچھ اعتبار نہیں ۔ ذرا سی بات میں ناراض
اور ذرا سی بات میں خوش ہو جاتے ہیں (۲) متلون مزاج ۔ صفت مزاج
کا آدمی ۔

پٹھان لڑائی ماریں ۔ بہنیں ڈاڑھی پھٹکاریں: [ا ۔ مثل] مرد
عورت سب لڑاکے ہیں ۔ پٹھان میدان جنگ میں لڑتے ہیں اور ان
کی مستورات ان کو لڑائی پر ابھارتی ، شاباش دیتی ہیں اور لڑنے کیلئے
اُکساتی ہیں ۔

پَٹھانا: [ھ ۔ مص] روانہ کرنا ۔ ارسال کرنا ۔ بھیجنا ۔

پَٹھانی: [ھ ۔ امث] دیکھئے "پٹھان" جس کی یہ تانیث ہے ۔

پِٹھ مَلّا: [ھ ۔ اند] چُغے یا اچکن وغیرہ کا وہ حصہ جو پیٹھ کو چھپاتا ہے ۔

پِٹھّو: [ہ ۔ صف] مددگار ۔ معاون (۲) ہر وقت ساتھ رہنے والا پیچھے پیچھے
پھرنے والا (۳) ایک فرضی آدمی جس کو بچے کھیلتے وقت اپنے پیٹ
میں فرض کر لیتے ہیں ۔ مثلاً ایک طرف کے گروہ میں چار لڑکے ہوں اور
دوسری طرف تین تو تین والی طرف کے لڑکوں میں سے ایک لڑکا اپنے
پیٹ میں پٹھو فرض کر کے اپنی طرف چار ٹھہرائے گا ۔ اپنی باری کے بعد
اس پٹھو کے عوض باری لے گا ۔

پُٹھوال: [ھ ۔ اند] وہ دلیر اور مضبوط شخص جو نقب زنوں کے پیچھے اور ان کی مدد
کے لئے نقب کے مُنہ پر کھڑا رہتا ہے ۔ چوروں کا محافظ (۲) رفیق
ساتھی ۔ مددگار ۔ ممد ۔ طرفدار ۔ شریک ۔

پَٹھور: [ھ ۔ اند] ہر قسم کے جانوروں کا اور پرندوں کا نوجوان بچہ ۔

پَٹھورا: [ھ ۔ اند] جانوروں اور پرندوں کا نوجوان بچہ ۔

پَٹھوری: [ھ ۔ امث] دیکھئے "پٹھورا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

پِٹھّی / پِیٹھی: [ھ ۔ امث] پسی ہوئی دال جس کو پہلے پانی میں بھگو کر نرم ہو
جانے پر پیسا جاتا ہے ۔ اس سے پھلکے ، پوریاں اور بڑیاں وغیرہ بنتی ہیں ۔

پَٹّھے: [ھ ۔ اند] دیکھئے "پٹّھا" جس کی یہ جمع ہے ۔

پَٹھیا: [ھ ۔ اند] بکری ۔ گائے ۔ مُرغی وغیرہ کا نوجوان مادہ بچہ ۔ (۲)
نوجوان لڑکی ۔

پَٹّی: [ھ ۔ امث] (۱) حصہ ۔ ٹکڑا (۲) گاؤں کا چھوٹا حصہ (پتّی) (۳)
کاغذ یا کپڑے کی چوڑی لمبی ، دھجی (۴) ایک قسم کی دستار کی بندش (۵)
ایک قسم کی مٹھائی کی قلیں ۔ گزک کی لمبی چپٹی ۔ چوکور قاشیں (۶) پلنگ
کا بازو ۔ چارپائی کے پہلو کی لکڑی (۷) تیل ۔ گوند اور پانی کے ذریعے
جو بالوں کی تہ ماتھے پر جمائی جاتی ہے (۸) تختی ۔ لوح (۹) گھوڑے
کی لمبی اور سیدھی دوڑ (۱۰) سبق ۔ فریب ۔ ترغیب (۱۱) کاغذ کی وہ
رنگین دھجی جو کنکوے میں آڑی ڈال دیتے ہیں (۱۲) کپڑے کی لمبی دھجی
جس کو زخموں پر باندھتے ہیں (۱۳) کنکوے کی ڈور لپیٹنے کا خاص طریقہ ۔
(۱۴) وہ کپڑا جو زچہ اور بچہ کے سر سے بعد وضع حمل چند روز تک باندھتے
ہیں ۔ سربند (۱۵) نواڑ کی دھجی (۱۶) ٹاٹ کا لمبا ٹکڑا (۱۷) گوٹ
(۱۸) حاشیہ ۔ کنارہ (۱۹) بہکاوا ۔ چغلی ۔ غیبت (۲۰) ایک ٹھنڈی
نواڑ یا چوڑا اور لمبا کپڑے کا ٹکڑا یا گرم اونی کپڑے کا ٹکڑا جس کو
ملازمان فوج و پولیس وردی کے ساتھ اپنی پنڈلیوں کو لپیٹتے ہیں (۲۱)
کپڑے کی ایک رنگین چوڑی دھجی جس میں دھات کا ٹکڑا لگا ہوتا ہے
جس کو عموماً چپراسی اور بیرے پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں (۲۲) بانس
یا لکڑی کا پتلا اور لمبا ٹکڑا (۲۳) لکڑی کا تختہ جس پر بڑھئی دوسری
لکڑی رکھ کر چھیلتے ہیں (۲۴) پان کا کٹا ہوا پتا (۲۵) تحریری حکم یا
فرمان (۲۶) چندے کی فہرست (۲۷) پہاڑ سے ایک طرف نکلی ہوئی
چھوٹی پہاڑی (۲۸) تماشا گاہ کا پردہ ۔

پَٹّی باندھنا: [ار۔مص] کپڑے کا لمبا ٹکڑا باندھنا (۲) ضرب پر کپڑا لپیٹنا۔ سر یا ماتھے میں درد کے وقت سر اور ماتھے پر کپڑا باندھنا۔

پَٹّی بَنانا: [ار۔محاورہ] پانی یا تیل سے بالوں کی تہ ماتھے پر جمانا۔

پَٹّی پَرا: [ار۔صف] وہ کبوتر جس کے اڑنے کے پر گر گئے ہوں۔

پَٹّی پڑھانا: [ار۔محاورہ] بہکانا۔ ورغلانا

پَٹّی پڑھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پٹّی پڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پَٹّی پکڑ کے چلنا / ہلتے رہنا: [ار۔محاورہ] سخت کمزوری کو ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

پَٹّی تلے کا: [ار۔صف] (۱) کم رُتبہ۔ حقیر۔ ذلیل۔ بے وقعت (۲) نہایت مقرب۔ سب سے زیادہ پیارا۔

پَٹّی جمانا: [ار۔محاورہ] تیل یا پانی سے بالوں کو ماتھے پر جمانا۔

پَٹّی چڑھنا: [ار۔محاورہ] زخم یا ضرب پر کپڑا لپیٹا جانا۔

پَٹّی دار: [ھ ف صف] گاؤں کا شریک۔ زمینداری کا حصّہ دار (۲) وہ پلنگ جس میں آڑی دھجیاں ہوتی ہیں۔

پَٹّی دار گولا: [ھ۔اند] وہ گولا جو پتنگ کی ڈور کو خاص طریقہ پر لپیٹنے سے بنتا ہے۔

پَٹّی داری: [ھ۔امث] گاؤں کے حصّے کی ملکیت۔ پتی داری۔ حصہ داری۔ ٹھوک داری

پَٹّی داری مطلق: [ھ۔امث] بھیا چارہ۔ شاملاتی۔

پَٹّی داری نامکمل: [ھ۔امث] وہ پٹّی داری جس میں کچھ زمین بٹی ہوئی ہو اور کچھ مشترکہ ہو۔

پَٹّی دینا: [ار۔محاورہ] (۱) دھوکا دینا۔ بہکانا (۲) گھوڑے کو لمبا اور سیدھا دوڑانا۔

پٹّی سے پٹّی ملا کے کھاٹ بچھانا: [ار۔محاورہ] دو چارپائیاں بالکل ساتھ ملا کے بچھانا جیسے میاں بیوی بچھاتے ہیں۔

پَٹّی سے سر ٹیکنا: [ار۔محاورہ] سخت غمگین ہونا۔

پَٹّی سے سر ٹکرانا: [ار۔محاورہ] غم و غصّے سے سر پٹّی پر دے دے مارنا۔

پَٹّی سے لگ کر رونا: [ار۔محاورہ] پلنگ کی پٹّی کے پاس بیٹھ کر رونا۔

پَٹّی نکالنا: [ار۔محاورہ] سر کے بالوں کو سر کے دونوں طرف بٹھانا (۲) عورتوں کے سر کے بالوں کی ایک خاص طرح سے آرائش کرنا۔

پَٹّی وار: [ھ۔ف۔صف] پتی دار۔ حصہ وار۔ حصّے کے مطابق۔

پَٹّے: [ھ۔اند] سر کے خم کھاتے ہوئے بال۔

پَٹّے چھوڑنا: [ار۔محاورہ] سر کے بالوں کو بڑھنے دینا۔ سر کے بالوں کو کانوں کے اُوپر چھوڑنا۔

پٹّے چُھٹنا / چھوٹنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پٹّے چھوڑنا" جس کا یہ لازم ہے

پٹّے باز / پٹّا باز: [ھ۔ف۔صف] پٹّا کھیلنے والا۔ لکڑی کھیلنے والا۔

پٹّے بازی: [ف۔امث] پٹّے کا کھیل۔ لکڑی کا کھیل۔

پٹّے کے ہاتھ دکھانا / نکالنا: [ار۔محاورہ] (۱) ہاتھوں کو اس طرح حرکت دینا جس طرح پٹّے میں دیتے ہیں (۲) جھوٹی دھمکی دینا۔ نمائشی دھاک بٹھانا۔

پُٹّیا: [ھ۔امث] لکھنے کی تختی چھوٹی چٹان۔ سِل۔ سلیٹ۔

پٹّیاں: [ھ۔امث] پٹّی کی جمع۔ چارپائی کے وہ ڈنڈے جو طول کی طرف ہوتے ہیں (۲) عورتوں کے سر کے دونوں طرف کے بال۔

پٹّیاں باندھنا: [ار۔محاورہ] ٹانگوں پر پٹّیاں لپیٹنا۔

پٹّیاں جمانا: [ار۔محاورہ] عورتوں کا ماتھے پر سر کے بالوں کو گوند یا تیل وغیرہ کی مدد سے تہ بٹھانا۔

پٹّیاں جمنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پٹّیاں جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پٹّیوں میں آنا: [ار۔محاورہ] بہکاوے میں آنا۔ فریب میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔

پَٹَیت / پٹَیت: [ھ۔اند۔صف] پٹّے باز۔ گدکا کھیلنے والا (۲) وہ کبوتر جو بالکل سرخ یا زرد یا کالا یا پیلا ہو اور گلے میں سفید طوق ہو (۳) بے وقوف۔ گنوار۔

پَٹَیتی: [ھ۔امث] پٹّے کے فن میں مہارت (۲) دشمنی۔ وہ عداوت جو پڑوس میں رہنے کی وجہ سے ہو۔

پٹیر / پٹیرا: [ھ۔اند] ایک قسم کی لمبی گھاس جو ناقبوں کو چارے کے طور پر دی جاتی ہے اور اس سے گتّا بھی بنایا جاتا ہے۔ چٹائیاں اور صفیں بنتی ہیں جس کو پنجابی میں ایرا بولتے ہیں (۲) بانس کا بنا ہوا کاغذ (۳) سرکنڈا (۴) ایک قسم کا پودا۔

پَٹیل: [ھ۔اند] پٹّے بازی۔ حکومت۔ بادشاہت (۲) گاؤں کا سردار۔ مقدم چودھری (۳) کسی قوم کا چودھری یا فرد (۵) مرہٹوں کا ایک لقب۔

پِٹیل: [ھ۔اند] مار کھانے والا۔ دبیل۔ کمزور دل کا۔

پَٹیل ڈالنا: [ار۔محاورہ] گرا دینا۔ ہرا دینا۔ مغلوب کرنا۔ بھگانا۔ مارنا۔ زدو کوب کرنا (۲) کم قیمت پر بیچنا۔ بیچ دینا (۳) روکنا روڑا اٹکانا (۴) دخل در معقولات کرنا۔ دخل دینا (۵) کمانا۔ نفع اٹھانا (۶) حاصل کرنا۔ زبردستی لینا (۷) دھوکا دینا فریب دینا۔

پَٹیلا: [ھ۔اند] وہ لمبا تختہ جس سے زمین ہموار کرتے ہیں۔ سُہاگا۔

پٹیلنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پٹیل ڈالنا"

پَٹیلُوں: [ار۔اصوت] تیتر کی آواز

پَٹیلی / پٹیلی: [ھ۔اند] ایک قسم کی چھوٹی اور چوڑے پیندے کی کشتی۔

پُٹیما: [ھ۔اند] لکڑی کا ایک تختہ جس پر کپڑا چھاپنے کے لیے بچھایا جاتا ہے۔

پُٹین: [ار۔امث] (۱) کھڑیا مٹی میں تیل کا مَیل ڈال کر گھولا جاتا ہے جس سے لکڑی کی درزوں یا سوراخوں کو بھر کر رنگ روغن وارنش وغیرہ کرتے ہیں اور شیشوں کھڑکیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں (۲) ایک قسم کی فرنی یا حلوے کی قسم کا میٹھا کھانا جو کھانے کے بعد کھاتے ہیں (اصل پڈنگ) انگریزی PUDDING کا بگاڑ۔

پٹیئیت (پَٹ یَیت): [ہ۔اند] دشمن۔ عدو۔

پ - ج

پَنج: [ار فعل] پجنا مصدر کا صیغہ امر۔
پَنجا: [ھ۔ صف] بھرا۔ آباد
پَنجاپا: [ھ۔ اند] پوجنے / پوجا پاٹ کا سامان (۲) چڑھاوے کا سامان (۳) جھگڑا۔ بکھیڑا
پَنجاپا پھیلانا: [ا۔ محاورہ] بے ترتیبی سے چیزیں پھیلانا۔ دُکان سی لگانا (۲) بکھیڑا پھیلانا۔ جھگڑا پھیلانا۔
پُنجاری: [ھ۔ صف] پوجا کرانے والا (۲) پوجا کرنے والا (۳) چڑھاوا لینے والا۔ مہی ور۔ برہمن جو مندر میں رہے۔
پَنجانا: [ار۔ مص] بھرنا۔ پورا کرنا۔ تکمیل کرنا۔
پَنجاوا: [ھ۔ اند] دیکھئے "پنجاپا"
پَنجاوا: [ھ۔ اند] اینٹیں لگانے کی جگہ۔ اینٹوں کی بھٹی۔ "پزاوے" کا بگاڑ۔
پُنجنا: [ھ۔ مص] پُوجا جانا۔ پرستش ہونا۔ عزت کیا جانا۔ مانا جانا
پُنجوانا: [ھ۔ مص] دیکھئے "پوجنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
پَنجا: [ھ۔ صف] بھرا ہونا۔ آباد۔
پَجَر: [ھ۔ صف] موٹا۔ فربہ
پجرنا / پجلنا: [ھ۔ مص] جلنا۔ آگ لگنا۔ شعلہ زن ہونا۔ راکھ ہو جانا۔ (۲) غصہ ہونا۔ ناراض ہونا (۳) بخار سے بدن جلنا۔
پجوڑا: [ھ۔ صف] پاجی کی تفضیل نہایت کمینہ۔ نہایت ذلیل۔ ارذل۔
پجوڑی: [ھ۔ صف] دیکھئے "پجوڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پ - چ

پَچ: [ھ۔ فعل] پچنا مصدر کا صیغہ امر
پَچ۲: [ھ۔ امث] طرفداری۔ پاس۔ ہٹ۔ ضد۔ تعصب۔ حمایت رعایت۔ لحاظ (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
پچ آپڑنا: [ار۔ محاورہ] پاس ہونا۔ سخن پروری کرنا۔ لحاظ وغیرہ کرنا
پچ پر ہونا: [ار۔ محاورہ] طرفدار ہونا۔
پچ پڑنا: [ار۔ محاورہ] بات نبھانا۔ ضد ہونا
پچ لینا: [ار۔ محاورہ] حمایت کرنا۔ طرفداری کرنا۔
پچ مرنا: [ار محاورہ] نہایت کوشش کر کر کے تھک جانا۔ بہت محنت کرنا
پَچ: [ار۔ اعدد] پانچ کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے اور بطور سابقہ آتا ہے۔ مثلاً پچ لڑی۔
پچ پھلا / پھول رانی پتی ہے: [ار۔ مثل] بہت نازک بنی ہے۔ نزاکت پر مغرور ہے۔
پچ پکوانی: [ھ۔ امث] پانچ مٹھائیاں جو ہندو لوگ تقریبات میں دعوتوں کے موقع پر دیتے ہیں
پچدرہ: [ھ۔ اند صف] وہ مکان جس کے پانچ دروازے ہوں۔
پچ دھات / رس: [ھ۔ صف] ایک مرکب دھات جس کے گھنٹے بنتے ہیں۔

پچ رنگ / رنگا: [ھ۔ صف] پانچ رنگ کا
پچکلیان: [ھ۔ صف] وہ جانور جس کے چاروں ہاتھ پاؤں اور ماتھا سفید ہوں، خصوصاً گھوڑا۔ (۲) دوغلا
پچ کھن / کھنا: [ھ۔ صف] پانچ حصوں والا مکان۔ پانچ چھت کا مکان۔ پانچ کمرے ایک قطار میں۔ ایک ہی کمرے کی چھت کے پانچ حصے جو چار شہتیر ڈالنے سے وقوع میں آتے ہیں۔
پچ کھونٹ / پچ گوشہ / پچ پہلو: [ھ۔ صف] مخمس وہ شکل جس کے پانچ پہلو ہوں۔
پچ گٹیا: [ھ۔ صف] ایک کھیل جو پانچ کنکروں سے کھیلا جاتا ہے۔
پچ گنا: [ھ۔ صف] پانچ سے ضرب دیا ہوا۔
پچ لڑا: [ھ۔ اند] پانچ لڑیوں کا ہار۔ پانچ لڑی کا
پچ لڑی: [ھ۔ امث] دیکھئے "پچلڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔
پچ نون: [ھ۔ صف] پانچ نمک
پچ لونا: [ھ۔ صف] وہ چورن جس میں پانچ (پانچوں) نمک استعمال کئے گئے ہوں یا شامل کئے گئے ہوں۔
پچ محلا: [ھ۔ صف] پانچ چھتوں یا کمروں والا (۲) پانچ چھت کا مکان
پچ منزلہ [ھ۔ صف] پانچ منزل کا مکان
پچ میل: [ھ۔ صف] پانچ چیزوں سے مرکب۔ ملا ہوا۔
پچوترا: [ھ۔ صف] پانچ فیصدی جو مال تجارت سے نکالا جائے (۲) نمبرداروں کی فیس جو وہ مالگزاری وصول کر کے داخل خزانہ سرکار کرنے کے بعد حاصل کرتے ہیں
پچ ہتھا: [ھ۔ صف] پانچ ہاتھ کے برابر لمبے قد والا (۲) بہت لمبا۔ بڑے قد کا۔
پچا بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] غصب کرنا۔ ہضم کرنا۔
پُچارا: [ھ۔ اند] (۱) دم۔ دھوکا۔ فریب (۲) کوچی۔ پوتنے کا برش (۳) چونا یا کسی رنگ والی چیز کی پتلی تہ۔ سفیدی۔ کہگل (۴) ہلکی رنگت۔
پُچارا پھیرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سفیدی کرنا۔ کوچی پھیرنا۔ ہلکا رنگ کرنا (۲) کپڑے کے ذریعہ رنگ دینا یا سفیدی کرنا (۳) ترغیب دینا۔ بہکانا۔ اُکسانا (۴) دم دلاسا دینا
پُچارا دینا: [ار۔ محاورہ] خوشامد کرنا روغن قاز ملنا (۲) رنگ یا روغن پھیرنا۔ (۳) دم دینا۔ دھوکا دینا (۴) چونا یا کسی اور رنگ والی چیز کی پتلی تہ دینا۔
پچارے میں آنا: [ار۔ محاورہ] فریب میں آنا۔
پچاس: [ار۔ اعدد] چالیس اور دس اُنچاس اور ایک (۵۰)
پچاسا: [ار۔ اند] پچاس کی تعداد۔ پچاس روپے کا وزن۔ پچاس تولے کے اندازے کی ترازو۔
پچاسواں: [اعدد۔ ترتیبی] ترتیب میں اُنچاس کے بعد کا درجہ (۲) کسی چیز یا عدد کا ۱/۵۰ حصہ۔
پچاسوں: [عدد استغراقی] کثرت سے۔ بڑی کثرت (۲) پچاس کے پچاس جو پچاس تھے وہ سب کے سب۔
پچاسی: [ار۔ اعدد] اَسّی اور پانچ۔ (۸۵)

پچانا: [ار۔ معص] (۱) ہضم کرنا (۲) کسی کا مال مار لینا (۳) گلانا (۴) گوارا کرنا۔ برداشت کرنا۔
پچانوے: [ار۔ عدد] نوّے اور پانچ۔ پانچ کم سو (۹۵)
پچاؤ: [ار۔ اند] (۱) ہضم۔ قوت ہاضمہ (۲) برداشت۔ بُردباری۔ سہار۔
پچ پچ: [ہ۔ اصوت] کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز (افعال: کرنا۔ ہونا)
پچ پچ: [ھ۔ اصوت] پان کی پیک تھوکنے کی آواز (افعال: کرنا اور ہونا)
پچ پچ: [ھ۔ اصوت] پیار کرنے اور چمکارنے کی آواز (افعال: کرنا اور ہونا)
پچپچا: [ھ۔ صف] (۱) رطوبت سے بھرا ہوا (۲) ادھ پکا کھانا جس میں پانی اور رطوبت جذب نہ ہوئی ہو۔
پچپچانا: [ار۔ معص] رطوبت سے بھرا ہونا۔
پچپچاہٹ: [ھ۔ امث] پچپچانے کی کیفیت یا حالت
پچپن: [ار۔ اعدد] پچاس اور پانچ۔ پانچ کم ساٹھ۔ (۵۵)
پچتانا: [ار۔ معص] دیکھئے "پچھتانا" جو زیادہ مستعمل ہے۔
پچتاوا: [ار۔ اند] دیکھئے "پچھتاوا" جو زیادہ مستعمل ہے۔
پچکنا: [ار۔ معل] (دھلی)۔ دیکھئے "پچکنا" جو زیادہ مستعمل ہے۔
پچّر: [ھ۔ امث] (۱) میخ۔ کھونٹی۔ لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جو کسی درز میں رکھا جاتے (۲) روک۔ مزاحمت۔
پچّر اڑانا: [ار۔ محاورہ] (۱) لکڑی یا تختہ کی درز میں لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا رکھنا (۲) کنایتہً مزاحمت کرنا۔ مانع ہونا۔
پچّر پڑنا: [ار۔ محاورہ] ناگہانی مصیبت یا آفت آنا۔
پچّر ٹھکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پچّر ٹھوکنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پچّر ٹھونکنا: [ار۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا (۲) مزاحمت کرنا روک ٹوک کرنا۔
پچّر لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے کا درز میں رکھنا (۲) رخنہ اندازی کرنا۔ کسی کی طرف سے کسی کو اکھیڑنا۔
پچّر لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پچّر لگانا" جس کا یہ لازم
پچّر مارنا: [ار۔ محاورہ] رخنہ انداز ہونا (۲) مزاحم ہونا۔ مانع ہونا (۳) اشتعال دینا۔ اُکسانا (۴) دشمنی کرنا۔ عداوت کرنا (۵) تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔
پچر پچر: [ھ۔ امث] سیلن (۲) پیک تھوکنے کی آواز۔
پچک: [ھ۔ امث] مرغی کے انڈے کے نیچے کا حصہ۔
پچک: [ھ۔ ار۔ فعل] دیکھئے "پچکنا" جس کا یہ صیغہ امر ہے۔
پچک جانا: [ار۔ محاورہ] کسی صدمہ سے دھات کے برتن میں کمی آجانا یا گڑھا ہو جانا (۲) دب جانا۔ ڈر جانا۔ مغلوب ہو جانا۔ بھنچ جانا۔
پچکار: [ھ۔ اند] چُمکار۔ پیار۔ دلاسا۔
پچکارنا: [ار۔ معص] تھپکنا۔ چمکارنا۔ پیار کرنا۔ دلاسا دینا۔
پچکاری: [ھ۔ امث] پیار کی آواز۔ چمکارنے کی آواز۔
پچکاری: [ھ۔ امث] (۱) حقنہ (۲) وہ آلہ جس میں کسی رقیق چیز کو بھر کر ہوا کے دباؤ کے ساتھ پھینکا جاتے (۳) ٹین پیتل شیشے وغیرہ کا کھوکھلا نل جس میں باریک سوراخ کی ایک نلی لگی ہوتی ہے۔ نل میں رنگ بھرتے اور ایک سینچے سے جس کے ایک سرے پر لٹو اور دوسرے سرے پر کپڑے کا گٹکا لگا ہوتا ہے۔ دباتے ہیں تاکہ نل کے سوراخ سے باہر نکلے۔ (افعال: دینا۔ لینا۔ کرنا)
پچکاری چلنا: [ار۔ محاورہ] کسی رقیق چیز کی دھار کا زور کے ساتھ پچکاری سے نکلنا۔
پچکاری مارنا: [ار۔ محاورہ] مُنہ سے پان کی پیک دھار باندھ کر پھینکنا۔
پچکانا: [ار۔ معص] دھنسانا۔ دبانا۔ بھینچنا
پچکنا: [ار۔ معص] دبنا۔ دھنسنا۔ اندر بیٹھنا۔ سکڑنا (۲) چوٹ کھا کر برتن کا اندر دب جانا (۳) جھینپنا۔
پچل: [س۔ اند] (۱) روئی (۲) بحری کوّا۔
پچلانا: [ھ۔ معص۔ ق] کھسکا دینا۔ نقل کر دینا۔
پچ مرنا: [ار۔ محاورہ] کوشش کرتے کرتے تھک جانا۔ بہت محنت کرنا۔
پچنا: [ھ۔ معص] (۱) ہضم ہونا۔ گلنا۔ تحلیل ہونا (۲) بہت کوشش کرنا۔ محنت کرنا۔ تکلیف اٹھانا (۳) طرسانا۔ تھکنا (۴) سہار ہونا۔ برداشت ہونا۔ (۵) مال واپس نہ ہونا۔ کسی چیز کا اپنے پاس رہنا۔
پچپنا: [ھ۔ معص] دب جانا۔ کچل جانا۔ گِلا جانا۔
پچونی: [ھ۔ امث] (۱) معدہ (۲) معدہ کے اندر کی چیز (۳) کھانے کو پچانے کی جگہ۔
پچھ: [ھ۔ امث] دیکھئے "پچ"
پچھ: [ھ۔ صف] "پیچھا" کا مخفف جو مرکبات میں مستعمل ہے۔
پچھاڑ: [ھ۔ امث] (۱) پیٹھ کے بل زمین پر گرنا۔
پچھاڑ دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) گرا دینا۔ چت کر دینا (۲) ہرا دینا۔ مات کر دینا (۳) بیمار کر دینا مضمحل کر دینا (۴) مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔
پچھاڑ کھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پچھاڑیں کھانا"
پچھاڑنا: [ار۔ معص] (۱) پیٹھ کے بل گرانا (۲) چت کرنا۔ زمین پر گرانا۔ پٹکنا۔ کشتی جیتنا (۳) لٹانا۔ جانور کو ذبح کرنے کے لئے زمین پر لٹانا (۴) گرا دینا۔ (۵) مات کرنا۔ ہرانا۔ تھکانا۔ عاجز کرنا۔
پچھاڑی: [ھ۔ امث] اگاڑی کی ضد۔ وہ رسّی جو چوپایوں کے پچھلے پاؤں میں باندھتے ہیں۔ خاص طور پر گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں باندھنے کی رسی (۲) پیچھے۔ عقب میں۔
پچھاڑی باندھنا: [ار۔ محاورہ] گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں رسی باندھ کر کھونٹے سے باندھنا
پچھاڑی لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پچھاڑی باندھنا"
پچھاڑی مارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چوپائے کا پچھلی ٹانگیں مارنا (۲) فوج کے پچھلے حصہ پر حملہ کرنا۔
پچھاڑیں: [ھ۔ امث] دیکھئے "پچھاڑ" جس کی یہ جمع ہے۔
پچھاڑیں دینا: [ار۔ محاورہ] تڑپا تڑپا دینا۔ دکھ دے کر مارنا۔
پچھاڑیں کھانا: [ار۔ محاورہ] پیٹھ کے بل گر کر لوٹنا۔ بے تابی سے لوٹنا۔ پھڑنا۔ ضد سے لوٹنا۔ بے ہوش ہونا۔ غش کھانا۔ رنج و غم سے گر پڑنا۔ غم و غصہ یا تکلیف میں زمین پر گر کر لوٹنا۔
پچھان: [ھ۔ اند] پچھم۔ مغرب۔
پچھائیں: [ھ۔ صف] پچھم کا باشندہ
پچھاوا / پچھایا: [ھ۔ اند] انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے۔

پچپتا:[ھ۔صف] پچ ہتھا۔ قد آور۔ لمبا تڑنگا۔ پُورا جوان۔ پانچ ہاتھ کا۔
پچھتانا:[ار۔ مص] پشیمان ہونا۔ تاسف کرنا۔ بعد کو افسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا۔
پچھتاوٴ / پچھتاوا:[ار۔اند] پشیمانی۔ حسرت۔ افسوس۔ انفعال۔ ندامت (۲) غم۔ رنج
پچھتر:[ار۔ اعدد] ستر اور پانچ (۷۵)
پچھڑ جانا / پچھڑنا:[ار۔ مص] (۱) پیچھے رہ جانا (۲) سبق میں پیچھے رہ جانا۔
پچھڑنا:[ار۔مص] چت گرنا۔ چت ہونا (۲) ہار جانا۔ مات ہوجانا شکست کھانا (۳) کُشتی میں پیٹھ زمین سے لگ جانا (۴) بیمار ہونا۔ (۵) ناکامیاب ہونا۔
پچھل:[ھ۔صف] پچھلا۔ پیچھے کا۔
پچھل پائی:[ھ۔امث] (۱) چڑیل بُھتنی جس کے پاؤں کے پنجے پیچھے اور ایڑیاں آگے ہوں (۲) ڈائن۔ جادوگرنی (۳) عورت (تحقیراً کہتے ہیں) لوگوں کا خیال ہے کہ پچھل پائی کے پاؤں کے پنجے اُلٹے یعنی پیچھے اور ایڑیاں آگے ہوتی ہیں۔
پچھل پیری:[ھ امث] دیکھئے "پچھل پائی"
پچھلا:[ھ۔اند] لمبا کاغذ جو کنکوے کے ایک سرے پر باندھ دیتے ہیں۔ دُم گزا (۲) خوشامدی۔ ہر وقت پیچھے پھرنے والا۔
پچھلا:[ھ۔ امث] (۱) شوربہ (۲) چٹنی (۳) شیشم کا درخت (۴) سنبل کی روئی (۵) اروی (۶) ایک قسم کا ساگ۔
پچھلا:[ھ۔صف] پیچھے کا۔ آخر کا (۲) گزرا ہوا۔ گزشتہ (۳) سحری وہ کھانا جو رمضان میں آخر شب میں کھاتے ہیں (۴) آموختہ۔ پڑھا ہوا سبق۔ (۵) رات کا آخر حصہ۔
پچھلا پہر / پہرا:[ھ۔ اند] رات کا آخری حصہ۔
پچھلا کھانا:[ار۔اند] سحری۔ وہ کھانا جو ماہ رمضان میں رات کے پچھلے آخر حصہ میں کھایا جاتے۔
پچھ لگ / پچھ لگا:[ھ۔اند] (۱) پیرو۔ خدمت گار (۲) بیوی کا پہلے خاوند کا لڑکا۔
پچھ لگو:[ھ۔اند] طفیلی۔ مقلد۔ ساتھ ساتھ اور پیچھے پیچھے پھرنے والا۔
پچھلی:[ھ۔صف] دیکھئے "پچھلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
پچھلی باتوں کو تہ کر دینا:[ار۔محاورہ] رنجشوں کو بھول جانا۔ پرانی کدورت دور کر دینا
پچھلی پیٹھ:[ھ۔امث] کولہے کے اوپر کا گوشت (قصابوں کی اصطلاح)۔
پچھلی ٹکیا:[ھ۔امث] بچے ہوئے آٹے کی چھوٹی روٹی۔
پچھلی ٹکیا کھائے پچھل مت آئے:[ار۔مثل] عورتوں کا خیال ہے جو شخص اخیری روٹی کھاتا ہے اُسکی سمجھ اُلٹی ہو جاتی ہے، وہ بیوقوف ہوتا ہے
پچھلی رات:[ھ۔امث] آدھی رات کے بعد کا وقت۔
پچھل مت:[ھ۔امث] اُلٹی سمجھ۔ بے وقوفی۔ کم عقلی۔
پچھلے:[ار۔اند] بزرگ۔ آباؤ اجداد۔ ("پچھلا" کی جمع)
پچھلے پاؤں پھرنا:[ار۔محاورہ] اُلٹے پاؤں پھرنا۔ فوراً واپس ہو جانا۔

پچھلے پاؤں ہٹنا:[ار۔محاورہ] دیکھئے "پچھلے پاؤں پھرنا"
پچھلے پہرے / پہرا:[ار۔اند] دیکھئے "پچھلا پہر"
پچھلے درجے:[ار۔ اند] حد درجے۔
پچھلے درجے کا:[ار۔صف] حد درجے کا
پچھلے دن / دنوں:[ار۔متعلق فعل] گذشتہ زمانہ
پچھلے کو:[ار۔متعلق فعل] آخر شب رات کے آخری حصے میں۔
پچھم:[ھ۔اند] مغرب۔ سورج چھپنے کی سمت۔
پچھم جاؤ کہ دکھن وہی کرم کے لچھن:[ار۔مثل] قسمت ہر جگہ ساتھ ہے۔
پچھمی:[ھ۔صف] پچھم سے منسوب۔ مغربی۔ مغرب کا رہنے والا۔ مغربی ممالک کا باشندہ۔
پچھنا:[ھ۔اند] وہ اوزار جس سے بدن پر چرکے دے کر سینگی لگائی جاتی ہے۔ نشتر۔
پچھنا:[ھ۔مص] چرکے لگانا۔ گودنا۔ نشتر لگا کر خون نکالنا۔ سینگی لگانا۔
پچھنا:[ھ۔مص] دیکھئے "پوچھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پچھنی:[ھ۔ امث] چرکے دینے گودنے کا کام۔
پچھنے:[ھ۔اند] دیکھئے "پچھنا" جس کی یہ جمع ہے۔
پچھنے دینا:[ار۔محاورہ] سینگی لگانا۔ نشتر یا اُسترے سے چرکے دے کر خون نکالنا (۲) طعنے دینا۔ طعن و تشنیع کرنا۔
پچھنے لگانا:[ار۔محاورہ] دیکھئے "پچھنے دینا"
پچھنے لگنا:[ار۔محاورہ] دیکھئے "پچھنے لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پچھوا:[ھ۔امث] (۱) پچھم کی ہوا (۲) انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کی طرف مونڈھے کے نیچے اور پیچھے رہتا ہے
پچھوا چلے کھیتی پکے / پھلے:[ار۔مثل] پچھوا ہوا گرم ہوتی ہے اس کے چلنے سے فصل جلد پکتی ہے۔
پچھواڑ:[ھ۔امث] بارش جو ہوا کے زور سے مکان کے اندر آئے۔
پچھواڑ پڑنا:[ار۔محاورہ] (۱) بوچھاڑ پڑنا (۲) گالیاں ملنا۔ بُرا بھلا کہا جانا۔ (۳) بارش کا پانی اندر جانا۔
پچھواڑا:[ھ۔اند] مکان کے پیچھے کا حصہ (۲) پچھلا۔ عقب کا۔
پچھواڑی:[ھ۔امث] دیکھئے "پچھواڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔
پچھوانا:[ار۔مص] پوچھنا کا متعدی۔ کسی کے ذریعہ دریافت کرنا۔ معلوم کروانا
پچھوائی:[ھ۔امث] پچھوا ہوا۔
پچھوپا:[ھ۔اند] خاندان۔ گھرانا
پچھوپے کا اچھا:[ھ۔صف] خاندانی۔ اچھے گھرانے کا۔ اعلیٰ گھرانے کا فرد۔
پچھوت:[ھ۔امث] اخیر کی پیداوار۔ جو چیز یا فصل پیچھے بوئی جائے یا اخیر میں پیدا ہو۔
پچھورا:[ھ۔اند] چادر۔ دوپٹا یا دوسرا کپڑا جسے کبھی کمر سے باندھتے اور کبھی کندھوں پر ڈالتے ہیں۔
پچھوری:[ھ۔امث] چھوٹی چادر یا رومال جسے سر پر ڈالتے ہیں۔
پچھوڑ:[ھ۔امث] غلے کو صاف کرنے کا کام (۲) کوڑا کرکٹ جو غلے کو صاف کرنے پر نکلتا ہے۔
پچھوڑن:[ھ۔امث] دیکھئے "پچھوڑ"

پچھوڑنا: [ہ۔مص] غلہ صاف کرنا۔
پچھونڈ: [ہ۔اند] بوجھ جو پیٹھ پر اٹھایا جاتے یا پیٹھ پر باندھا جاتے۔
پچھونڈی: [ہ۔امث] پیٹھ پیچھے۔ یا کسی طرف پیٹھ کر کے بیٹھنا۔
پچھوتیا: [ہ۔اند] پوچھنے والا۔ دریافت کرنے والا۔ تفتیش کرنے والا۔
پچھی: [ہ۔اند] طرفدار۔ مددگار۔ شریک۔ رفیق۔ دوست (۲) مربی
پشت پناہ۔ سرپرست (۳) ایک پرندہ۔
پچھی: [ہ۔امث] لفظی معنی۔ فی پونچھ۔ مویشی پر ایک محصول (پونچھ سے)
پچھیا/پچھیاؤ: [ہ۔امث] پچھم کی ہوا۔ پچھوا ہوا۔
پچھیت: [ہ۔امث] مکان کے پچھلی طرف کی دیوار
پچھیت/پچھیتی: [ہ۔صف] آخری۔ پچھلا۔ پچھلی
پچھیتی کھیتی: [ہ۔امث] فصل جو دیر سے بوئی جاتے یا دیر میں پکے۔
پچی: [ہ۔صف] دبا ہوا۔ چوٹ سے چوڑا ہوا ہوا۔ کچلا ہوا۔ چبھتا ہوا۔
پھنسا ہوا۔ تھکا ہوا۔
پچی: [ہ۔صف] (۱) چپکا ہوا۔ چسپاں۔ چمٹا ہوا۔ سیا ہوا۔ ایک
جان (۲) مضبوط۔ پکا۔ پختہ (۳) ہم آواز سر سے سر ملا ہوا۔
(۴) (امث) جوڑ۔ پیوند۔
پچی کاری: [ار۔امث] مرصع سازی۔ جڑاؤ کام۔ جواہر اور رنگدار
پتھروں کا کام۔ پتھروں کو پتھروں میں جڑنا۔ پیوند لگانا۔ چونے اور اینٹ
کا مضبوط کام۔ چوپڑ کا فرش۔
پچی کاری کرنا: [ار۔مص۔مرکب] (۱) اینٹ اور چونے سے مضبوط کام
بنانا (۲) نقاشی کرنا۔ مرصع کام کرنا
پچی کرنا: [ار۔مص۔مرکب] پیوست کرنا۔ مضبوط کرنا۔ پھنسا دینا۔
پچی ہونا: [ار۔مص۔ضمنی] دیکھئے "پچی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پچیت: [ہ۔صف] (۱) کشتی لڑنے والا۔ داؤں پیچ کرنے والا (۲) فریبی
دغاباز (۳) ہنرمند۔ چالاک۔ ہوشیار۔
پچیتی: [ہ۔امث] داؤں پیچ کا فن۔ داؤں پیچ جاننا۔ چالاکی۔
پچیس: [ار۔اعدد] بیس اور پانچ (۲۵)
پچیسواں: [ار۔عدد ترتیبی] چوبیس کے بعد کا درجہ ترتیب میں (۲) ایک
کا پچیسواں حصہ۔
پچیسی (پچی سی) ایک کھیل جو کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔ بساط میں چار
ٹکڑے ہوتے ہیں اور ہر ایک میں پچیس۲۵ خانے ہوتے ہیں۔

پ - خ

پخ: [ف۔امث] (۱) بک بک۔ شور وغل (۲) روک۔ پابندی (۳) جھگڑا۔ دقت
فساد (۴) عیب اور نقص۔
پخ پڑنا: [ار۔محاورہ] مصیبت پڑنا۔ عذاب آنا۔
پخ پھیلانا: [ار۔محاورہ] (۱) فساد پھیلانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا (۲)
شور وغل کرنا۔
پخ کرنا: [ار۔محاورہ] جھگڑا کرنا۔ شور وغل کرنا (۲) واہیات بکنا۔

پخ لگانا: [ار۔محاورہ] شرط لگانا۔ قید لگانا (۲) کسی کام میں رکاوٹ
ڈالنا۔ روڑا اٹکانا (۳) جھگڑا پیچھے ڈالنا۔
پخ لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پخ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پخ نکالنا: [ار۔محاورہ] (۱) عیب نکالنا۔ نقص نکالنا (۲) اعتراض کرنا۔
جھگڑا ڈالنا۔
پخ نکلنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پخ نکالنا"
پخال: [ار۔امث] دیکھئے "پکھال" جو صحیح ہے۔
پخال پیٹیا: [ار۔صف] بڑے پیٹ والا۔ پخال جیسے پیٹ والا۔ بسیار خور۔
پخ پخ: [ار۔امث] پخ پخ۔ شور وغل۔ بکواس۔ بیہودہ گفتگو۔
پخ پخی پھیلانا: [ار۔محاورہ] جھگڑا فساد پیدا کرنا۔
پخ پخی چھوٹنا: [ار۔محاورہ] بکواس ہونا۔ زٹل لگنا۔ جھک ہونا۔
پخ پخی لگانا: [ار۔محاورہ] بے جا تکرار کرنا۔ جھگڑنا۔
پخ پخی لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پخ پخی لگانا"
پخت: [ف۔امث] پکنا۔ کھانا پکانے کا فعل/عمل (۲) کسی تقریب کیلئے
پکوایا ہوا کھانا۔ (پلاؤ وغیرہ)
پختری/پخترڑی: [ار۔مث] روٹیاں جو سالن کے اوپر رکھ کر کھانا لایا
جاتا ہے۔ وہ روٹیاں جو مامائیں یا ملازم اپنے بچوں کے واسطے امیروں کے گھر
سے چرا کر لے جاتے ہیں۔
پختریاں/پخترڑیاں: [ار۔امث] دیکھئے "پختری" جس کی یہ جمع ہے (۲)
مفت کی روٹیاں۔ بلا مشقت کی روٹیاں۔
پختگی: [ف۔امث] استحکام۔ مضبوطی۔ پکا پن (۲) بلوغ۔ جوانی (۳) پھل کا
پک جانا۔ کھانے کا پک جانا یا گل جانا (۴) تجربہ کاری۔
پختو: [ف۔امث] دیکھئے "پشتو"
پختون: [ف۔اند] پختو بولنے والا۔
پخت وپز: [ف۔امث] کھانا پکانا (۲) درشتگی۔ پختگی۔ ٹھیک ٹھاک (۳) صلاح
مشورہ۔ اقرار و مدار۔ وعدہ وعید۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
پختہ: [ف۔صف] خام کا متقابل/ضد۔ سخت۔ قوی (۲) پکا ہوا۔ بھنا ہوا۔
(۳) پکا۔ قوی۔ مضبوط۔ مستحکم۔ چونے کا پکا۔ پائیدار۔ (۴) کامل۔ پورا۔
مکمل (۵) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاندیدہ (۶) طے شدہ۔ فیصلہ شدہ (۷)
بوڑھا۔ پوری عمر کا (۸) ہوشیار۔ واقف۔ دانا۔
پختہ بات: [ف۔ار۔امث] طے شدہ امر۔ ٹھیک بات۔ فیصلہ شدہ (۲) پکا وعدہ
پختہ تعمیر: [ف۔امث] مضبوط تعمیر۔ پکا بنا ہوا۔ چونے اور سیمنٹ سے بنا ہوا مکان۔
پختہ خط: [کنع۔اند] وہ طرزِ تحریر جو مشق سے ایک مستقل صورت یا انداز
اختیار کر گیا ہو۔
پختہ رائے: [فع۔امث] مستقل رائے۔ پکی رائے۔ مضبوط رائے (۲) (صفت)
ہوشیار۔ دانا۔ عقلمند۔
پختہ کار: [ف۔اند۔صف] تجربہ کار۔ مشاق۔ ہوشیار۔ ماہر۔
پختہ کاری: [ف۔امث] دیکھئے "پختہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
پختہ کرنا: [ار۔مصدر مرکب] مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا۔ پائیدار کرنا۔ پکا کرنا۔
(۲) طے کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا۔ بات پکی کرنا (۳) واقف کرنا۔ تجربہ کار بنانا

(۴) مکمل کرنا۔ پورا کرنا (۵) کمی نکالنا۔ خامی دُور کرنا۔

پختہ مزاج: [فع ۔صف] مستقل مزاج۔

پختہ مزاجی: [فع ۔امث] دیکھئے " پختہ مزاج " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پختہ مغز: [فع ۔صف] عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔

پختہ مغزی: [فع ۔امث] دیکھئے " پختہ مغز " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پختہ ہونا: [ار۔محاورہ] (۱) پکنا (۲) بالغ ہونا۔ عمر رسیدہ ہونا (۳) ہوشیار ہونا۔ عقلمند ہونا (۴) پکا ہونا۔ فیصلہ ہونا (۵) منگنی ہونا۔

پخش: [ف ۔صف] روندا ہوا۔ دبایا ہوا۔ پھیلا ہوا۔ وسیع۔ نکلا ہوا۔

پخنا: [ار۔صف] کمینہ۔ جھگڑالو۔ بے ہودہ۔ یاوہ گو۔ رذیل۔ سفلہ۔

پخنی: [ار۔امث] دیکھئے " پخنا " جس کی یہ تانیث ہے۔

پخیا: [ار۔صف] جھگڑالو۔ فسادی (۲) بکواسی۔ بیہودہ گو (۳) بد تمیز۔ نامعقول۔ بد تہذیب۔

پ ۔ د

پد: [س ۔اند] (۱) پاؤں۔ پیر۔ قدم۔ چرن (۲) قول۔ فقرہ۔ شبد۔ بچن (۳) مقام۔ جگہ۔ استھان (۴) اشعار۔ نظم۔ کبت۔ گیت (۵) کھوج سراغ۔ نقش پا۔ (۶) درجہ۔ مرتبہ۔ رُتبہ (۷) چیز بست (۸) نعتیہ نظم۔ تعریف کے گیت۔ قصیدہ (۹) ضلع۔ ملک کا حصّہ (۱۰) نگہبانی حفاظت (۱۱) عہدہ۔ منصب (۱۲) (قانون) قانونی یا عدالتی کارروائی کا عنوان (۱۳) چوتھا حصّہ۔ پاد (۱۴) ویدوں کی تحریر کا ایک رسم الخط جس میں ہر ایک حرف علیحدہ علیحدہ لکھا جاتا ہے۔

پدّا: [ار۔ اند] ایک چھوٹی خوش آواز سیاہ رنگ کی چڑیا (۲) غلیل کا وہ حصّہ جس میں غُلہ رکھ کر پھینکتے ہیں۔ پھٹکنا۔

پدا: [ار۔صف] چھوٹا سا۔ حقیر۔ ناچیز۔ ضعیف۔ ادنےٰ۔ رذیل۔ ذلیل۔

پدارتھ: [س ۔ اند] (۱) لفظ یا فقرے کے معنی (۲) چیز۔ شئے مادہ۔ ہستی کی مادی شکل (۳) برکت۔ نیکی۔ اچھائی (۴) نادر شئے عجیب شئے۔ تحفہ شئے (۵) کھانے کی نفیس یا مزہ دار چیز (۶) (منطق) سات صورتوں یا حالتوں کی تفصیل۔

پدانا: [ہ ۔مص] کسی کو تھکانا۔ عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔ ہرانا۔ بھگانا

پدر: [ف ۔اند] باپ۔ والد۔ پتا

پدرانہ: [ف صف] باپ سے منسوب۔ باپ جیسا۔

پدر سوختہ: [ف صف] ایک گالی

پدر کش: [ف ۔اند] باپ کا قاتل۔

پدر کشی: [ف ۔اند] دیکھئے " پدر کش " جس کا یہ اسم کیفیت ہے (باپ کا قتل)

پدر مجازی / پدر خواندہ: [ف ۔ اند] منہ بولا باپ۔ کسی کو متبنّیٰ بنانے والا

پدرم سلطان بود: [ف ۔مثل] کوئی معمولی حیثیت کا آدمی اپنے باپ دادا کے متعلق شیخیاں مارتا ہو تو کہتے ہیں۔

پدر نتواند پسر تمام کند / پدر نہ کرد پسر تمام کرد: [ف مثل] طنز: کلام۔ باپ نے جو کام نہ کیا وہ بیٹے نے پورا کر دیا۔

پدرود: [ف ۔ اند] رخصت۔ اجازت (۲) الوداع۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی الوداعی سلام۔

پدری: [ف صف] (۱) پدر کا۔ باپ والا (۲) آبائی۔ موروثی

پدڑی: [ہ ۔امث] (۱) ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام (۲) پدّی (۳): صف، تھوڑی۔ ناچیز۔ بے حقیقت۔ کمزور۔

پدک: [س ۔ اند] (۱) قدم۔ گام (۲) حیثیت۔ درجہ۔ رُتبہ (۳) عہدہ۔ منصب (۴) گلے کا زیور (۵) چھاپ۔ مُہر (۶) کسی دھات کی چپٹی تھالی۔

پدک: [س ۔ح ف] پیدل سپاہی پیادہ۔ پیدل ہونا (۲) مسافر۔ راہرو (۳) پاؤں کی نوک۔

پدکڑ: [س ۔ اند] پدّو۔ پدوڑا۔ پادنے والا۔

پدم: [س ۔اند] (۱) کنول۔ نیلوفر (۲) گول چکر کا نشان جو آدمی کی انگلیوں پر ہوتا ہے (۳) ہاتھی کی کھال کے نشان (۴) علم ہندسہ میں سو نیل کا ایک پدم ہوتا ہے (۵) ایک خاص کھال یا مسّہ (۶) فوج جو کنول کی شکل میں صف آرا ہو۔ (۷) پوجا کے وقت ایک خاص نشست (۸) ایک سانپ کا نام (۹) ایک خوشبودار پودا (۱۰) گھوڑے کے اگلے پاؤں پر ایک خاص نشان جو بہت مبارک مانا جاتا ہے۔

پدم بھوشن: [ہ ۔اند] بھارت کا سب سے بڑا ادبی خطاب جو شمس العلماء کے برابر ہے۔

پدم شری: [ہ ۔ اند] بھارت کا ایک ادبی خطاب جو پدم بھوشن سے چھوٹا ہے۔

پدما: [س ۔ امث] (۱) لفظی معنی پدم کے رنگ کی (۲) لکشمی (۳) گردحل کی ایک قسم (۴) ایک قسم کی بیل (۵) مشرقی پاکستان کا ایک دریا۔

پدماٹ: [س ۔ اند] اننناس کی ایک قسم

پدماسن: [ہ ۔ اند] کنول کی شکل کا ایک درخت جس پر بتوں کو بٹھاتے ہیں (۲) دھیان لگانے کی ایک نشست (۳) ایک آسن (بیٹھنے کا طریقہ)

پدمنی: [ہ ۔امث] خوبصورت ترین عورت۔ عورت کی چار قسموں میں سے بہترین قسم۔

پدمنی چماروں میں ہوتی ہے: [ہ ۔مثل] بعض دفعہ چماروں میں بھی اعلیٰ ترین عورت پیدا ہو جاتی ہے۔ نااہلوں میں بھی اہل پیدا ہو جاتے ہیں۔

پدنا: [ار۔مص] تھکنا۔ عاجز ہونا۔ بے دم ہو جانا۔ بھاگ بھاگ کر تھک جانا (۲) پادنا۔

پدنا / پدّو / پدوڑا: [ار۔صف] پادنے والا۔ پادنے کا عادی (۲) بزدل۔ ڈرپوک۔

پدمنی: [ہ امث] بیسوا۔ رنڈی۔

پدوی: [ہ ۔امث] (۱) سڑک۔ راستہ۔ راہ (۲) جگہ۔ موقع۔ مقام (۳) درجہ حیثیت۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ حالت (۴) خطاب۔ لقب۔ کنیت۔ نام۔ تخلص۔

پدوی دینا: [ار۔مص مرکب] خطاب دینا۔ رُتبہ دینا۔

پدھارنا: [ہ ۔ مص] آنا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ تشریف لانا۔ درشن دینا (۲) جانا۔ سدھارنا۔ تشریف لے جانا (۳) براجنا۔ بیٹھنا۔ تشریف رکھنا۔

پدھان: [ہ ۔اند] دیکھئے " پردھان " جس کا یہ مخفف یا بگاڑ ہے۔

پدھت / پدھتی: [س ۔ امث] (۱) راستہ۔ سڑک۔ راہ (۲) قطار۔ صف۔

سلسلہ (۳) ایک قسم کی تحریر (۴) رسالہ۔ ہدایت نامہ۔ کسی خاص مضمون کی کتاب (۵) رسم۔ رواج (۶) خطاب۔ لقب۔ نام۔
پدھرنا: [ہ۔ مص] دیکھئے "پدھارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پدھی: [ہ۔ امث] چڈھی۔ کمر کی سواری۔
پدی: [ہ۔ امث] دیکھئے "پدّا نمبر ۱" جس کی یہ تانیث ہے۔
پدی: [س۔ امث] کشتیوں یا جہازوں کا وزن یا ناپ
پدے کی چوں چوں: [ار۔ اصوت] پدے کی بولی/آواز
پدے کی ضمانتی: [ار۔ امث] ناقابل اعتبار/نااہل آدمی کی ذمہ داری۔
پدید/پدیدار: [ف۔ صف] ظاہر۔ آشکار۔ کھلا۔ عام
پدیرم: [ہ۔ اند] دیکھئے "پردیپ"
پدینہ: [ف۔ اند] دیکھئے "پودینہ جو زیادہ صحیح اور مستعمل ہے۔

پ ۔ ڈ

پڈا: [ہ۔ اند] کھیت کی حد۔
پڈنگ: [انگ۔ امث] (PUDDING) ایک میٹھا کھانا۔ یہ دودھ انڈے اور کسی اور چیز سے بنتا ہے۔ اس کی سینکڑوں قسمیں ہیں (پڈنگ)

پ ۔ ذ

پذیر: [ف۔ لاحقہ] دیکھئے "پزیر" جو صحیح ہے۔ اور وہیں اس کے مرکبات بھی درج ہیں۔

پ ۔ ر

پر: [ار۔ حرف ربط] (۱) لیکن۔ تاہم۔ مگر۔ ورنہ۔ اوپر کا مخفف (۲) واسطے۔ لئے۔ وجہ سے (۳) باوجود۔ باوصف (۴) تک۔ تلک (۵) کے لئے (۶) بعد۔ پیچھے (۷) کیونکہ (۸) معاملے میں۔ بارے میں
پر: [ہ۔ حرف] پار کا مخفف۔ گذشتہ
پرسال: [ہ۔ اند] گذشتہ سال۔
پر کے موئے ساس آج کیوں آئے آنسو: [ہ۔ مثل] گزشتہ باتوں کا گلہ شکوہ کرنا۔ مصیبت گزر جانے کے بعد رنج و الم کرنا۔
پر: [ہ۔ صف] پرایا کا مخفف۔
پر آسا نت اوپاس: [ہ۔ مثل] جو دوسروں سے امید رکھے وہ ہمیشہ بھوکا رہتا ہے۔
پر کا دھن گوریا ماد: [ہ۔ مثل] دوسروں کا نقصان ہوتا ہے ہمیں کیا غرض ہے جو کسی کو روکیں۔
پر کو کنواں کھودے اور آپ ہی ڈوب ڈوب مرے: [ہ۔ مثل] غیر کی برائی چاہتے ہیں اپنا ہی نقصان ہوتا ہے۔
پر کی کھیتی پر کی گائے دوہا پائی جو بہرو دھن (مارن) جائے: [ہ۔ مثل] غیر کے کام میں دخل دینا حماقت ہے۔
پر گھر کو دیں موسل چند: [ہ۔ مثل] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو بن بلائے ہر کہیں چلا جاتے۔
پر گھر ناچیں تین جنے۔ کائستھ۔ بید۔ دلال: [ہ۔ مثل] یہ تینوں دوسروں کی خدمت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔
پر: [س۔ صف] (۱) دُور کا۔ بعید۔ دور دراز (۲) بیری۔ مخالف (۳) بقایا۔ بچا ہوا (۴) پرانا۔ قدیم (۵) مختلف اور دوسرا (۶) باہر کا۔ دوسری جگہ کا۔ (۷) دوسرا۔ مختلف (۸) بہت اچھا۔ اعلیٰ۔ افضل۔ بڑا۔ اونچا۔
پر اُپکار: [ہ۔ اند] نیکی۔ فیاضی۔ دوسروں کے ساتھ نیکی اور مہربانی۔
پر: [ف۔ اند] (۱) پنکھ (۲) پرندوں کے بدن پر اُگے ہوتے بال۔ پنکھ جیسے پر کے بازو (۳) مجازاً۔ قوت۔ طاقت۔ سہارا۔
پرافشاں: [ف۔ حرف۔ فاعل] پر جھاڑتا ہوا (۲) پرفشاں۔ مضطرب۔ بے تاب (۳) پھڑپھڑاتا ہوا۔ پر کھولتا ہوا۔
پرافشانی: [ف۔ امث] دیکھئے "پرافشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
پربال: [ف۔ اند] ایک بیماری جو آنکھوں سے متعلق ہے اس میں پلکوں کے اندر سے مڑے ہوئے بال نکل آتے ہیں جن کا خم اندر ہونے کی وجہ سے آنکھ کے ڈھیلے میں چبھتا رہتا ہے اور آنکھوں کو خراب کرتا ہے۔
پر باندھ دینا: [ار۔ محاورہ] پرندے کے پروں کو ڈوری سے باندھ دینا کہ اڑ نہ سکے (۲) عاجز کرنا۔ مجبور کرنا۔ بے بس کرنا (۳) طاقت گھٹانا۔ کمزور کرنا۔ (۴) مدد بند کرنا۔
پر باندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پر باندھ دینا"
پر بریدہ: [ف۔ صف] کٹے ہوئے پر کا۔
پر بستگی: [ف۔ امث] عاجزی۔ بے بسی۔ پر بندھا۔
پر بستہ: [ف۔ صف] پر بندھا ہوا۔ عاجز۔ بے بس۔
پر بند: [ف۔ صف] پربستہ۔ مقید
پر بند کرنا: [ار۔ محاورہ] پر باندھنا۔ مقید کرنا
پرپا: [ف۔ حرف] ایک قسم کا کبوتر یا مرغ جس کے پاؤں پر بال اُگے ہوتے ہوتے ہیں۔ پر موز/پاموز
پرپرزہ: [ف۔ اند] ساز و سامان۔ اپنے پیشے کے متعلق چیزیں۔
پر پرزوں سے درست ہونا: [ار۔ محاورہ] اسباب ضرورت ہمراہ ہونا۔ ساز و سامان موجود ہونا۔
پر پرزے جھاڑنا: [ار۔ محاورہ] تیار ہونا۔
پر پرزے جھڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پر پرزے جھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) سکت نہ ہونا۔ کمزور ہونا۔ قوت زائل ہو جانا۔
پر پرزے درست کرنا: [ار۔ محاورہ] تیاری کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا۔
پر پرزے نکالنا: [ار۔ محاورہ] ہوشیار ہونا۔ ہوش سنبھالنا۔ بالغ ہونا (۲) جوبن نکھارنا (۳) شرارت پر آمادہ ہونا۔
پر تولنا: [ار۔ محاورہ] پرندے کا اُڑنے پر آمادہ ہونا۔ پرندے کا اڑنے سے پہلے پروں کو اوپر نیچے لا کر اُڑنے پر آمادہ ہونا۔ (۲) آمادہ ہونا۔
پر ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] بازو کا شکستہ ہونا۔ پنکھ گرنا۔ بال و پر شکست ہونا۔

(۲) قوت کم ہونا ۔ زور گھٹنا (۳) مدد نہ پہنچنا ۔ سہارا نہ ملنا ۔ حمایتی کا مخالف سے سازش کر جانا ۔

پَر جَلنا: [ار ۔ محاورہ] طاقت نہ رہنا ۔ زور گھٹنا ۔ کس بل نہ رہنا ۔ خوف ہونا ۔ دشمن کے سامنے نہ جا سکنا ۔ ڈرنا ۔ دہشت کھانا ۔ مرعوب ہونا ۔ پہنچ نہ ہونا گذر نہ ہو سکنا ۔ دیکھ کر جلنا ۔

پَر جَمنا: [ار ۔ محاورہ] پرندوں کے پر پیدا ہونا (۲) غرور پیدا ہونا ۔ گھمنڈ ہونا ۔

پَر جوڑنا: [ار ۔ محاورہ] پرندوں کا اپنے پروں کو ملانا ۔ جو نیچے اترتے وقت ایسا کیا کرتے ہیں ۔

پَر جھاڑنا: [ار ۔ محاورہ] پرندوں کا سال کے بعد پرانے پروں کا گرانا ۔ کریز میں آنا (۲) پروں کو جھٹکنا ۔ پروں کو جھاڑنا ۔ پروں کو کھولنا ۔ پھڑ پھڑانا ۔ پرندے کا اڑنے کے لیے تیار ہونا (۳) کینچلی بدلنا ۔ پوشاک بدلنا ۔

پَر جھڑنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر جھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے

پَردار: [ف ۔ صف ۔ فاعلی] پرندہ ۔ اڑنے والا ۔ پروں والا ۔

پَر ریختہ: [ف ۔ صف] پر جلتا ہوا ۔ اُڑتا ہوا

پَر زَنی: [ف ۔ امث] پروں کو مارنا ۔ اُڑنا

پَر شِکَستہ: [ف ۔ صف] پر ٹوٹا ہوا (۲) مصیبت زدہ ۔ تکلیف میں ۔ (۳) بے کس ۔ بے یار و مددگار ۔

پَر قینچ: [ف ۔ صف] کٹے ہوتے پر کا ۔ پر بُریدہ ۔

پر قینچ کرنا: [ار ۔ محاورہ] پروں کو کاٹنا (۲) بے بس و بے کس کرنا ۔ مجبور کرنا ۔ عاجز کرنا ۔

پر کا تکیہ: [ار ۔ اند] وہ تکیہ جس میں روئی کی جگہ پر بھرے جاتے ہیں ۔

پر کاٹنا: [ار ۔ محاورہ] پر قینچی سے کتر دینا نیز دیکھئے "پر قینچ کرنا"

پر کا قلم: [ار ۔ اند] لکھنے کا قلم جو پر سے بنایا جاتا ہے ۔

پر کا کبوتر اڑانا: [ار ۔ محاورہ] لڑکوں کا ایک کھیل

پر کا کوا بنا دینا: [ار ۔ محاورہ] بات کا بتنگڑ بنا دینا ۔ بے حد مبالغہ کرنا ۔

پرکاہ: [ف ۔ اند] گھاس پھوس کا پتا ۔

پرکاہ: [ف ۔ صف] بہت ہلکا ۔

پر کترنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر قینچ کرنا"

پر کٹ: [ار ۔ صف] دیکھئے "پر قینچ"

پر کٹنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پر کی اڑانا: [ار ۔ محاورہ] جھوٹ بولنا ۔ گپ بازی کرنا ۔

پر کھانا: [ار ۔ محاورہ] داغ کھانا ۔

پر کھلا: [ار ۔ صف] وہ پرندہ جس کے پر نہ باندھے/کاٹے گئے ہوں ۔

پر کھل جانا: [ار ۔ محاورہ] بندھے ہوئے پروں کے ڈورے کاٹ دینا آزاد ہونا ۔

پر کھول دینا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر کھل جانا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

پر گرانا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر جھاڑنا"

پر گیری: [ف ۔ امث] تیر پر پر لگانا (۲) پر جو لگایا گیا ہو ۔

پر لگانا: [ار ۔ محاورہ] تیز رفتار کر دینا ۔ ترقی دینا ۔ رونق بڑھانا (۲) قدرت کا شانہ پر پر پیدا کر دینا (۳) شان و شوکت زیادہ کرنا ۔

پر لگا کے اڑ جانا: [ار ۔ محاورہ] تیزی سے اڑ جانا (۲) غائب ہو جانا (۳) خود بخود چلے جانا ۔

پَر لگ جانا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر لگانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پر لگ جائیں تو اڑ کر پہنچوں: [ار ۔ مثل] کہیں جانے کی بہت خواہش ہو تو کہتے ہیں ۔

پَر لگنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر لگانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پر لینا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر کترنا"

پر مارنا: [ار ۔ محاورہ] پرواز کرنا ۔ اڑنا (۲) پر سے ضرب لگانا (۳) ہاتھ پاؤں مارنا ۔ پھڑ پھڑانا (۴) کسی کام میں از حد کوشش کرنا ۔ بے تابی ظاہر کرنا ۔ محنت کرنا ۔

پر نہ ملنا: [ار ۔ محاورہ] مشابہت نہ ہونا ۔

پر نکالنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) نئے پر نکالنا (۲) لیاقت پیدا کرنا (۳) حیثیت سے بڑھ کر حوصلہ کرنا ۔ (۴) فتنہ اٹھانا ۔ شرارت پر آمادہ ہونا ۔ شرارت کرنا ۔ (۵) لطف پیدا کرنا ۔ عیاش ہو جانا ۔ مال و دولت خرچ کرنا ۔

پر نکلنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر نکالنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پر نہ مارنا: [ار ۔ محاورہ] پاس نہ پھٹکنا ۔ رسائی نہ ہونا ۔

پر و بال: [ف ۔ اند] (۱) پرندے کا پر (۲) طاقت ۔ قوت ۔

پر و بال نکالنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر نکالنا"

پر و بال نکلنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پر نکالنا"

پروں: [ار ۔ اند] پر کی جمع ۔ حروف مغیرہ سے پہلے ۔

پروں کو جھڑ جھڑانا: [ار ۔ محاورہ] پرندے کا پروں کو جلد جلد ہلا کر جھاڑنا

پُر: [س ۔ اند] شہر ۔ فصیل دار شہر ۔ قلعہ ۔ گاؤں ۔ کھیڑا ۔ کریا ۔ محلہ ۔ بستی ۔

پُر باسی: [ہ ۔ صف] شہری ۔ شہر کا رہنے والا ۔

پُر باسی: [ہ ۔ اند] رعایا ۔ شہری ۔

پُر: [ف ۔ صف] لبریز ۔ بھرا ہوا (۲) مکمل ۔ بھرپور ۔ بکثرت ۔ بافراط ۔ بہت (۳) کامل (۴) اردو میں گونج کی آواز کو کہتے ہیں ۔

پُر آب: [ف ۔ صف] پانی سے بھرا ہوا (۲) آنسوؤں سے بھرا ہوا ۔

پُر آبلہ: [ف ۔ صف] چھالوں سے بھرا ہوا ۔

پُر آرزو: [ف ۔ صف] خواہش مند ۔ آرزو رکھنے والا ۔

پُر آشوب: [ف ۔ صف] فتنہ انگیز ۔ فساد سے بھرا ہوا ۔

پُر ارمان: [ف ۔ صف] امیدوں سے بھرا ہوا ۔

پُر از اشتیاق: [ف ۔ صف] شوق سے بھرا ہوا ۔

پُر از دشمناں: [ف ۔ صف] دشمنوں سے بھرا ہوا ۔ جس کے بہت زیادہ دشمن ہوں

پُر از زر و جواہر: [ف ۔ صف] مال و دولت سے بھرا ہوا ۔ بے حد مال دار ۔

پُر از فتنہ و شر: [ف ۔ صف] شرارتوں اور فسادوں سے بھرا ہوا ۔ انتہائی شریر اور مفسد ۔

پُر اشک: [ف ۔ صف] آبدیدہ ۔ آنسوؤں سے پُر یا بھرا ہوا ۔

پُر افشاں: [ف ۔ صف] افشاں سے بھرا ہوا ۔

پُر الم: [ف ۔ صف] غمگین ۔ دردناک ۔

پُرباد: [ف ۔صف] (۱) ہوا سے بھرا ہوا۔ پھولا ہوا (۲) متورم (۳) مغرور ۔ متکبر
پُربار: [ف ۔صف] حاملہ ۔
پُر بجد ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت مستعد ہونا۔
پُربہار: [ف ۔صف] سرسبز پھولوں سے بھرا ہوا (افعال: کرنا اور ہونا)
پُرپیچ: [ف ۔صف] پیچ دار۔ ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔
پُرتاب: [ف ۔صف] روشنی، چمک اور نور سے بھرا ہوا ۔
پُرتکلف: [ف ۔صف] (۱) بہت آراستہ (۲) بڑی محنت اور اہتمام سے بنایا ہوا۔
پُرجاہ: [ف ۔صف] مرتبہ سے بھرا ہوا۔ بہت عالی مرتبہ ۔ عالی شان ۔ اونچا۔
پُرجفا: [ف ۔صف] ظالم جفاکار۔ سفاک ۔
پُرحذر: [ف ۔صف] محتاط ۔ چوکس ۔ دور اندیش۔
پُرحسرت: [ف ۔صف] حسرت سے بھرا ہوا ۔
پُرخار: [ف ۔صف] کانٹوں سے بھرا ہوا ۔ تکلیف دہ ۔
پُرخطر: [ف ۔صف] خطرناک ۔ خطروں سے بھرا ہوا۔
پُرخم: [ف ۔صف] ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔
پُرخمار: [ف ۔صف] نشہ سے بھرپور ۔ بے ہوش ۔ مدہوش ۔
پُرخون: [ف ۔صف] خون سے بھرا ہوا ۔
پُردرد: [ف ۔صف] درد سے بھرا ہوا ۔ غمناک ۔ دردناک ۔
پُردغا: [ف ۔صف] دغاباز ۔
پُردغل: [ف ۔صف] دغاباز ۔ دھوکے باز ۔ فریبی ۔
پُردل: [ف ۔صف] (۱) بہادر ۔ شجاع ۔ جری ۔ دلیر (۲) فیاض ۔ سخی (۳) ہوشیار (۴) ناراض ۔ رنجیدہ (۵) دلیر ۔ شجاع
پُردلی: [ف ۔ امث] (۱) بہادری ۔ دلیری ۔ شجاعت (۲) فیاضی ۔ سخاوت ۔ (۳) سمجھ ۔ عقل (۴) ناراضگی ۔ رنجیدگی ۔
پُرذائقہ: [ف ۔صف] مزہ دار ۔ خوش ذائقہ ۔ لذیذ ۔
پُررفعت: [ف ۔صف] بہت بلند ۔
پُرشرارت: [ف ۔صف] شرارت سے بھرپور ۔ بہت شرارتی ۔
پُرشعور: [ف ۔صف] عقلمند ۔ ہوشیار ۔
پُرشکوہ: [ف ۔صف] عظمت والا ۔ بڑائی والا ۔ عظیم الشان ۔
پُرشور: [ف ۔صف] شور و شر کرنے والا ۔ درشت مزاج ۔
پُرضرور: [ف ۔صف] انتہائی ضروری ۔
پُرغرور: [ف ۔صف] مغرور ۔
پُرغم: [ف ۔صف] غم سے بھرا ۔ غمگین ۔ اندوہناک ۔
پُرفتنہ و فساد: [ف ۔صف] فسادی ۔ جھگڑالو ۔
پُرفریب: [ف ۔صف] دغاباز ۔ دھوکے باز ۔
پُرفضا: [ف ۔صف] بارونق ۔ سرسبز (۲) وسیع ۔ کشادہ ۔
پُرفن: [ف ۔صف] چالاک ۔ ہوشیار ۔ جسے بہت سے فن آتے ہوں ۔
پُرقلم: [ف ۔صف] زرین قلم سے لکھا ہوا ۔
پُرکار: [ف ۔صف] (۱) دانا ۔ ہوشیار ۔ چالاک (۲) اچھا بنا ہوا ۔ (۳) موٹا ۔ دبیز (۴) مرصع ۔
پُرکاری: [ف ۔ امث] (۱) موٹاپن ۔ دبازت (۲) چالاکی ۔ ہوشیاری (۳) ہنرمندی

پُرکدورت: [ف ۔صف] کدورت سے بھرا ہوا ۔ جس کے دل میں ملال ہو ۔
پُرکین/کینہ: [ف ۔صف] کینہ ور ۔ دشمن ۔ بداندیش ۔
پُرگو: [ف ۔صف] بہت باتیں کرنے والا ۔ باتونی (۲) بہت شعر کہنے والا
پُرگوئی: [ف ۔ امث] بے حد باتیں ۔ بکواس ۔ زیادہ گوئی
پُرمتن: [ف ۔صف] جس کے کنارے پر بہت سا کام بنا ہوا ہو ۔ چادر یا دوشالہ
پُرمحن: [ف ۔صف] غمناک ۔ مغموم ۔
پُرمغز: [ف ۔صف] عمدہ ۔ مضمون سے بھرا ہوا ۔
پُرملال: [ف ۔صف] رنجیدہ ۔ رنج سے بھرا ہوا ۔
پُرنعمت: [ف ۔صف] نعمتوں سے بھرپور ۔ کثیر ۔ وافر ۔
پُرنقش و نگار: [ف ۔صف] بہت سجا ہوا ۔ جس پر بہت تصاویر اور نقش و نگار بنے ہوتے ہوں ۔
پُرنم: [ف ۔صف] تر ۔ گیلا ۔ آنسوؤں سے بھرا ہوا ۔
پُرنمود: [ف ۔صف] ظاہری نمائش والا ۔
پُرنوا: [ف ۔صف] لَے سے بھرا ہوا ۔ بہت اچھا گانے والا ۔ خوش الحان گویا ۔
پُرنور: [ف ۔صف] (۱) روشن ۔ چمکیلا (۲) صاحب کمال ۔ روشن رائے ۔ اہل بصیرت ۔ عموماً (حضورؐ کے ساتھ)
پُرہنر: [ف ۔صف] کاریگر ۔ لائق ۔
پُرہول: [ف ۔صف] ڈر سے بھرپور ۔ سخت خوفناک ۔ ڈراؤنا ۔
پُری: [ف ۔ امث] بھرا ہوا ۔ بطور مرکبات کے اخیر میں جیسے خانہ پُری (۲) بہتات ۔ کثرت ۔
پُری معدہ: [ف ۔ امث] بہت کھانا ۔
پُرا: [ہ ۔ اند] محلہ ۔ وادی ۔ بستی ۔ گاؤں ۔ قریہ ۔ شہر (۲) بھرا کا تابع (۳) مکانات میں کرا (۴) ڈھول کا چمڑا ۔ چرسا ۔
پَرا: [ہ ۔ اند] قطار ۔ صف ۔ سلسلہ (۲) فوج کی قطار یا صف (۳) گروہ ۔ غول ۔
پرا باندھنا: [ار ۔ محاورہ] صف جما کر کھڑا ہونا ۔ صف باندھنا ۔ سلسلہ وار کھڑا ہونا ۔
پرا بندھنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پرا باندھنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
پرا جمانا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پرا باندھنا"
پرا جمنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پرا بندھنا"
پرّا: [ہ ۔ اند] قینچی کا ایک پَر / پھلا ۔
پراپت: [ہ ۔ اند] فائدہ ۔ نفع (۲) حاصل ۔ یافت ۔ پیدا (۳) واقعہ حادثہ (۴) پہنچ ۔ رسائی (۵) کامیابی ۔ فتح مندی ۔ پیداوار ۔ ثمرہ (۶) ترقی ۔ بہتری ۔ چڑھائی ۔ عروج (۷) پایا ہوا ۔ یافتہ ۔ پہنچا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ حاصل کیا ہوا ۔ اٹھایا ہوا ۔ برداشت کیا ہوا (۸) مقسوم ۔ قسمت کا لکھا ہوا ۔ مقررہ (۹) درست ۔ ٹھیک ۔ موزوں ۔
پراپت کرنا: [ہ ۔ محاورہ] (۱) حاصل کرنا ۔ پانا (۲) برداشت کرنا ۔ حکم ماننا ۔ فرماں برداری کرنا ۔
پراپت ہونا: [ہ ۔ محاورہ] دیکھئے "پراپت کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
پراپنا: [ہ ۔ مص] پانا ۔ حاصل کرنا ۔ قبضے میں لینا ۔
پراپیگنڈا: [انگ ۔ اند] (PROPAGANDA) مشتہری ۔ پھیلانا ۔ مشہور کرنا ۔ پرچار ۔ کسی کام کی تعریف یا کسی کے برخلاف کرنا

معاملہ باقاعدہ طور پر مشہور کرنے کی کوشش ۔

پَرات : [ھ ۔ امث] بڑا تھال جس کے کنارے اونچے ہوتے ہیں اور عموماً آٹا گوندھنے کے کام آتا ہے ۔ طشت ۔ تھال ۔ لگن ۔

پُراتم / پُراتن : [س ۔ صف] گذشتہ زمانے کا ۔ پُرانا ۔ اگلے زمانے کا ۔ قدیم بڈھا ۔ بزرگ (۲) ہوشیار ۔ جہاندیدہ (۳) آزمودہ کار ۔ تجربہ کار (۴) پہلے قصے ۔ کہانیاں ۔

پَراتِماں : [س ۔ امث] جان ۔ روح ۔

پُراتن : [س ۔ صف] دیکھئے " پراتم "

پراٹسٹنٹ / پروٹسٹنٹ : [انگ ۔ اند] (PROTESTANT) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو پوپ کو نہیں مانتا (۲) معترض ۔

پَراٹھا : [ھ ۔ اند] توے پر گھی میں تلی ہوئی پرت دار روٹی ۔

پراٹھا ہو کر رہ جانا : [ار ۔ محاورہ] کسی بھاری چیز کے نیچے دب کر مر جانا

پراٹھا ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " پراٹھا ہو کر رہ جانا "

پراچین : [س ۔ صف] (۱) سامنے کا ۔ مشرقی ۔ پوربی (۲) پہلا ۔ اول ۔ قدیم پرانا (۳) قدیم شخص ۔ پرانی عمارتیں ۔ آثار قدیمہ

پرادھین : [س ۔ صف ۔ اند] ماتحت ۔ محکوم ۔ دوسرے کے تابع ۔ غیر کے بس میں

پرادھین سُپنے سُکھ ناہیں : [ھ ۔ مثل] ماتحت آرام کی نیند نہیں سو سکتا ۔ غیر کے بس میں رہ کر آرام کہاں ۔

پرارتھنا : [ھ ۔ امث] عرض ۔ التجا ۔ التماس ۔ دوسروں کے لئے دُعا ۔ بنیتی ۔ سفارش ۔

پرارتھی : [ھ ۔ اند] سخی ۔ فیاض ۔

پراردھا : [ھ ۔ صف] بے انتہا ۔ بے شمار ۔ بہت بڑا عدد ۔

پراسپیکٹس : [انگ ۔ اند] (PROSPECTUS) کسی تعلیمی ادارے یا کسی کمپنی وغیرہ کے قواعد و ضوابط اور تفصیلی حالات کی کتاب

پراسری : [س ۔ اند] سادھو ۔ فقیر ۔ منگتا ۔ وہ فقیر جو پھر کر مانگے اور ایک جگہ نہ رہے ۔

پَراکِرت : [س ۔ صف] (۱) اصلی ۔ قدرتی ۔ جو بناوٹی نہ ہو (۲) غیر مُبدّل ۔ جو تبدیل نہ کیا گیا ہو (۳) معمولی ۔ عام (۴) باقاعدہ (۵) شودر ۔ نیچ (۶) ناتراشیدہ ۔ ناصاف ۔ ناشستہ (۷) گنواری ۔ دیہاتی ۔ دیسی (۸) کوئی دیہاتی زبان جو سنسکرت سے تعلق رکھتی ہو ۔ (۹) وہ زبان جو سنسکرت اور ہندوستان کی اصلی زبان سے مل کر بنی ہو ۔

پراکسی : [انگ ۔ امث] (PROXY) مختار نامہ ۔ ایک شخص کا دوسرے کو اپنی جگہ رائے دینے کا اختیار دینا ۔ کسی کی جگہ کسی کو ووٹ دینے کا اختیار دینا ۔ یا کوئی اور کام کرنے کا اختیار دینا ۔

پراگ : [س ۔ اند] (۱) الٰہ آباد شہر کا پرانا اور قدیم نام (۲) پھول کا زیرہ ۔ سفوف ۔ خوشبودار سفوف جو نہانے کے بعد استعمال کیا جاتا ہے (۳) سورج یا چاند کا گرہن ۔

پراگندگی : [ف ۔ امث] (۱) انتشار ۔ پریشانی ۔ گھبراہٹ ۔ (۲) تردد ۔ فکر ۔

پراگندہ : [ف ۔ صف] (۱) منتشر ۔ گھبرایا ہوا ۔ پریشان ۔ متردد ۔ متفکر ۔ حیران ۔ ششدر ۔

پراگندہ حال : [ف ۔ صف] پریشان حال ۔ حیران ۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔

پراگندہ دل : [ف ۔ صف] دیکھئے " پراگندہ "

پراگندہ روزی : [ف ۔ امث] بے روزگار ۔ جس کی آمدنی باقاعدہ نہ ہو ۔ یا بہت تھوڑی ہو ۔

پراگندہ روزی پراگندہ دل : [ف ۔ مثل] بیکار اور مفلس ہمیشہ پریشان رہتا ہے

پراگندہ کر دینا : [ار ۔ محاورہ] منتشر کر دینا ۔ پھیلا دینا ۔ پریشان کرنا ۔ گھبرا دینا ۔

پراگندہ کرنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " پراگندہ کر دینا "

پراگندہ ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " پراگندہ کرنا " جس کا یہ لازم ہے ۔

پَرال : [ھ ۔ امث] (۱) بھوسا ۔ پھال ۔ نال (۲) دھان کے سوکھے ہوئے پودوں کی نالی ۔

پرالی بدھ : [ھ ۔ امث] قسمت تقدیر ۔

پَرالی : [ھ ۔ امث] دیکھئے " پرال نمبر ۲ "

پرامیسری نوٹ : [انگ ۔ اند] (PROMISSORYNOTE) دستاویز ۔ درشنی ہنڈی ۔ تمسک ۔ وہ نوشت جس میں مدیون عند الطلب قرضہ ادا کرنے کا وعدہ کرے مگر کوئی جائیداد مکفول نہ ہو ۔

پران (بہ فتحہ اول) [س ۔ اند] سانس ۔ دم ۔ نفس ۔ پھونک ۔ جان ۔ روح زندگی (۲) ایسا عضو جس پہ زندگی کا مدار ہو (۳) ہوا جس سے دم لیا جائے (۴) معشوق ۔ جانی ۔ دلبر ۔ پیارا ۔ جان سے زیادہ عزیز (۵) شاعرانہ قابلیت ۔ الہام ۔ قابلیت ۔

پَران پتی : [ھ ۔ اند] زندگی کا مالک ۔ رُوح ۔ دل (۲) خاوند

پران پیارا : [ھ ۔ اند] جان سے پیارا ۔ معشوق ۔ محبوب ۔

پران تج دینا : [ھ ۔ محاورہ] (۱) جان دے دینا ۔ مرنا (۲) دل ہارنا ۔ گھبرا جانا ۔ حوصلہ ہارنا ۔

پران تجنا : [ھ ۔ محاورہ] دیکھئے " پران تج دینا "

پران تیاگ : [ھ ۔ اند] مرنا ۔ موت ۔ خودکشی ۔

پران تیاگ کرنا : [ھ ۔ محاورہ] مرنا ۔ خودکشی کرنا ۔

پران چھڑانا : [ہ ۔ محاورہ] جان سے مارنا ۔ قتل کرنا (۲) پیچھا چھڑانا ۔ جان چھڑانا جھگڑا ختم کرنا (۳) معشوق سے جدا کرنا ۔ دلبر سے علیحدہ کرنا ۔

پران چھوٹ جانا : [ہ ۔ محاورہ] (۱) جان نکل جانا (۲) گھبرا جانا ۔ تھک جانا ۔ ڈر جانا ۔ خوف زدہ ہو جانا (۳) معشوق یا ساتھی بچھڑ جانا ۔

پران چھوٹنا : [ہ ۔ محاورہ] دیکھئے " پران چھوٹ جانا "

پران چھوڑ دینا / چھوڑنا : [ہ ۔ محاورہ] مرجانا (۲) ہمت ہار جانا ۔

پران داتا : [ہ ۔ صف] زندگی دینے والا ۔ جان بخش ۔ وہ جو جان بچائے ۔ خدا ۔

پران ڈنڈ : [ہ ۔ اند] سزائے موت ۔ قتل کی سزا

پران ڈنڈ کا بچار کرنا : [ہ ۔ محاورہ] قتل کے مقدمہ کی سماعت کرنا ۔

پران کھانا / لینا : [ہ ۔ محاورہ] (۱) مار ڈالنا ۔ جان لینا (۲) ننگا مارنا (۳) دق کرنا ۔ ستانا ۔ جان کھانا ۔ عذاب میں ڈالنا ۔

پران نکل جانا / نکلنا : [ہ ۔ مص] مرجانا ۔

پُران (بہ ضمیمہ اول) [س۔ اند] (۱) ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جو تعداد میں اٹھارہ ہیں (۲) پُرانا۔ قدیم۔ پارینہ۔ دیرینہ۔ پُرانے زمانہ کی کوئی چیز۔ کوئی واقعہ۔
پَران: [ف۔ اسم حالیہ] اُڑنے والا۔ اُڑتا ہوا۔
پرانا: [ہ۔ مص] دوڑنا۔ بھاگنا۔ چمپت ہونا۔
پِرانا: [ہ۔ مص] دکھنا۔ درد ہونا۔
پُرانا: [ہ۔ مص] (۱) بھرنا۔ لبریز کرنا (۲) تکمیل کرنا۔ مکمل کرنا۔ ختم کرنا (۳) پورا کرنا۔ ایفا کرنا۔
پُرانا: [ہ۔ صف] قدیم۔ اگلے زمانہ کا۔ دیرینہ۔ پارینہ (۲) مستعمل۔ بوسیدہ (۳) بوڑھا پیر (۴) تجربہ کار۔ ہوشیار (۵) اگلی وضع کا دقیانوسی (۶) متروک۔ منسوخ۔
پرانا پڑ جانا/پڑنا: [ار۔ محاورہ] بوسیدہ ہو جانا۔ بہت دنوں کا ہو جانا
پرانا ٹھیکرا: [ار۔ اند] ردی مال۔ بوسیدہ چیز (۲) پرانی عورت۔
پرانا ٹھیکرا اور قلعی کی بھڑک / پرانے ٹھیکرے پر نئی قلعی / پرانی دیگچی پر قلعی کی بھڑک: [ار۔ مثل] دلہن سجتے ہیں جہاں کوئی بوڑھا آدمی یا بوڑھی عورت جوانوں کی طرز اختیار کرے۔
پرانا خرانٹ: [ار۔ صف] بہت بوڑھا (۲) تجربہ کار۔
پرانا دُکھڑا: [ار۔ اند] پُرانی شکایت۔ پرانی تکلیف۔
پرانا دھرانا: [ار۔ صف] نکما۔ مستعمل۔ بوسیدہ۔ بیکار۔
پرانا ڈھرانہ چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] بُرا کام یا بُرا طریقہ جاری رکھنا (۲) پُرانی وضع نہ چھوڑنا۔
پرانا زمانہ: [ار۔ اند] قدیم زمانہ۔ اگلا وقت۔
پرانا فیشن: [ار۔ اند] پُرانی وضع۔ پرانا انداز۔
پرانا گھاگ: [ار۔ اند] تجربہ کار۔ گرگ باراں دیدہ۔
پرانا مال: [ار۔ اند] بوسیدہ مال۔ خراب اشیاء سے سوداگری۔
پِرانی: [ہ۔ اند] روح۔ نفس ناطقہ۔ جان (۲) (صف) ذی روح۔ جاندار۔
پُرانی: [ہ۔ صف مث] دیکھئے "پرانا" جس کی یہ تانیث ہے۔
پرانی آنکھیں دیکھے ہوئے ہے: [ار۔ مثل] تجربہ کار ہے۔ بڑوں کی صحبت میں بیٹھا ہوا ہے۔
پُرانی کھوپڑی: [ہ۔ امث] بہت بوڑھا۔ اگلے وقتوں کا شخص
پُرانی لکیر کا فقیر: [ار۔ صف] پرانی وضع کا پابند۔ پرانی رسومات کا مقلد۔
پُرانی لیکھ پر چلنا: [ار۔ محاورہ] پرانی وضع کا پابند ہونا۔ پرانی رسومات کرنا۔
پُرانی ملاقات: [ار۔ امث] دیر کی واقفیت۔ مدت کا میل جول۔
پُرانی ہڈیاں اکھیڑنا: [ار۔ محاورہ] پرانے قصے چھیڑنا
پُرانے: [ہ۔ صف] دیکھئے "پرانا" جس کی یہ جمع ہے۔
پرانے چاول: [ار۔ صف] تجربہ کار۔ جہاں دیدہ۔
پرانے چاولوں میں مزا ہوتا ہے: [ار۔ مثل] تجربہ کار کی رائے اچھی ہوتی ہے۔
پرانے گنبد پر قلعی: [ار۔ مثل] دیکھئے "پرانا ٹھیکرا" (۲) بوڑھوں کا جوانوں کی سی وضع اختیار کرنا۔
پُرانے لوگ: [ار۔ اند] بڑی عمر کے آدمی۔ آباؤ اجداد۔ قدما (۲) قدیمی ملازم۔ پرانے نوکر (۳) تجربہ کار ہوشیار آدمی۔
پُرانے مُردے اکھاڑنا: [ار۔ مثل] بھولی بسری باتیں درمیان میں لانا۔ پرانے جھگڑے بکھیڑے کرنا۔ پچھلی باتوں کو دہرانا۔
پُرانے وقتوں کی باتیں: [ار۔ امث] پرانے قصے۔ پرانے زمانے کی باتیں۔
پراولون: [ار۔ صف] بے اولاد۔ لاولد۔
پراویڈنٹ فنڈ: [انگ۔ اند] (PROVIDENT FUND) وہ رقم جو ہر ماہ ملازم کی تنخواہ میں سے وضع کی جاتی ہے مقررہ شرح کے مطابق۔ اور اس میں اتنی ہی رقم ملازم رکھنے والے کی طرف سے ملا کر جمع کر دی جاتی ہے اور ملازمت کے خاتمہ پر تمام رقم ملازم کو ادا کر دی جاتی ہے۔
پراچیہ: [ار۔ صف] بزاز۔ پارچہ فروش۔ پارچہ کا کام کرنے والا (۲) سلے ہوتے کپڑے بیچنے والا (۳) ایک قوم جو چیتھڑوں وغیرہ سے ٹوپیاں بنا کر فروخت کرتی ہے۔
پرائمری: [انگ۔ صف] (PRIMARY) ابتدائی۔ اوّل۔ شروع کی۔ اصلی۔
پرائیویٹ: [انگ۔ صف] (PRIVATE) نجی۔ خانگی۔ خفیہ۔ ذاتی۔
پَرایا: [ہ۔ صف] دوسرے کا۔ غیر کا (۲) بیگانہ۔ غیر۔ اجنبی۔ پردیسی۔
پرایا بگاری بڑا دھرم دھاری: [ہ۔ مثل] غیر کا مددگار بڑا ایماندار ہوتا ہے۔
پرایا دل پردیس برابر: [ہ۔ مثل] دوسرے کے دل کا کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ اس کے کیا خیالات ہیں۔
پرایا دھن/مال: [ہ۔ اند] کنواری لڑکی۔
پرایا سر پنسیری برابر: [ہ۔ مثل] دوسرے کی تکلیف کی پروا نہیں ہوتی۔
پرایا سر دل برابر: [ہ۔ مثل] دیکھئے "پرایا سر پنسیری برابر"
پرایا سر دیوار برابر: [ہ۔ مثل] دیکھئے "پرایا سر پنسیری برابر"
پرایا سر قرآن برابر: [ار۔ مثل] مطلب یہ ہے کہ دوسرے کے سر کی قسم کھا کر جھوٹ نہیں بولنا چاہیے بلکہ اس کی قرآن کے مقابلہ میں اہمیت جاننی چاہیے۔
پرایا سر کدو برابر: [ہ۔ مثل] دیکھئے "پرایا سر دیوار برابر"
پرایا مال پشم کا بال: [ار۔ مثل] پرائے مال کی قدر نہیں ہوتی۔
پرایا مال لوٹئے اور بندے کا دل دریا: [ہ۔ مثل] سخی مشہور ہو کر لوگوں کا مال ٹھگنا۔
پرائی: [ہ۔ صف] دیکھئے "پرایا" جس کی یہ تانیث ہے۔
پرائی آس چولہے پاس: [ار۔ مثل] دوسرے کے سہارے نہ رہنا چاہیے۔
پرائی آگ میں پڑنا/کودنا/گرنا: [ار۔ محاورہ] دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔
پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں: [ار۔ مثل] دوسرے کی مدد فائدہ نہیں دیتی۔ غیر شخص اپنے کام نہیں آتا۔
پرائی بات: [ار۔ امث] دوسرے کا معاملہ۔ غیر کی بات۔

پرائی بدشگونی کی خاطر کے لئے اپنی ناک کٹوانا: [ار۔ محاورہ] دوسرے کے کم نقصان کے لئے اپنا زیادہ نقصان کر لینا۔
پرائی توند کا گھونسا: [ار۔ مثل] دوسرے کی مصیبت اثر نہیں کرتی۔
پرائی تھیلی کا منہ سکڑا: [ار۔ مثل] دوسرا آدمی دل کھول کر نہیں دیتا۔
پرائی جیب سے اپنی جیب میں دھرنا / رکھنا / لانا مشکل ہے: [ار۔ مثل] دوسرے سے روپیہ حاصل کرنا مشکل بات ہے۔ پرایا مال ہضم کرنا آسان نہیں۔
پرائی دھی اور ہنس بٹاؤ لوگ: [ار۔ مثل] پرائی عورتوں سے راہگیر چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں (۲) پرائی مصیبت پر لوگ ہنستے ہیں۔
پرائی سرائے میں کون دھواں کرتا ہے: [ار۔ مثل] کوئی دوسرے کی مدد نہیں کرتا۔
پرائی کیا پڑی ہے: [ار۔ مقولہ] دوسرے کی فکر کیا ہے۔
پرائی نوکری کرنا اور سانپ کھلانا برابر ہے: [ار۔ مقولہ] نوکری خطرناک کام ہے۔
پرائے: [ہ۔ صف] دیکھئے "پرایا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
پرائے برتے پر: [ار۔ متعلق فعل] دوسرے کے بھروسے پر۔
پرائے برتے پر شکرہ پالنا: [ار۔ محاورہ] دوسرے کے بھروسہ پر کام کرنا۔
پرائے بُرتے آزاد کرنا: [ار۔ محاورہ] دوسرے کے مال پر فیاضی کرنا۔ شیخی دکھانا۔ مزے اڑانا۔
پرائے بس میں: [ار۔ متعلق فعل] دوسرے کے اختیار میں پڑنا / ڈالنا۔ ہونا کے ساتھ (افعال)
پرائے دھن پر چھینگر بولے: [ار۔ مثل] دوسرے کے مال پر شیخی مارنا۔
پرائے دھن پر لچھمی نرائن: [ہ۔ مثل] دوسرے کے مال پر فیاضی کرنا
پرائے دھن کو چور روئیں: [ہ۔ مثل] غیر کے مال کا افسوس کسی کو نہیں ہوتا سوائے اس کے جس کو اس کا لالچ ہو یا لینے کی امید ہو۔
پرائے سر کی بلا لینا: [ار۔ محاورہ] دوسرے کی مصیبت اپنے ذمے لینا۔ دوسرے کی ذمہ داری اپنے سر لینا۔
پرائے شگون کے لئے اپنی ناک کٹانا: [ار۔ محاورہ] غیروں کے فائدہ کے لئے اپنے آپ کو نقصان پہنچانا۔
پرائے گنڈوں کے بھروسے پر نہ رہنا: [ار۔ محاورہ] دوسروں کی امداد پر بھروسہ نہ کرنا۔
پرائے گھر کا کوڑا ہے یہ: [ار۔ مثل] بیٹی کے لئے بولتی ہیں کہ دوسرے کے گھر بیاہی جائے گی۔
پرائے گھر کا ہونا: [ار۔ محاورہ] لڑکی کا بیاہ ہو جانا۔
پرائے مال پر دِیبے لال: [ار۔ مثل] دوسرے کی چیز پر غرور۔ بے حد غرور۔ چیز کسی کی اور دعویٰ کوئی کرے۔
پرائے مال پر پیا حسین: [ار۔ مثل] دوسرے کے مال پر شیخی مارنا۔ دوسرے کا مال خرچ کرنا (۲) ناحق اترانا۔
پرائے ناموس میں رخنہ اندازی اچھی نہیں: [ار۔ مقولہ] غیر عورتوں کو بُری نظر سے نہیں دیکھنا چاہئے۔

پرائے واسطے: [ار۔ متعلق فعل] دوسرے کی خاطر
پرائے ہاتھ پر شکرہ پالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پرائے برتے پر شکرہ پالنا"
پَرَب: [س۔ اند] (۱) ہیرے کی ایک قسم (۲) فصل۔ مقدمہ۔ باب (۳) میلہ ہجوم۔ بھیڑ (۴) جوڑ۔ گانٹھ۔ گرہ۔
پَرَبت: [ہ۔ اند] پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔ پہاڑی۔
پربت کو رائی کرے اور رائی کو پربت مان: [ار۔ مثل] خدا تعالےٰ میں بہت طاقت ہے۔ وہ جو چاہے کر سکتا ہے۔
پَرَبَندھ: [س۔ اند] بندوبست۔ انتظام (۲) درستی۔ ٹھیک ٹھاک
پَربولی: [ہ۔ امث] غیر زبان۔ غیر ملکی زبان
پَربھ: [ہ۔ اند] دیکھئے "پربھو"
پربھات: [ہ۔ امث] صبح۔ علی الصبح۔ سویرا۔ سحر۔ فجر
پربھاوَ: [س۔ اند] طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل (۲) اثر۔ تاثیر۔ گُن (۳) عظمت جلال۔ شان و شوکت (۴) جوش۔ حوصلہ۔ شجاعت (۵) فیض صحبت (۶) مزاج۔ طبیعت۔ عادت (۷) فطرت۔ حالت۔ کیفیت۔ سرگذشت۔
پَربھو: [س۔ اند] مالک۔ آقا (۲) خدا۔ پرماتما۔ ایشور۔
پَربین: [ار۔ صف] فن کا کامل۔ جگت استاد۔
پَرپَرانا: [ہ۔ مصدر] بدن کا سنسنانا۔ ٹیس پڑنا۔ جلن ہونا۔ چرچرانا
پَرپَتھریوں: [ار۔ امث] نانی۔ پرنانی
پرپنچ: [ہ۔ اند] دغا۔ فریب۔ دھوکا
پرسپنجھ: [ہ۔ اند] ہُنڈی کی تیسری نقل۔ تیسرا پرت۔
پَرت: [ہ۔ اند] پپڑی۔ چھلکا۔ ورق۔ تہ۔ طبق۔ تختہ۔ تاؤ
پَرت دار: [ہ۔ ف۔ صف] کئی تہوں والا (ترکیب غلط ہے)
پرت در پرت: [ہ۔ ف۔ صف] تہ در تہ (ترکیب غلط ہے)
پَرتا: [ہ۔ اند] اوسط۔ (افعال: بیٹھانا۔ پڑنا۔ پھیلانا)
پرتاب / پرتاپ: [س۔ اند] (۱) طفیل۔ بدولت۔ اقبال (۲) عنایت مہربانی (۳) فیض (۴) جمال۔ روشنی۔ نور (۵) جلال۔ شان۔ شوکت (۶) عزم۔ حوصلہ۔ جوش و خروش۔
پرتال / پڑتال: [ہ۔ امث] (۱) دوسری دفعہ کی تول (۲) جائزہ۔ جانچ۔ نظر ثانی (۳) کھیت کی پیمائش (۴) جوتیوں کی لگاتار مار۔ صدمہ۔
پرتال پڑنا: [ار۔ محاورہ] برابر جوتے پڑنا۔ مسلسل پٹنا۔
پرتالنا: [ار۔ مصدر] جانچنا۔ پیمائش کرنا۔
پُرتگال: [ار۔ اند۔ مث] ایک یورپی ملک (۲) اس ملک کی تیار کردہ ایک قسم کی مشہور شراب۔
پُرتگیا: [س۔ امث] اقبال۔ اقرار۔ عہد (۲) عہد و پیمان۔ وعدہ (۳) قسم۔ (۴) بیان۔ اظہار۔ عرضداشت۔ قول۔ بچن (۵) اقرار صالح (۶) منطق مسئلہ بات جو ثابت کرنا ہو (۷) قانون۔ استغاثہ۔ اطلاع۔ درخواست۔
پَرتل: [ہ۔ اند] سوار کا سامان جو سواری کے جانور پر لادا جائے۔
پرتل کا ٹٹو: [ہ۔ اند] لدو ٹٹو یا بیل (۲) مزدور آدمی
پَرتلا: [ہ۔ اند] تلوار کی پیٹی یا تسمہ جو کندھے پر ڈالتے ہیں (۲) پیٹی۔ چوڑا تسمہ۔
پَرتو: [ف۔ اند] روشنی۔ کرن۔ شعاع۔ جھلک۔ عکس۔

پرتَو اَفگن/فگن: [ف۔صف] شعاع ڈالنے والا۔
پرتو انداز: [ف۔صف] روشنی ڈالنے والا۔
پَرتوا: [ار۔اند] (۱) چمک۔عکس (۲) صحبت کا اثر۔فیض صحبت (۳) سایہ۔پرچھائیں۔
پرتھی۔پرتھوی۔پرتھمی: [ہ۔امث] زمین۔دنیا۔ارض۔
پَرتی: [ھ۔امث] افتادہ زمین۔غیر مزروعہ زمین۔
پَرتیت: [ھ۔امث] بھروسا۔اعتبار۔اعتماد
پُرسج: [ھ۔اند۔مث] (۱) تلوار کا قبضہ (۲) ڈھال کا دستہ (۳) وہ لکڑی جو دستہ میں قبضے کی جگہ پر لگی ہوتی ہے (۴) ایک راگنی۔پوربی ٹھاٹھ کی ایک سمپورن راگنی۔
پَرجا: [س۔اند] اولاد۔بچے۔نسل۔آل نبس (۲) رعایا۔رعیت۔محکوم تابع (۳) نوکر۔غلام (۴) کرایہ دار۔پرائی جگہ میں رہنے والا۔ (۵) مخلوق۔خلقت۔عوام الناس (۶) خاندان۔نسل۔کُنبہ۔قوم۔
پَرجا پال: [س۔اند] راجا۔بادشاہ۔
پرجا پالک: [س۔اند] رعیت کا محافظ۔قوم کا محافظ۔راجا بادشاہ
پرجاپت: [س۔اند] مخلوق کا مالک۔خالق۔پیدا کنندہ (۲) بادشاہ (۳) باپ پتا (۴) داماد (۵) مجازاً۔سورج۔آفتاب (۶) کمہار۔کوزہ گر۔
پرجاپتی: [س۔امث] دیکھئے "پرجاپت"
پرجالوک: [ھ۔اند] رعیت۔ماتحت۔ملازم۔زمیندار۔کاشتکار۔
پرجا مَرِن راجا ہانسے/راجا کی ہانسی: [ھ۔مثل] غریبوں کے لئے موت اور امیروں کے لئے ہنسی کھیل تماشا۔
پرجا نہیں تو راجا کہاں: [ھ۔مثل] رعیت کے بغیر بادشاہ کی کوئی وقعت نہیں۔
پرجُوت: [ھ۔اند] مکانات کی زمین کا محصول (۲) چکوتہ۔لگان مقرری۔
پرزنج: [ار۔امث] چھوٹی رکابی۔طشتری۔
پرچار: [ھ۔اند] نشر و اشاعت۔تشہیر۔تبلیغ۔اعلان
پرچارک: [ھ۔اند] پرچار کرنے والا۔تبلیغ کرنے والا۔مبلغ۔نقیب
پرچار رہنا: [ا۔محاورہ] دل لگا رہنا۔دل بہلا رہنا۔کسی شغل میں مشغول رہنا
پَرچا لینا: [ار۔محاورہ] مانوس کرنا۔بچوں یا وحشی جانوروں کو مانوس کر لینا یا ہلا لینا۔راضی کرنا۔باتوں میں لگا کر فریب دینا۔جادو وغیرہ کے ذریعہ سے بس میں لانا۔رام کرنا۔پھسلانا۔
پرچانا: [ار۔محاورہ] راضی کر لینا۔اپنی طرف مائل کر لینا۔فریب دے لینا۔ہلا لینا۔مانوس کر لینا۔پھسلا لینا۔بس میں کر لینا۔رام کر لینا۔
پَرچخ: [ار۔اند] پُرزہ۔ٹکڑا۔
پرچخ اُڑ جانا: [ار۔محاورہ] پُرزے پُرزے ہو جانا۔
پُرچک: [ھ۔امث] چمکار۔بچے کو اس کی خطا پر اُلٹا پیار کرنا (۲) حمایت۔طرفداری شہ (۳) اشارہ۔کنایہ۔ایما۔رمز (۴) اجازت (۵) دھوکا۔فریب۔دغا۔
پُرچک پانا: [ار۔محاورہ] حمایت پانا۔اشارہ پانا۔
پُرچک دینا: [ار۔محاورہ] شہ دینا۔مدد دینا (۲) اُبھارنا۔اُکسانا (۳) بہکانا دھوکا دینا (۴) دلیری دینا۔
پُرچک کرنا: [ار۔محاورہ] حمایت کرنا۔
پُرچک لینا: [ار۔محاورہ] طرفداری کرنا۔
پَرچم: [ف۔اند] پھریرا۔وہ کپڑا جو جھنڈے پر باندھتے ہیں۔
پرچم اُڑانا/لہرانا: [ار۔محاورہ] جھنڈے کے کپڑے کو ہوا میں لہرانا (۲) کسی جگہ کو فتح کر کے قبضہ کرنے کے بعد جھنڈا گاڑنا۔
پَرچم کُشائی: [ف۔امث] پرچم لہرانے کی تقریب اور عمل۔
پَرچنا: [ار۔مصدر] مانوس ہونا۔بہلنا۔راضی ہونا (۲) باتوں میں آنا۔رام ہونا۔ (۳) واقفیت ہونا۔آشنا ہونا (۴) ماہر ہونا۔واقف کار ہونا (۵) بے تکلف ہونا۔دوست بن جانا
پَرچُول: [ھ۔امث] لت۔دھت۔عادت۔دُھن۔
پَرچول: [ھ۔امث] چھان بین۔ٹٹول۔دریافت (افعال: رہنا۔کرنا۔ہونا)
پَرچُون: [ھ۔اند] متفرق سودا۔آٹا۔نمک۔دال وغیرہ (۲) خوردہ فروشی تھوک کا برعکس۔
پَرچُونی: [ھ۔امث] آٹا۔دال۔نمک مرچ۔بیچنے کا کام۔
پرچونیا: [ھ۔اند] پرچون بیچنے والا دُکاندار (۲) متفرق کھانے پینے کا سامان بیچنے والا دکاندار۔
پَرچہ: [ف۔اند] (۱) پُرزہ۔ٹکڑا (پارچہ کا مخفف) (۲) کاغذ کا ٹکڑا۔ (۳) اخبار۔رسالہ (۴) رقعہ۔خط (۵) خبر۔پیام (۶) وہ کاغذ جس پر خبریں لکھ کر حاکم یا بادشاہ کو بھیجی جائیں (۷) امتحان کا سوالنامہ (۸) سوالات کے جوابات کی کتاب (۹) کھاتے کی نقل جو پٹواری دیتا ہے۔ (۱۰) جرم کی اطلاع جو پولیس تحریر کرے۔
پرچہ آسان ہونا: [ار۔محاورہ] امتحان کے سوالات کا سہل ہونا۔
پرچہ ابتدائی: [ف۔اند] جرم کی پہلی رپورٹ جو پولیس تحریر کرتی ہے
پرچہ بنانا: [ار۔محاورہ] امتحان کے لئے سوالات لکھے جانا۔
پرچہ بَننا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پرچہ بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پرچہ چاک کرنا: [ار۔محاورہ] پولیس میں رپورٹ ابتدائی لکھی جانا۔
پرچہ چاک ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پرچہ چاک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پرچہ خراب ہونا: [ار۔محاورہ] امتحان کے سوالات کے جوابات غلط ہونا۔
پرچہ دینا: [ار۔محاورہ] مقدمہ درج رجسٹر کرنا۔
پرچہ کرنا: [ار۔محاورہ] امتحان کے سوالات کا جواب لکھنا۔
پرچہ گذارنا: [ار۔محاورہ] حاکم یا بادشاہ کے پاس ملکی حالات کی خبر پہنچانا۔مخبری کرنا۔
پرچہ گزرنا: [ار۔محاورہ] مخبری ہونا نیز دیکھئے "پرچہ گزرانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پرچہ لگانا: [ار۔محاورہ] حاکم کو مخبری کرنا۔کسی امر کی اطلاع دینا۔
پرچہ لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پرچہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پرچہ مرتب کرنا: [ار۔محاورہ] پولیس کا مقدمہ درج رجسٹر کرنا۔
پرچہ مرتب ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پرچہ مرتب کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پرچہ مشکل ہونا: [ار۔محاورہ] امتحان کے سوالات کڑے ہونا۔مشکل ہونا۔

پرچہ نویس: [ار۔اند] خبر دینے والا۔ جاسوس۔ مخبر۔ وقائع نگار۔

پرچہ نویسی: [ار۔امث] اخبار نویسی۔ مخبری۔

پرچھا: [ہ۔اند] (۱) جلاہوں کی نلی جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں (۲) بڑا دیگچہ یا دیگ (۳) ہجوم کی کمی (۴) قضیے اور فساد کا فیصلہ۔ دھان جو خود بخود اگیں (۵) صبح کی سفیدی (تڑ) (۶) معمولی۔ گمراہی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

پرچھاواں/پرچھانوا: [ہ۔اند] (۱) سایہ۔ عکس۔ پرتو (۲) آسیب کا خلل۔ بھوت پریت کا اثر (۳) خو اور خصلت (۴) صحبت کا اثر (۵) رنگ ڈھنگ سبھاؤ۔

پرچھاواں پڑنا: [ار۔محاورہ] (۱) سایہ پڑنا۔ عکس پڑنا (۲) صحبت کا اثر ہونا (۳) آسیب کا خلل ہونا (۴) مشابہ ہونا۔

پرچھاواں ڈالنا: [ار۔محاورہ] سایہ ڈالنا (۲) اپنے جیسا کر لینا۔

پرچھاویں سے دور بھاگنا: [ار۔محاورہ] کسی کی صحبت سے متنفر ہونا نفرت کرنا۔ ڈرنا اور دور بھاگنا۔

پرچھاویں سے اللہ کی پناہ: [ار۔مثل (عو)] کسی کی بری صحبت سے نفرت کرتے ہوئے بولتی ہیں۔ صحبت سے خدا بچائے۔

پرچھائیں: [ہ۔مث] دیکھئے "پرچھاواں" جس کی یہ تانیث ہے۔

پرچھائیں پڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پرچھاواں پڑنا"

پرچھائیں ڈالنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پرچھاواں ڈالنا"

پرچھائیں سے بچنا/بھاگنا/ڈرنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پرچھائیں سے دور بھاگنا"۔

پرچھائیں نہ پانا: [ار۔محاورہ] پتہ نہ لگنا۔ نشان نہ پانا۔

پرچھتی: [ہ۔امث] وہ سرپٹ کی ٹٹی جو کچی دیوار یا چھت پر ڈالتے ہیں تاکہ بارش کے پانی سے نقصان نہ ہو۔ (۲) مچان۔ ٹانڈ (۳) مکان میں ایک اونچا دیواروں میں لگا چوڑا تختہ جس پر پرانا سامان اور چیزیں، برتن وغیرہ رکھتے ہیں۔

پرچھی: [ہ۔امث] خوردبین۔ تیلی۔

پرچی: [ار۔امث] دیکھئے "پرچہ" جس کی یہ تانیث ہے۔ (۲) وہ کاغذ جو رائے دہی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے حق رائے دہی (۳) مقدمہ کی تاریخ پیشی کا کاغذ جو عدالت کی طرف سے مقدمہ والوں کو ملتا ہے۔ وہ کاغذ جو پٹواری کھاتہ دار کو اس کے کھاتہ کی نقل تحریر کر کے دیتا ہے۔

پرچی ڈالنا: [ار۔مص] ووٹ ڈالنا۔ رائے دینا۔

پرخاش: [ف۔امث] کینہ۔ غبار۔ رنج۔ نااتفاقی۔ جھگڑا۔ فساد۔

پرخاش جو: [ف۔صف۔فاعلی] جھگڑنے کے لئے تیار رہنے والا۔ فسادی۔ کدورت رکھنے والا۔ رنج سے بھرا ہوا۔

پرخچا: [ار۔اند] پرزہ۔ ٹکڑا۔

پرخچے: [ار۔اند] پرخچا کی جمع۔

پرخچے اڑانا: [ار۔محاورہ] پرزے پرزے کرنا۔ بہت مارنا کوٹنا۔ پیٹنا۔

پرخچے اڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پرخچے اڑانا" جس کا یہ لازم ہے

پرداخت: [ف۔امث] (۱) پرورش۔ پالن (۲) دست گیری۔ مدد۔ سہارا (۳) نگرانی۔ دیکھ بھال (۴) حفاظت۔ نگہبانی (۵) سنبھال۔ درستی۔ (۶) آرائش۔ زیبائش۔

پرداختہ: [ف۔صف۔مفعولی] آراستہ کیا ہوا۔ سنوارا ہوا۔

پردادا: [ہ۔اند] باپ کا دادا۔ دادا کا باپ۔

پردادی: [ہ۔امث] پردادا کی تانیث/بیوی۔

پرداز: [ف۔امث] (۱) آئینہ کا چوکھٹا (۲) ابتدا۔ شروع۔ پہل۔ تمہید۔ اٹھان (۳) آراستگی۔ جلا۔ روپ۔ چمک (۴) کشیدہ (۵) مصوری۔ نقاشی۔ نقش کاری۔ ڈرائنگ (۶) تصویر کے نقش و نگار۔ روپ رنگ۔ خط و خال۔ نوک پلک (۷) رنگ ڈھنگ۔ طور طریق۔ چال ڈھال۔ خو خصلت۔ عادت سبھاؤ۔

پرداز: [ف۔لاحقہ فاعلی۔ مصدر پرداختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً فتنہ پرداز کارپرداز۔

پرداز اڑانا: [ار۔محاورہ] طرز سیکھنا۔ نقل اتارنا۔

پرداز ڈالنا/کرنا: [ار۔محاورہ] شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ تمہید ڈالنا۔ اٹھانا۔ پہل کرنا۔ سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔ جلا دینا۔ صیقل دینا۔ چمکانا۔ روپ نکھارنا (۳) کشیدہ کاڑھنا۔ نقش کاری کرنا (۴) خط و خال بنانا۔ نوک پلک درست کرنا (۵) رنگ ڈھنگ بدلانا۔ خو خصلت درست کرنا۔ عادت یا سبھاؤ سنبھالنا۔

پرداس: [ق۔اند] پرایا غلام

پردان: [س۔مص] دینا۔ پیش کرنا۔ تحفہ دینا (۲) سپردگی۔ اطاعت۔ (۳) شادی میں دینا۔

پردگی: [ف۔امث] پردہ میں رہنے کی حالت (۲) پردہ دار۔ پاک دامن

پردل: [ق۔اند] غیر کی فوج

پردوش: [س۔اند] (۱) قصور۔ غلطی۔ جرم۔ گناہ (۲) نقص۔ کمی۔ کوتاہی (۳) رات کا پہلا حصہ (۴) شام کی روشنی (۵) غروب آفتاب کے بعد دو گھڑی کی مدت (۶) تیرھویں تاریخ کا برت۔ (روزہ) پیر کے دن کا برت۔ مہا دیو کے نام کا برت

پردوکھ: [ہ۔اند] دیکھئے "پردوش"

پردہ: [ف۔اند] (۱) ستر۔ حجاب۔ اوٹ۔ آڑ۔ اوجھل (۳) دروازے کی چک۔ چلمن (۴) دروازے کے سامنے کا اوٹا۔ چھوٹی سی دیوار جو دروازے کے سامنے بنا دی جاتی ہے (۵) گھونگھٹ۔ نقاب۔ برقع (۶) انگرکھے کا وہ حصہ جو چھاتی پر رہتا ہے (۷) طبقہ۔ پرت (۸) سطح۔ رُوح (۹) بھید۔ راز۔ سِتر (۱۰) پوشیدہ بات۔ اخفا (۱۱) راگ۔ آہنگ۔ نغمہ (۱۲) نغمہ کی جگہ۔ راگ کا مقام (۱۳) ستار بین۔ طنبورہ وغیرہ میں پیتل یا ہاتھی دانت کے بنے ہوئے پھندے جن سے انگلی کو سہارا ملتا ہے (۱۴) آنکھ کی پتلی کی جھلی۔ پپوٹے کے نیچے کی جھلی (۱۵) کولہے اور دو پسلیوں کے درمیان کا گوشت (۱۶) بادبان سکان۔ پتوار (۱۷) مکان کی چار دیواری (۱۸) چھپ کر۔ چوری سے۔

(۱۹) بادام کے اوپر کا سخت چھلکا (۲۰) کان کی جھلی (۲۱) عورت کا چھپ کر رہنا - غیر مرد کے سامنے نہ ہونا (۲۲) زنان خانہ جہاں عورتیں رہیں (۲۳) وہ خوبصورت کپڑا یا قالین جو امیر لوگ کمروں میں سجاوٹ کے لئے لگاتے ہیں - وہ کپڑا جو دروازوں اور کھڑکیوں وغیرہ میں لٹکایا جاتا ہے (۲۴) وہ کپڑا جس پر خوبصورت تصویر بنی ہوتی ہے اور تماشا گاہوں اور تھیٹروں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے (۲۵) کسی قسم کی جھلی - عورت کی اندام نہانی کی جھلی جو بکارت کی نشانی ہے۔

پردۂ آہن : [ف - اند] آسمان

پردہ اٹھا دینا : [ار - محاورہ] گھونگھٹ اٹھا دینا - چلمن دور کرنا (۲) بے تکلف ہوجانا - حجاب دور کر دینا - اصلیت ظاہر کرنا - شرم دور کر دینا (۳) راز کھول دینا - بھید کھول دینا۔

پردہ اٹھانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ اٹھا دینا"

پردہ اٹھ جانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ اٹھا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

پردہ اٹھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ اٹھ جانا"

پردہ اڑا دینا : [ار - محاورہ] (۱) ہوا سے چلمن کا اونچا ہوجانا یا ہٹ جانا - (۲) پردے کی رسم ہٹ جانا۔

پردہ اڑانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ اڑا دینا"

پردہ اڑ جانا / اڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ اڑا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

پردہ اکھاڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ اٹھا دینا"

پردہ الٹ جانا : [ار - محاورہ] حجاب دور کر دیا جانا - پردہ ہٹ جانا - پردہ اٹھ جانا۔

پردہ الٹنا : [دیکھئے "پردہ الٹ جانا" [ار - محاورہ]

پردہ الٹ دینا / الٹنا : [ار - محاورہ] حجاب دور کر دینا۔

پردۂ ایزدی : [ف - اند] وہ بات جو خدا نے ظاہر نہ کی ہو - خدائی راز

پردہ باندھنا : [ار - مص متعدی] پردہ لٹکانا - حجاب کرنا - پردہ کا پیٹا جانا یا ایک طرف فیتے سے باندھا جانا۔

پردہ بندھنا : [ار - مص - لازمی] دیکھئے "پردہ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پردۂ بکارت : [ف - ع - اند] عورت کے رحم کے منہ کی جھلی جو کنوارپن کی نشانی ہوتی ہے (افعال : پھاڑنا - پھٹنا)

پردۂ بلبل : [ف - اند] ایک سُر (راگ)

پردۂ بینی : [ف - اند] ناک کی درمیانی ہڈی یا دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی۔

پردہ پڑ جانا : [ار - محاورہ] (۱) چلمن پڑنا - چک کا لٹکایا جانا (۲) حجاب ہونا - اوٹ ہونا (۳) (آنکھوں پر) اندھا ہوجانا - بیوقوف ہوجانا۔

پردہ پڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ پڑ جانا"

پردہ پکارنا : [ار - محاورہ] پردہ کرنے کے لئے آواز دینا۔

پردہ پوش : [ف - صف - فاعلی] عیب چھپانے والا - رازدار - بھید چھپانے والا۔

پردہ پوشی : [ف - امث] دیکھئے "پردہ پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال : کرنا - ہونا)

پردہ پوشیدہ ہوجانا : [ار - محاورہ] (۱) عیب چھپنا - راز ظاہر نہ ہونا (۲) مرجانے سے عزت رہ جانا۔

پردہ پھاڑ دینا / پھاڑنا : [ار - محاورہ] پردہ میں سوراخ کرنا - بے پردہ ہوجانا (۲) پردہ زبردستی اٹھا دینا (۳) باکرہ عورت سے ہم بستری کرنا۔

پردہ پھٹ جانا / پھٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ پھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پردۂ تصویر : [ف - اند] وہ پردہ جس پر بہت سی تصویریں ہوں (۲) تصویر۔

پردہ ثرب : [ف - اند] پیٹ کا چربیلا پردہ۔

پردہ چاک کرنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ پھاڑنا"

پردہ چاک ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ چاک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پردہ چرخی پر کھینچنا : [ار - محاورہ] پردہ لپیٹنا۔

پردہ چرخی پر کھنچنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ چرخی پر کھینچنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پردۂ چشم : [ف - اند] آنکھ کا پردہ - پپوٹے کی جھلی

پردہ چگانا : [ف - اند] ایک سُر - ایک راگ

پردہ چھوٹنا : [ار - محاورہ] پردہ ڈالنا - چک چھوڑنا - چلمن لٹکانا۔

پردہ چھٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ چھوٹنا"

پردہ چھوڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ چھوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پردہ چھیڑنا : [ار - محاورہ] سُر ملانا

پردۂ خاک : [ف - اند] روئے زمین - سطح ارضی۔

پردۂ خاک میں نہاں ہونا : [ار - محاورہ] مرجانا

پردہ خراساں / خرم : [ف - اند] ایک سُر - ایک راگ کا نام۔

پردہ دار : [ف - صف] (۱) پردہ کرنے والا - چھپنے والا - پردہ نشین (۲) رازدار۔

پردہ داری : [ف - امث] رازداری - عیب پوشی

پردہ داری کرنا : [ار - محاورہ] کسی کا راز چھپانا - عیب پوشی کرنا۔

پردہ داری ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پردہ داری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پردہ در : [ف صف] عیب ظاہر کرنے والا - راز فاش کرنے والا۔

پردۂ در : [ف - اند] دروازے کی چلمن

پردہ درمیان سے اٹھ جانا : [ار - محاورہ] حجاب جاتا رہنا۔

پردہ درمیاں ہونا : [ار - محاورہ] حجاب ہونا - بیچ میں پردہ ہونا

پردہ دری : [ف - امث] عیب ظاہر کرنا - افشائے راز (افعال : کرنا - ہونا)

پردۂ دل : [ف - اند] دل کا غلاف - حجاب القلب

پردۂ دماغ : [ف - اند] وہ جھلی جس میں دماغ (بھیجا) لپٹا ہوا ہوتا ہے۔

پردۂ دنیا : [ف - اند] طبقۂ زمین - سطح زمین۔

پردہ ڈالنا : [ا - محاورہ] پردہ چھوڑ دینا - عیب پوشی کرنا - عیب دیکھ کر ظاہر نہ کرنا۔

پردہ ڈھالکنا / ڈھانک لینا / ڈھکنا : [ار - محاورہ] اخفائے راز ہونا - عیب چھپنا - دنیا سے اٹھ جانا - مرجانا۔

پردہ ڈھکن: [ف ۔ ہ ۔ اند] خاوند۔ شوہر

پردہ رکھ لینا/ رکھنا: [ار ۔ محاورہ] عیب چھپانا ۔ آبرو بچانا ۔ پوشیدہ رکھنا ۔ راز چھپانا ۔

پردہ رہ جانا/ رہنا: [ار ۔ محاورہ] بات رہ جانا شرم رہ جانا ذلت سے بچنا

پردۂ زرنگار: [ف ۔ صف] سنہری پردہ

پردہ زنبور/ زنبوری: [ف ۔ صف] جالی دار پردہ جو دروازوں کے آگے لٹکایا جاتا ہے (افعال ۔ پڑنا ۔ ڈالنا وغیرہ) آسمان

پردہ زنگاری: [ف صف] آسمان نیلا پردہ

پردہ سوز: [ف ۔ صف] حجاب دور کرنے والا ۔

پردۂ ظلمت: [ف اند] تاریکی

پردۂ عصمت: [ف ۔ اند] ناموس عصمت کا پردہ سے استعارہ کرتے ہیں ۔ داغ لگانا یا لگنا (افعال: پھاڑنا ۔ پھٹنا ۔ خراب کرنا ۔ ہونا ۔ دریدہ کرنا ۔ ہونا ۔ وغیرہ)

پردۂ عنکبوت: [ف ۔ اند] مکڑی کا جالا ۔ آنکھ کا ایک پردہ

پردۂ غیب: [ف ۔ اند] وہ خیالی پردہ جو عالم زیریں اور عالم بالا کے درمیان ہے جو بات خدا کی طرف سے یا اتفاقاً ہو ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں ۔

پردۂ غیب سے ظاہر ہونا: [ار ۔ محاورہ] کوئی بات واقع ہونا کسی بات کا ہونا ۔

پردۂ غیب سے ظہور میں آنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "پردہ غیب سے ظاہر ہونا"

پردہ فاش کرنا: [ار ۔ محاورہ] افشائے راز کرنا ۔ عیب ظاہر کرنا ۔

پردہ فاش ہونا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "پردہ فاش کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پردہ کرانا: [ار ۔ محاورہ] عورتوں کو پردے میں رکھنا ۔ عورتوں کو غیر مردوں کے سامنے نہ ہونے دینا (۲) پردہ روکنا ۔ اوٹ کرنا ۔ ٹٹی کھڑی کرنا ۔ چلمن وغیرہ ڈالنا ۔

پردہ کرنا: [ار ۔ محاورہ] اوٹ کرنا ۔ کپڑا تاننا ۔ عورتوں کا چھپنا ۔ گھونگھٹ ڈالنا ۔ غیر مردوں کے سامنے نہ ہونا ۔ اخفائے راز کرنا

پردہ کھلنا: [ار ۔ محاورہ] افشائے راز ہونا ۔ بھید ظاہر ہونا

پردہ کھولنا: [ار ۔ محاورہ] افشائے راز کرنا بھید ظاہر کرنا

پردہ گرانا: [ار ۔ محاورہ] چلمن چھوڑنا پردہ کھولنا ۔ تھیٹر وغیرہ کا پردہ لٹکانا/ کھولنا

پردہ گرنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "پردہ گرانا" جس کا یہ لازم ہے

پردۂ گوش: [ف ۔ اند] کان کی جھلی جس پر آواز کی لہر لگ کر آواز سنائی دیتی ہے ۔

پردہ لگانا: [ار ۔ محاورہ] پردہ لٹکانا/ کھولنا ۔ پردہ میں بٹھانا ۔ پردہ نشین ہونا ۔ شریف بن جانا ۔ طنزاً ایسی عورت کے لیے کہتے ہیں جو بدچلن ہو اور پردہ نشینی کرے ۔

پردہ لگنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "پردہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے

پردۂ ناموس: [ف ۔ اند و مث] عفت کا پردہ ۔ عصمت کا پردہ

پردۂ نام و ننگ: [ف ۔ اند ۔ مث] عزت و حرمت کا پردہ ۔

پردہ نشین: [ف ۔ صف] پردے میں رہنے والی عورت ۔ باحیا عورت

پردۂ نیلگوں: [ف ۔ اند] آسمان ۔

پردہ ہو جانا/ ہونا: [ار ۔ محاورہ] اوٹ میں ہو جانا ۔ آڑ میں ہو جانا (۲) حجاب ہونا ۔ سامنے ہوتے شرمانا (۳) چھپنا ۔ عورت کا مرد کے سامنے نہ ہونا ۔

پردۂ یاقوت: [ف ۔ اند] ایک سُر ۔ ایک راگ کا نام ۔

پردے: [ف ۔ اند] دیکھیے "پردہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے ۔

پردے بٹھانا: [ار ۔ محاورہ] پردہ نشین ہونا ۔ باہر کا آنا جانا بند کرنا ۔

پردے میں بیٹھنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "پردے میں بٹھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پردے پردے میں: [ار متعلق فعل] خفیہ ۔ چوری چھپے ۔ بے خبری میں ۔ آڑ میں اوٹ میں

پردے چھٹنا: [ار ۔ محاورہ] پردے پڑنا ۔ بندھے ہوئے پردے کھلنا (۲) حجاب ہونا

پردے سے لگنا: [ار ۔ محاورہ] پردے کے قریب بیٹھنا ۔

پردے کو چھوڑنا: [ار ۔ محاورہ] پردے کو بالکل سے گرا دینا ۔

پردے کی بات: [ف ۔ ار ۔ امث] راز کی بات ۔ خفیہ معاملہ ۔

پردے کی بوبو/ بی بی/ رانی: [ار ۔ امث] پردہ نشین عورت ۔ چھپنے والی عورت ۔ طنزاً خراب عورت ۔ بدچلن عورت

پردے کی بی بی چٹائی کا لہنگا: [ار ۔ مثل] جب کوئی غریب عورت بہت پردہ کرے تو کہتے ہیں ۔

پردے کی دیوار: [ار ۔ امث] ایسی دیوار جس کی وجہ سے مکان کے اندر باہر سے نظر نہ پڑے ۔ دروازہ کے آگے جو اینٹوں کی اوٹ کھڑی کی جاتی ہے

پردے کے لوگو پردے ہو: [ار کلمۂ ندا] جب کوئی اپنے کوٹھے پر چڑھتا ہے تو محلہ والوں کو اس طرح آواز دی جاتی ہے کہ جو پردہ کرنا چاہے وہ عورت چھپ جائے ۔

پردے لگنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "پردہ لگنا"

پردے ملانا: [ار ۔ محاورہ] سُر ملانا

پردے میں: [ار ۔ متعلق فعل] چُھپ کر ۔ خفیہ ۔ درپردہ ۔ حجاب میں ۔ آڑ میں ۔

پردے میں بٹھانا: [ار محاورہ] دیکھیے "پردے بٹھانا"

پردے میں بیٹھنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "پردے بیٹھنا"

پردے میں پوچھنا: [ار ۔ محاورہ] اس طرح پوچھنا کہ مخاطب کو پتہ نہ لگے کہ کوئی بات پوچھ رہے ہیں ۔

پردے میں رہنا: [ار ۔ محاورہ] حجاب میں رہنا ۔

پردے میں زردہ لگانا: [ار ۔ محاورہ] در پردہ فعل بد کرنا ۔ پردہ نشین عورت کا بدچلنی کرنا ۔

پردے میں سوراخ کرنا/ شکار کھیلنا
پردے میں گردہ لگانا } [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "پردے میں زردہ لگانا"

پردھان: [ہ ۔ اند] رہنما ۔ صدر ۔ مکھیا ۔

پردیس: [ہ ۔ اند] غیر وطن ۔ دوسرا ملک ۔ بدیس ۔ غربت ۔

پردیس چھانا: [ہ ۔ مص ۔ ومتعی] غیر جگہ سکونت اختیار کرنا ۔ دوسرے ملک میں رہ پڑنا ۔ غیر ملک کو وطن بنا لینا ۔

پردیسن: [ہ ۔ امث] اجنبی عورت ۔ غیر وطن کی عورت ۔ مسافر عورت ۔

پردیسی: [ہ ۔ صف] غیر ملک کا ۔ باہر کا ۔ مسافر

پردیسی بلم تیری آس نہیں / باسی پھولوں میں باس نہیں: [ار ۔ مثل] پردیس میں رہنے والے محبوب سے وفا کی امید نہیں ہوتی ۔ جس طرح باسی پھولوں میں خوشبو نہیں ہوتی

پردیسی کا جی آدھا ہوتا ہے: [ار ۔ مثل] پردیس میں انسان کا حوصلہ نہیں رہتا۔

پردیسی کی پیت کو سب کا من للچائے / دوئی بات کا کھوٹ ہے نہ رہے نہ سنگ لیجائے: [ہ ۔ مثل] پردیسی کی محبت میں دو بڑے نقص ہیں ۔ نہ تو وہ رہتا ہے اور نہ ساتھ لے جاتا ہے ۔

پرذات: [ار ۔ صف ۔ ق] غیر ذات کی ۔ اصل ۔ کم ذات ۔

پُرزہ: [ف ۔ اند] (۱) ٹکڑا (۲) دوات کا صوف (۳) کل کا وہ حصہ یا ٹکڑا جو اس کے چلنے کے لیے ضروری ہو (۴) جزو ۔ جوڑ ۔ عضو (۵) کاغذ کا ٹکڑا (۶) مختصر خط ۔ رقعہ (۷) پرندوں کے رونگٹے (۸) دھجی ۔ کترن ۔ (۹) چالاک ۔ فتنہ پرداز

پُرزے: [ار ۔ اند] دیکھئے "پُرزہ" جس کی یہ جمع ہے ۔

پُرزے اڑانا / دینا: [ار ۔ محاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ دھجیاں اڑانا ۔ پھاڑنا ۔ (۲) کھال اکھاڑنا ۔ بہت زیادہ مارنا پیٹنا ۔ اچھی طرح زدوکوب کرنا ۔

پُرزے اڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "پُرزے اڑانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پُرزے پُرزے کرنا: [ار ۔ محاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ پارہ پارہ کرنا (۲) بہت مارنا پیٹنا ۔ چمڑی ادھیڑنا ۔

پُرزے پُرزے ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "پُرزے پُرزے کرنا" جس کا یہ لازم ہے

پُرزے کرنا: [ار ۔ محاورہ] ٹکڑے کرنا

پُرزے ہونا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پُرزے کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پَرس: [انگ ۔ اند] (PURSE) روپیہ پیسہ رکھنے کا چھوٹا سا بیگ ۔ تھیلی ۔ بٹوا

پَرَس: [ہ ۔ اند ۔ ق] پارس ۔ پتھر (۲) حقیقی (۳) چوپال

پُرس: [ہ ۔ اند] آدمی ۔ آدمی کے قد کے برابر ۔ تقریباً چھ فٹ کا کوئی پیمانہ ۔

پُرس: [ف ۔ لاحقہ فاعلی] پرسیدن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پوچھنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً مزاج پُرس ۔ احوال پرس ۔

پُرسا: [ہ ۔ اند] قد آدم ۔ آدمی کے قد کے برابر ۔

پُرسا: [ف ۔ اند] دیکھئے "پُرسہ"

پرساد / پرشاد: [س ۔ اند] (۱) دیوتاؤں کا چڑھاوا ۔ نذر ۔ منت ۔ تبرک (۲) مرشد کا اُلش ۔ کسی بزرگ کا جھوٹا کھانا (۳) انعام ۔ بخشش ۔ عطیہ ۔ (۴) نتیجہ ۔ ثمر ۔ پھل ۔ بدلہ ۔ عوض ۔

پُرساں: [ف ۔ اسم حالیہ] خبر گیراں ۔ پوچھنے والا ۔ دریافت کرنے والا (۲) مددگار ۔ سہارا دینے والا ۔ معاون (۳) رفیق ۔ دوست ۔ یار ۔

پُرسانِ حال: [ف ۔ صف] حال پوچھنے والا ۔ کیفیت دریافت کرنے والا (۲) آسرا دینے والا (۳) دکھ درد کا دریافت کرنیوالا (۴) اعانت کرنیوالا ۔

پَرَست: [ف ۔ لاحقہ ۔ فاعلی] فارسی مصدر پرستیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پوجنے والا یا پسند کرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً خدا پرست ۔ حق پرست ۔

پَرَستار: [ف ۔ صف] پوجا کرنے والا ۔ پجاری ۔

پَرَستار: [ف ۔ اسم ۔ مث و مذ] غلام ۔ کنیز ۔ خدمت گار ۔ نوکر ۔ عاشق ۔ شیدائی ۔ مرید ۔

پرستار زادہ نیاید بکار / اگرچہ بود زادۂ شہریار: [ف ۔ مقولہ] لونڈی کا بچہ کسی کام نہیں آتا خواہ وہ کسی بادشاہ کا ہی بیٹا ہو ۔ کمینہ آدمی بے فیض ہوتا ہے ۔

پرستاری: [ف ۔ امث] خدمت ۔ پرستش

پرستان: [ف ۔ اند] پریوں کے رہنے کی جگہ ۔ پریوں کا اکھاڑا (۲) خوبصورت عورتوں کا مجمع ۔ حسینوں کے رہنے کا مقام ۔

پرستان کا عالم: [ار ۔ اند] (۱) پریوں کی سی کیفیت ۔ دلکش مقام (۲) خوبصورت عورتوں کا مجمع ۔ خط حسیناں ۔ کثرت حسیناں ۔

پَرَستِش: [ف ۔ امث] عبادت ۔ پوجا ۔ بندگی ۔ تعظیم ۔ توقیر ۔ محبت ۔ عشق ۔ اطاعت

پرستش خانہ / کدہ / گاہ: [ف ۔ اند] عبادت خانہ ۔ پرستش کی جگہ (افعال : کرنا ۔ ہونا)

پرستندہ: [ف ۔ فاعل] (۱) نوکر ۔ ملازم ۔ غلام ۔ پجاری ۔ عاشق

پُرسِش: [ف ۔ امث] دریافت ۔ خبرگیری ۔ پوچھ گچھ ۔ مواخذہ ۔ تفتیش ۔ جواب مانگنا یا پوچھنا ۔ آؤ بھگت ۔ تعظیم ۔ حرمت ۔ عزت ۔

پُرسِندہ: [ف ۔ فاعل] پوچھنے والا ۔ دریافت کرنے والا ۔

پَرسَندہ: [ار ۔ اند] پسندہ کا بگاڑ ۔ کباب ۔ پسندہ

پرسن: [ہ ۔ صف] (۱) صاف ۔ شفاف ۔ روشن ۔ نرمل ۔ (۲) خالص ۔ بغیر ملاوٹ (۳) خوش ۔ شاد ۔ مسرور ۔ آنند (۴) راضی ۔ موافق (۵) پسندیدہ ۔ خوشگوار ۔ من بھاؤ (۶) سرسبز ۔ ترقی یاب (۷) مہربان ۔ شفیق (۸) معاون ۔ مددگار ۔ (افعال : کرنا ۔ ہونا ۔)

پَرسنگ: [س ۔ اند] بڑوں کی صحبت ۔ بڑوں سے میل ملاپ (۲) ربط ۔ ضبط ۔ میل جول (۳) مقولہ ۔ قول ۔ چرچا (۴) موقع محل ۔ تعلق ۔

پَرسوت: [س ۔ اند] (۱) زچہ کی ایک بیماری (۲) جریان (۳) سیلان الرحم ۔

پرسوں: [ہ ۔ امث] گذشتہ کل سے پہلا اور آئندہ کل کے بعد کا دن (آج سے تیسرا دن)

پرسوں کا ہونا کل اور کل کا ہونا آج: [ار ۔ مثل] ایسے وقت پر کہتے ہیں جہاں بہت جلدی ظاہر کرنا مقصود ہو ۔

پُرسہ: [ف ۔ اند] ماتم پُرسی ۔ تعزیت ۔

پُرسہ دینا: [ار ۔ محاورہ] ماتم پُرسی کرنا ۔

پُرسہ لینا: [ار ۔ محاورہ] لوگوں سے تسلی اور ماتم پُرسی کی باتیں سننا ۔

پُرسیاؤشاں: [ف ۔ اند] بال چھڑ ۔ سنبل ۔ ایک قسم کی بوٹی ۔

پُرُش: [س ۔ اند] (۱) آدمی ۔ انسان ۔ مرد ۔ شخص (۲) شوہر ۔ خاوند ۔ پتی (۳) خدا ۔ مالک ۔

پُرش کی مایا اور برچھ کی چھایا: [ہ ۔ مثل] انسان کی دولت اور درخت کے سایہ کا کوئی اعتبار نہیں ۔

پرشاد: [ہ۔ اند] دیکھیے "پرساد"
پرشاد چڑھانا: [ہ۔ محاورہ] منت۔ تحفہ۔ نذر کرنا۔ نیاز دینا۔ بھینٹ چڑھانا دیوتاؤں کو بھوگ لگانا یا چڑھانا۔
پرشاد چکھنا/چکنا: [ہ۔ محاورہ] کھانا کھانا۔
پرشاد دینا: [ار۔ محاورہ] تبرک دینا۔ تحفہ دینا
پرشہر: [ار۔ اند] پرایا شہر۔ غیر شہر۔ پردیس۔
پرکاج: [ہ۔ اند] غیر کا کام۔ دوسرے کا کام۔
پرکار: [ف۔ اند] دائرہ کھینچنے کا آلہ (۲) چرخ۔ چکر
پُرکار: [ف۔ صف] موٹا دبیز۔ گاڑھا (۲) مضبوط۔ مستحکم (۳) جڑاؤ۔ مرصع (۴) دانا۔ عیار۔ ہوشیار۔
پرکاش: [س۔ اند] (۱) دکھائی دینے والا۔ عیاں۔ ظاہر۔ آشکار (۲) کھلا۔ علانیہ۔ صریح۔ فاش (۳) مشہور۔ نامی۔ معروف۔ نامور۔ شہرہ آفاق۔ (۴) روشن۔ چمکیلا۔ نورانی۔ منور (۵) صفائی۔ روشنی۔ چمک دمک۔ آبداری (۶) شان شوکت۔ نمود۔ شکوہ (۸) ظہور۔ دکھاوا۔ رویت (۹) اظہار۔ افشا۔ انکشاف۔ توضیح۔ تشریح۔ آشکار (افعال: پانا۔ کرنا۔ ہونا)
پُرکالا: [ہ۔ اند] (۱) زینہ۔ سیڑھی (۲) چوکھٹ۔ دہلیز
پرکالہ: [ف۔ اند] ٹکڑا۔ حصہ (۲) چنگاری۔ پتنگا۔ شرارہ۔
پرکالۂ آتش: [ف۔ صف] نہایت تیز۔ عیار۔ شریر۔ چالاک (۲) آگ کا شرارہ
پرکانا: [ہ۔ مص۔ لکھنؤ] شوق دلانا کسی کام کے بار بار کرنے پر مائل کرنا (۲) عادی کرنا۔ دستور باندھنا۔
پرک جانا/پرکنا: [ہ۔ مص] دیکھیے "پرکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پرکرما/پریکما: [ہ۔ اند] طواف۔ گرداگرد گھومنا۔ چاروں طرف چکر لگانا (۲) نثار۔ تصدق۔ وار پھیر (افعال: دینا۔ کرنا۔ لگانا۔ لینا۔
پرکمی: [ہ۔ امث۔ ق] مصیبت۔ غربت۔ ضرورت۔
پرکھ: [ہ۔ امث] (۱) پہچان۔ شناخت۔ تمیز۔ وقوف۔ گیان (۲) معیار کسوٹی۔ جانچ۔ امتحان۔ آزمائش۔ تجربہ (۳) آنک
پُرکھ: [ہ۔ اند] دیکھیے "پُرش"
پُرکھا پھیر دکوئی نہیں: [ہ۔ مثل] انسان ایک جگہ نہیں رہ سکتا۔ جابجا پھرتا رہتا ہے۔
پُرکھ ساٹھا سو پاٹھا / استری بیسی سو کھیسی: [ہ۔ مثل] مرد ساٹھ سال کا بھی جوان ہوتا ہے۔ عورت بیس برس کی بھی بوڑھی ہوتی ہے۔
پُرکھا: [ہ۔ اند] اب وجد۔ باپ دادا (۲) نیک لوگ۔ بھلے مانس۔ (۳) بزرگ۔ جدامجد۔ بڑا بوڑھا۔
پرکھا/پرکھیا: [ہ۔ اند] پرکھنے والا۔ جانچنے والا۔
پرکھانا: [ار۔ مص] دیکھیے "پرکھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
پرکھائی: [ار۔ امث] (۱) جانچ۔ تمیز (۲) سکہ جانچنے کی اُجرت
پرکھنا: [ار۔ مص] (۱) جانچنا۔ امتحان کرنا۔ آزمانا۔ تجربہ کرنا (۲) دیکھنا۔ آنکنا (۳) سنبھالنا۔ گننا (۴) پہچاننا۔ شناخت کرنا۔
پرکھوانا: [ہ۔ مص] دیکھیے "پرکھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پرکھوائی: [ہ۔ امث] دیکھیے "پرکھائی"
پُرکھن: [ہ۔ امث] دیکھیے "پُرکھا" جس کی یہ تانیث ہے۔
پُرکھے: [ہ۔ اند] دیکھیے "پُرکھا" جس کی یہ جمع ہے۔
پرگت ملنا: [ہ۔ محاورہ] میل ہونا۔ ساز ہونا۔
پرگٹ: [ہ۔ صف] عیاں۔ ظاہر۔ کھلا۔ آشکارا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
پُرگم: [ار۔ صف۔ ق] فکرمند (۲) پُراسرار گہرا (۳) مشکل
پرگنہ: [ہ۔ اند] وہ بڑی بستی جس میں چند گاؤں شامل ہوں۔ ضلع کا حصہ۔ (۲) وہ زمین جس سے مال گزاری اور خراج وصول کرنے کیلئے ایک افسر مقرر ہو۔
پرگنہ دار: [ف۔ ا فاعل] پرگنہ کا حاکم اعلیٰ۔
پرگنہ وار: [ف۔ متعلق۔ فعل] پرگنہ کے حساب سے۔
پرگھات: [ق۔ ہ۔ اند] حادثہ
پرگھٹی: [س۔ امث] لوہے کا سانچہ جس میں سونے یا چاندی کو گلا کر ڈھالتے ہیں۔ سنار کا سانچہ۔
پرگھرا: [ار۔ صف] وہ کبوتر جو دوسرے کے گھر کو پہچانتا ہو۔
پُرگیری: [ار۔ امث] تیر کا پر۔ لوہے کی نوک جو تیر پر لگائی جاتی ہے۔
پَرلا: [ہ۔ صف] اِدھر کا۔ اس طرف کا۔ دوسرے سرے کا۔ اس پار کا۔ انتہائی حد کا۔
پَرلو: [ہ۔ امث] قیامت۔ سب کے مرنے اور فنا ہونے کا دن۔ نیستی۔ فنا۔ انت۔ اخیر۔ خاتمہ۔
پرلوک: [ہ۔ اند] اوپر والی دنیا۔ عالم بالا۔ آخرت۔ جہانِ دیگر۔ عاقبت۔
پرلے: [ہ۔ صف] دیکھیے "پرلا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
پرلے درجے کا: [ہ۔ صف] بے حد۔ انتہائی درجے کا۔
پرلے سرے کا: [ہ۔ صف] بڑا بدمعاش۔ خراب آدمی (۲) حد درجے کا۔
پرلی: [ہ۔ صف] دیکھیے "پرلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
پرم آتما/پرماتما: [ہ۔ اند] خدا۔ ایشور
پَرمَت: [ہ۔ امث] (۱) پرائی مت (۲) بہکاوا (۳) عزت۔ آبرو (۴) ساکھ۔ اعتبار۔
پرمٹ: [انگ۔ اند] (PERMIT) اجازت نامہ۔ مال درآمد برآمد کرنے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے یا خرید و فروخت کی تحریری اجازت۔
پرمٹا: [جرمن۔ اند] ایک قسم کا اونی کپڑا جو مالینہ سے مشابہ ہوتا ہے، جو اسی نام کے جرمنی کے ایک شہر میں ایجاد ہوا تھا۔
پَرمحلہ: [ہ۔ اند] دوسرا محلہ۔
پِرمَل: [ہ۔ اند] جوار۔ مکئی۔ باجرے وغیرہ کو بھگو کر بھونے ہوئے خستہ اور بھربھرے دانے یا کھیلیں (۲) بھونے ہوئے چاول (۳) ایک قسم کا خوشبودار چاول (۴) کوئی خوشبودار مادہ۔
پَرملو: [ہ۔ اند] ایک قسم کا ناچ۔
پرمود: [س۔ امث] بے حد خوشی۔ مسرت۔

پرمیشر: [س - اند] خدا تعالیٰ - اللہ -
پرمیو: [ہ - اند] سوزاک کا مرض
پرن: [ف - اند] (۱) پروین - ثریا (۲) سات سہیلیوں کا جھمکا (۳) کل - گزشتہ دن (۴) چاندنی (۵) ایک قسم کا ریشم -
پرن: [ہ - اند - مث] (۱) وعدہ - اقرار (۲) عہد - قسم - نیت (۳) طبلے کی گت -
پرنا: [ف - اند] پھول والا ریشمی کپڑا -
پرنالا: [ہ - اند] کوٹھے یا بالاخانہ کی موری جو پانی نکلنے کیلئے ہوتی ہے -
پرنالی: [ہ - امث] پرنالہ کی تصغیر (۲) گھوڑے کی تندرستی کے سبب ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف گوشت ابھرنے سے ہڈی پر جو گڑھا رہ جاتا ہے -
پرنالی پڑنا: [ار - محاورہ] موٹاپے کے باعث گھوڑے کے پٹھوں کے درمیان نالی پڑجانا - (۲) گھوڑے کا تیار اور فربہ ہونا -
پرنالے: [ہ - اند] دیکھئے " پرنالا " جس کی یہ جمع ہے -
پرنالے بہا دینا: [ار - محاورہ] کسی چیز کی کثرت کر دینا - (۲) شدت سے رونا -
پرنام: [س - اند] سلام - بندگی - تسلیم آداب (۲) اخیر وقت کے آثار مرنے کے وقت کے آثار -
پرنانا: [ہ - اند] نانا کا باپ - (۲) آگ کے گرد چکر لگانا - شادی کرنا - بیاہنا -
پرنانی: [ہ - امث] پرنانا کی بیوی - نانی کی ماں - ماں کی نانی
پرنتو: [ہ - حرف استدراک] لیکن - مگر
پرند: [ف - اند] اڑنے والا - بہت تیز رفتار گھوڑا (۲) پرندہ - طائر - (۳) بالوں کے باندھنے کا ایک خوبصورت طریقہ (۴) آبدار تلوار (۵) ایک قسم کا عمدہ اور پھول والا ریشمی کپڑا (۶) سادہ ریشمی کپڑا (۷) سات سہیلی کا گچھا (۸) ایک قسم کی گھاس (۹) جنگلی کھیرا (۱۰) بکری کا چمڑا (۱۱) شاہی جھنڈا (۱۲) موتی (۱۳) امید
پرند آبی: [ف - اند] ایسا پرندہ جو پانی میں سے مچھلیاں وغیرہ پکڑ کر کھائے -
پرندہ: [ف - صف] اڑنے والا - تیز - طائر - جہاز - کشتی - پارہ -
پرندہ پر نہیں مار سکتا: [ار - محاورہ] کوئی جانے نہیں پاتا - کسی کو جانے کی اجازت نہیں - کسی کی گذر نہیں -
پرندہ ہو جانا: [ار - محاورہ] اڑجانا - بہت جلدی حرکت کرنا - تیزی سے بھاگنا -
پرنسپل: [انگ - اند] (PRINCIPAL) کالج کا مدرسِ اعلیٰ یا ناظم اعلیٰ -
پرنی: [ہ - امث - ق] نلکی -
پرنیاں: [ف - اند] ایک قسم کا پھول والا ریشمی کپڑا - دیبا - جو بہت نرم اور ملائم ہوتا ہے -
پروا: [ہ - امث] قمری نصف مہینے کا پہلا دن - چاند کے بڑھنے اور گھٹنے کا دن -

پروا: [ف - اند] خواہش - چاہ - محبت (۲) فکر، خیال، توجہ، اندیشہ، چنتا - (۳) ضرورت - حاجت - غرض (۴) آرام - فرصت (افعال: کرنا، ہونا، نہ کرنا، نہ ہونا)
پُروا: [ہ - امث] پورب کی ہوا - باد مشرق - صبا - مشرقی ہوا (۲) (ق) گاؤں - بستی -
پروار: [ہ - اند] خاندان - قبیلہ - خاندان کے لوگ (۲) اہالی موالی ہمراہی - جلو کے لوگ (۳) متعلقین - تابعین - ملازمان (۴) رعیت - رعایا - پرجا (۵) دوست یار -
پرواز: [ف - امث] اڑان (۲) فخر - ناز - غرور -
پروال: [ہ - اند] دیکھئے " پربال "
پروان: [ہ - اند] (۱) بالغ - کامیاب - مکمل - پورا (۲) ثمر - پھل - بر - (۳) نتیجہ (۴) بادبان کا ڈنڈا - مستول -
پروان چڑھانا: [ار - محاورہ] مراد کو پہنچانا - جوان کرنا - بیاہ کرنا - کمال کو پہنچانا -
پروان چڑھنا: [ار - محاورہ] دیکھئے " پروان چڑھانا " جس کا یہ لازم ہے -
پروانا: [ہ - مص] پُرکرانا - بھروانا
پروانگی: [ف - امث] حکم - فرمان (۲) اجازت - منظوری -
پروانہ: [ف - اند] (۱) حکم فرمان - منظوری (تحریری) (۲) اجازت نامہ - حکم نامہ - پاسپورٹ - پرمٹ (۳) شاہی حکم - جاگیر کا حکم (۴) نوکری کا تحریری حکم - وہ تحریری حکم جو کسی ماتحت کے نام جاری کیا جائے (۵) پتنگا - چھوٹا پردار کیڑا (۶) عاشق - شیفتہ - قربان ہونے والا - صدقے ہونے والا (۷) لشکر کا پیش رو (۸) وہ جانور جو شیر کے آگے آگے چلتا ہے -
پروانہ تلاشی: [ار - اند] گھر کی تلاشی کا وارنٹ یا تحریری حکم -
پروانہ راہداری: [ف - اند] دوسرے ملک میں جانے کا اجازت نامہ تحریری (۲) ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانے کا اجازت نامہ -
پروانۂ طلائی: [ار - اند] سنہری سند، جو حسن خدمت پر دی جاتی ہے -
پروانۂ گرفتاری: [ف - اند] وارنٹ گرفتاری - حکم نامہ گرفتاری -
پروانہ لکھانا: [ار - محاورہ] تحریری حکم جاری کرانا -
پروانہ لکھنا: [ار - محاورہ] تحریری حکم جاری کرنا یا بھیجنا -
پروانہ نویس: [ف - ا - فاعل] دفتر یا عدالت کا ایک عہدہ دار - اہل مد
پروانہ وار: [ف - متعلق - فعل] پروانہ کی طرح -
پروانہ ہونا: [ار - محاورہ] فریفتہ ہونا - عاشق ہونا (۲) مرنا - جان دینا -
پروانے: [ف - اند] دیکھئے " پروانہ " جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے -
پرواہ: [ار - امث] دیکھئے " پروا " جو صحیح ہے -
پرواہا: [ار - اند] لکھنؤ - نمدے کا گول تکیہ یا گدا - جس میں بال بھر کر سرہانے کے تلے رکھتے ہیں -
پُروائی: [ہ - امث] پُروا ہوا - مشرقی ہوا -
پروایا: [ہ - اند] چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھنے کا لکڑی کا ٹکڑا -
پروبیشن: [انگ - اند] کام سیکھنے کا زمانہ/وقت (PROBATION)

پروبیشنر: [انگ - اند] کام سیکھنے والا۔ (PROBATIONER)

پروپیگنڈا: [انگ - اند] دیکھئے "پراپیگنڈہ"

پروتا: [ار - اند] پوتے کا بیٹا - بیٹے کا پوتا (۲) آٹا - گڑ - ہلدی - پان وغیرہ جو کسی تقریب پر خدمتگاروں اور کمینوں کو دیا جاتا ہے۔

پروتی: [ار - امث] پوتے کی بیٹی - بیٹے کی پوتی۔

پروٹسٹنٹ دیکھئے: [پراٹسٹنٹ]

پروڈیوسر: [انگ - اند] (PRODUCER) پیدا کرنے والا - پیش کرنے والا - مہیا کرنے والا۔

پرور: [ف - لاحقہ - فاعل] فارسی مصدر پروردن سے صیغہ امر، جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پالنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً غریب پرور - دوست پرور۔

پَروَردگار: [ف - اند] پالنے والا - خدا تعالےٰ - رب۔

پَروَردگارِ عالم/عالمیان: [مع - اند] دُنیا اور دنیا کے رہنے والوں کو پالنے والا - خدا۔

پَروَردگار کا مُنہ کرکے: [ار متعلق - فعل] خدا واسطے۔

پَروَردَہ: [ف صف مفعولی] پلا ہوا - پرورش کیا ہوا - بسایا ہوا - بامُراد کیا ہوا۔

پَروَرِش: [ف - امث] تعلیم و تربیت - پالنا (۲) مہربانی شفقت (افعال: کرنا - ہونا)

پَروَرِشِ خاوَندَانہ: [ف - امث] مالک/خاوند کی شفقت اور مہربانی

پَروَرِش یافتہ: [ف - مفعول] پرورش پایا ہوا۔

پَروَرِندہ: [ف - صف] پالنے والا - پرورش کرنے والا (۲) مُربی - سرپرست

پَروسا: [ھ - اند] (۱) طعام، جو کہ ہمسایہ یا دوست کو بھیجا جائے یا مہمان کے آگے رکھا جائے (۲) طعام کا کچھ حصہ۔

پَروسنا: [ھ - مص] کھانا چُننا - مہمانوں کے آگے کھانا رکھنا - کھانا کھانے کے برتنوں میں کھانا اتارنا/ لگانا۔

پروسیا: [ہ - صف] کھانا چُننے/ لگانے والا

پَرُوف: [انگ - اند] (۱) ثبوت (۲) سب سے پہلے چھپا ہوا پرچہ جو اصلاح اور درستی کے لئے دکھایا جاتا ہے (۳) مسودہ - خاکہ (PROOF)

پروفیسر: [انگ - اند] (PROFESSOR) کالج کا استاد - معلّم - کسی مضمون کا ماہر (۲) پیشہ ور استاد۔

پروگرام: [انگ - اند] (PROGRAMME) ترتیب - سلسلہ - ڈھنگ طریقہ - نظام عمل - لائحہ عمل - کام اور وقت کا تعین۔

پروَل: [ہ - اند] ایک قسم کی ترکاری، جسے پرمل بھی کہتے ہیں

پَرول: [انگ - امث] (PAROLE) وہ خاص لفظ یا الفاظ جو پہرے والے کو بتلائے جاتے ہیں (۲) قیدی کو اس شرط پر قید سے باہر لانے کی اجازت دینا کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آجائے گا۔

پرولتاری: [ار صف] PROLETARIAN کا مُورّد - محنت کشوں کا حامی - حامیٔ عوامیت۔

پرولتاریت: [انگ - اند] PROLETARIAT کا مُورّد - عوام الناس مفلس اور غریب لوگ - طبقہ مزدوراں (۲) معاشی طور پر غیر مطمئن اور بدحال طبقہ۔

پرونا: [ار - مص] سوراخ دار چیز میں دھاگا ڈالنا - سوراخ یا چھید کرنا - سوئی میں دھاگا ڈالنا۔

پرونا: [ار - مص - ق] پورا کرنا۔

پرونوٹ: [انگ - اند] (PRONOTE) لین دین کا اقرار نامہ جو روپیہ لینے والا لکھ کر دیتا ہے۔

پروہت: [ہ - اند] خاندانی برہمن جو تمام خاندان کی پوجا پاٹ، موت اور بیاہ کی رسوم ادا کراتا ہے۔

پروہتائی: [ہ - امث] پروہت کا کام - پروہت کا پیشہ۔

پروی: [ہ - امث] فاختہ - نیز دیکھئے "پرتی"

پرویز: [ف - اند] (۱) فاتح (۲) خوش نصیب (۳) خوش رو (۴) قیمتی (۵) نہایت اعلیٰ (۶) مہذب (۷) سخاوت (۸) کھلی (۹) روشن۔

پرویزن: [ف - امث] چھلنی - غربال

پَروین: [ف - اند] چھ ستاروں کا گچھا - عقدِ ثریا

پَرّہ: [ف - اند] دامن - کنارا (۲) صف - قطار (۳) فوج کا حلقہ شکار کو گھیرنے کے لئے (۴) دروازے یا قفل کی جھڑ (۵) چکی کا پاٹ (۶) تھضا (۷) کنوئیں کی گراری۔

پَرَہ بینی: [ف - اند] نتھنوں کے درمیان کا پردہ۔

پرہیز: [ف - اند] احتیاط - احتراز - حذر - اجتناب - نفرت (۲) اتقا - تقویٰ - خوف - اندیشہ - بیم - ناجائز اور حرام چیزوں سے دوری۔

پرہیز توڑنا: [ار - محاورہ] ہر چیز کھانا یعنی منع کی ہوئی چیزوں کو کھانا۔

پرہیز ٹوٹنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پرہیز توڑنا" جس کا یہ لازم ہے

پرہیز چھوڑنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "پرہیز توڑنا"

پرہیز سب سے اچھا نسخہ ہے/ پرہیز بھی آدھا علاج ہے
پرہیز بڑی دوا ہے / پرہیز علاج سے بہتر ہے
: [ار - مثل] بیماری میں پرہیز بہت فائدہ دیتا ہے۔

پرہیز کرانا: [ار - محاورہ] حکیم کا بیمار کو غیر موافق غذا سے روکنا یا نقصان دہ چیزوں کے استعمال سے منع کرنا۔

پرہیز کرنا: [ار - محاورہ] حکیم کی رائے کے مطابق یا از خود ممنوعہ اشیاء سے بچنا - احتیاط کرنا۔

پرہیزگار: [ف - صف] صالح - متقی - زاہد - عابد - بھگت۔

پرہیزگاری: [ف - امث] اِتقا - زہد - تقویٰ - بھگتی۔

پرہیزی: [ف - صف] وہ جو بیمار کے موافق ہو - وہ جس سے پرہیز کیا جائے۔

پرہیزی کھانا: [ف - اند] بیمار کے موافق کھانا۔

پرسلی: [ہ - امث] ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے چونچ اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں۔

پُری: [ہ - امث] شہر - قصبہ - گاؤں - آبادی، جو مرکبات

ں مستعمل ہے جیسے مین پُری

: [ف-امث] (۱) جن کی جنس کی عورت جس کے متعلق خیال ہے کہ ں دو پر رکھتی ہے اور بے حد خوبصورت ہوتی ہے (۲) خوبصورت عورت۔ (۳) محبوب حسین (۴) نازک۔ اعلیٰ درجہ کی۔ دلآویز۔

اندام: [ف-صف] نازک بدن۔ خوبصورت۔ حسین۔

بن جانا: [ار-محاورہ] حسین ہو جانا۔ بہت خوبصورت ہونا۔

بند: [ار-اند] بازوؤں میں پہننے کا ایک زیور (۲) کُشتی ایک پیچ

پیکر: [ف-صف] نہایت خوبصورت

تمثال: [فع-صف] دیکھئے "پری پیکر"

جمال: [فع-صف] پری جیسے حُسن والا۔ بہت خوبصورت۔

چہرہ: [ف-صف] جس کا چہرہ پری کی مانند بہت خوبصورت ہو۔ حسین

چشم: [ف-ہ-صف] دیکھئے "پری پیکر"

خانہ: [ف-اند] وہ مکان یا جگہ جہاں حسینوں کا مجمع ہو۔

خواں: [ف-اند] عامل۔ سیانا۔ حاضرات کرنے والا۔ جن، پریوں وغیرہ کو حاضر کرنے والا۔

خوانی: [ف-امث] پری خواں کا پیشہ۔

دار: [ف-اند] وہ جس کے قبضے میں پریاں ہوں (۲) جس پر پری کا سایہ ہو۔

رخ/رُخسار/رُو: [ف-صف] دیکھئے "پری چہرہ"

زاد: [ف-صف-مذ] پری کی اولاد۔ پری کا بچہ (۲) پری کا نر۔ (۳) معشوق۔ محبوب۔ پری کی نسل سے۔ حسین۔ خوبصورت۔

شیشہ میں اتارنا: [ار-محاورہ] خوبصورت عورت کا تسخیر کرنا۔ معشوق و مطلوب کو اپنا بنانا۔

طلعت: [ف-صف] پری وش۔ خوبصورت۔ پری جمال۔ پری چہرہ

کا ٹکڑا: [ف-صف] حسین۔ خوبصورت

کا سایہ: [ف-اند] پری یا آسیب وغیرہ کا اثر

گت: [ف-ہ-امث] ایک قسم کا ناچ۔ پریوں جیسا ناچ۔

وش: [ف-صف] پری کی طرح خوبصورت۔

ے: [ہ-اند] پرا کی جمع

ے: [ہ-متعلق فعل] (۱) وَرے کی ضد۔ اس پار۔ اس طرف (۲) دور الگ۔ علیحدہ (۳) فاصلہ سے۔

ے بٹھانا: [ار-محاورہ] دور بٹھانا۔ الگ بٹھانا (۲) پاس نہ آنے دینا۔ (۳) حقیر کر دینا۔ نظروں سے گرا دینا (۴) ہرا دینا۔

ے سر پرے: [ار-کلمۂ خطاب] الگ رہو۔ دور رہو۔ جدا رہو۔

یا: [ار-امث] پری کی تصغیر۔ بہت خوبصورت۔ محبوب

یاں سر سے اُتروانا: [ار-محاورہ] عامل یا سیانے سے وہ عمل کرانا جس سے جن۔ پری۔ بھوت پریت کا اثر دُور ہو جائے۔

بیت: [ہ-اند] بھوت۔ آسیب۔ خبیث روح۔

پَرِیت: [ہ-امث] محبت۔ پیار۔ عشق۔ اُلفت۔ میل جول۔ اتفاق۔ اتحاد۔ ربط ضبط

پریت نہ جانے جات کجات: [ہ-مثل] محبت میں ذات پات کی پروا نہیں ہوتی۔

پَرِیتا: [ہ-اند] چرخی۔ اٹیرن۔ مخروطی شکل کا لکڑیوں کا ایک آلہ جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں۔

پَرِیتَم: [ہ-صف] محبوب۔ عاشق۔ خاوند (۲) نہایت پیارا۔ بہت دوست۔

پریٹ: [ار-امث] دیکھئے "پریڈ" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

پریٹ جمانا: [ار-محاورہ] صف باندھنا۔ قطار باندھنا۔

پَرِیدَہ: [ف-صف-مفعولی] اُڑا ہوا۔ غائب

پَرِیدہ چشم: [ف-صف] وہ جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھہرے۔

پریدہ رنگ: [ف-صف] جس کا رنگ اڑ گیا ہو۔ پھیکا پڑ گیا ہو۔

پریڈ: [انگ-امث] (PARADE) فوج یا پولیس کی قواعد (۲) وہ میدان جہاں قواعد ہوتی ہے۔ قطار۔ صف۔

پریذیڈنٹ/پریسیڈنٹ: [انگ-اند] (PRESIDENT) میرِ مجلس۔ صدر۔ چیئرمین۔ سربراہِ مملکت۔ پنچوں کا سردار۔ سرپنچ۔ علاقے کا حاکم۔ کمیٹی کا اعلیٰ افسر۔

پرَیس: [ہ-اند-ق] پردیس

پَرَیس: [انگ-اند] (۱) مطبع۔ چھاپہ خانہ۔ چھاپنے کی مشین۔ دبانے کی مشین (۲) صحافت۔ اخبارات۔ اخباری دنیا (PRESS)

پریشان: [ف-صف] (۱) حیران۔ سرگرداں۔ آشفتہ۔ متحیر۔ متفکر۔ مضطرب۔ منتشر۔ تتر بتر۔ پراگندہ

پریشان حال: [ف-صف] تنگ حال۔ مفلس۔ مصیبت زدہ۔ سراسیمہ۔

پریشان حالی: [فع-امث] دیکھئے "پریشان حال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پریشان خاطر/دل: [فع-صف] فکرمند۔ متردد۔ افسردہ۔ ملول۔ رنجیدہ

پریشان خاطری: [فع-امث] دیکھئے "پریشان خاطر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پریشان کرنا: [ار-مص-متعدی] دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ فکر میں ڈالنا۔

پریشان ہونا: [ار-مص-متعدی] دیکھئے "پریشان کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پریشانگی: [ار-امث-ق] دیکھئے "پریشانی" جو صحیح ہے۔

پریشانی: [ف-امث] حیرانی۔ فکر۔ تردد (۲) دکھ۔ مصیبت (۳) سرگردانی۔ انتشار۔

پریکھ: [ہ-اند-ق] درشن۔ دیدار۔ زیارت

پریکٹس: [انگ-امث] (PRACTICE) (۱) مشق۔ مہارت۔ (۲) وکیل یا ڈاکٹر کا کام۔

پریکٹیشنر: [انگ-صف] (PRACTITIONER) پیشہ ور۔ خصوصاً وکالت اور طبابت کا پیشہ کرنے والا۔

پریکشا: [س۔ اند] دیکھئے "پریکھا"

پریکھا: [ہ۔ اند] (۱) آزمائش۔ تجربہ۔ امتحان۔ جانچ۔ تمیز۔ ثبوت (۲) رنج۔ افسوس۔ شکایت۔ غور۔ فکر۔ سوچ۔ بچار۔

پریکھا کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] (۱) گلا کرنا۔ شکوہ کرنا (۲) آزمانا۔ جانچنا تجربہ کرنا۔

پریکھنا: [ہ۔ مص] دیکھئے "پرکھنا"

پریک: [ار۔ امث] باریک کیل۔ باریک میخ

پریم: [ہ۔ اند] (۱) محبت۔ پیار۔ الفت۔ عشق (۲) شفقت۔ مہربانی۔ عنایت۔ کرم (۳) دوستی۔ یاری۔ آشنائی۔

پریمی: [ہ۔ صف] (۱) محبت کرنے والا۔ فریفتہ (۲) دوست آشنا۔ عاشق۔

پریمیم: [انگ۔ اند] (PREMIUM) (۱) وہ رقم جو بیمہ کرانے والا معینہ اوقات میں کمپنی کو ادا کرتا ہے (۲) انعام۔ صلہ۔ بخشش۔ منافع۔

پریوا: [ہ۔ اند] (۱) ایک قسم کا آبی پرندہ (۲) کبوتر۔ فاختہ۔

پریوں دار: [ار۔ اند] ایک قسم کا کنکوا جس پر پریوں کی تصویریں بنی ہوتی ہیں۔

پریوں کا اکھاڑا / اکھاڑا: [ار۔ اند] پریوں کا ناچ گانے کا جلسہ۔ پریوں کے اترنے کا مقام۔ حسینوں کا مجمع۔

پریوں کا تخت اتارنا: [ار۔ محاورہ] حسینوں کا مجمع کرنا۔ حسینوں کو زبردستی بلانا۔

پریوں کا تخت اترنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پریوں کا تخت اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پریوں کا جمگھٹا: [ار۔ اند] حسینوں کا مجمع۔

پریوں کا طبق چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] پریوں کی نیاز کرکے پھول رکھ کر دریا میں چھوڑنا۔

پریوں کی پڑیاں: [ار۔ امث] پریوں کی نیاز جس میں چہل بی بی کی فاتحہ دلا کر شیرینی تقسیم کی جاتی ہے اور عبیر اور سندور کی پڑیاں بنا کر ہوا میں اڑائی جاتی ہیں۔

پریوی کونسل: [انگ۔ امث] (PRIVY-COUNCIL) بادشاہ کی خاص مجلس جو انتظامی معاملات میں اس کی مدد کرے۔

پ - ڑ

پڑ: [ار۔ فعل] پڑنا کا صیغہ امر۔

پڑ جانا: [ار۔ مص] (۱) لیٹ جانا۔ تھک جانا۔ بیمار ہو جانا (۲) مشہور ہونا (۳) گر پڑنا (۴) ہوا کا ہلکا ہو جانا۔ کم ہو جانا (۵) آواز بیٹھ جانا۔ پھیل جانا (۶) پھیل جانا۔ کسی چیز پر رکھا جانا۔ بکھر جانا (۷) ہو جانا۔ واقع ہو جانا (۸) پھل لگنا۔ دانہ پڑ جانا (۹) آفت پڑنا۔ مصیبت پڑنا (۱۰) زمین مزروعہ کا سبب کاشت رہ جانا (۱۱) نکاح کر لینا۔ گھر بسانا۔ بس جانا (۱۲) بچھڑنا۔

پڑ رہنا: [ار۔ محاورہ] لیٹ رہنا۔ سو رہنا

پڑ مرنا: [ار۔ محاورہ (عو)] مرتے دم تک ساتھ رہنا۔ ساتھ نہ چھوڑنا۔

پُڑا: [ہ۔ اند] (۱) بڑی پڑیا (۲) ڈھول یا طبلے کا خشک چمڑا (۳) کاغذ میں لپٹی ہوئی مٹھائی جو شادی میں عزیزوں کے ہاں تقسیم کرائی جاتی ہے (۴) پٹھا۔

پَڑا: [ہ۔ اند] (۱) بھینس کا نر بچہ (۲) مصدر پڑنا کا ماضی۔

پڑا پانا: [ار۔ محاورہ] راہ چلتے کسی چیز کا ملنا۔ مفت ملنا۔

پڑا پھرنا: [ار۔ محاورہ] آوارہ پھرنا۔ بیکار پھرنا۔

پڑا رونا: [ار۔ محاورہ] روتے رہنا۔ لگاتار رونا۔

پڑا رہنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بے حرکت رہنا۔ ایک حالت میں رہنا (۲) لیٹا رہنا۔ سوتا رہنا (۳) سست رہنا۔ بیکار رہنا۔

پڑا سڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی جگہ کسمپرسی کی حالت میں رہنا۔

پڑا کھیت: [ار۔ اند] (۱) سطح۔ کھلا میدان (۲) بغیر کاشت کھیت جس میں فصل نہ بوئی گئی ہو۔

پڑا گرا: [ار۔ صف] (۱) بیمار۔ مضمحل (۲) ناچیز۔ بے حقیقت۔

پڑا ملنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا مفت ملنا۔ بغیر کوشش کے کسی چیز کا ہاتھ آنا۔

پڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) آواز بیٹھ جانا (۲) گرا ہونا (۳) بے احتیاطی سے رکھا ہونا (۴) باقی رہنا (۵) فکر ہونا۔ دھن ہونا (۶) کسی کے پاس رہنا۔ کسی کے ٹکڑوں پر گزارہ کرنا۔

پڑاپڑ: [ار۔ اصوت] (۱) مینہ برسنے یا جوتیاں پڑنے یا تھپڑ پڑنے کی آواز (۲) پے در پے پیٹنے کی آواز (۳) اولے پڑنے کی آواز (۴) گھوڑے کی دُلکی چلتے وقت ٹاپوں کی آواز۔

پڑاخا: [ہ۔ اند] دیکھئے "پٹاخا"

پڑاق: [ار۔ امث] پٹاخے یا بندوق کی زور کی آواز۔

پڑاقا: [ار۔ اند] (۱) دیکھئے "پٹاخا" (۲) بندوق کی ٹوپی (۳) بندوق یا رائفل کا گھوڑا (۴) پٹاخے کی آواز۔

پڑاقے: [ہ۔ اند] دیکھئے "پڑاق" جس کی یہ جمع ہے۔

پڑاقے کی گوٹ: [ار۔ امث] مختلف رنگوں کی گوٹ۔ رنگا رنگ کی کناری۔

پَڑانا: [ار۔ مص] دیکھئے "پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پڑاؤ: [ار۔ اند] پڑانا سے (۱) لشکر یا قافلے کے اترنے کی جگہ (۲) منزل۔ پہل کا ایک دن کا سفر۔

پڑاؤ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] رہ پڑنا۔ قیام کرنا۔

پڑاؤ کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پڑاؤ ڈالنا"

پڑاؤ مارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) قافلے کو لوٹنا۔ چھاپہ مارنا (۲) بُرا کام کرنا (۳) مفت کا مال حاصل کرنا۔

پَڑپَڑ: [ار۔ اصوت۔ مث] گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز۔ بوندیں گرنے کی آواز۔ لگاتار پادنے کی آواز۔

پَڑپَڑانا: [ار۔ مص] (۱) زبان میں مرچیں لگنا (۲) زبان پر کسی چیز کی تیزی محسوس ہونا (۳) خشکی کے باعث ہونٹوں پر پپڑیاں جم جانا

(۴) بہت باتیں کرنا (۵) چڑچڑانا (۶) درد سے ٹیس پڑنا (۷) جوتوں کی مار پڑنا۔

پڑپڑانا : [ار۔ معں] (۱) دستوں کی آواز۔ اسہال کے مرض میں پڑپڑ کرنا (۲) سٹپٹانا (۳) بٹیر وغیرہ کا لڑائی سے گھبرا کر بھاگ جانا۔

پَڑَت : [ار۔ امث] (۱) قیمت۔ اصلی قیمت۔ لاگت (۲) بازاری نرخ۔ شرح۔ میزان۔

پَڑَت پھیلانا : [ار۔ محاورہ] لاگت کا اندازہ کرنا۔ اخراجات کو ہر ایک چیز پہ الگ الگ پھیلانا یا تقسیم کرنا۔

پَڑتا : [ار۔ اند] (۱) شرح لگان (۲) حصہ رسدی حصہ چندہ (۳) شرح۔ شرح مالگذاری فی بیگھہ یا ہل۔

پَڑتال : [ھ۔ اند] دیکھئے "پرتال" مع افعال۔

پَڑتَل : [ھ۔ اند] دیکھئے "پَرتَل"

پڑتی / پڑتی جدید / پڑتی قدیم : [ھ۔ امث] دیکھئے "پَرتی"

پڑنا : [ار۔ معں] (۱) لیٹنا۔ صاحب فراش ہونا (۲) اترنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ پڑاؤ کرنا (۳) آرام کرنا۔ سونا (۴) گرنا (۵) مشغول ہونا۔ مبتلا ہونا (۶) خالی ہونا۔ بیکار رہنا (۷) غیر آباد ہونا (۸) شامل ہونا۔ شریک ہونا (۹) مفید ہونا۔ فائدہ مند ہونا (۱۰) موجود ہونا۔ گرا ہونا (۱۱) اوسط آنا۔ قیمت آنا۔ بیٹھنا (۱۲) پیدا ہو جانا (۱۳) بیمار ہونا (۱۴) اتفاق ہونا۔ مجبور ہونا (۱۵) مصیبت آنا۔ آفت آنا (۱۶) منتشر ہونا۔ پھیلانا (۱۷) اثر پہنچنا / ہونا (۱۸) آنا۔ ملنا۔ ہونا (۱۹) بیکار ہونا۔ بغیر مشغلے ہونا (۲۰) حملہ کرنا (۲۱) بیچ بریا جانا (۲۲) آفت، مصیبت وغیرہ نازل ہونا (۲۳) پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور پر گرنا (۲۴) مقدمے کا مدت سے ملتوی رہنا (۲۵) پانی وغیرہ برسنا۔ ٹپکنا۔ بارش ہونا (۲۶) اسباب وغیرہ بے احتیاطی یا بے پروائی سے پڑا ہونا (۲۷) گردن وغیرہ میں آویزاں ہونا۔ لٹکنا (۲۸) بیچ میں ضامن ہونا۔ قدم درمیان میں ہونا (۲۹) معاملے میں دخیل ہونا۔ مداخلت کرنا۔ (۳۰) (معاملہ) تعلق ہونا۔ واسطہ ہونا (۳۱) (جان) زندہ ہونا۔ حلول ہونا (۳۲) (جان میں جان) ہوش آنا۔ تسلی ہونا (۳۳) (پر) مشابہ ہونا۔ ملنا (۳۴) (بیل وغیرہ) جھنتی کمانا (۳۵) (حصے میں) آنا۔ (۳۶) (گھر میں) داخل ہونا۔ بیٹھنا۔ شادی کرنا۔ عورت کا اپنے طور پر بیاہ کرنا (۳۷) (بیج وغیرہ) نمودار ہونا (۳۸) فعل کے شروع میں تسلسل کے لئے (۳۹) (رجسٹر وغیرہ میں) درج ہونا (۴۰) (روٹیوں پر) دست نگر ہونا۔ محتاج ہونا (۴۱) امر کے بعد کسی کام کے بیکلفت ظاہر کرنے کو جیسے جا پڑنا (۴۲) (جوتے) پٹنا۔ مار پڑنا۔

پَڑوَا : [ھ۔ اند] (۱) بھینس کا نر بچہ (۲) (مؤنث) دیکھئے "پروا"

پڑوانا : [ھ۔ معں] (۱) دبانا۔ کسانا۔ بھنچوانا (۲) پسوانا۔ کچلوانا۔ گھٹوانا (۳) عرق کھنچوانا۔ نچڑوانا۔

پڑوایا : [ھ۔ اند] لکڑی کی ربابیاں جو پایوں کے نیچے رکھی جاتی ہیں۔

پڑوس : [ھ۔ اند] ہمسائگی۔ قرب و جوار۔ گرد و نواح۔ اطراف نزدیک۔

پڑوسن : [ھ۔ امث] ہمسایہ عورت۔ پڑوس میں رہنے والی عورت۔ ہمسائی۔

پڑوسی : [ھ۔ اند] پڑوس میں رہنے والا مرد۔ ہمسایہ۔

پڑوسی کے مینہ برسے گا تو بوچھاڑ یہاں بھی آئے گی : [ار۔ مثل] ہمسایوں کو فائدہ ہوگا تو ہمیں بھی کچھ ملے گا۔

پڑوسن کے مینہ برسے گا تو اپنی بھی لوتیاں ٹپکیں گی : [ار۔ مثل] دولت مند کا مکان پاس ہونے سے ہمسایوں کو کچھ نہ کچھ فائدہ ہوتا ہی رہتا ہے۔

پڑوسی کا بُرا مت چاہو : [ار۔ مقولہ] ہمسائے کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیئے۔

پڑھا : [ار۔ صف] خواندہ۔ پڑھا لکھا۔ تعلیم یافتہ۔

پڑھا جن : [ار۔ صف] (۱) جو جن خود علم و فن سے واقف ہونے کے باعث کسی سیلنے کے قابو نہ آئے (۲) شریر۔ چالاک۔ ہوشیار (۳) جنون خبط۔ سودا۔

پڑھا دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) علم سکھا دینا (۲) کسی امر سے آگاہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ (۳) بہکا دینا۔

پڑھا گُنا : [ار۔ صف] عالم۔ پڑھا لکھا۔ خواندہ۔

پڑھا لکھا : [ار۔ صف] لائق۔ ہوشیار۔ خواندہ۔ تعلیم یافتہ۔

پڑھانا : [ار۔ معں] (۱) علم سکھانا۔ تعلیم دینا (۲) سبق دینا۔ درس دینا (۳) مطالعہ کرانا (۴) بدگوئی کرکے برگشتہ کرنا (۵) طائر کو بولنا سکھانا (۶) کچھ پڑھنے کا اشارہ کرنا۔

پڑھا ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) خواندہ ہونا۔ تعلیم یافتہ ہونا (۲) واقف ہونا۔

پڑھائی : [ار۔ امث] تعلیم۔ تعلیم کا نصاب۔ تعلیم کی مقدار۔ تعلیم کی اجرت یا فیس۔

پڑھے نہ پتھر گھڑا : [ار۔ مثل] جو۔ نہ کچھ پڑھا نہ سیکھا۔ جاہل کے جاہل رہے۔

پڑھ کر پھونکنا / دم کرنا : [ار۔ محاورہ] منتر۔ آیت یا افسوں پڑھ کر پھونک مارنا۔

پڑھن / پڑھنت : [ار۔ امث] پڑھائی۔ پڑھنے کا انداز (۲) ایک قسم کی مچھلی۔

پڑھنا : [ار۔ معں] (۱) سیکھنا۔ تعلیم پانا (۲) سبق لینا (۳) بار بار رٹنا۔ ورد کرنا (۴) طائر کا بولنا۔ زبان سے بولی نکالنا۔ باتیں کرنا (۵) منتر پھونکنا۔ آیت یا افسوں پڑھ کر پھونکنا۔

پڑھنا وڑھنا : [ار۔ معں] پڑھنا۔

پڑھنت : [ھ۔ امث] افسوں۔ منتر۔ جادو

پڑھنے بٹھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) بسم اللہ کی تقریب کرنا۔ پڑھنے کی ابتدا کرنا۔ بچے کو مدرسہ یا مکتب میں پڑھنے کے لئے بھیجنا۔ استاد کے پاس ہنر / فن سیکھنے کے لئے بھیجنا۔

پڑھنے بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پڑھنے بٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پڑھوانا : [ار۔ معں] دیکھئے "پڑھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

پڑھوائی : [ار۔ امث] پڑھوانے کی اجرت۔

پڑھو تو پڑھو نہیں پنجرہ خالی کرو : [ار۔ مثل] سست ملازم سے کہتے ہیں کہ یا کام کرو یا نوکری چھوڑ دو۔

پڑھو میاں مٹھو۔ جگ جگ جی پیر نبی جی حق اللہ پاک ذات اللہ: [ار۔ مثل۔ مو] مسلمان عورتیں بہ کلمات عام طور پر طوطوں کو سکھاتی ہیں۔

پڑھوں میں اَن پڑھ۔ جیسے / بگلوں ہنسوں میں کوا: [ار۔ مثل] عالموں میں بے علم نکّو ہوتا ہے۔

پڑھی: [ار۔ صف] دیکھیے "پڑھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پڑھی چھری: [ار۔ امث] وہ چھری جس پر کوئی آیت۔ افسوں یا منتر پڑھ کر دم کیا ہوا ہو۔

پڑھی نہ قضا کی: [ار۔ مثل] جس نے کبھی نماز پڑھی ہی نہیں وہ قضا کیا کرے گا۔

پڑھے: [ار۔ صف] دیکھیے "پڑھا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

پڑھے جن کو شیشے میں اُتارنا: [ار۔ محاورہ] بڑے عیار اور چالاک آدمی کو قابو میں لانا۔

پڑھے گھر کی بلی بھی پڑھی: [ار۔ مثل] اچھوں کی صحبت میں بُرے بھی اچھے ہو جاتے ہیں۔

پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل: [بد یا دھر] جب کم علم، ترتہ شیخی مارے تو کہتے ہیں۔

پڑھیں فارسی بیچیں تیل۔ یہ دیکھو قدرت کے کھیل: [ار۔ مثل] بدقسمت عالم کی نسبت کہا جاتا ہے۔

پڑی ہے: [ار۔ محاورہ] (۱) فکر ہے۔ دھن ہے۔ خواہش ہے (۲) باقی ہے

پڑی ہوئی آواز: [ار۔ امث] وہ آواز جو گلے سے صاف نہ نکلے۔

پڑے پڑے: [ار۔ متعلق فعل] (۱) بیٹھے بیٹھے (۲) بیکاری میں (۳) خراب جگہ پر رکھا ہوا۔

پڑے جھک مارنے دو: [ار۔ محاورہ] بکنے دو۔ کوئی پروا نہیں ہے

پڑے جھول رہے ہیں: [ار۔ محاورہ] یکسوئی نہیں ہوتی۔ اُدھر ہیں لٹک رہے ہیں۔

پڑے ہونا: [ار۔ محاورہ] بے قدری کی حالت میں موجود ہونا۔

پَڑیا: [ھ۔ امث] بھینس کا مادہ بچہ۔

پُڑیا: [ار۔ امث] (۱) وہ کاغذ جس میں کوئی چیز باندھی گئی ہو۔ کاغذ کی پوٹلی (۲) پسی ہوئی دوا (۳) سرتاپا مجسم (۴) کوئی منت یا نذر کی چیز جو کاغذ میں ہو (۵) سیندور وغیرہ کی پوٹ جو شادی وغیرہ کے موقع پر استعمال ہوتی ہے۔

پُڑیا کا لٹھا: [ار۔ اند] ایک بڑھیا قسم کا باریک لٹھا جس کو کاغذ میں لپیٹ کر فروخت کیا جاتا ہے۔

پُڑیا میں آتا ہے: [ار۔ محاورہ] جب ارزاں شے مہنگی ہو جاتے تو کہتے ہیں۔

پُڑیاں: [ار۔ امث] دیکھیے "پڑیا" جس کی یہ جمع ہے۔

پُڑیاں اڑانا / چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] ایک قسم کی منت جو عورتیں چپ بی بی کے نام پر سیندور اور عبیر کی پڑیاں بنا کر شام کو ہوا میں اڑاتی ہیں۔

پَڑیل: [ھ۔ صف] وہ آدمی جو ہر وقت پڑا رہے۔ چلنے پھرنے سے عاجز ہو۔

پڑیل [ھ۔ امث] فضول اشیا۔ الا بلا۔ کوڑا کرکٹ۔

پ ۔ ز

پزاوہ: [ف۔ اند] آوا۔ بھٹا۔ جس میں اینٹیں یا مٹی کے برتن پکائے جاتے ہیں

پزاوے: [ف۔ اند] دیکھیے "پزاوہ" جس کی یہ جمع ہے۔

پزاوے کا پزاوہ کھنگر ہو جانا: [ار۔ محاورہ] سب کا سب بگڑ جانا۔ ہر ایک کا بدچلن ہو جانا۔

پزیر: [ف۔ لاحقہ۔ فاعلی] فارسی مصدر پزیرفتن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور قبول کرنے والا۔ پکڑنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے ترقی پزیر

پزیرا: [ف۔ صف] قبول کیا ہوا۔ قبول کرنے والا۔ منظور۔ مقبول (افعال: کرنا۔ ہونا)

پزیرائی: [ف۔ امث] منظوری۔ قبولیت۔ عموماً قابل کے بعد استعمال ہوتا ہے مگر ضروری نہیں۔

پ ۔ ژ

پژمُردگی: [ف۔ امث] کملاہٹ۔ افسردگی۔ مرجھاہٹ۔

پژمُردہ: [ف۔ صف] (۱) مرجھایا ہوا۔ کملایا ہوا (۲) افسردہ

پژمُردہ خاطر / دل: [ف۔ اند] افسردہ دل۔ رنجیدہ دل۔ غمناک۔ متاسف۔

پژوہ: [ف۔ اند۔ لاحقہ۔ فاعلی] مصدر پژوہیدن سے صیغہ امر۔ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بناتا ہے اور تلاش کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جلالت پژوہ۔ انصاف پژوہ

پ ۔ س

پس: [ف۔ متعلق فعل] پھر۔ پیچھے۔ بعد۔ بعدازاں۔ آخرکار۔ انجام کار۔ اخیر کو۔ اس لئے۔ اس وجہ سے لہٰذا (یقیناً۔ بے شک۔ بے شبہ)

پس افگندہ: [ف۔ اند] پیچھے پھینکا ہوا۔ گوبر۔ بیٹ۔

پس انداز: [ف۔ صف] بچا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔ باقی (امذ) (۲) بقایا مال۔ اندوختہ۔ کفایت شعاری۔

پس اندازی: [ف۔ امث] بچت۔ جمع۔ پس انداز کا اسم کیفیت۔

پس پا (پسپا): [ف۔ صف] واپس۔ اُلٹے پاؤں۔ پاؤں پر پاؤں رکھ کر بیٹھا ہوا۔ پیچھے ہٹا ہوا۔ شکست خوردہ (افعال: کرنا۔ ہونا)

پس پائی (پسپائی): [ف۔ امث] مراجعت۔ شکست۔

پس پردہ: [ف۔ صف] پردے کے پیچھے چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔

پَسِ پُشت:[ف۔ تعف] پیچھے۔ پیچھے کی طرف

پَسِ پُشت ڈالنا:[ار۔مص مرکب] بے پروائی کرنا۔ چھوڑنا۔ پروا نہ کرنا۔

پَسِ پُشت کھڑا ہونا:[ار۔مص مرکب] پیچھے جاکر کھڑا ہونا۔

پس خوردہ: [ف۔ صف] بچا ہوا کھانا۔ جھوٹا۔ آگے سے بچا ہوا کھانا۔ اُلش۔

پس خیمہ:[ف۔ امذ] فوج وغیرہ کا پچھلا خیمہ۔

پس رَو:[ف۔ امذ] (۱) نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔ پیرو۔ مقلد۔ ہمراہی۔

پس رَوِی:[ف۔ امث] پیروی۔ تقلید

پس غیبت:[ف۔ متعلق فعل] غیر حاضری میں۔ عدم موجودگی میں (غلط ہے)

پس فردا:[ف۔ تعف] پرسوں۔ کل کے بعد۔ قیامت کے بعد۔

پس ماندگان:[ف۔ امذ] دیکھیے "پسماندہ" جس کی یہ جمع ہے۔

پس ماندہ:[ف۔ صف] (۱) پیچھے رہا ہوا۔ بچا ہوا (۲) فرد (۳) وارث (۳) بقایا۔ بچت

پَسِ مُردن / مرگ / مُردہ:[ف۔ متعلق فعل] مرنے کے بعد۔ بعد از مرگ

پَسِ مَنظَر:[ف۔ امذ] کسی منظر، بیان یا تصویر کا وہ اُسے نمایاں کرنے میں مدد دے (۲) کسی چیز کے اسباب و محرکات، جو اس کے وجود میں آنے کا باعث ہوتے ہوں۔

پس و پیش:[ف۔ امذ] آگا پیچھا۔ انجام (۲) حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل (۳) اُدھیڑ بُن۔ تامل۔ کشمش و پیچ (۴) فکر و اندیشہ (۵) لباس کا آگا پیچھا (۶) حروف کا الٹ پلٹ یا آگے پیچھے ہونا۔

پس و پیش سوچنا:[ار۔ محاورہ] اُونچ نیچ سوچنا۔ نیک و بد سوچنا۔

پس و پیش کرنا:[ار۔ محاورہ] سوچ بچار کرنا ٹال مٹول کرنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔

پس و پیش ہونا:[ار۔ محاورہ] دیکھیے "پس و پیش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پَس:[انگ۔ امث] پیپ۔ زخم کا پکا ہوا مواد۔ (PUS)

پَسا:[ار۔ امذ۔ ق] خیال۔

پَسادار:[ار۔ صف۔ ق] خیال رکھنے والا۔

پَسادَست:[ف۔ صف] پس از دست کا مخفف۔ اُدھار قرض۔

پَسارا:[ھ۔ امذ] پھیلاؤ۔ فراخی

پسارنا:[ار۔ مص] پھیلانا۔ کھولنا۔ پھاڑنا۔ لمبا کرنا۔ (پاؤں کا)

پَسانا:[ھ۔ مص] کسی چیز کو اُبال کر اس کا زائد پانی گرانا۔ چاولوں کی پیچ نچوڑنا۔ کسی اُبلتی ہوئی چیز میں سے جھاگ اتارنا۔ میل اتارنا۔

پِسانا:[ار۔ مص] دیکھیے "پیسنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پَساوَن:[ھ۔ امذ] وہ پانی جو کسی چیز کو ابالنے کے بعد نچوڑا جاتا ہے۔ (پیچ)

پِسا ہُوا:[ار۔ صف] باریک کیا ہوا۔ کچلا ہوا۔ مسلا ہوا (۲) مصیبت کا مارا۔

پَساؤ:[ھ۔ امذ] دیکھیے "پساوَن"

پِسائی:[ار۔ امث] (۱) پیسنے کا عمل (۲) پیسنے کی اُجرت (۳) ایک قسم کا جنگلی خودرو چاول جسے ہندو لوگ برتوں میں استعمال کرتے ہیں

پِسائی والی:[ار۔ امث] پیسنے کا پیشہ کرنے والی عورت۔ پسنہاری

پَست:[ف۔ صف] (۱) نیچا۔ نشیب (۲) کمینہ۔ نیچ۔ ادنیٰ (۳) پاجی۔ سفلہ۔ دُون (۴) چھوٹا۔

پَست خیال:[فع۔ صف] گھٹیا خیال کا۔ کمینے خیال کا۔ چھوٹے خیال کا۔ کمینہ یا سفلہ

پَست فِطرت:[فع۔ صف] کمینی طبیعت کا۔ کمینہ۔ سفلہ۔ دُون (۲) کم عقل۔ بے وقوف

پَست قد:[فع۔ صف] چھوٹے قد کا۔ ٹھنگنا۔ بونا

پَست قسمت:[فع۔ صف] بدنصیب۔ بدقسمت

پست کر دینا / کرنا:[ار۔ محاورہ] (۱) مغلوب کرنا۔ نیچا دکھانا۔ (۲) ہلکان کرنا۔ تھکا دینا (۳) نیچا کرنا (۴) (ہمت) توڑ دینا۔ (۵) ذلیل کرنا۔ خفیف کرنا۔

پست و بلند:[ف۔ صف] اونچا نیچا۔ نشیب و فراز۔ زمین و آسمان

پست و بلندِ دَہر / زمانہ:[ف۔ امذ] زمانے کے نشیب و فراز اونچ نیچ یا زمانے کا بدلنا

پست و بلند دیکھنا:[ار۔ محاورہ] اوپر نیچے دیکھنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا نشیب و فراز دیکھنا۔ زمانے کی حالت دیکھ کر انتظام کرنا۔

پست و بلند ہموار کرنا:[ار۔ محاورہ] زمین کا برابر کرنا۔

پست و بلند ہموار ہونا:[ار۔ محاورہ] دیکھیے "پست و بلند ہموار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پست قد: چھوٹے قد کا۔ [فع۔ صف]

پست ہمت:[ف۔ صف] کم ہمت۔ بُزدل۔

پَست ہمتی:[ف۔ امث] بزدلی۔ کم ہمتی۔ سفلہ پن۔ کمینہ پن۔

پِستان:[ف۔ امث و مذ] عورت کی چھاتی کا اُبھار۔ سینے کی بالیدگی (۲) چھاتی کے دائیں بائیں دو ابھار ہوتے ہیں عورتوں کے یہ بہت بڑھ جاتے ہیں۔ ان میں دودھ ہوتا ہے۔

پستان میں ہڈی:[ار۔ مثل] ناممکن بات۔ امیدِ موہوم۔

پُستک:[ھ۔ امث] کتاب۔ پوتھی۔ صحیفہ۔

پستول:[ار۔ امذ] انگریزی (PISTOL) کا مورّد۔ طمنچہ۔ ایک آتشیں ہتھیار۔

پستولیا:[ار۔ امذ] پستول باندھنے والا۔

پِستہ:[ف۔ امذ] سبز رنگ کا ایک گری دار میوہ (۲) چھوٹا منّا

پِستئی:[ف۔ صف] پستے کے رنگ کا۔ سبزی مائل۔ ہلکا سبز رنگ۔

پَستی:[ف۔ امث] دیکھیے "پست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پَسَر:[ھ۔ امث] (۱) مویشیوں کو رات کے وقت کھیت یا جنگل میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔ (۲) رات کی چرائی (۳) رات کو ڈنگر چرانا۔

پِسَر:[ف۔ امذ] لڑکا۔ بیٹا۔ بچہ۔ پوت۔ فرزند۔

پسر اَخیافی:[فع۔ امذ] بیوی کا بیٹا جو اس کے پہلے خاوند سے ہو۔ سوتیلا بیٹا۔

پسر خواندہ:[فع۔ امذ] متبنیٰ۔ گود لیا ہوا۔ منہ بولا بچہ۔

پسر خواندگی: [ف۔ امث] بچہ گود لینا یا متبنّیٰ بنانا۔

پسر زادہ: [ف۔ اند] پوتا۔ بیٹے کا بیٹا۔

پسر صُلبی: [ف۔ اند] سگا بیٹا۔ وہ بیٹا جو اپنے نطفے سے ہو۔

پسرِ نوح با بداں بنشست خاندانِ نبوتش گم شد: [ف۔ مثل] خاندانی آدمی خراب صحبت میں بگڑ جاتا ہے۔ جب نوح کا بیٹا بُروں کے ساتھ بیٹھا اس کے خاندان سے نبوت کا نشان تک جاتا رہا۔

پسَرنا: [ار۔ مص] (۱) پھیلنا۔ دراز ہونا (۲) لیٹنا۔ پڑنا (۳) ٹانگیں پھیلا کر یا پیٹھ کے بل لیٹ جانا (۴) عورت کا مرد کے آگے لیٹ جانا (۵) ماننا۔ مطیع ہونا (۶) خواہش کرنا۔ تمنا کرنا (۷) بچوں کا ضد کرنا۔

پسرہٹا: [ہ۔ اند] وہ بازار جس میں پنساریوں کی دکانیں ہوں۔

پسڑ کی لینا: [ار۔ محاورہ] اقرار سے پھر جانا۔

پَسلی: [ار۔ امث] (۱) چھاتی کے اندر کی پتلی اور لمبی ہڈی۔ (۲) طرف۔ پہلو۔

پسلی پھڑک اٹھنا / پھڑکنا: [ار۔ محاورہ] معلوم ہو جانا۔ خود بخود خبر ہو جانا

پسلی کا آزار: [ار۔ اند] پسلی کا درد۔

پسلی چلنا: [ار۔ محاورہ] بچوں کی پسلی کا درد یا خاص عارضہ کی وجہ سے پھڑکنا۔

پسلیاں: [ہ۔ امث] دیکھئے "پسلی" جس کی یہ جمع ہے۔

پسلیاں نکل آنا / پسلیاں گنی جانا: [ار۔ محاورہ] بہت لاغر ہونا۔ سخت دُبلا یا کمزور ہونا

پسنا: [ار۔ مص] (۱) آٹا ہونا۔ چور چور ہونا (۲) مصیبت میں تباہ و برباد ہو جانا (۳) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا (۴) پھنسنا۔ گرفتار ہونا۔ کچلا جانا (۵) مسلا جانا (۶) مغلوب ہونا۔ دبنا۔ شرمندہ ہونا

پسند: [ف۔ صف] مرغوب۔ مقبول۔

پسند: [ف۔ امث] (۱) انتخاب۔ چننا۔ مرضی (۲) ترجیح (۳) منظوری۔ قبولیت۔

پسند آنا: [ار مصدر مرکب] بھانا۔ اچھا لگنا۔ مرضی کے موافق ہونا

پسندِ خاطر: [ف۔ صف] دل کو مرغوب۔ مرضی کے مطابق۔

پسند کرنا: [ار۔ مصدر مرکب] چھانٹنا۔ انتخاب کرنا۔ چننا (۲) خوشی سے منظور کرنا۔ اچھا سمجھنا۔

پسند ہونا: [ار۔ مصدر مرکب] دیکھئے "پسند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پسندا / پسندہ: [ف۔ اند] دبایا یا کچلا ہوا گوشت کا ٹکڑا جس کے کباب بنائے جاتے ہیں۔

پسندر: [ف۔ اند] سوتیلا بیٹا۔

پسندی: [ار۔ صف۔ ق] پسند کی قدیم صورت۔

پسندیدگی: [ف۔ امث] مرضی۔ پسند

پسندیدہ: [ف۔ صف] پسند کیا ہوا۔ حسب دل خواہ۔ مقبول۔ مرغوب۔ پسند کے قابل

پسنگ / پسنگھا: [ہ۔ اند] پاسنگ کا بگاڑ۔

پسنہارا: [ہ۔ صف۔ فاعل] آٹا پیسنے والا۔

پسنہاری: [ہ۔ امث۔ صف۔ فاعل] آٹا پیسنے والی عورت۔

پسنہاری کے پوت کو چبینہ ہی لابھ: [ہ۔ مثل] غریب کے بچے کو جو کچھ کھانے کو ملے نعمت ہے۔

پسنہاری ماں بھلی: [ار۔ مثل] امیر باپ سے غریب ماں اچھی۔

پشو: [ہ۔ اند] پشو۔ مویشی۔ چوپایہ۔

پشو کا ستانا بڑا پاپ کمانا: [ہ۔ مثل] جانور کو تکلیف دینا سخت گناہ ہے۔

پسّو: [ہ۔ اند] ایک چھوٹا سا سرخ رنگ کا پردار موذی کیڑا جو اکثر مرطوب مقامات پر پایا جاتا ہے۔ یہ انسانوں اور حیوانوں کا خون چوستا ہے۔

پسواڑا: [ہ۔ اند] (۱) پہلو۔ کروٹ۔ پاسا (۲) پسلیوں کا سلسلہ

پسوانا: [ار۔ مص] دیکھئے "پیسنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پسوائی: [ہ۔ امث] پسائی۔ پیسنے کی اجرت

پسوج: [ہ۔ امث] پہلی سلائی جس پر باریک سلائی کرتے ہیں۔ کچی سلائی۔

پسوجنا: [ہ۔ مص] موٹا سینا۔ کچا کرنا

پسہی: [ہ۔ امث] ایک قسم کا موٹا چاول۔

پسیجنا: [ہ۔ مص] (۱) پسینا آنا۔ تری آنا۔ نمی آنا (۲) ملائم ہونا۔ رحم کھانا۔ نرم ہونا۔ ترس کھانا (۳) دھیان دینا۔ توجہ کرنا۔ مہربانی کرنا۔ خیال کرنا۔ (۴) مظلوم کی فریاد سننے پر تیار ہونا۔

پسیں: [ف۔ صف] قدیم۔ آخرکار۔ پچھلا۔

پسینا: [ہ۔ اند] عرق۔ نمی۔ تری۔ بخارات۔ پانی جو مسامات جسم سے باہر نکلے۔

پسینا آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) عرق آنا۔ نمی یا بخارات کا خارج ہونا (۲) شرمندہ ہونا

پسینا بہنا: [ار۔ محاورہ] بدن سے پسینا جاری ہونا۔

پسینا پونچھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پسینا خشک کرنا (۲) شرمندگی مٹانا۔

پسینا ٹپکنا: [ار۔ محاورہ] پسینا شدت سے نکلنا، اس طرح کہ قطرے ٹپکیں۔

پسینا جھاڑنا: [ار۔ محاورہ] پسینہ انگلی سے پونچھ کر جھٹک دینا۔

پسینا چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کثرت سے پسینا نکلنا (۲) شرمندگی سے پسینا آنا۔

پسینا نکالنا: [ار۔ محاورہ] بدن سے پسینہ خارج کرنا۔

پسینا نکلنا: [ار۔ محاورہ] بدن سے رطوبت خارج ہونا۔ عرق خارج ہونا۔

پسینا ہرا ہونا: [ار۔ محاورہ] پسینا خشک ہونا۔ عرق سوکھنا۔ نمی دور ہونا۔

پسینوں میں ڈوبنا / نہانا: [ار۔ محاورہ] نہایت زور سے پسینا آنا۔ پسینے میں تر ہو جانا۔

پسینے پر پسینے آنا: [ار۔ محاورہ] بہت پسینا نکلنا۔ بہت شرمندہ ہونا۔

پسینے پر لہو گرانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بہت محنت اور جاں فشانی کرنا (۲) وفاداری کرنا (۳) جاں نثاری کرنا۔

پسینے پسینے کر ڈالنا / کرنا: [ار۔ محاورہ] عرق عرق کر دینا۔ بہت تھکا دینا

پسینے پسینے ہو جانا / ہونا : [ار۔ محاورہ] عرق عرق ہونا۔ آب آب ہونا۔ بہت شرمندہ ہونا۔
پسینے سے تر ہونا : [ار۔ محاورہ] پسینے میں تر ہو جانا۔ بہت پسینا آنا۔ پسینے میں ڈوب جانا۔
پسینے کی بوندیں : [ار۔ امث] پسینے کے قطرے۔
پسینے کی جگہ خون بہانا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کے لئے جان دینے سے بھی دریغ نہ کرنا (۲) بہت محنت کرنا۔
پسینے کے ڈوب : [ار۔ اند] شدت سے پسینا آنا۔
پسینے میں شرابور ہونا : [ار۔ محاورہ] بہت پسینا آنا۔ پسینے میں ڈوبنا۔
پسینے میں نہانا : [ار۔ محاورہ] پسینے میں تر ہونا۔ پسینے میں ڈوبنا۔
پسیو : [ہ۔ اند] وہ پانی جو چاولوں کے پک چکنے کے قریب نکالا جاتا ہے۔

پ ۔ ش

پُشت : [ف۔ امث] (۱) پیٹھ (۲) پچھاڑی (۳) کمک۔ مدد۔ سہارا (۴) معاون۔
پُشتا پُشت : [ار۔ امث] کئی پشتوں سے۔ باپ دادا سے۔
پُشت بہ پُشت / پُشت در پُشت : [ف۔ متعلق فعل] باپ دادا سے۔ کئی پشتوں سے۔
پُشت بہ دیوار : [ف۔ صف] حیران۔ پریشان۔
پُشت بہ زمین رسید : [ف۔ محاورہ] (۱) جب کوئی شخص اوندھے منہ گرے تو کہتے ہیں (۲) کشتی کا پتا۔ جب زمین پر گر جائے۔
پُشت پر ہونا : [ار۔ محاورہ] امداد پر ہونا۔ حمایت پر ہونا۔
پُشت پناہ : [ف۔ اند] حامی۔ مددگار۔ معاون
پُشت تکیہ : [ف۔ اند] وہ تکیہ جو مسند کے پیچھے رکھتے ہیں۔
پُشت خار : [ف۔ اند] ایک آلہ جس سے پیٹھ کھجلاتے ہیں۔ لوہے یا ہاتھی دانت کا پنجہ جو پیٹھ کھجلانے کے کام آتا ہے۔
پُشتِ دست : [ف۔ امث] ہاتھ کا پچھلا حصہ۔ ہتھیلی کی ضد۔
پُشتِ دست کاٹنا : [ار۔ محاورہ] غصہ اور افسوس کی شدت ظاہر کرنا۔
پُشت دکھانا : [ار۔ محاورہ] لڑائی سے بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا
پُشت گری : [ف۔ امث] مدد۔ یاوری۔ تقویت۔
پُشت ہا پُشت : [ف۔ امث] پُشت در پُشت۔ کئی پشتوں سے پیڑھی در پیڑھی۔
پُشتارہ : [ف۔ اند] (۱) بوجھ۔ گٹھا (۲) ڈھیر۔ انبار۔
پشتاوا : [ار۔ اند۔ ق] دیکھئے "پچھتاوا" جو صحیح ہے۔
پُشتک : [ف۔ اند۔ مث] (۱) ایک کھیل جس میں ایک شخص بیٹھ جاتا ہے اور دوسرا اس کے اوپر سے پھلانگتا ہے (۲) گھوڑے اونٹ وغیرہ کے پچھلے پاؤں مارنا، دولتی۔
پُشتک مارنا : [ف۔ ار۔ مص مرکب] دولتی مارنا۔ گدھے، گھوڑے، اونٹ کا پچھلے دونوں پاؤں اٹھا کر لات مارنا۔
پشتو : [ف۔ امث] پختو۔ افغانی زبان۔ کابلی بولی۔ پٹھانوں کی زبان۔
پشتولیا : [ہ۔ اند] ایک قسم کا کپڑا جو باریک ہوتا ہے۔
پُشتہ : [ف۔ اند] (۱) مٹی کا ڈھیر۔ ٹیلا۔ بند۔ مینڈ (۲) وہ مٹی کا ڈھیر یا چھوٹی دیوار جو بڑی دیوار کی جڑ میں مضبوطی کے لئے بنائی جاتی ہیں (۳) وہ دیوار جو دریا کے کنارے بنا دیتے ہیں (۴) کتاب کی پُشت کا چمڑا یا کپڑا جس سے پٹھے جوڑے جاتے ہیں۔
پُشتہ بندی : [ف۔ امث] (۱) بند باندھنا (۲) دیوار یا کنارے کو مضبوط کرنا۔
پُشتی : [ف۔ امث] (۱) تائید۔ مدد۔ سہارا (۲) مضبوطی۔ پائداری۔ استحکام ٹھہراؤ (۳) اعانت۔ حمایت۔ جانب داری۔ طرف داری (۴) تکیہ۔ ٹیک اڑاؤ (۵) حفاظت۔ رکھوالی۔ نگہبانی۔
پُشتی بان : [ف۔ صف] (۱) معاون۔ مددگار (۲) وہ لکڑی جو کواڑوں یا تخت میں مضبوطی کے لئے لگائی جاتی ہے۔
پُشتی پر ہونا : [ار۔ محاورہ] مدد پہ ہونا۔ حمایت پر ہونا
پُشتی لینا : [ار۔ محاورہ] سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔ مدد دینا۔
پُشتیں : [ار۔ امث] پُشت کی جمع۔ پیڑھیاں۔ آباؤ اجداد۔
پُشتینی : [ف۔ صف] موروثی۔ خاندانی۔ قدیمی
پُشٹ : [س۔ صف] (۱) طاقت بخش۔ قوت دینے والا۔ مقوی (۲) مضبوط۔ پائدار۔ مستحکم۔ زور آور۔ طاقت ور۔ بلوان۔
پشکل : [ف۔ اند] مینگنی۔
پشم : [ف۔ امث] (۱) اُون (۲) رواں (۳) جھانٹ (۴) بے حقیقت چیز (۵) ذلیل۔ بے وقعت شخص (۶) ناقص۔ ردی۔ بیکار۔
پشم اکھاڑنا : [ار۔ محاورہ] کسی قسم کا نقصان پہنچانا۔
پشم برابر جاننا : [ار۔ محاورہ] بہت حقیر سمجھنا۔
پشم پر مارنا : [ار۔ محاورہ] بہت حقیر سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا۔
پشم کندہ نہ ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) کچھ نہ کر سکنا (۲) بدلہ لینے میں عاجز رہنا۔
پشم نہ اکھڑنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پشم کندہ نہ ہونا"
پشم نہ سمجھنا : [ار۔ محاورہ] کچھ نہ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
پشمک : [ہ۔ امث۔ ق] مٹھائی کی ایک قسم۔
پشمینہ : [ف۔ اند] ایک قسم کا اعلیٰ اُونی کپڑا۔ بالوں کا پارچہ۔
پشنگ : [ف۔ اند] (۱) ایک لمبا لوہے کا آلہ جس سے معمار دیوار میں سوراخ کرتے ہیں (۲) ایک اونی کپڑا جس کے دونوں سروں پر لکڑیاں لگی ہوتی ہیں اور جس پر اینٹیں، مٹی وغیرہ رکھ کر اوپر کھینچتے ہیں۔ (۳) ظلم۔ جور۔ ستم (۴) تکلیف۔ درد۔ مصیبت۔ عرق۔ پسینا۔
پشنگیاں : [ار۔ امث۔ ق] ایک قسم کا جال۔
پشو : [س۔ اند] (۱) چوپایہ۔ جانور۔ ڈھور۔ مویشی (۲) بے وقوف۔ بے تمیز بے عقل۔ کم فہم (۳) جاہل۔ مورکھ۔ بے علم۔
پشواز : [ف۔ امث] عورتوں کی ایک پوشاک جو پاؤں تک لمبی ہوتی ہے اور گھیرے دار ہوتی ہے جو بالعموم گانے ناچنے والی پہنتی ہیں۔
پشہ : [ف۔ اند] (۱) مچھر۔ ایک پردار کیڑا (۲) بے حقیقت۔ نااہل (۳) تلوار کے قبضہ پر پھل کے قریب دو گھنڈیاں ہوتی ہیں جن میں سے ہر ایک پشہ کہلاتی ہے۔

پشی: [ار۔ امث] بچے کا پیشاب۔
پشیا: [ہ۔ امث] بلی۔ گربہ
پشیمان: [ف۔ صف] (۱) شرمندہ۔ نادم (۲) افسوس کرنے والا پچھتانے والا (افعال: کرنا۔ ہونا)
پشیمانی: [ف۔ امث] پچھتاوا۔ شرمندگی۔ ندامت۔

پ ۔ ف

پف: [ف۔ امث] پھونک۔ وہ ہوا جو منہ سے زور کے ساتھ نکالی جائے۔

پ ۔ ک

پک: [ار فعل] مصدر پکنا سے امر کا صیغہ
پکا: [ار۔ صف] (۱) کچا کی ضد۔ پختہ (۲) ہنڈی یا پال کا پکا ہوا۔ اُبلا ہوا جوش دیا ہوا (۳) گھی یا تیل کا تلا ہوا (۴) مضبوط۔ پائدار۔ دیرپا۔ مستحکم (۵) کامل۔ پورا (۶) پیپ بھرا ہوا زخم یا پھوڑا (۷) جہاں دیدہ۔ تجربہ کار (۸) چالاک۔ ہوشیار (۹) پورے وزن کا۔ پوری قیمت کا (۱۰) سچا۔ بات کا مضبوط۔ مستقل (۱۱) اسٹامپ لگا ہوا (۱۲) مستند۔ درست۔ بھروسے کے لائق (۱۳) دلیر۔ شوخ (۱۴) اینٹ چونے سے بنایا ہوا۔ (۱۵) کنکر پتھر سے بنا ہوا (۱۶) ٹھیک۔ صحیح (۱۷) وفادار (۱۸) کھرا۔ بے کھوٹ۔ بے عیب۔ بے نقص (۱۹) قدیم۔ مستقل۔ موروثی۔
پکا آدمی: [ار۔ اند] اپنی بات پر قائم رہنے والا شخص۔ وہ شخص جو وعدہ کرکے نہ پھرے۔
پکا ارادہ: [ار۔ ع۔ اند] مستقل ارادہ۔ مصمم ارادہ۔ مضبوط ارادہ۔
پکا بال: [ار۔ اند] سفید بال۔ وہ بال جو بڑھاپے سے سفید ہوگیا ہو۔
پکا بھوت: [ار۔ اند] پورا سڑی۔ بڑا غصہ والا
پکا پان: [ار۔ صف] بہت ضعیف۔ سن رسیدہ۔ تجربہ کار۔ گھاگ۔
پکا پکایا: [ار۔ صفت] (۱) بنا بنایا۔ بالکل تیار۔ ٹھیک (۲) بے محنت۔ بے مشقت۔
پکا پکوان: [ار۔ اند] (۱) اچھی طرح پکایا ہوا کھانا (۲) زیادہ عمر کا۔
پکاپن: [ار۔ اند] (۱) مضبوطی۔ پختگی (۲) چالاکی
پکا پوڑھا: [ار۔ صف] (۱) مضبوط (۲) مستقل (۳) طے شدہ
پکا پھوڑا: [ار۔ صف] (۱) مواد بھرا ہوا پھوڑا۔ پیپ بھرا ہوا پھوڑا (۲) غمگین ستم رسیدہ۔ آزردہ (۳) نرم دل۔ رونے کو تیار۔ ٹھیس کی تاب نہ لانے والا۔
پکا پھوڑا ٹھیس لگی اور پھوٹا: [ار۔ مثل] پوچھتے ہی مصیبت زدہ شخص نے اپنا حال بیان کرنا شروع کر دیا۔
پکا پھوڑا پھوٹنا: [ار۔ محاورہ] ستم رسیدہ آدمی کا اپنا حال بیان کرنا۔ رو پڑنا۔
پکا پھوڑا ہو رہا ہے: [ار۔ محاورہ] بہت بھرا بیٹھا ہے۔ سخت غم زدہ ہے۔ چھیڑنے کی دیر ہے۔ سب حال کہہ دے گا۔
پکا پیپا: [ار۔ صف] بہت ہوشیار۔ نہایت سیانا۔ بڑا تجربہ کار۔ زیادہ عقلمند (۲) مکار۔ چالاک۔
پکا جن: [ار۔ صف] (۱) پڑھا جن (۲) بہت چالاک۔ ہوشیار
پکا چٹھا: [ار۔ اند] پکا روزنامچہ۔ پکا کھاتہ۔ سالانہ حساب کی فرد۔
پکا رنگ: [ار۔ اند] (۱) وہ رنگ جو دھونے سے نہ چھوٹے (۲) کھلتا رنگ۔
پکا سیر: [ار۔ اند] معیاری سیر۔ پورا سیر وزن کا۔
پکا قول: [ار۔ ع۔ اند] مضبوط وعدہ۔
پکا کاغذ: [ار۔ اند] اسٹامپ کا کاغذ۔ وہ دستاویز جو اسٹامپ کے کاغذ پر لکھی جائے۔
پکا کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کام کے لئے مستعد کرنا۔ تیار کرنا (۲) مضبوط کرنا (۳) ہمت مضبوط کرنا (۴) بل دے کر مضبوط کرنا۔ (۵) رٹنا۔ ذہن نشین کرنا۔ سبق کو خوب رواں کرنا۔
پکا گانا: [ار۔ اند] استادی گانا۔ کلاسیکی موسیقی۔ راگ راگنی۔
پکا وعدہ: [ع۔ ار۔ اند] دیکھئے "پکا قول"
پکا ہاتھ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مضبوطی سے پکڑنا۔ زور سے پکڑنا (۲) پوری توجہ سے کام کرنا۔
پکا ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) وعدہ پختہ ہو جانا۔ معاملہ طے ہو جانا۔ کام مضبوط ہو جانا۔ ارادہ مصمم ہونا۔
پکا دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) پکا کے تیار کرنا (۲) ستانا۔ تکلیف دینا۔
پکار: [ار۔ امث] پکارنا کا اسم کیفیت (۱) آواز۔ ہانک (۲) فریاد۔ دہائی (۳) غل شور (۴) مانگ۔ تلاش۔ جستجو (۵) منادی۔ اعلان (۶) فریقین مقدمہ یا گواہان کی طلبی کی صدا (۷) بلاوا۔ طلب۔
پکار اٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) صدا بلند ہونا (۲) آواز دینا۔ مضطرب ہو کر بے ارادہ پکارنا۔
پکار پڑی ہے: [ار۔ محاورہ] (۱) شہرت ہے۔ دھوم ہے (۲) تلاش ہے۔ جستجو ہے۔
پکار پکار کر کہنا: [ار۔ محاورہ] زور سے کہنا۔ اونچی آواز سے کہنا۔
پکار دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) آواز دینا۔ بلا دینا (۲) جتا دینا۔ آگاہ کرنا۔ (۳) مشہور کر دینا (۴) بلند آواز سے کہہ دینا۔ چلانا۔
پکار کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) فریاد کرنا۔ (۲) غل کرنا۔ شور کرنا۔
پکار کے / کر: [ار۔ متعلق۔ فعل] کھلم کھلا۔ علانیہ۔ بلند آواز سے۔
پکار لگانا: [ار۔ محاورہ] آواز لگانا۔ سودا بیچنے والوں کا آواز دینا۔ فقیر کا صدا دینا۔
پکارنا: [ار۔ مص] (۱) بلانا۔ آواز دینا (۲) چلانا۔ غل مچانا (۳) خبر کرنا۔ آگاہ کرنا (۴) رٹنا۔ یاد کرنا (۵) بھیک کی آواز لگانا (۶) بیچنے کی آواز لگانا (۷) فریاد کرنا۔
پکانا: [ار۔ مص] کھانا تیار کرنا (۲) آگ میں پختہ کرنا (۳) پھل کو پال وغیرہ کے ذریعے پختہ کرنا (۴) زخم یا پھوڑے کے مواد کو خارج

ہونے کے قابل بنانا (۵) مضبوط کرنا (۶) رٹنا - ذہن نشین کرنا (۷) ٹھیک ٹھاک کرنا (۸) تازہ چونے میں پانی ڈال کر جوش آنے دینا - (۹) تجویز کرنا - منصوبہ کرنا -

پکانا ریندھنا: [ار - مص] کھانا پکانا - کھانا تیار کرنا -

پکاؤ: [ار - اند] پختگی - تیاری -

پکاؤ: [ار - صف] پکنے والا - گدر - پکنے کے قریب

پکائی: [ار - امعاوضہ - مث] پکانے کی اجرت - پکوائی -

پکپن: [ار - اند] (۱) پختگی (۲) دانائی - عقلمندی

پکپنا: [ار - اند] دیکھئے "پکپن"

پکروانا: [ار - مص] دیکھئے "پکارنا" جس کا یہ متعدی ہے -

پکڑ: [ار - امث] (۱) گرفت - قبضہ (۲) وہ جگہ جس سے کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑتے ہیں (۳) مواخذہ - بازپرس - نکتہ چینی - اعتراض (۴) کشتی داؤ - پیچ (۵) بحث - مباحثہ - حجت - تکرار (۶) گرفتاری - حراست (۷) بیگار کے لئے طلبی -

پکڑ بلانا: [ار - محاورہ] زبردستی بلا لینا - گرفتار کر لینا - گرفتار کر کے منگوا لینا -

پکڑ پکڑنا: [ار - محاورہ] کسی بات پر اڑ جانا - کسی بات کی گرفت کرنا -

پکڑ دھکڑ: [ار - امث] (۱) داروگیر (۲) گرفتاری (۳) مواخذہ (۴) ظلم - جبر - سختی

پکڑ رکھنا: [ار - محاورہ] روک رکھنا

پکڑ کرنا / لڑنا: [ار - محاورہ] کشتی کرنا -

پکڑ لانا: [ار - محاورہ] (۱) گرفتار کر لانا - نکال لانا - باہر لے آنا (۲) حریف کو داؤں پر سے آنا - قابو میں لانا -

پکڑ لینا: [ار - محاورہ] (۱) تھام لینا - گرفتار کر لینا (۲) دوڑ یا سبق میں برابر آ جانا (۳) غلبہ کرنا -

پکڑا جانا: [ار - محاورہ] (۱) گرفتار کیا جانا - ماخوذ ہونا (۲) الزام آنا -

پکڑا دینا: [ار - محاورہ] گرفتار کرانا - حوالے کرنا - ہاتھ میں دینا -

پکڑانا: [ار - مص] حوالے کرنا - سپرد کرنا - ہاتھ میں دینا - گرفتار کرانا -

پکڑنا: [ار - مص] (۱) ہاتھ سے تھامنا - مٹھی میں لینا (۲) گرفتار کرنا - قابو میں لانا (۳) اعتراض کرنا - گرفت کرنا - ٹوکنا (۴) روکنا - ٹھہرانا (۵) برابر آنا - برابر پہنچ جانا (۶) دوڑ میں پکڑنا (۷) پالینا (۸) دبانا (۹) کھوج لگانا (۱۰) حاصل کرنا - اختیار کرنا (۱۱) سہارا دینا (۱۲) نکالنا - ڈھونڈنا - برآمد کرنا (۱۳) گزارنا - بسر کرنا - ٹالنا (۱۴) ایک پہلوان کا دوسرے کو داؤں پر لانا (۱۵) گھیرنا - محصور کرنا احاطہ کرنا (۱۶) ٹھہرانا - روکنا (۱۷) شروع کرنا - ابتدا کرنا -

پکڑوانا / پکڑوا دینا: [ار - مص] (۱) گرفتار کرانا - پھنسوانا (۲) سہارا دینا - ہاتھوں ہاتھ دلانا (۳) حوالے کرنا -

پکسنا: [ہ - مص] پھل کا پکنا - سڑنا

پکش: [س - اند] (۱) بازو - پر - پنکھ (۲) مہینے کا نصف - پاکھ (۳) طاقت - قوت (۴) طرف - جانب (۵) تیر کا پر -

پکشی: [س - اند] پرندہ - پنچھی - پردار جانور -

پکنا: [ار - مص] (۱) تیار ہونا - پختہ ہونا (۲) ریندھنا - کھانا تیار ہونا (۳) گدرانا - پھل کا پختہ ہونا (۴) پھوڑے میں پیپ پڑنا - مواد کا قابل اخراج ہونا (۵) بال سفید ہونا (۶) آوے میں اینٹوں یا برتنوں کا تیار ہونا (۷) چوسر کی نرد کا سب گھروں کو طے کر کے اپنے گھر آنا - (۸) قیمت ٹھہرنا - معاملہ طے ہونا (۹) تجویز پکنا (۱۰) ارادہ کا پختہ ہونا (۱۱) متعین ہونا - مقرر ہونا (۱۲) قابل ہونا - تجربہ کار ہونا -

پکنک: [انگ - امث] (PICNIC) وہ دعوت جس میں دوست احباب کسی پُر فضا مقام پر جمع ہو کر کھانا پکائیں اور خوشی منائیں -

پکوان: [ہ - اند] تلی ہوئی چیز - پکا ہوا کھانا - پوری کچوری - مٹھائی وغیرہ -

پکوانا: [ار - مص] تیار کرانا - کھانا تیار کرانا - پختہ کرانا -

پکوائی: [ہ - امث] پکانے کی اجرت -

پکھوٹا: [ار - اند - ق] پر - پنکھ

پکوڑا: [ہ - اند] (۱) بیسن کی گھی یا تیل میں تلی ہوئی بڑی پھلکی (۲) کوئی چیز جو گول اور پھولی ہوئی ہو -

پکوڑا سی ناک: [ار - صف] موٹی ناک -

پکوڑی: [ہ - امث] پکوڑے کی تصغیر (۱) پھلکی (۲) وہ نمکین پکوان جو تلنے سے پھول جاتا ہے -

پکوڑے: [ار - اند] دیکھئے "پکوڑا" جس کی یہ جمع ہے -

پکوڑے تلنا: [ار - مص] بیسن کی پھلکیاں تیل یا گھی میں تیار کرنا -

پکھ: [ہ - اند] (۱) بازو - پنکھ (۲) طاقت - زور - بل (۳) مہینے کا نصف حصہ (۴) جانب - طرف -

پکھا: [ہ - اند] دیکھئے "پاکھا"

پکھال: [ہ - امث] (۱) بڑی مشک - کھال کا بڑا تھیلا جس میں پانی بھر کر اونٹ یا کسی اور جانور پر لادتے ہیں (۲) بڑا پیٹ -

پکھال پیٹیا / پیٹو: [ار - صف] بڑے پیٹ والا - بہت کھانے والا -

پکھالی: [ار - امث - ق] پکھال -

پکھالی: [ار - اند] پکھال میں پانی لے جانے والا -

پکھاوج: [ہ - امث] ایک قسم کی ڈھولک - مردنگ -

پکھاوجی: [ہ - صف] پکھاوج بجانے والا -

پکھراج: [ہ - اند] ایک قسم کا زرد رنگ کا قیمتی پتھر -

پکھروٹا: [ہ - اند] (۱) چاندی سونے کے ورق جو پان کے بیڑے پر لپیٹے جاتے ہیں (۲) وہ گلوری جس پر سونے چاندی کے ورق لگائے جاتے ہیں -

پکھڑی: [ہ - امث] پھول کی پتی - پنکھڑی -

پکھوا: [ہ - اند] پہلو - گود - شانہ -

پکھوڑا: [ہ - اند] کاندھے کی ہڈی - کاندھا -

پکھیرو: [ہ - اند] (۱) پرندہ - طائر (۲) تیز رو - تیز چلنے والا آدمی -

پکّی : [ہ - امث] دیکھئے " پکّا " جس کی یہ تانیث ہے (۲) کایستوں میں پوری کچوری اور مٹھائی کی دعوت ۔

پکّی اینٹ : [ار - امث] وہ اینٹ جو بھٹے میں پکائی گئی ہو ۔

پکّی بات : [ار - امث] یقینی بات ۔ طے شدہ معاملہ (۲) تجربہ کی بات ہوشیاری کی بات ۔

پکّی بولی : [ار - امث] شہر والوں کی بولی ۔

پکّی بیری کے بیر کھانے والا : [ار - مثل] سُست ۔ کم ہمت ۔

پکّی پکائی : [ار - صف] دیکھئے " پکا پکایا " جس کی یہ تانیث ہے

پکّی پکائی کھانا : [ار - محاورہ] بغیر محنت مشقت گزر اوقات کرنا ۔

پکّی پوڑھی : [ار - صف] دیکھئے " پکا پوڑھا " جس کی یہ تانیث ہے ۔

پکّی پھلی نہیں پھوڑتا ہے : [ار - محاورہ] بہت سُست ہے ۔ کچھ کام نہیں کرتا ۔ نکما ہے ۔

پکّی پیداوار : [ار - امث] وہ پیداوار جو کاشتکاری کے مصارف دینے کے بعد بچے ۔

پکّی پیسی : [ار - صف] دیکھئے " پکا پیسا " جس کی یہ تانیث ہے ۔

پکّی تول : [ار - امث] وہ تول جس میں کمی بیشی نہ ہو ۔ صحیح تول ۔

پکّی دیوار : [ار - امث] پختہ اینٹ کی دیوار ۔ پتھر کی دیوار ۔

پکّی زبان : [ار امث] دیکھئے " پکی بولی "

پکّی سلائی : [ار - امث] مضبوط سلائی ۔

پکّی عمر : [ار - ع - امث] جوانی

پکّی کر لینا : [ار - محاورہ] کسی بات کو پختہ کر لینا ۔ جانچ کر اطمینان کر لینا ۔

پکّی کھیتی : [ار - امث] تیار فصل ۔

پکّی ہونا : [ار - محاورہ] (۱) بات طے ہو جانا (۲) معاملہ یقینی ہو جانا ۔ نسبت پختہ ہو جانا ۔

پکّے : [ار - اند] دیکھئے " پکّا " جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے ۔

پکّے آم کے ٹپکنے کا ڈر : [ار - مثل] بوڑھے آدمی کے مرنے کا ڈر ۔

پکّے گولر کوّے کو نیند کیسے آتے : [ار - مثل] چیز سامنے ہو تو لالچی صبر نہیں کر سکتا ۔

پ - گ

پگ : [ہ - اند] پاؤں ۔ قدم ۔ چرن (۲) رسّی ۔ باگ (ق)

پگ بڑھانا : [ار - مص - ق] قدم رکھنا ۔

پگ بن کٹے نہ پنتھ : [ار - مثل] بغیر محنت کے کوئی کام نہیں ہوتا ۔

پگّا : [ہ - اند] پچھاڑی ۔ پیکھڑا ۔ پاؤں میں باندھنے کی رسّی ۔ بیل کے گلے کی رسّی ۔

پگانا : [ار - مص] (۱) وعدہ پورا کرنا ۔ (۲) کھلاڑیوں کا کھیل کر ختم کرنا ۔

پگاہ : [ف - امث] صبح ۔ سحر ۔ فجر ۔ تڑکا

پگ ڈنڈی : [ہ - امث] پیدل چلنے کا راستہ ۔ کھیتوں کا تنگ راستہ ۔

پگرانا : [ار - مص] جگالی کرنا (۲) مال ہضم کرنا ۔

پگڑا : [ار - اند] پگڑی کا اسم مکبر ۔ بڑی پگڑی ۔ بڑا عمامہ

پگڑی : [ہ - امث] (۱) دستار ۔ عمامہ ۔ سر پہ باندھنے کا دوپٹا (۲) عزت آبرو (۳) نفر ۔ فرد ۔ (۴) رشوت ۔ قبضہ چھوڑنے کا نذرانہ ۔

پگڑی اُتارنا : [ار - محاورہ] (۱) آبرو لینا ۔ عزت بگاڑنا (۲) لُوٹنا ۔ ٹھگنا (۳) زیادہ قیمت لینا ۔

پگڑی اُتر جانا : [ار - محاورہ] ذلیل ہونا ۔ بے عزت ہونا ۔

پگڑی اٹکانا : [ار - محاورہ] کسی سے برابری کا دعویٰ کرنا ۔

پگڑی اٹکنا : [ار - محاورہ] مقابلہ ہونا ۔ ہمسری ہونا ۔ برابر ہونا ۔

پگڑی اُچھالنا : [ار - محاورہ] (۱) رسوا کرنا ۔ بے عزتی کرنا (۲) مذاق اڑانا ۔ تمسخر کرنا ۔ ہنسی کرنا ۔

پگڑی اُچھلنا : [ار - محاورہ] ذلیل ہونا ۔ بے عزتی ہونا ۔

پگڑی اُلجھنا : [ار - محاورہ] کشیدگی کرکری ہونا ۔ ذلت ہونا ۔ رسوائی ہونا ۔

پگڑی باندھنا : [ار - محاورہ] (۱) دستار باندھنا (۲) دستار بندی کرنا (۳) قائمقام بنانا ۔ خلیفہ کرنا ۔ استاد بنانا ۔ گدی پر بٹھانا ۔ تخت نشین کرنا ۔

پگڑی بدلنا : [ار - محاورہ] پگڑی بدل کے یارانہ کرنا ۔ بھائی چارا کرنا ۔

پگڑی بندھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے " پگڑی باندھنا " جس کا یہ لازم ہے

پگڑی پھیر کر رکھنا : [ار - محاورہ] (۱) بات سے پھر جانا ۔ قول سے منحرف ہو جانا (۲) غرور یا بانکپن سے پگڑی ترچھی رکھنا (۳) فساد کے لئے آمادہ رہنا ۔

پگڑی دونوں ہاتھوں سے تھامنا : [ار - محاورہ] آبرو بچانا ۔ عزت بچانا ۔

پگڑی چھیننا : [ار - محاورہ] دھوکا دینا ۔ ٹھگنا ۔ دغا دینا ۔

پگڑی رکھنا : [ار - محاورہ] (۱) پگڑی سر پر پہننا (۲) عزت آبرو بچانا ۔ عزت بنائے رکھنا (۳) پگڑی گرو رکھنا (۴) خوشامد کرنا ۔

پگڑی رکھ اور گھی چکھ : [ار - مثل] ایمان داری سے بڑی راحت ہوتی ہے ۔ ساکھ قائم ہونے سے ساری عزت ہے ۔

پگڑی سنبھالنا : [ار - محاورہ] عزت بچانا ۔

پگڑی کی شرم رکھنا : [ار - محاورہ] آبرو رکھنا ۔

پگڑی کی عزت خدا کے ہاتھ ہے : [ار - مثل] عزت خدا ہی رکھے تو رہے ۔

پگڑی والا : [ار - اند (عو)] (۱) حکیم ۔ طبیب ۔ وید (۲) خاوند ۔ شوہر ۔

پگلا : [ار - صف] دیکھئے " پاگل " جس کی یہ تصغیر ہے ۔

پگلانا : [ار - مص] (۱) گلانا ۔ پتلا کرنا ۔ ملائم کرنا ۔ نرم کرنا (۲) راضی کر لینا ۔ رحم پر آمادہ کرنا (۳) توجہ دلانا ۔ ملتفت کرنا ۔

پگھلنا : [ار - مص] (۱) رقیق ہونا ۔ پتلا ہونا (۲) ملائم ہونا ۔ نرم ہونا ۔ سیل جانا (۳) مائل ہونا ۔ فریفتہ ہونا (۴) راضی ہونا ۔ فیاضی پر آمادہ ہونا ۔

پگنا: [ار-مص] قوام کیا جانا - قوام میں پتا جانا۔
پگھالنا: [ار-مص] دیکھئے "پگھلانا" جو فصیح ہے۔
پگھلانا: [ار-مص] دیکھئے "پگلانا"
پگھلنا: [ار-مص] دیکھئے "پگلنا"
پگیا: [ار-امث] دیکھئے "پگڑی" جس کی یہ تصغیر ہے۔

پ - ل

پَل: [ار-اند-مث] (۱) وقت کا ایک پیمانہ، جو ایک گھڑی کا ساٹھواں حصّہ ہوتا ہے (۲) پلک کا مخفف: - لمحہ - آن - پلک جھپکنے کا وقفہ (۳) وزن کا ایک پیمانہ جو تولے کا سولہواں حصّہ ہوتا ہے۔
پَل بھر میں: [ار-متعلق فعل] آناً فاناً - فوراً - لمحہ بھر میں - ذرا سی دیر میں - بہت جلد۔
پَل کا بھروسا نہیں: [ار-مثل] جینے کی لمحہ بھر امید نہیں - پلک جھپکانے تک کا آسرا نہیں - موت کا کچھ ٹھیک نہیں کہ کب آئے زندگی بہت مختصر ہے۔
پَل کٹنا: [ار-محاورہ] وقت صرف ہونا - لمحہ گزرنا - وقت گزرنا۔
پَل کے پَل / پَل مارنے میں / (بھی): [ار-متعلق-فعل] تھوڑی سی دیر میں - لمحہ بھر میں - فوراً۔
پَل کی پَل: [ار-متعلق فعل] تھوڑی دیر کے لئے۔
پِل: [ار-فعل] پلنا مصدر کا صیغۂ امر
پَلا پلایا: [ار-صف] اچھی طرح پرورش کیا ہوا - موٹا تازہ۔
پَل جانا: [ار-مص] (۱) پرورش پانا (۲) گرمی پاکر نرم ہوجانا۔
پِل: [ار-فعل] پلنا مصدر کا صیغۂ امر
پِلا آنا: [ار-محاورہ] گھسے چلے آنا - گھسے پڑنا۔
پِل پڑنا / جانا: [ار-محاورہ] فساد پر آمادہ ہونا - لڑنے کے لئے تیار ہونا - دھکا دینا - ٹکر لگانا - حملہ کرنا - دلیری سے جا پڑنا۔
پُل: [ف-اند] (۱) پانی پر سے گزرنے کا راستہ - دریا کو عبور کرنے کا راستہ (۲) سڑک - لائن وغیرہ کے اوپر سے گزرنے کا راستہ (۳) ایک کوٹھے سے دوسرے کوٹھے تک جانے کا چھتا (۴) وہ طاقچہ جس کے اوپر یا نیچے سے راستہ ہو (۵) بند - پشتہ (۶) کثرت - افراط - بہتات۔
پُل باندھنا: [ار-محاورہ] (۱) پانی یا نشیب کے اوپر سے گزرنے کے لئے راستہ بنانا - پاٹ باندھنا (۲) ڈھیر لگانا - تودہ لگانا - مبالغہ کرنا - بڑھانا - چڑھانا۔
پُل بندی: [ف-امث] (۱) پُل باندھنا - پاٹ باندھنا - پل کی مرمّت - پل کی تعمیر (۲) پُل کا محصول۔
پُل ٹوٹنا: [ار-محاورہ] (۱) پل گرجانا - پل بہہ جانا (۲) ریل پیل ہونا - کثرت ہونا (۳) رکاوٹ نہ رہنا - بندش نہ رہنا (۴) ڈھیر لگ جانا۔
پُل صراط: [ع-اند] مسلمانوں کے عام عقیدے کے مطابق دوزخ کے اوپر ایک پُل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے - اس پر سے بروزِ قیامت ہر نیک و بد کو گزرنا ہوگا - نیک اس پر سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے اور بد کٹ کر دوزخ میں گر جائیں گے۔
پَلّا: [ار-اند] دامن - آنچل - کنارہ (۲) حمایت - طرف داری - اعانت - مدد - سہارا - کمک (۳) بوجھا - تھیلا (۴) پلڑ - پلڑا - ترازو - قینچی یا ٹوپی وغیرہ کے متعلق بولا جاتا ہے (۵) پٹ - کواڑ (۶) لپ - کولی بھی (۷) بُعد - دُوری - فرق - فاصلہ - تفاوت۔
پَلّا بھاری ہونا: [ار-محاورہ] (۱) دولت مند ہونا - صاحبِ ثروت ہونا (۲) بہ کثرت حامی یا مددگار ہونا (۳) وزن دار ہونا - بھاری ہونا (۴) اولاد کثرت سے ہونا (۵) دنیاوی تعلقات میں مبتلا ہونا (۶) زیادہ کنبہ ہونا (۷) بہت فاصلہ ہونا (۸) بڑا مرتبہ ہونا (۹) طرف وزنی ہونا (۱۰) قابلِ ترجیح ہونا (۱۱) گنہگار ہونا۔
پَلّا پاک ہوجانا / ہونا: [ار-محاورہ] (۱) فیصلہ ہوجانا - معاملہ پاک ہوجانا (۲) قرض ادا ہوجانا۔
پَلّا پکڑ لینا / پکڑنا: [ار-محاورہ] دامن پکڑ لینا - آسرا لینا - سہارا لینا۔
پَلّا جھکنا: [ار-محاورہ] وزنی ہونا - غلبہ ہونا
پَلّا چھڑانا: [ار-محاورہ] (۱) رہائی حاصل کرنا - پہلو بچانا (۲) الگ ہو بیٹھنا - علیحدہ ہونا (۳) کنارہ اتار لینا - کپڑے سے زری وغیرہ ادھیڑنا - (۴) عورتوں کو رونے سے باز رکھنا۔
پَلّا چھوڑنا: [ار-محاورہ] پیچھا چھوڑنا - علیحدہ ہونا۔
پَلّا کرنا: [ار-محاورہ] (۱) دُور جانا - دُور تک پہنچنا (۲) تعاقب کرنا (۳) منہ ڈھانک کر رونا (۴) پردہ کرنا - گھونگھٹ نکالنا۔
پَلّا لینا: [ار-محاورہ] (۱) میت پر منہ ڈھانک کر رونا - ماتم کرنا - نوحہ کرنا - (۲) سہارا لینا - دامن پکڑ لینا۔
پَلّا منہ پر رکھ کے رونا: [ار-محاورہ] منہ ڈھانک کر رونا۔
پَلّا: [ار-اند] پلی کا اسم مکبر - تیل وغیرہ نکالنے کی بڑی پلی ایک قسم کا بڑا چمچا جو کسی برتن سے تیل گھی وغیرہ نکالنے کے کام آتا ہے۔
پِلّا: [ار-اند] (۱) کتے کا بچہ (۲) حقارت سے انسان کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔
پلاٹ: [انگ-اند] (PLOT) (۱) قطعہ زمین (۲) قصے یا ڈرامے کا خاکہ۔
پَلاس: [ف-اند] موٹا کپڑا - ٹاٹ۔
پَلاس: [ار-اند] ڈھاک کا درخت جس کے پتے بڑے چوڑے ہوتے ہیں اور پتّل وغیرہ بنانے کے کام آتے ہیں (۲) زنبور یا سنڈاسی کی قسم کا اوزار۔
پلاس پاپڑا: [ار-اند] ڈھاک کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے۔
پلاستر: [ار-اند] انگریزی (PLASTER) کا مُوَرّد - استرکاری (۲) لیپ - ضماد۔
پلاستر اڑا دینا: [ار-محاورہ] بہت مارنا - مارتے مارتے کھال اڑا دینا۔
پلاسنا: [ار-مص] جوتا تیار ہونے کے بعد اس کو تراش کر ٹھیک کرنا۔
پلانا: [ار-مص] (۱) کوئی سیال مادہ پینے کے لئے دینا - نوش کرانا۔

بانی دینا (۵) داخل کرنا۔ کھپانا۔ جذب کرانا۔ جسم کے اندر پہنچانا۔ کسی چیز میں کوئی مادہ دوڑانا یا پہنچانا جیسے بید یا گولی پلانا۔ لگانا۔ ہدف بنانا۔ نشانہ بنانا (۴) کان بھرنا۔ ذہن نشین کرانا (۵) تیل نکلوانا۔ روغن نکلوانا (۶) رس نکلوانا۔ عرق نکلوانا۔ جیسے کولہو میں سرسوں پلانا۔

پلانا: [ار۔مص۔ق] بجانا۔ رونا۔ ماتم کرنا

پلاؤ: [ار۔اند۔ق] ماتم۔ ماتم کرنے والا

پلاؤ: [ف۔اند] گوشت کی یخنی میں پکے ہوئے چاول۔

پلاؤ کی رکابی کہیں نہیں گئی: [ار۔مثل] کچھ کمی نہیں۔ عیش میں کمی نہیں۔

پلاؤ (دادمه وف سے) [ار۔صف] آدمیوں کا پرورش کیا ہوا۔ پالا ہوا جانور۔

پلائی: [ار۔امث] دودھ پلانے والی۔ انا۔ دایہ۔ رضاعی ماں۔ آیا (۲) وہ لڑکی جس کو دوسری عورت کا دودھ پلایا جائے۔

پلائی وُڈ: [انگ۔امث] (PLY - WOOD) وہ بہت دار لکڑی جو پتلے تختوں کو چپکا کر بنائی جائے۔

پلایا: [ار۔اند] جس لڑکے کو دایہ کا دودھ پلایا گیا ہو۔ رضاعی بیٹا۔

پل پُس کر: [ار۔متعلق فعل] پرورش ہو کر۔

پلپلا: [ہ۔صف۔اند] نرم۔ ملائم۔ پلپلی۔ انسان کے جسم کا وہ گوشت جو بغیر دبلنے نرم ہو گیا ہو (۲) وہ پھل خصوصاً آم جو چوٹ کھانے، دب جانے یا سکھے رہنے سے نرم ہو کر سڑنے کے قریب ہو۔

پُلپلا: [ہ۔صف] کھوکھلا۔ اندر سے خالی۔

پلپلانا: [ار۔مص] دبا کر نرم کرنا۔ پلپلا کرنا۔ ملائم کرنا۔

پُلپلانا: [ہ۔مص] منہ میں چوسنا۔ مسوڑھوں یا اگلے دانتوں سے دبا کر نرم کرنا۔ بغیر چبائے کھانا۔

پلپلاہٹ: [ار۔امث] نرمی۔ پلپلاہٹ۔ پلپلا کا اسم کیفیت

پلپلی: [ہ۔صف۔امث] دیکھئے "پلپلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پلپلی ٹھیکری: [ار۔امث] عورت کا ذہن فرج۔ عورت کی جائے مخصوص کا منہ۔

پلتھی: [ہ۔امث] چوتڑوں کے بل ٹانگیں اوپر نیچے رکھ کر بیٹھنے کا ایک طریقہ۔

پُلٹ: [ہ۔امث] اُلٹ کا تابع۔

پَلٹ: [ہ۔امث] گھماؤ۔ گردش۔ چکر۔ واپسی۔

پلٹ آنا: [ار۔محاورہ] واپس آنا

پلٹ پڑنا: [ار۔محاورہ] (۱) ایک طرف سے دوسری طرف ہو جانا (۲) کسی پر غصہ کا اظہار کرنا (۳) جاتے جاتے لوٹ پڑنا۔

پلٹ جانا: [ار۔محاورہ] برگشتہ ہو جانا۔ دگرگوں ہو جانا (۲) راہ سے پھر جانا (۳) انکار کر جانا۔ مکر جانا (۴) بات بدلنا۔

پلٹ چلنا: [ار۔محاورہ] لوٹ جانا۔

پلٹ دینا: [ار۔محاورہ] ہٹانا۔ پسپا کرنا۔ بدل دینا۔

پلٹ کر دیکھنا: [ار۔محاورہ] مڑ کر دیکھنا

پلٹ کے نہ دیکھنا: [ار۔محاورہ] خبر نہ لینا۔ متوجہ نہ ہونا۔

پلٹ لینا: [ار۔محاورہ] واپس لے لینا۔

پلٹا: [ار۔اند] (۱) گردش۔ انقلاب۔ گھماؤ۔ چکر (۲) بدلہ۔ انتقام (۳) وہ آلہ جس سے پوری کو پکتے ہیں پلٹتے ہیں۔

پلٹا دینا: [ار۔محاورہ] (۱) الٹ پلٹ کرنا (۲) ایک طرف سے دوسری طرف ہو جانا (۳) کچھ کہہ کر اس کے خلاف کہنے لگنا۔

پلٹا کھانا: [ار۔محاورہ] تبدیل ہو جانا۔ ایک حالت سے دوسری حالت میں ہو جانا۔ الٹ پلٹ ہو جانا (۲) ایک رُخ سے دوسرے رُخ ہو جانا۔ گھومنا۔ چکر لگانا (۳) رات دن کا ادل بدل (۴) بات کہہ کر مکر جانا (۵) بیماری کا عود کر آنا۔

پلٹا لینا: [ار۔محاورہ] ایک حالت بدل کر دوسری حالت اختیار کرنا۔

پلٹانا: [ار۔مص] لوٹانا۔ واپس کرنا (۲) واپس لینا۔

پلٹتیوں کو: [ار۔متعلق فعل] پلٹتے وقت۔ پھرتے وقت۔

پلٹس: [انگ۔امث] (POULTICE) لیپ۔ ضماد۔ لپری۔ وہ لئی جو السی اور دوسری گرم اشیا ملا کر پکاتے ہیں اور مواد پکانے کی غرض سے پھوڑے پر باندھتے ہیں۔

پلٹن: [ار۔امث] (انگریزی PLATOON) پیادہ فوج کا دستہ۔ جس میں قریباً ہزار سپاہی ہوتے ہیں

پلٹنا: [ار۔مص] (۱) الٹنا۔ پھرنا (۲) انکار کرنا (۳) واپس ہونا۔ لوٹنا۔ باز آنا (۴) بے وفائی کرنا (۵) منکر ہونا۔ زبان سے پھر جانا۔ وعدہ خلافی کرنا (۶) منتقل ہونا (۷) پلٹی کھانا۔ پلٹی لینا۔

پلٹی: [ہ۔امث] پلٹائی کا تانیث۔ قلابازی۔ بازی گروں کی ایک طرح کی ورزش سر نیچے اور پاؤں اوپر کر کے چھلانگ لگانا۔

پلٹے: [ار۔اند] پلٹا کی جمع

پلٹے دینا/ کھانا/ لینا: [ار۔محاورہ] دیکھئے پلٹا دینا/ کھانا۔ لینا۔

پلٹے میں: [ار۔متعلق فعل] بدلے میں۔ عوض میں۔

پلٹیاں: [ار۔امث] دیکھئے "پلٹی" جس کی یہ جمع ہے۔

پلٹیاں کھانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پلٹا کھانا"

پلچنا: [ار۔مص] پل پڑنا۔ گتھ جانا۔ جھک جانا۔ چڑھ جانا۔

پلڑا: [ار۔اند] دوپلی ٹوپی کا ایک پلہ

پلڑا: [ار۔اند] (۱) پاٹ۔ ترازو کا وہ حصہ جس پر سامان یا باٹ رکھا جاتا ہے۔ (۲) کنارہ۔ گوٹ۔ بیل۔ پلا۔

پلڑی: [ار۔امث] پلڑا کی تصغیر۔

پلڑی: [ہ۔امث] گوشت کا لوتھڑا۔ قیمہ کا گولا۔

پلسات: [ار۔صف۔ق] پیلاہٹ۔ زردی۔

پلستر: [انگ۔اند] دیکھئے "پلاستر"

پلستر بگاڑنا: [ار۔محاورہ] (۱) ہیئت بگاڑنا۔ حیثیت خراب کرنا۔ (۲) مار مار کر کھال اُدھیڑنا (۳) کہگل وغیرہ خراب کر دینا (۴) لیپ خراب کرنا۔

پلسنا: [ار۔مص۔ق] گھسنا۔

پلشت: [ف - صف] گندہ - پلید - ناپاک۔
پلک: [ف - امث] (۱) آنکھ کا پپوٹا (۲) آنکھ کے پپوٹے کے بال مژہ (۳) لمحہ - آن - لحظہ - دقیقہ - ثانیہ - دم - آنکھ کی جھپک۔
پلک بھیگنا: [ار - محاورہ] پلک آنسوؤں سے تر ہو جانا - آنکھ میں آنسو آ جانا۔
پلک بچھانا: [ار - محاورہ] تعظیم کرنا۔
پلک پٹیا: [ار - صف] بار بار پلک جھپکانے والا - چُندھا
پلک جھپکانا: [ار - محاورہ] (۱) پلک مارنا (۲) خوف کرنا (۳) تھوڑی دیر کے لئے سو رہنا۔
پلک جھپکنا: [ار - محاورہ] (۱) پلک کا جنبش کرنا (۲) ذرا کی ذرا سونا۔ (۳) بہت قلیل زمانہ۔
پلک جھپکتے / جھپکانے میں: [ار - متعلق فعل] ذرا سی دیر میں فوراً - بہت جلد۔
پلک دریا: [ار - صف] بہت کریم - بڑا داتا - نہایت سخی - ایک لمحہ میں خشک زمین پر دریا جاری کرنے والا یعنی اللہ تعالیٰ۔
پلک سے پلک آشنا ہونا: [ار - محاورہ] پلک سے پلک لگنا۔ تھوڑی سی نیند آنا۔
پلک سے پلک لگانا: [ار - محاورہ] سونے کے لئے آنکھ بند کرنا - آرام لینا۔
پلک سے پلک لگنا: [ار - محاورہ] نیند آنا۔
پلک لگنا / لگ جانا: [ار - محاورہ] تھوڑی دیر کو سو جانا۔ جھپکی لینا۔
پلک مارنا: [ار - محاورہ] (۱) پلک کو جنبش دینا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا۔
پلک مارتے / مارنے میں: [ار - متعلق فعل] تھوڑی سی دیر میں - لمحہ میں - بہت جلد
پلک نواز: [ف - صف] ذرا سی دیر میں قصور معاف کر دینے والا یعنی اللہ تعالیٰ۔
پلک نہ پسیجنا: [ار - محاورہ] رحم نہ آنا - آنسو نہ بہانا۔
پلک نہ جھپکنا: [ار - محاورہ] نیند نہ آنا - آنکھ نہ لگنا - بے قراری ہونا - بے چینی ہونا۔
پلک ہلنا: [ار - محاورہ] پلک سے اشارہ کرنا۔
پلکا: [ہ - اند] ابلق کبوتر - چتلا کبوتر - دو رنگا کبوتر۔
پلکوں سے اٹھانا: [ار - محاورہ] آنکھوں سے اٹھانا۔
پلکوں سے زمین جھاڑنا: [ار - محاورہ] بے حد اطاعت کرنا - بہت زیادہ خدمت گزاری کرنا۔
پلک سے نمک اٹھانا / چننا: [ار - محاورہ] ہاتھوں کی بجائے پلکوں سے کام لینا - دشوار کام کرنا (۲) عجز کا اظہار کرنا - عورتوں کا خیال ہے - اگر نمک گر پڑے تو قیامت کے دن اسے آنکھوں سے اٹھانا پڑے گا۔

پلکیں پٹپٹانا: [ار - محاورہ] پلکوں کو جلدی جلدی حرکت دینا۔
پلکیں ٹانکنا: [ار - محاورہ] آنکھیں سی دینا - مرغ یا باز وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
پلکیں چڑھنا: [ار - محاورہ] بے انتہا رنج یا غصہ ضبط کرنا اور آنسو نہ نکلنے دینا۔
پلکیں کترنا: [ار - محاورہ] نظر بد سے بچانے کے لئے بچوں کی پلکوں کے بال کاٹنا۔
پلنا: [ہ - اند] پالنا کا مخفف - گہوارہ - مہد - جھولا۔
پلنا: [ار - مص] (۱) پرورش پانا (۲) تعلیم و تربیت پانا (۳) بڑھنا۔ جمع ہونا (۴) گرمی سے نرم ہو جانا - پلپلا ہو جانا - سبزی یا پھل کا گلنے کے قریب ہو جانا۔
پلنا: [ار - مص] (۱) اچھلا جانا - تیل نکلنا - کولھو میں پسنا (۲) نہایت محنت کرنا - بڑی کوشش کرنا (۳) لڑنے پر آمادہ ہونا (۴) خطرے کی جگہ دلیری سے جانا - حملہ آور ہونا - دھکیلنا۔
پلندا: [ہ - اند] مٹھا - گڈی - بنڈل - گٹھڑی - پیکٹ۔
پلنگ: [ف - اند] ایک درندہ - جس کے بدن پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں۔ (۲) ایک درندہ جو شیر کا دشمن ہوتا ہے۔
پلنگ: [ار - اند] چارپائی - مسہری - بڑی چارپائی۔
پلنگ پر بٹھا کر روٹی دینا: [ار - محاورہ] بغیر خدمت لئے نان و نفقہ دینا - بغیر کسی معاوضے کے سلوک کرنا۔
پلنگ پر بٹھانا: [ار - محاورہ] بہت آرام دینا - کام نہ لینا - معزز بنا کر بٹھانا۔
پلنگ پوش: [ار - اند] وہ چادر جو بستر کی حفاظت کی خاطر پلنگ پر ڈال دی جاتی ہے۔
پلنگ توڑ: [ار - صف] (۱) وہ آدمی جو پلنگ پر بیٹھ کر کھائے اور کوئی کام نہ کرے - کاہل - سست (۲) (امث) امساک کی ایک دوا۔
پلنگ تین چور: [ار - اند] بنات النعش - وہ سات ستارے جو پلنگ اور تین چوروں یا جنازہ اور تین جنازہ اٹھانے والوں کی شکل میں نظر آتے ہیں۔
پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہونا: [ار - محاورہ] (عو) زچگی سے فارغ ہو جانا - بیماری سے شفا پانا۔
پلنگ کے بان / باندھ توڑنا: [ار - محاورہ] گھر میں بیکار پڑے رہنا۔
پلنگڑی: [ہ - امث] پلنگ کی تصغیر۔
پلو: [ہ - اند] (۱) آنچل - دامن - کنارہ (۲) چوڑا اٹھپا - چوڑی گوٹ
پلودار: [ار - ف - صف] (غلط) وہ لباس جس کے کنارے کنارے حاشیے پر سونے چاندی کی لیس ہو۔
پلوار: [ہ - اند] ایک قسم کی کشتی جس میں سامان لادتے ہیں بار برداری کی کشتی۔
پلوانا: [ار - مص] پرورش کرانا (پالنا کا متعدی)
پلوانا: [ار - مص] (۱) پلانا کا متعدی (۲) پیلنا کا متعدی
پلوٹھا / پلونٹھا: [ار - صف] پہلا بچہ - وہ لڑکا جو ماں کے پہلے پہل

پیدا ہوا ہو۔

پلوٹھی : [ار - امث] ابتدا، شروع، پہلے پہل مثلاً پلوٹھی کا لڑکا یا پلوٹھی کی لڑکی۔

پَلول : [ہ - اند] ایک قسم کی ترکاری - ایک قسم کا کھیرا۔ ایک قسم کی ککڑی۔

پَلول : [ار - امث] انگریزی پیرول (PAROLE) کا بگاڑ (۱) وہ خاص لفظ یا الفاظ جو شناخت کے لئے پہرے والے کو بتلائے جاتے ہیں (۲) میل جول

پلول ملانا : [ار - محاورہ] سازش کرنا - ہمراز بنانا - گانٹھنا -

پلول ملنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پلول ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پلّہ : [ف - اند] سیڑھی - زینہ (۲) ترازو کا پلڑا (۳) درجہ - مرتبہ (۴) پہلو - جانب۔

پلّہ کش : [ف - صف فاعلی] طرف دار - جانب دار۔

پلّہ کشی : [ف - امث] جانبداری - طرف داری۔

پلہنڈا : [ہ - اند] گھڑونچی - تکٹن - پانی کے گھڑے رکھنے کی تپائی - آبدار خانہ۔

پلہنڈی : [ہ - امث] دیکھئے "پلہنڈا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

پلی : [ہ - امث] گھی یا تیل وغیرہ نکالنے کا آلہ - کھڑے دستہ کی پیالی جس سے سیال شے برتن سے نکالتے ہیں۔

پلی پلی جوڑنا : [ار - محاورہ] تھوڑا تھوڑا جمع کرنا - بڑی محنت سے مال جمع کرنا۔

پُلی : [ار - امث] پل کی تصغیر چھوٹا پل۔

پِلی : [ار - امث] کتے کا مادہ بچہ۔

پلّے : [ار - اند] پلّا کی جمع (۲) پاس - گرہ میں۔

پلّے باندھنا : [ار - محاورہ] (۱) آنچل میں باندھنا - گرہ میں باندھنا (۲) ذمہ ڈالنا - سر ڈالنا (۳) بیاہ دینا (۴) بیاہنا - عقد میں لانا (۵) بات یاد رکھنا اور اس پر عمل کرنا - سبق لینا (۶) سر تھوپنا - الزام لگانا۔

پلّے بندھنا : [ار - محاورہ] گلے پڑنا - پیچھے پڑنا (۲) منسوب ہونا - بیاہا جانا۔

پلّے پار ہونا : [ار - محاورہ] ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا۔

پلّے پر آنا : [ار - محاورہ] زد پر آنا - نشانہ پر آنا

پلّے پر رہنا : [ار - محاورہ] طرف دار ہونا۔

پلّے پر ہونا : [ار - محاورہ] فاصلے پر ہونا (۲) ترازو کے پلڑے پر ہونا تاکہ وزن بھاری ہو جائے (۳) حمایت لینا - طرف دار ہونا - مددگار ہونا۔

پلّے پڑنا : [ار - محاورہ] ہاتھ لگنا - حصہ میں آنا (۲) بس میں آنا۔ (۳) بیاہا جانا۔

پلّے ٹکا نہ ہو جانا : [ار - محاورہ] کچھ پاس نہ ہونا۔

پلّے جھاڑ کر کھڑا ہو جانا : [ار - محاورہ] الگ ہو جانا - پیچھا چھڑانا - بے تعلق ہو جانا (۲) سب کچھ بانٹ دینا - سب کچھ خرچ کر دینا۔

پلّے جھنجی کوڑی نہیں : [ار - محاورہ] کچھ پاس نہیں۔

پلّے دار : [ار - ف - صف فاعلی] مزدور - حمّال - بوجھ اٹھانے والا (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)

پلّے دار آواز : [ار - مث] دور تک جانے والی آواز (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)

پلّے سرے کا : [ار - صف] انتہا درجے کا۔

پلّے سرے کی : [ار - صف] انتہا درجے کی۔

پلّے سے باندھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پلّے باندھنا"

پلّے سے بندھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پلّے بندھنا"

پلّے کی : [ار - صف - مث] دور تک توڑ کرنے والی۔

پلّے کیچڑ میں پھنس رہے ہیں : [ار - محاورہ] بکھیڑوں میں گرفتار ہے۔ دنیاوی تعلقات میں مبتلا ہے۔

پلّے ہونا : [ار - محاورہ] گرہ میں ہونا - مال دار ہونا۔

پُلیا : [ار - امث] پل کی تصغیر - چھوٹا پل۔

پلیت : [ہ - صف] فارسی "پلید" کا بگاڑ (۱) گندہ - ناپاک (۲) کنجوس - بخیل (۳) پریت کا بگاڑ - جن - بھوت۔

پلیتہ : [ف - اند] (۱) چراغ کی بتی - موٹی بتی (۲) بٹا ہوا کاغذ یا کپڑا جو سیانے یا عامل دھونی دینے کے لئے جلاتے ہیں (۳) ایک قسم کی کپڑے کی بتی جو پیچ شاخوں میں لگا کر جلاتے ہیں۔ (۴) وہ بتی جو ہتھیاروں میں لگی ہوتی ہے (۵) بارود لگا ہوا ڈورا، جس میں آگ لگا کر آتشبازی یا بندوق چھوڑتے ہیں۔

پلیتہ چاٹ جانا : [ار - محاورہ] (۱) رنجک کا اُڑ جانا - بندوق یا توپ کا نہ چلنا (۲) کڑھائی کے روغن کا زیادہ آنچ ہو جانے سے بھڑک اٹھنا۔

پلیتہ دینا : [ار - محاورہ] (۱) پلیتہ لگانا - آگ سلگانا (۲) بتی جلا کر بھٹی میں رکھنا (۳) بتی دکھانا - توڑا لگانا - آگ لگانا (۴) جلانا - آگ لگانا - اکسانا - لگائی بجھائی کرنا۔

پلیتہ لگانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پلیتہ دینا"

پلیتھن : [ار - اند] (۱) سوکھا آٹا جو روٹی پکاتے وقت پیڑوں پر لگاتے ہیں (۲) پھوک، جو نشاستہ نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

پلیتھن پکانا : [ار - محاورہ - ق] پتلا حال کرنا - گرد جھاڑنا - کسی کی تخریب کے درپے ہونا۔

پلیتھن نکالنا : [ار - محاورہ] بہت مارنا پیٹنا - بھرکس نکالنا - ٹھیک بنانا - مار مار کر ادھ موا کرنا۔

پلیتھن نکل جانا / نکلنا : [ار - محاورہ] بڑا نقصان ہونا - تباہ ہونا خستہ حال ہونا۔

پلیٹ : [انگ - امث] (PLATE) (۱) بڑی رکابی - قاب (۲) سطح چیز ہموار سطح (۳) تختی (۴) تہ - شکن (۵) پٹی۔

پلیٹ فارم : [انگ - اند] (PLAT FORM) (۱) چبوترہ - سطح (۲) وہ چبوترہ جس کے آگے ریل گاڑی کھڑی ہوتی ہے اور مسافر اترتے اور سوار ہوتے ہیں (۳) وہ چبوترہ جس پر کھڑے ہو کر مقرر تقریر کرتا ہے۔

پلیٹ فارم ٹکٹ : [انگ - اند] (PLATFORM-TICKET) وہ

ٹکٹ جو ریل کے پلیٹ فارم پر جانے کے لئے قیمتاً ملتا ہے۔

پَلَیٹینم / پلاٹینم: [انگ - اند] (PLATINUM) ایک مشہور قیمتی دھات۔

پَلید: [ف - صف] (۱) ناپاک۔ نجس۔ گندہ۔ غلیظ (۲) [ار - اند] بھوت۔

پَلیدی: [ف - امث] ناپاکی۔ نجاست۔ غلاظت۔

پَلِیڈر: [انگ - اند] (PLEADER) وکیل۔ وکالت کرنے والا۔ عدالت میں مقدمہ پیش کرنے والا۔

پلیگ: [انگ - امث] (PLAGUE) طاعون۔ ایک مہلک مرض جو زہریلے پسّو کے کاٹنے سے پیدا ہوتا ہے۔

پَلیو: [ہ - اند] (۱) گوشت کا شوربہ (۲) آٹا یا پسے ہوتے چاول جو شوربہ گاڑھا کرنے کے لئے ملاتے ہیں (۳) زمین جس میں ہل چلانے کے بعد آبپاشی کی گئی ہو۔

پَلیوں میں: [ار - متعلق فعل] پل بھر میں۔ فوراً۔ بہت جلد۔

پ - م

پَمپ: [انگ - اند] (PUMP) (۱) پانی کا نل (۲) ہوا بھرنے کی پچکاری (۳) گرگابی۔

پمپی: [ار - امث] ایک قسم کی جوتی۔ گرگابی۔

پمفلٹ: [انگ - اند] (PAMPHLET) رسالہ۔ چھوٹی کتاب۔ کتابچہ۔

پمتن: [ہ - اند] گیہوں کی ایک قسم۔ بہت عمدہ اور اعلیٰ گیہوں۔

پ - ن

پِن: [انگ - امث] (PIN) سُوئی۔ وہ سوئی جس کے سر پر ٹوپی سی بنی ہوتی ہے اور اُس سے کاغذ وغیرہ ٹانکتے ہیں۔

پُن: [س - اند] خیرات۔ ثواب کا کام (افعال: کرنا۔ ہونا)

پَن / پَین: [انگ - اند] PEN قلم۔ انگریزی وضع کا قلم۔ فونٹین پین۔

پَن: [ار - لاحقہ] لاحقہ اسم کیفیت جو کسی صفت کے بعد آ کر اسے اسم کیفیت یا حاصل مصدر بنا دیتا ہے مثلاً بچپن۔ لڑکپن وغیرہ۔

پَن: [ار - سابقہ] (۱) پان کا مخفف (۲) پانی کا مخفف (۳) پانچ کا مخفف۔

پن بٹا: [ار - اند] پان رکھنے کا ڈبا

پن بھتا: [ار - اند] (۱) اُبلے ہوئے چاول جن کو شربت میں ڈال کر پیتے ہیں (۲) پتلے پکے ہوئے چاول۔

پن بھرا: [ار - اند] پانی بھرنے والا مزدور۔ سقّہ

پَن بھرن / بھری: [ہ - امث] پانی بھرنے والی عورت۔

پَن جھرا: [ار - اند - ق] آب خورا۔

پن چکی: [ار - امث] پانی کے زور سے چلنے والی چکی۔

پن چورا: [ہ - اند] لڑکوں کے کھیل کا ایک برتن جس کے پیندے میں سوراخ ہوتے ہیں۔ جب برتن کا منہ بند کر دیتے ہیں تو پیندے کے سوراخوں سے پانی ٹپکنے لگتا ہے۔

پن ڈبا: [ار - اند] پان رکھنے کا ڈبا

پَن ڈُبا: [ہ - اند] غوطہ خور۔ پانی کا بھوت۔ اس شخص کا بھوت جو پانی میں ڈوب کر مر گیا ہو۔

پَن ڈُبی: [ہ - امث] ایک آبی پرندہ جو مچھلی کا شکار غوطہ مار کر کرتا ہے ایک قسم کی مرغابی۔

پَنسال: [ہ - امث] سبیل۔ پانی پلانے کی جگہ (۲) پانی ناپنے کا آلہ (۳) زمین مسطح کرنے کا آلہ۔

پن سال نویس: [ہ - ف - صف - فاعلی] نہر کی پنسال پر پانی کی کمی زیادتی کا حساب رکھنے والا۔

پَن سوئی: [ہ - امث] چھوٹی کشتی۔ ڈونگا۔

پَن سیرا (پنسیرا): [ہ - اند] پانچ سیر کا باٹ۔ پانچ سیر کھانا پکانے کا دیگچہ۔

پَن سیری (پنسیری): [ہ - امث] پانچ سیر وزن۔ پانچ سیر کا وزن۔

پَن شاخہ: [ار - اند] دیکھئے "پنج شاخہ"

پَن کال: [ہ - اند] (۱) پانی کی کمی (۲) خشک سالی (۳) وہ قحط جو پانی کی زیادتی کی وجہ سے پڑے۔ وہ قحط جو بارش کی کثرت کی وجہ سے ہو۔

پَن کپڑا: [ہ - اند] وہ کپڑا جو تر کر کے زخم پر باندھتے ہیں۔

پَن کُٹی: [ہ - امث] ایک قسم کا آلہ جس میں پان کوٹ کر کھاتے ہیں۔

پَن کوا: [ہ - اند] ایک قسم کی مرغابی۔

پَن گڈی: [ہ - امث] ایک قسم کا کنکوا۔

پَنگھٹ: [ہ - اند] پانی بھرنے کی جگہ۔ پانی بھرنے کا گھاٹ۔

پَنواڑی: [ہ - اند] (۱) پان بیچنے والا (۲) (مونث) وہ جگہ جہاں پان بکثرت ہوں۔

پنھارا / پنھیارا: [ہ - اند] پانی بھرنے والا۔

پنھارن / پنھاری: [ہ - امث] پانی بھرنے والی۔

پَنِیائی: [ہ - صف - مث] وہ چیز جس میں رطوبت زیادہ ہو۔

پَنِیا: [ہ - صف] پانی کا (۲) پانی میں رہنے والا (۳) پھیکا۔ بدمزہ۔

پَنِیا سانپ: [ہ - اند] وہ سانپ جو پانی میں رہتا ہو۔

پَنِیا سوت: [ہ - اند] (۱) پانی کا چشمہ (۲) وہ تالاب جس میں پانی خود بخود زمین سے نکل کر جمع ہوتا رہے۔

پَنِیا کال: [ہ - اند] دیکھئے "پَن کال"

پَنِیالا: [ہ - صف] (۱) پانی کے مزے کا۔ پھیکا۔ بدمزہ (۲) ایک قسم کا عنابی رنگ کا میوہ جو قد میں جامن کے برابر ہوتا ہے۔

پَنِیانا: [ار - مص] (۱) سیراب کرنا۔ پانی دینا۔ سینچنا (۲) پانی پڑ جانا۔ پانی چھوٹنا۔ پانی رسنے لگنا۔

پَنا: [ار - لاحقہ] لاحقہ اسم کیفیت جو کسی صفت کے بعد آ کر اسے اسم کیفیت یا حاصل مصدر بنا دیتا ہے مثلاً بچپنا۔

پنا: [ار - اند] فارسی پہنا کا مورد۔ چوڑائی۔ عرض۔ پاٹ۔ آنار۔

پَنّا: [ہ - اند] (۱) ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔ زمرد (۲) آم یا املی کی ترشی میں ملا ہوا کچا شربت (۳) جوتی کے اوپر کا چمڑا۔ اوگی (۴)

ورق - پتا (۵) دھات کا ورق - سونے چاندی کا ورق -

پَنّا:[ار - اند] (۱) ڈھیلا (۲) دھاگے کا گولہ - بیچک -

پَنالا:[ہ - اند] پرنالا (۲)، نالی (۳) بدر رو (۴)، ٹونٹی - فوارہ -

پَنالی:[ہ - امث] پنالا کی تصغیر -

پَنالی پڑنا:[ار - محاورہ] زیادہ موٹا ہونے کی وجہ سے پٹھوں اور پیٹھ کے درمیان نالی سی پڑ جانا -

پَناہ:[ف - امث] (۱) حمایت - سہارا (۲) دیوار کا سایہ (۳) امن کی جگہ - حفاظت کی جگہ (۴) بچاؤ - حفاظت (افعال: دینا لینا مانگنا - ملنا)

پَناہ بہ خدا:[ف - کلمہ پناہ] خدا کی پناہ - اللہ کی امان

پَناہ دہی:[ف - امث] پناہ دینا - پناہ دینے کا عمل یا کیفیت -

پَناہ گاہ:[ف - امث] پناہ کی جگہ -

پَناہ گیر:[ف - صفت فاعلی] پناہ لینے والا -

پُنبہ:[ف - اند] روئی - کپاس -

پُنبہ بگوش/در گوش:[ف صفت] (۱) کان میں روئی ٹھونسے ہوئے (۲) غافل - بے خبر -

پُنبہ دانہ:[ف - اند] بنولا - کپاس کا بیج -

پُنبہ دوز:[ف - صفت] پرانے کپڑے سینے والا - پیوند لگانے والا -

پُنبہ دَہن/دہان:[ف صفت] کم گو - کم سخن - کم بولنے والا

پُنبۂ مینا:[ف - اند] وہ روئی جو شراب کے شیشے میں رکھ دی جاتی ہے -

پُنبئی:[ف صفت] روئی دار - روئی بھرا کپڑا -

پُنبئی راوٹی:[ف - ار - امث] روئی کا ہوا مکان - روئی کا بنگلہ جس میں خس خانہ کی طرح پانی چھڑکوا کر امیر لوگ گرمی کا وقت گزارتے ہیں -

پَنبی:[ار - اند - ق] اینٹیں جوڑنے کا مسالا

پَنپنا:[ار - مص] (۱) سرسبز ہونا - تروتازہ ہونا (۲) ترقی کرنا - بڑھنا (۳) افلاس دور ہونا - کمزوری دور ہونا (۴) دُبلے کا موٹا ہونا (۵) شاخیں نکلنا - لہلہانا پھولنا - پھلنا - پر پرزے نکالنا -

پَنتھ:[ہ - اند] (۱) فرقہ - قوم - ملت (۲) مذہب - دین - مت - دھرم (۳) گروہ (۴) راہ - راستہ - سڑک - باٹ -

پَنتھی:[ہ - اند] پنتھ والا (۱) دھرمی - مذہبی - دیندار (۲) ہم مذہب ایک جماعت کا فرقہ -

پَنتھی پورنا:[ہ - محاورہ] آلتی پالتی مار کر بیٹھنا - چار زانو بیٹھنا

پَنتی:[ار - اند - ق] چراغ -

پَنج:[ف - اعدد] (۱) پانچ (۲) سات سال کا گھوڑا -

پَنج آیت:[فع - امث] پانچ قرآنی سورتیں جو نیاز فاتحہ میں پڑھتے ہیں - سورۃ فاتحہ اور چاروں قل -

پَنج ارکان:[فع - اند] اسلام کے پانچ بنیادی ارکان - کلمہ طیبہ - نماز - روزہ - حج - زکوٰۃ -

پَنجاہ:[ف - اعدد] پچاس -

پَنج تن:[ف - اند] شیعہ کے نزدیک مسلمانوں کی پانچ متبرک شخصیتیں، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - حضرت علی کرم اللہ وجہہ - حضرت فاطمہؓ، حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ -

پَنج روزہ:[ف - صفت] پانچ دن کا - چند روزہ - دنیا کی مختصر زندگی - ناپائدار -

پَنج سُورہ:[فع - اند] قرآن مجید کی پانچ سورتوں کا مجموعہ -

پَنج شاخہ:[ف - اند] (۱) لوہے کا پنجہ جو بانس کی لکڑی میں لگا کر فلیتے روشن کر دیتے ہیں (۲) پانچ بتیوں والا فانوس -

پَنج شنبہ:[ف - اند] جمعرات -

پَنج عیب:[ف - اند] وہ گھوڑا جس میں یہ پانچ عیب ہوں - منہ زور - شب کور - کہنہ لنگ - حشری - کمری -

پَنج عیب شرعی:[فع - اند] پانچ شرعی عیب یعنی چوری - زنا - قمار بازی - دروغ گوئی - شراب خوری (۲) کل عیب - تمام برائیاں -

پَنج ککے:[پنجابی گورمکھی - اند] سکھوں کے پانچ مذہبی نشان، جن میں سے ہر ایک حرف کاف سے شروع ہوتا ہے - وہ ہیں - کیس - کڑا - کرپان - کنگھا - کچھا -

پَنج کلیان:[ف - ہ اند] وہ گھوڑا جس کے چاروں پاؤں اور ماتھا سفید ہو - اسے مبارک خیال کیا جاتا ہے -

پَنج گانہ:[ف - امث] پانچوں وقت کی نماز -

پَنج گوشہ:[ف صفت] پانچ کونوں والا جس کے پانچ کونے ہوں -

پَنج گوشیا:[ف ار - امث] پانچ کونوں والی ٹوپی جسے شرفائے لکھنؤ پہنتے تھے

پَنج لڑی:[ف - ار - امث] پانچ لڑی کا گلے کا ہار -

پَنجُم:[ف صفت - ترتیبی] (۱) پانچواں - پانچویں (۲) محصول جو سوداگروں سے حکومت لیتی ہے -

پَنجُمیں:[ف - صفت - ترتیبی] پانچواں - پانچویں (۲) محصول جو سوداگروں سے حکومت لیتی ہے -

پَنج نَد:[ف - ار - اند] پانچ دریاؤں والا - مغربی پاکستان کا وہ مقام جہاں پانچ دریا ملتے ہیں -

پَنج نوبت:[ف - امث] پانچ وقت کی نوبت جو بادشاہوں اور امیروں کے محل پر بجائی جاتی تھی -

پَنج ہزاری:[ف - اند] مغلیہ سلطنت کا ایک منصب -

پَنج ہونا:[ار - محاورہ] گھوڑے کا سات سال کا ہو جانا - گھوڑے کا جوان

پَنجاب:[ف - اند] متحدہ ہندوستان کا ایک صوبہ جس میں پانچ دریا جہلم - چناب - راوی - بیاس اور ستلج بہتے تھے - اب اس کا مشرقی حصہ بھارت میں اور مغربی حصہ پاکستان میں شامل ہے - **پنجابی**[ ] پنجاب سے منسوب (۲) پنجاب کا رہنے والا (۳) پنجاب کے رہنے والوں کی زبان -

پَنجارا:[ار - اند - ق] روئی دھنکنے والا

پَنجر:[ہ - اند] ڈھانچہ - قالب (۲) پسلی

پَنجرہ:[ف - اند] قفس - پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں سے بنا ہوا گھر (۲) قالب انسانی -

پَنجری:[ار - امث] (۱) پنجرہ کی تصغیر (۲) شکاری دق،

پَنجرے کی کھڑکی کھول دینا:[ار - محاورہ] آزاد کر دینا - آزادی دینا -

پَنجڑی:[ہ - امث] چوسر کے ایک داؤں کا نام جس میں پانچ کوڑیاں

چت پڑتی ہیں۔ (۲) جب دو پانسے دو دو عدد کے اور ایک ایک عدد کا پڑے تو پنجڑی کہتے ہیں۔
پَنْجَنا: [ہ۔مص] ٹانکا لگانا۔ جوڑ لگانا۔ ٹانکے سے پیوست کرنا۔ دھات کو ٹانکا لگانا۔
پَنْجُو: [ار۔صف۔ق] نحیف۔ کمزور۔
پَنْجوانا: [ہ۔مص] ٹنکوانا۔ ٹانکے سے پیوست کرانا۔ جڑانا۔ دھات کا ٹانکا لگوانا۔
پنجوں کے بل چلنا: [ار۔مص۔مرکب] زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ اترا کر چلنا۔ غرور کرنا۔
پَنْجَہ: [ف۔اند] پانچ سے منسوب۔ ہاتھ پاؤں کی پانچ انگلیاں (۲) چنگل۔ پنج شاخہ (۳) لپ۔ مٹھی (۴) پاخانہ صاف کرنے کی ہڈی یا ٹھیکرا (۵) آدمی کے ہاتھ کی شکل کا چاندی کا نشان جو تعزیوں کے ساتھ بانس میں لگا ہوتا ہے (۶) قبضہ۔ گرفت۔ پانچ روپیہ۔ پیٹھ سے اوپر کا گوشت۔
پنجۂ آفتاب/خورشید: [ف۔اند] سورج کی کرنیں۔
پنجہ پھیرنا: [ار۔محاورہ] (۱) پنجے میں پنجہ ڈال کر مروڑ دینا (۲) قابو پانا۔ غلبہ حاصل کرنا۔
پنجہ ٹیکنا: [ار۔محاورہ] گنجائش پانا۔
پنجۂ شانہ: [ف۔اند] کنگھی کے دندانے۔
پنجہ کرنا: [ار۔محاورہ] آدمی کے پنجہ میں پنجہ ڈال کر زور آزمائی کرنا۔
پَنْجَہ کَش: [ف۔صف فاعلی] (۱) پنجہ کرنے والا (۲) وہ لوہے کا پنجہ جس میں ہاتھ ڈال کر پنجہ لڑانے کی مشق کرتے ہیں (۳) ایک قسم کی روئی جس میں پانچوں انگلیوں کا نشان پڑا ہوتا ہے (۴) پنجے سے شکار کرنے والا جانور۔
پَنْجَہ کَشی: [ف۔امث] دیکھیے "پنجہ کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
پنجہ لڑانا: [ار۔محاورہ] پنجہ سے پنجہ ملا کر زور کرنا۔
پنجہ لے جانا: [ار۔محاورہ] غالب آجانا۔ حریف کا پنجہ موڑ دینا۔
پنجہ مارنا: [ار۔محاورہ] چنگل مارنا۔ جھپٹا مارنا (۲) قابو کرنا۔
پنجہ مروڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "پنجہ پھیرنا"
پنجۂ مریم: [ف۔اند] ایک گھاس کا نام جس پر حضرت مریمؑ نے حضرت عیسٰیؑ کو جنتے وقت پنجہ مارا تھا۔ یہ گھاس پانی میں بھگو کر حاملہ عورت کے پاس رکھتے ہیں جس سے بچہ جننے میں آسانی ہوتی ہے۔
پَنْجہ موڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "پنجہ پھیرنا"
پَنْجۂ نگاریں: [ف۔اند] معشوق کا ہاتھ۔ سجا ہوا پنجہ۔
پَنْجہ نما: [ف۔صف] پنجے کی شکل کا۔
پَنْجی: [ار۔امث] (۱) "پنج شاخہ" ملاحظہ ہو (۲) تاش کا وہ پتا جس پر پانچ نشان بنے ہوں۔
پُنْجی: [س۔امث] پونجی۔ ڈھیر۔ تودا۔
پَنْجے: [ار۔اند] دیکھیے "پنجہ" جس کی یہ جمع ہے۔
پنجے جمانا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "پنجے گاڑنا"
پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا/چمٹنا/لپٹنا: [ار۔محاورہ] (۱) کسی کام میں پوری طرح مشغول ہو جانا۔ نہایت مستعدی سے کام میں مصروف ہونا (۲) پیچھے پڑ جانا۔ سخت سست کہنا۔
پَنْجے سے چھوٹنا: [ار۔محاورہ] چنگل سے چھوٹنا۔ آزاد ہونا۔ رہائی پانا۔
پنجے گاڑنا: [ار۔محاورہ] کسی جگہ قبضہ کرنا۔ جم کر بیٹھنا۔ بیٹھ جانا۔ قابض ہو جانا۔
پَنْجے میں پَنْجہ ڈالنا: [ار۔محاورہ] ایک دوسرے کے پنجہ کو انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر پکڑنا۔
پَنْجے میں پھنسنا: [ار۔محاورہ] قابو میں آنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا۔
پَنْجے میں لانا/لینا: [ار۔محاورہ] قابو میں لانا۔ جال میں پھنسانا۔
پَنْجیاٹا: [ہ۔اند] روئی دھنکنے والا۔
پَنْجیرا: [ہ۔اند] برتن میں ٹانکا لگانے والا۔ برتن جھالنے والا۔ قلعی گر۔
پَنْجِیری: [ہ۔امث] پانچ چیزوں کا مرکب۔ خشک حلوہ جس میں سوجی۔ گھی۔ سونٹھ۔ کھانڈ۔ گوند ہوتی ہے (۲) وہ گوند مکھانے وغیرہ جو زچہ کو کھلاتے ہیں۔
پَنْج: [ہ۔ا عدد] پانچ کا مخفف۔
پَنْج: [ہ۔اند] حاکم۔ ثالث۔ سردار (۲) صلاح کار۔ مشیر (۳) عام لوگ (۴) دلال (۵) برادری کا چودھری (۶) (امث) کمان۔
پنچ بلّی کہیں تو بلّی ہی سہی: [ار۔مثل] چار آدمی جو کہیں وہی ٹھیک ہے۔ سب کی صلاح یہی ہے تو یہی سہی۔
پَنْج پاتر: [س۔اند] پانچ برتن جو پوجا کرنے میں کام آتے ہیں (۲) ایک شرادھ جس میں پانچ برتنوں میں بھینٹ دی جاتی ہے (۳) پانچ دھاتوں کا بنا ہوا گلاس جو پوجا میں کام آتا ہے (۴) پانچ قسم کے پھول جو دیوتاؤں پر چڑھائے جاتے ہیں (۵) پانچ دھاتوں کی بنی ہوئی انگوٹھی۔
پنچ پولیا: [ہ۔اند] بڑا اور کشادہ مکان یا جگہ۔ پانچ دروازوں والا۔
پنچ پیرا: [ہ۔صف] (۱) وہ شخص جو ہر مذہب میں شریک ہو (۲) بھنگیوں یا حلال خوروں کی ایک قسم۔
پَنْچ پھولا رانی: [ہ۔امث] بہت نازک اور خوبصورت عورت۔ پرانی کہانیوں کی شہزادی۔ جو پانچ پھولوں میں تلتی تھی۔
پَنْچ تَنتر: [س۔اند] جانوروں کے قصوں کی مشہور کتاب جو فارسی میں انوار سہیلی اور عربی میں کلیلہ دمنہ کے نام سے ترجمہ ہوئی۔
پَنْچ جہاں پرمیشر: [ہ۔مثل] جہاں پنچ ہوں وہاں خدا بھی ہوتا ہے یعنی پنچایت میں اصل بات معلوم ہو جاتی ہے۔
پَنْج درا: [ہ۔ف۔اند] پانچ دروازوں کا وسیع یا کھلا بازار۔ وہ مکان جس میں پانچ دروازے ہوں۔
پَنْچ سلطانی: [ہ۔ع۔اند] بادشاہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا ثالث۔
پنچ فیصلہ: [ہ۔ع۔اند] پنچایتی فیصلہ۔ وہ فیصلہ جو پنچوں نے کیا ہو۔
پنچ مانے خدا۔ خدا مانے پنچ: [ار۔مثل] پنچ خدا سے ڈر کر کام کرتے ہیں۔ خدا بھی ان کے کاموں کو درست کرتا ہے۔
پنچ مل خدا، خدا مل پنچ: [ار۔مثل] پنچوں کا فیصلہ خدا کا فیصلہ ہوتا ہے۔

پنچ بکھے پرمیشر: [ہ۔ مثل] پنچایت کی بات گویا خدا کی بات ہے۔
پنچ مل کیجے کاج ہارے جیتے آئے نہ لاج: [ہ۔ مثل] مشورہ سے کام کرنے میں ندامت نہیں ہوتی۔ اس طرح انسان کامیابی یا ناکامی میں شرمندہ نہیں ہوتا۔
پنچا: [ہ۔ اند] وہ دستے والی لکڑی جس میں پانچ شاخیں لگی ہوتی ہیں جس سے کسان کٹی ہوئی فصل کو ہلاتے ہیں اور بھوسے سے دانے جدا کرتے ہیں۔
پنچال: [ار۔ صف۔ ق] (۱) ہوشیار۔ مکار (۲) بیٹھک۔
پنچالی: [ار۔ امث۔ ق] مکر۔ فریب۔
پنچامرت: [س۔ اند] پانچ چیزوں یعنی دودھ۔ دہی۔ چینی۔ گھی۔ شہد سے بنا ہوا شربت جس سے دیوتا کے بت کو نہلاتے ہیں۔
پنچانا: [ار۔ مص۔ ق] اُگانا۔ پیدا کرنا۔
پنچایت: [ہ۔ امث] (۱) پنچوں کی مجلس (۲) جھگڑا مٹانے کا جلسہ (۳) بھائی بندوں کی مجلس (۴) جھگڑا دور کرنے کی سبھا (۵) صلاح۔ مشورہ۔ ثالثی (۶) شور و غل۔ ہجوم۔ مجمع۔ گروہ۔ ہلڑ۔
پنچایت بدنا: [ار۔ مص۔ وضعی] معاملہ کو ثالث کے سپرد کرنا۔ ثالث مقرر کرنا۔
پنچایت جوڑنا: [ار۔ مص۔ مرکب] لوگوں کو مشورہ کے لئے اکٹھا کرنا (۲) صلاح لینا۔ مشورہ لینا (۳) بھیڑ لگانا۔ ہلڑ مچانا
پنچایت راج: [ہ۔ اند] عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کی حکومت۔
پنچایت کرنا: [ار۔ مرکب] فیصلہ کرنا۔ پنچایت جوڑنا۔
پنچایت نامہ: [ہ۔ ف۔ اند] پنچوں کا کیا ہوا تحریری فیصلہ۔ پنچوں کی تجویز۔
پنچایتی: [ار۔ صف] (۱) پنچایت سے متعلق۔ پنچوں سے منسوب (۲) وقف مال۔ شاملات کا۔ ساجھے کا (۳) نطفہ حرام (عامیانہ)
پنچایتی سالا: [ہ۔ اند] سب کا سالا۔ ایک گالی اور مزاح۔
پنچایتی فیصلہ: [ہ۔ ع۔ اند] پنچایت کا فیصلہ۔ پنچوں کا فیصلہ
پنچم: [ہ۔ اند] (۱) موسیقی کے سات سُروں میں سے پانچواں سُر جس کی علامت پا ہے۔ اس کا مخرج دل اور آواز کوئل کی سی ہے (۲) مارواٹھاٹھ کا ایک راگ اس کی آروہی میں پانچ اور امروہی میں سات سُر لگتے ہیں۔
پنچمی: [س۔ امث] ہر پاکھ یا ہر پندرواڑے کی پانچویں تاریخ۔
پنچنا: [ار۔ مص۔ ق] اُگنا۔ پیداوار ہونا۔
پنچوں شامل مر گئے جانو گئے برات: [ار۔ مثل] بہت سے آدمیوں کو اکٹھے تکلیف پہنچے تو مصیبت معلوم نہیں ہوتی۔
پنچوں کا پیالہ: [ار۔ اند] چلم۔ حقہ۔
پنچوں کا پیالہ پینا: [ار۔ محاورہ] برادری میں شامل ہونا۔
پنچوں کا جوتا اور میرا سر: [ار۔ مثل] پنچوں کا فیصلہ منظور ہے۔
پنچوں کا کہنا سر آنکھوں پر مگر پرنالہ یہیں رہے گا: [ار۔ مثل] ضدی آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ اس کو لاکھ فہمائش کی جائے کچھ اثر نہیں ہوتا۔
پنچھا: [ہ۔ اند] (۱) زخم کا پانی (۲) وہ رطوبت جو منہ سے نکلتی ہے (افعال: چھوٹنا)

پنچھالا: [ہ۔ صف] (۱) ہر وقت ساتھ رہنے والا (۲) وہ بچہ جو ہر وقت ماں کے پیچھے پھرے (۳) نوکر۔ خدمتگار۔ مصاحب (۴) خوشامدی (۵) کنکوے کی دُم۔
پنچھڑی: [ار۔ افد۔ ق] پت جھڑ۔ خزاں کا موسم۔
پنچھی: [ہ۔ افد] (۱) پرندہ۔ پکھیرو (۲) آدمی جو ہر جگہ پھرتا رہتا ہے۔ (۳) سیدھا سادہ۔ سادہ لوح۔
پند: [ف۔ امث] نصیحت۔ ہدایت۔ نیک صلاح۔
پندار: [ف۔ افد] (۱) خیال۔ تصور (۲) غرور۔ نخوت (۳) غور و فکر۔
پندرہ: [ار۔ اعدد] دس اور پانچ ۱۵
پندرھواڑا / پندرواڑہ: [ہ۔ افد] پندرہ دن۔ نصف ماہ۔
پندرھواں / پندرواں: [ار۔ عدد ترتیبی] ترتیب کے لحاظ سے چودہ کے بعد کا درجہ۔
پنڈ: [ار۔ اند] چور۔
پنڈ: [ہ۔ اند] (۱) جسم۔ بدن۔ تن (۲) آٹے۔ چاول کا گولا جس کو ہندو مُردوں کے نام پر دریا میں چھوڑتے ہیں یا گائے کو کھلاتے ہیں۔ (۳) جھنڈا۔ بھوا (۴) آبادی۔ بستی۔ گاؤں۔
پنڈ پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیچھے پڑنا (۲) سپردگی میں آنا (۳) سر ہونا۔ ذمے لگنا۔ حوالے ہونا (۴) تعلق ہونا۔ واسطہ ہونا (۵) حصہ میں آنا۔
پنڈ چھٹنا / چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ذمہ داری سے بری ہونا (۲) پیچھا چھوٹنا رہائی ہونا (۳) بے تعلق ہونا۔ واسطہ چھٹنا (۴) الگ ہونا۔ جدا ہونا۔
پنڈ چھڑانا: [ار۔ محاورہ] پیچھا چھڑانا۔ بچنا۔ نجات دینا۔ بچانا۔
پنڈ نہ چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] پیچھا نہ چھوڑنا۔ نجات نہ دینا۔
پنڈ روگ: [ہ۔ اند] (۱) جسمانی بیماری (۲) کوڑھ۔ برص۔ (۳) دق۔ تپ کہنہ۔
پنڈ کھجور: [ہ۔ امث] نر کھجور۔ نر خرما۔
پنڈا: [ہ۔ اند] مندر کی خدمت کرنے والا پروہت۔ برہمنوں کی ایک قوم کا نام۔
پنڈا: [ہ۔ اند] (۱) جسم۔ بدن (۲) گولا۔ گول چیز۔
پنڈا اچھوتا ہونا: [ار۔ محاورہ] باکرہ ہونا۔ باعصمت ہونا۔
پنڈا پھیکا ہونا: [ار۔ محاورہ] بدن گرم ہونا۔ خفیف حرارت ہونا۔
پنڈا جلنا: [ار۔ محاورہ] بخار ہونا۔ تپ کی شدت ہونا۔
پنڈا دھلانا: [ار۔ محاورہ] نہلانا
پنڈا دھونا: [ار۔ محاورہ] نہانا۔ غسل کرنا۔
پنڈا غوطہ کرنا: [ار۔ محاورہ] بدن دھو ڈالنا۔ نہانا۔
پنڈا کورا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پنڈا اچھوتا ہونا"
پنڈارا: [ہ۔ اند] (۱) مرہٹہ۔ مرہٹوں کی ایک ذات (۲) لٹیرا۔ ڈاکو۔ (۳) بقالوں کی ایک ذات۔
پنڈال: [ہ۔ اند] بڑا شامیانہ جس کے نیچے چاروں طرف قناتیں لگا کر گھیر دیتے ہیں تاکہ لوگ بیٹھ سکیں۔ جلسہ کے لئے بنایا جانے والا عارضی مکان۔
پنڈالو: [ہ۔ اند] اروی۔ گھوئیاں۔ ترکاری۔ ایک قسم کا کچالو۔
پنڈت: [س۔ اند] (۱) عالم۔ دانا (۲) استاد معلم (۳) مذہبی قانون دان۔ جوتشی۔ نجومی۔ برہمنوں کا تعظیمی لقب۔

پنڈت خانہ: [ہ - ف - اند] بندی خانہ - قید خانہ (۲) قمار خانہ - جوا کھیلنے کا اڈا -

پنڈت مانی: [ہ - اند] وہ شخص جسے کچھ نہ آتا ہو مگر اپنے آپ کو بہت قابل سمجھے -

پنڈتانی: [ہ - امث] پنڈت کی بیوی - معلمہ - عالمہ فاضلہ -

پنڈتائی: [ہ - امث] پنڈت کا کام یا پیشہ - پروہت پن (۲) علمیت - فضیلت -

پنڈکی: [ہ - امث] "پنڈکی" کا بگاڑ - ایک قسم کی فاختہ

پنڈک: [س - اند] ہیجڑا - زنانہ - مخنث -

پنڈک: [س - اند] (۱) لڈو - گولا (۲) مست ہاتھی کے سامنے کے گولے (۳) دھونی - لوبان -

پنڈک: [س - اند] فاختہ - قمری -

پنڈکا: [س - امث] (۱) پنڈلی (۲) جسم کا کوئی بھی گوشت والا حصہ (۳) پہیے کا بیچ -

پنڈکی: [س - امث] "پنڈک" کی تصغیر - قمری - فاختہ -

پنڈلی: [ہ - امث] ٹانگ کا وہ حصہ جو ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان ہوتا ہے ساق -

پنڈو: [ار - اند - ق] پختہ پھل -

پنڈول: [ہ - اند - مث] ایک قسم کی سفید مٹی جو دیواروں پر سفیدی کے بجائے پھیرتے ہیں اور جس کو پہلوان سینے پر بھی ملتے ہیں -

پنڈولم / پنڈلم: [انگ - اند] (PENDULUM) ٹلکن - لنگر - گھڑی کی ٹلکن -

پنڈولی: [س - امث] (۱) بچا ہوا کھانا - جھوٹا کھانا (۲) منہ سے گرا ہوا روٹی کا ٹکڑا -

پنڈھلانا / پنڈھلانا: [ہ - مص] پھسلانا - دم دلاسا دینا -

پنڈی: [ہ - امث] (۱) گلٹی - گولی - لبندی - گولا (۲) قربان گاہ - ذبح کرنے کی جگہ (۳) رسی کا گولا (۴) گول ڈھیر یا تودا - پہیے کا بیچ (۵) شیوجی کی مورتی کا گول پتھر جس پر جل چڑھاتے ہیں -

پنڈیا: [ہ - امث] (۱) غوطہ خور مرغابی - غوطہ مارنے والی چڑیا (۲) پانی کا بھوت - جو آدمی کو ڈبو دیتا ہے -

پنس ⎫ [ار - امث] پالکی - ایک قسم کی امیرانہ سواری جسے کہار
پینس / فنس ⎭ اٹھا کر چلتے ہیں - ایک قسم کی امیرانہ ڈولی -

پنس: [انگ - اند] (PENCE) برطانیہ کا تانبے کا سب سے چھوٹا سکہ - شلنگ کا بارہواں حصہ -

پنسار ہٹا: [ہ - اند] دیکھئے "پسر ہٹا"

پنساری: [ہ - اند] عطار - دوا فروش - نمک، مرچ، مصالحہ بیچنے والا -

پنسل: [انگ - امث] (PENCIL) سرمے یا سیسے کا قلم - لکڑی یا دھات کا قلم جس کے اندر شیشے کی سلاخ ہوتی ہے (۲) پتھر کی چھوٹی سی سلاخ جس سے سلیٹ پر لکھتے ہیں -

پنشن: [انگ - امث] (PENSION) وظیفہ - امداد، وہ رقم جو ملازمت ختم ہونے کے بعد خدمات کے صلے میں ملے -

پنشنر: [انگ - اند] (PENSIONER) وظیفہ پانے والا - پنشن پانے والا -

پنکچر / پنچر: [انگ - اند] (PUNCTURE) سوراخ - چھید

پنکھ: [ہ - اند] (۱) پر - بازو - بال (۲) دامن - آنچل

پنکھ پسارنا: [ار - محاورہ] بازو پھیلانا - اڑنے کا ارادہ کرنا (۲) حرص کرنا - لالچ کرنا

پنکھا: [ہ - اند] ہوا جھلنے کا آلہ - بیجنا - بادکش کھینچا [افعال : جھلنا - کرنا - کھینچنا - ہلانا - ہونا]

پنکھڑی: [ہ - امث] پھول کی پتی - ورق (۲) بازو - پر (۳) چرخے کے چکر کا وہ حصہ جو اس کے منڈے میں لگا ہوتا ہے -

پنکھی: [ہ - امث] دیکھئے "پنکھا" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) پتنگے کی ایک قسم - (۳) ایک قسم کی چڑیا -

پنکھے لگ جانا: [ار - محاورہ] (۱) دل دھڑکنا - اختلاج ہونا (۲) پنکھوں کا آویزاں ہونا -

پنکھیا: [ہ - امث] (۱) پنکھا کی تصغیر (۲) ایک قسم کا پتنگا جو شمع پر گرتا ہے

پنکی: [ہ - امث - صف] نشہ کی وہ کیفیت جو افیم کھانے سے پیدا ہوتی ہے (۲) صف - وہ شخص جو افیم کے نشہ میں مبتلا ہو -

پنگ پانگ: [انگ - اند] (PING PONG) ایک مغربی کھیل جو میز پر چھوٹے بلے اور گیند سے جال لگا کر کھیلتے ہیں -

پنگا: [ہ - اند] (۱) تنکا - لکڑی (۲) انگلی (۳) خرابی - دقت مصیبت -

پنگا: [ہ - صف] ٹیڑھے پیروں والا - چلنے سے عاجز -

پنگت / پنگتی: [س - امث] (۱) صف - قطار (۲) گروہ - مجمع جماعت - پارٹی (۳) آدمیوں کی وہ قطار جو ضیافت میں بیٹھے (۴) میل جول - رفاقت (۵) بھائی چارا -

پنگڑا: [ار - اند - ق] اولاد - شیر خوار بچہ -

پنگل: [ار - اند - ق] بالی -

پنگل: [س - اند] (۱) وہ جس کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوں (۲) ہندی علم - عروض -

پنگورا / پنگوڑا: [ہ - اند] جھولا - گہوارہ - پالنا - ہنڈولا

پنگھولا: [ہ - اند] دیکھئے "پنگوڑا"

پنم: [ار - امث - ق] نیکی -

پننا: [ہ - مص] روئی کو صاف کرنا یا دھننا -

پننا: [ہ - مص] (۱) ملامت کرنا (۲) بے عزتی کرنا (۳) گالیاں دینا (۴) چھاننا (۵) تومنا -

پنواڑا: [ہ - اند] طویل قصہ - لمبی کہانی - داستان - گزری ہوئی باتوں کا طویل بیان -

پنواڑی: [ہ - صف] دیکھئے "پن" کے تحت -

پنواڑیاں: [ار - امث - ق] پان کے کھیت -

پُنوانا: [ہ۔مص] روئی صاف کرانا۔ دھنوانا

پُنوانا: [ہ۔مص] (۱) بُرا بھلا کہلوانا۔ گالیاں دلوانا۔ لعن طعن کرانا (۲) چھنوانا۔

پِنہاں: [ف۔صف] چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔

پنہانا: [ہ۔مص] دودھ دوہنے کے لئے تھن پانی سے دھونا۔ تھن نہانا۔

پنھانا: [ہ۔مص] دیکھئے "پہنانا" جو فصیح ہے۔

پنچھتر بگاڑنا: [ار۔محاورہ] حواس بگاڑنا۔ پریشان کرنا۔

پنہی: [ہ۔امث] جوتی۔ پاپوش۔ کفش۔

پنی: [ہ۔امث] (۱) رانگ چاندی یا پیتل کا ورق (۲) جوتی کا وہ حصہ جس پر کلابتوں کا کام کیا جاتا ہے (۳) ایک قسم کی لمبی گھاس جس کے چھپر بنتے ہیں اور جس کی جڑیں خس کہلاتی ہیں۔

پِنّی: [ہ۔امث] (۱) چاول کے آٹے اور گڑ کا لڈو (۲) بھونے ہوئے گیہوں اور گڑ کا لڈو نشاستہ مونگ ماش اور السی وغیرہ کا لڈو۔

پنی کس پکوان میں سہگل کس جمان میں: [ہ۔مثل] کسی کی تحقیر کے لئے کہتے ہیں۔

پُنیاتما: [س۔صف] سخی۔ فیاض۔ داتا۔ کریم۔

پنیالا: [ہ۔اند] ایک میوے کا نام جو عنابی رنگ کا جامن کے برابر ہوتا ہے۔ نیز دیکھئے "پن" کے تحت۔

پنیائی: [ہ۔امث] (۱) نیکی کا پھل۔ نیکی کی جزا (۲) بال بچے۔ قبیلہ۔

پنیر: [ار۔اند] انگریزی SPANIEL کا بگاڑ۔ ایک قسم کا کتا جو شکار کی بو پر پہنچتا ہے۔

پنیر: [ف۔اند] (۱) دودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا نمکین مادہ (۲) نچوڑا ہوا دہی۔

پنیر جمانا / پنیری جمانا: [ار۔محاورہ] (۱) پنیر کی ٹکیاں جمانا (۲) کسی بات کی بنیاد ڈالنا (۳) کوئی کام ایسا شروع کرنا جس سے بہت سے کام نکل آئیں (۴) حق جمانا۔

پنیر چٹانا: [ار۔محاورہ] (۱) لالچ دینا۔ خوشامد کرنا (۲) ہلانا۔ مانوس کرنا

پنیر کے ساتھ خشکا کھاؤ: [ار۔مثل] اپنا کام کرو۔ خوش رہو اپنی راہ لو۔

پنیر مایہ: [ف۔اند] (۱) جانور کے بچے کے پیٹ میں جما ہوا دودھ۔ بکری کے چھوٹے بچے کو دودھ پلا کر خوب دوڑاتے ہیں پھر فوراً ذبح کر کے اس دودھ کو پیٹ سے نکال لیتے ہیں (۲) بناوٹی جامن سے پھاڑا ہوا دودھ۔

پَنیری: [ہ۔امث] (۱) چھوٹے چھوٹے بوٹے۔ ذخیرہ۔ پود (۲) کھٹے کا گودا جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے۔ (۳) پود کی جگہ۔

پنیری جمانا: [ار۔محاورہ] (۱) پود لگانا (۲) جڑ جمانا، قائم کرنا (۳) پودوں کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا (۴) بنیاد ڈالنا (۵) اپنے ڈھب پر لانا۔

پنیلا: [ہ۔صف] (۱) پانی کا۔ پانی والا (۲) بدمزہ۔ پھیکا (۳) کپڑے کی ایک قسم۔

پ ۔ و

پو: [ار۔حرف جار۔ق] پر۔ پہ

پَو: [ہ۔امث] (۱) سپیدۂ صبح۔ تڑکا۔ سویرا (۲) نرد بازوں کی اصطلاح میں ایک کے معنی میں ہے (۳) پیادہ۔ بیل (۴) پانسے کا داؤں جس میں طاق عدد آئے یا دس، پچیس، تیس آئیں (۵) پاؤ کا مخفف۔ ایک چوتھائی

پو بارہ: [ار۔محاورہ] بارہ داؤں کی ایک پاؤ کا حاصل۔ ہر طرح سے جیت۔ اقبال مندی۔ خوش قسمتی (افعال: ہونا)

پَو پھٹنا: [ار۔محاورہ] صبح صادق ہو جانا۔ تڑکا ہو جانا۔

پَو پھوٹنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پو پھٹنا"

پو چھکا: [ار۔اند] جوا۔ قمار بازی

پو چھکّے اُڑنا: [ار۔محاورہ] عیش میں بسر ہونا۔ مزے کرنا۔

پَو رکھنا: [ار۔محاورہ] زائد خانہ۔ نرد کا چلنا

پَو رہنا: [ار۔محاورہ] چوسر میں نرد کا آخری خانے میں جا پڑنا۔

پَوسیرا: [ار۔اند] سیر کا چوتھا حصہ۔ بیس تولے کا باٹ یا وزن۔

پوسیری: [ار۔امث] (۱) پاؤ بھر یا بیس تولے کا پیمانہ (۲) پاؤ بھر چیز (۳) سیر میں پاؤ بھر۔

پو قدم / قدمی چال: [ار۔امث] وہ چال جس میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھے جائیں۔

پو کی آمد: [ار۔امث] پچیسی یا چوسر میں پاؤ کا زیادہ آنا۔

پوّا: [ار۔اند] (۱) چار چھٹانک کا باٹ۔ سیر کا چوتھائی (۲) شراب کی بوتل کا چوتھا حصہ (۳) وہ بوتل جس میں پاؤ بھر سیال چیز سما سکے (۴) چوتھائی۔

پُوا: [ہ۔اند] پوڑا۔ گلگلا۔ پکوڑا۔ گھی یا تیل میں تلا ہوا آٹے اور شکر کا لڈو۔

پُوا: [ہ۔اند] (۱) سانپ کا بچہ (۲) ایک قسم کی گھاس

پواج: [ار۔اند] پاجی کی جمع۔ ادنیٰ یا کمینے لوگ (یہ جمع عربی قاعدے سے بنائی گئی ہے اور غلط ہے)

پواڑا: [ہ۔اند] طول طویل افسانہ۔ لمبا چوڑا قصہ۔

پوآل: [ہ۔امث] گھاس پھوس۔ سوکھی گھاس۔ پیال (پرالی)

پوآنا: [ار۔محاورہ] (۱) دھاگا ڈلوانا (۲) روٹی پکوانا (۳) (لازم) دھوپ سینکنا۔

پوائی: [ہ۔امث] (۱) جوتی کا ایک پاؤں (۲) گھوڑا باندھنے کی زنجیر۔

پوپ: [انگ۔اند] POPE دیکھئے "پاپائے اعظم"

پوپٹ: [ار۔اند۔ق] طوطا۔

پوپٹا: [ہ۔اند] (۱) ایک قسم کا بیر (۲) پپوٹا (۳) اندام نہانی۔ پیشاب کی تھیلی۔

پوپلا: [ار۔صف۔مذ] بے دانت کا۔ جس کے دانت گر پڑے ہوں۔

پوپلی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے "پوپلا" جس کی تانیث ہے۔

پوپلے سے ہڈی نہیں چبتی: [ار۔مثل] کمزور سے سخت کام نہیں ہو سکتا۔

پوپنی: [ہ۔امث] منہ سے بجانے کا ایک باجا۔

پوت / پوتھ : [ہ - اند] (۱) شیشے یا کانچ کے دانے (۲) کانچ کا چھوٹا دانہ جس میں سوراخ ہوتے ہیں (۳) باری - نوبت -

پوت پورا کرنا : [ار - محاورہ] کمی پوری کرنا - کسی نہ کسی طرح انجام دینا - نمٹانا - اختتام کو پہنچانا -

پوت پورا ہونا : [ار - محاورہ] کمی پوری ہونا - کام سرانجام ہونا

پوت کا چھلا نہیں ہے : [ار - مثل] زیور کی قسم کی کوئی چیز باقی نہیں ہے

پوت : [ار - اند] دیکھئے "پوتا" جس کا یہ مخفف ہے -

پوت بہو : [ار - امث] پوتے کی بیوی -

پُوت : [ہ - اند] بیٹا - پسر - فرزند -

پُوت بیگانے چٹ مئے منہ رالوں بھریئے : [ار - مثل] پرائی اولاد سے محبت فضول ہے

پُوت بھئے سیانے دکھ بھئے پرانے : [ہ - مثل] بیٹے جوان ہوں تو سب تکلیفیں جاتی رہتی ہیں -

پوت فقیرنی کا چال چلے احدیوں کی : [ار - مثل] مفلسی میں امیرانہ ٹھاٹھ - غریبی میں امیروں جیسی عادتیں اختیار کرنا -

پوت کپوت پنگوڑوں میں ہی پہچانے جاتے ہیں : [ار - مثل] بچے میں شروع ہی سے اچھے یا بُرے ہونے کے آثار پائے جاتے ہیں -

پوت کپوت ہو تو ہو پر ماں کماں کبھی نہیں ہو سکتی : [ار - مثل] بیٹا ماں کے ساتھ بُرا سلوک کرے تو کرے لیکن ماں بیٹے کے ساتھ بُرا سلوک کبھی نہیں کر سکتی -

پوت کرے بھٹار کے آگے آئے : [ہ - مثل] بیٹے کے کرتوتوں کی سزا باپ کو بھگتنی پڑتی ہے -

پوت کی ذات کو سو جوکھوں : [ہ - مثل] مرد کو سینکڑوں مصیبتیں اٹھانی پڑتی ہیں -

پوت کے پاؤں پالنے میں ہی دکھائی دینے لگتے ہیں / معلوم ہوتے ہیں / پہچانے جاتے ہیں / دیکھے جاتے ہیں : [ار - مثل] بچپن میں ہی اچھے یا بُرے ہونے کے آثار معلوم دینے لگتے ہیں -

پوتا : [ار - اند] (۱) بیٹے کا بیٹا (۲) پچارا - وہ کپڑا جس کو سفیدی یا پنڈول میں لت کر کے لپی ہوئی جگہ پر صفائی کی خاطر پھیرتے ہیں - وہ کپڑا یا کوچی جس سے سفیدی یا لپائی کرتے ہیں (۳) سفید مٹی جس کو پانی میں گھول کر دیواروں پر پھیرتے ہیں (۴) زمین کا محصول - لگان -

پَوِتّر : [س - صف] پاک - صاف - مقدس -

پوتڑا : [ہ - اند] (۱) وہ کپڑا جو شیرخوار بچے کے نیچے بچھاتے ہیں تاکہ پیشاب پاخانہ اسی پر گرے (۲) وہ کپڑا جو بیمار کے نیچے بچھایا جاتا ہے -

پوتڑوں کا امیر / رئیس / نواب : [ار - اند] خاندانی نواب، رئیس - پیدائشی امیر - رئیس ابن رئیس -

پوتڑوں کا دلدّری : [ار - صف] ہمیشہ کا غریب - ہمیشہ کا مفلس -

پوتڑوں کا واقف : [ار - صف] ابتدا سے جاننے والا - بچپن سے واقف -

پوتڑے بدلنا : [ار - محاورہ] بیمار کے نیچے کے کپڑے تبدیل کرنا -

پوتڑے دھونا : [ار - محاورہ] (۱) پوتڑے صاف کرنا (۲) ذلیل کام کرنا -

پوتنا : [ار - مص] (۱) پوتا پھیرنا - کوچی پھیرنا - پچارا پھیرنا (۲) (ندا) کوچی - پچارا -

پوتوں پھلے : [ار - کلمہ دعا] کثرت سے بیٹے پیدا ہوں -

پوتھا : [س - اند] بڑے حجم کی قلمی کتاب - جس کے لمبے ورق علیحدہ علیحدہ لکھ کر بیچ میں سی دیئے گئے ہوں -

پوتھی : [ہ - امث] (۱) کتاب (۲) ہندوؤں کی مذہبی کتاب (۳) علم نجوم کی کتاب (۴) علم موسیقی کی کتاب (۵) لہسن کی گٹھی -

پوتیا : [ہ - امث] تمباکو کی تھیلی جسے گنوار پگڑی میں رکھ لیتے ہیں -

پوتی : [ار - امث] بیٹے کی بیٹی -

پوٹ : [ہ - امث] (۱) گٹھڑی - انبار - بوجھ - پشتارہ (۲) دو ورقوں کے درمیان کی سادی جگہ (۳) کفن کی چادر (۴) زیادتی - کثرت - افراط - جیسے غم کی پوٹ (۵) کتاب کے ورقوں کی وہ جگہ جو جزبندی کی خاطر سادہ چھوڑ دی جاتی ہے -

پوٹ کی چادر : [ار - امث] کفن کے اوپر کی چادر -

پوٹا : [ہ - اند] (۱) پرندوں کا معدہ (۲) پرندوں کا بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں (۳) طاقت - بساط - حوصلہ -

پوٹا : [ار - اند - ق] لڑکا - بیٹا -

پوٹا تر ہونا : [ار - محاورہ] (۱) شکم سیر ہونا - بے پروا ہونا - بے فکر ہونا - مالدار ہونا (۲) بے کار رہنا (۳) دولت مند ہونا - جمع جتھا ہونا - چھاتی تلے روپیہ ہونا -

پوٹاش : [انگ - اند] (POTASH) پوٹاشیم - کاربن اور آکسیجن کا مرکب جو عموماً آتشبازی میں استعمال ہوتا ہے -

پوٹلا : [ار - امث - ق] بھیڑ -

پوٹلا : [ہ - اند] بڑا بنڈل - گٹھڑ -

پوٹلی : [ہ - امث] تھیلی - گانٹھ - چھوٹی سی گٹھڑی -

پوٹی : [ار - اند - ق] سہارا - مقابلہ -

پوٹی دینا : [ار - اند - ق] سہارا دینا -

پُوجا : [ہ - امث] (۱) پرستش - عبادت - بندگی (۲) سیوا - خدمت - ٹہل (۳) نذر - نیاز - بھینٹ - منت - چڑھاوا - قربانی -

پُوجا پاٹ : [ہ - امث] عبادت - پرستش -

پوجنا / پوج آنا / پوج بیٹھنا : [ار - محاورہ] (۱) ناحق کسی کو روپیہ دے دینا - بے جا خرچ کرنا (۲) عبادت کرنا - پرستش کرنا (۳) عزت کرنا - احترام کرنا (۴) مہمان کی خاطرداری کرنا (۵) نذر کر دینا (۶) مکمل ہونا - پورا ہونا -

پُوجیا : [س - صف] قابل عزت شخص - پرستش کے لائق -

پوجیا پاد : [س - اند] قابل عزت پاؤں - وہ شخص جس کے پاؤں عزت کے قابل ہوں -

پوچ : [ف - صف] (۱) لغو - بیہودہ - مہمل (۲) ذلیل - حقیر - پاجی - کمینہ - ہیچ -

پوچ گو / مغز : [ف - صف] احمق - فضول بکنے والا -

پوچ گوئی : [ف - امث] فضول گفتگو -

پوچ پچر : [ار - صف] (۱) بے اصل (۲) مہمل (۳) سُست ، ضعیف -

پوچ پچار : [ار - امث - ق] تحقیق - دریافت - پوچھ گچھ -

پوچھ : [ار - امث] (۱) دریافت - پرسش - تلاش (۲) خواہش ، طلب -

(۳) عزت حرمت (۴) آؤ بھگت - توقیر -

پوچھ پاچھ : [ار - امث] تحقیق - تفتیش - دریافت -

پوچھ گچھ : [ار - امث] (۱) تحقیق - تفتیش (۲) خاطر تواضع (۳) عزت

حرمت - قدر و منزلت -

پوچھا : [ہ - امث] (۱) فال - شگون - نجومیوں کی لاتے (۲) آسیب زدہ یا

بھگتیوں سے بیماری وغیرہ کے حال کی دریافت -

پوچھا پاچھی / تاچھی : [ار - امث] (۱) تحقیق - تفتیش (۲) فال شگون

پوچھا جانا : [ار - محاورہ] بازپرس ہونا - دریافت کئے جانا -

پوچھتے پوچھتے خدا کا گھر بھی مل جاتا ہے } [ار - مثل] محنت
پوچھتے پوچھتے دلی پہنچ جاتے ہیں } اور جستجو سے انسان

کامیاب ہو ہی جاتا ہے -

پوچھن : [ہ - امث] استخارہ - فال تعبیر شگون کا مطلب - سوال کا جواب -

(۲) (بواو مجہول) جھاڑن جھوٹن - کھرچن (۳) وہ چیز جس سے نجاست صاف کریں

پوچھنا : [ار - مص] (۱) دریافت کرنا - معلوم کرنا (۲) خیر و عافیت

دریافت کرنا - دعا و سلام کہنا (۳) بیمار کا حال دریافت کرنا (۴) اجازت

حاصل کرنا (۵) متوجہ ہونا - ملتفت ہونا (۶) تعظیم کرنا - آؤ بھگت

کرنا - عزت آبرو کرنا (۷) منشا معلوم کرنا - مشورہ کرنا - صلاح لینا -

- بلانا - طلب کرنا (۸) خبر لینا - مدد کرنا (۹) مخاطب ہونا - توجہ کرنا

پوچھنا پاچھنا : [ار - محاورہ] دریافت کرنا -

پوچھنا گچھنا : [ار - محاورہ] پرسش کرنا - دریافت کرنا (گچھنا تابع مہمل ہے)

پوچھو دن کی بتاہے رات کی } [ار - مثل] سوال کچھ
پوچھو زمین کی کہے آسمان کی } جواب کچھ

پود : [ف - امث] بانا جو تانے میں ڈال کر بنتے ہیں -

پود : [ہ - امث] (۱) چھوٹا درخت (۲) چھوٹا پودا جو ایک جگہ سے دوسری

جگہ لگایا جا سکے (۳) نسل - اولاد - خاندان

پود جمانا : [ار - محاورہ] قائم کرنا - مطلب برآری کی تجویز کرنا

پودا / پودھا : [ار - اند] (۱) بوٹا - چھوٹا درخت (۲) بلبل کی پیٹی میں

باندھنے کا پھندنا (۳) وہ جگہ جہاں سوار باگ پکڑتے ہیں -

پودا لگانا : [ار - محاورہ] (۱) چھوٹا پیڑ جمانا (۲) کسی امید پر بچے کی

پرورش کرنا (۳) بنیاد رکھنا -

پود دار : [ار - اند] (۱) فوطہ دار کا گماشتہ (۲) محصول لینے والا عہدہ دار -

خزانچی -

پودنا : [ہ - اند] (۱) ایک چھوٹا پرندہ (۲) بونا - پست قد آدمی -

پودینہ : [ف - اند] ایک قسم کی تیز خوشبو دار بوٹی - پودنا -

پوڈر / پاؤڈر : [انگ - اند] (POWDER) برادہ - سفوف -

منہ پر ملنے کا خوشبو دار سفید سفوف -

پور : [ار - امث] (۱) اُنگلی کا جوڑ - بند انگشت - اُنگلی کے تین ٹکڑوں میں سے ایک

(۲) لاٹھی ، بانس یا گنے وغیرہ کی دو گرہوں کے درمیان کا فاصلہ -

پور : [ار - اند] (۱) گاؤں - بستی - آبادی (۲) چنے یا ماش کی دال

جو کھچڑی میں ڈالتے ہیں (۳) پکوان وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک

دفعہ کڑھائی میں ڈالتے ہیں -

پور : [ف - اند] بیٹا - فرزند - پوت

پورا (واو مجہول سے) [ار - اند] (۱) درخت کے تنے کا

حصہ جو جڑ اور شاخوں کے درمیان ہوتا ہے (۲) گول مٹول

موٹا تازہ بچہ (۳) سرکنڈے کا ٹکڑا (ایک گرہ سے دوسری گرہ

تک) (۴) گول لکڑی کا ٹکڑا جسے بچے ڈھلوان جگہ پر لڑھکا کر کھیلتے ہیں -

پورا (واو معروف سے) [ار - صف] (۱) تجربہ کار - کامل (۲) ٹھیک - درست

(۳) کُل - سب (۴) مکمل (۵) لبالب - لبریز (۶) باکمال - کامل

(۷) طاقت ، مقدرت - قوت (۸) بالغ - ہوشیار (۹) پکا -

مضبوط (۱۰) کافی -

پورا اترنا : [ار - محاورہ] (۱) وزن میں ٹھیک ہونا - جانچ میں صحیح ثابت ہونا -

(۲) منشا کے مطابق ہونا (۳) کام کا خاطر خواہ انجام پانا -

پورا پڑنا : [ار - محاورہ] (۱) کافی ہونا - کمی پوری ہونا (۲) اچھی طرح

گزر ہونا - فراغت سے بسر ہونا

پورا پورا : [ار - صف] کامل - مکمل

پورا پورا بھر دینا : [ار - محاورہ] بے کم و کاست معاوضہ دینا - پورا

معاوضہ دینا - بقایا نہ رہنے دینا -

پورا ڈالنا : [ار - محاورہ] گزارہ کرنا - انجام کو پہنچانا - نباہنا - وفا کرنا

پورا کرنا / کر دینا : [ار - محاورہ] (۱) مکمل کرنا (۲) تسلی کرنا (۳)

ختم کرنا - تمام کرنا (۴) انجام تک پہنچانا (۵) وعدہ ایفا کرنا - جیسا کہا

تھا ویسا کرنا (۶) نقصان بھر دینا -

پورانا : [ار - مص - ق] پورا کرنا -

پورا وار : [ار - اند] ایسا وار جس میں ایک مرتبہ میں کام تمام

ہو جائے - بھرپور حملہ -

پورا ہاتھ پڑنا : [ار - محاورہ] پورا وار پڑنا -

پورا ہاتھ مارنا : [ار - محاورہ] پورا وار کرنا

پورا ہونا : [ار - محاورہ] (۱) امید بر آنا - ارمان نکلنا (۲) تلافی ہو

جانا (۳) مقدار میں ٹھیک اُترنا (۴) کامل ہونا - مکمل ہونا (۵) انجام کو

پہنچنا - ختم ہونا - تمام ہونا

پورب : [ہ - اند] مشرق - سورج نکلنے کی سمت - وہ علاقہ جو

گنگا کے مشرق میں واقع ہے -

پورب جاؤ یا پچھم وہی کرم کے لکھن : [ار - مثل] قسمت

ہر جگہ ساتھ ہے -

پوربی : [ہ - صف] (۱) پورب سے منسوب - پورب کا رہنے والا (۲)

مشرقی (۳) (امث) پورب میں بولی جانے والی زبان (۴) تنباکو کی ایک

قسم (۵) چاول کی ایک قسم (۶) مغرب سے کچھ پہلے گائی جانے والی

ایک راگنی (۷) موسیقی کا ایک ٹھاٹھ

پُوربی رینگ پہاڑی گدھا : [ار۔ مثل] آپ کہیں کا اور وضع کہیں کی۔

پُوربی زردا : [ار۔ اند] ایک قسم کا میٹھا تمباکو جس کو اکثر عورتیں کھاتی ہیں۔

پُوربیا : [ہ۔ اند] پورب کا باشندہ۔ گنگا کے مشرقی ملک کا باشندہ۔

پُورٹیبل : [انگ۔ صف] (PORTABLE) جس کو اٹھا کرلے جاسکیں۔

پُورَن : [س۔ صف] مکمل۔ کامل۔ پورا۔ بھرپور

پُورَن سوراجیہ : [س۔ اند] کامل آزادی۔ پوری پوری حکومت۔ خوداختیاری۔

پُورَن ماسی : [ہ۔ امث] چاند کے پورے ہونے کی تاریخ۔ چودھویں رات۔

پُورنا : [ار۔ مص] (۱) بٹنا (۲) بھرنا (۳) پھیلانا (۴) روٹی میں چنے یا ماش وغیرہ کی دال ڈالنا۔

پُوروا : [ہ۔ صف] پورب کا۔ مشرقی (۲) (مث] مشرقی مرطوب ہوا جو پانی لاتی ہے۔ بادصبا۔ پُروا ہوا (۳) پور کی تصغیر۔ چھوٹی بستی

پُورہ : [ہ۔ اند] چھوٹی بستی۔ آبادی۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

پوری : [ہ۔ امث] بانس یا گنے وغیرہ کی وہ جگہ جو دو گرہوں کے درمیان ہوتی ہے

پُوری : [ہ۔ امث] گھی یا تیل میں تلی ہوئی چھوٹی روٹی جو دال پیٹھی وغیرہ ڈال کر بنائی جاتی ہے

پُوری : [ار۔ صف] دیکھئے "پُورا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پُوری اترنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پورا اترنا"

پُوری بات : [ار۔ امث] مکمل بات۔ پورا فقرہ۔

پُوری پڑنا : [ار۔ محاورہ] "پورا پڑ" ۔ کامیابی ہونا (۲) کفایت کرنا۔

پُوری ڈالنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پورا ڈالنا"

پُوری سے پوری پڑے تو سب ہی نہ پُوری کھائیں : [ار۔ مثل] فضول خرچی سے دیوالا نکل جاتا ہے۔

پُوری لگی نہ پاپڑی بھداکھ بھوا پڑی : [ار۔ مثل] بے مشقت اور بغیر خرچ کئے مدعا حاصل ہوگیا۔

پُورے : [ار۔ صف] دیکھئے "پورا" جس کی یہ جمع ہے۔

پُورے دن : [ار۔ اند] نو مہینے۔ حمل کا نواں مہینہ۔ پوری مدت کا حمل۔

پُورے دنوں سے ہونا : [ار۔ محاورہ] حمل کا نواں مہینہ ختم ہونا۔ وضع حمل کے دن قریب ہونا۔

پُورے دن لگنا : [ار۔ محاورہ] حمل کا نواں مہینہ شروع ہونا۔

پُوریا : [ہ۔ اند] مارواٹھاٹھ کا ایک راگ یا راگنی۔

پُوڑا : [ہ۔ اند] کھانڈ اور روے کے قوام کا گلگلا یا پردھا

پوڑھا : [ہ۔ صف] (۱) مضبوط۔ مستحکم (۲) قوی۔ طاقتور۔ شہ زور (۳) مالدار۔ خوشحال (۴) چوڑا۔ وسیع۔

پوڑھانا : [ہ۔ مص] (۱) پٹانا۔ سلانا (۲) اُلٹا لٹانا۔

پوڑھائی : [ہ۔ امث] (۱) مضبوطی۔ استحکام (۲) موٹائی جسم (۳) چوڑائی۔

پوڑھنا : [ہ۔ مص] آرام کرنا۔ لیٹنا۔

پوز : [انگ۔ اند] (POSE) مصنوعی انداز۔ ایسا انداز جو قصداً اختیار کیا جاتے۔

پوز : [ف۔ اند] ہونٹ۔ منہ (خاص طور پر گھوڑے کا)

پوزش : [ف۔ امث] معذرت۔ معافی۔ عذر۔

پوزمال : [ف۔ اند] (۱) رسّی کا وہ حلقہ جو گھوڑے کے منہ میں لپیٹ کر نعل باندھتے ہیں (۲) تنبیہہ۔

پوزہ : [ف۔ اند] ہونٹ۔ منہ (گھوڑے کا) منہ کے اردگرد کے حصے۔

پوزہ بند : [ف۔ اند] منہ پر چڑھانے کا چھینکا۔ مُہری۔

پوزی : [ف۔ امث] گھوڑے کے دہانے کا تسمہ جو دہانے کے گرداگرد رہتا ہے۔ مُہری۔

پوس : [ہ۔ اند] بکرمی سال کا نواں مہینہ۔ دسمبر کی پندرھویں تاریخ سے شروع ہوکر جنوری میں ختم ہوتا ہے۔

پوست : [ف۔ اند] (۱) جلد۔ کھال۔ بدن کا بیرونی حصہ۔ چمڑا (۲) چھال چھلکا (۳) خشخاش کی بونڈی۔ ایک پودا یا اس کا پھل، جس سے خشخاش نکلتی ہے اور جس کی گوند یا منجمد رس سے افیون تیار کرتے ہیں۔

پوست اُتارنا / کھینچنا : [ار۔ مص وضعی] کھال اتارنا۔ چمڑا اتارنا۔

پوست اُستخواں باقی رہ جانا : [ار۔ محاورہ] بہت دُبلا ہوجانا۔ محض ہڈی چمڑا رہ جانا۔

پوست کا ڈوڈا : [ار۔ اند] خشخاش کی بونڈی۔ ایک پودے کا پھل جس میں سے خشخاش نکلتی ہے۔

پوست کندہ : [ف۔ صف] (۱) کھال اتری ہوئی (۲) صاف صاف۔ بے لاگ (۳) علانیہ۔ ظاہر۔

پوست کھر : [ار۔ اند۔ ق] پشت خار کا بگاڑ۔

پوستی : [ار۔ اند] (۱) افیونی۔ پوست کے ڈوڈے گھوٹ کر پینے والا نشہ باز۔ (۲) کاغذ کا ایک کھلونا، جس کا پیندا بھاری ہوتا ہے۔ اس لئے جب اسے زمین پر لٹاتے ہیں تو کھڑا ہوجاتا ہے (۳) صف : کاہل۔ سُست۔ مخبوط الحواس۔

پوستین : [ف۔ اند۔ مث] بال دار کھال کا لباس۔ کھال کا کوٹ۔ چمڑے کا کرتا۔

پوستین کرنا : [ار۔ محاورہ] عیب جوئی کرنا۔ نکتہ چینی کرنا

پوسٹ : [انگ۔ امث] (POST) (۱) ڈاک۔ چٹھی (۲) چوکی (۳) عہدہ۔ اسامی۔

پوسٹ آفس : [انگ۔ اند] (POST OFFICE) ڈاک خانہ۔

پوسٹ مارٹم : [انگ۔ اند] (POST MORTEM) نعش کا طبّی معائنہ (اور چیر پھاڑ)

پوسٹ ماسٹر : [انگ۔ اند] (POST MASTER) ڈاکخانے کا مہتمم یا ناظم۔

پوسٹ مین : [انگ۔ اند] (POST MAN) ڈاکیا۔ ڈاک تقسیم کرنے والا۔

پوسٹر : [انگ۔ اند] (POSTER) اشتہار۔

پوسٹل گائیڈ: [انگ ۔امث] (POSTAL GUIDE) ڈاک کے قواعد وضوابط کی کتاب ۔

پوسنا: [ار ۔مص] (پالن کا تابع) (۱) پالنا ۔ پرورش کرنا (۲) تعلیم و تربیت دینا (۳) دودھ پلانا ۔

پوش نمبر۱ [ف ۔لاحقہ] فارسی مصدر پوشیدن سے امر کا صیغہ جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھپانے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً خطا پوش ۔

پوش نمبر۲/ پوش پوش: [ار ۔کلمہ تنبیہہ] (خا با پیش شو کا بگاڑ) دور ہٹو ۔ گاڑی والے عموماً لوگوں کو آگے سے ہٹانے کے لئے کہتے ہیں ۔

پوشاک: [ف ۔امث] پہننے کے کپڑے ۔ لباس ۔

پوشاک بڑھانا: [ار ۔محاورہ] کپڑے اتارنا ۔ لباس اتارنا ۔

پوشاکی: [ف ۔صف] (۱) پہننے کے قابل ۔ عمدہ کپڑا ۔ نفیس لباس (۲) (ق) بانکا ۔ چھیلا ۔

پوشش: [ف ۔امث] لباس ۔ غلاف ۔ اوپر ڈالنے یا ڈھانپنے کا کپڑا ۔

پوشیدگی: [ف ۔امث] پوشیدہ کا اسم کیفیت (۱) پردہ ۔ اخفا ۔ پردہ داری (۲) تنہائی ۔ خلوت ۔

پوشیدہ: [ف ۔صف] (۱) مخفی ۔ پنہاں ۔ چھپا ہوا (۲) پیٹھ پیچھے ۔ درپردہ ۔

پوکنا: [ار ۔مص] گھوڑے کا پتلی لید کرنا ۔ جانور کا پتلا ہگنا ۔

پوکھر: [ہ ۔اند] (۱) تالاب ۔ جوہڑ (۲) پٹے بازی میں ایک ضرب کا نام جو حریف کی کمر پر دائیں جانب لگاتے ہیں ۔

پول نمبر۱ [انگ ۔اند] (POLE) (۱) ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ (۲) بانس ۔ کھم ۔ کھمبا ۔

پول نمبر۲: [ار ۔اند] (۱) جوف ۔ کھوکھلا پن ۔ خلا (۲) گوشت ۔ ماس (قصابوں کی اصطلاح)

پول: [ف ۔اند] پیسا ۔ نقدی

پول: [ار ۔امث ۔ق] اولاد ۔ بال بچے ۔

پول کھلنا: [ار ۔محاورہ] عیب ظاہر ہونا ۔ حقیقت آشکارا ہونا

پول کھولنا: [ار ۔محاورہ] دیکھئے "پول کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

پولا (واؤ مجہول سے) [ار ۔صف] (۱) کھوکھلا ۔ اندر سے خالی ۔ جوف دار (۲) نرم ۔ ملائم (۳) ہلکا ۔

پُولا (واؤ معروف سے) [ار ۔اند] گھاس وغیرہ کا مٹھا ۔ گٹھا ۔

پولاد: [ف ۔اند] دیکھئے "فولاد" جو زیادہ مستعمل ہے ۔

پولک: [ہ ۔اند] (۱) تیر کا چھوٹا پھل (۲) گھاس کا مٹھا جو لمبے بانس کے سرے پر باندھ کر ہاتھی کو ڈالتے ہیں ۔

پولن: [ہ ۔اند] پھولوں کا غبار ۔

پولو: [انگ ۔امث] (POLO) ایک کھیل ۔ جس میں گھوڑے پر سوار ہو کر لمبے ڈنڈے اور گیند سے کھیلتے ہیں ۔ چوگان ۔

پولی (واؤ مجہول سے) [ار ۔صف ۔مث] پولا کی تانیث ۔ کھوکھلی ۔

پُولی (واؤ معروف سے) [ار ۔امث] پولا کی تصغیر ۔ چھوٹا مٹھا یا گٹھا (۲) کہاروں کی رفتار ۔

پولی: [ہ ۔امث] (۱) دروازہ ۔ پھاٹک ۔ دہلیز (۲) چوتھائی ۔ روپے کا چوتھا حصہ ۔ چار آنے کا سکہ (۳) (ق ند) شہد کا چھتا ۔

پولے تلے گزران کرنا: [ار ۔محاورہ] مفلسی کی حالت میں بسر کرنا ۔ بے سروسامانی کی حالت میں گزر کرنا ۔

پولیا: [ہ ۔اند] دربان ۔ پاسبان ۔

پولیس / پلس: [انگ ۔اند و مث] (POLICE) ایک سرکاری محکمہ جس کے ذمہ شہری زندگی کی حفاظت ، انتظام اور جرائم کا انسداد ہے ۔ تھانے کا عملہ ۔

پولیس اسٹیشن: [انگ ۔اند] (POLICE STATION) تھانہ ۔ کوتوالی ۔

پولیس مین: [انگ ۔اند] (POLICE MAN) تھانے کا سپاہی ۔

پون: [ہ ۔امث] (۱) ہوا کی آواز (۲) بانسری کی آواز (۳) جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔

پون: [ار ۔صف] پونا کا مخفف ۔ تین چوتھائی ۔

پون/ پَوَن: [ہ ۔امث] (۱) ہوا ۔ باد ۔ باد صبا (۲) دم ۔ سانس ۔ روح (۳) خبیث روح ۔ بیر ۔ موکل ۔ جو جادوگر کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے مسلط کرتے ہیں ۔ جادو کی موٹھ ۔

پون اڑانا: [ار ۔محاورہ] جادو کی موٹھ پھینکنا ۔ جادو کر کے نقصان پہنچانا ۔

پون بٹھانا: [ار ۔محاورہ] جادو کے بیر مسلط کرنا ۔ جادو کے زور سے کسی کو مطیع کرنا ۔

پون بول جانا: [ار ۔محاورہ] (۱) عاجز ہونا ۔ چیں بولنا (۲) دیوالا نکلنا ۔ مفلس ہونا ۔

پون پانی: [ار ۔اند] سانپ جو بہت تیز دوڑتا ہے یعنی اس کی چال روانی میں ہوا اور پانی کی مانند ہوتی ہے ۔

پون پرچھا: [ہ ۔امث] ہوا کے رخ کی تحقیق ۔ ہوا کا امتحان

پون ٹوٹی: [ار ۔امث] انگریزی (TOWN - DUTY) کا بگاڑ ۔ چنگی کا محصول ۔ شہر کے اندر مال لانے کا محصول ۔

پون چکی: [ہ ۔امث] ہوا سے چلنے والی چکی ۔

پون چلانا / مارنا: [ار ۔محاورہ] جادو کی موٹھ چلانا ۔ جادو کرنا ۔

پون سلائی: [ار ۔امث] وہ پتلی سی لکڑی جس پر روئی لپیٹ کر پونیاں بناتے ہیں ۔

پون کا پوت: [ہ ۔اند] (۱) ہنومان جی کا لقب (۲) مہابیر (۳) ناگ ۔ سانپ ۔

پون کا پوت پتال کا راجا: [ہ ۔اند] (۱) سانپ جو تحت الثریٰ کا حاکم ہے (۲) پوشیدہ اور خوفناک شخص ۔

پون لگانا: [ار ۔محاورہ] پیچ لگانا ۔ جھگڑا لگانا ۔ روڑا اٹکانا ۔

پونا نمبر۱: [ار ۔عدد کسری] تین چوتھائی ۔ ایک میں سے چوتھا حصہ کم ۔

پونا نمبر۲: [ہ ۔اند] (۱) تین چوتھائی کا پہاڑا (۲) ایک قسم کا کفگیر جس سے تلی ہوئی چیزیں نکالتے ہیں (۳) ٹوٹا ہوا چاول ۔ کنی ۔

پونا: [ہ ۔مص] پرونا ۔ دھاگا ڈالنا ۔

پونجی: [ہ ۔امث] سرمایہ ۔ بساط ۔ حیثیت ۔ جائداد ۔

پونچا: [ہ ۔اند] (۱) ساڑھے پانچ کا پہاڑا (۲) کلائی ۔ نیز دیکھئے "پہنچا"

پہنچی : [ہ - امث] کلائی میں پہننے کا زیور - نیز دیکھئے "پہنچی"۔
پچھ (نون غنہ کے ساتھ) [ہ - امث] (۱) دُم (۲) کمر - پُشت (۳) (صف)
دم چھلا - پچھ لگّو - طفیلی - ہر وقت ساتھ رہنے والا -
پچھڑی : [ہ - امث] پونچھ کی تصغیر (۱) چھوٹی دُم (۲) وہ پانی جو
کشتی میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے (۳) وہ پانی جو تھوڑی مقدار
میں روکے آنے سے پہلے نالے میں آتا ہے -
پچھلا : [ہ - اند] دُم - نیز دیکھئے "پنچھالا"
پچھ یا پچھ کے : [ار - متعلق فعل] جھاڑ کے - صاف کرکے -
پچھن : [ار - امث] (۱) وہ کپڑا جس سے کھانے کے برتن
صاف کرتے ہیں - صافی (۲) نجاست صاف کرنے کا کپڑا (۳) وہ
چیز جو پونچھنے سے نکلے - بقیہ - بچا کھچا -
پچھنا : [ار - مص] (۱) صاف کرنا - جھاڑنا - آلائش دور کرنا (۲)
پونچھن - صافی -
نڈ : [انگ - اند] (POUND) (۱) سولہ اونس یا تقریباً آٹھ
چھٹانک وزن اور اس وزن کا پیمانہ یا باٹ (۲) بیس شلنگ کا
ایک برطانوی سکہ -
نڈا : (نون غنہ سے) : [ار - اند] ایک قسم کا موٹا، شیریں اور خستہ گنا -
کا : [ہ - اند] کیڑا - کرم - سیب کا کیڑا -
کنا : [ار - مص] دست آنا - نیز دیکھئے "پوکنا"
گا : [ہ - اند] (۱) لمبا بانس - بانس کی پوری (۲) موٹا بانس - کھوکھلا
بانس (۳) پاؤں کی نلی (۴) جلیبی کی شاخ - سانگ (۵) (صف) :
احمق - بیوقوف (۶) خالی - کھوکھلا - پولا -
گڑا : [ہ - اند] لڑکا - بیٹا -
گڑی : [ہ - امث] مقعد - مبرز
گڑی چلنا : [ہ - محاورہ] دست آنا -
گڑی ڈھیلی ہو جانا : [ہ - محاورہ] ہمت پست ہو جانا -
گڑیاں : [ار - امث - ق] اولاد - بال بچے -
نگی : [ہ - امث] تونبے کا بنا ہوا ایک باجا جو پھونک سے بجایا جاتا
ہے - اسے عموماً سپیرے بجاتے ہیں - بین -
گی پھل : [ہ - امث] چھالیا - سپاری -
نو / پونوں : [ہ - اند] پورے چاند کا دن - پورن ماشی -
نی : [ار - امث] (۱) روئی کی بتی جو کاتنے کے لئے پون سلائی پر بنائی
جاتی ہے (۲) تھوڑی مقدار -
نی : [ار - عدد کسری] "پونا" کی تانیث - تین چوتھائی -
نے : [ار - عدد کسری] دیکھئے "پونا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے -
نیا : [ہ - اند] ایک قسم کی ململ، جس کا تھان پون تھان کے برابر
اور عرض کم ہوتا ہے -
: [ہ - اند] دیکھئے "پوس"
ہنچا : [ہ - اند] دیکھئے "پہنچا" بمعنی کلائی
ہنچی : [ہ - امث] دیکھئے "پہنچی"

پلو بہے : [ہ - اند] مویشی -
پلوئی : [ار - امث] (۱) گھوڑے کی سرپٹ دوڑ (۲) دُلکی چال (۳) ایک
قسم کی ترکاری جس کا ساگ بناتے ہیں
پلوئی : [ہ - امث] (۱) قریباً چھ انچ اونچا گندم کا پودا (۲) گنے کی آنکھ
(۳) کھیت سے کپاس چننے والا مزدور -
پلوئی : [ہ - امث] دیکھئے "پلتی"
پلویا : [ار - اند] (۱) گھوڑے کی سرپٹ دوڑ (۲) دُلکی چال -
پلوئیوں جانا : [ار - محاورہ] دُلکی جانا
پلوئیش : [ار - کلمہ تنبیہہ] دیکھئے "پوش بنرا"
پلوہا / پویاں : [ف - صف] دوڑنے والا -
پلویہ : [ف - اند] (۱) دوڑ (۲) گھوڑے کی ایک چال - دُلکی

پ - ہ

پہ / پَہ : [ار - حرف جار و استدراک] "پر" کا مخفف (۱) اوپر -
پر (۲) لیکن - مگر - اِلّا
پُہار : [ار - امث] دیکھئے "پھوار"
پہارا : [ار - اند] (۱) فوّارہ کا بگاڑ (۲) پھوٹتے ہوئے بیج کی نئی کونپل -
پہاڑ : [ار - اند] (۱) پتھروں کا لمبا چوڑا اور اونچا ٹیلا - کوہ - جبل - پربت
(۲) صف : دوبھر - دشوار (۳) لمبا - طویل - دراز -
پہاڑ اُٹھانا : [ار - محاورہ] اہم کام کرنا - مشکل کام کرنا -
پہاڑ تلی : [ار - امث] دامنِ کوہ - پہاڑ کے نیچے کا میدانی علاقہ -
پہاڑ ٹالنا : [ار - محاورہ] مصیبت دفع کرنا -
پہاڑ ٹلنا : [ار - محاورہ] (۱) مصیبت دور ہونا - مشکل رفع ہونا (۲)
پہاڑ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا -
پہاڑ ٹوٹ پڑنا / ٹوٹنا : [ار - محاورہ] سخت مصیبت آجانا -
ناگہانی آفت پڑنا -
پہاڑ دن پڑا ہے : [ار - محاورہ] (عو) ابھی بہت دن باقی ہے
پہاڑ ڈھانا : [ار - محاورہ] بہت ظلم کرنا - مصیبت لانا
پہاڑ زندگی : [ار - امث] طول طویل اور ناگوار زندگی -
پہاڑ سا دِن : [ار - اند] بہت بڑا دن جس کا کاٹنا دشوار ہو -
پہاڑ سی رات : [ار - امث] طویل اور مصیبت کی رات -
پہاڑ سے ٹکر لینا : [ار - محاورہ] زبردست سے مقابلہ کرنا - طاقتور
سے لڑنا -
پہاڑ کا پہاڑ : [ار - صف] (۱) ڈھیر (۲) بار گراں (۳) بڑی ذمہ داری -
پہاڑ کاٹنا : [ار - محاورہ] مشقت کا کام کرنا - دشوار
کام کرنا -
پہاڑ کا دامن : [ار - ف - اند] دیکھئے "پہاڑ تلی"
پہاڑ کٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پہاڑ کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے -
پہاڑ کی چوٹی : [ار - امث] پہاڑ کی بلندی - پہاڑ کا سر -

پہاڑ کی ڈانک : [ار۔امث] پہاڑوں کی لمبی قطار
پہاڑ کی گھاٹی : [ار۔امث] پہاڑ کا درمیانی راستہ۔ درّۂ کوہ۔
پہاڑ کے آگے رائی : [ار۔مثل] بڑی چیز کے مقابلہ میں چھوٹی چیز۔
پہاڑ کے پتھر ڈھونا : [ار۔محاورہ] سخت محنت کرنا۔ جفاکشی کرنا۔
پہاڑ کے تلے / نیچے دَب جانا : [ار۔محاورہ] ناچار ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔
پہاڑ گرنا : [ار۔محاورہ] اچانک مصیبت آنا۔
پہاڑ گزرنا : [ار۔محاورہ] سخت ناگوار گزرنا۔
پہاڑ گونج اٹھنا : [ار۔محاورہ] پہاڑ سے شور و غل کی آواز آنا
پہاڑ والی : [ار۔امث] (۱) چیچک۔ سیتلا (۲) ایک دیوی جس کا مندر پہاڑ پر ہے۔ کالکا۔
پہاڑ ہونا : [ار۔محاورہ] دوبھر ہونا۔ دشوار ہونا۔
پہاڑا : [ار۔اند] ضرب کا گُر۔ گننے کا قاعدہ۔ ذہنی ضرب۔ وہ ضرب دیئے ہوئے عدد جو لڑکوں کو حفظ کرائے جاتے ہیں۔ ایک سے بیس تک زبانی ضرب۔
پہاڑن : [ہ۔صف] دیکھئے "پہاڑی" جس کی یہ تانیث ہے۔
پہاڑوا : [ہ۔اند] بچوں کا ایک کھیل۔ دیکھئے "آتی۔ پاتی"۔ (۲) (صف) پہاڑی۔
پہاڑی : [ہ۔امث] (۱) پہاڑ کی تصغیر (۲) بلاول ٹھاٹھ کی ایک پانچ سُر کی راگنی۔
پہاڑی : [ہ۔صف] پہاڑ سے منسوب۔ پہاڑ کا رہنے والا۔
پہاڑی بکرا : [ہ۔اند] ایک قسم کا بڑا بکرا جو پہاڑ پر ہوتا ہے۔
پہاڑی طوطا : [ہ۔اند] ایک قسم کا طوطا جو پہاڑ پر ہوتا ہے۔
پہاڑی کوا : [ہ۔اند] ایک قسم کا نہایت سیاہ اور بھاری آواز والا کوا جو پہاڑوں پر ہوتا ہے۔
پہاڑیا : [ہ۔صف] (۱) پہاڑ کا باشندہ (۲) نیپالی۔ بھوٹان کا سپاہی (۳) ایک قسم کا کنکوا۔
پہاڑیئے میت کس کے بھات کھائے اور کھسکے : [ہ۔مثل] اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو اپنا مطلب پورا ہوتے ہی چلتا بنے۔
پہچان : [ہ۔امث] (۱) واقفیت۔ شناسائی (۲) تمیز۔ شناخت۔ (۳) سمجھ (۴) علامت۔ نشانی
پہچان پانا / پڑنا : [ار۔محاورہ] شناخت کرنا۔
پہچان دینا : [ار۔محاورہ] پرکھنا۔
پہچان میں آنا : [ار۔محاورہ] آگاہی ہونا۔
پہچان ہونا : [ار۔محاورہ] علم ہونا۔
پہچاننا : [ار۔مص] (۱) شناخت کرنا۔ معلوم کرنا (۲) تاڑنا۔ سمجھنا۔
پہچنوانا : [ار۔مص] دیکھئے "پہچاننا" جس کا یہ متعدی ہے۔
پہنڈا / (پہوڈا) : [ہ۔اند] طاقچہ یا گڑھا جو پاؤں رکھنے کے لئے کنوئیں یا دیوار میں بنایا جائے تاکہ اترنے چڑھنے میں آسانی ہو۔
پہر : [ہ۔اند] دن رات کا آٹھواں حصّہ۔ تین گھنٹے۔
پہر بجنا : [ار۔محاورہ] ہر پہر گزرنے کے بعد نوبت یا گھنٹہ بجنا۔
پہر بیٹھنا : [ار۔اند۔ق] خاموش رہنا۔ چپ بیٹھنا
پہر دن چڑھے : [ار۔متعلق فعل] جب سورج خاصا اونچا ہو چکا ہو
پہر رات آنا : [ار۔محاورہ] ایک پہر رات گزر جانا۔
پہر رات جانا : [ار۔محاورہ] پہر رات گزرنا
پہر رات گئے : [ار۔متعلق فعل] رات کا کچھ حصّہ گزرنے پر۔
پہر کٹنا : [ار۔محاورہ] پہر گزرنا۔ بسر ہونا
پہرا : [ار۔اند] (۱) حفاظت۔ چوکی۔ نگہبانی (۲) حراست۔ قید (۳) سنتری۔ دربان۔ محافظ (۴) سپاہیوں کی گشت (۵) زمانہ (۶) شگون۔ (۷) اثر۔ قدم۔
پہرا اُٹھانا : [ار۔محاورہ] پہرا چوکی ہٹانا۔
پہرا اُٹھنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "پہرا اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پہرا بٹھانا : [ار۔محاورہ] حفاظت کے واسطے آدمی متعین کرنا۔
پہرا بدلنا : [ار۔محاورہ] چوکی بدلنا۔ ایک سپاہی کی جگہ دوسرے سپاہی کا پہرے پر آنا۔
پہرا بدلوانا : [ار۔محاورہ] ایک محافظ کی جگہ دوسرا مقرر کرنا۔
پہرا بیٹھنا : [ار۔محاورہ] (۱) پہرا لگنا۔ نگرانی ہونا۔ دربان مقرر ہونا۔ حراست ہونا۔
پہرا چوکی بٹھانا : [ار۔محاورہ] محافظ مقرر کرنا۔
پہرا چوکی دینا : [ار۔محاورہ] محافظت کرنا۔ پاسبانی کرنا۔
پہرا دینا : [ار۔محاورہ] (۱) رکھوالی کرنا (۲) جاگنا۔
پہرا لگانا : [ار۔محاورہ] (۱) محافظ قائم کرنا۔ (۲) پابندی لگانا۔
پہرا لگنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "پہرا لگانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
پہرا نکلنا : [ار۔محاورہ] سپاہیوں کا گشت پر نکلنا۔ محافظوں کا حراست یا حفاظت کے لئے برآمد ہونا۔
پہرانا : [ار۔مص] دیکھئے "پہنانا" جو فصیح ہے۔
پہراوا : [ہ۔اند] دیکھئے "پہناوا" جو فصیح ہے
پہراونی : [ہ۔امث] (۱) بیاہ شادی میں رشتہ دار عورتوں کو دیئے جانے والے جوڑے (۲) پوشاک پہنانے والی عورت۔
پہروں : [ار۔متعلق فعل] دیر تک۔ مدت تک
پہرے : [ار۔اند] دیکھئے "پہرا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
پہرے پر کھڑا ہونا : [ار۔محاورہ] محافظ ہونا۔ نگران ہونا۔
پہرے دار : [ار۔اند] سنتری۔ چوکیدار۔ محافظ۔ دربان پاسبان۔
پہرے داری : [ار۔امث] پاسبانی۔ نگہبانی۔ حفاظت۔
پہرے میں دینا : [ار۔محاورہ] حراست میں دینا۔ قید کرنا۔ بند کرنا۔
پہرے میں رکھنا : [ار۔محاورہ] حفاظت میں رکھنا۔ قید میں رکھنا۔ نظر بند رکھنا۔

پہرے میں ہونا :[ار-محاورہ] حراست میں ہونا- حوالات میں ہونا- نگرانی میں ہونا-

پہرے والا :[ار-اند] پہرے دار ملاحظہ ہو-

پَہل :[ہ- امذ] ا) ابتدا -شروع (۲) روئی کا ٹکڑا - روئی کا گالا (۳) کونا- کھونٹ- گوشہ (۴) جانب - رخ - بل (۵) مثلث کا ضلع (۶) آلو بونے کے لئے تیار کی ہوئی کیاری-

پَہل پھل :[ار-اند] پہلا پھل -

پہل پھول :[ار-اند] پہلا حمل -

پہل دار :[ار-صف فاعلی] وہ شے جس کے کنارے کھڑے ہوں- پہلوؤں والی شے -

پہل کار :[ار-اند] پہل کاری کرنے والا- پہل کاری کا ماہر-

پہل کاری :[ار- امث] نگینے کا مصنوعی کٹاؤ جو سان پر گھس کر بنایا جاتا ہے -

پَہل کرنا :[ار- محاورہ] کسی کام کو سب سے پہلے شروع کرنا -ابتدا کرنا- آغاز کرنا -

پَہل کوٹ :[ار-اند] پہلی دفعہ مسالے سے لکڑی کی درزیں بند کرنا-

پہلا :[ہ- صف] ا) اول کا- شروع کا - ابتدائی- اولین (۲) پرانا - اچھا (۳) بڑا- پلوٹھا -

پَہلا پھل : [ار- اند] (۱) وہ پھل جو کسی پیڑ کے پھلنے کے بعد پہلی دفعہ آتا ہے (۲) والدین کا پہلا بچہ -

پَہلا پھول :[ار-اند] پہلا حمل -

پَہلا وار ہے : [ار- مثل] ابھی کیا ہے - ایسے بہت سے معاملات پیش آئیں گے -

پَہلو :[ف -اند] (۱) پسلی - کولہا (۲) جانب -طرف (۳) رُخ (۴) نگینے یا الماس کی چمکیلی اور کٹی ہوئی سطح (۵) طرز-طریقہ - انداز- ڈھب تدبیر (۶) بغل- آغوش کنار (۷) فوج کا میمنہ یا میسرہ (۸) تکیہ- سہارا (۹) رمز- کنایہ -نکتہ (۱۰) پاس پڑوس قرب (۱۱) برابر سامنے (۱۲) ترکیب - بہانہ -حیلہ -

پَہلو آباد کرنا :[ار-محاورہ] پہلو گرم کرنا- معشوق کا عاشق کے پاس بیٹھنا-

پہلو آباد ہونا :[ار-محاورہ] دیکھئے "پہلو آباد کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

پہلو بچا جانا :[ار-محاورہ] الگ ہو جانا - کترا جانا -علیحدہ ہو جانا-

پہلو بچانا :[ار-محاورہ] (۱) دور رہنا- الگ بھاگے بھاگے پھرنا (۲) طرح دینا (۳) کنارہ کرنا (۴) حیلہ نکالنا - تدبیر کرنا-

پَہلو بچہ :[ف - اند] وہ پودا جو کسی پودے کی جڑ میں پھوٹے

پہلو بٹھانا :[ار-محاورہ] (۱) تدبیر کرنا (۲) معنی سمجھنا -

پَہلو بدلنا :[ار- محاورہ] (۱) انداز بدلنا (۲) حیلہ کرنا- دوسرا طرز اختیار کرنا (۳) کروٹیں لینا-

پَہلو بَسانا :[ار-محاورہ] (۱) پاس رہنا- پڑوس آباد کرنا (۲) برابر میں دفن ہونا قبر کے پاس قبر ہونا (۳) بغل میں لیٹنا -

پَہلو بستر سے نہ لگنا : [ار- محاورہ] سخت بے چینی ہونا مضطرب ہونا-

پَہلو بہ پَہلو :[ف-صف] برابر - ساتھ ساتھ-

پَہلو بہ پہلو ہونا :[ار- محاورہ] مقابل ہونا- ٹکر لینا -

پَہلو پَر :[ا- متعلق فعل] (۱) رُخ پر- بل پر (۲) حمایت پر (۳) ایک طرف -

پَہلو پر آنا :[ار- محاورہ] انداز اختیار کرنا - روش اختیار کرنا-

پَہلو پر نہ آنا : [ار- محاورہ] کہا نہ ماننا-

پَہلو پھیرنا :[ار- محاورہ] روش بدلنا- طریقہ بدلنا

پَہلو تہی کرنا :[ار- محاورہ] (۱) پہلو خالی کرنا (۲) پرہیز کرنا- اجتناب کرنا (۳) دریغ کرنا- چشم پوشی کرنا-

پَہلو چلنا :[ار- محاورہ] تدبیر کارگر ہونا -

پہلو داب کر بیٹھنا :[ار-محاورہ] قریب ہو کر بیٹھنا-

پَہلو دار :[ف-صف فاعلی] (۱) وہ بات جس کے کئی مطلب ہوں رمز والی - کنایہ والی- مبہم -مشتبہ (۳) وہ چیز جس کے کئی گوشے ہوں (۴) سہارے والی -

پَہلو دبا جانا :[ار-محاورہ] حال چھپا جانا -

پہلو دبانا :[ار- محاورہ] (۱) حریف کے پہلو پر زور دینا- بازو دبانا- دشمن کی فوج کے کسی حصہ پر چڑھائی کر دینا (۲) غالب آ جانا زیر کر دینا (۳) پہلو کی طرف زور دینا (۴) قریب بیٹھنا

پَہلو دینا :[ار-محاورہ] پہلو تہی کرنا- پرہیز کرنا -ٹالنا -

پہلو ڈھونڈنا :[ار-محاورہ] موقع تلاش کرنا -

پَہلو سبز :[ف-صف] صاحب خیر- نیک

پہلو سوچنا :[ار-محاورہ] تدبیر سوچنا- حیلہ ڈھونڈنا -

پہلو گرم کرنا :[ار-محاورہ] ہم بغل ہونا- ہم کنار ہونا- پاس بیٹھنا -

پہلو گرم ہونا :[ار-محاورہ] دیکھئے "پہلو گرم کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

پَہلو مارنا :[ار-محاورہ] برابری کرنا- ہم سری کرنا - انداز رکھنا-

پَہلو ملنا :[ار- محاورہ] موقع ملنا- تدبیر ہاتھ آنا

پہلو میں بٹھانا :[ار-محاورہ] پاس بٹھانا -

پہلو میں بیٹھنا :[ار-محاورہ] پاس رہنا- صحبت میں رہنا-

پہلو نکالنا :[ار-محاورہ] موقع نکالنا- ڈھب نکالنا - تدبیر سوچنا -

پہلو نکلنا :[ار-محاورہ] دیکھئے "پہلو نکالنا" جس کا یہ لازم ہے -

پَہلوَان :[ف-صف] (۱) توانا (۲) دلاور (۳) کشتی کا فن جاننے والا (۴) باحوصلہ- باہمت- جری (۵) لڑاکا- جنگجو (۶) بڑے ڈیل ڈول کا - فربہ -

پَہلوانی :[ف -امث] زور آوری - طاقت -کشتی- ورزش - کسرت -

پہلوٹا / پہلونٹا :[ار-صف مذ] دیکھئے "پلوٹھا"

پہلونٹھن :[ار- امث] وہ عورت جس کو پہلی بار حمل ہوا ہو-

پہلونٹی / پہلوٹی :[ار-صف مث] دیکھئے "پلوٹھی"

پہلونٹھی کا بچہ : [ار-اند] پہلا بچہ - وہ بچہ جو سب سے پہلے پیدا ہو -

پہلوی : [ف ۔ امث] ساسانی دور کی فارسی زبان ۔ پرانی فارسی ۔
پہلی : [ار ۔ صف ۔ مث] دیکھئے "پہلا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
پہلی بسم اللہ : [ار ع ۔ امث] پہلی غلطی ۔ پہلی چوک
پہلی بسم اللہ غلط : [ار مثل] ابتدا خراب ۔ آغاز خراب ۔
پہلی منزل : [ار ع ۔ امث] قبر ۔ گور ۔
پہلے : [ار ۔ صف] دیکھئے "پہلا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے ۔
پہلے آپ پیچھے باپ : [ار ۔ مثل] پہلے اپنا فائدہ سوچا جاتا ہے ۔
پہلے اپنی ہی ڈاڑھی کی آگ بجھائی جاتی ہے : [ار مثل] اپنا کام مقدم ہوتا ہے ۔
پہلے بو ، پہلے کاٹ : [ار ۔ مثل] جو پہلے کام کرے وہ فائدہ میں رہتا ہے ۔
پہلے پیٹ ، پھر دیوتا پتر : [ہ ۔ مثل] پہلے اپنے پیٹ کی فکر پھر خیرات ۔
پہلے پہرے سب کوئی جاگے ، دوسرے پہرے بھوگی ، تیسرے پہرے چور جاگے ، چوتھے پہرے جوگی [ہ مثل] رات کے پہلے پہر میں ہر کوئی جاگتا ہے ۔ دوسرے پہر میں بیوی والا تیسرے پہر میں چور جاگتا ہے اور چوتھے پہر میں عبادت کرنے والا ۔
پہلے پہل : [ار متعلق فعل] اول اول ۔ پہلا مرتبہ ۔ شروع میں ۔
پہلے پیوے بھکوا ، پھر پیوے تلکوا ، پیچھے پیوے چلم چاٹ [ہ ۔ مثل] حقہ پینے میں وہ شخص فائدہ میں رہتا ہے جس کو درمیان میں ملے ۔ پہلا سلگانے میں رہتا ہے اور آخری کے حصہ میں جلا ہوا تنباکو آتا ہے ۔
پہلے پیوے جوگی ، بیچ میں پیوے بھوگی ، پیچھے پیوے روگی [ار مثل] کھانا کھانے میں جوگی پہلے پانی پیتا ہے ۔ تندرست اور خوش خور درمیان میں اور بیمار بعد میں پانی پیتا ہے ۔
پہلے تم پیچھے اور : [ار ۔ مثل] سب سے پہلے تمہارا حق ہے بعد میں کسی اور کا ۔
پہلے تو ناک کاٹ لی ، پھر تاش کے رومال سے پونچھنے لگے : [ار مثل] پہلے ذلیل کرنا اور پھر معافی چاہنا ۔
پہلے ہی بوسے میں گال کاٹا / پہلے چوسے گال کاٹا : [ار مثل] آغاز ہی میں ایذا دی ۔ شروع ہی میں شرارت کی ۔
پہلے سوچ بچار ، پھر کیجئے کار : [ار ۔ مثل] سوچ سمجھ کر کام میں ہاتھ ڈالنا چاہئے ۔
پہلے سے چھٹی کے دھان کوٹنا : [ار ۔ محاورہ] قبل از وقت کوئی کام کرنا ۔
پہلے سے سونا : [ار ۔ محاورہ] وقت پر غافل ہونا ۔
پہلے گھر میں پھر / پیچھے مسجد میں : [ار ۔ مثل] اپنوں سے بچے تو دوسروں کو دیا جائے ۔
پہلے لکھ پیچھے دے ، پھر بھولے تو کاغذ سے لے : [ار ۔ مثل] لین دین میں لکھ لینے سے بھول چوک نہیں ہوتی ۔
پہلے مارے سو میری : [ار ۔ مثل] جو سب سے پہلے کام کرتا ہے وہی کامیاب رہتا ہے جس کا وار پہلے چل جاتے وہ فائدہ میں رہتا ہے ۔
پہلے لقمے میں بال آیا : [ار ۔ مثل] ابتدا ہی خراب ہوئی ۔
پہن : [ف ۔ صف] فراخ ۔ کشادہ ۔
پہنّن : [ف ۔ اند] وہ دودھ جو محبت کے جوش میں ماں کی چھاتیوں میں بھر آئے ۔
پہنا : [ف ۔ صف] چوڑا ۔ فراخ ۔ کشادہ ۔
پہنانا : [ار ۔ مص] دیکھئے "پہننا" جس کا یہ متعدی ہے ۔
پہناوا : [ار ۔ اند] (۱) پوشاک ۔ لباس (۲) پہننے کا ڈھنگ ۔
پہنائی : [ف ۔ امث] چوڑائی ۔ وسعت ۔ فراخی ۔
پہنچ (بہ فتحہ اول وضم دوم) [ار ۔ امث] (۱) رسائی ۔ دخل ۔ باریابی (۲) حوصلہ ۔ اختیار (۳) عقل کی رسائی ۔ فکر کی بلندی (۴) رسید ۔
پہنچا : [ار ۔ اند] بند دست ۔ کلائی
پہنچانا : [ار ۔ مص] کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔ ساتھ لیجانا ۔
پہنچا ہوا : [ار ۔ صف] خدارسیدہ ۔ کامل ۔ بزرگ ۔
پہنچانے کو جانا : [ار ۔ محاورہ] رخصت کے لئے کسی کے ساتھ جانا ۔ مشایعت کرنا
پہنچنا : [ار ۔ مص] (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۲) وصول ہونا ۔ حاصل ہونا (۳) سرایت کرنا ۔ اثر کرنا (۴) وارد ہونا ۔ آجانا ۔ ملنا (۵) رسائی ہونا ۔ مداخلت ہونا (۶) گھسنا ۔ اندر جانا (۷) برابر ہونا ہم سر ہونا (۸) بات کی تہ سمجھنا (۹) باخبر ہونا ۔ آگاہ ہونا (۱۰) فارغ التحصیل ہونا (۱۱) تمام کرنا ۔ ختم کرنا (۱۲) پختہ کار ہونا ۔ تجربہ کار بننا (۱۳) غور و خوض کرنا (۱۴) راستہ طے ہونا ۔ منزل پوری ہونا
پہنچی : [ار ۔ امث] ایک زیور کا نام جو کلائی میں پہنا جاتا ہے ۔ دست بند ۔
پہننا : [ار ۔ مص] (۱) کپڑا بدن پر ڈالنا (۲) زیور بدن پہ سجانا (۳) کسی چیز کا بدن کے کسی حصہ پر استعمال کرنا ۔
پہنی : [ہ ۔ امث] وہ مخروطی شکل کی لکڑی جو آرہ کشی تختے چیرتے وقت شگاف کھلا رکھنے کے لئے شگاف میں رکھ دیتے ہیں ۔
پہیا / پہیہ : [ہ ۔ اند] (۱) حلقہ ۔ چکر ۔ چرخی (۲) گاڑی وغیرہ کا وہ چکر جو زمین پر ہوتا اور اس کے گھومنے سے گاڑی چلتی ہے (۳) لکڑی کا وہ حلقہ جو مضبوطی کے لئے کنوئیں میں ڈالا جاتا ہے ۔
پہیا پھری ناک : [ہ ۔ امث] بیٹھی ہوئی ناک ۔
پہیلی : [ہ ۔ امث] بجھارت ۔ معما
پہیلی بجھانا / بجھوانا : [ار ۔ محاورہ] پہیلی حل کرنا ۔ (۲) گول مول بات کرنا ۔
پہیلی بوجھنا : [ار ۔ مص] پہیلی کا حال بتانا ۔ حل کرنا ۔

پھ

پھاپاکٹنی / پھاپھاکٹنی : [ار- امث] نہایت عیار اور چالاک عورت ۔ وہ عورت جو کٹنا پا کرتی پھرے - دلالہ ۔

پھاٹ : [ہ - اند] (۱) تقسیم (۲) مالگزاری یا لگان کی تقسیم حصہ داروں میں لگان کی تقسیم (۳) چوڑائی - عرض ۔

پھاٹک : [ار - اند] (۱) بڑا دروازہ (۲) باڑا - احاطہ - مویشی خانہ (۳) آوارہ مویشیوں کو بند کرنے کا احاطہ (۴) آڑ - روک (۵) عدالت کا وہ کٹہرا جہاں مدعی اور مدعا علیہ کھڑے کئے جاتے ہیں - آوارہ مویشیوں کا قید خانہ ۔

پھاٹک بند ہونا : [ار - محاورہ] دروازہ بند ہونا - سلسلہ بند ہونا - راہ مسدود ہونا ۔

پھاٹک بندی : [ار - امث] حوالات - قید خانہ - بندی خانہ

پھاٹک ٹوٹا گھر لوٹا : [ار - مثل] (۱) جب حفاظت کی چیز جاتی رہے تو نقصان ہو جاتا ہے (۲) نا اتفاقی ہو تو سب کو نقصان ہوتا ہے (۳) شروع میں آسانی ہو تو کامیابی جلد ہوتی ہے ۔

پھاٹک دار : [ار - اند] دربان - پاسبان (۲) قید خانہ یا حوالات کا نگہبان ۔

پھاٹک سے چھڑانا : [ار - محاورہ] جرمانہ ادا کر کے مویشیوں کو پھاٹک سے آزاد کرانا ۔

پھاٹک میں داخل کرنا : [ار - محاورہ] آوارہ مویشی کو پھاٹک میں بند کرانا ۔

پھُار : [ار - امث] دیکھئے " پھوار "

پھاڑ : [ہ - اند] شگاف - چاک - کھونچ - دراڑ - درز (۲) پھاڑنا کا امر (۳) ٹکڑا - پھانک ۔

پھاڑ توڑنا : [ار - محاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پرزے پرزے کرنا ۔

پھاڑ دینا : [ار - مص] دیکھئے " پھاڑنا " جس کی یہ تکمیل ہے ۔

پھاڑ کھانا : [ار - محاورہ] کاٹ کھانا - بھنبھوڑ لینا - درندے کا کسی کو چیر کر کھا جانا (۲) بہت غصے میں ہونا - جھنجھلا کر بات کرنا (۳) سخت ناگوار بات کہنا - ناپسند بات کرنا ۔

پھاڑ کھانے کو دوڑنا : [ار - محاورہ] (۱) کاٹنے کو دوڑنا (۲) جھنجھلانا بدمزاجی سے پیش آنا ۔

پھاڑ کھاؤ : [ار - صفت] (۱) پھاڑ کھانے والا - درندہ (۲) خونخوار - جلاد (۳) بدمزاج - جھلا ۔

پھاڑنا : [ار - مص] چیرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) کاٹنا - بھنبھوڑنا (۳) درندے کا شکار کو چیر ڈالنا (۴) قطع کرنا - بیونتنا - چاک کرنا (۵) دودھ یا کسی سیال چیز کو لاگ لگا کر پانی علیحدہ کرنا (۶) کھولنا - پھیلانا (۷) بیزار کرنا - ناراض کرنا (۸) توڑنا - زخمی کرنا ۔

پھاڑے کھانا : [ار - محاورہ] بہت زیادہ وحشت کھانا - ناگوار بات کہنا ۔

پھاگ : [ہ - اند] پھاگن کا تہوار - ہولی (۲) ہولی کے کھیل تماشے (۳) گلال ، ہولی کا رنگ - جو ہندو ایک دوسرے پر ڈالتے ہیں ۔

(۴) عیش و عشرت کے سامان ۔

پھاگ کھیلنا : [ہ - محاورہ] (۱) ہولی کھیلنا - رنگ پاشی کرنا (۲) عیش کرنا - خوشی کرنا - گلچھرے اڑانا ۔

پھاگن / پھاگُن : [ہ - اند] بکرمی سال کا گیارھواں مہینہ - جو موسم بہار میں ہوتا ہے ۔

پھال / پھالا : [ہ - امث] زمین کھودنے کا آلہ جو ہل میں لگایا جاتا ہے ۔ (۲) تیر کے پیکان کی نوک (۳) چھالیا - سپاری ۔

پھالی : [ہ - امث] پھال کی تصغیر - دیکھئے پھال کے معنی نمبر (۲) (ق) شیر خوار بچے کا تن ڈھانپنے کا کپڑا ۔

پھان : [ہ - اند] پھندا ۔

پھانا : [ار - اند] فارسی فانہ کا بگاڑ (۲) وہ لکڑی جو موچی جوتا کشادہ کرنے کے لئے رکھتے ہیں (۳) وہ لکڑی یا لوہے کی کیل جو آرہ کش یا لکڑہارے لکڑی چیرنے پھاڑنے میں درز کشادہ کرنے کے لئے اس میں رکھتے ہیں - پچڑ ۔

پھانٹ : [ہ - اند] گاؤں کا افسر ۔

پھانٹا : [ار - امث - ق] شاخ ۔

پھانج : [ار - امث - ق] بند - ہیکل - پھانسی

پھانجنا : [ار - مص - ق] ٹکڑے ٹکڑے کرنا - قیمہ قیمہ کرنا ۔

پھاند : [ہ - اند] (۱) وہ پھندا جس سے ہاتھی پکڑتے ہیں (۲) ہاتھیوں اور تمام جانوروں کو پکڑنے کا پھندا (۳) چھلانگ - کلانچ - پھلانگ - جست کود (۴) دشواری - دقت - مشکل (۵) حیرانی پریشانی ۔

پھاند لگانا / مارنا : [ار - محاورہ] (۱) پھندا لگانا - جال بچھانا (۲) پھندے سے پکڑنا (۳) دھوکا دینا - فریب دینا (۴) کودنا - جست کرنا - پھلانگنا - زقند لگانا ۔

پھاندا : [ہ - اند] دیکھئے " پھاند " جس کی یہ قدیم صورت ہے ۔

پھاندنا : [ار - مص] کودنا - جست کرنا - چھلانگنا - پھلانگنا (۲) پھندا لگانا (۳) نر جانور کا مادہ پر چڑھنا ۔

پھاندی : [ہ - امث] گنوں کا گٹھا - پونڈوں کا پشتارہ ۔

پھانس : [ہ - امث] (۱) لکڑی ، بانس یا بان وغیرہ کا وہ ریشہ جو جسم میں چبھ جاتا ہے (۲) روحانی تکلیف ، باطنی ایذا (۳) خلش - کھٹکا - فکر - دکھ - رنج (۴) بچے ہوتے کمی کا ناخن میں پھنس جانا بھی پھانس کہلاتا ہے (۵) پھندا - کمند ۔

پھانس چبھنا / لگنا : [ار - محاورہ] (۱) لکڑی وغیرہ کے ریشے کا بدن میں چبھنا (۲) صدمہ پہنچنا - خلش ہونا ۔

پھانس کھٹکنا : [ار - محاورہ] پھانس چبھنے سے درد ہونا (۲) خلش ہونا - (۳) دل میں دشمنی کی وجہ سے بے چینی ہونا ۔

پھانس لانا / لینا : [ار - محاورہ] دھوکا دے کر قابو میں لانا (۲) فریب دے کر لانا - دھوکے سے پیچ میں لانا - پھنسا لانا ۔

پھانس نکال دینا / نکالنا : [ار - محاورہ] (۱) چبھے ہوئے ریشے کو بدن سے باہر نکال دینا (۲) خلش دور کرنا - تکلیف دفع کرنا ۔

پھانس نکلنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھانس نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پھانسا: [ہ-اند] (۱) کمند۔ جال۔ پھندا (۲) روک۔ ممانعت (۳) پاسا۔
پھانسنا: [ار-مص] (۱) گرفتار کرنا۔ گھیرنا۔ جال سے پکڑنا (۲) فریب میں لانا۔ دھوکا دینا (۳) قابو میں لانا۔ بس میں لانا (۴) ڈبوا، کنوئیں میں ڈالنا۔ لوٹے یا کسی چیز کو رسی کے حلقے سے باندھ کر لٹکانا (۵) الزام لگانا۔ شریک جرم کرنا (۶) پیچ میں لانا۔ داؤں میں لانا (۷) قید کرنا۔ عاجز کرنا۔ ناچار کرنا۔
پھانسی: [ہ-امث] (۱) کمند۔ پھندا۔ بند (۲) وہ حلقہ جس سے آدمی کا گلا گھونٹ کر مار ڈالتے ہیں (۲) موت کی سزا جو پھندے کے ذریعے دی جاتی ہے (۳) وہ ستون یا رسی کا پھندا جس کے ذریعے موت کی سزا دی جاتی ہے۔
پھانسی پانا: [ار-محاورہ] پھانسی سے ہلاک ہونا۔ سولی چڑھنا۔
پھانسی پڑنا: [ار-محاورہ] پھانسی کا پھندا گلے میں پڑنا۔ پھانسی لگنا۔
پھانسی چڑھانا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھانسی دینا"۔
پھانسی دینا: [ار-محاورہ] پھانسی کا پھندا ڈال کر سزائے موت دینا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔
پھانسی کھڑی ہونا: [ار-محاورہ] پھانسی کا سامان تیار ہونا۔ پھانسی دینے کے لئے ستون کھڑے ہونا۔
پھانسی لگانا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھانسی دینا"
پھانسی لگنا: [ار-محاورہ] پھانسی کے ذریعے موت کی سزا ملنا۔
پھانسی ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھانسی لگنا"
پھانسی کی ٹکٹکی: [ہ-امث] وہ ستون جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے۔
پھانک: [ہ-امث] (۱) قاش۔ ٹکڑا (۲) پھنکا۔ پھنکی۔
پھانکڑ/پھانکڑا: [ہ-صف-مذ] (۱) بانکا۔ ترچھا (۲) مضبوط (۳) بہادر۔ دلیر (۴) جسیم۔ مشٹنڈا۔
پھانکنا: [ار-مص] (۱) سفوف وغیرہ کو ہتھیلی پر رکھ کر پھنکی لگانا۔ کسی خشک چیز کو ایک ہی دفعہ منہ میں ڈال لینا (۲) زیادہ کھانا۔ جلد جلد کھانا (۳) راستہ یا سطر بہت جلد طے کرنا (۴) لگاتار بولنا۔ جلد جلد بولنا (۵) دولت خرچ کرنا (۶) جلد ختم کرنا (۷) (ق) پھوٹ ڈالنا۔ بھاگنا۔
پھانکی: [ہ-امث] (۱) سفوف یا دانہ جو ایک دفعہ پھانکا جائے (۲) میوے کا ٹکڑا۔ پھانک (۳) (منطق) اعتراض (۴) قضیہ (۵) دلیل باطل (۶) عیب
پھاوڑا: [ہ-امذ] کدال۔ بیلچہ۔ مٹی کھودنے کا آہنی آلہ۔ کسی۔
پھاوڑا بجانا: [ار-محاورہ] مکان ڈھانا۔ کھدائی کرنا۔ گرانا۔ توڑنا۔ مسمار کرنا۔
پھاوڑا سے دانت: [ار-امذ] بڑے بڑے دانت۔ بدزیب دانت۔ اور منہ سے باہر نکلے ہوئے دانت۔ چوڑے دانت۔
پھاوڑا نہ کدال بڑا کھیت ہمارا: [ار-مثل] پلّے کچھ نہ ہو اور شیخیاں بہت مارنا۔ ایسا کام کرنے کا ذمہ لینا جو ہو نہ سکے۔
پھاوڑی: [ہ-امث] پھاوڑا کی تصغیر (۱) لید ہٹانے کی لکڑی جس میں تختی لگی ہوتی ہے (۲) وہ لکڑی جس پر ڈنڈ پیلتے وقت ہاتھ رکھتے ہیں (۳) جوگیوں کی لاٹھی۔
پھاوڑے کے نام کُل صفا نہیں جانتا: [ار-مثل] بالکل بدھو ہے۔ پرلے درجے کا بیوقوف ہے۔ الف کے نام ب نہیں جانتا۔ نادان ہے۔
پھاہا / پھایا: [ہ-اند] کپڑا یا روئی جس پر مرہم رکھ کر زخم پر چپکاتے ہیں۔
پھاہا چڑھانا / لگانا: [ار-محاورہ] مرہم لگا کر زخم پر پھاہا رکھنا۔
پھاہا چڑھنا / لگنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھاہا چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پھاہا چھڑانا: [ار-محاورہ] زخم پر سے پھاہا ہٹانا۔
پھاہا چھوٹنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھاہا چھڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پھاہا رکھنا: [ار-محاورہ] زخم پر پھاہا چپکانا۔
پھاہا کترنا: [ار-محاورہ] قینچی سے پھاہے کے لئے کپڑا کترنا۔
پھَب: [ہ-امث] (۱) زیب و زینت۔ چھب۔ ادا (۲) تناسب۔ موزونی۔ حسن۔ خوبصورتی۔
پھبتا: [ار-صف] (۱) موزوں۔ مناسب (۲) ٹھیک۔ درست (۳) لائق۔ سجتا۔
پھبتی: [ار-امث] (۱) ایسی بات جو کسی پر پھب جائے۔ ایسی تشبیہ جو کسی پر چسپاں ہو کر رہ جائے (۲) ایسی تشبیہ جس میں کسی کا مضحکہ اڑایا جائے۔
پھبتی اڑانا: [ار-محاورہ] (۱) ایسی تشبیہ دینا جو چسپاں ہو کر رہ جائے (۲) ہنسی اڑانا۔
پھبتی سوجھنا: [ار-محاورہ] ٹھیک تشبیہ خیال میں آنا۔ طنزیہ بات یا تشبیہ ذہن میں آنا۔
پھبتی کہنا: [ار-محاورہ] ظریفانہ تشبیہ دینا۔
پھبتی ہونا: [ار-محاورہ] مکمل تشبیہ ہونا۔ تشبیہ کا برمحل جم جانا۔ وجہ شبہ کا بالکل صحیح ہونا۔
پھبتیاں اڑانا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھبتی اڑانا"
پھبدنا: [ار-مص] کثرت سے پاس پاس پھنسیاں نکلنا
پھبکنا: [ار-مص] (۱) خوب بڑھنا۔ خوب نشوونما پانا (۲) دفعتاً اُگ آنا (۳) خوب ڈیل ڈول نکالنا۔ موٹا تازہ ہونا۔
پھبن: [ہ-امث] (۱) زیبائش۔ آرائش۔ سج دھج۔ بناوٹ (۲) تناسب۔ موزونی۔ چھب۔ ادا۔
پھبنا: [ار-مص] سجنا۔ زیب دینا۔ بھلا لگنا۔ موزوں ہونا۔ موافق ہونا۔ ٹھیک ہونا۔
پھبیلا: [ہ-صف] موزوں۔ موافق۔
پھپّا / پھپھا: [ہ-اند] پھوپھی کا خاوند۔ باپ کی بہن کا شوہر۔
پھپٹ / پھپھٹ: [ہ-اند] (۱) ضد۔ کد (۲) فریب۔ دغا (۳) فتنہ فساد۔ شور و غل۔
پھپٹ باز: [ہ-ف-صف] دغاباز۔ مکار۔ فریبی۔ فسادی۔
پھپٹ بازی: [ہ-فارسی-امث] مکاری۔ چالاکی۔ فتنہ انگیزی۔ عیاری۔

پھپٹ ہائی: [ہ-صف-امث] جھگڑالو عورت - مکار عورت فسادن -

پھپدنا: [ہ-مص] دیکھئے "پھبدنا"

پھپڑ دلاسے: [ہ-امذ] جھوٹی خوشامد - مکاری - بناوٹ کی باتیں -

پھپڑ دلالے: فریب - فند -

پھپڑے/پھپھڑے دلالے کرنا/مچانا: [ار-محاورہ] جھوٹی محبت ظاہر کرنا - خوشامد کرنا - مکاری کرنا - بناوٹی باتیں بنانا

پھپڑے/پھپھڑے کرنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھپڑ دلالے کرنا"

پھپس/پھپھس: [ہ-صف] (۱) بادی جسم والا - پھولے ہوئے جسم والا - بھدا - موٹا - پھولا ہوا (۲) وہ پھل جو اندر سے پولا یا خالی ہو -

پھپسا: [ہ-صف-مذ] (۱) پھولا ہوا - پولا (۲) پھیکا سیٹھا -

پھپسی: [ہ-صف-مث] دیکھئے "پھپسا" جس کی یہ تانیث ہے -

پھپک: [ہ-امث] بالیدگی - نمود - بدن کی افزونی - درخت کی بالیدگی -

پھپکا: [ہ-امذ] آبلہ - چھالا

پھپکار: [ہ-امث] (۱) سانپ کی طرح پھنکارنے کی آواز (۲) سٹیم انجن کی آواز -

پھپکارنا: [ار-مص] سانپ کی طرح پھنکارنا -

پھپکنا: [ار-مص] (۱) درخت کا بڑھنا (۲) جسم کا تر و تازہ ہونا (۳) کثرت سے پھنسیاں نکلنا -

پھپولا/پھپھولا: [ہ-امذ] آبلہ - چھالا -

پھپولا/پھپھولا اُبھرنا: [ار-محاورہ] آبلہ اٹھنا - چھالا پیدا ہونا -

پھپھولا بیٹھ جانا: [ار-محاورہ] چھالا پچکنا - آبلہ بہہ جانا

پھپھولا پڑنا: [ار-محاورہ] چھالا پیدا ہونا -

پھپھولوں سے پھیل جانا: [ار-محاورہ] کثرت سے آبلے پڑ جانا -

پھپھولے پڑنا: [ار-محاورہ] (۱) چھالے پڑنا (۲) داغ پڑنا (۳) صدمہ ہونا -

پھپھولے پھوٹنا: [ار-محاورہ] چھالوں سے پانی نکل جانا (۲) طنزاً آرزو پوری ہونا - دشمنی نکلنا - عداوت نکلنا - دل ٹھنڈا ہونا

پھپھولے پھوڑنا: [ار-محاورہ] (۱) چھالے توڑنا (۲) دل کا غبار نکالنا - دلی عداوت ظاہر کرنا - حسد نکالنا - غصہ نکالنا -

پھپھولے جل اٹھنا: [ار-محاورہ] پھپھولوں میں سوزش ہونا -

پھپھولے والی: [ار-امث] سیتلا - چیچک -

پھپھوندنا/پھپھوندنا: [ار-مص] پھپھوندی لگنا -

پھپوندی/پھپھوندی: [ار-امث] وہ سفید تہ جو نمی کی وجہ سے کائی کی طرح کسی چیز پر جم جاتی ہے (افعال: جمنا، لگنا)

پھپھوندی لگی: [ار-امث] وہ عورت جس کے دانتوں پر میل جما رہے یا میلی کچیلی رہتی ہو -

پھپی/پھپھی: [ہ-امث] باپ کی بہن -

پھپیا ساس: [ہ-امث] خسر کی بہن

پھپیا سسر/سسرا: [ہ-امذ] خسر کی بہن کا خاوند -

پھپیرا/پھپھیرا: [ہ-امذ] پھپھی کا (بیٹا)

پھپیرا/پھپھیرا بھائی: [ہ-امذ] پھپھی کا بیٹا بھائی -

پھپیری/پھپھیری: [ہ-امث] پھوپھی کی (بیٹی)

پھپیری/پھپھیری بہن: [ہ-امث] پھپھی کی بیٹی بہن -

پھٹ: [ہ-صف] تنہا - فرد - اکیلا - طاق -

پھٹ: [ہ-امث] لعنت - پھٹکار - دھتکار - تف -

پھٹ پھٹ: [کلمہ نفرین] تھو تھو - دُر دُر -

پھٹ پھٹ کرنا: [ار-محاورہ] لعن طعن کرنا - بُرا بھلا کہنا -

پھٹ پڑنا: [ار-محاورہ] (۱) بڑھ جانا - خوب موٹا ہو جانا (۲) زوروں پر ہونا (۳) افراط سے ہونا - شدت سے ہونا - کثرت سے ہونا (۴) جمع ہو جانا - (۵) پھٹ جانا - شق ہو جانا (۶) ٹوٹنا - بوجھ سے گرنا -

پھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان: [ار-مثل] دیکھئے "بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان" جو صحیح ہے -

پھٹ پھٹ: [ہ-امث] جوتی کی آواز - پھٹی ہوئی ایڑی کی جوتی کی آواز - پھٹی جوتی کی آواز -

پھٹ پھٹانا: [ار-مص] (۱) پھڑ پھڑانا - وہ آواز نکالنا جو بکری یا کتے کے کانوں کی حرکت سے ہوتی ہے (۲) دوڑ دھوپ کرنا - بے چین ہونا -

پھٹ جانا: [ار-محاورہ] (۱) پھٹنا (۲) (دل کے ساتھ) بیزار ہو جانا - (۳) (آنکھ کے ساتھ) حیرت سے کھل جانا -

پھٹ سے: [ار-متعلق فعل] فوراً - بلا تامل -

پھٹ کے چلنا: [ار-محاورہ] علیحدہ ہو کر چلنا - الگ راستہ اختیار کرنا -

پھٹا: [ار-امذ] بانس کا ٹکڑا جس کو طول میں سے پھاڑا گیا ہو - لکڑی کا تختہ -

پھٹا: [ار-صف] پھٹا ہوا -

پھٹا اُدھڑا: [ار-صف] پھٹا ہوا اور ادھڑا ہوا کپڑا -

پھٹا پرانا: [ار-صف] خراب - خستہ - گھسا ہوا - بوسیدہ کپڑا -

پھٹا پڑنا: [ار-محاورہ] (۱) نکلا پڑنا - بے قابو ہونا - زیادتی ہونا (۲) زوروں ہونا - بہت موٹا ہونا (۳) درد سے سر یا آنکھوں کا پھٹنے کو ہونا -

پھٹا پھٹا پاخانہ: [ار-امذ] وہ پاخانہ جس کا قوام بگڑا ہوا ہو -

پھٹا دودھ: [ار-امذ] وہ دودھ جس میں سے پانی الگ ہو گیا ہو -

پھٹا کا: [ار-امذ] (۱) فیصلہ - بات کا ایک طرف ہونا -

پھٹانے: [ار-امذ-قائم مقر]

پھٹک: [ہ-امذ] (۱) تلمبر - کچا ہیرا (۲) جال - پنجرا -

پھٹکا: [ہ-امذ] (۱) لمحہ (۲) پنجرہ (۳) پھٹکی -

پھٹکا رہنا: [ار-محاورہ] دور رہنا - الگ رہنا -

پھٹکا پھٹکا رہنا: [ار-محاورہ] دور دور رہنا - الگ الگ رہنا -

پھٹکا نہ کھانا: [ار-محاورہ] فوراً مر جانا - جان بر نہ ہو سکنا -

پھٹکا: [ہ-امذ] بتاشے کی شکل کا بسکٹ -

پھٹکار: [ہ-امث] (۱) بد دعا - لعنت (۲) بے رونقی (۳) ذلت و خواری (۴) آمیزش - چاشنی -

پھٹکار برسنا: [ار- محاورہ] (۱) لعنت برسنا - چاروں طرف سے لعنت ملامت ہونا (۲) چہرے پر نور نہ رہنا - اداسی اور بے رونقی رہنا -
پھٹکار لگنا: [ار- محاورہ] بد دعا لگنا - سراپ لگنا - دھتکار پڑنا - شامت آنا -
پھٹکار: [ہ- امث] (۱) کوڑے کی آواز (۲) پتھر پر کپڑا دھونے پٹکنے کی آواز (۳) اناج پھٹکنے کی آواز (۴) جھڑکی (۵) رسّی کا کوڑا جو بہت لمبا ہوتا ہے - اور اس سے گھوڑے کو سدھاتے ہیں -
پھٹکارنا: [ہ- مص] (۱) پیٹنا - کوڑا لگانا - چابک مارنا (۲) دھتکارنا - مار کر نکال دینا (۳) کپڑا دھوتے وقت پتھر پر دے مارنا (۴) حاصل کرنا - وصول کرنا (۵) سرزنش کرنا - آڑے ہاتھوں لینا - جھٹکنا جھاڑنا - (۶) بیچنا - فروخت کرنا (۷) چھاج میں پھٹکنا -
پھٹکارنا: [ہ- مص] (۱) لعنت ملامت کرنا (۲) نفرت سے منہ پھیر لینا - نامنظور کرنا (۳) برا بھلا کہنا -
پُھٹکر: [ہ- صف] علیحدہ - اکیلا -
پھٹکری / پھٹکڑی: [ہ- امث] نمک سے مشابہ ایک معدنی مادہ جس کا رنگ سرخ یا سفید ہوتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے جس کا دوسرا نام زاک ہے
پُھٹکل: [ہ- صف] (۱) واحد - اکا دکا - اکیلا - تنہا (۲) علیحدہ - جدا (۳) متفرق - مختلف (۴) خردہ - ریزگاری - ریزہ -
پھٹکن: [ہ- اند] اناج کا کوڑا کرکٹ جو پھٹکنے سے نکلتا ہے جسے پھپوڑن بھی کہتے ہیں -
پھٹکنا: [ار- مص] (۱) جدا کرنا - علیحدہ کرنا - چھاج سے صاف کرنا - (۲) موجود ہونا - حاضر ہونا (۳) بھولے سے چلا جانا (۴) (اند) غلیل کا تسمہ جس میں غلہ رکھ کر چھوڑتے ہیں -
پھٹکی: [ہ- امث] جھاڑ کی ٹوکری مع ڈھکنے کے جس میں چڑی مار چڑیاں پکڑ کر لاتے ہیں - بانس کا پنجرہ - ایک پٹ کا چھوٹا سا دروازہ - بڑا پنجرہ -
پُھٹکی: [ہ- امث] (۱) گانٹھ - گرہ - گٹھلی (۲) خون یا پیپ کی جمی ہوئی بوند - دھبا (۳) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا (۴) کسی محلول مادے کا غیر محلول ذرہ -
پھٹکے بھر میں: [ار- متعلق فعل] لمحہ بھر میں - بہت جلد - فوراً - آن کی آن میں -
پھٹکے / پھٹکے پھٹکے رہنا: [ار- محاورہ] دیکھئے " پھٹکا رہنا "
پھٹنا: [ار- مص] (۱) چاک ہونا - شق ہونا (۲) ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۳) شگاف پڑنا (۴) سر کے بالوں کا خشکی کی وجہ سے ترخنا (۵) اجزا کا الگ ہونا (۶) بیزار ہونا - نفرت کرنا (۷) گھوڑے کا باگ کے اشارے کے خلاف جانا -
پھٹی: [ار- صف - مث] دیکھئے " پھٹا " جس کی یہ تانیث ہے -
پھٹی آواز: [ار- امث] بے سُری آواز - بھونڈی آواز -
پھٹی پھٹی باتیں: [ار- امث] وہ باتیں جن سے ملال ظاہر ہو -
پھٹے حال / حالوں: [ار- صف] خراب حالت میں - سخت مفلسی کی حالت میں پھٹے کپڑوں میں -
پھٹے میں، پاؤں اڑانا / دینا: [ار- محاورہ] (۱) ناحق کسی کے معاملے میں دخل دینا - ناحق کسی کی بلا اپنے ذمے لینا (۲) بیچ میں بولنا - کسی کے کام میں دخل دینا

پھٹے میں پاؤں دفتر میں ناؤں: [ار- مثل] دخل در معقولات کرنے والے شیخی خورے کو کہتے ہیں
پھٹے سے منہ / پھٹے منہ: [ار- کلمۂ نفرین] لعنت ہے - تف ہے - تھو ہے
پُھٹیل: [ہ- اند] اکیلا - تنہا - فرد - جدا - جوڑے میں سے ایک جیسے پھٹیل کبوتر - طاق سے منسوب -
پھچا پچ: [ہ- اصوت - مث] دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز -
پُھد پھدانا: [ار- مص] (۱) پھنسیوں یا دانوں کا کثرت سے نکل آنا - (۲) بدن میں کثرت سے روئیں یا بال نکل آنا (۳) درخت میں کثرت سے شاخیں پھوٹنا (۴) اُبلنے کی آواز -
پھدک: [ہ- امث] جوش - اُبال -
پُھدکنا: [ار- مص] (۱) اچھلنا - جست بھرنا - اچھل اچھل کر چلنا - خوشی سے کودنا (۲) مینڈک کی طرح اچھل کر چلنا (۳) نبض کا تڑپنا - بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا -
پُھدکی: [ہ- امث] ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام -
پھڈا: [ہ- اند] دیکھئے " پہڈا " جو صحیح ہے -
پھڈا: [ہ- صف] (۱) وہ جوتا، جس کی ایڑھی بیٹھی ہوئی ہو (۲) وہ آدمی جو پاؤں رگڑ کر چلتا ہو یا لنگ کرتا ہو (۳) وہ شخص جس کے دونوں پیروں میں خم ہو اور چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے -
پھڈی: [ہ- صف - مث] دیکھئے " پھڈا " جس کی یہ تانیث ہے -
پھڈی: [ار- صف - ق] پیچھے - اخیر -
پھر: [ار- امث - ق] چوٹی - پہاڑ کی اوپر کی سطح -
پھر: [ار- متعلق فعل] دوبارہ - بعد ازاں - اس کے بعد اور آگے (۲) تب - تو (۳) تاہم - ہرگز - اس دم - اب - مگر (۴) " پھرنا " سے امر -
پھر بھی موچی کے موچی رہے: [ار- مثل] کچھ ترقی نہیں کی حالت بدستور رہی ہے -
پھر بے گھوڑے یہیں سے: [ار- مثل] اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو ادھر بات کہے اور ادھر مکر جائے -
پھر بیٹھنا: [ار- محاورہ] منحرف ہو جانا - مکر جانا
پھر پڑنا: [ار- محاورہ] غصے میں کسی کی طرف متوجہ ہونا -
پھر پھر کر: [ار- متعلق فعل] بار بار - پلٹ پلٹ کر -
پھر جانا: [ار- محاورہ] (۱) لوٹ جانا - واپس ہو جانا - پلٹ جانا - (۲) مڑنا - لچکنا - ٹیڑھا ہو جانا (۳) بدل جانا - قائم نہ رہنا - بیوفائی کرنا - بات کا پاس نہ کرنا (۴) ہو کر چلا جانا - ہو آنا - چکر لگا جانا گردش کرنا - گھومنا - اصلی حالت پر نہ رہنا - حالت غیر ہونا (۶) باغی ہونا - منحرف ہونا - سرکش ہونا -
پھر سے: [ار- متعلق فعل] از سر نو - نئے سرے سے -
پھر کون جئے کس کا راج: [ار- مثل] زندگی کا کوئی اعتبار نہیں کام فوراً کر لینا چاہیئے -
پھر کون مرے کون جئے: [ار- مثل] دیکھئے " پھر کون

چے کس کا راج"

پھر کہو: [ار۔ کلمۂ تنبیہ] دوبارہ کہو۔ دیکھو تو کیا ہوتا ہے۔

پھر کے دیکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کو چھوڑ کر چلے جانے پر اشتیاق دیدار جتانا۔ (۲) اشتیاق۔ انتظار یا خوف ظاہر کرنا۔

پھر کے پس پشت نہ دیکھنا: [ار۔ مثل] اس طرح بھاگنا کہ پلٹ کر نہ دیکھنا۔

پھر کے نہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) نخرے ظاہر کرنا۔ بے پروائی ظاہر کرنا (۲) واپس نہ آنا۔

پھر کیا چاہیئے: [ار۔ محاورہ] ہزار نعمت ہے۔ سب کچھ میسر ہے۔

پھر مانگ / مانگو: [ار۔ محاورہ] جب سائل کو کچھ دینا منظور نہ ہو تو کہتے ہیں۔ یعنی آگے جاؤ۔

پھر نہ کہنا: [ار۔ محاورہ] الزام نہ دینا۔ شکوہ نہ کرنا۔

پھُر: [ار۔ امث] چڑیوں کے اُڑنے کی آواز۔

پھُر سے: [ار۔ متعلق فعل] جلد۔ فوراً۔

پھُر سے اُڑ جانا: [ار۔ محاورہ] جلد پرواز کر جانا۔ تیزی سے اُڑ جانا۔ خفیف آواز کے ساتھ پرواز کرنا۔

پھرّا: [ہ۔ اند] وہ لمبا تختہ جو شہتیر چیرنے سے نکلتا ہے۔

پھرّاٹا: [ار۔ اصوت۔ مذ] پرندے کے اُڑنے کی آواز۔

پھرّاٹا بھرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) آواز سے اڑنا۔ تیزی سے اڑنا (۲) جلدی جلدی پڑھنا (۳) لہریں مارنا۔ موجیں مارنا۔

پھرارا: [ار۔ صف] خشک۔ سوکھا۔

پھرّاس: [ہ۔ اند] ایک درخت کا نام جس کے پتے جھاؤ کی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ درخت بہت جلد بڑھتا ہے۔

پھرّانا: [ار۔ مص] (۱) جست کرنا۔ پھاند جانا۔ کود جانا (۲) جھنڈے کا پھریرا ہلنا لہرانا (۳) پروں کو پھڑپھڑانا۔

پھرانا: [ار۔ مص] (۱) گشت کرانا۔ گھمانا۔ چکر دینا۔ سیر کرانا (۲) لئے پھرنا۔ ساتھ لے جانا (۳) واپس کرنا۔ لوٹانا۔ ناپسند کرکے موڑنا۔ (۴) مخالف کرنا۔ بگاڑنا (۵) حیران کرنا۔ پریشان کرنا (۶) بھٹکانا پھیرے کرانا۔ پاؤں تڑوانا۔

پھراؤ: [ار۔ صف] (۱) وہ مال جس کی واپسی کا اقرار ہو (۲) پھرتا ہوا۔ لوٹتا ہوا۔

پھرائی: [ار۔ امث] (۱) واپسی (۲) واپس کرنے کا تاوان۔

پھُر پھُرانا: [ار۔ مص] (۱) پھُر پھُر کرنا (۲) کسی چیز کا ہوا میں حرکت کرنا۔ اُڑنا (۳) کان میں روئی کو جنبش دینا (۴) بالوں یا کسی ہلکی چیز کا ہوا میں لہرانا۔

پھُر پھُری: [ار۔ امث] کپکپی۔ لرزہ۔ تھرتھری۔

پھر پھند: [ار۔ اند] (۱) فریب۔ مکر۔ چھل (۲) داؤ۔ پیچ۔ (۳) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔

پھر پھندی: [ار۔ صف] چالیا۔ مکار۔ فریبی (۲) جھگڑالو داؤں چلانے والا۔

پھرت: [ار۔ امث] (۱) حرکت۔ گردش (۲) چلت۔ چکر لینا۔ ناچنا۔ گھوڑے کی گردش۔ گھوڑے کا پھرنا۔

پھُرت: [ار۔ امث] (۱) تیزی۔ جلدی۔ طراری (۲) ترت کے تابع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

پھرتا: [ار۔ صف] (۱) پھراؤ (۲) بٹا۔ کمیشن۔ دلالی۔

پھرتا بھاڑا: [ار۔ اند] واپسی کا کرایہ۔

پھرتا رہنا: [ار۔ محاورہ] (۱) واہی تباہی پھرنا۔ آوارہ پھرنا (۲) ڈانواں ڈول پھرنا (۳) گردش کئے جانا۔

پھُرتی: [ار۔ امث] چستی۔ تیزی۔ چالاکی۔

پھُرتی سے: [ار۔ متعلق فعل] فوراً۔ جلدی سے۔ تیزی سے۔

پھُرتی کرنا: [ار۔ مص وضعی] چستی ظاہر کرنا۔ کسی کام میں چالاکی دکھانا۔ جلدی کرنا۔

پھُرتی کھیل جانا: [ار۔ محاورہ] جلدی کر جانا۔ چالاکی کر جانا۔

پھُرتیلا: [ار۔ صف] چست چالاک۔ تیز ہوشیار۔ جلدی کام کرنے والا۔

پھرچا / پھرچھا: [ہ۔ اند] (۱) فیصلہ۔ حکم۔ تجویز (۲) بندوبست۔ انتظام (۳) تصفیہ (۴) رہائی۔ چھٹکارا۔ خلاصی (۵) آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا (۶) (صف) صاف۔ شفاف (۷) چمکیلا۔ روشن (۸) دیانت دار۔ انصاف پسند۔ صاف گو۔

پھرسا: [ہ۔ اند] کدال۔ پھاوڑا۔ کلہاڑی۔

پھرکی: [ہ۔ امث] (۱) چھوٹا سا پھرنے والا لٹو (۲) چکی۔ ریل۔ چکر کھانے والی چیز (۳) لکڑی یا لوہے کی وہ ٹکیہ جس کے بیچ میں دھاگا ہوتا ہے اور دونوں طرف پہیے سے کنارے بنے ہوتے ہیں (۴) چمڑے کا ٹکڑا جس پر کاتنے کا تکلا گردش کرتا ہے (۵) مدوّر لکڑی جسے تارکش استعمال کرتے ہیں (۶) چھوٹے پہیے کی شکل کی مدوّر لکڑی (۷) چرخی کی مدوّر لکڑی (۸) گیندے کی قسم کا ایک پھول۔

پھرکیٔ ڈنڈ: [ہ۔ اند] وہ بازو جو ورزش کے باعث بھرے ہوتے ہیں۔

پھرکی کی طرح پھرنا: [ار۔ محاورہ] ایک جگہ یا ایک حال پر قرار نہ ہونا۔

پھرنا: [ار۔ مص] (۱) ٹہلنا۔ گھومنا۔ چہل قدمی کرنا۔ سیر کرنا (۲) گردش میں آنا۔ چکر لگانا (۳) تبدیل ہونا۔ بدل جانا (۴) متوجہ ہونا (۵) براز کی حاجت رفع کرنا (۶) ٹیڑھا ہونا (۷) مکرنا پلٹنا (۸) چکر آنا۔ (۹) منحرف ہونا (۱۰) سرکش ہونا (۱۱) چکر آنا (۱۲) مشہور کرنا (۱۳) مارا مارا پھرنا۔

پھروانا: [ار۔ مص] واپس کرانا۔

پھُرہرا: [ار۔ صف] (۱) تری یا رطوبت پہنچنے کے بعد خشک ہونیوالا۔ (۲) خشک شدہ زخم (۳) چھلکا ہوا (۴) [اند] جھنڈے کے اوپر کا کپڑا۔ پرچم

پھُرہری: [ار۔ صف] دیکھئے "پھرہرا" جس کی یہ تانیث ہے۔ نیز دیکھئے "پھریری"

پھری: [ہ۔ امث] (۱) سپر۔ ڈھال (۲) روک۔ بچاؤ۔ حفاظت (۳) سوت اور بانس کی بنی ہوئی ڈھال جو اکثر پٹا کھیلنے والے

استعمال کرتے ہیں۔

پھریا: [ار۔ امث] (۱) گنوار عورتوں کا دوپٹا (۲) ہندو عورتوں کا لباس۔ (۳) وہ کپڑا جو چھوٹے بچوں کے نیچے بچھا دیتے ہیں۔

پھریرا: [ار۔ صف۔ اند] دیکھئے "پھرہرا"۔

پھریری: [ار۔ امث] (۱) بدن پر رونگٹے کھڑے ہوجانا جھرجھری لرزہ۔ خفیف سی کپکپی (۲) تنکے یا کسی پتلی سلائی پر لپیٹی ہوتی روئی۔ روئی کا پھاہا (۳) جوش۔ امنگ۔ لہر۔

پھریری آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) خوف یا سردی کے باعث رونگٹے کھڑے ہوکر بدن کانپ جانا (۲) جھرجھری آنا۔

پھریری چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پھریری آنا"۔

پھریری لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) جوش میں آنا (۲) کانپنا۔ تھرتھرانا (۳) امنگ پیدا ہونا (۴) لہر میں آنا۔ موج میں آنا (۵) روئی کا پھاہا لینا (۶) پرندے کا پر جھاڑنا (۷) کتے کا کان پھٹپھٹانا (۸) چوکنا ہونا (۹) تازہ دم ہونا۔

پھڑ: [ہ۔ امث] (۱) قمارخانہ جوا کھیلنے کا اڈا (۲) وہ جگہ جہاں سامان رکھ کر فروخت کرتے ہیں (۳) گاڑی کا بم۔ بمبو۔ بانس (۴) توپ کی گاڑی۔ چبوترا یا تپائی جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے۔

پھڑ باز: [ار۔ اند۔ صف فاعلی] جواری۔ قمار باز۔ جواریا۔ (ترکیب غلط ہے)

پھڑ بازی: [ار۔ امث] جوا کھیلنا۔ قماربازی۔ (ترکیب غلط ہے)

پھڑ پر رکھنا: [ار۔ محاورہ] بازی لگانا۔ داؤ لگانا۔ پھڑ پر لگانا۔

پھڑ پر لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پھڑ پر رکھنا"

پھڑ پھکنا: [ار۔ محاورہ] قمار بازی ہونا۔ جوا ہونا

پھڑ پھینکنا: [ار۔ محاورہ] جوا کھیلنا۔ قماربازی کرنا۔

پھڑپھڑانا: [ار۔ مص] (۱) تڑپنا۔ لوٹنا۔ بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ پھڑکنا (۲) پروں کو پھٹپھٹانا۔ جھڑجھڑانا بازو دے دے مارنا۔

پھڑپھڑاہٹ: [ار۔ امث] پر مارنے کی آواز۔ اضطراب۔ بے چینی۔

پھڑکا: [ار۔ اند۔ ق] تلوار کا پھل۔

پھڑک: [ار۔ امث] (۱) بے قراری۔ اضطراب۔ بے چینی۔ تڑپ (۲) پھڑک۔ تپش (۳) نتھنوں کی حرکت (۴) دھڑکن۔ حرکت۔

پھڑک اٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بےقرار ہوجانا۔ بے تاب ہوجانا (۲) خوشی سے بے تاب ہونا (۳) عاشق ہوجانا۔

پھڑک جانا: [ار۔ محاورہ] بے تاب ہوجانا۔ بے چین ہوجانا۔ مضطرب ہوجانا۔ بے قرار ہوجانا۔ لوٹ جانا۔ تڑپ جانا۔ عاشق ہوجانا فریفتہ ہوجانا۔ مشتاق ہوجانا۔

پھڑک کھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) تڑپنے کا صدمہ برداشت کرنا (۲) فریفتہ ہوجانا۔

پھڑکا مارنا: [ار۔ محاورہ] رُلانا۔ تڑپانا۔

پھڑکانا: [ار۔ مص] (۱) بے چین اور بے قرار کرنا۔ مضطرب کرنا۔ تڑپانا (۲) لٹانا۔ ترسانا۔ کبوتر کو پنجے پکڑ کر جھڑجھڑانا تاکہ دوبارہ اس جگہ نہ بیٹھے (۴) بھوک پیاس سے ترسانا (۵) بہت خوش کرنا۔

پھڑک پھڑک کر: [ار۔ متعلق فعل] سخت تکلیف اٹھاکر۔ ہاتھ پاؤں مارکر۔

پھڑکتا ہوا: [ار۔ صف] شوخ۔ چلبلا۔ برجستہ۔

پھڑکن: [ار۔ امث] دیکھئے "پھڑک"

پھڑکن کی اولاد: [ار۔ امث] بڑی تمنا کی اولاد۔ بڑی آرزو اور چاؤ سے پالی ہوئی اولاد۔

پھڑکنا: [ار۔ مص] (۱) تڑپنا۔ لوٹنا۔ تلملانا (۲) فریفتہ ہو جانا۔ مشتاق ہو جانا (۳) کسی عضو کا حرکت کرنا۔ جنبش کرنا (۴) نہایت مشتاق ہونا۔ آرزومند ہونا (۵) خوشی سے بیتاب ہونا (۶) پرندے کا بیتاب ہوکر پر مارنا۔ پھڑپھڑانا (۷) بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔

پھڑکی: [ہ۔ امث] (۱) موٹا پردہ (۲) حدفاصل۔

پھڑوانا: [ار۔ مص] "پھاڑنا" کا متعدی المتعدی۔

پھڑولنا: [ار۔ مص] (۱) گڈمڈ کرنا۔ بے ترتیب کرنا (۲) تلاش کرتے وقت چیزوں کو الٹ پلٹ کر دینا۔

پھڑی: [ہ۔ امث] پتھروں کا ڈھیر۔ ایک گز چوڑا ایک گز اونچا تیس گز لمبا پتھروں کا ڈھیر۔

پھڑی باز: [ہ۔ ف۔ صف] جُل دینے والا۔ فریبی۔ (ترکیب غلط ہے)

پھڑیا: [ہ۔ اند] (۱) وہ شخص جس کے مکان میں جوا ہوتا ہے (۲) متفرق اشیا بیچنے والا۔

پھُڑیا: [ہ۔ امث] چھوٹا پھوڑا۔ پھنسی (پھوڑا کی تصغیر)

پھس: [ار۔ کلمہ حقارت] ہارنے والے لڑکے کو چھیڑنے کے لئے کہتے ہیں۔ یعنی کچھ نہ ہوسکا۔

پھُس: [ار۔ امث] ہلکی آواز۔ خفیف سی آواز۔

پھُس دے سے کہنا: [ار۔ محاورہ] چپکے سے کہنا۔ آہستہ کہنا۔

پھس سے: [ار۔ متعلق فعل] آہستہ سے۔ چپکے سے۔

پھساکو: [ہ۔ اند] خراب تمباکو۔ پھیکا تمباکو۔

پھساؤ: [ہ۔ اند] گرفتاری۔

پھساوا: [ہ۔ اند] الجھاؤ۔ جھگڑا۔

پھساوٹ: [ار۔ امث] دیکھئے "پھساؤ"

پھُساہندا: [ار۔ صف] (۱) بدبودار (۲) نامعقول۔

پھس پھس: [ار۔ امث] بلی کو بلانے کی آواز۔

پھُس پھُس: [ار۔ امث] (۱) ہلکی آواز (۲) کاناپھوسی (۳) چلبلاپن۔ نرمائی۔

پھُس پھُسا: [ار۔ صف۔ مذ] (۱) ملائم۔ نرم۔ ڈھیلا (۲) پھیکا۔ بدمزہ خراب پھونس جیسا۔

پھس پھسا کر بیٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] کچی دیوار کا پانی کے اثر سے بیٹھ جانا۔

پھُس پھُسانا: [ار۔ مص] (۱) سرگوشی کرنا۔ کاناپھوسی کرنا۔ کان میں باتیں کرنا۔ نہایت آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔ برائی کرنا۔ بات کنکر ضبط نہ کرنا کھسر پھسر کرنا۔

پھُس پھُسی: [ار۔ صف] "پھس پھسا" کی تانیث۔

پھُس پھُساوٹ / پھُس پھُساہٹ: [ار۔ امث] کاناپھوسی۔

سرگوشی۔ کھسر پھسر۔

پھسڈی: [ار۔ صف] پیچھے رہنے والا۔ کھیل میں دوسرے کے مقابلے میں کمزوری دکھانے والا۔

پھسر پھسر: [ہ۔ امث] دیکھئے "پھُس پھساوٹ"

پھسکا: [ار۔ صف] کمزور۔ ڈھیلا۔

پھسکڑ/پھسکڑا: [ہ۔ اند] چارزانو بیٹھنے کی حالت۔ پاؤں پسار کر بیٹھنے کی حالت۔

پھسکڑا مار کر بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں پھیلا کر بیٹھنا۔ بے تکلف ہو کر بیٹھنا۔ بیہودگی سے بیٹھنا۔

پھسکنا: [ار۔ مص] (۱) دھسکنا۔ بیٹھ جانا۔ پھٹ جانا۔ گھسنا۔

پھُسکنا: [ار۔ مص] جُھنجلی کھانا۔ بچے کا آہستہ آہستہ رونا۔

پُھسکی: [ار۔ امث] وہ پاد جس کی آواز نہ ہو۔ حیوان کا گوز۔

پھُسکی: [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "پھسکا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پھسل پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) گر پڑنا (۲) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ کسی پر مائل ہونا۔

پھسل جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) رپٹنا (۲) وعدے سے پھر جانا (۳) فریفتہ ہونا۔

پھُسلا لینا: [ار۔ محاورہ] رضامند کر لینا۔ دم میں لانا

پھُسلانا: [ار۔ مص] بہلانا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا۔ جھانسا دینا۔

پھسلانا: [ار۔ مص] دیکھئے "پھسلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

پھُسلاوا: [ار۔ اند] فریب۔ جھانسا۔ بہکاوا۔

پھسلن: [ار۔ امث] لغزش۔ پاؤں پھسلنے کی جگہ۔

پھسلنا: [ار۔ مص] (۱) لڑھکنا۔ رپٹنا (۲) چوکنا۔ لغزش کرنا (۳) بہکنا۔ گمراہ ہونا (۴) فریفتہ ہونا۔ مائل ہونا۔

پھسلنا: [ار۔ صف۔ مذ] وہ چیز جس پر سے پھسل جائیں۔

پھسلنا پتھر: [ار۔ اند] چکنا پتھر جس پر بیٹھ کر پھسلتے ہیں۔

پھسلنی جگہ: [ار۔ امث] وہ جگہ جس میں پھسلن ہو۔

پھسلواں: [ار۔ صف] جہاں پھسلن ہو۔ پھسلانے والی جگہ۔

پھسلے پڑنا: [ار۔ محاورہ] بہت مائل ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔

پھُسینڈا: [ار۔ صف] (۱) گندہ۔ بُسا ہندا۔ بدبودار (۲) نامعقول۔

پھُسینڈی: [ار۔ صف] دیکھئے "پھسینڈا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پھش: [ار۔ کلمۂ نفرت] تف۔ تھو

پھشی: [ار۔ مث] چھوٹے بچوں کا پیشاب۔

پھک: [ار۔ امث] کسی چیز کے ایک دم اُڑنے، نکلنے یا گھسنے کی آواز۔

پھک دے سی/پھک دے نی/پھک سے: [ار۔ متعلق فعل] دفعتہً۔ فوراً۔ ترت۔ پھٹ سے۔

پھُکا جانا: [ار۔ محاورہ] آگ یا بخار یا عشق کی گرمی سے جلا جانا۔

پھکارنا/پھکیرنا: [ار۔ مص] (۱) اکھاڑنا۔ الٹنا (۲) سرنگا کرنا (۳) پھیلانا۔

پریشان کرنا (۴) بال کھولنا (۵) بے شرم ہونا۔ بے لحاظ ہونا۔

پھکڑ: [ار۔ امث و مذ] گالی گلوچ۔ فحش اور ناشائستہ گفتگو۔

پھکڑ باز: [ار۔ ف۔ صف فاعلی] گالی گلوچ میں بات کرنے والا۔ ہزلیات بکنے والا۔ گندی گفتگو کرنے والا۔ مغلظات بکنے والا۔ فحش گو۔ (ترکیب غلط ہے)

پھکڑ بازی: [ار۔ ف۔ امث] دیکھئے "پھکڑ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (ترکیب غلط ہے)

پھکڑ لڑنا: [ار۔ محاورہ] گالی گلوچ سے لڑنا۔ ایک سے ایک نئی گالی گھڑنا۔

پھکڑ ہونا: [ار۔ محاورہ] فحش مذاق ہونا۔ بے تکلفی ہونا۔

پھکڑی: [ار۔ امث] بداخلاقی سے پیش آنے کا فعل (۲) بدتہذیبی بے عزتی۔ خواری۔

پھکنا: [ار۔ اند] مثانہ۔ پیشاب کی تھیلی۔

پھُکنا: [ار۔ مص] (۱) جلنا۔ آگ لگنا (۲) سوزش ہونا۔ جلن ہونا (۳) ناحق خرچ ہونا۔ روپیہ برباد ہونا (۴) کشتہ ہونا۔

پھکنا: [ار۔ مص] دیکھئے "پھینکنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پھکنی: [ہ۔ امث] پھانکنے کی دوا۔ پھنکی۔

پھُکنی: [ہ۔ امث] دھونکنی۔ پھونک کر آگ جلانے کا آلہ۔

پھکیت: [ہ۔ صف] گتکا باز۔ لکڑی کھیلنے والا۔ پٹے باز۔

پھکیتی: [ہ۔ امث] پٹے بازی۔ گتکے کی لڑائی۔ لکڑی پھینکنے کا فن۔

پھگڑی: [ار۔ امذ۔ ق] ایک کھیل۔

پھگوا: [ہ۔ اند] ہولی کی خوشی کا انعام۔ وہ مٹھائی اور کپڑا جو ہولی کی خوشی میں خدمتگاروں کو دیا جاتا ہے۔ (۲) ہولی۔ پھاگ۔

پھگی: [ار۔ صف۔ ق] مدھم۔

پھُل: [ار۔ اند] پھول کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے مثلاً پھلواری۔

پھل: [ار۔ اند] (۱) ثمر۔ بار۔ میوہ۔ فروٹ۔ کسی درخت یا پودے کی پیداوار (۲) فال۔ شگون۔ تعبیر۔ استخارہ۔ خواب (۳) نتیجہ۔ ثمر۔ حاصل۔ نفع۔ فائدہ (۴) نسل۔ اولاد (۵) دھار۔ نوک۔ انی (۶) اجر۔ بدلہ۔ عوض (۷) بخشش۔ انعام (۸) پھال۔ پھالا (۹) خارج قسمت۔ حاصل قسمت۔ تقسیم کے سوال کا جواب (۱۰) کسی دھار والے آلہ کا وہ حصہ جو قبضے یا دستے کے علاوہ ہوتا ہے۔

پھل آنا: [ار۔ محاورہ] پھل پیدا ہونا

پھل اُترنا: [ار۔ محاورہ] پھل تیار ہونا۔

پھل بھُول: [ار۔ اند] پھل پوچھنے کا کھیل۔

پھل پات: [ار۔ اند] میوہ۔ ترکاری۔ پھل پھلاری۔

پھل پانا: [ار۔ محاورہ] نتیجہ حاصل کرنا۔ ثمرہ پانا۔ کئے کی سزا پانا۔ صلہ پانا۔ (۲) بھلائی پانا۔ فلاح پانا (۳) اولاد ہونا۔

پھل پھلاری: [ار۔ امث] قسم قسم کے میوے اور ترکاریاں۔

پھل تاڑ: [ار۔ اند] تاڑ کا مادہ درخت۔

پھل جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کثرت سے پھل نکلنا (۲) بارور ہو جانا۔

پھل پھلنا: [ار- محاورہ] پھل کا پک کر بازار میں آنا۔
پھل دار: [ار- صف] میوہ دار - ثمردار - پھلنے والا درخت۔ (ترکیب غلط ہے)
پھل دایک: [ہ- صف] انعام دینے والا - نفع بخشنے والا۔
پھل دینا: [ار- محاورہ] صلہ دینا - بدلہ دینا - ثمر دینا۔
پھل کا نیا کرنا: [ار- محاورہ] نیا پھل پہلی دفعہ کھانا۔ عورتیں نیا پھل نیاز کرکے کھاتی ہیں اور اس کو نیا کرنا کہتی ہیں۔
پھل کھانا آسان نہیں: [ار- مثل] کامیابی محنت کے بغیر نہیں ہوتی۔
پھل لانا: [ار- محاورہ] بارور ہونا - نتیجہ ظاہر ہونا۔
پھل لگنا: [ار- محاورہ] درخت پر پھل آنا۔
پھل ملنا: [ار- محاورہ] (۱) صلہ پانا - نتیجہ پانا - ثمرہ پانا (۲) کئے کی سزا پانا۔
پھلا: [ہ- اند] (۱) مکئی کی کھیل (۲) آنکھ کا ٹینٹ (۳) وہ چیز جو پھول کی طرح پھول جائے - آنکھ کی پتلی۔
پھلا پڑنا: [ار- محاورہ] آنکھ میں پھلی پڑجانا - ٹینٹ ہوجانا۔
پھلا پھولا: [ار- صف] (۱) نصیبے والا - بھاگوان - قسمت والا - صاحب اولاد - صاحب مال و دولت (۲) ہرا بھرا - آباد و شاد - خوش۔
پھلاسرا / پھلاسڑا: [ہ- اند] دھوکا - فریب - بہلاوا - مغالطہ۔
پھلاسرے / پھلاسڑے میں آنا: [ار- محاورہ] فریب میں آنا - دھوکا کھانا۔
پھلانا: [ار- مص] (۱) پھونک بھرنا - پھونے لگانا (۲) موٹا کرنا (۳) خوشامد سے مغرور کرنا۔
پھلانگ: [ہ- امث] چھلانگ - جست - کود۔
پھلانگنا: [ار- مص] جست بھرنا - پھاند جانا - اچک جانا - کسی چیز کے اوپر سے کود جانا۔
پھلاؤ: [ہ- اند] ورم - سوجن۔
پھلاہی: [ہ- امث] کیکر کی ایک قسم جس کی مسواکیں بنتی ہیں
پھلبہری: [ہ- امث] دیکھئے "برص"
پھل پھانک: [ار- امث- ق] پھول کی پتی - برگ گل۔
پھلپھلا: [ہ- صف] (۱) پھولا ہوا - پلپلا (۲) اوچھا - کم ظرف۔
پھل پھلاری: [ار- اند- ق] پھل اور سبزی۔
پھلت: [ہ- امث] (۱) پیداوار - باروری (۲) ستاروں کی چال کا اثر۔
پھلتا: [ہ- اند] گدکا۔
پھلٹی: [ہ- امث] پھولوں کی دکان - پھولوں کا بازار۔
پھلجھڑی: [ہ- امث] (۱) ایک قسم کی آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں (۲) فتنہ انگیز بات - فساد کی بات (۳) فتنہ پرداز عورت - لڑائی جھگڑا کرادینے والی عورت۔
پھلجھڑی چھوٹنا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پھلجھڑی چھوڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پھلجھڑی چھوڑنا: [ار- محاورہ] (۱) پھلجھڑی کو آگ دکھانا (۲) فساد کی بات کرنا - فتنہ اٹھانا۔

پھلڈا: [ار- اند- ق] تلوار کا پھل۔
پھلروا: [ہ- صف] پھول جیسا - نازک - خوبصورت - ناز و نعمت میں پلا ہوا۔
پھلڑا: [ہ- اند] پھل کی تصغیر - کسی دھار والے آلہ کا پھل۔
پھلسا: [ہ- اند] (۱) دروازہ - پھاٹک - دروازے کے کواڑ (۲) روک اور حفاظت کا سامان (۳) گاؤں کا بزرگ - پنچ (۴) شہر کا ایک حصہ۔
پھلسا ٹوٹا گاؤں لوٹا: [ار- مثل] بے احتیاطی اور نااتفاقی میں نقصان ہوتا ہے۔
پھلسرا: [ہ- صف] وہ کبوتر جس کا سر سفید اور بقیہ جسم پر رنگین پر ہوں۔
پھل سیجڑی: [ار- امث- ق] پھولوں کی سیج۔
پھل نیر: [ار- اند- ق] گلاب کا عرق۔
پھلک: [ار- اند- ق] چھالا - پھپھولا۔
پھلکا: [ار- اند] (۱) چھالا - آبلہ - پھپھولا (۲) پھل - دھار - نوک (۳) دنگل - اکھاڑا (۴) نرم زمین۔
پھلکا پڑنا: [ار- مص وضعی] آبلہ ہونا - پھپھولا پڑنا - چھالا پڑنا۔
پھلکا: [ہ- اند] (۱) ہلکا - سبک (۲) توے پر پکی ہوئی پتلی سبک روٹی۔
پھلکاری: [ہ- امث] گل بوٹے کا کام - ایک قسم کا کپڑا جس میں جدا جدا پھول بنے ہوتے ہیں۔
پھلکی: [ہ- امث] پھلکا کی تصغیر - پکوڑی۔
پھلنا: [ار- مص] (۱) درخت کا بارآور ہونا - میوہ لگنا (۲) مبارک ہونا (۳) چیچک کے دانوں یا پھنسیوں کا بکثرت جسم پر نکل آنا (۴) زیبا ہونا (۵) خاندان بڑھنا - کثرت سے اولاد ہونا (۶) فلاح ہونا - باقبال ہونا - خوش نصیب ہونا (۷) کامیاب ہونا (۸) پروان چڑھنا - منافع ہونا۔
پھلنا پھولنا: [ار- محاورہ] (۱) درختوں کا بارآور ہونا (۲) صاحب دولت ہونا - صاحب اقبال ہونا
پھلنگ: [ہ- امث] دیکھئے "پھننگ"
پھلوا: [ہ- اند] گرہ دار - پھندنا - جھالر - گپھا۔
پھلوا: [ہ- اند] ایک قسم کا پان - ایک دوا کا نام۔
پھلواری / پھلواڑی: [ہ- امث] (۱) پھولوں کا چھوٹا سا باغ۔ (۲) آل اولاد۔
پھلوری: [ہ- امث] پکوڑی - پھلکی - بیسن کا نمکین گلگلا جو تیل میں تلا جاتا ہے۔
پھلی: [ار- امث- ق] ایک زیور - یعنی ناک کی کیل۔
پھلی: [ہ- امث] (۱) پھلا کی تصغیر - ایک سفید داغ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے (۲) چھاننے میں ڈھلنے کی ایک خوشبودار دوا (۳) بچے کا آلہ تناسل (۴) پھول کی شکل کا ایک زیور جو عورتیں ناک میں پہنتی ہیں۔
پھلی: [ار- امث] سبزی وغیرہ کا وہ غلاف جس میں بیج یا دانے ہوتے ہیں۔

پھلی بھی نہ پھوڑنا: [ار- محاورہ] ذرا سا کام بھی نہ کرنا۔
پھلی لگی نہ پاپڑی پٹاک بہو آپڑی: [ار- مثل] بے محنت مشقت کام ہو جانا۔
پھلیاں دھرنا: [ار- محاورہ] بچوں کے دانت نکلنے سے پہلے مسوڑھوں کا سوجنا
پھلیر: [ہ- صف] سفید رنگ میں سیاہ داغ یا سیاہ میں سفید داغ ایسا جانور منحوس سمجھا جاتا ہے۔
پھلیری: [ار- امث- ق] کلیل۔
پھلیل: [ہ- اند] خوشبودار تیل۔ وہ تیل جو خوشبودار پھولوں میں بسا کر بنایا گیا ہو۔
پھلیندا: [ار- اند] بڑی جامن۔
پھن: [ہ- اند] سانپ کا پھیلا ہوا سر۔ سانپ کی کلغی۔
پھن پٹکنا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پھن مارنا"
پھن مارنا: [ار- محاورہ] (۱) سانپ کا اپنا پھن کسی چیز پر مارنا (۲) کاٹنا۔ ڈسنا (۳) کوشش کرنا۔
پھنپھنانا: [ار- مص] (۱) سانپ کا غصے میں پھن کو حرکت دے کر پھنکارنا (۲) بہت غصے میں آنا (۳) سانپ کی طرح پھرتی سے اُبھرنا (۴) پودے کا بہت جلد پیدا ہونا۔ بڑھنا (۵) اُچھلنا۔ کودنا۔ چُستی سے چلنا (۶) سیدھا کھڑا ہو جانا۔
پھند: [ہ- اند] (۱) مکر۔ فریب۔ دم (۲) پھندا کا مخفف۔ جال۔ کمند۔ حلقہ۔
پھند / پھندا کٹنا: [ار- محاورہ] مصیبت سے نجات پانا۔ قرض سے سبکدوش ہونا
پھندا: [ہ- اند] رسی، دھاگے یا تار کا حلقہ۔ گتھی (۲) جال۔ دام۔ مصیبت۔ قید (۳) وہ گُتھی جو بال یا دھاگے میں پڑ جاتی ہے۔ (۴) فریب۔ دم (۵) قابو۔ بس۔
پھندا پڑنا: [ار- محاورہ] گرہ پڑ جانا۔ الجھنا (۲) کھاتے پیتے کسی چیز کا گلے میں اٹک جانا۔ اچھو ہونا (۳) طائر کے پکڑنے کے جال لگنا۔
پھندا چھڑانا: [ار- محاورہ] قید سے رہا کرنا۔ روک دُور کرنا۔
پھندا دینا: [ار- محاورہ] گرہ دینا۔ پھانسا لگانا
پھندا ڈالنا: [ار- محاورہ] الجھا دینا۔ بکھیڑا ڈالنا۔
پھندا لگانا: [ار- محاورہ] جال بچھانا۔ فریب دینا۔
پھندا لگنا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پھندا پڑنا"
پھندا مارنا: [ار- محاورہ] جال میں پھنسانا۔ پھانسنا۔
پھندانا: [ار- مص] دیکھئے "پھاندنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
پُھندنا: [ار- اند] دھاگے ریشم یا کلابتون کا گچھا یا جھالر۔
پُھندنا سا: [ار- صف] ننھا سا۔ چھوٹے قد کا۔
پھندوڑنا: [ار- مص] کپڑوں کی گٹھڑی کو الٹ پلٹ کرنا۔
پھندے سے چھٹنا / چھوٹنا / نکلنا: [ار- محاورہ] (۱) پھندے سے نکلنا۔ جال سے نکلنا۔ نجات پانا (۲) مصیبت سے نجات پانا۔ آفت ٹلنا۔ چنگل سے چھٹنا۔ قابو سے نکلنا۔
پھندے میں آنا / پڑنا / پھنسنا: [ار- محاورہ] (۱) دام میں گرفتار ہونا۔ (۲) فریب میں آنا (۳) عشق میں مبتلا ہونا (۴) مصیبت میں گرفتار ہونا۔

(۵) بس میں ہونا۔ قابو میں ہونا۔
پھندے میں پھنسانا: [ار- محاورہ] (۱) فریب میں لانا (۲) مصیبت میں ڈالنا (۳) قابو میں لانا (۴) قبضہ میں دینا (۵) جنجال میں پھانسنا۔
پھندے میں لانا: [ار- محاورہ] جال میں پھانسنا۔ دم دینا۔
پھندیت: [ہ- اند] (۱) وہ سدھایا ہوا پرندہ یا چوپایہ جو اپنی آواز سے اپنے ہم جنسوں کو دھوکا دے کر جال میں پھنسواتے (۲) ہاتھیوں کا شکار کرانے والا ہاتھی (۳) جو شخص دوسروں کو اپنا ساتھی بنائے۔
پھنسانا: [ار- مص] دیکھئے "پھنسنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
پھنساؤ: [ہ- اند] گرفتاری۔ روک۔
پھنساوا: [ہ- اند] قید۔ دقت۔ الجھاؤ۔ وہ جگہ جہاں سے نکلنا مشکل ہو۔
پھنسنا: [ار- مص] (۱) اٹکنا۔ اُلجھنا (۲) گرفتار ہونا۔ ماخوذ ہونا (۳) آشنائی ہونا۔ کسی کے عشق میں مبتلا ہونا (۴) مقید ہونا (۵) دوسرے کے قابو میں ہونا (۶) بھنچنا۔ دبنا (۷) کیچڑ یا دلدل میں دھنس جانا۔
پھنسوانا: [ار- مص] دیکھئے "پھنسنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
پُھنسی: [ہ- امث] چھوٹا پھوڑا۔ وہ دانہ جو خون کی خرابی سے جسم پر ظاہر ہوتا ہے۔
پھنکا: [ہ- اند] سفوف یا کسی چیز کے ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔ پھکّا
پھنکا لگانا / مارنا: [ار- مص] ایک ہی دفعہ کوئی چیز منہ میں ڈالنا۔
پھنکار: [ہ- امث] سانپ کے سانس چھوڑنے کی آواز۔ دم۔ پھونک۔
پھنکار مارنا: [ار- مص ومعنی] دیکھئے "پھنکارنا"
پھنکارنا: [ار- مص] (۱) سانپ کا سانس چھوڑنا (۲) سانپ کی طرح زور کے ساتھ منہ سے ہوا نکالنا (۳) غصہ میں آکر پھوں پھوں کرنا۔
پھنکانا: [ار- مص- ق] جُدا کرنا۔
پھنکنا: [ار- مص] دیکھئے "پھینکنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پُھنکنا: [ار- مص] دیکھئے "پھونکنا" جس کا یہ لازم ہے۔
پھنکنی: [ہ- امث] دیکھئے "پھکنی"
پھنکوانا / پھکوانا: [ار- مص] دیکھئے "پھینکنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
پُھنکوانا / پُھکوانا: [ار- مص] دیکھئے "پھونکنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
پھنکی: [ہ- امث] دیکھئے "پھنکا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
پُھنگی: [ہ- امث] (۱) شاخ کا سرا (۲) ناک کی نوک۔
پھنگنی: [ار- امث- ق] پھوڑا۔ پھنسی
پھننگ: [ہ- امث] (۱) درخت کی چوٹی۔ شاخ کا سرا (۲) کوڑے کا سرا۔
پُھنو: [ہ- امث] ننھے بچوں کا آلۂ تناسل۔
پھنی: [ہ- اند- مث] (۱) ایک قسم کا پھن والا سانپ (۲) گوٹا وغیرہ بننے کا آلہ۔
پھنی: [ہ- امث] چھوٹا پچانا جو آرہ کش استعمال کرتے ہیں۔
پُھنی / پُھنیا: [ہ- امث] (۱) پھندنا (۲) چھوٹے بچہ کا آلۂ تناسل۔
پھنبارا: [ار- اند- ق] فوارہ۔
پھو: [ہ- امث] پھونکنے کی آواز۔

پھُوا: [ہ۔امث] باپ کی بہن

پھُواپھو: [ہ۔اند] لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں لڑکیاں باہم ہاتھ ملا کر حلقہ میں چک پھیریاں لیتی ہیں۔

پھُوار: [ہ۔امث] مہین مہین۔ باریک باریک بوندیں۔ ہلکی بارش (افعال: اڑانا۔ اڑنا۔ پڑنا۔ چھوڑنا) ان معنوں میں پھوہار زیادہ فصیح ہے (۲) ایک قسم کا باریک کپڑا۔

پھوارا: [ہ۔امث] "فوارہ" دیکھئے۔

پھوپا/پھوپھا: [ہ۔اند] پھوپھی کا خاوند۔

پھوپو/پھوپھو: [ہ۔امث] دیکھئے "پھوپھی"

پھوپی/پھوپھی: [ہ۔امث] باپ کی بہن

پھُوپھس/پھُوپس: [ہ۔امث] دیکھئے "پھپیا ساس"

پھوپھسرا/پھوپسرا: [ہ۔اند] دیکھئے "پھپیا سسر"

پھوٹ (واو مجہول سے) [کلمۂ تفریق] تف۔ لعنت۔

پھُوٹ: [ہ۔امث] (۱) نفاق۔ نا اتفاقی۔ بگاڑ (۲) کینہ فساد۔ (۳) ٹوٹ پھوٹ۔ شکستگی (۴) عداوت۔ بغض (۵) خربوزے کی قسم کا ایک پھل جو پک کر پھٹ جاتا ہے۔

پھُوٹ آنا: [ار۔محاورہ] (۱) باہر نکل آنا۔ نمودار ہونا (۲) کلا نکلنا

پھُوٹ بہنا: [ار۔محاورہ] (۱) پانی کا دیوار توڑ کر نکل جانا (۲) پھوڑا پھوٹ کر مواد جاری ہو جانا (۳) بھید کھل جانا۔ کینہ ظاہر ہو جانا (۴) زار زار رونا۔

پھُوٹ پڑنا: [ار۔محاورہ] نا اتفاقی ہونا۔ دشمنی ہونا۔ اَن بن ہونا۔ جدائی ہونا (۲) زمین سے یکایک سوت نکل پڑنا۔

پھُوٹ پھٹک: [ہ۔امث] علیحدگی۔ جدائی۔

پھوٹ پھٹک رہنا: [ار۔محاورہ] ان بن رہنا۔ جھگڑا رہنا۔

پھوٹ پھوٹ کے/کر رونا: [ار۔محاورہ] زار زار رونا۔ بہت آنسو بہانا۔ جی کھول کر رونا۔

پھوٹ کر/کے رونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پھوٹ پھوٹ کے رونا"

پھوٹ ڈالنا: [ار۔محاورہ] دشمنی پیدا کرانا۔ نا اتفاقی کرا دینا جدائی کرانا۔

پھوٹ سا کھل جانا: [ار۔محاورہ] ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ شق ہو جانا۔

پھوٹ کر نکلنا: [ار۔محاورہ] درخت سے کوئی شاخ نکلنا (۲) زمین سے کسی چیز کا نکلنا (۳) کسی سیال چیز کا کسی اور چیز سے نکل جانا۔

پھُوٹ نکلنا: [ار۔محاورہ] (۱) جسم پہ پھنسیاں ہو جانا۔ مواد کا جسم پہ ظاہر ہو جانا (۲) نمودار ہونا۔ ظاہر ہونا (۳) کسی سیال چیز کا زور سے بہہ نکلنا۔ ٹپکنا (۴) زور سے کسی چیز کا بہنا جاری ہونا (۵) بھید کھل جانا۔ راز ظاہر ہونا۔

پھوٹ ہونا: [ار۔محاورہ] نفاق ہونا۔ نا اتفاقی ہونا

پھُوٹا: [ار۔صف] ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔

پھوٹا پڑنا: [ار۔محاورہ] خود بخود ظاہر ہو جانا۔

پھوٹا مُقدّر: [ار۔ع۔اند] بگڑا نصیب۔ بُری قسمت۔

پھوٹانے: [ار۔اند۔ق] بھنے ہوئے چنے۔

پھُوٹک: [ہ۔امث] (۱) ریزہ۔ وہ چیز جو ریزہ ریزہ ہو جائے۔ ریزگاری۔

پھُوٹن: [ہ۔امث] (۱) ناراضی۔ نا اتفاقی (۲) اعضا شکنی۔

پھوٹنا: [ار۔مص] (۱) ٹوٹنا۔ تڑقنا (۲) کھلنا۔ شگفتہ ہونا۔ جیسے کلی پھوٹنا (۳) (آنکھ کے واسطے) روشنی جاتی رہنا (۴) راز افشا ہونا۔ بھید کھل جانا (۵) (رنگ کے لئے) نمایاں ہونا۔ جھلکنا (۶) (سر یا زانو کا) زخمی ہونا۔ پھٹنا (۷) (چھالے یا پھوڑے میں) سوراخ ہو جانا (۸) نابالغی کا زمانہ گزرنے سے آواز صاف ہو جانا (۹) کوڑھ کی بیماری سے انسان کا جسم خراب ہو جانا۔ کوڑھ ہونا۔ پھنسیاں نکلنا (۱۰) کاغذ پر سیاہی کا تہہ توڑ کر نمایاں ہونا (۱۱) شاخ پتے یا کونپل کا برآمد ہونا۔ (۱۲) جدا ہونا۔ فریق مخالف سے سازباز کر کے دوست سے جدا ہونا۔ رازدار کا غیر سے ساز کرنا (۱۳) ابھرنا۔ نکلنا۔ ظاہر ہونا (۱۴) تحقیراً کہنا۔ بولنا (۱۵) پھٹنا (۱۶) پانی گرم ہو کر چھٹنا۔ جوش میں آنا (۱۷) بو ظاہر ہونا۔ خوشبو پھیلنا (۱۸) توڑ کر نکل جانا (۱۹) زخم یا پھوڑے کا پھٹ کر آلائش نکلنا۔
معانی نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۱۶، ۱۷، ۱۸ میں پھوٹنا ہی مستعمل ہے ٹوٹنا نہیں اور معانی نمبر ۱، ۷، ۱۲، ۱۵، ۱۹ میں پھوٹنا اور ٹوٹنا دونوں مستعمل ہیں۔ معانی نمبر ۱ میں مٹی کے برتن کے لئے پھوٹنا اور شیشے کے برتن کے لئے ٹوٹنا استعمال ہوتا ہے۔

پھُوٹی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے "پھوٹا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پھوٹی آنکھ: [ار۔امث] تحقیراً آنکھ۔

پھوٹی آنکھ کا تارا: [ار۔اند] نہایت عزیز بیٹا جو کئی بیٹوں میں سے زندہ بچا ہو۔

پھوٹی آنکھ کا دیدہ: [ار۔اند] دیکھئے "پھوٹی آنکھ کا تارا"

پھوٹی آنکھ/آنکھوں/دیدوں/نظروں نہ بھانا: [ار۔محاورہ] ذرا بھی گوارا نہ ہوا۔ بھلا معلوم نہ ہونا

پھوٹی آنکھوں سے سوجھتا ہے: [ار۔محاورہ] کچھ دکھائی دیتا ہے۔ کچھ سوجھتا ہے۔

پھوٹی تقدیر/قسمت: [ار۔ع۔امث] دیکھئے "پھوٹا مقدر"

پھوٹی کوڑی: [ار۔امث] نہایت حقیر رقم۔ ادنیٰ رقم۔

پھوٹی کوڑی پاس نہ ہونا: [ار۔محاورہ] کچھ بھی پاس نہ ہونا۔

پھوٹی ہانڈی آواز سے پہچانی جاتی ہے: [ار۔مثل] نقص آسانی سے معلوم ہو جاتا ہے۔

پھُوٹے: [ار۔صف] دیکھئے "پھوٹا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

پھُوٹے منہ سے: [ار۔متعلق فعل] بُرے منہ سے۔ بددلی سے۔

پھُوٹے نصیب: [ار۔اند] بدقسمتی۔ بُرا مقدر۔ بُری قسمت۔

پھوَڑ: [ار۔صف] دیکھئے "پھوہڑ"

پھوڑا: [ہ۔اند] (۱) بڑی پھنسی۔ گومڑ۔ گومڑ۔ جسم کا سخت ابھار جس میں پیپ پیدا ہو جاتی ہے (۲) بہت تکلیف دہ خیال (۳)

بہت آزار رساں اولاد۔
پھوڑا بہنا: [ار۔مص] پھوڑے سے مواد جاری ہونا۔
پھوڑا بیٹھ جانا: [ار۔مص وضعی] پھوڑا مندمل ہوجانا۔
پھوڑا پکنا: [ار۔مص] پھوڑے کا نرم پڑجانا۔ پیپ سے بھرجانا۔
پھوڑا پھوٹنا: [ار۔محاورہ] (۱) پھوڑا پک کر مواد نکلنا (۲) بُری بات ظاہر ہونا۔
پھوڑا ٹپکنا: [ار۔مص] پھوڑے میں ٹیس ہونا۔
پھوڑا چھیڑنا: [ار۔محاورہ] پھوڑے میں نشتر دینا۔
پھوڑا رِسنا: [ار۔مص] پھوڑے سے تھوڑا تھوڑا مواد خارج ہونا۔
پھوڑا لپکنا: [ار۔مص] پھوڑا ٹپکنا۔ پھوڑے میں جلن ہونا۔
پھوڑا نکلنا: [ار۔مص] بڑی پھُنسی پیدا ہونا۔
پھوڑنا: [ار۔مص] (۱) توڑنا۔ ٹکڑے کرنا (۲) دیوار میں سوراخ کرنا (۳) زخمی کرنا (۴) (آنکھ کے ساتھ) اندھا کرنا (۵) (قسمت کے ساتھ) بدقسمت بنانا (۶) ظاہر کرنا۔
پھوڑے کا منہ: [ار۔اند] پھُنسی میں وہ جگہ جہاں سے پھوٹتی ہے۔
پھُوس: [ار۔اند] (۱) وہ لمبی گھاس جس سے چھپر وغیرہ بناتے ہیں (۲) پرانی خشک گھاس (۳) (صف) نہایت ضعیف۔ بہت بوڑھا (۴) ہلکا تمباکو جو کڑوا نہ ہو۔ (۵) جلد جل جانے والا۔
پھُوس کا تاپنا: [ار۔محاورہ] کمینے سے فائدہ کی امید رکھنا۔ (۲) فضول کام کرنا۔
پھُوس کی آگ: [ار۔امث] ناپائدار چیز۔
پھُوس میں چنگاری ڈالنا: [ار۔محاورہ] فساد کرانا۔ اشتعال دینا۔
پھُوسرا / پھوسڑا: [ار۔اند] (۱) ریشم۔ لکڑی کاغذ۔ کپڑے وغیرہ کے ریشے (۲) تحقیراً۔ بچہ اولاد۔
پھُوسی: [ہ۔امث] پھوس۔ بھوسا۔ کوڑا کرکٹ۔
پھوک: [ہ۔اند] (۱) کسی چیز کو نچوڑنے کے بعد بچنے والا فضلہ (۲) (صف) خالی۔ کھوکھلا۔ نچوڑا ہوا۔ بے وزن۔ بدذائقہ (۳) بے گھی کا۔ اُبلا (۴) (دلالوں کی اصطلاح میں) چار۔
پھوکا: [ہ۔صف] ہلکا۔ سُبک۔ خالی۔ جس میں کوئی طاقت نہ ہو۔
پھوکا پھن: [ار۔اند۔ق] کھلا ہوا پھن۔
پھوکٹ (پُھکٹ): [ہ۔امث] (۱) مفت۔ بے دام (۲) نالائق۔ نکما۔ مفلس۔
پھوکٹ کا: [ار۔صف] مفت کا۔ بے دام
پھوکٹ میں: [ار۔صف] خالی۔ بغیر خرچ کے۔ مفت میں۔
پھوکل: [ار۔صف] (۱) خالی (۲) مفلس۔ کھوکھلا۔
پھوکلا / پُھکلا: [ار۔صف] خالی۔ مُفلس۔ جس کے پاس کچھ نہ ہو۔
پھوگنا: [ار۔مص۔ق] پھولنا۔
پھُول: [ار۔اند] (۱) رنگین پتیوں کا گچھا۔ کھلی ہوئی کلی۔ گُل (۲) بیل بوٹے کے وہ نقش جو کپڑوں وغیرہ پر بنائے جاتے ہیں (۳) مسلمان مُردے کے تیسرے یا پانچویں دن کا فاتحہ (۴) ہندو مُردے کی جلی ہڈیاں جو مرنے کے تیسرے دن بعد گنگا میں بہانے کے لئے بھیجی جاتی ہیں (۵) شراب دوآتشہ (۶) شرر۔ شرارہ۔ پتنگا (۷) ایک مرکب دھات کانسی (۸) نقش و نگار (۹) حیض (۱۰) ساگ کے سوکھے ہوئے پتے (۱۱) پھلبہری کے داغ (۱۲) کھانسنے تمباکو کے پتے (۱۳) کسی پتلی چیز کے جاکر سکھائے ہوئے ورق (۱۴) پھول کی شکل میں کاٹے ہوئے پان (۱۵) پیتل کا نشان جو ڈھال پر بنا ہوتا ہے (۱۶) نوک۔ دھار (۱۷) چراغ کی بتی کا جلا ہوا سرا (۱۸) انگلی کی پور۔ چھلی (۱۹) آم کا بور (۲۰) تاش کا ایک رنگ جس کی شکل سیاہ رنگ کے پھول کی سی ہوتی ہے۔ (۲۱) (صف) ہلکا۔ سُبک۔
پھول آنا: [ار۔محاورہ] درخت میں پھول لگنا (۲) حیض آنا۔ عورت کا بالغ ہونا۔
پھول آتے ہیں تو پھل بھی آئے گا: [ار۔مثل] عورتیں بے اولاد عورت کی تسلی کے لئے کہتی ہیں کہ اللہ اولاد بھی دے گا۔
پھُول اُترنا: [ار۔محاورہ] شاخ سے پھولوں کا ٹوٹنا۔ جُدا ہونا
پھُول اُٹھنا: [ار۔محاورہ] سوم کا فاتحہ ہونا۔
پھُول باغ میں ہی خوب کھلتا ہے: [ار۔مثل] اپنے ہم جنسوں میں ہی خوشی ہوتی ہے۔
پھُول بُجھنا: [ار۔محاورہ] شرارہ بُجھنا۔
پھُول بیٹھنا: [ار۔محاورہ] اینٹھنا۔ ناراض ہونا۔ روٹھ جانا۔
پھُول پان: [ار۔اند] (۱) انجام کار نتیجہ۔ برائی بھلائی (۲) نازک دھان پان۔
پھُول پان دینا: [ار۔محاورہ] خاطر مدارات کرنا۔
پھُول پان کی طرح الٹ پلٹ کرنا: [ار۔محاورہ] بیمار کی ہر وقت خبرگیری کرنا۔
پھُول پان کی گدھی: [ار۔امث] ہینچوں کے کھیل کا پہلا چور جس کی چڑھی نہیں لی جاتی۔ اور آنکھیں بند کی جاتی ہیں۔
پھُول پتی: [ار۔امث] نقش و نگار۔ بیل بوٹا۔
پھُول پڑنا: [ار۔محاورہ] (۱) آگ کا پتنگا پڑنا۔ شرارہ گرنا (۲) سفید داغ پڑنا۔
پھُول پلانا: [ار۔محاورہ] شراب پلانا۔
پھُول پھولنا: [ار۔محاورہ] کلی کا کھِلنا
پھول پھول کر بیٹھنا: [ار۔محاورہ] خوش ہوکر بیٹھنا۔ متکبر ہونا۔
پھول پھول کر چنگیر بھرتی ہے: [ار۔مثل] تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہوجاتا ہے۔
پھُول پھیکر: [ار۔اند] ایک قسم کا سانپ جو غصہ کی حالت میں پھن پھیلاتا ہے تو اس کے جسم پر پھول کے نشان بن جاتے ہیں۔
پھُول پینا: [ار۔محاورہ] شراب پینا۔
پھول ٹہنی میں ہی اچھا لگتا ہے: [ار۔مثل] ہر چیز اپنے مقام پر ہی اچھی لگتی ہے۔
پھُول جانا: [ار۔محاورہ] (۱) پھول آجانا (۲) اترا جانا (۳) خفا

ہوجانا (۴) موٹا ہونا۔ سوجنا۔

پھول جھڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پھولوں کا درخت سے گرنا (۲) شیریں کلام ہونا (۳) چراغ یا آتش بازی سے شرارے نکلنا۔ لوہے یا پتھر کی رگڑ سے چنگاریاں نکلنا۔

پھول جھڑے تو پھل لگے: [ار۔ مثل] ایک کا نقصان ہوتا ہے تو دوسرے کو فائدہ ہوتا ہے۔

پھول چڑھانا: [ار۔ محاورہ] قبر یا مورت پر پھول رکھنا۔

پھول چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پھول چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پھول چننا: [ار۔ محاورہ] (۱) شاخ سے پھول توڑنا (۲) ہندوؤں میں جلے ہوئے مردے کی ہڈیاں اکٹھی کر کے دریا میں ڈالنا۔

پھول دار: [ار۔ف۔ صف] پھول رکھنے والی چیز۔ وہ کپڑا یا کاغذ وغیرہ جس پر بیل بوٹے بنے ہوتے ہوں۔ (ترکیب غلط ہے)

پھول دان: [ار۔ اند] دیکھئے "گلدان" جو صحیح ہے

پھول ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) آگ کی چنگاری ڈالنا (۲) کپڑے یا کسی اور چیز پر پھول پتی بنانا۔

پھول سا: [ار۔ صف] (۱) بہت ہلکا (۲) بہت نازک (۳) خوش رنگ۔

پھول سونگھ کے/کر رہنا: [ار۔ محاورہ] بہت کم کھانا۔

پھول سوئی: [ار۔ اند] پھول کی شکل کا کلپ جو بالوں یا ساڑھی میں لگایا جاتا ہے۔

پھول فاتحہ: [ار۔ اند] تیجا۔ قل۔ مردے کا سوم۔

پھول کان میں رکھنا: [ار۔ محاورہ] پرانی وضع کا سنگھار کرنا۔ جس میں کان میں پھول لگا لیا جاتا تھا

پھول کاڑھنا: [ار۔ محاورہ] کپڑے پر سوئی دھاگے سے پھول بنانا۔

پھول کا ہنسنا: [ار۔ محاورہ] پھول کھلنا۔ پھول کا شگفتہ ہونا۔

پھول کترنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چراغ کا گل کترنا (۲) انوکھا کام کرنا۔ پھول پیوں سترا۔ بیل بوٹے بنانا۔

پھول کرنا: [ار۔ محاورہ] قل کرنا۔ سوم کرنا۔ تیجا کرنا۔

پھول کملانا: [ار۔ مص] پھول مرجھانا

پھول کھلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بند کلی کا پھول بننا (۲) بیاہ رچانا۔ شادی ہونا۔

پھول کی بیرن دھوپ اور گھی کا بیری کوپ: [ار۔ مثل] دھوپ سے پھول مرجھا جاتے ہیں اور کپّے میں ڈالنے سے گھی خراب ہو جاتا ہے۔

پھول کی جگہ پنکھڑی: [ار۔ مثل] بہت چیز کی بجائے تھوڑا۔ بہت نہیں تھوڑا ہی سہی۔

پھول کی چھڑی نہیں لگائی/چھوائی: [ار۔ محاورہ] ہاتھ نہیں لگایا۔ کبھی نہیں مارا۔ بڑے لاڈ پیار سے رکھا۔ بڑے نازونعم میں رکھا۔

پھول کی ڈالی نیچے کو جھکے: [ار۔ مثل] شریف آدمی میں غرور نہیں ہوتا۔

پھول کے دن: [ار۔ اند] حیض کا زمانہ۔

پھول کے/کر کپّا/مٹکا ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت موٹا ہو جانا بہت پھول جانا۔

پھول گوبھی: [ار۔ امث] وہ گوبھی جس میں بڑا پھول آتا ہے ایک قسم کا کرم کلا

پھول لانا: [ار۔ محاورہ] پھولوں سے لدنا۔ پھول نمودار ہونا۔

پھول لگنا: [ار۔ محاورہ] پھول کا شاخ میں پیدا ہونا۔

پھول مر جانا: [ار۔ محاورہ] پھول مرجھانا

پھول مرجھانا: [ار۔ مص] پھول کملانا۔ سوکھ جانا

پھول منہ سے جھڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ سے پھول جھڑنا" جو فصیح ہے۔

پھول نہیں پنکھڑی سہی: [ار۔ مثل] جو مل جائے غنیمت ہے۔ بہت نہیں تو تھوڑا ہی سہی۔

پھول وہی جو مہیش/مہیسر چڑھے: [ار۔ مثل] وہی چیز اچھی جسے اچھے لوگ پسند کریں۔ تدبیر وہی جو ٹھیک کام آئے۔

پھول ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) فاتحہ اور سوم کی رسم کا ادا ہونا۔ (۲) بہت ہلکا ہونا۔

پھولا: [ار۔ اند] (۱) آنکھ کا ٹینٹ۔ پھلی (۲) پھپھولا۔ آبلہ (۳) روئی کا گالا۔ (۴) کاجل۔

پھولا: [ار۔ اند] (۱) پرندوں کا ایک مرض جس میں جانور پھول جاتا ہے اور پھر کانٹا نکل کر مر جاتا ہے (۲) وہ سفیدی کا نشان، جو مشکی۔ زردہ کمیت۔ قلا۔ سرنگ۔ گھوڑوں کے چار جامے کے تنگ کے باہر ایک پٹھے یا دونوں پٹھوں یا پاؤں یا ران پر ہوتا ہے اور منحوس سمجھا جاتا ہے۔

پھولا پھلا: [ار۔ صف] خوش و خرم۔ سرسبز و شاداب۔

پھولا پھولا/پھولتا پھرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) خوش خوش پھرنا۔ بے فکری سے اینٹھے ہوئے پھرنا (۲) اترانا (۳) خفا ہونا۔

پھولا کھڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] غصے میں بھرا ہونا۔

پھولا لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) غصے یا رنج کی وجہ سے چپ ہونا (۲) پھولے کا مرض ہو جانا۔

پھولا نہ سمانا: [ار۔ محاورہ] مارے خوشی کے آپے میں نہ رہنا۔ بہت خوش ہونا۔

پھولام: [ار۔ اند] ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر قسم قسم کے پھول بنے ہوتے ہیں۔

پھولنا: [ار۔ مص] (۱) پھول کا کھلنا (۲) شفق کا آسمان پر نمودار ہونا (۳) ہوا بھرنے سے کسی جوف دار چیز کا تن جانا (۴) موٹا ہونا۔ (۵) خوش ہونا (۶) سرسبز ہونا۔ بارآور ہونا۔ کامیاب ہونا (۷) سوجنا۔ ورم ہونا (۸) نفخ ہونا (۹) نازاں ہونا۔ اترانا (۱۰) خفا ہونا (۱۱) بامراد ہونا۔

پھولنا پھلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پھول آکر پھل لگنا۔ درخت کا سرسبز اور بارآور ہونا (۲) خوشحال ہونا (۳) صاحب اولاد ہونا (۴)

بامراد ہونا۔ (۵) کامیاب ہونا (۶) نفع ہونا۔ برکت ہونا (۷) آتشک میں مبتلا ہونا۔

پھولوں: [ار۔ اند] دیکھئے "پھول" جس کی یہ جمع ہے۔

پھولوں پاتوں بھانا: [ار۔ محاورہ] پھول پتے سے بھلا معلوم ہونا۔ آرائش و زیبائش سے بھلا معلوم ہونا۔

پھولوں سے لدنا: [ار۔ مص] شاخوں پر کثرت سے پھول آنا۔

پھولوں کا بستر: [ار۔ اند] (۱) اس قدر پھول بچھانے جانا کہ بستر بن جائے (۲) آرام کی زندگی۔

پھولوں کے دن: [ار۔ اند] تیجے کا دن۔ سوم کا دن۔ قلوں کا دن۔

پھولوں کا گہنا: [ار۔ اند] پھولوں کا بنا ہوا زیور۔

پھولوں کا ہار: [ار۔ اند] پھولوں کی بدھی۔

پھولوں کی چادر: [ار۔ امث] چادر کی شکل میں گوندھے ہوئے پھول جو بزرگوں کی قبروں پر ڈالتے ہیں۔

پھولوں کی چھڑی: [ار۔ امث] (۱) وہ چھڑی جس میں پھول پروئے ہوں (۲) وہ لکڑی جس میں پھولوں کے ہار جو تھی کھیلنے کے واسطے لپیٹ دیتے ہیں۔

پھولوں کی سیج: [ار۔ امث] وہ پلنگ جو پھولوں سے سجایا جائے۔ پھولوں کا بستر۔ بستر راحت۔

پھولوں کے کانٹے میں تلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پھولوں میں تلنا"

پھولوں ماری گر پڑی لٹھوں ماری اٹھ بیٹھی: [ار۔ مثل] زیادہ مصیبت برداشت کرلی اور تھوڑی مصیبت سے بیزار ہو گئی۔

پھولوں میں تلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) نہایت نازک بدن ہونا (۲) بہت سُبک ہونا۔

پھولوں نہ سمانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پھولا نہ سمانا"۔

پھولی: [ار۔ صف] پھولا کی تانیث۔

پھولے پھلے: [ار۔ کلمۂ دعا] سرسبز و شاداب ہو۔ بامراد ہو۔

پھوں پھاں: [ار۔ امث] (۱) شیخی۔ اکڑ (۲) غصہ۔ ناخوشی۔

پھوں پھوں: [ار۔ امث] آگ میں پھونکیں مارنے کا عمل۔

پھوں پھوں کرنا: [ار۔ محاورہ] غصہ کرنا۔ سانپ کی طرح پھنکارنا۔

پھونٹ: [ار۔ امث] خربوزے کی قسم کا ایک پھل جو پک کر پھٹ جاتا ہے۔

پھونٹی: [ار۔ امث] دیکھئے "پھونٹ"

پھونچڑا: [ہ۔ اند] دیکھئے "پھوسڑا"

پھونس: [ہ۔ اند] دیکھئے "پھوس"

پھونسڑا: [ہ۔ اند] دیکھئے "پھوسڑا"

پھوندنے کی چال: [ار۔ امث۔ ق] اترا کر چلنا۔ وہ چال جس میں اتراہٹ پائی جائے۔

پھونک: [ہ۔ امث] (۱) وہ ہوا جو زور سے منہ سے نکالی جائے۔ سانس دم۔ نفس (۲) دعا۔ منتر (۳) روح (۴) (مذ) حقے کا کش (۵) (صف) ہلکا۔ ورق سا ہلکا (۶) کھوکھلا (۷) تیر کا سوفار۔

پھونک پڑنا: [ار۔ محاورہ] جان پڑنا۔ روح پڑنا

پھونک پھونک کر پاؤں/قدم رکھنا: [ار۔ محاورہ] احتیاط سے آہستہ آہستہ چلنا۔ احتیاط سے کام کرنا (۲) بچ بچ کر کام کرنا۔ ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا۔

پھونک دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) دم کر دینا (۲) پھونک مار دینا (۳) جلا دینا۔ خاک سیاہ کرنا۔ برباد کرنا (۴) دق کرنا۔ ستانا۔ رنج پہنچانا۔ (۵) حقہ کا پانی ٹھیک کرنا (۶) مشہور کر دینا۔ پھیلا دینا (۷) پڑھا دینا۔ بھر دینا۔ کچھ کہہ کر مغرور کر دینا (۸) دعا یا منتر پڑھ کر دم کرنا (۹) ملول کر دینا۔ بھر دینا (۱۰) (کان کے ساتھ) بھر دینا۔ بہکانا۔

پھونک ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) جلا دینا۔ آگ لگا دینا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) دعا یا منتر پڑھ کر دم کرنا (۴) اسراف کرنا۔ دولت اڑانا۔

پھونک سا آدمی: [ار۔ صف] نہایت ضعیف و لاغر۔ دھان پان آدمی۔

پھونک سرک جانا: [ار۔ محاورہ] ہیں بول جانا۔ ہوش اڑ جانا۔ گھبرا جانا۔ ڈر جانا۔

پھونک لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پھونک مارنا"

پھونک مارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) زور کے ساتھ منہ سے ہوا پھونکنا (۲) دعا وغیرہ پڑھ کر دم کرنا (۳) جادو کرنا (۴) بجھانا۔ گل کرنا (۵) آگ وغیرہ سلگانا۔

پھونک نکل جانا: [ار۔ محاورہ] سانس نکل جانا۔ جان نکل جانا۔ مر جانا

پھونکنا: [ار۔ مص] (۱) پھونک مارنا (۲) جلانا۔ آگ لگانا۔ مردے کو آگ دینا (۳) کشتہ کرنا (۴) پھونک کے ساتھ حقہ کا پانی نکالنا (۵) دعا یا منتر پڑھ کر دم کرنا (۶) بھڑکانا۔ دھونکنا (۷) بہکانا۔ اغوا کرنا۔ (۸) تشہیر کرنا۔ پھیلانا (۹) دل جلانا۔ ستانا (۱۰) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ اڑانا (۱۱) لگائی بجھائی کرنا (۱۲) بجانا۔ آواز نکالنا۔

پھونکی چھڑی: [ار۔ امث] وہ چھڑی جس پر پڑھ کر دم کیا گیا ہو۔

پھونکے نہ بھاگے ٹانگ اٹھا کر تاپے: [ار۔ مثل] کام نہیں کرتا آرام چاہتا ہے۔ آرام طلب شخص کی نسبت کہتے ہیں۔

پھونگ: [ہ۔ امث] دیکھئے "پُھنگ"

پھوہا: [ار۔ اند] روئی کا ٹکڑا جس کو دودھ میں تر کر کے شیر خوار بچے کے منہ میں رکھتے ہیں یا عطر میں بسا کر کان میں رکھتے ہیں۔ روئی کا ذرا سا گالا۔

پھوہار: [ہ۔ امث] دیکھئے "پھوار" جو مشہور ہے

پھوہڑ: [ہ۔ صف۔ مث] بے سلیقہ۔ بے تمیز۔ بے ہنر۔

پھوہڑ چالے تو گھر ہالے / پھوہڑ چلے تو گھر ہلے: [ہ۔ مثل] پھوہڑ کے چلنے سے لوگ گھبراتے ہیں کیونکہ وہ ہر جگہ بیوقوفی کی بات کرتی ہے۔

پھوہڑ کا مال ہنس ہنس / سراہ سراہ کھائیے: [ہ۔ مثل] بے وقوف کا مال خوشامد کر کے کھا جاتے ہیں۔

پھوہڑ کرے سنگار، مانگ اینٹوں سے پھوڑے: [ہ۔ مثل] بیوقوف کے پاس ضرورت کے وقت کوئی چیز نہیں نکلتی۔

پھوہڑ کی جھاڑو سگھڑ کا لیپا دونوں چھپتے نہیں: [ہ۔ مثل] بدسلیقہ

اور خوش سلیقہ کا کام خود بول اٹھتا ہے۔

پھوہڑا: [ہ۔صت مذ] دیکھئے "پھوہڑ" جس کا یہ مذکر ہے۔

پھوہڑپن / پنا: [ار۔امذ] (۱) بدتمیزی۔ بدسلیقگی۔ ناشائستگی بے تمیزی بے دقوفی۔ نادانی۔

پھوئی / پھٹکی: [ہ۔امث] (۱) پھپھوندی (۲) گڑ کا پھول جو تاؤ دیتے وقت اوپر آجاتا ہے (۳) باریک بوند۔ پھوار (۴) عطر چھڑکنے کا آلہ۔ عطر لگانا۔

پھوئی پھوئی / پھوئیاں پھوئیاں: [ہ۔امث] قطرہ قطرہ۔ کم کم تھوڑا تھوڑا۔

پھوئی پھوئی / پھوئیاں پھوئیاں تالاب بھرتا ہے: [ار۔مثل] تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے۔

پھوئیا / پھویا: [ار۔امذ] دیکھئے "پھویا"

پھوئیوں پھوئیوں / پھٹیوں پھٹیوں برسنا: [ار۔محاورہ] پھوار پڑنا ہلکا ہلکا مینہ برسنا۔

پھپھسے: [ار۔امذ۔ق جمع] پھپھولے۔

پھیا: [ہ۔امذ] منافع۔سود۔

پھیپھڑا: [ہ۔امذ] سانس لینے کا عضو۔ جس میں ہوا باہر سے جاکر خون کو صاف کرتی ہے۔ وہ عضو جو دل کے اوپر پنکھے کی طرح ہے۔

پھیپھڑا جلانا / تلنا: [ار۔محاورہ] کسی کی خیر خواہی کرنا۔

پھیپھڑی: [ہ۔امث] ہونٹوں کی خشکی۔ پپڑی جو گرمی یا پیاس کی وجہ سے ہونٹوں پر بندھ جاتی ہے۔

پھیپھڑی بندھ جانا: [ار۔محاورہ] پیاس سے ہونٹوں کا خشک ہو جانا۔

پھیٹ / پھینٹ: [ہ۔امث] پیٹی۔ کمربند۔ کمر کا پٹکا (۲) پیچ (۳) اینٹوں کے درمیان کا فاصلہ۔

پھیٹا / پھینٹا: [ہ۔امذ] سر سے باندھنے کا چھوٹا دوپٹا۔ چھوٹی پگڑی۔ سرپیچ۔ دس بارہ گرہ کا کپڑا جو نوکر سر سے لپیٹ لیتے ہیں۔

پھیٹنا / پھینٹنا: [ہ۔مص] ایک جان کرنا۔ حل کرنا۔ مارنا۔

پھیٹی / پھینٹی: [ہ۔امث] کتا ہوا سوت جو چرخے پر چڑھا ہوا ہو یا اٹیرن پر لپٹا ہوا ہو۔ سوت کی لچھی۔ ریشم کی لچھ

پھیر: [ہ۔امذ] چکر۔ موڑ۔ گھماؤ (۲) فاصلہ۔ دوری (۳) انقلاب (۴) پیچ۔ جال۔ فریب (۵) راستے کی ٹیڑھ (۶) الجھاؤ۔ بکھیڑا۔ دقت (۷) تفاوت۔ فرق (۸) فکر (۹) دائرہ۔ حلقہ (۱۰) اندازہ۔ تخمینہ (۱۱) گردش برائی (۱۲) بھوت بریت کا اثر (۱۳) نقصان۔

پھیر باندھنا: [ار۔محاورہ] تار باندھنا۔ سلسلہ باندھنا (۲) محدود کرنا (۳) پگڑی باندھنا۔

پھیر بدل: [ار۔امذ] عوض۔ معاوضہ۔ ادل بدل۔ انقلاب۔

پھیر بندھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پھیر باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پھیر پڑنا: [ار۔محاورہ] چکر پڑنا۔ فرق ہونا۔ تسلسل ٹوٹنا۔ فرق پڑنا۔ تفاوت ہونا۔

پھیر پھار: [ار۔امث] چکر۔ ہیرا پھیری۔ الٹ پلٹ (۲) پیچ۔ جال۔ فریب۔

پھیر دینا: [ار۔محاورہ] واپس کر دینا۔ لوٹا دینا (۲) سمت بدلنا۔ رخ بدلنا (۳) کسی پتلی چیز کا پچارا کر دینا (۴) چکر دینا۔

پھیر ڈالنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "پھیر باندھنا"

پھیر کھانا: [ار۔محاورہ] دور کی راہ سے جانا۔ چکر کی راہ سے جانا (۲) چکر کھانا (۳) گھاٹا پڑنا (۴) مصیبت میں پھنسنا۔

پھیر لانا: [ار۔محاورہ] کسی چیز کو واپس کر لانا (۲) گھوڑے کو پھرالانا۔

پھیر لینا: [ار۔محاورہ] واپس کر لینا۔ لوٹا لینا (۲) بچے کی پیدائش کے آثار ظاہر ہو کر چند روز تک بچہ پیدا نہ ہونا۔

پھیر میں آنا: [ار۔محاورہ] (۱) چکر میں آنا۔ گردش میں آنا۔ نقصان ہو جانا (۲) فریب میں آنا۔ دھوکے میں آنا (۳) ناگہانی مصیبت میں پھنسنا۔

پھیر میں ڈالنا: [ار۔محاورہ] چکر میں ڈالنا۔ مصیبت میں پھنسانا۔ (۲) گمراہ کرنا۔ بھٹکانا۔

پھیرا: [ہ۔امذ] (۱) حلقہ۔ دائرہ (۲) گشت۔ دورہ (۳) طواف (۴) گھماؤ۔ موڑ (۵) چونا ناپنے کا پیمانہ (۶) فقیروں گداگروں کی معمولی گشت (۷) آسیب کا خلل (۸) بچوں کا تیسرے پہر کا کھانا (۹) شادی کے بعد دلہن کو اپنے میکے دولہا سمیت مہمان بلانے کی رسم۔

پھیرا پھاری / پھیری: [ہ۔امث] ہیرا پھیری۔ کسی چیز کا باہم لینا اور واپس کرنا۔

پھیرا دینا: [ار۔محاورہ] شکار کے ساتھ ساتھ جال کے قریب آنا۔ شکار کو گھیر کر لانا۔

پھیرا ڈال دینا: [ار۔محاورہ] سلسلہ باندھ دینا۔

پھیرا کرنا: [ار۔محاورہ] گشت کرنا۔ دورہ کرنا۔ چکر لگانا۔ بار بار آنا جانا۔

پھیرا لگانا: [ار۔محاورہ] چوکیدار کا گھر گھر پھرنا (۲) گشت کرنا۔

پھیرن: [ہ۔امذ] لہنگا۔ سایہ۔

پھیرنا: [ہ۔مص] (۱) ایک جانب سے دوسری جانب مائل کرنا (۲) گھمانا چکر دینا (۳) پھرانا۔ گشت کرانا (۴) لوٹانا۔ واپس کرنا (۵) پیچھے ہٹانا رخ بدلنا (۶) گھوڑے کو آگے یا پیچھے موڑنا۔ پلٹنا۔ الٹنا (۷) روگرداں کرنا (۸) زبان بدلنا۔ مکرنا (۹) بار بار چلانا یا رگڑنا (۱۰) ناراض کرنا۔ بیزار کرنا (۱۱) پڑھے ہوئے سبق کو دہرانا (۱۲) (تسبیح اور مالا کے ساتھ) جپنا (۱۳) پوتنا۔ رنگ چڑھانا۔ قلعی کرنا۔ پھیلا دینا (۱۴) گھوڑا نکالنا (۱۵) چھونا۔ مس کرنا۔

پھیری: [ار۔امث۔ق] گنے کی پور۔

پھیری: [ہ۔امث] (۱) فقیروں، گداگروں کا گشت (۲) خوردہ فروش کا گشت (۳) طواف۔ چکر۔

پھیری پھرنا: [ار۔محاورہ] بیچنے یا بھیک مانگنے جانا۔ گشت لگانا۔

پھیری منہ پر لوئی تو کیا کرے گا کوئی: [ار۔مثل] بے شرم کو کسی کا ڈر نہیں ہوتا۔

پھیری لگانا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھیری پھرنا"

پھیری والا: [ار-اند] گھوم پھر کر سودا بیچنے والا۔ خوانچے والا

پھیرے: [ہ-اند] پھیرا کی جمع۔ ہندوؤں میں بیاہ کی ایک ضروری رسم جس میں دولہا دلہن کو آگ کے گرد پھراتے ہیں۔

پھیرے پڑنا: [ار-محاورہ] (۱) (ہندوؤں میں) بیاہ ہونا (۲) دورہ ہونا۔

پھیرے پھروانا: [ار-محاورہ] (ہندوؤں میں) بیاہ کی رسم ادا کرانا

پھیرے ڈالنا: [ار-محاورہ] (۱) (ہندوؤں میں) بیاہ کرنا (۲) کسی کام کو بار بار جانا۔

پھیرے ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پھیرے پڑنا"

پھیرنا: [ار-مص-ق] ادا کرنا۔

پھیک: [ہ-امث] چابک کا نرم حصہ یا تسمہ۔ کوڑے یا تازیانہ کا سرا۔

پھیکا: [ار-صف] (۱) بے نمک۔ الونا (۲) کم مٹھاس والا۔ بدمزہ۔ بے ذائقہ (۳) اداس۔ بے رونق (۴) ہلکا۔ مدھم (۵) روکھا۔ بداخلاق (۶) طبیعت پھیکی ہونا۔ امنگ باقی رہنا (۷) بیزار۔

پھیکا پڑ جانا: [ار-محاورہ] (۱) رنگ مدھم پڑ جانا۔ ماند ہو جانا (۲) رونق میں فرق آنا۔ شوخی جاتی رہنا (۳) ذلیل ہونا۔

پھیکا پن: [ار-اند] پھیکا ہونے کی کیفیت۔

پھیکا پنڈا: [ار-اند] خفیف سا بخار

پھیکا شلغم: [ار-صف] بدرنگ۔ مدہم رنگ کا۔

پھیکا غمزہ: [ار-اند] بے لطف نخرہ۔ شتر غمزہ۔

پھیکا منہ کرنا: [ار-اند-ق] افسردہ ہونا۔

پھیکاس: [ار-امث-مذ] دیکھئے "پھیکاپن"

پھیکی: [ار-صف-مث] پھیکا کا مؤنث۔

پھیکی گرمیوں کے چوچلے: [ار-اند] بڑھاپے کے غمزے۔

پھیکی ہنسی: [ار-امث] بناوٹی ہنسی۔

پھیکڑا: [ار-اند-ق] ٹیڑھی ٹانگوں والا۔

پھیل: [ار-فعل] پھیلنا سے صیغۂ امر

پھیل پھیل کر / پھیل کر سونا: [ار-محاورہ] خوب ہاتھ پاؤں پھیلا کر سونا۔ آرام اور بے فکری سے سونا۔ فراغت سے سونا۔

پھیل کر بیٹھنا: [ار-محاورہ] کھل کر بیٹھنا۔ بے فکری سے بیٹھنا۔ چارزانو بیٹھنا۔

پھیل جانا: [ار-محاورہ] جسامت کا بڑھ جانا۔ کسی موٹی چیز کا پتلا ہو کر بڑھ جانا (۲) چوڑا ہو جانا (۳) رائج ہونا۔ مشہور ہو جانا۔

پھیلا: [ار-صف] پھیلا ہوا۔ چوڑا۔

پھیلا پڑنا: [ار-محاورہ] (۱) بچھا جانا۔ گرا پڑنا (۲) بے حد خواہش مند ہونا۔

پھیلانا: [ار-مص] (۱) کھولنا۔ بڑھانا۔ کشادہ کرنا (۲) بچھانا۔ فرش کرنا (۳) لمبا کرنا۔ دراز کرنا (۴) حصہ رسدی بانٹنا۔ تخمینہ کرنا۔ جانچ پڑتال کرنا۔ حساب کرنا (۵) شائع۔ مشتہر کرنا۔ رواج دینا (۶) بکھیرنا (۷) لگا لگانا۔

پھیلاوا: [ار-اند] درازی۔ طوالت۔ نیز دیکھئے "پھیلاؤ"

پھیلاوٹ: [ار-امث] تقسیم۔ بانٹ۔ حساب۔ نیز دیکھئے "پھیلاؤ"

پھیلاؤ: [ار-اند] (۱) درازی۔ طوالت (۲) چوڑائی۔ کشادگی۔ وسعت۔ فراخی (۳) حساب کی جانچ پڑتال (۴) اندازہ۔ تخمینہ۔ مقدار (۵) شگون۔ فال۔

پھیلنا: [ار-مص] (۱) بڑھنا۔ کھلنا۔ کشادہ ہونا۔ وسیع ہونا (۲) بچھنا۔ فرش ہونا (۳) دراز ہونا۔ لمبا ہونا (۴) مشتہر ہونا۔ رائج ہونا (۵) بکھرنا۔ پراگندہ ہونا (۶) موٹا ہونا۔ فربہ ہونا (۷) چھانا۔ سایہ دار ہونا (۸) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا (۹) کثیر الاولاد ہونا۔ بڑے خاندان والا ہونا (۱۰) حد سے بڑھنا۔ طمع کرنا۔ زیادہ مانگنا (۱۱) بکثرت ہونا (۱۲) لگ گننا (۱۳) پڑتال ہونا (۱۴) بہنا۔ (۱۵) بے تکلف ہونا۔

پھین / پھینا: [ہ-اند] (۱) جھاگ۔ کف۔ جو دودھ پانی میں ہوتا ہے (۲) ناک کی رطوبت (۳) بیل ہانکنے کی وہ لکڑی جس کے ایک سرے پر کیل ہوتی ہے۔

پھینپنا: [ہ-اند] وہ رطوبت جو ناک سے ایک دفعہ نکل پڑے اور اس میں بُلبلا ہو۔

پھینٹ: [ہ-امث] دیکھئے "پھیٹ"

پھینٹ باندھنا: [ار-محاورہ] کمر کسنا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔

پھینٹا: [ہ-اند] دیکھئے "پھیٹا"

پھینٹی: [ہ-امث] دیکھئے "پھیٹی"

پھینچنا: [ار-مص] (۱) کھنگالنا۔ پانی ڈال کر صاف کرنا۔ کپڑے کو صابن کے بغیر دھونا۔

پھینک: [ار-امث] (۱) پھینکنا کا اسم کیفیت (۲) گدکے کا ایک کھیل۔

پھینک پھانک: [ار-متعلق فعل] پھینک کر۔ پھانک۔ تابع مہمل ہے)

پھینک دینا: [ار-محاورہ] (۱) بکھیر دینا (۲) اچھال دینا (۳) گرا دینا۔ ڈال دینا (۴) ضائع کر دینا۔ تلف کر دینا۔

پھینکنا: [ار-مص] (۱) ڈالنا۔ گرانا (۲) دے مارنا۔ پٹخنا (۳) اچھالنا۔ (۴) بکھیرنا (۵) ڈالنا (۶) بہت تیز دوڑانا (۷) ضائع کرنا۔ برباد کرنا (۸) گدکا کھیلنا (۹) تیر چلانا۔

پھینی (ریلنے پھول سے): [ہ-امث] ایک قسم کا پکوان جس کی ساخت سوت کے لچھوں کے مانند ہوتی ہے، اس کو دودھ میں بھگو کر کھاتے ہیں۔

پھیہا: [ہ-اند] (۱) پھاہا (۲) مرغی کی ایک بیماری جس میں پیٹ کے نیچے ورم ہو جاتا ہے اور وہ انڈے نہیں دیتی۔

پ - ی

پِی : [ف - امث] چربی۔

پِی : [ہ - اند] (۱) پریتم - پیارا - معشوق (۲) خاوند - شوہر (۳) پینا کا امر۔

پی پی : [ار - اصوت - مث] پپیہے کی آواز۔

پی کہاں : [ار - اصوت - مث] پپیہے کی آواز

پئے : [ف - متعلق فعل] لئے - واسطے۔

پے : [ف - اند] (۱) پٹھا (۲) تانت (۳) قدم - کھوج (۴) نشان علامت (۵) (بطور صفت) پیچھے۔

پیپے : [ہ - امث] تہمت - نقص - عیب۔

پیاپے : [ف - متعلق فعل] دیکھئے "پے درپے"

پے بہ پے : [ف - متعلق فعل] دیکھئے "پے درپے"

پے درپے : [ف - متعلق فعل] لگاتار - مسلسل - متواتر

پے کرنا : [ار - محاورہ] کونچیں کاٹنا - جنگ میں گھوڑے وغیرہ کے پاؤں کاٹنا

پپیہا / پپیہیا : [ہ - اند] دیکھئے "پپہیا"

پِیا : [ہ - اند] محبوب - شوہر - خاوند۔

پیا جسے چاہے وہی سہاگن : [ار - مثل] سہاگن اصل میں وہی ہے جس سے خاوند محبت کرے۔

پیا بانسا : [ہ - اند] (۱) ایک قسم کا بانس (۲) ایک قسم کا پودا جس سے سرخ رنگ نکالتے ہیں۔

پیادہ : [ف - اند] (۱) پیدل (۲) شطرنج کا ایک مہرہ (۳) شاہی ہرکارہ چپڑاسی (۴) پیدل فوج کے سپاہی (۵) حاکم کا نوکر - چپڑاسی۔

پیادہ پا : [ف - صف] پیدل - سوار کی ضد

پیادہ پائی : [ف - امث] دیکھئے "پیادہ پا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پیادہ رَو : [ف - صف فاعلی] پیدل چلنے والا۔

پیادہ رَوی : [ف - امث] دیکھئے "پیادہ رَو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پیادہ محاصل : [ف - اند] (۱) وہ چپڑاسی جو مقروض کے مکان پر مقرر کیا جائے اور اس کے قرض ادا کرنے تک اسی کے خرچ پر وہاں رہے (۲) وہ سپاہی جو مالیہ وصول کرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

پیار : [ار - اند] (۱) محبت - الفت (۲) لاڈ - ماتا (۳) بوسہ (۴) دوستی میل جول (۵) التفات مہربانی۔

پیار آنا : [ار - محاورہ] محبت ہونا - پیار کا جوش ہونا - دل کا مائل ہونا کسی کی صورت یا سیرت پر فریفتہ ہونا۔

پیار اخلاص : [ار - ع - اند] میل جول - ربط ضبط۔

پیار رکھنا : [ار - محاورہ] محبت و اخلاص رکھنا - ربط بڑھانا۔ دوستی رکھنا۔

پیار کا نام : [ار - اند] وہ مختصر سا نام جو اصل نام کی بجائے پیار سے رکھ لیتے ہیں۔

پیار کرنا : [ار - محاورہ] (۱) چمکارنا (۲) چاہنا - محبت کرنا (۳) بوسہ لینا۔

پیار کی آنکھ / نظر : [ار - امث] محبت کی نظر - محبت کا انداز - محبت سے دیکھنا۔

پیار کی باتیں : [ار - امث] محبت کی باتیں - لگاوٹ کی باتیں۔

پیار نکالنا : [ار - محاورہ] ارمان نکالنا - حسرت نکالنا - چاؤ نکالنا۔

پیارا : [ہ - صف] (۱) محبوب - معشوق (۲) دوست (۳) لاڈلا (۴) عزیز - یگانہ (۵) خوبصورت - عمدہ - دلکش (۶) قابل قدر۔

پیارا پیارا : [ار - صف] بہت خوشنما اور دلکش۔

پیارا کرنا : [ار - محاورہ] کسی چیز کے دینے میں دریغ کرنا۔

پیارا لگنا : [ار محاورہ] بہت اچھا معلوم ہونا - بھلا لگنا۔

پیارا ہونا : [ار - محاورہ] (۱) عزیز ہونا - محبت ہونا (۲) مہنگا ہو جانا۔

پیارانگا : [ہ - اند] ایک جڑ جو دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

پیاروں پیٹی : [ار - کوسنا] وہ عورت جس کے سب عزیز مر گئے ہوں۔

پیاروں موئی : [ار کوسنا] دیکھئے "پیاروں پیٹی"

پیاری : [ار - صف - مث] دیکھئے "پیارا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پیاری پیاری باتیں : [ار - امث] میٹھی میٹھی باتیں - بھولی بھالی باتیں۔

پیارے : [ار کلمہ خطاب] معشوق کو خطاب کرتے وقت کہتے ہیں۔

پیاز : [ف - امث] ایک بُو دار گانٹھ والی جڑ جس میں تہ در تہ چھلکے ہوتے ہیں اور یہ ہنڈیا وغیرہ میں ڈال یا استعمال کرکے کھائی جاتی ہے - بصل

پیاز کی گٹھی : [ار - امث] پیاز کی گرہ۔

پیاز کے سے پرت اتارنا : [ار - محاورہ] (۱) بہت باریک کترنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔

پیاز کے سے چھلکے اتارنا / ادھیڑ کے رکھ دینا : [ار - محاورہ] (۱) بُری گت بنانا - بُرا بھلا کہنا (۲) حقیقت سنانا۔

پیازی : [ف - صف] (۱) پیاز سے منسوب (۲) شربتی - گلابی - ہلکا گلابی (۳) ایک قسم کا نہایت قیمتی اور خوش رنگ لعل۔

پیاس : [ار - امث] (۱) پانی پینے کی خواہش (۲) آرزو - تمنا (۳) بچوں کی ایک بیماری جس میں تشنگی بہت ہوتی ہے

پیاس بجھانا : [ار - محاورہ] (۱) تشنگی دور کرنا (۲) آرزو پوری کرنا (۳) پانی پلا کر تسلی دینا۔

پیاس بجھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "پیاس بجھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پیاس بھڑکنا : [ار - محاورہ] پیاس کی شدت ہونا۔

پیاس کا چسکا : [ار - محاورہ] بار بار پیاس لگنے کی کیفیت۔

پیاس لگنا : [ار - محاورہ] پانی کی خواہش ہونا - تشنگی ہونا۔

پیاس مارنا : [ار - محاورہ] پانی کی خواہش کو روکنا۔

پیاس مر جانا : [ار - محاورہ] پانی کی خواہش نہ رہنا۔

پیاسا : [ار - صف] (۱) پانی کا خواہش مند - تشنہ (۲) آرزو مند (۳) حاجت مند۔

پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہے / کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا: [ار-مثل] مشتاق اپنے مطلوب کی تلاش کرتا ہے۔ آرزو یا مطلوب خود چل کر طالب کے پاس نہیں آتا۔

پیاسا مرنا: [ار-محاورہ] پانی کے لئے بے قرار ہونا۔

پیال: [ہ-اند] دھان کا سوکھا ڈنٹھل۔ پھوس۔ پرال۔

پیال کے پاؤں: [ار-صف] ناپائدار۔

پیال کے پاؤں کھڑے کرنا: [ار-محاورہ] اس کام پر آمادہ کرنا جس سے کوئی شخص بہت ہار گیا ہو۔

پیالہ: [ف-اند] (۱) کٹورا۔ ساغر۔ کاسہ۔ جام (۲) توپ یا بندوق میں بارود رکھنے کی جگہ (۳) کاسۂ گدائی۔ بھیک مانگنے کا ٹھیکرا (۴) عرس۔ فاتحۂ سوم (۵) فقیروں کے یہاں فقیروں کی دعوت (۶) جلترنگ کا پیالہ (۷) پیلے بازوں کا اکھاڑا یا مجمع۔

پیالہ اٹھانا: [ار-محاورہ] گداگری اختیار کرنا۔

پیالہ بجانا: [ار-محاورہ] سقے پیالہ بجاتے ہیں کہ پیاسوں کو خبر ہو اور وہ پانی پئیں۔

پیالہ بجنا: [ار-محاورہ] (۱) دور دورہ ہونا۔ ترقی ہونا۔ فیشن ہونا (۲) جلترنگ کے پیالوں کا بجنا۔

پیالہ بھرنا: [ار-محاورہ] (۱) پیالے کا پُر ہونا۔ پیالے کو پُر کرنا (۲) عمر آخر ہونا۔ زندگی کے دن پورے ہونا۔

پیالہ بھر دینا: [ار-محاورہ] پیالہ بھر کے دینا۔ شراب کا پیالہ بھر کے دینا۔

پیالہ بہنا: [ار-محاورہ] اسقاطِ حمل ہونا۔ حمل گرنا۔

پیالہ پلانا: [ار-محاورہ] جام پلانا۔ مرید کرنا

پیالہ پھوٹنا: [ار-محاورہ] پیالہ ٹوٹ جانا۔

پیالہ پینا: [ار-محاورہ] (۱) بھنگ یا شراب پینا (۲) مرید ہونا۔ آزادوں یا فقیروں کی صحبت میں رہنا۔

پیالہ چڑھانا: [ار-محاورہ] سارے کا سارا پیالہ پی جانا۔ تمام کا تمام پیالہ پی جانا

پیالہ چھلک جانا: [ار-محاورہ] راز کھل جانا۔

پیالہ لبریز ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پیالہ بھر جانا"

پیالہ نوالا: [ف-اند] کھانا پینا۔

پیالہ ہونا: [ار-محاورہ] (۱) آزاد فقیروں کی اصطلاح میں فاتحۂ سوم کی ضیافت ہونا (۲) عرس ہونا (۳) مرنا (۴) آزادوں کے تکیئے میں آزادوں کی دعوت ہونا (۵) پٹے بازوں کی دعوت پٹے باز کے گھر میں ہونا۔

پیالی: [ار-امث] پیالے کی تصغیر۔ چھوٹا پیالہ۔

پَیام: [ف-اند] (۱) پیغام۔ سندیسا۔ زبانی بات جو کسی سے کہلوائی جائے (۲) نسبت۔ منگنی۔ زبانی سوال۔ نیز دیکھئے "پیغام"

پیام آور: [ف-صف] دیکھئے "پیامبر"

پیامِ اجل: [فع-اند] موت کا پیغام۔ آفت ناگہانی۔

پیام بر: [ف-صف فاعلی] قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔

پَیام رَساں: [ف-صف فاعلی] دیکھئے "پیام بر"

پَیام سلام: [فع-اند] (۱) زبانی بات چیت۔ کسی بات کا سوال جواب کرنا۔ (۲) نسبت یا منگنی کا پیغام۔

پَیام کہنا: [ار-محاورہ] کہلا بھیجنا۔

پَیامِ مرگ: [ف-اند] دیکھئے "پیام اجل"

پَیامی: [ف-صف] دیکھئے "پیامبر"

پیانِسٹ: [انگ-اند] (PIANIST) پیانو بجانے والا۔

پیانو: [انگ-اند] (PIANO) ہارمونیم کی طرز کا ایک مغربی باجا جو ہاتھوں اور پاؤں سے بجایا جاتا ہے اور جس میں سُر اور لَے دونوں کا اہتمام ہوتا ہے۔

پیاؤ: [ہ-اند] (۱) پانی پینے کی جگہ (۲) سبیل۔

پیپ: [ہ-امث] مواد، ریم سفید مادہ جو پھوڑوں اور زخموں میں پڑ جاتا ہے۔

پیپ پڑنا: [ار-محاورہ] (۱) زخم کا پکنا (۲) روحانی اذیت ہونا۔

پیپ ڈالنا: [ار-محاورہ] (۱) زخم پکانا (۲) بہت تکلیف دینا۔

پیپ کلیجے میں ڈالنا: [ار-محاورہ] بہت رنج دینا۔

پیپا: [ار-اند] (۱) لکڑی یا دھات کا ڈھول کی شکل کا ظرف جس میں شراب ڈالتے ہیں (۲) کنستر۔

پیپل (پیپا): [س-اند] سبد کی ایک قسم۔

پیپا بن جانا / ہو جانا: [ار-محاورہ] بہت موٹا ہو جانا۔

پیپٹا: [ار-امث] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو پاؤ بھر کے قریب ہوتی ہے اور اس کا گوشت سفید ہوتا ہے۔

پیپر: [انگ-اند] (PAPER) (۱) کاغذ (۲) پُرزہ۔ پرچہ۔ اخبار۔ گزٹ۔

پیپر ویٹ: [انگ-اند] (PAPER WEIGHT) کاغذوں کو دبانے کا وزن (بٹا) جو شیشے کا ہوتا ہے۔ کاغذ داب وزن۔

پیپیرس: [انگ-اند] (PAPYRUS) (۱) نرسل کی قسم کا درخت جو پانی میں ہوتا ہے۔ اس درخت کی چھال کے بنے ہوتے ورق جن پر قدیم مصری لکھا کرتے تھے (۲) کوئی تحریر یا کتاب جو ان اوراق پر لکھی گئی ہو۔

پیپر منٹ: [انگ-اند] (PEPPERMINT) پودینہ کے ست کی گولیاں۔

پیپل: [ہ-اند] (۱) ایک سایہ دار درخت جس کے پتے پان سے مشابہ اور چکنے ہوتے ہیں اور جسے ہندو مقدس سمجھتے ہیں (۲) ایک پھل جو دوا کے طور پر کام آتا ہے (۳) فلفل دراز۔

پیپلا: [ہ-اند] تلوار کی نوک یا انی۔

پیپلا توڑنا: [ار-محاورہ] چپکے سے میان سے تلوار کھینچنا۔

پیپلا مول (پیپلا مور / مونڈ): [ہ-امث] پیپل کی جڑ۔ فلفل دراز کی جڑ۔

پیپلی: [ہ-امث] (۱) پیپل کا پھل (۲) پیپل کا چھوٹا درخت۔

پیت: [ہ-امث] (۱) محبت۔ دوستی۔ عشق۔ پیار۔ اخلاص (۲)

(صف) زرد۔ پیلا

پیت کی پیت رہے اور میت کا میت ہاتھ لگے : [ار۔ مثل] دوستی بھی قائم رہے اور مقصد بھی حاصل ہو۔

پیت کی ریت نرالی : [ار۔ مثل] دوستی کا انداز ہی نرالا ہے۔ محبت کا طریق ہی انوکھا ہوتا ہے۔

پیت نہ جانے جات کجات : [ار۔ مثل] محبت میں ذات نہیں دیکھی جاتی۔ محبت میں ذات پات کی قید نہیں

پیتا با / پیتاوا : [ار۔ اند] دیکھیے "پاتابہ"

پیتام بر : [ہ۔ اند] (۱) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا (۲) زرد پوش (۳) ریشمی دھوتی جسے اکثر عورتیں باندھتی ہیں

پَیترا : [ہ۔ اند] (۱) کشتی یا پٹے کے داؤں کرتے وقت کا ٹھاٹھ (۲) پاؤں کا نشان کھوج (۳) سراغ۔ اثر (۴) تجویز۔ ڈھنگ۔

پَیترا بدلنا : [ار۔ محاورہ] (۱) کشتی یا پٹے کے وقت قاعدے کے مطابق پاؤں آگے یا پیچھے رکھنا (۲) فنِ سپاہ گری دکھانا (۳) ناز و انداز سے چلنا۔

پِتیس : [ہ۔ امث] خُسر کے بھائی کی بیوی۔ چچی۔ ساس

پِتیسرا : [ہ۔ اند] خُسر کا چھوٹا بھائی یعنی چچا خُسر۔

پِیتل : [ہ۔ اند] تانبے اور جست کا مرکب جس کا رنگ زرد ہوتا ہے اور برتن وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

پِیتلی : [ہ۔ صف] (۱) پیتل کا۔ برنجی (۲) زرد پیلا۔

پیتم : [ہ۔ اند] محبوب۔ عاشق۔ نہایت پیارا۔

پیتمبر : [ہ۔ اند] دیکھیے "پیتامبر"

پیتمبری : [ہ۔ صف] زرد پیلا۔

پیٹ [یائے معروف سے] [ار۔ امث۔ ق] پیٹھ۔ کمر۔

پیٹ (یائے مجہول سے) [ہ۔ اند] (۱) چھاتی اور پیڑو کے درمیان کا حصہ جہاں کھانا ہضم ہوتا ہے۔ شکم۔ بطن (۲) رحم۔ بچہ دان (۳) حمل (۴) بندوق یا توپ کے پیالے کے قریب کی جگہ (۵) گنجائش (۶) حوصلہ۔ ظرف (۷) باطن (۸) بھوک (۹) معدہ (۱۰) پوٹا (۱۱) دائرے کا اندرونی حصہ (۱۲) جوف۔ گولائی۔ محیط (۱۳) لالچ۔ طمع۔ (۱۴) خوراک۔ خواہشِ معدہ (۱۵) کسی مٹھائی وغیرہ کو خستہ کرنے کے لیے گھی کے اندر ملائی ہوئی مقدار۔

پیٹ اُپھرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹ پھولنا۔ نفخ ہونا (۲) راز ضبط نہ ہونا۔ راز پوشیدہ نہ رکھ سکنا۔

پیٹ باندھنا : [ار۔ محاورہ] خواہش سے کم کھانا۔ بھوک ضبط کرنا۔

پیٹ بجانا : [ار۔ محاورہ] خوشی منانا۔ خوش ہونا۔

پیٹ بُری بلا ہے : [ار۔ مثل] بھوک بہت بُری چیز ہے۔

پیٹ بڑا ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹ بڑھنا (۲) ہوس زیادہ ہونا۔

پیٹ بڑھانا : [ار۔ محاورہ] خوراک بڑھانا۔ مقدار سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا (۲) دوسرے کے مال پر دانت رکھنا۔ ہوس بڑھنا

پیٹ بڑھنا : [ار۔ محاورہ] پیٹ کا بڑا ہونا۔ خوراک بڑھنا بھوک زیادہ ہونا۔

پیٹ بند ہونا : [ار۔ محاورہ] دست بند ہونا۔

پیٹ بولنا : [ار۔ محاورہ] پیٹ میں ریاح کی آواز ہونا۔ قراقر ہونا۔

پیٹ بھاری ہونا : [ار۔ محاورہ] بدہضمی ہونا۔ گرانی ہونا۔

پیٹ بھرا : [ار۔ صف] (۱) شکم سیر (۲) مال دار (۳) فارغ البال (۴) بے پروا۔ بے فکر۔ آزاد۔

پیٹ بھرا اور پیٹھ لاد : [ار۔ مثل] کھا کر محنت کرنی چاہیے۔

پیٹ بھر جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) سیر ہو جانا۔ جی بھر جانا (۲) اکتا جانا۔ گھبرا جانا (۳) مال دار ہو جانا (۴) مغرور ہو جانا۔

پیٹ بھر کر : [ار۔ متعلق فعل] (۱) خاطر خواہ۔ بخوبی۔ جی بھر کے (۲) بہت۔ بے حد۔

پیٹ بھر لینا : [ار۔ محاورہ] جو ملے کھا کر سیر ہونا۔ روکھی سوکھی کھا کے دن کاٹنا۔

پیٹ بھرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) سیر ہونا (۲) گذر بسر کرنا (۳) روکھا سوکھا کھا کے دن کاٹنا (۴) آسودہ ہونا (۵) اکتانا۔ بیزار ہونا (۶) مال دار ہونا۔ دولت مند ہونا۔

پیٹ بھروئے پیسے لادو : [ار۔ مثل] کھانے کو دو اور محنت لو۔

پیٹ بھری : [ار۔ صف۔ مث] دیکھیے "پیٹ بھرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

پیٹ بھرے رذلے اور بھوکے بھلے مانس سے ڈریئے : [ار۔ مثل] کمینہ دولت مندی کی حالت میں اور شریف مفلسی کی حالت میں خطرناک ہوتا ہے۔

پیٹ بھرے کی باتیں : [ار۔ امث] دولت مندی کی باتیں۔ متکبرانہ باتیں۔ مغرورانہ انداز۔

پیٹ بھرے کی کھوٹی چال / کے کھوٹے چالے : [ار۔ مثل] مال دار آدمی عموماً عیاش ہوتے ہیں۔

پیٹ بھرے کے گُن : [ار۔ اند] مغرورانہ کلام۔ آزادانہ اطوار۔

پیٹ بھی خالی گود بھی خالی : [ار۔ مثل] مفلس اور بے اولاد۔

پیٹ پیچ پڑی روٹیاں تو سبھی باتیں موٹیاں : [ار۔ مثل] دولتمند ہو کر بہت باتیں آ جاتی ہیں۔

پیٹ پاپی ہے : [ار۔ مثل] بھوک کی وجہ سے انسان بہت سے گناہ کرتا ہے۔

پیٹ پاٹنا : [ار۔ محاورہ] پیٹ بھرنا۔ تنگی ترشی کی حالت میں گزارہ کرنا۔

پیٹ پالنا : [ار۔ محاورہ] دقت سے گزارہ کرنا۔ مشکل سے گزر بسر ہونا۔

پیٹ پالو : [ار۔ صف] (۱) نفس پرست۔ بندۂ شکم (۲) لالچی۔ حریص۔

پیٹ پانی ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) دست آنا (۲) بہت پریشان ہونا۔

پیٹ پٹاری مُنہ سپاری : [ار۔ مثل] دیکھنے میں تو دُبلا مگر بہت کھانے والا۔

پیٹ پر پتھر باندھنا : [ار۔ محاورہ] فاقے کی تکلیف برداشت کرنا۔

پیٹ پر پٹی باندھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "پیٹ پر پتھر باندھنا"

پیٹ پکار رہا ہے : [ار۔ محاورہ] زور کی بھوک لگی ہے۔

پیٹ پکڑ کر بھاگنا : [ار۔ محاورہ] بے تحاشہ بھاگنا۔ گھبرا کر

بھاگنا۔ جلد بھاگنا۔
پیٹ پکڑ کر ہنسنا: [ار۔ محاورہ] بہت ہنسنا
پیٹ پکڑنا: [ار۔ محاورہ] پریشانی اور اضطراب ظاہر کرنا۔
پیٹ پکڑے / تھامے پھرنا: [ار۔ محاورہ] پریشان پھرنا۔ آپے میں نہ رہنا۔
پیٹ پوجا: [ار۔ امث] شکم پُری۔ پیٹ بھرنا۔
پیٹ پورا کرنا: [ار۔ محاورہ] پیٹ بھر کھانا۔
پیٹ پونچھن / کھرچن: [ار۔ اند] آخری اولاد۔ آخری بچہ جس کے بعد کوئی اولاد نہ ہو۔
پیٹ پھاڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) شکم چاک کرنا (۲) کسی کام میں جلدی اور بیقراری ظاہر کرنا (۳) ہوکا ہونا۔ حرص کرنا۔ بے صبری کرنا (۴) حسد کرنا۔ نظر لگانا (۵) دل کا بھید ظاہر کرنا (۶) حصہ لینے میں جلدی کرنا (۷) انکار کرنا (۸) لڑنے کو تیار ہونا۔
پیٹ پھٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) شکم چاک ہونا (۲) بے صبر ہونا۔ ہنسی کے مارے بیتاب ہونا (۳) حسد کرنا۔ رشک کرنا (۴) چاولوں کا پھول کر شق ہونا۔ (۵) وضع حمل ہونا (۶) دُور ہونا۔ رفع ہونا۔
پیٹ پھلانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹ کو سانس سے اونچا کرنا (۲) حاملہ ہونا (۳) کھانے کے شوق میں تیار ہو کر بیٹھنا (۴) طمع کرنا لالچ کرنا (۵) جی جلانا۔
پیٹ پھول کر نقارہ ہو جانا: [ار۔ محاورہ] پیٹ بہت پھول جانا۔
پیٹ پھولنا: [ار۔ محاورہ] (۱) اپھر جانا۔ نفخ ہونا (۲) بیتاب ہونا۔ بے چین ہونا (۳) حمل سے ہونا۔
پیٹ پیٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹ بجانا (۲) بھوک کے مارے شور مچانا (۳) اضطراب اور بیقراری جتانا (۴) ہوس کرنا۔ لالچ کرنا۔
پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا: [ار۔ محاورہ] بھوک کی شدت سے پیٹ کا پیٹھ کو لگ جانا۔ بہت دُبلا ہونا۔
پیٹ پیٹھ سے لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا۔"
پیٹ تو سب کے ساتھ لگا ہوا ہے: [ار۔ مقولہ] ہر ایک کو کھانے کی ضرورت پڑتی ہے۔
پیٹ ٹھنڈا رہنا: [ار۔ محاورہ] خوش رہنا۔ اولاد کا زندہ رہنا۔
پیٹ جاری ہونا: [ار۔ محاورہ] دست آنا۔ دست کی بیماری۔
پیٹ جل رہا ہے: [ار۔ محاورہ] (۱) بھوک لگی ہوئی ہے (۲) حرارت ہے۔ پیاس ہے۔
پیٹ جلنا: [ار۔ محاورہ] بخار معلوم ہونا۔
پیٹ جھاڑنی: [ار۔ امث۔ ق] جُلاب
پیٹ چپاتی ہو جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹ نہایت ملائم ہو جانا (۲) فاقوں کے مارے پیٹ سکڑ جانا۔
پیٹ چلنا: [ار۔ محاورہ] دست آنا۔
پیٹ چلے من بھگتوں کو: [ار۔ مس] مصیبت پڑی ہوئی ہے اور دل ایسی باتوں کو چاہتا ہے جن سے مصیبت اور بڑھ جائے۔
پیٹ چوٹی / چوٹی: [ار۔ صف۔ مث] وہ عورت جس کا حمل جلد نہ پہچانا جائے یا جس کا پیٹ حمل میں زیادہ نہ بڑھے۔
پیٹ چھٹنا / چھنٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دُبلا ہونا۔ پیٹ کی موٹائی کم ہونا (۲) نفاس اچھی طرح جاری ہونا۔ زچہ کے پیٹ کی آلائش خوب نکل جانا۔
پیٹ چھوٹنا / چھٹنا: [ار۔ محاورہ] دست جاری ہونا۔
پیٹ خالی کرنا: [ار۔ محاورہ] بھوکا رکھنا۔
پیٹ خالی ہونا: [ار۔ محاورہ] پیٹ میں غذا نہ ہونا۔ بھوک ہونا۔
پیٹ دکھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) افلاس اور بھوک کی شکایت کرنا (۲) دائی سے حمل کی پہچان کرانا۔
پیٹ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] حمل گرانا
پیٹ رکھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) حاملہ کر دینا (۲) حاملہ ہونا۔
پیٹ رکھوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ رکھانا"
پیٹ رہ جانا / رہنا: [ار۔ محاورہ] حاملہ ہونا۔ حمل ٹھہر جانا۔
پیٹ سول: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] ماں کی طرف سے۔
پیٹ سے: [ار۔ صف] حاملہ۔
پیٹ سے باہر پاؤں نکالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ سے پاؤں نکلنا۔"
پیٹ سے پاؤں نکالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ناشائستہ فعل کرنا۔ بدوضعی اختیار کرنا (۲) بدی پر آنا۔ پر پرزے نکالنا (۳) خفیہ عیب یا ہنر ظاہر کرنا۔
پیٹ سے پاؤں نکلنا: [ار۔ محاورہ] خفیہ عیب یا ہنر ظاہر ہونا۔
پیٹ سے پتھر باندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ پر پتھر باندھنا"
پیٹ سے پٹی باندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ پر پتھر باندھنا۔"
پیٹ سے سوتے جاری ہو جانا: [ار۔ محاورہ] کثرت سے دست آنا۔
پیٹ سے فاقے طبیعت خوش بے اندازہ: [ار۔ مثل] بے پروا آدمی کی نسبت کہتے ہیں کہ کھانے کو نہیں مگر ہر وقت خوش ہے۔
پیٹ سے مٹکا باندھنا: [ار۔ محاورہ] مسلمان عورتوں کا عقیدہ ہے کہ جو شخص ماں کو تکلیف دیتا ہے اس کو دوزخ میں نو مہینے تک پیٹ پر مٹکا باندھنا پڑتا ہے۔ ماں کو ستانا۔
پیٹ سے ہونا: [ار۔ محاورہ] حاملہ ہونا۔
پیٹ کا بچہ: [ار۔ اند] (۱) وہ بچہ جو ابھی تک پیٹ میں ہو (۲) سگا بچہ۔ حقیقی بچہ۔
پیٹ کا بیج: [ار۔ اند] حمل کے دوران میں رشتہ کا لین دین کرنا یعنی جو بچہ ابھی پیدا نہیں ہوا اس کی نسبت طے کرنا۔
پیٹ کا بندہ: [ار۔ اند] لالچی۔ حریص۔
پیٹ کا پانی نہ ہلنا: [ار۔ محاورہ] بے تکان جانا۔ سواری میں جنبش اور تکلیف نہ ہونا۔

پیٹ کا پردہ: [ار- اند] اوجھڑی - آنتوں کی جھلی۔
پیٹ کا پٹھو: [ار- اند] ہر وقت کا ساتھی - بڑا دوست۔
پیٹ کاٹنا: [ار- محاورہ] (۱) کفایت کرنا (۲) کم کھا کر گزر کرنا (۳) خوراک سے کم دینا - بھوکا مارنا۔
پیٹ کا ٹوٹا / مارا: [ار- صف] فاقوں کا مارا - روٹی کا محتاج۔
پیٹ کا جلا گاؤں جلائے: [ار- مثل] بھوکا آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔
پیٹ کا دکھ دینا: [ار- محاورہ] بھوکا مارنا - کھانے کو نہ دینا۔
پیٹ کا دکھیا: [ار- صف] (۱) جس کو پیٹ کی شکایت رہے - پیٹ کی بیماری میں مبتلا (۲) بسیار خور (۳) مفلس (۴) تن پرور
پیٹ کا دھندا: [ار- اند] (۱) کھانے پینے کی تدبیر - فکر معاش (۲) روزگار - کمائی - محنت
پیٹ کا کپٹی: [ار- صف] بے ایمان - منافق
پیٹ کا کتا: [ار- صف] (۱) نہایت لالچی - شکم پرور (۲) (اند) بھوک - اشتہا۔
پیٹ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں: [ار- مثل] باطن کو کوئی نہیں دیکھتا ظاہر کو سب دیکھتے ہیں۔
پیٹ کا گہرا: [ار- صف] راز چھپانے والا۔
پیٹ کا ہلکا: [ار- صف] جو راز کو چھپا نہ سکے - تنگ ظرف
پیٹ گڑگڑانا: [ار- محاورہ] ڈر کے مارے پیٹ بولنا۔
پیٹ کو آگ لگنا: [ار- محاورہ] اولاد سے دکھ پہنچنا۔
پیٹ کو ٹکڑا نہ تن کو چیتھڑا: [ار- مثل] انتہائی مفلسی۔
پیٹ کو ٹکیا نہیں سونے کو کھٹیا نہیں: [ار- مثل] انتہائی مفلسی۔
پیٹ کو دھوکا دینا: [ار- محاورہ] بھوکا رہنا - کم خوراک کھانا۔
پیٹ کو روٹی نہ تن پر تار: [ار- مثل] دیکھئے "پیٹ کو ٹکڑا نہ تن کو چیتھڑا"
پیٹ کو لگنا: [ار- محاورہ] بھوک کا غلبہ ہونا - زور کی بھوک لگنا۔
پیٹ کو مرنا: [ار- محاورہ] بھوکا مرنا - بھوک سے مرنا۔
پیٹ کھل جانا: [ار- محاورہ] بھوک بڑھ جانا - بہت کھانا
پیٹ کی آگ / آنچ: [ار- امث] (۱) ماں کی محبت (۲) بھوک (۳) اولاد - بال بچے
پیٹ کی آگ بجھانا / ٹھنڈا کرنا: [ار- محاورہ] بھوکے کو کھانا کھلانا - بھوک دور کرنا۔
پیٹ کی بات: [ار- امث] دل کا بھید - راز
پیٹ کی فکر: [ار- امث] فکرِ معاش - روزی کی فکر۔
پیٹ کی گہری: [ار- صف- مث] بھید چھپانے والی۔
پیٹ کی مار: [ار- امث] بھوک کی تکلیف - رزق کی کمی۔
پیٹ کی مار دینا: [ار- محاورہ] بھوکا رکھنا - بھوک کی سزا دینا۔
پیٹ کی ماری: [ار- صف- مث] بھوکی۔
پیٹ کے آگے ناچے: [ار- مثل] پیٹ بھرا ہوا آدمی کھانے سے انکار کر دیتا ہے۔

پیٹ کے بال: [ار- اند] وہ بال جو ماں کے پیٹ ہی میں بچے کے نکل آتے ہیں۔
پیٹ کے بگاڑ سے سارے بگاڑ ہیں: [ار- مثل] ساری بیماریاں معدے کی خرابی سے ہوتی ہیں۔
پیٹ کے گن کون جانے: [ار- مثل] باطن کا حال کسی کو معلوم نہیں۔
پیٹ کے لئے / واسطے: [ار- متعلق فعل] روزی کی خاطر۔
پیٹ کے لئے / واسطے پردیس جاتے ہیں: [ار- مثل] روزی کی خاطر سفر کرنا پڑتا ہے یا گھر چھوڑنا پڑتا ہے۔
پیٹ کے لئے / واسطے دوڑنا: [ار- محاورہ] روٹی کی فکر میں پھرنا - روزی کی تلاش میں پھرنا۔
پیٹ گدرانا: [ار- محاورہ] حمل کے آثار ظاہر ہونا۔
پیٹ گرانا / گروانا: [ار- محاورہ] حمل ساقط کرانا
پیٹ گرنا: [ار- محاورہ] حمل ساقط ہونا - حمل جاتا رہنا۔
پیٹ گڑگڑانا: [ار- محاورہ] پیٹ میں قراقر ہونا - پیٹ بولنا۔
پیٹ لگ جانا / لگنا: [ار- محاورہ] بھوک کی وجہ سے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا۔
پیٹ مارنا: [ار- محاورہ] (۱) خودکشی کرنا (۲) نفس کشی کرنا (۳) کھانے میں کمی کرنا۔
پیٹ مرانی: [ار- صف- مث] (۱) وہ عورت جو پیٹ کے لئے محنت کرے (۲) وہ عورت جو پیٹ کے لئے بدکاری کرے - فاحشہ - رنڈی۔
پیٹ مزورا: [ار- صف- مذ- ق] مزدور - بھاڑے کا۔
پیٹ مسوس کے / کر رہ جانا: [ار- محاورہ] پیچ و تاب کھانا۔
پیٹ مسوسنا: [ار- محاورہ] بھوکا رہنا۔
پیٹ ملوانا: [ار- محاورہ] (۱) پیٹ کی مالش کرانا (۲) ناف یا نلوں کے ٹل جانے سے جو تکلیف ہوئی ہو، اس کا علاج کرانا۔
پیٹ میٹ کار سمیٹ: [ار- مثل] پہلے کام ختم کر، پھر کھانے کو مانگ۔
پیٹ میں آزار ہونا: [ار- محاورہ] (۱) پیٹ میں ایسی بیماری ہونا جو سمجھ میں نہ آئے (۲) کھانے سے سیری نہ ہونا۔
پیٹ میں آگ لگنا: [ار- محاورہ] بھوک سے بیقرار ہونا۔
پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت: [ار- مثل] بہت بوڑھا - بہت ضعیف۔
پیٹ میں آڑ ہونا: [ار- محاورہ] بچوں کے پیٹ میں قبض کی وجہ سے درد ہونا۔
پیٹ میں انگارے بھرنا: [ار- محاورہ] حرام کا مال کھانا (گویا دوزخ کی آگ بھرنا)
پیٹ میں بات رکھنا: [ار- محاورہ] راز چھپانا - بھید مخفی رکھنا۔
پیٹ میں بات نہ پچنا / سمانا: [ار- محاورہ] بھید نہ چھپا سکنا۔
پیٹ میں بل پڑنا: [ار- محاورہ] ہنستے ہنستے دُہرا ہو جانا - بہت ہنسنا۔
پیٹ میں بیٹھنا: [ار- محاورہ] یارانہ گانٹھنا - دوست بن

کے مطلب نکالنا۔
پیٹ میں پالنا: [ار۔ محاورہ] کوئی بات دل میں رکھنا۔ فکر ہونا۔
پیٹ میں پانی پڑنا: [ار۔ محاورہ] خوف کی وجہ سے دست آنا۔
پیٹ میں پانی نہ پچنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ میں بات نہ پچنا"
پیٹ میں پاؤں ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) نہایت مکار ہونا۔ (۲) کھانے ہی سے کچھ ہو سکنا۔
پیٹ میں پاؤں ہے: [ار۔ مثل] محنت کرنے سے ہی کھانے کو ملتا ہے (۲) کھانے ہی سے طاقت آتی ہے۔
پیٹ میں پٹھو: [ار۔ اند] بچوں کے کھیل میں ایک اور کھیلنے والا فرض کر لینا۔
پیٹ میں پڑا چارا تو کودنے لگا بچارا: [ار۔ مثل] روٹی مل گئی تو شرارت سوجھنے لگی۔ دولت مل گئی تو پچھلی حالت کو بھول گیا۔
پیٹ میں پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کوئی کھانے کی چیز پیٹ میں جانا (۲) حمل ہونا۔
پیٹ میں پڑی بوند تو نام رکھا محمود: [ار۔ مثل] کام ہوا نہیں، خوشی منانی شروع کر دی۔
پیٹ میں پڑی جب دور کی سوجھی / بھوک لگی تندور کی سوجھی: [ار۔ مثل] بے فکری میں عجیب عجیب باتیں سوجھتی ہیں اور بھوکے کو روٹی کی فکر رہتی ہے۔
پیٹ پڑے تو عبادت سوجھے: [ار۔ مثل] بھوکے سے عبادت نہیں ہو سکتی۔
پیٹ میں ٹکڑے ڈالنا: [ار۔ محاورہ] کھانے پینے کی کفالت کرنا۔ روٹی دینا۔
پیٹ میں چوہوں کا قلابازیاں کھانا: [ار۔ محاورہ] بے انتہا بھوک ہونا۔ بھوک سے بیتاب ہونا۔
پیٹ میں چوہوں کی گھوڑ دوڑ ہونا: [ار۔ محاورہ] گھبرا جانا۔ سٹپٹا جانا۔
پیٹ میں چوہے چھوٹنا / دوڑنا: [ار۔ محاورہ] گھبرا جانا۔ سٹپٹا جانا۔
پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت کم خوراک کھانا۔ بے کھائے جینا۔
پیٹ میں دم نہ سمانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ میں سانس نہ سمانا"
پیٹ میں ڈاڑھی ہونا: [ار۔ محاورہ] بچپن میں بوڑھوں کی سی باتیں کرنا۔ بچے کا بہت چالاک ہونا۔
پیٹ میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بے رغبتی سے کھانا۔ جلدی جلدی کھانا (۲) دوسرے کو کھلانا۔
پیٹ میں رکھنا: [ار۔ محاورہ] راز مخفی رکھنا۔ بھید ظاہر نہ کرنا۔
پیٹ میں روٹی پڑنا: [ار۔ محاورہ] پیٹ بھر روٹی ملنا۔ کھانے کو ملنا۔
پیٹ میں سانس نہ سمانا: [ار۔ محاورہ] (۱) سانس پھول نا (۲) بہت گھبرانا (۳) بہت تھک جانا۔

پیٹ میں سے پاؤں نکالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ سے پاؤں نکالنا"
پیٹ میں قراقر ہونا: [ار۔ محاورہ] پیٹ میں ریاح کا بولنا۔
پیٹ میں کھلبلی پڑنا / مچنا: [ار۔ محاورہ] بہت گھبراہٹ ہونا پریشانی ہونا۔
پیٹ میں گڑبڑ ہونا: [ار۔ محاورہ] پیٹ بولنا۔ پیٹ میں خرابی ہونا۔
پیٹ میں گُن بھرے ہونا: [ار۔ محاورہ] باطن میں شرارت ہونا۔
پیٹ میں گھسنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ میں بیٹھنا"
پیٹ میں گھسے تو بھید ملے: [ار۔ مثل] کسی سے بہت دوستی ہو جائے تو راز معلوم ہوتا ہے۔
پیٹ میں گھوڑے دوڑنا: [ار۔ محاورہ] پیٹ میں گڑبڑ ہونا۔ قراقر ہونا۔
پیٹ میں گیدڑیاں دوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹ میں چوہے دوڑنا"
پیٹ میں ہول اٹھنا / سمانا: [ار۔ محاورہ] پریشان ہونا۔ بے حد گھبرانا۔
پیٹ نہیں مانتا: [ار۔ مثل] بھوک کی برداشت نہیں ہوتی
پیٹ والی: [ار۔ صف] حاملہ۔ زن باردار۔
پیٹ ہڑبڑانا: [ار۔ محاورہ] پیٹ میں قراقر ہونا۔
پیٹ ہونا: [ار۔ محاورہ] حمل ہونا۔
پیٹ ہے یا بے ایمان کی قبر: [ار۔ مثل] بہت بڑے پیٹ والے کو مذاقاً کہتے ہیں۔
پیٹ ہے یا چمڑے کی پکھال: [ار۔ مثل] بہت زیادہ کھانے پینے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
پیٹ ہے یا خواجہ خضر کی زنبیل: [ار۔ مثل] سب الابلا کھا جانے اور سیر نہ ہونے والے کو کہتے ہیں۔
پیٹا (یائے معروف سے) [ار۔ صف] نامناسب۔ بے جا۔ ۲ پیٹنا کا ماضی۔
پیٹا پانی: [ار۔ اند] زور شور کا مینہ۔ بارش۔
پیٹا (یائے مجہول سے) [ار۔ اند] (۱) پیٹ۔ شکم (۲) حیوانات کی اوجھڑی (۳) دور۔ گھیر۔ گولائی (۴) اڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور کا جھول (۵) جوف۔ کسی چیز کا وسط (۶) کسی تنی ہوئی چیز کا جھول (۷) دریا کا راستہ یا پاٹ (۸) ورق کا بیچ کا حصہ۔ متن (۹) حساب کی تفصیل۔ میزان (۱۰) فاصلہ دُوری (۱۱) قابو۔ بس (۱۲) حمایت (۱۳) (متعلق فعل) قریب قریب۔ تخمیناً۔ دوران میں۔
پیٹا توڑنا: [ار۔ محاورہ] اڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور کو بیچ میں سے توڑ لینا۔
پیٹا چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] پتنگ کی ڈور کا جھول دینا۔
پیٹا کاٹ جانا: [ار۔ محاورہ] پتنگ کے پیٹے سے دوسرا پتنگ کاٹ جانا۔

پٹیار ہتھو: [ہ۔ صف] پیٹو۔ بسیار خور۔
پیٹ پیٹ کر: [ار۔ متعلق فعل] (۱) بڑی مشکل سے۔ نہایت دقت سے (۲) مار مار کر (۳) ماتم میں سر اور سینے پر ہاتھ مار کر۔ رُلا رُلا کر۔
پیٹ پیٹ کر اپنا خون کر ڈالنا: [ار۔ محاورہ] مار مار کر اپنے آپ کو ہلاک کر ڈالنا۔
پیٹ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] ایک دم سے بہت مارنا۔
پیٹ لینا: [ار۔ محاورہ] کوٹنا
پیٹک پٹیا / پٹیا: [ار۔ امث] (۱) کہرام۔ گریہ وزاری۔ نوحہ و ماتم (۲) جھگڑا فساد۔ لڑائی بھڑائی۔
پیٹک پٹیا ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ماتم کرنا۔ نوحہ کرنا۔ کہرام مچانا (۲) جھگڑا اٹھانا۔ فساد برپا کرنا۔
پیٹل (پے ٹل): [ہ۔ صف] بڑے پیٹ والا۔ بڑی توند والا۔
پیٹنا: [ار۔ مص] (۱) مارنا (۲) کوٹنا۔ کچلنا۔ چوٹ لگانا (۳) دُکھڑا رونا (۴) بُرا چاہنا۔ کسی کا مرنا چاہنا (۵) نوحہ کرنا۔ ماتم کرنا (۶) چوڑا کرنا۔ چپٹا کرنا (۷)، حاصل کرنا کمانا (۸) گوٹ مارنا۔ مہرہ مارنا (۹) (اِمذ) ماتم۔ نوحہ۔ مصیبت۔ آفت
پیٹنٹ: [انگ۔ صف] (PATENT) رجسٹری شدہ ایجاد جس کو دوسرا نہ بنا سکے۔ مستند۔
پیٹو [یائے معروف سے] [ار۔ صف] ماتم میں بہت سینہ اور سر کوٹنے والا۔
پیٹو [یائے مجہول سے] [ار۔ صف] (۱) بہت کھانے والا۔ بسیار خور۔ (۲) حریص۔ لالچی۔
پیٹو مرے پیٹ کو نامی مرے نام کو: [ار۔ مثل] کھانے کا لالچی کھانے پر جان دیتا ہے اور بہادر اپنی شہرت کے لیے جان دیتا ہے۔
پیٹے میں آجانا: [ار۔ محاورہ] زیر بار ہونا۔
پیٹے میں پڑنا: [ار۔ محاورہ] قابو میں ہونا۔ بس میں ہونا۔
پیٹے میں ہونا: [ار۔ محاورہ] قریب قریب ہونا۔
پیٹھ: [ار۔ امث] (۱) پُشت۔ جسم کا پچھلا حصہ جو سینے کے مقابل ہوتا ہے (۲) مدد۔ حمایت۔ پناہ (۳) پیچھے۔ پچھاڑی (۴) ہر چیز کا اوپر کا حصہ۔
پیٹھ پر کا: [ار۔ صف۔ مذ] (۱) اوپر کا۔ بعد کا۔ وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہوا ہو (۲) چھوٹا بھائی۔
پیٹھ پر کھانا: [ار۔ محاورہ] بھاگتے ہوئے پٹنا۔ چوتڑوں پر مار پڑنا۔
پیٹھ پر کی: [ار۔ صف۔ مث] اوپر کی۔ بعد کی وہ لڑکی جو کسی بچے کے بعد پیدا ہوئی ہو۔ چھوٹی بہن۔
پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیار کرنا (۲) حوصلہ بڑھانا۔ ہمت بڑھانا۔
پیٹھ پر ہاتھ ٹھونکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹھ ٹھونکنا"
پیٹھ پر ہاتھ رکھنا: [ار۔ محاورہ] سرپرستی کرنا۔ حمایت کرنا۔
پیٹھ پر ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) حمایت یا مدد کرنا (۲) ایک بچے کے بعد دوسرا بچہ پیدا ہونا۔
پیٹھ پھیر کر بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹھ موڑ کے بیٹھنا بے پروائی اور بیزاری ظاہر کرنا۔ عورت کا بڑوں کے سامنے منہ کرکے نہ بیٹھنا۔
پیٹھ پھیرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مُڑ کر بیٹھنا۔ رُخ بدل کر بیٹھنا (۲) بیزاری یا نفرت کی وجہ سے دوسری طرف منہ کر لینا (۳) روانہ ہونا۔ رخصت ہونا (۴) لڑائی سے بھاگنا۔ ہزیمت اٹھانا (۵) مرنا۔ انتقال کرنا۔
پیٹھ پیچھا ہے: [ار۔ محاورہ] موجود نہیں۔ حاضر نہیں۔ مُنہ دیکھے کی خوشامد نہیں۔
پیٹھ پیچھے: [ار۔ متعلق فعل] (۱) غیر حاضری میں۔ غیبت میں۔ (۲) مرنے کے بعد۔
پیٹھ پیچھے بادشاہ کو بھی بُرا کہتے ہیں: [ار۔ مثل] اگر کوئی غیبت میں بُرا کہے تو بُرا ماننے کی ضرورت نہیں۔
پیٹھ پیچھے ڈال دینا: [ار۔ محاورہ] بے پروائی کرنا۔
پیٹھ پیچھے (بُرا) کہنا: [ار۔ محاورہ] غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔
پیٹھ توڑنا: [ار۔ محاورہ] کمر توڑنا۔ ہمت توڑنا۔ مایوس کرنا۔
پیٹھ ٹھوکنا / ٹھونکنا: [ار۔ محاورہ] پیار کرنا۔ شاباش دینا۔ حوصلہ بڑھانا۔
پیٹھ جُھک جانا / خم ہونا: [ار۔ محاورہ] بڑھاپے کی وجہ سے کمر جھک جانا۔ بوجھ کی وجہ سے کمر ٹیڑھی ہونا۔
پیٹھ چارپائی سے لگ جانا / لگنا: [ار۔ محاورہ] بیماری یا کمزوری کے باعث چارپائی سے نہ اٹھ سکنا۔
پیٹھ دکھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) روانہ ہونا۔ رخصت ہونا۔ سفر کو جانا (۲) منہ موڑنا۔ دغا دینا (۳) مقابلے / لڑائی سے بھاگ جانا۔ شکست کھانا (۴) مر جانا۔ انتقال کرنا۔
پیٹھ دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) روگرداں ہونا۔ منہ موڑنا (۲) دھوکا دینا۔ فریب دینا (۳) لڑائی سے بھاگ جانا (۴) مر جانا۔ انتقال کرنا۔
پیٹھ زمین کو / سے لگنا: [ار۔ محاورہ] چت ہونا۔ کشتی میں ہار جانا۔
پیٹھ سیدھی کرنا: [ار۔ محاورہ] آرام لینا۔ ذرا دیر سستانے کیلئے لیٹ جانا۔ بہت جھک کر کام کرنے کے بعد سیدھا ہونا۔
پیٹھ کا: [ار۔ صف] دیکھئے "پیٹھ پرکا"
پیٹھ کا کچا: [ار۔ صف] وہ جانور جس کی پیٹھ سواری میں جلد زخمی ہو جائے۔ سواری کا بودا۔
پیٹھ لگانا: [ار۔ محاورہ] سواری یا باربرداری کے جانور کی پیٹھ زخمی کر دینا (۲) کشتی میں پچھاڑنا۔
پیٹھ لگ جانا / لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) لیٹے لیٹے کمر میں زخم پڑ جانا (۲) رگڑ سے جانور کی پیٹھ میں زخم پڑ جانا (۳) کشتی میں مغلوب ہو جانا۔
پیٹھ موڑنا: [ار۔ محاورہ] پیٹھ دکھانا۔
پیٹھ نہ لگنا: [ار۔ محاورہ] آرام نہ پانا۔ تڑپنا۔ بیقرار رہنا۔
پَیٹھ: [ہ۔ امث] (۱) دخل۔ رسائی۔ باریابی۔ گزر (۲) وہ بازار جو آٹھویں دن معین جگہوں پر لگتا ہے (۳) مثنیٰ۔ نقل۔ ہنڈوی کی نقل (۴) وہ بیل جو کانٹا ذخیرہ نکلنے کے بعد بھر جائے۔

پیٹھ بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] زخم میں میل وغیرہ کا جم جانا۔

پیٹھ لگنا: [ار۔ محاورہ] بازار لگنا

پیٹھا (یائے مجہول سے) [ہ۔ امذ] گول کدو سے مشابہ ایک پھل جس کی مٹھائی اور مربہ بناتے ہیں۔

پیٹھانا: [ہ۔ مص] بھیجنا۔ رخصت کرنا۔

پیٹھنا: [ہ۔ مص] (۱) گھسنا۔ داخل ہونا (۲) جمنا۔ پیوست ہونا۔ گڑنا۔

پیٹھنے دینا: [ار۔ محاورہ] گھسنے دینا۔ داخل ہونے دینا۔ باریابی کی اجازت دینا۔

پیٹھنے والا: [ہ۔ صف] (۱) زبردستی گھسنے والا۔ مداخلت بے جا کرنے والا (۲) غوطہ خور۔ غواص (۳) کنواں صاف کرنے والا۔

پیٹھی: [ہ۔ امث] ماش اور مونگ وغیرہ دال کی لگدی جو سل بٹے پر پیس کر بنائی جاتی ہے۔

پیٹھیا: [ہ۔ صف] گھسنے والا۔ داخل ہونے والا۔ مداخلت بے جا کرنے والا۔

پیٹی: [ار۔ امث] (۱) پٹکا۔ کمر بند۔ چمڑے یا کپڑے کا چوڑا ٹکڑا جو کمر میں باندھتے ہیں (۲) وہ کپڑا جو زچہ کی کمر میں باندھتے ہیں۔ وہ کپڑا جو طفل نوزائیدہ کی کمر میں لپیٹتے ہیں (۴) وہ ڈورا جو بلبل وغیرہ کی کمر میں باندھتے ہیں (۵) لوہے کا وہ صندوق جو نقدی وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے (۶) لکڑی کا صندوق یا پارسل جس میں سامان تجارت آتا ہے (۷) وہ چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا جو شکاری چیتے وغیرہ کی کمر میں باندھتے ہیں (۸) توپ یا بندوق کے سامان رکھنے کا بکس (۹) نیفے کا استر (۱۰) وہ کپڑا جو عورتیں چوٹی گوندھنے کی غرض سے پہلے لپیٹ کر موباف باندھتی ہیں (۱۱) چمڑے کا وہ پٹکا جو سپاہی اپنی وردی کے ساتھ اپنی کمر پر لپیٹتے ہیں۔ (۱۲) سینہ یا چھاتی (۱۳) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس میں بندوق یا رائفل کے کارتوس ڈالنے کے لئے خول بنے ہوتے ہیں (۱۴) خورجی۔ جامہ دانی۔

پیٹی اتارنا: [ار۔ محاورہ] سپاہی کو معطل کرنا۔

پیٹی اترنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹی اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پیٹی باندھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کمر کسنا (۲) پرندوں کی کمر میں پیٹی باندھ دینا (۳) زچہ بچہ کی کمر میں پیٹی باندھ دینا (۴) مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔

پیٹی توڑنا: [ار۔ محاورہ] چور کا لوہے کے صندوق کو توڑنا۔

پیٹی کھولنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سامان کا صندوق کھولنا (۲) چوری کے لئے نقدی اور زیورات کا صندوق کھول لینا۔

پیٹی کھلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹی کھولنا" جس کا لازم ہے۔

پیٹی لڑانا / مارنا: [ار۔ محاورہ] جماع کرنا۔

پیٹی لے لینا / لینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیٹی اتارنا"

پیٹیا: [ہ۔ صف] (۱) بسیار خور۔ پیٹو (۲) [امذ] ایک دن کی مقدار خوراک۔ روزینہ۔ وظیفہ۔ روزانہ رسد۔

پیجامہ: [ف۔ امذ] دیکھئے "پاجامہ"

پی جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) نوش کر لینا۔ چڑھا لینا (۲) ٹال جانا۔ طرح دے جانا۔ برداشت کرنا۔ درگزر کرنا (۳) خاموش ہو جانا۔ (۴) کچھ کہنے کا ارادہ کر کے نہ کہنا۔

پیچ / پیچھ: [ہ۔ امث] چاولوں کا پساؤ۔ اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی جسے غریب لوگ پی لیتے ہیں اور دھوبی کلف بناتے ہیں۔

پیچ پی ہزار نعمت کھائی: [ار۔ مثل] (۱) کھانے کو جو مل گیا نعمت سمجھ کر کھایا (۲) تھوڑی راحت کے لئے بہت رنج برداشت کیا اب ضبط کی برداشت نہیں

پیچ: [ف۔ امذ] (۱) بل۔ لپیٹ (۲) داؤں (۳) مروڑ (۴) پرزہ۔ وہ کیل جس میں چوڑیاں کٹی ہوئی ہوتی ہیں (۵) چکر۔ موڑ۔ گھماؤ۔ پھیر۔ دور۔ گردش (۶) دشواری۔ مشکل۔ دقت (۷) دھوکا۔ فریب۔ چال۔ (۸) خلل۔ روک۔ اٹک (۹) پھندا۔ گرہ (۱۰) کنکووں کی لڑائی۔ ایک کنکوے کی ڈور کا دوسرے کی ڈور سے الجھنا۔ پتنگ کا پیچ (۱۱) سوتوں کے لچھے (۱۲) کپڑے کا تھان (۱۳) کنڈلی۔ حلقہ۔ پیچار (۱۴) پگڑی کی لپیٹ (۱۵) رشک و حسد (۱۶) عقدہ (۱۷) دبانے کی کل۔

پیچ اٹھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) رنج اٹھانا۔ سختی سہنا (۲) ایک کنکوے کی ڈور کو دوسرے کنکوے کی ڈور سے علیحدہ کر لینا۔

پیچ اٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹ میں مروڑا اٹھنا۔ درد ہونا۔ (۲) کنکوے بڑھنا۔

پیچ اکھڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مشین کے پرزے کا ڈھیلا ہو جانا۔ بل نکل جانا (۲) کنکوے کی ڈور کا دونوں حریفوں کے ہاتھ سے ٹوٹ جانا۔

پیچ باندھنا: [ار۔ محاورہ] کشتی کے داؤں کا توڑ کرنا۔ جواب دینا۔

پیچ پاپج / پاپنچ: [ار۔ امذ] مکاری۔ فریب۔ چالاکی۔ چال۔ دھوکا۔

پیچ پاپج / پاپنچ کی باتیں: [ار۔ امث] چالاکی کی باتیں۔ شرارت کی باتیں۔

پیچ پر پیچ: [ار۔ امذ] سخت دقت۔ عنت مشکل۔

پیچ پر پیچ اٹھانا: [ار۔ محاورہ] رنج پر رنج سہنا۔

پیچ پر پیچ پڑنا: [ار۔ محاورہ] دقت پر دقت ہونا۔ مشکل پر مشکل ہونا

پیچ پر پیچ کھانا: [ار۔ محاورہ] غصہ میں بیتاب ہونا۔

پیچ پر چڑھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کشتی کے داؤں میں دوسرے کو لانا (۲) قابو میں کرنا۔

پیچ پر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیچ پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پیچ پڑ جانا / پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) الجھ جانا۔ مشکل پیش آنا۔ دقت پیش آنا (۲) پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور پر پڑنا۔ رکاوٹ ہونا۔ خرابی ہونا۔

پیچ تاب: [ار۔ امذ] دیکھئے "پیچ و تاب" جو صحیح ہے۔

پیچ چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) داؤ کا کامیاب ہو جانا (۲) تدبیر کارگر ہونا۔ چال چل جانا (۳) دغا فریب سے کام نکالنا۔

پیچ چننا: [ار۔ محاورہ] (۱) پگڑی کے پیچوں کو احتیاط سے درست کرنا۔

پیچ چھٹنا : [ار- محاورہ] کنکوے کی بازی میں ایک ڈور کا دوسری ڈور سے علیحدہ ہو جانا۔

پیچ دار : [ف- صفت] (۱) بل دار۔ بل کھایا ہوا (۲) پیچیدہ۔ مشکل (۳) الجھا ہوا۔ دقیق (۴) دھوکے باز۔ دغا باز۔ مکار (۵) ٹیڑھا۔ خمدار۔

پیچ در پیچ : [ف- صفت] (۱) بل پر بل پڑا ہوا۔ نہایت پیچیدہ۔ (۲) عقدۂ لاینحل۔ نہایت مشکل۔

پیچ دینا : [ار- محاورہ] بل دینا۔ مروڑنا۔ پیٹنا (۲) پیچ کسنا (۳) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

پیچ ڈالنا : [ار- محاورہ] (۱) الجھانا (۲) ایک پتنگ کی ڈور کو دوسرے پتنگ کی ڈور سے الجھانا (۳) مشکل میں پھنسانا۔ دقت میں ڈالنا (۴) فریب یا دھوکے کا جال بچھانا (۵) پیچیدگی بڑھانا (۶) جھگڑا پیدا کرنا۔ شرارت کرنا (۷) خلل ڈالنا۔ حرج کرنا (۸) داؤں کرنا (۹) چال چلنا۔

پیچ کا : [ار- صفت] دیکھئے "پیچ دار"

پیچ کا توڑ : [ار- اند] کشتی میں حریف کے داؤں کا جواب۔

پیچ کاٹنا : [ار- محاورہ] کنکوا کاٹنا۔ کنکوے کی ڈور کاٹنا۔

پیچ کٹنا : [ار- محاورہ] دیکھئے "پیچ کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

پیچ کرنا : [ار- محاورہ] (۱) کشتی میں داؤں کرنا (۲) پتنگ کا پیچ لڑانا (۳) دھوکا دینا۔

پیچ کسنا : [ار- محاورہ] لوہے کے پیچ کا چکر دے کر دبانا۔

پیچ کش : [ف- اند] (۱) ایک آلہ جس سے پیچ کستے ہیں۔ پیچ کسنے اور کھولنے کا اوزار۔

پیچ کھانا : [ار- محاورہ] (۱) بل کھانا (۲) دل ہی دل میں غصہ کرنا رنجیدہ ہونا (۳) چکر کھانا۔

پیچ کھل جانا / کھلنا : [ار- محاورہ] (۱) بل یا لپیٹ ادھر جانا (۲) بل دور ہو جانا۔ سلجھنا (۳) پوشیدہ بات ظاہر ہو جانا۔ راز افشا ہو جانا (۴) مشکل حل ہونا۔

پیچ کھیلنا : [ار- محاورہ] (۱) داؤں کرنا (۲) فریب دینا۔

پیچ کھینچنا : [ار- محاورہ] پیچ کسنا۔

پیچ کی بات : [ار- امث] (۱) ذو معنی بات۔ وہ بات جس کا ظاہری مطلب کچھ ہو اور اصل کچھ اور ہو۔

پیچ لانا : [ار- محاورہ] جھگڑے نکالنا مصیبت لانا۔

پیچ لڑانا : [ار- محاورہ] کنکوے لڑانا۔ پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور میں الجھانا۔

پیچ لڑنا : [ار- محاورہ] دیکھئے "پیچ لڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پیچ لینا : [ار- محاورہ] دیکھئے "پیچ لڑانا" (۲) گلے ملنا

پیچ مارنا : [ار- محاورہ] (۱) کشتی کا داؤں کرنا (۲) دھوکا دینا۔ جُل دینا فریب دینا (۳) بل کھانا۔ اینٹھنا (۴) کام اٹکانا۔ حارج ہونا۔

پیچ میں آنا : [ار- محاورہ] (۱) مصیبت میں پھنسنا (۲) پھیر میں آنا (۳) نقصان اٹھانا (۴) فریب کھانا (۵) پھندے میں پھنسنا (۶) جھگڑے میں پڑنا۔

پیچ میں پڑنا : [ار- محاورہ] دیکھئے "پیچ میں آنا"

پیچ میں پھنسانا : [ار- محاورہ] جھگڑے میں پھنسانا۔ مصیبت میں ڈالنا۔

پیچ میں پھنسنا : [ار- محاورہ] دیکھئے "پیچ میں پھنسانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پیچ میں ڈالنا : [ار- محاورہ] دیکھئے "پیچ میں پھنسانا"

پیچ میں لانا : [ار- محاورہ] دیکھئے "پیچ میں پھنسانا"

پیچ و تاب : [ف- اند] (۱) اضطراب۔ بے چینی (۲) بل۔ چکر (۳) فکر۔ اندیشہ۔ غم (۴) غصہ۔ قہر۔ غضب (۵) گوندھی ہوئی چوٹی۔

پیچ و تاب کھانا : [ار- محاورہ] (۱) پیٹنا۔ بل کھانا (۲) نہایت غضب ناک ہونا (۳) بیقرار ہونا (۴) حسد یا رشک سے جلنا (۵) اندر ہی اندر غم و غصے سے گھٹنا (۶) فکر و اندیشہ میں رہنا۔

پیچ و خم : [ف- اند] بل۔ پھیر۔ چکر۔

پیچا : [ہ- اند] (۱) پتنگ کا پیچ (۲) لپیٹ۔ بل۔ چکر۔

پیچا پیچ : [ہ- اند] چکر پہ چکر۔ تہ پہ تہ

پیچا پیچ : [ار- صفت] مشکل۔ پیچیدہ۔ دشوار۔

پیچاک : [ف- اند] (۱) پیچ و خم (۲) طرۂ زلف (۳) گھونگا۔

پیچاں : [ف- صفت] (۱) بل کھایا ہوا۔ پیچیدہ (۲) (غلطاں کے ساتھ) حیران۔ پریشان۔

پیچش : [ف- امث] مروڑ۔ درد ہو کر دست، پاخانہ یا آنو آنا۔

پیچک : [ف- امث] (۱) لپٹے ہوئے سوت کی ریل (۲) پیچ دار نال والا پینچہ۔

پیچہ : [ہ- اند] ایک قسم کا آڑو۔ زرد آلو۔ کریل کا پکا پھل۔

پیچواں : [ف- اند] ایک قسم کا حقہ جس کی نے لچکدار اور بہت لانبی ہوتی ہے۔

پیچھا : [ار- اند] (۱) آگے کی ضد (۲) عقب۔ پچھلی طرف۔ پچھلا حصہ (۳) تعاقب (۴) پیروی (۵) غیر حاضری۔ غائبانہ (۶) تکلیف دہی۔

پیچھا بھاری ہونا : [ار- محاورہ] (۱) بہت سے طرفدار ہونا (۲) آخری حصہ مشکل ہونا۔ اخیر میں مشکل پیش آنا (۳) دشمن کا پیچھا ہونا۔ تعاقب ہونا۔

پیچھا پکڑنا : [ار- محاورہ] (۱) کسی کے ساتھ لگا رہنا۔ پیروی کرنا۔ (۲) کسی کام کے پیچھے پڑ جانا (۳) ستانا۔ تنگ کرنا۔

پیچھا پھیرنا : [ار- محاورہ] (۱) ہٹ جانا۔ چلا جانا (۲) دست کش ہونا۔ دست بردار ہونا۔

پیچھا پیچھا ہی ہے : [ار- مقولہ] دیر سے کام کرنے میں نقصان ہوتا ہے۔ جو کام کرنا ہے فوراً کیجئے۔

پیچھا چھٹنا : [ار- محاورہ] نجات ملنا۔ مخلصی ہونا۔ چھٹکارا ہونا۔ جان بچنا۔

پیچھا چھڑانا : [ار- محاورہ] آزادی حاصل کرنا۔ جان بچانا۔ خلاصی حاصل کرنا۔

پیچھا چھوڑنا : [ار- محاورہ] مخلصی دینا۔ آزادی دینا۔ معاف کرنا۔ تعاقب چھوڑ دینا۔ باز آنا۔ ترک کرنا۔

پیچھا دبائے چلا جانا: [ار۔ محاورہ] تعاقب کرنا ۔
پیچھا دکھانا: [ار۔ محاورہ] پشت دکھانا ۔ بھاگنا۔ فرار ہونا ۔
پیچھا کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) تعاقب کرنا ۔ پیچھے دوڑنا ۔ رگیدنا ۔ (۲) تنگ کرنا ۔ دق کرنا ۔ ستانا (۳) سر ہونا ۔ درپے ہونا (۴) توپ یا بندوق کا چلتے وقت پیچھے دھکا مارنا (۵) گھوڑے کا پیچھا کرنا ۔
پیچھا لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) تعاقب کرنا ۔ رگیدنا ۔ پیچھے دوڑنا (۲) لتاڑنا ۔ تنگ کرنا ۔ دق کرنا (۳) پیچھے پڑنا ۔ درپے ہونا ۔ سر ہونا (۴) الزام دینا (۵) پیروی کرنا (۶) بار بار ملنا ۔
پیچھا نہ چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ساتھ نہ چھوڑنا ۔ ساتھ ساتھ رہنا ۔ (۲) مسلسل رہنا ۔ لگاتار رہنا (۳) ستانا ۔ تنگ کرنا (۴) تعاقب کرنا (۵) درپے رہنا ۔
پیچھا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] مر جانا ۔
پیچھے: [ار۔ متعلق فعل] (۱) بعد میں ۔ عقب میں (۲) غیب میں ۔ عدم موجودگی میں ۔ غیر حاضری میں (۳) پھر ۔ بعد کو (۴) باعث ۔ وجہ سے (۵) ہر ایک ۔ فی (۶) پچھلی طرف ۔ عقب ۔ بعد (۷) بعد ازاں ۔ (۸) مرنے کے بعد ۔
پیچھے آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) عقب میں آنا (۲) بعد کو آنا (۳) دیر میں آنا ۔
پیچھے بلا لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کو مصیبت میں ڈالنا ۔ (۲) خود مصیبت میں پڑنا ۔
پیچھے بلا لگنا: [ار ۔ محاورہ] مصیبت میں پڑنا ۔
پیچھے پڑا رہنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پشت کی طرف رہنا (۲) پیچھے رہنا ۔ (۳) پیچھے پڑنا (۴) رسوائی چاہنا ۔
پیچھے پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بار بار مانگنا (۲) ہر وقت تنگ کرنا ۔ ستانا (۳) دشمنی کرنا ۔ درپے آزار ہونا (۴) رسوا کرنا ۔ رسوائی چاہنا (۵) سر ہونا ۔ درپے ہونا (۶) آڑے ہاتھوں لینا ۔ دبانا (۷) دشمنی کرنا ۔ عداوت کرنا ۔
پیچھے پھرنا: [ار۔ محاورہ] لوٹنا ۔ واپس ہونا ۔ مڑنا
پیچھے پیچھے: [ار۔ متعلق فعل] (۱) تھوڑی دیر بعد ۔ عنقریب (۲) ساتھ ساتھ (۳) عقب میں ۔
پیچھے پیچھے پھرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ساتھ ساتھ جانا ۔ جہاں کوئی جائے وہاں جانا ۔ منتیں کرنا ۔
پیچھے چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مرنے کے بعد جائداد اور وارث چھوڑنا ۔ (۲) کسی سے آگے بڑھ جانا ۔
پیچھے ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) تعاقب میں دوڑانا (۲) پیچھے دوڑنا (۳) تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا (۴) آگے بڑھ جانا ۔
پیچھے رہ جانا / رہنا: [ار۔ محاورہ] ساتھ نہ چل سکنا ۔ ہمراہ نہ رہنا ۔ بچھڑ جانا ۔
پیچھے سے: [ار۔ متعلق فعل] پشت سے ۔ عقب سے (۲) بعد ازاں (۳) تھوڑی دیر بعد ۔
پیچھے کر: [ار۔ متعلق فعل] بعد ازاں ۔

پیچھے کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) عقب میں رکھنا ۔ عقب میں ڈالنا ۔ (۲) روکنا ۔ ٹھہرانا ۔
پیچھے کو پھرنا: [ار۔ محاورہ] ہٹ جانا ۔ مڑ جانا ۔ پس پا ہو جانا ۔
پیچھے لپٹنا: [ار۔ محاورہ] پیچھے پڑنا
پیچھے لگا دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) مخالف بنا دینا ۔ سر کرنا ۔ درپے کرنا (۲) ساتھ کر دینا ۔
پیچھے لگ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیچھا کرنا"
پیچھے لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ہمراہ ہونا ۔ ساتھ ہونا (۲) پیچھے پڑنا سر پڑنا ۔ پیدا ہونا ۔
پیچھے ہو لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیروی کرنا ۔ مطابقت کرنا (۲) مرید بننا (۳) کسی کے پیچھے روانہ ہونا ۔ عقب میں چلنا ۔
پیچیدگی: [ف ۔ امث] (۱) مروڑ ۔ بل (۲) دقت ۔ مشکل
پیچیدہ: [ف ۔ صف مفعولی] (۱) مشکل (۲) دقت طلب (۳) پیٹا ہوا (۴) الجھا ہوا ۔ قابل غور و فکر ۔
پیچیدہ راہ: [ف ۔ اند] ٹیڑھا راستہ ۔
پیخال: [ف ۔ امث] پرندوں کی بیٹ ۔ فضلہ ۔
پیخانہ: [ف ۔ اند] (۱) آدمی کا فضلہ (۲) بیت الخلا [افعال: پھرنا ۔ آنا ۔ کرنا ۔ ہونا] نیز دیکھئے "پاخانہ"
پَیدا: [ف ۔ صف] (۱) ظاہر ۔ آشکار ۔ بیّن (۲) دستیاب ۔ میسر (۳) جنا ہوا ۔ زائیدہ (۴) (مؤنث) کمائی ۔ آمدنی (۵) ایجاد ۔ اختراع ۔
پَیدا کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) عالم وجود میں لانا ۔ موجود کرنا ۔ ظاہر کرنا (۲) جننا ۔ تولد کرنا (۳) معاش حاصل کرنا ۔ کمانا (۴) حاصل کرنا ۔ بہم پہنچانا ۔ (۵) بنانا (۶) ایجاد کرنا ۔ نکالنا ۔
پَیداوار: [ف ۔ امث ۔ مذ] (۱) زراعت و تجارت وغیرہ کی آمدنی ۔ (۲) فصل کی آمدنی (۳) نفع ۔
پیداواری: [ار۔ امث] دیکھئے "پیداوار" (عوامی)
پیدا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیدا کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
پَیدائش: [ف ۔ امث] (۱) خلقت ۔ آفرینش ۔ جنم (۲) نفع ۔ آمدنی (۳) اصل ۔ شروع ۔ ابتدا ۔ آغاز ۔
پیدائشی: [ف ۔ صف] اصلی ۔ فطرتی ۔ خلقی ۔ جبلّی ۔
پیدائی: [ف ۔ صف] ظاہر ہونے والا ۔
پَیدَل: [ہ ۔ صف] (۱) چلنے والا ۔ پیادہ پا ۔ سوار کی ضد (۲) شطرنج کا ایک ادنٰے درجے کا مہرہ ۔ پیادہ ۔ جو ہمیشہ سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے (۳) پیدل فوج کا سپاہی ۔
پَیڈ: [انگ ۔ اند] (PAD) (۱) جاذب ۔ سیاہی چوس ۔ (۲) جاذب رکھنے اور کاغذات رکھ کر لکھنے کا گتا (۳) لکھنے کے کاغذات کی گڈی (۴) بوٹ صاف کرنے کا چھوٹا سا تکیہ (کپڑے کی گدی) سیاہی کی ڈبی جس میں نمدے کی گدی میں سیاہی جذب ہوتی ہے جس کے ذریعہ مہریں لگائی جاتی ہیں ۔
پَیڈَل: [انگ ۔ اند] (PADDLE) پائیدان ۔ بائیسکل اور

اور سلائی کی مشین کا وہ حصہ جس پر پاؤں رکھ کر مشین چلاتے یا بائیسکل چلاتے ہیں

پیر: [ار- امذ] (۱) پاؤں (۲) کھوج۔ سُراغ۔ پیٹر (۳) کھلیان - وہ جگہ جہاں اناج بالوں سے نکالتے ہیں (۴) بن صاف کئے ہوئے غلے کا ڈھیر (۵) حیض کا خون جاری رہنے کا مرض۔

پیر بھاری ہونا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پاؤں بھاری ہونا"

پیر پھیرتے جانا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پاؤں پھیرتے جانا"

پیر پھیلا کر سونا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پاؤں پھیلا کر سونا"

پیر چھوٹنا: [ار- محاورہ] حیض کا معمول سے زیادہ جاری ہونا۔

پیر کا ناخن نہ دِکھانا: [ار- محاورہ] رُوبرو نہ ہونے دینا۔ صورت نہ دکھانا۔ پردہ کرانا۔ آمنا سامنا نہ ہونے دینا۔

پیر نکالنا: [ار- محاورہ] دیکھئے "پاؤں نکالنا"

پیر: [ار- امذ] سوموار۔ دوشنبہ۔ اتوار سے اگلا دن۔ یوم القمر۔

پیر: [ف- صف] (۱) بوڑھا آدمی۔ بزرگ (۲) مُسن۔ سال خوردہ (۳) ہادی۔ رہنما مُرشد (۴) گُرکھا۔ بزرگ (۵) حرامزادہ۔ چالاک۔ شریروں کا استاد

پیر آپ ہی درماندہ شفاعت کس کی کریں گے: [ار- مقولہ] محتاج کسی ناچار/حاجت مند کی کیا مدد کرے گا۔

پیر بھائی: [ار- امذ] ایک ہی پیر کے مُرید۔

پیر بھیڑی: [ار- امذ] ہیجڑوں کا پیر۔

پیر بھیڑی کی کڑاہی: [ار- امث] ہیجڑوں کے پیر بھیڑی کے فاتحہ کا حلوہ یا پکوان جو ہیجڑا بناتے وقت ہیجڑوں میں تقسیم کرنے کے لئے ہیجڑے بناتے ہیں۔

پیر تسمہ پا: [ف- صف] پیچھا نہ چھوڑنے والا۔

پیر خرابات: [ف- امذ] (۱) شراب خانے کا مالک (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں مرشدِ کامل جو قیودِ شرعی سے آزاد اور فنافی اللہ ہو

پیر دیدار: [ف- امذ] ایک فرضی پیر جو بچھڑوں کو ملاتا ہے۔

پیر دیدار کا کونڈا: [ار- امذ] عورتوں کی منت۔ جب کسی کے آنے کی بہت آرزو ہوتی ہے تب یہ کونڈا مانتی ہیں۔

پیر دیرینہ: [ف- صف- بہت بوڑھا۔

پیر زادہ: [ف- امذ] (۱) مرشد کا بیٹا (۲) ایک لقب جو پیروں کی اولاد اکثر اختیار کرتی ہے۔

پیر زال: [ار- امث] بوڑھی عورت۔ بڑھیا

پیر زن: [ف- امث] بوڑھی عورت۔ بڑھیا

پیر سال: [ف- صف] بوڑھا۔ بُوڑھی

پیر شو بیاموز: [ف- مثل] بوڑھا ہو کر بھی سیکھ۔ انسان کو چاہئے۔ سیکھتا ہی رہے۔ اصلاح اور ترقی ہر عمر میں اور ہمیشہ ہو سکتی ہے۔ بوڑھا تجربہ کار ہو جاتا ہے۔

پیر طریقت: [ف- امذ] صوفیوں کا پیر (مرشد)

پیر فرتوت: [ف- امذ] بہت بوڑھا

پیر فلک: [ف- امذ] (۱) آسمان جو بہت پرانا ہے (۲) زحل ستارہ

پیر کا نیزہ: [ار- صف] متبرک۔ قابل تعظیم

پیر کرنا: [ار- محاورہ] مرشد بنانا

پیر کنعان: [ف- امذ] حضرت یعقوبؑ

پیر کو نہ فقیر/شہید کو۔ پہلے کانے چور کو: [ار- مثل] جب کوئی غیر مستحق اپنے آپ کو حقداروں پر مقدم رکھنا چاہے تو بولتے ہیں۔

پیر کی پیری سے کام۔ پیر کے فعلوں سے کیا کام: [ار- مقولہ] بزرگ کی بزرگی سے مطلب ہے۔ اس کے افعال کی تحقیق بیکار ہے۔

پیر کی چوٹی: [ار- امث] عظمت۔ بزرگی۔

پیر مرد: [ف- امذ] بوڑھا آدمی۔ بزرگ۔

پیر مُغاں: [ف- امذ] (۱) آتش پرستوں کا پیشوا (۲) شراب خانے کا مالک۔ ساقی (۳) گرو گھنٹال (۴) تصوف میں حضرتِ علیؑ۔ مرشدِ کامل (۵) بزرگ۔

پیر من خس است۔ اعتقاد من بس است: [ف- مقولہ] عقیدت مندی اصل چیز ہے

پیر مولا: [ار- امذ] کامل فقیر۔

پیر نابالغ: [ف- ع- امذ] وہ بوڑھا جو بچوں کی طرح باتیں کرے یا بچوں کی سی حرکتیں کرے۔

پیر و مرشد: [ف- امذ] (۱) استاد (۲) بزرگ (۳) ہادی و رہنما (۴) گورو گھنٹال (۵) چالاکی میں سبقت لے جانے والا (۶) بادشاہ۔ رئیس۔

پیر ہٹیلے: [ار- امذ] عورتوں کے ایک فرضی پیر کا نام

پیر ہفت خلد: [ف- امذ] رضوان۔

پیر ہفت فلک: [ف- امذ] زحل۔ سنیچر۔

پیرا: [ف- لاحقہ] پیراستن سے صیغۂ امر۔ جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور زینت دینے والا کے معنے دیتا ہے مثلاً چمن پیرا۔

پیرا: [ھ- امذ] قدم کا شگون۔ آنے کا شگون۔

پیرا: [ھ صف] دیکھئے "پیلا"

پیراستہ: [ف- صف] سجا ہوا۔ مُزیّن۔ آراستہ۔

پیراشوٹ: [انگ- امذ] (PARA CHUTE) محافظ چھتری جس کی مدد سے انسان ہوائی جہاز سے کُود کر زمین پر پہنچتا ہے۔

پیراک: [ھ- امذ] پانی میں تیرنے والا۔ شناور۔

پیراک ہی ڈوبتا ہے: [ار- مثل] ہوشیار ہی نقصان اٹھاتا ہے۔ مشاق ہی دھوکا کھاتا ہے۔

پیراکی: [ھ- امث] تیرنے کا فن۔ شناوری۔

پیراگراف: [انگ- امذ] (PARA GRAPH) عبارت کا وہ ٹکڑا جس میں ایک ہی مضمون ہو۔ اردو میں صرف پیرا بھی مستعمل ہے۔

پیرامن/ پیرامون: [ف- امذ] (۱) اِردگرد۔ اطراف۔ آس پاس۔ (۲) چکر۔ دائرہ۔ گھماؤ (۳) کپڑے کا دامن۔

پیران: [ف- امذ] دیکھئے "پیر" جس کی یہ جمع ہے۔

پیرانِ پیر: [ف- امذ] (۱) سب بزرگوں کے بزرگ (۲) حضرت سید عبدالقادر جیلانی کا لقب۔

پیراں نمی پرند۔ مریداں می پرانند: [ف- مثل] پیر تو نہیں اڑتے۔ مرید اڑاتے ہیں۔ پیروں کی کرامتیں مرید مشہور کرتے ہیں۔

خوشامدی غلط اور جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں ۔

پیرانہ: [ف ۔صف] پیر سے منسوب ۔ بڈھوں کی طرح ۔

پیرانہ سال/سالی/سر/سری/سرا: [ف ۔امث] بڑھاپے کا زمانہ ۔ ایام پیری ۔

پیرانی: [ار ۔ امث] پیر کی زوجہ

پیراہن: [ف ۔ اند] (۱) کپڑے ۔ لباس ۔ پوشاک (۲) جُبّہ ۔ چادر ۔ لمبا کوٹ ۔ ایک خاص قسم کی قبا ۔ [افعال: پہنانا ۔ پہننا ۔ اُترنا ۔ اتارنا]

پیراہن کاغذی: [ف ۔ اند] فریادی/مظلوم کا لباس (۲) ناپائدار چیز ۔

پیراہن یوسف: [ف ۔ اند] وہ کرتا جو حضرت یوسف علیہ السلام نے مصر سے کنعان اپنے غم زدہ باپ حضرت یعقوبؑ کے اطمینان کے لئے بھیجا تھا ۔

پیرا ہوا: [ھ ۔ صف] ماہر ۔ ہشیار ۔ تجربہ کار ۔

پیراؤ: [ھ ۔صف] ڈباؤ پانی ۔ تیرنے کے قابل پانی ۔

پیراکی: [ھ ۔ امث] (۱) تیرنے کا ڈھنگ (۲) تیرنا سکھانے کی اُجرت (۳) تیرنے کی جگہ جہاں تیرنا اچھی طرح آجائے ۔

پیرائی: [ار ۔ اند] ڈفالی ۔ پیروں کے گن گانے والے ۔ ڈھولک بجانے والے ۔

پیرائش: [ف ۔ امث] سجاوٹ ۔ آرائش ۔ زیبائش ۔ زینت ۔

پیرایہ: [ف ۔ اند] (۱) زینت ۔ زیور ۔ آرائش ۔ لباس (۲) طرز ۔ روش ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ ۔

پیر تیاری: [ار ۔ اند ۔ق] سنگ یشب ۔

پیرت: [ار ۔ امث ۔ق] محبت ۔ پریت ۔

پیر کوا: [ھ ۔ اند] مکھی کے برابر ایک کیڑا جو پانی میں پیدا ہوتا ہے اور کشتی کے پیچھے چمٹا رہتا ہے (۲) ایک لکڑی جو مچھلی کے شکاری کانٹے سے کچھ فاصلے پر ہٹا کر باندھ دیتے ہیں جو پانی پر تیرتی رہتی ہے ۔

پیرنا: [ھ ۔ مصدر] تیرنا ۔ بہنا (۲) عبور کرنا (۳) کسی فن میں ماہر ہوجانا (۴) خنجر ۔ تلوار ۔ چھری کا آر پار ہوجانا (۵) (ق) بیج بونا (نوٹ :- پیرنا ۔ جاندار کے لئے ۔ تیرنا ۔ بے جان کے لئے آتا ہے ۔)

پیرنا (یائے مجہول سے) [ھ ۔ اند] ناچنے گانے والوں کی ایک قوم ۔ اس قوم کا فرد ۔

پیرنی: [ھ ۔ امث] "پیرنا" کی مؤنث ۔ پیرنا قوم کی عورت ۔ ناچنے گانے کا پیشہ کرنے والی ۔

پیرو: [انگ ۔ اند] (PERU) ایک قسم کا مرغ جو شمالی امریکہ میں پایا جاتا ہے ۔ اس کی دُم مور کی دم کی طرح ہوتی ہے ۔ اس کا گوشت یورپ میں بہت مرغوب ہے ۔

پیرو: [ف ۔صف] (۱) تقلید کرنے والا (۲) پیچھے چلنے والا (۳) مرید ۔ چیلا ۔

پیروز: [ف ۔صف] فتح مند ۔ مظفر ۔ منصور (۲) مبارک ۔ فیروز ۔

پیروزہ: [ف ۔ اند] دیکھئے "فیروزہ" (ایک قیمتی پتھر ۔ ہیرے کی ایک قسم ۔

پیروکار: [ف ۔ صف] کسی معاملے میں کسی کی طرف سے پیروی ۔ نگرانی ۔ کوشش کرنے والا ۔ وکیل ۔

پیروکار سرکاری: [ار ۔ اند] وہ وکیل یا پولیس آفیسر جو عدالتوں میں سرکار کی طرف سے مقدمات کی پیروی کرتا ہے ۔

پیروڈی: [انگ ۔امث] (PARODY) کسی کے خیالات کی اپنی تحریر میں مزاحیہ نقل اتارنا ۔

پیرول: [انگ ۔ اند] دیکھئے "پَرول"

پیروں: [ار ۔ اند] دیکھئے "پیر" جس کی یہ جمع ہے (۲) (متعلق فعل بقواعد اول) پاپیادہ ۔ پاؤں پاؤں ۔

پیروں پڑنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) پاؤں پر سر رکھنا ۔ منت وزاری کرنا (۲) عاجزی کرنا ۔ خوشامد کرنا (۳) قدم لینا ۔ تعظیم کرنا ۔ آداب بجا لانا ۔

پیروں پیروں چلنا: [ار ۔ محاورہ] سواری کے بغیر راستہ طے کرنا ۔ اپنے پاؤں سے چلنا ۔

پیروں پھرنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) پردہ نشین عورت کا بلا سواری باہر نکلنا (۲) چھوٹے بچے کا پہلے پہل پاؤں سے چلنا ۔

پیروں میں سر دینا: [ار ۔ محاورہ] قدموں پر سر رکھنا ۔ منت سماجت کرنا ۔ نہایت عاجزی کرنا ۔

پیروں میں مہندی لگنا: [ار ۔ محاورہ] بے جا عُذر کرنا ۔ فضول بہانے بنانا ۔

پیروی: [ف ۔ امث] (۱) اطاعت ۔ فرمانبرداری (۲) تقلید (۳) کوشش ۔ [افعال: کرنا ۔ ہونا]

پیروی میں آنا: [ار ۔ محاورہ] کسی کی وجہ سے یا کسی کی تقلید میں آنا ۔

پیری: [ھ ۔ امث] (۱) غلہ جو صاف کرنے کے بعد باقی رہے (۲) پازیب ۔ خلخال (۳) اناج کا ڈھیر جس میں بھوسا ملا ہوا ہو ۔

پیری: [ف ۔ امث] (۱) بڑھاپا ۔ ضعیفی (۲) مرید بنانے کا پیشہ ۔ ہدایت کا کام (۳) استادی ۔ چالاکی ۔ عیاری (۴) اجارہ ۔ حکومت ۔ دعوے (۵) کرامت ۔ اعجاز ۔

پیری بصد عیب چنین گفتہ اند: [ف ۔ مقولہ] بڑھاپا سو برائیوں کے برابر ہے ۔

پیرے کہ دم ز عشق زند بس غنیمت است: [ف ۔ مقولہ] اس بوڑھے کی نسبت کہتے ہیں جو جوانی کا دم بھرے ۔

پیریڈ: [انگ ۔ اند] (PERIOD) (۱) مدت ۔ دور ۔ زمانہ ۔ وقت ۔ (۲) زمانہ کا کوئی حصہ (۳) صدی ۔ سن ۔ سال ۔

پَیڑ: [ھ ۔ اند] قدم کا نشان (۲) کھوج (۳) معماروں کی نشست گاہ ۔ پاڑھ ۔

پیڑ: [ھ ۔ اند] درخت ۔ شجر ۔ پودا ۔ بوٹا ۔

پیڑ بوئے ببول کے تو آم کہاں سے/کیسے ہوں: [ار ۔ مثل]

بُرے کام کا نتیجہ اچھا کیسے ہو سکتا ہے۔

پیڑ پھل سے ہی پہچانا جاتا ہے : [ار۔مقولہ] انسان کی باتوں سے معلوم ہو جاتا ہے کہ شریف ہے یا کمینہ۔

پیڑ چڑھے یونہی دکھائی دیتا ہے : [ار۔مقولہ] اگر تم میری جگہ ہو تو تم بھی ایسا ہی کرو۔

پیڑ گننا یا آم کھانا : [ار۔مقولہ] اپنی غرض سے مطلب رکھنا چاہیئے کہیں سے ہو اور کسی طرح ہو۔

پیڑ لگانا : [ار۔ دفعی] درخت لگانا۔ شجرکاری

پیڑ لگنا : [ار۔ دفعی] ایک درخت کا ایک جگہ سے اکھڑ کر دوسری جگہ جم جانا۔

پیڑ : [ھ۔امث] (۱) درد (۲) مصیبت۔ آفت (۳) دردزہ (۴) (دہلی) حاجت مند ہونا۔ ضرورت مند ہونا۔

پیڑ پڑنا : [ھ۔محاورہ] ۱۔تکلیف یا درد ہونا۔ مصیبت پڑنا۔ آفت پڑنا۔ ۲۔ حاجت مند ہونا۔ ضرورت مند ہونا

پیڑا : [ھ۔ اند] ۱۔ بیلوں کے چلنے کی جگہ (۲) کھڑاؤں (پیڑے)

پیڑا : [ھ۔اند] (۱) گندھے ہوئے آٹے کی لوئی (۲) کھوئے اور کھانڈ سے بنی ہوئی ایک مٹھائی جو گول اور چپٹی ہوتی ہے (۳) گول۔ خستہ اور چپٹا۔

پیڑا توڑنا : [ار۔محاورہ] لوئی بنانا۔

پیڑنا : [ھ۔مصدر] (۱) دبانا (۲) بھینچنا (۳) کوٹنا۔ پیسنا (۴) نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔ پیلنا (۵) اذیت دینا یا تکلیف دینا۔ زمانہ قدیم کی ایک سزا۔

پیڑو : [ھ۔اند] ناف کے نیچے کا حصّہ۔

پیڑو کی آنچ : [ھ۔امث] عورت کی محبت مرد کے ساتھ خواہش نفسانی سے ہوتی ہے۔

پیڑو کی آنچ پھر کیا سات پانچ : [ار۔مثل] عشق اور محبت میں مروت باقی نہیں رہتی۔ عشق میں عورت سب کچھ بھول جاتی ہے عزت وغیرہ کی پروا نہیں کرتی

پیڑھا : [ھ۔اند] لکڑی کی چھوٹی مربع نشست گاہ جس کے پائے چھوٹے ہوتے ہیں اور نواڑ، رسی یا بید سے بُنی ہوئی ہوتی ہے۔ بعض میں ٹیک لگانے کے لیے لکڑی کی پشت ہوتی ہے۔

پیڑھی : [ھ۔امث] ۱۔ چھوٹا پیڑھا جس کی پشت نہیں ہوتی (۲) نسل۔ پشت (۳) بزرگوں یا اولاد کا سلسلہ (۴) قدامت۔ قرن۔

پیڑھی پُننا : [ھ۔محاورہ] بزرگوں کو گالیاں دینا۔

پیڑھی در پیڑھی : [ار۔متعلق فعل] پشت در پشت۔ نسلاً بعد نسل۔ موروثی (ترکیب غلط ہے)

پیڑھیوں سے : [ار۔متعلق فعل] پشت ہا پشت سے۔ مدت سے۔ سالہا سال سے

پیڑی (یائے مجہول سے) [ھ۔امث] ایک قسم کا پان۔ درخت کا تنا (۲) نیل کا پودا جو قلم ہو جاتے اور صرف تنا باقی رہ جائے۔

پیڑی : [ھ۔امث] سیڑھی۔ زینہ۔

پیز : [ھ۔امث] ۱۔ پیزار کا مخفف (۲) ضد۔ دشمنی۔ مخالفت۔ عداوت۔

پیز پڑ جانا : [ار۔محاورہ] (۱) ضد ہو جانا (۲) مخالفت ہو جانا۔

پیزار : [ف۔امث] ۱۔ جوتی۔ پاپوش۔ کفش (۲) بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

پیزار پر مارنا : [ار۔محاورہ] بے حقیقت جاننا۔ حقیر سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔

پیزار خور : [ف۔صفت] کمینہ۔ رذیل۔ پاجی۔

پیزار دکھانا : [ار۔محاورہ] شوخی سے انکار کرنا۔ بے پروائی جتانا۔

پیزار سے / پیزار کے صدقے سے / کی نوک پر / سے [ار۔متعلق فعل] پاپوش سے۔ بلا سے۔

پیزار کھانا : [ار۔محاورہ] جوتوں کی مار کھانا۔

پیزارا / پیزاری : [ار۔امث] جوتم جوتا۔ فریقین کا باہم جوتوں سے لڑنا۔

پیزار پٹی : [ار۔امث] جوتوں کی مار۔

پیس : [ار۔فعل] "پیسنا" کا امر۔

پیس پاس کے : [ار۔متعلق فعل] پیس کر۔ رگڑ کر۔

پیس پاس منہاج مرے۔ کرامت محمد جھنڈے کو : [ار۔مثل] محنت کوئی کرے اور صلہ کوئی پائے۔

پیس دینا / ڈالنا : [ار۔محاورہ] چکی میں ڈال کر باریک یا آٹا کر دینا۔ ریزہ ریزہ کر دینا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) رنج پہنچانا۔ تکلیف دے کر برباد کر دینا۔

پیس لوں تو پیٹوں : [ار۔مثل] روزی کی فکر مردے کے ماتم سے مقدم ہے۔

پیس مارنا : [ار۔محاورہ] ستا مارنا۔ بہت دق کرنا۔

پیس موئی پکا موئی آئے لوبھے کھا گئے : [ار۔مثل] تکلیف ہم اٹھائیں۔ فائدہ کوئی اور اٹھائے۔

پیسنا : [ار۔مص] ۱۔ چکی میں ڈال کر آٹا کر دینا (۲) سل بٹے سے رگڑ کر سفوف بنا دینا (۳) ریزہ ریزہ کرنا۔ رگڑنا۔ گھسنا (۴) محنت شاقہ برداشت کرنا (۵) ستانا۔ برباد کرنا۔ دُکھ دینا (۶) چکی چلانا (۷) دانت کچکچانا۔ غصے میں دانتوں کو آپس میں رگڑنا (۸) (اند) سخت محنت۔ مصیبت۔ غلہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ پیسنے کو دی جائے (۹) ایک شخص کے پیسنے کی مقدار۔

پینا پیسنا : [ار۔محاورہ] ۱۔ اناج پیسنا (۲) محنت شاقہ اٹھانا (۳) تکلیف سے کمانا۔

پیسنا : [ار۔مص۔ق] گھسنا۔

پیسنی : [ہ۔امث] ایک دفعہ پیسنے کی مقدار۔

پیسنے والی : [ہ۔امث] وہ عورت جو آٹا پیسے۔

پیسا : [ہ۔اند] ۱۔ روپیہ کا سواں حصّہ۔ جو پہلے روپیہ کا چونسٹھواں حصّہ تھا (۲) روپیہ۔ دولت۔ مال۔ زر۔

پیسا اٹھانا : [ار۔محاورہ] روپیہ صرف کرنا۔

پیسا اٹھنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "پیسا اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

پیسا اڑانا : [ار۔محاورہ] روپیہ برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔

ا اڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "پیسا اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ا پھونکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "پیسا اڑانا"
ا پیسا کر کے اکٹھا / جمع کرنا: [ار۔ محاورہ] بڑی محنت اور کنجوسی سے روپیہ اکٹھا کرنا۔
پیسا جوڑا چپنی بھر اٹھایا: [ار۔ مثل] تھوڑا تھوڑا کر کے بڑی مدت میں جمع کیا اور ذرا سی دیر میں لٹا دیا۔
ا پیسا جوڑنا: [ار۔ محاورہ] محنت اور جُزرسی سے پس انداز کرنا۔
ا ٹھیکری کر دینا: [ار۔ محاورہ] بیدریغ خرچ کرنا۔ دولت اڑانا۔
ا جوڑنا: [ار۔ محاورہ] روپیہ پیسا جمع کرنا۔ دولت اکٹھی کرنا۔ بخل اور کنجوسی کرنا۔
ا چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) قرض یا لگان کا روپیہ وصول ہونا (۲) کھوٹا پیسا کسی کو دے دینا۔
ا دُنیا سے اڑ جانا: [ار۔ محاورہ] دولت کا ناپید ہو جانا۔
ا دھوکر اٹھانا: [ار۔ محاورہ] ایک قسم کی منّت ہے کہ عورتیں مشکل کشا کے نام کا پیسا دھوکر اٹھا رکھتی ہیں اور مُراد پوری ہونے پر وہ اس پیسے کی شرینی منگا کر بچوں میں تقسیم کر دیتی ہیں یا کسی مسکین کو دے دیتی ہیں۔
ا ڈبونا: [ار۔ محاورہ] پیسا برباد کرنا۔ روپیہ ضائع کرنا۔
ا ڈوبنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دولت تلف ہونا۔ نقصان ہونا (۲) قرضہ وصول نہ ہونا۔
ا روپیہ ہاتھ کا مَیل ہے: [ار۔ مقولہ] دولت ادنیٰ چیز ہے۔
ا کبھی نہیں ٹکتا: [ار۔ مقولہ] دولت ہمیشہ نہیں رہتی۔
ا کھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی چیز کی تیاری میں دولت صرف ہونا (۲) کسی کا روپیہ مار لینا۔
ا گانٹھ کا بیٹا پیٹ کا: [ار۔ مثل] سگا بیٹا اور اپنی جیب کا پیسہ ہی کام آتا ہے۔
ا لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) روپیہ خرچ کرنا (۲) پیسا نہ ہونا۔ مفلس ہونا۔
ا نہ کوڑی بازار کو دَوڑی: [ار۔ مثل] اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔
ا نہیں پاس تو کیوں کر سونگھیں باس: [ار۔ مثل] پیسے کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔
ا نہیں پاس چلے نواب کے ساتھ: [ار۔ مثل] (۱) غریب ہو کر امیروں کی صحبت اختیار کرنا (۲) اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔
ا ہوتا تو بیاہ ہی نہ کرتے: [ار۔ مثل] بہت مفلس ہیں۔ کوئی پیسا مانگے تو مذاقاً کہتے ہیں۔
ے برابر بوٹیاں کرنا: [ار۔ محاورہ] خوب مارنا۔ کھال ادھیڑنا۔ قیمہ کر دینا۔
ے بھر کی بوٹی کٹوا دو: [ار۔ مثل] (عو)، وعدہ پورا نہیں کرتے تو زبان کٹوا دو۔

پیسے پر بوٹیاں کاٹنا: [ار۔ محاورہ] بے حد تکلیف دینا۔
پیسے پر دھر کے / رکھ کے بوٹیاں اڑانا / کاٹنا: [ار۔ محاورہ] بہت مارنا۔ سخت ناراضگی کی حالت میں عورتیں کہتی ہیں۔
پیسے پر دھر کے بوٹیاں اڑاؤں تب بھی آہ نہ آئے: [ار۔ مثل] سخت سے سخت سزا دینے میں بھی ترس نہ آئے۔
پیسے پیسے کو حیران: [ار۔ صف] نہایت مفلس۔ تنگدست۔
پیسے دھڑی: [ار۔ صف] بہت سستی چیز۔
پیسے ڈولی: [ار۔ امث] (عو) عورتیں مسافت بتانے کے واسطے کہتی ہیں۔
پیسے کا پوت / میت: [ار۔ صف] زرپرست۔ لالچی۔ حریص۔
پیسے کی جگہ دھیلا اٹھانا: [ار۔ محاورہ] بہت کفایت شعاری کرنا۔
پیسے کی خرابی: [ار۔ امث] دولت کی بربادی۔
پیسے کے تین دھیلے بھُنانا: [ار۔ محاورہ] بہت جُزرسی اور کفایت شعار ہونا۔
پیسے کے کام کا نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] نکما ہونا۔ بے حیثیت ہونا۔
پیسے والا: [ار۔ صف] دولت مند۔ امیر۔ مال دار
پیسٹری: [انگ۔ امث] (PASTRY) ایک انگریزی مٹھائی۔
پیسنجر ٹرین: [انگ۔ امث] (PASSENGER TRAIN) مسافر گاڑی۔
پیسندار: [ار۔ صف۔ ق] دولت مند۔
پیش: [ف۔ متعلق فعل] (۱) آگے۔ سامنے۔ پس کی ضد۔ پہلے۔ قبل (۲) (مذ) تسبیح کا امام (۳) ضمہ کی علامت (پیش) (۴) انگرکھے وغیرہ کی کلی (۵) اگلا حصہ۔ سامنے کا حصہ (۶) (صف) ترقی یافتہ۔ بڑھا ہوا (۷) معزز شریف (۸) قابل اعتبار (۹) بارسوخ۔
پیش آمد: [ف۔ امث] (۱) سلوک۔ رعایت (۲) ترقی۔ سرفرازی (۳) اجازت باریابی۔ رسائی (۴) سامنے آنا۔ پیش قدمی۔
پیش آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سامنے آنا۔ آگے آنا۔ ظہور میں آنا (۲) واقع ہونا گزرنا (۳) سلوک کرنا۔ برتاؤ کرنا۔
پیش از: [ف۔ متعلق فعل] پہلے۔ قبل۔ اس سے پہلے۔
پیش از مرگ واویلا: [ف۔ مثل] تکلیف سے پہلے ہی شور مچا دینا۔ کسی معاملے کے پیش آنے سے پہلے ہی تجویزیں سوچنا شروع کر دینا۔
پیش ازیں: [ف۔ متعلق فعل] (۱) اس سے پہلے۔ اس سے آگے (۲) پہلے۔ سابق میں۔
پیش ازیں من ہم دریں باغ آشیانہ داشتم: [ف۔ مثل] کبھی ہم بھی ان سے تعلق رکھتے تھے۔
پیش امام: [ف۔ امذ] دیکھیے "پیش نماز"
پیش اندیش: [ف۔ صف۔ فاعلی] عاقبت اندیش۔
پیش اندیشی: [ف۔ امث] دیکھیے "پیش اندیش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
پیش بند: [ف۔ امذ] زیر بند۔ وہ چمڑا یا تسمہ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن جھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں۔

پیش بندی: [ف - اند] دور اندیشی۔ پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا (افعال: باندھنا۔ کرنا)

پیش بین: [ف - صف] دور اندیش۔ عاقبت اندیش

پیش بینی: [ف - امث] دیکھیے "پیش بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پیش پا افتادہ: [ف - صف] سامنے کی بات۔ بہت معمولی بات۔

پیش تاز: [ف - صف فاعلی] آگے بڑھ جانے والا

پیش تازی: [ف - امث] دیکھیے "پیش تاز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پیشتر: [ف - صف] دیکھیے "پیش" جس کی یہ تفضیل بعض ہے

پیش جانا/چلنا: [ار - محاورہ] اثر ہونا۔ قابو چلنا (۲) سبقت لے جانا۔ آگے بڑھنا

پیش خدمت: [ف - امث] امیرزادیوں کی خادمہ۔

پیش خواں: [ف - صف] پہلے پڑھنے والا۔

پیش خوانی: [ف - امث] ابتدا میں پڑھنا۔ وہ نظم جو ابتدا میں پڑھی جاتے۔

پیش خیمہ: [فع - اند] (۱) وہ خیمہ جو اگلی منزل پر بھیج دیا جاتا ہے تاکہ پہنچنے پر انتظار نہ کرنا پڑے (۲) کسی کام کے ظہور کا سامان (۳) ہرکارہ۔ پیادہ (۴) ہراول دستہ۔

پیش دالان: [ف - اند] (۱) برآمدہ۔ اگلا دالان (۲) ڈیوڑھی جو مکان کے آگے بنی ہو۔

پیش دست: [ف - صف] فائق۔ سبقت کرنے والا۔ پہل کرنیوالا (۲) (مذ) آگے کام کرنے والا۔ نائب (۳) پیشگی۔ بیعانہ (۴) وہ شخص جو سبقت کرے۔

پیش دستی: [ف - امث] سبقت۔ پہل۔ فوقیت۔ ترجیح۔ فضیلت۔

پیش دستی کرنا: [ار - محاورہ] سبقت کرنا۔ پہل کرنا۔ حملہ کرنا۔

پیش رس: [ف - صف] (۱) پہلا۔ پہلے پیدا ہونے والا (۲) وہ پھل یا ترکاری جو موسم میں پہلے ہو (۳) وہ لڑکا جو اپنی عمر سے زیادہ ذہین اور عقلمند ہو۔

پیش رفت: [ف - صف] کارگر۔ موثر (۲) قابو۔ بس (۳) ترقی

پیش رو: [ف - صف] آگے آگے چلنے والا (۲) نوکر۔ خدمتگار (۳) امام۔ حاکم۔ لیڈر۔ سردار (۴) فوج کا وہ دستہ جو آگے جا کر حالات کو دیکھے۔

پیش روی: [ف - امث] دیکھیے "پیش رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پیش قبض: [فع - اند - مث] خنجر۔ چھرا۔ کٹار (۲) کشتی کا ایک داؤں۔

پیش قدمی: [فع - امث] بڑھ کے کام کرنا۔ سبقت۔ پہل (۲) فوقیت۔ فضیلت (۳) حملہ۔ چڑھائی (۴) دلیری۔ جرأت۔

پیش کار: [ف - اند] (۱) نائب۔ منیب۔ منیجر۔ مددگار (۲) مسل خواں۔

پیش کاری: [ف - امث] دیکھیے "پیش کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

پیش کرنا: [ار - مص مرکب] (۱) حاضر کرنا۔ موجود کرنا (۲) مقدمے کی مسل آگے رکھنا (۳) نذر دینا۔ تحفہ آگے رکھنا (۴) گواہ یا فریق کو عدالت کے روبرو کرنا (۵) ماتحت کو افسر کے پاس سزا کیلئے لے جانا۔

پیش کش: [ف - امث] بھینٹ۔ نذر (۲) ہدیہ۔ تحفہ۔ خراج۔ محصول۔ (۳) حاکم یا جاگیر ملنے پر نذرانہ (افعال: کرنا۔ ہونا)

پیش گاہ: [ف - امث] سامنے کی جگہ۔ سب سے اگلی جگہ۔ روبرو (۲) ایوان جلوخانہ (۳) اجلاس۔ دربار (۴) بادشاہ۔ صاحب تخت۔

پیش گوئی / پیشین گوئی: [ف - امث] کوئی بات اس کے وقوع سے پہلے بتا دینا یا کہہ دینا۔

پیشگی: [ف - امث] وہ اجرت جو کام سے پہلے دی جائے۔ چیز لینے سے پہلے قیمت کا کچھ حصہ ادا کرنا۔

پیش لفظ: [فع - اند] آغاز کلام۔ کتاب کا دیباچہ۔ انگریزی FOREWORD کا ترجمہ۔

پیش لے جانا: [ار - محاورہ] سبقت لیجانا۔ آگے بڑھ جانا۔

پیش نگاہ/نظر: [ف - متعلق فعل] نگاہ کے سامنے۔ روبرو۔

پیش نماز: [ف - اند] امام۔ نماز پڑھانے والا۔

پیش نہاد: [ف - اند] (۱) مدنظر۔ منظور خاطر (۲) (مذ) ارادہ (۳) نمونہ۔ مثال۔

پیش وپس: [ف - متعلق فعل] آگے پیچھے۔

پیشاب: [ف - اند] (۱) بول۔ موت۔ قارورہ (۲) نطفہ

پیشاب بند ہونا: [ار - محاورہ] (۱) بول بند ہونا (۲) بہت ڈرنا۔

پیشاب بھی نہ کرنا: [ار - محاورہ] بہت حقیر سمجھنا۔

پیشاب خطا ہونا: [ار - محاورہ] موت نکلنا۔ بہت ڈرنا۔

پیشاب سے چراغ جلتا ہے: [ار - مثل] دھاک بیٹھی ہے۔ رعب جما ہوا ہے۔ سکہ بیٹھا ہوا ہے۔

پیشاب کرنا: [ار - محاورہ] (۱) موتنا (۲) بے حقیقت سمجھنا

پیشاب کی دھار پر مارنا: [ار - محاورہ] بہت ذلیل سمجھنا۔

پیشاب کی راہ بہانا: [ار - محاورہ] فضول خرچی کرنا۔ بدچلنی میں صرف کرنا۔ کھانے پینے میں اڑا دینا۔

پیشاب میں چراغ جلنا: [ار - محاورہ] رعب ہونا۔ دھاک بیٹھنا۔

پیشاب نہ کرنا: [ار - محاورہ] بے حد حقیر سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

پیشاب نکل جانا/نکلنا: [ار - محاورہ] (۱) موت دینا (۲) بہت ڈرنا۔ خوف سے کانپنا۔

پیشانی: [ف - امث] (۱) ماتھا۔ جبیں (۲) عنوان۔ اوپر کا حصہ (۳) تقدیر۔ قسمت (۴) سرنامہ۔ القاب۔ سرخی (۵) کاغذ کا وہ حصہ جو عبارت سے اوپر خالی چھوڑ دیتے ہیں۔

پیشانی پر بل/شکن آنا/پڑنا: [ار - محاورہ] ملال ہونا۔ چہرے سے رنج کے آثار ظاہر ہونا۔

پیشانی پر بوسہ دینا: [ار - محاورہ] محبت سے بزرگوں کا ماتھے کو چومنا۔

پیشانی پر لکھا ہونا: [ار - محاورہ] نوشتۂ تقدیر ہونا۔ چہرے سے عیاں ہونا۔

پیشانی رگڑنا: [ار - محاورہ] بہت خوشامد کرنا۔ بہت اطاعت و فرمانبرداری کرنا۔

پیشانی روشن ہونا: [ار-محاورہ] (۱) آدمی کی اچھی خصلت کا چہرے سے ظاہر ہونا (۲) آدمی کا نورِ ایمان سے چہرہ دمکنا۔
پیشانی کا خط: [ار-اند] قسمت کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔
پیشانی کا داغ: [ار-اند] وہ نشان جو بہت سجدوں سے پیشانی پر پڑ جائے۔
پیشانی کی تحریر: [ار-امث] دیکھئے "پیشانی کا خط"
پیشانی لکھنا: [ار-محاورہ] عنوان لکھنا۔
پیشانی کی شکن کو تحریر بنا کر پڑھنا: [ار-محاورہ] چہرے سے دل کی بات تاڑ لینا۔
پیشوا: [ف-صف] (۱) مقتدا۔ امام۔ سردار (۲) مرہٹوں کا وزیر، حاکم اعلیٰ
پیشوائی: [ف-امث] (۱) استقبال (۲) رہنمائی۔ رہبری
پیشواز: [ف-اند] (۱) عورتوں کا ایک گھیردار لباس (۲) تلک۔
پیشہ: [ف-اند] (۱) شغل۔ عمل۔ کسب (۲) ہنر۔ فن۔ دھندا۔ روزگار
پیشہ کرانا: [ار-محاورہ] بدکاری کرانا۔ لڑکیاں پال کر ان سے حرام کاری کرانا اور کمائی کھانا۔
پیشہ کرنا: [ار-محاورہ] (۱) بدکاری کرنا۔ تحصیل معاش کے طور پر پیشہ کرانا۔ رنڈی یا کسبی کا کام کرنا (۲) کام کرنا۔ محنت۔
پیشہ دار/ور/والا: [ف-ار-اند] اہل حرفہ۔ اہل ہنر۔ دکاندار۔ تاجر۔
پیشی: [ف-امث] حضوری (۲) زیر تجویز۔ زیر نظر۔ مقدمہ کی سماعت کی تاریخ۔
پیشی کا محرر/منشی: [ار-اند] دیکھئے "پیش کار"
پیشی کرنا: [ار-محاورہ] افسر کا کاغذات کو سن کر حکم سنانا۔
پیشی لے جانا: [ار-محاورہ] سبقت لے جانا۔ (متروک)
پیشی میں رہنا: [ار-محاورہ] (۱) کسی کاغذ کا پیشی محرر کے پاس زیر تعمیل رہنا (۲) دیر تک پیشی محرر رہنا۔
پیشی میں لگانا: [ار-محاورہ] (۱) مسل خواں مقرر کرنا (۲) مسل خواں کا کسی نئے مقدمے کی مسل پر تاریخ سماعت مقرر کرنا۔
پیشی میں لگنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پیشی میں لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پیشی ہونا: [ار-محاورہ] کسی کاغذ مسل یا ماتحت یا فریق مقدمہ کا کسی وجہ سے افسر کے سامنے پیش کیا جانا۔
پیشین: [ف-صف] قدیم۔ پرانا۔ پہلا۔ اگلا۔
پیغارہ: [ف-اند] سرزنش۔ طعنہ۔
پیغارہ جو: [ف-صف] طعنہ زن۔ طعنہ دینے والا۔ سرزنش کرنے والا۔
پَیغام: [ف-اند] (۱) پیام۔ زبانی بات (۲) نسبت۔ منگنی کا سوال۔
پیغامبر: [ف-اند] دیکھئے "پیامی یا پیامبر"
پَیغام بھیجنا: [ار-محاورہ] (۱) زبانی بات دوسرے کی زبانی کہلانا۔ دوسرے کے ذریعہ کہنا (۲) شادی یا نسبت کی درخواست کرنا۔
پَیغام پہنچانا: [ار-محاورہ] خبر پہنچانا۔ سندیسہ پہنچانا۔ شادی کا پیغام دینا۔
پَیغام پہنچنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پیغام پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پَیغام دینا: [ار-محاورہ] (۱) کسی سے کوئی بات کہلا بھیجنا (۲) نسبت کی درخواست کرنا۔
پیغام ڈالنا: [ار-محاورہ] نسبت یا شادی کی درخواست کرنا۔
پَیغام زبانی: [ف-اند] زبانی بات۔ دوسرے کے ذریعہ کہنا۔
پیغام سلام: [فع-اند] دیکھئے "پَیام سلام"
پیغام پیغامی: [ف-امث] دیکھئے "پیام سلام"
پیغام کرنا: [ار-محاورہ] سوال کرنا۔ خواہش کرنا۔
پیغام لانا: [ار-محاورہ] کسی کا پیغام دوسرے سے کہنا۔
پیغامی: [ف-صف] دیکھئے "پُیامی"
پیغمبر: [ف-صف] (۱) خدا کا حکم لانے والا مرسل۔ نبی (۲) قاصد۔ سفیر۔ ایلچی
پیغمبری: [ف-امث] نبوّت۔ رسالت۔ خدا کا پیغام پہنچانے کی خدمت۔
پیغمبری وقت پڑنا: [ار-محاورہ] سخت مصیبت پڑنا۔
پیک: [ہ-امث] (۱) چبائے ہوئے پان کا رنگین تھوک (۲) (دکن) تیار فصل (۳) بوتلوں میں عرق یا کوئی سیال چیز ڈالنے کا آلہ۔ تلوار کی نوک۔ چابک کا سرا۔ (افعال: ڈالنا)
پَیک: [ف-صف] (۱) قاصد۔ ہرکارہ (۲) (ار) تعزیہ کے آگے دوڑنے والا۔
پَیک بنانا: [ار-محاورہ] جو بچے بڑی منتوں کے بعد پیدا ہوتے ہیں ان کو محرم میں قاصد کا لباس پہنانا۔
پیک بننا: [ار-محاورہ] دیکھئے "پیک بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
پیکا: [ار-اند-ق] پلیہ۔
پَیکار: [ف-اند] (۱) لڑائی۔ جنگ (۲) پھیری والا۔ پھر کر سودا بیچنے والا۔
پَیکان: [ف-اند] بھال، برچھی یا تیر کی انی۔ نیزے کی نوک۔
پَیکانی: [ف-صف] (۱) لعل یا قوت الماس کی ایک قسم (۲) نوشادر کی ایک قسم۔
پَیکٹ: [انگ-اند] (PACKET) چھوٹا بنڈل جو دونوں طرف اتنا کھلا ہو کہ چیز دیکھی جا سکے۔
پیکدان: [ہ-ف-اند] اگالدان۔ تھوکنے کا برتن۔
پَیکر: [ف-اندمث] (۱) کالبد (۲) شکل، صورت، چہرہ (۳) تن۔
پیکڑا/پیکڑی/پینکھڑا/پینکھڑی: [ار-اند-مث] (۱) قیدیوں کے پاؤں کی بیڑی (۲) عورتوں کے پاؤں کا زیور (۳) وہ رسی جو چوپاؤں کے پاؤں میں باندھتے ہیں۔
پَیکھنا: [ہ-اند] (متروک) (۱) ناپسندیدہ کلام۔ نظر کرنا۔ ریس کرنا۔ حرص کرنا۔
پیکشتی: [ار-اند-ق] رات کا پہرہ دینے والا۔
پیل (یائے مجہول سے) [ہ-امث] ریلا۔ دھکا۔ جیسے دھکا پیل۔
پِیل: [ف-اند] (۱) ہاتھی (۲) شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔
پیل بان (پیلبان): [ف-اند] فیل بان۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔

پیل بند: [ف۔ اند] جب شطرنج کا پیل پیادے کے زور میں ہوتا ہے تو اس کو پیل بند کہتے ہیں (افعال: پڑنا۔ ہونا)

پیل پا: [ف۔ اند] ایک بیماری کا نام۔ جس سے پاؤں پھول کر بہت موٹے ہو جاتے ہیں۔

پیل پایہ: [ف۔ اند] ستون۔ تھم۔

پیل پیکر / پیلتن: [ف۔ صف] قوی ہیکل۔ زور آور۔ بڑے تن و توش والا۔

پیل مال: [ف۔ اند] ہاتھی کے پاؤں کے نیچے کچلوانا۔

پیل مرغ: [ف۔ اند] مرغ کی قسم کا ایک جانور جس کی چونچ پر ہاتھی کی سی سونڈ ہوتی ہے۔

پیلا: [ہ۔ صف] زرد۔ زعفرانی (۲) (اند) شطرنج کا پیل یعنی ایک مہرہ۔

پیلاپن: [ہ۔ اند] زردی۔

پیلار / پیلاڑ: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] آگے۔ پرے۔ دور۔ ادھر۔

پیلر / پیلڑ: [ہ۔ اند] خصیہ۔ فوطہ

پیلک: [ہ۔ امث] چیونٹا (۲) کوتل۔

پیلن: [ار۔ اند۔ ق] پہلا بچہ۔ پلوٹھا۔

پیلنا (یائے مجہول سے) [ہ۔ مص] (۱) کولہو میں پیسنا۔ تیل نکالنا (۲) آگے یا پیچھے دھکیلنا (۳) داخل کرنا۔ ڈنڈ پیلنا۔

پیلو: [ہ۔ اند] (۱) ایک درخت جس کی جڑ کی مسواکیں بناتے ہیں اور اس کا پھل (۲) (امث) کافی ٹھاٹھ کی ایک راگنی (۳) پیل مرغ۔

پیلور: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] پہلے۔ آئندہ۔ ادھر۔

پیلہ: [ف۔ اند] (۱) ریشم کا کیڑا (۲) شطرنج کا مہرہ۔ پیل۔

پیلی: [ہ۔ صف۔ مث] (۱) زرد (۲) اشرفی۔

پیما: [ف۔ لاحقہ فاعلی] پیمودن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ناپنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً حرارت پیما۔

پیمان: [ف۔ اند] عہد۔ اقرار۔ قسم۔ شرط۔ وعدہ۔

پیمان توڑنا: [ار۔ مص وضعی] عہد توڑنا۔ وعدہ شکنی کرنا۔

پیمان شکن / گسل: [ف۔ صف] وعدہ توڑنے والا۔ عہد پر قائم نہ رہنے والا۔

پیمان کرنا: [ار۔ مص مرکب] وعدہ کرنا۔

پیمان لینا: [ار۔ مص مرکب] وعدہ لینا۔ قول لینا۔

پیمان ہونا: [ار۔ مص۔ مرکب] قول و قرار ہونا۔

پیمانہ: [ف۔ اند] (۱) وہ آلہ جس سے کسی چیز کا وزن کیا جائے یا ناپ لیا جائے (۲) پیالہ۔ جام شراب۔

پیمانۂ بارش: [ف۔ اند] بارش ناپنے کا آلہ۔

پیمانہ بھر جانا: [ار۔ محاورہ] موت آجانا۔

پیمانہ بھر دینا: [ار۔ محاورہ] مار ڈالنا۔

پیمانہ پُر ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیمانہ بھر جانا"

پیمانہ چڑھانا: [ار۔ محاورہ] جام پینا۔

پیمانہ چھلکنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی سیال چیز کا لبریز ہو کر گرنا (۲) کم ظرفی ظاہر ہونا (۳) آنسوؤں کا تار بندھنا۔

پیمانہ کش / گسار: [ف۔ صف] شراب خور۔

پیمانہ لبریز ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیمانہ بھر جانا"۔

پیمانہ معمور ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "پیمانہ بھر جانا"

پیمایش: [ف۔ امث] ناپ۔ اندازہ۔ پیمایش کا علم۔

پیمبر: [ف۔ اند] دیکھئے "پیغمبر"

پینک: [ہ۔ امث] کلابتون کی ڈوری۔ کلابتون کی بنی ہوئی پتلی لیس۔ (افعال: ٹانکنا۔ لگانا)

پیں: [ہ۔ امث] باریک آواز۔ باجے یا نفیری کی آواز۔

پیں بولنا: [ار۔ محاورہ] عاجز ہونا۔ چیں بولنا۔

پیں نکالنا: [ار۔ محاورہ] چیں بلوانا۔ عاجز کرنا۔

پینا: [ہ۔ اند] (۱) نکس (۲) تل کی کھلی (۳) (صف) نوکدار۔ تیز۔

پینا: [ار۔ مص] (۱) رقیق چیز کو حلق سے اتارنا (۲) شراب پینا (۳) حقے کا دم لگانا (۴) جذب کرنا۔ سوکھنا۔ چوسنا (۵) برداشت کرنا۔ جھیلنا۔

پینتالیس: [ار۔ اعدد] چالیس اور پانچ کا مجموعہ۔

پینتیس: [ار۔ اعدد] تیس اور پانچ کا مجموعہ۔

پینٹھ: [ہ۔ امث] آٹھویں روز کا بازار۔ جو عموماً دیہات میں لگتا ہے۔

پینٹھ ابھی لگی نہیں گٹھ کترے آموجود ہوئے: [ار۔ مثل] معاملہ ابھی طے نہیں ہوا۔ خود غرض آئے

پینجن: [ہ۔ اند] ایک قسم کا پاؤں کا زیور۔

پینجنی: [ہ۔ امث] (۱) ایک جوف دار حلقہ جو پاؤں میں ڈالنے سے بجتا ہے اور اکثر کبوتروں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں (۲) گاڑی کی قوس نما لکڑی جس کی وجہ سے پہیا ادھر سے ادھر نکلنے نہیں پاتا۔

پینجنا: [ار۔ مص] روئی کو بنولوں سے الگ کرنا۔ دُھنکنا۔

پیندا: [ہ۔ اند] (۱) تلا۔ تلی۔ ظرف کے نیچے کا حصہ (۲) کسی چیز کی بیٹھک۔

پیندی: [ہ۔ امث] (۱) تلی۔ ظرف کی بیٹھک (۲) توپ یا بندوق کی کوٹھی (۳) گاجر یا مولی کی جڑ۔

پیندے کے بل بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ڈوبنا۔ غرق ہونا (۲) چوتڑوں کے بل بیٹھنا (۳) ہار ماننا۔ عاجز ہو جانا۔ تھک جانا (۴) دیوالا نکل جانا (۵) سٹپٹانا۔ بدحواس ہونا۔

پیندے کا ہلکا: [ار۔ صف] بات کا کچا۔ اوچھا۔ پیٹ کا ہلکا۔

پینڈ: [ہ۔ اند] (۱) قدم (۲) پگڈنڈی۔ راستہ۔

پینڈ: [ہ۔ امث] درخت کی جڑ۔ متعدد ریشوں کے جو جدا جدا ہوتے ہیں۔

پینڈ: [ار۔ امث۔ ق] پکا۔ وہ رقم جو شادی کے موقعہ پر جہیز میں دی جائے۔

پینڈی: [ہ۔ امث] ایک قسم کا لڈو۔

پینس: [ہ۔ امث] (۱) پالکی (۲) ناک کی ایک بیماری (۳) ایک قسم کی کشتی

پینسٹھ: [ار۔ اعدد] ساٹھ اور پانچ کا مجموعہ۔

پینک : [ہ ۔ امث] افیون یا پوست کے نشہ کی اونگھ ۔

پینک آنا : [ار ۔ محاورہ] اونگھ آنا ۔ غنودگی آنا ۔

پینک میں ہونا : [ار ۔ محاورہ] بے خبر ہونا ۔ غافل ہونا (۲) افیون پوست کے نشہ میں ہونا ۔

پینگ : [ہ ۔ اند] جھولے کا ہوا میں آنا جانا ۔ جھولے کا لمبا جھونکا (۲) جھولے کی رسی (۳) ایک قسم کی چڑیا ۔

پینگ بڑھانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) جھولے کا لمبا جھونک لینا (۲) میل جول بڑھانا (۳) بے تکلفی بڑھانا ۔

پینگ بڑھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پینگ بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پینگ چڑھانا : [ار ۔ محاورہ] پینگ لینا ۔ جھولے کے جھونکے لینا ۔

پینگ چڑھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پینگ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

پینگ دے کر جھولانا : [ار ۔ محاورہ] کسی کا دوسرے کو لمبا جھونکا دے کر جھولا جھولانا ۔

پینگ دینا : [ار ۔ محاورہ] جھولے میں جھونک دینا ۔

پینگ لینا : [ار ۔ محاورہ] جھولے کا لمبا جھونکا لینا ۔ پینگ کے جھونکے کو بڑھاتے جانا ۔

پینی : [ہ ۔ امث] بیلوں کو ہانکنے کی لکڑی جس میں کیل لگی ہوتی ہے

پینے میں نہ کھانے میں : [ار ۔ مثل] پہیلی بوجھنے کے وقت کہتے ہیں

پیو : [ہ ۔ اند ۔ ق] پی ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ خاوند

پیوڑی : [ہ ۔ امث] زرد رنگ کی مٹی ۔ زرد رنگ ۔

پیوست : [ف ۔ صف] (۱) جڑا ہوا ۔ ملا ہوا (۲) جوڑ ملاپ ۔

پیوست کرنا : [ار ۔ محاورہ] چپکانا ۔ ملانا (۲) مستحکم کرنا مضبوط کرنا (۳) جذب کر دینا کھپا دینا ۔

پیوست ہونا : [ار ۔ مصدر مرکب] دیکھئے "پیوست کرنا" جس کا یہ لازم ہے

پیوستگاں : [ف ۔ اند] پیوستہ کی جمع ۔ اعزہ ۔ اقربا

پیوستگی : [ف ۔ امث] جوڑ ملاپ

پیوستہ : [ف ۔ صف] متصل ۔ لگاتار ۔ مدام ۔ ہمیشہ ۔ ملا ہوا (سال کے ساتھ) گذشتہ ۔

پیوسی : [ہ ۔ امث] گائے بھینس کا وہ گاڑھا دودھ جو بچہ ہونے کے تین چار دن بعد تک رہتا ہے ۔

پیوند : [ف ۔ اند] (۱) جوڑ (۲) الفاظ کی بندش (۳) میل مناسبت (۴) خویش عزیز و اقارب ۔ بیوی ۔ شوہر (۵) ایک ہم جنس درخت کی دوسرے ہم جنس درخت میں قلم (افعال : دینا ۔ لگانا ۔ باندھنا)

پیوند خاک ہونا : [ار ۔ محاورہ] دفن ہونا ۔ مر جانا ۔

پیوند دار : [ف ۔ صف فاعلی] وہ چیز جس میں جوڑ یا پیوند لگایا گیا ہو ۔

پیوند زمین : [ف ۔ صف] زمین میں دفن ۔ (افعال : کرنا ۔ ہونا)

پیوند کار : [ف ۔ اند] پیوند لگانے والا ۔ درزی ۔

پیوند کاری : [ف ۔ امث] دیکھئے "پیوند کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

پیوند گانٹھنا : [ار ۔ محاورہ] کپڑے وغیرہ میں جوڑ لگانا ۔

پیوند میں پیوند مل جانا : [ار ۔ محاورہ] نسل میں نسل مل جانا ۔

پیوندی : [ف ۔ صف] (۱) قلمی ۔ قلم لگایا ہوا ۔ پیوند لگایا ہوا (۲) پیوند والے درخت کا پھل ۔

پیوندی مونچھیں : [ہ ۔ امث] نقلی مونچھیں ۔ حلقہ دار مصنوعی مونچھیں جو گالوں سے چپکا لیتے ہیں ۔

پیہ : [ف ۔ امث] چربی

پیہر : [ہ ۔ اند] میکا ۔ عورت کا خاندان ۔

پیہم : [ف ۔ متعلق فعل] لگاتار ۔ برابر ۔ متواتر ۔ پے درپے ۔ یکے بعد دیگرے ۔

پیہو : [ہ ۔ اند] پسّو ۔ کیک ۔

پیہو پیہو : [ہ ۔ صوت] پپیہے کی آواز ۔

پئی : [ہ ۔ امث] پاؤ کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے ادھ پئی ۔

پیٹی : [ہ ۔ امث] چھوٹا صندوق ۔ پٹارا ۔ جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں ۔

پیے دودھ اور کھائے مال : [ار ۔ مثل] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو عیش و عشرت میں زندگی بسر کرے ۔

پیے ہونا : [ار ۔ محاورہ] شراب کے نشے میں ہونا ۔

ت

ت : [ع ۔ امث] عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتث کا تیسرا اور ترتیب ابجد کا بائیسواں حرف ہے ۔ اردو فارسی حروف تہجی کا چوتھا اور دیوناگری رسم الخط کا سولھواں ونجن یعنی حرف صحیح ہے ۔ فارسی اور عربی میں اسے **تا** اور اردو میں "تے" کہتے ہیں ۔ ہم شکل حروف مثلاً ب پ وغیرہ میں التباس سے بچنے کیلئے اسے تائے مثناۃ فوقانیہ اور تائے قرشت بھی کہتے ہیں ۔ یہ حرف صحیح ہے ۔ دانتوں کی مدد سے نوک زبان سے ادا کیا جاتا ہے ۔ حساب جمل میں اس کے چار سو عدد لئے جاتے ہیں ۔ اگر یہ تائے مدورہ یعنی ۃ کی شکل میں لکھا جائے تو اس کے پانچ عدد محسوب ہوتے ہیں ۔ عربی میں یہ شمسی حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے ال آ جائے تو وہ آواز نہیں دیتا بلکہ اس کو مشدد کر دیتا ہے ۔ کلمے کے آخر میں بطور علامت اسم کیفیت مستعمل ہے ۔ جیسے رنگت وغیرہ میں ۔ عربی الفاظ میں حسب ذیل صورتوں میں "ت" کی شکل میں لکھا جاتا ہے ۔

(۱) جمع مؤنث سالم میں مثلاً "صالحات" وغیرہ وغیرہ ۔

(۲) جب اصلی ہو مثلاً "وقت" وغیرہ میں ۔

(۳) اسما کے آخر میں جب تائے تانیث تائے مصدری تائے مبالغہ تائے نقل اور تائے تفضیل کی حیثیت سے آئے "ہائے ہوز (ہ)" سے بدل جاتا ہے مثلاً فاجرہ تکملہ ، علامہ ، خلیفہ وغیرہ میں ۔

(۴) اردو میں "ت" کا املا فارسی زبان کے مطابق رہتا ہے ۔ یعنی تائے ملفوظی بھی اور تائے مکتوبی جس کا تلفظ ہائے ہوز (ہ) کی صورت میں ہوتا ہے گول (ۃ) کی شکل میں لکھی جاتی ہے جیسے علامہ وغیرہ میں ۔

(۵) عربی کے مرکب الفاظ میں عربی قاعدہ کی تقلید کی جاتی ہے — مثلاً آصف الدولہ میں ۔

(۶) عربی کے الفاظ صلوٰۃ ۔ زکوٰۃ ۔ جمع کے شبہ سے بچنے کے لئے عربی رسم الخط کے مطابق لکھے جاتے ہیں تاکہ صلوٰۃ اور صلوات میں فرق ہو سکے ۔

(۷) حرف "ت" پر جب تنوین آتی ہے تو گول (ۃ) کی صورت میں لکھی جاتی ہے مثلاً استعارۃً

"ت" جب مکسور آئے تو مرکبات میں تین کے معنی دیتی ہے مثلاً تگنا ۔

فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے

(۱) ج کا بدل ۔ مثلاً تارات اور تاراج میں ۔

(۲) د کا بدل ۔ مثلاً بُت اور بُد میں

(۳) ش کا بدل ۔ مثلاً بہت اور بہش میں ۔

(۴) ط کا بدل ۔ مثلاً طبرزد ۔ تبرزد میں ۔

(۵) غ کا بدل ۔ مثلاً چتوک اور چغوک میں ۔

تا : [ھ ۔ ا ۔ صوت] (۱) ایک پیار کا کلمہ ہے جو اوٹ میں چھپ کر اور پھر سر نکال کر بچوں سے کہا جاتا ہے جس کے معنی ہوتے ہیں ۔ دیکھو ہم یہ ہیں

(۲) کاغذ کا تختہ ، ان معنی میں "تاؤ" صحیح ہے ۔

تا : [ف ۔ حرف ربط] (۱) تک تلک (۲) جب تک ، جہاں تک (۳) اگر ۔ جس وقت ۔ جب (۴) تہ ۔ پیچ (۵) تمام ۔ آخیر تک ۔ بھر (۶) مانند (۷) اس طریقہ سے اس طرح سے (یک) بے مثل ۔

تا الی الآن : [ع ۔ متعلق فعل] اس وقت تک صحیح الی الآن ہے "تا" کا اضافہ غلط ہے ۔

تا امکان : [متعلق فعل] مقدور بھر ۔ جہاں تک طاقت ہو ۔

تا آں کہ : [ف ۔ متعلق فعل] وہاں تک کہ ۔

تا ایں کہ [ف متعلق فعل] یہاں تک کہ ۔

تا باوج فلک : [فع ۔ متعلق فعل] بہت زیادہ اونچا ۔ آسمانوں کی بلندیوں تک ۔

تا بحیات/زیست [عف ۔ متعلق فعل] عمر بھر ۔ تمام عمر ۔ زندگی بھر ۔ جیتے جی ۔

تا بدامن : [ف ۔ متعلق فعل] دامن تک ۔

تا بجا/کجا : [ف ۔ متعلق فعل] کہاں تک ۔ کب تک ۔

تا بکے/کے : [ف ۔ متعلق فعل] کب تک ۔

تا بمقدور : [ف ۔ متعلق فعل] حتیٰ الامکان

تا تریاق از عراق آوردہ شود ۔ مارگزیدہ مردہ شود : [ف ۔ مثل] جب تک عراق سے تریاق آئے گا سانپ کا کاٹا ہوا مر جائے گا ۔ بہت انتظار کے موقع پہ کہا جاتا ہے ۔

تا تو بہ من می رسی من بہ خدا می رسم : [ف ۔ مثل] دیکھئے "تا تریاق الخ ..."

تا چند : [ف ۔ متعلق فعل] کب تک ۔

تا حال : [فع ۔ متعلق فعل] اب تک ۔ اس وقت تک ۔

تا حیات : [فع ۔ متعلق فعل] تا زندگی

تا حین حیات : [فع ۔ متعلق فعل] جب تک زندہ ہے ۔ زندگی بھر ۔

تا دم حیات/زندگی/زیست : [فع ۔ متعلق فعل] زندگی بھر ۔ عمر بھر ۔

تا سال دگر مے کہ خورد ۔ زندہ کہ ماند : [ف ۔ مثل] اگلے سال تک کون زندہ رہے گا جو اگلے سال شراب پیئے ۔

تا شود مرفربہے لاغر ۔ لاغرے مردہ باشد از سختی : [ف ۔ مثل] (۱) جس سختی یا مصیبت سے موٹا آدمی کمزور ہو اتنی مصیبت سے کمزور آدمی مر جاتا ہے (۲) جس کام میں امیر کو معمولی نقصان ہو ۔ غریب کا ستیاناس ہو جاتا ہے ۔

تا صدف قانع نہ شد ۔ پر دُر نشد : [ف ۔ مثل] جب تک سیپ صبر نہ کرے موتیوں سے نہیں بھرتی ۔ یعنی صبر سے ہی سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہو جاتا ہے ۔ بے صبری سے کچھ نہیں ملتا ۔

تا کہ : [ف ۔ حرف علت] اس لئے ۔ اس واسطے ۔

تا مرد سخن نہ گفتہ باشد ۔ عیب و ہنرش نہفتہ باشد : [ف ۔ مثل]

جبتک کوئی آدمی بات نہ کرے اس کے عیب و ہنر چھپے رہتے ہیں۔
تا مقدور: [فع۔ متعلق فعل] دیکھئے "تا بہ مقدور"
تا نباشد چیزکے مردم نگویند چیزہا: [ف۔ مثل] جب تک کوئی اصلیت نہ ہو خوامخواہ لوگ بڑھا کر نہیں کہتے۔
تا وقتیکہ: [فع۔ متعلق فعل] اس وقت تک۔ جب تک۔
تاہم: [ف۔ متعلق فعل] تو بھی۔ پھر بھی۔ اس پر بھی۔
تاہنوز: [ف۔ متعلق فعل] دیکھئے "ہنوز" جو صحیح ہے۔
تاب: [ف۔ لاحقہ] فارسی مصدر تافتن اور تابیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چمکنے والا اور بٹنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً شب تاب۔ رَسَن تاب۔
تاب: [ف۔ امث] (۱) رونق۔ چمک۔ روشنی (۲) حرارت۔ تپش۔ گرمی (۳) پیچ و خم۔ بل (۴) صبر۔ تحمل۔ برداشت (۵) طاقت۔ قدرت۔ مجال (۶) غصہ۔ ناراضگی (۷) گرمی پہنچانے والا (۸) روشن کرنے والا۔
تاب باقی نہ رہنا: [ار۔ محاورہ] ضبط نہ ہو سکنا (۲) چمک نہ رہنا۔
تاب خانہ: [ف۔ اند] گرم کمرا۔
تاب دادہ: [ف۔ صف مفعولی] بل دیا ہوا۔ مروڑا ہوا۔ بٹا ہوا۔
تاب دار: [ف صف فاعلی] (۱) روشن۔ چمکیلا (۲) پیچ دار۔ خم دار (۳) گرم۔
تاب دان: [ف۔ اند] روشندان۔ روزن۔ دیوار۔ کھڑکی۔
تاب دینا: [ار۔ مص مرکب] روشن کرنا۔ منور کرنا۔ چمک دینا (۲) تیز کرنا۔ (۳) مروڑنا۔ موڑا دینا۔
تاب رہنا: [ار۔ مص مرکب] برداشت کرنا۔ تحمل ہو سکنا (عموماً نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
تاب کار: [ف ا فاعل] گرم تاب، شعاع زن جس میں گرم تابی سے برق پیما وغیرہ کو متاثر کرنے کی قوت ہو۔ یہ انگریزی لفظ RADIOACTIVE کا ترجمہ ہے۔
تاب کاری: [ف۔ امث] گرم تابی، شعاع زنی، انگریزی RADIOACTIVITY کا ترجمہ ہے
تاب رگی: [ف۔ ہند] چلم کا توا۔
تاب لانا: [ار۔ مص مرکب] برداشت کر سکنا۔ متحمل ہونا
تابناک: [ف۔ صف فاعلی] روشن۔ چمکیلا۔
تابناکی: [ف۔ امث] دیکھئے "تابناک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تاب و تب: [ف۔ امث] سخت گرمی۔ جلن۔ تڑپ۔ بے قراری۔
تاب و تواں/طاقت: [ف۔ امث] حوصلہ۔ مجال (۲) صبر و تحمل۔ قوت۔
تاباں: [ف ا حالیہ] روشن چمکیلا۔ نورانی (۲) خم دار۔ پیچیدہ۔
تابانی: [ف۔ امث] روشنی۔ نور۔ چمک۔
تابڑ توڑ: [ار۔ متعلق فعل] متواتر۔ لگاتار۔ پے در پے۔ سلسلہ وار۔ پیہم (۲) فوراً۔ یک لخت۔
تابستان: [ف۔ اند] موسم گرما۔ گرمی۔
تابستانی: [ف۔ صف] موسم گرما سے منسوب۔
تابش: [ف۔ امث] گرمی۔ حرارت۔ تپش (۲) چمک۔ دھوپ۔ روشنی۔ نور (۳) غم اور رنج۔
تابش آفتاب: [ف۔ امث] سورج کی گرمی۔ دھوپ کی چمک۔
تابع: [ع۔ صف] مطیع۔ فرمانبردار۔ ماتحت۔ پابند (افعال: کرنا۔ ہونا)
تابع دار: [فع ا فاعل] (لغوی معنے تابع رکھنے والا) فرمانبردار۔ مطیع۔ ماتحت نوکر (یہ معنوی لحاظ سے غلط استعمال ہوتا ہے)
تابع داری: [فع امث] دیکھئے "تابعدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تابع فرمان: [فع۔ صف] حکم کا تابع۔ فرمانبردار۔
تابع مرضیٔ مالک: [فع۔ صف] (قانون) وہ کاشتکار جو مالک کی مرضی کے تابع ہو اور خود کسی بات کا مجاز نہ ہو۔
تابع موضوع: [ف۔ اند] وہ بامعنی لفظ جو کسی دوسرے لفظ کے ساتھ زینت کلام کے لئے آئے مثلاً بھلا چنگا میں "چنگا"۔
تابع مہمل: [فع۔ اند] وہ بے معنی لفظ جو کسی دوسرے لفظ کے ساتھ زینت کلام کے لئے آئے مثلاً پانی وانی میں "وانی"۔
تابعی: [ع۔ اند] وہ مسلمان جس نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی کو دیکھا ہو۔
تابعین: [ع۔ اند] دیکھئے "تابعی" جس کی یہ جمع ہے۔
تابندگی: [ف۔ امث] روشنی۔ چمک۔
تابندہ: [ف۔ صف فاعلی] روشن۔ چمکیلا (افعال: رہنا۔ ہونا)
تابوت: [ع۔ اند] وہ صندوق جس میں مردے کی نعش رکھتے ہیں (۲) نعش۔ جنازہ (۳) ایک قسم کا تعزیہ (۴) لکڑی کا خول جو قبر پر چڑھاتے ہیں (۵) ایک قسم کا ٹیکس جو مرہٹے مسلمانوں سے تابوت نکالنے پر لیتے تھے (۶) صندوق
تابوت اٹھانا: [ار۔ محاورہ] جنازہ اٹھانا (۲) تعزیہ اٹھانا۔
تابوت اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تابوت اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تابہ: [ف۔ صف] بٹا ہوا۔ پیچیدہ۔ بل کھایا ہوا (۲) چمکیلا۔ درخشاں (۳) لوہے کا توا جس پر روٹیاں پکاتے ہیں (۴) لوہے کا برتن جس کو حماموں میں لگاتے ہیں تاکہ اس کے نیچے آگ جلا کر پانی کو گرم کر لیا جائے۔
تابیدہ: [ف صف مفعولی] پیچیدہ۔ بل کھایا ہوا (۲) تاباں۔ روشن۔
تابین: [ع۔ اند] فوج کا وہ سپاہی جو صاحب عہدہ نہ ہو۔
تابین باشی: [ع ترکی اند] فوج کا افسر اعلیٰ۔
تابیہ: [ار۔ اند] (عربی تعبیہ کا بگاڑ) رعب۔ دبدبہ۔
تابیہ بٹھانا: [ار۔ محاورہ] رعب قائم کرنا۔
تاپ: [ہ۔ اند] گرمی۔ حرارت۔ سوزش۔ تپش (۲) بخار۔ تپ (۳) تکلیف۔ درد۔ مصیبت (۴) غصہ۔ جوش (۵) صیغہ امر تاپنا ہے۔
تاپ تلی: [ہ امث] تلی جو بخار کی وجہ سے بڑھی ہوئی ہو (۲) ورم۔ طحال۔
تاپ ٹھنڈ: [ہ امث] پالے کا بخار۔ تپ لرزہ۔ سردی محسوس ہو کر چڑھنے والا بخار۔
تاپ چڑھنا: [ار۔ محاورہ] بخار ہونا۔
تاپا کرنا: [ہ محاورہ] سینکنا۔ آگ کی گرمی سے ہاتھ پاؤں تاپنا۔
تاپسی: [س صف] تارک الدنیا عورت۔
تاپنا: [ہ۔ مص] سینکنا۔ دھوپ یا آگ سے گرمی پہنچانا۔
تاپیا: [س۔ اند] ایک معدنی چیز ہے۔ ہیرا کسیس۔

تات : (س ماند) (ن معزز. مکرم (۱) بزرگ۔ بڑا (۲) پیارا (۳) باپ (۵) ایک لفظ جس سے کسی چھوٹے کو پیار سے بلاتے ہیں (۶) (حرف ندا) میرے پیارے۔

تاتا : (ہ صف) گرم۔ گرما گرم۔ گرم کیا ہوا۔

تاتا تھئی / تھیا : (صوت امث) ایک بول جس کو ناچنے گانے والے تال پر آنے کے لیے بولتے ہیں۔

تاثر : (ع۔ امذ) اثر ہونا۔ اثر قبول کرنا۔ اثر رہنا (۲) اثر۔ تاثیر۔ نشان۔

تاثیر : (ع۔ امث) (۱) اثر۔ خاصیت۔ ثمر۔ نتیجہ۔ پھل (۲) اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔

تاثیر دکھانا / کرنا : (ار۔ محاورہ) اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔ خاصیت ظاہر کرنا۔ عمل کرنا۔

تاثیر ہونا : (ار۔ محاورہ) دیکھیے "تاثیر رکھنا"

تاج : (ع۔ امذ) (۱) شاہی ٹوپی۔ سرپیچ۔ مکٹ (۲) پرند کی کلغی (۳) مکان کا چھجا۔ دیوار کی کنگنی (۴) برجی جو کسی مکان یا دیوار پر سجاوٹ کیلئے لگاتے ہیں (۵) گنجفے کی پہلی بازی کا نام۔

تاج بخش : (ف۔ صف) شہنشاہ یا بادشاہ جو دوسروں کو بادشاہ بناتے یا بادشاہوں کو شکست دینے کے بعد پھر اس کو سلطنت اور تاج واپس کرے۔

تاج بخشی : (فع۔ امث) تاج یا سلطنت دینے کا فعل (افعال: کرنا، ہونا)

تاج پوشی : (ف۔ امث) بادشاہوں میں تاج پہننے کی رسم۔ بادشاہوں میں ایک رسم جب ایک بادشاہ جشن کرتا ہے اور تاج سر پر رکھتا ہے۔ (افعال: کرنا، ہونا)

تاج خروس : (ف۔ امذ) مرغ کی کلغی (۲) ایک پھول جو کلغی کی مانند ہوتا ہے۔

تاج خواہ : (ف۔ امذ) دیکھیے "تاج بخش"

تاج دار : (ع۔ ف صف فاعلی) بادشاہ۔ صاحب تاج و ملک۔

تاجداری : (ف۔ امث) بادشاہت۔ حکومت۔ سلطنت

تاج رکھنا : (ار۔ محاورہ) تاج پہننا بادشاہ بن بیٹھنا (۲) بادشاہی دینا۔ سلطنت بخشنا۔

تاج سر پر رکھنا : (ار۔ محاورہ) دیکھیے "تاج رکھنا"

تاج پھر قربان ہونا : (ار۔ محاورہ) بادشاہ بننا

تاج سر سے گرنا : (ار۔ محاورہ) بادشاہت جاتی رہنا

تاج شمع : (ع۔ ف۔ امذ) شمع کا شعلہ۔

تاج فیروزہ : (ع۔ ف۔ امذ) کیخسرو کا تاج۔

تاجور (تاج ور) : (ع ف صف) بادشاہ۔ دیکھیے "تاجدار"

تاجوری (تاج وری) : (ع۔ ف۔ امث) دیکھیے "تاجداری"

تاج ہدہد : (ع۔ ف۔ امذ) ہدہد کی کلغی

تاجر : (ع۔ ا۔ فاعل) تجارت کرنے والا۔ بیوپاری۔ سوداگر

تاجری : (ع۔ ف۔ امث) سوداگری۔ تجارت کا پیشہ

تاجو (واؤ مجہول سے) : (ار۔ صف) ایک براد رکش ظالم عورت کا نام جو بھائی کے ساتھ بدسلوکی کرنے والی۔ بے رحم عورت۔ بے درد عورت۔

تاخت : (ف۔ امث) (۱) لوٹ۔ تباہی (۲) حملہ۔ دھاوا۔ دوڑ۔

تاخت و تاراج کرنا : (ار۔ مص مرکب) برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ لوٹ لینا۔ ستیاناس کرنا۔

تاخر : (ع۔ امذ) کسی کام کو موخر کرنا۔ پیچھے ہونا (۲) دیر کرنا۔ عمر یا رتبے میں کم ہونا۔

تاخیر : (ع۔ امث) پیچھے چھوڑنا (۲) ڈھیل۔ توقف۔ وقفہ۔ دیر کرنا۔

تادب : (ع۔ امذ) ادب سیکھنا۔ ادب آموزی۔

تادیب : (ع۔ امث) تنبیہہ۔ چشم نمائی (۲) ادب سکھانا (۳) علم زبان سکھانا۔

تادیب خانہ : (ع ف۔ امذ) قیدیوں کی اصلاح کا ادارہ

تادیبی : (ع۔ صف) تنبیہہ کے متعلق۔ اصلاحی۔

تادیبی کارروائی : (ع ف امث) ایسی کارروائی جس سے نظم و ضبط قائم رہے۔ انضباطی کارروائی

تاذی : (ع۔ امث) آزردہ ہونا۔ آزردگی۔

تاذین : (ع۔ امث) اجازت دینا۔

تار : (ف۔ امذ) (۱) تاگا۔ دھاگا (۲) کسی دھات کا لمبا اور گول ڈورا (۳) تانا۔ (۴) سلسلہ (۵) ریزہ۔ پارہ (۶) قوام۔ چیپ (۷) خطوط پرونے کا تار (۸) تاربرقی (۹) وہ خبر جو تار کے ذریعہ آتے (ٹیلیگرام) (۱۰) چھلا۔ انگوٹھی۔ زیور کا حصہ (۱۱) بادلا (۱۲) (صف) اندھیرا۔ تاریکی۔

تار بابو : (ار۔ امذ) ڈاکخانے کا وہ اہل کار جو تار کے ذریعہ خبر بھیجتا ہے اور وصول کرتا ہے۔

تار باراں : (ف۔ امذ) بارش کا سلسلہ۔ پانی کا سلسلہ۔

تار باقی نہ چھوڑنا : (ار۔ محاورہ) ایک دھاگا نہ رہنے دینا۔ کچھ بھی نہ رہنے دینا۔

تار باندھنا : (ار۔ محاورہ) کسی کام کا سلسلہ کرنا۔ سلسلہ باندھنا۔

تار بتار ہونا : (ار۔ محاورہ) تار بے تار کا مخفف (۱) پراگندہ ہونا۔ غیر مسلسل ہونا (۲) برا حال ہونا۔ پتلا حال ہونا۔ حال غیر ہونا (۳) معاملہ بگڑ جانا۔ بنا بنایا کام بگڑ جانا۔

تار برقی : (فع۔ امث) (۱) وہ تار جو بجلی کی قوت سے ایک جگہ سے دوسری جگہ خبر پہنچائے (۲) وہ خبر جو تار کے ذریعہ آئے۔

تار بندھنا : (ار۔ محاورہ) کسی کام کا پے در پے ہونا (۲) قوام کا چیپ والا ہونا۔

تاربندی : (ف۔ امث) (۱) بجلی کا تار نصب کرنے کا عمل (۲) تار لگا کر جگہ گھیرنے کا عمل (۳) کھیت وغیرہ کی حفاظت کے لئے تار لگانے کا عمل۔

تار بولا / باجا راگ بوجھا : (ار۔ محاورہ) آدمی نے بات کی اور اس کا حال کھلا

تار بھرنا : (ار۔ محاورہ) چاندی سونے کے تار سے لباس کو آراستہ کرنا۔

تار پیٹری : (ار محاورہ) سونے کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا۔

تار تار : (ف۔ صف) (۱) ٹکڑے ٹکڑے بوسیدہ۔ بہت زیادہ پھٹا ہوا کپڑا۔ ریزہ ریزہ (۲) ہر ایک تار۔ ذرا ذرا کپڑا۔ (۳) تمام زیور۔ صاف صاف (۴) (ق) مفصل۔ کھل کر۔

تار تار بکنا : (ار۔ محاورہ) تمام زیور بک جانا۔

تار تار بولنا : (ار۔ محاورہ) ہر ایک لفظ جدا جدا بولنا

تار تار کرنا : (ار۔ محاورہ) پھاڑنا۔ دھجیاں بکھیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تار تار ہونا : (ار۔ محاورہ) دیکھیے "تار تار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تار ترنگا / تلنگا : (ار۔ صف) چھریرا۔ نہایت پتلا۔ دور دور بنا وٹ کا۔

تار تل / تلا / تنکا : (ار۔ امذ) (تار طلا کا بگاڑ ہے) پرانی زری۔ ہر قسم کا زیور۔

تار تو ڑ : (ار۔ امذ) ایک قسم کا سوئی کا کام۔ کارچوبی کام جو کپڑے پر ہوتا ہے۔

تار ٹوٹنا : (ار۔ محاورہ) (۱) سلسلہ منقطع ہونا۔ سانس بند ہو جانا (۲) چلتے

کام میں حرج واقع ہونا۔

ر چڑھانا: [ار۔محاورہ] ستار کے تار کھینچنا۔ تار لگانا۔

ر چڑھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "تار چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ر بکنا: [ار محاورہ] تاروں کو کوٹ کر چوڑا کرنا۔

ر دیکھنا: [ار۔محاورہ] قوام یا چاشنی کی تیاری کا حال معلوم کرنا

ر دینا: [ار۔محاورہ] تار برقی کے ذریعہ خبر بھیجنا۔

رے تار جدا ہونا: [ار۔محاورہ] لباس کا تار تار ہو جانا۔ پھٹ جانا

ر شعاع: [فع۔اند] روشنی کی کرن

ر شمار: [ف۔اند] ایک کپڑے کا نام جس سے بیشتر دلہنوں کے دوپٹے بنائے جاتے ہیں۔

ر عنکبوت: [فع۔اند] مکڑی کا جالا۔

ر کش: [ف۔صف فاعلی] سونے چاندی کے تاروں کو کھینچ کر لمبا اور باریک کرنیوالا۔

ر کشی: [ف۔امث] (۱) تار کھینچنے کا کام یا پیشہ (۲) کپڑے کے تار کھینچ کر بیل بوٹے بنانے کا کام یعنی کشیدہ کاری (۳) کڑھائی کے لئے عمدہ قسم کا نکالا ہوا تار۔

ر کھینچنا: [ار۔محاورہ] تار کا کشیدہ کرنا۔ تار کو باریک کرنا۔

ر گھاٹ لینا: [ار۔محاورہ] اندازہ کرنا۔ جانچنا

ر گھر: [ار۔اند] ٹیلیگراف آفس۔ تار دینے کا دفتر۔ جہاں تار سے خبر دی جاتی ہے۔

ر لگانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "تار باندھنا"

ر لگا نہ رکھنا: [ار۔محاورہ] تسمہ لگا نہ چھوڑنا۔ کسر نہ باقی رکھنا۔

ر لگا نہ رہنا: [ار۔محاورہ] کسر باقی نہ رہنا۔

ر لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "تار لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ر مسطر: [فع۔اند] وہ دھاگہ جو مسطر میں لکیریں کھینچنے کے لئے لگاتے ہیں۔

ر نفس: [فع۔اند] سانس کا سلسلہ۔ سانس کی آمد و رفت کا سلسلہ۔

ر نکالنا: [ار۔محاورہ] (۱) کپڑے میں سے تاگے نکالنا (۲) پتہ لگانا۔ سراغ لگانا۔ (۳) باریک اور لمبی سویاں بننا۔

ر نکلنا: [ار۔محاورہ] (۱) کسی کپڑے میں سے کشیدہ کے واسطے دھاگے نکالا جانا۔ (۲) پتہ لگنا (۳) باریک اور لمبی سویاں بٹی جانا۔

ر نگہ / نگاہ: [ف۔اند] نظر۔ نگاہ کا سلسلہ۔

ر نہ ٹوٹنا: [ار۔محاورہ] تسلسل میں فرق نہ آنا۔ وار خالی نہ جانا۔

ر و پود: [ف۔اند] تانا بانا۔

را: [ہ۔اند] (۱) ستارہ (۲) آنکھ کی پتلی (۳) نہایت بلندی یا نیچے یا دور فاصلے کی چیز جو ذرا سی معلوم ہو (۴) ترمرا جو کسی دماغی صدمے کے باعث آنکھ کے سامنے آتے۔

را اترنا: [ار۔محاورہ] بچہ پیدا ہونا۔

را پلاؤ: [ار۔اند] ایک قسم کا پلاؤ جو پسندے۔ قیمہ اور انڈے ڈال کر پکاتے ہیں۔

را ٹوٹنا: [ار۔مص وضعی] شہاب ثاقب گرنا۔ آسمان سے شرارہ گرنا۔

را جھلملانا: [ار۔مص وضعی] برسات کے موسم میں ستارے کا مدھم سا چمکنا۔

تارا چمکنا: [ار۔محاورہ] عروج ہونا۔ ترقی ہونا۔

تارا ڈوبنا: [ار۔محاورہ] (۱) ستارہ غروب ہونا (۲) نحوست چھانا۔ بدقسمتی ظاہر ہونا۔ (۳) برسات کے موسم میں ستاروں کی روشنی کا لرزنا۔

تاراسی آنکھیں ہو جانا: [ار۔محاورہ] آنکھوں کی بیماری جاتی رہنا۔ آنکھوں کا میل کچیل سے صاف ہونا۔

تارا منڈل: [ہ۔اند] (۱) ستاروں کا حلقہ۔ ستاروں کی مجلس یا دنیا (۲) ایک قسم کی آتشبازی

تارا ہو جانا / ہونا: [ار۔محاورہ] کسی چیز کا اس قدر اونچا یا نیچا ہو جانا کہ بہت چھوٹی نظر آئے۔

تاراج: [ف۔اند] غارت۔ بربادی۔ لوٹ کھسوٹ (افعال: کرنا۔ ہونا)

تاراج گاہ: [ف۔امث] لوٹ کی جگہ

تاراج گر: [ف۔ا۔فاعلی] لوٹنے والا۔ غارت کرنے والا۔

تارامیرا: [ہ۔اند] سرسوں سے مشابہ بیج جن سے تیل نکلتے ہیں۔

تارپیڈو: [انگ۔اند] انگریزی (TORPEDO) سگار کی شکل کا ایک آلۂ حرب جو پانی کے نیچے تیرتا اور دشمن کے جہاز کو غرق کرتا ہے۔

تارپین: [انگ۔اند] انگریزی (TURPENTINE) گندہ بیروزہ۔ ایک قسم کا گوند جو چیڑ کے درخت سے ملتا ہے۔

تارپین کا تیل: [ار۔محاورہ] گندے بیروزے کا تیل۔

تارخ: [ار۔اند ق] تالو

تارک: [ع صف۔ا۔فاعل] ترک کرنے والا۔ چھوڑنے والا۔

تارک الدنیا: [ع۔صف] وہ شخص جس نے دنیاوی تعلقات چھوڑ دیئے ہوں۔ گوشہ نشین۔

تارک الصلوٰۃ: [ع۔صف] بے نماز۔ نماز ترک کرنے والا۔

تارگ: [ف۔اند] (۱) سر کے اوپر کا حصہ (۲) پہاڑ کی چوٹی (۳) ایک قسم کی ٹوپی (۴) لوہے کا خود (۵) سر کی مانگ۔

تارکول: [انگ۔اند] انگریزی (TARCOAL) رال۔ قیر۔ لک کا تیل۔ کولتار۔

تارنا: [ار۔مص] (۱) بخشنا۔ گناہ معاف کرانا (۲) نہال کر دینا۔

تاروں: [ار۔اند] تار اور تارا کی جمع۔

تاروں بھری رات: [ار۔امث] ایسی رات جس میں آسمان صاف ہو اور تارے چھٹکے ہوں۔

تاروں بھری اوڑھنی: (ار۔امث) وہ اوڑھنی جس میں ستارے ٹکے ہوں۔

تاروں کی انجمن: [ار۔ف۔امث] بہت تارے جو صاف رات میں دکھائی دیں۔ ستاروں کا جمگھٹ۔

تاروں کی چھاؤں: [ار۔امث] (۱) تاروں کی روشنی (۲) پچھلی رات۔ نور کے تڑکے۔ علی الصبح۔ بہت سویرے۔ مجروم (۳) اصطلاح نجوم میں چند ستاروں کے جمع ہونے کا اثر۔

تاروں کی محفل: [ار۔ح] (۱) تاروں کا جھنڈ (۲) نورانی محفل (۳) مجازاً حسینوں کا مجمع

تارے: [ار۔اند] تارا کی جمع۔

تارے اتارنا: [ار۔محاورہ] تارے توڑنا روشنی کرنا

تارے باندھنا: [ار۔محاورہ] عورتوں کا ایک ٹوٹکہ پانی کی جھڑی بند کرنے کے لئے کرنا۔

تارے توڑنا: [ار۔ محاورہ] عیاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔ ایسا کام کرنا جو دوسروں سے نہ ہوسکے۔

تارے ٹانکنا: [ار۔ محاورہ] سونے چاندی کے ستاروں کو کپڑے میں سینا۔

تارے چھٹکنا: [ار۔ محاورہ] (۱) تارے کھلنا۔ مطلع صاف ہوکر تارے نکلنا۔ (۲) رات شروع ہونا۔

تارے دکھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) مسلمان عورتوں کی رسم ہے۔ چھٹی کے روز زچہ کو نہلا دھلا کر اور دلہن بنا کر اس کی گود بھر کر، سر پر قرآن رکھ کر چھلنی میں روشنی دکھانا (۲) بہت بلند پرواز کبوتر کو پرواز شب سے مانوس کرنے کیلئے چھلنی آگے رکھ کر چراغ دکھانا (۳) بدحواس کر دینا۔

تارے دکھائی دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) صدمہ دماغی اور کمزوری کے باعث آنکھوں کے آگے ترمرا آجانا (۲) مصیبت پڑ جانا (۳) چھکے چھوٹ جانا۔

تارے کھلنا: [ار۔ محاورہ] صاف رات میں تارے نکلنا۔

تارے گننا: [ار۔ محاورہ] رات بھر جاگتے رہنا۔ رات بے چینی سے کاٹنا۔

تارے گنوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تارے گننا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

تارے لگنا: [ار۔ محاورہ] حیرت سے آسمان کی طرف تکے جانا۔ دیکھے جانا

تارے نظر آنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تارے دکھائی دینا"

تارے نکلنا: [ار۔ محاورہ] رات نمودار ہونا۔ رات کی ابتدا ہونا۔

تاریخ: [ع۔ امث] (۱) ایک رات۔ مہینے کا ایک دن (۲) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۳) کسی قوم یا ملک کے مسلسل واقعات کا سچا تذکرہ (۴) وہ علم جس سے ماضی وحال کے واقعات سے بحث کی جاتی ہے (۵) نظم یا نثر کے وہ الفاظ جن سے کسی واقعہ کی قاعدہ جمل سے تاریخ یا سن معلوم کیا جائے (۶) مقدمہ کی سماعت کا مقررہ دن (۷) ماحصل۔ خلاصہ۔

تاریخ ارجاع: [ع۔ امث] (بہ ترکیب فارسی) مقدمہ دائر ہونے یا پہلی درخواست گزارنے کی تاریخ۔

تاریخ پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مقدمہ کی تاریخ مقرر ہونا (۲) سماعت کی تاریخ مقررہ ہونا۔

تاریخ ٹھہرانا: [ار۔ محاورہ] دن مقرر کرنا۔

تاریخ ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تاریخ ٹھہرانا" جس کا یہ لازم ہے۔

تاریخ چسپانی: [ار۔ ف۔ امث] مقدمات کی پیشی کی تاریخوں کو ترتیب وار بورڈ پر چسپاں کرنا۔

تاریخ دان: [ع۔ ف۔ صف فاعلی] فن تاریخ سے واقف۔

تاریخ دینا: [ار۔ محاورہ] عدالت کے منشی کا مقدمہ کی سماعت کی تاریخ لکھ کر اہل مقدمہ کو دینا۔

تاریخ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] مقدمہ کی سماعت کے لئے دن مقرر کرنا۔

تاریخ کہنا: [ار۔ محاورہ] نظم و نثر میں ایسے الفاظ لانا جن سے قاعدۂ جمل کے مطابق کسی واقعہ کا سنہ معلوم ہوسکے۔

تاریخ لکھنا: [ار۔ محاورہ] کسی قوم یا ملک کے حالات و واقعات کو ترتیب وار قلمبند کرنا۔

تاریخ مقرر کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مقدمہ کی سماعت کے لئے دن مقرر کرنا (۲) کسی کام کے لئے دن مقرر کرنا۔

تاریخ مقررہ: [ار۔ ع۔ صف] وہ دن جو کسی کام کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

تاریخ وار: [ف۔ متعلق فعل] ہر تاریخ کا۔ تاریخ کے حساب سے سلسلہ وار۔

تاریخی: [ع۔ صف] (۱) یادگار۔ خاص نمایاں۔ اہم (۲) زمانہ گزشتہ سے تعلق رکھنے والی چیز یا واقعہ۔

تاریخی واقعات: [ع۔ امذ] وہ واقعات جو تاریخ میں آگئے ہوں یا جن سے تاریخ کا ثبوت ملتا ہو۔ سچے واقعات۔

تاریلہ: [ار۔ امث] اردو بنانا۔ کسی لفظ کو اردو بنانا۔

تاریک: [ف۔ صف] (۱) سیاہ۔ کالا۔ مکدر (۲) دھند۔ اندھیرا۔

تاریک چشم: [ف۔ صف] (۱) کوتاہ نظر (۲) جسے رات کو دکھائی نہ دے۔

تاریک دل: [ف۔ صف] سیاہ دل بد باطن۔ کینہ پرور۔

تاریک کرنا: [ار۔ مص مرکب] سیاہ کرنا۔ اندھیرا کرنا۔

تاریک ہونا: [ف۔ مص وضعی] دیکھئے "تاریک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تاریکی: [ف۔ امث] تاریک کا اسم کیفیت۔ سیاہی۔ ظلمت۔ اندھیرا۔

تاریکی آجانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تاریکی چھاجانا"

تاریکی چھاجانا / چھانا: [ار۔ محاورہ] اندھیر ہو جانا۔

تاریکی دور ہو جانا: [ار۔ محاورہ] اندھیرا جاتا رہنا۔ اجالا ہونا۔ روشنی ہونا۔

تاریکی میں ہونا: [ار۔ محاورہ] بے خبر ہونا۔

تاڑ: [ار۔ ہ۔ امذ] (۱) کھجور کی قسم کا ایک درخت جس کے پتے پنکھے سے مشابہ اور بڑے ہوتے ہیں (۲) فراست۔ سمجھ۔

تاڑباز: [ہ۔ ف۔ صف] (۱) زود فہم۔ سمجھ دار (۲) عورتوں کو گھورنے والا۔ (ترکیب غلط)

تاڑبازی: [ہ۔ ف۔ امث] دیکھئے "تاڑباز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (ترکیب غلط)

تاڑ جانا / لینا: [ار۔ محاورہ] بھانپ جانا۔ قیافے سے پہچان لینا۔

تاڑ کا سا قد: [ار۔ صف] بہت لمبا قد۔

تاڑا: [ار۔ امذ۔ ق] (۱) طاقت۔ زور۔ شدت (۲) غمزہ۔ نخرہ۔

تاڑا ننگا: [ار۔ امذ۔ ق] ناز نخرہ۔

تاڑنا: [ار۔ مص] (۱) کسی علامت کے بغیر پہچاننا۔ سمجھ جانا۔ بھانپنا۔ (۲) قیافے یا علامت سے پہچاننا (۳) نکالنا۔ دھتکارنا (۴) ڈانٹنا۔ پیٹنا۔ مارنا (۵) ایک پتھر کو دوسرے پتھر سے ہموزن کرنا (۶) تنبیہ کرنا۔

تاڑنی: [ہ۔ امث] چابک۔

تاڑو: [ہ۔ صف] تاڑنے والا۔ بھانپنے والا۔ قیافہ شناس۔

تاڑی: [ہ۔ امث] (۱) تاڑ کا نشہ آور رس (۲) کٹار کا قبضہ۔

تاڑیا: [ہ۔ صف] دیکھئے "تاڑو"

تاز: [ف لاحقہ فاعلی] (۱) فارسی مصدر تاختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے مثلاً ترک تاز (۲) (امث) حملہ۔ دوڑ۔

تازوتگ: [ف۔ امث مرکب عطفی] دوڑ دھوپ۔ محنت۔ جفاکشی۔

تازگی: [ف۔ امث] (۱) سرسبزی۔ طراوت (۲) جدت۔ نیاپن۔ رونق۔

تازہ: [ف۔ صف] (۱) باسی کے خلاف۔ ہرا بھرا۔ سرسبز و شاداب (۲) جدید۔ غیر مستعمل۔ نیا (۳) ڈال کا ٹوٹا ہوا پھل (۴) موٹا۔ فربہ (۵) تندرست۔ بے تکان (۶) گرماگرم۔ نو بہ نو (۷) حال کا۔

تازہ بات: [ار۔ امث] نئی بات۔ عجیب بات۔

تازہ بدن: [ف - امذ] موٹا بدن - فربہ جسم
تازہ بہ تازہ: [ف - صف] (۱) نو بہ نو (۲) گرما گرم (۳) ڈال کا ٹوٹا ہوا۔ (۴) نیا سوچا ہوا۔
تازہ بہار: [ف - امث] تازگی - شگفتہ - جوبن - نئی بہار۔
تازہ خیال: [فع - صف] (۱) نیا خیال (امذ) (۲) جدت - نئی بات نکالنے والا۔
تازہ خیالی: [ف - امث] دیکھئے "تازہ خیال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تازہ دم: [ف - صف] مستعد چست - توانا - تکان اترا ہوا - ہشاش بشاش۔
تازہ دماغ: [فع - صف] جس کا دماغ تھکا ہوا نہ ہو - عقل مند۔
تازہ دماغی: [ف - امث] دانائی - خوشحالی۔
تازہ رو: [ف - صف] شگفتہ رو - بشاش - خوش۔
تازہ روئی: [ف - امث] دیکھئے "تازہ رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تازہ شگوفہ: [ف - امذ] (۱) نئی کلی (۲) نئی بات - انوکھی بات (۳) نئی شرارت۔
تازہ شگوفہ پھولنا / کھلنا: [ار - محاورہ] (۱) نئی بات ہونا (۲) انوکھی بات ہونا (۳) بدنامی کی بات ہونا۔
تازہ شگوفہ کھلانا / چھوڑنا: [ار - محاورہ] انوکھی بات کہنا۔ نیا فتنہ اٹھانا۔
تازہ فقرہ: [فع - امذ] نئی چال - فریب - دھوکا (افعال: دینا)
تازہ کار: [ف - صف] نیا کام کرنے والا - مبتدی - عجیب۔
تازہ کاری: [ف - امث] دیکھئے "تازہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
تازہ کرنا: [ار - محاورہ] (۱) تازگی بخشنا - پژمردگی دور کرنا (۲) یاد دلانا - ہرا کرنا (۳) حقہ کا پانی بدلنا - نیچا بھگونا (۴) بہلانا - خوش کرنا (۵) تکان اتارنا - آرام دینا۔
تازہ گل پھولنا / کھلنا: [ار - محاورہ] نیا حادثہ واقع ہونا - نیا معاملہ پیش آنا - انوکھی بات ہونا - نیا فتنہ اٹھنا۔
تازہ مشق: [فع - صف] نو مشق - نیا سیکھا ہوا - مبتدی۔
تازہ وارد: [ف - صف] نووارد - حال کا آیا ہوا - جو ابھی آیا ہو - نووارد۔
تازہ و تر: [ف - صف] دیکھئے "تر و تازہ" جو زیادہ مستعمل ہے۔
تازہ ولایت: [ف - صف] (۱) نووارد - حال کا آیا ہوا - پردیسی (۲) وہ شخص جو دوسرے کی زبان نہ سمجھے (۳) بیوقوف - سادہ لوح - وحشی۔
تازہ ہونا: [ار - محاورہ] دیکھئے "تازہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
تازی بات: [ار - امث] نئی بات - نیا معاملہ۔
تازی پر بس نہ چلا ترکی کے کان اینٹھے / امیٹھے: [ار - مثل] زبردست سے مجبور ہو کر کسی عاجز کو ستانا۔
تازی خانہ: [ف - امذ] کتوں کا طویلہ۔
تازی مار ترکی کانپا: [ار - مثل] ایک کی سزا سے دوسرے کو عبرت ہوتی ہے۔
تازی مار کھائے ترکی اسمش پائے: [ار - مثل] لائقوں کی تباہی اور نالائقوں کی اقبالمندی پر بولا جاتا ہے۔
تازی: [ف - صف] (۱) عربی گھوڑا - عربکہ - عربی (۲) شکاری کتا (۳) عربی زبان۔
تازیانہ: [ف - امذ] کوڑا - چابک - قمچی (افعال: لگانا - مارنا - جڑنا)
تازیانہ توڑنا: [ار - محاورہ] مار مار کر چابک توڑنا - بہت مارنا۔
تازیانہ کھانا: [ار - محاورہ] کوڑے کی مار کھانا۔
تازیانہ لپکنا: [ار - محاورہ] کوڑے لگنا۔
تازیانہ ہونا: [ار - محاورہ] تنبیہ ہونا - چابک پڑنا - کوڑا پڑنا۔
تاس: [ف - امذ] بڑا طشت - تسلا۔
تاسف: [ع - امذ] افسوس - حسرت - پچھتاوا - رنج - ملال [افعال: کرنا - کھانا]
تاسنا: [ار - مع ق] کشید کرنا۔
تاسہ: [ف - امذ] ایک قسم کا دف۔
تاسیس: [ع - امث] (۱) بنیاد - جڑ - نیو (۲) علم عروض کی اصطلاح میں وہ الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو جیسے خاور اور باور کا الف (۳) علم معانی کی اصطلاح میں ایک ایسا لفظ لانا جو پہلے لفظ سے زائد معنی رکھتا ہو جیسے علیم و حکیم (علیم کے معنی جاننے والا اور حکیم کے معنی جاننے والا اور کرنے والا ہیں)
تاش: [ہ - امذ] ایک قسم کا ریشمی زری کا کپڑا - زربفت - بادلہ (۲) ایک قسم کے پتوں کا کھیل - گنجفہ کی قسم کا باون پتوں کا کھیل (۳) تشت۔
تاش پر موزہ کا بخیہ: [ار - مثل] بے جوڑ بات۔
تاشا / تاشہ: [ار - امذ] ایک قسم کے ڈھول کا نام جسے گلے میں ڈال کر بجاتے ہیں۔
تافتاں: [ف - امث] ایک قسم کے موٹے کناروں کی نہایت ملائم خمیری روٹی (۲) ہر وہ چیز جو آفتاب اور آگ سے گرم ہو گئی ہو۔
تافتہ: [ف - امذ] ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا - استبرق (۲) سفید چمکیلے رنگ کا گھوڑا یا کبوتر (۳) روشن - منور (۴) گرم (۵) پیچیدہ۔
تاقی: [ف - صف] (۱) ایک قسم کی ٹوپی (۲) وہ جانور یا گھوڑا جس کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں (ایسا جانور منحوس خیال کیا جاتا ہے)
تاک: [ف - امذ مث] انگور کی بیل۔
تاک: [ہ - امث] (۱) نگاہ - ٹکٹکی - گھات - نشانہ (۲) اوقات کا لحاظ (۳) انتظار (۴) دیکھ بھال - نگرانی
تاک باک: [ہ - امث] عین وقت - باموقع۔
تاک باز: [ہ ف - صف] نظرباز (ترکیب غلط ہے)
تاک بازی: [ہ - ف - امث] نظربازی (ترکیب غلط ہے)
تاک باندھنا: [ار - محاورہ] برابر دیکھتے جانا - ٹکٹکی باندھنا - نگاہ لڑانا - نشست باندھنا۔
تاک بندی: [ار - ف - امث] ٹٹی باندھنا (ترکیب غلط ہے)
تاک پر آنا: [ار - محاورہ] کسی امید یا توقع پر آنا۔
تاک پر ملنا: [ار - محاورہ] کسی چیز کا ضرورت کے وقت پر ملنا۔
تاک جھانک: [ہ - امث] نظربازی - گھورا گھاری [افعال: کرنا - ہونا - لگانا]
تاک رکھنا: [ار - محاورہ] گھات میں لگے رہنا - موقع ڈھونڈنا (۲) بہروپیئے سے پہچان رکھنا - پہلے سے دیکھ رکھنا (۳) جانچ رکھنا۔
تاک کر: [ار - متعلق فعل] (۱) سیدھ باندھ کر (۲) موقع دیکھ کر۔
تاک لگانا: [ار - محاورہ] گھات لگانا (۲) دانت رکھنا (۳) گھورنا (۴) انتظار کرنا (۵) ہوشیاری میں رہنا - (۶) منتظر رہنا - انتظار میں رہنا۔
تاک لگنا: [ار - محاورہ] ٹکٹکی بندھنا۔
تاک لینا: [ار - محاورہ] (۱) خبر لینا (۲) وقت پر پہنچنا - وقت پر مہیا کرنا - (۳) نگرانی کرنا۔
تاک میں رکھنا: [ار - محاورہ] کسی کو نظر میں رکھنا۔
تاک میں رہنا: [ار - محاورہ] موقع تکنا - گھات میں رہنا۔

تاک میں لگنا: [ار۔ محاورہ] تلاش میں ہونا۔ گھات میں ہونا۔
تاک میں ہونا: [ار۔ محاورہ] منتظر رہنا۔ داؤں لگائے رہنا۔
تاکنا: [ار۔ مص] نشانہ باندھنا۔ شست لگانا۔ نظر رکھنا۔ دیکھنا۔ جھانکنا۔ چھپ کر دیکھنا۔ تاڑنا۔ گھورنا۔ ٹکٹکی باندھنا۔ پسند کرنا۔ نگاہ میں رکھنا۔ خواہش میں رکھنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا
تاکو: [ہ۔ صف] تاکنے والا۔ گھورنے والا۔
تاکو لے بھاگو: [ار۔ مثل] موقع پاکر بھاگنے والا۔ اچکا۔ جیب کترا۔ اٹھائی گیرا۔
تاکید: [ع۔ امث] (۱) اصرار۔ ضد۔ ہٹ (۲) تقاضا۔ کوشش۔ بار بار کہنا۔ زور دینا۔ سخت حکم کرنا۔
تاکیداً (تاکیدَن): [ع متعلق فعل] زور ڈال کر۔ نہایت اصرار سے۔
تاکید اکید: [ع۔ امث] سخت حکم۔ سخت اصرار۔
تاکیدِ بلیغ: [ع۔ امث] پوری تاکید۔ سخت تاکید۔
تاکیدِ شدید: [ع۔ امث] سخت تاکید۔
تاکید کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] (۱) اصرار کرنا۔ زور ڈالنا (۲) سخت حکم دینا (۳) تقاضا کرنا۔
تاکیدی: [ع۔ صف] (۱) ضروری۔ سخت (۲) اصرار کا۔ زور کا۔
تاگ: [ہ۔ اند] دھاگا۔ سوت۔ تار۔
تاگ توڑ: [ہ۔ اند] فیتہ۔ لیس۔
تاگا: [ہ۔ اند] (۱) دیکھیے "تاگ"
تاگا پرونا / ڈالنا: [ار۔ محاورہ] سینے کے لیے سوئی میں دھاگہ پرونا۔
تاگڑی: [ہ۔ امث] (۱) زنجیر کی قسم کا زیور (۲) مجازاً لنگوٹی (۳) تاگے کا بٹا ہوا ڈورا جو لنگوٹی اٹھانے کے لئے کمر سے باندھتے ہیں۔
تاگڑی بندھوا دینا: [ہ۔ محاورہ] مفلس بنا دینا۔ کنگال کر دینا۔
تاگنا: [ہ۔ مص] (۱) تاگا ڈالنا (۲) سینا۔ پرونا (۳) کچی سلائی کرنا۔
تاگے: [ہ۔ اند] دیکھیے "تاگا" جس کی یہ جمع ہے۔
تاگے ڈالنا: [ار۔ مص۔ وضعی] روئی والے یا دوہرے کپڑے کو اس طرح سینا کہ روئی کی تہہ نہ بگڑے اور ابرہ اور استر علیحدہ نہ ہوں۔
تال: [ہ۔ اند] (۱) تالاب (۲) عینک کا شیشہ (۳) (امث) گانے بجانے کا وزن (۴) تالی (۵) پیتل کی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے یا ڈھولک کے ساتھ بجاتے ہیں (مجیرے) (۵) پہلوانوں کا خم ٹھونکنا)
تال اڑانا: [ار۔ محاورہ] تال کا ساز کے ساتھ مطابقت نہ کرنا
تال اڑنا: [ار۔ محاورہ] تال کا ساز کے مطابق نہ ہونا۔
تال بجا کے مانگے بھیک اس کا جوگ رہا کے ٹھیک: [ار۔ مثل] ان منگتوں پر طنز ہے جو گھنٹے بجا کر مانگتے ہیں۔
تال بے تال: [ہ۔ صف] بے سرا۔ لے سے ہٹا ہوا۔
تال بے تال ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) بے سرا ہونا (۲) کسی کام کا اپنے موقع محل پر نہ ہونا (۳) لے سے اکھڑنا۔
تال پٹنا: [ار۔ محاورہ] گانے میں سُر قائم رکھنے کے لئے تالی بجانا یا سہارا دینا۔
تال ٹھونکنا: [ار۔ محاورہ] خم ٹھونکنا۔
تال دینا: [ار۔ محاورہ] گانے میں وزن اور سُر قائم رکھنے کے لیے قاعدے سے تالی بجانا۔
تال سے بے تال ہونا: [ار۔ محاورہ] سُر تان سے اکھڑ جانا۔ بے موقع تان لینا۔ سُر سے بے سُر ہونا۔
تال مار کر اڑنا: [ار۔ محاورہ] پھڑپھڑا کر ہوا میں بلند ہونا۔
تال مارنا: [ار۔ محاورہ] مرغ کا مقابلے میں آتے وقت یا مستی میں بازو پھیلا کر لٹکانا۔
تال مارنا: [ار۔ محاورہ۔ ق] خم ٹھونکنا۔ خاموش رہنا۔
تال مکھانا: [ہ۔ اند] کنول گٹے کے بیج جو دواؤں میں کام آتے ہیں۔
تال میل: [ہ۔ اند] (۱) موافقت۔ موزونیت (۲) راہ و رسم۔ میل جول۔
تال میل کھانا: [ار۔ محاورہ] موافقت ہونا۔ سنجوگ ہونا۔ موزوں ہونا۔ مناسبت ہونا (۲) تال کا سُر کے ساتھ مل جانا۔
تالا: [ہ۔ اند] قفل جو دروازے وغیرہ پر ڈال کر بند کیا جاتا ہے۔
تالا پھڑ جانا / پھڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) قفل لگ جانا (۲) گھر اجڑ جانا
تالا توڑنا: [ار۔ محاورہ] قفل توڑنا۔ چابی گم ہو جانے کی وجہ سے یا چوری یا مکان پر قبضہ کرنے کی نیت سے قفل شکستہ کرنا۔
تالا جڑنا / لگانا: [ار۔ محاورہ] قفل لگانا
تالا چڑھانا: [ار۔ محاورہ] قفل لگانا خصوصاً دوسرے کے مکان پر۔
تالا چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تالا چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تالا چڑھوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تالا چڑھانا" جس کا یہ تعدی المتعدی ہے۔
تالا کنجی: [ار۔ امث] (۱) قفل اور چابی (۲) بچوں کے ایک کھیل کا نام۔
تالا کھلنا: [ار۔ محاورہ] قفل کھلنا۔
تالاب: [ار۔ اند] پانی کا بڑا حوض۔ تال۔ آب گیر (غلط العام)
تالف: [ع۔ اند] (۱) الفت۔ دوستی (۲) سازگاری۔ باہمی محبت۔
تالم: [ع۔ اند] دکھ پانا۔ الم۔ تکلیف
تالمود: [عبرانی۔ امث] یہود کی کتاب فقہ
تالو: [ہ۔ اند] (۱) منہ کے اندر کی چھت (۲) سر کا اوپر کا حصہ۔ دماغ کے اوپر کی سطح۔ چندیا (۳) گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کا تالو متورم ہو جاتا ہے (۴) ایک قسم کی مچھلی (۵) بچوں کے سر کا وہ حصہ جو شروع میں نرم ہوتا ہے اور بعد میں سخت ہو جاتا ہے۔
تالو آنا: [ار۔ محاورہ] تالو متورم ہونا۔
تالو اٹھانا: [ار۔ محاورہ] نوزائیدہ بچے کی صورت میں دائی کا انگلیوں سے دبا کر تالو کو درست اور با موقع کرنا
تالو بگڑنا: [ار۔ محاورہ] آواز کا تالو سے اچھی طرح نہ نکلنا
تالو سے زبان لگانا: [ار۔ محاورہ] چپ رہنا۔
تالو سے زبان لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تالو سے زبان لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تالو سے زبان نہ لگانا: [ار۔ محاورہ] بہت باتیں کرنا۔ بکے جانا۔ بکواس کرنا۔ بہت رونا۔
تالو سے زبان نہ لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تالو سے زبان نہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تالو لٹکنا: [ار۔ محاورہ] مرض کی وجہ سے تالو کا اپنی جگہ سے نیچے آ جانا۔
تالوا: [ہ۔ اند] (۱) تالو (۲) بچے کو پہننے کا پہلا جوڑا جو ننہال سے آتا ہے۔
تالہ: [ع۔ اند] خدادانی۔ حق پرستی۔
تالی: [ع۔ صف] (۱) تلاوت کرنے والا (۲) بعد میں آنے والا (۳) منطق قضیہ شرطیہ کا

جنز و تالی - تمولی۔

تالی: [س - امث] (۱) کنجی - چابی - کلید (۲) وہ جس کے پاس منجیرے ہوں (۳) ایک پودا۔

تالی: [ہ - امث] کف دست - ہتھیلی - تھپڑی (۲) ہتھیلی کو ہتھیلی پر مارنے کی آواز - ہتھیلی کو ہتھیلی پر مارنے کا فعل۔

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی۔ تالی دونوں ہاتھ سے بجتی ہے: [ار - مثل] لڑائی جھگڑا یا عشق و محبت اس وقت تک نہیں ہوتے جب تک فریقین کی خواہش نہ ہو یا فریقین تیار نہ ہوں۔

تالی بجانا: [ار - محاورہ] (۱) ہتھیلی پر ہتھیلی مار کر آواز نکالنا (۲) دستک دینا۔

تالی بجنا: [ار - محاورہ] بدنامی ہونا - رسوائی ہونا - فضیحت ہونا - دوالہ نکلنا۔

تالی پٹنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "تالی بجنا"

تالی پیٹنا: [ار - محاورہ] (۱) ہنسی اڑانا - تضحیک کرنا (۲) تالی بجانا (۳) تحسین کرنا - داد دینا - شاباش دینا۔

تالی دینا: [ار - محاورہ] رسوا کرنا - ہنسی اڑانا - مضحکہ کرنا۔

تالیاں بجالے بنّو بیاہ ہوگا: [ار - مثل] چھوٹی لڑکیوں کو کہتے ہیں جب وہ خوشی میں تالیاں بجاتی ہیں۔

تالیاں بجانا: [ار - محاورہ] (۱) خوشی منانا (۲) ذلیل کرنا - رسوا کرنا (۳) ہنسی اڑانا - تضحیک کرنا۔

تالیاں دینا: [ار - محاورہ] ذلیل کرنا - رسوا کرنا - مضحکہ اڑانا ہنسی اڑانا

تالیف: [ع - امث] دو چیزوں کو باہم ملانا - جمع کرنا (۲) دوستی پیدا کرنا (۳) مختلف کتابوں سے مضامین چن کر نئے پیرایہ میں کتاب ترتیب دینا (۴) مختلف کتابوں سے مضامین لے کر ترتیب دی ہوئی کتاب۔

تالیفِ قلوب: [ع - امث] دل جوئی - آدمیوں کے دلوں کو ہاتھ میں لینا (افعال: کرنا، ہونا)

تالیفی: [ع - صف] دیکھئے "تالیف" جس سے یہ منسوب ہے۔

تام: [ع - صف] کل - پورا - تمام مکمل۔

تام: [س - اند] شام - تاریکی (۲) گھبراہٹ - تانبا۔

تام جان / جھام / دان / تان جان: [ار - اند] ہوادار - ایک قسم کی پالکی

تامچی: [ہ - امث] تانبا بلی اشرفی۔

تام چینی: [ہ - ار - امث] میناکاری کیا ہوا تانبا - دھات کی چادر پر چڑھی ہوئی چینی

تام رس / تامرس: [ہ - اند] (۱) تانبا (۲) سونا (۳) کنول (۴) ہمت - طاقت - قوت

تامڑا: [ہ - اند] (۱) یاقوت کی ادنیٰ قسم - بدرنگ یاقوت - سیاہ یاقوت (۲) گنجے کی کھوپڑی (۳) تانبے کے رنگ کا کبوتر (۴) ایک قسم کا کاغذ (۵) صاف مطلع (۶ - صف) تانبے کا - تانبے کے رنگ کا۔

تامڑا نکل آنا: [ار - محاورہ] تانبے کے رنگ کا ہوجانا - بدرنگ ہوجانا (۲) بال اڑ کر کھوپڑی صاف ہوجانا - گنجا ہونا۔

تامس: [ہ - اند] غضب - غصہ - خشم۔

تامسی: [ہ - صف] غضبناک - خشم آلود

تامل: [ہ - امث] ایک زبان جو مدراس کے علاقے میں بولی جاتی ہے۔

تامُّل: [ع - اند] (۱) سوچ - غور - بچار (۲) توقف - ڈھیل - وقفہ - دیر (۳) اندیشہ - فکر (۴) شک و شبہ - تذبذب [افعال: کرنا - ہونا]

تام لوٹ / لیٹ: [ار - اند] (انگریزی TUMBLER کا بگاڑ ہے) ٹین کا لوٹا جس میں ٹونٹی نہیں ہوتی - ڈونگا۔

تامّہ: [ع - صف] دیکھئے "تام" جس کی یہ تانیث ہے۔

تامیس ور / تامیش ور: [ہ - اند] تانبے کا کشتہ۔

تامیسری: [ہ - صف] ایک طرح کا گہنا (۲) تانبا ملا ہوا سونا چاندی۔ (۳) تانبے کے رنگ کا۔

تامین: [ع - امث] غیر ملکی صنعتوں کے مقابلے میں ملکی صنعتوں کی حفاظت کرنا۔ (انگریزی اصطلاح protection کا ترجمہ) (اصطلاح معاشیات)۔

تامینی تجارت: [ع - امث] ایسی تجارت جس کے تحفظ کے لئے غیر ملکی اشیا کی درآمد پر پابندی لگا دی جائے۔

تان: [ہ - امث] (۱) گانے میں بلند آواز (۲) پلنگ - پالکی گاڑی وغیرہ کی آہنی سلاخ (۳) ایک درخت (۴) عینک کا وہ تار جو کانوں پر لگایا جاتا ہے۔

تان اڑا لینا: [ار - محاورہ] کسی کے گانے کا ڈھنگ سیکھ لینا۔

تان اڑانا: [ار - محاورہ] گانے میں سروں کو خوبصورت انداز میں ادا کرنا (۲) مذاق کرنا - ہنسی اڑانا - کوئی ایسی بات کہنا جس سے جھگڑے کا اندیشہ ہو (۳) تنبیہ کرنا - سرزنش کرنا۔

تان بندھان سے: [ار - متعلق فعل] نظم و ضبط سے۔

تان بھرنا / لینا / مارنا: [ار - محاورہ] گاتے وقت عمدہ انداز میں بعض سُروں کو بار بار زبان سے نکالنا۔

تان پڑنا: [ار - محاورہ] گانے کی آواز کان میں پڑنا - تال دینا۔

تان پلٹا: [ہ - اند] علم موسیقی کی اصطلاح میں مختلف انداز سے تان لینا۔

تان پورا: [ہ - اند] مضراب کا ایک ساز - طنبورہ۔

تان ترور: [ار - امث] (طعن و تعریض کا بگاڑ) آوازہ توازہ - اشارہ کنایہ - طعنہ زنی۔

تان توڑا: [ار - اند] دیکھئے "اختر بختر"

تان توڑنا: [ار - محاورہ] گیت کو سم پر لا کر ختم کرنا (۲) طعنہ دینا (۳) ختم کرنا۔

تان کی جان: [ار - صف] سُریلی - رسیلی (۲ - امث) خلاصہ - مطلب - حاصل - مدعا۔

تان کی لینا: [ار - محاورہ] گانا الاپنا۔

تان کے: [ہ - متعلق فعل] کھینچ کر - خوب زور سے جما کر۔

تان لڑانا: [ار - محاورہ] تان بازی کا مقابلہ کرنا۔

تان لینا: [ار - محاورہ] (۱) موسیقی - تان بھرنا (۲) اوڑھ لینا (۳) کھینچ لینا - سیدھا کرنا - طعنہ دینا۔

تان مارنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "تان لینا"

تان میں تکلیں اڑانا: [ار - محاورہ] بہت اونچی تان لینا۔

تانوں کے پیچھے: [ار - اند] مسلسل گانا۔

تانا: [ہ - اند] سوت کے دھاگے جو کپڑا بننے میں لمبائی کی طرف جاتے ہیں (۲) تاؤ دینا (۳) جانچنا - آزمانا (۴) گرم کرنا - پگھلانا (۵) ق چھوٹا بچہ۔

تانا بانا: [ہ - اند] وہ دھاگے جو کپڑا بننے میں طول و عرض میں دیئے جاتے ہیں (۲) ڈھانچہ، خاکہ

تانا بانا ادھیڑ دینا: [ار - محاورہ] کام خراب کرنا (۲) لاجواب کر دینا (۳) بھید کھول دینا - بخیہ ادھیڑ دینا۔

تانا بانا سوت پسانا (ا۔ مثل) بے فائدہ محنت کرنا۔

تانا بانا کرنا (ا۔ محاورہ) ہیرا پھیری کرنا۔ بے فائدہ چکر لگانا۔ بار بار آنا جانا۔

تانا بھقدی (ا۔ امث) پریشانی۔ ابتری۔

تانا تانا (ا۔ محاورہ) کپڑا بننے کے لئے لمبائی کے رخ سوت کو خاص طریقہ پر پھیلانا

تاناشاہ (ا۔ امذ) (ا) مجازاً انتہائی نازک مزاج (۲) ابوالحسن قطب شاہ والی گولکنڈہ کا لقب جو بہت نازک مزاج تھا۔

تاناشاہ دیوانہ جس کی چھتی نہ پروانہ (ا۔ مثل) وہ شخص جو فضول جھگڑوں میں پڑا رہے۔

تانبا : (ہ۔ امذ) ایک سرخی مائل دھات جو کانی مرکبات میں پائی جاتی ہے مسلمانوں کے برتن عموماً اس سے بنتے ہیں (۲) بن چربی کا سرخ گوشت جو اکثر شکاری پرندوں باز اور شاہین وغیرہ کو کھلاتے ہیں۔

تانبا دے جانا (ا۔ محاورہ) اصلیت ظاہر ہو جانا۔

تانبا سا (ہ۔ صف) تانبے کے رنگ کا۔ گلابی۔ سرخ۔ سرخی مائل۔

تانبا سا آسمان ہو جانا (ا۔ محاورہ) آسمان پر بادلوں کا ہونا اور آسمان کا بوجہ گرد و غبار سرخی مائل نظر آنا۔ قحط کے آثار

تانباکار (ہ۔ ف۔ امذ) ٹھٹھیرا (ترکیب غلط ہے)

تانبا نکل آنا (ا۔ محاورہ) دیکھئے "تانبڑا نکل آنا"

تانبڑا : (ہ۔ امذ) دیکھئے "تامڑا"

تانبے چوک (ہ۔ امذ) تانبے کا برادہ۔

تانبے تاشیز (ہ۔ ع۔ صف) بہت کم۔ کم سے کم وہ چیز جس پر گزارہ ہو سکے۔

تانبے کا تار/چھلا نہیں (ا۔ مقولہ) نہایت مفلس۔

تانبے کا چراغ (ہ۔ ف۔ امذ) پیسا جو خیرات کیا جائے۔

تانت (ہ۔ امث) بھیڑ بکری کی انتڑیاں جو بٹ کر دھاگہ سا بناتے ہیں (۲) دھاگا۔ تاگا۔ ریشہ (۳) سارنگی ستار وغیرہ کا تار (۴) جُلاہے کا راچھ۔

تانت باجی راگ/سر بوجھا/پایا/معلوم ہوا (ا۔ مثل) ذرینے سے ہی مطلب پہچان لیا۔ باتوں سے ہی دل کا حال معلوم کر لیا۔

تانت باندھنا (ا۔ محاورہ) بہت باتیں کرنے والے آدمی کو چپ کرانا۔

تانت سا (ہ۔ صف) بہت دُبلا۔ منحنی۔

تانتا : (ہ۔ امذ) (۱) قطار۔ سلسلہ (۲) مجمع گروہ۔ سواریاں (۳) نسل خاندان

تانتا بنوا ترا (ہ۔ امذ) طول طویل داستان۔ لمبا چوڑا قصہ۔ شیطان کی آنت۔

تانتا لگانا (ا۔ محاورہ) سلسلہ آمد و رفت شروع ہونا۔ قطار بندنا۔

تانتا لگ جانا/لگنا (ا۔ محاورہ) دیکھئے "تانتا لگانا" جس کا یہ لازم ہے

تانتڑی (ہ۔ صف) (۱) تانت کی تصغیر (۲) پتلا دُبلا۔ منحنی۔

تانتڑی سا (ہ۔ صف) نہایت دُبلا پتلا۔

تانتوا/تانت وا (ہ۔ امذ) (۱) آنت اتمنے کی بیماری۔ فتق (۲) بچے کی زبان کے نیچے کی باریک جھلی۔

تانتوا ٹوٹنا (ا۔ محاورہ) بے کار باتیں کئے جانا

تانتی : (ہ۔ امث) (۱) قطار۔ سلسلہ (۲) بال بچے اولاد (۳) پارچہ باف جولاہا۔

تانتیا : (ہ۔ صف) لمبا۔ دُبلا۔ پتلا۔

تانثا/تانثلہ (ا۔ امذق) چرچا۔

تاندرکھ (ا۔ امذق) بڑ کا درخت۔

تانڈی (ہ۔ امث) ٹھگوں کی اصطلاح میں اشرفی

تانس : (ع۔ امذ) الفت۔ محبت۔ واقفیت۔ تعلق۔ بے تکلفی۔

تانش (ہ۔ امث) دھمکی۔ ڈر۔ ڈانٹ ڈپٹ۔

تانسنا : (ہ۔ مص) (۱) ڈانٹنا۔ دھمکانا (۲) سجوکا مارنا۔ خوراک سے کم کھانے کو دینا (۳) بُرا کہنا۔ طعنہ دینا (۴) سختی سے پیش آنا۔

تانگا : (ہ۔ امذ) ایک دو پہیے کی گاڑی جس میں دو آدمی آگے اور دو پیچھے بیٹھتے ہیں۔

تانگر : (ا۔ امذق) بیل۔

تاننا : (ا۔ مص) (۱) پھیلانا (۲) بڑھانا (۳) لمبے چوڑے کپڑے کو سر پر یا بطور قنات کھینچنا (۴) لٹکانا (۵) اٹانا۔ لگانا (۶) کسنا جکڑنا۔ جھول دور کرنا (۷) مقدمہ دائر کرنا (۸) قید کرنا (۹) بھیجنا۔ روانہ کرنا (۱۰) سیدھا کھڑا کرنا (۱۱) ہتھیار اٹھانا (۱۲) زور سے کھینچنا۔ (۱۳) جالا بنانا (۱۴) اکسا دینا۔

تانوڑ آنا (ا۔ محاورہ) تیوریانا۔

تانی : (ہ۔ امث) تنے ہوئے دھاگے جو بننے کے لئے تیار کئے جاتے ہیں۔

تانیث : (ع۔ امث) (۱) مؤنث کی علامت لگانا۔ مؤنث بنانا (۲) مؤنث ہونے کی کیفیت۔

تانیث معنوی (ع۔ امث) وہ اسم جس میں تانیث کی کوئی علامت نہ ہو۔ مگر اہل زبان اسے مؤنث بولتے ہیں جیسے ارض۔ رحم۔ بین۔

تانیں اڑانا (ا۔ محاورہ) دیکھئے "تان اڑانا"۔

تاوا : (ہ۔ امذ) (۱) گردش۔ چکر (۲) مکان کے گرد کبوتروں کا اڑنا (۳) بھٹی میں شراب بنانے کا عمل۔

تاوا دینا (ا۔ محاورہ) کبوتروں کا چکر دینا۔

تاوا کرنا (ا۔ محاورہ) چکر لگانا۔

تاوا کھلانا (ا۔ محاورہ) دیکھئے "تاوا" دینا۔

تاوان : (ف۔ امذ) (۱) جرمانہ۔ ڈنڈ (۲) وہ رقم جو مفتوح فاتح کو ہرجانہ کے طور پر ادا کرتا ہے (افعال۔ ادا کرنا۔ دینا۔ دلانا۔ لگانا۔ لینا)

تاوان بھرنا (ا۔ محاورہ) جرمانہ دینا۔

تاول : (ہ۔ امث) اتاول کا مخفف۔ جلدی۔ تیزی سے۔

تاولا : (ہ۔ صف) جلد باز۔ تیزی کرنے والا۔

تاولا سو باولا (ا۔ مثل) جلدی میں کام خراب ہوتا ہے۔ جلد باز دیوانہ ہے۔

تاولی : (ہ۔ صف) تاولا کی تانیث۔

تاویل : (ع۔ امث) (۱) کسی بات کو اس کے ظاہری مطلب سے پھیر دینا۔ (۲) عذر۔ حیلہ شرعی (۳) تشریح۔ توضیح (۴) کسی کلام کو ظاہری معنوں سے پھیر کر اس سے مناسبت رکھنے والے اور معنے بیان کرنا۔

تاہری (ہ۔ امث) چاول اور بڑیاں ملا کر پکی ہوئی۔

تاہل : (ع۔ امث) (۱) شادی کرنا (۲) صاحب اہل و اطفال ہونا۔

تائب : (ع۔ امذ) توبہ کرنے والا۔ جرم یا گناہ سے معافی مانگنے والا۔

تائبہ : (ع۔ امث) دیکھئے "تائب" جس کی یہ تانیث ہے۔

تاؤ : (ہ ۔ اند) باپ کا بڑا بھائی ۔ تایا ۔ بزرگ ۔ بڑا ۔ ہوشیار ۔ عقلمند آدمی ۔ بدمعاش ۔

تاؤ : (ہ ۔ اند) (۱) گرمی ۔ حرارت (۲) تیز آنچ (۳) چرخ ۔ کسی دھات کو آگ میں تپانا (۴) غصہ ۔ غضب (۵) پیچ و تاب (۶) بل مروڑ ۔ خم (۷) کاغذ کا تختہ (۸) جھبڑ ۔ مجمع (۹) طاقت ۔ قوت زور (۱۰) تیزیٔ رفتار ۔ شان و شوکت ۔

تاؤ آجانا / آنا : (ا ر ۔ محاورہ) (۱) لوہے تانبے وغیرہ یا کسی اور دھات کا آگ میں سرخ ہو جانا ۔ چرخ کھانا (۲) جوش کھانا (۳) غصہ آجانا ۔ چاشنی کا پکنے پر آجانا ۔

تاؤ بگڑنا : (ا ر ۔ محاورہ) پکنے میں کسی چیز کا جوش خراب ہو جانا (۲) موقع نکل جانا ۔

تاؤ بند : (ہ ۔ اند) (کیمیا گروں کی اصطلاح میں) وہ دوا جس کے اثر سے چاندی سونے کا نقص چرخ دینے پر بھی ظاہر نہ ہو ۔

تاؤ بھاؤ : (ہ ۔ صفت) تھوڑا سا ۔ ذرا سا ۔ کسی قدر ۔ خفیف ۔

تاؤ پر ہونا : (ا ر ۔ محاورہ) جوش میں ہونا ۔

تاؤ پر تاؤ آنا : (ا ر ۔ محاورہ) بہت زیادہ غصہ آنا ۔

تاؤ پیچ : (ا ر ۔ اند) پیچ و تاب ۔ غم و غصہ (افعال ۔ آنا ۔ کھانا)

تاؤ دینا : (ا ر ۔ محاورہ) (۱) گرم کرنا ۔ آگ میں سرخ کرنا ۔ پگھلانا ۔ (۲) مروڑنا ۔ بل دینا (۳) غصہ دلانا ۔

تاؤ کھانا : (ا ر ۔ محاورہ) (۱) سرخ ہو جانا ۔ پگھل جانا ۔ چرخ کھا جانا ۔ جوش کھانا (۲) قوام یا چاشنی کا جل جانا ۔ زیادہ پک جانا (۳) اینٹھنا ۔ پیچیدہ ہو جانا (۴) کشتہ کا زیادہ آنچ کھا جانا (۵) غصہ کھانا ۔ پیچ و تاب کھانا (۶) اندازہ سے زیادہ گرمی پہنچنا ۔

تاؤ لگنا : (ا ر ۔ محاورہ) (۱) آنچ لگنا ۔ خوب گرم ہونا (۲) زیادہ جل جانا ۔

تاؤ میں آنا : (ا ر ۔ محاورہ) جوش میں آنا ۔ غصہ میں آجانا ۔

تاؤنی : (ہ ۔ امث) جنتری میں کھینچنے کے قابل خاص موٹائی کا تار ۔

تائی : (ہ ۔ امث) تایا / تاؤ کی بیوی

تائے : (ف ۔ اند) (۱) کپڑا (۲) تہ (۳) کاغذ کا تختہ (۴) طاق یعنی جفت کی ضد ۔

تائے تشریف : (ف ۔ اند) ایک خلعت ۔ پورا خلعت ۔

تائید : (ع ۔ امث) (۱) مدد ۔ حمایت (۲) رعایت ۔ طرفداری (۳) استحکام دعوے کی دستاویز ۔

تائید کرنا : (ا ر ۔ مصدر مرکب) حمایت کرنا ۔ مدد کرنا ۔ ساتھ دینا ۔ سہارا دینا ۔

تائید کلام : (ع ۔ امث) دعوے کی مدد ۔ بات کی امداد ۔ بات کی پچ ۔ سخن پروری

تائید مزید : (ع ۔ امث) زیادہ مدد ۔

تائیدی : (ع ۔ صف) دیکھئے "تائید" جس سے یہ منسوب ہے ۔

تائیدی شہادت (ع ۔ امث) وہ گواہی جو کسی بیان کی تائید کرے ۔

تائیل : (ع ۔ اند) وہ مسافر جو قافلے سے بچھڑ گیا ہو اور اس کے ساتھیوں کو ٹھگوں نے مار ڈالا ہو ۔

تایا : (ہ ۔ اند) دیکھئے "تاؤ" (باپ کا بڑا بھائی)

تایا جانا : (ا ر ۔ محاورہ) (۱) گرم کیا جانا (۲) جلایا جانا (۳) پگھلایا جانا ۔ (۴) آزمایا جانا ۔

تایس : (ہ ۔ امث) خسر کے بڑے بھائی کی بیوی ۔

تایسرا : (ہ ۔ اند) خسر کا بڑا بھائی ۔

تالیقہ : (ا ر ۔ امث) (عربی تعلیقہ کا بگاڑ) (۱) مال و اسباب کی ضبطی ۔ (۲) اسباب کی فہرست ۔

ت ۔ ب

تب : (ا ر ۔ متعلق فعل) (۱) پھر (۲) بعد میں ۔ بعد ازاں (۳) اس وقت (۴) اس پر ۔ اس حالت میں (۵) اس لئے ۔ اس سبب سے (۶) تو ۔

تب بھی : (ا ر ۔ متعلق فعل) پھر بھی ۔ تاہم ۔ اس پر بھی (۲) اس کے باوجود ۔

تب تک : (ا ر ۔ متعلق فعل) جب تک ۔ اس وقت تک ۔

تب تو : (ا ر ۔ متعلق فعل) پھر تو ۔

تب سے : (ا ر ۔ متعلق فعل) اس وقت سے ۔

تب کا لیا گیا سرائے اب کا لیا دیکھو آئے : (ا ر ۔ مثل) پرانی بات جانے دیجئے ، نئی حالت کو دیکھئے ۔

تب لگ جھوٹ نہ بولئے جب لگ پار بسائے : (ا ر ۔ مثل) جہاں تک ممکن ہو جھوٹ نہ بولنا چاہیئے ۔

تب ہی / تبھی : (ا ر ۔ متعلق فعل) اسی وقت ۔ اسی دم ۔ جب ہی ۔ فوراً ۔ سلئے

تپ : (ف ۔ امث) (تاب کا مخفف) (۱) حرارت (۲) بخار ۔

تپ آنا : (ا ر ۔ محاورہ) گھبرانا ۔ ڈرنا ۔

تپ دروں : (ف ۔ امث) اندرونی گرمی ۔ دل کی سوزش ۔ عشق ۔

تپ کرنا : (ا ر ۔ محاورہ) بخار آنا ۔ (متروک)

تپ کہنہ : (ف ۔ امث) پرانا بخار ۔

تبادر : (ع ۔ اند) (۱) باہم دوڑنا ۔ بازی لے جانا (۲) سبقت ۔ مسابقت ۔

تبادل : (ع ۔ اند) (۱) بدلنا ۔ تبدیل کرنا ۔ باہم بدلنا ۔ آپس میں بدلنا ۔ ایک چیز کی جگہ دوسری رکھ دینا ۔ (۲) بدلہ ۔ باہمی بدلہ ۔

تبادل سزا : (ع ف ۔ اند) ایک سزا کی بجائے دوسری سزا تبدیل کرنا ۔

تبادلہ : (ا ر ۔ اند) بدل ۔ عوض ۔ معاوضہ (۲) بدلی ۔ تبدیلی (تبادل کا بگاڑ) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (افعال ۔ کرنا ۔ ہونا)

تبادلہ خیالات : (ع ۔ ف ۔ اند) کسی بات کے متعلق دو یا زیادہ اشخاص کا اظہار خیال ۔ گفت و شنید ۔

تبار : (ف ۔ اند) خاندان ۔ گھرانا (۲) قوم ۔ ذات ۔ لوگ (۳) اولاد نسل ۔ عموماً خویش و تبار کی ترکیب سے مستعمل ہو)

تبارا : (ا ر ۔ صف) تیسری دفعہ ۔ تیسری بار ۔

تبارک : (ع ۔ صف مفعولی) بزرگ ہوا ۔ بڑا کیا گیا عالی ۔ برتر (۲) مونث) قرآن پاک کی ایک سورت کا نام ہے (۳) ایک مذہبی رسم جو ماہِ رجب میں جمعرات یا جمعہ کو سورت تبارک چالیس مرتبہ پڑھ کر مردہ انسان کو بخشتے ہیں اور میدے کی میٹھی تنوری روٹیاں جن پر سونف اور کلونجی جمی ہوتی ہے ۔ بطور خیرات تقسیم کی جاتی ہیں (۴) اس رسم کا نام ۔

تبارک اللہ تعالیٰ : (ع ۔ اند) (۱) بزرگ ہے اللہ تعالیٰ ۔ تعجب کے موقع

پڑھتے ہیں۔

تبارک کی روٹیاں : [ع ۔ ار ۔ امث] روٹیاں جو رسم تبارک کے موقع پر تقسیم کی جاتی ہیں۔

تبارہ : [ہ ۔ صف] (۱) دیکھئے "تبارہ" (۲) وہ کمرا جس میں تین دروازے ہوں۔

تباری : [ہ ۔ امث] دیکھئے "تبارہ" جس کی یہ مؤنث ہے

تبارید : [ع ۔ امث] دیکھئے "تبرید" جس کی یہ جمع ہے

تباسی : [ہ ۔ امث] (۱) تین روز کی رکھی ہوئی چیز (۲) تیسرے دن کی باسی۔

تباشیر : [ف ۔ اند] ایک دوا ۔ بنسلوچن جو بانس کی گانٹھوں یا جڑ سے برآمد ہوتی ہے ۔ رنگ سفید ہے ۔ مجازاً صبح کاذب کی روشنی۔

تباعد : [ع ۔ اند] ایک دوسرے سے دور ہونا ۔ دُوری ۔ فاصلہ ۔ بعد۔

تباغض : [ع ۔ اند] (۱) باہم بغض رکھنا ۔ آپس میں عداوت رکھنا (۲) دشمنی ۔ عداوت۔

تباکھیر : [ہ ۔ امث] دیکھئے "تباشیر"۔ سفید رنگت والی کو تباکھیر اور نیلی رنگت والی کو تباشیر کہتے ہیں۔

تباہ : [ف ۔ صف] (۱) اجڑا ہوا ۔ ویران ۔ شکستہ ۔ خستہ حال (۲) خراب ۔ بُرا ۔ شریر ۔ بدکار۔

تباہ حال/روزگار : [ف ۔ صف] خستہ حال۔

تباہ کر دینا/کرنا : [ار ۔ محاورہ] برباد کرنا ۔ اجاڑنا ۔ ویران کرنا (۲) لٹانا ۔ ضائع کرنا ۔ فضول خرچ کرنا (۳) دیوالہ نکالنا ۔ مفلس بنانا (۴) غرق کرنا ۔ ڈبونا (۵) بگاڑنا ۔ ستیاناس کرنا (۶) کبوتر کو گم کرنا ۔ کھو دینا۔

تباہ ہو جانا/ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "تباہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) کنکوے کا اکھڑنا ۔ مرٹنا۔

تباہی : [ف ۔ امث] (۱) خرابی ۔ بربادی (۲) ذلت ۔ رسوائی (۳) مصیبت ۔ آفت (افعال : آنا ۔ پڑنا)

تباہی زدہ : [ف ۔ صف] مصیبت زدہ ۔ آفت زدہ ۔ خراب خستہ ۔ تباہ حال۔

تباہی مارا : [ار ۔ صف] دیکھئے "تباہی زدہ"

تباین : [ع ۔ اند] (۱) فرق ۔ تفاوت ۔ مادے میں فرق ہونا ۔ دو چیزوں کا آپس میں جدا ہونا (۲) جدائی ۔ ضد ۔ مخالفت

تباین جزوی : [ع ۔ اند ۔ ترکیب فارسی] (منطق) کلیتہً افتراق نہ ہو مگر افتراق غالب ہو۔

تباین کلی : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] مکمل افتراق۔

تبتل : [ع ۔ اند] خدا کے سوا سب سے کٹ جانا صرف خدا سے لو لگانا ۔ تجرد ۔ ترک دُنیا۔

تبتیل : [ع ۔ امث] تجرد ۔ ترک دُنیا

تبجیل : [ع ۔ امث] عزت کرنا ۔ عزت و احترام۔

تبحر : [ع ۔ اند] کسی علم اور فن میں سمندر کی طرح بے کنارہ ہونا ۔ مہارت ۔ کمال

تبخال/تبخالہ : [ف ۔ اند] چھالا جو بخار کی گرمی کی وجہ سے ہونٹوں کے گرد نکل آتا ہے۔

تبختر : [ع ۔ اند] (۱) ناز سے چلنا ۔ اترا کر چلنا (۲) نازہ ۔ انداز ۔ ادا (۳) غرور ۔ تکبر ۔ فخر۔

تبخیر : [ع ۔ امث] (۱) بھاپ اٹھنا ۔ بو اٹھنا (۲) مہک (۳) بھاپ (۴) وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد یا معدہ خالی ہونے کی وجہ سے دماغ کی طرف چڑھتے ہیں اور جسم کو گرم کر دیتے ہیں۔

تبدع : [ع ۔ اند] بدعتی ہونا ۔ بدعت۔

تبدل : [ع ۔ اند] (۱) بدلنا (۲) بدل ۔ عزل و نصب ۔ تغیر ۔ فرق۔

تبدید : [ع ۔ امث] (۱) بکھیرنا (۲) انتشار۔

تبدیع : [ع ۔ امث] (۱) بدعتی قرار دینا (۲) بدعتی قرار دینے کا عمل۔

تبدیل : [ع ۔ امث] (۱) ایک چیز کو دوسری کی جگہ کرنا ۔ دگرگوں کرنا ۔ پلٹنا ۔ تغیر کرنا (۲) نقل مکان ۔ بدل ۔ فرق ۔ تغیر ۔ پلٹ ۔ پھیر پھار۔

تبدیل آب و ہوا : [عف ۔ امث] صحت کے فائدہ کے لئے ایک جگہ کے پانی اور ہوا کا اثر بدلنے کے لئے دوسری جگہ جانا۔

تبدیل صورت/ہیئت : [عف ۔ امث] بھیس بدلنا ۔ دھوکا دینے کے لئے صورت بدلنے کا عمل ۔ (افعال : کرنا ۔ ہونا)

تبدیل کرنا : [ار ۔ مص مرکب] ایک چیز کو دوسری جگہ بدلنا ۔ فرق ڈالنا ۔ پلٹنا ۔ تغیر و تبدل کرنا پھیرنا ۔ دگرگوں کرنا۔

تبدیل مذہب : [ع ۔ اند] اپنے مذہب کی بجائے اور کوئی مذہب اختیار کر لینا۔

تبدیل ناجائز : [ع ۔ امث] دستاویز وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا ۔ جعلسازی کرنا۔

تبدیل ہونا : [ار ۔ مص مرکب] دیکھئے "تبدیل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تبدیلی : [ار ۔ امث] تبدیل کا بگاڑ (۱) ملازم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۲) نوکری پر ایک سپاہی یا پہرہ دار کی جگہ دوسرے کا آنا (۳) ایک حالت سے دوسری حالت ہونا (۴) موسم کا بدل جانا (۵) تغیر و تبدل ۔ فرق۔

تبذیر : [ع ۔ امث] (۱) اسراف کرنا (۲) فضول خرچی ۔ اسراف۔

تبر : [ف ۔ اند] (۱) ایک آلہ جس سے لکڑی چیرتے ہیں یا کاٹتے ہیں ۔ کلہاڑی ٹکوا کلہاڑا (۲) ایک آلہ حرب

تبردار : [ف ۔ صف فاعلی] تبر سے مسلح (۱) لکڑہارا (۲) سپاہی

تبرزاغنول : [ع ۔ اند] کلہاڑے کی وضع کا ایک جنگی ہتھیار۔

تبرزن : [ف ۔ صف فاعلی] تبر چلانے والا (۱) لکڑہارا (۲) سپاہی

تبرزین : [ف ۔ اند] تبر کی ایک قسم جو زین کے ساتھ لٹکایا جاتا ہے۔

تبرکول : [ف ۔ صف] (۱) تبر کی طرح مڑا ہوا (۲) وہ گھوڑا جس کا پچھلا گھونٹا مانند تبر ہو ۔ یہ عیب ہے

تبر مارنا : [ار ۔ مص ۔ مرکب] کلہاڑا مارنا ۔ لکڑہارے کا کام ۔ سپاہی کا جنگ کرنا۔

تبرا : [ع ۔ اند] (۱) بیزاری ۔ نفرت (۲) گالی ۔ لعنت (۳) لعن طعن۔

تبرا بھیجنا : [ار ۔ محاورہ] لعنت بھیجنا ۔ نفرت کرنا۔

تبرا کرنا : [ار ۔ مص مرکب] بُرا بھلا کہنا ۔ لعنت ملامت کرنا۔

تبرائی : [ع ۔ صف] تبرا کہنے والا ۔ شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرا

کو مذہب میں داخل سمجھتا ہے۔

تبرّج : [ع۔ اند] (۱) اپنے آپ کو سجانا (۲) بناؤ سنگار۔ آرائش

تبرّز : [ع۔ اند] رفع حاجت کے لئے باہر جانا اور اس کا عمل۔

تبرّع : [ع۔ اند] (۱) دینا۔ بخشنا۔ بغیر کسی ذاتی مفاد کی امید کے کسی کو کچھ دینا (۲) خیرات۔ بخشیش۔

تبرّک : [ع۔ اند] (۱) وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو (۲) تحفہ جو کسی بزرگ سے ملے (۳) کسی بزرگ کا اُلش یا کسی بزرگ دین یا پیشوا کی، فاتحہ کی کوئی چیز (۴۔ صف) تھوڑا سا۔ قلیل۔

تبرّکاً : [ع۔ تف] (۱) برکت کے ساتھ۔ برکت کے طور پر۔ برکت کے خیال سے لینا (۲) تھوڑا سا۔ قلیل۔

تبرّکاً و تیمّناً : [ع۔ متعلق فعل] مبارک اور متبرک جان کر۔ خیر و برکت کے لئے یمن و برکت کے لحاظ سے۔

تبرّکات : [ع۔ اند] تبرک کی جمع + بزرگان دین کی چیزیں۔ برکت حاصل کرنے کی چیزیں۔ بزرگوں کے آثار۔ بزرگوں کی نشانیاں (۲) فضیلت۔ عزت۔

تبرید : [ع۔ امث] (۱) ٹھنڈا کرنا۔ ترو تازہ کرنا (۲) ٹھنڈائی۔ وہ دوا یا شربت جو مسہل کے اوّل تین دن پہلے اور مسہل کے بعد اس کی حرارت دور کرنے اور دل کی تقویت کے لئے دی جاتی ہے۔ (۳) ترو تازہ کرنے والا شربت یا پینے کی وہ چیز جو شرابی صبح کے وقت رات کی شراب کی حرارت دور کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

تبریز : [ف۔ اند] صفاہان۔ راگ کی راگنیوں کا پہلا شعبہ جس میں پانچ راگنیاں ہیں۔

تبریق : [ع۔ امث] (۱) تیز دیکھنا (۲) برقانا۔ کسی چیز میں بجلی کی رو دوڑانا۔

تبریک : [ع۔ امث] (۱) مبارک باد کہنا۔ مبارک دینا (۲) برکت۔ مبارک دینا۔

تبریہ : [ع۔ امث] (۱) بری کرنا (۲) چھوڑنا۔ صاف کرنا۔ برأت

تبسّط : [ع۔ اند] (۱) پھیلاؤ۔ فراخی۔ کشادگی (۲) پھیلا ہوا کھلنا۔

تبسّم : [ع۔ اند] مسکراہٹ۔ ایسی ہنسی جس میں لب نہ کھلیں مگر پھیلیں ضرور۔

تبسّم افشاں / پاش : [فع۔ صف] مسکرانے والا۔ جو ہر وقت مسکراتا رہے۔

تبسّم افشانی / پاشی : [ف۔ ع۔ امث] دیکھئے "تبسّم افشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تبسّم برق : [عف۔ اند] بجلی کی چمک۔

تبسّم فروش : [عف۔ صف۔ فاعلی] مسکرانے والا۔ خوش رُو

تبسّم فروشی : [عف امث] دیکھئے "تبسّم فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تبسّم کرنا : [ار۔ مص مرکب] مسکرانا۔

تبسّم گل : [عف۔ اند] کلی کا کھلنے کے لئے پھول جانا۔ غنچہ ہو جانا۔ شگفتگی۔ پھول کی مسکراہٹ۔

تبسّم مینا : [عف۔ اند] صراحی سے شراب نکلنے کی آواز۔

تبش : [ف۔ امث] دیکھئے "تپش"

تبشّر : [ع۔ اند] بشارت۔ خوشخبری۔

تبشیر : [ع۔ امث] (۱) خوشخبری دینا۔ بشارت دینا (۲) خوشخبری۔ بشارت۔

تبصّر : [ع۔ اند] (۱) غور کرنا (۲) نظر۔ بصیرت۔ غور و خوض۔

تبصرہ : [ع۔ اند] (۱) کسی بات کے متعلق روشنی ڈالنا۔ رائے ظاہر کرنا (۲) نقد و نظر توضیح و تفصیل۔ تشریح (انگریزی میں REVIEW کا ترجمہ)

تبصیر : [ع۔ امث] (۱) توضیح۔ وضاحت۔ تشریح (۲) توضیح کرنا۔

تبطّن : [ع۔ اند] اخفا۔ پوشیدگی

تبع : [ع۔ اند] (۱) پیروی کرنا (۲) پیروی کرنے والا۔

تبع تابعین : [ع۔ اند] مسلمانوں میں وہ لوگ جنہوں نے تابعین کو دیکھا ہو۔

تبعاً : [ع۔ متعلق فعل] بطور اتباع۔ پیروی کے طور پر۔ تقلیدی طور پر۔

تبعی : [ع۔ صف] ضمنی۔

تبعیّت : [ع۔ امث] (۱) اتباع۔ متابعت (۲) تقلید۔ پیروی (۳) اطاعت۔ فرمانبرداری۔ حکم برداری۔

تبعیض : [ع۔ امث] تقسیم و تجزیہ۔

تبغیض : [ع۔ امث] (۱) دشمنی ڈالنا۔ بغض پیدا کرنا (۲) دشمنی۔ بغض۔

تبکیت : [ع۔ امث] بحث میں غلبہ حاصل کرنا۔ منہ بند کرنا۔

تبلق : [ار۔ امث] (طبلق کا بگاڑ) کاغذوں کا بنڈل یا گٹھا۔

تبلچی : [ار۔ امث] (۱) توشہ دان (۲) وہ چھوٹی سی تھیلی جس میں بندوق کے کارتوس رکھے جاتے ہیں (۳) وہ تختہ جو ستار یا طنبور کے تونبے پر لگایا جاتا ہے۔

تبلی : [ہ۔ امث] ڈور یا رسی جس کو تین دھاگوں سے ملا کر بٹ کر تیار کرتے ہیں۔ تیلڑی۔

تبلیغ : [ع۔ امث] (۱) پہنچانا۔ کہہ دینا (۲) احکام شریعت کا پہنچانا (۳) پرچار (۴) مبالغہ کی ایک قسم جس میں ایسے الفاظ لائے جائیں جو مبالغہ آمیز ہونے کے باوجود قریب الفہم ہوں اور عقلاً یا عادتاً محال نہ ہوں۔

تبن : [ع۔ امث] گھاس۔

تبنی : [ع۔ صف] گھاس سے منسوب۔ گھاس کے رنگ کا۔

تبنّی / تبنّیت : [ع۔ امث] متبنّیٰ بنانا۔ بے پالک بنانا۔ پسر خواندگی۔ گود لینا۔ گود لینے کا عمل۔

تبویب : [ع۔ امث] کتابوں کا بابوں اور حصوں میں تقسیم کرنا۔ باب باندھنا۔

تبہ : [ف۔ صف] دیکھئے "تباہ" جس کا یہ مخفف ہے۔

تبہ کار : [ف۔ صف] دیکھئے "تباہ کار"

تبیان : [ع۔ امث] (۱) ظاہر کرنا۔ آشکار کرنا (۲) ظہور

تبییض : [ع۔ اند] وہ چھوٹے چھوٹے ہزاروں انڈے جو رحم میں پائے جاتے ہیں۔

تبیعہ : [ع۔ اند] بچھڑا۔ گائے کا بچہ۔

تبیین / تبئین : [ع۔ اند] اظہار۔ توضیح۔ تشریح۔

تبییض / تبئیض : [ع۔ امث] لکھی ہوئی چیز کو صاف کر کے لکھنا۔

مسودے کو صاف کرنا۔

تبیئین / تبیین (ع۔ امث) توضیح۔ تشریح۔ بیان۔

ت۔ پ

تَپ : (س۔ امث) (۱) عبادت۔ ریاضت۔ تپسیا (۱ فعال کرنا۔ ہونا)، (۲) گرمی کا موسم۔ سخت گرمی۔

تَپ : (ف۔ امث) (۱) گرمی۔ حرارت۔ جوش (۲) گرمی کا بخار۔ وہ حرارت جو مادے کی عفونت سے جسم میں پیدا ہو۔ اضطراب۔ بے قراری۔

تپ آنا (ار۔ محاورہ) (۱) بخار آنا (۲) ڈرنا۔ گھبرانا۔ خوف کھانا۔

تپ اترنا (ار۔ محاورہ) بخار زائل ہونا۔ بدن کی حرارت کا اصلی حالت پر آنا۔

تپ ٹوٹنا (ار۔ محاورہ) دیکھئے "تپ اترنا"۔

تپ چڑھ آنا / چڑھنا (ار۔ محاورہ) (۱) بخار چڑھنا۔ بخار سے بدن جلنا۔ ۲۔ ترساں ہونا۔ لرزاں ہونا۔ ڈرنا۔ گھبرانا۔

تپ خالہ (ف۔ اند) دیکھئے "تب خالہ"۔

تپ دِق : (ف۔ امث) تپ کہنہ۔ وہ بخار جس سے حرارت اعضائے رئیسہ اصلیہ میں سرایت کرکے بدن کی رطوبت کو خشک کر دے۔ پرانا بخار۔

تپ زَدَہ (ف۔ صف) جس کو بخار آتا ہو۔ بخار میں مبتلا۔

تپ زرد (ف۔ امث) ایک قسم کا بخار جس کے ہمراہ یرقان ہوجاتا ہے۔

تپ زندانی (ف۔ اند) ٹائیفائیڈ بخار۔ میعادی بخار جو دو ہفتہ تک چڑھتا رہتا ہے۔ مریض پر بے ہوشی طاری ہو جاتی اور مریض بکواس کرتا رہتا ہے۔

تپ سُرخ (ف۔ امث) ایک قسم کا بخار جو سخت متعدی ہوتا ہے اس میں گلا متورم ہوجاتا ہے اور دوسرے تیسرے روز بدن پر دھبے پڑجاتے ہیں۔

تپ غب (ف۔ امث) باری کا بخار۔ جو روزانہ وقت مقررہ پر یا دوسرے تیسرے اور چوتھے دن آیا کرتا ہو۔

تپ کہنہ (ف۔ امث) پرانا بخار۔

تپ لازمہ (ف۔ امث) وہ بخار جو ہر وقت چڑھتا رہتا ہے مگر تیسرے روز زور ہوتا ہے یہ ملیریا کی ایک قسم ہے۔

تپ لَرزہ (ف۔ امث) وہ بخار جو لرزے کے ساتھ ہو جس میں سردی و یکے ساتھ کپکپی طاری ہوجاتے۔

تپ مُحرِق / مُحرِقہ (ف۔ امث) میعادی بخار۔ وہ بخار جو ۱۴، ۲۱ یا ۳۰ دن کے بعد اترے بخار کی یہ بہت سخت قسم ہے۔ اس میں حرارت بہت زیادہ ہوتی ہے۔

تپ مُرکبہ (ف۔ امث) وہ بخار جو دو یا زیادہ خلطوں کی خرابی کی وجہ سے ہو۔

تپ مُوت جانا (ار۔ محاورہ) ہونٹوں پر تبخالوں کا نمودار ہونا جو تپ اتر جانے کی علامت ہے۔

تپ نزلی وبائی (ف۔ امث) انفلوئینزا۔ ایک قسم کا بخار جس کے ساتھ زکام ہوتا ہے اور وبائی ہوتا ہے۔

تپ نوبت / نوبتی (ف۔ امث) باری کا بخار۔

تپ نہاری (ف۔ امث) وہ بخار جو دن کو چڑھے۔

تپ نیزاری (ف۔ امث) دلدلی بخار۔ ملیریا بخار جو موسم برسات کے بعد ہو

تپ وبائی (ف۔ امث) وبائی بخار۔ جنگی بخار۔ انفلوئینزا۔

تپ ورمی : (ف۔ امث) وہ بخار جو ورم کی وجہ سے ہوجائے۔

تپ ہر روزہ : (ف۔ امث) روزانہ بخار۔

تپ ہوجانا / ہونا (ار۔ محاورہ) دیکھئے "تپ آنا"۔

تپا کرنا : (ا۔ محاورہ) گرم ہونا۔ غم کھانا۔

تپاس (ہ۔ امث) (۱) دھوپ۔ سورج کی کرنیں (۲) محنت۔ مشقت۔

تپاک : (ف۔ اند) (۱) گرمجوشی۔ شوق (۲) آؤ بھگت۔ خاطر مدارات۔ (۳) اضطراب۔ بے قراری (۴) اخلاص۔ محبت۔ عشق۔ انس دوستی۔ پیار۔ پریم (۵) طنزاً بے پروائی۔ ظاہر داری۔ (۶) شک۔ رنج۔ تکلیف۔

تپاں : (ف۔ صف) (۱) گرم۔ سوزاں (۲) تڑپنے والا۔ لرزنے والا۔

تپانا : (ار۔ مص) (۱) گرم کرنا (۲) تاؤ دینا۔ سونے چاندی وغیرہ کو آگ پر رکھ کر کھرا۔ کھوٹا دیکھنا (۳) شراب کو آگ پر اڑا کر خالص اور غیر خالص دیکھنا (۴) دکھ دینا۔ رنج پہنچانا (۵) دیوتاؤں وغیرہ کی بھینٹ دینا۔ تحفہ دینا۔

تپانا : (ھ۔ مص) (۱) دفن کرا دینا۔ دھنسوا دینا۔ چھپوا دینا۔

تپانچہ : (ف۔ اند) (۱) تھپڑ۔ کھلے ہاتھ کی ضرب جو منہ پر ماری جائے (۲) پالٹ وہ ضرب جو حریف کے دست چپ پر ماریں (افعال۔ آنا جڑنا۔ دینا۔ کھانا۔ لگانا۔ لگنا۔ مارنا۔ پڑنا)۔

تپاون : (ھ۔ اند) دیوتاؤں یا پتریوں کو پانی دینا۔ پانی یا شراب جو دیوتاؤں کو چڑھائی جائے۔

تپاؤ : (ھ۔ اند) دیکھئے "تپانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تپاونا / تپاؤنا (ھ۔ مص) دیکھئے "تپانا" جس کی یہ قدیم صورت ہے۔

تپائی : (ھ۔ امث) تین پایوں کی چھوٹی میز یا چوکی۔

تپت : (ار۔ امث۔ ق) تپش۔ گرمی۔

تپتی / تپتیا (ھ۔ امث) ایک چھوٹی اور نازک بوٹی۔ ایک قسم کی لکڑی۔

تپچانا : (ار۔ مص) کپڑے کی نوک سے نوک ملاکر سینا۔

تپڑ : (ھ۔ اند) ٹاٹ کی گدی جس پر دکاندار یا دوسرے کاروباری لوگ بیٹھتے ہیں۔

تپڑ الٹ دینا (ار۔ محاورہ) (۱) لوٹ مچانا۔ تباہ کرنا۔ لوٹنا (۲) دیوالہ نکال دینا۔ افلاس ظاہر کرنا۔

تپس : (ار۔ امث۔ ق) دیکھئے "تپش"۔

تپسا : (ھ۔ امث) دیکھئے "تپسیا"۔

تپسونی : (ھ۔ امث) دیکھئے "تپسوی" جس کی یہ تانیث ہے۔

تپسوی / تپسون : (ہ۔ امذ) تپ کرنے والا۔ تپسیہ کرنے والا۔

تپسی : (ہ۔ صف۔ مذ) دیکھئے "تپسوی"۔

تپسیا : (ہ۔ امث) دیکھئے "تپشیا"۔

تپش : (ف۔ امث) (۱) گرمی۔ حرارت۔ آفتاب کی تمازت۔ گرمی کی شدت (۲) سوزش۔ جلن (۳) اضطراب۔ بے قراری۔ بے چینی (۴) دل کی دھڑکن

تپشا : (ہ۔ امث) دیکھئے "تپشیا"۔

تَپَشْتِی : (ہ - امث) تپشی کی تانیث ۔
تَپَشْوِی : (ہ - امث) تپشیا کرنے والا ۔ عابد ۔ زاہد ۔
تَپَشی : (ہ - اند) دیکھئے "تپشوی"۔
تَپَشْیا : (س - ہ - امث) عبادت ۔ ریاضت ۔
تَپَشْیر : (ہ - اند) تپشوی ۔
تَپَک : (ہ - امث) ٹیس ۔ جلن ۔ لپک ۔ پھوڑے کا درد ۔
تُپَک : (ف - امث) (۱) چھوٹی توپ (۲) گولی گپھا ۔
تُپَکچی : (ف ۔ ت ۔ اند) توپ یا بندوق چلانے والا ۔ گولانداز ۔ سپاہی ۔
تَپَکچی : (ف ۔ اند) وہ افسر جو مال گزاری کے انتظام پر مامور ہو ۔
تَپَکَن : (ار ۔ امث) دیکھئے "تپک"۔
تَپَکنا : (ار ۔ مصدر) پھوڑے پھنسی میں درد اور ٹیس پڑنا ۔ لپکنا ۔
تَپَن : (ہ ۔ امث) گرمی ۔ سوزش ۔ جلن ۔ سینک
تَپنا : (ار ۔ مص) (۱) گرم ہونا ۔ جلنا ۔ بھبکنا (۲) دھونی رمانا ۔
تَپَنچہ : (ف ۔ اند) بندوق کی قسم کا ایک چھوٹا سا آتشیں ہتھیار جو جیب میں رکھا جا سکتا ہے اور کئی کارتوس بغیر بار بار بھرنے کے چلائے جا سکتے ہیں ۔ پستول ۔
تپنچہ باندھنا : (ار ۔ محاورہ) تپنچہ کمر میں لگانا ۔
تپنچہ بھرنا : (ار ۔ محاورہ) تپنچے میں گولی بارود یا کارتوس بھرنا ۔
تپنچہ پائے پر کھینچنا : (ار ۔ محاورہ) پستول کے گھوڑے کو جہاں تک ہو سکے اٹھانا ۔
تپنچہ چلانا : (ار ۔ محاورہ) پستول کا گھوڑا دبانا ۔ تپنچہ یا پستول سر کرنا ۔
تپنچہ چلنا / چھوٹنا : (ار ۔ محاورہ) دیکھئے "تپنچہ چلانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
تپنچہ چھوڑنا : (ار ۔ محاورہ) پستول چلانا ۔
تپنچہ خالی کرنا : (ار ۔ محاورہ) پستول سے کارتوس نکالنا ۔ تپنچہ چلانا ۔
تپنچہ داغنا / سر کرنا : (ار ۔ محاورہ) تپنچہ چلانا ۔
تپنچہ مارنا : (ار ۔ محاورہ) تپنچہ کو بھر کر چلانا ۔
تپنچے پر پتھر چڑھانا : (ار ۔ محاورہ) چقماق کا ٹکڑا تپنچے پر لگانا ۔
تپنچے پر پتھر چڑھنا : (ار ۔ محاورہ) دیکھئے "تپنچے پر پتھر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
تَپوبَن : (ہ ۔ اند) (۱) وہ جنگل جہاں جوگی لوگ جا کر تپ کرتے ہیں ہردوار کے نزدیک ایک تیرتھ کا نام جہاں سنیاسی جوگی جا کر بستے ہیں اور تپسیا کرتے ہیں ۔
تَپولے : (ار ۔ اند ق) پتیلے ۔
تَپی : (ہ ۔ صف) دیکھئے "تپشوی"۔
تپے جیٹھ تو بھر کھا ہو بھر پیٹ : (ہ ۔ مثل) اگر جیٹھ کے مہینے میں گرمی سخت پڑے تو بارش بہت ہوتی ہے ۔
تَپیدہ : (ف ۔ صف) (۱) تڑپا ہوا ۔ (۲) ۔ گرم کیا ہوا ۔

ت ۔ ت

تَت : (ہ ۔ اند) (۱) روح ۔ جان ۔ ست (۲) لب لباب (۳) سرمایہ پونجی ۔ راس المال ۔ پھل ۔ نتیجہ ۔ انجام (۵) کسی چیز کا جوہر ذاتی (۶) ذات و صفات کی حقیقت ۔ باری تعالیٰ کی معرفت (۷) تار کا باجا (۸) سچا
تت کال : (ہ ۔ متعلق فعل) فوراً ۔
تت مُندرا : (ہ ۔ اند) (۱) ایک چھلا (۲) تار کا باجا ۔
تَتّا : (ہ ۔ صف) (۱) جلتا ہوا ۔ گرم (۲) تند ۔ تیز مزاج (۳) جری ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ (۴) سرگرم ۔ پُرجوش ۔
تتّا تاؤ : (ہ ۔ اند) جب تنور گرم کیا جائے تو اس کی ابتدائی گرمی کو کہا جاتا ہے اس میں روٹی اچھی نہیں پکتی (۲) مجازاً ۔ جلد ۔ فوراً ۔
تتّا تاؤلا : (ہ ۔ صف) جلد باز ۔ تیز مزاج ۔
تتّا تاؤ ہونا : (ار ۔ محاورہ) تاؤ گرم ہونا ۔ زور پر ہونا ۔
تتّا توا : (ہ ۔ صف) (۱) گرم توا (۲) بات بات پر لڑنے والا ۔ لڑاکا ۔ جھگڑالو ۔
تتا کور نہ نگلنے کا نہ اگلنے کا : (ار ۔ مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب کچھ نہ بن پڑے ۔
تتّا ہونا : (ار ۔ محاورہ) گرم ہونا ۔ غضبناک ۔ ناراض ہونا ۔
تِتالا : (ہ ۔ اند) طبلے کے ایک تال کا نام ۔ تین تال ۔
تَتَبُّع : (ع ۔ اند) تقلید ۔ پیروی ۔ تعاقب ۔ پیچھا ۔
تِتَّر بِتَّر : (ہ ۔ صف) الگ الگ ۔ جدا جدا ۔ پریشان ۔ بے ترتیب ۔ بکھرا ہوا
تَتْرِی / تَتْڑی : (ہ ۔ صف ۔ امث) (۱) بدقسمت ۔ جنم جلی (۲) تیز مزاج ۔ ناز نخرے والی آوارہ عورت (۳) بے حد کنجوس عورت ۔ بخیل ۔
تتڑی نے دیا جنم جلی نے کھایا / نہ جیب جلی نہ سواد آیا : (ہ ۔ مثل) (۱) ایک بدقسمت شخص دوسرے بدقسمت شخص کی مدد کرے تو کچھ نہیں ہوتا (۲) بہت تھوڑا کھانا دیا جائے تو اس وقت بھی کہتے ہیں ۔
تُتُق : (ف ۔ اند) خیمہ ۔ پردہ ۔ سراپردہ ۔
تتق نیلی : (ف ۔ اند) (۱) آسمان (۲) ابر سیاہ ۔
تُتُک / تُوتَک : (ہ ۔ اند) جہاز کا تختہ ۔
تَتکار : (ہ ۔ اند) اسٹیج کے لئے ہدایت کاری ۔ حکم ۔ ہدایت ۔
تُتلا : (ار ۔ صف) وہ جو صاف نہ بول سکے ۔ جس کی زبان بولنے میں بخوبی نہ چلے تو رک رک کر بات کرے ۔ لکنت کرنے والا ۔
تُتلانا : (ار ۔ مص) رک رک کر بات کرنا ۔ صاف نہ بولنا ۔ لکنت ہونا ۔
تُتلی : (ار ۔ صف ۔ مث) دیکھئے "تتلا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
تِتلی : (ار ۔ امث) (۱) پتنگ ۔ بھنبیری ۔ پردار کیڑا جس کے پر خوب صورت ہوتے ہیں (۲) مجازاً خوب بنی ہوئی عورت ۔ خوش پوش عورت (۳) ایک قسم کی گھاس ہے جو دوائی کے طور پر باری کے بخار میں دیتے ہیں (۴) کالا دانہ ۔
تَتِمّا : (ہ ۔ اند) (۱) لفظی تکرار ۔ طول سخن (۲) جھگڑا ۔ بکھیڑا (۳) دقت ۔ مشکل (۴) روک ۔ مخالفت (۵) سازش ۔ جوڑ توڑ ۔ داؤں ۔ گھات (۶) بغاوت ۔ سرکشی ۔ غدر (۷) دنگا فساد ۔
تَتِمّے : (ہ ۔ اند) دیکھئے "تتما" جس کی یہ جمع ہے ۔
تتمّے گلے ہونا : (ار ۔ محاورہ) جھگڑے اور بکھیڑوں میں پھنسے ہونا ۔
تَتِمّہ : (ع ۔ اند) (۱) بقیہ چیز ۔ باقی بچی ہوئی شے ۔ ہر شے کا اخیر (۲) کتاب وغیرہ کا وہ حصہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے (۳) ضمیمہ ۔ خاتمہ

تتمیم: [ع۔ امث] (۱) پورا کرنا۔ مکمل کرنا (۲) تکمیل۔ اتمام۔ پوراپن۔
تِتنا: [ہ۔ صف] (۱) اتنا۔ اس قدر (۲) اتنی دیر (۳) اتنی دیر۔
تِتنے: [ہ۔ صف] اتنے
تِتنے میں: [ہ۔ متعلق فعل] اس قدر عرصے میں۔ اتنے میں۔ اس وقت میں۔ اس اثنا میں۔
تتو تھمبو: [ہ۔ امث] سکھ تھام۔ دم دلاسا۔ بیچ بچاؤ۔
تتو تھمبو کر دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) دم دلاسا دیا جانا (۲) بات بنی رہنا (۳) رفع دفع ہو جانا۔
تِتھ: [س۔ امث] ہندی مہینے کا دن۔ چاند کا دن۔ قمری مہینے کی تاریخ۔
تتھ: [ہ۔ صف] (۱) اصلی۔ حقیقی۔ سچا (۲) درست۔ ٹھیک (۳) مکمل۔ کامل۔
تتھا: [س۔ متعلق فعل] (۱) ہوتا۔ طاقت (۲) قابلیت۔ لیاقت۔ اس طرح کا۔ ایسا۔ اس طریقے سے۔
تتہرا / تتہڑا / تیتہڑا: [ہ۔ اند] پانی گرم کرنے کا لوہے کا گھڑا۔ گاگر
تتہری / تتہڑی / تیتہڑی: [ہ۔ امث] دیکھیے "تتہڑا" وغیرہ جس کی یہ تصغیر ہے۔
تتہی: [ہ۔ امث] بچوں کے پانی پینے کی چھوٹی سی ٹونٹی والی لٹیا۔
تتی: [ہ۔ امث] تتری۔ چُندیا۔
تتی پر تین بال وہ بھی نلبچیں تین تال: [ہ۔ مثل] بے مایگی میں اترانا۔
تتیے: [ہ۔ اند] تتیا کی جمع اور مغیرہ حالت۔
تتیے توے پر قسم کھانا: [ار۔ محاورہ] سخت قسم کھانا۔
تتیے توے کی بوند / تتے توے کی بوند ہو گئی: [ہ۔ مقولہ] (۱) بہت خرچ میں تھوڑی آمدنی کسی شمار میں نہیں (۲) چیز کم ہے بہت جلد ختم ہو جائے گی۔
تتے سیلے کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی نہ کسی طرح ہموار کرنا۔
تتیا: [ہ۔ امث] (۱) لال رنگ کی بھڑ (۲) چھوٹی مرچ جو بہت کڑوی ہوتی ہے (۳) ذکی۔ ذہین (۴) چالاک۔ تیز۔
تتیا کا ناچ نچانا: [ار۔ محاورہ] بہت تنگ کرنا۔ مزا دکھانا۔
تتیا مرچ: [ہ۔ امث] (۱) ایک قسم کی زرد مرچ جھوٹی اور نہایت تیز مرچ (۲) تتیا (۳) صف) چالاک۔ تیز۔ ذہین۔

ت۔ٹ

تَٹ: [س۔ اند] (۱) ڈھلوان۔ سطح۔ ڈھال۔ اتار۔ جھکاؤ (۲) کنارا۔ ساحل۔ (۳) کھیت (۴) افق۔ آکاش۔ گرجہ۔ تنظر۔ گھیرا۔
تٹاپا: [ار۔ صف۔ ق] (۱) کمزوری۔ لاچاری۔ بے بسی (۲) مفلسی۔ احتیاج۔
تٹالا: [ار۔ صف۔ ق] باجرے کا سر کنڈا۔ ڈنٹھل۔
تٹیے: [ار۔ معص۔ ق] ٹوکرے۔
تٹے: [ار۔ اند۔ ق] لقمے۔ نوالے۔

ت۔ث

تثاقل: [ع۔ اند] بوجھل پن۔ گرانی۔

تثلیث: [ع۔ امث] تین حصوں میں تقسیم کرنا (۲) تین خدا ماننے یا الوہیت کے تین حصے سمجھنے کا عقیدہ۔ عیسائیوں کا خدا۔ حضرت عیسےٰ اور روح القدس کو علیحدہ علیحدہ خدا مان کر ایک خدا کا جزو سمجھنا۔ (۳) ہندو کا برہما جی۔ وشن جی اور شیو جی کو ایک خدا کی تین طاقتیں سمجھنا (۴) نجوم۔ سیاروں کا تہائی دائرے کا بُعد۔ دو سیاروں کے درمیان ۱۲۰ درجے یا دائرے کا تیسرے حصے کا فاصلہ۔ تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دیکھنا۔
تثلیث فی التوحید: [ع۔ امث] عیسائیوں کے عقیدے میں تین خداؤں کا ایک ہونا۔
تثنیہ: [ع۔ اند] دو کرنا۔ دوگنا۔ دونا کرنا (۲) اصطلاح قواعد میں۔ دو کی جمع۔
تثویب: [ع۔ امث] صبح کی اذان اور اقامت کے درمیان دو دفعہ حیّٰ علی الصلوٰۃ اور حیّٰ علی الفلاح کہنا۔

ت۔ج

تج: [ہ۔ امث] ایک درخت جس کی چھال خوشبودار ہوتی ہے۔ دارچینی کا درخت۔ دارچینی۔
تج چکنا: [ار۔ مص مرکب] چھوڑ چکنا۔ دستبردار ہونا۔
تج دینا / تجنا: [ار۔ مص] کنارہ کش ہونا۔ ہاتھ اٹھانا۔ چھوڑ دینا بازآنا۔ دستبردار ہونا۔
تج دینا / تجنا: [ار۔ مص] گھلا دینا۔ دُبلا کر دینا۔
تجاذب: [ع۔ اند] باہم جذب کرنا۔ ایک دوسرے کو کھینچنا (۲) کشش میل کشش ثقل۔ انگریزی لفظ GRAVITATION کا ترجمہ۔
تجّار: [ع۔ اند] تاجر کی جمع۔
تجارب: [ع۔ اند] دیکھیے "تجربہ" جس کی یہ جمع ہے۔
تجارت: [ع۔ امث] بیوپار۔ سوداگری۔ خرید و فروخت
تجارتی: [ع۔ صف] دیکھیے "تجارت" جس سے یہ منسوب ہے۔
تجارتی مارکہ: [ار۔ اند] تجارتی نشان۔ انگریزی TRADE MARK کا ترجمہ۔
تجاری: [ار۔ امث] تیسرے دن کا بخار۔ باری کا تپ۔
تجاسُر: [ع۔ اند] جسارت۔ دلیری۔ جرأت۔
تجاوُز: [ع۔ اند] (۱) حد سے بڑھنا یا گزرنا (۲) انحراف۔ عدول حکمی۔ خلاف ورزی (۳) تفاوت۔ فرق (۴) بھٹک جانا۔ بے راہ ہو جانا (۵) معاف کرنا۔ درگزر کرنا (۶) زیادتی۔ گستاخی۔
تجاوُزات: [ع۔ اند] دیکھیے "تجاوز" جس کی یہ جمع ہے (۲) دوسرے کے حقوق یا جائیداد پر غاصبانہ قبضہ۔ مداخلت۔ غصب۔ انگریزی لفظ ENCROACHMENTS کا ترجمہ ہے۔
تجاہُل: [ع۔ اند] (۱) جان بوجھ کر نادان بننا (۲) اپنے آپ کو بے خبر یا غافل ظاہر کرنا (۳) اغماض۔ چشم پوشی (۴) بے پروائی
تجاہل پیشہ: [ع ف صف فاعلی] اپنے آپ کو انجان ظاہر کرنے والا۔ بے پرواہ۔
تجاہل پیشگی: [ع ف امث] دیکھیے "تجاہل پیشہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تجاہلِ عارفانہ: [ع - امذ] اپنے آپ کو جان بوجھ کر ناواقف ظاہر کرنا - انجان بننا (۲) کسی معلوم بات کو نامعلوم کی طرح ظاہر کرنا (۳) ارادۃً ناواقفیت ظاہر کرنا - مصنوعی ناواقفیت۔

تجبّر: [ع - امذ] سرکشی - تمرّد

تجدّد: [ع - امذ] (۱) نیا ہونا (۲) نیاپن - جدّت - تازگی (۳) اختراع ایجاد (۴) نئے سرے سے کسی کام کو کرنا۔

تجدّدِ امثال: [ع - امث] (تصوف) انسان پر ہر آن فنا و بقا کی کیفیات طاری ہوتے رہنا اور ان تغیرات کے باوجود اصل حقیقت وجود باقی رہنا۔

تجدید: [ع - امث] نیا بنانا - نئے سرے سے کوئی کام کرنا (۲) جدّت - تازگی۔

تجدید بنائے دعوٰے: [ع - امث] بنائے دعوے کو نئے سرے سے کرنا۔

تجربت: [ع - امث] دیکھئے "تجربہ" جس کی یہ ایک صورت ہے۔

تجربہ: [ع - امذ] (۱) جانچ - آزمائش - امتحان - پرکھ (۲) ثبوت - دلیل (۳) ایسا کام جس سے کسی چیز کی ماہیت یا اس کا اصول یا اثر معلوم ہو (۴) وہ انسانی معلومات جو قوت حافظہ اور قیاس کے باہم ملنے سے پیدا ہوتی ہیں - مشاہدہ بھی اس کا ایک جزو ہے۔

تجربہ کار: [ع - صف] ماہر - آزمودہ کار - ہوشیار - واقف کار - جہاندیدہ۔

تجربہ کاری: [ع - صف - امث] دیکھئے "تجربہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تجربی / تجرباتی: [ع - صف] "تجربہ" سے منسوب و متعلق

تجربیات: [ع - امذ] وہ علم جس کی بنیاد تجربہ پر ہو۔

تجرّد: [ع - امذ] (۱) عریانی (۲) تنہائی (۳) ترک دنیا (۴) آزادی (۵) بیوی بچوں کے بغیر ہونا - مجرد ہونا۔

تجرّع: [ع - امذ] گھونٹ گھونٹ کرکے پینا۔

تجریح: [ع - امث] زخمی کرنا (۲) اصطلاح اسماء الرجال میں راویوں پر نکتہ چینی کرنا (۳) جرح - نکتہ چینی - تعدیل کی ضد۔

تجرید: [ع - امث] (۱) کپڑے اتارنا - عریانی - برہنگی (۲) ایک چیز کو دوسری چیز سے جدا کرنا (۳) تنہائی - علیحدگی - خلوت - عزلت (۴) علم بیان کی ایک صفت جس میں زوائد کو دور کرکے صرف ایک معنی سے غرض رکھی جاتی ہے (۵) مجرّد رہنا - شادی نہ کرنا۔

تجریدی: [ع - صف] دیکھئے "تجرید" جس سے یہ منسوب ہے۔

تجریدی فن: [ع - امذ] مصوری اور سنگ تراشی کا وہ انداز جس میں فن کار اقلیدسی اشکال اور علامات کے ذریعہ اظہار خیال کرتا ہے (ABSTRACT ART)

تجزی: [ع - امث] علیحدہ علیحدہ کرنا - فرد فرد کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا کسی چیز کی تقسیم کرنا - تقسیم - تفریق۔

تجزیہ: [ع - امث] ہر ایک جزو کو الگ الگ کرنا - تقسیم - انگریزی ANALYSIS کا ترجمہ۔

تجسّس: [ع - امذ] تلاش - جستجو - تگاپو - ڈھونڈھ ڈھانڈ - تحقیق - تفتیش - دریافت۔

تجسّم: [ع - امذ] (۱) برگزیدہ کرنا - موٹا تازہ ہونا (۲) جسم والا ہونا (۳) جسمانیت۔

تجسیم: [ع - امث] مجسّم کرنا - خدا کے مجسم ہونے کا عقیدہ (۲) مجسّم کرنا۔

تجسیمی: [ع - صف] تجسیم سے منسوب۔

تجسیمیت: [ع - امث] خدا کے مجسّم ہونے کا عقیدہ۔

تجسیمیہ: [ع - صف - مث] تجسیمی کی تانیث۔

تجصیص: [ع - امث] چونے سے پکّے کرنا - اصطلاح فقہ میں پکّی قبر بنانا - بنانے کا عمل۔

تجفیف: [ع - امث] خشک کرنا - سکھانا (۲) خشکی۔

تجلا / تجلی: [ع - امث] (۱) آشکارا ہونا - پردہ ہٹنا - روشن کرنا - روشن ہونا (۲) خدا کا نور - چمک - روشنی (۳) جھلک - جلوہ۔

تجلّیِ طور: [ع - امث - بترکیب فارسی] وہ نور جو حضرت موسٰے علیہ السلام کو کوہ طور پر نظر آیا۔

تجمّل: [ع - امذ] (۱) شان و شوکت - جمال و آرائش دکھانا (۲) شان و شوکت - حسن - ٹھاٹھ - زیب و زینت (۳) عظمت - وقار - جلال (۴) جلوہ - تزک - حشم خدم (۵) مال و متاع - ساز و سامان۔

تجمیر: [ع - امث] دھونی دینا۔

تجنّب: [ع - امذ] (۱) ہٹ جانا - کنارہ کش ہو جانا - اجتناب کرنا - بچنا - پرہیز کرنا (۲) گوشہ نشین ہونا (۳) اجتناب - کنارہ کشی۔

تجنیس: [ع - امث] (۱) ہم جنس ہونا (۲) علم بدیع کی اصطلاح میں دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا۔

تجنیس تام: [ع - امث - بترکیب فارسی] علم بدیع - اس میں کئی ایک قسم کے الفاظ مختلف معنوں میں استعمال ہوتے ہیں - دو یا دو سے زیادہ ہمشکل الفاظ کا ایک جگہ آنا جن کے معنی مختلف ہوں جیسے آہنگ بمعنی آواز اور آہنگ بمعنی ارادہ۔

تجنیس خطی: [ع - امث] لفظ لکھنے میں ہم شکل ہوں مگر نقطوں کا فرق ہو جیسے رحم اور زخم - حمار اور خمار اور جمار۔

تجنیس زائد: [ع - امث] جس کے ایک کلمہ میں دوسرے کلمہ سے کوئی حرف زائد ہو جیسے جُود اور وُجود۔

تجنیس قلب: [ع - امث] جس میں دو لفظ تعداد حروف اور نوعیت میں ایک جیسے ہوں مگر ترتیب میں مختلف ہوں مثلاً (رام اور مار) - (مرحوم اور محروم) - (آنا جانا اور جانا آنا)

تجنیس مرکب: [ع - امث] جس میں ایک کلمہ نصف لفظ سے بنے - ایک میں ایک مفرد ہو، دوسرے میں مرکب مثلاً جانا ایک جگہ مصدر ہو اور دوسری جگہ جا اور نا سے مرکب ہو (بمعنی مت جا)

تجنیس ناقص: [ع - امث] جس میں تعداد حروف میں اختلاف ہو جیسے کوہ اور شکوہ۔

تجوری: [ہ - امث] لوہے کی الماری جس میں زر - مال اور قیمتی چیزیں حفاظت کے لئے رکھی جاتی ہیں۔

تجوّز: [ع - امذ] (۱) چشم پوشی (۲) جواز (۳) رعایت۔

تجوید: [ع - امث] (۱) خالص کرنا - عمدگی سے کرنا (۲) ایک علم جس میں

حروف کو ان کے صحیح مخارج سے ادا کرنے کا طریقہ سکھایا جاتا ہے۔
تجویز : [ع - امث] (۱) رائے۔ تدبیر۔ صلاح (۲) روا رکھنا۔ جائز کرنا (۳) فیصلہ۔ تصفیہ (۴) بندوبست۔ انتظام (۵) غور و فکر (۶) منصوبہ۔ ڈھنگ۔ جتن۔ اُپائے (۷) دریافت۔ تحقیق (تفتیش) (۸) قانون۔ وہ کارروائی جو فردِ قرار دادِ جرم کے لکھے جانے کے بعد عمل میں آئے (۹) وہ معاملہ جو کسی مجلس میں کیا جائے تاکہ اس کی منظوری کے بعد اس پر عمل درآمد ہو۔
تجویزِ آخر : [ع - امث] مقدمہ کا اس کے واقعات کی رُو سے فیصلہ ہونا
تجویزِ اخیر / تجویزِ ثانی : [ع - امث] فیصلے کی پڑتال۔ نظرِ ثانی۔
تجویز پیش کرنا : [ار - مص - مرکب] کوئی نیا معاملہ کسی جلسہ میں پیش کرنا۔
تجویز پیش ہونا : [ار - مص - مرکب] دیکھئے "تجویز پیش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
تجویزِ جدید : [ع - امث] مقدمہ دوبارہ سننا۔ نئے سرے سے پھر مقدمہ سننا۔
تجویزِ ضمنی : [ع - امث] عارضی فیصلہ۔ درمیانی فیصلہ۔
تجویز طلب : [عف - امث] جس کا مقدمہ ہونا ہو۔ جس کا فیصلہ ہونا ہو۔
تجویز کرنا : [ار - مص - مرکب] (۱) دریافت کرنا۔ تفتیش کرنا (۲) تجربہ کرنا۔ امتحان کرنا۔ جانچ کرنا (۳) فیصلہ کرنا۔ تعیین کرنا (۴) چننا۔ منتخب کرنا (۵) مقرر کرنا۔ معین کرنا (۶) منصوبہ سوچنا۔ تدبیر کرنا (۷) سمجھنا۔ قرار دینا۔ (۸) معاملہ منظوری کے لئے کسی مجلس میں پیش کرنا
تجویزنا : [ار - مص جعلی] دیکھئے "تجویز کرنا"
تجویف : [ع - امث] خالی کرنا۔ کھوکھلا کرنا۔ کھوکھلاپن۔ سوراخ۔
تجہم : [ع - اند] خوارج کے فرقہ جہمیہ کا مسلک جو جبر کے شدت سے قائل تھے۔
تجہیز : [ع - امث] (۱) سرو سامان تیار کرنا۔ آراستہ کرنا۔ مرتب کرنا۔ (۲) مردے کو دفن کے لئے تیار کرنا۔
تجہیزِ لشکر : [ع ف - امث] لشکر مرتب کرنا۔ لشکر کو درست کرنا۔
تجہیز و تکفین : [ع - امث] مردے کے کفن دفن کا سامان تیار کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔ مردے کی آخری رسومات ادا کرنا۔
تجہیل : [ع - امث] نادان بنانا۔ نادان کہنا۔
تجھ : [ار - ضمیر واحد حاضر] تو کی مغیرہ حالت۔ تم۔
تجھ سار : [ار - صف] تیری طرح۔ تیرے جیسا
تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے : [ار - مقولہ] ایک قسم کی قسم ہے۔ قسم یا عہد کے موقع پر کہتے ہیں۔ یعنی تجھ سے وفا نہ کرے تو کافر ہو۔
تجھ سے تو پاخانے جائے ضرور میں بھی پانی لوٹا نہ رکھواؤں : [ار - مثل] اظہار نفرت کے لئے کہتے ہیں۔ سخت ناپسند ہے۔ پھوٹی آنکھ نہیں بھاتا۔
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو : [ار - مثل] تو دوسرے کے کام میں کیوں دخل دیتا ہے اپنے کام سے کام رکھ۔
تجھ مجھ : [ار - اند] ہر کوئی۔ اپنا بےگانہ۔ ہر کس و ناکس۔
تجھا : [ار - صف ق] تیسرا۔ تیجا۔
تجھی : [ار - ضمیر تخصیصی] تجھ ہی۔

تجھے : [ار - ضمیر حالت مفعولی] تجھ کو۔ تم کو۔
تجھے گھڑی گور میں توپوں : [ار - کوسنا] تو مر جائے۔ خدا تجھے غارت کرے۔
تجی : [ار - امث] کشیدہ کاری میں دھاگا پیٹنے کی سلائی۔ جالی پر کڑھت کا کام جو کچے دھاگے سے کیا جاتا ہے۔

ت - چ

تچ : [ار - صف - ق] دیکھئے "تجھ" جس کی یہ قدیم صورت ہے۔
تچا : [ار - اند - ق] تُجا
تچانا : [ہ - مص - م] (۱) آگ پر رکھنا۔ گرم کرنا۔ سینکنا (۲) بھوننا۔ جھلسنا (۳) تانا۔ پگھلانا
تچنا : [ہ - مص] دیکھئے "تچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تچھ : [ہ - صف] (۱) خالی۔ کھوکھلا۔ تہی (۲) ناکارہ۔ نکما (۳) ذلیل۔ کمینہ۔ حقیر۔ رذیل۔
تچھنا : [ہ - مص] (۱) درست ہونا (۲) زخمی ہونا (۳) لکڑی کے کندے کا چھپیاں اتر کر صاف اور قابل استعمال ہونا۔

ت - ح

تخارُج : [ع - اند] چند وارثوں میں سے ایک یا دو کا مال متروکہ میں سے کچھ لے کر دستبردار ہو جانا۔
تحاشا / تحاشی : [ع - اند - امث] (۱) بیزاری ظاہر کرنا (۲) اجتناب۔ پرہیز۔ ڈر۔
تحالُف : [ع - اند] فریقین مقدمہ کا باہم حلف اٹھانا۔ قسم کھانا۔
تحاور : [ع - اند] (۱) باہم گفتگو کرنا (۲) محاورہ۔ روزمرّہ
تحائف : [ع - اند] دیکھئے "تحفہ" جس کی یہ جمع ہے۔
تحبّب : [ع - اند] محبت کا اظہار۔ دوستی۔
تحت : [ع - اند] (۱) فوق کی ضد (۱) نیچے کا حصّہ (۲) قبضہ۔ اختیار۔ تصرف۔ قابو (۳) (صف) نیچے۔ زیر۔
تحت الثریٰ : [ع - اند و مث] زمین کے نیچے کا طبقہ۔ پاتال۔
تحت الحنک : [ع - اند] (۱) ٹھوڑی کے نیچے کا حصّہ۔ (۲) دستار کی ایک بندش جس میں پگڑی کا ایک پیچ ٹھوڑی کے نیچے سے نکال لیتے ہیں۔
تحت الشعاع : [ع - اند] قمری مہینے کے آخری دو یا تین دن جن میں چاند سورج کے قریب ہونے کی وجہ سے بہت باریک ہو کر سورج کی شعاع کے نیچے آ جاتا ہے اور نظر نہیں آتا۔ یہ دن منحوس خیال کئے جاتے ہیں۔
تحت الشعور : [ع - اند] نفس کا وہ طبقہ جس میں نفسی عمل واقع ہوتا ہے اور جو توجہ اور مشاہدہ سے باہر ہے۔
تحت القہوہ : [ع - اند] قہوہ یا کافی سے پہلے کچھ کھانا۔
تحت اللفظ : [ع - متعلق فعل] (۱) لفظ بہ لفظ۔ لفظی ترجمہ۔ ہر لفظ کے معنی اس کے عین نیچے لکھنا (۲) نظم کا ترنم کے بغیر (پڑھنا)

تحتِ حرف / حکومت / فرمان [عف ۔ صف] زیر حکم زیر فرمان ۔ محکوم

تحت قانونی [عف ۔ صف] منشائے قانون کے مطابق ۔ قانونی کارروائی کے زیر اثر ۔

تحت لفظی [عف متعلق فعل] دیکھیے "تحت اللفظ"۔

تحت میں آنا [ار ۔ محاورہ] زیر حکومت ہونا ۔ زیر فرمان ہونا ۔ ماتحت ہونا ۔

تحت میں رکھنا [ار ۔ محاورہ] (۱) قابو میں رکھنا ۔ قبضہ میں رکھنا (۲) دباؤ میں رکھنا ۔

تحت میں لانا [ار ۔ محاورہ] (۱) قبضہ کرنا ۔ قبضہ میں لینا ۔ (۲) زیر کرنا ۔ فتح کرنا (۳) قابو میں لانا ۔ پابند حکم کرنا ۔

تحت و تصرف میں لانا [ار ۔ محاورہ] (۱) قبضہ کرنا (۲) کام میں لانا ۔ خرچ کرنا ۔

تحتانی [ع ۔ صف] (۱) نیچے کا ۔ زیریں (۲) وہ حرف جس کے نقطے نیچے ہوں ۔

تحجُّر [ع ۔ اند] (۱) پتھر کی طرح سخت ہونا ۔ سختی ۔ صلابت درشتی ۔ سنگدلی ۔

تحذُّب [ع ۔ اند] (۱) کبڑا ہونا (۲) کبڑاپن ۔

تحدِّی [ع ۔ امث] (۱) للکارنا ۔ لڑنا ۔ مقابلہ کی دعوت دینا (۲) للکار ۔ دعوتِ مقابلہ ۔

تحدِیث [ع ۔ امث] (۱) خبر کرنا بات کرنا (۲) ذکر ۔ خبر ۔

تحدید [ع ۔ امث] (۱) حد لگانا ۔ محدود کرنا (۲) حد بندی ۔

تحذیر [ع ۔ امث] (۱) خوف دلانا ۔ ڈرانا (۲) اجتناب پرہیز ۔

تحرُّک [ع ۔ اند] (۱) ہلنا ۔ حرکت کرنا (۲) حرکت ۔ جنبش ۔

تحرِّی [ع ۔ امث] (۱) درستی چاہنا ۔ بہتری ڈھونڈنا (۲) عمدہ چیز کا انتخاب (۳ ۔ فقہ) قبلہ کی طرف رُخ کرنے کیلیے سوچ بچار کرنا

تحرِیر [ع ۔ امث] (۱) لکھنا ۔ ارقام کرنا (۲) لکھائی ۔ لکھت (۳) عبارت ۔ مضمون (۴) خط رقعہ ۔ خط و کتابت (۵) دستاویز ۔ وثیقہ ۔ تمسک (۶) ہلکی لکیر یا ہلکا نقش (۷) خط جو موٹے قلم سے کھینچا جاتا ہے (۸) لکھنے کا ڈھنگ مضمون نگاری کا انداز (۹) لکھنے کی اجرت ۔ لکھائی (۱۰) سرمہ کی لکیر جو آنکھ کے اندر کھینچی جاتی ہے (۱۱) گٹکری گانے کی آواز ۔ راگ کی آواز کا سلسلہ (۱۲) گوٹے وغیرہ کی مغزی جو سنجاف کے نیچے لگائی جاتی ہے (۱۳) لکیریں جو خوب صورتی کے لئے ڈالی جاتی ہیں (۱۴) غلام آزاد کرنا ۔ (۱۵) لڑکے کو مسجد کی خدمت کے لئے دینا (۱۶) کلام کا حشو و زوائد سے پاک کرنا (۱۷) علم ہندسہ ۔ اقلیدس (۱۸) نوشتہ ۔ لکھا ہوا ۔

تحریراً [ع ۔ متعلق فعل] تحریر کر کے ۔ لکھ کر ۔

تحریر بین السطور [عف ۔ امث] (۱) سطروں کے درمیان کی عبارت (۲) وہ مفہوم جو عبارت میں مخفی ہو یعنی ظاہراً کچھ معنی ہوں اور اصلاً کچھ اور مطلب ہو ۔

تحریر ظہری [عف ۔ امث] وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھی جاتی ہے ۔

تحریر کرنا [ع ۔ مص ۔ مرکب] لکھنا ۔ رقم کرنا ۔ قلمبند کرنا ۔

تحریر ہونا [ع ۔ مص ۔ مرکب] دیکھیے "تحریر کرنا" جسکا یہ لازم ہے ۔

تحریری [ع ۔ صف] نوشتہ ۔ لکھا ہوا ۔

تحریص [ع ۔ امث] (۱) لالچ دینا ۔ حرص دلانا (۲) لالچ ۔ ترغیب اغوا ۔

تحریف [ع ۔ امث] (۱) بدل دینا (۲) تحریر میں اصل الفاظ بدل کر کچھ اور لکھ دینا (۳) لفظوں کا ترجمہ ارادۃً غلط اور اپنی مرضی کے مطابق کرنا (۴) رد و بدل ۔ تغیر و تبدل (۵) حساب میں ارادۃً غلط اندراج کرنا ۔ تغلب (۶) قلم کو ٹیڑھا قط لگانا ۔

تحرِیک [ع ۔ امث] (۱) ہلانا ۔ حرکت دینا ۔ ساکن حرف کو متحرک کرنا (۲) حرکت ۔ جنبش (۳) تجویز ۔ سلسلہ جنبانی (۴) اشتعال ۔ ترغیب ۔ برانگیختگی (۵) چھیڑ چھاڑ (۶) نزلہ کی شکایت (۷) ہوا کا چلنا (۸) انگریزی MOVEMENT کا ترجمہ ہے ۔

تحریک التوا [ع ۔ امث] مجلس آئین ساز کے اجلاس میں کسی اہم واقعہ پر بحث کرنے کے لئے اجلاس کی معمولی کارروائی کو روکنے کی تجویز ۔ انگریزی ADJOURNMEN MOTION کا ترجمہ ہے ۔

تحریک پیش کرنا / کرنا [ار ۔ محاورہ] کسی اجلاس میں منظوری کے لئے تجویز پیش کرنا ۔ تجویز کرنا ۔

تحریم [ع ۔ امث] (۱) حرام کرنا (۲) عزت کرنا (۳) نیت باندھنے کے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہنا ۔

تحریمہ [ع ۔ امث] نماز کے وقت نیت باندھتے میں پہلی تکبیر (۲) احرام کا لباس پہننا ۔

تحزُّن [ع ۔ اند] غمگینی ۔ سنجیدگی ۔

تحسُّر [ع ۔ اند] (۱) حسرت کرنا ۔ آرزو کرنا (۲) غم ۔ رنج افسوس ۔

تحسین [ع ۔ امث] (۱) آراستہ کرنا ۔ تعریف کرنا (۲) آفرین ۔ مرحبا ۔

تحسین ناشناس [ع ۔ ف ۔ امث] ناواقف کی تعریف ناواقفیت کی واہ واہ ۔

تحشُّم [ع ۔ اند] جاہ و حشم ۔ رعب و داب ۔

تحشی [ع ۔ امث] دیکھیے "تحشیہ" ۔

تحشیہ [ع ۔ اند] حاشیہ لکھنا ۔ حاشیہ چڑھانا ۔

تحصُّن [ع ۔ اند] مستحکم کرنا ۔ قلعہ بند کرنا ۔

تحصیب :[ع ۔ امث] مکہ سے پلٹتے ہوئے مقام محصب پر ٹھہرنا۔
تحصیر :[ع ۔ امث] احاطہ کرنا ۔ تحدید ۔
تحصیل :[ع ۔ امث] (۱) حاصل کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ جمع کرنا (۲) سیکھنا (۳) نفع ۔ فائدہ (۴) خراج ۔ محصول ۔ مال گزاری ۔ احتساب (۵) ضلع کا ایک حصّہ ۔ اس حصّہ ضلع کی ایک کچہری ۔ اس حصّہ ضلع کی کچہری اور دفاتر۔
تحصیل حاصل :[عف ۔ امث] (۱) موجودہ چیز کی تلاش (۲) بے فائدہ ۔ بے سود ۔ بے فائدہ تگ و دو ۔
تحصیلدار :[عف ۔ امذ] محکمہ مال کا ایک افسر جس کا کام مالگزاری وصول کرنا ہوتا ہے۔
تحصیلداری :[عف ۔ امث] (۱) تحصیل دار کا کام (۲) تحصیل دار کا عہدہ ۔
تحصیل کرنا :[ار ۔ مص مرکب] وصول کرنا ۔ حاصل کرنا (۲) جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا (۳) کمانا ۔
تحصیلنا :[ار ۔ مص جبلی] دیکھئے "تحصیل کرنا"
تحف :[ع ۔ امذ] دیکھئے "تحفہ" جس کی یہ جمع ہے ۔
تحفظ :[ع ۔ امذ] حفاظت ۔ بچاؤ ۔ احتیاط ۔
تحفگی :[ع ۔ ف ۔ امث] (۱) عمدگی ۔ خوبی (۲) فوقیت ۔ بہتری ۔ (افعال : نکالنا ۔ نکلنا)
تحفہ :[ع ۔ امذ] (۱) ہدیہ ۔ سوغات (۲) نذر ۔ پیش کش ۔ (۳) انعام (۴) خوبصورت ۔ نفیس چیز (۵ ۔ صف) اچھا ۔ اعلیٰ ۔ چیدہ ۔ عجیب ۔ نفیس ۔
تحفہ معجون :[ع ۔ امذ] انوکھا آدمی ۔ عجیب شخص (طنزاً) نقلِ محفل ۔ مسخرہ ۔
تحقق :[ع ۔ امذ] تصدیق ۔ یقین ۔ سچائی ۔ اصلیت یا واقفیت ثابت کرنا ۔
تحقیر :[ع ۔ امث] (۱) حقیر سمجھنا (۲) ذلت ۔ بے حرمتی ۔ بے قدری ۔ حقارت ۔ نفرت ۔
تحقیر عدالت :[ع ۔ ف ۔ امث] دیکھئے " توہین عدالت" جو زیادہ مستعمل ہے ۔
تحقیق :[ع ۔ امث] (۱) اصلیت معلوم کرنا ۔ دریافت کرنا (۲) درستی ۔ صحت (۳) تفتیش ۔ جانچ پڑتال (۴) سچائی ۔ صداقت ۔ اصلیت ۔ (۵) یقین (۶) تصدیق ۔ پایۂ ثبوت کو پہنچنا (۷) ٹھیک ۔ سچا ۔ اصلی ۔ یقینی ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
تحقیقات :[ع ۔ امث] (۱) تحقیق کی جمع ۔ اردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے (۲) جانچ پڑتال (۳) مقدمہ کی ابتدائی کارروائی جس پر حکم لگانے کی بنیاد قائم ہو ۔ بیانات کا لکھنا اور ثبوت کا اکٹھا کرنا ۔
تحقیقات موقع :[ع ۔ امث] (قانون) وہ تفتیش جو مقامِ وقوعہ پر ہو ۔
تحقیقی :[ع ۔ صف] یقینی ۔ دریافت شدہ ۔ درست اور ٹھیک ۔
تحکم :[ع ۔ امذ] (۱) حکم کرنا ۔ حکومت کرنا (۲) زبردستی کی حکومت ۔ دعویٰ ۔ غلبہ (۳) زبردستی ۔ زور آوری ۔ غصب ۔ تعدی کرنا ۔ (افعال : کرنا ۔ جتانا)
تحکیم :[ع ۔ امث] (۱) حاکم بنانا (۲) حکم ۔ طاقت ۔ قوت (۳) ثالثی ۔ پنچایت ۔
تحلف :[ع ۔ امذ] قسم کھانا ۔ حلف اٹھانا ۔
تحلل :[ع ۔ امذ] (۱) تحلیل ہونا ۔ بخار وغیرہ اتر جانا (۲) احرام سے نکلنا ۔ جامۂ احرام اتارنا ۔ پگھلاؤ ۔
تحلیف :[ع ۔ امث] قسم دلانا ۔ حلف لینا ۔
تحلیل :[ع ۔ امث] (۱) کھلنا ۔ علیحدہ علیحدہ ہونا ۔ (۲) گھل جانا (۳) ہضم ہو جانا ۔ پچنا (۴) لاغر ہونا ۔ دبلا ہونا (۵) اجزا کا الگ الگ ہو جانا (۶) ہضم ۔ پچاؤ ۔ (۷) حلال کرنا ۔ قانوناً جائز قرار دینا (۸) کسی لفظ کے دو حصّے کرکے ہر ایک کے علیحدہ علیحدہ معنی لینا اور بعض جگہ کسی کو اپنے معنوں پر قائم رکھنا (۹) مرجانا ۔ تمام ہونا ۔ ختم ہونا ۔ (۱۰) حلالہ کرنا ۔
تحلیل نفسی :[ع ۔ امث] نفسیاتی طبعیاتی کی ایک شاخ جس کے ذریعہ انسان کے ذہنی محرکات اور ان کے متعلق روزمرہ کے اعمال کا مشاہدہ اور تجزیہ کیا جاتا ہے ۔ انگریزی لفظ PSYCHO-ANAL YSIS کا ترجمہ ہے ۔
تحمل :[ع ۔ امذ] (۱) برداشت ۔ حلم ۔ بردباری (۲) سہارا ۔ صبر ۔ (۳) مہلت ۔ توقف ۔ وقفہ ۔
تحمید :[ع ۔ امث] ثنا ۔ تعریف ۔ حمد (۲) خدا کی تعریف بار بار کرنا ۔ الحمد پڑھنا ۔
تحمید و تقدیس :[ع ۔ امث] (۱) تعریف کرنا اور پاکیزگی بیان کرنا ۔ (۲) حمد اور قدس کی آیتیں پڑھنا ۔
تحمیق :[ع ۔ امث] احمق بنانا ۔ بے وقوف بنانا ۔
تحمیل :[ع ۔ امث] (۱) بوجھ اٹھانا یا لے جانا (۲) بوجھ لادنا (۳) حق سے زیادہ مانگنا (۴) مانگ مانگ کر تنگ کرنا ۔ (۵) برداشت ۔ تحمل ۔
تحنث :[ع ۔ امذ] (۱) گناہ ترک کرنا (۲) شب بیداری
تحنن :[ع ۔ امذ] مہربانی ۔ شفقت ۔ رحم ۔
تحنط :[ع ۔ امذ] (۱) خوشبو ملنا (۲) بوجھ لادنا ۔
تحنیک :[ع ۔ امث] (۱) کھجور یا کھانے کی کوئی چیز چبا چبا کر بچے کے تالو سے ملنا (۲) (فقہ) مردے کے ڈھاٹا باندھنا ۔
تحور :[ع ۔ امذ] (۱) جلدی ۔ تیزی ۔ سرعت (۲) غصہ ۔ غیظ ۔ غضب ۔
تحول :[ع ۔ امذ] ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھر جانا ۔ منتقل ہونا ۔
تحویل :[ع ۔ امث] (۱) بدلنا ۔ نقل مکان کرنا ۔ حالت بدلنا (۲) تبادلہ ۔ بدل ۔ تجدید ۔ نیا کرنا (۳) سپردگی ۔ حوالگی ۔ قبضہ ۔ امانت ۔ (۴) جمع ۔ مال گزاری کا روپیہ (۵) نقدی ۔ مال ۔ دھن ۔ پونجی ۔ سرمایہ

خزانہ (۶) ایک قسم کی رقم کو دوسری قسم میں لے جانا جیسے آنے کے روپے یا روپوں کے پیسے (۷) کسی ستارے کا ایک برج سے دوسرے برج میں آنا۔ ستارے کا عمل (۸) پھرنا۔ پھیرنا۔

تحویلِ امانتی : [ع۔امث] کسی چیز کی تحویل جو اس شرط پر کی جائے کہ غرض مذکورہ کے حصول کے بعد چیز واپس لے لی جائے۔

تحویل تصرف : [ع۔امث] امانت میں خیانت۔

تحویل دار : [عف۔امذ] خزانچی۔ امین۔ جس کے پاس رقم ہے۔

تحویلداری : [عف۔امث] دیکھئے "تحویلدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تحویلِ صعودی : [ع۔امث] چھوٹی رقم کو بڑی رقم میں تبدیل کرنا مثلاً پیسوں کو روپوں میں۔

تحویلِ نزولی : [ع۔امث] بڑی رقم کو چھوٹی رقم میں تبدیل کرنا مثلاً روپوں کے پیسے بنانا۔

تحیّات : [ع۔امث] دیکھئے "تحیّہ" جس کی یہ جمع ہے۔

تحیّت : [ع۔امث] دیکھئے "تحیہ" جس کی یہ ایک صورت ہے۔

تحیّہ : [ع۔امث] (۱) سلام کرنا۔ سلام تسلیمات۔ آداب (۲) دعا۔ برکت۔

تحیۃُ المسجد : [ع۔امث] مسجد میں جا کر سب سے پہلے دو رکعت نفل نماز پڑھنا۔

تحیۃُ الوضو : [ع۔امث] وضو کرنے کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھنا۔

تحیُّر : [ع۔امذ] (۱) حیران۔ حیرانی۔ تعجب۔ اچنبھا (۲) حیران ہونا گھبرانا۔ پریشان ہونا۔

تحیُّز : [ع۔امذ] (۱) محدود ہونا۔ احاطہ میں آنا (۲) سانپ کا کنڈل مار کر بیٹھنا (۳) تحدید۔

ت۔خ

تخارُج : [ع۔امذ] جائیداد تقسیم کرنا یا جائیداد فروخت کر کے رقم تقسیم کرنا۔

تخاطب : [ع۔امذ] (۱) روبرو ہو کر باتیں کرنا۔ مخاطب ہونا (۲) مخاطبت۔ خطاب۔

تخالُف : [ع۔امذ] (۱) باہم مخالفت ہونا (۲) خصومت۔ تنازعہ۔ بَیر۔ لاگ۔ دشمنی۔

تخانی : [ار۔صف] تین خانوں والی۔ جس میں تین خانے ہوں

تخبُّط : [ع۔امذ] آسیبی ہونا۔ دیوانگی۔ خبط۔ اٹکل سے راہ چلنا۔

تخبیط : [ع۔امث] دیوانہ پن۔ خبط۔ خبطی ہونا۔

تخت : [عف۔امذ] (۱) چوکی (۲) بادشاہ کے بیٹھنے کی چوکی۔ گدی۔ مسند۔ سنگھاسن (۳) چارپائی۔ پلنگ (۴) دارالسلطنت (۵) سلطنت۔ بادشاہی (۶) اعلیٰ۔ بڑا (۷) وہ تخت جو سجا کر محرم کے جلوس میں نکالا جاتا ہے اور جس پر اربابِ نشاط مرثیہ پڑھتے ہوئے نکلتے ہیں (۸) شادی یا برات میں کام آنے والا تخت جس پر لونڈے اور بانڈ و باز ناچتے اور نعرے لگاتے ہوئے نکلتے ہیں (۹) پایہ گھڑیچ۔ گھوڑی۔ سارنگی کی طرح ستار کی طبلی۔ ہاتھی دانت یا کسی اور چیز کی لگی ہوئی تختی جو تاروں کو طبلی کی سطح سے ذرا اوپر کو اٹھائے رکھتی ہے۔ اس میں تاروں کو اپنی جگہ رکھنے کے لئے کٹاؤ ہوتے ہیں۔

تختِ آبنوسی : [ف۔امذ] کنایۃً رات۔

تخت اترنا : [ار۔محاورہ] پریوں کا تخت اترنا۔ پریاں آنا۔

تخت الٹنا : [ار۔محاورہ] سلطنت درہم برہم کرنا۔ انقلاب برپا کرنا (۲) مصیبت یا تباہی آنا۔

تخت بخت : [ف۔امذ] عیش و آرام۔ راگ۔ سہاگ۔ خوشی۔ خوش اقبالی۔ خاوند اور اولاد۔

تخت پر بٹھانا : [ار۔محاورہ] بادشاہ بنانا۔ تخت نشین کرنا۔ عنان حکومت سپرد کرنا۔ برسرِ حکومت کرنا۔

تخت پر بیٹھنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "تخت پر بٹھانا" جس کا یہ لازم ہے

تخت پوش : [ف۔امذ] تخت کی چادر۔ تخت کا فرش۔

تخت چڑھنا : [ار۔محاورہ] پلنگ پر جانا۔ چارپائی پر چڑھنا۔ سونا آرام کرنا (۲) شادی ہونا۔

تخت چھوڑنا : [ار۔محاورہ] بادشاہی سے کنارہ کش ہونا۔ سلطنت چھوڑنا۔

تخت رواں / ہوائی : [ف۔امذ] (۱) ہوادار پالکی (۲) وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا تھا (۳) وہ تخت جس پر شادیوں میں لڑکے ناچتے ہوئے نکلتے ہیں جس کو گڈوں پر نصب کیا ہوا ہوتا ہے یا آدمیوں نے اٹھایا ہوا ہو۔ (۴) اڑن کھٹولا۔

تخت سلیمان / سلیمانی : [ف۔امذ] وہ تخت جس پر حضرت سلیمان بیٹھ کر اڑا کرتے تھے۔

تخت سے اتارنا : [ار۔محاورہ] بادشاہ کو معزول کرنا (۲) طلاق دے دینا۔ زوجیت سے نکالنا۔

تخت طاؤس / طاؤسی : [ف۔امذ] وہ تخت جو ہندوستان کے مغل شہنشاہ شاہجہان نے بنوایا تھا جس پر ہیرے جواہرات سے جڑاؤ مور (طاؤس) بنا ہوا تھا۔ اس مور نے پر پھیلائے ہوئے تھے جن کا سایہ بادشاہ کے سر پر ہوا کرتا تھا۔ اسے نادر شاہ واپس ایران جاتے ہوئے اپنے ساتھ لے گیا تھا۔

تخت عاج : [ف۔امذ] (۱) ہاتھی دانت کا تخت (۲) دن (۳) معشوق کی ساق بلوریں۔

تخت کا تختہ ہو جانا / ہونا : [ار۔محاورہ] (۱) بادشاہی جاتی رہنا (۲) تباہ ہو جانا۔ کچھ نہ رہنا۔

تخت کی رات : [ف۔ار۔امث] بیاہ کی رات۔ شبِ زفاف۔ سہاگ رات۔

تخت کی لال کسوت : [ار - امث - ق] شادی کا سرخ جوڑا جو دلہن کو نکاح کے روز پہنایا جاتا ہے۔

تخت گاہ : [ف - امث] حکومت کا صدر مقام - دارالحکومت۔

تخت نشاں : [ف - صف] تخت پر بٹھانے والا سلطنت دینے والا۔

تخت نشین : [ف - صف] تخت پر بیٹھنے والا - بادشاہ

تخت نشینی : [ف - امث] راج گدی پر جلوس کرنا۔ تخت سلطنت پر بیٹھنا۔

تخت نشینانِ خاک : [ف - صف] خاک پر بیٹھنے والے (۲) فقرا

تخت نے پاؤں چومے : [ار - محاورہ] ا تخت پر بیٹھا (۲) سلطنت ملی۔

تخت و تاج : [ف - امذ] ملک و سلطنت۔

تخت یا تختہ / تابوت : [ف - مثل] کامیابی یا موت۔ ترقی یا تنزل - ادھر یا اُدھر۔

تختہ : [ف - امذ] (۱) پٹڑا - لکڑی کا مسطح ٹکڑا (۲) لوح - تختی (۳) کاغذ کا تاؤ (۴) جہاز کی لکڑی کا ہر ٹکڑا - جہاز کا فرش (۵) وہ لکڑی کا پٹڑا جس پر پتھر رکھ کر چھاپتے ہیں (۶) چوکی - میز - بنچ - لمبی تپائی (۷) زمین یا باغ کا ٹکڑا (۸) بورڈ - اشتہار لگانے کا لکڑی کا ٹکڑا (۹) چمن - کیاری - کھیت (۱۰) تابوت - ارتھی - (۱۱) چبوترا (۱۲) وہ کاغذ یا کپڑا جس پر شطرنج کھیلتے ہیں (۱۳) کلدار پل - پل تختہ (۱۴) لکڑی کا وہ سیاہ ٹکڑا جس پر بچوں کو لکھنا سکھاتے ہیں (۱۵) لکڑی کا وہ پٹڑا جس پر مردے کو نہلاتے ہیں (۱۶) دھوبی کا کپڑے دھونے کا پٹڑا۔

تختہ الٹ جانا / دینا / الٹنا : [ار - محاورہ] (۱) آباد جگہ کا تہہ و بالا کرنا - شہر کا اجڑ جانا - آباد جگہ کو ویران کرنا - (۲) تباہ و برباد ہونا۔

تختۂ اوّل : [فع - امذ] (۱) بچوں کے لکھنے کی تختی (۲) لوح محفوظ۔

تختۂ بلور : [ف - امذ] (استعارۃً) پیٹ - شکم۔

تختہ بند : [ف - صف] (۱) محبوس کیا ہوا - قید کیا ہوا - قیدی (۲) قید - حبس (۳) وہ لکڑی کا پتلا ٹکڑا اور پٹی جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھتے ہیں۔

تختہ بندی : [ف - امث] (۱) لکڑی کے تختوں کی دیوار یا فرش - خاتم بندی (۲) کیاریوں کا با قرینہ ہونا۔

تختہ پل : [ف - امذ] وہ پل جو قلعے کی خندق پر بناتے ہیں - کواڑ کی طرح بند ہو جانے اور کھل جانے والا پل جسے کھولا اور بند کیا جا سکتا ہے۔

تختہ پھولنا : [ار - محاورہ] کیاری میں پھولوں کا بکثرت آنا - کیاری کا پھولوں سے بھرا ہونا۔

تختہ تابوت : [ف - امذ] وہ تختہ جس پر مردے کو لے جاتے ہیں

تختہ تابوت پر سلانا : [ار - محاورہ] مار ڈالنا - قتل کر ڈالنا۔

تختۂ تابوت پر سونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "تختۂ تابوت پر سلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

تختہ تاراج ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "تختہ الٹنا"

تختہ تباہ ہونا : [ار - محاورہ] (۱) دیکھئے "تختہ الٹنا" (۲) کیاری یا کھیت ویران ہونا۔

تختۂ حیات : [فع - امذ] وہ نقشہ جس میں ہر ایک عمر کے آدمی کی عمر کا اندازہ درج ہوتا ہے۔

تختۂ خاک : [ف - امذ] زمین۔

تختہ سیاہ : [ف - امذ] لکڑی کا وہ سیاہ مسطح ٹکڑا جس پر چاک سے لکھ کر طالب علموں کو سکھایا جاتا ہے جو انگریزی لفظ BLACKBOARD کا ترجمہ ہے۔

تختۂ صندل : [فع - امذ] (استعارۃً) پیٹ - شکم۔

تختہ کرنا : [ار - محاورہ] (۱) بند کرنا (۲) کام خراب کرنا (۳) بگاڑنا

تختہ کلاہ کرنا : [ار - محاورہ] چوبی ٹوپیوں میں گھنٹیاں باندھ کر ملزموں یا مجرموں کو پہنانا اور ذلیل کرنا۔

تختہ گردن . [ف - صف] وہ گھوڑا جو لگام کے اشارے پر نہ مڑے۔ جو سخت اور سیدھی گردن کا ہوتا ہے۔

تختہ لگانا : [ار - محاورہ] پھولوں کی کیاریاں تیار کرنا - پودے وغیرہ زمین میں لگانا۔

تختہ لگنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "تختہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

تختہ لوٹنا : [ار - محاورہ] تباہ ہونا - برباد کرنا۔

تختۂ مرگ : [ف - امذ] وہ تختہ جس پر مردے کو نہلاتے ہیں۔

تختہ مشق / تعلیم : [ف - امذ] (۱) لڑکوں کے مشق کرنے کی تختی (۲) وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے۔

تختہ مشق بنانا : [ار - محاورہ] کسی کو کسی مقصد کے لئے بار بار استعمال کرنا۔

تختہ نرد : [ف - امذ] (۱) لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر نردیں رکھ کر کھیلتے ہیں (۲) (بغیر اضافت) ایک کھیل جو شطرنج کے مقابلے میں ایجاد ہوا تھا۔

تختہ ہو جانا / ہونا : [ار - محاورہ] (۱) اکڑ جانا - بدن کا سخت ہو جانا (۲) دکان وغیرہ کا بند ہو جانا۔

تختی : [ار - امث] (۱) چھوٹا تختہ - لوح (۲) وہ لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جس پر بچے لکھنے کی مشق کرتے ہیں (۳) وہ لوح جس پر دعائیں اور نقوش کندہ کرتے ہیں اور گلے میں پہنتے ہیں (۴) سینہ - کمر اور بازو (۵) چھب یا جسم کا انداز - جامہ زیبی (۶) رنگین اور پھول دار شیشے کا ٹکڑا - (۷) کبوتر کا چوڑا سینہ (۸) حروف مفرد اور مرکبات کی مشق جو خط صاف کرنے کے لئے

لکھتے ہیں (۹) لوح مزار (۱۰) وہ مسطح ٹکڑا جس پر نام وغیرہ لکھ کر لگاتے ہیں۔

تختی پر تختی میاں جی کی آئی کم بختی : [ار۔ مثل] لڑکے تختی پر تختی رکھنے کو منحوس کہتے ہیں۔

تختے : [ار۔ امذ] (۱) تختہ کی جمع (۲) کپڑوں کے تھان۔

تختے دینا : [ار۔ محاورہ] مردے کو قبر میں بند کرتے وقت تختے لگانا۔

تختے پر تختے سیاہ کرنا : [ار۔ محاورہ] بہت لکھنا۔ ورق کے ورق لکھ ڈالنا۔

تختیاں : [ار۔ امث] دیکھئے "تختی" جس کی یہ جمع ہے۔

تختیاں پڑنا : [ار۔ محاورہ] میاں جی سے تختیوں کی مار کھانا

تخدیر : [ع۔ امث] (۱) پردے میں بٹھانا (۲) سُن کرنا (۳) بے حس کرنا۔

تخدیع : [ع۔ امث] دھوکا دینا۔ دغا دینا۔ فریب دینا۔

تخرجہ : [ع۔ امذ] تاریخ گویوں کی اصطلاح میں کسی مادہ تاریخ میں سے اعداد گھٹا کر ٹھیک تاریخ نکالنا۔ مادۂ تاریخ کی زیادتی کو درست کرنا۔

تخریب : [ع۔ امث] خراب کرنا۔ بگاڑنا (۲) خرابی۔ بربادی تباہی۔ ویرانی۔

تخریج : [ع۔ امث] خارج کرنا۔ نکالنا۔

تخش : [ف۔ امذ] (۱) ایک قسم کی کمان (۲) آتش بازی کا تیر۔

تخش دار : [ف۔ صف] وہ شخص جو آتشبازی کے تیروں سے مسلح ہو۔

تخشع : [ع۔ امذ] انکسار۔ عجز۔

تخصیص : [ع۔ امث] خصوصیت۔ گُن۔ سبھاؤ (۲) محفوظ کرنا۔ (۳) حق مخصوص۔

تخصیصی : [ع۔ صف] دیکھئے "تخصیص" جس سے یہ منسوب ہے۔

تخضیع : [ع۔ امذ] انکسار۔ عجز۔

تخطی : [ع۔ امث] غلطی کرنا۔ ناراض کرنا۔

تخطیط : [ع۔ امث] خط کھینچنا۔ لکیر کھینچنا۔

تخطیہ : [ع۔ امذ] کسی کے کام میں نقص نکالنا۔

تخفیف : [ع۔ امث] (۱) کمی (۲) ہلکا کرنا۔ کمی کرنا۔ تھوڑا کرنا۔ چھوٹا کرنا۔ حرف کو بولنے میں ہلکا یا کم کرنا (۳) کمی۔ گھٹاؤ (۴) اختیار۔ مصارف میں کمی (۵) افاقہ۔ آرام۔ (۶) موقوفی۔ برطرفی۔

تخفیف اسلحہ : [ع۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] ہتھیاروں میں کمی کرنا۔

تخفیف تصدیع : [ع۔ امث] ملاقات کے بعد رخصت ہونے پر کہتے ہیں (۲) تکلیف کم کرنا۔

تخفیف جرم : [ع۔ امث] جرم کا ہلکا کرنا۔ چھوٹے جرم والی دفعہ عائد کرنا۔

تخفیف جمع : [ع۔ امث] لگان میں کمی۔

تخفیف دینا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تخفیف کرنا"

تخفیف کا حکم / قلم جاری کرنا : [ار۔ محاورہ] تخفیف کا عام تحریری حکم جاری کرنا۔ کمی کرنا۔

تخفیف کرنا : [ار۔ مص مرکب] (۱) کمی کرنا۔ گھٹانا (۲) خرچ کم کرنا۔ خرچ میں کمی کرنا (۳) نوکروں کو کم کرنا۔ ملازموں کو گھٹانا۔ موقوف کرنا۔

تخفیف لگان : [ف۔ ہ۔ امث] لگان میں کمی (ترکیب غلط ہے)

تخفیف میں آنا : [ار۔ محاورہ] (۱) موقوف ہونا۔ برخاست ہونا ملازموں میں کمی ہونے کی وجہ سے ملازمت سے ہٹ جانا۔

تخفیف میں لانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تخفیف کرنا"

تخفیف ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تخفیف کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تخفیفہ : [ع۔ امث] ہلکی پگڑی جو رات کو سوتے وقت باندھتے ہیں۔

تخلخل : [ع۔ امذ] ڈھیلاڈھال پہنتا (۲) کھوکھلا پن (۳) پرانا ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۴) جدائی۔ فراق۔

تخلّص : [ع۔ امذ] (۱) بچاؤ۔ چھٹکارا۔ رہائی (۲) وہ مختصر سا نام جو شاعر اپنے اصلی نام کی بجائے رکھ لیتے ہیں (۳) خلاصہ مقصد (قصیدہ کا) گریز۔

تخلّف : [ع۔ امذ] وعدہ خلافی کرنا ۲۔ پیچھے رہ جانا / رہنا۔ دیر لگانا۔ ۳۔ واپس جانا۔ پھر جانا۔ بدعہدی کرنا۔

تخلّق : [ع۔ امذ] خصلت اختیار کرنا۔ خوگر ہونا۔

تخلل : [ع۔ امذ] فساد اور جھگڑا (۲) نااتفاقی (۳) مزاحمت (۴) چھید کرنا۔

تخلّی : [ع۔ امث] خالی چھوڑنا۔ اکیلا ہونا۔ خالی ہونا۔ فرصت ہونا

تخلیص : [ع۔ امث] (قصیدہ کا) گریز۔ خلاصہ مطلب۔

تخلیط : [ع۔ امث] (۱) کلام میں باطل کا ملانا۔ ملاوٹ کرنا (۲) آمیزش۔ ملاوٹ۔

تخلیف : [ع۔ امث] اختلاف۔ مخالفت۔

تخلیق : [ع۔ امث] پیدا کرنا۔ پیدائش (۲) طبع زاد فن پارہ۔

تخلیل : [ع۔ امث] وضو کرتے وقت ڈاڑھی میں انگلیاں ڈال کر خلال کرنا۔

تخلیہ : [ع۔ امذ] تنہائی۔ خلوت۔ خالی کرنا [افعال : رہنا۔ کرنا۔ ہونا]

تخم : [ف۔ امذ] (۱) بیج۔ دانہ۔ اصل۔ نژاد۔ غلّہ (۲) بیضہ۔ انڈا (۳) گٹھلی (۴) نطفہ (۵) اولاد۔ نسل۔

تخم افشانی : [ف۔ امث] دیکھئے "تخم ریزی"

تخم اُگنا : [ار۔ محاورہ] کھوا پھوٹنا (۲) نمودار ہونا۔

تخم بالنگو : [ف۔ امذ] ایک بیج جو پانی میں ڈالنے سے پھول جاتا ہے۔ مزاج سرد تر ہے۔ گرمیوں میں معدہ یا جگر کی حدت کم کرنے کے لئے پانی میں بھگو کر استعمال ہوتا ہے۔

تخم بد : [ف۔ صف] بداصل۔ بدذات۔ حرامی۔ کمینہ۔ ذلیل۔

تخم بونا : [ار۔ محاورہ] بیج ڈالنا۔ کسی چیز کی بنیاد رکھنا۔

تخم پاشی : [ف۔ امث] دیکھئے "تخم ریزی"

تخم پڑنا : [ار۔ محاورہ] بیج پڑنا۔ بنیاد پڑنا۔

تخم پھوٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تخم اُگنا"

تخم تاثیر صحبت کا اثر: [ار۔ مثل] نطفے اور پاس اٹھنے بیٹھنے کا اثر کچھ نہ کچھ ضرور ہوتا ہے۔

تخم جمنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بیج کا جڑ پکڑنا (۲) مضبوطی سے قائم ہونا۔

تخم حرام: [فع۔ امث] حرامزادہ۔

تخم ڈالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تخم بونا"۔

تخم ریحان: [ف۔ اند] ناز ریناز بو تلسی کا بیج۔

تخم ریز: [ف۔ صف] زراعت کرنے والا۔ کاشتکار۔ بیج بونے والا۔

تخم ریزی: [ف۔ امث] بیج بونے۔ بیج ڈالنے۔ پیدا کرنے۔ بنیاد ڈالنے کا عمل۔

تخم کتان: [ف۔ اند] السی کے بیج۔ السی۔

تخم مرغ: [ف۔ اند] مرغی کا انڈا۔

تخمہ: [ف۔ اند] بدہضمی جو بوجہ شدتِ امتلائے معدہ ہوتی ہے۔

تخمہ پڑنا: [ار۔ محاورہ] بدہضمی کی شکایت ہونا

تخمہ نکلنا: [ار۔ محاورہ] کبوتر کے جسم پر مستوں یا پھنسیوں کا ظاہر ہونا۔

تخمی: [ف۔ صف] جس میں پیوند نہ کیا گیا ہو۔ ایسا پودا جو براہِ راست بیج سے پیدا شدہ ہو۔

تخمیر: [ع۔ امث] (۱) خمیر اٹھانا (۲) طبیعت۔ سرشت۔ فطرت۔

تخمیناً: [ع۔ متعلق فعل] (۱) اندازہ سے۔ اٹکل سے۔ قیاس سے (۲) قریب قریب۔

تخمین: [ع۔ امث] (معاشیات) بازار کے آئندہ حالات کی پیشبینی انگریزی SPECULATION کا ترجمہ

تخمین / تخمینہ: [ع۔ اند] اندازہ۔ قیاس۔ اٹکل۔ سرسری حساب۔

تخمینی: [ع۔ صف] دیکھئے "تخمینہ" جس سے یہ منسوب ہے۔

تخنیق: [ع۔ امث] گلا گھونٹنا۔ پھانسی دینا۔ سانس بند کرنا۔

تخویف: [ع۔ امث] (۱) ڈرانا۔ خوف دلانا (۲) ڈر۔ اندیشہ خطرہ۔ دھمکی۔

تخویفِ مجرمانہ: [ع۔ ف۔ امث] (۱) بدنیتی سے ڈرانا۔ دھمکانا۔ (۲) ناجائز دھمکی۔

تخیّل: [ع۔ اند] قوتِ متخیلہ۔ وہ قوت جو خیالی صورتیں بنا کر وہم کے آگے لا کھڑی کرتی / سے آتی ہے۔ تصور۔ قیاس۔

تخیّل کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] سوچنا۔ خیال کرنا۔

تخیلہ: [ع۔ اند] خیال۔ دھیان۔

تخییر / تخیّر: [ع۔ امث] پسند کرنے کا اختیار۔ حقِ انتخاب۔

تخییل / تخیّل: [ع۔ امث] خیال۔ تصور۔

تخییلی / تخیّلی: [ع۔ صف] خیالی۔ وہمی۔

ت۔د

تَد: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] دیکھئے "تب" جس کی یہ قدیم صورت ہے

تدابیر: [ع۔ امث] دیکھئے "تدبیر" جس کی یہ جمع ہے۔

تداخل: [ع۔ اند] (۱) ایک دوسرے میں داخل ہونا (۲) ایک غذا کے ہضم ہونے سے پہلے دوسری غذا کھانا (۳) بدہضمی جو ایک غذا کے ہضم ہونے سے پہلے دوسری غذا کھانے سے ہو (۴) (فقہ) ظہر کے آخر وقت میں ظہر اور عصر کی نمازیں یکے بعد دیگرے پڑھنا۔

تدارُک: [ع۔ اند] (۱) گم شدہ چیز کا پانا (۲) قبضہ میں لانا۔ (۳) انتظام۔ ناجائز فعل کا انسداد (۴) درستی۔ اصلاح (۵) جتن۔ چارہ۔ علاج۔ احتیاطی ذرائع اختیار کرنا (۶) تلافی۔ پاداش۔ (۷) سزا۔ سرزنش۔

تدارُکِ خفیف: [ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] خفیف سزا۔ تھوڑی سزا۔

تدارُک کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] (۱) تلافی کرنا (۲) سزا دینا (۳) بندوبست کرنا۔ (۴) "یاری کرنا"۔

تدافع: [ع۔ اند] (۱) دفع کرنا۔ ہٹانا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا (۲) مدافعت۔ دفاع (۳) ٹال مٹول۔ حیلہ۔ بہانہ۔

تداں: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] تبھی

تداوُل: [ع۔ اند] (۱) باری سے کرنا۔ دست بدست پھرنا (۲) گردش۔ انقلاب (۳) رواج

تداوی: [ع۔ امث] (۱) علاج کرنا (۲) علاج۔ معالجہ۔ دوا درمن۔

تدبُّر: [ع۔ اند] (۱) غور کرنا۔ انجام سوچنا (۲) عاقبت اندیشی۔ (۳) عقل۔ سمجھ۔

تدبیر: [ع۔ امث] (۱) آگا پیچھا سوچنا۔ انجام پر نظر رکھنا (۲) علاج۔ چارہ۔ درماں (۳) خیال۔ اندیشہ۔ فکر (۴) تجویز۔ منصوبہ۔ بندوبست (۵) سعی۔ کوشش (۶) حکمت۔ چالاکی (۷) کسی کو زک دینے کی کوشش (۸) (فقہ) غلام یا لونڈی کی آزادی کو موت کے ساتھ معلق کرنا (یعنی) یہ کہنا کہ میرے مرنے کے بعد یہ آزاد ہے۔ ایسا غلام آقا کے مرتے ہی آزاد ہو جاتا ہے۔

تدبیر الٹنا / الٹی ہونا: [ار۔ محاورہ] منصوبہ بگڑ جانا۔ انتظام کے برعکس ہونا۔ امید کے خلاف ہونا۔ جو سوچا تھا اس کے برعکس ہونا۔

تدبیر بتانا: [ار۔ مص۔ مرکب] تجویز بتانا۔ رائے دینا۔ صلاح دینا۔ نصیحت کرنا۔

تدبیر بننا: [ار۔ محاورہ] تدبیر کارگر ہونا۔ تدبیر مفید ہونا

تدبیر بن نہ آنا / پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) تدبیر کا اثر نہ ہونا (۲) کچھ نہ سوجھنا۔

تدبیر پیش جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) تدبیر کارگر ہونا (۲) تجویز با اثر اور مفید ہونا۔

تدبیر پیش رفت ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تدبیر پیش جانا"

تدبیر چلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تدبیر پیش جانا"

تدبیر خالی پڑنا: [ار۔ محاورہ] تدبیر کارگر نہ ہونا۔
تدبیرِ سلطنت: [ع۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] حکومت کا بندوبست نظم و نسق۔ سیاسی معاملات۔
تدبیر سوجھنا: [ار۔ مص مرکب] تدبیر ذہن میں آنا۔
تدبیر سوچنا: [ار۔ محاورہ] تجویز نکالنا۔
تدبیر سے قسمت کی برائی نہیں جاتی بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں جاتی [ ] اگر قسمت بُری ہو تو انسان لاکھ کوشش کرے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔
تدبیرِ غذا: [ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] خوراک کی پابندی۔
تدبیرِ فاسد: [ع۔ امث بہ ترکیب فارسی] شرارت۔ سازش۔
تدبیر کارگر ہونا: [ار۔ مص مرکب] (۱) تدبیر کا میاب ہونا (۲) تدبیر کا اثر ہونا۔
تدبیر کرنا: [ار۔ مص مرکب] انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔
تدبیر کنندہ تقدیر کنندہ خندہ: [ف۔ مثل] آدمی تدبیر کرتا ہے اور تقدیر ہنستی ہے۔ یعنی انسان کی کوشش سے تقدیر نہیں بدلتی۔
تدبیر گر: [عف۔ صف۔ فاعلی] خوب سوچنے والا۔ تجویز نکالنے والا۔
تدبیر لڑانا: [ار۔ محاورہ] ربط پیدا کرنا۔ تجویز نکالنا۔
تدبیر لڑنا: [ار۔ محاورہ] تدبیر کارگر ہونا۔
تدبیرِ منزل: [ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] گھر کا انتظام۔ خانہ داری۔
تدبیرِ مملکت: [ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "تدبیر سلطنت"۔
تدبیری: [ع۔ صف] دیکھئے "تدبیر" جس سے یہ منسوب ہے۔
تِدَرا: [ار۔ صف۔ مذ] تین دروازوں والا۔ وہ عمارت جس میں تین دروازے ہوں۔
تَدَرُّج: [ع۔ امذ] درجہ بدرجہ ہونا۔ آہستگی۔
تدرو: [ف۔ امذ] دیکھئے "تذرو"
تِدَری: [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "تدرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
تدریج: [ع۔ امث] رفتہ رفتہ ہونا۔ درجہ بدرجہ۔ تھوڑا تھوڑا
تدریس: [ع۔ امث] (۱) درس دینا (۲) تعلیم۔ پڑھائی۔
تدفین: [ع۔ امث] (۱) دفن کرنا۔ گاڑنا (۲) گورگڑھا۔
تدقیق: [ع۔ امث] (۱) باریک کرنا۔ باریک بات نکالنا (۲) غور و فکر۔ باریک بینی۔
تدلیس: [ع۔ امث] (۱) عیب چھپانا (۲) (محدثین کی اصطلاح میں) محدث کا قصداً غلطی کرنا اور اسے چھپانا۔ ایسے شخص کا نام نہ لینا جس سے روایت کی ہے (۳) مشکوک و مشتبہ کتابوں سے حوالے دینا (۴) مکر۔ فریب دہی۔
تدم: [ار۔ صف] (۱) بے دم خستہ (۲) (متعلق فعل) اس وقت۔

تدویر: [ع۔ امث] (۱) گول بنانا۔ گرد پھرانا (۲) دائرہ کی شکل میں ہونا (۳) قرآن مجید کو نہ آہستہ نہ جلد پڑھنا۔ درمیانی رفتار سے پڑھنا (۴) دائرہ۔ گولائی۔
تدوین: [ع۔ امث] (۱) جمع کرنا۔ تالیف کرنا۔ مرتب کرنا (۲) ترتیب و انتخاب۔ تالیف و ترتیب۔
تدہّر: [ع۔ امذ] خدا کا منکر ہونا۔ دہریت۔ بے دینی۔ الحاد۔
تدہین: [ع۔ امث] (۱) تیل نکالنا۔ چکنانا (۲) چکنائی۔ تیل نکالنے کا عمل۔
تدھا/تدھاں/تداں: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] اس وقت۔
تدھر: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] اُدھر۔ اُس جانب۔
تدھی: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] تبھی۔
تدین: [ع۔ امذ] دیانت داری۔ دین داری۔ پرہیزگاری۔

ت۔ذ

تَذَبْذُب: [ع۔ امذ] (۱) ڈگمگانا۔ تردد کرنا (۲) شک و شبہ۔ دُبدا۔ دودلاپن۔ ہچکچاہٹ (۳) بے چینی۔ گھبراہٹ (۴) حیرانی۔ پریشانی۔
تذرو: [ف۔ امذ] ایک قسم کا جنگلی پرندہ جو بہت خوش رنگ اور خوش رفتار ہوتا ہے۔ یہ استرآباد کے جنگلوں میں بکثرت پایا جاتا ہے (اس کو چکور کے معنوں میں لینا غلط ہے)
تذکار: [ع۔ امذ] (۱) ذکر۔ بیان (۲) یادگار۔ چرچا۔
تذکّر: [ع۔ امذ] (۱) یاد آجانا۔ یاد کرنا (۲) ذکر۔ بیان۔
تذکرہ: [ع۔ امذ] (۱) یاد کرنا۔ نصیحت کرنا (۲) ذکر۔ بیان۔ (۳) یادداشت (۴) یادگار (۵) افواہ۔ چرچا (۶) واقعات کی تاریخ۔ سرگزشت (۷) وہ کتاب جس میں شاعروں کا مختصر حال اور نمونہ کلام درج ہو۔
تذکرہ چلنا: [ار۔ محاورہ] ذکر شروع ہونا۔
تذکرہ چھڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تذکرہ چلنا"۔
تذکرہ چھیڑنا: [ار۔ محاورہ] ذکر شروع کرنا۔ بات شروع کرنا۔
تذکرہ رہنا: [ار۔ محاورہ] ذکر ہونا۔ ذکر ہوتا رہنا۔
تذکرہ کرنا: [ار۔ مص مرکب] ذکر کرنا۔ بات شروع کرنا۔
تذکرہ ہونا: [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "تذکرہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
تذکرۃً: [ع۔ متعلق فعل] ذکر کے طور پر۔ یاد دہانی کے طور پر۔
تذکیر: [ع۔ امث] (۱) ذکر کرنا۔ یاد دلانا (۲) مذکر ہونا۔ نر ہونا۔ مرد ہونا (۳) ذکر۔ یاد۔ نصیحت۔
تذلّل: [ع۔ امذ] (۱) عجز کرنا۔ فروتنی کرنا (۲) عاجزی۔ خوشامد۔
تذلیل: [ع۔ امث] (۱) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ (۲) بے عزتی۔ ذلت۔

تذہیب [ع ۔ امث] (۱) سونے کا جھول چڑھانا ۔ ملمع کرنا ملمع کاری ۔ زرنگاری ۔ طلاکاری

ت ۔ ر

تر [ہ ۔ امذ] (۱) وہ لکڑی جس پہ جولاہے کپڑا بن کر لپیٹتے ہیں (۲) وہ بیلن جس پر گوٹا کناری لپیٹتے ہیں ۔

تر [ف ۔ صف] (۱) گیلا ۔ بھیگا ہوا ۔ آبدار (۲) تازہ نیا (۳) سبز ۔ رسیلا ۔ ہرا (۴) نرم ۔ ملائم (۵) ڈھیلا کشادہ ۔ کھلا (۶) زیادہ ۔ افزوں (۷) چکنا ۔ گھی ٹپکتا ہوا (۸) دولت مند ۔ مال دار ۔ خوش حال (۹) آلودہ لتھڑا ہوا (۱۰) خوش ۔ عمدہ (۱۱) پُر لطف (۲) لاحقہ تفضیل بعض جیسے خوش تر ۔ بدتر وغیرہ ہیں

تربتر [ف ۔ صف] (۱) بالکل گیلا ۔ شرابور (۲) بہت چکنا گھی ٹپکتا ہوا (۳) پسینہ سے بھیگا ہوا ۔ خون میں لتھڑا ہوا

تربند [ف ۔ امذ] پٹی ۔

تربندی [ف ۔ امث] گیلی پٹی باندھنا ۔

تر ترانا [ار ۔ محاورہ] گھی میں ڈوبا ہوا ہونا ۔

ترترکاری [ار ۔ امث] ترکاری اور اسی قسم کی چیزیں ۔

تر تہوار [ار ۔ امذ] تہوار وغیرہ ۔

تردامن [ف ۔ صف] (۱) مجرم ۔ بدکار ۔ گنہگار (۲) اکثر شرابیوں کے دامن شراب سے تر رہتے ہیں ۔ لتھڑے ہوئے دامن والا ۔

تردامنی [ف ۔ امث] دیکھیے "تردامن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

تردست [ف ۔ صف] (۱) ہاتھ سے عمدہ کام کرنے والا جیسے نقاش مصور وغیرہ (۲) چالاک ۔ ہوشیار ۔

تردستی [ف ۔ امث] دیکھیے "تردست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

تردماغ [فع ۔ صف] (۱) عقل مند ۔ صاحب شعور (۲) مسرور ۔ مست ۔

تردماغی [فع ۔ امث] دیکھیے "تردماغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

ترزبان [ف ۔ صف] فصیح ۔ خوش بیان ۔

ترزبانی [فع ۔ امث] دیکھیے "ترزبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

ترغٹا [ہ ۔ صف] (یہ اصل میں ترگٹا کا بگاڑ ہے) (۱) آسانی سے حلق سے اتر جانے والی چیز (۲) آسانی سے حاصل کی جانے والی چیز ۔

ترکرنا [ار ۔ مص ۔ مرکب] گیلا کرنا ۔ بھگونا ۔

ترلقمہ / مال / نوالہ [ار ۔ صف] عمدہ غذا ۔ اچھی چیز ۔ اچھے کھانے ۔

تروتازہ [ف ۔ صف] (۱) بارونق ۔ سرخ و سفید ۔ آبدار (۲) سرسبز ۔ شاداب ۔ ہرا بھرا (۳) تازہ اترا ہوا پھل یا ترکاری (۴) بلا تکان ۔ تازہ دم ۔

تروخشکِ زمانہ [ف ۔ امذ] دنیا کا نشیب و فراز آرام اور تکلیف ۔

ترہونا [ار ۔ مص ۔ وضعی] گیلا ہونا ۔ بھیگنا ۔

ترا [ہ ۔ امذ] سرسوں سے مشابہ ایک بیج جس سے تیل نکالتے ہیں جیسے تارا میرا ۔

ترا [ار ۔ ضمیر ۔ اضافی] دیکھیے "تیرا" جس کا یہ مخفف ہے ۔

تراکیا خرچ ہوتا ہے [ار ۔ مقولہ] تیرا کیا نقصان ہے ۔ تیرا کیا اجارہ ہے ۔

تُرا [ف ۔ امذ] چنگیز خاں کا قانون (ترکی تورہ کا مخفف)

تُراب [ع ۔ امث] مٹی ۔ زمین ۔ گرد و غبار ۔

ترابی [ع ۔ صف] مٹی کا ۔ زمینی ۔ مٹی کا لتھڑا ہوا ۔

تراٹ اٹھنا [ار ۔ مص ۔ ق] بولنے لگنا ۔

تراجم [ع ۔ امذ] دیکھیے "ترجمہ" جس کی یہ جمع ہے ۔

ترادُف [ع ۔ امذ] (۱) آگے پیچھے بیٹھنا (۲) ہم معنی ہونا ۔

ترارا [ہ ۔ امذ] (۱) گھوڑے کی جست ۔ چھلانگ (۲) تیزی ۔ پھرتی (۳) ڈینگ ۔ شیخی (۴) سرور ۔ نشہ ۔ ترنگ (۵) تیز رفتاری ۔

ترارا بھرنا [ار ۔ محاورہ] (۱) تیز دوڑنا ۔ چھلانگیں مارنا (۲) فراٹے بھرنا ۔ نہایت مشتاق ہونا (۳) جلدی کوئی کام کرنا ۔

ترارا مارنا [ار ۔ محاورہ] شیخی مارنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ گپ مارنا ۔

تراز [ف ۔ امذ] (۱) کپڑے کے نقش (۲) زینت و آرائش

ترازو [ف ۔ امث] (۱) وزن کرنے کا آلہ ۔ میزان ۔ کانٹا (۲) برج میزان

ترازو ہوجانا / ہونا [ار ۔ محاورہ] (۱) تیر کا آر پار ہو کر لٹکا رہنا (۲) دو فوجوں کا طاقت میں اسطرح برابر ہونا کہ ایک دوسری پر غلبہ نہ پا سکے

ترازوئے عدل [فع ۔ امث] وہ ترازو جس کے دونوں پلے برابر ہوں ۔

ترازوئے قیامت [فع ۔ امث] میزان قیامت جس میں لوگوں کے اعمال جانچے جائیں گے ۔

تراس [س ۔ امث] (۱) پیاس ۔ تشنگی ۔ پانی کی خواہش (۲) (امذ) خوف ۔ ڈر ۔

تراسی [ار ۔ اعدد] اسی اور تین ۔ بیاسی کے بعد کا عدد ۔ ۸۳

تراش [ف ۔ امث] (۱) کاٹ ۔ کٹاؤ ۔ کانٹ چھانٹ ۔ کتر بیونت (۲) کاٹنے کا ڈھنگ ۔ تراشنے کا انداز (۳) اختراع ۔ ایجاد (۴) قطع وضع ۔ طرز (۵) آرائش ۔ آراستگی ۔ بناؤ سنگار (۶) تاش یا گنجفہ کے وہ پتے جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں (۷) تربوز یا خربوزہ کی پھانک / قاش

تراش [ف ۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر تراشیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بناتا ہے ۔ اور کاٹنے والا کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے سنگ تراش قلم تراش ۔ بت تراش ۔

تراش خراش [ف ۔ امث] (۱) قطع و برید (۲) طرز و انداز (۳) زیب و زینت ۔

تراش خراش کرنا : [ار۔ محاورہ] آپنے آپ کو سجانا۔ اچھا لباس پہننا۔ (۲) الفاظ کو کاٹنا یا چھیلنا۔

تراش خراش نکالنا : [ار۔ محاورہ] نئی وضع اختیار کرنا۔ زیب و زینت کا نیا طریقہ نکالنا۔

تراش ڈالنا : [ار۔ محاورہ] چھیلنا۔ کترنا۔

تراشنا : [ار۔ مص جعلی] (۱) کاٹنا۔ کترنا۔ چھانٹنا۔ چھیلنا۔ قطع کرنا۔ (۲) کاٹ کر صورت بنانا۔ پھانک اتارنا (۳) تاش کے پتے کاٹنا۔ گنجفہ یا تاش کے کل پتوں میں سے تقسیم کرنے کے لئے کھلاڑی کے ہاتھ میں سے کچھ پتے اٹھانا (۴) مونڈنا۔ حجامت بنوانا۔ (۵) بات بنانا۔ اپنے آپ کو سجانا۔ بانکا بننا (۶) اپنے آپ کو دوسروں سے بہتر سمجھنا۔

تراشہ : [ف۔ امذ] چھیلن۔ کترن (۲) فولادی اوزار جس سے سنگ تراش پتھر تراشتے ہیں (۳) پھانک۔ قاش (۴) کسی اخبار یا رسالہ سے کاٹا ہوا مضمون (انگریزی لفظ CUTTING کا ترجمہ ہے)۔

تراشیدہ : [ف۔ صف مفعول] (۱) چھیلا ہوا۔ کاٹا ہوا۔ کترا ہوا (۲) بنایا ہوا۔ وضع کیا ہوا۔

تراضی : [ع۔ امث] باہم راضی ہونا۔ خوش ہونا (۲) (قانون) راضی نامہ۔

تراضیٔ طرفین : [ع+ف۔ امث] فریقین کا راضی ہونا۔ مقدمہ کے دونوں فریقوں کا رضامند ہونا۔

تراکرنا : [ار۔ مص وضعی] تیرتے رہنا۔

تراکم : [ع۔ امذ] (۱) ڈھیر لگنا۔ اکٹھا ہونا (۲) ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔ مجمع۔ انبوہ۔

تراکیب : [ع۔ امث] دیکھئے "ترکیب" جس کی یہ جمع ہے۔

ترانا : [ار۔ مص] ڈوبانے کی ضد پیرانا (۲) ابھارنا۔ ڈوبتے کو نکالنا (۳) گناہوں سے بچانا۔

ترانوے : [ار۔ اعدد] نوے اور تین۔ ۹۳

ترانہ : [ف۔ امذ] (۱) جوان۔ رعنا (۲) نغمہ۔ راگ۔ گیت۔ (۳) راگ کا وہ انداز جس میں بے معنی الفاظ گائے جاتے ہیں (۴) وہ نغمہ جو کسی قوم یا ملک کے لئے سرکاری طور پر قومی ترانہ (نغمہ) قرار دیا گیا ہو۔

ترانہ پرداز/سرا/زن/سنج/ساز/ریز : [ف۔ صف فاعلی] گانے والا۔ موسیقار (۲) ترانہ گانے والا۔

ترانہ پردازی/سرائی/زنی/سنجی/سازی/ریزی : [ف۔ امث] دیکھئے "ترانہ پرداز" وغیرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تُرانا : [ار۔ امذ۔ ق] اُبلے ہوئے چاول۔

تراو : [ہ۔ امذ] تیر کا پار اترنا۔ تیرنا۔

تراوت / تراوٹ : [ہ۔ امث] دیکھئے "طراوت" جس کے یہ بگاڑ ہیں۔

تراوش : [ف۔ امث] (۱) ٹپکنا۔ چھٹکنا۔ بہنا۔ پھوٹنا (۲) مجازاً اشارے کنائے سے ظاہر ہونا۔ اندازے سے معلوم ہونا۔ ترشح ہونا (۳) اظہار۔ ایما۔

تراوش پانا : [ار۔ محاورہ] ظاہر ہونا۔ جھلکنا۔ معلوم ہونا۔

تراوش کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) اشارہ کنایہ یا اندازے سے پایا جانا (۲) ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ ہو کر گرنا (۳) چھڑکنا۔

تراوش ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "تراوش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تراویح : [ع۔ امث] ترویحہ کی جمع (۱) راحت دینا (۲) اصطلاح فقہ میں وہ نفل نماز جو ماہ رمضان میں نماز عشا کے بعد پڑھی جاتی ہے جس میں عموماً پورا قرآن سنایا جاتا ہے۔ تعداد رکعت میں اختلاف ہے۔ اہل سنت کے نزدیک بیس اور اہل حدیث کے نزدیک آٹھ۔

تراہ : [ار۔ کلمہ ندا] (۱) پناہ دو۔ بچاؤ۔ چھڑاؤ۔ مدد۔ (۲) دہائی۔ فریاد۔ واویلا۔

تراہ تراہ پڑنا/پکارنا/مچانا/کرنا : [ار۔ محاورہ] ہر شخص کی زبان پر آہ و فغاں ہونا (۲) شور و فریاد ہونا۔ پناہ مانگنا۔ واویلا کرنا۔ (۳) کسی چیز کی کمی کے باعث پکار مچانا۔

تراہا : [ہ۔ امذ] وہ جگہ جہاں تین راستے آکر ملیں۔

ترائی : [ہ۔ امث] (۱) وہ زمین جو کسی دریا یا ندی وغیرہ کے قریب ہو (۲) مرطوب زمین (۳) دلدلی زمین (۴) وہ علاقہ جو کوہ ہمالیہ کے دامن میں پہاڑ کے ساتھ ساتھ جمنا سے برہم پتر تک چلا جاتا ہے۔

تُرب : [ف۔ امث] مُولی۔

تُربت : [ع۔ امث] (۱) خاک (۲) مزار۔ قبر۔

تُربت خانہ : [ع+ف۔ امذ] مقبرہ۔ روضہ۔

تربد : [ف۔ امث] ایک دست آور دوا۔

تربوز : [ار۔ امذ] ایک بڑا پھل جو بیل میں لگتا ہے۔ جو باہر سے سبز اور اندر سے سرخ گودا ہوتا ہے اور میٹھا ہوتا ہے (ہندوانہ)

تُربہ : [ع۔ امذ] قبرستان۔ گورستان۔ مدفن۔

تربتر : [ہ۔ صف] خفا۔ ناراض۔ بگڑا ہوا (۲) منتشر۔ تتر بتر۔ [افعال : کرنا۔ ہونا]

تربھنگا : [ہ۔ صف] ترچھا۔ جھکا ہوا۔

تربھون : [س۔ امذ] تین دنیا یا عالم آسمان۔ زمین اور پاتال۔

تربیت : [ع۔ امث] پرورش۔ پرداخت (۲) تعلیم و تہذیب (۳) تعلیم و اخلاق۔

تربیت پذیر : [ع+ف۔ صف فاعلی] تربیت کے لائق۔ تربیت پانے والا۔

تربیت کرنا : [ار۔ محاورہ] پالنا۔ پرورش کرنا (۲) تعلیم دینا۔ سکھانا۔

تربیت نااہل را چوں گردگاں برگنبد است : [ف۔ مقولہ] کمینے پر تربیت کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔

تربیدی : [ہ۔ صف] تین دیدوں کو جاننے والا (۲) برہمنوں کی ایک قوم۔

تربیع [ع ۔ امث] (۱) چار میں تقسیم کرنا (۲) مربع بنانا (۳) (نجوم) ستاروں کی وہ ہیئت جب ایک دوسرے سے چوتھائی دائرے یا تین برجوں یا نوے درجے کے زاویے کا فرق ہو جسے منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

تربینی [ہ ۔ امث] وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں۔

ٹروپ [ا ۔ اند] (۱) انگریزی TROOP کا مورد۔ ساٹھ یا اسی سواروں کی جماعت (۲) ٹرمپ TRUMP کا مورد) تاش میں رنگ مقرر کر کے کھیلنا۔

ترپال [ا ۔ اند] انگریزی TARPAULIN کا مورد) وہ ٹاٹ جس میں پانی جذب نہیں ہوتا۔

ترپان [ا ۔ اند ق] بازگشت

ترپانا [ا ۔ مص] دیکھئے "ترپنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ترپائی [ا ۔ امث] (۱) بخیے کے اوپر کی سیون (۲) وہ سلائی جو کپڑے کے کنارے دبانے کے لئے کی جاتی ہے

ترپائی کرنا [ا ۔ مص] دیکھئے "ترپنا"۔

تڑپڑیاں کھانا [ا ۔ ۔ ق] بے قرار ہونا۔

ترپن [ا ۔ امث] دیکھئے "ترپائی"۔

ترپنا [ا ۔ مص] دبا کر سینا۔ سیون کے اوپر ایک اور سلائی کرنا۔ کپڑے کے سرے موڑ کر سینا۔

ترپولیا [ہ ۔ اند] (۱) سہ درہ۔ تین در کی عمارت (۲) تین بڑے دروازے جو بازار کے شروع میں بنائے جاتے تھے۔ تاکہ جلوس یا ہاتھی وغیرہ نکل سکیں۔

تڑپھڑنا [ا ۔ مص ۔ ق] بے قرار ہونا۔

ترپھلا [ہ ۔ اند] (۱) ہڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ ان تین دواؤں یا پھلوں کو ترپھلا کہتے ہیں۔ اطریفل (۲) تین پھل کا چاقو۔

ترت [ہ ۔ صف] جلد۔ فوراً۔ ابھی۔ اسی وقت۔

ترتا ترت [ہ ۔ صف] دیکھئے "ترت"۔

ترت پھرت [ہ ۔ امث] (۱) پھرتی۔ چالاکی۔ تیزی۔ طراری (۲) (صف) بہت تیزی اور پھرتی سے فوراً۔

ترترا [ہ ۔ صف] (۱) تیز۔ چست۔ چالاک (۲) بہت باتیں بنانے والا۔ چرب زبان۔

ترتراتا [ہ ۔ صف] گھی میں ڈوبا ہوا۔ جس کھانے سے گھی ٹپکے۔

ترترانا [ا ۔ مص ۔ ق] سرسرانا۔

ترتراتی [ہ ۔ صف ۔ امث] دیکھئے "ترتراتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ترتری [ہ ۔ صف ۔ مث] (۱) دیکھئے "ترترا" جس کی یہ تانیث ہے (۲ ۔ ق) ترہی بگل۔

ترترِیا [ہ ۔ صف] (۱) طرار۔ تیز۔ چالاک (۲) چرب زبان۔ جلد باتیں کرنے والا (۳) سخن چیں۔

ترتیب [ع ۔ امث] (۱) اپنے مرتبے سے رکھنا۔ درجہ بدرجہ ٹھیک رکھنا (۲) آراستگی۔ درستی۔ سجاوٹ (۳) انتظام۔ بندوبست۔ تسلسل۔ صف بندی (۴) طریقہ ڈھنگ۔ ڈول (۵) جنس واری۔ سلسلہ بندی۔ تقسیم (۶) کتاب یا مضامین کی تدوین (۷) جبر و مقابلہ میں ہر قاعدہ کا نام (افعال۔ آنا۔ دینا۔ کرنا۔ لگانا۔ ہونا)

ترتیب ہجی [ع ۔ امث] حروف تہجی کا سلسلہ۔

ترتیب سے [ا ۔ متعلق ۔ فعل] قرینے سے۔ ڈھنگ سے۔ سلسلہ وار۔

ترتیب وار [ا ۔ متعلق فعل] دیکھئے "ترتیب سے"۔

ترتیبی [ع ۔ صف] درمیانی حکم۔ مرتب کرنے والا۔ ترتیب سے متعلق۔ تمہیدی۔

ترتیل [ع ۔ امث] (۱) ٹھہر ٹھہر کر صاف پڑھنا (۲) قرآن کو حروف کے مخارج سے ادا کر کے آہستگی سے پڑھنا۔

ترجانا [ا ۔ محاورہ] (۱) نام آور ہونا۔ نیک نام ہونا۔ نجات حاصل کرنا (۲) مالا مال ہونا (۳) رتبۂ عالی پانا۔

ترجگ [ا ۔ اند ق] دیکھئے "ترجھوک"۔

ترجمان [ع ۔ صف] (۱) فصیح۔ تیز زبان۔ خوش تقریر (۲) ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنیوالا (۳) تشریح کرنے والا۔ تفسیر کرنے والا (۴) سفیر یا ایلچی جو کسی کی نمائندگی کرے۔ اس کے مطلب کو اپنے لفظوں میں سمجھائے (ترزبان کا معرب)

ترجمانی [ع ۔ ف ۔ امث] دیکھئے "ترجمان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ترجمہ [ع ۔ اند] (۱) ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کی ہوئی عبارت۔ (۲) کسی کی زندگی کا مرقع یا خاکہ۔

ترجّی [ع ۔ امث] ایسی چیز کا امیدوار ہونا۔ جس کا حاصل ہونا ممکن ہو۔

ترجیح [ع ۔ امث] (۱) فوقیت۔ فضیلت۔ برتری۔ سبقت (۲) کسی ایک چیز کو دوسری کے مقابلے میں پسند کرنا۔

ترجیح بلا مرجح [ع ۔ امث] بلا وجہ فوقیت دینا۔ بغیر کسی سبب کے ترجیح دینا۔

ترجیح دینا [ا ۔ مص مرکب] فوقیت دینا۔ فضیلت دینا۔ مقابل پر مقدم رکھنا۔

ترجیح رکھنا [ا ۔ محاورہ] فضیلت رکھنا۔ دوسرے پر فوقیت رکھنا۔ اچھا یا بہتر ہونا۔

ترجیع [ع ۔ امث] (۱) پلٹانا (۲) مصیبت میں انا للہ وانا الیہ راجعون کہنا (۳) ستاروں کا اپنی عام حرکت میں واپس آنا۔ یعنی مغرب سے مشرق کی طرف جانا (۳) بازگشت۔ واپسی۔ رجوع۔

ترجیع بند [ع ف ۔ اند] نظم کی ایک قسم جس میں چند شعروں کے بعد ایک معین شعر بار بار بند کے آخر میں لایا جاتا ہے۔

ترچھا [ہ ۔ صف] (۱) ٹیڑھا۔ آڑا۔ کج۔ بانکا (۲) ناخوش۔ غصے میں بھرا ہوا (۳) مخالف۔ منحرف (۴ ۔ اند) ایک قسم کا کپڑا

جس سے پاجامے بناتے ہیں۔

ترچھاپَن [ہ اند] ترچھائی۔ بانکپن۔

ترچھا جوڑا [ہ اند] وہ جوڑا جو سر کے ایک طرف بندھا ہوا ہو۔

ترچھا دیکھنا [ار محاورہ] ترچھی نظر سے دیکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ بھینگا ہونا۔

ترچھا کرنا [ار مص مرکب] ٹیڑھا کر دینا۔ ڈھلوان کرنا۔

ترچھا لگنا [ار محاورہ] ٹیڑھا ہو کر لگنا۔ آڑا لگنا

ترچھا ہونا [ار محاورہ] ناراض ہونا۔ غصّے ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔

ترچھائی [ہ امث] کجی۔ ٹیڑھا پن۔

ترچھی [ہ صف] ٹیڑھی۔ بانکی۔ ترچھا کی تانیث۔

ترچھی آنکھ / نظر / نگاہ [ہ امث] ۱۔ غصّہ کی نظر۔ نگاہِ غضب۔ ۲۔ نگاہِ ناز۔ معشوقانہ انداز سے دیکھنا۔ ۳۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔

تَرَحُّب [ع اند] مرحبا کہنا۔ آؤ بھگت کرنا۔

تَرَحُّم [ع اند] رحم۔ ترس۔ ۲۔ مہربانی۔ شفقت [افعال :۔ آنا۔ کرنا]

تَرحیب [ع اند] مہمان کی آؤ بھگت۔ خاطر تواضع۔

تَرحیم [ع امث] کسی پر رحم کرنا۔ ۲۔ کسی کو رحمک اللہ کہنا۔

تَرخان [ع صف] جس کی شخصیت قانون سے بالا ہو۔

تَرخنا [ہ مص] تڑکنا۔ شگاف ہونا۔ پھٹ جانا۔

تَرخیص [ع امث] رخصت۔ اجازت۔

تَرخیم [ع امث] دم کاٹنا۔ ۲۔ کسی کلمہ یا لفظ کے آخر کو گرا دینا جیسے "جزو" سے "جُز" رہ جانا۔

تَرَدُّد [ع اند] ۱۔ سوچ۔ فکر۔ اندیشہ۔ ۲۔ کشمکش و پیچ۔ پس و پیش۔ تذبذب۔ ۳۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بے قراری۔ ۴۔ انکار۔ رد۔ ۵۔ محنت۔ مشقت۔ کام۔ ۶۔ کاشت کاری۔ کسی سے پیچھے ہٹ جانا۔

تَرَدُّدِ ناجائز [ع اند] ناجائز کاشت۔ قانون کے خلاف کاشت۔

تردید [ع امث] کسی بات کا رد کرنا۔ کسی بات کا پھیر دینا۔ ۲۔ مخالفت کرنا۔ ۳۔ ردّ۔ جواب۔ بطلان۔ ۴۔ تنسیخ۔ منسوخی [افعال :۔ کرنا۔ ہونا]

تَرَس [ار اند] ۱۔ ڈر۔ خوف۔ بیم۔ ہراس۔ دہشت۔ ۲۔ رحم۔ درد۔ ۳۔ آرزو۔ خواہش۔

ترس آنا [ار محاورہ] رحم آنا۔

ترس جانا [ار محاورہ] خواہش مند ہونا۔ کسی چیز کا بھوکا ہونا۔

ترس کھانا [ار محاورہ] رحم کھانا۔ رحم کرنا۔

تَرس [ف لاحقہ فاعلی] ترسیدن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ڈرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً خداترس۔

ترسا ترسا کر کے دینا [ار محاورہ] تھوڑا تھوڑا دینا۔ خواہش دلا کر دینا۔ کم دینا۔

ترسا ترسا کر کے مارنا [ار محاورہ] سخت شوق دلا کر نہ دینا۔ پھڑکا پھڑکا کر مارنا۔ ۲۔ بڑی تکلیف سے مارنا۔

ترسا مارنا [ار محاورہ] تڑپانا۔ بے چین کرنا۔

تَرسا [ف صف] ۱۔ خوف زدہ۔ ڈرنے والا۔ وہم کرنے والا۔ ۲۔ [مذ] نصرانی۔ آتش پرست۔

ترساں [ف صف] خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔

ترسانا [ار مص] ۱۔ للچانا۔ خواہش دلانا۔ امیدوار رکھ کے نہ دینا۔ ۲۔ جھوٹی امید دلانا۔ خواہش سے کم دینا۔

ترسنا [ار مص] خواہش مند ہونا۔ کسی چیز کا بھوکا ہونا۔ ۲۔ ایسی چیز کی امید باندھنا جو ہاتھ نہ آسکے۔ بہت مشتاق ہونا۔ اشتیاق میں رہنا ۳۔ پھڑکنا۔ بے چین ہونا۔ ۴۔ بیم و رجا میں رہنا۔

تِرسُول [ہ اند] تین نوک کا نیزہ یا بھالا۔ ۲۔ مہادیو کا ہتھیار۔ ۳۔ لوہے کا بنا ہوا نشان جس کو ہندو مندروں میں نصب کرتے ہیں۔ ۴۔ پنجے کی شکل کا ہتھیار جس کو ہندو جوگی ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

تَرسوں [ار صف] گزرا ہوا یا آنے والا تیسرا دن۔ (اترسوں فصیح ہے)

تَرسیل [ار امث] روانہ کرنا۔ بھیجنا۔ ارسال کرنا۔ ۲۔ روانگی۔ اطلاع (ان معنوں میں یہ لفظ عربی میں نہیں آتا۔ اُردو والوں نے ارسال سے تفعیل کے وزن پر خود بنالیا ہے۔

تُرش [ف صف] ۱۔ کھٹا۔ ناخوش۔ ناراض۔ ۳۔ بدمزاج۔ بد دماغ۔

ترش ابرو / رخسارہ / رُو [ف صف فاعلی] بدمزاج۔ بدخو۔ چڑچڑا۔

ترش رُوئی [ف امث] (ترش رُو کا اسم کیفیت) ۱۔ بدمزاجی۔ بد دماغی۔ چڑچڑاپن۔ ۲۔ سختی۔ سخت گیری [افعال :۔ کرنا۔ ہونا]

ترش مزاج [فع صف] بدمزاج۔ بدخو۔

ترش مزاجی [فع امث] دیکھیے "ترش مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ترش ہونا [ار محاورہ] ۱۔ کھٹا ہونا۔ ۲۔ رنجیدہ ہونا۔ برہم ہونا۔

تِرشنا [س امث] ۱۔ پیاس۔ تشنگی۔ ۲۔ سخت۔ خواہش۔ تمنا۔ ۳۔ لالچ۔ حرص ۴۔ خواہش کی دیوی جو کام دیو کی بیٹی ہے۔ ۵۔ (بطور صف) پیاسا ۶۔ بہت مشتاق۔ تمنائی۔

تُرشا جانا [ار مص وضعی] کھٹا ہو جانا۔

تُرشاوا [ار صف] لیموں۔ نارنگی وغیرہ کی قسم کے پھل یا درخت۔

ترشائی [ار امث] دیکھیے "ترشی"

ترشّح [ع اند] ۱۔ ٹپکنا۔ ۲۔ بوندا باندی ہونا۔ ۳۔ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا ۴۔ بوندا باندی۔ پھوہار۔ چھڑکاؤ۔ ۵۔ اظہار۔

ترشّح ہونا [ار مص مرکب] ۱۔ پھوہار پڑنا۔ بوندا باندی ہونا۔ ۲۔ ظاہر ہونا۔ پایا جانا۔

تَرشَن [ار امث] تراشہ۔ چھیلن۔

تَرشنا [ار مص] چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا۔ قلم ہونا۔

تِرشنا [س امث] ۱۔ پیاس۔ تشنگی۔ ۲۔ خواہش۔ لالچ۔

تَرشوانا [ار مص] کٹوانا۔ قلم کروانا۔

تُرشی [ف امث] ۱۔ کھٹاس۔ کھٹائی۔ ۲۔ ناخوشی۔ بدمزگی (ترش کا اسم کیفیت)

تَرشیح [ع امث] ۱۔ پانی دینا۔ ۲۔ شاعری کی ایک صنعت جو ایہام کی ایک قسم ہے جس میں قریبی معنی کے مناسبات کا کلام میں ذکر کیا جاتا ہے مثلاً ؎ دل جو دیکھا تو صنم خانہ سے بدتر نکلا

لوگ کہتے تھے کہ اس گھر میں خدا رہتا ہے

اس شعر کے مصرع اوّل میں رہنے کی جگہ گھر یعنی گھر کے مناسبات

میں سے صنم خانہ ہے جو بت کے رہنے کی جگہ ہے۔ یعنی لوگوں کے خیال کے مطابق میں یادِ خدا میں مصروف تھا لیکن میرے دل کو کسی اور کی یاد ہر وقت مصروف رکھتی تھی۔ اس صنعت کو ایہام مرشّح بھی کہتے ہیں۔

تَرَصُّد [ع امذ] اُمید رکھنا۔ گھات لگانا۔ ۲۔ آس۔ امید۔ انتظار۔

تَرصِیع [ع امث] ۱۔ کسی چیز میں جواہر یا نگ جڑنا۔ جڑاؤ کرنا۔ ۲۔ علم بیان کی ایک صنعت جس میں دو مصرعوں یا دو فقروں کے سب کلمات ایک دوسرے کے مقابل بالترتیب اور ہم وزن ہوتے ہیں مثلاً کمال محبت اس کے حال سے ظاہر ہے اور جمال مودّت اس کے قال سے باہر ہے۔

تَرطِیب [ع امث] رطوبت پہنچانا۔ تر کرنا۔ ۲۔ رطوبت۔ نمی۔

تَرغِیب [ع امث] لالچ دلانا۔ رغبت دلانا۔ ۲۔ شوق۔ خواہش۔ رغبت۔ فریفتگی۔

ترغیب دینا [ا رمحاورہ] رغبت دلانا۔ شوق دلانا۔ کسی کام کے کرنے پر آمادہ کرنا۔

تَرفان [ا ر امذ] کموذ، شکل کی لمبی رنبی۔

تَرَفُّع [ع امذ] ۱۔ بلندی چاہنا۔ ۲۔ غرور۔ تکبر۔ ۳۔ بلند ہونے کا شوق۔ برتری

تَرَفہ [ع امذ] دولت مندی۔ آسودگی۔ خوشحالی۔

تَرَقانا [ا رمص] توڑنا۔ شق کرنا۔

تَرَقُّب [ع امذ] امید۔ توقع۔

تَرَقنا [ا رمص] پھٹنا۔ شق ہونا۔ بال آنا۔

تَرَقّی [ع امث] بلندی۔ برتری۔ افزائش۔ اضافہ۔

ترقی پانا [ا رمحاورہ] ۱۔ عہدہ بڑھنا۔ درجہ بڑھنا۔ ۲۔ تنخواہ میں اضافہ ہونا۔ ۳۔ لڑکوں کا اگلی جماعت میں پہنچنا۔

ترقی پذیر [ع ف صف] ۱۔ آگے بڑھنے والا۔ ترقی پانے والا۔

ترقی پسند [ع ف صف] ۱۔ آگے بڑھنے والا۔ ترقی کا خواہاں۔ جدید معاشی اور سائنسی نظریات کا حامی۔ قدامت پرست اور رجعت پسند کی ضد۔ ۲۔ جھلا جا اشتراکی۔ اشتمالی۔ انگریزی لفظ PROGRESSIVE کا ترجمہ

ترقی پسندی [عف امث] دیکھیے "ترقی پسند"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ترقی خواہ [ع ف صف] ترقی چاہنے والا۔

ترقی دینا [ا رمحاورہ] عہدہ یا درجہ بڑھانا۔ ۲۔ تنخواہ بڑھانا۔

ترقی کرنا [ا رمص مرکب] مرتبہ زیادہ ہونا۔ آگے بڑھنا۔ ۲۔ عہدہ بڑھنا۔ ۳۔ مال و دولت زیادہ ہونا۔ ۴۔ کسی امر میں زیادہ واقفیت حاصل کرنا

ترقی ہونا [ا رمص مرکب] دیکھیے "ترقی کرنا"، جس کا یہ لازم ہے۔

ترقی یافتہ [ع ف صف] ترقی پایا ہوا۔

تَرقِیق [ع امث] پتلا ہونا۔ ہلکا ہونا۔ پانی کی طرح بہنا۔

تَرقِیم [ع امث] لکھنا۔ تحریر کرنا۔

تَرُوک [ا ر امذ] وہ کلمہ جو صفحۂ اوّل کے آخر اور صفحۂ دوم کے شروع میں لکھا جاتا ہے تاکہ سہو نہ ہو [افعال: لگانا۔ ملانا]

تَرَک [ہ امث] کڑی۔ شہتیر۔

تَرْک [ع امذ] ۱۔ چھوڑنا۔ درگزر۔ ۲۔ بھول چوک۔ ۳۔ دست کشی۔ دست برداری۔ ۴۔ وہ عبارت جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیہ پر لکھی جائے۔

ترکِ اَدَب [ع امذ بہ ترکیب فارسی] بے ادبی۔ گستاخی۔ بدتہذیبی۔ جرأت۔

ترکِ اَولیٰ [ع امذ بہ ترکیب فارسی] اس فعل کا ترک جس کا کرنا افضل ہے۔

ترکِ حیوانات [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ان چیزوں کا ترک جو حیوانات سے پیدا ہوتی ہیں مثلاً گوشت۔ دودھ۔ دہی۔ انڈے۔ مچھلی وغیرہ سے پرہیز

ترکِ دنیا [ع امذ بہ ترکیب فارسی] فقیر ہو جانا۔ دنیا چھوڑنا۔ خلوت گزینی۔

ترکِ رسا [ع ف امذ] دنیاداری اور عیش و عشرت سے باز آنا۔ قطع تعلق۔ توبہ۔

ترکِ صحبت [ع امذ بہ ترکیب فارسی] دوستی توڑ دینا۔ قطع تعلق کر لینا۔

ترک کرنا [ا رمص مرکب] ۱۔ چھوڑ دینا۔ تیاگنا۔ ۲۔ کسی چیز سے باز آنا۔ قطع تعلق کر لینا۔ الگ ہو جانا۔

ترکِ لذّات [ع امذ بہ ترکیب فارسی] عیش و عشرت چھوڑ دینا۔ آرام و آسائش کی چیزیں چھوڑ دینا۔

تُرک لگانا [ا رمحاورہ] اجزا کو ترتیب دینا۔

ترکِ مُوالات [ع امذ بہ ترکیب فارسی] کسی کے ساتھ مل کر کام نہ کرنا۔ عدم تعاون (انگریزی NON CO-OPERATION کا ترجمہ)

ترکِ وَطَن [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ہجرت کرنا۔ اپنا وطن چھوڑنا۔ ہجرت۔ مہاجرت۔

تُرک [ف امذ] ۱۔ ترکستان کا باشندہ۔ ۲۔ مسلمانوں کی ایک قوم جو ترکیہ اور تاتار کے علاقہ میں آباد ہے۔ ۳۔ سپاہی۔ بہادر۔ ۴۔ معشوق۔ ۵۔ مسلمان۔

تُرک بچہ [ف امذ] ترک لڑکا۔ حسین جوان۔

تُرک تاز [ف صف] جنگجو۔ سپاہی۔ لٹیرا۔

تُرک تازی [ف امث] دیکھیے "ترک تاز"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تُرک سوار [ف امذ] مسلمان سوار جو گھوڑے پر سوار ہو۔ ۲۔ وہ ہندوستانی سوار جن کو ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی سے قبل انگریزی پوشاک پہنائی جاتی تھی اور گھوڑا اور دیگر تمام سامان سرکار سے ملا کرتا تھا۔

تُرکِ فلک/گردوں [ف امذ] ۱۔ سورج۔ ۲۔ مریخ۔

تَرکاری [ا ر امث] ۱۔ ساگ پات۔ سبزی۔ ۲۔ پھل پھلاری۔ میوہ۔ ۳۔ (ہند) گوشت۔

ترکاری بنانا [ا رمحاورہ] سبزی کو پکانے کے لئے تیار کرنا۔ ۲۔ سبزی پکانا۔

ترکاری چڑھانا [ا رمحاورہ] ترکاری کو بنا کر چولہے پر رکھنا۔

تُرکانہ [ف صف] ترک کی طرح۔ ترکی۔

تُرکانی [ف امث] ایک ڈھیلا ڈھالا کپڑا جو ترک عورتیں پہنتی ہیں۔

تِرکُٹا [ہ امذ] سونٹھ۔ پیپل اور سیاہ مرچ کا سفوف جو ہاضمہ کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔

تَرکُٹی [س امث] تکلا۔ سلائی۔

تِرکس [ا رصف ق] ٹیڑھا۔ آڑا۔

تَرکَش [ف امذ] تیر رکھنے کا خول۔ تیردان (تیرکش کا مخفف)

ترکش میں تو دو تیر نہیں پر شرماشرمی لڑتے ہیں [ا رمثل] امید تو نہیں رہی مگر کوشش جاری ہے۔

تُرکمان [ف امذ] ایک قوم جو ترکوں سے کم مرتبہ ہونے کی وجہ سے

ترکمان کہلاتی ہے۔

ترکم ترکا [ار امث] اَن بَن۔ جدائی۔ ملنا جلنا موقوف کر دینا۔

ترکن [ار امث] ۱۔ ترک کی بیوی۔ ۲۔ ترک قوم کی عورت۔ ۳۔ سپاہی کی عورت۔ ۴۔ مسلمان عورت۔

ترکنی [ار امث] وہ عورت جو شاہی محل میں چوکی پہرا دے۔

ترکہ [ع اند] ۱۔ مردے کی جائداد۔ وہ جائداد جو انسان مرنے کے بعد چھوڑتا ہے۔ ۲۔ ورثہ۔ میراث۔ (عربی میں ترکہ بکسرِ ثانی ہے)

ترکہ بٹنا [ار مص ترکیب] متوفی کی جائداد کا حصہ داروں میں تقسیم ہونا۔

ترکۂ پدری [عف اند] باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب۔

ترکھنٹی / ترکھونٹ / ترکھونٹی [ہ صف] ۱۔ تین کونوں والی شکل۔ مثلث۔ تکون۔ ۲۔ تپائی۔ ۳۔ ایک مثلث شکل کا ہتھیار۔

تُرکی [ف امث۔ مذ صف] ۱۔ ترکوں کی بولی۔ ۲۔ ترکستان کا گھوڑا۔ ۳۔ سپاہی پن مردانگی۔ ۴۔ غرور۔ نخوت۔ ۵۔ ترکستان کا باشندہ۔ ۶۔ ترکستان کا بنا ہوا۔ ۷۔ ترکستان کے متعلق۔

تُرکی بہ تُرکی جواب دینا [ار محاورہ] ۱۔ جیسا کوئی کہے ویسا جواب دینا۔ ۲۔ سخت جواب دینا۔

تُرکی پیٹے تازی کانپے / کسکے کان ہوں [ار مثل] ایک کو سزا کا دوسروں کو اثر ہو۔

تُرکی تمام کرنا [ار محاورہ] ۱۔ گھمنڈ دور کرنا۔ ۲۔ ساری بہادری نکال دینا۔

تُرکی تمام ہونا [ار محاورہ] ۱۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔ غرور نکلنا۔ ۲۔ خاتمہ ہونا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔ ۳۔ ساری بہادری نکلنا۔ سپہ گری کا خاتمہ ہونا۔

ترکیب [ع امث] ۱۔ مرکب کرنا۔ کئی چیزوں کو ملانا۔ ۲۔ بناوٹ۔ ساخت۔ تناسب۔ ۳۔ ڈھنگ۔ طور۔ کسی چیز کے بنانے کا خاص طریقہ۔ ۴۔ تدبیر۔ علاج۔ ۵۔ (اصطلاح نحو میں) جملے کے اجزا کی بندش۔ ۶۔ وہ لفظ جو دو یا دو سے زیادہ لفظوں سے مل کر بنے۔ مرکب لفظ۔

ترکیب بند [ع ف اند] نظم کی ایک قسم جس میں چند شعروں کے بعد معین شعر کی بجائے مختلف شعر لاتے ہیں۔

ترکیب دینا [ار محاورہ] ۱۔ ملانا۔ بنانا۔ ۲۔ مختلف اجزا کو ملا کر تیار کرنا۔

ترکیب سوجھنا [ار محاورہ] طریقہ خیال میں آنا۔ تدبیر سوجھنا۔

ترکیب سے چلنا [ار محاورہ] کفایت شعاری سے گزر کرنا۔ ڈھنگ سے چلنا۔ ہوشیاری سے کام کرنا۔ خاص اصول پر کاربند ہونا۔

ترکیب کرنا [ار محاورہ] ۱۔ مرکب کرنا۔ ملانا۔ ۲۔ تدبیر کرنا۔ صورت نکالنا۔ ۳۔ جملے کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے اس کے متعلقات بتانا۔ ۴۔ ضبط و بست کرنا۔ انتظام کرنا۔

ترکیب نکالنا [ار محاورہ] تدبیر بنانا۔ ڈھنگ نکالنا۔ طریقہ سوچنا۔

ترکیب نکلنا [ار محاورہ] طریقہ نکلنا۔ ڈھنگ معلوم ہونا۔

ترکیبی [ع صف] ۱۔ مرکب۔ بنا ہوا۔ ملا ہوا۔ ۲۔ بناوٹی۔ مصنوعی۔ ساختہ۔

ترگن [ا صف ق] ۱۔ تین گنا۔ ۲۔ قدرت اور ہر چیز کی تین خاصیتیں۔ ۳۔ ترگن یعنی تین خاصیتوں والا۔

ترلوک [س اند] ۱۔ تین عالم۔ آسمان۔ زمین اور پاتال۔ ۲۔ کائنات۔

ترم [ہ اند] (انگریزی TRUMPET کا مورد) ایک قسم کا باجا جس سے نرج میں قواعد کا حکم سنایا جاتا ہے۔ بگل۔ ترئی۔

ترم (باز) خاں [ہ اند] شیخی باز۔ ڈینگ مارنے والا شخص۔

ترمتی [ہ امث] ایک شکاری پرندہ۔ باز یا شکرے کی قسم سے ایک پرندہ۔

ترمرا [ہ اند] ۱۔ وہ چکنائی جو پانی کے اوپر تیرتی ہے۔ ۲۔ وہ ذرہ جو دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے نظر آتا ہے۔

ترمراہٹ [ہ امث] چندھیاپن۔ سنسناہٹ۔ تھرتھراہٹ۔

ترمری [ہ امث] ۱۔ آنکھوں کے آگے کی تاریکی۔ ۲۔ دوران سر۔ چکر۔

ترمرے [ہ اند] دیکھیے "ترمرا" جس کی یہ جمع ہے۔

ترمکھ [ہ صف] ۱۔ تین چہروں والا۔ تین منہ والا۔ ۲۔ تین دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔

ترمنڈ [ا صف ق] مکار۔ حیلہ باز۔

ترمیم [ع امث] ۱۔ درستی کرنا۔ مرمت کرنا۔ ۲۔ درستی۔ اصلاح۔ ۳۔ تبدل۔ تغیر۔ نظرثانی۔ ۴۔ سنوارنا۔

ترنا [ا مص] پانی کے اوپر آنا۔ تیرنا۔

ترنت [ہ امث] جلدی۔ فوراً۔

تُرنج [ف اند] ۱۔ چکوترا۔ ایک قسم کا بڑا لیمو۔ ۲۔ کارچوبی کام کے پان کی شکل جو شال وغیرہ کے کونوں پر بنا دیتے ہیں (فارسی میں تُرنج ہے)

ترنجبین [ع امث] (ترنگبین کا معرب) ۱۔ ایک قسم کی قدرتی شکر جو اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے۔ ۲۔ افشردہ لیموں جس میں کھانڈ ملا کر پیتے ہیں (عربی میں ترنجبین ہے)

ترنجی [ف صف] ۱۔ ترنج سے منسوب۔ ترنج کا۔ ۲۔ بسنتی رنگ کا۔ نارنجی رنگ کا۔

ترنڈا [ہ اند ق] ۱۔ لکڑی کا چوکھٹا۔ ۲۔ کشتی۔ ناؤ۔

ترنڈی [ہ امث ق] آنت۔

ترنگ [ف امث] ۱۔ تیر کے چھوٹنے کی آواز۔ ۲۔ ساز بجانے وقت تار کی صدا۔ ۳۔ جسم پر لگتے وقت یا ٹوٹتے وقت تلوار کی آواز۔

ترنگ [ہ امث] ۱۔ لہر۔ موج۔ امنگ۔ جوش۔ ۲۔ نشہ کی حرکت۔ ۳۔ وہم۔ ۴۔ شیخی۔ لاف گزاف۔

ترنگ آنا [ار محاورہ] جوش آنا۔ حوصلہ پیدا ہونا۔

ترنگ سوجھنا [ار محاورہ] دھیان بندھنا۔ ارادہ ہونا۔

ترنگ [ہ اند] ۱۔ تیز چلنے والا۔ ۲۔ گھوڑا۔

ترنگا ترنگ [ف امث] تلوار کی آواز جو سخت چیز پر پڑنے سے آتی ہے۔

ترنم [ع اند] ۱۔ گانا۔ الاپنا۔ ۲۔ غنا۔ الاپ۔ ۳۔ گنگنانا۔

ترنم ریز / زا [ع ف صف] وہ آواز جس سے ترنم پیدا ہو۔ ترنم پیدا کرنے والا۔ گانے والا۔

ترنم ریزی / زائی [ع ف امث] دیکھیے "ترنم ریز / ترنم زا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ترنم سرا [ع ف صف] گانے والا۔

ترنم سرائی [ع ف امث] دیکھیے "ترنم سرا"

ترنیاں [ا ر امث ق] جوان عورتیں۔
ترواڑ [ا ر امث ق] تلوار۔
تروٹ [ہ امث] گانے کا ایک خاص انداز جو امیر خسرو کی ایجاد ہے ترانہ۔ ۲۔ (ق) جلد۔ فوراً۔
تڈور [ہ امذ] ایک قسم کا درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے اس کے پھل اور بیج دوائیوں میں استعمال ہوتے ہیں۔
تڑدوریا [ہ صف] تلوار چلانے والا۔
ترویج [ع امث] رواج۔ شہرت۔ ۲۔ رواج کرنا۔ اشاعت کرنا۔ جاری کرنا [افعال : ۔ دینا۔ کرنا]
ترویحہ [ع امث] دیکھیے "تراویح" جس کا یہ واحد ہے۔
ترویدی [س صف] دیکھیے "تربیدی"
ترویہ [ع امذ] ذوالحج کی آٹھویں تاریخ۔ اس دن حج شروع ہوتا ہے
ترہ [ف امذ] ساگ۔ ترکاری۔ سبزی۔
ترہ تیزک [ف امذ] ہالم ایک قسم کی بوٹی جس کی چٹنی بناتے ہیں۔
ترہ فروش [ف صف] سبزی یا ترکاری بیچنے والا۔ کنجڑا۔
ترہ ترہ کرنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "تراہ تراہ کرنا"
ترہی / ترُئی / ترُہی [ہ امث] بگل۔ ترُم۔ ایک قسم کی لمبی نفیری۔
ترئی [ہ امث] ایک ترکاری کا نام۔
تری [ف امث] ۱۔ رطوبت۔ نمی۔ ۲۔ بحر۔ سمندر (تر کا اسم کیفیت)
تری [ہ صف] تین (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ ۲۔ تاش کا وہ پتا جس پر تین نشان ہوتے ہیں۔ ق۔
تری [ا ر ضمیر] دیکھیے "تیری" جس کا یہ مخفف ہے۔
تیری آواز مکے اور مدینے [ا ر مثل] تیری شہرت دور دور ہو۔
تری مورتی / ترمورتی [س صف] ۱۔ تین شکلوں یا صورتوں والا۔ جیسے برماجی، شیوجی اور وشن جی۔ ۲۔ ہندو تثلیث جو برماجی شیوجی وشن جی پر مشتمل ہے۔
ترے گا سو ڈوبے گا [ا ر مثل] ہنرمند ہی نقصان اٹھاتا ہے۔
تریا [ہ امث] عورت۔ زن۔
تریا بید [ہ امذ] علم نسواں۔ عورتوں کی واقفیت۔
تریا چرتر / چلتر [ہ امذ] عورتوں کے مکر و فریب۔
تریا راج [ہ امذ] عورتوں کی حکومت۔ عورتوں کا زور۔
تریا مت میں آنا [ہ محاورہ] عورتوں کی عقل پہ چلنا۔
تریا ہٹ [ہ امث] عورتوں کی ضد۔
تریاق [ع امذ] زہرمہرہ۔ زہر کی دوا۔ ۲۔ وہ دوا جو زہر کے اثر کو زائل کر دیتی ہے۔
تریاک [ف امذ] ۱۔ زہرمہرہ۔ ۲۔ افیون۔
تریاکی [ف صف] افیونی۔ چانڈو باز۔
تریاں [ا ر امث ق] مچھلیاں۔
تریانو [ا ر اعدد ق] ترانوے۔ ۹۳۔ نوّے اور تین کا مجموعہ۔
تری بری [ہ صف] جدا جدا۔ منتشر۔ تتر بتر۔

ترپن / ترپن [ا ر اعدد] پچاس اور تین۔
ترتیا [س امذ] ہندوؤں کا دوسرا جگ جو بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کا بتایا جاتا ہے۔
تریڑا [ہ امذ] ۱۔ پانی جو دھار باندھ کر ڈالا جاتا ہے۔ ۲۔ دواؤں میں جوش دیا ہوا پانی دھار باندھ کر ڈالنا۔ ۳۔ کسی نجاست سے بھرے ہوئے کپڑے یا عضو پر پانی کی دھار گرانا [افعال : ۔ دینا۔ کرنا]
تریڑنا [ا ر مص] دھار باندھ کر پانی ڈالنا۔
تریز [ف امث] کرتے کے چوڑے منہ کی کلی جو بغلے کے نیچے پڑتی ہے۔ ۲۔ کپڑے کا مثلث شکل کا ٹکڑا۔
ترسیٹھ / ترسٹھ [ا ر اعدد] ساٹھ اور تین۔ ۶۳۔
تڑیل [ہ امث] مست ہتھنی جس پر دوسرے ہاتھیوں کا چارہ لاد کر لاتے ہیں
ترنید / ترنیدا [ہ امذ] جونک۔ یا وہ ہلکی لکڑی جو مچھلی پکڑنے کی چھڑ میں لگا دیتے ہیں، جو پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ہے۔

ت ۔ ڑ

تڑ [ا ر صوت مذ] تھپڑ کی آواز۔ صدمہ یا ضرب کی آواز۔ چٹاخ۔
تڑ جانا [ا ر محاورہ] پرکھ لیا جانا۔ پہچان لیا جانا۔
تڑ دے سے [ا ر متعلق فعل] تڑاخ سے۔ تڑ کی آواز کے ساتھ۔
تڑ سے [ا ر متعلق فعل] گستاخی سے۔ بے باکی سے۔ ۲۔ فوراً۔
تڑا بھڑی [ہ امث] ۱۔ شتابی۔ جلدی۔ ۲۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔ (۳) موت کی گرم بازاری۔
تڑا بھڑی پڑنا [ا ر محاورہ] گھبراہٹ ہونا۔ اضطراب ہونا۔
تڑا بھڑی ہونا [ا ر محاورہ] موت کی گرم بازاری ہونا۔ جلدی جلدی مرنا۔ پے در پے مرنا۔
تڑا پڑ [ا ر متعلق فعل] دیکھیے "تڑ پڑ"
تڑا تڑ [ا ر صوت مث] ۱۔ مارنے کی لگاتار آواز۔ جوتیوں یا لکڑی سے مارنے کی آواز۔ ۲۔ بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز۔
تڑا تڑ جواب دینا [ا ر محاورہ] دو بدو کرنا۔ جلد جلد جواب دینا۔
تڑاخا / تڑاکا [ا ر امذ] کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ ۲۔ کسی چیز کا قحط۔ ۳۔ شدت کی گرمی۔ ۴۔ شدت کی پیاس۔
تڑاخا بھرنا [ا ر محاورہ] زور کی آواز سے اڑنا۔ فراٹا بھرنا۔
تڑاڑنا [ا ر مص ق] گھوڑے کا پٹک مارنا
تڑاق / تڑاک [ا ر امذ مث] کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ ۲۔ تھپڑ یا جوتے کی آواز
تڑاق پڑاق [ا ر امذ] ۱۔ کوڑے کی آواز۔ تڑا تڑ۔ سڑا سڑ۔ ۲۔ کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ ۳۔ بیباکانہ گفتگو۔ ۴۔ متعلق فعل۔ جلد۔ فوراً۔ پے در پے ۵۔ تیرا تر۔ ۵۔ صف۔ تیز زبان۔ چلبلا۔ شوخ مزاج۔ طرار۔
تڑاق تڑاق [ا ر امذ، صف، متعلق فعل] دیکھیے "تڑاق پڑاق"
تڑاق / تڑاخ سے جواب دینا [ا ر محاورہ] بے سوچے سمجھے جواب دینا۔ جو منہ میں آئے کہہ دینا۔

تڑاقا / تڑاکا [ا ر اِمذ] ۱۔ کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ ۲۔ چٹاخا۔ بوسے کی آواز۔ ۳۔ چٹخارہ۔ ذائقہ۔ ۴۔ بجلی سا کڑاکا۔ صاعقہ۔ ۵۔ حقے کی زور کی آواز۔ ۶۔ شور و غل۔ ۷۔ طوفان کی گڑگڑاہٹ۔ مینہ کا شور۔ ۸۔ گرمی کی شدت۔ دھوپ کی تیزی۔ ۹۔ پیاس کی شدت۔ ۱۰۔ کسی چیز کا قحط۔ ۱۱۔ چمک دار چیز جو لیمپ کی روشنی کو بڑھانے میں مدد دیتی ہے۔ ۱۲۔ تڑپ۔ ۱۳۔ سناٹا۔ ویرانی۔

تڑاقا بیتنا [ا ر محاورہ] فاقہ گزرنا۔ کچھ نہ کھانا۔

تڑاقا کھا جانا [ا ر محاورہ] ۱۔ پھٹ جانا۔ یکایک چٹخ جانا۔ ۲۔ بیہوش ہو جانا۔ ۳۔ جل جانا۔ ۴۔ کمی ہو جانا۔

تڑاقے / تڑاکے / تڑاخے [ا ر اِمذ] دیکھئے "تڑاقا" جس کی یہ جمع ہے۔

تڑاقے بھرنا [ا ر محاورہ (دہلی)] پرندے کا زور سے اڑنا۔

تڑاقے سے ہونا [ا ر محاورہ] بناؤ سنگار سے ہونا۔

تڑاقے کا [ا ر صفت] شدت کا۔ زور کا۔ ۲۔ چمکیلا۔ بھڑکیلا۔ ۳۔ لذیذ۔ مزہ دار۔

تڑاقے کی دھوپ [ا ر امث] بہت تیز دھوپ۔

تڑانا [ا ر مص] (دہلی) ورم کے باعث جسم کا پھٹا پڑنا۔ زخم کا چرانا۔ ٹپکنا ٹیس پڑنا۔ سخت درد ہونا۔

تڑانا [ہ مص] ۱۔ چھڑانا۔ علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ ۲۔ توڑ ڈالنا۔ توڑ لینا۔ ۳۔ روپیہ بھنانا۔ ریزگاری لینا۔ ۴۔ قیمت میں کمی کرانا۔

تڑادا / تڑاوا [ہ اِمذ] آرائش کا سامان۔ رنگیلا پن۔ ۲۔ خود پسندی۔ دکھلاوا۔

تڑائی [ہ امث] پھل وغیرہ تڑوانے کی اجرت۔ روپیہ بھنانے کا بٹا یا عوضانہ۔

تڑپ [ا ر امث] ۱۔ اضطراب۔ بے چینی۔ بے قراری۔ ۲۔ پھرتی۔ چالاکی۔ شوخی۔ ۳۔ کود۔ پھاند۔ جست۔ ۴۔ جلدی۔ تیزی۔ ۵۔ چمک دمک۔ ۶۔ بجلی کا چمکنا۔ کوندنا۔ ۷۔ دل کا پھڑکنا۔ دھڑک۔ ۸۔ پرندے کا پھڑپھڑانا۔ ۹۔ بے حد خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ ۱۰۔ جوش۔ جذبہ۔ ۱۱۔ کمان کی قوت۔ چھوٹ۔ لپک۔

تڑپ اٹھنا [ا ر محاورہ] بے چین ہو جانا۔ بے قرار ہو جانا۔

تڑپ جانا [ا ر محاورہ] ۱۔ بہت زیادہ لطف اٹھانا۔ ۲۔ شدت سے متاثر ہونا۔

تڑپ جھڑپ [ا ر امث] ۱۔ پھرتی۔ چالاکی۔ شوخی۔ ۲۔ جوش۔ زور۔ شور۔

تڑپ کر [ا ر متعلق فعل] بے قرار ہو کر۔ گھبرا کر۔ بے چین ہو کر۔ ۲۔ جلدی سے پھرتی سے۔ ۳۔ کود کر۔ پھاند کر۔ ۴۔ تلملا کر۔ کسمسا کر۔

تڑپ کھانا [ا ر محاورہ] تیزی سے جست لگانا۔

تڑپا دینا [ا ر محاورہ] بے قرار کر دینا۔ ۲۔ ہنسا دینا۔ لٹا دینا۔

تڑپانا [ا ر مص] ۱۔ بے قرار کرنا۔ بے چین کرنا۔ پھڑکانا۔ اضطراب میں ڈالنا۔ ۲۔ ترسانا۔ ۳۔ کدانا (گھوڑے کا)

تڑپتا ہوا [ا ر صفت] ایسا با موقع فقرہ یا عمدہ شعر جو سننے والے کو بے قرار کر دے یا شدت سے متاثر کرے۔

تڑ پڑ [ا ر امث] ۱۔ کسی کے جواب میں بغیر توقف کئے کچھ کہنا۔ ۲۔ جلد۔ عجلہ۔ فی البدیہ

تڑپڑاہٹ [ا ر امث] ۱۔ مرچ یا کسی اور چیز کی تیزی کا اثر جو زبان پر محسوس ہو۔ ۲۔ بے قراری۔ بے چینی۔ اضطراب۔

تڑپڑی [ا ر امث] بے قراری۔ بے چینی۔ نیز دیکھئے "تڑپڑاہٹ"

تڑپڑیاں [ا ر امث ق] پیچ و تاب۔

تڑپنج [ا ر امث] بے چینی۔ بے کلی۔

تڑپنا [ا ر مص] ۱۔ لوٹنا۔ تلملانا۔ بے تاب ہونا۔ ۲۔ اس مرغ کا بند توڑ کر اڑ جانا جس کے بال و پر بندھے ہوں۔ ۳۔ فوراً کود کر چلا جانا۔ جست کرنا۔ ۴۔ دھڑکنا (دل کا) ۵۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔ اڑنے کی کوشش کرنا ۶۔ بے حد مشتاق ہونا۔ آرزومند ہونا۔ ۷۔ اچھلنا۔ کودنا۔

تڑاتڑ [ا ر امث] ۱۔ بندوق یا پٹاخوں کی آواز۔ ۲۔ دانوں کے بھونتے وقت پھٹنے کی آواز۔ ۳۔ جلتے ہوئے سرکنڈوں کی آواز۔ ۴۔ جلد جلد۔

تڑتڑانا [ا ر مص] ۱۔ تڑ تڑ کی آواز دینا۔ ۲۔ (ق) تڑپنا۔ دھڑکنا۔

تڑتڑاہٹ [ا ر امث] دیکھئے "تڑتڑانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تڑخ [ا ر امث] ۱۔ درز۔ شگاف۔ ۲۔ سالی یا چکنی مٹی کی زمین میں خشک ہونے کے باعث پھٹن یا درز پڑ جانا۔

تڑخ تڑخ نور برستا ہے [ا ر مثل] بدصورت کے لئے مذاقاً کہا جاتا ہے

تڑخ کر [ا ر متعلق فعل] جھنجھلا کر۔ غصے سے۔

تڑخ کر بولنا [ا ر محاورہ] خفگی سے جواب دینا۔ جھنجھلا کر جواب دینا۔

تڑخنا [ا ر مص] دیکھئے "تڑقنا / تڑکنا"

تڑق [ا ر صوت] دیکھئے "تڑخ"

تڑق ہونا [ا ر محاورہ] شگاف ہونا۔ چٹخ جانا۔

تڑقنا [ا ر مص] دیکھئے "تڑکنا"

تڑک [ا ر امث] ۱۔ ٹیس۔ درد۔ ۲۔ شگاف۔ چٹخنا۔ ۳۔ ٹوٹنا پھٹنا۔ شق ہونا۔

تڑک اٹھنا [ا ر محاورہ] ٹیس ہونا۔ درد ہونا۔

تڑک جانا [ا ر محاورہ] شق ہو جانا۔ پھٹ جانا۔

تڑک کر کے آنا [ا ر محاورہ] بے تاب ہو کر آنا۔

تڑک بھڑک / پھڑک [ا ر امث] چٹک۔ مٹک۔ ناز نخرہ۔

تڑکا [ا ر اِمذ] صبح کا وقت۔ بہت سویرا۔ فجر۔ علی الصبح۔

تڑکانا / تڑکا دینا [ا ر مص] دیکھئے "تڑکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

تڑکا ہونا [ا ر محاورہ] ۱۔ سویرا ہونا۔ ۲۔ صدمہ تر دماغی کے باعث آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا۔ پٹنا۔ ۳۔ صفایا ہو جانا۔ دیوالہ نکلنا۔ کچھ نہ رہنا۔ ۴۔ ہوش آنا عقل آنا۔ آنکھیں کھلنا۔ ۵۔ حیران ہونا۔ متحیر ہونا

تڑکنا [ا ر مص] ۱۔ پھٹنا۔ کھلنا۔ شق ہونا۔ ۲۔ بال آنا۔ درز پڑنا ۳۔ زخم کا پھٹنا۔ ۴۔ رنجیدہ ہو کر سخت سست کہنا۔ جھنجھلا کر بولنا ۵۔ ختم ہونا۔ باقی نہ رہنا۔ ۶۔ دھڑکنا۔

تڑنا [ا ر مص] (لکھنؤ) تلنا۔ تولا جانا۔ ۲۔ بندوق کی آواز۔ تڑاق تڑاق کی آواز ہونا۔ ۳۔ بادل کی گرج ہونا۔

تڑواٹ [ا ر امث ق] شگاف۔

تڑوانا [ا ر مص] چھڑانا۔ جدائی کر دینا۔

تڑوائی [ا ر امث] دیکھئے "تڑائی"

تڑوڑ [ہ اِمذ] ایک جنگلی درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے۔

تڑی [ہ امث] ۱۔ مار۔ ضرب۔ ۲۔ فریب۔ ۳۔ دھونس۔ ۴۔ "تاڑی" کا مخفف۔ ۵۔ نقصان۔ خسارہ۔ ۶۔ گیند تڑی کھیلنے میں جب چور کسی کی کمر میں گیند مار دیتا ہے تو اس وقت پکار کر کہتا ہے "تڑی" یعنی اب یہ چور ہو گیا

تڑی دینا [ا، محاورہ] دُھمکانا۔ دھونس دینا۔ ۲۔ دھوکا دینا۔ ۳۔ بیوقوف بنانا احمق بنانا۔ ۴۔ ہار کی تالی بجانا۔
تڑی میں آنا [ا، محاورہ] دھوکا کھانا۔
تڑیانا [ا، مص] پَر کٹے ہوئے پرندے کا اُڑ جانا۔
تڑی بڑی [ا، صف مث] دیکھیے "تری بری"
تڑیڑا [ہ امذ] دیکھیے "تریڑا"۔

ت ۔ ز

تزاید [ع امذ] ا۔ بڑھنا۔ ۲۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔ افزونی۔
تزحز [ع امذ] بیجیش ہو جانا۔
تزحیر [ع امث] ا۔ دردِ زہ سے کراہنا۔ ۲۔ مروڑ لگنا۔ پیچش لگنا۔
تزک [ف امذ] ا۔ قانون۔ قاعدہ۔ ۲۔ ترتیب۔ ۳۔ انتظام۔ ضابطہ لشکر ضابطۂ مجلس۔ ۴۔ جلو، جلوس۔ ہمراہی۔ ۵۔ شان و شوکت۔ نمائش حشمت شکوہ۔ ۶۔ بادشاہ کے خود نوشت حالاتِ زندگی۔
تزک و احتشام [ع امذ] شان و شوکت۔
تزکّی [ع امث] ا۔ زکوٰۃ دینا۔ ۲۔ پاک ہونا۔
تزکیہ [ع امذ] ا۔ پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ ۲۔ اُگانا۔ بڑھانا۔ اچھی حالت میں رکھنا۔ ۳۔ پاکی۔ صفائی۔
تزکیۂ نفس [ع امذ] نفس کو پاک کرنا۔ صفائی قلب۔
تزلزل [ع امذ] ا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ ۲۔ زلزلہ۔ بھونچال۔ ۳۔ ہل چل۔ گڑبڑ تہلکہ۔ ۴۔ جنبش۔ حرکت۔ ۵۔ راہِ راست سے بھٹکنا۔
تزلزل بیانی / تزلزلِ بیانی [ع امذ بہ ترکیب فارسی] بیانات میں لغزش کھانا۔ بیان کرتے وقت لغزش کھانا۔
تزوّج [ع امذ] ا۔ بیوی کرنا۔ شوہر کرنا۔ ۲۔ شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔ نکاح شادی بیاہ۔
تزویج [ع امث] ا۔ ایک چیز کو دوسری سے ملانا۔ جوڑا جوڑا کرنا۔ نکاح کرنا۔ ۲۔ نکاح۔ بیاہ۔
تزویجِ محرّمات [ع امث بہ ترکیب فارسی] ایسے رشتہ داروں سے شادی کرنا جن سے شرعاً نکاح کرنا حرام ہے مثلاً ماں بہن وغیرہ سے شادی کرنا۔
تزویر [ع امث] ا۔ جھوٹ۔ دروغ۔ کذب۔ ۲۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ چھل۔
تزہّد [ع امذ] ا۔ عبادت کرنا۔ عابد۔ زاہد ہونا۔ ۲۔ عبادت۔ ریاضت۔ زہد
تزہید [ع امث] ا۔ زاہد ہونے کی کوشش کرنا۔ ۲۔ زہد۔ ریاضت۔
تزییف [ع امث] ا۔ سکّہ میں ملاوٹ کرنا۔ کھوٹ ملانا۔ جعل کرنا۔ ۲۔ تحقیر کرنا۔ ۳۔ آمیزش۔ کھوٹ۔ تحقیر
تزیین / تزئین [ع امث] ا۔ آراستہ کرنا۔ سنوارنا۔ ۲۔ آرائش۔ آراستگی۔
تزیّن [ع امذ] ا۔ آراستہ ہونا۔ ٹھاٹھ دکھانا۔ ۲۔ زینت۔ آراستگی۔

ت ۔ س

تس [ہ امث] ا۔ پیاس۔ تشنگی۔ ۲۔ سخت خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ ۳۔ ق (اسمِ اشارہ) جیسے۔ یہ۔ اس۔
تس پر [ا، متعلق فعل] باوجود اس کے۔ پھر بھی۔ علاوہ ازیں۔ ماسوا۔
تُس [ہ امذ] ا۔ اناج وغیرہ سے اُوپر کا اترا ہوا چھلکا۔ ریشہ۔ اناج کا چھلکا ۲۔ ریزہ ریزہ۔ ۳۔ پھوک۔ ۴۔ ریشۂ قلم۔ ۵۔ پشم۔
تُسار [س امث] کہر۔ پالا۔ ۲۔ سردی۔ ٹھنڈ۔
تِسالا [ا، صف] ا۔ تین سال کا۔ ۲۔ تین سال کے لئے۔
تسامح [ع امذ] ا۔ باہمی مہربانی۔ ۲۔ چشم پوشی۔ ۳۔ اس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو۔ ۴۔ دو معنی والی بات کہنا۔ ۵۔ غلطی۔ بھول چوک۔ ۶۔ چھوڑ دینا۔ سزا نہ دینا۔ معاف کرنا۔
تساوی [ع امث] ا۔ برابر ہونا۔ ۲۔ برابری۔ مساوات۔
تساہل [ع امذ] ا۔ نرمی برتنا۔ غفلت کرنا۔ آسان سمجھنا۔ ۲۔ سستی۔ غفلت سہل انگاری۔
تسبیح [ع امث] ا۔ خدا کو ہر عیب سے پاک اور بڑا سمجھنا۔ ۲۔ سبحان اللہ کہنا۔ ۳۔ وظیفہ۔ ورد۔ ۴۔ سو دانوں کی مالا۔ ۵۔ ایک قسم کا پودا۔
تسبیح پھیرنا [ا، محاورہ] خدا کو یاد کرنا۔ مالا جپنا۔
تسبیح خانہ [ع ف امذ] (دہلی) عبادت خانہ۔ ۲۔ شاہی محل کا وہ حصّہ جس میں وظائف وغیرہ پڑھے جاتے تھے۔ (ہندوستان کے مغل بادشاہوں کے محلات سے مخصوص ہے)
تسبیح خواں [ع ف صف] ا۔ تسبیح پھیرنے والا۔ وظیفہ کرنے والا۔ ۲۔ وہ شخص جو کسی کے واسطے تسبیح پڑھے۔
تسبیح خوانی [ع ف امث] دیکھیے "تسبیح خواں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تسبیح سلیمانی [ع ف امث] ایک قسم کے سیاہ پتھر کی تسبیح۔
تسبیح فاطمہؓ [ع امث بہ ترکیب فارسی] حضرت فاطمہؓ کا وظیفہ یعنی سبحان اللہ الحمدللہ ۳۳، ۳۳ دفعہ اور اللہ اکبر ۳۴ دفعہ پڑھنا۔
تسبیع [ع امث] سات حصّوں میں تقسیم کرنا۔ سات پہلو شکل بنانا۔
تسبیغ [ع امث] علم عروض کا زحاف یعنی سببِ خفیف جو کسی رکن کے آخر میں ہو اس میں ایک اور الف زیادہ کرنا مثلاً فعولن سے فعولان بنانا۔
تستیر [ع امث] چھپانا۔ پردہ ڈالنا۔ پوشیدگی۔
تسجیل [ع امث] رجسٹری۔ قاضی کا قبالہ یا تمسک لکھنا یا مہر لگانا۔
تسخیر [ع امث] تابع کرنا۔ فرماں بردار کرنا۔ ۲۔ گھیرنا۔ محاصرہ کرنا۔ ۳۔ جن یا پری کو قابو میں کرنا۔ قید کرنا۔ ۴۔ کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا۔ ۵۔ حاضرات کا علم۔ روحانیت کا عمل [افعال: کرنا۔ ہونا]
تسدید [ع امث] درست کرنا۔ مضبوط کرنا۔
تسدیس [ع امث] ا۔ چھ بنانا۔ چھ حصّوں میں بانٹنا۔ ۲۔ شش پہلو شکل بنانا۔ ۳۔ دو سیاروں کا منظر جب ان کا فاصلہ ساٹھ درجے کا ہو یا دائرہ کا ۱/۶ حصہ فاصلہ ہو۔
تسطیر [ع امث] ا۔ سطر بندی کرنا۔ ۲۔ تحریر کرنا۔ لکھنا۔
تسکین [ع امث] آرام دینا۔ سکون دینا۔ ۲۔ اطمینان۔ ڈھارس۔ دلاسا۔ تسلّی۔ دلجمعی ۳۔ متحرک حرف کو ساکن کر دینا۔ ۴۔ افاقہ۔ آرام [افعال: دینا۔ ہونا وغیرہ]
تسلا [ہ امذ] تانبے۔ پیتل۔ لوہے وغیرہ کا ایک چوڑا برتن۔ طشت جو آٹا گوندھنے کھانا پکنے۔ ہاتھ پاؤں یا کپڑے دھونے نیز مختلف

مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
تسلسُل [ع اند] پیوستہ ہونا۔ رواں ہونا۔ سلسلہ وار ہونا۔ ۲۔ سلسلہ بندی۔ روانی
تواتر۔ ۳۔ لڑی۔ زنجیر۔ تار۔
تسلّط [ع اند] ۱۔ غالب آنا۔ حکومت کرنا۔ ۲۔ غلبہ۔ حکومت۔ قبضہ۔ دخل۔
(افعال: - بیٹھنا۔ بٹھانا۔ پانا۔ جمنا۔ جمانا۔)
تسلّی [ع امث] ۱۔ دل کی خوشی حاصل کرنا۔ عیش میں ہونا۔ ۲۔
دلاسا۔ خاطر جمع۔ اطمینان۔
تسلیم [ع امث] ۱۔ گردن جھکانا۔ اطاعت کرنا۔ سلام کرنا۔ ۲۔ سپرد کرنا۔ سونپنا۔
۳۔ سلام۔ بندگی۔ آداب۔ ۴۔ قبول۔ منظور۔ ۵۔ فرماں برداری۔ ۶۔ اقرار
تسلیم بجا لانا [ار محاورہ] سلام کرنا۔ کیسی کا دعویٰ غلط ہونے پر طنزاً کہتے ہیں۔
تسلیم عرض ہے [ار محاورہ] سلام کرتا ہوں۔
تسلیم کرنا [ار مص مرکب] ماننا۔ قبول کرنا۔ ۲۔ منظور کرنا۔ ۳۔ آداب بجا لانا۔
بندگی کرنا۔ ۴۔ منظور ہونا۔ سپرد کرنا۔ ۵۔ بڑے کو سلام کرنا۔
تسلیمات [ع امث] تسلیم کی جمع۔ آداب (اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے)
تسلیم و رضا [ع امث] اپنے آپ کو خدا کے حوالے کرنا۔ اس کی رضا پر راضی ہونا۔
تسمہ [ف اند] چمڑے کا پتلا کم چوڑا ٹکڑا۔ جوتے یا بوٹ کا چمڑے کا
فیتہ۔ رکاب دوال۔
تسمہ جمانا [ار محاورہ] تسمہ سے مارنا۔ ۲۔ حقہ لگانا۔ پتی لگانا۔
تسمہ کھینچنا [ار محاورہ] تسمہ سے گلہ گھونٹ کر مارنا۔ پھانسی دینا۔
تسمہ لگا رہنا [ار محاورہ] کسر باقی رہنا۔
تسمہ لگا نہ رکھنا [ار محاورہ] دو ٹوک کرنا۔ صاف دو ٹکڑے کرنا۔ ذرا کسر نہ رکھنا
تسمہ لگا نہ رہنا [ار محاورہ] دیکھیے "تسمہ لگا نہ رکھنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
تسمہ لنگوٹا باندھنا [ار محاورہ] ۱۔ فقیر کا مرید ہونا۔ فقیر یا قلندر بن جانا۔
تسمے [ف اند] دیکھیے "تسمہ"، جس کی یہ جمع ہے اور مُغیّرہ صورت ہے۔
تسمے کے واسطے بھینس مارنا [ار محاورہ] اپنے تھوڑے سے فائدہ کے
لئے دوسرے کا بڑے سے بڑا نقصان کر دینا۔
تسمیہ [ع اند] نام رکھنا۔ (فقہ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنا۔
تسمیہ خوانی [ع امث] بچے کو بسم اللہ پڑھانے یا مکتب میں داخل کرانے کی تقریب
تسنّن [ع اند] سُنی ہو جانا۔ سنت کی پیروی کرنا۔ ۲۔ اپنی زندگی کے
طریقہ کو باقاعدہ کرنا۔
تسنیم [ع امث] بہشت کی ایک نہر کا نام۔
تسو [ہ اند] ایک ہندی پیمانہ جو چار جو کے برابر وزن کا ہوتا ہے۔ ۲۔ گز کا چوبیسواں حصہ
تسواسی [ہ امث] تسوانسی کا بیسواں حصہ۔ کچھ انسی۔
تسوید [ع امث] ۱۔ سیاہ کرنا۔ ۲۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔ ۳۔ پہلا مسودہ۔ خط کا مسودہ۔ ۴۔ نقشہ۔ خاکہ
تسویہ [ع اند] ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ برابر کرنا۔
تسہیل [ع امث] ۱۔ سہل کرنا۔ آسان کرنا۔ ۲۔ سہولت۔ آسانی۔

ت ۔ ش

تشابہ [ع اند] مشابہت۔ مطابقت۔ یکسانی۔
تشابہ لگنا [ار محاورہ] حافظ قرآن کا پڑھتے پڑھتے الفاظ یکساں ہونے کی صورت
میں کچھ کا کچھ پڑھنا شروع کر دینا۔
تشبّہ [ع اند] مانند ہونا۔ مثل ہونا۔ آپس میں مشابہ ہونا۔
تشبیب [ع امث] ۱۔ آگ روشن کرنا۔ ۲۔ جوانی کے زمانے کا ذکر کرنا۔ ۳۔ قصیدے
کے شروع میں مدح سے پہلے عاشقانہ مضمون لکھنا۔ ۴۔ قصیدے کی تمہید۔
تشبیہ [ع امث] ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند ٹھہرانا۔
تشت [ف اند] تسلا۔ پرات۔ لگن۔ وہ تانبے کا بڑا ظرف جو امیروں کے
صحت خانے میں رکھا جاتا ہے۔ پاخانے کا برتن۔ پاٹ۔
تشت از بام ہونا [ار محاورہ] ۱۔ ظاہر ہونا۔ کھل جانا۔ مشہور ہونا۔
راز فاش ہونا۔ بدنام ہونا۔
تشت چوکی [ف اند مث] وہ چوکی اور برتن جو زچہ خانہ یا پاخانہ میں
رکھا جاتا ہے۔
تشت زر/زریں [ف اند] آفتاب۔ سورج (کنایۃً)
تشتّت [ع اند] پریشانی۔ پراگندگی۔ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ پھوٹ۔ نفاق۔
تشتری [ف ار امث] تشت کی تصغیر۔ چھوٹی رکابی۔ تھالی۔
تشخّص [ع اند] تعین پانا۔ متعین ہونا۔ ۲۔ امتیاز۔ خصوصیت۔ شخصیت
۳۔ شخصیت پرستی۔ تشخیص۔
تشخیص [ع امث] ۱۔ مقرر کرنا۔ معین کرنا۔ ٹھہرانا۔ قرار دینا۔ ۲۔
مرض کا پہچاننا۔ ۳۔ جانچ۔ تحقیق۔ ۴۔ تخمینہ۔
تشخیص جمع/مال/مالگزاری/لگان [ع ف ار امث] مالگزاری
کی رقم معین کرنا۔
تشدّد [ع اند] ۱۔ سختی۔ جبر۔ زیادتی۔ مار پیٹ۔ ۲۔ کسی کام کا دشوار
ہونا۔ ۳۔ سختی کرنا۔
تشدید [ع امث] ۱۔ مضبوط کرنا۔ ۲۔ سختی کرنا۔ ۳۔ دو ایک جیسے حرفوں کا
اکٹھا پڑھنا جس میں سے ایک ساکن اور دوسرا متحرک ہوتا ہے۔ کسی حرف
کو دوہرا کر پڑھنا جیسے بلّی میں لام۔ نشان اس کا (ّ) ہے۔
تشرّع [ع اند] ۱۔ شرع کی پابندی۔ ۲۔ شرع کے مطابق کام کرنا۔ شرع پر چلنا۔
تشریع [ع امث] ۱۔ رستہ بیان کرنا۔ ۲۔ کسی امر کا حکم دینا۔ ۳۔ قانون
بنانا۔ شریعت کے مطابق کرنا۔
تشریعی [ع صف] دیکھیے "تشریع"، جس سے یہ منسوب ہے۔
تشریح [ع امث] ۱۔ تفصیل۔ تفسیر۔ وضاحت۔ ۲۔ توضیح۔ شرح۔ ۳۔ بتانا۔ حل کرنا
سمجھانا۔ کھول کر بیان کرنا۔ ۴۔ بدن کے اندرونی و بیرونی اعضا کا مفصل حال۔
تشریحی [ع صف] دیکھیے "تشریح"، جس سے یہ منسوب ہے۔
تشریف [ع امث] ۱۔ عزت کرنا۔ بزرگ کرنا۔ بنانا۔ ۲۔ بزرگی۔ عزت
شرف۔ ۳۔ خلعت۔
تشریف آوری [ع ف امث] آنا۔ آمد۔ (کسی بڑے آدمی کا)
تشریف ارزانی فرمانا [ار محاورہ] آنا۔ قدم رنجہ فرمانا (کسی بڑے آدمی کا)
تشریف رکھنا [ار محاورہ] بیٹھنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔
تشریف فرمانا/فرما ہونا/لانا [ار محاورہ] آنا۔ قدم رنجہ فرمانا۔
تشریف لے جانا [ار محاورہ] رخصت ہونا۔ جانا۔ سدھارنا۔

تشریف لے چلنا (ا ر محاورہ) کسی جگہ جانا۔

تشریق (ع امث) عید قربان کے بعد کے تین دن (ایام کے ساتھ) ۲۔ مشرق کی طرف جانا۔ مشرق کی طرف منہ کرنا۔ عید کی نماز پڑھنا۔

تشریک (ع امث) ۱۔ شریک بنانا۔ ساجھی بنانا۔ حصہ دار بنانا۔ ۲۔ شرکت۔ حصہ داری۔

تشرین (عبرانی اند) رومیوں کے دو مہینوں کا نام پہلے کو تشرین اُولیٰ کہتے ہیں جو ہندی مہینے کاتک اور دوسرے کو تشرین اُخریٰ جو ہندی مہینے اگھن کے مقابل ہوتے ہیں

تشفی (ع امث) ۱۔ شفا چاہنا۔ ۲۔ تسلی۔ تسکین۔ ڈھارس۔ دل جمعی ۳۔ اطمینان قرار۔ قیام۔ [افعال:- پانا۔ کرنا۔ ہونا۔ دینا وغیرہ]

تشکک (ع اند) شک میں پڑنا۔ شبہ کرنا۔ وہم کرنا۔ شک کرنا۔

تشکیک (ع امث) ۱۔ شک میں ڈالنا ۲۔ شک۔ شبہ ۳۔ فلسفہ شبہات وشکوک۔

تشنا (ہ صف) ۱۔ پیاسا۔ تشنہ۔

تشنا (ا ر اند) عربی لفظ ”تشنیع“ کا بگاڑ [افعال:- دینا]

تشنج (ع اند) ۱۔ پٹھوں کا کھنچنا۔ ۲۔ اینٹھن۔ جکڑن۔ اکڑاؤ۔

تشنگان (ف صف) دیکھیے ”تشنہ“ جس کی یہ جمع ہے۔

تشنگی (ف امث) ۱۔ پیاس۔ ۲۔ شدت آرزو۔

تشنہ (ف صف) پیاسا۔ ۲۔ خواہش مند۔ آرزومند۔

تشنہ جگر / دل (ف صف) مشتاق۔ آرزومند۔

تشنۂ خون (ف صف) دشمن۔ جانی دشمن۔ خون کا پیاسا۔

تشنۂ دیدار (ف صف) دیکھنے کا خواہش مند۔ ملاقات کا آرزومند۔

تشنہ کام (ف صف) ۱۔ پیاسا۔ ۲۔ ناکام۔

تشنہ کامی (ف امث) دیکھیے ”تشنہ کام“ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تشنہ کرنا (ا ر مص مرکب) ۱۔ پیاسا کرنا۔ آرزومند کرنا ۲۔ کسی دھات میں قوتِ جاذبہ پیدا کرنا۔

تشنہ لب (ف صف) نہایت پیاسا۔ ۲۔ ایسا پیاسا کہ ہونٹوں پر پیپڑیاں جم جائیں۔

تشنہ لبی (ف امث) دیکھیے ”تشنہ لب“ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تشنہ ہونا (ا ر مص مرکب) دیکھیے ”تشنہ کرنا“ جس کا یہ لازم ہے۔

تشنیع (ع امث) ۱۔ طعن۔ کسی کو برا بھلا کہنا۔ ملامت۔ طعنہ۔ عموماً طعن کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

تشویش (ع امث) گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بےکلی۔ اضطراب سوچ فکر۔ تردد [افعال:- کرنا۔ ہونا]

تشویش میں پڑنا (ا ر محاورہ) سوچ میں پڑنا۔ فکر میں ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔

تشویق (ع امث) ۱۔ اکسانا۔ ابھارنا۔ ۲۔ شوق دلانا۔ رغبت دلانا۔

تشویہ (ع اند) ۱۔ بھوننا۔ ۲۔ دوا کو گرم بھوبھل میں بھوننا۔

تشہد (ع اند) ۱۔ کلمۂ شہادت پڑھنا۔ ۲۔ دوسری اور چوتھی رکعت میں سجدہ کے بعد بیٹھ کر التحیات پڑھنا ۳۔ شہادت چاہنا۔ گواہ ہونا۔

تشہیر (ع امث) ۱۔ شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ منادی کرنا۔ ۲۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

تشیع (ع اند) شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا۔ ۲۔ شیعہ ہونا۔ شیعیت۔

تشیخن (ا ر اند) عظمت۔ شان۔ رتبہ (عربی کے وزن پر اردو والوں کا وضع کردہ ہے)

ت ۔ ص

تصادم (ع اند) باہم ٹکرانا۔ ٹکر کھانا۔ صدمہ دینا۔ دھکا دینا۔ دھکیلنا۔

تصانیف (ع اند مث) دیکھیے ”تصنیف“ جس کی یہ جمع ہے۔

تصاویر (ع اند مث) دیکھیے ”تصویر“ جس کی یہ جمع ہے۔

تصحیح (ع امث) درست کرنا۔ صحیح کرنا۔ ۲۔ صحت۔ درستی۔

تصحیحہ (ع اند) ۱۔ نشان دینے کے لئے گھوڑوں کا اجتماع۔ ۲۔ ملازمان کی فہرست اور حلیہ وغیرہ درج کرنے کا رجسٹر (مغلیہ بادشاہوں کی اصطلاح ہے۔)

تصحیف (ع امث) ۱۔ لکھنے میں غلطی کرنا۔ تحریر کی غلطی۔ ۲۔ الفاظ کے اعراب یا نقطے اس طرح بدل دینا کہ ان کا تلفظ مختلف ہو جائے جیسے محنت سے محنث۔ نقصے سے نفضے۔ نقضے وغیرہ۔

تصدّق (ع اند) صدقہ دینا۔ کوئی چیز وار کر خیرات کرنا۔ ۲۔ قربانی۔ صدقہ۔ خیرات ۳۔ صدقے۔ نثار۔ بدولت۔ طفیل۔ وجہ سے [افعال:- کرنا۔ ہونا]

تصدّق اتارنا (ا ر محاورہ) صدقہ اتارنا۔

تصدّق جانا (ا ر محاورہ) نثار ہونا۔

تصدّق کا تیل / کے ماش (ا ر اند) وہ تیل یا ماش جو صدقہ کر دیے جائیں

تصدیع (ع امث) دردِ سر۔ تکلیف۔ دکھ۔ درد۔ مصیبت۔ بپتا۔ ایذا۔ مضرت۔ [افعال:- اٹھانا۔ دینا۔ کرنا]

تصدیعہ (ع امث) ایک بار تکلیف دینا۔ نیز دیکھیے ”تصدیع“

تصدیعہ دہ (عف صف) تکلیف دہ۔ تکلیف دینے والا۔

تصدیق (ع امث) سچا ہونے کی تائید کرنا۔ سچا ثابت کرنا۔ ۲۔ ثبوت۔ تائید۔ اثبات ۳۔ (منطق) چند تصورات کے ساتھ حکم ہونے کا نام (افعال:- کرنا۔ ہونا)

تصدیق بلا تصوّر (ع امث) پہلے ہی دل میں خیال بٹھا لینا۔ تصور پیش از وقوع

تصرّف (ع اند) ۱۔ استعمال۔ عمل۔ ۲۔ کسی غیر زبان کے لفظ میں تغیر و تبدل یا کمی بیشی کر کے اپنی زبان میں استعمال کرنا۔ ۳۔ دست اندازی۔ ۴۔ قبضہ اختیار۔ استعمال۔ ۵۔ صرف۔ خرچ۔ ۶۔ تغیر و تبدل۔ ۷۔ طاقت۔ قوت اثر۔ رسوخ۔ ۸۔ اعجاز۔ کرامت۔

تصرّف بیجا (عف اند) غبن۔ کسی دوسرے کی چیز اپنے استعمال میں لے آنا۔ خرد برد۔ ناجائز قبضہ۔

تصرّف کرنا (ا ر مص مرکب) صرف کرنا۔ خرچ کرنا۔ غبن کرنا۔ تبدیلی کرنا۔

تصرّف مجرمانہ (عف اند) (قانون) دوسرے شخص کی چیز بلا اجازت لینا۔

تصرف میں لانا (ا ر محاورہ) خرچ میں لانا۔ قبضے میں لانا۔ تبدیل کرنا۔

تصرف میں ہونا (ا ر محاورہ) قبضے میں ہونا۔ استعمال میں ہونا۔

تصرّفی (ع امث) وہ کھانا جو نوکروں کے لئے تیار ہو۔ خاصہ کی ضد۔

تصریح (ع امث) ۱۔ واضح کرنا۔ صاف طور پر بیان کرنا۔ ۲۔ تشریح توضیح (افعال:- کرنا۔ ہونا)

تصریف (ع امث) ۱۔ پھیرنا۔ بدلنا۔ ۲۔ (صرف) مصدر کی گردان کرنا

تصعید [ع امث] ۱۔ بلند ہونا۔ اونچی جگہ چڑھنا۔ ۲۔ کسی دوا کو آگ دے کر بخارات بنا کر حرارت کے ذریعہ اس کے بخارات جمع کرنا۔ جوہر حاصل کرنا۔
تصغیر [ع امث] ۱۔ چھوٹا کرنا۔ ۲۔ وہ اسم جس میں چھوٹائی کے معنی پائے جائیں، جیسے بچہ سے بچونگڑا۔ ۳۔ تخفیف۔ تقلیل۔
تصفیہ [ع امذ] ۱۔ روشن کرنا۔ پاک کرنا۔ ۲۔ صاف کرنا۔ واضح کرنا ۳۔ صفائی فیصلہ۔ رفع تکرار۔ صلاح۔ ۴۔ چکوتا۔ بے باقی۔
تصلیب [ع امث] صلیب پر چڑھانا۔ سولی دینا۔ ۲۔ صلیب کا نشان بنانا۔ کپڑے پر صلیب کا نشان۔ ۳۔ سخت کرنا۔ ۴۔ سولی۔ ۵۔ سختی۔
تصمیم [ع امث] خالص کرنا۔ مضبوط کرنا۔ ۲۔ مضبوطی۔
تصنع [ع امذ] ۱۔ بناوٹ۔ دکھلاوا۔ نمود۔ تکلف۔ ۲۔ مکر۔ دھوکا ۳۔ تبدیلی۔ تلبیس۔
تصنیف [ع امث] ۱۔ جدا کرنا۔ جمع کرنا۔ نوع بہ نوع کرنا۔ ۲۔ کتاب لکھنا مضمون بنانا۔ اپنی طبیعت سے کوئی بات نکالنا۔ مضمون لکھنا۔ کتاب لکھنا ۳۔ ایجاد۔ بنایا ہوا۔ کوئی طبع زاد چیز۔ ۴۔ لکھی ہوئی کتاب۔
تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں [ف مقولہ] مصنف ہی اپنی تصنیف کو خوب پڑھتا یا بیان کرتا کر سکتا ہے۔
تصوّر [ع امذ] ۱۔ کسی چیز کی تصویر / صورت دل میں بنانا۔ ۲۔ خیال۔ دھیان فکر۔ مراقبہ۔ قیاس۔ سوچ بچار۔ منصوبہ۔ سوجھ۔ ۳۔ کسی چیز کا خیال کرنا بغیر یاد دہانی یا حکم کے [افعال :۔ آنا۔ باندھنا۔ رہنا۔ کرنا۔ ہونا]
تصوّف [ع امذ] پشمینہ پہننا۔ ۲۔ صوفیوں کا عقیدہ / طریقہ / مسلک۔ ۳۔ درویشی۔ ۴۔ صفائی قلب کا طریقہ۔ ۵۔ دل سے خواہشوں کو دور کر کے خدا کی طرف دھیان لگا لینا۔
تصویب [ع امث] ٹھیک رکھنا / سچا کہنا۔ ۲۔ منظوری۔ تصدیق۔
تصویر [ع امث] ۱۔ صورت بنانا۔ صورت گری۔ ۲۔ صورت۔ شبیہ۔ نقشہ۔ بت۔ نقش۔ فوٹو۔ ۳۔ مذ (صف) نہایت خوبصورت۔ نہایت عمدہ حسین۔ قابل تصویر کھینچنے کے [افعال :۔ اتارنا۔ اترنا۔ بنانا۔ بننا۔ کھنچنا۔ کھینچنا]
تصویر آنکھوں کے تلے رہیں پھرنا [ار محاورہ] ہر وقت کسی کا خیال یا دھیان میں رہنا۔
تصویر اُترنا [ار محاورہ] تصویر کھنچ جانا۔
تصویر بنا دینا [ار محاورہ] حیرت میں ڈال دینا۔ چپ کر دینا۔
تصویر بن جانا [ار محاورہ] حیران ہو جانا۔ بت بن جانا۔ خاموش ہو جانا۔
تصویر خیالی [عف امث] کسی کی شکل جو خیال میں دکھائی دے۔
تصویر عکسی [عف۔ امث] فوٹو۔ فوٹو کیمرے سے لی ہوئی تصویر۔
تصویر قالی / قالین [ف صف] خاموش۔ بے حس و حرکت۔
تصویر کا ابر / سایہ [ف ار امذ] وہ تاریکی جو تصویر کے اعضا میں موقع محل سے دکھائی جاتی ہے۔
تصویر کا دوسرا رُخ [ار امذ] تصویر کی دوسری طرف ۲۔ کسی بات کا دوسرا پہلو
تصویر کھینچ دینا [ار محاورہ] نقشہ سامنے کر دینا۔ اصلیت ظاہر کر دینا۔
تصویر کھینچنا [ار محاورہ] شبیہ اتارنا۔ نقشہ بنانا۔

تصویر کی حالت [ار امث صف] نہایت خوبصورت یا حسین۔ صاحب جمال۔
تصویر گلی [عف امث] مٹی کا بت۔ مٹی کی مورتی۔
تصویر لگانا [ار محاورہ] کسی جگہ تصویر نصب کرنا۔ دیوار پر تصویر ٹکانا۔
تصویر نیم رُخ [عف امث] ایک طرف سے لی ہوئی تصویر۔ وہ تصویر جس میں چہرے کی ایک طرف ظاہر ہو
تصویر ہو جانا / ہو کر رہ جانا [ار محاورہ] دیکھیے "تصویر بن جانا"

ت۔ ض

تضاد [ع امذ] باہم ضد ہونا۔ آپس میں مخالف ہونا۔ ۲۔ ضد۔ مخالفت۔ ۳۔ شاعری کی ایک صنعت جس میں ایسے الفاظ جمع کئے جاتے ہیں جو ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں۔ مثلاً غم و شادی۔
تضاعف [ع امذ] ۱۔ دوگنا ہونا۔ دوچند ہونا۔ ۲۔ دوچند۔ دوگنا۔
تضحیک [ع امث] ہنسی اڑانا۔ ۲۔ ذلت۔ رسوائی۔ ہنسی ٹھٹھا۔
تضرّع [ع امذ] ۱۔ رونا۔ گڑگڑانا۔ ۲۔ منت۔ سماجت۔ گریہ و زاری۔
تضعیف [ع امث] دوگنا کرنا۔ دوچند کرنا۔ افزوں کرنا۔
تضلیل [ع امذ] گمراہ قرار دینا۔ گمراہی سے منسوب کرنا۔
تضمین [ع امث] ۱۔ ملانا۔ شامل کرنا۔ ۲۔ اصطلاح شاعری میں کسی مشہور مضمون یا شعر کو اپنی نظم میں داخل کرنا۔ ۳۔ شعر پر مصرعہ لگانا۔ یا بند لگانا۔
تضیع [ع امث] ضائع کرنا۔ کھونا۔ گنوانا (صحیح تضییع دو یاؤں سے ہے)
تضیع اوقات [ع امث] ۱۔ وقت گنوانا۔ ضائع کرنا۔ ۲۔ وقت کی بربادی

ت۔ ط

تطابق [ع امذ] ۱۔ باہم مطابق ہونا۔ ۲۔ مشابہت۔ مطابقت۔
تطاول [ع امذ] دست درازی۔ ظلم۔ جور۔ ستم۔ جفا۔ گھمنڈ۔ غرور۔ نخوت بد اخلاقی۔ بدتہذیبی۔ گستاخی۔ بے ادبی۔ غضب۔ تعدی
تطبیق [ع امث] ۱۔ برابر کرنا۔ مقابل کرنا۔ ۲۔ موافقت۔ مطابقت۔
تطوّع [ع امذ] ۱۔ تعمیل حکم کرنا۔ ۲۔ مستحبات اور نوافل ادا کرنا۔
تطویل [ع امث] دراز کرنا۔ لمبا کرنا۔ ۲۔ درازی۔ طوالت۔ لمبائی۔
تطہیر [ع امث] پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ تنقیہ کرنا۔ تزکیہ کرنا۔ ۲۔ پاکی۔ صفائی۔ طہارت

ت۔ ظ

تظاہر [ع امذ] باہم پشتی کرنا۔ آپس میں مدد کرنا۔
تظلّم [ع امذ] ظلم کی فریاد کرنا۔ ۲۔ فریاد۔ دہائی (اس کے معنی ظلم لینا غلط ہے)

ت۔ ع

تعارض [ع امذ] ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ باہم جھگڑا کرنا۔

۲۔ برابری کرنا۔

تَعارُف [ع اند] ایک دوسرے کو پہچاننا۔ جان پہچان۔ واقفیت [افعال: کرنا۔ کرانا]

تَعاقُب [ع اند] ۱۔ پیچھے پڑنا۔ پیچھا کرنا۔ پیچھے دوڑنا۔ پیچھے جانا۔

تَعال [ع فعل] ۱۔ بلند ہو۔ برتر ہو۔ ۲۔ آجا۔

تَعالیٰ [ع صف] بلند مرتبہ۔ عالی مرتبہ۔ برتر۔ (اللہ کے نام کے ساتھ آتا ہے اور کسی کے نہیں۔)

تَعالیٰ اللہ (کلمۂ تعجب و تحسین) ۱۔ خدا بزرگ و برتر ہے ۲۔ سبحان اللہ واہ واہ۔

تَعامُل [ع اند] آپس میں عمل کرنا۔ دوامی عمل۔

تَعانُق [ع اند] ۱۔ آپس میں گلے ملنا۔ بغل گیر ہونا۔ معانقہ کرنا۔ ۲۔ معانقہ بغل گیری۔

تَعاوُن [ع اند] ۱۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ۲۔ امداد باہمی۔ مدد۔

تَعاہُد [ع اند] آپس میں معاہدہ کرنا۔ عہد کرنا۔

تَعَب [ع اند] ۱۔ رنج۔ دکھ۔ ۲۔ محنت۔ مشقت۔ ۳۔ سختی۔ تکلیف ۴۔ تھکاوٹ۔ تکان۔ ماندگی۔

تَعَبُّد [ع اند] بندگی کرنا۔ عبادت کرنا۔ پوجا کرنا۔ ۲۔ بندگی۔ عبادت۔ پوجا۔

تَعبیر [ع امث] بیان کرنا۔ خواب کے معنی بتانا۔ ۲۔ مراد لینا۔ ۳۔ تشریح توضیح۔ ۴۔ عبارت میں لانا [افعال: کرنا۔ نکالنا۔]

تَعبیر گو [عف اند] خواب کا نتیجہ بتانے والا۔

تَعبِیَہ [ع اند] آراستہ کرنا۔ سجانا۔ ۲۔ پچی کاری کرنا۔ جڑنا۔ ۳۔ کسی چیز کا کسی چیز میں اس طرح مل جانا کہ معلوم نہ ہو۔

تَعَجُّب [ع اند] اچنبھا۔ تحیّر۔ حیرت۔ حیرانی۔

تَعجیل [ع امث] ۱۔ جلدی کرنا۔ ۲۔ جلدی۔ شتابی۔ عجلت۔

تَعجیلی [ع صف] تعجیل سے متعلق۔ جلدی سے۔

تَعداد [ع امث] ۱۔ شمار کرنا۔ ۲۔ گنتی۔ شمار۔ اندازہ۔ تخمینہ۔

تَعَدُّد [ع اند] ۱۔ متعدد ہونا۔ گنتی میں زیادہ ہونا۔ ۲۔ ضرب دینا۔ بڑھنا۔

تَعَدُّدِ ازدواج / ازواج [ع امث] ۱۔ بیک وقت ایک سے زیادہ بیویاں رکھنا (انگریزی POLYGAMY کا ترجمہ) ۲۔ ایک سے زیادہ خاوند رکھنا

تَعَدُّدِ الٰہ [ع اند] ایک سے زیادہ خدا ہونے کا عقیدہ (انگریزی POLYTHEISM کا ترجمہ)

تَعَدّی [ع امث] ۱۔ حد سے بڑھ جانا۔ ۲۔ زیادتی۔ ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا۔ ۳۔ ناانصافی۔ ناحق۔

تَعدیل [ع امث] ۱۔ برابر کرنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ ۲۔ (اصطلاح محدثین میں) کسی راوی کی خوبیاں بیان کرنا۔ اعتراضات کا جواب دینا جرح کی ضد۔ ۳۔ گواہ کی سچائی بیان کرنا۔

تَعدیلِ ارکان [ع امث۔ بہ ترکیب فارسی] فقہ میں ارکان نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک طور سے ادا کرنا۔

تَعدِیَہ [ع اند] فعل لازم کو متعدی بنانا۔

تَعَذُّر [ع اند] ۱۔ عذر کرنا۔ حجت کرنا۔ ۲۔ عذر۔ حجت۔ معذوری۔ ۳۔ کسی کام کا دشوار ہونا۔

تَعذیب [ع امث] ۱۔ عذاب دینا۔ دکھ دینا۔ سزا دینا۔ ۲۔ دکھ۔ سزا۔ عذاب

تَعذیر [ع امث] ۱۔ عذر پیش کرنا۔ معذور رکھنا۔ ۲۔ عذر۔ اعتذار۔

تَعَرُّض [ع اند] سامنے آنا۔ پیش ہونا۔ ۲۔ روکنا۔ مزاحمت کرنا۔ ۳۔ روک۔ مزاحمت۔

تَعَرُّف [ع اند] ۱۔ شناخت کرنا۔ ۲۔ دریافت کرنا۔ سیکھنا۔ ۳۔ بتانا۔ جتانا۔

تَعریب [ع امث] کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا جیسے پیل سے فیل۔

تَعریض [ع امث] ۱۔ چھیڑنا۔ کنایہ سے بات کرنا۔ اعتراض کرنا۔ ۲۔ اشارہ کنایہ میں چوٹ کرنا۔

تَعریف [ع امث] ۱۔ واقفیت کرانا۔ شناسائی کرانا۔ ۲۔ واقفیت۔ شناسائی ۳۔ ثنا۔ توصیف۔ مدح۔ ۴۔ بیان۔ تشریح۔ تفصیل۔ ۵۔ کسی چیز کا حلیہ بیان کرنا۔ ۶۔ (صف) پہچان۔ ۷۔ انگریزی DEFINITION کا ترجمہ

تَعریفُ المجہول بالمجہول [ع امث] کسی نامعلوم بات کو اس طرح جتانا کہ سمجھ میں نہ آئے۔

تعریف کرتے منہ سوکھنا [ار محاورہ] بہت زیادہ تعریف کرنا۔ تعریف میں بے حد مبالغہ کرنا۔

تعریف (تعریفوں) کے پل باندھ دینا / باندھنا [ار محاورہ] بہت زیادہ تعریف کرنا۔ مبالغہ سے کام لینا۔

تَعریفی [ع صف] قابل تعریف۔

تَعَزُّز [ع اند] ۱۔ عزیز ہونا۔ ۲۔ عزت۔ اعزاز۔

تَعزِیَت [ع امث] ماتم پرسی۔ مُردے کے پسماندگان سے اظہار ہمدردی۔ پُرسا۔ ماتم۔

تعزیت خانہ [عف۔ اند] ماتم کا گھر۔ تعزیت کا مقام۔

تعزیت نامہ [عف۔ اند] ماتم پرسی کا خط۔

تَعزیر [ع امث] ۱۔ سزا دینا۔ گوشمالی کرنا۔ حد شرعی سے کم سزا دینا۔ سرزنش کرنا۔ ۲۔ سزا۔ گوشمالی۔ سرزنش۔ تنبیہ۔

تعزیرات [ع امث] تعزیر کی جمع۔ ۲۔ وہ مجموعۂ قانون جس میں مختلف جرائم کی سزائیں درج ہوں۔

تعزیری [ع ف صف] سزا سے متعلق۔ تعزیر سے منسوب۔

تعزیری کارروائی [ع ف امث] ایسی کارروائی جو سزا دینے کیلئے کی جائے

تَعزیل [ع امث] معزول کرنا۔ عہدہ سے ہٹانا۔

تَعزِیَہ [ع اند] ۱۔ ماتم پرسی۔ ماتم داری۔ ۲۔ حضرت امام حسینؓ کی تربت کی نقل جو محرم میں بطور یادگار کاغذ اور بانس وغیرہ سے بناتے ہیں۔

تعزیہ اٹھانا [ار محاورہ] تعزیہ کو امام باڑہ سے اٹھا کر گشت کرانا۔ ۲۔ دفن کرنے کے لئے لے جانا۔

تعزیہ اٹھنا [ار محاورہ] دیکھیے "تعزیہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

تعزیہ بنانا [ار محاورہ] تعزیے کا ڈھانچا تیار کرنا۔

تعزیہ ٹھنڈا کرنا [ار محاورہ] تعزیہ دفن کرنا۔

تعزیہ ٹھنڈا ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "تعزیہ ٹھنڈا کرنا" جس کا یہ لازم ہے

تعزیہ دار [ع ف صف] تعزیہ رکھنے یا نکالنے والا۔

تعزیہ داری کرنا [ار محاورہ] تعزیہ رکھنا۔ تعزیہ بنانا۔ اور فاتحہ وغیرہ کا اہتمام کرنا۔

تعزیہ رکھنا [ار محاورہ] امام باڑے یا تعزیہ خانے میں تعزیہ رکھنا۔

یا تعزیہ داری کرنا۔
مرانا [ا ر محاورہ] تعزیہ کو دفن کرنا یا دریا میں ڈال دینا۔
نکالنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "تعزیہ اٹھانا"
نکلنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "تعزیہ نکالنا"
[ع اند] ۱۔مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔ ۲۔مشکل۔ دشواری۔
[ع اند] ۱۔چاہ۔ عشق۔ پیار۔ محبت۔ پریم۔ ۲۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ ۳۔شوق۔ اشتیاق۔ تمنا۔ آرزو۔
ب [ع اند] حمایت۔ طرفداری۔ پیچ۔ ہٹ۔ بے جا حمایت۔ ۲۔ مذہب، نسل یا وطن ایک ہونے کی وجہ سے طرفداری۔ جانبداری۔
[ع اند] خوشبودار ہونا۔ مہکنا۔ ۲۔خوشبو۔ مہک۔
[ع اند] مہربانی کرنا۔ ۲۔مہربانی۔ توجہ۔
[ع اند] بے کار ہونا۔ ۲۔بیکاری۔ التوا۔
[ع امث] ۱۔بیکار کرنا۔ ۲۔چھٹی۔ بے کاری۔
[ع امث] ۱۔عزت کرنا۔ ۲۔بزرگی۔ عظمت۔ عزت۔ قدر و منزلت۔ وقعت۔
بجا لانا [ا ر محاورہ] عزت کرنا۔ آداب بجا لانا۔
دینا [ا ر محاورہ] کسی کے آنے پر کھڑے ہو کر عزت کرنا۔ خیر مقدم کرنا
کرنا [ا ر محاورہ] عزت کرنا۔ آداب بجا لانا۔
ف [ع اند] پرہیزگاری۔ پارسائی۔ ۲۔ دین داری۔ عفت۔
[ع اند] ۱۔گندا ہونا۔ بدبودار ہونا۔ ۲۔بدبو۔ سڑاند۔
ب [ع اند] پیچھا کرنا۔ پیچھا۔
[ع اند] ۱۔سمجھنا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ ۲۔عقلمندی۔ عقل پرستی۔
ب [ع امث] ۱۔نماز پڑھنے کے بعد وظیفہ کے لئے بیٹھنا۔ ۲۔ وہ دعائیں جو نماز کے بعد پڑھی جاتی ہیں۔ ۳۔کسی چیز کو کسی چیز کے بعد کرنا۔
[ع امث] ۱۔مضبوط باندھنا۔ گرہ دینا۔ ۲۔پوشیدہ بات کہنا۔ ۳۔ قاعدے کے خلاف لفظوں کو آگے پیچھے کر دینا جس سے معنی سمجھنے میں دقت پیدا ہو
لفظی [ع امث بہ ترکیب فارسی] لفظوں کا اصلی جگہ پر نہ ہونا۔ حروف علت کا دب کر نکلنا۔
معنوی [ع امث بہ ترکیب فارسی] کسی خاص لفظ سے شاعر کی مراد کچھ ہو مگر محل استعمال میں وہ لفظ کچھ معنی دے رہا ہو۔
[ع اند] ۱۔علاقہ۔ لگاؤ۔ مناسبت۔ میل۔ ۲۔ رشتے داری۔ ۳۔ میلان۔ رجحان۔ ۴۔محبت۔ الفت۔ ۵۔سروکار۔ واسطہ۔ ۶۔ ملازمت۔ خدمت۔ ۷۔جائیداد۔ ملکیت۔ ۸۔ آشنائی۔ یارانہ۔
خاطر [ع اند بہ ترکیب فارسی] دل کا لگاؤ۔ میلانِ طبع۔
دار [ع ف صف] ۱۔رشتے دار۔ ۲۔ دوست۔ میل جول رکھنے والا۔
داری [ع ف امث] دیکھیئے "تعلق دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
رکھنا [ا ر محاورہ] میل جول رکھنا۔ علاقہ رکھنا۔
رہنا [ا ر محاورہ] ۱۔محبت رہنا۔ الفت رہنا۔ ۲۔ دوستی رہنا۔
ہو جانا / رہونا [ا ر محاورہ] ۱۔ آشنائی ہو جانا۔ آنکھ لڑ جانا۔ ۲۔ ملازمت ہو جانا۔

تعلّقہ [ع ف اند] ۱۔علاقہ۔ جاگیر۔ حصّہ۔ ملکیت۔ ۲۔صوبہ یا ضلع کا حصّہ۔
تعلقہ دار [ع ف صف] علاقہ دار۔ جاگیردار۔ زمیندار
تعلقہ داری [ع ف امث] دیکھیئے "تعلقہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تعلّم [ع اند] ۱۔علم پڑھنا سیکھنا۔ ۲۔علم حاصل کرنے یا سیکھنے کا عمل۔
تعلّی [ع امث] ۱۔بلندی۔ ترقی۔ برتری۔ بزرگی۔ ۲۔شیخی۔ ڈینگ [افعال:۔ کرنا]
تعلّی پر آنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "تعلّی کی لینا"
تعلّی کی لینا [ا ر محاورہ] ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔
تعلیق [ع امث] ۱۔ لٹکانا۔ ۲۔کسی چیز کو دوسری سے متعلق کرنا۔ ۳۔موقوف کرنا ملتوی کرنا۔ ۴۔خط کی ایک قسم جسے خواجہ تاج اصفہانی نے ایجاد کیا۔
تعلیق بالمحال [ع امث] کسی بات کو ناممکن بات پر منحصر کرنا۔
تعلیقہ [ع اند] ۱۔مال و اسباب کی ضبطی۔ ۲۔مکان کی قرقی۔ ۳۔ قرق شدہ سامان کی فہرست۔ ۴۔ کتاب کا ضمیمہ۔ ۵۔ حاشیے کی تنبیہ۔ حاشیہ پر ظاہر کی گئی رائے [افعال: کرنا۔ ہونا]
تعلیل [ع امث] وجہ بیان کرنا۔ سبب نکالنا۔ ۲۔حروف علت یا اعراب کی تبدیلی کی وجہ بیان کرنا۔
تعلیم [ع امث] ۱۔سکھانا۔ ہدایت کرنا۔ ۲۔ناچنے گانے کی مشق۔ ۳۔گھوڑا سدھانا
تعلیم پانا [ا ر محاورہ] ۱۔تربیت پانا۔ ۲۔ ہدایت پانا۔ ۳۔ ناچ گانا سیکھنا۔
تعلیم دینا / کرنا [ا ر محاورہ] ۱۔پڑھنا لکھنا سکھانا۔ ۲۔ ناچنا گانا سکھانا۔
تعلیم لینا [ا ر محاورہ] ۱۔پڑھنا لکھنا سیکھنا۔ ۲۔ناچنا گانا سیکھنا۔
تعلیم یافتہ [ع ف صف] پڑھا ہوا۔ خواندہ۔ تربیت یافتہ۔
تعلیمی [ع صف] دیکھیئے "تعلیم" جس سے یہ منسوب ہے۔
تعمّق [ع اند] ۱۔غور کرنا۔ ۲۔کسی چیز کی تہ میں پہنچنا۔ ۳۔غور فکر۔ گہرائی
تعمیر [ع امث] ۱۔آباد کرنا۔ ۲۔ مکان بنانا۔ مرمت کرنا۔ ۳۔عمارت۔ گھر۔ ۴۔بناوٹ۔ ساخت۔
تعمیق [ع امث] کسی کام میں دور اندیشی کرنا۔ غور کرنا۔ سوچنا۔
تعمیل [ع امث] ۱۔عمل کرنا۔ ۲۔حکم بجا لانا۔ ۳۔بجا آوری۔ ۴۔فرمانبرداری ۵۔عمل درآمد [افعال: کرنا۔ ہونا]
تعمیم [ع امث] تمام کرنا۔ سب کو شامل کرنا۔ ۲۔عمومیت۔ کلّیت۔
تعمیہ [ع اند] ۱۔اندھا کرنا۔ ۲۔معمّا کہنا۔ ۳۔مادہ تاریخ کی کمی کسی حرف لفظ یا فقرے سے پوری کرنا۔
تعنُّت [ع اند] عیب جوئی۔ بدگوئی۔ عیب۔ طعنہ۔
تعوُّذ [ع اند] ۱۔پناہ لینا۔ ۲۔ اعوذ باللہ کہنا۔
تعویذ [ع اند] ۱۔پناہ دینا۔ پناہ میں لینا۔ ۲۔ وہ اعداد اور آیات وغیرہ جن کو نقش میں لکھ کر گلے میں ڈالتے یا بازو وغیرہ پر باندھتے ہیں۔ ۳۔ وہ کاغذ وغیرہ جس پر حصولِ مطلب کے لئے دعائیں لکھی ہوں۔ ۴۔وہ نشان جو قبروں پر بنایا جاتا ہے
تعویذ باندھنا [ا ر محاورہ] تعویذ کپڑے میں سی کر جسم پر باندھنا۔
تعویذ بخشنا [ا ر محاورہ] ۱۔تعویذ دینا۔ ۲۔ تعویذ لکھنے کی اجازت دینا۔
تعویذ چاٹنا [ا ر محاورہ] ذہن کی ترقی کے لئے یا دفع مرض کے لئے شکر کی نقش یا کسی بزرگ کے مزار کی مٹی چاٹنا۔

تعویذ دھو کے پینا [ار محاورہ] ۱۔ نقش دھو کے پینا۔ ۲۔ قبر کا تعویذ دھو کے پینا۔
تعویذ عمل میں ہونا [ار محاورہ] تعویذ کا تجربہ ہونا۔ تعویذ کا عامل ہونا۔
تعویذ کرنا [ار محاورہ] ۱۔ تعویذ لکھ کر دینا۔ ۲۔ کسی چیز کو تعویذ کی طرح حفاظت [illegible]۔
تعویذِ لحد [ع اند] [فارسی ترکیب کے ساتھ] قبر کے ناف میں تعویذ کی شکل جو بنا دی جاتی ہے۔
تعویذ لکھنا [ار محاورہ] نقش یا دعائیں لکھنا۔
تعویذ طومار [ع اند] گنڈا تعویذ۔ جادو۔ ٹونا۔
تعویذی گلوری [ار امث] پان کا مربع بیڑا۔
تعویذیا [ار صف] ایک قسم کا کبوتر جس کی گردن میں سفید پر تعویذ کی شکل کے ہوتے ہیں۔
تعویق [ع امث] ڈھیل۔ لیت و لعل۔ ٹال مٹول۔ التوا۔
تعہد [ع اند] وعدہ۔ عہد۔ عہد نامہ۔ ٹیا۔
تعیش [ع اند] ۱۔ عیش کا سامان مہیا کرنا۔ ۲۔ عیش و عشرت۔
تعین [ع اند] ۱۔ مخصوص ہونا۔ مقرر ہونا۔ ۲۔ تقرر۔ ۳۔ مطلق کے خلاف ہستی۔ وجود [افعال:۔ کرنا]
تعینات [ار اند] مقرر۔ متعین [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]
تعیناتی [ار امث] تقرر۔ تعین [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]
تعیین [ع امث] ۱۔ مقرر کرنا۔ معین کرنا۔ مخصوص کرنا۔ ۲۔ تقرر۔

ت ۔ غ

تغابُن [ع اند] ۱۔ خسارہ۔ نقصان۔ ۲۔ ایک دوسرے کو دھوکا دینا۔ غبن کرنا
تغادل [ار اند ق] دیکھیے ''تقاضا'' جس کا یہ بگاڑ ہے۔
تغار / تغارا [ف اند] ۱۔ مٹی کا کونڈا یا ناند۔ ۲۔ وہ گھڑا جو گارا یا چونا بھگونے کے واسطے بناتے ہیں۔
تغاری [ار امث] تغار کی تصغیر۔ آٹا گوندھنے کا کونڈا۔
تغافل [ع اند] جان بوجھ کر غفلت کرنا۔ بے توجہی۔ بے پروائی۔ بے التفاتی۔ سستی
تغافل پسند / پیشہ / شیوہ / دست گاہ / شعار [ع ف صف] غافل۔ بے پروا۔
تغافل پسندی / پیشگی / شعاری [ع ف امث] دیکھیے ''تغافل پسند'' وغیرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تغایُر [ع اند] ۱۔ ایک دوسرے سے مغایر ہونا۔ ۲۔ فرق۔ تفاوت۔ مغایرت۔
تغذیہ [ع اند] ۱۔ غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ ۲۔ خوراک۔ غذا۔ خورش۔
تغزّل [ع اند] ۱۔ غزل کہنا۔ عشقیہ مضامین بیان کرنا۔ ۲۔ غزلیت غزل کا تیکھا پن۔ ۳۔ مزا۔
تغلّب [ع اند] ۱۔ غلبہ کرنا۔ قبضہ کرنا۔ ۲۔ غبن۔ خیانت۔ تصرف بے جا [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]
تغلیط [ع امث] غلطی میں ڈالنا۔ غلطی سے منسوب کرنا۔ غلط کرنا۔
تغلیظ [ع امث] ۱۔ سختی کرنا۔ ۲۔ گاڑھا کرنا۔ ۳۔ سختی۔ ۴۔ گاڑھا پن۔

تغما / تغمہ [ار اند] دیکھیے ''تمغا'' جو صحیح ہے۔
تغما بٹھانا / جمانا [ار محاورہ] (دو) سکہ بٹھانا۔ رعب بٹھانا۔ حکم جتانا۔
تغیُّر [ع اند] ۱۔ پلٹنا۔ بدلنا۔ ۲۔ انقلاب۔ پہلی حالت سے دوسری حالت میں جانے کا عمل۔
تغیّر کرنا [ار مص مرکب] تغیر کرنا۔ برطرف کرنا۔ بدلنا۔
تغییر [ع امث] ۱۔ حالت بدل دینا۔ تبدیل کرنا۔ ۲۔ پلٹنا۔ انقلاب۔

ت ۔ ف

تَف [ف امث] بخار کی گرمی۔ بھاپ۔ دھواں۔
تُف [ف اند مث] ۱۔ تھوک۔ لعاب دہن۔ ۲۔ (کلمۂ نفرین) لعنت۔ ملامت
تف نہ کرنا [ار محاورہ] پروا نہ کرنا۔ ادنیٰ توجہ بھی نہ کرنا۔
تفاح [ع اند] سیب۔
تفاخُر [ع اند] ۱۔ فخر کرنا۔ ۲۔ فخر۔ غرور۔ تکبر۔ فخر جتانا۔
تفارُق [ع اند] جدائی۔ فرق۔
تفاریق [ع اند مث] دیکھیے ''تفریق'' جس کی یہ جمع ہے۔
تفاس [ار امث ق] تلاش۔
تفاسیر [ع اند مث] دیکھیے ''تفسیر'' جس کی یہ جمع ہے۔
تفاصیل [ع اند مث] دیکھیے ''تفصیل'' جس کی یہ جمع ہے۔
تفاوُت [ع اند مث] ۱۔ فاصلہ۔ دوری۔ ۲۔ فرق۔ جدائی [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]
تفاؤُل [ع اند] ۱۔ فال لینا۔ شگون لینا۔ ۲۔ فال۔ شگون۔
تفتہ [ف صف] ۱۔ تافتہ کا مخفف۔ ۲۔ بہت گرم۔ جلا، بُھنا۔ ۳۔ عاشق۔ ۴۔ بے قرار۔ مضطرب۔
تفتہ جان / جگر / دل [ف صف] ۱۔ دل جلا۔ ۲۔ عاشق۔ ۳۔ غمگین۔
تفتیح [ع امث] ۱۔ کھولنا۔ ۲۔ کشادگی۔
تفتیدہ [ف صف] دھوپ یا آگ سے گرم کی ہوئی چیز۔
تفتیش [ع امث] ۱۔ کھودنا۔ ۲۔ چھان بین۔ تلاش۔ کوشش [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]
تفحّص [ع اند] جستجو۔ تلاش [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]
تفخُّر [ع اند] ۱۔ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔ ۲۔ غرور۔ فخر۔ گھمنڈ۔
تفخیم [ع امث] ۱۔ بڑا کرنا۔ بزرگ رکھنا۔ ۲۔ مخصوص حروف کو پُر کر کے پڑھنا۔
تفرّج [ع اند] ۱۔ سیر۔ تماشہ۔ تفریح۔ ۲۔ خوشحالی۔ کشائش۔
تفرّج گاہ [ع ف امث] سیرگاہ۔ تماشہ گاہ۔
تفرّد [ع اند] ۱۔ تنہائی پسند ہونا۔ یگانہ ہونا۔ ۲۔ یکتائی۔ تنہائی۔
تفرّس [ع اند] ۱۔ قیافہ سے پہچان لینا۔ آثار سے پہچان لینا۔ عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔
تفرِقہ [ع اند] ۱۔ فرق۔ ۲۔ فاصلہ۔ جدائی۔ ۳۔ پھوٹ۔ نااتفاقی [افعال پڑنا۔ ڈالنا]
تفرقہ انداز / پرداز [ع ف صف] پھوٹ ڈالنے والا۔
تفرقہ اندازی / پردازی [ع ف امث] دیکھیے ''تفرقہ انداز'' وغیرہ

جن کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تفریح [ع امث] ۱۔ خوش کرنا۔ ۲۔ چہل۔ دل لگی۔ خوشی۔

تفریحاً [ع متعلق فعل] خوشی سے۔ دل لگی سے۔ مزاحاً۔

تفرید [ع امث] ۱۔ اکیلا کرنا۔ یگانہ کرنا۔ ۲۔ یکتائی۔ تنہائی۔

تفریس [ع امث] کسی غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنانا جیسے چھتری سے چتر۔

تفریط [ع امث] کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ ۲۔ کمی۔ کوتاہی۔ غفلت۔

تفریطِ زر [ع ف امث] اشیا کی قیمتوں کی حد سے زیادہ کمی۔ وہ کمی جو زر کی رسد میں کمی کرنے سے واقع ہوتی ہے۔ انگریزی DEFLATION کا ترجمہ

تفریق [ع امث] جدا کرنا۔ ۲۔ فرق ڈالنا۔ ۳۔ علیحدگی۔ جدائی۔ ۴۔ کسی بڑے عدد سے چھوٹے کو نکالنا۔

تفسیدہ [ف صف] بہت گرم۔ جلا ہوا۔

تفسیر [ع امث] ۱۔ مغز سخن کو ظاہر کرنا۔ ۲۔ تشریح۔ تفصیل (خاص طور پر قرآن حکیم کی) [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]

تفصیل [ع امث] جدا کرنا۔ ۲۔ بیان کرنا۔ ۳۔ تشریح۔ توضیح۔ ۴۔ فہرست۔ فرد [افعال:۔ کرنا۔ دینا]

تفصیلاً / تفصیل وار / تفصیلی [ع ف صف] مفصل طریقے سے۔ وضاحت سے

تفضّل [ع اند] ۱۔ بزرگی۔ بڑائی۔ ۲۔ لطف و کرم۔

تفضیح [ع امث] رسوا کرنا۔ فضیحت کرنا۔ ۲۔ فضیحت۔ رسوائی۔

تفضیل [ع امث] ترجیح۔ فوقیت۔ فضیلت۔

تفضیلِ بعض [ع ف امث] وہ صفت جس میں موصوف کو بعض ہم جنسوں سے اچھا یا بُرا ظاہر کیا جائے۔

تفضیلِ کُل [ع ف امث] وہ صفت جس میں موصوف کو کُل ہم جنسوں سے اچھا یا بُرا ظاہر کیا جائے۔

تفضیلِ نفسی [ع ف امث] وہ صفت جس میں موصوف کو بجائے خود بلا مقابلہ اچھا یا بُرا ظاہر کیا جائے۔

تفضیلی / تفضیلیہ [ع صف] وہ مسلمان جو حضرت علیؓ کو تمام صحابہؓ پر فضیلت دیتا ہو

تفقّد [ع اند] مہربانی۔ دل جوئی۔ ۲۔ تلاش۔ جستجو۔ ڈھونڈنا۔ غمخواری کرنا۔

تفقّہ [ع اند] ۱۔ عقلمند ہونا۔ ۲۔ علم فقہ جاننا۔ ۳۔ سمجھ۔ عقل۔ فقاہت۔

تفک [ف اند] (تپک کا مبدّل جو توپ کی تصغیر ہے) چھوٹی توپ۔

تفکّر [ع اند] سوچنا۔ اندیشہ کرنا۔ ۲۔ سوچ۔ بچار۔ فکر۔ اندیشہ۔

تفکّہ [ع اند] میوہ کھانا۔ پھل کھانا۔ لطف۔ مزا۔

تفلسف [ع اند] فلسفی ہونا۔ فلسفیت۔ حکمت۔

تفنگ [ف امث] ایک لمبی نالی جس سے سانس کے زور سے تیر پھینکتے اور چڑیوں کا شکار کرتے ہیں۔ ۲۔ ہوائی بندوق۔ توپ بندوق۔

تفنگ انداز [ف صف] ۱۔ بندوق چلانے والا۔ بندوق کی وہ جگہ جہاں گھوڑا گرتا ہے

تفنگچی [ف ترکی صف] بندوقچی۔ بندوق چلانے والا۔

تفنگ کا پیالہ [ف ار اند] بندوق کا وہ مقام جہاں گھوڑا گرتا ہے۔

تفنگ کا توتا [ف ار اند] توڑے دار بندوق کا وہ پرزہ جس میں فیتہ رکھ کر بارود کو آگ دیتے ہیں۔

تفنّن [ع اند] ۱۔ قسم قسم کا ہونا۔ ۲۔ چہل۔ دل لگی۔ شغل۔

تفوّق [ع اند] برتری۔ ترجیح۔ فوقیت [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]

تفویض [ع امث] سپردگی۔ حوالگی۔ تحویل۔ ۲۔ عورت شادی میں دینا۔

تفہّم [ع اند] خود سمجھنا۔ ۲۔ سمجھ۔ عقل۔ فہم۔

تفہیم [ع اند] سمجھانا۔ فہمائش۔

ت ، ق

تقابل [ع اند] ۱۔ مقابلہ۔ آمنے سامنے کھڑے ہونا۔ ۲۔ دو سیاروں کے درمیان چھ بُرجوں کا فاصلہ جو منحوس ہے۔

تقارب [ع اند] پاس ہونا۔ قریب ہونا۔ ۲۔ قرب اور نزدیکی۔ ۳۔ علم عروض کی بحر جس کا وزن آٹھ بار فعولن ہے۔

تقاریب [ع امث] دیکھیے "تقریب" جس کی یہ جمع ہے۔

تقاریر [ع امث مذ] دیکھیے "تقریر" جس کی یہ جمع ہے۔

تقاضا [ع اند] طلب کرنا۔ ۲۔ تاکید۔ خواہش۔ مانگ۔ اقتضا۔ [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]

تقاضا اترنا [ار محاورہ] وہ چیز دی جانا یا وہ فعل کیا جانا جس کے واسطے اصرار ہو

تقاضا اٹھانا [ار محاورہ] تقاضے کی برداشت کرنا۔

تقاطُر [ع اند] پھوہار۔ بوندا باندی۔ بارش کا قطرہ قطرہ برسنا۔

تقاطُع [ع اند] ایک کا دوسرے کو کاٹنا۔ قطع کرنا۔

تقاوی [ع امث] وہ روپیہ جو زمینداروں کو زراعت میں امداد کے لئے سرکار قرض دیتی ہے۔

تقاویم [ع اند] دیکھیے "تقویم" جس کی یہ جمع ہے۔

تقدّس [ع اند] پاکیزگی۔ پاکی۔

تقدّم [ع اند] پیش قدمی۔ آگے بڑھنا۔ ۲۔ ترجیح۔ پہلے ہونا۔

تقدمہ [ع اند] پیش کرنا۔ ۲۔ پیشگی روپیہ۔ ۳۔ آخری فیصلہ یا چکوتہ۔ ۴۔ تخمینہ۔

تقدمۃ الجیش [ع اند] پیشوائے لشکر۔ لشکر کا اگلا حصّہ۔

تقدیر [ع امث] نصیب۔ قسمت۔ مقسوم۔ ۲۔ وہ اندازۂ قدرت جو حق تعالیٰ نے روز ازل سے ہر شے کے لئے مقرر کر دیا ہے۔

تقدیر آزمانا [ار محاورہ] قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔ قسمت آزمانا۔

تقدیر آزمائی [ع ف امث] قسمت کی آزمائش۔ قسمت آزمائی۔

تقدیر اٹکنا / الٹنا / بگڑنا [ار محاورہ] بدقسمتی ہونا۔ قسمت کا ناموافق ہونا۔

تقدیر پر چھوڑنا [ار محاورہ] کسی معاملہ میں تدبیر نہ کرنا۔

تقدیر پلٹنا / پھوٹ جانا [ار محاورہ] دیکھیے "تقدیر الٹنا"

تقدیر پھر جانا / پھرنا [ار محاورہ] ۱۔ قسمت یاور ہونا۔ ۲۔ بد اقبالی ہونا۔ بُرے دن آنا

تقدیر جاگنا / جوان ہونا / چمکنا [ار محاورہ] بھلے دن آنا۔ بخت کا یاور ہونا۔

تقدیر سو جانا [ار محاورہ] بُرے دن آنا۔ قسمت کا ناموافق ہونا۔

تقدیر سے [ار متعلق فعل] اتفاقیہ۔ خوش قسمتی سے۔

تقدیر سے زور نہیں چلتا [ار مقولہ] جو قسمت میں لکھا ہوا ہو گزر رہتا ہے۔ تدبیر کام نہیں آتی۔

تقدیر سیدھی ہونا [ا ر محاورہ] بخت یاور ہونا۔ زمانہ موافق ہونا۔
تقدیر کا [ا ر صف] قسمت کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔
تقدیر کا بدا [ا ر صف] قسمت کا لکھا
تقدیر کا بل نکل جانا [ا ر محاورہ] بدبختی دور ہونا۔
تقدیر کا دامن پکڑنا [ا ر محاورہ] کام قسمت پر چھوڑنا
تقدیر کا دکھانا [ا ر محاورہ] قسمت کا لکھا پیش آنا مصیبت میں مبتلا کرنا۔
تقدیر کا سکندر [ا ر صف] نہایت خوش قسمت۔
تقدیر کا کھیل [ا ر اند] قسمت کی بات / کا کرشمہ۔
تقدیر کا کھوٹا [ا ر صف] بدقسمت۔ بداقبال۔
تقدیر کا لکھا [ا ر صف] دیکھیے "تقدیر کا بدا"
تقدیر کا لکھا پورا ہونا [ا ر محاورہ] جو قسمت میں ہو وہ ہو جانا۔
تقدیر کا لکھا یونہی تھا [ا ر مقولہ] اسی طرح ہونا تھا۔ اسی طرح قسمت میں تھا۔
تقدیر کا منہ پھیر لینا [ا ر محاورہ] بداقبالی در پیش آنا۔ بدبختی آجانا۔
تقدیر کا موافق آجانا / ہونا [ا ر محاورہ] خوش بختی آنا۔ نصیب یاور ہونا
تقدیر کا ہیٹا [ا ر صف] دیکھیے "تقدیر کا کھوٹا"۔
تقدیر کو رونا [ا ر محاورہ] بدقسمتی کا شکوہ کرنا۔
تقدیر کو سونپنا [ا ر محاورہ] کام میں خدا سے بہتری کی امید رکھنا۔ کل کام تقدیر پر چھوڑنا۔
تقدیر کھل جانا [ا ر محاورہ] ۱۔ تقدیر چمکنا۔ ۲۔ شادی ہو جانا۔
تقدیر کھوٹی ہونا [ا ر محاورہ] بدبختی کا دور دورہ ہونا۔
تقدیر کے ہاتھ بات ہے [ا ر مقولہ] سارا دارومدار نصیب پر ہے۔
تقدیر لڑ جانا / لڑنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "تقدیر کھل جانا"۔ ۲۔ قسمت کا یکساں ہونا
تقدیر ٹوٹ جانا [ا ر محاورہ] تقدیر برگشتہ ہو جانا۔
تقدیر والا [ا ر صف] خوش قسمت۔
تقدیری [ع صف] دیکھیے "تقدیر" جس سے یہ منسوب ہے۔
تقدیس [ع امث] پاکیزہ کرنا۔ ۲۔ پاکیزگی۔ تقدس۔
تقدیم [ع امث] آگے کرنا۔ ۲۔ کسی کو آگے بھیجنا۔ ۳۔ پیش قدمی۔ پہل۔ ۴۔ برتری۔ ترجیح۔ ۵۔ پیش کرنا۔
تقرُّب [ع اند] نزدیک ہونے کی کوشش کرنا۔ قرب ڈھونڈنا۔ ۲۔ نزدیکی۔ قربت۔
تقرر [ع اند] ۱۔ تعین۔ ۲۔ ملازم ہونا مقرر ہونا۔ ۳۔ ملازمت۔ نوکری۔
تقریب [ع امث] نزدیک کرنا۔ تقریب پہنچنے دینا۔ پہنچنا۔ ۲۔ ذریعہ۔ باعث ۳۔ شادی بیاہ وغیرہ میں رشتہ داروں کے پہنچنے کا باعث۔ ۴۔ سفارش۔ ذکر۔ تذکرہ۔ ۵۔ موقع محل۔
تقریباً [ع متعلق فعل] تخمیناً۔ قریب۔ قریب۔
تقریر [ع امث] بیان۔ ذکر۔ گفتگو۔ ۲۔ بحث علمی و عقلی۔ تکرار۔ حجت۔
تقریر کا لچھا بندھ جانا [ا ر محاورہ] نہایت شستہ اور سلسلہ وار گفتگو ہونا۔
تقریر میں تکرار نہ چاہیے [ا ر مقولہ] ایک بات کو بار بار نہ کہنا چاہیے۔
تقریری [ع صف] زبانی۔ ۲۔ تحریری کی ضد۔
تقریر یا [ا ر صف] حجتی۔ جھگڑالو۔ جھکی۔ یاوہ گو۔

تقریریں چھڑنا [ا ر محاورہ] باتیں ہونا۔ حجت ہونا۔ بحث مباحثہ ہونا۔
تقریظ [ع امث] کسی تصنیف کی تعریف۔ کسی کتاب کی تعریف۔ ساقی و دوست کی تعریف۔ کسی کتاب پر توصیفی مضمون یا تعارف لکھنا۔
تقسیم ع امث ۱۔ حصہ کرنا۔ بانٹنا۔ ۲۔ بانٹ۔ انقسام۔ قسمت۔ بٹوارا۔ ۳۔ حساب کا ایک قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے پر بانٹتے ہیں [افعال: کرنا۔ ہونا]
تقشُّف [ع امث] عزہ بار / درویشی میں رہنا۔
تقشیر [ع امث] چھلکا اتارنا۔ مقشر کرنا۔ چھیلنا۔
تقصیر [ع امث] ۱۔ کم کرنا۔ چھوٹا کرنا۔ ۲۔ کوتاہی۔ کمی۔ ۳۔ خطا۔ قصور غلطی۔ گناہ۔
تقصیروار [ع ف صف] قصوروار۔ مجرم۔ گنہگار۔
تقطیر [ع امث] قطرہ قطرہ ڈالنا / ٹپکانا / نکالنا۔ ۲۔ ٹپکاؤ۔ چکیدگی۔ ۳۔ پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا۔
تقطیع [ع امث] ۱۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کاغذ کی لمبائی چوڑائی۔ سائز۔ ۳۔ اب پ کے مرکبات جن سے حروف ملانا سکھایا جاتا ہے جیسے باب۔ بپ۔ ۴۔ شعر کا وزن اور بحر معلوم کرنے کے لئے۔ اس کے مختلف حصے کرنا۔
تقلید [ع امث] پیروی۔ نقل۔ کسی کے قدم بقدم چلنا۔ کسی کی متابعت کرنا۔
تقلیدی [ع صف] نقل کیا ہوا۔ نقلی۔
تقلیل [ع امث] کم کرنا۔ تھوڑا کرنا۔ ۲۔ کمی۔ قلت۔
تقویٰ [ع اند] خدا کا خوف۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ اپنے آپ کو گناہ سے بچانا۔
تقویت [ع امث] اصل میں تقویۃ تھا۔ ۲۔ طاقت۔ زور۔ پشتی۔ مدد ۳۔ تسکین۔ تسلی۔
تقویم [ع امث] ۱۔ سیدھا کرنا۔ ۲۔ بناوٹ۔ ساخت۔ ۳۔ جنتری۔ پترا (وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں ستاروں کے مقامات نظرات وغیرہ اور گرہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے)
تقویم پارینہ / پارینہ [ع ف امث] ۱۔ پرانی جنتری۔ ۲۔ بیکار چیز۔ ۳۔ بوڑھی بیوی۔
تقی [ع اند صف] خدا سے ڈرنے والا۔ ۲۔ پرہیزگار۔ ۳۔ بارہ اماموں میں سے نویں (۹) امام کا نام۔
تقیُّد [ع اند] ۱۔ قید ہونا۔ بند ہونا۔ ۲۔ پابندی۔ تاکید۔ تنبیہہ۔ روک ٹوک۔
تقیید [ع امث] ۱۔ قید کرنا۔ بند کرنا۔ ۲۔ پابندی۔ تاکید۔ تنبیہہ۔ روک ٹوک۔
تقیّہ [ع اند] ڈرنا۔ ۲۔ ڈر کر اپنا مذہب ظاہر نہ کرنا۔ ۳۔ شیعوں کے عقیدے میں کسی ظلم کے ڈر سے حق پوشی کرنا۔ ۴۔ دھوکا جو نیک کام کرنے کے لئے کیا جائے۔

ت ، ک

تک [ہ امث] بڑی ترازو جس کو زمین میں نصب کرتے ہیں۔
تک [ا ر حرف جار] حد ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں۔ ۲۔ پاس۔ نزدیک۔ نیز۔ بھی
تُک [ہ اند مث] ۱۔ قافیہ۔ سجع۔ ۲۔ وہ بات جو اپنی طرف سے بنائی جائے۔ رذل۔
تُک بند [ہ ف صف] تُک سے تک ملانے والا۔ بکواسی۔

بندی [ہ ف امث] دیکھیے "تک بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جوڑنا / ملانا [ار محاورہ] قافیہ ملانا۔ ذٹل قافیہ ہانکنا۔ بکواس کرنا۔
[ف امذ] گوشت کا ٹکڑا۔ بوٹی۔ لمبی یا پتلی بوٹی ۲۔ مضغہ۔ لوتھڑا ۳۔ بچہ۔
اتارنا [ار محاورہ] گوشت کی بوٹیاں بچوں کے سر سے وار کر
چیلوں اور کوؤں کو ڈالنا۔
بوٹی کر ڈالنا / کرنا [ار محاورہ] ا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ دھجی
دھجی کرنا ۲۔ تقسیم کر لینا۔
بوٹی ہو جانا / رہونا [ار محاورہ] دیکھیے "تکا بوٹی کر ڈالنا" جسکا یہ لازم ہے
[ار امذ] ایک خاص قسم کا تیر جس میں نوک کی بجائے گھنڈی ہوتی
ہے ۲۔ (صف) سیدھا۔
چلانا [ار محاورہ] اٹکل پچو تیر چلانا۔ ۲۔ کوئی فضول کام کرنا۔
سا [ار صف] تیر کی طرح سیدھا۔
سا کھڑا رہنا [ار محاورہ] ہر وقت موجود رہنا۔ سر پر کھڑا رہنا۔
اسی داڑھی [ار امث] وہ داڑھی جو ٹھوڑی پر ہو اور رخساروں
پر نہ ہو۔
کا سی سیدھی [ار صف] بہت سیدھی۔
کا فضیحتی [ار امث] دیکھیے "تکا فضیحتی" جو صحیح ہے۔
کاثف [ع امذ] موٹا ہونا۔ کثیف ہونا۔ ۲۔ کثافت۔ موٹائی۔ دَل۔
کاسُل [ع امذ] ا۔ خود کو سست ظاہر کرنا۔ ۲۔ کاہلی۔ سستی۔
ا کرنا [ار محاورہ] دیکھا کرنا۔ ۲۔ موقع ڈھونڈا کرنا۔
لیف [ع امث مذ] دیکھیے "تکلیف" جس کی یہ جمع ہے۔
ان [ف امث] تھکن۔ ماندگی۔ کسل مندی۔ ۲۔ حرکت جنبش۔ ۳۔
اشارہ۔ جھٹکا۔ ۴۔ نیزے یا برچھی کو جھٹکا دینا۔
ان اتارنا [ار محاورہ] تھکاوٹ رفع کرنا۔ سستی دور کرنا۔ تازہ دم ہونا
۲۔ (عامیانہ) جماع کرنا۔ ہم بستر ہونا۔
ان اُترنا [ار محاورہ] دیکھیے "تکان اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ان پہنچنا [ار محاورہ] صدمہ پہنچنا۔
ان چڑھنا [ار محاورہ] تھکنا۔ ۲۔ سستی ہونا
ان دینا [ار محاورہ] برچھی یا نیزے کو جھٹکا دینا۔ حرکت دینا۔ ہلانا۔ جھاڑنا
ان ہونا [ار محاورہ] تھک جانا۔ تھکاوٹ ہونا۔ سستی ہونا۔
ر [ع امذ] اپنی بڑائی ظاہر کرنا۔ ۲۔ غرور۔ گھمنڈ۔
ر عزازیل را خوار کرد
زندان لعنت گرفتار کرد } [ف مقولہ] غرور نے شیطان کو ذلیل کیا اور لعنت کے طوق میں گرفتار کیا۔
۲۔ تکبر ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔
لی [ار امث ق] جلدی۔ بے تابی۔ بے چینی۔
یر [ع امث] بڑا کہنا۔ خدا کی بڑائی کرنا۔ اللہ اکبر کہنا۔
یر اُولیٰ / تحریمہ [ع امث] نماز کی پہلی تکبیر۔ نیز دیکھیے "تحریمہ"
ت تک [ف اصوت مث] پاؤں کی چاپ۔ چلنے کی آواز۔
ت تک دیجترا [ہ صوت امث] بیلوں کے ہانکنے کی آواز [افعال: کرنا]
ثیر [ع امث] زیادہ کرنا۔ ۲۔ زیادتی۔ افزونی۔ افراط۔ کثرت۔

تکثیف [ع امث] گاڑھا پن۔ کثافت۔ ۲۔ موٹا کرنا۔ گاڑھا کرنا۔
تکدُّر [ع امذ] مکدر ہونا۔ میلا ہونا۔ گدلا ہونا۔ ۲۔ میلا پن۔ کدورت
آلودگی۔ رنجیدگی۔ دل کی پریشانی۔
تکدِمہ [ار امذ] عربی "تقدمہ" کا بگاڑ۔ ۲۔ اندازے کی تفصیل۔ تخمینہ۔
حساب کی جانچ [افعال: کرنا۔ ہونا]
تکذیب [ع امث] جھٹلانا۔ جھوٹ بولنے کا الزام لگانا [افعال: ہونا۔ کرنا]
تکرار [ع امث مذ] بار بار کہنا۔ دہرانا۔ ۲۔ حجت۔ بحث۔ ۳۔ جھگڑا۔ لفظی نزاع۔
تکرار کرنا [ار محاورہ] جھگڑنا۔ الجھنا۔ سر ہونا۔ ۲۔ بار بار کہنا۔
تکرار نکالنا [ار محاورہ] جھگڑا پیدا کرنا۔
تکرار ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "تکرار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
تکراری [ار صف] جھگڑالو۔ لڑاکا۔ فسادی۔
تکریر [ع امث] ا۔ دہرانا۔ بار بار کہنا۔ ۲۔ دہراؤ۔ اعادہ۔
تکریم [ع امث] ا۔ بزرگ کرنا۔ عزت کرنا۔ ۲۔ عزت۔ تعظیم۔ ادب
۳۔ آؤ بھگت۔
تکڑا (دیکھیے تکبیرا) [ہ صف] وہ شعر جس پر ایک مصرعہ زائد لگا کر تضمین کرتے ہیں مثلث
تکڑا [ہ صف] مضبوط۔ قوی۔ طاقت ور۔ موٹا تازہ۔ [illegible]
تکڑی [ہ صف مث] ا۔ دیکھیے "تکڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔ ۲۔ چھوٹی ترازو
تکڑی [ہ امث] ا۔ تین گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جوتے جائیں
۲۔ تین آدمیوں کا اتفاق۔
تکُش [ہ امذ] وہ پتا جس میں پان رکھ کر مخروطی شکل کی پڑیا بناتے ہیں۔
تکسُّر [ع امث] توڑنا۔ ٹکڑے کرنا۔ ترشح ہونا۔ ۲۔ کمزور ہونا۔ ناتواں ہونا۔
۳۔ حساب میں حاصل آگے لیجانا۔ ۴۔ پرندے کا بیٹھتے وقت پروں کو اکٹھا کرنا۔
تکسیر [ع امث] ا۔ توڑنا۔ ۲۔ اعداد کو تعویذ کے خانوں میں اس طرح
لکھنا کہ مجموعہ ہر طرف برابر ہو۔
تکمش [ہ امذ] ترکش۔ تیروں کے رکھنے کا خانہ (ترکش کا بگاڑ)
تکفُّل [ع امذ] ضامن بننا۔ ضمانت لینا۔ ۲۔ ضمانت۔ کفالت۔
تکفیر [ع امث] کافر کہنا۔ کفر کا فتویٰ دینا۔ ۲۔ کفارہ دینا۔ ۳۔ دوسرے
کے آگے عجز کرنا۔
تکفیل [ع امث] ضامن بننا۔ کفالت کرنا۔ ذمہ دار ہونا۔
تکفین [ع امث] کفن دینا۔ کفنانا۔ کفن پہنانے کا عمل۔
تکل [ار امث] دو کانپوں والا پتنگ [افعال: اڑانا۔ بڑھانا]
تکلا [ار امذ] چرخے کی وہ آہنی سلاخ جس پر کاتتے وقت لکڑی لپٹتی جاتی ہے
۲۔ وہ آہنی سلاخ جس سے پکوان نکالتے ہیں۔
تکلے کا گھاؤ [ار امذ] چھوٹا سا زخم۔ معمولی زخم جو تکلے کی نوک سے ہو۔
تکلے کے سے بل نکال دینا [ار محاورہ] سیدھا بنانا۔ ساری شرارت دور کر دینا
تکلے کی طرح بل نکلنا [ار محاورہ] دیکھیے "تکلے کے سے بل نکال
دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
تکلا [ار امذ] وہ ڈور جو ہاتھ کے پنجے کے انگوٹھے اور چھنگلیا پہ
لپیٹ کر اکٹھا کرتے ہیں۔
تکلُّف [ع امذ] ا۔ اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا۔ ۲۔ کھٹکا۔ ہچکچاہٹ

۳۔ نمائش۔ ظاہرداری۔ ۴۔ وہ تکلیف جو جواب یا پاس لحاظ کی وجہ سے ہو۔
تکلّف برطرف [ف صف] بے تکلّف۔ صاف صاف۔
تکلّف کرنا / برتنا [ار محاورہ] ۱۔ آرائش کا ایسا سامان کرنا جو سادگی کے خلاف ہو۔ ۲۔ غیریت برتنا۔ ۳۔ شرم کرنا۔ حجاب کرنا۔
تکلّف نکلنا [ار محاورہ] خوبی نکلنا۔ لطافت نکلنا۔
تکلّم [ع امذ] بات کرنا۔ بولنا۔ کلام کرنا۔ ۲۔ گفتگو۔ بول چال۔
تکلیف [ع امث] ۱۔ دکھ۔ درد۔ ۲۔ مصیبت۔ بلا۔ آفت۔ ۳۔ مفلسی ناداری۔ ۴۔ دشواری۔ دقت۔ ۵۔ رنج و غم۔ ۶۔ ضرر۔ نقصان۔ ۷۔ بیماری۔ ۸۔ آزار۔ مشکل کام۔ ۹۔ خدا تعالیٰ کے احکام جو بندوں کے واسطے ہیں۔
تکلیف اٹھانا / برداشت کرنا / سہارنا [ار محاورہ] مصیبت سہنا
تکلیف دینا [اُردو محاورہ] ۱۔ دکھ دینا۔ ایذا دینا۔ ۲۔ کسی کام کو کہنا ۳۔ مینے پھرنے یا کسی کام کی تحریک کرنا۔ جس کے کرنے کو دل نہ چاہے۔
تکلیف فرمانا / کرنا [ار محاورہ] آنا۔ تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔
تکلیف مالایطاق [ع صف] وہ تکلیف جس کی برداشت کی طاقت نہ ہو۔
تکمِلہ [ع امذ] مکمل کرنے والی چیز۔ تتمہ۔ ضمیمہ۔ ۲۔ تکمیل۔ اتمام۔
تُکمہ [ف امذ] ۱۔ گھنڈی۔ بٹن۔ ۲۔ وہ حلقہ جس میں گھنڈی اٹکائی جاتی ہے۔ ۳۔ کبوتروں کا ایک مرض جس میں آنکھوں میں سخت دانے نکل آتے ہیں۔
تکمید [ع امذ] کسی گرم دوائی سے سینکنا۔ ٹکور کرنا۔
تکمیل [ع امذ] تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ ۲۔ تمام۔ انجام۔ کمال۔
تکمیل پانا [ار محاورہ] مکمل ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔
تکمیل کو پہنچانا [ار محاورہ] مکمل کرنا۔ پورا کرنا۔
تکنا [ہ مص] ۱۔ دیکھنا۔ غور کرنا۔ ٹکٹکی باندھنا۔ ۲۔ آسرا رکھنا۔ امید رکھنا ۳۔ انتظار کرنا۔ ۴۔ بُری نظر یا نیت سے دیکھنا۔ ۵۔ لینے کا ارادہ رکھنا۔ دانت رکھنا۔ ۶۔ اڑانے یا چرانے کا موقع دیکھنا۔ ۷۔ اختیار کرنا۔ قبول کرنا
تکُنا / تکونا / تکونیا [ہ صف] سہ گوشہ۔ مثلث۔ تین کونوں والا۔
تکنیک [انگ امث] TECHNIQUE ۱۔ فنون کا نظریہ۔ ۲۔ ہنرمندی۔ ۳۔ فنی طریق اظہار۔
تکوا [ہ امذ] تکلا۔
تکوری [ار امث ق] بے مروتی۔
تکون [ہ امث] مثلث۔ سہ پہلو۔ تین گوشوں والی شکل۔
تکوں پر گزارہ کرنا [ار محاورہ] توکل پر بسر اوقات کرنا۔
تکوں کے کباب [ار امث] گوشت کے ٹکڑے سیخوں پر چڑھا کر بھونے ہوئے
تکوین [ع امث] ۱۔ وجود میں لانا۔ پیدا کرنا۔ ۲۔ پیدائش۔ آفرینش۔
تکھارنا [ہ مص] ۱۔ دلیل سے ثابت کرنا۔ ۲۔ اچھی طرح دریافت کرنا۔ ۳۔ کوئی کام تین بار کرنا۔
تکھری / تکھڑی [ہ امث] ۱۔ چھوٹی ترازو۔ ۲۔ ترازو کے پلے۔
تکھنٹا / تکھونٹ / تکھونٹا [ہ صف] سہ پہلو۔ مثلث۔
تکی لگانا [ار محاورہ] گھورنا۔ ٹکٹکی باندھنا۔
تکے لگانا [ار محاورہ] ۱۔ کباب لگانا۔ ۲۔ چھیڑنا۔ طنز کرنا۔ طعن و تشنیع کرنا۔

تکیَنی [ہ امث] تکیہ کی تصغیر۔ چھوٹا تکیہ۔
تکیہ [ف امذ] ۱۔ سرہانے رکھنے کی چیز۔ ۲۔ آرام کی جگہ۔ ۳۔ بھروسا۔ اعتماد۔ توکل۔ ۴۔ فقیروں کے رہنے کی جگہ۔ ۵۔ قبرستان۔ ۶۔ امدادی فوج۔
تکیہ بھرنا [ار محاورہ] تکیے میں روئی یا کوئی اور نرم چیز بھرنا۔
تکیہ دار [ف صف] وہ فقیر جو تکیہ میں رہے۔ قبرستان کا سجادہ نشین۔
تکیہ دھوپ میں رکھنا [ار محاورہ] ایسا کرنا گردن کے درد کا علاج سمجھا جاتا ہے
تکیہ دینا [ار محاورہ] ٹیک لگانا۔ آؤ بھگت کرنا۔
تکیہ کرنا [ار محاورہ] ۱۔ بھروسا کرنا۔ اعتماد کرنا۔ ۲۔ امید رکھنا۔ آس رکھنا۔ ۳۔ کسی چیز کے سہارے سے بیٹھنا۔
تکیہ کلام [ف امذ] وہ بات جس کے بار بار کہنے کی عادت ہو۔
تکیہ گاہ [ف امث] ۱۔ بھروسے کی جگہ۔ ۲۔ سہارا۔ ٹیک لگانے کی جگہ۔
تکیہ لگانا [ار محاورہ] دیوار یا کسی چیز کے سہارے سے بیٹھنا۔ ۲۔ بھروسا کرنا۔ آس لگانا
تکیہ نشین [ف صف] تکیہ دار۔
تکیوں کی لڑائی [ار امث] بورڈنگ ہاؤسوں میں لڑکے چراغ بجھنے کے بعد ایک دوسرے کو شرارت سے تکیوں سے مارتے ہیں۔
تکیے سے سر نہ اٹھا سکنا [ار محاورہ] بہت بیمار ہونا۔ بہت کمزور ہونا۔
تکیے کا کتا [ار امذ] وہ شخص جو دوسروں کے ٹکڑوں پر گزارہ کرے۔ مفت خور
تکیے میں پڑے ہونا [ار محاورہ] قبرستان میں دفن ہونا۔

ت ۔ گ

تگ [ف امث] دوڑنا۔ بھاگنا۔ اُردو میں تنہا مستعمل نہیں۔
تگاپو [ف امث] دوڑ دھوپ۔ کوشش۔ جستجو۔ بے فائدہ تردد۔
تگ و پو / تگ و تاز / تگ و دو [ف امث] دیکھیے "تگاپو"
تگ و دو لگی رہنا [ار محاورہ] دوڑ دھوپ جاری رہنا۔ ۲۔ جستجو رہنا۔ طبیعت کا جستجو میں لگا رہنا۔ ادھیڑ بن رہنا۔ فکر رہنا۔ چنتا رہنا۔
تَگّا [ت امذ] دایہ کا شوہر۔ انا کا خاوند۔
تِگّا [ہ صف] ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ کبڑا۔ جو شخص ٹیڑھا اور کبڑا ہو کر چلے۔
تگانا [ہ مص] سلوانا۔ تاگا ڈلوانا۔ ٹھندے ڈالنا۔
تگاور [ف ا ز] تیز رو گھوڑا۔ ۲۔ گھوڑے کی ٹکر۔
تگاور زن ہونا / لگانا [ار محاورہ] اپنے گھوڑے کی دوسرے گھوڑے کے ساتھ ٹکر لگانا۔
تگاوری [ف امث] تیزی۔ دوڑ۔ چال۔
تگائی [ہ امث] سلائی۔ ۲۔ سلائی کی اجرت۔
تگتگ [ار صف ق] پریشان۔ بے چین۔
تگتگے [ار صف ق] زرق برق۔
تگڈا / تگڈم [ہ امذ] تین چیزوں یا آدمیوں کا میل۔ ۲۔ تین پتنگوں کا پیچ۔
تگرگ [ف امذ] اولا۔ ژالہ۔ ۲۔ شبنم۔
تگڑ [ہ امذ] دھات کی چادر یا ورق۔ ۲۔ تمغہ۔ ۳۔ ڈھال پر نشان۔
تگڑا [ہ صف] دیکھیے "تنگڑا"

تگڑی [ہ امث] دیکھیے "تاگڑی" (۲) تگڑا کی تانیث۔
تگنا [ہ مص] پھیا جانا۔ نگندا جانا۔ ڈورے ڈالے جانا۔
تگنا [ہ صف مذ] سہ چند۔ تین گنا۔
تگنی [ہ صف مث] ۱۔ تگنا کی تانیث۔ ۲۔ ایک سُر۔
تگنی کا ناچ نچانا [ار محاورہ] حیران و پریشان کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔
تگی [ہ امث] ۱۔ بچھی کا دھاگا۔ ۲۔ بٹے ہوئے دھاگے کا ہر باریک دھاگا
۳۔ ایک قسم کی مچھلی پکڑنے کی ڈور۔
تگی [ہ امث] ۱۔ آدمی کی پیٹھ پر چڑھنا۔ پیٹھ کی سواری۔ چڈھی بچوں کی
زبان میں۔ ۲۔ تاش یا گنجفہ کا ایک پتا جس پر تین نشان ہوتے ہیں۔
تگیانا [ہ مص] نگندے ڈالنا۔ ڈوبڑے ڈالنا۔ دھاگا ڈالنا۔ دور دور ڈورے ڈالنا
تگیاں کرنا [ار۔ محاورہ] خوش طبعی کرنا۔
تگیڑنا [ار مص ق] حملہ کرنا۔ پیچھا کرنا۔
تگین [ف صف] ۱۔ بہادر۔ شجاع۔ ۲۔ طاقت ور۔ قوی
۳۔ آگ۔ ۴۔ چھوٹا حوض۔

ت ، ل

تَل [ع امذ] پہاڑی۔ ٹیلا۔ تودہ۔ ڈھیر۔
تَل [ہ امذ] تلے۔ نیچے کا حصہ۔ نشیب۔ ۲۔ ق لمحہ۔ ذرا سی دیر۔
تَل دھار اُوپر دھار [ار امث] (عو، لکھنؤ) بارش کی شدت۔ زور دار مینہ
تَل دھار/ موسل دھار برسنا [ار محاورہ] زور شور سے بارش ہونا۔
تَل کرنا [ار محاورہ] قمار بازی میں کوڑی چھپا لینا۔ غائب کر دینا۔ چرا لینا۔
تَل نظرا [ار صف] وہ شخص جو نیچی نظروں سے دیکھے۔ ۲۔ وہ بدنظر جو کنکھیوں
سے دیکھے۔ ۳۔ وہ شخص جو گفتگو کے وقت آنکھیں چار نہ کرے۔
تَل نظری [ار صف مث] دیکھیے "تل نظرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
تِل [ہ امذ] ایک قسم کا بیج جس سے تیل نکلتا ہے۔ کنجد۔ ۲۔ خال۔ سیاہ نقطہ
وہ سیاہ نقطہ جو جسم کے کسی مقام پر ہوتا ہے۔ ۳۔ آنکھ کی پتلی۔ ۴۔
کاجل کا نقطہ۔ ۵۔ وہ نقطہ جہاں سورج کی کرنیں آتشی شیشے میں
سے گزر کر جمع ہوتی ہیں۔ ۶۔ ذرہ۔ تھوڑی سی چیز۔ ۶۔ (ق)
تلے۔ نیچے۔
تِل اوٹ پہاڑ اوٹ [ار مثل] ظاہر میں مشکل حقیقت میں آسان۔
تِل برابر [ار صف] ذرہ بھر۔ ذرہ سا۔ تھوڑا سا۔ رائی برابر۔
تل بنانا/ لگانا [ار محاورہ] کاجل کی بندی لگانا۔ بچوں کو نظر بد
سے بچانے کے لئے کاجل کا نشان لگانا۔
تِل بندھنا [ار محاورہ] آفتاب کی کرنوں کا آتشی شیشے سے گزر
کر کسی چیز پر نقطہ سا بنانا۔
تِل بھر لہو پہاڑ بھر محبت [ار مثل] عزیز یا رشتے دار کو
دوست سے زیادہ درد ہوتا ہے۔
تِل بُھگا [ار امذ] وہ کُٹے ہوئے تل جن میں شکر ملی ہوتی ہو۔
تِل پھوٹی آنا [ار محاورہ] چور کا آنا۔ چور کا مکان میں داخل ہو جانا۔
تِل تِل بھر [ار متعلق فعل] تھوڑا تھوڑا کر کے۔ ذرہ ذرہ۔ ۲۔ آہستہ آہستہ۔
تِل تِل کا حساب [ار امذ] ذرہ ذرہ کا حساب۔ رتی رتی کا حساب۔
تِل چاٹنا [ار محاورہ] مسلمان عورتوں میں ایک رسم کہ وہ دُولھا کو
وداع کے وقت دلہن کے ہاتھ میں کالے تل رکھوا دلہا سے چٹواتی ہیں
تاکہ وہ اس سے ساری عمر مطیع رہے۔
تِل چاولی [ار امث] چاول کے ساتھ ملے ہوئے تل۔ ۲۔ سفید اور سیاہ بال۔
تِل چاولی داڑھی [ار امث] وہ داڑھی جس میں کالے اور سفید بال ہوں۔
تِل چاولے بال [ار امذ] سیاہ و سفید بال۔
تِل چٹا [ار امذ] ایک قسم کا جھینگر۔
تِل چور سو بجر چور [ار مثل] تھوڑی کا چوری اور بہت چوری برابر ہوتی ہے
جو تھوڑی چوری کرتا ہے وہ زیادہ چوری بھی کرتا ہے۔
تِل چوری [ار امث] ایک قسم کی مٹھائی۔ ۲۔ ایک قسم کی ڈور جو دو رنگ کے
دھاگے سے بنائی جاتی ہے۔
تِل دھرنے کی / رکھنے کی جگہ نہیں [ار محاورہ] بالکل جگہ نہیں۔ ایسا
بھر گیا ہے کہ جگہ نہیں۔
تِل رہے تو تیل نکلے [ار مثل] اصل چیز ہونی چاہیے۔ روپیہ ہو تو سب
کام ہو جاتے ہیں۔
تِل شکری [ار امث] تل اور شکر سے بنی ہوئی مٹھائی۔ گزک۔
۲۔ دیکھیے "تل چاٹنا"۔
تِل کُٹ [ار امذ] دیکھیے "تل بُھگا"
تِل کڑی [ہ امث] ایک قسم کا زیور۔
تِل کی اوجھل / اوٹ پہاڑ [ار مثل] ذرا سے پردے میں کسی بڑی
بات کا پوشیدہ ہونا۔ ۲۔ کسی انوکھی چیز کا ظاہر ہونا۔
تُل [ہ صف] برابر۔ یکساں (اردو میں تنہا مستعمل نہیں)، (۲)
ہم شکل۔ ہم صورت۔ ۳۔ تُلنا کا امر۔
تُل بٹھانا [ار محاورہ] دیکھیے "تل بیٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
تُل بیٹھنا [ار محاورہ] ہم وزن ہو کر بیٹھنا۔ ۲۔ ایسا سیدھا ہو کر بیٹھنا
کہ کسی طرف جھکاؤ نہ ہو۔ ۳۔ مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔ ۴۔ بادشاہوں کا
سونے چاندی میں تل کر اسے خیرات کرنا۔
تُل پڑنا [ار محاورہ] کسی کام پر متوجہ ہونا۔
تُل رہنا [ار محاورہ] مقابلے کے لیے کسی کے سامنے کھڑا ہونا۔
تُل کی ترازو [ار امث] ترازو جس کے ایک پلے میں کوئی امیر یا بادشاہ
اور دوسرے میں نقد یا جنس ہم وزن تول کر خیرات کر دیتے ہیں۔
تَلا [ہ امذ] جوتی کا نیچے کا حصہ۔ ۲۔ تہہ۔ پیندا۔
تلا دینا [ار محاورہ] ہانڈی یا پتیلی کے نیچے گیلی مٹی چڑھانا تاکہ آگ
سے محفوظ رہے۔
تلا لگانا [ار محاورہ] جوتی کے نیچے کے حصہ میں چمڑا لگانا۔
تِلا [ف امذ] دیکھیے "طلا" جو صحیح ہے۔
تِلّا [ار امذ] گوٹا کناری سنہری تار۔ ۲۔ پگڑی کے دونوں
طلائی سرے (طلا کا بگاڑ)

تُلا [ہ اِمذ] ترازو ۔ ۲۔ بُرجِ میزان۔
تُلا بیٹھنا / رہنا [ار محاورہ] آمادہ ہونا ۔ تیار ہونا۔
تُلاوان [ہ اِمذ] ایک قسم کی خیرات جس میں بادشاہ اور امیر اپنے وزن کے برابر سونا چاندی یا کوئی قیمتی چیز تول کر خیرات کردیا کرتے تھے
تُلا رہنا [ار محاورہ] آمادہ رہنا تیار رہنا۔
تُلا ہوا [ار محاورہ] برابر ۔ ہم وزن ۔ ۲۔ جو تولا جائے۔
تَلابیلی [ار امث] بے قراری ۔ اضطراب۔
تَلاتَلا [ار صف ق] ۱۔ نیچے ۔ ۲۔ مشتاق۔
تَلاتلے اُوپرا تلے [ار صف ق] نیچے اوپر۔
تَلاحی [ار امث] سبزی ترکاری جسے گھی یا تیل میں بھون کر کھائیں یا گوشت میں ڈال کر پکائیں۔
تِلادانی [ار امث] تلے دانی ۔ سوئی دھاگا رکھنے کی تھیلی۔
تَلازُم [ع اِمذ] باہم لازم ہونا ۔ ضروری ہونا ۔ ضروری یا لازمی حصّہ۔
تَلازُمہ [ار اِمذ] کسی مضمون کی رعایت سے الفاظ لانا ۔ رعایت لفظی۔
تَلاش [ت امث] ۱۔ سعی ۔ کوشش ۔ ۲۔ جستجو ۔ ۳۔ کھوج ۔ تحقیق [افعال : کرنا ۔ ہونا]
تَلاشی [ف امث] تلاش کرنے والا ڈھونڈنے والا ۔ ۲۔ دار) دیکھ بھال ۔ پڑتال۔
تَلاشی لینا [ار محاورہ] تلاش کرنا ۔ ڈھونڈنا ۔ ۲۔ مال مسروقہ کے لئے کسی شخص کے کپڑوں یا مکان کی دیکھ بھال کرنا۔
تَلاطُم [ع اِمذ] موجوں کا زور ۔ پانی کے تھپیڑے ۔ ۲۔ موج ۔ لہر ۔ ۳۔ جوش ۔ ولولہ [افعال ۔ پڑنا ۔ ہونا]
تَلافی [ع امث] ۱۔ تدارک پانا ۔ ۲۔ بدلا ۔ عوض ۔ تدارک۔
تَلافی مافات [ع ف امث] ضائع شدہ امر کا معاوضہ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
تَلاقی [ار امث] ۱۔ باہم ملنا ۔ ملاقات کرنا ۔ ۲۔ ملاقات۔
تَلاگودن کرنا [ار محاورہ] طعن وتشنیع کرنا ۔ دق کرنا ۔ ستانا۔
تَلام [ع اِمذ] (تلم کی جمع) خادم ۔ ملازم ۔ غلام (اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے)
تَلامِذہ [ع اِمذ] دیکھئے "تلمیذ" جس کی یہ جمع ہے۔
تَلامُلی [ار امث] اضطراب ۔ بے چینی ۔ بیقراری ۔ ۲۔ گھبراہٹ ۔ جلدی۔
تَلامیذ [ہ اِمذ] دیکھئے "تلمیذ" جس کی یہ جمع ہے۔
تِلانا [ار مص] دیکھئے "تلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
تُلانا [ار مص] دیکھئے "تُلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
تِلاڈا [ہ اِمذ] دیکھئے "طلایہ" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
تُلادا [ہ ۔ اِمذ] گاڑی کی وہ لکڑی جو دھرے کے اوپر ہوتی ہے اور جس پر تمام بوجھ تُلا رہتا ہے۔
تِلاوت [ع امث] پڑھنا ۔ قرآن مجید پڑھنا ۔ قرأت۔
تَلاؤ [ہ ۔ اِمذ] دیکھیے "تالاب"
تِلائی [ہ ۔ امث] مشعل کو کپّی سے تیل پلانا ۔ ۲۔ کڑھائی ۔ ۳۔ تلنے کا چھوٹا سا برتن ۔ ۴۔ بیاہ آنے سے پہلے کا وہ دن جس میں عروس کے تیل لگایا جاتا ہے یہ ایک رسم ہے
تُلائی [ہ امث] تولنے کا کام ۔ ۲۔ تولنے کی اُجرت۔
تَلبیس [ع امث] ۱۔ عیب پوشیدہ رکھنا ۔ ۲۔ مکر ۔ فریب ۔ جعل ۔ دھوکا۔
تَلبیسِ سِکّہ [ع امث بہ ترکیب فارسی] قلب سکّہ ۔ سکہ بدل کر چلانا۔

تلبیسِ لباس [ع امث بہ ترکیب فارسی] دھوکا دینے کے واسطے سرکاری وردی پہننا۔
تَلبیَہ [ع اِمذ] حج میں لبیک کہنا۔
تَلپَٹ [ہ صف] ۱۔ تباہ ۔ خراب ۔ آنکھوں سے گم ۔ ۲۔ وہ فصل جس کو مویشیوں نے روند دیا ہو ۔ ۳۔ غائب ۔ گم ۔ ناپید ۔ ۴۔ فراموش ہونا۔
تَلپَٹ کرنا [ار محاورہ] غائب کردینا ۔ ۲۔ تباہ کرنا ۔ اُجاڑنا ۔ ۳۔ تلے اُوپر کرنا ۔ پامال کرنا ۔ کھودنا ۔ ۴۔ چُرا لینا ۔ چھپا دینا۔
تَلپَٹ ہونا [ار محاورہ] دیکھیئے "تلپٹ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
تَلپھنا [ار مص] تڑپنا۔
تِل تِل [ار متعلق فعل ق] لحظہ بہ لحظہ۔
تِلتِلی [ہ امث] دیکھیے "تِلّی"
تِلچوری [ہ امث] تِل اور شکر کی بنی ہوئی مٹھائی ۔ ۲۔ سفید اور سیاہ دھاگوں سے بنی ہوئی رسّی۔
تَلچھنا [ہ مص] بے چین ۔ بے قرار ہونا ۔ تڑپنا۔
تَلچھٹ [ار امث اِمذ] تہ نشین ۔ گاد ۔ وہ چیز جو نیچے بیٹھ جائے۔
تلچھوراں / ملچھوراں کرنا [ار محاورہ] نچلا نہ بیٹھنا ۔ بے تابانہ پھرنا۔
تَلخ [ف صف] ۱۔ کڑوا ۔ بدمزہ ۔ بدذائقہ ۔ ۲۔ ناگوار ۔ ناپسند ۔ ۳۔ نا ملائم ۔ تند و تیز۔
تلخ ابرو [ف صف] بددماغ۔
تلخاب / تلخابہ [ف اِمذ] کڑوا پانی۔
تلخانا [ار مص جعلی] مزہ میں تلخی دینا۔
تلخ بات [ف ار امث] ناگوار بات۔
تلخ جواب [فع اِمذ] ناگوار جواب۔
تلخ زبان [ف صف] بدزبان جس کی باتیں ناگوار ہوں۔
تلخ عیش [فع صف] وہ شخص جس کی زندگی بُرے حال میں گزرے
تلخ کام [ف صف] ۱۔ ناگوار مقصد والا ۔ ۲۔ ناکام ۔ ۳۔ عاشق۔
تلخ کامی [ف امث] دیکھیئے "تلخ کام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تلخ کرنا [ار محاورہ] کڑوا کرنا ۔ بدمزہ کرنا ۔ ناگوار کرنا۔
تلخ گفتار [ف صف] دیکھیئے "تلخ زبان"
تلخ گفتاری / گوئی [ف امث] سخت زبانی۔
تلخ نگاہ [ف صف] تند نگاہ۔
تلخ نوا [ف صف] دیکھیے "تلخ زبان"
تلخ نوائی [ف امث] دیکھیئے "تلخ گفتاری"
تلخ و ترش [ف صف] دنیا کی محنت و مشقت (کنایۃً)
تلخ ہونا [ار محاورہ] ۱۔ کڑوا ہونا ۔ ناگوار ہونا ۔ ۲۔ بے مزہ ہونا ۔ بے لطف ہونا ۔ ۳۔ ناخوش ہونا۔
تَلخہ [ف اِمذ] خلطِ صفرا ۔ پت۔
تَلخی [ف امث] ۱۔ شدّت ۔ تیزی ۔ سختی ۔ ۲۔ کڑواہٹ ۔ ناگواری ۔ ۳۔ مخالفت ۔ دشمنی۔
تَلخیص [ع امث] ۱۔ پاک صاف کرنا ۔ خلاصہ کرنا ۔ ۲۔ خلاصہ [افعال : کرنا ۔ ہونا]

تلذذ [ع امذ] ۱۔مزہ حاصل کرنا۔ ۲۔مزہ۔ لذت۔
تلڑا [ہ امذ] تین لڑی کا ہار۔
تلڑی [ہ امذ] تلڑا کی تانیث
تلسی [ہ امث] ایک پودے کا نام جسے ہندو متبرک سمجھتے ہیں۔ نازبو۔
تلسی دانہ [ہ امذ] ایک قسم کا ہار۔
تلسی دل [ہ امذ] تلسی کا پتا۔
تلسی دل چڑھانا [ہ محاورہ] بت یا برہمن کے سر پر تلسی کے پتے بکھیرنا۔
تلسی کا ہیرا [ہ امذ] تلسی کی لکڑی کا بنا ہوا دانہ۔
تلطف [ع امذ] ۱۔نرمی ۲۔مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔
تلغراف، تلگراف [ف امذ] دیکھئے "ٹیلیگراف" جس کا یہ مفرس ہے۔
تلف [ع امذ] ۱۔تباہ، خراب، رائیگاں ۲۔ہلاک، فنا ۳۔گم، ضائع [افعال: کرنا، ہونا]
تلفظ [ع امذ] ۱۔بات کہنا ۲۔لفظ کا منہ سے ادا کرنا ۳۔لہجہ۔
تلقین [ع امث] ۱۔سمجھانا ۲۔نصیحت۔ ہدایت ۳۔مذہب کی تعلیم ۴۔مردے کو قبر میں اتارتے وقت آیتیں پڑھنا۔
تلک [ا حرف جار] دیکھئے "تک" جو زیادہ مستعمل ہے۔
تلک [ہ امذ] ۱۔قشقہ۔ ٹیکا ۲۔پیشوا ۳۔خلعت ۴۔مسند نشینی کی رسم کا ٹیکا ۵۔ماتھے کا ایک زیور ۶۔وہ روپیہ جو شادی سے پہلے دلہن کا باپ دولہا کے گھر بھیجتا ہے۔
تلک دھارنا، دھارن کرنا [ا محاورہ] ٹیکا لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔
تلک دھاری [ہ امث] تلک لگانے والا۔
تلک کامود [ہ امث] کھاج ٹھاٹھ کی ایک آڈو سمپورن راگنی۔
تلک کرنا [ا محاورہ] ۱۔تخت پر بٹھانا ۲۔شادی ۳۔رخصت کرنا۔
تلکی [ہ امث] خون یا پانی یا کسی سیال چیز کی دھار [افعال: بندھنا]
تلمذ [ع امذ] شاگرد ہونا۔ شاگردی۔
تلملانا [ہ مص] ۱۔مضطرب ہونا، تڑپنا ۲۔کم روشن ہونا، ٹمٹمانا۔
تلملاہٹ [ہ امث] گھبراہٹ۔ بےچینی۔ تڑپ۔
تلملی [ہ امث] دیکھئے "تلاملی"
تلمیح [ع امث] ۱۔اچٹتی نگاہ ڈالنا ۲۔کلام میں کسی قصہ کی طرف اشارہ کرنا، نظم یا نثر میں ایسے الفاظ لانا جن سے کوئی قصہ یا واقعہ وابستہ ہو اور ان الفاظ کے لانے سے وہ قصہ قاری یا سامع کے ذہن میں تازہ ہو جائے
تلمیذ [ع امث] شاگرد۔ طالب علم۔
تلنا [ا مص] کڑھائی میں تیل یا گھی گرم کرکے اس میں کوئی چیز پکانا۔
تلنا [ا مص] ۱۔وزن کیا جانا ۲۔کسی کام پر آمادہ ہونا ۳۔اندازہ کرنا، اٹکل ہونا ۴۔غرور کرنا، فخر کرنا ۵۔چکی کے پتھر کے دندانوں کو کھردرا کرنا۔
تلنگ [ہ امث] کھاج ٹھاٹھ کی اوڈو راگنی جس میں غم کا تاثر پایا جاتا ہے
تلنگا [ہ امذ] ۱۔انگریزی فوج کا باوردی سپاہی ۲۔سپاہی ۳۔ایک قسم کا کنکوا۔
تلنگنی [ہ امث] ۱۔ایک قسم کی مٹھائی جو بہت تیلی اور شیشہ کی شکل کی بنائی جاتی تھی ۲۔شاہی محلوں میں پہرہ دینے والی سپاہی عورت۔
تلوا [ہ امذ] تیل کے لڈو۔
تلوا [ہ امذ] ایڑی اور پنجہ کے درمیان کا حصہ۔ کف پا۔

تلوا کھجانا، کھجلانا [ا محاورہ] ۱۔کف پا میں خارش ہونا ۲۔سفر درپیش ہونا، صحرا نوردی چاہنا۔
تلوا نہ ٹکنا، لگنا [ا محاورہ] ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا۔
تلوار [ہ امث] چھری کی طرح کا ایک آہنی ہتھیار جو لمبائی میں تقریباً ایک گز ہوتا ہے۔ اگلا سرا نوکدار اور پچھلے میں دستہ لگا ہوتا ہے۔ یہ خمدار بھی ہوتا ہے اور سیدھا بھی۔ اسی طرح ایک دھارہ والا بھی ہوتا ہے اور دودھارا والا بھی۔ شمشیر۔ تیغ۔ سیف۔
تلوار آزمانا [ا محاورہ] تلوار کی کاٹ کا امتحان کرنا۔
تلوار اٹھانا [ا محاورہ] ۱۔تلوار ہاتھ میں لینا، حملہ کرنا ۲۔لڑائی کے لئے تیار ہونا
تلوار اٹھنا [ا محاورہ] دیکھئے "تلوار اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تلوار اگلی پڑنا [ا محاورہ] تلوار نکلی پڑنا۔ قتل پر آمادگی ہونا۔
تلوار باندھنا [ا محاورہ] تلوار کمر میں لگانا، تلوار سے لٹکانا۔
تلوار برسنا [ا محاورہ] ۱۔لگاتار تلوار چلنا ۲۔تلوار زنی ہونا۔ تیغ زنی ہونا
تلوار بندھنا [ا محاورہ] دیکھئے "تلوار باندھنا" جس کا یہ لازم ہے
تلوار پٹ پڑنا [ا محاورہ] تلوار کا اوندھا پڑنا۔ تلوار کا وار خالی جانا۔
تلوار پر ناچنا [ا محاورہ] ۱۔ناچ کا دو آدمیوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر تلوار کی دھار پر ناچنا۔
تلوار پر ہاتھ دھرنا، رکھنا [ا محاورہ] ۱۔مارنے کے ارادہ سے قبضہ پر ہاتھ ڈالنا ۲۔تلوار کی قسم کھانا۔
تلوار پڑنا [ا محاورہ] تلوار کا کاٹ کرنا۔
تلوار پکڑنا [ا محاورہ] جنگ پر آمادہ ہونا، کشت و خون کا سامان کرنا۔
تلوار پھرنا [ا محاورہ] تلوار چلنا۔
تلوار تولنا [ا محاورہ] ۱۔تلوار کو ہاتھ میں لے کر جانچنا تاکہ وار پورا پڑے ۲۔تلوار سنبھالنا، شمشیر زنی کا ارادہ کرنا۔
تلوار ٹوٹ پڑی تیغہ کاٹ کر گیا [ا مثل] جو کام بڑے سے نہ ہو سکا چھوٹے نے کیا۔
تلوار تیر جانا [ا محاورہ] تلوار کا کسی چیز کو کاٹ کر وار پار ہو جانا
تلوار جڑنا [ا محاورہ] تلوار لگانا، ضرب تیغ لگانا۔
تلوار چلانا [ا محاورہ] تلوار سے جنگ لڑنا۔ تیغ زنی کرنا۔
تلوار چلنا [ا محاورہ] تیغ زنی ہونا، جنگ ہونا، کشت و خون ہونا۔
تلوار چمکانا [ا محاورہ] تلوار میان سے نکال کر ہلانا۔ تلوار علم کرنا۔
تلوار چھوڑنا [ا محاورہ] تلوار کا حملہ کرنا۔
تلوار حلق پر پھیرنا [ا محاورہ] تلوار سے گلا کاٹنا۔
تلوار حمائل رکھنا [ا محاورہ] تلوار گلے میں لٹکی ہوئی رکھنا۔
تلوار درمیان میں رکھ کر سونا [ا محاورہ] مرد کا اپنے اور عورت کے درمیان تلوار رکھ کر سونا تاکہ وصل میں روک ہو۔ اپنی اپنی جانب کروٹ لے کر سونا۔
تلوار دکھانا [ا محاورہ] قتل کی دھمکی دینا۔
تلوار زیب کمر کرنا [ا محاورہ] تلوار کمر میں باندھنا۔
تلوار سونتنا [ا محاورہ] ۱۔تلوار میان سے نکالنا ۲۔قتل کا ارادہ کرنا ۳۔وار کرنے کے لئے تلوار کھینچنا۔

تلوار سے پانی جدا نہیں ہوتا [ار۔ مثل] نااتفاقی کے باوجود ایک خاندان کا خون الگ نہیں ہو سکتا۔

تلوار عرش پر پھولنا [ار۔ محاورہ] شمشیر زنی کی شہرت ہونا۔

تلوار کا آری ہو جانا [ار۔ محاورہ] زیادہ چلانے سے تلوار کی دھار میں دندانے پڑ جانا۔

تلوار کا ابر / چھالا [ار۔ اند] وہ نشان جو تلوار کے پھل پر ابروں کی طرح ہوتے ہیں۔ تلوار کا جوہر۔

تلوار کا بال [ار۔ اند] تلوار کی باریک دھار۔ دمِ شمشیر۔

تلوار کا بل / خم [ار۔ اند] ۱۔ تلوار کی کجی۔ ۲۔ تلوار کا زور۔ ۳۔ تلوار کا گھمنڈ۔ ۴۔ تلوار کا رُخ۔

تلوار کا پانی [ار۔ اند] تلوار کی چمک۔ تلوار کی تیزی۔

تلوار کا پانی پلانا [ار۔ محاورہ] تلوار سے قتل کرنا۔

تلوار کا پٹھا [ار۔ اند] تلوار کی چوڑی دھار۔

تلوار کا پھل [ار۔ اند] قبضہ کو چھوڑ کر باقی تلوار۔ تلوار کا وہ حصّہ جس پر باڑھ ہوتی ہے۔

تلوار کا جوہر [ار۔ اند] دیکھیے "تلوار کا ابر / چھالا"

تلوار کا دندانہ [ار۔ اند] تلوار کی دھار خراب ہونے پر جو کٹاؤ پیدا ہو جاتا ہے۔

تلوار کا دونوں باگوں سے کسنا [ار۔ محاورہ] تلوار کو کھینچ کر دونوں سرے ملانا۔

تلوار کا دھنی [ار۔ صف] تلوار چلانے میں ماہر۔

تلوار کا ڈورا [ار۔ اند] تلوار کی دھار۔ باڑھ۔ دھار کا نشان جو بشکل خط دکھائی دیتا ہے۔

تلوار کا رومال [ار۔ اند] وہ کپڑا جو تلوار کے قبضہ میں باندھتے ہیں۔

تلوار کاری پڑنا [ار۔ محاورہ] تلوار کا پوری طرح کاٹ دینا۔

تلوار کا سبزہ [ار۔ اند] وہ سبزی جو عمدہ لوہے کو تاؤ دیتے وقت ظاہر ہوتی ہے جوہرِ شمشیر

تلوار کا قبضہ چومنا [ار۔ محاورہ] تلوار نکالتے وقت اس کے قبضہ کو بوسہ دینا

تلوار کا کاٹنا [ار۔ محاورہ] تلوار میں کاٹنے کی صلاحیت ہونا۔

تلوار کا کسنا [ار۔ محاورہ] تلوار کا جھک کر سیدھا ہونا۔

تلوار کا کھیت [ار۔ اند] میدانِ جنگ۔ لڑائی کا میدان۔

تلوار کا گھاٹ [ار۔ اند] وہ مقام جہاں سے تلوار میں خم شروع ہوتا ہے

تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے، زبان کا گھاؤ نہیں بھرتا [ار۔ مثل] کسی کی بدزبانی سے جو صدمہ ہوتا ہے وہ تلوار کے زخم سے زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے اور اس کی کسک دور نہیں ہوتی۔

تلوار کا لعاب [ار۔ اند] دیکھیے "تلوار کا پانی"

تلوار کا مالا [ار۔ اند] تلوار کا پیوند یا جوڑ۔

تلوار کا منہ [ار۔ اند] تلوار کی باڑھ۔

تلوار کا مینہ برسانا [ار۔ محاورہ] بہت تلوار چلانا۔ کثرت سے تلواریں چلانا۔

تلوار کا مینہ برسنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تلوار کا مینہ برسانا" جس کا یہ لازم ہے

تلوار کا وار [ار۔ اند] تلوار کا حملہ۔

تلوار کا ہاتھ [ار۔ اند] ضربِ شمشیر۔ تلوار کی ضرب۔ تلوار کا وار۔

تلوار کرنا [ار۔ محاورہ] تلوار سے لڑنا۔ تلوار مارنا۔

تلوار کر جانا [ار۔ محاورہ] تلوار کی دھار میں دندانے پڑ جانا۔

تلوار کسانا [ار۔ محاورہ] تلوار کو جھکا کر جانچنا۔ تلوار جھکانا۔

تلوار کسنا [ار۔ محاورہ] تلوار جھکنا۔ لچکنا۔ خم ہونا

تلوار کو پتھر چٹانا [ار۔ محاورہ] تلوار کو تیز کرنا۔

تلوار کھانا [ار۔ محاورہ] تلوار کا وار سہنا۔

تلوار کھینچنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تلوار سونتنا"

تلوار کی آب [ار۔ امث] دیکھیے "تلوار کا پانی"

تلوار کی آنچ [ار۔ امث] تلوار کا سامنا۔ تلوار کی ضرب۔ تلوار کی چمک۔ تیزی۔

تلوار کی آنچ کے سامنے کوئی بڑا ہی ٹھہر سکتا ہے [ار۔ مثل] تلوار کے مقابلہ میں کم ہی لوگ ٹھہرتے ہیں

تلوار کی موت [ار۔ امث] تلوار سے قتل ہونا۔ وہ موت جو تلوار کے ذریعہ آئے۔

تلوار کی ناپ [ار۔ امث] تلوار کی لمبائی کا وہ نشان جو نوک سے قبضہ تک ہوتا ہے

تلوار کے گھاٹ اتارنا [ار۔ محاورہ] تلوار سے مار ڈالنا۔

تلوار کے منہ [ار۔ متعلق۔ فعل] تلوار سے۔ تلوار کی باڑھ سے۔

تلوار کے نیچے دم تو لینے دو [ار۔ مثل] ذرا انتظار کرو جو دم بچے وہی غنیمت ہے۔

تلوار گری، پرجا پھری [ار۔ مثل] حاکم کی بزدلی یا نرمی سے رعایا باغی ہو جاتی ہے۔

تلوار گھسیٹنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تلوار سونتنا"

تلوار لگانا [ار۔ محاورہ] تلوار مارنا۔ تلوار سے زخمی کرنا۔

تلوار لئے پھرنا [ار۔ محاورہ] خون کرنے پر آمادہ ہونا۔

تلوار مارنا [ار۔ محاورہ] تلوار کا وار کرنا۔ تلوار سے زخمی کرنا۔

تلوار مارے ایک بار، احسان مارے بار بار [ار۔ مثل] احسان کی مار تلوار سے بڑھ کر ہے۔

تلوار میان سے لینا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تلوار سونتنا"

تلوار میان سے نکلی پڑنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تلوار اگلی پڑنا"

تلوار میان (میں) کرنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ تلوار کو غلاف میں رکھنا۔ ۲۔ قتل کے ارادہ سے باز آنا۔

تلوار میں بال آجانا [ار۔ محاورہ] تلوار میں نقص آجانا۔ تلوار ٹوٹنے کو ہونا۔

تلوار نیام سے نکلنا [ار۔ محاورہ] تلوار غلاف سے باہر آنا۔ تیغ زنی شروع ہونا

تلوار نیام میں کرنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تلوار میان کرنا"

تلواروں پر رکھ لینا [ار۔ محاورہ] تلواروں سے حملہ کرنا۔

تلواروں کی چھاؤں / سایہ میں [ار۔ امث] تلواروں کی حراست میں۔ بہت حفاظت میں۔

تلوَریا / تلواریا [ار۔ صف] تلوار چلانے والا۔ بہادر۔ بانکا۔

تِلواس [ار۔ امث] (فارسی تلواسہ سے) اضطراب۔ بے قراری۔

تِلوال [ار۔ صف] وزنی۔ بھاری۔

تِلوانا [ار۔ مص] دیکھیے "تُلنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

تُلوائی [ار۔ اسم معاوضہ۔ مث] تولنے کی اجرت۔

تِلوانسا [ار۔ صف] چراغ کو اس طرح رکھنا کہ تیل بتی کے قریب رہے [افعال، کرنا]

تِلوری [ہ۔ امث] ایک خوش آواز چڑیا۔

تِلوں میں تیل نہ کہنا [ار۔ محاورہ] ظاہر بات چھپانا۔

تلوں میں تیل نہ ہونا [ار۔ محاورہ] مروت نہ ہونا۔ محبت نہ ہونا۔
تلوں میں سے تیل نکالنا [ار محاورہ] ۱۔کفایت شعاری کرنا۔ ۲۔ زیادہ قیمت لگانا۔
تلوّن [ع۔ اِمذ] ۱۔ رنگ بدلنا۔ ایک حالت میں نہ رہنا۔ تبدیل رنگ۔ ۲۔ چھچھوراپن۔ ۳۔ عدم استقلال۔
تلوّن مزاج [ع۔ صف بہ ترکیب فارسی] غیر مستقل مزاج جس شخص کا مزاج ٹھکانے نہ ہو
تلوّن مزاجی [عف۔ امث] دیکھیے "تلون مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
تلونڈا [ہ۔ صف] دیکھیے "تلوانسا"
تلوون [ہ۔ امذ] دیکھیے "تلوا" جس کی یہ جمع ہے۔
تلوون تلے ملنا [ار۔ محاورہ] پامال کرنا۔ روندنا۔
تلوون تلے میٹنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تلوون تلے ملنا۔
تلوون سے آگ لگنا [ار۔ محاورہ] بہت ناراض ہونا۔ برافروختہ ہونا۔
تلوون سے آنکھیں ملنا [ار۔ محاورہ] نہایت عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا۔
تلوون سے لگنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ ۲۔ دھن ہونا۔ فکر ہونا
تلوون سے لگنا، سر میں بجھنا [ار۔ محاورہ] غصہ میں سرتا پا جلنا۔ نہایت برافروختہ ہونا
تلوون سے ملنا [ار۔ محاورہ] پامال کرنا۔ خاک میں ملانا۔ پیس ڈالنا۔
تلوون کا کچا [ار۔ صف] کم چلنے والا۔ جلد تھک جانے والا۔
تلوون میں لہو اُترنا [ار۔ محاورہ] زیادہ مسافت طے کرنا۔
تلوے تلے آنکھیں ملنا [ار۔ محاورہ] بہت عزت کرنا۔ خوشامد کرنا
تلوے تلے ہاتھ دھرنا [ار۔ محاورہ] خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
تلوے جلنا [ار۔ محاورہ] کفِ پا میں سوزش ہونا۔
تلوے چاٹنا [ار۔ محاورہ] بہت خوشامد کرنا۔ تلو بتو کرنا۔
تلوے چھلنی ہو جانا [ار۔ محاورہ] پھرتے پھرتے پاؤں کے نیچے کا حصّہ زخمی ہو جانا۔ بہت دوڑ دھوپ کرنا۔
تلوے دھو دھو کے پینا [ار۔ محاورہ] کمال اطاعت کرنا۔ بہت قدردانی کرنا
تلوے سہلانا [ار۔ محاورہ] خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
تلوے گرم کرنا [ار۔ محاورہ] رشوت دینا۔
تلوے ملنا [ار۔ محاورہ] مالش کرنا۔ تلووں کی مالش کرنا۔
تِلی　[ہ۔ امث] (تِلا کی تانیث) پیندا۔ پیندی۔
تِلی　[ہ۔ امث] جولاہے کی کوچی
تِلی　[ہ۔ امث] پیٹ کے اندر کا ایک عضو جس میں سودا پیدا ہوتا ہے اور معدہ کی بائیں جانب واقع ہے۔ طحال۔
تَلی　[ہ۔ امث] تِل۔ کنجد۔
تلے　[ہ۔ صف] اوپر کے خلاف۔ نیچے۔ زیر۔
تلے اُوپر [ہ۔ صف] پے در پے۔ متواتر۔ لگاتار۔
تلے اُوپر کے [ہ۔ صف] وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہوں۔
تلے اُوپر ہونا [ار۔ محاورہ] درہم برہم ہونا۔ تہ و بالا ہونا۔
تلے پڑنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ نیچے لیٹنا۔ آگے پڑنا۔ ۲۔ زمین پر سونا۔
تلے تلے دیکھنا [ار محاورہ] نیچی نظروں سے دیکھنا۔ چھپ کر دیکھنا۔
تلے ہیس اوپر بیس [ار۔ صف] تہ و بالا۔ درہم برہم۔

تلے کے دانت تلے، اُوپر کے اُوپر رہ گئے [ار محاورہ] منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔
تلے کی سانس تلے، اُوپر کی اوپر رہ جانا [ار۔ محاورہ] حیران اور دم بخود رہ جانا
تلے کی دنیا (زمین) اُوپر ہونا [ار۔ محاورہ] انقلاب عظیم ہونا۔ سخت تباہی آنا
تلے کی دنیا / زمین اوپر کرنا [ار۔ محاورہ] گھبرا دینا۔ پریشان کرنا۔
تلے گھر اوپر سہرا [ار۔ مثل] طنزاً ایسی شادی کو کہتے ہیں جس میں لڑکی کو کوئی زیور نہ ملے
تلیّا　[ہ۔ امث] تلاؤ کی تصغیر۔ چھوٹا تالاب۔
تلیٹی　[ہ۔ امث] ۱۔ تلا۔ پیندا۔ تہ۔ ۲۔ نیچے کی زمین۔ ۳۔ دامنِ کوہ ۴۔ پکا فرش۔ ۵۔ تہ زمین۔ ۶۔ نواحی علاقہ۔ اطراف۔
تلے دانی [ار۔ امث] سوئی دھاگا وغیرہ رکھنے کے لئے چھوٹا جزدان۔
تلیر　[ہ۔ امذ] ایک چھوٹا پرندہ۔ ابلقہ۔
تلینیا　[ار۔ امذ] (معماروں کی اصطلاح) چھت کی اونچان۔
تلینڈو [ار۔ صف] مطیع۔ فرماں بردار۔ مغلوب۔
تلینڈی [ہ۔ امث] ہولی کا تیسرا دن۔
تلیین / تلئین [ع امث] ۱۔ نرم کرنا۔ ملیّن کرنا۔ ۲۔ چھوٹا مسہل۔ ہلکا جلاب۔

ت ۔ م

تُم　[ار ضمیر مخاطب] تو کی جمع۔ تعظیماً واحد کے لئے بھی مستعمل ہے۔
تم آگ کے جلے ہوئے کو ٹیکتے ہو [ار۔ مثل] مصیبت زدہ کو اور تکلیف دیتے ہو۔
تم اور چلے گھاؤ میں مرچیں لگانے [ار۔ مثل] ایک تو تکلیف تھی ہی تم اور تکلیف دینے لگے۔
تم ایسے / جیسے بہتوں کو میں چرا چکا ہوں [ار۔ مثل] میں نے تمہارے جیسے بہت دیکھے ہیں۔
تم جانو [ار۔ روزمرہ] تمہیں واقف ہو۔ تم ہی ذمہ دار ہو۔ ۲۔ گویا۔
تم جانو تمہارا کام جانے [ار روزمرہ] جو چاہو کرو میں دخل نہیں دینے کا۔
تم ڈال ڈال، تو میں پات پات [ار۔ مثل] تمہاری چالیں خوب سمجھتا ہوں۔ میں تم سے چالاک ہوں۔
تم روٹھے ہم چھوٹے [ار مثل] تم ناراض ہوئے تو ہمیں بھی نجات ملی۔ تم ناراض ہو تو ہمیں بھی پروا نہیں۔
تم سے اللہ کی پناہ [ار مثل] تمہاری شرارتوں سے خدا بچائے۔
تم سے پھرے تو خدا سے پھرے [ار مثل] تم سے برگشتہ ہونا خدا کے خلاف ہونے کے برابر ہے۔
تم سے خدا پناہ میں رکھے [ار مثل] دیکھیے "تم سے اللہ کی پناہ"
تم کاٹو میری ناک اور کان / میں نہ چھوڑوں اپنی بان } [ار مثل] ضدی عورت کے متعلق کہتے ہیں یعنی چاہے جیسی سزا دو میں اپنی عادت سے باز نہیں آؤں گی۔
تم کس کھیت کی مولی کے پتھوے ہو [ار مثل] تمہاری کیا حیثیت ہے۔ تم بالکل ناچیز ہو۔

تم کو قسم ہے [ار روز مرّہ] قسم دلانے کے وقت بولتے ہیں۔
تم ہمیں امیں تمہیں [ار مثل] تم الگ میں الگ۔ میرا تمہارا کچھ واسطہ نہیں۔
تم نے اڑائیں میں نے بھون بھون کر کھائیں [ار مثل] میں تم سے زیادہ چالاک ہوں تمہاری چالیں سمجھتا ہوں۔
تم نے کہا اور میں نے مان لیا [ار مثل] تمہارا کوئی اعتبار نہیں۔
تم ہم کو بلاؤ گے تو کیا کھلاؤ گے / تم ہمارے یہاں آؤ گے تو کیا لاؤ گے [ار مثل] اس خود غرض کے متعلق کہتے ہیں جو ہر جگہ اپنے ہی مطلب کا خیال رکھے۔
تم ہی تم ہو [ار مقولہ] تمہارا بڑا رسوخ ہے۔ تم سب کچھ ہو۔
تماثل [ع اند] مشابہ ہونا۔ ایک دوسرے کی مانند ہونا۔ ۲۔ بیماری سے اچھا ہونا۔
تماثیل [ع اند مث] (تمثال کی جمع) ۱۔ تصویریں۔ ۲۔ فرمان شاہی۔ ۳۔ مورتیاں۔
تماچار / تمانچا [ار اند] ۱۔ تھپیڑ۔ ۲۔ پٹے بازوں کی اصطلاح میں وہ ہاتھ جو حریف کے بائیں جانب مارے۔
تماچا اٹھانا [ار محاورہ] مارنے کا قصد کرنا۔ ۲۔ دھمکانا
تماخو [ار امث] دیکھیے "تمباکو" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
تمادی [ع امث] ۱۔ درازی کشیدگی۔ ۲۔ وہ معیاد جس کے گزرنے سے نالش کا اختیار نہ رہے
تمارض [ع اند] بیماری کا بہانہ کرنا۔ بیمار بننا۔
تمازت [ار امث] (عربی تموز سے موزوں) گرمی۔ گرمی کی شدت۔
تماشا [ف اند] (عربی تماشی سے مفرس) ۱۔ ہنگامہ۔ ۲۔ عجیب عزیب بات۔ ۳۔ دید۔ نظارہ۔ سیر۔ ۴۔ مجمع۔ ہجوم۔ ۵۔ نمائش۔ دکھاوا۔ ۶۔ ہنسی دل لگی۔ ۷۔ سوانگ۔ کرتب
تماشا بنانا [ار محاورہ] ۱۔ نقل کرنا۔ ہنسی اڑانا۔
تماشا بن جانا [ار محاورہ] ایسی حالت ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں
تماشا بین / تماش بین [ف صف] ۱۔ تماشا دیکھنے والا۔ سیلانی۔ ۲۔ رنڈی باز زانی۔ ۳۔ عیاش۔ بدکار۔ آوارہ۔ شہوت پرست۔
تماشا بینی / تماش بینی [ف امث] دیکھیے "تماشا بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
تماشا خانم [ار امث] مسخری عورت۔ انوکھی عورت۔
تماشا خانہ / کدہ / گاہ [ف اند] تماشا کی جگہ۔ وہ مقام جہاں تماشا ہو۔ ناچ گھر۔ تھیٹر
تماشا دکھانا [ار محاورہ] سیر دکھانا۔ لطف دکھانا۔ ۲۔ سزا دینا۔ مزا چکھانا۔
تماشا دوست [ف صف] نمود پسند۔
تماشا دیکھنا [ار محاورہ] دیکھیے "تماشا دکھانا" جو اس کا متعدی ہے
تماشا کرنا [ار محاورہ] سوانگ کرنا۔ ناٹک دکھانا۔ کرتب دکھانا۔
تماشا کرنے والا [ار صف] بازی گر۔ نٹ۔ مداری۔ بھان متی۔
تماشا گر [ف صف] دیکھیے "تماشا کرنے والا"۔
تماشا ہونا [ار محاورہ] انوکھی بات ہونا۔ مزا ہونا۔ لطف ہونا۔ ۲۔ انوکھا بننا۔ مسخرا ہونا۔
تماشائی [ار صف] تماشا دیکھنے والا۔
تماشے [ار اند] تماشا کی جمع اور مغیرہ صورت۔
تماشے تماشے کے چالے کرنا [ار محاورہ ق] طرح طرح کی چالیں چلنا۔
تماشے کا [ار صف مذ] عجیب طرح کا۔ انوکھا۔
تماشے کی [ار صف مذ] دیکھیے "تماشے کا" جس کی یہ تانیث ہے۔

تماشے کی بات [ار امث] انوکھی بات۔ عجیب بات۔
تماشے کی باتیں [ار امث] ایسی باتیں جن سے جی خوش ہو۔ مزے کی باتیں۔
تماکو [ار اند] دیکھیے "تمباکو"
تمام [ع صف] ۱۔ پورا۔ کامل۔ ۲۔ کل۔ سب۔ ۳۔ آخر۔ ختم۔ ۴۔ تیار۔ لیس۔
تمام تر [ف صف] محض۔ بالکل۔
تمام شد [ع ف فعل] ختم ہو گیا۔
تمام عیار [ع صف بہ ترکیب فارسی] خالص۔ کھرا۔ معیاری۔
تمام کرنا [ار مص مرکب] ختم کرنا۔ پورا کرنا۔
تمام و کمال [ع ف صف] ۱۔ سب کا سب۔ کل۔ ۲۔ پوری طرح۔ کامل طور سے۔ ۳۔ پوست کندہ۔
تمام ہو جانا / ہونا [ار محاورہ] ۱۔ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ ۲۔ آخر ہونا۔ ختم ہونا ۳۔ مرجانا۔ ۴۔ بند ہو جانا۔ ۵۔ خرچ ہو جانا۔ صرف ہو جانا۔
تمامی [ف امث] ۱۔ آخر۔ انجام۔ ۲۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
تمامیت [ع امث ق] تمام ہونا۔
تمانا [ار مص] دیکھیے "ترمنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
تمائم [ع اند] تمیمہ کی جمع۔ تعویذ۔
تمائی [ار امث] روئی صاف کرنے کی اُجرت۔
تمباکو [ار اند] (انگریزی TOBACCO سے موروں) ایک قسم کا پودا جس کے پتے حقّے اور سگریٹ میں کام آتے ہیں اور پان میں ڈال کر بھی کھائے جاتے ہیں
تمبالو [ار اند ق] لوٹا۔ ٹبلوہی۔
تمبو [ار اند] خیمہ۔ شامیانہ۔ ۲۔ (دکن کی زبان) ایک قسم کی مچھلی۔
تمت [ع فعل] ختم ہوا۔ تمام ہوا۔ پورا ہوا۔
تمتع [ع اند] فائدہ حاصل کرنا۔ پھل پانا۔ ۲۔ استعمال کرنا۔ ۳۔ فائدہ۔ نفع
تمتمات [ار امث ق] ہنگامہ۔ چہل۔
تمتمانا [ار مص] ۱۔ دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث منہ یا گال کا سرخ ہو جانا۔ ۲۔ چمک دمک۔
تمتماہٹ [ار امث] ۱۔ چہرے کی سُرخی جو تپ یا دھوپ کی وجہ سے ہو ۲۔ وہ چمک یا سرخی جو ورم سے ہو۔
تمثال [ع امث] ۱۔ پیکر۔ صورت۔ مورت۔ ۲۔ فرمان شاہی۔
تمثال گر [ع ف صف] نقاش۔ صورت گر۔ مصوّر۔
تمثل [ع اند] ۱۔ مشابہ یا مطابق ہونا۔ ۲۔ مثال دینا۔ ضرب المثل کہنا۔ تشبیہ دینا۔
تمثیل [ع امث] ۱۔ تشبیہ دینا۔ مشابہ کرنا۔ ۲۔ ایسی تشبیہ جس میں وجہ شبہ مرکب ہو۔ مثال۔ نظیر۔ ۳۔ مشابہت۔ مطابقت۔ ۴۔ ڈرامہ۔ ۵۔ مثالیہ۔ مجازیہ۔ (قصہ وغیرہ) انگریزی ALLEGORY کا ترجمہ
تمثیلاً [ع متعلق فعل] بطور تمثیل۔ مثال کے طور پر۔
تمثیلچہ [ع ف اند] تمثیل کی تصغیر۔ چھوٹا ڈرامہ۔ مختصر ڈرامہ۔
تمجید [ع امث] بزرگ کرنا۔ خدا کی بزرگی کی تعریف کرنا۔
تمحیص [ع امث] آزمانا۔ کم کرنا۔ پاک کرنا۔ ۲۔ بحث۔ جانچ۔
تمدد [ع اند] کشیدگی۔ پھیلاؤ۔
تمدن [ع اند] مل کر رہنے کا طریقہ۔ طرز معاشرت۔ ۲۔ انسان کا

بڑے بڑے گروہوں میں مل کر ایک نظام کے تحت زندگی بسر کرنا۔
تَمَر [ع ۔ امث] کھجور۔
تَمَرِستان [ع ۔ ف ۔ امذ] خرمے کا باغ۔ کھجور کا باغ۔
تَمَرہِندی [ف ۔ امث] املی کا درخت اور اس کا پھل۔
تَمَرُّد [ع ۔ امذ] ا۔ سرکشی۔ بغاوت ۔ ۲۔ نافرمانی۔ گستاخی۔
تَمرِین [ع ۔ امث] ا۔ عادت ڈالنا۔ خوگر ہونا۔ ۲۔ مشق۔
تَمَسخُر [ع ۔ امذ] مسخرہ پن۔ ٹھٹھا۔ ہنسی۔
تَمَسُّک [ع ۔ امذ] ا۔ چنگل مارنا۔ پکڑنا ۔ ۲۔ مذہب امامیہ میں اہل بیت اور قرآن مجید سے وابستہ ہوجانا اور رسول کریمؐ کے بعد ان دونوں کے سوا کسی اور کو نہ ماننا ۔ ۳۔ وہ تحریر جو قرض دار اپنے قرض خواہ کو لکھ کر دیتا ہے جس میں ادائے قرض کا وقت اور طریق لکھا جاتا ہے۔
تَمغا [ت ۔ امذ] ا۔ شاہی فرمان ۔ ۲۔ شاہی مہر۔ ۳۔ وہ نشان جو داغ کر گھوڑے کی ران پر بنایا جاتا ہے۔ ۴۔ محصول۔ چنگی ۔ ۵۔ وہ مہر جو سوداگری مال پر سرکار کی طرف سے لگائی جاتی ہے۔ ۶۔ جاگیر کی سند۔ معافی یا انعامی زمین۔ ۷۔ سکّہ۔ ٹھپّا۔ ۸۔ عزت کی سند۔ ۹۔ کارگزاری کا انعام وغیرہ سونے چاندی یا کسی اور دھات کا مہر شدہ ٹکڑا۔ میڈل۔
تمغا بٹھانا [ا ۔ محاورہ] سکّہ بٹھانا۔ حکومت جتانا۔ رعب جمانا۔
تَمَکُّن [ع ۔ امذ] ا۔ جگہ پکڑنا۔ اختیار ہونا۔ ۲۔ طاقت۔ اختیار۔ قابو۔
تَمکَنَت [ع ۔ امث] ا۔ قدرت حاصل ہونا۔ ۲۔ قدرت۔ اختیار۔ زور۔ حکومت۔ ۳۔ عزت۔ شان۔ رعب۔ ۴۔ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ ۵۔ تعلّی۔ ٹیپ ٹاپ۔
تمکنت کرنا [ا ۔ مص مرکب] اترانا۔ نخوت کرنا۔ دون کی لینا۔
تَمکِین [ع ۔ امث] ا۔ جگہ دینا ۔ ۲۔ طاقت۔ بل۔ ۳۔ برداشت کی قوت صبر۔ ۴۔ مرتبہ۔ وقار۔ ۵۔ شان وشوکت۔ دبدبہ۔
تَمَلُّق [ع ۔ امذ] ا۔ نرم ہونا۔ ۲۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔
تَملِیک [ع ۔ امث] ا۔ کسی شخص کو کسی شے کا مالک کر دینا ۔ ۲۔ ملکیت۔
تملیک نامہ [ع ۔ ف ۔ امذ] وہ تحریر جس کے ذریعے کسی کو منقولہ یا غیر منقولہ جائداد کا مالک بنایا گیا ہو۔
تُمَن [ت ۔ امذ] ا۔ ایک طلائی سکّہ۔ ۲۔ رسالہ۔ پلٹن۔ ۳۔ سوسواروں کا دستہ۔
تُمَن باندھنا [ا ۔ محاورہ] فوج جمع کرنا۔
تُمَن دار [ت ف صف] رسالدار۔ رسالہ کا سالار۔
تُمَن داری [ت ف امث] رسالداری۔ رسالے کی کمان۔
تُمن [ا ۔ ضمیر حاضر ق] تم۔ تمہارا۔ تمہارے۔
تُمنا [ا ۔ ضمیر حاضر ق] تم کو۔
تَمَنّا [ع ۔ امث] (عربی تمنّی سے) خواہش۔ آرزو۔ اشتیاق [افعال: رکھنا۔ ہونا]
تَمَنچہ [ف ۔ امذ] پستول۔ ۲۔ بچکانا۔ چھوٹا سا معشوق۔
تمنچہ داغنا [ا ۔ محاورہ] پستول چلانا۔
تَمَوُّج [ع ۔ امذ] لہریں اٹھنا۔ موجیں مارنا ۔ ۲۔ جوش۔ تلاطم۔
تَمُّوز [ع ۔ امذ] ا۔ گرمی کی شدت ۔ ۲۔ ایک رومی مہینہ جو جولائی کے مطابق ہوتا ہے۔
تَمَوُّل [ع ۔ امذ] ا۔ مالدار ہونا۔ ۲۔ دولتمندی۔ مالداری۔
تَمہِید [ع ۔ امث] ا۔ بچھانا۔ ۲۔ کسی مضمون کی اٹھان۔ کسی بات کی تقریب ۳۔ آغاز۔ دیباچہ۔ مقدمہ۔
تمہید اٹھانا [ا ۔ محاورہ] کسی مضمون یا کسی بات کا عنوان شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔
تمہید کرنا [ا ۔ محاورہ] کسی بات کا پیش کرنا۔ تقریب کرنا۔
تمہیدیں باندھنا [ا ۔ محاورہ] فضول باتیں پیش کرنا۔ فضول باتیں سوچنا۔
تمہیدی [ع صف] شروع کا۔ ابتدائی۔
تُمہارا [ا ۔ ضمیر حاضر کی حالت اضافی] تم سب کا۔ آپ کا۔
تمہارا سر کلیجا [ا ۔ کلمۂ نفرین] جب کوئی شخص مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا یا پوچھتا ہے تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔
تمہارا سر قرآن کی جگہ [ا ۔ کلمۂ قسم] قسم ہے۔
تمہارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو ہیں ہیں [ا ۔ مثل] خود غرض آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو دوسروں کا مال تو لے لے اور اپنا مال ہنس کر ٹال دے
تُمہاری [ا ۔ ضمیر حالت اضافی] دیکھیے "تمہارا" جس کی یہ تانیث ہے۔
تمہاری ایڑی میں کیا لگا ہے [ا ۔ ٹوٹکا] نظر بد سے بچنے کے لئے عورتیں کہتی ہیں۔
تمہاری بات نہ اٹھائی جائے نہ دھری جائے [ا ۔ مثل] تمہارا کوئی اعتبار نہیں۔ تمہاری بات کا کوئی بھروسا نہیں۔
تمہاری ہی جوتی تمہارے ہی سر [ا ۔ مثل] تمہارا مال ہی تم پر خرچ ہو رہا ہے
تمہاری یہ راہ ہماری وہ راہ [ا ۔ مثل] کچھ پروا نہیں۔
تمہارے [ا ۔ ضمیر حاضر کی حالت اضافی] دیکھیے "تمہارا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے
تمہارے سر کی قسم [ا ۔ کلمۂ قسم] قسم کھاتے وقت عورتیں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔
تمہارے لڑکے بھی کبھی پاؤں پاؤں گھٹنیوں چلیں گے [ا ۔ مثل] تمہارا مزاج بھی کبھی راستی پر آئے گا۔ تم بھی کبھی سچ بولو گے۔
تُمہارے منہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا ادھار [ا ۔ مثل] تمہاری ذرہ سی امداد ہمارے لئے بہت ہے۔
تُمہارے منہ میں خاک [ا ۔ روزمرّہ] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو کسی کا بُرا چاہے یا کوئی ایسی چیز مانگے جو اس کی حیثیت سے زیادہ ہو۔
تُمہارے منہ میں گھی شکر [ا ۔ روزمرّہ دعا] خدا تمہارا کہنا راس لائے۔
تُمہیں (یائے مجہول سے) [ا ۔ ضمیر حاضر حالت مفعولی] تم کو۔
تُمہیں (یائے معروف سے) [ا ۔ ضمیر حاضر] تم ہی۔ صرف تم۔
تمہیں جانوگے [ا ۔ محاورہ] تمہارے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ سخت سزا پاؤگے۔
تَمیز [ع امث] (تمییز کا مخفف) ا۔ جدا کرنا۔ الگ کرنا ۔ ۲۔ اصطلاح نحو میں وہ لفظ یا الفاظ جو کسی اسم یا جملے سے شک کو دور کریں۔ مثلاً پانچ گھوڑے۔ اس میں گھوڑے تمیز ہے۔ ۳۔ شناخت۔ جانچ۔ پہچان۔ ۴۔ فرق۔ تفاوت۔ ۵۔ عقل وشعور۔ ہوش۔ دانائی۔ ۶۔ اہلیت۔ لیاقت۔ ۷۔ ادب۔ قاعدہ۔ ۸۔ آگاہی۔ خبر۔
تمیزدار [ع ف ۔ صف] لائق۔ ۲۔ باشعور۔ ۳۔ ہوشیار۔

ت ۔ ن

تَن [ہ امث] ایک قسم کی گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔

تُن [ہ امذ] ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سرخ ہوتی ہے۔ اس سے کواڑ میز، کرسیاں وغیرہ بناتے ہیں۔ ۲۔ اسی کا پھول جس سے زرد رنگ بنتے ہیں

تُن پھُن / فُن [ار۔ امث لکھنؤ] غصّہ۔ عزور۔

تَن تَن [ار اصوت مث] ستار یا تار کے کسی ساز کی آواز۔

تَن [ف امذ] ا۔جسم۔ بدن۔ جُثّہ۔

تَن آسان [ف صف] آرام طلب۔ جسم پرور۔

تَن آسانی [ف امث] دیکھیے "تن آسان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تَن بدن [ف امذ] سارا بدن۔ تمام جسم۔

تَن بدن اولا ہوجانا [ار محاورہ] جسم سرد ہوجانا۔

تَن بدن پھونک دینا [ار محاورہ] بدن میں سوزش پیدا کر دینا۔ بہت زیادہ حرارت پیدا کر دینا۔

تَن بدن ڈھانک لینا [ار محاورہ] کپڑے پہن لینا۔ ستر پوشی کرنا۔

تَن بدن کا ہوش نہ ہونا [ار محاورہ] اپنے آپ سے بے خبر ہونا۔ ضروری چیزوں کی بھی خبر نہ ہونا۔

تَن بدن کی خبر نہ رہنا [ار محاورہ] دیکھیے "تن بدن کا ہوش نہ ہونا"

تَن بدن میں آگ پھُکنا / لگنا [ار محاورہ] سخت غصّہ آنا۔

تَن بدن میں جان نہیں نام زورآور خان [ار مثل] ناموزوں بات۔ نام کچھ صفات کچھ۔

تَن بہ تقدیر [ار متعلق فعل] اپنے آپ کو تقدیر پر چھوڑنا۔ ناچار ہو کر چھوڑنا تقدیر کے بھروسے۔

تَن پرست [ف صف فاعلی] جو ہر وقت کھانے پینے میں مشغول ہے۔ جسم کو پالنے والا

تَن پرستی [ف امث] دیکھیے "تن پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تَن پر نہیں لتّا مِسّی لگائیں البتّہ [ار مثل] مفلسی میں آرائش کا خیال ہے۔ فضول خرچی۔

تَن پَرْوَر [ف صف] خود غرض۔ آرام طلب۔

تَن پَروَری [ف امث] دیکھیے "تن پرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تَن پھُنکنا [ار محاورہ] بدن جلنا۔ بخار ہونا۔

تن پیٹ کا مزہ [ار امذ] اچھا پہننے اور کھانے کا چسکا۔

تن پیٹ کہاں رکھ کر آئیں [ار مثل] کھانے پینے کا خرچ ضروری ہے کوئی مفت خدمت لے تو کیسے ہیں۔

تَن تا جا (تازہ) قلندر راجا [ار مثل] پیٹ بھرا ہو تو فقیر بھی بادشاہ ہے۔

تن تکیہ من بسرام۔ جہاں پڑے وہاں آرام [ار مثل] قانع شخص کے لئے ہر جگہ آرام ہے۔

تَن تنہا [ف صف] اکیلا۔ تنہا۔ واحد۔ مجرد۔

تن درست / تندرست [ف صف] بھلا چنگا۔ صحیح وسالم۔ صحت مند جسے کوئی بیماری نہ ہو۔

تَن دُرُستی (تندرستی) [ف امث] صحت۔ سلامتی۔

تن درستی (تندرستی) ہزار نعمت ہے [ار مقولہ] صحت سے بہتر کوئی چیز نہیں۔

تَن دِہ [ف صف فاعلی] کوشش کرنے والا۔ محنتی۔ ہمدرد۔

تَن دہی [ف امث] دیکھیے "تن دہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تَن دے مَن لے [ار مثل] محنت کر اور کما۔

تَن ڈھانکنا [ار محاورہ] ستر پوشی کرنا۔

تَن زیب [ار امذ] ا۔ ایک قسم کا کپڑا جو نین سکھ سے زیادہ باریک ہوتا ہے ۲۔ ایک قسم کی صدری جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں۔

تَن سُکھی تو چَین ہے نا تو دُکھ دن رَین ہے [ار مثل] اگر صحت ہو تو آرام سے گزرتی ہے ورنہ ہر وقت تکلیف رہتی ہے۔

تَن سُکھی تو مَن سُکھی [ار مثل] بدن کو آرام ہو اور صحت اچھی ہو اور کھانے کو ملے تو دل خوش رہتا ہے۔

تن سے لگنا / کو لگنا [ار محاورہ] ا۔فکر ہونا۔ خیال ہونا۔ دل پہ اثر کرنا اثر ہونا۔ ۲۔ جزو بدن ہونا۔

تن کو کپڑا نہ پیٹ کو روٹی [ار مثل] بہت مفلس ہے۔ نادار ہے۔

تن کی تپت بجھانا [ار محاورہ] بھوکے کو کھانا کھلانا۔

تن کی سُدھ نہ رہنا [ار محاورہ] ہوش وحواس قائم نہ رہنا۔

تَن گھُلنا [ار محاورہ] جسم لاغر یا دُبلا ہونا۔

تَن مَن [ف ہ۔ امذ] جسم وجان۔ روح وقالب۔

تَن مَن ایک ہونا [ار محاورہ] گہرا دوست ہونا۔ دو قالب ایک جان ہونا۔

تن مَن بھر جانا [ار محاورہ] ا۔ سیری ہوجانا۔ دل بھر جانا۔ ۲۔ خوش ہونا۔ کمال خوشی ہونا۔

تن مَن سے [ار متعلق فعل] دل وجان سے۔ پوری کوشش سے۔

تَن مَن کی سُدھ بُدھ نہ رہنا [ار محاورہ] بالکل بدحواس ہوجانا۔ گھبرا جانا۔

تَن مَن مارنا [ار محاورہ] جسمانی اور نفسانی خواہشوں کو مارنا۔ ۲۔ نہایت کوشش کرنا۔ ۳۔ خاموش ہوجانا۔ ضبط کرنا۔

تن من وارنا [ار محاورہ] جان قربان کرنا۔

تن میں جان آنا [ار محاورہ] تازگی ہونا۔ فرحت ہونا۔ ہوش وحواس درست ہونا

تَن و توش [ار۔ امذ] بدن اور توانائی۔ قوت۔

تَن و توش کا آدمی [ار۔ صف] فربہ اور طاقتور شخص۔ مضبوط بدن کا آدمی۔

تَنا [ار۔ امذ] فارسی تنہ کا مورّد) درخت کی جڑ سے اوپر کی شاخیں نکلنے تک کا حصّہ

تَنا تَنی [ار۔ امث] اَن بَن۔ کشیدگی۔

تناخوری [ار۔ امذ ق] تنہائی۔ تنہا خوری۔

تنا رِیری [ہ۔ ار مث] چند مقررہ الفاظ جو گانا سیکھنے والے مشق کے طور پر ادا کرتے ہیں۔ ۲۔ کھڑ راگ۔ جھگڑا۔ ۳۔ بے وقت کا گانا۔ بے لطف راگ۔

تنا ریری لگا رکھنا / لگانا [ار محاورہ] بے وقت کا راگ گانا۔ ۲۔ جھگڑا لگانا

تنازُع [ع امذ] ا۔جھگڑا کرنا۔ باہم جھگڑنا۔ ۲۔ جھگڑا۔ فساد رنجش۔ نفاق۔ عداوت۔

تنازُعُ لِلبقاء [ع امذ] کشمکش حیات۔ زندگی کو قائم رکھنے

کیلئے کوشش کرنا۔ STRUGGLE FOR EXISTENCE کا ترجمہ

تنازعہ [ع اِمذ] دیکھیے "تنازع" جو صحیح ہے۔

تناسُب [ع امذ] ۱۔ باہم نسبت رکھنا۔ ۲۔ باہمی تعلق۔ مطابقت۔ موافقت۔ مناسبت ۳۔ علم حساب) دو نسبتوں کا باہم برابر ہونا مثلاً ۳/۴ اور ۶/۸۔

تناسبِ اعضاء [ع امذ] اعضا کا اپنے اپنے انداز اور موقع پر ایک دوسرے کے مناسب ہونا۔ ۲۔ مجموعی حُسن۔

تَناسُخ [ع امذ] روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں آنا (ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق) بار بار جنم لینا۔ جون بدلنا۔ چولا بدلنا۔ آواگون۔

تَنَاسُل [ع امذ] نسل بڑھانا۔ اولاد پیدا کرنا۔

تَنَاظُر [ع۔ امذ] باہم دیکھنا۔ منظر۔ حالت ظاہری باطنی نسبت۔ تناسب نسبت۔ انگریزی PERSPECTIVE کا ترجمہ۔

تَنَافُر [ع۔ امذ] نفرت کرنا۔ بھاگنا۔ ۲۔ دو ہم مخرج الفاظ کا متصل آجانا یا پہلے کا حرفِ آخر اور دوسرے کا حرفِ اول ایک ہونا۔ جس سے ثقالت پیدا ہوجاتی ہے۔

تَنَافُس [ع امذ] ۱۔ سانس لینا۔ باہم فخر کرنا۔ ۲۔ کسی چیز کی رغبت کرنا اور حاصل کرنے میں مقابلہ کرنا۔

تَنَاقُض [ع۔ امذ] ۱۔ ایک دوسرے کی ضد یا مخالف ہونا۔ ۲۔ ناموافقت۔ ضد۔

تنانا [ار مص] زخم کا پھٹا پڑنا۔ ورم کی وجہ سے۔

تنادر [ف صف] (تن آور) موٹا۔ فربہ۔ ۲۔ مضبوط۔ قوی۔ طاقت ور۔ ۳۔ کوئی عظیم الجثہ چیز۔

تَنَاوُل [ع امذ] ۱۔ کسی چیز کا لینا۔ پکڑنا۔ ۲۔ کھانا کھانا [افعال: کرنا۔ فرمانا]

تناہٹ [ار امث] وہ کھنچاؤ جو ورم کی وجہ سے ہوتا ہے۔

تنا ہونا [ار محاورہ] کھنچا ہونا۔ اکڑا ہونا۔

تَنَاؤ [ار۔ امذ] کھنچاؤ۔ کھچاوٹ۔

تَنبا [ار۔ امذ] ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا پاجامہ۔ غرارے دار پاجامہ۔

تنباکو [ار امذ] دیکھیے "تمباکو"

تنباکو کا ہاتھی [ار امذ] عورتوں کا ایک ٹوٹکا جو بخار اترنے کے لئے کرتی ہیں۔ تنباکو کا ہاتھی بنا کر سرہانے رکھتی ہیں۔ پانی اور انگارے وارتی ہیں۔

تُنبان [ف امذ] دیکھیے "تنبا"

تنبو [ار۔ امذ] دیکھیے "تمبو"

تنبور / تنبورہ [ف امذ] ایک قسم کا باجا جس میں ستار کی طرح ایک تار لگا ہوتا ہے۔ تار کا ساز

تنبورچی [ار صف] تنبور بجانے والا۔

تنبول [ف امذ] ۱۔ پان۔ ۲۔ بیاہ شادی کی رسم جس میں عزیز و اقارب نیوتے کے طریق پر حسبِ مقدور نقدی دیتے ہیں۔ ۳۔ جاہل عورتوں کی ایک رسم جس میں شبِ زفاف کی صبح کو سٹھورے کے ساتھ پان کے مرکب عرق کا شیشہ دلہن کے پینے کے واسطے آتا ہے۔ ۴۔ ایک درخت۔

تنبول آنا [ار محاورہ] لگام کے صدمے سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا۔

تنبول بانٹنا / دینا [ار محاورہ] ہندوؤں میں بھانجے یا بھانجی کی شادی کے بعد رخصت ہوتے وقت بہن کی رشتے دار عورتوں کو نقدی دینا۔

تنبول پینا [ار۔ محاورہ] پان کا مرکب عرق پینا۔

تنبول ڈالنا [ار محاورہ] برادری میں شادی کے موقع پر روپیہ دینا۔

تنبولن [ار امث] تنبولن۔ پان بیچنے والی عورت۔

تنبولی [ار امذ] پان بیچنے والا۔ پنواڑی۔ ایک قوم جس کا پیشہ پان بیچنا ہے۔

تَنبِیہ [ع امذ] نصیحت۔ عبرت۔ ۲۔ دھمکی۔ تنبیہہ۔ ۳۔ آگاہی۔ خبرداری

تنبیا نا / تنبیا جانا [ار مص] تانبے کا رنگ ہو جانا۔ تانبے کا مزہ ہو جانا۔ ۲۔ گوٹا کناری کا رنگ برسات میں تانبے کی طرح ہو جانا۔

تنبیلا [ار صف] تانبے کے رنگ کا۔ سُرخی مائل۔ ۲۔ سرخ رنگ کا۔ ۳۔ گندمی

تنبیہہ [ع امث] جتانا۔ واقف کرانا۔ ۲۔ آگاہی واقفیت۔ ۳۔ پند نصیحت۔ عبرت۔ ۴۔ سرزنش۔ جھڑکی۔ ملامت۔ ۵۔ تاکید۔

تَنت [ار امذ] ٹھیک۔ صحیح۔ درست۔ ۲۔ معین۔ مقرر۔ ۳۔ بروقت۔ برمحل۔ ۴۔ بعینہٖ۔ ہوبہو۔ ۵۔ عین وقت۔ عین موقع۔ ۶۔ ضروری حصہ۔ ۷۔ روح۔ جوہر۔ ست۔ ۸۔ تانت کا مخفف۔ تار۔ دھاگا۔ ساز کا تار۔

تنت کار [ار امذ] مُطرب۔ گویا۔ ۲۔ سازندہ۔ ستار۔ سارنگی بجانے والا۔

تِنکا توڑی [ار امث] کسی کا کسی سے غصے کے ساتھ علیحدگی چاہنا۔

تَنتر [ار امث] ایک شاستر کا نام جس میں مہادیو اور پاربتی کا مکالمہ ہے۔ ۲۔ منتر جادو۔

تنتر منتر [ار امذ ق] مکر و فریب۔

تنتری [ار امذ] گویا۔ قوال۔ مغنی۔ ۲۔ ایک قسم کا باجا۔

تنتنا [ار امذ] دیکھیے "طنطنہ" جو صحیح ہے۔

تنتنا پیٹنا / توڑنا [ار محاورہ] ناک بھوں چڑھانا۔ فخر کرنا۔

تنتنانا [ار مص] غصے میں ہونا۔ خفا ہونا۔ ۲۔ شور و غل ہونا۔ بجنا۔

تُنتُنانا [ار مص] ستار، سارنگی وغیرہ بجانا۔

تنتناہٹ [ار امث] ۱۔ ورم۔ سُوجن۔ ۲۔ سوزش۔ درد۔ تکلیف جو ورم کی وجہ سے ہو۔

تُنتُناہٹ [ار امث] تار بجنے کی آواز۔ تُن تُن۔

تُنتُنی [ار امث] چھوٹا ستار۔ سارنگی۔ دوتارا وغیرہ۔

تنتنی بجاتے میاں کھاتے شکر گھی / اس نوکری کی ایسی تیسی بھلا بچہ جی [ار مثل] سست اور کاہلوں کے متعلق کہتے ہیں۔ بھکاریوں کو بہت آرام ہے۔ مانگ کھاتے ہیں اور عیش اڑاتے ہیں۔

تنتنے باز [ار صف] مغرور۔ متکبر۔ ۲۔ نازک مزاج۔ نازک دماغ۔

تنتھا [ہ۔ امذ] قوت۔ طاقت۔

تنٹا [ار۔ امذ] جھگڑا۔ فساد۔

تنٹاری [ار صف ق] جھگڑالو۔ فسادی۔

تن جانا [ار محاورہ] خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ اکڑ جانا۔

تنجیم [ع امث] ستارہ شناسی۔ ستاروں سے پیشگوئی۔ ۲۔ علمِ نجوم سے سعد و نحس کو دریافت کرنا۔

تنخواہ [ف امث] مشاہرہ۔ ۲۔ مزدوری۔ وظیفہ۔ معاوضہ۔ نوکری کا صلہ۔

تنخواہ جاری ہونا [ار محاورہ] تنخواہ بحال ہونا۔ تنخواہ ملنے لگنا۔
تنخواہ دار [ف صف فاعلی] تنخواہ پانے والا۔ نوکر۔ ملازم۔ وظیفہ خوار۔
تنخواہِ ذاتی [ف امث] کسی کی تنخواہ۔ اپنی تنخواہ۔
تنخواہ کاٹ لینا [ار محاورہ] تنخواہ کا کچھ حصہ یا ساری تنخواہ نہ دینا۔
تُند [ف صف] ۱۔ تیز۔ ۲۔ جھلّا۔ غضب ناک۔ ۳۔ سخت۔ ۴۔ دو آتشہ۔ ۵۔ تند داڑھ۔ کڑوا۔ تلخ۔ [افعال: ۱۔ کرنا۔ ہونا]
تُند خُو [ف صف] بد دماغ۔ بدخو۔ بد مزاج۔ چڑچڑا۔ جلد ناراض ہونے والا۔
تُند خُوئی [ف امث] دیکھیے "تند خو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تُند رائے [ف صف] ناعاقبت اندیش۔ کوتاہ اندیش۔
تُند رفتار [ف صف] تیز رفتار۔ تیز قدم۔
تُند رفتاری [ف امث] دیکھیے "تند رفتار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تُند زبان [ف صف] جلد جلد بولنے والا۔
تُند فہم [ف صف] تیز فہم۔
تُند فہمی [ف امث] دیکھیے "تند فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تُند مزاج [فع صف] تیز مزاج۔ معمولی بات پر بھڑک اٹھنے والا۔
تُند مزاجی [فع امث] دیکھیے "تند مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تندور [ار۔ امذ] روٹی پکانے کی بھٹی۔ تنور۔
تندور بھرنا [ار محاورہ] پیٹ بھرنا۔ اچھا بُرا کھانا۔
تندور پاٹنا [ار محاورہ] دیکھیے "تندور بھرنا"
تندور جھونکنا [ار محاورہ] تندور گرم کرنا۔ بھٹیارے کا کام کرنا۔
تُندی [ف امث] تیزی۔ چڑچڑاپن۔ ۲۔ سختی۔ غصّہ۔ ۳۔ بد مزاجی ۴۔ استادگی۔ شہوت۔
تُندَیل [ہ۔ صف] توندل۔ بڑے پیٹ والا۔ فربہ۔ تنومند۔ طاقت ور۔
تَنڈا [ار امذ ق] ہجوم۔ بھیڑ۔
تنڈنا [ار مص ف] لڑنا۔ فساد کرنا۔
تنزّل [ع امذ] اترنا۔ درجہ گھٹنا۔ ۲۔ زوال۔ پستی۔
تنزّہ [ع امذ] عیب سے پاک ہونا۔ ۲۔ باغ کی سیر کرنا۔ ۳۔ خوشی۔ بے غمی۔ بے عیبی۔ پاکیزگی۔
تنزیل [ع امث] ۱۔ تھوڑا تھوڑا کر کے نیچے اتارنا۔ ۲۔ نازل کرنا۔ ۳۔ قرآن مجید۔
تنزیہہ [ع امث] صاف کرنا۔ عیب سے پاک کرنا۔ ۲۔ صفائی۔ پاکیزگی۔
تنسیخ [ع امث] رد کرنا۔ باطل کرنا۔ ۲۔ منسوخی۔ رد۔ بطلان۔ انہدام۔
تنصّر [ع امذ] نصاریٰ بننا۔ عیسائیت اختیار کرنا
تنصیب [ع۔ امث] نصب کرنا۔ جمانا۔ مقرر کرنا۔ لگانا۔ ۲۔ وہ چیز جو نصب کی گئی ہو۔ عمارت یا کوئی اور چیز جو قائم کی گئی ہو۔ انگریزی INSTALLATION کا ترجمہ
تنصیبات [ع۔ امث] تنصیب کی جمع۔
تنصیف [ع۔ امث] ۱۔ برابر کے دو ٹکڑے کرنا۔ ۲۔ دو برابر حصوں میں تقسیم۔
تنظیم [ع امث] ۱۔ موتی پرونا۔ ۲۔ انتظام کرنا۔ درست کرنا۔ ۳۔ انتظام۔ درستی ۴۔ مجلس۔ ادارہ۔ منظم جماعت۔
تنعّم [ع امذ] ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا۔ ۲۔ امن۔ چین۔ ناز و نعمت۔

تنعیم [ع امث] ناز و نعمت میں پالنا۔ ۲۔ عیش و آرام۔ ناز و نعمت۔
تنغّص [ع امذ] ۱۔ طبیعت مکدر ہونا۔ ۲۔ تکدر۔ بدمزگی۔ پریشانی۔
تنفّر [ع امذ] نفرت۔ بیزاری۔ ۲۔ کراہت۔ گھن۔
تنفّس [ع امذ] سانس لینا۔ دم لینا۔
تنقّل [ع امذ] نقل کرنا۔ تھوڑا تھوڑا کھانا۔
تنقیح [ع امث] کسی چیز کو زوائد اور عیوب سے پاک کرنا۔ خالص کرنا۔ ۲۔ تفتیش۔ تحقیق۔ ۳۔ جھگڑے کا فیصلہ۔ ۴۔ قانون میں وہ سوال جو امور متنازعہ کو فیصلہ کرنے کے لئے بنائے جاتے ہیں [افعال: ۱۔ کرنا۔ نکالنا۔ ہونا]
تنقید [ع امث] جانچ۔ پرکھ۔ تمیز۔ کھرے کھوٹے میں تمیز۔ ۲۔ کسی کلام یا فن پارے پر غیر جانبدارانہ اظہار رائے۔ کلام کی خوبیاں اور خامیاں ظاہر کرنا۔
تنقیص [ع امث] کم کرنا۔ گھٹانا۔ ۲۔ نقصان۔ کمی۔ ۳۔ اعتراض۔ نقص۔
تنقیہ [ع۔ امذ] آنتوں کو صاف کرنا۔ جلاب لینا۔ ۲۔ اناج کو بھوسے سے الگ کرنا۔ ۳۔ صفائی۔ فیصلہ۔
تَنَک [ہ صف] تھوڑا تھوڑا۔ ذرا سا۔ چھوٹا۔
تُنُک [ف صف] خفیف۔ کمزور۔ کم۔ ۲۔ تنگ۔ ۳۔ لطیف۔ نازک۔ ۴۔ اوچھا۔
تُنُک ظرف [فع صف] کم ظرف۔ کمینہ۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔ ۲۔ پیٹ کا ہلکا جسے بات نہ پچے۔
تُنُک ظرفی [فع امث] دیکھیے "تنک ظرف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تُنُک مایہ [ف صف] بے حیثیت۔ تھوڑی پونجی والا۔
تُنُک مایگی [ف امث] دیکھیے "تنک مایہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تُنُک مزاج [فع صف] نازک مزاج۔ چڑچڑا۔ زود رنج۔ تند خو۔
تُنُک مزاجی [فع امث] دیکھیے "تنک مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تِنکا [ار امذ] سوکھی گھاس کا ٹکڑا۔ ۲۔ کوڑا کرکٹ۔ ۳۔ برگ کاہ۔ ۴۔ کوئی ذرا سی چیز۔
تنکا (سر سے) اتارنا [ار محاورہ] تھوڑا سا احسان کرنا۔
تنکا اتارنا اور چھپر رکھ دینا [ار مثل] تھوڑا سا احسان کر دینا اور اس کے عوض بہت کچھ وصول کر لینا۔
تنکا اتارنے کا احسان ماننا [ار مثل] ذرا سے احسان کو بہت ماننا۔
تنکا اِدھر اُدھر ہونا [ار محاورہ] ذرا سی بے ترتیبی ہونا۔ ۲۔ تھوڑا سا نقصان ہونا۔
تنکا بھی پاس نہ رہنا [ار محاورہ] کچھ بھی پاس نہ رہنا۔ غریب ہو جانا۔
تنکا بھی نہ توڑ سکنا [ار محاورہ] نہایت کمزور ہونا۔ کاہل ہو جانا۔
تنکا تنکا [ار صف] ذرا ذرا۔ ۲۔ ایک ایک تنکا۔
تنکا توڑنا [ار محاورہ] تھوڑا سا کام کرنا۔
تنکا دانتوں میں پکڑنا / لینا / **تنکا منہ میں لینا** [ار محاورہ] اطاعت کرنا۔ مغلوب ہونا۔ شکست ماننا۔ ۲۔ پناہ یا امان مانگنا۔ ۳۔ گڑگڑانا۔ عاجزی کرنا۔
تنکا سا توڑنا [ار محاورہ] انکار کرنا۔ دو ٹوک جواب دینا۔
تنکا ناک میں پڑنا [ار محاورہ] عورتوں کا ناک کے چھید میں تنکا ڈالنا۔
تنکا نہ توڑنا [ار محاورہ] کچھ نہ کرنا۔
تنکا نہ رہنا [ار۔ محاورہ] بالکل صفائی ہو جانا۔ کچھ نہ رہنا۔ ۲۔ مفلس ہو جانا۔ فقیر ہو جانا۔

تنکا ہو جانا [ار محاورہ] بہت دُبلا ہو جانا۔
تنکوں کا کھیل [ار امذ] فضول کام۔ نکما۔ کچا کام۔
تنکے اوٹ پہاڑ ہونا [ار محاورہ] ۱۔ ادنیٰ چیز کی اُوٹ میں بڑی چیز کا ہونا۔ ۲۔ مشکل کام کا ذرا سی تدبیر سے حل ہونا۔
تنکے چُننا [ار محاورہ] بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ وحشی ہو جانا۔ دیوانہ ہونا۔ آوارہ پھرنا۔
تنکے چُنوانا [ار محاورہ] دیکھیے "تنکے چُننا" جس کا یہ متعدی ہے۔
تنکے کا احسان [ار امذ] خفیف احسان۔ تھوڑا سا احسان۔
تنکے کا احسان بھی بہت ہوتا ہے [ار مثل] تھوڑے سے احسان کا بوجھ بڑا ہوتا ہے۔ تھوڑا سا احسان بھی قابلِ شکرگزاری ہے۔
تنکے کا احسان ماننا [ار محاورہ] ذرا سے احسان کا بھی شکرگزار ہونا۔
تنکے کا سہارا [ار امذ] ذرا سی مدد۔ تھوڑی سی مدد۔
تنکے کا سہارا نہیں [ار امذ] کوئی ذریعۂ آمدنی نہیں۔
تنکے کو پہاڑ کر دکھانا [ار محاورہ] بات کا بتنگڑ بنانا۔ مبالغہ کرنا۔
تنکنا [ار مص] ۱۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ غصے ہونا۔ ۲۔ بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔
تُنکی [ار امث] ایک قسم کی میٹھی پتلی روٹی۔
تنکیر [ع امث] اسم نکرہ بنانا۔ بُری حالت کرنا۔ ۲۔ انجان بنانا۔
تنگ [ف صف] ۱۔ سکڑا ہوا۔ بھنچا ہوا۔ فراخ کی ضد۔ ۲۔ چُست۔ پھنسا ہوا۔ ۳۔ کم۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ۴۔ مفلس۔ محتاج۔ ۵۔ عاجز۔ مغموم۔ ناچار۔ ۶۔ مشکل۔ دشوار۔ ۷۔ ملول۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ ۸۔ زین کسنے کا چوڑا تسمہ۔ ۹۔ مانی کا نگار خانہ۔
تنگ آنا [ار محاورہ] ۱۔ عاجز ہونا۔ مجبور ہونا۔ ۲۔ بیزار ہونا۔ تھک جانا۔
تنگ بخت [ف صف] بدبخت۔ مفلس۔ تہی دست۔ نادار۔
تنگ پکڑنا [ار محاورہ] ۱۔ زچ کرنا۔ عاجز کرنا۔ ۲۔ گھوڑے کی لگام کو کھینچ کر رکھنا
تنگ پوش [ف صف] چست کپڑے پہننے والا۔
تنگ پوشی [ف امث] چست لباس پہننا۔
تنگ ترش ہونا [ار محاورہ] ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
تنگ ٹوٹنا [ار محاورہ] گھوڑے کے تنگ کا دو ٹکڑے ہو جانا۔
تنگ جائی [ار امث ق] تنگی۔ سختی۔
تنگ چشم [ف صف] ۱۔ کم ظرف۔ پست ہمت۔ کمینہ۔ ۲۔ بخیل۔ کم حوصلہ۔
تنگ چشمی [ف امث] دیکھیے "تنگ چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تنگ حال [فع صف] غریب۔ مصیبت زدہ۔ مفلس۔ تباہ حال قریبِ مرگ۔
تنگ حال ہونا [ار محاورہ] غریب ہونا۔ مفلس ہونا۔ مصیبت میں ہونا۔
تنگ حالی [ار امث] دیکھیے "تنگ حال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تنگ حوصلہ [فع صف] دیکھیے "تنگ چشم"
تنگ حوصلگی [فع امث] دیکھیے "تنگ چشمی"
تنگ دست [ف صف] مفلس۔ نادار۔ غریب۔
تنگ دستی [ف امث] دیکھیے "تنگ دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تنگ دل [ف صف] دیکھیے "تنگ چشم"
تنگ دلی [ف امث] دیکھیے "تنگ چشمی"
تنگ دوز [فع صف] باریک سلائی کرنے والا۔
تنگ دوزی [ف امث] دیکھیے "تنگ دوز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تنگ دَہن [ف صف] چھوٹے منہ کا۔ غنچہ دہن۔ مجازاً معشوق۔
تنگ دَہنی [ف امث] دیکھیے "تنگ دہن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تنگ ڈھیلا ہونا [ار محاورہ] گھوڑے کی پیٹی پوری طرح کسی نہ ہونا۔
تنگ روزی [ف صف] مفلس۔ غریب۔
تنگ رہنا [ار محاورہ] پریشان رہنا۔ تہی دست رہنا۔
تنگ زیست [ف صف] تنگ دست۔
تنگ طلبی [ف امث] سختی سے مانگنا۔ شدید تقاضا۔
تنگ ظرف [ف ع صف] اوچھا۔ کم حوصلہ۔ پست ہمت۔
تنگ ظرفی [ف امث] دیکھیے "تنگ ظرف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تنگ عیش [فع صف] تنگ دست۔
تنگ فرصت [فع صف] کم فرصت۔
تنگ کرنا [ار مص مرکب] دق کرنا۔ ستانا۔ ۲۔ عاجز کرنا۔ حیران کرنا۔ ۳۔ چھوٹا کر دینا۔ چُست کر دینا۔
تنگ کسنا [ار مص مرکب] زین کے تسمے کھینچ کر باندھنا تاکہ زین کسی طرف جھکنے نہ پائے۔
تنگ گیری [ف امث] ظلم۔ زیادتی۔
تنگ معاش [فع صف] تنگ دست۔
تنگ نائے [ف امث] تنگ راستہ۔ تنگ کوچہ۔ قبر۔ پہاڑ کا راستہ۔
تنگ ورزی [ف امث] کفایت شعاری۔
تنگ وقت [فع امذ] ۱۔ نازک حالت۔ نازک وقت۔ ۲۔ قلیل فرصت۔
تنگ ہاتھ ہونا [ار محاورہ] مفلس ہونا۔ تہی دست ہونا۔
تنگ ہونا [ار مص مرکب] دق ہونا۔ زچ ہونا۔ ۲۔ چھوٹا ہونا۔ کم ہونا۔
تُنگ [ف امذ] ۱۔ تھیلا۔ گون۔ ۲۔ وہ برتن جس کا پیٹ بڑا، گردن چھوٹی اور منہ تنگ ہو۔ ۳۔ فوج کا دستہ۔
تَنگا [ار امذ ق] غمزہ۔
تنگا تنگ [ار متعلق فعل] بھینچ کر۔ زور سے بغلگیر [افعال کرنا۔ ہونا]
تنگہ [ف امذ] (ٹکا کا مفرس) دو پیسے۔
تنگی [ف امث] دیکھیے "تنگ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تنگی ترشی [ف امث] کفایت شعاری۔ تکلیف۔
تنگی ترشی سے گزارا ہونا [ار محاورہ] بڑی تکلیف سے گزارا ہونا۔
تنگی کرنا [ار محاورہ] ۱۔ کوتاہی کرنا۔ ۲۔ کمی کرنا۔ کنجوسی کرنا۔ ۳۔ سختی کرنا۔ جبر کرنا۔ ۴۔ کم ظرفی کرنا۔
تنگی کے ساتھ فراخی اور فراخی کے ساتھ تنگی لگی ہوتی ہے [ار مثل] کوئی ہمیشہ غریب اور ہمیشہ امیر نہیں رہتا۔ حالات بدلتے رہتے ہیں۔
تنگی گئی فراخی آئی [ار مثل] بُرے دن گئے اور بھلے دن آئے۔
تنگی ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "تنگی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تَنگ یاب (ف صف) نایاب۔ کمیاب۔ جو چیز مشکل سے ملے۔ بہ دقت۔

تَنگیاں کرنا [ار محاورہ] کوتاہی کرنا۔

تَنگیانا / تُنگیانا [ار محاورہ] ۱۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔ ۲۔ تنگ ۔ یا گھوڑے کو تیز دوڑانا۔

تَنَنا [ار مص] ۱۔ کھنچنا۔ کشیدہ ہونا۔ ۲۔ سیدھا ہو کر بیٹھنا۔ ۳۔ پھیلنا۔ دراز ہونا۔ ۴۔ پھولنا۔ بھر کر موٹا ہونا۔ ۵۔ اینٹھنا۔ اکڑنا۔ ۶۔ سینہ ابھارنا ۷۔ کھڑا ہونا۔ گھڑنا۔ ۸۔ طول پکڑنا۔ ۹۔ مستعد ہونا ۔ تند ہونا ۱۱۔ گھمنڈ کرنا۔ ۱۲۔ خفا ہونا۔ ۱۳۔ شکم سیر ہونا۔ ۱۴۔ پردہ پھیلانا

تَنُّور [ع امذ] ۱۔ روٹی پکانے کی بھٹی۔ ۲۔ وہ جگہ جہاں سے پانی نکلے ۳۔ حوض جس میں پانی جمع ہو۔ ۴۔ وہ حوض جس میں کاغذ کی ردی وغیرہ بھگو کر گلاتے ہیں۔

تَنُّور جھونکنا [ار محاورہ] دیکھئے "تندور جھونکنا"

تَنُّور خانہ [ف امذ] دیکھئے "باورچی خانہ"

تَنُّور سے بچنے کے لئے بھاڑ میں گرے [ار مثل] تھوڑی مصیبت سے بچنے کے لئے بڑی مصیبت میں مبتلا ہوئے۔

تَنُّور کی سوجھنا [ار محاورہ] تنور پہ جا کر روٹی کھانا۔

تَنویع [ع امذ] قسم قسم کا ہونا۔ ۲۔ رنگا رنگی۔ گوناگونی۔

تَنومند [ف صف] قوی۔ ہٹا کٹا۔ جسیم۔

تَنومندی [ف امث] دیکھئے "تنومند"

تَنویر [ع امث] روشنی کرنا۔ نور بخشنا۔ ۲۔ روشنی۔ چمک۔

تَنویم [ع امث] سُلانا۔ ۲۔ سُلانے کا عمل۔ مسمریزم۔

تَنوین [ع امث] کسی حرف پر دو زبر، دو زیر یا دو پیش لگا کر نون کی آواز پیدا کرنا۔ ۲۔ دو زبر، دو زیر یا دو پیش کی علامت۔

تَنَہ [ف امذ] دیکھئے "تنا"

تَنہا [ف صف] اکیلا۔ یکتا۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ ۲۔ صرف۔ فقط ۳۔ طاق۔ بھم۔ الگ۔

تَنہا خُور [ف صف] اکیلا کھانے والا۔

تَنہا خُوری [ف امث] دیکھئے "تنہا خور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تَنہائی [ف امث] علیحدگی۔ مفارقت۔ اکیلا پن۔

تَنی [ار امث] ۱۔ ڈوری۔ بند۔ ۲۔ حصّہ۔ ساجھا

تَنی رہنا [ار محاورہ] جھگڑا رہنا۔ ناخوشی رہنا۔

تَنی میں گانٹھ دینا [ار محاورہ] ۱۔ نسبت کرنا۔ منگنی کرنا۔ ۲۔ یادداشت کے لئے گرہ لگانا۔ ۳۔ یادداشت رکھنا۔

تِنّی [ہ امث] ایک قسم کا چاول۔

تَنیا [ہ امذ] لنگوٹی۔ کپڑے کی دھجی جو ستر پوشی کے لئے باندھتے ہیں۔

ت ۔ و

تو [ف ۔ ضمیر ۔ امث] ۱۔ تو ۔ خود ۔ تجھ کو۔ ۲۔ تہ ۔ پردہ ۳۔ مہمانی ضیافت

تو بتو [ف ۔ متعلق فعل] تہ بہ تہ ۔ پردہ در پردہ ۔ تہ دار

تو / تَو [ار حرف جزا و ربط] ۱۔ تب ۔ پس ۔ ۲۔ الحاصل حاصل کلام ۳۔ پھر۔ اس وقت۔

تو بات ہے [ار متعلق فعل] تب مزہ ہے۔ تب لطف ہے۔

تو بھی [ار متعلق فعل] پھر بھی۔ تاہم۔ باوجودیکہ۔

تو پھر [ار متعلق فعل] اس وقت۔ اس حالت میں۔

تو سہی [ار متعلق فعل] بالضرور۔ یقینی۔ شرطی۔ ۲۔ سمجھوں گا۔ دیکھ لوں گا (بطور دھمکی۔)

تو کیا [ار متعلق فعل] کچھ نہیں۔ کوئی مضائقہ نہیں۔

تو کیا ہوا [ار متعلق فعل] کچھ نہیں ہوا۔ کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ جو کچھ ہوا بے سود ہوا۔

تو کیا ہوتا [ار متعلق فعل] کچھ نہ ہوتا۔ کوئی نقصان نہیں ہوتا تھا۔

تُو تُو [ار اصوت] کتے کو بلانے کی آواز۔

تُو [ار ضمیر واحد حاضر] ۱۔ حرف خطاب جو ادنیٰ یا کم درجے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔ ۲۔ حرف خطاب جو خدا تعالیٰ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ ۳۔ کبھی پیار اور بے تکلفی سے بولتے ہیں۔

تو بھی رانی میں بھی رانی کون بھرے پن گھٹ پر پانی [ار مثل] وہاں بولتے ہیں جہاں سب کے سب کام سے جی چرائیں یا جہاں سب برابری کا دعویٰ کریں۔

تُو تڑاق کرنا [ار محاورہ] ۱۔ جھگڑا کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ ۲۔ گالیاں دینا زبان درازی کرنا۔ گستاخی کرنا۔

تُو تکار [ار امث] دیکھئے "تو تڑاق"

تو تو [ار متعلق فعل] کم سے کم تو۔ تاکید یا خصوصیت وغیرہ کے لئے کہتے ہیں۔

تُو تُو کرنا [ار محاورہ] دیکھئے "تو تڑاق کرنا"

تُو تُو مَیں مَیں [ار امث] ۱۔ گالی گلوچ۔ زبان درازی۔ ۲۔ جھگڑا ٹنٹا (افعال۔ کرنا۔ ہونا۔)

تُو تیلی کا بیل تجھے کیا سیر۔ لگا رہو (گھاس) گھانی سے [ار مثل] اپنے حوصلے سے زیادہ بات نہیں ہونی چاہیئے۔

تو جا ہے میری جائی کو میں چاہوں
تیری چارپائی (کھاٹ کے پائے) کو [ار مثل] ساس اپنے داماد سے کہا کرتی ہے تم کو میری بیٹی پیاری ہے مجھکو تمہاری ہر چیز پیاری ہے۔

تو چل میں چل [ار متعلق فعل] ایک ایک کر کے کھسکنے کے موقع پر کہا جاتا ہے

تو چھوٹی کہ میں موٹی
تو چھوٹے اور میں موٹی [ار مثل] چھوٹی نازک مزاجی کی جگہ بولتے ہیں۔

تو دیورانی میں جیٹھانی تیرے آگ نہ میرے پانی [ار مثل] دونوں ہی مفلس اور کنگال ہیں۔

تو ڈال ڈال میں پات پات [ار مثل] دیکھئے "تم ڈال ڈال الخ"

تو کو نہ مو کو لے چولہے میں جھونکو [ار مثل] چیز کو ایسا برباد کرنا کہ

تو کون ہے [ار کلمہ تنبیہہ] دخل در معقولات کرنے والے کو کہا جاتا ہے۔

تو کہاں اور میں کہاں [ار مثل] تیرا میرا کیا مقابلہ۔ اگر اعلیٰ سے خطاب ہو تو اپنے آپ کو کمتر اور اگر ادنیٰ سے مخاطب ہوں تو اپنے آپ کو افضل ظاہر کرنے کیلئے بولتے ہیں

تو کھول میرا مکنا میں گھر سنبھالوں اپنا [ار مثل] جب نئی دلہن گھر کے کاموں میں دخل دینا شروع کرتی ہے تو ساس طنزاً کہتی ہے۔

تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کو نضر (ھ مثل) تو اپنا کام کر تجھے ایسی باتوں سے کیا تعلق۔ ۱۔ یہ کہتے ہیں جو باوجود کم لیاقت ہونے کے بڑے بڑوں کو رائے دے یا دخل در معقولات کرے۔ ۲۔ احمق کو عاقل آدمی، ردنے کو اعلیٰ سے کوئی نسبت نہیں ہے۔

تو گو رکھو میری دمو کو) میں گاڑ آؤں تجھ (تو کی کو (ا۔ مثل) تو اگر میرا بُرا چاہے گا تو تیرا ہی بُرا ہو گا۔

تُو مجھ کو۔ میں تجھ کو (ا۔ مثل) تو میرا ساتھ دے گا میں تیرا ساتھ دوں گا۔

تو میرا بالا کھلائیں تیری کھچڑی کھاؤں (ا۔ مثل) کسی کو بیوقوف بنا کر ٹھگنا۔

تو میرا لڑکا کھلا میں تیری کھچڑی پکاؤں (ا۔ مثل) تو میرا کام کر میں تیرا کام کروں

تو میرے بالے کو چاہے میں تیرے بوڑھے کو چاہوں (ا۔ مثل) اگر تم میری خیر خواہی کرو گے میں تمہاری کروں گا۔

تُو نے کہی میں نے مانی (ا۔ مثل) مجھے تمہارا اعتبار نہیں۔

تُو ہو اور دنیا ہو (ا۔ کلمہ دعا) تو ہمیشہ زندہ رہے۔ دنیا کا لطف تیرے ساتھ ہے

تُو ہے اور میں ہوں (ا۔ مثل) اب میں اور تو اکیلے۔ اب ایسا بدلا لوں گا کہ تو بھی یاد ہی کرے گا۔

تُو ہی۔ تُو ہے (ا۔ مثل) تیرے سوا کوئی نہیں۔ ہر جگہ تُو ہی تُو ہے۔ خدا کی شان میں بولتے ہیں۔

تَوَا (ا۔ اند) لوہے کا وہ گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں۔ ۲۔ ٹھیکرے کا ٹکڑا جس کو تپا کر کے اوپر رکھ کر چلم بھرتے ہیں۔ ۳۔ تانبے یا لوہے کا گول ٹکڑا جس کو حمام یا سقابہ میں پانی گرم کرنے کی غرض سے لگاتے ہیں۔ ۴۔ لوہے کا وہ گول ٹکڑا جس میں پانی آنے کے لیے چند سوراخ کر کے بڑے کنوؤں کی تہ میں نصب کرتے ہیں۔ ۵۔ (صف) بہت سیاہ۔

تَوَا جلنا (ا۔ محاورہ) توے کا چولہے پر بہت گرم ہونا اور بغیر روٹی کے ہونا۔

تَوَا چڑھا اور جی ٹھہرا (ا۔ مثل) روٹی پکتے دیکھ کر بھوکے کو تسلی ہو جاتی ہے

تَوَا چڑھنا (ا۔ محاورہ) کھانا پکانے کی تیاری ہونا۔ روٹی پکانے کا سامان ہونا

تَوَا سر سے باندھنا/ سر پر رکھ لینا (ا۔ مثل) اپنے تئیں مضبوط ہونا۔ مستحکم ہونا

تَوَا لال ہونا (ا۔ محاورہ) توے کا بہت گرم ہو کر سرخ ہو جانا۔

تَوَا نہ تغاری تو کاہے کی بھٹیاری (ا۔ مثل) بے سروسامانی میں مفت کی شیخی بگھارنا

تَوَا ہنسنا (ا۔ محاورہ) توے کے کاجل کا جلنا جو شادی اور رزق کی افراونی کا شگون سمجھا جاتا ہے۔ ۲۔ کوئی کالا آدمی پان کھا کر ہنسے تو اس پر بھی توا ہنسنے کی پھبتی کہتے ہیں۔

تَوّاب (ع۔ امبالغہ) توبہ منظور کرنے والا۔ ۲۔ بہت توبہ کرنے والا۔

تَوَابِع (ع۔ اند صف) تابع کی جمع۔ پیرو۔ ماتحت۔ ملازم۔ پیچھے آنے والی چیزیں۔

تَوَاتُر (ع۔ اند) لگاتار۔ تار بہ تار۔ سلسلہ وار۔ ۲۔ کسی بات کا لوگوں کی زبانی وقتاً فوقتاً ذکر ہوتے رہنا۔

تَوَاجُد (ع۔ اند) وجد۔ جذبہ۔ بے خودی۔ سرمستی۔

تَوَارُث (ع۔ اند) آپس میں میراث پانا۔ ۲۔ وراثت۔

تَوَارُد (ع۔ اند) باہم ایک جگہ اترنا۔ ۲۔ دو شاعروں کا ایک ہی مضمون باندھنا۔ ایک ہی بیت یا مصرعہ کا دو شخصوں کے ذہن میں آنا۔

تَوَارِیخ (ع۔ امث) دیکھیے "تاریخ" جس کی یہ جمع ہے۔

تَوَازُن (ع۔ اند) ہم وزن ہونا۔ برابر ہونا۔ ۲۔ تناسب برابری۔

تَوَاصِی (ع۔ امث) ایک دوسرے کو نصیحت کرنا۔ نصیحت۔ وصیت۔

تَوَاضُع (ع۔ امث) ۱۔ عاجزی کرنا۔ ۲۔ خاطر مدارت۔ آؤ بھگت۔ ۳۔ نذر بھینٹ۔ ۴۔ مہمانداری۔ ضیافت۔

تَوَاضُعِ سمرقندی (ع۔ امث) ظاہر داری۔ دکھاوے کی آؤ بھگت۔ خاطر مدارت۔

تَوَافُق (ع۔ اند) موافقت۔ مطابقت۔ یکجائی۔ اتفاق۔ میل۔ ۲۔ ہم مقداری۔ ہم وزنی۔ ۳۔ ایسے دو عددوں کا تعلق جن کو تیسرا عدد تقسیم کر سکے۔

تَوَالُد (ع۔ اند) ۱۔ اولاد پیدا کرنا۔

تَوَالُد و تناسُل (ع۔ اند) اولاد پیدا ہونا۔ نسل چلنا۔

تَوَالی (ع۔ امث) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار۔

تَوَالیِ اِضافت/ اِضافات (ع ف۔ امث) مسلسل اضافتیں لانا۔ یا تین سے زیادہ مسلسل اضافتیں جو معیوب خیال کی جاتی ہیں۔

تَوْاَم (ع۔ اند) جڑواں۔ جوڑا۔ جو بچہ دوسرے کے ساتھ پیدا ہو۔ ۲۔ برج جوزا۔

تَوامان (ع۔ اند) ۱۔ وہ دونوں بچے جو اکٹھے پیدا ہوتے ہوں۔ ۲۔ صورت جوزا کے دو ستارے۔

تُوَان (ف۔ امث) طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور۔ قدرت (فارسی میں اسم اول ہے)

تُوَانا (ف صف) طاقت ور۔ مضبوط۔ ہٹا کٹا۔

تُوانائی (ف۔ امث) دیکھیے "توانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تُوانگر (ف صف) قدرت والا۔ مالدار۔ دولت مند۔ امیر۔

تُوانگری (ف۔ امث) دیکھیے "توانگر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

توائی (ہ۔ امث) ۱۔ تباہی۔ ۲۔ مجازاً۔ جلدی۔

توبرا/ توبرہ/ توبڑا (ف۔ ہ اند) (فارسی توبرہ کا مورد) وہ تھیلا جس میں گھوڑے کو دانہ کھلاتے ہیں۔ ۲۔ تحقیراً منہ (افعال: چڑھانا۔ چڑھنا)

توبرا چڑھائے رکھنا (ا۔ محاورہ) ہر وقت منہ پھلائے رکھنا۔ ہر وقت چیں بہ جبیں رہنا

توبہ (ع۔ امث) ۱۔ گناہ سے باز رہنا۔ بُرے کاموں سے باز رہنا۔ ۲۔ افسوس۔ پچھتاوا۔ ندامت۔ انفعال۔ پشیمانی۔ ۳۔ کسی بُرے کام سے باز رہنے کا عہد۔ ۴۔ اصلاح اطوار۔ ۵۔ زنہار۔ ۶۔ نفرت۔ حقارت۔ عبرت و تأسف کے مقام پر یا غرور کی بات یا خلافِ مذہب و شائستگی کوئی بات سن کر یہ کلمہ کہتے ہیں۔

توبہ بُلوا دینا (ا۔ محاورہ) دِق کرنا۔ تنگ کرنا۔

توبہ بھلی (عو) (ا۔ محاورہ) توبہ کی جگہ ہی بولتے ہیں۔

توبہ بھولی جانا (ا۔ محاورہ) حواس گم ہو جانا۔ پریشان ہونا۔

توبہ تِلّا (ا۔ اند) واویلا۔ فریاد۔ ہائے وائے۔ شور۔ فغاں۔

توبہ توبہ (حرف ندبہ) دیکھیے "توبہ" (۵)

توبہ توبہ مچا دینا (ا۔ محاورہ) ایسا ظلم یا گناہ کا کام کرنا کہ ساری دنیا توبہ توبہ کرا اٹھے

توبہ توڑنا (ا۔ محاورہ) عہد سے پھرنا۔ قول سے پھر جانا۔

توبہ ٹوٹ جانا/ ٹوٹنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "توبہ توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

توبہ دھاڑ کرنا/ مچانا (ا۔ محاورہ) بہزار شدغل مچانا۔ ۲۔ پناہ مانگنا

استغفار کرنا۔ معافی مانگنا۔ گناہ سے اظہارِ عجز کرنا۔
توبہ شکن [ع ف امذ] توبہ توڑنے والا۔ مجازاً معشوق
توبہ قبول فرمانا [ار مص مرکب] گناہوں کی معافی دینا۔
توبہ قبول کرنا [ار مص مرکب] گناہوں کی معافی کرنا
توبہ قبول ہونا [ار مص مرکب] گناہوں کی معافی ہونا دیکھیے "توبہ قبول کرنا" جس کا یہ لازم ہے
توبہ کا در بند ہو جانا [ار محاورہ] استغفار کرنے کا وقت نہ رہنا۔ قیامت شروع ہونے کے بعد توبہ کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔
توبہ کرانا [ار محاورہ] بُری بات چھڑانا۔ غلطی ماننے پر مجبور کرنا۔
توبہ کر بندے [ار مقولہ] جب کوئی غرور کی بات کہے یا سزا پائے تو کہتے ہیں۔
توبہ کر کے کہنا [ار محاورہ] خدا سے معافی مانگ کر۔ دعوے سے شیخی سے کہنا۔
توبہ کرنا [ار محاورہ] کسی بُری بات کو چھوڑ دینا۔ گناہ سے باز آنا۔
توبہ کرو بیچے [ار مثل] کوئی مغرور کا کلمہ کہے یا کسی پر ہنسے یا خلافِ مذہب کوئی بات کہے تو کہتے ہیں۔
توبہ ہے [ار مثل] نہیں کروں گا۔ باز آؤں گا۔
توبیخ [ع امث] جھڑکی۔ ملامت۔ سرزنش۔
توپ [ت امث] گولہ چلانے کا آلہ۔ آلۂ جنگ۔ مجازاً بہت موٹا آدمی یا عورت [افعال: داغنا۔ سر کرنا۔ چلنا۔ چلانا۔ چھوڑنا۔ چھوٹنا]
توپ بھرنا [ار مص مرکب] توپ میں گولہ بارود ڈالنا۔
توپ پر رکھنا [ار مص مرکب] کسی شخص کو توپ سے اڑا دینے کے لئے توپ کے منہ پر باندھ دینا۔
توپچی [ت صف] توپ چلانے والا۔
توپ خانہ [ت ف امذ] توپوں کے رکھنے کا مقام اور اُن کے عملے کے رہنے کی جگہ۔ ۲۔ چھ توپوں کی تعداد معہ سامان۔
توپ دم کرنا / کر دینا [ار محاورہ] دیکھیے "توپ پر رکھنا"
توپ دم ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "توپ دم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
توپ کے مُنہ اُڑانا [ار محاورہ] دیکھیے "توپ پر رکھنا"
توپ کے مُنہ اُڑنا [ار محاورہ] دیکھیے "توپ کے منہ اڑانا" جس کا یہ لازم ہے
توپ کے مُنہ سے [ار متعلق فعل] مصیبت کے سامنے۔ مصیبت میں۔
توپ لگانا [ار محاورہ] توپ ایک جگہ نصب کرنا۔ توپ چلانا۔
توپ لگنا [ار محاورہ] دیکھیے "توپ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
توپ مارنا [ار محاورہ] توپ چلانا۔
توپنا [ار مص] بند کرنا۔ پاٹنا۔ ۲۔ گاڑنا۔ زمین میں دفن کرنا۔
توت [ف امذ] ایک درخت۔ ۲۔ اس کا پھل (شہتوت) جس کے پتوں سے ریشم کے کیڑوں کی پرورش ہوتی ہے۔
توتا [ہ امذ] ایک مشہور پرندہ جس کے پر سبز۔ چونچ سُرخ اور گلے میں سُرخ کنٹھی ہوتی ہے جو ہر بات سیکھ لیتا ہے۔ ۲۔ بچہ۔ طفل۔ ۳۔ توڑے دار بندوق کا گھوڑا۔ ۴۔ بھنگ کی ٹھنڈی۔
توتا پالنا [ار محاورہ] کسی پھوڑے پھنسی کا علاج نہ کرانا۔ ۲۔ سوزاک یا آتشک کی بیماری لگا لینا۔ ۳۔ کوئی ایسا کام ہاتھ میں لینا جس سے اور کاموں سے معطل ہو جاتے۔

توتا چشم [ار صف] بے مروّت۔ بے وفا۔
توتا چشمی [ار امث] دیکھیے "توتا چشم" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
توتا سا بولنا / پڑھنا [ار محاورہ] بچے کے بولنے یا پڑھنے کی تعریف میں کہتے ہیں۔
توتک [ہ امذ] توتیا۔
توتلا [ہ صف] جو صاف آواز نہ نکال سکے۔ وہ جو بچوں کی طرح بولے۔
توتلاپن [ار امذ] بچوں کی طرح بولنے کی عادت / بیماری۔ ۲۔ وہ عمر جس میں بچے صاف الفاظ نہیں بولتے۔
توتلی [ار امث صف] دیکھیے "توتلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
توتو [ار امث] زبان۔
توتو نہ رہنا [ار محاورہ] باتیں کرنا۔ بولنا چپ نہ رہ سکنا۔ بولتے ہی رہنا۔
توتی [ف امذ] ایک خوش آواز چھوٹا پرندہ جو توت کے موسم میں اکثر دکھائی دیتا ہے۔
توتی بولنا [ار محاورہ] کسی ہنر یا خوبی کی وجہ سے مشہور ہونا۔ شہرۂ آفاق ہونا ۲۔ دور دورہ ہونا۔ ۴۔ اقبال یاور ہونا۔
توتی کا پڑھنا [ار محاورہ] توتی کا چہچہانا۔ توتی کا نغمہ سرائی کرنا۔
توتی کی آواز نقار خانے میں کون سُنتا ہے [ار مثل] بڑوں کے سامنے چھوٹوں کی رائے کی کوئی وقعت نہیں ہوتی۔
توتے اڑ جانا [ار محاورہ] حواس باختہ ہونا۔ سٹ پٹا جانا۔ گھبرا جانا۔
توتے پڑھانا [ار محاورہ] ایسے شخص کو پڑھانا جو معنی سمجھنے پر قادر نہ ہو۔
توتے کی سی آنکھیں بدلنا / پھیرنا [ار محاورہ] یک لخت بے مروّت ہو جانا۔
توتے کی طرح پڑھنا [ار محاورہ] بے سمجھے پڑھنا۔ رٹنا۔
توتیا [ار امذ] نیلا تھوتھا۔ سُرمے کا پتھر جس کو باریک پیس کر آنکھوں میں لگاتے ہیں۔
توتیا باندھنا [ار محاورہ] الزام لگانا۔
توتیا بندھنا [ار محاورہ] دیکھیے "توتیا باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
توتیا طوفان جوڑنا [ار محاورہ] دیکھیے "توتیا باندھنا"
توتیا جوڑنا [ار محاورہ] دیکھیے "توتیا باندھنا"
توثیق [ع امث] استحکام کرنا۔ ۲۔ مضبوطی۔ پختگی۔ ۳۔ زبان یا تحریر سے کسی بات کی تصدیق۔
توجّہ [ع امث] کسی کی طرف منہ کرنا۔ رُخ کرنا۔ ۲۔ میلان طبع۔ رجحان۔ ۳۔ لحاظ۔ مہربانی۔
توجّہِ باطن [ع امث] دلی رجوع۔ دلی توجہ [افعال: پھیرنا۔ ہونا۔ کرنا۔ رہنا]
توجیہہ [ع امث] وجہ بیان کرنا۔ دلیل لانا ۲۔ دلیل ۳۔ حلیہ۔ چہرے کے خدوخال ۴۔ (علمِ قافیہ) ردی ساکن کے ماقبل حرکت کا نام۔
توجیہہ نویس [ع ف امذ] حلیہ لکھنے والا۔
توحّش [ع امذ] وحشت۔ نفرت۔ ۲۔ شہر کا برباد ہونا۔ وحشت ہونا۔ اکیلا رہ جانا۔
توحید [ع امث] خدا کو ایک ماننا۔ ایک جاننا۔ وحدانیت۔ یکتائی۔ اکیلا پن۔
تودہ [ف امذ] انبار۔ ڈھیر۔ ۲۔ وہ مٹی کا ٹیلا جس پر نشانہ بازی کی

مشق کی جاتی ہے۔ ۳۔ بکثرت۔ بہت۔ ۴۔ وہ مٹی کا ڈھیر جو حدود اراضی پر حد ظاہر کرنے کے لئے بناتے ہیں۔

تودہ بندی [ف امث] حد بندی۔

تودہ طوفان [ف امذ] بہت الزام لگانے والا۔ فسادی۔ فتنہ انگیز۔ شرارتی۔

تودیع [ع امث] رخصت کرنا۔ سونپنا۔ وداع کرنا۔ سپرد کرنا۔ ۲۔ الوداع۔

تور [ف امذ] ایک قسم کا غلہ جس کی دال پکاتے ہیں۔ ارہر۔ ۲۔ چق بندی۔ وہ رسی جو زنانہ پینس کے ارد گرد ہواسے پردہ نہ اڑنے کی خاطر باندھتے ہیں۔ ۳۔ کارچوبی کی پوشش جو پالکی وغیرہ کے اوپر ڈالتے ہیں۔ ۴۔ جھالر۔

تورّع [ع امذ] پرہیزگاری۔ زہد۔ تقویٰ۔

تورہ [ت امذ] دستور العمل۔ بادشاہ کا نیا حکم۔ ۲۔ چنگیز خاں کا قانون۔ ۳۔ مختلف اقسام کے لذیذ کھانے جو خوانوں میں لگا کر تقریبات میں تقسیم ہوتے ہیں۔ ۴۔ غرور۔ ناز۔ گھمنڈ۔ ۵۔ عزت۔ ۶۔ رتبہ۔

تورہ بندی [ف امث] شادی سے پیشتر گھر گھر کھانا تقسیم کرنے کی رسم۔

تورہ پوش [ف امذ] خوان پوش۔ ۲۔ وہ سرپوش جو تورہ کے خوانوں پر ڈھکا جائے۔

تورہ پیٹی [ار امث] شیخی باز عورت۔ وہ عورت جو ظاہر میں بڑی شریعت پسند ہو۔

تورہ توڑنا [ار محاورہ] غرور توڑنا۔ گھمنڈ نکالنا۔

تورہ جتانا [ار محاورہ] ۱۔ فخر کرنا۔ غرور کرنا۔ تعلی کرنا۔ ۲۔ شیخی مارنا۔ ۳۔ پرہیزگاری جتانا۔ ۴۔ اپنی بزرگی دکھانا۔

تورہ ڈھانا [ار محاورہ] دیکھیے "تورہ توڑنا"۔

تورہ لگ جانا / لگنا [ار محاورہ] غرور کرنا۔ اترانا۔ فخر کرنا۔

تورہ والی [ار صفت مث] مغرور متکبر عورت۔ پرہیزگار۔

توری [س امث] مسور کی ایک قسم۔ تورا۔ ایک قسم کی دال۔

توریا [ھ امذ] ایک قسم کی سرسوں کا پودا یا بیج۔

توریت [عبر۔ امث] مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق وہ کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی۔ ۲۔ یہودیوں کے عقائد کے مطابق چند کتابوں کا مجموعہ جو چند پیغمبروں اور یہودی علماء کا لکھا ہوا ہے۔ اس میں کوئی کتاب حضرت موسیٰؑ کی لکھی ہوئی نہیں ہے۔ ۳۔ عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق چند کتابوں کا مجموعہ جن کی تعداد یہودیوں کی رائے سے بھی زیادہ ہے۔ اسے پرانا عہد نامہ کہتے ہیں۔

توریث [ع ۔ امث] ۱۔ وراثت۔ ۲۔ وارث کرنا۔

توڑ [ار امذ] ۱۔ شکستگی۔ ٹوٹ۔ پھوٹ۔ ۲۔ دریا کی روانی کا زور۔ بہاؤ۔ کٹاؤ۔ ۳۔ حریف کا پانی۔ ۴۔ جواب۔ ۵۔ پلا۔ انتہا۔ گولی یا گولہ کی مار کی حد یا فاصلہ۔ ۶۔ داؤں پیچ کا دفعیہ۔ ۷۔ چیز کی قیمت کا فیصلہ۔ چکوتا۔ ۸۔ شور۔ غل۔ تیر یا گولی کی مار۔ زد۔ قوت۔ ۹۔ علاج۔ چارہ وغیرہ۔ ۱۰۔ بغیر گھنگھروں کے پازیب۔ ۱۱۔ پانی کی نالی کاٹ کر کھیت میں آبپاشی کرنا۔ ۱۲۔ پتنگ کی ڈور کا ایک دھاگا۔ ۱۳۔ خاتمہ۔

توڑ پر ہونا [ار۔ محاورہ] ۱۔ ختم پر ہونا۔ ۲۔ زور پر ہونا۔

توڑ پھوڑ / تاڑ [ار۔ امث] ۱۔ شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ۔ ۲۔ پامالی۔ خرابی۔ ویرانی۔ ۳۔ سازش۔ اغوا۔

توڑ جوڑ [ار۔ امذ] ۱۔ تراش خراش۔ ۲۔ داؤں پیچ۔ داؤں گھات۔ ۳۔ تدبیر۔ سازش۔ ۴۔ دانائی۔ مکاری۔ فیلسوفی۔ ۵۔ دو آدمیوں میں نفاق کرانے کا ڈھنگ۔ ۶۔ کاٹ چھانٹ۔ قطع و برید۔ ۷۔ الفاظ کی بندش۔ ۸۔ چال۔

توڑ جوڑ چلنا [ار۔ محاورہ] چال چلنا۔

توڑ دینا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "توڑنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

توڑ ڈالنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "توڑنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

توڑ کرنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ قیمت کا فیصلہ کرنا۔ حساب صاف کرنا۔ ۲۔ کشتی اور بنوٹ کے داؤں کا رد کرنا۔

توڑ کی صراحی [ار۔ امث] وہ صراحی جس کی گردن اور پیندا الگ ہو جاتا ہو۔

توڑ لانا [ار۔ محاورہ] الگ کر لانا۔

توڑ لینا [ار۔ محاورہ] الگ کر لینا۔ اپنی طرف کر لینا۔ ۲۔ پھوڑنا۔ توڑنا۔

توڑ مروڑ [ار۔ امذ] توڑنا مروڑنا۔ نیز دیکھیے "توڑا مروڑی"۔

توڑا [ار۔ امذ] ۱۔ قلت۔ کمی۔ قحط۔ ۲۔ رسی کا ٹکڑا۔ ۳۔ ہل کی لمبی لکڑی جس میں جوا آتا ہے۔ ۴۔ بندوق چلانے کی بتی۔ فتیلہ۔ ۵۔ گت کا سلسلہ توڑ کر درمیان میں ایک اور حرکت کر کے پھر گت کے اسی سلسلہ میں مل جانا۔ ۶۔ ہزار روپے یا اشرفیوں کی تھیلی۔ ۷۔ ایک قسم کی سونے یا چاندی کی زنجیر جس کو گلے یا ہاتھ میں پہنتے ہیں یا ایک زنجیر پولادی زنجیر جس کو پہلوان بازو پر باندھتے ہیں۔ ۹۔ ایک قسم کی سونے یا چاندی کی زنجیر جسے بانکے سپاہی پگڑی کے اوپر لپیٹ لیتے ہیں۔ ۱۰۔ نقصان۔ خسارہ۔

توڑا جانا [ار۔ محاورہ] کم غذا دے کر طاقت گھٹانا۔

توڑا مروڑی [ار۔ امث] چھینا جھپٹی۔ ہاتھا پائی۔ توڑنا مروڑنا۔

توڑانا [ار۔ مص] دیکھیے "تڑانا" جو زیادہ مستعمل ہے۔

توڑ کے نکل جانا [ار۔ محاورہ] کسی ایسی چیز کے اس پار سے اس پار نکل جانا جو رقیق نہ ہو۔

توڑنا [ار۔ مص] ۱۔ شکستہ کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔ ۲۔ چور چور کرنا۔ پاش پاش کرنا۔ ۳۔ جدا کرنا۔ الگ کرنا۔ ٹہنی سے پھل یا پھول الگ کرنا۔ ۴۔ ہل سے جوتنا۔ ۵۔ سیندھ لگانا۔ نقب لگانا۔ ۶۔ ازالۂ بکارت کرنا۔ کنوار پن ختم کرنا۔ ۷۔ کم کرنا۔ گھٹانا۔ ۸۔ پانی کاٹنا۔ ۹۔ نہر سے پانی لینا۔ ۱۰۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ ۱۱۔ ڈھانا۔ گرانا۔ ۱۲۔ دور کرنا۔ مٹانا۔ ۱۳۔ قطع تعلق کرنا۔ ربط نہ رکھنا۔ ۱۴۔ موقوف کرنا۔ ختم کرنا۔ ۱۵۔ فتح کرنا۔ جیتنا۔ ۱۶۔ کچلنا۔ ۱۷۔ اپنی طرف کر لینا۔ ملا لینا۔ ۱۸۔ ورزش کرنا۔ ۱۹۔ اکھاڑنا۔ الگ کرنا۔ ۲۰۔ مفت اور بے محنت کھانا۔ ۲۱۔ کمزور کرنا۔ طاقت گھٹانا۔ ۲۲۔ ہٹانا۔ گھٹانا۔ ۲۳۔ نفاق ڈلوانا۔ ۲۴۔ بھانجی مارنا۔ ۲۵۔ بلی کا کسی پرندے کو زخمی کرنا یا مار ڈالنا۔ ۲۶۔ خرد کرنا۔ بھنانا۔ ۲۷۔ کسی کو علیحدہ کر لینا۔ ۲۸۔ کسی رسم وغیرہ کے خلاف کام کرنا۔

توڑنا جوڑنا [ار۔ محاورہ] بنانا بگاڑنا۔ کسی امر میں کامل اختیار ہونا۔

توڑنا مروڑنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ کسی چیز کو بل دینا۔ ۲۔ ملنا دلنا۔ ۳۔ ہاتھا پائی کرنا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔

توڑنے آئے چارہ اور بھینت کا اجارہ [ار۔ مثل] ایک تو پرائی چیز لینا اوپر سے رعب ڈالنا۔

توڑوانا [ار۔ مص] دیکھیے "تڑوانا" جو زیادہ مستعمل ہے۔

توڑوائی [ار ۔ امث] دیکھیے "تڑوائی"۔
توڑی [ار ۔ امث] گندم یا جَو کا بُھس۔
توڑی [ار ۔ امث] دیکھیے "توری"۔
توڑے دار بندوق [ار ۔ امث] وہ بندوق جو فلیتے کے ذریعے چلائی جائے۔
توڑے کا منہ کھولنا [ار ۔ محاورہ] فیاضی کرنا۔ بخشش کرنا۔
توزک [ت ۔ امث] دیکھیے "تزک"۔
توزّع [ع ۔ امذ] ا۔ پراگندہ ہونا۔ حصّہ لینا ۔۲۔ پراگندگی۔ پریشانی۔
توزیع [ع ۔ امث] ا۔ پراگندہ کرنا۔ بانٹنا ۔۲۔ فردلگان۔ جمع بندی۔
توزیعِ حال [ع ۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] ہر مہینے کا حساب جس میں ہر ایک مالک کا زرِ مطالبہ، تحصیل اور باقی درج ہو۔
توس [ار ۔ امذ] (انگریزی TOAST کا مورد) ڈبل روٹی کا تپلا ٹکڑا۔
توس دان [ار ۔ امذ] دیکھیے "توش دان" جو صحیح ہے۔
توسّط [ع ۔ امذ] ا۔ بیچ میں پڑنا ۔۲۔ میانہ روی۔ اعتدال ۔۳۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔
توسّل [ع ۔ امذ] ا۔ وسیلہ ڈھونڈنا۔ کسی کو بیچ میں ڈالنا ۔۲۔ ذریعہ سفارش۔ شفاعت۔
توسَن [ف ۔ امذ] ا۔ شوخ اور سرکش گھوڑا ۔۲۔ گھوڑا۔
توسن اُڑانا [ار ۔ محاورہ] گھوڑا تیز دوڑانا۔
توسن اُڑنا [ار ۔ محاورہ] گھوڑے کا تڑارے بھرنا۔
توسن بھڑکنا [ار ۔ محاورہ] گھوڑا بِدکنا، ڈر جانا۔
توسن چمکانا / چھیڑنا / خیز کرنا [ار ۔ محاورہ] گھوڑے کو تیز کرنا۔
توسن چمکنا [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "توسن چمکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
توسیع [ع ۔ امث] ا۔ فراخ کرنا ۔۲۔ کشادگی۔ فراخی ۔۳۔ افزونی ترقی ۔۴۔ اضافہ۔
توش دان [ف ۔ امذ] ا۔ وہ برتن جس میں سفر کی خوراک ہو ۔۲۔ کارتوس رکھنے کا ڈبہ جو سپاہی کی کمر سے بندھا ہوتا ہے۔
توشک [ف ۔ امث] بچھونا۔ گدیلا۔ روئی والا بستر۔
توشک خانہ [ف ۔ امذ] وہ مکان جہاں امیروں کا لباس رہتا ہے۔ پارچہ خانہ۔
توشہ [ف ۔ امذ] ا۔ مسافر کا کھانا۔ زادِ راہ ۔۲۔ وہ کھانا جو مُردے کے ساتھ لے جاتے ہیں اور دفن کے بعد گورکن کو دے دیتے ہیں ۔۳۔ کسی ولی یا بزرگ کے نام کا کھانا ۔۴۔ راستے کا خرچ۔ زادِ راہ۔
توشہ خانہ [ار ۔ امذ] دیکھیے "توشک خانہ" جس کا یہ مخفف ہے۔
توشۂ آخرت / عاقبت / عقبیٰ [فع ۔ امذ] ا۔ اچھے کام۔ نیک اعمال جو عاقبت میں کام آئیں ۔۲۔ وہ معصوم بچہ جو ماں باپ کے سامنے مر جائے۔
توشے کی روٹی [ار ۔ امث] وہ نان حلوا جو لاش کے ساتھ خیرات کرتے ہیں
توشیح [ع ۔ امث] ا۔ بدّھی گلے میں ڈالنا۔ آرائش کرنا ۔۲۔ علم بیان کی ایک صنعت جس میں شاعر ہر مصرعہ یا بیت کے شروع میں ایسے الفاظ لاتا ہے کہ ان کے پہلے حروف جمع کرنے سے مطلوبہ نام نکل آتا ہے۔
توصیف [ع ۔ امث] ا۔ وصف بیان کرنا۔ تعریف کرنا ۔۲۔ تعریف۔ مدح۔
توضیح [ع ۔ امث] ا۔ کھول کر کہنا ۔۲۔ تشریح۔ وضاحت ۔۳۔ مال گزاری کا نقشہ۔

توطّن [ع ۔ امذ] ا۔ وطن اختیار کرنا ۔۲۔ مستقل طور سے کسی جگہ کو اپنا وطن بنانے کا عمل
توطیہ [ع ۔ امذ] ا۔ تمہید مدعا ۔۲۔ شعر میں قافیہ کی تکرار ۔۳۔ الزام۔ بہتان۔
توغّل [ع ۔ امذ] ا۔ کسی کام میں بہت مشغول ہونا۔ لگے رہنا ۔۲۔ مشق۔ دُھن۔
توفان [ف ۔ امذ] ا۔ شور۔ غوغا ۔۲۔ دریا کی شورش ۔۳۔ بہتان۔ الزام۔
توفانِ شیطان [فع ۔ امذ] جھوٹ۔ بہتان۔
توفیر [ع ۔ امث] ا۔ زیادہ کرنا ۔۲۔ زیادتی۔ افزونی ۔۳۔ بچت ۔۴۔ حق المحنت ۔۵۔ بالائی یافت۔
توفیق [ع ۔ امث] ا۔ موافق کرنا۔ برابر کرنا ۔۲۔ اللہ تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا ۔۳۔ ہدایت۔ رہنمائی خدا کی مہربانی۔ مدد ۔۵۔ ہمت۔ حوصلہ۔ طاقت۔ استطاعت۔ لیاقت۔
توفیقِ خیر [ع ۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] نیکی کی ہمت۔
توفیق ہونا [ار ۔ محاورہ] ہمت ہونا۔ لیاقت ہونا۔
توقّع [ع ۔ امث] ا۔ امید رکھنا ۔۲۔ امید۔ بھروسا۔ آسرا [افعال: رکھنا۔ رہنا۔ کرنا۔ ہونا]
توقّف [ع ۔ امذ] ا۔ رُک جانا ۔۲۔ دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل [افعال: کرنا۔ ہونا]
توقیت [ع ۔ امذ] ا۔ وقت مقرر کرنا ۔۲۔ کسی واقعہ کے ظہور کا وقت۔ وقت۔ تاریخ
توقیر [ع ۔ امث] تعظیم۔ تکریم۔ وقعت۔ عظمت۔
توقیری [ع ۔ صف] دیکھیے "توقیر" جس سے یہ منسوب ہے۔
توقیع [ع ۔ امذ] ا۔ مکتوب پر نشان لگانا ۔۲۔ شاہی فرمان۔ شاہی دستخط یا مہر ۔۳۔ سند۔
توقیف [ع ۔ امث] ا۔ روکنا۔ ٹھہرانا۔ واقف کرنا ۔۲۔ مجرم کو حوالات میں رکھنا ۔۳۔ وقفہ لگانا۔ عبارت میں ایسے نشان لگانا جن سے ایک قسم کے الفاظ الگ ہو جائیں۔
توقیف نگاری [ع ۔ ف ۔ امث] ا۔ عبارت میں علامات وقف لگانا۔
توقیفی [ع ۔ صف] جس میں اوقات یا وقفے کا التزام کیا گیا ہو ۔۲۔ (شرعی اصطلاح) اللہ میاں کی ٹھہرائی ہوئی۔
توکّل [ع ۔ امذ] ا۔ خدا پر بھروسا کرنا ۔۲۔ تکیہ۔ بھروسا۔ اعتماد۔
توکل پہ بیٹھنا [ار ۔ محاورہ] ا۔ خدا پر بھروسہ کرنا۔ اپنے سارے کام خدا پر چھوڑ دینا ۔۲۔ بیکار بیٹھنا۔ خالی رہنا۔
توکّلتُ علی اللہ [ع ۔ متعلق فعل] ا۔ میں نے خدا پر بھروسا کیا ۔۲۔ خدا کے بھروسے پر۔ اسباب ظاہری سے دل ہٹانے اور معاملہ خدا پر چھوڑنے کے وقت بولتے ہیں
تول / تَول [ار ۔ امث] ا۔ وزن۔ مقررہ وزن ۔۲۔ جانچ۔ اندازہ۔
تول لینا [ار ۔ محاورہ] آزما لینا۔ آزمائش کرنا۔
تولا / تَولا [ار ۔ امذ] وہ شخص جو بازار میں غلہ تولنے کا پیشہ کرے۔
تولا [ار ۔ امذ] دیکھیے "تولہ" جو زیادہ مستعمل ہے۔
تولّا [ع ۔ امذ] (عربی میں تولّی ہے) ا۔ حکومت کرنا۔ کسی کام کی ذمّہ داری لینا۔
تولائی [ار ۔ امث] تولنے کا فعل۔ تولنے کی اُجرت ۔۲۔ محبت رکھنا۔ محبّت۔
تولّائی [ع ف ۔ صف] محبت رکھنے والا ۔۲۔ اہل تشیع کا وہ فرقہ جو تبرّا نہیں کرتا۔
تولّد [ع ۔ امذ] پیدائش ۔۲۔ پیدا ہونا [افعال: ہونا]
تولنا [ار ۔ مص] ا۔ وزن کرنا۔ اندازہ کرنا ۔۲۔ جانچنا۔ امتحان لینا۔

۳۔ قابلیت یا لیاقت کی آزمائش کرنا۔ ۴۔ تلوار کو ہاتھ میں لے کر جانچنا۔ ۵۔ محبت آزمانا۔ ۶۔ بات کو اچھی طرح سمجھنا۔ ۷۔ ظاہر سے باطن کا حال معلوم کرنا

تُوَاں [ار صف] وزنی۔ بھاری۔

تولہ [ار۔ اِمذ] بارہ ماشے کا وزن یا باٹ۔

تولہ ماشا [ار صف] وہ مریض یا نازک مزاج آدمی جو دم بھر میں کچھ اور دم بھر میں کچھ ہو جائے

تولہ بھر کی آرسی۔ نانی بولے فارسی [ار مثل] تھوڑا سلوک کرکے بہت احسان جتانا

تولیا [انگ امذ] (TOWEL سے مورّد) بڑا رومال۔ وہ کپڑا جس سے ہاتھ اور بدن پونچھتے ہیں۔

تَولِیَت [ع امث] ۱۔ کسی کو حاکم کرنا۔ ۲۔ سربراہی۔ انتظام۔ نگرانی۔

تَولِیَت نامہ [عف امذ] ولی بنانے کی تحریر۔ وہ تحریر جس کی رو سے کوئی چیز نگرانی میں دی جائے۔

تَولِید [ع امث] ۱۔ جنانا۔ ۲۔ جننا۔ پیدا کرنا۔ ۳۔ پیدائش۔ جنم۔

تُومار [ع امذ] دیکھیے "طومار" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

تُومان [ت امذ] دیکھیے "تمن"

تومڑا [ار امذ ق] ۱۔ ایک قسم کا کدو۔ ۲۔ فقیروں کا برتن جو اس کدو کو سکھا کر اور اندر سے خالی کرکے بناتے ہیں۔

تُومڑی [ار امث ق] ۱۔ چھوٹا تونبا۔ تونبڑا۔ سوکھے ہوئے تونبے کی چھاگل یا کشکول جس میں فقیر پانی اور کھانے پینے کا سامان رکھتے ہیں۔ ۲۔ مٹی کی چھوٹی سی لالٹین جس میں جھلی مڑھ کر (منڈھ کر) چراغ جلاتے ہیں۔ ۳۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ ۵۔ گھڑیال یا مگرمچھ کی تھوتھنی۔ ۶۔ سپیروں کی بین ۷۔ رسولی۔ ۸۔ ایک قسم کی سینگی جو چھوٹے کدو سے بناتے ہیں۔

تُومنا [ار مص] ۱۔ روئی کو صاف کرنا۔ روئی کے ریزے ریزے یا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ۲۔ عیب کھولنا۔ قلعی کھولنا۔ گڑے مردے اکھاڑنا۔ ۳۔ بھی پابندی سے سخت سزا دینا۔ ۴۔ گالیاں دینا۔ تنگ کرنا۔ ناک میں دم کرنا۔

تُومیا / تومیا سُوت [ار امذ] بہت عمدہ اور باریک کتا ہوا سُوت۔

تُون [ار ضمیر حاضر ق] دیکھیے "تو" جس کی یہ قدیم صورت ہے۔

تُون [ھ امذ] ۱۔ ترکش۔ (متروک)

تُون تان کرنا [ار محاورہ] عو۔ لڑنا جھگڑنا۔ تُوں تُوں میں میں کرنا۔

تُونا [ار مص] جانوروں کا اسقاطِ حمل۔

تونبا [ھ امذ] ایک قسم کا تلخ کدو جس کا چھلکا بہت موٹا اور سخت ہوتا ہے۔ فقیر اس کو سکھا کر اور اندر سے چھیل کر کشکول وغیرہ بناتے ہیں۔

تونبڑا [ھ امذ] ۱۔ دیکھیے "تومبڑا / تونبا" ۲۔ ایک قسم کا باجہ جو اکثر فقیروں کے پاس ہوتا ہے۔ تنبورہ۔

تومبڑی [ھ۔ امث] دیکھیے "تومڑی"

تونبی [ھ امث] دیکھیے "تونبا" جس کی یہ تصغیر ہے، تومبڑی۔

تونبی ہاتھ میں لینا [ار محاورہ] فقیر بننا۔ جوگی بننا۔

توند [ھ امذ] بڑھا ہوا پیٹ۔ بڑا پیٹ۔

توندالا / توندل / توندو [ھ صف] بڑے پیٹ والا۔

تُوندی [ھ امث] ناف۔

توندَیل / توندَیلا [ھ صف] دیکھیے "توندالا / توندل"

توندَیلی [ھ صف مث] دیکھیے "توندیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

تونس (نون غنہ) [ھ امث] شدت کی پیاس جو آفتاب کی تپش کی وجہ سے ظہور میں آتی ہے۔

تَونسا [ار امذ] سرسام۔ ایک بیماری۔

تونسانا [ار مص] گرمی کی ایذا پہنچانا۔

تونسنا [ھ مصدر] آفتاب کی گرمی سے مضمحل ہونا۔ بے تاب ہو جانا۔ پیاس کا بڑھ جانا۔

تونگر [ف صف] دیکھیے "توانگر" جس کا یہ مخفف ہے۔

تونگری [ف امث] دیکھیے "تونگر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تونگری بدل است نہ بمال [ف مقولہ] امیری حوصلے سے ہوتی ہے مال سے نہیں۔

تَوَہُّم [ع امذ] ۱۔ وہم میں ڈالنا۔ پڑنا۔ ۲۔ وسواس۔ گمان۔ شک۔

تَوَہُّمات [ع امذ] دیکھیے "توہم" جس کی یہ جمع ہے۔

توہین [ع امث] ۱۔ اہانت کرنا۔ ۲۔ ذلت۔ حقارت۔ بے عزتی (افعال: کرنا۔ ہونا)

توہینِ عدالت [ع امث بترکیب فارسی (قانون)] عدالت کی شان کے خلاف کوئی بات کہنا یا کرنا جو جرم ہے۔

توئی [ھ امث] ایک قسم کی بیل کپڑے پر بنی ہوئی جو عورتیں اکثر دوپٹوں پر لگاتی ہیں۔

تَوِی [ار امث] لوہے کا روٹیاں پکانے کا بڑا توا۔ جس پر بہت سی روٹیاں یک دم ڈالی جا سکتی ہیں۔ لوہ

توئے [ار۔ اصوت] کتے کو بلانے کی آواز

توے کا حقّہ [ار امذ] وہ حقہ جس کی چلم میں تمباکو پر توا رکھ کر آگ رکھی گئی ہو

توے کی بوند [ار امث صف] ناپائیدار چیز۔ جلد فنا ہو جانے والی۔

توے کی تپائی [ار امث] لوہے کا وہ حلقہ جس میں پائے لگے ہوتے ہیں جو توے کے برابر ہوتا ہے۔ اس پر متعدد توے رکھ کر آگ کی چنگاری رکھ دیتے ہیں تاکہ جب ضرورت ہو تو وہی گرم توا حقے پر رکھ دیں اور تمباکو کے سلگنے کا انتظار نہ کرنا پڑے۔

توے کی تیری۔ لغاری / ہاتھ کی میری [ار مثل] بہت فائدہ تیرا تھوڑا میرا۔ تو پہلے میں بعد میں۔

ت ہ ھ

تہ [ف امث] (صف) ۱۔ نچلا حصہ۔ تلا۔ نیچے۔ ۲۔ جفت کی ضد۔ طاق۔ ۳۔ تلوار یا خنجر کا رنگ۔ ۴۔ (امث) بنیادی تلا۔ ۵۔ تھاہ۔ انتہا۔ ۶۔ پرت۔ ۷۔ نکتہ۔ باریکی۔ رمز۔ ۸۔ تلچھٹ۔ درد۔ گاد۔ ۹۔ سطح فرش تلا جھلک۔ تحریر (۱۱) باریک اور پتلا ورق۔ بنیاد۔ ۱۲۔ دریا یا کنویں کی تھاہ (پیندا)۔

تہ بازار [ف امث] بازار کی زمین۔

تہ بازاری [ف امث] وہ محصول جو ان لوگوں سے لیا جاتا ہے جن کی دکانیں

بازار میں نہیں ہوتیں بلکہ وہ سڑک کے کنارے بیٹھ کر سامان بیچتے ہیں
۲۔ بازار کا محصول جو بازار میں چیزیں فروخت کرنے والوں سے لیا جاتا ہے

تہ بند [ف اِمذ] وہ کپڑا جو بطور ستر پوشی استعمال کیا جاتا ہے (جو لُنگی سادے کپڑے کھدر لٹھے وغیرہ کا ہوتا ہے) ۲۔ لُنگی۔ دھوتی۔ لنگوٹ وغیرہ۔

تہ بندی [ف امث] ۱۔ کتاب کی جزبندی۔ ۲۔ وہ رنگ جو اصلی رنگ سے پہلے کپڑے کو دیا جاتا ہے تاکہ اصل رنگ پائیدار ہو۔

تہ بہ تہ [ف متعلق فعل] ہر ایک تہ میں ہر ایک پرت میں۔ ایک کے نیچے ایک

تہ پانا [ار محاورہ] اصل حقیقت دریافت کرلینا۔ مغز سخن کو پالینا۔

تہ پوشی [ف امث] ۱۔ زنانہ پاجامہ۔ وہ کپڑا جو عورتیں ساڑھی کے نیچے ستر پوشی کے واسطے پہنتی ہیں۔

تہ پیچ [ف امث] پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔

تہ توڑنا [ار محاورہ] خوب کھانا کچھ باقی نہ رکھنا۔ ۲۔ کنویں کا تمام پانی نکال ڈالنا۔ ۳۔ جھاڑو پھیر دینا۔ صفایا کر دینا۔

تہ تیغ کرنا [ار محاورہ] تلوار سے قتل کرنا۔

تہ تیغ ہونا [ار محاورہ] دیکھئے "تہ تیغ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تہ ٹوٹ جانا / ٹوٹنا [ار محاورہ] مفلس ہوجانا۔ دوالہ نکل جانا۔

تہ جرعہ / جرعگی [ف امث] وہ شراب جو پینے کے بعد پیالہ کی تہ میں رہ جائے یعنی تلچھٹ

تہ جمانا [ار محاورہ] اُوپر تلے رکھنا۔ ۲۔ کھانے پر کھانا۔

تہ جمنا [ار محاورہ] ۱۔ کسی مائع چیز کے نیچے کے حصّے کا جم جانا۔

تہ خاک [ف صف] زمین کے نیچے۔ ۲۔ دفن [افعال: کرنا۔ ہونا]

تہ خانہ [ف اِمذ] سردخانہ۔ زمین کے نیچے یا مکان کے نیچے جو کمرہ بناتے ہیں۔

تہ دار [ف صف] ۱۔ پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق۔ ۲۔ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ ۳۔ پہلودار۔ ۴۔ عمیق اور گہرا۔ ۵۔ معقول۔ ۶۔ جس کی تہ یا بنیاد ہو۔

تہ داری [ف امث] ۱۔ گہرائی۔ عُمق۔ ۲۔ تہ بنیاد۔ ۳۔ دقت۔ مشکل۔ پیچیدگی۔

تہ دام آنا [ار محاورہ] جال میں پھنسنا۔ پکڑا جانا۔ قابو میں آنا۔

تہ در تہ [ار صف] وہ کپڑا جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔ ۲۔ نیا۔ بالکل نیا۔

تہ دل سے [ار متعلق فعل] نہایت خلوص سے۔ سچے دل سے۔ اطمینانِ قلب سے

تہ دلی [ف امث] اطمینانِ قلب۔

تہ دوز [ف صف] کم سلائی کرنے والا۔

تہ دوزی [ف امث] کم سلائی۔

تہ دیگ / دیگی [ف امث] نیچے کا کھانا جس میں گھی زیادہ ہوتا ہے۔ کھرچن

تہ دینا [ار محاورہ] ہلکا رنگ دینا۔ ۲۔ اوپر نیچے رکھنا۔ ۳۔ استر لگانا۔ ۴۔ کچے پھلوں کو پھولس کی تہ میں رکھنا۔

تہ کا [ف ار صف] عمیق۔ گہرا۔ پیچیدہ۔ مشکل۔ دقت طلب۔

تہ کا سچا [ف ار صف] وہ کبوتر جو گھر نہ بھولے۔

تہ کر رکھو [ار مقولہ] بلطفِ ضمنی اور بے پروائی کے موقع پر بولتے ہیں۔ تہ کر رکھو۔

تہ کرنا [ار محاورہ] ۱۔ ٹھیک طور سے لپیٹنا۔ ۲۔ فیصلہ کرنا۔ تصفیہ کرنا ۳۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔

تہ کو پانا / پہنچنا [ار محاورہ] ۱۔ اصل مطلب پالینا۔ حقیقت جان لینا۔

تہ کی بات [ف ار امث] اصل بات۔

تہ لگانا [ار محاورہ] کپڑے کو ٹھیک طور پر لپیٹنا۔

تہ مارنا [ار محاورہ] گھوڑے کا بیمار ہوجانا۔ سخت پیاس کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

تہ ملانا [ار محاورہ] جوڑا لگانا۔ نرکو مادہ سے ملانا۔

تہ میں بیٹھ جانا [ار محاورہ] ۱۔ نیچے بیٹھ جانا۔ ڈوب جانا۔ ۲۔ کسی کے دل میں گھر کرنا۔ بھید لے لینا۔

تہ نال [ف اِمذ] لوہے کا ٹکڑا جو تلوار کے قبضے کے نیچے ہوتا ہے۔ ۲۔ نیام کا نیچے کا حصّہ جس میں تلوار کا پھیلاؤ رہتا ہے۔

تہ نامہ [ف اِمذ] اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔

تہ نشان [ف اِمذ] وہ سونے یا جواہرات کا کام جو تلوار کے قبضے پر ہوتا ہے۔

تہ نشین [ف صف] ۱۔ تہ میں بیٹھنے والا۔ ۲۔ ذہن میں اُترنے والا۔ ۳۔ دل میں بیٹھ جانے والا۔ ۴۔ تلچھٹ۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

تہ نکالنا [ار محاورہ] اصل بات کو پا جانا۔ رمز پہچاننا۔

تہ نہ ٹوٹنا [ار محاورہ] نیا ہونا (کپڑے وغیرہ کے متعلق کہا جاتا ہے)۔

تہ و بالا [ف صف] زیر و زبر۔ نیچے اُوپر۔ اُلٹ پلٹ۔ برباد۔ تباہ [افعال: کرنا۔ کر دینا۔ ہونا]

تہا نہی رکھ چھوڑنا [ار محاورہ] احتیاط سے رکھنا۔ مصرف میں نہ لانا۔

تہاں [ار متعلق فعل] وہاں۔ اُدھر۔ ۲۔ تب۔ اس موقعہ پر (اردو میں جہاں کی سیانہ مستعمل ہے)

تہانا [ار مص] تہ کرنا۔

تہاوُن [ع اِمذ] ۱۔ سستی کرنا۔ ذلیل رکھنا۔ حقیر سمجھنا۔ نفرت کرنا۔ ۲۔ نفرت۔ حقارت۔ بے پروائی۔ سُستی۔

تہائی [ار عدد کسری] تیسرا حصّہ۔ ⅓۔

تہتّر [ار اعداد] ستر اور تین۔ ۷۰ + ۳ = ۷۳۔

تہتّر کے بیچوں کو پہنچنا [ار محاورہ] ضعیف ناس ہوجانا۔ تباہ ہو جانا۔

تہتّرواں [ار عدد ترتیبی] ترتیب میں بہتّر کے بعد کا درجہ۔ ۲۔ تہتّر حصوں میں سے ایک حصّہ۔

تہتک [ع اِمذ] ۱۔ بے عزتی۔ بے آبروئی۔ ہتک۔ بدنامی۔ ۲۔ بھید کا کھل جانا۔ ۳۔ جھگڑا۔ فساد۔

تہجُّد [ع امث] رات کو جاگنا۔ ۲۔ نماز جو آدھی رات کے بعد پڑھی جاتی ہے۔

تہجُّد گزار [ع ف صف] تہجد کی نماز پڑھنے والا۔ بہت پرہیزگار۔

تہجّی [ع امث] ۱۔ ہجے کرنا۔ حرف مفرد کا پڑھنا۔

تہدید [ع امث] دھمکی۔ گھُرکی۔ تنبیہہ۔ سرزنش۔ ۲۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔

تہدیدی [ع صف] دیکھئے "تہدید" جس سے یہ منسوب ہے۔

تہدیہ [ع امث] ہدیہ پیش کرنا۔ ہدیہ دینا۔

تہذیب [ع امث] ۱۔ پاک کرنا۔ اصلاح کرنا۔ ۲۔ اصلاح۔ درستی۔ آراستگی۔ ۳۔ شائستگی۔ خوش اخلاقی۔ انسانیت۔ ۴۔ سوسائٹی کے اصول اور رسم و رواج (انگریزی لفظ CULTURE کا ترجمہ)

تہذیبِ اخلاق [ع امث] اخلاق کی درستی۔ خوش اخلاقی۔ انسانیت۔

تہذیب یافتہ [ع ف صف] تربیت یافتہ۔ مہذب۔ شائستہ۔ تعلیم یافتہ۔

تہذیبی [ع صف] دیکھئے "تہذیب" جس سے یہ منسوب ہے

تہرا [ار عدد ضعفی] ۱۔ تگنا۔ سہ چند۔ ۲۔ تین تہ کا۔ ۳۔ تین لڑکا۔

۴۔ تین قسم کا۔

تہرانا [ار مص] ۱۔ تیسری دفعہ کہنا۔ ۲۔ کسی کام کو تیسری دفعہ کرنا۔ ۳۔ تین تین کرنا۔ ۴۔ تین لڑی کرنا۔ ۵۔ تین گنا کرنا۔

تہری [ار امث] ایک قسم کا کھانا جو چاولوں میں بڑی یا گوشت ڈال کر پکاتے اور ہلدی کا رنگ دیتے ہیں۔

تہری [ار عدد صفتی] دیکھیے "تہرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

تہری سواری [ار امث] ڈولی وغیرہ میں تین عورتوں کا سوار ہونا، تہری سواری کہلاتا ہے۔

تہریج [ع امث] مال گزاری کے حساب کا ایک ماہواری نقشہ۔

تہس نہس [ھ صف] (طو) تباہ۔ خراب۔ برباد۔ اجاڑ۔ لغش۔ غارت [افعال: کرنا۔ ہونا]

تہس نہس گئی [ھ صف] بے ٹھکانے رخانہ خراب عورت۔

تہلکہ [ار امذ] کھلبلی۔ شور و غوغا۔ آفت کہرام۔ ۲۔ (ع) ہلاکت۔ موت۔ تباہی۔ غارت ہونا [ار افعال: کرنا۔ پڑنا۔ ہونا]

تہلیل [ع امث] (ا) لا الٰہ الا اللہ کہنا۔

تہمت [ع امث] الزام۔ بہتان۔ ۲۔ شک و شبہ۔ ۳۔ بری رائے۔ بدگمان۔ ۴۔ جھوٹی بدنامی۔ [افعال: لگنا۔ تراشنا۔ جوڑنا۔ دھرنا۔ دینا۔ رکھنا۔ لگانا۔ لینا]

تہمت کا گھر رکی ٹٹی [ار صف] عیب کی جگہ۔ بدنامی کا گھر۔ ۲۔ ایسا شخص جو ہر ایک پر الزام دھرے۔

تہمت کش [عف صف] الزام لینے والا۔ تہمت اٹھانے والا۔

تہمت کشی [عف امث] دیکھیے "تہمت کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تہمتن [ف صف مذ] ۱۔ بڑے جثے یا بدن کا آدمی۔ ۲۔ دلیر شجاع۔ ۳۔ بزرگ ۴۔ رستم پہلوان کا لقب۔

تہمد [ف امذ] دیکھیے "تہ بند" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

تہنیت [ع امث] مبارکباد دینا یا لینا۔ ۲۔ مبارک باد۔

تہنیت خوانی [ع ف امث] مبارکباد پڑھنا۔ مبارک باد کی نظم پڑھنا یا گانا۔

تہنیت نامہ [ع ف امذ] مبارک باد کا خط۔

تہنید [ع امث] کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنا لینا جیسے انجن۔ بسکٹ۔ پستول وغیرہ

تہوار [ھ امذ] خوشی کا دن۔ سالانہ رسم کا دن جو برسوں سے چلا آرہا ہو

تہور [ع امذ] بہادری۔ مردانگی۔ دلیری۔ شجاعت۔ ۲۔ انتہائی بہادری

تہی [ف صف] خالی جس میں کوئی چیز نہ ہو۔

تہی دست [ف صف] خالی ہاتھ۔ مفلس۔ غریب۔ نادار۔

تہی دستاں قسمت [ف صف] بدقسمت لوگ۔

تہی دستان قسمت را چہ سود از رہبر کامل [ف مثل] بدقسمت لوگوں کو کسی سے فیض نہیں پہنچ سکتا۔

تہی دستی [ف امث] مفلسی۔ غربت۔

تہی دماغ رمغز [ف صف] جاہل۔ بیوقوف۔ احمق۔ سادہ لوح۔

تہی دماغی رمغزی [ف امث] دیکھیے "تہی دماغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

تہی گاہ [ف امث] کوکھ۔ سرین سے اوپر اور پہلو سے نیچے کی جگہ۔

تہیں [ھ ضمیر۔ ق] تو ہی۔

تہییج [ع امذ] ہیجان۔ شہوت کا غلبہ۔ سوجنا۔ غبار اٹھنا۔

تہیہ [ع امذ] ۱۔ پختہ ارادہ۔ مستعدی۔ آمادگی۔ ۲۔ سامان۔ انتظام (افعال: کرنا۔ ہونا)

تہیۂ جنگ [ع ف امذ] جنگ کی تیاری۔

تھ

تھا [ار فعل ناقص] ہے کا ماضی۔ ماضی لعید کی علامت۔

تھاپ [ار امث] ۱۔ تھپیڑ۔ تھپکی۔ تمانچہ۔ ۲۔ طبلے کی آواز۔ ڈھولک کی آواز۔

تھاپ پڑنا رلگنا [ار۔ محاورہ] طبلہ بجانے والے کا ہاتھ طبلے پر قاعدے سے پڑنا۔ ۲۔ طبلہ بجنا۔ راگ رنگ ہونا۔

تھاپ دینا [ار محاورہ] ناچ گانا موقوف کرنے کے لئے طبلے پر زور سے ہاتھ مارنا

تھاپ مارنا [ار محاورہ] شیر کا تھپیڑ مارنا۔ ۲۔ پہلوانوں کا ماتھے پر تھپکی دینا ۳۔ طبلہ بجانا۔ ۴۔ گوبر تھاپ کر دیوار پر لگانا یا مرمت کرنا۔

تھاپا [ھ امذ] لغوی معنی چوپائے کے پاؤں کا نشان۔ ۲۔ ہاتھ کا پورا نشان جو مہندی مل کر دیوار پر یا سمدھی کی کمر پر شادی کے موقع پر لگاتے ہیں۔ ۳۔ مکان پر نشان جو چور لگا دیتے ہیں جہاں انہیں چوری کرنی ہو۔ ۴۔ قاتل کے پیچھے کا نشان جو قاتل کے مکان پر لگا دیتے ہیں۔ ۵۔ نشان۔ مہر۔ ۶۔ مٹی کا وہ نشان جو زمیندار کھلیان پر لگا دیتے ہیں تاکہ کوئی چوری کرے تو معلوم ہو جائے۔

تھاپنا [ا مص] گوبر پاتھنا۔ اُپلے بنانا۔ ۲۔ تھپکی دینا۔ تماچہ مارنا۔ ۳۔ دیوار پر اُپلے لگانا۔ ۴۔ دیواروں کی مرمت گوبر سے کرنا۔ ۵۔ ایک قسم کی پوجا یا مذہبی رسم جو ہندو کرتے ہیں۔ ۶۔ پوجا کے لئے بت نصب کرنا۔

تھاپنا کی پوجا [ھ امث] دیوی کی پوجا جو چیت سُدی کی پرواکو ہوتی ہے

تھاپی [ھ امث] ۱۔ تھپکی۔ ۲۔ تھاپنے کی آواز۔ ۳۔ کمہار کا اوزار جس سے برتن گھڑتا ہے۔ ۴۔ معمار کا اوزار جس سے مٹی یا چونا کوٹتا ہے۔ ۵۔ کرکٹ ٹینس وغیرہ کا بلّا۔ ۶۔ چھوٹا اُپلا۔

تھاک [ھ امذ] حد کی پکی برجی۔ ۲۔ (دق) تھکن۔

تھاک بست [ھ ف امذ] حد بندی۔ (ترکیب غلط ہے)

تھاکا [ھ امذ ق] تھکا ہوا۔

تھال [ار۔ امذ] دھات کا بڑا چپٹا گول برتن۔ خوان شیرینی کا برتن۔ ۲۔ بعض تقریبوں کا خاص قسم کا کھانا۔ ۳۔ لڑکیوں کا ایک کھیل۔

تھال کھلائی [ھ امث] چھٹی کے بعد ایک رسم جس میں تھال میں خشکہ اور اس پر گھی شکر اور میوہ ڈال کر زچہ کو کھلاتے ہیں۔ زچہ کے بعد اور سہاگنیں کھاتی ہیں

تھال لگانا [ھ محاورہ] تھال پکھا نا چننا۔

تھالا [ھ امذ] درختوں کے گرد پانی دینے کا کم گہرا گڑھا۔ ۲۔ وہ گڑھا جس میں درخت لگاتے ہیں۔ ۳۔ ہر چیز کا پیندا۔ آدمی کے چوتڑ۔ ۴۔ تھالی کا اسم مکبر۔

تھالی [ھ امث] ۱۔ تھال کی تصغیر۔ چھوٹی تشتری۔ تانبے پیتل یا کانسی کی چھوٹی تشتری۔ ۲۔ مٹھائی کا خوان۔ ۳۔ جام یا آبخورے کے نیچے کا

برتن۔ ۵۔ دف، تالی۔

تھالی بجانا [ا۔ محاورہ] ۱۔ سانپ کے کاٹے ہوئے کے آگے تھال کی آواز کے ساتھ منتر پڑھا جانا۔ ۲۔ بچہ پیدا ہونے پر اُس کا فرد نکلنے کے لئے تھالی سے آواز نکالنا۔

تھالی پر سے بھوکا نہیں اٹھا جاتا [ا۔ مثل] کھانا سامنے ہو تو آدمی بغیر سیر ہوئے نہیں اٹھتا۔

تھالی پھرانا [ا۔ محاورہ] مداریوں کا ایک کرتب۔

تھالی پھرنا [ا۔ محاورہ] سخت ہجوم ہونا اگر تھالی پھینکی جائے تو زمین پر نہ گرے بلکہ سروں پہ چلی جائے۔

تھالی پھوٹی تو پھوٹی جھنکار تو سُنی [ا۔ مثل] نقصان ہوا مگر مطلب تو حاصل ہو گیا جب کوئی بے غیرت آدمی بدر وہ فاش ہونے پر خوش ہو تو کہتے ہیں۔

تھالی پھینکو تو زمین پہ نہ گرے / تھالی پھینکو تو سر پہ ہی گرے [ا۔ مثل] بہت ہجوم ہونا۔

تھالی جوڑا [ھ۔ امذ] کٹورا مع تھالی اور سرپوش۔

تھالی کا بینگن [ا۔ امذ] غیر مستقل مزاج شخص۔ ۲۔ رکابی مذہب جو شخص لالچ کی وجہ سے کبھی ادھر کبھی اُدھر۔

تھالی گری جھنکار سب نے سُنی [ا۔ مثل] جب کوئی بڑی بات ہوتی ہے تو خبر سب کو ہو جاتی ہے۔

تھام [ا۔ امذ] مقام

تھامنا [ا۔ مص] ہاتھ سے پکڑنا۔ ۲۔ سہارا دینا۔ ۳۔ مدد دینا۔ ۴۔ روکنا۔ بند کرنا۔ ۵۔ ٹھہرانا۔ کھڑا کرنا۔ ۶۔ حفاظت کرنا۔ بچانا۔ ۷۔ باز رکھنا۔ مقابلہ کرنا۔

تھان [ھ۔ امذ] موقع۔ جگہ۔ مقام۔ ۲۔ مکان۔ جائے رہائش۔ ۳۔ گھوڑے ہاتھی یا دوسرے مویشیوں کا طویلہ۔ ۴۔ دانہ گھاس وغیرہ کھلانے کا برتن۔ ۵۔ نسل۔ اولاد۔ ۶۔ کپڑے یا ریشم وغیرہ کا مقررہ لمبائی کا ٹکڑا۔ ۷۔ ایک عدد سکہ۔ ۸۔ وہ مقام جس کو لوگ متبرک سمجھ کر نذر نیاز چڑھاتے ہیں۔ جیسے دیوی دیوتاؤں کا تھان۔ مٹی کا ڈھیر یا کوئی اور جگہ۔ ۹۔ اکائی۔ ایک عدد۔

تھان پر باندھنا [ا۔ محاورہ] گھوڑے کو اس کی جگہ یا طویلہ میں رسّے سے باندھنا۔ ۲۔ کسی شرارت یا بُرے کام سے روکنا۔

تھان کا ٹرّا [ا۔ صفت] وہ گھوڑا جو تھان پر شرارت کرے۔ ۲۔ مجازاً وہ شخص جو گھر پہ بہت شیخی بگھارے۔ گلی کا کتا۔

تھان کا سچا [ا۔ صفت] گھوڑا جو چھوٹ کر گھر آ جائے۔

تھان لینا / میں آنا [ا۔ محاورہ] گھوڑے کا تکان اتارنے کے لئے خاک میں لوٹنا

تھان سے تھان [ا۔ محاورہ] جب گھوڑا سوتے ہوتے یکایک ڈر کر ہنہنائے تو سائیس کہتے ہیں۔

تھانب [ا۔ امذ ق] کھمبا۔ ستون۔ تھم۔

تھانگ [ھ۔ امث] ۱۔ ٹھیک جگہ یا گم شدہ چیز کا موقع۔ ۲۔ چوروں کا مقام ۳۔ مال مسروقہ کا پتا۔ ۴۔ کھوج نشان۔ ۵۔ سازش بھید۔ ۶۔ چوروں کی کمین گاہ

تھانگ دار [ھ ف صفت] دیکھئے "تھانگی" (ترکیب غلط ہے)

تھانگداری [ھ ف امث] دیکھئے "تھانگدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تھانگ گیری [ھ ف امث] چوروں کا مال لینا۔ رستہ گیری کرنا۔

تھانگ لگانا [ا۔ محاورہ] ۱۔ سراغ چلانا۔ چوری کا پتہ چلانا۔ ۲۔ چوروں کو پناہ دینا۔

تھانگنا [ھ مص] ۔ سراغ چلانا۔

تھانگی / تھانگیا [ھ صفت] چوروں کا مددگار۔ وہ شخص جو چوروں کو پناہ دے ۲۔ مال مسروقہ لینے والا شخص۔ ۳۔ وہ شخص جو مال مسروقہ کا پتہ چلائے بمراغی کھوجی

تھانگی دار [ھ ف امذ] دیکھئے "تھانگ دار"

تھانگی داری [ھ ف امث] دیکھئے "تھانگی دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تھانہ [ھ امذ] وہ جگہ جہاں پولیس رہے۔ کوتوالی۔ پولیس کی چوکی۔

تھانہ بٹھانا [ا۔ محاورہ] چوکی بٹھانا۔ پہرہ بٹھانا۔

تھانہ بیٹھنا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "تھانہ بٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

تھانہ چڑھ آنا [ا۔ محاورہ] پولیس کا کسی جگہ برائے تفتیش / گرفتاری / تلاشی جانا

تھانے پر پکڑا جانا [ا۔ محاورہ] کسی جرم میں گرفتار ہو کر تھانے میں جانا۔

تھانے دار [ا ف صفت] تھانے کا افسر۔ سب انسپکٹر۔ کوتوال (غلط العام)

تھانیداری [ا ف امث] تھانیدار کا عہدہ یا منصب۔ ۲۔ تھانیدار کا کام (غلط العام)

تھاہ [ہ امث] ۱۔ گہرائی۔ ۲۔ کنویں یا دریا کی تہ کی زمین۔ ۳۔ انتہا۔ اخیر ۴۔ پتا۔ ٹھکانہ ۵۔ منشا۔ مرضی۔ ۶۔ گھاٹ۔

تھاہ پانا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "تھاہ ملنا"۔

تھاہ لانا [ا۔ محاورہ] گہرائی دریافت کرنا۔

تھاہ لینا [ا۔ محاورہ] بھید لینا۔ منشا معلوم کرنا۔ گہرائی دریافت کرنا۔

تھاہ مانگنا [ا۔ محاورہ] پوچھنا گہرائی کتنی ہے۔

تھاہ ملنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ گہرائی معلوم ہونا۔ ۲۔ کھوج یا پتا لگنا۔ منشا معلوم ہونا

تھاہی [ہ امث] ۱۔ پایابی۔ ۲۔ (صفت) پایاب۔

تھپّڑ [ھ امذ] تماچہ۔ چپیڑ۔ ۲۔ شیر کا پنجہ۔

تھپّڑانا / تھپّڑ دینا / لگانا / مارنا [ا۔ محاورہ] تماچا مارنا

تھپّڑ کھانا [ا۔ محاورہ] مار کھانا۔

تھپّڑی [ھ امث] تالی۔

تھپّڑی بجانا / پیٹنا / مارنا [ا۔ محاورہ] تالی بجانا۔ ۲۔ بے عزت کرنا۔ مذاق اڑانا۔

تھپّڑی بجنا [ا۔ محاورہ] بے عزتی ہونا۔ بدنامی ہونا۔

تھپک [ھ امث] تھپکی دینا۔ تھاپ۔ تماچا۔

تھپک تھپک کر رکھنا [ا۔ محاورہ] دم دلاسہ دے کر روک تھام کرنا۔

تھپک تھپک کر سُلانا [ا۔ محاورہ] تھپکی مار کر بچوں کو سلانا۔

تھپکنا [ا۔ مص] آہستہ آہستہ ضرب لگانا۔ ۲۔ بچے کو سلانے کے لئے تھپکی لگانا۔ ۳۔ چمکارنا۔ ۴۔ منانا۔ ٹھنڈا کرنا۔ ۵۔ ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔

تھپکی [ھ امث] وہ ضرب جو ہتھیلی سے ماتھے یا پیٹھ پر لگائیں۔ ۲۔ کشتی کا داؤں۔

تھپکی دینا [ا۔ محاورہ] ۱۔ حریف کے ہتھیار پہ ہاتھ سے ضرب لگانا۔ کسی کے ماتھے پہ ہتھیلی سے ضرب لگانا۔ ۲۔ کسی کا حوصلہ بڑھانے کیلئے ہاتھ سے کمر پہ تھپکی دینا۔

تھُپنا [ا۔ مص] ۱۔ تھپکی ملنا۔ ۲۔ اُپلے بننا۔ ۳۔ مٹی کا لیس ہونا۔ ۴۔ الزام کرنا۔ ذمّہ لگنا۔ ۵۔ برداشت کرنا۔ سہنا۔

تھپیڑ / تھپیڑا [ھ امذ] ۱۔ تھپڑ کی تصغیر۔ ۲۔ تیز ہوا کا جھونکا۔ ۳۔ موجوں کی ضرب۔ ۴۔ وہ طرف جس پر آتے کا پیڑا بڑھاتے ہیں۔

تھُتکار [ھ امث] تھوکنے کی آواز۔

دُھتکار دینا [ا۔ محاورہ] نکال دینا۔ نفرت کرنا۔
دُھتکار لینا [ا۔ محاورہ] تھوکنے کی آواز نکالنا۔
دُھتکارا [ا۔ فعل] دُھتکارنے کی آواز۔ ۲۔ نام نہ لینا۔ ۳۔ بچوں کی بیماری۔ دُمسان۔
دُھتکارا ہو جانا [ا۔ محاورہ] بچوں کو مسان کی بیماری ہو جانا۔
دُھتکارنا [ا۔ مص] تھو تھو کرنا۔ ۲۔ نفرت ظاہر کرنا۔ ۳۔ کسی چیز پر بار بار تھوکنا۔
دُھتکاری [ھ۔ امث] بیڑی۔ زنجیر۔ ڈائن۔ جوتی پیزار۔
تھتھانا [ا۔ مص] ۱۔ منہ بنانا۔ خفگی ظاہر کرنا۔ ہونٹ لٹکانا۔ منہ پھیر لینا۔
۲۔ چیں بجبیں ہونا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ منہ سُجانا۔
تُھتھی [ھ۔ امث] انبار۔ ڈھیر۔ تودہ۔
تھرّانا [ا۔ مص] ڈر سے کانپنا۔
تھرانا [ھ۔ مص] منہ سے اُوپر آجانا۔ ۲۔ سورج کا جاتے رہنا۔ ۳۔ خاموش ساکن ہونا
تھرّاہٹ [ا۔ امث] کپکپاہٹ۔
تھر تھر [ا۔ صف] کانپنے والا۔ کانپتا ہوا۔
تھرتھرانا [ا۔ مص] کانپنا۔ لرزنا۔
تھرتھراہٹ [ا۔ امث] لرزہ۔ کپکپی۔ جنبش۔
تھر تھر کانپنا [ا۔ مص مرکب] سخت کپکپانا۔ جسم کا لرزنا (سردی یا بخار کی وجہ سے)
تھرتھرکپّی [ھ۔ امث] ایک چڑیا کا نام جو ہر وقت تھراتی رہتی ہے۔
تھرتھری [ا۔ امث] ۱۔ دیکھیے "تھرتھراہٹ"۔ ۲۔ جاڑے کا بخار
تھرتھری چھوٹنا [ا۔ محاورہ] کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔
تھرکنا [ا۔ مص] پھڑکنا۔ مٹکنا۔ ناچنا۔ ۲۔ اعضا کا حرکت کرنا۔ ۳۔
(دکن) پرند کا اڑنا۔ منڈلانا۔
تھرمامیٹر [انگ۔ اند] (THERMOMETER) آلۂ مقیاس
الحرارت۔ حرارت ناپنے کا آلہ۔
تھرنا [ا۔ مص] ۱۔ نتھرنا۔ ۲۔ پانی کی تہ میں غبار بیٹھ جانا۔
تُھڑ [ا۔ صف] تھوڑا کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
تُھڑ جیا [ا۔ صف] کم ہمت۔ پست حوصلہ۔
تُھڑ دِلا [ا۔ صف] تنگ دل۔ کم ظرف۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ کم حوصلہ۔
تھڑا [ھ۔ اند] مکان یا دکان کے آگے کا چبوترہ۔ دوکاندار کے بیٹھنے کی جگہ۔
تھڑم تھڑا کرنا [ا۔ محاورہ] لعنت ملامت کرنا۔ نفرین کرنا۔
تھڑکنا [ھ۔ مصدر] چوکنا۔ بہکنا۔
تُھڑنا [ا۔ مص] ناکافی ہونا۔ کم ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔
تھڑی [ا۔ کلمہ نفرین] لعنت۔ تُف۔ ۲۔ کمی۔ قلت۔ تنگی۔
تُھڑی تُھڑی [ا۔ امث] فضیحت۔ بدنامی۔ رُسوائی۔ بے عزتی (افعال: کرنا۔ ہونا)
تھک [ا۔ فعل] تھکنا کا صیغہ امر۔
تھک جانا [ا۔ مص مرکب] ماندہ ہو جانا۔ عاجز ہو جانا۔ تھکنا۔
تھک کر بیٹھ رہنا [ا۔ محاورہ] جی چھوڑ دینا۔ عاجز ہو کر کام چھوڑ دینا۔
تھک کر چور ہو جانا [ا۔ مص مرکب] بہت تھک جانا۔ شل ہو جانا۔ بند بند دُکھنا
تھکّا [ا۔ اند] کوئی جمی ہوئی چیز۔ ۲۔ ڈلا۔ ڈھیلا۔ ۳۔ چاندی سونا، کوئی
اور دھات جو گل کر منجمد ہو چکی ہو۔ ۴۔ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔
تھکا [ا۔ صف] ہارا ماندہ۔ عاجز۔ شکستہ۔

تھکا اونٹ سرائے کو دیکھتا ہے [ا۔ مثل] مصیبت زدہ مخلصی چاہتا ہے
ناچار آدمی سہارا تکتا ہے۔
تھکا بیل [ا۔ صف] کام چور۔ سست۔ مجہول۔ نکمّا۔
تھکا دینا [ا۔ مص مرکب] ۱۔ تھکانا۔ عاجز کر دینا۔ درماندہ کر دینا۔ ۲۔ پریشان
کرنا۔ دق کرنا۔ حیران کرنا۔ تنگ کرنا۔
تھکا مارنا [ا۔ مص مرکب] دیکھیے "تھکا دینا"
تھکا ماندہ [ا۔ صف] عاجز۔ تھکا ہوا۔
تھکانا [ا۔ مص] ماندہ کر دینا۔ شل کر دینا۔ ہرا دینا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ حیران کرنا۔
تھکاوٹ / تھکاوَٹ [ا۔ امث] تکان۔
تھکا ہارا [ا۔ صف] دیکھیے "تھکا ماندہ"
تھکا فضیحتی [ا۔ امث] ۱۔ لعن طعن۔ گالی گلوچ۔ ۲۔ بے عزتی۔ بے حُرمتی۔
۳۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ فساد۔
تھک تھک [ا۔ صف] بہت تر۔ گیلا۔ ۲۔ جما ہوا۔ جُڑا ہُوا۔
تھک تھکانا [ا۔ مص] نظر بد سے بچنے کے لئے یا کسی بُری بیماری کا نام
لینے پر عورتوں کا تھو تھو کرنا۔
تُھکم تُھکّا [ا۔ امث] باہم تکرار۔ گالی گلوچ۔ لڑائی بھڑائی۔
تھکن [ا۔ امث] کوفت۔ ماندگی۔ تکان۔
تھکن اُتارنا [ا۔ محاورہ] تازہ دم ہونا۔ آرام کرنا۔
تھکن اُترنا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "تھکن اتارنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
تھکنا [ا۔ مص] ۱۔ شل ہونا۔ محنت سے ماندہ ہونا۔ ۲۔ عاجز ہونا۔ ۳۔ بوڑھا ہونا
کام سے جاتے رہنا۔ طاقت نہ رہنا۔ ۴۔ مایوس ہونا۔ ہمت ہارنا۔
۵۔ بند ہونا۔ رُک جانا۔
تُھکوانا [ا۔ مص] ۱۔ دوسرے سے تھوک ڈلوانا (تھوکنا کا متعدی) ۲۔
بے عزت کرانا۔ ذلیل کرانا۔
تھکی ہوئی آواز [ا۔ صف] وہ آواز جو گاتے یا چلاتے چلاتے کمزور پڑ جاتے۔
تھکے بیل گون بھی بھاری۔ اب کیا لاد گے بیوپاری [ا۔ مثل] سر پر
مصیبت آپڑی اب کیا کرو گے۔
تُھکیل [ھ۔ صف] قابلِ نفرت عورت۔
تھکیل ماری [ھ۔ صف] بے غیرت عورت۔
تِھگلی [ا۔ امث] ۱۔ پیوند۔ جوڑ۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ ۲۔ تھوڑی سی
جگہ۔ مکان۔ جھونپڑا۔
تِھگلی لگانا [ا۔ محاورہ] کپڑے میں پیوند لگانا۔ جوڑ لگانا۔ ۲۔ کہیں رسائی
کرنا۔ کسی مقام کی خبر لانا۔ تیزی دکھانا۔
تَھل [ھ۔ اند] جگہ۔ مقام۔ ۲۔ زمین۔ خشک زمین اور سخت زمین۔ ۳۔
ریگستان۔ ریتیلا علاقہ۔ ۴۔ شیر کے رہنے کا مقام۔ اونچی زمین۔ ٹیلا۔ تودہ۔
۵۔ ایک کام دار گول حکتی جیسے جہاں ٹانکے لیں۔ مُقیش کے گول پھول
۶۔ مُرغ کی اصالت۔ کبوتر کی اصالت۔
تَھل بیٹھنا [ا۔ محاورہ] ٹھکانے بیٹھنا۔ آرام سے بیٹھنا۔ آرام کرنا۔
تَھل بیڑا [ھ۔ اند] ٹھہرنے کی جگہ۔ جہاز کی لنگرگاہ۔ ۲۔ کسی چیز کا سراغ۔ کسی
شخص کا مسکن اور وجہ معاش۔

تھل بیڑا تباہ ہونا (ار۔ محاورہ) سارا خاندان اُجڑ جانا۔
تھل بیڑا لگانا (ار۔ محاورہ) ساحل مراد پر پہنچانا۔ اطمینان سے بٹھانا۔ ٹھکانے لگانا
تھل بیڑا لگنا (ار۔ محاورہ) سہارا ملنا۔ پتہ چلنا۔
تھل بیڑا ملنا (ار۔ محاورہ) سراغ لگنا۔ پتہ لگنا۔
تھل بیڑا نہ لگنا (ار۔ محاورہ) سراغ نہ ملنا۔ سہارا نہ ملنا۔
تھل بیڑے سے رکھ دینا (ار۔ محاورہ) مناسب موقعے سے رکھ دینا۔ ٹھکانے سے رکھنا
تھل چڑھنا / چڑھنا (ار۔ محاورہ) ڈھیر لگ جانا۔ انبار لگ جانا۔
تھل سے بیٹھنا (ار۔ محاورہ) آرام سے بیٹھنا۔ اطمینان سے بیٹھنا۔ ٹھور ٹھکانے سے بیٹھنا
تھل کترنا (ار۔ محاورہ) جنبش کے گول گول چھل جانا۔
تھلتھل (ار۔ صف) ۱۔ ڈھیلا۔ نرم۔ پلپلا۔ ۲۔ موٹا۔ لرزاں۔ ہلنے والا۔
تھلتھلا (ار۔ صف) "دیکھئے" "تھلتھل"
تھلتھل کرنا / تھلتھلانا (ار۔ مص) موٹاپے کی وجہ سے جسم کے گوشت کا ہلنا۔ ۲۔
مٹی ریت وغیرہ کا زیادہ پانی کی وجہ سے ہلنا۔ ۳۔ ہلنا۔ لرزنا۔
تھلتھلی (ار۔ صف۔ مث) "دیکھئے" "تھلتھلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
تھل تھل (ہ۔ متعلق فعل) آہستہ آہستہ گرتا ہوا۔ ٹپکتا ہوا۔ چوتا ہوا۔
تھلکنا (ار۔ مص) ۱۔ ہلنا۔ تھلتھلانا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ ۲۔ دہلنا۔ گھبرانا۔
تھلی (ہ۔ امث) ریگستان کی زمین جس میں آدمی دھنس جاتے ہیں۔
تھلیا (ار۔ امث) تھال کی تصغیر۔ تشتری۔
تھلیاں دھرنا / رکھنا (ار۔ محاورہ) دانت نکلنے سے پہلے بچوں کے مسوڑھے پھولنا۔
تھم (ار۔ اِمذ) ۱۔ کھمبا۔ ستون۔ ۲۔ درخت کا تنا۔ ۳۔ کھمبا۔ چل پایہ۔ ۴۔ کیلے کے
درخت کا تنا۔ ۵۔ مث ایک قسم کا ستارہ جو ہندو لوگوں میں مستعمل ہوا [illegible]
تھم ہوجانا (ار۔ محاورہ) (پاؤں کا) بہت سوج جانا۔ متورم ہوجانا۔
تھما دینا (ار۔ مص مرکب) حوالہ کر دینا۔ پکڑا دینا۔
تھما رہنا (ار۔ مص مرکب) قائم رہنا۔ رکا رہنا۔
تھمانا (ار۔ مص) ۱۔ روکنا۔ باز رکھنا۔ ۲۔ ملتوی کرنا۔ اٹکانا۔ ٹھہرانا۔
۳۔ دینا۔ پکڑانا۔
تھمڑا (ار۔ اِمذ) ۱۔ موٹا جسیم۔ ڈم شم۔ ۲۔ ستون۔ نشان جو ستون
کی مانند ہو۔
تھمنا (ار۔ مص) ۱۔ رکنا۔ بند ہونا۔ ۲۔ ٹھہرنا۔ وقفہ کرنا۔ ۳۔ خاموش
رہنا۔ چُپ ہوجانا۔
تھن (ار۔ اِمذ) مادہ چوپایوں کے جسم کا وہ حصہ جس سے دودھ نکلتا ہے
پستان۔ دودھی۔
تھن تلے کا دودھ (ار۔ اِمذ) خالص اور تازہ دودھ۔
تھن ٹوٹا / ٹٹا (ار۔ صف) وہ بچہ جس نے پوری میعاد تک ماں کا دودھ نہ پیا ہو
تھنچنا (ار۔ مص۔ ق) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
تھنڈ کالا (ار۔ اِمذ۔ ق) سردی کا موسم۔
تھنی (ار۔ امث) گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں کھال میں کیڑے پڑ جاتے ہیں
تھنیلا (ار۔ صف) شیر دار عورت کے پستان میں کسی صدمہ یا دودھ کی وجہ
سے پیدا ہونے والی سوجن۔
تھو (ار۔ اصوت۔ مث) ۱۔ تھوکنے کی آواز۔ ۲۔ تھوک۔ ۳۔ (کلمۂ
نفرین) لعنت۔ تف۔
تھوتھو (ار۔ اصوت۔ امث) ۱۔ بار بار تھوکنے کی آواز۔ ۲۔ (کلمۂ
نفرین) لعنت۔ تف۔
تھوتھو تھڈا (ار۔ امث) جب کسی کھیل یا شرط میں کوئی لڑکا ہارنے لگتا
ہے اور اسے کوئی عذر در پیش ہوتا ہے تو وہ یہ لفظ کہتا ہے یعنی
ابکی نہیں پھر کھیلوں گا۔
تھوتھو کرنا (ار۔ محاورہ) ۱۔ تھوکنا۔ ۲۔ نفرین کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ ۳۔ نفرت کرنا۔
تھوتھو ڈبا (ار۔ امث) ہیضہ (عورتیں ہیضہ کو ڈبا کہتی ہیں اور اس کا نام
لینے سے پہلے تھوتھو کرتی ہیں)
تھوتھو ہونا (ار۔ محاورہ) تھڑی تھڑی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔
تھودا (ہ۔ اِمذ) مٹی کا بنا ہوا تودہ۔ ۲۔ نکما آدمی۔
تھوبڑا (ہ۔ اِمذ) ۱۔ توبڑا۔ ۲۔ منہ۔ تھوتھنی۔
تھوبڑا چڑھائے رکھنا (ار۔ محاورہ) توبڑا چڑھائے رکھنا۔
تھوبڑا سُجانا (ار۔ محاورہ) منہ پھلانا۔ روٹھنا۔ خفا ہونا۔
تھوپ (ہ۔ اِمذ) ۱۔ کوئی چیز جو دوسری چیز کو ڈھکنے کے لئے استعمال ہو۔ ۲۔ ٹوپ
ٹوپی۔ ۳۔ چھری کا دستہ۔ ۴۔ تمانچہ۔ تھپڑ۔ ۵۔ تھوپنا کا امر۔
تھوپ تھاپ کر دینا (ار۔ محاورہ) رفع دفع کر دینا۔ مٹا دینا۔ دبا دینا۔
تھوپ دینا (ار۔ محاورہ) الزام لگانا۔ ٹھونس دینا۔ کسی پر ڈالنا۔
تھوپنا (ار۔ مص) ۱۔ ڈھیری لگانا۔ اکٹھا کرنا۔ ۲۔ موٹی اُپلا سی روٹی پکانا۔
۳۔ لیپنا۔ پوتنا۔ ۴۔ کسی گاڑھی چیز کی موٹی تہ جمانا۔ ۵۔ کسی کے ذمہ
ڈالنا۔ سر ڈالنا۔
تھوترا / تھوترا (ہ۔ صف) ۱۔ کھنڈا ہوا۔ چوہوں کا کاٹا ہوا۔ ۲۔ خراب
نکما۔ ۳۔ کند۔ گھِسا ہوا۔
تھوتلا (ہ۔ صف۔ مث) کند۔ جو کاٹ نہ کرے۔
تھوتلی (ہ۔ صف۔ مث) "دیکھئے" "تھوتلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
تھوتنا / تھوتھنا (ہ۔ اِمذ) ۱۔ حیوان کا منہ۔ ۲۔ حقارت کے طور پر آدمی کا منہ
تھوتنی / تھوتھنی (ہ۔ امث) ۱۔ گھوڑے یا اونٹ کا منہ۔ ۲۔ حیوان کا منہ
۳۔ تحقیراً۔ آدمی کا منہ۔
تھوتنی پھلانا (ار۔ محاورہ) تیوری چڑھانا۔ منہ بنانا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا
تھوتھ (ہ۔ اِمذ) ۱۔ کھوکھلا پن۔ ۲۔ غار۔ گڑھا۔ ۳۔ "دیکھئے" "تھوتنی"
تھوتھا (ہ۔ صف۔ مذ) ۱۔ اندر سے خالی۔ بے مغز۔ کھوکھلا۔ ۲۔ کند۔ بے نوک
۳۔ دُم کٹا سانپ۔ ۴۔ مہمل۔ ۵۔ لغو۔ بیکار۔ ۶۔ نیلا تھوتھا۔
تھوتھا چنا باجے گھنا (ہ۔ مثل) نالائق اور کم ظرف بہت شیخی بگھارتا ہے۔
تھوتھڑا (ہ۔ اِمذ) "دیکھئے" "تھوتنا / تھوتھنا"
تھوتھلا (ہ۔ صف) "دیکھئے" "تھوتلا"
تھوتھی (ہ۔ صف۔ مث) "دیکھئے" "تھوتھا" جس کی یہ تانیث ہے۔
تھوتھی اُڑانا (ار۔ محاورہ) جھوٹی خبریں پھیلانا۔
تھوتھی بات (ار۔ امث) مہمل بات۔ بے معنی بات۔ لغو اور بے ہودہ بات۔
تھوتھے تیروں سے اُڑانا (ار۔ محاورہ) کُند تیروں سے اُڑانا کہ سخت
تکلیف ہو۔ سخت سزا دینا۔

تھوٹا تھوٹ رونا (ا ر۔ محاورہ۔ ق) زار زار رونا۔
تھورنا (ا ر۔ مص) (تحقیراً) کھانا۔ نگلنا۔
تھوڑا (ا ر۔ صف) کم۔ کچھ۔ خفیف۔ ادنیٰ۔ ذرا سا۔
تھوڑا آپ کو، بہت غیر کو (ا ر۔ مثل) جو شخص اپنوں کو کم اور غیروں کو زیادہ دے، اس کے متعلق کہتے ہیں۔
تھوڑا بہت (ا ر۔ صف) کسی قدر۔ کم و بیش۔
تھوڑا تھوڑا (ا ر۔ صف) ذرا سا۔ کم۔ کم کم۔ ذرا ذرا۔
تھوڑا تھوڑا کر کے (ا ر۔ متعلق فعل) آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ۔ ذرا ذرا کر کے۔
تھوڑا تھوڑا ہونا (ا ر۔ محاورہ) خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
تھوڑا تھوڑا ہی کر کے بہت ہو جاتا ہے (ا ر۔ مقولہ) کم سے ہی زیادہ ہوتا ہے۔ قطرہ قطرہ دریا بن جاتا ہے۔
تھوڑا جاننا / سمجھنا (ا ر۔ محاورہ) کم سمجھنا۔ بے وقعت سمجھنا۔
تھوڑا دینا بہت آرزو کرنا (ا ر۔ محاورہ) تھوڑے کام پر زیادہ صلہ کی امید رکھنا
تھوڑا کرنا (ا ر۔ مص۔ مرکب) کم کرنا۔ گھٹانا۔
تھوڑا کریں غازی میاں، بہت کریں ڈ نالی (ا ر۔ مثل) خوشامدی جھوٹی تعریفیں کر کے کچھ کا کچھ بنا دیتے ہیں۔
تھوڑا کھانا بنارس میں رہنا (ا ر۔ مثل) گھر کی آدھی پردیس کی ساری سے بہتر ہے۔
تھوڑا کھانا جوانی کی موت (ا ر۔ مثل) جوان آدمی کے لئے کم خوراک نقصان دہ ہے۔
تھوڑا کھانا سکھی رہنا (ا ر۔ مثل) تھوڑا کھانے سے انسان تندرست رہتا ہے۔
تھوڑا کھانا عزت سے رہنا (ا ر۔ مثل) پیٹو آدمی کی کوئی عزت نہیں کرتا۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو کھانے پر بہت خرچ کرے۔
تھوڑا ہی (ا ر۔ متعلق فعل) ہرگز نہیں۔ کبھی نہیں۔ بالکل نہیں۔
تھوڑا ہے (ا ر۔ متعلق فعل) ۱۔ کم ہے۔ ۲۔ (استفہامیہ) کم نہیں۔ کافی ہے۔
تھوڑی (ا ر۔ کلمہ استفہام انکاری) نہیں۔ بالکل نہیں۔
تھوڑی سی (ا ر۔ صف) کسی قدر۔ مختصر۔ ذرا سی۔
تھوڑی سی رہ گئی ہے (ا ر۔ مثل) بیشتر حصہ عمر کا گزر چکا ہے۔ عمر کم باقی ہے۔
تھوڑے پانی کا بلا (ڈبلا) (ا ر۔ اند) کم ظرف۔ اوچھا۔ کم حوصلہ۔
تھوڑے پانی میں اُبھرے پھرتے ہیں (ا ر۔ مثل) ذرا سی بات پر اتراتے ہیں۔ کم ظرف ہیں۔ بچھے ہیں۔
...ے تیزاب سے یہ کلٹ اتر سکتا ہے (ا ر۔ مثل) ذرا سی سختی سے اصل حال معلوم ہو جائے گا۔
تھوک (ھ۔ اند) ۱۔ ڈھیر۔ انبار۔ ۲۔ اکٹھا۔ یکمشت۔ ۳۔ سودکڑ۔ نقدی۔ ۴۔ حصہ۔ پتی۔ ۵۔ جماعت۔ گروہ۔ جتھا۔ ۶۔ وہ مقام جہاں کئی سرحدیں ملیں۔ ۷۔ مقدار۔ تعداد۔ اندازہ۔ ۸۔ پٹا۔ سند۔ ۹۔ آبادی کا بڑا حصہ جس میں کئی پتیاں ہوتی ہیں۔ ۱۰۔ رہٹ یا پتیل وغیرہ کا وہ خول جو بالکی بینس وغیرہ کے ڈنڈوں کے سروں پر لگاتے ہیں۔ ۱۱۔ قبضہ۔ تعلقہ۔ ملکیت۔ ۱۲۔ پرچون کی ضد۔ ۱۳۔ کثرت۔ افراط وفور۔ بہتات۔

تھوک باندھنا (ا ر۔ محاورہ) ۱۔ جماعت یا پارٹی بنانا۔ ۲۔ حصوں میں تقسیم کرنا ۳۔ زمین کی حد بندی کرنا۔
تھوک بست (ا ر۔ اند) پیمائش کر کے حد باندھنا۔ مقرر کرنا۔ ۲۔ حد بندی۔
تھوک بندی (ا ر۔ امث) وہ اقرار نامہ جو گاؤں کے بابر تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے
تھوک دار (ہ۔ ف۔ صف) ۱۔ پٹا دار۔ ۲۔ سردار۔ سرگروہ۔ ۳۔ اکٹھا بیچنے والا سوداگر۔
تھوک فروش (ہ۔ ف۔ صف) یکمشت بیچنے والا۔ اکٹھا مال فروخت کرنے والا۔ بڑا سوداگر۔
تھوک فروشی (ہ ف امث) دیکھئے "تھوک فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
تھوک (ہ۔ اند) ۱۔ منہ کا لعاب۔ کف۔ رال۔ ۲۔ تف۔ تھڑی ۳۔ ھ۔ جالا۔
تھوک اُچھالنا (ا ر۔ محاورہ) بیہودہ بکنا۔ ناحق بحث کرنا۔ بکواس کرنا۔
تھوک بلونا (ا ر۔ محاورہ) بے ہودہ بکنا۔ فضول باتیں کرنا۔
تھوک تیرے جنم میں (ا ر۔ مثل) ادنیٰ آدمی کو الزام دینے کے لئے غصے میں کہتے ہیں۔
تھوک دینا / ڈالنا (ا ر۔ محاورہ) ۱۔ منہ سے تھوک ڈالنا۔ ۲۔ چھوڑ دینا۔ نفرت سے ترک کر دینا۔ عاق کر دینا۔ غرض نہ رکھنا ۴۔ غصہ چھوڑ دینا۔ معاف کر دینا۔
تھوک ڈاڑھی جھوٹے منہ (کلمہ نفرین) لعنت ہے۔ نفرین ہے۔ تمہارے منہ پر لعنت کرتا ہوں۔
تھوک سے ستو سننا (ا ر۔ محاورہ) تھوڑے خرچ سے بڑا کام نکالنا۔
تھوک کر چاٹنا (ا ر۔ محاورہ) اقرار کر کے پھر جانا۔ منحرف ہو جانا۔
تھوک کر کے چھوڑنا (ا ر۔ محاورہ) ذلیل کر کے چھوڑنا۔ رسوا کر کے چھوڑنا۔
تھوک لگا کر چھوڑنا (ا ر۔ محاورہ) دیکھئے "تھوک کر چھوڑنا"
تھوک لگا کر رکھنا (ا ر۔ محاورہ) حفاظت سے رکھنا۔ کنجوسی سے جمع کرنا۔
تھوک لگانا (ا ر۔ محاورہ) ۱۔ ذلیل کرنا۔ ۲۔ رسوا کرنا۔ ۳۔ نیچا دکھانا۔ ہرا دینا مات کرنا۔ ۴۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ ۵۔ لعاب دہن لگانا۔
تھوک لگنا (ا ر۔ محاورہ) دیکھئے "تھوک لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تھوک لگوانا (ا ر۔ محاورہ) دیکھئے "تھوک لگانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
تھوک مارنا / جانا (ا ر۔ محاورہ) کف پھینکنا۔ لعاب دہن پھینکنا۔ گرانا۔
تھوک میٹھا کرنا (ا ر۔ محاورہ) ۱۔ تھوڑا میٹھا کھانا۔ صرف منہ میٹھا کرنا۔ ۲۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ جھوٹی باتیں بنانا۔
تھوک میں پکوڑے / بڑے تلنا (ا ر۔ محاورہ) تھوڑے صرفہ سے کام کرنا۔ کنجوسی کرنا
تھوک میں ستو گھولنا (ا ر۔ محاورہ) کچا یا نکما کام کرنا یا بنانا۔ بودی یا ناپائیدار چیز بنانا۔
تھوک میں ستو نہیں سنتے (ا ر۔ محاورہ) تھوڑے خرچ سے بڑا کام نہیں ہو سکتا
تھوک ہے (ا ر۔ کلمۂ نفرین) لعنت ہے۔ تف ہے۔ نفرین ہے۔
تھوکا (واؤ مجہول سے) (ھ۔ اند) برجی۔ حد بندی کا نشان۔
تھوکنا (ا ر۔ مص) ۱۔ لعاب دہن نکالنا۔ ۲۔ تاکل کرنا۔ ۳۔ لعنت ملامت کرنا۔ برا بھلا کہنا۔ ۴۔ کسی چیز کی طرف توجہ کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ دہنی کے

ساتھ استعمال ہوتا ہے مثلاً تھو کتے نہیں) ۵۔ حقارت سے دیکھنا
ذلیل سمجھنا۔

تھُتھول (ار صف ق) گندہ۔ غلیظ۔

تھولی (ھ امث) ڈبیا۔ میٹھا ڈبیا۔

تھولے (ار امث ق) ضربات۔ ضربیں۔ چوٹیں۔

تھونی (ھ امث) کھمبا۔ تھم۔ کھم۔ وہ لکڑی جو چھپر کے نیچے بطور ستون لگاتے ہیں
وہ لکڑی کا جو کنویں پر سیدھی لگاتے ہیں۔

تھونیا (ھ اند) وہ لکڑی جو ڈھینگلی کو سہارا دیتی ہے۔

تھوہر / تھُوہر / تھوہڑ (ھ اند) ایک خاردار پودا جس کے پتے سبز ہوتے ہیں، پھول رنگ برنگے۔ اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ چھتر تھوہر (ناگ پھنی) ڈنڈا تھوہر۔ پہلی قسم کے پتے چوڑے ہوتے ہیں۔ دوسری کے نہ ہونے کے برابر اس کی شاخیں سیدھی اور اُوپر کو ہوتی ہیں۔ اس کو زقوم بھی کہتے ہیں۔ سیہنڈ دھارا۔

تھَوئی (س اند) معمار۔ راج۔

تھپی (ھ امث) تلے اُوپر رکھی ہوئی روٹیاں یا پان۔ ۲۔ تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے۔

تھئی تھئی (ھ امث) موسیقی کی آواز۔ تال۔ سُر تالی۔ تھاپ وغیرہ کی آواز جو گوئیے اور ناچنے والے نکالتے ہیں۔

تھئی تھئی ناچ ہونا (ار محاورہ) ناچ رنگ ہونا۔ ناچنا۔ گانا۔

تھے (ار متعلق فعل ق) سے

تھیٹر / تھیئٹر (انگ اند) (THEATRE) ۱۔ تماشا گاہ
۲۔ ناچ گھر۔ ۳۔ ناٹک۔

تھیر (ار صف ق) متواتر۔ مسلسل۔

تھیر (ار صف ق) سرد۔ ٹھنڈا۔

تھیرنا (ار مص ق) قائم کرنا۔

تھیکر / تھیکرا / تھیکری (ف اند و مث) گاؤں کا پہرہ دینے کا فرض۔

تھیگلی (ھ امث) دیکھیے "تھگلی"

تھیلا (ھ اند) موٹے کپڑے یا ٹاٹ کا بنا ہوا بورا۔

تھیلا کر دینا / کرنا (ار محاورہ) بہت مارنا۔ ہڈی پسلی توڑ دینا۔ سخت زد و کوب کرنا

تھیلی (ھ امث) دیکھیے "تھیلا" جس کی یہ تصغیر ہے۔ ۲۔ توڑا۔ ہزار روپے کی تھیلی۔

تھیلی بردار (ار ف صف) روپوں کی تھیلی اٹھانے والا (ترکیب غلط ہے)

تھیلی سلائیں (ار مثل) ایسے شخص سے کہتے ہیں جو بہت مانگے۔

تھیلی کا منہ کھول دینا (ار محاورہ) بہت خرچ کرنا۔ سخاوت کرنا۔

تھیلی میں روپیہ تو منہ میں گُڑ (ار مثل) بہت خوش قسمت آدمی

تھیلیا (ھ امث) دیکھیے "تھیلی" جس کی یہ تصغیر ہے۔

تھیلیاں چڑھانا (ار مص مرکب) انگور۔ کھجور وغیرہ کے خوشوں پر تھیلیاں باندھی جانا تاکہ پرندے خراب نہ کریں۔

تھینورا (ھ اند) باغ کا تختہ۔ پھولوں کا تختہ۔

تھیوا (ھ اند) انگوٹھی کا نگینہ۔

تھیوا کھودنا (ار محاورہ) نگینہ پر کچھ کندہ کرنا۔

ت۔ ء

تئی (ھ امث) کڑاہی۔ چوڑے پیندے کی کڑاہی جس میں حلوائی جلیبیاں بناتے رہتے ہیں۔

تئی کی تیری کھچڑی کی میری (ار مثل) از حد خود غرضی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

تئیں (ھ ضمیر ق) آپ کو۔ خود کو۔ ۲۔ کو (اب متروک ہے صرف دہلی میں اپنے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

ت۔ ی

تیتے (ار متعلق فعل) سے۔

تیا (ھ اند) دیکھیے "تو"

تیا (ھ اند) گنجفے یا تاش کا وہ پتا جس پر تین نشان بنے ہوتے ہیں۔
۲۔ چوسر کا وہ داؤں جسے تین کانے کہتے ہیں۔ ۳۔ تین کا۔ ۴۔ تین کی ضرب

تیا پانچا کرنا (ار محاورہ) کسی چیز کے حصے کرنا۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ بیچ ڈالنا۔ ۲۔ بکھیڑا پاک کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ ۳۔ دام کھرے کرنا۔

تیار (ار صف) ۱۔ مستعد۔ آمادہ۔ موجود۔ ۲۔ قابل استعمال۔ ۳۔ پکا ہوا پختہ۔ ۴۔ مکمل۔ تکمیل شدہ۔ ختم۔ ۵۔ موٹا۔ فربہ۔ ۶۔ پورے زوروں پر جوان۔ ۷۔ آراستہ۔

تیار کرنا (ار محاورہ) ۱۔ لیس کرنا۔ درست کرنا۔ ۲۔ مہیا کرنا۔ بہم پہنچانا۔ ۳۔ کھانا پکانا۔ ۴۔ پلانا۔ سدھانا۔ ۵۔ فربہ کرنا۔ موٹا کرنا۔ ۶۔ کسنا (گھوڑے کی زین وغیرہ)۔ ۷۔ گاڑی کو چلانے کے قابل کرنا۔ گاڑی جوتنا۔ ۸۔ آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا۔

تیار ہونا (ار محاورہ) ۱۔ دیکھیے "تیار کرنا"۔ ۲۔ مکان کا مکمل ہو جانا۔ بن جانا۔ ۳۔ پک جانا

تیاری (ار امث) ۱۔ درستی۔ ۲۔ آمادگی۔ مستعدی۔ ۳۔ موجودگی۔ ۴۔ آراستگی آرائش۔ ۵۔ سامان کی درستی۔ ۶۔ موٹا پن۔ ۷۔ انتظام۔ ۸۔ دھوم دھام

تیاری کا رنگ روغن (ار اند) وہ رنگ جو گاڑی وغیرہ کے درست ہو جانے پر چمک کے لئے لگاتے ہیں۔

تیاری کرنا (ار مص مرکب) کہیں جانے کا سامان ہونا۔ ۲۔ لیس ہونا۔ ۳۔ کسی کی آؤ بھگت کا انتظام کرنا۔ ۴۔ کسی امتحان یا آزمائش کے لئے اپنے آپ کو قابل بنانا۔

تیاری ہونا (مص مرکب) دیکھیے "تیاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تیاگ (ھ اند) ۱۔ ترک کرنا۔ دست کشی۔ دست برداری۔ ۲۔ واگذاشت۔ درگزر۔ ۳۔ فرار۔ ہجرت۔ ۴۔ طلاق۔

تیاگ پتر (ھ اند) طلاق نامہ۔ استعفا۔

تیاگ دینا (ھ مص مرکب) دیکھیے "تیاگ کرنا"

تیاگ کرنا (ھ مص مرکب) چھوڑنا۔ دست بردار ہونا۔

تیاگن (ھ امث) دیکھیے "تیاگی" جس کی یہ تانیث ہے۔

تیاگنا (ھ مص) دیکھیے "تیاگ کرنا"

تیاگی (ہ صف) چھوڑنے والا، ترک کرنے والا۔ ۲۔ وہ شخص جو مذہبی وجوہ سے دنیا چھوڑ دے۔ مدتارک الدنیا)۔ ۳۔ سادھو۔ جوگی۔ زاہد۔ متقی۔ راہب۔

تیپچی (ہ امث) کچی سیون۔ کھڑی سلائی، بخیہ کی ضد۔

تیپچی بھرنا (ہ۔ مص) کچی سیون کرنا۔ کھڑی سلائی کرنا۔

تیپچی کا نکاح (ہ۔ امذ) کچا نکاح۔ وہ نکاح جس کے بعد طلاق ہوجائے۔

تیتالا (ہ صف) تین تال کا۔ ۲۔ تین حصوں کا۔ ۳۔ تین چھت کا (مکان)

تیتالیس / تینتالیس (ہ اعدد) چالیس اور تین ۴۰ + ۳ = ۴۳۔

تیتر (ہ امذ) ایک بھورے رنگ کا پرندہ جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے اور اکثر شوقین لوگ لڑائی کے لئے پالتے ہیں۔

تیتر تو اپنی آئی مرا، تو کیوں مرے بٹیر (ہ مثل) ایک تو اپنی خطا کی سزا پائے دوسرا کیوں رنج سے مرے۔

تیتر کے منہ لچھمی (ہ مثل) ۱۔ بعض وقت معمولی آدمیوں کی باتوں پر بڑے بڑے کاموں کا انحصار رہتا ہے۔ ۲۔ تیتر کی آواز سے چور مال ہاتھ لگنے کا شگون لیتے ہیں۔ اس لئے قسمت آزمائی کے موقع پر بھی اس کا استعمال ہوتا ہے تیتر کا سفر کے وقت بائیں ہاتھ پر نیک اور دائیں پر بولنا بدشگون ہے۔

تیتر / تیترا (ہ صف) تیسرا بچہ۔ وہ بچہ جو تین بیٹیوں کے بعد پیدا ہو۔

تیترا بیٹا راج رجائے تیتری بیٹی بھیک منگائے (ہ مثل) ہندوؤں کے خیال کے مطابق تیسرا بیٹا مبارک اور تیسری بیٹی منحوس ہوتی ہے۔

تیتری (ہ صف مث) تیسری بیٹی وہ بیٹی جو دو کے بعد پیدا ہو۔

تیتری (ہ امث) ۱۔ تیتر کی مادہ۔ ۲۔ ایک قسم کا خوبصورت پروں والا کیڑا جھینگری تتلی۔ ۳۔ خوش پوشاک اور شوقین عورت۔

تی تی (ف امث) آواز جس سے مرغیوں کو بلاتے ہیں۔

تیتیس / تینتیس (ہ اعدد) تیس اور تین ۳۰ + ۳ = ۳۳۔

تیتوری (ہ امذ ق) ایک پرندے کا نام۔

تیج (س امذ) ۱۔ تیزی۔ کڑواہٹ۔ تلخی۔ جوش۔ سرگرمی۔ ۲۔ کلیجا۔ گردہ حوصلہ۔ ۳۔ ہمت۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ ۵۔ گرم جوشی۔ اشتیاق۔ لگن۔ ۶۔ غصہ۔ غیظ و غضب۔ ۷۔ شان شوکت جلال۔ رونق۔ تجلی۔ روشنی۔ ٹھاٹ رعب۔ ڈر۔ ۸۔ ایک درخت۔ ۹۔ سورج کی کرن۔ آفتاب کی روشنی۔

تیج پات (ہ امذ) ایک خوشبودار پتا۔ ساذج ہندی۔

تیج (ہ امث) تیسری تاریخ۔ ۲۔ ہندوؤں کا وہ تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے۔ اس میں بہن بیٹیوں کو گھر بلاتے ہیں اور تحفہ (سندھارا) دیتے ہیں۔ ۳۔ بیربہوٹی۔

تیج پڑے کھیت میں بیج (ہ مثل) ساون کی تیسری تاریخ کو فصل کی کاشت شروع ہوتی ہے۔

تیج تہوار (ہ امذ) کوئی تہوار۔ ۲۔ تہوار کی شیرینی۔

تیجا (ہ امذ) تیسرا۔ ۲۔ مسلمانوں میں مرنے کے بعد تیسرا دن۔ فاتحہ سوم ہندوؤں میں پھول چننا۔ ۳۔ کھانا جو اس دن غریبوں میں تقسیم کیا جائے۔

تیجنا (ہ مص) چھوڑنا۔ تیاگ دینا۔ کرنا۔

تیکھا (ہ صف) تیکھا کا بگاڑ) ۱۔ شوخ۔ شریر۔ چلبلا۔ ۲۔ معشوق۔ طرحدار۔

تیکھی (ہ صف مث) شوخ۔ تیز۔ ۲۔ بے حیا۔ سرکش۔ زبان دراز۔ فتنہ پرداز

عورت۔ تنیا مرشح (تنیخا کی تانیث) صحیح تیکھی ہے۔

تیر (س امذ) ۱۔ دریا کا کنارہ یا پاٹ۔ ۲۔ پاس پڑوس۔ ہمسایہ۔

تیر (ف صف) دیکھئے "تیرہ"، جس کا یہ مخفف ہے۔

تیر (یائے مجہول سے) (ہ صف) "تیرا" کا مخفف۔

تیر میر (ہ امث) ۱۔ بیگانگی۔ غیریت۔ ۲۔ اپنی اپنی چیز کو الگ رکھنا۔

تیر میر اچھی نہیں (ہ مثل) آپا دھاپی نہیں چاہئے۔

تیر (ف امذ) ایک قسم کا آلۂ جنگ جو کمان میں رکھ کر چھوڑا جاتا ہے۔ ۲۔ شمسی مہینہ جس میں آفتاب برج سرطان میں ہوتا ہے۔ ۳۔ ہر شمسی مہینے کا تیرھواں دن۔ ۴۔ سیدھی لکڑی۔ ۴۔ عطارد۔ دبیر فلک۔ ۵۔ طعنہ۔ طعن و تشنیع۔ ۶۔ پتنگ کا گز یا ٹھڈا۔

تیر آہ (ف امث) ٹھنڈی سانس جو غم میں کھینچی جائے۔

تیر ادا (ف امذ) ناز و انداز جو دل پر اثر کرے۔

تیر اڑنا (ہ محاورہ) ہوا میں تیر کا جانا۔

تیر افگن (ف صف) تیر پھینکنے والا۔ تیر چلانے والا۔

تیر افگنی (ف امث) دیکھئے "تیر افگن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

تیر انداز (ف صف فاعل) دیکھئے "تیر افگن"

تیر اندازی (ف امث) دیکھئے "تیر افگنی"

تیر باراں (ف امذ) تیر چلنے کی کثرت۔ تیروں کا مینہ۔ ۲۔ ایک سزا جس میں مجرم کو تیروں سے مروایا جاتا تھا (افعال: کرنا۔ ہونا)

تیر برسانا (ہ محاورہ) بہت سے تیر چلانا۔

تیر بلا (ف امذ) سخت مصیبت لانے والا تیر۔ بلا کا حملہ۔

تیر بن کر کلیجے میں اترنا (ہ محاورہ) سخت رنج یا ایذا دینا۔

تیر بہدف (ف صف) ٹھیک نشانہ پر۔ بے خطا۔ ۲۔ زود اثر۔

تیر بہدف ہونا (ہ محاورہ) ۱۔ تیر کا نشانہ لگنا۔ ۲۔ مطلب کا خاطر خواہ پورا ہونا۔ ۳۔ دعا کا قبول ہونا۔ ۴۔ تدبیر کا اثر ہونا۔

تیر بہک جانا (ہ محاورہ) تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ ۲۔ ادھر اُدھر نکل جانا

تیر بیٹھ جانا / بیٹھنا (ہ محاورہ) تیر کا نشانہ پر پڑنا۔

تیر پار ہونا (ہ محاورہ) تیر کا نشانہ توڑ کر گزر جانا۔

تیر پرتاب (ف امذ) وہ فاصلہ جو تیر طے کرے۔

تیر پڑنا (ہ محاورہ) تیر نشانے پر لگنا۔

تیر پیٹھ جانا (ہ محاورہ) تیر بیٹھ جانا۔ (عو)

تیر پھینکنا (ہ محاورہ) تیر چلانا۔

تیر ترازو ہونا (ہ محاورہ) تیر کا نصف اندر اور نصف باہر ہونا۔

تیر تر متی استری جھوٹت لبن نہ آئیں }
جھوٹ جو مانیں یہ بچن وہ گڑھ نر کہلائیں } (ہ مثل) تیر، عقاب، بیوی، لب کے یہ اچھے ہیں ذاتاً یہی ہوں تو اچھے ہیں) اگر ایک دفعہ قابو سے نکل جائیں تو پھر نہیں آتے۔

تیر تظلم (فغ امذ) مظلوم کی آہ۔ فریاد۔

تیر تفنگ (ف امذ) بندوق۔ توپ کی گولی یا چھرا۔

تیر تکوں پر گزارا / گزران ہونا (ہ محاورہ) باقاعدہ روزگار نہ ہونا بے اطمینانی سے بسر کرنا۔

تیر جوڑنا [ار محاورہ] چلانے کے لئے تیر کمان میں لگانا۔
تیر چلانا / چھوڑنا [ار محاورہ] تیر پھینکنا۔ تیر اندازی کرنا۔ تیر نشانے پر مارنا۔ ۲۔ کارِ عظیم کرنا۔
تیر چلنا / چھوٹنا [ار محاورہ] دیکھیے "تیر چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تیر چوں تر نشود کماں گردد [ف مثل] بہادر آدمی مصیبت سے نہیں گھبراتا۔
تیر خطائی [فع اند] وہ تیر جو کبھی خطا نہ کرے ہمیشہ نشانے پر لگنے والا تیر۔
تیر خانگی [ف اند] ایک ہلکا اور چھوٹے سرے کا تیر۔
تیر خدنگ [ف اند] درختِ خدنگ کا بنا ہوا تیر۔ ایک قسم کا چھوٹا تیر۔
تیر خوردہ [ف صف] تیر لگا ہوا۔ تیر کا زخمی۔ ۲۔ مجازاً عاشق۔
تیر دان [ف اند] "ترکش" ملاحظہ ہو۔
تیر دو پہلو [ف اند] وہ تیر جس کے دو پہلو ہوتے ہیں۔
تیر ڈوب جانا [ار محاورہ] تیر کا نشانے میں گھسنا۔
تیر ڈوب کے رہ جانا [ار محاورہ] تیر کا نشانے میں گھس کر رہ جانا۔ باہر نہ نکلنا
تیر رس [ف اند] وہ فاصلہ جہاں تک تیر جائے یعنی تیر کی مار۔
تیر زن [ف صف] دیکھیے "تیر افگن"
تیر زنی [ف امث] دیکھیے "تیر افگنی"
تیر سا لگنا [ار محاورہ] ۱۔ نہایت تیز معلوم ہونا۔ ۲۔ تیر کی مانند چبھنا۔ ۳۔ کسی بات کا سخت بُرا لگنا۔
تیر سحر [فع اند] ۱۔ صبح کی آہ۔ ۲۔ بددعا۔ ۳۔ صبح کاذب کی روشنی۔
تیر سہ پہلو [ف اند] وہ تیر جس کے تین پہلو ہوں۔
تیر غم [فع اند] غم۔ رنج۔ دُکھ (اضافت تشبیہی ہے)
تیر فلک [فع اند] عطارد۔ بدھ۔
تیر قضا [فع اند] قضا کا حملہ۔ موت (اضافت تشبیہی ہے)
تیر کا خطا کرنا [ار محاورہ] تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔
تیر کا دستہ [ف ار اند] بہت سے تیروں کا مجموعہ۔
تیر کلیجے کے پار ہونا [ار محاورہ] بہت صدمہ پہنچنا۔ کسی بات کا بہت ناگوار ہونا
تیر کمان سے نکلنا [ار محاورہ] تیر کا چلنا۔
تیر کمان میں رکھنا / جوڑنا [ار محاورہ] تیر چلانے پر آمادہ ہونا۔
تیر کوّے تیر [ار اصوت] کوّوں کو بھگانے یا ڈرانے کی آواز۔
تیر کھانا [ار محاورہ] تیر کا زخم کھانا۔ تیر لگنا۔
تیر کی طرح سیدھا آنا [ار محاورہ] بالکل سیدھا آنا۔ اِدھر اُدھر نہ ہونا۔
تیر کی مار [ار امث] قریب ہی۔ اتنا دور جتنی دور تیر جائے۔
تیر گر [ف صف] تیر بنانے والا۔
تیر گری [ف امث] تیر گر ملاحظہ ہو جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تیر لگانا [ار محاورہ] تیر چلانا۔
تیر لگنا [ار محاورہ] دیکھیے "تیر لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تیر مار [ف اند] سانپ کا دانت۔ سانپ۔
تیر مارنا [ار محاورہ] کسی کو تیر کا نشانہ بنانا۔ کارِ عظیم کرنا۔
تیر مژگاں [ف اند] مژگاں کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔
تیر ناوک [ف اند] چھوٹا تیر جو نال میں رکھ کر چلایا جائے۔

تیر نتھنوں میں دینا [ار محاورہ] نہایت دق کرنا۔ ستانا۔ بے حد پریشان کرنا۔
تیر نگاہ [ف اند] معشوق کی نگاہ کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔
تیر نگاہ کا صید بنانا [ار محاورہ] عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر لینا۔
تیر نہ کمان کاہے کے پٹھان [ار مثل] خود کچھ نہ ہونا اور آبا و اجداد کے متعلق شیخی مارنا۔
تیر نہ کمان میرے چچا خوب لڑے [ار مثل] شیخی باز کہتے ہیں۔
تیر نہ کمان میاں کا اللہ نگہبان [ار مثل] حفاظت کی کوئی صورت نہیں خدا ہی بچائے۔
تیر نہیں تُکا ہی سہی [ار مثل] اعلیٰ نہیں تو ادنیٰ ہی سہی۔
تیر ہدف [ف صف] نشانے پر بیٹھنے والا تیر۔ ۲۔ کامیاب۔
تیر ہدف پر بیٹھنا [ار محاورہ] تیر نشانے پر لگنا۔
تیر ہوائی [ف اند] وہ تیر جو نشانے پر نہ چلایا جائے اور ہوا میں چھوڑا جائے۔ ۲۔ فضول۔ بے کار۔
تیر ہو جانا / ہونا [ار محاورہ] ۱۔ غائب ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ بھاگ جانا۔ ۲۔ سیدھا ہو جانا۔ بل نکل جانا۔ کجی نکل جانا۔
تیر [ھ صف] گزرا ہوا۔
تیر کرنا [ار محاورہ] گزارنا۔ بسر کرنا۔
تیر ہو جانا [ھ محاورہ] دیکھیے "تیر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
تیرا [ار ضمیر مخاطب] واحد حاضر مذکر کی ضمیر کی حالت اضافی جو ادنیٰ یا چھوٹے کے لیے آتا ہے اور خدا کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں۔
تیرا بُرا نہ ہو [ار کوسنا] (دعو) "تیرا بُرا ہو" کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔
تیرا بیڑا غرق ہو [ار کوسنا] تو تباہ ہو جائے۔
تیرا پانی میں بھروں میرا بھرے کہار [ار مثل] شیخی خور خادمہ کہتی ہے۔
تیرا دامن میرا ہاتھ [ار مثل] تیرا دامن پکڑوں گا۔ تجھ سے لوں گا۔
تیرا دم رہے [ار دعا] تو سلامت رہے۔
تیرا ڈھکا رہے میرا بکے [ار مثل] انتہائی خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں
تیرا ستیاناس ہو جائے [ار کوسنا] تو مر جائے۔
تیرا سر کھجلاتا ہے / کھجلاتا ہے [ار مثل] تیرا مار کھانے کو دل چاہتا ہے
تیرا سر گالا ہو [ار دعا] (بچوں کو) تیری عمر دراز ہو۔ تو بوڑھا ہو۔
تیرا کیا اجارہ ہے [ار مثل] تو کیوں دخل دیتا ہے۔ تو کون ہے۔
تیرا کیا بگڑتا ہے [ار مثل] تیرا کیا نقصان ہے۔
تیرا کیا تیرے آگے آئے [ار کوسنا] جیسا تو نے میرے ساتھ کیا ہے ویسا ہی تیرے ساتھ ہو
تیرا مال سو میرا مال۔ میرا مال سو ہیں ہیں [ار مثل] سخت خود غرضی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ جہاں کوئی دوسرے کی چیز استعمال کرے مگر اپنی نہ دے۔
تیرا منہ کالا ہو [ار کوسنا] تجھ پر لعنت ہو۔ تو بدنام رسوا ہو۔
تیرا منہ کالا ہے [ار محاورہ] تو بڑا منحوس ہے کسی کنیز کو خفگی میں کہتے ہیں
تیرا منہ ہے [ار محاورہ] تیرا حوصلہ ہے۔ تیری جرأت ہے۔
تیرا میرا کرنا [ار محاورہ] کسی چیز کی بابت جھگڑنا غیریت اور بیگانگی کی باتیں کرنا۔

تیرا میرا منہ دیکھنا [ار۔ محاورہ] دوسروں کا آسرا ڈھونڈنا۔
تیرا نور اُڑ جائے [ار۔ کوسنا] تیرا منہ کالا ہو۔ تو تباہ ہو۔
تیرا ہاتھ اور میرا منہ [ار۔ مثل] تو کما اور میں کھاؤں۔
تیرا ہوا جو میرا تھا۔ برائے خدا ٹک دیکھنے تو دے [ار۔ مثل] ساس اس بہو سے کہتی ہے جو خاوند کو لے کر الگ ہو جائے۔
تیرا ہی کام تھا [ار۔ مثل] تیرے سوا کسی سے نہ ہو سکتا تھا۔ طنزاً بھی کہتے ہیں۔
تیرا دینا [ار۔ محاورہ] پانی کے اوپر بہا دینا۔
تیراک [ار۔ صفت] تیرنے والا۔ پیراک۔ شناور۔
تیراک ہی ڈوبتے ہیں [ار۔ مثل] جو شخص کسی کام میں ماہر ہو وہی اس میں خطا کرتا ہے۔ کام کرنے والے ہی سے خطا ہوتی ہے۔
تیراکی [ار۔ امث] تیرنے کا فن۔ شناوری۔ پیراکی۔
تیرالو [ار۔ صفت۔ ق] دیکھیے "تیراک" جس کی یہ قدیم صورت ہے۔
تیرانا [ار۔ مص] پانی پر چلانا۔ ترانا (تیرنا کا متعدی)
تیراؤ [ار۔ امذ] (وہ پانی) جو تیرنے کے لائق ہو۔
تیراؤ پانی [ار۔ امذ] تیرنے کے لائق پانی۔ گہرا پانی۔
تیرائی [ار۔ امث] دیکھیے "تیراکی"
تیرتا ہی ڈوبتا ہے [ار۔ مثل] ہنرمند ہی سے غلطی ہوتی ہے۔
تیرتھ [ہ۔ امذ] ۱۔ نہانے کی جگہ۔ گھاٹ۔ دریا وغیرہ کا کنارہ۔ ۲۔ درشن۔ زیارت ۳۔ پاک جگہ۔ مقدس مقام، جو دریا کے کنارے واقع ہو۔ ۴۔ سنیاسی فقیروں کا خطاب۔ ۵۔ برہمنوں کی ایک قوم۔
تیرتھ جاترا [ہ۔ امث] مقدس مقام پر جانا۔ زیارت۔
تیرتھ کرنا [ہ۔ مص مرکب] زیارت کرنا۔ زیارت کے لئے کسی مقدس مقام پر جانا۔
تیر جانا [ار۔ مص مرکب] ۱۔ تیر کر گزر جانا۔ ۲۔ کسی دھار والے آلے کا جسم کے پار ہو جانا۔ ۳۔ اندر گھس جانا۔ ۴۔ نگاہ کا ایک سرے سے دوسرے تک پہنچنا ۵۔ گولی کا جسم سے پار ہونا۔
تیرس [ہ۔ صفت] تیسرا برس (گزشتہ ہو یا آئندہ)
تیرس [س۔ امث] چاند کی تیرھویں تاریخ۔
تیرگی [ف۔ امث] ۱۔ سیاہی۔ ۲۔ اندھیرا۔ دھندلا پن۔ ۳۔ کدورت گدلا پن۔
تیرگی بخت [ف۔ امث] قسمت کی خرابی۔ بدقسمتی۔
تیرگی چھانا [ار۔ محاورہ] اندھیرا ہونا۔
تیرگی شب [ف۔ امث] رات کا اندھیرا۔ رات کی سیاہی۔
تیرنا [ار۔ مص] ۱۔ پانی میں ڈوبے بغیر گزرنا۔ پیرنا۔ ۲۔ کسی تیز دھار کے آلے کا گوشت یا کسی اور نرم چیز کو کاٹ کر گزرنا۔ ۳۔ ماہر ہونا۔ کامل ہونا۔
تیروں سے چھننا [ار۔ محاورہ] تیروں سے سخت زخمی ہونا۔ سوراخ ہو جانا۔
تیروں کا مینہ برسانا [ار۔ محاورہ] کثرت سے تیر مارنا۔
تیروں کا مینہ برسنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تیروں کا مینہ برسانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تیرہ (یائے مجہول سے) [ار۔ اعدد] دس اور تین کا مجموعہ۔ ۱۳۔
تیرہ تالی [ار۔ صفت۔ مث] ۱۔ وہ عورت جو تیرہ تالوں پر ناچ سکے۔ ۲۔ عیار اور مکار عورت۔
تیرہ تیزی [ار۔ امث] صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن، جن میں عام خیال کے مطابق حضور اکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو رہے تھے۔ اس لئے مسلمان عورتیں اس مہینے کو منحوس خیال کرتی ہیں۔
تیرَہ [ف۔ صفت] سیاہ۔ کالا۔ دھندلا۔ تاریک۔
تیرہ بخت / روز / روزگار [ف۔ صفت] بدنصیب۔ بدبخت۔ بدقسمت۔
تیرہ بختی / روزی / روزگاری [ا۔ مث] بدنصیبی۔ بدقسمتی۔ بدبختی۔
تیرہ خاکدان [ف۔ امذ] کنایتہً دنیائے فانی۔
تیرہ دُرُون [ف۔ صفت] سیاہ دل۔ بے ایمان۔ ظالم۔
تیرہ دل [ف۔ صفت] سیاہ باطن۔ ظالم۔ شقی۔ بے ایمان۔
تیرہ رنگ [ف۔ صفت] سیاہ۔ میلا۔ دھندلا۔
تیرہ سر / مغز [ف۔ صفت] بے وقوف۔ احمق۔
تیرہ و تار [ف۔ صفت] ۱۔ تیرہ و تاریک۔ گھپ اندھیرا۔ ۲۔ اندھیری رات۔
تیرھواں [ار۔ عدد ترتیبی۔ مذ] ترتیب میں بارہ کے بعد کا درجہ۔
تیرھویں [ار۔ عدد ترتیبی۔ مث] ۱۔ دیکھیے "تیرھواں" جس کی یہ تانیث ہے۔ ۲۔ ہندوؤں کی ایک رسم جو مرنے کے بعد تیرھویں روز ہوتی ہے، اس میں کم از کم تیرہ برہمنوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے اور سوگ ختم کر دیا جاتا ہے۔
تیرھویں صدی [ار۔ امث] سنہ ہجری کی تیرھویں صدی جسے منحوس خیال کیا جاتا تھا۔
تیرے باپ سے لوں گا [ار۔ مثل] چھوڑوں گا نہیں۔ وصول کر کے رہوں گا۔
تیرے بینگن میری چھاچھ [ار۔ مثل] خود تھوڑا دینا دوسرے سے زیادہ طلب کرنا۔
تیرے تورٹے / چھوتے تو میں بیر بھی نہ کھاؤں [ار۔ مثل] شدید نفرت ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
تیرے جو، تیری درانتی، چاہے جیسے کاٹ [ار۔ مثل] جو مرضی ہے کر، میں دخل نہیں دوں گا۔
تیرے جئے کتا بھی نہ جئے [ار۔ مثل] تیری زندگی سے تو کتے کی زندگی بہتر ہے۔
تیرے چاروں راہ موکلے ہیں [ار۔ مثل] تیرا کوئی مزاحم نہیں جہاں مرضی ہو جا۔
تیرے صدقے میں [ار۔ متعلق فعل] ۱۔ تیرے طفیل۔ تیری وجہ سے ۲۔ تجھ پر قربان۔
تیرے لیکھے [ار۔ متعلق۔ فعل۔ ق] تیرے حساب سے۔ تیرے اندازہ کے مطابق۔
تیرے منہ میں خاک [ار۔ روزمرہ] کوئی بُری بات سُن کر کہتے ہیں۔
تیرے منہ میں گوہ دیتا ہوں [ار۔ مثل] تجھے جھوٹا ثابت کرتا ہوں۔
تیرے منہ میں گھی شکر [ار۔ روزمرہ] کوئی خوشی کی خبر سن کر کہتے ہیں۔
تیرے میرے صدقے میں اس کی جورو پیٹ سے [ار۔ مثل] ۱۔ بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ ۲۔ دوسرے کی محنت سے فائدہ اٹھانے والے کو کہتے ہیں۔
تیرے نام کا تو کتا بھی نہیں پالتا [ار۔ مثل] نفرت کی شدت ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
تیرے ہاتھ ٹوٹیں [ار۔ کوسنا۔ دعا] مارنے والے کو عورتیں کہتی ہیں یعنی تیرے ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

تیرے ہی تلے تو گنگا بہتی ہے [ار۔ مثل] تو ہی تو بڑا زور آور اور حکومت والا ہے۔ طنزاً کہتے ہیں
تیری [ار۔ ضمیر واحد حاضر اضافی] دیکھیے "تیرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
تیری آواز مکّے اور مدینے [ار۔ مثل] دیکھیے "تیری آواز مکّے اور مدینے"
تیری ایڑی میں گُوہ [ار۔ ٹوٹکا۔ عو] عورتیں نظرِ بد سے بچانے کے لئے کہتی ہیں۔
تیری بات گدھے کی لات [ار۔ مثل] تیری بات بے توقیر اور ناقابلِ اعتبار ہے
تیری بات گُڑ سے میٹھی [ار۔ مثل] تیری بات بہت مرغوب اور دل پسند ہے۔
تیری باتیں مجھی کو بن آئیں [ار۔ مثل] تیری چالاکی مجھی کو سازگار ہے۔
تیری دُم کو رسّی میں رسّا رکھدا [ار۔ مثل] دھمکانے کے لئے کہتے ہیں۔
تیری شامت آئی ہے / تیری شامت نے دھکا دیا ہے [ار۔ مثل] سزا کا طالب ہو رہا ہے۔ مار کھانے کی نبت ہے۔
تیری قدرت کے قربان [ار۔ کلمۂ تحسین و استعجاب] کسی عجیب اور عمدہ بات پر کہتے ہیں۔
تیری کرنی تیرے آگے، میری کرنی میرے آگے [ار۔ مثل] ہر ایک کو اپنے کیے کا پھل ملے گا۔
تیری گود میں بیٹھوں، اور تیری ڈاڑھی نوچوں [ار۔ مثل] ناشکرے شخص کو کہتے ہیں کہ جس سے فائدہ حاصل کرے اسی کو نقصان پہنچائے۔
تیرے گا سو ڈوبے گا [ار۔ مثل] ہُنرمندی سے خطا ہوتی ہے۔
تیز [ف۔ صف] ۱۔ کند کی ضد۔ دھار والا۔ نوکدار۔ ۲۔ تلخ۔ چرپرا۔ ۳۔ جلد۔ شتاب۔ ۴۔ ذہین۔ ہوشیار۔ چالاک۔ ۵۔ غصّہ ور۔ غضب ناک بدمزاج۔ ۶۔ شوخ۔ شریر۔ ۷۔ مضبوط۔ قوی۔ ۸۔ تیز رو تیز رفتار۔ سریع۔ ۹۔ شدید۔ سخت۔ ۱۰۔ غالب۔ فائق۔ ۱۱۔ گراں۔ مہنگا۔ ۱۲۔ سرگرم۔ مستعد۔ ۱۳۔ گرم۔ تتا ۱۴۔ مقدار سے زیادہ۔ ۱۵۔ دُوربین۔ باریک بین۔ ۱۶۔ غائر عمیق ۱۷۔ زخم میں کاٹ کرنے والا۔ ۱۸۔ بڑھا چڑھا۔
تیز بال [ف۔ صف] تیز رفتار۔ جلدرو۔ جلد اُڑنے والا۔
تیز پات [ف ار۔ اند] دیکھیے "تیج پات"
تیز پر / پرواز [ف۔ صف] دیکھیے "تیز بال"
تیز پروازی [ف۔ امث] پرواز کی تیزی۔ جلد اڑنا (تیز پرواز کا اسمِ کیفیت)
تیز دست [ف۔ صف] جلد جلد کام کرنے والا۔
تیز دستی [ف۔ امث] پھرتی۔ چالاکی۔ جلدی کام کرنا۔ تیز دست کا اسمِ کیفیت ہے
تیز دستی دکھانا [ار۔ محاورہ] پھرتی دکھانا
تیز دم [ف۔ صف] جوشیلا۔
تیز دنداں [ف۔ صف] ۱۔ تیز دانتوں والا۔ ۲۔ حریص۔ لالچی۔
تیز رفتار / رَو [ف۔ صف] جلدی چلنے والا۔ ۲۔ چالاک۔ پھرتیلا۔
تیز رفتاری / رَوی [ف۔ امث] جلد چلنا۔ جلدی۔ شتابی۔ عجلت (تیز رفتار / رو کا اسمِ کیفیت)
تیز زبان [ف۔ صف] جس کی زبان بہت چلے۔ منہ پھٹ۔
تیز زبانی [ف۔ امث] دیکھیے "تیز زبان" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

تیز طبع / عقل [ف۔ صف] ذکی۔ ذہین۔ ہوشیار۔
تیز طبعی [ف۔ امث] دیکھیے "تیز طبع" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
تیز فہم [ف۔ صف] جلدی سمجھنے والا۔ ذہین۔
تیز فہمی [ف۔ امث] دیکھیے "تیز فہم" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
تیز قدم [فع۔ صف] تیز چلنے والا۔
تیز قدمی [فع۔ امث] دیکھیے "تیز قدم" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
تیز قلم [فع۔ صف] زود نویس۔ جلد لکھنے والا۔
تیز قلمی [فع۔ امث] دیکھیے "تیز قلم" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
تیز کرنا [ار۔ مص مرکب] ۱۔ باڑھ رکھنا۔ دھار نکالنا۔ ۲۔ زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ ۳۔ طاقت یا قوت بڑھانا۔ ۴۔ ناراض کرنا۔ خفا کرنا۔
تیز گام [ف۔ صف] جلدی چلنے والا۔ تیز رفتار۔
تیز گامی [ف۔ امث] دیکھیے "تیز گام" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
تیز گوش [ف۔ صف] تیز سننے والا۔
تیز مزاج [ف۔ صف] تُند۔ غصیلا۔
تیز مزاجی [ف۔ امث] دیکھیے "تیز مزاج" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
تیز مغز [ف۔ صف] دیکھیے "تیز مزاج"
تیز نظر / نگاہ [ف۔ صف] جس کو دور تک نظر آتے۔ ۲۔ دُوربین۔ باریک بین غائر۔ ۳۔ (امث) نہایت اچھی دیکھنے کی قوت۔
تیز و تند [ف۔ صف] بہت تیز (شراب کی تعریف) مدہوش کرنے والی۔
تیز ہوش [ف۔ صف] عقلمند۔ صاحبِ لیاقت۔
تیز ہونا [ار۔ مص مرکب] دیکھیے "تیز کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
تیزاب [ف۔ اند] ایک نہایت تند عرق / سیال مرکب جو بدن پر لگنے سے جلا دیتا ہے اور کئی چیزوں کے رنگ کو بدل دیتا ہے۔ اکثر دھاتوں کو نکھارنے کے کام آتا ہے۔ اکثر شورہ۔ گندھک۔ نمک وغیرہ سے بنتا ہے۔ ترشہ۔
تیزابی [ف۔ صف] دیکھیے "تیزاب" جس سے یہ منسوب ہے۔
تیزابیت [فع۔ امث] تیزاب کا اثر۔ (ترکیبی لحاظ سے غلط ہے)
تیزی [ف۔ امث] ۱۔ تندی۔ تلخی۔ چرپراہٹ۔ ۲۔ غضبناکی۔ گرم مزاجی۔ ۳۔ سختی ظلم۔ ۴۔ گرمی۔ گرانی۔ مہنگاپن۔ ۵۔ مانگ۔ خواہش۔ ضرورت۔ ۶۔ کاٹ۔ ساز۔ زخم میں لگنے والی دوا کا اثر۔ ۸۔ پھرتی۔ جلدی (عو۔ ۹) صفر کا مہینہ۔
تیزی کا چاند [ار۔ اند] عو۔ صفر کے مہینے کا چاند۔ صفر کا مہینہ۔
تیزی کرنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ جلدی کرنا۔ ۲۔ چالاکی کرنا۔ ۳۔ شوخی کرنا۔
تیزی ہونا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "تیزی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔ ۲۔ غصّہ ہونا۔ ناراض ہونا
تیس [ار۔ عدد] بیس اور دس کا مجموعہ۔
تیس دن [ار۔ اند] ۱۔ مہینہ۔ ۲۔ کنایتہً۔ ہر روز۔ روزمرّہ۔ ۳۔ دائم۔ ہمیشہ۔ مدام۔
تیس کا چاند نہیں بھاتا [ار۔ مقولہ] ہرجائی کی قدر نہیں ہوتی۔
تیس مار خاں [ار۔ اند] بہادر آدمی۔ طنزاً۔ بزدل۔ ڈرپوک۔
تیس مار خاں بنے پھرتے ہیں [ار۔ مثل] اپنے آپ کو بہادر سمجھتے ہیں۔
تیسا [ار۔ صف] ۱۔ اسی طرح کا۔ جیسے کے مقابل۔ ۲۔ اس طرح پر سو۔ ۳۔ اس وقت۔ اس موقع پر۔

تیسّر (ع اِمذ) ۱۔آسان ہونا۔ ۲۔آسانی۔ سہولت۔
تیسیر (ع امث) ۱۔آسان کرنا۔ ۲۔آسانی۔ سہولت۔
تیسرا (ا رعدد ترتیبی) ۱۔دو کے بعد کا تین سے نسبت رکھنے والا۔ ثالث سار۔ عدد ترتیبی
تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا (ار مثل) دو مشورہ کرنے والوں کو اجنبی کا آنا ناگوار ہوتا ہے۔
تیسرا پہر (ار امذ) دوپہر کے بعد کا پہر۔ ظہر کے بعد کا وقت۔
تیسرا مجھ کو مارے گا (ار مثل) جب کوئی بزدل حوصلہ دلانے کے باوجود ہمت ہار بیٹھے تو کہتے ہیں۔
تیسری (ار اعدد ترتیبی) ۱۔ترتیب میں دوسری کے بعد آنے والی (تیسرا کی تانیث) ۲۔تین دفعہ ہل چلائی ہوئی زمین۔ ۳۔مہینے کا تیسرا دن۔
تیسری تاریخ کا چاند (ار امذ) محرم میں اس تاریخ کو چاند دیکھنا منحوس سمجھتے ہیں۔
تیسرے (ار صف) ۱۔تین کی تعداد ظاہر کرنے کو بولتے ہیں (تیسرا کی مغیرہ صورت)
تیسرے دن فاقہ / مردہ بھی حلال ہے (ار مثل) مسلمانوں میں مردہ حرام ہے مگر تین دن فاقے ہونے کے بعد اس کے کھانے کی اجازت ہے ۲۔مجبوری میں ناروا بات بھی روا / جائز ہے۔
تیسوں (ار عدد استغراقی) تیس کے تیس۔ تیس میں سے سب کے سب۔
تیسوں دن (ار امذ) آئے دن۔ روزمرہ۔ مہینہ بھر۔
تیسوں کلام (ار امذ) قرآن مجید جس میں تیس پارے ہیں۔
تیسوں کلام اٹھانا (ار محاورہ) قرآن شریف کی قسم کھانا۔
تیسی (ار صف مث) تیسا کی تانیث۔ ۲۔کلمۂ دشنام مثلاً (ایسی تیسی)
تیسی (ار امث) تیس برس کی۔ ۲۔تیس برس کا مجموعہ۔ ۳۔السی۔ کتان۔
تیسی کے کھیت میں جولاہا اٹھلاتے (ار مثل) جولاہوں کی بے وقوفی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
تیشہ (ف امذ) لکڑی۔ اینٹ۔ پتھر وغیرہ چھیلنے یا گھڑنے کا آلہ۔ ۲۔بسولہ
تیشہ زن (ف صف فاعلی) ۱۔بسولا چلانے والا۔ ۲۔بڑھئی۔
تیشہ زنی (ف امث) دیکھئے تیشہ زن جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تیشہ مارنا (ار محاورہ) تیشہ چلانا۔ بڑھئی کا کام کرنا۔
تیغ (ف امث) تلوار۔ شمشیر (افعال:۔ اٹھانا۔ پکڑنا۔ تھامنا۔ چلنا۔ چلانا۔ کا وار کرنا۔ رہونا۔ ہاتھ میں لینا)
تیغ آزما (ف امذ صف فاعلی) تیغ چلانے والا۔ شمشیر زن۔
تیغ آزمائی (ف امث) دیکھیے "تیغ آزما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
تیغ ابرو (ف امث) ابرو کا استعارہ تیغ سے کرتے ہیں۔
تیغ بازی (ف امث) بانک۔ پٹا۔ تلوار سے بازی کرنا۔ تلوار کا کھیل۔
تیغ برّاں (ف امث) کاٹنے والی تلوار۔
تیغ بردار (ف صف) وہ شخص جو کسی سوار کے ساتھ ننگی تلوار لیکر چلے۔ باڈی گارڈ۔
تیغ بکف (ف صف) ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے۔ تلوار چلانے پر آمادہ۔ لڑنے کو تیار
تیغ بے پناہ (ف امث) وہ تیغ جس سے کوئی نہ بچے۔
تیغ بے دریغ (ف امث) وہ تلوار جو فی الفور نکالی جائے۔
تیغ جوہر دار (ف امث) وہ تلوار جس میں جوہر کے سبز سبز دھبے ہوتے ہیں۔
تیغ جہازی (ف امث) بھاری تلوار۔

تیغ دودستی / دودم / دودمہ / دورُوتے (ف امث) دو دھاری تلوار۔
تیغ دوسر (ف امث) وہ تلوار جس کا پھل آگے سے دو شاخہ ہو۔
تیغ دوزبان (ف امث) وہ تلوار جس کے دو پھل ہوں۔
تیغ رواں (ف امث) جلد کاٹنے والی تلوار۔
تیغ زن (ف صف فاعلی) تلوار چلانے والا۔ شمشیر زن۔
تیغ زنی (ف امث) تلوار چلانا۔ (تیغ زن کا اسم کیفیت)
تیغ ساز / گر (ف صف فاعلی) تلوار بنانے والا۔
تیغ سازی / گری (ف امث) دیکھیے "تیغ ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
تیغ ستم (ف امث) ظلم کی تلوار۔ ظلم وستم۔ ۲۔ظلم وستم کا رواج۔
تیغ فلک (ف امث) آسمان۔ ۲۔سورج کی کرن۔ ۳۔مریخ۔
تیغ کج را نیام کج باشد (ف مثل) جیسے کو تیسا۔ جیسا آدمی ویسا سلوک ویسے ہی دوست۔
تیغ کوہ / کہسار (ف امث) پہاڑ کی چوٹی۔
تیغ کے گلے ملنا (ار محاورہ) تلوار کا مقابلہ کرنا۔
تیغ گلوگیر (ف امث) گلا کاٹنے والی تلوار۔
تیغ گراں (ف امث) بھاری تلوار۔
تیغ لپکنا (ار محاورہ) تلوار چلنا۔
تیغ لگانا (ار محاورہ) تلوار کا وار کرنا۔
تیغ لگنا (ار محاورہ) دیکھیے "تیغ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
تیغ محرّف (ف امث) خمدار تلوار۔
تیغ مہند / ہندی (ف امث) ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار جس کو عرب بہت اچھی خیال کرتے تھے۔
تیغ ناز (ف امث) ناز و انداز کی تلوار۔ نخرے کی تلوار (اضافت تشبیہی ہے)
تیغ نطق (ف امث) زبان فصیح۔ فصاحت۔
تیغ و کفن باندھ کے جانا (ار محاورہ) لڑنے مرنے کے لئے تیار ہو کر جانا۔
تیغ ہلالی (ف امث) وہ تلوار جو مثل ہلال خمیدہ ہو۔
تیغا (ار امذ) (فارسی زبان میں "تیغہ" ہے) ۱۔چھوٹی چوڑی تلوار۔ ۲۔محراب کو اینٹ پتھر وغیرہ سے چننا۔ ۳۔کشتی کا ایک داؤں۔
تیغا کرنا (ار محاورہ) بند کرنا۔ چن دینا۔ کسی سوراخ یا محراب وغیرہ کو اینٹ مٹی وغیرہ سے بند کرنا
تیغا ہونا (ار محاورہ) دیکھیے "تیغا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
تیغوں (ف امث) تیغ کی جمع۔
تیغوں سے چنگاریاں اڑنا (ار محاورہ) ایک تیغ پر دوسری تیغ کے لگنے سے شرارے نکلنا۔
تیغہ (ف امذ) تیغ کی تصغیر۔ چھوٹی تلوار۔ خنجر۔
تیغۂ پشت (ف امذ) ریڑھ کی ہڈی۔
تیغہ نما (ف امذ) ایک قسم کی تلوار۔
تیقّظ (ع امذ) ۱۔جاگنا۔ ۲۔بیداری۔ خبرداری۔ ہوشیاری۔
تیقّن (ف امذ) ۱۔یقین ہونا۔ ۲۔یقین۔ اعتبار۔
تیکھا (ار صف) ۱۔تیز۔ نوکدار۔ تیز دھار والا۔ ۲۔مؤثر۔ دل میں کھُبنے والا ۳۔چرچرا۔ تیز مزاج۔ کڑوا۔ ۴۔زود رنج۔ ۵۔غضبناک۔ غصہ ور

۹۔ چنچل۔ ۱۰۔ عمدہ۔ اچھا۔ ۸۔ طرحدار۔ بانکا معشوق۔ سجیلا۔ ۹۔ تیز زبان طرّار۔ ۱۰۔ جوانی میں مست۔ ۱۱۔ خوبصورت۔ جوان آدمی حسین۔ ۱۲۔ تیز فہم۔ ذہین۔ ہوشیار۔ ۱۳۔ چمکیلا۔ روشن۔ منوّر۔ ۱۴۔ گھلنے میں تیز آدار۔

تیکھاپن [ار اِمذ] دیکھیے ''تیکھا'' جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تیکھی [ار صفت مث] دیکھیے ''تیکھا'' جس کی یہ تانیث ہے۔

تیکھی چتون [ار امث] معشوق کی ٹیڑھی نگاہ۔ ترچھی نظر۔

تیکھی چتون کرکے دیکھنا / کرنا [ار محاورہ] ترچھی نظر کرکے دیکھنا۔ ۲۔ کج نگاہی سے یا شوخی سے دیکھنا۔

تیکھی نظر / نگاہ [ار امث] دیکھیے ''تیکھی چتون''

تِیل [ھ امث] ۱۔ تیہد۔ ۲۔ زنانی پوشاک۔ جس میں دوپٹہ۔ انگیا اور لہنگا وغیرہ شامل ہوتا ہے۔

تیل [ار امذ] ۱۔ وہ روغن جو پودوں کے بیجوں سے نکالا جائے۔ دراصل یہ لفظ تِل سے نکلا ہے یعنی تلوں کا روغن۔ ۲۔ مجازاً ہر روغن۔ چکنائی۔ دُہن

تیل پان کرنا [ار محاورہ] شادی کے موقع کی ایک رسم ہے۔ جس میں دولہا اور دلہن کے سر پاؤں اور ہاتھوں پر تیل اور ہلدی وغیرہ سے بنا ہوا ابٹن ملا جاتا ہے۔

تیل پان ہونا [ار محاورہ] دیکھیے ''تیل پان کرنا'' جس کا یہ لازم ہے۔

تیل پانی پر ڈالنا [ار ٹوٹکا] جاہل لوگوں کا خیال ہے کہ تیل کو پانی پر ڈالنے سے۔ ابر کھل جاتا ہے اور مینہ بند ہو جاتا ہے۔

تیل پانی کا گلاس [ار امذ] کنول۔ وہ گلاس جس میں پانی اور تیل بھر کر روشن کرتے ہیں

تیل پھل [ار امذ] وہ ناریل اور تیل جو شادی سے پہلے دولہا کی طرف دلہن کے ہاں بھیجا جاتا ہے۔

تیل پیلنا [ار مصدر مرکب] کولہو کے ذریعے بیجوں سے تیل نکالنا۔

تیل تِلوں ہی سے نکلتا ہے [ار مثل] ہر چیز کا خرچ اس کی آمدن سے ہی نکالا جاتا ہے۔

تیل توا (کالا) [ار صفت] بہت کالا۔ بے حد کالا۔ از حد سیاہ۔

تیل جل چکا / رچکا [ار محاورہ] بوڑھا ہو گیا ضعیفی آ گئی۔ مال خرچ ہو چکا۔ ست نکل گیا۔

تیل جلے گھی جلے تیل [ار مثل] جلتے جلتے تیل کی کثافت جل کر گھی کا اثر باقی رہ جاتا ہے اور گھی کی چکنائی جل کر اس میں تیل جیسی خاصیت باقی رہتی

تیل چڑھانا [ار محاورہ] دیکھیے ''تیل پان کرنا''۔

تیل چڑھنا [ار محاورہ] دیکھیے ''تیل پان ہونا''

تیل چھڑکاؤ کرنا [ار محاورہ] دیکھیے ''تیل پانی پر ڈالنا''

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو [ار مثل] سوچ سمجھو۔ صبر کرو۔ تعجیل کی برائی اور تاخیر کی تعریف میں کہتے ہیں۔

تیل ڈالنا [ار محاورہ] تیل لگانا۔ کسی چیز میں تیل ٹپکانا

تیل لگانا [ار محاورہ] تیل ملنا۔ تیل سے چکنا کرنا۔

تیل لگنا [ار محاورہ] دیکھیے ''تیل لگانا'' جس کا یہ لازم ہے۔

تیل ماش [ار امذ] تھوڑا سا تیل اور کسی قدر ماش جو صدقے میں دیئے جاتے ہیں۔ صدقہ۔ تصدّق۔

تیل ماش اتارنا [ار محاورہ] مریض کے شفا پانے یا مسافر کے گھر واپس آنے پر تیل اور ماش صدقہ میں خاکروب کو دینا

تیل ملنا [ار مصدر مرکب] تیل کی مالش کرنا۔ ۲۔ مالش کرکے ورزش کرنا۔

تیل میں ہاتھ ڈالنا [ار محاورہ] سخت قسم کھانا۔ پرانے زمانے میں صداقت کے ثبوت میں جلتے ہوئے تیل میں ہاتھ ڈالتے تھے اگر ہاتھ نہ جلتا تو سچا اور بے گناہ سمجھا جاتا تھا۔

تیل نکالنا [ار محاورہ] ۱۔ تیل پیلنا۔ ۲۔ سخت محنت لینا۔ ۳۔ ست نکال لینا۔ طاقت کھینچ لینا۔ کمزور کر دینا۔

تیل نکل جانا / نکلنا [ار محاورہ] ۱۔ بیجوں وغیرہ سے تیل حاصل ہونا۔ ۲۔ طاقت ضائع ہونا۔ سخت کمزور ہونا۔ ۳۔ دوالہ نکل جانا۔ مفلس ہو جانا

تیل نہ مٹھائی چولہے دھری کڑھائی [ار مثل] پاس کچھ بھی نہیں شیخی بہت۔

تیل ہو کے بہہ جانا [ار محاورہ] رقیق ہو کر نکل جانا۔ ضائع ہو جانا۔

تیلڑی [ار امث] تیل کا برتن۔ روغن دانی۔

تیلن [ار امث] دیکھیے ''تیلی'' جس کی یہ تانیث ہے۔

تیلنی [ار امث] ۱۔ تیلن۔ ۲۔ بتی۔ ۳۔ ایک قسم کا کیڑا جو تیل میں پایا جاتا ہے ۴۔ ایک قسم کی مکھی۔

تیلی [ار امذ] ۱۔ تیل نکالنے والا شخص۔ ایک قوم جس کا پیشہ تیل نکالنا اور بیچنا ہے۔ ۲۔ میلا آدمی۔ غلیظ آدمی۔ گندا آدمی۔

تیلی تنبولی [ار امذ] رذیل قوموں کے لوگ۔ کمینے لوگ۔

تیلی تنبولی جمع ہونا [ار محاورہ] رذیل قوموں کے لوگوں کا اکٹھا ہونا۔ کسی شخص کے پاس رذیل قوموں کے لوگوں کا آنا جانا۔

تیلی جوڑے پلی پلی اور رام لنڈھائے کپّا [ار مثل] کنجوس تھوڑا تھوڑا کرکے جمع کرتا ہے اور قدرت ایک دم خرچ کرا دیتی ہے۔

تیلی خصم کرا / کیا اور پھر بھی رُوکھا ہی کھایا [ار مثل] بُرا کام بھی کیا اور پھر بھی مراد حاصل نہ ہوئی۔

تیلی / تیلیا راجا [ار امذ] فقیروں کا ایک فرقہ جو تیل مانگ کر اپنے سر اور کپڑوں پر ملتا ہے۔ ۲۔ وہ شخص جو بہت میلے کپڑے پہنے۔

تیلی کا بیل [ار امذ] وہ شخص جو دن رات ایک ہی جگہ محنت کرتا رہے۔

تیلی کا بیل کیا جانے جنگل کی سار [ار مثل] مقید آدمی آزادی کی قدر نہیں کر سکتا / رجاننا۔

تیلی کا بیل مرے کمہاری ستی ہو [ار مثل] کسی کے ساتھ بے قاعدہ ہمدردی یا بے جوڑ باتوں کے موقع پر بولتے ہیں۔

تیلی کا تیل جگت بھاجی کی / تماش بین کا کیا جائے [ار مثل] روپیہ کسی کا صرف ہو۔ محنت کوئی کرے۔ تماش بین مفت میں سیر دیکھتے ہیں۔

(تیلی کا تیل جلے۔ مشعلچی کا دل جلے / مشعلچی مفت کڑھے / کا سر دکھے / کی گانڈ پھٹے) [ار مثل] خرچ کسی کا ہو فکر کوئی کرے۔

تیلی کا تیل گرا ہینا ہوا۔ بنیے کا نون گرا دونا ہوا [ار مثل] بنیے پر طنز ہے۔ نمک مٹی میں مل کر زیادہ ہوتا ہے۔

تیلی کا کام تنبولی کرے۔ چولہے میں آگ لگے [ار مثل] اپنا پیشہ چھوڑ کر دوسرے کا کام کرنے والا نقصان اٹھاتا ہے۔

تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس [ار مثل] غریب آدمی کو گھر کے کام

دھندے ہی کی محنت بہت بڑی محنت ہے۔

تیلی کے بیل کی طرح ایک ہی چکر میں پھرنا (ار محاورہ) بہت محنت کرنا مگر بے فائدہ۔

تیلی کے نلیوں مریں اُوپر سے ٹوٹے لٹھ (ار مثل) بے پروائی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ کسی کا نقصان ہو ہمیں کیا غرض۔

تیلی کی جورو ہو کر کیا پانی میں نہاوے (ار مثل) امیر آدمی کے خادم ہو کر بھی فائدہ نہ اٹھایا تو پھر کب موقع ملے گا۔

تیلی (یائے معروف سے) (ہ امث) لکڑی، بانس یا لوہے کی لمبی یا باریک سیخ۔ ۲۔ تار، پنجرے کا تار، سلائی۔ ۳۔ ناک کا ایک زیور، چھوٹا لونگ۔ ۴۔ لمبی دھاری

تیلیا (ار صف) ا۔ تیل کے رنگ کا۔ ۲۔ چکنا۔ چکنائی والا۔ ۳۔ سیاہی مائل رنگ۔

تیلیا پانی (ار امذ) کھاری پانی۔ نہایت کھاری پانی۔ بد مزے والا پانی جو بعض کنوؤں میں سے نکلتا ہے۔

تیلیا بھیس کرنا (ار محاورہ) میلے کپڑے پہننا۔

تیلیا سُرنگ (ار امذ) سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا۔

تیلیا سوہاگہ / سہاگہ (ار امذ) ایک قسم کا سہاگہ جو دیکھنے میں چکنا معلوم ہوتا ہے۔

تیلیا کاکریزی (ار امذ) سیاہی مائل گہرا اُودا رنگ۔

تیلیا کتھا (ار امذ) ایک قسم کا کتھا جو اندر سے سیاہ نکلتا ہے۔

تیلیا کمیت (ار امذ) زیادہ سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا۔

تیلیا مسان (ہ امذ) خبیث روح جو تیلیوں کے جسموں میں حلول کرتی ہے (ہندو عقیدہ)

تیلیا مونگیا (ار امذ) سیاہی مائل سبز رنگ۔

تیلیاں بکھرنا (ار محاورہ) گھر والوں کا مختلف جگہوں پر چلا جانا۔ سب کا تتر بتر ہو جانا۔

تیم (ھ امث) رطوبت۔ نمی۔ گیلا پن۔ تازگی۔ سبزی۔

تیمار (ف امذ) مریض کی خبر گیری۔ علاج معالجہ۔ غم خواری۔

تیماردار (ف صف) بیمار کی خدمت کرنے والا۔ ۲۔ غم خوار

تیمارداری (ف امث) دیکھیے "تیماردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

تیمم (ع امذ) ا۔ طہارت کرنا۔ پاک کرنا۔ طہارت کا قصد کرنا۔ ۲۔ دونوں ہتھیلیاں اور ساری انگلیاں کھول کر اور پھیلا کر پاک مٹی یا کسی اور چیز پر جس سے مٹی چھنتی ہو، مار کر۔ منہ پر۔ ہاتھوں پر۔ کہنیوں تک غرضکہ ان تمام اعضا پر پھیرتے ہیں جن کا وضو کرتے وقت دھونا واجب ہے۔ ۳۔ خاک سے وضو کرنا۔

تیمن (ع امذ) ا۔ برکت لینا۔ برکت ہونا۔ ۲۔ برکت۔ کامیابی۔

تیمن (ھ امذ) گیلا کرنا۔ نمدار کرنا۔ گیلا پن۔ نمی۔

تیمناً و تبرکاً (ع متعلق فعل) برکت کے طور پر۔ تبرک کے طور پر۔

تین (ار امذ ق) جتنی۔ کوشش۔ ۲۔ تونے۔

تین (ع امذ) گھاس۔ ۲۔ انجیر۔

تین (ار اعدد) دو اور ایک کا مجموعہ۔ ۳۔

تین بلائے تیرہ آئے دے دال میں پانی (ار مثل) قلیل چیز میں حکمت عملی سے کام چلانا۔ کفایت شعاری کرنا۔

تین بلائے تیرہ آئے دیکھو یہاں کی ریت / باہر والے کھا گئے گھر کے گاویں گیت (ار مثل) بے موقع اور بے مصرف خرچ ہونا۔

تین پانچ آٹھ بتانا (ار محاورہ) چالبازی کرنا۔ دھوکہ فریب کرنا۔

تین پانچ جاننا / کرنا / لانا (ار محاورہ) ا۔ جھگڑا کرنا۔ فیل مچانا۔ ۲۔ مکاری کرنا۔ دغابازی کرنا۔

تین پیڑ لگائے کے میاں باغبان / اور میاں چلے باغ میں (ار مثل) تھوڑی چیز پر بہت اترانے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

تین تفرقہ (ار صف) پریشان۔ پراگندہ۔ ۲۔ منتشر۔ متفرق۔ تتر بتر (افعال: کرنا۔ ہونا)

تین تلوک نظر آنا (ار محاورہ) بے حد پریشان ہونا۔

تین تیرہ (ار صف) دیکھیے "تین تفرقہ"

تین تیرہ آٹھ اٹھارہ کرنا (ار محاورہ) منتشر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ ۲۔ اڑا دینا۔ خرچ کر دینا

تین تیرہ بارہ باٹ (ار مثل) ضائع۔ برباد۔ تباہ۔ ۲۔ کسی کی چیز ضائع کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تین تیرہ کرنا (ار محاورہ) پراگندہ کرنا۔ منتشر کرنا۔

تین تیرہ ہونا (ار محاورہ) دیکھیے "تین تیرہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

تین ٹانگ کا گھوڑا (ار صف) نکمی اور عیب دار چیز۔

تین ٹانگ کی گھوڑی / گدھی۔ نو من کی لادنی (ار مثل) طاقت سے زیادہ کام لینے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تین چار (ار صف) معدودے چند۔ تھوڑے۔ کم۔

تین چپاتی۔ نو برائی۔ کھاؤ چُرم چُور (ار مثل) جب کوئی کسی دعوت کے موقع پر کنجوسی کرے تو عورتیں طنزاً کہتی ہیں۔

تین حرف بھیجنا (ار محاورہ) لعنت بھیجنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ طلاق دینا (لعن)

تین دن قبر / گور میں بھی بھاری ہوتے ہیں (ار مثل) دنیا کے مکروہات مر کر بھی پیچھا نہیں چھوڑتے۔

تین دن کا چھوکرا ہمیں سکھاتا ہے (ار مثل) جب کوئی کم عمر مشورہ دے تو عمر رسیدہ کہتے ہیں۔

تین دن کی بادشاہی (ار امث) شادی سے چوتھی تک کا زمانہ جس میں دولہا کو نوشاہ کہتے ہیں۔

تین راہ (ار صف) علیحدہ علیحدہ۔ مختلف وضع پر۔

تین رقمی قانون (ار امذ) (علم حساب میں) اربعہ متناسبہ۔

تین روز / تین دن (ار امذ) چند روز۔ مدت ناپائیدار۔

تین روزہ زندگی (ار امث) انسان کی عمر، جو بہت مختصر ہے۔

تین کانے (ار امذ) جواریوں کی اصطلاح میں پانسے کے تین نقطے جو اکٹھے پڑیں تو داؤں کھیت جاتا ہے۔ ۲۔ ناکامی۔ نامرادی۔

تین گناہ خدا بھی بخشتا ہے (ار مثل) جس شخص نے پہلے کوئی جرم نہ کیا ہو وہ یہ بات کہہ کر قصور کی معافی چاہتا ہے۔

تین میں نہ تیرہ میں (ار مثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جس کی کہیں پر کچھ پرسش نہ ہو

تین میں نہ تیرہ میں نہ سُتلی کی گرہ میں (ار مثل) کسی شمار قطار میں نہیں۔ کوئی حیثیت یا عزت نہ ہونا۔

تینترا (ھ امذ) دیکھیے "تیترا"

تینتری (ھ امث) دیکھیے "تیتری" یعنی تیسری۔

تیندو (ھ امذ) ایک جنگلی درخت کی لکڑی جو جلنے میں چٹختی ہے۔

تیندو (ہ اند) ایک جنگلی درخت کا پھل۔

تیندوا (ار اند) ایک درندہ جو چیتے کی قسم کا ہوتا ہے سنسکرت میں پلنگ کہتے ہیں۔

تیوَر (ہ اند) ا۔ شہر کی ایک قسم جو آردو ہی میں کومل کے بعد آتا ہے۔ ۲۔ شکاری۔ صیاد۔ ۳۔ تیر۔ ۴۔ مضبوط۔ ۵۔ بہت زیادہ۔ ۶۔ گرم۔ ۷۔ تیزی ۸۔ تین۔ ۹۔ فولاد۔

تیوَر (یائے مجہول سے) (ہ اند) ا۔ بینائی بصارت۔ ۲۔ نظر چتون۔ ۳۔ صورت اور نگاہ کا انداز۔ ۴۔ آنکھوں کا اندھیرا جو کسی دماغی صدمہ کی وجہ سے ظہور میں آتا ہے۔ ۵۔ زنانے کپڑوں کا جوڑا۔

تیور آنا (ار محاورہ) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ سر میں چکر آنا۔

تیور بجھا دینا (ار محاورہ) ا۔ غصّہ فرد کر دینا۔ ۲۔ غرور مٹا دینا۔

تیور بجھنا (ار محاورہ) نظر سے دل کی افسردگی ظاہر ہونا۔ افسردہ ہو جانا۔

تیور بدل جانا (ار محاورہ) ا۔ نگاہ کا انداز بدل جانا۔ بے مروّت ہو جانا۔ ۲۔ آنکھوں کی پتلیاں پھر جانا۔ علامتِ مرگ ظاہر ہونا۔

تیور بدلنا (ار محاورہ) قہر کی نگاہ سے دیکھنا۔ پہلی سی نگاہ نہ رہنا۔

تیور بُرے نظر آنا (ار محاورہ) دشمن جان ہو جانا۔ نگاہ بد ہو جانا۔ بُرا ارادہ معلوم ہونا

تیور بگڑ جانا (ار [illegible]) ا۔ آنکھوں کی پتلیاں پھر جانا۔ موت کی نشانی ظاہر ہونا۔ ۲۔ پہلی سی نظر نہ رہنا۔ نگاہ سے خفگی اور دشمنی کا اظہار ہونا۔

تیور پوچھنا (ار محاورہ) نظر سے دل کا حال معلوم کرنا۔

تیور پر بل آنا (ار محاورہ) غصّے کے آثار ظاہر ہونا۔

تیور پہ میل آنا (ار محاورہ) دیکھیے "تیور پہ بل آنا"

تیور پہچاننا (ار محاورہ) نظر پہچاننا۔ قیافہ سے مزاج کا حال معلوم کرنا۔

تیور تاڑ جانا (ار محاورہ) نگاہ سے نیکی یا بدی کے ارادے کو پہچان جانا

تیور جلنا (ار محاورہ) نظر کی تیزی میں فرق آجانا۔ ۲۔ آنکھ کی روشنی کم ہو جانا۔ ۳۔ کمزوری ہونا جس سے بڑی تابش سے آنکھ چوندھیانا

تیور دیکھنا (ار محاورہ) طبیعت کا رنگ دیکھنا۔ صورت یا نگاہ سے مزاج کی حالت دیکھنا

تیور میلے ہونا (ار محاورہ) اندازِ نگاہ سے ناگواری ظاہر ہونا۔

تیورانا (ار مص) چکر آنا۔ غش آنا۔ ڈگمگانا۔ کسی دماغی صدمہ سے آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا۔

تیورس (ہ اند) گزشتہ یا آئندہ تیسرا سال۔

تیوری (ہ امث) چینِ جبیں۔ ماتھے کا بل۔ اندازِ نگاہ۔ چتون۔

تیوری بدلنا (ار محاورہ) ا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ ۲۔ اندازِ نگاہ بدل جانا۔

تیوری چڑھی (ار صف مث) مغرور عورت جس کی ہر وقت تیوری چڑھی رہے

تیوری چڑھانا (ار محاورہ) پیشانی پر بل ڈالنا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔

تیوری چڑھنا (ار محاورہ) دیکھیے "تیوری چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

تیوری کا بل کھلنا (ار محاورہ) رنجش مٹنا۔ رنجش دور ہونا۔

تیوری میں بل پڑنا (ار محاورہ) ناک بھوں چڑھنا۔ خفگی کی علامت ظاہر ہونا۔

تیوری میں بل ڈالنا (ار محاورہ) دیکھیے "تیوری چڑھانا"

تیوڑی (ہ امث) ا۔ تیوری۔ ایک بیل یعشق پیچاں۔

تیوَن (ہ اند) سالن۔ ترکاری۔ چٹنی۔ اچار۔

تیون بن نہ روٹی سوہے۔ گوندھے بن نہ چوٹی سوہے (ہ مثل) اچار چٹنی یا سالن کے بغیر روٹی اچھی نہیں لگتی۔ اسی طرح چوٹی بغیر گوندھے کے اچھی نہیں معلوم ہوتی۔

تیوہار (ہ اند) دیکھیے "تہوار"

تیوہاری (ہ امث) ا۔ تیوہار کا انعام۔ عیدی وغیرہ۔ ۲۔ تیوہار کی خوشی کا کھانا۔ رسد جو عزیز و اقارب کے ہاں بھیجتے ہیں یا ملازمین کو دیتے ہیں۔

تیہ (ع اند) وحشت ناک جنگل۔ ۲۔ تکبر۔ سرکشی۔

تیہا (ہ اند) تیزی۔ حرارت۔ جوش۔ ۲۔ غضب۔ غصہ

تیہا (ع۔ اند) جنگل۔ بیابان

تیہا دلانا (ار محاورہ) غصّہ دلانا۔ جوش دلانا۔

تیہو (ف اند) ایک چھوٹا سا پرندہ۔ از قسم تیتر۔ لوا۔

تیئیس (تے میں) (ار اعدد) بیس اور تین کا مجموعہ ۲۳۔

ٹ

ٹ [ار - امث] اُردو میں اُسے "ٹے" (یائے مجہول سے) اور ہندی میں ٹَہ کہتے ہیں۔ ۱۔ اُردو حروفِ تہجی کی ترتیب میں یہ پانچواں حرف ہے۔ ۲۔ دیوناگری رسم الخط میں یہ گیارھواں ویجن یعنی حرفِ صحیح ہے۔ عربی اور فارسی میں یہ حرف یا اس کی آواز موجود نہیں۔ ۳۔ عربی اور فارسی والے اسے تائے ہندی یا تائے ثقیلہ کہتے ہیں۔ ۴۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرفِ علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔ ۵۔ اس کو ادا کرنے کے لئے زبان تالو سے لگتی ہے۔ ۶۔ حساب جمل میں اسے "ت" کی ایک صورت خیال کیا جاتا ہے اس لئے "ت" کے اعداد کے برابر اس کے بھی چار سو اعداد لئے جاتے ہیں۔ ۷۔ کلمات کے آخر میں آکر ان کو حاصل مصدر یا اسمِ کیفیت بنا دیتی ہے مثلاً بناوٹ۔

ٹ ۔ ا

ٹاپر [ہ - اند] ۱۔ چھوٹی جھیل۔ ۲۔ چھوٹا سا گھر۔ ۳۔ خاندان۔ کنبہ۔ ۴۔ تالاب۔ ۵۔ لڑکا۔ چھوکرا۔

ٹاپ [ہ - امث] ۱۔ گھوڑے کے سُم کا حلقہ۔ ۲۔ گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب۔ ۳۔ وہ آواز جو گھوڑے کے سُموں سے چلتے وقت پیدا ہوتی ہے (افعال: ۔ مارنا) ۴۔ مچھلیاں پکڑنے کا جال۔ ۵۔ پلنگ کے پائے کا نچلا گرہ جو زمین پر ٹکتا ہے۔ ۶۔ فرشی حقّے کا آخری حصّہ جو چوڑا ہوتا ہے۔ ۷۔ مگدر کا آخری چوڑا حصّہ۔ ۸۔ ڈھول بجانے کی چوب

ٹاپ دار [ہ ف - صف] آگے سے چوڑا اور پیچھے سے پتلا۔ موٹے سر کا (ترکیب غلط ہے)

ٹاپا [ار - اند] ۱۔ مرغیاں بند کرنے کا کھانچا۔ ۲۔ کشتی یا بیڑا جس پر چوکھٹ والا ڈھکنا ہوتا ہے۔ ۳۔ لکڑی کی جالی والی چوکھٹ جو بچوں کے پنگھوڑے پر ڈھانکتے ہیں۔ ۴۔ کپڑے کا غلاف۔ ۵۔ حقارتاً گنے کا وہ کھیت جس میں گنے بالکل کم ہوں۔

ٹاپا توڑ کر نکل جانا [ار - محاورہ] صاف نکل جانا۔ بچ جانا۔

ٹاپا ٹوہیا [ہ - اند] تلاش۔ جستجو۔

ٹاپا ٹوئی کرنا [ار - محاورہ] ۱۔ ٹٹولنا۔ ڈھونڈنا۔ چھان مارنا۔ ۲۔ ٹپکتے مکان کی مرمت کرنا۔

ٹاپتا پھرنا [ار - محاورہ] بھٹکتا پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ حیران پھرنا۔

ٹاپتا رہ جانا [ار - محاورہ] ۱۔ کسی چیز کی آرزو یا انتظار میں رہنا۔ ۲۔ کسی چیز پر قابو نہ چلنے پر۔ دل مار کر بیٹھ جانا۔ ۳۔ افسوس کرنا۔

ٹاپنا [ار - مص] ۱۔ گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔ ۲۔ زمین پر غصّے یا غم میں پاؤں مارنا۔ ۳۔ بیکل ہونا۔ بے چین ہونا۔ گھبرانا۔ ۴۔ دیوار پر سے کود جانا۔

ٹاپتی [ہ - امث] ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

ٹاپو [ہ اند] جزیرہ۔ وہ خشک زمین جو چاروں طرف پانی سے گھری ہوئی ہو

ٹاٹ [ہ اند] سن کا بنا ہوا موٹا کپڑا۔ بوریوں کا کپڑا۔ ۲۔ چٹائی۔ ۳۔ ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی یا قالین۔ ۴۔ بونٹ کا سبز خول جس میں چنا ہوتا ہے۔

ٹاٹ الٹ جانا / الٹنا [ار محاورہ] ۱۔ دیوالا نکلنا۔ دیوالیا ہونا۔ ۲۔ دیوالیا ہونے کی علامات ظاہر ہونا۔

ٹاٹ باف [ہ ف اند] ٹاٹ بُننے والا۔ ۲۔ زردوز کپڑوں پر سونے چاندی کے تار لگانے والا (جو تار باف کا غالباً بگاڑ ہے)

ٹاٹ بافی [ہ ف امث] دیکھئے "ٹاٹ باف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ٹاٹ بافی جوتا [ہ ف اند] زردوزی کام کا جوتا۔ کامدار جوتا۔ کلابتون کے کام کا جوتا۔

ٹاٹ باہر ہونا [ار محاورہ] برادری سے خارج ہونا۔

ٹاٹ کا لنگوٹا / لنگوٹی ۔ نواب سے یاری [ار مثل] مفلسی میں امیروں سے ملاقات۔ ۲۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام۔

ٹاٹ کی انگیا مونج / مونجھ کی تنی ۔ دیکھ میرے دیور امیں کیسی بنی [ار مثل] بے جا کام پر اترانا۔

ٹاٹ میں مونجھ کا بخیہ [ار مثل] موزوں کام جیسی چیز ویسا اس کا سامان

ٹاٹری [انگ امث] TATRi وہ مصالحہ جس سے خمیر اٹھاتے ہیں۔

ٹارا [ہ اند] لکھنؤ۔ وہ کبوتر جو دیر تک اڑے۔

ٹارالوک [ہ حرف] وزن میں ٹھیک۔ پالپورا۔

ٹارچ [انگ امث] (TORCH) مشعل۔ وہ خول جس کے اندر بیٹری کے سیل ہوتے ہیں اور منہ پر بلب لگا ہوا ہوتا ہے جو بٹن دبانے سے روشن ہو جاتا ہے۔

ٹاس [انگ اند] (TOSS) سکّہ کو اچھال کر اس بات کا فیصلہ کرنا کہ کون کس کام کو پہلے شروع کرے۔

ٹافی [انگ امث] (TOFFEE) ایک قسم کی انگریزی مٹھائی۔

ٹاک [ار صف ق] ۱۔ جلد۔ ۲۔ گھونٹ۔

ٹاکنا [ار مص ق] ٹھہرنا۔ رکنا۔

ٹاکی [انگ امث] (TALKIE) بولتی فلم۔ ایسی فلم جس میں سے آواز آتی ہو۔

ٹال [ہ امث] ۱۔ لکڑی۔ بانس۔ گھاس وغیرہ کا ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ ذخیرہ ۲۔ لکڑی یا بھس کی دکان۔ ۳۔ گائے یا ہاتھی وغیرہ کے گلے میں ڈالنے کا گھنٹہ۔ ۴۔ لیت و لعل۔ بہانہ۔ ٹال مٹول۔

ٹال بجا کے مانگے بھیک ۔ اس کا جوگ رہا کب ٹھیک (ہ مثل) گھنٹی بجا کر مانگنے والے سادھوؤں اور جوگیوں پر طنز ہے ۔

ٹال ٹول (ہ امث) حیلہ بہانہ ۔ لیت و لعل ۔

ٹال ٹول کی باتیں (ہ امث) حیلے حوالے ۔ بہانے ۔

ٹال جانا (ار محاورہ) طرح دینا ۔ درگزر کرنا ۔

ٹال دینا (ار محاورہ) حیلے حوالے کرنا ۔ جیسے بہانے کرنا ۔

ٹال کر دینا (ار محاورہ) کہیں جانے کا ارادہ فسخ کر دینا ۔ کسی کام کے کرنے سے باز رہنا ۔

ٹال مٹول کرنا (ار محاورہ) ۱۔ حیلہ حوالہ کرنا ۔ بہانہ کرنا ۔ ۲۔ دیر لگانا ۔

ٹالا بالا (ہ امذ) ۱۔ بہانہ ۔ لیت و لعل ۔

ٹالا بالا بتانا / دینا (ار محاورہ) حیلہ کرنا ۔ بہانہ کرنا ۔ لیت و لعل کرنا ۔

ٹالا دینا (ار محاورہ) جھانسا دینا ۔ بہانہ کرنا ۔ ٹالنا ۔

ٹالنا (ار معں) ۱۔ بہانہ کرنا ۔ لیت و لعل کرنا ۔ ۲۔ ہٹانا ۔ سرکانا ۔ دفع کرنا ۳۔ ملتوی کرنا ۔ گزار دینا ۔ ۴۔ طرح دینا ۔ درخواست نامنظور کرنا ۔

ٹالے بالے بتانا / دینا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹالا بالا بتانا / دینا"

ٹالی (ہ امث) دیکھیے "ٹال نمبر ۳" جس کی یہ تصغیر ہے ۔ ۲۔ دلالوں کی اصطلاح میں) اٹھنی ۔

ٹامک ٹوئیے مارنا (ار محاورہ) اندازہ کرنا ۔ اندازے مارنا ۔ اٹکل سے کام کرنا

ٹانٹ (ہ امث) آدمی کے سر کی کھوپڑی ۔ چندیا ۔

ٹانٹ پر ایک بال نہ چھوڑنا (ار محاورہ) ۱۔ بہت جوتے لگانا ۔ مفلس کر دینا

ٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹانٹ پر ایک بال نہ چھوڑنا" جس کا یہ لازم ہے ۔ جوتے لگنا ۔ مفلس ہونا)

ٹانٹ کھجانا / کھجلانا (ار محاورہ) سر میں کھجلی ہونا ۔ جوتے کھانے کی نیت ہونا ۔ گھاٹا یا نقصان اٹھانے کا کام کرنا ۔

ٹانٹ کے بال اڑ جانا / اڑنا یا ٹانٹ گنجی ہو جانا (ار محاورہ) بوجھ اٹھاتے اٹھاتے یا جوتے کھاتے کھاتے سر گنجا ہو جانا ۔ ۲۔ بہت خرچ کی وجہ سے تنگ دست ہو جانا ۔

ٹانٹھا / ٹانٹا (ہ صف مذ) ۱۔ مضبوط ۔ توانا ۔ ۲۔ موٹا ۔ فربہ ۔ ۳۔ طاقت ور قوی ۔ ۴۔ پکا ۔ ٹھوس ۔ ۵۔ سخت ۔ کرخت ۔ کڑا ۔

ٹانٹھی (ہ صف مث) دیکھیے "ٹانٹھا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

ٹانچ (ہ امث) ۱۔ جھگڑا ۔ تکرار ۔ ۲۔ اکڑ ۔ مقابلہ (افعال : کرنا ۔ لانا)

ٹانچنا (ہ ۔ معں) ۱۔ پھانسنا ۔ دھوکا دینا ۔ جل میں لینا ۔ ۲۔ کبوتر کا مستی اور خوشی کی حالت میں سینہ ابھار کر چلنا ۔ ۳۔ وصول کرنا ۔ حاصل کرنا ۴۔ منڈلانا ۔ چکر مارنا ۔ ۵۔ ٹیڑھا چلنا ۔ ۶۔ ٹانگیں مارنا ۔

ٹانڈ (ہ امذ و مث) ۱۔ مچان ۔ ۲۔ چبوترہ ۔ پلیٹ فارم ۔ ۳۔ دیوار میں لگا ہوا تختہ ۔ ۴۔ کڑا جو بازوؤں میں پہنا جاتا ہے ۔

ٹانڈا (ہ امذ) ۱۔ مویشیوں کی قطار ۔ ۲۔ سوداگروں کا گروہ ۔ سوداگری کا مال اسباب ۔ گھر کا سامان ۔

ٹانڈا بھانڈا (ہ امذ) سامان اسباب

ٹانڈا لادنا (ار محاورہ) ۱۔ سامانِ سفر باندھنا ۔ ۲۔ گھر کا سامان اور بیوی بچوں کو لے کر کہیں جانے کے لئے سامان باندھ کر تیار ہونا ۔ سفر کر جانا ۔ مر جانا ۔ رحلت کر جانا ۔

ٹانڈا لد جانا / لدنا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹانڈا لادنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

ٹانڈے کا نائیک (ہ امذ) کسی گروہ کا سردار ۔ قافلہ کا سردار ۔ مربی ۔ وارث

ٹانک (ہ امث) ۱۔ جوہریوں کی اصطلاح میں چار ماشے کے برابر وزن ۔ ۲۔ کمان جانچنے کا وزن جو ۲۴ سیر کا ہوتا ہے اسے چلے میں لٹکا دیتے ہیں ۔ تیر کمان کے ایک تیر کے اندازے تک کھنچ جانے کو بھی کہتے ہیں ۳۔ لوہے کا بیلنا ۔ ۴۔ کیل ۔ میخ ۔ ۵۔ سیون بخیہ ۔ ٹانکا ۔ ۶۔ حلقہ بخرہ ۷۔ جانچ ۔ اندازہ ۔

ٹانک رکھنا (ار محاورہ) یادداشت کے واسطے لکھ لینا ۔

ٹانک لینا (ار محاورہ) کسی رقم کو درج کر لینا ۔

ٹانک (انگ امذ) (TONIC) مقوی دوا ۔

ٹانکا (ہ امذ) ۱۔ سیون ۔ سلائی ۔ سوئی دھاگے کا ایک دفعہ کپڑے میں سے نکلنا ۔ ۲۔ زخم کا ایک مرتبہ بخیہ ۔ ۳۔ دھات جوڑنے کا مسالا ۔ ۴۔ زیور ظروف وغیرہ کے جوڑنے کا پیوند / جوڑ ۔ ۵۔ (دکن) وہ جوہڑ یا تالاب جس میں برساتی پانی پینے کے لئے جمع کر لیتے ہیں ۔ ۶۔ کیل ۔ میخ ۔ ۷۔ لوہے کا بیلن ۔ ۸۔ پیوند ۔ جوڑ کپڑے کا ۔

ٹانکا بھرنا (ار محاورہ) ۱۔ سینا ۔ سلائی کرنا ۔ زخم یا کسی پھٹی پرانی چیز کا سینا ۲۔ عیب پوشی کرنا ۔ ۳۔ مصیبت میں تسلی دینا ۔

ٹانکا ٹوٹنا / ادھڑ جانا / ادھڑنا (ار محاورہ) سیون ادھڑ جانا ۔ زخم کی سیون ٹوٹ جانا ۔

ٹانکا جانا (ار محاورہ) کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیر کرنا ۔

ٹانکا جھالنا (ار محاورہ) کسی برتن یا زیور کو ٹانکے سے جوڑنا ۔

ٹانکا دینا (ار محاورہ) ۱۔ دیکھیے "ٹانکا جھالنا" ۲۔ سینا ۔

ٹانکا کاٹ لینا (ار محاورہ) ٹانکے کی قیمت زیور کے دام میں سے کاٹ لینا ۔

ٹانکا کھانا (ار محاورہ) ٹانکا لگنا ۔ ٹانکا لگنے کی قابلیت ہونا ۔

ٹانکا کھلنا (ار محاورہ) سیون ادھڑ جانا ۔ بھید کھل جانا ۔ راز ظاہر ہو جانا ۔ عیب کھلنا ۔

ٹانکا لگانا (ار محاورہ) ۱۔ کپڑے کا سینا ۔ ۲۔ زخم کا سینا ۔ ۳۔ ٹوٹے ہوئے برتن یا زیور کو جوڑنا ۔ ۴۔ دو شخصوں میں دوستی کرا دینا ۔ ۵۔ ملاپ کرانا ۶۔ نسبت کرا دینا ۔ شادی کرا دینا ۔ ۷۔ پرند کی آنکھیں سی دینا ۔

ٹانکا لگنا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹانکا لگانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

ٹانکا مارنا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹانکا بھرنا"

ٹانکنا (ار ۔ معں) ۱۔ سینا ۔ ۲۔ ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے ملا کر ٹانکا بھرنا ۔ ۳۔ کپڑے میں موتی ۔ لچکا ۔ بنت وغیرہ سوئی دھاگے سے لگانا ۔ ۴۔ جوڑنا ۔ چسپاں کرنا ۔ جھالنا ۔ ۵۔ نتھی کرنا ۔ شامل کرنا ۔ ۶۔ یادداشت لکھنا ۔ درج کرنا ۔ ۷۔ شامل کرنا ۔ دبانا ۔ داخل کرنا ۸۔ کھا جانا ۔ زخم سینا ۔ جوتا سینا ۔ ۹۔ لٹکانا ۔ آویزاں کرنا ۔ ۱۰۔ بجنا ۔ جھنکار ہونا ۔

ٹانکھ (ہ امذ) زمین دوز تالاب جس میں پانی کا ذخیرہ کیا جائے ۔

ٹانکی (ا۔ امث) ۱۔ سنگ تراشی کا ایک اوزار۔ چھینی۔ ۲۔ خربوزے وغیرہ کی پھانک جس سے پختگی کی کیفیت معلوم ہوتی ہے۔ ۳۔ سوراخ۔ چھید۔ ۴۔ ایک قسم کا پھوڑا۔ آتشک یا سوزاک کا زخم۔ ۵۔ دندانہ آرے کا دانتا ۶۔ چوبی یا آہنی ظرف جس میں پانی بھر کر رکھتے ہیں۔

ٹانکی بجنا (ا۔ محاورہ) ۱۔ سنگ تراشی کا کام ہونا۔ ۲۔ عمارت کا چُنا یا بنایا جانا۔ ۳۔ عمارت کا گرایا جانا۔

ٹانکی لگانا (ا۔ محاورہ) ۱۔ خربوزے، تربوز کو تراش کر پختگی کی کیفیت معلوم کرنا۔ ۲۔ سوراخ کرنا۔

ٹانکے (ہ اِمذ) "ٹانکا" کی جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

ٹانکے اُدھڑ جانا / اُدھڑنا (ا۔ محاورہ) ۱۔ سلائی ادھڑنا۔ ۲۔ برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ بے زیب ہونا۔ ۳۔ قدر عافیت معلوم ہونا۔ حقیقت کھلنا۔

ٹانکے اُدھیڑنا (ا۔ محاورہ) ۱۔ سیون کھولنا۔ ۲۔ حقیقت کھولنا۔ قلعی کھولنا۔ ۳۔ عاجز کرنا۔ ہرانا۔

ٹانکے ٹوٹنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانکا ٹوٹنا"

ٹانکے ڈھیلے ہو جانا / رہنا (ا۔ محاورہ) بدحواس ہونا یا ارادے میں سُستی آنا۔ ضعف آنا۔

ٹانکے کا کچا (ا۔ صف) ۱۔ وہ سینے والا جس کے ہاتھ کی سیون جلد اُدھڑ جائے ۲۔ وہ زیور جس میں کمزور ٹانکا لگا ہوا ہو۔

ٹانکے کھلنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانکا کھلنا"

ٹانکے مارنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانکا مارنا"

ٹانگ (ا۔ امث) ۱۔ لات۔ ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصہ۔ ۲۔ حصہ ۳۔ دلالوں کی اصطلاح میں چوتھا حصہ۔ چہارم۔

ٹانگ اٹھاکر موتنا (ا۔ محاورہ) کتے کی طرح موتنا۔ کتا بننا۔ موٹا شیخی باز سے کہتے ہیں۔

ٹانگ اٹھانا (ا۔ محاورہ) ٹانگ اونچی کرنا۔ صحبت کرنا۔

ٹانگ اڑا دینا / اڑانا (ا۔ محاورہ) ۱۔ اڑا پھنسانا۔ بیچ میں دخل دینا یا پڑنا۔ مزاحمت کرنا

ٹانگ اڑانا (ا۔ محاورہ) (پہلوانوں کی اصطلاح) ٹانگ اٹھا کر چت کر دینا۔

ٹانگ برابر (ا۔ صف) چھوٹا سا۔ عموماً کمسن بچے کی نسبت کہا جاتا ہے۔

ٹانگ پسار کے سونا (ا۔ محاورہ) بے فکر ہو کر سونا۔

ٹانگ پکڑ کر لائے اور پونچھ پکڑ کے بہا دیا (ا۔ مثل) سخت بے عزتی کی۔

ٹانگ پھنسانا (ا۔ محاورہ) دخل دینا۔ شرکت کرنا۔ تعلق کرنا۔ مجبور کرنا۔ پابند کرنا۔

ٹانگ پھنسنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانگ پھنسانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ٹانگ تلے / کے نیچے سے نکالنا (ا۔ محاورہ) عاجز کرنا۔ مغلوب کرنا۔ ہرانا

ٹانگ تلے سے نکال دینا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانگ تلے سے نکالنا"

ٹانگ تلے سے نکل جانا / نکلنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانگ تلے سے نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ٹانگ توڑ کے بیٹھنا / بیٹھ جانا (ا۔ محاورہ) عو۔ جم کے بیٹھ جانا۔ ایک جگہ دیر تک بیٹھنا۔

ٹانگ توڑنا (ا۔ محاورہ) ۱۔ بے کار کرنا۔ معطل کرنا۔ ۲۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا

ٹانگ دبنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانگ پھنسنا"

ٹانگ دینا (ا۔ محاورہ) ۱۔ لٹکا دینا۔ پھانسی دینا۔ ۲۔ صحبت کرانا۔

ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا (ا۔ محاورہ) پہلو میں بٹھانا۔ پاس سے سرکنے نہ دینا۔

ٹانگ لگانا (ا۔ محاورہ) ٹانگ کا پیچ کرنا۔

ٹانگ لینا (ا۔ محاورہ) ۱۔ ٹانگ پکڑنا۔ ۲۔ کتے کی طرح کاٹنے کو دوڑنا۔ ۳۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ ۴۔ کاٹنا۔

ٹانگ مارنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانگ لگانا"

ٹانگا (ہ اِمذ) ایک قسم کی دو پہیے کی گاڑی جو گھوڑے سے چلتی ہے اور چار سوار بیٹھتے ہیں۔ نیز دیکھیے "تانگا"

ٹانگن / ٹانگھن (ہ اِمذ) پہاڑی ٹٹو۔ نہایت تیز رفتار اور پست قد ٹٹو۔

ٹانگنا (ا۔ مص) لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ پھانسی دینا۔

ٹانگوں میں منہ ڈال کے چولھے کے آگے نام لینا (ا۔ مص) کسی کو جلد بلانے کا ٹوٹکا ہے۔

ٹانگیں پسار کے / پھیلا کے سونا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹانگ پسار کے سونا"

ٹانگیں توڑنا (ا۔ محاورہ) خوب دوڑانا۔ پھرانا۔ حیران کرنا / رہنا۔ پریشان کرنا / ہونا۔ بہت دوڑانا۔

ٹانگیں ٹوٹنا (ا۔ محاورہ) نہایت تھک جانا۔ تھک کر چور ہونا۔

ٹانگیں رہ جانا (ا۔ محاورہ) ۱۔ تھک جانا۔ ماندہ ہو جانا۔ ۲۔ بیماری سے ٹانگیں بیکار ہو جانا۔ ٹانگیں سوکھ جانا۔

ٹانگیں لینا / اٹھانا (ا۔ محاورہ) قصدِ جماع کرنا۔

ٹائپ (انگ اِمذ) (TYPE) ۱۔ چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف۔ ۲۔ ٹھپا۔ چھاپ۔ ۳۔ انداز۔ وضع۔ قطع۔

ٹائپ رائٹر (انگ اِمذ) ٹائپ کرنے کی مشین۔ وہ مشین جس میں کمانیوں کے ساتھ لوہے کے حروف جڑے ہوتے ہیں اور انگلی سے کمانی دبانے پر کاغذ کو چھاپتے ہیں۔ چھاپنے کی مشین۔

ٹائپسٹ (انگ اِمذ) (TYPIST) وہ شخص جو ٹائپ رائٹر سے چھاپے۔

ٹائٹل (انگ اِمذ) (TITLE) ۱۔ کتاب کا پہلا ورق۔ سرورق جس پر نام وغیرہ لکھا ہوتا ہے۔ ۲۔ نام۔ خطاب۔ ۳۔ عنوان۔

ٹائر (انگ اِمذ) (TYRE) موٹر یا سائیکل وغیرہ کے پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ کا خول جس کے اندر ٹیوب ہوتی ہے۔

ٹائیر (ہ اِمذ) کمزور گھوڑا۔ بودا سا ٹٹو۔

ٹائیری (ہ امث) دیکھیے "ٹائیر" جس کی یہ تانیث ہے۔

ٹائیل (انگ اِمذ) (TILE) مٹی کی بنی ہوئی اور بھٹی میں پکی ہوئی پتلی تختی جو رنگین، نقش دار یا سادہ ہوتی ہے جسے عمارت کی دیواروں فرش یا چھت میں لگاتے ہیں۔

ٹائم بم / بم (انگ اِمذ) (TIME-BOMB) ایسا بم جو وقت مقررہ پر پھٹے

ٹائم پیس (انگ اِمذ) (TIME-PIECE) میز پر رکھنے والی درمیانی گھڑی جس میں الارم کی گھنٹی لگی ہوتی ہے۔

ٹائم ٹیبل (انگ اِمذ) (TIME-TABLE) نقشہ انضباطِ اوقات

تقسیمِ اوقات کا نقشہ۔

ٹائم کیپر [انگ۔ اند] (TIME-KEEPER) مزدوروں یا ملازمین کی کارکردگی کے وقت کا حساب رکھنے والا۔

ٹاؤن ڈیوٹی [انگ۔ اند] (TOWN-DUTY) چنگی کا محصول۔

ٹاؤن ہال [انگ۔ اند] (TOWN-HALL) میونسپل کمیٹی کے ممبروں کے جلسہ کرنے کی جگہ۔ پنچایتی مکان۔ ایوانِ عام۔

ٹائی [انگ۔ امث] (TIE) نکٹائی کا مخفف۔ وہ فیتہ جو زینت کے لئے گلے میں باندھا جاتا ہے اور انگریزی لباس کا جزو ہے۔

ٹائیفائیڈ [انگ۔ اند] (TYPHOID) میعادی بخار۔ تپ محرقہ۔

ٹائیں ٹائیں [انگ۔ امث] طوطے کی آواز۔

ٹائیں ٹائیں فش [ار۔ مثل] زبانی جمع خرچ بہت۔ نتیجہ کچھ نہ۔

ٹائیں ٹوئیں [ار۔ صفت] چند برائے نام۔ گنتی کے۔

ٹ۔ ب

ٹب [انگ۔ اند] (TUB) لوہے یا لکڑی کا بڑا سا برتن جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں۔

ٹبا [ھ۔ اند] اونچی جگہ۔ ٹیلا۔

ٹبّر [ھ۔ اند] ۱۔ اہل و عیال۔ خاندان۔ ۲۔ مال و اسباب۔ گھر کا خرچ۔ ۳۔ بارِ انتظام۔

ٹبّر چلنا [ار۔ محاورہ] کنبہ کا خرچ پورا ہونا۔ خاندان کا پرورش پانا۔

ٹ۔ پ

ٹپ [ار۔ اند] ۱۔ تانگے یا بگھی وغیرہ کا سائبان جو دھوپ یا بارش کے وقت ان سے بچاؤ کا کام دیتا ہے۔ ۲۔ ٹپکنے کی آواز۔ ۳۔ قیصے کی دو تہوں میں سے ایک تہ۔

ٹپ [انگ۔ امث] (TIP) ۱۔ انعام جو قلی۔ بیرے۔ چپراسی وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔

ٹپ ٹپ / ٹپا ٹپ [ار۔ امث] کسی چیز کے ٹپکنے کی آواز۔ آنسو گرنے کی آواز

ٹپ ٹپ آنسو گرنا [ار۔ محاورہ] بہت زیادہ رونا۔ آنسوؤں کی قطار بندھنا۔

ٹپ جانا [ار۔ محاورہ] کود جانا۔ پھاند جانا۔

ٹپ سے بول اٹھنا [ار۔ محاورہ] جلدی سے / بے پوچھے بول اٹھنا۔

ٹپّا [ھ۔ اند] فاصلہ۔ زد۔ گولی یا تیر کی حد جہاں جا کر وہ گرے۔ ۲۔ عوامی قسم کا گیت کسی قدر کلاسیکی۔ ۳۔ (دکن) ڈاکخانہ۔ ۴۔ دور دور کا بخیہ۔ موٹی سیون۔ ۵۔ ایک قسم کا ٹھپہ یا کنڈی۔ ۶۔ پالکی لیجانے والوں کی ڈاک یا چوکی۔ ۷۔ بادبان سے چلنے والا بیڑا۔ ۸۔ کود پھاند۔ ۹۔ پرگنے کا حصہ۔ ۱۰۔ پڑاؤ۔ منزل۔ مرحلہ۔ مقام۔

ٹپا بھرنا / ڈالنا [ار۔ محاورہ] دور دور کی کچی سلائی کرنا۔ موٹا بخیہ کرنا۔

ٹپا کھانا [ار۔ محاورہ] ۱۔ گولی کا ٹکرا کر اچھلنا۔ ۲۔ کودنا پھاندنا۔ اچھلنا رکنا۔ اٹکنا۔

ٹپا لگانا / ٹپے لگانا [ار۔ محاورہ] بیکار بیٹھے رہنا۔ کچھ نہ کرنا۔

ٹپا مارنا [ار۔ محاورہ] انبے ڈھنگے طور سے پڑھنا یا کودنا۔ لمبی چھلانگ مارنا۔

ٹپانا [ار۔ مص] بوجھ نکالنے کے لئے گنجفے یا تاش کے پتوں کو بے ترتیب کرنا۔

ٹپانا [ار۔ مص] کدانا۔ چھلانگ مروانا۔ کسی چیز کی امید میں دوڑانا۔

ٹپکانا / ٹپ ٹپانا [ار۔ محاورہ] ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ گرنا۔

ٹپّر [ھ۔ اند] چھپر جو پرانے چھپر پر ڈال دیا جاتا ہے۔

ٹپنچ [ھ۔ امث] ۱۔ تھوڑا سا تعلق۔ ذرا سا وسیلہ۔ ۲۔ مضبوط قدم۔ اڈا۔ ۳۔ بنیاد۔ بنا۔ ۴۔ دعوئے حق۔ ۵۔ اتفاق۔ میل جول۔ غرور۔ فخر۔ تکبر۔ زعم۔

ٹپنچ جمانا / لگانا / لڑانا [ار۔ محاورہ] تعلق پیدا کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ مطلب براری کے ڈھنگ نکالنا۔ ۲۔ بنیاد رکھنا۔ ۳۔ دعوے کرنا۔

ٹپک [ھ۔ اند] پانی کے گرنے کی آواز۔ قطروں کے گرنے کی آواز۔

ٹپک پڑنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ مائل ہو جانا۔ ۲۔ حیض آنا۔ احتلام ہونا۔ ۳۔ پھوڑے پھنسی کا پھوٹ جانا۔ ۴۔ پختہ پھل زمین پر گرنا۔ ۵۔ کودنا۔ ۶۔ ضبط نہ کر سکنا۔ ۷۔ پھسل پڑنا۔ ۸۔ اچانک آ دھمکنا۔ ۹۔ رِسنا معطر ہو جانا۔ ۱۰۔ زخمی ہو کر گر پڑنا۔ ۱۱۔ ظاہر ہونا۔ نظر آنا۔ ۱۲۔ پرندوں کا بلندی سے اترنا۔

ٹپکا [ھ۔ اند] ۱۔ پانی یا آنسوؤں کے قطروں کا پیہم ٹپکنا۔ ۲۔ آم کا پھل جو پک کر زمین پر از خود شاخ سے گر پڑے۔ ۳۔ دھبّا۔ انگلی سے لگا ہوا رنگ۔ ۴۔ گرا ہوا۔ جھڑا ہوا۔ ۵۔ جو دوسروں کی باتوں میں دخل دے۔ ۶۔ ٹھگوں کی ایک اصطلاح۔ پتیل کا کڑا اسٹرک پر ڈال کر گھات میں بیٹھ جاتے ہیں۔ جب کوئی سادہ لوح دیہاتی یا راہگیر اسے اٹھاتا تو اس کے پاس جا کر حصہ دار بن کر اس سے کچھ وصول کر لیتے ہیں۔

ٹپکا پڑنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ کسی چیز کا کثرت یا زیادتی کے باعث ضبط نہ ہو سکنا ظاہر ہوئے جانا۔ نکلے جانا۔ ۲۔ گرا پڑنا۔ مائل ہونا۔ ۳۔ خواہشِ نفسانی کے زور سے بے قرار ہونا۔

ٹپکا ٹپکنا / لگنا [ار۔ محاورہ] ۱۔ چونا۔ رِسنا۔ ۲۔ متواتر چھت سے پانی کی بوند گرنا۔ ۳۔ آموں کا متواتر درختوں سے گرنا۔ ۴۔ جھڑی لگنا۔ آنسو کا پیہم گرنا۔

ٹپکا ٹپکی [ھ۔ امث] ۱۔ بوندا باندی۔ پھوار۔ ۲۔ گاہکوں کا بہت مائل ہونا۔ ۳۔ پھلوں کا گرنا۔ ۴۔ ایک کے بعد ایک آدھ آدمی کا روزانہ مرتے رہنا۔ ۵۔ (متعلق فعل) اِکّا دُکّا۔ کبھی کبھی (افعال لگنا شروع ہونا)

ٹپکانا [ار۔ مص] دیکھئے "ٹپکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹپکاؤ [ار۔ اند] ٹپکنے کا عمل۔ تقطیر۔ عرق کشی۔

ٹپکنا [ار۔ مص] ۱۔ چونا۔ رِسنا۔ قطرہ قطرہ گرنا۔ ۲۔ ترشح ہونا۔ چھننا۔ ۳۔ نچڑنا۔ ۴۔ نکلنا عرق کا۔ ۵۔ پھل کا پک کر درخت سے گرنا ۶۔ ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔ ۷۔ کسی کی طرف مائل ہونا۔ ۸۔ گرویدہ ہو ۸۔ پھسلنا۔ ۹۔ لڑائی میں زخمی ہو کر گرنا۔ ۱۰۔ ٹیس اٹھنا۔ درد ہو ۱۱۔ پھوڑے کا پھوٹ کر بہہ جانا۔ ۱۲۔ سوچنے وقت بے تکلف کہہ

مضمون یا شعر سوجھنا۔ ۱۳۔ پرندوں کا بلندی سے کسی جگہ اترنا۔ ۱۴۔ پھڑکنا دھڑکنا۔ ۱۵۔ بچہ جن دینا۔ ۱۶۔ حیض آنا۔ ۱۷۔ دخل دینا۔ بیچ میں بول اٹھنا

ٹپکے کا آم [ا ر اند] وہ آم جو پک کر خود بخود گرے۔

ٹپکے کا ڈر [ا ر اند] مصیبت کا ڈر۔ آفت آنے کا ڈر۔

ٹِفِن [انگ اند] (انگریزی TIFFIN کا بگاڑ) وہ کھانا جو انگریز سہ پہر کو کھاتے ہیں۔

ٹَپْنا [ا ر مص] ۱۔ اچھلنا۔ کودنا۔ پھاندنا۔ اُچک جانا۔ ۲۔ ڈھانکنا۔ سر پوش سے چھپانا۔ ۳۔ جفتی کھانا۔ جوڑا لگنا۔ ۴۔ جھجکنا۔ ہچکچانا۔

ٹَپّی [ھ امث] دیکھیے "ٹپیتی"

ٹٹپے ٹوئی [ھ امث] تلاش۔ جستجو۔

ٹٹپے ٹوئیے مارنا [ا ر محاورہ] تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ اندھوں کی طرح ٹٹولنا۔

ٹِپکی [ھ امث] شوخی۔ چالاکی۔

ٹِپکی پڑنا [ا ر محاورہ] شوخ ہونا۔ عورت کا شوخ آوارہ ہونا۔

ٹ ۔ ٹ

ٹَٹّا [ا ھ اند] چھپنے کی جگہ اوٹ۔ بڑی ٹٹی۔ ٹٹی کا پردہ۔

ٹٹا لگانا [ا ر۔ محاورہ] ا۔ بڑی ٹٹی باندھنا۔ ۲۔ بھیڑ لگانا۔ ہجوم اکٹھا ہو جانا۔ ۳۔ گھیر ڈالنا۔ نرغے میں لینا۔ چاروں طرف سے حلقہ ڈالنا۔

ٹُٹّا پا [ھ اند ق] مفلسی۔ غربت۔

ٹُٹ پونجیا [ھ صف] ا۔ تھوڑی پونجی یا سرمائے والا۔ ۲۔ دیوالیہ۔ یعنی ایسا شخص جس کی پونجی نہ ہو۔

ٹٹخارنا (ٹِٹ خارنا) [ا ر مص] وہ آواز جو گھوڑے یا گدھے کو چلانے کے لئے منہ سے نکالتے ہیں۔ ۲۔ آواز منہ سے نکال کر ہانکنا۔

ٹٹخاری (ٹِٹ خاری) [ھ امث] ٹٹخارنے کی آواز۔

ٹٹر / ٹٹرا [ھ اند] بانس کی بڑی ٹٹی۔

ٹٹر / ٹٹرا گھول نکھٹو آئے [ھ مثل] ا۔ شیخی بہت اور حقیقت کچھ نہیں۔ ۲۔ بیوقوف حاکم ہو اور ظلم کا ڈر ہو وہاں بھی کہتے ہیں۔

ٹُٹروں ٹوں [ھ صوت امث] ا۔ فاختہ اور ٹوٹرو کی آواز۔ ۲۔ (صف) اکیلا تن تنہا۔

ٹٹروں ٹوں رہ جانا [ا ر محاورہ] اکیلا رہ جانا اور کوئی نہ رہنا۔

ٹٹری [ھ امث] ا۔ ٹٹی۔ ڈھانچ۔ ۲۔ کھوپڑی۔ چندیا۔

ٹٹری پر بج رہی ہے [ا ر مثل] کسی کام میں دشواری پیش آنا۔

ٹٹری گرم کر دینا / چپت دینا [ا ر محاورہ] ا۔ بہت مارنا۔ ۲۔ حیثیت سے زیادہ خرچ کروا دینا۔

ٹٹری گلنا [ا ر محاورہ] ا۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ ۲۔ روپیہ خرچ ہونا۔

ٹٹری گنجی ہونا [ا ر محاورہ] ا۔ بہت پٹنا۔ ۲۔ بہت جوتے لگنا۔

ٹٹری مونڈنا [ا ر محاورہ] سر مونڈنا۔ حجامت کرنا۔

ٹٹ کارنا [ا ر مص] ا۔ دیکھیے "ٹٹخارنا"۔ ۲۔ ایڑی لگانا۔

ٹٹ کاری [ھ امث] دیکھیے "ٹٹخاری"۔ ۲۔ زبانی جمع خرچ۔ خواہ مخواہ کی کارگزاری۔ ۳۔ اشارہ۔ سیٹی کی آواز۔

ٹٹ کاری پر لگنا [ا ر محاورہ] ا۔ اشارہ یا سیٹی کی آواز پہ آنا۔ ۲۔ مانوس ہونا۔ ہل جانا۔ ۳۔ مطیع ہونا۔ تابع ہونا۔

ٹٹّو [ھ اند] ا۔ چھوٹا گھوڑا۔ یابو۔ ۲۔ زور۔ طاقت۔ قابو۔

ٹٹو بڑھانا [ا ر محاورہ] چلے جانا۔

ٹٹو پار ہونا [ا ر محاورہ] کام پورا ہونا۔ کامیابی ہونا۔

ٹٹو سے [ا ر متعلق فعل] بلا سے۔ بیزار سے۔

ٹٹو کو کوڑا اور تازی کو اشارہ [ا ر مثل] عقلمند اشارہ پر کام کرتا ہے اور بیوقوف ڈنڈے سے سمجھتا ہے۔

ٹٹوا [ھ اند] "ٹٹو" کی تصغیر۔ حقیر ٹٹو۔

ٹٹوانی [ھ امث] دیکھیے "ٹٹو" جس کی یہ تانیث ہے۔

ٹٹول [ھ امث] ا۔ ہاتھ سے چھونا یا مس کرنا۔ ۲۔ تلاش۔ ڈھونڈ۔

ٹٹول دیکھنا [ا ر محاورہ] ڈھونڈ لینا۔ تلاش کر لینا۔ ۲۔ امتحان کرنا۔

ٹٹول کرنا [ا ر محاورہ] تلاش کرنا۔ چھان بین کرنا۔

ٹٹول ہونا [ا ر محاورہ] دیکھیے "ٹٹول کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ٹٹولنا [ا ر مص] ا۔ ہاتھ سے محسوس کرنا۔ تلاش کرنا۔ چھو کر معلوم کرنا۔ ۲۔ عندیہ لینا۔ ۳۔ ہاتھ پھیرنا۔ ۴۔ خفیہ طور پہ دریافت یا معلوم کرنا۔ ۵۔ امتحان کرنا۔ آزمانا۔ پرکھنا۔

ٹٹو لواں [ا ر متعلق فعل] ٹٹول کر۔ اندازے سے۔ اٹکل پچو۔ اٹکل سے۔

ٹٹی [ھ امث] ا۔ بانس یا سرکنڈوں کا بنا ہوا چھوٹا چھپّر۔ ۲۔ پردہ۔ اوٹ ۳۔ بانس وغیرہ کا وہ ڈھانچا جس پر بیل چڑھاتے ہیں۔ ۴۔ خس کا چھپّر۔ ۵۔ آتش بازی کی دیوار۔ ۶۔ شکار کھیلنے کی آڑ۔ ۷۔ بانس کا ٹھاٹھر جس پہ چراغ رکھ کر روشنی کرتے ہیں۔ ۸۔ مہندی وغیرہ کی باڑ جو پردے کے طور پر لگاتے ہیں۔ ۹۔ آرائش جو بیاہ شادیوں میں لے جاتے ہیں۔ ۱۰۔ لمبی ڈاڑھی۔ ۱۱۔ پاخانہ۔ جائے ضرورت۔

ٹٹی باندھنا [ا ر محاورہ] ٹٹی بنا کر کسی جگہ لگانا۔

ٹٹی بندھنا [ا ر محاورہ] جمع ہونا۔ لوگوں کا اکٹھا ہو جانا۔

ٹٹی جانا [ا ر محاورہ] پاخانے جانا۔

ٹٹی کا آئینہ [ا ر اند] ایک قسم کا پتلا قلعی دار شیشہ۔

ٹٹی کترنا [ا ر محاورہ] مہندی کی ٹٹی کتر کر برابر کرنا۔

ٹٹی کی اوٹ / آڑ / اوجھل شکار کرنا / کھیلنا [ا ر محاورہ] در پردہ کوئی کام کرنا۔ چھپ کر عیب کرنا۔

ٹٹی کی اوٹ بیٹھنا [ا ر محاورہ] کمین گاہ میں بیٹھنا۔ خفیہ کوئی کام کرنا۔

ٹٹی لگانا [ا ر محاورہ] ا۔ بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا۔ ۲۔ ٹھٹ کھڑی کرنا۔ ۳۔ آڑ کرنا۔

ٹٹی لگ جانا / لگنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "ٹٹی لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ٹٹیا [ا ر امث] دیکھیے "ٹٹی" جس کی یہ تصغیر ہے۔

ٹٹیری [ھ امث] ا۔ ایک پرندہ۔ ۲۔ بچوں کا کھلونا جسے چکر دینے پر ٹٹیری کی آواز نکلتی ہے۔ ۳۔ بہت لاغر اور کمزور۔

ٹٹیری سے آسمان نہیں تھمتا / کہیں ٹٹیری سے آسمان تھمے گا [ا ر مثل] جب کوئی اپنی طاقت سے زیادہ کام کرنے کی کوشش کرے تو بولتے ہیں۔

ٹ ۔ ج

ٹُھجّا [ہ۔ صف] کم ظرف۔ تنگ دل۔ کم حوصلہ۔ اچھا۔ شیخی خورہ۔ پاجی۔

ٹ ۔ خ

ٹخنے سے دیدے کھلنا [ار۔ محاورہ] پدی آنکھوں کا کھلا ہونا۔
ٹخ ٹخ [ار۔ امث] گھوڑے گدھے کو ہانکنے کی آواز۔ ٹٹکاری۔
ٹخر ٹخر [ار۔ امث] بوڑھوں کی سی چال۔ آہستہ چال۔
ٹخنا [ار۔ امذ] پاؤں اور پنڈلی کے جوڑ کی ابھری ہوئی ہڈی۔ گٹا۔ کعب۔

ٹ ۔ ڈ

ٹڈا [ار۔ امذ] ۱۔ ایک قسم کا پردار کیڑا جو عموماً آک کے پودے پر ہوتا ہے ۲۔ پتلا دبلا آدمی۔
ٹڈی [ار۔ امث] ملخ۔ ایک پردار کیڑا جو زراعت کو نقصان پہنچاتا ہے۔
ٹڈی دل [ار۔ امذ] ۱۔ ٹڈیوں کا بڑا گروہ ۲۔ بہت ہجوم۔ بھیڑ بھاڑ۔
ٹڈی کا آنا کال کی نشانی [ار۔ مقولہ] چونکہ ٹڈی دل کھیتوں کو تباہ کر دیتا ہے اس لئے اس کا آنا قحط کی نشانی ہے۔

ٹ ۔ ر

ٹر [ار۔ امث] ۱۔ مینڈک کی آواز ۲۔ پوچ بات۔ بے ہودہ بات ۳۔ ہٹ۔ ضد ۴۔ شیخی۔ بڑائی ۵۔ [ار۔ امذ] ایک قسم کا بڑا لنگڑا ۵۔ عید کے دوسرے دن لگنے والا میلہ۔
ٹر ٹر [ار۔ امث] ۱۔ مینڈک کی آواز ۲۔ بک بک۔ جھک جھک ۳۔ کائیں کائیں ۴۔ گستاخی۔
ٹر ٹرانا [ار۔ مص] ۱۔ بک بک کرنا۔ بکواس کرنا ۲۔ رونا جھینکنا ۳۔ مینڈک کا بولنا۔
ٹر ہانکنا [ار۔ محاورہ] بے ہودہ بکنا۔ شیخی بگھارنا۔
ٹرّا [ار۔ صف] بدمزاج۔ شریر۔ سرکش۔ سخت کلام (گھوڑے اور آدمی کی صفت)
ٹرّاپن [ار۔ امذ] دیکھئے "ٹرّا" جس کا یہ اسم کیفیت۔
ٹرّانا [ار۔ مص] سخت کلامی کرنا۔ بڑ بڑانا۔ گستاخی کرنا۔ مینڈک کی آواز یا مینڈک کا بولنا
ٹرّا [ہ۔ امذ] دانہ۔ بادام کا دانہ۔ چھوٹا سنگ ریزہ۔ سپاری کا چھوٹا ٹکڑا۔
ٹرّا اناج [ہ۔ امذ] باجرا۔ موٹھ۔ جوار وغیرہ۔
ٹرافی [انگ۔ امث] (TROPHY) فتح کا نشان۔ کسی مقابلہ میں جیتا ہوا بڑا کپ۔
ٹرالی [انگ۔ امث] (TROLLEY) ۱۔ وہ ٹھیلا یا گاڑی جسے ریل کی لائن پر چلاتے ہیں ۲۔ پھیری والوں کا ٹھیلا ۳۔ وہ پہیہ جس سے بجلی کے تار لگا کر ٹرام وغیرہ چلاتے ہیں ۴۔ وہ پہیوں والی میز جس پر چائے کا سامان اور پھل وغیرہ رکھ کر لے جاتے ہیں۔
ٹرانسپورٹ [انگ۔ امث] (TRANSPORT) نقل و حمل۔ باربرداری۔ سامان کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔
ٹرانسفارمر [انگ۔ امذ] (TRANSFORMER) برقی رو کی طاقت کو گھٹانے بڑھانے کا آلہ۔
ٹرانس میٹر [انگ۔ امذ] (TRANSMITTER) پیغام بھیجنے کا آلہ۔ وہ آلہ جس کے ذریعہ ریڈیو کے پیغام نشر کئے جاتے ہیں۔
ٹراؤٹ [انگ۔ امث] (TROUT) ایک قسم کی خوش ذائقہ مچھلی۔
ٹرائی سائیکل [ار۔ امث] (TRI-CYCLE) تین پہیوں کی گاڑی جو بائیسکل کی طرح چلتی ہے۔
ٹربائن [انگ۔ امث] (TURBINE) پہیا۔ چرخ۔ جسے پانی، بجلی یا بھاپ کی قوت سے چلاتے ہیں۔
ٹربنگا / ٹیڑبنگا [ہ۔ صف] ٹیڑھا۔ بانکا۔ ترچھا۔
ٹرپ [ار۔ امذ] (TRIP) ۱۔ پھیرا ۲۔ سفر۔ سیر۔ سیاحت۔
ٹرپھس [ہ۔ امث] شرارت۔ اکھڑپن۔ بدمزاجی (افعال: کرنا۔ لانا)
ٹرخانا [ار۔ مص] ۱۔ ٹالنا۔ بہانہ کرنا ۲۔ بے دلی سے کرنا۔
ٹرفنل [ار۔ صف۔ مث] ۱۔ ذلیل اور بے ہودہ عورت ۲۔ بدتمیز، نالائق عورت۔ بے وقوف۔ بدکار۔ فاحشہ۔
ٹرخو (واؤ مجہول سے) [ار۔ صف۔ مث] ۱۔ بوڑھی مبتذل عورت ۲۔ ناپائیدار اور تھوڑی چیز۔
ٹرسٹ [انگ۔ امذ] (TRUST) ۱۔ وقف ۲۔ زیر تولیت جائیداد ۳۔ کئی تجارتی اداروں کا مشترکہ کاروبار۔
ٹرسٹی [انگ۔ صف] جس کے سپرد کسی ٹرسٹ کا انتظام ہو۔ متولی۔
ٹرف [انگ۔ امذ] (turf) ۱۔ گھاس کا میدان ۲۔ گھڑ دوڑ کا میدان۔
ٹرک [انگ۔ امذ] (TRUCK) ایک بڑی اور مضبوط موٹر گاڑی جو باربرداری کے کام آتی ہے۔
ٹرکانا [ار۔ مص] دیکھئے "ٹرخانا"
ٹرنک [انگ۔ امذ] (TRUNK) لوہے وغیرہ کا ہلکا صندوق جس میں کپڑے وغیرہ رکھتے ہیں۔
ٹرنک کال [انگ۔ امث] ٹیلیفون کے ذریعہ کسی دوسرے شہر یا ملک کو بھیجا جانے والا یا دوسرے شہر یا ملک سے آنے والا پیغام۔ کسی دوسرے شہر یا ملک میں کسی کو ٹیلیفون کرنا۔
ٹرّو [ہ۔ امذ] ۱۔ مینڈک ۲۔ ایک کھلونا جس پر چمڑا منڈھ کر پھراتے ہیں تو مینڈک کی سی آواز نکلتی ہے۔
ٹرواس [ہ۔ امث] بے ہودہ کلام۔ بکواس۔
ٹرواسن [ہ۔ صف مث] بے ہودہ بکنے والی عورت۔
ٹرواسی [ہ۔ صف مذ] بے ہودہ بکنے والا۔ بکواسی۔
ٹرے [انگ۔ امث] (TRAY) سامان کی کشتی۔ سینی۔ طباق۔
ٹرّیانا [ار۔ محاورہ] پر لپیٹ کر کبوتر کا اڑ جانا۔

ٹریجڈی [انگ۔ امذ] (TRAGEDY) ۱۔ المیہ۔ ایسا ڈرامہ جس کا انجام دردناک ہو۔ ۲۔ کوئی دردناک واقعہ۔ ۳۔ مصیبت۔ آفت۔
ٹریڈ مارک [انگ۔ امذ] (TRADE-MARK) تجارتی نشان جو موجد یا تاجر اپنی چیزوں کے لئے مقرر کرتا ہے۔ کاروباری امتیاز یا خصوصیت۔
ٹریڈ یونین [انگ۔ امث] (TRADE-UNION) کسی تجارتی ادارہ کے کارکنوں کی انجمن جو وہ اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے قائم کرتے ہیں۔
ٹریس [انگ۔ امذ] (TRACE) ۱۔ چربہ۔ خاکہ۔ ۲۔ کھوج۔ نشان۔
ٹریفک [انگ۔ امث] (TRAFFIC) آمد و رفت۔ انسانوں اور گاڑیوں کا سڑک پر سے گزرنا
ٹریکٹر [انگ۔ امذ] (TRACTOR) مشینی ہل۔ زمین جوتنے کی مشین۔
ٹریلر [انگ۔ امذ] (TRAILER) ۱۔ آنے والی فلم کے منتخب حصّے جو تعارف کے طور پر دکھاتے ہیں۔ ۲۔ پہیّوں والا چھکڑا جو کسی گاڑی کے پیچھے لگا دیتے ہیں۔
ٹریم [انگ۔ امث] (TRAM) بجلی سے چلنے والی گاڑی جو شہر کی سڑکوں پر ریل کی پٹڑی ڈال کر چلائی جاتی ہے۔
ٹرین [انگ۔ امث] (TRAIN) ریل گاڑی۔
ٹریننگ [انگ۔ امث] (TRAINING) تربیت۔ سکھائی۔
ٹرینڈ [انگ۔ صف] (TRAINED) تربیت یافتہ۔ سدھایا ہوا۔ مشّاق۔

ٹ۔ ڑ

ٹڑھ مونہا/منہا [ہ۔ صف مذ] ٹیڑھے منہ والا جس کا منہ ٹیڑھا ہو۔
ٹڑھ مونہی/منہی [ہ۔ صف۔ مث] دیکھئے "ٹیڑھا مونہا" جس کی یہ تانیث ہے

ٹ۔ س

ٹسر [ار۔ امث] ۱۔ کچا ریشم۔ ۲۔ ایک دیسی قسم کا ریشم اور اس کا کپڑا۔
ٹسر ٹسر رونا [ار۔ محاورہ] ۱۔ زار زار رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ ۲۔ ٹھنکنا۔ بسورنا۔
ٹسر مسر [ار۔ امث] وقفہ۔ توقف۔ ڈھیل۔ ہیر پھیر۔
ٹسری [ار۔ امث] ٹسر سے بنا ہوا کپڑا۔
ٹس سے مس نہ ہونا [ار۔ محاورہ] ۱۔ جنبش نہ کھانا۔ بالکل حرکت نہ کرنا۔ ۲۔ متاثر نہ ہونا۔ ذرا نہ پسیجنا۔ ۳۔ کسی چیز کا حرارت پہنچنے کے باوجود نہ گلنا۔
ٹسک [ار۔ امث] کسک۔ ٹیس۔ درد۔
ٹسکا [ار۔ امذ] بچوں کی ایسی کھانسی جس میں کھر کھر کی آواز نکلتی ہے [افعال: لگنا]
ٹسکانا [ار۔ مص] سرکانا۔ ہلانا۔
ٹسکنا [ار۔ مص] ۱۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ سرکنا۔ ۲۔ درد معلوم ہونا۔ ٹیس ہونا۔ ۳۔ کسی چیز کے اثر سے متاثر ہونا۔ ۴۔ گلنا۔ گداز ہونا۔
ٹسکنا [ار۔ مص] رونا۔ ٹسوے بہانا۔ بسورنا۔
ٹسن [ار۔ امث] ۱۔ کسی چیز کا بہت زیادہ تن جانے یا کس جانے سے پھٹنا۔ ۲۔ دراڑ۔ شگاف۔ ۳۔ تکرار۔ جھگڑا۔ ۴۔ بے ایمانی۔ ۵۔ فرق۔ بگاڑ۔
ٹسن کرنا رلانا [ار۔ محاورہ] ۱۔ جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔ ۲۔ شرارت کرنا۔ ۳۔ بے ایمانی کرنا۔
ٹسنا [ار۔ مص] زور یا دباؤ پڑنے سے کپڑے کا پھٹ جانا۔
ٹسوے [ار۔ امذ] جھوٹ موٹ کے آنسو۔
ٹسوے بہانا [ار۔ محاورہ] جھوٹ موٹ رونا۔ دکھاوے کے لئے رونا۔

ٹ۔ ش

ٹشو [انگ۔ امذ] (TISSUE) بافت۔ نسیج۔ باریک بُنی ہوئی چیز۔ ۲۔ ایک قسم کا کپڑا۔
ٹشو پیپر [انگ۔ امذ] (TISSUE-PAPER) ایک قسم کا باریک کاغذ جو حفاظت کے لئے تصویروں پر چڑھا دیتے ہیں۔

ٹ۔ ف

ٹفن [انگ۔ امذ] (TIFFIN) دیکھئے "ٹِفِن"
ٹفن کیریر [انگ۔ امذ] (TIFFIN-CARRIER) ناشتہ دان۔ کھانا لے جانے کا ڈبّہ۔

ٹ۔ ک

ٹک [ار۔ امث۔ ق] ۱۔ مزاج۔ طبیعت۔ خاصیت۔ ۲۔ نظر تاکنے کا عمل۔ ٹکٹکی۔
ٹک [انگ۔ صوت امث] (TICK) گھڑی کی آواز۔ گھڑی کی آواز سے مشابہ آواز۔
ٹِک ٹِک کرنا [انگ۔ ار۔ مص۔ مرکب] چلتے ہوتے گھڑی کا آواز دینا۔
ٹک [ار۔ صف و متعلق فعل] ۱۔ ذرا۔ کچھ۔ تھوڑا سا۔ ۲۔ ذرا سی دیر کے لئے (اب متروک ہے)
ٹک ٹک دیدم، دم نہ کشیدم [ار۔ مثل] دیکھے جانا مگر کچھ نہ کہنا۔ جب کوئی شخص حیرت کی وجہ سے کچھ بول نہ سکے اور ایسا کام اس کی نگاہوں کے سامنے ہو جائے جو قابل اعتراض ہو تو کہتے ہیں۔
ٹک ٹک کر کے من بھر کھائے، تنک بگیاں نام تباوے [ار۔ مثل] بہت کھانے کے بعد جو نخرے کرے اور خود کو کم خور ظاہر کرے اس کی نسبت کہتے ہیں۔
ٹک جیا تو کیا [ار۔ مثل] ذرا سی دیر آرام پایا تو کیا۔ تھوڑی سی راحت کا کیا لطف
ٹکا [ار۔ امذ] ۱۔ دو پیسے۔ ۲۔ دو پیسے کا سکہ۔ ۳۔ روپیہ۔ ۴۔ نقدی۔
ٹکا بھر [ار۔ صف مقداری] ۱۔ دو پیسے کے وزن کے برابر۔ ۲۔ ذرا سا تھوڑا سا
ٹکا پاس نہ ہونا [ار۔ محاورہ] مفلس ہونا۔ کنگال ہونا۔
ٹکا روٹی اب لے، چاہے تب [ار۔ مثل] اس سے زیادہ نہیں دیا جا سکتا
ٹکا سا جواب دینا [ار۔ محاورہ] صاف جواب دینا۔ قطعی انکار کر دینا۔
ٹکا سا دُم [ار۔ امذ] اکیلا۔ یکہ و تنہا۔

ٹکا کرائی اور گنڈا اودائی (ہ۔ شل) کسی چیز کی قیمت سے اس پر زیادہ خرچ ہونے پر کہتے ہیں۔
ٹکا کا نتھ میں ہونا (ار۔ محاورہ) مال دار ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔
ٹکا رہنا (ار۔ محاورہ) اپنی جگہ نہ چھوڑنا۔ ٹھہرا رہنا۔ سہارے پر کھڑا رہنا۔
ٹکانا (ار۔ مص) ا۔ سہارا لینا۔ ۲۔ بوجھ اتارنا۔ ۳۔ روکنا۔ ٹھہرانا۔ ۴۔ مکان یا سرائے میں جگہ دینا۔ ٹھہرانا۔ ۵۔ مارنا۔ لگانا۔ ۶۔ کسی چیز کے سہارے سے کھڑا کرنا۔
ٹکانی (ار۔ امث) بہل کی لکڑی۔ وہ لکڑی جو چھتری کے ڈنڈوں کی جھونک سنبھالنے کے لئے گاڑی میں لگاتے ہیں۔
ٹکاؤ (واؤ معروف سے) (ار۔ صف) دیرپا۔ پائدار۔ مضبوط۔
ٹکاؤ (واؤ مجہول سے) (ار۔ امذ) ٹھہراؤ۔ قیام۔ قرار۔ ٹھکانا۔
ٹکائی (ار۔ معاوضہ۔ مث) ا۔ ٹھہرنے کا کرایہ۔ ۲۔ ٹانکنے کی اُجرت
ٹکٹ (انگ۔ امذ) (TICKET) ا۔ ڈاک خانے یا عدالت کا چھوٹا سا مہر لگا ہوا کاغذ کا ٹکڑا۔ ۲۔ کاغذ کا وہ موٹا سا چھپا ہوا ٹکڑا جو ریل گاڑی یا جہاز میں سفر کرنے کے لئے کرایہ ادا کرنے پر ملتا ہے۔ ۳۔ کھیل تماشے یا نمائش وغیرہ میں داخل ہونے کا اجازت نامہ جو قیمت ادا کرنے پر ملتا ہے۔ ۴۔ سوداگری کے مال کا پرچہ، جس پر کارخانہ کا نام لکھا ہوتا ہے۔ ۵۔ الیکشن یا انتخاب میں امیدوار کھڑا ہونے کے لئے کسی سیاسی جماعت کا اجازت نامہ۔
ٹکٹ کٹنا / کٹانا (ار۔ محاورہ) چلا جانا۔ برخاست ہونا۔
ٹکٹ لگانا (ار۔ محاورہ) ا۔ لفافہ یا کاغذ وغیرہ پر ٹکٹ چسپاں کرنا۔ ۲۔ نمائش وغیرہ میں داخلہ کے لئے ٹکٹ مقرر ہونا۔
ٹکٹکی (ار۔ امث) ا۔ تاک۔ نظر۔ نظارہ کسی کی طرف غور یا حیرت سے تکنا۔ ۲۔ آنکھیں انتظار میں کھلی رہنا۔ ۳۔ ایک تپائی جس سے مجرموں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر بید یا کوڑے مارے جاتے ہیں۔ ۴۔ وہ ٹھٹر / ٹھٹھر جس پر ہندوؤں کی لاش رکھی جاتی ہے۔
ٹکٹکی باندھنا / لگانا (ار۔ محاورہ) غور سے دیکھنا۔ بغیر پلک جھپکے دیکھنا۔
ٹکٹکی پر کھڑا کرنا (ار۔ محاورہ) مرغوں کی لڑائی میں جب ایک مرغ لڑتے لڑتے مرجاتا ہے تو مرغ باز تین لکڑیاں زمین پر گاڑ کر مردہ مرغ / لاش کو ان لکڑیوں کے سہارے کھڑا کر دیتے ہیں اور پھر فاتح مرغ کو اس پر چھوڑتے ہیں۔ اگر وہ لات مار کر ٹکٹکی گرا دے تو فاتح مانا جاتا ہے اور اگر بغیر لات مارے چلا جائے تو بازی ہار جاتا ہے۔
ٹکٹکی سے باندھنا (ار۔ محاورہ) تپائی یا لکڑیوں کے ساتھ باندھ کر مجرموں کو مارنا۔
ٹکٹکی لگ جانا / لگنا (ار۔ محاورہ) نظر جمنا۔ غور سے دیکھا جانا۔ نظر لڑنا۔
ٹکٹھی (ہ۔ امث) دیکھیے "ٹکٹکی کے معنی ۳"
ٹکٹی (ہ۔ امث) دیکھیے "ٹکٹکی کے معنی ۳ و ۴" ۔ جنازہ۔ ارتھی۔
ٹکّر (ہ۔ امث) ا۔ دھکا۔ صدمہ۔ ٹھوکر۔ لڑ جانا۔ دو چیزوں کا ٹکرانا ۲۔ ماتھے / پیشانی پر ماتھے / پیشانی کا مارنا۔ ۳۔ مقابل۔ برابر ہمسر۔ ۴۔ نقصان۔ ضرر۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ ۵۔ مقابلہ۔ مٹھ بھیڑ برابری۔ ہمسری۔
ٹکّر اٹھانا (ار۔ محاورہ) دیکھیے "ٹکر جھیلنا"

ٹکّر جھیلنا (ار۔ محاورہ) ا۔ صدمہ۔ نقصان یا مصیبت برداشت کرنا۔ ۲۔ زبردست سے مقابلہ کرنا۔ اپنے سے بڑے کا سامنا کرنا۔
ٹکّر کھانا (ار۔ محاورہ) ا۔ لڑ جانا۔ مٹھ بھیڑ ہونا۔ ۲۔ صدمہ اٹھانا۔ ضرب کھانا نقصان اُٹھانا۔ ۳۔ مقابلہ کا ہونا۔ ہم پلّہ ہونا۔
ٹکّر لڑنا (ار۔ محاورہ) پیشانی دوسرے کی پیشانی پر مارنا
ٹکّر لگانا (ار۔ محاورہ) پیشانی کسی دوسری سخت چیز یا پیشانی پر مارنا۔
ٹکّر لگنا (ار۔ محاورہ) دیکھیے "ٹکر لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ٹکّر لینا (ار۔ محاورہ) ا۔ مقابلہ کرنا۔ ہمسری کرنا۔ ۲۔ پہلوانوں کا ایک دوسرے کو پیشانی سے مارنا۔ ۳۔ ہاتھیوں کا باہم ٹکرانا۔ ۴۔ مینڈھوں کا ٹکّر سے لڑنا۔ ۵۔ صدمہ سہنا۔ چوٹ سہارنا۔
ٹکّر مارنا (ار۔ محاورہ) ا۔ ٹکر لگانا۔ ۲۔ بے دلی سے سجدہ کرنا۔ دکھلاوے کی نماز پڑھنا۔ ۳۔ کوشش کرنا۔ ۴۔ مقابلہ کرنا۔ ما تھا لڑانا۔
ٹکّر اتا پھرنا (ار۔ محاورہ) تلاش کرتے پھرنا۔ ڈھونڈتے پھرنا۔ ۲۔ ڈانواں ڈول پھرنا۔
ٹکرانا (ار۔ مص) ا۔ ٹکر لگنا۔ لڑ جانا۔ بھڑ جانا۔ ۲۔ کسی چیز سے سر مارنا۔ ٹکّر لگانا۔ ۳۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ ۴۔ ڈانواں ڈول پھرنا۔ آوارہ پھرنا ۵۔ اندھیرے میں ٹٹولنا۔ پیشانی پر پیشانی مارنا یا کسی دوسری سخت چیز پر پیشانی مارنا۔
ٹکر ٹکر (ار۔ متعلق فعل) حیرت سے۔ حسرت سے۔ شوق سے۔
ٹکری (ہ۔ امث) ا۔ ایک درخت کا نام۔ ۲۔ ایک قسم کی زمین جو نمی محفوظ نہیں رکھتی۔
ٹکریں لڑنا (ار۔ محاورہ) دیکھیے "ٹکر لینا"
ٹکّریں مارنا (ار۔ محاورہ) دیکھیے "ٹکر مارنا"
ٹکڑ (ہ۔ امذ) ٹکڑی کا اسم مکبّر۔ ا۔ موٹی روٹی۔ ۲۔ ہاتھیوں کے کھانے کی روٹی۔
ٹکڑ (ہ۔ امذ) "ٹکڑا" کا مخفف ہے۔
ٹکڑ خور (ہ۔ ف۔ صف) ا۔ وہ شخص جو روٹی کے ٹکڑوں پر گزارہ کرے۔ ۲۔ طفیلیہ۔ لقمہ خور۔ ۳۔ ملازم۔ خادم (ترکیب غلط ہے)
ٹکڑ گدا (ہ۔ ف۔ صف) وہ فقیر جو دروازے دروازے بھیک مانگتا پھرے۔
ٹکڑا (ہ۔ امذ) ا۔ حصّہ۔ لخت۔ جُز۔ ریزہ۔ پُرزہ۔ پھانک۔ کھنڈ۔ ۲۔ روٹی۔ رزق۔ روزی۔ ۳۔ روٹی کا نوالہ۔ لقمہ۔ ۴۔ تقسیم۔ کسر ۵۔ فصل۔ فقرہ۔
ٹکڑا توڑ جواب دینا / ٹکڑا سا جواب دینا (ار۔ محاورہ) صاف جواب دینا۔ دو ٹوک جواب دینا۔ انکار کر دینا۔ بے مروّت ہو کر جواب دینا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔
ٹکڑا توڑ کر / سا۔ ہاتھ پر دھر / رکھ دینا (ار۔ محاورہ) دیکھیے "ٹکڑا توڑ جواب دینا"
ٹکڑا توڑنا (ار۔ محاورہ) کھانا کھانا۔
ٹکڑا ٹیڑا (ہ۔ امذ) ٹکڑا۔ ٹیڑا تابع مہمل ہے۔
ٹکڑا دینا (ار۔ محاورہ) روٹی دینا۔ رزق دینا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔
ٹکڑا مانگنا (ار۔ محاورہ) بھیک مانگنا۔ گدائی کرنا۔
ٹکڑا میسّر نہ آنا (ار۔ محاورہ) بھوکے مرنا۔ روٹی نہ ملنا۔
ٹکڑا نہ توڑنا (ار۔ محاورہ) بالکل نہ کھانا۔ بغیر شرکت کام نہ کرنا۔

ٹکر ٹکر [ا۔ متعلق فعل] دیکھیے "ٹکر ٹکر"

ٹکر ٹکر دیدم دم نہ کشیدم [ف۔ مثل] دیکھیے "ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم"

ٹکر ٹکر دیکھنا [ا۔ محاورہ] حسرت سے دیکھنا۔ حسرت یا شوق سے دیکھنا۔

ٹکڑوں پر پڑنا / پڑا ہونا [ا۔ محاورہ] دوسروں کے سہارے ہونا۔ دوسروں کی مفت کی روٹیاں کھانا۔

ٹکڑوں کا پلا ہوا [ا۔ صف] بچپنے کا رکھا ہوا ملازم۔ غلام۔ خانہ زاد

ٹکڑی [ھ امث] ا۔ چھوٹی روٹی۔ ۲۔ ایک درخت۔

ٹکڑی [ھ امث] ا۔ شیشے یا آئینے کا ٹکڑا۔ ۲۔ کبوتروں کا پرا۔ پرندوں کا غول ۳۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ ۴۔ فوج کا حصہ۔ ۵۔ کپڑے کا تھان۔ ۶۔ جواریوں کا مجمع جو جوا کھیلنے کے لئے اکٹھا ہوا ہو۔ ۷۔ کاتک شدی پور نماشی کے تھان کا میلہ۔

ٹکڑی دار [ھ ف۔ صف] ٹکڑی کا سردار۔ سرگروہ۔ افسر (ترکیب غلط ہے)

ٹکڑی لگنا [ا۔ محاورہ] ا۔ مجمع ہونا۔ ۲۔ جواریوں کا ایک جگہ جمع ہو کر جوا کھیلنا۔

ٹکڑے [ھ امذ] دیکھیے "ٹکڑا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

ٹکڑے اڑانا [ا۔ محاورہ] خوب مارنا۔ کھال اُڑانا۔ اعضا کا پارہ پارہ کرنا۔ کاغذ یا لباس کا پارہ پارہ کرنا۔

ٹکڑے اڑنا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ٹکڑے اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ٹکڑے پکانا [ا۔ محاورہ] روٹی یا نان / شیرمال کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے دودھ۔ گھی اور شکر میں پکانا۔

ٹکڑے پکنا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ٹکڑے پکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ٹکڑے توڑنا [ا۔ محاورہ] کسی کے پاس ہمیشہ کھانا۔ مفت خوری کرنا۔

ٹکڑے ٹکڑے کرنا [ا۔ محاورہ] پاش پاش کرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔ پُرزے پرزے کرنا

ٹکڑے ٹکڑے ہونا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ٹکڑے ٹکڑے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ٹکڑے دے دے بچھڑا پالا سینگ لگے جب لگیر مارن آیا [ھ مثل] سخت احسان فراموش یا ناشکرے کی نسبت کہا جاتا ہے۔

ٹکڑے کر ڈالنا / کرنا [ا۔ محاورہ] پُرزے کرنا۔ حصّے کرنا۔ تقسیم کرنا۔

ٹکڑے کھائے دن بہلائے۔ کپڑے پاٹے گھر کو آئے [ا۔ مثل] نکھٹو کی نسبت بولتے ہیں۔

ٹکڑے کے کارن مارے پھرنا [ا۔ محاورہ] پیٹ کی خاطر مارے مارے پھرنا۔ روزگار کی تلاش میں پھرنا۔

ٹکڑے لگانا [ا۔ محاورہ] ا۔ حصّے جوڑنا۔ ۲۔ کسی کے قصّے یا داستان میں اپنی طرف سے اضافہ کرنا۔ مختلف قصّوں کے ٹکڑے لے کر اپنی طرف سے ایک قصہ بیان کرنا۔

ٹکڑے مانگ کر پیٹ بھرنا [ا۔ محاورہ] بھیک مانگ کر گزارہ کرنا۔

ٹکڑے مانگ کھانا پونجی گانٹھ باندھنا [ا۔ مثل] اپنا خرچ دوسروں سے مانگ کر پورا کر لینا اور جو کچھ پاس ہو اسے چھپا رکھنا۔ عقلمند کنجوس ایسا کرتے ہیں۔

ٹکس [انگ امذ] (انگریزی TAX) کا مخفف۔ محصول۔ لاگ۔ لگان۔ مالگزاری

ٹکسال [ھ امث] سکّہ بنانے کی جگہ۔ کارخانہ۔ دارالضرب۔

ٹکسال باہر [ا۔ صف] ا۔ وہ سکّہ جو ٹکسال میں نہ بنا ہو۔ کھوٹا۔ جعلی سکّہ۔ ۲۔ غیر مستند۔ غیر معتبر۔ متروک۔ ۳۔ وہ شخص جو کسی فن میں کسی معتبر استاد کا شاگرد یا پیرو نہ ہو۔ ۴۔ وہ محاورہ جو اہل زبان نہ بولتے ہوں۔ ۵۔ بد اصل۔ بد نژاد۔ ۶۔ ان پڑھ۔ بد تہذیب۔

ٹکسال چڑھنا [ا۔ محاورہ] دارالضرب میں بننا یا پرکھا جانا۔ ۲۔ کھرا کھوٹا پرکھا جانا ۳۔ تعلیم حاصل کرنا۔ ۴۔ تہذیب یافتہ ہونا۔ ۵۔ کسی فن میں استاد مانا جانا۔ ۶۔ امتحان میں پورا اُترنا۔ ۷۔ رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ ۸۔ بے حیا ہو جانا۔ بے شرم ہو جانا۔ ۹۔ سند حاصل کرنا۔

ٹکسال کا کھوٹا / کھوٹا [ا۔ صف] ا۔ شریر۔ بدمعاش۔ کمینہ۔ حرام زادہ۔ حرامی۔ ۳۔ ٹکسال میں خراب شدہ۔ ۴۔ بد تہذیب۔ لاڈ سے خراب ہوا ہوا۔ وہ جس نے بچپنے میں خراب تعلیم و تربیت پائی ہو۔

ٹکسال میں دھکّا لگ جانا [ا۔ محاورہ] بہت خرچ ہو جانا۔

ٹکسالی [ا۔ صف] ٹکسال کی ضرب لگا ہوا۔ ا۔ کھرا۔ اصلی۔ درست ۲۔ جانچا ہوا۔ آزمودہ۔ ۳۔ فصیح۔ مستند۔ رائج۔ مانا ہوا۔ ۴۔ ٹکسال کا وارد عنہ یا انچارج۔

ٹکسالی آدمی [ا۔ امذ] ا۔ ایمان دار۔ کھرا۔ معتبر آدمی۔ ۲۔ طنزاً۔ بدمعاش۔ چالاک آدمی۔ مکّار آدمی۔ ۳۔ بے حیا۔ بے شرم آدمی۔

ٹکسالی بات [ا۔ امث] کھری بات۔ پکّی بات۔ جچی تلی بات۔

ٹکسالی بولی / زبان [ا۔ امث] مستند یا فصیح زبان۔

ٹکسالی دکان [ا۔ امث] سچّی۔ نامی دُکان۔

ٹکسالی روپیہ [ا۔ امذ] دارالضرب میں بنا ہوا روپیہ۔ کھرا روپیہ۔

ٹکسالیا [ا۔ امذ] دیکھیے "ٹکسالی کے معنی ۴"

ٹِکلی [ھ امث] ا۔ ماتھے کا ایک زیور۔ ٹیکا۔ ۲۔ دھات کا چھوٹا سا گول ٹکڑا۔ چھوٹی سی روٹی۔ ۳۔ بندی۔ ماتھے کا ستارہ۔

ٹِکنا [ا۔ مص] ا۔ ٹھہرنا۔ رُکنا۔ ۲۔ فروکش ہونا۔ اُترنا۔ قیام کرنا ۳۔ صبر کرنا۔ تحمل کرنا۔

ٹکنا [ا۔ مص] سیا جانا۔ ٹانکا جانا۔ ٹنکنا۔ ۲۔ گوٹا۔ موتی۔ مقیش وغیرہ لگنا ۳۔ کُندر یتی / سوہن کا تیز ہونا۔ ۴۔ پہ دیا جانا۔

ٹکنیک [انگ امث] دیکھیے "ٹیکنیک"

ٹکوا [ھ امذ] ا۔ چارہ کاٹنے کا اوزار (ٹوکہ) ۲۔ چھوٹی کلہاڑی۔

ٹکوانا [ا۔ مص] دیکھیے "ٹکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹکور [ہ امث] ہلکی چوٹ یا دھکّا۔ ٹھیس۔ ۲۔ سینک۔ بھوسی۔ ریت وغیرہ کی پوٹلی کو گرم کر کے سینکنا۔ تکمید۔ گرم کپڑا بار بار رکھنا۔ ٹپلش۔ ۳۔ نوبت۔ نقارے کی صدا۔ ٹنکار (افعال: کرنا۔ دینا۔ ہونا)

ٹکور کرنا [ا۔ مص مرکب] سینکنا۔ گرمی یا حرارت پہنچانا۔ پوٹلی وغیرہ سے سینکنا۔

ٹکورا [ہ امذ] ا۔ چھوٹا کچّا آم۔ کیری۔ ۲۔ چھوٹی کلہاڑی۔ ۳۔ چٹکی۔ ۴۔ ڈنکا۔ نوبت / ڈھول / نقارہ کی آواز۔

ٹکورنا [ا۔ مص] سینکنا۔ حرارت پہنچانا۔

ٹکہائی / ٹکھیائی [ھ امث] ادنٰے درجے کی کسبی۔ فاحشہ عورت جو ٹکے ٹکے کے عوض بُرا کرائے۔

ٹکّی [ھ امث] ا۔ چھوٹی روٹی۔ ٹکیا۔ ۲۔ رسوخ۔ تعلق۔ ۳۔ گزارہ۔ تھوڑی آمدنی۔

ٹکے لگنا [ار محاورہ] فائدہ حاصل ہونا مطلب کے موافق کام ہونا۔ دال گلنا۔ کامیابی ہونا۔

ٹکے [ار اند] دیکھیے "ٹکا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

ٹکے تیتر مہنگا۔ پانچ روپے سستا [ار مثل] مفلسی میں جو چیز ایک ٹکے میں مہنگی معلوم ہوتی ہے امیری میں وہ چیز زیادہ قیمت پر بھی سستی معلوم ہوتی ہے۔

ٹکے ٹکے بکنا [ار محاورہ] بہت کم قیمت ہونا۔ اپنی حیثیت کم کر دینا۔ بہت سستا بکنا

ٹکے ٹکے کے آدمی [ار صف] کم حیثیت آدمی۔ بے وقعت آدمی۔

ٹکے دھڑی کر دینا [ار محاورہ] بہت سستا بیچنا۔

ٹکے دھڑی لگا دینا [ار محاورہ] دیکھیے "ٹکے دھڑی کر دینا"

ٹکے دھڑی لگنا [ار محاورہ] بہت سستا بکنا۔

ٹکے سے گننا [ار محاورہ] ۱۔ فر فر پڑھنا۔ فراٹے بھرنا۔ ۲۔ کانپنا۔ سردی سے دانت بجنا۔ ۳۔ حقّہ کا تیز ہونا۔

ٹکے سیدھے کرنا [ار محاورہ] رقم حاصل کرنا۔ کام پورا کئے بغیر رقم حاصل کرنا۔ اونا پونا کر کے رقم پیدا کر لینا۔

ٹکے سیر مارے مارے پھرنا [ار محاورہ] بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا۔

ٹکے کا ٹھرا پینا [ار محاورہ] سستی شراب پینا۔ گھٹیا درجے کی عیاشی کرنا۔

ٹکے کا سارا کھیل ہے [ار مثل] سب دولت کے کرشمے ہیں۔

ٹکے کا کام کرنا [ار محاورہ] اپنے فائدہ کا کام کرنا۔

ٹکے کی اوقات [ار امث] کم حیثیتی۔ مفلسی۔ ذلّت

ٹکے کی بڑھیا نو ٹکے سر منڈائی [ار مثل] تھوڑے فائدے کے لئے بہت خرچ کرنا

ٹکے کی مرغی چھ ٹکے محصول [ار مثل] دیکھیے "ٹکے کی بڑھیا۔۔۔ الخ"

ٹکے کی نہاری میں ٹاٹ کا ٹکڑا [ار مثل] سستی چیز میں کچھ نہ کچھ نقصان ضرور ہوتا ہے

ٹکے کے پان (کی نونگ) بنیائن / بنیانی کھائے کھو ٹھسر رہے یا جائے [ار مثل] بنیوں کی کنجوسی پر طنزیہ کہتے ہیں۔

ٹکے کے واسطے مسجد ڈھانا [ار محاورہ] تھوڑے فائدے کیلئے کوئی ناجائز فعل کرنا۔

ٹکے گز کی [ار صف] بہت سستی۔

ٹکے گز کی چال چلنا [ار محاورہ] ۱۔ کفایت شعاری کرنا۔ معمولی خرچ کرنا۔ ۲۔ میانہ روی اختیار کرنا۔ کمینوں کی سی چالاکی کرنا۔ رذیل کام کرنا۔

ٹکے گنے لگنا [ار محاورہ] دیکھیے "ٹکے سے گننا"

ٹکے والی [ار امث] دیکھیے "ٹکہائی / ٹکھیائی"

ٹکیا [ار امث] ۱۔ چھوٹی روٹی۔ ۲۔ قرص۔ چکتی۔ ۳۔ وہ روٹی جو بیچے ہوئے تھوڑے آٹے سے پکائی جائے۔ ۴۔ تمباکو کی گولی جو چلم میں رکھ کر پیتے ہیں۔ ۵۔ پیشانی۔ ماتھا۔ ۶۔ ٹکری۔ ٹپری گٹی ہوئی دواؤں کا قرص جو چوٹ وغیرہ پر باندھتے ہیں۔ ۷۔ گلے ہوئے کوئلوں کا قرص جسے چلم میں تمباکو کے اوپر رکھ کر آگ لگاتے ہیں

ٹکیا چوٹی [ار امث] (عو) روٹی چرانے والی۔ بدنیت خادمہ۔ کمینی رذیل۔

ٹکیت [ھ صف] جس کے پلے ٹکے ہوں۔ امیر۔ دولت مند۔ مالدار۔

ٹکینا [ھ اند] ایک قسم کا ٹیکس جو چرائی پر لیا جاتا تھا۔

ٹ۔ گ

ٹگٹ [ار اند ق] ورق۔

ٹکر [ھ اند] ۱۔ جھگڑا۔ ۲۔ چھیڑ چھاڑ۔ شرارت۔ چہل۔ ۳۔ خیال کا ادھر اُدھر ہونا۔ ۴۔ گھبراہٹ بے چینی۔

ٹگرا [ھ صف] بھینگا۔ اینچا تانا۔ احول۔

ٹگرانا / ٹگھرانا [ھ معں] ۱۔ اِدھر اُدھر چلانا۔ حرکت دینا۔ ۲۔ تیل ملنا۔ ۳۔ لڑھکانا۔ ڈھلکانا۔ ۴۔ بہانا۔

ٹگھلانا [ھ معں] پگھلانا۔ گلانا۔ پتلا کرنا۔

ٹگھلنا [ھ معں] دیکھیے "ٹگھلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ٹ۔ ل

ٹل [ار فعل] "ٹلنا" مصدر کا صیغہ امر۔

ٹل جانا [ار معں مرکب] ۱۔ جگہ سے ہٹنا۔ ۲۔ کسی کام سے باز رہنا۔ ۳۔ ہٹ جانا۔ ۴۔ اِدھر اُدھر ہو جانا۔ ۵۔ غائب ہو جانا۔ چشم پوشی کرنا۔ بھاگ جانا۔ ۶۔ گزر جانا۔ بیت جانا۔ ۷۔ آہستہ آہستہ کھسک / چلا جانا۔

ٹلّا [ھ اند] ۱۔ دھکا۔ ٹھوکر۔ ضرب۔ ۲۔ جماع کے وقت کی ضرب۔ گھسا۔ رگڑا

ٹلّا / ٹلّے نویسی [ہ امث] بے فائدہ کام۔ بے سود کام۔ بے کاری۔ وقت بیکار ضائع کرنا۔

ٹلّا / ٹلّے نویسی کرنا [ار محاورہ] بے کار پھرنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔ تضیع اوقات کرنا۔

ٹلانا [ار معں] دیکھیے "ٹلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ٹلٹلانا [ار معں] ۱۔ دستوں کا آواز سے آنا۔ دستوں کی آواز نکلنا۔ ۲۔ بکواس کرنا۔

ٹلٹل کرنا [ار محاورہ] بد زبانی کرنا۔

ٹلٹلی چلنا [ار محاورہ] دست آنا۔

ٹلکنا [ھ معں] ۱۔ آہستہ آہستہ چلنا۔ بوڑھوں کی طرح چلنا۔ ۲۔ پھل کا گرنا۔

ٹلّم [ھ صف] مہمل۔ بے کار۔ ۲۔ فضول آدمی۔

ٹلملانا [ار معں] ۱۔ لڑکھڑانا۔ ۲۔ خواہش پیدا کرنا۔ ترسانا۔ للچانا۔

ٹلنا [ار معں] دیکھیے "ٹل جانا"

ٹلوا [ھ صف مذ] ۱۔ گرہ دار ٹیڑھی لکڑی۔ ۲۔ سر مونڈنے کا استرا۔ ۳۔ خوشامدی چاپلوس۔ ۴۔ چھوٹے قد کا۔ ٹھگنا۔ ۵۔ (بازی گروں کی اصطلاح میں) بے وقوف۔ احمق۔

ٹلّی لّی [ار امث] بچے کی انگلی ہلا کر چڑانے کی آواز۔

ٹلیا [ھ امث] چوزہ۔ پٹھا۔ مرغی کا بچہ۔ چھوٹی مرغی۔ طنزاً موٹی نوجوان عورت

ٹلّیں [ار امث] گپیں۔ زٹل۔

ٹلّیں مارنا [ار محاورہ] زٹل ہانکنا۔ گپیں مارنا۔

ٹ۔ م

ٹمّا [ہ اند] چھوٹے قد کا آدمی۔ بونا۔ ٹھگنا۔ دبلا پتلا چھوٹے قد کا آدمی۔

ٹمّا بمّا [ہ صف] رذیل۔ کمینہ۔ ایرا غیرا۔

ٹماخ / ٹماک [ہ امث] ۱۔ عورتوں کا بناؤ سنگھار۔ کروفر۔ ٹیم ٹام۔ ٹیپ ٹاپ ٹھسا۔ نمود۔ ۲۔ غرور۔ نخوت۔

ٹمپا [ار اند ۔ ق] کُپّا۔

ٹمٹم [ار امث] (انگریزی tandem کا مورد) ایک دو پہیے کی گاڑی جو گھوڑے سے چلتی ہے ۔ اس پر ٹپ نہیں ہوتا ۔ دو سوار آگے اور چار پیچھے بیٹھتے ہیں ۔

ٹمٹم [ھ امث] چھوٹا تاشا ۔ یا ۔ ڈھول ۔ ۲ ۔ ڈھول یا طبلے کی آواز ۔

ٹمٹم [ھ امث] ہلکی ہلکی بارش ۔ پھوہار ۔ ۲ ۔ ہلکی سی آواز ۔

ٹمٹمانا [ار مص] ا ۔ ستاروں کی طرح روشنی دینا ۔ جھلملانا ۔ کم کم روشنی دینا ۔ ۲ ۔ چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا ۔ ۳ ۔ مرنے کے قریب ہونا ۔ دم واپسیں ۴ ۔ ذرا سی آنکھیں کھولنا ۔

ٹمٹماہٹ [ھ امث] ہلکی روشنی ۔ جھلملاہٹ ۔

ٹمکنا [ھ امذ] ا ۔ نشان ۔ ۲ ۔ بٹن ۔ مروڑی ۔ ۳ ۔ بُھٹنی ۔ سرپستان ۔

ٹمکی [ھ امث] چھوٹا تاشہ ۔ چھوٹا نقارہ ۔

ٹمکی پیٹنا [ار محاورہ ۔ مذ] ڈھنڈورا پیٹنا ۔

ٹمنا [ار مص ق مذ] چھیڑنا ۔

ٹ ۔ ن

ٹن [ھ امث] ا ۔ گھنٹے کی آواز ۔ جھنکار ۔ کسی دھات کے برتن کی آواز ۲ ۔ خود پسندی ۔ بدمزاجی ۔ شیخی ۔

ٹن [انگ امذ] (TON) ا ۔ ایک انگریزی وزن جو ۲۰ ہنڈرڈ ویٹ ۔ ۸۰ کوارٹر یا ۲۲۴۰ پونڈ یا ۲۸ من کے برابر ہوتا ہے ۔

ٹن [انگ امث] (TiN) ایک ملائم دھات کا نام قلعی ۔ رانگ و ہے کی پتلی چادر جس پر قلعی ہوتی ہے ۔

ٹن ٹن [ھ امث] گھنٹے کی آواز ۔ دھات کے برتن کی آواز ۔

ٹن ٹن کرنا [ار مص مرکب] ٹن ٹن کی آواز دینا ۔

ٹنا [ھ امذ] ا ۔ اندام نہانی کا درمیانی گوشت ۔ ۲ ۔ (دلی کے بازاریوں کی زبان میں) اندام نہانی ۔

ٹنا [ھ امذ] وہ لکڑی جس میں پھل لگا ہوتا ہے ۔ ڈنڈی ۔ پھل کی شاخ ۔

ٹنانا [ھ مص] دیکھیے "ٹنانا" ۔

ٹنٹا [ھ امذ] جھگڑا ۔ فساد ۔ لڑائی ۔ تکرار ۔ ردوکد ۔

ٹنٹا مت کر جب تلک بن ٹنٹے ہووے کام / ٹنٹا بس کی بیل ہے یا کامت لے نام [ار مثل] جب تک ہو سکے کسی کام میں جھگڑا نہ کرے ۔ جھگڑے میں نقصان ہی ہوتا ہے ۔

ٹُنٹا [ھ صف] دلی ۔ ٹُنڈا ۔ بے ہاتھ کا آدمی ۔ ہاتھ کٹ ۔

ٹنٹنانا [ھ مص] ٹن ٹن کرنا ۔ گھنٹہ بجانا ۔

ٹنچ [ھ صف] ا ۔ حقیر ۔ کم مایہ ۔ کم ظرف ۔ ۲ ۔ بہت تھوڑا ۔ خفیف ۔ ذرا سا ۔

ٹنچ بھڑانا / لڑانا [ار محاورہ] تھوڑے سرمائے سے بڑا کام کرنا ۔ تھوڑی پونجی سے جوا کھیلنا اور آہستہ آہستہ جیتنا ۔

ٹنچ [ھ صف] ا ۔ تیار ۔ آمادہ ۔ مستعد ۔ لیس ۔ ۲ ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔ شوم ۔ ۳ ۔ سنگدل ۔ بے رحم ۔ ۴ ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔

ٹنچ بنا ہوا ہے [ار مثل] بڑا مستعد ہے ۔ تیار ہے ۔ پرپرزے سے درست ہے ۔

ٹنچ رہنا [ار محاورہ] لیس رہنا ۔ مستعد رہنا ۔ مسلح رہنا ۔

ٹنچن / ٹنچُن [ار صف] (انگریزی ATTENTION کا بگاڑ) تیار ، آمادہ ، مستعد ، چالاک ۔ ہوشیار ۔ لیس ۔

ٹنڈ [ھ امث] بدھنا ۔ لوٹا ۔ وہ مٹی یا لوہے کا برتن جو رہٹ میں پانی نکالنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔

ٹُنڈ [ھ امذ] ا ۔ کٹا ہوا ہاتھ ۔ ۲ ۔ کٹی ہوئی درخت کی ٹہنی ۔ ۳ ۔ ہاتھ کا وہ حصہ جو کٹنے کے بعد رہ جائے ۔ ۴ ۔ موٹی لکڑی جس میں شاخیں نہ ہوں ۔ ۵ ۔ کٹی ہوئی دم ۔

ٹُنڈ مُنڈ [ھ صف] دیکھیے "ٹنڈ منڈ" ۔

ٹنڈا [ھ صف] بن ہاتھ کا ۔ ہاتھ کٹا ۔ لُنجا ۔

ٹنڈا [ھ امذ] ایک قسم کی گول ترکاری ۔ ٹنڈسی ۔ ۲ ۔ موٹا اور ٹھگنا آدمی ۔

ٹنڈر [انگ امذ] (TENDER) ٹھیکے کی درخواست جس پر نرخ کی تفصیل دی ہوئی ہو [افعال : ۔ بھیجنا ۔ دینا ۔ مانگنا ۔ لینا ۔]

ٹنڈوار [ھ امث] لکڑیاں جو مکان کی دیواروں میں چھت کے نیچے چادر باندھنے کے لئے لگا دیتے ہیں ۔

ٹُنڈی [ھ امث] ا ۔ ناف ۔ ۲ ۔ بازو ۔ ڈنڈ ۔ ۳ ۔ (صف) وہ عورت جس کا ایک ہاتھ ہو ۔

ٹُنڈیاں [ھ امث] آدمی کے دونوں بازو ۔

ٹنڈیاں باندھنا / کسنا [ار محاورہ] کسی کے دونوں ہاتھ باندھ دینا ۔ مشکیں کسنا ۔ پکڑا جانا ۔ گرفتار ہونا ۔

ٹَنڈَیل [ھ امذ] قلیوں یا خلاصیوں کا افسر ۔ میگزین کا جمعدار وغیرہ ۔

ٹنک [ھ امث] سخت آواز ۔ جھنکار ۔

ٹنکار [ھ امث] ا ۔ تانت کی آواز یا غلیل کی آواز ۔ ۲ ۔ آواز ۔ جھنکار ۔

ٹنکارنا [ھ مص] جھنکارنا ۔ بجانا ۔ آواز نکالنا ۔ ۲ ۔ کمان کی تانت کھینچ کر آواز نکالنا ۔ ۳ ۔ مٹی کے برتن کو بجا کر دیکھنا کہ ٹوٹا ہوا تو نہیں ہے ۔

ٹنکانا [ار مص] دیکھیے "ٹانکنا" جس کا یہ متعدی ہے (سینا ۔ پرونا)

ٹنکائی [ار امث] ا ۔ ٹانکنے سینے کی اجرت ۔ ۲ ۔ سلائی ۔

ٹنکنا [ار مص] ا ۔ سیا جانا ۔

ٹنکور [ھ امث] دیکھیے "ٹنکار" ۔

ٹنگ [ھ امث] دیکھیے "ٹانگ" جس کا یہ مخفف ہے ۔

ٹنگار [ھ امث] ا ۔ ٹھوڑا ٹھوڑا کھانا ۔ ۲ ۔ ٹھونگنا ۔ ۳ ۔ پھل توڑنا ۔

ٹنگارنا [ھ مص] چونچ مارنا ۔ تھوڑا تھوڑا کھانا ۔ پھل توڑنا ۔ پوشاک کو اکٹھا کرنا ۔

ٹنگاری [ھ امث] چھوٹی کلہاڑی ۔

ٹنگانا [ار مص] دیکھیے "ٹانگنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

ٹنگڑی [ھ امث] دیکھیے "ٹانگ" جس کی یہ تصغیر ہے ۔

ٹنگ شال [ھ امذ] دیکھیے "ٹکسال" جس کی یہ قدیم صورت ہے ۔

ٹنگنا [ار مص] دیکھیے "ٹانگنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

ٹنگنا [ھ امث] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

ٹنگیانا [ار مص] اڑنگانا ۔

ٹنہار / ٹنہایا [ھ صف مذ] جادوگر ۔ ٹونا کرنے والا ۔

ٹُنیا/ٹُنہیا/ٹُنہائی (ہ صف مث) دیکھیے "ٹنہار/ٹنہایا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ٹُنیا (ہ صف) بہت چھوٹا ، ٹھگنا ، بونا
ٹُنیا طوطا (ہ امذ) ایک قسم کا بہت چھوٹے سے قد کا طوطا جو خوب بولتا ہے۔

ٹ ۔ و

ٹُوا (ہ ۔ امذ ۔ ق) ٹٹول ۔ تلاش۔
ٹُوا ٹُوئی (ہ ۔ امث) ٹٹول ۔ تلاش ۔ چھونا۔
ٹُوپ (ار ۔ امذ) (ٹوپی کا اسم کبیر) ۱۔ بڑی ٹوپی جس سے کان ڈھک جاتے ہیں ۲۔ سردیوں میں پہننے کی اونچی ٹوپی۔ ۳۔ لوہے کی ٹوپی ۔ خود ۔ مغفر۔ ۴۔ غلاف ۔ پوشش۔ ۵۔ انگشتانہ۔
ٹوپا (ار ۔ امذ) ۱۔ ٹانکا ۔ سیون ۔ سلائی ۔ ۲۔ ٹوپ ۔ کن ٹوپ۔
ٹوپا بھرنا (ار ۔ محاورہ) سینا ۔ ٹانکا لگانا۔
ٹوپن (ار ۔ امذ ۔ ق) ۱۔ ٹوپ ۔ ۲۔ منہ بند کرنے کی چیز۔
ٹوپنا (ار ۔ مص ۔ ق) ۱۔ مٹی ڈال کر چھپانا ۔ دفن کرنا ۔ ۲۔ درخت یا درخت کی شاخ زمین میں لگانا ۔ ۳۔ لٹکانا ۔ آویزاں کرنا ۔ ۴۔ کچی سلائی کرنا ۔ ۵۔ ٹھونسنا۔
ٹوپی (ار ۔ امث) ۱۔ سر کی پوشش ۔ کلاہ ۔ ۲۔ بندوق کا پٹاخا ۔ ۳۔ شکاری جانوروں کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی ۔ ۴۔ حشفہ ۔ سرِ ذکر۔ ۵۔ پھل کے اوپر کا خول ۔ ۶۔ یورپ کی مختلف قومیں۔
ٹوپی اتارنا (ار ۔ محاورہ) ۱۔ ٹوپی سر سے الگ کرنا ۔ ۲۔ بے عزتی کرنا ۔ توہین کرنا۔
ٹوپی اچھالنا (ار ۔ محاورہ) ۱۔ وجد کرنا ۔ خوشی کرنا ۔ ۲۔ پگڑی اچھالنا ۔ بے عزتی کرنا۔
ٹوپی اچھلنا (ار ۔ محاورہ) دیکھیے "ٹوپی اچھالنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ٹوپی اوڑھنا (ار ۔ محاورہ) ٹوپی سر پر رکھنا۔
ٹوپی بدل بھائی (ار ۔ امذ) وہ دوست جس کو ٹوپی بدل کر دینی یا دنیاوی طور پر بھائی بنا لیا جاتا ہے۔
ٹوپی بدلنا (ار ۔ محاورہ) کسی کو بھائی بنانا ۔ بھائی چارہ کرنا ۔ اتحاد پیدا کرنا۔
ٹوپی پر ہاتھ ڈالنا (ار ۔ محاورہ) پگڑی اتارنا ۔ بے عزتی کرنا ۔ توہین کرنا۔
ٹوپی پہنانا (ار ۔ محاورہ) کسی کے سر پر ٹوپی رکھنا۔
ٹوپی پہننا (ار ۔ محاورہ) دیکھیے "ٹوپی اوڑھنا"۔
ٹوپی چڑھانا (ار ۔ محاورہ) شکاری پرندوں کے سر پر غلاف چڑھانا تاکہ اُن کی آنکھیں بند ہو جائیں۔
ٹوپی دار بندوق (ار ۔ امث) وہ بندوق جو پٹاخے کے ذریعہ چلتی تھی۔
ٹوپی دینا (ار ۔ محاورہ) ٹوپی پہنانا۔
ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیے (مقولہ) مشورہ کے بغیر کوئی کام نہیں کرنا چاہیے
ٹوپی والا (ار ۔ امذ) ۱۔ مشرقی ۔ ۲۔ قزلباش ۔ ۳۔ درانی فوج کا سپاہی ۔ ۴۔ فرنگی۔
ٹوتھ برش (انگ ۔ امذ) (TOOTH-BRUSH) دانت صاف کرنے کا برش ۔ مسواک
ٹوتھ پیسٹ (انگ ۔ امث) (TOOTH-PASTE) دانت صاف کرنے کی لئی سی۔
ٹوٹ (ار ۔ امث) ۱۔ پھوٹ ۔ ٹوٹن ۔ شکستگی ۔ ۲۔ وہ عبارت یا لفظ یا فقرہ جو تصحیح کرتے وقت حاشیہ پر چڑھا دیتے ہیں۔
ٹوٹ پڑنا (ار ۔ محاورہ) ۱۔ کسی کام میں پوری طرح لگ جانا ۔ ۲۔ حملہ کرنا ۔ دھاوا کرنا
۳۔ پل پڑنا ۔ بہت خواہش ظاہر کرنا ۔ ۴۔ کسی چیز کے خریدنے یا لینے پر ہجوم کرنا ۔ ۵۔ نازل ہونا ۔ یک بارگی آ جانا ۔ ۶۔ گر پڑنا۔
ٹوٹ پھوٹ (ار ۔ امث) ۱۔ ٹوٹن پھوٹن ۔ ۲۔ شکستگی ۔ چورا ۔ ۳۔ چھانٹ ریزہ ۔ ریزگاری۔
ٹوٹ پھوٹ کر ملنا / ایک ہو جانا (ار ۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے ہو کر مل جانا ۔ ایک جان ہو جانا۔
ٹوٹ پھوٹ ہونا (ار ۔ محاورہ) ۱۔ چیزوں کی لدائی یا تیاری میں کچھ کا ٹوٹ جانا ۔ سامان وغیرہ رکھنے یا اٹھانے میں کچھ ٹوٹ جانا۔
ٹوٹ ٹوٹ کر / کے (ار ۔ محاورہ) ۱۔ لگاتار ۔ تار باندھ دینا ۔ ۲۔ کسی ایک فریق سے کٹ کر دوسرے سے ملنا۔
ٹوٹ ٹوٹ کر / کے برسنا (ار ۔ محاورہ) شدت سے مینہ برسنا۔
ٹوٹ جانا (ار ۔ محاورہ) ۱۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔ پھوٹ جانا ۔ شکستہ ہو جانا ۲۔ بیماری کی وجہ سے نڈھال ہو جانا ۔ ۳۔ مفلس ہو جانا ۔ تباہ ہو جانا ۔ ۴۔ راستے میں ہمراہیوں سے چھوٹ جانا ۔ ۵۔ علیحدہ ہو جانا ۔ کٹ جانا ۔ ۶۔ ہڈیوں اور جوڑوں میں درد ہونا ۔ ۷۔ کنوئیں میں پانی نہ رہنا۔
ٹوٹ کر / کے (ار ۔ متعلق ۔ فعل) ۱۔ شدت سے ۔ کثرت سے ۔ ۲۔ بڑی کوشش سے ۔ ۳۔ کسی ایک طرف سے قطع تعلق کر کے۔
ٹوٹ کر / کے آنا (ار ۔ محاورہ) ۱۔ کسی کی رفاقت چھوڑ کر آنا ۔ ۲۔ بے حد شوق کے ساتھ آنا
ٹوٹ کر / کے دل آنا (ار ۔ محاورہ) بُری طرح عاشق ہونا۔
ٹوٹ کر / کے گرنا (ار ۔ محاورہ) ہجوم کر کے حملہ کرنا ۔ چاروں طرف سے گرنا ۔ ہمہ تن متوجہ ہو کر کسی کام میں مصروف ہونا۔
ٹوٹا (ار ۔ صف مفعولی) ۱۔ ٹوٹا ہوا ۔ پھوٹا ہوا ۔ شکستہ ۔ ۲۔ بہت طلب ۔ مفلس ۔ خستہ
ٹوٹا بانس کبیرے کے سر (ار ۔ مثل) خراب چیز کسی کے کام کی نہیں ہوتا، وہ مالک کو لوٹا دی جاتی ہے۔
ٹوٹا پھوٹا (ار ۔ صف) ۱۔ ناقص ۔ شکستہ ۔ ۲۔ ادنیٰ ادھورا ۔ ۳۔ نامکمل۔
ٹوٹا (واؤ مجہول سے) (ار ۔ امذ) ۱۔ نقصان ۔ گھاٹا ۔ خسارہ ۔ ۲۔ کمی ۔ توڑا ۔ ۳۔ معاوضہ ۔ تاوان ۔ ۴۔ بانس کا ٹکڑا ۔ ۵۔ موم بتی کا بچا ہوا ٹکڑا ۔ ۶۔ تنگی ۔ مفلسی ۔ ناداری ۔ ۷۔ ایک قسم کی آتشبازی ۔ ۸۔ چاول کا چورا ۔ کنی۔
ٹوٹا اٹھانا / سہنا (ار ۔ محاورہ) نقصان برداشت کرنا ۔ خسارہ اٹھانا۔
ٹوٹا بھرنا / دینا (ار ۔ محاورہ) تاوان دینا ۔ نقصان پورا کرنا ۔ معاوضہ دینا۔
ٹوٹا پڑنا / ہونا (ار ۔ محاورہ) کمی پڑنا ۔ نقصان ہونا ۔ خسارہ ہونا۔
ٹوٹا کرے منہ کو کالا ، ٹوٹنے والا حکمت کا سالا (ہ ۔ مثل) نقصان آدمی کو ذلیل کر دیتا ہے۔
ٹوٹرو (ار ۔ امذ) ۱۔ فاختہ کی قسم کا ایک پرندہ جو فاختہ سے چھوٹا ہوتا ہے ۔ ۲۔ ٹھنگ کا فضلہ یا پھوک۔
ٹوٹرو سا (ار ۔ صف) اکیلا ۔ تنہا ۔ واحد۔
ٹوٹرو سا دم (ار ۔ امذ) اکیلا دم ۔ تن تنہا ۔ اکیلی جان۔
ٹوٹکا (ار ۔ امذ) جادو ۔ افسوں ۔ ٹونا ۔ جنتر منتر ۔ ۲۔ وہ عمل جو عورتیں کسی مرض کے دفعیہ یا کسی مطلب کے حصول کے لئے کرتی ہیں۔ [انفعال ۔ کرنا]

ٹوٹکا کہنے آنا [ار- محاورہ] آکر جلد چلے جانا۔ کھڑے کھڑے آنا۔
ٹوٹکا ہونا [ار- محاورہ] جادو ہونا۔ ٹونا ہونا۔ کسی بات کا جلدی سے ہو جانا۔
ٹوٹکوں سے کام نہیں نکلتے ہیں [ار- مثل] معمولی تدبیر سے بڑے کام انجام نہیں پاتے۔
ٹوٹکے والی [ھ صف مث] وہ عورت جو ہر ایک کے بچوں اور بچوں والی عورتوں پر جادو ٹونا کرتی پھرے۔
ٹوٹن [ھ امث] ۱۔ کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ۔ ۲۔ چورا۔ ٹکڑے۔ ۳۔ ان بن کے بعد میل جول کی بندش۔
ٹوٹن (واؤ مجہول سے) [ھ اند] مرغ بازی کے لئے تیار کئے ہوئے مرغ کی چونچ
ٹوٹنا [ار مص] ۱۔ شکست ہونا۔ ٹکڑے ہونا۔ ۲۔ کسی پر ہجوم کرنا ۔ مل کر حملہ کرنا۔ ۳۔ جھکنا۔ گرنا۔ ۴۔ زور شور سے مائل ہونا۔ ۵۔ علیحدہ ہونا جدا ہونا۔ اکھڑنا۔ ۶۔ گروہ کا مخالف سے مل جانا۔ گروہ کا جرگہ میں بگڑ جانا۔ ۷۔ کم ہونا۔ تہہ نکل آنا۔ ۸۔ پھوٹنا۔ نہر یا نالی کے اندر سے پانی باہر نکل آنا۔ ۹۔ کمی ہونا۔ قلت ہونا۔ ۱۰۔ کمزور ہونا۔ طاقت نہ رہنا ۱۱۔ مفلس ہو جانا۔ تنگدست ہو جانا۔ ۱۲۔ اعضا شکنی ہونا۔ جوڑوں میں درد ہونا۔ ۱۳۔ پھل اترنا۔ ۱۴۔ گھٹنا۔ خسارہ ہونا۔ ۱۵۔ واقع ہونا۔ وارد ہونا۔ ۱۶۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ ۱۷۔ چھٹنا۔ ۱۸۔ زیر بار ہونا۔ ۱۹۔ نرخ کم ہونا۔ ۲۰۔ ہجوم ہونا۔ ۲۱۔ کسی کی رفاقت سے علیحدگی اختیار کرنا۔ ۲۲۔ روزہ یا وضو کا فاسد ہو جانا۔ ۲۳۔ موت آنا۔ زندگی ختم ہو جانا۔
ٹوٹنا پھوٹنا [ار محاورہ] شکستہ ہونا۔ سالم نہ رہنا۔
ٹوٹی [ار صف مث] دیکھئے "ٹوٹا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ٹوٹی بانہہ گل جندڑی [ار مثل] ۱۔ اپنی خراب چیز کو بھی سر چڑھانا۔ ۲۔ غریب اور معذور بھائی کا بوجھ اٹھانا۔
ٹوٹی بانہہ گلے پڑنا [ار محاورہ] ۱۔ کسی عزیز و اقارب کا خرچ اپنے ذمہ پڑنا۔
ٹوٹی ٹانگ پاؤں نہ ہاتھ، کہیں چلوں گھوڑوں کیسا تھ [ار مثل] اس نادان اور بیوقوف آدمی کو کہتے ہیں جو نہ قابلیت رکھتا ہو اور نہ ساماں۔ مگر بڑا کام کرنا شروع کرے جو بڑے بڑوں سے بھی نہ ہو سکے۔
ٹوٹی کمان میں دونوں کو ڈر ہوتا ہے [ار مثل] دشمن تیر سے ڈرتا ہے اور چلانے والا نشانہ کے خطا ہونے سے ڈرتا ہے۔
ٹوٹی کی بوٹی نہیں [ار مثل] موت کا کوئی علاج نہیں۔
ٹوٹی ہے تو کسی سے جڑتی نہیں اور جڑی ہے تو کوئی توڑ سکتا نہیں [ار مثل] زندگی ختم ہو گئی ہو تو کوئی علاج نہیں، اگر زندگی ہے تو کوئی کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔
ٹوٹے بال کھونسنا [ار محاورہ] کنگھی کرتے ہوئے ٹوٹے ہوئے بالوں کو دیوار کے سوراخ میں ٹھونس دینا۔
ٹوٹے پڑنا [ار محاورہ] ۱۔ ایک پر ایک کا گرنا۔ ۲۔ بوجھ کی وجہ سے جھکے جانا۔
ٹوٹے سے پھر کے جوڑے تو گانٹھ گٹھیلا ہو [ار مثل] بگاڑ کے بعد صلح ہو تو کامل صفائی نہیں ہوتی۔
ٹوڈر [ار اند ق] حلقہ۔
ٹوڈی [انگ صف] toady خوشامدی۔ کاسہ لیس۔ جی حضوری۔

ٹوڈی بچہ [انگ ار اند] دیکھئے "ٹوڈی"
ٹوڈی/ ٹوڑی [ھ امث] ایک سات سروں کی راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے
ٹور [انگ اند] (TOUR) دورہ۔ سفر۔ گشت۔
ٹورا [ھ صف] ۱۔ بدوضع۔ ۲۔ ٹھگنا۔ بونا۔ ۳۔ پرند کا وہ بچہ جو اچھی طرح پرورش نہ پانے کی وجہ سے کمزور رہ گیا ہو۔ ۴۔ بٹیرے جیسا پرندہ۔
ٹورنامنٹ [انگ اند] (TOUR NAMENT) کھیلوں کا سالانہ مقابلہ۔
ٹوری [ھ امث] دیکھئے "ٹورا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ٹوڑا [ھ اند] لکڑی کا وہ ٹکڑا جو چھجے میں لگاتے ہیں۔
ٹوسا [ھ اند] ۱۔ آک کا پھل۔ ڈوڈا۔ ۲۔ جوار یا جسرے کا خوشہ۔ ۳۔ ریشہ۔ پھوسڑا۔ لس۔
ٹوسٹ [انگ اند] (TOAST) ڈبل روٹی کا ٹکڑا۔ توس۔ ۲۔ جام صحت۔
ٹوک [ھ اند] ۱۔ ٹکڑا۔ ۲۔ پارچہ۔ حصہ۔ جز۔
ٹوک (واؤ مجہول سے) [ھ امث] ۱۔ نظر گزر۔ نظر بد۔ ۲۔ مزاحمت ممانعت۔ ۳۔ روک۔ تعرض۔ پوچھ گچھ۔
ٹوک ٹاک [ھ امث] روک۔ مزاحمت۔ پوچھ گچھ۔ دیکھ بھال۔
ٹوک دینا [ار محاورہ] ۱۔ ٹوکنا۔ روک ٹوک کرنا۔ ۲۔ غلطی جتا دینا۔ ۳۔ آنے جانے سے روک دینا۔ ۴۔ ہوتے ہوئے کام میں دخل انداز ہونا۔
ٹوک لگنا [ار محاورہ] نظر لگنا۔ نظر گزر ہونا۔ حسد کیا جانا۔
ٹوک میں آنا [ار محاورہ] دیکھئے "ٹوک لگنا"
ٹوکا [ھ اند] ۱۔ ایک چھوٹا سا ٹکڑا۔ ڈھول کی ضرب۔ ۲۔ (ق) نظر بد۔
ٹوکا [ھ اند] ایک آلہ جس سے چارہ کاٹتے ہیں۔
ٹوکرا [ھ اند] ۱۔ بانس۔ جھاؤ یا توت کی پتلی شاخوں سے بنایا ہوا کھانچا۔ چھبڑا۔ ۲۔ چھوٹی کشتی۔ بجرا۔ ڈونگا۔ ۳۔ بوجھ۔ بار۔ ۴۔ چوپسی کی ہاری ہوئی بازی۔
ٹوکرا دینا [ھ محاورہ] چوپسی کی بازی میں مخالف کو ہرا دینا۔
ٹوکرا سر پر ہونا [ار محاورہ] سر پر بوجھ ہونا۔ ذمہ داری ہونا۔
ٹوکروں اترنا [ار محاورہ] پھلوں کا بکثرت تیار ہونا۔
ٹوکری [ھ امث] چھوٹا ٹوکرا۔ چھابڑی۔
ٹوکری ڈھونا [ار محاورہ] مزدوری کرنا۔ قلی کا کام کرنا۔ ادنیٰ درجے کا کام کرنا۔
ٹوکرے پر ہاتھ رہنا [ار محاورہ] بھرم رہنا۔ عزت رہنا۔ آبرو قائم رہنا۔
ٹوکم ٹاک [ار صف] ٹھیک۔ پورا۔ وزن میں کم نہ زیادہ۔
ٹوکم ٹاکا [ار اند] لڑائی جھگڑے کی بات۔
ٹوکن [انگ اند] (TOKEN) ۱۔ نشان۔ ۲۔ کوڑی یا دھات کا ٹکڑا جس پر نمبر ہوتے ہیں اور شناخت کے لئے دیتے ہیں۔
ٹوکنا [ھ اند] پانی رکھنے کا بڑا پیتل کا برتن۔
ٹوکنا [ار مص] ۱۔ روکنا۔ تعرض کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ ۲۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔ ۳۔ ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو لڑنے کا پیغام دینا۔ ۴۔ نظر لگانا۔ حسد کرنا۔ ۵۔ آنے جانے والوں سے پوچھنا۔ ۶۔ مقروض سے روپیہ کا تقاضا کرنا۔ ۷۔ جاتے ہوئے کو پیچھے سے آواز دینا۔ ۸۔ غلطی بتانا
ٹوکنی [ھ امث] پانی یا دودھ رکھنے کی کلسی (ٹوکنا کی تصغیر)۔

وڑکی (ہ امث) انگیا کی کٹوریوں کا اوپر کا ٹکڑا۔ ۲۔ وہ کپڑا جو جیکٹ کے اوپر لگاتے ہیں
ٹول (ار امث) (انگریزی TWILL کا بگاڑ)۔ ایک قسم کا کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی سی ہوتی ہے۔ عموماً اس کی قمیصیں بناتے ہیں۔
ٹول (ہ امذ) جھرمٹ۔ دھکا۔ ۲۔ گروہ۔ ۳۔ چھوٹا گاؤں۔
ٹول (انگ امذ) (TOLL) سڑک کا محصول۔ چنگی۔
ٹولا (ہ امذ) لوگوں کے رہنے کی جگہ۔ محلہ۔ ۲۔ سنگ ریزہ۔ روڑا۔ ۳۔ بڑی کوڑی۔ ۴۔ گروہ۔ مجمع۔ ۵۔ ضرب کا نشان۔ نیل۔
ٹولا پڑنا (ار محاورہ) نیل پڑنا۔ نشان پڑنا۔ بدھی پڑنا۔
ٹولنیاں (ار امث ق) نخرے۔ غمزے۔ ادائیں۔
ٹولی (ہ امذ) گروہ۔ جتھا۔ غول۔ جماعت۔ ۲۔ پتھر کی سل بھاری پتھر۔
ٹوم (ہ امث) گہنا۔ زیور۔ سنگار۔ ۲۔ خوبصورت عورت۔ ۳۔ سونے کی چڑیا۔ مالدار عورت۔ ۴۔ چالاک۔ ہوشیار۔ چلتا پرزہ۔ عیار۔ ۵۔ نوچی۔ ۶۔ نیا پودا۔ ۷۔ کبوتروں کے بیٹھنے کی چھتری۔
ٹوم ٹام (ہ امث) گہنا پاتا۔ زیور۔ ۲۔ کوئی کوئی۔ چند۔ ۳۔ کم قیمت چیز۔
ٹوم چھلا (ہ امذ) ادنیٰ قسم کا زیور۔ موٹا چھوٹا زیور۔
ٹوم دینا (ار محاورہ) کبوتروں کو چھتری پر سے اڑانا۔ ۲۔ کچوکا دینا۔ کہنی مارنا۔ ٹومنا۔
ٹومنی (ہ امث ق) کچوکا۔ ضرب۔ ٹھوکر۔
ٹوں (ہ صوت امث) آوازِ گوز۔ پادنے کی آواز۔
ٹونا (ہ امذ) جادو۔ منتر۔ ۲۔ شادی کے موقع کا ایک گیت۔
ٹوناہائی / ٹونہائی (ہ صف) دیکھیے "ٹنہائی"
ٹونٹ (ہ امث) چونچ۔ منقار۔
ٹونٹا (ہ امذ) بانس کا ٹکڑا۔ ۲۔ ایک قسم کی آتش بازی۔
ٹونٹی (ہ امث) لوٹے وغیرہ کی نلی جس میں سے پانی نکلتا ہے۔
ٹونڈی (ہ۔ امث) ا۔ ناف۔ ۲۔ گاجر مولی وغیرہ کی نوک۔
ٹونگا ٹونگی (ہ امث) تھوڑا تھوڑا کھانے کا عمل۔
ٹونگنا (ہ مص) تھوڑا تھوڑا کھانا۔ ایک ایک دانہ اٹھا کر منہ میں ڈالنا۔
ٹونے ٹوٹکے (ہ امذ) گنڈے۔ تعویز۔ جھاڑ۔ پھونک۔
ٹونے سلونے (ہ امذ) شادی بیاہ کے گیت۔
ٹوہ (ہ امث) تلاش۔ کھوج۔
ٹوہ بوہ رکھنا (ار محاورہ) خبر رکھنا۔ حفاظت رکھنا۔
ٹوہ رکھنا (ار محاورہ) تلاش رکھنا۔
ٹوہ لگانا (ار محاورہ) سراغ لگانا۔ خبر لگانا۔ کھوج لگانا۔ پتہ لگانا۔
ٹوہ لینا (ار محاورہ) پتہ لگانا۔ عندیہ دریافت کرنا۔
ٹوہ میں رہنا (ار محاورہ) تلاش میں رہنا۔ عیب جوئی کے درپے رہنا۔
ٹوہائی (ہ امث) چھان بین۔ دیکھ بھال۔ تلاش۔ ٹٹول۔
ٹوہنا (ہ مص) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔ ۲۔ ہاتھ لگانا۔ چھیڑنا۔
ٹوہیا (ہ صف) تلاش کرنے والا۔ کھوج لگانے والا۔
ٹوئی (ہ امث) نیزے کی پوری۔ جوار وغیرہ کے ڈنڈے کی پوری۔
ٹویاں (ہ صف) پستہ قد۔ بونا۔ ۲۔ ایک قسم کا چھوٹا طوطا۔
ٹویڈ (انگ امذ) (TWEED) کھردرا موٹا کپڑا یا اونی کپڑا۔

ٹ ہ

ٹہاؤں ٹہاؤں (ار اصوت) بچے کے رونے کی آواز۔
ٹہل (ار امث) خدمت گزاری۔ بندگی۔ غلامی۔ ۲۔ گشت۔ چہل قدمی۔
ٹہل جانا (ار محاورہ) چلا جانا۔ ۲۔ ٹل جانا۔ بھاگ جانا۔ ۳۔ مر جانا۔
ٹہل کرنا (ار محاورہ) خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔ آرام پہنچانا۔
ٹہل نہ ٹکوری لاؤ مجوری موری (ار مثل) خدمت تو کچھ بھی نہیں کی معاوضہ مانگنے کو تیار ہیں کام چور۔
ٹہلا دینا (ار محاورہ) ا۔ غائب کر دینا۔ ۲۔ ٹال دینا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ ۳۔ موقوف کرنا۔ خارج کرنا
ٹہلانا (ار مص) پھرانا۔ چہل قدمی کرانا۔ ۲۔ گھوڑوں کو پھرا دینا جو گرم ہوتے ہیں تاکہ ٹھنڈے ہو جائیں۔ ۳۔ ٹالنا۔ ہٹانا۔ ۴۔ اڑانا۔ غائب کرنا۔ ۵۔ خارج کرنا
ٹہلنا (ار مص) آہستہ آہستہ پھرنا۔ چہل قدمی کرنا۔ گشت کرنا۔ ۲۔ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔ چلا جانا۔ ۳۔ مر جانا۔ ۴۔ تفریح کے واسطے پھرنا۔
ٹہلنی (ار امث) خادمہ۔ خدمت کرنے والی۔ لونڈی۔ گھر کا کام کاج کرنے والی عورت
ٹہلوا (ار اصف مذ) خدمت کرنے والا۔ خادم۔ نوکر۔
ٹہلوانا (ار مص) دیکھیے "ٹہلانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ٹہنا (ار امذ) موٹی اور بڑی شاخ۔ درخت کا گدا۔
ٹہنی (ار امث) شاخ۔ ڈالی (ٹہنا کی تصغیر)
ٹہنی ہلانا (ار محاورہ) آتشک کے زخم سے مکھیاں اڑانا۔ آتشک میں گلنا۔
ٹہوکا (ار امذ) دھکا۔ خفیف سا اشارہ جو انگلی یا بازو چھیڑ کر کیا جائے۔ ۲۔ ہلکی ضرب۔ ۳۔ ہلکا تھپیڑ۔ ۴۔ کہنی مارنا۔ ۵۔ آنکس مارنا۔ ہلانا۔
ٹہوکا دینا (ار محاورہ) ہاتھ پاؤں سے ہلکا دھکا دینا۔ انگلی مار کر اشارہ کرنا۔ ۲۔ آگاہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ ۳۔ جگانا۔ بیدار کرنا۔ جھنجھوڑنا۔
ٹہوکنا (ار مص) دیکھیے "ٹہوکا دینا"۔
ٹہوں (ار امث) نومولود کے رونے کی آواز۔

ٹھ

ٹھا (ہ امث) جگہ۔ مکان۔ مقام۔ ۲۔ مدھم آواز۔ درمیانے درجے کی آواز۔ ۳۔ گویوں کی اصطلاح میں دون سے نصف آواز۔
ٹھاٹ / ٹھاٹھ (ہ امذ) فیشن۔ ڈھنگ۔ ناز و انداز۔ طور طریقہ۔ ڈول ۲۔ شان و شوکت۔ کر و فر۔ آن بان۔ دبدبہ۔ رعب داب۔ بھڑک جاہ و حشم۔ جاہ و جلال۔ لاؤ لشکر۔ ۳۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ چراغاں۔ ۴۔ بہتات۔ افراط۔ کثرت۔ فراوانی۔ ۵۔ ہجوم۔ جلوس۔ زیادہ تعداد میں ہونا۔ ہنگامہ۔ دھوم دھام۔ ۶۔ ساز و سامان۔ تکلفات۔ اسباب مال و متاع۔ لوازمِ زندگی۔ فرنیچر۔ سامانِ آرائش۔ سکیم۔ پلان۔ منصوبہ۔ بندوبست۔ تجویز۔ تدبیر۔ انتظام۔ ۷۔ تراش۔ وضع۔ سانچا فریم۔ ۸۔ ٹھاٹھر۔ بانس کا چوکھٹا جس پر چھپر رکھتے ہیں۔ پنجر۔ ڈھانچا ۹۔ پٹا بازوں کا پینترا (چوٹ لگانے یا بچنے کا انداز)۔ ۱۰۔ کبوتر کا خوشنی

ہیں پرپھڑپھڑانا۔ ۱۱۔ مرغ کی چال ڈھال جب وہ اپنے مقابل سے بھڑنے کے لئے قدم اٹھاتا ہے۔ ۱۲۔ آرام و آسائش۔ ۱۳۔ ستار نواز کا ستار کی کھونٹیاں کسنا۔ ۱۴۔ راگ کا خاص انداز۔ مشترکہ سُر رکھنے والے راگ راگنیوں کا گروہ۔

ٹھاٹ باٹ سے رہنا (ار محاورہ) شان و شوکت سے رہنا۔ آن بان سے رہنا۔

ٹھاٹ باندھنا (ار محاورہ) ۱۔ ٹٹی باندھنا۔ ۲۔ پٹا بازوں کا قاعدے سے کھڑا ہونا ۳۔ شان دکھانا۔ ۴۔ گانے والے کا راگ کو قاعدوں کے مطابق قائم کر لینا۔

ٹھاٹ بدلنا (ار محاورہ) ۱۔ نیا انداز بدلنا۔ طرز بدلنا۔ نئی پوزیشن لینا۔ ۲۔ نیا لباس بدلنا۔ ۳۔ پینترا بدلنا۔ ۴۔ نئی طرز سے آرائش کرنا۔

ٹھاٹ پڑا رہ جانا (ار محاورہ) سامان اور مال اسباب اس دنیا میں رہ جانا۔

ٹھاٹ پھیلانا (ار محاورہ) کسی کام یا چیز کو صحیح طریق پر چلانے کی تدبیریں کرنا۔

ٹھاٹ سے آنا (ار محاورہ) شان سے آنا۔ اہتمام سے آنا۔

ٹھاٹ کرنا (ار محاورہ) ۱۔ سجاوٹ یا آرائش کرنا۔ ۲۔ مستی میں کبوتر کا پر مارنا۔ ۳۔ لڑائی کے وقت مُرغ کا تن کر چلنا۔ ۴۔ شان کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔

ٹھاٹ مارنا (ار محاورہ) ۱۔ پرندے کا اڑنے سے پہلے پر تولنا۔ ۲۔ کبوتر کا جھنجی کر کے اٹھنا۔ ۳۔ موج مارنا۔ مزے کرنا۔

ٹھاٹا / ٹھاٹھا (ار اند) ۱۔ تیل کا کوہان۔ ۲۔ وہ کپڑا جو چور ڈاکو قاتل وغیرہ اس لئے منہ پر باندھتے ہیں کہ پہچانے نہ جائیں۔ ۳۔ وہ کپڑا جو ڈاڑھی کی مانگ نکال کر اسے دائیں بائیں گلوں پر جما کر باندھتے ہیں۔

ٹھاٹر (ار اند) ۱۔ بانس کا ڈھانچا۔ ٹٹی۔ ۲۔ کبوتروں کے رہنے کا جال۔ کبوتر خانہ چڑیا خانہ۔ ۳۔ روشنی کرنے کی ٹٹی۔

ٹھاٹر بندی (ہ ف امث) روشنی کی ٹٹی کا باندھنا (ترکیب غلط ہے)

ٹھاٹھیں مارنا (ار محاورہ) پانی کا اونچی اونچی پُرشور موجیں مارنا۔ (بعض کے نزدیک ان معنوں میں درست نہیں)

ٹھاڈا / ٹھارا (ھ صف) ۱۔ استادہ۔ کھڑا ہوا۔ ۲۔ زور آور ہٹا کٹا ۳۔ طاقت ور۔ مضبوط۔

ٹھاڈا مارے اور آگے دھرے رونے نہ دے (ار مثل) زبردست زیادتی کرنے کے بعد فریاد بھی نہیں کرنے دیتا۔ غالب مغلوب کے ساتھ جو چاہے سلوک کر سکتا ہے۔

ٹھاڈے کی جورو سب کی دادی، غریب کی جورو سب کی بھابی (ار مثل) ۱۔ زبردست آدمی کی بیوی کی سب عزت کرتے ہیں مگر غریب کی بیوی سے بے تکلفی کا برتاؤ کرتے ہیں۔ ۲۔ زبردست کا ساتھی زبردست اور غریب کا ساتھی غریب

ٹھار (ھ اند) ۱۔ برف۔ پالا۔ ۲۔ ارادہ۔ قصد۔ ۳۔ جگہ۔ ٹھکانہ۔

ٹھاری (ھ امث) وہ لکڑی جو لکڑی پھینکنے والے دوسرے کے سر پر مارتے ہیں

ٹھاکر (ھ اند) ۱۔ دیوتا۔ ایشور۔ ۲۔ دیوتا کی مورت۔ ۳۔ مالک۔ سردار۔ زمیندار۔ راجپوت ۴۔ نائی۔ حجام۔ ۵۔ عزت و احترام کا لفظ جیسے جناب۔ صاحب۔ ۶۔ دولتمند۔ مالدار۔

ٹھاکر پتھر، مالا لکڑ، گنگا جمنا پانی (ھ مثل) جب تک

جب تک من میں سانچ نہ آوے چاروں وید کہانی } دل میں سچائی نہ ہو بھگوان کی مورت کی پوجا کرنا بھی پتھر کے برابر ہے اور تسبیح کے دانے لکڑی کے دانوں کے برابر ہیں جو ایک ڈوری میں پرو دیئے جاتے ہیں اور گنگا جمنا جنہیں مقدس سمجھا جاتا ہے۔ محض دو دریا ہیں۔ یہاں تک کہ چاروں وید یعنی آسمانی صحیفے بھی قصہ معلوم ہوتے ہیں۔ مطلب یہ کہ جب تک دل میں ایمان نہ ہو اس وقت تک مذہبی باتیں بے اثر ہوتی ہیں۔

ٹھاکر دوارہ (ھ اند) مندر۔ پوجا کرنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں رام چندر یا کرشن جی کی مورت ہو

ٹھاکر سیوا (ھ امث) ۱۔ دیوتا کی پوجا۔ دیوتا کی خدمت۔ ۲۔ وہ جاگیر جو مندر کے واسطے وقف ہو۔

ٹھال (ھ امث) فرصت۔ بیکاری۔ نکما پن۔

ٹھالا (ھ صف) ۱۔ بیکار۔ نکما۔ بے روزگار۔ ۲۔ جسے چھٹی ہو۔ ۳۔ مفلسی۔ محتاجی۔

ٹھالی (ھ صف) ۱۔ خالی۔ ۲۔ بے کار۔ بے روزگار۔ ۳۔ جو فرصت میں ہو۔

ٹھالی بنیا تولے باٹ (ھ مثل) بے کاری میں نکمے کام کرنا۔ فضول کام کرنا بے کار آدمی فضول کام کرتا ہے۔

ٹھالی بنیا کیا کرے۔ اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی دھرے (ھ مثل) دیکھئے "ٹھالی بنیا تولے باٹ"

ٹھام (ھ اند ق) مقام۔

ٹھاں (ہ امث) بندوق کی آواز۔

ٹھاں ٹھاں (ھ امث) بندوق کے فیروں کی لگاتار آواز۔ ڈھول کی آواز۔

ٹھاں ٹھاں ہونا (ار محاورہ) ۱۔ بندوق کی آواز ہونا۔ ۲۔ حجت ہونا۔ تکرار ہونا۔

ٹھانس (ھ امث) کھانسی۔

ٹھانسا (ھ اند) بندوق کی ڈاٹ یا وہ چیتھڑا جو اس کے اندر بھرا جاتا ہے۔

ٹھانسنا (ھ مص) ۱۔ کھچا کھچ بھرنا۔ ۲۔ داخل کرنا۔ گھسیڑنا۔ ۳۔ مضبوط کرنا۔ ۴۔ (ق) گھوڑے کی لگام کھینچنا۔

ٹھان لینا (ار محاورہ) پکا ارادہ کرنا۔ عہد کر لینا۔

ٹھاننا (ار مص) پکا ارادہ کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ نیت کر لینا۔ عزم بالجزم کرنا۔

ٹھاؤں (ہ امث) جگہ۔ ٹھکانا۔ منزل۔ استھان۔

ٹھائیں ٹھائیں (ھ امث) دیکھئے "ٹھاں ٹھاں" (با فعال، کرنا۔ ہونا)

ٹھپ ہو جانا (ار محاورہ) بند ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔ مندا ہو جانا۔

ٹھپا (ھ اند) ۱۔ دھات کا بنا ہوا چھاپہ۔ نقش کرنے۔ چھاپنے یا نشان لگانے کا آلہ۔ ۲۔ سکہ۔ نقش۔ ۳۔ ابھرا ہوا نقش۔ ڈائی۔ ۴۔ سانچا قالب۔ ۵۔ ایسا نشان جو ہاتھ یا پنجے سے لگایا جائے۔ ۶۔ چوڑا گوٹا یا بیس۔

ٹھپا لگانا (ار محاورہ) نقش کرنا۔ سکہ لگانا۔

ٹھٹ / ٹھٹھ (ھ اند) ہجوم۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ جمگھٹ۔ انبوہ۔

ٹھٹ کے ٹھٹ (ھ اند) گروہ کے گروہ۔ زبردست بھیڑ۔

ٹھٹا / ٹھٹھا (ھ اند) ۱۔ ہنسی۔ مذاق۔ چہل۔ ۲۔ آسان کام۔ نہایت سہل۔ قہقہہ

ٹھٹا اڑانا / کرنا (ار مص مر) ہنسی اڑانا۔ مذاق کرنا۔ چہل کرنا۔

ٹھٹا لگانا / مارنا (ار محاورہ) ۱۔ کھل کھلا کر ہنسنا۔ قہقہہ مارنا۔ ۲۔ تمسخر کرنا۔

ٹھٹانا / ٹھٹھانا (ار مص) مارنا۔

ٹھٹر / ٹھٹھر (ھ امث) ٹھنڈ۔ کپکپی۔

ٹھٹر / ٹھٹھر (ھ امث) دیکھئے "ٹھاٹر"

ٹھٹرانا / ٹھٹھرانا (ار مص) دیکھئے "ٹھٹرنا" جس کا یہ متعدی ہے

ٹھٹرنا / ٹھٹھرنا (ار مص) سردی کی شدت سے بے بس ہو جانا۔ ٹخ کر دینا۔ ۲۔ بڑھنے نہ دینا۔
ٹھٹرکی / ٹھٹھری (ہ امث) دیکھیے "ٹھاٹر"
ٹھٹک / ٹھٹھک (ہ امث) ٹھہراؤ۔ رکاوٹ۔ نیز دیکھیے "ٹھٹکنا" جس کا اسم کیفیت ہے۔
ٹھٹکنا / ٹھٹھکنا (ار مص) ۱۔ چلتے چلتے رک جانا۔ حیرت یا خوف کی وجہ سے ٹھہرنا۔ الگ ہونا۔
ٹھٹھنا (ار مص ق) ٹھاٹھ جمانا۔ رنگ جمنا۔ نقشہ جمانا۔
ٹھٹول / ٹھٹھول (ار صف) ظریف۔ خوش طبع مسخرہ (۲) امث) ہنسی ظرافت۔ مذاق
ٹھٹولپن / ٹھٹھولپن (ار امذ) دیکھیے "ٹھٹولی"
ٹھٹولی / ٹھٹھولی (ار امث) ظرافت۔ خوش طبعی۔ چھیڑ چھاڑ۔
ٹھٹولی / ٹھٹولیاں / ٹھٹھولیاں کرنا (ار محاورہ) تمسخر کرنا۔ مذاق کرنا۔
ٹھٹولیا / ٹھٹھولیا (ار صف) ظریف۔ خوش طبع۔ مسخرا۔
ٹھٹے / ٹھٹھے باز (ہ ف صف) ہنسوڑ۔ مسخرا۔ خوش طبع۔ ظریف۔ (ترکیب غلط ہے)
ٹھٹے / ٹھٹھے بازی (ہ ف امث) دیکھیے "ٹھٹے باز" جس کا اسم کیفیت ہے (ترکیب غلط ہے)
ٹھٹے / ٹھٹھے میں اڑانا (ار محاورہ) ہنسی میں اڑانا۔ مذاق اڑا کر بات ختم کر دینا۔
ٹھٹیرا / ٹھٹھیرا مذ] پتیل تانبے کے برتن بنانے یا بیچنے والا۔ ۲۔ جوار یا باجرے کا ڈنٹھل۔
ٹھٹیری / ٹھٹھیری بازار (ار امذ) وہ بازار جس میں ٹھٹھیروں کی دکانیں ہوں۔
ٹھٹیرے / ٹھٹھیرے بدلائی (ار مثل) "ہم پیشہ یا ہم فن آپس میں جنگ کرتے ہیں تو کہتے ہیں۔
ٹھٹیرے / ٹھٹھیرے مارنا (ار محاورہ) جوار یا باجرے کے ڈنٹھل سے مارنا۔ ۲۔ جاہل عورتوں کا خیال ہے کہ منگل کے دن ٹھٹھیرے سے مارنے سے انسان دبلا ہو جاتا ہے
ٹھٹی / ٹھٹھنی (ار صف ق) باتونی۔
ٹھڈا (ار امذ) پتنگ کے بیچ کی موٹی تیلی۔ ۲۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ۳۔ زمین گاڑن کا حد کا نشان۔
ٹھڈ الوئی (ار صف مث) بڑی عورت جس کی کمر جھک گئی ہو۔
ٹھڈی (ار امث) ٹھوڑی۔ ۲۔ بھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلا نہ ہو۔
ٹھڈی پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنا (ار محاورہ) سوچ میں پڑا ہونا۔ فکرمند ہونا۔
ٹھڈی پکڑنا / ٹھڈی میں ہاتھ دینا (ار محاورہ) خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
ٹھڈی کا گڑھا (ار امذ) چاہِ ذقن۔ چاہِ زنخداں۔
ٹھڈی کے نیچے ہاتھ رکھنا (ار محاورہ) حیران ہونا۔ کشمکش و پیچ میں پڑنا۔
ٹھر (ار امث) سخت سردی۔ پالا۔ انتہائی ٹھنڈ۔
ٹھرا (ار امث) گھٹیا دیسی شراب۔ ۲۔ انگیا کے بند یا تنی۔ ۳۔ وہ اینٹ جو اچھی طرح پکی نہ ہو ۴۔ ایک قسم کا گنوارو جوتا۔ ۵۔ سوت کی رسی۔
ٹھرنا (ار مص) سردی کی تکلیف برداشت کرنا۔ سردی کا اثر ہو جانا۔
ٹھس (ار صف) ۱۔ ٹھوس۔ پُرمغز۔ ٹھگر۔ بوجھل۔ ۲۔ نکما اور سست آدمی۔ ۳۔ کودن۔ کند ذہن۔ ۴۔ وہ روپیہ جس میں جھنکار نہ ہو۔ ۵۔ پتنگ کے اوپر نیچے کے کندھے برابر نہ ہونا۔ ۶۔ (امث) بندوق کی آواز۔ ۷۔ ایک جگہ جم کر بیٹھا رہنے والا

ٹھس پن (ار امذ) بھدا پن۔
ٹھسا (ار امذ) ۱۔ گھمنڈ۔ غرور۔ تمکنت۔ تکبر۔ ۲۔ خاص انداز۔ نخرا۔ زیب و زینت۔ ۳۔ ٹھپا۔ سانچا۔ چھاپا۔ ۴۔ کر و فر۔ شان و شوکت ٹھاٹ باٹ۔ ظاہری ساز و سامان۔
ٹھسا ٹھس (ار صف) کھچا کھچ۔ بہت بھرا ہوا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا۔
ٹھسا دینا (ار محاورہ) زیادہ کھلا دینا۔ اتنا کھلا دینا کہ ہضم نہ ہو سکے۔
ٹھسا ڈالنا (ار محاورہ) ۱۔ سکہ بنانا۔ ۲۔ نقش ڈالنا۔ مہر لگانا۔
ٹھسک (ار امث) ۱۔ کھانسی کی آواز۔ خشک کھانسی۔ ۲۔ ضرب۔ ۳۔ شان و شوکت دھوم دھام۔ ترک بھڑک۔ نخرے۔ ۴۔ ناز و انداز۔ خوش خرامی۔ خرام ناز۔ ۵۔ تکبر۔ غرور۔
ٹھسکا (ار امذ) کھانسی کی آواز۔ ۲۔ تھوڑی تھوڑی کھانسی۔
ٹھسکا لگنا (ار محاورہ) کھانسی ہونا۔ کھانسی کی آواز آنا۔
ٹھسکنا (ار مص) مٹی کے برتن میں ٹھیس لگنے سے دراڑ پڑ جانا۔ ۲۔ گرا دینا۔ دے مارنا۔
ٹھسکنا (ار مص) بغیر آواز کے رونا (عموماً بچوں کے لئے آتا ہے)
ٹھسکی (ار امث) پھسکی۔ وہ گوز جس میں خفیف آواز نکلے۔
ٹھسنا (ار مث) پانی کا کسی جگہ جمع ہو جانا۔
ٹھسنا (ار مص) ایک چیز کا دوسری چیز میں بہ مشکل سمانا۔
ٹھسوانا (ار مص) دیکھیے "ٹھسنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ٹھسی (ہ امث) ایک قسم کا گلے کا زیور جس میں کڑیاں اور گھنگرو ہوتے ہیں۔
ٹھسے سے چلنا (ار محاورہ) اترانا۔ اٹھلا کر چلنا۔ ٹھاٹ سے قدم اٹھانا۔
ٹھسے کرنا (ار محاورہ) نخرے کرنا۔ ناز کرنا۔ انداز دکھانا۔
ٹھکان (ار امذ ق) مقام۔ ٹھکانا۔
ٹھکانا (ار امذ) ۱۔ گھر۔ منزل۔ مقام۔ ۲۔ پتہ۔ نشان۔ سراغ۔ ۳۔ رشتہ داری۔ ۴۔ اعتبار۔ بھروسا۔ ۵۔ جائے قرار۔ مرکز۔ ۶۔ موقع ۷۔ رجحان۔ رغبت۔ ۸۔ حد۔ انتہا۔
ٹھکانا ڈھونڈنا (ار محاورہ) جگہ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ ۲۔ رہنے کا مکان تلاش کرنا۔ ۳۔ نوکری ڈھونڈنا۔ ۴۔ لڑکی کا بر ڈھونڈنا۔
ٹھکانا کرنا (ار محاورہ) جگہ کرنا۔ ٹھہرنا۔ رہنا۔ ۲۔ گھر بسانا۔ بیاہنا۔ ۳۔ انتظام کرنا۔
ٹھکانا لگانا (ار محاورہ) پتہ لگانا۔ سراغ لگانا۔ ۲۔ ثابت کرنا۔
ٹھکانا ہونا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹھکانا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ٹھکانے بھرنا (ار محاورہ) سقوں وغیرہ کا ان گھروں میں پانی پہنچانا جہاں وہ مستقل طور پر پانی بھرتے ہیں۔
ٹھکانے رہنا (ار محاورہ) ایک جگہ جم کر رہنا۔ ۲۔ ایک راستہ پکڑے رہنا۔ ایک روش پر قائم رہنا۔
ٹھکانے سے بیٹھنا (ار محاورہ) آرام سے بیٹھنا۔ ادب اور سلیقہ سے بیٹھنا۔ ۲۔ مستقل رہنا۔ آرام دہ مکان میں رہنا۔
ٹھکانے سے رکھ دینا (ار محاورہ) مناسب جگہ پہنچا دینا۔ مناسب موقع پر رکھ دینا۔ سلیقہ سے رکھ دینا۔
ٹھکانے سے لگانا (ار محاورہ) مناسب جگہ پہنچا دینا۔ ۲۔ مناسب موقع پر رکھ دینا۔ صحیح مصرف میں لانا۔

ٹھکانے سے لگنا [ار محاورہ] دیکھیے "ٹھکانے سے لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ٹھکانے کا [ار صفت] قرینے کا۔ ڈھب کا۔ موزوں۔ مناسب۔ برمحل۔
ٹھکانے کا آدمی [ار صفت مذ] بھلامانس۔ شریف۔
ٹھکانے کی آواز [ار صفت مث] ٹھیک سروں پر پہنچنے والی آواز۔
ٹھکانے کی بات [ار صفت مث] معقول بات۔ ٹھیک بات۔
ٹھکانے لگانا [ار محاورہ] ا۔منزلِ مقصود تک پہنچانا۔ کامیاب کرنا۔ ۲۔مار ڈالنا ہلاک کر دینا۔ قتل کر دینا۔ ۳۔اڑا دینا۔ ختم کر دینا۔ ۴۔کسی کام کو پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ ۵۔رائیگاں نہ کرنا۔ ۶۔گھر بسا دینا۔ بیاہ کر دینا۔ ۷۔موقع پر خرچ کرنا۔ ۸۔کام سے لگا دینا۔ ۹۔اطمینان دلانا۔ تسلی دینا۔ ۱۰۔خرچ کر دینا۔ صرف کر دینا
ٹھکانے لگنا [ار محاورہ] دیکھیے "ٹھکانے لگانا" جس کا لازم ہے۔
ٹھک ٹھک [ار امث] ا۔کواڑوں کو کھٹکھٹانے یا پیٹنے کی آواز۔ ۲۔لڑائی۔ بک بک۔
ٹھک جانا [ار محاورہ] ا۔گڑ جانا۔ اندر گھسنا۔ ۲۔مار کھا لینا۔ ۳۔شکست کھا جانا۔ ۴۔بچھڑ جانا۔ ۵۔نقصان اٹھانا۔ ۶۔قید ہو جانا۔ ۷۔مقدمہ دائر ہونا۔
ٹھکرا [ار امذ] دیکھیے "ٹھیکرا" جس کا یہ مخفف ہے۔
ٹھکرانا [ار معص] ا۔ٹھوکر مارنا۔ ٹھوکر لگانا۔ ۲۔روندنا۔ ۳۔ذلیل سمجھنا۔ حقیر جاننا۔ ۴۔چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ ۵۔انکار کرنا۔ رد کرنا۔
ٹھکرانی [ار امث] دیکھیے "ٹھاکر" جس کی یہ تانیث ہے۔ ۲۔راجہ کا یا بیٹا جی کی عورت۔ ۳۔نائن۔
ٹھکرائن [ار امث] دیکھیے "ٹھکرانی"
ٹھکرائی [ھ امث] ا۔سرداری۔ حکومت۔ راج۔ ۲۔امیری۔ دولت مندی ۳۔خدائی۔ الوہیت۔
ٹھکری [ھ امث] چھوٹا ٹھیکرا (ٹھیکری کی تخفیف)
ٹھکنا [ار معص] ا۔گڑنا۔ اندر گھسنا۔ ۲۔پٹنا۔ سزا پانا۔ ۳۔پچھڑنا۔ ۴۔مغلوب ہونا۔ شکست کھانا۔ ۵۔خسارہ اٹھانا۔ ۶۔قیدخانہ میں جانا۔ ۷۔داخل ہونا۔
ٹھکو [ار صفت] ٹھوکنے والا۔ مارنے والا۔ کسی کا یار۔
ٹھکوانا [ار معص] دیکھیے "ٹھکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ٹھگ [ہ۔صفت] ا۔ٹھگنے والا۔ ۲۔دغاباز۔ فریبی۔ ۳۔ایک قوم کا نام جس کا پیشہ مسافروں کو زہر یا پھانسی دے کر مارنا اور ان کا مال چھین لینا تھا۔
ٹھگ بدیا [ہ۔امث] علم قزاقی۔ مکاری۔ دغابازی۔ چال۔
ٹھگ ٹھگ کی بھاکا جانے [ھ مثل] ایک ٹھگ ہی دوسرے ٹھگ کی بولی سمجھتا ہے۔ چوروں اور مکاروں کی چال کو چور مکار ہی سمجھ سکتا ہے۔
ٹھگ لانا [ار محاورہ] دھوکا دے کر مال لے آنا۔ چال یا فریب سے مال لے آنا۔
ٹھگ لینا [ار محاورہ] فریب دے کر مال ہتھیانا۔ دھوکے سے کوئی چیز لینا۔
ٹھگا جانا [ار محاورہ] دھوکا کھانا۔ کم داموں کی چیز کے زیادہ دام دینا۔
ٹھگائی [ہ۔امث] رہزنی۔ فریب۔ دھوکا۔
ٹھگائی سے ٹھاکر بنتا ہے [ہ۔مثل] دغا اور فریب ہی سے دولت جمع ہوتی ہے۔
ٹھگلانا [ار صفت۔ق] ٹھگنے والا۔ فریبی۔
ٹھگنا [ار معص] ا۔لوٹنا۔ ۲۔فریب دینا۔ دغا کرنا۔ ۳۔دھوکے سے کچھ لینا۔
ٹھگنی [ہ۔صفت۔مث] دیکھیے "ٹھگ" جس کی یہ تانیث ہے۔

ٹھگوانا [ار۔معص] دیکھیے "ٹھگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ٹھگی [ہ۔امث] ا۔قزاقی۔ رہزنی۔ ۲۔ٹھگوں کا پیشہ۔ ۳۔پولیس کا وہ شعبہ جو ٹھگوں کو پکڑتا تھا۔
ٹھگیا [ہ۔صفت مذ] فریبی۔ مکار۔ قزاق۔ رہزن۔
ٹھلوا [ہ۔صفت مذ] بے کار۔ بے شغل۔
ٹھلوئی [ہ۔صفت۔مث] دیکھیے "ٹھلوا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ٹھلیا [ہ۔امث] مٹی کا چھوٹا گھڑا۔
ٹھمری [ہ۔امث] ا۔گانے کا ایک خاص انداز، جو پکے گانے اور عوامی گیتوں کے بیچ بیچ ہے۔ ۲۔عاشقانہ مضمون کا مختصر سا گیت۔ ۳۔افواہ۔ گپ۔ جھوٹی بات۔
ٹھمری اڑانا [ار۔محاورہ] ٹھمری گانا۔
ٹھمک [ہ۔امث] ناچنے کی چال۔ ناز و انداز کی رفتار۔
ٹھمک ٹھمک [ہ۔متعلق فعل] آہستہ آہستہ۔ مٹک مٹک کر۔ خرام ناز سے۔
ٹھمک چال [ہ۔امث] معشوقانہ رفتار۔ خرام ناز۔
ٹھمکا [ہ۔صفت۔مذ] چھوٹا۔ پست قد۔ ٹھگنا۔
ٹھمکانا [ار۔معص] ا۔مٹکانا۔ ناز و انداز سے چلانا۔ ۲۔(پتنگ کو) جھٹکا دینا۔ ۳۔اٹر لگانا۔
ٹھمکنا [ار۔معص] ناز و انداز سے چلنا۔ مٹک مٹک کر چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔
ٹھمکی [ار۔امث] ا۔جھٹکا۔ چھوٹا سا جھٹکا۔ ٹکورے کی ڈور کو دیا جانے والا جھٹکا ۲۔(صفت) "ٹھمکا" کی تانیث۔
ٹھمکی دینا [ار۔محاورہ] پتنگ کو جھٹکا دے کر ہوا میں بلند کرنا یا قائم رکھنا۔
ٹھن [ار۔اصوت۔مث] گھنٹے کی آواز۔ شور۔ غل۔
ٹھنا ٹھن / ٹھن ٹھن [ار۔اصوت۔مث] ا۔گھڑیال یا گھنٹے کی مسلسل آواز۔ ۲۔دھات کے برتن پر ضرب لگنے کی آواز۔ جھنکا۔ ۳۔شور۔ غل۔
ٹھناک / ٹھناکا [ار۔اصوت۔مذ] وہ آواز جو کسی سخت چیز کے کسی بجنے والی چیز سے ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔
ٹھن ٹھنانا [ار۔معص] ا۔گھنٹی بجانا۔ ٹھن ٹھن کرنا۔ ۲۔برتنوں کا آپس میں بجنا۔ کھنکنا۔ ۳۔دندنانا۔ کسی جگہ بے دھڑک ہو کر مزے اڑانا۔
ٹھن ٹھن گوپال [ہ۔مثل] بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔
ٹھنٹھ [ہ۔امذ] ا۔سوکھا ہوا درخت۔ ۲۔کٹا ہوا ہاتھ۔
ٹھنڈ [ار۔صفت] سردی۔ خنکی۔ گرمی کی ضد۔
ٹھنڈ پڑنا [ار۔محاورہ] خنکی ہونا۔ گلابی جاڑا شروع ہونا۔
ٹھنڈ کرنا [ار۔معص وضعی] خنکی پیدا کرنا۔
ٹھنڈا [ار۔صفت۔مذ] ا۔سرد۔ خنک۔ ۲۔سادہ۔ خاموش۔ ۳۔نامرد۔ کم شہوت۔ ۴۔سست۔ کاہل۔ ۵۔متحمل۔ بردبار۔ ۶۔بے غصہ۔ بے نفس رحم دل۔ ۷۔بے محبت۔ ۸۔بے جان۔ مُردہ۔ ۹۔مندا۔
ٹھنڈا برف [ار۔صفت] برف کی طرح سرد۔ بہت سرد۔
ٹھنڈا پڑ جانا / پڑنا [ار۔محاورہ] ا۔سرد ہو جانا۔ ۲۔مر جانا۔ ۳۔سست اور بے دل ہو جانا۔ ۴۔غصہ دھیما ہونا۔ ۵۔کاروبار مندا ہونا۔
ٹھنڈا رکھنا [ار۔محاورہ] ا۔خوش رکھنا۔ آرام سے رکھنا۔ ۲۔راحت دینا۔
ٹھنڈا رہنا [ار۔محاورہ] ا۔خوش رہنا۔ آرام سے رہنا۔ ۲۔بے دولتی رہنا۔

ٹھنڈا سانس [ا ر ۔ امذ] آہ ۔ ایسا سانس جو غم یا رنج میں گھبرا لیا جاتا ہے ۔ [افعال :۔ بھرنا ۔ لینا]
ٹھنڈا کرکے کھانا [ا ر ۔ محاورہ] سوچ سمجھ کر کوئی کام کرنا ۔ آہستگی سے کام کرنا ۔
ٹھنڈا کرنا [ا ر ۔ محاورہ] ۱ ۔ سرد کرنا ۔ خنک کرنا ۔ ۲ ۔ بجھانا ۔ بڑھانا ۔ ۳ ۔ غصہ دھیما کرنا ۔ ۴ ۔ توڑنا ۔ شکستہ کرنا ۔ ۵ ۔ دفن کرنا ۔ دبانا ۔ ۶ ۔ گرانا ۔ پھینکنا ۔ ۷ ۔ ڈبونا ۔ غرق کرنا ۔ ۸ ۔ تسلی دینا ۔ تسکین دینا ۔ ۹ ۔ مقصد پورا کرنا ۔ ۱۰ ۔ دشمن کو نقصان پہنچا کر دل خوش کرنا ۔ تر و تازہ کرنا ۔ پیاس بجھانا ۔
ٹھنڈا کھائے گرم سے نہائے اور سائے میں سوتے ، اس کا بری بھوا ٹے رفے [ہ ۔ مثل] اگر آدمی کھانا ٹھنڈا کرکے کھائے ، گرم پانی سے غسل کرے اور سائے میں سوتے تو تندرست رہتا ہے اور اس کے دشمن کو اس کی تکلیف پر خوش ہونے کا موقع نہیں ملتا ۔
ٹھنڈا کھائے ، تتا نہائے ، اس کا بید بھو کر ٹہلے [ہ ۔ مثل] جو شخص کھانا ٹھنڈا کھاتا ہے اور گرم پانی سے نہاتا ہے اس کے گھر طبیب کی ضرورت نہیں ہوتی ۔
ٹھنڈا گرم نہ دیکھنا [ا ر ۔ محاورہ] کسی بات کے تمام پہلوؤں پر نظر نہ رکھنا ۔ ناتجربہ کار ہونا ۔
ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے [ا ر ۔ مثل] دھیمے مزاج کا آدمی تیز مزاج پر غالب آتا ہے ۔
ٹھنڈا مکان [ا ر ۔ ع ۔ امذ] وہ مکان جس میں دھوپ کی گرمی کا اثر نہ پہنچے ۔
ٹھنڈا ملمع [ا ر ۔ ع ۔ امذ] وہ ملمع جو آگ کی مدد کے بغیر ، تیزاب یا برقی قوت کی مدد سے چڑھایا جاتا ہے ۔
ٹھنڈا وقت [ا ر ۔ ع ۔ امذ] صبح یا شام کا وقت ۔ وہ وقت جس میں دھوپ کی تیزی نہ ہو ۔
ٹھنڈا ہونا [ا ر ۔ محاورہ] دیکھیے "ٹھنڈا کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
ٹھنڈائی [ا ر ۔ امث] ۱ ۔ تبرید ۔ وہ دوا جو گرمی کے اثر کو دور کرنے کے لئے پی جائے (بروزن رسائی) ۲ ۔ بھنگ ۔ بوٹی (بروزن سودائی)
ٹھنڈک [ا ر ۔ امث] ۱ ۔ سردی ۔ خنکی ۔ ۲ ۔ آرام ۔ تسلی ۔ خوشی ۔ ۳ ۔ فرحت ۔ تازگی ۔
ٹھنڈک پڑنا [ا ر ۔ محاورہ] ۱ ۔ جلن دور ہونا ۔ سوزش رفع ہونا ۔ ۲ ۔ کسی فساد یا فتنہ کا فرو ہونا ۔ ۳ ۔ غصہ رفع ہونا ۔ ۴ ۔ دشمنی جاتی رہنا ۔ ۵ ۔ تسلی ہونا ۔ صبر ہونا ۔
ٹھنڈی [ا ر ۔ صف ۔ مث] دیکھیے "ٹھنڈا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
ٹھنڈی [ا ر ۔ امث ۔ عر] چیچک ۔
ٹھنڈی آگ [ا ر ۔ امث] برف ۔ یخ ۔ اولا ۔
ٹھنڈی آگ سے جلانا [ا ر ۔ محاورہ] کسی کو مل کر مارنا ۔ دھوکا دینا ۔
ٹھنڈی پارسائی [ا ر ۔ ف ۔ امث] دکھاوے کی پرہیزگاری ۔ ریاکاری ۔
ٹھنڈی ڈھلنا [ا ر ۔ محاورہ] چیچک کے دانے مرجھانا ۔
ٹھنڈی سانس [ا ر ۔ امث] دیکھیے "ٹھنڈا سانس"، [افعال :۔ بھرنا ۔ لینا]
ٹھنڈی کڑاہی / کڑھائی [ا ر ۔ امث] پکوان پک جانے کے بعد بچے ہوئے گھی کا حلوا پکا کر تقسیم کرنے کی رسم ۔
ٹھنڈی گرمیاں [ا ر ۔ امث] اوپری محبت ۔ ظاہری اختلاط بے مزہ شوقیاں ۔

ٹھنڈی مار [ا ر ۔ امث] ۱ ۔ گپتی مار ۔ اندرونی مار ۔ وہ ضرب جس کا نشان نہ پڑے ۔ ۲ ۔ غیر بدنی سزا ۔ روحانی یا ذہنی اذیت ۔
ٹھنڈی مٹی [ا ر ۔ امث] ۱ ۔ کم بڑھنے والا جسم ۔ ۲ ۔ دیر میں بالغ ہونے والا آدمی ۔ ۳ ۔ زنخا ۔ ہیجڑا ۔ ۴ ۔ متحمل ۔ بردبار ۔
ٹھنڈی نکلنا [ا ر ۔ محاورہ] چیچک نکلنا ۔ سیتلا کا نمودار ہونا ۔
ٹھنڈے [ا ر ۔ صف ۔ مذ] دیکھیے "ٹھنڈا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے ۔
ٹھنڈے پہرے [ا ر ۔ امذ] ۱ ۔ سویرے ۔ سورج نکلنے سے پہلے ۔ ۲ ۔ شام ۔ دن ڈھلے ۔
ٹھنڈے پیٹوں [ا ر ۔ متعلق فعل] خوشی سے ۔ آرام سے ۔ بے لڑے جھگڑے ۔ سیدھے سیدھے ۔
ٹھنڈے ٹھنڈے [ا ر ۔ متعلق فعل] ۱ ۔ صبح سویرے ۔ ۲ ۔ آرام سے ۔ خوشی سے ۔ بخیریت ۔
ٹھنڈے ٹھنڈے جانا / چلنا / سدھارنا [ا ر ۔ محاورہ] ۱ ۔ صبح سویرے روانہ ہونا ۔ ۲ ۔ آرام اور خوشی سے جانا ۔ ۳ ۔ رخصت ہونا ۔ دفع ہونا ۔
ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا [ا ر ۔ محاورہ] ۱ ۔ خوشی خوشی گھر جانا ۔ ۲ ۔ جان سلامت لے جانا ۔ ۳ ۔ رخصت ہونا ۔ دفع ہونا ۔
ٹھنڈے دل سے [ا ر ۔ متعلق فعل] صبر و سکون سے ۔ غصہ کے بغیر ۔
ٹھنڈے سانس بھرنا [ا ر ۔ محاورہ] آہیں بھرنا ۔ غم یا رنج کی وجہ سے سرد آہیں بھرنا ۔
ٹھنڈے سبھاؤ [ا ر ۔ متعلق فعل] دیکھیے "ٹھنڈے دل سے"
ٹھنڈے لوہے بھی کہیں پٹنے سے ڈھیلے پڑتے ہیں [ا ر ۔ مثل] زیادہ عمر ہو جانے کے بعد بچوں کی تربیت نہیں ہوتی ۔
ٹھنڈے وقت [ا ر ۔ متعلق فعل] دیکھیے "ٹھنڈے پہرے"
ٹھنڈیاں [ا ر ۔ امث] چیچک کے دانے [افعال :۔ ڈھلنا ۔ نکلنا]
ٹھنڈیوں کی باگ مڑنا [ا ر ۔ محاورہ] چیچک کے دانوں کا مرجھا جانا ۔
ٹھنکار [ہ ۔ امث] طبلے کی آواز ۔ ٹھن ٹھن کی آواز ۔
ٹھنکانا [ا ر ۔ مص] دیکھیے "ٹھنکنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔
ٹھنکنا [ا ر ۔ مص] آواز دینا ۔ ٹھن ٹھن کرنا ۔ طبلے کا بجنا ۔
ٹھنکنا [ا ر ۔ مص] ناز سے رونا ۔ بچوں کی طرح رونا ۔ ضد کرنا ۔ نخرے جتانا ۔
ٹھنگنا [ا ر ۔ صف] چھوٹے قد کا ۔ بونا ۔ ناٹا ۔ پستہ قد ۔
ٹھنگنی [ا ر ۔ امث] دیکھیے "ٹھنگنا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
ٹھنگیر (یائے مجہول سے) [ا ر ۔ امث] گزک ۔ نقل ۔ بطور شغل کسی خشک چیز کو دانہ دانہ کرکے کھانا [افعال :۔ لگنا ۔ لگانا]
ٹھنگیرنا [ا ر ۔ مص] ایک ایک کرکے کسی چیز کو کھانا ۔
ٹھننا [ا ر ۔ مص] ۱ ۔ دل میں پکا ارادہ ہونا ۔ ۲ ۔ ان بن ہونا ۔ قرار پانا ۔
ٹھو [ہ ۔ صف] عدد ۔ نمبر ۔
ٹھوٹ / ٹھوٹھ [ہ ۔ صف] بے مغز ۔ بے وقوف ۔ جاہل ۔ ان پڑھ ۔
ٹھور [ہ ۔ امث] جگہ ۔ ٹھکانا ۔ سراغ ۔ کھوج ۔
ٹھور بے ٹھور [ہ ۔ صف] موقع بے موقع ۔ جا بجا ۔ مناسب نامناسب مقام ۔
ٹھور ٹھکانا [ہ ۔ امذ] ۱ ۔ وہ جگہ جہاں مسکن ہو ۔ جہاں سکونت ہو ۔ ۲ ۔ رہنے کی جگہ ۔
ٹھور ٹھور پھرنا [ا ر ۔ محاورہ] آوارہ پھرنا ۔ در بدر پھرنا ۔

ٹھور رکھنا (ا۔ محاورہ) جہاں پایا وہیں مار دینا۔ کھیت رکھنا۔ بچ کر نہ جانے دینا۔
ٹھور رہنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹھور رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ٹھوڑا (ا۔ مذ ق) فوارہ۔ چشمہ۔
ٹھوڑی (ا۔ مث) چہرے کا سب سے نچلا حصہ جس سے کچھ اوپر ہونٹ ہوتے ہیں۔ ذقن۔ زنخداں۔
ٹھوڑی پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹھڈی پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنا"
ٹھوڑی پکڑنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹھڈی پکڑنا"
ٹھوڑی تارا (ا۔ مذ) ٹھوڑی کا تل۔ وہ تل جو کسی حسین کی ٹھوڑی میں ہو مصنوعی ہو یا اصلی۔
ٹھوس (واؤ مجہول سے) (ا۔ صفت) ۱۔ پُرمغز۔ بھاری۔ بوجھل۔ سخت۔ ۲۔ بھدا۔ کند ذہن۔ غبی۔
ٹھوسا (ھ۔ مذ) ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھینگا۔
ٹھوسا دکھانا (ا۔ محاورہ) انگوٹھا دکھانا۔ ٹھینگا دکھانا۔ معشوقانہ انداز۔ ضد کرنا۔ انکار کرنا۔
ٹھوسنا (ا۔ مص) دیکھیے "ٹھولنا"
ٹھوسے سے (ا۔ متعلق فعل) بیزار سے۔ بلا سے۔
ٹھوک (ا۔ مذ) صدمہ۔ ضرب۔ ٹھوکر۔
ٹھوک بجا کے (ا۔ متعلق فعل) اچھی طرح دیکھ بھال کے۔ جانچ کر۔ سوچ سمجھ کے۔ اطمینان سے۔ علانیہ۔
ٹھوک دینا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹھوکنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔
ٹھوکا (ا۔ مذ ق) ٹھیس۔ ٹھوکر۔
ٹھوکا جانا (ا۔ محاورہ) ٹھکنا کی تکمیل۔
ٹھوکر (ا۔ مث) ۱۔ پاؤں کو لگنے والی ضرب۔ ۲۔ پاؤں سے لگائی جانے والی ضرب۔ ۳۔ لات۔ لکد۔ ۴۔ صدمہ۔ ضرب۔ ۵۔ نقصان۔ ضرر۔ ۶۔ ٹکر۔ روڑا۔ ۷۔ سنگِ راہ۔ وہ پتھر جو سڑک پر ابھرا ہوا ہو۔ خراب سڑک۔ ۸۔ جوتا۔ پاپوش۔ ۹۔ معشوق کا ناز سے پاؤں مارنا۔ ۱۰۔ ناچنے والے کا پاؤں مارنا (ناچتے ہوئے) ۱۱۔ وہ پایہ دار بہل جس میں تابوت رکھتے ہیں۔ ۱۲۔ تباہی۔ بربادی۔ خرابی۔ ۱۳۔ نہر میں پانی کی روک۔
ٹھوکر اٹھانا/لگنا (ا۔ محاورہ) صدمہ اٹھانا۔ نقصان اٹھانا۔
ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا (ا۔ محاورہ) متواتر صدمہ اٹھانا۔ نقصان پر نقصان اٹھانا۔
ٹھوکر پر مارنا (ا۔ محاورہ) حقیر سمجھنا۔ ذلیل سمجھنا۔
ٹھوکر کھانا (ا۔ محاورہ) ۱۔ پاؤں میں کسی سخت چیز کی چوٹ لگنا۔ ۲۔ الجھنا۔ الجھ کر گر پڑنا۔ ۳۔ صدمہ اٹھانا۔ ۴۔ نقصان اٹھانا۔ ۵۔ بھولنا۔ چوکنا۔ دھوکا کھانا۔
ٹھوکر لگانا (ا۔ محاورہ) ۱۔ دیکھیے ٹھکرانا۔ ۲۔ ایڑ مارنا۔ ۳۔ کچھ نہ سمجھنا۔
ٹھوکر لگنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "ٹھوکر لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ٹھوکر لینا (ا۔ محاورہ) گھوڑے کا سکندری کھانا۔ لغزش کرنا۔
ٹھوکر مارنا (ا۔ محاورہ) لات مارنا۔ ٹھیس لگانا۔ ٹھوکا دینا۔ ۲۔ ترک کرنا۔ قبول نہ کرنا۔
ٹھوکروں پر پڑنا (ا۔ محاورہ) ۱۔ کسی کی خدمت اور مار دھاڑ میں رہنا ۲۔ ذلت سے رہنا۔

ٹھوکریں دینا (ا۔ محاورہ) ایذا دینا۔ تکلیف دینا۔
ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا (ا۔ محاورہ) نقصان اٹھا کر ہوش میں آنا۔ کچھ کھو کر سیکھنا۔
ٹھوکریں کھانا (ا۔ محاورہ) ۱۔ لاتیں کھانا۔ ۲۔ پامال ہونا۔ ۳۔ مارا مارا پھرنا۔ ۴۔ سختیاں جھیلنا۔ ۵۔ طعنے سہنا۔ ۶۔ غلطیاں کرنا۔
ٹھوکریں کھلانا/کھلوانا (ا۔ محاورہ) ذلیل کرانا۔ در بدر پھرانا۔
ٹھوکنا/ ٹھونکنا (ا۔ مص) ۱۔ گاڑنا۔ ۲۔ کوٹنا۔ ۳۔ زدوکوب کرنا۔ لات مکے سے مارنا۔ ۴۔ پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا۔ ۵۔ طبلہ وغیرہ بجانا۔ ۶۔ تھپ تھپانا۔ کھٹ کھٹانا۔ ۷۔ عرضی دینا۔ نالش کرنا۔ ۸۔ جڑنا۔ لگانا۔
ٹھولا (واؤ مجہول سے) (ھ۔ مذ) ۱۔ وہ پیالہ جو پرندے کے پنجرے کے نیچے رکھتے ہیں۔ ۲۔ انگلی کے جوڑ کا بیرونی رُخ (افعال: ۱۔ مارنا)
ٹھونٹھ (ھ۔ مذ) دیکھیے "ٹھنٹھ"
ٹھونٹھا (ھ۔ مذ) ۱۔ لمبی خشک لکڑی۔ ۲۔ حقّے کی سیدھی نے۔
ٹھوں ٹھاں (ھ۔ مث) بار بار کھانسنے کی آواز۔
ٹھونس ٹھانس (ھ۔ مث) ٹھونس دینے کا عمل۔ کسی چیز کو کسی چیز میں زبردستی ٹھونسنا۔
ٹھونسنا (ا۔ مص) ۱۔ دبا کر بھرنا۔ خوب زور کے ساتھ بھرنا۔ ۲۔ گھسیڑنا۔ داخل کرنا۔ ۳۔ کھانا۔ نگلنا۔ ۴۔ زبردستی کھلانا۔
ٹھونگ (ا۔ مث) ۱۔ چونچ۔ منقار۔ ۲۔ بیچ کی انگلی۔
ٹھونگ مارنا (ا۔ محاورہ) ۱۔ بیچ کی انگلی دوہری کر کے مارنا۔ ٹھولا مارنا۔ ۲۔ چونچ مارنا
ٹھونگا (ا۔ مذ) دیکھیے "ٹھونگ"
ٹھونگنا (ا۔ مص) دیکھیے "ٹھنگیرنا"
ٹھونگیں مار کیا سر کیا، کہے میرے سے ہاتھ نہ پہنچا (ا۔ مثل) نقصان کرنے کے بعد فضول عذر پیش کرنا۔
ٹھہاگا (ھ۔ مذ) قہقہہ۔ ہنسی (افعال: ۱۔ مارنا۔ لگانا)
ٹھہرانا/ٹھیرانا (ا۔ محاورہ) ۱۔ روکنا۔ تھامنا۔ ۲۔ ٹھاننا۔ منصوبہ باندھنا۔ ۳۔ منجمد کرنا۔ قائم کرنا۔ ۴۔ مکان میں اتارنا۔ ۵۔ تجویز کرنا۔ ۶۔ قیمت چکانا۔ ۷۔ بھاؤ تاؤ کرنا۔ نرخ مقرر کرنا۔ ۸۔ قرار داد کرنا۔
ٹھہراؤ/ٹھیراؤ (ا۔ مذ) ۱۔ قیام۔ ۲۔ وقفہ۔ ۳۔ قرارداد۔
ٹھہرا/ٹھیرا ہونا (ا۔ محاورہ) قرار پانا۔ قیام پذیر ہونا۔
ٹھہر ٹھہر/ٹھیر ٹھیر کے (ا۔ متعلق فعل) رُک رُک کے۔ پھونک پھونک کر قدم رکھ کر۔ احتیاط کے ساتھ۔
ٹھہرنا/ٹھیرنا (ا۔ مص) ۱۔ رُکنا۔ قیام کرنا۔ ۲۔ ثابت قدم رہنا۔ ۳۔ طے ہونا۔ قرار پانا۔ ۴۔ جم جانا۔ بیٹھ جانا۔ ۵۔ فروکش ہونا۔ اترنا۔ ۶۔ تاریخ مقرر ہونا۔ ۷۔ بھاؤ قرار پانا۔ قیمت چکنا۔ ۸۔ دیر لگانا۔ وقفہ کرنا۔ ۹۔ دیرپا ہونا۔ ۱۰۔ غم کھانا۔ صبر کرنا۔ ۱۱۔ قرار پکڑنا۔ ۱۲۔ تہ نشین ہونا نیچے بیٹھنا۔ ۱۳۔ کوئی کام کرتے کرتے رک جانا۔ ۱۴۔ اضطراب کم ہونا۔ تسلی پانا۔ ۱۵۔ چراغ وغیرہ کا جلتے رہنا۔ ۱۶۔ قرار پانا۔ ۱۷۔ ہونا۔ ۱۸۔ طبیعت کا بحال ہونا۔ ۱۹۔ رجوع نہ ہونا۔ ۲۰۔ گواہ کا اپنے بیان پر قائم رہنا۔ ۲۱۔ نوبت آنا۔ ۲۲۔ حمل ہونا۔ ۲۳۔ نسبت تجویز ہونا۔
ٹھیا (ھ۔ مذ) ۱۔ چبوترہ۔ تودا۔ ۲۔ جگہ۔ گدی۔
ٹھیپ (ھ۔ مث) ۱۔ وہ ٹھیکرا جس میں فقیر آگ رکھتے ہیں۔ گھڑے کا نچلا حصہ

۲۔ شمع دان۔ چراغ۔

ٹھیٹ / ٹھیٹھ (ہ صف) ۱۔ خالص۔ اصلی۔ ۲۔ وہ زبان جس میں کسی اور زبان کی آمیزش نہ ہو۔

ٹھی ٹھی (ہ امث) بے ہودہ پن سے ہنسنے کی آواز۔

ٹھیس (یائے مجہول سے) (ار امث) ۱۔ خفیف ضرب۔ ۲۔ ہلکی سی رگڑ۔

ٹھیس لگنا (ار محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ ٹھوکر لگنا۔

ٹھیس لگے بدھ بڑھے (ار مثل) نقصان پہنچنے سے انسان کی عقل بڑھتی ہے۔

ٹھیسرا (ار امذ) طعن طنز کی باتیں۔ شرارت کی باتیں۔

ٹھیک (یائے مجہول سے) (ار امث) ۱۔ ٹیک۔ ڈاٹ۔ ۲۔ تلاطلی۔ پیندی۔ ۳۔ جوتے کی ایڑی۔ ۴۔ تلوار کی تہبال۔ ۵۔ غلّے یا لکڑی کا انبار۔ ۶۔ وہ چیز جس سے لکڑی کے سوراخ یا آتش بازی کے انار بند کرتے ہیں۔ چانا۔ ۷۔ گاڑیوں کا اڈّا۔

ٹھیک نکل جانا (ار محاورہ) ۱۔ پیپ بیٹھ جانا۔ ۲۔ گھبرا جانا۔ سٹپٹا جانا۔

ٹھیک (ار صف) ۱۔ صحیح۔ درست۔ بجا۔ ۲۔ برابر۔ چست۔ موزوں۔ ۳۔ ہو بہو۔ جوں کا توں۔ ۴۔ پورا۔ پورا۔ ۵۔ خاطر خواہ۔ ۶۔ بے شک۔ درحقیقت۔ ۷۔ مستقل۔ مستقیم۔ ۸۔ مقررہ۔ مجوزہ۔ ۹۔ مناسب۔ شایاں۔ ۱۰۔ عین موقع پر۔ ۱۱۔ باقاعدہ۔ ۱۲۔ ہموار۔ سلیج۔ ۱۳۔ پورا۔ کامل۔ ۱۴۔ (امذ) پتہ۔ نشان۔ ۱۵۔ وقت۔ خبر۔ ۱۶۔ ٹھور۔ ٹھکانا۔ ۱۷۔ اعتبار۔ بھروسا۔ ۱۸۔ کامل طور پر۔ ۱۹۔ (امث) وہ مٹی کا برتن جس میں فقیر آگ بھر کر رکھ دیتے ہیں۔ ۲۰۔ طے شدہ۔

ٹھیک آنا (ار محاورہ) ۱۔ عین موقع پر۔ ۲۔ کپڑے یا جوتے کا موزوں ہونا۔

ٹھیک بنانا (ار محاورہ) ۱۔ سزا دینا۔ تنبیہہ کرنا۔ ۲۔ درست کرنا۔ کسی کام کے لائق بنانا۔ ذلیل کرنا۔

ٹھیک ٹھاک (ار صف) ہر طرح سے درست۔ لیس۔ تیار۔ چست موزوں (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

ٹھیک (ار امذ) ۱۔ ٹھور ٹھکانا۔ ۲۔ سہارا۔ نوکری۔ روزگار۔

ٹھیک ٹھور (ار امذ) مناسب جگہ۔

ٹھیک ٹھیک (ار صف) ٹھیک ٹھیک۔ ہو بہو۔

ٹھیک کرنا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹھیک بنانا"

ٹھیک ہونا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹھیک بنانا"

ٹھیکا / ٹھیکہ (ار امذ) ۱۔ اجارہ (افعال۔ لینا۔ دینا) ۲۔ نشست گاہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ۳۔ طبلے یا ڈھولک بجانے کا خاص انداز۔

ٹھیکا بجانا / لگانا (ار محاورہ) طبلہ یا ڈھولک اس طرح بجانا کہ گانے والے کی آواز کو سہارا ملے۔

ٹھیکا بھرنا (ار محاورہ) گھوڑے کا اچھلنا کودنا۔

ٹھیکا بھینٹ (ار امذ) وہ نذرانہ یا رشوت جو ٹھیکہ لینے پر دی جاتی ہے۔

ٹھیکادار / ٹھیکیدار (ار ف صف) اجارہ دار۔ وہ شخص جس نے ٹھیکہ لیا ہو۔

ٹھیکہ لینا (ار محاورہ) ذمّہ لینا۔

ٹھیکہ مستاجری (ار امذ) کرائے پر لیا ہوا ٹھیکہ۔

ٹھیکرا (ار امذ) ۱۔ مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔ ۲۔ ناریل کے سخت پوست کا ٹکڑا۔ ۳۔ تحقیراً حقارت کے طور پر دھات کے پرانے برتن۔ ۴۔ جائداد۔ مکان وغیرہ۔

ٹھیکرا اچھوڑنا (ار محاورہ) الزام لگانا۔ تہمت لگانا۔

ٹھیکری (ار امث) ۱۔ ٹھیکرا کی تصغیر۔ ۲۔ مٹی کا توا۔ ۳۔ عیب۔ ۴۔ عورتوں کی شرم گاہ۔

ٹھیکری کرنا (ار محاورہ) بے دریغ خرچ کرنا۔ بے جا خرچ۔

ٹھیکری ہونا (ار محاورہ) دیکھیے "ٹھیکری کرنا"

ٹھیکرے بکوانا (ار محاورہ) گھر کا سامان بکوانا۔

ٹھیکرے کی مانگ (ار امث) پیدائشی رشتہ۔ رشتہ دار عورتیں کسی بچے کی پیدائش پر دائی کے ٹھیکرے میں کچھ نقدی ڈال دیتی ہیں جس کا مطلب ہوتا ہے کہ اس بچے کی نسبت ہمارے بچے سے ہو گئی۔

ٹھیکرے منہ پر لوٹنا (ار محاورہ) منہ پر رونق نہ ہونا۔ بچپن کی سادگی نہ ہونا۔

ٹھیکرے میں ڈالنا (ار محاورہ) رشتے دار عورتوں کا دائی کے ٹھیکرے میں کچھ نقدی ڈالنا۔

ٹھیکی (یائے مجہول سے) (ار امث) ۱۔ سہارا۔ ۲۔ غلّہ رکھنے کی جگہ۔ غلّہ کا انبار۔ ۳۔ لکڑی کا انبار۔ ۴۔ اڑواڑ۔

ٹھیکی لگانا / لینا (ار محاورہ) ۱۔ بوجھ سر سے اتار کر آرام لینا۔ ۲۔ چلتے چلتے تھک کر دم لینا۔ ۳۔ انبار لگانا۔

ٹھیکیاں لینا (ار محاورہ) دم لینا۔ تھوڑا چل کر ٹھہر جانا۔

ٹھیکیں (یائے مجہول سے) (ار امث) مردوں کے رخسار کے وہ بال جو مونچھوں سے مل جاتے ہیں (افعال۔ رکھنا۔ رکھوانا)

ٹھیل (ار امث ق) ٹال مٹول۔ ٹھکرانا۔

ٹھیلا (یائے مجہول سے) (ار امذ) دھکا۔ ریلا۔ باربرداری کی گاڑی۔

ٹھیلنا (ار مص) ۱۔ کہنی مارنا۔ ٹہوکا دینا۔ ۲۔ دھکیلنا۔ ۳۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹانا۔

ٹھیں ٹھیں (ار امث) دیکھیے "ٹھی ٹھی"

ٹھینا (ار امذ) طعن و تشنیع۔

ٹھینٹ / ٹھینٹی / ٹھینٹھی (ہ امث) کان میں جما ہوا میل۔

ٹھینگا (ار امذ) ۱۔ انگوٹھا۔ ۲۔ لاٹھی۔ سونٹا۔

ٹھینگا دکھانا (ار محاورہ) ۱۔ ہاتھ کا انگوٹھا ٹیڑھا کر کے دکھانا۔ ۲۔ صاف انکار کرنا۔ چڑانا۔

ٹھینگے سے (ار متعلق فعل) بلا سے۔ بیزار سے۔ کچھ پروا نہیں۔

ٹ۔ ی

ٹی۔ اے (انگ امذ) (انگریزی TRAVELLING ALLOWANCE کا مخفف) سفر خرچ۔

ٹی۔ بی (انگ امث) انگریزی لفظ (TUBERCULOSIS) کا مخفف۔ تپدق

ٹی پارٹی (انگ امث) (انگریزی لفظ TEA PARTY) چائے کی دعوت

ٹی۔ ٹی (انگ امذ) (انگریزی لفظ TRAVELLING TICKET EXAMINER کا مخفف) چلتی گاڑی میں ٹکٹوں کا معائنہ کرنے والا۔

ٹی۔ وی (انگ۔ امذ) (TELEVISION) کا اختصار۔ دیکھیے "ٹیلی ویژن"

ٹیاں (ہ امذ) ۱۔ ایک قسم کی چھوٹی کرسی۔ ۲۔ چھوٹا۔ بونا۔ پستہ قد۔ ۳۔ ایک

قسم کا چھوٹا طوطا۔
ٹیاں سی جان [ا ر امث] اکیلا دم۔ تن تنہا۔
ٹیبا / ٹبا [ھ امذ] ٹیلا۔ پہاڑی۔ تودا۔
ٹیپا (یائے مجہول سے) [ھ امذ] لمبا ٹانکا بھرنا۔
ٹیپ [انگ امذ] (TAPE) سوت اور پلاسٹک وغیرہ کی باریک پٹی۔ فیتہ۔
ٹیپ ریکارڈر [انگ امذ] (انگریزی لفظ TAPE RECORDER) ایک مشین جس آواز بھری اور سُنی جاتی ہے۔ صدا بندی کا آلہ۔
ٹیپ [ا ر امث] ۱۔ دباؤ۔ داب۔ ۲۔ اونچا سر۔ اونچی لے۔ ۳۔ یادداشت کے طور پر کچھ لکھ لینا۔ ۴۔ مسدس کا تیسرا شعر۔ ۵۔ مخمس اور مثلث کا آخری شعر۔ بند۔ گرہ۔ ۶۔ فوج کا دستہ۔ ۷۔ عورتوں کے ماتھے کا زیور۔ ۹۔ تمسک۔ ۱۰۔ ہنڈی۔ ۱۱۔ چوٹی کا عمدہ اعلیٰ۔ ۱۲۔ لڑکے یا لڑکی کی جنم پتری۔ ۱۳۔ تاش میں یا گنجفہ میں ایک پتے کو دو پتوں سے لینا۔ ۱۴۔ پکی عمارت کی اینٹوں کی درازوں میں سیمنٹ یا چونا بھرنا۔ ۱۵۔ چپت۔ دھول۔
ٹیپ بھرنا / کرنا [ا ر محاورہ] عمارت کی درزوں میں سیمنٹ یا چونا بھرنا۔
ٹیپ ٹاپ [ا ر امث] ۱۔ بھڑک۔ آراستگی۔ زیبائش۔ سنگار۔ ۲۔ خودنمائی ۳۔ شان و شوکت۔
ٹیپ جڑنا / مارنا / لگانا [ا ر محاورہ] چپت لگانا۔ دھول مارنا۔
ٹیپ کا بند [ا ر امذ] مخمس۔ مسدس یا مثلث کا آخری شعر۔
ٹیپنا [ا ر مص] ۱۔ دبانا۔ بھینچنا۔ ۲۔ لکھ لینا۔ ٹانک لینا۔ یادداشت میں درج کر لینا ۳۔ گنجفے یا تاش میں دو پتوں سے ایک پتا جیتنا۔ ۴۔ دُھن میں گانا۔ اونچے سروں میں گانا۔ ۵۔ روپیہ وصول کرنا۔ روپیہ جیب میں رکھنا۔
ٹیٹک منجھا [ھ امذ] ۱۔ ٹوٹی ہوئی چارپائی یا پلنگ۔ ۲۔ جھمیلا۔ دقت۔ کشمکش۔
ٹیٹو [انگ امذ] (TATTOO) ۱۔ وہ نیلا یا سُرخ نشان جو بدن کے کسی حصہ پر گدوایا جاتا ہے۔ ۲۔ حاضری کے لئے ڈھول یا بگل بجانا۔ طبل۔ نقارہ۔ ۳۔ پولیس یا فوج کے کرتب، روشنی کے کھیل۔
ٹیر (یائے مجہول سے) [ھ امث] ۱۔ آواز۔ ہانک۔ پکار۔ چیخ چلانا۔ ۲۔ (صف) گزرا ہوا گزشتہ۔
ٹیرا [ھ امذ ق] بیرو (صف) بھینگا۔
ٹیرنا (یائے مجہول سے) [ھ مص] ۱۔ آواز دینا۔ پکارنا۔ بلانا۔ ۲۔ چیخنا۔ چلانا ۳۔ گانا۔ بجانا۔ سُر نکالنا۔
ٹیروا [ھ امذ] ۱۔ جوارہ۔ ۲۔ حقہ کی نے جس پر چلم رکھتے ہیں۔
ٹیڑھ [ا ر امث] ۱۔ کجی۔ خمیدگی۔ ۲۔ اکڑ۔ مروڑ۔ ۳۔ شرارت۔ سرکشی۔ ۴۔ جہالت۔
ٹیڑھ کی چلنا / لینا [ا ر محاورہ] ٹیڑھی چال چلنا۔ بُرا چلن رکھنا۔ شرارت کرنا۔
ٹیڑھ نکالنا [ا ر محاورہ] ۱۔ کجی دور کرنا۔ ۲۔ اتنا مارنا پیٹنا کہ شرارت دور ہو جائے
ٹیڑھا [ا ر صف مذ] ۱۔ خمدار۔ جھکا ہوا۔ ۲۔ مخالف۔ پھرا ہوا۔ ۳۔ اجڈ۔ اوندھی سمجھ کا۔ ۴۔ بدمزاج۔ غصہ ور۔ ۵۔ خفا۔ ناراض۔ ۶۔ شریر۔
ٹیڑھا بانکا [ا ر صف امذ] چھیلا۔ طرحدار۔ وضع دار۔ اکھڑ۔ سپاہی وضع کا۔
ٹیڑھا بیڑھا / بیڑا / میڑھا [ا ر صف] کج۔ خمدار۔
ٹیڑھا پن [ا ر امذ] دیکھیے "ٹیڑھ"
ٹیڑھا ترچھا [ا ر صف] دیکھیے "ٹیڑھا"

ٹیڑھا جواب [ا ر ع امذ] تلخ جواب۔ وہ جواب جس سے ناراضگی ظاہر ہو۔
ٹیڑھا رہنا [ا ر محاورہ] ناراض رہنا۔ بگڑے رہنا۔
ٹیڑھا سمجھنا [ا ر محاورہ] کسی بات کے الٹے معنی نکالنا۔
ٹیڑھا سوال [ا ر ع امذ] پیچیدہ مسئلہ۔
ٹیڑھا قط [ا ر ع۔ امذ] قلم کی نوک کو ترچھا کاٹنا۔
ٹیڑھا کرنا [ا ر مص مرکب] خم دینا۔ کج کرنا۔ ترچھا کرنا۔
ٹیڑھا نظر آنا [ا ر محاورہ] ناراض معلوم ہونا۔ بگڑا ہوا دکھائی دینا۔
ٹیڑھا وقت [ا ر ع امذ] بُرا وقت۔ مصیبت کا وقت۔
ٹیڑھا ہونا [ا ر محاورہ] ۱۔ کج ہونا۔ ۲۔ خفا ہونا۔ بگڑنا۔ اکڑنا۔
ٹیڑھی [ا ر صف مث] دیکھیے "ٹیڑھا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ٹیڑھی آنکھ [ا ر امث] غصے کی نظر۔
ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا [ا ر محاورہ] ترچھی نظر سے دیکھنا۔ غصہ سے دیکھنا۔ مخالفانہ نظر ڈالنا۔
ٹیڑھی آنکھیں کرنا [ا ر محاورہ] ناراض ہونا۔ بے مروتی کرنا۔ بُری نظر سے دیکھنا۔
ٹیڑھی ترچھی سنانا [ا ر محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔
ٹیڑھی ٹوپی [ا ر امث] وہ ٹوپی جو سر پر آڑی رکھی ہو۔ بانکپن کی نشانی۔
ٹیڑھی چال چلنا [ا ر محاورہ] الٹا راستہ اختیار کرنا۔ سب کے خلاف چلنا بُری رسم اختیار کرنا۔
ٹیڑھی سنانا [ا ر محاورہ] روکھی سنانا۔ بُرا بھلا کہنا۔ خلاف جواب دینا۔
ٹیڑھی سیدھی [ا ر امث] کڑی اور نرم باتیں۔
ٹیڑھی کھیر [ا ر امث] تلمیح] مشکل کام۔ دشوار کام۔
ٹیڑھی نظر / نگاہ [ا ر امث] ترچھی نگاہ۔ قہر کی نظر۔
ٹیڑھے [ا ر صف مذ] دیکھیے "ٹیڑھا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
ٹیڑھے بانکے [ا ر صف] دیکھیے "ٹیڑھا بانکا" جس کی یہ جمع ہے۔
ٹیڑھے تار کا جوتا [ا ر امذ] چاندی سونے کے خمیدہ تاروں کا جوتا۔
ٹیڑھے توے کی روٹی [ا ر امث] مشکل کام۔
ٹیڑھے کو گھن نہیں لگتا [ا ر مثل] بُرے کو کوئی دکھ نہیں ہوتا۔
ٹیڑی [ھ امث] ٹڈی۔ ملخ۔
ٹیڑی دل [ھ امذ] دیکھیے "ٹڈی دل"
ٹیس [ا ر امث] ۱۔ درد۔ زخم اور پھوڑے پھنسی کا درد۔ ۲۔ انگریزی STITCH کا بگاڑ) جزبندی۔ کتاب کی سلائی۔
ٹیس اٹھنا / مارنا [ا ر محاورہ] بار بار درد اٹھنا۔ پھوڑے میں ہولے اٹھنا۔
ٹیسنا [ا ر مص] میٹھا میٹھا درد ہونا۔ تپکنا
ٹیسٹ [انگ امذ] (TEST) آزمائش۔ جانچ۔ امتحان۔ (افعال:۔ کرنا۔ لینا۔ ہونا)
ٹیسو [ھ امذ] ۱۔ ڈھاک کا پھول جس میں سے زرد رنگ نکلتا ہے۔ ۲۔ درخت۔ پلاس ۳۔ وہ مٹی کا پتلا جس کو ہندو لڑکے دسہرے کے زمانہ میں رات کے وقت گھر گھر لئے پھرتے ہیں۔ ۴۔ وہ گیت جو لڑکے مٹی کے پتلے کے ساتھ گاتے ہیں۔
ٹیسو بنانا [ا ر محاورہ] ۱۔ ٹیسو کا سوانگ بنا کر نکالنا۔ ۲۔ ہنسی اڑانا۔ سوانگ بنانا۔
ٹیک (یائے معروف سے) [ھ امث] جانوروں کی پیشانی۔
ٹیک (یائے مجہول سے) [ھ امث] ۱۔ کھمبا۔ تھم۔ ستون۔ پشتی۔ ۲۔ سہارا

۳۔ کسی چیز کو کسی چیز پر سیدھا کھڑا کرنا۔ ۴۔ دیپ، پکا، ارادہ۔ ۵۔ قول قرار
۶۔ انترا گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جاتے۔ ۷۔ ردیف کا شعر۔
ٹیک دھرنا (ا۔ محاورہ) کوئی کام کرنے پر تلا ہونا۔ ۲۔ پکا ارادہ کر لینا۔
ٹیک رہنا (ا۔ محاورہ) بات رہنا۔ بھرم رہنا۔ ساکھ قائم رہنا۔ اعتبار رہنا۔
ٹیک لگانا (ا۔ محاورہ) سہارا لینا۔ کسی چیز سے لگ کر یا اس کے سہارے کھڑا ہونا یا بیٹھنا۔

ٹیکا (ا۔ اند) ا۔ قشقہ۔ تلک۔ ۲۔ صندل یا سیندور وغیرہ کا پیشانی پر نشان۔ ۳۔ بچوں کی پیشانی پر تیل یا سرمہ سے بنایا جانے والا نشان تاکہ نظر بد نہ لگے۔ ۴۔ ولی عہد۔ تخت کا وارث۔ ۵۔ ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔ ۶۔ ایک رسم جو ہندؤوں میں منگنی یا بیاہ کے موقع پر ادا ہوتی ہے۔ مٹھائی وغیرہ جو منگنی کے وقت ٹیکا لگانے کے بعد تقسیم کی جاتی ہے۔ ۷۔ جسم میں دوا داخل کرنے کا عمل۔ ۸۔ سرخ۔ تلقیہ۔ ۹۔ سرداری کی علامت۔ ۱۰۔ خصوصیت کا نشان۔ ۱۱۔ دھبا۔ داغ۔ ۱۲۔ گدی پر بٹھانے کی رسم ۱۳۔ وہ نشان جو ہندو سفر یا جاترا جاتے وقت لگا دیتے ہیں۔ ۱۴۔ وہ زیور جو گھوڑے کے ماتھے پر پہنایا جاتا ہے۔ ۱۵۔ خاص بات۔ خصوصیت ۱۶۔ وہ تحفہ جو خسر اپنے داماد کو شادی کے موقع پر دیتا ہے۔
ٹیکا بھیجنا (ا۔ محاورہ) نشان چڑھانا۔ نسبت یا منگنی کے وقت مٹھائی وغیرہ بھیجنا۔ سگائی کرنا۔
ٹیکا کرنا (ا۔ محاورہ) رخصت کرنا۔ ۲۔ منگنی کرنا۔ ۳۔ دوا جلد میں سوئی کے ذریعے داخل کرنا
ٹیکا لگانا (ا۔ محاورہ) ٹیکا ماتھے پہ پہننا۔ ۲۔ ماتھے پر بندی لگانا۔ ۳۔ بیماری روکنے کے لئے سوئی لگانا۔ ۴۔ دھبا یا داغ لگانا۔
ٹیکرا (ھ۔ اند) ٹیلا۔ تودہ۔ ڈھیر۔ انبار۔ ۲۔ پہاڑی کی ڈھلوان۔
ٹیکس (انگ۔ اند) (TAX) محصول۔ لگان۔
ٹیکسٹ بُک (انگ۔ امث) (TEXT BOOK) نصابی کتاب۔ درسی کتاب
ٹیکسٹ بُک بورڈ (انگ۔ امث) (TEXT BOOK BOARD) وہ ادارہ جو درسی کتابیں منظور کرتا ہے۔
ٹیکسی (انگ۔ امث) (TAXI) کرائے کی موٹر گاڑی۔ رکشا۔ ۲۔ (عامیانہ) کسبی فاحشہ
ٹیکن (یائے مجہول سے) (ھ۔ امث) ٹیک۔ سہارا
ٹیکنا (ھ۔ مص) سہارا لگانا۔ سہارا رکھنا۔ سہارا لینا۔ ۲۔ جوئے میں داؤں پر لگانا
ٹیکنیک (انگ۔ امث) (TECHNIQUE) ا۔ فنون کا نظریہ۔ ۲۔ طرز ادا ۳۔ ہنرمندی۔ فنی طریق۔
ٹیکی (یائے مجہول سے) (ھ۔ امث) وہ لکڑی جس سے چھت یا کسی چیز کو روک دیتے ہیں
ٹیکی (ا۔ امث) دیکھئے "ٹیکا" جس کی یہ تصغیر ہے۔ ا۔ ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔
ٹیگ (انگ۔ اند) (TAG) نتھی کرنے کی ڈوری جس کے سرے پر گھنڈیاں ہوتی ہیں
ٹیلا (ا۔ اند) اونچا مقام۔ اونچی زمین۔ تودہ۔ چھوٹی پہاڑی۔
ٹیلی پرنٹر (انگ۔ اند) (TELE PRINTER) برقی مشین جس کے ذریعے وصول ہونے والے پیغام خود بخود ٹائپ ہو جاتے ہیں۔
ٹیلی فون (انگ۔ اند) (TELE PHONE) ایک برقی آلہ جس کے ذریعہ دور دراز فاصلے سے گفتگو کر سکتے ہیں۔

ٹیلیگراف (انگ۔ اند) (TELEGRAPH) تار برقی۔ تار پر خبر بھیجنے کا آلہ۔
ٹیلیگرام (انگ۔ اند) (TELEGRAM) تار برقی کا پیغام۔ وہ پیغام جو تار کے ذریعے بھیجا جائے۔
ٹیلی ویژن (انگ۔ اند) (TELEVISION) ایک قسم کا ریڈیو جس میں آواز کے ساتھ تصویر بھی آجاتی ہے۔
ٹیم (انگ۔ امث) مل کر کام کرنے والوں کا گروہ۔ کھیل کے ساتھی۔
ٹیم (یائے مجہول سے) (ھ۔ امث) چراغ کی بتی کا وہ حصہ جو جل کر سیاہ ہو جائے
ٹیم ٹام (ھ۔ امث) دیکھئے "ٹیپ ٹاپ"
ٹیمی (یائے مجہول سے) (ھ۔ امث) چنگاری۔ پرکالہ۔ آتش۔
ٹین (انگ۔ اند) دیکھئے "ٹن" (TIN)
ٹیں (ا۔ امث) (یائے مجہول سے) طوطے کی آواز جب وہ کسی وجہ سے چیخے۔
ٹیں ٹیں (ا۔ امث) طوطے کی متواتر آواز۔ ۲۔ مہمل بات۔ بیہودہ بات۔
ٹیں ٹیں کرنا (ا۔ محاورہ) طوطے کی طرح بولنا۔ بڑبڑانا۔ بکنا۔
ٹیں ہو جانا (ا۔ محاورہ) مرجانا۔
ٹینٹ (انگ۔ اند) (TENT) خیمہ۔ ڈیرا۔ شامیانہ۔ چھولداری۔
ٹینٹ (یائے مجہول سے) (ھ۔ اند) کریل کا پھل۔ ۲۔ کپاس کا ڈوڈا۔ ۳۔ آنکھ کی پھُلّی۔ ۴۔ بیرونی چھلکا یا چھلی
ٹینٹا (ا۔ اند) ا۔ کریل کا پھل۔ ۲۔ جھگڑا۔ ۳۔ وہ بات جو سوچے سمجھے بغیر منہ سے نکال دی جائے۔
ٹینٹوا (یائے مجہول سے) (ا۔ اند) گلا۔ حلق۔
ٹینٹوا دبا لینا (ا۔ محاورہ) گلا گھونٹنا۔ عاجز کرنا۔ سخت تقاضا کرنا۔
ٹینٹی (ھ۔ امث) کریل کا پھل۔
ٹینس (انگ۔ امث) (TENNIS) ایک کھیل جو جال لگا کر ربڑ کی گیندوں سے اور تانت کے بنے ہوئے بلّوں سے کھیلا جاتا ہے۔
ٹینک (انگ۔ اند) (TANK) آہن پوش مسلح موٹر گاڑی جس کے پہیوں پر چین چڑھی ہوتی ہے۔ ۲۔ تالاب۔ جوہڑ۔ ۳۔ انجن کا وہ حصہ جس میں پانی بھر لیتے ہیں۔
ٹینکر (انگ۔ اند) (TANKER) تیل لانے یا لے جانے والا جہاز۔ وہ جہاز جس میں تیل کے لئے بڑی سی ٹنکی لگی ہوتی ہے۔
ٹنکی (ا۔ امث) انگریزی (TANK) کا بگاڑ۔ انجن کا وہ حصہ جس میں پانی یا تیل بھرا جاتے۔
ٹینی (ا۔ صف) پست قد۔ بونا۔ ٹھینگنا۔ (مذ و مث) چھوٹے قد کی مرغی یا مرغا۔
ٹیو (ھ۔ امث) ا۔ عادت۔ رسم و رواج۔ ۳۔ طریقہ۔ طرز۔ ۴۔ کرتب۔ ۵۔ فریب ۶۔ خیال۔ رنگ۔ موج۔
ٹیوا (یائے مجہول سے) (ھ۔ اند) جنم پتری۔ زائچہ۔ ۲۔ عادت۔ چسکا۔
ٹیوب (انگ۔ امث) (TUBE) نل۔ نال۔ ۲۔ سرنگ۔ نلکی۔ ربڑ کی پھُکنی۔
ٹیوب ویل (انگ۔ اند) (TUBE WELL) نل کنواں جو برقی قوت یا انجن سے چلتا ہے
ٹیوشن (انگ۔ امث) (TUITION) سکول کی باقاعدہ پڑھائی کے علاوہ گھر پر پڑھائی
ٹیوکی (ھ۔ امث) چھپر کی تھونی۔ اڑواڑ
ٹیہلا (ھ۔ اند) ا۔ بیاہ کی ایک رسم۔ ۲۔ تیج تہوار۔ ۳۔ نیگ۔ انعام۔
ٹیہلا پھیرنا / پھیلانا (ھ۔ محاورہ) بیاہ رچانا۔ شادی کی رسم ادا کرنا۔

ث [ع ۔ امث] عربی اور فارسی میں اسے ثا اور اُردو میں ثے، کہتے ہیں۔ دوسرے ہم شکل حروف سے التباس دور کرنے کے لئے اسے ثائے مثلثہ بھی کہتے ہیں۔
۱:۔ عربی حروف تہجی کی ترتیب "ابتث" میں یہ چوتھا اور ترتیب "ابجد" میں تیئیسواں حرف ہے۔ فارسی حروف تہجی کی ترتیب میں پانچواں اور اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں چھٹا حرف ہے۔
۲:۔ یہ عربی سے مخصوص ہے۔ اس کی آواز کسی دوسری زبان میں موجود نہیں۔
۳:۔ زبان کی نوک اور سامنے کے نچلے دانتوں سے اس کی آواز نکلتی ہے۔
۴:۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے
۵:۔ عربی کے حروف شمسی میں شامل ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا بلکہ اس کو مشدد کر دے گا مثلاً الثّاقب"
۶۔ قاعدہ جمل کے مطابق اس کے پانسو عدد مقرر ہیں۔
۷۔ عربی میں حرف "ف" کا بدل ہے مثلاً جدث۔ جدف۔

ث ۔ ا

ثابت [ع ۔ صف] ۱۔ قائم۔ مستقل۔ برقرار۔ ۲۔ پائیدار۔ مضبوط۔ ۳۔ تصدیق شدہ۔ مستند۔ ۴۔ وہ ستارہ جو گردش نہ کرے۔ ۵۔ عاملوں کی اصطلاح میں سال کے وہ مہینے جن میں اپنے فائدہ کے لئے عمل پڑھتے ہیں اور یہ ماہ جیٹھ۔ بھادوں۔ منگھر اور پھاگن ہیں۔
ثابت تی [ار ۔ امذ] سپاہی۔ مسلح سپاہی جس نے ثابت خان کا وضع کردہ لباس پہنا ہوا ہو۔
ثابت قدم [ع ۔ صف بترکیب فارسی] عہد کا پکا۔ بات پر رہنے والا۔ مستقل ارادے والا۔
ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں [ار ۔ مثل] مستقل مزاج اور حوصلہ مند آدمی جہاں جاتا ہے اپنے لئے جگہ پیدا کر لیتا ہے۔
ثابت قدمی [ع ۔ امث بہ ترکیب فارسی] دیکھیے "ثابت قدم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ثابت کرنا [ار ۔ مرکب] ثبوت دینا۔ صداقت کو پہنچانا۔ تحقیق کرنا۔
ثابت کر، تب منہ پر مار [ار ۔ مثل] پہلے جرم ثابت کر کے پھر کہنا چاہیئے۔
ثابت نہیں کان، بالیوں کا ارمان [ار ۔ مثل] کام کی لیاقت نہیں سامان کی شکایت۔
ثابت ہو جانا / رہونا [ار ۔ مرکب] دیکھیے "ثابت کرنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
ثابوتی [ار ۔ امث تی] ثابت کا بگاڑ۔ ثبات۔
ثاقب [ع ۔ صف] روشن۔ چمکتا ہوا۔
ثالث [ع ۔ صف] تیسرا۔ ۲۔ پنچ۔ منصف۔ سرپنچ۔
ثالث بالخیر [ع ۔ صف ۔ مذ] ۱۔ غیر جانبدار منصف۔ فیصلہ کرنے والا۔
ثالث حصری [ع ۔ امذ بترکیب فارسی] وہ ثالث جس پر فریقین نے انحصار کیا ہو۔
ثالث نامہ [ع ف ۔ امذ] پنچ کا فیصلہ۔
ثالثی [ع ۔ امث] پنچایت۔ کسی معاملہ کا فیصلہ کرنے کی کارروائی۔
ثالوث [ع ۔ امذ] تثلیث۔ باپ۔ بیٹا۔ روح القدس۔
ثامن [ع ۔ صف عدد ترتیبی] آٹھواں۔
ثانوی [ع ۔ صف] ۱۔ دوسرے درجے کا۔ ۲۔ دونیں۔ ۳۔ بعد کا۔ ۴۔ (انگریزی SECONDARY کا ترجمہ)
ثانوی تعلیم [ع ۔ امث] درمیانی درجہ سے اوپر کی تعلیم۔ ہائی سکول کی تعلیم۔ (انگریزی لفظ SECONDARY EDUCATION کا ترجمہ)
ثانوی مدارس / مدرسہ [ع ۔ امذ] ہائی سکول۔
ثانی [ع عدد ترتیبی] ۱۔ دوسرا ۲۔ نظیر۔ مانند۔ مقابل۔
ثانیاً [ع متعلق فعل] دوبارہ۔ مکرر۔
ثانی الحال [ع متعلق فعل] بعد ازاں۔ پھر۔ دوسرے وقت۔
ثانیہ [ع ۔ امذ] پل۔ سیکنڈ۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ لحظہ۔

ث ۔ ب

ثبات [ع ۔ امذ] قیام۔ قرار۔ ۲۔ پائیداری۔ مضبوطی۔ ۳۔ استقلال۔ ثابت قدمی۔
ثبات رائے [ع ۔ امذ] رائے کی مضبوطی۔ استحکام رائے۔
ثبت [ع ۔ امث] نوشتہ۔ تحریر۔ برقرار دیا ہوا۔ ۲۔ نقش کرنا۔ ۳۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔ لگانا۔ مہر۔ ٹھپا [افعال: ۔ کرنا ۔ ہونا]
ثبوت [ع ۔ امذ] دلیل۔ سچائی۔ پختگی۔ ۲۔ اپنی جگہ پر ہونا۔ ۳۔ شہادت۔ گواہی۔ ۴۔ دوام۔ قیام۔ ۵۔ مضبوطی۔ پائیداری [افعال: پیش کرنا ۔ دینا]
ثبوت استحقاق [ع ۔ امذ بترکیب فارسی] حقدار ہونے کا ثبوت۔
ثبوت تردیدی [ع امذ بترکیب فارسی] وہ ثبوت جو دوسرے کے رد میں ہو۔
ثبوت ضمنی [ع امذ بترکیب فارسی] وہ ثبوت جو صریح نہ ہو، ضمن میں ہو۔
ثبوت قانونی [ع ۔ امذ] قانون کے مطابق دعویٰ کی تصدیق کی شہادت۔

ث ۔ ر

ثروت [ع ۔ امث] مال و دولت کی فراوانی ۔ دولت مندی ۔ ۲۔ اختیار، حکومت، رسوخ ۔
ثریٰ [ع امذ] زمین کے نیچے کی مٹی ۔ ۲۔ گیلی مٹی ۔
ثریا [ع امذ] پروین ۔ وہ چھ ستارے جو اکٹھے چڑھتے نظر آتے ہیں ۔

ث ۔ ع

ثعالب [ع امذ] دیکھیے "ثعلب" جس کی یہ جمع ہے ۔
ثعبان [ع امذ] اژدہا ۔ بڑا سانپ ۔
ثعلب [ع امذ] لومڑی ۔
ثعلب مصری [ع امث] ایک درخت کی جڑ جو لومڑی کے خصیوں کی مانند ہوتی ہے ۔ طبیب لوگ اسے مقلظ وہبی لکھتے ہیں ۔

ث ۔ غ

ثغر [ع امذ] سرحد ۔ حد ۔ کنارہ ۔ ۲۔ اگلے دانت ۔
ثغور [ع امذ] دیکھیے "ثغر" جس کی یہ جمع ہے ۔

ث ۔ ق

ثقات [ع امذ] دیکھیے "ثقہ" جس کی یہ جمع ہے ۔
ثقافت [ع ۔ امث] (انگریزی لفظ CULTURE کا ترجمہ) ۱۔ تہذیب، طرز تمدن ۔ ۲۔ عقلمند ہونا ۔
ثقالت [ع ۔ امث] گرانی ۔ بوجھ ۔ وزن ۔ بھاری پن ۔
ثقاہت [ع امث] قابل اعتبار ہونا ۔ متانت، سنجیدگی ۔
ثقل [ع امذ] گرانی ۔ بوجھ ۔ ۲۔ زمین کے خزانے ۔
ثقل سماعت [ع امذ] بہرا پن ۔ کم سننے کی بیماری ۔
ثقلین [ع امذ] دونوں جہان ۲۔ انسان اور جن ۔ دو گروہ ۔
ثقہ [ع صف] معتبر آدمی، قابل اعتبار ۔ مقطع ۔ متین ۔ سنجیدہ ۔
ثقہ بدمعاش [ع ف امذ] وہ بدمعاش جو پرہیزگاروں کی شکل بنا کر بدمعاشی کرے ۔ ٹھگا ٹھگ ۔
ثقہ بدمعاشی [ع ف امث] دیکھیے "ثقہ بدمعاش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
ثقیف [ع صف مشبہ] عقلمند اور چالاک آدمی ۔ ۲۔ بہت کھا سرکہ ۔
ثقیل [ع صف] بوجھل ۔ گراں ۔ بوجھل، بھاری ۔ ۲۔ دیر ہضم ۔ ناقابل ہضم ۔

ث ۔ ل

ثلاثہ [ع صف] تین ۔
ثلاثی [ع صف] سہ حرفی کلمہ ۔
ثلث [ع امذ] تیسرا حصہ ۔ تہائی ۔ ۲۔ ایک خط کا نام جو تین خطوں کی ترکیب سے بنا ہے اس لئے اس کا نام ثلث ہے ۔ اس کو ام الخطوط بھی کہتے ہیں اور واضع یا موجد خواجہ یاقوت مستعصمی کو بتاتے ہیں ۔

ث ۔ م

ثم [ع متعلق فعل] پھر ۔ تب ۔ نیز جیسے ثم ۔ وہاں، اس جگہ ۔
ثم باللہ [ع کلمہ تاکید] تاکید قسم ۔ تاکید کے لئے دوبارہ قسم کھانا ۔
ثمار [ع امذ] دیکھیے "ثمر" جس کی یہ جمع ہے ۔
ثمانیہ [ع اعدد] آٹھ ۔ ۲۔ حساب میں ستہ کا قاعدہ ۔
ثمر [ع امذ] پھل ۔ میوہ ۔ ۲۔ پیداوار ۔ ۳۔ فائدہ ۔ نتیجہ ۔ ۴۔ اولاد ۵۔ مال و دولت ۔
ثمر بہشت [ع ف امذ] آم کی ایک مشہور قسم جو نہایت لذیذ اور شیریں ہوتا ہے
ثمردار / ور [ع صف] پھل والا ۔
ثمرہ [ع امذ] بدلہ ۔ معاوضہ ۔ نتیجہ ۔ انجام ۔ حاصل (افعال: پانا ۔ دینا ۔ ملنا)
ثمن [ع امذ] قیمت ۔ مول ۔ قدر ۔ اجرت ۔
ثمن [ع عدد کسری] آٹھواں حصہ = ۱/۸ ۔
ثمین [ع صف] ۱۔ قیمتی ۔ ۲۔ ہشت پہلو ۔

ث ۔ ن

ثنا [ع امث] تعریف ۔ توصیف ۔ حمد ۔ نعت ۔ ستائش ۔ مدح ۔
ثنا خواں / گر / گستر / گو [ع ف صف] مداح ۔ تعریف کرنے والا
ثنا خوانی / گری / گستری / گوئی [ع ف امث] مدح کرنا ۔ تعریف کرنا ۔
ثنویت [ع ۔ امث] دوئی ۔ دو ہونا ۔ دہرا پن ۔ ۲۔ دو خدا ہونے کا عقیدہ ۔ (انگریزی DUALISM اور DUALITY کا ترجمہ
ثنیہ [ع ۔ امث] اعران گھٹنے یا بیل ۔ ۲۔ آگے کا دانت ۔ ۳۔ گھاٹی

ث ۔ و

ثواب [ع امذ] بدلہ ۔ معاوضہ ۔ اجرت ۔ جزا (نیک کاموں کی)
ثواب بخشنا [ار محاورہ] کار خیر کا صلہ دوسرے کو دینا ۔ ۲۔ فاتحہ درود کا ثواب کسی دوسرے کو پہنچانا ۔
ثواب پہنچانا [ار محاورہ] دیکھیے "ثواب بخشنا" ۔
ثواب پہنچنا [ار محاورہ] دیکھیے "ثواب پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

ثواب حاصل کرنا/کمانا/لوٹنا [ار محاورہ] نیکی حاصل کرنا۔ بھلائی حاصل کرنا
ثواب نہ عذاب کمر ٹوٹی مفت [ار مثل] بے سود کام کیلئے کہتے ہیں۔
ثوابِت [ع اند] ثابت کی جمع۔ وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے اور ایک جگہ قائم رہتے ہیں۔
ثَواقِب [ع صف] دیکھیے "ثاقب" جس کی یہ جمع ہے۔
ثَوب [ع اند] کپڑا۔ لباس۔ پوشاک۔
ثَور [ع اند] ۱۔ بیل۔ ۲۔ دوسرا برج آسمان جو بیل کی شکل کا ہے ۳۔ مکۂ معظمہ کے ایک پہاڑ کا غار۔

ث ی

ثِیاب [ع اند] دیکھیے "ثوب" جس کی یہ جمع ہے۔
ثَیِّب [ع صف] وہ مرد یا عورت جو کنوارہ نہ ہو۔
ثَیِّبہ [ع امث] وہ عورت جو کنواری نہ ہو۔
ثَیُّوبَت [ع امث] رنڈاپا۔

....

ج

ج ہ [ع۔ اند] اس کا نام جیم ہے۔ مزید وضاحت کے لئے اسے جیم تازی بھی کہتے ہیں۔
(۱) عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتث میں پانچواں اور ترتیب ابجد میں تیسرا حرف ہے۔
(۲) فارسی حروف تہجی کی ترتیب میں چھٹا حرف ہے۔
(۳) اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں ساتواں حرف ہے۔
(۴) دیوناگری رسم الخط میں آٹھواں دینجن یعنی حرف صحیح ہے۔
(۵) یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
(۶) عربی کے حروف قمری میں شامل ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز دیتا ہے مثلاً الجلیل۔
(۷) قاعدہ جمل کے مطابق اس کے تین اعداد مقرر ہیں۔
(۸) علم نجوم میں برج سرطان کی علامت ہے اور جنتری میں منگل کے دن کو ظاہر کرتا ہے۔
(۹) بعض اُردو کلمات کے آخر میں آ کر ان کو حاصل مصدر یا اسم کیفیت بنا دیتا ہے مثلاً گزنج۔ اُپج۔
(۱۰) فارسی میں یہ مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے:۔
(ا) پ کا بدل مثلاً جالیز اور پالیز میں
(ب) ت کا بدل مثلاً تاراج اور تارات میں
(ج) چ کا بدل مثلاً جفتہ اور چفتہ میں۔
(د) ز کا بدل مثلاً باج اور باز میں۔
(ہ) ژ کا بدل مثلاً کج اور کژ میں
(و) س کا بدل مثلاً ریواج اور ریواس میں
(ز) ش کا بدل مثلاً کاج اور کاش میں
(ح) غ کا بدل مثلاً مغلاج اور مغلاغ میں
(ط) ک کا بدل مثلاً زاج اور زاک میں
(ی) گ کا بدل مثلاً فرنج اور فرنگ میں
(ک) ہ کا بدل مثلاً ناگاج اور ناگاہ میں

جا [ف۔ امث] (۱) جگہ۔ مقام (۲) موقع
جا بجا [ف۔ متعلق فعل] ہر جگہ۔ جگہ جگہ۔ ہر موقع پر۔
جا بجا کہنا [ا۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔
جا داد۔ [ف امث] دیکھئے جائیداد جو زیادہ مشہور ہے۔
جا سے [ف ا۔ صفت] ٹھیک۔ مناسب۔ موقع کی بات
جا ضرور [ف ا۔ امذ] بیت الخلاء۔ پاخانہ کا مکان۔ ۲۔ پیخانہ۔ براز۔
جا ضرور بند ہونا [ا۔ محاورہ] قبض ہونا۔
جا ضرور پھرنا [ا۔ محاورہ] پاخانہ / پیخانہ پھرنا۔
جا ضرور جانا [ف ا۔ محاورہ] پیخانہ میں جانا۔
جا ضرور خطا ہونا / نکل جانا [ا۔ محاورہ] بے خبری میں پاخانہ نکل جانا
جا ضرور میں پانی نہ رکھاؤں [ا۔ مثل] نفرت ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
جانشین [ف صفت فاعل] ولی عہد قائم مقام۔ نائب السلطنت۔
جانشینی [ف امث] دیکھئے "جانشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جا نماز [ف امذ] نماز پڑھنے کا مصلیٰ۔ فرش۔ سجادہ
جا [ا۔ فعل] جانا مصدر سے صیغہ امر۔
جا اترنا [ا۔ محاورہ] فرد کش ہونا۔ ٹھہرنا۔
جا برسنا [ا۔ محاورہ] بارش ہونا۔ سخت ناراض ہونا۔ مارنا پیٹنا۔
جا بھڑنا [ا۔ محاورہ] لڑ پڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ سامنے ہونا۔
جا / جاؤ بھی [ا۔ محاورہ] چلا جا۔ بیزاری اور نفرت ظاہر کرنا۔
جا پڑنا [ا۔ محاورہ] ناگہاں کہیں جا پہنچنا۔ حملہ آور ہونا۔
جا پہنچنا [ا۔ محاورہ] پہنچ جانا۔ جا کر موجود ہونا۔
جا پھنسنا [ا۔ محاورہ] قابو میں آ جانا۔ گرفتار ہونا۔ فریب میں آ جانا۔ دھوکے میں آنا۔
جا ٹھہرنا [ا۔ محاورہ] قیام کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
جا جا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "جا / جاؤ بھی"
جا چڑھنا [ا۔ محاورہ] حملہ آور ہونا۔ چڑھائی کرنا ہونا یا لجبر کرنا۔
جا چکنا [ا۔ محاورہ] (۱) روانہ ہو جانا۔ چلا جانا (۲) طنزاً، کبھی نہ جانا
جا چمٹنا [ا۔ محاورہ] زبردستی تعلق پیدا کر لینا۔ جبراً پکڑ لینا۔
جا دبلنا / دبوچنا [ا۔ محاورہ] پکڑ لینا۔ قابو کر لینا۔
جا دور ہو [ا۔ محاورہ] چلا جا۔ دفان ہو جا۔
جا دھمکانا [ا۔ محاورہ] بہت ڈرانا۔ خوف دلانا
جا دھمکنا [ا۔ محاورہ] بہت جلد اور اچانک جا پہنچنا۔
جا ڈوبنا [ا۔ محاورہ] پھنس جانا۔ نقصان اٹھانا۔
جا رہنا [ا۔ محاورہ] قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔
جا رکھنا [ا۔ محاورہ] جا کر رکھ دینا۔
جا سونا [ا۔ محاورہ] (۱) سو جانا (۲) ہم بستر ہونا۔
جا گرنا [ا۔ محاورہ] گر پڑنا۔ خراب لوگوں سے تعلق رکھنا۔
جا گھسنا [ا۔ محاورہ] زبردستی داخل ہو جانا۔
جا لگنا [ا۔ محاورہ] کسی خاص جگہ جا کر ٹھہرنا۔ پہنچ جانا
جا لینا [ا۔ محاورہ] پیچھے سے پہنچ کر مل جانا۔ گرفتار کر لینا۔
جا مارنا [ا۔ محاورہ] کسی کو زد و کوب کرنا۔

جامرنا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "جاڈرنا"۔ ۲۔ رہ جانا۔ ۳۔ دیر لگانا۔
جا مِلنا [ا۔ محاورہ] پیچھے سے آکر مل جانا۔
جا نکلنا [ا۔ محاورہ] کہیں اتفاقاً جا پہنچنا۔ اچانک جا پہنچنا۔
جابر [ع صف] جبر کرنے والا۔ ظالم۔ زبردست۔
جاپ/جپ [ہ امث] وظیفہ کرنا۔ مالا پھیرنا۔ تسبیح کرنا۔ وِرد۔ پاٹھ۔
جاپ/جاب [ہ اند] (۱) مویشیوں کے منہ پر باندھنے والا چھینکا۔ پھلوں سے گچھوں پر باندھنے والا چھینکا۔ ۳۔ ایک قسم کی گھاس۔
جاپا [ہ اند] (۱) پیدائش۔ بیانت۔ ۲۔ جننا۔ ۳۔ زچگی زائیدگی۔ ۴۔ جنا ہوا۔ اولاد۔
جات/جاتی [ہ امث] ۱۔ اولاد۔ جاپا۔ ۲۔ بچہ طفل۔ ۳۔ نسل بنس۔ ۴۔ نتیجہ پھل۔ ۵۔ جماعت جتھا۔ ۶۔ درجہ۔ مرتبہ۔ جنس قسم۔ ۸۔ برن۔ طرز۔ ۹۔ برادری۔ قوم۔ گوت۔ فرقہ۔ جماعت ۱۰۔ منت۔ نذر۔ بھینٹ۔
جات پات/پانت [ہ اند] قوم۔ نسل۔ ذات۔ ۲۔ شجرہ نسب۔
جات سبھاؤ [ہ اند] قومی اثر۔ قومی عادت۔ خاندانی سیرت۔
جاتا رہنا [ا۔ محاورہ] غائب ہو جانا۔ نابود ہو جانا۔ رفع ہو جانا باقی نہ رہنا۔ ۲۔ گم ہو جانا۔ ۳۔ مر جانا۔ ۴۔ جایا کرنا۔
جاترا [ہ امث] ۱۔ جانا۔ روانگی۔ ہجرت۔ سفر۔ مسافت۔ کوچ۔ ۲۔ تیرتھ کو جانا۔ ۳۔ حج۔ زیارت۔ ۴۔ مذہبی تہوار۔ ۵۔ تیرتھ کو جانے والوں کا گروہ۔ ۶۔ مذہبی جلوس۔ ۷۔ بتوں کا جلوس۔ ۸۔ ایک قسم کا ناٹک۔ ۹۔ آمد و رفت۔ میل جول۔ ۱۰۔ وقت گزاری۔ ۱۱۔ ذریعہ معاش۔ روزگار۔ روزی۔ ۱۲۔ طریقہ ذریعہ۔ رستہ۔ ۱۳۔ رسم و رواج۔ استعمال۔ ۱۴۔ خوش قسمتی کا لمحہ۔ (افعال کرنا۔ ہونا)
جاترک/جاترو/جاتری [ہ اند] تیرتھ یا زیارت کرنیوالا۔ ۲۔ مسافر۔ راہی۔
جاتک [ہ اند] ایک رسم جو بچے کی پیدائش کے بعد ادا کی جاتی ہے۔ ۲۔ جنم۔ پیدائش۔ ولادت۔ ۳۔ جنم پتری
جاتی دنیا دیکھنا [ا۔ محاورہ] دنیا کو فانی یا موت کو سامنے خیال کر کے کسی کام کو ضروری سمجھ کر کر ڈالنا۔
جاتے جاتے [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ رخصت ہوتے ہوئے۔ ۲۔ رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔
جاٹ [ہ اند] ہندوؤں کی ایک ذات۔ اس ذات کا فرد۔
جاٹ رے جاٹ تیرے سر پر کھاٹ۔ تیلی رے تیلی تیرے سر پر کولھو۔ تُک تو ملا ہی نہیں۔ نہیں ملا تو کیا ہوا۔ بوجھوں تو مرے گا [ا۔ مثل] بے معنی اور مہمل بات کے موقع پر کہتے ہیں۔
جاٹ کی بیٹی برہمن کے گھر آئی [ہ مثل] ادنیٰ ہو کر عزت پائی۔
جاٹ کہے سُن جاٹنی۔ یا ہی گاؤں میں رہنا۔ اونٹ بلیا لے گئی تو ہاں جی ہاں جی کہنا [ہ مثل] اگر کسی جگہ رہنا پڑ جائے تو وہاں کی تکالیف برداشت کرنی ہی پڑتی ہیں
جاٹ مرا تب جانیے جب تیرھویں ہو جائے [ہ مثل] شرارتی آدمی کی شرارت سے اس کے مرنے کے بعد بھی خطرہ باقی رہتا ہے۔
جاٹ نہ جانے گُن کرا اور چنا نہ جانے باؤ۔ جاٹ کے سر گھونسا اور چنے کے سر چھاؤ [ہ مثل] جاٹ اچھی بات کو نہیں جانتا اور چنا سخت خنک ہوتا ہے

جاٹ جوتے سے درست ہوتا ہے اور چنے کھا کر چھاچھ پی جائے تو اچھا رہتی ہے۔
جاٹھ [ہ اند] کولھو ارگنا پیلنے کی مشین۔ بیلنے کا دھرا۔
جاجم [ت امث] فرش جو دری کے اوپر بچھایا جاتا ہے۔
جاچکی [ہ اند] ۱۔ جانچ کر بجانے والا۔ ۲۔ وہ لوگ جو بڑے بوڑھے کی میت کے ساتھ طبلہ سارنگی باجے وغیرہ لے کر بجاتے چلتے ہیں۔
جادُو [ف اند] سحر۔ ٹونا۔ افسوں۔ طلسم۔ منتر۔
جادو اتارنا [ا۔ محاورہ] سحر کا اثر دور کرنا۔ یا باطل کرنا۔
جادو اترنا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "جادو اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
جادو اُلٹ جانا [ا۔ محاورہ] جادو کا اثر کرنے والے پر ہونا۔
جادو اُلٹ دینا [ا۔ محاورہ] ایسا افسوں پڑھنا کہ جادو کا اثر کرنیوالے پر ہو جائے
جادو برحق کرنے والا کافر [ا۔ مثل] جادو کے ثبوت اور جادوگر کی مذمت میں بولا کرتے ہیں۔
جادو بھرا/بھری [ا۔ صف] مؤثر جس میں بھا لینے والی طاقت ہو۔ دلکش۔
جادو بھری آنکھیں [ا۔ امث] ایسی آنکھیں جن کو دیکھ کر آدمی عاشق ہو جائے
جادو بھری آواز [ا۔ امث] مؤثر آواز
جادو جگانا [ا۔ محاورہ] سحر کو تازہ کرنا۔ آزمانا۔ سحر کو عمل میں لانا۔
جادو چلانا [ا۔ محاورہ] جادو کرنا۔ سحر کرنا۔
جادو چلنا [ا۔ محاورہ] سحر کا اثر ہونا۔ جادو کا کارگر ہونا۔ بات کا اثر ہونا۔ کام بن جانا
جادو ڈالنا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "جادو چلانا"
جادو کا پُتلا [ا۔ اند] ۱۔ کسی شخص کی صورت جس پر جادو کرنا منظور ہو۔ یہ عموماً آٹے کی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ ۲۔ معشوق جو نگاہ سے دلِ عاشق کو موہ لیتا ہے۔ ۳۔ جادوگر
جادو کرنا [ا۔ محاورہ] سحر کرنا۔ ٹونا کرنا۔ افسوں پڑھنا
جادو کی موٹھ [ا۔ امث] ایک قسم کا جادو جس سے موت واقع ہوتی ہے۔
جادو کی نظر/نگاہ [ا۔ محاورہ] منتر پڑھ کر کسی کی طرف دیکھنا۔ معشوق کی تسخیر کرنے والی نظر۔ پُرکشش نگاہ۔
جادوگر [ا۔ امث] جادو کرنے والا شخص۔ سیانا۔ کاریگر۔ ٹونا کرنے والا
جادوگرنی [ا۔ امث] دیکھیے "جادوگر" جس کی یہ تانیث ہے۔
جادو نظر/نفس/نگاہ [ا۔ اند] معشوق جس کی نگاہ میں جادو کا سا اثر ہو
جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے [ا۔ مثل] تدبیر وہی اچھی جو کارگر ہو اور جسے حریف بھی مانے۔
جادو ہونا [ا۔ محاورہ] سحر ہونا۔ کسی پر افسوں ہونا۔
جادہ [ع اند] راہ۔ راستہ۔ پگڈنڈی۔ باریک راستہ جو لوگوں کی آمد و رفت سے بن جاتا ہے۔ ۲۔ طریقہ۔ رسم و رواج۔ دستور۔ ریت
جادہ پیما [ف صف] راستہ چلنے والا۔
جادہ پیمائی [ف امث] دیکھیے "جادہ پیما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
جاذِب [ع صف] جذب کرنیوالا۔ کھینچنے والا۔ خشک کرنیوالا۔ کشش کرنیوالا۔
جاذب کاغذ [ع ف اند] بلاٹنگ پیپر۔ سیاہی چوس
جاذِبہ [ع صف امث] جذب کرنے والی قوت۔ ۲۔ تاثیر۔ کشش خوبصورتی۔ حسن۔ فریفتگی۔ موہ۔

جاذبیت [ع امث] کشش۔ تاثیر۔
جار [ع اند] ہمسایہ۔ پردیسی۔ ۲۔ زیر دینے والا۔ ۳۔ کھینچنے رکشش کرنیوالا۔
جار [انگ اند] (JAR) مرتبان۔ مٹی شیشے یا چینی وغیرہ کا کھلے منہ کا برتن
جار [ہ اند] ۱۔ جوش۔ زور۔ تندی۔ تیزی۔ ۲۔ آشنا۔ یار۔ دھگڑا۔ عاشق۔
جارجٹ [انگ اند] ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا
جارِح [ع صف] ۱۔ زخم لگانے والا۔ چیر پھاڑ کرنیوالا۔ ۲۔ حملہ میں پہل کرنے والا۔
جارِحانہ [ع صف] حملہ کرنے والا۔ آگے بڑھنے والا۔
جارِحہ [ع امث] ۱۔ زخم لگانے والی چیز۔ ۲۔ کام کرنے والے عضو۔ ۳۔ شکاری جانور
جارِحیت [ع امث] دوسرے ملک پر بلا وجہ حملہ۔ ناجائز چڑھائی۔
لڑائی میں پہل۔ حملہ آوری۔
جاروب [ف امث] جھاڑو۔
جاروب کش [ف صف] جھاڑو دینے والے۔ خاکروب۔
جاروب کشی [ف امث] جھاڑو دینے کا عمل / پیشہ۔
جارِی [ع صف] ۱۔ رواں۔ بہتا ہوا۔ ۲۔ چلتا ہوا۔ بڑھتا ہوا۔
۳۔ دائم۔ لگاتار۔ برابر۔ رائج۔ نافذ۔ مستعمل۔ مروج۔ عام۔
[افعال۔ رکھنا۔ رہنا۔ کرنا۔ تھا]
جاری [س امث] ۱۔ زناکاری۔ حرام کاری۔ فعل شنیعہ۔ ۲۔ چھنالا۔
آشنائی۔ یاری۔ ۳۔ جوا۔ ۴۔ فسق و فجور۔
جارِیہ [ع امث] ۱۔ لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ چیری۔ داسی۔ پرستار
۲۔ کشتی۔ جہاز۔
جاڑا [ہ اند] ۱۔ سردی۔ برودت۔ خنکی۔ ۲۔ موسم سرما۔ سردی کا موسم
۳۔ بخار۔ تپ لرزہ۔
جاڑا پڑنا [ار محاورہ] بہت سردی ہونا۔ سردی پڑنا۔
جاڑا چڑھنا [ار محاورہ] ۱۔ تپ لرزہ آنا۔ بخار سردی کے ساتھ ہونا۔ ۲۔ کانپنا۔ ڈرنا
جاڑا کھانا [ار محاورہ] سردی کی تکلیف برداشت کرنا۔
جاڑا لگنا [ار محاورہ] سردی معلوم ہونا۔ ٹھنڈک لگنا۔
جاڑے [ہ اند] جاڑوں کی فصل۔ سردی کا موسم۔
جاڑے کی تپ چڑھنا [ار محاورہ] تپ لرزہ آنا۔
جاڑے کی چاندنی [ار امث] بے فائدہ چیز۔ جاڑے میں چاندنی کا لطف نہیں اٹھایا جا سکتا۔
جاڑے میں روئی یا دوئی / جاڑا روئی سے جاتا ہے یا دوئی سے [ار مثل] جاڑے میں یا تو رضائی ہونی چاہیئے یا ساتھ سونے والی بیوی۔
جازَم [ت امث] دیکھیئے "جاجم"
جازِم [ع صف] جزم دینے والا۔ ساکن کرنے والا۔
جاسوس [ع اند] ۱۔ مخبر۔ رازجو۔ سراغ رساں۔ ۲۔ گوئندہ۔ خفیہ پولیس۔
جاسوسی [ع امث] دیکھیئے "جاسوس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے [افعال: کرنا۔ ہونا]
جاسوسی لینا [ار محاورہ] سُن گُن لینا۔
جاکِٹ [انگ امث] (JACKET) چھوٹا کوٹ جو نیم آستین یا بلا آستین ہو۔
جاکڑ / جاکر [ہ اند] کسی چیز کا پسندیدگی کی شرط پر لینا۔

جاکڑ بہی [ہ امث] روکڑ بہی کے خلاف وہ بہی جس میں شرطی فروختگی کی یادداشت لکھی جائے۔
جاکھن [ہ امث] ۱۔ وہ لکڑی جس پر کنوئیں کی عمارت کی بنیاد رکھتے ہیں
۲۔ کنوئیں کا چک۔
جاگزین [ف صف فاعلی] جگہ پکڑنے والا۔ ٹھہرنے والا
جاگزینی [ف امث] دیکھیئے "جاگزین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جاگ [ہ امث] ۱۔ جاگنا۔ شب بیداری۔ بے خوابی۔ ۲۔ ہوشیاری۔ ۳۔ تام چینی کا لازم [افعال:۔ اٹھنا۔ پڑنا۔ جانا۔ ہونا]
جاگت [ہ امث] ۱۔ جاگنا۔ ۲۔ بیداری۔ پہرہ دینا۔ حفاظت رکھنا۔
۳۔ چوکسی۔ ہوشیاری۔
جاگتی جوت [ہ امث] ۱۔ صاحب کرامات یا اعجاز۔ زندہ کرامت۔ ظاہر کرامت
جاگتے رہنا [ار محاورہ] ۱۔ بیدار رہنا۔ نہ سونا۔ ۲۔ چوکیداروں کی آواز۔
جاگتے کو جگانا اس کو چھیڑنا ہے [ار مثل] دانا کو عقل بتانا بے وقوفی ہے
جاگتے کی کٹیا سوتے کا کٹڑا [ار مثل] ہوشیار آدمی فائدہ اٹھاتا ہے اور غافل نقصان اٹھاتا ہے۔
جاگنا [ار مص] بیدار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ متنبہ ہونا۔ چمکنا ہونا
روشن ہونا۔ موثر ہونا۔ تازہ ہونا۔
جاگی [ہ اند] بندوق کا فلیتہ۔
جاگے سو پائے۔ سوئے سو کھوئے۔ / جاگے گا سو پائے گا۔ سووے گا سو کھووے گا [ار مثل] ہوشیار آدمی کامیاب رہیگا۔ غافل ناکام۔
جاگیر [ف امث] ۱۔ وہ گاؤں یا زمین جو بادشاہوں یا نوابوں کی طرف سے انعام کے طور پر دی جائے۔ معافی۔ ۲۔ طالب علم کا روزینہ جو علم کے واسطے ہو
جاگیردار [ف اند] جاگیر کا مالک۔ تعلقدار
جاگیرداری [ف امث] جاگیردار کا منصب۔
جال [ف اند] ۱۔ پیلو کا درخت۔ ۲۔ پھندا۔ جو دھاگوں یا رسیوں سے جانور۔ پرند۔ مچھلیاں وغیرہ پکڑنے کے لئے بنایا گیا ہو۔ ۳۔ حلقہ دار۔ سوراخدار چیز۔ چھینکا۔ شبکہ۔ ۴۔ زق جلن۔ ۵۔ جادو ظلم۔ ۶۔ پٹیلا۔ کھڑکی دریچہ۔
جال بچھانا / ڈالنا / پھیلانا [ار محاورہ] مکروفریب کا ڈھنگ ڈالنا۔ دھوکا کرنا
جال پھینکنا [ار محاورہ] مچھلیاں پکڑنے کے لئے دریا میں جال پھینکنا۔
جال تاننا / لگانا [ار محاورہ] دیکھیئے "جال بچھانا"
جالدار [ف صف] پھندے والا۔ جالی والا۔
جال کِرچ [ف امث] تلوار مع پرتلا / پیٹی۔
جال مارنا [ار محاورہ] ۱۔ جال کے ذریعے جانور پکڑنا۔ ۲۔ کسی کو فریب میں لانا۔ دھوکہ دینا۔
جال میں آنا [ار محاورہ] ۱۔ کسی جانور کا جال میں گرفتار ہو جانا۔ ۲۔ دھوکہ / فریب میں آجانا۔
جال میں پھنسانا [ار محاورہ] ۱۔ جال میں شکار پکڑنا۔ مصیبت میں ڈالنا

۴- پیچھے پڑجانا۔ فریب دینا

جال میں پھنسنا (ا ر محاورہ) دیکھیے "جال میں پھنسانا" جس کا یہ لازم ہے

جال میں ڈالنا / لانا / پھانس لینا (ا ر محاورہ) دیکھیے "جال میں پھنسانا"

جالا (ا ر امذ) ۱- وہ سفید کاغذی جھلی یا تاروں کا پھندا جو مکڑی اپنے لعاب دہن سے بناتی ہے۔ ۲- وہ سفید پردہ یا جھلی جو آنکھوں میں آجاتی ہے۔ ۳- رسی سے بنا ہوا جالا جس میں گھاس، لکڑی وغیرہ مختلف چیزیں باندھتے ہیں۔ ۴- پانی پر جم جانے والی پپڑی۔

جالا پڑنا (ا ر محاورہ) آنکھ پر جھلی کا ہو جانا۔

جالا لینا / جالے لینا (ا ر محاورہ) آنکھ کا جالا صاف کرنا۔ دیواروں پر سے مکڑی کا تنا ہوا جالا صاف کرنا۔ ۳- مارے مارے پھرنا۔

جالنا (ا ر مصدر ق) جلانا۔

جالی (ا ر امث) ۱- ایک قسم کا کپڑا جس میں سوراخ ہوتے ہیں ۲- کشیدہ۔ کڑھا ہوا کپڑا جس میں بہت سے خانے ہوتے ہیں ۳- وہ پردہ جو آم کی گیری میں گٹھلی پڑنے سے پیدا ہوتا ہے۔ ۴- بان یا سن کی رسی کا بنا ہوا کپڑا جس میں گھسیارے گھاس باندھتے ہیں۔ ۵- وہ چربی دار جھلی جو حیوانات کی اوجھ سے نکلتی ہے۔ ۶- وہ جھلی جس میں لپٹا ہوا بچہ پیدا ہوتا ہے۔ ۷- بنا ہوا پردہ جو عورت منہ پر یا بالوں پر ڈالتی ہے۔ ۸- وہ چھینکا جو مویشیوں کے منہ پر لگاتے ہیں۔ ۹- پتھر یا لوہے کا ٹکڑا جس میں خانے بنے ہوتے ہیں۔ ۱۰- پتھر لکڑی لوہے یا مٹی کا مسطح تختہ جس میں سوراخ کرکے کھڑکی یا موری بند کرتے ہیں۔ ۱۱- حلقہ۔ ۱۲- وہ ڈور جس کو لٹو پر لپیٹ دیتے ہیں۔ ۱۳- جھلی کا بگاڑ۔ ۱۴- سخت ریشے جو کدو، توری وغیرہ میں پکنے کے وقت پڑجاتے ہیں۔ ۱۵- سوراخ دار توا جو چولہوں یا انگیٹھیوں میں راکھ چھن جانے / گرنے کے لئے لگی ہوتی ہے۔ ۱۶- لوہے کی بہت باریک تاروں سے بنا ہوا سوراخ دار کپڑا جسے روشن دان یا کھڑکیوں میں لگایا جاتا ہے۔

جالی پڑنا (ا ر محاورہ) آم کی گیری میں گٹھلی پڑنے سے پہلے ریشے کا پیدا ہونا

جالی کاڑھنا / نکالنا (ا ر محاورہ) جالی پر کشیدہ کاڑھنا۔ جالی پر بیل بوٹے نکالنا۔

جالی لوٹ (ا ر - امذ) ایک قسم کا جالی دار کپڑا۔ نیز دیکھیے بابن / بابل لیٹ

جالیا (ا ر صف) فریبی۔ (چھلیا کا بگاڑ)

جام (ف امذ) شراب پینے کا ظرف۔ پیالہ۔ گلاس۔ ۲- ق امرود (ایک پھل)

جام (انگ امذ) (JAM) مربہ

جام اڑانا (ا ر محاورہ) شراب پی جانا۔

جام اڑنا (ا ر محاورہ) دیکھیے "جام اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

جام بھرنا (ا ر محاورہ) گلاس پانی یا شراب وغیرہ سے لبریز کرنا۔

جام پلانا (ا ر محاورہ) شراب کا جام (گلاس) بھر کر پینے کے لئے دینا۔

جام پیما (ف صف) شراب خور۔ شرابی۔

جام پیمائی (ف امث) دیکھیے "جام پیما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جام پینا (ا ر محاورہ) شراب پینا۔

جام جم / جمشید (ف امذ) وہ پیالہ جو جمشید بادشاہ کی خواہش سے حکمائے یونان نے بنایا تھا جس سے از روئے نجوم آئندہ کا حال معلوم ہو جاتا تھا

جام جہاں نما (ف امذ) دیکھیے "جام جم"

جام چڑھانا (ا ر محاورہ) شراب کا پیالہ پینا۔ شراب نوشی کرنا۔

جام چلنا (ا ر محاورہ) شراب کا دور چلنا۔

جام خالی رہ جانا (ا ر محاورہ) تمام شراب یا پانی گلاس / پیالے سے گر جانا۔

جام خالی کرنا (ا ر محاورہ) ساری شراب پی جانا۔

جام خانہ (ہ مذق) بڑا قالین۔

جام صحت (ا ر امذ) کسی بڑے آدمی کی تندرستی کے لئے جام پینا۔ دستور ہے کہ اپنے دوستوں یا حاکموں وغیرہ کی صحت اور کامیابی کیلئے عام یا نجی کے جلسوں میں شراب کے پیالے پیتے ہیں جن کو جام صحت کہتے ہیں (افعال تجویز کرنا، نوش کرنا، پینا)

جام لبریز ہونا (ا ر محاورہ) قریب مرگ ہونا۔

جامد (ع صف) جما ہوا۔ منجمد۔ ۲- وہ لفظ جو نہ خود کسی لفظ سے نکلا ہو نہ اس سے کوئی نکلا ہو۔ ۳- بے حس و حرکت۔ معطل۔

جامدانی (ف امث) (جامہ دانی کا مخفف) کپڑوں کی پیٹی، صندوقچہ جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں۔ ۲- کڑھا ہوا پھولدار کپڑا۔ ۳- شیشے، ابرک یا کاغذ کی چھوٹی سی صندوقچی جس میں بچے محرم کے دنوں میں گوٹہ بھر کر رکھتے ہیں۔ ۴- ایک قسم کا چادر گوشہ زری بات بیڑا۔ ۵- گلدار۔ کڑھا ہوا۔ منقش۔

جامع (ع صف) جمع کرنے والا۔ اکٹھا کرنے والا۔ تکمیل کرنے والا ۲- مکمل۔ حاوی۔ شامل۔ محیط۔ وسیع۔

جامع مسجد (ع امث) وہ بڑی مسجد جس میں بہت لوگ جمع ہوں اور جمعہ پڑھا جائے۔

جامع و مانع (ع صف ہ ترکیب عاطفی) ایسا مکمل کام جس سے زیادہ ممکن نہ ہو

جامعہ (ع امث) دار العلوم۔ یونیورسٹی۔

جامعیت (ع امث) اکملیت۔ کاملیت۔ جامع ہونے کی کیفیت۔

جامگی (ف امث) ۱- کپڑے کا ٹکڑا۔ ۲- بندوق کا توڑا۔ ۳- تنخواہ۔ مشاہرہ

جامن (ہ امث) ایک پھل دار درخت اور اس کا اودے رنگ کا پھل ۲- وہ پنیر یا دہی جس کو دودھ میں ڈال کر دہی جماتے ہیں۔

جاموس (ع امذ) بھینسا۔ جو گاؤمیش کا معرب ہے۔

جامہ (ف امذ) ۱- کپڑا۔ ۲- پوشاک۔ لباس۔ ۳- وہ خاص قسم کا لباس جو نوشہ کو پہناتے ہیں۔

جامہ احرام (ع امذ) وہ لباس جسے حاجی ایک خاص موقع پر اور حج کے وقت خاص مقام پر جا کر پہنتے ہیں۔

جامہ پہن لینا (ا ر محاورہ) کسی کا ہمہ تن مداح ہونا۔ جانب دار ہونا۔

جامہ تلاشی (ا ر امث) کسی مجرم کو حوالات یا جیل میں بند کرنے سے پہلے اس کے کپڑوں کی تلاشی لے کر جائزہ یا کسی قیمتی اشیا کو اس سے

لے لینا۔ ۳۔ لباس کی ملاشی

جامہ خانہ (ف امذ) دارالّلباس۔ مقام جہاں پوشاکیں رکھی جاتی ہیں۔

جامہ دار (ف امذ) داروغہ لباس۔ ۲۔ وہ ملازم یا منصب جو لباس کی نگہداشت کے لئے مقرر ہو۔

جامہ دان (ف امذ) چھوٹی صندوق جس میں لباس رکھا جائے۔

جامہ دانی (ف امث) دیکھئے "جامہ دان" جس کی یہ تصغیر ہے

جامہ زیب (ف حرت) وہ شخص جس پر ہر قسم کا لباس اچھا معلوم ہو جس کو ہر قسم کا لباس زیب دے۔

جامہ زیبی (ف امث) دیکھئے "جامہ زیب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

جامہ / جامے سے باہر ہو جانا (ار محاورہ) غصہ یا خوشی میں آپے سے باہر ہونا۔

جامہ / جامے سے نکلا پڑنا (ار محاورہ) بہت اترانا

جامہ / جامے سے نکل جانا (ار محاورہ) آپے سے باہر ہو جانا۔

جامہ قطع کرنا (ار محاورہ) کسی صفت یا عیب میں کامل کرنا۔

جامہ / جامے میں پھولا نہ سمانا (ار محاورہ) نہایت خوش ہونا۔ خوشی کے مارے آپے میں نہ رہنا۔

جامہ / جامے میں ہونا (ار محاورہ) اپنے حواس میں رہنا۔ اپنے آپ میں رہنا

جامہ ندارم، دامن از کجا آرم (ف مثل) اصل ہی موجود نہیں تو فروع کا کیا ذکر۔

جامہ وار (ار امث) ۱۔ ایک قسم کی بیل والی چھینٹ۔ ۲۔ پھول والی اونی چادر۔

جان (ع امذ) ۱۔ جن و پری ۲۔ نوعِ جن۔

جان (ار امث) دانست۔ واقفیت۔ آشنائی۔

جان بوجھ کر (ار متعلق فعل) عمداً۔ قصداً۔ دیدہ و دانستہ۔

جان پڑنا (ار محاورہ) معلوم ہونا۔ خیال میں آنا۔ محسوس ہونا۔ نظر میں آنا۔

جان پہچان (ار امث) ۱۔ واقفیت۔ شناسائی۔ صاحب سلامت ۲۔ (صف) واقف۔ شناسا۔

جان رکھنا (ار محاورہ) دل میں سمجھ لینا۔ یاد رکھنا۔

جان کار (ار صف) واقف۔ آشنا۔

جان کاری (ار امث) واقفیت۔ شناسائی۔

جان کر انجان بننا (ار محاورہ) کسی چیز سے واقف ہوتے ہوئے ناواقف بننا یا ظاہر کرنا۔

جان لینا (ار محاورہ) پہچان لینا۔ واقف ہو جانا۔ معلوم کر لینا۔

جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام (ار مثل) ناحق کے تپاک اور گرم جوشی ظاہر کرنے والے کو کہتے ہیں۔

جان (ف امث) ۱۔ روح۔ زندگی۔ وہ جوہر لطیف جس کے سبب سے زندگی ہے۔ ۲۔ معشوق۔ ۳۔ بل۔ زور۔ ہمت۔ ۴۔ لبِ لباب۔ اصل۔ ۵۔ پیار کا کلمہ۔ ۶۔ کم عمر بچہ۔

جان آنا (ار محاورہ) ۱۔ طاقت آنا۔ زور پیدا ہونا۔ ۲۔ پنپنا۔ تازگی پانا۔ رونق آنا۔ ۴۔ تسکین یا تسلی پانا۔ ۵۔ خوشی حاصل ہونا۔

جان آڑنا (ار محاورہ ق) جان کی پروا نہ کرنا۔

جاں آفریں (ف صف فاعل) جان پیدا کرنے والا۔ جان ڈالنے والا۔ خدا

جان آنکھوں میں آنا (ار محاورہ) ۱۔ مرنے کے قریب ہونا۔ ۲۔ شدت سے انتظار کرنا۔

جان اٹکنا (ار محاورہ) دم نکلتے نکلتے رک جانا۔ نزع کی حالت ہونا۔

جان اڑی ہونا (ار محاورہ) بہت پریشانی ہونا۔ بدحواسی ہونا۔

جان الجھنا (ار محاورہ) جان مصیبت میں پڑنا۔

جاں باختہ (ف صف مفعولی) جان پر کھیلا ہوا۔ جس کو جان جانے کا ڈر نہ ہو۔

جاں باز (ف صف فاعلی) جان پر کھیل جانے والا۔ دلیر۔ ۲۔ جفاکش۔ ۳۔ جان نثار۔

جاں بازی (ف امث) دیکھئے "جاں باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جان بازی کرنا (ار مص مرکب) جان پر کھیلنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔

جان بچانا (ار محاورہ) ۱۔ کسی کو مرنے سے بچانا۔ ۲۔ پیچھا چھڑانا۔ بھاگ جانا۔

جان بچنا (ار محاورہ) جان سلامت رہنا۔

جان بچی اور لاکھوں پائے (ار مثل) ۱۔ زندہ رہنا بڑی دولت ہے۔ ۲۔ عذاب سے چھوٹے۔

جان بحق (تسلیم) ہونا (ار محاورہ) مرنا۔ فوت ہو جانا۔

جاں بخش (ف صف فاعلی) تازگی بخشنے والا۔ جان ڈالنے والا۔

جاں بخشی (ف امث) دیکھئے "جاں بخش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جاں بر (ف صف) صحیح سلامت۔ محفوظ۔

جاں بر ہونا (ار محاورہ) مرتے مرتے بچنا۔ جان محفوظ رہنا۔

جاں بری (ف امث) دیکھئے "جاں بر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جاں بلب (ف صف) مرنے کے قریب۔ نزع میں (افعال: آنا۔ ہونا)

جان بھاری ہونا (ار محاورہ) زندگی سے تنگ آنا۔ مصیبتوں سے گھبرا جانا۔

جان بیچنا (ار محاورہ) کسی طمع میں وہ کام کرنا جس سے جان کا خطرہ ہو۔

جان بیکل ہونا (ار محاورہ) دل بے چین ہونا۔ بے قراری ہونا۔

جان پانا (ار محاورہ) تر و تازہ ہونا۔ رونق پانا۔ قوت پانا۔ حوصلہ ہونا۔

جان پر آ بننا (ار محاورہ) ایسی تکلیف ہونا جس سے جان کو صدمہ ہو۔

جان پر بجلی پڑے / گرے (ار کوسنا) مصیبت آئے۔ ناگہانی آفت پڑے

جان پر بنانا (ار محاورہ) دیکھئے "جان پر بن جانا / بننا" جس کا یہ متعدی ہے

جان پر بن جانا / بننا (ار محاورہ) جان خطرے میں پڑنا۔ مصیبت آ جانا۔

جان پر جوکھم آنا (ار محاورہ) سخت مصیبت میں پھنسنا۔ زندگی خطرے میں ہونا

جان پر صبر کرنا (ار محاورہ) کسی کے ہاتھ سے تکلیف پہنچے تو کوسنے اور بددعا کے طور پر کہتی ہیں۔ (عو)

جان پر فلک / آسمان ٹوٹنا (ار محاورہ) مصیبت آنا

جان پر کھیلنا / کھیل جانا (ار محاورہ) ایسا کام کرنا جس میں جان کو خطرہ ہو۔ بہادری کا کام۔

جان پر نوبت آنا [ار محاورہ] دیکھیے "جان پر بن جانا / بننا"
جان پڑنا [ار محاورہ] ۱۔ انڈے میں بچہ بننا - ۲- تازگی حاصل ہونا۔ ۳- دل کو فرحت ہونا - ۴- بیماری سے بچنا - کمزوری دور ہونا ۵- آسودہ ہوجانا - ۶- رونق آجانا -
جان پڑی ہونا [ار محاورہ] کسی بات کی فکر ہونا - کسی طرف خیال لگا ہونا -
جان پھڑکنا [ار محاورہ] بے تابی ہونا -
جان پھنسانا [ار محاورہ] جان عذاب میں ڈالنا۔ کسی مشکل معاملے میں پھنسا دینا۔
جان پھنسنا [ار محاورہ] دیکھیے "جان پھنسانا" جس کا یہ لازم ہے۔
جان پیاری ہونا [ار محاورہ] زندگی عزیز ہونا - مرنے کو دل نہ چاہنا - جان بچانا -
جان تراش [ف صف ق] کمزور کرنے والا -
جان توڑنا [ار محاورہ] ۱۔ بہت کوشش کرنا - ۲۔ نزع کی حالت میں ہونا۔
جانِ جاں [ف صف] روح اعظم - ۲۔ بہت پیارا - عزیز - معشوق -
جانِ جانا [ار محاورہ] ۱۔ مرجانا - ۲۔ عاشق ہونا - فدا ہونا۔ ۳۔ واقف ہونا -
جان جائے پر آن نہ جائے [ار مثل] عزت میں کسی حالت میں فرق نہیں آنا چاہیئے۔ زندگی سے آبرو عزیز ہے۔
جان جائے کہ رہے [ار متعلق فعل] کچھ ہی ہو کیسا ہی نقصان کیوں نہ ہو -
جان جلانا [ار محاورہ] رنج دینا - غصہ دلانا -
جان جلنا [ار محاورہ] دیکھیے "جان جلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
جان جوکھم / جوکھوں [ار امث] خطرہ - ہلاکت - اندیشہ - ڈر -
جان جوکھوں میں ڈالنا [ار محاورہ] زندگی خطرے میں ڈالنا۔
جانِ جہاں [ف صف] کنایۃً - معشوق -
جان چرانا [ار محاورہ] کام سے بھاگنا - پہلو تہی کرنا -
جان چلی جانا [ار محاورہ] بہت بے چین ہونا -
جان چھپانا [ار محاورہ] بہانے کرنا - حیلے حوالے کرنا -
جان چھڑانا [ار محاورہ] پیچھا چھڑانا - نجات پانا -
جان چھڑکنا [ار محاورہ] عاشق ہونا - فریفتہ ہونا - جان دینا -
جان چھوٹنا [ار محاورہ] نجات ہونا - جھگڑے سے چھوٹنا -
جان چھوڑنا [ار محاورہ] پیچھا چھوڑنا - ہمت ہارنا - مرجانا
جان حاضر ہونا [ار محاورہ] مال کیا چیز ہے جان تک دینے کو تیار ہونا -
جان دادہ [ف صف مفعولی] قربان - نثار - فریفتہ - عاشق -
جان دار [ف صف] ۱۔ ذی روح - حیوان - جان رکھنے والا - ۲- طاقت ور - زور آور - ۳- تیز - پھرتیلا - ۴- امیر - دولت مند -
جان دریغ کرنا [ار محاورہ] جان پیاری سمجھنا - جان پیاری کرنا -
جان دوبھر ہونا [ار محاورہ] زندگی وبال معلوم ہونا - زندگی سے بیزار ہونا
جان ڈھکدھکی میں اٹکنا [ار محاورہ] سخت بے چینی - بے قراری گھبراہٹ -
جان دینا / دے دینا [ار محاورہ] ۱۔ مرجانا - ۲- نہایت بخل کرنا کنجوسی کرنا - ۳- حد سے زیادہ پیار کرنا - چاہنا - محبت کرنا۔ ۴- جان قربان کرنا - نثار کرنا - ۵- خودکشی کرنا - ۶- زندگی بخشنا
جان ڈالنا [ار محاورہ] روح ڈالنا - زندگی دینا -
جان رکھنا [ار محاورہ] طاقت ور ہونا - قوی ہونا -
جان رمقے ہونا [ار محاورہ] تھوڑی سی جان باقی رہنا -
جان رہنا [ار محاورہ] زندگی برقرار رہنا۔
جان رہے یا نہ رہے [ار متعلق فعل] دیکھیے "جان جائے کہ رہے"
جاں سپار [ف صف] جان قربان کرنیوالا - جاں نثار - عاشق -
جاں سپاری [ف امث] دیکھیے "جاں سپار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جاں ستاں [ف صف] جان لینے والا -
جاں ستانی [ف امث] دیکھیے "جاں ستاں" جس کا اسم کیفیت ہے -
جان سن سے ہوجانا [ار محاورہ] ڈر جانا - سہم جانا -
جاں سوختہ [ف صف مفعولی] جان جلا ہوا - عاشق -
جاں سوز [ف صف فاعلی] جان جلانے والا - ایذا دینے والا -
جاں سوزی [ف امث] دیکھیے "جاں سوز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
جان سوکھنا [ار محاورہ] دم خشک ہونا - دل کڑھنا - خوف سے بے حس و حرکت ہونا -
جان سولی پر ہونا [ار محاورہ] جان خطرے میں ہونا - کسی بات کا دھڑکا ہونا -
جان سے بیزار / تنگ ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "جان دوبھر ہونا"
جان سے جانا / گزرنا [ار محاورہ] مرنا - فوت ہونا -
جان سے دُور [ار متعلق فعل] کسی مرے ہوئے شخص سے اپنے زندہ عزیز کو نسبت دیتے ہوئے بولتے ہیں -
جان سے زیادہ [ار صف] بہت پیارا - زیادہ عزیز [افعال : - رکھنا - ہونا]
جان سے مارڈالنا / مارنا [ار محاورہ] قتل کر ڈالنا -
جان سے ہاتھ اٹھانا / دھو بیٹھنا / دھونا [ار محاورہ] زندگی سے مایوس ہونا - مرنے کے لئے تیار رہنا -
جانِ عالم [ف امث] ۱- پیارا - ۲- معشوق - ۳- واجد علی شاہ والیٔ اودھ کا لقب -
جان عذاب میں آنا / پڑنا / پھنسنا / ہونا [ار محاورہ] سخت مصیبت میں پھنسنا -
جان عذاب میں ڈالنا [ار محاورہ] دیکھیے "جان عذاب میں آنا" وغیرہ جس کا متعدی ہے -
جان عش ہونا [ار محاورہ] فریفتہ ہونا - عاشق ہونا -
جاں فرسا [ف صف فاعلی] جان کو دکھ دینے والا -
جاں فرسائی [ف امث] دیکھیے "جاں فرسا" جسکا یہ اسم کیفیت ہے -
جاں فزا [ف صف فاعلی] جان بڑھانے والا - خوش کن - فرحت انگیز
جاں فزائی [ف امث] دیکھیے "جاں فزا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
جاں فشاں [ف صف فاعلی] دوسرے کے لئے اپنی جان دینے والا - محنتی -
جاں فشانی [ف امث] ۱- جاں نثاری - ۲- محنت و مشقت - ۳-

۳۔ بہت کوشش۔

جان فشانی کرنا [ا ر مع رکب] جان چھڑکنا۔ بہت محنت کرنا۔

جان قربان کرنا [ا ر محاورہ] کسی کی خاطر اپنی جان دینا۔ واری جانا۔

جان کا بیری / دشمن / لاگو / لیوا [ا ر صف] سخت دشمن بدخواہ حاسد۔

جان کا پیوند / ٹکڑا [ا ر صف] جان وجگر۔ جان و دل۔ ۲۔ معشوق۔

جان کا جنجال [ا ر امذ] ۱۔ تکلیف۔ مصیبت۔ ۲۔ صف تکلیف دہ دوبھر۔ ناگوار [افعال: ۔ بننا۔ ہونا]

جان کا خواہاں ہونا [ا ر محاورہ] قتل کے درپے ہونا۔ قتل کی فکر میں ہونا۔

جان کا ڈر ہونا [ا ر محاورہ] قتل کا خطرہ ہونا۔

جان کا روگ [ا ر امذ] ۱۔ مصیبت۔ ۲۔ وہ مرض جس سے جان کا خطرہ ہو۔ [۳ صف] خطرناک۔ جان لینے والا۔ زندگی کو بے لطف کرنے والا۔

جان کا صدقہ مال [ا ر مثل] جان بچانے کیلئے مال قربان کر دینا چاہیئے۔

جان کا عذاب [ا ر امذ] دیکھیئے "جان کا جنجال"۔

جان کا کھٹکا [ا ر امذ] قتل کا اندیشہ۔

جان کا کیا بھروسا [ا ر امذ] زندگی کا کیا اعتبار

جان کام آنا [ا ر محاورہ] کسی کی خدمت میں جان جانا۔

جان کاہ [ا ر صف] جان کو دکھ دینے والا / گھٹانے / گھلانے والا۔ سخت تکلیف / رنج دہ۔

جان کاہی [ف امث] دیکھیئے "جان کاہ"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جان کندنی / جان کنی [ا ر امث] نزع کی حالت۔ جان نکلنے کی حالت

جان کو آجانا / آنا [ا ر محاورہ] سخت ناراض ہونا۔ بہت غصے ہونا۔

جان کو جان نہ سمجھنا [ا ر محاورہ] نہایت محنت ومشقت کرنا۔ جان کو عزیز نہ رکھنا۔

جان کو رونا / کلپنا [ا ر محاورہ] بددعا دینا۔ کوسنا۔

جان کو کھا لینا / کھانا [ا ر محاورہ] دق کرنا۔ تنگ کرنا۔

جان کھا جانا / کھانا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جان کو کھا لینا"۔

جان کھپانا [ا ر محاورہ] فکر کرنا۔ تردّد کرنا۔ مشقت کرنا۔

جان کھنچنا [ا ر محاورہ] جان نکلنا۔

جان کھو دینا / کھونا [ا ر محاورہ] ۱۔ حد درجے کی مشقت کرنا۔ ۲۔ مرجانا۔ جان دینا۔ رنج وغم کرنا۔

جان کی اماں [ا ر امث] ۱۔ جان بچنا۔ ۲۔ معافی۔ رہائی۔

جان کی پڑی ہے [ا ر محاورہ] جان کے لالے پڑے ہیں۔

جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا [ا ر مثل] ہر طرح نقصان ہوا، نہ دین کے رہے نہ دنیا کے۔

جان کی خیر / سلامتی [ا ر امث] جان کا بچا رہنا۔

جان کی خیرات مال [ا ر مثل] دیکھیئے "جان کا صدقہ مال"۔

جان کی طرح رکھنا [ا ر محاورہ] جان کے برابر عزیز رکھنا بہت عزیز رکھنا۔

جان کے برابر رکھنا [ا ر محاورہ] جان کی طرح رکھنا۔

جان کے پیچھے پڑنا [ا ر محاورہ] بلائے جان ہونا۔ جان لینے کا خواہاں ہونا

جان کے پیچھے عذاب لگانا [ا ر محاورہ] جھگڑا، بکھیڑا سر لینا۔

جان کے لالے پڑنا [ا ر محاورہ] جینے کی امید نہ رہنا۔

جان گداز [ف صف] جان کو دکھ دینے والا۔ جان پگھلانے والا۔

جان گدازی [ف امذ] دیکھیئے "جانگداز"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جانگزا [ف صف] جان کو گھٹانے والا۔ جان پر خطرہ پہنچانے والا۔

جان گسل [ف صف] دیکھیئے "جاں گزا"۔

جان گنوانا [ا ر محاورہ] بے فائدہ جان دینا۔

جان گھلانا [ا ر محاورہ] فکر یا تردد کرنا۔

جان گھلنا / گھل جانا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جان گھلانا"،

جان لبوں پر آنا [ا ر محاورہ] حالت نزع ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔

جان لڑا دینا / لڑانا [ا ر محاورہ] بے حد کوشش کرنا۔ مرنے پر مستعد ہونا۔

جان لہرانا [ا ر محاورہ] عاشق ہونا۔ مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

جان لینا [ا ر محاورہ] ۱۔ مار ڈالنا۔ ہلاک کر دینا۔ ۲۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔

جان لیوا [ف ا ر امذ] دشمن جان۔ جان کا خواہاں۔

جان مار کر کام کرنا [ا ر محاورہ] بہت محنت مشقت سے کام کرنا۔

جان مارنا [ا ر محاورہ] ۱۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ۲۔ نہایت کوشش سے کام کرنا۔

جان مارے سے ٹکا پیدا ہوتا ہے [ا ر مثل] محنت مشقت اور لگن سے ہی آمدنی ہو سکتی ہے۔

جان من [ف صف] ۱۔ پیارے عزیز۔ ۲۔ بیگمات دہلی اپنی سہیلیوں کو خطاب کرتی تھیں۔

جان میں جان آنا / پڑنا [ا ر محاورہ] اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔

جان میں جان نہ ہونا [ا ر محاورہ] بہت کمزور ہونا۔

جان نثار [فع صف] جان قربان کرنے والا۔ فدا کرنے والا۔ وفادار۔ جانباز [افعال: ۔ کرنا۔ ہونا]

جان نثاری [فع امث] جانبازی۔ وفاداری۔ جانفشانی۔

جان نکلنا [ا ر محاورہ] ۱۔ جسم سے روح کا جدا ہونا۔ ۲۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا ۳۔ سخت تکلیف اٹھانا۔ ۴۔ ہمت ہارنا۔ ۵۔ ناگوار ہونا۔ ۶۔ گھبرا جانا۔ مضطرب ہونا۔

جان نواز [ف صف] جان پر مہربانی کرنے والا۔ معشوق۔

جان نوازی [ف امث] دیکھیئے "جان نواز"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جان نہ بچنا [ا ر محاورہ] ۱۔ مر جانا۔ ۲۔ چھٹکارا یا رہائی نہ ہونا۔

جان نہ چھوڑنا [ا ر محاورہ] ۱۔ مار ڈالنا۔ ۲۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔

جان نہ ہونا [ا ر محاورہ] بہت کمزور ہونا۔

جان وارنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جان قربان کرنا"۔

جانور [ف امذ صف] ۱۔ جاندار۔ حیوان۔ ۲۔ (صف) بے وقوف وحشی۔ غیر مانوس۔

جان ہار [ف صف] ۱۔ جان دینے والا۔ جان پر کھیلنے والا۔ ۲۔

مرنے والا۔ گزرنے والا۔

جان ہلاک کرنا [ار محاورہ] ۱۔ تردد ہونا۔ فکر ہونا۔ ۲۔ سخت مشقت کی جانا۔ بہت کام کیا جانا۔

جان ہلاک ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "جان ہلاک کرنا" جس کا یہ لازم ہے

جان ہلکان کرنا [ار محاورہ] ۱۔ سخت تھکانا۔ بہت کام لینا۔ ۲۔ دق کرنا تنگ کرنا۔ سخت تکلیف برداشت کرنا۔

جان ہلکان ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "جان ہلکان کرنا" جس کا یہ لازم ہے

جان ہوا ہونا [ار محاورہ] جان نکلنا۔ سخت ڈرنا۔

جان ہونا [ار محاورہ] زندگی ہونا۔ کسی چیز کی فکر ہونا۔ کسی چیز کا بہت عزیز ہونا۔

جان ہونٹوں پر آنا / ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "جان لبوں پر آنا"

جان ہے تو جہان ہے۔ جان ہے تو سب کچھ ہے [ار مثل] اپنے دم تک ہی زندگی کا لطف ہے۔

جانا [ار مص] ۱۔ سدھارنا۔ رخصت ہونا۔ ۲۔ چلنا۔ روانہ ہونا۔ ۳۔ گزرنا۔ بیتنا۔ ۴۔ چھوٹنا۔ جدا ہونا۔ ۵۔ دور ہونا۔ دفع ہونا ۶۔ ضائع ہونا۔ گم ہونا۔ ۷۔ گزرنا۔ اترنا۔ ۸۔ مرنا۔ فوت ہونا۔ ۹۔ خیال کرنا۔ پروا کرنا۔ ۱۰۔ رہٹنا۔ سرکنا۔ ۱۱۔ کٹنا۔ قلم ہونا ۱۲۔ پروا کرنا۔ قیاس کرنا۔ ۱۳۔ بُرا ماننا۔ ۱۴۔ ٹل جانا۔

جانا اپنے بس آنا پرائے بس [ار مثل] اپنی مرضی سے آنا دوسرے کی اجازت سے جانا۔

جانا بُوجھا [ار صف] جس سے اچھی طرح واقفیت ہو۔ واقف۔ دیکھا بھالا

جاناں / جانانہ [ف صف] معشوق۔ پیارا۔ جانی۔ محبوب۔ دلبر۔

جانب [ع امث] طرف۔ سمت۔ پہلو۔ رُخ۔

جانبدار [فع صف] طرفدار۔ حمایتی۔ مددگار۔

جانبدارانہ [ف متعلق فعل] رویہ جس میں ایک فریق کی حمایت کیلئے طرفدارانہ

جانبداری [فع امث] دیکھیے "جانبدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جانب کار [ار صف] جانا بوجھا۔ واقف کار۔

جانبین [ع امث] دونوں طرف۔ فریقین۔

جانتا [ہ امذ] ۱۔ آل۔ اولاد۔ ۲۔ ایک قسم کی چکی۔

جانتا چور گاؤں اُجاڑے [ار مثل] بھیدی چور یا دشمن زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔

جانچ [ار امث] آزمائش۔ امتحان۔ آنک۔

جانچ پرکھ کرنا [ار مص مرکب] آزمائش کرنا۔ آنکنا۔

جانچ لینا [ار مص مرکب] تاڑ لینا۔ تشخیص کرنا۔ تخمینہ کرنا۔

جانچنا [ار مص] تشخیص کرنا۔ امتحان لینا۔ تاڑنا۔ معلوم کرنا۔ آزمائش کرنا۔ تخمینہ کرنا۔

جانگ / جانگھ [ہ امث] ران۔ زانو۔

جانگل [ہ امذ] ۱۔ ایک مچھلی کھانے والا پرندہ۔

جانگلو [ہ صف] گنوار۔ وحشی۔ جنگلی۔ بیوقوف۔ اُجڈ۔

جانگلی [ہ صف] ۱۔ دیکھیے "جانگلو" ۲۔ ایک درخت۔ ۳۔ سپیرا۔ سانپوں کے زہر کا علاج کرنے والا۔ مداری۔ شعبدہ باز۔

جانگیا / جانگھیا [ہ امذ] ایک پاجامہ جو رانوں تک ہوتا ہے کچھا۔ پہلوانوں کا سلا ہوا لنگوٹ۔

جانگھل [ہ امذ] ۱۔ دیکھیے "جانگل" ۲۔ بگلا۔ ۳۔ ایک پرندہ جو سانپ کھاتا ہے۔

جاننا [ار مص] ۱۔ آگاہ ہونا۔ واقف ہونا۔ ۲۔ پہچاننا۔ تمیز کرنا۔ معلوم کرنا۔ ۳۔ قائل ہونا۔ ۴۔ ذمہ دار ہونا۔ کفیل ہونا۔ ضامن بننا۔ ۵۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ ۶۔ سمجھنا۔ ۷۔ فرض کرنا۔ ۸۔ بھروسا کرنا۔ اعتبار کرنا۔

جاننا بُوجھنا [ار محاورہ] واقف ہونا۔

جانوا [ار امذ ن] زنار۔ جینو۔

جانی [ف صف] پیارا۔ معشوق۔ پیار کا کلمہ۔

جانی دشمن [ف صف] عدو۔ تشنۂ جان۔ جان کا خواہاں۔ جان کا دشمن۔

جانی دوست [ف صف] دلی دوست۔ گہرا دوست۔

جانے [ار متعلق فعل] ۱۔ گویا۔ فرض کیجیے۔ ۲۔ کون جانے۔ نہ معلوم۔ خدا جانے

جانے دو [ار محاورہ] نہ روکو۔ چلنے دو۔ باز آؤ۔ معاف کرو۔ درگزر کرو۔ خیال نہ کرو۔

جانے کے لچھن [ار امذ] مرنے کی علامات۔ بُرے آثار۔

جانے میری جوتی / پاپوش [ار مثل] خبر نہیں۔ کیا معلوم۔ ہمیں کیا۔

جاوتری [ہ امث] جائفل کا پھول

جاوداں / جاودانہ [ف صف] ہمیشہ۔ دائم۔ سدا۔

جاودانی [ف امث] ہمیشگی۔ ابد۔ دوام۔ ازل۔ اگلی دنیا۔

جاور گردش [ف امث] تغیر حال۔ حالات کا بدلنا۔

جاوید / جاوید [ف صف] ہمیشہ۔ دائم۔ سدا۔

جاہ [ف امث] رتبہ۔ مرتبہ۔ عزت۔ شکوہ۔ شان۔ عظمت۔ بزرگی رعب و داب۔

جاہ و جلال [فع امذ] شان و شوکت۔ رعب و داب۔ دبدبہ۔

جاہ و حشم [فع امذ] لاؤ لشکر۔ ٹھاٹ باٹھ۔ کر و فر۔ دولت و عزت۔

جاہ و منصب / منزلت [مع امث] قدر و منزلت۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ پایہ۔ عہدہ۔ وقار۔ عظمت۔

جاہل [ع صف] بے علم۔ ناخواندہ۔ نادان۔ اناڑی۔ وحشی غیر مہذب۔ گنوار۔ اجڈ۔ اکھڑ۔ بے ادب۔ گستاخ۔

جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو [ار مثل] بے علم فقیر شیطان کی مانند ہوتا ہے۔

جاہلیت [ع امث] ۱۔ جاہل ہونا ۲۔ زمانۂ قبل اسلام۔ جب لوگ بت پرستی کرتے تھے۔

جاہلیّہ [ع امث] دیکھیے "جاہلیت" ۲

جاہی [ہ امث] ۱۔ ایک قسم کا سفید خوشبودار پھول چنبیلی کی ایک قسم ۲۔ ایک قسم کی آتش بازی۔

جاؤ بیٹھو / رہو [ار محاورہ] اپنا کام کرو۔

جاؤ دیوتا ڈھکن وہی کرم کے لچھن [ار مثل] کہیں چلے جاؤ

نست ساتھ ہے
جائے [ف امث] جگہ۔ گنجائش۔
جائے استاد خالی است [ف مثل] استاد پھر بھی استاد ہے۔ کوئی شخص اگر کوئی عمدہ تجویز بتلائے تو وہاں بولتے ہیں۔
جائے تنگ است و مرداں بسیار [ف مثل] چیز تھوڑی چاہنے والے بہت۔ جگہ تنگ مجمع بہت زیادہ۔
جائے دم زدن [ف امث] دم مارنے کا موقع گلے شکوے کی جگہ۔
جائے سے [ا صف] مناسب۔ واجب۔ بجا۔ درست۔ ٹھیک۔
جائے ضرور [ف امث] دیکھیے "جا ضرور"
جائے عام [ف امث] (PUBLIC PLACE کا ترجمہ) ایسی جگہ جہاں عوام بغرض تفریحات اکٹھے ہوتے ہیں۔
جائے عُذر [ف امث] بہانہ کرنے یا ٹالنے کی گنجائش۔
جائے گل گل باش و جائے خار خار [ف مثل] نرمی کے موقع پر نرمی سختی کے وقت سختی کرنی چاہیے۔
جائے لاکھ رہے ساکھ [ا مثل] لاکھ کا نقصان ہو جائے تو پروا نہیں مگر عزت و اعتبار باقی رہنا چاہیے۔
جائے ماجرا [ف امث] جائے وقوع۔ جرم ہونے کی جگہ۔
جائی [ا امث] بیٹی۔ دُختر۔
جایا [ا امذ] بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔
جایا چاہنا [ا محاورہ] جانے کو تیار ہونا۔
جایا کرنا [ا محاورہ] جاتے رہنا۔
جائپھل / جائفل [ا امذ] جوز بویا۔ ایک مشہور پھل جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے مزاج گرم و خشک۔
جائیداد [ف امث] ا۔ حیثیت۔ ملکیت ۲۔ مال اسباب ۳۔ جاگیر ملکی۔ ۴۔ اثاثہ۔ پیداوار۔ کھڑی فصل۔
جائیداد آبائی [ف امث] جدی جائداد۔ باپ دادا کی جاگیر۔ باپ دادا کی پیدا کردہ جائیداد۔
جائیداد اراضی [ف امث] زمین یا مکانات جو قبضے میں ہوں۔
جائیداد استمراری [ف امث] جاگیر جو دائمی ہو۔
جائیداد اجمالی [ف امث] مشترکہ جائیداد۔
جائیداد زوجیت [ف امث] بیوی کی ملکیت۔
جائیداد سکنی [ف امث] رہنے کی جائیداد۔ مکانات وغیرہ۔
جائیداد غیر منقولہ [ف امث] جائیداد جس کی نقل و حرکت نہ ہو سکے زمین۔ مکانات وغیرہ۔
جائیداد متعلقہ خاندان [ف امث] وہ جائیداد جو سارے خاندان کی ملکیت ہو۔ جدی جائیداد۔
جائیداد مستغرقہ [ف امث] ڈوبی ہوئی جائیداد۔ وہ جائیداد جو رہن وغیرہ میں غرق ہو جائے۔ مرہونہ
جائیداد مشفوعہ [ف امث] وہ جائیداد جس پر حق شفع کا عمل کیا جائے۔
جائیداد مکسوبہ [ف امث] آپ کمائی ہوئی جائیداد۔ خود پیدا کردہ جائیداد

جائیداد ملفوظہ [ف امث] وہ جائیداد جس پر بار کفالت ہو۔ جو کسی قرضہ کی ضمانت کی ذمہ دار ہو۔
جائیداد منقولہ [ف امث] وہ جائیداد جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں
جائز [ع صف] ا۔ روا۔ بجا۔ مناسب۔ مباح۔ واجب۔ حلال۔ جوگ۔ ۲۔ ٹھیک۔ صحیح۔ درست۔ نشدہ ۳۔ قابل تسلیم و پذیرائی۔ قابل سماعت۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
جائز رکھنا [ا محاورہ] ماننا۔ تسلیم کرنا۔ ۲۔ روا رکھنا۔ مباح سمجھنا۔ منظور کرنا۔
جائز قرار دینا [ا محاورہ] مباح کر دینا۔ بجا قرار دینا۔
جائز کہ [ع ف متعلق فعل] ممکن ہے۔ شاید۔ بالامکان۔
جائز ولی [ع امذ] یتیموں کا محافظ۔ قانونی سرپرست۔
جائزہ [ع امذ] ا۔ پرکھ۔ امتحان۔ جانچ۔ پڑتال۔ حاضری گنتی شمار۔ ۲۔ وہ نشان جو رقومات پر پڑتال کے وقت لگایا جائے ۳۔ دستخط ۴۔ عطیہ۔ صلہ۔ انعام۔ ۵۔ تحویل۔ حوالگی۔ چارج۔
جائزہ دیکھ لینا [ا محاورہ] آزمائش کر لینا۔ جانچ کر لینا۔
جائزہ دینا [ا محاورہ] حساب کتاب دینا یا سنبھلوانا۔ ۲۔ پڑتال کرانا۔ جانچ کرانا۔
جائزہ لینا [ا محاورہ] جانچنا۔ پڑتال کرنا ۲۔ حاضری لینا۔ شمار کرنا۔ حساب پڑتال کرنا۔

ج ۔ ب

جب [ا حرف شرط، اسم موصول] جس وقت۔ جس صورت میں۔ ہرگاہ درحالیکہ۔
جب آنکھ بند کر لی پیچھے کچھ ہی ہو [ا مثل] جب خود مر گئے تو بعد میں جو چاہے ہو۔
جب آنکھیں ہوئیں چار تو دل میں آیا پیار }
جب آنکھیں ہوئیں اوٹ تو دل میں آئی کھوٹ } [ا مثل] سامنے اظہار محبت اور غیر حاضری میں کوئی پروا نہ ہونا۔ بلکہ برائی سوچنا۔
جب آئے برسن کا چاؤ تو پچھوا گنے نہ پروا بھاؤ [ا مثل] جب خدا بارش برساتا ہے تو پچھوا پروا کچھ نہیں دیکھتا۔ جب خدا مہربانی کرتا ہے تو موقع بے موقع نہیں دیکھتا۔
جب آیا دیہی کا انت جیسے گدھا ویسے سنت [ہ مثل] جب موت آئے تو سب برابر ہیں۔
جب اپنی اتار لی تو دوسروں کی اتارنے کیا دیر لگتی ہے [ا مثل] جو خود ذلیل ہے وہ دوسروں کو ذلیل کرنے سے گریز نہیں کرتا۔
جب اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی [ا مثل] جب بےحیائی اختیار کر لی تو پھر کسی کی پروا نہیں ہوتی۔
جب باڑ ہی کھیت کو کھائے تو رکھوالی کون کرے [ا مثل] جہاں اپنے ہی ستانے والے ہوں وہاں یہ مثل کہی جاتی ہے۔

جب باوا جی مریں گے تو بیل بٹیں گے [ار مثل] کسی کام کو کسی ایسے دوسرے کام پر موقوف رکھنا جس کے عمل میں آنے کا سردست کوئی امکان نہ ہو۔

جب پا دا ترے تو جوتوں مار دی [ار مثل] منت پوری ہو جانے پر کوئی گھٹیا سی چیز خدا کی راہ میں دینا۔ ٹالنا۔

جب پرجا نہیں تو راجا کہاں [ار مثل] حاکم کو ظلم نہیں کرنا چاہیئے اگر رعایا نہ ہوگی تو حاکم کہاں رہے گا۔

جب تب [ار متعلق فعل] کبھی کبھی۔ گاہ گاہ۔

جب تک ترلک [ار متعلق فعل] جس وقت تک۔ ایسے وقت تک۔

جب تک اونٹ پہاڑ تلے نہیں آتا سمجھتا ہے کہ مجھ سے بڑا یا اونچا کوئی نہیں [ار مثل] جب تک اپنے سے زبردست سے پالا نہ پڑے انسان اپنے آپ کو بڑا سمجھتا ہے۔

جب تک بچہ روتا نہیں ماں دودھ نہیں دیتی [ار مثل] مانگے بغیر کچھ نہیں ملتا۔

جب تک بہو کنواری تب تک ساس واری / بہو آئی گود میں لاڈ گیا حوض میں [ار مثل] بہو کی قدر شادی سے پہلے ہوتی ہے اور بعد میں نہیں رہتی۔

جب تک جینا تب تک سینا [ار مثل] تمام عمر محنت اور مشقت کرنی پڑتی ہے۔

جب تک دم ہے تب تک غم ہے [ار مثل] تمام عمر غم و فکر رہتا ہے۔

جب تک رکابی میں بھات۔ تب تک (تیرا۔ میرا) ساتھ [ار مثل] مطلب کی دوستی۔

جب تک سانس تب تک آس [ار مثل] زندگی کے ساتھ امید قائم ہے۔

جب تو [ار متعلق فعل] اس لئے۔ اس وقت۔ تب۔

جب جب [ار متعلق فعل] ہر گاہ۔ جس وقت۔

جب خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے [ار مثل] خدا بے وسیلہ رزق دیتا ہے۔

جب دانت نہ تھے تب دودھ دیا / جب دانت دیئے تو کیا اَن نہ دے گا [ار مثل] خدا ہر حال میں روزی دیتا ہے۔

جب دو دل راضی تو کیا کرے گا قاضی [ار مثل] جب فریقین آپس میں راضی ہوں تو تیسرا کچھ نہیں کر سکتا۔

جب دیکھو تیرے سے کھڑے ہیں [ار محاورہ] ہر وقت موجود ہیں۔

جب سے [ار متعلق فعل] جس وقت سے۔

جب سے اُگے بال تب سے یہی حال [ار مثل] ان کے بچپن سے یہی کرتوت ہیں۔

جب کا [ار صفت] اس وقت کا۔ گزشتہ۔ پچھلا۔ آخیری۔

جب کا لیپا دو بہاء اب کا لیپا دیکھو آ [ار مثل] پچھلی بات کا کیا ذکر موجودہ حالت کو دیکھو۔

جب کبھی [ار متعلق فعل] جس وقت۔ جب موقع ملے۔

جب کہ [ار متعلق فعل] جس وقت۔

جب کہیں جا کے [ار متعلق فعل] وقت سے۔ بمشکل سے۔

جب منہ کو لگی چاٹ تو سوجھی حلوائی کی ہاٹ [ار مثل] چٹورا آدمی فضول خرچ ہو جاتا ہے۔

جب نہ تب [ار متعلق فعل] وقت بے وقت ہمیشہ۔ عموماً۔ بارہا۔ کبھی نہیں۔

جب ناچنے نکلی تو گھونگھٹ کیا [ار مثل] جب ایک دفعہ برا کام کر لیا تو پھر شرم کیسی۔

جب ہاتھ میں لیا کاسہ تو روٹیوں کا کیا سانسا [ار مثل] جب مانگنے کی نیت دھر لی تو روٹی کی کیا کمی۔

جب ہم جانتے [ار متعلق فعل] لطف تو جب تھا۔

جب ہی / جبھی [ار متعلق فعل] فوراً۔ اسی وقت۔ عین اسی وقت۔

جب ہی تو / جبھی تو [ار متعلق فعل] اسی وجہ سے۔ اسی باعث۔

جَباب [ار امذ ق] جواب کا بگاڑ۔

جبّار [ع اسم مبالغہ] ا۔ جبر کرنیوالا۔ ظالم۔ ۲۔ زبردست بزرگ۔

جِبال [ع امذ] دیکھیے "جبل" جس کی یہ جمع ہے۔

جَبر [ع امذ] ا۔ ظلم و ستم۔ دباؤ۔ جور و جفا۔ ۲۔ حساب۔ کسروں کا خصائل (افعال:۔ اٹھانا۔ کرنا۔)

جبراً [ع متعلق فعل] زبردستی سے۔

جبراً قہراً [ع متعلق فعل] مجبوری سے۔ چار و ناچار۔

جبر و تعدی [ع ف امث] جور و جفا۔ ظلم و ستم۔ سختی۔ زبردستی۔

جبر و مقابلہ [ع امذ] ریاضی کی ایک شاخ جس کا نام الجبرا ہے۔ جس میں علامات و حروف کے ذریعے عمل کیا جاتا ہے اور معلوم مقداروں کے ذریعے نامعلوم مقداریں دریافت کی جاتی ہیں۔

جَبَرُوت [ع امذ] ا۔ عظمت۔ تکبر۔ ۲۔ تصوف عظمت و جلال۔ اسمائے صفات الٰہی۔ مرتبہ وحدت

جبروتی [ع ف امث] بزرگی کی شان۔ تکبر۔

جبرئیل / جبریل [عبرانی امذ] (بندۂ خدا) چار مقرب فرشتوں میں سے ایک مشہور فرشتہ جس کا کام پیغمبروں کو وحی پہنچانا تھا۔

جَبری [ع صف] مجبوری سے۔ زبردستی سے۔ ناچاری سے۔

جبری / جبریہ [ع امذ] مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ بندہ کو اعمال و افعال میں کوئی اختیار نہیں۔

جبڑا [ار امذ] منہ کے اندر کی وہ ہڈی جس میں دانت اوپر نیچے جڑے ہوتے ہیں۔

جبڑا چلانا [ار محاورہ] کوئی چیز کھانا۔ منہ چلانا۔

جبڑی [ار امث] ا۔ جبڑا کی تصغیر۔ ۲۔ ایک مہلک بیماری جس سے جبڑے بند ہو جاتے ہیں۔

جَبَل [ع امذ] پہاڑ۔ کوہ۔

جبل گردد جبلّی نہ گردد [ف مثل] پہاڑ کا ٹلنا ممکن ہے مگر عادت کا بدلنا ناممکن ہے۔

جِبِلّت [ع امث] خلقت۔ اصل طبیعت۔

جَبَلی [ع صف] دیکھیے "جبل" جس سے یہ منسوب ہے۔

جِبِلّی [ع صف] ا۔ جبلّت۔ ۲۔ جبلّت سے منسوب۔

جُبنیت [ع امذ] بُزدلی۔ کم ہمتی۔ نامردی۔ ۲۔ وہ سفید مادہ جو دودھ پھاڑ کر نکالا گیا۔ پنیر۔

جُبیّہ [ہ امث] جُبہ کی تصغیر۔

جُبّہ [ع امذ] گھٹنے کی صورت کا ایک خاص لباس۔ جامہ۔ چوغا۔

جَبہہ [ع امذ] چہرے کا وہ حصّہ جو دونوں ابروؤں کے درمیان ہوتا ہے۔ ۲۔ پیشانی۔ ماتھا۔

جبہہ سا [ف صف] ماتھا رگڑنے والا۔ منت کرنیوالا۔ (افعال: ہونا)

جَبہہ سائی [ف امث] دیکھئے "جَبہہ سا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ (افعال: کرنا۔

جَبھا [ہ امذ] حوصلہ۔ دلیری۔ بہادری۔ جرأت۔ رعب۔ دبدبہ۔

جَبھوا [ار امث ق] زبان۔

جبین [ف امث] پیشانی۔ ماتھا۔

جبین سا/فرسا [ف صف] دیکھئے "جَبہہ سا"

جَبین سائی/فرسائی [ف امث] دیکھئے "جبہہ سائی"

ج ۔ پ

جَپ [ہ امث] پوجا پاٹ کرنا۔ پرستش کرنا۔ ۲۔ ورد۔ وظیفہ عبادت۔ ذکر۔

جَپ تپ [ہ امث] ۱۔ پوجا پاٹ۔ ۲۔ عبادت۔ ریاضت۔ ۳۔ تکلیف۔ دکھ۔

جَپ جی [ہ امذ] سکھوں کی مذہبی کتاب۔

جَپ کرانا [ار مص مرکب] کسی مطلب کے لئے یا بیماری سے اچھا ہونے کے لئے پوجا پاٹ کرانا۔

جپ کرنا [ار مص مرکب] پوجا کرنا۔ عبادت کرنا۔

جپ کے پرتے پاپ [ہ مثل] پارسائی کی آڑ میں لوگوں کو ٹھگنا۔ دھوکا دینا۔

جَپ مال/مالا [ہ امث مذ] تسبیح۔ سمرن

جپا [ہ امث] ایک پھول والا پودا۔ ۲۔ اڑہر کا پھول۔

جپنا [ہ مص] مالا پھیرنا۔ تسبیح ہلانا۔ خدا کو یاد کرنا۔ رٹنا۔

جپٹنا [ہ مص ق] چمٹنا۔

جپنی [ہ امث] ۱۔ تسبیح۔ ۲۔ ورد۔ وظیفہ۔ ۳۔ رٹ۔

جپی تپی [ہ صف] عابد۔ زاہد۔ پجاری۔

ج ۔ ت

جُت [ہ امث] قسم۔ نوع۔ ۲۔ طرز۔ طریقہ۔ ۳۔ ہولی کا ایک گیت ۴۔ آلہ۔ مشین۔ ۵۔ جیسا۔ جتنا (بطور صفت)

جِت [ہ صف] ۱۔ جہاں۔ جس جگہ۔ ۲۔ فاتح۔ کیا ہوا۔ فتح کیا ہوا ۳۔ جیتا ہوا۔ حاصل کیا ہوا۔

جُت [ہ صف] جتا ہوا۔ ۲۔ جڑا ہوا۔ تابعی۔

جُتارا [ار امذ ق] خاندان۔ گھرانا۔ نسل۔

جَتا ساری/جَت ساری [ہ امث] وہ گیت جو عورتیں چکی پیستے وقت گاتی ہیں۔

جَتانا/جتلانا [ار مص] ۱۔ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ ۲۔ تاکید کرنا۔ ۳۔ یاد دلانا۔ ۴۔ اشارہ کرنا۔ ۵۔ راہنمائی کرنا۔ ۶۔ ہوش میں لانا۔ ۷۔ تنبیہ کرنا ۸۔ کسی جذبے کا اظہار کرنا۔

جِتانا/جِتوانا [ار مص] غلبہ دلانا۔ بازی دلوانا۔ ہار سے بچانا۔ پانسہ پلٹ دینا۔

جُتانا [ار مص] ۱۔ زمین میں ہل چلوانا۔ ۲۔ گھوڑے یا بیل وغیرہ کو گاڑی میں لگوانا

جُتاؤ [ار صف] جوتنے کے قابل۔

جُتائی [ار امث] ۱۔ کھیت میں ہل چلنا۔ ۲۔ جوتنے کی اُجرت۔

جَتبَر [ار امث ق] خانہ داری۔

جَتبری [ار امث ق] خانہ دار عورت۔ گھر گرہستن۔

جَتَرب [ار امذ ق] شیوہ۔ شعار۔

جَتن [ہ امذ] ۱۔ کوشش۔ ۲۔ ڈھنگ ۳۔ تجویز۔ ۴۔ علاج۔ بندوبست۔ ۵۔ دنیا۔ سنسار۔ ۶۔ کرتوت۔ ۷۔ مکر و فریب۔ ۸۔ استقلال۔ استحکام۔

جُتنا [ار مص] ۱۔ گھوڑے یا بیل کا گاڑی وغیرہ میں لگا یا جانا۔ ۲۔ کھیت کا جوتا جانا۔ ۳۔ کسی کام میں مشغول ہونا۔ ۴۔ کسی کو کسی کام پر زبردستی لگایا جانا۔ ۵۔ جا لڑنا۔ ۶۔ کوشش کرنا۔

جتنا [ار/موصل] جس قدر۔ جو کچھ۔ سارا۔ تمام۔ کل۔

جتنا اُوپر ہے اُتنا ہی نیچے ہے [ار مثل] پست قد، شرارتی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

جتنا اوڑھنا اتنے ہی پاؤں پھیلانا [ار مثل] اپنی حیثیت اور لباط کے مطابق خرچ کرنا۔

جتنا بڑا اُتنا کڑا [ار مثل] جتنا عمر میں بڑا اتنا ہی خراب۔ ایک سے ایک بڑھ کر خراب۔

جتنا پھلے اُتنا جھکے [ار مثل] آدمی جتنا بڑا ہو اتنا ہی منکسر المزاج ہو۔

جتنا تپے گا اتنا ہی برسے گا [ار مثل] گرمیوں میں جتنی زیادہ گرمی ہو گی اتنی ہی زیادہ برسات میں بارش ہو گی۔

جتنا چھانو اتنا ہی کرکرا [ار مثل] زیادہ وہم سے زیادہ نقص نکلتے ہیں۔

جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا [ار مثل] چھوٹا آدمی شرارتی ہوتا ہے۔

جتنا سیانا اتنا دیوانہ [ار مثل] بعض وقت عقلمند بے وقوفی کی بات کہہ جاتا ہے۔

جتنا قریب اُتنا رقیب [ار مثل] رشتے دار اور آپس والے زیادہ جلتے ہیں۔

جتنا گڑ ڈالو گے اُتنا ہی میٹھا ہو گا [ار مثل] کسی کام میں جتنا خرچ کیا جائے گا وہ اتنا ہی اچھا ہو گا۔

جتنا گی [ار امث ق] نگرانی۔ دیکھ بھال۔

جتنی [ار امث] دیکھئے "جتنا" جس کا یہ تانیث ہے۔

جتنی چادر دیکھئے اتنے پاؤں پسارئیے (ا ر مثل) اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرنا چاہئیے۔
جتنی دولت اتنی مصیبت (ا ر مثل) امیروں کو زیادہ تفکرات رہتے ہیں
جتنے (ا ر موصول) دیکھئے "جتنا" جس کی یہ جمع ہے۔
جتنے دم اتنے غم (ا ر مثل) جتنی عیال داری اتنی ہی فکر رہتی ہے ۲۔ جتنی زندگی اتنی تکلیف۔
جتنے گھنے اتنے بھلے (ا ر مثل) تعداد کی زیادتی اچھی ہوتی ہے۔
جتنے منہ اتنی باتیں (ا ر مثل) ہر شخص اپنی اپنی کہتا ہے۔
جُتوانا (ا ر مص) دیکھئے "جوتنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
جتھا (ا ر اذ) ۱۔ گروہ، جماعت ۲۔ انبوہ، بھیڑ ۳۔ سرمایہ۔ پونجی ۴۔ ایکا۔
جتھا باندھنا (ا ر محاورہ) جماعت بنانا۔ گروہ بنانا۔ ایکا کرنا۔ اتفاق کرنا۔
جَتی (ہ صف) جت والا۔ نفسانی خواہشوں کا تارک جوگی۔ سنت۔
جتی ستی (ہ صف) نیک۔ مجرد۔ تارک الدنیا۔ پرہیزگار۔ پارسا۔
جتیے (ا ر موصول ق) جتنے
جُتیانا (ا ر مص) جوتے مارنا

ج ٹ

جَٹ (ہ اذ) جاٹ۔ اجڈ۔ ان پڑھ۔
جُٹ (ہ اذ) جوڑا۔ جوڑی۔ جفت۔ زوج ۲۔ دو متحد درمتفق آدمی۔ ثانی۔
جٹا (ہ امث) ۱۔ گندھے ہوئے بال۔ بٹے بال ۲۔ جوڑا۔ رستا ۳۔ بڑی ڈاڑھی۔
جٹا بانسی (ہ امث) بال چھڑ۔
جٹا دھاری (ہ صف) لمبے بالوں والا۔ دراز گیسو ۲۔ جوگی۔ سنیاسی ۳۔ مہا شیوجی۔ مہیش۔ مہادیو ۴۔ پرانا سانپ جس کے سر پر بال ہوں
جٹا (ا ر اذ ق) بالشت بھر۔
جُٹانا (ہ مص) دیکھئے "جٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
جُٹنا / جُٹ جانا (ہ مص) ۱۔ جڑنا۔ گتھنا ۲۔ پیوند ہونا۔ ملنا ۳۔ سازش کرنا ۴۔ چٹنا۔ لپٹنا ۵۔ سر ہونا۔ پیچھے پڑنا ۶۔ ہم بستر ہونا۔
جٹھ دینا (ا ر محاورہ) جھوٹی باتیں بنانا۔
جٹھانی (ہ امث) جیٹھ کی بیوی۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔
جٹھلی (ا ر اذ ق) پہلوان۔
جٹنی (ہ امث) جاٹ کی بیوی۔
جٹی (ہ امث) ۱۔ سوکھے تمباکو کی گڈی ۲۔ روٹیوں کی تھئی ۳۔ روپیوں پیسوں کی بٹری ۴۔ پاس پاس۔ پیوستہ۔

جتی بھوئیں (ا ر امث) جڑی ہوئی بھوئیں۔
جتی ٹنی (ہ امث) جڑی ہوئی۔

ج ث

جُثّہ (ع اذ) ۱۔ ڈیل۔ تن۔ قالب۔ بدن۔ جسم۔ پنڈا۔ کایا ۲۔ کاٹھی۔ ڈھانچا ۳۔ لاش ۴۔ جسامت۔

ج ج

جج (انگ اذ) JUDGE ۱۔ منصف۔ قاضی۔ مفتی۔ حاکم عدالت۔ انصاف کرنے والا ۲۔ پرکھنے والا۔ مُبصِّر۔
جج بیٹھنا (ا ر محاورہ) کسی مقدمے کے سلسلے میں جج کا خاص طور سے تقرر ہونا۔
ججمان (ہ اذ) وہ شخص جس کا برہمن۔ نائی وغیرہ مستقل کام کریں مربی۔ آسامی۔ مخدوم۔
ججمانی (ہ امث) ۱۔ وہ روپیہ جو ججمان برہمن نائی وغیرہ کو دیں ۲۔ ججمان کی حیثیت۔
ججھ (ہ اذ) لڑائی۔ جنگ۔
ججی (انگ ا ر امث) ۱۔ جج کا عہدہ ۲۔ جج کی کچہری۔

ج چ

جچا (ا ر صف مفعولی) اندازہ لگایا ہوا۔ پورا۔ ٹھیک۔
جچا تلا / جنچا تلا (ا ر صف) تجربے اور آزمائش کے مطابق ٹھیک۔ درست
جچا (ہ امث) دیکھئے "زچہ" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
جچا گیریاں (ہ امث) وہ گیت جو زچہ خانے میں گاتے جاتے ہیں۔
جچگی (ہ امث ق) دیکھئے "زچگی"
جچی تلی / جنچی تلی (ا ر صف) دیکھئے "جچا تلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
جچنا (ا ر مص) جانچا جانا۔ اندازہ ہونا۔ امتحان ہونا۔ قیمت لگنا۔ وقعت ہونا۔ ثابت ہونا۔

ج ح

جحود (ع اذ) جان بوجھ کر انکار کرنا۔ تجاہل عارفانہ۔
جحیم (ع اذ) دوزخ کا چھٹا طبقہ۔ بہت تیز آگ۔

ج د

جد (ا ر حرف شرط ق) جب۔
جد نہ تد (ا ر حرف شرط ق) جب۔ اب۔ ہر وقت جب۔ تب۔

جَد [ع امذ] باپ کا باپ۔ دادا۔
جَدِّ اعلیٰ [ع امذ] مورث اعلیٰ۔ آبائی سلسلہ کا وہ بزرگ جس سے کسی قبیلہ وغیرہ کی نسل چلے۔
جدِّ امجد [ع امذ] دادا۔ پردادا۔ بزرگ۔ ۲۔ حضرت آدم علیہ السلام۔
جدِّ مادر [ع امذ ترکیب فارسی] نانا۔ ماں کا باپ۔
جِدّ [ع امث] کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔ پیروی۔ ۲۔ محنت۔ مشقت۔
جد و جہد رجہد [ع امث بہ ترکیب فارسی] دیکھیے "جد"۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
جد و کد [ع ف امث] ا۔ محنت مشقت۔ ۲۔ رد و بدل۔ تکرار۔ سوال و جواب [افعال کرنا۔ ہونا]
جُدا [ف صف] علیحدہ۔ نرالا۔ بچھڑا ہوا۔
جُدا جُدا [ف صف متعلق فعل] الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ۔ تفصیل وار۔ ۲۔ متفرق۔ طرح طرح کے [افعال: کہنا۔ کرنا۔ ہونا]
جدا کرنا [ا مص مرکب] علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ ۲۔ کاٹنا۔ توڑنا۔ ۳۔ نفاق ڈالنا۔
جُداگانہ [ف متعلق فعل] علیحدہ علیحدہ۔ الگ الگ۔ ایک طرف۔
جدا ہونا [ا مص مرکب] دیکھیے "جدا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
جِدال [ع امث] لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ کارزار۔ ۲۔ جھگڑا۔ بحث۔
جدان [ا متعلق فعل ق] جب سے۔
جَداوِل [ع امث] دیکھیے "جَدوَل" جس کی یہ جمع ہے۔
جُدائی [ف امث] علیحدگی۔ مفارقت۔ بچھوڑا۔ تفرقہ۔ فراق۔
جُد باتد بالا [ا مذ ق] الّیا دلّیا۔ فضول۔ بے معنی۔
جدبر [ا امذ ق] اسبابِ زندگی۔ سامانِ معیشت۔
جِدّت [ع امث] نیاپن۔ تازگی۔
جدرُود [ا متعلق فعل ق] جدھر۔
جُدری [ع امث] چیچک۔ سیتلا۔
جَدَل [ع امث مذ] دیکھیے "جدال"۔
جَدَلیات [ع امذ] فلسفہ کی ایک شاخ جس میں مابعد الطبیعی تضادات اور ان کے حل اور معاشرتی قوتوں کے تصادم اور اس سے پیدا شدہ نتائج پر بحث کی جاتی ہے انگریزی DIALECTICS کا ترجمہ۔
جَدَلیاتی مادیت [ع امث] کارل مارکس اور اینگلز کا وہ نظریہ جس کے مطابق سیاسی واقعات معاشرتی قوتوں یعنی طبقاتی کشمکش کا نتیجہ ہوتے ہیں جو انسانوں کی مادی ضروریات سے پیدا ہوتی ہے۔
جَدَلیت [ع امث] بحث و مناظرہ۔ زبردستی کی دلیلیں لانا۔
جَدوار [ع امث] نرنبسی۔ ایک دوا
جَدوَل [ع امث] ۱۔ وہ لکیر جو صفحہ کے خاتمہ پر یا صفحہ کے چاروں طرف کھینچی جاتی ہے۔ حاشیہ۔ ۲۔ پانی کی نہر۔ روش۔
جَدوَل بندی [ع ف امث] ۱۔ خانہ دار ترتیب۔ ۲۔ اعداد کی ترتیب و فہرست۔ ۳۔ امتحان کے نتائج کی ترتیب۔ انگریزی TABULATION کا ترجمہ
جَدوَل کش [ع ف صف] کتاب کے صفحات پر خطوط کھینچنے والا۔ ۲۔ پیمانہ۔
جَدوَل کشی [ع ف امث] دیکھیے "جدول کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جَدوَلی [ع صف] لکیر دار۔ جس پر لکیریں کھینچی ہوئی ہوں۔
جَدّہ [ع امث] دیکھیے "جَد" جس کی یہ تانیث ہے۔
جَدھ [ا امث] تعلق شیئی۔
جُدھ [ہ امذ] جنگ۔ لڑائی۔ معرکہ۔
جدھاں لگ [ا متعلق فعل ق] جب تک۔
جدھر [ا متعلق فعل] جس طرف۔ جس جگہ۔ جہاں کہیں۔
جدھر تدھر [ا متعلق فعل] جہاں۔ تہاں۔ یہاں۔ وہاں۔
جدھر رب اُدھر سب / جدھر مولا اُدھر دولہ [ا مثل] جس پر اللہ مہربان ہوا، اس پر سب مہربان ہوتے ہیں۔
جَدی [ع امذ] ۱۔ بکری کا بچہ۔ ۲۔ وہ برجِ آسمانی جس میں ستاروں کی شکل بکری کی مانند ہوتی ہے۔ ۳۔ قطب شمالی کے قریب ایک ستارہ۔ ۴۔ خطِ استوا سے ½۲۳ درجے جنوب کی طرف ایک فرضی خط جو منطقہ حارہ کی جنوبی حد ہے۔
جَدّی [ع صف] موروثی۔ آبائی۔
جَدی [ا حرف عطف ق] اگر۔ چاہے۔
جُدی [ا صف مث] دیکھیے "جُدا" جس کی یہ تانیث ہے (علیحدہ)
جُدی جُدی [ا صف مث] دیکھیے "جُدا جُدا" جس کی یہ تانیث ہے۔
جَدید [ع صف] نیا۔ تازہ۔ حال کا۔ ترت کا۔ اب کا۔
جدیدیت [ع امث] نیاپن۔ جدید ہونے کی کیفیت۔ انگریزی MODERNISM کا ترجمہ

ج ۔ ذ

جُذام [ع امذ] کوڑھ۔ فساد خون کی ایک بیماری۔
جُذامی [ع صف] جو کوڑھ کے مرض میں مبتلا ہو۔
جَذب [ع امذ] کھینچ۔ کشش۔ ۲۔ چوسنا۔ سوکھنا۔ ۳۔ وہ حالت جو مجذوب فقیروں کے لئے مخصوص ہے۔ مجذوبیت [افعال: کرنا۔ ہونا]
جَذبِ مقناطیسی [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مقناطیس کی کشش۔
جذبات [ع امذ] دیکھیے "جذبہ" جس کی یہ جمع ہے۔
جذباتی [ع صف] جذبات سے متاثر ہو جانے والا۔ ۲۔ جلد غصہ کرنے والا ۳۔ جذبات پرست۔ ۴۔ جذبات سے پُر
جَذبہ [ع امذ] دل کا جوش۔ کشش۔ ولولہ۔ ۲۔ ارادہ۔ غصہ۔
جَذر [ع امذ] جڑ۔ ۲۔ علم حساب میں کوئی عدد اس رقم کا جذر کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ ۲۔ مادہ۔ اصل۔ ۳۔ بنیاد۔ بنا۔ مبدا۔
جَذرِ اصم [ع امذ] وہ عدد جس کا جذر نہ نکل سکے۔
جَذرُ الکعب [ع امذ] کوئی عدد اس رقم کا جذر الکعب کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ ۲×۲×۲ = ۸۔
جَذرُ المال [ع امذ] وہ عدد اس رقم کا جذر المال کہلاتا ہے جو اسکو آپس میں چار دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ ۲×۲×۲×۲ = ۱۶ تو ۲، ۱۶ کا جذر المال ہے
جَذرِ ناطق [ع امذ] کسی رقم کا وہ جذر جو معلوم ہو سکے۔

حذر لگانا [ار مص مرکب] دوسرے درجے کا آثار معلوم کرنا۔

ج ۔ ر

جَرّ [ع امذ] کھینچاؤ۔ ۲۔ کسرہ ۔ ۳۔ بنیاد ۔ ۴۔ نچلا حصہ۔
جرِّ ثقیل [ع امذ] بھاری بوجھ اٹھانے اور کھینچنے کا آلہ ۔ ۲۔ بہت مشکل کام۔
جُراب [ع امث] موزہ جو پاؤں میں جوتی کے اندر پہنا جاتا ہے۔
جُرأت [ع امث] ۱۔ دلیری ، دلاوری ، شجاعت ۔ بیباکی ۔ جواں مردی ۔ بہادری ۔ دل گردہ ۔ سورما پن ۔ ۲۔ حوصلہ ۔ چالاکی ۔ شوخی۔
جرأت دکھانا [ار محاورہ] دلیری یا بہادری کا کام کرنا۔
جراثیم [ع امذ] دیکھئے "جرثومہ" جس کی یہ جمع ہے۔
جراثیم کُش [ع ف صف] جراثیم کو مار دینے والی چیز۔
جرّاح [ع امذ] وہ شخص جو زخموں ، پھوڑے پھنسیوں کا علاج کرے ۔ زخموں کو چیرنے پھاڑنے والا ۔ سرجن۔
جراحت [ع امث] زخم ۔ گھاؤ ۔ چیر۔
جراحت منکر [ع امث] شدید زخم ۔ وہ زخم جو مندمل نہ ہو۔
جراحات [ع امث] دیکھئے "جراحت" جس کی یہ جمع ہے۔
جرّاحنی [ار امث] دیکھئے "جرّاح" جس کی یہ تانیث ہے۔
جرّاحی [ع امث] چیرنے پھاڑنے کا عمل (انگریزی SURGERY کا ترجمہ)
جرّار [ع امذ] ۱۔ بہت بھاری لشکر ۔ انبوہ کثیر ۔ ۲۔ بہادر ۔ دلیر ۔ منہ کھینچنے والا۔
جرائد [ع امذ] دیکھئے "جریدہ" جس کی یہ جمع ہے۔
جرائم [ع امذ] دیکھئے "جریمہ" جس کی یہ جمع ہے۔
جرائم پیشہ [ع امذ] جو جرم کرنے کو اپنا پیشہ بنالے ۔ عادی مجرم۔
جُرت / جُرٹ [ار صف ق] جڑا ہوا ۔ جڑواں۔
جرثومہ [ع امذ] وہ چھوٹا کیڑا جو مختلف بیماریاں پیدا کرتا ہے اور خوردبین کے بغیر نظر نہیں آتا (انگریزی GERM کا ترجمہ)
جرثومیات [ع امث] علم جراثیم (انگریزی BACTERIOLOGY کا ترجمہ)
جرثومیاتی [ع صف] علم جراثیم سے متعلق (انگریزی BACTERIOLOGICAL کا ترجمہ)
جَرح [ع امذ] زخم ۔ گھاؤ ۔ چیر ۔ ۲۔ وہ سوالات جو حقیقت جاننے کے لئے دوسرے فریق سے پوچھے جاتے ہیں ۔ ۳۔ راوی حدیث پر ایسی تنقید جو راوی کے نقائص کو سامنے لائے ۔ ۴۔ گواہ سے سوال و جواب (افعال کرنا ، ہونا)
جرس [ع امذ] گھنٹہ ، گھڑیال ۔ ۲۔ وہ گھنٹہ جو قافلے کی روانگی کے وقت بجاتے ہیں۔
جرسی [انگ امث] (JERSEY) اونی بنیان ، آستین والا جس کا اگلا حصہ سالم کھل سکتا ہو۔
جُرعہ [ع امذ] گھونٹ ۔ ایک دفعہ کا پینا۔
جرعہ کش / نوش [ع ف صف] پینے والا۔

جرعہ کشی / نوشی [ف امث] دیکھئے "جرعہ کش / نوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جرگہ [ف امذ] ۱۔ گروہ ۔ جتھہ ۔ ۲۔ جماعت ۔ فرقہ ۔ پنچایت ۔ ۳۔ حلقہ باندھنا ۔ آدمیوں کا حلقہ بنا کر بیٹھنا ۔ ۴۔ جانوروں کا گلہ ۔ غول ۔ ۵۔ سرحدی قبائلی علاقہ میں وہ جماعت جو سنگین مقدمات کا فیصلہ کرتی ہے۔
جرگہ آنا [ار محاورہ] پٹھانوں کی جماعت یا گروہ کا کسی خاص کام کے لئے کسی افسر کے پاس آنا۔
جرگہ بٹھانا / بلانا [ار محاورہ] جرگہ کو کسی مقدمہ کے فیصلے کے لئے مقرر کرنا۔
جرگہ بیٹھنا [ار محاورہ] کسی مقدمہ کے فیصلے کے لئے جرگہ اکٹھا ہونا۔
جرگہ میں بھیجنا / دینا [ار محاورہ] کسی مقدمہ کو سماعت کے لئے جرگہ کے ہاں پیش کرنا۔
جرگے جمع ہونا [ار محاورہ] پٹھانوں کی مختلف جماعتوں کا کسی اہم امر کے فیصلے کے لئے اکٹھا ہونا۔
جِرم [ع امذ] ۱۔ جسم ۔ بدن ۔ دھڑ ۔ تن ۔ ۲۔ عیب ۔ نقص۔
جُرم [ع امذ] ۱۔ قصور ۔ خطا ۔ گناہ ۔ تقصیر۔
جُرمانہ [ع امذ] وہ روپیہ جو کسی جرم کی سزا کے عوض مجرم سے لیا جائے ۔ تاوان (افعال ادا کرنا ۔ بھرنا ۔ دینا ۔ کرنا ۔ لینا ۔ وصول کرنا)
جرنا [ار مص ق] جذب کرنا ۔ خشک ہوجانا۔
جرنل [انگ امذ] (JOURNAL) اخبار ۔ روزنامہ۔
جرنلزم [انگ امذ] (JOURNALISM) اخبار نویسی ، صحافت
جرنلسٹ [انگ امذ صف] اخبار نویس ۔ صحافی ۔ (JOURNALIST)
جرنیل [ار امذ] انگریزی GENERAL کا بگاڑ ، فوج کا اعلیٰ عہدہ دار ، سپہ سالار
جرنیلی [ار صف] جرنیل سے منسوب ۔ قوی ۔ بڑا ۔ وسیع۔
جرو [ار امذ ق] جھرنا ۔ سوتا۔
جروا [ار صف ق] جذب کردہ۔
جروا [ہ امث] جورو کی تصغیر۔
جروا [ار صف ق] کشید کی ہوئی شراب۔
جرونا [ار مص ق] ضبط کرنا۔
جرونا [ار مصدر ق] ہضم ہونا ۔ پچنا۔
جرّہ [ف امذ] مٹی کا پانی کا برتن ۔ گھڑا ۔ صراحی۔
جرّہ / جرّا [ف امذ] باز پرندے کا نر ۔ ایک شکاری پرندہ
جرہ [ف امذ] جنگلی۔
جری [ع صف] جرأت مند ۔ دلیر ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ دلاور ۔ جوانمرد۔
جری [ہ امث] دانتی ریڑانا اور ہلکا ہلکا بخار۔
جریان [ع امذ] بہنا ۔ بہاؤ ۔ روانی ۔ ادرار ۔ ۲۔ ایک بیماری جس میں منی خود بخود ذکر سے نکلتی رہتی ہے۔
جریب [ع امث] ۱۔ ایک خاص پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے ۲۔ عصا ۔ چوب دستی ۔ ۳۔ چاندی کا خول چڑھی ہوئی لکڑی جو مغل بادشاہوں کے چوب داروں کے پاس ہوتی تھی ۔ ۴۔ بادشاہ کا جلوس میں ہاتھی کے پیچھے پڑی ہوتی ریشم کی ڈوری جسے ایک ملازم اٹھائے

ہاتھ پر پیٹا جاتا تھا۔ جب کوس پیدا ہو جاتا تو جھنڈی لے کر سامنے آتا اور بادشاہ کو سلام کرتا جس کا یہ مطلب ہوتا تھا کہ بادشاہ کی سواری ایک کوس آ چکی ہے۔ ۵۔ ایک بیگھہ کے برابر زمین کا ایک ناپ۔

جریب ڈالنا (ا۔ محاورہ) جریب سے زمین کی پیمائش کرنا۔

جریب کش (ف صف) جریب کھینچنے والا۔

جریب کشی (ف امث) دیکھیے "جریب کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جریبی (ع امث) ۱۔ جریب کش (۲۔ مونث) کوئی چیز پیمائش زمین کے متعلق۔ ۳۔ پیمائش کا خرچ۔

جریح (ع صف) زخمی۔ گھائل۔

جرید (ع امذ) ۱۔ کھجور کی سیدھی ٹہنی۔ کامل دن یا مہینہ۔ ۲۔ ایک قسم کا نیزہ جو پھینکا جاتا ہے۔ ۳۔ ترکوں میں ایک کھیل جس میں نیزہ پھینکا جاتا ہے۔

جریدہ (ع امذ صف) ۱۔ تنہا (۲ مذ) حساب کا دفتر ۳۔ اخبار۔ رسالہ

جریمہ (ع امذ) گناہ۔ خطا۔ قصور۔

ج ۔ ڑ

جڑ (ہ امث) ۱۔ بیخ۔ بن۔ مول۔ کند۔ ۲۔ بنیاد۔ بنا۔ اصل۔

جڑ اکھیڑنا (ا۔ محاورہ) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ نابود کرنا۔ مٹانا۔ اجاڑنا۔

جڑ بنیاد سے (ا۔ متعلق فعل) بالکل جڑ سے۔

جڑ پتال تک پہنچ گئی ہے (ا۔ مثل) نہایت مضبوط ہو گیا ہے۔ پائیدار ہو گیا ہے۔

جڑ پکڑنا (ا۔ محاورہ) پودے کا جم جانا۔ مضبوط ہو جانا۔ پکا ہونا۔

جڑ پیڑ / مول (ہ امذ) بیخ و بنیاد۔ تمام چیز۔

جڑ پیڑ سے اکھاڑ دینا / اکھاڑنا / کھود کر پھینک دینا (ا۔ محاورہ) برباد کرنا۔ اجاڑنا۔ نیست و نابود کرنا۔

جڑ جمانا (ا۔ محاورہ) بنیاد ڈالنا۔ قائم کرنا۔ نیو رکھنا۔

جڑ جمنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "جڑ جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔

جڑ سے اکھاڑنا / اکھیڑنا (ا۔ محاورہ) دیکھیے "جڑ اکھیڑنا"

جڑ سے بیر پتوں سے اخلاص / پیار ہے (ا۔ مثل) بزرگوں سے دشمنی، اولاد سے پیار۔

جڑ سے ناک کاٹنا (ا۔ محاورہ) تمام / پوری ناک کاٹنا۔ بہت زیادہ بدنام / رسوا کرنا۔

جڑ کاٹے جائیں۔ پانی دیتے جائیں (ا۔ مثل) نقصان پہنچاتے جائیں اور دکھانے کو ہمدردی کریں۔

جڑوں میں پانی دینا (ا۔ محاورہ) نقصان پہنچانا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

جڑات (ا۔ امث ق) جڑنا۔ وصل۔ ملاپ۔

جڑاوٹ (ہ امث) مرصع کاری۔ جڑنے کا کام۔ بیل بوٹے بنانا۔ ہیرے جواہرات وغیرہ لگانا۔

جڑاول / جڑاول (ہ امث) جاڑوں کے گرم کپڑے۔

جڑاؤ (ہ صف) جس میں جواہرات جڑے ہوئے ہوں۔ مرصع۔

جڑائی (ہ امث) ۱۔ جڑوانے کی مزدوری۔ جڑنے کا کام۔ مرصع سازی

جڑپ (ا۔ امث ق) جھاڑی۔

جڑت (ا۔ امث ق) جڑاؤ۔ مرصع۔

جڑ تی نہیں ہے دھرکی ٹوٹی۔ دھری رہے سب دارو بوٹی (ا۔ مثل) جس کی موت آ جائے اس کو کوئی نہیں بچا سکتا۔

جڑلان (ا۔ صف ق) دیکھیے "جڑات"

جڑنا (ا۔ مص) ۱۔ پیوند ہونا۔ ملنا۔ لگنا۔ چپکنا۔ چسپاں ہونا ۲۔ شامل ہونا۔ شریک ہونا۔ ۳۔ جفت ہونا۔ ۴۔ جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ ۵۔ میسر ہونا۔ حاصل ہونا۔ ۶۔ جُتنا۔ گاڑی وغیرہ میں بیل یا گھوڑوں کا لگایا جانا۔

جڑنا (ا۔ مص) ۱۔ کسی چیز کو کسی چیز میں بٹھانا۔ جڑی کرنا۔ ۲۔ جوڑ ملانا۔ وصل کرنا۔ ۳۔ لکڑی یا ہاتھ سے مارنا۔ ۴۔ چغلی کھانا۔ ۵۔ کان بھرنا۔ ۶۔ نالش کرنا۔ عرضی دینا۔

جڑواں (ا۔ صف) ۱۔ وہ بچے جو ساتھ پیدا ہوئے ہوں (جوڑے) ۲۔ وہ چیزیں جو آپس میں ملی ہوتی ہیں۔

جڑوانا (ا۔ مص) دیکھیے "جڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

جڑوائی (ہ امث) دیکھیے "جڑائی"

جڑی (ہ امث) ۱۔ وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو۔ ۲۔ ایک قسم کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر زہر مہرہ کا کام دیتی ہے۔

جڑی بوٹی (ہ امث) وہ بیخ و برگ جو دوا دارو کے کام آتے ہیں۔ نباتاتی ادویہ۔

جڑیا (ا۔ امذ) ۱۔ زیورات میں جواہرات کا جڑنے والا۔ ۲۔ جوہری۔ ۳۔ اغلام کرانے والا۔ ۴۔ مددگار۔ امدادی۔ ۵۔ مارنے والا۔

جڑبٹا (ہ امذ) خاردار جھاڑیاں۔ جھڑبیری۔

جڑ بیٹھا / جڑ بیلا (ہ امذ) شلجم۔ مولی جس کی جڑیں نکل کر سخت آ چکی ہوں۔

ج ۔ ز

جز (ف حرف ربط) بغیر۔ سوا۔ بدون۔

جز (ع امذ) ۱۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ انش۔ ۲۔ ذرہ۔ ریزہ۔ رکن۔ ۳۔ ورق، کتاب کا حصہ۔ ۴۔ چھاپنے والوں کا ایک ورق۔ ۵۔ ایک فنی

جزبندی (ع ف امث) کتاب کے جزوں کو جلد بندی کے لئے سینا۔ تہ بندی۔ جلد بندی۔

جزدان (ع ف امذ) بستہ۔ وہ کپڑا جس میں کتابیں باندھتے ہیں۔

جزرس (ع ف صف) سمجھ دار۔ ذکی۔ فہیم۔ ۲۔ کنجوس۔ بخیل۔ کفایت شعار۔

جزرسی (ع ف امث) دیکھیے "جزرس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جزوقتی (ع ف امث صف) وقت کے ایک حصے کے لئے۔ تھوڑے وقت کے لئے۔ PARTTIME کا ترجمہ۔

جَزا [ع امث] ۱۔ صلہ۔ بدلہ۔ ۲۔ نیکی کا عوض جو اگلے جہان میں ملے گا۔ ثواب۔ ۳۔ انعام۔ ۴۔ عوض

جَزاکَ اللہ [ع دعا] ۱۔ خدا تجھے بدلہ دے۔ ۲۔ شاباش۔ مرحبا۔

جَزاکَ اللہ خیراً [ع دعا] خدا تجھے نیک صلہ دے۔

جَزالَت [ع امث] مضبوطی۔ خوبی۔ بزرگی۔

جَزائِر [ع امذ] دیکھیے "جزیرہ" جس کی یہ جمع ہے۔

جِزبِز [ف صف] ناراض۔ خفا۔ آزردہ [افعال: ۔ کرنا۔ ہونا]

جَزر [ع امذ] سمندر کے پانی کا اتار۔

جَزر و مد [ع امذ] اتار چڑھاؤ۔ جوار بھاٹا۔ مد و جزر۔

جَزَع [ع امث] بے صبری۔ ناشکیبائی کا اظہار۔

جَزَع فَزَع [ع امث] گریہ و زاری [افعال: ۔ کرنا۔ ہونا]

جَزم [ع صف] ۱۔ مصمم۔ پکا۔ مضبوط۔ ۲۔ حرف ساکن کی علامت۔

جُزو [ع امذ] دیکھیے "جُز"

جزوِ بدن ہونا [ار محاورہ] کھانے / غذا کا ہضم ہو کر خون میں شامل ہو جانا

جزوِ عظیم / اعظم [ع امذ] بڑا حصہ۔ کسی چیز کا بنیادی اور اہم حصہ۔

جزو و کُل [ع صف] بالکل۔ تمام۔ سراسر۔ ۲۔ تھوڑا، بہت۔

جُزوِ لایتجزّیٰ [ع امذ] وہ چھوٹے سے چھوٹا حصہ / ذرہ / جز جسے تقسیم نہ کیا جا سکے۔ ایٹم۔

جُزوِ لاینفک [ع امذ] وہ حصہ جو الگ نہ کیا جا سکے۔

جُزوی / جُزئی [ع صف امث] منسوب بہ جُز۔ ۱۔ چند۔ کچھ۔ ۲۔ خاص مخصوص۔ ۳۔ بہت تھوڑی سی۔ خال خال۔ ۴۔ ہزار میں ایک۔

جُزویات / جزئیات [ع امذ] فروعات۔ افراد۔ چھوٹے امور۔ معمولی باتیں

جَزیرہ [ع امذ] خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔

جَزیرہ نُما [ع امذ] خشکی کا وہ قطعہ جس کے تین طرف پانی ہو۔

جَزیل [ع صف] ۱۔ مضبوط۔ ۲۔ بہت۔

جِزیہ [ع امذ] وہ محصول جو مسلمان غیر مذہب کے لوگوں پر لگاتے تھے۔ اس کے عوض میں ان کی جان و مال کی حفاظت انکے ذمہ ہوتی تھی۔

ج س

جَس [ہ امذ] ۱۔ شہرت۔ ناموری۔ ۲۔ آبرو۔ عزت۔ حرمت۔ ساکھ ۳۔ گن۔ وصف۔ خوبی۔ ۴۔ نیکی۔ ذاتی جوہر۔ ۵۔ اثر۔ تاثیر شفا۔ ۶۔ سچائی۔ صداقت۔ دیانت داری۔ ۷۔ برکت قسمت۔ [افعال: کرنا۔ لینا۔ ہونا]

جِس [ار ضمیر موصولہ] وہ۔ جو۔ اُس۔ جونسا۔

جس برتن / ہانڈی میں کھائیں اسی میں چھید کریں [ار مثل] محسن کش۔ نمک حرام۔

جس پاس [ار متعلق فعل] جس کے قبضے میں۔ جس کے قابو میں۔

جس پر [ار متعلق فعل] تو بھی۔ تب۔ بعد ازاں۔ یہ سن کر۔

جس پر بھی [ار متعلق فعل] باوجودیکہ۔ تو بھی۔ ساتھ اس کے۔

جس تس [ار متعلق فعل] ہر قسم کا۔ ہر طرح کا۔ ۲۔ اعلیٰ ادنیٰ۔ ہر کوئی بڑا بھلا۔ یگانہ بیگانہ۔

جس تن لاگے وُہی تن جانے [ار مثل] جس کو دکھ ہو وہی اس کی تکلیف کو جانتا ہے دوسرے کو کیا خبر۔

جس ٹہنی پر بیٹھے اُسی کو کاٹے [ار مثل] دیکھیے "جس برتن میں کھائیں الخ"

جس ٹہنی / ڈالی پر پڑا بیٹھے وہ ٹہنی بھی جھک گئی [ار مثل] اپنی نحوست کے اثر کو دوسروں پر لے جانے کے وقت بولتے ہیں۔

جس جس [ار متعلق فعل] ہر چیز۔ ہر شخص۔ ہر ایک۔

جس جس جگہ [ار متعلق فعل] جہاں بھی۔ جہاں کہیں۔

جس دم [ار متعلق فعل] جب۔ جبکہ۔ جس وقت۔

جس راہ نہیں چلنا۔ اُس کے کوس کیا گننا [ار مثل] جس کام کو نہیں کرنا اس کی فکر عبث ہے۔

جس رکابی میں کھا، اسی میں چھید کر۔ چلّو بھر پانی میں ڈوب مر [ار مثل] نمک حرام۔ شرم سے مر جا۔ دیکھیے: "جس برتن۔ الخ"۔

جس سے [ار متعلق فعل] جس کی وجہ سے۔ جس آدمی سے۔ جہاں سے۔ جسکے ذریعہ

جس شہر میں پھول بیچے وہاں دھول نہ اڑائیے [ار مثل] جس جگہ انسان نے عزت سے گزارہ کیا ہو وہاں سے بے عزتی کے موقع پر کنارہ کر جانا چاہیے۔

جس طرح [ار متعلق فعل] جس حالت میں۔ جیسے۔ جس طریقے سے۔

جس طرح پیٹھ دکھائے جاتے ہو اُسی طرح منہ دکھانا [ار مثل] جب کوئی شخص سفر پہ جاتا ہو اسے کہتے ہیں۔

جس طرف [ار متعلق فعل] جدھر۔ ہر طرف۔

جس قدر [ار متعلق فعل] جتنا۔

جس کا / کی / کے [ار متعلق فعل] ملکیت ظاہر کرنے کے لئے ہے۔

جس کا آنڈ دیکھے وہ بدھیا کیوں کرے [ار مثل] جس کا کام بغیر کوشش ہی کے ہو جاتا ہے تو اس کے لئے ناحق کوشش کیوں کی جائے۔

جس کا بنیا یار اس کو دشمن کیا درکار [ار مثل] بنیوں کی دوستی پر طنز ہے۔ یہ لوگ دوستی میں دشمنی کرتے ہیں۔

جس کا پاپ اس کا باپ [ار مثل] جس کا گناہ اُسی کے سر۔

جس کا پلہ بھاری ہو وہی جھکے [ار مثل] بڑا آدمی منکسر المزاج ہوتا ہے۔ جس کے پاس ہو اسے دینا چاہیئے۔

جس کا تیغ اس کا بیغ [ار مثل] جس میں طاقت ہو وہ لیتا ہے۔

جس کا جاوے وہی چور کہاوے [ار مثل] ۱۔ پولیس پر طنز ہے جس کا مال چوری ہوتا ہے پولیس اسی کو تنگ کرتی ہے۔ ۲۔ جس کا نقصان ہو لوگ اسی کو الزام دیتے ہیں۔

جس کا چکنا دیکھا پھسل پڑے [ار مثل] ابن الوقت کی نسبت کہتے ہیں۔ جو جہاں فائدہ دیکھتا ہے پہنچ جاتا ہے۔

جس کا چوئیگا وہ چھوا لے گا [ار مثل] جس کا نقصان ہوگا وہ خود ہی انتظام کرے گا۔

جس کا خون اسی کی گردن پر [ار مثل] جو قتل کرتا ہے وہی

سزا بھگتنا ہے۔

جس کا ڈر وہی نہیں گھر [ارمثل] خاوند۔ جس کا ڈر ہے وہی گھر نہیں۔ جو چاہو سو کرو۔

جس کارن موڈ منڈایا وہی دُکھ آگے آیا [ارمثل] جس فائدہ کے لئے ذلیل کام کیا وہی فائدہ حاصل نہ ہو سکا۔

جس کارن پہنی ساڑھی وہی ٹانگ رہی اگھاڑی [ارمثل] آرام کی زندگی بسر کرنے کے لئے شادی کی مگر وہی آرام نصیب نہ ہوا۔

جس کا کام اسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے [ارمثل] جو جس کام کے لائق ہوتا ہے اسی کو کر سکتا ہے یا کسی کام کو اس کا ماہر ہی انجام دے سکتا ہے۔

جس کا کوئی نہیں اس کا خدا [ارمثل] غریبوں کا مددگار خدا ہے۔

جس کا کھانا۔ اسی پر غرانا [ارمثل] جس سے فائدہ اٹھانا اسی کو دبانا۔

جس کا کھایئے اُس کا گایئے [ارمثل] جس سے فائدہ پہنچے اس کی خیر خواہی اور شکر گزاری کرنی چاہیئے۔

جس کا کھا گھو نٹیں وہی آنکھ دکھاوے / جس کی چارپائی تلے آگ جلادیں وہی بھاگے } [ارمثل] جس کے ساتھ نیکی کریں وہی بدی کرتا ہے (ملتزاد)

جس کا گھوڑا اسی کے بار [ارمثل] جس کی چیز ہوتی ہے اس کے دروازے لگتی ہے۔

جس کا منہ نہیں دیکھا اس کے تلوے دیکھے [ارمثل] جس سے ہمیشہ نفرت تھی اس کی منت کرنی پڑی۔

جس کا نہیں چارہ وہ جانے گا سہارا [ارمثل] جو مصیبت آ پڑے اسے برداشت کرنا پڑتا ہے۔

جس کا یار کوتوال اسے ڈر کاہے کا [ارمثل] جس کے تعلقات بڑے آدمیوں سے ہوں اسے کسی کا ڈر نہیں۔

جس کو پیا چاہے وہی سہاگن [ارمثل] جسے خاوند یا حاکم پسند کرے اس کی سب خوشامد کرتے ہیں۔

جس کو راکھے سائیاں مار نہ سکے کو / بال بیکا نہ کر سکے سب جگ بیری ہو } [ارمثل] خدا جس کی حفاظت کرے، اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

جس کی آنکھ میں تل وہ بڑا بے دل [ارمثل] جس کی آنکھ میں خال ہو وہ بڑا بے وفا ہوتا ہے۔

جس کی آنکھ نہیں اس کی ساکھ نہیں [ارمثل] جس کو حیا نہیں اس کی بات کا اعتبار نہیں۔

جس کی بیوی سے کام اس کی لونڈی سے کیا کام [ارمثل] اگر کام ہو تو شریف سے کرانا چاہیئے نہ کہ رذیل سے۔

جس کی پھٹے نہ بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی / جس کے پاؤں نہ جانے بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی [ارمثل] جس کو کبھی نہ تکلیف ہوتی ہو وہ دوسروں کی تکلیف نہیں سمجھتا۔

جس کی تیغ اس کی دیگ [ارمثل] مال و دولت زبردست کے لئے ہے

جس کی جوتی اس کا سر [ارمثل] جس کی چیز ہے اسی پر خرچ ہوتی ہے۔

جس کی زبان چلے اس کے ستر ہل چلیں / جس کی جیب چلتی ہے اس کے نو ہل چلتے ہیں } [ارمثل] زبان دراز سے لوگ ڈر کر اس کا کام کر دیتے ہیں۔

جس کی سیرت اچھی نہیں اس کی صورت کیا دیکھنا [ارمثل] بدخو آدمی سے کوئی ملنا پسند نہیں کرتا۔

جس کی کھایئے جنڈیا اس کے ہو جیئے بندیا [ارمثل] دیکھیئے "جس کا کھایئے۔ الخ"

جس کی گود میں بیٹھنا اس کی داڑھی کھسوٹنا رکھوسنا [ارمثل] جس سے فائدہ اٹھانا اسی کو نقصان پہنچانا۔

جس کی لاٹھی اس کی بھینس [ارمثل] زبردست جو چاہے لے لے۔

جس کی ماں جلے گی اس کی جائی پہلے جلے گی [ارمثل] ماں کو تکلیف ہو تو بچوں پر بھی اثر پڑتا ہے۔

جس کے محل میں میاں۔ مانگے پیسہ ملے روپیہ [ارمثل] زیادہ آمدنی والے کو ملتا بھی زیادہ ہے۔

جس کی یہاں چاہ اس کی وہاں بھی چاہ [ارمثل] اچھے لوگوں کو خدا بھی چاہتا ہے۔

جس کے پاس بہت کام ہوں گے۔ کوئی نہ کوئی بگڑے گا [ارمثل] کام کاج والے آدمی کے کام خراب ہوتے ہی رہتے ہیں اس لئے کسی کام کے خراب ہو جانے سے گھبرانا نہیں چاہیئے۔

جس کے پاس دھبوا وہی ہمارا ابوا [ارمثل] جس کے پاس مال و دولت ہو ہر ایک اس کی خوشامد کرتا ہے۔

جس کے پاس نہیں پیسہ وہ بھلا مانس کیسا [ارمثل] بغیر پیسے کے انسان شریف نہیں ہو سکتا۔

جس کے پیشے میں بان اس کا گرو رہ بڑا شیطان [ارمثل] گاڑی بان فیل بان وغیرہ شرارتی ہوتے ہیں۔

جس کے تن لاگی ہو وہ جانے یار [ارمثل] جس کو تکلیف پہنچے وہی جانتا ہے۔ بید رد کی بلا جانے۔

جس کے چار بھیا۔ ماریں دھول چھین لیں روپیہ [ارمثل] جس کے مددگار ہوں وہ جو چاہے کرے۔

جس کے چار پیسے لو انہیں حلال کر کے کھاؤ [ارمثل] جس سے تنخواہ یا مزدوری لو اس کی خدمت بہتر کرو۔

جس کے سر پر پڑتی ہے وہی جانتا ہے [ارمثل] جس پر مصیبت پڑتی ہے وہی اس کا اندازہ کر سکتا ہے۔

جس کے کارن جوگ لیا وہ نہ ملا [ارمثل] جس کے لئے محنت اٹھائی وہ کام نہ بن سکا۔

جس کے کارن موڈ منڈایا وہی کیسے منڈا آیا [ارمثل] جس کے واسطے کوئی بُرا کام کیا وہی الزام دیتا ہے۔

جس کے لئے چوری کی وہی کہے چور [ارمثل] دیکھیئے "جس کے لئے موڈ منڈایا الخ"

جس کے ہاتھ ڈوئی اس کے سب کوئی [ارمثل] جس سے فائدے

کی امید ہو اس کے سب درست ہوتے ہیں۔

جس کے ہو دین آستی وہ کرے کھستی [ا ر مثل] جس کے پاس مال و دولت جمع ہو جاتے اسے زکوٰۃ دینا پڑتی ہے۔

جس گھر بڈھے نہ پوچھیں دیپک بلے نہ سانجھ } [ا ر مثل] جس میں بڑوں کی عزت نہ ہو یا شام کو
وہ گھر اجڑ جائیں گے جن کی تریا بانجھ } چراغ نہ جلتا ہو۔ یا جس میں بانجھ عورت ہو وہ گھر اجڑ جایا کرتے ہیں۔

جس گھر بوڑھا نہ بڑا وہ گھر ڈگم ڈگا [ا ر مثل] جس گھر میں تجربہ کار یا عمر رسیدہ آدمی نہ ہو تباہ ہو جاتا ہے۔

جس گھر ساس مشٹنی اس گھر بہو کا کیا سہاگ [ا ر مثل] جو شخص خود کھاؤ اڑاؤ ہوگا وہ دوسرں کا کیا احساس کرے گا۔

جس گھر میں سنپت نہیں تا سوں بھلا بدیس [ا ر مثل] غربت میں گھر پر رہنے سے پردیس چلا جانا بہتر ہے۔

جس گھر میں نار دی پھوہڑی وہ گھر جانو کوڑی [ا ر مثل] جس گھر کی مالکہ بد سلیقہ ہو وہ تباہ ہوتا ہے۔

جس گھڑی [ا ر متعلق فعل] جس دم۔

جس مقام / موقع پر [ا ر متعلق فعل] جس جگہ۔

جس منہ میں پان کھایئے اس منہ سے کوئلے نہ چبایئے [ا ر مثل] جس کو ایک دفعہ اچھا کہو اسے پھر برا نہ کہو۔

جس میں چمک نہیں وہ ہیرا نہیں جس میں دمک نہیں وہ عورت نہیں [ا ر مثل] بغیر اچھی خاصیتوں کے کوئی چیز اپنے نام سے پکارے جانے کے قابل نہیں ہوتی۔

جس نے اپنی اتار لی دوسروں کا کیا لحاظ / جس نے اپنی } [ا ر مثل] جو
پگڑی، ٹوپی اتار لی اسے دوسروں کی اتارتے کیا ڈر لگتا ہے } اپنے رتبہ و عزت کا خیال نہ کرے وہ دوسرے کا کیا خیال کرے گا۔

جس نے بھونکنا سکھایا، اسی کو کاٹنے دوڑا [ا ر مثل] احسان فراموش اور محسن کش کے متعلق کہتے ہیں۔

جس نے بیٹی دی اس نے رکھا کیا / سب کچھ دیدیا رکھا کیا اٹھا رکھا } [ا ر مثل] جو
جس نے بیٹی دی اس نے سب کچھ دے دیا } بیٹی دے دیتا ہے وہ کوئی چیز بچا کر نہیں رکھتا۔ غریب سمدھی کی نسبت کہا جاتا ہے تاکہ لوگ یہ اعتراض نہ کریں کہ جہیز اچھا نہیں دیا۔

جس نے چیرا وہی بیرے گا [ا ر مثل] جس نے منہ دیا کھانے کو بھی دے گا۔

جس نے دیا اس نے پایا [ا ر مثل] جو خدا کے نام پر دیتا ہے وہ ثواب یا اجر پاتا ہے۔

جس نے رنڈی کو چاہا اس کا بھی زوال / جس کو رنڈی نے چاہا اس کی بھی تباہی [ا ر مقولہ] فاحشہ عورت / زانیہ عورت کا یار ہر طرح خوار ہی ہوتا ہے۔

جس نے کوڑا دیا کیا گھوڑا نہ دے گا [ا ر مثل] خدا پر بھروسا رکھئے۔

جس نے کی بے حیائی اس نے کھائی دودھ ملائی [ا ر مثل] بے شرموں پر طنز ہے۔
جس نے کی شرم اس کے پھوٹے کرم }

جس نے لگائی وہی بجھائے گا [ا ر مثل] جس کی شرارت ہے اسے وہی مٹا سکتا ہے۔

جس نے نہ دیکھا ہو باگھ وہ دیکھے بلائی } [ا ر مثل] بلی شیر کی مانند ہوتی
جس نے نہ دیکھا ہو ٹھگ وہ دیکھے قصائی } ہے۔ ٹھگ قصائی کی طرح بے رحم
جس نے نہ دیکھی ہو بہن وہ دیکھے بھائی } بہن بھائی کے ہم شکل ہوتی ہے اور
جس نے نہ دیکھا ہو جم وہ دیکھے جنوائی } داماد مانند بھوت ہوتا ہے۔

جس نے نہ دیکھی ہو کتیا، دیکھے کتیا کا بھائی [ا ر مثل] اپنی منگیتر کو دیکھنا چاہو تو اس کے بھائی کو دیکھو۔

جَسَارت [ع امث] ۱۔ ہمت۔ جرأت۔ دلیری۔ بے باکی۔ ۲۔ گستاخی۔

جَسَامَت [ع امث] جسیم ہونا۔ موٹائی۔ حجم۔

جَسْت [ا ر امذ] ایک نیل گوں سفید دھات جو دوسری دھاتوں کو مرکب کرنے کے کام آتی ہے جیسے تانبے اور جست کو ملانے سے پیتل بن جاتا ہے

جَسْت [ف امث] چھلانگ، پھاند۔ تلانچ۔ چوکڑی۔ کود پھاند [افعال بھرنا۔ کرنا۔ لگانا۔ مارنا]

جست وخیز [ف امث] اچھل کود۔

جُستجو [ف امث] ڈھونڈ ڈھانڈ۔ تلاش۔ ٹٹول۔ کھوج۔

جَسته جَسته [ف متعلق فعل] کم کم۔ کہیں کہیں سے۔ تھوڑا تھوڑا۔

جَسٹس [انگ امذ] دیکھیے جج معنی نمبر ۱۔ ۲۔ انصاف۔ JUSTICE

جَسَد [ع امذ] تن۔ بدن۔ جسم۔

جِسم [ع امذ] بدن۔ تن۔ ہر وہ شے جو طول، عرض، عمق رکھتی ہو۔

جِسمانی [ع صف] ۱۔ بدنی۔ جسم کے متعلق۔ ۲۔ مادی۔

جِسمانیت [ع امث] جسم پن۔ جسم ہونا۔ مادیت۔

جِسمی [ع صف] دیکھیے ۱۔ جسم، جس سے یہ منسوب ہے۔

جَسُور [ع صف] بہادر۔ دلیر۔ جرأت مند۔

جَسُولنی [ہ امث] (ایسو لنی کا بگاڑ) ۱۔ چوب دارنی۔ شاہی محلوں میں خبر پہنچانے والی۔

جَسیلا [ا ر صف ق] جس والا۔ نامور۔

جَسیم [ع صف] تنومند۔ جسم والا۔

جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے [ا ر مثل] جس پر خدا مہربان ہو اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

جسے دیکھے جھے تپ آوے وہی مجھے بیاہن ریا ہنے آوے [ا ر مثل] جس سے نفرت ہے اسی کے قابو میں ہے۔

جسے کھانے کو ملے یوں وہ کمانے جائے کیوں [ا ر مثل] بغیر مشقت جسے کھانا ملے وہ کیوں محنت کرے۔

ج ۔ ش

جَشن [ف امذ] ۱۔ شادی۔ مہمانی۔ ۲۔ عیش و نشاط کی مجلس۔ ۳۔ تہوار۔ خوشی۔ تخت نشینی کا جلسہ۔ ۴۔ کامرانی۔ لہر بہر۔

جشن اُڑانا [ار محاورہ] عیش کرنا۔ مزا اڑانا۔ لطف اٹھانا۔
جشنِ بزرگ [ف اذ] پارسیوں میں فروردین کے مہینے کا چھٹا دن نوروز کا دن۔
جشنِ طلائی [ف اذ] وہ جشن جو پچاس سال کے بعد ہو (انگریزی GOLDEN JUBILEE کا ترجمہ)
جشنِ سَدَہ [ف اذ] بہمن کی دسویں تاریخ کا جشن۔
جشنِ سیمیں [ف اذ] وہ جشن جو پچیس سال بعد منایا جائے (انگریزی SILVER JUBILEE کا ترجمہ)
جشن منانا / کرنا [ار محاورہ] عیش و نشاط میں مشغول ہونا۔ ناچ رنگ کرانا۔ خوشی کی محفل جمانا۔

ج ۔ ص

جِصّ [ع اذ] چونا۔ گچ۔
جَصّاص [ع اذ] چونا بیچنے والا۔ چونا بنانے والا۔

ج ۔ ع

جَعْد [ع امث] ۱۔ سر کے بالوں کی لٹ۔ ۲۔ چوٹی۔ جوڑا۔ ۳۔ گھنگریالے بال۔
جَعْدِ مشکیں [عف اذ] سیاہ گھنگریالے بال۔
جَعْفَری [ع امث] ۱۔ ایک قسم کا زرد پھول گیندے کا پھول۔ ۲۔ زرد۔ ۳۔ ٹھاٹر۔ ٹٹی۔ لکڑی یا لوہے کا جال۔ ۴۔ خالص سونا ۵۔ ایک قسم کا حقہ، جو فرش پر نہیں گرتا۔
جُعَل [ع اذ] ایک قسم کا سیاہ رنگ کا کیڑا۔ گبریلا
جُعْل [ع اذ] مزدوری۔
جَعْل [ع اذ] ۱۔ بدلنا۔ بنانا۔ ۲۔ بھیس بدلنا۔ ۳۔ نقلی چیز پر اصلی ہونے کا دعویٰ۔ ۴۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ بناوٹ۔
جَعل بنانا / کرنا [ار محاورہ] جھوٹا کاغذ بنانا۔ جھوٹے دستخط یا مہر بنانا۔ جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا۔ فریب کرنا۔
جعلساز [عف۔ صف۔ فاعلی] ۱۔ فریبی۔ مکار۔ ۲۔ متفنی۔ شریر۔ بدمعاش۔
جعلسازی [عف امث] دیکھیے "جعلساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جَعْلی [ع صف] ۱۔ مصنوعی۔ نقلی۔ ۲۔ مکار۔ دغاباز۔
جَعْلیا [ار صف] دیکھیے "جعلساز"

ج ۔ غ

جغادری [ہ صف] دیکھیے "جگادری" جو صحیح ہے۔
جُغرات [ف اذ] دہی۔ دوغ
جُغرافیہ [ع اذ ار یونانی جیوگرافی] وہ علم جس میں سطح زمین اور اس کی خشکی و تری اور طبعی تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔
جغرافیائی / جغرافی [ع۔ صف] جغرافیہ سے منسوب۔ کسی خطۂ زمین اور اس کے مخصوص حالات اور کوائف سے متعلق۔

ج ۔ ف

جَفا [ف امث] ظلم۔ ستم۔ زیادتی
جفا پیشہ / جُو / کار / گستر [ف صف فاعلی] ۱۔ ظالم۔ ستمگر۔ ۲۔ بے وفا۔ معشوق۔
جفا پیشگی / جوئی / کاری / گستری [ف امث] دیکھیے "جفا پیشہ ۔۔۔ الخ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جفاکش [ف صف فاعلی] ۱۔ ظلم سہنے والا۔ ۲۔ محنتی۔ مشقت اٹھانے والا۔
جفاکشی [ف۔ امث] دیکھیے "جفاکش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جَفا کفا [ف۔ امث] ظلم و ستم۔ سختی۔ مصیبت [افعال :۔ اٹھانا]
جَفّار [ع۔ صف] علم جفر کا ماہر۔
جُفْت [ف اذ] ۱۔ جوڑا۔ ۲۔ وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو سکے۔ طاق کی ضد۔ ۳۔ ہم سر۔ ہم پایا۔ مثل۔ مقابل۔ ۴۔ جوتی کا جوڑا۔
جُفت ساز [ف صف فاعلی] ۱۔ موچی جوتے بنانے والا۔ ۲۔ مجیرا بجانے والا۔
جفت سازی [ف امث] جوتے بنانے کا کام۔ موچی کا کام۔ مجیرا بجانا۔
جفت ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "جفتی کھانا"
جُفتک [ف اذ] چکوا چکوی۔ سرخاب۔
جُفتہ [ف صف] جھکا ہوا۔ خمیدہ۔
جُفتہ [ف اذ] ۱۔ شکن۔ سلوٹ۔ چرس۔ ۲۔ داغ دھبا۔ ۳۔ دراڑ۔ شگاف۔
جُفتی [ف امث] نر اور مادہ کا ملاپ۔ ملاپ۔
جفتی کرنا / کھانا [ار محاورہ] نر کا مادہ پر چڑھنا۔
جُفتے [ار مذ] دیکھیے "جفتہ" جس کی یہ جمع ہے۔
جُفتے پڑنا [ار محاورہ] ۱۔ کپڑے کے دھاگے سمٹ کر ایک دوسرے سے مل جانا۔ ۲۔ شکن پڑنا۔ ۳۔ عزت میں فرق آنا۔ ۴۔ تار تار ہونا۔
جَفْر [ع اذ] ایک علم جس سے غیب کا حال معلوم کیا جاتا ہے۔ حضرت امام جعفر صادقؓ سے بھی منسوب کیا جاتا ہے۔

ج ۔ ق

جُق جُق [ف امث] بے معنی شور و غل۔

ج ۔ ک

جکھج [ار متعلق فعل] جوکھم

جکڑ بند [ا رف صف] ۱۔ کسا ہوا۔ مضبوط۔ ۲۔ کھچا ہوا۔ تنا ہوا۔ ۳۔ مذ۔ گرفت پکڑ۔ روک۔ ۴۔ گٹھیا۔ وجع المفاصل۔
جکڑ جانا [ا رمحاورہ] اینٹھنا۔ اکڑنا۔ سخت ہو جانا۔ ۲۔ قریبی تعلق ہونا۔
جکڑنا [ا ر مص] ۱۔ کھینچ کر باندھنا۔ کس کر باندھنا۔ ۲۔ مشکیں باندھنا۔
جکڑی [ا ر امث] ۱۔ قصہ کہانی۔ ۲۔ گیت۔ گیت کی ایک خاص قسم۔ ۳۔ کشتی کے داؤ پیچ۔ ۴۔ پکڑ۔ گرفت۔
جکڑی لگانا [ا رمحاورہ] ۱۔ کشتی کرنا۔ ۲۔ کشتی میں سخت پکڑنا۔ حریف کو کھینچنا۔

ج ۔ گ

جگ [ہ اند] ۱۔ دُنیا۔ جہان۔ عالم۔ ۲۔ مخلوق۔ خلقت۔ لوگ۔ ۳۔ راجاؤں کے جشن کی ایک رسم۔ ۴۔ دعوت۔ ضیافت مہمان داری۔
جگ اُدھار [ہ اند ق] دنیا کی پناہ۔
جگ بیتی [ہ امث] ۱۔ دنیا جہان کی سرگزشت۔ ۲۔ زمانے کے حالات و معاملات
جگ جیتنا [ا ر محاورہ] دنیا فتح کرنا۔ غالب آنا۔
جگ درشن کا میلہ ہے [ہ۔ مثل] یہ دنیا صرف دیکھنے ہی میں خوبصورت معلوم ہوتی ہے۔
جگ کی ماں جہان کی خالہ [ہ مثل] اس عورت کے متعلق طنزاً کہتے ہیں جو گھر گھر پھرتی ہو۔
جگ ہنسائی [ہ امث] رسوائی۔ ذلت۔ بدنامی [افعال: کرنا۔ ہونا]
جگ [انگ اند (JUG)] قرابہ۔ صراحی۔ پانی وغیرہ رکھنے کا دستے دار برتن کھلے منہ کا۔
جُگ [ہ اند] ۱۔ زمانہ۔ عہد۔ دور۔ وقت۔ قرن۔ ۲۔ پیڑھی۔ پُشت مدت۔ عرصہ۔ ۳۔ ہمیشہ۔ ۴۔ چوسر کے کھیل میں دو نردوں کا ایک خانہ میں اکٹھا ہو جانا۔ ۵۔ وہ ڈورا جو گوٹا یا کپڑا بننے والے تار دو کو ایک دوسرے سے جُدا رکھنے کے لئے تانے میں ڈالتے ہیں۔ ۶۔ پیمانہ جو چار ہاتھ کے برابر ہوتا ہے۔
جُگ پھوٹنا / ٹوٹنا [ا رمحاورہ] دیکھیے "جگ پھوڑنا / توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
جُگ پھوڑنا / توڑنا [ا ر محاورہ] ۱۔ دو گوٹوں کا جدا جدا کرنا چوسر کے کھیل میں۔ ۲۔ نفاق ڈالنا۔
جُگ ٹوٹا اور نرد ماری گئی [ا ر مثل] اتفاق نہ رہنے سے شیرازہ بکھر جاتا ہے۔
جُگ جُگ [ا ر متعلق فعل] ہمیشہ۔ سدا۔ مدام
جُگ جُگ جیا کرو۔ دودھ بتاشے پیا کرو [ا رکلمہ دعا] ہمیشہ زندہ رہو اور خوش رہو۔
جُگ جُگ جیو [ا رکلمہ دعا] بڑی عمر پاؤ۔ ہمیشہ جیتے رہو۔
جُگ ڈالنا / ڈال دینا [ا ر محاورہ] ۱۔ گوٹا بننے میں دھاگا ڈالنا۔ ۲۔ مطلب حاصل کرنے کے لئے کوئی تدبیر کرنا۔
جُگا جُگا کر رکھنا [ا رمحاورہ] سجا کر رکھنا۔ سنبھال سنبھال کر رکھنا۔

جُگادری [ہ صف] ۱۔ بہت پرانا انسان۔ گرگ باراں دیدہ۔ ۲۔ بہت پُرانا اور قد آور عموماً بندر کے لئے بولتے ہیں۔
جُگالنا [ہ مص] مویشیوں کا اپنے پیٹ سے چارا لا کر منہ میں چبانا۔
جُگالی [ہ امث] مویشیوں کا چارے کو معدہ میں سے لا کر منہ میں چبانا [افعال: ۱۔ کرنا]
جُگان [ہ اند] ۱۔ دُھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی۔ ۲۔ میلے کپڑے دھونے کا عمل۔ ۳۔ دُھلائی کا دن۔
جگانا [ا ر مص] ۱۔ نیند سے اٹھانا۔ بیدار کرنا۔ ۲۔ خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ ۳۔ اکسانا۔ روشن کرنا۔ ۴۔ پھیکے یا مدھم حروف کو روشن کرنا۔ سونے نہ دینا۔ جگائے رکھنا۔
جُگانا [ہ مص] ۱۔ ترتیب سے رکھنا۔ سینت سینت کر رکھنا۔ ۲۔ امداد کے بدلے میں امداد کرنا۔
جگت [ا اند] ۱۔ دنیا۔ سنسار۔ ۲۔ (مث) کنوئیں کی مینڈ۔ ۳۔ انسان۔ حیوان۔
جگت آشنا [ہ ف صف] لوگوں سے زیادہ میل جول رکھنے والا۔
جگت اُستاد [ہ ف صف] ۱۔ بہت بڑا کاریگر۔ ۲۔ مانا ہوا کاریگر۔
جگت سیٹھ [ہ اند] بہت بڑا ساہوکار۔ بہت مالدار۔
جگت سیٹھ کا سالا [ہ اند کنا] بڑے بھاری دولتمند کا رشتہ دار
جگت گرو [ہ اند] دنیا کا استاد۔ بڑا عالم فاضل۔
جُگت [ہ امث] ۱۔ چترائی۔ کاریگری۔ ۲۔ جوڑ توڑ۔ ۳۔ لطیفہ تلازمہ۔ ضلع۔ ذومعنی بات۔
جُگت باز [ہ ف صف] چٹکلے چھوڑنے والا۔ لطیفہ کہنے والا۔ ۲۔ ڈھنگ کا آدمی۔ (ترکیب غلط ہے)
جُگت بازی [ہ ف امث] دیکھیے "جگت باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (ترکیب غلط ہے)
جُگت رنگ [ہ ف صف] دیکھیے "جگت باز"
جُگت لڑنا [ا ر محاورہ] تلازمہ میں بات چیت کرنا۔ تُک ملانے کا مقابلہ کرنا۔ تُک ملنا۔
جُگت لگانا [ا ر محاورہ] توڑ جوڑ کرنا۔ تدبیر کرنا۔ ڈھنگ ڈالنا۔ موقع نکالنا۔ ۲۔ راہ و رسم پیدا کرنا۔
جُگت ملانا [ا ر محاورہ] مطلب نکالنا۔
جگتر [ہ اند ق] جہاں۔ دنیا۔
جُگتی / جگتیا [ہ صف] ۱۔ جُگت باز۔ ۲۔ چالاک۔ ہوشیار۔ ۳۔ شرارتی۔ ۴۔ کفایت شعار۔
جگمگانا [ہ مص] چمکنا۔ جھلکنا۔ ٹمٹمانا۔
جگمگاہٹ [ہ امث] چمک۔ دمک۔ جھلک۔
جگ جگی [ہ امث] خوشامد۔ منت۔ عاجزی۔ ۲۔ میل جول۔
جگر [ف اند] ۱۔ کلیجا۔ کلیجی۔ ۲۔ دل۔ جی۔ جان۔ ۳۔ طاقت۔ حوصلہ۔ ۴۔ رنج غم۔ ۵۔ جوہر۔ لُب لباب۔ ۶۔ بیٹا۔ پیارا۔
جگر آب ہونا [ا ر محاورہ] ۱۔ سخت صدمہ پہنچنا۔ ۲۔ ہمت

ٹوٹ جانا۔ ۳۔ خوفزدہ ہونا

جگر اُچھلنا [ا ر محاورہ] بیتاب ہونا۔ ۲۔ خوف طاری ہونا۔ ۳۔ صدمہ محسوس کرنا۔

جگر افگار، فگار [ف صف] شکستہ دل۔ رنجیدہ خاطر۔

جگر بند [ف اذ] ا۔ دل۔ تلی۔ پھیپھڑے اور کلیجی کا مجموعہ۔ ۲۔ مجازاً فرزند۔ پیارا۔

جگر پارہ [ف اذ] کلیجے کا ٹکڑا۔ فرزند۔

جگر پاش پاش ہونا [ا ر محاورہ] کلیجے کے ٹکڑے اڑ جانا۔ بہت غم ہونا۔

جگر پانا [ا ر محاورہ] حوصلہ ہونا۔ ہمت ہونا۔

جگر پانی ہونا [ا ر محاورہ] ہمت ٹوٹ جانا۔

جگر پہ پتھر رکھ لینا [ا ر محاورہ] ا۔ صبر کر لینا۔ ۲۔ جذبات ظاہر نہ کرنا۔ ضبط کرنا۔

جگر پر چھریاں چلنا [ا ر محاورہ] انتہائی اذیت پہنچنا۔ بہت بے چین ہونا۔

جگر پر موگری پڑنا [ا ر محاورہ] روحانی صدمہ ہونا۔

جگر پہ ہاتھ رکھنا [ا ر محاورہ] بے قراری کی حالت میں کلیجا تھامنا۔

جگر پک جانا [ا ر محاورہ] برداشت کی حد ہو جانا۔ صدموں سے قوتِ برداشت نہ رہنا۔

جگر پھنکنا [ا ر محاورہ] دل جلنا۔ رنج کرنا۔

جگر تاب [ا ر ف صف فاعل] ا۔ کلیجا گرم کرنے والا۔ ۲۔ عزیز۔ معشوق یا اولاد۔

جگر تشنہ [ف صف] بہت پیاسا۔

جگر تفتہ [ف صف] جگر جلا ہوا۔ غمگین۔ رنجیدہ۔

جگر تھام کر بیٹھ جانا [ا ر محاورہ] صدمہ ہونے کے بعد دل کو پکڑ کر بیٹھ جانا۔

جگر ٹکڑے ٹکڑے ہونا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جگر پاش پاش ہونا"۔

جگر جگر ہے اور دِگر دِگر ہے [ا ر مثل] اپنا اپنا اور غیر غیر ہوتا ہے۔

جگر جلنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جگر پھنکنا"۔

جگر چاک [ف صف] وہ جس کا دل صدمہ سے ٹوٹا ہوا ہو [افعال ا۔ ہونا]

جگر خراش [ف صف] کلیجا چھیلنے والا۔ بہت زیادہ تکلیف دہ۔

جگر خوار [ف صف] کلیجا کھانے والا۔

جگر خون کرنا [ا ر محاورہ] روحانی یا دلی صدمہ پہنچانا۔ بہت تکلیف دینا۔

جگر خون ہونا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جگر خون کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

جگر دار [ف صف] دلیر۔ باحوصلہ۔ بہادر۔

جگر داری [ف امث] دیکھیے "جگر دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جگر دو ٹکڑے ہونا [ا ر محاورہ] سخت صدمہ ہونا۔ بہت رنج ہونا۔

جگر دوز [ف صف] جگر چھلنی کرنے والا۔ دل پر اثر کرنے والا۔

جگر دیکھنا [ا ر محاورہ] حوصلہ دیکھنا۔

جگر رکھنا [ا ر محاورہ] حوصلہ رکھنا۔ ہمت رکھنا۔

جگر سراہنا [ا ر محاورہ] تاب و تحمل کی تعریف کرنا۔

جگر سوختگی [ف امث] دیکھیے "جگر سوختہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جگر سوختہ [ف صف] جگر جلا۔ رنجیدہ۔ غمگین۔

جگر سوز [ف صف] کلیجا جلانے والا۔ ۲۔ ہمدرد۔

جگر سوزی [ف امث] دیکھیے "جگر سوز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جگر سے دھواں اٹھنا [ا ر محاورہ] بہت صدمہ ہونا۔

جگر شق ہونا [ا ر محاورہ] جگر پھٹنا۔ سخت صدمہ ہونا۔

جگر کاٹنا [ا ر محاورہ] ایسی مہلک چیز کھانا جس سے جگر کٹ کٹ کر خون ہو جائے۔

جگر کانپ جانا [ا ر محاورہ] خوف طاری ہونا۔

جگر کاوی [ف صف] سخت محنت۔ جانفشانی۔

جگر کباب ہونا [ا ر محاورہ] ا۔ دل جل جانا۔ ۲۔ کسی چیز پر بہت غصہ آنا۔ ۳۔ صدمہ کی وجہ سے پیچ و تاب کھانا

جگر کرنا [ا ر محاورہ] حوصلہ کرنا۔ مقابلہ کے لئے اٹھ کھڑے ہونا۔

جگر کو پیٹنا [ا ر محاورہ] آہ و زاری کرنا۔

جگر کو دیکھنا [ا ر محاورہ] دلیری اور حوصلہ کی داد دینا۔

جگر کھودنا [ا ر محاورہ] سخت الجھن دینا۔ پریشانی کی حالت میں ہونا۔

جگر کی چوٹ [ا ر امث] ا۔ زبردست صدمہ۔ ۲۔ اولاد کا غم۔

جگر کے پار ہونا [ا ر محاورہ] بھرپور زخم لگنا۔ کسی بات سے دل ٹوٹ جانا۔

جگر گوشہ [ف اذ] ا۔ فرزند۔ بیٹا۔ ۲۔ عزیز۔ قریب۔

جگر لہو کرنا [ا ر محاورہ] ا۔ شدید صدمہ پہنچانا۔ ۲۔ بہت توڑ دینا حوصلہ پست کرنا۔

جگر لہو ہونا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جگر لہو کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

جگر مسوس لینا [ا ر محاورہ] صدمہ اٹھاتے وقت بے بس ہو جانا۔ رنج کی شدت سے جگر تھام لینا۔

جگر منہ کو آنا [ا ر محاورہ] سخت تکلیف ہونا۔ ناقابلِ برداشت صدمہ ہونا۔

جگر منہ کو چلنا [ا ر محاورہ] بے حد صدمہ ہونا۔

جگر میں چٹکیاں لینا [ا ر محاورہ] اندر ہی اندر تکلیف دینا۔ درپردہ ایذا دینا۔

جگر ناسور ہونا [ا ر محاورہ] ناقابلِ فراموش صدمہ پہنچنا۔

جگر ہل جانا [ا ر محاورہ] خوف یا صدمہ سے دل پر گہرا اثر ہونا۔

جگر ہونا [ا ر محاورہ] دل ہونا۔ حوصلہ ہونا۔ دل گردہ پایا جانا۔

جگرا [ا ر اذ] ہمت۔ حوصلہ۔ جرأت۔ دلیری۔

جگر جگر کرنا [ا ر محاورہ] چمکنا۔ جگمگانا۔

جگری [ف صف] ا۔ اندرونی۔ ۲۔ دلی۔ سچا۔ گہرا۔

جگری داغ [ف اذ] ا۔ لاعلاج مصیبت یا صدمہ۔ ۲۔ کسی ہیرے وغیرہ کا دھبہ یا بال۔

جگری دوست [ف اذ] دلی دوست۔ سچا دوست۔

جگری ہی اڑے پہ آڑے آتا ہے [ا ر مثل] مصیبت میں اپنے ہی کام آتے ہیں۔

جُگل [ہ اذ] جوڑا۔ زوج۔ جفت۔

جگ مگ جگ مگ [ا ر صف] روشن۔ چمکیلا [افعال: کرنا۔ ہونا]

جگمگانا [ا ر مص] ا۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔ ۲۔ روشن کرنا۔

جگمگاہٹ [ا ر امث] ا۔ چمک دمک۔ آب و تاب۔ ۲۔

رونق ۔ آب داری ۔
جگنا [ار امذ ق] جگنو ۔
جگنو [ار امذ] ایک اڑنے والا کیڑا جس کے جسم سے رات کے وقت روشنی نکلتی ہے ۔ ۲ ۔ جگنی نمبر ۱
جگنو بے کے گھر میں چراغ [ار مثل] چھوٹی حیثیت کے آدمی کو تھوڑی چیز بھی مل جائے تو اس کے لئے بہت ہوتی ہے ۔
جگنی [ہ امث] ۱ ۔ گلے کا ایک زیور ۲ ۔ ایک مشہور گیت جو پنجاب میں گایا جاتا ہے ۔
جگنے [ار امذ ق] جگنو کی جمع ۔
جگہ [ار ۔ امث] ۱ ۔ ٹھکانا ۔ مقام ۔ موقع ۔ ۲ ۔ گنجائش ۔ ۳ ۔ خدمت عہدہ ۔ نوکری ۔
جگہ پانا [ار محاورہ] ۱ ۔ گنجائش نکالنا ۔ ۲ ۔ اپنے لئے موقع پیدا کرنا ۳ ۔ مکان بنانا ۔
جگہ بھر جانا [ار محاورہ] گنجائش نہ رہنا ۔ خالی اسامی پر کسی کا تقرر ہو جانا ۔
جگہ جگہ [ار متعلق فعل] ہر جگہ ۔ جہاں تہاں ۔ جابجا ۔
جگہ چھوڑنا [ار محاورہ] ۱ ۔ مقام خالی کرنا ۔ ۲ ۔ لکھتے لکھتے کاغذ میں خالی جگہ چھوڑ دینا ۔ ۳ ۔ ٹہلنا ۔
جگہ خالی کرنا [ار محاورہ] ۱ ۔ کسی کا کسی جگہ سے اٹھ کر چلے جانا ۔ ۲ ۔ ملازمت چھوڑ دینا ۔
جگہ دلانا [ار محاورہ] ۱ ۔ نوکری دلانا ۔ ۲ ۔ رہنے کے لئے زمین دلوانا ۔
جگہ دینا [ار محاورہ] ۱ ۔ ٹھہرانا ۔ بٹھانا ۔ ۲ ۔ عہدہ یا ملازمت دینا ۔ ۳ ۔ رہنے کو مکان دینا ۔
جگہ رکنا [ار محاورہ] ۱ ۔ گنجائش نہ رہنا ۔ ۲ ۔ خالی ملازمت پر کسی اور کا تقرر ہونا ۔
جگہ روکنا [ار محاورہ] ۱ ۔ خالی جگہ پر بیٹھ جانا ۔ ۲ ۔ خالی جگہ پر کسی اور کو نہ بیٹھنے دینا ۔
جگہ سر خرو رہنا [ار محاورہ] موقع سے خرخرو ہونا (دعامیانہ)
جگہ سر ہونا [ار محاورہ] صحیح مقام پر ہونا ۔ مناسب جگہ ہونا (دعامیانہ)
جگہر [ہ امث] ۱ ۔ بیداری ۔ جاگ ۔ ۲ ۔ بیماری یا تشویش کی وجہ سے جاگنا ۔
جگی جگی [ف امث] کلمۂ حیرت ۔ کلمۂ مسرت ۔ اظہار تعجب ہائے ہائے ۔ واہ واہ ۔

ج ۔ ل

جل [ہ امذ] ۱ ۔ پانی ۔ ۲ ۔ (دق) ہو جل ۔
جل بانک [ہ امذ] ایک فن سپہ گری جس کا مقصد گہرے پانی میں دشمن پر قابو پانا تھا ۔
جل پان [ہ امذ] تھوڑا سا ناشتہ [افعال : ۔ کرنا]
جل پری [ہ امث] سمندری مخلوق جس کا سینہ تک کا حصہ عورتوں جیسا اور نچلا حصہ مچھلی جیسا ۔

جل پور [ہ امذ ق] پنگھٹ ۔
جل ترنگ [ہ امذ] ایک ساز جو چینی کے پیالوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجاتے ہیں ۔
جل تری / توری [ہ امث] ایک قسم کی مچھلی ۔
جل تھل [ہ امذ] ۱ ۔ وہ زمین جس پر بہت سا پانی ہو ۔ ۲ ۔ دلدل ۳ ۔ تری ۔ خشکی ۔
جل تھل ایک ہونا / بھرنا [ار محاورہ] اتنا مینہ برسنا کہ ہر طرف پانی ہی پانی دکھائی دے ۔
جل جوگنی [ہ ۔ امث] ۱ ۔ جونک ۔ ۲ ۔ چیل ۔ ۳ ۔ بلا ۔ چڑیل ۔ ۴ ۔ بدمزاج عورت ۔
جل کاگ / کوا [ہ امذ] ۱ ۔ آبی کوا ۔ ۲ ۔ ماہی گیر ۔ غوطہ خور ۔
جل کر [ہ امذ] محصول آب ۔ وہ محصول جو دیہات کے نالابوں وغیرہ پر لیا جاتا ہے
جل ککڑ [ار صف] ۱ ۔ مرغابی ۔ ۲ ۔ مغلوب الغضب ۔ غصہ ور ۔
جل ککڑی [ار امث] دیکھئے "جل ککڑ" جس کی یہ تانیث ہے ۔
جل کی مچھلی جل ہی میں بھلی [ہ ۔ مثل] ہر شخص کا گزارہ اپنی قوم میں ہی ہوتا ہے
جل مانس [ہ امذ] ۱ ۔ پانی کا آدمی ۔ مرد آبی ۔ ۲ ۔ ایک قسم کا چھوٹا بندر ۔
جل میں کھڑی پیاسوں مرے [ہ مثل] اس شخص کے متعلق جو فائدہ تو اٹھا سکتا ہو لیکن نہ اٹھائے ، کہتے ہیں
جل اٹھنا [ار محاورہ] یکایک جلنے لگنا ۔
جل بجھنا [ار محاورہ] جل کر خاک ہو جانا ۔
جل بھن کر بیٹھ رہنا [ار محاورہ] ناامید ہو کر بیٹھ رہنا ۔
جل پکنا [ار محاورہ] بیزار ہونا ۔
جل جانا [ار محاورہ] ۱ ۔ آگ لگ جانا ۔ ناراض ہونا ۔ حسد کرنا ۔ پالے سے مارا جانا
جل کر تنکا / کوئلہ / راکھ ہو جانا [ار محاورہ] بہت ناگوار ہونا ۔
جل کر خاک ہونا [ار محاورہ] سخت ناراض ہونا ۔
جل کر کباب ہونا [ار محاورہ] بہت ناخوش رہنا ۔ ناراض رہنا ۔
جل گیا [ار صف] بے نصیب ۔ بدقسمت ۔
جل مرنا [ار محاورہ] صدمے سے جلنا ۔
جل [ع صف] بزرگ ۔ باعظمت ۔
جل تو جلال تو آئی بلا ٹال تو [ہ مثل] خدا سے دعا کہ وہ بلاؤں سے محفوظ رکھے ۔
جل جلالہٗ [ع صف] خدا کی عظمت اور شان بڑی ہے ۔
جل شانہٗ [ع صف] دیکھئے "جل جلالہٗ"
جل و علیٰ [ع صف] خدائے بزرگ و برتر ۔
جل [ہ امذ] دھوکا ۔ فریب ۔ مکر ۔ چال ۔ جھانسا ۔ دم ۔ چھل ۔
جل باز [ہ ف صف] دھوکا دینے والا ۔ فریبی (ترکیب غلط)
جل دینا [ار محاورہ] فریب دینا ۔ دھوکا دینا ۔
جل کھیلنا [ار محاورہ] دھوکے میں ڈالنا ۔ فریب کا شکار بنانا ۔
جل میں آنا [ار محاورہ] فریب کھانا ۔ دھوکا کھانا ۔
جل [ع امث] ۱ ۔ جھول ۔ ۲ ۔ بادبان ۔
جلا [ار صف] ۱ ۔ جلا ہوا ۔ ۲ ۔ تنگ آیا ہوا ۔ ۳ ۔ غصہ کی حالت میں ۔

جلابھنا [ا ر صف] غصّہ میں بھرا ہوا۔ ناراض۔ رنجیدہ۔
جلاپا [ا ر اذ] ۱۔ جلن۔ ۲۔ رنج۔ غم۔ ملال۔ ۳۔ رشک۔ حسد۔ ۴۔ بُغض
۵۔ ایک دوا کا نام۔
جلاتن [ا ر صف] ۱۔ بدمزاج۔ جَھلّا۔ ۲۔ وہ شخص جو کسی کی بات کا تحمل نہ ہوسکے
جلا جلا کر مارنا [ا ر محاورہ] غم میں گھلانا۔ رشک دلا کر مارنا۔ بہت ستانا۔
جلا کر خاک کرنا [ا ر محاورہ] زیادہ جلانا کہ چیز ختم ہوجائے۔ تباہ کرنا۔
برباد کرنا۔
جلا [ع اذ] دیس نکالا۔ وطن سے باہر نکال دینا۔ گھر سے باہر نکال دینا۔
جلا وطن [ع اذ] ۱۔ وطن سے نکالنا۔ ۲۔ صف۔ وہ شخص جس کو وطن سے
نکال دیا گیا ہو۔
جلا وطنی [ع امث] دیس نکالا۔ ہجرت۔
جلا [ع امث] چمک۔ روشنی۔ صیقل۔ صفائی [افعال: دینا۔ کرنا]
جلاکار / ساز [ع ف صف] صیقل گر۔ اجالنے والا۔
جلاکاری / سازی [ع ف امث] صیقل گری۔ اجالنے کا کام۔
جُلّاب [ع اذ] ۱۔ گلاب کا معرب۔ ۲۔ مسہل۔ دست۔ ۳۔ دست لانے والی دوا
جُلابی [ا ر امث ق] ایک مٹھائی کا نام جلیبی۔
جَلاجل [ع اذ] دیکھیے "جُلجُل" جس کی یہ جمع ہے۔
جلاجل / جھلی [ا ر صف] روشن۔ چمکیلا۔
جلّاد [ع اذ] ۱۔ دُرّہ مارنے والا۔ پوست کھینچنے والا۔ ۲۔ تلوار مارنے
والا۔ ۳۔ معشوق۔
جلّادِ فلک [ع ف اذ] مریخ ستارہ
جلادت [ع امث] جوان مردی۔ شجاعت۔ چستی۔ چالاکی۔
جلّادنی [ا ر امث] دیکھیے "جلّاد" جس کی یہ تانیث ہے۔
جلّادی [ع ف امث] بے رحمی۔ بے دردی۔
جلال [ع اذ] ۱۔ بزرگی۔ ۲۔ شان و شوکت۔ ۳۔ رعب داب۔ ۴۔ غصّہ
۵۔ تیزی۔ خشونت۔ سختی۔
جلال آجانا / آنا [ا ر محاورہ] غصّہ آنا۔ طیش میں آجانا۔
جلال برسنا [ا ر محاورہ] دبدبہ یا رعب ظاہر ہونا۔
جلالت [ع امث] بزرگی۔ عظمت۔
جلالۃ الملک [ع اذ] بادشاہ کا لقب۔
جلالت مآب [ع صف] صاحب جلال و عظمت۔ بزرگ و بلند۔ بادشاہوں
کا لقب۔
جلالت مآبی [ع ف امث] دیکھیے "جلالت مآب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جلالی [ع صف] جلال سے منسوب۔ ۲۔ وہ صفت جس میں شان و غضب
کا اظہار ہو۔ ۳۔ صاحب جلال۔ ۴۔ وہ عمل یا نقش جس میں خدا کی شانِ
قہاری کا ظہور ہو۔ ۵۔ خوفناک۔ غضب ناک۔ ۶۔ ایک سلسلہ کا نام جو سید
جلال بخاری سے منسوب ہے۔ ۷۔ ماہ فروردین۔
جلالیہ [ع اذ] سید جلال بخاری کا ماننے والا فقیر۔
جلامیری [ا ر اذ] بچوں کا ایک کھیل، جسے اڑان جھلا بھی کہتے ہیں۔
جلانا [ا ر مص] ۱۔ آگ لگانا۔ سلگانا۔ بھڑکانا۔ ۲۔ غصّہ دلانا۔ ۳۔ حسد کرنا۔
تنگ کرنا۔ ۴۔ رشک دلانا۔ ۵۔ چھیڑنا۔ ۶۔ آزردہ کرنا۔ ۷۔ حسد یا دشمنی کا
جذبہ پیدا کرنا۔
جِلانا [ا مص] ۱۔ زندہ کرنا۔ جان ڈالنا۔ ۲۔ تازگی بخشنا۔ مرنے نہ دینا۔ ۳۔ دھات
کو کشتہ کرنے کے بعد اصلی حالت پر لے آنا۔
جُلاہا [ا ر اذ] ۱۔ پارچہ باف۔ کپڑا بننے والا۔ ۲۔ پانی کا ایک کیڑا
۳۔ صف۔ بیوقوف۔
جُلاہی [ا ر امث] دیکھیے "جلاہا" جس کی یہ تانیث ہے۔
جلاؤ [ا ر اذ] ۱۔ جلانے کا عمل۔ آتش زنی۔ ۲۔ صف۔ جلنے کے قابل جیسا
ایندھن۔ ۳۔ تنگ مزاج۔ جلد ناراض ہوجانے والا۔
جَلب [ع اذ] ۱۔ حاصل کرنا۔ کھینچنا۔ لینا۔ ۲۔ حصول۔ کشش۔
جلبِ زر [ع ف اذ] دولت حاصل کرنا۔ حصولِ مال۔
جلبِ منفعت [ع اذ] نفع حاصل کرنا۔
جِلباب [ع امث] چادر۔
جلتا توا [ا ر اذ] وہ توا جو چولہے پر خوب گرم ہوگیا ہو۔
جل تواہی / توائی [ا ر امث] حسد کی جلن۔ فساد۔ جھگڑا۔
جلتی آگ بجھانا [ا ر محاورہ] لڑائی کم کرنا۔ لڑائی مٹانا۔
جلتی آگ میں پانی ڈالنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جلتی آگ بجھانا"
جلتی آگ میں تیل ڈالنا [ا ر محاورہ] لڑائی چمکانا۔
جلتی آگ میں گرنا / کودنا [ا ر محاورہ] سخت مصیبت میں کسی کا
ساتھ دینا۔ مصیبت میں کود پڑنا۔
جُلجُل [ع اذ] جھانجھ۔ گھنٹی۔ دائرہ۔
جلجلانا [ا ر مص] غصّہ میں آنا۔ جھنجھلانا۔
جلجلاہٹ [ا ر امث] غضب۔ غصّہ۔
جِلد [ع امث] ۱۔ کھال۔ پوست۔ ۲۔ کتاب کا پٹھا۔ ۳۔ کتاب کی جزبندی
اور سلائی۔ ۴۔ کتاب کا حصّہ۔
جلد ساز / گر [ع ف صف فاعلی] کتاب کی جلد بنانے والا۔
جَلد [ف متعلق فعل] فوراً۔ بلاتوقف۔ ترت۔
جلد باز [ف صف فاعلی] عجلت کرنے والا۔ بے موقع جلدی کرنے والا۔
جلد بازی [ف امث] دیکھیے "جلد باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جلد دست [ف صف] تیز دست۔ چالاک۔ تیزی سے کام کرنے والا۔
جلد دستی [ف امث] دیکھیے "جلد دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جلد کرنا [ا ر مص مرکب] تیز کرنا۔ عجلت کرنا۔
جلدو / جُلدو [ت اذ] صلہ۔ انعام۔ نیک بدلہ۔
جلدی [ف امث] ۱۔ تیزی۔ گرمی۔ شتابی۔ ۲۔ عجلت۔ پھرتی۔ ۳۔ گھبراہٹ
۴۔ فوراً۔
جِلدی [ع صف] دیکھیے "جِلد" جس سے یہ منسوب ہے۔
جلدی باز [ف صف] دیکھیے "جلد باز" جو صحیح ہے۔
جلدی پڑنا [ا ر محاورہ] ۱۔ عجلت ہونا۔ ۲۔ گھبراہٹ ہونا۔
جلدی پکا سو سڑا [ا ر مثل] عجلت کا نتیجہ خراب ہوتا ہے۔
جلدی کا مارا [ا ر صف] دیکھیے "جلد باز"

جلدی کام شیطان کا [ار - مثل] جلدی سے کام بگڑ جاتا ہے۔
جلدی مچانا [ار - محاورہ] جلدی کرنا۔ عجلت کرنا۔
جَلسَہ [ع - اند] ١- ایک بار بیٹھنا۔ ایک طرح بیٹھنا۔ ٢- نشست۔ ٣- ملاقات۔ ٤- محفل۔ مجلس۔ انجمن۔ ٥- مجمع۔ جمگھٹا۔ ٦- ناچ رنگ کی مجلس۔ ٧- نماز میں سجدہ کرکے اوّل مرتبہ بیٹھنا۔
جَلسۂ اِستراحت [ع - اند - بترکیب فارسی] نماز میں دو سجدوں کے بعد کھڑا ہونے سے پہلے ذرا بیٹھنا۔
جَلسۂ خطیبی [ع - اند - بترکیب فارسی] خطیب کا پہلے اور دوسرے خطبہ کے درمیان بیٹھنا۔
جَلسۂ عَدالت [ع - اند - بترکیب فارسی] عدالت کا اجلاس۔
جَلسہ گاہ [عف - امث] وہ جگہ جہاں جلسہ کیا جائے۔
جِلف [ع - صف] کمینہ۔ احمق۔
جَلَق [ع - اند و مث] مشت زنی۔ ہاتھ کی مدد سے منی نکالنا۔ (افعال :- لگانا۔ مارنا)
جَلقی [ع - صف] جلق لگانے والا۔ وہ شخص جس کو جلق کی عادت ہو۔
جَلَک [ار - متعلق فعل - تن] جب تک۔
جَلَن [ار - امث] جلنے کی کیفیت۔ تپک۔ سوزش۔ ٢- گرمی۔ حدّت۔ ٣- غصہ طیش۔ ٤- رنج۔ غم۔ ٥- حسد۔ رشک۔ ٦- کینہ۔ دشمنی۔
جلن پڑنا / ہونا [ار - محاورہ] سوزش ہونا۔ آگ سی لگنا۔ مرچیں سی لگنا۔
جَلنا [ار - مص] ١- آگ لگنا۔ سلگنا۔ ٢- روشن ہونا۔ مشتعل ہونا۔ ٣- جھلسنا۔ جھلسنا۔ داغ لگنا۔ ٤- خاکستر ہونا۔ راکھ ہو جانا۔ ٥- حسد کرنا۔ ٦- سوزش ہونا تپکنا۔ ٧- مرچ یا کسی تیز چیز سے زبان کا جھلجھلانا۔ چرپراہٹ ہونا۔ ٨- ناراض ہونا۔ ٩- آزردہ ہونا۔ ١٠- نباتات کا برف یا پالے سے مرجھانا، سوکھنا۔
جلنا بلنا [ار - محاورہ] جلنا۔
جلنا بھننا [ار - محاورہ] آزردہ ہونا۔ ناراض ہونا۔
جُلنا [ار - مص] ملاقات کرنا (یہ لفظ تنہا مستعمل نہیں بلکہ ملنا کے تابع کے طور پر آتا ہے)
جَلندر / جلندھر / جلودھر [ہ - اند] استسقا کا مرض۔ دیکھیے "استسقا"
جِلَو [ت - امث] ١- باگ۔ لگام۔ ٢- وہ گھوڑا جو سجا کر صرف زینت کے لئے سواری کے ساتھ خالی لے جاتے ہیں۔ ٣- سواری کے ساتھ کا ٹھاٹھ :- اہالی موالی۔ باجا گاجا۔ ٤- ہمراہی۔ معیت۔ ساتھ۔
جلوخانہ [ف - اند] ١- صحن۔ آنگن۔ ٢- وہ میدان جو صدر دروازہ کے سامنے ہو اور جہاں شاہی سواری کا جلوس ترتیب دیا جائے۔
جِلَودار [ف - صف فاعلی] وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کر ہمراہ چلے۔ ٢- ساتھی۔
جِلَوریز [ف - صف] ١- سبک عنان۔ ٢- ہلکی باگ سے گھوڑا دوڑاتے ہوئے۔
جَلوَت [ع - امث] خلوت کی ضد۔ مجمع۔ جہاں تنہائی نہ ہو۔
جُلُوس [ع - اند] ١- بیٹھنا۔ ٢- تخت نشینی۔ ٣- شاہانہ حشم۔ ٤- بادشاہوں اور امیروں کی سواری۔ ٥- ساز و سامان۔ کرّ و فر۔
جُلُوسی [ع - صف] جلوس سے منسوب۔ تخت نشینی سے متعلق۔
جَلوَہ [ع - اند] ١- کسی خاص طرز سے خود کو ظاہر کرنا۔ ٢- نمودار ہونا، سامنے آنا۔ ٣- نظارہ۔ دیدار۔ ٥- تجلّی۔ نور۔ ٦- خرامِ معشوق۔ ٧- آرسی مصحف کی رسم۔

جلوہ آرا / افروز [عف - محاورہ] خاص بناؤ سنگھار کے بعد دکھاوے کے سامنے آنے والا۔ کسی مجلس میں بیٹھنے والا۔ بلند مرتبہ آدمی (افعال :- ہونا)
جلوہ آرائی / افروزی [عف - امث] دیکھیے "جلوہ آرا / افروز" جس کا یہ کیفیت ہے۔
جلوہ بینش [ف - اند] کنایۃً محبوب۔
جلوہ دکھانا [ار - محاورہ] ١- نک سُک دکھانا۔ ٢- دیدار دکھانا۔ ٣- نظر آنا۔ عیاں ہونا۔
جلوۂ طور [ع - اند - بترکیب فارسی] وہ تجلّیِ الٰہی جو حضرت موسیٰؑ کو طور پر دکھی تھی۔
جلوہ گر / نما [عف - صف] جلوہ دکھانے والا۔
جلوہ گری / نمائی [عف - امث] دیکھیے "جلوہ گر / نما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جَلی [ع - صف] ١- روشن۔ ٢- آشکار۔ ظاہر۔ ٣- موٹا لکھا ہوا۔ موٹے حروف۔
جَلی قلم [ع - اند] چوڑے قط والا قلم۔
جلی کٹی [ار - امث] رشک و حسد کی گفتگو۔ طعن و طنز کی بات۔
جلی کٹی باتیں [ار - امث] دیکھیے "جلی کٹی"
جلی کٹی رکھنا [ار - محاورہ] ان بن رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔
جلی کٹی کرنا / کہنا / سنانا / پر آنا [ار - محاورہ] طعن و طنز کی بات کرنا۔ بُرا کہنا۔
جلی کٹی ہونا [ار - محاورہ] نوک جھونک ہونا۔ ایک دوسرے کو طعنے دینا۔
جلے پاؤں کی بلّی [ار - امث] گھر گھر پھرنے والی عورت۔
جلے پر لُون / نمک چھڑکنا [ار - محاورہ] ستائے ہوئے کو ستانا۔ رنج پر رنج دینا۔
جلے پھپھولے پھوٹنا [ار - محاورہ] دیکھیے "جلے پھپھولے پھوڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
جلے دل کے پھپھولے پھوڑنا / جلے پھپھولے پھوڑنا [ار - محاورہ] شکایت آمیز باتوں سے دل کا غبار نکالنا۔ عداوت نکالنا۔
جلے تن [ار - صف] دیکھیے "جلاتن"
جَلیا [ہ - اند] مچھیرا۔ ماہی گیر
جَلیبا [ار - اند] ١- شہتوت۔ ٢- بڑی جلیبی۔
جَلیبی [ار - امث] ایک قسم کی مٹھائی جو بلوں والی ہوتی ہے اور تل کر شیرہ میں ڈبوئی جاتی ہے۔
جلیری [ہ - امث] لوہاروں کی ناند جس میں لوہے کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔
جَلیس [ع - صف] ہم نشین۔ مصاحب۔ ساتھی۔
جَلیل [ع - صف] بزرگ۔ بڑا۔ اعلیٰ۔ افضل۔
جَلیلُ القدر [ع - صف] بڑی شان والا۔ نہایت معزز۔ عالی مرتبہ۔
جَلیلہ [ع - صف] دیکھیے "جلیل" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔

ج - م

جَم [ف - اند] ١- بڑا بادشاہ۔ ٢- جمشید شاہِ ایران کا مخفف۔ ٣- حضرت سلیمان کا نام۔ ٤- سکندر کا نام (نوٹ) جب یہ لفظ جام یا جشن وغیرہ کے ساتھ آئے تو اس سے جمشید جب جن پری انگوٹھی وغیرہ کے ساتھ آئے تو حضرت سلیمان اور جب آئینہ وغیرہ کے ساتھ آئے تو سکندر مراد ہوتے ہیں۔

جم جاہ [ف - صف] بڑے مرتبے والا ۔ جمشید جیسے مرتبے والا

جَم [ہ - اند] ۱۔ موت کا فرشتہ ۔ پاتال کا راجا ۔ ۲۔ وہ آدمی جو پاس سے نہ ہٹے مگر جس کا پاس آنا بھی گوارا نہ ہو ۔ ۳۔ جڑواں ۔

جم دُوت [ہ - اند] ملک الموت ۔ موت کا فرشتہ ۔

جم دِیا [ہ - اند] جم دیوتا کے نام کا چراغ جو دیوالی سے دو دن پہلے جلایا جاتا ہے ۔

جم راج [ہ - اند] پاتال کا راجا ۔

جم کا سندلیسا [ہ - اند] موت کا پیغام ۔

جم ہو جانا [ہ - محاورہ] موت کی طرح نہ ٹلنا ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔

جم بیٹھنا [ار - محاورہ] پیوست ہو جانا ۔

جم جانا [ار - محاورہ] ۱۔ چپک جانا ۔ ۲۔ سخت ہو جانا ۔ ۳۔ رنگت قائم ہو جانا ۔

جمم [ع - اند] شیطان کا ایک نام ۔

جمم [ع - اند] سیپ ۔ صدف ۔

جَمّ [ع - اند] ۱۔ بہت ۔ جمع ۔ ۲۔ جماعت ۔ گروہ ۔

جمّ غفیر [ع - اند] بڑا ہجوم ۔ انبوہ کثیر ۔

جماجتھا [ار - امث] دیکھیے ”جمع جتھا“ ، جو صحیح ہے ۔

جَماد [ع - اند] وہ چیز جس میں نشو و نما کی قوت نہ ہو ۔ بے جان ۔ پتھر ۔

جَمادات [ع - اند] جماد کی جمع ۔ بے جان چیزیں ۔ پتھر وغیرہ ۔

جمادی [ع - صف] جماد سے متعلق ۔ بے جان ۔ پتھر ۔ غیر نمو پذیر اشیا ۔

جمادیُ الآخرہ / الاُخریٰ / الثانیہ / الثانی [ع - اند] عربی سال کا چھٹا مہینہ ۔

جَمادِی الاُولیٰ / الاَوّل [ع - اند] عربی سال کا پانچواں مہینہ (جمادی الاوّل غلط ہے ، صحیح جمادی الاولیٰ ہے ۔

جِمار [ع - اند] وہ سنگ ریزے جو حاجی لوگ حج کے مناسک ادا کرتے وقت پھینکتے ہیں ۔

جُمازہ [ع اند - مث] اونٹنی ۔ سانڈنی ۔

جِماع [ع اند] مرد کا عورت سے صحبت کرنا ۔ ہم بستر ہونا ۔ مباشرت ۔ مجامعت ۔

جَماعَت [ع امث] ۱۔ پارٹی ۔ گروہ ۔ جتھا ۔ ٹولی ۔ ۲۔ سوسائٹی ۔ سبھا ۔ مجلس ۔ ۳۔ صف نماز ۔ ۴۔ سلسلہ ۔ زمرہ ۔ ۵۔ فرقہ ۔ فریق ۔ ۶۔ ہجوم ۔ انبوہ ۔

جماعت تیار ہونا [ار - محاورہ] نمازیوں کے گروہ کا نماز کے لئے آمادہ ہونا ۔

جماعت سے کرامت ہے [ار - مثل] اتفاق میں برکت ہے ۔

جماعت کھڑی ہو جانا / ہونا [ار - محاورہ] نمازیوں کا صف باندھ کر امام کے پیچھے نماز شروع کرنا ۔

جماعت میں بیٹھنا [ار - محاورہ] سکول میں بچوں کا درجے میں بیٹھ کر پڑھنا ۔

جُماگی [ار امث] ۱۔ جمعگی کا بگاڑ ۔ ۱۔ بچوں کا جیب خرچ جو جمعہ کو دیا جاتا تھا ۔ ۲۔ استاد کا نذرانہ جو جمعہ کو بچے ادا کرتے تھے ۔

جَمال [ع اند] حسن ۔ جوبن ۔ روپ ۔ خوبصورتی ۔

جَمال گوٹا [ہ اند] ایک گرم اور خشک پھل جو بطور دوا جلابوں کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

جَمالی [ع صف] ۱۔ شانِ رحمت کی تجلی ۔ ۲۔ وہ اسم جو جلالی نہ ہو ۔ ۳۔ ایک قسم کا سردا یا خربوزہ ۔ ۴۔ عالموں اور صوفیوں کی اصطلاح میں نباتات وغیرہ ، جیسے لہسن ، پیاز ۔

جمالی خربوزہ [عف - اند] ۱۔ ایک قسم کا خربوزہ جو خوبصورت مگر پھیکا یا بد ذائقہ ہو ۔ ۲۔ مجازاً نمائشی ۔

جَمالِیات [ع - اند] فلسفہ کی وہ شاخ جس میں حسن اور اس کے لوازم سے بحث کی جاتی ہے ۔ ۲۔ حسن بینی ، حسن شناسی ۔ ۳۔ فنون لطیفہ AESTHETICS کا ترجمہ ۔

جَمالیاتی [ع امث] دیکھیے ”جمالیات“ جس سے منسوب ہے ۔

جَمانا [ار - مص] ۱۔ منجمد کرنا ۔ بستہ کرنا ۔ ۲۔ قائم کرنا ۔ ٹھہرانا ۔ ۳۔ ترتیب سے لگانا ڈھنگ سے رکھنا ۔ ۴۔ چپکانا ۔ پیوست کرنا ۔ ۵۔ آمادہ کرنا ۔ راضی کرنا ۔ ۶۔ رکھنا دھرنا ۔ ۷۔ جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ ۸۔ لگانا ۔ شروع کرنا ۔ ۹۔ ٹھاننا ۔ بٹھانا ۔ ۱۰۔ مستحکم کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ ۱۱۔ ذہن نشین کرنا ۔ ۱۲۔ برقرار رکھنا ۔ ۱۳۔ ڈھیر لگانا ۔ ۱۴۔ لبوں پر مسّی لگانا ۔ ۱۵۔ مارنا ۔ رسید کرنا ۔

جِمانا [ہ مص] کھانا کھلانا ۔ ضیافت کرنا ۔

جَماوَٹ [ہ امث] جمنا ۔ انجماد ۔ مٹی کا جمنا ۔ کسی چیز کا دوسری چیز میں بخوبی جم جانا ۔

جَماہنا [ہ مص] جماہی لینا ۔

جماہی / جمائی [ہ امث] انگڑائی ۔ جسم میں ذرا تناؤ آکر منہ کھل جانا ۔

جماہی آنا [ار مص مرکب] سستی یا غنودگی میں منہ کا آپ سے آپ کھلنا ۔

جماہی لینا [ار - محاورہ] انگڑائی لینا ۔ منہ کھولنا سستی کی وجہ سے ۔

جماہیر [ع - اند] دیکھیے ”جمہور“ جس کی یہ جمع ہے ۔

جَماؤ [ہ اند] جمنے کی خاصیت ۔ ۲۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ قیام ۔ ٹھہراؤ ۔

جماؤ [ہ صف] ۱۔ جمنے کے قابل ۔ ۲۔ مضبوط ۔ پکا ۔

جمبو [س اند و مث] جامن کا درخت اور پھل ۔ ۲۔ مذ گیدڑ ۔ ۳۔ بڑا ۔

جمبوری [انگ امث] JAMBOREE جشن ۔ رنگ رلیاں ۔

جمبیری [ہ اند] ایک قسم کا لیموں یا نیبو ۔

جمپر [انگ امث] (JUMPER) عورتوں کی ڈھیلی ڈھالی کرتی ۔ ۲۔ کرشچن کی ڈھیلی کرتی جو ملاح پہنتے ہیں ۔

جَم جانا [ہ مص] دیر لگا دینا ۔

جُگ جُگ [ہ صف] ۱۔ سدا ۔ ہمیشہ ۔ نت ۔ لگاتار ۔ ۲۔ خدا مبارک کرے ۔

جم جم سے [ار متعلق فعل] ماشاللہ ۔

جمخانہ [انگ ف اند] (GYMKHANA) کھیل اور تفریح کی جگہ ۔ کلب ۔

جَمدر / جَم دھر [ف ہ اند] ایک قسم کی چھری ۔ خنجر ۔ ۲۔ ایک قسم کا بادامی کاغذ ۔ ۳۔ ایک قسم کا رنگین کنکوا ۔

جم ہی جم [ار کنایہ] کچھ نہیں ۔ کوئی چیز موجود نہیں ۔

جَمرہ [ع اند] حج کے دوران میں کنکری مارنا ۔ ۲۔ آگ کی چنگاری ۔ ۳۔ آتشک ۔

جَمشید [ف اند] ایران کا ایک مشہور بادشاہ جس نے ایک ایسا پیالہ بنوایا تھا جسے جام جم کہتے ہیں اور اس میں تمام دنیا کے حالات نظر آتے تھے ۔

جَمع [ع اند و مث] ۱۔ کل ۔ تمام ۔ اکٹھا ۔ سب ۔ سارا ۔ جملہ ۔ ۲۔ میزان ۔ جوڑ چند رقموں کا مجموعہ ۔ ۳۔ اسم واحد کی ضد ۔ ۴۔ گروہ ۔ جماعت ۔ مجمع ۔ ۵۔ اصل سرمایہ پونجی ۔ دھن ۔ دولت ۔ مال نقدی ۔ ۶۔ لاگت ۔ صرفہ ۔ ۷۔ محصولات ۔ پیداوار

آمدنی۔ ۸۔ مالگزاری۔ ۹۔ حساب کتاب کے رجسٹر کا وہ صفحہ جس میں آمدنی کی رقم درج کی جاتی ہے۔ ۱۰۔ ریاضی کے تین بنیادی قاعدوں میں سے ایک۔ ۱۱۔ ڈھیر۔ انبار تودہ۔ ۱۲۔ ذخیرہ۔ گودام۔ خزانہ۔ ۱۳۔ شاعری کی ایک صنعت جس سے شاعر ہم وصف چیزوں کو یکجا جمع کر دے۔ [افعال: ۔کرنا۔ بھرنا]

جمعُ الجمع [ع امث] کسی لفظ کی دوہری جمع جیسے رقم کی جمع رقوم اور اس سے رقومات۔

جمع بندی [ع ف امث] لگان کا حساب کتاب۔ فرد لگان۔ ۲۔ سرکاری مالگزاری۔ ۳۔ مالگزاری کا بندوبست یا تقسیم۔ جمع۔ نکاسی۔ [افعال: ۔کرنا]

جمع جتھا [ار۔ امث] سرمایہ۔ پونجی۔

جمع خرچ [ع ار۔ امذ] آمدنی اور خرچ۔ ۲۔ آمدنی اور خرچ کا حساب کتاب۔

جمعدار [ع ف امذ] جماعت کا سردار۔ ۲۔ ایک فوجی عہدہ۔ سپاہیوں کا افسر۔ ۳۔ سقہ۔ ماشکی۔ ۴۔ بھنگی۔ خاکروب۔

جمعدارنی [ار امث] دیکھیے "جمعدار" جس کی یہ تانیث ہے۔

جمعداری [ف امث] جمعدار کا عہدہ (کام)

جمع سنگین [ع ف امث] سخت لگان۔ سخت مالگزاری۔

جمع ضدین [ع امث] دو ایسی چیزوں کا ایک جگہ جمع ہو جانا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں۔

جمع کرنا/ہونا [ار مص مرکب] جوڑنا۔ سمیٹنا۔ ایک جگہ کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ڈھیر کرنا۔ ۲۔ اُگاہی کرنا۔ حاصل کرنا۔ ۳۔ ذخیرہ کرنا۔ گودام میں رکھنا۔ بھرتی کرنا۔ ۴۔ رقم جوڑنا میزان کرنا۔ مجموعہ کرنا۔ ۵۔ فرد حساب میں وصول درج کرنا۔ روپیہ کسی نام پر وصول دکھانا۔ ۶۔ لگان کی رقم سرکاری خزانے میں داخل کرنا۔ سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ امانت رکھنا۔

جمع کل [ع امث] تمام۔ سارا۔

جمع کے ڈلو آنکھیں کھولو [ار مثل] جب کوئی عیار کسی سادہ لوح کو لوٹ لے اور وہ ہاتھ ملتا رہ جاتے تو کہتے ہیں کہ آنکھیں کھولو۔

جمع لگے سرکار کی اور مرزا کھیلیں پھاگ [ار مثل] جب کوئی شخص بددیانتی کر کے عیش کرے تو کہتے ہیں۔

جمع مرکب [ع امث] رقموں کی جمع۔ اوزان و پیمائش کی جمع۔

جمع والا [ع ار امذ] دولت مند۔ امیر جس کے پاس دولت ہو۔

جمع ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "جمع کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

جمعرات [ار امث] جمعہ سے ایک دن پہلے کا دن۔ پنجشنبہ۔

جمعراتی سید [ار امذ] وہ شخص جو جمعرات کو پیدا ہونے کے سبب اپنے آپ کو سید کہے۔ ۲۔ بناوٹی سید۔

جمعراتی کا ٹکا [ار امذ] وہ پیسے جو مُلا کو جمعرات کے دن دیتے تھے۔

جُمعگی [عف امث] دیکھیے "جماگی"

جُمعہ [ع امذ] جمعرات کے بعد کا دن۔ یوم آدینہ۔ شکروار۔

جمعہ پیراسی دروازے کے فقیر [ار مثل] ہر وقت موجود۔

جمعہ جمعہ آٹھ دن (روز) [ار مثل] چند روز۔

جمعہ جمعہ آٹھ دن (روز) کی پیدائش [ار مثل] جب کوئی چھوٹی عمر کا گستاخی یا چالاکی کی بات کرے تو کہتے ہیں۔

جمعہ چھوڑ سنیچر نہاوے۔ اس کا سنیچر کبھی نہ جائے یا اس کے جنازے کوئی نہ جائیے - [ار مثل] مسلمان عام طور پر جمعہ کو نہانے اور کپڑے بدلتے ہیں سنیچر کا نہانا منحوس سمجھا جاتا ہے۔

جمعہ کو نکاح ہفتہ کو طلاق [ار مثل] بہت جلد جھگڑا فساد ہونے کے موقع پر کہتے ہیں

جَمعیّت [ع امث] ۱۔ فراہمی۔ اکٹھا ہونا۔ ۲۔ گروہ۔ مجمع۔ انبوہ۔ جمگھٹ ۳۔ فوج۔ لشکر۔ ۴۔ اطمینان۔ تسکین۔ دلجمعی۔

جمعیت خاطر/دل [عف امث] دلجمعی۔ تسلی۔ تشفی۔

جمگھٹا/جمگھٹ [ہ امذ] ہجوم۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ ۲۔ بڑی دیوالی کی آخری رات ۳۔ دیوالی کی رات کو قمار بازوں کا ہجوم۔

جمگھٹ کا دن [ہ امذ] دیوالی کا دن۔ دیوالی کی صبح۔

جمگھٹ ہونا [ار محاورہ] مجمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔

جَمَل [ع امذ] نر اونٹ۔ شتر۔

جُمَّل [ع امذ] حروف ابجد کے اعداد کا حساب جس سے تاریخ وغیرہ نکالتے ہیں۔ ۲۔ جملہ کی جمع۔ تمام۔ کل۔

جملگی [عف امث] پورا پن۔ کلیت۔ تمامی۔ عمومیت۔

جُملہ [ع صف مذ] ۱۔ تمام۔ سب۔ کل (۲) مذ) کلموں کا مجموعہ۔ فقرہ جو مطلب ادا کرے۔ جس کی مندرجہ ذیل مشہور قسمیں ہیں۔ جملہ اسمیہ۔ جملہ انشائیہ۔ جملہ خبریہ۔ جملہ شرطیہ۔ صفتیہ۔ فعلیہ۔ جملہ مستانفہ۔ معترضہ معطوفہ۔ متعلقہ۔

جمن/جمنا [ہ امذ مث] ہند کا ایک دریا جو گنگا کا معاون ہے۔ دہلی آگرہ الہ آباد وغیرہ اس کے کنارے آباد ہیں۔

جَمنا [ار مصدر] ۱۔ منجمد ہونا۔ بستہ ہونا۔ ۲۔ رنگ یا کائی کا اکٹھا ہونا۔ ۳۔ قائم ہونا۔ ٹھہرنا۔ ۴۔ بیج کا اُگنا۔ ۵۔ چپکنا۔ چمٹنا۔ ۶۔ مضبوط ہونا۔ جڑ پکڑنا۔ ۷۔ ڈٹنا۔ رکنا۔ اڑنا۔ ۸۔ کسی جگہ بہت دیر تک بیٹھے رہنا۔ ۹۔ مستقل ہونا۔ ٹکنا۔ ۱۰۔ پیدا ہونا۔ ۱۱۔ ٹھیک آنا۔ چسپاں ہونا۔ ۱۲۔ تہ میں بیٹھنا۔ نیچے بیٹھنا۔ ۱۳۔ لگنا۔ پڑنا۔ ۱۴۔ موثر ہونا۔ دل پر اثر کرنا۔ ۱۵۔ مشق ہونا۔ رواں ہونا ۱۶۔ انبوہ رہنا۔ ہجوم رہنا۔ ۱۷۔ اطمینان ہونا۔ یقین ہونا۔ ۱۸۔ گھوڑے کا کودنے کے واسطے رک جانا۔

جمناسٹک [انگ امذ] (GYMNASTIC) ورزش کھیل۔ اچھل کود جسمانی کرتب۔

جَموا [ار امذ] جامن کی ایک قسم جس کا پھل بہت چھوٹا ہوتا ہے۔ ۲۔ ایک درخت جس کی لکڑی عمارتی کاموں میں شہتیر بننے کے کام آتی ہے جو انتہائی مضبوط ہوتی ہے۔ ۳۔ نیل کا پودا جو برسات سے پہلے لگایا جاتا ہے۔

جموٹ [ہ امث] کنویں کی بنیاد۔ چک۔ ۲۔ کنویں کی بنیاد رکھنے کی رسم۔

جُمود [ع امذ] انجماد۔ بے حسی۔ بے حرکتی۔ تعطل۔

جموگا [ہ امذ] بچوں کا ایک مرض، جس میں منہ سے کف نکلتا ہے، آنکھیں الٹ جاتی ہیں اور مریض دبچہ، بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔ مرگی۔

جموگدار [ہ ف امذ] دیوانی عدالت کا قرقی کا پیادہ۔ قرق امین۔ بیلف۔

جُمہور [ع امذ] ہدیت کا ڈھیر۔ ریت کا ٹیلا۔ ۲۔ آدمیوں کا بڑا گروہ۔ سب لوگ۔ جماعت۔ آبادی۔ قوم۔ ۳۔ کل۔ تمام۔

جمہوری [ع صف] دیکھیے "جمہور اور جمہوریت" جس سے یہ منسوب ہے۔

جمہوریت [ع امث] وہ طرز حکومت جس میں بادشاہ کے بجائے عوام کے

نمائندے کاروبارِ حکومت کو انجام دیتے ہیں (DEMOCRACY کا ترجمہ)
جَمْہُورِیَہ [ع ۔ امث] جمہوری حکومت ۔ انگریزی REPUBLIC کا ترجمہ
جَمِیع [ع صف] کل ۔ سب ۔ تمام ۔
جَمِیل [ع صف مذ] خوبصورت ۔ حسین ۔ شکیل ۔ قبول صورت ۔
جَمِیلَہ [ع صف مث] دیکھئے "جمیل" جس کی یہ تانیث ہے ۔

ج ۔ ن

جَن [ہ امذ] آدمی ۔ شخص ۔ بشر ۔
جِن [ار ضمیر مفعولہ] دیکھئے "جس" جس کی یہ جمع ہے ۔
جِنّ [ع امذ] ۱ ۔ ایک پوشیدہ مخلوق جو آگ سے پیدا کی گئی تھی ۔ ۲ ۔ بھوت ۔ آسیب ۔ دیو ۔ عفریت ۔ ۳ ۔ غصّہ ۔ غضب ۔ ۴ ۔ ضدی آدمی ۔ ۵ ۔ مستعد آدمی ۔ مستقل مزاج آدمی ۔ ثابت قدم شخص ۔
جِنّ اُتار دینا / اُتارنا [ار محاورہ] جن کو انسان کے جسم سے نکالنا ۔ جن کو دفع کرنا ۔ ۲ ۔ غصّہ دور کرنا ۔ ۳ ۔ سیدھا کر دینا ۔ درست کر دینا ۔
جِن اُترجانا / اُترنا [ار محاورہ] دیکھئے "جن اتار دینا" جس کا یہ لازم ہے
جِن پکڑنا [ار محاورہ] جن کا اتارنا ۔ جن قابو کرنا ۔
جِن جھاڑنا [ار محاورہ] آسیب دفع کرنے کا منتر پڑھنا ۔
جِن چڑھنا [ار محاورہ] ۱ ۔ آسیب کا عمل ہونا ۔ ۲ ۔ غصّہ آنا ۔ ۳ ۔ خبط ہونا ۔ سودا ہونا
جِن سوار ہونا [ار محاورہ] ۱ ۔ دھن یا خبط ہونا ۔ ۲ ۔ سخت غصّہ چڑھنا ۔ ۳ ۔ جن چڑھنا ۔
جِن شیشے میں اُتارنا [ار محاورہ] ۱ ۔ جن کو قابو میں کرنا ۔ ۲ ۔ شریر یا ضدی شخص کو قابو میں کرنا ۔
جِن کا سایہ [ار امذ] جن کا سر پر سوار ہونا ۔ آسیب کا اثر ۔
جَنا [ار امذ] ۱ ۔ شخص ۔ آدمی ۔ ۲ (صف) پیدا شدہ ۔ جنا ہُوا ۔
جَناب [ع کلمہ خطاب] ۱ ۔ درگاہ ۔ آستانہ ۔ ۲ ۔ حضرت قبلہ ۔ حضور ۔
جَنابَت [ع امث] ۱ ۔ دُور ہونا ۔ ۲ ۔ نجاست ۔ پلیدی ۔ ناپاکی ۔ آلودگی ۔ غسل کی حاجت ۔ ۳ ۔ منی کا نکلنا ۔
جَنّات [ع امذ] دیکھئے "جنت" جس کی یہ جمع ہے ۔
جِنّات [ع امذ] دیکھئے "جنۃ" جس کی یہ جمع ہے (اُردو میں جن کی جمع ہے ۔)
جِنّاتی [ع صف] دیکھئے "جن / جنات" جس سے یہ منسوب ہے ۔
جِنّاتی خط [ع امذ] دیکھئے "جِنّی خط"
جِنّاتی زبان [ع ف امث] ایسی زبان جو سمجھ میں نہ آئے ۔
جَناح [ع امذ] ۱ ۔ پَر ۔ بازو ۔ پنکھ ۔ ۲ ۔ فوج کے بازو وغیرہ
جُناح [ع امذ] گناہ ۔
جَناحیہ [ع امذ] شیعوں کا ایک فرقہ جس کا بانی عبداللہ بن معاویہ بن عبداللہ بن جعفر ہے ۔ یہ تناسخِ ارواح کے قائل تھے ۔ ان کے نزدیک شراب مردار اور زنا حلال ہیں اور محرمات سے نکاح جائز تھا ۔
جِنازَہ [ع امذ] نعش جو دفن کرنے کے لئے لے جاتے ہیں ۔ تابوت میت ۔
جنازہ اٹھانا (جنازے کو قبرستان لے جانا ۔
جنازہ اٹھنا [ار محاورہ] دیکھئے "جنازہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
جنازہ دیکھے [ار قسم] ایک قسم کی قسم ہے ۔ مرا ہوا دیکھے ۔ یعنی اگر عہد کو پورا نہ کرے تو مرا دیکھے ۔
جنازۂ رواں [ع امذ] کنایۃً گھوڑا ۔ گھوڑے کی سواری ۔
جنازہ نکلے [ار کوسنا] بددعا ۔ مرے ۔ مر جائے ۔
جنازے کی نماز [ار امث] نماز جو مسلمانوں کی نعش (جنازہ) پر پڑھی جاتی ہے
جِنان [عف امذ] دیکھئے "جنت" جس کی یہ جمع ہے ۔
جَنانا / جنوانا [ار مص] ۱ ۔ بچہ پیٹ سے نکالنا ۔ ۲ ۔ دائی کا عورت کے پیٹ سے بچہ نکلنے میں مدد دینا ۔
جَنائی [ار امث] بچہ جنانے والی عورت ۔ قابلہ ۔ دائی ۔ ۲ ۔ بچہ جنانے کی اُجرت ۔
جَنْب [ع امث] پہلو ۔ پسلی ۔ طرف ۔ ۲ ۔ ملک کا ایک حصّہ ۔
جُنُب [ع امذ] ناپاک آدمی ۔ وہ آدمی جسے جماع یا احتلام وغیرہ کی وجہ سے غسل کی حاجت ہو ۔
جُنْباں [ف حالیہ] حرکت کرنیوالا ۔ جنبش کرنیوالا ۔ ہلتا ہوا ۔ کانپتا ہوا ۔ لرزاں ۔
جُنْبِش [ف امث] حرکت ۔ گردش ۔ ہلنا (افعال :- دینا ۔ کرنا ۔ ہونا)
جَنْبَہ [ع امذ] ۱ ۔ حمایت ۔ طرفداری ۔ ۲ ۔ پناہ ۔ مدد ۔
جنبہ دار [عف صف] حمایتی ۔ طرفدار ۔ جانب دار ۔
جنبہ داری [عف امث] دیکھئے "جنبہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
جَنْبِیَّت [ار امث] حمایت ۔ طرفداری ۔ جانب داری ۔
جَنَّت [ع امث] وہ باغ جس کی زمین سبز ٹہنیوں سے ڈھکی ہوئی ہو ۔ ۲ ۔ بہشت ۔ فردوس
جنت الحمقا [ع امث] خیالی جنت ۔ قیاسی خوشی ۔ انگریزی FOOLS PARADISE کا ترجمہ
جنت الماوےٰ [ع امذ] آرام کا باغ ۔ جنت ۔ بہشت ۔
جنتِ شداد [ع امذ] وہ باغ جو شداد شاہ بابل نے تیار کرایا تھا ۔
جنتِ عدن [ع امذ] وہ باغ جس میں حضرت آدم کو دنیا میں بھیجنے سے پہلے رکھا گیا تھا ۔
جنت کی کھڑکی کھلنا [ار محاورہ] جنت کی ایسی سرد ہوا کے جھونکے آنا / لگنا
جنت کی ہوا آنا [ار محاورہ] سرد ہوا آنا ۔
جنت میں لات مارنا [ار محاورہ] کسی فائدہ مند بات کو اختیار نہ کرنا ۔
جنت نشاں [عف صف] جنت کی نشانی ۔ جنت جیسا دلکش ۔ جنت نظیر ۔
جنت نصیب [عف صف] مرحوم ۔ بہشتی ۔
جنتِ نعیم [ع امث ترکیب فارسی] پُر نعمت بہشت ۔ بہشت کا ایک طبقہ ۔
جنت نگاہ [ع ف امث] وہ چیز جو آنکھوں کو بھلی معلوم ہو ۔
جَنْتا [س امث] بہت سے آدمی ۔ گروہ ۔ انبوہ ۔ بھیڑ ۔ مجمع ۔ عوام ۔ جمہور ۔
جَنْتَر [ہ امذ] ۱ ۔ آلہ ۔ اوزار ۔ ۲ ۔ آلہ جر ثقیل ۔ ۳ ۔ ایک قسم کا باجا جس میں تار ہوتے ہیں ۔ ۴ ۔ دھوپ گھڑی ۔ شیشہ ساعت ۔ ۵ ۔ ٹوٹکا منتر ۔ تعویذ گنڈا ۔ ۶ ۔ ایک برتن جس میں ادویہ کا عرق یا روغن نکالتے ہیں ۔ ۷ ۔ رصدگاہ ۔ آکاس لوچن ۔ ۸ ۔ مداری کا کھیل ۔ شعبدہ بازی ۔
جَنْتَر مَنْتَر [ہ امذ] ۱ ۔ ٹوٹکا ۔ افسوں ۔ ۲ ۔ شعبدہ بازی ۔ ۳ ۔ مکاری دھوکا فریب ۔ ۴ ۔ رصدگاہ ۔ آکاس لوچن ۔
جَنْتری [ہ امث] ایک اوزار کا نام جس میں بہت سے چھید ہوتے ہیں ۔ اور اس میں سونے چاندی کے تار کو ڈال کر کھینچتے ہیں تاکہ لمبا ہو سکے

۲۔ شعبدہ باز۔ مداری۔ جادوگر۔ ۳۔ فریبی۔ مکار۔ ۴۔ تقویم جس میں منجم روزانہ حالات اور تاریخیں درج کرتے ہیں۔ ۵۔ ماں۔ جننے والی عورت۔

جنتری میں کھینچا یا نکلنا [ار محاورہ] دیکھیے "جنتری میں کھینچنا" جس کا یہ لازم ہے

جنتری میں کھینچنا / نکالنا [ار محاورہ] تار کو جنتری کے ذریعے سے لمبا یا پتلا کرنا۔ ۲۔ شریر کو درست کرنا۔ ۳۔ مصیبتوں میں ڈال کر نیک بنانا۔

جنتی [ع صف] بہشت کا رہنے والا۔ بہشت میں رہنے والا۔

جنٹلمین [انگ امذ] (GENTLE MAN) شریف آدمی۔ بھلامانس۔ مہذب۔ باسلیقہ۔ نیک چلن۔ خاندانی آدمی۔

جنجال [ہ امذ] ۱۔ مصیبت۔ آفت۔ مشکل۔ ۲۔ تکلیف دہ آدمی تکلیف دہ بات۔ ۳۔ بوجھ۔ گلے کا ہار۔ چھاتی پر پتھر۔ پاؤں کی بیڑی۔

جنجال میں پڑنا / پھنسنا [ار محاورہ] مصیبت میں مبتلا ہونا تکلیف میں پھنسنا۔

جنجال ہو کر پڑنا [ار محاورہ] سخت تکلیف دہ ہونا۔ ۲۔ پاس کچھ نہ چھوڑنا۔

جنجال ہو کر چمٹنا [ار محاورہ] بری طرح پیچھے پڑنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

جنجال ہونا [ار محاورہ] بھاری یا ناگوار معلوم ہونا۔ وقت یا بکھیڑا دکھائی دینا۔ وبال جان ہونا۔

جنجالی [ار صف] ۱۔ تکلیف دہ۔ تنگ کرنیوالا۔ ۲۔ مذ) جھگڑالو آدمی بکھیڑیا۔

جنجر [انگ امذ] (GINGER) ادرک۔ سونٹھ۔

جنجنا [ار مص] دیکھیے "جچنا"

جُند [ع امذ] لشکر۔ فوج۔

جُند [ف امذ] ۱۔ ارنڈی کا تیل۔ کاسٹر آئیل۔

جندا / جندرا [ہ امذ] ۱۔ گھاس وغیرہ اکٹھی کرنے کا آلہ۔ ۲۔ وہ آلہ جس سے کیاریاں بناتے ہیں۔ ۳۔ قفل۔ تالا۔

جُندبیدستر [ع امذ] خصیہ اُود بلاؤ جو ادویات میں مستعمل ہے۔

جندرے ڈھیلے ہونا [ار محاورہ] سست ہونا۔ کاہل ہونا۔ اعضائے جسمانی کا ڈھیلا پڑ جانا۔

جندڑی [ہ امث] جان کی تصغیر۔

جندڑی پر اللہ کا غضب ٹوٹے [ار کوسنا] خدا غارت کرے۔

جندڑی پر ستم / قیامت توڑنا [ار محاورہ] سخت جور و ظلم کرنا۔ جور و جفا کرنا۔

جندڑی کا وبال پڑنا [ار محاورہ] جان کا صبر پڑنا۔

جندڑی گنوانا [ار محاورہ] جان کھونا۔ جان نثار کرنا۔ ۲۔ عاشق ہونا۔

جنڈ [ہ امذ] ایک درخت جس کی لکڑی جلانے کے کام آتی ہے جو سانگر کہلاتا ہے۔ اس کی پھلیوں کا اچار ڈالا جاتا ہے۔

جنرل [انگ امذ] (GENERAL) ۱۔ عام۔ اکثر۔ ۲۔ سب سے بڑا بڑے رتبے کا فوجی افسر۔ جرنیل۔ سپہ سالار۔

جنریٹر [انگ امذ] (GENERATOR) پیدا کرنے والا۔ ۲۔ بجلی پیدا کرنے کی مشین۔

جنس [ع امث] ۱۔ قسم۔ جماعت۔ نوع۔ صنف۔ فرع۔ ۲۔ وہ کُلّی جس کے تحت مختلف نوعیں (انواع) ہوں (نوع۔ وہ جس کے تحت اصناف ہوں صنف وہ جس کے تحت افراد ہوں) مثلاً حیوان جنس ہے اور انسان نوع۔ ہندی۔ روسی۔ ترکی، چینی وغیرہ اصناف اور ہر صنف کے انفاسہ افراد ہیں۔ ۲۔ چیز۔ شے۔ اسباب۔ سودا۔ مال سوداگری ۳۔ اناج غلہ۔ پیداوار۔ ۴۔ تذکیر و تانیث۔ ۵۔ مرد عورت ہونا۔

جنس خانہ [عف امذ] مال گودام۔

جنس وار [ع ف صف] ۱۔ قسم وار۔ تفصیل وار۔ ۲۔ (مذ) وہ نقشہ جو پٹواری کاشت کی ہوئی جنسوں کے متعلق تحصیل میں داخل کرتا ہے۔

جنس وار جمع بندی [ع ف امث] مال گزاری کی تشخیص اقسام اناج کے بموجب خاص شرحوں پر۔

جنسی [ع صف] ۱۔ جنس سے منسوب۔ ۲۔ شہوانی۔ عورت اور مرد کے ایک دوسرے کے میلان کے متعلق۔

جنسی امراض [ع امذ] وہ بیماریاں جن کا تعلق مرد یا عورت کے جنسی افعال سے ہے

جنسیات [ع امذ] وہ علم جس میں مرد عورت کے جسمانی تعلق کی شرح کی جاتی ہے

جنسیت [ع امث] ہم قسم ہونا۔ ایک میل ہونا۔ ۲۔ جنسی جذبہ یا رجحان۔

جنکشن [انگ امذ] (JUNCTION) ۱۔ ملنے کی جگہ۔ ۲۔ وہ مقام جہاں دو یا دو سے زیادہ ریل کی شاخیں آکر ملتی ہوں۔ مقامِ اتصال

جُنگ [ہ امذ] ایک جلد جس میں کئی کتابیں ہوں۔ ۲۔ کتابوں کا پشتارہ۔ مٹھا۔ ۳۔ بڑی بیاض۔ ۴۔ (مث) جوش۔ دُھن۔ خیال۔ امنگ۔ ۵۔ بہی کھاتا۔

جَنگ [ف امث] لڑائی۔ معرکہ۔ ۲۔ دشمنی۔ بیر۔ کینہ۔ عداوت (افعال: کرنا۔ ہونا)

جنگ آزمودہ / آزما [ف صف] وہ شخص جو بہت سی لڑائیوں میں شریک ہو چکا ہو۔

جنگ آور [ف صف فاعلی] شجاع۔ دلیر۔ ۲۔ لڑائی کرنیوالا۔ لڑائی پر چڑھنے والا۔

جنگ آوری [ف امث] دیکھیے "جنگ آور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جنگ جُو [ف صف] لڑاکا۔ لڑائی کرنے کے بہانے ڈھونڈنے والا۔ نبرد آزما۔

جنگ جوئی [ف امث] دیکھیے "جنگ جو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جنگِ زرگری [ف امث] جھوٹ موٹ کی لڑائی۔ دکھاوے کی لڑائی مصنوعی لڑائی۔

جنگ سر کرنا [ار محاورہ] لڑائی فتح کرنا۔

جنگ سر ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "جنگ سر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

جنگ گاہ / جنگاہ [ف امث] میدانِ جنگ۔ لڑائی کا میدان۔

جنگِ مَغلوبہ [فع امث] ۱۔ دست بدست لڑائی۔ ۲۔ انبوہ کی لڑائی۔ فتح کی امید پر زیادہ لڑائی۔

جنگ و جدال / جدل [فع امث] لڑائی۔ معرکہ۔ دنگا فساد۔ مارکٹائی۔

جنگل [ف امذ] میدان۔ صحرا۔ بیابان۔ ۲۔ بنجر اور ویران جگہ۔ ۳۔ چراگاہ ۴۔ درختوں کی کثرت کا مقام۔ ۵۔ شاہی شکارگاہ۔

جنگل بُری [ف امث] جنگل کاٹنا۔ جنگل کی کٹائی۔

جنگل بیاباں [ف امث] ایسا جنگل جو بالکل ویران ہو۔ جہاں آبادی اور آدمی کا نشان نہ ہو۔

جنگل پھرنا / جانا [ار محاورہ] (گنوار) پاخانے جانا۔ بیت الخلا جانا۔

جنگل جاٹ نہ چھیڑیئے ہٹی بیچ کراڑ / کلال، بھوکا ترک نہ چھیڑیئے ہو جائے جی کا جنجال / جال [ہ مثل] جنگل میں جاٹ کو اور دکان پر بنیئے کو اور

ہوکے مسلمان کو نہیں چھینا چاہیئے

جنگل جلیبی [ا ر امث] خشک پاخانہ۔

جنگل کا آدمی [ف اند] ۱۔بن مانس۔ ۲۔ بندر۔ ۳۔ وحشی آدمی۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔

جنگل کا تیتر [ا ر صف] ڈرپوک۔ بزدل۔

جنگل میں منگل ہونا [ا ر محاورہ] ویرانے میں رونق ہونا۔

جنگل میں مور ناچا، کس نے دیکھا [ا ر مثل] پردیس میں کسی نے بڑا کام کیا تو کیا فائدہ۔ عزت وہ جو اپنے وطن میں ہو۔

جنگل ہو جانا [ا ر محاورہ] ۱۔بستی کا ویران ہو جانا۔ ۲۔ کثرت سے خودرو درختوں کا نکل آنا۔

جنگلا [ا ر اند] ۱۔جھنڈ۔ گھنا جنگل۔ ۲۔کٹہرا۔ احاطہ۔ باڑ۔ ۳۔ ویرانہ غیر آباد جگہ۔ ۴۔ دوپٹے پر گوٹا کناری وغیرہ۔ مختلف رنگوں کے بیل بوٹے۔ ۵۔ ایک قسم کا جھول دار لاکپڑا۔ ۶۔ وہ مکان جس میں کوئی نہ رہنے والا ہو اور اس میں گھاس اُگی ہو۔ ۷۔ دائی کا ہوز۔ ۸۔ ایک راگنی کا نام۔

جنگلی [ف صف] ۱۔صحرائی۔ دشتی۔ ۲۔ جھڑ کنے والا۔ بدکنے والا۔ ۳۔ خودرو قدرتی۔ ۴۔گنوار۔ اجڈ۔ غیر مہذب۔

جنگلی سؤر [ف ار اند] ۱۔خوکِ صحرائی۔ ۲۔ موٹا اور بدصورت آدمی۔

جنگم [ا ر س اند] ۱۔وہ فقیر جس کے سر پر جٹائیں اور ہاتھ میں سونٹا ہو۔ پاؤں میں زنجیر اور ہاتھ میں ایک گھنٹی جسے ہر وقت بجاتا پھرے۔ ۲۔ متحرک ۳۔ زندہ اور زندگی رکھنے والا۔ ۴۔ (مذ) حیوان۔ عالم حیوانات۔ ۵۔ آوارہ شخص۔

جنگم سید [ا ر اند ق] ۱۔پیر و مرشد۔

جنگی [ف صف] ۱۔ قابل جنگ۔ ۲۔ بہادر۔ دلیر۔ ۳۔ سپاہی۔ لشکری ۴۔ فوجی۔ ۵۔ بڑا۔ عظیم۔ ۶۔ موٹا۔ ۷۔ لمبا چوڑا۔ ۸۔ جھگڑالو۔ ۹۔ بڑے قد کا گھوڑا

جنگی بیڑا [ف ار اند] ۱۔بحری فوج اور سامانِ جنگ سے لدے ہوئے جہاز۔

جنگی پرنالا [ا ر اند] وہ پرنالہ جس کی دھار دور گرے خصوصاً پرنالے کی ضد۔

جنگی لاٹ [ا ر اند] سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔ مارشل

جنم [ہ اند] ۱۔ ولادت۔ پیدائش۔ ۲۔ نسل۔ بنیاد۔ ۳۔ روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ ۴۔ زندگی۔ حیات۔ ۵۔ عادت۔ خصلت

جنم اشٹمی [ہ امث] بھادوں کے اندھیرے پاکھ کا آٹھواں دن جو کرشن جی کی پیدائش کا دن ہے

جنم اندھا/کا اندھا/اندھی [ا ر اند] پیدائشی اندھا/اندھی۔

جنم باولا/باولی [ہ امث و مث] پیدائشی پاگل/پگلی۔

جنم بگاڑنا [ا ر محاورہ] ۱۔بے ایمانی کرنا۔ ۲۔ زنا کرنا۔

جنم بگڑنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جنم بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

جنم بھوم/بھومی/استھان [ہ اند] پیدائش کی جگہ۔ مولد۔

جنم پتر/پتری/پترا [ہ امث و مذ] وہ کاغذ جو ستاروں کے حساب سے بچے کی پیدائش کے وقت تمام عمر کے احکام و احوال کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ زائچہ۔

جنم پتر تو سب دیکھتے ہیں کرم پتر کوئی نہیں دیکھتا [ہ مثل] حسب نسب پر سب زور دیتے ہیں مگر چال چلن اور طریقوں کو کوئی نہیں دیکھتا۔

جنم پٹا [ہ اند] عمر بھر کا اقرار نامہ۔

جنم جگ/بھر [ہ اند ق] عمر بھر۔

جنم جلا/جلی [ہ صف] ۱۔ بدنصیب۔ منحوس۔ ۲۔ بےچارہ مصیبت زدہ ۳۔ بہت تھوڑا۔

جنم جنم [ہ صف] سدا۔ ہمیشہ۔

جنم داتا [ہ اند] ۱۔پیدا کرنے والا۔ پروردگار۔ ۲۔ بانی۔

جنم دن [ہ اند] پیدائش کا دن۔ سالگرہ۔

جنم ڈبونا [ہ مص] ۱۔گناہ کرنا۔ پاپ کرنا۔ ۲۔ مذہب بدلنا۔

جنم روگ [ہ اند] پیدائشی بیماری۔ موروثی بیماری۔

جنم روگی [ہ صف] پیدائشی بیمار۔ ہمیشہ کا بیمار۔

جنم سدھر جانا/سدھرنا [ا ر محاورہ] حالت بہتر ہو جانا۔

جنم کال [ہ اند] پیدائش کا وقت۔

جنم کنڈلی [ہ امث] دیکھیے "جنم پتر" وغیرہ۔

جنم کے اندھے نام نین سکھ [ہ مثل] نااہلیت اور دعویٰ بہت۔

جنم گھٹی [ہ امث] ۱۔وہ چیز جس کی مدت سے عادت ہو گئی ہو۔ ۲۔ وہ گھٹی جو بچے کو پیدا ہوتے ہی دی جاتی ہے۔

جنم لینا [ہ محاورہ] ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق اعمال کی سزا پانے کے لیے دوبارہ پیدا ہونا۔

جنم مرن [ہ اند] پیدائش اور موت۔

جنم میں تھوکنا [ہ محاورہ] عیب لگانا۔ لعنت ملامت کرنا۔ لعن طعن کرنا

جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ [ا ر مثل] غریبی میں امیروں کی ریس کرنا۔

جنمی [ہ صف] ۱۔پیدائشی۔ قدرتی۔ ۲۔ زندہ چیز۔ جانور۔

جننا [ا ر مص] بچہ دینا۔

جنواسا [ہ اند] ۱۔دولہا اور برات کے ٹھہرانے کا مقام۔ ۲۔ ایک خار دار جھاڑی

جنوائی (نون غنہ سے) [ہ اند] ۱۔داماد۔ بیٹی کا خاوند۔ ۲۔ مارِ آستین۔ بغلی دشمن

جنوائی (نون معلنہ سے) [ہ امث] دیکھیے "جنائی"

جنوب [ع اند] ۱۔ شمال کی ضد۔ دکھن۔ دکن۔ ۲۔ جنب کی جمع۔

جنوباً [ع متعلق فعل] جنوب کی طرف۔

جنوبی [ع صف] دیکھیے "جنوب" جس سے یہ منسوب ہے۔

جنود [ع اند] دیکھیے "جُند" جس کی یہ جمع ہے۔

جنوری [انگ اند] (JANUARY) انگریزی سال کا پہلا مہینہ۔

جنون [ع اند] ۱۔دیوانگی۔ پاگل پن۔ ۲۔ عشق۔ ۳۔ غصہ۔ طیش۔

جنون آنا [ا ر محاورہ] غصہ آنا۔ طیش آنا۔

جنون اُچھلنا [ا ر محاورہ] جنون کے مرض کا عود کرنا۔ خبط سوار ہونا۔

جنون چڑھنا [ا ر محاورہ] ۱۔دیوانہ ہونا۔ ۲۔ غصہ آنا۔

جنونی [ف صف] ۱۔پاگل۔ ۲۔ غصہ ور۔ سفاک۔ ظالم۔

جنھائی [ہ امث] ہر ایک۔

جنہرا/جنہری [ہ اند مث] ایک قسم کا اناج۔

جنہوں [ا ر ضمیر] جس کی جمع اور مغیرہ حالت۔

جنہیں [ار ضمیر] جن کی مفعولی حالت
جنّے [ار ضمیر ق] جس نے۔
جَنّے جاتے [ار صف ق] باخبر۔ واقف۔ سیانے۔
جَنّی [ار امث] دیکھیے "جنا"، جس کی یہ تانیث ہے۔
جَنی [ار امث ق] پیاری دغالباً "جانی"، کی تخفیف۔
جِنّی [ع صف] دیکھیے "جن"، جس سے منسوب ہے۔ ۲۔ جن دعربی میں واحد کیلئے جنّی آتا ہے۔)
جِنّی خط [ع ف امذ] وہ خط یا تحریر جو پڑھی نہ جاسکے۔
جَنیا [ار امث] دیکھیے "جانی"، جس کی یہ تصغیر ہے۔
جَنیاں [ار امذ ق] جوان۔
جنیت دیائے مجہول سے) [ھ امث] برات۔ شادی کا جلوس۔
جَنین [ع امذ] وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو۔
جنیو [ھ امذ] زنّار۔ وہ بٹا ہوا دھاگہ جو ہندو بغل کے نیچے سے نکال کر گلے میں ڈال لیتے ہیں ۔ ۰ ۰ ہ بال یا خط جو شیشہ یا ہیرے وغیرہ میں پڑ جاتے۔
جنیو کا ہاتھ ۔ ۰ ۰ بانٹے یا تلوار کا ترچھا ہاتھ جو حریف کی چھاتی پر پڑتا ہے۔
جِنّیہ [ع امث] دیکھیے "جنّی"، جس کی یہ تانیث ہے۔

ج ، و

جُو [ف امث] ندی۔ نالا۔ سوتا۔ نہر۔
جُو [ف لاحقہ فاعلی] جُستن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور تلاش کرنے والے کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً بہانہ جُو۔ جنگجُو۔
جَوّ [ع امذ] آسمان اور زمین کے درمیان کا فاصلہ۔ خلا۔ فضا۔
جَو [ف امذ] ایک غلّہ جو زردی مائل سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ اور گندم سے مشابہ ہوتا ہے ۔ کھردرا ہوتا ہے۔ شعیر۔ ۲۔ صف قلیل۔ ذرا سا۔ انچ کا تیسرا حصّہ۔
جَو بھر [ار صف مقداری] ذرا سا۔ کچھ ہی۔ قدرے قلیل۔
جَو جَو [ار صف] ذرا ذرا۔ رتی رتی۔
جَو فروش گندم نما [ف مثل] دغاباز۔ بے ایمان۔
جَو کوب [ف صف] موٹا کٹا ہوا۔ دردرا۔
جَو [ار امث ق] جورو۔ بیوی۔
جَو (واؤ مجہول سے) [ار حرف صلہ ؛ شرط] جو شخص۔ جو چیز۔ ۲۔ اگر۔ بشرطیکہ۔ ۳۔ بالفرض۔ ۴۔ جس قدر۔ ۵۔ جتنا۔ ۶۔ جیسا۔ ۷۔ چونکہ۔ ۸۔ جس سبب سے۔ ۹۔ ناگاہ۔ اچانک۔
جو آگ کھائے گا انگارے ہگے گا [ار مثل] جو بُرے کام کرے گا اُسے ان بُرے کاموں کا نتیجہ بھگتنا پڑے گا۔
جو اپنے کام نہ آئے چولہے میں جائے [ار مثل] بے فیض آدمی کسی کام کا نہیں۔
جو بندھ گیا سو موتی [ار مثل] جو کچھ ہوگیا درست ہے۔ ۲۔ جس نے تکلیف اٹھائی اسی نے رتبہ پایا۔
جو بولے سو کنڈا کھولے / گھی کو جائے [ار مثل] جو تجویز پیش کرے وہی اس پر عمل کرے۔
جو بوؤ گے وہی کاٹو گے [ار مثل] جو کروگے وہی پاؤ یا جیسا بیج ویسا ہی پھل پاؤ گے۔
جو بہت قریب وہ زیادہ رقیب [ار مثل] اپنے رشتہ دار اور دوست دوسروں سے زیادہ حسد کرتے ہیں۔
جو پھل چکھا نہیں وہی میٹھا [ار مثل] ان دیکھی چیز کی قدر خواہی نخواہی ہوتی ہے
جو پہلے مارے سو میری [ار مثل] جو موقع نکلتے ہی فائدہ اٹھالے وہی کامیاب رہیگا۔ ۲۔ جو مقابلہ یا لڑائی میں چھوٹتے ہی چوٹ مارے وہ جیت گیا۔
جو جاگے گا، سو پائے گا، [ار مثل] جو ہوشیار اور چوکنا رہے گا وہ فائدہ اٹھائے گا۔
جو جو [ار متعلق فعل] ہر کوئی۔ ہر چیز۔ ہر شخص۔
جو جو کچھ [ار متعلق فعل] جتنی قسم کے۔ جیسے جیسے۔
جو جو مُرغی موٹی وہ وہ دم چھوٹی [ار مثل] جس قدر دولت بڑھتی ہے اسی قدر بخل بڑھتا ہے۔
جو چڑھے گا سو گرے گا [ار مثل] ہُنرمند سے ہی غلطی ہوتی ہے۔
جو چوری کرتا ہے وہ موری بھی رکھتا ہے [ار مثل] جو کوئی کام شروع کرتا ہے اس کا انجام بھی دیکھتا ہے۔
جو خال اپنی حد سے بڑھا سو مَسّا ہوا ۔ [ار مثل] جو چیز حد سے بڑھ جاتی ہے بدنما ہو جاتی ہے۔
جو دل میں ہے وہی زبان / منہ پر ہے [ار مثل] ظاہر باطن کی یکسانی ظاہر باطن یکساں۔
جو دم ہے غنیمت ہے [ار مثل] زندگی جس قدر ہے۔
جو دوڑ کر چلا وہی گرا [ار مثل] جو انسان کسی کام میں ضرورت سے زیادہ تیزی کرتا ہے وہی نقصان اٹھاتا ہے۔
جو دے گا اس کا کھیلے گا [ار مثل] جو خرچ کرے گا اسی کا مقصد پورا ہوگا۔
جو ساون میں برکھا ہوئے کھوج کال کا بالکل کھوئے [ار معقولہ] برسات میں اگر خوب بارش ہو تو قحط کا اندیشہ نہیں رہتا۔
جو سحری کھائے وہی روزہ رکھے [ار مثل] جو فائدہ اٹھائے وہی تکلیف بھی برداشت کرے۔
جو سر اٹھا کے چلے گا وہی ٹھوکر کھائے گا [ار مثل] جو غرور کریگا ذلیل ہوگا
جو کچھ [ار متعلق فعل] جس قدر۔ جتنا۔ جہاں تک۔
جو کرے سو بھرے [ار مثل] جس نے نقصان کیا وہی سزا بھی بھگتے۔
جو کرے سیوا وہ کھائے میوا [ار مثل] جو خدمت کرتا ہے وہی فائدہ اٹھاتا ہے
جو کسی کے لئے کنواں کھودتا ہے اس کے لئے کھائی تیار [ار مثل] جو کسی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ قدرت اُس کا زیادہ نقصان کر دیتی ہے۔
جو کل ہونا ہے وہ آج ہو جائے [ار مثل] عجلت کی جگہ بولتے ہیں۔
جو کوئی [ار متعلق فعل] ہر ایک۔ ہر کوئی۔
جو کہ [ار حرف شرط] چونکہ۔ اگرچہ۔
جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں [ار مثل] جو باتیں بنایا کرتے ہیں وہ کام نہیں کرتے۔

جو گڑ دیئے سے مرے اسے زہر کیوں دیا جائے [ار مثل] جو کام نرمی سے ہو سکے اس میں سختی نہیں کرنی چاہیئے۔

جو ماں سے زیادہ چاہے وہ پھاپھا کٹنی کہلائے [ار مثل] جو ماں سے زیادہ محبت جتلائے وہ مکار اور فریبی ہے۔

جو من میں بسے سو سپنے دِسے [ار مثل] جس کا خیال دل میں ہو خواب میں بھی وہی نظر آتا ہے۔

جو مقدر دکھائے دیکھ لو [ار مثل] جو قسمت میں ہو اُسے برداشت کرنا چاہیئے۔

جو میرے سے سورا جاگے تہیں [ار مثل] کم ظرفی سے اپنے آپ کو بڑا جاننے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

جو نہ بھائے آپ کو۔ وہ بڑی بہو کے باپ کو [ار مثل] جو کام خود اپنے لئے پسند نہ کرنا وہ دوسروں کے لئے تجویز کرنا۔

جو ہانڈی میں سو ڈوئی میں [ار مثل] جو دل میں ہوگا وہی زبان پہ آئے گا

جو ہو [ار متعلق فعل] جو کچھ ہو۔ کچھ ہی ہو۔ جس قدر ہو۔

جو ہو سو ہو [ار متعلق فعل] کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ ضرور۔ بالضرور۔

جو ہونی ہو سو ہو [ار متعلق فعل] دیکھیئے "جو ہو سو ہو"

جو ہے سو [ار متعلق فعل] ہر شخص۔

جُو ہیں [ار متعلق فعل] دیکھیئے "جو ہی" جس کی یہ ایک صورت ہے۔

جُوا [ھ اند] ایک قسم کی بیتی جو کشیدہ یا کارچوب وغیرہ پر کاڑھتے ہیں۔ ۲۔ لہسن کی پوتھی کا ایک حصہ۔

جُوآ [امذ اند] ۱۔ وہ لکڑی جو گاڑی یا ہل چلانے والے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے۔ ۲۔ قمار۔ شرط بازی۔

جُوآ اتارنا [ار محاورہ] نجات حاصل کرنا۔ آزادی حاصل کرنا۔

جُوا برا ہو پار جو اُس میں نہ ہوئی ہار [ار مثل] اگر جوئے میں ہارنے کی نوبت نہ آئے تو یہ سب سے زیادہ نفع کا کاروبار ہے۔

جُوا باز [ار صف] دیکھیئے "جواری" جو صحیح ہے۔

جُوآ چور [ار صف] وہ کھلاڑی جو اپنا داؤ جیت کر چلتا بنے۔

جُوآ ڈال دینا [ار محاورہ] تھک جانا۔ ہمت ہار جانا۔

جُوآ کھیلنا [ار محاورہ] داؤں لگانا۔ قمار بازی کرنا۔

جُوآ ہارنا [ار محاورہ] دیکھیئے "جوآ ڈال دینا"۔

جَواب [ع اند] ۱۔ سوال کی ضد۔ اُتر۔ پاسخ۔ ۲۔ مقابل۔ جوڑ۔ ہم سر۔ مثل ۳۔ ردّ۔ تردید۔ ۴۔ عرض۔ ۵۔ معزولی۔ موقوفی۔ ۶۔ جوڑا۔ جفت۔ ۷۔ انکار۔ نامنظوری۔ ۸۔ خط۔ پیغام یا زبانی بات کا جواب۔

جواب آنا [ار محاورہ] جواب پہنچنا۔

جَوابُ الجَواب [ع اند] جواب کا جواب۔

جوابِ باصواب [ع اند بہ ترکیب فارسی] ۱۔ معقول جواب۔ مناسب اور عمدہ جواب۔ ۲۔ حسب مراد جواب۔

جواب پانا / ملنا [ار محاورہ] ۱۔ نوکری سے موقوف ہونا۔ سزا پانا۔ بدلہ ملنا۔ ۲۔ سوال یا خط کا جواب ملنا۔ ۳۔ انکار ہونا۔ قبول نہ ہونا۔

جواب پڑھنا [ار محاورہ] سوزخواں کا پہلے مصرع کو دہرانا۔

جواب ترکی بہ ترکی [ع ف اند] جیسا کوئی کہے ویسا ہی جواب۔

جواب تک نہ دینا [ار محاورہ] بات تک نہ کرنا۔ ناراض ہونا۔

جوابِ تلخ [ع ف اند] سخت جواب۔

جوابِ جاہلاں باشد خموشی [ف مثل] بات نہ ماننے والے جاہل کو جواب دینے سے خاموشی بہتر ہے۔

جَوابِ دعویٰ [ع اند بہ ترکیب فارسی] مدعا علیہ کی طرف سے دعویٰ کا قانونی جواب

جوابِ دِہ [ع ف صف فاعلی] ذمہ دار۔ ضامن۔ قابل بازپرس [افعال: ہونا]

جواب دہی [ع ف امث] دیکھیئے "جواب دہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جواب دہی کرنا [ار محاورہ] مواخذہ کرنا۔ بازپرس کرنا۔

جواب دے جانا [ار محاورہ] ۱۔ کسی چیز کا بیکار ہو جانا۔ ۲۔ کسی آدمی کا کام کرنے سے جواب دے دینا یا انکار کرنا۔ ۳۔ عاجز ہو جانا۔

جواب دینا [ار محاورہ] ۱۔ خط کا جواب دینا۔ ۲۔ تردید کرنا۔ بات رد کرنا۔ ۳۔ ذمہ دار ہونا۔ ۴۔ نوکری سے برطرف کرنا۔ ۵۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ ۶۔ گستاخی یا بے ادبی سے بات کرنا۔ ۷۔ کسی کام سے انکار کر دینا۔ ۸۔ سوال کا جواب دینا۔ ۹۔ مقابلہ میں کچھ کہنا۔ ۱۰۔ بیکار ہو جانا۔ ۱۱۔ منظور نہ کرنا۔ نہ ماننا۔

جَوابِ سوال [ع اند] مباحثہ۔ بحث۔ حجت۔ دلیل۔

جواب سوال کرنا [ار محاورہ] بحث کرنا۔ جھگڑنا۔

جوابِ شافی [ع اند بہ ترکیب فارسی] تسلی بخش جواب۔ ٹھیک جواب۔

جُوابِ شرط [ع اند بہ ترکیب فارسی] جزا۔ وہ کلمہ جو شرط کے جواب میں آتے۔

جوابِ صاف [ع اند بہ ترکیب فارسی] صاف انکار۔ مطلق انکار۔

جوابِ طلب [ع ف صف] ۱۔ قابل بازپرس۔ قابل مواخذہ۔ ۲۔ قابل دریافت ۳۔ مشتبہ۔ مشکوک۔ ۴۔ وہ بات یا خط جس کا جواب مطلوب ہو۔

جواب طلب کرنا [ار مص مرکب] بازپرس کرنا۔ مواخذہ کرنا۔ وجہ دریافت کرنا

جوابِ طلبی [ع ف امث] بازپرس۔ مواخذہ [افعال: کرنا۔ ہونا]

جوابِ قطعی [ع اند بہ ترکیب فارسی] ۱۔ پورا پورا جواب۔ ۲۔ مطلق انکار۔

جواب نامہ [ع ف اند] وہ کپڑا جس پر مسلمان کلمہ لکھ کر مردے کے کفن میں رکھ دیتے ہیں۔

جواب ندارد [ف مقولہ] جواب نہ ملنا۔ جواب نہ آنا۔

جواب نہ آنا [ار محاورہ] جواب دیتے نہ بن پڑنا۔

جواب نہ رکھنا / ہونا [ار محاورہ] لاثانی ہونا۔ بے مثل ہونا۔

جواب ہونا [ار محاورہ] ۱۔ جوڑ ہونا۔ ہم سر ہونا۔ ۲۔ انکار ہونا ۳۔ رد ہونا۔ تردید ہونا۔ ۴۔ ترک تعلق ہونا۔ ۵۔ برطرف ہونا۔ علیحدہ ہونا ۶۔ بدل ہونا۔ معاوضہ ہونا۔

جَواباً [ع متعلق فعل] جواب میں۔ جواب کے طور پر۔

جَوابی [ع اند] ۱۔ وہ شخص جو سوزخوانوں میں مرثیہ کا پہلا مصرعہ ہر بند کے تمام ہونے پر پڑھتا ہے۔ ۲۔ مقابل۔ نظیر۔ ۳۔ فریق ثانی۔ ۴۔ جھگڑنے والا جواب سوال کرنے والا۔ ۵۔ جواب طلب۔ جیسے جوابی خط بدلہ کی۔ عوض کا۔ ردعمل کا۔

جوابی حملہ [ع اند] دشمن پر پلٹ کر حملہ کرنا۔

جوابی کارروائی [ع ف امث] وہ کارروائی جو کسی کارروائی کے جواب میں کی جائے

جَوّاد [ع صف] ۱۔ بہت بخشش کرنے والا۔ سخی۔ ۲۔ خدا کا ایک صفاتی نام

۳۔ تیز گھوڑا۔

جِوار [ع اِمذ] پڑوس۔ ہمسائیگی۔

جُوار [ھ امث] ایک قسم کا غلہ۔ مکئی۔ ۲۔ سمندر کی لہروں کا اتار۔ جزر۔

جوار بھاٹا [ھ امذ] سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ۔

جَوارِح [ع امذ] جارحہ کی جمع۔ انسان اور شکاری جانور کے ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضا۔ شکاری جانور۔ درندے۔

جوارِش [ع امث] (فارسی گوارش کا معرب) ہاضمہ کی ایک مرکب خوشگوار خوش ذائقہ دوا۔

جُواری [ھ امث] ایک ڈورے کا نام جو ستار کے اوپر اور تاروں کے نیچے بندھا ہوتا ہے جس کے اونچا نیچا کرنے سے آواز گھٹتی بڑھتی ہے۔ ۲۔ ستار کی گھوڑی

جُواری [ھ امذ] جوا کھیلنے والا۔ قمار باز۔

جَواز [ع امذ] جائز ہونا۔ درست ہونا۔ اجازت [افعال :۔ ہونا]

جواسا / جوانسا [ھ امذ] ایک خاردار پودا جس کی گرمیوں میں ٹٹی لگاتے ہیں

جَواسِیس [ع امذ] دیکھیے "جاسوس" جس کی یہ جمع ہے۔

جواکھار / جوکھار [ھ امذ] ایک دوا کا نام جو جو کا نمک ہوتا ہے۔ پیشاب لانے کے لئے مفید ہے۔

جوالا [س امذ] ۱۔ شعلہ۔ لپٹ۔ ۲۔ آگ۔ ۳۔ گرمی۔ حدت۔ ۴۔ سوزِ عشق۔

جوالا مکھی [س امذ] آتش فشاں۔ آگ اگلنے والا پہاڑ۔

جَوّالہ [ع صف] چکر کھانے والی۔ گھومنے والی۔

جوامرغ [ار امث] چھوٹی مرغ۔ جو سے مشابہ مرغ۔

جَوامِع [ع امذ] جامعہ کی جمع۔

جَوامِعُ الکَلِم [ع صف] وہ کلام جس کے لفظ تھوڑے ہوں اور مطلب بہت نکلے

جَوامِیس [ع امذ] دیکھیے "جاموس" جس کی یہ جمع ہے۔

جَوان [ف صف] ۱۔ پیر کا مقابل۔ نوعمر۔ ۲۔ نوخیز۔ ۳۔ تازہ نیا۔ ۴۔ مضبوط قوی۔ ۵۔ بہادر۔ دلیر۔ ۶۔ سیانا۔ ہوشیار۔ ۷۔ بہادر سپاہی۔ ۸۔ لڑکا چھوکرا۔

جَوان بخت [ف صف] خوش نصیب۔ اقبال مند۔

جوان جہان [ار صف] بھرپور جوانی کا عالم۔ پوری جوانی پر۔

جوان دَولت [ف صف] نو دولت۔ با اقبال۔

جوان سال [ف صف] نیا جوان۔

جوانِ صالح [فع امذ] نیک چلن۔ پرہیزگار۔ جوان۔

جوان عید [فع امث] وہ عید جس کا چاند انتیسویں [29] رمضان کو نظر آتے۔

جوان مَرد [ف صف] دلیر۔ شجاع۔ ۲۔ عالی ہمت۔ ۳۔ فیاض۔ سخی۔

جوان مردی [ف امث] دیکھیے "جوان مرد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

جوان مرگ / جوانا مرگ [ف صف] جوانی میں مر جانے والا۔

جوان میر [ف صف] دیکھیے "جوان مرگ"

جَوانا [ار مص ق] زندہ کرنا۔ جلانا۔

جوانانِ چمن [ف امذ] باغ کے نوخیز درخت۔

جَوانِب [ع امث] جانب کی جمع۔

جوانی [ف امث] شباب۔ نوعمری (جوان کا اسم کیفیت)

جوانی اُبھرنا [ار محاورہ] شباب ظاہر ہونا۔ بدن میں بھرنا۔

جوانی اتر جانا / اُترنا [ار محاورہ] جوانی ختم ہو جانا۔

جوانی اٹھنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوانی اُبھرنا"

جوانی پھٹ پڑنا [ار محاورہ] جوانی کا زوروں پر ہونا۔

جوانی تلخ کرنا [ار محاورہ] جوانی کو بے لطف اور ناگوار بنانا۔

جوانی چڑھنا [ار محاورہ] بلوغت کی عمر کو پہنچنا۔ شباب کا زوروں پر ہونا۔

جوانی خاک کرنا [ار محاورہ] جوانی مٹا دینا۔

جوانی دیوانی [ار مقولہ] جوان آدمی نشیب و فراز نہیں دیکھتا

جوانی ڈھلنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوانی اترنا"

جوانی سے پھل پائے [ار کلمہ دعا] جوانی کا چین پائے۔

جوانی کا پھل / سکھ [ار امذ] جوانی کا چین آرام۔

جوانی کا سکھ دیکھے [ار کلمہ دعا] جوانی کا عیش نصیب ہو۔

جوانی کا عالم [ار فع امذ] شباب کا وقت۔ جوانی کی حالت۔

جوانی کی اُمنگ [ف ار امث] جوانی کا ولولہ۔ جوش۔ ترنگ۔

جوانی کی باتیں [ف ار امث] وہ کارنامے جو کسی نے جوانی کے زمانے میں دکھائے ہوں۔

جوانی کی نیند [ار امث] زور کی نیند۔ بے فکری کی نیند۔

جوانی کے دن [ار امذ] جوانی کا زمانہ۔

جَواہِر [ع امذ] دیکھیے "جوہر" جس کی یہ جمع ہے۔

جواہر آگین [ع صف] جواہرات سے بھرا ہوا۔ پُر از جواہر۔

جواہر جڑنا [ار فعل مرکب] جواہر کا کسی زیور یا دوسری چیز میں کسی موقعہ سے اور خوبصورتی سے نصب کرنا۔

جواہر خانہ [عف امذ] وہ جگہ جہاں جواہر رکھے جاتے ہیں۔

جواہر میں تولنا [ار محاورہ] بہت زیادہ قدر و قیمت کرنا۔

جواہر نگار [عف صف] ۱۔ مرصع۔ جڑاؤ۔ ۲۔ خوشخط۔ خوبصورت تحریر والا۔

جواہرات [ع امذ] جوہر کی جمع الجمع جو صرف اُردو میں مستعمل ہے۔

جواہڑ [ھ امث] چھوٹی ہرڑ۔ سیاہ ہرڑ۔ جو بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ ہلیلہ سیاہ

جُوبلی [انگ امث] (JUBILEE) جشن۔ یادگاری تیوہار جو پچیس [25] پچاس [50] یا ساٹھ [60] سال کے بعد منایا جاتا ہے۔

جوبن [ہ امذ] ۱۔ جوانی۔ اٹھتی جوانی۔ ۲۔ خوبصورتی حسن و جمال۔ ۳۔ عالم کیفیت۔ ۴۔ بہار۔ رونق۔ ۵۔ چھاتی۔ پستان۔ ۶۔ شادابی۔ تازگی۔

جوبن آنا [ار محاورہ] بہار آنا۔ رونق آنا۔ جوبن کا زوروں پر ہونا چھاتیوں میں ابھار پیدا ہونا۔

جوبن اُبھرنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوبن آنا"

جوبن اٹھنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوبن ابھرنا"

جوبن امگنا / اُمنڈنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوبن اٹھنا"

جوبن برسنا [ار محاورہ] رونق چھا جانا۔

جوبن پر آنا [ار محاورہ] ۱۔ بہار پر آنا۔ ۲۔ حسن یا خوبصورتی کا کمال پر ہونا۔ ۳۔ کھلنا سجنا۔ زیبا ہونا۔

جوبن پر ہونا [ار محاورہ] دیکھیے "جوبن پر آنا"

جوبن پھٹا پڑنا [ا ر محاورہ] حسن وکمال کی زیادتی ہونا۔
جوبن ٹپکنا [ا ر محاورہ] جوانی ظاہر ہونا۔ حُسن نمایاں ہونا۔
جوبن چمکانا [ا ر محاورہ] جوبن کا ابھار دکھانا۔
جوبن دِکھانا [ا ر محاورہ] خوبصورتی کی بہار دکھانا۔ جوانی کے جوش میں اینٹھ کر چلنا۔ چھاتی نکال کر چلنا۔ حُسن کی بہار دکھانا۔
جوبن ڈھل جانا / ڈھلنا [ا ر محاورہ] حسن کا زوال ہونا۔ شباب کا اختتام ہونا
جوبن سے ڈھلنا [ا ر محاورہ] جوانی سے اترنا۔ شباب نہ رہنا۔
جوبن کار کی [ا ر صف مذ مث] بہار کا لطف کار کی۔ مزیدار۔ خوبصورت۔ عمدہ
جوبن کا ماتا / ماتی [ا ر صف] جوانی میں مست مرد / عورت
جوبن کے دن [ا ر امذ] رونق کا زمانہ۔ شباب کا زمانہ۔
جوبن لٹنا [ا ر محاورہ] بہار جاتی رہنا۔
جوبن نکالنا [ا ر محاورہ] رونق پر رہنا۔ خوبصورت ہونا۔ آغاز جوانی ہونا۔
جوبن نکلنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جوبن نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
جوبن ہونا [ا ر محاورہ] ا۔ حسین ہونا۔ ۲۔ رونق ہونا۔ حُسن ہونا۔
جوت [ہ امث] ا۔ آنکھ کی روشنی۔ ۲۔ روشنی۔ چمک۔ ۳۔ رونق۔ ۴۔ زرد و کاشت۔ ۵۔ جوتی ہوئی زمین۔ ۶۔ بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جُوا اٹھا رہتا ہے ۷۔ وہ تسمہ جو گھوڑا گاڑی کے ساز میں ہوتا ہے۔ ۸۔ ترازو کی ڈوری جس میں پلڑے بندھے ہوتے ہیں۔ ۹۔ روح۔ آتما۔ شعلہ۔ لو
جوت جگانا [ا ر محاورہ] ا۔ چراغ روشن کرنا۔ ۲۔ کلات حاضرت
جوت دینا [ا ر محاورہ] ا۔ گھوڑے یا بیل کو گاڑی میں لگا دینا۔ ۲۔ کسی کام میں لگا دینا
جوت جمع [ا ر امث] لگان۔ مال گزاری۔
جوتا (واؤ مجہول سے)، [ہ امذ] ا۔ کاشت کار۔ کسان۔ ۲۔ دیوار کی حد فاصل۔ دیوار کی کوئی جانب۔ ۳۔ بیلوں کی گردن کا تسمہ۔ ۴۔ گردن کے پاس کے پٹھے۔
جُوتا [ا ر امذ] کفش۔ پاپوش۔ ۲۔ نقصان۔ گھاٹا۔ ۳۔ بھاری احسان۔
جُوتا اٹھا لینا / اٹھانا [ا ر محاورہ] جوتا لیکر مقابلہ کرنا۔ ۲۔ جوتا مارنے کو تیار ہونا
جوتا اُچھلنا / چلنا [ا ر محاورہ] جوتوں سے لڑنا۔
جوتا برسانا [ا ر محاورہ] جوتوں سے مارنا۔ جوتیوں کی مار مارنا۔
جوتا برسنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جوتا برسانا" جس کا یہ لازم ہے۔
جُوتا چُھپانا [ا ر محاورہ] ایک رسم شادی کے موقع پر سالیاں دُولھا کا جوتا چھپا لیتی ہیں اور پھر کچھ لے کر واپس دیتی ہیں۔
جوتا دینا [ا ر محاورہ] ا۔ پہننے کے لئے جوتی کا جوڑا دینا۔ ۲۔ جوتا مارنا۔
جوتا سر پر توڑنا [ا ر محاورہ] شدت سے جوتیوں سے پیٹنا۔
جوتا سر پر ٹوٹنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جوتا سر پر توڑنا" جس کا یہ لازم ہے
جوتا لگانا [ا ر محاورہ] جوتا مارنا۔ ۲۔ نقصان کرنا۔
جوتا لگنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جوتا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
جوتا مارنا [ا ر محاورہ] ا۔ جوتے سے زدوکوب کرنا۔ ۲۔ احسان کر کے شرمندہ کرنا۔ ۳۔ بُرا بھلا کہنا۔ لعن طعن کرنا۔
جوتاؤ [ہ صف] قابل کاشت زمین۔ جوتنے کے قابل زمین۔
جوتری / جاوتری [ہ امث] جائفل کا پھول جو بطور دوا مستعمل ہے۔
جوتش [ہ امث] علم نجوم۔ ستاروں کی گردش کے حساب سے آئندہ کے حالات کا اندازہ لگانا۔
جوتشی [ہ مذ صف] نجومی۔ منجم۔ جوتش کا ماہر۔
جُوتم جوتا [ہ امذ] فریقین کا ایک دوسرے کو جوتیوں سے مارنا۔ جوتوں کی لڑائی۔
جوتنا [ا ر مص] ا۔ بیلوں کو ہل یا گاڑی میں لگانا۔ ۲۔ گھوڑے کو گاڑی میں جوڑنا ۳۔ ساتھ لگانا۔ مصروف کرنا۔ کام میں لگانا۔ ۴۔ ہل چلانا۔ کاشت کرنا۔ ۵۔ عوامی۔ راضی کرنا۔ اپنے ڈھب پر لے آنا۔
جوتنا بونا [ا ر مص] زمین میں ہل چلانا اور بیج ڈالنا۔
جوتی [ہ امث] ا۔ وہ رسّی جس میں ترازوں کی ڈنڈی اور پلّے بندھے جاتے ہیں۔ ۲۔ وہ رسّی جو بیل کی گردن میں جوئے کو روکنے کے واسطے باندھتے ہیں۔ ۳۔ ق، روشن۔ چمکیلا۔
جُوتی [ا ر امث] دیکھیئے "جوتا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
جوتی اچھلنا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جوتا اچھلنا"
جُوتی پر جوتی چڑھنا [ا ر محاورہ] جوتی پر جوتی کا آ جانا جو سفر یا لڑائی کا شگون ہے
جُوتی پر رکھ کر روٹی دینا [ا ر محاورہ] حقارت سے نان و نفقہ دینا۔ حقارت سے روٹی دینا۔
جُوتی پر کاجل پارنا [ا ر محاورہ] ٹوٹکا جاہل عورتیں شادی میں کاجل پار کر دولہا کو سرمہ لگاتی ہیں۔
جوتی پر مارنا [ا ر محاورہ] ذلیل سمجھنا۔ ناچیز سمجھنا۔
جوتی پہنانا [ا ر محاورہ] ا۔ جوتی پاؤں میں ڈالنا۔ ۲۔ جوتی خرید دینا۔
جوتی پہننا [ا ر محاورہ] دیکھیئے "جوتی پہنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
جوتی پیزار [ا ر امث] مار پیٹ۔ مار کٹائی۔ لڑائی دنگا۔
جوتی پیزار چلنا [ا ر محاورہ] مار پٹائی ہونا۔ بحث مباحثہ ہونا۔
جوتی پیزار لڑنا [ا ر محاورہ] جھگڑا فساد کرنا۔ آپس میں لڑنا۔
جوتی چلنا [ا ر محاورہ] لڑائی جھگڑا ہونا۔
جوتی چھپائی [ا ر امث] وہ روپیہ جو سالیاں دولھا کی جوتی چھپا کر لیا کرتی ہیں۔
جوتی خور / خوار [ا ر ف صف] وہ شخص جس کی پٹنے کی عادت ہو۔ بے غیرت
جوتی سے / جوتی کی نوک سے [ا ر متعلق فعل] دیکھیئے "پاپوش سے"
جوتی کو کیا غرض [ا ر محاورہ] بیزاری ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
جوتی کی انی [ا ر امث] جوتی کی نوک۔
جوتی کے برابر نہ سمجھنا [ا ر محاورہ] حقیر سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
جوتی کی نوک پر مارنا [ا ر محاورہ] ٹھکرانا۔ ذلیل سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔
جوتی کے تلے سے ناک کاٹ لینا [ا ر محاورہ] بہت ذلیل کرنا۔
جُوتے [ا ر امذ] دیکھیئے "جوتا" جس کی یہ جمع اور مغیّرہ حالت ہے۔
جوتے سے آنا / خبر لینا [ا ر محاورہ] جوتا لگانا۔ جوتا مارنا۔
جوتے کا یار [ا ر امذ] زبردستی کا دوست۔
جوتے کاری [ا ر امث] مار پیٹ۔ جوتیوں سے خبر لینا۔ سختی سے کام دینے وا
جُوتیاں [ا ر امث] دیکھیئے "جوتی" جس کی یہ جمع ہے۔
جوتیاں اٹھانا [ا ر محاورہ] ا۔ کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت کرنا۔ ۲۔ ذلیل خدمت کرنا
جوتیاں بغل میں دبانا [ا ر محاورہ] ا۔ جوتیوں کو بغل میں چھپانا۔ ۲۔ جوتیوں کو آہٹ نہ ہونے کی غرض سے بغل میں چھپا کر بھاگ جانا۔ ۳۔ کھسک جانا

دبک کر نکل جانا۔
جوتیاں چٹخاتے پھرنا [ار محاورہ] خاک چھانتے پھرنا۔ مارے مارے پھرنا۔
جوتیاں سر پر رکھنا [ار محاورہ] خوشامد کرنا۔ ۲۔ ٹہل جانا۔
جوتیاں سیدھی کرنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوتیاں اٹھانا"
جوتیاں کھانا [ار محاورہ] ۱۔ جوتیوں سے پٹنا۔ ۲۔ برا بھلا سننا۔ خفت اٹھانا۔ ۳۔ نہایت ذلیل و خوار ہونا۔
جوتیاں گانٹھنا [ار محاورہ] ۱۔ جوتیوں کی مرمت کرنا۔ ۲۔ حقیر پیشہ کرنا۔ ذلیل کام کرنا۔ ۳۔ بہت برا سینا۔ موٹی سلائی کرنا۔
جوتیاں مارنا [ار محاورہ] ۱۔ جوتیوں سے مارنا۔ ۲۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ برا بھلا کہنا
جوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا [ار محاورہ] گستاخی اور ڈھٹائی سے کسی سچی بات سے انکار کرنا۔ آنکھوں میں خاک ڈالنا۔
جوتیوں کا صدقہ [ار اند] جوتیوں کے طفیل۔ آپ کی بدولت۔ انکسار کا کلمہ جو اظہار ممنونیت کے طور پر کہتے ہیں۔
جوتیوں سے لگے ہونا [ار محاورہ] مطیع ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔
جوتیوں سے لگی ہوئی ہے [ار محاورہ] مطیع ہے۔ فرماں بردار ہے۔
جوتیوں میں دال بٹنا [ار محاورہ] آپس میں پھوٹ پڑنا۔ لڑائی جھگڑا ہونا۔
جوٹ [ھ اند] جوڑ۔ ہمسر۔ برابر کا۔ مقابل۔ ۲۔ ساتھی۔ رفیق۔ ۳۔ ہم شکل ۴۔ بیلوں کی جوڑی۔
جوٹ باندھنا [ار محاورہ] جوڑ لگانا۔ ملانا۔ ۲۔ جوڑا بنانا۔ مساوی کرنا۔ برابر کرنا
جوٹی / جوٹیا [ار صف اند] مددگار۔ ساتھی۔ ۲۔ کنویں کے بیل ہانکنے والا۔
جوجرا [ار صف] کمزور۔ پرانا۔
جوجو [ار اند] ۱۔ ڈرانے کا ایک فرضی نام جس سے عورتیں بچوں کو ڈراتی ہیں۔ ۲۔ ہر ہیبت ناک شخص اور مہیب چیز۔
جوجھنا [ار مص] لڑنا۔ جنگ کرنا۔ مار پیٹ کرنا۔ ۲۔ لڑائی میں مارا جانا۔ قتل ہونا
جُود [ع اند] بخشش۔ فیاضی۔ سخاوت۔ فیض۔ داد و دہش۔
جُودَت [ع امث] تیز فہمی۔ عقل کی تیزی۔ ذکاوت۔ فراست۔ ذہانت ۲۔ لیاقت۔ خوبی۔ گن۔ جوہر۔ عمدگی۔ ۳۔ الطاف۔ شفقت۔ لطف۔ کرم
جُود و سخا [ع امث] بخشش۔ سخاوت۔
جودَھا [ہ اند] بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ غازی۔ سورما۔ سور بیر۔
جوڈیشل [انگ صف] JUDICIAL۔ عدالتی۔ فوجداری۔
جَور [ع اند] ظلم و ستم۔ بے رحمی۔ جفا۔
جور استاد بہ ز مہر پدر [ف مقولہ] استاد کی مار پیٹ باپ کی محبت سے بہتر ہے
جورو [ھ امث] بیوی۔ زوجہ۔
جورو خصم کی لڑائی دودھ کی سی ملائی [ار مثل] میاں بیوی کی لڑائی یا رنجش بھی پرلطف ہوتی ہے۔
جورو کا مزدور [ف صف] زن مرید۔
جورو نہ جاتا اللہ میاں سے ناتا [ار مثل] مجرد ہونا۔ آل اولاد نہ ہونا
جوری / جیوری [انگ امث] JURY د ثالثی مجلس ثالثان۔
جوڑ [ار اند] گانٹھ۔ پور۔ گرہ۔ ۲۔ جھال ٹانکا۔ ۳۔ تاروں کا میل ۴۔ میزان۔ کل تعداد۔ ۵۔ داؤں۔ پیچ۔ ۶۔ تہمت۔ بہتان۔ ۷۔ ایک قسم کی جھلی ۸۔ اندر نو۔ بہتان۔ ۹۔ سیون۔ سلائی۔ ۱۰۔ پہلوان کا مقابل۔ ۱۱۔ وہ ظرف جو ہم رنگ اور ایک ہی قسم کے ہوں۔ ۱۲۔ ہمسر۔ برابر کا۔ ۱۳۔ پیوند۔ ۱۴۔ مرثیہ خوانوں [illegible] ۱۵۔ چالاک مفتری۔ ۱۶۔ [illegible] جعلساز۔ پاکھنڈ ۱۷۔ [illegible] ۱۸۔ (علم حساب) جمع کا قاعدہ۔ ۱۹۔ میں جول۔ شکشٹ۔ ۲۰۔ سازش۔ تدبیر۔ مشورہ۔ ۲۱۔ اعضا کے ملنے کی جگہ۔ ۲۲۔ الفاظ یا حروف کا پیوند۔ ۲۳۔ ایک قسم کے چھلّے۔ ۲۴۔ ایک قسم کا دیہاتی میلہ۔
جوڑ باندھنا [ار محاورہ] کشتی کے واسطے دو برابر کے پہلوانوں کو مقرر کرنا۔ ۲۔ جوڑ لگانا۔ ۳۔ کسی کام پر دو آدمیوں کو مقرر کرنا۔
جوڑ بٹھانا [ار محاورہ] چال بٹھانا۔ جوڑ ملانا۔ ۲۔ حساب کی میزان ٹھیک کرنا۔
جوڑ بدنا [ار محاورہ] دو پہلوانوں کا کشتی کے واسطے انتخاب کرنا۔
جوڑ بنانا [ار محاورہ] چالیں چلنا۔ تہمت لگانا۔
جوڑ بند [ار ف اند] بندش۔ جوڑ۔ عضو۔
جوڑ بندھنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوڑ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
جوڑ پھڑکنا [ار محاورہ] ایک مرغ کا دوسرے مرغ سے لڑنا۔ بٹیروں کا لڑنا۔
جوڑ توڑ [ار اند] ساز باز۔ بہتان۔ فریب چال۔ تدبیر۔ ترکیب۔
جوڑ جوڑ [ار اند] ہر ایک عضو۔ تمام بدن
جوڑ جوڑ شرارت بھری ہونا [ار محاورہ] بہت زیادہ شریر ہونا۔
جوڑ جوڑ کے دھرنا [ار محاورہ] کنجوسی سے روپیہ جمع کرنا اور ایک طرف رکھ دینا
جوڑ جوڑ کے مر جانا [ار محاورہ] کنجوسی سے روپیہ جمع کرنا اور اس کا مزہ اٹھائے بغیر مر جانا۔
جوڑ جوڑ مر جائیں گے مال جوائی کھائیں گے۔ جو جوائی نہ ہوں گے تو خانسے لگ جائیں گے [ار مثل] کنجوس کا مال ضائع جاتا ہے۔
جوڑ چلنا [ار محاورہ] چال چلنا۔ تدبیر کارگر ہونا۔
جوڑ کا [ار صف] مقابلے کا۔ برابر کا۔ مقابل۔
جوڑ کا توڑ [ار امث] جیسی جو چیز ہو اس کی مناسب اسی قسم کی دوسری چیز۔
جوڑ کرنا [ار محاورہ] فریب دینا۔ سازش کرنا۔ چالاکی کرنا۔
جوڑ کو جوڑ ملنا [ار محاورہ] جیسے کو تیسا ملنا۔
جوڑ گانٹھنا [ار محاورہ] پیچ کرنا۔ چالاکی سے کوئی کارروائی کرنا۔
جوڑ گری [ار صف ق] ہمسر۔ ہم مرتبہ۔ برابر۔
جوڑ گرتیاں [ار صف ق] [illegible] ساتھی۔
جوڑ لگانا [ار محاورہ] ۱۔ جمع کرنا۔ میزان دینا۔ ۲۔ پیوند لگانا۔
جوڑ لگنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوڑ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
جوڑ ملانا [ار محاورہ] چال چلنا۔ فریب دینا۔ ۲۔ شکایت کرنا۔ ۳۔ دراندازی کرنا۔ ۴۔ غمازی کرنا۔ برابر کا کرنا۔
جوڑ ملنا [ار محاورہ] ٹھیک ملنا۔ ۲۔ ہم سر ہو جانا۔ برابر ہونا۔ چسپاں ہونا۔
جوڑا [ار اند] ہر چیز کا جفت۔ ۲۔ دو چیزیں۔ ۳۔ ہم سر۔ ۴۔ میاں بیوی۔ ۵۔ نر مادہ۔ ۶۔ [illegible] رفیق۔ ۷۔ مکمل پوشاک۔ ۸۔ جوتا۔ ۹۔ خلعت۔ ۱۰۔ کیمیاگروں کی اصطلاح [illegible] چاندی یا اسی طرح کا سونا۔ ۱۱۔ (صف) دوسرا ثانی
جوڑا اٹھانا [ار محاورہ] جوتا اٹھانا۔
جوڑا باز [ار ف صف] شرارتی۔
جوڑا بڑھانا [ار محاورہ] پوشاک اتارنا۔

جوڑا بنانا [ا ر محاورہ] ۱۔ کپڑوں، چاندی یا کھوٹا سونا بنانا۔ ۲۔ پوشاک تیار کرنا۔ ۳۔ جوتا بنانا۔ ۴۔ چوڑیاں بنانا۔

جوڑا پہنانا [ا ر محاورہ] لباس پہنانا۔ جوڑی پہنانا۔

جوڑا پہننا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جوڑا پہنانا"، جس کا یہ لازم ہے۔

جوڑا دینا [ا ر محاورہ] ۱۔ نر کے لئے مادہ یا مادہ کے لئے نر دینا۔ ۲۔ پوشاک دینا۔

جوڑا لگانا [ا ر محاورہ] نر اور مادہ کا ملانا۔

جوڑا لگنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جوڑا لگانا"، جس کا یہ لازم ہے۔

جوڑا ناجھا [ا ر امذ] شادی کی ایک رسم۔

جوڑا [ھ امذ] ۱۔ سر کے بال جن کو عورتیں یکجا کر کے پیچھے گرہ دے لیتی ہیں۔ جوڑی۔ چونڈا۔ گونڈا۔ (افعال: باندھنا۔ بندھنا۔ کھولنا) ۲۔ پرندے کے سر کے پَر یا چوٹی۔ ۳۔ بٹی ہوئی رسی جو برتنوں کے نیچے گول کر کے رکھتے ہیں ۴۔ پگڑی کا پچھلا حصہ۔

جوڑنا [ا ر مص] ۱۔ ملانا۔ چپکانا۔ وصل کرنا۔ ۲۔ پیوند لگانا۔ ۳۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ۴۔ میزان دینا۔ اعداد کو جمع کرنا۔ ۵۔ شمار کرنا۔ حساب لگانا۔ پھیلانا۔ ۶۔ بیل یا گھوڑے وغیرہ کو جوتنا۔ ۷۔ شعر کہنا۔ تصنیف کرنا۔ ۸۔ ٹوٹی ہوئی چیز کو وصل کرنا۔ ۹۔ نتھی کرنا۔ شامل کرنا۔ ۱۰۔ دوستی کرنا۔ یاری لگانا۔ ۱۱۔ لوگوں کو اکٹھا کرنا۔ جتھا بنانا۔ ۱۲۔ آگ وغیرہ کو جلانا۔ ۱۳۔ بہتان لگانا۔ ۱۴۔ گرہ لگانا۔ باندھنا۔ ۱۵۔ سازش کرنا۔ ۱۶۔ تدبیر کرنا۔ تجویز کرنا۔ ۱۷۔ بنانا۔ ایجاد کرنا۔ ۱۸۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو باندھنا۔ ۱۹۔ تسلی دینا۔ ۲۰۔ سینا۔ ٹانکے لگانا۔

جوڑواں [ھ امذ] ۱۔ جوڑا۔ دو چیزیں۔ ۲۔ توام۔ ۳۔ ساتھی۔ ہمراہی۔

جوڑی [ا ر امث] ۱۔ برابر کی دو چیزیں۔ ۲۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ ۳۔ زوجہ۔ بیوی۔ ۴۔ گھوڑا گاڑی کے دو گھوڑے۔ ۵۔ دو بیل۔ ۶۔ دروازے کے دو کواڑ۔ ۷۔ دو طبلے جو اکٹھے بجائے جاتے ہیں۔ ۸۔ مجیرے۔ تال۔ ۹۔ دو مگدر۔ ۱۰۔ ڈھولی۔ سپینس۔

جوڑی بنی رہے [ا ر کلمہ دعا] فقیر دو آدمیوں کو اکٹھا دیکھ کر یہ کلمہ بطور دعا کہتے ہیں۔

جوڑی دار [ا ر ف امذ] ۱۔ دوست۔ ساتھی۔ ۲۔ وہ شخص جو پہرے چوکی کے لئے مقرر کئے جائیں۔ (ترکیب غلط)

جوڑی والا [ا ر امذ] وہ شخص جو طوائفوں کے پیچھے طبلہ دو جوڑی، بجاتا ہے۔

جوڑی ہانکنا [ا ر محاورہ] ۱۔ دو گھوڑوں کی گاڑی چلانا۔ ۲۔ مجازاً دو بیویوں کا خاوند ہونا۔

جوڑی ہلانا [ا ر محاورہ] مگدر ہلانا۔

جوڑے [ا ر امذ] دیکھیے "جوڑا"، جس کی یہ جمع ہے۔

جوڑے باگے [ا ر امذ] کپڑے۔

جوڑے بردار [ا ر ف امذ] کفش بردار۔ نوکر۔ غلام۔ ملازم (ترکیب غلط ہے)

جوڑے کے کبوتر [ا ر امذ] وہ نر اور مادہ جو اکٹھے بند کئے جائیں۔

جوڑیا [ھ صفت] ۱۔ ساتھ والا۔ برابر کا۔ ۲۔ توام۔ ۳۔ ساتھی۔ ہم نشین۔

جوڑ سنجوگی [ھ امذ] قدرتی ساتھ یا ملاپ۔ تقدیری امر۔

جوڑیاں [ا ر امث] دیکھیے "جوڑی"، جس کی یہ جمع ہے۔

جوز [ع امذ] ۱۔ جائفل۔ ۲۔ ہر ایک پھل جس کا چھلکا سخت ہو۔

جوز بویا [ع ف امذ] جائفل۔

جوز خراسانی [ع ف امذ] اخروٹ۔

جوز ہندی [ع ف امذ] ناریل۔

جوزا [ع امذ] تیسرا آسمانی برج جو دو جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے۔ مثمن جس میں سورج بائیس مئی سے اکیس جون تک رہتا ہے۔

جُوس [انگ امذ] (JUICE) عرق۔ افشردہ۔ رس۔

جوسی [ھ امذ ف] جوتشی۔

جوش [ف امذ] ۱۔ اُبال۔ اُبھان۔ کھدبداہٹ۔ ۲۔ حرارت۔ تیزی۔ ۳۔ ہیجان ۴۔ شہوت۔ ۵۔ شوق۔ سرگرمی۔ گرموشی۔ ۶۔ غصہ۔ غضب۔ ۷۔ تعصب۔ مذہبی یا دینی جذبہ۔ ۸۔ دیوانگی۔ جنون۔ ۹۔ عشق یا محبت کا زور۔ ۱۰۔ محبت الٰہی کا شوق۔ جذبہ۔ جلال۔ ۱۱۔ ولولہ۔ دھن۔ ترنگ۔ ۱۲۔ تندی۔ حدّت۔ شدت۔ ۱۳۔ طغیانی۔

جوش آنا [ا ر محاورہ] ۱۔ اُبال آنا۔ ۲۔ غصہ آنا۔ ۳۔ لہر آنا یا اٹھنا۔ ۴۔ ولولہ پیدا ہونا۔ ۵۔ متفرق ہونا۔ ۶۔ کسی امر کا شوق ہونا۔

جوش پر آنا [ا ر محاورہ] اُمنڈنا۔ زور میں آنا۔ تیزی کرنا۔

جوش پر ہونا [ا ر محاورہ] زوروں پر ہونا۔

جوشِ جنوں [ف امذ] دیوانہ پن کا زور۔

جوشِ جوانی [ف امذ] جوانی کا زور۔ دور۔

جوشِ خوں [ف امذ] ۱۔ پدری و مادری محبت۔ برادرانہ جوش۔ ۲۔ خون کی حرارت کی زیادتی۔

جوش دبانا [ا ر محاورہ] غصہ مارنا۔

جوشِ دہن [ف امذ] منہ آنا۔ منہ میں چھالے پڑنا۔

جوش دینا [ا ر مص مرکب] ابالنا۔ جوش آنا۔

جوش دکھانا [ا ر محاورہ] ۱۔ اُبلنا۔ کھولنا۔ ۲۔ سخت غصہ آنا۔

جوش مارنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جوش کھانا"

جوش میں آجانا / آنا [ا ر محاورہ] ۱۔ اُبلنا۔ جلبلے اٹھنا۔ ۲۔ غصہ میں آنا۔ ناراض ہونا۔ ۳۔ طغیانی ہونا۔ ۴۔ ولولہ اٹھنا۔ جذبہ میں آنا۔ ۵۔ خواہش نفسانی کا زور ہونا۔ ۶۔ کسی کام میں خوب سرگرم ہونا۔ مستعدی دکھانا۔

جوش میں لانا [ا ر محاورہ] غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔ اکسانا۔ ابھارنا۔

جوشِ وحشت [ف امذ] سخت گھبراہٹ۔ سخت جنون۔

جوش (و) خروش [ف امذ] ۱۔ غل غپاڑا۔ شور و غل۔ ۲۔ غصہ۔ طیش۔ غضب۔

جوشاں [ف صفت اسم حالیہ] اُبلتا ہوا۔ جوش مارتا ہوا۔ لہریں اٹھتی ہوئی جھاگ اٹھتی ہوئی۔

جوشاندہ [ف امذ] جوش دی ہوئی دوا۔

جوشاں و خروشاں [ف صفت] دیکھیے "جوشاں"

جوشش [ف امذ] ۱۔ ابال۔ ۲۔ حرارت۔ تیزی۔ ۳۔ دیوانگی۔ جنون۔

جوششِ جنون [ف امذ] دیکھیے "جوشِ جنوں"

جَوشن [ع امذ] ۱۔ زرہ بکتر۔ ۲۔ بازو کا ایک زیور۔ ۳۔ آفتوں سے محفوظ رہنے کی ایک دعا۔

جَوشنین [ع امذ] ۱۔ جوشن کا تثنیہ۔ ۲۔ دو دعائیں یعنی جوشن صغیر و کبیر جو آفتوں سے محفوظ رہنے کے لئے پڑھتے ہیں۔

جَوشن پوش [ف صف] بکتر پہننے والا۔
جوشی [ہ امذ] جوتشی۔ برہمنوں کی ایک ادنیٰ ذات جو نجومیوں کا کام کرتی ہے۔
جُوع [ع امث] بھوک۔ گرسنگی۔
جُوعُ الارض [ع امث] زمین کی ہوس۔
جُوعُ البقر [ع امث] ایک قسم کی بیماری جس میں باوجود کھانے کے بھوک معلوم ہوتی رہتی ہے۔
جَوف [ع امذ] ۱۔خلا۔ کسی چیز کے اندر کی خالی جگہ۔ اندرونی خلا۔ ۲۔کھوکھلا پن۔ ۳۔شکم۔ پیٹ۔ ۴۔غار۔ گڑھا۔ شگاف۔
جُوق / جَوق / جُوغ [ت۔ع۔امذ۔مث] جماعت۔ مجمع۔ بھیڑ۔
جُوق در جُوق [ف امذ] گروہ در گروہ۔ بہت بڑا مجمع۔
جوکر [انگ امذ] (JOKER) مسخرہ۔ وہ شخص جو تماشوں میں لوگوں کو ہنسانے کا پارٹ ادا کرے۔
جوکھ [ھ امث] ۱۔تولنا۔ ۲۔وزن۔ تول۔ ماپ۔
جوکھائی [ھ امث] ۱۔تولنا۔ ماپ کرنا۔ ۲۔تولنے کی اجرت۔
جوکھم [ھ امث] ۱۔کوئی مشکل کام۔ ۲۔خطرہ۔ اندیشہ۔ خوف۔ ڈر۔ ۳۔بیتی جبر بل۔ ۴۔نقصان۔ گھاٹا۔ ۵۔مصیبت۔
جوکھم اٹھانا / سہنا [ار محاورہ] تکلیف اٹھانا۔ نقصان اٹھانا۔ گھاٹا کھانا۔
جوکھم کا کام [ھ امذ] نقصان کا کام۔ دلیری کا کام۔ خطرے کا کام۔
جوکھم میں پڑنا [ار محاورہ] خطرہ میں پڑنا۔ مصیبت میں پکڑا جانا۔
جوکھم میں ڈالنا [ار محاورہ] خطرہ میں ڈالنا۔ نقصان کرنا۔
جوکھمی [ھ امذ] ۱۔جس میں خطرہ ہو۔ خطرناک۔ نقصان دہ۔ ۲۔وہ شخص جو خطرے کا کام یا حوصلہ کرے۔
جوکھنا [ھ مص] ۱۔تولنا۔ ماپ کرنا۔ ۲۔اندازہ لگانا۔ جانچنا۔ ۳۔امتحان کرنا۔
جوکھوں [ھ امث] دیکھیے "جوکھم"
جوکھوں اٹھانا [ھ محاورہ] دیکھیے "جوکھم اٹھانا"
جوکھوں کا کام [ھ امذ] دیکھیے "جوکھم کا کام"
جوکھوں میں پڑنا [ار محاورہ] دیکھیے "جوکھم میں پڑنا"
جوکھی [ھ صف] ۱۔تولا ہوا۔ تول کر معلوم کیا ہوا۔ ۲۔وزن کا۔ وزنی۔
جوگ [ھ امذ] ۱۔ملانا۔ وصل کرنا۔ جوڑنا۔ ۲۔ملاپ۔ تعلق۔ ۳۔جوا ڈالنا۔ جوتنا۔ ۴۔ملنا۔ ساتھ لگنا۔ ۵۔میل۔ سنگت۔ اتحاد۔ ۶۔طریقہ۔ ذریعہ۔ ۷۔موزونیت۔ معقولیت۔ ۸۔نتیجہ۔ ثمرہ۔ ۹۔موقع۔ محل۔ ۱۰۔علاج دوا۔ ۱۱۔تیر کمان میں لگانا۔ ۱۲۔ستاروں کا اجتماع۔ قران۔ ۱۳۔نیک ساعت۔ ۱۴۔وہ شخص جس کے نام ہنڈی کی جائے۔ ۱۵۔وقت۔ ساعت۔ ۱۶۔سمت۔ طرف۔ ۱۷۔ایک دائرے کے بہت سے ٹکڑوں میں سے ایک جو منطقۃ البروج سے ملائے جاتے ہیں۔ منطقۃ البروج کا ستائیسواں حصہ۔ ۱۸۔ریاضت۔ درویشی۔ ۱۹۔کفارہ۔ ۲۰۔ریاضی کی اصطلاح۔ میزان۔ کل جمع ۲۱۔خیالات کا ایک جگہ پر قائم رکھنا۔ ۲۲۔خیال جما کر خدا سے واصل ہو جانا۔ ۲۳۔چاند کی گردش کے راستے کا حصہ جو اٹھائیس منزلوں کے مطابق ہو۔ ۲۴۔(صف) لائق۔ شایان۔ مناسب۔ درست۔ موافق۔ مطابق۔ ۲۵۔سبب سے ذریعہ سے۔ وجہ سے۔
جوگ آسن [ہ امذ] جوگ کے لئے بیٹھنے کا طریقہ۔
جوگ ابیاس [ھ امذ] جوگیوں کا طریقہ۔
جوگ سادھنا [ار محاورہ] ۱۔جوگی بننا۔ ۲۔حبسِ دم کی مشق کرنا۔ ۳۔خیال جمانے کی مشق کرنا۔
جوگ لینا [ار محاورہ] دنیا سے کنارہ کش ہونا۔
جوگ مایہ [ھ امث] جوگیوں کی طاقت جس کی وجہ سے وہ جو شکل چاہیں اختیار کر لیں۔
جوگا [ھ صف] ۱۔لائق۔ مناسب۔ درست۔ موافق۔ مطابق۔ ۲۔برمحل جیسے موقع ۳۔افیون کا فضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے۔
جوگتا [ھ امث] موزونیت۔ معقولیت۔ درستی۔ ۲۔طاقت۔ قوت۔ قابلیت۔
جوگن [ھ امث] دیکھیے "جوگی" جس کی یہ تانیث ہے
جوگی [ھ امذ] جوگ کرنیوالا شخص۔ ہندی فقیر۔ سادھو۔ ساحر۔
جوگی کا لڑکا کھیلے گا تو سانپ سے [ھ مثل] ہر کوئی اپنی تربیت کے مطابق کام کرتا ہے۔
جوگی کس کے میت اور پاتر کس کی نار [ھ مثل] جوگی دوست نہیں بن سکتے اور فاحشہ عورت بیوی نہیں بن سکتی۔
جوگی کی پیت کیا [ھ مقولہ] جوگی کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔
جوگی ہو جانا / ہونا [ار محاورہ] فقیری لے لینا۔ جوگ لے لینا۔
جوگیا [ھ صف] ۱۔گیروا رنگ کا سرخی مائل۔ ۲۔ایک قسم کا کبوتر۔ ۳۔ایک قسم کی قمری۔ بھیروں ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
جُول [ار امث ق] قطار
جولاں [ف امث] بیڑی۔ زنجیر۔ جو مجرم کے پاؤں میں پہنائی جاتی ہے۔ (اس کا فارسی ہونا مشتبہ ہے۔
جَولاں [ع امذ] ۱۔کود پھاند۔ ۲۔گھوڑے کی دوڑ یا چکر لگانا۔ ۳۔کاوا دینا۔ ۴۔گھوڑے کو کدانا۔ چکر دینا۔ ۵۔حرکت۔ گردش۔ ۶۔ادھر اُدھر کودنا۔
جولاں کرنا [ار محاورہ] ادھر ادھر کودنا۔
جولاں کناں [ع صف] کودتے ہوئے۔ پھاندتے ہوئے۔
جولاں گاہ [ع امث] گھوڑوں کے کودنے پھاندنے یا دوڑ کرنے کی جگہ۔
جولاں گری [ع امث] ۱۔تیز دوڑانا۔ سرپٹ لے جانا۔ ۲۔تیزی۔ سُرعت۔
جَولانی [ع امث] ۱۔بدن یا دل کی طاقت۔ ۲۔گھوڑے کی دوڑ۔ ۳۔تیزیٔ طبیعت تیز فہمی۔ طبیعت کی روانی۔ ۴۔ولولہ۔ جوش۔ امنگ۔ ۵۔تیز رفتاری۔ چُستی۔ تیزی۔ ۶۔پھُرتی۔
جولانیٔ طبع [ع امث] طبیعت کی تیزی۔ ذہانت۔
جولانیاں [ع امث] دیکھیے "جولانی" جس کی جمع ہے۔
جولانیوں [ع امث] دیکھیے "جولانی" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
جولانیوں پر آنا / ہونا [ار محاورہ] تیزیوں پر رہنا۔ جوش میں ہونا۔ ولولہ میں بھرنا
جولانیوں پر رہنا [ار محاورہ] زوروں پر رہنا۔ جوش میں رہنا۔ ۲۔غل شور اور اچھل کود میں مصروف رہنا۔
جولاہ / جولاہا [ہ امذ] جُلاہا۔ کپڑا بننے والا۔
جولائی [انگ امذ] (JULY) سن عیسوی کا ساتواں مہینہ۔

جونکن [ار متعلق فعل] جب تک۔

جُون [انگ۔ مذ] (JUNE) سن عیسوی کا چھٹا مہینہ۔

جُون [ھ۔ امث] ۱۔ جنم۔ پیدائش۔ ۲۔ زمانہ۔ رت۔ ۳۔ وضع۔ صورت۔ بھیس۔

جُون بدلنا / پلٹنا [ھ۔ محاورہ] ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ صورت بدلنا۔ حالت بدلنا۔ ۲۔ دن کاٹنا۔ زندگی بسر کرنا۔

جُوں [ھ۔ امث] وہ کیڑے جو بالوں میں میل کے سبب پڑ جاتے ہیں۔

جُوں پڑنا [ار۔ محاورہ] جوں پیدا ہو جانا۔

جُوں کی چال [ار۔ امث] نہایت سست رفتار۔ بہت آہستہ چال۔

جُوں [فا۔ حرف تشبیہ] مانند۔ مثل۔

جُوں توں [ار۔ متعلق فعل] جیسا پہلے تھا۔

جُوں توں کرکے [ار۔ متعلق فعل] جس طرح بھی ہو سکا۔ نہایت مشکل سے

جُوں جُوں [ار۔ متعلق فعل] جہاں تک۔ جب تک۔ جس قدر۔

جواں جوں توں توں [ار۔ متعلق فعل] جہاں تک۔ جیسے جیسے۔

جواں کا توں [ار۔ متعلق فعل] ہوبہو۔ سارا۔ ویسے کا ویسا ہی۔

جوں ہی [ار۔ متعلق فعل] فوراً۔ جس وقت۔

جَون [ار۔ ضمیر ق] جونسا۔ جو کوئی۔ جو شخص۔

جَونا [ھ۔ امث] ۱۔ دعوت۔ شادی۔ مہمانی۔ ۲۔ زمین جو بیج ڈالنے کو تیار ہو۔

جُونا [ھ۔ مذ] گھاس یا بان کا مٹھا جس سے برتن مانجھتے ہیں۔ ۲۔ گھاس کی رسی جس سے لکڑیاں وغیرہ باندھتے ہیں۔ ۳۔ اینڈوا۔

جونا [ار۔ مص ق] ڈھونڈنا۔

جون پور کا قاضی [ار۔ صف] کنایۃً۔ بیوقوف۔ احمق۔

جُھونا [ار۔ مص ق] دیکھنا۔ انتظار کرنا۔

جَونرا / بھونرا [ار۔ مذ] الگ مکان۔ خلوت گاہ۔ الگ تہ خانہ

جونک [ھ۔ امث] پانی کا ایک کیڑا جو جانوروں کے بدن سے خون چوستا ہے اور خون فاسد نکالنے کے لئے آدمی کے بدن پر لگاتے ہیں [افعال: لگنا۔ لگانا]

جونک پتھر میں لگنا [ار۔ محاورہ] بے مروت اور کنجوس سے کام نکلنا۔

جونک ہو کے پٹنا / چمٹنا [ار۔ محاورہ] اس طرح لپٹنا کہ چھوٹنا مشکل ہو ۲۔ کسی کام کے سر ہو جانا۔ ۳۔ کسی کے پیچھے لگ جانا۔

جونی [ھ۔ امث] وہ رسی جس کو ترازو کی ڈنڈی کے ساتھ دونوں پلوں میں باندھتے ہیں۔

جُونیئر [انگ۔ صف] (JUNIOR) چھوٹا۔ ادنیٰ۔

جوونا [ار۔ مص ق] روشن کرنا۔

جُوہار [ھ۔ مذ] ٹھاکروں کا سلام۔ بندگی۔

جَوہر [ع۔ مذ] ۱۔ قیمتی پتھر جیسے لعل۔ زمرد۔ ہیرا وغیرہ۔ ۲۔ اصل شے۔ خلاصہ۔ لب لباب۔ ۳۔ عرض کا نقیض۔ وہ چیز جو بذات خود قائم ہو۔ ۴۔ تلوار یا فولاد کے وہ نقوش جن سے ان کی عمدگی ظاہر ہو۔ ۵۔ خاصیت خوبی۔ ۶۔ ہنر۔ کمال۔ لیاقت۔ ۷۔ بھید۔ راز۔ حقیقت۔ ۸۔ چالاکی۔ کارستانی۔ ۹۔ آئینہ کی تڑپ اور آب و تاب۔ ۱۰۔ کسی چیز کا نچوڑ۔ ۱۱۔ وہ لکیریں جو اچھی لکڑی پر نمایاں ہوتی ہیں۔ ۱۲۔ ایٹم۔

جَوہر اڑانا [ار۔ محاورہ] کسی دوا کی لطیف روح اس سے علیحدہ کرنا۔

جوہر دار [ع ف۔ صف] صاحب جوہر۔ عمدہ۔

جوہر دکھانا [ار۔ محاورہ] اپنی قابلیت دکھانا۔ ہنر دکھانا۔ چالاکی دکھانا۔

جوہر فرد [ع۔ مذ۔ بہ ترکیب فارسی] مادے کا سب سے چھوٹا ٹکڑا۔ بے مثل۔

جوہر کرنا [ار۔ محاورہ] خودکشی کرنا۔ عزت و ناموس بچانے کے لیے جان دیدینا۔

جوہر کُھلنا [ار۔ محاورہ] اصلیت ظاہر ہونا۔ بُرائی بھلائی معلوم ہونا۔

جوہر کھولنا [ار۔ محاورہ] دیکھئے ''جوہر کُھلنا''، جس کا یہ متعدی ہے۔

جوہر لطیف [ع۔ مذ] پاکیزہ جوہر۔ نفس۔ خوبی۔ ایسا نفیس مادہ جو آنکھوں سے نظر نہ آسکے۔

جوہر نکالنا [ار۔ محاورہ] پست نکالنا۔ ۲۔ عیب و ہنر ظاہر کرنا۔

جوہر نکلنا [ار۔ محاورہ] دیکھئے ''جوہر نکالنا''، جس کا یہ لازم ہے۔

جوہری [ع۔ مذ] جواہر فروش۔ ۲۔ جواہر پرکھنے والا۔ ہنر شناس۔

جوہری بازار [ع ف۔ مذ] وہ بازار جہاں جواہر کی خرید و فروخت ہوتی ہو۔

جوہری توانائی [ع ف۔ امث] ایٹمی طاقت ATOMIC ENERGY کا ترجمہ

جوہڑ [ھ۔ مذ] بارانی تالاب۔ جھیل۔

جوہڑی [ھ۔ امث] دیکھئے ''جوہڑ''، جس کی یہ تصغیر ہے۔

جوہی / جوئی [ھ۔ امث] ۱۔ جنگلی چنبیلی۔ ۲۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ ۳۔ ایک قسم کا کیڑا جو فصل کو لگ جاتا ہے۔

جوئے بار / جویبار [ف۔ مذ] ۱۔ وہ بڑی نہر جو کئی نہروں سے مل کر بنتی ہو۔ ۲۔ وہ مقام جہاں بہت سی نہریں اور نالے ہوں۔

جوئے جو [ف۔ امث] نہر۔ ندی۔

جوئے شِیر [ف۔ مذ] وہ نہر جو شیریں کے حکم سے فرہاد نے کوہ بے ستون سے نکالی تھی اور اس میں بکریوں کا دودھ بہا جاتا تھا جو شیریں کے محل کے ایک حوض میں جمع ہوتا تھا۔

جوئے شیر لانا [ار۔ محاورہ] مشکل کام کرنا۔

جوئی [ار۔ صف ق] نرالی۔ جدا۔ علیحدہ۔

جوؤں کے مارے گدڑی نہیں چھوڑی جاتی [ار۔ مثل] چھوٹی تکلیف کی وجہ سے بڑا مقصد نہیں کھویا جا سکتا۔

جوئیں پڑنا [ار۔ محاورہ] سر کے بالوں میں جوئیں پیدا ہو جانا۔

جوئیں دکھانا [ار۔ محاورہ] کسی سے سر کی جوئیں نکلوانا۔

جوئیں دیکھنا [ار۔ محاورہ] کسی کے سر سے جوئیں چن چن کر مارنا۔

جوئیں نکالنا [ار۔ محاورہ] دیکھئے ''جوئیں دیکھنا''

جوئیں نکلوانا [ار۔ محاورہ] دیکھئے ''جوئیں دکھانا''۔

جوئیں مارنا [ار۔ محاورہ] سست ہو کر بیٹھ رہنا۔

جویا / جویاں [ف۔ صف] تلاش کرنے والا۔ جستجو کرنے والا۔

جویائی [ف۔ امث] تلاش۔ جستجو۔ تفتیش۔

جَوِین [ف۔ صف] جو سے منسوب۔ جَو سے بنی ہوئی چیز۔

جوئندہ [ف۔ اسم فاعل] تلاش کرنے والا ڈھونڈنے والا۔

ج - ہ

جہات [ع ا مث مذ] جہت کی جمع۔ اطراف۔ سمتیں۔ جانبیں۔ ۲۔ اسباب۔ وجوہ۔
جہاد [ع امذ] حق کی حمایت میں انتہائی کوشش۔ سعی۔ سرگرمی۔ حق کی حمایت میں قتال۔
جہادِ اصغر [ع امذ بہ ترکیب فارسی] صوفیا کی اصطلاح میں کافروں سے لڑنا
جہادِ اکبر [ع امذ بہ ترکیب فارسی] صوفیا کی اصطلاح میں نفس کشی۔ ریاضت۔
جہاد بالسّیف [ع امذ] حق کی حمایت میں تلوار یا ہتھیاروں سے جنگ کرنا۔
جہاد بالقلم [ع امذ] حق کی حمایت میں قلم اٹھانا۔ باطل کے خلاف مضامین لکھنا۔
جہاز [ف امذ] بہت بڑی کشتی جس میں سوار ہو کر سمندر میں سفر کرتے ہیں ۲۔ چیل کی شکل کی ہوا میں اڑنے والی گاڑی جس میں بیٹھ کر انسان فضا میں سفر کرتا ہے۔ ۳۔ گھر کا مال اسباب، جہیز۔ ۴۔ کفن۔ ۵۔ سامانِ سفر۔ ۶۔ (صفت) بڑا۔ وسیع۔
جہاز کا جہاز [ا رصفت] بہت بڑا۔ وسیع۔ فراخ۔ کشادہ۔
جہاز کا کوّا [ا رامذ] ۱۔ وہ کوّا جو سمندر میں جہاز کے ساتھ ساتھ اڑتا ہے۔ ۲۔ وہ شخص جس کو ایک جگہ کے سوا کہیں ٹھکانا نہ ملے۔ ۳۔ جہاز کا ایک آلہ جو کوّے جیسا بدنما ہوتا ہے۔
جہاز کا لنگر انداز ہونا [ا رمص مرکب] جہاز کا رکنا۔ ٹھہرنا۔
جہاز کو لنگر کرنا [ا رمص مرکب] جہاز کو ٹھہرانا۔
جہاز راں [ع ف اصفت فاعلی] جہاز کو چلانے والا۔ ملّاح۔ ڈرائیور۔
جہاز رانی [ع ف امث] دیکھیے "جہاز راں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جہازی [ع صف] جہاز سے منسوب۔ ۱۔ جہاز چلانے والا۔ ۲۔ جہاز میں بیٹھنے والا۔ ۳۔ بحری۔ ۴۔ بڑا۔ وسیع۔ لمبا چوڑا۔
جہازی کتّا [ا رامذ] تازی کتّا۔
جہّال [ع صف] دیکھیے "جاہل" جس کی یہ جمع ہے۔
جہالت [ع امث] ناواقفی۔ بے علمی۔ ناواقفیت۔ اجڈپن۔ ۲۔ سنگ دلی۔ کٹھورپن۔
جہاں [ف اسم حالیہ] کودنے والا۔ چھلانگ لگانے والا۔
جہاں [ف امذ] تمام عالم۔ دنیا کے لوگ۔
جہاں آرا [ف صفت فاعلی] دنیا کو سجانے والا۔
جہاں آرائی [ف امث] دیکھیے "جہاں آرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جہاں آفریں [ف صفت فاعلی] جہان کو پیدا کرنے والا۔ خدا۔
جہاں آفرینی [ف امث] دیکھیے "جہاں آفریں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جہاں آنکھوں میں اندھیر ہونا [ا ر محاورہ] کچھ سجھائی نہ دینا۔ سخت گھبراہٹ ہونا
جہاں باں [ف صفت فاعلی] دنیا کا محافظ۔ بادشاہ۔
جہاں بانی [ف امث] دیکھیے "جہاں باں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جہاں بیں [ف صفت فاعلی] ۱۔ دنیا دیکھنے والا۔ ۲۔ [ا]فر۔ ۳۔ تجربہ کار۔
جہاں پناہ [ف صف] جس کی پناہ میں دنیا ہو۔ یعنی بادشاہ
جہاں پناہ سلامت [ف کلمہ دعا] بادشاہ سلامت رہے۔ بادشاہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں۔
جہاں تاب [ف صفت فاعلی] دنیا کو روشن کرنے والا۔ ۲۔ مجازاً سورج۔
جہاں تنگ ہونا [ا ر محاورہ] دنیا میں رہنا دوبھر ہونا
جہاں دار [ف صفت فاعلی] بادشاہ۔ حاکم وقت۔ دنیا رکھنے والا۔
جہاں داری [ف امث] دیکھیے "جہاں دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جہاں دیدہ [ف صف مفعولی] دنیا کو دیکھے ہوئے۔ تجربہ کار۔ پختہ کار۔
جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ [ف مثل] تجربہ کار آدمی بہت جھوٹ بولتا ہے
جہاں سوز [ف صفت فاعلی] دنیا کو جلانے والا۔
جہاں سوزی [ف امث] دیکھیے "جہاں سوز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جہاں سے اٹھ جانا [ا ر محاورہ] جہان سے گزر جانا۔ مر جانا۔
جہاں سے ہاتھ اٹھانا [ا ر محاورہ] گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ تارک الدنیا ہونا۔
جہاں سیاہ ہونا [ا ر محاورہ] رنج و غم کی شدت ہونا۔ مصیبتوں کی زیادتی کی وجہ سے دنیا سے بیزاری۔
جہاں گرد / نورد [ف صفت فاعلی] دنیا میں پھرنے والا۔ سیاح۔
جہاں گردی / نوردی [ف امث] دیکھیے "جہاں گرد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جہاں گشت [ف صف] دنیا میں گھومنے والا۔ سیاح۔
جہاں گیر [ف صفت فاعلی] دنیا کو فتح کرنے والا۔
جہاں گیری [ف امث] ۱۔ دنیا کی فتح۔ ۲۔ ہاتھ کا ایک جڑاؤ زیور۔ (ملکہ نورجہاں کی ایجاد) ۳۔ لاکھ یا کانچ کی چوڑیاں
جہاں نما [ف صف مذ] ۱۔ جہان کو دکھانے والا۔ ۲۔ آئینہ۔ ۳۔ خیمہ۔
جہاں [ا ر ظرف] ۱۔ جس جگہ، جس مقام پر۔ ۲۔ جس وقت، جس گھڑی۔
جہاں بہو کا پینا وہیں سسر کی کھاٹ [ا ر مثل] بے حیائی اور عیب جیسے بے تکلفی کی جگہ کہتے ہیں۔
جہاں پھول وہاں کانٹا [ا ر مثل] جہاں تکلیف وہاں آرام۔ جہاں فائدہ وہاں نقصان بھی ہوتا ہے۔
جہاں تک [ا ر متعلق فعل] جب تک۔ حتی الامکان۔ تا بہ مقدور۔
جہاں تہاں [ا ر متعلق فعل] ہر جگہ۔ ہر کہیں۔ ادھر ادھر۔
جہاں جائے بھوکا وہاں پڑے سوکھا [ا ر مثل] بدقسمت آدمی جہاں بھی جاتا ہے پریشان و محروم رہتا ہے۔
جہاں جہان وہاں پروہت [ا ر مثل] جو لوگ جن کا کھاتے ہیں وہ ہر جگہ ان کے ساتھ لگے رہتے ہیں۔ جہاں سرکار وہیں خدمت گار۔
جہاں جہاں [ا ر متعلق فعل] جابجا۔ جگہ جگہ۔ ۲۔ (صف ف) بہت زیادہ، بکثرت
جہاں چار باسن / برتن ہوتے ہیں کھنکتے بھی ہیں [ا ر مثل] جہاں چند آدمی ہوتے ہیں وہاں تکرار بھی ہو جاتی ہے۔
جہاں دائی ہاتھ دھوئے وہاں قربان کروں [ا ر مثل] (دعو) حقارت ظاہر کرنے یا ذلیل کرنے کو کہتی ہیں۔
جہاں دیکھے توا پرات وہیں گاوے ساری رات [ا ر مثل] [illegible]

آدمی اپنے فائدہ کو دیکھتا ہے۔

جہاں دیکھی روٹی وہیں منڈائی چوٹی [ا ر مثل] فائدہ ہوتے دیکھ کر ذلت بے عزتی برداشت کر لینا۔

جہاں روکھ نہیں وہاں ارنڈ ہی درخت ہے [ا ر مثل] جہاں عمدہ چیز نہیں وہاں گھٹیا چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔ جہاں لیاقت والے نہ ہوں وہاں کم لیاقت والے ہی لیاقت والے ہوتے ہیں۔

جہاں ستیاناس وہاں سوا / ساڑھے ستیاناس [ا ر مثل] جب بربادی ہو ہی گئی تو کم و بیشی کی کیا پروا۔

جہاں سو وہاں سوا سو [ا ر مثل] جب خرچ کرنے پر آئے تو کم و بیش کیا دیکھنا۔

جہاں سوئی نہ جاسکے وہاں موسل گھسیڑنا [ا ر مثل] بے حد جھوٹ بولنا۔

جہاں کا مردہ وہیں گڑتا ہے [ا ر مثل] جہاں کا جھگڑا ہوتا ہے وہیں ختم ہوتا ہے۔

جہاں کانسا وہیں / وہاں بجلی کا سانسا [ا ر مثل] جہاں مال ہو وہیں چور آتے ہیں۔

جہاں کہیں [ا ر متعلق فعل] جس جگہ۔ جس مقام پر۔

جہاں کی تہاں [ا ر متعلق فعل] کہیں کی کہیں۔ بے جگہ۔ بے موقع۔ ۱۔ ۲۔ اسی جگہ۔ اسی مقام پر۔

جہاں گڑ ہوگا وہیں مکھیاں بھی آئیں گی [ا ر مثل] جہاں کھانے کو ملے گا وہاں کھانے والے بھی موجود یا آجائیں گے۔ ۲۔ کامل کے شاگرد بہت۔

جہاں گڑھا / نشیب ہوتا ہے وہیں پانی مرتا ہے [ا ر مثل] جہاں نقص ہوتا ہے وہیں اعتراض چسپاں ہوتا ہے۔ اسی طرف لوگوں کی توجہ جاتی ہے۔

جہاں گل ہوگا وہاں خار بھی ہوگا [ا ر مثل] دکھ اور سکھ ساتھ ہیں۔

جہاں گنج وہاں رنج [ا ر مثل] مالدار کو تکلیفیں بہت ہوتی ہیں۔

جہاں مرغا نہ ہوگا وہاں اذان نہ ہوگی / سویرا نہ ہوگا
جہاں مرغ نہیں بولتا وہاں صبح نہیں ہوتی
جہاں ملا نہ ہوگا وہاں سویرا نہ ہوگا
[ا ر مثل] کسی کے نہ ہونے سے دنیا کے کام بند نہیں ہوتے۔

جہاں نناوے گھڑے دودھ کے ہوں گے وہاں ایک گھڑا پانی کا کیا جانا جائے [ا ر مثل] امیروں اور مال داروں میں غریبوں کی کیا پرسش ہے۔

جہانیاں [ف اند] دنیا کے لوگ۔ مخلوقِ خدا۔

جہانیاں جہاں گشت [ف صف] ساری دنیا میں گھومنے پھرنے والا۔

جہت [ع امث] ۱۔ سمت۔ طرف۔ جانب۔ ۲۔ وجہ۔ سبب۔

جہد / جہد [ع امث] کوشش۔ سعی۔ مشقت۔

جہدِ جہید [ع امث بہ ترکیب فارسی] انتہا درجہ کی کوشش۔ بہت کوشش۔

جہد للبقا [ع امث] زندگی کی کوشش۔ اپنے آپ کو باقی رکھنے کی کوشش

جہر [ع اند] ۱۔ اونچی آواز سے پڑھنا۔ بلند آواز۔ ۲۔ بے پردہ دیکھنا۔ ننگا کرنا۔ کشادہ کرنا۔

جہل [ع اند] ۱۔ جہالت۔ بے علمی۔ بیوقوفی۔ ۲۔ نادانی۔ ۳۔ جاہلانہ ہٹ۔ تکرار۔

جہلِ بسیط [ع اند بہ ترکیب فارسی] ناواقفیت۔ لاعلمی۔

جہلِ مرکب [ع اند بہ ترکیب فارسی] علم نہ ہونے کے باوجود اپنے آپ کو عالم سمجھنا

جہلا [ع اند صف] دیکھیے "جاہل" جس کی یہ جمع ہے۔

جہلی [ع صف] اجڈ۔ احمق۔ سفیہہ۔

جہندہ [ف اسم فاعل] کودنے والا۔ اچھلنے والا۔

جہنم [ع اند] ۱۔ گہرا کنواں۔ ۲۔ دوزخ۔ وہ مقام جہاں گنہگار ہمیشہ آگ میں جلتے رہیں گے۔

جہنم کا نمونہ [ع ا ر اند] دوزخ کی مثال مصیبت کی جگہ۔

جہنم میں پڑے / جائے [ا ر کوسنا دعا] بیزاری یا نفرت کے موقعہ پر بولتے ہیں

جہنم میں ڈالنا [ا ر محاورہ] عذاب میں مبتلا کرنا۔

جہنم واصل کرنا [ا ر محاورہ] دشمن کو قتل کر دینا۔ کافر کو مقابلہ میں قتل کرنا۔

جہنمی [ع ف صف] دوزخی۔ دوزخ میں جانے والا۔ بدکار۔

جہول [ع امبالغہ] سخت جاہل۔ سخت نادان۔

جہیر [ع صف] ۱۔ بلند آواز۔ ۲۔ آواز کو بلند کرنے والا۔ ۳۔ خوبصورت آدمی۔

جہیز (یائے مجہول سے) [ع اند] اسباب۔ سامان۔ ۲۔ وہ سامان جو ماں باپ اپنی بیٹی کی شادی میں دیتے ہیں۔

جہیز میں آنا [ا ر محاورہ] وہ چیز جو میکے سے ملتی ہے۔

جہیزو [ا ر صف] جہیز میں دیا ہوا۔ جہیز میں دینے کے لائق۔

ج ، ھ

جھاب / جھابا [ھ اند] ۱۔ گھی یا تیل رکھنے کا چمڑے کا برتن ۲۔ گول چمڑے کا خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں۔ ۳۔ جھاڑ۔ فانوس جو روشنی کے لئے مکانوں میں لٹکاتے ہیں۔ ۴۔ لکڑی کی تنگ منہ کی ٹوکری۔ ۵۔ پلا۔ پلی۔ ۶۔ تنگ منہ کا دودھ دوہنے کا برتن۔

جھابر / جھابڑ [ھ امث] ۱۔ دلدلی زمین۔ ۲۔ جوہڑ۔ تالاب۔ ۳۔ بڑے بڑے بالوں والا اور چوڑے چہرے والا شیر۔ ۴۔ قوی الجثہ۔ بڑا دجیہہ۔ دیو ہیکل۔

جھابڑ جھلا [ھ صف مذ] ڈھیلا ڈھالا۔ سست۔ بدشکل۔

جھاپ [ھ امث] اوٹ۔ پردہ۔

جھاپا [ھ اند] تنگ منہ کی کوٹھڑی۔

جھاپڑ [ھ اند] تھپڑ۔ طمانچہ۔

جھاجا / جھاجھا [ھ اند] ۱۔ تیلی بھنگ۔ ۲۔ بھنگ سے بنی ہوئی ایک نشہ آور چیز۔ گانجا۔

جھارا [ھ اند] ۱۔ تیلی چھنی ہوئی بھنگ کا منقطر پانی۔ ۲۔ چھاج یا چھلنا جس میں گندم وغیرہ چھان کر چنے علیحدہ کرتے ہیں۔ ۳۔ مویشی وغیرہ کے پاؤں پر دوا پکا کر گرم پانی سے ٹکور کرنا۔ ۴۔ ہلکی ہلکی بارش۔ پھوار۔

جھارا دینا [ا ر محاورہ] دوا پکا کر گرم پانی سے مویشیوں کے زخم وغیرہ پر ٹکور کرنا۔

جھارنا [ا ر مص] ۱۔ چھاننا۔ رولنا۔ ۲۔ ٹکور کرنا۔

جھاری [ھ امث] ایک لمبی گردن کی ٹونٹی والی صراحی یا لوٹا۔

جھاڑ [ھ اند] ۱۔ جھنکاڑ۔ کانٹوں والا درخت۔ جھاڑی۔ ۲۔ ہر وہ چھوٹا درخت جس میں کانٹے اور پتے بہت ہوں۔ ۳۔ روشنی یا نذ یا نمائش کے لئے

لٹکا یا ہوا ابرک کا فانوس۔ ۴۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ ۵۔ پنج شاخہ۔ مشعل۔ ۶۔ قطار۔ سلسلہ۔ ۷۔ کسی چیز کی تیزی جس سے چھینکیں آنے لگیں۔ ۸۔ ایک قسم کی ردا۔ ۹۔ سب۔ کل۔ ۱۰۔ مصنوعی بیل بوٹے کا کام۔ ۱۱۔ جھاڑا۔ درد و سر وغیرہ کے لئے دم کرنا (جھاڑنا)

جھاڑ باقی [ار امث] بالکل بے باق۔ ۲۔ بچا کھچا۔ رہا سہا۔

جھاڑ باندرا [ار امذ ق] بچوں کا کھیل جو وہ درختوں پر چڑھ کر کھیلتے ہیں۔

جھاڑ باندھنا [ار محاورہ] لگاتار بولے جانا۔ ۲۔ مینہ کا لگاتار برسنا۔

جھاڑ بسانا [ار محاورہ] لڑائی مول لینا۔ جھگڑا مول لینا۔

جھاڑ بوٹے [ار امذ] بیل بوٹے۔

جھاڑ پونچھ [ار امث] صفائی۔

جھاڑ پونچھ برابر کرنا [ار محاورہ] سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔ کھا پی جانا۔

جھاڑ پہاڑ [ار امذ] بات کا بتنگڑ۔ خارج از بحث۔ فضول بات۔

جھاڑ پھونک [ار امث] منتر۔ دعا جو دفعیہ مرض کے لئے کرے۔

جھاڑ جھٹک [ار امث] صفائی۔ جھاڑ مار کر مکان صاف کرنا۔

جھاڑ جھنکاڑ [ار امذ] ۱۔ نہایت گھنا اور خار دار پودا۔ ۲۔ بہت سی شاخوں کا درخت خاردار درختوں کا جھنڈ۔ ۳۔ گھاس پھوس۔ کوڑا کرکٹ۔ ۴۔ شکستہ خط۔

جھاڑ دینا [ار محاورہ] صاف کرنا۔ ۲۔ مارنا۔ ۳۔ نکالنا۔

جھاڑ ڈالنا [ار محاورہ] ۱۔ غصہ اتارنا۔ ۲۔ فہمائش کرنا۔ پھٹکارنا۔ ۳۔ وصول کرلینا۔

جھاڑ سے چھوٹا پہاڑ میں اٹکا [ار مثل] ایک مشکل سے نکل کر دوسری زیادہ مشکل میں پھنس جانا۔

جھاڑ کا ازار بند [ار امذ] بڑے بڑے پھندنوں والا ازار بند۔

جھاڑ کا کانٹا [ار ف امذ] ۱۔ لڑاکا۔ جنگجو۔ ۲۔ بد خو۔ ۳۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔ ۴۔ جھاڑی کا کانٹا۔

جھاڑ کے پر نکالنا [ار محاورہ] کثرت سے پر نکالنا۔

جھاڑ لینا [ار محاورہ] ۱۔ نفع کما لینا۔ ۲۔ صفائی کرلینا۔ ۳۔ برتن میں سے تمام کچھ نکال لینا

جھاڑ ہو کر لپٹنا [ار محاورہ] ۱۔ جونک کی طرح چمٹنا۔ سر ہونا۔ ۲۔ پیچھا نہ چھوڑنا

جھاڑا [ار امذ] ۱۔ تلاشی۔ تجسس ۲۔ کوڑا کرکٹ۔ ۳۔ پاخانہ۔ ۴۔ منتر پڑھ کر پھونکنے کا عمل۔

جھاڑا پھرنا رجانا [ار محاورہ] پاخانہ پھرنا۔ ٹٹی کرنا۔

جھاڑا پھونکی [ار امث] دیکھئے "جھاڑ پھونک"

جھاڑ جھٹکا [ار امذ] دیکھئے "جھاڑا ۳"

جھاڑا لینا [ار محاورہ] تلاشی لینا۔ کپڑے لتے اتروا کر دیکھنا۔

جھاڑن [ار امذ مث] ۱۔ جھاڑنے کا کپڑا۔ ۲۔ وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے۔ ۳۔ صفائی۔ ۴۔ تھیلی۔ ۵۔ کوڑا کرکٹ۔

جھاڑن پوچھن رپونچھن [ار امث] ۱۔ وہ چیز جو صفائی کرنے سے نکلے۔ ۲۔ آخری بچہ

جھاڑنا [ار مص] ۱۔ صاف کرنا۔ بہارنا۔ ۲۔ برتن سے کسی خشک چیز کا اس طرح الٹنا کہ کچھ نہ بچے۔ ۳۔ آسانی سے وصول کرنا۔ ۴۔ درخت سے پتے، پھول یا پھل گرانا۔ ۵۔ جھٹکنا۔ پھٹکنا۔ ۶۔ نکالنا۔ مارنا۔ ۷۔ چھوڑنا۔ ۸۔ کنگھی کرنا۔ بال صاف کرنا۔ ۹۔ دم کرنا۔ پھونکنا۔ ۱۰۔ آگ نکالنا۔ چقماق سے آگ پیدا

کرنا۔ پڑگرانا۔ کریز کرنا۔ ۱۲۔ سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔ ۱۳۔ اتارنا۔ ۱۴۔ ذلیل کرنا۔ دھتکارنا۔

جھاڑنا جھٹکنا [ار محاورہ] ۱۔ جھاڑنا بہارنا دینا۔ گرد و غبار صاف کرنا۔ ۲۔ جو کچھ کسی کے پاس سے ملے اسے لے لینا۔

جھاڑو [ار امث] ۱۔ جاروب۔ بہاری۔ ۲۔ دم دار ستارہ۔ ۳۔ مکان کی صفائی ستھرائی

جھاڑو۔ بہارو [ار امث] دیکھئے "جھاڑو"

جھاڑو پھرنا رپھر جانا [ار محاورہ] صفایا ہونا۔ بربادی ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔

جھاڑو پھیرنا رپھیر دینا [ار محاورہ] صفائی کرنا۔ برباد کرنا۔ باقی نہ رکھنا سب کچھ چرا لینا۔ اجاڑنا۔ برباد کرنا۔

جھاڑو تارا [ار امذ] دم دار ستارہ۔

جھاڑو دبانا [ار محاورہ دعو] آندھی روکنے کے لئے جھاڑو پتھر کے نیچے دبانا (جو ایک ٹوٹکا ہے)

جھاڑو دینا [ار محاورہ] ۱۔ صفائی کرنا۔ صفایا کرنا۔ ۲۔ چرا چھپا کر کسی کا مال لیجانا ۳۔ سب کچھ کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔ ۵۔ قدم بد یا نحوست سے کسی کو تباہ کرنا۔

جھاڑو مارنا [ار محاورہ] نفرت ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔ (عو)

جھاڑو ہو کر لپٹنا [ار محاورہ] جونک کی طرح لپٹ جانا۔ سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔

جھاڑی [ار امث] ۱۔ چھوٹا خار دار درخت۔ ۲۔ جھڑ بیری۔ ۳۔ بن جنگل ۴۔ خار دار درختوں کی جگہ۔

جھاڑی بوٹی کا بیر [ار امذ] جنگلی بیر۔ چھوٹے سرخ بیر۔

جھانسنا [ار مص ن] خواہش کرنا۔

جھاگ [ار امذ] ۱۔ کف۔ پھین۔ ۲۔ وہ سفید بلبلے جو پانی کے جوش سے یا آدمی کے منہ سے نکلتے ہیں۔

جھاگ لانا [ار محاورہ] کف لانا۔ غصہ کے مارے منہ سے تھوک اگلنا۔

جھال [ار مث] ۱۔ تیزی۔ جلن۔ ۲۔ ٹانکا۔ دھات کا ۳۔ بڑی اور چوڑی ٹوکری۔ ۴۔ موج۔ ترنگ۔ تلاطم۔ ۵۔ حسد۔ غصہ۔ ۶۔ خواہش جماع جو عورتوں کو ہو۔

جھال آنا [ار محاورہ] ۱۔ رو آنا۔ طوفان آب آنا۔ ۲۔ دفعتہً مینہ یا اولوں کا برس جانا۔

جھالا [ار امذ] ۱۔ وہ زور کا چلتا ہوا مینہ جو کہیں برسے اور کہیں نہ برسے ۲۔ عورتوں کے کانوں کا ایک زیور جو صرف چند موتیوں کی لڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ۳۔ اشارہ۔ ایما۔

جھالر [ار امث] ۱۔ حاشیہ۔ کنارہ۔ پلہ۔ ۲۔ پھندے۔ پھلوے۔ ۳۔ منقش یا ریشم کے تار یا سوت کے دھاگے میں پروئے ہوئے موتی جو آرائش کے وقت رومال، دوپٹے، چھتری، مسند، پنکھے وغیرہ کے اردگرد لگاتے ہیں۔ ۴۔ چنے ہوئے کپڑے کے کنارے۔

جھالردار [ار ف صف] وہ چیز جس میں جھالر لگی ہو۔ (ترکیب غلط ہے)

جھالرا [ار امذ] ۱۔ باؤلی۔ بڑا کنواں۔ جھرنا۔ ۲۔ عورتوں کا وہ ہار جس میں روپے پروتی ہیں اور ہیکل کی طرح پہنتی ہیں۔

جھالنا [ار مص] ۱۔ دھات کو ٹانکا لگانا۔ برتن جوڑنا۔ ۲۔ زیور کو مصالحے سے جوڑ لگانا۔ ۳۔ پانی یا شراب وغیرہ کو شورے یا برف میں لگا کر ٹھنڈا کرنا

جھام [ا ر ا مذ] ایک قسم کا بڑا پھاوڑا، جو اکثر کنوئیں کی کوٹھی گلانے کے کام آتا ہے۔ اس کو رسّی سے باندھ کر کنوئیں سے مٹی نکالتے ہیں۔

جھامر [ا ر مذ مث] سوتیاں اور نکلنے پر کڑ کی سل۔ ۲۔ دلدل۔ ۳۔ مرداب۔

جھانپ [ا ر امث] بانس کا بڑا ٹوکرا یا خوان پوش۔ ۲۔ چوکھٹ کے آگے کا چھوٹا سائبان۔ ۳۔ لکڑی کا چوڑا اور باریک تختہ جو چھت پر ڈالنے کے کام آتا ہے۔ ۴۔ پردہ۔ حجاب۔ ۵۔ بکس کا ڈھکن۔ ۶۔ جھنجھنی کوڑی۔ اوپر سے ٹوٹی ہوئی کوڑی (ق) چھپا ہوا۔ پوشیدہ (ق) جھلانجھ۔

جھانپیل [ا ر امث] ایک سیاہ رنگ کا چالاک پرندہ۔ کال کلیچی۔

جھانپنا [ا ر مص] ڈھانکنا چھپانا۔ غلاف چڑھانا۔

جھانپو [ا ر امث] ایک چڑیا جو اپنی دم کو اکثر ہلاتی رہتی ہے۔ ۲۔ چھنال۔ فاحشہ۔

جھانٹ [ا ر امث] ۱۔ ناف کے نیچے کے بال۔ ۲۔ کم حقیقت چیز۔ ادنیٰ آدمی۔

جھانٹ اکھاڑنا [ا ر محاورہ] بے تہم کندہ کرنا۔ کچھ نہ کرنا۔

جھانٹ اکھاڑے سے یا اڑنے سے مردہ ہلکا نہیں ہوتا [ا ر مثل] تھوڑی سی مدد سے کام نہیں چلا کرتا۔ امداد ہو تو بھرپور ہونی چاہیئے۔

جھانٹ برابر [ا ر صف] حت چھوٹا۔ ذرا سا۔ بے حقیقت۔ بے حیثیت۔ ادنیٰ۔

جھانٹ برابر سمجھنا [ا ر محاورہ] کچھ وقعت نہ دینا۔

جھانٹ بھی نہ اکھاڑ سکنا [ا ر محاورہ] کچھ نہ بگاڑ سکنا۔ کسی قابل نہ ہونا۔

جھانٹ کی جھنٹلی [ا ر صف امث] ادنیٰ۔ کم وقعت۔ ذرا سا۔ چھوٹا۔

جھانٹیں اکھاڑنا [ا ر محاورہ] لمبا کچھ نہ کر سکنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ بے تہم کندہ کرنا۔

جھانٹیں مونڈنا [ا ر مص مرکب] استرے سے زیر ناف کے بال اتارنا۔

جھانجھ [ا ر امث] ۱۔ غصہ۔ ۲۔ تندی۔ تیزی۔ ۳۔ مذ۔ بڑا مجیرا جو تاشے اور ڈھول کے ساتھ بجاتے ہیں۔ ۴۔ مستی۔ کسی چیز کی بے حد خواہش۔ ۵۔ بھوک سے پیدا ہونے والی جھنجھلاہٹ۔

جھانجھ رجانجھ لانا [ا ر محاورہ] تکرار کرنا۔ جھگڑنا۔ لڑنا۔

جھانجر رجھانجھر رجھانجھن [ا ر امث] پاؤں میں پہننے کا ایک آواز دار زیور۔

جھانجی رجھانجھی [ھ امث] ہندو لڑکیوں کا ایک کھیل جو ٹیسو کے دنوں میں ہوتا ہے۔ ہانڈی میں چراغ جلا کر اس میں سوراخ کر کے سر پر رکھ کر لئے پھرتی ہیں۔ ۲۔ وہ گیت جو جھانجھی والیاں گاتی ہیں۔

جھانجھیں [ا ر امث] ایک قسم کا پاؤں کا زیور۔

جھانسا [ا ر امذ] ۱۔ دھوکا۔ چھل۔ ۲۔ آس۔ امید۔

جھانسا بتانا / دینا [ا ر محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ چال کھیلنا۔

جھانسو [ا ر صف ق] مائل۔

جھانسے میں آنا [ا ر محاورہ] دھوکا کیا جانا۔ فریب میں آنا۔

جھانسیا [ا ر صف] جھانسہ دینے والا۔ فریبی۔ مکّار۔

جھانک [ا ر امث] تاک۔ نظر۔ دُزدیدہ نظر

جھانک تاک [ا ر امث] ۱۔ دُزدیدہ نظر۔ ۲۔ خیال۔ غور۔ تدبیر۔

جھانکا جھانکی رجھانکا جھونکی [ا ر امث] دیکھا دیکھی "تاک جھانک"۔

جھانکڑ [ا ر امذ] ۱۔ خاردار درخت۔ جھاڑی۔ ۲۔ درخت کا خشک ٹکڑا جس میں کوئی پتا نہیں رہا۔ ۳۔ دُبلا۔ لاغر۔

جھانکنا [ا ر مص] ۱۔ چھپ کر دیکھنا۔ کھڑکی یا دروازے سے منہ نکال کر دیکھنا۔ ۲۔ ذرا کی ذرا جانا۔ لمحہ بھر کے لئے آنا۔

جھانکی [ا ر امث] ۱۔ نظارہ۔ دید بازی۔ ۲۔ نمائش۔ سوانگ۔ تماشا۔ ۳۔ روزن۔ سوراخ۔ رخنہ۔

جھانوان [ا ر امذ] کھردری اینٹ یا پتھر وغیرہ جس سے پاؤں وغیرہ کی میل اتارتے ہیں۔ ۲۔ آدے یا پزاوے میں جل کر جڑی ہوئی اینٹیں اور راکھ۔

جھانولی [ا ر امث] ۱۔ آنکھ کا اشارہ۔ ۲۔ غمزہ۔ ناز۔ انداز۔ ۳۔ جھلک۔ ۴۔ جھانسہ۔ چکمہ۔ فریب۔ ۵۔ گرم ہوا۔ لُو۔

جھانولی باز [ا ر صف] غمزے کرنے والا۔ چھل کرنے والا۔ چھبیلا (ترکیب غلط ہے)

جھانولی دینا [ا ر محاورہ] ۱۔ آنکھ کی جھپکی دینا۔ غمزہ کرنا۔ اشارہ کرنا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ۲۔ جھانسا دینا۔ فریب دینا۔

جھاؤ [ا ر امذ] ایک پودا جو دریاؤں کے کنارے اُگتا ہے جس سے ٹوکریاں بناتے ہیں۔

جھائیں [ا ر امث] ۱۔ عکس۔ سایہ۔ وہ عکس جو شیشے یا کسی اور چمکیلی چیز کے سورج کے سامنے کرنے سے پڑے۔ ۲۔ چہرے کے سیاہ دھبے۔ کلف۔ چھیپ۔ ۳۔ وہ نشان جو آئینہ کی قلعی اتر جانے سے نظر آتے ہیں۔ ۴۔ چاند کے دھبّے۔ ۵۔ سیاہی کے دھبّے۔

جھائیں جھائیں [ا ر امث] تکرار۔ حجت۔ جھک جھک۔ بک بک۔ بے معنی شور و غوغا۔

جھائیں جھپا [ا ر امث] ۱۔ جلدی سے جھکائی کھا کر چھپ جانا۔ ۲۔ دھوکا۔ فریب۔

جھائیں مائیں [ا ر امث] بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ چک پھیری لئے جاتے ہیں اور جھائیں مائیں لوڑوں کی برات آئی کہتے جاتے ہیں۔

جھائیاں [ا ر امث] دیکھئے "جھائیں" جس کی جمع ہے۔

جھائیاں پڑنا [ا ر محاورہ] دھبے پڑ جانا۔

جھبّا [ا ر امذ] ۱۔ چپّا۔ پھندنا۔ ۲۔ سیاہ ریشم کا پھندنا جو علم پر باندھتے ہیں۔ ۳۔ بڑے بڑے کان۔ ۴۔ مہنتی۔ جُبہ۔ ۵۔ آویزہ۔

جھبرا رجھبڑا [ا ر امذ] ۱۔ بڑے بالوں والا کُتا۔ ۲۔ بڑے بالوں والا۔

جھبری رجھبڑی [ا ر امث] دیکھئے "جھبرا رجھبڑا"، جس کی یہ تانیث ہے۔

جھبیا [ھ امث] ایک قسم کا زیور۔ ۲۔ چھوٹا جھابا۔

جھپ [ا ر صف] جلدی۔ فوراً۔ بلا توقف۔

جھپ جالیا [ا ر امذ] مسلمان کہاروں کا ایک فرقہ یہ لوگ جال ڈال کر مچھلیاں پکڑتے ہیں! "دھابا جھیلا"

جھپ جھپ [ا ر متعلق فعل] جھٹ پٹ۔ جلدی۔

جھپ سے [ا ر متعلق فعل] فوراً۔ چٹکی بجاتے میں۔

جھپ کھانا [ا ر محاورہ] پتنگ کا جلد جلدی کے بل گر پڑنا۔ کنکوے کا الٹ کر گرنا۔

جھپا جھپ [ا ر متعلق] جلدی جلدی۔

جھپاک [ا ر صف] جلد۔

جھپاک جھپاک [ا ر متعلق فعل] جلدی جلدی۔ لپک کر۔

جھپاک سے [ا ر متعلق فعل] جلدی سے۔ ترت پھرت

جھپاکا [ا ر امذ] جلدی۔ فوراً۔ شتابی۔

جھپاکا مارنا [ا ر محاورہ] جلدی سے کوئی کام کرنا۔

جھپاکے سے [ا ر متعلق فعل] دیکھئے "جھپاک سے"

جھپّان [ا ر امذ] ایک قسم کی پالکی جو پہاڑی علاقوں میں مروّج ہے۔ ۲۔ کشتی۔

یا کمزوری جس میں مریض آنکھیں بند کیے پڑا رہتا ہے۔
جھَپّانا [ار مص] پتنگ کا الٹ جانا۔
جھپانا [ار مص] شرمندہ کرنا • (جھینپنا کا متعدی)
جھَپّانی [ار امذ] جھپّان اٹھانے والا کہار۔
جھَپَٹ [ار امث] جلدی کا حملہ۔ دوڑ۔ چھلانگ۔ چھینا۔ کوئی چیز چھین لینا۔
جھپٹ جانا [ار محاورہ] تیز جانا۔ جلد جانا۔ دوڑ کر جانا۔
جھپٹ چلنا [ار محاورہ] ایک خاص طریقے سے مچھلی کا شکار کھیلنا۔
جھپٹ کر آنا [ار محاورہ] حملہ کرنا۔
جھپٹ لینا [ار محاورہ] ۱۔ اچک لینا۔ چھین لینا۔ ۲۔ زبردستی لے لینا۔ ہاتھ سے چھین لینا۔
جھپٹ میں آجانا [ار محاورہ] بھاگتے ہوئے آدمی یا جانور سے ٹکرا کر گر پڑنا
جھپٹا [ار امذ] چیل یا شیر وغیرہ کا کوئی چیز پنجوں سے چھین لینا۔ [افعال :۔ مارنا]
جھپٹانا [ار مص] جلدی سے اڑا لینا۔ ۲۔ دوڑانا۔
جھَپَٹنا [ار مص] ۱۔ حملہ کرنا جو بہ استعمال کسنا کسی پر دوڑنا۔ ۲۔ جلد جانا۔ دوڑنا لپکنا۔ ۳۔ چھیننا۔ زبردستی لے لینا۔ ۴۔ اچک لینا۔ درمیان سے لے لینا۔ ۵۔ کسی شکاری جانور کا شکار پر دوڑنا۔ ۶۔ اڑتے ہوئے حملہ کرنا۔
جھَپٹے میں آنا [ار محاورہ] بھوت پریت کا سایہ ہونا۔ ۲۔ ضرب لگ جانا۔ ۳۔ کسی کے زیر اثر ہونا۔ کسی کے قابو میں آنا۔ مسحور ہونا۔ جادو کیا جانا۔
جھپٹے میں لانا [ار محاورہ] قابو میں لانا۔
جھَپَک [ار امث] شرم حیا۔ حجاب۔ ۲۔ نیند کے غلبہ سے آنکھ بند ہونا۔ ۳۔ آنکھ مارنا۔ پلک مارنا۔ ۴۔ پنکھا ہلانا۔ ۵۔ ہوا کا جھونکا۔ ۶۔ چمک۔ ۷۔ پھرتی۔ چالاکی۔ ۸۔ ہلنا۔ لہرانا۔ ڈولنا۔ حرکت کرنا۔
جھپک آنا [ار محاورہ] خفیف نیند آنا۔ آنکھ لگنا۔
جھپک جانا [ار محاورہ] نیند سے آنکھ بند ہونا۔
جھپک دکھانا [ار محاورہ] صورت دکھانا۔
جھُپکا [ار امذ] جلدی۔ عجلت۔ (۲ ق) ہوا کا جھونکا۔
جھپکانا [ار مص] کسی کو شرمندہ کرنا۔ محجوب کرنا۔ ۲۔ آنکھ بند کرنا۔
جھپکنا [ار مص] آنکھ بند ہونا۔ ۲۔ شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔ ۳۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔ ۴۔ جھپٹنا۔ چھیننا۔ ۵۔ آنکھ مارنا۔ ۶۔ ہلانا۔ لہرانا۔ جھلانا۔ ۷۔ پنکھے کر ہلانا۔ جھلنا۔
جھَپکی [ار امث] نیند۔ غنودگی۔ ۲۔ ذرا کی ذرا صورت دکھانا۔ جھلک۔ ۳۔ جھپٹنا۔
جھپکی لینا [ار محاورہ] تھوڑا سا سونا۔
جھَپیٹ [ار امث] ۱۔ دوڑ۔ تاخت۔ ۲۔ دھکا۔ صدمہ۔ ۳۔ جن پری کا سایہ۔
جھپیٹ کھانا [ار محاورہ] دھکا لگنا۔ ہلکی چوٹ کھانا۔
جھپیٹ میں آنا [ار محاورہ] دیکھیے "جھپیٹے میں آنا"
جھپیٹا [ار امذ] دیکھیے "جھپیٹ یا جھپیٹا"
جھپیٹنا [ار مص] دیکھیے "جھپٹنا"
جھپیٹے میں آنا [ار محاورہ] دیکھیے "جھپٹے میں آنا"
جھپیٹے میں لانا [ار محاورہ] دیکھیے "جھپٹے میں لانا"
جھَٹ [ار متعلق فعل] فوراً۔ دفعتہً۔ جلدی۔ ۲۔ تیزی۔ ۳ ق۔ جھگڑا

جھَٹ پَٹ [ار متعلق فعل] بہت جلد۔
جھٹ پٹ کی گھانی آدھا تیل آدھا پانی [ار مثل] جلدی میں کام خراب ہوتا ہے۔
جھٹ سے [ار متعلق فعل] فوراً۔ پھرتی سے۔
جھٹاس [ہ امث] بوچھاڑ۔ ہوا کا جھونکا۔
جھُٹال دینا [ار محاورہ] تھوڑا سا کھا لینا۔ جھوٹا کر دینا۔ خوراک چھوتی کرنا۔
جھُٹال لینا [ار محاورہ] چکھ لینا۔
جھُٹالنا [ار مص] چھو کر خوراک نجس کر دینا۔ جھوٹا کر دینا۔ ۲۔ چکھ کے چھوڑ دینا۔ ۳۔ صحنک سے ایک ایک لقمہ کھانا تاکہ باقیوں میں تقسیم ہو جائے۔
جھُٹانا [ار مص ق] جھٹلانا۔
جھُٹ پُٹا [ار امذ] صبح یا شام کی سیاہی۔ دونوں وقت ملنے کا سماں۔ غروب آفتاب
جھُٹ پُٹے کا وقت [ار ا۔] صبح یا شام کا وقت جس میں تھوڑی سی تاریکی ہو۔
جھَٹک [ار امث] ہچکولا۔ جنبش۔ صدمہ۔
جھٹک جانا [ار محاورہ] دبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔
جھٹک دینا [ار محاورہ] گرد جھاڑ دینا۔ جھٹکے سے پرے ہٹا دینا۔
جھٹک لینا [ار محاورہ] چھین لینا۔ اچک لینا۔
جھَٹکا [ار امذ] ۱۔ صدمہ۔ ٹکر۔ دھکا۔ ۲۔ مصیبت۔ آفت۔ حادثہ۔ ۳۔ تلوار کے ایک ہی وار سے جانور کی گردن اتارنے کا عمل یا گردن اتارا ہوا جانور۔ سکھوں کا ذبیحہ، جو مسلمانوں کے نزدیک حرام ہے۔
جھٹکا اٹھانا [ار محاورہ] صدمہ اٹھانا۔ خسارہ اٹھانا۔ مصیبت سہنا۔
جھٹکا پڑنا [ار محاورہ] دھچکا لگنا۔ صدمہ پہنچنا۔
جھٹکا دینا [ار محاورہ] کسی چیز کو پکڑ کر زور سے ہلانا۔ ۲۔ صدمہ پہنچانا۔
جھٹکا کرنا [ار محاورہ] جانور کی گردن کو تلوار سے ایک ہی وار میں علیحدہ کرنا۔ (سکھوں کا ذبیحہ)
جھٹکا کھانا [ار محاورہ] تکلیف اٹھانا۔ سر کٹے جانور کا گوشت کھانا
جھٹکا مارنا [ار محاورہ] دیکھیے "جھٹکنا"
جھٹکانا [ار مص] دیکھیے "جھٹکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
جھٹکنا [ار مص] ۱۔ جھاڑنا۔ کپڑے وغیرہ کو ہلانا۔ ۲۔ دھکا دینا۔ صدمہ پہنچانا ۳۔ چھیننا۔ ہاتھ مارنا۔ ۴۔ اپنا ہاتھ دوسرے کے ہاتھ سے جھٹکا دیکر کھینچنا ۵۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ ۶۔ سکھوں کا تلوار سے جانور کی گردن اتارنا۔
جھٹکے کا مال [ار امث] چوری کا مال۔
جھُٹل [ار متعلق فعل] جھوٹ موٹ۔ دکھلاوے کا۔
جھٹلانا [ار مص] جھوٹا ثابت کرنا۔ باطل کرنا۔ ۲ جھٹالنا۔
جھُٹنا [ار مص ق] دبلا ہونا۔ کم ہونا۔ ۳۔ مناظرہ کرنا۔ بحث کرنا
جھُٹَنت [ار امذ ق] جمٹ جانا۔
جھُٹیا [ار امث] جھوٹا کی تصغیر۔ نیز دیکھیے "جھونٹیا"
جھُٹیل [ار مث صف] ۱۔ بدکار عورت۔ فاحشہ۔ ۲۔ چھوڑا ہوا۔ جھوٹا باسی۔ ۳۔ باسی چیز۔ جھوٹی چیز۔
جھَج [ار امث ق] کمزوری۔ ڈبلاپن۔
جھَجا [ار امث ق] گزشتہ۔ گزرا ہوا۔

جھگا (ار اند) پہننے کے کپڑوں میں سے جو کپڑا لمبا چوڑا ہو۔
جھجّھر (ار اند) بڑی صراحی
جھجھری (ار امث) دیکھیے "جھجّھر" جس کی یہ تصغیر ہے۔
جھجک / جھجھک (ار امث) بھڑک۔ خوف۔ حیا۔ شرم۔ اندیشہ۔ وہم۔ خوف۔ خطرہ۔
جھجک / جھجھک جانا (ار محاورہ) ایک دم چونک پڑنا۔ ۲۔ ڈر جانا۔ ۳۔ رک جانا۔ ۴۔ وہم کرنا۔
جھجک / جھجھک نکلنا (ار محاورہ) مانوس ہو جانا۔ ۲۔ رکاوٹ دور ہو جانا ۳۔ حجاب جاتا رہنا۔ بے تکلف ہو جانا۔ ۴۔ خوف یا وہم نہ رہنا۔
جھجک / جھجھک ہونا (ار محاورہ) حجاب ہونا۔ شرم ہونا۔ ۲۔ تکلف ہونا۔ ۳۔ رکنا۔ ہچکچانا۔
جھجکانا / جھجھکانا (ار مص) خوف دلانا۔
جھجکارنا / جھجھکارنا (ار مص) آنکھ دکھانا۔ گھُڑکنا۔
جھجکنا / جھجھکنا (ار مص) ۱۔ چونکنا۔ بھڑکنا۔ ۲۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔ ۳۔ شرم کرنا۔ حجاب کرنا۔ ۴۔ حیران ہونا۔
جھجکونہ / جھجھکونہ (ار امث ق) دھینگا مُشتی۔ ہاتھا پائی۔
جھجکی / جھجھکی (ار امث) خوف۔ ڈر۔ ۲۔ شرم۔ حیا۔
جھجّھہ (ھ اند) لمبی داڑھی۔
جھجّھا (ھ امث) موسلا دھار بارش۔ ۲۔ آندھی طوفان۔
جھجّو جھجّو (ار اند) ہاہا جھلانیوالیاں۔ جھلاتے وقت یہ کلمہ کہتی ہیں۔
جھنڈو / جھُنڈو (ار صف) نکما۔ بے حیا۔ سست۔ ۲۔ بوڑھا۔ ۳۔ جو اپنا وقت ضائع کرے۔ بیوقوف۔ احمق۔
جھر (ار امث) کاغذ یا کپڑے کے پھٹنے کی آواز۔ ۲۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ ۳۔ آگ کی حرارت۔
جھر جھر کر ڈالنا (ار محاورہ) دھجیاں کر دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔
جھرمٹانا (ار مص ق) لپیٹنا۔ پژمردہ ہونا۔
جھرا (ار اند ق) جھرنا۔
جھرّاٹا (ار اند) دیکھیے "جھر"
جھرجھرا (ار صف) بہت باریک کپڑا جس کے تار فاصلے سے ہوں۔
جھرجھری (ار امث) لرزہ۔ کپکپی۔
جھرجھری آواز (ار امث) ایسی آواز جو صاف نہ نکلے۔
جھرکٹ (ار صف) مرجھایا ہوا۔ بے رونق۔ افعال ہونا۔
جھرمٹ (ار اند) بھیڑ۔ انبوہ۔ حلقہ۔ ۲۔ گروہ۔ عورتوں کا حلقہ۔ ۳۔ بُکل۔ چادر وغیرہ سے منہ اور چہرہ کو چھپا لینا۔ ۴۔ شرک کرنے کا آلہ (افعال:۔ مارنا)
جھرنا (ار مص) آبشار۔ پانی کی چادر۔ ٹپکتے پانی کا چشمہ۔ ۲۔ چھلنی۔ ۳۔ حلوائیوں کا سوراخ دار کفگیر۔
جھرنا (ار مص) ٹپکنا۔ بہنا۔ جاری ہونا۔ رسنا۔
جھُرنا (ار مص) مرجھانا۔ بیماری کے سبب کمزور اور دُبلا ہو جانا۔
جھروکا / جھروکھا (ار اند) کھڑکی۔ دریچہ۔ روشن دان۔ ایسی کھڑکی جو پُرمنظر اطراف میں سیر یا نظارہ کی غرض سے رکھی یا لگائی گئی ہو۔
جھری (ار امث) دَرز۔ شگاف۔ سوراخ۔ رخنہ۔ ۲۔ وہ گڑھا جہاں
ادھر اُدھر سے رس کر پانی جمع ہو جائے۔
جھُرّی (ار امث) شکن۔ سلوٹ جو بڑھاپے کی وجہ سے جسم پر پڑ جاتے ہیں۔
جھُرّیاں (ار امث) دیکھیے "جھُرّی" جس کی یہ جمع ہے۔
جھُرّیاں پڑنا (ار محاورہ) بڑھاپے میں کھال کے مرجھانے سے جسم پر جھریاں پڑ جاتی ہیں۔
جھُریانا (ار مص) کملانا۔ مرجھانا وغیرہ۔
جھڑ (ار امث) لگاتار بارش۔ جھڑی۔ ۲۔ قفل کا کھٹکا۔ ۳۔ آنسوؤں کی جھڑی ۴۔ گالیوں کی بھرمار۔ ۵۔ لگاتار باتیں کرنا۔ ۶۔ پتے گرنا۔
جھڑ بدلی (ار امث) جھڑی کی بدلی۔ ساون کی بدلی
جھڑبیری (ار امث) ایک جنگلی بیری جس میں چھوٹے چھوٹے سرخ رنگ کے بیر لگتے ہیں۔
جھڑبیری کا کانٹا (ار اند) (کنایۃً) جھگڑالو۔ ایسا شخص جو گلے پڑ جاتے۔
جھڑ پکنا (ار محاورہ) پک کر جھڑ جانا۔ ۲۔ بوڑھا ہو کر ناکارہ ہو جانا۔
جھڑ لگنا (ار محاورہ) مینہ کی جھڑی بندھنا۔ لگاتار موسلا دھار بارش ہونا۔
جھڑا (ار صف) جھڑا ہوا۔ گرا ہوا۔ ۲۔ کل۔ تمام۔ بالکل۔
جھڑا جھڑ (ار صف) لگاتار۔ متواتر۔ مسلسل۔ پے در پے۔ ۲۔ بکثرت۔
جھڑا جھڑ روپیہ برسنا (ار محاورہ) بکثرت آمدنی ہونا
جھڑا جھڑ تلوار مارنا (ار محاورہ) لگاتار تلوار چلانا۔
جھڑا جھڑ ہاتھ مارنا (ار محاورہ) لگاتار تھپڑ مارنا۔ تھپڑوں کا تار باندھ دینا
جھڑاک / جھڑاکا (ار اند) فوراً۔ جلد۔ کسی کام کو جلد کرنا۔ ۲۔ جھڑپ۔ ہلکی سی لڑائی۔ ۳۔ زور کی بارش۔ جھڑی۔
جھڑپ (ار امث) خفیف لڑائی جھگڑا۔ ۲۔ ایک چیز کو دوسری چیز کا صدمہ پہنچنا۔ ۳۔ تندی۔ تیزی۔ جوش۔ گرمی۔ غصہ۔ ۴۔ شعلہ۔ لو۔ جوت۔
جھڑپ ہو جانا / ہونا (ار محاورہ) دو آدمیوں میں باہم تکرار ہونا ۲۔ دو مرغوں کا آپس میں لڑنا۔
جھُڑپ (ار امث ق) جھُنڈ۔ ۲۔ جھاڑی۔
جھڑپانا (ار مص) دو آدمیوں کو باہم لڑوانا۔ پرندوں کو لڑانا۔ دو چونچیں کرانا۔
جھڑپنا (ار مص) پرندوں کا آپس میں لڑنا۔ مرغوں کا آپس میں لڑنا ۲۔ آدمیوں کا لڑنا۔
جھڑت (ار امث ق) باڑ مارنا۔
جھڑتی (ار امث ق) بدلہ۔
جھڑتی دینا (ار محاورہ) حساب دینا۔ جائزہ لینا۔ تلاشی دینا۔
جھڑتی لینا (ار محاورہ) مواخذہ کرنا۔ ۲۔ تلاشی لینا۔
جھڑجھڑات (ار امث ق) ملامت کرنا۔ بُرا بھلا کہنا
جھڑجھڑانا (ار مص) ۱۔ جھنجھوڑنا۔ ہلانا۔ جنبش دینا۔ ۲۔ پھٹپھٹانا۔ ۳۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ دھمکانا۔ لتاڑنا۔
جھڑجھڑاہٹ (ار امث) جھڑجھڑانے کا عمل۔ جھنجھلاہٹ۔ تیز مزاجی۔ غصہ۔ جوش۔
جھڑک (ار امث) دھمکی۔ خفگی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔
جھڑک دینا (ار محاورہ) دیکھیے "جھڑکنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

جھڑکا جھڑکی [ا ر امث] باہم ایک دوسرے کو جھڑکنا۔
جھڑکنا [ا ر مص] ڈانٹنا۔ دھمکانا۔ گھڑکنا۔ ملامت کرنا۔ تنبیہ کرنا۔
جھڑکی [ا ر امث] دیکھیے "جھڑک"
جھڑکی دینا [ا رمحاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔
جھڑکیاں پڑنا [ا رمحاورہ] موردِ عتاب ہونا۔ تاڑ پڑنا۔ دھتکار پڑنا۔
جھڑکیاں کھانا [ا رمحاورہ] گھڑکیاں سننا۔ عتاب سہنا۔ تاڑ پڑنا۔
جھڑن [ا ر امث] جھڑنے کے بعد جو کچھ حاصل ہو۔ کھرچن۔ تلچھٹ۔
۲۔ نفع۔ سود۔
جھڑنا [ا رمص] ۱۔ کسی چیز کا کسی چیز سے گرنا۔ ٹپکنا۔ ۲۔ بچنا۔ بچ رہنا۔ بچت ہونا۔
۳۔ قیمت دینا۔ لینا۔ ۴۔ کوڑا کرکٹ صاف ہونا۔ جھاڑ دیا جانا۔ ۵۔ انزال
ہونا۔ ۶۔ دم ہونا۔ منتر پڑھ کر پھونکا جانا۔
جھڑوانا [ا رمص] دیکھیے "جھڑنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
جھڑوتا [ا ر امذ] وہ پھل جو آخر فصل تک شاخ سے لگا رہے۔
جھڑوتے کی بتیا [ا ر امث] خربوزے کا پھل جو آخر فصل تک شاخ
سے لگا رہے۔
جھڑوس [ا ر امذ] بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ ۲۔ بے غیرت۔ بے حمیت۔
۳۔ دیوث۔
جھڑی [ا ر امث] لگاتار بارش۔ ۲۔ متواتر پڑنا۔ ۳۔ مجازاً آنسوؤں کی قطار
[افعال :۔ بندھنا۔ لگانا۔ لگنا]
جھڑیل [ا رصف] پوچ۔ لچر۔ بے ہودہ۔
جھک [ا ر امث صف] بک بک۔ واہی تباہی گفتگو۔ ۲۔ غصہ۔ جوش۔ ۳۔ دیوانگی
۴۔ بے فائدہ کام۔ ۵۔ صف۔ صاف۔ اُجلا چمکیلا۔ روشن۔
جھک مارنا [ا رمحاورہ] بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ ۲۔ بیوقوفی کرنا۔ ۳۔ جھوٹ بولنا۔
جھک جھک [ا ر امث] جھگڑا۔ تکرار۔ بک بک۔
جکا جھک [ا رصف] چمکیلا۔ خوب۔ سفید۔ مصفّا۔
جھکاڑ [ا رصف] بہت جھگڑنے والا۔
جھکانا / جھنکانا [ا رمص] جھانکنا کا متعدی۔ ۲۔ پٹے بازوں کی اصطلاح ہیں
مغالطہ دینا۔ دھوکا دینا۔ ۳۔ پھرانا۔ دکھانا۔
جھکانا [ا رمص] حیران کرنا۔ ستانا۔ ۲۔ ہیرا پھیری کرنا۔ ٹالا بالا کرنا۔ ۳۔ رُلانا۔
جُھکانا [ا رمص] خم کرنا۔ نیچا کرنا۔ ۲۔ سر جھکانا۔ سرنگوں کرنا۔
جُھکاوٹ [ا ر امث] خمیدگی۔
جھکاؤ [ا ر امذ] خمیدگی۔ خم۔ ۲۔ رجحان۔ میلان۔
جھکائی [ا ر امث] مغالطہ۔ دھوکا۔ [افعال :۔ دینا]
جُھک پڑنا [ا رمحاورہ] خمیدہ ہونا۔ ۲۔ اپنی کمتری کا اقرار کرنا۔ ۳۔ متوجہ ہونا۔
جُھک کر سلام کرنا [ا رمحاورہ] ۱۔ نہایت ادب سے سلام کرنا۔
۲۔ طنزاً شرارت میں استاد ماننا۔
جُھک کر ملنا [ا رمحاورہ] عجز و انکسار کے ساتھ ملاقات کرنا۔
جھکڑ [ا ر امذ] ۱۔ آندھی۔ تیز ہوا۔ ۲۔ جھک۔ بک بک۔
جھکڑ چلنا [ا رمحاورہ] آندھی آنا۔ تیز ہوا چلنا۔
جھکڑا [ا رصف مذ] بدمزاج مرد۔

جھکڑی [ا ر صف مث] بدمزاج عورت۔ ۲۔ جھاڑی۔
جُھکنا [ا رمص] خمیدہ ہونا۔ خم ہونا۔ نیچا ہونا۔ ۲۔ عاجزی سے ملنا۔ انکسار
کرنا۔ ۳۔ آنکھیں بند ہونا۔ ۴۔ مصروف ہونا۔ مشغول ہونا۔ ۵۔ خوش ہونا
صرف ہونا۔ ۶۔ آگ میں گر پڑنا۔ ۷۔ وزن میں مقدار سے زیادہ
ہونا۔ تول میں پلڑا جھکنا۔ عذر کرنا۔
جھکندن [ا ر امث] جھک جھک تکرار۔ عذابِ جان۔
جھکنی [ا ر امث ق] غم۔
جھکور [ا ر امث] ہوا کی لہر۔ جھونکا۔ ۲۔ نقصان۔ ضرر۔ ۳۔ شامت۔ آفت۔ وبال
۴۔ مینہ کا تریڑا۔ بارش کا تیز چھینٹا۔
جھکوڑا [ا ر امذ] تیز ہوا کا جھونکا۔ پانی کی لہر جس سے کناروں کی چیزوں کو حرکت ہو جاتے
جھکولا [ا ر امذ] ۱۔ لہر۔ ترنگ۔ موج۔ ۲۔ پانی کا زور سے آنا۔ ۳۔ غوطہ۔ ڈبکی
۴۔ صدمہ۔ ۵۔ حرکت کرنا۔ ہلنا جلنا۔ ۶۔ تلخ تجربہ۔
جھکولنا [ا رمص] پانی کا ہلانا جلانا۔ ۲۔ غوطہ لگانا۔ ڈبکی لگانا۔ ۳۔
دھونا۔ پانی ڈالنا۔
جھکولے دینا [ا رمحاورہ] ادھر اُدھر پھرانا۔ غوطے دینا۔
جھکولے کھانا / لینا [ا رمحاورہ] ۱۔ غوطے کھانا۔ پانی میں کبھی ڈوبنا کبھی اُبھرنا۔
۲۔ ہلکورے لینا۔ موجیں مارنا۔ ۳۔ اچھلنا۔ ۴۔ زمانے کا گرم سرد آزمانا۔
جھکولے لگنا [ا رمحاورہ] ۱۔ تلخ تجربہ ہونا۔ ۲۔ معمولات زندگی میں فرق آنا۔
جھکی [ا ر امذ] جھکی۔ زیادہ بولنے والا۔ ۲۔ ضدی۔ اڑیل۔ تکرار کرنے والا۔
جُھکے جو کوئی اس سے جھک جائیے۔ } [ا ر مثل] جو شخص اخلاق سے
رُکے جو کوئی اس سے رُک جائیے } ملے اسے اچھی طرح ملنا چاہیے۔
اور جو اکڑے اور غیریت برتے اس سے اکڑ کر ملنا چاہیے۔
جھگڑا [ا ر امذ] ۱۔ دنگا۔ فساد۔ قضیہ۔ ۲۔ حجت۔ بحث۔ ۳۔ جھمیلا۔ کھٹ پٹ۔
جھگڑا اٹھانا [ا رمحاورہ] جھگڑے کی ابتدا کرنا۔ لڑائی کی نیت کرنا۔
جھگڑا پاک کرنا [ا رمحاورہ] جھگڑا ختم کرنا۔ کسی معاملہ کو بخیر و خوبی انجام
دینا۔ فساد رفع کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
جھگڑا پاک ہونا [ا رمحاورہ] ۱۔ جھگڑا دور ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ ۲۔ مر جانا
دنیاوی تعلقات سے چھوٹ جانا۔
جھگڑا پڑنا [ا رمحاورہ] فساد ہونا۔ نزاع ہونا۔
جھگڑا جانا [ا رمحاورہ] دیکھیے "جھگڑا پاک ہونا"
جھگڑا جھوٹا قبضہ سچا [ا ر مثل] جو شخص کسی چیز پر قابض ہو اس کے خلاف
مقدمہ کرکے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
جھگڑا چکانا [ا رمحاورہ] دیکھیے "جھگڑا پاک کرنا"
جھگڑا چکنا [ا رمحاورہ] دیکھیے "جھگڑا پاک ہونا"
جھگڑا چھونا [ا رمحاورہ] لمبی داستان یا کہانی بیان کرنا۔
جھگڑا کرنا [ا رمص مرکب] فساد کرنا۔ لڑنا۔ ۲۔ مزاحمت کرنا۔ ۳۔ اعتراض کرنا
۴۔ دعویدار بننا۔ مقدمہ لڑنا۔
جھگڑا کوتاہ کرنا [ا رمحاورہ] دیکھیے "جھگڑا پاک کرنا"
جھگڑا کھڑا کرنا [ا رمحاورہ] فساد برپا کرنا۔
جھگڑا مٹ جانا [ا رمص مرکب] دیکھیے "جھگڑا پاک کرنا"

جھگڑا مول لینا [ا ر محاورہ] جھگڑے میں پڑنا۔
جھگڑا نکالنا [ار محاورہ] فساد کی بات پیدا کرنا۔ جھمیلا کرنا۔
جھگڑالن [ار امث] دیکھیے "جھگڑالو" جس کی یہ تانیث ہے۔
جھگڑالو [ار اند] جھگڑا کرنے والا۔ جھگڑی۔ فسادی۔ شریر۔
جھگڑانت [ار صف] دیکھیے "جھگڑالو"
جھگڑ بیٹھنا [ار محاورہ] لڑائی کرنا۔ فساد کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
جھگڑ پڑنا [ار محاورہ] دیکھیے "جھگڑ بیٹھنا"
جھگڑ جھگڑ کر لینا [ار محاورہ] تکرار کرکے زیادہ لینا۔
جھگڑنا [ار مص] فساد کرنا۔ تکرار کرنا۔ ۲۔ ضد کرنا۔ اڑنا۔ ۳۔ زیادہ مانگنا۔
جھگڑوں میں پڑنا [ار محاورہ] دوسروں کے معاملات میں دخل دینا جھگڑے کے کاموں میں حصّہ لینا۔
جھگڑے [ار اند] دیکھیے "جھگڑا" جس کی یہ جمع اور مغیّرہ صورت ہے۔
جھگڑے بھرا [ار صف] بڑے جھگڑے کا جس میں بہت طوالت ہو۔
جھگڑے کی باتیں / جڑیں تین زن، زر، زمین [ار مثل] عورت، مال اور زمین فساد کا باعث ہیں۔
جھگّی [ار امث ق] حجامہ۔
جھگّی [ار امث] جھونپڑی۔
جھل [ار امث] ا۔ غصّہ۔ خفگی۔ طیش۔ جوش۔ جھونجھل۔ ۲۔ حسد۔ رشک جلن۔ بدخواہی۔ کھسیانا۔ ۳۔ شہوت کی زیادتی۔ ۴۔ تیز روشنی۔ روشنی کی چمک دمک۔ ۵۔ آگ کی حرارت۔ تپش۔ سینک۔ ۶ (صف)۔ روشن۔ چمکدار۔ ۷۔ ق۔ محبت۔
جھل بجھانا / مٹانا [ار محاورہ] خواہش پوری کرنا۔ شہوت مٹانا۔
جھل ہائی [ار امث] ا۔ چھنال۔ ۲۔ بدذات عورت۔ ۳۔ رشک کرنے والی۔
جھلّا [ار صف] ا۔ مغلوب الغضب۔ ۲۔ احمق۔ پاگل۔ دیوانہ۔ ۳۔ تیز مزاج۔ ۴۔ غصیل۔ بد مزاج۔ ۵۔ شہوت پرست۔ ۶۔ بڑا اٹھ کرا۔
جھلابور [ار صف] ا۔ زرق برق۔ چمکتا۔ دمکتا۔ ۲۔ طوفان۔ طغیانی۔ چڑھاؤ۔
جھلاجھل [ار صف] جگ مگ۔ روشنی۔ چاندی سونے کی چمک دمک۔
جھلارا / جھلاری [ار صف] جھاڑی کی طرح گنجان۔
جھلانا [ار مص] ا۔ جھولے میں بٹھا کر جھونٹے دینا۔ حرکت دینا۔ ۲۔ ٹال مٹول کرنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔ ۳۔ ٹالنا۔ کام روک کے رکھنا۔
جھلانا [ار مص] ا۔ غصّہ ہونا۔ جلنا۔ غضبناک ہونا۔ ۲۔ جلن ہونا۔ سوزش ہونا۔ ۳۔ کسی بات کا دیر تک اثر رہنا۔
جھلجھل [ار امث] تاپنگ کی دم
جھلجھل [ار اند] چمک دمک۔ روشنی۔
جھلجھلانا [ار مص] ا۔ چمکنا۔ دمکنا۔ ۲۔ سوزش کرنا۔ جلنا۔ ۳۔ دیر تک صدمہ رہنا۔
جھلجھلاہٹ [ار امث] ا۔ چمک۔ ۲۔ وہ جلن جو زخم پر نمک چھڑکنے یا تیز مرچ یا مکھی اور چیز کی تیزی سے محسوس ہوتی ہے۔ ۳۔ چرچراہٹ۔ سوزش۔ جلن۔
جھلجھلی [ار امث] خفیف تپ۔
جھلڈی [ار امث ق] جھری۔

جھلڑ [ار امث] پرندوں کا غول۔ جھنڈ۔ پرا۔ ٹکڑی۔
جھلسا [ار اند] ا۔ لو کا شعلہ۔ آگ۔ ۲۔ جلا ہوا۔ ۳۔ نگوڑا۔ کم بخت۔ بدنصیب ۴۔ آتش بازی سے ایک کا دوسرے کو جلا دینا۔ [ا فعال دینا۔ لگانا۔ لگنا]
جھلسانا [ار مص] دیکھیے "جھلسنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
جھلسنا [ار مص] ا۔ جلنا۔ پھکنا۔ آگ لگنا۔ ۲۔ جلانا۔ آگ لگانا۔ پھونکنا۔ ۳۔ کچھ دے کر راضی کرنا۔ رشوت دینا۔ ۴۔ ناراض ہوکر گھر سے نکالنا۔ رخصت کرنا۔ ۵۔ بیاہنا۔ شادی کرنا۔ گھر سے نکالنا۔ ۶۔ غصّہ ہونا۔
جھلک [ار امث] ا۔ روشنی۔ چمک۔ ۲۔ جلوہ۔ عکس۔ ۳۔ پانی کا دور سے نظر آنا۔ ۴۔ اثر۔ ۵۔ تھوڑی مشابہت۔ ۶۔ تھوڑی دیر کے لئے نظر آنا۔ مختصر نظارہ۔
جھلک دکھانا [ار محاورہ] لمحہ بھر کے لئے صورت دکھانا۔
جھلکا [ار اند] ا۔ جھلک۔ ۲۔ آبلہ۔ چھالا۔ ۳۔ ق۔ شوق۔
جھلکاٹ [ار صف ق] جھلک۔
جھلکار [ار صف ق] چمک دمک۔
جھلکنا [ار مص] ا۔ کچھ کچھ چمکنا۔ کسی چیز کے اندر سے چمک ظاہر ہونا۔ ۲۔ عکس ظاہر ہونا۔ ۳۔ جھلملانا۔ دمکنا۔ چمکنا۔ جلوہ دکھانا۔ ۴۔ ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔
جھل کھانا [ار محاورہ ق] رشک کرنا۔
جھلکی [ار امث] دیکھیے "جھلک"
جھلکی دکھانا [ار محاورہ] عکس دکھانا۔ جلوہ دکھانا۔ تجلّی دکھانا۔
جھلنگا [ار اند] پلنگ یا چارپائی کے بنے ہوئے بان جب ان میں سے پٹیاں اور چارپائے نکال لئے جائیں۔ ٹوٹی ہوئی چارپائی کے بان۔
جھلم [ار امث] ایک قسم کی زرہ جو لڑائی کے وقت منہ پر ڈالی جاتی ہے۔
جھلمال [ار صف ق] جھلمل۔
جھل مرے [ار صف ق] ہیبت زدہ۔ خوف زدہ۔
جھلمل [ار امث] ا۔ ٹمٹماہٹ۔ جگمگاہٹ۔ ۲۔ پانی پر چراغوں کے عکس پڑنے کی کیفیت۔ ۳۔ ستاروں کا کم کم چمکنا۔ ۴۔ پانی کی چمک۔
جھلمل جھلمل کرنا [ار محاورہ] جگمگانا۔ ٹمٹمانا۔
جھلملا [ار صف مذ] کم چمکنے والا۔
جھلملانا [ار مص] جھلکنا۔ چراغ یا ستاروں کا تھوڑا تھوڑا چمکنا۔
جھلملی [ار امث] ا۔ چلمن۔ چق۔ جھری والا کواڑ یا کھڑکی جو روشنی یا ہوا آنے کی غرض سے گاڑی یا کوٹھیوں میں لگا دیتے ہیں۔ ۲۔ دھیمی دھیمی روشنی۔ ملگجی سی چاندنی۔ کان کا ایک زیور۔
جھلنا [ار مص] پنکھا ہلانا۔ ۲۔ دھات کے برتن یا زیور کو ٹانکا لگانا۔ ۳۔ برف یا شورے میں لگا کر ٹھنڈا کرنا۔ ۴۔ مکھیاں اڑانا۔ مگس رانی کرنا۔
جھلنک [ار صف ق] سوراخ دار۔
جھلنگا [ار اند] ا۔ ٹوٹی ہوئی چارپائی۔ ۲۔ ٹوٹی ہوئی چارپائی کا بنا ہوا بان۔ ۳۔ ایسی چارپائی جس کے بان ٹوٹ گئے ہوں اور وہ جھولا ہو گئی ہو۔ ۴۔ لاغر۔ دُبلا۔ کمزور۔
جھلوانا [ار مص] دیکھیے "جھلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
جھلوائی [ار معاوضہ مث] جھلنے کی اُجرت۔ زیور وغیرہ میں ٹانکے کی اجرت۔

جھلون [ا ر صف ق] تندے۔
جھلی [ا ر صف مث] دیکھئے "جھلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
جھلّی [ا ر امث] ا۔ پردہ۔ پیٹ کے اندر باریک چربی کا پردہ جو انسان اور حیوان کا باریک پوست۔ ۲۔ آنکھ کا جالا۔ ۳۔ صف۔ باریک۔ پتلا۔
جھماجھم [ا ر امث] ا۔ زور سے مینہ برسنے کی آواز۔ ۲۔ گوٹا کناری کی چمک دمک ۳۔ چمکنے والا لباس۔ قیمتی لباس۔ ناچنے کی آواز۔
جھما دینا [ا ر محاورہ] وجد میں لانا۔ مست کرنا۔
جھماگا [ا ر امذ] ا۔ چمک۔ دھوم دھڑکا۔ دھماکا۔ ۲۔ مینہ کا بھاری چھینٹا ہو سلا دھار مینہ۔ ۳۔ چمک۔ سردیش کا۔
جھم جھم [ا ر امذ] مینہ برسنے کی آواز۔ ۲۔ صف۔ چمکیلا۔
جھم جھما [ا ر صف] چمک دمک والا۔ گوٹے کناری والا۔ چمکتا۔ ۔۔۔۔
جھم جھم ہونا [ا ر محاورہ] جگ مگ۔ جگ مگ ہونا۔ چمکنا۔
جھمجھماتا [ا ر صف مذ] چمکتا۔ جگ مگ کرتا۔ گوٹے کناری کا۔
جھمجھمانا [ا ر مص] چمکنا۔ روشن ہونا۔ جگ مگ جگ مگ کرنا۔
جھمر جھمر [ا ر امث] ہلکی ہلکی بارش۔
جھمک [ا ر امث] چمک دمک۔ بھڑک۔ درخشانی۔ رونق۔
جھمکا [ا ر امذ] معشوق کا دیدار۔
جھمکا [ا ر امذ] ا۔ گچھا۔ خوشہ۔ ۲۔ عقد ثریا۔ وہ سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں۔ ۳۔ کانوں کا ایک زیور۔
جھمکانا [ا ر مص] ا۔ شان و شوکت دکھانا۔ خودنمائی کرنا۔ چمکانا۔
جھمکڑا [ا ر امذ] کرّوفر۔ تجمل۔ ۲۔ خوبصورتی۔ ۳۔ تجلی۔ دیدار۔
جھمکڑے سے [ا ر متعلق فعل] شان سے۔ انداز سے۔
جھمکنا [ا ر مص] چمکنا۔ دمکنا۔ جھلکنا۔
جھمکی [ا ر امث] دیکھئے "جھمکا" جس کی یہ تانیث ہے۔
جھمورا رجموڑا [ا ر امذ] ا۔ بہت بالوں والا جانور۔ ۲۔ ریچھ۔ ۳۔ وہ بچہ جس کے کپڑے ڈھیلے ڈھیلے ہوں۔ ۴۔ بازیگروں یا مداریوں کے ساتھ کا بچہ۔
جھمیل [ا ر امث] ا۔ دیر۔ اٹکاؤ۔ ۲۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔ الجھاؤ۔
جھمیلا [ا ر امذ] جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فساد۔ ناپسندیدہ حالات۔
جھمیلیا [ا ر مذ صف] ا۔ جھگڑالو۔ ۲۔ بکھیڑا کرنے والا۔ ۳۔ لڑائی کرنے والا۔
جھن [ا ر اصوت مث] ا۔ بقالی کے بجنے کی آواز۔ ۲۔ تلوار وغیرہ کے گرنے کی آواز۔
جھنا [ا ر صف] دور دور بُنا ہوا کپڑا۔
جھنانا [ا ر مص] ا۔ وہ کیفیت جو جسم کے کسی حصہ یا عضو کے سُن ہو جانے سے پیدا ہوتی ہے۔ ۲۔ غصے ہونا یا خوش ہونا
جھنٹیل [ا ر صف] بے ہودہ۔ بے وقت۔
جھنجھ [ا ر امث ق] تضیہ جھگڑا۔ لڑائی۔
جھنجھٹ رجھنجھٹ [ا ر امذ] ا۔ جھگڑا۔ تکرار۔ ۲۔ تضیہ۔ حجت۔ ۳۔ بکھیڑا۔ الجھن۔ ابال۔
جھنجھٹ لانا [ا ر محاورہ] جھگڑا اکھڑا کرنا۔ تکرار شروع کرنا۔
جھنجھر [ا ر امذ ق] ا۔ جھنجر۔ ۲۔ سویرا۔ تڑکا۔
جھنجلانا رجھنجھلانا [ا ر مص] غصّہ ہونا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ ۲۔ پیچ و تاب کھانا۔

جھنجوٹی رجھنجھوٹی [ا ر امث] ا۔ پہاڑی علاقوں کی راگنی۔ ۲۔ تکرار جھگڑا۔ ۳۔ خفگی۔
جھنجوڑنا رجھنجھوڑنا [ا ر مص] کسی کو جگانے کے لئے زور سے ہلانا۔ ۲۔ تکلیف دینا تنگ کرنا۔ ۳۔ نوچنا۔ کھسوٹنا۔ ۴۔ لعنت ملامت کرنا۔
جھنجوڑی [ا ر امث] جھنجھوڑنے کا فعل۔
جھنجوڑیاں دینا [ا ر محاورہ] جھنجوڑنا۔ جگانے کے لئے زور زور سے ہلانا۔
جھنجھ [ا ر امذ ق] غصّہ۔
جھنجھٹیا [ا ر صف] جھگڑالو۔ فسادی۔ بکھیڑیا۔
جھنجھری [ا ر امث] ا۔ سوراخ دار آہنی توا جو انگیٹھی میں راکھ گرنے کے لئے لگاتے ہیں۔ ۲۔ شبکہ۔ جالی۔ ۳۔ سوراخ دار دیوار جو مساجد اور کمروں میں ہوا اور روشنی کی غرض سے بناتے ہیں۔
جھن جھن [ا ر امث] دھات کے برتن کھڑکنے کی آواز۔ بچوں اور عورتوں کے زیور کی آواز۔
جھن جھن [ا ر امث] ایک خودرو پودا جو جری کے کھیت میں اُگ آتا ہے جس کو پیس کر بیلوں کا مصالحہ بناتے ہیں جو مزے میں تلخ اور ہاضم ہوتا ہے۔
جھنجھنا [ا ر امذ] بچوں کا کھلونا جس کے اندر بجنے کے لئے کنکریاں ڈال دیتے ہیں
جھنجھنانا [ا ر مص] ا۔ بجنا کھڑکنا۔ ۲۔ سنسنانا جو جسمانی عضو سو جانے سے ہے۔
جھنجھنانا [ا ر مص] غصّے ہو جانا۔ ناراض ہونا۔ ۲۔ جوش میں آنا۔
جھنجھناہٹ [ا ر امث] ا۔ جھنکار۔ جھن جھن ہونا۔ ۲۔ غصّہ۔ ناراضگی ۳۔ سنسنانا۔ جلن۔
جھنجھنی [ا ر امث] ا۔ بیڑی۔ ۲۔ چھوٹے گھنگرو۔
جھنجھی [ا ر امث] ا۔ ٹوٹی پھوٹی کوڑی۔ ۲۔ قماربازوں کی کوڑی جس کا اوپر کا حصہ گھسا ہوا ہوتا ہے۔ ۳۔ ایسی عورت جس کی ناک پھٹی ہو۔
جھنجھی کوڑی نہ ہونا [ا ر محاورہ] مفلس یا قلاش ہونا۔
جھنجھیا [ا ر امث] ا۔ چھوٹا مجیرا۔ ۲۔ وہ سوراخ دار برتن جس کو ہندو لڑکیاں چراغ جلا جلا کر گھر گھر لئے پھرتی ہیں۔
جھنڈ [ا ر امذ] ا۔ آدمیوں کی بھیڑ۔ حیوانات کا گلّہ۔ ۲۔ بہت سے درخت جو ایک جگہ اُگے ہوئے ہوں ۳۔ سر کے بڑے بڑے لٹکے ہوئے بال جو کھڑے رہتے ہیں۔
جھنڈ کے جھنڈ [ا ر امذ] غول کے غول۔ پرے کے پرے۔ ڈھیر کے ڈھیر۔
جھنڈا [ا ر امذ] علم۔ نشان۔ پرچم۔
جھنڈا اڑانا [ا ر محاورہ] جھنڈا اونچا کرنا۔ جھنڈے کو فضا میں لہرانا۔
جھنڈا اکھڑا کرنا [ا ر محاورہ] لوگوں کو جمع کرنے یا فوج کو ایک جگہ اکٹھا کرنے کے لئے جھنڈا ہوا میں لہرانا۔
جھنڈا گاڑنا [ا ر محاورہ] جھنڈا زمین میں اتارنا۔ فتح کرنا۔ قبضہ کرنا۔
جھنڈا گڑنا [ا ر محاورہ] فتح یا قبضہ ہونا۔ ۲۔ شہرت ہونا۔ دھوم مچ جانا۔
جھنڈا نیچا کرنا [ا ر محاورہ] بادشاہ وقت یا کسی بڑے افسر کی موت کے موقع پر ماتم کے لئے جھنڈا ترچھا کرنا۔ یا جھنڈے کا کپڑا نیچے اتار دینا۔
جھنڈد [ا ر امذ ق] زہریلا۔ جھاگ۔ کف۔
جھنڈولا [ا ر صف] نوزائیدہ بچہ جس کے سر پر بال ہوں۔ ۲۔ ایسا درخت جو گھنا ہو۔ گھونگریالے بالوں والا۔

جھنڈ والے بال [ا ر ا مذ] وہ سر کے بال جو کثرت سے ہوں اور حلقہ کئے ہوئے ہوں
جھنڈولیا [ا ر صف] حلقہ کئے ہوتے بال۔ گھنگھریالے بال والا
جُھنڈی [ا ر امث] جھاڑی۔ ۲۔ گھاس کا گٹھا۔ ۳۔ درختوں کا چھوٹا جھنڈ۔ ۴۔ گنے یا اناج کی جڑ۔ وہ کھونٹی جو پودا کٹ جانے سے زمین میں رہتی ہے۔ ۵۔ کنڈے میں پڑا ہوا قلابہ۔ چلمن اور پردہ باندھنے کا قلابہ۔
جَھنڈی [ا ر امث] چھوٹا جھنڈا۔ کپڑا لگی ہوئی چھڑی۔
جَھنڈی دکھانا [ا ر محاورہ] الٹی کلیر دینا۔ ۲۔ انکار کرنا۔
جھنڈے پر چڑھانا [ا ر محاورہ] بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ ۲۔ کسی خاص مقصد سے مشہور کرنا۔
جھنڈے پر چڑھنا [ا ر محاورہ] بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔
جھنڈے تلے کا [ا ر امذ صف] اچھا ہوا۔ چیدہ۔ ۲۔ نہایت چالاک۔ تجربہ کار ۳۔ مشہور بدمعاش۔ پہلے درجے کا شریر۔
جھنڈے تلے کی دوستی [ا ر امث] اتفاقی دوستی۔ راستہ کی جان پہچان۔
جَھنَک [ا ر صف امث] گھونگرو کی آواز۔ جھنکار۔ ۲۔ گھوڑے کے پاؤں کا رقص
جھنکار [ا ر اصوت مث] چینی یا شیشے وغیرہ کے ٹوٹنے کی آواز۔ ۲۔ دھات کے برتن ٹکرانے کی آواز۔ ۳۔ تلواریں ٹکرانے کی آواز۔ ۴۔ پازیب یا جھانجن کی آواز۔ ۵۔ زنجیر یا گھوڑے کے ساز کی آواز۔ ۶۔ کوئی جھن کی آواز۔ ۷۔ جھینگر کا بولنا۔ ۸۔ مور کا کوکنا۔
جھنکارنا [ا ر مص] مور کا کوکنا۔ ۲۔ جھینگر کا بولنا۔ ۳۔ بیٹھے بیٹھے سروں میں گانا
جَھنکاڑ [ا ر امذ] بے پتیوں کا درخت۔ جھاڑ
جُھنکٹ [ھ امذ] موٹا بھوس۔ درخت کی تیلی اور خشک شاخ۔
جھنکوائی [ا ر امث ق] گٹھیا۔
جھنگا [ا ر امذ] دیکھیئے "جھینگا" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
جھنگار [ا ر امث] مور یا جھینگر کی آواز۔ بدصورت کی آواز۔
جھنگارنا [ا ر مص] کوکنا۔ مور یا جھینگر کا بولنا۔
جھنگریاں [ا ر امث ق] مچھلی کے بچے۔
جَھنْواں (بہر دو نون غنہ) [ا ر امذ] ایک قسم کا عمدہ چاول۔
جھنوانا (نون غنہ) [ا ر مص] ا۔ پاؤں کو جھانوے سے صاف کرانا۔ ۲۔ دھوپ میں رنگ کا سیاہ پڑ جانا۔ ۳۔ مرجھانا۔ ۴۔ ہلکا ہونا۔ ۵۔ آگ کا آہستہ آہستہ جلنا۔ آگ کا بجھ جانا
جھَوّا [ا ر امذ] بڑا ٹوکرا۔
جھوپا [ا ر امذ] پھلوں یا غلے وغیرہ کا انبار۔
جھونت [ا ر امث] دو دیواروں کے درمیان کی گلی جس میں دونوں کے پرنالے گرتے ہیں
جُھونترے [ا ر امذ] سر کے ایسے بال جنہیں بنایا سنوارا نہ گیا ہو۔
جھُوٹ [ا ر صف] جو سچ نہ ہو۔ واقعہ کے خلاف۔ حقیقت کے برعکس غلط ۲۔ دھوکا۔ بہانہ۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ ۳۔ کھوٹ۔ ۴۔ پس خوردہ۔
جھوٹ برابر پاپ نہیں [ا ر مثل] جھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے۔
جُھوٹ بکنا [ا ر محاورہ] نقصان پہنچانے یا بدنام کرنے کیلئے جھوٹ بولنا۔
جُھوٹ بنانا [ا ر محاورہ] بات گھڑنا۔ تہمت تراشنا۔ اتہام لگانا۔
جُھوٹ بولنا [ا ر محاورہ] غلط کہنا۔ واقعہ کے خلاف بیان کرنا۔
جھُوٹ پکڑنا [ا ر محاورہ] جھوٹی بات تاڑ لینا۔ جھوٹ کی گرفت کر لینا۔

جھوٹ جاننا [ا ر محاورہ] سچ نہ سمجھنا۔ اعتبار نہ کرنا۔ باور نہ کرنا۔
جھوٹ سچ [ا ر امذ] وہ بات جس میں جھوٹ شامل ہو لیکن ہو وہ سچی۔
جھوٹ سچ لگانا [ا ر محاورہ] جھوٹی سچی جڑنا۔ ۲۔ تہمت لگانا۔ ۳۔ کان بھرنا۔ جھوٹی شکایتیں کرنا۔ ۴۔ بدی کرنا۔ ۵۔ بہکانا۔ بدگمان کرنا۔
جھُوٹ کا پُتلا [ا ر امذ] ایسا شخص جو بہت زیادہ جھوٹ بولتا ہو۔ بہا جھوٹا۔
جھوٹ کا پل باندھنا [ا ر محاورہ] کثرت سے جھوٹ بولنا۔ بہت زیادہ جھوٹ بولنا۔
جھوٹ کا دفتر [ا ر امذ] جھوٹی باتیں۔ ۲۔ جھوٹے الزامات۔ ۳۔ جھوٹے قصوں کا طویل بیان۔
جھوٹ کو سچ کر دکھانا [ا ر محاورہ] جھوٹی بات کو عمل یا بیاز سے سچ ثابت کرنا۔
جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے [ا ر مثل] جھوٹی بات بے بنیاد ہوتی ہے
جھوٹ کے پل باندھنا [ا ر محاورہ] جھوٹ پر جھوٹ بولنا۔
جُھوٹ کے دفتر [ا ر امذ] دیکھیئے "جھوٹ کا دفتر" جس کی یہ جمع ہے۔
جُھوٹ کی پوٹ [ا ر صف] ایسا شخص جو کثرت سے جھوٹ بولتا ہو۔
جھوٹ کی ناؤ نہیں چلتی [ا ر مثل] جھوٹ بولنے والے کامیاب نہیں ہوتے
جُھوٹ لگانا [ا ر محاورہ] تہمت لگانا۔ ۲۔ غلط بیانی کر کے کان بھرنا۔
جھُوٹ مُوٹ [ا ر امذ] یونہی ہنسی سے۔ مذاق سے (موٹ تابع مہمل ہے)
جھُوٹ مُوٹ کے [ا ر صف] جھوٹے۔ ظاہری نمائش یا دکھاوے کے۔
جھوٹ نہ بولے تو پیٹ اپھر جائے [ا ر مثل] جسے جھوٹ بولنے کی عادت ہو وہ جھوٹ بولے بغیر رہ نہیں سکتا۔
جھُوٹا [ا ر امذ صف] جھوٹ بولنے والا۔ سچ نہ بولنے والا۔ واقعہ کے خلاف بیان کرنے والا۔ غلط بولنے یا بتانے والا۔ ۲۔ دھوکے باز۔ مکار۔ فریبی۔ دغا باز۔ بہانہ کرنے والا ۳۔ بے ایمان۔ ناقص۔ کھوٹا۔ ۴۔ جعلی۔ نقلی۔ مصنوعی۔ نرمنا۔ ۶۔ بیکار کام نہ دینے والا۔ ۷۔ کسی کے آگے کی بچی ہوئی خوراک۔ ۹۔ برتا ہوا۔ ۱۰۔ باسی
جھُوٹا بنانا [ا ر محاورہ] جھوٹا قرار دینا۔ ۲۔ جھوٹ پکڑ کر دکھانا۔
جھُوٹا بننا [ا ر محاورہ] بات سچ نہ نکلنا۔ ۲۔ دروغ گو قرار پانا۔
جھُوٹا پڑنا [ا ر محاورہ] وعدہ خلاف ہونا۔ ۲۔ بے کار ہو جانا۔ استعمال کے قابل نہ رہنا۔
جھُوٹا ٹھہرنا [ا ر محاورہ] غلط بیانی ثابت ہونا۔
جھُوٹا جوڑا [ا ر امذ] جھوٹے کام کا چوڑیوں کا جوڑا۔ جھوٹے گوٹے وغیرہ کی پوشاک
جھُوٹا چاٹنا [ا ر محاورہ] کسی کے آگے کی بچی ہوئی خوراک کھانا۔
جھُوٹا کاغذ [ا ر امذ] جھوٹی تحریر۔ جعلی دستاویز۔
جھوٹا کام [ا ر امذ] زری کا وہ کام جو کھرے مسالے سے نہ بنایا گیا ہو۔
جھُوٹا کرنا [ا ر محاورہ] ا۔ جھٹلانا۔ ۲۔ کسی چیز میں سے تھوڑی سی کھا لینا۔
جھُوٹا کوئی کھاتا ہے تو میٹھے کے لئے [ا ر مثل] آدمی کوئی غلط کام نفع کی خاطر کرتا ہے۔
جھُوٹا لپاٹی [ا ر امذ] بہت جھوٹ بولنے والا۔ ۲۔ مکار۔ دغا باز۔
جھوٹا مرے نہ شہر پاک ہوئے [ا ر مثل] جھوٹے آدمی کی مذمت کرنی ہو تو کہتے ہیں۔

جھوٹا موتی (ا ر اند) مصنوعی موتی۔
جھوٹا ہونا (ا ر محاورہ) کسی کی بات سچ نہ نکلنا۔
جھوٹوں کا بادشاہ (ا ر اند) وہ شخص جو بہت زیادہ جھوٹ بولتا ہو۔
جھوٹوں (ا ر متعلق فعل) جھوٹ موٹ۔ یونہی۔ ۲۔ ظاہرداری۔
جھوٹوں نہ پوچھنا (ا ر محاورہ) ظاہرداری یا دکھاوے کے لئے بھی نہ پوچھنا۔
جھوٹوں منہ نہ پوچھنا (ا ر محاورہ) نام کو بات نہ کرنا۔ ذرا بھی پرسان حال نہ ہونا۔ خاطر میں نہ لانا۔
جھوٹی (ا ر مث صف) دیکھئے "جھوٹا"، جس کی یہ تانیث ہے۔
جھوٹی بات بنالے پانی میں آگ لگالے / جھوٹی بات بناوے پانی میں آگ لگادے (ا ر مثل) ایسا آدمی کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ جھوٹ بول کر ناممکن بات کو ممکن بنا دیتا ہے۔
جھوٹی خبر (ا ر ع۔ امث) غلط خبر۔ افواہ۔
جھوٹی زبان دینا (ا ر محاورہ) جھوٹا وعدہ کرنا۔
جھوٹی سچی اڑانا (ا ر محاورہ) ۱۔ جھوٹی خبر مشہور کرنا۔ ۲۔ بہتان لگانا۔
جھوٹی سچی کہنا / ہانکنا (ا ر محاورہ) جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
جھوٹی قسم (ا ر ع۔ امث) غلط سوگند۔ حلف دروغ
جھوٹی گواہی (ا ر ف۔ امث) خلاف واقعہ شہادت۔ بن دیکھے کی گواہی۔ غلط گواہی۔
جھوٹی مہندی (ا ر امث) اتری ہوئی مہندی۔
جھوٹی نالش (ا ر ف۔ امث) بے سبب نالش۔ جھوٹا دعویٰ۔
جھوٹے (ا ر صف مذ) دیکھئے "جھوٹا"، جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
جھوٹے کا منہ کالا سچے کا بول بالا (ا ر مثل) جھوٹا ہر جگہ بے عزت ہوتا ہے۔ سچا ہر جگہ عزت کا مقام حاصل کرتا ہے۔
جھوٹے کو گھر تک پہنچانا (ا ر مثل) جھوٹے آدمی کو قائل کر دینا۔ جھوٹ ثابت کر دینا۔ بہانے باز کی اصلیت کھول کر رہنا۔ جھوٹے کو منوا دینا۔
جھوٹے کے گھر تک پہنچنا (ا ر مثل) جھوٹے کے جھوٹ کی تحقیق کر کے اسے شرمندہ کرنا
جھوٹے کے منہ میں گوہ (ا ر مثل) اپنی صفائی کے واسطے کہتے ہیں۔
جھوٹے کے منہ میں بو آتی ہے (ا ر مثل) جھوٹ کی مذمت میں کہتے ہیں
جھوٹے منہ (ا ر متعلق فعل) ظاہرداری سے۔ نمائش سے۔
جھوٹے ہاتھ سے کتا نہ مارنا (ا ر مثل) بہت زیادہ کنجوس یا پرلے درجے کا بخیل ہونا۔
جھوجھا (ا ر اند) ۱۔ معدہ ۲۔ موٹا آدمی۔ ۳۔ مسلمانوں کی ایک ذات۔
جھوجرا / جھوجھرا (ا ر صف) ٹوٹا پھوٹا۔ بال پڑا ہوا۔ شکستہ۔
جھوجرو / جھوجھرو (ا ر اند) ایک پودا جسے ونٹ بڑی خوشی سے کھاتا ہے۔
جھوجھری آواز (ا ر امث) پھٹی ہوئی آواز۔
جھوڑ (ا ر اندق) چھالا جو پھوٹ گیا ہو۔
جھوڑ (ا ر امث) لڑائی جھگڑا۔ ۲۔ تکرار۔ ردّ و بدل۔
جھوڑپ (ا ر امث ق) جھاڑی۔
جھوک (ا ر امث) جھکاؤ۔ ٹیڑھاپن۔ خمیدگی۔ ۲۔ دھکا۔ جھکولا۔ ریلا۔ لچک ۳۔ جھولے کی رو پینگ۔ ۴۔ نشے کی غفلت۔ ۵۔ ترازو کا ایک پلڑا جھکنا۔
۷۔ تول۔ وزن۔ ۸۔ وزنی چیز کا بوجھ۔
جھوک دینا (ا ر محاورہ) خرچ کر ڈالنا۔ ۲۔ جھولے کی پینگ بڑھانا۔
جھوک سنبھالنا (ا ر محاورہ) ۱۔ کسی چیز کی جھک کو روکنا۔ جھکولے کو سہارنا۔ ۲۔ ریلے یا زور کو روکنا۔ ۳۔ نقصان برداشت کرنا۔ ۴۔ کسی شخص کا خرچ اٹھانا۔
جھوک کھانا (ا ر محاورہ) ۱۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ ۲۔ گر پڑنا۔
جھوک مارنا (ا ر محاورہ) تولتے میں ترازو کی ڈنڈی کو چیز کی طرف جھکانا۔ کم تولنا
جھوکا (ا ر اند) ۱۔ ہوا کا ریلا۔ ہوا کا دھکا۔ ۲۔ مینہ کا جھکولا۔ ۳۔ نیند کا جھکولا نیند کے باعث سر کا جھک جھک جانا۔ ۴۔ تیز ہوا۔ ۵۔ کسی شاخ کی جنبش۔ ۶۔ گرانی۔ بار۔ بوجھ۔
جھوکا (ا ر اندق) خوشہ۔
جھوکنا (ا ر مص) ۱۔ ڈالنا۔ جھکنا۔ تنور یا بھاڑ کا ایندھن ڈال کر گرم کرنا۔ ۲۔ برباد کرنا۔ اڑانا۔ فضول خرچ کرنا۔ ۳۔ بڑی جگہ شادی کرنا۔ ۴۔ بلا سمجھے بوجھے پلے باندھنا۔ ۵۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ خطرے میں ڈالنا۔ ۶۔ بندوق کا رخ کسی کی طرف کرنا۔ ۷۔ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔
جھوکے جھوک (ا ر متعلق فعل ق) جھینک جھینک کر۔
جھول (ا ر اند) ۱۔ ڈھیلاپن۔ چرس۔ سلوٹ۔ چست یا موزوں نہ ہونا۔ پورا تناؤ نہ ہونا۔ ۲۔ ہاتھی کا جھوم کر چلنا۔ سیدھا نہ چلنا۔ ۳۔ ملمع۔ گلٹ۔ ۴۔ ایک دفعہ کئی بچوں کو جننا۔ ۵۔ شوربہ۔ یخنی۔
جھول آنا (ا ر محاورہ) بھینس یا گائے کا بیانے کے قریب ہونا۔ ڈھیلا پٹنا۔
جھول بٹھانا (ا ر محاورہ) مرغی کے نیچے انڈے بٹھانا۔
جھول پڑنا (ا ر محاورہ) ۱۔ کپڑے کا جسم پر ٹھیک نہ آنا۔ ۲۔ کسی چیز کا ڈھیلا پڑ جانا۔
جھول پھیرنا (ا ر محاورہ) ملمع کرنا۔ ملمع چڑھانا۔
جھول جھال (ا ر اند) ڈھیل ڈھال۔ التوا۔ وقفہ۔
جھولدار (ا ر ف صف) جس میں جھول ہوں جس میں شکنیں ہوں۔
جھول ڈالنا (ا ر محاورہ) ۱۔ شکن ڈالنا۔ ۲۔ بچے جننا۔
جھول نکالنا (ا ر محاورہ) ۱۔ مرغی کا بچے نکالنا۔ ۲۔ شکن یا ڈھیلاپن دور کرنا۔
جھول نکلنا (ا ر محاورہ) دیکھئے "جھول نکالنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
جھول (ا ر امث) ہاتھی۔ بیل یا گھوڑے پر ڈالنے والا کپڑا۔
جھولا (ا ر اند) ۱۔ درخت یا کسی کھمب میں پڑی ہوئی رسی جس میں بیٹھ کر جھولیں ۲۔ پالنا۔ ہنڈولا۔
جھولا جھولنا (ا ر محاورہ) جھولے میں بیٹھ کر حرکت کرنا۔
جھولا ڈالنا (ا ر محاورہ) جھولنے کے واسطے درخت کے ساتھ رسی باندھنا۔
جھولا (واؤ مجہول سے) (ا ر اند) ۱۔ ایک قسم کا ڈھیلا تھیلا۔ ۲۔ رعشہ۔ فالج۔ ۳۔ ہاتھ کا اشارہ۔ ۴۔ بندوق رکھنے کا غلاف۔ ۵۔ تھیلی جو پالکی کے پیچھے سامان وغیرہ کے لئے باندھتے ہیں۔ ۶۔ سرد ہوا جس سے گیہوں وغیرہ کو نقصان پہنچتا ہے۔ ۷۔ کسی چیز کی ناہمواری۔ ۸۔ بہت ڈھیلا۔
جھولا مار جانا (ا ر محاورہ) فالج ہو جانا۔ جسم کا ڈھیلا ہونا۔ ۲۔ سست ہو جانا۔ بیکار ہو جانا
جھولن (ا ر اند) ۱۔ فقیروں کی وہ تھیلی جس میں روٹی آٹا مانگ کر رکھتے ہیں۔ ۲۔ کرکھ کا گوشت۔

جھولنا [ا ر مص] ۱۔ جھولے میں بیٹھ کر پینگ لینا۔ ۲۔ لٹکنا آویزاں ہونا۔ ۳۔ کسی کے جھوٹے وعدوں پر بسر کرنا۔ ۴۔ ایک ہی کام میں اٹکا رہنا۔

جھولی [ا ر امث] ۱۔ وہ کپڑا جس کے چاروں کونوں کو باندھ کر گلے میں ڈال لیتے ہیں ۲۔ خرجی۔ چھوٹی تھیلی۔ ۳۔ دامن کی گود جو کسی چیز کے لئے پھیلائی جاتی ہے۔ ۴۔ سبز رنگ کا کپڑا جس کی تھیلی بنا کر محرم میں پہنتے ہیں

جھولی بھرنا [ا ر محاورہ] مراد پوری کرنا یا ہونا

جھولی چھوڑنا [ا ر محاورہ] بدن کا ڈھیلا پڑ کر گوشت کا لٹک آنا۔

جھولی دار [ا ر ف امذ] ۱۔ ایک قسم کی ٹوپی۔ ۲۔ بڑے پیٹ کا جانور۔

جھولی ڈالنا [ا ر محاورہ] بھیک مانگنا۔

جھوم جھوم کر [ا ر متعلق فعل] ۱۔ لہرا لہرا کر۔ ہل ہل کر۔ ۲۔ گر گر کر۔ زور سے۔

جھوما جھوم [ا ر امذ ق] ہاتھا پائی۔

جھومر [ا ر امذ] ۱۔ ماتھے کا ایک زیور۔ ۲۔ عورتوں کا ایک ناچ جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر حلقہ باندھ کر ناچتی ہیں۔ ۳۔ ایک قسم کا گیت۔ ۴۔ چند آدمیوں کا مجمع۔

جھومر کا چاند [ا ر امذ] وہ چاند جو جھومر میں لگا ہوتا ہے۔

جھومنا [ا ر مص] ۱۔ ہلنا۔ ۲۔ سر ہلانا۔ ۳۔ لٹکنا۔ ۴۔ اونگھنا۔ ۵۔ اکڑنا۔ ۶۔ بادل جمع ہونا۔ ۷۔ لڑکھڑانا۔ ۸۔ مستانہ چال چلنا۔

جھونا [ا ر امذ] ۱۔ ایک قسم کی باریک دھوتر۔ ۲۔ چھدرا بُنا ہوا کپڑا۔ ۳۔ عمدہ قسم کا ناریل۔ ۴۔ عمدہ قسم کی چھالیا۔

جھونا [ا ر مص] ۱۔ چلانا۔ ۲۔ لمبی کہانی بیان کرنا۔

جھونپڑا [ا ر امذ] چھپر کا گھر۔ پھونس کا گھر۔

جھونپڑا ڈالنا [ا ر محاورہ] چھپر کا مکان بنانا۔ مکان بنانا۔

جھونپڑی [ا ر امث] دیکھیے "جھونپڑا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

جھونترے [ا ر امذ] ریشے، پھوسڑے۔

جھونٹا [ا ر امذ] ۱۔ پینگ۔ ۲۔ عورتوں کے سر کے بال۔ ۳۔ بھینس کا بچہ۔

جھونٹم جھانٹا [ا ر امذ] عورتوں کا لڑائی میں ایک دوسری کے بالوں کو پکڑ کر کھینچنا۔

جھونٹے [ا ر امذ] عورتوں کے سر کے بال۔

جھونٹے پکڑنا [ا ر محاورہ] حقارت سے سر کے بال پکڑ کر نوچنا۔

جھونٹے کھسوٹنا [ا ر محاورہ] سر کے بال نوچنا۔

جھونٹیا [ا ر امث] دیکھیے "جھونٹا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

جھونجھ [ا ر امذ] پرندے کا گھونسلا۔ بئے کا گھونسلا۔

جھونجل [ا ش] پیچ و تاب۔ غصہ۔ خفگی۔

جھونجل آنا [ا ر محاورہ] غصہ آنا۔ دل جلنا۔

جھونجل اتارنا [ا ر محاورہ] غصہ اتارنا۔ بغض نکالنا۔ بدلہ لینا۔

جھونجھ [ہ امث] خواہش۔ چاٹ۔ چسکا۔ ۲۔ کھجلی۔ خارش۔

جھونک [ا ر امث] دیکھیے "جھک"

جھونکا [ا ر امذ] دیکھیے "جھوکا" [افعال: ۔ آنا۔ چلنا۔ کھانا۔ لینا]

جھونکا جھونک [ا ر امذ] کسی چیز کا کسی چیز میں کثرت سے بار بار ڈالنا۔ ۲۔ روپیہ اڑانا۔ بہت خرچ کرنا۔

جھونکنا [ا ر مص] دیکھیے "جھوکنا"

جھونکے آنا [ا ر محاورہ] نیند کے باعث سر کا بار بار جھکنا۔ ۲۔ ہوا کے تھپیڑے لگنا۔

جھونکے چلنا [ا ر محاورہ] تیز ہوا کا چلنا۔

جھونکے چلے آنا [ا ر محاورہ] نیند کا غلبہ ہو جانا۔

جھونکے کھانا [ا ر محاورہ] لغزش کھانا۔

جھونکے لینا [ا ر محاورہ] جھونک لینا۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔

جھونکیا [ا صف] بھٹی میں آگ ڈالنے والا۔

جھینپ (یائے مجہول) [ا ر امث] شرمندگی [افعال: ۔ مٹنا۔ مٹانا]

جھینپ چڑھنا [ا ر محاورہ] شرمندگی ہونا۔

جھینپنا [ا ر مص] آنکھ چرانا۔ کنیانا۔ شرمانا۔

جھینجھنا [ا ر مص ق] کم ہونا۔ کمزور ہونا۔

جھیر (یائے مجہول) [ا ر مذ] ۱۔ چشمہ۔ سوتا۔ ۲۔ غار گڑھا۔ ۳۔ خشک کنواں جس میں اکثر کبوتر رہتے ہیں۔

جھیر جھیر [ا ر صف] پارہ پارہ۔ دھجی دھجی۔

جھیل [ا ر امذ ق] مجمع۔ جھرمٹ۔

جھیل [ا ر امث] ۱۔ پانی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف خشکی ہو۔ ۲۔ دلدل۔ کیچڑ۔ نیچی زمین۔ ۳۔ گیت کا وہ حصہ جو مدھم آواز سے کہا جائے یا ادا کیا جائے۔

جھیلا [ا ر امذ ق] مالا۔

جھیلنا [ا ر مص] ۱۔ برداشت کرنا۔ سہنا۔ ۲۔ سوئیاں الگ کرکے کسی چیز پر ڈالنا۔

جھیلنی [ا ر امث] ایک زیور جو لڑی دار ہوتا ہے۔ جو کانوں کے زیور کا بوجھ سہارنے کے لئے سر کے بالوں میں اٹکا لیتی ہیں۔

جھیلنی دینا [ا ر محاورہ] بچہ پیدا ہوتے وقت ایک خاص ترکیب سے زچہ کو جنبش دینا۔

جھینکنا [ا ر مص] ۱۔ رونا۔ ۲۔ دکھڑا بیان کرنا۔ ۳۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ ۴۔ ماتم کرنا پیٹنا۔ ۵۔ گلہ شکوہ کرنا۔

جھینگا [ا ر امذ، امث] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

جھینگر [ا ر امذ] ایک قسم کا بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا جو دیواروں پر رہتا ہے اور کپڑے کو چاٹ جاتا ہے۔

جھینگر کا چاٹ جانا / کھا جانا / لگنا [ا ر محاورہ] جھینگر کا کسی کپڑے کو کھا جانا۔

جھ ۔ ہ

جہی [ا ر امث] ۱۔ چھوٹا جو۔ ۲۔ چاول کی پھوٹتی ہوئی پود۔

ج ۔ ی

جی [ا ر حرف ایجاب] ۱۔ ہاں۔ ۲۔ جناب۔ حضرت۔ صاحب۔ ۳۔ درست ہے

بجا ہے۔ ۴۔ (طنزاً) منزور سے تشک۔ ۵۔ کلمہ تعظیم۔ جو کسی اسم کے آخر میں لگا دیا جاتا ہے۔ جیسے شیخ جی۔ مولوی جی۔ حاجی جی۔

جی حضور! (کلمہ ایجاب) بڑے یا بزرگ آدمی بلائے تو اس کے جواب میں کہتے ہیں۔

جی حضوری (امث) خوشامد، یکسر تسلیم۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔

جی کہنا (ار محاورہ) ہر معاملہ میں اتفاق رائے کرنا، خوشامد کرنا۔ ۲۔ عزت کرنا۔

جی کہو جی سنو/کہلاؤ (ارمثل) عزت کرنے سے اپنی عزت ہوتی ہے۔

جی ہاں (ا رکلمہ ایجاب) یہ کلمہ کسی کے سوال کے جواب میں کہتے ہیں۔ ۲۔ (طنزاً) نفی کہتے ہیں۔

جی (ار امذ) جان، روح۔ ۲۔ زندگیت۔ زندگی۔ ۳۔ دل، من، طبیعت۔ ۴۔ خواہش۔ ۵۔ خود، آپ، بذاتِ خود۔ ۶۔ شخصیت۔ ۷۔ جرأت، دلیری، مردانگی۔ ۸۔ جاندار، حیوان، ذی روح۔ ۹۔ طاقت، قوت۔ ۱۰۔ محبت۔

جی آجانا/آنا (ار محاورہ) عاشق ہونا۔ دل مائل ہونا، محبت ہونا۔

جی اٹکنا (ار محاورہ) محبت ہونا۔ دل کا کسی کی محبت میں الجھ کر رہ جانا۔

جی اٹھالینا/اٹھانا (ار محاورہ) بیزار ہونا۔ رغبت نہ رکھنا۔ توجہ ہٹا لینا۔

جی اٹھنا (ار محاورہ) دل بیزار ہونا۔ طبیعت اچاٹ ہونا۔ دل نہ لگنا۔ ۲۔ جان پڑ جانا۔ زندہ ہوجانا۔

جی اچٹ جانا/اچاٹ ہوجانا/ اچٹنا (ار محاورہ) کسی کام میں دل نہ لگنا۔ دل بیزار ہونا۔

جی اچھا ہونا (ار محاورہ) طبیعت ٹھیک ہونا، تندرست ہونا۔

جی اداس ہونا (ار محاورہ) دل گھبرانا۔ افسردہ ہونا۔

جی اڑا جانا (ار محاورہ) دل درہم برہم ہونا۔ دل گھبرانا۔

جی اکتا جانا (ار محاورہ) دل بیزار ہونا، طبیعت نہ لگنا۔ کسی کام سے دل ہٹ جانا۔ ۲۔ کوئی کام اتنی بار کرنا کہ اسے مزید کرنے کو دل نہ چاہے۔

جی الٹ جانا (ار محاورہ) دیوانہ ہوجانا۔ پاگل ہوجانا۔ دل گھبرانا۔

جی الٹنا (ار محاورہ) دل گھبرانا۔ پریشان ہونا۔

جی الجھنا (ار محاورہ) الجھن محسوس کرنا، پریشان ہونا۔

جی اندر سے بیٹھا جانا (ار محاورہ) طبیعت کا گرا جانا۔ دل گھبرانا۔

جی اوپر تلے ہونا (ار محاورہ) متلی معلوم ہونا۔ تے آنے کو ہونا۔ ۲۔ دل کا گھبرانا۔

جی باغ باغ ہونا (ار محاورہ) دل خوش ہونا۔

جی بٹنا (ار محاورہ) دل بہلنا، دھیان اور طرف ہوجانا۔

جی بجھانا (ار محاورہ) افسردہ کرنا، ہمت توڑنا۔

جی بجھ جانا (ار محاورہ) دیکھیے "جی بجھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

جی بچنا (ار محاورہ) بیماری یا کسی حادثے سے مرتے مرتے بچ رہنا۔ جان سلامت رہنا۔

جی بحال ہونا (ار محاورہ) طبیعت ٹھیک ہونا۔

جی برا کرنا (ار محاورہ) ناخوش کرنا۔ ناراض کرنا، رنجیدہ کرنا۔ ۲۔ تے کرنا۔ ۳۔ برا ماننا، ناراض ہونا۔

جی برا ہونا (ار محاورہ) طبیعت بگڑنا۔ دل بگڑنا۔ ۲۔ ناخوش یا رنجیدہ ہونا۔

جی بڑھانا (ار محاورہ) ہمت افزائی کرنا۔ حوصلہ بڑھانا۔

جی بڑھنا (ار محاورہ) جرأت ہونا۔ دل خوش ہونا۔

جی بکھرنا/بکھرا جانا (ار محاورہ) دل پریشان ہونا، متلی ہونا، غش آنا۔

جی بگڑنا/بگڑا جانا (ار محاورہ) دیکھیے "جی بکھرنا" وغیرہ۔

جی بند ہونا (ار محاورہ) دل رکنا۔ گھبراہٹ ہونا۔ طبیعت نہ چاہنا۔

جی بھاری کرنا (ار محاورہ) رنجیدہ ہونا، غمگین ہونا۔ ۲۔ دل پر بوجھ ڈالنا۔ رونا۔

جی بھٹکنا (ار محاورہ) کسی چیز کی تلاش ہونا۔ آرزومند ہونا۔ مشتاق ہونا۔ ۲۔ یکسوئی یا قرار نہ ہونا۔

جی بھر آنا (ار محاورہ) آزردہ ہوجانا۔ رحم آنا۔ ۲۔ دل کا دردمند ہونا۔

جی بھر بھر آنا (ار محاورہ) رغبت ہونا، مائل ہونا۔ دل چاہنا۔ ۲۔ آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔ ۳۔ کسی چیز کے لئے دل للچانا، رغبت محسوس کرنا۔

جی بھر جانا (ار محاورہ) اکتا جانا۔ ۲۔ سیر ہوجانا۔

جی بھر کر (ار متعلق فعل) سیر ہوکر، حسب خواہش۔ پوری طرح۔

جی بہلانا (ار محاورہ) دل خوش کرنا، دل پرچانا۔ رنج دور کرنا۔

جی بہلنا (ار محاورہ) دیکھیے "جی بہلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

جی بیٹھا جانا (ار محاورہ) دل کا نڈھال ہونا، گھٹن ہونا۔ گرا جانا۔

جی بیٹھنا/بیٹھ جانا (ار محاورہ) دل غمگین ہونا۔ غش آجانا۔ مایوس ہوجانا۔

جی بیچنا (ار محاورہ) کسی کام کے معاوضہ میں روحانی تکلیف اٹھانا۔

جی پانی کرنا (ار محاورہ) لہو پانی ایک کرنا، سخت محنت کرنا۔ ۲۔ دل ملائم کرنا۔

جی پر بن جانا (ار محاورہ) سخت تکلیف ہونا۔ شدید اضطراب ہونا، صدمہ ہونا۔

جی پر کھیلنا (ار محاورہ) جان خطرے میں ڈالنا۔

جی پڑا ہونا (ار محاورہ) کسی بات کی دل کو فکر ہونا۔

جی پڑنا (ار محاورہ) جان پڑنا۔ ۲۔ کیڑے پڑنا۔ ۳۔ خیال لگا رہنا۔ ۴۔ تسلی ہونا۔

جی پکا دینا (ار محاورہ) سخت رنج پہنچانا۔ دق کرنا۔

جی پک جانا (ار محاورہ) دیکھیے "جی پکا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

جی پکڑا جانا (ار محاورہ) ماتھا ٹھنکنا، شک پڑجانا۔

جی پکڑ لینا (ار محاورہ) دل تھام لینا۔ کسی کا رنج یا صدمہ سن کر تاب نہ لانا۔ کلیجا پکڑ لینا۔

جی پگنا/پگھلنا (ار محاورہ) عاشق ہونا۔ دل آجانا۔ میلان خاطر ہونا۔

جی پلپلانا (ار محاورہ) جی چاہنا۔ ہوس کرنا۔

جی پھٹ جانا (ار محاورہ) بیزار ہوجانا۔ دل میں فرق آجانا۔ محبت

جی پھر جانا/پھرنا (ار محاورہ) متنفر یا بیزار ہونا۔ اکتا جانا۔ نفرت ہوجانا۔

جی پھسلنا (ار محاورہ) عاشق ہونا۔ دل آنا۔ میلان خاطر ہونا۔

جی پھیکا ہونا (ار محاورہ) بیزار ہونا۔ متنفر ہونا۔

جی ترسنا (ار محاورہ) جی للچانا۔ آرزومند ہونا۔ کسی چیز کے حاصل کرنے یا دیکھنے کو دل چاہنا۔

جی تلے اوپر ہونا (ار محاورہ) جی گھبرانا۔ ۲۔ تے ہونا۔ متلی ہونا۔

جی ٹوٹ جانا (ار محاورہ) دل شکستہ ہونا، ناامید ہونا۔ رنج ہوجانا۔

جی ٹھکانے لگانا (ار محاورہ) تسلی کرنا۔ اطمینان دلانا۔

جی ٹھکانے لگنا (ار محاورہ) تسلی ہونا۔ مطمئن ہونا۔

جی ٹھکنا [ا ر محاورہ] حوصلہ ہونا۔ خاطر جمع ہونا۔ تسلی ہونا۔
جی ٹھنڈا ہونا [ا ر محاورہ] طبیعت خوش ہونا۔ دل کی ہوس نکلنا۔ خاطر جمع ہونا۔ تسلی ہونا۔
جی جان سے فدا / قربان / نثار ہونا [ا ر محاورہ] عاشق ہونا۔ نثار ہونا۔ شیدا ہونا۔ واری ہونا۔
جی جانا [ا ر محاورہ] مرنا۔ جان جانا۔
جی جانتا ہوگا [ا ر روزمرہ] دل میں اچھی طرح سمجھتے ہوں گے۔
جی جانتا ہے [ا ر روزمرہ] ۱۔ دل ہی کو خبر ہے۔ دل پر صدمہ ہے۔ ۲۔ رنج یا احسان خوب یاد ہے۔
جی جلانا [ا ر محاورہ] ستانا۔ ۲۔ تنگ کرنا۔ چھیڑنا۔ ۳۔ حسد دلانا۔ رشک دلانا۔ ناراض کرنا۔ ۴۔ ناگوار حرکت سے منغض ہونا۔
جی جلنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جی جلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
جی جی نکال لینا [ا ر محاورہ] اچھا اچھا چُن لینا۔
جی چاہنا [ا ر محاورہ] دل کو خواہش ہونا۔ آرزو مند ہونا۔ مشتاق ہونا
جی چاہے [ا ر روزمرہ] اگر پسند ہو۔ اگر مرضی ہو۔
جی چُرانا [ا ر محاورہ] کام سے بچنا۔ حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔
جی چلا [ا ر صف] ۱۔ منچلا۔ بہادر۔ سخی۔ باہمت۔ ۲۔ پاگل۔ دیوانہ۔
جی چلا بیٹھنا [ا ر محاورہ] حوصلہ کرنا۔ جرأت دکھانا۔
جی چلا جانا [ا ر محاورہ] دل بیٹھنا۔
جی چلانا [ا ر محاورہ] ۱۔ رغبت کرنا۔ خواہش کرنا۔ ۲۔ جرأت کرنا۔ ہمت کرنا۔ دلیری کرنا۔ کسی کام کے کرنے کا حوصلہ کرنا۔
جی چل جانا [ا ر محاورہ] دیوانہ ہونا۔
جی چلنا [ا ر محاورہ] خواہش ہونا۔ رغبت ہونا۔ ۲۔ گھبرا جانا۔ پاگل ہونا۔
جی چھڑانا [ا ر محاورہ] کسی کی ہمت توڑ دینا۔ ناامید کر دینا۔ بد دل کر دینا۔ عاجز کر دینا۔ ہرا دینا۔
جی چھوٹنا [ا ر محاورہ] ہمت ٹوٹنا۔ حوصلہ نہ رہنا۔ ناامید ہونا۔ اکتا جانا۔ ہار جانا۔ عاجز ہونا۔ بد دل ہونا۔
جی چھوڑ دینا [ا ر محاورہ] ہمت ہار جانا۔
جی چھیننا [ا ر محاورہ] دل لینا۔ عاشق بنا لینا۔
جی دار [ا ر صف] دلیر۔ بہادر۔ منچلا۔ شجاع (ترکیب غلط ہے)
جی داری [ا ر امث] دیکھیے "جی دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
جی داری کرکے ہاتھ تلوار کا مارنا [ا ر محاورہ] حوصلہ کر کے تلوار کا حملہ کرنا۔
جی دان [ہ اند] زندگی بخشنا۔ سزائے موت کی معافی۔ زندگی کی بخشش۔
جی دُکھانا [ا ر محاورہ] رنج یا صدمہ پہنچانا۔
جی دکھی ہو جانا / رہنا [ا ر محاورہ] ۱۔ سخت تکلیف میں ہونا۔ ۲۔ تنگ ہونا۔ دق ہونا۔ بیمار ہونا۔
جی دوڑانا [ا ر محاورہ] میلان یا رغبت کرنا۔ قصد یا ارادہ کرنا۔ جی للچانا۔
جی دوڑنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جی دوڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
جی دھڑکانا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جی دھڑکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

جی دھڑکنا [ا ر محاورہ] ۱۔ دل گھبرانا۔ دل کانپنا۔ ۲۔ خوف ہونا۔ اندیشہ ہونا۔ ۳۔ دل کڑھنا۔
جی ڈھکڑ پکڑ ہونا [ا ر محاورہ] ۱۔ کسی کام میں ہچکچانا۔ ۲۔ اندیشہ لگا ہونا۔ تردد ہونا۔
جی دُھک دُھک کرنا [ا ر محاورہ] دل دھڑکنا۔ گھبرانا۔ خوف طاری ہونا۔ ڈرنا
جی دینا [ا ر محاورہ] ۱۔ عاشق ہونا۔ ۲۔ پیار کرنا۔ ۳۔ جان دینا۔ مرنا۔
جی ڈالنا [ا ر محاورہ] ۱۔ جان ڈالنا۔ زندگی بخشنا۔ ۲۔ ہمت دلانا۔ ۳۔ سست رہنا۔
جی ڈوب جانا / ڈوبنا [ا ر محاورہ] ۱۔ غشی طاری ہونا۔ ۲۔ دل کا بے قابو ہونا۔
جی ڈھونڈنا [ا ر محاورہ] دل کا مشتاق ہونا۔
جی ڈھیا جانا [ا ر محاورہ] جی گھبرا جانا۔ غش آجانا۔
جی رُکنا [ا ر محاورہ] دم رکنا۔ گھبرانا۔ آزردہ ہونا۔
جی رکھنا [ا ر محاورہ] دلداری کرنا۔ خوش کرنا۔ آرزو پوری کرنا۔ تسلی یا دلاسا دینا
جی رکھ لینا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جی رکھنا"
جی سائیں سائیں کرنا [ا ر محاورہ] عشق کے آثار ظاہر ہونا۔
جی سنسنا جانا / سنسنانا [ا ر محاورہ] کمزوری کی وجہ سے دل نڈھال ہونا۔ رعب، ڈر یا خوف سے دل بیٹھ جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔
جی سے اُتر جانا [ا ر محاورہ] قدر نہ رہنا۔ نظروں سے گر جانا۔
جی سے اُترنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جی سے اتر جانا"
جی سے بیزار ہو جانا / ہونا [ا ر محاورہ] زندگی سے تنگ ہونا۔
جی سے جانا [ا ر محاورہ] مر جانا۔ جان سے گزر جانا۔ فوت ہو جانا۔
جی سے جی ملنا [ا ر محاورہ] دو آدمیوں میں دوستی ہو جانا۔
جی سے فدا [ا ر صف] جان فدا کرنے والا۔ عاشق۔ جاں نثار
جی سے گزر جانا [ا ر محاورہ] مر جانا۔ جی سے جانا۔
جی سے گھڑنا / گڑھنا [ا ر محاورہ] اپنی طرف سے بات بنانا۔ ایسی بات کہنا جس کی اصلیت نہ ہو۔
جی سینے میں بھٹکنا [ا ر محاورہ] کسی بات کی خواہش، آرزو یا خیال رہنا۔
جی شاد / شادماں ہونا [ا ر محاورہ] دل خوش ہونا۔
جی شگفتہ ہونا [ا ر محاورہ] دل خوش ہونا۔ دل شاد ہونا۔
جی غش ہونا [ا ر محاورہ] کسی پر فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
جی کا بخار نکالنا [ا ر محاورہ] دیکھیے "جی کا بخار نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
جی کا بخار نکلنا [ا ر محاورہ] غصہ نکلنا۔ بھڑاس نکلنا۔ ۲۔ رو کر غصہ نکال کر رنج یا غم رفع کرنا۔
جی کا جنجال [ا ر محاورہ] دل کا روگ۔ دل کے لیے مصیبت۔
جی کا دشمن [ا ر اند] وہ جو دل کے پیچھے پڑا ہو۔ معشوق۔
جی کا زیان [ا ر اند] جان کا اندیشہ۔ دل کھو جانے کا خطرہ۔
جی کا غبار [ا ر اند] دل کی کدورت۔
جی کا کہنا [ا ر محاورہ] دل میں خود بخود کوئی بات آنا۔
جی کانپنا [ا ر محاورہ] جی دھڑکنا۔
جی کا مختار ہونا [ا ر محاورہ] آزاد ہونا۔ کسی کا پابند نہ ہونا۔ کسی کا عاشق نہ ہونا۔

جی کرنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ ۲۔ چاہنا۔ خواہش کرنا۔
جی کڑا کرنا [ا۔ محاورہ] ہمت کرنا۔
جی کڑھانا [ا۔ محاورہ] ۱۔ رنج دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ ۲۔ غم کرنا۔ رنجیدہ ہونا۔ افسوس کرنا۔
جی کُڑھنا [ا۔ محاورہ] رنج یا غم ہونا۔
جی کو روگ لگانا [ا۔ محاورہ] کسی بات کا فکر دامن گیر کر لینا۔ رنج لگا لینا۔
جی کو رہنا [ا۔ محاورہ] کسی بات کا فکر ہونا۔
جی کو لگنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ دل پر اثر ہونا۔ چوٹ لگنا۔ ۲۔ دل کا مان جانا۔
جی کو مارنا [ا۔ محاورہ] نفس کو قابو میں رکھنا۔ خواہشوں کو ضبط کرنا۔
جی کھپانا [ا۔ محاورہ] محنت سے کام کرنا۔ جانفشانی کرنا۔ ۲۔ مرجانا۔ جان دینا۔
جی کھٹا کرنا [ا۔ محاورہ] بیزار کرنا۔ متنفر کرنا۔
جی کھٹا میٹھا ہونا [ا۔ محاورہ] دل للچانا۔ معشوق کو دیکھ کر خواہش کرنا
جی کھٹا ہونا [ا۔ محاورہ] بیزار ہو جانا۔ نفرت ہو جانا۔
جی کھرا کھوٹا ہونا [ا۔ محاورہ] نیت میں فرق آنا۔ بے ایمان ہو جانا۔
جی کھلنا [ا۔ محاورہ] شرم و حجاب دور ہونا۔
جی کھو جانا / کھونا [ا۔ محاورہ] جان دینا۔ عاشق ہونا۔
جی کھول کر [ا۔ ف] حوصلہ نکال کر۔ بے دریغ۔
جی کی آفت [ا۔ امث] دل کے لئے مصیبت۔
جی کی امان پانا / مانگنا [ا۔ محاورہ] جان کی معافی ہونا۔ جب بادشاہوں سے ایسی بات کی جاتی تھی جس سے اُنکے رنجیدہ ہونیکا اندیشہ ہو تو یہ الفاظ کہتے تھے۔
جی کے بدل جی دینا [ا۔ محاورہ] کسی کا مددگار بن جانا۔ دوسرے کی خدمت کے لئے زندگی وقف کر دینا۔
جی کی جی (ہی) میں رہنا [ا۔ محاورہ] آرزو پوری نہ ہونا۔ دل کی ہوس نہ نکلنا
جی کی لگی [ا۔ امث] فکر۔ دُھن۔ دل میں کسی بات کا خیال ہونا۔
جی گرا جانا [ا۔ محاورہ] دل بیٹھا جانا۔
جی گنوانا [ا۔ محاورہ] ۱۔ عاشق ہونا۔ ۲۔ مرجانا۔
جی گھبرانا [ا۔ محاورہ] پریشان ہونا۔
جی گھٹ جانا [ا۔ محاورہ] نفرت کرنا۔ غش آجانا۔
جی لبھانا [ا۔ محاورہ] فریفتہ کر لینا۔ اپنی طرف مائل کر لینا۔
جی لڑا دینا / لڑانا [ا۔ محاورہ] سخت محنت کرنا۔ پوری توجہ سے کام لینا۔ جان کھپا دینا۔
جی لرزنا [ا۔ محاورہ] دل کانپنا۔ خوف یا رعب غالب آنا۔
جی لگانا [ا۔ محاورہ] جی بہلانا۔ عاشق بنانا۔ کسی کام میں دلچسپی دلانا۔
جی لگا ہونا [ا۔ محاورہ] کسی بات کی فکر ہونا۔
جی لگنا [ا۔ محاورہ] جی بہلنا۔ عاشق ہو جانا۔ کسی کام میں دلچسپی لینا۔
جی للچانا [ا۔ محاورہ] کسی چیز کے لینے کو دل چاہنا۔ دل کا راغب ہونا۔
جی لوٹ جانا / لوٹنا [ا۔ محاورہ] کسی چیز کے لینے کو دل کا بیتاب ہونا۔ بہت جی چاہنا۔
جی لہرانا [ا۔ محاورہ] جی للچانا

جی لے کے بھاگنا [ا۔ محاورہ] جان بچانا۔
جی لے لینا [ا۔ محاورہ] ۱۔ دوسرے کے خیالات معلوم کرنا۔ دل قابو کرنا / ہاتھ میں لینا۔ ۳۔ خواہشوں کو برانگیختہ کرنا۔
جی مار [ا۔ صف] ۱۔ جرم سنگین۔ قتل وغیرہ۔ ۲۔ خواہش کو بجھانے والا۔ ۳ مذ۔ قاتل۔ وہ شخص جو خواہشوں کو مارے۔
جی مارنا [ا۔ محاورہ] خواہش ضبط کرنا۔
جی متلانا [ا۔ محاورہ] ۱۔ متلی ہونا۔ ۲۔ دل بیزار ہونا۔
جی متلانے والا [ا۔ صف] قے لانے والا۔
جی مٹی ہو جانا / ہونا [ا۔ محاورہ] دل میں شوق نہ رہنا۔ امنگ نہ رہنا۔ حوصلہ نہ رہنا۔
جی مرجانا / مرنا [ا۔ محاورہ] افسردہ ہونا۔ دل میں شوق نہ رہنا۔
جی مِلانا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "جی مل جانا / ملنا"، جس کا یہ متعدی ہے۔
جی مِل جانا / مِلنا [ا۔ محاورہ] دل کا موافق ہونا۔ دوستی ہونا۔ موافقت ہونا۔
جی ململانا [ا۔ محاورہ] افسوس ہونا۔ دریغ ہونا۔
جی میں [ا۔ متعلق فعل] دل میں۔
جی میں آنا [ا۔ محاورہ] کوئی بات خیال میں آنا۔
جی میں اتارنا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "جی میں اترنا" جس کا یہ لازم ہے۔
جی میں اُترنا [ا۔ محاورہ] دل پر اثر ہونا۔ دل میں چبھنا۔
جی میں ارمان رہنا [ا۔ محاورہ] حسرت نہ نکلنا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔
جی میں بات پھرنا [ا۔ محاورہ] کسی بات کا بار بار خیال آنا۔
جی میں بس رہنا [ا۔ محاورہ] ہر وقت کسی کا خیال رہنا۔
جی میں بھرنا [ا۔ محاورہ] بار بار خیال آنا۔ ۲۔ دل میں خیال سا رہنا / تصور میں رہنا
جی میں بیٹھنا [ا۔ محاورہ] دل میں اثر کرنا۔ دل پر نقش کرنا۔
جی میں ٹھاننا [ا۔ محاورہ] ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔
جی میں جل جانا [ا۔ محاورہ] رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ حسد سے پیچ و تاب کھانا
جی میں جگہ ہونا / جا ہونا ۔ (دہلی) [ا۔ محاورہ] وقعت ہونا۔ عزت ہونا
جی میں جمانا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "جی میں جمنا"، جس کا یہ متعدی ہے۔
جی میں جمنا [ا۔ محاورہ] دل میں اثر یا نقش ہونا۔
جی میں جی آنا [ا۔ محاورہ] اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔ تسکین ہونا۔
جی میں جی ڈالنا [ا۔ محاورہ] یقین دلانا۔ اپنے دل کا حال دوسرے کے دل نشین کرنا۔
جی میں رکھنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ بغض رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ ۲۔ ارادہ کرنا / کسی بات کو خفیہ رکھنا۔
جی میں کھُب جانا [ا۔ محاورہ] دل پر اثر کرنا۔ بہت پسند آنا۔
جی میں کہنا [ا۔ محاورہ] خیال کرنا۔ دل میں منصوبہ باندھنا۔
جی میں کیا آئی [ا۔ روزمرہ] ۱۔ خیال ہوا۔ خیال گزرا۔ ۲۔ ارادہ کیا۔
جی میں گھر کرنا [ا۔ محاورہ] دل میں اثر کرنا یا چبھنا۔
جی میں لگنا [ا۔ محاورہ] دل میں اثر کرنا۔
جی میں مزے لینا [ا۔ محاورہ] خیال میں لطف اٹھانا۔

جی میں ہونا [ا۔ محاورہ] ارادہ ہونا۔ ٹھاننا۔
جی شیدا ہونا [ا۔ محاورہ] عاشق ہونا۔
جی نڈھال ہونا [ا۔ محاورہ] دل پریشان ہونا۔ مضمحل ہونا۔
جی نکلنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ مرنا۔ دم نکلنا۔ ۲۔ خوفزدہ ہونا۔ ۳۔ عاشق ہونا۔
جی ہاتھ میں رکھنا [ا۔ محاورہ] دل میلا نہ ہونے دینا۔ خوش رکھنا۔ قابو میں رکھنا
جی ہاتھ میں لینا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "جی ہاتھ میں رکھنا"
جی ہارنا [ا۔ محاورہ] کسی کام کا حوصلہ نہ پڑنا۔ ڈر جانا۔
جی ہٹ جانا [ا۔ محاورہ] نفرت ہو جانا۔
جی ہچکچانا [ا۔ محاورہ] طبیعت کا ڈگمگانا۔ پس و پیش کرنا۔
جی ہلنا [ا۔ محاورہ] دل کا خوف یا رحم سے کانپنا۔
جی ہوا ہونا [ا۔ محاورہ] دم نکلنا۔ جان نکلنا۔
جی ہونا [ا۔ محاورہ] ۱۔ خواہش ہونا۔ ارادہ ہونا۔ ۲۔ زندگی ہونا۔
جی ہونٹوں پر آنا [ا۔ محاورہ] نزع کی حالت ہونا۔ دم لبوں پہ آنا۔
جی ہی جانتا ہوگا [ا۔ روزمرہ] دل میں ہی سمجھتے ہوں گے۔
جی ہی جانتا ہے [ا۔ روزمرہ] جو کچھ تم ہمارے ساتھ بدسلوکی کرتے ہو اس کو ہمارا جی ہی خوب جانتا ہے۔ بیان کرنے سے کیا فائدہ۔
جی ہی جی میں باتیں کرنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ آپ ہی آپ باتیں کرنا۔ ۲۔ سوچنا۔ دل میں خیال آنا۔ ۳۔ پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔
جی ہے تو جہان ہے [ا۔ مثل] اگر زندگی ہے تو دنیا کا لطف ہے۔
جی ہے تو جہان ہے [ا۔ مثل] دیکھئے جی ہے تو جہان ہے۔
جی ہے تو سب کچھ ہے [ا۔ مثل] زندگی کے ساتھ سب سامان ہے۔
جے [ا۔ حرف مقداری] جتنے۔ جس قدر۔
جے [ہ۔ امث] ۱۔ جیت۔ فتح۔ نصرت۔ ۲۔ خوشی۔ نشاط۔ سلامتی۔ ۳۔ ترقی۔ زیادتی۔ برتری۔ عروج۔ اقبال۔ ۴۔ مرحبا۔ شاباش۔
جے پتر [ہ۔ امذ] فتح نامہ۔ فیصلہ۔ ڈگری۔
جے جے کار/کارا [ہ۔ مث۔ رمذ] فتح کے نعرے۔ فتح کی خوشی۔
جے جے ونتی [ہ۔ امث] ایک راگنی۔ کھماچ ٹھاٹھ کی ایک راگنی۔ جس میں سھاتوں سُر لگتے ہیں اور رات کے وقت گائی جاتی ہے۔
جیا [ا۔ امذ] جی کی تصغیر۔ ۱۔ جان۔ دل۔ روح۔ ۲۔ پیارا۔ محبوب۔ جانی
جیالا [ا۔ صفت] بہادر۔ دلیر۔ جرأت مند۔
جیالوجی [انگ۔ امث] (GEOLOGY) علم طبقات الارض۔ زمین کے متعلق علم
جیب [ع۔ امذ] گریبان۔ کُرتے یا قمیض کے گلے کی کھلی جگہ۔
جیب (یائے مجہول سے) [ا۔ امث] کیسہ یا تھیلی جو قمیض، کوٹ یا واسکٹ میں چیزیں رکھنے کے لئے لگا لیتے ہیں۔ ۲۔ کنایتہً۔ قبضہ۔ قابو۔ اختیار
جیب خاص [ا۔ امذ] وہ خزانہ جو صرف بادشاہ کے ذاتی خرچ کے لئے ہو
جیب خالی ہو جانا/رہنا [ا۔ محاورہ] کچھ پاس نہ رہنا۔
جیب خرچ [ا۔ امذ] وہ خرچ جو روزانہ ضروریات کے لئے کیا جائے یا دیا جائے
جیب کترا [ا۔ امذ] وہ چور جو جیب کتر کر مال نکال لے۔ اُچکا۔
جیب کترنا [ا۔ محاورہ] جیب قینچی یا کسی دوسری تیز دھار چیز سے کتر کر مال چوری کر لینا۔
جیب گھڑی [ا۔ امث] وہ چھوٹی گھڑی جو جیب میں رکھی جاتی ہے۔
جیب میں پڑے ہیں/رہتے ہیں [ا۔ محاورہ] کوئی دقت نہیں ہے۔
جیب میں پیسہ ہونا [ا۔ محاورہ] امیر ہونا۔
جیب میں ہاتھ ڈالنا [ا۔ محاورہ] کچھ دینا۔
جیبی [ا۔ صفت] جیب کا۔ جیب کے متعلق۔ جیب کے لئے۔ ۲۔ چھوٹا
جیبی رومال [ا۔ امذ] جیب میں رکھنے کا رومال۔
جیبی کتا [ا۔ امذ] ایک قسم کا بہت چھوٹا کتا۔
جیبی کتاب [ا۔ امث] پاکٹ بک۔ چھوٹی کتاب جو جیب میں آ جاتے۔
جیبھ/جیبہ [ہ۔ امث] زبان۔ لسان۔
جیبھ الٹنا [ا۔ محاورہ] تلفظ اچھی طرح ادا کرنا۔
جیبھ بڑھانا [ا۔ محاورہ] ۱۔ ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا۔ ۲۔ گالیاں دینا۔ ۳۔ اپنی بساط سے زیادہ عیش و عشرت میں پڑنا۔ ناممکن بات کی خواہش کرنا۔
جیبھ پکڑنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ چپ کرانا۔ خاموش کرنا۔ ۲۔ دوسرے کی گفتگو میں دخل دینا۔ دخل در معقولات کرنا۔ ۳۔ اعتراض کرنا۔ نکتہ چینی کرنا
جیبھ چلی نہ سواد آیا [ا۔ مثل] ۱۔ چیز اتنی تھوڑی تھی کہ مزہ نہ آیا زبان ہی خراب ہوئی۔
جیبھ چلی سواد نہ پایا [ا۔ مثل] سالن میں نمک مرچ ہی مزا دیتا ہے۔
جیبھ جنے ایک بار ماں جنے بار بار [ا۔ مثل] جو بات منہ سے ایک بار نکل جائے وہ واپس نہیں آ سکتی۔
جیبھ جھکانا [ا۔ محاورہ] اپنے آپ کو امیر ظاہر کرنا۔
جیبھ چاٹنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ زبان چٹخارنا۔ ۲۔ کسی ایسی چیز کی خواہش کرنا جس کا ملنا مشکل ہو۔ ۳۔ ہوس کرنا۔ لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔
جیبھ چلانا [ا۔ محاورہ] اپنی طاقت سے بڑھ کر شیخی مارنا۔ لاف گزاف کرنا۔
جیبھ چلنا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "جیبھ چلانا" جس کا یہ لازم ہے نیز منہ چلنا۔ کھایا جانا۔
جیبھ چلے سو بلا ٹلے [ا۔ مثل] بہت باتیں کرنے والے سے لوگ ڈرتے ہیں۔
جیبھ چھیلنی [ا۔ امث ق] زبان صاف کرنے کا آلہ۔
جیبھ چھیلنا [ا۔ امذ ق] دیکھئے "جیبھی"
جیبھ داب کے بات کرنا/کہنا [ا۔ محاورہ] ہچکچا کر کوئی بات کرنا۔ بات پوری نہ کہنا۔ کچھ چھپا لینا۔
جیبھ دیوالی اپنے کاموں سیانی [ا۔ مثل] ۱۔ اپنے مطلب کی ہر ایک کو خوب سوجھتی ہے۔ ۲۔ دیوانہ بکار خویش ہوشیار۔
جیبھ کاٹنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی شخص کو اشارے سے بات کرنے سے روکنا ۲۔ درخواست قبول کرنا۔ عرض ماننا۔ ۳۔ حیرت سے زبان دانتوں کے درمیان لانا۔ حیران ہونا۔ ۴۔ خوفزدہ ہونا۔
جیبھ کرنا [ا۔ محاورہ] ۱۔ جواب دینا۔ گستاخی یا بے ادبی سے بات کرنا۔ بڑھ کے بات کرنا۔ ۲۔ زبان چلانا۔ زبان درازی کرنا۔ ۳۔ گالیاں دینا۔
جیبھ کے تلے جیبھ ہونا [ا۔ محاورہ] کبھی کچھ کہنا اور کبھی کچھ کہنا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا۔ منحرف ہو جاتے رہنا۔

جیبھ کے تلے جیبھ ہے [ا۔ مثل] کبھی کچھ کہتا ہے اور کبھی کچھ کہتا ہے۔ بکتا رہتا ہے
جیبھ نکالنا [ا۔ محاورہ] ا۔ مذاقاً زبان منہ سے نکالنا یا باہر کرنا۔ عموماً بچے ایسا کرتے ہیں۔ ۲۔ سخت بھوکا یا پیاسا ہونا۔ ۳۔ تھکاوٹ یا پیاس کی وجہ سے زبان باہر نکالنا۔ ۴۔ سزا کے طور پر زبان کھینچ لینا۔ ۵۔

جیبھی [ا۔ امث] ا۔ زبان صاف کرنے کا آلہ۔ جیبھ چھلنی۔ جیبھ چھیلنا۔ ۲۔ لگام کا ایک حصہ۔ دہانہ۔ نہاری۔ (۳) ۔ صف۔ جیبھ کا یا جیبھ کے متعلق۔ ۴۔ زبان کے مانند۔ ۵۔ زبان کی شکل کا۔ ۶۔ موجودہ دور کے خود کار قلم کا وہ حصہ جو نب کے اندر کی طرف لگا ہوتا ہے۔
جیبھی مچھلی [ا۔ امث] ایک قسم کی مچھلی۔
جیپ [انگ۔ امث] (JEEP) ایک قسم کی چھوٹی۔ ہلکی پھلکی موٹر گاڑی جو بہت زیادہ طاقتور اور مضبوط ہوتی ہے۔ چاروں پہیوں سے چلتی ہے۔ یہ دشوار گزار راستوں پر چل سکتی ہے۔
جیت [ا۔ امث] ا۔ ہار کی ضد۔ ا۔ فتح۔ کامیابی۔ ۲۔ غلبہ۔ فوقیت۔ ۳۔ نفع فائدہ
جیت تمہاری ہار ہماری [ا۔ مثل] جب کوئی شخص ہر شرط پر کسی سے معاملہ رکھنے کو تیار ہو تو کہتا ہے۔
جیت جانا / لینا [ا۔ محاورہ] جیتنا۔
جیت کی ہو اچھی اچھی [ا۔ مثل] کامیابی یا فتح خواہ حیل سے ہی کیوں نہ ہو بہتر ہے
جیت ہمت کے ہاتھ ہے [ا۔ مثل] جو ہمت کرتا ہے فتح پاتا ہے۔
جیت ہونا [ا۔ محاورہ] فتح حاصل کرنا۔ کامیابی حاصل کرنا۔ جوئے میں روپیہ حاصل کرنا
جیتا [ا۔ صف] ا۔ زندہ۔ جاندار۔ ۲۔ زیادہ۔ بیش۔
جیتا جاگتا [ا۔ صف] زندہ سلامت۔ صحیح تندرست۔
جیتا جھوٹ [ا۔ امذ] کھلا جھوٹ۔ سرتاپا جھوٹ۔
جیتا چمڑا [ا۔ امذ] جاندار گوشت۔
جیتا چنوانا [ا۔ محاورہ] زندہ آدمی کو دیوار میں چنوا دینا۔ زمانۂ قدیم کی ایک سزا
جیتا رہنا [ا۔ محاورہ] زندہ سلامت رہنا۔
جیتا گاڑنا [ا۔ محاورہ] زندہ دفن کرنا۔ زندہ کو قبر میں لے جانا۔
جیتا گڑوا دینا [ا۔ محاورہ] دیکھیے "جیتا گاڑنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
جیتا لہو [ا۔ امذ] تازہ خون جو ابھی ابھی جسم سے نکلا ہو۔
جیتا ناخن [ا۔ امذ] کچا ناخن۔
جیتا نہ چھوڑنا [ا۔ امذ] زندہ نہ رہنے دینا۔
جیتنا [ا۔ مص] فتح کرنا۔ غالب آنا۔ کامیاب ہونا۔ جوئے میں روپیہ حاصل کرنا
جیتی [ا۔ صف امث] دیکھیے "جیتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
جیتی جاگتی [ا۔ صف مث] دیکھیے "جیتا جاگتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
جیتی مانتا نہ ہاری مانتا [ا۔ محاورہ] کوئی بات نہ ماننا۔
جیتی مکھی نگلنا [ا۔ محاورہ] جان بوجھ کر مصیبت میں پھنسنا۔
جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی [ا۔ مثل] جان بوجھ کر نقصان نہیں اٹھایا جاتا۔
جیتے [ا۔ حرف] دیکھیے "جیتا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
جیتے آسا مرے نراسا [ا۔ مثل] زندگی کے ساتھ امید ہے۔ مرجانے پر کچھ نہیں۔

جیتے پتا کی پوچھی نہ بات مرے پتا کو دودھ اور بھات [ا۔ مثل] زندگی میں باپ کی خبر نہ لی اور مرے پر خیرات میں دودھ چاول دیے بے جا اسراف کیا۔
جیتے ہیں تو سیکھوں بھرے مر گئے تو موتیوں جڑے [ا۔ مثل] زندہ ہیں تو عیب ہی عیب مرنے کے بعد قابل تعریف سمجھے جانے لگے۔
جیتے جی [ا۔ متعلق فعل] زندگی میں۔ عمر بھر۔ تاحیات۔ تمام عمر۔
جیتے جی جہنم میں ہونا [ا۔ محاورہ] بہت تکلیف میں ہونا۔
جیتے جی کا میلہ ہے [ا۔ مثل] زندگی کی تمام سرگرمیاں زندہ رہنے تک ہی ہیں۔ ایں مرنے کے بعد سب ختم۔
جیتے جی مٹی میں ملنا [ا۔ محاورہ] عاجزی اور انکسار کو اپنا شعار بنا لینا۔ خواہشوں کا ترک کرنا۔
جیتے جی مرجانا / مرنا [ا۔ محاورہ] تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ ۲۔ زندگی میں موت کا مزا چکھنا۔ ۳۔ بے چین ہونا۔ ۴۔ زندگی ہی میں الگ ہو جانا۔ ۵۔ کسی کام کا نہ رہنا۔
جیتے رہو [کلمہ دعا] عمر دراز ہو۔ جب کوئی خرد بزرگوں کو سلام کہے یا ادب کرے تو بزرگ یہ دعا دیتے ہیں۔
جیتے جی کے سب ہیں [ا۔ مقولہ] سب زندگی ہی میں ساتھ دیتے ہیں۔
جیٹ (طیارہ) [انگ۔ امذ] (JET) ایک خاص قسم کا ہوائی جہاز (طیارہ) جو بہت تیز رفتار اور بلند پرواز ہوتا ہے۔
جیٹ (یائے مجہول سے) [ہ۔ امث] ا۔ انبار۔ ڈھیر۔ ۲۔ اوپر نیچے رکھے ہوئے برتن / روٹیاں وغیرہ
جیٹھ [ہ۔ امذ] خاوند کا بڑا بھائی۔ ۲۔ بکرمی سال کا دوسرا مہینہ جو نصف مئی سے نصف جون تک ہوتا ہے۔ ۳۔ سب سے بڑا۔ ۴۔ سردار۔ حاکم۔ پہلوان۔ ۵۔ پہلے پیدا شدہ۔
جیٹھ جیٹھے اساڑھ بیٹھے [ہ۔ مثل] جیٹھ کا مہینہ اچھا اساڑھ کا اتنا اچھا نہیں۔ کاشت میں اور فصل اٹھاتے ہیں ایسا ہوتا ہے۔
جیٹھ کے بھروسے پیٹ [ہ۔ مثل] دوسرے کی مدد سے کام کرنا۔
جیٹھا [ہ۔ صف] ا۔ نہایت اعلیٰ۔ نہایت شریف۔ ۲۔ پہلا بچہ۔ پہلوٹھی کا بچہ ۳۔ بہت بڑا۔ بہترین۔ ۴۔ اوّل۔ سردار۔ حاکم۔ بڑا۔ بوڑھا۔ ۵۔ کسم کے رنگ میں پہلا رنگا ہوا۔ ۶۔ جیٹھ کے مہینے میں پیدا شدہ بچہ۔
جیٹھانی [ہ۔ امث] جیٹھ کی بیوی۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔
جیٹھانی کا بھینسا اگر دھوں دھوں [ہ۔ مثل] دوسرے کی اولاد بہت موٹی تازی نظر آتی ہے۔
جیٹھوت [ہ۔ امذ] جیٹھ کا بیٹا۔
جیٹھی [ہ۔ امث] جیٹھ کی تانیث۔ ۲۔ بہت ہوا پہلوان۔ ۳۔ چھڑی۔ لاٹھی۔ ڈنڈا
جیجا [ہ۔ امذ] بہن کا خاوند۔ بہنوئی۔
جیجا کے مال پر سالی متوالی / سالے متوالے [ہ۔ مثل] دوسرے کے مال پر اکڑنا۔
جیجی [ہ۔ امث] بہن۔ خواہر۔ ۲۔ پستان۔ چھاتی۔
جیجی پینا [ا۔ محاورہ] بچہ کا دودھ پینا۔ پستان چوسنا۔
جیحوں [ف۔ امذ] ایران کا ایک مشہور دریا [illegible]
جید [ع۔ صف] کھرا۔ خالص۔ ۲۔ عمدہ۔ نیک۔ ۳۔ [illegible]

بھاری - ۴ - گردن کی لمبائی اور پتلا پن - ۵ - لمبی گردن والا خوبصورت -
جَندُ ابکیموس (ا صف اند) غذا کا معدہ میں تحلیل ہوکر جزو بدن ہو جانا - بہت اچھا ہونا
جِیدھر (ا متعلق فعل) دیکھیے "جدھر" جس کی یہ قدیم صورت ہے -
جیر (ہ امث) وہ جھلی جس میں پیدائش کے وقت بچہ لپٹا ہوتا ہے -
جیسا (ا ا موصول) ایسا کی ضد - جس طرح - جس قسم کا - جس طریقے کا -
جس صورت کا - جس ڈھنگ کا - جس طرح سے - جس طریقے سے
جیسا آقا ویسا نوکر (ا مثل) دونوں نالائق -
جیسا بچے کو اٹھاؤ گے اٹھے گا (ا مثل) بچے کو جیسی تربیت دو گے ویسا ہی ہو گا -
جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے (ا مثل) جیسے کام کرو گے ویسا ہی پھل ملے گا -
جیسا تیسا (ا متعلق فعل) جس طرح کا - جس قسم کا -
جیسا تیرا لینا دینا ویسا میرا کام کاج رگانا بجانا (ا مثل) جیسی مزدوری ملتی ہے ویسا ہی کام ہوتا ہے -
جیسا چاہو (ا متعلق فعل) جس طرح کی خواہش ہو جس طرح کا مطلوب ہو -
جیسا چاہیے (ا متعلق فعل) مرضی کے مطابق - موقع اور محل کے مطابق - قابلِ تعریف
جیسا دودھ ویسا بدھ (ا مثل) ۱ - عقل خاندان کے موافق ہوتی ہے -
۲ - جیسے ماں باپ عقلمند ہوں گے ویسی ہی اولاد ہو گی -
جیسا دودھ دھولا - ویسی چھاچھ دھولی (ہ مثل) ظاہری شکل سے آدمی دھوکا کھا جاتا ہے -
جیسا دیس ویسا بھیس (ہ مثل) جس جگہ رہے ویسی ہی وضع اختیار کرے
جیسا دیوتا ویسی پوجا (ہ مثل) جس قسم کا انسان ہوتا ہے اسے ویسی ہی چیز مل جاتی ہے -
جیسا دیوے ویسا پاوے
پوت بھتار کے آگے آوے } (ہ مثل) جیسا کوئی دوسروں کیساتھ سلوک کرتا ہے ویسا ہی اس کے خاندان کے ساتھ ہوتا ہے
جیسا راجا ویسی پرجا (ہ مثل) جیسا مالک ہوتا ہے ویسی ہی رعایا ویسے ہی ماتحت ہوتے ہیں -
جیسا سوتا ویسا ہی دھارا (ہ مثل) جیسے بزرگ ہوتے ہیں ویسی ہی اولاد ہوتی ہے
جیسا سوت ویسی پھینٹی جیسی ماں ویسی بیٹی (ہ مثل) دیکھیے "جیسا سوتا ویسا دھارا"
جیسا سوئی چور ویسا بجر چور (ہ مثل) چوری جیسے تھوڑی چیز کی ویسے ہی بڑی چیز کی - چوری ہر صورت میں بری ہے -
جیسا کا تیسا / ویسا (ا صف) دیکھیے "جیسے کا تیسا"
جیسا کاچھ کاچھے ویسا ناچ ناچے (ہ مثل) جس جگہ رہے اس کے مطابق کام کرے -
جیسا کرنا ویسا بھرنا / پانا (ا محاورہ) کیے کا پھل پانا -
جیسا کرو گے ویسا بھرو گے / پاؤ گے (ا مثل) انسان جیسا کام کرتا ہے
[جیسا کیا ویسا پایا - ویسا ہی اس کو نتیجہ مل جاتا ہے -
جیسا کن بھر ویسا من بھر (ہ مثل) جیسا نمونہ ہوتا ہے ویسا ہی مال ہوتا ہے
جیسا کہ (ا حرف ربط) گویا -
جیسا کہ چاہیے (ا متعلق فعل) دیکھیے "جیسا چاہیے"
جیسا گاؤں دیکھیے ویسے روزے رکھیے (ا مثل) زمانے کے موافق کام کرنا چاہیے -
جیسا لینا ویسا دینا (ہ مثل) جیسا دو گے ویسا کام ہو گا -
جیسا مان ویسا دھان (ہ مثل) جتنی حیثیت ہوتی ہے اتنا ہی ملتا ہے -
جیسا مُن ویسا دان (ہ مثل) جیسا حوصلہ ویسی ہی داد و دہش -
جیسا منہ ویسا تھپیڑا / ویسی ہی تھپیڑ (ہ مثل) جیسا کوئی کام کرتا ہے ویسا ہی نتیجہ ملتا ہے -
جیسی (ا صف مث) دیکھیے "جیسا" جس کی یہ تانیث ہے -
جیسی بندگی ویسا انعام (ا مثل) جیسا کوئی کام کرتا ہے ویسا ہی انعام / صلہ ملتا ہے -
جیسی پڑی ویسی سہی (ا مثل) جیسی مصیبت پڑی ویسی برداشت کی -
جیسی پڑے ویسی سہے (ا مثل) جو گزرے برداشت کرے -
جیسی کرنی ویسی بھرنی (ا مثل) دیکھیے "جیسی بندگی ویسا انعام"
جیسی کہنا ویسی سننا (ا محاورہ) خراب بات کا خراب اور اچھی کا اچھا جواب پانا -
جیسی کہی ویسی ہی سُنی (ا مثل) سخت بات کہی سخت جواب سنا -
جیسی کہے ویسی سُنے (ا مثل) سختی سے بولے گا، سخت جواب پائے گا -
جیسی کٹی بخنیں ویسی آئیں حق مہر کا بوریا لائیں (ا مثل) بہت بدقسمت ہے -
جیسی مُردے پہ سو من مٹی ویسی ہزار من (ا مثل) مصیبت جیسی تھوڑی ویسی زیادہ -
جیسی نیت ویسی مُراد (ا مثل) جیسی نیت ہو ویسا ہی پھل ملتا ہے برے کا برا اور بھلے کا بھلا -
جیسے (ا صف) دیکھیے "جیسا" جس کی یہ جمع اور مغیّرہ حالت ہے جو بہتا - جس طرح - جس طرح سے -
جیسے بنے / ہو سکے (ا متعلق فعل) جس طرح ممکن ہو - جس طرح ہو سکے -
جیسے پیٹھ دکھائے جاتے ہو خدا تمہارا منہ دکھائے (ا کلمہ دعا) خدا تمہیں پھر یہاں لائے -
جیسے حسن ویسے حسین (ا مثل) دونوں میں کوئی فرق نہیں - دونوں ایک جیسے ہیں -
جیسے دام ویسا کام (ا مثل) مزدور مزدوری کے مطابق ہی کام کرتا ہے
جیسے ساجن آئے تیسا بچھونا بچھائے (ہ مثل) جس قسم کا مہمان ہو اس کی حیثیت کے مطابق ہی خاطر ہوتی ہے -
جیسے کا تیسا (ا صف مذ) بعینہٖ - ہو بہو -
جیسے کنتا گھر رہے ویسے رہے بدیس / پردیس
جیسی اوڑھنی کاملی ویسا اوڑھا کھیس } (ہ مثل) نکما آدمی کہیں رہے ایک ہی بات ہے -
جَیش (ع اند) لشکر - فوج - سپاہ - عسکر - کٹک - دَل -
جِیغہ (ت اند) ایک مرصع زیور کا نام جو پگڑی میں باندھا جاتا تھا - کلغی -
جِیفہ (ع اند) مُردار - سڑا ہوا -
جِینگھَٹ (ہ امث) پانی کا گھڑا - مٹکا -
جِینگھَٹ بھری جانا (ہ محاورہ) بیگمات میں دستور تھا کہ ان کے ہاں جب کوئی بچہ

روزہ رکھتا ہے۔ بیاہ ہوتا تو کوری ٹھلیا میں شربت اور بدھنی میں دودھ بھر کر سہرا باندھتی تھیں اور اس پر اللہ میاں کی نیاز دلواتی تھیں۔

جیل (یائے مجہول سے) [ہ امث] قطار، صف، پرا۔ ۲۔ ایک زنجیر میں بندھے ہوتے بہت سے قیدیوں کی قطار۔ ۳۔ زنجیر، سلسلہ۔ ۴۔ ڈول جو ایک سلسلہ میں بندھ کر لٹکائے جاتے ہیں۔ ۵۔ ہولی کے تہوار کی گوبر کی بھرکیاں جن کا ہار بناتے اور ہولی کی آگ میں جلاتے ہیں۔

جیل (یائے مجہول سے) [انگ امث] (JAIL) قید خانہ۔ زندان۔ بندی خانہ۔ محبس۔

جیل خانہ [ار اند] دیکھیے "جیل"

جیلر [انگ اند] (JAILER) داروغہ زندان جیل کا داروغہ قید خانہ کا افسر

جیلی [انگ امث] (JELLY) پھلوں کا رب۔ ایک قسم کی لیس دار غذا جو پھلوں، پودوں اور گوشت وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔

جیلی [ہ امث] گھاس اکٹھی کرنے کا آلہ۔ ۲۔ لکڑی کا تین یا زیادہ شاخوں والا ایک آلہ جس سے بھس وغیرہ اڑاتے اور اکٹھا کرتے ہیں۔ ۳۔ ادجھ کے اوپر کی جھلی۔

جیمنا [ہ مص] کھانا نوش کرنا۔ تناول کرنا۔ ۲۔ رشوت لینا۔ غبن کرنا۔ تغلب کرنا

جَین [س اند] ۱۔ بوڑھا آدمی۔ ۲۔ سراوگیوں کا مذہب جس میں دیدوں کو نہیں مانا جاتا اور جانداروں کو دکھ دینے کی ممانعت ہے۔

جینا [ار مص] زندہ رہنا۔ ۲۔ مزے اڑانا۔ ۳۔ عمر کاٹنا۔ زندگی بسر کرنا۔

جَینی [س صف] "جین" مذہب کا پیرو۔

جینے [ار اند] دیکھیے "جینا" جس کی یہ مغیرہ صورت ہے۔

جینے سے تنگ آنا رہونا [ار محاورہ] زندگی سے بیزار ہونا۔

جینے کے لالے پڑنا [ار محاورہ] زندگی کی امید نہ رہنا۔

جینے دینا [ار محاورہ] زندہ رہنے دینا۔

جینے کا مزہ [ار اند] زندگی کا لطف۔

جِیو [ہ اند] ۱۔ زندگی۔ ۲۔ روح۔ جان۔ ۳۔ معشوق۔

جیو آتما [ہ امث] جان۔ روح۔

جیو پتر [ہ امث] جس کا باپ زندہ ہو۔

جیو ہتیا [ہ امث] زندگی کو تباہ کرنا۔ کشت وخون۔ ظلم۔

جیوٹ [ہ صف] بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ ۲۔ مث۔ بہادری۔ شجاعت۔ دلیری

جیوٹ کرنا [ہ محاورہ] دلیری کرنا۔ ہمت کرنا۔

جیوری [انگ امث] (JURY) ثالثوں کی مجلس جو جج کے ساتھ کام کرتی ہو جس کی رائے سے اتفاق یا اختلاف جج کی رائے پر منحصر ہے۔

جیوڑا [ہ اند] جی کی تصغیر۔ جی۔ دل۔ ۲۔ جان۔ ۳۔ معشوق۔ محبوب کمیروں کو دینے کا اناج۔

جیوڑا [ہ اند] رستا۔

جیوڑا جانا رنکلنا [ار محاورہ] مرجانا۔ جان نکلنا۔ ۲۔ مردہ دل ہونا۔

جیوڑا دَہل جانا [ار محاورہ] گھبرانا۔ خوف زدہ ہونا۔

جیوڑی [ہ امث] رسی۔ ڈوری۔ ۲۔ کیڑا۔ حشرات الارض۔ ۳۔ سانپ ناگ۔ ۴۔ ناپنے کی رسی۔ جریب۔ ۵۔ رسی یا زنجیر رجریب کا ماپ۔

جُیُوش [ع اند] دیکھیے "جیش" جس کی یہ جمع ہے۔

جیومیٹری [انگ امث] (GEOMETRY) علم ریاضی کی ایک شاخ۔ اقلیدس۔ مساحت

جیوں [ار حرف تشبیہ ق] مانند۔ مثل۔ جوں۔

جیوں جیوں [ار متعلق فعل] دیکھیے "جوں جوں"

جیوں جیوں توں توں [ار متعلق فعل] دیکھیے "جوں جوں، توں توں۔"

جِیوَن [ہ اند] زندگی۔

جیون ساتھی [ہ صف] زندگی کا ساتھی۔ رفیق یا رفیقہ حیات۔

جیونار [ہ اند] دعوت۔ ضیافت۔

جیوے میرا بھائی گلی گلی بھرجائی [ہ مثل] بھائی زندہ ہے بھاوجوں کی کمی نہیں۔

چ

چ :[ف-امث] اس کا نام " چے " ہے۔ یہ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں آٹھواں، فارسی میں ساتواں اور دیوناگری رسم الخط میں چھٹا و ینجن یعنی حرف صحیح ہے مزید وضاحت کے لئے اسے جیم فارسی بھی کہتے ہیں۔
(۱) عربی میں یہ حرف اور اس کی آواز نہیں پائی جاتی
(۲) یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
(۳) حساب جمل میں اسے جیم کی ایک شکل خیال کیا جاتا ہے اور اس کے اعداد جیم کے برابر یعنی تین لئے جاتے ہیں۔
(۴) اس کی آواز تالو سے نکلتی ہے۔
(۵) فارسی میں یہ مندرجہ ذیل حروف کے بدل کے طور پر آتا ہے۔
(ا) پ کا بدل مثلاً چلاؤ اور پلاؤ میں۔ (ب) ت کا بدل مثلاً چس اور تس میں۔ (ج) ج کا بدل مثلاً چغتہ اور جغتہ میں۔ (د) ز کا بدل مثلاً پچشک اور پزشک میں (ہ) ژ کا بدل مثلاً کاچ اور کاژ میں (و) س کا بدل مثلاً خروچ اور خروس میں۔ (ز) ش کا بدل مثلاً کاچکے اور کاشکے میں

چ - ا

چاب :[ار-امث] (۱) دھوتے تل، چاول اور شکر جو کسی عزیز کے سفر سے واپس آنے پر سینیوں میں لگا کر بھیجے جاتے ہیں یا بچہ پیدا ہونے پر گانے والی عورتوں میں تقسیم کئے جاتے ہیں (۲) مندر کا چڑھاوا (۳) چبائی جانے والی چیز۔ (۴) چابنا کا امر۔
چاب‌چا :[ار اند] دیکھئے " چربچو " جو صحیح ہے۔
چابک :[ف-اند] (۱) کوڑا تازیانہ۔ (افعال: دکھانا-لگانا-مارنا) (۲) (صف) چست چالاک-تیز-پھرتیلا۔
چابک دست :[ف-صف] ہاتھ کے کام میں چالاک-ہنرمند-دستکار۔
چابک دستی :[ف-امث] دیکھئے " چابک دست " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چابک سوار :[ف-اند] گھوڑا پھیرنے والا۔ گھوڑا سدھانے والا خوب سواری کرنے والا۔
چابک سواری :[ف-امث] گھوڑا پھیرنے کا ہنر یا پیشہ۔
چابک عنان :[ف-صف] تیزرو سوار یا گھوڑا۔
چابک عنانی :[ف-امث] دیکھئے " چابک عنان " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چابکی :[ف-امث] چالاکی-چستی-تیزی۔
چابنا :[ار-مص] دیکھئے " چبانا " جو فصیح ہے۔

چابی :[ار-امث] (پرتگالی چاوی سے ماخوذ) کلید-کنجی-تالی۔
چاپ :[ف-اند] چھاپ-چھاپا۔
چاپ :[ار-امث] (۱) پاؤں کی آہٹ (۲) کمان۔
چاپٹ :[ہ-امث] غلے کے وہ ٹکڑے جو کٹنے یا پسنے سے رہ جائیں پسے ہوئے اناج کی بھوسی-چوکر۔
چاپڑ :[ار-اند] (انگریزی (CHOPPER) کا بگاڑ)۔ قیمہ کوٹنے کا آلہ-بغدا۔
چاپلوس :[ف-صف] خوشامدی-جھوٹی تعریف کرنے والا۔
چاپلوسی :[ف-امث] خوشامد-جھوٹی تعریف-تملق۔
چاتُر :[ہ-صف] (چتر کا اشباع) (۱) ہوشیار-دانا-چالاک (۲) عیار مکار (۳) دلیر-شجاع۔
چاتر تو بیری بھلا، مورکھ بھلا نہ میت :[ہ-مقولہ] دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے۔
چاٹ :[ار-امث] (۱) چاٹنے کا مزہ-ذائقہ (۲) کوئی مزہ دار چیز اور اس کا مزہ (۳) وہ مزہ دار چیز جو منہ کا ذائقہ درست کرنے کے لئے کھائی جائے (۴) عادت-لپکا (۵) چٹپٹی چیز (۶) چاٹنا کا امر۔
چاٹ پر لگانا :[ار-محاورہ] کسی کو مزے سے آگاہ کرنا-چسکا ڈالنا۔
چاٹ پر لگنا :[ار-محاورہ] دیکھئے " چاٹ پر لگانا " جس کا یہ لازم ہے
چاٹ پڑ جانا / پڑنا :[ار-محاورہ] چسکا پڑ جانا-عادت ہو جانا۔
چاٹ جانا :[ار-محاورہ] (عو) (۱) زبان سے چاٹ چاٹ کر کھانا (۲) صاف کر دینا-سب کھا جانا-اڑا جانا
چاٹ دینا :[ار-محاورہ] لالچ دینا
چاٹ لگانا :[ار-محاورہ] (۱) چسکا ڈالنا-مزہ ڈالنا-(۲) عادت ڈالنا۔
چاٹ لگنا :[ار-محاورہ] دیکھئے " چاٹ لگانا " جس کا یہ لازم ہے۔
چاٹ لگی تو حلوائی کی دکان کی سوجھی / جب لگی چاٹ تو سوجھی حلوائی کی ہاٹ } کسی کو مٹھائی کا چسکا پڑ جائے تو کہتے ہیں۔
چاٹنا :[ار-مص] (۱) زبان سے چکھنا-چکھنا (۲) مزے لینا۔
چاٹی :[ار-امث] دودھ بلونے کا مٹی کا بڑا برتن۔
چاٹے رو کھ، نہیں رہتے / ہرے نہیں ہوتے :[ار-مثل] بڑے کھاؤ بیں کچھ نہیں چھوڑتے۔
چاٹیا :[ار-صف] لذت یاب-جس کو چسکا پڑا ہوا ہو۔
چاچا :[ار-اند] دیکھئے " چچا " جو فصیح ہے۔

چاپچی: [ار - امث] دیکھئے "پچی" جو فصیح ہے۔
چادر: [ف - امث] (۱) لمبا چوڑا کپڑا جو اوڑھنے کے کام آتا ہے (۲) وہ پردا جو مزاروں پر چڑھائی جاتی ہے (۳) پانی کی چوڑی دھار (۴) لوہے وغیرہ کے چوڑے چوڑے پترے (۵) شال۔
چادر اُتارنا: [ار - محاورہ] عورت کو بے پردہ کرنا۔ عزت اُتارنا۔
چادر پڑنا: [ار - محاورہ] پوشیدہ ہو جانا۔ چھپ جانا۔
چادر تان کر سونا: [ار - محاورہ] بے کھٹکے سونا - اطمینان سے زندگی بسر کرنا۔
چادر تھوڑی پاؤں پھیلائے بہت: [ار - مثل] آمدنی کم خرچ زیادہ
چادر چڑھانا: [ار - محاورہ] کپڑے یا پھولوں کی چادر کسی بزرگ کے مزار پر ڈالنا۔
چادر چڑھنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "چادر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
چادر چھپول: [ار - امذ] لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکے کو چادر میں چھپا کر بٹھا دیتے ہیں دوسرے فریق کے لڑکوں سے پوچھتے ہیں جو ٹھیک بتا دے لے جور و بنا کر لے جاتا ہے اور اس فریق کے لڑکے دوسرے فریق کے لڑکوں سے چڑھیاں لیتے ہیں۔
چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا: [ار - محاورہ] اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرنا۔
چادر ڈالنا / اوڑھانا: [ار - محاورہ] (۱) ہنود میں بیوہ سے شادی کرنا (۲) سکھوں میں ایک قسم کا بیاہ۔
چادر سے باہر پاؤں پھیلانا: [ار - محاورہ] اپنی بساط سے باہر قدم رکھنا۔
چادر ہلانا: [ار - محاورہ] (۱) جنگ میں مغلوب سپاہ کا پناہ مانگنا (۲) لوگوں کو کسی مطلب کے لئے اکٹھا کرنا۔
چادرا: [ار - امذ] بڑا اور چوڑا (دو پاٹ کا) دوپٹا۔ چھوٹی چادر۔
چار: [ا - اعدد] ایک اور تین کا مجموعہ - ۴ (۲) چوتھا (۳) چارہ کا مخفف۔ مثلاً ناچار میں (۴) چند۔
چار آدمی: [ار - امذ] دو چار بھلے مانس - چند آدمی۔
چار آنکھ / آنکھیں کرنا: [ار - محاورہ] سامنے آنا - مقابل ہونا - آنکھوں سے آنکھیں لڑانا۔
چار آنکھیں ہونا: [ار - محاورہ] (۱) سامنے آنا - مقابل آنا (۲) زیادہ تجربہ کار ہونا۔
چار آئینہ: [ف - امذ] ایک قسم کی زرہ جس میں فولاد کی چار تختیاں بانات یا مخمل میں منڈھ کر سینہ اور پشت کی حفاظت کے لئے لگاتے ہیں۔
چار اَبرو: [ار - امذ] (۱) سر - بھویں، ڈاڑھی اور مونچھیں (۲) درویشوں کی ایک قسم جو سر اور چہرے کے تمام بال مونڈ ڈالتے ہیں (۳) معشوق جس کا سبزہ آغاز ہو۔
چار ابرو صاف کرنا / صفایا کرنا / صفائی کرنا: [ار - محاورہ] ڈاڑھی، مونچھیں بھویں اور سر منڈانا۔
چار اَجساد / اَرکان: [ار - امذ] اربع عنصر یعنی آگ - پانی - مٹی - ہوا۔
چار اُنگل کا پرچہ / پرزہ: [ار - امذ] چھوٹا پرچہ - رقعہ - خط۔
چار اُنگلیاں اٹھانا: [ار - محاورہ] سلام کا اشارہ کرنا۔
چار اُنگلیاں سر پر نہ رکھنا: [ار - محاورہ] سلام تک نہ کرنا۔

چار باد: [ف - امث] چاروں طرف کی ہوا۔
چار باغ: [ف - امذ] (۱) مربع باغ - چوکھونٹا باغ (۲) وہ رومال یا شال جس کے چاروں کونوں پر رنگ برنگ پھول بنے ہوں۔
چار بالِش / بالشت: [ار - امذ] (۱) مسند - امیروں کا پشت تکیہ جو عموماً چار بالشت کا ہوتا تھا (۲) تخت شاہی (۳) اربع عناصر۔
چار برساتیں زیادہ دیکھی ہیں: [ار - مثل] عمر یا تجربہ زیادہ ہے۔
چار بند: [ف - امذ] (۱) پشت کے چاروں جوڑ یعنی کمر کا اوپر نیچے اور دائیں بائیں کا حصہ (۲) ہر ایک عضو (۳) دنیاوی تعلقات۔
چار بند کی فصدیں لینا: [ار - محاورہ] وہ فصد لینا جس میں پشت کے چاروں طرف کی رگوں کا خون نکل جائے۔
چار بیتی: [ف - امث] ایک صنف شعر - دیکھئے رباعی جس کا یہ فارسی نام ہے۔
چار بیسی: [ار - اعدد] اسی - ۴ × ۲۰
چار پانچ: [ار - صف] (۱) چند (۲) (امث و مذ) حیلہ - عذر - حجت۔
چار پانچ کرنا / لانا: [ار - محاورہ] (۱) حیلہ کرنا - حجت کرنا (۲) فیل لانا - بدذاتی کرنا - شرارت کرنا۔
چار پارچے کا خلعت: [ار - امذ] وہ خلعت جس میں چار قیمتی کپڑے ہوں۔
چار زینت: [ار - امث] چار چار مصرعوں کے بند کی نظم جس میں عموماً سوز و فراق کے مضامین ہوتے ہیں اور دائرہ بجا کر باغوں میں گاتے ہیں۔
چارپائی: [ار - امث] (۱) چھوٹا پلنگ - پلنگڑی (۲) وہ پلنگ جس پر زخمی یا مُردہ کو لٹاتے ہیں۔
چارپائی پر پڑنا: [ار - محاورہ] (۱) چارپائی پر لیٹنا (۲) بیمار ہونا۔ صاحب فراش ہونا۔
چارپائی سے پیٹھ لگ جانا: [ار - محاورہ] (۱) پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا (۲) نہایت بیمار ہو کر صاحب فراش ہونا۔
چارپائی سے لگ جانا: [ار - محاورہ] نہایت بیمار ہونا - صاحب فراش ہونا۔
چارپائی کا بولنا: [ار - محاورہ] چارپائی سے آواز نکلنا۔
چارپائی کاٹ دینا: [ار - محاورہ] بیمار کی رفع حاجت کے لئے چارپائی کے بان کاٹنا۔
چارپائی کے بان توڑنا: [ار - محاورہ] ہر وقت پلنگ پر بیٹھے رہنا - کاہل اور سست ہونا۔
چارپائی میں کان نکلنا / ہونا: [ار - محاورہ] چارپائی کا آڑا ہو جانا۔
چارپائی والا: [ار - امذ] کھٹمل۔
چارپایہ: [ف - امذ] چوپایہ - چار پاؤں سے چلنے والا جانور۔
چار پہر: [ار - امذ] پورا دن۔
چار پہر رات: [ار - امث] پوری رات۔
چار پیسے: [ار - امذ] مال - دولت۔
چار پیسے پاس ہونا: [ار - محاورہ] صاحب دولت ہونا - آسودہ حال ہونا۔
چار پیسے سے خوش: [ار - صف] کھاتا پیتا - اوسط درجہ کی زندگی بسر کرنے والا۔

چارتار: [ار-اند] (۱) چار جوڑے - چار کپڑے (۲) چار زور - چار گُنے -
چارتال: [ار-اند] طبلہ کی ایک تال -
چارتخم: [ف-اند] چار قسم کے بیج یعنی ریحان، اسپغول، بالنگو اور خرفہ جو پیچش کا علاج ہے -
چارتکبیر: [فع-امث] نماز جنازہ - کیونکہ اس میں چار تکبیریں کہی جاتی ہیں -
چارتک: [ف-اند] چار قدم -
چارتوک: [ار-اند] جو کھنڈا - چار کٹے والا - چار چانک -
چارجامہ: [ف-اند] (۱) زین کی طرح کی پوشش جو گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں (۲) صرف لُنگی باندھے ہوئے - ننگا -
چارجامہ کسنا: [ار-محاورہ] (۱) گھوڑے پر چارجامہ ڈالنا (۲) کسی کام کے لیے مستعد اور لیس ہونا -
چارجائی: [ار-امث] فاحشہ - کسبی - بدکار عورت -
چارچلے: [ار-اند] ایک رسم جس کے مطابق چار رشتہ دار دولہا اور دلہن کو ایک ایک مرتبہ مہمان بُلاتے اور کچھ نقدی اور کھانا وغیرہ ساتھ کر دیتے ہیں -
چارچاند لگانا: [ار محاورہ] مرتبہ اور عزت بڑھانا
چارچاند لگنا: [ار-محاورہ] دیکھئے " چارچاند لگانا " جس کا یہ لازم ہے -
چارچشم: [ار-صف] (۱) طوطا چشم - بے مروت (۲) منتظر مشتاق (۳) بے حیا - بے باک (۴) آنکھیں ملانا -
چارچلو خون / لہو بڑھنا: [ار-محاورہ] خوشی ہونا - تفریح ہونا -
چارچند: [ف - عدد ضعفی] چوگنا -
چارچوٹ کی مار: [ار-امث] (۱) ہاتھ، پاؤں، لکڑی اور کوڑے کی مار (۲) شدید ضرب -
چارچوٹ کی مار دینا: [ار-محاورہ] بہت مارنا - خوب پیٹنا -
چارحرف: [فع-اند] لعنت (ل ع ن ت)، (افعال: بھیجنا)
چارخانہ: [ف - اند] (۱) ایک قسم کا خانوں والا کپڑا (۲) شطرنج کی بساط کے بیچ کے چاروں خانے - وہ کپڑا یا کاغذ جس پر مربع خانے بنے ہوں -
چاردانت: [ار-اند] (۱) پوری عمر کا (بکرا وغیرہ) (۲) جوان (گھوڑا)
چاردانگ: [ار-اند] (۱) چاروں طرف (۲) تمام عالم -
چاردن: [ار-صف] چند روز - تھوڑے دن -
چاردن چاندنی، چاردن اندھیاری: [ار-مثل] عروج و زوال ساتھ ساتھ ہیں -
چاردن کی بادشاہی: [ار-امث] چند روزہ حکومت - چند روزہ لطف -
چاردن کی بہار: [ار-امث] چند روزہ رونق -
چاردن کی (مگر) چاندنی: [ار-امث] چند روزہ عیش - عارضی دولت -
چاردن کی چاندنی، پھر اندھیرا پاکھ / اندھیری رات: [ار-مثل] زیادہ قدر تھوڑے دنوں ہی رہتی ہے - چند روزہ عیش ہے پھر وہی تکلیف -
چاردیوار: [ف-اند] جس مکان یا احاطہ کے چاروں طرف دیوار ہو اس کا رقبہ

چار دیواری: [ار-امث] شہر پناہ - فصیل - احاطہ -
چارروز: [ار-صف] چند روز - مختصر سی مدت -
چارزانو بیٹھنا: [ار-محاورہ] آلتی پالتی مار کر بیٹھنا - امیرانہ نشست سے بیٹھنا -
چارسال / سالہ: [ف - اند] (۱) چار سال کا گھوڑا (۲) چار دانت - چار سال کا جانور - (۳) بوڑھا بکرا -
چارسُو: [ف - متعلق فعل] (۱) چاروں طرف - مشرق، مغرب، شمال، جنوب (۲) ہر طرف - ہر جانب -
چارشنبہ: [ف-اند] بدھ - منگل سے بعد کا دن -
چارضرب: [فع - اند] (۱) صوفیا کا ایک ذکر، جس میں دل، جگر، دماغ اور سینہ پر لفظ اللہ کی ضرب لگاتے ہیں (۲) چارتال کا ناچ (۳) چار ابرو کا صفایا -
چارطاق: [ف-اند] راوٹی -
چارطرف: [فع-متعلق فعل] دیکھئے " چارسُو "
چارطوفان: [فع-اند] حضرت نوحؑ کا طوفان آب، حضرت ہودؑ کا طوفان باد - حضرت لوطؑ کا طوفان آتش اور حضرت صالحؑ کا طوفان خاک -
چارعُنصُر: [فع - اند] وہ چار اصلی اجزا یعنی آگ، پانی، ہوا، مٹی، جن سے بخیال مشہور موجودات عالم کی ظاہری صورت نمایاں ہوتی ہے -
چارقب: [ف-اند] ایک امیرانہ لباس - صدری کی قسم کا ایک لباس
چارقدم: [فع-صف] بہت نزدیک - تھوڑے فاصلہ پر -
چارقدم آگے چلنا: [ار-محاورہ] پیچھے نہ رہنا - غالب رہنا -
چارقل: [فع-اند] قرآن مجید کی آخری چار سورتیں جو " قل " سے شروع ہوتی ہیں یعنی سورۃ الکافرون، الاخلاص، الفلق، الناس، جو اکثر نظربد کے دفعیہ اور فاتحہ کے لئے پڑھتے ہیں -
چار کانے: [ار-اند] چوسر کا ایک داؤں، جب تینوں پانسوں میں چار نقطے اس طرح آتے ہیں کہ ایک پانسے میں دو صفر اور دو پانسوں میں ایک ایک صفر آتے -
چارکانے آنا / پڑنا: [ار-محاورہ] داؤں کا حسب مراد نہ پڑنا - نیز دیکھے " چار کانے "
چارکپڑے زیادہ پھاڑے ہیں: [ار-مثل] زیادہ تجربہ ہے -
چارکھونٹ: [ار-امث] دیکھئے " چارسُو "
چارکی مرضی: [ار-امث] چند آدمیوں کی خوشی -
چارکے کان آواز پڑنا: [ار-محاورہ] لوگوں کو خبر ہونا - کسی بات کا مشہور ہونا -
چارکے کاندھے / کندھے پر جانا / چڑھنا: [ار-محاورہ] (۱) مرنا - جنازہ نکلنا (۲) پینس وغیرہ پر جانا -
چارگام / گامہ: [ف-صف] تیز رفتار گھوڑا -
چارگردے کا: [ار-صف] بہادر - دلیر - مضبوط -
چارگنا: [ار - عدد ضعفی] چارچند - چوگنا -

چار گوشہ : [ف - صف] جس کے چار کونے ہوں (۱) تابوت (۲) تخت شاہی۔
چارم : [ف - عدد ترتیبی] چہارم کی تخفیف - چوتھا۔
چارمی : [ف - عدد کسری] چوتھائی - چوتھا حصہ۔
چار مذہب : [فع - اند] اہل سنت والجماعت کے چار مسلک یعنی فقہ حنفی، حنبلی، شافعی، مالکی۔
چار مغز : [فع - اند] خربوزہ - تربوز، کھیرا اور کدو کے مغز۔
چار منزل : [فع - امث] صوفیا کی اصطلاح میں قرب الٰہی کے چار درجے یعنی شریعت، طریقت، معرفت، حقیقت۔
چار موج / موجہ : [فع - اند] بھنور - گرداب۔
چار میخ : [ف - امث] زمانہ قدیم کی ایک سزا جس میں مجرم کے ہاتھوں اور پاؤں میں چار میخیں گاڑ دی جاتی تھیں۔
چار میخا کرنا : [ار - محاورہ] لٹا کر چاروں ہاتھ پاؤں باندھ کر سزا دینا - ہاتھ اور پاؤں میں میخیں گاڑ کر سزا دینا۔
چار میں : [ار - متعلق فعل] غیروں میں - لوگوں میں۔
چار میں ہانڈی پک جانا : [ار - محاورہ] بات کا مشہور ہو جانا - راز کا افشا ہو جانا۔
چار ہاتھ : [ار - اند] طول میں چار ہاتھ کے برابر - قیاسی پیمائش۔
چار / چار چار ہاتھ اچھلنا : [ار - محاورہ] بہت مضطرب ہونا - بہت بے چین ہونا۔
چار ہاتھ پاؤں : [ار اند] دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں - چلنے پھرنے، کام کرنے کے اعضا۔
چار ہاتھ پاؤں سب کے ہیں : [ار - مثل] طاقت پر گھمنڈ کرنے والے کو کہتے ہیں یعنی اوروں میں بھی طاقت ہے۔
چار ہاتھ کی زبان ہونا : [ار - محاورہ] بہت زبان دراز ہونا۔
چار یار : [ف - اند] پیغمبر اسلام محمد علیہ السلام کے چار اجل صحابہ یعنی حضرات ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی اور علی رضی اللہ عنہم۔
چار یاری : [ف - امث] (۱) دوستی - مصاحبت - دوستوں کا مجمع (۲) چار یاروں کو ماننے والا یعنی سنی (۳) وہ چوکور روپیہ جس پر کلمہ کندہ ہوتا تھا اور لوگ برکت کے لئے روپوں کی تھیلی میں رکھتے تھے یا رکھتے ہیں۔
چارا : [ار - اند] (۱) گھاس چری وغیرہ جو جانوروں کو کھلاتے ہیں (۲) وہ چیز جو مچھلی پکڑنے کے لئے کانٹے میں لگاتے ہیں۔
چارا چورا : [ار - اند - ق] (۱) زیور (۲) سامان
چارٹ : [انگ - اند] (CHART) نقشہ - خاکہ - جدول۔
چارٹر : [انگ - اند] (CHARTER) (۱) سند - پروانہ (۲) منشور - فرمان۔
چارج : [انگ - اند] (CHARGE) (۱) سپردگی - تحویل (۲) الزام - جرم - (۳) حملہ - دھاوا۔
چار و ناچار : [ف - متعلق فعل] مجبوراً - قہراً۔
چاروں : [ار - عدد استغراقی] ہر چار، چار کے چار - سب چار کے چار۔
چاروں جگ : [ہ - اند] ہنود کے عقیدہ کے مطابق چار زمانے یعنی ست جگ - تریتا جگ - دواپر جگ - کل جگ۔

چاروں پھل برابر ہونا : [ار - محاورہ] (۱) مزلع ہونا - چوکور ہونا (۲) موٹا تازہ ہونا۔
چاروں چولوں سے ٹھیک کرنا : [ار - محاورہ] پوری طرح درست کرنا۔
چاروں خانے / شانے چت ہونا : [ار - محاورہ] حریف کا پشت کے بل گرنا - پچھڑ جانا۔
چاروں طرف : [ار - متعلق فعل] دیکھئے "چارسو"
چاروں مت : [ہ - امث] ہندی موسیقی کے چار ارکان یا انداز۔
چاروں ورن : [ہ - اند] ہنود کی چاروں ذاتیں یعنی برہمن - چھتری - ویش - شودر۔
چاروں وید : [ہ - اند] ہنود کی چار مذہبی کتابیں یعنی رگ وید - یجر وید - شام وید - اتھر وید۔
چارہ : [ف - اند] (۱) تدبیر - علاج (۲) مدد (۳) انجام (۴) درستی۔
چارہ پرداز : [ف - صف فاعلی] چارہ کرنے والا۔
چارہ پردازی : [ف - امث] دیکھئے "چارہ پرداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چارہ پذیر : [ف - صف فاعلی] قابل علاج - علاج کرانے والا۔
چارہ پذیری : [ف - امث] دیکھئے "چارہ پذیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چارہ جو : [ف - صف فاعلی] علاج تلاش کرنے والا - دادخواہ - فریادی۔
چارہ جوئی : [ف - امث] دیکھئے "چارہ جو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چارہ ساز : [ف - صف فاعلی] (۱) کام بنانے والا - کام درست کرنے والا - (۲) معالج (۳) اللہ تعالیٰ۔
چارہ سازی : [ف - امث] دیکھئے "چارہ ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چارہ گر : [ف - صف فاعلی] طبیب - معالج۔
چارہ گری : [ف - امث] علاج - معالجہ - چارہ سازی۔
چاڑ : [ار - اند - ق] (۱) شکوہ - شکایت (۲) صدمہ - تکلیف (۳) چوٹ - (۴) زخم (۵) خواہش - آرزو (۶) نشان - داغ (۷) سہارا - (۸) پروا - پاس۔
چاڑی : [ار - امث - ق] چغلی - غیبت - الزام۔
چاڑی خور : [ار - صف - ق] چغلی کرنے والا۔
چاشت : [ف - مذ و مث] (۱) پہر دن چڑھے - سورج نکلنے اور دوپہر کے درمیان کا وقت (۲) صبح کا کھانا (۳) (امث) چاشت کی نماز۔
چاشت خور : [ف - صف فاعلی] مفت خورا - بغیر محنت کے کھانے والا۔
چاشنی : [ف - امث] (۱) ذائقہ - مزہ (۲) نمونہ (۳) کسی قدر ترش و شیریں (۴) تھوڑی سی آمیزش (۵) چکھنے کے موافق چیز (۶) قوام - شیرہ (۷) سونے یا چاندی کا کس (۸) ایک برتن جس میں گنے کا رس پکاتے ہیں (۹) آم کے پودے کا وہ پھل جو پہلے پہل نکلتا ہے۔
چاشنی چکھنا : [ار - محاورہ] مزہ چکھنا - لذت چکھنا۔
چاشنی دار : [ف - صف] کھٹ مٹھا - ترش و شیریں۔
چاشنی گیر : [ف - صف فاعلی] باورچی خانہ کا داروغہ - خانساماں - بکاول۔

چاق : [ت - صف] (۱) صحیح - تندرست (۲) مضبوط - توانا (۳) چالاک - ہوشیار -
چاق چوبند : [ف - صف] (۱) توانا - زورآور (۲) موٹا تازہ (۳) تندرست - بھلا چنگا (۴) چست - پھرتیلا -
چاقو : [ت - آلہ - مذ] کاٹنے یا تراشنے کا ایک اوزار - بند ہونے والی چھری -
چاک : [ف - صف] (۱) پھٹا ہوا - چیرا ہوا - تراشیدہ (۲ مذ) شگاف (۳) آستین یا دامن وغیرہ کا کھلا حصہ -
چاکِ داماں / دامن : [ف - امذ] دامن وغیرہ کا کھلا ہوا حصہ -
چاک دینا : [ار - محاورہ] پھاڑنا - چیرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا -
چاک کا ہمشنا : [ار - محاورہ] شگاف کا کھلنا -
چاک کرنا : [ار - محاورہ] چیرنا - پھاڑنا -
چاک ہونا : [ار - محاورہ] دیکھیے "چاک کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
چاک : [ہ - امذ] (۱) کمہار کا برتن بنانے والا پہیا نما اوزار - جسے گول پھرا کر اس پر گول برتن ہانڈی ، لوٹا وغیرہ بناتے ہیں (۲) کنوئیں کی لکڑی کا گول پہیا سا جس پر کنوئیں کی کوٹھی (گول عمارت) کی بنیاد رکھی جاتی ہے (۳) وہ گول کونڈا یا برتن جس میں مصری - قند - گڑ وغیرہ جلتے ہیں -
چاک : [انگ - امذ] (CHALK) کھڑیا مٹی یا کھریا مٹی کی بتی جس سے تختہ سیاہ پر لکھتے ہیں -
چاکر : [ف - امذ] (۱) ملازم - خادم (۲) خاص طور پر وہ ملازم جس کے ذمہ گھوڑے یا ہاتھی کی خدمت ہو -
چاکر سے کوکر بھلا سوتے اپنی نیند : [ہ - مثل] نوکر سے کتا اچھا جو اپنی نیند تو سوتا ہے - نوکری کی مذمت میں کہتے ہیں -
چاکری : [ف - امث] ملازمت - نوکری - خدمت گزاری - خدمت گاری
چاکری میں اکڑی / سستی کیا : [ار - مثل] نوکری میں اکڑ / سستی نہیں چاہیے -
چاکسو : [ف - امذ] ایک قسم کے کالے بیج جو آنکھوں کی بیماری میں کام آتے ہیں -
چاکلیٹ : [انگ - امذ] (CHOCOLATE) ایک قسم کی انگریزی مٹھائی جو عموماً کتھئی رنگ کی ہوتی ہے اور بچے زیادہ پسند کرتے ہیں -
چاکو : [ہ - امذ] "چاقو" کا بگاڑ ہے -
چاکی : [ار - امث] پٹے بازوں کی اصطلاح میں وہ ضرب جو حریف کے سر پر گدکا پھرا کر خالی جگہوں پر لگائی جائے (۲) چکی - آسیا -
چاکی کا ہاتھ مارنا : [ار - محاورہ] خالی جگہ پر ضرب لگانا -
چال : [ار - امث] (۱) رفتار - حرکت (۲) روش (۳) طرز - طور - طریق (۴) سبھاؤ - عادت (۵) گھوڑے کی رفتار (۶) شطرنج کے مہرے یا چوسر کی نرد کا ایک گھر / خانے سے دوسرے گھر / خانے میں سے جانا (۷) مہروں کے چلنے کا منصوبہ (۸) دھوکا - فریب - دم (۹) گھات تجویز داؤں (۱۰) گھڑی کی رفتار (۱۱) بحر - وزن - شعر (۱۲) ایک قسم کی مچھلی -

چال اُڑانا : [ار - محاورہ] انداز کی نقل کرنا تقلید کرنا -
چالباز : [ار - ف - صف فاعلی] چالاک - ہوشیار - عیار - فریبی - (ترکیب غلط ہے)
چالبازی : [ار - ف - امث] دیکھیے "چالباز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (ترکیب غلط ہے)
چال بتلانا / بتانا : [ار - محاورہ] (۱) شطرنج کی چال بتلانا - شطرنج کے مہرے کو خاص انداز سے چلنے کا مشورہ دینا (۲) فریب دینا - دھوکا دینا -
چال پڑ جانا / پڑنا : [ار - محاورہ] تدبیر کارگر ہونا - داؤں چل جانا -
چال پکڑنا : [ار - محاورہ] دیکھیے "چال اڑانا"
چال چلن : [ار - امذ] طور طریقہ - رنگ ڈھنگ - طرزِ معاشرت
چال چلنا : [ار - محاورہ] برتاؤ کرنا - پیش آنا - وضع اختیار کرنا (۲) دم دینا - فریب دینا (۳) چوسر یا شطرنج کے مہروں کا گھر بدلنا (۴) تدبیر کارگر ہونا - چالاکی کارگر ہونا -
چال چوکنا : [ار - محاورہ] تدبیر غلط کرنا - سہو کرنا
چال دکھانا : [ار - محاورہ] (۱) گھوڑے کا رفتار / قدم دکھانا (۲) روانہ ہونا - چلتا بننا -
چال ڈھال : [ار - امث] طرز - روش - انداز
چال ڈھال میں بیس ہونا : [ار - محاورہ] طرز - روش میں بہتر ہونا / غالب ہونا -
چال سوجھنا : [ار - محاورہ] تدبیر خیال میں آنا - کوئی منصوبہ خیال میں آنا -
چال سوچنا : [ار - محاورہ] شطرنج کا مہرہ چلنے کے لیے دیر تک غور کرنا / سوچنا
چال سیکھنا : [ار - محاورہ] (۱) کسی کی وضع اختیار کرنا - چلنے کا انداز / طریقہ اختیار کرنا (۲) فریب کرنا - شرارت کرنا -
چال سے نہ چوکنا : [ار - محاورہ] فریب کرنے سے باز نہ آنا -
چال کرنا : [ار - محاورہ] فریب کرنا - دھوکا کرنا - چالاکی کرنا -
چال ملنا : [ار - محاورہ] پا جانا - سمجھ جانا - تاڑ جانا -
چال میں آنا : [ار - محاورہ] کسی کے فریب یا دغا میں پھنس جانا -
چال ہونا : [ار - محاورہ] دیکھیے "چال کرنا" جس کا یہ لازم ہے - نیز شطرنج یا جوئے میں اچھی چال پڑنا -
چالا : [ار - امذ] (۱) شادی کے بعد دولہن کا پہلے پہلے سسرال سے چار مرتبہ میکے میں جانا (۲) سفر کرنے کی اچھی ساعت (۳) روانگی - رخصت - کوچ -
چالا دیکھنا : [ار - محاورہ] مہورت دیکھنا - نجوم کی رُو سے سفر کا وقت مقرر کرنا -
چالاک : [ف - صف] (۱) چست - تیز (۲) تیز رفتار (۳) ذہین - ہوشیار (۴) عیار - مکار (۵) ہنرمند - کاریگر -
چالاکی : [ف - امث] دیکھیے "چالاک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے [افعال : کرنا - ہونا]
چالان : [ہ - امذ] (۱) بیچک - بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست (۲) رسید - (۳) پولیس کا کسی شخص کے جرم کی دیکھ بھال / تحقیق تفتیش کے بعد عدالت کے سپرد کرنا (۴) پروانہ راہداری - ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ کو روانگی -
چالی : [ہ - امث] (۱) بانس کی تیلیوں کا ٹھاٹھر (۲) گھوڑے کا زین (۳)

(۳) عمارت کی منزل (۴) سپاہیوں کی گارد جو کسی کام پر مقرر کرکے روانہ کی جائے (۵) شریر۔ فریبی۔

چالیا : [ھ۔ صف۔ مذ] فریبی۔ مکار۔ دغاباز۔

چالیس : [ار۔ اعدد] تیس اور دس کا مجموعہ۔ ۴۰

چالیس برس کا ریزہ : [ار۔ اند] وہ شخص جو چالیس برس کی عمر میں لڑکوں کی سی حرکات کرے یا لڑکا معلوم ہوتا ہو۔

چالیس تلواروں کی بادشاہت : [ار۔ کنایہ] تھوڑی ثروت میں اِترا جانا۔

چالیس سیر : [ار۔ اند] ایک من۔

چالیس سیرا : [ار۔ صف] (۱) چالیس سیر کا۔ من بھر کا (۲) پورا ٹھیک۔ درست (۳) ہندوستان کا ۱۸۴۰ بکرمی کا قحط جس میں ایک روپیہ کا ایک من اناج آتا تھا جو اس زمانے کا بہت بڑا اور مشہور قحط تھا۔

چالیس سیرا اُوت : [ار۔ صف] پورا احمق۔ نہایت بے وقوف۔

چالیس سیری بات : [ار۔ امث] کھری بات۔ صحیح بات۔ جچی تلی بات۔

چالیس سیری تول : [ار۔ امث] پوری تول۔ من کی پوری تول۔

چالیس قدم ساتھ آنا : [ار۔ محاورہ] کچھ دور تک ساتھ جانا۔ عموماً جنازہ کے ساتھ ایسا کرتے ہیں۔

چالیسواں : [ار۔ عدد ترتیبی] (۱) ترتیب میں انتالیس کے بعد کا درجہ (۲) کسی چیز کے چالیس برابر حصوں میں سے ایک حصّہ (۳) مرنے کے سوا مہینے کے بعد کی فاتحہ۔ چہلم۔

چالیسا : [ار۔ اند] (۱) چالیس برس کی عمر کا (۲) چالیس حریفوں / پہلوانوں کو پچھاڑنے والا (۳) ایک مشہور چورن جو چالیس ادویہ سے مل کر بنتا ہے (۴) چالیس آدمیوں سے مقابلہ کرنے یا ان کو مار ڈالنے والا (۵) چہلم کا فاتحہ (۶) ۱۸۴۰ بکرمی کا قحط۔

چالیسی : [ار۔ امث] (۱) چالیس دن کا عرصہ جس میں کوئی پرہیز کیا جائے (۲) قرنطینہ۔

چام : [ہ۔ اند] چمڑا۔ کھال۔

چام پیارا نہیں کام پیارا ہے : [ہ مثل] صورت عزیز نہیں ہوتی خدمت سے وقعت اور محبت ہوتی ہے۔

چام چرکھ : [ھ۔ اند] چمگادڑ۔

چام چور : [ھ۔ اند] زانی۔ بدکار آدمی۔ کسی کی عورت سے زنا کرنے والا۔

چام چوری : [ھ۔ امث] دیکھئے "چام چور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

چام کے دام : [ار۔ تلمیح] چمڑے کا سکہ جو سونے کا کیل جڑ کر نظام سقے نے ہمایوں بادشاہ کے زمانے میں اپنی ڈھائی دن کی حکومت میں رائج کیا تھا۔

چام کے دام چلانا : [ار۔ محاورہ] نہایت رعب داب اور حکومت سے کام لینا۔ جوتے کے زور سے کام لینا۔ جبراً کام لینا۔ نیز دیکھئے "چام کے دام"

چانپ : [ار۔ امث] (۱) مصنوعی دانتوں کی کمانی (۲) بندوق کا وہ پرزہ جس کے ذریعہ کندہ نال سے جڑا رہتا ہے۔

چانپ : [ار۔ امث] (انگریزی CHOP کا بگاڑ) سینے یا پُشت کے گوشت کے ٹکڑے۔

چانپیں چڑھانا : [ار۔ محاورہ] مجرم کے کانوں میں بندوق کی چانپیں لگا کر سزا دینا۔

چانپیں چڑھوانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چانپیں چڑھانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

چانٹا : [ار۔ اند] تھپڑ۔ دھول۔ دھپا۔ [افعال: مارنا۔ رسید کرنا]

چاند : [ار۔ اند] (۱) ماہتاب۔ قمر (۲) مہینہ (۳) ڈھال کا آہنی یا پیتل کا پھول (۴) جانوروں کی پیشانی کا سفید ٹیکا (۵) ایک زیور جو ہلال کی شکل کا ہوتا ہے (۶) وہ گول نشان جو نشانہ بازی کے لئے لگایا جاتا ہے (۷) بیٹا۔ پیارا بیٹا (۸) تاج (۹) وہ چاند کی شکل جو شال یا رومال پر بناتے ہیں (۱۰) مہینے کا آخری دن (۱۱۔ مث) کھوپڑی۔ چندیا

چاند آسمان چڑھا سب نے دیکھا : [ار۔ مثل] ظاہر بات چھپ نہیں سکتی، تمام دنیا پر روشن ہو جاتی ہے۔

چاند بھر : [ار۔ متعلق فعل] تمام ماہ۔ مہینہ بھر۔

چاند بھر جانا / بھرنا : [ار۔ محاورہ] عو۔ مہینہ ختم ہو جانا۔

چاند پر خاک نہیں پڑتی : [ار۔ مثل] اچھوں کو عیب نہیں لگ سکتا۔ ہنر چھپائے نہیں چھپ سکتا۔

چاند پر خاک ڈالے اپنے منہ پر پڑے : [ار۔ مثل] بے عیب پر عیب لگانے والا خود ہی نقصان اٹھاتا / رسوا ہوتا ہے۔

چاند تارا : [ار۔ اند] (۱) ایک قسم کی بہت باریک ململ جس پر چاند تارے کی بوٹیاں کڑھی ہوتی ہیں (۲) پاکستانی جھنڈے کا نشان (۳) ایک قسم کا کنکوا جس پر رنگین کاغذ کا چاند اور ستارہ بنا کر چپکا دیتے ہیں (۴) ایک قسم کا زیور۔

چاند ٹیکا : [ار۔ اند] ایک قسم کا پیشانی کا زیور۔

چاند چڑھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) چاند کا اونچا ہونا (۲) مہینہ پورا ہونا (۳) پہلے روز کا چاند دکھائی دینا (۴) مہینے کی تنخواہ چڑھنا (۵) ایام حیض کا ٹل جانا۔ وقت مقررہ پر حیض نہ آنا (۶) حمل ٹھہرنے کی علامات ظاہر ہونا (۷) بڑی غلطی ہو جانا۔

چاند چڑھے کل عالم دیکھے : [ار۔ مثل] دیکھئے "چاند آسمان چڑھا سب نے دیکھا"۔

چاند چھپنا : [ار۔ محاورہ] چاند کا اندھیرے میں غائب ہو جانا۔ غروب ہونا۔

چاند دار : [ار۔ اند] پتنگ یا تکل جس میں چاند بنا ہوا ہوتا ہے۔

چاند دیکھنا : [ار۔ محاورہ] نیا چاند دیکھنا۔ ہلال دیکھنا۔

چاند دیکھے : [ار۔ متعلق فعل] عو۔ آئندہ ماہ۔ پہلی تاریخ کو۔ وعدہ کرتی ہیں۔

چاند ڈوبنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چاند چھپنا"

چاند رات : [ار۔ امث] نئے مہینے کی پہلی رات۔ شب ہلال۔

چاند سا چہرہ / مکھڑا / منہ : [ار۔ صف] نہایت خوبصورت۔

چاند سورج : [ار۔ اند] (۱) ایک طلائی / یا نقرئی زیور جو عورتوں کی چوٹیوں میں لٹکا کرتا ہے (۲) سلمے ستارے کے چاند سورج جو ٹوپیوں میں ٹانکے جاتے ہیں۔

چاند سی شکل/صورت: [ار۔ امث] دیکھئے "چاند سا چہرہ/ الخ"
چاند کا ٹکڑا: [ار۔ صف] خوبصورت۔ حسین آدمی۔ معشوق۔
چاند کا کُنڈل بیٹھنا/ بنانا: [ار۔ محاورہ] چاند کا اپنے گرد ہالہ بنانا۔
چاند کا کھیت کرنا: [ار۔ محاورہ] چاند اُفق سے نکلنا۔ چاند نمایاں ہونا چاند کی روشنی کا خوب نمایاں ہونا۔
چاند کدھر سے نکلا: [ار۔ کلمہ تعجب و مسرت] کوئی عزیز یا دوست اچانک آجائے تو کہتے ہیں۔
چاند کو گہن لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چاند کا تاریک ہوجانا۔ سورج اور چاند کے درمیان زمین حائل ہوجانے کی وجہ سے چاند کی روشنی نہ رہنا (۲) حسن کو عیب لگنا (۳) خوبصورت کا بدصورت سے پالا پڑنا (۴) بہت سی خوبیوں کے ساتھ ایک آدھ عیب بھی ہونا
چاند کھلانا: [ار۔ محاورہ] پٹنے/ مار کھانے کو جی چاہنا
چاند گرہن/ چاند گہن: [ار۔ محاورہ] آفتاب اور چاند کے درمیان زمین کے حائل ہوجانے کی وجہ سے چاند کا روشن نہ ہونا۔
چاند گرہن/ گہن میں آنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چاند کو گہن لگنا"
چاند گزرنا: [ار۔ محاورہ] مہینہ ختم ہوجانا/ گزر جانا۔
چاند گنجی ہونا: [ار۔ محاورہ] سر پر بال نہ رہنا۔ سر گنجا ہونا۔
چاند گہنا جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چاند کو گہن لگنا"
چاند گہن چھٹنا: [ار۔ محاورہ] چاند کا زمین کے سایہ سے نکل جانا۔ چاند گہن صاف ہوجانا۔
چاند گہن میں آنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چاند کو گہن لگنا"
چاند لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چار چاند لگانا"
چاند لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چاند لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
چاند ماری: [ار۔ امث] (۱) نشانہ بازی کی مشق (۲) وہ جگہ جہاں یہ مشق کی جائے (۳) وہ لکڑی یا لوہے کی چوکھٹ جس پر کپڑا یا ٹاٹ منڈھا ہوتا ہے اس کے درمیان نشانہ لگانے کے لئے گول سیاہ نشان ہوتا ہے۔ اس پر نشانہ مارنے کی مشق کی جاتی ہے۔
چاند محاق میں ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) ماہ قمری کے آخری تین روز جن میں چاند بالکل گھٹ جاتا ہے۔ (۲) چاند کا گھٹنا جو پندرھویں شب سے شروع ہوتا ہے۔
چاند ہونا: [ار۔ محاورہ] نیا چاند چڑھنا۔
چاندن: [ار۔ اند] چاندنی رات کے پندرہ دن۔
چاندنا: [ار۔ اند] (۱) روشنی۔ اُجالا (۲) چاندنی رات کا زمانہ۔ اُجالا پاکھ (۳) رونق زیبائش (۴) ہر رنگ کا کبوتر جس کی گردن اور سینہ سفید ہو اور شہ پر بھی کچھ سفید ہوں (۵) ایک قسم کا تیتر۔
چاندنا کر دینا/ کرنا: [ار۔ محاورہ] صفائی کر دینا۔ سب مال اسباب لے جانا۔ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔
چاندنا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) روشنی نمودار ہونا۔ دن نکلنا۔ پو پھٹنا۔ (۲) صدمہ دماغی سے آنکھوں کے آگے تارے سے چھوٹنے لگنا (۳) صفایا ہوجانا۔ گھر بالکل اُجڑ جانا (۴) رونق ہوجانا (۵) ضائع شدہ بینائی کا واپس مل جانا۔
چاندنی: [ار۔ امث] (۱) چاند کی روشنی۔ مہتاب کی روشنی (۲) سفید فرش (۳) وہ سفید چادر جو دری پر بچھاتے ہیں (۴) ایک پھول کا نام (۵) چمکیلی چیز (۶) شامیانہ۔ سائبان۔
چاندنی آنا: [ار۔ محاورہ] مہتاب کی روشنی کا کسی جگہ پہنچنا۔
چاندنی اُترنا: [ار۔ محاورہ] چاند کی روشنی کا بلندی سے پستی کی طرف آنا۔
چاندنی پڑنا: [ار۔ محاورہ] چاند کی روشنی کا عکس پڑنا۔
چاندنی پھیلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چاند کی روشنی ہر طرف پھیل جانا (۲) رونق ہوجانا۔
چاندنی چھپنا: [ار۔ محاورہ] چاندنی غائب ہوجانا۔
چاندنی چھٹکنا/ چٹکنا: [ار۔ محاورہ] چاند کی روشنی پھیلنا۔
چاندنی دیکھنا: [ار۔ محاورہ] چاندنی رات کی سیر کرنا۔ باغ یا دریا کی سیر کو چاندنی رات میں نکلنا۔
چاندنی ڈھلنا: [ار۔ محاورہ] چاندنی کا ہلکا ہوجانا یا زوال پر آنا۔
چاندنی رات: [ار۔ امث] وہ رات جب تقریباً ساری رات چاند رہتا ہے۔ ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ اور ۱۷ تاریخ قمری کی راتیں ہوتی ہیں۔
چاندنی صاف ہونا: [ار۔ محاورہ] چاندنی کا بارش کے بعد نکھرنا۔ چاندنی کھلنا۔
چاندنی کا اثر ہونا: [ار۔ محاورہ] زخم اچھا نہ ہونا۔ زخم ہرا رہنا۔
چاندنی کا پھول: [ار۔ اند] ایک پھول جو صرف چاندنی راتوں میں کھلتا ہے۔
چاندنی کا کھیت: [ار۔ اند] چٹکی ہوئی چاندنی۔
چاندنی کا کھیت کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چاندنی چھٹکنا/ چٹکنا"
چاندنی کو سونپنا: [ار۔ محاورہ] ایک رسم۔ جب کسی کو زخم پہنچتا ہے یا فصد کھلتی ہے یا جونکیں لگتی ہیں یا عورت کے بچہ ہوتا ہے اور اس کو اس مقام سے جہاں چاندنی ہو اٹھانا منظور نہیں ہوتا۔ تو چاندنی کا اثر دور کرنے کے لئے ٹوٹکے کے طور پر سات پُولے جلا کر ایک آدمی کو گواہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے اس زخم کو تیرے سپرد کیا۔ دوسرا آدمی کہتا ہے کہ میں اس کا گواہ ہوں۔
چاندنی کھلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چاندنی چھٹکنا"
چاندنی مار جانا/ مارنا: [ار۔ محاورہ] چاندنی کے اثر سے زخم کا اینٹھ جانا۔ فالج ہوجانا۔
چاندنی نکلنا: [ار۔ محاورہ] چاند کی روشنی نمایاں ہونا۔
چاندنی نکھرنا: [ار۔ محاورہ] بارش کے بعد چاندنی کا صاف ہوجانا۔
چاندہ/ چاندا: [ھ۔ اند] وہ جگہ جہاں سے گاؤں کی حدیں مقرر ہوں۔
چاندی: [ہ۔ امث] (۱) ایک سفید دھات۔ نقرہ۔ سیم۔ رُوپا۔ جس کے درمیانی سکے اور غریب لوگوں کے زیورات بنائے جاتے ہیں (۲) دولت مال (۳) نفع۔ فائدہ۔ کامیابی (۴) آدمی کے سر کے اوپر کا حصہ۔
چاندی بنانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کام کو درست کر دینا (۲) کسی کا فائدہ کرنا (۳) ہوس لوگ تانبے وغیرہ کی ہلکی دھات کو عمل کیمیا کے ذریعہ سفید کر کے چاندی بنالیتے ہیں۔
چاندی بننا: [ار۔ محاورہ] کام درست ہونا۔ فائدہ ہونا۔
چاندی خانہ: [ار۔ اند] امیروں یا بادشاہوں کے گھر میں وہ جگہ جہاں کاریگر

سونے چاندی کے برتن بناتے ہیں۔

چاندی سونے کے پھول : [ار-اند] بادشاہوں یا امیروں کے گھر جو سونے چاندی کے پھول بنا کر دولہا دولہن پر نثار کرتے ہیں۔

چاندی کا پہرہ : [ار-اند] (۱) اقبال مندی کا زمانہ۔ دولت مندی کا زمانہ۔ (۲) نیک ساعت۔

چاندی کا پَیرا : [ار-اند] مُبارک قدم۔

چاندی کا تار : [ار-اند] (۱) تحقیراً۔ چاندی کا زیور۔ معمولی زیور۔ (۲) چاندی سے بنایا ہوا تار۔

چاندی کا تمغہ : [ار-اند] (۱) چاندی کا بنا ہوا تمغہ (۲) (مذاقاً) سوزاک۔

چاندی کا جُوتا / جوتی مارنا : [ار-محاورہ] روپے کے زور سے کسی کو شرمندہ کرنا (۲) رشوت دینا (۳) رقم خرچ کر کے کوئی کام نکلوانا۔

چاندی کا ورق : [ار-اند] چاندی کا باریک کٹا ہوا کاغذ جسے دواؤں کے ساتھ کھاتے یا چیزوں پر سجانے کی غرض سے لگاتے ہیں۔

چاندی کر دینا / کرنا : [ار-محاورہ] (۱) سفید کر دینا (۲) جلا کر راکھ کر دینا (۳) تمباکو پیتے وقت ایسا دم لگانا کہ سُلفا جل کر راکھ ہو جائے

چاندی کی جُوتی : [ار-امث] کنایتہً رشوت

چاندی کی کریت نہیں۔ سونے کی توفیق نہیں : [ار-مثل] نہ یہ کر سکتے ہیں نہ وہ۔ ہر طرح مجبور ہیں۔

چاندی ہونا : [ار-محاورہ] (۱) جل کر راکھ ہونا۔ تمباکو کا جل کر راکھ ہونا (۲) کامیابی ہونا۔ کام بن جانا۔ فائدہ ہونا۔

چانڈُو : [ار-اند] دیکھئے "چنڈو"

چانس : [انگ-اند] (CHANCE) موقع۔ امکان۔ اتفاق۔ احتمال۔ باری۔

چانسلر : [انگ-اند] (CHANCELLOR) یونیورسٹی کا سب سے اعلیٰ عہدیدار۔

چَانک / چانکا : [ھ-اند] (۱) وہ کاٹھ کی تھاپی جس پر حرف کندہ ہوتے ہیں اور اس سے کھلیاں پر ٹھپّا لگاتے ہیں (۲) مہر۔ ٹھپّا۔

چانکنا : [ھ-مص] مہر لگانا۔ ٹھپّا لگانا۔

چانگلا : [ھ-صف] (۱) تندرست۔ بھلا چنگا۔ باصحت۔ مضبوط (۲) چالاک۔ چُست۔ ہوشیار۔ کاریگر (۳-ند) گھوڑوں کا ایک رنگ چتی دار گَرڑا۔ [افعال-ہونا]

چَاوَل : [ار-اند] (۱) ایک قسم کا اناج جو سفید رنگ کا ہوتا ہے (۲) وہ گِری جو کسی غلہ سے نکال جاتے اور باریک چھوٹی اور لمبی ہو (۳) ایک چاول کا وزن ایک رتی کا آٹھواں حصہ اور ۸ خشخاش کے برابر ہوتا ہے۔

چاول پچے تاول : [ار-مثل] چاول دوسری غذا کی نسبت جلد ہضم ہو جاتے ہیں۔

چاول چَبْوانا : [ار-محاورہ] جن شخصوں پر چوری کا شبہ ہوتا ہے ان کو چاول کھلواتے ہیں اور ان سے کہا جاتا ہے کہ جو چور ہوگا اس کے منہ سے خون آئے گا۔ اس دھمکی کو سُن کر جو کچا چور ہوتا ہے وہ کھاتا نہیں بلکہ آنکھ بچا کر ادھر ادھر ڈال دیتا ہے جس سے اس کی شناخت ہو جاتی ہے۔

چاہ : [ھ-امث] (۱) چاہنا مصدر سے امر کا صیغہ (۲) دوستی۔ محبت۔ عشق۔ اُلفت۔ پیار (۳) خواہش۔ آرزو۔ تمنّا (۴) اشتیاق۔ شوق۔ ذوق (۵) مزہ۔ لطف۔ بھوک (۶) ضرورت۔ حاجت۔ احتیاج (۷) مانگ۔ درخواست۔

چاہ پیار : [ھ-اند] محبت کا میل جول۔

چاہ : [ف-اند] (۱) کنواں۔ باؤلی۔ کوپ (۲) گڑھا۔ غار۔ وہ گڑھا جو منہ یا چہرہ پر کسی جگہ پڑ جاتے۔

چاہِ بابل : [ف-اند] شہر بابل کا ایک کنواں جس کے متعلق مشہور ہے کہ ہاروت و ماروت دو فرشتے اس میں قید ہیں۔

چاہِ بیژن : [ف-اند] وہ کنواں جس میں شاہنامہ فردوسی کی تحریر کے مطابق افراسیاب نے بیژن کو قید کیا تھا۔

چاہِ ذَقَن / زنخداں : [ف-اند] ٹھوڑی کا گڑھا۔

چاہِ رُستم : [ف-اند] وہ کنواں جس میں رُستم کو اس کے بھائی شغاد نے مکر و فریب سے گرا کر قتل کر دیا تھا

چاہِ زنج : [ف-اند] زیرِ زمین رصدگاہ / یا جنتر منتر۔

چاہِ زیرکاہ : [ف-اند] مکر و فریب۔ وہ کنواں جس پر گھاس پھونس لگا کر / ڈال کر چھپا دیتے ہیں۔

چاہِ سیماب : [ف-اند] ایک گڑھا جو پارے کی کان کے قریب پارا جمع کرنے کے لئے بناتے ہیں۔

چاہِ غبغب : [ف-اند] (۱) وہ گڑھا جو بعض لوگوں کی باچھوں کے پاس پڑتا ہے جسے حُسن سمجھا جاتا ہے۔ (۲) چاہ ذقن۔ ٹھوڑی کا گڑھا۔

چَاہ کَن : [ف-اند] (۱) کنواں کھودنے والا (۲) (صف) ظالم۔ مکار۔

چاہ کن را چاہ درپیش : [ف-مثل] جو دوسرے کے لئے برائی چاہتا ہے وہ خود برائی میں گرفتار ہو جاتا ہے۔

چاہِ نخشب / مقنع : [ف-اند] ترکستان کے شہر نخشب کا ایک کنواں جس سے حکیم عطا ابن مقنع نے ایک مصنوعی چاند نکالا تھا جو چار فرسنگ تک روشنی کرتا تھا۔

چاہِ یُوسُف : [ف-اند] وہ کنواں جس میں یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائیوں نے ڈال دیا تھا جو نواحِ شام میں طبریہ کے قریب ہے۔

چاہَت : [ہ-امث] دیکھئے "چاہ"۔ محبت۔ پیار۔ اُلفت۔

چاہت کی نوکری کیجئے آن چاہت کا نام نہ لیجئے : [ھ-مثل] جو محبت کرے اس سے محبت کرنی چاہئے جو محبت نہ کرے اس کے نزدیک بھی نہ جانا چاہئے۔

چَاہتا : [ار-صف-مذ] لاڈلا۔ دل پسند۔ پیارا۔ محبوب۔

چَاہتی : [ار-صف-مث] دیکھئے "چاہتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چَاہنا : [ار-مص] (۱) خواہش کرنا۔ طلب کرنا (۲) پیار کرنا۔ محبت کرنا (۳) قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

چاہیے : [ار-اند] دیکھئے "چاہنا" جس کی یہ مغیرہ صورت ہے۔

چاہنے کے نام سے گدھی نے گھاس / کھیت کھانا چھوڑ دیا تھا : [ار-مثل] اگر کسی سے محبت ظاہر کی جاتے تو وہ بھاگتا ہے اور عاشق کے نزدیک نہیں آتا یا غرور کرنے لگتا ہے۔

چاہنے لگنا: [ار-محاورہ] محبت کرنے لگنا۔
چاہنے والا: [ار-صف] محبت کرنے والا
چاہو: [ار-حرف عطف] خواہ - اگر مرضی میں آئے - اگر دل چاہے
چاہی: [ف-صف] بارانی کے خلاف - وہ زمین جسے کنوئیں سے پانی ملے۔
چاہے: [ار-حرف عطف] خواہ - جیسے مرضی ہو۔ اگر مرضی ہو۔ اگر دل چاہے۔
چاہے دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جائے: [ار-تاکیدی فقرہ] کچھ ہی ہو۔ کیسا ہی انقلاب ہو۔
چاہے سو ہو: [ار-متعلق فعل] کچھ بھی ہو۔ جو ہو سو ہو۔
چاہے کودوں ڈلائیے۔ چاہے منڈوا لیجائیے: [ار-مثل] جو کام مرضی ہو کرے میں تیرے اختیار میں ہوں - عورتیں اپنے خاوند سے اکثر کہا کرتی ہیں۔
چاہے جو رنگ رنگالے کھلے گا اموا: [ار-مثل] ہر طرح سے بے زیب ہی رہے گا۔
چاہیتا: [ار-حرف] دیکھئے "چاہتا"۔
چاہیتی: [ار-حرف] دیکھئے "چاہتیا" جس کی یہ تانیث ہے
چاہیئے: [ار-متعلق فعل] (۱) مطلوب ہے - درکار ہے - لازم ہے (۲) باید - شاید - مناسب - موزوں (۳) لازم ہے - واجب ہے - چاہنا مصدر کا صیغہ امر۔
چاؤ: [ہ-اند] (۱) خواہش - آرزو - تمنا (۲) چاہت - پیار - لاڈ (۳) شوق ذوق - اشتیاق (۴) حسرت ارمان (۵) ناز - نخرا (۶) خوشی - مزا لطف (۷) گرمجوشی - تپاک۔
چاؤ چوچلا / چونچلا / چوز: [ار-مذ] (۱) پیار - لاڈ (۲) ناز - نخرا (۳) دُلار - پچکار (۴) راز نیاز - اختلاط۔
چاؤ چونچلوں سے پالنا: [ار-محاورہ] لاڈ پیار سے پرورش کرنا۔
چاؤ میں آنا: [ار-محاورہ] کسی کا محبوب ہونا - کسی کے منہ لگنا - کسی کی محبت کی وجہ سے مغرور ہو جانا - منہ میں آنا - کسی کی محبت کا فائدہ اُٹھانا۔
چاؤ نکالنا: [ار-محاورہ] ارماں نکالنا - حسرت نکالنا - خواہش پوری کرنا۔
چاوش: [ت-اند] چوبدار - عصابردار - نقیب۔
چاؤں چاؤں: [ہ-امث] (۱) چڑیوں کی وہ آواز جو ان کا بچہ پکڑ لینے یا دہشت ہونے کی وجہ سے نکلتی ہے (۲) شور و غل۔
چاؤں چاؤں کرکے پیچھے پڑنا: [ار-محاورہ] شور مچا کر درپے ہو جانا / گرد ہو جانا۔
چائے: [ف-امث] (۱) ایک پودا جس کے پتوں کو جوش دے کر پیتے ہیں (۲) اس پودے کے پتے۔
چائے پانی: [ف-ار-اند] صبح کے وقت کا ہلکا کھانا۔ ناشتہ۔ معمولی ضیافت۔
چائے پانی کرنا: [ار-محاورہ] لوگوں کو چائے کی دعوت دینا۔
چائے پونچی: [ار-امث] دیکھئے "چائے دان / دانی"
چائے دان / دانی: [ف-ار-اند] وہ برتن جس میں چائے بنا کر ڈالتے ہیں - یا انگریزی طریقے سے چائے بناتے ہیں۔
چائیں چائیں: [ہ-امث] (۱) چڑیوں کی آواز (۲) بے ہودہ شور و غل۔

چائیں مائیں: [ار-اند] لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر حلقہ بناتے ہیں اور پھر اس حلقہ کے گرد چکر لگاتے ہیں اور یہ الفاظ کہتے جاتے ہیں۔

چ - ب

چبا چبا کر باتیں کرنا: [ار-محاورہ] (۱) سوچ سمجھ کر باتیں کرنا (۲) شیخی مارنا (۳) غرور سے باتیں کرنا (۴) طنز آمیز باتیں کرنا (۵) نخرے یا فخر سے باتیں کرنا (۶) جو کچھ کہنا ہو تھوڑا تھوڑا کرکے کہنا (۷) منہ میں بولنا - صاف طور پر نہ بولنا (۸) گول مول باتیں کرنا۔
چبا جانا: [ار-محاورہ] (۱) کھا جانا - دانتوں سے کچلنا (۲) بات رُک رُک کر کرنا - بات کا رُخ پلٹ دینا۔
چبا ڈالنا: [ار-محاورہ] کاٹ کھانا - دانتوں سے زخمی کر دینا۔
چبانا: [ار-مص] دانتوں سے کچلنا - پیسنا۔
چبایا ہوا نوالہ نہ چباؤ: [ار-مقولہ] ایک بات کو دوبارہ / بار بار نہ کہو۔
چبر چبر / چبڑ چبڑ: [ہ-امث] بک بک - بکواس - یاوہ گوئی۔
چبڑ چبڑ باتیں کرنا: [ار-محاورہ] فضول باتیں کرنا - بے سوچے سمجھے باتیں کرنا۔
چبک چبکا: [ہ-امث] درد - ٹپک - ٹیس۔
چبکنا: [ار-مص] ٹپکنا - ٹیس مارنا - درد ہونا۔
چبل / چبلا: [ہ-صف] طفلانہ - بچپن کا - بے تمیز - چھچھورا۔
چبلا پن: [ہ-اند] "چبلا" کا اسم کیفیت۔
چبلانا: [ہ-مص] دیکھئے "چبانا" جو فصیح ہے۔
چبلی: [ہ-صف] دیکھئے "چبلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چبنا: [ار-مص] دیکھئے "چبانا" جس کا یہ لازم ہے
چبنی: [ار-امث] وہ ہڈی جو چبائی جا سکے۔
چبوانا: [ار-مص] دیکھئے "چبانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
چبوترا / چبوترہ: [ار-اند] مربع یا مستطیل اونچی جگہ جس پر بیٹھتے ہیں چوترا - کرسی (۲) کوتوالی - تھانہ (۳) منڈی - منڈی کے لگنے کی اونچی جگہ (۴) حد کا نشان (۵) عدالت (۶) محصول ادا کرنے کی چونگی / چوکی - [افعال: بنانا - بننا]
چبوترا باندھنا: [ار-محاورہ] چبوترا بنانا۔
چبوترا بندھنا: [ار-محاورہ] (۱) چبوترا بننا (۲) حاملہ ہونا۔
چبوترا چڑھانا: [ار-محاورہ] کسی معاملہ کی تھانہ یا کوتوالی میں رپورٹ ہونا - کوتوالی / تھانہ میں پہنچنا۔
چبوترا چڑھنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "چبوترا چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
چبوڑ: [ہ-امث] جھت - بے ہودہ گوئی - فضول بات - بکواس - مذاق ٹھٹھا - ہنسی - مخول۔
چبوڑا: [ہ-صف] جھتی - بے ہودہ گو - بکواسی۔
چبھانا: [ار-مص] دیکھئے "چبھونا"
چبھتا: [ار-صف] (۱) چبھنے والا - داخل ہونے والا (۳) اثر کرنے والا

پتے کا۔
چبھتی: [ار۔حرف] دیکھئے "چبھتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چبھتی چبھتی بات: [ار۔امث] سخ دہ یا ناگوار بات۔ پتے یا بھید کی بات۔
چبھتی کہنا: [ار۔محاورہ] ایسی بات کہنا جو دوسرے کو ناگوار ہو۔
چبھتی ہوئی: [ار۔صف۔مث] چبھتی بات۔ ناگوار۔ چبھنے والی۔
چبھن: [ار۔امث] کھٹک۔ درد۔ ٹیک۔ خلش۔
چبھنا: [ار۔مص] کسی نوک دار شے کا گھس جانا۔ پیوست ہونا۔ داخل ہونا۔ (۲) ناگوار ہونا۔ دل پر اثر کرنا۔
چبھونا: [ار۔مصدر] کسی نوک دار شے کا بھونکنا۔ پیوست کرنا۔
چبینا: [ار۔امذ] بھنا ہوا اناج۔ چابنے کے قابل اناج۔
چبینی: [ار۔امث] وہ مٹھائی جو ہندوؤں کی بارات کو ناشتہ کے طور پر دی جاتی ہے۔ بھنا ہوا غلہ جو مزدور دوپہر کے بعد چباتے/کھاتے ہیں۔

چ ۔ پ

چَپ: [ف۔صف] بائیں طرف۔ بایاں۔ الٹے ہاتھ کا۔ (اظار) بائیں طرف کو۔ الٹے ہاتھ کی طرف (۳۔ار) دورنگ کا۔ دورنگا (۴) پاؤں کی آواز۔ چاپ
چپ و راست: [ف۔صف] دائیں بائیں۔ ہر طرف۔ ادھر ادھر۔
چُپ: [ہ۔امث] سکوت۔ خاموشی۔ نہ بولنا (۲۔صف) وہ جو نہ بولے خاموش۔ خفیہ۔ پوشیدہ (۳۔فعل امر) خاموش رہو۔ استاد بچوں کو بولتے ہیں۔
چپ آدمی اور بندھے پانی سے ڈرنا چاہئے: [ار۔مثل] آدمی کی خاموشی اور بند پانی دونوں خطرناک ہیں۔
چپ آدھی مرضی: [ار۔مثل] کوئی جواب میں خاموش رہے تو سمجھتے ہیں کہ وہ مان گیا ہے۔
چپ باندھنا: [ار۔محاورہ] خاموش ہو رہنا۔ نہ بولنا (۲) جواب نہ بن پڑنا۔ بول نہ سکنا۔
چپ بیٹھنا: [ار۔محاورہ] خاموش ہو کر بیٹھنا۔
چپ چاپ: [ار۔صف] خاموش۔ ساکت (۲۔مث) خاموشی۔ سکوت۔
چپ چپ: [ار۔صف] خاموش۔ نہ بولنے والا۔ کم گو۔ (۲) (فعل امر) خاموش رہو۔
چپ چپاتے: [ار۔متعلق فعل] خاموشی سے۔ خفیہ طور سے۔

چپ رہ جانا: [ار۔محاورہ] خاموشی اختیار کرنا۔
چپ سادھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "چپ رہ جانا"
چپ سن ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "چپ سادھنا"
چپ شاہ کا بالکا: [ار۔امذ] جو منہ سے نہ بولے۔
چپ شاہ کا روزہ: [ار۔امذ] ایک منت جس میں بولتے نہیں (فعل: رکھنا، ہونا)
چپ کرا دینا/کرانا: [ار۔مص متعدی] دیکھئے "چپ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چپ کرنا: [ار۔مص مرکب] خاموش کرنا۔ بولنے سے روکنا (۲) نہ بولنا۔ خاموش ہو جانا۔
چپ کی داد خدا دیتا ہے / چپ کی داد خدا کے ہاں ہے: [ار۔مثل] صبر کا پھل خدا سے ملتا ہے۔
چپ گپ: [ار۔صف] خاموش۔ کم گو۔ نہ بولنے والا۔
چپ لگانا: [ار۔محاورہ] سکوت اختیار کرنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ خاموش ہونا۔
چپ لگ جانا/لگنا: [ار۔محاورہ] سکوت ہو جانا۔ خاموشی طاری ہونا۔
چپ ہو جانا/ہونا: [ار۔محاورہ] خاموش ہو جانا۔ جواب نہ دے سکنا۔
چپ ہو رہنا: [ار۔محاورہ] خاموش ہو رہنا۔
چپا (بکسر اول): [ھ۔امذ] کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا۔
چپا (بفتح اول): [ھ۔امذ] چار انگل جگہ۔ چار بالشت چوڑی جگہ۔ ذرا سی جگہ۔
چپا بھر: [ھ۔حرف] تھوڑا سا۔ ذرہ سا۔
چپا چپا: [ہ۔حرف] ذرا ذرا۔ ہر جگہ۔ کو بکو۔ جگہ جگہ۔
چپا چپا زمین چھان ڈالنا: [ار۔محاورہ] ہر جگہ تلاش کرنا۔
چپاتی: [ہ۔مونث] پتلی روٹی۔ پھلکا۔
چپاتی بڑھانا: [ار۔محاورہ] آٹے کی لوئی کو مٹھی سے ضرب/زور دیکر بڑھانا۔
چپاتی سا پیٹ: [ار۔امذ] نرم اور ساتھ لگا ہوا پیٹ۔ جو فاقے کی وجہ سے کمر سے لگا ہوا ہو۔
چپاتی سا پیٹ لگ جانا: [ار۔محاورہ] خالی شکم کا پچک جانا۔
چپاڑ: [ہ۔صف] چوسر باز (۲) چوپال۔
چپانا: [ھ۔مص] شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا (۲) شرمانا۔ جھینپنا۔
چپت: [ار۔امث] تھپڑ جو سر پر مارا جائے۔ دھول۔ تپانچہ۔
چپت باز: [ار۔صف] دیکھئے "چپٹے باز"
چپت رسید کرنا: [ار۔محاورہ] تھپڑ مارنا۔ تپانچہ لگانا۔
چپت کی آنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "چپت رسید کرنا"
چپت گاہ: [ار۔ف۔امث] چپت کی جگہ۔ کاسہ سر۔ ٹانٹ۔ گدی۔
چپت لگانا/مارنا: [ار۔محاورہ] تھپڑ لگانا۔ تپانچہ مارنا۔
چپت لگنا: [ار۔محاورہ] تھپڑ لگنا۔
چپٹ: [ہ۔امث] چپٹی کا مخفف۔
چپٹ باز: [ہ۔صف] چپٹی کھیلنے والی عورت۔ (ترکیب غلط ہے)
چپٹ بازی: [ہ۔امث] چپٹی (ترکیب غلط ہے)
چپٹا/چپٹھا: [ہ۔صف] چوڑا۔ چکلا۔ بیٹھا ہوا۔
چپٹانا: [ار۔مص] لپٹا لینا۔ چپکا دینا۔
چپٹنا: [ار۔مص] دیکھئے "چپٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔
چپٹی/چپٹھی: [ہ۔حرف۔امث] (۱) چوڑی چکلی۔ بیٹھی ہوئی۔ پچکی ہوئی۔ (۲) طبق زنی۔ عورتیں کوئی چیز آلہ تناسل کی شکل کی بنا کر اپنی فرج میں داخل کرتی ہیں اور اسے ہلاتی رہتی ہیں۔ یہاں تک کہ ملذذ ہو جاتی ہیں۔ بعض اوقات دوسری عورت کی کمر سے وہی چیز باندھ کر یہ کام کراتی ہیں۔

چپٹی بازی: [ہ۔ف۔امث] چپٹی کھیلنے کا فعل۔ (ترکیب غلط ہے)
چپٹی کھیلنا/لڑانا: [ار۔محاورہ] طبق زنی کرنا۔ چپٹی بازی کرنا۔
چپچپا: [ہ۔صف] لیس دار۔ پیپ والا۔ چپکنے والا۔
چپچپانا: [ار۔مص] چپکنا۔ لیس دار ہونا۔
چپچپاہٹ: [ار۔امث] لیس۔ چیپ۔
چپخ/چپخک: [ہ۔امث] ایک قسم کی ابابیل (۲) (صف) لاغر۔ دُبلا۔
چپخ سا مُنہ نکل آنا: [ار۔محاورہ] بہت دُبلا ہوجانا۔ لاغر ہوجانا۔ مُنہ سوکھ جانا۔
چپڑا: [ہ۔صف] (۱) انکار کرنے والا۔ مُکر جانے والا (۲) زبردستی سے۔ خواہ مخواہ۔
چپراس: [ار۔امث] (۱) چپراسی ہونے کا تمغہ جو پیٹی یا پٹکے میں لگاتے ہیں (۲) چوڑی دھجی جو کُرتے میں کندھے پر ڈالی جاتی ہے (۳) چوڑی گوٹ (۴) کشتی کا ایک داؤں (۵) قصابوں کی اصطلاح میں ران کے نیچے کا گوشت۔
چپراس پہننا یا لگانا: [ار۔محاورہ] چپراسی کا عہدہ حاصل کرنا۔ چپراسی ہونا۔
چپراسی: [ہ۔امذ] وہ شخص جو چپراس پہنے۔ اردلی۔ پیادہ۔ سپاہی۔
چپرا کر باتیں کرنا: [ار۔محاورہ] اصل بات کو چھپا کر باتیں کرنا۔
چپرا لینا: [ار۔محاورہ] مکرا لینا۔ جھوٹا کردینا۔
چپرانا: [ار۔مص] چمٹانا۔
چپرنا: [ار۔مص] چلا جانا۔ بھاگ جانا۔ پوشیدہ ہو جانا۔
چپڑا: [ہ۔امث] (۱) صاف کی ہوئی لاکھ۔ عمدہ قسم کی لاکھ (۲) صاف زمین۔ کھلا میدان (۳) دلالوں کی اصطلاح میں دو پیسے۔
چپڑا کردینا: [ار۔محاورہ] بالکل تباہ کردینا۔ برباد کردینا
چپڑا: [ہ۔امذ] (۱) آنکھ کا کیچڑ یا مَیل (۲) وہ شخص جس کی آنکھ میں مَیل یا کیچڑ بھری رہے
چپڑ چپڑ: [ہ۔امث] (۱) کُتے کے کھانے پینے کی آواز (۲) کھانے پینے میں مُنہ کی آواز جو بدتمیزی سے نکلتی ہے۔
چپڑ خنیری: [ار۔امث] آوارہ گرد عورت۔ بازاری عورت۔ ہرزہ گرد عورت۔
چپڑ کھٹو: [ار۔صف] (۱) اسیر۔ گرفتار (۲) بے ہوش۔ مدہوش (۳) گتھم گتھا۔ غٹ پٹ۔
چپڑ قناتیا: [ار۔صف] (۱) خوشامدی۔ چاپلوس (۲) کمینہ۔ سفلہ (۳) آوارہ گرد۔ بے ہودہ (۴) عاشق بے زر (۵) ذلیل۔ تماش بین۔ فاحشہ عورت۔ رنڈی کے ہاتھ سے مار کھانے والا۔
چپڑنا: [ار۔مص] (۱) چکنانا۔ روٹی پر گھی لگانا (۲) بدن پر یا کسی دوسری چیز پر روغن ملنا۔
چپڑی: [ار۔صف] روٹی جس پر گھی لگا ہُوا ہو۔
چپڑی: [ار۔صف] دیکھئے "چپڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چپڑی اور دو دو: [ار۔مثل] (۱) اچھی بھی اور زیادہ بھی (۲) اچھی شے بہت نہیں ملتی۔

چپڑی بات: [ار۔امث] خوشامد کی بات۔ میٹھی بات۔ دِل پسند بات۔
چپڑی چکنی: [ار۔صف] دیکھئے "چپڑی چکنی"
چپقلش: [ف۔امث] (۱) انبوہ۔ ہجوم (۲) تلوار کی لڑائی (۳) لڑائی جھگڑا۔ تکرار (۴) جگہ کی تنگی۔
چپک: [ار۔امث] چپچپاہٹ۔ لیس۔ چیپ۔
چپک: [ار۔امث] ٹیک۔ درد۔
چپک ہونا: [ار۔محاورہ] پیٹ میں میٹھا میٹھا درد ہونا۔
چپکا: [ہ۔صف] (۱) خاموش۔ ساکت۔ چُپ (۲) مکار۔ فریبی۔ دغا باز۔
چپکانا: [ار۔مص] (۱) کسی لیس دار چیز سے جوڑنا۔ چسپاں کرنا (۲) نوکری سے لگانا۔ کسی کام میں اٹکا دینا (۳) تعلق پیدا کرنا۔
چپکن: [ہ۔امث] ایک قسم کا انگرکھا جو پرانے زمانے میں پہنتے تھے اس کی آستینیں آگے کو لٹکی رہتی تھیں۔ نہ گریبان ہوتا تھا نہ بغلوں کے نیچے سلائی۔
چپکن چنوانا: [ار۔محاورہ] چپکن کی آستینوں پر شکنیں ڈلوانا۔
چپکنا: [ار۔مص] (۱) جُڑنا۔ چسپاں ہونا (۲) اُلجھنا۔ پھنسنا۔ آشنائی ہونا (۳) روزگار سے لگنا۔ نوکر ہونا۔
چپکوانا: [ار۔مص] دیکھئے "چپکانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
چپکی: [ہ۔امث] دیکھئے "چپکا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چپکی سادھنا: [ار۔محاورہ] خاموش ہو جانا۔
چپکی لگ جانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "چپکی سادھنا" خاموشی طاری ہونا۔ چُپ ہوجانا۔
چپکے: [ار۔متعلق فعل] آہستہ سے۔ خاموشی سے۔ خفیہ طور پر۔
چپکے چپکے رونا: [ار۔محاورہ] آہستہ آہستہ رونا تاکہ آواز نہ نکلے۔
چپکے سے: [ار۔متعلق فعل] دیکھئے "چپکے"
چپل/چپلی: [ہ۔امث] ایک قسم کا سلیپر۔ جُوتی۔
چپن: [ہ۔امذ] ہانڈی کا ڈھکن۔ سرپوش۔
چپنا: [ہ۔مص] شرمندہ ہونا۔
چپنی: [ہ۔امث] (۱) دیکھئے "چپن" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) گھٹنے کی ہڈی۔
چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا: [ار۔محاورہ] شرمندہ ہونا۔ خجالت زدہ ہونا۔ شرم اور غیرت دلانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ آجکل "چلّو بھر پانی میں ڈوب مرنا" زیادہ مستعمل ہے۔
چپنی چاٹ کر گزران کرنا: [ار۔محاورہ] نہایت قناعت اور صبر سے گزارہ کرنا۔ جو مِل جائے اسی سے کام چلا لینا۔
چپو: [ار۔امذ] کشتی کھینے کا ڈنڈا جو آگے سے چوڑا ہوتا ہے۔
چپو چلانا/مارنا: [ار۔محاورہ] کشتی کھینا۔
چپوٹا: [ہ۔امذ] دھپ۔ چانٹا۔ تھپڑ۔ طمانچہ۔
چپوٹی: [ہ۔امث] پرانی پھٹی ہوئی پگڑی۔ پرانی ٹوپی۔
چپی (بفتحہ اول): [ار۔امث] اعضا کی مالش۔ ہاتھ پاؤں دبانا۔ مشت مال (افعال: کرنا۔ کرانا)
چپی (بکسر اول): [ہ۔امث] کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
چپی: [ہ۔امث] خاموشی۔ سکوت۔

چپیٹ: [ہ - امث] ا۔خفیف چوٹ - جھپیٹ (۲) بلائے ناگہانی - اچانک آفت (۳) نقصان - ٹوٹا - خسارہ - گھاٹا (۴) دھکا - صدمہ - جھڑپ -

چپیکنا: [ار - محاورہ] چپکانا - گلے منڈھنا -

چ - ت

چِت (بکسرِ اول): [ہ - حرف] ا۔پشت کے بل - سینے کے رُخ (۲) (امث) خیال دھیان - توجہ -

چِت بھی میری پَٹ بھی میری ٹِیاں میرے باپ کا: [ار - مثل] ہر طرح فائدہ میں -

چِت پَٹ: [ہ - امث] ایک قسم کی شرط / کھیل جس میں کسی چیز کے اُلٹا یا سیدھا گرنے پر بازی لگائی جاتی ہے -

چِت پڑنا: [ار - محاورہ] پیٹھ کے بل لیٹنا - اوندھا لیٹنا -

چِت چور: [ہ - اصف] دل چرانے والا - محبوب - معشوق - دِلبر -

چِت سے اُترنا: [ار - محاورہ] دِل سے اترنا - بے قدر ہونا -

چِت کرنا: [ار - محاورہ] ا۔پچھاڑنا - پیٹھ کے بل گرا دینا (۲) جیتنا - بازی لینا -

چِت لگانا: [ہ - محاورہ] ا۔کسی کام میں دل لگانا - متوجہ ہونا (۲) خواہش کرنا - محبت کرنا -

چِت لگن: [ہ - صف] خوش کن - دِلفریب -

چِت لیٹنا: [ار - محاورہ] پیٹھ کے بل لیٹنا -

چِت میں بیٹھنا: [ہ - محاورہ] دِل میں اثر کرنا - دل میں گھر کرنا -

چِت ہٹانا: [ہ - محاورہ] دھیان ہٹانا - توجہ دوسری طرف کرنا -

چِت ہونا: [ار - محاورہ] ا۔پچھڑنا - پشت کے بل لیٹنا (۲) مرجانا - جان سے جاتے رہنا (۳) نشے میں بے ہوش ہونا - مدہوش ہونا -

چِتا: [ہ - امث] لکڑیوں کا ڈھیر جس پر ہندو مُردے کو رکھ کر جلاتے ہیں -

چِتا چُننا: [ار - محاورہ] مردے کو جلانے کے لئے لکڑیوں کا ڈھیر لگانا -

چِتا میں بیٹھنا: [ہ - محاورہ] ستی ہونے کے لئے چتا پر چڑھنا -

چِتانا: [ہ - معں] ا۔خبردار کرنا - اطلاع دینا (۲) نصیحت کرنا - بتانا (۳) توجہ دلانا (۴) فہمائش کرنا - تنبیہہ کرنا (۵) خوف دلانا -

چِتاوَنی: [ہ - امث] ا۔نشان - علامت (۲) اطلاع - آگاہی (۳) ڈر - خوف (۴) یاد دہانی -

چَتر: [ف - اند] ا۔سر کے چھوٹے چھوٹے بال (۲) ایک قسم کی بڑی چھتری جو بادشاہوں یا سادھوؤں کے سر پر رہتی ہے -

چَتُر: [ہ - حرف] ا۔چالاک - ہوشیار - تیز - چُست - کاریگر - ماہر - پُرفن - ہنرمند (۳) واقف - ہوشیار - دانا - عقلمند (۴) فطرتی - متفنی - مکّار - عیّار -

چَترا: [ار - صف] ہوشیار - دانا - لائق چالاک -

چترائی: [ہ - امث] چالاکی - ہوشیاری - تیزی وغیرہ -

چَترنگ: [ہ - اند] (۱) وہ فوج جس میں ہاتھی - گھوڑے - رتھ سوار پیدل شامل ہوں - چار رنگ کی فوج (۲) شطرنج (۳) ایک قسم کا گیت -

چِترنی: [ہ - امث] عورت کی چار قسموں میں سے ایک قسم - نازک عورت -

چِتکبرا: [ہ - صف مذ] اَبلق - سفید اور کالے رنگ کا - داغدار

چِتکبری: [ار - صف - مث] دیکھئے "چتکبرا" جس کی یہ تانیث ہے -

چِتلا: [ار - صف] (۱) داغدار - دھبے والا - سیاہ اور سفید رنگ کا (۲) وہ چیز جس پر مختلف رنگ کے نقطے یا دھبے ہوں (۳) ایک قسم کا نہایت شیریں خربوزہ -

چِتنا: [ہ - معں] دیکھنا - نظر کرنا - نظر ڈالنا (۲) ظاہر ہونا - معلوم ہونا - ۳- نقش و نگار کرنا - تصویر بنانا -

چِتوَن: [ہ - امث] نظر - نگاہ - نگاہ کا انداز -

چِتوَن بنانا: [ار - محاورہ] تیوری چڑھانا - غضب کی نظر ڈالنا -

چِتوَن پر میل آنا: [ار - محاورہ] ناگوار ہونا -

چِتوَن پھرنا: [ار - محاورہ] نگاہ کا قہر آلود ہونا -

چِتوَن چڑھانا: [ار - محاورہ] تیوری چڑھانا -

چِتوَن کہے دیتی ہے: [ہ - مثل] نگاہ سے معلوم ہوتا ہے - نظر سے ظاہر ہے -

چُتھا: [ہ - صف] زخمی اور پٹا ہوا بٹیر - دوسروں کا تختۂ مشق -

چُتھا بنانا: [ار - محاورہ] ذلیل کرنا - رُسوا کرنا - برائی کرنا - بُرا بنانا -

چُتھی: [ہ - صف] دیکھئے "چُتھا" جس کی یہ تانیث ہے -

چِتھاڑ: [ار - امث] ذلت - خواری - فضیحت - رسوائی - (افعال: کرنا - ہونا)

چِتھاڑنا: [ار - معں] ذلیل کرنا - رُسوا کرنا (۲) پھاڑنا - دھجی دھجی کرنا -

چِتھڑا / چیتھڑا: [ار - اند] پرانے کپڑے کا ٹکڑا - گودڑ - دھجی -

چِتھڑے / چیتھڑے اُڑانا / بکھیرنا: [ار - محاورہ] آڑے ہاتھوں لینا - درست کرنا - لتے لینا -

چِتھڑے چیتھڑے کر دینا / کرنا: [ار - محاورہ] پُرزے پُرزے کرنا - دھجی دھجی کرنا -

چِتھڑے / چیتھڑے لگانا: [ار - محاورہ] ا۔پیوند پر پیوند لگانا (۲) پھٹے پرانے کپڑے پہننا -

چِتھڑے / چیتھڑے لگنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "چیتھڑے لگانا" جس کا یہ لازم ہے -

چِتھڑیا پیر: [ار - اند] ا۔ایک پیر جس پر پھٹے پرانے کپڑے چڑھاتی ہیں (۲) وہ درخت جس پر پیر کے نام کے پھٹے پرانے کپڑے چڑھاتی ہیں اور اسے چیتھڑیا پیر کہتی ہیں - (۳) وہ شخص جو پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہو - بہت مفلس -

چُتّھل: [ہ - صف] مسخرا - ظریف -

چُتّھل بازی: [ہ - ف - امث] مسخراپن - ٹھٹھا - ہنسی - مذاق - تمسخر - (ترکیب غلط ہے)

چُتّھل بنا دکھانا: [ار - محاورہ] ہنسی اڑانا - ٹھٹھا اڑانا - مُنہ آنا - آوازے کسنا -

چِتّھلا: [ہ ۔صفت] دیکھئے "چِتّھل"

چِتّی: [ہ ۔امث] (۱) دھبا داغ ۔ بِندی (۲) ایک قسم کا سانپ جس پر چتیاں پڑی ہوتی ہیں (۳) ایک قسم کی کوڑی جس پر چتیاں ہوتی ہیں۔

چِتّی پڑنا: [ار۔ محاورہ] روٹی کا سِکنا ۔ سرخ نشان پڑنا ۔ لال لال مُندکیاں پڑجانا۔

چِتّی دار: [ہ ۔ف ۔صفت] داغدار ۔ دھبوں والا۔ (ترکیب غلط ہے)

چِتیرا: [ہ ۔اند] وہ شخص جو مٹی ظروف وغیرہ کو صاف کرتا ہے اور ان پر نقش و نگار بناتا ہے ۔

چ ۔ ٹ

چَٹ: [ار۔متعلق فعل] فوراً ۔ اسی وقت ۔ فی الفور ۔ بہت جلد۔

چَٹ: [ار ۔ امث] (۱) وہ نشان جو لکڑی یا کسی اور چیز پر کسی صدمہ سے پڑجاتے ہیں (۲) وہ نشان جو آتشک کے مادہ سے جسم پر ظاہر ہوتے ہیں۔ (۳) کسی سخت چیز کے دفعتہً ٹوٹنے کی آواز (۴) چٹنا کا صیغہ امر (۵) ہوس ۔ لالچ ۔

چَٹ بھسم: [ار ۔ امذ] سب کچھ کھا جانا ۔ کچھ نہ چھوڑنا ۔

چَٹ پَٹ: [ار ۔متعلق فعل] فوراً ۔ بہت جلد ۔ ناگاہ ۔ یکایک ۔

چَٹ پَٹ ہوجانا: [ار ۔ محاورہ] فوراً مرجانا ۔ ناگہانی موت آجانا ۔

چَٹ چَٹ: [ار ۔ اصوت] (۱) انگلیوں کے چٹخنے کی آواز (۲) اسپند کے جلنے کی آواز (۳) چوڑیوں کے ٹوٹنے کی آواز (عورتیں بضم جیم فارسی بھی بولتی ہیں)

چَٹ چَٹ بلائیں لینا: [ار ۔ محاورہ] (عو) اس طرح بلائیں لینا کہ انگلیوں سے چٹخنے کی آواز نکلے ۔

چَٹ چَٹ چُوڑیاں ٹوٹنا: [ار ۔ محاورہ] متواتر چوڑیاں ٹوٹنا ۔ پے در پے چوڑیاں ٹوٹنا ۔

چَٹ روٹی پَٹ دال: [ار ۔ مثل] ہر کام تیار ۔ سب شے مہیا ۔ کام فوراً ہوگیا ۔ دیر نہ لگی ۔

چَٹ سے: [ار ۔متعلق فعل] چٹاخے کی آواز کے ساتھ ۔

چَٹ سے ٹوٹنا: [ار ۔ محاورہ] آواز سے کسی چیز کا ٹوٹنا ۔

چَٹ سے جواب دینا: [ار ۔ محاورہ] بلا تامل جواب دینا ۔ فوراً جواب دینا ۔

چَٹ کرجانا / کرنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) سب کچھ کھا جانا (۲) تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ (۳) ہضم کرجانا ۔ اڑا لینا ۔ تغلب کرلینا ۔ رغبت سے کھا جانا ۔

چَٹ منگنی پَٹ بیاہ: [ار ۔ مثل] کسی کام کے کرنے میں جلدی کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ۔

چَٹ میری منگنی پٹ میرا بیاہ ۔ ٹوٹ گئی ٹنگڑی رہ گیا بیاہ: [ار ۔ مثل] انسانی کاموں کی بے ثباتی اور بے اعتباری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ۔

چَٹ ہوجانا / ہونا: [ار ۔ مثل] دیکھئے "چٹ کرجانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

چِٹ: [ہ ۔ امث] (۱) ٹکڑا ۔ دھجی ۔ کپڑے یا کاغذ کی لمبی دھجی (۲) ورزش کرنے کا لنگوٹ (۳) زمین جس میں طول زیادہ اور عرض مقابلۃً کم ہو۔

چِٹ: [انگ ۔ اند] (CHIT) (۱) ٹکڑا ۔ دھجی (۲) کاغذ جو کتابوں یا دوا کی بوتلوں پر لگاتے ہیں (۳) چٹھی یا سرٹیفکیٹ جو لوگ افسروں یا آقاؤں سے لیتے ہیں ۔

چِٹّا (بکسر اول): [ہ ۔صفت] سفید ۔ اُجلا ۔ گورا (۲ ۔ ند) چاندی کا سکہ ۔ روپیہ (اصطلاح دلالان)

چَٹّا (بفتحہ اول): [ہ ۔ اند] (۱) چیلا ۔ شاگرد ۔ طالب علم (۲) ڈھیر ۔ اینٹوں کا ڈھیر (۳) الزام ۔ تہمت ۔ بہتان (۴) نقصان ۔ گھاٹا ۔ صدمہ (۵) کمان یا غلیل کا ٹکڑا جو مشق نہ ہونے کی وجہ سے ہر بار کمان یا غلیل کے قبضے پر پڑے ۔

چِٹّا بٹّا: [ہ ۔ اند] بچوں کا ایک کھلونا جو لکڑی کی چھوٹی چھوٹی گولیوں سے بنا ہوتا ہے اور ہلانے سے آواز دیتا ہے ۔

چَٹاپٹی: [ہ ۔ امث] (۱) مارا مار ۔ دھڑا دھڑ (۲) موت پہ موت (۳) ایک قسم کا تاش کا کھیل ۔

چَٹاپٹی پڑنا: [ار ۔ محاورہ] کثرت سے موتیں واقع ہونا ۔

چَٹاپٹی کی گوٹ: [ہ ۔ امث] مختلف رنگ کا حاشیہ یا گوٹ ۔

چَٹاچَٹ: [ہ ۔ امث] پے در پے انگلیوں کے چٹخنے کی آواز ۔ لگاتار مارنے کی آواز ۔

چَٹاچَٹ بلائیں لینا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "چٹ چٹ بلائیں لینا"

چٹاخ / چَٹاک: [ہ ۔ اصوت] لکڑی کے ٹوٹنے یا انگلیوں کے چٹخنے کی آواز ۔

چٹاخ پٹاخ: [(۱) متعلق فعل] تڑاق پڑاق (۲ ۔ امث) چالاک عورت ۔ عیار عورت ۔

چٹاخا / چٹاکا: [ہ ۔ اصوت ۔ مذ] (۱) وہ آواز جو لکڑی کے ٹوٹنے اور بلائیں لینے سے پیدا ہو ۔ (۲ صفت) شدت ۔ کثرت (۳) فاحشہ ۔ بدکار عورت (۴) دھپ ۔ تھپڑ ۔ تمانچا ۔

چَٹان: [ار ۔ امث] بڑا اور چوڑا پتھر ۔ پتھر کی بڑی سِل ۔ پتھریلی زمین ۔

چَٹانا: [ار ۔ مص] "چاٹنا" کا متعدی ۔ بچے یا بیمار کو کوئی گاڑھی چیز ذرا ذرا کرکے کھلانا یا چٹانا (۲) رشوت دینا (۳) کسی دھار والے آلہ کو پتھر پر رگڑ کر تیز کرنا ۔

چَٹائی: [ار ۔ امث] بوریا گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش ۔ چونکہ اس کو اٹھانے میں چٹ چٹ کی آواز نکلتی ہے اس لئے چٹائی کہتے ہیں ۔

چُٹ پُٹ: [ار ۔ امث] متفرق خرچ ۔ متفرقات ۔ چھوٹا چھوٹا خرچ ۔ کم قیمت دوائیں جو عورتیں بیماروں اور بچوں کو دیتی ہیں ۔

چُٹ پُٹ ہوجانا / ہونا: [ار ۔ محاورہ] چھوٹے کاموں میں صرف ہوجانا ۔ متفرق کاموں میں خرچ ہوجانا ۔

چَٹ پٹا / چُٹ پُٹا: [ار ۔ صفت] مزیدار ۔ خوب نمک مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا ۔ چٹ پڑا ۔

چَٹ پٹی / چُٹ پُٹی: [ار ۔ صفت] دیکھئے "چَٹ پٹا / چُٹ پُٹا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

چِٹ چِٹا: [ار ۔ اند] دیکھئے "چِرچِٹا"

چٹاچٹانا (چٹ چٹانا) : [ار۔ مص] چٹخنا۔
چٹخارا : [ار۔ اند] وہ آواز جو زبان اور تالو سے کسی خوش ذائقہ چیز کا مزا لینے سے نکلتی ہے۔
چٹخارنا : [ار۔ مص] زبان اور تالو سے آواز نکلنا۔
چٹخاری / چٹخارے بھرنا : [ار۔ محاورہ] کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا۔ زبان چاٹنا۔ ہونٹ چاٹنا۔
چٹخارے کا : [ار۔ صف] چٹپٹا۔ تیز نمک مرچ کا۔
چٹخارے مارنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چٹخارے بھرنا"
چٹخانا / چٹکانا : [ار۔ مص] (۱) انگلیوں یا کسی اور چیز کی آواز پے در پے نکالنا (۲) بندوق کے بند کرنے یا کھولنے کی آواز نکالنا (۳) چابک کی آواز نکالنا (۴) کسی چیز کو پتھر یا دیوار پر مار کر آواز نکالنا (۵) ناراض کرنا۔ کھجانا (۶) الگ کرنا۔ جدا کرنا۔ ترک کرنا (۷) بندوق چلانا (۸) توڑنا۔ تڑقانا۔
چٹخ جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) ان بن ہو جانا۔ بگڑ جانا (۲) فوراً چلے جانا۔ جدا ہو جانا (۳) درز پڑ جانا۔ شق ہو جانا (۴) ناراض ہو جانا۔ دوستی جاتی رہنا۔
چٹخنا : [ار۔ مص] (۱) کلی کا کھلنا۔ ان بن ہونا۔ آزردہ ہونا (۳) کالے دانے۔ لکڑی یا کوئلے کا آگ پر آواز دینا (۴) چلا جانا۔ بھاگ جانا۔ غائب ہو جانا۔ اچھل کر دور جا پڑنا (سخت چیز پہ گرنے سے)
چٹخنا : [ار۔ اند] تھپڑ۔ چانٹا (افعال : لگانا۔ لگنا)
چٹخنی : [ار۔ امث] (۱) دروازے کو روکنے کی چیز (۲) وہ چیز جو پرند پکڑنے کے لئے پنجرے میں لگاتے ہیں۔
چٹر پٹر : [ار صف] متفرق۔
چٹک : [ار۔ امث] (۱) ٹوٹنے کی آواز (۲) پھرتی۔ جلدی۔ تیزی۔ (۳) چمک دمک بھڑک (۴) آرائش (۵) رنگ کی سرخی۔ رنگ کی تیزی۔ دھوپ کی تیزی۔
چٹک جانا : [ار۔ محاورہ] تڑق جانا۔ بال پڑ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
چٹک مٹک : [ار۔ امث] (۱) غرور۔ نخوت (۲) ناز نخرا (۳) کروفر (۴) نخرے کی چال۔
چٹکا : [ار۔ اند] (۱) چٹخارا۔ زبان کا چسکا (۲) پیاس کی شدت (۳) دھوپ کی تیزی۔
چٹکا : [ار۔ اند] لپ بھر آٹا۔ مٹھی بھر آٹا۔ (چٹکی کی تکبیر)
چٹکارا : [ار۔ اند] (۱) چٹخارا (۲) جانوروں کو ہنکانے کی آواز۔
چٹکاری : [ار۔ امث] دیکھئے "چٹکارا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چٹکاری بھرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) زبان کا مزہ۔ مزے سے چٹ چٹ کرنا۔
چٹکانا : [ار۔ مص] دیکھئے "چٹخانا"
چٹکلا : [ار۔ اند] (۱) لطیفہ۔ دلچسپ فقرہ (۲) کوئی پُر تاثیر دوا (۳) نادر۔ عجیب۔
چٹکلا چھوڑ جانا / چھوڑ دینا / چھوڑنا : [ار۔ محاورہ] لطیفہ کہنا۔ شگوفہ چھوڑنا۔ پُرشرارت چھوٹی سی کہانی سنانا۔ کوئی بات گھڑ کر کہنا۔

چٹکلا سا : [ار۔ صف] دلچسپ۔ دل پسند۔
چٹک لینا / چٹکنا : [ار۔ محاورہ] کاٹنا۔ سانپ کا کاٹنا۔ پھول توڑنا۔ اوپر سے توڑ لینا۔ ترکاری۔ ساگ وغیرہ کا اوپر سے توڑ لینا۔
چٹکنا : [ار۔ مص] تڑکنا۔ پھٹنا (۲) رنگ اڑنا (۳) جھنجھلانا۔ ناراض ہو کر بات کرنا (۴) اسپند کا آگ پر آواز دینا۔ لکڑی یا کوئلہ کا آگ پر آواز دینا (۵) انگلیوں کا بلائیں لیتے وقت یا موڑتے وقت آواز دینا (۶) کلی کا کھلنا (۷) سخت چیز پر گر کر اچھل کر دور جانا (۸) بھاگ کھڑا ہونا۔ غائب ہو جانا (۹) پھوٹ جانا (۱۰) کڑکنا (۱۱) مخمل اور اطلس وغیرہ کا شق ہو جانا (۱۲) (اند) ہاتھ کسی چیز پر مارنا جس سے آواز نکلے۔
چٹکنی : [ار۔ امث] دیکھئے "چٹخنی"
چٹکی : [ار۔ امث] ہاتھ کے انگوٹھے اور درمیانی انگلی سے جو آواز دونوں کی نوکوں کو زور سے ملا کر اور انگوٹھے کو ٹیڑھا کر کے نکالی جاتی (۲) بکٹا۔ مٹھی بھر چیز۔ مٹھی بھر آٹا (۳) ہاتھ کے انگوٹھے اور اس کے ساتھ کی انگلی سے دوسرے کے بدن کو مسلنا (۴) گانٹھ جو کپڑا رنگنے میں کپڑے کو دیتے ہیں کہ اس پر رنگ نہ چڑھے (۵) بندوق کا گھوڑا۔ بندوق کے پیالے کا سرپوش (۶) گوٹے یا لچکے کی چٹکی سے موڑی ہوئی دھنک۔ گوکھرو (۷) تھوڑا سا سفوف جو انگوٹھے اور انگلی سے اٹھائیں (۸) پاؤں کی انگلیوں کے چھلے (۹) دوا کا سفوف جو بچوں کو دیتے ہیں۔ (۱۰) کنار دار گلبدن۔ خنجری دار مشروع (۱۱) کپڑا چھاپنے کا طریقہ (۱۲) کپڑا سینے کے بعد تاننا (۱۳) پوشاک اور لیس کے مروڑ۔ (۱۴) قبضہ۔ گرفت۔
چٹکی بجاتے میں : [ار۔ متعلق فعل] بہت جلد۔ فوراً۔ آن کی آن میں۔
چٹکی بجانا : [ار۔ محاورہ] ہاتھ کے انگوٹھے اور انگلی کی مدد سے آواز نکالنا (۲) جمائی آتے وقت منہ کے آگے چٹکیاں بجانا جو ایک رسم ہے۔
چٹکی بھر : [ار۔ متعلق فعل] اس قدر جو چٹکی میں سما جائے۔
چٹکی بھر میں : [ار۔ متعلق فعل] لحہ بھر میں۔ فوراً۔ بہت جلد۔
چٹکی بھرنا / بھر لینا : [ار۔ محاورہ] دو انگلیوں یا انگلی اور انگوٹھے میں بھر کر گوشت کو مسلنا (۲) آٹا یا ذرا سا سفوف دو انگلیوں میں اٹھانا (۳) چبھتی ہوئی بات کہنا (۴) طعنہ زنی کرنا۔
چٹکی پر اڑا دینا : [ار۔ محاورہ] دھوکا دینا۔ جل دینا۔
چٹکی پر لینا : [ار۔ محاورہ] کاڑھنے کے لئے کپڑے کو خاص انداز سے پکڑنا۔
چٹکی توڑنا : [ار۔ محاورہ] چٹکی بھرنا۔
چٹکی چٹکی : [ار۔ متعلق فعل] تھوڑا تھوڑا۔
چٹکی چڑھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) سکے کو سفوف کی چٹکی ڈال کر پرکھنا (۲) سکے کو انگلی پر رکھ کر اور انگوٹھے سے اچھال کر اس کی آواز سے کھوٹا کھرا دیکھنا۔
چٹکی کاٹنا : [ار۔ محاورہ] چٹکی بھرنا۔
چٹکی کا ننگور : [ار۔ اند] ایک کھلونا۔
چٹکی لگانا : [ار۔ محاورہ] (۱) کپڑے کا انگلی اور چٹکی سے پھاڑنا (۲) دونا بنانا۔ پتے کے کنارے چٹکی سے موڑ کر تنکے جوڑنا (۳) چٹکی کے

ذریعے سے جیب میں سے مال نکال لینا (۴) سکے کا کھوٹا کھرا پرکھنا۔

چٹکی لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) چٹکی بھرنا (۲) کسی فعل سے باز آنے کے لیے چٹکی بھر کر اشارہ کرنا۔

چٹکی ماس سے لہو ٹپکتا ہے: [ار۔ مثل] بدن میں اس قدر خون ہے کہ چٹکی لو تو خون نکلے۔ نہایت سرخ و سفید ہے۔

چٹکی میں: [ار۔ متعلق فعل] آناً فاناً۔

چٹکیاں: [ار۔ امث] دیکھیے "چٹکی" جس کی یہ جمع ہے۔

چٹکیاں لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) چبھتی ہوئی بات کہنا (۲) ابھارنا۔ خیال پیدا کرنا (۳) ایسا کام کرنا جس سے دوسروں کو ایذا ہو

چٹکیوں: [ار۔ امث] دیکھیے "چٹکی" جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ حالت میں آتی ہے۔

چٹکیوں پر اڑانا: [ار۔ محاورہ] (۱) حقیر سمجھنا (۲) روپے کا پرکھنا۔

چٹکیوں میں: [ار۔ متعلق فعل] بہت جلد۔ فوراً۔ آناً فاناً

چٹکیوں میں اُڑا دینا / اڑانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کی پروا نہ کرنا (۲) کسی کی باتوں کا خیال میں نہ لانا (۳) خندہ کرنا۔ مذاق اڑانا (۴) ذلیل و خوار کرنا۔

چٹکیوں میں کام کرنا: [ار۔ محاورہ] بہت جلد کام کرنا۔ اشارے کے ساتھ کام کرنا۔

چٹکیوں میں کام ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "چٹکیوں میں کام کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چٹکیلا: [ار۔ اند۔ صف] (۱) چمکیلا۔ بھڑکیلا۔ شوخ (۲) خوش ذائقہ۔ چٹ پٹا۔ (۳۔ امث) گرم اور تیز دھوپ۔ چلچلاتی دھوپ۔

چٹکیلی: [ار۔ صف۔ مث] دیکھیے "چٹکیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چٹلا: [ھ۔ اند] (۱) وہ فیتہ یا دھاگا جس سے جُوڑا پچھلی طرف باندھا جاتا ہے (۲) سونے یا چاندی کا گُپھا جو عورتیں پیچھے چوٹی میں باندھتی ہیں (۳) مصنوعی بال جن کو عورتیں بال زیادہ ظاہر کرنے کے لیے لگا لیتی ہیں (۴) دھاگے سے بندھا ہوا جُوڑا۔ چُٹلا (۵) موٹی مینڈھی۔

چٹنی: [ہ۔ امث] (۱) چاٹنے کی چیز (۲) چاٹنے کی دوا (۳) وہ ہاضم چٹ پٹی چیز جس میں دھنیا۔ انار دانہ۔ پودینہ۔ نمک۔ مرچ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں اور کھانے کے بعد یا ساتھ کھاتے ہیں (۴) پسی ہوئی ہونے کی حالت۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونے کی حالت۔ کُٹے جانے کی حالت۔

چٹنی کر جانا: [ار۔ محاورہ] جھٹ پٹ نگل جانا۔ خرچ کر دینا۔

چٹنی کر ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیس ڈالنا۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا (۲) خوب مارنا۔ زد و کوب کرنا۔

چٹنی کر دینا / کرنا: [ار۔ محاورہ] کھا جانا۔ نگل جانا۔ پیس ڈالنا۔ مار ڈالنا۔

چٹنی ہو جانا / ہونا: [ار۔ محاورہ] ختم ہو جانا۔ خرچ ہو جانا۔

چٹوا: [ار۔ اند] بچوں کا ایک کھلونا۔

چٹوانا: [ار۔ مص] دیکھیے "چاٹنا" جس کا یہ متعدی المتعدی

چٹور / چٹورا: [ار۔ صف] (۱) وہ شخص جو لذیذ کھانوں کا عادی ہو (۲) کھاؤ۔ اڑاؤ۔ پیٹو۔ (۳) کھا کر روپیہ اُڑا دینے والا۔

چٹورپن / چٹوراپن: [ار۔ اند] دیکھیے "چٹورا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

چٹوری: [ار۔ صف۔ مث] دیکھیے "چٹورا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چٹوری کھووے اپنا گھر بٹوری کھووے دو جا گھر / چٹورا کھاوے اپنا گھر بٹورا کھاوے دونوں گھر: [ار۔ مثل] پیٹو تو کھا پی کر اپنا گھر اجاڑتا ہے مگر جمع کرنے والا اپنا بھی اور دوسرے کا بھی۔

چٹوری زبان دولت کا زیان / کی ہان: [ار۔ مثل] چٹورا آدمی کبھی امیر نہیں ہو سکتا۔

چٹھا: [ار۔ اند] (۱) وہ داغ جو بدن کی جلد پر خون کی گرمی اور جوش سے پیدا ہوتا ہے / پڑ جاتا ہے (۲) نادر۔ نفیس چیزیں / مٹھائیاں۔

چٹھا: [ہ۔ اند] (۱) گاؤں کی زمینوں کا حساب (۲) مال گزاری کا حساب (۳) کرایوں کی فہرست (۴) فہرست تنخواہ۔ قبض الوصول (۵) چندے یا روزنامچے کی کتاب (۶) ضلع کے جاگیرداروں کی فہرست (۷) تنخواہ یا اُجرت جو روزانہ یا ماہ بماہ تقسیم کی جائے (۸) خزانچی کے نام حکم (۹) مسودہ۔ کھرا۔ کچا حساب (۱۰) سزا کی مسل (۱۱) فہرست۔ فرد ضمیمہ۔

چٹھا بانٹنا: [ار۔ محاورہ] تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا۔

چٹھا باندھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) فہرست۔ حساب مرتب کرنا۔ اسباب کی فرد بنانا۔ (۲) چندہ کرنا۔ باچھ ڈالنا (۳) اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔

چٹھا بٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "چٹھا بانٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چٹھا بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "چٹھا باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چٹھا تیار کرنا / مرتب کرنا: [ار۔ محاورہ] سزا کی مسل تیار کرنا۔

چٹھا تیار ہونا / مرتب ہونا: [ار۔ محاورہ] سزا کی مسل تیار ہونا۔

چٹھی: [ار۔ امث] (۱) خط۔ رقعہ۔ نامہ۔ پُرزہ۔ پروانہ (۲) سند۔ کارگزاری کا پرچہ جو افسر ماتحتوں کو لکھ دیتے ہیں (۳) سرٹیفکیٹ جو مالک نوکر کو نوکری چھوڑنے پر لکھ دیتے ہیں۔ (۴) چِٹ۔ وہ کاغذ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر یادداشت کے لیے لگا دیتے ہیں (۵) کاغذ کا ٹکڑا جس پر قیمت لکھ کر چیزوں کے ساتھ لٹکا دیتے ہیں یا تھان میں رکھ دیتے ہیں (۶) ہُنڈی۔ چیک (۷) اجازت نامہ۔ پاس (۸) حکم۔ فرمان (۹) ایک قسم کا مہذب جوا، جب کوئی مال بیچنا ہو تو تمام خریداروں پر اس کی قیمت تقسیم کر کے روپیہ جمع کر لیتے ہیں۔ پھر کاغذوں پر علیحدہ علیحدہ نام لکھ کر علیحدہ رکھ دیتے ہیں اور اتنے ہی خالی کاغذوں پر نام لکھ کر علیحدہ رکھ دیتے ہیں۔ پھر ایک ایک کاغذ دونوں طرف سے اٹھاتے ہیں۔ جس کے نام کے ساتھ مال کا کاغذ نکل آئے اسے مال مل جاتا ہے۔

چٹھی پڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز پر قرعہ پڑنا۔ لاٹری پڑنا۔

چٹھی ڈالنا: [ار۔ محاورہ] قرعہ ڈالنا۔ قرعہ بازی میں چندہ دینا۔ لاٹری ڈالنا۔

چٹھی رساں: [ار۔ ف اند] ڈاکیا۔ ڈاک بانٹنے والا سرکاری ملازم۔

چٹھی کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے نام پر ہُنڈی کرنا۔ ہُنڈی لکھنا۔

چٹھی نویس: [ار۔ اند] (۱) چٹھی لکھنے والا (۲۔ مث) وہ عورت جو امیروں کے گھر میں لکھنے پڑھنے کا کام کرتی ہے۔

چٹھی نہ پروانہ۔ مار کھائیں۔ ملک بیگانہ: [ار۔ مثل] حکومت کی بدنظمی اور حاکم کی غفلت سے بدمعاش خواہ مخواہ لوگوں کو لوٹتے پھرتے ہیں۔

چٹخے مٹھے : [ار-اند] عمدہ لذیذ کھانے اور مٹھائیاں۔

چٹخے مٹھوں کا مزہ پڑنا : [ار-محاورہ] لذیذ کھانوں اور غذاؤں کی چاٹ پڑنا۔

چٹی : [ار-امث] دیکھئے "چٹا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چٹی / چُٹی : [ھ-امث] چوٹی۔ چُٹیا۔

چٹی : [ھ-حرف] (۱) جرمانہ۔ تاوان (۲) ٹوٹا۔ خسارہ (۳) وہ زرِ نقد جو کسی کو بہ جبر دیا جائے۔

چٹی بھرنا : [ار-محاورہ] تاوان بھرنا۔ نقصان اُٹھانا۔ رشوت دینا۔

چٹی دھرنا : [ار-محاورہ] تاوان بھرنا۔ ڈنڈ دینا۔

چٹے : [ار-اند] دیکھئے "چٹا" جس کی یہ جمع ہے۔

چٹے بٹے : [ار-اند] (۱) چھوٹے بچوں کے ایک قسم کے کھلونے (۲) وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری تماشے میں دکھاتے اور لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں۔

چٹے بٹے لڑانا : [ار-محاورہ] لگائی بجھائی کرنا۔ لڑائی جھگڑا کرانا۔ شعبدہ بازی دکھانا۔

چُٹیا : [ار-امث] دیکھئے "چوٹی" جس کی یہ تصغیر ہے۔

چُٹیا کو تیل نہیں پکوڑوں کو جی چاہے : [ار-مثل] ضروری چیزوں کے لئے تو ہے نہیں فضول باتوں پر خرچ کرتے ہیں۔

چُٹیانا : [ار-مص] زخم دینا۔ گھائل کرنا۔ ضرر پہنچانا۔ کُچلنا۔

چٹیایا ہوا : [ار-صف مفعولی] زخمی۔ گھائل۔

چٹیل : [ار-صف] (۱) کف دست۔ خالی۔ بغیر سبزے کے میدان۔ صاف (۲) لالچی۔ حریص (۳-مذ) کبوتر جو مختلف مکانات سے دانہ کھاتا ہے۔

چٹیل میدان : [ار-اند] کفِ دست میدان۔ وہ میدان جس میں سبزے یا درخت کا نام و نشان نہ ہو۔

چُٹیل / چُٹیلا : [ھ-حرف] (۱) زخم خوردہ۔ چوٹ کھائے ہوئے (۲) صدمہ پہنچا ہوا (۳) چوٹ کھایا ہوا پھل۔

چُٹیل ڈالنا / چُٹیلنا : [ار-مص] دیکھئے "چُٹیانا"

چ - ج

چجی : [ھ-امث] بچے مٹھائی کو کہتے ہیں۔ "چیز" کی تصغیر اور چیز کا بگاڑ۔

چ - چ

چچا : [ھ-اند] باپ کا چھوٹا بھائی۔

چچا بنا کے / کر کے چھوڑنا : [ار-محاورہ] ٹھیک بنانا۔ سخت سزا دینا۔ بدلہ لے کے دم لینا۔

چچا بنانا : [ار-محاورہ] ٹھیک کرنا۔ سزا دینا۔

چچا بننا : [ار-محاورہ] سزا ملنا۔ ٹھیک ہونا۔ مار کھانا۔

چچا چور بھتیجا قاضی : [ار-مثل] گھر کا ہی معاملہ۔

چچا زاد بھائی : [ار-ف-اند] چچیرا بھائی۔ چچا کا بیٹا۔

چچا زاد بہن : [ار-ف-امث] چچیری۔ چچا کی بیٹی۔

چچڑ / چچڑا : [ھ-اند] ایک کیڑا جو کتوں اور مویشیوں کے جسم پر چمٹا رہتا ہے۔

چچڑ : [ھ-اند] بڑا پستان۔ بڑا تھن

چچڑی : [ھ-امث] دیکھئے "چچڑ" جس کی یہ تصغیر اور تانیث ہے۔

چچڑی ہو کر چمٹنا : [ار-محاورہ] پیچھے لگ جانا۔ ہمہ تن مصروف ہونا۔

چچڑی ہو کر لپٹ جانا / لپٹنا : [ار-محاورہ] دیکھئے "چچڑی ہو کر چمٹنا"

چُچکارنا : [ھ-مص] پیار کرنا۔ پُچکارنا۔ چُمکارنا۔ پچکار کی آواز مُنہ سے نکالنا۔

چُچکاری : [ھ-امث] پیار کی آواز۔ چمکاری۔

چچوڑنا / چچوڑنا : [ار-مص] (۱) چوسنا۔ بچہ کا چھاتیوں کو چوسنا (۲) گوشت یا ہڈی کو چوسنا۔

چچی : [ھ-امث] چچا کی بیوی۔

چچیا ساس : [ھ-امث] خاوند یا بیوی کے چچا کی بیوی۔

چچیا سسرا : [ار-اند] خاوند یا بیوی کا چچا۔

چچیرا : [ار-اند] چچا زاد بھائی۔

چچیری : [ار-امث] چچا زاد بہن۔

چچیرے : [ار-اند] وہ رشتہ دار جو چچا کی اولاد ہوں۔

چچیرے ممیرے بڑتلے بہتیرے : [ار-مثل] امیر آدمیوں کے بہت رشتے دار بن جاتے ہیں۔

چچینڈا : [ھ-اند] ایک ترکاری۔ ککڑی کی شکل کی لمبی ترکاری جس پر سفید چتی دار نشان ہوتے ہیں اور یہ بہت نرم اور ملائم ہوتی ہے۔

چ - خ

چخ : [ف-امث] زبانی جھگڑا۔ تکرار۔ قضیہ۔ فساد۔ جس میں مار پیٹ نہ ہو۔ (افعال : چلنا۔ ہونا)

چخ چخ : [ف-امث] لفظی تکرار۔ جھک جھک۔ لڑائی کے بٹیروں کے بولنے کی آواز۔

چخ چخی : [ف-امث] دو لکڑیاں یا ٹھیکریاں جن کو فقیر بجاتے اور مانگتے ہیں۔ دو لکڑیاں یا دو پتھر جسے سینہ زنی کے وقت ہاتھوں میں لے کر بجاتے ہیں۔ ایک قسم کا خنجر۔

چخا چخ : [ف-امث] تلوار مارنے کی آواز۔ تلواروں کی جھنکار۔

چخوانا : [ار-مص] دیکھئے "چیخنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چخے : [ار-کلمہ نفرین] دُور ہو۔ چل پرے ہٹ۔ باتیں نہ بنا۔

چخے مُردار : [ار-کلمہ نفرین] دُور ہو کم بخت۔

چخیا : [ار-صف] جھگڑالو۔ بکواسی۔ ججی۔

چ - د

چُدّاسس : [ار۔ امث] چُدانے کی خواہش ۔ عورت کی خواہش جماع ۔ شہوت ۔
چُدانا : [ار۔ مص] عورت کا مرد سے جماع کرانا ۔
چُدائی : [ار۔ امث] (۱) فرج ۔ عورت کی شرمگاہ (۲) جماع ۔ چُدانا ۔ (۳) چُدانے کی اُجرت ۔ خرچی ۔
چدّر : [ار۔ امث] دیکھئے " چادر " جس کا یہ مخفف ہے ۔
چدّریا : [ار۔ امث] دیکھئے " چادر " جس کی یہ تصغیر ہے ۔
چُدکّڑ : [ار۔ صفت] چُدوانے کا عادی ۔ شہواتی (۲۔ مذ) زانی شخص ۔ شہوتی آدمی ۔
چُدنا : [ار۔ مص] جماع ہونا ۔ زنا ہونا ۔
چُدّو : [ار۔ عرف۔ مث] فاحشہ عورت ۔ بدکار عورت ۔
چُدوانا : [ار۔ مص] دیکھئے " چُدانا "

چ ۔ ڈ

چڈّا : [ار۔ اند] ایک کلمہ ہے جو مذاقاً کہا جاتا ہے ۔ مسخرا (۲) ران کی جڑ ۔ جانگھ ۔
چڈّا گل خیرو : [ار۔ عرف] نقل مجلس ۔ مسخرا ۔
چڈّو : [ار۔ صفت ۔ امث] حرامزادی ۔ قحبہ ۔ زانیہ ۔ بدذات ۔ ایک گالی عورتوں کے متعلق ۔
چڈّھا : [ار۔ اند] (۱) ران کے اُوپر کا جوڑ ۔ بُن ران (۲) ایک قسم کا پھوڑا ۔ کگرالی ۔
چڈّھی : [ار۔ امث] پیٹھ کی سواری ۔ انسان یا حیوان کی (افعال: چڑھنا ۔ دینا ۔ لینا)
چڈّھی توڑنا : [ار۔ محاورہ] پیٹھ کی سواری لینا ۔ پُشت پر چڑھنا ۔
چڈّھی چڑھانا : [ار۔ محاورہ] کسی کو اپنی پیٹھ پر چڑھاکر سواری دینا ۔
چڈّھی چڑھنا : [ار۔ محاورہ] کسی کی پیٹھ پر سوار ہونا ۔
چڈّھی دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹھ کی سواری دینا (۲) اغلام کرانا
چڈّھی لینا : [ار۔ محاورہ] پیٹھ کی سواری لینا ۔

چ ۔ ر

چَر : [ہ۔ امث] (۱) کپڑا پھٹنے کی آواز (۲) وہ جگہ جہاں دریا میں ریت جم جاتی ہے ۔ (۳) بڑا چرلیا ۔
چرمر : [ہ۔ اصوت ۔ مث] جوتے کی آواز جو چلتے وقت نکلتی ہے ۔
چرچر : [ہ۔ اصوت ۔ مث] سوکھے ہوئے پتوں کے مُڑنے یا ٹوٹنے کی آواز ۔
چرمُر : [ہ۔ ا صفت] سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ پھوٹ کر چُور چُور ہو جانا ۔ مُرجھا کر چھوٹا سا ہو جانا ۔ انسان کا حیوان کا سوکھا جس سے بدن میں ہڈیاں ہی ہڈیاں رہ گئی ہوں ۔ سوکھا انسان یا حیوان ۔
چرا : [ف۔ متعلق فعل] کیوں ۔ کس واسطے ۔ کس لئے ۔ کس طرح ۔

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی : [ف۔ مثل] آدمی کو ایسا کام ہی نہیں کرنا چاہئے جس سے بعد میں پچھتانا پڑے ۔
چرّاٹا : [ہ۔ اصوت مذ] کاغذ یا کپڑا پھٹنے کی آواز ۔
چراغ / چِراغ : [ف۔ اند] (۱) وہ برتن جس میں تیل اور بتی ڈال کر روشنی کرتے ہیں ۔ دیا ۔ لیمپ ۔ سراج ۔ شمع ۔ بتی (۳) بیٹا ۔ فرزند ۔ لڑکا (۴) گھوڑے کا پچھلے پاؤں کے بل کھڑا ہونا (۵) راہنما ہادی ۔ رہبر (۶) روشنی ۔ ضیا ۔ رونق ۔
چراغ آسماں : [ف۔ اند] سورج ۔ آفتاب ۔
چراغ اوف کردینا : [ار۔ محاورہ] بجھا دینا
چراغ اُکسانا : [ار۔ محاورہ] بتی اُونچی کر دینا ۔
چراغ بتی : [ار۔ امث] (۱) چراغ کی بتی (۲) چراغ اور بتی (۳) لیمپ ۔ دیا ۔
چراغ بتی کا وقت : [ار۔ اند] شام کا وقت ۔
چراغ بتی کرنا : [ار۔ محاورہ] دیا جلانا ۔ روشنی کا سامان کرنا ۔
چراغ بتی ہونا : [ار۔ محاورہ] دیا جلنا ۔ روشنی کا سامان ہونا
چراغ بجھا دینا / بجھانا : [ار۔ محاورہ] چراغ کی روشنی ختم کر دینا ۔
چراغ بجھنا : [ار۔ محاورہ] چراغ کی روشنی ختم ہونا ۔ روشنی بند ہونا ۔
چراغ بحری : [ار۔ اند] مینار جس پر سمندر میں روشنی کرتے ہیں ۔ (اکاس ۔ دیا)
چراغ بڑا ہونا : [ار۔ محاورہ] چراغ بجھ جانا ۔
چراغ بڑھانا / بڑھ جانا / بڑھنا : [ار۔ محاورہ] چراغ بجھانا / بجھنا ۔
چراغ پا : [ار۔ اند] (۱) شمعدان (۲) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا (۳) خفا ہونا (افعال: کرنا ۔ ہونا)
چراغ پاؤں گرنا : [ار۔ محاورہ] آدمی کا ٹھوکر کھا کر گرنا ۔
چراغ پاؤں ہونا : [ار۔ محاورہ] گھوڑے کا الف ہونا ۔
چراغ تربت : [ار۔ اند] چراغ جو قبر پر جلایا جاتے ۔
چراغ تلے اندھیرا : [ار۔ مثل] ایسے وقت کہا جاتا ہے جب دارالخلافے کے قرب وجوار میں بدانتظامی ہو ۔
چراغ تہ دامن : [ار۔ اند] چراغ اپنے دامن کے نیچے بجھنے سے بچانے کے لئے رکھتے ہیں ۔
چراغ تیز کرنا : [ار۔ محاورہ] بتی اکسا کر چراغ کی روشنی زیادہ کرنا
چراغ ٹمٹمانا : [ار۔ مص مرکب] چراغ کا ذرا ذرا روشنی دینا ۔
چراغ ٹھنڈا کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے " چراغ بجھانا "
چراغ ٹھنڈا ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے " چراغ بجھنا "
چراغ جلانا : [ار۔ مص مرکب] چراغ کی بتی کو آگ لگانا ۔ چراغ روشن کرنا ۔
چراغ جلنا : [ار۔ مص مرکب] چراغ کی بتی کو آگ لگنا ۔ چراغ روشن ہونا ۔
چراغ جلے : [ار۔ متعلق فعل] سرشام ۔ جھٹ پٹے کے وقت ۔
چراغ چاق کرنا : [ار۔ مص مرکب] چراغ تیز کرنا ۔

راغ چشم : [ار ۔ اند] بیٹا ۔

اغ خاموش / مُردہ : [ف ۔ صف] بجھا ہوا چراغ (فعل : کرنا ۔ ہونا)

اغ خاموش ہونا : [ار ۔ محاورہ] چراغ بجھنا ۔

اغ دان : [ار ۔ اند] شمعدان ۔ وہ لکڑی جس پر چراغ جلاتے ہیں ۔

راغ دِکھانا / دِکھلانا : [ار ۔ محاورہ] سفنے میں روشنی دکھانا ۔ چراغ ہمراہ لے کر جانا ۔

اغ رخصت ہونا : [ار ۔ محاورہ] چراغ بجھنا

اغ روز : [ار ۔ اند] سورج ۔

اغ روشن کرنا : [ار ۔ مع کرم] چراغ جلانا ۔

اغ روشن مراد حاصل : [ار ۔ مثل] بامراد ۔ خانہ آباد ۔

راغ سپہر : [ار ۔ اند] سورج ۔ چاند ۔ ستارے ۔

راغ سحر : [ار ۔ اند] صبح کا ستارہ (۲ ۔ صف) ناپائیدار ۔ زوال کے قریب ۔

راغ سحری : [ار ۔ اند] چراغ جو صبح کو بجھنے کے قریب ہو ۔ (۲ ۔ صف) قریب مرگ ۔

راغ سدھارنا : [ار ۔ محاورہ] دیا بجھ جانا ۔

راغ سے پھول جھڑنا : [ار ۔ محاورہ] چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا ۔ اس سے خوشی کا شگون لیتے ہیں ۔

راغ سے چراغ جلتا ہے : [ار ۔ مثل] ایک کو دوسرے سے فائدہ ہوتا ہے ۔

راغ صبح : [فع ۔ صف] دیکھئے "چراغ سحری"

راغ کا ہنسنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "چراغ سے پھول جھڑنا"

راغ کو ہاتھ دینا : [ار ۔ محاورہ] چراغ بجھانا ۔

راغ کی بتی : [ار ۔ امث] وہ بتی جسے چراغ میں ڈال کر جلائیں ۔

راغ کے تلے اندھیرا : [ار ۔ مثل] دیکھئے "چراغ تلے اندھیرا"

راغ گل پگڑی غائب : [ار ۔ مثل] آنکھ بچی اور مال اڑا لیا ۔ جب کوئی دوسرے کو غافل پاکر مال اڑا لے ۔

راغ گل کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) چراغ بجھانا (۲) گھر تباہ کرنا ۔

راغ گل ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) چراغ بجھنا (۲) گھر تباہ ہونا ۔

راغ گور / مزار : [ار ۔ اند] دیکھئے "چراغ تربت"

راغ لے کر ڈھونڈنا : [ار ۔ محاورہ] بہت تلاش کرنا ۔ بہت محنت اور تجسس سے تلاش کرنا ۔

راغ مفلساں نور ندارد : [ار ۔ مثل] مفلس کی اچھائی میں بھی برائی ہوتی ہے ۔

راغ میں بتی پڑنا : [ار ۔ محاورہ] چراغ جلنا ۔ شام کا وقت ہو جانا ۔

راغ میں بتی آنکھ پر پٹی / چراغ میں بتی پڑی لاڈو میری نت چڑھی : [ار ۔ مثل] شام ہوتے ہی سونے کی تیاری ہونا ۔

راغا : [ار ۔ اند] گداگروں کی اصطلاح میں ۔ ایک پیسہ ۔

راغاں : [ف ۔ اند] چراغ کی جمع ۔ روشنی ۔ بہت سے چراغوں کا اکٹھا جلنا ۔

چراغی : [ار ۔ امث] نذرانہ ۔ تحفہ ۔ بھینٹ (۲) وہ روپیہ جو کسی مزار پر فاتحہ پڑھنے کے بعد چراغ دان میں رکھ دیتے ہیں تاکہ مزار کے اخراجات روشنی میں خرچ کیا جاسکے (۳) وہ رقم جو مزارات پر ان کے اخراجات کے لئے عوام پیش کرتے ہیں ۔

چراغی چڑھانا : [ار ۔ محاورہ] بھینٹ چڑھانا ۔ فاتحہ کے وقت کچھ نقدی مزاروں کے خزانہ میں ڈالنا ۔

چراغی لینا : [ار ۔ محاورہ] نذر لینا ۔

چراگاہ / چراگہ : [ار ۔ امث] جانوروں کے چرنے کی جگہ ۔ جنگل ۔ سبزہ زار ۔

چرانا : [ار ۔ مص] (۱) جانوروں کو جنگل میں لے جاکر گھاس کھلانا (۲) فریب دینا ۔ (۳) احمق بنانا ۔ بے وقوف بنانا ۔

چرّانا : [ار ۔ مص] نرم زخم خشک ہو کر درد کرنا ۔ دوا خشک ہو کر یا ہو جانے کے بعد زخم درد کرنا ۔

چِرانا : [ار ۔ مص] لکڑی کٹوانا ۔ پھوڑے وغیرہ کو چیرا دلوانا ۔

چُرانا : [ار ۔ مص] (۱) چوری کرنا (۲) چھپانا ۔ بچانا (۳) اغماض کرنا (۴) چوسنا ۔ جذب کرنا ۔

چراند / چراہند : [ار ۔ اند] بال یا چمڑے وغیرہ کے جلنے کی بدبو ۔

چراند : [ار ۔ امث] دیکھئے "چراگاہ"

چراندا / چراہندا : [ار ۔ صف] (۱) چراند کا بسا ہوا ۔ بدبودار (۲) بدمزاج ۔ تنک مزاج ۔

چراندا ہونا : [ار ۔ محاورہ] ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔ ذرا ذرا سی بات پر بگڑنا ۔

چراؤ (بکسر اول) : [ار ۔ اند] شگاف ۔ درز ۔ وہ نشان جو لکڑی چرنے سے ظاہر ہو ۔

چرائی (بفتح اول) : [ار ۔ امث] (۱) مویشیوں کو چرانے کی اجرت (۲) جنگل کا محصول جو مویشیوں کے چرنے کے عوض لیا جائے / دیا جائے ۔

چرائی (بکسر اول) : [ار ۔ امث] (۱) لکڑی چیرنے کا عمل (۲) لکڑی چیرنے کی اجرت ۔

چرائیتا : [ہ ۔ اند] ایک قسم کی کڑوی بوٹی جو بطور دوا مستعمل مصفی خون اور دافع بخار سوداوی ہوتی ہے ۔

چرب : [ف ۔ حرف] (۱) چکنا ۔ روغنی (۲) فربہ ۔ موٹا ۔ لحیم شحیم (۳) غالب تیز ۔ زیادہ (۴) گاڑھا ۔ غلیظ ۔ کثیف ۔

چرب دست : [ف ۔ صف] چالاک ۔ ہوشیار ۔ (۲ ۔ مذ) دست کار ۔ ہنرمند ۔ کاریگر ۔

چرب دستی : [ف ۔ امث] دیکھئے "چرب دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

چرب زبان : [ف ۔ صف] شیریں کلام ۔ خوشامدی ۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا ۔

چرب زبانی : [ف ۔ امث] دیکھئے "چرب زبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

چرب غذا : [ف ۔ صف] وہ غذا جس میں روغن (گھی) زیادہ ہو ۔ لذیذ غذا

چرب کر لینا : [ار ۔ مع کرم] تھوڑے سے گھی میں بھون لینا ۔

چرب کرنا : [ار ۔ مع کرم] گھی یا تیل لگانا یا چھڑکنا ۔ نرم کرنا ۔ چکنا کرنا ۔

چرب ہو جانا / ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) ہوشیار ہو جانا (۲) بھن جانا

(۳) تیز ہوجانا۔
چَرب زَبانک / چَرب باک : [ار۔صف] (۱) چالاک ۔عیار (۲) گستاخ ۔زبان دراز (۳) فریبی ۔ مکّار ۔
چَرب زَبانک دیدہ : [ف۔صف] نڈر اور شوخ چشم ۔
چَرب بَاک : [ار۔صف] چالاک ۔بے باک ۔ ہوشیار ۔
چَربَہ : [ف ۔اند] (۱) روغنی کاغذ ۔جس کے ذریعہ خاکہ اتارا جاتا ہے (۲) خاکہ (۳) دودھ کی بالائی (۴) نقل ۔
چَربَہ اُتارنا : [ار۔محاورہ] (۱) خاکہ اُتارنا ۔ ہو بہو نقل اُتارنا (۲) اندازہ یا ڈھنگ اڑا لینا ۔
چَربَہ اُترنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "چربہ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
چَربی : [ف۔امث] (۱) وہ سفید اور چکنا مادہ جو رطوبت اور خون سے پیدا ہوتا ہے اور جسم میں گوشت کے اوپر جم جاتا ہے (۲) چکنائی ۔ روغن ۔
چَربی اُتارنا : [ار۔محاورہ] گوشت سے چربی علیحدہ کر لینا ۔
چَربی اُترنا : [ار۔محاورہ] (۱) دیکھئے "چربی اتارنا" جس کا یہ لازم ہے ۔ (۲) دُبلا ہوجانا ۔ کمزور ہوجانا ۔
چَربی چھائی آنکھن میں تو ناچن لاگی آنگن میں : [ار۔مثل] پیٹ بھر گیا تو کمینہ پن کی باتیں کرنے لگی ۔بے حیائی اختیار کی ۔
چَربی کی باتیں : [ار۔امث] چکنی چپڑی باتیں ۔
چَربی مِلانا : [ار۔محاورہ] گھی میں چربی پگھلا کر ملا دینا / شامل کرنا ۔
چَربی مِلنا : [ار۔محاورہ] گھی میں چربی شامل ہونا ۔
چَربیانا : [ار۔مص جبلی] موٹا ہونا ۔ فربہ ہونا
چَرپَرا : [ار۔صف] تیز تند گرم ۔چٹپٹا ۔ مصالح دار ۔ مرچوں والا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔
چَرپَرانا : [ار۔مص] مرچیں لگنا ۔ تیزی کرنا ۔
چَرپَراہَٹ : [ار۔امث] (۱) تندی ۔ تیزی ۔ مرچوں کا لگنا (۲) سوزش ۔ جلن ۔
چَرپَری : [ار۔صف] دیکھئے "چرپرا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
چَرپَڑیا : [ار۔صف] (۱) چالاک ۔ ہوشیار (۲) دستکار ۔ کاریگر ۔
چَرپُوز : [ف ۔صف] (۱) بے قاعدہ ۔ بے ترتیب (۲) کمینہ ۔ رذیل ۔ سفلہ پن ۔ بیہودہ (۳) کمزور ۔ ڈھیلا ڈھالا (۴) نکما ۔ بے فائدہ (۵) بیوقوف ۔ احمق (۶) شریر ۔ بدذات (۷) کنجوس ۔ بخیل ۔ شوم ۔
چَرِت : [س ۔صف] (۱) گیا ہوا ۔ رفتہ (۲) کیا ہوا ۔ حاصل کیا ہوا ۔ کام کیا ہوا ۔ رائج ۔
چَرِتر / چَرِتّر : [س۔اند] (۱) کام ۔ فعل (۲) رویہ ۔ چلن ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ ۔ لچھن ۔ چال ڈھال (۳) عادت ۔ مشق ۔ رسم و رواج (۴) چالاکی ۔ چھل ۔ فریب ۔ جال (۵) عورتوں کا فریب یا مکر (۶) سیر و سیاحت سرگزشت ۔ ماجرا ۔ مہم (۷) قصّہ ۔ کہانی ۔کسی واقعہ کا ذکر (۸) طبیعت سرشت (۹) خاصیت ۔خصوصیت (۱۰) خوبی ۔ وصف ۔ گُن ۔
چُرُٹ : [ار۔اند] سگار ۔ تمباکو کے پتے کی لپیٹ کر نَلی سی بنا دیتے ہیں جسے آگ لگا کر پیتے ہیں ۔

چَرچ : [انگ۔اند] گرجا ۔ کلیسا ۔ (CHURCH)
چَرچا : [ار۔اند] (۱) ذِکر ۔ تذکرہ (۲) صلاح ۔ گفتگو ۔ مشورہ ۔ (۳) شُہرت ۔
چرچا پھیلنا : [ار۔محاورہ] کسی بات کا مشہور ہوجانا ۔کسی بات کا شائع ہونا ۔
چَرچا کرنا : [ار۔مص مرکب] ذکر کرنا ۔ تذکرہ کرنا
چَرچا ہونا : [ار۔محاورہ] (۱) افواہ ہونا ۔ شہرت ہونا (۲) برائی کے ساتھ ذکر ہونا ۔ کسی علمی کام کی طرف توجہ ہونا ۔
چرچبیتا : [ہ۔اند] ایک بھُنا ہوا غلہ جس کو مزدور کھاتے ہیں ۔
چَرچٹا : [ار۔اند] ایک خار دار پودا جس کی بالیں جَو کے مانند ہوتی ہیں ۔ اس کے غلہ کو غریب لوگ کھاتے ہیں ۔
چَرچَر : [ار۔اصوت ۔امث] (۱) نئی جُوتی کی آواز (۲) لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز (۳) لکھنے میں قلم کی آواز ۔
چرچر : [ار۔اصوت ۔مث] تیتر کی آواز ۔
چَرچَرانا : [ار۔مص] (۱) درد کرنا ۔ جلن ہونا (۲) چٹکنا ۔ (۳) لکڑی کا ٹوٹنے کی آواز دینا (۴) بہت باتیں کرنا ۔ بکواس کرنا (۵) چارپائی کا آواز دینا ۔
چَرچَراٹ : [ار۔امث] چرچرانے کا فعل ۔
چَرچَراہَٹ : [ار۔امث] تنک مزاجی ۔ زود رنجی ۔تُندخوئی ۔ چڑچڑاپن ۔
چَرچنا : [ار۔محاورہ] (۱) سمجھنا ۔ سوچنا ۔ خیال کرنا ۔ دھیان کرنا (۲) پُوجا کرنا ۔ احتیاط کے ساتھ پڑھنا (۳) بحث کرنا ۔ دہرانا
چَرخ : [ف ۔اند] (۱) پھرنے والا ۔ پہیا (۲) آسمان (۳) کنوئیں کے اُوپر کی چرخی (۴) ایک قسم کا باز (۵) گردش ۔ چکّر (۶) ایک آلہ جس پر ظروف مسی چڑھا کر صاف کرتے ہیں (۷) وہ لکڑی جس پر اونی کپڑے کو صاف کرتے ہیں ۔ (۸) کھنچی ہوئی کمان (۹) لکڑ بگڑ ۔
چَرخِ آبنُوس : [ف ۔اند] پہلا آسمان ۔
چَرخِ اَشہَب : [ف ۔اند] آسمان جس پر چاند ہے ۔
چَرخِ اَخضَر : [ف۔اند] نیلا آسمان جس پر ستارے ہیں ۔
چَرخِ اَطلَس : [ف۔اند] نواں آسمان جہاں پر خدا کا تخت ہے
چَرخِ اَکبَر : [ف ۔اند] دیکھئے "چرخ اَطلَس"
چَرخ اَنداز : [ف۔صف] تیر انداز ۔ کمان چلانے والا ۔
چَرخِ بَریں : [ف۔اند] دیکھئے "چرخ اَطلَس"
چَرخِ بے پیر : [ف ۔اند] عاشق معشوق سے جُدا ہونے کی وجہ گردشِ چرخ کو سمجھتے ہیں اس لئے عموماً اِسے گالیاں دیتے ہیں ۔
چَرخ پُوجا : [ار۔امث] ایک رسم جو نیچ قسم کے ہندوؤں میں جب سورج بُرج حمل میں داخل ہوتا ہے تو گناہوں کی معافی کے لئے ادا کی جاتی ہے ۔ شہتیر زمین میں گاڑ کر اس پر ایک گھومنے والی لکڑی کی گراری لگاتے ہیں اور ایک آدمی کی کمر میں لوہے کا کانٹا چبھو کر اسی سے اس گراری میں باندھ کر خوب گھماتے ہیں ۔ گھومنے والے کا مُنہ آسمان کی طرف ہوتا ہے جس کی وجہ سے چرخ پُوجا کہلاتی ہے ۔
چَرخ چڑھانا : [ار۔محاورہ] (۱) مسی ظروف کو خراد پر چڑھانا (۲)

سان پر رکھنا/ چڑھانا۔
چرخ چلنا : [ار۔ محاورہ] کنوئیں کے چرخ کا رسّی سے چلنا۔
چرخ چوں : [ار۔ صوت۔ امث] (۱) گاڑی۔ کنواں یا چرخ وغیرہ چلنے کی آواز (۲) دھیمی آواز (۳) آہستہ چال۔
چرخِ زریں : [ار۔ اند] چوتھا آسمان۔ جس پر سورج ہے۔
چرخ زن : [ار۔ صف] (۱) پھرنے والا۔ گھومنے والا (۲) وہ شخص جو چرخ کو چلائے۔
چرخ زنی : [ار۔ امث] دیکھئے "چرخ زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ گردشِ آسمان
چرخ سے مہتاب توڑلانا : [ار۔ محاورہ] کمال چالاکی کرنا۔
چرخ فلک : [ار۔ اند] (۱) عرش (۲) ایک پھول۔
چرخ کھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) چکر کھانا۔ گردش کھانا۔ گھومنا (۲) تاؤ کھانا۔ دھات کا پگھل کر پانی ہو جانا۔ پارہ کی طرح قطرے بنانا۔ سونے چاندی کو آگ میں ڈال کر امتحان کرنا۔
چرخ مارنا : [ار۔ محاورہ] (۱) دوری حرکت کرنا (۲) ناچنا۔
چرخ میں آنا : [ار۔ محاورہ] (۱) چکر کھانا۔ پھرنا گردش کرنا۔
چرخل : [ھ۔ صف] بڈھا۔ کھوسٹ۔ فرتوت۔
چرخہ : [ف۔ اند] (۱) سوت کاتنے کا ایک آلہ (۲) ایک قسم کا ناچ (۳) (صف) وہ مرد یا عورت جس کے بڑھاپے کی وجہ سے انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے ہوں (۴) پرانی اور کمزور گاڑی۔
چرخہ پونی : [ار۔ امث] (۱) چرخہ اور اس کے متعلق (کاتنے کا) سامان (۲) زنانہ ہنر۔ عورتوں کا کام۔
چرخہ پونی کرنا : [ار۔ محاورہ] چرخہ کاتنا۔ چرخہ کات کر گزارہ کرنا۔
چرخہ چلانا : [ار۔ معں مرکب] چرخہ کے ذریعے سوت کاتنا۔
چرخہ چلنا : [ار۔ معں مرکب] چرخہ سے سوت کتنا۔
چرخہ سا پھرنا : [ار۔ محاورہ] بہت پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔
چرخہ کاتنا : [ار۔ محاورہ] چرخے پر دھاگا بنانا۔ چرخہ چلانے کا کام کرنا۔
چرخہ ہوجانا : [ار۔ محاورہ] ضعیف ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا۔
چرخی : [ف۔ امث] (۱) روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی جو چھوٹتے وقت گھومتی ہے (۳) پانی کھینچنے کا پہیا جو کنوؤں پر لگا ہوتا ہے (۴) پھرکی (۵) اچکا جس پر ڈور پیٹتے ہیں (۶) وہ اوزار جس پر بادلا پیٹتے ہیں۔
چرخے کی ماہل/ مال : [ار۔ امث] وہ ڈورا جو چرخے پر رہتا ہے جو پہیے اور تکلے پر ہوتا ہے اور تکلے کو گھما کر دھاگے بننے اور تکلے لکڑی پر پیٹنے میں مدد دیتا ہے۔
چرز : [ف۔ اند] ایک قسم کا جنگلی پرندہ جس کا گوشت بہت لذیذ گنا جاتا ہے۔ (طلور)
چرس : [ہ۔ اند] (۱) ایک قسم کا نشہ جو بھنگ کے پتوں سے تیار ہوتا ہے اور تمباکو کی طرح پیا جاتا ہے (۲) چمڑے کا بڑا ڈول۔ جس سے آبپاشی کے لئے پانی نکالتے ہیں۔

چڑس : [ہ۔ امث] فرش یا کپڑے کی شکن سلوٹ چنک (۲) دشمنی۔ مخالفت۔ غصہ۔
چرسا : [ہ۔ اند] (۱) دیکھئے "چرس نمبر۲" (۲) بیل یا بھینسے کا چمڑا۔ دھوڑی۔
چرسا بھر زمین : [ہ۔ ار۔ امث] تھوڑی سی زمین۔ یعنی اتنی زمین جس میں بھینس یا گائے بیٹھ سکے۔
چرسی/ چرسیا : [ہ۔ صف] (۱) چرس پینے والا۔ نشہ باز آدمی (۲) چرس کو کنوئیں سے نکالنے والا۔
چرسی یار کس کے دم لگایا کھسکے : [ار۔ مثل] مطلبی آدمی اپنا کام نکلنے کے بعد آنکھ نہیں ملاتا۔
چرغ : [ف۔ اند] (۱) ایک درندہ۔ (تیندوا) (۲) باز یا شکرے کی قسم کا ایک پرندہ۔
چرغد : [ف۔ اند] جھینگر۔
چرغم چرغم کرنا : [ار۔ محاورہ] چخ پخ کرنا۔ بک بک کرنا۔ کھسر پھسر کرنا۔
چرغین/ چرغینہ : [ف۔ صف] (۱) کمینہ۔ سفلہ۔ رذیل۔ نیچ (۲) بھینگا شخص (۳) بدمعاش۔ بدچلن۔
چرغینی : [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "چرغین/ چرغینہ" جس کی یہ تانیث ہے۔
چرک : [ف۔ اند] (۱) میل۔ پاخانہ۔ غلاظت (۲) پیپ (۳) زنگ۔
چرک آلود : [ف۔ صف] میلا۔ گندہ۔
چرک دھانس : [ف۔ امث] آئے دن کا روگ۔ ہر روز کی بیماری (۲) جھگڑا۔ ٹنٹا۔
چرکا : [ف۔ صف] (۱) ہلکا سا زخم (۲) داغ (۳) نقصان۔ ضرر۔
چرکا دینا/ لگانا : [ار۔ محاورہ] (۱) زخم لگانا (۲) داغ دینا (۳) ایذا دینا۔ نقصان پہنچانا۔
چرکا کھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) خفیف سا زخم لگنا (۲) نقصان برداشت کرنا۔
چرکٹا : [ہ۔ صف] (۱) ہاتھی کا چارہ لانے والا۔ گھسیارا۔ فیل بانوں کا پیش خدمت (۲) کمینہ آدمی۔ رذیل آدمی۔
چرکنا : [ار۔ معں] تھوڑا تھوڑا ہگنا۔
چرکنا : [ار۔ معں] (۱) چہچہانا۔ بولنا (۲) بہت باتیں کرنا۔ گپ شپ ہانکنا۔
چرکیں : [ف۔ صف] پلید۔ نجس۔ غلیظ۔ ایک غلیظ گو اردو شاعر کا تخلص۔
چرم : [ف۔ اند] چمڑا۔ کھال۔ پوست۔ ادھوڑی۔
چرمی : [ف۔ صف] چمڑے کا بنا ہوا۔
چرن : [س۔ اند] (۱) پاؤں۔ قدم (۲) جوتا۔ پاپوش (۳) رکن۔ ستون۔ (۴) نچلا حصہ۔ جڑ (۵) مصرع (۶) پیدل سپاہی (۷) فرقہ۔ سلسلہ (۸) چلن۔ طریقہ۔ عمل (۹) اچھا چال چلن۔
چرن بردار : [ھ۔ ف۔ اند] کفش بردار۔ امیروں کے جوتے اٹھانے والا۔ خادم۔
چرن لینا/ چھونا : [ھ۔ محاورہ] قدم لینا۔ پاؤں پڑنا۔ خدمت کرنا۔

چَرنا : [ار-معص] (۱) گھاس کھانا - چگنا (۲) پرورش پانا - کھانا -
چُرنا : [ار-امذ] گھٹنا - چھوٹا پاجامہ -
رِچرنا : [ار-معص] لکڑی کا دو ٹکڑے ہونا - پھٹنا -
چُرنا : [ھ-امذ] ایک قسم کے باریک سفید کیڑے جو بچوں کے پیٹ میں پڑ جاتے ہیں، جو سُوت کی مانند ہوتے ہیں -
چرند/چرندہ : [ف-امذ] چرنے والا - چوپایہ - حیوان -
چرندم/خُورندم : [ار-امذ] کھانے پینے کا شغل -
چــرندم/خورندم کرجانا : [ار- محاورہ] کھا پی جانا - خورد بُرد کر جانا -
چـُـرنوں : [ھ-امذ] دیکھیے "چرَن" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے
چرنوں سے لگنا : [ار محاورہ] خدمت میں رہنا - حفاظت میں رہنا -
چرنوں میں رہنا/ہونا : [ار- محاورہ] دیکھیے "چرنوں سے لگنا"
چـــرنی : [ھ-امث] وہ ٹوکرا یا برتن وغیرہ جس میں جانوروں کو چارہ وغیرہ کھلاتے ہیں
چُرنے : [ھ-امذ] دیکھیے "چُرنا" جس کی یہ جمع ہے -
چُرنے لگنا : [ار-محاورہ] ناگوار گزرنا -
چروا : [ھ امذ] بڑی ہانڈی -
چَروانا : [ار-معص] مویشیوں کا چرانا - مویشیوں کو چرائی پر بھیجنا -
چِروانا : [ار-معص] لکڑیوں کے ٹکڑے کروانا -
چُروانا : [ار-معص] چوُ...لنا - (چُرانا کا متعدی)
چَرواہا : [ار-امذ] مویشیوں کو چرانے والا گڈریا -
چَروائی : [ار-امث] دیکھیے "چَرائی"
چِروائی : [ار-امث] دیکھیے "چِرائی"
چرونجی : [ھ-امث] ایک درخت اور اس کا پھل - یہ پھل چھوٹے بیر کی مانند اور نیلے رنگ کا ہوتا ہے - دواؤں میں کام آتا ہے -
چَروِی : [ھ-امث] دیکھیے "چروا" جس کی یہ تصغیر ہے -
چرہی : [ھ-امث] ایک بڑا ظرف جس میں چوپاؤں کو دانہ یا چارہ کھلاتے ہیں - ناند -
چَری : [ھ-امث] جوار کے ہرے پودے جو کاٹ کر جانوروں کو کھلائے جائیں (۲) زمین جس کا کرایہ اور مالگزاری نہ دیا جائے (۳) چرنا - گھاس کھانا (۴) (آدمی) مقررہ کھانے کے علاوہ کچھ اور کھانا -
چـــری باقی : [ھ-امث] کاغذ کے ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - کنکوا یا پتنگ پھاڑ ڈالنا -
چَری : [ھ-امث] (۱) ایک چھوٹا کنواں (۲) شیشہ یا لاکھ کی بنی ہوئی چوڑی
چری ہارا : [ھ-امذ] چوڑی گر - چوڑیاں بیچنے والا -

چ - ڑ

چڑ/چڑھ : [ھ-امث] ناگوار خاطر بات - وہ بات جس کا سننا ، دیکھنا ناگوار ہو -
چڑ/چڑھ نکالنا : [ار- محاورہ] چھیڑ نکالنا غصہ دلانا (۲) کھجانا -
چڑ/چڑھ ہونا : [ار- محاورہ] نفرت ہونا -
چِڑ : [ار-اصوت-مث] چٹخنے کی آواز - لکڑی کے پھٹنے کی آواز -
چُڑ : [ھ-امث] عورت کی شرم گاہ -
چـــڑا : [ار-امذ] (۱) ایک چھوٹا پرندہ - چڑیا کا مذکر - کنجشک نر - (۲) ایک قسم کا کنکوا -
چڑانا/چڑھانا : [ار-معص] (۱) دق کرنا - نفرت دلانا (۲) مُنہ بنانا (۳) کسی بات کی نقل کر کے غصہ دلانا (۴) طبیعت جلانا (۵) کھجانا -
چڑ بڑ کرنا : [ار- محاورہ] بڑبڑ کرنا - بکواس کرنا -
چڑ چڑ : [ار-اصوت- مث] چٹخنے کی آواز (۲) بک بک - بکواس -
چڑچڑا : [ار-صف] بدخو - تنک مزاج - بداخلاق - وہ آدمی جو بیماری اور مفلسی کی وجہ سے تنک مزاج ہو -
چــڑ چڑا : [ار-اصوت-مث] جلتے ہوئے گھی یا تیل میں پانی کے چھینٹے پڑنے کی آواز -
چڑچڑاپن : [ار-امذ] بدمزاجی - بدخوئی -
چــڑ چڑانا : [ار-معص] (۱) بگڑنا - خفا ہونا - بیماری یا مفلسی کی وجہ سے تیز مزاج ہونا (۲) جلتے ہوئے گھی یا تیل میں پانی کی آواز -
چڑچڑاہٹ : [ار-امث] دیکھیے "چڑچڑاپن"
چڑنا/چڑھنا : [ار-معص] کسی بات پر ناراض ہونا - نفرت ہونا - بگڑنا -
چُڑوے : [ھ-امذ] کُٹے ہوئے چاول - گیلے بھُنے دھان کو کوٹ کر چپٹے بنائے ہوئے چاول جو عموماً دوسہرے کے دنوں میں کھاتے ہیں -
چڑھ : [ھ-امث] (۱) اونچی زمین (۲) چڑھنا مصدر کا صیغہ امر -
چڑھ آنا : [ار- محاورہ] حملہ کرنا - چڑھائی کرنا -
چڑھ بننا : [ار- محاورہ] بن آنا حسب مراد ہونا -
چڑھ بیٹھنا : [ار- محاورہ] سوار ہو جانا - قابو پانا -
چڑھ جا بیٹا سُولی رام بھلی کرے گا : [ار- مثل] جو دوسروں کو غلط راستہ بتائے اس کے متعلق کہتے ہیں
چـــڑھ جانا : [ار- محاورہ] (۱) حملہ کرنا - چڑھائی کرنا (۲) جماع کرنا (۳) رعب دینا -
چڑھ چڑھ کے بولنا : [ار- محاورہ] او نچے بولنا - زور سے بولنا -
چڑھ دوڑنا : [ار- محاورہ] فوراً جانا - (۲) حملہ کرنا -
چڑھا اُپری : [ار-امث] لاگ - ڈانٹ -
چڑھا جانا : [ار- محاورہ] سب پی جانا -
چڑھا دینا : [ار- محاورہ] مغرور کر دینا (۲) عزت بلند کر دینا - مرتبہ دینا (۳) لگا دینا (۴) گراں کر دینا - مہنگا کر دینا (۵) سوار کر دینا -
چڑھا لانا : [ار- محاورہ] فوج لے کر یا بہت سے آدمی لے کر آنا -
چـــڑھا لینا : [ار- محاورہ] (۱) سارا پی لینا (۲) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ جوڑ لینا -
چڑھانا : [ار-معص] (۱) نیچے سے اُوپر لے جانا (۲) لادنا - سوار کرنا -

(۳) پینا۔ نوش کرنا (۴) بلند کرنا۔ اونچا کرنا (۵) نذر یا منت کسی بزرگ کے مزار پر لاکر رکھنا (۶) لگانا۔ جوڑنا۔ سینا (۷) ذمہ لینا (۸) بڑھانا۔ زیادہ کرنا (۹) تعریف میں مبالغہ کرنا (۱۰) مغرور کرنا۔ گستاخ کرنا (۱۱) نرکو مادہ سے ملانا۔

چڑھاوا : [ار۔اند] ا۔ نذر۔ نیاز۔ بھینٹ (۲) وہ زیور جو برات کے روز دُلہا کی طرف سے دُلہن کو دیا جاتا ہے۔ شادی سے پہلے دُلہن کو بھیجے ہوئے کپڑے وغیرہ (۳) بڑھاوا (۴) دَم۔ دلاسا۔ تسلی۔

چڑھاوے بڑھاوے دینا : [ار۔محاورہ] بہت تعریف کرنا

چڑھاؤ : [ار۔صف] چڑھنے کے قابل۔ کشتی کا کرایہ لینے والا۔

چڑھاؤ : [ار۔اند] ا۔ طغیانی۔ جوش (۲) بلندی۔ بلند راستہ۔ آتار کی ضد (۳) ترقی۔ زیادتی۔ عروج (۴) دریا کا وہ رُخ جس طرف سے پانی آتا ہو (۵) پیشگی۔ باقی (۶) وہ روپیہ جو کاریگر اپنے ذمہ چڑھا رکھیں۔

چڑھاؤ اُتار : [ار۔اند] مدوجزر (۲) ترقی وتنزل۔ (۳) زیر وبم۔

چڑھائی : [ار۔امث] ا۔ بلندی (۲) حملہ۔ دھاوا (۳) روانگی۔

چڑھتا : [ار۔صف] ا۔ بڑھتا ہوا۔ ترقی کرتا ہوا (۲) جوش پر آتا ہوا۔ زوروں پر آتا ہوا

چڑھتا بھاؤ : [ار۔اند] قیمت کی زیادتی۔ بڑھتا ہوا نرخ۔

چڑھتا پٹا : [ار۔اند] وہ زمین جس کا لگان بڑھتا جائے۔

چڑھتا جوبن : [ار۔اند] بڑھتا ہوا حُسن

چڑھتا ہونا : [ار۔محاورہ] ترقی کرنا۔ بہتر ہونا۔ اعلیٰ ہونا۔

چڑھتی جوانی : [ار۔امث] جوانی کی ابتدا۔

چڑھتی کلا جاگتی جوت : [ار۔کلمہ دعا] چاند کی طرح چمکو اور روشن رہو۔

چڑھتے اُترتے : [ار۔صف] کسی قدر۔ کم وبیش۔

چڑھتے چاند : [ار۔اند] مہینے کا شروع۔

چڑھنا : [ار۔مص] ا۔ پستی سے بلندی پر جانا۔ نیچے سے اوپر جانا (۲) چوٹی پر جانا (۳) اُٹھنا۔ اُبھرنا (۴) بڑھنا۔ ترقی کرنا (۵) اڑنا۔ پرواز کرنا (۶) طغیانی پر آنا۔ چڑھاؤ پر آنا (۷) حملہ کرنا دھاوا کرنا (۸) گراں ہونا۔ مہنگا ہونا (۹) آواز کا بلند ہونا (۱۰) کسا جانا۔ کھچ جانا۔ (۱۱) پھولا نہ سمانا (۱۲) قربانی ہونا۔ ذبح ہونا۔ بھینٹ ہونا (۱۳) سوار ہونا (۱۴) لٹکایا جانا (۱۵) مشق ہونا۔ مہارت ہونا (۱۶) ذمہ ہونا (۱۷) درج ہونا۔ لکھا جانا (۱۸) نشہ کا اثر دماغ پر ہونا (۱۹) اثر ہونا (۲۰) چولہے پر رکھا جانا (۲۱) کچہری میں جانا۔ عدالت میں جانا (۲۲) بچھنا۔ جمنا (۲۳) بدن میں آنا۔ جسم میں آنا (۲۴) لڑنے کو جانا (۲۵) اُکھڑی ہوئی ہڈی وغیرہ کا اپنی جگہ پر آجانا (۲۶) برات کا جلوس کے ساتھ نکلنا (۲۷) ترجیح رکھنا۔ بہتر رکھنا (۲۸) اچھی طرح اثر ہونا (۲۹) زور سے ہونا (۳۰) روانہ ہونا۔ لدنا (۳۱) قابو ہونا۔ اثر ہونا (۳۲) بقایا میں ہونا (۳۳) قرض بڑھنا (۳۴) سورج یا چاند کا طلوع ہونا۔

چڑھوال : [ار۔صف] اُٹھی ہوئی ایڑی کا جُوتا

چڑھوانا : [ار۔مص] دیکھئے "چڑھانا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چڑھی بارگاہ : [ار۔امث] عروج کامل۔ بہت بلند مرتبہ۔ انتہائی ترقی۔

چڑھی کڑاہی تیل نہ آیا تو پھر کب آئے گا : [ار۔مثل] جب کام ہونے کے وقت نہ ہوا تو پھر کب ہوگا / کبھی نہیں ہو سکے گا۔

چڑھی گنگا اُترنا : [ار۔محاورہ] بڑا کام کرنا۔

چڑھی ہونا : [ار۔محاورہ] ا۔ نشہ ہونا۔ غرور کا نشہ ہونا۔ ۲۔ کوئی بات دل میں جمی ہونا۔

چڑھے پر چڑھاؤ سر دُکھے نہ پاؤں : [ار۔مثل] آنے پر آنے دو کچھ مضائقہ نہیں ہے۔

چڑھے پر چڑھاؤ سر دیکھے نہ پاؤں : [ار۔مثل] بے ترتیبی سے کام کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

چڑھے چاک چاہے سو اُتار لو : [ار۔مثل] اب وقت ہے کام ہو رہا ہے جو چاہو کر لو۔ حکومت کے وقت سب کچھ ہو سکتا ہے (کمہار کے چاک سے یہ مثل نکلی ہے)

چڑھے چاند : [ار۔اند] مہینے کے شروع میں۔

چڑھے گا سو گرے گا : [ار۔مثل] جو ترقی کرے گا وہ تنزلی بھی کرے گا۔ عروج کو زوال بھی ہوگا۔

چڑھیت : [ار۔صف] وہ شخص جو چڑھے۔ سواری کرنے والا۔ سوار۔

چڑھیتا : [ار۔اند] وہ شخص جو دوسرے شخص کے گھوڑے پر نوکر ہو۔ دوسرے کے گھوڑے کا سوار۔

چڑی : [ھ۔امث] لات۔ وہ لات جو کسی کے بھاگتے ہوئے ماری جائے۔ (۲) (اصطلاح کشتی) ٹانگ میں ٹانگ اڑانا۔ اڑنگا لگانا۔

چڑی : [ہ۔امث] چڑیا۔ پرندہ۔

چڑی : [ہ۔امث] چوڑی کا مخفف

چڑیمار (چڑی مار) : [ار۔اند] پرندوں کو پکڑنے والا۔ صیاد۔

چڑیمار ٹولہ : [ار۔اند] وہ جگہ جہاں ہر طرح طرح کے جانور بکتے ہوں۔

چڑیمار ٹولہ بھانت بھانت کا پنچھی بولا : [ار۔مثل] اس مجلس کے متعلق کہتے ہیں جہاں ہر ایک مختلف رائے دے۔

چڑیمار ہمیشہ ننگے بھوکے رہتے ہیں : [ار۔مثل] ظالم کبھی سرسبز نہیں ہوتے۔

چڑیا : [ار۔امث] (۱) چڑا کا مؤنث (۲) ہر پرند (۳) چوبغلا کپڑا جو کُرتی وغیرہ میں اس کے بڑھانے یا مضبوط کرنے کے لئے لگاتے ہیں (۴) انگیا کے دونوں کٹوریوں کے بیچ کی / درمیان کی سلائی (۵) چھپر کے ستون یا کہاروں کی لاٹھی پر جو سہارے کے لئے ایک آڑا ٹکڑا لگا ہوتا ہے۔ (۶) نیفے میں ازار بند ڈالنے کی جگہ (۷) بیڈمنٹن کے کھیل کی پردار گیند۔ (۸) چڑیا کی شکل جو عورتیں آٹے سے بنا کر پکاتی اور بچوں کو دیا کرتی ہیں۔ (۹) وہ لکڑی جو گنے بیلنے کی کل / مشین کو ستون کے ساتھ ملاتی ہے (۱۰) ایک قسم کی بارش ۔ وہ مینہ جو بہت آہستہ سے برستا ہے۔

چڑیا اور دودھ : [ار۔مثل] ناممکن بات۔

چڑیا چُن گُن : [ار۔امث] پرندہ۔ طیور۔

چڑیا خانہ / گھر : [ار۔اند] وہ جگہ جہاں طرح طرح کے پرندے اور

جانور رکھے جاتے ہیں۔

چڑیا کا/چڑیا والا : [ار۔صف] بے وقوف۔ احمق۔

چڑیا کا دودھ : [ار۔اند] عنقا چیز۔ ناممکن بات۔

چڑیا کرے خونچا چڑا اکرے لوچا : [ار۔مثل] بیوی بیچاری تو تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتی ہے اور میاں اڑا ڈالتے ہیں۔

چڑیا کو شاہین سے کو تھ : [ار۔مثل] غریب کو امیر سے کیا کام

چڑیا کی جان گئی لڑکے کا کھلونا : [ار۔مثل] بچے کسی چیز کو تکلیف پہنچنے کا خیال نہیں کرتے۔

چڑیا کی جیبھ ماندے کا پھپھولا : [ار۔مثل] اس آدمی کے متعلق کہتے ہیں جس کی خوراک بہت کم ہو۔

چڑیا کی چونچ میں بیسواں/چوتھائی حصّہ : [ار۔مثل] بہت تھوڑی چیز۔

چڑیا کے پھندے میں پھڑ جانا : [ار۔محاورہ] مفت میں آفت میں پھنسنا۔

چڑیا نوچن : [ار۔اند] عو۔ تکا بوٹی۔ بوٹیاں توڑنا۔

چڑیل : [ھ۔امث] اس عورت کی روح جو بقول ہندوؤں کے حمل کی یا نجس حالت میں مر جائے (۲) چھنتی۔ ڈائن (۳) لڑاکا عورت (۴) میلی کچیلی عورت۔ پلید عورت (۵) بدصورت عورت۔

چڑیل پر دل آجائے تو وہ بھی پری ہے / چڑیل پر دل آگیا تو پھر پری کیا ہے : [ار۔مثل] جس پر آدمی عاشق ہو جائے وہ بدشکل بھی ہو تو اس کی نظر میں خوبصورت ہے۔

چ - س

چس : [ھ۔فعل] چسنا مصدر کی ماضی۔

چس : [ھ۔فعل] چسنا مصدر کا صیغہ امر۔

چسانا : [ار۔مص] دیکھئے "چوسنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے

چسپاں : [ف۔صف] چپکا ہوا (۲) موزوں۔ زیبا۔ ٹھیک (افعال: کرنا۔ ہونا)

چسپاں کرنا : [ار۔مص مرکب] چپکانا۔ لگانا۔

چسپاں ہونا : [ار۔مص مرکب] دیکھئے "چسپاں کرنا" جس کا یہ لازم ہے

چسپیدگی : [ف۔امث] چپکنا۔ چپک۔ چپکن (۲) محبت۔ اُلفت

چسپیدہ : [ف۔صف] چپکا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ (۲) پسند کرنے والا۔ محبت کرنے والا۔

چست : [ف۔صف] پھرتیلا۔ چالاک۔ تیز۔ ہوشیار (۲) کھنچا ہوا تنگ (۳) درست۔ موزوں۔ ٹھیک (۴) مضبوط۔ استوار۔ محکم۔

چست و چالاک : [ف۔صف] (۱) دیکھئے "چست" (۲) تندرست۔ ہوشیار۔

چستہ : [ف۔صف] (۱) شیردان۔ اَینہ (۲) پنیر مایہ۔ بکری کے بچے کا معدہ جس میں پیا ہوا دودھ رہتا ہے (۲) بڑی آنت کا آخری حصّہ (۴) جانور کا چوتڑ یا ران۔

چستی : [ف۔امث] (۱) پھرتی۔ چالاکی (۲) دلیری۔ جرأت۔ بہادری۔

چسٹر : [انگ۔اند] (CHESTER) ایک قسم کا اوور کوٹ۔ بڑا کوٹ۔

چس جانا : [ار۔محاورہ] کسی کپڑے کا تنگ ہونے کی وجہ سے پھٹ جانا/مسک جانا۔ انگیا کا پھٹ جانا (۲) نچڑ جانا۔ بہت لاغر ہو جانا۔ دُبلا ہو جانا۔

چسر چسر : [ار۔اصوت۔مث] ماں کا دودھ پیتے وقت بچے کے منہ کی آواز۔

چسک : [ار۔امث] میٹھا میٹھا درد۔ ہلکا درد۔ تپک۔ ٹیس (۲) گوٹا کناری کی باریک تحریر جو گوٹ کے نیچے ٹانکتے ہیں۔

چسکا : [ار۔اند] (۱) چاٹ۔ مزا۔ وہ مزا جس کی زبان عادی ہو/خوگر ہو۔ چٹورپن۔ (۲) عادت۔ لت۔ دھت (۳) ذوق۔ شوق۔ خواہش۔ رغبت۔

چسکانا : [ار۔محاورہ] درد پیدا کرنا۔

چسکنا : [ار۔محاورہ] میٹھا میٹھا درد ہونا (۲) پرانی چوٹ میں ہلکا ہلکا درد ہونا۔

چسکی : [ار۔امث] گھونٹ۔ کش۔ جرعہ (۲) وہ افیون جو افیونی خلاف وقت پیتے ہیں (۳) گھلی ہوئی افیون کا گھونٹ (۴) حقے کا گھونٹ۔

چسنا : [ار۔مص] (۱) دیکھئے "چوسنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) طاقت تباہ ہونا۔ نچڑنا۔ عرق نکل جانا۔

چُسنا : [ار۔اند] بچوں کے چوسنے کا کھلونا۔

چُسنی : [ار۔امث] (۱) بچوں کے چوسنے کا کھلونا (۲) دودھ پلانے والی شیشی۔

چسوانا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "چسنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

چ - ش

چشتی : [ف۔صف] چشت کا باشندہ (۲) مسلمان صوفیا کا ایک سلسلہ طریقت اور اس سلسلہ کا پیرو۔

چشک : [س۔اند] پینے کا برتن۔ پیالہ۔ جام۔ گلاس (۲) شراب۔

چشک : [ف۔امث] افزونی۔ زیادتی (۲) وہ کھانا جو کھانے سے بچ رہتا ہے اور باورچی لے جاتے ہیں۔

چشم : [ف۔امث] آنکھ۔ دیدہ۔ بین۔ نین (۲) امید۔ آسرا (۳) نظر۔

چشم آشنا : [ف۔صف] واقف۔ شناسا۔

چشم بد : [ف۔امث] نظر بد۔ وہ نظر جو لگ جاتی ہے۔

چشم بد دُور : [ف۔دُعا] بُری نظر دور رہے۔ نظر نہ لگے (۲) طنزاً کسی کی مذمت میں بھی بولتے ہیں۔

چشم براہ : [ف۔صف] منتظر۔ نگران۔

چشم بلبل : [ف۔اند] ایک قسم کا کپڑا جس پر بلبل کی آنکھوں کی تصویر کے مانند پھول ہوتے ہیں۔

چشم بند : [ف۔اند] آنکھوں کی سحر سازی۔ افسوں گری یا دلفریبی (۲) سیاہ نقاب (۳) عورتوں کی ایک قسم کی جوتی (۴) وہ چمڑے کے ٹکڑے جو جانوروں کی آنکھوں پر باندھتے ہیں۔

چشم بندک : [ف۔اند] آنکھ مچولی۔ ایک کھیل جو بچے کھیلتے ہیں۔

چشم بے آب : [ف۔صف] بے حیا۔

چشم بیمار : [ف۔امث] آنکھ جو آدمی بند ہو کر دکھتی ہو (شرم یا نازسے) (۲) خوبصورت مست آنکھ کو تشبیہہ دیتے ہیں (۳) نشیلی آنکھ۔ خمار آلود آنکھ۔

چشمِ بینا: [ف - امث] دیکھنے والی آنکھ۔ غائب کا حال دیکھنے والی آنکھ۔ نیز دیکھئے بصیرت (۲) (صف) تیز نظر۔ تیز فہم۔ ہوشیار۔
چشمِ پُر آب / نم: [ف - امث] آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ (۲) (متعلق فعل) روتے ہوئے۔
چشم پوش: [ف - صف] نقص کی گرفت نہ کرنے والا۔ نظر انداز کرنے والا۔ ٹالنے والا۔
چشم پوشی: [ف - امث] دیکھئے "چشم پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ (افعال: کرنا - ہونا)
چشم پیش: [ف - صف] شرمیلا - شرگیں۔
چشمِ تر: [ف - صف] رونے والی آنکھ۔
چشم داشت: [ف - اند] امید - توقع - آس۔
چشم دید: [ف - صف] آنکھوں دیکھا۔
چشم زخم: [ف - اند] آزار جو نظر بد کی وجہ سے پہنچے۔ آنکھ کا دکھنا۔
چشم زدن: [ف - اند] پلک جھپکنا - لمحہ بھر۔
چشم زدن میں: [ف - متعلق فعل] فوراً - بہت جلد۔
چشم ماروشن دلِ ماشاد: [ار - مثل] آنکھ ہماری روشن دل ہمارا خوش عین خوشی سے عین راحت ہے۔
چشمِ نم: [ف - اند] دیکھئے "چشم تر"
چشم نمائی: [ف - امث] تنبیہہ - جھڑکی - تہدید - سرزنش - ملامت۔
چشم نیم باز / چشم نیم خواب: [ف - امث] شرمیلی آنکھ - نیچی اور جھکی ہوئی نگاہ - نشیلی آنکھ۔
چشم و ابرو: [ف - امث] اشارے - نذرے۔
چشم و ابرو سے جان لینا: [ار - محاورہ] اشارے سے سمجھ لینا۔
چشم و چراغ: [ف - صف] (۱) بہت عزیز - بڑا پیارا - فرزند - نور چشم (۲) باعث بینائی - سرمایہ بصارت۔
چشمک: [ف - امث] (۱) چھوٹی آنکھ (۲) عینک (۳) آنکھ کی جھپک (۴) اشارہ چشم (۵) شکررنجی - رنجش - رکاوٹ - انقباض۔
چشمک زن / زناں: [ف - صف فاعلی] آنکھ سے اشارہ کرنے والا / والے طعن کرنے والا / والے۔
چشمک زنی: [ف - امث] دیکھئے "چشمک زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ (افعال: کرنا)
چشمہ: [ف - اند] (۱) پانی کا سوتا (۲) عینک (۳) سوئی کا ناکا۔ ۴۔ آفتاب ۵۔ فوارہ۔
چشمۂ حیوان / خضر: [ف - اند] (۱) آب حیات کا چشمہ (۲) کنایۃً معشوق کا منہ۔
چشمہ زار / سار: [ف - اند] وہ جگہ جہاں بہت سے چشمے جاری ہوں۔
چشمۂ سلسبیل: [ف - اند] بہشت میں ایک نہر۔
چشیدہ: [ف - صف] چکھا ہوا۔

چ - غ

چُغا: [ت - اند] لمبا جبہ۔
چغتا - چغتائی: [مغل - اند] مغلوں کا ایک خاندان جو چغتا خان بن چنگیز خان کی اولاد سے تھا۔
چُغد: [ف - اند] الّو - الّو کی ایک چھوٹی قسم۔
چُغدی: [ف - صف] دیکھئے "چغد" جس سے یہ منسوب ہے۔
چغل: [ف - اند] مخبر - جاسوس - غماز - لترا - نندک - برائی کرنے والا - سخن چین (ار) وہ کنکر جسے چلم میں رکھ کر تمباکو رکھتے ہیں۔
چُغل خور: [ف - اند] غماز۔
چغل خور خدا کا چور: [ار - مثل] چغل خور کی مذمت میں کہتے ہیں۔
چُغل خوری: [ف - امث] غمازی / غیر حاضری میں برائی کرنا - لڑائی کرنا / کا عمل۔
چُغلی: [ف - امث] غیبت - غمازی وغیرہ۔
چُغلی کھانا: [ار - محاورہ] (۱) غمازی کرنا - غیبت کرنا (۲) اچھی چیز کے ساتھ اسی قسم کی خراب چیز منسل کرنے سے جو عیب ظاہر ہوتا ہے اسے بھی چغلی کھانا کہتے ہیں۔

چ - ف

چُفت: [ف - اند] سست - کاہل۔
چفتہ: [ف - اند] (۱) لکڑی کا بنا ہوا کمرا جس کی چھت لکڑی کے ستونوں پر ہو (۲) پایہ - تھونی (۳) منڈپ - منڈا (۴) جالی (۵) انگور کی ٹٹی۔
چفتی: [ف - امث] (۱) وہ چپٹی لکڑی جس سے لکیریں کھینچتے ہیں - پٹری (۲) خوشامدی۔

چ - ق

چِق: [ف - امث] بانس کی تیلیوں یا سرکنڈے کی بنی ہوئی چلمن جو دروازوں یا کھڑکیوں میں باہر کی طرف لٹکاتے ہیں - چک - چلمن - پردہ۔
چقاچاق: [ف - امث] نیزوں اور تلواروں وغیرہ کے متواتر چلنے اور بدن پر پڑنے کی آواز۔
چُقّر: [ف - اند] چشمہ۔
چقماق: [ف - امث] وہ پتھر جس میں سے آگ نکلتی ہے۔
چقماق جھاڑنا: [ار - محاورہ] چقماق سے آگ نکالنا
چقماقی: [ار - امث] وہ بندوق جس میں بارود کو آگ دینے کے لئے چقماق لگا ہوا ہوتا تھا۔
چقمق: [اند] دیکھئے "چقماق"
چُقندر: [ف - اند] ایک ترکاری جو گول شلجم / شلغم کی شکل کی ہوتی ہے اور ابالنے سے نہایت سرخ رنگ نکلتا ہے - یورپ میں اس سے کھانڈ بناتے ہیں۔

چُقندر سا: [ار - صف] بہت سرخ - موٹا تازہ -
چُقندر سا بن رہا ہے: [ار - تشبیہی جملہ] سرخ و سفید ہو رہا ہے - موٹا تازہ ہو رہا ہے -
چغندر کاشتم زردک برآمد: [ف - مثل] بدقسمتی کے اظہار کے لئے کہتے ہیں

چ - ک

چَک: [ھ - اند] (۱) اراضی - جائیداد غیر منقولہ - ریاست - تعلقہ - پٹی - ٹھوک کھیت (۲) قطعہ زمین جو تقسیم شدہ ہو (۳) زمین کا ایک قطعہ - پنجاب کی نہری آبادی میں گاؤں جس میں مربع بندی ہوئی ہو (۴) جھگڑا - زمین کا جھگڑا (۵) پھیر - جماؤ (۶) گاؤں کے کھیت جو گاؤں کی زمین سے علیٰحدہ ہوں (۷) زراعت - کاشت -
چَک: [ھ - اند] گڈریا - بکریوں کا پاسبان (۲) آنکھ -
چَک: [ھ - امث] کمر کا یا کولہے کا درد
چِک: [ھ - امث] (۱) چلمن - (چق) (۲) تکلیف دینا (۳) قصاب - (۴) چوہا - چھچھوندر -
چَک: [انگ - اند] (CHEQUE) (۱) نقدی بینک سے لینے کا تحریری حکم - (۲) ایک قسم کی درشنی ہنڈی جو لوگ بینک میں روپیہ جمع کراتے ہیں انہیں ایک کاپی مل جاتی ہے (افعال: دینا - کاٹنا - لینا)
چَک آنا: [ار - محاورہ] کمر میں جھٹکا آنا -
چَک بندی: [ہ - ف - امث] زمین کی تقسیم چکوں میں - حد بندی -
چَک بندھنا: [ار - محاورہ] کسی چیز کی افراط ہونا - پھیر پڑنا -
چَک تراشی: [ہ - ف - امث] زمین کے الگ الگ قطعے کرنا -
چَک نامہ: [ہ - ف - اند] ایک دستاویز جس میں ریاست / گاؤں کا حدود اربعہ اور کھیتوں کی فہرست دی ہوئی ہوتی ہے (۲) گاؤں کی زمینوں - جاگیروں - شاملات - معافیوں وغیرہ کی فہرست (۳) کسی گاؤں میں زمین حاصل کرنے کا حکم نامہ -
چِکّا: [س - اند] ناگ - پُھنکاری -
چَکّا: [ہ - اند] گول چیز (۲) مربعہ (۳) اینٹ یا پتھر کا چبوترہ جو پیمائش کے لئے بنایا جاتا ہے (۴) صف - جما ہوا - منجمد -
چکّا باندھنا / لگانا: [ار - محاورہ] اینٹ پتھر وغیرہ کا مرتبہ ڈھیر لگانا -
چکاچک / چکاچاک: [ف - امث] تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا -
چَکاچاندھ / چَوندھ: [ار - امث] (۱) روشنی کے باعث آنکھوں کا جھپکنا - خیرگی چشم - چندھیا جانے کی حالت (۲) تعجب - حیرت - گھبراہٹ -
چکاچوندھ آنا / لگنا: [ار - محاورہ] روشنی کے باعث آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا - تابِ نظارہ نہ لانا -
چِکارا: [ھ - اند] ایک قسم کا چھوٹا ہرن (۲) چھوٹی سارنگی - ایک قسم کا دوتارا -
چِکاری: [ہ - امث] (۱) شکاری چاقو - مچھر کی طرح کا ایک کیڑا -

... چیخنے والا - ہزل - فحش -
چُکان: [ھ - صف] گاڑھا - جما ہوا - عموماً بھنگ یا افیون کے لئے آتا ہے -
چَکاں: [ف - حالیہ] ٹپکتا ہوا - ٹپکنے والا - گرانے والا - چھڑکنے والا -
چُکانا: [ار - مص] (۱) قیمت ٹھہرانا - مول کرنا (۲) فیصلہ کرنا - قصہ کوتاہ کرنا - (۳) بھگتانا - بیباق کرنا (۴) ختم کرنا - پورا کرنا -
چکاور: [ھ - اند] گھوڑے کی بیر ہڈی چکراول -
چکاوک: [ف - اند] (۱) چنڈول (۲) چکور - سُرخاب -
چَکاوِی: [ھ - امث] ایک قسم کا داد -
چُکائی: [ار - امث] چکانے کا فعل / عمل -
چُکائی دینا: [ار - محاورہ] دھوکا دینا - فریب دینا - نظر بچانا -
چَک پھیری: [ھ - امث] چکر باندھ کر پھرنا - دائرہ میں گردش -
چَکَت: [ھ - امث] دانتوں سے کاٹنے کا عمل -
چکت مارنا: [ھ - محاورہ] دانتوں سے کاٹ کھانا - منہ مارنا
چَکتَا: [ہ - اند] (۱) گول نشان - گول دھبا (۲) کاٹنے کا نشان - دانتوں کا نشان (۳) لال یا نیلے داغ جو فساد خون سے پڑ جاتے ہیں - (۴) گوشت کا ٹکڑا
چُکتا: [ہ - صف] (۱) مقررہ - فیصلہ شدہ (۲) معینہ -
چُکتا کر لینا / دینا / کرنا: [ار - محاورہ] چکانا - بے باق کرنا - فیصلہ کرنا -
چَکتی: [ہ - اند] (۱) ٹکیا - قرص (۲) گردہ - گول یا مدوّر چیز (۳) دُنبے کی چوڑی دُم (۴) صابون کا چوڑا ٹکڑا (۵) چمڑے کا گول ٹکڑا (۶) دھات کا چھوٹا اور گول ٹکڑا (۷) پنیر وغیرہ کا ٹکڑا (۸) گینڈے کا چمڑا - (۹) پیوند -
چِکَٹ / چِکٹا: [ہ - صف] (۱) نہایت میلا کچیلا - چیپدار - لیس دار - میل سے بھرا ہوا - جما ہوا -
چِکَٹ جانا / چکٹنا: [ار - مص] میلا ہونا - چکناہٹ اور میل سے بھرا ہونا - زنگ آلود ہونا -
چکٹ لگائے پھرنا / رہنا: [ار - محاورہ] میلے کچیلے رہنا -
چُکٹا / چُکٹی: [ھ - اند - مث] چٹکی / مٹھی بھر -
چَکچکا: [ہ - صف] روشن - چمکتا ہوا - چمکدار
چکچکی: [ف - امث] (فارسی چقچقی سے) چپٹی لکڑیوں کی جوڑی جو فقیر بجاتے اور مانگتے پھرتے ہیں (۲) ایک قسم کا خنجر - چھوٹا چاقو -
چَکچوندھلا: [ھ - صف] روشنی سے چندھیایا ہوا - کمزور نظر جسے کم نظر آئے - نیم اندھا -
چَکچوندھی: [ھ - امث] چکاچوندھ -
چکچوہی: [ھ - امث] چمڑے کا ایک کھلونا -
چکچھندی / چکچھوندی: [ھ - امث] چھچھوندر -
چُکدڑھیا: [ہ - صف] وہ شخص جس کے ڈاڑھی کے بال تھوڑے اور ٹھوڑی کے نیچے ہوتے ہیں
چکڈول: [ھ - اند] ایک قسم کا جھولا - ہنڈولا -

چکر : [ار- اند] (۱) دائرہ - حلقہ - گھیرا (۲) گاڑی کا پہیا (۳) کمہار کا چاک (۴) ایک گول ہتھیار جو سکھ پگڑی پر باندھتے ہیں (۵) بھنور (۶) بگولا (۷) کولہو (۸) گول سڑک (۹) گردش (۱۰) سر کا گھومنا (۱۱) حیرت

چکر آنا : [ار- محاورہ] سر گھومنا - غش آنا -

چکر باندھنا : [ار- محاورہ] (۱) حلقہ باندھنا (۲) کسی چیز کو اس طرح گھمانا کہ دائرہ کی شکل بن جائے -

چکر بندھنا : [ار- محاورہ] دیکھئے "چکر باندھنا" جس کا یہ لازم ہے -

چکر دینا : [ار- محاورہ] (۱) پھرانا (۲) لمبے راستے سے چلانا (۳) حیران کرنا - پریشان کرنا - جُل دینا (۴) گھوڑے کو پھیرنا -

چکر کاٹنا : [ار- محاورہ] (۱) بار بار آنا جانا - پھیرے کرنا (۲) گردش کرنا -

چکر کرنا : [ار- محاورہ] پھرنا - پھیرے کرنا

چکر کھانا : [ار- محاورہ] (۱) گھومنا (۲) تیورانا (۳) کھا جانا - (۴) آوارہ پھرنا -

چکر لانا : [ار- محاورہ] شرارت کرنا - فساد اٹھانا -

چکر لگانا / مارنا : [ار- محاورہ] پھرنا - گردش کرنا - بار بار آنا جانا -

چکر میں آنا / ہونا / پڑنا : [ار- محاورہ] مصیبت میں پھنسنا - پریشان ہونا -

چکر میں ڈالنا : [ار- محاورہ] (۱) مصیبت میں پھنسانا (۲) حیران کرنا (۳) راستہ بھلانا - (۴) حواس باختہ کرنا -

چکرا : [ھ- اند] بڑا - دال کی بنی ہوئی ٹکیا -

چکرا جانا : [ار- محاورہ] (۱) گھبرا جانا (۲) سر کا چکر کھانا -

چکرا دینا : [ار- محاورہ] پریشان کر دینا -

چکرانا : [ار- مص] (۱) گردش کرنا - گھومنا (۲) گھبرانا - غش کھانا -

چکرانہ : [ھ- اند] ایک درخت کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے - اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے -

چکراول : [ھ- اند] دیکھئے "چکاور"

چکر با : [ھ- اند] (۱) شور - غوغا (۲) ہلچل - کھلبلی - دوڑ دھوپ (۳) عیش و عشرت (۴) جھگڑا - فساد

چکر با مچانا : [ار- محاورہ] (۱) شور مچانا (۲) رنگ رلیاں منانا - (۳) جھگڑا کرنا -

چکر مکر : [ار- اند] دغا - فریب - دھوکا - دم - جھانسا -

چکر مکر چلے جانا : [ار- محاورہ] ہلنا - حرکت کرنا - پھرنا -

چکر مکر لگانا : [ار- محاورہ] جیہ جو لانا -

چکری : [ھ- امث] (۱) چرخی - گھرنی (۲) چیل (۳) لکڑی کا گول تختہ جس پر ردی بیلی جاتی ہے (۴) ایک چھوٹا پہیا جس پر ہاتھ کی حرکت سے دھاگا لپیٹا اور کھولا جاتا ہے - پھرکی (۵) کھلنے والوں کا مجمع یا چکر (۶) ایک قسم کا کپڑا جو سوت اور ریشم کا بنا ہوتا ہے -

چکری : [ھ- امث] زمین کی تقسیم جو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کر دی جاتی ہے

چکریا : [ھ- اند] (۱) نوکری پیشہ - حاضر باش - (۲) نوکری

چکرٹ : [ھ- اند] (۱) چنبر (۲) مٹی کا پانی پینے کا بڑا پیالہ -

چکڑای : [ھ- امث] ایک قسم کی زرد لکڑی جس سے کنگھیاں بنتی ہیں -

چکس : [ف- اند] پالتو پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی - اڈا

چکسا : [ار- اند- ق] ایک قسم کا سفوف جو عورتیں بال صاف کرنے کے لئے استعمال کرتی ہیں -

چکسوئی : [ھ- امث] ایک قسم کی گھاس -

چکش : [ف- امث] پانی کا ٹپکنا - ٹپکا -

چکل / چکل : [ھ- اند] کسی پودے کو مٹی سمیت ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھا کر لگانا -

چکل : [ار- اند- ق] دباؤ -

چکلا : [ھ- صف] (۱) گول - مدوّر (۲) چوڑا - عریض (۳) گول اور چپٹا پتھر یا لکڑی کا ٹکڑا (۴) دال یا دانہ دلنے کی چکی (۵) ملک کا ایک حصہ جس میں کئی پرگنے ہوں - علاقہ - صوبہ - جاگیر (۶) شہر کا وہ حصہ جہاں کسبیاں / رنڈیاں رہیں (۷) چکی کا پاٹ (۸) روٹی بیلنے کا لکڑی کا گول ٹکڑا (۹) ریشم اور سوت سے بنا ہوا کپڑا (۱۰) چوڑا کا تابع -

چکلا بندی : [ھ- ف- امث] حد بندی - صوبے کو چکلوں میں تقسیم کرنا

چکلایا / چکلائی : [ھ- اند و مث] چوڑائی -

چکلا خرچ : [ھ- ف- اند] چکلے کے متعلق جو کچھ خرچ کیا جائے -

چکلاٹ / چکلان : [ھ- اند] دیکھئے "چکلاپا"

چکلانا : [ھ- مص] چوڑا کرنا - بڑا نانا -

چکلش ہونا : [ار- محاورہ] تھوڑی سی جگہ پر بہت آدمیوں کا جمع ہونا -

چکلنا : [ار- مص- ق] دبانا - بھینچنا - کچلنا -

چکلی : [ھ- امث] (۱) چرخی (۲) صندل رگڑنے کا چھوٹا سا گول پتھر (۳) (صف) چوڑی - فراخ -

چکلے دار : [ھ- ف- اند] (۱) ناظم علاقہ - پرگنہ کا حاکم (۲) صوبہ دار (۳) جاگیردار (۴) محل دار (۵) بھڑوا - کسبیوں کے محلہ کا داروغہ -

چکلے میں بیٹھنا : [ار- محاورہ] رنڈی کا پیشہ اختیار کرنا -

چکما / چکمہ : [ار- ف- اند] (۱) دھوکا - فریب - دغا (۲) نقصان - خسارہ (۳) تاش کا ایک کھیل جس میں حکم کا پتا نہیں پھینکتے تو پتا چور ہو جاتا ہے -

چکما اٹھانا : [ار- محاورہ] دھوکا کھانا -

چکما چل جانا / چلنا : [ار- محاورہ] (۱) داؤں چلنا (۲) فریب کی چال چلنا -

چکما دینا : [ار- محاورہ] دھوکا دینا - چھل فریب دینا -

چکما کھانا : [ار- محاورہ] دھوکا کھانا - فریب کھانا -

چک ماک / چک مک : [ف- امث] دیکھئے "چقماق"

چکن : [ف- امث] (۱) بیل بوٹے کا کام - کشیدہ کاری (۲) بیل بوٹوں والا کپڑا -

چکن دوز / کار : [ف- صف] کپڑے پر بیل بوٹے کاڑھنے والا -

چکن دوزی / کاری : [ف- امث] کپڑے پر بیل بوٹے کاڑھنے کا کام -

چکنا : [ار- مص- ق] بہنا - گرنا - ٹپکنا -

چکنا : [ار۔صف۔مذ] (۱) چرب ۔ تیل لگا ہوا ۔ روغنی (۲) چربی والا۔ موٹا فربہ (۳) پھسلنے والا ۔ صاف (۴) رگڑا ہوا ۔ پالش کیا ہوا (۵) چمکدار صاف ستھرا (۶) بے حیا ۔ بے غیرت (۷) حسین ۔ خوبصورت (۸) رونق دار (۹) چرب زبان ۔ میٹھا بولنے والا ۔ (۱۰) (مذ) نیل ۔ گھی روغن ۔ چربی ۔

چکنا چپڑا : [ار۔صف] (۱) خوش پوشش ۔ خوش لباس (۲) بنا ٹھنا (۳) تیل لگا ہوا ۔

چکنا دیکھ پھسل پڑے : [ار۔مثل] دولت دیکھ کر ریجھ گئے۔ خوبصورتی دیکھ کر فریفتہ ہو گئے ۔

چکنا گھڑا : [ار۔صف] بے حیا ۔ بے غیرت ۔ بے شرم ۔ (افعال : بننا ۔ ہو جانا ۔)

چکنا گھڑا بوند پڑی پھسل / ڈھل گئی : [ار۔مثل] بے غیرت پر لعنت ملامت کا کچھ اثر نہیں ہوتا ۔

چکنا منہ پیٹ خالی : [ار۔مثل] ظاہری ٹیم ٹام بہت، مگر پیٹ سے بھوکا

چکنا منہ سب چومتے ہیں : [ار۔مثل] اچھے کی خاطر مدارات ہر جگہ ہوتی ہے ۔

چُکنا : [ار۔مص] (۱) بھاؤ ٹھہرنا ۔ قیمت طے ہونا (۲) حساب بیباق ہونا (۳) جھگڑا ختم ہونا (۴) تمام ہونا ۔ خرچ ہو جانا (۵) کسی فعل کی تکمیل کے واسطے صیغۂ امر کے بعد اضافہ کرتے ہیں ۔ مثلاً جا چکنا ۔

چکنا چور : [ار۔صف] (۱) ٹکڑے ٹکڑے ۔ پرزے پرزے (۲) تھکا ماندہ ۔ (افعال : کرنا ۔ ہونا)

چکنانا : [ار۔مص] کسی چیز پر روغن لگانا ۔ کسی چیز کو چکنا بنانا ۔

چکناوٹ / چکناہٹ / چکنات / چکنوٹ : [ار۔امث] دیکھئے "چکنائی"

چکنائی : [ار۔امث] (۱) چربی (۲) دُہنیت (۳) تیل گھی ۔ روغن ۔ (۴) بے شرمی ۔ بے حیائی ۔

چکنی : [ار۔صف۔مث] (۱) روغنی ۔ چربی دار (۲) لیس دار (۳) پھسلنی ۔ (۴) چھالیا کی ایک قسم ۔ نیز دیکھئے "چکنا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

چکنی باتیں : [ار۔امث] خوشامد کی باتیں ۔ دلفریب باتیں ۔

چکنی جورو : [ار۔امث] آوارہ عورت ۔ بدکار بیوی ۔

چکنی چپڑی باتیں : [ار۔امث] خوشامد کی باتیں ۔ خوش آئند گفتگو (افعال : کرنا ۔ بنانا)

چکنی ڈلی : [ار۔امث] ایک قسم کی چھالیا جس کو دودھ میں پکا کر خشک کر لیتے ہیں ۔

چکنی مٹی : [ار۔امث] ایک قسم کی مٹی جو لیپنے کے کام آتی ہے ۔

چکنے گھڑے پر بوند نہیں ٹھہرتی : [ار۔مثل] بے غیرت کو پروا نہیں ہوتی ۔

چکنیا : [ار۔صف] بانکا ۔ البیلا ۔ چھیل چھبیلا ۔

چکنیا فقیر مخمل کا لنگوٹ : [ار۔مثل] شوقین آدمی مفلسی میں بھی شوقینی سے باز نہیں آتا ۔

چکّو : [ار۔اند] چاقو کی تصغیر ۔

چکوا : [ھ۔اند] ٹھیک ۔ چمزنگ ۔

چکوا : [ھ۔اند] ایک آبی پرندہ ۔ سرخاب ۔

چکوا چکوی : [ھ۔اند۔مث] سرخاب کا جوڑا ۔ سرخاب پرندے کا جوڑا ۔ یہ جوڑا دن بھر ساتھ ہوتا ہے ۔ رات کو علیحدہ ہو جاتے ہیں ۔

چکوا چکوی دو جنے ان مت مارو کوئی یہ مارے کرتار کے رَین بچھویا ہوئی : [ار۔مثل] چونکہ قدرت نے ان کو سزا دی ہے کہ رات کو اکٹھے نہیں رہتے اس لیے ان کو مارنا نہیں چاہیے ۔

چکوتا : [ار۔اند] فیصلہ ۔ تصفیہ ۔

چکوتا : [ھ۔اند] ایک مرض جس میں ٹانگ پر پھنسیاں نکل آتی ہیں ۔

چکوترا : [ار۔اند] ایک پھل جو نارنگی سے بہت بڑا ہوتا ہے اور نارنگی اور لیموں کے پیوند سے بنا ہے ۔

چکوٹ : [ار۔صف۔ق] (۱) چکنی ۔ فربہ (۲) لذیذ ۔ خوش ذائقہ ۔

چکور : [ار۔اند] تیتر کی قسم کا ایک پرندہ جس کی چونچ اور پنجے سُرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے ۔ اسے چاند کا عاشق بتاتے ہیں ۔

چکوڑ : [ار۔صف۔ق] ممنون ۔

چکولیاں : [ار۔اند۔ق] ایک قسم کا کھانا ۔

چکھ : [ار۔صف۔ق] ذرا ۔

چکھ : [ار۔فعل] دیکھئے "چکھنا" جس کا یہ صیغۂ امر ہے ۔

چکھ جانا : [ار۔محاورہ] (۱) نوش کر جانا ۔ کھا جانا (۲) مال خورد بُرد کر جانا ۔

چکھ ڈالنا : [ار۔محاورہ] کھا جانا ۔ روپیہ اڑا دینا ۔

چکھا چکھی کرنا : [ار۔محاورہ] تھوڑا سا چکھ لینا ۔

چکھا دینا : [ار۔محاورہ] (۱) کھلا دینا (۲) سزا دینا ۔

چکھانا : [ار۔مص] (۱) چاشنی دکھانا ۔ ذائقہ دکھانا (۲) نوش کرانا ۔ کھلانا (۳) مارنا ۔

چکھنا : [ار۔مص] (۱) دیکھئے "چکھانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) مرغ کے انڈے کو دانتوں پر مارنا تاکہ اس کی مضبوطی کا حال معلوم ہو ۔

چکھوتی / چکھوتیاں : [ھ۔امث] لذیذ اور مزیدار کھانا ۔ چٹخارے کی چیز ۔

چکھی : [ار۔امث] (۱) چکھوتی ۔ چاٹ (۲) بٹیروں کا کھانا دانہ ۔

چکئی : [ار۔امث] لکڑی کا گول کھلونا ۔ جس کو لڑکے ڈورا ڈال کر پھراتے ہیں (۲) گول ۔ مدور ۔

چکئی آڑو : [ار۔اند] گول آڑو ۔

چکی : [ار۔امث] (۱) آٹا پیسنے کا آلہ (۲) گھٹنے کی ہڈی ۔

چکی بنانے والا : [ار۔اند] چکی کے دانت درست کرنے والا ۔

چکی پیسنا : [ار۔محاورہ] (۱) چکی چلانا ۔ آٹا پیسنا (۲) غم سہنا ۔ مصیبت بھگتنا (۳) کسی کام کو مدت تک کیے جانا ۔

چکی ٹکنا : [ار۔محاورہ] چکی کا کھردرا کیا جانا ۔

چکی چھونا : [ار۔محاورہ] (۱) دیکھئے "چکی چلانا" (۲) قصہ باندھنا دکھڑا بیان کرنا ۔

چکی چلانا: [ار محاورہ] غلہ پیسنا - چکی کو گردش دینا۔
چکی چلنا: [ار- محاورہ] دیکھیے "چکی چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
چکی ریانا: [ار- محاورہ] چکی کو کھردرا کرنا۔
چکی کا پاٹ: [ار- اند] چکی کا ہر ایک حصہ (۲) زبردست کا دباؤ۔
(۳) وعدہ خلاف۔
چکی کا کھونٹا: [ار- اند] چکی چلانے کا دستہ۔
چکی کی مانی: [ار- امث] وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے
چکی نامہ: [ار- اند] وہ گانا جو عورتیں چکی پیستے وقت گایا کرتی تھیں۔
چکی پکی: [ار- امث] بچوں کی زبان میں کسی چیز کا ختم ہو جانا۔
چکیدہ: [ف- صف] ٹپکا ہوا - متقطر۔

چ - گ

چگانا: [ار- مص] پرندوں کو دانہ کھلانا۔
چگائی: [ار- امث] چگانے کی اُجرت۔
چگ ڈاڑھیا / چگ ڈڑھیا: [ار- اند] دیکھیے "چکدڑھیا"
چگنا: [ار- مص] پرندوں کا دانہ چن چن کر کھانا۔
چگل: [ف- اند] ترکستان کا ایک شہر جو حسن خیزی کے لیے مشہور ہے۔
چگو: [ار- صف] وہ ڈاڑھی جس میں چند بال ٹھوڑی کے نیچے نکلیں
اور رتبے بڑے ہوں۔
چگونہ: [ف- کلمہ استفہام] کس طرح - کیونکر - کیسا - کیا۔
چگونگی: [ف- امث] کیفیت - ماجرا۔
چگی: [ہ- صف] چھوٹی سی چیز - ذراسی - چٹکی بھر - ننھی سی۔
چگی ڈاڑھی: [ار- امث] دیکھیے "چگو"

چ - ل

چل: [ار- امث] (۱) خارش - کھجلی (۲) مستی - شہوت (۳) بے کلی - بے چینی (۴)
انسان کے ہاتھ پاؤں کا قرار نہ پکڑنا - حرکت کرتے رہنا۔
چل اُٹھنا: [ار- محاورہ] (۱) کھجلی ہونا (۲) شہوت کا غلبہ ہونا (۳)
چھیڑ چھاڑ کی خواہش ہونا۔
چل مٹانا: [ار- محاورہ] خارش دُور کرنا - خواہش مٹانا
چل ہائی: [ار- امث] مست عورت - شوخ اور شریر عورت۔
چل: [ار- کلمہ تنفر] کلمہ تنفر و اختلاط - (۱) ہٹ دُور ہو (۲)
چلنا کا امر - روانہ ہو جا۔
چل (بکسر اول): [ار- امث] چیخ پکار۔
چل: [ار- امث] (۱) فرق - تفاوت (۲) ابتری - پراگندگی (۳)
لغزش - ڈگمگاہٹ۔
چل بچل: [ار- صف] (۱) بے جگہ - بے موقع (۲) (امث) غلطی - چوک -
خطا (۳) علیحدگی - جنبش - حرکت (۴) ابتری - ہل چل - بدانتظامی۔

چل بسنا: [ار- محاورہ] مر جانا - جہان سے اٹھ جانا - گزر جانا۔
چل بے: [ار- کلمہ نفرت و خفگی] دُور ہو - پرے ہٹ۔
چل پڑنا: [ار- محاورہ] (۱) روانہ ہونا (۲) شروع ہونا - بکنے لگنا (۳)
چلنے لگنا - رواں ہونا۔
چل پھر: [ار- امث] (۱) چالاکی (۲) گردش (۳) تلوار کی گردش۔
چل جانا: [ار- محاورہ] (۱) کھسک جانا - چھپٹ جا (۲) بسر ہونا - گزر
جانا (۳) لڑائی ہو جانا (۴) کارگر ہونا (۵) کام دینا۔
چل چخ: [ار- کلمہ نفرت و اختلاط] دُور ہو - پرے ہٹ۔
چل چخے / چل دُور: [ار- کلمہ نفرت و خفگی] الگ ہو - چلا جا - دُور ہو۔
چل چلاؤ: [ار- اند] رواروی - کوچ - سفر - چلا چل۔
چل دینا: [ار- محاورہ] (۱) کافور ہو جانا - رفوچکر ہو جانا (۲) فوت
ہو جانا۔
چل کھڑا ہونا: [ار- محاورہ] یکبارگی کھڑا ہو جانا - معاً چل پڑنا۔
چل نکلنا: [ار- محاورہ] (۱) رواں ہو جانا - جاری ہو جانا (۲) روانہ ہو
ہو جانا (۳) پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جانا (۴) اپنی حیثیت سے بڑھ جانا - اترا
جانا - تیز ہو جانا (۵) چالاک ہو جانا (۶) بے تکلف ہو جانا - گستاخ ہو جانا۔
(۷) سبقت لے جانا - آگے بڑھ جانا۔
چل نہ سکوں میرا گدن نام: [ار- مثل] (عو) طاقت سے زیادہ
دعویٰ کرنے والے بچہ کو کہتی ہیں۔
چل نہ سکوں مرے بارہ نخرے: [ار- مثل] بغیر محنت حق جتانا۔
چل ہوا بن / ہو: [ار- محاورہ] رخصت ہو - ہوا کھا - چلا جا۔
چلا: [ار- اند] (۱) کلابتونی بنا ہوا سرا جو پگڑی کے اول اور آخر میں ہوتا ہے۔
(۲) وہ چمڑے یا لکڑی کا چھلا جو کمان کی تانت کے اس سرے پر لگا ہوتا
ہے جو کمان سے بندھا نہیں ہوتا اور جسے کمان کے گوشے پر چڑھاتے ہیں۔
(۳) ملائم خمیری اور میٹھی روٹی جو آٹا پتلا کر کے کڑاہی میں تلی جاتی ہے۔
چلا: [ار- فعل] دیکھیے "چلنا" جس سے یہ فعل ماضی ہے اور بطور فعل معاون
بعض افعال کے شروع میں آتا ہے۔
چلا آنا: [ار- محاورہ] لگاتار آنا۔
چلا جانا: [ار- محاورہ] (۱) روانہ ہونا - رخصت ہونا (۲) جاری رہنا - بڑھنا (۳)
کام کرتے رہنا (۴) دیر تک رہنا - دیرپا ہونا (۵) سلسلہ نہ ٹوٹنا۔
چلا چاہنا: [ار- محاورہ] چلنے کو تیار ہونا - چلنے کا ارادہ کرنا۔
چلاچل: [ار- صف] (۱) متحرک و غیر متحرک - ساکن و غیر ساکن (۲) بے قیام
بے ثبات (۳) ادھر اُدھر حرکت کرنا۔
چلا چلنا: [ار- محاورہ] چلتے رہنا۔
چلا چلی: [ار- امث] (۱) رواروی (۲) ہل چل (۳) سفر پر روانگی
(۴) موت کی گرم بازاری۔
چلانا: [ار- مص] (۱) ہانکنا - روانہ کرنا (۲) رواں کرنا - جاری کرنا - بہانا۔
(۳) کاروبار جاری کرنا - کسی کام کو رونق دینا (۴) بندوبست کرنا - انتظام
کرنا (۵) کام نکالنا - (۶) گھسیٹنا - ہلانا - حرکت دینا (۷) مسکانا - کھسکانا
پھاڑنا - کپڑے کے تاروں کو جدا کرنا (۸) پھیلانا - یادگار رکھنا - بڑھانا۔

(۹) سود پر دینا۔ بیاج پر دینا (۱۰) استعمال کرنا۔ کام میں لینا۔ کھوٹا سکہ دینا (۱۱) نکالنا۔ باہر کرنا۔ رخصت کرنا۔

چِلّانا : [ار۔مص] (۱) چیخنا۔ غل مچانا (۲) رونا۔ گریہ وزاری کرنا۔ فریاد کرنا (۳) غصہ کرنا۔

چِلّاہٹ : [ار۔امث] شور۔ غل۔ چیخ پکار۔

چَلاؤُ : [ار۔صف] (۱) عارضی۔ ناپائیدار۔ فانی (۲) جانے پر مستعد۔

چُلاؤ : [ف۔اند] بغیر گوشت کا پلاؤ۔ نمکین خشکہ، جس میں گھی ڈالا گیا ہو۔

چِلبِل (بکسر اول و ثالث) : [ار۔امث] (۱) کتے کے بچے کی آواز (۲) بچوں کی گھبرائی ہوئی آواز۔

چُلبُلا : [ار۔صف] نچلا نہ بیٹھنے والا۔ جس کے ہاتھ پاؤں حرکت کرتے رہیں۔ شوخ۔ چالاک۔

چُلبُلاپن : [ار۔اند] دیکھئے "چُلبُلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

چُلبُلانا : [ار۔مص] بے چین ہونا۔

چُلبُلاہٹ : [ار۔امث] دیکھئے "چُلبُلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

چَلپاسہ : [ف۔امث] چھپکلی۔

چَلپَر / چلپرا : [ار۔اند] وہ کبوتر جس کے پروں میں سفیدی دوسرے رنگ میں ملی ہوئی ہو۔

چِل پوں : [ار۔امث] شور و غل۔ بچوں کی چیخ پکار۔

چَلتا : [ار۔صف] (۱) بہتا ہوا۔ رواں جاری (۲) مروج۔ رائج (۳) ہوشیار۔ چالاک (۴) بھاگتا ہوا (۵) کارگر۔ پُراثر۔

چلتا بننا / ہونا : [ار۔محاورہ] بھاگ جانا۔ کھسک جانا۔

چلتا پُرزہ : [ار۔صف] چالاک۔ شریر۔ فتنہ انگیز۔

چلتا پھرتا نظر آنا : [ار۔محاورہ] مطلب حاصل کرنے کے بعد اس طرح غائب ہو جانا یا چلا جانا گویا کبھی جان پہچان ہی نہ تھی۔

چلتا زمانہ / سال : [ار۔اند] بڑھاپے کا زمانہ۔

چلتا کرنا : [ار۔محاورہ] (۱) روانہ کرنا (۲) ہلاک کرنا (۳) کارروائی کے قابل کرنا (۴) کسی کا کام نکال دینا (۵) تیز کرنا۔ دھار رکھنا۔

چلتا ہوا : [ار۔صف] (۱) کارگر۔ پُراثر۔ کامیاب (۲) چالاک۔ ہوشیار۔

چَلَت پھِرَت : [ار۔امث] (۱) پھرتی۔ چالاکی (۲) رفتار۔ گردش۔ (۳) رقص۔ حرکت۔

چِلِتّر : [ہ۔امث] دیکھئے "چرتر"

چِلِتّر باز : [ہ۔ف۔صف] چالاک۔ فریبی۔ مکّار (ترکیب غلط ہے)

چِلِتّر بازی : [ہ۔ف۔امث] دیکھئے "چلتر باز" جس کا یہ اسم کیفیت۔ (ترکیب غلط ہے)

چِلتہ : [ف۔اند] زرہ۔ بکتر۔

چلتی : [ار۔صف۔مث] دیکھئے "چلتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چلتی پھرتی چھاؤں : [ار۔امث] دُنیا کی دولت ناپائدار۔ جلد ختم ہو جانے والی چیز۔

چلتی کا نام گاڑی ہے : [ار۔مثل] جب تک کام درست ہے تب تک ہی نام ہے۔

چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا : [ار۔محاورہ] ہوتے ہوئے کام کو روکنا۔ بنے بنائے کام کو بگاڑنا۔

چلتی ہوا سے لڑنا : [ار۔محاورہ] خوامخواہ لڑائی کرنا۔ نہایت بدمزاج ہونا

چلتی ہوئی بات : [ار۔امث] وہ بات جو سرسری طور پر کہی جائے۔

چلتے : [ار۔صف] دیکھئے "چلتا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے (۲) سبب۔ اختیار۔

چلتے بیل کے آر لگانا / چبھونا : [ار۔محاورہ] کام دینے والے کو روکنا۔ ناحق کسی کو تنگ کرنا۔

چلتے پھرتے : [ار۔متعلق فعل] اِدھر اُدھر پھرتے

چلتے پھرتے نظر آؤ : [ار۔محاورہ] رخصت ہو جاؤ۔ نو دو گیارہ ہو جاؤ۔

چلتے چلتے : [ار۔متعلق فعل] عین جانے کے وقت۔ روانہ ہوتے وقت۔ دوران سفر میں۔

چلتے چور لنگوٹی لابھ : [ار۔مثل] بہت نقصان ہوتے ہوئے جو مل جائے وہ بھی بہتر ہے

چلتے کا نام گاڑی بیٹھے کا نام اوکھلی : [ار۔مثل] جب تک کام چلتا رہے اسی وقت تک ٹھیک ہے۔

چلتے ہاتھ : [ار۔متعلق فعل] جب تک ہاتھ میں کام کرنے کی طاقت ہے۔ جب تک قابو حاصل ہے۔

چِلچِل : [ہ۔امث] ابرک۔ بھوڈل۔

چِلچِلاتا : [ار۔صف] سخت گرم۔ جلانے والا۔

چِلچِلاتی : [ار۔صف] دیکھئے "چلچلاتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چِلچِلانا : [ار۔مص] (۱) جلانا۔ گرم ہونا۔ سخت گرمی پڑنا (۲) چیخ کر بولنا۔ رونا۔ فریاد کرنا۔

چُلچُلانا : [ار۔مص] کھجلانا۔ خارش ہونا۔ کھجلی ہونا (۲) خواہش ہونا۔

چِلچِلی : [ار۔امث۔ق] پیچ۔

چِلڑ : [ہ۔امث] جوں۔

چِلغوزہ : [ف۔اند] ایک قسم کا خشک میوہ۔ جو درختِ صنوبر کا پھل ہوتا ہے

چِلَک : [ہ۔امث] چمک دمک۔ روشنی۔

چِلکا : [ہ۔اند] چاندی کا سکہ۔ روپیہ۔

چِلکنا : [ار۔معص] ۱۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔ دمکنا (۲) خاص طور پر ریت کا چمکنا۔

چُلکنا : [ار۔مص] چُل اٹھنا۔ خارش ہونا۔

چِلَم : [ف۔امث] آگ اور تمباکو کو رکھنے کا ظرف۔ جسے حُقّے پر رکھ کر دم لگاتے ہیں۔

چلم بردار : [ف۔اند] حُقّہ پلانے والا۔ خادم۔ نوکر

چلم بھرنا : [ار۔محاورہ] چلم میں تمباکو وغیرہ ڈال کر آگ رکھنا (۲) گھٹیا خدمت کرنا۔

چلم پینا : [ار۔محاورہ] (۱) تمباکو پینا (۲) سُلفہ یا چرس پینا۔ (۳)

غیرذات ہونے کی وجہ سے حقے سے چلم اُتار کر پینا۔

چلم تمباکو: [ا ر۔ اند] تھوڑا سا تمباکو۔ تمباکو کا ایک سلفہ۔

چلم چٹ: [ا ر۔ صف] (۱) چلم تک پی جانے والا (۲) حقہ کا سخت عادی (۳) کنجوس۔ بے غیرت۔

چلمچی: [ف۔ امث] ہاتھ منہ دھونے کا برتن۔ جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں۔

چلمن: [ا ر۔ امث] چق۔ تیلیوں کا بنا ہوا پردہ (افعال: باندھنا۔ لٹکانا۔ چھوڑنا)

چلموں پر آگ رکھنا / چلمیں بھرنا: [ا ر۔ محاورہ] حقہ پلانے کی خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔ فرمانبردار رہنا۔

چلن: [ا ر۔ اند] (۱) چال۔ رفتار (۲) وضع۔ روش (۳) دستور۔ رسم و رواج (۴) سکہ کا چلنا (۵) عادت۔ برتاؤ (۶) کفایت شعاری۔ جزرسی۔

چلن بگڑنا: [ا ر۔ محاورہ] رفتار ناموزوں ہونا۔ سلامت روی میں فرق آنا۔

چلن چلنا: [ا ر۔ محاورہ] رفتار اختیار کرنا۔

چلن سے چلنا: [ا ر۔ محاورہ] کفایت شعاری سے گزر کرنا۔ وضع داری سے گزر بسر کرنا۔

چلن سیکھنا: [ا ر۔ محاورہ] دوسرے کی روش اختیار کرنا۔

چلن مند: [ا ر۔ صف۔ ق] سست رفتار۔

چلن ہار: [ا ر۔ صف] فنا ہونے والا۔ مسافر۔ کوچ کو تیار۔ چلنے والا۔ مرنے والا۔

چلن ہونا: [ا ر۔ محاورہ] رواج ہونا۔ دستور ہونا۔

چلنا: [ا ر۔ مص] (۱) حرکت کرنا۔ جنبش کرنا (۲) جانا۔ کوچ کرنا (۳) روانہ ہونا (۴) سکہ کا رواج پانا (۵) سفر کرنا (۶) رواں ہونا۔ جاری ہونا۔ بہنا (۷) گزرنا۔ عبور کرنا۔ اترنا۔ پار ہونا (۸) ترقی ہونا۔ رونق ہونا (۹) پھیلنا۔ قائم ہونا۔ مشہور ہونا (۱۰) ابھرنا۔ بڑا ہونا (۱۱) اُٹھ آنا۔ بازار میں آنا بکنا شروع ہونا (۱۲) مسکنا۔ پھٹنا (۱۳) سڑنا۔ بسنا (۱۴) پھسلنا۔ گرنا۔ (۱۵) دنیا سے جانا (۱۶) فساد ہونا۔ رنجش ہونا (۱۷) دم دینا۔ فریب دینا۔ (۱۸) قابو ہونا (۱۹) مارنا (۲۰) شروع ہونا۔ چھڑنا (۲۱) پڑھنا۔ پڑھا جانا (۲۲) رواں ہونا۔ خوب کام دینا (۲۳) ٹہلنا۔ چہل قدمی کرنا (۲۴) توپ وغیرہ کا چھوٹنا (۲۵) تیر و تلوار وغیرہ کا رواں ہونا (۲۶) کارگر ہونا۔ اثر کرنا (۲۷) بیہوش ہونا۔ گر پڑنا (۲۸) شراب کا دور ہونا (۲۹) لباس کا دیر تک کام دینا۔ پائدار رہنا (۳۰) رسائی ہونا۔ بس ہونا (۳۱) کہے پر عمل کرنا (۳۲) بیاہا جانا۔

چلنا پھرنا: [ا ر۔ محاورہ] ٹہلنا۔ پھرنا

چلنت: [ا ر۔ امث۔ ق] چال چلن

چلنے سے رہنا: [ا ر۔ محاورہ] چلنے کے لائق نہ رہنا۔

چلنے لگنا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) جانے کا قصد کرنا (۲) روزگار میں ترقی ہونا۔ (۳) تلوار یا لکڑی سے مارنا

چلنی: [ا ر۔ امث] دیکھئے "چھلنی"

چلو: [ا ر۔ متعلق فعل] (۱) خوب ہوا (۲) یونہی سہی کچھ پروا نہیں (۳) چھوڑ دو (۴) زائد۔ حسن کلام کے لئے۔

چُلو: [ا ر۔ اند] ہاتھ کو اس طرح موڑا ہوا کہ اس میں کوئی پتلی چیز رُک سکے۔ اوک

چلو بھر: [ا ر۔ صف] تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

چلو بھر پانی میں ڈوب مر: [ا ر۔ محاورہ] غیرت دلانے کے وقت بولتے ہیں۔

چلو میں اُلّو ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ذرا سی تیز شراب میں بیہوش ہو جانا۔

چلو میں سمندر نہیں سماتا: [ا ر۔ مثل] چھوٹے ظرف والے سے بڑا کام نہیں ہو سکتا۔

چلوا: [ع۔ امث] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو کنارے پر رہتی ہے۔

چلوا: [ع۔ امث] ایک قسم کی جوں جو میلے کپڑے میں پیدا ہوتی ہے۔

چلوانا: [ا ر۔ مص] دیکھئے "چلانا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چلوانس: [ا ر۔ امث] (۱) چلاہٹ (۲) وہ چلاہٹ جو ام الصبیان سے مرنے والے بچے کو مرنے سے تین چار روز پہلے ہو جاتی ہے۔

چلوؤں رونا: [ا ر۔ محاورہ] زار قطار رونا۔ بہت رونا۔

چلوؤں لہو بڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] نہایت خوشی ہونا۔

چلوؤں لہو پینا: [ا ر۔ محاورہ] خوب ستانا۔ خوب پیٹنا۔

چلوؤں لہو خشک ہونا: [ا ر۔ محاورہ] بہت رنج ہونا۔ بہت صدمہ ہونا۔

چلہ: [ف۔ اند] (۱) چالیس دن کا زمانہ (۲) چالیس روز کی گوشہ نشینی اور وظیفہ خوانی (۳) وہ مکان جس میں کسی بزرگ نے چلہ کشی کی ہو (۴) وہ ڈورا یا بند جو کسی بزرگ کے مزار، درخت، علم یا تعزیہ پر باندھتے ہیں (۵) زچہ کے چالیسویں دن کا غسل (۶) چالیس دن کا جاڑا جو پوس سے شروع ہو کر سوا مہینے تک رہتا ہے (۷) کمان کی تانت۔

چلہ باندھنا: [ا ر۔ محاورہ] منت ماننا۔ مراد ماننا

چلہ بندھنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "چلہ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چلہ چڑھانا: [ا ر۔ محاورہ] کمان کو زہ کرنا۔ تانت کھینچ کر گوشہ کمان سے باندھنا۔

چلہ چڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "چلہ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چلہ کھولنا: [ا ر۔ محاورہ] حصول مراد کے بعد منت کا بند یا ڈورا کھولنا۔

چلہ کھینچنا: [ا ر۔ محاورہ] چالیس روز تک گوشہ میں بیٹھ کر کوئی عمل پڑھنا۔

چلھڑ: [ہ۔ امث] دیکھئے "چلڑ"

چلھوا: [ہ۔ امث] چیل کے بلانے کی آواز۔

چلئے: [ا ر۔ فعل] "چلنا" سے صیغہ امر۔ آ جائیے۔ ہمراہ آئیے۔ (تعظیم کے لئے آتا ہے)

چلی چلی بی ماکھو آئیں: [ا ر۔ مثل] (۱) پہیلیے پہیلیے یہاں تک بات پہیلی (۲) لڑکوں کا ایک کھیل۔

چلے بیٹھنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "چلہ کھینچنا"

چلے چلنا: [ا ر۔ محاورہ] متواتر چلتے رہنا۔

چلیپا: [ا ر۔ امث] (۱) صلیب۔ سولی (۲) (صف) کج۔ خم دار۔

چلیپائی: [ف۔ امث] دیکھئے "چلیپا" جس سے یہ منسوب ہے

چ - م

چَم: [ہ - اند] چام کا مخفف - چمڑا - کھال - چرم -

چَم: [ف - صف] (۱) تیار - سجا ہوا - مزین (۲) پایا ہوا - یافتہ (۳) ٹیڑھا - خمیدہ - خمدار (۴) مٹک کی چال - نخرے کی چال -

چَم چَم: [ف - اند] چمک دمک - پیچ و خم -

چَم خَم: [ف - اند] دیکھئے "چم چم"

چَما چَم کرنا: [ار - محاورہ] خوب چمکنا

چَمار: [ہ - اند] ہندوستان میں ایک بہت گھٹیا اور نیچ قوم - اس قوم کا فرد - موچی جو جوتیاں سینے / بنانے / اور گانٹھنے والا (۲) نیچ - کمینہ - سفلہ - میلا -

چمار چودس: [ہ - امث] چماروں کی عید - کم ظرفی کے باعث عارضی خوشی پر فخر کرنا -

چمار چودس مچانا / کرنا: [ار - محاورہ] شور و غل کرنا - غل غپاڑہ کرنا -

چمار چودھر: [ہ - اند] چماروں کا جلسہ - شور و غل - جھگڑا - غوغا -

چمار چمڑے کا یار: [ار - مقولہ] چمار جوتوں سے ہی سیدھا ہوتا ہے -

چمار کار: [ہ - اند] چمار -

چمار کا نام جگ جیون: [ہ - مثل] ادنئے ہو کر عمدگی کا دعویٰ -

چمار کو چمڑے کا سکّہ: [ہ - مثل] جیسا آدمی ہو ویسا ہی اُسے انعام ملتا ہے -

چمار کو دیوالی میں بھی بیگار / چمار کو عرش پر بھی بیگار: [ار - مثل] بدقسمت آدمی کے لئے کہا جاتا ہے - جسے کہیں بھی فائدہ نہ ہو -

چمار کی جورو اور لوٹی جوتی: [ار - مثل] نازیبا بات - ناموزوں بات -

چمار کی چھوکری چندن نام: [ار - مثل] ناموزوں بات - بے جوڑ بات -

چمار کے کوسے ڈھور نہیں مرتے: [ہ - مثل] بد دعا دینے سے کسی کو نقصان نہیں ہوتا -

چمارنی / چماری / چمارن: [ہ - امث] چمار کی بیوی - چمار قوم کی عورت -

چماغ / چپماق: [ف - اند] چھ پہلو والا لوہے کا گرز - موٹھ والا ڈنڈا -

چمالی: [ف - صف] ساقی - شراب پلانے والا -

چماں: [ف - اند] ہل ہل کر چلنا - اکڑ کر چلنا -

چماں چماں: [ر - متعلق فعل] خرام ناز سے / ٹہلتے ہوئے چلنے والا -

چمبک: [ار - امث] فارسی چینک کا مورد - مقناطیس -

چمپا: [ار - امث] فارسی چنپا کا مورد - ایک درخت اور اس کا پھول جو سفیدی مائل زرد اور نہایت مست خوشبودار ہوتا ہے -

چمپا کے دس پھول چنبیلی کی ایک کلی، مورکھ کی ساری رات چاتر کی ایک گھڑی: [ہ - مثل] تھوڑی اور اچھی چیز، گھٹیا مگر بہت سی چیز سے بہتر ہوتی ہے -

چمپا کلی: [ار - امث] گلے کا ایک زیور جس کے دانے چمپا کے پھول کی کلیوں سے مشابہ ہوتے ہیں -

چمپت: [ہ - صف] چھپا ہوا - نہاں - بھاگ جانے والا -

چمپت بننا / ہو جانا / ہونا: [ار - محاورہ] غائب ہو جانا - چھپ جانا - بھاگ جانا -

چمپو: [ہ - امث] بڑی کشتی -

چمپئی: [ار - صف] (۱) چمپا کے رنگ کا - ہلکا زرد رنگ (۲) چھپ کر - گھات لگا کر - خفیہ طور پر -

چمٹا: [ہ - اند] (۱) آگ پکڑنے کا آلہ - دست پناہ (۲) چمٹنا کا ماضی -

چمٹا لینا: [ار - محاورہ] گلے سے لگا لینا -

چمٹانا: [ار - مص] (۱) چسپاں کرنا (۲) پیچھے لگانا - گلے سے لگانا -

چمٹنا / چمٹ جانا / چمٹ رہنا: [ار - مص] چپکنا پیچھے پڑنا - پیچھا نہ چھوڑنا - سر ہونا - لپٹنا -

چمٹی: [ہ - امث] (۱) چھوٹا چمٹا - (۲) چٹکی (۳) چیونٹی -

چمٹی لینا: [ار - محاورہ] چٹکی لینا - کاٹنا -

چمچہ: [ہ - امث] (۱) ایک چڑیا جس کا رنگ سفید اور چونچ بڑی ہوتی ہے - (۲) ایک ظرف جس کے ایک طرف دِل کی شکل کا گول پیالہ سا اور دوسری طرف دستہ ہوتا ہے - اس کے ساتھ کھایا یا پیا جاتا ہے - کھانا پکانے، کھانا ڈالنے کے کام آتا ہے -

چم چچڑ: [ہ - صف] (۱) بڑی چیچڑی - چمڑے سے چمٹنے والی چیچڑی (۲) پیچھا نہ چھوڑنے والا شخص -

چم چمانا: [ار - ا] چمکنا دمکنا -

چمچماہٹ: [ہ - امث] چمک دمک -

چمچہ: [ف - اند] بڑا چمچ - ڈوئی - کفگیر - پتلی چیز پینے کا آلہ -

چمچی: [ار - امث] چھوٹا چمچ - کتھ چونا پان پر لگانے کا چھوٹا سا آلہ -

چمر: [ہ - اند] دیکھئے "چمار" جس کا یہ مخفف ہے -

چمر برہے / برہی: [ہ - امث] (۱) جو چمار / چنبیل کو بڑھائے (۲) جاڑوں کی بارش - سردی کے موسم کا وہ دن جب بارش ہو -

چمر بنگلی: [ہ - امث] ایک قسم کا چھوٹا بنگلہ -

چمر توحید: [ہ ع - امث] گھٹیا درجے اور کم فہمی کی توحید - کم فہم لوگوں کی توحید جو وحدت الوجود کی حقیقت کو سمجھے بغیر ہمہ اوست کے قائل ہوں -

چمر جولاہا: [ہ - اند] ہندو جولاہا - مومن جولاہے کی ضد -

چمر ڈھینگ: [ہ - اند] کرگس - گدھ -

چمرخ: [ار - امث] (۱) چمڑے کا پتلا ٹکڑا - یا مونجھ سے بنا ہوا حلقہ جس کے اندر چرخے کا تکلا پھرتا ہے (۲) صف - لاغر - دُبلی - کمزور عورت -

چمرس: [ار - اند] جوتی لگنے سے جو زخم پاؤں میں پیدا ہو جائے -

چمڑا: [ہ - اند] (۱) کھال - پوست - جلد (۲) دھوڑی (۳ - صف) سخت - نہ گلنے والا -

چمڑا اُتارنا / اُدھیڑنا / چمڑانا / کھینچنا / نکالنا: [ار - محاورہ] چمڑا یا کھال بدن سے علیحدہ کرنا -

چمڑا اُترنا / اُدھڑنا / چھڑنا / کھنچنا / نکلنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "چمڑا اتارنا" جس کا یہ لازم ہے -

چمڑی: [ہ - امث] (۱) کھال پوست (۲) چمڑے کی تصغیر -

چمڑی جائے دمڑی نہ جائے: [ار - مثل] اس بخیل کی نسبت کہتے

ہیں جو پیسہ خرچنے کی بجائے جسمانی سزا کو ترجیح دے۔
چمڑی لینا : [ار۔محاورہ] مار مار کر کھال اُڑا دینا۔
چمڑے کا جہاز چلنا : [ار۔محاورہ] قرمساقی کا پیشہ کرنا۔کٹنا پا / بھڑوائی کرنا۔زنا کا پیشہ کرنا۔
چمڑے کا جہاز چلتا ہے : [ار۔مثل] زنا کاری کا پیشہ ہے۔
چمڑے کی زبان ہے : [ار۔مثل] بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔
چمڑے کے ہاتھ : [ار۔اند] اِنسان کے ہاتھ کو تحقیر سے کہتے ہیں۔
چمک : [ف۔امث] (۱) بھڑک۔جھلک۔روشنی۔تاب۔تجلی۔درخشانی۔ (۲) درد۔خوف (۳) رونق۔آب و تاب۔
چمک اُٹھنا : [ار۔محاورہ] ناراض ہو جانا۔یکایک غُصّے ہونے لگنا۔
چمک پتھر : [ار۔اند] مقناطیس۔
چمک چاندنی : [ار۔امث] وہ عورت جو بہت بن ٹھن کر رہتی ہو۔
چمکدار : [ار۔ف۔صف] چمکیلا۔درخشاں۔
چمک دَمک : [ار۔ف۔امث] روشنی۔تجلی۔آرائش۔سجاوٹ۔
چمک کر نِکلنا : [ار۔محاورہ] شان و شوکت، ناز و افتخار اور تکلف کے ساتھ برآمد ہونا۔
چُمک : [ھ۔اند] مقناطیس۔آہن رُبا
چمکا دینا : [ار۔محاورہ] روشن کرنا۔نیز دیکھیے "چمکانا" جس کی یہ تکمیل ہے۔
چمکارا : [ار۔اند] چمک۔روشنی۔
چُمکارنا : [ھ۔مص] چُمکار کی آواز نکالنا۔پیار کرنا۔دلاسا دینا۔پچکارنا۔
چمکانا : [ار۔مص] (۱) آب دینا۔صَیقل کرنا (۲) بھڑکانا۔برافروختہ کرنا (۳) گھوڑا دوڑانا۔گھوڑے کی رفتار کو تیز کرنا (۴) تمسخر کرنا۔ (۵) رونق بڑھا دینا (۶) تیز کرنا (۷) روشنی میں نمایاں کرنا (۸) زور دینا۔
چَمَکنا : [ار۔مص] (۱) روشنی دینا۔کوندنا (۲) نام پانا رونق پانا۔شان و شوکت والا ہونا۔جھلکنا۔جگمگانا۔دمکنا (۴) بھڑکنا۔ڈرنا۔وحشت کرنا (۵) عروج پکڑنا۔ترقی کرنا۔بلند ہونا۔طلوع ہونا (۶) زور پکڑنا (۷) جنگ ہونا۔جھگڑا ہونا (۸) خفا ہونا۔جھنجھلانا۔ڈپٹنا (۹) گھوڑے کا خوب دوڑنا۔فراٹا بھرنا (۱۰) مٹکنا۔ناز کرنا۔مسخراپن کی حرکتیں کرنا (۱۱) بازار خوب گرم ہونا۔خوب بکری ہونا (۱۲) قسمت کھلنا۔تقدیر یاور ہونا۔
چمکو : [ار۔صف۔مث] چمکنے مٹکنے والی شوخ عورت۔بدکار۔چنچل۔تمسخر آمیز حرکات کرنے والی عورت۔جھگڑالو عورت۔
چمکول : [ار۔صف] چمکتا ہوا۔چمکدار۔روشن۔درخشاں۔
چمکی : [ار۔امث] وہ ستارے جو سچے اور نخ میں پرو کر ٹانکے جاتے ہیں۔نقلی ریشم کا کپڑا۔
چمکی کا دستہ : [ار۔اند] خالص ستاروں کی بیل جس میں گوکھرو نہ ہو۔
چمگادڑ / چمگیدڑ / چمگدڑ : [ہ۔امث] ایک پرندہ جو چوہے کی شکل کا ہوتا ہے۔اکثر درختوں اور چھتوں میں لٹکتا رہتا ہے۔رات کو اُڑتا ہے بچے دیتا اور ان کو دُودھ پلاتا ہے۔شب پرہ۔شپر
چمگادڑ کے گھر آئی چمگادڑ آنُوا لٹک رہیں / چمگادڑ کے گھر مہمان آئے ہم بھی لٹکیں تم بھی لٹکو / چمگادڑ کی مہمانی، میں بھی لٹکوں تو بھی لٹک / چمگادڑ کی مہمانی آؤ لٹک رہو : [ار۔مثل] جیسے کے گھر جاؤ ویسی عزت پاؤ۔
چمل / چملا / چملی : [ھ۔اند۔مث] فقیروں کا پیالہ۔
چمن : [ف۔اند] وہ جگہ جہاں پھلوں اور پھولوں کے پودے لگے ہوں۔باغ کا قطعہ۔چھوٹا کھیت۔سبزہ زار۔نہایت آباد شہر۔
چمن آرا / پیرا / طراز : [ف۔صف] باغبان۔مالی۔
چمن آرائی / پیرائی / طرازی : [ف۔امث] باغبانی۔چمن کی آرائش کا کام۔
چمن بند : [ف۔صف] مالی۔باغبان۔باغ لگانے والا۔
چمن بندی : [ف۔امث] دیکھیے "چمن بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چمنستان : [ف۔اند] پھولوں کا قطعہ۔
چمنی : [انگ۔امث] (CHIMNEY) (۱) شیشے کی نالی جو لیمپ پر لگاتے ہیں (۲) لوہے کی نالی یا مینار جو کارخانوں میں دھواں نکلنے کیلئے لگا ہوتا ہے جو آجکل پختہ اینٹوں سے بنایا جاتا ہے (۳) دیوار میں وہ سوراخ جس میں چولھے میں سے آگ جلتے وقت دھواں نکلتا ہے۔
چموٹا : [ہ۔اند] (۱) وہ چمڑے کا ٹکڑا جس پر حجام اُسترا تیز کرتے ہیں (۲) وہ چمڑا جس میں تسکلا پھرتا ہے (۳) چمڑے کا موزہ جو قیدیوں کی ٹانگ میں ڈالتے ہیں تاکہ بیڑی سے ٹانگ زخمی نہ ہو (۴) (صف) بیوقوف۔احمق۔موٹے دماغ کا۔
چموٹی : [ہ۔امث] دیکھیے "چموٹا نمبر ۱، ۲" جس کی یہ تصغیر ہے۔
چمو رانی : [ہ۔امث] بچوں کا ایک کھیل ہے۔جسے سات سمندر اور پہلا درجہ بھی کہتے ہیں۔
چمیگوئیاں : [ف۔امث] چہ میگوئیاں کا مخفف ہے۔گپ شپ۔باتیں۔رائے زنی۔شوخیاں

چ - ن

چَنا : [ار۔اند] نخود۔بونٹ۔ایک اناج جو فصل ربیع میں پکتا ہے۔
چنا اور چغل منہ لگا بُرا : [ار۔مثل] چنے کھانے کی عادت پڑ جائے تو چھوٹتی نہیں اور چُغل کے ساتھ مہربانی کی جائے تو وہ دوسروں سے لڑا دیتا ہے۔
چَنّا : [ار۔امث۔ق] چاندنی۔
چَنار : [ف۔اند] (۱) ایک بہت بڑے درخت کا نام ہے جس کے پتے انسانی پنجہ کے مشابہ اور سُرخ ہوتے ہیں۔شاعروں کا خیال ہے کہ جب یہ درخت پرانا ہو جاتا ہے تو اس سے آگ نکلتی ہے (۲) مہندی لگانے کا ایک طریقہ۔
چَنال : [ار۔امث] (ق) ایک قسم کی جوتی۔
چُنا مُنا : [ار۔صف] بچوں کی زبان میں بہت چھوٹا۔ننھا سا۔
چُناں : [ف۔حرف تشبیہ] مثل۔ویسا۔اس طرح کا۔
چُناں چُنیں : [ف۔حرف تشبیہ] (۱) ایسا ویسا۔اس طرح کا۔اُس طرح کا (۲) نکتہ چینی (۳) عیب۔نقص (۴) ذکر۔چرچا (۵) بحثا بحثی۔

جھگڑا۔ تکرار۔ [افعال : کرنا۔ ہونا۔ آنا]

چَناَنا : [ار۔مص۔ق] مشہور کرنا۔

چناں چہ : [ف۔ متعلق فعل] جیساکہ۔ مثلاً۔ اس طورسے۔

چُناوَٹ : [ار۔ امث](۱) اینٹ کا چُننا۔ لکڑی کا چننا (۲) کپڑے کی چُنائی۔

چُناؤ : [ار۔ اند](۱) انتخاب۔ الیکشن (۲) ترتیب۔ اینٹوں یا لکڑیوں کا برابر برابر رکھنا۔

چُنائی : [ار۔ امث](۱) اینٹ پتھر سے دیوار اُٹھانا (۲) تعمیر۔ عمارت کی بناوٹ۔ ساخت (۳) چُننے کی مزدوری۔

چَنبَر : [ف۔ اند](۱) سرپوش۔ حلقہ۔ گھیرا۔ محیط۔ جال (۲) چلم کا سرپوش (۳) آسمان کا دَور (۴) گردن کی ہنسلی۔

چنبری : [ف۔صف] گول۔ دائرہ نما۔

چُنبَک : [ف۔ اند] مقناطیس۔

چَنبُل : [ار۔ اند] فارسی چُنبُل کا بگاڑ (۱) بھیک کا پیالہ (۲) حقّہ کا سرپوش (۳) داد کی قسم کی ایک بیماری۔

چَنبلی : [ار۔ امث] ایک قسم کا چوڑا پیالہ۔

چَنبیلی : [ار۔ امث](۱) ایک مشہور خوشبودار پھول جو سفید اور زرد دو قسم کا ہوتا ہے (ف یس) یاسمن (۲) عورتوں کا نام بھی ہوتا ہے۔

چنبیلی چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ لائی : [ار۔ مثل] منہ لگایا کمینہ سر پہ چڑھا۔

چَنبیلیا : [ار۔ اند] ایک قسم کا بھورے رنگ کا کبوتر۔

چنپا : [ف۔ امث] دیکھئے "چمپا"

چنپت : [ف۔ امث] دیکھئے "چمپت"

چنپئی : [ھ۔صف] دیکھئے "چمپئی"

چُنَت : [ار۔ امث] سلوٹ۔ شکن۔ پگڑی کی شکن۔

چِنتا : [ھ۔ امث](۱) خوف۔ خطرہ۔ ڈر (۲) خیال۔ سمجھ۔ سوچ (۳) شک۔ شبہ (۴) احتیاط۔ تردد۔ فکر (۵) اندیشہ۔ تشویش (افعال : کرنا۔ پڑنا۔ ہونا)

چَنچَل : [ھ۔صف](۱) شوخ۔ چُست وچالاک (۲) بیقرار بے چین۔

چنچل پن : [ھ۔ اند] دیکھئے "چنچل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

چِنچِنا : [ھ۔صف](۱) چڑچڑا۔ بدمزاج (۲) چیں چیں کرنے والا۔

چِنچِنانا : [ھ۔مص](۱) چیں چیں کرنا۔ رونا۔ بگڑنا۔ ٹھنکنا (۲) غصہ ہونا۔ ناراض ہونا۔

چِنُن چِنُن کے نام رکھنا : [ار۔ محاورہ] ہر بات پر طعنہ دینا۔ بُرا کہنا۔

چِنچِنی : [ھ۔صف] (۱) چنچنا کی تانیث (۲) کھجلی۔

چِنچِنی آواز : [ار۔ امث] صاف اور باریک آواز۔ بچوں کی آواز کو کہتے ہیں۔

چُنچُنے : [ھ۔ اند] وہ کیڑے جو بچوں کے معدہ میں ہو جاتے ہیں۔

چُنچُنے لگنا : [ار۔ محاورہ] مرچیں لگنا۔ ناگوار گزرنا۔

چَند : [ھ۔ اند] دیکھئے "چاند" جس کا یہ مخفف ہے۔

چَند : [ف۔صف](۱) کس قدر۔ کتنے (۲) کچھ۔ قلیل۔ محدود۔

چَند در چَند : [ف۔صف](۱) کئی۔ بہت سے (۲) مختلف (۳) بےحد (۴) کئی گنا (۵) کئی بار۔

چَند روزہ : [ف۔صف] عارضی۔ فانی۔ ناپائدار۔ بے ثبات۔

چَندا : [ھ۔ اند](۱) چاند کی تصغیر (۲) مور کی دُم کا چاند (۳) مکان کے دروازے کے قریب کی دیوار (۴) گول ٹکڑا۔

چَندا ماموں : [ھ۔ اند] چاند (بچوں کی زبان میں)

چَنداں : [ف متعلق فعل] اتنے۔ اِس قدر۔ اتنی۔ ایسی۔

چَندانکہ : [ف متعلق فعل] جس قدر۔ جتنا

چَندَر : [س۔ اند](۱) چاند (۲) مور کی دم کا چاند۔

چَندر بنسی : [س۔ اند] چاند کے خاندان کا۔ ایک مشہور خاندان جس میں پانڈو اور کورو ہوئے ہیں۔

چَندر جوت : [ھ۔ امث](۱) چاندنی (۲۔ق) آتش بازی کی ایک قسم۔

چَندر کلا : [ھ۔ اند] چاند کے قطر کا سولہواں حصہ (۲) ایک زیور کا نام جو خاص کر مندروں کی مورتوں کے سر پہ بندھتا ہے۔

چَندر گرہن : [ھ۔ اند] چاند کا گہن

چَندر ما (ل) : [ھ۔ اند] چاند۔

چَندر / چَندن ہار : [ھ۔ اند] گلے میں پہننے کا ایک قسم کا ہار۔

چَندرا : [ھ۔صف](۱) وہ شخص جس کی کھوپڑی پر بال نہ ہوں۔ (۲) منحوس۔ بدنصیب۔

چَندرانا : [ھ۔ مص] (۱) جھٹلانا (۲) جان بوجھ کر کوئی بات پوچھنا۔ تجاہل عارفانہ کرنا۔

چندراول : [ھ۔صف] آشنا۔ ساتھی۔

چَندرکی : [ار۔ امث۔ق] پٹخنی۔

چُندری : [ھ۔ امث] رنگ برنگ کا دوپٹا۔ چُنری۔

چند ماری : [ھ۔ امث] ایک پرند جس کی چونچ گردن اور پاؤں لانبے ہوتے ہیں اور چونچ کے نیچے ایک تھیلی سی ہوتی ہے۔

چَندَن : [س۔ اند] صندل۔ صندل کی لکڑی۔

چَندن کی چُٹکی بھلی گاڑی بھرا نہ کاٹھ : [ھ۔ مثل] عمدہ چیز بہت سی خراب چیز سے بہتر ہے۔

چَندنا : [ھ۔ مص۔ق] چاندنی۔

چُندوا : [ھ۔ اند](۱) ٹوپی کے اوپر کا حصہ (۲) گول ٹوپی کے اوپر کا گردا۔ (۳) چھوٹا شامیانہ۔

چندوٹی : [ھ۔ امث۔ ق] چُندی۔ چھوٹا ٹکڑا۔

چَندہ : [ف۔ اند](۱) وہ روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لے کر کسی کام کے لئے جمع کیا جاتے (۲) اخبار یا رسالہ کی ماہانہ یا سالانہ قیمت۔

چُندھا / چُندھلا : [ار۔صف](۱) وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی کی تاب نہ لاسکیں (۲) چھوٹی آنکھوں والا۔ کم نظر (۳) خط یا تحریر جو پڑھی نہ جاسکے۔

چُندھی : [ار۔صف۔ مث] دیکھئے "چُندھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چُندھے دیدے : [ار-اند] چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔
چُندھیانا : [ار-مص] ۱روشنی کی وجہ سے آنکھیں جھپکنا (۲) آنکھوں کی کمزوری کی وجہ سے کم نظر آنا۔
چِندی : [ھ-امث] چھوٹا ٹکڑا۔ پُرزہ (۲) ذرا ذرا (۳) معنی در معنی سمجھانا۔
چَندے : [ف-صف] کچھ مدت۔ کچھ روز۔ غیر مُعَیّن مقدار یا تعداد۔ کچھ۔
چندے آفتاب چندے ماہتاب : [ف-صف] حسن و جمال میں سورج اور چاند کے برابر۔
چَندیا : [ار-امث] ۱سر کی کھوپڑی (۲) چھوٹی سی روٹی۔ بچے ہوئے آٹے کی روٹی۔
چندیا پر ایک بال نہ رہنا / چھوڑنا : [ار-محاورہ] لوٹ کر کھا جانا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ مفلس کر جانا۔
چَندیا کھجانا : [ار-محاورہ] سر کھجانا۔ جوتیاں کھانے کو جی چاہنا۔
چَندیا مُونڈنا : [ار-محاورہ] (۱) سر مونڈنا۔ عورت کے سر کے بال مونڈ دینا (۲) لوٹ کر کھانا۔
چندیاں سے ڈالنا : [ار-محاورہ] بہت لعنت ملامت کرنا۔
چَندیں : [ف-صف] اتنا۔ اتنی۔ کس قدر۔ کتنے۔
چندیں شکل برائے اکل : [ف-مثل] اچھی چیز کے لئے اس کا اہل ہونا چاہئے۔
چَندیں مدت خدائی کردی گاؤ خر نہ شناختی : [ف-مثل] جب کوئی شخص کسی کام میں ماہر ہو کر کسی معمولی بات میں تمیز نہ کر سکے تو کہتے ہیں۔
چَنڈال : [ھ-صف] (۱) کمینہ۔ ادنیٰ ذات کا (۲) بدبخت۔ بدنصیب (۳) کنجوس۔ بخیل (۴) ایک کمینہ فرقہ جو شراب پیتے اور سؤر چرلتے اور ذلیل کام کرتے تھے۔
چَنڈال بال : [ھ-اند] ۱ایک بڑا بال جو ماتھے پر ہوتا ہے اور اس کو منحوس سمجھتے ہیں (۲) موئے زہار۔
چَنڈال چوکڑی : [ھ-امث] چند شرارتی آدمیوں کا اجتماع جو فساد برپا کرتے ہیں۔
چنڈالن / چنڈالنی / چنڈالی : [ھ-صف-مث] دیکھئے "چنڈال" جس کی یہ تانیث ہے۔
چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے بال : [ھ-مثل] کنجوس اور کمینہ کچھ نہیں چھوڑتا۔
چَنڈاوَل : [ھ-اند] ۱فوج کی آخری قطار / حصہ (۲) پاسبان۔ چوکیدار۔
چَنڈُو : [ھ-اند] ۱ایک نشہ جو افیون کو پانی میں پکا کر بنایا جاتا ہے اور حقہ کی طرح پیا جاتا ہے (۲) (ق) گیند۔
چَنڈو باز : [ھ-ف-صف] (۱) چنڈو پینے والا (۲) زرد رنگ آدمی۔

چَنڈو خانہ : [ھ-ف-اند] وہ مقام جہاں چنڈو پیا جاتا ہے۔
چَنڈول : [ار-اند-ق] گیند۔
چَنڈول : [ھ-امذ] ۱ایک خوش الحان پرندہ بڑا اور تاجدار پرندہ (۲) (اند) بے ہنگم۔ بے ہودہ۔ بدشکل آدمی (۳) ایک پالکی۔ سکھ پال (۴) ایک مٹی کا کھلونا جس میں چار جڑی ہوئی مٹی کی ٹکھیاں ہوتی ہیں۔ (چوڈول کا مخفف)
چُنری / چُنڑی : [ھ-امث] رنگ برنگ دوپٹا (۲) کپڑا رنگنے کا ایک طریقہ جس میں باندھ کر رنگتے ہیں۔ بندھی ہوئی جگہ پر رنگ نہیں چڑھتا۔ اسی طرح رنگی ہوئی ساڑھی (۳) چنکی۔
چَنگُب : [ار-امث-ق] چُبھن۔
چُن کھاؤ : [ار-اند-ق] ۱فقیر۔ بھکاری (۲) پرندہ۔
چَنگ : [ف-اند] ۱ایک باجے کا نام (۲) آدمی یا جانور کا پنجہ (۳) کوئی چیز جو ٹیڑھی یا جھکی ہوئی ہو (۴) ایک قسم کا کنکوا جس میں دیا روشن کر کے اڑاتے ہیں (۵) لمبا کاغذ کا ٹکڑا جو کنکوے کے ساتھ چپکا کر دیتے ہیں (۶) گنجفے کی ایک بازی کا نام (۷) شہرت۔ شہرہ۔
چَنگ بجانا : [ار-مص مرکب] چنگ باجے سے آواز نکالنا۔
چَنگ بجنا : [ار-محاورہ] چنگ سے آواز نکلنا۔
چَنگ باؤ / بایُو : [ہ-اند] جوڑوں کا درد۔
چَنگ پر چڑھانا : [ار-محاورہ] بنانا۔ بیوقوف بنانا۔
چَنگ نواز : [ف-صف] چنگ بجانے والا۔
چَنگ نوازی : [ف-امث] چنگ بجانا۔
چَنگ : [ھ-امث] (۱) سوزاک۔ پیشاب کی سوزش (۲) سوزش۔ جلن۔ ٹیس (۳) سوجن۔ درد۔
چَنگ : [س-صف] (۱) سمجھنے والا (۲) خوبصورت۔
چَنگا : [ھ-اند] اچھا۔ بھلا۔ تندرست۔ توانا۔
چَنگا بنانا : [ار-محاورہ] ۱ٹھیک کرنا۔ درست کرنا (۲) سزا دینا۔ حیران کرنا۔ عاجز کرنا۔
چَنگا کرنا : [ار-محاورہ] تندرست کرنا۔ باصحت کرنا۔ اچھا کرنا۔
چَنگا ہونا : [ار-محاورہ] اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔
چَنگا ہے مگر ننگا : [ھ-مثل] صاحب مقدور تو ہے مگر نہایت کنجوس ہے۔
چِنگا : [ھ-اند] مرغی کا بچہ۔ چوزہ۔
چِنگاری : [ھ-امث] (۱) شرارہ۔ آگ کا پھول (۲) رنجش کی بات۔
چِنگاری جھڑنا : [ار-محاورہ] آگ کا پھول جھڑنا۔
چِنگاری چھوڑنا : [ار-محاورہ] ایسی بات کہنا جس سے لوگوں کو رنجش ہو۔ لڑائی کرانا۔ فتنہ انگیزی کرنا۔
چنگاری ڈالنا : [ار-محاورہ] آگ لگانا (۲) فساد کرانا۔ فتنہ انگیزی کرنا۔
چنگاری لگانا : [ار-محاورہ] فتنہ انگیزی کرنا۔
چنگاری لگانے والا : [ار-صف] فتنہ پیدا کرنے والا۔ آگ لگانے والا۔
چنگاریاں جھڑنا / چھوٹنا : [ار-محاورہ] آگ کے شرارے نکلنا۔ آگ کے پھول جھڑنا (۲) چہرے سے خونخواری یا جلال ٹپکنا۔

چنگال : [ف ۔ اند] درندوں اور شکاری پرندوں کا پنجہ ۔

چنگل : [ف ۔ اند] (۱) درندے کا پنجہ (۲) شکاری پرند کا پنجہ (۳) آدمی کا پنجہ ۔ ہاتھ ویر رو پکڑا اور سینچے کی گرفت ۔ (۴) مٹھی بھر کسی چیز کی ۔

چنگل بھر آٹا سائیں کا بیٹا جیوے مائی کا : [ار ۔ کلمۂ دعا] فقیروں کی صدا ہے ۔

چنگل مارنا : [ار ۔ محاورہ] پنجہ مار کر پکڑنا ۔

چنگل میں آجانا : [ار ۔ محاورہ] گرفت میں آجانا ۔ قابو میں آجانا ۔ پھنس جانا ۔

چنگنا : [ھ ۔ اند] دیکھئے "چنگا"

چنگنا : [ہ ۔ مص] ناراض ہونا ۔

چنگنا : [ار ۔ مص ۔ ق] چوسنا

چنگھاڑ : [ھ ۔ امث] (۱) ہاتھی کی آواز (۲) شور و غل (۳) نالہ و فریاد کی آواز ۔

چنگھاڑ مارنا / چنگھاڑنا / چنگھاڑیں مارنا : [ار ۔ مص] مہیب آواز نکالنا ۔ ہاتھی کا چیخنا ۔ مور کا بولنا ۔ شیر دھاڑنا ۔ بادل گرجنا ۔ دیو کا چیخنا وغیرہ ۔

چنگسی / چنگنی : [ھ ۔ امث] مرغی کا مادہ بچہ ۔ چوزہ ۔

چنگموٹیاں : [ار ۔ امث] بچوں یا نئے سیکھنے والوں کے آڑے ترچھے حروف ۔

چنگی : [ار ۔ امث ۔ ق] چنگاری ۔

چنگی ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "چنگاری ڈالنا" ۔

چنگی : [ھ ۔ امث] ایک محصول جو میونسپل کمیٹی کی حدود کے اندر مال لے جانے پر لیا جاتا ہے [افعال : ادا کرنا ۔ دینا ۔ لینا]

چنگیاں : [ار ۔ امث ۔ ق] چنگی کی جمع ۔

چنگیر : [ھ ۔ امث] (۱) ٹوکری (۲) خوان کا سرپوش (۳) پھول رکھنے کا برتن جو گھاس پھوس سے بنایا جاتا ہے ۔

چنگیرا : [ھ ۔ اند] بڑی چنگیر ۔

چنگیری : [ھ ۔ امث] روٹیاں رکھنے کی چھوٹی چنگیر ۔

چنگیل : [ھ ۔ اند] ایک بوٹی جو پرانی عمارتوں میں اگتی ہے اس کے بیج کرخوبازی کہتے ہیں ۔

چننا : [ار ۔ مص ۔ م] (۱) انتخاب کرنا ۔ چھانٹنا ۔ پسند کرنا (۲) دیوار بنانا ۔ بدار رکھنا (۳) ترتیب دینا ۔ سلیقے سے رکھنا (۴) نوچنا (۵) چگنا ۔ دانہ اٹھانا (۶) کپڑے میں چننٹ ڈالنا ۔

چنندہ : [ار ۔ صف] دیکھئے "چیدہ" جس کا یہ بگاڑ ہے ۔

چننگ : [ار ۔ امث] پیشاب کی سوزش ۔ پیشاب کرتے وقت کی جلن ۔

چنواں : [ار ۔ صف] چنا ہوا ۔

چنوانا : [ار ۔ مص] بنوانا ۔ اکٹھا کرانا ۔ سمٹوانا ۔ تعمیر کروانا ۔

چنوٹی : [ھ ۔ امث] وہ ظرف جس میں پان کھانے والے چونا رکھتے ہیں ۔

چنوکر (نون غنہ سے) : [ھ ۔ اند] وہ بالوں کا گچھا جس سے مکھیاں اڑاتے ہیں ۔ مورچھل ۔

چنی : [ھ ۔ امث] (۱) سرخ ۔ چھوٹا سا نگ جو اکثر موتیوں کے درمیان ڈالتے ہیں ۔ ریزۂ یاقوت (۲) لاڑی (۳) چھوٹا سا دوپٹا

چنی منی : [ار ۔ صف] دیکھئے "چنا منا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

چنے چبالو یا شہنائی بجالو : [ار ۔ مثل] دو کام ایک ساتھ نہیں ہوسکتے ۔

چنے سے تھگن رہے ہیں : [ار ۔ محاورہ] آدمی چٹ پٹ مر رہے ہیں ۔

چنے کا مارا مرنا : [ار ۔ محاورہ] ذراسی چوٹ سے مرجانا ۔

چنے کے ساتھ گھن بھی پس گیا : [ار ۔ مثل] امیر کے ساتھ غریب بھی مارا گیا ۔

چنیا : [ھ ۔ صف] (۱) چھوٹی ۔ ذراسی (۲) کیلے کی ایک قسم ۔

چنیا بطخ / بط : [ار ۔ امث] ایک چھوٹی سی بطخ ۔

چنیا بیگم : [ار ۔ امث] افیون ۔

چنیا گوند : [ار ۔ امث] ڈھاک کا گوند ۔

چنینٹھ : [ھ ۔ امث] گھوڑوں یا مویشیوں کا مصالحہ ۔

چنیدہ : [ھ ۔ صف] دیکھئے "چیدہ"

چنیں : [ف ۔ صف] ایسا ۔ ایسی بات ۔

چ ۔ و

چو : [ھ ۔ صف] چار ۔ چہار ۔ جو مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے ۔

چوبارا : [ار ۔ اند] (۱) کوٹھا ۔ مکان کے اوپر کا کمرا جس کے چار دروازے ہوں (۲) صحن ۔

چوبائی / وائی : [ھ ۔ امث] دیکھئے "چارپائی" ۔

چوبرسی : [ھ ۔ امث] ہندوؤں کی ایک رسم جو مردے کے چار سال بعد منائی جاتی ہے ۔

چوبغلا : [ار ۔ اند] چوغا یا انگرکھے کی بغل کے نیچے کا حصہ ۔ جہاں چار جوڑ ہوتے ہیں ۔

چوبندی : [ھ ۔ امث] (۱) نعل بندی ۔ (۲) خراج

چوبندی باندھنا : [ار ۔ محاورہ] نعل بندی کرنا ۔

چوبندی جکڑنا / کسنا : [ار ۔ محاورہ] مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھنا ۔

چوبولا : [ھ ۔ اند] چار مصرعوں کا گیت ۔

چوبیس : [ار ۔ اعدد] چار اور بیس کا مجموعہ ۔ (۲۴)

چوبیسا : [ار ۔ اند] (۱) چوبیس گاؤں کا پرگنا (۲) ایک قسم کا نقش ۔

چوپاڑ / چوپال : [ھ ۔ امث] (۱) گاؤں کا وہ مقام جہاں مہمان ٹھہرتے ہیں اور لوگ جمع ہوتے ہیں (۲) بیٹھک ۔ نشست گاہ (۳ ۔ صف) چوپہل ۔ چوکور ۔

چوپالا : [ھ ۔ اند] ہوادار پالکی ۔ تام جام ۔

چوپائی / چوپئی : [ھ ۔ امث] رباعی ۔ چار مصرعوں کی نظم ۔

چوپایہ : [ھ ۔ اند] جانور ۔ چار پاؤں کا جانور ۔

چَوپَٹ : [ھ۔صف] (۱) چاروں دروازے کھلے ہوئے (۲) فراخ ۔ کشادہ (۳) جاہل مطلق (۴) ویلان ۔ خراب ۔ تباہ (۵) پیٹھ کے بل ۔ چاروں شانے چت (۶) فراموش ۔ بھلایا ہوا ۔

چَوپَٹ کر دینا / کرنا : [ار۔محاورہ] (۱) خراب کرنا ۔ برباد کرنا (۲) پڑھا لکھا بھلا دینا (۳) چت کر دینا ۔

چَوپَٹ ہونا : [ار۔محاورہ] (۱) اندھا ہونا (۲) ویلان ہونا ۔ خراب ہونا ۔ (۳) دروازے کھل جانا (۴) فراموش ہونا ۔

چَوپَڑ : [ھ۔امث] (۱) چوسر (۲) چوسر کھیلنے کا کپڑا ۔ (افعال : بچھانا ۔ بچھنا ۔ کھیلنا ۔ ہونا)

چَوپَڑ کا بازار : [ار۔اند] وہ بازار جس میں چار راستے اور ہر راستہ کے دونوں طرف دکانیں ہوں ۔

چَوپَڑ کی سڑک : [ار۔امث] وہ سڑک جو چار شاخوں میں تقسیم اور چار طرف گئی ہو ۔

چَوپَڑا : [ھ۔اند] وہ مربع زمین جو کھیت کے دو چار زینوں کے بعد بنا دیتے ہیں ۔

چَوپَڑ کی نہر : [ار۔امث] وہ نہر جو چار شاخوں میں تقسیم ہو اور چاروں طرف کو گئی ہو ۔

چَوپَن : [ار۔اعدد۔ق] چوّن ۔ ۵۴

چَوپَہرا : [ھ۔صف] (۱) چار پہر کا ۔

چَوپَہرنا : [ار۔مص ق] بے قرار ہونا ۔

چَوپَہری : [ھ۔صف۔مث] دیکھئے "چوپہرا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

چَوپَہل : [ھ۔ف۔صف] (۱) چار پہلو کا مربع (۲) چوڑی اینٹ ۔

چَوپَہلا : [ھ۔اند] ایک قسم کا ڈولا ۔ محافہ ۔

چَوپَھلا : [ھ۔صف] چار پھل کا چاقو ۔

چَوپَہیا : [ھ۔صف] چار پہیوں کی گاڑی ۔

چَوپھیر : [ھ۔امث] چاروں طرف ۔ گرد اگرد ۔

چَوتار / چَوتارا : [ھ۔اند] (۱) چار تار کا بُنا ہوا کپڑا (۲) ایک قسم کا ساز ۔ باجا ۔

چَوتال / چَوتالا : [ھ۔اند] طبلہ کی ایک تال ۔

چَوترا : [ھ۔اند] چبوترا ۔

چَوتَہہ : [ھ۔ف۔صف] چار تہوں کا ۔

چَوتہی : [ف۔ھ۔اند] ایک قسم کا بستر جس کو چار تہیں کر کے بچھاتے ہیں ۔

چَوتھ : [ھ۔امث] (۱) چوتھا حصہ (۲) ہر ایک پاکھ کی چوتھی تاریخ (۳) آمدنی کی چوتھائی جو مرہٹے بطور لگان وصول کرتے تھے ۔

چَوتھا : [ار۔عدد ترتیبی] ترتیب میں تین کے بعد کا درجہ ۔

چَوتھائی : [ار۔عدد کسری] چوتھا حصہ ۔

چَوتھی : [ار۔صف] (۱) چوتھا کی تانیث (۲) بیاہ کی ایک رسم جو شادی کے چوتھے روز ہوتی ہے ۔

چَوتھی کا جوڑا : [ھ۔اند] ایک بھاری پوشاک جو دولہن چوتھی کے روز پہنتی ہے ۔

چَوتھی کھیلتے ہیں : [ار۔محاورہ] جب دو شخص لڑنے لگتے ہیں اور لاٹھی متا ہوتے ہیں تو ظریف الطبع کہتے ہیں ۔

چَوتھی کھیلنا : [ار۔محاورہ] چوتھی کے دن دولہا اور سالیاں ایک دوسرے کو پھولوں میوؤں وغیرہ سے مارتے ہیں ۔

چَوتھے پانچویں : [ار۔متعلق فعل] کبھی کبھی ۔

چَوتھیا : [ھ۔اند] (۱) چوتھے روز کا بخار (۲) نمبردار ۔ زمیندار ۔

چَوجُگی : [ھ۔صف] (۱) چار جگوں کا یا ان کے متعلق (۲) بہت پرانا ۔

چَوچَند : [ھ۔صف] چار گنا ۔ چہارچند کا ترجمہ ۔

چَوحاشیہ : [ھ۔ع۔صف] وہ جس کے چاروں طرف حاشیہ ہو ۔

چَوحدّہ : [ھ۔ف۔صف] (۱) ایک بُرجی جو اس جگہ بنائی جاتی ہے جہاں چار گاؤں کی حدود ملتی ہوں (۲) وہ جگہ جہاں بُرجی بنائی جاتے (۳) چار حدیں (۴) ارد گرد کا ملک ۔ گرد و نواح (۵۔صف) چار حدوں کا یا ان کے متعلق ۔

چَوحدّی : [ھ۔ف۔امث] چاروں طرف ۔

چَوخانہ : [ھ۔ف۔صف] وہ کپڑا جس پر چوکور خانے بنے ہوتے ہوں ۔

چَوخانی : [ھ۔ف۔امث] کبوتروں کے چار خانے والی کابک ۔

چَودانی / دانیا : [ھ۔ف۔امث] کان کا ایک زیور جس میں چار موتی کے دانے لگے ہوتے ہیں ۔

چَودَس / چَودش : [ھ۔امث] چاند کی چودھویں تاریخ ۔

چَودَہ : [ار۔اعدد] دس اور چار کا مجموعہ ۔ ۱۴ ۔

چَودہ طبق : [ھ۔ع۔اند] سات زمین اور سات آسمان ۔

چَودہ طبق روشن ہو جانا : [ار۔محاورہ] عقل اور فہم بڑھ جانا ۔ معلومات زیادہ ہو جانا ۔

چَودہ معصوم : [ہ۔ع۔اند] شیعوں کے فرقۂ امامیہ کے نزدیک رسول اکرم حضرت فاطمہؓ اور بارہ امام ۔

چَودھواں : [ار۔ عدد ترتیبی] ترتیب میں تیرہ کے بعد کا درجہ ۔

چَودھواں معصوم : [ار۔اند] حضرت امام مہدی ۔

چَودھویں : [ار۔عدد ترتیبی] دیکھئے "چودھواں" جس کی یہ تانیث ہے ۔

چَودھویں رات : [ار۔امث] (۱) چاند کی رات ۔ چاند کی چودھویں تاریخ ۔

چَودھویں کا چاند : [ار۔اند] (۱) ماہ کامل ۔ پورا چاند ۔ بدر (۲۔صف) نہایت خوبصورت ۔ بہت حسین ۔

چَوڈول : [ار۔متعلق فعل] چاروں طرف ۔

چَوراسی : [ار۔اعدد] (۱) اسّی اور چار کا مجموعہ ۔ ۸۴ (۲۔امث) گھونگرو گھونگروں کا ہار ، جو بیلوں کی گردن میں ڈالا جاتا ہے (۳) ایک قسم کا زیور ۔ جھانجن / جھانجر (۴) گھونگرو جو ناچنے والیاں ناچتے وقت پاؤں میں باندھتی ہیں ۔

چَوراسی بھوگنا : [ھ۔محاورہ] (۱) ہندو عقیدے کے مطابق ۸۴ لاکھ جونیں بدلنا ۔ (۲) کئے کی سزا پانا ۔ سارے قالبوں میں جانا ۔

چَورانویں / چَورانوے : [ار۔اعدد] نوے اور چار کا مجموعہ ۔ ۹۴

چَوراہا : [ار۔اند] وہ جگہ جہاں سے چاروں طرف کو راستے جاتے ہوں ۔

چَورا ہے کی ٹھیکری : [ار۔امث] زنِ فاحشہ ۔ کسبی ۔ بیقدر چیز ۔

چَوراہے میں : [ار۔ متعلق فعل] کھلم کھلا۔ سرِراہ۔
چَورَس : [ار۔ صف] ہموار۔ مسطح۔ مربع۔ چوکون۔ چوکور۔
چَورَسانا : [ار۔ مص] چورس بنانا۔
چَورَسائی : [ار۔ امث] دیکھئے "چورس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چَورَنگ : [ار۔ امذ] (۱) تلوار کی ایک خاص طریقے اور ڈھنگ سے ضرب۔ جس سے ایک ہی وار میں چار ٹکڑے ہو جائیں (۲) مشقِ شمشیر (۳) وہ چیز جس پر تلوار کی مشق کی جائے (۴) مجروح (۵) ایک ہی وار میں جانور کی چاروں ٹانگیں کاٹنا۔
چَورَنگ اُڑانا : [ار۔ محاورہ] برباد کرنا۔ رنگ پر رنگ دینا۔
چَورَنگ کاٹنا : [ار۔ محاورہ] تلوار کے ایک ہی وار سے چار ٹکڑے کرنا۔
چَورَنگ ہوائی کرنا : [ار۔ محاورہ] کسی چیز کو ہوا میں اچھال کر تلوار کے دو وار کر کے گرنے سے پہلے چار ٹکڑے کرنا۔
چَونسٹھ : [ار۔ اعدد] ساٹھ اور چار کا مجموعہ۔ ۶۴
چَوسٹھ گھڑی : [ار۔ امث] دن رات۔ تمام دن۔
چَوکَڑی : [ار۔ امذ] ہرن کی کلانچ / چھلانگ (۲) چار چیزوں کا مجموعہ (۳) رسی کے چار تاروں سے پلنگ بُننا (۴) چار گھوڑے کی بگھی (۵) ایک قسم کا کانوں میں پہننے کا زیور جس میں دو دو موتی دونوں طرف کے کانوں کے لئے لگے ہوتے ہیں۔
چوکڑی بھرنا : [ار۔ محاورہ] ہرن یا گھوڑے کا اُچھلنا۔ کودنا۔ چھلانگیں لگانا۔
چوکڑی بھُولنا : [ار۔ محاورہ] جست لگانا بھول جانا۔ تیزی جاتی رہنا۔ گھبرا جانا۔
چَوکَس : [ار۔ صف] (۱) خبردار۔ چوکنا (۲) طول میں پُورا۔ ٹھیک (افعال: رہنا۔ ہونا)
چَوکَسائی : [ار۔ امث] دیکھئے "چوکس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چَوکَسی : [ار۔ امث] دیکھئے "چوکسائی"
چَوکَنّا : [ار۔ صف] (۱) ہوشیار۔ باخبر۔ دُور اندیش (۲) گھبرایا ہوا۔ متوحش جانور (افعال: ہونا)
چَوکور / چَوکون / چَوکونا : [ار۔ صف] مربّع۔ چوگوشہ۔ چورس مزاجا موٹا آدمی۔
چَوکھٹ : [ار۔ امث] دروازے کی چاروں لکڑیاں۔ جن میں پٹ لگے رہتے ہیں۔
چَوکھٹا : [ار۔ امذ] (۱) وہ چار لکڑیاں جن میں آئینہ وغیرہ جڑتے ہیں (۲) لکڑی جو کنوئیں کی من پر ڈالتے ہیں۔
چَوکھنٹا / چَوکھُونٹا : [ار۔ صف] چارگوشہ۔ مربّع۔ مستطیل۔ مسطح۔
چَوکھُونٹ : [ار۔ امذ] چاروں طرف۔ ہر طرف۔ دُنیا۔ عالم
چَوکھُونٹی : [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "چوکھنٹا / چوکھونٹا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چَوگَڈّا : [ھ۔ امذ] (۱) چوحدّہ۔ جہاں چار گاؤں کی حدیں ملیں (۲) چار کنکوؤں کا پیچ / گچھا۔
چَوگَڈّی : [ھ۔ امث] بانس کی پتلی چھڑیوں کا آلہ جس سے پرندے پکڑتے ہیں۔

چَوگِردا : [ار۔ امذ] گرداگرد۔ چاروں طرف۔ آس پاس۔
چَوگُلّا : [ھ۔ ف۔ صف] چار پنکھڑی والا پھول۔
چَوگُنا : [ار۔ صف عدد ضعفی] چار چند
چَوگوشہ : [ار۔ صف] چوکون۔ ایک قسم کا چوکور طشت۔
چَوگوشی / چَوگوشیا : [ار۔ امث] (۱) ایک قسم کی ٹوپی جس کے چار کونے ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا گھوڑا جس کے کان بیچ میں سے کٹے ہوتے ہوں۔ ترکی گھوڑا۔
چَوگھَرا / چَوگھَڑا : [ار۔ صف۔ امذ] (۱) چار خانوں والا (۲ مذ) چار خانوں کا برتن جس میں الائچی وغیرہ رکھتے ہیں۔ بچوں کے کھیلنے کا چار بڑی بڑی کلھیوں کا بکس۔ چار گھڑے نقل اور میوہ جات سے بھرے ہوئے آرائش کے تختوں کے ساتھ باندھ کر دولہن کے گھر لے جاتے ہیں۔
چَوگھَڑا : [ار۔ امذ] ایک قسم کا بیڑا جس کے چاروں کونوں کے نیچے چار گھڑے باندھ دیتے ہیں اور دریا میں بطور کشتی استعمال کرتے ہیں۔
چَولاوَا : [ار۔ امذ] ایک کنواں جس میں چار رَسیاں پڑتی ہیں۔
چَولَڑا : [ار۔ امذ] ایک ہار گلے کا جس میں چار لڑیاں ہوتی ہیں۔
چَوماس / چَوماسا : [ار۔ امذ] (۱) برسات کے چار مہینے۔ برسات (۲) ایک گانا جو برسات میں گایا جاتا ہے (۳) وہ زمین جسے برسات میں ہل چلا کر تیار کیا جائے۔
چَوماسا لگنا : [ار۔ محاورہ] برسات کے چار مہینے بارش ہونا۔
چَومُک / چَومُکھ : [امذ] چار بتی والا چراغ۔ چار لو کا دیا (چومکھا کا بگاڑ)۔
چَومُکھ جلانا : [ار۔ محاورہ] منت کا چراغ جلانا۔ صدقہ دینا۔
چَومُکھا : [ھ۔ صف] (۱) چار منہ کا (۲) چار بتی کا چراغ (۳) پٹے کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اس طرح چلایا جائے کہ کسی طرف سے بھی حریف قابو نہ پا سکے (۴) وہ پھکڑ باز جو اکیلا چار کو جواب دے (۵) وہ گویا جو ہر طرز میں گا سکتا ہو۔
چَومُکھا لڑنا : [ار۔ محاورہ] حریف سے چاروں طرف لڑنا (۲) کئی آدمیوں کی بات کا جواب دینا۔
چَومُکھی : [ھ۔ صف۔ مث] (۱) چومکھا کی تانیث (۲) ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام (۳) ایک درخت کے بیج کا نام۔
چَومنزلہ : [ھ۔ ف۔ صف] چار منزل کا مکان۔ چار چھت کا مکان۔ وہ مکان جس کے اوپر نیچے چار درجے ہوں۔
چَومِیخا : [ار۔ امذ] (۱) ایک سزا جس میں مجرم کے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں میں کسی پھٹے پر لٹا کر میخیں گاڑ دیتے تھے (۲) مجرم کو چاروں ہاتھ پاؤں کو رسیوں سے باندھنے کا عمل (۳) گھوڑے کو چاروں پاؤں سے باندھنے کا عمل۔
چَومیخا کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مجرم کو چاروں ہاتھ پاؤں سے باندھنا۔ چاروں ہاتھ پاؤں میں میخیں گاڑنا۔ گھوڑے کو اگاڑی پچھاڑی لگا کر چاروں پاؤں سے باندھنا۔
چَونتیس : [ار۔ اعدد] تیس اور چار کا مجموعہ۔ ۳۴۔
چَونسٹھ : [ار۔ اعدد] ساٹھ اور چار کا مجموعہ۔ ۶۴۔
چَوَنّی : [ار۔ امث] ایک روپے کا چوتھا حصہ۔ چار آنے کا سکہ۔
چَوَائی : [ار۔ امث] وہ ہوا جو چاروں طرف سے چل رہی ہو۔ بادِ مخالف۔
چَوہتّر : [ار۔ اعدد] ستر اور چار کا مجموعہ۔ ۷۴۔

چوہٹا: [ہ۔ اند] چوک۔ وہ بازار جس کے چاروں طرف راستہ ہو۔
چوہرا: [ار۔ صف۔ مذ] چار تہوں کا۔
چوہری: [ار۔ صف] دیکھئے "چوہرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چو: [ف۔ حرف شرط] اگر
چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی: [ف۔ مثل] جس سے فریاد رسی کی امید ہو وہی زیادتی کرے تو کہتے ہیں۔
چوا: [ار۔ اند] (۱) گنجفہ اور تاش کا وہ پتا جس پر چار نشان ہوں (۲) چار چیزوں کا ڈھیر۔
چوا: [ہ۔ اند] (۱) ایک چیز جو شیشوں سے بناتے ہیں (۲) ارگجا۔ خوشبو کی چیز۔ (۳) پانی کی سوت (۴) بھیگی دال کا چھلکا۔
چوا چندن: [ہ۔ اند] ایک قسم کا کبوتر۔
چوالیس: [ار۔ اعدد] چالیس اور چار کا مجموعہ۔ ۴۴۔
چوانا: [ار۔ مص] ٹپکانا۔ نچوڑنا۔
چواؤ: [ار۔ اند] رساؤ۔ ٹپکاؤ (۲) قند یا شکر کا شیرہ۔
چوب: [ف۔ امث] (۱) لکڑی۔ عمارتی لکڑی (۲) خیمہ کا ڈنڈا (۳) ڈھول وغیرہ بجانے کی لکڑی (۴) ڈنڈا۔ لاٹھی۔ چھڑی (۵) تُرمی جو آنکھ میں پڑ جاتی ہے۔
چوب چینی: [ف۔ امث] ایک مشہور دوا۔ گل عباسی کی جڑ۔
چوب دار: [ف۔ اند] نقیب۔ عصا بردار۔ چپراسی جو رئیسوں یا حاکموں کے آگے سونے چاندی کا ڈنڈا لے کر چلتے ہیں
چوبدست / چوبدستی: [ف۔ امث] لاٹھی۔ عصا۔
چوب شیر نعمت: [ف۔ امث] ایک دوا۔
چوبا: [ہ۔ اند] (۱) بلی۔ تھونی (۲) لاٹھی (۳) میخ۔ کھونٹا۔ لوہے کی کیل (۴) ایک قسم کے میٹھے چاول جو میوہ وغیرہ ملا کر شادی میں بھیجتے ہیں (۵) شکرانہ (۶) تورہ جس میں پکی ہوئی سات ترکاریاں اور مختلف طرح کے کھانے ہوتے ہیں جسے سات سہاگنوں کے ساتھ زچہ ذرا ذرا چکھ لیتی ہے (۷) متھرا کے برہمنوں کی ایک قسم (۸) چار ویدوں کا عالم برہمن۔
چوبک: [ف۔ امث] دیکھئے "چوب" جس کی یہ تصغیر ہے۔
چوبی: [ف۔ صف] لکڑی کا بنا ہوا۔
چوبے: [ہ۔ اند] دیکھئے "چوبا" جس کی یہ جمع ہے
چوبے گئے تھے چھبے ہونے دوبے ہو آئے: [ہ۔ امثل] ترقی کی خواہش میں تنزل ہونے کی جگہ بولتے ہیں۔
چوبے مریں تو بندر ہوں۔ بندر مریں تو چوبے ہوں: [ہ۔ مثل] چوبے اپنے ملک متھرا سے نہیں نکلتے اور وہاں بندر بھی بہت ہوتے ہیں۔ مذاقاً کہتے ہیں کہ یہ مر کر بھی یہیں رہتے ہیں۔ بندر کی جون میں چلے جاتے ہیں۔
چوپ: [ار۔ اند۔ ق] بندوبست۔
چوپان: [ف۔ اند] چرواہا۔ گڈریا۔ گوالا۔
چوپانی: [ف۔ امث] گلہ بانی۔
چوپکی کی چپی: [ار۔ صف۔ ق] (۱) خاموش (۲) بلا ارادہ۔ یونہی۔
چوت: [ار۔ ہ۔ امث] عورت کی شرمگاہ۔ فرج
چوت سلامی: [ار۔ امث] فیس جو دولہا دلہن کو شب زفاف کی صبح کو دیتا ہے۔
چوت مرانی: [ار۔ گالی] فحشہ۔ قحبہ۔
چوت مارنا: [ار۔ محاورہ] جماع کرنا۔ چودنا۔
چوت مروانا / مرانا: [ار۔ محاورہ] جماع کرانا۔ چدوانا۔
چوت مروانی: [ار۔ صف] گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ چوت مروانے والی۔ زانیہ۔ فاحشہ۔ بدکار۔
چوتڑ: [ہ۔ اند] ٹانگوں کے اوپر کا پچھلی طرف کا موٹا حصہ۔ سرین۔ کولھا۔ پٹھا۔
چوتڑ بجانا: [ار۔ محاورہ] بہت خوش ہونا۔
چوتڑ پیٹ لینا / پیٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) رنجیدہ ہونا۔ بہت افسوس کرنا (۲) بہت خوش ہونا
چوتڑ دھلانا: [ار۔ محاورہ] بچے کو آبدست کرانا۔
چوتڑ دکھانا: [ار۔ محاورہ] پیٹھ دکھانا۔ بھاگ جانا۔ مقابلہ کی تاب نہ لاکر فرار ہو جانا۔
چوتڑ سکوڑنا: [ار۔ محاورہ] پیچھے رہنا۔ سامنے نہ آنا۔ بھاگ جانا۔
چوتڑ سے کان گانٹھنا: [ار۔ محاورہ] تمثیل میں بیان کرنا۔ تشبیہات اور استعارے استعمال کرنا۔ انوکھی بات کرنا۔ عجیب بات کرنا۔
چوتڑ مٹکانا: [ار۔ محاورہ] ناچتے میں چوتڑوں (کولھوں) کو حرکت دینا۔
چوتڑوں پر پیاز کترنا: [ار۔ محاورہ] دھوکا دینا۔
چوتڑوں پر پیاز کتروانا: [ار۔ محاورہ] دھوکا کھانا۔
چوتڑوں پر کھانا: [ار۔ محاورہ] بے عزتی سے شکست کھانا۔ بے عزتی کی مار کھانا۔
چوتڑوں سے سپاری توڑنا / کان گانٹھنا: [ار۔ محاورہ] انوکھی بات کرنا۔
چوتڑوں سے گھاس کاٹنا: [ار۔ محاورہ] بے پروائی کرنا۔ محنت نہ کرنا۔ دل لگا کر کام نہ کرنا۔ بے دلی سے کام کرنا۔
چوتڑوں کا لہو مر جانا: [ار۔ محاورہ] جم کر بیٹھنے کی عادت ہو جانا۔ زیر ہونا۔ ہار ماننا۔
چوتڑوں کے بل بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] گھبرا کر بیٹھنا۔ حیران ہونا۔ ششدر ہونا۔
چوتڑوں کے بل گرنا: [ار۔ محاورہ] اوندھا گرنا۔
چوتڑی: [ہ۔ امث] دیکھئے "چوتڑ" جس کی یہ تصغیر ہے۔
چوتڑیوں چلنا: [ار۔ محاورہ] بچے کا چوتڑوں کے بل چلنا۔ گھسٹنا۔ رینگنا
چوتیا: [ہ۔ صف] (۱) بے وقوف۔ احمق۔ (۲) وہ شخص جو اپنی عورت کی زنا کی کمائی کھائے۔
چوتیا بنانا: [ار۔ محاورہ] بے وقوف بنانا۔ ہنسی اڑانا۔ تمسخر اڑانا۔
چوتیا بننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چوتیا بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
چوتیا پن: [ہ۔ اند] بے وقوفی۔ حماقت۔
چوتیا پنتھ / چوتیا چکر: [ہ۔ اند] بے وقوف۔ احمق۔
چوتیا شہید: [ہ۔ اند] وہ شخص جو اس قدر زیادہ جماع کرے کہ اس کے

ضعف سے جان دے دے۔

چوتیا مر گئے اولاد چھوڑ گئے: [ار۔ مثل] ایسے بے وقوف کے متعلق کہتے ہیں جو کام خراب کرے۔

چوتیوں نے گاؤں مارا ہے: [ار۔ مثل] اُسے کہتے ہیں جو بہت مانگے۔

چوٹ: [ہ۔ امث] (۱) زخم۔ گھاؤ (۲) ضرب۔ ضرب۔ مار (۳) صدمہ۔ تکلیف دکھ (۴) نقصان۔ زیاں (۵) وار۔ حملہ (۶) پیچ۔ چال۔ داؤں (۷) جوڑ۔ مقابل (۸) نقصان۔ تجارت میں نقصان (۹) صدمہ۔ عشق کا۔ (۱۰) طعن۔ طنز (۱۱) خواہش۔ آرزو (۱۲) کوشش۔ قصد (۱۳) چمک جو کسی چیز کی دوسری پر پڑے (۱۴) کینہ۔ عناد۔ حسد (۱۵) لگن۔ توجہ۔ (۱۶) کبوتر کا ایک مقام معین تک جاکر واپس آنا (۱۷) کمبل یا چادر جس کو ایک سرے پر گانٹھ دے کر سر اور کندھے پر ڈال لیتے ہیں۔ (۱۸) کمبل وغیرہ کا اس طرح باندھنا۔

چوٹ آنا: [ار۔ محاورہ] ضرب لگنا۔ صدمہ پہنچنا (۲) طعن و طنز کی بات کہنا۔

چوٹ آتی جاتی نظر نہ آنا: [ار۔ محاورہ] چوٹ لگنے والے کی پھرتی چالاکی اور ہاتھ کی صفائی کی تعریف ہے۔

چوٹ ابھرنا: [ار۔ محاورہ] لگی ہوئی ضرب کا ظاہر ہونا۔ کسی تکلیف کا از سر نو پیدا ہونا۔

چوٹ اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] ضرب برداشت کرنا۔ صدمہ سہنا۔

چوٹ بچانا: [ار۔ محاورہ] بچاؤ کرنا۔ حفاظت کرنا۔ تلوار کی نوک کو باندھ دینا جادو یا عملیات کے زور سے نقصان کو روک دینا۔ حریف کی ضرب کو اپنے اوپر نہ آنے دینا۔

چوٹ پر چوٹ: [ار۔ متعلق فعل] صدمے پر صدمہ۔ نقصان پر نقصان۔ ضرب کے بعد ضرب۔

چوٹ پڑنا: [ار۔ محاورہ] صدمہ پہنچنا۔ ضرب پہنچنا۔ عکس پڑنا۔ دھکا لگنا۔

چوٹ پھیٹ/چپیٹ: [ار۔ امث] ضرب۔ صدمہ۔ زخم

چوٹ پیدا کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے مد مقابل دوسرا ہم پہنچانا۔

چوٹ چلنا: [ار۔ محاورہ] دو شخصوں کا ایک دوسرے پر وار کرنا۔ حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر طعن و طنز کرنا۔

چوٹ خالی جانا: [ار۔ محاورہ] وار خالی جانا۔ ہاتھ بہک جانا۔ نشانہ چوک جانا۔

چوٹ دکھنا: [ار۔ محاورہ] چوٹ کے مقام پر درد ہونا۔

چوٹ رُکنا: [ار۔ محاورہ] چوٹ/ضرب رُکنا۔ بے اثر ہونا۔ دشمن کا وار خطا جانا/ رد ہونا۔

چوٹ روکنا: [ار۔ محاورہ] حریف کی ضرب کو رد کرنا۔

چوٹ سہنا: [ار۔ محاورہ] ضرب برداشت کرنا۔

چوٹ کرنا: [ار۔ محاورہ] حریف پر وار کرنا۔ ضرب پہنچانا۔ کاٹنا۔ ڈسنا (۲) دھوکا دینا۔ دغا دینا۔ طعنہ دینا (۳) کبوتر کا حد معین تک پرواز کرنا۔ (۴) بندوق کا فائر کرنا۔ نشانہ لگانا (۵) جادو کرنا۔

چوٹ کھانا: [ار۔ محاورہ] زخم کھانا۔ زخمی ہونا۔ ضرب برداشت کرنا۔ مار کھانا۔ صدمہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا۔

چوٹ لگانا: [ار۔ محاورہ] ضرب لگانا۔ صدمہ پہنچانا۔ سنگ دینا۔

چوٹ لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھیے "چوٹ لگانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) عاشق ہونا (۳) پھانس لگنا۔ کھٹکا لگنا۔

چوٹ لگی پہاڑ کی اور توڑیں گھر کی سِل: [ار۔ مثل] زبردست حریف سے تو بس نہ چلے گھر کی بیوی پر غصہ نکالیں۔

چوٹانا: [ہ۔ مص] کوٹنا۔ ضربات لگانا۔

چوٹا/چوٹٹا: [ہ۔ اند] چور کی تصغیر۔ گھٹیا درجے کا چور۔ اُچکا۔ اٹھائی گیرا۔

چوٹٹی کُتیا جلیبیوں کی رکھوالی: [ار۔ مثل] خائن کے سپرد امانت کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

چوٹٹی والا: [ہ۔ صف] (۱) حرامی (۲) م ث۔ چور عورت۔

چوٹی: [ار۔ امث] (۱) سر کے بال جو ہندوؤں میں مونڈنے سے چھوڑ دیتے ہیں (۲) عورتوں کے گندھے ہوئے سر کے بال (۳) وہ چند بال جو بچوں کے سر پر بطور منت چھوڑ دیتے ہیں (۴) پہاڑ کی سب سے اونچی بلندی (۵) پرندوں کے سر پر ابھرے ہوئے پر۔ کلغی۔ (۶) وہ بال جو بعض مسلمان فقیر سر پر ایک طرف لمبے چھوڑتے ہیں (۷) ایک زیور جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں (۸) کسی عمارت کی سب سے اونچی جگہ (۹) عروج۔ انتہا۔ حد (۱۰) سرا۔ نوک (۱۱) وہ حصہ جس سے ترازو کو لٹکاتے ہیں۔ (۱۲) کلس کنگرہ۔ قبہ۔

چوٹی آسمان پر گھسنا: [ار۔ محاورہ] بہت فخر کرنا۔ اترانا۔ بہت بلند ہمت ہونا۔ اولوالعزم ہونا۔

چوٹی آسمان سے لگنا: [ار۔ محاورہ] بہت اونچا ہونا۔ مرتفع ہونا۔

چوٹی دبنا: [ار۔ محاورہ] مغلوب ہونا۔ مجبور ہونا۔

چوٹی رکھنا: [ار۔ محاورہ] منت کے بال سر پر چھوڑنا۔

چوٹی کا: [ار۔ صف] سب سے اول۔ عمدہ۔ بڑھیا۔ چھٹا ہوا۔

چوٹی کترنا: [ار۔ محاورہ] زیر کرنا۔ عاجز کرنا۔ چوٹی تراشنا۔

چوٹی کٹ: [ھ۔ اند] غلام۔ جو شخص قابو میں ہو۔

چوٹی کٹوانا: [ار۔ محاورہ] (۱) قابو میں ہونا۔ محکوم ہونا۔ غلام ہونا۔ (۲) کسی کی چوٹی زبردستی ترشوا دینا۔ اپنی چوٹی ترشوانا۔

چوٹی کرنا: [ار۔ محاورہ] بال گوندھنا۔ بال سنوارنا۔

چوٹی کی بات: [ار۔ امث] عمدہ بات۔ اعلیٰ درجے کی بات۔

چوٹی گوندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "چوٹی کرنا"

چوٹی والا/ دار: [ار۔ اند۔ صف] (۱) کلغی والا (۲) نوکدار۔ مخروطی گاؤدم (۳) چوٹی والا پہاڑ۔

چوٹی ہاتھ میں آنا/ ہونا: [ار۔ محاورہ] قابو یا اختیار میں ہونا۔

چوٹیانا: [ار۔ مص] دیکھیے "چُٹیانا"

چوج: [ھ۔ اند] (۱) عجوبہ۔ انوکھا (۲) نفاست۔ نزاکت (۳) خوبصورتی حسن (۴) وصف۔ گن (۵) تیز فہمی۔ نکتہ دانی (۶) شرارت۔ شوخی (۷) فطرت۔ عیاری۔ مکر۔ چالاکی۔ دھوکا۔ دغا (۸) خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔

چوچی : [ص۔ صف] عجیب۔ انوکھا۔
چوچ : [س۔ اند] چھال۔ چھلکا۔ کھال۔ چمڑا۔ جلد (۲) میوے کا وہ حصہ جو کھایا نہ جاتے (۳) آدھا کھایا ہوا میوہ (۴) تاڑ کا پھل۔ (۵) ناریل (۶) کیلا (۷) دارچینی۔
چوچک : [ص۔ اند] دارچینی۔
چوچڑ / چوچنڈ : [ص۔ صف] بے وقوف۔ احمق۔ نادان (۲) وہ جس کا دودھ ختم یا کم ہو چکا ہو۔ کم دودھ دینے والی گائے۔
چوچلا : [ص۔ اند] (۱) نخرہ۔ ناز۔ عشوہ گری۔ کرشمہ سازی۔ نخرے بازی (۲) غمزہ۔ عشوہ (۳) چہل ناز کی باتیں۔ پیار کی باتیں۔ بچوں کے ناز کی باتیں (۴) دل لگی۔ ظرافت۔ خوش مزاجی (۶) کھیل تماشا۔ سوانگ۔ (۷) بناوٹ۔ دکھلاوا۔
چوچلا بگھارنا / کرنا : [ار۔ محاورہ] ناز نخرہ کرنا۔ محبت جتانا۔
چوچی : [ار۔ امث] سر پستان۔ چھاتی۔
چوچی پیتا : [ار۔ صف] دودھ پیتا (۲) نادان۔ بیوقوف۔
چوچی پینا / لینا : [ار۔ محاورہ] ماں کا دودھ پینا۔
چوچیوں میں ہاڑ ٹٹولنا : [ار۔ محاورہ] ناممکن بات چاہنا۔
چودنا : [ار۔ مص] جماع کرنا۔ مجامعت کرنا۔ ہم بستر ہونا۔
چودو : [ار۔ صف] جماع کرنے والا۔ جماع کا شوقین۔ عیاش۔
چودھ : [ار۔ امث] شاہی زمانہ کا ایک عہدہ۔
چودھر / چودھرات / چودھراہٹ / چودھرایت / چودھرائی : [ار۔ امث] حکومت۔ سرداری۔ رتبہ۔ منصب۔
چودھرانی / چودھرائن : [ار۔ امث] دیکھئے "چودھری" جس کی یہ تانیث ہے۔
چودھری : [ار۔ اند] کسی قوم یا فرقہ کا سردار۔ نمبردار۔ سرغنہ۔ میر محلہ۔ میر بازار۔ گاؤں کا سردار۔ بنگال کے زمینداروں کا سرکاری خطاب۔
چودھری ہو یارا ؤ جب کام نہ آوے ایسی تیسی میں جاؤ : [ار۔ مثل] بڑا آدمی اگر کام نہ آوے تو اس کی بڑائی بیکار ہے۔
چوڈول : [ار۔ امث] ایک قسم کی پالکی۔ چنڈول۔
چوڈھل : [ار۔ امث۔ ق] چنڈول۔ عماری۔
چور : [ص۔ اند] جنگل میں کھلا میدان۔ نیچی زمین کا ٹکڑا۔
چور : [ص۔ امث] وہ زمین جس پر چار دفعہ ہل چلایا گیا ہو۔
چور (واو معروف سے) : [ار۔ اند۔ صف] پسا ہوا۔ کٹا ہوا۔ چورا۔ ریزہ (۲) صف۔ بدمست۔ مدہوش۔ سرشار۔ متوالہ۔
چور ہو جانا / ہونا / رہنا : [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جانا۔
چور چار / چور چور : [ار۔ متعلق فعل] ریزہ ریزہ۔ (افعال : کر دینا۔ کرنا۔ ہو جانا)
چور (واو مجہول سے) : [ار۔ اند] دزد۔ سارق۔ چوری کرنے والا۔ (۲) ناسور۔ زخم کے اندر کا حصہ جو اچھا ہونے سے باقی رہ جائے (۳) خفیہ درز۔ پوشیدہ سوراخ (۴) وہ سفیدی جو مہندی لگانے سے چھوٹ جائے (۵) شمع کا ایک طرف سے گھل جانا (۶) بدگمانی بدظنی (۷) اندیشہ۔ خوف۔ خطرہ (۸) تاش میں وہ پتا جو کھیلنے سے رہ جائے یا دوسروں سے چھپائے رکھتے ہیں (۹) کمی۔ بھول چوک۔ (۱۰) خفیہ۔ درپردہ (۱۱) دغاباز۔ مکار۔ عیار۔ فریبی۔
چور بالو : [ص۔ امث] ریگ رواں۔ سراب۔
چور بدن : [ار۔ اند] وہ جسم جس کی موٹائی معلوم نہ ہو۔
چور بن کر آنا : [ار۔ محاورہ] چھپ کر آنا۔
چور چور ہو جانا / ہونا : [ار۔ محاورہ] حیران ہونا۔ متحیر ہونا۔
چور بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] بدگمانی ہونا۔ خوف ہونا۔ اندیشہ ہونا۔
چور پانی : [ار۔ اند] وہ پانی جو دریا کے کناروں پر یا خشک کناروں پر ریت کھود کر نکالتے ہیں۔
چور پر مور پڑنا : [ار۔ محاورہ] چور کے گھر میں چوری ہونا۔ ٹھگوں کا ٹھگا جانا
چور پڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) چور کا کسی گھر میں اترنا (۲) ناسور پڑنا۔ (۳) مہندی لگنے سے کچھ جگہ چھوٹ جانا۔
چور پہرا : [ار۔ اند] خفیہ پہرا۔ پوشیدہ پاسبانی۔
چور پیٹ : [ار۔ اند] وہ پیٹ جس کا حمل مدت تک تمیز نہ ہو۔
چور پیسا : [ار۔ اند] وہ پیسا جو خاک میں گر کر مشکل سے ملے۔
چور تالا : [ار۔ اند] بے معلوم قفل۔ پوشیدہ قفل۔
چور تھانگ : [ار۔ اند] وہ شخص جو چوری کا مال لیتا ہو۔
چور جاتے رہے کہ اندھیاری : [ار۔ مثل] بدکار موقع پا کر پھر بدکاری کرتا ہے۔
چور جانے چور کی سار : [ار۔ مثل] چور کو چور ہی پہچان سکتا ہے۔
چور چرا وے اور گردن ہلا وے : [ار۔ مثل] برا کام کر کے مکر جانے والے کے متعلق بولتے ہیں۔
چور چکار / چار : [ار۔ اند] چور۔ گرہ کٹ۔
چور چکاری چھوڑے لیکن چغل نہ چوکے : [ار۔ مثل] چور کے لئے ممکن ہے کہ چوری چھوڑ دے لیکن چغلخور چغلی نہیں چھوڑ سکتا۔
چور چوری سے گیا تو کیا ہیرا پھیری سے بھی گیا : [ار۔ مثل] عادت چھوٹنے پر بھی کچھ نہ کچھ اثر رہ جاتا ہے
چور خانہ : [ار۔ ف۔ اند] (۱) صندوقچہ کا پوشیدہ خانہ (۲) پنجرے کا اندر کا خانہ (۳) خلوت گاہ۔ گھر کا چور راستہ۔
چور دروازہ : [ار۔ اند] وہ راستہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو۔ خفیہ دروازہ۔
چور دہج : [ار۔ امث] تلوار چلانے والوں کی اصطلاح میں حریف کا میدان میں آکر پیچھے ہٹنا اور تلوار ڈھال کو اوپر لے جا کر حریف پر وار کرنا۔
چور راستہ : [ار۔ اند] خفیہ راستہ۔
چور زمین : [ار۔ امث] دلدل۔ دھساؤ۔
چور سے کہے چوری کر ساہ سے کہے تیرا گھر لٹا : [ار۔ مثل] اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو خود ہی نقصان کراتے اور خود ہی ہمدرد بنے۔

چور سیڑھی: [ار-امث] مکان کے پیچھے کی طرف کی سیڑھی۔
چور کا بھائی گٹھ کترا / چور کا بھائی گٹھی چور: [ار-مثل] بُرے کا ساتھی بھی بُرا ہوتا ہے۔
چور کا جی کتنا: [ار-مقولہ] چور ذرا سی بات سے ڈر جاتا ہے۔
چور کا حال سو میرا حال: [ار-مقولہ] اپنی صفائی ظاہر کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
چور کا سر نیچا: [ار-مقولہ] چور شرمندگی کی وجہ سے سر نہیں اٹھا سکتا۔
چور کا شاہد چراغ: [ار-مثل] بھید کھول دینے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
چور کا مال سب کوئی کھائے چور کی جان اکارت جائے: [ار-مثل] بُرے کو سوا ضرر کے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ چور کے مال میں بہت لوگ حصہ دار ہوتے ہیں مگر سزا میں کوئی حصہ دار نہیں ہوتا۔
چور کچہری: [ار-امث] خفیہ پولیس۔ محکمہ ٹھگی۔ ڈکیتی۔
چور کو چوری ہی سوجھتی ہے: [ار-مثل] بُرے کو بُرا کام ہی نظر آتا ہے۔
چور کو گھر تک پہنچانا: [ار-محاورہ] معاملہ کو انتہا تک پہنچانا۔
چور کھڑکی: [ار-امث] پوشیدہ دریچہ۔
چور کی داڑھی میں تنکا: [ار-مثل] چور یا عیب دار کو خود ہی کھٹکا رہتا ہے۔
چور کی ماں کوٹھی میں سر دے اور روئے: [ار-مثل] بُرے کا بھیدی دل ہی دل میں کڑھتا ہے
چور کے اور سانپ کے پیر کہاں: [ار-مثل] چور میں استقلال نہیں ہوتا، ذرا سے کھٹکے سے بھاگ جاتا ہے۔
چور گڑھا: [ار-اند] ایسا گڑھا جو نظر نہ آئے۔ وہ گڑھا جو گھاس وغیرہ سے ڈھانپ دیا جاتا ہے۔
چور گلی: [ار-امث] پاجامے کی میانی (۲) پوشیدہ راستہ۔
چور محل: [ار-اند] وہ عورت جس سے بیاہ نہ ہوا ہو بیوی کے سوا ہو۔ داشتہ۔
چور مونگ / موٹھ / اُرد: [ار-اند] مونگ، موٹھ، ماش کے وہ چھوٹے چھوٹے سخت دانے جو گلنے سے رہ جائیں۔
چور ہٹا: [ار-صف] وہ دکاندار جو چوروں سے مال خریدے۔
چورا: [ار-اند] برادہ۔ ریزہ (افعال: کرنا۔ ہونا۔
چورا کاری: [ار-امث] چوری۔ چوری کا شہرہ۔
چوُرن: [ار-اند] ہاضم سفوف (۲) چٹکی۔ پھنکی (۳) چورا۔
چورنا: [ار-مص] ٹکڑے ٹکڑے کر کے گھی دودھ یا کسی اور رقیق چیز میں ڈبونا۔
چوری: [ار-امث] (۱) سرقہ۔ دُزدی (۲) پردہ۔
چوری اور چترائی: [ار-مثل] ایک تو چوری کرنا دوسرے حیلہ بازی کرنا۔

چوری اور سینہ زوری / منہ زوری / سرزوری: [ار-مثل] عیب کر کے آنکھیں چار کرنا۔ اپنے قصور پر نادم نہ ہونا۔
چوری جانا: [ار-محاورہ] گم ہو جانا۔
چوری چوری / چوری چھپے / چوری سے: [ار-متعلق فعل] درپردہ۔ خفیہ۔
چوری کا گڑ میٹھا: [ار-مثل] مفت کا مال سب کو پیارا ہوتا ہے۔
چوری کا کپڑا لاٹھیوں / ڈانگوں کے گز / چوری کا مال سستا ہوتا ہے: [ار-مثل] چور کو چوری کے مال کی قدر نہیں ہوتی وہ اسے اونے پونے بیچ ڈالتا ہے۔
چوری لگانا: [ار-محاورہ] چوری کا الزام لگانا۔
چوُری: [ار-امث] (۱) چورما۔ (۲) چورنا (۳) مالیدہ کُٹی ہوئی چیز۔
چوڑ: [ار-اند-ق] نقصان
چوڑا: [ار-صف] فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔
چوڑا / چوڑ: [ھ-ار-اند] "لاکھ کی بنی ہوئی بڑی چوڑی (۲) کہنی سے کلائی تک چوڑیاں۔
چوڑا (واو مجہول سے): [ھ-اند] کیچڑ۔ پانی میں گھلی ہوئی مٹی۔
چوڑاپن: [ار-اند] دیکھئے "چوڑان"
چوڑا چکلا: [ار-صف] دیکھئے "چوڑا"
چوڑان: [ار-اند] چوڑائی۔ عرض۔
چوڑانا: [ار-مص] چوڑا کرنا۔ پھیلانا۔ فراخ کرنا۔
چوڑاؤ: [ار-اند] وسعت۔ پاٹ۔ پھیلاؤ۔ عرض۔
چوڑائی: [ار-امث] دیکھئے "چوڑان"
چوڑا کرنا: [ار-مص مرکب] پھیلانا۔ فراخ کرنا۔
چوڑا ہو جانا / ہونا: [ار-محاورہ] برباد ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔
چوڑھا / چوہڑا: [ار-اند] "خاکروب۔ بھنگی (۲) رذیل۔ کمینہ۔
چوڑھی / چوہڑی: [ار-امث] دیکھئے "چوڑھا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چوُڑی: [ار-امث] (۱) لاکھ۔ کانچ۔ سونے یا چاندی وغیرہ کے حلقے جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں (۲) وہ پیچ جو کسی پرزے میں کٹے ہوئے ہوں (۳) نازک بودی۔
چوڑی / چوڑیوں دار: [ار-اند] وہ تنگ پاجامہ جس کی مہریاں لمبی ہونے کی وجہ سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑ جاتی ہیں یا خود ڈالی جاتی ہیں۔
چوڑیاں: [ار-امث] دیکھئے "چوڑی" جس کی یہ جمع ہے۔
چوڑیاں بڑھانا: [ار-محاورہ] چوڑیاں اتارنا۔
چوڑیاں پہنانا: [ار-محاورہ] ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (۲) بیوہ عورت سے شادی کرنا۔
چوڑی پہننا: [ار-محاورہ] ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (۲) بزدلی اور نامردی اختیار کرنا۔
چوڑیاں توڑنا: [ار-محاورہ] خاوند کی موت پر چوڑیاں شکستہ کرنا۔
چوڑیاں ٹوٹنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "چوڑیاں توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چوڑیاں ٹھنڈی کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چوڑیاں توڑنا"
چوڑیاں ٹھنڈی ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی صدمہ یا ضرب سے چوڑیوں کے ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
چوڑیا: [ار۔ اند] ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔
چوزہ: [ف۔ اند] (۱) مرغی کا بچہ (۲) نوعمر انسان کا بچہ۔
چوزہ باز: [ار۔ صف۔ امث] وہ عورت جو نوجوان لڑکوں سے زنا کرائے / زیادہ رغبت رکھے۔
چوسا (واو مجہول سے): [ار۔ اند] ریتی۔ سوہن۔
چوسار: [ار۔ صف۔ ق] ہوشیار۔ چالاک۔
چوسر: [ھ۔ امث] ایک قسم کی پچیسی جو کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے۔
چوسر باز: [ھ۔ ف۔ صف] چوسر کا کھلاڑی۔
چوسر کا رنگ: [ار۔ امث] نردیں جو پانسہ کی چوسر میں کھیلی جاتی ہیں۔
چوسنا: [ار۔ مص] (۱) نچوڑنا۔ جذب کرنا (۲) گھسکھانا (۳) پینا (۴) نچوڑنا۔ عرق نکالنا (۵) ہونٹوں سے دبا کر کسی چیز کا مزہ لینا۔
چوسنی: [ار۔ امث] دیکھئے "چُسنی"
چوغہ: [ف۔ اند] جُبّہ۔ لبادہ۔ عبا۔
چوک: [ار۔ امث] (۱) بھول۔ خطا۔ سہو (۲) مذ۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ۔ (۳) ایک کھٹی چیز کا نام جو لیموں کے عرق سے بنتی ہے (۴۔ صف) ترش۔ نہایت کھٹا۔
چوک: [ار۔ اند] (۱) مربع (۲) مربع میدان (۳) وسیع صحن (۴) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں (۵) وہ کھلی جگہ جہاں منڈی لگتی ہو (۶) ایک قسم کا زیور جو عورتیں سر پہ پہنتی ہیں۔
چوکا: [ار۔ اند] (۱) آگے کے چار دانتوں کی لڑی (۲) مربع پتھر۔ چوکور سل (۳) ہندوؤں کے روٹی پکانے اور کھانے کا مقام (۴) چار یکساں چیزیں جو باہم پیوستہ اور برابر کی ہوں (۵) زمین کا ایک مربع ٹکڑا (۶) ایک قسم کا برتن (۷) ایک قسم کا پیمانہ (۸) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس کا فرش بناتے ہیں (۹) ایک بڑی مربع اینٹ جو فرش لگانے کے کام آتی ہے۔ (۱۰) چار رومال جو سلے ہوں (۱۱) چار مربع تخت جو برابر بچھے ہوتے ہوں (۱۲) ایک قسم کا مٹی کا برتن۔
چوکا برتن کرنا: [ار۔ محاورہ] چوکا اور اس کے اردگرد کی جگہ کو تیار کرنا اور برتنوں کو کھانا پکانے کے لئے مانجھنا۔
چوکا دینا: [ار۔ محاورہ] رسوئی کو لیپنا پوتنا۔
چوکا کرنا: [ار۔ محاورہ] (ہندوؤں میں) کھانا کھانا۔
چوکا سو گیا / چوکا سو مرا: [ار۔ مثل] غلطی کی اور نقصان اٹھایا۔
چوکر / چوکھر: [ار۔ اند] گیہوں کی بھوسی۔
چوکنا: [ار۔ مص] (۱) بھولنا۔ غلطی کرنا (۲) باز آنا۔ باز رہنا (۳) نشانہ پر نہ لگنا۔
چوکھا: [ار۔ صف] (۱) خالص۔ کھرا۔ بے میل (۲) اچھا۔ عمدہ۔ خوب۔ نادر (۳) صاف ستھرا (۴) ہوشیار۔ چوکس۔ محنتی (۵) خوشگوار (۶) اونچا۔ تیز تُرسر (۷) تیز کڑوا۔

چوکھاٹ: [ار۔ صف] وہ انسان جس کے اعضا قوی ہوں۔
چوکھٹ: [ھ۔ امث] آستانہ۔ دہلیز۔ در۔ نیز دیکھئے "چو" کے تحت۔
چوکھٹ بازو: [ار۔ اند] دروازے کے چاروں طرف کی لکڑیاں
چوکھٹ نہ جھانکنا: [ار۔ محاورہ] کبھی دروازہ پر نہ آنا۔
چوکھیے: [ار۔ اند۔ ق] چوکیدار۔
چوکی: [ار۔ امث] (۱) تخت۔ کرسی (۲) پہرہ۔ پاسبانی (۳) پڑاؤ (۴) باری نوبت (۵) امیروں یا افسروں کے یہاں شب باشی کو جانا (۶) نوبت بجانے والوں کا نوبت بجانے کا وقت (۷) باورچیوں کا گروہ (۸) قوالوں کا گروہ۔ (۹) پولیس کی گارد (۱۰) نیاز۔ نذر (۱۱) جادو۔ ٹونا (۱۲) چہلکا مجموعہ (۱۳) ایک ماپ جو چار سیر کے برابر ہوتا ہے (۱۴) رنڈی کی خرچی (۱۵) بدکار چھنال عورت (۱۶) پاخانہ کا چھوٹا تخت۔ کموڈ (۱۷) وہ تختہ جس پر پھلکوں یا ٹکیوں کے لئے آٹا گوندھتے ہیں (۱۸) ایک سنہری زیور جو چھاتی پہ پہنا جاتا ہے (۱۹) خدمت۔ سیوا (۲۰) زنجیر جس کے ذریعے گردن میں ایک مربع تختی لٹکتی ہے (۲۱) ڈھکدھکی (۲۲) چھوٹا تھانہ (۲۳) محصول والوں کے محصول وصول کرنے کی جگہ (۲۴) ریل کے محافظوں کے رہنے کی جگہ۔
چوکی بٹھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پہرہ بٹھانا۔ نگہبانی کرنا (۲) جادو کرنا۔ موکل بٹھانا۔
چوکی بدلنا: [ار۔ محاورہ] پہرہ بدلنا۔ نئی گارد پرانی کی جگہ بھیجنا۔
چوکی بھرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) باری باری سے پہرہ دینا (۲) دیوی دیوتا کے استھان پر جا کر بھینٹ چڑھانا (۳) بزرگوں کے مزار پر جا کر دعا مانگنا (۴) نیاز۔ نذر دینا۔ (۵) کسی مزار پر یا گھر پر قوالوں کا قوالی کرنا۔
چوکی بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چوکی بٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
چوکی پر جانا: [ار۔ محاورہ] پاخانہ جانا۔
چوکی پر لوٹا نہ رکھواؤں: [ار۔ محاورہ] حقارت ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں کہ اس سے کوئی کام نہ کراؤں۔
چوکی پہرا: [ار۔ اند] پہرا۔ گارد۔ پہرے کی باری
چوکی جانا: [ار۔ محاورہ] کسبی یا زانی عورت کا خرچی پر جانا۔
چوکی خانہ: [ار۔ ف۔ اند] وہ مکان جہاں امیروں کے درباری یا حاضر باشی والے لوگ حاضر رہتے ہیں۔
چوکیدار: [ار۔ ف۔ اند] (۱) پاسبان (۲) گاؤں کا ایک ملازم جو نمبردار کا ماتحت ہوتا ہے۔
چوکیدارا / چوکیدارہ: [ار۔ اند] محصول جو چوکیداروں کو تنخواہ دینے کے لئے وصول کیا جاتا ہے۔
چوکیداری: [ار۔ امث] چوکیدار کا پیشہ۔ پاسبانی۔ نگہبانی۔
چوکی دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) پہرہ دینا۔ پاسبانی کرنا (۲) قوالوں کا کسی درگاہ پر جا کر قوالی کرنا۔
چوکی مار: [ار۔ اند] وہ شخص جو مال چھپا کر بغیر محصول دیئے لے جائے۔ گھاٹ مار۔ محصول چور۔
چوکی مارنا: [ار۔ محاورہ] محصول کی چوری کرنا۔
چوکی ماری: [ار۔ امث] ٹیکس یا محصول نہ دینے کا فعل۔

چوکی میں بٹھانا / رکھنا : [ار - محاورہ] مشتبہ کو موجود رکھنا - حوالات میں رکھنا۔

چوکیا سہاگا : [ار - اند] ایک قسم کا عمدہ سہاگا۔

چوگا : [ار - اند] (۱) پرندوں کی غذا - دانہ (۲) وہ غذا جو پرندے بچوں کو اپنی چونچ سے دیتے ہیں۔

چوگا بدلنا : [ار - محاورہ] پرندوں کا دانہ بدلنا - پرندوں کا چونچ سے چونچ ملا کر پیار کرنا۔

چوگا دینا : [ار - محاورہ] دیکھئے "چوگا بدلنا"

چوگان : [ف - اند] (۱) ایک قسم کا گیند کا کھیل جو گھوڑے پر چڑھ کر لمبی لکڑی کے بلے سے کھیلتے ہیں۔ پولو (۲) بلا جس سے چوگان کھیلتے ہیں (۳) گلی کا ڈنڈا۔ (۴) نقارہ بجانے کی چوب (۵) فولادی گیند اچھالنے کا بلا۔

چوگان باز : [ف - اند صف] چوگان کھیلنے والا۔

چوگان بازی : [ف - امث] چوگان کا کھیل کھیلنا۔

چوگان گاہ : [ف - اند] وہ جگہ جہاں چوگان کھیلا جاتے۔

چوگانی : [ف - اند] وہ گھوڑا جو چوگان بازی میں خوب دوڑے۔

چوگرشا : [ہ - اند] خرگوش۔

چول : [ار - امث] (۱) لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے (۲) لکڑی کا چھید جس میں دوسری لکڑی لگائی جاتی ہے - جوڑ - بند (۳) دروازے کے پٹ کے نیچے اور اوپر کا وہ پتلا اور گول حصہ جو اوپر پٹاؤ کے سوراخ میں اور نیچے کنڈی کے اوپر ٹھہرا رہتا ہے (۴) دھبے کا وہ حصہ جو کسی چیز میں ہے (۵) گھڑی کے پہیوں کے اوپر اور نیچے کی نوکیں۔

چول بٹھانا : [ار - محاورہ] ایک لکڑی کو دوسری لکڑی کے چھید میں پیوست کرنا - جوڑ ملانا - بدھ ملانا۔

چول بیٹھ جانا / بیٹھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "چول بٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چولا : [ہ - اند] (۱) جسم - قالب (۲) پوشاک - انگرکھے کے اوپر کا حصہ۔

چولا بدلنا : [ار - محاورہ] قالب بدلنا - ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا - جون بدلنا۔

چولا چھوڑنا : [ار - محاورہ] قالب چھوڑنا - مرجانا۔

چولائی : [ار - امث] (۱) ایک قسم کا ساگ (۲) ایک بہت باریک اناج جس کو بھون کر لڈو بناتے ہیں۔ یہ کپاس کے کھیتوں میں اگتا ہے۔

چولہا : [ار - اند] دیگدان - آتش دان - ہنڈیا پکانے کی جگہ۔

چولہا پھونکنا : [ار - محاورہ] آگ جلانا - حقارتاً کہتے ہیں۔

چولہے آگ نہ گھڑے پانی : [ار - مثل] اس مفلس کے لئے کہتے ہیں جس کو کھانے پینے کو کچھ میسر نہ ہو۔

چولہے سے نکلا کڑاہی میں پڑا : [ار - مثل] ایک مصیبت سے چھوٹا دوسری میں پڑا۔

چولہے کی تیری توے کی میری : [ار - مثل] اچھا اپنے لئے برا دوسروں کے لئے۔

چولہے میں پڑے / جائے : [ار - محاورہ] خاک میں ملے - اجڑ جائے ہیں کوئی سروکار نہیں۔

چولی : [ار - امث] (۱) انگرکھے کے دامن کا اوپر کا حصہ - اوپر کے دھڑ کا کپڑا۔ (۲) انگیا - ایک قسم کی کرتی جو عورتیں پہنتی ہیں۔

چولی دامن کا ساتھ : [ار - اند] لازم و ملزوم - ہمیشہ کا ساتھ - قدیمی ساتھ۔

چولی مسکنا : [ار - محاورہ] چولی کا پھٹ جانا / چاک ہو جانا۔

چولی نکل جانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "چولی مسکنا"

چولیں : [ار - اند] دیکھئے "چول" جس کی یہ جمع ہے۔

چولیں ڈھیلی کرنا : [ار - محاورہ] مارتے مارتے مضمحل کر دینا۔

چولیں ڈھیلی ہو جانا / ہونا / ہلنا : [دیکھئے "چولیں ڈھیلی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چوم : [ار - فعل] چومنا مصدر سے صیغہ امر۔

چوما : [ار - اند] بوسہ۔

چوما چاٹی : [ار - امث] بوس و کنار - اختلاط

چوم چاٹ کے چھوڑنا : [ار - محاورہ] (۱) لطف اٹھا کے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے خیال سے باز آنا / سلام کرنا / ہاتھ اٹھانا (۲) کام لگا کے چھوڑ دینا۔

چومتے ہی گال کاٹا : [ار - مثل] ابتدا کرتے ہی نقصان پہنچایا۔

چوم لینا / چومنا : [ار - مص ع] بوسہ لینا - پیار کرنا - چمکارنا (۲) بوسہ دینا۔ کسی بزرگ کے مزار کو ادب سے منہ لگانا (۳) تعظیم دینا۔

چومنا چاٹنا : [ار - محاورہ] (۱) چوما چاٹی کرنا - پیار کرنا (۲) خوشامد درآمد کرنا - لٹو پتو کرنا (۳) تعظیم کرنا۔

چون : [ار - امث] (۱) آٹا - (۲) پسی ہوئی چیز۔

چون کا : [ار - صف] آٹے کا بنا ہوا - کمزور۔

چون کا حاکم بھی برا ہوتا ہے : [ار - مثل] احتیاط سے ڈرنا چاہئے۔

چون کر ڈالنا : [ار - محاورہ] آٹا کر دینا - پیس ڈالنا۔

چون کی سوت بری : [ار - امث] سوت (سوکن) کی برائی میں کہتے ہیں۔

چون ہو جانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "چون کر ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چوں : [ف - حرف تشبیہ و شرط] مانند - اگر - جب - (۲) کیوں - کس لئے۔

چوں : [ار - امث] (۱) تکرار - ضد (۲) کسی چیز سے نکلنے والی خفیف آواز۔ (۳) گوز / پاد کی خفیف آواز

چوں چاں : [ار - امث] پرندوں کے بچوں کی آواز

چوں چوں : [ار - اصوت - مث] (۱) چڑیوں کی آواز (۲) گاڑی چلنے کی آواز (۳ - اند) ایک کھلونے کا نام۔

چون و چرا : [ف - حرف استفہام] (۱) کیوں - کس واسطے (۲) (امث) تکرار - حجت - (افعال، کرنا، ہونا)

چونکہ : [ف - حرف شرط] کیونکہ - کس لئے - کس واسطے۔

چوں نہ کرنا : [ار - محاورہ] ذرا عذر نہ کرنا۔

چوون : [ار - اعدد] پچاس اور چار کا مجموعہ - ۵۴۔

چونا : [ار - مص] پانی رسنا - ٹپکنا - گرنا۔

چُونا: [ار۔ اند] وہ سفید خاک جو کنکر، پتھر، ہڈی، موتی، سیپ وغیرہ کے جلانے سے حاصل ہوتی ہے (۲) تیز۔ تند۔ کھٹاس۔

چُونا اور چمار کُٹے ہی ٹھیک رہتا ہے: [ار۔ مثل] چونے کو جتنا کوٹیں مضبوط ہوتا ہے۔ چمار کو جوتے لگتے ہیں تو درست رہتا ہے۔

چُونا پَنسالی: [ہ۔ امث] رقاصہ۔ ناچنے والی۔

چُونا پھرنا: [ار۔ محاورہ] قلعی ہونا۔ سفیدی ہونا۔

چُونا پھیرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چونا پھرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چُونا پھرانا: [ار۔ محاورہ] دیواروں وغیرہ پر سفیدی کرانا۔

چُونا چُونا ہونا: [ار۔ محاورہ] کپڑے یا لکڑی کا پرانا ہو کر پارہ پارہ ہو جانا۔

چُوناگچ: [ار۔ صفت] (۱) ایک قسم کا مضبوط چونا ہوتا ہے جسے معمولی چونے میں ملا کر پلستر کرتے ہیں (۲) چونے کا پلستر۔ دیوار وغیرہ چونے کے ساتھ چُنائی ہوئی۔

چُونا لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پان میں چونا لگانا (۲) چکمہ دینا۔ دھوکا دینا۔ دھوکے سے کوئی چیز ہتھیا لیا (۳) زک دینا۔ مغلوب کرنا (۴) ذلیل کرنا۔ خفیف کرنا (۵) مسجد میں چونا بطور ٹونا کے لگانا۔ عورتیں جب کوئی چیز چوری ہو جائے تو ایسا کرتی ہیں تاکہ لینے والا اندھا ہو جائے۔

چُونا لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چونا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چُونا ہونٹ میں لگنا: [ار۔ محاورہ] عورتوں کی ایک رسم ہے کہ جس کے ہونٹ میں چونا لگ جائے تو ڈھولیاں پان لیتی ہیں۔

چَونپ (نون غنہ سے): [ار۔ امث] (۱) اُکساؤ۔ بڑھاوا (۲) شوق۔ رغبت خواہش (۳) ضد۔ ہٹ (۴) عداوت۔ دشمنی (۵) سونے کی کیل جو ہندو دانتوں میں لگاتے ہیں۔

چَونپ دینا / لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کام پر آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا (۲) ورغلانا۔

چَونپ ہونا: [ار۔ محاورہ] ضد ہونا۔ اڑ ہونا۔ بیر ہونا۔ حسد ہونا۔

چَونپنا: [ار۔ مص] (۱) ہوشیار رہنا۔ متفکر رہنا (۲) (امث) ہوشیاری۔ پہچان۔

چُونٹا / چُونٹی: [ار۔ اند۔ مث] دیکھئے "چیونٹا۔ چیونٹی"۔

چونچ: [ار۔ امث] (۱) پرندوں کا منہ۔ منقار (۲) نوک۔ سرا (۳) باتوں کی طراری۔

چونچ بند کرو / سنبھالو: [ار۔ محاورہ] زبان روکو۔ بہت باتیں نہ بناؤ۔ بدزبانی نہ کرو۔

چونچ لگا دینا / لگانا: [ار۔ محاورہ] منقار مارنا۔ ٹھونگ مارنا۔

چونچ مارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ٹھونگ مارنا (۲) بیہودہ بکنا۔ طعنہ زنی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔

چونچال: [ار۔ صفت] چنچل۔ ہوشیار۔ چالاک۔ دانا۔ مستعد۔

چونچل ہائی: [ار۔ صفت۔ امث] عو۔ نخرے پیٹی۔ نازک مزاج۔ اِترانے والی عورت۔

چونچل ہایا: [ار۔ صفت۔ اند] دیکھئے "چونچل ہائی" جس کا یہ مذکر ہے۔

چونچلا: [ار۔ اند] دیکھئے "چوچلا"

چَوندھ: [ار۔ امث] خیرگیٔ چشم۔ آنکھ کا روشنی برداشت نہ کر سکنا۔

چُوندھی: [ہ۔ امث] (۱) تاریکی۔ سیاہی۔ نظر کی کمی۔ تیرگی (۲۔ ق) دھوکا۔ فریب

چَوندھیانا: [ار۔ مص] (۱) آنکھیں خیرہ ہونا۔ روشن چیز کو دیکھنے کی تاب نہ لانا (۲) حیرت زدہ ہو جانا۔ حیران ہونا (۳) گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔

چَوندریاں: [ار۔ اند۔ ق] ترکیبیں۔

چَونڈ: [ہ۔ اند] بے وقوف۔ احمق۔

چُونڈا: [ہ۔ اند] (۱) عورتوں کے سر کے بال جن کو اکٹھا کرکے پیچھے گدّی پر باندھتی ہیں۔ عموماً بوڑھی عورتوں کا۔ جوان عورتوں کا جوڑا کہلاتا ہے (۲) کچا کنواں (۳) سر (۴) کلغی۔

چُونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا: [ار۔ مثل] ناتجربہ کار نہیں ہوں۔

چونڈا منڈوانا: [ار۔ محاورہ] بے عزتی برداشت کرنا۔ بدنامی اٹھانا۔

چونڈا نوچنا / اُپاڑنا: [ار۔ محاورہ] سر ہونا۔ پیچھے پڑ جانا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔

چونڈے پر ڈولا اُچھلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بڑھاپے میں ڈولی پہ سوار ہونا (۲) دوسری عورت کے خاوند سے آشنائی کرنا۔ کسی دوسری عورت کی سوت (سوکن) بن کے اس کے گھر آنا۔

چَونڈو: [ہ۔ اند] دیکھئے "چَونڈ"

چَونر: [ہ۔ اند] رنگ برنگ کا دوپٹہ۔ چُنری۔

چَونری: [ہ۔ امث] (۱) مورچھل۔ گائے کی دُم جس سے مکھیاں اڑاتے ہیں۔ (۲) پولیس کی چوکی۔ کوتوالی۔

چَونک: [ار۔ امث] بھڑک۔ وحشت۔ چمک۔ جھجک۔

چَونک اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] گھبرا کر جاگ اٹھنا۔ چوکنا ہو جانا۔ ہوشیار ہو جانا۔ اچھل پڑنا۔ متعجب ہونا۔

چَونک پڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چونک اٹھنا"

چَونکانا: [ار۔ مص] ہوشیار کرنا۔ جگانا۔

چَونکنا: [ار۔ مص] (۱) جاگ پڑنا (۲) بھڑکنا (۳) غفلت سے ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ گھبرا جانا۔ ہکا بکا ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا

چَونکیل: [ار۔ صفت] جھجکنے والا۔ ڈرپوک۔

چُونگا: [ار۔ اند] (۱) خوشامد درآمد۔ چاپلوسی۔ محبت۔ چرب زبانی۔ فریب (۳) بانس کا نَل / نَلی (۴) صفت۔ احمق۔ بیوقوف (۵) ٹیلیفون کا ریسور۔

چُونگا کرنا: [ار۔ محاورہ] خوشامد کرنا (۲) ہتھیا لینا۔ اڑا لینا۔

چونگلا: [ار۔ اند] جوف دار بانس کا ٹکڑا یا ٹین کی نلکی جس میں کاغذ اور دوسری دستاویز رکھتے ہیں۔

چُونگے باز: [ار۔ صفت] خوشامدی۔ چاپلوس۔ عیار۔ مکار۔ چرب زبانی سے دوسروں سے چیزیں لے لینے والا۔

چُونی: [ہ۔ امث] (۱) وہ موٹا آٹا جو دال دلنے کے وقت نکلتا ہے (۲) دال کا پسا ہوا چھلکا۔

چُونی بھوسی کھا کر گزارہ کرنا: [ار۔ محاورہ] تنگی ترشی سے گزارہ کرنا۔

چُونی بھی کھے بے گھی سے کھاؤ: [ار۔ مثل] بساط سے بڑھ کر

دعوے کرنے کی جگہ کہتے ہیں۔

چونے والیاں : ار۔ امث] ایک طرح کی ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے پر ناچنے گانے آتی ہیں۔

چُوہا : [ار۔ امث] (۱) مُوش۔ نیولے سے ملتا جلتا ایک چھوٹا سا جانور (۲) ناک کا سوکھا ہوا مَیل۔

چوہا بل میں سماتا نہیں۔ دُم سے باندھا چھاج : [ار۔ مثل] اپنی تو گزر ہوتی نہیں دوسروں کا بوجھ سر پر اٹھا لیا۔

چوہا بلی کا شکار ہے : [ار۔ مثل] کمزور کو زبردست قابو کر لیتا ہے۔

چوہاکَنی : [ہ۔ امث] ایک گھاس جس کی پتّیاں چوہے کے کان کی مانند ہوتی ہیں۔ ادویہ میں مستعمل ہے۔

چوہی : [ہ۔ امث] دیکھئے "چوہیا" جو زیادہ فصیح ہے۔

چوہادان : [ار۔ ف۔ اند] چوہے پکڑنے کا پنجرہ۔

چوہے دَتی / دَنتی : [ار۔ امث] عورتوں کے ہاتھ کا زیور۔

چوہے سے کپڑے : [ار۔ صف] نہایت مَیلے کچیلے کپڑے۔

چوہے کا بچہ بھی نہیں : [ار۔ محاورہ] بالکل بے اولاد ہے۔

چوہے کا بل ڈھونڈتے پھروگے : [ار۔ مثل] ہر جگہ تلاش کروگے بھاگنے کا رستہ نہیں ملے گا۔

چوہے کا جنا بِل ہی ڈھونڈتا ہے : [ار۔ مثل] ہر شخص اپنی اصل پر جاتا ہے۔

چوہے کے ہاتھ ہلدی لگی وہ بھی پنساری بن بیٹھا : [ار۔ مثل] کم ظرف تھوڑی پونجی پر اِترانے لگتا ہے۔

چوہے مار : [ار۔ اند] (۱) ایک پرندہ جو چوہے پکڑ کر کھا جاتا ہے (۲) چوہے مارنے والا۔

چُوہیا : [ار۔ امث] دیکھئے "چوہا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چوہیلے دانت : [ار۔ مذ] چھوٹے چھوٹے دانت۔

چوَیا : [ار۔ اند] (۱) دریا وغیرہ کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی بھر بھر کر ٹھہر جاتے۔ (۲) دال کا چھلکا۔

چوَتین موتین : [ار۔ صف] بہت دُبلا پتلا آدمی۔

چ - ہ

چہ : [ف۔ حرف استفہام] کیا۔

چہ خوش : [ف۔ کلمہ طنز] کیا خوب۔ واہ کیا کہنا۔ کیا بات ہے۔

چہ خوش چرا نہ باشد : [ف۔ کلمہ طنز] کیوں نہ ہو۔ کیا کہنا بے شک۔ اسی قابل ہو۔

چہ داند بوزنہ لذاتِ ادرک : [ف۔ مثل] بندر کو ادرک کے مزے سے کیا واقفیت۔ ناقدر شناس کو اچھی چیز کی قدر نہیں ہوتی۔

چہ دلاور است دُزدے کہ بکف چراغ دارد : [ف۔ مثل] چوری اور سینہ زوری کے موقع پر کہتے ہیں۔

چہ کند بے نوا ہمیں دارد : [ف۔ مثل] کسی چیز کو پیش کرتے وقت انکسار کے طور پر کہتے ہیں۔

چہ معنی دارد : [ف۔ مقولہ۔ نف] کیا سبب ہے۔ کیا وجہ ہے۔

چہ میگوئیاں : [ف۔ ار۔ امث] قیاس آرائی۔ رائے زنی۔ گپ شپ۔

چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک : [ف۔ مثل] ادنےٰ کا اعلےٰ سے کیا مقابلہ۔

چَہ : [ف۔ اند] دیکھئے "چاہ" جس کا یہ مخفف ہے (۱) کنواں۔ گڑھا۔ (۲) وہ پُل جو دریا کے کنارے سے کشتی تک سوار ہونے کے لئے بناتے ہیں (۳) پُل کے دونوں سرے۔

چہ بچہ : [ف۔ اند] (۱) چھوٹا گڑھا جو پانی جمع کرنے کے لئے بناتے ہیں۔ کنوئیں کے مشابہ چھوٹا گڑھا جو مال دولت یا پانی جمع کرنے کے لئے بناتے ہیں (۲) چھوٹا حوض (۳) نیل پکانے کا چھوٹا گڑھا جو کنوئیں کی شکل کا ہوتا ہے۔

چَہا : [ہ۔ اند] ایک قسم کا چھوٹا پرندہ، جو پانی کے کنارے رہ کر مچھلیوں یا آبی کیڑوں پر گزر اوقات کرتا ہے۔

چَہار : [ف۔ اعدا] چار۔

چَہارچند : [ف۔ عدد ضعفی] چوگنا

چَہاردہ : [ف۔ اعدد] چودہ

چَہاردَہُم : [ف۔ عدد ضعفی و ترتیبی] چودھواں۔ چودھویں۔

چَہارسو : [ف۔ متعلق فعل] چاروں طرف۔

چَہارشنبہ : [ف۔ اند] بُدھ کا دِن

چَہارگانہ : [ف۔ صف] چار سے نسبت رکھنے والا۔

چَہارُم : [ف۔ عدد ترتیبی] چوتھا۔ چوتھی۔

چَہاڑ : [ہ۔ اند] (۱) دریا کا کنارہ (۲) پتھر یا ڈھیلے کا بڑا ٹکڑا (۳) زمین جو دریا چھوڑ جائے۔

چَہتاپن : [ار۔ امث۔ ق] (۱) محبت۔ خواہش (۲) ارادہ۔ قصد۔

چہچہا : [ار۔ اند] (۱) پرندوں کا بولنا۔ خوش الحانی۔ خوش آوازی۔ (۲) خوشی۔ فرحت۔ مسرت۔

چہچہا : [ار۔ صف] (۱) نہایت شوخ اور سُرخ رنگ (۲) روشن۔ چمکیلا۔

چہچہا تا رنگ : [ار۔ اند] شوخ اور سرخ رنگ۔

چہچہانا : [ار۔ مص] (۱) شوخ اور سرخ رنگ رنگنا (۲) رنگ کا چمکنا (۳) پھول جوبن پر ہونا۔

چہچہانا : [ار۔ مص] پرندوں کا خوشی میں بولنا اور گانا۔

چہچہاہَٹ : [ار۔ امث] خوش آوازی۔ نغمہ سرائی۔ نواسنجی۔ خوش الحانی۔

چہچہوں میں گزرنا : [ار۔ محاورہ] مزے سے زندگی بسر ہونا۔ عیش و عشرت میں بسر ہونا۔

چہچہے کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) پرندوں کا خوشی یا شوق میں بولنا (۲) بہت خوشی اور مزے سے بسر کرنا۔

چہچہے ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چہچہے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چہرہ: [ف۔ اند] (۱) مُنہ۔ صورت۔ سر کا سامنے کا حصہ (۲) سامنے کا رُخ چہرہ۔ (۳) حُلیہ جو رجسٹروں وغیرہ میں درج کیا جاتا ہے (۴) بھاؤ۔ طور۔ رُوپ۔ (۵) شکل شباہت۔ تصویر (۶) مصنوعی شکل جو منہ پر لگاتے ہیں۔ (۷) لُغت کے اعراب الفاظ میں لکھنا۔

چہرہ اُتارنا: [ار۔ محاورہ] تصویر کھینچنا۔ خط و خال کا نقشہ بنانا۔

چہرہ اُتر جانا/ اُترنا: [ار۔ محاورہ] دُبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ چہرے پر رونق نہ رہنا۔ چہرے پر گھبراہٹ کا اثر ہونا۔

چہرہ بحال ہونا: [ار۔ محاورہ] چہرے پر رونق آجانا۔ بیمار کے چہرے پر صحت کے آثار نمایاں ہونا۔

چہرہ بگاڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) صورت خراب کر دینا۔ بدشکل بنا دینا (۲) اس قدر مارنا کہ شناخت نہ ہو سکے۔

چہرہ بگڑ جانا/ بگڑنا: [ار۔ محاورہ] صورت خراب ہونا بدشکل ہونا۔

چہرہ بنانا: [ار۔ محاورہ] منہ بنانا۔ منہ چڑانا۔

چہرہ بھبھوکا ہونا: [ار۔ محاورہ] منہ سرخ ہونا۔

چہرہ پر مہتاب چھوٹنا/ ہوائیاں چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] رنگ فق ہو جانا رنگ زرد ہو جانا۔ (۲) گھبرا جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔

چہرہ پرداز: [ف۔ صف فاعلی] مصور۔ نقاش۔ تصویر کھینچنے والا۔

چہرہ پردازی: [ف۔ امث] دیکھئے "چہرہ پرداز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

چہرہ پھیکا پڑنا/ ہونا: [ار۔ محاورہ] چہرہ بے رونق ہونا۔ رنگ فق ہو جانا۔

چہرہ تمتمانا: [ار۔ محاورہ] چہرہ غصہ یا بخار کی گرمی کی وجہ سے سُرخ ہو جانا۔

چہرہ چمکنا: [ار۔ محاورہ] چہرے پر رونق ہونا۔

چہرہ دار/ شاہی: [ف۔ صف] سکہ جس پر بادشاہ کا چہرہ بنا ہوا ہو۔

چہرہ زرد ہو جانا/ ہونا: [ار۔ محاورہ] کمزوری یا بیماری کی وجہ سے چہرہ پیلا پڑ جانا۔ ڈر جانا۔ خوف زدہ ہونا۔

چہرہ سفید ہو جانا/ ہونا: [ار۔ محاورہ] کمزوری یا خوف سے سرخی جاتی رہنا۔

چہرہ سے نقاب اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ کھولنا۔ چہرہ ننگا کرنا (۲) دوسرے کے چہرے سے نقاب اُلٹنا۔

چہرہ سے نقاب اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چہرہ سے نقاب اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چہرہ صادر ہونا: [ار۔ محاورہ] شاہی قاعدہ کے مطابق دفتر میں نام لکھا جانا۔ نوکری ملنا۔

چہرہ کاٹنا: [ار۔ محاورہ] نوکری سے برطرف کرنا۔ برخاست کرنا ملازم کو۔

چہرہ کٹنا/ پر نظر کرنا: [ار۔ محاورہ] نوکری جاتی رہنا۔ برطرف ہونا۔ دفتر سے نام کٹنا

چہرہ کشا: [ف۔ صف۔ فاعلی] (۱) چہرہ کھولنے والا۔ نقاب اٹھانے والا (۲) تصویر بنانے والا۔

چہرہ کشائی: [ف۔ امث] (۱) چہرے سے نقاب اٹھانے کی رسم (۲) مُنہ کھولنا (۳) نقاشی۔ مصوری۔

چہرہ لکھا جانا: [ار۔ محاورہ] ملازم ہونا۔

چہرہ لکھنا: [ار۔ محاورہ] ملازم کرنا۔ بھرتی کرنا۔

چہرہ لکھوانا: [ار۔ محاورہ] ملازمت کرنا۔ نوکری کرنا۔ دفتر میں حلیہ درج کرانا۔

چہرہ مُہرہ: [ار۔ف۔ اند] خط و خال۔ شکل صورت۔

چہرہ مُہرہ سے ٹھیک/ درست ہونا: [ار۔ محاورہ] خوبصورت ہونا۔

چہرہ میلا ہونا: [ار۔ محاورہ] چہرہ گرد و غبار سے آلودہ ہونا۔

چہرہ نکلنا: [ار۔ محاورہ] ملازم کا برطرف ہونا/ نکلنا۔

چہرہ نویس: [ف۔ صف فاعلی] رجسٹر میں حلیہ درج کرنے والا۔ حُلیہ لکھنے والا۔

چہرہ ہونا: [ار۔ محاورہ] ملازم ہونا۔ بھرتی ہونا۔ رجسٹر میں نام لکھا جانا۔

چہرَی: [ف۔ امث] (۱) وہ چھڑی جس پر چہرہ بنا ہوا ہو (۲) بیراگی۔

چہرے: [ف۔ اند] دیکھئے "چہرہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

چہرے پر تلوار کھانا: [ار۔ محاورہ] بہادری کرنا۔ بہادری سے مُنہ نہ پھیرنا۔

چہرے دار: [ف۔ صف] دیکھئے "چہرہ دار/ شاہی"

چہرے کا رنگ اُڑنا/ بدلنا: [ار۔ محاورہ] خوف/ رنج/ شرم/ غصہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔

چہرے کی لینا: [ار۔ محاورہ] منہ بنانا۔ منہ چڑانا۔ ٹھٹھا کرنا۔

چَہَک: [ف۔ امث] خوش الحانی۔ پرندوں کی نواسنجی۔ نغمہ سرائی۔

چَہَکا: [ہ۔ اند] (۱) جلن، سوزش جو دوا لگانے سے بدن پر ہو (۲) لوکا جھلسا ہوا (۳) چرکا۔ داغ (۴) سوزش کرنے والا۔ پلستر (۵) ایک قسم کی آتش بازی (۶) اینٹوں یا پتھروں کا فرش۔

چَہَکا دینا/ لگانا: [ار۔ محاورہ] آگ سے جلا دینا۔ جھلسا دینا۔ لوکا لگانا۔

چَہَکا لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چہکا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چَہکار: [ار۔ امث] خوش الحانی۔ نواسنجی۔ نہایت خوشی کی حالت میں باتیں کرنا۔

چَہکارنا: [ار۔ مص] دیکھئے "چہچہانا"

چَہکانا: [ار۔ مص] دیکھئے "چہکا دینا"

چَہَکنا: [ار۔ مص] آگ سے جل جانا۔ جھلسنا

چہل: [ف۔ اعدد] چالیس۔

چہل اَبدال: [ف۔ اند] (۱) چالیس تن جو دنیا میں کسی نہ کسی جگہ ہر وقت موجود ہوتے ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اللہ تعالےٰ اس کی بجائے دوسرا پیدا کر دیتا ہے۔ دنیا ان کی برکت سے قائم ہے (۲) فقیروں کا وہ گروہ جو دہکتے ہوئے آگ کے انگاروں پر لوٹتا ہے۔

اور لپٹتے لوٹتے انگاروں کو بجھا دیتا ہے۔

چہل تن: [ف۔اند] (۱) دیکھئے "چہل ابدال نمبر ۱" (۲) وہ چالیس شخص جن کو طور پر اللہ تعالیٰ نے بجلی سے مار ڈالا تھا مگر بعد میں زندہ کر دیا تھا۔

چہل تہ: [ف۔اند] ایک قسم کی زرہ۔ چالیس تہوں کی زرہ۔ دیکھئے "چلتہ"

چہل چراغ: [ف۔اند] ایک قسم کا جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں اور زمین پر رکھا جاتا ہے۔

چہل ستون: [ف۔اند] ایک قسم کی عمارت جس کے چالیس ستون ہوتے ہیں۔

چہل قد: [ف۔اند] دیکھئے "چہل تہ"

چہل قدمی: [ف۔امث] سیر۔ ٹہلنا۔ ہوا خوری۔ گشت۔

چہل کاف: [ف۔امث] ایک دُعا/عزیمت جس میں چالیس کاف ہوتے ہیں۔

چُہل: [ار۔امث] (۱) ہنسی مذاق۔ ٹھٹھا (۲) زندہ دلی۔ دل لگی۔ چھیڑ چھاڑ۔ (افعال: کرنا)

چُہل باز: [ار۔ف۔صف] ظریف۔ خوش مزاج۔ مشغول (ترکیب غلط ہے)

چَہلا: [ہ۔اند] (۱) کیچڑ۔ دلدل۔ کیچڑ والی زمین (۲۔صف) گیلا۔ تربتر (۳۔ق) چہلا۔

چَہل پَہل: [ہ۔ار۔امث] رونق۔ آبادی۔ خوشی۔ خرمی۔ زندہ دلی۔ خوش طبعی۔ ہنسی ٹھٹھا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

چہلم: [ف۔عدد ترتیبی] چالیسواں۔ چالیسویں۔

چہلی/چہلیا: [ہ۔صف] مسخرا۔ ظریف

چہمی: [ار۔ف۔امث] کنوئیں کی چرخی۔

چہلے کی بھینس: [ار۔صف] موٹا آدمی جسے حرکت کرنا دشوار ہو۔ بھدا۔ سُست۔ مجہول شخص۔

چہنوٹ: [ار۔اند۔ق] ایک بیماری جس کے سبب بچہ پیٹ میں نہیں ٹھہرتا۔

چہوڑا: [ار۔اند] ایک قسم کا اچھا چاول۔

چہیتا: [ار۔صف۔مذ] پیارا۔ محبوب۔ عزیز۔

چہیتی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے "چہیتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چہیتر: [ہ۔اند] لال کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ۔

چہیل: [ہ۔صف۔اند] گیلا۔ نمدار۔

چھ

چھ/چھے: [ہ۔اعدد] پانچ اور ایک کا مجموعہ۔ تین کا دُگنا

چھ بوندیا/بُندکیا: [ہ۔اند] ایک زہریلا کیڑا جس کی پیٹھ پر چھ داغ یا نشان ہوتے ہیں۔

چھ پانچ کرنا: [ار۔محاورہ] (۱) شرارت کرنا۔ باتیں بنانا (۲) حیران ہونا۔ کشمکش و پیچ میں ہونا۔

چھ ماہی: [ار۔امث] مُردے کا فاتحہ اور کھانا جو مرنے کے چھ ماہ بعد یا چھٹے مہینے ہوتا ہے۔

چھاپ: [ار۔امث] ٹھپّا۔ عدالت کی مُہر۔ نشان۔ اثر۔ علامت۔ انگوٹھی وہ نشان جو ہندو تیرتھوں میں جاکر بازوؤں اور کندھوں پر لگاتے ہیں۔ سکے کا نشان۔ ایڈیشن۔

چھاپ کرنا/لگانا: [ار۔محاورہ] ٹھپہ لگانا۔ مہر لگانا۔ نقش کرنا۔

چھاپا: [ار۔اند] (۱) مُہر۔ ٹھپا (۲) وہ نشان جو ہندو اپنے بدن پر لگاتے ہیں۔ (۳) چھاپنے کا آلہ/مشین۔ مطبع (۴) چھپا ہوا (۵) شب خون (۶) وہ حملہ جو اچانک کیا جائے (۷) تجارت کے مال پر وہ نشان جو محصول لینے کی علامت ہے (۸) وہ نشان جو عورتیں نذر کے کھانے کے طباق پر یا گھر کی دیوار پر صحنک کے وقت صندل سے کر دیتی ہیں (۹) نقش۔ صورت تصویر (۱۰) سانچا۔ ڈھالنے کا ظرف (۱۱) کھلیان پر ٹھپّا لگانے کا آلہ۔ (۱۲) دو شخصوں یا چیزوں کی صورت اور انداز میں مشابہت۔

چھاپا مارنا: [ار۔محاورہ] شب خون مارنا۔ خفیہ طور پر اور اچانک حریف پر حملہ کرنا۔

چھاپنا: [ار۔مص] (۱) نقش کرنا۔ طبع کرنا۔ مہر لگانا۔ ٹھپہ لگانا۔ (۲) شائع کرنا۔ مشہور کرنا (۳) بیاہ کی رسم میں مکان کی دیواروں کو صندل کے نشانوں سے سجانا۔

چھاپے خانہ: [ار۔اند] مطبع۔ وہ کارخانہ جہاں کتابیں وغیرہ چھاپی جاتی ہیں (ترکیب غلط ہے)

چھاپے خانے والا: [ار۔اند] مطبع کا مالک۔ مطبع کا مینیجر۔

چھاتا: [ہ۔اند] (چھاتی اور چھتری کا اسم مکبر) (۲) بڑا سینہ/چھاتی (۳) پتنگ کا سینہ۔ امیروں اور بادشاہوں کا چھتر (چھتر)۔

چھاتا بردار فوج: [ار۔ف۔امث] پیراشوٹ یا ہوائی چھتری کے ذریعے اترنے والی فوج۔ (انگریزی PARA TROOP کا ترجمہ)

چھاتم چھاتا: [ہ۔اند] (۱) سینے کو سینہ سے کوٹنا (۲) ایک پتنگ کا دوسرے سے لڑنا۔

چھاتی: [ار۔امث] (۱) سینہ۔ پستان۔ چوچی (۲) جرأت۔ حوصلہ (۳) مضبوطی استقلال۔ استحکام (۴) فیاضی۔ جود۔ سخاوت۔

چھاتی اُبھار کر چلنا: [ار۔محاورہ] (۱) سینہ تان کر چلنا۔ (۲) اترا کر چلنا۔

چھاتی اُبھر آنا/اُبھرنا: [ار۔محاورہ] لڑکی کے پستانوں کا بڑھنا بالغ ہونا۔

چھاتی اُمنڈ آنا/اُمنڈنا/اُمنگنا: [ار۔محاورہ] دل بھر آنا۔ غم و رنج کے باعث رونے کو دل چاہنا۔

چھاتی بھر آنا: [ار۔محاورہ] (۱) غمگین ہونا (۲) رحم آنا۔ ترس آنا۔ (۳) محبت سے دودھ آنا۔

چھاتی بھر جانا: [ار۔محاورہ] گھوڑے کی چھاتی یا سینہ میں ورم ہو جانا۔

چھاتی بڑھ جانا: [ار۔محاورہ] خوشی سے حوصلہ بڑھ جانا۔

چھاتی بیٹھ جانا: [ار۔محاورہ] کھانسی یا زکام سے آواز کا بیٹھ جانا۔

چھاتی پتھر بن جانا / ہونا : [ار۔ محاورہ] دل سخت ہو جانا۔ رحم نہ رہنا۔
چھاتی پتھر کر لینا : [ار۔ محاورہ] سنگدل ہو جانا۔
چھاتی پر بال ہونا : [ار۔ محاورہ] عالی حوصلہ ہونا۔ بلند ہمت ہونا۔
چھاتی پر پتھر دھر لینا / رکھ لینا : [ار۔ محاورہ] دل سخت کرنا۔ ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔
چھاتی پر پھرنا : [ار۔ محاورہ] ہر وقت یاد رہنا۔
چھاتی پر جم کر / ہو کر بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] کسی سے بہت نگرانی سے کام لینا۔ ہر وقت موجود رہنا۔
چھاتی پر چڑھ کر ڈھائی چلّو لہو پینا : [ار۔ محاورہ] سخت سزا دینا۔ جان سے مار ڈالنا۔
چھاتی پر چڑھنا : [ار۔ محاورہ] پچھاڑ کر چھاتی پر سوار ہونا۔ ہر وقت سامنے موجود رہنا۔
چھاتی پر دھر کر لے جانا : [ار۔ محاورہ] مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا۔
چھاتی پر سانپ پھر جانا / لوٹنا : [ار۔ محاورہ] بہت رنج اور صدمہ گزرنا۔ رشک آنا۔ حسد کرنا۔
چھاتی پر سل دھرنا : [ار۔ محاورہ] چھاتی پر بوجھ رکھنا۔ سزا دینا۔
چھاتی پر سل رکھ لینا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھاتی پر پتھر دھر لینا"
چھاتی پر کالا پہاڑ ہونا : [ار۔ محاورہ] بہت ناگوار ہونا۔
چھاتی پر کودوں / مونگ دَلنا : [ار۔ محاورہ] غیرت دلانا۔ عذاب دینا۔ سزا دینا۔ کسی کے سامنے ایسا کام کرنا جو اُسے سخت ناگوار ہو۔
چھاتی پر کودوں / مونگ دَلوانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھاتی پر کودوں دلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
چھاتی پر ہاتھ دھر کر دیکھو : [ار۔ محاورہ] اپنے دل کی حالت سے دوسرے کے دل کی حالت کا اندازہ کر لو۔
چھاتی پر ہاتھ ڈالنا : [ار۔ محاورہ] (۱) عورت کے پستان مَسلنا (۲) کسی عورت کی بے عزتی و آبرو ریزی کرنا۔
چھاتی پر ہاتھ رکھنا : [ار۔ محاورہ] دلجوئی کرنا۔ تشفی دینا۔ محبت کا اظہار کرنا۔
چھاتی پک جانا / پکنا : [ار۔ محاورہ] (۱) تکلیف یا غم سہتے سہتے عاجز آجانا۔ نزلہ زکام وغیرہ ہو جانا (۲) ناک میں دم آ جانا۔ سخت رنج ہونا۔
چھاتی پکڑ کر رہ جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) رنج و غم دل ہی دل میں برداشت کرنا (۲) اُف تک نہ کرنا (۳) صبر اور تحمل سے کام لینا۔
چھاتی پکڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) تکلیف یا رنج سے اپنی چھاتی پر ہاتھ رکھ لینا (۲) دیکھئے "چھاتی پر ہاتھ ڈالنا"
چھاتی پہاڑ ہونا : [ار۔ محاورہ] دل سخت ہونا۔ حوصلہ ہونا۔ ہمت ہونا۔
چھاتی پھٹ جانا / پھٹنا : [ار۔ محاورہ] (۱) سینے کا شق ہونا۔ دل پر صدمہ عظیم گزرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر رشک ہونا۔ حسد ہونا۔ جلنا۔
چھاتی پھٹی جانا : [ار۔ محاورہ] بے حد صدمہ ہونا۔ رنج ہونا۔
چھاتی پیٹنا : [ار۔ محاورہ] (۱) سینہ کوبی کرنا۔ ماتم کرنا (۲) غصہ یا رشک و حسد سے چھاتی پر ہاتھ مارنا (۳) کسی کی دولت کا حسد کرنا۔
چھاتی تلے رکھنا : [ار۔ محاورہ] پاس رکھنا۔ نہایت احتیاط سے رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔
چھاتی ٹھکنا : [ار۔ محاورہ] اعتبار یا یقین ہونا۔ بھروسا ہونا۔
چھاتی ٹھنڈی کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) دل خوش ہونا (۲) سکھ دینا (۳) اپنی حسرت۔ دشمنی۔ بغض وغیرہ نکال کر اپنا دل خوش کرنا (۴) دوسرے کے دل کو خوش کرنا۔ تسلی دینا۔
چھاتی ٹھنڈی ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھاتی ٹھنڈی کرنا" جس کا لازم ہے۔
چھاتی ٹھونکنا : [ار۔ محاورہ] (۱) چھاتی پر ہاتھ مارنا (۲) اطمینان دلانا۔ تشفی کرنا (۳) تکلیف دینا۔ رنج دینا۔ زخمی کرنا۔
چھاتی جلانا : [ار۔ محاورہ] (۱) دِق کرنا۔ ستانا (۲) رشک دلانا۔
چھاتی جلنا : [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "چھاتی جلانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) بدہضمی کی وجہ سے چھاتی کے اندر جلن ہونا۔
چھاتی چڑھنا : [ار۔ محاورہ] پستانوں میں دودھ بڑھ آنا جو بچے کے مرنے یا دودھ چھڑانے کے بعد ہوتا ہے۔
چھاتی چھلنی ہو جانا / چھدنا / چھن جانا / چھنی جانا : [ار۔ محاورہ] صدمہ کے باعث سینہ کا پُر داغ ہونا۔
چھاتی دبانا : [ار۔ محاورہ] بچے کا دودھ پینا۔
چھاتی دَرکنا : [ار۔ محاورہ] سینہ شق ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔
چھاتی دَھڑکنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ڈرنا۔ خوف کھانا (۲) گھبراہٹ ہونا۔ بے چینی ہونا (۳) دِل کانپنا۔ لرزنا (۴) صدمہ ہونا۔ دِل دُکھنا (۵) ہسٹیریا کے مرض میں دل کا زور سے حرکت کرنا۔ بخار کی وجہ سے دل کا جلد جلد حرکت کرنا۔ خفقان ہونا۔ اختلاج ہونا۔
چھاتی دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) بچے کو دودھ پلانا (۲) مدد کرنا۔ امداد کرنا۔
چھاتی سراہنا : [ار۔ محاورہ] (۱) آفریں کہنا۔ تحسین کرنا۔ شاباش دینا (۲) صبر و تحمل وغیرہ کی تعریف کرنا۔
چھاتی سُلگانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھاتی جلانا۔"
چھاتی سے پتھر ٹلنا : [ار۔ محاورہ] (۱) دل کا بوجھ دور ہونا (۲) بیٹی کا بیاہ ہو جانا۔
چھاتی سے لگا کر رکھنا : [ار۔ محاورہ] بہت احتیاط یا حفاظت یا پیار سے رکھنا۔
چھاتی سے لگانا : [ار۔ محاورہ] (۱) پیار اور محبت سے گلے لگانا (۲) پیار کرنا۔ چمکارنا۔ تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔
چھاتی سے لگنا : [ار۔ محاورہ] گلے لگنا۔ سینہ بسینہ ہونا۔
چھاتی کا اُبھار : [ار۔ اند] بلوغت کے باعث عورت کی چھاتیوں کا اوپر کو اُبھرنا۔
چھاتی کا پتھر / پہاڑ : [ار۔ اند] (۱) وہ شخص جس کی موجودگی طبیعت

کو ناگوار ہو یا رنج دے (۲) ایسی رانڈ یا بن بیاہی جوان جس کی موجودگی ماں باپ کو رنج دے (۳) سوکن (۴۔ صف) سوہانِ روح۔ تکلیف دہ۔ بارِ خاطر۔

چھاتی کا پھوڑا: [ار۔ صف۔ مذ] دیکھئے "چھاتی کا پتھر/پہاڑ"

چھاتی کا جم: [ار۔ اند۔ صف] (۱) بارِ خاطر۔ ناگوارِ خاطر (۲) ہر وقت موجود رہنے والا۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا۔ ڈھیٹ (۳) فرشتۂ موت۔ عزرائیل۔

چھاتی کا سودا ہے: [ار۔ مثل] حوصلے کا کام ہے۔

چھاتی کرنا: [ار۔ محاورہ] بہادری/جرأت دکھانا (۲) فیاضی دکھانا۔

چھاتی کوٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹنا۔ سینہ کوبی کرنا (۲) دوسرے کی دولت و اقبال وغیرہ کو دیکھ کر حسد کرنا (۳) ماتم کرنا۔

چھاتی کھول کر ملنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بغیر رنجش و بغض کے ملنا۔ فراخدلی سے ملنا۔

چھاتی کی سل: [ار۔ امث] دیکھئے "چھاتی کا پتھر"

چھاتی کے کواڑ: [ار۔ مذ] سینے کے دونوں پہلو۔

چھاتی کے کواڑ پھٹ جانا: [ار۔ محاورہ] بہت زور سے یا اونچے بولنا۔ شور مچانا۔ جوش سے بولنا (۲) حسد کرنا۔ جلنا۔

چھاتی کے کواڑ کھلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سینہ چاک یا شق ہونا۔ دل کا عاشق ہونے یا چرائے جانے کے لئے تیار ہو جانا (۲) چیخ مارنا۔ شور مچانا۔

چھاتی گدرانا: [ار۔ محاورہ] عورت کے پستانوں کا ابھرنا شروع ہونا۔

چھاتی گز بھر ہو جانا/ہونا: [ار۔ محاورہ] خوش ہو جانا۔ فرحت ہونا (۲) حوصلہ بڑھ جانا۔ ہمت ہو جانا۔

چھاتی لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) رنج و غم کرنا (۲) دیکھئے "چھاتی سے لگانا"

چھاتی لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھاتی لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھاتی لینا: [ار۔ محاورہ] بچے کا دودھ پینا۔ دودھ پینے کے لئے بچہ کا پستان منہ میں لینا۔

چھاتی مسلنا: [ار۔ محاورہ] عورت کے پستانوں کو مرد کا ہاتھ سے ملنا۔ مساس کرنا۔

چھاتی مسوس کر رہ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھاتی پکڑ کر رہ جانا"

چھاتی مسوسنا: [ار۔ محاورہ] (۱) صدمہ اٹھانا۔ دل پکڑ کر رہ جانا (۲) صدمہ دینا۔ رنج دینا۔

چھاتی میں دودھ اتر آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کہتے ہیں کہ اولاد کو دیر بعد ملنے سے ایسا ہوتا ہے۔ گو شکل سے نہ پہچانے (۲) دودھ پلاتے وقت چھاتی میں دودھ کا آ جانا۔

چھاتی میں گھونسا مار کر رہ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھاتی پکڑ کر رہ جانا"

چھاتی نکال کر چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) اکڑ اکڑ کر چلنا (۲) سینہ ابھار کر چلنا۔ (۳) عورت کا اپنے پستانوں کی نمائش کرتے ہوئے چلنا۔

چھاتیاں ابھرنا: [ار۔ محاورہ] بلوغت کے وقت پستانوں کا نمودار ہونا/بڑھنا۔

چھاتیاں چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دودھ کی افراط سے چھاتیوں کا بھاری ہو جانا/پھول جانا۔

چھاتیاں نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھاتیاں ابھرنا"

چھاتیوں کا ابھار: [ار۔ مذ] نموِ پستان۔ سینے کا ابھار۔ پستانوں کا بڑھنا۔

چھاج: [ھ۔ مذ] ایک قسم کی چپٹی ٹوکری جو تین طرف سے اونچی ہوتی ہے سامنے سے کھلی جس سے اناج پھٹکتے ہیں۔ (۲) وہ آلہ جس سے اناج کو بھوسے سے الگ کرنے کے لئے ہوا پہنچاتے ہیں (۳) بگھی کا وہ حصہ جس کے اوپر باگ رہتی ہے (۴) انجن سے چلنے والی گاڑی/گاڑیوں کے آگے جو آلہ چیزوں کو ہٹانے کے لئے لگا ہوتا ہے (۵) پہیوں کے اوپر جو چپٹا تختہ کیچڑ کو اوپر جانے سے روکنے کے لئے لگا ہوتا ہے۔

چھاج بولے سو بولے چھلنی بھی بولے جس میں بہتر سو چھید: [ار۔ مثل] عیب دار بے عیب کی برابری کرتا ہے۔ ادنیٰ اعلیٰ کی برابری کرتا ہے۔

چھاج سی ڈاڑھی: [ار۔ امث] بڑی گھنی اور چوڑی داڑھی۔

چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اڑانا: [ار۔ محاورہ] الٹا کام کرنا۔ کسی کو رسوا اور بدنام کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔

چھاجا بیل: [ھ۔ صف] لمبی گھنی اور چوڑی ڈاڑھی رکھنے والا۔ چھاج سی ڈاڑھی والا۔

چھاجن: [ھ۔ مذ] چھپر۔

چھاجنا: [ھ۔ مص] چھپر باندھنا۔ چھپر چھانا۔

چھاجوں برسنا (مینہ برسنا) پڑنا: [ار۔ محاورہ] سخت بارش ہونا۔

چھاجوں پانی پڑنا/پڑ جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بہت بارش ہونا (۲) سخت شرمندگی ہونا۔

چھاچھ: [ھ۔ امث] (۱) دہی کو بلو کر مکھن نکالنے کے بعد سفید پانی رہ جاتا ہے۔ مٹھا۔ لسی (۲) وہ ترش، سفید دودھ سا جو گھی تانے کے بعد نیچے بیٹھ جاتا ہے۔

چھاچھ چھینک گئی: [ار۔ محاورہ] بات بگڑ گئی۔ کام بگڑ گیا۔

چھاچھی: [ھ۔ صف] تباہ۔ برباد۔ خستہ۔ خراب۔

چھاداں: [ھ۔ مذ] مشک۔ مشکیزہ۔

چھاڈنا/چھاڑنا: [ھ۔ مص] (۱) قے کرنا۔ الٹی کرنا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔

چھار: [ھ۔ صف] (۱) جلا دینے والا۔ کھا جانے والا (۲) تیز چرچرا (۳) نمکین۔ تیزابی (۴) الکلی۔ کھار (۵) راکھ۔ خاک۔ مٹی۔ ڈھیر (۶) مٹی کا ڈھیلا (۷۔ ق) درخت۔

چھار نمبر۲: [ھ۔ اند] (۱) تودہ (۲) دیکھئے "چھیل چھبیلا" (۳) دیکھئے "چھارچٹھی"

چھارچٹھی: [ھ۔ امث] پروانہ۔ راہداری۔

چھار چھبیلا: [ھ۔ صف] دیکھئے "چھال/چھیل چھبیلا"

چھار کردم: [ھ۔ اند] جلتے ہوئے کیچڑ کا چشمہ۔ ایک نرک/دوزخ کا نام۔

چھارا: [ھ۔ اند] راکھ۔ تودہ۔ زمین کا بڑا ٹکڑا۔

چھارو: [ھ۔ اند] (۱) چھالا۔ آبلہ۔ پھپھولا (۲) ناسور (۳) تبخالہ۔ منہ کے چھالے۔ منہ آنا۔

چھاری: [ھ۔ امث] سونے چاندی وغیرہ کا ڈلا۔

چھاڑ/چاڑ: [ھ۔ اند] (۱) ترک۔ تیاگ (۲) دریا کا کنارہ۔ ساحلِ دریا (۳) زمین جو دریا چھوڑ جائے۔ تودہ۔ مٹی کا ٹکڑا۔ پودا۔

جھاڑی - درخت

چھاڑچِھٹی: [ھ-اند] پھواز راہداری

چھاڑچھڑیلا: [ھ-اند] ایک پودا - بالچھڑ - سنبل الطیب۔

چھاڑنا: [ھ-معں] (۱) چھوڑنا - تیاگنا - ترک کرنا (۲) اُبکائی کرنا - قے کرنا۔

چھاک: [ھ-امث] (۱) دودھ دینے کا وقت (۲) دودھ دوہنا - دھار نکالنا (۳) دن کا پہلا کھانا (۴) کھانا جو مزدور لوگ صبح کو ہمراہ لے جاتے ہیں (۵) بڑے بڑے پراٹھے جو دولہن کے گھر سے دولہا کو شادی کے موقع پر بھیجے جاتے ہیں۔

چھاکا: [ھ-صف] بدمست - مدہوش - نشے میں - پیئے ہوئے

چھاگل: [ھ-صف] (۱) بکری کے متعلق - بکری سے نکلی ہوئی (۱) چھوٹا شکیزہ مٹی کا برتن (۲) پاؤں کا ایک زیور - جھانجن - خلخال۔

چھال: [ھ-امث] درختوں کا چھلکا یا پوست - قشر - بکل۔

چھالا: [ھ-اند] (۱) کھال کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے مرگ چھالا (۲) آبلہ - پھپھولا (۳) وہ داغ جو تلوار کے لوہے یا شیشے وغیرہ پر ہو جاتا ہے (۴) وہ نشان جو ہرن کی پیٹھ پر پڑ جاتا ہے۔ (افعال: پڑنا - پھوٹنا - ہونا)

چھالنی: [ھ-امث] دیکھئے "چھلنی" جو فصیح ہے۔

چھالیا: [ھ-امث] سپاری - ڈلی۔

چھاں: [ھ-امث] (۱) سایہ - پرچھائیں (۲) خفیف اثر (۳) آئینہ میں کسی چیز کا عکس۔

چھاں بانھ: [ھ-امث] حمایت - پناہ۔

چھاں چھیلنا: [ار-محاورہ] جانی دشمن ہونا - خون کا پیاسا ہونا۔

چھاں ہرا: [ھ-صف] سایہ دار۔

چھان: [ار-امث] (۱) چھاننا مصدر سے صیغہ امر (۲) دریافت - تحقیقات۔

چھان بنان/بین/پھٹک/چھپوڑ: [ھ-امث] تحقیق - دریافت تجسس - تلاش - کھوج۔ (کرنا - ہونا)

چھان ڈالنا/مارنا: [ار-محاورہ] ڈھونڈنا - سخت تلاش کرنا۔

چھان لینا: [ار-محاورہ] دیکھئے "چھاننا" جس کی یہ تکمیل ہے۔

چھانا: [ار-معں] (۱) چھایا کرنا - اندھیرا کرنا (۲) پاٹنا - پھوس یا کھپریل وغیرہ سے پوشش کرنا (۳) ہجوم کرنا (بادلوں کا) (۴) غالب ہونا طاری ہونا - محیط ہونا۔

چھانپ: [ار-صف-ق] پوشیدہ۔

چھانٹ: [ار-امث] (۱) چھانٹنا مصدر سے صیغہ امر (۲) کترن - فضلہ چھیچھڑے جو گوشت کے صاف کرنے سے نکلتے ہیں (۳) انتخاب (۴) کتر بیونت - قطع و برید - تراش (۵) وہ چھوٹی چھوٹی شاخیں جو درختوں سے کاٹی جائیں۔

چھانٹن/چھانٹی: [ہ-امث] وہ چیز جو چھانٹنے سے بچ رہے - فضلہ کترن - جھاڑن۔

چھانٹنا: [ھ-معں] (۱) کاٹنا - کترنا (۲) چُننا - انتخاب کرنا (۳) شاخہائے درخت کا کاٹنا (۴) کپڑے کی کتر بیونت کرنا - بال کترنا (۵) مختصر کرنا (۶) گوشت کے ٹکڑے کرنا (۷) چرب زبانی کرنا - بہت باتیں بنانا (۸) پسند کرنا (۹) صاف کرنا (۱۰) کپڑا دھو کر میل نکالنا (۱۱) اناج کو کوٹ کر چھلکا علیحدہ کرنا (۱۲) کھیت میں سے بیکار جنگلی بوٹیاں نکال دینا (۱۳) بچت کرنا (۱۴) نکال دینا - چھوڑ دینا (۱۵) (فوج) قتل کرنا/کر دینا۔

چھانڈ: [ھ-امث] (۱) بند - پگا (۲) پھندا - جال - باگ ڈور - پچھاڑی - (افعال: باندھنا)۔

چھانڈا: [ھ-اند] حصّہ - بخرا - (فقیروں کا)۔

چھانس: [ھ-امث] بھوسی۔

چھاننا: [ار-معں] (۱) چھلنی سے آٹا نکالنا - رولنا - صاف کرنا (۲) کپڑے میں سے کسی سفوف کو نکالنا (۳) کپڑے میں سے کسی مائع چیز کو نکالنا - نتھارنا (۴) پرکھنا - جانچنا (۵) دریافت کرنا - تحقیقات کرنا (۶) ڈھونڈنا - تلاش کرنا (۷) کپڑے میں سوراخ کر دینا (۸) بیج بونے کے لئے بکھیرنا (۹) (تیروں وغیرہ سے جسم) چھلنی کرنا۔

چھاوا: [ار-اند-ق] بھوت - پریت - آسیب - سایہ۔

چھاؤں: [ہ-امث] (۱) سایہ - چھاں (۲) عکس - پرتو - (۳) روشنی - کرن - (۴) تھوڑی سی مشابہت دو چیزوں یا شخصوں میں۔

چھاؤں نہ پانا: [ار-محاورہ] سراغ نہ پانا - نشان نہ ملنا - مشابہت نہ ملنا۔

چھاؤنی: [ار-امث] (۱) چھاؤں کرنے کی چیز - کھپریل - خس پوش مکانات - پھوس کے بنگلے (۲) سپاہیوں کی بارکیں - مکانات (۳) وہ شہر جہاں فوج رہے (۴) لشکرگاہ - کیمپ۔

چھاؤنی چھانا/ڈالنا/چھاؤنی کرنا: [ار-محاورہ] کسی جگہ رہنا - ڈیرے ڈالنا - مکانات کو خس پوش کرنا - فوج کے رہنے کیلئے کیمپ یا شہر بنانا۔

چھائی: [ھ-امث] راکھ۔

چھائیں: [ھ-امث] (۱) چھاؤں (۲) دھبا - داغ (۳) رُوح - بھوت۔

چھائیں پھوئیں (عو): [ھ-امث] خدا بچائے - خدا محفوظ رکھے - خدا نہ کرے۔

چھائیں مائیں: [ھ-امث] بچوں کا ایک کھیل - جھائیں مائیں۔

چھائیاں: [ار-امث] کلف - سیاہ داغ دھبے جو اکثر انسانوں کے چہرہ پر پڑ جاتے ہیں۔

چھایا: [ہ-امث] (۱) سایہ - چھاؤں (۲) سایہ دار جگہ - مکان - گھر (۳) عکس - پرتو (۴) روشنی - چمک - درخشانی (۵) رنگ (۶) تاریکی - سیاہی - اندھیرا (۷) بھوت پریت - رُوح (۸) تھوڑی سی مشابہت (۹) پناہ - حفاظت - سایہ (۱۰) ایک راگ (۱۱) سورج (۱۲) ایک وزن یا بحر (۱۳) ڈراؤنا خواب (۱۴) رشوت (۱۵) سلسلہ - تسلسل (۱۶) مسودہ کی نقل (۱۷) پراکرت کتاب پر سنسکرت کا ٹیکا۔

چھایا میں آجانا: [ار-محاورہ] آسیب ہو جانا۔

چھب: [ہ-امث] (۱) خوبصورتی - حسن - روپ (۲) تناسب اعضا - گات - انداز جسم (۳) آرائش - زیبائش - زیب و زینت - بناؤ سنگار - سجاوٹ (۴) ناز و انداز - معشوقانہ انداز - ادا - نخرہ - غمزہ (۵) تاب تجلّی - جلوہ - شان (۶) بدن - جسم - شکل - صورت - وضع۔

چھب تختی: [ہ-امث] سینے اور جسم کی خوبصورتی - گات - پستانوں کی خوبصورتی۔

چھب گُٹھڑی میں اور صُورت طباق/ چوبن رکابی میں: [ار- مثل] بناؤ سنگار پوشاک سے اور خوبصورتی غذا یعنی کھانے پینے سے ہوتی ہے۔

چھبڑا: [ہ- امذ] ٹوکرا جس کا پیندا چپٹا ہوا اور جھاؤ کی شاخوں کا بنا ہوا ہو۔

چھبڑی: [ہ- امث] چھبڑا کی تصغیر۔

چھبی: [ہ- امث] (اصطلاح دلالاں) پیسہ- فلوس۔

چھبیس: [ار- اعدد] بیس اور چھ کا مجموعہ- ۲۶-

چھبیلا: [ہ- صف] (۱) خوبصورت- حسین- خوش وضع (۲) بانکا- رنگیلا- چھیلا- چنچل (۳) خوش مزاج- زندہ دل- دلشاد-

چھپ: [ار- امث] پانی کی آواز- پانی پر ہاتھ مارنے یا کسی چیز کے گرنے کی آواز۔

چھپ چھپ: [ار- امث] پانی پر ہاتھ مارنے/ پانی مُنہ پر پر ڈالنے کی آواز۔

چھپا: [ہ- صف] پوشیدہ- خفیہ- مخفی- نہاں- پنہاں- گپت

چھپا رستم: [ار- صف] (۱) اپنے فن میں استاد کامل مگر لوگوں میں ظاہر نہ ہو (۲) شریر- بدمعاش- خفیہ بدمعاش- چُپ شریر- ایسا بدمعاش جس کی بدمعاشی لوگوں سے پوشیدہ ہو۔

چھپا راستہ: [ار- امذ] چور راستہ- خفیہ راستہ۔

چھپا رکھنا: [ار- مص- مرکب] پنہاں رکھنا- ظاہر نہ ہونے دینا- خفیہ رکھنا۔

چھپا رہنا: [ار- مص- مرکب] (۱) دیکھئے "چھپا رکھنا" جس کا یہ لازم ہے نیز (۲) مفرور ہو جانا- رُوپوش ہو جانا۔

چھپاکا: [ار- امذ] (۱) پانی مُنہ پر ڈالنے کی آواز- پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز (۲) پانی کا بڑا چھینٹا۔

چھپانا: [ار- مص] دیکھئے "چھاپنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھپانا: [ار- مص] پوشیدہ رکھنا- مخفی کرنا- ڈھانکنا- پردہ کرنا۔

چھپاؤ (واو مجہول سے): [ار- امذ] (۱) پوشیدگی- پردہ (۲) راز- بھید۔

چھپائی: [ار- امث] (۱) چھاپا (۲) چھاپنے کی اُجرت۔

چھپٹی: [ہ- امث] (۱) لکڑی کی چھیلن (۲) [صف] دُبلا- پتلا- لاغر۔

چھپٹی سا: [ہ- صف] دُبلا- پتلا- لاغر۔

چھپّر: [ار- امذ] (۱) پھوس کا سائبان- پھوس کی چھت- (۲) بوجھ (۳) برساتی پانی کی جھیل جس میں سنگھاڑے اور کنول گٹے بو دیتے ہوں (۴) لمبی چوڑی ڈاڑھی (۵) اُڑنے والے کبوتروں کا غول یا جُھنڈ۔

چھپّر بند: [ار- صف] سائبان چھانے والا- چھپّر بنانے والا

چھپّر پر پھوس نہ ہونا: [ار- محاورہ] بہت غریب ہونا- نہایت مفلس ہونا۔

چھپّر پر پھوس نہیں- دروازہ/ ڈیوڑھی پر نقارہ: [ار- مثل] مفلس اور کنگال ہو کر اپنی نمود دکھانا۔

چھپّر پر رکھنا/ دھرنا: [ار- محاورہ] طاق میں رکھنا- خاطر میں نہ لانا- پرواہ نہ کرنا۔

چھپّر پھاڑ کر دینا: [ار- محاورہ] بے وسیلے رزق پہنچانا- اُس جگہ سے دلانا جہاں سے امید نہ ہو۔

چھپّر ٹوٹ پڑنا: [ار- محاورہ] یکایک مصیبت آ جانا۔

چھپّر چھانا/ ڈالنا: [ار- محاورہ] (۱) پھوس کی جھونپڑی بنانا (۲) چھت ڈالنا (۳) مکان تعمیر کرنا (۴) رہنا- رہائش رکھنا۔

چھپّر رکھنا: [ار- محاورہ] (۱) بوجھ رکھنا (۲) الزام لگانا (۳) احسان عظیم کرنا- ممنون احسان کرنا۔

چھپّر کھٹ: [ار- امث] وہ پلنگ جس پر چھت اور پوشش ہو- دلہن کا چھتری والا پلنگ- امیروں کا چھتری والا پلنگ۔

چھپرا: [ہ- امذ] چھوٹا چھپّر۔

چھپک: [ار- اصوت- امث] پانی کی آواز۔

چھپکا: [ار- امذ] (۱) پانی کا بہت بڑا چھینٹا (۲) دو لکڑیوں میں بنا ہوا کبوتر پکڑنے کا بڑا جال (۳) پنجرہ جس میں جال لگا ہو (۴) ماتھے پر پہننے کا ایک زیور (۵) رانگ کا چوڑا ٹکڑا (۶) لوہے کا پترا جو ہنڈی میں لگا کر بند کر دیا جاتا ہے۔ (۷) ایک پرندہ جو بٹیر اور چھوٹے پرندوں کو پکڑ لیتا ہے۔

چھپکلی: [ار- امث] (۱) وہ جانور جو دیواروں پر رہتا ہے اور مکھیاں وغیرہ کھاتا ہے (۲) کنایۃً دُبلی، پتلی، لاغر عورت۔

چھپکی: [ار- امث] دیکھئے "چھپکلی" جو فصیح ہے۔

چھپن: [ار- اعدد] چھ اور پچاس کا مجموعہ- ۵۶-

چھپنا/ چھپنا: [ار- مص] (۱) مخفی ہونا- پوشیدہ ہونا (۲) غیر حاضر ہونا منہ (۳) غروب ہونا (۴) آنکھ بچانا (۵) ڈھکنا (۶) نقاب منہ پر ڈالنا۔

چھپنا: [ار- مص] دیکھئے "چھاپنا" جس کا یہ لازم ہے

چھپواں: [ار- صف] پوشیدہ- مخفی۔

چھپوانا: [ار- مص] دیکھئے "چھاپنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھت: [ار- امث] (۱) سقف- بام- پٹاؤ- سائبان (۲) کوٹھا- بام (۳) وہ چادر جو چھت میں باندھتے ہیں- چھت گیری (۴) چبوترا (۵) مکان کے اوپر کا وہ حصہ جس پر چل پھر سکیں یا رہائش کر سکیں یا جو دھوپ اور بارش وغیرہ سے بچائے (۶) چھاتی کا مخفف جو مرکبات میں مستعمل ہے۔

چھت باندھنا: [ار- محاورہ] دیکھئے "چھت بندھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھت بندھنا: [ار- محاورہ] چھت بننا یا پٹنا- ابر کا توقف کرنا- اُڑنے والے جانوروں کا ہجوم کے ساتھ اُڑنا۔

چھت بندی: [ار- امث] چھت بنانا

چھت پاٹنا: [ار- مص- مرکب] چھت پر کڑیاں تختے اور مٹی وغیرہ ڈالنا۔

چھت پٹنا: [ار- مص- مرکب] دیکھئے "چھت پاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھت پیل: [ار- صف] سینہ زور۔

چھت پیلی: [ار- امث] سینہ زوری۔

چھت ٹپکنا/ چونا: [ار- مص- مرکب] چھت سے پانی مکان کے اندر گرنا۔

چھت گیری: [ار- امث] وہ کپڑا جو چھت کے نیچے لگا دیتے ہیں تاکہ مٹی وغیرہ نہ گرے

چھت لگانا: [ار- مص- مرکب] چھت کے نیچے منقش کاغذ/ کپڑا یا لکڑی کا چھت کے ساتھ لگانا۔

چھت لگنا: [ار- مص- مرکب] دیکھئے "چھت لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھت لگنی: [ار۔ امذ] (۱) عاشق۔ معشوق (۲) چھاتی سے لگنے والا۔

چھتا: [ار۔ امذ] (۱) شہد کی مکھیوں کا گھر (۲) گلی یا بازار جس پر چھت بنی ہوئی ہو (۳) جھنڈ۔ گچھا۔

چھتارا: [ار۔ امذ] نہایت گھنا درخت۔

چھتر/چھتر: [ار۔ امذ] (۱) بڑا چھاتا جو بادشاہوں، سادھوؤں یا بتوں پر لگایا جاتا ہے (۲) شامیانہ۔ نگیرا (۳) گوبر کا نشان یا چھتری جو اناج کے ڈھیر پر نظر بد سے بچانے کے لئے لگاتے ہیں (۴) ایک کھمبتر (۵) چھتری کی شکل کا شہد کا چھتا (۶) استاد۔ گرو (۷) وہ ٹھاٹھر جو کبوتروں کے بیٹھنے کیلئے لکڑی کے اوپر لگاتے ہیں (۸) پناہ گاہ۔ مامن۔ حمایت (۹) ایک پودا جو کشمیر میں ہوتا ہے (۱۰) کھمبی۔ کلاہ باراں (۱۱) اجنبیوں کی رہائش کی جگہ۔ سرائے۔ کھلی عمارت۔

چھتر پور کا توا باندھ کے آنا: [ار۔ مثل] حفاظت یا بچاؤ کی تیاری کر کے آنا۔

چھتر بھنگ: [ار۔ امذ] (۱) چھتر شاہی کا برباد ہونا (۲) سلطنت جاتے رہنا۔ تخت سے اتار جانا (۳) بیوہ ہونا۔ بیوگی۔ رنڈاپا۔ ددھواپن۔

چھتر پتی: [ار۔ امذ] (۱) وہ افسر جس کے سر پر چترشاہی ہو (۲) راجا۔ نواب۔ والیٔ ریاست۔

چھتر دھاری: [ار۔ امذ] راجا۔ والیٔ سلطنت۔

چھترا دینا/چھترانا: [ار۔ مص] بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔ تتہ بتہ کرنا۔

چھتراؤ: [ار۔ امذ] پراگندگی۔ تتر بتر۔

چھتری: [ہ۔ امث] (۱) چھوٹا چھاتا۔ دستی چھاتا۔ ایک آلہ جس کے بیچ میں لکڑی یا لوہے کا ڈنڈا ہوتا ہے اور لوہے وغیرہ کی سلائیاں اس طرح لگی ہوتی ہیں کہ چاہے کھول دیں یا بند کر دیں۔ اوپر کی سلاخوں پر کپڑا منڈھا ہوتا ہے۔ اسے دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے کھول کر سر پر لگاتے ہیں (۲) مسہری (۳) ڈولی کے اوپر کا ٹھٹھر (۴) ایک قسم کا گنبد دار محل (۵) وہ مکان جس میں ہندوؤں کی ہڈیاں دفن ہوتی ہیں (۶) سر کے بڑے اور گھنے بال۔ (۷) کبوتروں کے بیٹھنے کا ٹھٹھر (۸) گاڑی کا ہڈ یا اوپر کا حصہ/پردہ (۹) جہاز کا پیچھے کا حصہ۔ دُنبالہ (۱۰) درخت کا پتوں اور ٹہنیوں کا حصہ۔

چھتری دار: [ار۔ ف۔ صف] وہ جس پر چھتری ہو (گاڑی/درخت وغیرہ)

چھتل: [ار۔ امذ] دھوکا۔ چتر۔ مکاری۔

چھتم پتا: [ار۔ امذ] کنکوؤں کا نمائشی طور پر لڑنا۔

چھتنا: [ار۔ مص] (۱) چلنا۔ مارکھانا (۲) کوٹنا۔ کٹنا۔ پسنا۔ کچلا جانا۔ (۳) کوٹا جانا۔ ہموار کیا جانا۔

چھتنار: [ہ۔ صف] (۱) چھاتے کی شکل کا (۲) برابر۔ ہموار (۳) گھنا۔

چھتوانا: [ار۔ مص] پٹوانا۔ مروانا۔

چھتور: [ہ۔ امذ] گھر۔ مکان۔ محل۔ بنگلہ۔

چھتہر/چھتہرا: [ہ۔ صف] جو چھونے سے ناپاک ہو جائے۔ بھرشٹ۔ (برتنوں وغیرہ کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔)

چھتیانا: [ار۔ مص] (۱) بندوق کی شست باندھنا (۲) چھاتی سے لگانا۔

چھتیس: [ار۔ اعدد] تیس اور چھ کا مجموعہ۔ ۳۶۔

چھتیسا: [ار۔ صف] چالاک۔ عیار۔ مکار۔ چاپیا۔ فریبی۔ فیلسوف۔ چھتیس ہنر جاننے والا۔

چھتیسی: [ار۔ صف۔ مث] (۱) دیکھئے "چھتیسا" جس کی یہ تانیث ہے۔ (۲) زانیہ۔ فاحشہ۔ چھنال۔ پُرشہوت (۳) مندرجہ بالا معنی نمبر ۲ کی خاصیتوں کی عورت (۴) وہ عورت جو زنا کرنے کے چھتیس آسن جانتی ہو مگر ظاہر میں پاک دامن بنے۔

چھٹ: [ار۔ حرف استثنا] (۱) بجز۔ سوا (۲) چھوٹا کا مخفف جو مرکبات میں مستعمل ہے۔

چھٹ بھیا/چھٹ بھیئے: [ار۔ امذ] ادنیٰ درجے کے لوگ۔ غریب غربا۔

چھٹ پن/رپنا: [ار۔ امذ] بچپن۔ لڑکپن۔

چھٹ جانا: [ار۔ مص] بچ جانا۔

چھٹا (ہوا): [ار۔ عدد ترتیبی] پانچ کے بعد کا درجہ (ترتیب میں) (۲) منتخب۔ چیدہ (۳) بڑا بدمعاش۔

چھٹی ہوئی: [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "چھٹا ہوا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چھٹا: [ار۔ صف] (۱) علیحدہ۔ جدا۔ الگ (۲) نرا۔ صرف۔ فقط۔ خالی۔

چھٹاپا: [ار۔ امذ] خردی۔ چھوٹاپن۔

چھٹانا: [ار۔ مص] دیکھئے "چھٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھٹانک: [ار۔ امث] ایک سیر وزن کا سولہواں حصہ۔ پانچ تولے کے برابر وزن۔

چھٹانک دھنیا خیر آبادی کوٹھی: [ار۔ مثل] کم سرمایہ پر بہت شیخی مارنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

چھٹاون: [ار۔ امذ] چھٹکن۔ چھٹن۔ بچا کھچا۔ باقی ماندہ۔

چھٹک: [ار۔ صف] چھوٹا کی تصغیر۔

چھٹکا: [ار۔ امذ] بھینس کا رنگین اور منقش پردہ۔

چھٹکا: [ار۔ امذ] چھینٹا۔

چھٹکا: [ار۔ صف] دیکھئے "چھٹک"

چھٹکارا: [ار۔ امذ] (۱) رہائی۔ خلاصی۔ چھٹی۔ برأت۔ نجات (۲) فرصت۔ مہلت (۳) آزادی۔ آزادگی۔

چھٹکال: [ار۔ امث۔ ق] چھینٹیں۔

چھٹکانا: [ار۔ مص] (۱) پراگندہ کرنا۔ پھیلانا۔ چھینٹے اڑانا/ڈالنا (۲) بال پریشان کرنا۔ منتشر کرنا۔ جھٹکنا (۳) ہٹانا۔ سرکانا (۴) واپس اپنی جگہ پر کرنا۔ کمان کو کھینچ کر چھوڑ دینا تاکہ اصلی جگہ پر آجائے۔

چھٹک جانا/چھٹکنا: [ار۔ مص] (۱) دیکھئے "چھٹکانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) فوطہ یا بیضہ کا جھٹکا کھا کر بڑھ جانا۔ زہر کا اثر پھیلنا (۴) اعضا کا سست ہو جانا۔ ستارے چمکنا۔ روشن ہو جانا۔

چھٹکیلا: [ار۔ صف] (۱) عیاش۔ کچا (۲) عیاش آدمی۔

چھٹکیلی: [ار۔ امث] عیاشی۔ اوباشی۔

چھٹکی: [ار۔ مث] (۱) چھینٹا۔ دھبا۔ داغ (۲) چھرا۔ [افعال: دینا۔ ڈالنا۔ کرنا۔ لگانا]

چھٹکی : [ار۔ صف۔ ق] چھوٹی۔ بہت کم۔ نیز دیکھئے "چھٹکا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چھَٹنا : [ار۔ مص] (۱) دیکھئے "چھانٹنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) مذ۔ ایک آلہ جس سے اناج اور بھوسے کو علیحدہ علیحدہ کرتے ہیں۔ (۳) (امث) چھلنی کی ایک قسم (۴) صاف ہونا۔ مواد نکلنا (۵) دُبلا ہونا۔ کم ہونا۔ لاغر ہونا (۶) ترشنا۔ قطع ہونا (۷) علیحدہ ہونا۔ جُدا ہونا۔

چھُٹنا : [ار۔ مص] (۱) آزاد ہونا۔ رہا ہونا (۲) واگزاشت ہونا (۳) پیٹ جاری ہونا۔ دست آنا (۴) موقوف ہونا۔ برطرف ہونا (۵) باقی رہنا (۶) ڈھیلا پڑنا (۷) سُست ہونا (۸) بکھرنا۔ تتر بتر ہونا (۹) نکلنا۔ جاری ہونا۔ چلنا (۱۰) سر ہونا۔ دغنا (بندوق وغیرہ کا) (۱۱) علیحدہ ہونا۔ جُدا ہونا (۱۲) روانہ ہونا۔ چلنا (۱۳) چپکی ہوئی چیز کا کُھلنا (۱۴) نجات پانا (۱۵) رہن کی ہوئی چیز کا واگزاشت ہونا۔

چھَٹنکی : [ار۔ امث] چھٹانک کی تصغیر۔ پانچ تولہ کا باٹ۔ سیر کا سولہواں حصّہ۔

چھٹنکی لگانا : [ار۔ محاورہ] بھاگ جانا۔ چل دینا۔ کافور ہو جانا۔

چھٹوانا : [ار۔ مص] دیکھئے "چھٹنا / چھوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھٹوتی : [ار۔ امث] کمی۔ تخفیف۔ رعایت۔

چھَٹولا : [ار۔ اند] وہ لباس جو عورتیں ولادت کے زمانے میں پہنتی ہیں۔

چھَٹھ : [ہ۔ امث] ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔ چاند کے ہر پندرھواڑے کی چھٹی تاریخ۔

چھَٹی : [ار۔ صف] (۱) چھٹا کی تانیث۔ ششم (۲) ۶ تاریخ (۳) ایک رسم جو بچہ پیدا ہونے کے چھٹے دن ادا کی جاتی ہے (۴) وہ چیز جو زچہ اور اس کے بچے کے لئے اس کے میکے سے آتی ہے مثلاً کھلونے، کپڑے، مٹھائی وغیرہ۔

چھٹی چھما : [ار۔ متعلق فعل] عو۔ کبھی کبھی۔ شاذونادر

چھٹی حِس : [ار۔ امث] انسان کی وہ حِس جو کسی خطرے کے وقت بیدار ہوتی ہے اور انسان کسی آنے والے خطرے کے خیال سے چونک پڑتا ہے۔

چھٹی کا جوڑا : [ار۔ اند] وہ کپڑے جو زچہ کو چھٹی کے موقع پر میکے سے آتے ہیں۔

چھٹی کا دودھ زبان پر / یاد آنا : [ار۔ محاورہ] سخت مصیبت پڑنا۔ مصیبت میں گزشتہ عیش و آرام یاد آنا۔

چھٹی کا دودھ یاد دلانا : [ار۔ محاورہ] خوب مارنا۔

چھٹی کا دودھ نکلنا : [ار۔ محاورہ] گزشتہ عیش و آرام کی کسر نکلنا۔

چھٹی کا راجا یا رَجّہ : [ار۔ اند] پوتڑوں کا امیر (طنزاً) غریب۔ مفلس۔ جنم کا دلدری۔

چھٹی کا کھانا : [ار۔ اند] (۱) وہ کھانا جو ولادت کے چھٹے روز پکایا جاتا ہے (۲) زچہ کا کھانا جو خاص طور پر تیار کیا جاتا ہے۔

چھٹی کا کھایا پیا نکالنا : [ار۔ محاورہ] (۱) سخت مار پڑنا (۲) گزشتہ عیش و آرام کی کسر نکلنا۔

چھٹی کا کھایا پیا نکلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھٹی کا کھایا پیا نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھٹی نہانا : [ار۔ محاورہ] بچہ پیدا ہونے کے چھٹے دن کا زچہ کا نہانا۔

چھٹی نہ چِلّا حرام کا پِلّا : [ار۔ مثل] اگر کوئی بچے کی ولادت پر دعوت نہ دے تو طنزاً کہتے ہیں۔

چھٹی نہ سَتْوا اَنَسا میرالاؤ نواسا : [ار۔ مثل] دینا نہ لینا خاطر داری بہت۔

چھٹی نہ سَتْوا اَنَسا امیرالامرا کا نواسا : [ار۔ مثل] معمولی حیثیت کا اور اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھے۔ بے ہمتی اور بے ترنگ۔

چھُٹّی : [ار۔ امث] (۱) رخصت۔ تعطیل (۲) فرصت (۳) اجازت (۴) موقوفی۔ برطرفی۔ (۵) چھٹکارا۔ رہائی (۶) چھوٹے چھوٹے لطیفے جو نقال کرتے ہیں۔

چھُٹی دِلانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھٹی دینا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھُٹّی دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا (۲) رخصت دینا۔ اجازت دینا۔ (۳) طالب علم کو مکتب سے چھوڑنا۔

چھُٹی مِلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "چھٹی دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھُٹی مِلی : [ار۔ روزمرہ] خلاصی ہوئی۔ خوب چھوٹے۔

چھُٹیا : [ہ۔ اند] ایک قسم کا نمک۔

چھُٹیاں : [ار۔ امث] دیکھئے "چھٹی" جس کی یہ جمع ہے۔

چھَج : [ار۔ صف] (۱) گھنا (۲) سایہ دار (۳) (ا۔ مذکر) جھاڑ۔ جنگل۔ جھنڈ۔

چھجّا : [ار۔ اند] (۱) چھت کا بڑھا ہوا حصّہ۔ جو دھوپ یا بارش سے بچاؤ کے لئے لگاتے ہیں (۲) برآمدہ جو دوسری یا اوپر کی چھتوں پر دیوار سے بڑھا کر بنایا جائے (۳) انگریزی ٹوپی کا بڑھا ہوا حصّہ جو دھوپ سے بچاؤ کے لئے ہوتا ہے۔

چھِجانا : [ار۔ مص] کم کرنا۔ گھٹانا (۲) گھسا کر پتلا یا سوراخ دار کر دینا۔

چھجّو جو سُکھ چبارے نہ بلخ نہ بخارے : [ار۔ مثل] گھر میں جو آرام ہوتا ہے کہیں اور نہیں ہوتا۔

چھچھڑا : [ار۔ اند] (۱) چھیچھڑا کا مخفف۔ گوشت کا ٹکڑا اور پتلا حصّہ (۲)۔ صفا لجلجا۔ لسلسا۔ پچپچا۔ نرم۔

چھیچھڑے بکھیرنا : [ار۔ محاورہ] خوب پیٹنا۔

چھچھکارنا : [ار۔ مص] (۱) کتے کو سیٹی بجا کر بلانا (۲) کتے کو آواز دے کر کسی کے پیچھے دوڑانا۔ بچکارنا (۳) دھتکارنا۔ نفرت سے کسی کو ہٹا دینا۔

چھچھلا : [ار۔ صف] کم گہرا پانی۔ کم گہرا برتن۔

چھچھلاپن / چھچھلائی : [ار۔ اند و مث] تھوڑی گہرائی۔

چھچھلتی ہوئی : [ار۔ صف۔ ق] دوسری چیز کو معمولی سی چھو کر گذرتی ہوئی (۲) سرسری۔

چھچھلنا : [ار۔ مص] کسی چیز کا دوسری کے اوپر سے چھوتے ہوئے گزر جانا۔

چھچھلی : [ار۔ امث] ایک کھیل جس میں پتلی ٹھیکری کو اس طرح پھینکتے ہیں کہ پانی پر دُور تک چلی جائے۔ [افعال : کھیلنا]

چھُچھُلی : [ار۔ امث] کُتے یا بلّی کا شکار کے ساتھ کھیلنا۔

چھچھلیاں کھیلنا : [ار۔ محاورہ] مندرجہ بالا کھیل کھیلنا۔

چھچھلیاں کھِلانا : [ار۔ محاورہ] حیران کرنا۔ گھبرا دینا۔

چھُچھُو : [ار۔ اند] بچے کا پیشاب۔

پچھو کرنا : [ار - محاورہ] پیشاب کرنا۔

پچھو ہونا : [ار - محاورہ] (۱) پیشاب آنا (۲) بھاگ جانا (۳) غائب ہو جانا۔

پچھورا : [ار-صف] (۱) کم ظرف۔ پیٹ کا ہلکا (۲) کمینہ۔ رذیل (۳) خود نما۔ نمودیا نمائشی (۴) ادنیٰ۔ سفلہ۔ اسفل۔

چھچھورپن / چھچھوراپن : [ار-اند] سفلہ پن۔ کمینہ پن۔ کم ظرفی۔

چھچھوری : [ار- امث] دیکھئے "چھچھورا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چھچھوندر : [ار- امث] (۱) ایک قسم کا چھوٹا سا چوہے کی قسم کا جانور جس کے جسم سے سخت بُو آتی ہے اس کا منہ اور بدن بالکل چوہے کے مانند ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) عورت جو اِدھر کی اُدھر اور اُدھر کی اِدھر لگاتے۔

چھچھوندر چھوڑنا : [ار - محاورہ] (۱) آتش بازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا (۲) لڑائی کرنا (۳) شگوفہ چھوڑنا (۴) جھوٹ بات مشہور کرنا۔ بہتان لگانا۔ الزام لگانا۔

چھچھوندر چھُو گئی : [ار- محاورہ] پتنگ کی ڈور پڑی پڑی بودی ہو جائے تو کہتے ہیں۔

چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل : [ار-مثل] کم درجے کا آدمی اچھی چیز کی خواہش / استعمال کرے تو کہتے ہیں۔

چھچھی : [ار- امث] (۱) بچوں کا پاخانہ۔ (۲) (صف) ادنیٰ چھی۔ کمینی۔ کم حیثیت۔ کم ظرف۔

چھچھے / چھچھّے : [ار-صف-ق] سُبک۔ ہلکا۔

چھُدّا : [ہ- اند] (۱) الزام- تہمت- بُہتان (۲) گِلا شکوہ۔ شکایت (۳) بارِ احسان۔

چھدّا اُتارنا : [ار- محاورہ] (۱) گلہ مٹانا۔ شکوہ مٹانا (۲) الزام دُور کرنا (۳) اُوپری دِل سے کوئی کام کرنا۔ بوجھ اتارنا۔ آ کر جلدی چلے جانا۔ بارِ احسان اُتارنا۔

چھُدّا دھرنا / رکھنا : [ار- محاورہ] الزام لگانا۔ بہتان جوڑنا۔ تہمت باندھنا۔

چھَدام : [ہ- امث] دَمڑی۔

چھِدرا : [ہ -صف] جھر جھرا۔ چھید دار۔ فرق فرق سے۔ فاصلہ فاصلہ سے۔

چھِدرا کر چلنا : [ار-مص مرکب] ٹانگیں کھول کر چلنا۔ ٹانگوں کو پھیلا کر چلنا۔

چھِدرانا : [ار- مص] کھول کر رکھنا- پھیلانا- فاصلہ پر رکھنا۔ ٹانگیں کھول کر چلنا۔

چھِدری : [ہ-صف-مث] دیکھئے "چھدرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

چھِدنا : [ہ-مص] سوراخ دار ہونا- چُبھنا- زخمی ہونا۔ مجروح ہونا۔

چھَدّے مَدّے : [ار-کلمہ محبت] (دہلی) ماں ننھے بچے سے خوش ہو کر کہتی ہے۔

چھَر : [ار-اند-ق] دھیان۔ خیال۔

چِھر : [ار-اند-ق] زہر

چھَرّا : [ار- اند] (۱) سیسے کی چھوٹی چھوٹی گولیاں جو بندوق میں رکھ کر چھوڑتے ہیں (۲) سنگ ریزہ (۳) کنکر ریزے جو گھنگرو میں ڈالتے ہیں (۴) کنایتہً طعن وطنز کی بوچھاڑ۔

چھرّا اُڑانا : [ار-محاورہ] (۱) نہایت جوش سے بولنا (۲) مُدک پینا۔

چھرّا پلانا : [ار- محاورہ] (۱) بندوق میں چھرّے بھرنا (۲) چھرّوں بھری بندوق داغنا۔ (۳) فائر ہونا۔ بندوق چلنا۔

چھَرّا چلنا : [ار- محاورہ] (۱) فائر ہونا۔ سنگ ریزوں کی بوچھاڑ ہونا (۲) تبرّا کہنا (۳) گالیوں اور طعنوں کی بوچھاڑ پڑنا (۴) مدک پینا۔ (۵) آپس میں ہنسی مذاق کرنا۔

چھرّا کھانا : [ار- محاورہ] چھرّے کی چوٹ کھانا۔

چھُرا : [ار- آلہ- مذ] بڑا چاقو- گوشت کاٹنے کا ہتھیار۔

چھِرنا : [ار- مص] اناج صاف کرنا- چھلکا اتارنا۔

چھِرواد : [ار- اند-ق] بچہ- چھوکرا۔

چھُری : [ار- آلہ- امث] دیکھئے "چھُرا جس کی یہ تصغیر ہے بند نہ ہونے والا بڑا چاقو۔

چھُری بند بھائی : [ار- اند] (۱) قصاب- بوچڑ (۲) ہم قوم۔ ہم پیشہ۔

چھُری بھلی نہ کٹاری : [ار-مثل] مصیبت کوئی بھی اچھی نہیں۔ دشمن سب برابر ہیں۔

چھُری بھونکنا : [ار- محاورہ] (۱) چھُری مارنا - چھری گھسیڑنا (۲) سخت نقصان پہنچانا۔

چھُری پڑنا / پڑھنا : [ار- محاورہ] چوری معلوم کرنا۔ کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے چھری پر کچھ پڑھنا۔

چھُری پِھرنا : [ار- محاورہ] ذبح ہونا۔ قتل ہونا۔ جان سے مرنا۔

چھُری پھیرنا : [ار- محاورہ] (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ رنج دینا (۲) سخت آزار دینا۔

چھُری تلے دم لینا : [ار- محاورہ] (۱) مصیبت سہنا۔ صبر کرنا (۲) ٹھہرنا۔ تامل کرنا

چھُری تیز رہنا : [ار- محاورہ] ہر وقت لڑنے کے لئے تیار رہنا۔

چھُری تیز کرنا : [ار- محاورہ] (۱) چھُری کا پتھر یا سان پر لگانا۔ (۲) ظلم وستم کرنا۔

چھُری تیز ہونا : [ار- محاورہ] دیکھئے "چھُری تیز کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھُری چلنا : [ار- محاورہ] (۱) چھریوں سے مار کٹائی ہونا۔ چھریوں سے لڑائی ہونا (۲) جھگڑا رہنا۔ فساد رہنا۔ اَن بَن رہنا۔

چھُری خربوزے پر گرے، خربوزہ چھُری پر گرا تو خربوزہ کا نقصان : [ار-مثل] زبردست کے مقابلے میں غریب کا ہی نقصان ہوتا ہے۔

چھُری دِکھانا : [ار- محاورہ] (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا (۲) دھمکانا۔

چھُری دینا : [ار- محاورہ] قتل کرنا- ذبح کرنا۔

چھری کٹاری : [ار۔امث] لڑائی جھگڑا (۱) چھریوں کی لڑائی (۳) دشمنی۔ عداوت (۴) بحث تکرار (۵۔صفت) لڑنے پر آمادہ۔ فساد کے لیے تیار (۶) لڑنے والا۔ لڑاکا۔

چھری کٹاری ہونا : [ار۔محاورہ] لڑائی ہونا۔

چھری گلے پر پھیرنا : [ار۔محاورہ] ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ ظلم کرنا کسی کا نقصان کرنا۔

چھری مارنا : [ار۔محاورہ] (۱) گھائل کرنا۔ زخمی کرنا (۲) ناگوار بات کہنا۔ طعن تشنیع کرنا

چھریرا / چھرہرا : [ھ۔صفت] (۱) دبلا۔ پتلا (۲) لمبا (۳) ہلکا پھلکا۔

چھریری / چھرہری : [ھ۔صفت۔مث] "چھریرا" کی تانیث۔

چھریوں کا غسل دینا : [ار۔محاورہ] قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ لہولہان کرنا۔ گھائل کرنا۔

چھڑ : [ار۔امث] (۱) پتلا لمبا بانس (۲) علم کی چوب۔ نیزے کی چوب (۳) لمبا بانس جس میں پھندا لگا کر کبوتر پکڑتے ہیں یا مچھلی کا شکار کرتے ہیں۔

چھڑا : [ار۔صفت] (۱) تنہا۔ اکیلا (۲) (مذ) ایک قسم کا پاؤں کا زیور (۳) کان کا موتیوں کا زیور۔

چھڑانا : [ار۔مص] دیکھئے "چھڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھڑانا : [ار۔مص] (۱) رہا کرانا۔ آزاد کرنا (۲) جدا کرانا۔ علیحدہ کرانا (۳) ترک کرانا (۴) نوکری سے ہٹانا یا الگ کرنا (۵) عقدہ کھولنا۔ وا کرنا۔

چھڑاوا : [ار۔اند] (۱) رہائی دلانے والا (۲) رہائی۔ برطرفی۔ مخلصی۔

چھڑائی : [ار۔امث] (۱) رہائی (۲) رہائی کا جرمانہ (۳) وہ نقدی جو چڑی مار کو دے کر پرندوں کو چھوڑنے کی اجازت دی جاتی ہے (۴) بڑھانے کے واسطے دوسرے کنکوا چھڑانا۔

چھڑنا : [ار۔اند۔ق] چھلکا۔

چھڑکاؤ : [ار۔اند] آب پاشی۔ پانی وغیرہ کا زمین پر چھڑکنا۔

چھڑکائی : [ار۔معاوضہ۔امث] پانی چھڑکنے کی اُجرت۔

چھڑکنا : [ار۔مص] پانی کی چھینٹیں پھینکنا۔ تصدق کرنا۔ تھوڑا تھوڑا ڈالنا۔

چھڑکوانا : [ار۔مص] دیکھئے "چھڑکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھڑلا : [ار۔اند۔ق] چھاج۔

چھڑنا : [ار۔مص] (۱) غلہ کوٹ کر صاف کرنا (۲) لاتوں سے دوسرے کو مارنا۔

چھڑنا : [ار۔مص] (۱) شروع ہونا۔ آغاز ہونا (۲) بجنا۔

چھڑوانا : [ار۔مص] دیکھئے "چھڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

چھڑوانا : [ار۔مص] رہائی کرانا۔ جدا کرانا (چھڑانا کا متعدی)

چھڑی : [ار۔اند۔ق] چوبدار۔

چھڑی : [ار۔امث] (۱) پتلی لکڑی۔ قمچی (۲) چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قمچی (۳) گوکھرو اور چیکی وغیرہ کو سیدھا ٹانکنا (۴) وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جاتے (۵) ایک قسم کی سیدھی شاخ جس میں گل فروش پھول اور پتے پروتے ہیں (۶) (صفت۔مث) تنہا۔ اکیلی۔

چھڑی ٹوٹنا : [ار۔محاورہ] اتنا مارنا کہ مارتے مارتے چھڑی ٹوٹ جائے۔

چھڑی سواری : [ار۔صفت] دم نقد۔ تن تنہا۔ جریدہ۔

چھڑے : [ار۔اند] دیکھئے "چھڑا" جس کی یہ جمع ہے۔

چھڑے چھٹانک : [ار۔صفت] سبک۔ تن تنہا۔

چھڑیاں : [ار۔امث] "چھڑی" کی جمع۔ وہ جھنڈیاں جو کسی بزرگ کے مزار پر چڑھائی جاتے ہیں۔

چھڑیوں کا دوپٹا : [ار۔اند] وہ دوپٹا جس پر گوکھرو اور چیکی سیدھی ٹکی ہوتی ہو۔

چھڑیوں کا میلہ : [ار۔اند] وہ میلہ جو بزرگوں کی جھنڈیوں کے نام سے کیا جاتا ہے۔

چھڑیلا : [ھ۔اند] ایک خوشبودار دوا۔

چھکا : [ار۔اند] (۱) چھ سے نسبت رکھنے والا (۲) تاش و گنجفہ کا وہ پتا جس پر چھ نشان ہوتے ہیں (۳) پاسے کا چھ نقطوں والا داؤ (۴) بان کی طرح کی آتش بازی۔

چھکا چھک : [ار۔صفت] (۱) بھرا ہوا سیر (۲) سیاہ مست۔ مدہوش۔ نشہ میں چور۔

چھکانا : [ار۔مص] (۱) پیٹ بھرنا۔ سیر کرنا (۲) خوب شراب پلانا (۳) غنی اور بے پروا کر دینا (۴) مدہوش کرنا۔ سزا دینا۔

چھکائی : [ار۔امث] آسودگی۔ سیری۔

چھکڑ : [ار۔اند] نفیر، ڈھول، تماچا، لپڑ۔

چھکڑا : [ار۔اند] (۱) سامان لادنے کی گاڑی (۲) (صفت) وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں۔

چھکڑا ہو جانا : [ار۔محاورہ] کسی سواری کا تیز نہ چل سکنا۔ نکما بیکار ہونا۔

چھکڑی : [ار۔امث] (۱) چوسر کا داؤں جس میں تینوں پانسوں میں دو دو صفر آتے ہیں (۲) وہ چھ گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جتے ہوئے ہوں (۳) چھوٹا چھکڑا۔

چھکنا : [ار۔مص] دیکھئے "چھکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھکے پنجے بھول جانا : [ار۔محاورہ] کوئی تدبیر نہ بن پڑنا۔ کوئی تدبیر کارگر نہ رہنا۔

چھکے چھوٹنا : [ار۔محاورہ] گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔

چھل : [ار۔امث] مث (۱) دیوار کی چندگری ہوئی اینٹیں۔ دیوار کا گرا ہوا حصہ (۲۔مذ) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔

چھل آنا : [ار۔محاورہ] دھوکا دینا۔

چھل بٹا / بٹے : [ار۔اند] فریب۔ دھوکا۔ دم۔

چھل بٹوں میں آجانا : [ار۔محاورہ] دھوکے میں آجانا۔

چھل بٹے دینا : [ار۔محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

چھل بل : [ار۔امث] (۱) فریب۔ حیلہ (۲) شوخی۔ چالاکی۔

چھل جانا : [ار۔محاورہ] فریب میں لانا۔

چھل کرنا : [ار۔محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ چالاکی کرنا۔

چھلا : [ار۔اند] (۱) حلقہ۔ کنڈل۔ کڑا (۲) انگشتری۔ سونے یا چاندی کا

حلقہ جو انگلی میں پہنتے ہیں (۳) وہ نشان جو کلابتون یا ریشم سے گول گول بناتے جاتے ہیں (۴) ایک قسم کا پنجابی گیت (۵) گھر کی دیوار جو ایک طرف سے پختہ اور دوسری طرف سے کچی ہو (۶) ہیجڑوں کی ٹک بندی جسے گا کر دیوالی میں مانگتے پھرتے ہیں (۷) وہ تیل کے چند قطرے جو کسی بوتل میں لیموں وغیرہ بھر کر اسے بچانے کے لئے ڈال دیتے ہیں ۔

لا پڑنا: [ار-محاورہ] پانی کا اُچھو ہو جانا ۔

لا چڑھانا: [ار-محاورہ] اوباش عورتوں کا کسی خاص غرض سے اپنے مقام مخصوص میں چھلا رکھنا ۔

لا و چھپوّل: [ار-اند] ایک کھیل جس میں دونوں مٹھیاں بند کر کے ایک میں چھلا چھپا کر پوچھتے ہیں کہ کس میں ہے ۔ جو صحیح بتا دے چھلا اسی کا ہو جاتا ہے ۔

لا دھو کر اٹھانا: [ار-محاورہ] منت کا چھلا پاک کر کے رکھنا تاکہ کامیابی پر خیرات کر دیا جائے ۔

لا: [ار-اند-ق] چلاّ ۔

لانگ: [ار-امث] جست-زقند-چوکڑی پھلانگ ۔ قلانچ ۔

لاو: [ار-اند-ق] شوخی ۔ چلبلاپن

لاوا: [ار-اند] (۱) چھل دینے والا-فریب دینے والا (۲) آسیب ۔ غول ۔ بیابانی ۔ شہابہ ۔ بھتنا (۳) وہ روشنی جو اکثر رات کو کسی جنگل یا قبرستان میں چلتی پھرتی نظر آتی ہے ۔ جو پرانی ہڈیوں سے نکلنے والی فاسفورس ہوتی ہے (۴) صف ۔ شوخ ۔ طرار ۔ چلبلا (۵) ایک ہوائی مخلوق جو اپنی شکل بدل کر لوگوں کو ڈراتی پھرتی ہے اور لمحے بھر میں کہیں سے کہیں پہنچ جاتی ہے ۔

لاوا سا پھرنا: [ار-محاورہ] شوخی دکھانا ۔ نچلا نہ بیٹھنا ۔

لاوا کھیلنا: [ار-محاورہ] چھلاوے کا دوڑا دوڑا پھرنا ۔

لاوا ہو جانا / ہونا: [ار-محاورہ] غائب ہو جانا ۔ چمپت ہو جانا ۔ قابو میں نہ آنا ۔

لبدار: [ار-اند] (۱) ڈوموں کی ایک قسم جو اکثر دائرہ بنا کر پیروں کے گیت گاتے ہیں (۲) سید احمد کبیر کے مریدوں کا ایک گروہ جو آگ پر لوٹتا ہے ۔

لتا: [ار-اند-ق] چھلکا

چھل: [ار-اند] زور سے پیشاب کرنے کی آواز ۔

چھلا: [ار-صف] (۱) معمولی ۔ ادنیٰ ۔ ناچیز (۲) طفلانہ (۳) کم ظرف ۔ اوچھا ۔ (۴) جس کا مثانہ کمزور ہو ۔

لچھلانا: [ار-مص] (۱) سرسرانا ۔ سرسر کی آواز سے حرکت کرنا (۲) لہروں کی آواز پیدا کرنا (۳) پانی کی آواز ہونا ۔ زور سے پیشاب کرنے کی آواز (۴) اترانا ۔ اکڑنا ۔

لچھلاہٹ: [ار-امث] سرسراہٹ ۔ لہروں کی آواز ۔ پانی گرنے اور پیشاب کرنے کی آواز ۔

لکڑ: [ار-اند] (۱) چنے کا چھلکا (۲) کسی چیز کا چھلکا ۔

لک: [ار-امث] لبریزی ۔ پانی یا کسی رقیق چیز کا کناروں سے اُچھلنا ۔

لکا: [ار-اند] پوست ۔ چھال ۔ کھال ۔ بکل ۔

لکانا: [ار-مص] بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا ۔ ڈھلکانا ۔ لبریز کرنا

چھلکتا ہوا: [ار-صف] لبریز ۔ بھرا ہوا ۔

چھلکنا: [ار-مص] (۱) ڈھلکنا ۔ لبریز ہو کر بہنا ۔ باہر نکلنا (۲) تھوڑی سی جاہ و حشمت پر غرور کرنا (۳) بہت بھرے ہوتے گھڑے کو تھوڑا سا خالی کرنا ۔

چُھلکنا: [ار-مص] (۱) عورت کا پیشاب کرنا (۲) خوف یا کسی اور وجہ سے بغیر ارادہ پیشاب نکل جانا ۔

چُھلکیوں موتنا: [ار-محاورہ] (۱) چُلوؤں موتنا ۔ بہت سا موتنا (۲) از حد رعب میں آنا ۔

چھلنا: [ار-مص] (۱) فریب دینا ۔ چھل دینا (۲) تاریکی میں کسی چیز یا بھوت پریت سے ڈر جانا (۳) (مذ) بڑی چھلنی ۔

چھلنا: [ار-مص] کسی چیز کی کھال اتر جانا ۔ رگڑ لگنا ۔ پوست یا بکل اترنا ۔ خراش آنا ۔

چھلنی: [ار-امث] چھاننے کا آلہ ۔ غربال

چھلنی میں ڈال چھاج میں اُڑانا: [ار-محاورہ] رسوا کرنا ۔ بات کا بتنگڑ بنانا ۔

چھلنی کرنا: [ار-محاورہ] سوراخدار کرنا ۔ چھیدنا ۔ تیروں وغیرہ سے چھیدنا ۔

چھلنی ہو جانا / ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "چھلنی کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

چھلوانا: [ار-مص] دیکھئے "چھلنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

چھلوری: [ار-امث] دیکھئے "چھالا" جس کی یہ تصغیر ہے ۔

چھلی: [ار-امث] (۱) پوست ۔ چھلکا وغیرہ (۲) (پنجابی) مکئی کا بھٹا (۳) سوت کی کلکڑی ۔

چھلی چھلیا: [ار-امث] لڑکوں کا کھیل ۔ آنکھ مچولی ۔ اس میں لڑکے ایک لڑکے کی آنکھیں باندھ کر چھپ جاتے ہیں اور چور چور پکارتے ہیں تب چور سب کو چھونا چاہتا ہے ۔

چھلے کا گل: [ار-اند] وہ داغ جو محبت جتانے کی غرض سے معشوق کا چھلا تپا کر اپنے جسم پر لگتے رکھاتے ہیں ۔

چھلیا: [ار-صف] مکار ۔ فریبی ۔

چھما: [ھ-امث] (۱) عفو ۔ درگزر ۔ معافی (۲) مہربانی ۔ رحم [افعال: کرنا]

چھما چھم ناچ ہونا: [ار-محاورہ] خوب ناچ ہونا ۔

چھم چھم: [ار-اصوت-مث] (۱) مینہ کے آہستہ آہستہ برسنے کی آواز (۲) زیوروں کے آپس میں ٹکرانے کی آواز (۳) گھنگروؤں کی آواز ۔

چھم چھمانا: [ار-مص دمتعی] چھم چھم کی آواز دینا ۔

چھمچھیا: [ار-امث] شگوفہ ۔ لطیفہ ۔ انوکھی بات ۔

چھن (بفتحہ اول): [ار-اصوت-مذ-مث] (۱) جلتے توے پر پانی گرنے کی آواز (۲) روپیہ کی آواز ۔ گھنگرو کی آواز (۳) سنگ ریزہ ۔ چھوٹے چھوٹے کنکر ۔ بجری (۴) ایک قسم کا زیور جو ہاتھ میں چوڑیوں کے درمیان پہنتے ہیں (۵) ایک قسم کے تک جو دولہا سسرال میں سُنا کر انعام لیتا ہے (۶) تلنے کی آواز ۔

چھن (بکسر اول): [ھ-امث] لمحہ ۔ پل ۔ سیکنڈ ۔ لحظہ ۔

چھنا: [ار-اند] (۱) بڑی چھلنی (۲) نیز دیکھئے "چھننا"

چھناک: [ار-امث-صوت] گرم چیز پہ پانی گرنے کی آواز ۔

چھناکا : [ار۔ اصوت۔ مذ] جھنکار۔ روپیہ کی آواز۔
چھنال : [ار۔ صف] بدکار رفاحشہ عورت چالاک عیار عورت۔ شوخ۔ بیباک بےحیا
چھنال پن / پنا : [ار۔ اند] بدکاری۔ شوخی۔ شرارت۔ بے حیائی۔
چھنالا : [ار۔ اند] عورت کی بدکاری۔ [افعال : کرانا]
چھنالا لگانا : [ار۔ محاورہ] زنا کی تہمت لگانا۔
چھنتاؤ : [ص۔ اند] چھٹن۔ چھانٹ۔ تراش۔
چھنتنا : [ار۔ مص] دیکھئے "چھٹنا" جو فصیح ہے۔
چھنتیل : [ار۔ صف۔ مث] ماقی بچی ہوئی خراب چیز جس سے اچھا حصہ نکال لیا گیا ہو۔
چھن چھن : [ار۔ اصوت۔ مذ] لوہے کی زنجیر کی آواز۔ روپیہ کی آواز۔
چھن چھن : [ار۔ اصوت۔ مث] گھنگرو بجنے کی آواز۔ گھی داغ ہونے کی آواز۔
چھنچھنانا : [ار۔ مص] چھن چھن کی آواز نکلنا۔ جھنکار ہونا۔ بجنا۔ بجانا۔
چھنچھناہٹ : [ار۔ اصوت۔ مث] زنجیر کی آواز۔ اشرفی وغیرہ کی آواز۔
چھند : [ص۔ اند] (۱) فریب۔ جال۔ دغا (۲) دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف ظاہر کرنا (۳) ہندی نظم کی ایک قسم۔ اشلوک (۴) گانے کا سُر (۵) (ق) مانند (۶) بحر۔ وزن۔ عروض۔
چھند بند : [ص۔ ف۔ اند] فریب۔ چالاکی۔ عیاری۔
چھند بھتری : [ار۔ صف۔ ق] فریبی۔ عشوہ گر۔
چھند چور : [ص۔ صف] دوسرے کی تصنیف کو اپنی بنا کر پیش کرنے والا۔ مضمون چور۔
چھند چھوندے : [ار۔ اند۔ ق] فریب۔ مکر۔
چھند ماترا : [ص۔ اند] تقطیع۔ شعر کا وزن۔ بحر۔
چھنڈنا : [ار۔ مص۔ ق] قے کرنا۔
چھنرا : [ار۔ اند] دیکھئے "چھنالا"
چھنکارنا : [ار۔ مص] دوا کو آگ پر نیم گرم کرنا۔
چھنک جانا : [ار۔ محاورہ] بارود کم ہونے کی وجہ سے آتش بازی کا نہ چلنا۔
چھنکنا : [ار۔ مص] (۱) چھانٹنا۔ اناج وغیرہ کا صاف کرنا (۲) ناک صاف کرنا (۳۔ ق) جھڑکنا۔
چھنکوانا : [ار۔ مص] دیکھئے "چھنکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
چھنکوانا (نون غنہ سے) : [ار۔ مص] دیکھئے "چھنکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
چھنگا : [ار۔ صف] چھ انگلیوں والا آدمی۔
چھنگلی / چھنگلیا : [ار۔ امث] ہاتھ پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی۔
چھننا : [ار۔ مص] (۱) کسی چیز کا چھلنی سے نکلنا۔ چھانا جانا (۲) تیروں یا گولیوں سے بدن کا چھدنا، سوراخ دار ہونا (۳) سوراخ سوراخ ہونا۔ چھید ہونا (۴) لڑائی ہونا۔ بگاڑ ہونا (۵) تحقیق ہونا۔ تحقیق یا بحث مباحثہ کے بعد کسی امر کا صاف ہونا (۶) روشنی کا باہر نکلنا۔ روشنی کا پتوں بادلوں وغیرہ سے گزر کر آنا۔
چھننا : [ار۔ مص] زبردستی کوئی چیز لیا جانا۔ چھین لیا جانا۔ محروم کیا جانا۔
چھنوانا : [ار۔ مص] دیکھئے "چھاننا" جس کا یہ متعدی ہے۔
چھنوانا : [ار۔ مص] دیکھئے "چھیننا" جس کا یہ متعدی ہے۔
چھنی : [ار۔ امث] صافی۔ وہ کپڑا جس میں سے دوا یا کوئی رقیق چیز چھانی جائے۔

چھو : [ار۔ امث] (۱) اُلفت۔ محبت (۲) کچھ پڑھ کر پھونکنے کی آواز۔ جادو۔ منتر۔ دم۔ دُعا۔
چھوچھا : [ار۔ امث] (۱) منتر۔ دم پڑھ کر پھونکنا (۲) (صف) خالی۔ نچوڑا ہوا۔ کینہ۔
چھو کرنا : [ار۔ محاورہ] دعا یا منتر پڑھ کر پھونکنا۔
چھو منتر : [ص۔ اند] جادو ٹونا۔ کچھ پڑھ کر دم کرنا یا پھونکنا۔
چھو ہونا / بکنا : [ار۔ محاورہ] غائب ہو جانا۔ چلتے بننا۔ چمپت ہو جانا۔ احمق ہونا۔
چھوا چھو : [ار۔ امث] دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی آواز۔
چھوارا / چھہارا : [ار۔ اند] ایک قسم کی خشک کھجور۔ خرما۔
چھوارا بیر : [ار۔ اند] سرخ اور لمبا شیریں بیر۔
چھوانا : [ار۔ مص] لگانا۔ مَس کرنا۔
چھوانا : [ار۔ مص] چھت پر گھاس پھوس ڈالنا۔
چھوائی : [ار۔ معاوضہ۔ مث] چھپر ڈالنے کی اُجرت۔
چھوپ : [ار۔ اند] وہ دوائیں جو گھوڑے کے زخم پر لیپ کرتے ہیں یا باندھتے ہیں۔
چھوپ چھاپ : [ار۔ امث] پلستر۔ کہگل۔ دیوار کا سوراخ بند کرنا۔
چھوپا : [ار۔ اند] تر مٹی جس سے دیوار کا سوراخ بند کیا جائے۔
چھوپنا : [ار۔ مص] (۱) گیلی مٹی کی تہ چڑھانا۔ گیلی مٹی دیوار پر تھوپنا۔ کچی دیوار کی مرمت کرنا۔ لیپنا (۲) سوراخ بند کرنا (۳) کہگل کرنا۔ پلستر کرنا۔ روغن کرنا
چھوت : [ار۔ امث] (۱) ناپاکی۔ پلیدی (۲) ناپاک آدمی کا سایہ۔ (۳) چھوا۔ مَس (۴) صف۔ نجس۔ پلید۔
چھوت اُتارنا : [ار۔ محاورہ] ناپاک آدمی کے سایہ کا دفعیہ کرنا۔ منتر سے اچھا کرنا۔
چھوت جھاڑنا : [ار۔ محاورہ] پلید کا سایہ جھاڑ پھونک سے دفع کرنا۔
چھوٹ : [ار۔ امث] (۱) آزادی۔ رہائی۔ چھٹکارا (۲) فرصت (۳) قیمت میں کمی۔ تخفیف (۴) علیحدگی۔ جدائی (۵) طلاق (۶) مستثنیٰ (۷) بچاؤ۔ خلاصی (۸) مالگزاری میں کمی یا رعایت (۹) وہ چیز جو ردی ہو جائے۔ فضلہ۔ آخور۔ (۱۰) مزاح۔ مذاق۔ جھگڑا بازی۔ گالی گلوچ (۱۱) چمک دمک (۱۲) پرتو۔ عکس (۱۳) شرط۔ داؤں (۱۴) وہ مقام جہاں سے کبوتروں کو چھوڑنے کی شرط ہو (۱۵) خوبصورت چیز (۱۶) نقدی جو ناچ وغیرہ کے موقع پر رنڈیوں، رقاصاؤں وغیرہ کو دی جائے (۱۷) پٹے وغیرہ میں اس طرح مقابلہ کرنا کہ حریف کو بے قاعدہ ہاتھ مارنے کا موقع ملے۔ حریف کے بدن پر جہاں چاہے ہاتھ مارنا۔ ماسوا تے (۱۸) ایک طرف۔ جُدا۔
چھوٹ پہ ہونا : [ار۔ محاورہ] چوٹ کرنے کو تیار ہونا، وار کرنے کو ہونا۔
چھوٹ پڑنا : [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا عکس پڑنا۔
چھوٹ چھٹاؤ : [ار۔ اند] (۱) علیحدگی۔ جُدائی (۲) بیچ بچاؤ۔ وساطت۔
چھوٹ جانا : [ار۔ مص] دیکھئے "چھوٹنا" جس کی یہ تکمیل ہے۔
چھوٹ لڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) اس طرح لڑنا کہ حریف کو حملے کا موقع ملے۔ (۲) ہر جگہ چوٹ کرنا (۳) ایک شخص کا متعدد آدمیوں سے چوب بازی کرنا (۴) گالی گلوچ کرنا۔ کھلی گالیاں ایک دوسرے کو دینا۔

چھوٹ ہونا : [ار- محاورہ] وقت ملنا- فرصت ہونا (۲) پھکڑ بازی ہونا (۳) بے تکلفانہ مذاق ہونا (۴) چوب بازی میں بے قید ہو کر پھری گدکوں سے لڑنا ۔

چھوٹا : [ار- صف] (۱) قد میں کم- کوتاہ- کوچک- صغیر- خرد- عمر میں کم- اوچھا- تنگ- کمتر- کہتر- تھوڑا- قلیل (۲) ادنےٰ ماتحت (۳) رذیل- کمینہ (۴) معمولی- خفیف (۵) ناچیز- بے قدر

چھوٹا اِستنجا : [ار- اند] پیشاب کرنے کے بعد ڈھیلے سے استنجا کرنا / پیشاب خشک کرنا ۔

چھُٹاپا : [ار- اند] چھوٹاپن- چھوٹا ہونے کی کیفیت ۔

چھوٹا چِلّہ : [ار- اند] زچہ کو دسویں، بیسویں اور مہینے کے دن غسل دینا ۔

چھوٹا سب سے کھوٹا : [ار- مثل] چھوٹے قد کا آدمی بہت شریر ہوتا ہے ۔

چھوٹا سو موٹا : [ار- مثل] جو دیکھنے میں غریب ہو وہ بہت امیر ہوتا ہے بنیوں اور مہاجنوں کے متعلق کہا جاتا ہے ۔

چھوٹا صاحب : [ار- اند] بڑے افسر سے چھوٹا افسر- اعلیٰ آفیسر کا امدادی افسر ۔

چھوٹا کپڑا : [ار- اند] انگیا ۔

چھوٹا کرنا : [ار- مص مرکب] لمبائی میں کم کرنا ۔

چھوٹا گھر بڑا سمدھیانہ : [ار- مثل] (۱) معمولی حیثیت کا مگر تعلقات بڑوں بڑوں سے (۲) نام بڑا اور حیثیت کچھ نہیں ۔

چھوٹا مُنہ بڑا نوالہ : [ار- مثل] حیثیت سے زیادہ مِل جانا ۔

چھوٹا مُنہ بڑی بات : [ار- مثل] (۱) بڑوں کی عیب جوئی (۲) معمولی آدمی کا زیادہ دعویٰ کرنا ۔

چھوٹتے ہی : [ار- متعلق فعل] فوراً ۔

چھوٹک : [ار- امث- ق] رہائی- چھٹکارا

چھوٹنا : [ار- مص] (۱) دیکھئے "چھُٹنا" (۲) رسّی تڑانا (۳) گھوڑے کا جفتی کرنا (۴) انزال ہونا (۴) نکلنا- جیسے گہن سے چھوٹنا (۵) بچنا ۔

چھوٹوں سے بڑے ہوتے ہیں : [ار- مقولہ] (۱) اگر کوئی کہے کہ اس کے بچے چھوٹے چھوٹے ہیں تو اس موقع پر کہا جاتا ہے کہ چھوٹوں سے بڑے ہوتے ہیں (۲) غریب سے امیر اور ادنےٰ سے اعلیٰ ہو جاتے ہیں ۔

چھوٹی : [ار- امث] دیکھئے "چھوٹا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

چھوٹی الائچی : [ار- امث] سفید الائچی ۔

چھوٹی اُمت (کے لوگ) : [ار- امث- مذ] نیچ لوگ- کمینے لوگ- ذلیل اور کمینے لوگ- زمانہ حال کی نسل- اخیر زمانے کے لوگ- آخری زمانہ کی اولاد ۔

چھوٹی بات : [ار- امث] معمولی کام- خفیف معاملہ ۔

چھوٹی لوٹ : [ار- امث- ق] چھوٹی انگلی ۔

چھوٹی کھونٹی کا : [ار- صف] پست قد- ٹھنگنا (گھوڑے اور آدمی کے لیے کہا جاتا ہے)

چھوٹی گولی کا روپیہ : [ار- اند] شاہی زمانے کا روپیہ ۔

چھوٹے : [ار- اند] دیکھئے "چھوٹا" جسکی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے ۔

چھوٹے بڑے : [ار- اند] اعلیٰ ادنیٰ- امیر و غریب- بچے بوڑھے ۔

چھوٹے دل کا : [ار- صف] پست ہمت- کم حوصلہ ۔

چھوٹے کپڑے : [ار- اند] انگیا وغیرہ کی قسم کے چھوٹے چھوٹے کپڑے ۔

چھوٹے سے میاں نمازی بڑی سی دُم : [ار- مثل] (۱) معمولی حیثیت کا مگر اخراجات زیادہ (۲) چھوٹا قد اور لمبی ڈاڑھی ۔

چھُوٹے گاؤں سے ناتا کیا : [ار- مثل] جس گاؤں / جگہ کو چھوڑ دیا ہو پھر اس سے تعلق / رشتہ داری کیا ۔

چھوٹے میاں سو چھوٹے میاں بڑے میاں سبحان اللہ : [ار- مثل] سب ایک جیسے شرارتی ہیں ۔

چھوچھا / چھُوچا : [ار- صف- ق] چھچھورا- اوچھا- کمینہ- کم ظرف- کھوکھلا ۔

چھوچھک : [ار- امث] زچہ خانے کی ایک رسم- چھٹی

چھُوچھُو : [ہ- امث] (۱) دایہ- انا- کھلائی (۲) وہ لڑکی جو بچوں کو کھلانے کیلئے نوکر رکھی جاتی ہے (۳) وہ لونڈی جو ہم عمر ہو اور ساتھ کھیل کر بڑی ہوئی ہو ۔

چھوچھو کرنا : [ار- محاورہ] دایہ گری کرنا- دودھ پلانا ۔

چھُوچھی : [ار- امث] (۱) نے یا بانس کا کھوکھلا ٹکڑا- ٹیوب- نالی (۲) حقے کی نے- جُفتہ (۳) سوئیوں کے رکھنے کی نلی (۴) ایسی نال جس میں دانے نہ ہوں- کھوکھلی نال ۔

چھور : [ہ- امث] (۱) کنارہ- ساحل- لب دریا (۲) سرحد- حد (۳) پہلو- طرف- سِرا- کونا- نوک (۴) چوٹی- ٹکڑا- ٹھکرہ (۵) وہ کشتی جو دوسری کشتی کو کھینچ کر لے جاتے ۔

چھورا : [ہ- اند] لڑکا- غلام- چھوکرا ۔

چھوری : [ہ- امث] دیکھئے "چھورا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

چھوڑانا : [ار- مص] دیکھئے "چھُڑانا"

چھوڑنا : [ار- مص] (۱) نجات دینا (۲) بخشنا- معاف کرنا (۳) بندوق چلانا- آتش بازی چلانا (۴) بچانا- محفوظ رکھ لینا (۵) بازگشت کرنا- (۶) استعفا دینا- ملازمت سے علیحدگی اختیار کرنا (۷) طلاق دینا (۸) قطع تعلق کرنا (۹) ہجرت کرنا (۱۰) جھٹکنا- علیحدہ کرنا (۱۱) تخلیہ کرنا- (۱۲) مکان خالی کرنا (۱۳) لڑھکانا (۱۴) جاری کرنا- پانی بہانا (۱۵) گھوڑے کو گھوڑی پر جفتی کے لیے چھوڑنا (۱۶) رہا کر دینا- آزاد کر دینا (۱۷) بجنسہٖ باقی رکھنا (۱۸) ترک کرنا (۱۹) ہاتھ سے ڈال دینا (۲۰) درگزر کرنا (۲۱) باز آنا- کسی بات کے کہنے سے (۲۲) شکاری جانور کو کسی دوسرے جانور (شکار) پر جھپٹانا- (۲۳) مرنے پر روپیہ باقی رہ جانا- جمع چھوڑنا- باقی چھوڑنا (۲۴) ہمت ہارنا- بزدلی دکھانا ۔

چھوڑ دی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا : [ار- مثل] جو نقصان کرنا تھا سو کر دیا اب پیچھا چھوڑو ۔

چھوڑے گاؤں کا نام کیا : [ار- مثل] فضول کام کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ۔

چھوکرا : [ہ- اند] (۱) لڑکا- بچہ (۲) غلام- چیلا (۳- صف) نادان- ناتجربہ کار ۔

چھوکری : [ہ- امث] دیکھئے "چھوکرا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

چھول : [ہ- امث] چھوٹی لہر- چھوٹی موج ۔

چھولا : [ہ- اند] (۱) چنا (۲) وہ مزدور جو نیشکر (کماد) کو کاٹتا اور پتوں سے صاف کرتا ہے تاکہ پیلا جا سکے ۔

چھولداری : [ہ- امث] چھوٹا خیمہ جس میں سپاہی رہتے ہیں ۔

چھولنا : [ہ- مص] چھیلنا- چھلکے اتارنا- مونڈنا ۔

چھولنی : [ہ- امث] کھُرپی ۔

چھُونا: [ار- مص] (۱) مَس کرنا - ہاتھ لگانا (۲) گود میں لینا -
چھُونہ جانا: [ار- محاورہ] بالکل نہ ہونا - قریب نہ پھٹکنا -
چھونچھا: [ہ- صف] خالی چیز - مُفلس - تہی دست -
چھونچھی: [ہ- امث] دیکھئے "چھونچھا" جس کی یہ تانیث ہے -
چھونک: [ہ- اند] (۱) بگھار - داغ (۲) مزہ - ذائقہ (۳) بگھار دینا -
چھونکنا: [ار- مص] بگھار لگانا - داغ دینا -
چھُوہارا: [ار- اند] چھوارا - خُرما - خشک کھجور -
چھُوئی موئی: [ار- امث] (۱) ایک پودا جس کے پتے انسان کا ہاتھ لگتے ہی مرجھا جاتے ہیں - لاجونتی (۲) نازک مزاج شخص - چڑچڑا شخص (۳) نہایت نازک یا کمزور چیز -
چھُہانا: [ار- مص] سفیدی کرنا - قلعی کرنا -
چھُہاوَٹ: [ار- امث] چھُونا - مَس کرنا -
چھِی: [ہ- امث] ایک پرندے کا نام -
چھَٹی: [ہ- امث] (۱) چھپر کی چھت (۲) گدا جو بیلوں کی گردن زخمی ہونے سے بچنے کے لئے رکھتے ہیں - (۳) ڈھانپنا - (۴- صف) دور کیا ہُوا - جُدا کیا ہُوا منسوخ کیا ہُوا - تباہ کیا ہُوا -
چھٹی پالان / پالانا: [ار- اند] ایسا پالان جس کے ساتھ گدا لگا ہوا ہو -
چھِی: [ہ- حرف تنفر] (۱) آخ تھُو - تُف - بھتُو (۲) مث - چھینکنے کی آواز، اس کی نقل (۳- صف) خراب - نکما - بھدا - بچوں سے خطاب کرتے ہیں (۴) بچوں کا پاخانہ - براز -
چھِی چھِی: [ہ- حرف تنفر] (۱) دیکھئے چھی نمبر۱، نمبر۲ (۲) صف - دیکھئے چھی نمبر۳ (۳) پاخانہ - گوہ - براز [افعال : کرنا - پھرنا - ہونا]
چھے چھے: [ہ- امث] (۱) نقصان - گھاٹا - خسارہ - کمی (۲) تباہی - بربادی زوال - تنزل (۳) برطرفی - موقوفی (۴) کمزوری - ضعف (۵) موت - مری - مرگ (۶) تپ دِق - کوئی بیماری جس میں بدن گھُلتا چلا جاتے
چھے روگ: [ہ- اند] تپ دِق -
چھے کارا: [ہ- صف] تباہ کرنے والا - برباد کرنے والا -
چھیاسٹھ: [ار- اعدد] ساٹھ اور چھ کا مجموعہ - ۶۶ -
چھیاسی: [ار- اعدد] اسی اور چھ کا مجموعہ - ۸۶ -
چھیالیس: [ار- اعدد] چالیس اور چھ کا مجموعہ - ۴۶ -
چھیانوے (باعلان نون): [ار- اعدد] نوے اور چھ کا مجموعہ - ۹۶ -
چھیبلی: [ار- اند- ق] جوہڑ - پانی سے بھرا ہوا گڑھا -
چھیپ: [ہ- امث] (۱) بدن کا سفید داغ - دھبّا - داغ - چھائیں (۲) برص کا نشان (۳) مچھلی پکڑنے کی چھڑ - (۴) ایک قسم کا چھوارا (۵) زین کا تسمہ (۶) بھینسے کے سینگوں کا دھکّا -
چھیپنا: [ار- مص] (۱) سینگوں سے دھکیلنا (۲) کپڑا چھاپنا - (۳) شکار ماہی میں چھڑ کو پانی سے نکالنا -
چھیپی: [ار- اند] ایک قوم جو کپڑے چھاپنے کا کام کرتی ہے -
چھیتنا: [ار- مص] توڑنا - کوٹنا - کچلنا -
چھیج: [ہ- امث] (۱) نقصان - خسارہ - کمی - زوال (۲) جزر - پانی کا اتار تباہی بربادی -
چھِی جانا: [ار- مص مرکب] سوراخ ہو جانا - پھٹنا - کان کا سوراخ زیور کے بوجھ سے چوڑا ہو جانا -
چھیجنا: [ار- مص] (۱) کم ہو جانا - گھٹ جانا - زوال ہونا (۲) گھُل جانا - دُبلا ہو جانا - سُوکھنا - مُرجھانا (۳) مرجانا - جان سے جانا (۴) ضائع ہو جانا - خراب ہونا (۵) علیحدہ ہونا - کٹنا - چھیلا جانا -
چھیچھڑا: [ار- اند] دیکھئے "چھچھڑا" -
چھید: [ہ- اند] (۱) سوراخ - رخنہ - روزن (۲) بِل - گڑھا - غار - بھٹ
چھید ڈالنا: [ار- محاورہ] (۱) سوراخ کرنا (۲) طعن و طنز کی گفتگو کرنا - رنج پہنچانا -
چھید کرنا: [ار- مص مرکب] سوراخ کرنا -
چھیدنا: [ار- مص] سوراخ کرنا -
چھیر: [ار- اند- ق] زخم - شگاف -
چھیڑ: [ار- امث] بھیڑ کی ضد - ہجوم کی کمی - چھدرا پن - منتشر ہونے کی کیفیت
چھیڑ: [ار- امث] (۱) ہاتھ لگانا - چھونا (۲) گُدگُدی (۳) دل لگی - مذاق (۴) اشتعال طبع - ستانا - تنگ کرنا (۵) نشتر زنی (۶) باجا بجانا (۷) ابتدائے فساد - جھگڑے کا آغاز -
چھیڑ چھاڑ: [ار- امث] (۱) ہنسی مذاق - نوک جھونک (۲) تحریک فساد کی ابتدا -
چھیڑ خانی: [ار- امث] (۱) ٹھٹھا - مذاق (۲) مخالفت - فساد - (۳) چڑ - چڑانے کی بات -
چھیڑ نکالنا: [ار- محاورہ] طعنہ زنی کرنا - چڑ نکالنا - کسی کو رنج پہنچانے والی بات کہنا -
چھیڑ نکلنا: [ار- محاورہ] دیکھئے "چھیڑ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے -
چھیڑنا: [ار- مص] (۱) ہاتھ لگانا - چھُونا - مَس کرنا (۲) گدگدانا - سہلانا - (۳) کسی سے ایسی بات کہنا جس سے وہ بگڑے (۴) ستانا - تنگ کرنا - (۵) رنجیدہ کرنا - اشتعال دلانا (۶) ابتدا کرنا - تذکرہ کرنا (۷) شروع کرنا - جھگڑے کا (۸) جتانا - آگاہ کرنا (۹) پھوڑے پر نشتر لگانا - چیرا دینا (۱۰) گانا - الاپنا (۱۱) ساز بجانے کی ابتدا کرنا (۱۲) گالی دینا گالی گلوچ کرنا -
چھیک: [ار- اند- ق] (۱) سوراخ - رخنہ (۲) بِل - گڑھا -
چھیک توت: [ار- صف- ق] (۱) آوارہ (۲) پریشان -
چھَیل / چھَیلا: [ہ- صف] بانکا - رنگیلا - رسیلا - خوش پوش - خوش وضع - خوبصورت - حَسین -
چھَیلپن / چھَیلاپَن: [ار- اند] بانکپن - رنگیلا پن -
چھَیل چھَبیا: [ار- صف] بانکا - ترچھا - رنگیلا -
چھَیل چھَبیلا: [ار- صف] (۱) بانکا - رنگیلا (۲) ایک خوشبودار گھاس جس سے کپڑے رنگتے ہیں -
چھیلا: [ار- اند] بکری کا نر بچہ -
چھیلا پھرے گلی گلی جیب میں نہیں کھلی / کھیل کی ڈلی: [ار- مثل]

پاس کچھ نہیں شیخی اور نمود بہت۔

چھیلن: [ار۔امث] تراشہ۔ چھلکا جو چھیلنے سے نکلے۔

چھیلنا: [ار۔مص] (۱) پوست اُتارنا۔ چھلکا اُتارنا (۲) کھجلی کرنا۔ خراش کرنا (۳) حرف اڑانا۔ کھرچنا

چھیلی: [ار۔امث] بکری کا مادہ بچہ۔

چھیم: [ہ۔امث] بہتری۔ بہبود۔ بھلائی۔ خیریت۔

چھیمی: [ھ۔امث] پھلی۔

چھین: [ار۔امذ۔ق] لمحہ۔ آن۔

چھین: [ھ۔صف] (۱) دُبلا پتلا۔ منحنی (۲) گھلا ہوا۔ سُوکھا ہوا (۳) نازک لطیف (۴) چھوٹا۔ ننھا (۵) غریب۔ بدنصیب۔ خراب۔ خستہ۔

چھین جھپٹ / چھینا جھپٹی / چھینا چھانی: [ار۔امث] اینچ کھینچ۔ کسی سے کوئی چیز جلدی اور چالاکی سے لے لینا یا لے کر بھاگ جانا۔ [افعال: کرنا۔ لینا۔ ہونا]

چھینٹ: [ار۔امث] (۱) کسی رقیق چیز کا قطرہ (۲) بوند۔ دھبا۔ داغ (۳) رنگین۔ چھپا ہوا کپڑا۔ (۴) مشابہت۔ شباہت۔

چھینٹ نہ پڑنا: [ار۔محاورہ] مطلق اثر نہ ہونا۔ شائبہ تک نہ ہونا۔

چھینٹا: [ار۔امذ] (۱) دیکھئے "چھینٹ"۔ (۲) پانی یا کوئی چیز جو ہاتھ سے کسی پر ڈالیں (۳) تھوڑی سی بارش۔ ترشح (۴) تمباکو یا مدک وغیرہ کا شُلغہ (۵) طعنہ و تشنیع۔ طنز (۶) بیج جو ہاتھ سے منتشر کرکے بویا جائے (۷) بیج جو گاؤں، حدسے باہر منتشر کرکے زمین پر قبضہ کرنے کے لئے بویا جائے (۸) وہ گھٹیا بیج جو اصل کے درمیان دیا جاتے (۹) کھیت جو اس طرح بویا جائے (۱۰) کم گہری ٹوکری جو بیج بونے کے لئے استعمال ہوتی ہے (۱۱) دھوکا دَغا۔ فریب۔ مکر (۱۲) طمع۔ لالچ (۱۳) جوش۔ اُکساؤ۔

چھینٹا پڑنا: [ار۔محاورہ] ہلکی سی بارش ہونا۔

چھینٹا دینا: [ار۔محاورہ] (۱) پانی اڑا کر پھینکنا (۲) فریب دینا (۳) دھوکا دینا (۴) لالچ دینا۔ طمع دینا (۵) چیچک کے بعد نہلانا (۶) بیج کو ہاتھ سے منتشر کرکے بونا۔

چھینٹا مارنا: [ار۔محاورہ] (۱) پانی، عرق یا رنگ اڑا کر پھینکنا (۲) دھوکا دینا۔ جُل دینا۔ (۳) تسکین دینا۔ ٹھنڈا کرنا۔

چھینٹوں میں آنا: [ار۔محاورہ] دھوکے میں آنا۔ فریب کھانا۔

چھینٹے: [ار۔امذ] دیکھئے "چھینٹا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

چھینٹے پھینکنا: [ار۔محاورہ] الزام لگانا۔ بہتان لگانا۔

چھینٹے چلنا: [ار۔محاورہ] (۱) دو شخصوں کا ایک دوسرے پر پانی وغیرہ پھینکنا۔ (۲) طعنے لڑانا / دینا۔

چھینٹے دینا: [ار۔محاورہ] (۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) باتیں بنانا (۳) اشتعال دینا۔ اُکسانا۔

چھینٹے لڑنا: [ار۔محاورہ] (۱) دو آدمیوں کا ایک دوسرے پر پانی ڈالنا۔ (۲) سوال و جواب دوبدو کرنا۔ مقابلہ باہمی کرنا۔

چھینٹیں: [ار۔امث] دیکھئے "چھینٹ" جس کی یہ جمع ہے۔

چھینٹیں اڑانا: [ار۔محاورہ] (۱) ہاتھ سے پانی لگاتار پھینکنا (۲) کسی چیز کا پانی میں سے اس طرح گزرنا کہ پانی کے قطرے اُڑیں۔

چھینٹیں اُڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "چھینٹیں اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھینٹیں پڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "چھینٹیں ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

چھینٹیں ڈالنا: [ار۔محاورہ] (۱) ہاتھ سے پانی اُڑا کر دوسرے پر ڈالنا (۲) ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا۔ خوار کرنا (۳) بہتان لگانا۔ الزام لگانا۔

چھینک: [ار۔امث] ناک کی آواز جو چھینکتے وقت نکلتی ہے۔

چھینک آنا: [ار۔محاورہ] ناک سے خود بخود آواز نکلنا۔ چھینک آنا۔

چھینک دینا: [ار۔محاورہ] چھینکنا۔

چھینک مارنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "چھینک دینا"

چھینک ہونا: [ار۔محاورہ] بُرا شگون ہونا۔

چھینکتے ہی ناک کٹی: [ار۔مثل] ابتدا ہی خراب ہوگئی۔

چھینکا: [ار۔امذ] (۱) وہ جالی یا لٹکن جو کھانا وغیرہ رکھنے کیلئے چھت میں لٹکا دیتے ہیں۔ (۲) وہ جالی جو چوپایوں کے مُنہ پر چڑھا دیتے ہیں۔ (۳) بہنگی کی رسّی۔

چھینکنا: [ار۔مص] ناک کی خراش کی وجہ سے ہوا کا زور سے ناک سے نکلنا۔ چھینک آنا۔

چھینکیں لینا: [ار۔محاورہ] ناک میں کوئی دوا / ہلاس وغیرہ رکھنا تاکہ چھینکیں آئیں۔

چھیننا: [ار۔مص] کسی کے ہاتھ سے کوئی چیز زبردستی لے لینا۔ اُچک لینا۔

چھینی: [ار۔امذ] (۱) لوہا کاٹنے کا اوزار (۲) اوزار جس سے چکی کے دانت بناتے ہیں۔

چ - ی

چی: [ف۔لاحقہ۔ تصغیر و فاعلی] (۱) اردو اور فارسی میں اسم کے ساتھ مل کر فاعل بناتا ہے جیسے باورچی۔ مشعلچی (۲) تصغیر بناتا ہے جیسے دیگچی۔

چیاں: [ار۔امذ] اِملی کا بیج۔ تخم تمرِ ہندی۔

چیاں ریزہ: [ار۔صف] دُبلا۔ پتلا۔ حقیر۔ کم عمر بچہ۔

چیاں سا / سی: [ار۔صف] چھوٹی سی۔ ذرا سی۔

چیپ (یائے مجہول سے): [ار۔امذ] (۱) لیسدار چیز۔ چپکنے والی چیز (۲) لاسا (۳) آنکھوں کا کیچڑ۔ پیپ۔

چیپدار: [ہ۔ف۔صف] لیسدار۔ چپکتا ہوا۔

چیپ: [ھ۔امث] (۱) کسی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔ جو اپنی اصل سے ٹوٹ کر الگ ہو جاتے (۲) چمڑے کی وہ چھوٹی سی لمبی دھجی جو گھوڑے کی زین میں دونوں طرف پہلوؤں میں لگی ہوتی ہے اور جس کے ساتھ تنگ کسا جاتا ہے۔

چیپڑ / چیپڑا: [ھ۔امذ] آنکھ کا کیچڑ۔

چیپڑ بہنا: [ار۔محاورہ] آنکھوں سے مواد نکلنا۔

چیپنا: [ار۔مص] چپکانا۔ جوڑنا (۲) سر منڈھنا۔ سر تھوپنا (۳) کسی ملازمت پر لگا دینا۔

چپچی : [ھ۔ امث] کا غذ کا پیوند/وہ دھجی جو کسی چیز پر چپکائی جاتے ۔
چیت : [ھ۔ اند] (۱) بکرمی سال کا بارھواں مہینہ جو مارچ اپریل کے متابل ہے (۲) گانے جو اس مہینے میں گاتے جاتے ہیں ۔ ایک نچھتر ۔
چیت کھیلنا : [ار۔ محاورہ] چیت کے مہینے میں گانوں اور کھیلوں میں شامل ہونا ۔ پھاگ کھیلنا ۔ رنگ رلیاں مچانا ۔
چیت : [ھ۔ اند] (۱) خیال ۔ دھیان (۲) سمجھ ۔ ادراک (۳) ہوشیاری خبرداری (۴) احتیاط ۔ چوکسی (۵) حافظہ ۔ یاد ۔
چیتا : [ھ۔ اند] ذہن ۔ حافظہ ۔
چیتا : [ار۔ اند] (۱) شیر کی قسم کا ایک درندہ جس کی کمر پتلی اور جسم پر چتیاں ہوتی ہیں (۲) ایک بوٹی جو دوا کے کام آتی ہے ۔
چیتک : [ھ۔ امث] ابابیل ۔
چیتل : [ھ۔ اند] (۱) ایک قسم کی جنگلی گائے جس کے جسم پر چتیاں بنی ہوتی ہیں (۲) کوئی بھی چتیوں والا جانور ۔ (۳) ایک قسم کا موٹا چکبرا سانپ (۴) (صفت) داغ دار ۔
چیتنا (یائے مجہول سے) : [ار۔ مص] ہوشیار ہونا ۔ سمجھ میں آنا ۔ چونکنا ۔
چیتنا (یائے معروف سے) : [ار۔ مص] (۱) منقش کرنا ۔ چتیاں ڈالنا ۔ تصویر کھینچنا (۲) غ۔ ن س ۔
چیتھڑا : [ار۔ اند] کپڑے کا ٹکڑا ۔ لیر ۔ لتا ۔ نیز دیکھئے "چیتھڑا" جس کے تحت تمام محاورات درج ہیں ۔
چیتی : [ھ۔ امث] چیت کے مہینے کی فصل ۔ موسم بہار کی فصل ۔
چیتے کی کمر : [ار۔ امث] پتلی کمر ۔ معشوق کی کمر ۔
چیٹک : [ار۔ امث] شوق ۔ دھن ۔ لگن ۔
چیٹی : [ار۔ امث] دیکھئے "چیونٹی"
چیچا : [ھ۔ اند] فرج کے اندر کا ابھرا ہوا گوشت ۔
چیچڑی : [ار۔ امث] ایک کیڑا جو کتے ، گائے ، بھینس کے بدن میں لگ جاتا ہے اور خون چوستا ہے ۔
چیچک : [ف۔ امث] ایک بیماری جس میں بدن پر دانے پڑ جاتے ہیں اور سے انتہا تکلیف بھی ہوتی ہے (۲) سیتلا ۔ خسرا ۔
چیچک رُو : [ف۔ صف] وہ شخص جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں ۔
چیخ : [ار۔ امث] (۱) زور کی آواز ۔ چلانے کی آواز ۔ چلاہٹ ۔ غل شور ۔ پکار (۲) پرندے کا بچہ جس کے ابھی پر نہ نکلے ہوں ۔
چیخ اُٹھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) چلا اٹھنا ۔ درد سے چلانا (۲) یکایک زور کی آواز نکالنا (۳) رو پڑنا ۔
چیخ مارنا : [ار۔ محاورہ] درد سے زور کی آواز نکالنا ۔
چیخم چاخ مچنا : [ار۔ محاورہ] غل شور پڑنا ۔ پکار پڑنا ۔
چیخم چنگھاڑنا/چیخم دھاڑ مچانا : [ار۔ محاورہ] ہنگامہ برپا کرنا ۔ شور مچانا ۔ دھوم مچانا ۔
چیخنا : [ار۔ مص] شور کرنا ۔ چلانا ۔ نالہ و فریاد کرنا ۔
چیدہ : [ف۔ صف مفعولی] چُنا ہوا ۔ انتخاب کیا ہوا ۔
چیدہ چیدہ : [ف۔ صف] اچھے اچھے ۔ عمدہ ۔ منتخب ۔

چیر : [ار۔ امث] (۱) شگاف ۔ درز (۲) دھجی ۔ کپڑے کی پٹی کترن (۳) دوپٹا
چیر آنا : [ار۔ محاورہ] شگاف ہو جانا ۔ زخم آ جانا ۔
چیر پھاڑ : [ار۔ امث] عمل جراحی ۔ کاٹ چھانٹ ۔
چیر جانا : [ار۔ محاورہ] زخم آ جانا ۔ شق ہو جانا ۔
چیرا : [ار۔ اند] (۱) پھوڑے کا شگاف ۔ نشتر کا شگاف (۲) ایک قسم کی رنگدار پگڑی (۳) عورت کی دوشیزگی ۔ کنوارپن ۔ بکارت ۔
چیرا اتارنا/توڑنا : [ار۔ محاورہ] بے عزت کرنا ۔ ازالہ بکارت کرنا ۔ کنوارپن دُور کرنا ۔
چیرا بند : [ار۔ ف۔ صف] (۱) چیرا باندھنے والا ۔ پگڑی باندھنے والا ۔ (۲) دوشیزہ ۔ باکرہ ۔ کنواری ۔
چیرا دینا/لگانا : [ار۔ محاورہ] نشتر سے زخم میں شگاف دینا ۔ زخم لگانا ۔
چیرنا : [ار۔ مص] (۱) پھاڑنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) شگاف دینا ۔ شق کرنا (۳) کاٹنا ۔ آری سے چیرنا ۔ تراشنا (۴) چُرانا (۵) بنانا ۔ خلق کرنا ۔ پیدا کرنا ۔
چیرو : [ار۔ اند] (۱) سرخ رنگ کا کچا سوت (۲) ایک جنگلی قوم ۔
چیرہ : [ف۔ صف] زور آور ۔ بہادر ۔ غالب (۲) پگڑی ۔
چیرہ بند : [ف۔ صف] (۱) پگڑی باندھنے والا (۲) کنواری عورت ۔
چیرہ بندی : [ف۔ امث] دستار بندی ۔ پگڑی باندھنے کا عمل ۔
چیرہ دست : [ف۔ صف فاعلی] غالب ۔ زور آور ۔ زبردست ۔ سرکش ۔
چیرہ دستی : [ف۔ امث] دیکھئے "چیرہ دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
چیری : [ھ۔ امث] (۱) باندی ۔ کنیز ۔ ملازمہ (۲) دھجی ۔ کترن ۔
چیری لگانا : [ار۔ محاورہ] بھیڑ بکری کے تھنوں پر گوبر لگا کر کپڑے کی دھجی لپیٹنا تاکہ بچے دودھ نہ پئیں ۔
چیرے بند : [ار۔ صف] (۱) پگڑی والا (۲) حکیم ۔ طبیب ۔ معالج ۔
چیڑ : [ھ۔ اند] (۱) ایک اونچا درخت (۲) دیار ، دیودار کی قسم کا ایک درخت ۔
چیز : [ف۔ امث] (۱) شے (۲) سامان ۔ جنس (۳) زیور ۔ جواہر (۴) راگ ۔ ٹھمری ۔ غزل (۵) حقیقت ۔ مال (۶) مٹھائی ۔ شیرینی جو بچوں کو دی جاتی ہے (۷) امانت (۸) (رنڈی کے ساتھ) قرآن مجید ۔
چیز اُڑ جانا : [ار۔ محاورہ] مال چوری ہو جانا ۔
چیز بست : [ار۔ امث] اسباب ۔ اثاثہ ۔ اثار ۔
چیز نہ رکھی/راکھے اپنی اور چوروں گالی دے : [ار۔ مثل] اپنا مال احتیاط سے رکھتا نہیں اور چوروں کو گالی دیتا ہے ۔ اپنے مال کی خود حفاظت کرنی چاہیئے ۔
چیزی : [ار۔ امث] بچوں کی زبان میں مٹھائی ۔ شیرینی ۔ چیجی
چیس : [ھ۔ امث] درد ۔ ٹیس ۔
چیشا : [ھ۔ صف۔ مذ] جوان ۔ گبرو ۔ خوش وضع ۔
چیستان : [ف۔ امث] جس میں وصف بتا کر کسی چیز کا نام پوچھا جاتا ہے ۔ پہیلی ۔ بجھارت ۔
چیشی : [ھ۔ صف۔ مث] دیکھئے "چیشا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
چیف : [انگ۔ صف] (۱) (CHIEF) اعلیٰ ۔ افضل (۲) خاص ۔

چیف جسٹس : [انگ-صف] (CHIEF JUSTICE) عدالت عالیہ کا بڑا ناظم۔
چیف کورٹ : [انگ-اند] (CHIEF COURT) عدالت عالیہ۔ بڑی عدالت۔
چیک : [ار-امث-ق] وہ مادہ جو لکڑی کے جلتے وقت اس کے آخری سرے پر ظاہر ہوتا ہے۔
چیک : [ھ-اند] (۱) کیچڑ (۲) چکنی مٹی (۳) گاڑھا دودھ۔
چیک : [انگ-اند] (CHECK) چارخانہ کپڑا۔ چارخانہ دار۔
چیک : [انگ-اند] (CHEQUE) بنک سے روپیہ نکلوانے کا تحریری حکم۔
چیکٹ / چکٹ : [ھ-اند] (۱) چراغ کی گاد۔ تیل کی گاد۔ وہ مٹی جو تیل کے باعث سیاہ اور چکنی رہ جاتی (۲) کالا۔ سیاہ۔ چکنا۔
چیکٹ اُتروائی : [ار-اند] وہ جوڑا جو بہن کی لڑکی کی شادی میں نکاح کے دوسرے روز بہن کے میلے کپڑے اُتروا کر بھائی پہناتا ہے۔
چیکڑ : [ھ-اند،امث] دیکھئے "کیچڑ" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
چیل : [ھ-امث] (۱) ایک مشہور پرندہ جو سیاہی مائل بھورا اور مردار خور ہے۔ زغن (۲) چیڑ کا درخت۔
چیل انڈا چھوڑتی ہے : [ار-مثل] ایسی گرمی ہے کہ اس کی تاب نہ لاکر چیل انڈوں سے اٹھ جاتی ہے۔ سخت گرمی کے اظہار کے لئے کہتے ہیں۔
چیل جھپٹا : [ار-اند] (۱) کسی چیز کا اس طرح لے جانا جس طرح چیل جھپٹا مار کر کوئی چیز اٹھا لے جاتی ہے (۲) بچوں کا ایک کھیل۔ (۳) چھپے پکڑنے کا آلہ۔
چیل جھپٹا کرنا / مارنا : [ار-محاورہ] چھین لینا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔
چیل چلّو / چلھور : [ار-امث] (۱) چیلوں کو بلانے کا ایک کلمہ (۲) بچوں کے ایک کھیل کا نام۔ جس میں بچے دو گروہ بنا کر اپنی اپنی حد میں کوئلوں سے لکیریں بناتے ہیں۔ مقررہ وقت ختم ہونے پر ہر ایک گروہ اپنی طرف کی لکیریں گنواتا ہے۔ جس کی زیادہ ہوں تو وہ دوسرے گروہ یعنی ہارنے والے گروہ کے لڑکوں کے ہاتھوں پر اپنے ہاتھ کی دو انگلیوں سے زائد لکیروں کے مطابق ضرب لگاتے ہیں۔
چیل کا پٹھا : [ار-اند،صف] (۱) چیل کا بچہ (۲) بیوقوف۔ احمق۔
چیل کا موت : [ار-اند] نایاب چیز۔ وہ چیز جو حاصل نہ ہو۔
چیل کوّوں کو دوں : [ار-محاورہ] بوٹی بوٹی کرکے چیلوں کو دیدوں۔
چیل کی طرح منڈلانا : [ار-محاورہ] کسی چیز کی خواہش میں بیتاب پھرنا۔
چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں : [ار-مثل] فضول خرچ کے پاس مال نہیں رہتا۔
چیلا : [ھ-اند] (۱) جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا (۲) ایک قسم کی ردّی۔
چیلا (یائے مجہول سے) : [ھ-اند] (۱) غلام (۲) مرید (۳) شاگرد (۴) خدمت گار درویشوں کی خدمت کرنے والا (۵) بندۂ خاص (۶) شاہی غلام۔
چیلا ہونا : [ار-محاورہ] مرید ہونا۔
چیلک پن : [ار-امث-ق] ہوشیاری۔ چالاکی۔
چیلک : [ھ-امث] تنفری کرنے کی علامت۔ ناپسندیدگی کا نشان جو کسی لفظ یا شعر پر لگایا جاتے۔
چیلکا : [ار-اند-ق] غلام۔ شاگرد۔ چیلا۔
چیلنج : [انگ-اند] (CHALLENGE) (۱) مقابلے کے لئے بلانا۔ دعوت مبارزت (۲) سنتری کا پکارنا۔
چیلو : [ھ-اند] زرد آلو۔ ایک پہاڑی میوے کا نام جو آڑو سے مشابہ ہے۔
چیلھڑ : [ھ-امث] ایک قسم کی جوں جو میلے کپڑوں میں پیدا ہوتی ہے۔
چیلی (یائے مجہول سے) : [ھ-اند] دیکھئے "چیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
چیلی چاپڑ : [ھ-اند] شاگرد۔ مرید۔ معتقد۔
چیمبر آف کامرس : [انگ-اند] (CHAMBER OF COMMERCE) ایوان تجارت۔ سوداگروں کی مجلس / انجمن۔
چیمپئن : [انگ-اند،صف] (CHAMPION) میر میدان۔ کھیل میں سب پر سبقت لے جانے والا۔ جیتنے والا۔ سب کو جیتنے والا۔
چین : [انگ-امث] (CHAIN) زنجیر۔
چین : [ھ-اند] راحت۔ آرام۔ سُکھ۔ عیش۔ اطمینان۔
چین آنا : [ار-محاورہ] قرار آنا۔ آرام آنا۔
چین اڑانا : [ار-محاورہ] (۱) عیش کرنا۔ مزے اُڑانا (۲) بیقرار کرنا۔ راحت سے محروم کرنا۔
چین پانا : [ار-محاورہ] آرام پانا۔ قرار پانا۔
چین پڑنا : [ار-محاورہ] کل پڑنا۔ اطمینان ہونا۔
چین چَین : [ار-اند-ق] خدمت۔
چین سے : [ار-متعلق] آرام سے۔ بے فکری سے۔
چین سے کٹنا / گزرنا : [ار-محاورہ] زندگی آرام و عیش سے بسر ہونا۔ راحت سے وقت گزرنا۔
چین کرنا : [ار-محاورہ] عیش کرنا۔ گلچھرے اڑانا۔ آرام کرنا۔
چین لینا : [ار-محاورہ] دم لینا۔ سستانا۔
چین ملنا : [ار-محاورہ] آرام لینا۔
چین نہ ہونا : [ار-محاورہ] بےتاب و مضطرب رہنا۔ اطمینان نہ ہونا۔
چین : [ف-امث] شکن۔ بل۔ سلوٹ۔ جھرّی۔
چیں بہ / بر جبیں ہونا / چیں برابرو ہونا : [ار-محاورہ] ماتھے پر بل ڈالنا۔ تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔
چیں : [ار-اصوت-مث] چڑیا کی آواز۔
چیں بلا دینا : [ار-محاورہ] عاجز کر دینا۔ ہرا دینا۔
چیں بول جانا / بولنا : [ار-محاورہ] ہار ماننا۔ مات کھانا۔ عاجز ہونا۔
چیں ماننا : [ار-محاورہ] دیکھئے "چیں بول جانا / بولنا"
چیں پکڑ کرنا : [ار-محاورہ] جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔
چیں چیں : [ار-امث] (۱) چوں چوں۔ شور و غل (۲) لفظی تکرار۔

(۳) شکاری کے پکڑتے وقت جانور کا بولنا۔
چیں چیں کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چوں چوں کرنا۔ غل مچانا۔ (۲) بحث کرنا تکرار کرنا (۳) رونا۔ چلانا۔
چینا: [ار۔ امث] ایک قسم کا غلہ۔ جو گول اور بہت باریک ہوتا ہے۔
چینا گوند: [ار۔ اند] ڈھاک کا گوند۔
چینا: [ھ۔ صف] دو رنگ کا۔ سفید و سیاہ۔ چتکبرا (۲) بمعنی شناخت کرنا پہچاننا۔
چینت/چینٹ: [ھ۔ امث] رگڑ۔ خراش۔ کھرنچ۔
چینتی کرنا: [ار۔ محاورہ] بدمعاملگی کرنا۔ کھیل میں حقیقت چھپانا۔
چینٹا: [ھ۔ اند] دیکھئے "چیونٹا"
چینٹی: [ھ۔ اند] دیکھئے "چیونٹی"
چینچ: [ھ۔ اند] بہت چھوٹا دانہ جو کبوتروں کو کھلاتے ہیں
چینچلا: [ھ۔ اند] (۱) پرند کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں (۲) اُلجھا ہوا سُوت (۳) ٹوٹی ہوئی لکڑی۔
چینڈ: [ھ۔ امث] بدمعاملگی۔ گڑبڑ۔ ہٹ دھرمی۔ کھیل میں حقیقت/ اور امر واجبی کا چھپانا۔
چیند باز: [۔ ۔ ف ۔ صف] بے ایمان۔ بدمعاملہ۔
چیند بازی: [ھ۔ ف۔ امث] دیکھئے "چیند باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
چینڈری: [ھ۔ امث] چمڑے کے گول ٹکڑے جو گاڑیوں کے دُھرے پر چڑھاتے ہیں۔
چیندریا: [ھ۔ صف] دیکھئے "چیند باز"
چینگا پوٹی/چینگی پوٹے/چینگر پوٹ: [ھ۔ امث و مذ] (۱) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے (۲) عام چھوٹے بچے۔ بال بچے۔ بہت سے بچے۔
چینگنا: [ھ۔ مصدر] آہستہ آہستہ تھوڑا تھوڑا کھانا۔

چینہ دان: [ار۔ امذ] مرغ کا پوٹا
چینی: [ار۔ امث] (۱) شکر سفید (۲) سفید مٹی جس کے برتن بنتے ہیں (۳) ایک قسم کا سفید رنگ کا کبوتر جس کے پروں پر جا بجا سیاہ رنگ کے داغ ہوں۔ چتکبرے رنگ کا کبوتر (۴) چین سے منسوب چین کا رہنے والا۔
چیولی: [ھ۔ امذ] ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
چیونٹا: [ار۔ امذ] ایک قسم کا سیاہ رنگ کا کیڑا۔ مور کلاں
چیونٹی: [ار۔ امث] دیکھئے "چیونٹا" جس کی یہ تانیث اور تصغیر ہے۔
چیونٹی کا پر نکالنا: [ار۔ محاورہ] زوال کا زمانہ قریب آنا۔ موت قریب آنا۔
چیونٹی کا گھر: [ار۔ امذ] چیونٹی کا سوراخ۔
چیونٹی کو موت کا ریلا بہت: [ار۔ مثل] غریب کو تھوڑی مصیبت ہی بہت ہوتی ہے۔
چیونٹی کی آواز عرش تک: [ار۔ مثل] غریب کی آہ پُر اثر ہوتی ہے۔
چیونٹی کے پر نکلنا/لگنا: [ار۔ محاورہ] شامت آنا۔ موت کا وقت قریب آنا۔
چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت کم خوراک ہونا پھول سونگھ کر زندہ رہنا۔
چیونٹیاں: [ار۔ امث] دیکھئے "چیل چلو/چیل چلھور"۔
چیونٹیاں لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چیونٹیاں چمٹنا (۲) دھوپ کی تیزی کے باعث بدن سے چنگاریاں نکلنا۔ تیتے ٹوٹنا۔
چیونٹیوں بھرا کباب: [ار۔ امذ] (۱) جھگڑے کی چیز۔ مصیبت کا گھر (۲) وہ شوہر جس کی پہلی بیوی سے اولاد ہو۔
چینٹھ: [ار۔ امث ق] انتہا۔ اخیر۔

ح

ح : [ع - امث] اردو میں اسے "حے" اور فارسی و عربی میں حا کہتے ہیں - دوسرے متشابہ حروف سے التباس دور کرنے کے لئے اسے حائے حطی، حائے مہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں -
(۱) اردو حروف تہجی کی ترتیب میں نواں اور فارسی حروف ہجا کی ترتیب میں آٹھواں حرف ہے -
عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتث میں چھٹا اور ترتیب ابجد میں آٹھواں حرف ہے -
(۲) یہ حرف عربی سے مخصوص ہے کسی اور زبان میں اس کی آواز نہیں پائی جاتی
(۳) یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت کے ساتھ مل کر آواز دیتا ہے -
(۴) اس کا مخرج حلق ہے یعنی لسے حلق سے ادا کیا جاتا ہے -
(۵) عربی تقسیم کے مطابق یہ حروف قمری میں شامل ہے - یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز دیتا ہے مثلاً الحاکم میں -
(۶) حساب جمل میں اس کے آٹھ عدد لئے جاتے ہیں
(۷) علم نجوم میں برج قوس کی علامت ہے -
(۸) خ اور ہ کے بدل کے طور پر بھی آتا ہے مثلاً حشک، خشک اور حیز، ہیز میں

حَاتِم : [ع - اند - صف] قبیلے کا سردار جو شجاعت اور سخاوت کے لئے مشہور تھا - کنایتہً (۱) سخی - کریم (۲) فیصلہ کرنے والا - قاضی (۳) ایک قسم کا کتا جس کے بولنے سے جدائی کا شگون لیا جاتا ہے -
حاتِم زمانہ / وقت : [ع - اند - بہ ترکیب فارسی] اپنے زمانہ کا بہت بڑا سخی - سخاوت میں مشہور -
حَاتِم کی قبر / گور پر لات مارنا : [ار - محاورہ] بہت فیاضی کرنا - سخاوت میں حاتم سے بڑھ جانا (کسی بخیل سے اتفاقاً سخاوت ہو جائے تو مزاحاً کہتے ہیں)
حَاج : [ع - صف - مذ] دیکھئے "حاجی" جو زیادہ مشہور ہے -
حَاجِب : [ع - اند] (۱) دربان - چوبدار (۲) پردہ (۳) ابرو (۴) ایک عہدہ جو وزیر کے برابر ہوتا تھا - (بزمانہ بنی عباس)
حاجَت : [ع - امث] (۱) ضرورت - غرض (۲) خواہش - امید - آرزو (۳) افلاس (۴) ضرورت کی چیز (۵) پاخانہ -
حَاجَت بَر آنا : [ار - مص - مرکب] مراد پوری ہونا -
حاجَت بَرار : [عف - صف] (۱) حاجت پوری کرنے والا (۲) کنایتہً خدا -
حَاجَت براری : [عف - امث] دیکھئے "حاجت برار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
حَاجَت خواہ : [عف - صف] محتاج - سائل - فقیر -

حَاجَت رَوا : [عف - صف] ضرورت پوری کرنے والا - مراد پوری کرنے والا -
حَاجَت رَوائی : [عف - امث] دیکھئے "حاجت روا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
حَاجَت مشاطہ نیست روئے دلارام را : [ف - مثل] خوبصورت کو بناؤ سنگار کی ضرورت نہیں -
حَاجَت مَند : [ع - ف - صف] محتاج - ضرورت والا - خواہش مند -
حَاجَت مَندی : [ع - ف - امث] دیکھئے "حاجت مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
حَاجَت میں رکھنا : [ار - محاورہ] قیدی کو حراست میں رکھنا -
حَاجَت ہونا : [ار - محاورہ] (۱) ضرورت ہونا (۲) پاخانہ آنا -
حَاجَتی : [ار - امث] (۱) وہ برتن جس میں بیمار لیٹے لیٹے پیشاب کر لیتا ہے (۲) (صف) ضرورت مند - خیر خواہ -
حَاجِز : [ع - صف] (۱) روکنے والا - حائل - مانع (۲) پردہ - روک - آڑ -
حَاجَن / حجّن : [ار - صف] دیکھئے "حاجی" جس کی یہ تانیث ہے -
حَاجّہ : [ع - صف - مث] دیکھئے "حاجی" جس کی یہ تانیث ہے -
حَاجی : [ع - اند] حج کرنے والا شخص - وہ شخص مسلمان جس نے مقررہ شرائط کے مطابق خانہ کعبہ کا حج کیا ہو -
حاجی احمق / بیوقوف : [ار - اند] وہ شخص جن کا محرم میں سوانگ بھرا جاتا ہے -
حَاجِیُ الحَرَمَین : [ع - اند] وہ مسلمان جس نے مکہ مکرمہ کا حج اور مدینہ منورہ کی زیارت کی ہو -
حاد : [ع - صف] (۱) تیز - نوکیلا (۲) کڑوا - چڑپڑا (۳) کٹا - تیز مزاج - جوشیلا -
حَادُّ الزَّاوِیہ : [ع - اند] وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا ہو -
حَادِث : [ع - صف] قدیم کی ضد - نیا - نئی چیز جو پہلے نہ ہو - فانی -
حَادِث ہونا : [ار - محاورہ] واقع ہونا - نکلنا - ظاہر ہونا -
حَادِثہ : [ع - اند] واردات - واقعہ - مصیبت - صدمہ - سانحہ - وہ تکلیف دہ واقعہ جو اچانک ہو -
حَادِثہ ڈالنا : [ار - محاورہ] مصیبت ڈالنا -
حَادہ : [ع - صف] سکڑا ہوا - اقلیدس کی اصطلاح میں وہ زاویہ جو قائمہ سے چھوٹا ہو -
حَاذِق : [ع - صف] ہوشیار - چالاک - دانا - کامل - ماہر فن - حکیم یا طبیب کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے)

حَار : [ع ۔صف] (۱) گرم ۔گرمی کرنے والا (۲) مشکل ۔تکلیف دہ
حَارِج : [ع ۔اند] روکنے والا ۔ مزاحمت کرنے والا ۔
حارزر : [ع ۔ اند ق] انڈوں سے بنا ہوا کھانا ۔
حارونی : [ار ۔صف] سرکش ۔نافرمان ۔شریر (عربی حرون کا مورد)
حَارہ : [ع ۔صف] دیکھئے "حار" جس کی یہ تانیث ہے ۔
حَاسِد : [ع ۔صف] (۱) حسد کرنے والا (۲) بدخواہ ۔ دشمن (۳) دوسرے شخص کے فائدہ سے جلنے والا ۔
حَاسّہ : [ع ۔اند] محسوس کرنے کی قوت ۔
حَاشا : [ع ۔حرف جار] انکار کرنے کے وقت بطور قسم بولتے ہیں ۔ ہرگز نہیں ۔
حاشا وَ کلّا / حاشَ باللّٰہ / حاشَ لِلّٰہ : [ع ۔حرف انکار] (پاک ہے خدا اس بات سے) ہرگز نہیں ۔ ہم نے کبھی ایسا نہیں کیا ۔
حَاشِیہ : [ع ۔اند] (۱) کنارہ ۔کونا ۔لب (۲) گوٹ ۔سنجاف ۔مغزی پلہ (۳) کتاب یا ورق کا چاروں طرف کا کنارہ ۔ لکھے ہوئے ورق کا کنارہ (۴) وہ بیل بوٹے جو رومالوں، چادروں وغیرہ کے کناروں پر بناتے ہیں (۵) شرح یا یادداشت جو کتاب کے متن پر لکھی جاتے نوٹ ۔فٹ نوٹ (۶) کام جو وردی کے سامنے بنا ہوتا ہے (۷) کم درجے کے لوگ حاضر باش ۔ حالی موالی ۔جلو ۔فوجی سپاہی ۔شرح کی شرح ۔
حاشیہ بَردار : [ع ۔صف] امیروں کی پوشاک کے کناروں کو اٹھا کر چلنے والا ۔خادم ۔ انگریزی PAGE BOY کا ترجمہ (۲) خادم ۔خوشامدی
حاشیہ برداری : [ع ۔امث] دیکھئے "حاشیہ بردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
حاشیہ آرا : [عف ۔صف] حاشیہ چڑھانے والا ۔مبالغہ کرنے والا ۔
حاشیہ آرائی : [عف ۔امث] دیکھئے "حاشیہ آرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
حاشیہ بنانا : [ار ۔محاورہ] رومالوں، چادروں کے کنارے پر بیل بوٹے کاڑھنا ۔
حاشیہ بننا : [ار ۔محاورہ] دیکھئے "حاشیہ بنانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
حاشیہ چڑھانا : [ار ۔محاورہ] (۱) گوٹ لگانا ۔ سنجاف لگانا (۲) کسی کتاب کی شرح یا تفسیر لکھنا ۔اپنی طرف سے کسی بات پر اضافہ کرکے بتانا ۔ نمک مرچ لگانا ۔
حَاشیہ چڑھنا : [ار ۔محاورہ] دیکھئے "حاشیہ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
حَاشیہ چھوڑنا : [ار ۔محاورہ] چاروں طرف سے کاغذ پر خالی جگہ چھوڑ کر لکھنا ۔
حَاشیہ کا گواہ : [ار ۔اند] وہ گواہ جو کسی دستاویز کے حاشیہ پر دستخط کرے ۔
حَاشیہ لکھنا : [ار ۔محاورہ] (۱) حاشیہ چڑھانا (۲) سبقت لے جانا ۔ اضافہ کرنا ۔
حَاشیہ لگانا : [ار ۔محاورہ] دیکھئے "حاشیہ چڑھانا"
حَاشیہ نشین : [ار ۔اند] پاس بیٹھنے والے لوگ ۔ مصاحب ۔
حَاشیہ نشینی : [ار ۔امث] دیکھئے "حاشیہ نشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
حَاصِل : [ع ۔اند] (۱) پیداوار ۔محاصل (۲) بقایا ۔کسی چیز کا بقیہ (۳) نتیجہ ۔ثمر ۔مطلب خلاصہ (۴) آمدنی محصول ۔ بکری (۵) فائدہ ۔ نفع ۔
حَاصِل بازار : [عف ۔اند] آمدنی جو کسی میلہ، منڈی یا بازار کی دکانوں سے ٹیکس وصول کرکے ہو ۔
حَاصِل تفریق : [عف ۔اند] وہ رقم جو منہائی کے بعد باقی رہے ۔
حَاصِل تقسیم : [عف ۔اند] خارج قسمت ۔ وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو ۔
حَاصِل جمع : [عف ۔اند] میزان ۔ جمع ۔مجموعہ ۔ وہ عدد جو جمع کرنے سے پیدا ہو ۔
حَاصِل خیز : [عف ۔صف] زرخیز ۔ زرریز ۔
حَاصِل دار : [عف ۔اند] اکٹھا کرنے والا شخص ۔ افسر مال ۔کلکٹر ۔
حَاصِل زمین : [عف ۔اند] وہ زمین جس پر مالگزاری دی جائے ۔ وہ زمین جس سے آمدنی یا پیداوار حاصل ہو ۔
حَاصِل ضرب : [عف ۔اند] وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو ۔ گنی ۔پھل ۔
حَاصِل کر لینا / کرنا : [ار ۔محاورہ] (۱) لینا ۔ پانا (۲) کمانا ۔پیدا کرنا (۳) جمع کرنا ۔اکٹھا کرنا (۴) سیکھنا (۵) فائدہ اٹھانا ۔ نفع حاصل کرنا ۔
حاصِل کلام : [عف ۔اند] (۱) خلاصہ ۔مطلب ۔ بات کا نتیجہ (۲) الغرض ۔
حَاصِل مصدر : [ار ۔اند] (۱) وہ لفظ جو کسی ایسی کیفیت کو ظاہر کرے جو کسی فعل یا اثر کا نتیجہ ہو مثلاً جلن، ملاپ وغیرہ (۲) کسی کیفیت کا نام (عموماً بلا اضافت بولتے ہیں)
حَاصِل مَطلب : [ار ۔اند] نتیجہ ۔
حاصِل نہ حصول : [ار ۔اند] بے فائدہ ۔ لاحاصل ۔
حاصِل ہو جانا / ہونا : [ار ۔محاورہ] دیکھئے "حاصل کرنا" جس کا یہ لازم ہے
حَاضِر : [ع ۔صف] (۱) موجود ۔ سامنے (۲) تیار ۔ آمادہ ۔ مستعد (۳) مطمئن ۔ قانع (۴) صیغہ مخاطب ۔
حَاضِر آنا : [ار ۔محاورہ] دیکھئے "حاضر ہونا"
حَاضِر باش : [عف ۔اند] وہ شخص جو کسی کی خدمت میں حاضر رہے ۔
حَاضِر باشی : [عف ۔امث] حاضری ۔موجودگی ۔ہر وقت کی حاضری ۔
حَاضِر جواب : [عف ۔اند] وہ شخص جو فوراً جواب دے ۔
حَاضِر جوابی : [عف ۔امث] دیکھئے "حاضر جواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
حَاضِر رہنا : [ار ۔محاورہ] (۱) موجود رہنا ۔ پاس رہنا (۲) کھڑا رہنا ۔
حَاضِر ضامن : [عف ۔اند] وہ شخص جو کسی کے حاضر رہنے کی ضمانت دے ۔
حَاضِر ضامنی : [عف ۔امث] دیکھئے "حاضر ضامن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
حَاضِر کرنا : [ار ۔محاورہ] (۱) لانا ۔ پیش کرنا ۔ موجود کرنا (۲) مہیا کرنا ۔ (۳) بلا کر لانا ۔
حَاضِر میں حجت نہیں : [ار ۔مثل] جو موجود ہے اس کے دینے میں انکار نہیں ۔
حَاضِر میں حجت نہیں غیب کی تلاش نہیں : [ار ۔مثل] (۱) جو موجود ہے وہ حاضر ہے اور جو پاس نہیں اس کی ذمہ داری نہیں (۲) جو موجود ہیں ان کو مل جاتا ہے، جو موجود نہیں ہیں ان کی کوئی پرواہ نہیں کی جاتی ۔
حَاضِر و ناظر : [عف ۔صف] موجود اور دیکھنے والا خدا کی صفت ہے ۔
حاضِر ہونا : [ار ۔محاورہ] دیکھئے "حاضر کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
حَاضِرات : [ع ۔ امث] (۱) جن ۔ بھوت ۔ پریت یا بدروحوں کے جمع کرنے کا عمل / ان کو بلانا ۔ حاضر کرنا (۲) ان کو نکالنا (۳) ان کو قید کرنا ۔ یا کوئی حکم دینا ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
حاضِراتی : [ع ۔اند] حاضرات کرنے والا ۔ جادوگر ۔

حاضری: [ع ـ امث] (۱) موجودگی (۲) کھانا جو دن میں پہلی دفعہ کھایا جاتا ہے (۳) وہ کھانا جو قریبی رشتہ دار مُردے کے وارثان کے گھر بعد دفن کرنے کے بھیجتے ہیں ۔ (۴) وہ کھانا جس پر شہدائے کربلا یا حضرت عباس کی فاتحہ دیتے ہیں ۔ (۵) عدالت میں حاضر ہونا (۶) نام کا پکارا جانا ۔ گنتی ہونا ۔ (۷) دربار میں حاضر ہونا ۔

حاضری اصالتاً: [ع ـ ار ـ مث] عدالتی اصطلاح ہے عدالت میں متعلقین مقدمہ کا خود حاضر ہونا ۔

حاضری دینا: [ار ـ محاورہ] (۱) مُردے کا کھانا دینا (۲) کچہری یا دفتر یا سکول میں حاضر باش لکھوانا ۔ صبح کا ناشتہ / کھانا کھلانا ۔

حاضری کا میلہ: [ع ـ اند] ایک دعوت جو اہل تشیع عشرہ محرم کے بعد دیتے ہیں ۔ اس میں ہر قسم کے لوگ جاتے ہیں ۔

حاضری کھانا: [ار ـ محاورہ] صبح کا کھانا / ناشتہ کرنا ۔

حاضری کھلانا: [ار ـ محاورہ] صبح کا کھانا کھلانا ۔

حاضری کھلوانا: [ار ـ محاورہ] صبح کا کھانا کھلوانا ۔

حاضری لینا: [ار ـ محاورہ] نام پکار کر گنتی کرنا ۔

حاضری میں کھڑا رکھنا: [ار ـ محاورہ] ہر وقت خدمت میں موجود رکھنا ۔

حاضری میں کھڑا رہنا: [ار ـ محاورہ] ہر وقت خدمت میں موجود رہنا ۔

حاطِبُ اللّیل: [ع ـ صف] (۱) رات کو لکڑیاں اکٹھی کرنے والا (۲) اچھے بُرے میں تمیز نہ کرنے والا ۔

حاطہ: [ع ـ اند] دیکھئے "احاطہ" جس کا یہ بگاڑ ہے ۔

حافِظ: [ع ـ صف] (۱) حفاظت کرنے والا ۔ محافظ ۔ نگہبان (۲) وہ جس کا حافظہ اچھا ہو ۔ وہ شخص جس نے قرآن شریف حفظ کر رکھا ہو ۔ یاد رکھنے والا (۳) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام (۴) کنایتہً نابینا ۔

حافِظِ حقیقی: [ع ـ اند] اصلی نگہبان ۔ خُدا ۔

حافظِ قرآن: [ع ـ اند] دیکھئے "حافظ (۲)"

حافِظَہ: [ع ـ اند] بجائے قوت حافظہ ۔ یاد رکھنے کی قوت ۔ قوت یادداشت ۔

حاکِم: [ع ـ اند] (۱) حکم کرنے والا ۔ حکومت کرنے والا (۲) مفتی ۔ قاضی ۔ جج مجسٹریٹ ۔ کوتوال (۳) سردار ۔ ناظم ۔ افسر ۔ عامل ۔ کوئی بڑا عہدیدار ۔ گورنر (۴) والیٔ ملک ۔ فرمانروا ۔ بادشاہ (۵) زمیندار (۶) مالک آقا (۷) خدا کا ایک صفاتی نام ۔

حاکِمِ اعلیٰ / بالا: [ع ـ اند] خدا تعالےٰ ۔ بڑا افسر ۔ محکمہ کا سربراہ ۔ گورنر ۔ افسر اعلیٰ ۔

حاکم چوُت کا بھی بُرا: [ار ـ مثل] ادنےٰ حاکم سے بھی ڈرنا چاہیئے ۔

حاکم دو جاننے والوں میں ایک انجان: [ار ـ مثل] اصل واقعات کا مدعی، مدعا علیہ کو علم ہوتا ہے ۔ حاکم کو کچھ معلوم نہیں ہوتا ۔

حاکم کی آنکھیں نہیں ہوتیں کان ہوتے ہیں: [ار ـ مثل] حاکم سُنی سنائی باتوں پر یقین کر لیتے ہیں خود ملاحظہ نہیں کرتے ۔

حاکم کی اگاڑی اور گھوڑے کی پچھاڑی نہ کھڑا ہو / سے ڈرنا چاہیئے: [ار ـ مثل] دونوں طرح نقصان ہوتا ہے ۔

حاکم کی تین شحنہ کی نو: [ار ـ مثل] (۱) حاکم تھوڑی چیز رشوت لے تو ماتحت زیادہ لیتے ہیں (۲) حاکم تھوڑی سی کوئی چیز عوام سے مفت لے لے تو ماتحت رعیت / عوام کو خوب لوٹتے ہیں / لوٹ کھاتے ہیں ۔

حاکم کے کتے: [ار ـ اند] حاکم کے ماتحت چپراسی وغیرہ جو بغیر نذرانہ لئے کسی کو حاکم کے پاس جانے نہیں دیتے ۔

حاکم کے مارے اور کیچڑ کے پھسلے کا کس نے بُرا منایا ہے: [ار ـ مثل] حاکم کسی کو زد و کوب کرے تو اس کی تسلی کے لئے کہا کرتے ہیں ۔

حاکم محکوم کی لڑائی کیا: [ار ـ مثل] حاکم اور ماتحت کا جھگڑا ہو تو نقصان ماتحت کو ہی ہوتا ہے ۔

حاکم مارے منہ پر ملے: [ار ـ مثل] افسر کی غلطی بھی ہو تو نقصان ماتحت ہی کو اٹھانا پڑتا ہے ۔

حاکِمانہ: [عف ـ صف] (۱) حاکم کے مانند ۔ حاکم کی طرح (۲) حاکم کا ۔ اختیارات سے ۔

حاکمی / حاکِمیّت: [عف ـ اند] (۱) حکومت ۔ حکمرانی ۔ سرداری ۔ تسلط ۔ فرمانروائی (۲) قانونی اختیارات ۔ قوت یا طاقت (۳) حاکم کا کام یا عہدہ

حاکی: [ع ـ صف] حکایت کرنے والا ۔ کہانی سنانے والا ۔

حال: [ع ـ اند] (۱) موجودہ زمانہ (۲) حالت ۔ کیفیت (۳) احوال حقیقت ۔ سرگزشت (۴) طاقت ۔ قوت ۔ دم ۔ سکت (۵) حیثیت ۔ اسلوب ۔ طور طریق (۶) وجد ۔ بیخودی (۷) وہ حالت جو زمانہ موجودہ کو ظاہر کرے (۸) ابھی ۔ فی الحال ۔ اسی وقت (۹) مجذوب ہونے کی کیفیت ۔

حال آبادی: [عف ـ امث] وہ زمین جو ابھی ابھی زراعت کے قابل بنائی گئی ہو ۔ وہ علاقہ جو ابھی ابھی آباد ہوا ہو ۔

حال آنا: [ار ـ محاورہ] قوالی نعت وغیرہ سن کر بیخودی طاری ہو جانا ۔

حال آں کہ: [عف ـ متعلق فعل] باوجودیکہ ۔ درحالیکہ ۔ یہ حال ہوتے ہوئے بھی ۔

حال آئینہ کرنا: [ار ـ محاورہ] صحیح حالت ظاہر کرنا

حال آئینہ ہونا: [ار ـ محاورہ] دیکھئے "حال آئینہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

حال باقی: [عف ـ امث] موجودہ بقایا ۔

حال بے حال کرنا: [ار ـ محاورہ] خستہ حال کرنا ۔ حال بُرا کرنا ۔ حالت خراب کرنا ۔

حال بے حال ہونا: [ار ـ محاورہ] حالت غیر ہونا خستہ حال ہونا ۔ خراب خستہ ہونا ۔

حال پتلا ہونا: [ار ـ محاورہ] (۱) خراب حالت ہونا (۲) غریب ہونا (۳) مالی حالت خراب ہونا (۴) صحت خراب ہونا ۔

حال پر رونا آنا: [ار ـ محاورہ] کسی کی خستہ حالت دیکھ کر افسوس یا رقت طاری ہونا ۔ رحم آنا ۔ ترس آنا ۔

حال پُرسی: [عف ـ امث] بیمار پُرسی ۔ عیادت ۔

حال پہنچانا: [ار ـ محاورہ] دیکھئے "حال پہنچنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

حال پہنچنا: [ار ـ محاورہ] حالت خراب ہو جانا ۔

حال چال آنا / چلنا: [ار ـ محاورہ] تیز چلنا ۔ جلدی جلدی چلنا ۔

حال دِگرگوں ہونا: [ار ـ محاورہ] حالت خراب ہونا ۔

حال روشن ہونا: [ار ـ محاورہ] حالت ظاہر ہونا ۔

حال سے بے حال ہونا: [ار ـ محاورہ] اچھی حالت سے بُری حالت ہو جانا ۔ حیثیت بگڑ جانا ۔

حال غیر ہونا: [ار ۔ محاورہ] حالت خراب ہونا ۔
حال قال: [عت ۔ اند] حالت اور بیان ۔
حال کا نہ قال کا روٹی پچھ دال کا: [ار ۔ مثل] نکمے آدمی کی نسبت کہتے ہیں ۔
حال کرنا: [ار ۔ محاورہ] کسی حالت کو پہنچانا
حال کھل جانا / کھلنا: [ار ۔ محاورہ] حالت ظاہر ہو جانا ۔ رازفاش ہو جانا ۔ حقیقت کھل جانا ۔ حیرا کو پہنچنا ۔ گت بن جانا ۔
حال کھیلنا: [ار ۔ محاورہ] وجد میں آنا ۔ راگ ۔ نعت، قوالی وغیرہ سن کر وجد میں بیخود ہو جانا ۔
حال گیا احوال گیا پر دل کا خیال نہ گیا: [ار ۔ مثل] صحت خراب ہوئی ۔ دولت جاتی رہی مگر بری عادتیں نہ گئیں ۔
حال لانا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "حال کھیلنا"
حال لٹا ہونا: [ار ۔ محاورہ] حالت خراب ہونا ۔
حال میں: [ار ۔ متعلق فعل] ان دنوں ۔ موجودہ زمانے میں ۔
حال میں قال دہی میں موسل: [ار ۔ مثل] کسی بے محل دخل دینے والے کی نسبت کہتے ہیں ۔
حالا: [ار ۔ متعلق فعل] (۱) ابھی ۔ اسی وقت (۲) مالگزاری کی قسط ۔
حالاں کہ: [ف ۔ متعلق فعل] دیکھئے "حال آنکہ" جس کی یہ تخفیف ہے ۔
حالات: [ع ۔ اند] حالت کی جمع جو اردو میں حال کی جمع کے طور پر مستعمل ہے ۔
حالت: [ع ۔ امث] (۱) واردات جو انسان پر گزرے (۲) کیفیت (۳) گت (۴) جان ۔ طاقت (۵) وجد (۶) درجہ ۔
حالت آنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "حال آنا"
حالت ابتر کرنا: [ار ۔ محاورہ] حالت خراب کرنا ۔ بگاڑنا ۔
حالت اضافی: [ع ۔ امث] مضاف الیہ ہونے کی حالت ۔
حالت بدلنا: [ار ۔ مصدر لازمی] اچھی سے بری یا بری سے اچھی حالت ہو جانا ۔
حالت تباہ / خراب / غیر ہو جانا: [ار ۔ مص مرکب] غربت ۔ افلاس ۔ بری حالت ہونا ۔ پریشانی ہونا ۔
حالت فاعلی: [ع ۔ امث] فاعل ہونے کی حالت ۔ کسی اسم کی وہ حالت جب وہ فاعل کی حیثیت سے کام کرے ۔
حالت مفعولی: [ع ۔ امث] کسی اسم کی وہ حالت جب وہ بطور مفعول کام کر رہا ہو ۔
حالت موجودہ: [ع ۔ امث] موجودہ کیفیت ۔ موجودہ حیثیت ۔ اس وقت کی حقیقت ۔
حالت میں تغیر ہونا: [ار ۔ مص لازم] دیکھئے "حالت بدلنا"
حالت نزع: [ع ۔ امث] جان کنی کا عالم ۔ مرتے دم کی حالت ۔
حالی: [ع ۔ صف] (۱) موجودہ حال کی ۔ وقتی (۲) سکہ رائج الوقت (۳) سرکاری مالگزاری (۴) اردو کے مشہور شاعر الطاف حسین کا تخلص ۔
حالی موالی: [ع ۔ اند] ہم نشین ۔ ساتھی ۔ ہم صحبت ۔
حالیہ: [ع ۔ صف] کوئی واقعہ یا مسئلہ جو حال ہی میں پیش آیا ہو ۔

(۲) فعل کی ایک قسم
حامد: [ع ۔ صف] حمد کرنے والا ۔ تعریف کرنے والا ۔
حامض: [ع صف] کھٹا ۔ ترش ۔
حامل: [ع ۔ اند] (۱) بوجھ اٹھانے والا / لے جانے والا (۲) مزدور ۔ قلی ۔ کسی چیز کو لے جانے والا ۔
حامل متن: [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] اصل مع شرح ۔
حامل وحی: [ع ۔ اند] وحی لانے والا ۔ کنایتہً جبرائیل ۔
حاملہ: [ع ۔ صف ۔ مث] وہ عورت یا مادہ جس کے پیٹ میں بچہ ہو ۔
حامی: [ع ۔ اند] حمایتی ۔ مددگار ۔ نگہبان ۔
حامی کار: [ع ۔ ف ۔ صف] گرم جوشی سے حمایت یا مدد کرنے والا ۔
حامیہ: [ع ۔ امث صف] دیکھئے "حامی" جس کی یہ تانیث ہے
حانث: [ع ۔ صف] (۱) قسم توڑنے والا (۲) گنہگار ۔
حانصیر: [ار ۔ امث ۔ ق] حصیر کا بگاڑ ۔ چٹائی ۔
حاوی: [ع ۔ صف] (۱) گھیرنے والا ۔ احاطہ کرنے والا ۔ چھانے والا (۲) غالب (۳) جمع کرنے والا (۴) سمجھنے والا (۵) کسی فن میں کامل ۔ ماہر ۔
حاویہ: [ع ۔ صف ۔ مث] (۱) دیکھئے "حاوی" جس کی یہ تانیث ہے (۲) انتڑیاں اور انتڑیوں کی جھلی ۔
حائضہ: [ع ۔ ا صف ۔ مث] حیض والی عورت ۔
حائط: [ع ۔ اند] دیوار ۔ احاطہ ۔ فصیل ۔ چار دیواری ۔
حائک: [ع ۔ اند] جولاہا ۔ نورباف ۔
حائل: [ع ۔ صف] (۱) بیچ میں آنے والا ۔ باز رکھنے والا ۔ روکنے والا (۲) روک ۔ آڑ ۔ پردہ ۔

ح ۔ ب

حَب: [ع ۔ امث] گولی ۔ دانہ ۔ بیج ۔ تخم ۔
حُب: [ع ۔ امث] (۱) محبت ۔ الفت ۔ انس (۲) دوستی ۔ آشنائی (۳) توفیق ۔ مرضی (۴) شوق ۔ آرزو ۔
حب الوطن: [ع ۔ امث] وطن کی محبت ۔ اپنے ملک کی محبت ۔
حب الوطن من الایمان: [ع ۔ مقولہ] وطن کی محبت ایمان کا حصہ ہے ۔
حب کا عمل: [ع ۔ ار ۔ اند] وہ دعا، عمل یا منتر جو محبت پیدا کرنے کے لئے ہوں
حباب: [ع ۔ اند] (۱) پانی کا بلبلا (۲) ایک زیور کا نام جو ہاتھ میں پہنا جاتا ہے (۳) بلبلا جو شیشے میں رہ جاتا ہے ۔ شیشے کے کنول جن میں روشنی کی جاتی ہے ۔ شیشے کے گولے جو مکانوں میں آرائش کے لئے لگاتے ہیں ۔ (۴) شراب کا شیشہ ۔
حباب سا: [ع ۔ ف ۔ صف] بلبلے کی طرح کا ۔ باریک ۔ پتلا ۔ ذرا سا ۔
حبابی: [ع ۔ صف] دیکھئے "حباب" جس سے یہ منسوب ہے ۔
حبابی آئینہ: [ع ۔ ف ۔ اند] ٹنی کے شیشے کا آئینہ جس میں قلعی نہ ہو ۔

حِبَال : [ع ۔ امث] دیکھئے "حبل" جس کی یہ جمع ہے ۔
حَبَّال : [ع ۔ امذ] رسّی بٹنے والا ۔
حِبَالَہ : [ع ۔ امذ] پھندا ۔ جال ۔ رسّی ۔
حَبَائِل : [ع ۔ امذ] (۱) حبالہ کی جمع (۲) عورتوں کا شیطان ۔
حَبَّذا : [ع ۔ کلمہ تحسین] بہت خوب ۔ واہ واہ ۔
حَبْس : [ع ۔ امذ] (۱) قید ۔ بند (۲) قید خانہ ۔ جیل (۳) کنارہ ۔ بند (۴) تالاب (۵) ہوا کا بند ہو جانا ۔
حَبْسِ بے جا : [ع ۔ امذ] کسی کو غیر قانونی طور پر بند رکھنا ۔
حَبْسِ دَم : [ع ۔ ف ۔ امذ] (۱) ضیق النفس ۔ دمہ (۲) دم رکنا (۳) بند و جوگیوں کا ایک عمل جس میں وہ سانس روکنے کی اس قدر مشق کرتے ہیں کہ اس طرح کافی عرصہ تک بغیر سانس لیے زندہ رہ سکتے ہیں ۔
حَبْسِ دَوَام : [ع ۔ ف ۔ امذ] ساری عمر کی قید ۔ عمر قید
حبسِ عبورِ دریائے شور : [عف ۔ امذ] کالے پانی یا جزائر انڈیمان میں قید کی سزا دینا ۔
حَبْسِیات : [ع ۔ امث] قید سے نسبت رکھنے والی اشیا خصوصاً وہ نظمیں جو کوئی شاعر قید میں لکھے ۔
حَبَش / حَبَشَہ : [ع ۔ امذ] افریقہ کا ایک ملک ۔ ایتھوپیا ۔ زنگبار یا سوڈان ۔
حَبْشَن : [ار ۔ امث] (۱) حبش کی رہنے والی عورت ۔ حبشی کی بیوی (۲) شاہی محل کی چوکیدارنی (۳) کالی کلوٹی عورت ۔
حَبَشی : [ع ۔ امذ] (۱) حبش سے منسوب ۔ زنگی (۲) سیاہ رنگ کا آدمی سیاہ رنگ کا غلام (۳) لڑاکا (۴) صف ۔ کالا ۔ سیاہ ۔
حَبَشی حَلْوا : [ع ۔ ار ۔ امذ] ایک قسم کا سیاہ حلوا
حَبْل : [ع ۔ امث] (۱) رسّی (۲) موٹا دھاگا (۳) رگ ۔ نس (۴) بند ۔ جوڑ ۔ (۵) اتحاد ۔ عہد ۔
حَبْلُ الشَّیطان : [ع ۔ امث] (۱) شیطان کی رسّی (۲) کنایۃً عورت ۔
حَبْلُ المَتِین : [ع ۔ امث] (۱) مضبوط رسّی (۲) محکم وسیلہ ۔
حَبْلُ المَسَاکِین : [ع ۔ امذ] عشق پیچاں ۔ ایک بیل ۔
حَبْلُ الوَرِید : [ع ۔ امث] شاہ رگ ۔ وہ رگ جس میں خون جاری ہوتا ہے ۔
حَبّو آئی : [ار ۔ امث] بچوں کو ڈرانے کے لئے ایک فرضی نام ۔
حُبُوب : [ع ۔ امث] دیکھئے "حب" جس کی یہ جمع ہے ۔
حُبُوبَات : [ع ۔ امث] وہ چیزیں جو زمیندار کو مفت نذر کر دی جاتی تھیں (حب کی جمع الجمع)
حَبَّہ : [ع ۔ امذ] (۱) ذرا سا ۔ تھوڑا سا (۲) دانہ ۔ غلّہ (۳) ایک بیر (۴) ایک گولی (۵) ایک جو کے برابر وزن (۶) ایک ناپ جو دو جو کے برابر ہوتا ہے (۷) ذرا ۔ چھوٹا سا ٹکڑا یا حصّہ ۔
حَبَّہ بَھر : [ار ۔ متعلق فعل] ذرا سا ۔ تھوڑا سا ۔
حَبَّہ حَبَّہ وصول پانا : [ار ۔ محاورہ] کوڑی کوڑی وصول پا لینا ۔ کچھ باقی نہ رہنا ۔

حَبِیب : [ع ۔ صف] پیارا ۔ محبوب ۔ معشوق ۔
حَبِیبِ خدا : [ع ۔ امذ] خدا کا دوست ۔ خدا کا پیارا ۔ کنایۃً حضرت رسول اکرم ؐ

ح ۔ ت

حَتْم : [ع ۔ امذ] (۱) پختگی کار ۔ فیصلہ قانونی حکم / فیصلہ ۔ (۲) ارادہ ۔
حَتْمی : [ع ۔ صف] مضبوط ۔ پختہ ۔ پکا ۔ مستقل ۔
حَتّیٰ : [ع ۔ حروف جار] (۱) یہاں تک ۔ اس قدر (۲) جب تک ۔ جہاں ۔ جس قدر ۔
حَتَّی الْاِمْکَان / حَتَّی الْمَقْدُور / حَتَّی الْوُسْع : [ع ۔ متعلق فعل] جہاں تک ہو سکے ، جہاں تک ممکن ہو ۔
حَتّیٰ کہ : [ع ۔ متعلق فعل] یہاں تک کہ ۔ جب تک کہ ۔ اس حد تک ۔

ح ۔ ج

حَجّ : [ع ۔ امذ] (۱) ارادہ کرنا (۲) وقت مقررہ پر بیت اللہ کی زیارت کرنا اور مقررہ ارکان بجا لانا (افعال : کرنا)
حَجِّ اَصْغَر : [ع ۔ امذ ۔ بہ ترکیب فارسی] چھوٹا حج ۔ جو ایام حج کے علاوہ اور دنوں میں ادا ہو ۔ عمرہ ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں عام حج ۔
حَجِّ اَکْبَر : [ع ۔ امذ ۔ بہ ترکیب فارسی] عام حج (یہ اصطلاح جو عمرے سے امتیاز کرنے کے لئے ہے)
حج کا حج ، بَنج کا بَنج : [ار ۔ مثل] نیک کام بھی اور فائدہ بھی ۔ ایسا کام جس میں دینی اور دنیوی دونوں فائدے ہوں ۔
حِجَاب : [ع ۔ امذ] (۱) پردہ ۔ اوٹ (۲) حیا ۔ شرم ۔ لحاظ (۳) نقاب ۔ برقع ۔
حجاب آنا : [ار ۔ محاورہ] شرم آنا ۔ حیا آنا ۔
حجاب اٹھنا : [ار ۔ محاورہ] پردہ اٹھنا ۔ روک ہٹ جانا ۔ (۲) غیرت و شرم نہ ہونا ۔
حجاب ٹوٹنا : [ار ۔ محاورہ] شرم دور ہونا ۔ لاج نہ رہنا ۔
حجابِ حاجِز : [ع ۔ امذ ۔ بہ ترکیب فارسی] پردۂ شکم
حجاب کرنا : [ار ۔ محاورہ] پردہ کرنا ۔ چھپنا ۔ لحاظ کرنا ۔
حجاب ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "حجاب کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
حُجّاب : [ار ۔ امذ] دیکھئے "حاجب" جس کی یہ جمع ہے ۔
حِجَابی : [ع ۔ صف] (۱) حجاب سے منسوب (۲) پردہ دار ۔ حیادار ۔ (۳) دقی) شرمیلا ۔
حُجّاج : [ع ۔ امذ] دیکھئے "حاجی" جس کی یہ جمع ہے ۔
اَحجار : [ع ۔ امذ] دیکھئے "حجر" جس کی یہ جمع ہے ۔
حِجاز : [ع ۔ امذ] عرب کا ایک حصّہ جس میں مکہ مدینہ اور طائف شامل

ہیں (۲) مجازاً مرکز اسلام (۳) موسیقی کا ایک مقام (۴) ایک راگ کا نام۔
حجازی: [ع۔صف] حجاز سے منسوب۔ مجازاً اسلامی
حجام: [ع۔اند] (لغوی معنی۔ پچھنے لگانے والا) مُوتراش۔ نائی۔
حجام کا ٹکا: [ار۔اند] ایسا کام جس میں کوئی خطرہ نہ ہو۔
حجام کا لڑکا پہلے اُستاد ہی کا سر مونڈتا ہے: [ار۔مثل] کمینہ اپنوں ہی کو نقصان پہنچاتا ہے۔
حجام کے آگے سب کا سر جھکتا ہے: [ار۔مثل] بعض کام ہر ایک کو مجبوراً کرنا پڑتا ہے۔
حجامت: [ع۔امث] (پچھنے لگانا) مونڈنا۔ بال کاٹنا۔ ڈاڑھی مونڈنا۔صفائی۔ درستی۔
حجامت بنانا / کرنا: [ار۔محاورہ] (۱) سر مونڈنا (۲) لوٹنا۔ ٹھگنا۔
حجامی: [عف۔امث] سر مونڈنے کا کام۔ نائی کا پیشہ
حجب: [ع۔امث] (۱) ورثہ سے محرومی (۲) چھپاؤ۔ پوشیدگی
حجب: [ع۔اند] دیکھئے "حجاب" جس کی یہ جمع ہے۔
حجت: [ع۔امث] (۱) دلیل۔ برہان (۲) تکرار۔ جھگڑا۔
حجت تمام کرنا: [ار۔محاورہ] دلیل پوری کرنا۔ اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا۔
حجت قاطع: [ع۔امث۔ بہ ترکیب فارسی] مضبوط دلیل۔ کافی دلیل۔
حجت کرنا: [ار۔محاورہ] تکرار کرنا۔ بحث کرنا۔ اعتراض کرنا۔
حجت گویا: [عف۔امث] دلیل ناطق۔ قوی سند۔
حجت لانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "حجت کرنا"
حجت لاطائل: [ع۔امث۔ بہ ترکیب فارسی] فضول دلیل۔ فضول جھگڑا۔
حجت محکم: [ع۔امث۔ بہ ترکیب فارسی] مضبوط دلیل۔
حجت موجّہ: [ع۔امث۔ بہ ترکیب فارسی] کافی دلیل۔ قوی سند پسندیدہ یا قابل قبول دلیل۔
حجت نکالنا: [ار۔محاورہ] اعتراض کرنا۔ نئی بات نکالنا۔
حجتی: [ع۔صف] جھگڑالو۔ تکرار کرنے والا
حجتی لاامتی: [ار۔مثل] مذہب پر اعتراض کرنے والا کافر ہو جاتا ہے تکرار بری چیز ہے۔
حجج: [ع۔امث] دیکھئے "حجت" جس کی یہ جمع ہے۔
حجر: [ع۔اند] پتھر۔ سنگ۔
حجر اسود: [ع۔اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ سیاہ رنگ کا پتھر جو خانہ کعبہ کی دیوار میں نصب ہے اور حاجی اس کو بوسہ دیتے ہیں
حجر الیہود: [ع۔اند] ایک پتھر جو زخموں کے بھرنے اور درست کرنے کے لئے مفید ہے۔
حجرہ: [ع۔اند] کوٹھڑی۔ خلوت خانہ۔ مسجد کے ایک طرف رہائشی کمرا
حجری: [ع۔صف] پتھریلا۔ پتھر کا بنا ہوا۔ سنگین۔
حجریات: [ع۔اند] پتھروں کا علم۔
حجریت: [ع۔امث] سنگینی۔ پتھریلا پن۔ سختی۔

حجلہ (عروسی): [ع۔اند] دلہن کا چھپر کھٹ۔ پردۂ عروس۔
حجم: [ع۔اند] ضخامت۔ جسامت۔ موٹائی۔

ح ۔ د

حد: [ع۔امث] (۱) کنارہ۔ افق۔ سرحد (۲) انتہا (۳) اقلیدس کے مقررہ اصول (۴) وہ سزا جو شریعت اسلامی کے مطابق دی جائے (۵) مقررہ مقام بر روانہ ہونے کی جگہ (۶) احاطہ۔ باڑا۔
حد باندھنا: [ار۔محاورہ] سرحد مقرر کرنا۔ حد متعین کرنا۔
حد بست: [ع۔ف۔امث] حد بندی۔
حد بلوغ: [ع۔ف۔امث] جوان یا بالغ ہونے کی عمر۔
حد بلوغ کو پہنچنا: [ار۔مص مرکب] بالغ ہونا۔ جوان ہونا۔
حد بندھنا: [ار۔مص مرکب] سرحد مقرر ہونا۔
حد بندی: [ع۔ف امث] دیکھئے "حد بست"
حد بھر کرنا: [ار۔مص مرکب] جتنا طاقت میں ہو کرنا۔
حد پار: [ع ار۔اند] واجب القتل۔ جو شخص حفاظت قانونی کا مستحق نہ ہو۔
حد جاری کرنا: [ار۔مص وضعی] شرعی احکام کے مطابق سزا دینا۔
حد سے باہر: [ار۔متعلق فعل] انتہائی۔
حد سے بڑھ چلنا / بڑھنا: [ار۔مص مرکب] اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔ تجاوز کرنا۔ گستاخی کرنا۔ اپنے درجے سے آگے تجاوز کرنا۔
حد سے گزرنا: [ار۔مص مرکب] دیکھئے "حد سے بڑھ چلنا"
حد شکنی: [ار۔امث] مداخلت بے جا۔ دست اندازی۔ ناجائز دست درازی۔ حد سے بڑھنا۔ ہمسائے کی حد توڑ دینا (افعال: کرنا۔ ہونا)
حد فاصل: [ع۔امث] وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان آکر انہیں جُدا کر دے۔
حد کر دینا / کرنا: [ار۔محاورہ] ایسی بات کرنا کہ اس سے آگے ناممکن ہو (۲) اصطلاح قصاباں بہت زیادہ ذبح کر ڈالنا۔
حد کے اندر: [ار۔تف] (۱) سرحد میں۔ احاطے میں (۲) طاقت میں اختیار میں۔
حد نہ رہنا: [ار۔محاورہ] انتہا نہ رہنا۔
حد ہو جانا / ہونا: [ار۔محاورہ] کسی کام کا بے انتہا ہو جانا۔
حداثت: [ع۔امث] نیا پن۔ نوعمری۔ نوجوانی (۲) شروع۔ آغاز۔ (۳) تازگی۔
حداثت سن: [ع۔امث] بچپن۔ نوعمری۔ نوجوانی۔ لڑکپن۔
حداد: [ع۔اند] (۱) لوہار (۲) نعلبند (۳) قید خانہ کا داروغہ
حدادی: [عف۔امث] (۱) لوہار کا پیشہ۔ آہنگری۔
حدائق: [ع۔اند] حدیقہ کی جمع۔ باغ۔
حدب: [ع۔اند] (۱) ٹیلا۔ اونچی زمین (۲) کبڑا پن۔
حدبہ: [ع۔اند] (۱) کبڑا پن (۲) کب۔

حِدَّت : [ع - امث] (۱) تیزی - تندی (۲) گرمی - تپش (۳) طبیعت کی تیزی (۴) جوش - زور - قوت - طاقت -

حَدَث : [ع - اند] (۱) وضو ٹوٹ جانا (۲) کوئی چیز جو پہلی دفعہ ہو - نئی چیز - ایجاد / اُعجوبہ (۳) پاخانہ

حَدَقہ / حَدَقَت : [ع - امث] آنکھ کی پتلی - آنکھ کی سیاہی -

حَدْقہ : [ع - اند] آنکھ کا پیالہ - آنکھ کا خانہ - خانۂ چشم آنکھ کا حلقہ -

حُدُوث : [ع - اند] (۱) نیا تازہ یا جوان ہونا (۲) قدیم کی ضد (۳) پیدا ہونا تخلیق ہونا -

حُدُود : [ع - امث] " حد " کی جمع -

حُدُودِ اَربعہ : [ع - امث] (۱) چاروں سمتیں - شمال جنوب مشرق مغرب - (۲) چاروں سمتوں کے ملک، علاقوں، جگہوں کی تفصیل بلا اضافت ذکر ہوتے ہیں -

حدودِ شرعی : [ع - امث] سزائیں جو احکام شریعت اسلامی کے مطابق ہوں -

حُدی : [ع - اند] ساربانوں کا گیت جس کو سن کر اونٹ مست ہو کر تیز چلتا ہے -

حَدِیث : [ع - امث] (۱) قول، فعل اور تقریر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جسے خبر بھی کہتے ہیں (۲) بات - نئی چیز - بیان - ذکر -

حدیثِ تقریری : [ع - امث] اس فعل کی حدیث جو آپ کے سامنے ہوا اور حضورؐ نے اس کی ممانعت نہیں کی -

حدیثِ حسن : [ع - امث] وہ حدیث جس کے راوی حدیث صحیح کے راوی سے درجہ حفظ و یاد میں کم ہوں -

حدیث سمجھنا : [ار - محاورہ] سچ سمجھنا - کسی بات کا باور کرنا -

حدیثِ شاذ : [ع - امث] وہ حدیث جسے ایک ثقہ راوی نے دوسروں کے خلاف روایت کیا ہو -

حدیثِ صحیح : [ع - امث] وہ حدیث جس کے راوی پرہیزگار، اچھے حافظے والے اور معتبر ہوں -

حدیثِ ضعیف : [ع - امث] وہ حدیث جس کے راوی معتبر قسم کے نہ ہوں - کم فہم اور بد حافظہ ہوں -

حدیثِ فعلی : [ع - امث] اس کام کی حدیث جو پیغمبر صلعم نے کیا ہو -

حدیثِ قولی : [ع - امث] اس کام یا بات کی حدیث جو پیغمبر صلعم نے فرمائی ہو -

حدیث کرنا / کھینچنا : [ار - محاورہ] توبہ کرنا - کسی کام کا ترک کرنا -

حدیثِ متصل : [ع - امث] وہ حدیث جس کی سند میں اول سے آخر تک ایک راوی بھی ساقط نہ ہوا ہو -

حدیثِ متواتر : [ع - امث] وہ حدیث جس کو اسقدر اشخاص بیان کریں جن کا جھوٹ پر جمع ہونا محال ہو یعنی جس کے متعلق کذب کا شبہ نہ ہو -

حدیثِ مُرسل : [ع - امث] وہ حدیث جس کا تابعی سے اوپر کا راوی ساقط ہو -

حدیثِ مرفوع : [ع - امث] وہ حدیث جس کی سند رسول کریمؐ تک پہنچے

حدیثِ مشہور : [ع - امث] وہ صحیح روایت جس کو ہر طبقہ میں کم از کم تین راویوں نے ضرور روایت کیا ہو یا جس کی روایت عہد صحابہ میں کم ہوئی ہو - اس میں یہ ضروری نہیں کہ اس میں راویوں کا سلسلہ اول سے آخر تک یکساں ہو -

حدیثِ منقطع : [ع - امث] وہ حدیث جس کی سند سے ایک یا زیادہ راوی مختلف مقامات سے ساقط ہوں -

حدیثِ موضوع : [ع - امث] گھڑی ہوئی - بنائی ہوئی حدیث جس کی کوئی حقیقت نہ ہو -

حَدِید : [ع - اند] لوہا - آہن -

حدیقہ : [ع - اند] (۱) باغ جس کے گرد چار دیواری ہو (۲) پھلوں کا باغ (۳) کھجور کے درختوں کا باغ -

ح - ذ

حَذاقت : [ع - امث] (۱) عقلمندی - دانائی - زیرکی (۲) چالاکی تیزی - مہارت -

حَذَر : [ع - اند] (۱) ڈر - خوف - خطرہ (۲) احتیاط - پرہیز -

حَذف : [ع - اند] دور کرنا - گرا دینا - کسی عبارت سے کسی لفظ کو ہٹانا / گرا دینا -

ح - ر

حُر : [ع - اند] آزاد شخص - جو کسی کا غلام نہ ہو -

حرا : [ع - اند] مکہ کے نزدیک ایک پہاڑ کا غار، جہاں پیغمبر صلعم عبادت کے لئے جایا کرتے تھے اور جہاں پہلے پہل وحی نازل ہوئی تھی -

حَرارت : [ع - امث] (۱) گرمی - حدت (۲) خفیف تپ - تبخیر (۳) غصہ - غضب (۴) جذبہ - جلال - جوش (۵) سرگرمی - شوق -

حرارت آنا : [ار - محاورہ] (۱) غصہ آنا - طیش آنا (۲) گرمی پیدا ہونا (۳) خفیف بخار ہونا -

حرارتِ دین / دینی : [ع - امث] مذہبی جوش -

حرارتِ ذاتی : [ع - امث] قدرتی گرمی -

حرارتِ غریبی : [ع - امث] بیرونی حرارت - بدن سے باہر کی حرارت - غیر طبعی

حرارتِ غریزی : [ع - امث] خلقی حرارت - وہ حرارت جس پر انسان کی زندگی کا دارومدار ہے -

حرارت ہونا : [ار - محاورہ] خفیف سا بخار ہونا -

حَرارہ : [ع - اند] (۱) جوش - غلبۂ شوق (۲) غصہ کا غلبہ (۳) تیزی تندی (۴) سائنس) حرارت کی اکائی - حرارت کی وہ مقدار جو ایک گرام پانی کو ایک درجہ سینٹی گریڈ تک گرم کرنے کے لئے درکار ہوتی ہے - انگریزی CALORIE کا ترجمہ -

حرارہ آجانا : [ار - محاورہ] جوش آجانا - غصہ یا شوق کا غلبہ ہونا -

حرارہ دینا : [ار۔ محاورہ] چال چلنا۔ جل دینا۔ فریب دینا۔
حرارہ لانا : [ار۔ محاورہ] (۱) گرم ہونا۔ تیز ہونا (۲) برافروختہ ہونا۔ ناراض ہونا (۳) بدی سے پیش آنا۔
حرارہ لینا : [ار۔ محاورہ] (۱) تیزی دکھانا۔ جوش دکھانا (۲) جذبہ دکھانا۔
حِراسَت : [ع۔ امث] (۱) قید۔ نظربندی (۲) حوالات (۳) محافظت۔ نگہبانی (افعال: میں لانا۔ میں ہونا۔ میں رکھنا)
حَرّاف : [ع۔ صف] (۱) چالاک۔ تیز (۲) شوخ دیدہ۔ چاتر (۳) خوش مزاج۔ خوش گفتار (۴) ہمیشہ ور عورتیں دشنام کہتی ہیں (اہل اردو وضع کردہ ہے)
حَرّافہ : [ع۔ امث] دیکھیے "حرّاف" جس کی یہ تانیث ہے
حَرّاق : [ع۔ صف] بہت زیادہ جلانے والا
حَرّاقہ/حَرّاقہ : [ع۔ امث] (۱) جہاز میں مٹی کا تیل لدا ہوا ہو (۲) ایک آلہ جس کے ذریعہ سے آگ مٹی کا تیل پھینکا جاتے (۳) ایک آلہ جس سے جہاز کو تباہ کیا جاتا ہے (۴) آتش گیر مادہ پھینکنے والی کشتی۔
حَرام : [ع۔ امث] (۱) ناجائز۔ ممنوع۔ خلاف شرع (۲) ناشائستہ۔ ناروا (۳) ناپاک۔ نجس۔ پلید (۴) مقدس۔ پاک (۵ مذ) ناجائز کام۔ گناہ (۶) بدکاری۔ بدفعلی۔ زنا۔
حرام چالیس گھر لے ڈوبتا ہے : [ار۔ مثل] بدکاری کا اثر بہت دور تک پہنچتا ہے۔
حرام خوار/خور : [عف۔ امذ] (۱) وہ شخص جو اپنی کمائی نہ کھاتے (۲) مردار خوار (۳) رشوت خوار۔ مفت خور (صف) (۴) نمک حرام۔ لونمک (۵) بیوفا۔ بے مروت۔ بدذات۔
حرام خواری/خوری : [ع۔ ف۔ امث] (۱) دیکھیے "حرام خوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) سستی۔ کام نہ کرنا۔
حرام خوری مشکل سے چھوٹتی ہے : [ار۔ مثل] رشوت یا سستی کی عادت جاتی نہیں
حَرامزادگی/حرام زدگی : [عف۔ امث] (۱) حرام زادہ ہونے کی حالت (۲) شرارت۔ فتنہ پردازی۔
حَرامزادہ : [عف۔ امذ] وہ جس کے باپ کا نکاح اس کی ماں سے نہ ہوا ہو۔ ولدالزنا (۲ صف) بدذات۔ شریر۔
حَرامزادی : [ار۔ امث] دیکھیے "حرامزادہ" جس کی یہ تانیث ہے۔
حرامزادے سے خدا بھی ڈرتا ہے : [ار۔ مثل] شریر آدمی بہت برا ہوتا ہے۔
حرامزادے کی رسّی دراز ہے : [ار۔ مثل] شریر آدمی مدت تک جیتا ہے۔
حَرام کار : [عف۔ صف] زانی۔ بدکار۔ بدفعل
حَرام کاری : [عف۔ امث] زنا۔ بدفعلی۔ بدکاری۔
حرام کا مال : [عف۔ امذ] وہ مال جو ناجائز طور حاصل ہوا ہو۔ رشوت۔

حرام کر دینا : [ار۔ محاورہ] تلخ کر دینا۔ ناگوار کر دینا۔ بدمزہ کر دینا۔
حرام کرنا : [ار۔ محاورہ] زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا۔
حرام کوٹھے پر (چڑھ کے) پکارتا ہے : [ار۔ مثل] زنا چھپتا نہیں بری بات خودبخود مشہور ہو جاتی ہے۔
حرام کھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) زنا کی کمائی کھانا (۲) مال حرام کھانا (۳) رشوت لینا۔
حرام کھانا اور شلغم : [ار۔ مثل] مفت کی چیز لینا یا رشوت لینا اور وہ بھی تھوڑی سی۔
حرام کی کمائی حرام میں گنوائی : [ار۔ مثل] حرام کا مال ضائع ہو جاتا ہے۔
حرام مغز : [عف۔ امذ] وہ گودا جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتا ہے۔
حرام موت مرنا : [ار۔ محاورہ] خودکشی کرنا۔ قدرتی موت نہ مرنا۔ اتفاقیہ مر جانا۔
حرام میں بڑا مزہ/لذّت ہے : [ار۔ مقولہ] ممنوع کام کرنے میں بہت لطف آتا ہے۔
حرام ہو جانا : [ار۔ محاورہ] ناگوار ہونا۔ تلخ ہونا۔
حرام ہونا : [ار۔ محاورہ] ناجائز ہونا۔ ممنوع ہونا (۲) دشوار ہونا۔ تلخ ہونا (۳) نفرت اور پرہیز کے قابل ہونا۔
حرامی : [عف۔ امذ] (۱) حرامزادہ (۲ صف) شریر۔ بدذات۔
حرامی پِلّا/تُکّا/مُوت : [عف۔ امذ] دیکھیے "حرامی"
حرامی مُوت بھلے کا پُوت : [ار۔ مثل] نیک کی بد اولاد۔
حَرب : [ع۔ امث] لڑائی۔ کارزار۔ جنگ۔
حرب گاہ : [عف۔ امث] میدان جنگ۔
حِرْبا : [ع۔ امذ] گرگٹ۔
حَرْبہ : [ع۔ امذ] (۱) آلہ جنگ۔ ہتھیار (۲) چوبدستی۔ تازیانہ۔
حربہ کرنا : [ار۔ محاورہ] چوٹ کرنا۔ حملہ کرنا۔
حَرْبی : [ع۔ امذ] (۱) دارالحرب کا رہنے والا شخص (۲ صف) لڑائی کے متعلق (۳) مخالف۔ دشمن (۴) جنگجو۔ شجاع۔ سپاہی۔
حربے وضربے : [ار۔ متعلق فعل] گھڑی گھڑی۔ بار بار۔ ہر وقت۔ ہر گھڑی۔
حَرَج : [ع۔ امذ] (۱) تنگی۔ سختی (۲) نقصان۔ کمی۔ ضرر (۳) دیر (۴) تضییع اوقات۔
حِرْز : [ع۔ امذ] (۱) پناہ گاہ۔ مامن۔ ملجا (۲) تعویذ۔ جنتر۔
حرز جاں بنانا : [ار۔ محاورہ] بہت احتیاط سے رکھنا۔ بہت عزیز رکھنا
حِرْص : [ع۔ امث] لالچ۔ طمع۔ خواہش۔ آرزو۔ ہوس۔ تمنا۔ رغبت۔
حرص کرنا : [ار۔ محاورہ] لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔ خواہش کرنا۔ آرزو رکھنا۔ تمنا رکھنا۔
حرص ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "حرص کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
حرصا حرصی : [ار۔ امث] دیکھا دیکھی۔

حرصی: [ار۔ صف] حریص۔ لالچی

حرصی ٹٹو: [ار۔ اند] ایسا لالچی جسے دوسروں کی دیکھا دیکھی لالچ آ جائے۔

حرف: [ع۔ اند] (۱) وہ نشان جو آواز کو ظاہر کرے۔ حرف تہجی (۲) لغوی معنی۔ کنارہ۔ طرف۔ دھار۔ پہاڑ کی چوٹی (۳) زبان ہلنے کی آواز (۴) بات سخن۔ کلمہ (۵) نقص۔ عیب۔ طنز (۶) حیف۔ افسوس (۷) وہ کلمہ جس کے معنی دوسرے لفظ کے بغیر سمجھ میں نہ آئیں۔

حرف آشنا: [عف۔ صف] مبتدی۔ نو آموز۔ وہ شخص جو تھوڑا سا پڑھ سکے۔

حرف آغاز: [عف۔ اند] دیباچہ۔ تمہید۔

حرف آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) الزام آنا۔ عیب لگنا (۲) حرف شناسی ہونا۔

حرف اٹھانا: [ار۔ محاورہ] پڑھنا۔ نقل کرنا۔ سیکھ لینا۔

حرف اٹھنا: [ار۔ محاورہ] پڑھا جانا۔ پڑھنے میں آنا۔

حرف اڑانا: [ار۔ محاورہ] حرف مٹانا۔

حرف اڑجانا / اڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "حرف اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

حرف انداز: [عف۔ صف] فریبی۔ مکار۔ چالاک۔

حرف اندازی: [عف۔ امث] چالاکی۔ مکاری۔

حرف استثنا: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ لفظ جو ایک چیز کو دوسری سے الگ کرے مثلاً سوا۔ جز۔

حرف استدراک: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ لفظ جو پہلے جملہ کے شبہ کو دور کرے مثلاً مگر۔ لیکن۔ البتہ

حرف استفہام: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ لفظ جو سوال کے لئے استعمال ہو مثلاً کیا۔

حرف اضراب: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ لفظ جو کسی چیز کو اعلیٰ سے ادنیٰ اور ادنیٰ سے اعلیٰ بنانے کے لئے استعمال ہو۔ مثلاً۔ بلکہ۔

حرف بٹھانا / بٹھلانا: [ار۔ محاورہ] چھاپے کے لئے حرف جمانا۔

حرف بحرف: [ار۔ متعلق فعل] ایک ایک حرف کرکے۔ لفظ بہ لفظ۔

حرف بگڑ جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) حرف مٹ جانا۔ حرف خراب ہو جانا (۲) قاعدہ کے خلاف ہونا۔

حرف بنانا: [ار۔ محاورہ] (۱) حرف درست کرنا۔ باقاعدہ بنانا (۲) چھاپے کے پتھروں کے حرف درست کرنا (۳) حرف بدلنا۔ تحریف کرنا (۴) غلط کو صحیح کرنا۔ خوشخط لکھنا۔ اچھی طرح لکھنا۔

حرف بننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "حرف بنانا" جس کا یہ لازم ہے

حرف پر انگلی رکھنا / پکڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) نقص نکالنا۔ غلطی نکالنا۔ (۲) نکتہ چینی کرنا

حرف پہچاننا: [ار۔ محاورہ] الف۔ بے۔ تے جاننا۔ ذہن نشین کرنا۔ حرف شناسی کرنا

حرف تاکید: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جو تاکید یا کلام میں زور ڈالنے کے لئے آئے مثلاً ضرور۔ ہرگز۔ کبھی وغیرہ۔

حرف تردید: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جو کسی بات کو رد کرنے کے لئے آئے مثلاً خواہ۔ چاہے۔

حرف تشبیہ: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ لفظ جو کسی چیز کو دوسری چیز کے مانند ظاہر کرے۔ ایسا۔ ویسا۔ جیسا سا۔

حرف جار / جر: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ لفظ جو کسی فعل کو اسم سے ملائے۔ مثلاً سے۔ پر۔ میں۔ تک۔

حرف چیں: [عف۔ صف] (۱) نکتہ چیں (۲) حرف شناس۔ ابجد خواں۔

حرف حرف نوک زبان ہونا: [ار۔ محاورہ] پڑھا ہوا یاد ہونا۔

حرف ربط: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "حرف جار"

حرف رکھنا: [ار۔ محاورہ] الزام لگانا۔

حرف زبان پر لانا: [ار۔ محاورہ] شکایت کرنا۔ کہنا۔

حرف زن: [عف۔ صف] بولنے والا۔ باتیں کرنے والا۔ آواز دار۔

حرف زنی: [عف۔ امث] دیکھئے "حرف زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

حرف ساکن: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جس پر اعراب نہ ہو۔

حرف شرط: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ لفظ جو کسی کام کو دوسرے کام پر موقوف کرنے کے لئے لاتے ہیں۔ مثلاً۔ اگر۔ جب۔ ہرچند۔

حرف شکایت: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] شکایت کی بات۔ شکوہ کی بات۔

حرف شمسی: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جس سے پہلے "ال" آئے مگر لام آواز نہ دے بلکہ اس حرف کو مشدد کر دے مثلاً۔ الشمس۔

حرف شناس: [عف۔ اند۔ صف] نو آموز۔

حرف شنوا: [عف۔ صف] وہ شخص جو سنے جو اس سے کہا جائے۔

حرف صحیح: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جو علت نہ ہو۔ وہ حرف جس کی اپنی ایک مخصوص آواز ہو۔

حرف عطف: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جو دو کلموں یا جملوں کو باہم ملائے مثلاً اور۔ و۔ پھر۔

حرف علت: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] (۱) وہ حرف جس کی اپنی کوئی آواز نہ ہو۔ بلکہ کسی حرف صحیح کو متحرک کرے مثلاً ا۔ و۔ ی (۲) وہ لفظ جو کسی امر کا سبب ظاہر کرے مثلاً کہ۔ تا۔ تاکہ۔

حرف قمری: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جس کے پہلے "ال" آئے اور لام اپنی آواز دے مثلاً القمر۔

حرف گیر: [عف۔ صف] نکتہ چین۔ عیب جو۔

حرف گیری: [عف۔ امث] دیکھئے "حرف گیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

حرف لانا: [ار۔ محاورہ] (۱) عیب نکالنا۔ نقص نکالنا (۲) الزام لگانا۔

حرف متحرک: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جس پر اعراب ہوں۔

حرف مطلب: [عف۔ اند] مطلب کی بات۔ درخواست۔

حرف مطلب زبان پر لانا: [ار۔ محاورہ] درخواست کرنا۔ مطلب بتانا۔

حرف مکرر: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جو غلطی سے

دوبارہ لکھا گیا ہو۔
حرف ناشنوی :[عف۔ اند] نصیحت کی پروا نہ کرنا۔ ضد
حرف ندا :[ار۔ متعلق فعل] وہ حرف جو بلانے کے لئے استعمال ہو مثلاً اے۔ او۔
حرف ندبہ :[ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جو افسوس کے لئے استعمال ہو۔ ہائے۔ وائے۔ آہ وغیرہ
حرف نفی/نہی :[ار۔ متعلق فعل] وہ حرف جو انکار کے لئے استعمال ہو۔ نہ۔ نہیں۔
حرف نہ اٹھ سکنا :[ار۔ محاورہ] پڑھ نہ سکنا۔ پڑھا نہ جانا۔
حرف نہ جاننا :[ار۔ محاورہ] کچھ نہ جاننا۔ ان پڑھ ہونا۔
حرف وحکایت/سخن :[عف۔ اند] گفتگو۔ بات چیت۔
حرف ہونا :[ار۔ محاورہ] (۱) نقص ہونا۔ دھبا ہونا۔ الزام ہونا (۲) نقصان دہ ہونا۔ خطرہ ہونا۔ ہتک آمیز ہونا۔
حرف یاد نہ رہنا :[ار۔ محاورہ] سب کچھ بھول جانا۔
حرفی :[ع۔ صف] (۱) حرف کے متعلق۔ حرف کی خاصیت والا (۲) لفظ بلفظ۔
حرفیت :[عف۔ اند] حرف کی خاصیت۔
حرفت :[ع۔ امث] (۱) پیشہ۔ کسب۔ ہنر۔ علم (۲) چالاکی۔ مکاری۔ عیاری۔
حرفت باز :[ع۔ ف۔ اند] جادوگر (۲) حریف۔ چالاک۔ مکار۔ عیار۔
حرفت بازی :[عف۔ امث] جادوگری۔ سحر
حرفہ :[ع۔ اند] (۱) پیشہ۔ کسب۔ ہنر (۲) کسی کارخانہ کا خاص نشان ٹریڈ مارک۔
حرقت :[ع۔ امث] (۱) گرمی۔ جوش۔ حرارت (۲) سوزش۔ جلن۔
حرقت البول :[ع۔ امث] پیشاب کی جلن/سوزش۔
حرکات :[ع۔ امث] دیکھئے "حرکت" جس کی یہ جمع ہے۔
حرکات ثلاثہ :[ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] تینوں حرکتیں۔ زبر۔ زیر۔ پیش۔
حرکات شنیعہ :[ع۔ امث] بُری حرکتیں۔
حرکات وسکنات :[ع۔ امث] اٹھنا۔ بیٹھنا۔ ہلنا جلنا۔
حرکت :[ع۔ امث] (۱) جنبش۔ ہلنا (۲) چلنا۔ سفر۔ کوچ۔ چلت پھرت آمد ورفت (۳) تڑپ۔ اضطراب (۴) کام۔ فعل۔ کردار (۵) قصور جرم (۶) شرارت۔ ناپسندیدہ بات (۷) گناہ (۸) نقصان۔ ضرر (۹) اعراب۔ زبر زیر پیش میں سے کوئی ایک (۱۰) زنا۔ بدفعلی۔ (۱۱) روک۔ مزاحمت۔ اردو حرکت بسکون ثانی بھی مستعمل ہے۔
حرکت دینا :[ار۔ مرکب] (۱) ہلانا۔ چلانا (۲) اعراب دینا۔
حرکت کرنا :[ار۔ محاورہ] (۱) ہلنا جلنا۔ جنبش کرنا۔ چلنا (۲) کوئی بُرا کام کرنا۔ (۳) زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا (۴) روکنا۔ دخل دینا۔ جرح کرنا۔
حرکت مذبوحی :[عف۔ امث] (۱) وہ تھوڑی سی حرکت جو مذبوح جانور کرے (۲) تھوڑی سی حرکت جو بے اختیاری میں ہو جائے۔ اضطراب کی حرکت۔ اضطراری حرکت۔
حرکت میں برکت :[ار۔ مثل] کام کی تعریف میں کہتے ہیں۔

حرکت ہونا :[ار۔ محاورہ] (۱) ہلنا۔ جنبش کرنا۔ چلنا (۲) قصور ہونا خطا ہونا (۳) دیر ہونا۔ شرارت ہونا۔ بُرا کام ہونا۔
حرم :[ع۔ اند۔ مث] (۱) خانہ کعبہ کی چار دیواری (۲) اندرون خانہ۔ زنانخانہ۔ زنانہ محلات (۳) بیویاں۔ امیروں کی عورتیں (۴) منکوحہ لونڈی (۵) لونڈی۔ باندی۔ خادمہ۔
حرم خانہ/سرا :[عف۔ اند] زنانخانہ۔ زنانہ محلات۔ زنانہ مکان۔
حرم کا جنا :[ع۔ ار۔ اند] حرامزادہ۔ لونڈی کا بچہ۔ کمینہ
حرم ہمایوں :[ع۔ امث] بادشاہ کی حرم۔
حرمان :[ع۔ اند] (۱) مایوسی۔ ناامیدی (۲) بدقسمتی (۳) انکار۔ نہ دینا۔
حرماں نصیب :[عف۔ صف] بدقسمت۔ بدبخت۔ جس کی قسمت میں ناامیدی ہو۔
حرمت :[ع۔ امث] (۱) عزت۔ آبرو۔ عظمت (۲) حرام ہونا۔
حرمت اتارنا :[ار۔ محاورہ] کسی کو بے عزت کرنا۔ بے آبرو کرنا۔
حرمت اترنا :[ار۔ محاورہ] دیکھئے "حرمت اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
حرمت بگاڑنا :[ار۔ محاورہ] دیکھئے "حرمت لینا"
حرمت بگڑنا :[ار۔ محاورہ] دیکھئے "حرمت بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
حرمت بنانا :[ار۔ محاورہ] عزت دینا۔
حرمت بننا :[ار۔ محاورہ] عزت حاصل ہونا۔
حرمت بہا :[عف۔ اند] ہرجانہ جو ازالہ حیثیت عرفی کے لئے لیا جائے۔
حرمت توڑنا :[ار۔ محاورہ] بے عزت کرنا۔ بدنام کرنا۔
حرمت جانا :[ار۔ محاورہ] (۱) بے عزت ہونا۔ عزت نہ رہنا (۲) آبرو جانا۔ عفت میں فرق آنا۔
حرمت دینا :[ار۔ محاورہ] (۱) عزت دینا۔ خطاب دینا۔ درجہ بڑھانا۔ ممتاز کیا جانا (۲) بے عزت ہونا۔ آبرو گنوانا
حرمت رکھنا :[ار۔ محاورہ] عزت قائم رکھنا۔ آبرو بچا کر رکھنا۔
حرمت کا لاگو ہونا :[ار۔ محاورہ] آبرو لینے کی فکر میں رہنا۔
حرمت کرنا :[ار۔ محاورہ] تعظیم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ تکریم سے پیش آنا۔
حرمت کھونا :[ار۔ محاورہ] زنا کرانا۔ عزت برباد کرنا۔
حرمت لینا :[ار۔ محاورہ] عفت میں خلل ڈالنا۔ آبرو لینا۔ زنا بالجبر کرنا۔
حرمت میں بٹا لگانا :[ار۔ محاورہ] عزت کھونا۔
حرمت میں خلل آنا :[ار۔ محاورہ] عزت میں فرق آنا
حرمت میں خلل ڈالنا :[ار۔ محاورہ] بے آبرو کرنا۔ زنا بالجبر کرنا۔
حرمت والا :[عف۔ صف] شریف۔ معزز۔ رئیس۔ باعزت شخص۔
حرمت ہونا :[ار۔ محاورہ] عزت ہونا۔ آبرو ہونا۔
حرمل :[ع۔ اند] کالا دانہ۔ سداب۔ اسپند
حرمین شریفین :[ع۔ اند] مکہ و مدینہ۔
حروب :[ع۔ امث] دیکھئے "حرب" جس کی یہ جمع ہے
حروف :[ع۔ اند] دیکھئے "حرف" جس کی یہ جمع ہے۔

رُوفِ اعرابی: [عف ۔ اند] وہ حروف جو اعراب کا کام دیں اور جس حرف کے ساتھ آئیں اسے متحرک بنا دیتے ہیں۔ یہ ا، و اور ی ہیں۔
روفِ چِین: [عف ۔ صف] (۱) حروف چننے والا (۲) چھاپے میں حروف جوڑنے والا، حروف ترتیب دینے والا۔ انگریزی COMPOSER کا ترجمہ۔
رُوفِ مُتشابہ: [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حروف جن کی صورت ایک جیسی ہو مثلاً ب ۔ ت ۔ ث وغیرہ۔
رُوفِ مُغَیّرہ: [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حرف جن کے پہلے اسما اور صفات میں امالہ واقع ہوجاتا ہے جیسے کا ۔ کے ۔ نے ۔ میں وغیرہ۔
رُوفِ مُقطّعات: [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حروف جو قرآن شریف کی بعض صورتوں کے شروع میں آتے ہیں اور جن کے معنی کسی کو معلوم نہیں جیسے الم ۔ حم وغیرہ۔
روفِ مُعجمہ / مَنقوطہ: [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حروف جن پر نقطے ہوں۔ نقطہ دار حروف۔
رُوفِ مُہملہ / غیر منقوطہ: [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] بے نقطہ حروف۔
رُوفِ مدّہ: [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حروف جو دوسرے حروف کی آوازوں کو لمبا کردیں جو "ا، و اور ی" ہیں
رُوفِ ہجا: [عف ۔ اند] دیکھئے "حرف تہجی"
رُوفی: [عف ۔ صف] حدیث بیان کرنے والا ۔ محدث
رّہ: [ع ۔ امث] (۱) پیاس (۲) پتھریلی زمین۔
رّہ: [ع ۔ امث] دیکھئے "حُر" جس کی یہ تانیث ہے ۔ آزاد عورت۔
رّیت: [ع ۔ امث] غلامی کے بعد آزادی ۔ آزادی۔
رِیر: [ع ۔ اند] ریشم ۔ ریشمی کپڑا۔
رِیرہ: [ع ۔ اند] ایک بہنے کی چیز جو میدہ، سوجی اور کھانڈ ملا کر پکاتے ہیں۔ پتلا حلوا۔
حریری: [ع ۔ صف] (۱) ریشمی (۲) باریک ۔ پتلا (۳) نحیف آدمی ۔ پتلا دبلا آدمی
حریص: [ع ۔ صف] (۱) لالچی (۲) حاسد (۳) پیٹو (۴) دیکھا دیکھی کام کرنے والا۔
حریف: [ع ۔ صف] (۱) ہم پیشہ (۲) ہم سر ۔ ہم نبرد ۔ (۳) دشمن ۔ بدخواہ ۔ مخالف ۔ رقیب (۴) چالاک، ہوشیار ۔ مکار ۔ عیار (۵) گستاخ ۔ شوخ (۶) شریک ۔ معاون۔
حریفی: [عف ۔ امث] دیکھئے "حریف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
حریق: [ع ۔ صف] جلا ہوا۔
حریم: [ع ۔ اند] (۱) خانہ کعبہ کی باہر کی دیوار (۲) گھر کی چار دیواری (۳) مکان ۔ گھر (۴) حرم (۵) حق منصب ۔ موافق (۶) حاجی کا لباس ۔ احرام کا لباس۔
حریمہ: [ع ۔ امث] ممانعت، مزاحمت، رکاوٹ۔

ح ۔ ز

حزب: [ع ۔ اند] (۱) جتھہ ۔ گروہ ۔ جماعت (۲) وظیفہ یا ورد کا حصہ (۳) تقسیم۔
حزبُ الاحرار: [ع ۔ امث] آزادوں کی جماعت ۔ لیبرل پارٹی۔
حزبُ العمّال: [ع ۔ امث] مزدوروں کی جماعت۔
حزبِ اقتدار: [ع ۔ امث] اسمبلی میں حکومت کی اپنی جماعت وہ جماعت جس کی اپنی حکومت ہو۔
حزبُ اللہ: [ع ۔ امث] اللہ والوں کی جماعت۔
حزبُ المستبدین: [ع ۔ امث] قدامت پسند جماعت۔
حزبِ مخالف / اختلاف: [ع ۔ امث] پارلیمنٹ یا اسمبلی میں حکومت کے مخالف جماعت۔
حزم: [ع ۔ اند] احتیاط ۔ ہوشیاری ۔ دوراندیشی مستعدی ۔ خبرداری۔
حزن: [ع ۔ اند] (۱) رنج ۔ ملال ۔ غم ۔ اندوہ (۲) وہ حالت جو سرور کی ضد ہو۔
حُزنیہ: [ع ۔ صف ۔ مث] دیکھئے "المیہ"
حزیں: [ع ۔ صف] غمگین ۔ رنجیدہ ۔ ملول۔

ح ۔ س

حس: [ع ۔ امث] (۱) محسوس کرنے کی قوت (۲) جنبش ۔ حرکت۔
حسِ باطنی: [ع ۔ امث ۔ بہ ترکیب فارسی] محسوس کرنے کی اندرونی قوت۔
حسِ ظاہری: [ع ۔ امث ۔ بہ ترکیب فارسی] محسوس کرنے کی بیرونی قوت جیسے باصرہ دیکھنے کی اور سامعہ سننے کی قوت ہے۔
حسِ مشترک: [ع ۔ امث ۔ بہ ترکیب فارسی] وہ قوت جو حواس خمسہ کے ذریعہ محسوس کی ہوئی صورتوں کو قبول کرکے ایک خزانہ میں جمع کر دیتی ہے ۔ یہ خزانہ خیال ہے ۔ عقل عامہ۔
حساب: [ع ۔ اند] (۱) گنتی ۔ شمار (۲) علم ریاضی کی ایک شاخ (۳) نرخ ۔ بھاؤ ۔ قیمت (۴) قاعدہ ۔ ڈھنگ ۔ طور (۵) لین دین (۶) سمجھ (۷) میزان ۔ جوڑ (۸) حالت ۔ کیفیت۔
حساب برابر کرنا: [ا ر ۔ محاورہ] جمع خرچ نکالنا ۔ فیصلہ کرنا ۔ کام ختم کرنا / کردینا۔
حساب بنانا: [ا ر ۔ محاورہ] آمد و خرچ کا حساب تیار کرنا ۔ بل بنانا۔
حساب بے باق کرنا / پاک کرنا: [ا ر ۔ محاورہ] لین دین کا فیصلہ کردینا اگلا پچھلا سب حساب چکا دینا ۔ پورا قرضہ اتار دینا۔
حساب پوچھنا: [ا ر ۔ محاورہ] حساب مانگنا ۔ آمد و خروج کا حساب لینا ۔ محاسبہ کرنا۔
حساب جو جو ۔ بخشش سو سو: [ا ر ۔ مثل] معاملہ صاف ہونا چاہیے ۔ کوڑی کوڑی کا حساب ہونا چاہیے ۔ بخشش اور انعام کا اختیار ہے جس قدر چاہیں دیں۔

حساب جوڑنا : [ار-محاورہ] حساب کرنا۔ جوڑ لگانا۔ میزان کرنا۔

حساب جوں کا توں۔ کنبہ ڈوبا کیوں : [ا-مثل] تھوڑا علم خطرناک ہوتا ہے۔

حساب دار : [عف۔صف] (۱) کسی دکان یا بنک کا حساب رکھنے والا۔ (۲) وہ شخص جس نے بنک میں اپنا حساب کھولا ہوا ہو

حساب دان : [عف۔صف] حساب کا ماہر

حساب دوستاں در دل : [ف۔مثل] دوستوں کے ساتھ حساب نہیں ہوتا۔ ایک دوسرے کا دل ہی اس کو جانتا ہے

حساب دینا : [ار-محاورہ] حساب دینا۔ حساب سمجھانا۔ چارج دینا۔

حساب رکھنا : [ار-محاورہ] (۱) لین دین رکھنا (۲) دفتر میں درج رکھنا (۳) آشنائی رکھنا۔

حساب سے : [ار-متعلق فعل] خیال سے۔ رائے میں۔ نزدیک۔ اندازہ سے۔

حساب سے باہر : [ار-صف] بے شمار۔ بے انتہا۔ ان گنت

حساب کتاب : [ع-اند] لین دین۔ ربط ضبط۔ میل ملاپ۔

حساب کتاب میں رہنا : [ار-محاورہ] (۱) آمدنی سے زیادہ خرچ نہ کرنا (۲) حد سے نہ بڑھنا۔

حساب کرنا : [ار-محاورہ] (۱) حساب سمجھنا۔ لین دین لکھنا (۲) بے باق کرنا۔

حساب لڑانا : [ار-محاورہ] آشنائی ہونا۔ آنکھ لڑ جانا

حساب لڑنا : [ار-محاورہ] دیکھئے "حساب لڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

حساب لگانا : [ار-محاورہ] (۱) شمار کرنا۔ پڑتہ پھیلانا (۲) آشنائی کرنا۔ دوستی گانٹھنا۔ ربط پیدا کرنا (۳) لشکر میں نوکری کرنا (۴) سازش کرنا (۵) حساب کرنا۔

حساب لینا : [ار-محاورہ] جائزہ لینا۔ حساب سمجھنا

حساب مانگنا : [ار-محاورہ] داد و ستد یا جمع خرچ سے متعلق حساب طلب کرنا۔

حساب میں جمع کرنا : [ار-محاورہ] کھاتے میں درج کرنا

حساب میں لگانا : [ار-محاورہ] حساب میں شامل کرنا۔ نام لکھنا۔ ذمہ ڈالنا۔

حساب میں لینا : [ار-محاورہ] حساب میں شمار کرنا۔ معاملے کے سب پہلوؤں کو غور سے سمجھ لینا۔

حساب میں نہ ہونا : [ار-محاورہ] کوئی حیثیت نہ ہونا۔ حساب میں شمار نہ ہونا۔

حساب نویس : [عف۔صف] حساب رکھنے والا۔

حساب نویسی : [عف-امث] دیکھئے "حساب نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

حساب ہو جانا : [ار-محاورہ] نوکری سے برطرف ہو جانا۔

حساب ہونا : [ار-محاورہ] (۱) بقایا نکال لینا۔ از روئے حساب یہ معلوم کرنا کہ کیا لینا دینا ہے (۲) قیامت کے دن اچھے برے اعمال کی جانچ ہونا

حسابی : [ار-صف (۱) حساب دان، (۲) امث) حساب کی بات

قاعدہ کی بات۔

حُسّاد : [ع-اند] دیکھئے "حاسد" جس کی یہ جمع ہے۔

حَسّاس : [ع-امبالغہ] زیادہ محسوس کرنے والا (۲) ہوشیار۔ چالاک۔ ذکی الحس۔

حُسام : [ع-امث] تلوار۔ شمشیر بُراں

حُسامی : [ع-صف] تلوار چلانے والا۔ شمشیر زن۔

حَسّان : [ع-اند] (۱) بہت اچھا۔ بڑا عقلمند (۲) حسان بن ثابت انصاری صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو بہت بڑے شاعر اور مداح رسول اکرم تھے۔

حَسَب : [ع-اند] (۱) سلسلہ خاندان۔ ماں کی طرف کا سلسلہ۔

حَسْب : [ع متعلق فعل] بموجب۔ مطابق۔ موافق۔

حسبِ اتفاق : [ع-متعلق فعل] اتفاقاً۔ ناگہاں۔ اچانک۔

حسبِ ارشاد/حسبُ الارشاد : [ع-متعلق فعل] بموجب حکم۔ حکم کے مطابق

حسبُ الامر/حسبُ الحکم : [ع-متعلق فعل] حکم کے مطابق۔ ہدایت کے مطابق۔

حسبِ توفیق : [ع متعلق فعل۔ بہ ترکیب فارسی] حیثیت کے مطابق۔

حسبِ حال : [ع-متعلق فعل۔ بہ ترکیب فارسی] حال کے مطابق۔ موقع محل کے مطابق۔

حسبِ دستور : [عف-متعلق فعل] دیکھئے "حسب قاعدہ"

حسبِ دل خواہ : [ع-ف-متعلق فعل] دلی خواہش کے مطابق۔

حسبِ ذیل : [ع-متعلق فعل بہ ترکیب فارسی] نیچے لکھے ہوئے کے مطابق۔

حسبِ فرمائش : [ع-ف متعلق فعل] کہنے کے مطابق۔ فرمائش کے مطابق

حسبِ قاعدہ/ضابطہ : [ع-متعلق فعل- بہ ترکیب فارسی] قاعدے کے مطابق۔ قانون کے مطابق۔

حسبِ مراد : [ع متعلق فعل- بہ ترکیب فارسی] خواہش اور آرزو کے مطابق

حسبِ معمول : [ع متعلق فعل- بہ ترکیب فارسی] دستور کے مطابق۔ معمولی طور پر

حسبِ مقدور : [ع متعلق فعل- بہ ترکیب فارسی] اپنی بساط اور حیثیت کے مطابق۔

حسبِ منشا : [ع ف متعلق فعل] خواہش اور ارادہ کے مطابق۔

حسب نسب : [ع-اند] ماں باپ کا خاندانی سلسلہ

حسد : [ع-اند] جلن۔ کسی کا زوال چاہنا (۲) عداوت۔ بغض۔ کینہ [افعال: رکھنا۔ کرنا۔ ہونا]

حسد پیشہ : [عف-صف] حسد کرنے والا۔ بدخواہ۔ کینہ ور۔

حسد پیشگی : [عف-امث] دیکھئے "حسد پیشہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

حسرت : [ع-امث] (۱) افسوس۔ تاسف۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس (۲) آرزو۔ ارمان۔ شوق۔ تمنا۔

حسرت آلودہ : [عف-صف] غم زدہ۔ حسرت بھرا۔

حسرت آنا : [ار-محاورہ] افسوس آنا۔ تاسف ہونا

حسرت آیات : [ع-صف بہ ترکیب فارسی] پرحسرت۔ افسوسناک۔ سکادہ۔

حسرت انگیز : [عف ۔ صف] جس کو دیکھ کر دل کے ارمان ابھر آئیں۔ جس کو دیکھ کر افسوس ہو۔

حسرت باقی رہنا : [ار۔ محاورہ] ارمان پورا نہ ہونا ۔ دل کی دل میں ہی رہ جانا۔

حسرت برسنا / ٹپکنا : [ار۔ محاورہ] حسرت ظاہر ہونا ۔ افسوس کے آثار پائے جانا۔

حسرت بھرا : [ار۔ صف] پُرارمان ۔ پُرتمنّا ۔ پُررنج ۔

حسرت بھری : [ار۔ امث] دیکھئے "حسرت بھرا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

حسرت زدگی : [عف ۔ امث] دیکھئے "حسرت زدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

حسرت زدہ : [ع ۔ ف ۔ صف مفعولی] غمزدہ ۔

حسرت سنج : [عف ۔ صف] پُرحسرت ۔ آرزومند

حسرت سنجی : [عف ۔ امث] دیکھئے "حسرت سنج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

حسرت کرنا : [ار۔ محاورہ] آرزو کرنا ۔

حسرت لے جانا : [ار۔ محاورہ] دل کی تمنا دل میں رہنا آرزو پوری نہ ہونا

حسرت نکالنا : [ار۔ محاورہ] ارمان پورا کرنا ۔

حسرت نکلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "حسرت نکالنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

حَسَن : [ع ۔ صف] (۱) خوبصورت ۔ نیک (۲) مذ ۔ حضرت علیؓ کے بڑے فرزند ۔

حُسن : [ع ۔ اند] (۱) خوبصورتی ۔ خوبی ۔ عمدگی (۲) خوش نمائی ۔ دل ربائی (۳) رونق ۔ جوبن ۔ بہار ۔

حُسنِ اتفاق : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] اچھا موقع ۔ خوش قسمتی

حُسنِ اخلاق : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] خوش خلقی ۔ تواضع ۔ ملنساری ۔

حُسنِ انتظام : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] انتظام کی خوبی ۔ خوش انتظامی ۔

حُسن برشتہ : [عف ۔ اند] دیکھئے "حُسن سبز"

حُسنِ بیان : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] خوش بیانی ۔ کسی چیز کو [illegible] بیان کرنا

حُسنِ تدبیر : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] خوش تدبیری ۔ عمدہ مشورہ ۔

حُسنِ تعلیل : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] شاعری کی ایک صنعت جس میں شاعر ایک ایسی چیز کو کسی چیز کی علت فرض کر لیتا ہے ، جو درحقیقت اس کی علت نہیں ہوتی ۔

حُسن خداداد : [ع ۔ ف ۔ اند] قدرتی حُسن

حُسن خیز : [ع ۔ ف ۔ صف] حُسن پیدا کرنے والا ۔ وہ خطہ جہاں حسین لوگ عام ہوں ۔

حُسن دان : [عف ۔ اند] چھوٹا سا پاندان ۔ جس میں سامان آرائش ہوتا ہے ۔

حُسنِ سبز : [عف ۔ اند] سبزہ رنگ ۔ حُسن ملیح ۔

حُسنِ سلوک : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] برتاؤ کی اچھائی ۔ اچھا رویہ ۔

حُسنِ صبیح : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] دلکش گورا رنگ ۔ گورے رنگ کی خوبصورتی ۔

حُسنِ طلب : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] کسی چیز کو کنایے سے طلب کرنا ۔ طلب کرنے کا اچھا طریقہ ۔

حُسنِ ظن : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] نیک گمان ۔ کسی کے متعلق اچھا خیال ۔

حُسنِ قبول : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] اچھے [illegible] سے قبول کرنا ۔ پسندیدہ [illegible] من بھاونا ۔

حُسن گلوسوز : [ع ۔ ف ۔ اند] بہت دلکش حُسن ۔

حُسنِ محفل : [ع ۔ ف ۔ اند] محفل کی رونق ۔ حقہ ۔ حقہ پیچوان ۔

حُسنِ مطلع : [ع ۔ ف ۔ اند] غزل یا قصیدہ کا دوسرا مطلع ۔

حُسنِ مطلق : [ع ۔ اند] جمالِ خداوندی ۔

حُسنِ مقید : [ع ۔ اند] مخلوق کا حسن جو زوال سے آزاد نہیں

حُسنِ ملیح : [ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] ملاحت ۔ گندمی رنگ کا حُسن

حَسَنات : [ع ۔ اند] دیکھئے "حَسَنہ" جس کی یہ جمع ہے

حَسَنہ : [ع ۔ امث] نیکی ۔ بھلائی

حَسَنی : [ع ۔ اند] امام حسنؓ سے نسبت رکھنے والا ۔ امام حسنؓ کی اولاد ۔

حُسنیٰ : [ع ۔ امث] حَسن کی تانیث ۔ اچھی ۔ خوبصورت

حَسَنَین : [ع ۔ اند] امام حسنؓ اور امام حسینؓ ۔

حَسُود : [ع ۔ مبالغہ] بہت حسد کرنے والا بڑا بدخواہ ۔

حُسُود : [ع ۔ اند] دیکھئے "حاسد" جس کی یہ جمع ہے

حَسِیب : [ع ۔ صف] (۱) حساب کرنے والا ۔ انتقام لینے والا (۲) خدا کا صفاتی نام

حَسِین : [ع ۔ صف] خوبصورت ۔ شکیل ۔

حُسینؓ : [ع ۔ اند] حضرت علیؓ کے دوسرے صاحبزادے جو کربلا میں شہید ہوئے (۲) حسن کی تصغیر ۔

حُسینی بند : [عف ۔ اند] چاندی کے وہ دو چھلے جن کے درمیان چاندی کی ایک زنجیر ہوتی ہے اور عاشورا کے روز بچوں کو پہناتے ہیں ۔

حَسِینہ : [ع ۔ اسف ۔ مث] دیکھئے "حَسِین" جس کی یہ تانیث ہے

حُسینی : [ع ۔ صف] حضرت امام حسینؓ سے نسبت ۔ رکھنے والا ۔ حضرت حسینؓ کی اولاد ۔

حُسینی بلبل : [ع ۔ امث] ایک خاص قسم کی بلبل جس کا جسم سفید اور سر پر سیاہ رنگ کی چوٹی ہوتی ہے

حُسینی کانہڑا : [ار ۔ اند] کانی ٹھاٹھ کا ایک راگ ۔ جس میں ساتوں سُر لگتے ہیں ۔

ح ۔ ش

حَشر : [ع ۔ اند] (۱) ایک مقام پر زیادہ اجتماع (۲) قیامت ۔ روزحساب ۔ (۳) شوروغل ۔ غوغا ۔ ہنگامہ ۔ فتنہ ۔ آفت (۴) چیخنا چلانا ۔ رونا ۔ کہرام (۵) اٹھانا ۔ مختلف مقامات سے اکٹھا کرکے ایک جگہ جمع کرنا ۔

(۶) ہجوم - بھیڑ - ازدحام -

حشر برپا کرنا : [ار - محاورہ] کہرام مچانا - قیامت ڈھانا - شور مچانا -

حشر برپا ہونا : [ار - محاورہ] دیکھیے "حشر برپا کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

حشر توڑنا : [ار - محاورہ] (۱) نہایت خفا ہونا - جھنجھلانا (۲) اودھم مچانا - آفت ڈھانا -

حشر ٹوٹ پڑنا / حشر ٹوٹنا : [ار - محاورہ] دیکھیے "حشر توڑنا" جس کا یہ لازم ہے -

حشر ڈھانا : [ار - محاورہ] آفت برپا کرنا

حشر کے وعدے پر (اُدھار) دینا : [ار - محاورہ] ایسا قرض دینا جس کے ادا ہونے کی امید نہ ہو -

حشر مچانا : [ار - محاورہ] اودھم مچانا - کہرام مچانا - رونا - پیٹنا شور مچانا

حشر مچنا : [ار - محاورہ] دیکھیے "حشر مچانا" جس کا یہ لازم ہے

حشر میں اُٹھنا : [ار - محاورہ] عقیدہ اہل اسلام کے مطابق قیامت کے روز پھر زندہ ہونا -

حشر ہونا : [ار - محاورہ] (۱) کہرام مچنا - غل شور ہونا (۲) آفت ٹوٹنا - قیامت ہونا (۳) نتیجہ ہونا

حشرات : [ع - اند] (۱) دیکھیے "حشرہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) غل شور - ہنگامہ - مصیبت - ورد -

حشرات الارض : [ع - اند] برساتی کیڑے - زمینی کیڑے - کیڑے مکوڑے - سانپ - بچھو - کنکھجورے وغیرہ -

حشرہ : [ع - اند] رینگنے والا کیڑا -

حشری : [ع - صف] (۱) خوفناک - ہیبت ناک (۲) تند اور شرارتی (گھوڑا) ، وہ گھوڑا جو اور گھوڑوں میں مل کر نہ رہے - وحشی گھوڑا -

حشری باغی : [ع - اند] وہ باغی جو دوسروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کرے -

حشریات : [ع - اند] کیڑوں مکوڑوں کا علم

حشفہ : [ع - اند] آلۂ تناسل کا اگلا حصہ - سر ذکر - قضیب کی ٹوپی -

حشم : [ع - اند] نوکر چاکر - ملازمان (حاشم کی جمع)

حشم و خدم : [ع - اند] ملازمان - نوکر چاکر

حشمت / حشمت : [ع - امث] (۱) ملازمان - نوکر چاکر - خدمتگاروں کا گروہ - (۲) شان و شوکت - دبدبہ (۳) جلوس - ساز و سامان - سواری (۴) سامان لشکر - اسباب فوج (۵) عظمت - بزرگی - مرتبہ - شان (۶) دولت -

حشو : [ع - اند] (۱) زائد کلام - عبارت میں بھرتی کی چیز (۲) تکیے کی بھرتی (۳) فضولیات - الابلا کوڑا کرکٹ (۴) بہت گھٹیا درجے کے لوگ (۵) چھوٹے اونٹ (۶) (عروض) مصرع کا درمیانی حصہ -

حشیش : [ع - امث] خشک پتے یا گھاس - جنگل کے خشک پتے

ح - ص

حصار : [ع - اند] (۱) چار دیواری - احاطہ - گھیرا (۲) شہر پناہ - فصیل (۳) قلعہ - (۴) وہ دائرہ جو عامل یا جادوگر اپنے گرد حفاظت کی غرض سے کھینچتا ہے -

حصار باندھنا / کرنا : [ار - محاورہ] (۱) چاروں طرف سے گھیرا ڈالنا - گھیر لینا (۲) چار دیواری کھڑی کرنا (۳) حلقہ باندھنا (۴) عمل یا جادو سے خط کا گھیرا بنانا

حصاری : [ع - صف] قلعہ بند -

حصان : [ع - امث] پاک دامن عورت - عفیفہ -

حصان : [ع - اند] (۱) خوبصورت - بے عیب گھوڑا

حصان البحر : [ع - اند] دریائی گھوڑا -

حصانت / حصانت : [ع - امث] (۱) پائیداری - مضبوطی - استقلال (۲) پاکدامنی - عفت - (حصانت بکر اول ،

حصر : [ع - اند] احاطہ کرنا - گھیرنا - انحصار -

حصص : [ع - اند] جمع حصّہ کی -

حصن : [ع - اند] (۱) قلعہ - حصار - جائے پناہ (۲) حراست (۳) اسلحہ - زرہ (۴) تباہی - ہلاکت

حصن حصین : [ع - اند] مضبوط قلعہ

حصن فیروزہ : [ع - اند] آسمان

حصن معلق : [ع - اند] آسمان

حصول : [ع - اند] (۱) حاصل - فائدہ - نفع (۲) پیداوار - فصل (۳) اولاد (۴) نتیجہ - انجام (۵) حاصل کرنا - تحصیل -

حصول بالجبر : [ع - اند] زبردستی لینا - استحصال بالجبر -

حصول مرام : [ع - اند] خواہش کا پورا ہونا - مراد پوری ہونا -

حصّہ : [ع - اند] (۱) ٹکڑا - پارہ - جز - انش (۲) تقسیم - بخرہ - بانٹ - بھاگ (۳) جزو کتاب - باب - مقالہ (۴) جگہ - مقام - کرا (۵) علاقہ - صیغہ - سررشتہ (۶) قسم - نوع (۷) جائیداد میں ایک جزو کی ملکیت - کمپنی کا وہ جزو جو علیحدہ بیچا جائے

حصّہ بخرہ : [ع - ف - اند] (۱) تقسیم - بانٹ (۲) کھانے پینے کی چیزوں کا حصہ ان کا آپس میں لینا دینا (۳) میل ملاپ (افعال : کرنا - ہو جانا - ہونا

حصّہ دار : [عف - اند] شریک - ساجھی - سہیم (۲) جائیداد کے مالکوں میں سے ایک (۳) کمپنی کے کسی حصے کا مالک (۴) پتی کا مالک -

حصّہ داری : [عف - امث] دیکھیے "حصّہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

حصّہ رسد / رسدی : [عف - امث] (۱) حصّہ کے مطابق - جتنا جتنا حصے میں آئے (۲) برابر حصّہ (۳) زمین کا ایک چھوٹا حصّہ (۴) حصہ منافع (۵) حصول بالجبر

حصّہ لگانا : [ار - محاورہ] (۱) بانٹنا - تقسیم کرنا (۲) ڈھیریاں لگانا

حصّہ لینا [ار - محاورہ] (۱) بخرہ لینا (۲) بانٹ کے موافق لینا (۳) کسی کام میں شمولیت / شرکت کرنا -

حصّے : [ع - اند] دیکھیے "حصّہ" جس کی یہ جمع ہے -

حصّے کر لینا / کرنا : [ار - محاورہ] (۱) تقسیم کرنا - بانٹنا (۲) ٹکڑے کرنا

حصّے میں آنا : [ار - محاورہ] ورثہ میں ملنا - منقسم شے کا ملنا -

حصیر : [ع - اند] چٹائی - بوریا -

حصین : [ع - صف] (۱) مضبوط - محکم - استوار (۲) محفوظ - مستحکم -

ح - ض

حضّار : [ع - اند] دیکھئے "حاضر" جس کی یہ جمع ہے ۔
حضارت : [ع - امث] شہر میں رہنا ۔ شہر کی زندگی ۔ مدنیت
حضانت : [ع - امث] بچے کی پرورش کی ذمہ داری ۔
حضَر : [ع - اند] سفر کے خلاف ۔ کسی ایک جگہ کا قیام ۔ پڑاؤ ۔ مقام ۔ اقامت ۔ خانہ باشی ۔
حضرات : [ع - اند] دیکھئے "حضرت" جس کی یہ جمع ہے ۔
حضرت : [ع - اند] (۱) حضور ۔ قبلہ ۔ جناب (۲) عزت کا خطاب (۳) پیغمبروں کا خطاب (۴) نزدیکی ۔ درگاہ (۵) کنایۃً رسول مقبولؐ (۶) (صف) طنزاً شریر ۔ بدذات ۔ چالاک ۔
حضرت پسند : [ع - ف صف] جسے بادشاہ پسند کرے ۔ پسند شاہان ۔ اعلیٰ ۔ عمدہ
حضرت سلامت : [ع - اند] جناب عالی ۔ قبلہ ۔ برابر والے کو خطاب کرتے ہیں (۲) یار دوست (۳) بادشاہوں کو خطاب کرتے ہیں ۔
حضری : [ع - صف] شہری لوگ ۔ بدوی کی ضد ۔ عرب کے وہ لوگ جو کسی جگہ مستقلاً آباد ہوں ۔
حضور : [ع - اند] (۱) موجودگی ۔ حاضری (۲) بادشاہ اور بڑے افسروں کو خطاب کرتے ہیں (۳) جناب عالی ۔ عالی جناب ۔ قبلہ ۔ خداوند ۔ حضرت (۴) بادشاہ یا کسی بڑے افسر کی موجودگی (۵) دربار ۔ مجلس ۔ اجلاس (۶) معشوق کا خطاب (دکھنی) (۷) سلطنت ۔ حکومت ۔ گورنمنٹ (۸) گورنمنٹ کی ملکیت (۹) دیوان خاص یا عام
حضور اقدس : [ع - اند] (۱) جناب ۔ پاک ۔ خداوند (۲) حاکم یا کسی بزرگ کے سامنے یا خدمت میں ۔
حضور والا : [ع - اند] (۱) جناب عالی ۔ حضور اقدس ۔
حضوری : [ع - امث] (۱) حاضری ۔ نزدیکی (۲) بادشاہی ۔ دربار / اجلاس ۔
حضوری کی مزدوری بھلی : [ار - مثل] اگر مالک کی موجودگی میں کام ہو تو اچھا ہوتا ہے ۔
حضیض : [ع - صف] (۱) گہرا ۔ عمیق ۔ نیچا (۲) (مذ) کسی چیز کا نچلا حصہ (۳) گڑھا ۔ نشیب (۴) دامن پہاڑ ۔

ح - ط

حطّاب : [ع - اند] لکڑہارا ۔ لکڑی بیچنے والا ۔
حطّام : [ع - اند] شیر ببر ۔
حُطام : [ع - اند] (۱) کوئی ٹوٹی پھوٹی چیز (۲) کوڑا کرکٹ ۔ الا بلا ۔ گھاس پھوس
حطام الدنیا : [ع - اند] دنیا کے بکھیڑے ۔
حطب : [ع - اند] بہت دبلا ۔ لاغر ۔
حطب : [ع - اند] (۱) ایندھن (۲) تہمت ۔ الزام ۔
حطمہ : [ع - اند] (۱) دوزخ کا تیسرا طبقہ (۲) تیز آگ ۔
حطیم : [ع - اند] (۱) پچھلے سال کا بودا (۲) خانہ کعبہ کے باہر مغربی جانب کی دیوار ۔

ح - ظ

حظ : [ع - اند] (۱) لطف ۔ مزہ (۲) عیش ۔ نشاط (۳) خوشی ۔ انبساط ۔ (۴) نصیب بخت ۔ اقبال ۔ بختاوری ۔ خوش قسمتی ۔ خوش نصیبی (۵) حصہ بخرہ ۔ [افعال : اٹھانا]
حظ نفسانی : [ع - اند] حیوانی مزہ ۔ بدنی خوشی ۔ جماع ۔
حظوظ : [ع - اند] دیکھئے "حظ" جس کی یہ جمع ہے ۔
حظیرہ : [ع - اند] قبرستان کی چار دیواری ۔ مقبرہ کا گنبد ۔

ح - ف

حف : [ع - اند] (۱) گھاس کا خشک ہو جانا ۔ کسی چیز کا بیکار ہو جانا (۲) جانا (۳) گھیرنا (۴) لتے پھرنا (۵) خدمت کرنا (۶) مہربانی (۷) کسی سے تعلق ہونا (۸) بالوں اور ڈاڑھی کو سنوارنا (۹) بالوں کا تیل نہ لگنے کی وجہ سے خشک ہونا (۱۰) پرندے کے پروں کی پھڑپھڑاہٹ ۔ (۱۱) بالوں کو نوچ کر چہرہ صاف کرنا ۔
حف نظر : [ع - متعلق فعل - عو] چشم بد دور ۔ دفع نظر بد کیلئے کہتے ہیں ۔
حفّاظ : [ع - اند] دیکھئے "حافظ" جس کی یہ جمع ہے ۔
حفاظت : [ع - امث] (۱) بچاؤ ۔ سلامتی (۲) نگرانی ۔ محافظت ۔ پاسبانی ۔ (۳) یاد ۔ حافظہ (افعال : کرنا ۔ ہونا)
حفاظت خود اختیاری / ذاتی / نفسی : [ع - امث] اپنا بچاؤ ۔ اپنے آپ کو ضرر سے بچانا ۔ انگریزی SELF DEFENCE کا ترجمہ ۔
حفاظت میں رکھنا : [ار - محاورہ] سنبھال کر رکھنا ۔
حفظ : [ع - اند] (۱) حفاظت ۔ خبرداری (۲) ازبر ۔ زبانی ۔
حفظ امن : [ع - اند] امن قائم رکھنا ۔
حفظ پڑھنا : [ار - محاورہ] زبانی یاد کیا ہوا پڑھنا ۔ بے دیکھے پڑھنا ۔
حفظ جان : [ع - اند] جان کی حفاظت ۔ بچاؤ ۔
حفظ صحت / حفظان صحت : [ع - اند] صحت کا بچاؤ ۔ تندرستی کی حفاظت
حفظ کرنا : [ار - محاورہ] یاد کرنا ۔ ازبر کرنا ۔
حفظ ماتقدم : [ع - اند] پہلے سے بچاؤ کرنا ۔ پیش بندی ۔ حفاظت کرنا ۔
حفظ مراتب : [ع - اند] مرتبے کا پاس ۔ لحاظ ۔
حفظ نظر : [ع - اند] دیکھئے "حف نظر"
حفظ ہونا : [ار - محاورہ] زبانی یاد ہونا ۔
حفیظ : [ع - اند] (۱) محافظ ۔ نگہبان ۔ ولی (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔

ح - ق

حق : [ع - اند] (۱) سچائی ۔ صدق ۔ راستی (۲) حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام (۳) فرض ۔ ذمہ داری (۴) استحقاق ۔ دعویٰ (۵) انصاف ۔ عدل (۶) صلہ ۔ بدلہ ۔ معاوضہ (۷) مزدوری (۸) اصلیت ۔ واقعہ (۹) انعام ۔ (۱۰) ملکیت (۱۱) حصہ بخرہ (۱۲) منصب ۔ اختیار (۱۳) (صف) درست ۔

ٹھیک۔ بجا۔ واجب (۱۳) لائق۔ (۱۴) اور (۱۵) سچا۔ راست (۱۶)
نسبت۔ بابت۔ واسطے۔
حق آسائش: [عف۔ امذ] آرام و آسائش کا وہ حق جس کی رو سے کسی کا
کوئی ہمسایہ اپنے مکان یا زمین پر کوئی ایسا فعل نہیں کر سکتا جس سے اسے
تکلیف یا نقصان پہنچے۔
حق آشنا: [عف۔ صف] خدا پرست۔ سچی اور حق بات کہنے والا۔
حق آشنائی: [عف۔ امث] دیکھیے "حق آشنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
حق ادا کرنا: [ار۔ محاورہ] فرض ادا کرنا۔ نوکری یا خدمت بجا لانا۔ کسی
کام کو ویسا ہی انجام دینا جیسا کرنا چاہیئے۔
حق ادا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "حق ادا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
حق ارجاع نالش: [عف۔ امذ] نالش یا مقدمہ دائر کرنے کا حق
حق التحصیل: [ع۔ امذ] مال گزاری وصول کرنے کا حق جو نمبردار
کو ملتا ہے۔
حق السعی / حق المحنت: [ع۔ امذ] محنت کا حق۔ محنت کی
مزدوری۔ اجرت۔ معاوضہ۔
حق العباد: [ع۔ امذ] بندوں کا حق۔ انسان کا انسان پر حق۔
حق اللہ / ذات اللہ: [ار۔ مقولہ] خدا برحق ہے۔ اس کی ذات
ہی پاک ہے۔ یہ جملہ اکثر طوطوں کو یاد کراتے ہیں۔
حق النظر: [ع۔ امذ] کھانے میں سے تھوڑا سا نکال کر رکھ دیتے ہیں
یہ جو حق النظر کہلاتا ہے
حق الیقین: [ع۔ امذ تصوف] اصطلاح۔ اللہ تعالیٰ کو دل کی
آنکھ سے دیکھنا۔ اللہ پر پورا پورا یقین
حق بجانب: [عف۔ صف] سزاوار۔ لائق۔ حق پر
حق بحقدار رسید: [ف۔ مثل] جس کا حق تھا اسے مل گیا۔
حق بین: [عف۔ صف] سچی بات پر نظر رکھنے والا۔ دوسرے کے
حق کو پہچاننے والا۔
حق بینی: [عف۔ امث] دیکھیے "حق بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
حق پرست: [عف۔ صف] حق کی عبادت کرنے والا۔ خدا پرست
سچا آدمی۔ انصاف والا۔
حق پرستی: [عف۔ امث] دیکھیے "حق پرست" جس کا یہ اسم
کیفیت ہے۔
حق پژوہ: [عف۔ صف] حق تلاش کرنے والا۔ سچ کا طالب۔
حق پژوہی: [عف۔ امث] دیکھیے "حق پژوہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
حق پذیر: [عف۔ صف] حق قبول کرنے والا۔ سچی بات قبول کرنے والا۔
حق پذیری: [عف۔ امث] دیکھیے "حق پذیر" جس کا یہ
اسم کیفیت ہے۔
حق پہنچنا: [ار۔ محاورہ] کسی کا حق دار ہونا۔ اپنا حصہ مل جانا۔
حق تصنیف / تالیف: [عا۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] کتاب لکھنے کا معاوضہ۔ وہ
رقم جس کے عوض مصنف کسی کو اپنی کتاب چھاپنے کا حق دے دے۔
حق تعالیٰ: [ع۔ امذ] خدائے بزرگ و برتر۔

حق تلفی / تلفی: [عف۔ امث] کسی کا حق مار لینا۔ بے انصافی۔
حق تھو: [ار۔ اصوت] دیکھیے "اخ تھو"۔
حق حق کرنا: [ار۔ محاورہ] خدا کا نام لینا۔ توبہ کرنا۔ انصاف کرنا۔
بہت جھول گئنا۔
حق حیران رہنا: [ار۔ محاورہ] ہکا بکا رہ جانا۔ حواس باختہ رہنا۔
حق حلال: [ع۔ امذ] (۱) جائز۔ مباح (۲) صحیح۔ درست۔
حق دار: [عف۔ صف] حق رکھنے والا۔ مستحق۔
حق داری: [عف۔ امث] دیکھیے "حق دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
حق ڈباؤ: [ار۔ صف ق] دوسرے کا حق مارنے والا۔
حق رسی: [عف۔ امث] حق کو پہنچنا۔ انصاف۔ عدل۔ نیاؤ۔
حق سرکار: [عف۔ امذ] خراج۔ مالگزاری۔
حق سرہ: [ع۔ مقولہ] اس کا بھید سچ ہے۔ اللہ کی ذات حق ہے
عارفوں اور درویشوں کا نعرہ ہے۔
حق سیر: [ع۔ امذ] نیک سیرت۔
حق سے گزرنا: [ار۔ محاورہ] سچ کے خلاف کرنا۔ حقیقت کے خلاف کرنا۔
حق شفعہ: [ع۔ امذ] اپنے مکان سے ملے ہوئے مکان یا زمین سے ملحق
ہونے میں خریدنے کا قانونی طور پر فائق حق۔
حق شناس: [عف۔ صف] حق کو پہچاننے والا۔ خدا شناس۔ قدردان
جوہر شناس۔
حق شناسی: [عف۔ امث] دیکھیے "حق شناس" جس کا یہ اسم
کیفیت ہے۔
حق فراموش: [عف۔ صف] دوسرے کا حق بھول جانے والا۔
حق بھلانے والا۔
حق فراموشی: [عف۔ امث] دیکھیے "حق فراموش" جس کا یہ
اسم کیفیت ہے۔
حق کو پہنچنا: [ار۔ محاورہ] انصاف کو پہنچنا۔ انصاف کو پانا۔
سچ کو پانا۔
حق گردن پر ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی کے ذمہ قرض ہونا۔
حق گو: [عف۔ صف] سچی بات کہنے والا۔ انصاف کی بات کہنے والا۔
حق گوئی: [عف۔ امث] دیکھیے "حق گو" جس کا یہ اسم
کیفیت ہے۔
حق لینا: [ار۔ محاورہ] ورثہ یا محنتانہ یا واجبی حصہ پانا۔
حق مرور: [ع۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] راستہ چلنے کا حق۔
حق میں: [ع۔ ار۔ متعلق فعل] نسبت میں۔ باب میں۔
حق میں کانٹے بونا: [ار۔ محاورہ] کسی کے ساتھ برائی کرنا۔ ایسا کام
کرنا جس سے کسی کو نقصان ہو۔
حق ناحق: [ع۔ ار۔ متعلق فعل] بے سبب۔ خوامخواہ۔ ناحق۔
حق ناشناس: [عف۔ صف] ناشکرگزار۔
حق ناشناسی: [عف۔ امث] دیکھیے "حق ناشناس" جس کا
یہ اسم کیفیت ہے۔

حقِ نمک ادا کرنا: [ار- محاورہ] نوکر کا آقا سے وفاداری کرنا- مالک کی خدمت بجا لانا۔
حقِ نمک ادا ہونا : [ار- محاورہ] دیکھیے "حق نمک ادا کرنا" جس کا یہ لازم ہے-
حق ہونا: [ار- محاورہ] (۱) صحیح ہونا (۲) حصہ ہونا (۳) صاف ہونا-
حق نیوش : [عف- صف] سچی بات سننے والا- حق جاننے والا- حق پسند-
حق نیوشی : [عف- امث] دیکھیے "حق نیوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے-
حقا : [ف- کلمۂ قسم] سچ ہے- قسم ہے خدا کی-
حقارت : [ع- امث] ذلت - بے عزتی- خفت- نفرت-
حقانی : [عف- صف] حق سے نسبت رکھنے والا-
حقانیت : [عف- امث] خدا کی طرف منسوب ہونا- سچی باتیں- اصلی کیفیت-
حقائق : [ع- امذ] دیکھیے "حقیقت" جس کی یہ جمع ہے-
حُقنہ : [ع- امذ] کسی دوا یا پچکاری کو پاخانے کے مقام میں چڑھانا تاکہ پاخانہ آجائے- (افعال: کرنا)
حقوق : [ع- امذ] دیکھیے "حق" جس کی یہ جمع ہے-
حُقّہ : [ع- امذ] (۱) عطر/ زیور/ جواہرات رکھنے کا ڈبّا (۲) تمباکو پینے کا آلہ- گڑگڑا-
حُقّہ باز : [ف- صف] (۱) بھان متی- بازی گر- مداری (۲) حقہ پینے والا-
حُقّہ بازی : [ف- امث] دیکھیے "حقہ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے-
حقہ بجانا / بلانا : [ار- محاورہ] حقے سے آواز نکالنا-
حُقّہ بھرنا : [ار- محاورہ] چلم میں تمباکو رکھ کر آگ رکھنا- پینے کیلئے حقہ تیار کرنا-
حُقّہ پانی بند کرنا : [ار- محاورہ] برادری سے نکال دینا- ذات سے خارج کرنا-
حُقّہ پانی پلانا : [ار- محاورہ] آؤ بھگت کرنا- خاطر مدارات کرنا-
حُقّہ پینا : [ار- محاورہ] حقے کے کش لگانا-
حُقّہ تازہ کرنا : [ار- محاورہ] حقے کا پانی بدلنا اور نے وغیرہ کو تر کرنا-
حقے کی ماری آگ باقی کا مارا گاؤں : [ار- مثل] جس آگ میں سے بار بار حقہ بھرا جائے وہ بجھ جاتی ہے- جس گاؤں کی مالگزاری بقایا رہے وہ تباہ ہو جاتا ہے-
حقیت : [ع- امث] حق- حق داری- ملکیت-
حقیر : [ع- صف] (۱) چھوٹا- ادنیٰ (۲) ذلیل و خوار- اوچھا- کمینہ (۳) نحیف- تنک (۴) دُبلا- (افعال: جاننا- سمجھنا- کرنا)
حقیقت : [ع- امث] (۱) اصل- جڑ- بنیاد (۲) اصلیت- ماہیت (۳) کیفیت- حال (۴) سچائی- صداقت (۵) ماجرا- سرگزشت (۶) مجاز کی ضد-
حقیتِ اظہاری : [ع- امث- بہ ترکیب فارسی] حق یا دعوے کا ثبوت-
حقیتِ شکمی : [ع- امث] پٹہ جو پٹے دار سے لیا جائے-
حقیقت کھل جانا : [ار- محاورہ] (۱) بھید ظاہر ہونا (۲) اصل حال معلوم ہونا- مزا آنا-
حقیقت کیا ہے : [ار- محاورہ] کوئی حیثیت نہیں- ناچیز ہے- کچھ مال نہیں-
حقیقت لکھنا : [ار- محاورہ] تحریر لکھنا- خط لکھنا- صحیح حال لکھنا-
حقیقت معلوم کرنا : [ار- محاورہ] اصل حال یا راز معلوم کرنا-
حقیقت معلوم ہونا : [ار- محاورہ] (۱) اصل حال معلوم ہونا (۲) اعمال بد کی سزا ملنا-
حقیقت میں : [ار- متعلق فعل] اصل میں- واقعی- دراصل-
حقیقت نفس الامر / نفس الامری : [عف- امث] وہ حقیقت جسے سب تسلیم کریں-
حقیقت نہ ہونا : [ار- محاورہ] اصلیت نہ ہونا- بے وقعت ہونا-
حقیقتاً : [ع- متعلق فعل] واقعی- فی الحقیقت-
حقیقی : [ع- صف] (۱) اصلی- سچا- کھرا- بلا آمیزش (۲) اپنا- سگا (۳) ذاتی-

ح - ک

حک : [ع- امذ] (۱) چھیلنا- دور کرنا- کسی دوسری چیز سے کھرچنا (۲) رگڑ- خراش- تراش-
حکّاک : [ع- امذ] حرف کھودنے والا- نگینہ ساز- مُہر کن
حُکّام : [ع- امذ] دیکھیے "حاکم" جس کی یہ جمع ہے-
حکایت : [ع- امث] کہانی- قصہ- داستان- بات- بیان-
حکایتاً : [ع- متعلق فعل] بطور ذکر- بر سبیل تذکرہ-
حکایتی : [ار- صف] بات بات پر بحث کرنے والا- حجتی-
حکایتیں کرنا : [ار- محاورہ] دلیلیں چھانٹنا- مفت کی حجتیں کرنا-
حَکَم : [ع- صف] پنچ- ثالث- فیصلہ کرنے والا-
حِکَم : [ع- امث] دیکھیے "حکمت" جس کی یہ جمع ہے-
حُکم : [ع- امذ] (۱) فرمان- پروانہ- ارشاد (۲) فتویٰ- شرعی فیصلہ (۳) (منطق) کسی ایسی بات کا ثابت کرنا جس پر قائل کا سکوت صحیح ہو- (۴) حکومت- سرداری (۵) اجازت- پروانگی (۶) تاش کا ایک رنگ جس کی شکل و صورت سیاہ رنگ کے پان یا بیلچے سے مشابہ ہوتی ہے (۷) جھگڑے کا فیصلہ (۸) سختی- جبر (۹) اختیارِ عدالت (۱۰) قانون- قاعدہ-
حکمِ آخر : [ع- امذ- بہ ترکیب فارسی] آخری فیصلہ- قطعی فیصلہ-
حکم اٹھانا : [ار- محاورہ] حکم ماننا- فرمان بجا لانا-
حکمِ امتناعی : [ع- امذ- بہ ترکیب فارسی] کسی فعل سے باز رکھنے کا حکم- ممانعت کا حکم-
حکم انداز : [عف- صف] (۱) جس کا نشانہ خطا نہ ہو- کہہ کر نشانہ لگانے والا (۲) صف- فرمانبردار-
حکم بجا لانا : [ار- محاورہ] کہنا ماننا- حکم کی تعمیل کرنا-
حکم بردار : [عف- صف] حکم ماننے والا- فرمانبردار-
حکم برداری : [عف- امث] دیکھیے "حکم بردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے-

حکم بھیجنا: [ار۔ محاورہ] سرکاری طور پر اطلاع دینا۔ فرمان بھیجنا۔
حکم بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] حکومت ہونا۔ تسلط ہونا۔
حکم پر چلنا: [ار۔ محاورہ] حکم کی تعمیل کرنا۔ حکم کے مطابق کام کرنا۔
حکم توڑنا: [ار۔ محاورہ] حکم نہ ماننا۔ نافرمانی کرنا۔
حکم جاری کرنا: [ار۔ محاورہ] حکم صادر کرنا۔ اشتہار دینا۔ ڈونڈی پٹوانا۔ حکومت کرنا۔
حکم جاری ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "حکم جاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
حکم حاکم مرگ مفاجات: [ف۔ مقولہ] جس طرح انسان موت سے نہیں بچ سکتا اسی طرح انسان حاکم کے حکم سے بھی نہیں بچ سکتا۔
حکم دینا / چلانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "حکم جاری کرنا"۔
حکم راں: [عف۔ صف] حاکم۔ بادشاہ۔ فرمانروا۔
حکم رانی: [عف۔ امث] حکومت۔ سلطنت۔ بادشاہی۔
حکم روا: [عف۔ اند] دیکھیے "حکم راں"
حکم شرعی: [ع۔ اند] وہ حکم جو اسلام کے مطابق ہو یا اسلامی اصول کے مطابق ہو۔
حکم ظہری: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ حکم جو کسی درخواست یا رپورٹ کی پشت پر لکھا جائے۔
حکم قطعی: [ع۔ اند] دیکھیے "حکم آخر"
حکم کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "حکم جاری کرنا"
حکم گشتی: [ع۔ اند] وہ حکم جو اکثر جگہ بھیجا جائے۔ وہ حکم جو بہت آدمیوں کے خلاف ہو۔
حکم لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پختہ رائے ظاہر کرنا۔ پہلے سے کسی کام کے نتیجہ کا فیصلہ کرنا (۲) پیش گوئی۔
حکم لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "حکم لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
حکم مطلق: [ع۔ اند] (۱) عام حکم (۲) حکم قطعی
حکم ناطق: [ع۔ اند] دیکھیے "حکم قطعی"
حکم نامہ: [عف۔ اند] تحریری حکم۔ وہ حکم جو کسی با اختیار حاکم کی طرف سے جاری ہو۔
حکم نشانی بہشت کی جو مانگے سو پائے: [ار۔ مثل] بہشت میں جو خواہش ہوگی ملے گا اسی طرح حاکم بھی جو چاہے حاصل کر سکتا ہے۔
حکماء: [ع۔ صف] دیکھیے "حکیم" جس کی یہ جمع ہے۔
حکماً: [ع۔ متعلق فعل] بطور حکم۔ حکم کے مطابق۔ حکم سے۔
حکمت: [ع۔ امث] (۱) دانائی۔ عقل (۲) ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم (۳) تدبیر۔ ترکیب (۴) مطلب۔ غرض۔ ڈھنگ۔
حکمت اشراق: [ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] روشن ضمیری۔ تصفیہ باطن۔ نیز دیکھیے "اشراقی"
حکمت بلقمان آموختن: [ف۔ مثل] دانا کو دانائی سکھانا۔ فضول بات کرنا۔
حکمت چلنا: [ار۔ محاورہ] چالاکی کارگر ہونا۔
حکمت چین حجت بنگالہ: [ف۔ مثل] عقلمندی چین سے اور لڑائی جھگڑا بنگال سے منسوب ہے۔

حکمت عملی: [ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] (۱) علم جو تجربے اور عمل سے حاصل ہو (۲) تہذیب۔ اخلاق۔ گھر کا انتظام اور شہری انتظام (۳) چالاکی۔ تدبیر۔ ہوشیاری کی مصلحت۔
حکمت کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دانائی کرنا (۲) طبابت کرنا۔
حکمت مدنی: [ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] شہری انتظام کے قوانین۔
حکمتی: [ع۔ صف] (۱) فیلسوف۔ فلسفی (۲) چالاک اور ہوشیار۔
حکمی: [ع۔ صف] (۱) یقینی۔ بے خطا (۲) فرمانبردار۔ محکوم (۳) مدام۔ ہمیشہ (۴) شرطی۔ ضروری۔
حکومت: [ع۔ امث] (۱) حکمرانی۔ سلطنت (۲) سختی۔ جبر (۳) اختیار۔ بس۔
حکومت آمرانہ: [عف۔ امث] ایک شخص کی حکومت۔
حکومت آزاد: [عف۔ امث] خود مختار حکومت۔ آزاد حکومت۔
حکومت امرائی: [عف۔ امث] امیروں کی حکومت۔
حکومت جتانا: [ار۔ محاورہ] تیزی اور تندی دکھانا۔ رعب ڈالنا۔ سختی کرنا۔
حکومت جمہوری: [عف۔ امث] وہ حکومت جو عوام کے منتخب نمائندوں پر مشتمل ہوتی ہے یعنی عوام کی بنائی ہوئی حکومت عوام پر۔
حکومت خود اختیاری: [عف۔ امث] آزاد حکومت۔ وہ حکومت جو فیصلہ کرنے میں خود مختار ہو دوسروں کی پابند نہ ہو۔
حکومت شخصی: [عف۔ امث] وہ حکومت جس کی باگ ڈور ایک شخص کے ہاتھ میں ہو۔
حکومت کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) راج کرنا۔ فرمانروائی کرنا (۲) دبانا۔ زور دکھانا۔ سختی کرنا۔
حکیم: [ع۔ صف] (۱) عقلمند۔ دانا۔ زیرک (۲) عالم۔ فاضل۔ فلسفہ دان۔ گیانی (۳) طبیب۔ ڈاکٹر۔ وید۔
حکیم اوروں کی دوا کرے اپنی نہ کرے: [ار۔ مثل] اوروں کو نصیحت کرے اور خود نہ سمجھے۔
حکیم کو قارورے سے کیا لاج: [ار۔ مثل] اپنے پیشے سے شرم نہیں کرنی چاہیے۔
حکیمی: [ار۔ امث] حکیم کا پیشہ۔

ح ۔ ل

حل: [ع۔ اند] (۱) کھولنا۔ انکشاف۔ مشکل کام کو آسان کرنا۔ سلجھانا (۲) تحلیل ہونا۔ گھلنا ملنا (۳) حساب کے سوال کا عمل (۴) عقدہ کشائی۔
حل پذیر: [عف۔ صف] گھل جانے والا۔ تحلیل ہو جانے والا۔
حل پذیری: [عف۔ امث] دیکھیے "حل پذیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
حل کاری: [عف۔ امث] سونے چاندی کو محلول کر کے پھول پتی بنانا۔ ملمع سازی۔
حل کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سلجھانا۔ کھولنا۔ آسان کرنا (۲) اجزا علیحدہ کرنا (۳) ملانا۔ پینا۔ (۴) حساب کا سوال نکالنا (۵) پہیلی بوجھنا (۶) (ق) ملمع کرنا۔
حل و عقد: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] کھولنا باندھنا۔ ادھیڑ بن۔ عزل و نصب۔ انتظام۔ انصرام۔

حلاج :[ع - اند] دُھنیا - رُوئی دھنکنے والا ۔
حلاف :[ع ۔ مبالغہ] بہت قسمیں کھانے والا ۔ حلف اٹھانے کا عادی ۔
حلاق :[ع ۔ اند] نائی ۔ مو تراش ۔ بال مونڈنے والا ۔
حلال :[ع ۔ مبالغہ] گرہ کھولنے والا ۔ حل کرنے والا ۔ عقدہ کشا ۔
حلال :[ع ۔ اند] (۱) حرام کی ضد ۔ مباح ۔ جائز ۔ درست (۲) ذبح کیا ہوا (۳) شرع کے مطابق ۔
حلال تھوڑا حرام بہت :[ار ۔ مثل] جائز مال کم اور ناجائز بہت ایک برابر ہے یعنی ایمانداری میں برکت اور بے ایمانی میں خسارہ ہوتا ہے ۔
حلال خور :[عف ۔ صف] (۱) مہتر ۔ بھنگی ۔ خاکروب (۲) جائز روزی کمانے والا ۔
حلال خورن / خوری :[ار ۔ امث] دیکھئے "حلال خور" جس کی یہ تانیث ہے ۔
حلال روزی :[فع ۔ امث] حلال کی کمائی ۔ جائز کمائی ۔ محنت کی روزی ۔
حلال زادگی :[عف ۔ امث] (۱) جائز پیدائش (۲) شرافت ۔ دیانتداری ۔
حلال زادہ :[عف ۔ صف] (۱) جائز اولاد ۔ جائز بیٹا (۲) شریف ۔ دیانتدار (۳) طنزاً شریر ۔
حلال زادی :[ار ۔ صف ۔ امث] دیکھئے "حلال زادہ" جس کی یہ تانیث ہے ۔
حلال کا :[ع ۔ صف] وہ بچہ جو نکاح کے بعد ماں باپ کے پیدا ہوا ہو ۔ جائز بچہ ۔
حلال کرنا :[ار ۔ محاورہ] (۱) جائز قرار دینا ۔ مباح قرار دینا (۲) ذبح کرنا ۔ شریعت کے مطابق چھری پھیرنا (۳) کاٹنا ۔ قتل کرنا ۔ مار ڈالنا (۴) کوٹنا ۔ پیٹنا ۔ تکلیف دینا ۔
حلال سے کھانا :[ار ۔ محاورہ] محنت کر کے کھانا ۔
حلال میں حرکت حرام میں برکت :[ار ۔ مثل] نیک کاموں میں تکلیف ہوتی ہے اور بُرے کاموں میں آرام ہوتا ہے ۔
حلال ہونا :[ار ۔ محاورہ] دیکھئے "حلال کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
حلالہ :[ع ۔ اند] طلاق دی ہوئی عورت کا دوسرے سے نکاح کرنا تاکہ اس سے طلاق لے کر اپنے پہلے خاوند سے پھر نکاح کر سکے ۔
حلالی :[ع ۔ صف] دیکھئے "حلال کا"
حلاوت :[ع ۔ امث] (۱) مٹھاس ۔ شیرینی (۲) لذت ۔ مزا ۔ ذائقہ (۳) راحت ۔ آرام ۔ [افعال : پانا]
حلت :[ع ۔ امث] حرمت کی ضد ۔ جائز ہونا ۔ کشادگی ۔ درستی ۔ مباح ہونا ۔
حلجان :[ار ۔ امث] ایک رسم جس میں شادی کے بعد گھر کی مالکہ سب مہمانوں سے پیسے جمع کر کے پوریاں ، قیمہ ، ساگ پکاتی ہے اور سب کو تقسیم کرتی ہے ۔
حلف / حلف :[ع ۔ اند] قسم کھانا ۔ قسم ۔ عہد ۔ پیمان ۔ (اردو میں حلف بفتح اوّل و دوم ہے)
حلف اٹھانا :[ار ۔ محاورہ] قسم کھانا ۔ مذہبی کتاب کی قسم کھانا ۔
حلف دروغی :[عف ۔ اند] جھوٹی قسم کھانا
حلف دینا :[ار ۔ محاورہ] قسم دینا ۔ دوسرے کو قسم کھلانا ۔
حلف لینا :[ار ۔ محاورہ] (۱) حلف اٹھانا ۔ قسم کھانا (۲) قسم کھلانا ۔
حلف منصب :[ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] کسی عہدے کا چارج لیتے وقت ادائے فرض کا عہد کرنا ۔

حلف نامہ :[عف ۔ اند] لکھا ہوا حلفی بیان
حلفا :[ع ۔ صف] دیکھئے "حلیف" جس کی یہ جمع ہے ۔
حلفاً :[ع ۔ متعلق فعل] قسمیہ ۔ ازروئے قسم ۔
حلفی / حلفی :[ع ۔ صف] قسمیہ ۔ قسم کے ساتھ ۔
حلفیہ / حلفیہ :[ع ۔ صف] دیکھئے "حلفی"
حلق :[ع ۔ اند] (۱) گلا ۔ ٹینٹوا ۔ گردن ۔ منہ زبان (۲) جیبی (۳) مونڈنا ۔ حجامت ۔
حلق بند کرنا :[ار ۔ محاورہ] خاموش کرنا ۔ منہ بند کرنا ۔ بولنے نہ دینا ۔
حلق بیٹھ جانا :[ار ۔ محاورہ] آواز بھاری ہو جانا ۔
حلق پر چھری پھیرنا :[ار ۔ محاورہ] (۱) حلال کرنا ۔ ذبح کرنا (۲) ظلم کرنا ۔ جبر کرنا (۳) کسی کا مال مار لینا ۔ سخت نقصان پہنچانا ۔
حلق تک بھرنا :[ار ۔ محاورہ] بہت زیادہ کھانا ۔
حلق خشک ہو جانا / ہونا :[ار ۔ محاورہ] گلا سوکھنا ۔ گھبرا جانا ۔ پیاس لگنا ۔ بہت چیخنا ۔
حلق دبانا :[ار ۔ محاورہ] گلا دبانا ۔ گلا گھونٹنا ۔ بات کرنے سے روکنا ۔
حلق سے اترنا :[ار ۔ محاورہ] (۱) گلے سے نیچے جانا (۲) گوارا ہونا ۔
حلق سے نکلی خلق میں پڑی :[ار ۔ مثل] بات منہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے ۔
حلق کا دربان :[ار ۔ اند] کھانے پینے سے روکنے والا ۔ وہ بچہ جو ماں کو کچھ نہ کھانے دے ۔
حلق کا نہ تالو کا ۔ یہ مال میاں کالو کا :[ار ۔ مثل] کھایا نہ پیا یونہی ضائع کر دیا ۔
حلق میں پانی چوانا :[ار ۔ محاورہ] منہ میں پانی ٹپکانا ۔
حلق میں نوالہ اٹکنا / پھنسنا :[ار ۔ محاورہ] (۱) گلے سے نوالہ نہ اترنا (۲) کسی عمدہ چیز کے کھاتے وقت اپنے دوست یا اپنے بچے کا یاد آ جانا ۔
حلقوم :[ع ۔ اند] گلا ۔ ٹینٹوا ۔ نرخرہ ۔ ٹینٹوے کے نیچے کا گڑھا ۔
حلقہ :[ع ۔ اند] (۱) دائرہ ۔ گھیرا (۲) ہر گول شکل کی چیز (۳) پہیا (۴) مجلس (۵) منڈلی (۶) کڑا ۔ کنڈہ / کنڈل (۷) ہتھا ۔ گھنڈی کا گھر (۸) علاقہ ۔ احاطہ ۔ ضلع ۔
حلقۂ انتخاب :[ع ۔ اند ۔ بہ ترکیب فارسی] وہ علاقہ جسے پارلیمنٹ ، اسمبلی یا کسی دوسرے انتخابی ادارے کے انتخاب کے موقع پر ایک وحدت قرار دیا جاتا ہے ۔
حلقہ باندھنا :[ار ۔ محاورہ] (۱) گھیرا ڈالنا ۔ دائرے میں کھڑا ہونا ۔ گھیر لینا ۔
حلقہ بگوش :[عف ۔ صف] (۱) غلام ۔ فرمانبردار ۔ مطیع (۲) جس کے کان میں کنڈل ہوں ۔
حلقہ بگوشی :[عف ۔ امث] دیکھئے "حلقہ بگوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
حلقہ بندی :[عف ۔ امث] چند علاقوں کو کسی مقصد کے تحت یکجا کر دینا ۔
حلقۂ در :[عف ۔ اند] دروازے کی محراب ، دروازے کا گنڈا ۔
حلقہ ڈالنا :[ار ۔ محاورہ] گھیرا ڈالنا ۔ حصار باندھنا ۔
حلقہ کرنا :[ار ۔ محاورہ] گھیرا کرنا ۔ گھیرنا ۔
حلقی :[ع ۔ صف] حلق سے منسوب ۔ وہ حروف جو حلق سے ادا ہوتے ہوں ۔

حلقے کا ماتم : [ع - ار - امذ] وہ ماتم جو حلقہ باندھ کر کیا جاتا ہے۔
(افعال : ہونا۔ کرنا)

حُلَل : [ع - امذ] حلّہ کی جمع۔ بہشتی لباس۔

حلم ڈالنا : [ار - محاورہ] جلدی کرنا۔ ہل چل ڈالنا۔

حِلم : [ع - امذ] (١) بردباری۔ تحمل۔ برداشت (٢) نرمی۔ نرم دلی۔

حَلَمہ : [ع - امث] بھٹنی۔ سرپستان

حَلوا : [ع - امذ] (١) وہ کھانا جو گھی شکر اور میدے یا سوجی سے بنتا ہے (٢) نرم اور میٹھی چیز (٣) تر چیز۔ ملائم چیز۔

حلوا خانون : [ع - ار - امث] حلوا خور یتیم۔ اختو بختو۔ کاٹھ کی پتلیاں۔

حلوا خوردن را روئے باید : [ف - مثل] عزت کے واسطے لیاقت چاہیے۔

حلوا سمجھنا : [ار - محاورہ] کمزور سمجھنا۔ آسان سمجھنا۔ ناچیز سمجھنا۔

حلوا سوہن : [ار - امذ] ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو عموماً بہت سخت ہوتی ہے۔

حلوا لکاتے : [ار کلمہ قسم] مُردہ دیکھے۔ ایک سخت قسم ہے۔

حلوا نکل جانا : [ار - محاورہ] (١) حال پتلا ہونا۔ سختیوں سے بدحال ہونا (٢) بہت پٹنا۔

حَلوان : [ع - امذ] (١) بھیڑ یا بکری کا وہ بچہ جو دودھ پیتا ہو اور گھاس نہ کھاتا ہو (٢) نرم گوشت جو جلد گل جائے۔

حَلوائن : [ار - امث] دیکھئے "حلوائی" جس کی یہ تانیث ہے۔

حلوائی : [ار - امذ] مٹھائی بنانے یا بیچنے والا۔

حلوائی کی دکان اور دادا جی کی فاتحہ : [ار - مثل] پرائے مال کو اپنا سمجھ کر بے دریغ خرچ کرنا۔

حلوائے بے دود : [عف - امذ] (١) شیریں میوہ (٢) لذیذ، نرم اور ملائم چیز۔

حلوائے تر : [عف - امذ] (١) میٹھے اور شاداب میوے۔ ناشپاتی کی طرح (٢) رس بھرا۔ آسان کام (٣) کنایۃً معشوق کے لب۔

حلوائے مرگ : [عف - امذ] بھتی۔ حاضری۔ کڑوی کھچڑی۔

حلوائے مغزی : [عف - امذ] ایک قسم کا حلوا جس میں کثرت سے مغز بادام اور پستہ وغیرہ ڈالتے ہیں۔

حلوائے مقراضی : [عف - امذ] ایک قسم کا حلوا جس میں میوے بہت باریک کتر کر ڈالتے ہیں۔

حلوے مانڈے سے کام رکھنا : [ار - محاورہ] ہر حال میں اپنے مطلب کو مقدم رکھنا۔

حُلول : [ع - امذ] (١) ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح مل جانا کہ تمیز نہ ہوسکے (٢) ایک باطل عقیدہ جس کی رو سے خالق کا مخلوق میں اس طرح سما جانا کہ دونوں میں فرق نہ ہو۔

حُلّہ : [ع - امذ] جُبّہ۔ یمن کی پوشاک۔ چادر۔ بہشتی لباس۔

حَلیف : [ع - صف] ہم معاہدہ۔ دوست۔ ساتھی۔

حَلیم : [ع - صف] (١) بردبار۔ متحمل (٢) ایک کھانا جو گیہوں، چاول، چنے وغیرہ سات اناج اور چاروں دالیں اور گوشت ڈال کر پکاتے ہیں اور اکثر محرم میں شہدائے کربلا کی فاتحہ دلواتے ہیں۔ کھچڑا۔

حِلیہ : [ع - امذ] (١) جواہر۔ سونے چاندی کا زیور (٢) خلعت (٣) صورت۔ سراپا (اردو میں مؤنث بولا جاتا ہے)

حُلیہ بگاڑ دینا : [ار - محاورہ] منہ پر ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے۔ چہرہ بگاڑنا۔

حُلیہ بگڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "حلیہ بگاڑ دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

حُلیہ بنانا : [ار - محاورہ] صورت بنانا۔ شکل اختیار کرنا۔

حُلیہ بیان کرنا : [ار - محاورہ] شکل و صورت کا حال ظاہر کرنا۔

حُلیہ تحریر کرنا : [ار - محاورہ] کسی کی شکل و صورت اور خط و خال پہچاننے کیلئے شکل و صورت بتانا۔

حُلیہ بدلنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "حلیہ بگاڑنا"

ح - م

حَمّاد : [ع - مبالغہ] بہت زیادہ حمد کرنے والا۔ بہت تعریف کرنے والا۔

حِمار : [ع - امذ] (١) گدھا۔ خر (٢) احمق۔

حَمّار : [ع - امذ] گدھا ہانکنے والا۔

حِمارہ : [ع - امث] گدھی۔ مادہ خر۔

حَماسَت : [ع - امث] دلیری۔ بہادری۔

حَماسہ : [ع - امذ] رزمیہ نظم۔

حَماقت : [ع - امث] (١) سخت بیوقوفی۔ نادانی۔ حمق۔ گھامڑپن۔ بےعقلی۔ بیوقوفی (٢) کان میں سے کچھ نہ نکلنا۔

حَمّال : [ع - امذ] بوجھ اٹھانے والا۔ مزدور۔ قلی۔

حَمّالہ : [ع - امث] (١) دیکھئے "حمّال" جس کی یہ جمع ہے (٢) وہ مشین جو بڑے بڑے بوجھ اٹھاتی ہے۔ کرین۔

حَمام : [ع - امذ] (١) کبوتر (٢) ہر ایک پرندہ جس کے گلے میں کنٹھی ہو۔ فاختہ وغیرہ۔

حَمّام : [ع - امذ] نہانے کی جگہ۔ غسل خانہ۔ گرم آبہ۔

حمام کرنا : [ار - محاورہ] نہانا۔ غسل کرنا۔

حمام کی لنگی : [ار - امث] کنایۃً، وہ چیز جو ہر شخص کے استعمال میں آئے۔

حمام میں سب ننگے : [ار - مثل] ایک ہی قسم کی برائی میں سب کا مبتلا ہونا۔

حمامی / حماچی : [ار - امذ] نہلانے والا۔ غسل کرانے والا۔ (حجام)

حَمائل : [ع - امث] (١) تلوار۔ شمشیر۔ پرتلا۔ گلے میں ڈالنے یا پہلو میں لٹکانے کی چیز (٢) چھوٹا قرآن شریف جس کو گلے میں ڈال سکیں یا ڈالتے ہیں (٣) ایک زیور جو گلے میں عورتیں پہنتی ہیں (٤) گلے میں پڑا ہوا۔

حمائل کرنا : [ار - محاورہ] گلے یا پہلو میں لٹکانا۔

حِمایت : [ع - امث] (١) طرفداری۔ مدد (٢) حفاظت۔ نگہبانی۔ محافظت۔ بچاؤ (افعال : کرنا۔ ہونا۔ لینا)

حمایتی : [ع - صف] مددگار۔ طرفدار۔ معاون۔

حمایتی کا ٹٹو : [ار - امذ] دوسرے کے بل پر کودنے والا۔ کسی کی مدد پر کام کرنے والا۔

حمایتی کی گھوڑی عراقی کو لات مارتی ہے : [ار - مثل] جس کا کوئی مددگار ہو وہ ادنیٰ ہو کر بھی بڑوں کا سامنا کر بیٹھتا ہے۔

حَمد : [ع - امث] خدا کی تعریف۔ [افعال : کرنا۔ ہونا]۔

حَمْرا: [ع۔ صف امث] اَحمر کی تانیث۔ سرخ رنگ والی۔ سرخ۔
حُمْرَت: [ع۔ امث] سرخی۔ لالی۔
حُمق/حُمُق: [ع۔ امذ] بے وقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔ احمق پن۔ مورکھ تائی۔
حُمقا: [ع۔ امذ] دیکھئے "احمق" جس کی یہ جمع ہے۔
حَمل: [ع۔ امذ] (۱) بوجھ۔ وزن۔ بار۔ بھار (۲) عورت کے پیٹ میں بچہ ہونا (۳) وہ بچہ جو عورت کے پیٹ میں ہو۔
حمل اسقاط کرنا: [ار۔ محاورہ] مُضغہ یا جنین کا قبل از وقت رحم سے نکال دینا۔
حمل اسقاط/ساقط ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "حمل اسقاط کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
حَمَل: [ع۔ امذ] آسمان کا پہلا برج جس کی شکل مینڈھے کی ہے۔
حَمْلہ: [ع۔ امذ] (۱) وار۔ چوٹ۔ ضرب (۲) دھاوا۔ یورش۔ ہلّہ۔ تاخت۔ چڑھائی (افعال: کرنا۔ ہونا۔ کر دینا)
حملہ آور: [ع۔ ف۔ صف] حملہ کرنے والا۔
حُموضَت: [ع۔ امث] کھٹائی۔ کڑواہٹ۔
حُموضہ: [ع۔ امذ] تیزاب۔ ترشا۔
حَمُول: [ع۔ امذ] (۱) (طب) اندام نہانی میں رکھنے کی دوا۔
حُمّیٰ: [ع۔ امذ] بخار۔ تپ۔
حَمِیَّت: [ع۔ امث] (۱) شرم۔ غیرت۔ ننگ (۲) غصہ (۳) جوش (۴) نفرت۔ اکراہ۔
حَمِید: [ع۔ صف] (۱) بہت تعریف کیا ہوا۔ بہت لائق تعریف (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
حَمِیدَہ: [ع۔ امث] دیکھئے "حمید" جس کی یہ تانیث ہے۔
حَمِیر: [ع۔ ار۔ امذ] دیکھئے "حمار" جس کی یہ جمع ہے۔ گدھے۔
حُمَیرا: [ع۔ صف۔ مث] "حمرا" کی تصغیر۔ حضرت عائشہ صدیقہ کا لقب۔
حَمِیم: [ع۔ صف] (۱) گرم پانی (۲) گرمی کی بارش (۳) دوست۔ رشتہ دار (۴) وہ شخص جو بخار میں مبتلا ہو (۵) وہ گرم پانی جو دوزخیوں کو پلایا جائے گا۔

ح ۔ ن

حِنا: [ع۔ امث] ایک پودا جس کے پتے پیس کر اور بھگو کر ہاتھ پاؤں، سر اور ڈاڑھی وغیرہ پر لگاتے ہیں۔ مہندی۔
حنا بند: [ف۔ امذ] (۱) وہ کاغذ جس میں مہندی کی پڑیاں باندھتے ہیں (۲) صف۔ مہندی لگا ہوا۔ مہندی کا رنگ چڑھا ہوا
حنا بندی: [ف۔ امث] مسلمانوں میں ایک رسم جو ساچق سے پہلے ہوتی ہے اسے مہندی کہتے ہیں۔
حنا کا چور: [ف۔ امذ] وہ جگہ جہاں مہندی کا رنگ نہ چڑھے۔
حنابلہ: [ع۔ امذ] دیکھئے "حنبلی" جس کی یہ جمع ہے۔
حنانہ: [ع۔ امث] (۱) وہ کمان جس سے آواز نکلے (۲) وہ عورت جو پہلے

خاوند کی یاد میں غمگین رہے اور روتی رہے۔
حِنائی: [ف۔ صف] مہندی کے رنگ کا۔ مہندی لگا ہوا۔
حنائی کاغذ: [ف۔ امذ] ایک ہلکا زردی مائل رنگ کا کاغذ۔
حَنْبَلی: [ع۔ امذ] (۱) سنی مسلمانوں کا وہ گروہ جو امام حنبل کی فقہ کا پیرو ہے (۲) اس فرقے کا ایک فرد۔
حِنث: [ع۔ امذ] (۱) گناہ۔ جرم (۲) جھوٹی قسم کھانا (۳) رعایت۔ (۴) قسم توڑنا۔ عہد شکنی۔
حَنْجَرہ: [ع۔ امذ] گلا۔ حلق۔
حَنْظَل: [ع۔ امذ] اندرائن کا پھل۔ کوڑ تونبا۔
حُنَفا: [ع۔ امذ] حنیف کی جمع۔
حَنَفی: [ع۔ صف] (۱) صادق۔ سچا۔ مومن (۲) سنی مسلمانوں کی وہ جماعت یا گروہ جو امام اعظم ابوحنیفہ کی مقلد ہے (۳) اس جماعت کا فرد۔
حنفیت: [ع۔ امث] حنفی مسلک۔ امام ابوحنیفہ کی تقلید۔
حَنُوط: [ع۔ امذ] (۱) چند خوشبودار چیزوں کا مرکب جو مُردے کو بعد غسل ملتے ہیں (۲) ایسی دواؤں کا مرکب جو لاش پر لگانے سے لاش خراب نہیں ہوتی۔
حَنِیف: [ع۔ امذ] (۱) وہ جو حضرت ابراہیم کے مذہب پر ہو (۲) پکا مسلمان۔ سچا مسلمان۔ مومن۔ مذہبی عقائد کا مضبوط (۳) حضرت ابراہیم کا لقب۔

ح ۔ و

حَوّا: [ع۔ امث] آدم علیہ السلام کی بیوی کا نام۔ بنی آدم کی ماں۔
حَواجِب: [ع۔ امذ] دیکھئے "حاجب" جس کی یہ جمع ہے۔
حَوادِث: [ع۔ امذ] دیکھئے "حادثہ" جس کی یہ جمع ہے۔
حَوارِی: [ع۔ امذ] (۱) خاص (۲) برگزیدہ (۳) مددگار (۴) دھوبی (۵) حضرت عیسیٰ کا صحابی (۶) وہ جس کا بدن بہت سفید ہو۔
حَواس: [ع۔ امذ] (۱) دیکھئے "حاسہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) ہوش۔ عقل سمجھ (افعال: اڑنا۔ اڑ جانا۔ جاتے رہنا۔ پکڑنا۔ جانا)
حواس باختہ: [عف۔ صف] گھبرایا ہوا۔ ہکا بکا۔ بے اوسان۔ مخبوط الحواس۔
حواس پکڑو: [ار۔ محاورہ] ہوش میں آؤ۔ عقل سے کام لو۔
حواس خمسہ: [ع۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] محسوس کرنے کی پانچ قوتیں، باطنی اور پانچ ظاہری۔ جو دو حصوں یعنی ظاہری اور باطنی میں تقسیم ہیں (۱) باطنی: حِسِّ مشترک۔ خیال۔ وہم۔ حافظہ۔ متصرفہ (۲) ظاہری: باصرہ۔ سامعہ۔ شامّہ۔ ذائقہ۔ لامسہ۔
حواس میں آکر بات کرو: [ار۔ محاورہ] جب کوئی بے تکی بات کہتا ہے تو اس سے کہتے ہیں کہ عقل سے/ہوش سے بات کرو۔
حواسوں پر سے صدقہ دینا: [ار۔ محاورہ] ہوش درست کرنا۔ عقل بنوانا۔
حَواشی: [ع۔ امذ] دیکھئے "حاشیہ" جس کی یہ جمع ہے۔
حَواصِل: [ع۔ امذ] (۱) حوصلہ کی جمع (۲) ایک سفید آبی

پرندہ جو مچھلیاں کھاتا ہے اور بہت بسیار خور ہوتا ہے (۳) ماہی خور
حَوَالات : [ع ۔ امث] حوالت کی جمع (۲) نگرانی قید ۔ نظر بندی (۳) وہ مکان جس میں مجرم تا تحقیقات مقدمہ بند رکھے جاتے ہیں ۔
حَوَالاتی : [ع ۔ اند] وہ ملزم جو حوالات میں ہو ۔ قیدی ۔
حَوالدار : [ف ۔ اند] (۱) ایک فوجی عہدہ ار (۲) چند سپاہیوں کا سردار پولیس میں ہیڈ کنسٹیبل کہلاتا ہے ۔
حَوَالَہ : [ع ۔ اند] (۱) سپردگی ۔ تحویل (۲) پتہ ۔ نشان ۔ مثال (۳) نوازش (۴) (حیلہ کے ساتھ) مثال ۔ مثول (عربی "حوالے" سے)
حَوَالی : [ع ۔ اند] گرد و نواح ۔ آس پاس
حَوالیِ شہر : [ع ۔ ف ۔ اند] شہر کے ارد گرد کی زمین / کا علاقہ ۔
حَوالی مَوالی : [عف ۔ اند] دوست یار ۔ ساتھی ۔
حَوائج : [ع ۔ اند ۔ مث] دیکھئے "حاجت" جس کی یہ جمع ہے
حوائجِ ضروری / ضروریہ : [ع ۔ امث] ضروری حاجتیں بالخصوص پیشاب ۔ پاخانہ ۔
حُوت : [ع ۔ امث مذ] مچھلی ۔ بڑی مچھلی ۔ ویل مچھلی (۲) بارھواں برج ۔
حُور : [ع ۔ امث] (حوراء کی جمع مگر اردو میں بطور واحد مستعمل ہے (۲) گوری چٹی عورت جس کی آنکھوں کی پتلیاں اور بال سیاہ ہوں (۳) بہشت کی عورت (۴) (صف) بہت خوبصورت ۔ نہایت حسین (۵) کنایۃً معشوق ۔
حُورُالعِین / حُورِعِین : [ع ۔ امث] موٹی آنکھوں والی حور ۔
حُور کا بچہ : [ار ۔ صف] بہت خوبصورت ۔
حَوْرا : [ع ۔ امث] دیکھئے "حور"
حَوصَلَہ : [ع ۔ اند] (۱) پرند کا پوٹا (۲) جرأت ۔ دلیری ۔ ہمت ۔ آرزو ۔ ہوس ۔ ارمان (افعال ۔ بڑھانا ۔ بڑھنا ۔ پورا کرنا / ہونا)
حَوصَلَہ افزا : [عف ۔ صف] ہمت دلانے والا ۔ حوصلہ بڑھانے والا ۔
حَوصَلَہ افزائی : [عف ۔ امث] دیکھئے "حوصلہ افزا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
حَوصلہ تنگ ہونا : [ار ۔ محاورہ] پست ہمت ہونا ۔ کمینے خیالات کا ہونا ۔
حوصلے سے باہر : [ار ۔ صف] ہمت سے زیادہ ۔ ہمت سے بڑھ کر ۔
حَوصَلَہ مَنْد : [عف ۔ صف] صاحب ہمت ۔ عالی حوصلہ ۔ اولوالعزم ۔
حَوصَلَہ مَنْدی : [عف ۔ امث] دیکھئے "حوصلہ مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
حوصلہ نکالنا : [ار ۔ محاورہ] ارمان پورے کرنا ۔ ہوس پوری کرنا ۔ خوب خرچ کرنا ۔
حَوض : [ع ۔ اند] (۱) پانی جمع کرنے کی چھوٹی جگہ جو زمین میں پکی بنائی جاتی ہے (۲) متن ۔ حاشیے کے اندر کی جگہ (۳) میدان ۔
حَوض دَہ دَرْدَہ : [عف ۔ اند] وہ مربع حوض جو ہر طرف سے دس دس گز ہو ۔ اس کا پانی شرعاً پاک ہے ۔ اس سے وضو وغیرہ ہو سکتا ہے ۔
حوض بھرے فوّارہ چھوٹے : [ار ۔ مثل] آمدنی ہو تو خرچ ہو ۔
حَوضَہ : [ع ۔ اند] ہودج ۔ ہودہ ۔ ہاتھی کے اوپر رکھنے کی عماری ۔
حَوضَۂ مَتن : [عف ۔ اند] چوکھٹے یا حاشیے کے اندر کی جگہ جس میں اصل عبارت درج ہو ۔
حَویلدار : [ف ۔ اند] دیکھئے "حوالدار" جس کا یہ مخفف ہے ۔
حَوَنْق : [ار ۔ صف] عربی "ہَبَنْقَع" کا بگاڑ ۔ احمق ۔ بیوقوف ۔
حَویلی : [ف ۔ اند] بڑا مکان ۔ محل ۔ عالیشان مکان ۔

ح ۔ ی

حَیّ : [ع ۔ صف] زندہ (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔
حَیا : [ع ۔ امث] شرم ۔ غیرت ۔ حجاب ۔
حَیا آنکھوں سے دھو ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] بے شرم ہو جانا ۔ دیدہ دلیر ہو جانا ۔
حَیا دار : [عف ۔ صف] لحاظ والا (۲) غیرت مند
حیا والا اپنی حیا سے ڈرا ۔ بے حیا نے جانا مجھ سے ڈرا : [ار ۔ مثل] کمینے سے شرافت سے پیش آؤ تو سمجھتا ہے کہ مجھ سے ڈر گیا ہے ۔
حَیات : [ع ۔ امث] زندگی ۔ عمر ۔ زیست ۔
حَیاتِ اَبَدی : [ع ۔ امث] ہمیشہ کی زندگی ۔
حیاتِ جاوید : [عف ۔ امث] ہمیشہ کی زندگی ۔
حَیاتِ مُستعار : [ع ۔ امث] مانگی ہوئی زندگی ۔ عمر فانی ۔
حَیاتی : [عف ۔ صف] حیات سے منسوب (۲) (اق) حیات کا بگاڑ ۔
حَیاتِیات : [ع ۔ امث] (انگریزی BIOLOGY کا ترجمہ) جانوروں اور پودوں کا علم ۔
حَیاتِین : [عف ۔ امث] وہ کیمیاوی اجزا جو انسان اور جانوروں کی غذا میں ہوتے ہیں اور جن کی کمی خرابی صحت کا باعث بنتی ہے ۔ غذا کے حیات بخش جوہر انگریزی VITAMIN کا ترجمہ ۔
حَیثِیَّت : [ع ۔ امث] (۱) بساط ۔ قدرت ۔ مقدور (۲) آبرو ۔ عزت (۳) جائیداد ۔ ملکیت ۔ آمدنی ۔ دولت (۴) رتبہ ۔ درجہ / پایہ (۵) اسلوب ۔ وضع ۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔
حَیثِیَّت بگاڑنا : [ار ۔ محاورہ] بے عزت کرنا ۔
حَیثیت بگڑنا : [ار ۔ محاورہ] بے عزت ہونا ۔
حَیثِیَّت خراب کرنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "حیثیت بگاڑنا"
حَیثیت خراب ہو جانا / ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "حیثیت بگڑنا"
حیثیت رکھنا : [ار ۔ محاورہ] قابلیت ہونا ۔ ملکیت ہونا ۔ گنجائش رکھنا ۔ سمانا ۔
حیثیت سے بڑھ کر : [ار ۔ متعلق فعل] بساط سے زیادہ ۔ مقدور سے باہر ۔
حیثیت عُرفی : [ع ۔ امث] بنی ہوئی عزت ۔ ناموری ۔ شہرت عام
حیثیت ہونا : [ار ۔ محاورہ] لیاقت ہونا ۔ بساط ہونا وغیرہ ۔
حَیدَر : [ع ۔ اند] (۱) شیر درندہ (۲) حضرت علیؓ کا لقب ۔
حَیدَرِ کرّار : [ع ۔ اند] حملہ کرنے والا حیدر (۲) حضرت علیؓ کا لقب ۔
حَیدَری : [ع ۔ امث] (۱) "حیدر" سے منسوب (۲) ایک فرقہ شیعوں کا ۔ اس فرقہ کا ایک فرد ۔

حَیرَان : [ع - صف] گھبرایا ہوا - سٹ پٹایا ہوا - ہکا بکا - دنگ - سرگشتہ پریشان - خراب - بھٹکنے والا -

حَیرَانی : [ع - امث] (۱) گھبراہٹ - پریشانی (۲) تحیر - حیرت -

حَیرَت : [ع - امث] گھبراہٹ - پریشانی -

حَیرَت آفرِیں : [ع - ف صف] حیرت پیدا کرنے والا - حیران کن -

حَیرَت افزا : [عف - صف] حیرت بڑھانے والا -

حَیرَت افزائی : [ع - امث] دیکھئے "حیرت افزا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

حَیرَت زَدگی : [ع - امث] دیکھئے "حیرت زدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

حَیرَت زَدَہ : [عف - صف] حیران - بھونچکا -

حَیرِی : [ع - صف] حیران - ہکا - بکا

حِیز : [ع - اند] ہیز کا بگاڑ ہے (۱) ہیجڑا - مخنث -

حَیِّز : [ع - اند] کنارہ - مکان - حد - ہر چیز کا اصلی مرکز -

حَیص بَیص : [ع - امث] (۱) بحث - تکرار (۲) تذبذب - تردد - (افعال : کرنا - ہونا)

حَیض : [ع - اند] عورتوں کا ماہواری خون -

حَیض کا لَتّا : [ار - اند] (۱) وہ کپڑا جس سے عورتیں خون حیض صاف کرکے پھینک دیتی ہیں (۲) حقیر اور ذلیل آدمی جس کو کوئی شخص اپنی صحبت میں جگہ نہ دے -

حَیضی بَچّہ : [ار - صف] حرامی بچہ - ولد الحرام - شرارتی -

حِیطَہ : [ع - اند] چار دیواری - احاطہ

حَیف : [ع - اند] افسوس - دریغ -

حَیف کھانا : [ار - محاورہ] افسوس کرنا -

حَیفی : [ار - اند - ق] دیکھئے "حیف" جس کی یہ قدیم صورت ہے -

حَیفی کھانا : [ار - محاورہ - ق] تاسف کرنا - پشیمان ہونا -

حِیَل : [ع - اند] دیکھئے "حیلہ" جس کی یہ جمع ہے -

حِیلَہ : [ع - اند] (۱) بہانہ - مکر - فریب - دھوکا (۲) نوکری - روزگار - کام - کسی مشکل سے نکلنے کی تدبیر

حِیلَہ باز / ساز / گر : [عف - صف] بہانے کرنے والا - مکار - فریبی - دغا باز -

حِیلَہ بازی / سازی / گری : [عف - امث] دیکھئے "حیلہ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

حِیلَہ حوالا : [عف - اند] ٹال مٹول (افعال : کرنا)

حِیلے سے لگانا : [ار - محاورہ] نوکری پر لگانا - نوکر کرانا -

حِیلَہ کرنا : [ار - محاورہ] (۱) بہانہ بنانا (۲) نوکر کرنا (۳) کوشش کرنا -

حِیلَہ ہونا : [ار - محاورہ] (۱) بہانہ ہونا (۲) نوکر ہونا / ہو جانا (۳) کوشش ہونا -

حیلے رزق بہانے موت : [ار - مثل] موت اور رزق کے لیے تھوڑا سا بہانہ درکار ہے - جب معمولی سی بات پر موت واقع ہو جائے تو کہتے ہیں یا تھوڑی سی محنت سے روزگار مل جائے -

حِین : [ع - اند] وقت - زمانہ - عرصہ -

حِینِ حَیات : [ع - امث] تمام زندگی - زندگی بھر - تمام عمر، زندگی میں -

حَیوَان : [ع - اند] (۱) جانور - ذی روح - مویشی - چوپایہ (۲) وحشی - بے وقوف -

حَیوَانِ مُطلَق : [ع - اند] (۱) جانور - چوپایہ (۲) بے سلیقہ - بے تمیز -

حَیوَانِ نَاطِق : [ع - اند] (۱) بولنے والا جانور (۲) انسان -

حَیوَانی : [ع - صف] حیوان سے منسوب (۱) نفسانی - شہوانی - بہیمی - حیوان سے حاصل ہونے والی چیز مثلاً گوشت پوست - اون ہڈی - دودھ - دہی - گھی وغیرہ -

حَیوَانیات : [ع - اند] جانداروں کا علم

حَیوَانِیَت : [ع - امث] (۱) حیوان کی خاصیت - وحشت (۲) بے شرمی بے حیائی (۳) نادانی یا جہالت -

خ

خ : [ع ۔ امث] عربی اور فارسی میں خا اور اردو میں اس کو "خے" کہتے ہیں۔ حروف متشابہ میں التباس سے بچنے کے لیے اسے خائے معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں۔

(۱) اردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ دسواں اور فارسی میں نواں حرف ہے۔ عربی حروف ہجا کی ترتیب ابتث میں ساتواں اور ترتیب ابجد میں چوبیسواں حرف ہے۔

(۲) یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت کے ساتھ مل کر آواز دیتا ہے۔

(۳) اس کی آواز حلق سے نکلتی ہے اس لئے اسے حلقی حرف کہتے ہیں۔

(۴) عربی تقسیم کے مطابق یہ قمری حرف ہے یعنی اس سے پہلے اگر ال آئے تو لام اپنی آواز دے گا۔ مثلاً الخالق میں۔

(۵) حساب جمل میں اس کے چھ سو عدد مقرر ہیں۔

(۶) علم نجوم میں یہ ستارہ مریخ کی علامت ہے۔

(۷) فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے!

ا۔ ح کا بدل مثلاً خسک اور حسک میں

ب۔ غ کا بدل مثلاً کیخ اور کیغ میں

ج۔ ق کا بدل مثلاً جرغ اور جرق میں

د۔ ک کا بدل مثلاً شماخ اور شماک میں

ہ۔ گ کا بدل مثلاً خراش اور گراش میں

و۔ م کا بدل مثلاً برخ اور برم میں

ز۔ ہ کا بدل مثلاً خجیر اور ہجیر میں

خ ۔ ا

خا : [ف ۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر خائیدن کا صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد بطور لاحقہ آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چبانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً شکرخا۔

خاتَم : [ع ۔ صف] ختم کرنے والا۔ اخیر یا انجام کو پہنچانے والا۔

خاتَم : [ع ۔ امث] مہر۔ انگوٹھی۔ چھاپ

خاتَمُ الاَنبیا / خاتَمُ النَّبیّین : [ع ۔ امذ] پیغمبر اسلام محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب کیونکہ آپ پر نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا، گویا آپ سلسلہ نبوت کے اتمام و اختتام پر بمنزلہ مہر ہیں۔

خاتَم بَند : [عف ۔ صف] (۱) مہر کن (۲) خاتم بندی کرنے والا

خاتَم بندی : [عف ۔ امث] لکڑی، ہاتھی دانت یا ہڈی پر گلکاری

خاتَم کار : [عف ۔ صف] دیکھیے "خاتم بند"

خاتَم کاری : [عف ۔ امث] دیکھیے "خاتم بندی"

خاتَمِ سُلَیمان : [ع ۔ امث بترکیب فارسی] حضرت سلیمان علیہ السلام کی وہ انگوٹھی جس پر اسم اعظم کندہ تھا اور اس کے سبب تمام مخلوقات آپ کی مطیع تھی۔ (اسرائیلی روایت)

خاتِمَہ : [عف ۔ امذ] انجام۔ عاقبت۔ اخیر۔ نتیجہ (۲) موت۔ رحلت۔ انتقال۔ (۳) وہ عبارت جو اختتام پر لکھی جائے۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

خاتِمَہ بالخَیر : [ع امذ] نیک انجام (۲) اخیر وقت ایمان کی سلامتی اور دینداری میں گزر جانا۔ ایمان کے ساتھ موت [افعال: کرنا، ہونا]۔

خاتُون : [ت امث] بیوی۔ بیگم۔ ملکہ۔ امیر گھر کی عورت۔ امیر زادی

خاتُونِ جَنَّت : [فع امث] جنت کی شہزادی۔ ملکہ۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی اور حضرت علیؓ کی بیوی تھیں۔

خاتُونِ جَہاں : [ف امث] سورج

خاتُونِ خُم : [ف امث] خالص شراب (۲) شراب کا خم

خاتُونِ عَرَب : [فع امث] (۱) دیکھیے "خاتون جنت" (۲) کعبہ

خاتُونِ فَلَک : [فع امث] سورج۔ چاند۔ زہرہ

خاتُونِ مَحَل : [فع امث] گھر کی مالک۔ منکوحہ بیوی۔

خاتُونِ یَغما : [فع امث] سورج

خاد : [ف امذ] چیل۔ باز۔ عقاب

خادِع : [ع صف] مکار۔ فریبی۔ دغاباز

خادِم : [ع صف امذ] خدمت کرنے والا۔ خدمت گار۔ نوکر۔ ملازم (۲) کسی درگاہ کی خدمت کرنے والا۔ مجاور (۳) انکسار کے طور پر اپنے لیے بھی کہتے ہیں

خادِمِ دَرگاہ : [فع امذ] مجاور۔ ملازم آستانہ

خار : [ف امذ] کانٹا۔ پھانس (۲) مرغ کے پاؤں کا کانٹا (۳) حسد۔ جلن۔ کھٹک (۴) ڈاڑھی۔ ڈاڑھی کے بال (۵) ناگوار

خار آنکھوں کا : [ار امذ] وہ چیز جو آنکھوں کو بُری معلوم دے۔

خارِ آہنی : [ف امذ] لوہے کی میخ

خار بَست / اَبَند : [ف امذ] کانٹوں کی باڑھ

خار پُشت : [ف امذ] جنگلی چوہا۔ ایک قسم کا کانٹوں والا چوہا (۲) ایک پھل کنڈل (۳) پیٹھ کھجانے کا آلہ۔ پشت خار

خار خار : [ف صف] بہت۔ بکثرت (۲) حسد۔ رنج یا رشک کی صفت کے طور پر مستعمل ہے۔

خارِ خَسَک : [ف امذ] گوکھرو

خار دار : [ف صف] کانٹے والا (۲) ڈاڑھی والا۔ وہ لڑکا جس کی ڈاڑھی نکل آئی ہو۔

خار دینا : [ار محاورہ] رنج دینا۔ ایذا دینا۔ تکلیف دینا

خار زار / خارِستان : [ف امذ] کانٹوں کا جنگل۔ جہاں کثرت سے کانٹے ہوں۔

خار کَش : [ف ۔ امذ] لکڑ ہارا

خار کھانا : [ا ر محاورہ] حسد کرنا۔ رشک کرنا۔ دشمنی کرنا
خار گزرنا / لگنا / معلوم ہونا : [ا ر محاورہ] برا لگنا۔ ناگوار ہونا۔ کھٹکنا
خار مغیلاں : [ف امذ] کیکر کا کانٹا۔ ببول کا کانٹا۔
خار نکالنا : [ا ر محاورہ] عداوت پوری کرنا۔ انتقام لینا
خار نکلنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "خار نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
خار و خس / خاشاک : [ف امذ] گھاس پھوس۔ کوڑا کرکٹ
خار ہونا : [ا ر محاورہ] ناگوار گزرنا۔ برا معلوم ہونا۔ حسد ہونا۔ جلن ہونا
خارا : [ف امذ] سخت پتھر۔ نیلا پتھر
خارا شگاف : [ف صف] پتھر میں شگاف ڈالنے والا
خارا شگافی : [ف امث] دیکھئے "خارا شگاف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خارائی : [ف امث] سختی
خارج : [ع صف] نکلا ہوا۔ باہر۔ بیرون۔ الگ۔ علیحدہ
خارج آہنگ : [ف صف] بے سُرا
خارج از بحث : [ف۔ امذ] جس کا بحث سے کوئی تعلق نہ ہو۔ ناقابل سماعت فضول بات۔
خارج از عقل : [ع ف صف] عقل کے خلاف۔ احمق۔ بیوقوف
خارج قسمت : [ع امذ] ایک عدد کو دوسرے عدد پر تقسیم کرنے سے جو کچھ حاصل ہوتا ہے۔ مثلاً آٹھ کو دو پر تقسیم کرنے سے چار حاصل ہوگا اور یہ خارج قسمت ہے۔
خارج کرنا : [ا ر مص مرکب] نکالنا۔ باہر کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) مقدمہ کو ناقابل سماعت قرار دینا۔ نامنظور کرنا
خارج ہونا : [ا ر مص مرکب] دیکھئے "خارج کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
خارجاً : [ع متعلق فعل] بالا بالا۔ ظاہراً۔ باہر سے۔
خارجہ : [ع امذ] (۱) داخلہ کی ضد (۲) خارج کیا ہوا۔ باہر نکالا ہوا۔ باہر کا۔ (۳) صفحہ کا آخری لفظ جو اگلے صفحہ پر سے جایا جاتا ہے (۴) وہ ستارہ جو نشانی کے طور پر حاشیہ پر بنایا جاتا ہے (۵) خارجی کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے
خارجیہ : [ع۔ امث] خارجی کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے۔
خارجی : [ع صف] (۱) بیرونی۔ باہر کا۔ ظاہر کا۔ باہر سے متعلق (۲) وہ لوگ جو جنگ صفین کے بعد حضرت علیؓ سے الگ ہو گئے۔
خارجیت : [ع۔ امث] (۱) ظاہرداری۔ ظاہریت۔ ظاہر پرستی (۲) مادی و ظاہری امور پر زور دینے کا مسلک
خارش / خارشت : [ف امث] (۱) کھجلی۔ کھاج (۲) ایک جلدی مرض یا ایک سوداوی مرض جس سے تمام جسم پھول جاتا ہے اور کھجلی ہوتی ہے۔
خارشی / خارشتی : [ف صف] کھجلی والا۔ جس کو خارش ہو گئی ہو۔
خارشی کتیا مخمل کی جھول : [ا ر مثل] جب کوئی بدشکل عمدہ لباس پہنے تو کہتے ہیں۔
خارق : [ع صف] پھاڑنے والا۔ توڑنے والا
خارق عادت / عادات : [ع امذ] خرق الفطرت۔ معجزہ۔ کرامت خلاف عقل۔
خازن : [ع صف] (۱) جمع کرنے والا (۲) نگہبان۔ خزانچی۔

خاستائی : [ا ر امذ] کبوتر کا ایک رنگ
خاستائی کنٹھ : [ا ر امذ] وہ سفیدی کا حلقہ جو خاستائی کبوتر کی گردن کے نیچے اور سینہ کے اوپر ہوتا ہے۔
خاسر : [ع صف] نقصان اٹھانے والا۔ گھاٹا کھانے والا
خاشاک : [ف امذ] کوڑا کرکٹ
خاشع : [ع صف] عاجزی کرنے والا
خاشی : [ع صف] ڈرپوک۔ بزدل۔ خائف
خاص : [ع صف] (۱) عام کی ضد۔ مخصوص۔ نج کا۔ ذاتی (۲) صرف۔ فقط (۳) عمدہ منتخب (۴) ٹھیک ٹھیک (۵) مرغوب۔ پیارا (۶) شریف آدمی۔ اعلیٰ طبقہ کا آدمی (۷) وہ مقام جو کسی محکمہ کا صدر مقام ہو۔
خاص بازار : [ع ف امذ] شاہی بازار۔ وہ بازار جو امیروں اور بادشاہوں کے مکان کے قریب ہو۔
خاص بردار : [ع ف امذ] (۱) وہ سپاہی جو بادشاہ یا امیروں کی سواری کے آگے آگے بندوق لے کر چلتے تھے۔ بندوقچی (۲) وہ شخص جس کے پاس شاہی یا رئیسوں کا پاندان رہے۔
خاص تراش : [ع ف امذ] بادشاہوں یا امیروں کا نائی / حجام
خاص خاص : [ع صف] چیدہ چیدہ۔ عمدہ۔ نادر
خاص دان : [ع ف امذ] گلوریاں رکھنے کا ظرف
خاص زمین : [ع ف امث] وہ زمین جس کا لگان براہ راست کاشتکار سے وصول کیا جاتا ہے۔ وہ زمین جو بادشاہ یا حکومت کی ملکیت ہوتی ہے۔
خاص کر : [ا ر متعلق فعل] خصوصاً۔ بالخصوص۔ خاص طور پر
خاص کرنا : [ا ر مص مرکب] مخصوص کرنا۔ الگ کرنا۔ ممتاز کرنا۔
خاص محال : [ع ف امذ] وہ جائداد جس کا انتظام حکومت خود کرے۔
خاص محل : [ع ف امذ] زنان خانہ۔ بادشاہ کی پہلی بیوی
خاص نویس : [ع ف امذ] ذاتی منشی۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔
خاص و عام : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] چھوٹے بڑے۔ امیر و غریب۔ ادنیٰ اعلیٰ۔ تمام۔ سب
خاصا : [ا ر صف] (۱) اچھا۔ خوب۔ موزوں۔ خوشنما۔ متوسط طبقہ کا (۲) ایک قسم کا سوتی کپڑا جو لٹھے سے پتلا اور ململ سے موٹا ہوتا ہے (۳) امیروں کا کھانا (۴) بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا (۵) درمیانہ۔ نہ اچھا نہ برا۔ ٹھیک ٹھیک کی راس
خاصا چننا : [ا ر محاورہ] دسترخوان پر کھانا لگانا۔ دسترخوان پر قسم قسم کے کھانے رکھنا۔
خاصا رہا : [ا ر محاورہ] اچھا نکلا۔ خوب ہوا۔ طنزاً برا ہوا۔
خاص الخاص : [ع صف] نہایت منتخب۔ بہت منظور نظر۔ اعلیٰ درجہ کا
خاصگی : [ع ف امذ مث] (۱) بادشاہ اور امرا کا مصاحب (۲) رسالدار (۳) خواص عمدہ چیز۔ مالک کی مدخولہ لونڈی
خاصہ : [ع امذ] (۱) عادت۔ طور۔ خصلت (۲) صفت۔ وصف (۳) نج کا۔ ذاتی (۴) اعلیٰ۔ نفیس۔ موزوں (۵) بھلا۔ خوب (۶) خصوصیت۔ خاص وصف جو کسی میں پایا جائے (۷) دیکھئے "خاصا" (۸) امرا کا کھانا

خاصتہً : [ع متعلق فعل] خصوصیت سے ۔ خصوصاً ۔ اصلاً
خاصی : [ا ر صف] (۱) اچھی (۲) بُری نہ بھلی ۔ متوسط درجہ کی ۔ بیچ کی راس (۳) زنانی (۴) امیروں کی بندوق
خاصے : [ا ر صف] دیکھئے "خاصا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے ۔
خاصے رہے : [ا ر محاورہ] دیکھئے "خاصا رہا"
خاصیت : [ع امث] (۱) طبیعت ۔ عادت ۔ خصلت (۲) وصف ۔ صفت
خاضع : [ع صف] عاجزی کرنے والا ۔ منکسر المزاج
خاطر : [ع امث] (۱) دل کی بات ۔ واردات قلب (۲) دل ۔ جگر (۳) دھیان توجہ (۴) ارادہ ۔ مرضی (۵) پاس ۔ لحاظ (۶) تواضع ۔ آؤ بھگت (۷) طبیعت مزاج (۸) طرفداری ۔ پاسداری (۹) لیے ۔ واسطے
خاطر تلے آنا : [ا ر محاورہ] باوقعت ہونا ۔ پسندیدہ ہونا
خاطر توڑنا : [ا ر محاورہ] دل شکنی کرنا ۔
خاطر جمع : [ع امث بہ ترکیب فارسی] دل جمعی ۔ اطمینان ۔ تسکین ۔ تسلی [افعال : رکھنا ۔ ہونا]
خاطر خواہ : [ف صف] مرغوب ۔ دل پسند ۔ خواہش کے مطابق
خاطر داری : [عف امث] تواضع ۔ مدارات ۔ مہمان نوازی ۔ آؤ بھگت
خاطر داشت : [عف امث] (۱) خلق ۔ اخلاق (۲) اخلاص ۔ مروت (۳) یادداشت
خاطر داشتی : [عف امث ق] خاطر ۔ مدارات (خاطر داشت کا بگاڑ)
خاطر رکھنا : [ا ر محاورہ] لحاظ رکھنا ۔ پاس رکھنا
خاطر سے : [ا ر متعلق فعل] لحاظ سے ۔ پاس سے
خاطر عاطر : [عف امث] پاکیزہ طبیعت
خاطر کرنا : [ا ر محاورہ] (۱) آؤ بھگت کرنا ۔ مہمان نوازی کرنا (۲) دل جوئی کرنا
خاطر مدارات : [عف امث] آؤ بھگت ۔ مہمان نوازی
خاطر میں آنا : [ا ر محاورہ] خیال میں آنا ۔ عزت ہونا ۔
خاطر میں رکھنا : [ا ر محاورہ] دھیان رکھنا ۔ خیال رکھنا
خاطر میں گزرنا : [ا ر محاورہ] دل میں خیال آنا ۔ خیال گزرنا
خاطر میں نہ لانا : [ا ر محاورہ] خیال نہ کرنا ۔ پرواہ نہ کرنا
خاطر نشان ہونا : [ا ر محاورہ] (۱) بات کا دل میں بیٹھ جانا (۲) اطمینان ۔ تسلی ہونا ۔
خاطر نشین : [عف صف] دل نشین ۔ دل میں جا گزیں ہونے والی چیز ۔ دل میں بیٹھ جانے والی ۔
خاطر ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "خاطر کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
خاطراً : [ع صف] دل سے ۔ کسی کا لحاظ رکھتے ہوئے پاس کرتے ہوئے ۔
خاطف : [ع صف] (۱) اچک لے جانے والا ۔ چھین لینے والا (۲) تڑپنے والی (بجلی کی صفت)
خاطی : [ع صف] گناہگار ۔ خطاکار ۔ پاپی ۔ مجرم
خافی : [ع صف] پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔ مخفیہ
خاقان : [ت امذ] سلطان ۔ بڑا بادشاہ ۔ چین اور ترکستان کے سابقہ بادشاہوں کا لقب ۔
خاک : [ف امث] (۱) مٹی ۔ دھول ۔ گرد (۲) زمین ۔ دھرتی (۳) کچھ ۔ ذرا (۴) کچھ نہیں ۔ بالکل نہیں (۵) راکھ ۔ بھبھوت (۶) ہیچ ۔ بے وقعت (۷) کیڑ نکرکس طرح (۸) خمیر سرشت

خاک آلودگی : [ف امث] دیکھئے "خاک آلودہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
خاک آلودہ : [ف صف] مٹی سے بھرا ہوا ۔ مٹی سے چھپا ہوا ۔
خاک اڑاتے پھرنا : [ا ر محاورہ] آوارہ پھرنا ۔ واہی تباہی پھرنا
خاک اڑانا : [ا ر محاورہ] (۱) گرد اڑانا (۲) بدنام کرنا (۳) آوارہ پھرنا (۴) میت کا سوگ کرنے کے لیے سر پر دھول ڈالنا (۵) تلاش ۔ جستجو میں مشقت کرنا (۵) کسی کو تباہ و برباد کرنا (۶) کچھ نہ کرنا
خاک اڑنا : [ا ر محاورہ] (۱) دھول اڑنا ۔ گرد اڑنا (۲) رسوا ہونا ۔ بدنام ہونا (۳) تباہ ہونا ۔ برباد ہونا (۴) کچھ نہ رہنا (۵) کسی جگہ کا ویران ہونا ۔
خاک از تودۂ کلاں بردار : [ف مثل] کاربراری اچھی جگہ سے کرنی چاہیئے ۔
خاک انداز : [ف امذ] (۱) وہ برتن جس سے چولہے کی راکھ نکالتے ہیں (۲) قلعے کا سوراخ جس سے کوڑا کرکٹ پھینکتے یا دشمن پر تیر برساتے ہیں ۔ (۳) پھاوڑا ۔ بیلچہ (۴) خیمہ کا حاشیہ (۵) جادوگر ۔
خاک باز : [ف صف] کھلنڈرا ۔ مٹی اڑانے والا ۔ مٹی سے کھیلنے والا
خاک بازی : [ف امث] دیکھئے "خاک باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
خاک بدہن : [ف متعلق فعل] کوئی بُری بات کہنے سے پہلے کہتے ہیں ۔
خاک برسنا : [ا ر محاورہ] دھول اُڑنا ۔ ویرانی ہونا ۔ بے رونقی ہونا ۔
خاک بسر / برسر : [ف صف] محتاج ۔ آوارہ ۔ پریشان ۔ خستہ حال ۔ دربدر
خاک بھر جانا : [ا ر محاورہ] بند مکان میں اڑتی ہوئی مٹی جمع ہو جانا ۔
خاک بھس : [ا ر امث] (عو) ہیچ ۔ کچھ نہیں ۔
خاک بیز : [ف صف] (۱) خاکروب ۔ بھنگی (۲) مطلب حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرنے والا (۳) ہوشیار ۔ ذہین (۴) چھاننے کی بڑی چھلنی
خاک بیزی : [ف امث] (۱) دیکھئے "خاک بیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) سفر (۳) اجنبی کی حالت
خاکِ پا : [ف صف] پاؤں کی مٹی ۔ کنایۃً عاجز ۔ مسکین [افعال : ہونا ۔]
خاک پاؤں سے نہ لگنے دینا : [ا ر محاورہ] بہت تیز جانا ۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا ۔ ناز کرنا ۔
خاک پتھر : [ا ر امث] دیکھئے "خاک بھس"
خاک پر لوٹنا : [ا ر محاورہ] زمین پر لوٹنا ۔ مضطرب ہونا
خاک پڑنا : [ا ر محاورہ] کسی معاملہ کا دب جانا ۔
خاک پھانکنا : [ا ر محاورہ] (۱) آوارہ پھرنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) بہتان لینا
خاک تودہ : [ف امذ] (۱) وہ مٹی کا ڈھیر جو تیر اندازی کی مشق کے لیے بناتے ہیں (۲) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں لڑکے کوئی چیز مٹی میں چھپا کر اس کا ڈھیر بنا کر اس ڈھیر کو بانٹتے ہیں ۔ وہ چیز جس کے حصہ میں نکل آئے ۔ وہ اس کا مالک ہو جاتا ہے
خاک تودہ بنا دینا : [ا ر محاورہ] مورد الزام بنانا ۔ ہدف ملامت بنانا
خاک جھڑ جانا : [ا ر محاورہ] مار پیٹ کا اثر نہ ہونا
خاک جھونکنا : [ا ر محاورہ] خاک ڈالنا ۔ دھوکا دینا
خاک چاٹ کر بات کہنا : [ا ر محاورہ] عجز و انکسار ظاہر کرکے کچھ کہنا ۔ عجز ظاہر کرکے کوئی دعویٰ کرنا ۔
خاک چاٹنا : [ا ر محاورہ] عجز و انکسار کا اظہار کرنا

خاک چھاننا : [ا رمحاورہ] (۱) بہت تلاش کرنا (۲) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں پھرنا تباہ ہونا۔ برباد ہونا

خاک چھنوانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خاک چھاننا" جس کا یہ متعدی ہے۔

خاک دان : [ف امث] مٹی اور کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ (۲) مجازاً دنیا

خاک دھول : [ا رامث] دیکھئے "خاک بھس"

خاک ڈالنا : [ا رمحاورہ] رفع دفع کرنا (۲) عیب پوشی کرنا (۳) لعنت بھیجنا ترک کرنا۔ چھوڑنا

خاک روب : [ف امذ] جھاڑو دینے والا بھنگی۔ حلال خور

خاک زاد : [ف امذ] خاک سے بنا ہوا۔ مجازاً انسان

خاک سار : [ف صف] خاک کی مانند (۲) عاجز حقیر (۳) پاک و ہندوستان کی ایک سیاسی تحریک جس کے بانی عنایت اللہ خاں مشرقی مرحوم تھے۔

خاکساری : [ف امث] عاجزی۔ عجز۔ تواضع۔

خاک سر پر اڑانا / ڈالنا : [ا رمحاورہ] ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا

خاک سے پاک کر دینا : [ا رمحاورہ] ادنیٰ مرتبہ سے اعلیٰ مرتبہ پر پہنچانا

خاک سیاہ کرنا : [ا رمحاورہ] (۱) جلا کر راکھ بنا دینا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا

خاک سیاہ ہو جانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خاک سیاہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

خاک شفا : [ف امث] شفا اور تندرستی کرنے والی مٹی۔ کربلا کی مٹی یا مکہ معظمہ، مدینہ کی مٹی

خاک شو پیش از آنکہ خاک شوی : [ف مقولہ] مرنے سے پہلے نفس کو زیر کرنا اور عاجزی کی عادت ڈالنی چاہیئے۔

خاک کا پتلا : [ا رامذ] آدمی۔ انسان

خاک کا پیوند ہونا : [ا رمحاورہ] زمین میں دفن ہونا۔ خاک میں ملنا۔ مر جانا۔

خاک کا لے جانا : [ا رمحاورہ] جہاں کی مٹی ہوتی ہے، وہیں دفن ہوتا ہے جس کو خاک کا لے جانا کہتے ہیں۔

خاک کرنا / کر دینا : [ا رمحاورہ] جلا کر راکھ کر دینا۔ برباد کرنا۔ اجاڑ دینا۔

خاک کے برابر کر دینا : [ا رمحاورہ] تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا

خاک کے گھر کو لاکھ بنانا : [ا رمحاورہ] غریب کو امیر بنانا۔

خاک کے مول : [ا رصف] بہت سستا۔ بہت ارزاں

خاک لگنا : [ا رمحاورہ] مٹی کا کسی چیز سے چمٹ جانا

خاک لے ڈالنا : [ا رمحاورہ] بار بار جانا۔ مطلب کے لیے کسی کے پاس بار بار جانا۔

خاک ملا : [ا رصف] (ع) خانہ خراب۔ تباہ حال۔ ذلیل خوار

خاک میں خاک ملانا : [ا رمحاورہ] نام و نشان مٹا دینا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا

خاک میں خاک ملنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خاک میں خاک ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

خاک میں سلانا : [ا رمحاورہ] قتل کر کے زمین میں دفن کرنا۔ پامال کرنا۔

خاک میں ملانا : [ا رمحاورہ] برباد کرنا۔ رائیگاں کرنا۔ اجاڑنا۔ پامال کرنا۔ خراب کرنا

خاک میں مل جائے : [ا رکوسنا] (ع) مر جائے۔ دفن ہو جائے۔ تباہ ہو جائے

خاک میں ملنا : [ا رمحاورہ] ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ مٹ جانا (۲) مرنے کے بعد زمین میں دفن ہونا۔ (۳) برباد ہونا۔ پریشان ہونا۔

خاک نائے : [ا رامث] خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو خشکی کے دو بڑے قطعات کو ملائے۔

خاک نہ دھول بکائن کے پھول : [ا رمثل] کام کے نہ کاج کے۔ نکمے مفت کا سیکھی طور۔

خاک نشین : [ف صف] منکسر۔ خاکسار۔ خلیق۔ متواضع۔ زمین پر بیٹھنے والا۔

خاک نشینی : [ف امث] دیکھئے "خاک نشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خاک نہاد : [ف صف] منکسر مزاج

خاک نہیں : [ا رمتعلق فعل] کچھ نہیں۔

خاک و خون میں ملانا : [ا رمحاورہ] برباد کرنا۔ مٹانا۔ فنا کرنا

خاک و خون میں ملنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خاک و خون میں ملانا" جس کا یہ لازم ہے

خاک ہاتھ نہ آنا : [ا رمحاورہ] کچھ نہ ملنا۔ کچھ ہاتھ نہ آنا

خاک ہونا / ہو جانا : [ا رمحاورہ] بوسیدہ ہو جانا۔ گل کر مٹی ہونا۔ تباہ ہونا برباد ہونا۔

خاک ہے : [ا رمتعلق فعل] کچھ نہیں۔ بالکل نہیں

خاکستر : [ف امث] راکھ۔ بھبھوت۔ جلی چیز کی راکھ

خاکستر نشینی : [ف۔ امث] دیکھئے "خاک نشینی"

خاکستری : [ف صف] مٹی کے رنگ کا۔ مٹیالا

خاکسی : [ف امذ مث] ایک باریک قسم کے بیج جو دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔ خوب کلاں

خاکہ : [ف امذ] (۱) وہ نقشہ جو صرف حدود کی لکیریں کھینچ کر بنایا جائے، کسی چیز کا ابتدائی نقشہ (۲) مرقع۔ وہ مضمون جس میں کسی شخص کے جستہ جستہ حالات لکھے جائیں۔ (۳) ڈھانچا۔ چربہ (۴) وہ مسودہ یا منصوبہ جو ذہن میں بنایا جائے۔

خاکہ اتارنا : [ا رمحاورہ] (۱) نقشہ کھینچنا۔ کچا نقشہ بنانا (۲) مسودہ کرنا۔ حدود وغیرہ کے خطوط کا نشان ڈالنا (۳) نقل اتارنا (۴) کسی کی مدح یا ذم پیدا کرنا۔

خاکہ اترنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خاکہ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

خاکہ اڑانا : [ا رمحاورہ] (۱) نقل اتارنا۔ نقشہ کھینچنا (۲) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا مضحکہ اڑانا (۳) کسی کا ڈھنگ اختیار کرنا۔

خاکہ اڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خاکہ اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

خاکہ بنانا / کھینچنا : [ا رمحاورہ] مسودہ تیار کرنا۔ کچا نقشہ بنانا۔ نقشہ ڈالنا۔ نقل اتارنا۔ کسی کی تصویر لفظوں میں بیان کرنا۔

خاکہ نگار : [ف صف] خاکہ لکھنے والا۔ مرقع نگار

خاکہ نگاری : [ف۔ امث] دیکھئے "خاکہ نگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خاکی : [ف صف] (۱) خاک کا۔ خاک کی پیدائش۔ خاک کے رنگ کا مٹیالا (۲) ایک قسم کا چھوٹے پیکان کا تیر (۳) اس پنجابی فوج کا سپاہی جس کو ۱۸۵۷ء میں خاکی وردی ملی تھی۔ (۴) فقیروں کا ایک گروہ جو خاکی شاہ کا مرید ہے۔

خاکی انڈا : [ا ر۔ امذ] (۱) وہ انڈا جو جفتی کے بغیر مرغی خاک میں لوٹ کر دے (۲) بن باپ کا۔ حرامی

خاکی انڈوں میں بچے نہیں ہوتے : [ا رمثل] کہنے سے فائدہ نہیں ہوتا۔

خاکی نہاد : [ف صف] بہت خلیق۔ نرم دل

خاگ : [ف امذ] انڈا۔ بیضہ

خاگینہ: [ف۔ امذ] تلے ہوئے انڈے۔ انڈوں کا سالن۔ تلے ہوئے انڈے اور کتری ہوئی پیاز ملا کر قیمہ کی طرح پکایا ہوا۔

خال: [ع۔ امذ] (۱) وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے۔ تل (۲) دو رنگا کبوتر۔ سفیدی کے ساتھ اور رنگ ملا ہوا کبوتر (۳) کاجل کا وہ نشان جو نظر بد سے بچانے کے لیے خوبصورت یا کم سن بچوں کے چہرے پر لگاتے ہیں (۴) ماموں۔ خالو۔

خال خال: [ار۔ متعلق فعل] اکا دکا۔ کوئی کوئی۔ شاذ و نادر

خال دار: [ع ف۔ صف] خال والا جس پر تل ہوں۔

خالاتی: [ع۔ صف] خالہ سے منسوب

خالائی: [ار۔ امذ۔ ق] خالو

خالص: [ع۔ صف] بے میل۔ نکھرا۔ صاف۔ جس میں کسی چیز کی ملاوٹ نہ ہو۔

خالصہ: [ع۔ صف۔ مث] (۱) دیکھیے "خالص" جس کی یہ تانیث ہے (۲) سرکاری زمین جس پر کسی اور کا حق نہ ہو (۳) (امذ) سکھ۔ سردار

خالصے لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بیچ کھوچ کر برابر کرنا۔ اڑا دینا۔ برباد کرنا۔ (۲) ضبط کرنا

خالصے لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "خالصے لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

خالع: [ع۔ صف] خلع حاصل کرنے والی

خالف: [ع۔ صف] خلاف کرنے والا۔ پیچھے آنے والا

خالق: [ع۔ صف] پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام

خالو: [ار۔ امذ] خالہ کا شوہر

خالہ: [ع۔ امث] ماں کی بہن

خالہ جایا: [ار۔ امذ] خالہ کا بیٹا

خالہ جائی: [ار۔ امث] خالہ کی بیٹی۔

خالہ جی کا گھر نہیں: [ار۔ محاورہ] آسان کام نہیں۔ معمولی بات نہیں۔ ہنسی کھیل نہیں

خالہ چاندنی کا کنبہ: [ار۔ مثل] جہاں سب کے سب نالائق ہوں۔ وہاں کہتے ہیں۔

خالہ زاد بھائی: [ار۔ امذ] خالہ کا بیٹا بھائی

خالہ زاد بہن: [ار۔ امث] خالہ کی بیٹی بہن

خالہ کی بھل بچی: [ار۔ امث] حقارتہً خالہ کی بیٹی

خالہ کی مٹھائی ہاتھ ڈال پچھتائی: [ار۔ مثل] کسی کے معاملہ میں دخل اندازی کا نتیجہ افسوس ہوتا ہے۔

خالی: [ع۔ صف] (۱) چھچھا۔ کھوکھلا (۲) صرف۔ محض (۳) اکیلا۔ تنہا (۴) بیکار۔ نکما (۵) بے روزگار۔ معطل (۶) سونا (۷) عورتوں کی زبان میں ماہ ذو قعدہ (۸) غیر آباد (۹) فارغ۔ بے مشغلہ (۱۰) غیر مقبوضہ (۱۱) بے اثر (۱۲) مبرا

خالی بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] بے کار رہنا۔ بے روزگار رہنا۔

خالی پھرنا: [ار۔ محاورہ] محروم واپس ہونا۔ کچھ نہ پانا اور واپس آنا۔

خالی پھیرنا: [ار۔ محاورہ] کچھ نہ دینا۔ کچھ دیے بغیر واپس کرنا

خالی پیٹ: [ار۔ امذ] نہار منہ۔ جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔ بھوکا۔

خالی جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ خطا جانا (۲) وار کارگر نہ ہونا۔ بے اثر ہونا (۳) ناغہ ہونا (۴) بے نتیجہ ہونا

خالی خرلیلی پوری نصیحتی: [ار۔ مثل] مفلسی ذلیل کراتی ہے۔

خالی خولی: [ار۔ صف] (خولی تابع مہمل ہے) دیکھیے "خالی"

خالی دینا: [ار۔ محاورہ] حریف کا وار بچانا۔ ٹال جانا۔

خالی سے بیگار بھلی: [ار۔ مثل] بیکار بیٹھنے سے مفت کام کرنا بھی اچھا ہے۔

خالی کا چاند: [ار۔ امذ] (ع) ماہ ذی قعدہ (کیونکہ اس میں کوئی تہوار نہیں ہوتا۔

خالی کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) انڈیلنا۔ نکالنا (۲) بندوق چھوڑنا (۳) مکان کا قبضہ چھوڑنا یا مکان سے سامان اٹھالینا

خالی ہاتھ: [ار۔ صف] (۱) نادار۔ مفلس۔ کنگال (۲) محروم (۳) بے ہتھیار۔ غیر مسلح (۴) بغیر کوئی چیز لیے (افعال: آنا۔ جانا

خالی ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھیے "خالی کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) بیکار، بے روزگار ہونا۔

خام: [ف۔ صف] (۱) کچا۔ کچا چمڑا (۲) خالص۔ کھرا (۳) بودا۔ کمزور (۴) ناتجربہ کار (۵) بند۔ سربستہ (۶) نکاسی (۷) باطل۔ فضول

خام آمدنی: [ار۔ امث] کل آمدنی، جس میں سے خرچ وضع نہ کیا گیا ہو۔

خام پارہ: [ار۔ امث] (۱) کچی ٹوٹی ہوئی۔ چھنال۔ مکار عورت (۲) ایک چھوٹی قسم کی توپ

خام تحصیل: [ار۔ امث] زمیندار یا ٹھیکیدار کے توسط کے بغیر وصول کیا جانے والا لگان

خام خیال / طبع: [فع۔ صف] بیہودہ مزاج۔ فاسد خیالات کا حامل آدمی

خام خیالی / طبعی: [فع۔ امث] غلط گمان۔ بیہودہ مزاجی۔ وہم

خام دست: [ف۔ صف] (۱) ناتجربہ کار۔ اناڑی (۲) فضول خرچ

خام رائے: [فع۔ صف] کم عقل۔ نادان

خام کار: [ف۔ صف] ناآزمودہ کار۔ نادان

خام کاری: [ف۔ امث] دیکھیے "خام کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خام کرنا: [ار۔ محاورہ] بند کرنا۔ آٹا لگا کر ہانڈی وغیرہ کا منہ بند کرنا

خام کو کام سکھا لیتا ہے: [ار۔ مقولہ] ناواقف آدمی کام کرتے کرتے تجربہ کار ہو جاتا ہے۔

خامس: [ع۔ عدد ترتیبی] پانچواں

خامش: [ف۔ صف] دیکھیے "خاموش" جس کی یہ تخفیف ہے

خامشی: [ف۔ امث] دیکھیے "خاموشی" جس کی یہ تخفیف ہے

خامل: [ع۔ صف] گوشہ نشین

خاموش: [ف۔ صف] (۱) چپ۔ ساکت (۲) ممتاط (۳) بجھا ہوا (۴) مردہ (۵) لاتعلق

خاموش کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ساکت کرنا (۲) قتل کرنا (۳) مار ڈالنا

خاموش ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "خاموش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

خاموشی: [ف۔ امث] سکوت۔ سکون۔ سناٹا (افعال: چھانا۔ طاری ہونا۔ ہونا)

خاموشی نیم رضا: [ار۔ مقولہ] خاموشی سے رضامندی ظاہر ہوتی ہے۔

خامہ : [ف۔ امذ] قلم۔ کلک
خامہ فرسا : [ف۔ صف۔ فاعل] قلم گھسنے والا۔ لکھنے والا (افعال: ہونا)
خامہ فرسائی : [ف۔ امث] دیکھئے "خامہ فرسا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ (افعال: کرنا)
خامہ کش : [ف۔ امث] قلم چلانے والا۔ مصور۔ نقاش
خامہ کشی : [ف۔ امث] دیکھئے "خامہ کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خامۂ مو : [ف۔ امذ] بالوں کا بنا ہوا قلم، جس سے تصویر بناتے ہیں۔ برش
خان : [ت۔ امذ] (۱) شاہان ترکستان کا لقب (۲) سردار۔ رئیس (۳) راجپوتوں بالخصوص پٹھانوں کا لقب۔
خان بہادر : [ف۔ امذ] ایک خطاب جو حکومت برطانیہ کی جانب سے مسلمانوں کو دیا جاتا تھا۔
خان خاناں : [ف۔ امذ] (۱) سرداروں کا سردار (۲) مغلیہ حکومت کا ایک خطاب، جو سپہ سالاروں کو دیا جاتا تھا۔ (اب اس سے مراد عموماً عبدالرحیم خان خاناں لیتے ہیں۔
خان خاناں، جس کے کھانے میں بتانا (بطانہ)، [ار۔ مثل] خان خاناں عبدالرحیم ابن بیرم خاں جو کھانا کسی غریب کو بھیجتا تھا اس میں اشرفیاں رکھ دیتا تھا۔ اس لیے یہ مثل بن گئی کہ خان خاناں کے کھانے میں بھی مال دولت ہوتی ہے (پوشیدہ احسان کرنے کے موقع پر کہتے ہیں)
خان صاحب : [ف۔ امذ] خان بہادر سے چھوٹے درجہ کا ایک خطاب، جو حکومت برطانیہ کی جانب سے مسلمانوں کو دیا جاتا تھا۔
خاندان : [ف۔ امذ] گھرانا۔ نسل۔ قبیلہ۔ کنبہ
خاندانی : [ف۔ صف] عمدہ نسل کا۔ قدیم۔ شریف
خانساماں : [ف۔ امذ] (۱) میر ساماں۔ گھر کا سامان کرنے والا داروغہ (۲) کھانا کھلانے والا ملازم۔ کھانا پکانے والا۔ باورچی
خانقاہ/خانقہ : [ع۔ امث] (فارسی خانہ گاہ کا معرب)، (۱) درویشوں کے رہنے کی جگہ (۲) کسی درویش کا مقبرہ
خانگی : [ف۔ صف] (۱) گھریلو۔ گھر کا (۲) نجی کا۔ ذاتی (۳) آموختہ (۴) (امر۔ امث) خفیہ طور پر زنا کا پیشہ کرنے والی گھریلو عورت
خانم/خانم : [ت۔ امث] (خان کی تانیث) (۱) اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب (۲) امیر زادی۔ بیگم (۳) بیوی
خانماں : [ف۔ امذ] اسباب خانہ۔ گھر کا سامان۔ مال و متاع
خانماں خراب : [فع۔ صف] (۱) تباہ حال۔ پریشان۔ سرگشتہ (۲) جس کا گھر ویران ہو گیا ہو۔
خانماں خرابی : [ف ع۔ امث] دیکھیے "خانماں خراب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خانوادہ : [ف۔ امذ] (۱) خاندان (۲) درویشوں کا وہ خاندان یا سلسلہ جس سے ان کو توسل ہو۔ فقرا کا سلسلہ
خانہ : [ف۔ امذ] (۱) گھر۔ مکان (۲) مرغیوں یا کبوتروں کا ڈربہ۔ کابک۔ آشیانہ (۳) صندوق وغیرہ کے اندر کا گھر (۴) شطرنج کے مہرے کا گھر (۵) بیٹ۔ شکم (۶) کسی چیز کے رکھنے کا ڈبا (۷)، وہ جگہ جو جال والی چیزوں میں خالی چھوڑ دیتے ہیں (۸)، وہ جگہ جہاں نگینہ جڑتے ہیں (۹) عمودی اور افقی لکیریں کھینچنے سے جو مربع یا مستطیل ڈبیاں سی بنتی ہیں۔ نقش کا گھر۔
خانہ آباد دولت زیادہ : [ار۔ کلمہ دعا] (۱) گھر آباد رہے اور مال و دولت زیادہ ہو (۲) تم اپنے گھر راضی ہم اپنے گھر راضی
خانہ آبادی : [ف۔ امث] (۱) گھر کی آبادی (۲) مجازاً شادی، نکاح
خانۂ احسان آباد : [ار۔ کلمہ دعا] احسان کرنے والے کا گھر آباد رہے۔ جب کوئی شخص دوسرے کا احسان لینا نہیں چاہتا تو کہتا ہے۔
خانہ باغ : [ف۔ امذ] وہ باغ جو مکان کی چار دیواری کے اندر ہو۔
خانہ بدوش/بردوش : [ف۔ صف] (۱) آوارہ۔ پریشان۔ ساتھ گھر لیے پھرنے والا (۲) وہ شخص جس کا کہیں ٹھکانا نہ ہو (۳) ایک قوم جو کہیں مستقل طور پر نہیں رہتی۔ بلکہ یہ لوگ اپنا گھر اور سامان اٹھائے گھومتے پھرتے رہتے ہیں۔
خانہ بر انداز : [ف۔ صف] (۱) گھر بار اجاڑ دینے والا (۲) کنایتہً معشوق
خانہ بر اندازی : [ف۔ امث] دیکھئے "خانہ بر انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خانہ برباد : [ف۔ صف فاعل] گھر برباد کرنے والا
خانہ بربادی : [ف۔ امث] گھر کی تباہی۔ بیوی کا مر جانا
خانہ پری : [ف۔ امث] نقشہ بھرنا۔ نقشہ کے خانوں میں ضروری اندراج کرنا
خانہ تلاشی : [ف۔ امث] گھر کی تلاشی۔ کوئی چیز ڈھونڈنے کے لیے گھر کا سامان الٹ پلٹ کر دیکھنا
خانہ جنگ : [ف۔ صف] وہ شخص جو خفیف سی خلاف طبیعت بات پر آمادہ فساد ہو جائے۔
خانہ جنگی : [ف۔ امث] (۱) گھر کی لڑائی۔ آپس کا جھگڑا (۲) ملک کے اندر مختلف گروہوں کا آپس میں لڑنا۔ انگریزی لفظ CIVIL WAR کا ترجمہ
خانۂ خدا : [ف۔ امذ] مسجد۔ عبادت گاہ
خانہ خراب : [فع۔ صف] (۱) وہ شخص جس کا گھر برباد ہو گیا ہو (۲) آوارہ ہرجائی۔ بدوضع
خانہ خراب ہو : [ار۔ کوسنا] (عو) برباد ہو جائے۔ تباہ ہو جائے۔
خانہ خرابی : [ف۔ امث] دیکھئے "خانہ خراب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ (افعال: کرنا۔ برپا کرنا)
خانہ دار : [ف۔ صف] (۱) گھر کا انتظام کرنے والا/والی (۲) وہ چیز جس میں خانے بنے ہوتے ہوں۔
خانہ داری : [ف۔ امث] گھر کا کام کاج
خانہ داماد : [ف۔ امذ] وہ داماد جو سسر کے گھر میں ہی رہتا ہو۔ گھر جنوائی
خانہ زاد : [ف۔ صف] وہ جو کسی کے گھر میں پیدا ہوا ہو۔ (۱) گھر کا پیدا شدہ غلام (۲) قدیمی
خانہ زنجیر : [ف۔ امذ] (۱) قید خانہ (۲) پاگل خانہ
خانۂ زین : [ف۔ امذ] زین یا کاٹھی کا وہ حصہ جس پر سوار کی نشست ہوتی ہے
خانہ ساز : [ف۔ صف] (۱) گھر کا بنا ہوا (۲) معمار۔ گھر بنانے والا (۳) (کنایتہً) مصنوعی۔ غیر حقیقی
خانہ شمار : [ف۔ صف] گھر شمار کرنے والا۔ گھر گننے والا
خانہ شماری : [ف۔ امث] مکانوں کی گنتی۔

خانۂ شیر: [ف-امذ] برج اسد
خانۂ عنکبوت: [مع-امذ] مکڑی کا جالا
خانہ نشین: [ف صف] گوشہ نشین، بیکار، معطل۔ دنیا کے کاروبار سے الگ
خانہ ویراں: [ف-صف] خانہ برباد
خانہ ویرانی: [ف-امث] خانہ بربادی
خانے: [ار-امذ] دیکھئے "خانہ" جس کی یہ جمع ہے
خانے خانے: [اسم صوت] مرغیوں یا کبوتروں کو ڈربے میں بند کرنے کے لیئے بلانے کی آواز
خاور: [ف-امذ] (۱) مشرق (۲) مغرب
خاوری: [ف-صف] (۱) مشرقی۔ (۲) مغربی
خاوند: [ف-امذ] (خداوند کا مخفف) (۱) مالک۔ آقا (۲) شوہر
خاوند راج بلند راج، پوت راج دوت راج: [ار-مثل] خاوند کے زمانے میں عورت کی بڑا اعلیٰ حیثیت ہوتی ہے وہ بیٹے کے زمانے میں نہیں رہتی۔
خاوند کرنا: [ار-محاورہ] عورت کا اپنے آپ شوہر کرنا
خاوندی: [ف-امث] بندہ نوازی۔ بندہ پروری۔ عنایت۔ مہربانی
خائب: [ع-صف] (۱) نا امید، محروم (۲) نادار، غریب
خائض: [ع-صف] غور کرنے والا
خائف: [ع-صف] ڈرنے والا، خوف زدہ
خائن: [ع-صف] خیانت کرنے والا۔ بد دیانت
خائنہ: [ع-صف] دیکھئے "خائن" جس کی یہ تانیث ہے
خایہ: [ف-امذ] (۱) انڈا، بیضہ
خایہ بردار: [ف-صف] خوشامدی، چاپلوس
خایہ برداری: [ف امث] خوشامد، چاپلوسی
خایہ لیس: [ف صف] دیکھئے "خایہ بردار"
خایہ لیسی: [ف-امث] دیکھئے "خایہ برداری"
خایہ جھپانا: [ار-محاورہ] پروا نہ کرنا۔ حقارت سے دیکھنا، کہا نہ ماننا
خایۂ غلاماں: [ف-امذ] انگور کی ایک قسم

خ-ب

خباثت: [ع امث] (۱) ناپاکی۔ گندگی۔ گندہ پن (۲) بدباطنی۔ شرارت
خباز: [ع امذ] نانبائی
خبائث: [ع امث] دیکھئے "خبیثہ" جس کی یہ جمع ہے
خبث: [ع امذ] (۱) گندگی۔ ناپاکی (۲) دغابازی (۳) شرارت بدباطنی (۴) میل۔ زنگار
خبث الحدید: [ع امذ] لوہے کا میل۔ زنگار، زنگ
خبث باطن: [ع صف] بدباطنی، شرارت
خبر: [ع امذ] واقفیت۔ آگاہی (۲) اطلاع۔ پیغام۔ سندیسا (۳) افواہ۔ شہرت (۵) پتا۔ سراغ۔ نشان (۶) آدرسان۔ سدھ بدھ۔ ہوش (۷) خبرداری۔ ہوشیاری (۸) حال۔ احوال (۹) اعلان (۱۰) حدیث

خبر آنا: [ار محاورہ] اطلاع آنا
خبر اڑانا: [ار محاورہ] افواہ کرنا، مشہور کرنا، شہرت کرنا
خبر اڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "خبر اڑانا" جس کا یہ لازم ہے
خبر بھی ہے: [ار محاورہ] الزام دینے کے وقت کہتے ہیں یعنی تم نہیں جانتے۔
خبر پر خبر بھیجنا / دینا: [ار محاورہ] متواتر اطلاع دینا
خبر پوچھنا: [ار محاورہ] حال دریافت کرنا، خیر و عافیت دریافت کرنا
خبر پہنچانا: [ار محاورہ] اطلاع کرنا
خبر پہنچنا: [ار محاورہ] اطلاع ہونا، معلوم ہونا
خبر پھیلانا: [ار محاورہ] خبر کا آشکار کرنا۔ شہرت کرنا، مشہور کرنا
خبر پھیلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "خبر پھیلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
خبردار: [عف صف] (۱) واقف۔ آگاہ (۲) محتاط۔ ہوشیار، چوکنا۔ کلمہ تنبیہہ کے لیے بھی آتا ہے۔ (افعال: کرنا۔ رہنا۔ ہونا)
خبرداری: [عف امث] دیکھئے "خبردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خبر دہندہ: [عف امذ] خبر دینے والا۔ پیغام دینے والا، خبر رساں۔ ایلچی قاصد، پیغامبر
خبر دینا: [ار محاورہ] دیکھئے "خبر پہنچانا"
خبر رساں: [عف امذ] دیکھئے "خبر دہندہ"
خبر رسانی: [عف امث] دیکھئے "خبر رساں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خبر رکھنا: [ار محاورہ] کسی امر یا حال کے معاملے سے آگاہ ہونا
خبر سنانا: [ار محاورہ] حال سے آگاہ کرنا۔ اطلاع دینا۔
خبر سننا: [ار محاورہ] دیکھئے "خبر سنانا" جس کا یہ لازم ہے
خبر کو بھیجنا: [ار محاورہ] بیمار پرسی کے لیے کسی کو بھیجنا۔
خبر گرم ہونا: [ار محاورہ] (۱) خبر کا مشہور ہونا (۲) افواہ ہونا
خبر گزرنا: [ار محاورہ] اطلاع ہونا
خبر گیر: [عف صف] (۱) معاون۔ مددگار۔ دستگیر (۲) نگہبان۔ محافظ (۳) جاسوس
خبر گیراں: [عف صف] دیکھئے "خبر گیر" (افعال: ہونا)
خبر گیری: [عف امث] (۱) مدد، اعانت۔ دستگیری (۲) خبرداری
خبر لانا: [ار محاورہ] (۱) اطلاع لانا (۲) پیغام لانا
خبر لگانا: [ار محاورہ] پتہ لگانا۔ ٹھکانا دریافت کرنا
خبر لینا: [ار محاورہ] (۱) پوچھنا۔ حال دریافت کرنا (۲) مدد کرنا (۳) نگرانی کرنا (۴) لعنت ملامت کرنا (۵) آزار دینا۔ مارنا (۶) حالت پر غور کرنا۔ خیال کرنا (۷) اثر کرنا۔ اثر ڈالنا (۸) انتقام لینا (۹) وار کرنا۔ حملہ کرنا
خبر لینے والا: [ار امذ فاعل] (۱) پتہ لگانے والا (۲) حامی، مددگار۔ دستگیر
خبر ملنا: [ار محاورہ] اطلاع ہونا۔ کسی کا حال معلوم ہونا
خبر نہ ہونا: [ار محاورہ] (۱) پروا نہ کرنا (۲) خاموش رہنا۔ جواب نہ دینا (۳) اطلاع نہ ہونا۔ واقفیت نہ ہونا (۴) ہوش نہ آنا
خبر ہونا: [ار محاورہ] (۱) اطلاع ہونا، معلوم ہونا۔ آگاہی ہونا

خبط: [ع امذ] (۱) سودا. جنون. دیوانگی (۲) غلطی کرنا
خبط اُچھلنا: [ا رمحاورہ] جنون ہونا. خفقان ہونا
خبط سوار ہونا: [ا رمحاورہ] بیہودہ خیال دل میں سمانا
خبط کرنا: [ا رمحاورہ] غلطی کرنا
خبط ہوجانا / ہونا: [ا رمحاورہ] (۱) جنون ہونا (۲) غلط ہونا
خبطی: [ع امث یا] (۱) پاگل. جنونی (۲) حواس باختہ (۳) بیوقوف
خبیث: [ع صف] (۱) گندہ. ناپاک (۲) شریر. بدباطن (۳ اسمذ) بھوت پریت
خبیثات: [ع امث] دیکھئے "خبیثہ" جس کی یہ جمع ہے۔
خبیثہ: [ع - امث] دیکھئے "خبیث" جس کی یہ تانیث ہے۔
خبیثی: [عف امث] (۱) ناپاکی (۲) خبیث عورت
خبیر: [ع صف] (۱) جاننے والا. واقف (۲) خدا کا ایک صفاتی نام (۳) کاشت کار. کسان

خ - ت

ختام / اختتام: [ع امث] مہر کی لاکھ یا چپڑا وغیرہ
ختان: [ع امذ] ختنہ کرنے والا شخص
ختانی: [ع امث] ختنہ کرنے کا کام
ختک: [ف امذ] (ٹھینگ کا بگڑا ہوا) انگوٹھا. ٹھینگا
ختکا: [ف امذ] (۱) انگوٹھا (۲) بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا (۳) آلہ تناسل
ختکی: [ا رامث] دیکھئے "ختکا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
ختکے سے: [ا ر متعلق فعل] عورتیں انگوٹھا دکھا کر کہتی ہیں۔ ٹھینگے سے. بلا سے. کوئی پروا نہیں
ختم: [ع امذ] (۱) مہر (۲) انجام. آخیر. انتہا (۳) تمام. کل (۴) قرآن شریف ختم ہونے کی رسم (۵) نیاز. نذرانہ (۶) فاتحہ قل (۷) خاتم. ختم کرنے والا (۸) کسی آیت یا ورد کی تعداد معینہ کے مطابق پڑھنا یا پڑھوانا۔
ختم الانبیاء / المرسلین / الرسل: [ع امذ] دیکھئے "خاتم الانبیاء"
ختم خواجگان: [عف امذ] ایک قسم کا خاص عمل جس کا ثواب خواجگان چشت نقشبند کو پہنچایا جاتا ہے۔
ختم قرآن: [ع امذ] قرآن شریف مکمل پڑھنا
ختم کرانا: [ا رمحاورہ] (۱) انجام کو پہنچانا. تمام کرانا. قتل کرانا. جان سے مروا دینا (۲) قرآن شریف تمام پڑھوانا (۳) فاتحہ پڑھوانا
ختم کرنا: [ا رمحاورہ] (۱) قرآن شریف تمام پڑھنا (۲) فاتحہ پڑھنا (۳) جان سے مارنا. قتل کرنا. تمام کرنا. انجام کو پہنچانا
ختم رسالت / نبوت: [ع - امذ بہ ترکیب فارسی] محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری رسول اور نبی ماننے کا عقیدہ
ختم ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "ختم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ختمہ: [ا ر - امذ] عبارت میں وقفہ لگانے کی علامت "—"
ختمی مرتبت: [ع صف] دیکھئے "ختم الانبیا"

ختن: [ف - امذ] (۱) تاتار کا ایک علاقہ جہاں کا مشک نافہ مشہور ہے۔
ختنگا: [ا ر - امذ] ایک قسم کی آتش بازی. ہوائی
ختنہ: [ع امذ] مسلمانوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قائم کی ہوئی ایک رسم جس میں بچے کے عضو تناسل کے منہ کا زائد چمڑا کاٹ دیا جاتا ہے (افعال: کرانا. ہونا. کرنا)

خ - ٹ

خٹا: [ا ر امذ] آلہ تناسل. خایہ
خٹے سہلانا: [ا رمحاورہ] خایہ بوسی کرنا. خوشامد / چاپلوسی کرنا

خ - ج

خجالا: [ا ر صف] بیہودہ. یاوہ گو
خجالت: [ف امث] شرمندگی. خفت. ندامت (عربی لفظ "خجلت" کا بگاڑ ہے)
خجالت کھینچنا: [ا رمحاورہ] شرمندہ ہونا
خجستگی: [ف امث] دیکھئے "خجستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خجستہ: [ف صف] مبارک. فرخندہ. مسعود
خجستہ اختر: [ف صف] خوش قسمت
خجستہ پے: [ف صف] مبارک قدم. خوش قسمت
خجستہ طالع: [ف صف] دیکھئے "خجستہ اختر"
خجل: [ع صف] شرمندہ
خجلت: [ع امث] دیکھئے "خجالت" جو اس کا بگاڑ ہے (افعال: اٹھانا. کھانا)
خجلت زدہ: [عف صف] شرمندہ
خجلت کش / ناک: [عف صف] شرمندہ. شرمیلا
خجلت گری: [عف امث] شرمندگی

خ - چ

خچاخچ: [ا امث] (۱) چھرے یا چھری کی آواز (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز
خچ سے: [ا ر متعلق فعل] فوراً (انگلی وغیرہ چاقو سے کٹ جانے کے موقع پر بولتے ہیں)
خچر: [ا رامث] وہ دوغلا جانور جو گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہوتا ہے
خچرا: [ا رامث] (۱) دیکھئے "خچر" جس کا یہ مذکر ہے (۲) مکار. فریبی. دغاباز
خچر خچر / خچ خچ: [ا امذ صوت] کیچڑ میں چلنے کی آواز

خ - د

خد: [ع امذ] گال. گلّہ. رخسار. چہرہ
خد و خال: [عف امذ] چہرہ مہرہ. شکل و صورت

خُدا : [ف امذ] (۱) اللہ (۲) مالک۔ صاحب۔ آقا۔ حاکم (۳) مرکبات کے اخیر میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے ناخدا۔ ناگُھدا

خُدا اُٹھالے : [ار کوسنا] مرجائے۔

خُدا امیر کے پڑوس میں قبر بھی نہ بنوائے : [ار مثل] امیر آدمی کا پڑوس غریب کے لیے باعث تکلیف ہے۔

خُدا اس کا سہرا دکھائے : [ار معولہ (عو)] عورتیں اپنے بیٹوں کی شادی کے لیئے دعا مانگتی ہیں۔

خُدا بچھڑتی رات نہ کرے لڑتی رات کرے : [ار مثل] اکٹھے رہیں خواہ لڑتے ہی رہیں۔

خُدا بخشے : [ار کلمۂ دعا] (مُردوں کے لیے) خدا گناہ معاف کرے (۲) زندوں کے لیے مزاحاً مستعمل ہے۔

خُدا بھرے کو بھرتا ہے : [ار مثل] جس کے پاس پہلے ہی زیادہ ہو خدا اس کو اور دیتا ہے۔

خُدا بھوکا اٹھاتا ہے بھوکا سُلاتا نہیں : [ار مثل] خدا ہر ایک کو کھانے کو دیتا ہے۔

خُدا پر تکیہ / توکل : [ار متعلق فعل] خدا پہ سہارا۔ خدا پر بھروسا (افعال : کرنا۔ ہونا)

خُدا پر چھوڑ دینا / چھوڑنا : [ار محاورہ] کسی کام کو کرکے نتیجہ کو خدا کی مرضی پر چھوڑ دینا۔

خُدا پر نظر رکھو / کرو : [ار محاورہ] تسلی رکھو، حوصلہ کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

خُدا پرست : [ف امذ] خُدا کی عبادت کرنے والا۔ زاہد

خُدا پرستی : [ف امث] دیکھیے "خدا پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خُدا پناہ میں رکھے : [ار دعا] خدا بچائے

خُدا پنج انگشت یکساں نہ کرد : [ف مثل] ایک سے ایک نہیں ملتا۔ سب برابر نہیں ہوتے۔

خُدا ترس : [ف صف] اللہ سے ڈرنے والا

خُدا ترسی : [ف امث] دیکھیے "خدا ترس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خُدا تو ہے : [ار روزمرہ] اللہ مددگار ہے۔

خُدا جانتا ہے : [ار محاورہ] دیکھیے "اللہ جانتا ہے"

خُدا جانے : [ار محاورہ] دیکھیے "اللہ جانے"

خُدا جس کو بچائے اُس پر آفت کیونکر آئے : [ار مثل] جس پر خُدا کی مہربانی ہو اس پر کوئی آفت نہیں آسکتی

خُدا جواب دے : [ار کوسنا] اللہ سزا دے۔

خُدا جھوٹ نہ بلوائے : [ار متعلق فعل] کوئی غیر معمولی بات کہنے سے پہلے کہتے ہیں یعنی سچ کہتا ہوں۔

خُدا چاہے : [ار متعلق فعل] اگر خدا کی مرضی ہو۔ ان شاء اللہ

خُدا حافظ : [ار متعلق فعل] اللہ نگہبان۔ رخصت کے وقت کہتے ہیں۔

خُدا حافظ کہنا : [ار محاورہ] چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا

خُدا خُدا کرو / کرو : [ار روزمرہ] توبہ کرو۔ خدا سے ڈرو۔ باز آؤ۔

خُدا خُدا کرکے : [ار متعلق فعل] بڑی مشکل سے۔ بہ دقت

خُدا خُدا کرکے کفر توڑا / ٹوٹا : [ار محاورہ] بڑی مشکل سے راضی کیا / ہوا یا منایا۔

خُدا خُدا کرنا : [ار محاورہ] اللہ کو یاد کرنا۔ عبادت کرنا۔ بندگی کرنا

خُدا خوان : [ف امذ] پہلی یا کلمۂ شہادت کی انگلی کیونکہ اُسے کلمۂ شہادت پڑھتے ہوئے اُٹھاتے ہیں۔

خُدا خیر رکھے : [ار دعا] یہ کام ہو جائے گا۔ تسلی / خاطر جمع رکھیں۔

خُدا خیر کرے : [ار کلمۂ دعا] خطرے کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی خدا بھلا کرے۔ خدا محفوظ رکھے۔

خُداداد : [ف صف] خدا کی دی ہوئی۔ منجانب اللہ۔ قُدرتی

خُدادان : [ف صف] خدا کو جاننے والا۔ عارف

خُدادانی : [ف امث] دیکھیے "خدادان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خُدا درمیان ہونا : [ار محاورہ] خدا کی مدد ہونا۔ تائید غیبی ہونا

خُدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے : [ار مثل] خدا دینا چاہے تو کوئی نہ کوئی اسباب پیدا کر دیتا ہے۔

خُدا دیتا ہے تو نہیں پوچھتا تو کون ہے : [ار مثل] خدا بُرے بھلے کی تحقیق کرکے نہیں دیتا جسے چاہتا ہے دے دیتا ہے۔

خُدا دیکھا نہیں تو عقل سے تو پہچانا ہے : [ار] اس وقت کہتے ہیں جب کسی بات کے ثبوت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ [ار مثل]

خُدا دیکھ کے جامہ قطع کرتا ہے : [ار مثل] جوم خاوند بیوی ایک جیسے ہیں

خُدا دے کھانے کو، بلا جائے کمانے کو : [ار مثل] مفت ملے تو محنت کیوں کریں، کاہل کی نسبت کہتے ہیں۔

خُدا را : [ف متعلق فعل] خُدا کے واسطے۔ خدا کے لیے۔

خُدا راس لائے : [ار کلمۂ دعا] خدا سازگار کرے۔ خدا موافق کرے۔

خُدا رسیدہ : [ار صف] خدا تک پہنچا ہوا۔ اللہ والا۔ نیک۔ پرہیزگار۔ بہت بڑا بزرگ۔

خُدا رکھتے ہیں : [ار محاورہ] ہمارا بھی خدا ہے۔ ہم بھی خدا سے ڈرتے ہیں۔ سچ کہتے ہیں۔

خُدا رکھے : [ار کلمۂ دعا] کسی زندہ عزیز کا ذکر کرتے وقت کہتے ہیں۔ یعنی خدا اس کو ہمیشہ زندہ و سلامت رکھے۔

خُدا ساز : [ف صف] (۱) خدا کا بنایا ہوا (۲) قدرتی۔ اتفاقی (۳) خدا سے موافقت کرنے والا

خُدا سب کی محنت سوارت کرتا ہے۔ اکارت نہیں کرتا : [ار مثل] خدا ہر ایک کو اس کی محنت کا پھل دیتا ہے۔

خُدا سر پر دو سینگ دے تو وہ بھی سہے جاتے ہیں : [ار مثل] خدا کی ڈالی ہوئی مصیبت برداشت کرنی پڑتی ہے۔ وہ جو تکلیف دے ہر ایک اس کو قبول کرتا ہے۔

خُدا سلامت رکھے : [ار کلمۂ دعا] خدا زندہ رکھے۔

خُدا سمجھے : [ار کلمۂ بددعا] خدا بدلہ لے۔ خدا سزا دے

خُدا سے پھرنا : [ار محاورہ] کافر ہونا۔ خدا کو نہ ماننا

خُدا سے خیر مانگو : [ار کلمۂ ندا] کوئی بُری بات کی پیشینگوئی کرے تو کہتے ہیں۔

خدا سے ڈرو : [ا ر کلمہ ندا] خدا کا خوف کرو ۔ توبہ کرو ۔
خدا سے کام پڑنا : [ا ر محاورہ] خدا سے مدد مانگنا ۔ توبہ کرنا
خدا سے کیا پانا : [ا ر محاورہ] بدی کا بدلہ ملنا
خدا سے لڑنا : [ا ر محاورہ] خدا کی ناشکری کرنا ۔ خدا کی مرضی کا مقابلہ کرنا
خدا سے لو لگانا : [ا ر محاورہ] دیکھئے " خدا سے لولگنا " جس کا یہ متعدی ہے ۔
خدا سے لولگنا : [ا ر محاورہ] (۱) خدا کی یاد کرنا ۔ یاد الٰہی کرنا (۲) مرنے کے قریب ہونا
خدا سے ملانا : [ا ر محاورہ] (۱) اور است پہ لانا ۔ خدا رسیدہ بنانا (۲) کسی کو
خدا کا درجہ دینا ۔ مخلوق کو خدا کا درجہ دینا ۔ شرک کرنا ۔
خدا شاہد : [ا ر کلمہ قسم] اللہ گواہ ہے ۔ سچ کہتا ہوں
خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے : [ا ر مثل] خدا ہر شخص کو اس کے
حوصلے کے مطابق دیتا ہے ۔
خدا شناس : [ف صف] خدا کو جاننے / پہچاننے والا ۔ نیک پارسا ۔ عارف اللہ ۔
خدا شناسی : [ف امث] دیکھئے " خدا شناس " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
خدا طلبی : [ف امث] خدا کی تلاش ۔ خدا کو چاہنا
خدا ظالم سے پالا نہ ڈالے : [ا ر کلمہ دعا] خدا ظالم سے بچائے ۔
خدا عمر دراز کرے : [ا ر کلمہ دعا] خدا مدت تک زندہ رکھے ۔
خدا غارت کرے : [ا ر کلمہ بددعا] اللہ تباہ کرے ۔ کچھ نہ رہے ۔
خدا فروش : [ف صف] خدا کا نام لے کر دھوکا دینے والا ۔ منافق ۔
خدا فروشی : [ف امث] دیکھئے " خدا فروش " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
خدا کا دیا سر پر : [ا ر مثل] ہر حالت میں صبر و شکر لازم ہے ۔
خدا کا دیا کندھے پر اور پنچوں کا دیا سر پر : [ا ر مثل] انسان لوگوں
کی رائے کا زیادہ خیال کرتا ہے اور خدا کا حکم نہیں مانتا ۔ اپنے ضمیر
کی آواز نہیں دیکھتا ۔
خدا کا دیا نور کبھی نہ ہووے دور : [ا ر مثل] اللہ تعالےٰ جو بخشتا ہے
وہ قائم ہی رہتا ہے ۔
خدا کا سخی : [ا ر امذ] خدا کی راہ میں جان و مال قربان کرنے والا ۔
خدا کا غضب / قہر : [ا ر امذ] مصیبت اور آفات ارضی و سماوی
خدا کا قہر ٹوٹے / نازل ہو : [ا ر کلمہ بددعا] مصیبت پڑے ۔ آفت نازل ہو ۔
خدا کا قائل ہونا : [ا ر محاورہ] خدا کی ہستی کا یقین کرنا ۔ خدا پر ایمان لانا ۔
خدا کا / خدائی کارخانہ : [ا ر امذ] انتظام عالم ۔ دنیا کا انتظام ۔
خدا کا کام : [ا ر امذ] کارخانہ قدرت
خدا کا گھر : [ا ر امذ] مسجد ۔ عبادت گاہ ۔ خانہ کعبہ
خدا کا مارا حرام اپنا مارا حلال : [ا ر مثل] غیر مسلم مسلمانوں پر اعتراض
کرتے ہیں کہ یہ لوگ اپنے ذبح کیے ہوئے کو حلال اور مردار کو حرام سمجھتے
ہیں ۔ حالانکہ مسلمان ذبیحہ کو خدا کے حکم ہی سے حلال سمجھتے ہیں ۔
خدا کا نام : [ا ر روزمرہ] کچھ بھی نہیں
خدا کا نام لو : [ا ر محاورہ] سچ بولو ۔ توبہ کرو ۔ انصاف کرو
خدا کا نام لے کر : [ا ر متعلق فعل] بسم اللہ کہہ کر ۔ اللہ پر بھروسا کرکے ۔
خدا کا نور : [ا ر امذ] دیکھئے " اللہ کا نور "
خدا کام آتا ہے : [ا ر مقولہ] اللہ مدد کرتا ہے ۔

خدا کرے : [ا ر متعلق فعل] اللہ کرے ایسا ہی ہو
خدا کسی کو کسی کا محتاج نہ کرے : [ا ر کلمہ دعا] خدا کسی سے کام نہ ڈالے ۔
خدا کسی کو لاٹھی لے کر نہیں مارتا : [ا ر مثل] خدا کو کسی کو سزا دینی ہو تو
مصیبت ڈالتا ہے ۔
خدا کو ایک دن منہ دکھانا ہے : [ا ر مثل] مرنا ہے ۔ خدا سے ڈرو ۔
ناانصافی نہ کرو ۔
خدا کو سونپنا : [ا ر محاورہ] اللہ کے سپرد کرنا ۔ کسی عزیز کے سفر پر جانے
پر عورتیں کہتی ہیں ۔
خدا کو کیا جواب دو گے / دیگا / منہ دکھاؤ گے / دکھائیگا : [ا ر مثل]
خدا سے ڈرو ۔ انصاف کرو ۔
خدا کو مان : [ا ر محاورہ] خدا کے واسطے ۔ انصاف کر ۔ خدا سے ڈر
خدا کو یاد کرنا : [ا ر محاورہ] مصیبت میں خدا کو پکارنا ۔ خدا کا نام لینا
خدا کھوئے : [ا ر کلمہ بددعا] دیکھئے " خدا غارت کرے "
خدا کی باتیں خدا ہی جانے : [ا ر مثل] خدائی راز کسی بشر کو معلوم نہیں ۔
اپنی حکمت وہی جانتا ہے ۔
خدا کی باتیں ہیں : [ا ر روزمرہ] اللہ کی شان ہے ۔
خدا کی پناہ : [ا ر کلمہ دعائیہ] اللہ بچائے ۔ اللہ امان میں رکھے ۔
خدا کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری / کا کیا ڈر : [ا ر مثل] گستاخی
کرنے والوں یا گستاخ لوگوں کا مقولہ ہے کہ جب گناہ کرتے وقت خدا
سے شرم نہ کی تو بندوں سے کیا شرم ہے ۔
خدا کی خدائی میں کسے دخل : [ا ر مقولہ] خدا جو چاہے کرے
خدا کی دین : [ا ر ۔ امث] خدا کی عنایت ۔ خدا کی بخشش
خدا کی راہ : [ا ر امث] سیدھی راہ ۔ صراط مستقیم
خدا کی راہ کا سودا : [ا ر امذ] ثواب کا کام
خدا کی سنوار : [ا ر کلمہ دعا] (۱) خدا تجھے ہدایت / عقل دے (۲) (کلمہ بددعا)
خدا تجھے سزا دے ۔
خدا کی شان / قدرت : [ا ر امث] تعجب کا کلمہ ہے ۔ تعجب کے موقع
پر کہتے ہیں ۔ خدا کی حکمت ۔ خدا کا اختیار ۔ خدا کی شان ۔ جب کوئی
اپنی حیثیت سے بڑھ کر بات کرے تو کہتے ہیں ۔
خدا کی قسم : [کلمہ قسم] اللہ کی قسم ۔ خدا کو حاضر ناظر جان کر کسی چیز کے
متعلق کہنا ۔
خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں : [ا ر مثل] غیب کی سزا کہہ کر نہیں آتی ۔ خدا
کا عذاب اچانک آتا ہے ۔ ظالم کو خدا ایسی سزا دیتا ہے جو اس کے
خیال میں بھی نہیں ہوتی ۔
خدا کی مار : [ا ر کلمہ بددعا] خدا کا غضب ۔ خدا کی لعنت ۔ جب کسی سے
تکلیف پہنچے تو عورتیں بولتی ہیں ۔
خدا کی ماری : [ا ر صف مث] مصیبت زدہ عورت
خدا کی مرضی : [ا ر امث] کسی کام کے بگڑنے پر کہتے ہیں ۔ خدا کا منشا ۔
خدا کے پاس جانا / گھر جانا : [ا ر محاورہ] مر جانا ۔ اس دنیا سے رخصت
ہو جانا ۔

خُدا کے گھر سے پھرنا : [ا ر محاورہ] مرکر بچنا
خُدا کے گھر میں کس چیز کی کمی ہے / سب کچھ ہے : [ا ر مثل] خدا ہر چیز کا مالک و مختار ہے۔ جو چاہے کرے۔ خدا سب کچھ دے سکتا ہے۔
خُدا کے لئے / واسطے : [ا ر متعلق فعل] برائے خدا۔ خدا کے نام پر
خُدا کے مارے ہونا : [ا ر محاورہ] بدقسمت ہونا۔ مصیبت زدہ ہونا۔
خُدا کے نام پر : [ا ر متعلق فعل] خدا کے لئے۔ خدا کے واسطے
خُدا کے ہاں سے جواب ہو چکا اپنی خوشی جیتے ہیں : [ا ر مثل] نا امیدی کی حالت میں زندگی بسر کرنا۔
خُدا کے ہزار ہاتھ ہیں : [ا ر مثل] خدا بڑا سخی اور زبردست ہے۔ خدا کے دینے کے بہت زیادہ طریقے ہیں۔
خُدا گنجے کو ناخن نہ دے : [ا ر مثل] خدا کمینے کو اختیار نہ دے۔
خُدا گواہ ہے : [ا ر کلمہ قسم] سچ کہتا ہوں
خُدا گیر : [ف صف] مصیبت زدہ۔ خدا کا مارا
خُدا لگتی کہنا : [ا ر محاورہ] حق بات کہنا۔ سچ بات کہنا
خُدا لگتی کوئی نہیں کہتا منہ دیکھی سب کہتے ہیں : [ا ر مقولہ] سچی بات کوئی نہیں کہتا۔ خوشامد یا طرفداری کی بات کہتے ہیں۔
خُدا لگی کہنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "خدا لگتی کہنا"
خُدا مارے یا چھوڑے : [ا ر متعلق فعل] کچھ بھی ہو۔
خُدا مالک ہے : [ا ر مقولہ] خُدا پر بھروسا ہے
خُدا مست : [ف صف] (۱) خدا کی محبت میں محو، (۲) خدا کی محبت میں مست و سرشار
خُدا محفوظ رکھے ہر بلا سے : [ا ر کلمہ دعا] اللہ ہر مصیبت سے بچائے۔
خُدا معلوم : [ا ر متعلق فعل] مجھے پتا نہیں۔ خدا جانے
خُدا مغفرت کرے : [ا ر کلمہ دعا] (مردوں کے لیے) اللہ بخشے
خُدا منہ نہ دکھائے : [ا ر کلمہ دعا] خدا صورت نہ دکھائے۔
خُدا مہربان تو جگ / کل مہربان : [ا ر مقولہ] خدا کی عنایت ہو تو سب خیر خواہ بن جاتے ہیں۔
خُدامی بیند و می پوشد' ہمسایہ نمی بیند و می خرد شد' } [ف مثل] خدا عیب چھپاتا ہے اور لوگ دیکھتے بھی نہیں لیکن شور مچاتے اور رسوا کرتے ہیں۔
خُدامی دہاند و خدامی دہد : [ف مقولہ] خدا ہی دلواتا ہے اور خدا ہی دیتا ہے۔
خُدا ناترس : [ا ر صف] ظالم۔ خدا سے نہ ڈرنے والا۔ بے رحم
خُدا ناکردہ / نخواستہ / نکردہ / نہ کرے : [ا ر متعلق فعل] مبادا۔ ایسا نہ ہو۔ خدا ایسا نہ کرے۔
خُدا نے ایمان رکھا : [ا ر مقولہ] خدا کی مہربانی سے ایمان بچ گیا۔
خُدا نیک توفیق دے : [ا ر کلمہ دعا] اللہ اچھے کام کرنے کی ہمت دے
خُدا واسطے (کا) : [ا ر متعلق فعل] ناحق۔ بے سبب۔ خواہ مخواہ
خُدا واسطے بلی بھی چوہا نہیں مارتی : [ا ر مثل] ہر شخص اپنے فائدہ کے لئے کام کرتا ہے۔
خُدا واسطے کا بیر : [ا ر امذ] ناحق کی دشمنی۔ بے جا کی عداوت

خُدا وہ دن کرے / گھڑی کرے : [ا ر کلمہ دعا] آرزو ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں
خُدا ہی ہے : [ا ر مقولہ] امید نہیں۔ مشکل ہے۔ شاید ہو۔
خُدا ہے : [ا ر مقولہ] خدا حافظ ہے۔ خدا نگہبان ہے
خُدا یاد آنا : [ا ر محاورہ] (۱) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا (۲) خدا کی قدرت نظر آنا۔
خُدّام : [ع امذ] دیکھئے "خادم" جس کی یہ جمع ہے۔
خُداوَند : [ف امذ] (۱) مالک۔ آقا۔ صاحب (۲) اللہ
خُداوَند زادہ : [ف امذ] مالک کا بیٹا۔ امیر یا رئیس کا بیٹا۔ آقا کا بیٹا
خُداوَندگار : [ف امذ] دیکھئے "خداوند"
خُداوَند مجازی : [ف امذ] (۱) خاوند (۲) حاکم۔ بادشاہ
خُداوَندِ نعمت : [ف امذ] (۱) امیر۔ رئیس (۲) بلانے کا ایک خطاب یا طریقہ۔ بادشاہ وغیرہ سے مخاطب ہونے کا کلمہ
خُداوَندی : [ف امث] (۱) ملکیت۔ امیری۔ بادشاہت (۲) خدائی۔ خدا کی طاقت (۳) مالک کی خاصیت مہربانی، مہربانی۔
خُدایگان : [ف امذ] (۱) بڑا بادشاہ۔ بڑا آدمی (۲) (صف) لائق۔ سزاوار
خُدائی : [ف امث] (۱) خداوندی۔ خدا کی شان (۲) دنیا جہان (۳) مخلوق خدا۔
خُدائی ایک طرف جورو کا بھائی ایک طرف : [ا ر مثل] زن مرید ہونا۔
خُدائی چھاننا : [ا ر محاورہ] بہت تلاش و جستجو کرنا
خُدائی خراب / خوار : [ف صف] (۱) خانہ خراب۔ آوارہ (۲) خستہ۔ ذلیل۔ رسوا
خُدائی خوار پھرنا : [ا ر محاورہ] آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا
خُدائی خوار گدھے (کا) سوار : [ا ر مثل] آوارہ گرد ہمیشہ ذلیل اور رسوا ہوتا ہے۔
خُدائی رات : [ا ر امث] وہ رت جگا جو عورتیں کوئی مشکل پیش آنے پر منت کے طور پر مانتی ہیں۔
خُدائی رحم : [ا ر امذ] ایک قسم کا کھانا جو منت پوری ہونے پر کھلایا / بانٹا جاتا ہے۔
خُدائی فوجدار : [ا ر امذ] (۱) وہ شخص جو خواہ مخواہ ہر ایک کا حمایتی بنے اور دوسروں کے کاموں میں دخل دے (۲) وہ شخص جو زبردستی لوگوں کی اصلاح کے درپے ہو۔
خُدائی کا جھوٹا : [ا ر امذ صف] سخت جھوٹا۔ فریبی۔ مکار
خُدائی کا دعوے کرنا : [ا ر محاورہ] بہت غرور کرنا۔ فرعون بے سامان بننا
خُدائی کا روگ : [ا ر امذ] بڑا روگ۔ دنیا بھر کا روگ۔ سخت بیماری
خُدائی کا مارا : [ا ر صف] تباہ و برباد رسوائے جہان
خُدائی کرنا : [ا ر محاورہ] بغیر کسی روک ٹوک کے حکومت کرنا۔
خُدایا : [کلمہ ندا] اے خُدا۔
خُدائے مجازی : [فع۔ امذ] (۱) غیر حقیقی خدا (۲) کنایۃً شوہر، خاوند
خَدشہ : [ع امذ] (۱) فکر۔ اندیشہ (۲) شک و شبہ (۳) خراش
خُدعَ : [ع امذ] مکر و فریب۔ دھوکا
خُدکا : [ا ر امذ] دیکھئے "کھٹکا"
خَدَم : [ع امذ] دیکھئے "خادم" جس کی یہ جمع ہے
خِدمات : [ع امث] دیکھئے "خدمت" جس کی یہ جمع ہے

خِدْمَت: [ع امث] (١) نوکری چاکری (٢) کام کار۔ کارلازمی۔ کارمتعلقہ۔ فرض (٣) عہدہ۔ منصب (٤) سامنے۔ رُوبرو۔ پاس۔ درگاہ۔ (افعال؛ لینا۔ کرنا۔ ہونا)

خِدمَت سے عظمت ہے: [ار مقولہ] کارگزاری ہی سے درجہ ملتا ہے۔

خِدمَت کرنا: [ار محاورہ] (١) ٹہل سیوا کرنا (٢) نوکری بجا لانا (٣) خبر لینا (٤) مارنا پیٹنا۔ گت بنانا۔

خِدمَت گار: [عف صف] خادم۔ نوکر۔ چاکر

خِدمتگاری: [ت امث] نوکری۔ ملازمت

خدمت گزار: [ت صف] خدمت کرنے والا۔ کارگزار۔ ملازم

خدمت گزاری: [ت امث] دیکھئے "خدمت گزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خدمت لینا: [ار محاورہ] کام لینا۔ ٹہل کرانا

خدمت منصبی: [عف امث] وہ کام جو عہدے کی وجہ سے کرنا پڑے

خِدمَت میں جانا / حاضر ہونا: [ار محاورہ] کسی بزرگ یا بڑے کے پاس جانا

خِدمَتی: [ف صف] دیکھئے "خدمتگار" (٢۔ امث) تحفہ۔ پیش کش۔ نذرانہ

خَدَنگ: [ت امذ] (١) ایک قسم کا چھوٹا تیر (٢) تیر بان (٣) وہ پیڑ جس کی لکڑی سے تیر بنتے ہیں۔

خَدِیو: [ت امذ] (١) بڑا بادشاہ۔ مصر کے بادشاہوں کا لقب رہا ہے۔ (٢) بڑا امیر (٣) مالک۔ آقا

خ۔ذ

خُذْ مَا صَفا وَدَعْ مَا کَدَر: [ع مقولہ] اچھی بات اختیار کرو اور بُری چھوڑ دو۔

خَذَف: [ع امث] دیکھئے "خزف" جو صحیح ہے۔

خ۔ر

خَر: [ف امذ] (١) گدھا (٢) احمق۔ بے وقوف

خَرِ بے دُم: [ف صف] احمق۔ بے وقوف

خَرِ چِہ داند بہائے قند و نبات: [ف مثل] گدھا قند اور مصری کی قیمت کیا جانے۔ قدر ناشناسی کے موقع پر کہتے ہیں

خَر خوش نہ خداوند خوش: [ف مثل] جس سے کوئی خوش نہ ہو اس کے متعلق کہتے ہیں۔

خَرِ دَجّال: [فع۔ امذ] وہ گدھا جس پر سوار ہو کر قیامت کے قریب دجال خروج کرے گا۔

خَر دِماغ: [فع صف] (١) سنکی۔ ہٹیلا (٢) مغرور۔ متکبر (٣) بے وقوف

خردماغی: [فع۔ امث] دیکھئے "خر دماغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خَرِ عیسیٰ اگر بہ مکہ رَوَد، چو بیاید ہنوز خر باشد: [ف مثل] نا اہل خواہ کیسی ہی اچھی صحبت میں رہے اس کی اصلاح نہیں ہو سکتی۔

خَرکار: [ف امذ] گدھا چلانے والا۔ گدھے کے ذریعے مزدوری کرنے والا۔

خَر مَسْت: [ف صف] (١) احمق۔ نادان (٢) نشۂ جوانی میں مست۔ متوالا

خَر مَستا: [ار صف] دیکھئے "خرمست"

خَر مَستی: [ار۔ امث] دیکھئے "خرمست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خرنا مستحق: [فع۔ صف] لاشئ احمق۔ بیہودہ

خَروار: [ف۔ امذ] (١) گدھے کا بوجھ (٢) ڈھیر

خَراب: [ع۔ صف] (١) ویران۔ اُجاڑ (٢) تباہ۔ برباد (٣) مست (٤) آوارہ۔ پریشان (٥) نکما (٦) ضائع۔ اکارت (٧) ذلیل۔ رسوا (افعال؛ کرنا۔ ہونا)

خَراب آباد: [عف۔ امذ] (١) تباہی کی جگہ (٢) دنیا

خراب خستہ، اناج سستا: [ار۔ مثل] نہایت تباہ حال اور مفلس کی نسبت کہتے ہیں۔

خَراب حال: [ع۔ صف۔ بترکیب فارسی] بری حالت والا۔ پریشان حال۔

خَراب کرنا: [ار۔ محاورہ] (١) بگاڑنا۔ برباد کرنا (٢) پریشان کرنا (٣) زنا کرنا۔

خراب ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "خراب کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

خرابات: [عف۔ امث] (خرابہ کی جمع) (١) شراب خانہ (٢) قمار خانہ (٣) فحاشی کا اڈا (٤) مے خانہ

خَراب خستہ: [عف صف] دیکھئے "خراب حال"

خَراباتی: [عف صف] (١) شرابی (٢) جواری

خَرابہ: [فع۔ امذ] (١) ویران مکان۔ کھنڈر (٢) قید خانہ (٣) وہ زمین جس میں کاشت نہ ہو۔ وہ فصل جو خراب ہو گئی ہو۔

خَرابی: [عف امث] (١) ویرانی۔ تباہی۔ بربادی (٢) برائی۔ بدی (٣) مشکل دقت (٤) بگاڑ (٥) عیاشی

خَرابی دیکھنا: [ار۔ محاورہ] تباہ ہونا۔ برباد ہونا

خَرابی کا ڈھانڈا: [ار۔ امذ] خرابی کا سامان۔ خرابی کے لچھن

خَرابی میں پڑنا: [ار محاورہ] مصیبت میں پھنسنا۔ آفت میں آنا

خَرابی میں ڈالنا: [ار محاورہ] دیکھئے "خرابی میں پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے

خَرّاٹا: [ار اصوت مذ] وہ آواز جو سوتے وقت حلق سے نکلتی ہے اور یہ اکثر بلغمی مزاج لوگوں کے حلق سے نکلتی ہے۔

خَرّاٹے لینا / بھرنا / مارنا: [ار محاورہ] (١) بے خبر سونا (٢) سوتے میں خر خر کی آواز نکالنا۔

خَراج: [ع امذ] (١) زمین کا محصول۔ مالگزاری۔ باج (٢) وہ روپیہ جو چھوٹے بادشاہ شہنشاہ کو دیں (٣) نعل بندی (اُردو میں خراج بکسر اول بھی بولتے ہیں)

خَراج گزار: [عف۔ امذ] (١) خراج دینے والا۔ باج گزار (٢) ماتحت بادشاہ یا رئیس۔

خَراج لگانا: [ار محاورہ] محصول مقرر کرنا

خَراج لینا: [ار محاورہ] خراج وصول کرنا۔ محصول وصول کرنا

خَراجی: [ع صف] (١) دیکھئے "خراج گزار" (٢) قابل محصول

خَرّاج: [ار صف] بہت خرچ کرنے والا (عربی اسم مبالغہ کے وزن پر یہ لفظ بنا لیا گیا ہے جو اصولاً غلط ہے)

خَرّاد: [ف امذ] (عربی "خراط" کا معرب) وہ آلہ جس سے لوہے یا لکڑی کو چھیل کر صاف کرتے ہیں اور گول بناتے ہیں (اردو میں تشدید کے بغیر بھی مستعمل ہے)

خراد پر چڑھنا: [ا رمحاورہ] (۱) لکڑی یا لوہے کا خراد پر چڑھ کر صاف یا درست ہونا (۲) انسان کا تعلیم و تربیت پا کر شائستہ ہونا۔ منجھ جانا
خراد چڑھانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "خراد چڑھنا" جس کا یہ متعدی ہے
خراد چڑھنا اُترنا: [ا رمحاورہ] (۱) درست ہونا۔ سنورنا (۲) تجربہ کار ہونا۔ زمانہ کا سوگرم دیکھے ہوئے ہونا۔
خرادنا: [ا رمص] خراد پر چڑھا کر درست کرنا
خرادی: [ف صف] خرادنے والا۔ خراد کا کام کرنے والا (اردو میں ر پر تشدید نہیں ہے)
خرادی کی گانٹھ کاٹتے ہی کٹے: [ا رمثل] ہر کام کیے سے ہوتا ہے۔
خرادی مرادی: [ا رصف] خودغرض۔ مطلبی۔ اپنی غرض اور کھانے پینے سے مطلب رکھنے والا۔
خراس: [ف امذ] آٹا پیسنے کی بڑی چکی۔ جس کو بیل اونٹ وغیرہ چلاتے ہیں
خراش: [ف لاحقہ فاعلی] خراشیدن مصدر سے صیغۂ امر۔ جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھیلنے والا اور دکھ دینے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً دل خراش (۲) (صف امذ) چھیلن، رگڑ (۳) کھجلی (۴) زخم کی ہلکی لکیر
خراط: [ع امذ] دیکھئے "خراد"
خراط اتارنا: [ا رمحاورہ] درست کرنا۔ بنانا۔ سنوارنا
خراطی: [ع صف] دیکھئے "خرادی"
خراطین: [ع امذ] "خراتین کا معرب" کیچوے
خرافات: [ع امث] دیکھئے "خرافت" جس کی یہ جمع ہے (۲) دیکھئے "خرافیات"
خرافات بکنا: [ا رمحاورہ] گالی گلوچ کرنا۔ بیہودہ باتیں کرنا
خرافت: [ع امث] بیہودہ بات۔ واہی تباہی۔ گالی گلوچ
خرافیات: [ع امث] خیالی قصہ۔ کہانیاں۔ دیومالا علم الاصنام انگریزی لفظ MYTHOLOGY کا ترجمہ
خرافیاتی: [ع صف] دیکھئے "خرافیات" جس سے یہ منسوب ہے
خرام: [ف امذ] وہ چال جو ٹھمک ٹھمک کر چلی جائے۔ ناز و ادا کی چال۔ مٹک چال (۲) لاحقہ فاعلی جو کسی اسم یا صفت کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چلنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً خوش خرام
خراماں: [ف صف] ٹھمک کر چلنے والا۔ ناز کی چال چلنے والا
خراماں خراماں: [ف صف] آہستہ آہستہ چلتے ہوئے۔ ٹہلتے ہوئے چلنا
خرانٹ: [ا رصف] تجربہ کار (۲) بوڑھا آدمی
خربوزہ: [ف امذ] ایک میٹھا پھل جو بیل سے لگتا ہے اور مئی جون میں ہوتا ہے۔
خربوزہ چھری پر گرے تو خربوزے کا نقصان ۔ چھری خربوزے پر گرے تو خربوزے کا نقصان: [ا رمثل] کمزور کی ہر طرح شامت ہے۔
خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے: [ا رمثل] صحبت کا بہت اثر ہوتا ہے۔
خرج: [ع امذ] (۱) خرچ (۲) اخراج۔ باہر نکلنا
خرجی: [ا رامث] دیکھئے "خرجین" جس کا یہ مخفف ہے۔
خرجین: [ف امث] جھولا جھولی۔ زنبیل۔ تھیلا جو گھوڑے کی پیٹھ پر سامان کے لئے باندھتے ہیں

خرچ: [ا رامذ] صرف۔ لاگت (۲) روپیہ۔ زر (۳) آمد کی ضد۔ (عربی "خرج" کا بگڑا ہوا یا مفرس)
خرچ اٹھانا: [ا رمحاورہ] خرچ برداشت کرنا۔ صرفہ برداشت کرنا
خرچ اٹھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "خرچ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے
خرچ اخراجات: [ا رامذ] وہ روپیہ جو خرچ کیا جائے۔ مصارف
خرچ بالائی: [ا رامذ] معمولی خرچ کے علاوہ۔ وہ خرچ جو عام خرچ سے زیادہ ہو۔
خرچ بردار: [ف صف] خرچ اٹھانے والا۔ وہ ملازم جو خرچ اٹھائے۔ داروغہ
خرچ پڑنا: [ا رمحاورہ] خرچ ہونا
خرچ چلانا: [ا رمحاورہ] خرچ برداشت کرنا۔ گزر بسر کرنا
خرچ چلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "خرچ چلانا" جس کا یہ لازم ہے
خرچ خانہ داری: [ا رامذ] گھر کا خرچ
خرچ دینا: [ا رمحاورہ] (۱) خرچ کے لئے روپیہ پیشگی دینا (۲) تنخواہ یا روزینہ تقسیم کرنا (۳) مزدوری دینا
خرچ روزہ مرہ: [ا رامذ] روزمرہ کا خرچ۔ روز کا حساب
خرچ سے سمندر خالی ہو جاتا ہے: [ا رمثل] دولت کتنی ہی زیادہ ہو خرچ کرنے سے ختم ہو جاتی ہے۔
خرچ کرنا: [ا رمحاورہ] صرف کرنا۔ اٹھانا
خرچ گھنا اور پیدا تھوڑی کس پر باندھوں گھوڑا گھوڑی: [ا رمثل] آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہے کیا کروں اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی نیا خرچ برداشت کرنے کو کہے۔
خرچ میں ڈالنا: [ا رمحاورہ] کسی رقم کو مصارف میں درج کرنا۔
خرچاج: [ا رصف] (غلط العوام) فضول خرچ (اردو والوں نے عربی اسم مبالغہ پر بنا لیا ہے، جو غلط ہے)
خرچنا: [ا رمص] (۱) صرف کرنا۔ اٹھانا (۲) کام میں لانا۔ استعمال کرنا۔ جیسے کچھ دماغ خرچ کرو۔
خرچنگ: [ف امذ] کیکڑا۔ سرطان
خرچو: [ا رصف] بہت خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ
خرچہ: [ا رامذ] مقدمہ کا صرف۔ لاگت صرف (افعال: دینا۔ لینا۔ دلانا)
خرچی: [ا رامث] زنا کی اجرت
خرچی جانا: [ا رمحاورہ] فاحشہ کا اجرت لے کر مردوں کے پاس جانا
خرچی چکانا: [ا رمحاورہ] فاحشہ سے زنا کی اجرت مقرر کرنا
خرخر: [ا رامث] خراٹے کی آواز
خرخر: [ا رامث] بلی کی آواز جو پیار میں خود بخود نکلتی رہتی ہے۔
خرخرانا: [ا رمص] خراٹے لینا
خرخشہ: [ف امذ] جھگڑا۔ بکھیڑا (۲) پریشانی۔ جنجال (۳) فضول بحث
خرد: [ف صف] (۱) چھوٹا (۲) کم عمر (۳) کم زر۔ کم جثہ
خردبین: [ا رآلہ] وہ آلہ جو چھوٹی چیز کو بڑا دکھائے
خردسال: [ا رصف] کم عمر۔ کم سن

خُرد سالی: [ا۔ مث] دیکھئے خُرد سال جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خُرد نوکا: [ا۔ صف] (۱) ایک قسم کا کبوتر جس کی چونچ چھوٹی ہوتی ہے (۲) ایک قسم کی جوتی جس کی نوک چھوٹی ہوتی ہے۔
خِرَد: [ف۔ امث] عقل، دانائی
خِرَدمَند: [ف۔ صف] عقلمند، دانا
خِرَدمَندی: [ف۔ امث] دیکھئے "خردمند" جس کا اسم کیفیت ہے۔
خِرَدوَر: [ف۔ صف] دیکھئے "خردمند"
خِرَدوَری: [ف۔ امث] دیکھئے "خردمندی"
خُرداد: [ف۔ امذ] ایرانیوں کا تیسرا شمسی مہینا جو ہندی مہینے اساڑھ سے ملتا ہے۔
خَردَل: [ع۔ امث] بہت باریک سے بیج جو بہت سی دواؤں میں کام آتے ہیں، رائی
خُردہ: [ف۔ امذ] (۱) ٹکڑا، ریزہ، پارچہ (۲) جزو (۳) چھوٹن، جھوٹن (۴) ریزگاری۔ (۵) عیب، نکتہ، باریکی (۶) بیع، فروخت
خُردہ بین: [ف۔ صف] (۱) عیب جو، نکتہ چین (۲) باریک بین
خُردہ بینی: [ف۔ امث] دیکھئے "خردہ بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُردہ فروش: [ف۔ صف] تھوک فروش کی ضد، تھوڑا تھوڑا بیچنے والا (۲) پھیری سے بیچنے والا (۳) بساطی، پرچون بیچنے والا
خُردہ فروشی: [ف۔ امث] دیکھئے "خردہ فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُردہ کار: [ف۔ صف] دقت پسند
خُردہ کاری: [ف۔ امث] دیکھئے "خُردہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُردہ کرنا: [ا۔ محاورہ] روپیہ بھنانا، روپیہ تڑوانا (۲) بیچنا، فروخت کرنا۔
خُردہ گیر: [ف۔ صف] عیب جو، نکتہ چیں
خُردہ گیری: [ف۔ امث] دیکھئے "خردہ گیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُردہ مُردہ: [ف۔ صف] (۱) ٹکڑے ٹکڑے (۲) گڈمڈ، اوپر تلے
خُردی: [ف۔ امث] چھوٹائی، چھوٹا پن
خُردیا: [ا۔ صف] (۱) خردہ فروش (۲) صراف
خِرس: [ف۔ امذ] ریچھ، بھالو
خُرسَند: [ف۔ صف] خوش، شادماں
خُرسَندی: [ف۔ امث] دیکھئے "خرسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُرشید: [ف۔ امذ] دیکھئے "خورشید" جو صحیح ہے۔
خُرطوم: [ع۔ امث] ہاتھی کی سونڈ (۲) سردار قوم (۳) ترکی کا ایک شہر
خَرِف: [ع۔ صف] بڈھا کھوسٹ، پیر فرتوت، سٹھیایا ہوا بڈھا (۲) مہمل، بیہودہ
خُرفہ: [ع۔ امذ] ایک سیاہ بیج جو اکثر ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں (۲) ایک قسم کا ساگ
خَرق: [ع۔ امذ] (۱) پھاڑنا (۲) جھوٹ بولنا
خَرقِ عادت: [ع۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] عادت اور فطرت کے خلاف کوئی بات، کنایۃً ولی کی کرامت، نبی کا معجزہ
خَرق و الْتِیام: [ع۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] پھٹ جانا اور پھر باہم مل جانا۔
خِرقہ: [ع۔ امذ] پرانا لباس، پیوند لگا ہوا کپڑا، گدڑی، درویشوں کا لباس۔

خِرقہ بند: [ع ف۔ امذ] (۱) دیکھئے "خرقہ پوش" (۲) ایک قسم کا کبوتر
خِرقہ بندی: [ع ف۔ امث] دیکھئے "خرقہ بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خِرقہ پوش: [ع ف۔ صف] گدڑی پہننے والا، درویش، صوفی
خِرقہ پوشی: [ع ف۔ امث] دیکھئے "خرقہ پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خِرقہ پہنانا: [ا۔ محاورہ] گدڑی پہنانا، خلیفہ بنانا، سجادہ نشین بنانا۔
خِرقہ پہننا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "خرقہ پہنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
خِرقہ سالوس: [ع ف۔ امذ] دھوکے کا لباس، مکاری کا بھیس
خرگاہ / خرگہ: [ف۔ امذ] بہت بڑا خیمہ، سلاطین اور امرا کا خیمہ
خرگاہِ نُہ پایہ: [ف۔ امذ] کنایۃً آسمان
خُرگاہ / خُرگہ: [ف۔ امث] خوشی کی جگہ، عیش کی جگہ
خرگوش: [ف۔ امذ] گدھے کے سے کان والا، ایک تیز رفتار بلی کے برابر چھوٹا سا جانور جس کے کان بہت بڑے اور گدھے کی مانند ہوتے ہیں۔
خرگوش کی طرح جھاڑیوں میں مار لینا: [ا۔ محاورہ] آسانی سے حاصل کر لینا آسانی سے قابو کر لینا۔
خُرَّم: [ف۔ صف] (۱) خوش، شادماں (۲) شاداب، سرسبز، تروتازہ۔
خُرَّم روز: [ف۔ امذ] ہر ایرانی مہینے کا آٹھواں دن (۲) وہ تہوار جو مہینہ کے آٹھویں دن یا آٹھویں تاریخ کو منایا جاتا تھا۔
خُرما: [ف۔ امذ] چھوہارا، کھجور (۲) چھوہارے کی شکل کی ایک مٹھائی
خرمن: [ف۔ امذ] کھلیان، انبار، وہ غلے کا ڈھیر جس سے بھوسا علیحدہ نہ کیا گیا ہو (۲) چاند کا ہالہ (۳) وہ روشنی جو آفتاب کے گرد دکھائی دیتی ہے۔
خر موش: [ف۔ امذ] بڑا چوہا، گھونس۔
خرمہرہ: [ف۔ امذ] (۱) سکہ، ناقوس (۲) کوڑی (۳) گھونگھا
خرمی: [ف۔ امث] خوشی، شادمانی، فرحت، انبساط۔
خروج: [ع۔ امذ] (۱) نکاس، برآمد، باہر نکلنا (۲) شورش، بغاوت، فتنہ
خروج کرنا: [ا۔ محاورہ] بغاوت کرنا، نکلنا
خروس: [ف۔ امذ] مرغا
خروش: [ف۔ امذ] شور، غل، غوغا، رونے کی آواز
خروشاں: [ف۔ صف] شور مچانے والا، روتا ہوا۔
خری: [ف۔ امث] بے وقوفی، حماقت، گدھا پن۔
خریت: [ف۔ امث ق] دیکھئے "خری" (اصولاً غلط لفظ ہے)
خرید: [ف۔ صف] (۱) خریدی ہوئی، مول لی ہوئی (۲) [امث] خریداری، قیمت
خرید کے مول: [ا۔ امذ] اصل قیمت جس پر کوئی چیز خریدی جائے۔
خرید لینا: [ا۔ محاورہ] مول لینا، ذمہ لینا
خرید فروخت: [ف۔ امث] لین دین، بیچنا، خریدنا
خریدار: [ف۔ صف] (۱) گاہک، مول لینے والا (۲) خواہاں، طلب گار
خریدار کی نگاہ: [ا۔ امث] قیمت کے متعلق خریدار کا اندازہ
خریداری: [ف۔ امث] دیکھئے "خریدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خریدنا: [(ا)۔] مول لینا، خرید کرنا۔
خریطہ: [ع۔ امذ] (۱) تھیلی، کیسہ (۲) وہ تھیلی جس میں سرکاری …
خریطی: [ع۔ امث] دیکھئے "خریطہ" جس کی یہ تصغیر ہے۔

خَرِیف : [ع امث] (۱) خزاں (۲) وہ موسم جب آفتاب برج میزان میں ہوتا ہے (۳) ساؤنی کی فصل جس میں جوار مکئی وغیرہ ہوتی ہے اساڑھ سے کاتک تک کا زمانہ

خ ۔ ز

خَز : [ف امذ] ریشم۔ ریشم کا کچا سُوت۔ ایک موٹا ریشمی کپڑا
خَزادَہ / خوزادہ : [ف امذ] خواجہ زادہ کا مخفف۔ صاحب زادہ۔ سردار زادہ سردار
خَزاں : [ف امث] بہار کی ضد۔ پت جھڑ کا موسم (۲) بے رونقی۔ زوال۔
خَزاں آنا : [ا۔ محاورہ] (۱) زوال آنا (۲) حسن نہ رہنا (۳) بہار کا موسم چلا جانا۔
خَزاں دِیدَہ / رسیدہ : [ف صف] بے رونق۔ پُرانا۔ مایوس
خَزانچی : [ف صف] خزانہ رکھنے والا۔ تحویل دار۔ خزانہ کا نگران
خَزانَہ : [ع امذ] وہ جگہ جہاں روپیہ پیسہ جمع رہتا ہے۔ بنک (۲) ذخیرہ گودام (۳) پانی کا ذخیرہ رکھنے کی جگہ (۴) بندوق یا توپ کی وہ جگہ جہاں گولیاں رہتی ہیں۔ (۵) روپیہ۔ نقدی۔ دولت
خَزانَہ دار : [ف صف] دیکھئے "خزانچی"
خَزانی : [ف صف] خزاں زدہ۔ تباہ۔ پریشان
خَزانۂ عامِرَہ : [ع امذ۔ بہ ترکیب فارسی] بھرا ہوا خزانہ (۲) شاہی یا سرکاری خزانہ
خَزانۂ غیب : [ع امذ۔ بہ ترکیب فارسی] پوشیدہ خزانہ۔ اللہ تعالیٰ کی برکت و رحمت
خَزائِن : [ع امذ] دیکھئے "خزانہ" جس کی یہ جمع ہے۔
خَزَف : [ع امث] ٹھیکری۔ ٹھیکرا
خَزِینَہ : [ف امذ] دیکھئے "خزانہ"

خ ۔ س

خَس : [ف امذ مث] کوڑا کرکٹ۔ پھوس۔ سوکھی ہوئی گھاس (۲) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ جو پانی کے کنارے ہوتی ہے اس سے ٹٹیاں بنائی جاتی ہیں۔
خَس پوش : [ف صف] وہ چیز جس کو سوکھی گھاس سے چھپایا جائے۔
خَس خانہ : [ف امذ] وہ مکان جو خس کی ٹٹیوں سے بنایا گیا ہو۔
خَس کم جہاں پاک : [ف مثل] نالائق یا بیکار او رنکمے شخص کے مرجانے یا چلے جانے پر کہتے ہیں۔
خَس کی ٹٹی : [ا امث] خس کی جڑوں سے بنا ہوا پردہ یا چھپر
خَس و خاشاک / خار : [ف امذ] کوڑا کرکٹ۔ گھاس پھوس
خَسارَت : [ع امث] دیکھئے "خسارہ"
خَسارَتِ جنگ : [ع امث] تاوان جنگ۔ لڑائی کا تاوان
خَسارَہ : [ع امذ] (۱) ٹوٹا۔ نقصان۔ گھاٹا (۲) گمراہی (افعال: اٹھانا دیکھنا۔ دکھانا۔ دینا)
خَساسَت : [ع امث] (۱) بخل۔ کنجوسی (۲) کمینہ پن۔ رذالت۔

خَساں : [ف امذ] کمینے لوگ
خَسانَت : [ف امث] کمینہ پن۔ چھچھورا پن۔ بخل۔
خَساندَہ : [ف امذ] بھگویا ہوا۔ پانی میں بھگو کر نتھار کر پینے کی دوا۔
خَسائِس : [ع۔ امث] دیکھئے "خسیسہ" جس کی یہ جمع ہے۔
خِسَّت : [ع امث] بخل۔ کنجوسی۔ کمینگی (۲) قلت۔ کمی
خَستگی : [ف امث] دیکھئے "خستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خَستَہ : [ف صف] (۱) زخمی۔ شکستہ (۲) رنجیدہ (۳) بھربھرا۔ کرکرا (۴) خراب بدحال۔ پریشان۔ ذلیل (۵) مفلس۔ نادار۔ تنگ دست (۶) (مذ) خوبانی کی گری جو مغز بادام کے دھوکے میں فروخت ہوتی ہے (۷) میدے کی تلی ہوئی ٹکیاں (۸) تھکا ہوا۔ سُست (۹) فارسی میں ہر پھل کی گٹھلی۔ آم، خرما وغیرہ کی گٹھلی۔
خَستہ جگر / حال / خاطر / دِل / رواں / خوار : [ف صفت] پریشان۔ آزردہ شکستہ دل۔ رنجیدہ۔ ناخوش
خَستَہ خانہ : [ف امذ] شفاخانہ
خَستَہ نواز : [ف۔ صف] تھکے ہاروں کی پرورش یا مدد کرنے والا
خَستَہ نوازی : [ف۔ امث] دیکھئے "خستہ نواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُسُر : [ف امذ] سُسر۔ بیوی یا خاوند کا باپ
خُسُر پورہ : [ف امذ] سالا۔ بیوی کا بھائی
خُسران : [ع امذ] نقصان۔ گھاٹا۔ خسارا
خُسرَو : [ف امذ] بڑا بادشاہ۔ مشہور بادشاہ۔ ایران کا شاہی خطاب صاحب شوکت
خُسرَوِ انجم : [ف۔ امذ] ستاروں کا بادشاہ کنایۃً سُورج
خُسرَوانَہ : [ف صف] شاہانہ (۲) بادشاہی طریقے سے۔ خُسرو کی طرح
خُسرَوانی : [ف صف مث] شاہانہ
خُسرَوی : [ف صف امث] بادشاہ سے منسوب (۲) بادشاہت بادشاہی (۳) ایک شراب
خَسرَہ : [ا امذ] (۱) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست جس میں مالک و کاشتکار کا نام۔ کھیت کا رقبہ، قسم زمین اور جنس پیدا شدہ درج ہوتی ہے (۲) وہ کتاب جس میں فہرست درج ہو (۳) مسودہ (۴) ایک بیماری جو چیچک سے مشابہ ہوتی ہے
خَسرَہ آبادی : [ا امذ] گاؤں کے مکانات کی مع ملکیت فہرست
خَسرَہ تقسیم : [ا امذ] حصوں کی فہرست
خَسَک : [ف امذ] (۱) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک (۲) کانٹے دار جھاڑی۔ (۳) گوکھرو۔ لوہے کے کانٹے جنہیں دشمن کے راستہ میں بچھا دیتے تھے۔
خُسُوف : [ع امذ] چاند گہن
خَسی : [ا امث] وہ سیون جو انگیا کی کٹوریوں کو انگیا کی آستینوں سے جوڑتی ہے۔
خَسِیر : [ع صف] نقصان اُٹھانے والا۔ دیوالیہ
خَسِیس : [ع صف] (۱) بخیل۔ کنجوس (۲) کمینہ۔ رذیل
خَسِیسَہ : [ع۔ امث] نالائقی۔ کمینگی۔ پستی

خ۔ش

خُشّ : [ف امث] ساس، بیوی یا شوہر کی ماں خُسر / سُسر کی بیوی
خِشْت : [ف امث] (۱) اینٹ (۲) ایک قسم کی مٹھائی (۳) روٹی جو مُردوں کی فاتحہ کے لیئے پکائی جاتی ہے (۴) ژند کے بارھویں باب کا نام۔
خِشْت انداز : [ف صف] اینٹیں مارنے والا، اینٹیں پھینکنے والا
خِشْت اندازی : [ف امث] دیکھئے "خشت انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خِشْت پَز : [ف امذ] اینٹیں پکانے والا، بھٹے والا
خِشْت پُزی : [ف۔ امث] دیکھئے "خشت پز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خِشْت ریز : [ف۔ امذ] اینٹیں پاتھنے والا
خِشْت ریزی : [ف۔ امث] دیکھئے "خشت ریز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خِشْت زَن : [ف۔ امذ] (۱) اینٹیں مارنے والا (۲) اینٹیں پاتھنے والا
خِشْت زَنی : [ف امث] دیکھئے "خشت زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خِشْتَک : [ف امث] (۱) چھوٹی اینٹ (۲) گھٹنے کی چپنی (۳) میانی۔ رومال۔ چوبغلہ۔ چڑیا۔ سنگھاڑھا۔
خَشْخاش : [ف امذ] (۱) پوست کا پودا (۲) پوست کے بیج۔ کوکنار (۳) وزن میں ایک چاول کا آٹھواں حصّہ
خَشْخاش کے دانے کے برابر : [ا رامذ] بہت چھوٹا، بہت تھوڑا۔ کچھ بھی نہیں۔
خَشْخاشی / خشخشی ڈاڑھی : [ا رامث] چھوٹی ڈاڑھی۔ جو اکثر باریک مشین سے کاٹی جاتی ہے
خَشْخَش : [ا رامذ] دیکھئے "خشخاش" جو صحیح ہے۔
خُشْک : [ف صف] (۱) سُوکھا۔ بلا پانی یا نمی (۲) درشت۔ کج اخلاق، روکھا (۳) بے لُطف۔ بے حظ (۴) بلا روئی (۵) بلا سالن وہ جس سے فائدہ نہ ہو (۶) بے شیر بے دودھ (۷) بلا بارش (۸) بے سمجھ۔ بے مغز (۹) پھیکا۔ بے مزہ (۱۰) پیاسا۔ تشنہ۔
خُشْک دِماغ / مغز : [ف صف] (۱) سودائی۔ دیوانہ (۲) تُندخو (۳) بیہودہ گو (۴) مغموم
خُشْک دماغی / مغزی : [ف امث] دیکھئے "خشک دماغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خُشْک سال / سالی : [ف امذ] وہ سال جس میں بارش نہ ہو۔
خُشْک کرنا : [ا رفعل مرکب] سُکھانا
خُشْک لَب : [ف صف] پیاسا
خُشْک و تر : [ف صف] بُرا بھلا۔ خوب و زشت (۲) گیلا اور سوکھا۔
خُشْک ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) سُوکھنا (۲) مرجھانا۔ جھڑنا (۳) بغیر دُودھ کے ہونا۔ دودھ سے بند ہو جانا (۴) بلا بارش ہونا۔ رُوکھا ہونا
خُشْکار / خُشْکاری : [ف امذ] بے چھنا آٹا۔ چھبتھی
خُشْکَہ : [ف امذ] اُبلے ہوئے چاول
خُشْک اور بروزہ اگرچہ گندہ مگر ایجادِ بندہ : [ا رمثل] وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی اپنی بات پر اس وجہ سے اڑا رہے کہ اس کی ایجاد ہے۔

خُشکہ کھاؤ : [ا رمثل] جب کوئی بیجا خواہش کرے تو کہتے ہیں
خُشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ : [ا رمثل] بے محل بات کا جواب ہے۔ اپنا رستہ لو، جاؤ
خُشْکی : [ف امث] (۱) سُوکھا پن۔ نمی نہ ہونا (۲) رُوکھا پن (۳) قحط (۴) اِمساک۔ باراں (۵) پھیکا پن۔ خشک آٹا (۶) وہ میل جو سر میں خشکی پیدا ہونے سے پیدا ہو جاتا ہے (۷) خشک زمین
صف) خشک مزاج۔ روکھا۔ تنک مزاج۔ چڑچڑا
خُشْکی کی راہ : [ف امث] زمین کا راستہ۔ راستہ جو کشتی سے نہ طے کیا جائے
خَشْم : [ف امذ] (۱) غصّہ۔ ناراضگی۔ خفگی۔ طیش۔ عتاب۔ کرودھ
خَشْم آلُود : [ف صف] غصّے ناراض۔ غضب ناک
خَشْم ناک / گِین : [ف امث] غضب ناک، غصّہ دلانے والا۔
خَشِن : [ف امذ] ٹاٹ۔ بوریا سخت
خُشُوع : [ع امذ] عاجزی۔ فروتنی۔ گڑگڑانا۔
خُشُونَت : [ع امث] (۱) سختی۔ درشتی۔ تلخی۔ ترشی (۲) ریاضت تپسیا (۳) دشمنی۔ خصومت۔ عداوت (۴) تندی۔ تیزی۔ (۵) غصّہ کرودھ (۶) نفرت۔ کراہیت
خَشْیَت : [ع امث] ڈر۔ خوف

خ ۔ ص

خِصال : [ع امث] (۱) خصلت کی جمع۔ مرکبات میں بھی مستعمل ہے جیسے خوش خصال، بدخصال
خَصائص : [ع امث] (۱) خاصیت کی جمع۔ خاصیتیں
خَصائل : [ع امث] خصلت کی جمع۔ خصلتیں
خَصْلَت : [ع امث] (لکھنؤ میں مذ) عادت۔ خو (۲) خاصیت۔ تاثیر۔ گُن (۳) طبیعت۔ سیرت۔ مزاج (۴) خوبی۔ لیاقت۔ قابلیت۔
خَصْم : [ع امذ] (۱) مقابل۔ حریف۔ دشمن (۲) (ف) مالک۔ صاحب (۳) (اردو) شوہر۔ خاوند
خَصَم پیٹی / روئی : [ا رامث] بیوہ۔ رانڈ۔ ایک قسم کا کوسنا
خصم جورو کی لڑائی کسی کو نہ بھائی : [ا رمثل] میاں بیوی کی لڑائی سب کو ناپسند ہے۔
خصم سے چھوٹے تو یاروں کے جائے : [ا رمثل] بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔
خصم کا کھائے / کھائیں۔ بھائی کا گائے / گائیں : [ا رمثل] فائدہ کسی سے تعریف کسی کی۔
خصم کرنا : [ا رمحاورہ] شوہر کرنا خاوند کرنا۔ عورت کا اپنا بیاہ خود کر لینا
خصم کیا بُرا کیا۔ کرکے چھوڑ دیا اس سے بھی بُرا کیا۔ [ا رمثل] عیب ہر ایک بُرا ہے اس سے بچنا چاہیئے
خصم کیا سُکھ سہنے کو یا پٹی / پاٹی سے لگ کر رونے کو : [ا رمثل] جو کام کیا جاتا ہے اپنے فائدہ کے لئے کیا جاتا ہے۔ فائدہ نہ ہو تو عبث ہے۔

خصم مار کر ستی ہوئی : [ا رمثل] دغا کرنے کے بعد ظاہری افسوس کرنے کے موقع پر کہتے ہیں جو عورتوں کے مکر و فریب سے متعلق ہے۔
خصم نہ پوچھے بات میرا دھن سہاگن ناؤں انام : [ا رمثل] کوئی منہ لگاتا نہیں آپ ہی آپ اتراتی ہے۔
خصموں جلی : [ا رصف مث] وہ عورت جس کو خاوند کا سُکھ نصیب نہ ہُوا ہو
خصوص : [ع امذ] ا، خاص کرنا۔ خاص ہونا ۲، خصوصیت۔ نرالا پن ۳، مخصوص معاملہ۔ چیز۔ بات
خصوصاً : [ع تف] خاص کر۔ خاص طور پر
خصوصی : [ع صف] خاص، مخصوص
خصوصیات : [ع امث] دیکھئے "خصوصیت" جس کی یہ جمع ہے۔
خصوصیت : [ع۔ امث] ا، خاص بات۔ خاص صفت ۲، ذاتی تعلق میل ملاپ۔ دوستی۔ اخلاص
خصوم : [ع امذ] خصم کی جمع۔ دشمن۔
خصومات : [ع امذ امث] دیکھئے "خصومت" جس کی یہ جمع ہے۔
خصومت : [ع امث] دشمنی۔ جھگڑا۔ فساد
خصی : [ع امذ] ا، خصیے نکلا ہُوا ۲، اختہ ۳، نامرد۔ ہیجڑا ۴، وہ عورت جس کے پستان نہ ہوں [انفعال : کرنا۔ ہونا] ۵، رباعی کی وہ قسم جس کے تین مصرعے ہم قافیہ ہوں۔
خصی پر نالا : [ا رامذ] ا، وہ پرنالا جو دیوار کے اندر ہو۔ جس کا پانی دیوار کے ساتھ ساتھ بہہ کر نیچے گرتا ہو ۲، بازاری عورت کی شرمگاہ
خصیہ : [ع امذ] ا، فوطہ۔ خایہ۔ بیضہ
خصیہ بردار : [ف صف] چاپلوس۔ خوشامدی
خصیہ برداری : [ع فا امث] دیکھئے "خصیہ بردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خصیوں میں تانت باندھ دینا : [ا رمحاورہ] بدلہ لے لینا۔ کسی قابل نہ چھوڑنا۔ سخت سزا دینا۔
خصیے سہلانا : [ا رمحاورہ] خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا

خ ۔ ض

خضاب : [ع امذ] ا، بالوں کو سیاہ کرنے کا رنگ۔ جو نیل اور مہندی وغیرہ کو ملا کر کرتے ہیں ۲، وسمہ ۳، کوئی سفوف یا تیل جو بالوں کو سیاہ کرے۔
خضابِ آہنی : [ع ف امذ] اُسترا
خضابِ آہنی پھیرنا : [ا رمحاورہ] اُسترے سے مونڈنا۔ حجامت کرنا بنانا
خضاب کرنا / لگانا : [ا رمحاورہ] بال سیاہ کرنا۔ وسمہ لگانا
خضاب لگنا : [ا رمحاورہ] بال سیاہ ہونا
خضر / الخضر : [ع امذ] ا، مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق ایک پیغمبر کا نام جنہوں نے آبِ حیات پیا ہے اور قیامت تک زندہ رہیں گے۔ جو خشکی اور تری پر عبور رکھتے ہیں اور بھولے بھٹکوں کو راستہ دکھلاتے ہیں ۲، کنایتہً راہنما۔ رہبر
خضرِ راہ : [ع امذ] راہنما۔ رہبر
خضر صورت : [ع صف] سفید و دراز ریش
خضر لباس : [ع صف] خوش پوش
خضراء : [ع امث] "اخضر" کی تانیث
خضرت : [ع امث] سبزی۔ ہریالی۔ ساگ
خضری : [ع صف] "خضر" سے منسوب۔ بڑی عمر
خضری : [ع امذ] سبزی فروش۔ کنجڑا
خضوع : [ع امذ] دل کا عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا ۲، عاجزی۔ فروتنی (دل کی)
خضیب : [ع صف] رنگین۔ خضاب شدہ

خ ۔ ط

خط / خطّ : [ع امذ] ا، لکیر۔ نشان ۲، نیا سبزہ جو چہرے پر آتا ہے ۳، نامہ، مکتوب۔ چٹھی۔ تحریر ۴، وہ لکیر جس میں صرف طول ہوتا ہے عرض اور عمق نہیں ہوتا ۵، ہاتھ کا لکھا ہوا۔ اندازِ تحریر ۶، حلیہ۔ چھب صورت شکل ۷، حجامت
خطِ آزادی : [ع ف امذ] رہائی کی سند۔ جو غلاموں کو دی جایا کرتی تھی
خطِ آفتابی : [ف امذ] ایک قسم کی ایرانی تحریر جس میں حروف کے خط دائرہ کا ایک حصہ ہوتے ہیں۔
خط آنا : [ا رمحاورہ] رخساروں پر داڑھی یا مونچھوں کا آغاز ہونا نمودار ہونا (چٹھی آنا)
خطِ اجراء : [ع ف امذ] پنشن یا جاگیر کا حکم
خط اڑانا : [ا رمحاورہ] رگڑ رگڑ کر مٹا دینا۔ محو کر دینا ۲، چٹھی چرا لینا
خطِ استواء / اعتدال : [ف امذ] وہ فرضی لکیر جو زمین کے بیچوں بیچ قطبین سے برابر فاصلہ پر شرقاً غرباً تسلیم کی جاتی ہے۔ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جب سورج اس خط پر آتا ہے، تو دن رات برابر ہوتا ہے۔
خطِ اُفق : [ع امذ] ایک فرضی دائرہ جو قطبین میں سے گزرتا ہے۔
خطِ الحاق : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ملانے والا خط
خطِ امان : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ا، بچاؤ کا حکم ۲، پروانہ راہداری
خطِ اوّل : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ا، حرف الف ۲، عرش و کرسی ۳، مکہ معظمہ
خطِ باطل : [ع امذ] گناہ پاپ
خط بریدہ : [ع ف امذ] حروف جو الگ صفحے پر لکھے جائیں۔
خط بڑھ آنا / جانا : [ا رمحاورہ] رخساروں کے بال معمول سے زیادہ ہو جانا۔ بڑھ جانا
خط بگڑنا : [ا رمحاورہ] تحریر خراب ہو جانا۔ بدخط لکھنے لگنا
خط بنانا : [ا رمحاورہ] حجامت بنانا۔ نشان ڈالنا
خط بن جانا : [ا رمحاورہ] نشان پڑ جانا۔ حجامت بن جانا
خط بننا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خط بن جانا"

خطِ بندگی : [ا رف امذ] خط غلامی۔ غلامی کا اقرار نامہ

خط بنوانا : [ا رمحاورہ] حجامت بنوانا۔ رخساروں کے بال مونڈوانا

خط بھر آنا : [ا رمحاورہ] چہرہ پر بال آگنا۔ ڈاڑھی نکلنا

خط بھیجنا : [ا رمحاورہ] چٹھی بھیجنا۔ نامہ ارسال کرنا

خطِ بیضوی : [ف امذ] ایک قسم کی ایرانی تحریر جس میں حروف کے دائرے انڈے کی شکل کے ہوتے ہیں۔

خطِ پرکار : [ع ف امذ] وہ خط جو پرکار سے کھینچا جائے۔ پرکار کا دائرہ

خط پڑنا : [ا رمحاورہ] نشان ہوجانا۔ لکیر پڑجانا

خط پکڑا جانا : [ا رمحاورہ] خط کسی اور کے ہاتھ لگ جانا

خط پکڑنا : [ا رمحاورہ] دوسرے کا خط لے لینا

خط پہچاننا : [ا رمحاورہ] کسی کی تحریر پہچاننا، شناخت کرنا

خطِ پیشانی / جبیں / سرنوشت : [عف امذ] تقدیر کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر

خط تراش : [عف امذ] نائی۔ حجام

خط تراشنا : [ا رمحاورہ] حجامت بنانا

خطِ ترسا : [عف امذ] وہ تحریر جو بائیں سے دائیں کو لکھی جائے۔

خط ترشنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خط تراشنا"، جس کا یہ لازم ہے۔

خطِ تقدیر : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] تقدیر کا لکھا ہوا۔ قسمت کا لکھا ہوا۔

خطِ توام / توأمان : [ع ف امذ] ایک قسم کا خط جو دو اوراق کے اوپر تلے رکھنے سے حروف ظاہر ہوجاتے ہیں۔ ان اوراق پر لکیریں کچے نشان بنے ہوتے ہیں۔

خطِ تیغ : [عف امذ] تلوار کا زخم

خطِ جام / جامِ جم : [ف امذ] جمشید کے پیالہ کی لکیریں جو سات ہیں: (۱) خط جور (۲) خط بغداد (۳) خط بصرہ (۴) خط ازرق (۵) خط اشک (۶) خط کاشغر (۷) خط فرودینہ

خطِ جدی : [عف امذ] وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجے جنوب میں واقع ہے۔ جب آفتاب اس خط پر پہنچتا ہے تو شمال کی طرف دن چھوٹا اور رات بڑی ہوتی ہے۔ شمال میں یہ سردی کا موسم ہوتا ہے۔

خطِ جلی : [ع امذ] موٹی تحریر۔ موٹے حروف۔ روشن تحریر۔

خطِ چلیپا / چلیپائی : [عف امذ] صلیب نما خط۔ جیسے جمع کا نشان ہوتا ہے۔ اس میں ایک لکیر عمودی اور دوسری افقی ہوتی ہے۔ یعنی "+"

خطِ حصار : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ دائرہ جو وظیفہ کرنے والے عامل اپنے گرد کھینچتے ہیں۔

خطِ خفی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] باریک تحریر

خط خوانا : [عف امذ] وہ تحریر جو آسانی سے پڑھی جاسکے۔

خطِ خون : [عف امذ] موت کا حکم۔ پروانۂ موت

خطدار : [عف صف] دھاری والا۔ جس پر لکیریں پڑی ہوں۔

خطِ دستی : [عف امذ] (۱) وہ خط جو بذریعہ قاصد بھیجا جائے (۲) ہاتھ کا لکھا ہوا خط۔

خط ڈالنا : [ا رمحاورہ] (۱) چٹھی لکھنا (۲) لکیر ڈالنا۔ نشان ڈالنا

خط رکھنا : [ا رمحاورہ] ڈاڑھی بڑھنے دینا۔

خطِ رواں : [عف امذ] دیکھئے "خط خوانا"

خطِ ریحان / گلزار / بہار : [عف امذ] ایک خط جس میں حروف جلی ہوتے ہیں اور حروف کے بیچ میں نقش و نگار بنے ہوتے ہیں۔

خطِ زبرجد / سبز : [عف امذ] ڈاڑھی مونچھوں کا آغاز۔ وہ بال جو نئے نکلے ہوں۔

خطِ سرطان : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجے شمال کو ہے۔ سورج جب اس پر آتا ہے تو شمالی حصہ میں موسم گرما اور جنوبی حصہ میں موسم سرما ہوتا ہے

خطِ سرمہ : [عف امذ] سرمہ کی لکیر جو آنکھ میں بن جاتی ہے۔

خط سنوارنا : [ا رمحاورہ] (۱) خط کا درست کرنا۔ خوشخطی پیدا کرنا۔ خوش خط کرنا (۲) اچھی حجامت بنانا

خط سنورنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خط سنوارنا"، جس کا یہ لازم ہے۔

خطِ سرق : [عف امذ] ایک قسم کی تحریر۔

خطِ شریف / ہمایوں : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] (۱) ایک شاہی خط یا حکم (۲) وہ خط جسے بادشاہ خود اپنے ہاتھ سے لکھے یا اس پر دستخط کرے

خطِ شعاع / شعاعی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] آفتاب کی کرن

خطِ شکستہ : [عف امذ] ایک قسم کا خط جو گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے اور بہ دقت پڑھا جاتا ہے

خطِ عمود / عمودی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] (۱) دو نقاط کا سب سے کم درمیانی فاصلہ (۲) وہ کھڑی لکیر جو دو زاویے پیدا کرے (۳) وہ لکیر جو دو زاویے قائمے بنائے۔

خطِ غبار : [عف امذ] (۱) بہت باریک عربی یا فارسی خط جو غبار سا معلوم ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا خط جو دو الگ الگ کاغذوں پر لکھا جاتا ہے دونوں کاغذوں کو ملائیں تو پڑھا جاتا ہے۔ ورنہ غبار سا معلوم ہوتا ہے اور پڑھا نہیں جاتا۔

خطِ غلامی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "خط بندگی"

خطِ فاصل : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] درمیانی لکیر۔ دو چیزوں کو علیحدہ کرنے والی لکیر (افعال: کھینچنا۔ کھنچنا)

خط کتابت : [ع امث بہ ترکیب فارسی] مراسلت

خط کترنا : [ا رمحاورہ] بال تراشنا۔ سر یا ڈاڑھی وغیرہ کے بال قینچی سے کاٹنا۔

خط کش : [ف صف امذ] (۱) وہ سودا جو بیچنے والے کو واپس نہ ہوسکے (۲) وہ آلہ جس سے بڑھئی لکڑی چیرنے کے لیے نشان لگاتے ہیں (۳) وہ لکڑی یا پیمانہ جس سے لکیریں لگاتے ہیں۔ مسطر (۴) لکھنے والا۔ کاتب (۵) قانون ساز

خط کشی : [عف امذ] دیکھئے "خط کش"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خط کشیدہ : [عف صف] وہ الفاظ جن کے اوپر یا نیچے لکیر کھینچ دی گئی ہو۔

خط کھینچنا : [ا رمحاورہ] (۱) محو کردینا۔ مٹا دینا (۲) قلمزد کرنا (۳) نشان کرنا۔

خط کی پیشانی : [ا رامث] وہ جگہ جو خط کے اوپر خالی چھوڑی جاتی ہے۔

خطِ متارکۂ جنگ : [عف امذ] جنگ بندی کی حد

خطِ متوازی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ دو لکیریں جن کو ان کی سیدھ میں جہاں تک چاہیں کھینچتے جائیں وہ آپس میں نہ ملیں۔ جیسے ریل کی پٹڑی وغیرہ

خطِ محور : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] زمین کا وہ فرضی خط جو اس کے مرکز سے گزر کر محیط کے دونوں طرف پہنچتا ہے۔ اور زمین اس کے گرد چکر کاٹتی ہے۔

خطِ مُستدیر : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] گول لکیر۔ دائرہ
خطِ مُستقیم : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] سیدھی لکیر جو دو نقطوں کے درمیان چھوٹے سے چھوٹا خط
خطِ مُشکیں : [ع ف امذ] دیکھئے "خطِ سبز"
خطِ منحنی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ٹیڑھی لکیر۔ دائرہ وار لکیر
خطِ میخ / میخی : [عف امذ] وہ خط جس میں اہل بابل کے خط اور کتبے لکھے جاتے تھے۔ یہ کھونٹے قلم سے لکھا جاتا تھا۔
خطِ نستعلیق : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ خط جو نسخ اور تعلیق کو ملا کر نکالا گیا۔ جس میں حروف کے دائرے گول اور خوبصورت ہوتے ہیں۔
خطِ نسخ : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ایک عربی خط جس میں حروف ٹوٹے ہوئے ہوتے ہیں اور دائرے مکمل نہیں ہوتے۔
خطِ نصفُ النّہار : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ایک ذہنی لکیر جو زمین کی سطح پر سے گزر کر قطبین کو ملائے خط استوا پر ان لکیروں کا درمیانی فاصلہ ۶۹ میل ہوتا ہے۔
خط نکلنا : [ا رمحاورہ] رخساروں پر آغاز سبزہ ہونا
خط و خال : [عف ۔امذ] نقش و نگار۔ وضع قطع
خط و کتابت : [ع ۔ امث ۔ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے خط کتابت جو فصیح ہے
خَطا : [ع امث] قصور۔ گناہ۔ جرم۔ تقصیر (۲) غلطی۔ سہو۔ بھول۔ چوک (۳) چین کا ایک علاقہ جو مشک کے لیے مشہور ہے
خَطا اگر راست آید تاہم خطا است : [ف مقولہ] بے جا کام سے اگر کوئی فائدہ بھی ہو جائے تو بھی بُرا ہے۔
خَطا بر بازار و سزا پس دیوار : [ف مثل] قصور کی سزا پوشیدہ ہونی چاہیئے
خَطا پانا : [ا رمحاورہ] انجام اچھا نہ ہونا۔ غلطی کرنا
خَطا پوش : [عف صف] گناہوں کو چھپانے والا مراد خدا
خَطا پوشی : [عف امث] دیکھئے "خطا پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خَطا کار / گر / وار : [عف صف] قصوروار۔ گنہگار۔ مجرم
خَطا کاری / گری / واری : [عف امث] دیکھئے "خطا کار / گر / وار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خَطا کرنا : [ا رمص مرکب] قصور کرنا۔ گناہ کرنا۔ غلطی کرنا
خَطا کرے بیوی پکڑی جاوے باندی : [ا رمثل] امیر قصور کرے اور غریب کو سزا ملے۔
خَطا ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) دیکھئے "خطا کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) پیشاب پاخانہ بغیر ارادہ کے نکل جانا۔
خِطاب : [ع امذ] کلام۔ گفتگو۔ بات چیت مکالمہ (۲) مخاطب ہونے کا فعل (۳) توصیفی لقب جو حکومت کی طرف سے ملتا ہے۔ عزت کا نام۔ (افعال : دینا۔ پانا۔ ملنا)
خَطابت : [ع امث] خطبہ پڑھنا۔ تقریر کرنا۔ تقریر کا فن خطبہ پڑھنے کا فعل
خَطابی : [ع امث] زبانی بات چیت
خَطابیات : [ع ۔ امث] فن خطابت۔ تقریر کا فن۔ انگریزی لفظ rhetorics کا ترجمہ۔
خطّاط : [ع امذ] خوش نویس، کاتب

خطّاطی : [عف امث] خوش نویسی۔ کتابت کا فن
خطائے بزرگاں گرفتن خطا است : [ف مثل] بزرگوں پر اعتراض کرنا بڑی بے ادبی ہے۔
خَطایا : [ع ۔ امذ] خطائیں
خُطَب : [ع ۔ امذ] دیکھئے "خطبہ" جس کی یہ جمع ہے
خُطَبا : [ع صف] دیکھئے "خطیب" جس کی یہ جمع ہے۔
خُطبہ : [ع امذ] وہ تعریف یا حمد و نعت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے وعظ (۲) کتاب کا دیباچہ۔ سبب تالیف (۳) تقریر [افعال : پڑھنا۔ دینا]
خُطبہ پڑھنا : [ا رمحاورہ] بادشاہ یا خلیفہ اسلام کے حق میں دعا کرنا۔ جمعہ اور عیدین کی نماز کے خطبہ میں بادشاہ یا خلیفہ کے لیے دعا کرنا
خَطَر : [ع امذ] خوف۔ اندیشہ۔ آفت۔ ضرر۔ دشواری۔ مشکل
خطرناک : [عف صف] ڈراؤنا۔ جس سے نقصان کا ڈر ہو۔
خَطرہ : [ع امذ] دیکھئے "خطر"
خطرہ ٹل جانا : [ا رمص مرکب] اندیشہ دور ہو جانا۔ کسی چیز کا خوف نہ رہنا
خطرہ رفع کرنا : [ا رمص مرکب] آفت کو روکنا پیشاب کرنا
خطرے میں پڑنا : [ا رمص مرکب] دیکھئے "خطرے میں ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
خطرے میں ڈالنا : [ا رمص مرکب] ہلاکت میں ڈالنا۔ آفت میں پھنسانا
خطرے میں نہ لانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خاطر میں نہ لانا" جو صحیح ہے۔
خطمی [ع امث] گل خیرو
خُطوط : [ع امذ] دیکھئے "خط" جس کی یہ جمع ہے۔
خطوطِ وحدانی / ہلالی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] دو نصف دائرے جن کے درمیان کچھ لکھا جائے قوسین۔ بریکٹ۔ جس کی شکل یہ ہے ( )
خِطّہ : [ع امذ] وہ قطعہ زمین جس کے گرد اگرد عمارت کے واسطے خط کھینچ دیں۔ (۲) ملک کا حصہ۔ قطعہ۔ سرزمین۔ ملک (۳) بڑا شہر
خطّی : [ع صف] خط کی طرف منسوب۔ لکیر کی طرح سیدھا (۲) ایک قسم کا نیزہ۔ (۳) تحریری (۴) لفظ بہ لفظ (۵) مقام خط
خطّی نسخہ : [ع ۔ امذ بہ ترکیب فارسی] وہ کتاب یا رسالہ جو کسی شخص نے قلم سے لکھا ہو۔ چھپا ہوا نہ ہو غیر مطبوعہ۔ قلمی نسخہ
خطیب : [ع صف] خطبہ پڑھنے والا (۲) مقرر۔ تقریر کرنے والا (۳) وہ عہدہ دار جو بادشاہ کو کسی شخص یا بات کی طرف دعا دے کر متوجہ کرتا ہے۔ عربوں میں ایک عہدہ دار جس کا کام اپنی قوم کی خوبیاں اور مخالفین کی برائیاں ظاہر کرنا تھا۔
خطیبانہ : [ع متعلق فعل] خطیب سے منسوب
خطیر : [ع صف] بلا۔ کثیر۔ بہت (۲) عالی رتبہ۔ امیر۔ عالی منزلت (۳) خطرناک جس سے نقصان کا اندیشہ ہو

خ۔ف

خُف : [ع امذ] انسان اونٹ یا شتر مرغ کا تلوا (۲) موزہ۔ جراب
خَفا / خفہ : [ف صف] برہم۔ ناراض۔ آزردہ۔ تنگ (افعال : کرنا۔ ہونا)
خَفا : [ع ۔ امث] پوشیدگی۔ چھپاؤ

خَفا : [ع ۔ امث] پوشیدہ ہونا۔ چھپنا۔ پوشش
خُفّاش : [ع ۔ امذ] چمگادڑ
خُفّاف : [ع ۔ امذ] (۱) موزہ بنانے والا (۲) موزہ فروش
خُفاف : [ع ۔ صف] دیکھئے "خفیف" جس کی یہ جمع ہے۔
خَفایا : [ع ۔ امث] دیکھئے "خُفیہ" جس کی یہ جمع ہے۔
خِفّت : [ع ۔ امث] (۱) سبکی ہلکاپن۔ اوچھاپن (۲) ذلت۔ شرم۔ ندامت (افعال : اٹھانا۔ کھینچنا۔ ہونا)
خُفتان : [ف ۔ امث] چلتہ جنگ۔ جُبّہ
خُفتہ : [ف ۔ صف] سویا ہوا۔ خوابیدہ۔ غافل۔ (جمع خفتگاں)
خُفتہ بخت / نصیب : [ف ۔ صف] بدقسمت۔ بدنصیب
خُفتہ بختی / نصیبی : [ف امث] دیکھئے "خفتہ بخت / نصیب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خفتہ را خفتہ کے کُنَد بیدار : [ف ۔ مثل] غافل یا جاہل دوسرے غافل یا جاہل کی اصلاح نہیں کرسکتا۔
خَفَقان : [ع ۔ امذ] دِل دھڑکنا (۱) ایک بیماری جس میں دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے (۲) گھبراہٹ (۳) مالیخولیا۔ جنون۔ وحشت
خَفَقانی : [ع ۔ صف] خفقان میں مبتلا۔ مجنون۔ وحشت زدہ۔ گھبرایا ہوا۔
خَفگی : [ف ۔ امث] دیکھئے "خفا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خَفہ : [ف ۔ صف] گلا گھونٹا ہوا۔ ناراض نیز دیکھئے "خفا" جو اسی کی ایک شکل ہے۔
خَفی : [ع ۔ صف] (۱) پوشیدہ چھپا ہوا۔ (۲) باریک۔ مہین (جلی کی ضد)
خَفیف : [ع ۔ صف] (۱) ہلکا۔ سبک (۲) اوچھا۔ کمینہ (۳) ذلیل۔ رُسوا (۴) بے قدر۔ بے حقیقت (۵) تھوڑا۔ کم (۶) شرمندہ۔ نادم (افعال : کرنا۔ ہونا) (۷) (امث) عروض میں ایک بحر کا نام، جس کے اصلی ارکان فاعِلاتُن، مُستَفعِلُن، فاعِلاتُن ہیں۔
خَفیفہ : [ع ۔ صف] خفیف کی تانیث۔ چھوٹی۔ خُرد
خُفیہ : [ع ۔ صف] پوشیدہ۔ درپردہ۔ چھپا ہوا۔
خُفیہ پولیس : [ع انگ ۔ امذ] پولیس کا وہ شعبہ جس کا کام درپردہ خبر لگانا ہے۔ محکمہ سراغ رسانی۔
خُفیہ خبر : [ع ۔ امث بہ ترکیب فارسی] پوشیدہ اطلاع۔ راز کی بات
خُفیہ کارروائی : [عف امث] درپردہ کام۔ پوشیدہ تفتیش۔
خُفیہ نگار / نویس : [عف صف] پوشیدہ طور پر اطلاع دینے والا۔ مخبر۔ جاسوس
خُفیہ نگاری / نویسی : [عف ۔ امث] دیکھئے "خفیہ نگار / نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

خ ۔ ل

خَلا : [ع ۔ امذ] جوف۔ خلو۔ خالی جگہ (۱) جو۔ زمین اور آسمان کے درمیان کی خالی جگہ۔ زمین سے اوپر کا وہ خطہ جہاں زمین کی کشش ثقل اثرانداز نہیں ہوتی۔ انگریزی VACUUM اور SPACE کا ترجمہ (۲) تخلیہ۔ خلوت (۳) پاخانہ
خَلاباز : [عف ۔ صف] خلا میں سفر کرنے والا۔ زمین کی کشش ثقل سے اوپر جانے والا۔
خَلاملا : [ع ۔ امذ] میل جول۔ ربط وضبط۔ دوستی
خَلاص : [ع امذ] (۱) رہائی۔ آزادی (۲) آزاد۔ چھوٹا ہوا
خَلاص کرنا : [ار ۔ ص مرکب] آزاد کرنا۔ رہا کرنا۔ بری کرنا
خَلاص ہونا : [ار ۔ ص مرکب] (۱) آزاد ہونا۔ چھوٹنا (۲) بچہ جننا (۳) انزال ہونا (ختم ہونا)
خَلاصا ہونا : [ار ۔ محاورہ ۔ ق] آزاد ہونا۔ فارغ ہونا
خُلاصہ : [ع ۔ امذ] (۱) اصل۔ پاک (۲) اِختِصار (۳) انتخاب (۴) مختصر (۵) منتخب (۶) نچوڑ۔ جوہر
خُلاصہ کرنا : [ار ۔ محاورہ] صاف صاف کہنا۔ واضح کرنا
خُلاصۂ کلام : [ع ۔ امذ بہ ترکیب فارسی] حاصل کرنا۔ مختصر بات
خُلاصہ نکالنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) اختصار کرنا (۲) گوشوارہ بنانا (۳) میزان کرنا
خُلاصہ نکلنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "خلاصہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
خُلاصہ یہ ہے : [ار ۔ متعلق فعل] (۱) صاف بات یہ ہے۔ اصل مطلب یہ ہے (۲) مختصر یہ ہے
خَلاصی : [عف ۔ امث] (۱) رہائی۔ آزادی (۲) خیمہ لگانے والا (۳) توپ خانہ ریل، جہاز یا کسی اور محکمے میں کام کرنے والا مزدور۔ قلی
خَلاصی پانا : [ار ۔ محاورہ] رہائی پانا۔ آزادی حاصل کرنا۔ نجات پانا
خِلاف : [ع ۔ صف] (۱) ناسازگار۔ ناموافق (۲) الٹا۔ برعکس (۳) جھوٹ (۴) اختلاف (۵) مخالفت۔ دشمن
خِلاف بیانی : [عف ۔ امث] دروغ گوئی۔ جھوٹ بیان کرنا
خِلاف دستور : [عف ۔ صف] رواج کے خلاف۔ قاعدہ کے برعکس
خِلاف سمجھنا : [ار ۔ محاورہ] جھوٹ سمجھنا۔ برعکس خیال کرنا
خِلاف شرع : [ع صف بہ ترکیب فارسی] شریعت محمدیؐ کے برعکس
خِلاف طبع : [ع صف بہ ترکیب فارسی] مزاج کے ناموافق۔ طبیعت کے برعکس
خِلاف عقل : [ع صف ۔ بہ ترکیب فارسی] عقل کے برعکس ۔ جسے عقل قبول نہ کرے۔
خِلاف قیاس : [ع ۔ صف ۔ بہ ترکیب فارسی] عقل کے برعکس ۔ ناممکن
خِلاف قیاس لغوی : [ع صف بہ ترکیب فارسی] لغت کے معنی سے ہٹا ہوا۔ اصلی معنی کے برعکس۔ اصطلاحی، مرادی۔ مجازی معنی
خِلاف کہنا : [ار ۔ محاورہ] مخالفت کی بات کہنا۔ طبیعت کے ناموافق بات کہنا۔
خِلاف مرضی : [ع صف بہ ترکیب فارسی] خواہش کے برعکس۔ طبیعت کے برخلاف
خِلاف مزاج : [ع ۔ صف ۔ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "خلاف طبع"
خِلاف ورزی : [عف ۔ امث] حکم عدولی۔ مخالفت۔ خلاف کرنا۔ توڑنا
خِلاف وضع : [ع صف بہ ترکیب فارسی] عادت اور طریقہ کے برعکس
خِلاف وضع فطری : [ع ۔ صف ۔ بہ ترکیب فارسی] فطرت کے تقاضا کے برعکس اِغلام۔
خِلاف وعدہ : [ع ۔ صف ۔ بہ ترکیب فارسی] قول یا عہد کے برعکس
خِلاف ہونا : [ار ۔ محاورہ] برعکس ہونا۔ مخالف ہونا۔ کسی کی رائے سے متفق نہ ہونا۔
خِلافت : [ع ۔ امث] نیابت۔ جانشینی (نبی یا بادشاہ کی) (۲) خلیفہ کا عہدہ (۳) مسلمانوں کی بادشاہت (۴) ایک تحریک کا نام جو مسلمانان ہند نے پہلی جنگ عظیم کے بعد ترکیہ کی خلافت کی بقا کے لئے شروع کی تھی، مگر ناکام رہی۔
خِلافت راشدہ : [ع امث] (۱) لفظی معنی سچی خلافت (۲) رسول کریمؐ کی وفات سے حضرت علیؓ کی خلافت تک کا زمانہ

خلافتی : [ع۔صف] (۱) خلافت سے منسوب (۲) تحریک خلافت کا رُکن
خلافیات : [ع۔امث] اختلافی باتیں۔
خَلّاق : [ع امبالغہ] (۱) بہت پیدا کرنے والا۔ خالق (۲)۔ اللہ کا ایک صفاتی نام
خِلال : [ع امذ] (۱) دو چیزوں کے درمیان فرق یا فاصلہ (۲) دانت کریدنے کا آلہ۔ یا تنکا (۳) گنجفہ کی بازی کی مات [افعال : کرنا۔ دینا۔ لینا]
خلال دینا : [ا رمحاورہ] گنجفہ کی بازی میں حریف کو ہرا دینا۔
خلال کرنا : [ا رمحاورہ] دانت کریدنا
خلال لینا : [ا رمحاورہ] گنجفہ میں شکست کھا جانا
خَلائِق : [ع امث] دیکھئے "خلیفہ" جس کی یہ جمع ہے۔
خُلّت : [ع امث] (۱) بے حد دوستی۔ بے انتہا محبت (۲)، دوست (۳) سبز خوراک
خَلجان : [ع امذ] (۱) تپک۔ دھڑک۔ خلش (۲)، تردد۔ فکر۔ اندیشہ۔ گھبراہٹ چینا۔
خَلخال : [ع امث] پازیب۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور
خَلخَل / خَلخَلا : [ع صفت] (۱) ڈھیلا ڈھالا (۲)، گھسا ہوا۔
خَلخول : [ع صفت] دیکھئے "خلخل"
خُلد : [ع امذ] ہمیشہ رہنے والی چیز۔ بہشت۔ فردوس۔ جنت
خُلد آشیاں : [ع صف] بہشت میں سکونت رکھنے والا۔ مرحوم۔ مغفور۔ متوفیٰ (اکثر بادشاہوں اور بڑے آدمیوں کی نسبت بولا جاتا ہے)
خُلدِ بریں : [ع امذ] بہشت۔ فردوس
خُلد مکانی : [ع صف] دیکھئے "خلد آشیاں"
خَلِش : [ف امث] (۱) کانٹے کا بدن میں چبھنا (۲) کھٹک۔ چبھن (۳) رنجش بغض۔ جھگڑا۔ مناقشت
خِلط : [ع امذ] (۱) آمیزش۔ ملاوٹ (۲) جسم کی چار خلطوں۔ خون۔ بلغم۔ صفرا اور سودا میں سے ایک
خَلط : [ع امذ] آمیزش۔ ملاوٹ
خَلطِ مبحث : [ع امذ] (۱) بحث کو کہیں سے کہیں پہنچا دینا۔ غیر متعلقہ گفتگو / امور شامل کر کے بحث کو طول کرنا (۲)، بے فائدہ الجھاؤ۔
خَلط مَلط : [ع صف] درہم برہم۔ گڈمڈ (افعال : کرنا۔ ہونا)
خِلطہ : [ع امذ] میل جول۔ ربط ضبط۔ حصہ داری
خُلع : [ع امذ] عورت کا مہر چھوڑ کر یا شوہر کو بدلہ / معاوضہ دے کر طلاق حاصل کرنا۔
خِلعت : [ع امذ] (۱) عزت کی پوشاک۔ وہ پوشاک جو بادشاہ بطور عزت افزائی لوگوں کو عطا کرتے تھے اس میں عام طور پر شملہ۔ چپکن۔ پٹکا۔ دوشالہ اور رومال ہوتا تھا۔ مگر بڑے بڑے آدمیوں کو سات نو گیارہ اکیس پارچے کا خلعت بھی عطا ہوتا تھا۔ ۲۱ پارچہ کا عام طور پر ولی عہد کو عطا ہوتا تھا (۲)، وہ نشان جو استاد اصلاح دیتے وقت عمدہ حرف پر لگا دیتے تھے۔ (۳) تحفہ عطیہ تحسین۔ آفریں۔
خلعت اکیس پارچہ : [عف امذ] یہ صرف ولی عہد کو عطا ہوتا تھا اس میں (۱) شملہ ۔۲۔ چپکن ۔۳۔ لبادہ ۔۴۔ پٹکا ۔۵۔ رومال ۔۶۔ دوشالہ ۔۷۔ قفس نقرہ ۔۸۔ فیل مع عماری ۔۹۔ قلمدان نقرہ ۔۱۰۔ شمشیر ۔۱۱۔ مہر خطاب ۔۱۲۔ جیغہ ۔۱۳۔ کلغی ۔۱۴۔ سرپیچ ۔۱۵۔ مندیل / تاج ۔۱۶۔ گھوڑا مع ساز اور زیور ۔۱۷۔ ہوادار یا تام دان اور چار شکھپال نقری یا گنگا جمنی ۔۱۸۔ پیش قبض ۔۱۹۔ قرولی ۔۲۰۔ ڈاب ۔۲۱۔ جڑاؤ ہار ہوتے تھے۔
خِلعت پانچ پارچہ : [ع ف امذ] اس میں مندرجہ بالا اشیا میں سے شملہ۔ چپکن۔ پٹکا۔ رومال۔ دوشالہ ہوتا تھا۔
خِلعت سات پارچہ : [عف امذ] اس میں اشیا ایک تا ۶ اور قلمدان شامل ہوتا تھا
خِلعت گیارہ پارچہ : [عف امذ] یہ وزیر کو عطا ہوتا تھا اس میں اشیاءٴ مندرجہ بالا سے ۱ تا ۱۱ شامل ہوتی تھیں۔
خِلعت نو پارچہ : [عف امذ] یہ عموماً نائب کو دیا جاتا تھا۔ اس میں اشیاءٴ ایک تا ۷ اور ۱۰۔ ۱۱ شامل ہوتی تھیں۔
خَلَف : [ع امذ] (۱) جانشین (۲)، قائم مقام (۳)، وارث (۴) بیٹا۔ فرزند سعید (۵)، فرمانبردار (۶) بُرا۔ مخالف۔ بدچلن
خَلَفُ الرَّشیدُ الصَّدق : [ع امذ] فرمانبردار بیٹا
خُلف : [ع امذ] وعدہ توڑنا
خُلفِ وَعدہ [ع امذ] وعدہ توڑنا
خُلَفا : [ع امذ] دیکھئے "خلیفہ" جس کی یہ جمع ہے۔
خُلَفائے راشدین : [ع امذ] (۱) لفظی معنی سچے خلیفے (۲)، پہلے چاروں خلیفوں حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ سے مُراد ہے۔
خَلفشار : [ع امذ] گڑبڑ۔ کھلبلی
خَلق : [ع امذ] لوگ۔ مخلوق۔ خلقت۔
خَلق آزار : [ع امذ] لوگوں کو تنگ کرنے والا
خلق آزاری : [ع امث] دیکھئے خلق آزار جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خلق سے اٹھ جانا : [ا رمحاورہ] مرجانا
خلق کا حلق کس نے بند کیا : [ا رمثل] لوگوں کی باتوں کو کوئی نہیں روک سکتا۔
خُلق : [ع امذ] (۱) ملنساری۔ خوش مزاجی (۲)، عادت۔ خصلت۔ مروت۔
خُلقِ محمدی : [ع امذ] پیغمبر صلعم کا خلق ضرب المثل ہے۔ بے مثل اخلاق
خَلقت : [ع امث] مخلوق۔ لوگ
خلقت مُردہ پسند ہے : [ا رمقولہ] لوگ [illegible] کی قدر نہیں کرتے مرنے کے بعد اُسے یاد کرتے بلکہ پرستش تک کرتے ہیں۔
خِلقت : [ع امث] (۱) پیدائش۔ آفرینش (۲) فطرت۔ سرشت
خِلقی : [ع صف] پیدائشی۔ قدرتی۔ فطرتی
خَلَل : [ع امذ] (۱) رخنہ۔ شگاف (۲) فتور۔ بگاڑ (۳) بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی۔ (۴) آسیب کا اثر ہونا (۵)، بیماری۔ دُکھ روگ۔ ضرر۔ نقصان (۶)، نقص۔ کمی خامی (۷)، لڑائی۔ نااتفاقی (۸) تباہی۔ بربادی
خلل آنا / پڑنا : [ا رمحاورہ] خرابی پیدا ہونا
خلل انداز : [ع صف] (۱) فتور ڈالنے والا۔ شرارت کرنے والا (۲) خواہ مخواہ دخل دینا
خلل اندازی : [ع امث] دخل در معقولات۔ شرارت۔ فتور
خلل پذیر : [ع صف] جو خلل پڑنے کے قابل ہو۔ پراگندہ۔ پریشان

خلل دماغ : [ع امذ] سودا - دیوانگی - مالیخولیا
خلل دماغ : [ع صف] سودائی - دیوانہ - پاگل نیز مزاج
خلو : [ا صف] احمق - بے وقوف
خلو : [ع امذ] خالی ہونا (۲) خلا - جوف
خلوت : [ع امث] (۱) تنہائی علیحدگی - گوشہ نشینی - عزلت (۲) خالی جگہ تنہائی کا مقام - کوٹھڑی - حجرہ (۳) خواب گاہ سونے کا کمرا (۴) پوشیدگی (۵) علیحدہ ملاقات
خلوت پسند : [ع صف] تنہائی پسند کرنے والا۔
خلوت پسندی : [ع امث] دیکھئے "خلوت پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خلوت خانہ / سرا / گاہ / کدہ : [ع امذ] علیحدگی کی جگہ - تنہائی کا مقام
خلوت صحیح / صحیحہ : [ع امث] بیوی اور خاوند کا ہم بستری کے لئے تنہا جگہ اکٹھا ہونا۔
خلوت کرنا : [ا محاورہ] (۱) مکان کو خالی کرنا - تنہا ہونا۔ اکیلا ہونا (۲) عورت سے ہم بستر ہونا۔
خلوت گزیں / نشیں : [ع ف امث] تنہائی میں بیٹھنے / اکیلا رہنے والا گوشہ نشیں۔
خلوت گزینی / نشینی : [ع ف امث] دیکھئے "خلوت گزین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خلوت ہونا : [ا صف] (۱) اکیلے ہونا - تنہا ہونا (۲) ہم صحبت ہونا۔
خلوتی : [ع صف] (۱) اکیلے رہنے والا - تنہا (۲) تنہائی کا - تنہائی کے متعلق (۳) امذ) بن باسی - راہب - گوشہ نشین (۴) وہ شخص جسے تنہائی میں بلایا جائے (۵) ہمراز - بے تکلف دوست
خلود : [ع امذ] ہمیشگی
خلوص : [ع امذ] سچی دوستی - وفاداری (۲) اخلاص بے ریائی (۳) صفائی - سچائی۔
خلوص نیت : [ع امث] نیک نیتی - خالص نیت
خلیا : [ہ امث] خالہ کی تصغیر
خلیا ساس : [ہ امث] ساس کی بہن - خاوند یا بیوی کی خالہ
خلیا ساس کن ساسوں میں - کودوں کا بھات کن بھاتوں میں : [ا مثل] خلیا ساس کا کوئی رشتہ نہیں ہوتا اور جوار کا بھات فضول کھانا ہے (۲) فضول رشتوں کے متعلق کہتے ہیں۔
خلیا سسرا : [ہ امذ] خلیا ساس کا خاوند۔ خاوند یا بیوی کا خالو۔ ساس کا بہنوئی
خلیتا : [ع امذ] دیکھئے "خریطہ" جس کا یہ بگاڑ ہے (۱) تھیلا (۲) لمبا کرتا (۳) بڑا جوا
خلیتی : [ع امث] چھوٹی تھیلی / بقچی جس میں سوئی دھاگا وغیرہ رکھتے ہیں۔
خلیج : [ع امث] پانی کا ایک قطعہ جس کے تین طرف خشکی ہو اور چوتھی طرف سمندر سے ملا ہوا ہو۔
خلیدہ : [ف صف] سوراخدار - چبھا ہوا
خلیرا : [ا صف] خالہ کا - خالہ کی اولاد (اردو کی اختراع ہے فارسی میں نہیں ہے)
خلیرا بھائی : [ف ا امذ] خالہ کا بیٹا
خلیری بہن : [ا امث] خالہ کی بیٹی
خلیط : [ع صف] (۱) شریک - ساجھی - ۲ - پچھیری اولاد
خلیط جار : [ع امذ] پڑوسی - ہمسایہ
خلیطہ : [ع امذ] دیکھئے "خریطہ"
خلیطی : [ع امث] (۱) خلیتی - ۲ - گھر والی - بیوی
خلیفہ : [ع امذ] (۱) قائم مقام - بادشاہ یا نبی کا قائم مقام (۲) پیغمبر صلعم کا قائم مقام - امیر المومنین - ۳ - استاد کا نائب - مانیٹر - جماعت کا ہوشیار لڑکا جو استاد کی غیر حاضری میں لڑکوں کا خیال رکھے (۴) نائی، درزی، باورچی (۵) گتکے باز کا نائب (۶) استاد کا بیٹا۔
خلیفۃ اللہ : [ع امذ] خدا کا نائب (۲) حضرت آدمؑ کا لقب
خلیق : [ع صف] خوش خلق - خوش اخلاق - صاحب اخلاق
خلیقہ : [ع امث] پیدا کی ہوئی چیز - مخلوق
خلیل : [ع امذ] سچا دوست - یار صادق
خلیل اللہ : [ع امذ] (۱) خدا کا دوست (۲) حضرت ابراہیمؑ کا لقب
خلیل خاں فاختہ اڑا چکے : [ا مثل] بس اترا چکے - اب کسی پر اترائیں گے۔
خلیل خاں نے فاختہ ماری : [ا مقولہ] کسی سے کوئی کام اتفاقاً اچھا ہو جائے اور وہ اترائے تو کہتے ہیں
خلیہ : [ع امذ] جسم کا مختصر ترین خانہ - CELL کا ترجمہ

خ - م

خم : [ف امذ] (۱) ترچھا پن - ٹیڑھ - کجی (۲) گھونگریالا (۳) کنڈلی مارے ہوئے (۴) موڑ - پھیر - گھماؤ (۵) بل - پیچ - گھونگر - حلقہ - چھلا
خم ابرو : [ف امذ] بھوؤں کی کجی - یہ ایک قسم کی خوبصورتی ہے۔
خم بجانا : [ا محاورہ] کشتی میں بازوؤں پر ہاتھ مارنا
خم ٹھونک کر سامنے آنا : [ا محاورہ] بیباک ہو کر مقابلہ کرنا
خم ٹھونکنا : [ا محاورہ] (۱) کشتی میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا (۲) کسی سے کام میں مقابلہ کرنا۔ (۳) کسی کو مقابلے کے لئے بلانا
خم چوگاں : [ف امذ] وہ لکڑی جس سے چوگان کھیلتے ہیں۔
خمدار : [ف صف] ٹیڑھا - ترچھا - کج
خم در خم : [ف صف] پیچ در پیچ - گھنگریالے بال
خم دم : [ف امذ] ہمت جرئت
خم مارنا : [ا محاورہ] کشتی میں بازوؤں پر ہاتھ مارنا
خم و چم : [ف صف] نخرہ - ناز کی چال - خرام ناز - معشوق کی چال - ناز معشوقانہ
خم : [ف امذ] (۱) مٹکا - شراب کا مٹکا / گھڑا - ۲ - بڑی ہانڈی - ۳ - ڈھول - تاشہ - ترئی (۴) گنبد (۵) چیپ (۶) وہ پرچے جو تاش کی تقسیم سے پہلے چھپا کر لکھ لئے جاتے ہیں اور ایک ایک کر کے نکالتے ہیں۔

خمِ افلاطون: [ف امذ] وہ مٹکا جس میں افلاطون دفن ہے

خم خانہ: [ف امذ] شراب خانہ

خمِ عیسیٰ: [ف امذ] حضرت عیسےٰؑ کا ایک معجزہ۔ رنگ دار کپڑے مٹکے میں ڈال دیتے تھے۔ وہ سفید یا سیاہ ہو جاتے تھے۔

خم کدہ: [ف امذ] شراب خانہ

خم کے خم: [ار امذ] بہت شراب۔ مٹکوں کے مٹکے

خم کے خم اڑا جانا / اڑانا / چڑھانا: [ار محاورہ] بہت شراب پینا

خم لنڈھانا: [ار محاورہ] شراب پینا

خمِ گردوں: [ف امذ] آسمان

خمّار: [ع امذ] (۱) مے فروش۔ شراب فروش۔ ۲۔ بہت زیادہ شراب پینے والا۔ شرابی۔ ۳۔ معشوق کی آنکھ

خُمار: [ع امذ] (۱) نشہ۔ سرشاری کیف۔ ۲۔ نشہ اُترنے کے قریب۔ جو سر درد ہوتا ہے اور ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں۔ ۳۔ سر درد وغیرہ جو نشہ نہ ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے (۴) آنکھوں کی نرمی یا ملائمت شراب نیند یا محبت کی وجہ (۵) متوالی نظر۔

خُمار آلود / آلودہ: [ع ف صف] مدبھری۔ مخمور۔ متوالا

خمار توڑنا: [ار محاورہ] نشہ اُترنے کی تکلیف کو روکنے کے لئے پھر تھوڑی سی شراب پینا۔

خمار ٹوٹنا: [ار محاورہ] دیکھئے خمار توڑنا جس کا یہ لازم ہے۔

خمار خانہ [ع ف امذ] شراب خانہ

خمار شکن: [ع ف صف] خمار توڑنے والا خمار کی کیفیت دُور کرنے والی چیز

خمار شکنی: [ع ف امث] دیکھئے "خمار شکن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خُماری: [ع امث] نشہ۔ خمار

خُماسی: [ع امث] پنج حرفی لفظ

خمر: [ع۔ امث] شراب

خمرہ: [ف امذ] (۱) ایک فرقہ جن کا پیشہ چٹائیاں بنانا ہے (۲) مسلمان فقیروں کا ایک گروہ جو اکثر میلوں تماشوں میں مانگتے پھرتے ہیں (۳) مسلمان کمہار (۴) چکی راہنے والا (۵) ایک چھوٹا سا پرندہ

خمریات: [ع۔ امث] (۱) خمر سے متعلق (۲) ایسے اشعار یا شاعری کا وہ حصہ جس میں شراب اور اُس کے لوازم کا ذکر ہو۔

خَمس: [ع اعدد] پانچ

خُمس: [ع عدد کسری] پانچواں حصہ (۲) مالِ غنیمت میں پانچواں حصہ جو حقداروں کے لئے خزانہ میں جمع کیا جاتا ہے۔

مخمّسہ: [ع صف] (۱) پانچ سے نسبت کرنے / رکھنے والا (۲) نظم کی دو قسم جس کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں۔

خمسۂ مبارکہ: [ع امذ] پانچ مبارک چیزیں۔ انگلیاں

خمسۂ متحیّرہ: [ع امذ] پانچ سیارے۔ مشتری۔ زہرہ۔ زحل۔ عطارد اور مریخ جو کبھی سیدھی اور کبھی الٹی رفتار سے چلتے ہیں۔

خموش: [ف صف] دیکھئے "خاموش" جس کا یہ مخفف ہے۔

خمول: [ع امذ] گمنام ہونا۔ گمنامی

خمولستان: [ف امذ] گمنامی کا ملک۔ قبر

خمیازہ: [ف امذ] (۱) پھیلانا (۲) انگڑائی۔ بدن تاننا۔ ۳۔ شکنجہ میں دے کر اعضا کو کھینچنا۔ ایک سزا (۴) بدلہ۔ مکافات (۵) تکلیف۔ تشدد (۶) افسوس۔ پشیمانی

خمیازہ اُٹھانا / بھرنا / بھگتنا / کھینچنا: [ار محاورہ] (۱) بدلہ ملنا۔ سزا بھگتنا۔ پاداش جھیلنا (۲) نقصان اٹھانا۔ تکلیف پانا (۳) پشیمان ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ ذلیل ہونا

خمیازہ لینا: [ار محاورہ] انگڑائی لینا

خمیدگی: [ف امث] ٹیڑھا پن۔ گولائی

خمیدہ: [ف صف] ٹیڑھا ترچھا۔ جھکا ہوا

خمیر: [ع امذ] کسی چیز مثلاً گندھے ہوئے آٹے کو کچھ دیر گرمی میں رکھ کر ترش کرنا۔ وہ ترشی جو جوش دے کر اٹھائی جائے۔ پیدا کی جائے (۲) سرشت بناوٹ۔ طبیعت فطرت (۳) مٹی جسم کی مٹی جس سے انسان کا پتلا بنا ہوا ہے۔

خمیر اٹھانا: [ار محاورہ] آٹے کو کھٹا کرنا۔ خمیر تیار کرنا

خمیر اُٹھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "خمیر اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے

خمیر بگڑنا: [ار محاورہ] (۱) ترکیب میں تفاوت ہونا (۲) سرشت میں فرق آنا

خمیر بنانا: [ار محاورہ] دیکھئے "خمیر اٹھانا"

خمیر بننا: [ار محاورہ] دیکھئے "خمیر بنانا" جس کا یہ لازم ہے

خمیر کھٹا ہونا: [ار محاورہ] "آٹے کا ترشی پہ آجانا"

خمیرہ: [ع امذ] (۱) خمیر اُٹھا کر تیار کی ہوئی چیز (۲) مصری یا شکر سفید میں پکائی ہوئی دوا (۳) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو۔

خمیری: [ع امث] (۱) خمیرے آٹے کی روٹی (۲) صف۔ خمیر کی ہوئی۔

خمیس: [ع امذ] (۱) پانچواں حصہ (۲) ہفتے کا پانچواں دن (جمعرات)، مگر یہ یوم خمیس کے ساتھ صحیح ہے

خ ۔ ن

خن: [ار امذ ق] خوان

خُنّا: [ع امذ] (۱) بیہودہ بات۔ فضول بات (۲) غرور۔ تکبر

خنّا: [ار صف مث مذ] بیوقوف آدمی، بدمزاج عورت۔ مسخری عورت گاؤ قصاب

خنّا مہکنا: [ار محاورہ] اترانا۔ تکبر کرنا

خنّا ہونا: [ار محاورہ (لکھنؤ)] مغرور ہونا

خنازیر: [ع امذ] (۱) خنزیر کی جمع (۲) ایک گلے کی بیماری جس میں گردن میں گلٹیاں ہو جاتی ہیں۔ کنٹھ مالا

خنّاس: [ع امذ۔ صف] (۱) سرکش دیو۔ خبیث روح۔ شیطان (۲) (صف) وسوسہ ڈالنے والا۔ بہکانے والا۔ شریر۔ بدذات (۳) بخیل

خنّاسی: [ع صف] (۱) شیطانی (۲) (امث) شیطنت

خُناق: [ع امذ] (۱) گلے کی ایک بیماری جس میں ورم ہو کر گلا بند ہو جاتا ہے (۲) گلا گھونٹنا۔

خنّاق: [ع امذ] پھانسی دینے والا۔ جلّاد

خُنثیٰ: [ع امذ] ہیجڑا۔ وہ شخص جس کی مردانہ یا زنانہ دونوں علامات ناقص ہوں۔

خنجر : [ف امذ] ایک ہتھیار جو بڑے چھرے کی قسم کا ہوتا ہے۔ کٹار
خنجر اُٹھانا : [ار محاورہ] حملے کی تیاری میں خنجر ہاتھ میں لینا
خنجر اُٹھنا : [ار محاورہ] دیکھئے "خنجر اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
خنجر باندھنا : [ار محاورہ] خنجر کمر سے لٹکانا۔ خنجر سے مسلح ہونا
خنجر بندھنا : [ار محاورہ] دیکھئے "خنجر باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
خنجر بیگ : [ف امذ] ایک مہلک پھوڑا جو پیٹھ پر ہوتا ہے
خنجر پھرنا : [ار محاورہ] خنجر سے ذبح ہونا قتل ہونا۔
خنجر پھیرنا : [ار محاورہ] دیکھئے "خنجر پھرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
خنجر تلے ٹک دم لیا تو پھر کیا : [ار مثل] مصیبتوں میں تھوڑا سا آرام ملا تو کیا کون سی بڑی بات ہے۔
خنجر تیز کرنا : [ار محاورہ] آمادۂ قتل ہونا قتل کے لیے تیار ہونا
خنجر تیز ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے "خنجر تیز کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
خنجر چلانا : [ار محاورہ] خنجر کی لڑائی لڑنا۔ خنجر سے ذبح کرنا
خنجر چلنا : [ار محاورہ] دیکھئے "خنجر چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
خنجر کا پانی : [ار امذ] خنجر کی دھار یا آب۔
خنجر کھنچنا / کھچ جانا : [ار محاورہ] خنجر کا میان سے باہر ہونا۔ لڑائی کے لئے تیار ہونا۔
خنجر کھینچنا : [ار محاورہ] لڑائی کے لئے تیار ہونا
خنجری : [ف امث] (۱) چھوٹی دف۔ ڈفلی (۲) دار) گلبدن اور مشروع کی دھاریاں
خنخناتا : [ار مص] ناک میں بولنا۔ منمنانا
خنخنا : [ار مص] دیکھئے "خنخنانا" جس کا یہ لازم ہے
خنداں : [ف صف] (۱) ہنستا ہوا (۲) شگفتہ۔ کھلا ہوا۔
خندق : [ع امث] (ف کندہ کا معرب) کھائی۔ گڑھا۔ کھود
خندہ : [ف امذ] ہنسی (۲) ق شوخ۔ شریر
خندہ آفتاب : [ف امذ] طلوع آفتاب۔ سورج کا نکلنا
خندۂ برق : [ف امذ] بجلی کی چمک۔ بجلی کا کوندنا
خندہ پیشانی / رو : [ف صف] ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ شگفتہ رو۔
خندۂ جام / شراب / صہبا / مے / ساغر / شیشہ / صراحی / مینا : [ف امذ] وہ آواز جو شیشے سے شراب نکالتے وقت پیدا ہوتی ہے۔ قلقل
خندۂ دنداں نما : [ف امذ] ایسی ہنسی جس میں دانت نظر آئیں۔
خندۂ راز : [ف امذ] افشائے راز
خندہ رو : [ف امث] خوشی۔ شگفتگی [ف صف] ہنس مکھ
خندہ ریز : [ف صف] وہ شخص جس کو دیکھ کر ہنسی آئے
خندۂ زخم : [ف امذ] زخم کا کھل جانا
خندۂ زمین : [ف امذ] سبزہ زار۔ پھول
خندہ زن : [ف صف] ہنسنے والا
خندہ زنی : [ف امث] دیکھئے "خندہ زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خندۂ زیر لب / لبی : [ف امذ] ہلکی سی مسکراہٹ۔ تبسم

خندہ سوگند : [ار مثل] جو ہر وقت ہنستا رہے وہ نیک چلن نہیں ہو سکتا۔
خندۂ صبح : [ف امذ] طلوع صبح
خندۂ غنچہ / گل : [ف امذ] کلی یا پھول کا کھلنا
خندہ گاہ / گہ : [ف امث] معشوق کے لب
خندی : [ار امث] بے حیا۔ بے غیرت۔ فاحشہ عورت۔ قحبہ عورت
خندیدہ : [ف صف] ہنستا ہوا۔
خنزیر : [ع امذ] سؤر۔ جنگلی سور۔ بنیلا
خنزیری : [ع صف] (۱) خنزیر جیسا۔ بے حیا (۲) (امث) سؤروں کے رہنے کی جگہ
خنصر : [ع امث] چھنگلیا۔ چھوٹی انگلی
خنک : [ف صف] ٹھنڈا۔ سرد
خنکی : [ف امث] سردی۔ ٹھنڈک
خنگ : [ف صف] (۱) سفید۔ سبزہ (۲) مذ۔ گھوڑا۔ سفید گھوڑا۔ نقرہ گھوڑا
خنگا : [ار صف] (۱) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا (۲) مسخرا آدمی
خنگرا : [ار صف] دیکھئے "خنگا" جس کی یہ تصغیر ہے
خنگی : [ار صف مث] دیکھئے "خنگا" جس کی یہ تانیث ہے
خنیا : [ف امذ] (۱) راگ۔ نغمہ۔ سرود۔ گانا (۲) ار مث۔ ڈومنی۔ میراثن
خنیاگر : [ف صف] گویّا۔ مطرب
خنیاگری : [ف امث] دیکھئے "خنیاگر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خ ۔ و

خو : [ف امث] (۱) عادت۔ طبیعت۔ سبھاؤ (۲) خصلت۔ خاصیت (۳) طور طریقہ ڈھنگ چلن (۴) رسم و رواج۔ ریت (افعال : پڑنا۔ چھوڑنا۔ ڈالنا)
خو بو : [ف امث] عادت۔ خصلت۔ رنگ۔ ڈھنگ
خوگر : [ف صف] (خوگیر کا مخفف) عادی۔ جس کو کسی کام کی عادت پڑ گئی ہو۔
خوگر : [ف صف] (خوگار کا مخفف) دوست رکھنے والا (۲) عادی
خوگیر : [ف صف] (۱) عادی (۲) وہ گدی جو گھوڑے کی زین کے نیچے پسینہ جذب کرنے کے لیے رکھی جاتی ہے (تہرو)
خوگیر کی بھرتی : [ار امث] (۱) نکما اسباب (۲) بے کار نکمے آدمی (۳) بھرتی کے شعر
خو نکالنا : [ار محاورہ] عادت ڈالنا۔ بری عادت اختیار کرنا۔
خو : [ار امث صوت] بندر یا ریچھ کی بھبک یا آواز
خواب : [ف امذ] (۱) نیند۔ نوم (۲) وہ بات یا واقعہ جو انسان نیند میں دیکھتا ہے۔ رویا۔ سپنا (۳) خیال۔ تصور۔ وہم۔ گمان۔ (۴) بشارت
خواب آلودگی : [ف امث] دیکھئے "خواب آلودہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خواب آلودہ : [ف صف] نیند میں بھرا ہوا۔ نیند کے خمار میں بھرا ہوا۔
خواب آور : [ف صف] نیند لانے والی / والا۔ سلانے والا / والی دوا وغیرہ۔

خواب بند : [ف امذ] جو نیند نہ آنے دے (تعویذ وغیرہ)
خواب پریشاں : [ف امذ] ۱۔ بے آرامی کی نیند۔ ۲۔ خوفناک سپنہ۔ ڈراؤنا خواب۔
خواب خرگوش : [ف امذ] غفلت۔ تغافل۔ بے خبری (افعال : پڑنا۔ رہنا۔ ہونا۔ پڑا ہونا۔
خواب دیدہ : [ف صف] ۱۔ جس نے خواب دیکھا ہو۔ ۲۔ وہ جسے احتلام ہو جائے۔
خواب دیکھنا : [ا ر محاورہ] سوتے میں کچھ دیکھنا (۲) خواہش رکھنا۔ آرزو رکھنا۔ خیال میں ہونا
خواب سنگین : [ف امذ] گہری نیند
خواب شیریں : [ف امذ] پُرلطف نیند۔ راحت کا خواب
خواب غفلت : [ف امث] غفلت کی نیند (۲) مجازاً بیحد غفلت۔
خواب کی باتیں : [ف امث] خیالی باتیں۔ بے اصل باتیں
خوابگاہ : [ف امث] سونے کا کمرا۔ سونے کا مقام
خواب گراں : [ف۔ امذ] گہری نیند۔ غفلت کی نیند
خواب میں بھی نظر نہ آنا / نصیب نہ ہونا / خواب میں نہ دیکھنا / خواب میں نہ ہونا [ا ر محاورہ] بالکل نہ ملنا
خواب نوشیں : [ف امذ] میٹھی نیند۔ پُرلطف نیند
خواب و خور تلخ ہونا / حرام ہونا : [ا ر محاورہ] کسی فکر اور تکلیف میں کھانا پینا ناگوار ہونا اور نیند نہ آنا۔
خواب و خیال : [ف امذ] بے اصل باتیں۔ ناممکن باتیں۔ امر محال۔ (افعال : ہو جانا۔ ہونا۔)
خواب ہو جانا : [ا ر محاورہ] وہمی ہو جانا۔ خیال سے جاتا رہنا۔
خواب ہونا : [ا ر محاورہ] بشارت ہونا
خوابیدگی : [ف امث] سستی۔ غفلت۔ نیند میں ہونے کی کیفیت۔
خوابیدہ : [ف صف] سویا ہوا۔ خمار آلودہ
خواتم : [ع امذ] دیکھئے "خاتم" جس کی یہ جمع ہے۔
خواتین : [ع امث] دیکھئے "خاتون" جس کی یہ جمع ہے (یہ جمع عربی قاعدہ پر غلط ہے)
خواجگان : [ف امذ] دیکھئے "خواجہ" جس کی یہ جمع ہے
خواجگی : [ف امث] دیکھئے "خواجہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خواجہ : [ف۔ امذ] (۱) مالک۔ سردار۔ آقا۔ (۲) ایک عزت کا لقب (۳) خواجہ سرا کا مخفف۔ ہیجڑا۔
خواجہ تاش : [ف امذ] ایک آقا کے ملازموں یا غلاموں میں سے ہر ایک۔ (۲) طالب علم (۳) خاندان کا مالک (۴) ہم جماعت۔ ہم مدرسہ (۵) ایک استاد کے شاگرد اور ایک پیر کے مرید۔
خواجہ زادہ : [ف امذ] خواجہ کا بیٹا۔ ۲۔ مالک
خواجہ زادی : [ا ر۔ امث] خواجہ کی بیٹی۔ آقازادی
خواجہ سرا : [ف امذ] بادشاہوں یا امیروں کے محلات کا دربان۔ یا دار وغہ جو عموماً ہیجڑا ہوتا ہے (۲) نامرد غلام۔ ہیجڑا۔ جو گھر میں آ جا سکے۔
خواجہ معین الدین / خواجہ جی کا مہینا / مہینہ / چاند : [ا ر امذ] ماہ جمادی الآخر۔

خوار : [ف صف] (ذلیل۔ رسوا۔ بے عزت۔ بے اعتبار (۲) آوارہ۔ سرگرداں۔ پریشان (۳) (لاحقہ فاعلی) جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھانے / پینے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً۔ میخوار۔ غمخوار۔
خوار و خستہ : [ف صف] دیکھئے "خوار"
خواری : [ف امث] (ذلت۔ رسوائی (۲) پریشانی ("خوار" کا اسم کیفیت۔
خوارج : [ع امذ] دیکھئے "خارجی" جس کی یہ جمع ہے۔
خوارق : [ع امذ] دیکھئے "خارق" جس کی یہ جمع ہے۔ معجزے۔ کرامتیں
خواست : [ف امذ] گزارش۔ عرض۔ التماس۔ التجا۔ سوال (۲) خواہش۔ آرزو
خواستگار / خواستار : [ف صف] اُمیدوار۔ سائل۔ مستغیث۔ طلب گار
خواستگاری : [ف امث] دیکھئے "خواستگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خواستہ : [ف صف] چاہا ہوا۔ جس کی خواہش ہو۔
خواص : [ع۔ امذ] (جمع خاص کی۔ چیدہ اشخاص۔ بڑے لوگ۔ اُمراء و وزراء۔ ۲۔ عوام کا متضاد (۳) جمع خاصہ کی (۴) خدمت گار۔ پرستار (۵) جمع خاصیت کی اثرات۔ تاثیرات (۶) واحد مذ) ہم صحبت جلیس مصاحب غلام (۷) اثر کیفیت (۹ مث) لونڈی۔ سہیلی۔ خدمت گار۔ کنیز۔ خولہ
خواص پورہ : [فع امذ] اُمرا اور بڑے آدمیوں کے ملازموں کے رہنے کا مقام ملازموں کے مکانات یا کوارٹر۔
خواصی : [ف امث] ہودج / عماری کے پیچھے کی وہ جگہ جہاں اعلیٰ ملازم بیٹھتا ہے۔ عماری کی پچھلی بیٹھک (۲) مصاحبت ہم نشینی (۳) خدمت گاری ملازمت۔
خواصی میں بیٹھنا : [ا ر محاورہ] کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے ہودے میں بیٹھنا
خواہ مخواہ : [ف متعلق فعل] ناچار۔ زبردستی۔ طوعاً و کرہاً۔ خواہ مخواہ کا مخفف۔
خوان : [ف امذ] کشتی۔ جس میں کھانا لگا کر لے جاتے ہیں۔ سینی۔ طباق تھال۔ طشت۔ چنگیر (۳) دستر خوان
خوان بڑا خوان پوش بڑا کھول کر دیکھو تو آدھا بڑا ام / خوان پاک خوان پوش پاک کھول کر دیکھو تو خاک ہی خاک [ا ر مثل] ظاہر میں بہت کچھ حقیقت میں کچھ بھی نہیں۔ ظاہر اچھا باطن خراب۔
خوان پوش : [ف امذ] خوان کو ڈھکنے والا کپڑا
خوان خاص : [ف امذ] بادشاہوں یا امیروں کے غلام۔ ملازم اور لونڈیاں
خوان لگا لینا / لگانا : [ا ر محاورہ] خوان میں کھانا یا مٹھائی چننا
خوان کرم / یغما : [ف امذ] عام لنگر
خوان لگنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "خوان لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
خوان نعمت : [ف امذ] لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان
خواں : [ف لاحقہ فاعلی] خواندن مصدر سے صیغہ امر۔ جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پڑھنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً نعت خواں۔ کتاب خواں۔
خوانچہ : [ف امذ] چھوٹا خوان۔ تھال۔ سینی۔ لکڑی کی کشتی جس پر نقاشی کی گئی ہو۔ (۲) وہ مٹی کی رکابی جس میں فرنی جمائی جاتی ہے (۳) وہ خوان جس میں مختلف پکی ہوئی چیزیں رکھ کر پھیری لگا کر بیچتے ہیں۔
خوانا : [ف صف] (۱) جو عبارت پڑھی جا سکے (۲) جس کا پڑھنا مشکل ہو۔

خوانچہ اُٹھانا / لگانا : [ا ر محاورہ] خوانچے میں رکھ کر بیچتے پھرنا

خواندگی : [ف امث] دیکھئے "خواندہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خواندہ : [ف صف] ۱۔ پڑھا ہُوا۔ تعلیم یافتہ (۲) بلایا ہُوا۔ طلبیدہ

خوانندہ : [ف صف فاعلی] پڑھنے والا۔ طالب علم۔ نقیب۔ موذن

خوانین : [ف امذ] دیکھئے "خان" جس کی یہ جمع ہے (عربی قاعدے سے یہ جمع غلط ہے)

خواہ : [ف حرف تردید] ۱۔ چاہے۔ یا۔ ۲۔ لاحقہ فاعلی۔ خواستن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بناتا ہے اور چاہنے والے کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً۔ خیرخواہ

خواہاں : [ف احالیہ] چاہنے والا۔ خواہش مند۔ طلب گار

خواہمخواہ / نخواہ : [ف متعلق فعل] دیکھئے "خواہ مخواہ"

خواہی نخواہی : [ف متعلق فعل] ناچار۔ طوعاً کرہاً۔ مجبوری سے

خواہندہ : [ف صف] چاہنے والا۔ خواہش کرنے والا۔

خواہر : [ف امث] بہن

خواہرانہ : [ف صف] بہن کی طرح

خواہر زادہ : [ف امذ] بھانجا۔ بہن کا بیٹا

خواہش : [ف امث] ۱۔ آرزو۔ تمنا۔ چاہ۔ شوق۔ اشتیاق۔ رغبت (۲) ارمان۔ حسرت (۳) راضی۔ رضا (۴) مطلب۔ مدعا۔ مراد۔ مقصد۔ (افعال: رکھنا۔ کرنا۔ ہونا)

خواہش مارنا : [ا ر محاورہ] تمنا کا ضبط کرنا۔

خواہش مند : [ف صف] طالب۔ آرزو مند۔ مشتاق۔

خوب : [ف صف] ۱۔ اچھا۔ عمدہ۔ ۲۔ نفیس۔ ۳۔ خوبصورت۔ ۴۔ زیبا۔ پسندیدہ (۵) نہایت اعلیٰ۔ ۶۔ خوشگوار۔ ۷۔ بردل عزیز۔ مرغوب۔ ۸۔ ہاں (جواب میں کہتے ہیں) ۹۔ کسی کا عمدہ کلام سُن کر تعریف میں کہتے ہیں۔ ۱۰۔ بعض وقت طنزاً کہا جاتا ہے۔

خوب صورت / خوبصورت / خوبرو : [فع صف] شکیل۔ حسین۔ خوش شکل۔ قبول صورت۔ پری چہرہ

خوب صورتی / خوبصورتی / خوبروئی : [فع امث] دیکھئے "خوب صورت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

خوب کلاں : [ا ر امذ] خاکسی۔ ایک باریک قسم کے بیج۔ جو بخار اُتارنے کے لیے بطور دوا استعمال ہوتے ہیں۔

خوباں : [ف صف] خوب کی جمع۔ کنایۃً معشوق۔

خوبانی : [ف امث] ایک نہایت شیریں میوہ۔ زرد آلو۔

خوبی : [ف امث] دیکھئے "خوب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خوجہ : [ف امذ] (۱) ہیجڑا۔ زنانہ (۲) خواجہ کا مخفف۔

خوخیانا : [ا (مص)] (۱) بندر اور ریچھ وغیرہ کا چیخنا۔ بھبکی دینا (۲) خفا ہونا ناراض ہونا۔

خود : [ف امث] دیکھئے "خودی" جس کا یہ مخفف ہے۔

خود : (واؤ مجہول سے) [ف امذ] لوہے کی ٹوپی جو جنگ میں سر کی حفاظت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

خُود : [ف امذ] آپ۔ اپنا۔ بذاتہ۔ نسج کا۔ ذاتی

خود آرا : [ف صف] اپنے آپ کو سنوارنے والا۔ بناؤ سنگار کرنے والا۔ مغرور۔ متکبر

خود آرائی : [ف امث] دیکھئے "خود آرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خود آشنا : [ف صف] جس کا کوئی دوست نہ ہو۔

خود آشنائی : [ف امث] دیکھئے "خود آشنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خود آہنگی : [ف امث] ۱۔ ارادہ۔ قصد (۲) حرص۔ لالچ۔

خود اختیار : [ف امذ] آزاد جس کے ہاتھ میں اختیار ہو

خود اختیاری : [ف امث] دیکھئے "خود اختیار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

خود اختیاری حکومت : [ف امث] ایسی حکومت جس میں اختیار لوگوں کے ہاتھ میں ہو اور جسے وہ چاہیں حکومت کرنے کے لئے منتخب کرلیں۔ جمہوری سلطنت۔

خود ارادیت : [فع امث] آزادی عمل و ارادہ۔ اپنے معاملات خود سلجھانا۔ انگریزی لفظ self determinism کا ترجمہ

خود اعتمادی : [فع امث] اپنی ذات پر بھروسا۔ اپنی صلاحیتوں پر بھروسا۔

خود انتظامی : [ف امث] اپنا انتظام۔ جو انتظام ہاتھ میں ہو

خود بخود : [ا ر متعلق فعل] ۱۔ آپ ہی آپ (۲) از خود (۳) یکایک (۴) قدرتی طور پر (۵) آزادی سے (۶) دیدہ دانستہ۔ قصداً۔ عمداً۔

خود بین : [ف صف] مغرور۔ متکبر۔ خود پسند

خود بینی : [ف امث] دیکھئے "خود بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خود پرست : [ف صف] اپنی پُوجا کرنے والا۔ مغرور۔ متکبر۔

خود پرستی : [ف امث] دیکھئے "خود پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خود پسند : [ف صف] وہ شخص جو اپنے آپ کو بہتر سمجھے۔ اپنی رائے کو ترجیح دے۔

خود پسندی : [ف امث] دیکھئے "خود پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

خود پسندی دلیل نادانی است : [ف مثل] اپنی ہر بات کو اچھا سمجھنا نادانی ہے۔

خود پیرائی : [ف امث] نمائش۔ نمود۔ خود نمائی۔

خود ثنا : [ف صف] اپنی تعریف آپ کرنے والا۔ شیخی خورہ۔ شیخی باز۔

خود ثنائی : [ف امث] دیکھئے "خود ثنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خود رَو : [ف صف] ۱۔ متلون مزاج۔ وہمی (۲) بدتمیز۔ ان پڑھ

خود روئی : [ف امذ] دیکھئے "خود رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خود خواہ : [ف صف] خود غرض

خود دار : [ف صف] اپنے آپ کو حرکات لغو سے باز رکھنے والا۔ ضبط کرنے والا۔ قانع۔ صابر۔ اپنی عزت کا خیال رکھنے والا۔

خود داری : [ف امث] دیکھئے "خود دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خود را فضیحت دیگراں را نصیحت : [ف اشل] خود تو بُرے کام کرنا اور دوسروں کو روکنا یا نصیحت کرنا۔

خود رائی : [ف امث] خود سری۔ سرکشی۔ اپنی مرضی سے جو دل چاہے کرنا۔

خود رائے : [ف صف] خود سر۔ سرکش۔ خود مختار۔ کسی کی نہ ماننے والا۔

خود رُستہ : [ف صف] دیکھئے "خود رَو"

خود رفتگی : [ف امث] بے خبری۔ بے خودی۔ بے ہوشی۔

خُود رفتہ : [ف صف] بےخود۔ بےخبر۔ آپے سے باہر۔
خُود رنگ : [ف صف] طبعی رنگ والا۔ وہ جس میں قدرتی رنگ ہو۔ زردی مائل۔
خُود رو : [ف صف] خود بخود اُگا ہوا۔ جنگلی بغیر کاشت کے اُگا ہوا۔
خُود ساختہ : [ف صف] اپنا بنایا ہوا۔ گھڑا ہوا
خُود ستا : [ف صف] اپنی تعریف آپ کرنے والا۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننے والا۔
خُود ستائی : [ف امث] دیکھئے "خود ستا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُود سَر : [ف صف] خود رائے۔ سرکش۔ ضدی۔ آزاد۔ خود مختار۔ مطلق العنان۔
خُود سَری : [ف امث] دیکھئے "خود سَر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُود سے : [ا رمتعلق فعل] اپنے آپ۔ از خود (۲) بن بلائے۔
خُود شِکن : [ف صف] عاجزی کرنے والا۔
خُود شِکنی : [ف امث] دیکھئے "خود شکن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُود غرض : [ف ع۔ صف] مطلبی۔ خود کام۔
خُود غرضی : [ف امث] آپا دھاپی۔ نفسا نفسی۔ خود مطلبی
خُود غلط انشا غلط / املا غلط : [ف مثل] یہ فقرہ کسی ایسی بات کے لئے کہتے ہیں جو ہر طرح سے غلط ہو۔
خُود فراموش : [ف صف] اپنے آپ کو بھولنے والا۔ غافل۔
خُود فراموشی : [ف امث] دیکھئے "خود فراموش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُود فروش : [ف صف] اپنی تعریف آپ کرنے والا۔ شیخی خورہ۔
خُود فروشی : [ف امث] دیکھئے "خود فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُود فگن : [ف صف] اکیلا سواری کرنے والا۔ شہسوار
خُود فگنی : [ف امث] دیکھئے "خود فگن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُود کار : [ف صف] اپنے کام آپ کرنے والا۔ وہ چیز یا مشین جو خود بخود کام کرے انگریزی لفظ کا ترجمہ
خُود کاشت : [ف صف] وہ زمین جسے مالک خود بوئے۔ مزارعہ کے ذریعے کاشت نہ ہو۔
خُود کاشتہ : [ف صف] دیکھئے "خود کاشت" نمبر ۲
خُود کام : [ف صف] خود غرض۔ ۲۔ جو اپنی مرضی سے یا کسے مطابق کام کرے (۳) ضدی۔ ہٹیلا (۴) مغرور۔ متکبر (۵) بدچلن
خُود کامی : [ف امث] دیکھئے "خود کام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُود کردہ : [ف صف] اپنا کیا ہوا۔ اپنا کام
خُود کردہ را علاجے نیست : [ف مثل] اپنے کئے کا کوئی علاج نہیں۔
خُود کشی : [ف امث] اپنے آپ کو قتل کر دینا۔
خُود کفیل : [ف ع صف] اپنے وسائل پر گزارہ کرنے والا کا ترجمہ
خُود کوزہ و خُود کوزہ گر و خود گِل کوزہ : [ف مقولہ] جہاں ایک ہی آدمی تمام انتظامات کرے۔
خُود گم گشتہ : [ف صف] دل سے بھولا ہوا۔ (۲) زندگی سے تنگ
خُود مختار : [ف صف] آزاد۔ با اختیار (۲) خود سر۔ خود رائی۔
خُود مختاری : [ف امث] دیکھئے "خود مختار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خُود مطلب : [ف صف] خود غرض
خُود مطلبی : [ف امث] خود غرضی
خُود مُنڈا : [ف صف] لکھنؤ۔ وہ جو کسی کا شاگرد نہ ہو۔
خُود نما : [ف صف] مغرور۔ متکبر۔ اپنی نمائش کرنے والا۔ شیخی خورہ۔
خُود نمائی : [ف امث] دیکھئے "خود نما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُودی : [ف امث] (۱) اپنا آپ (۲) خود غرضی۔ خود سری (۳) فخر
خُودی اور خُدائی میں بیر ہے : [ا رمقولہ] خدا غرور کو پسند نہیں کرتا۔
خُودی میں نہ رہنا : [ا رمحاورہ] اپنے آپ میں نہ رہنا۔
خُور : [ف لاحقہ فا] خوردن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور کھانے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے آدم خور۔ گوشت خور۔ ذلیل
خُورد و نوش : [ف امذ] کھانا۔ پہننا۔ گزر بسر کا سامان۔
خُورد و خواب : [ف امذ] کھانا سونا۔ خوراک و راحت۔
خُورد و نوش : [ف امذ] کھانا پینا۔ دانہ پانی۔
خُور : [ف امذ] (۱) دیکھئے "خورشید" جس کا یہ مخفف ہے (۲) ایرانی مہینے کی گیارھویں تاریخ
خُورداد : [ف امذ] تیسرے شمسی مہینے کا نام جو اساڑھ کے مقابل ہے۔
خُورمَد : [ف امذ] ہر شمسی مہینے کا بارھواں دن
خورا : [ف امذ] (۱) کھانے والا (۲) پیٹو۔ لالچی۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے شکر خورا۔
خُوراب : [ف امذ] میلا پانی (۲) آبشار (۳) پانی کی خواہش۔ پانی کے پھاٹک کی روک۔
خُورابہ : [ف امذ] نالا جو دریا میں سے نکال کر کاشت کی آبپاشی کے لئے لایا جائے۔ نہر۔ رجباہ (۲) پانی جو بند میں سے ٹپکے (۳) کاشت کار جسے کاشت کے لئے ہر چیز مہیا کی جائے
خُوراک : [ف امث] غذا۔ کھانا۔ جانوروں کا کھانا۔ چارہ (۲) روزینہ (۳) خرچ۔ بھتا۔ سفر خرچ (۴) دوائی کی وہ مقدار جو ایک وقت میں کھائی یا پی جائے (۵) رسد۔ راشن (۶) ایک وقت کا کھانا۔
خُوراکی : [ف امث] کھانے پینے کی چیز (۲) روزینہ۔ وظیفہ
خُورد بُرد : [ف امذ] بے جا تصرف (۲) غبن۔ خیانت (افعال: کرنا۔ ہونا)
خوردن برائے زیستن و ذکر کردن است
تو معتقد کہ زیستن از بہر خوردن است } [ف مثل] کھانا زندہ رہنے اور عبادت کرنے کے لئے ہے۔ یہ غلط ہے کہ زندگی کھانے کے لئے ہے۔
خُوردنی : [ف صف] کھانے کی چیز۔ کھانے کے قابل۔ کھانا۔ خورش۔
خوردہ نہ بردہ ناحق درد گُردہ : [ف مقولہ] کچھ لیا دیا نہیں مفت کی تکلیف ہوئی۔
خُورسند : [ف صف] دیکھئے "خرسند" جو صحیح ہے۔
خُورش : [ف۔ امث] کھانا۔ طعام۔ خوراک
خُورشید : [ف امذ] سورج۔ آفتاب۔ مہر
خُورشید سوار : [ف۔ صف] صبح خیز۔ سویرے اُٹھنے والا

خورشیدِ لبِ بام: [ف۔ امذ] (۱) ڈھلتا ہوا یا ڈوبتا ہوا سورج (۲) کنایۃً مرنے کے قریب۔
خورشید لقا/طلعت/رو/سیما/عذار/پیکر/چہرہ/رخ: [ف۔ صف] حسین و جمیل (صفات معشوق)
خورندہ: [ف۔ افاعل] کھانے والا۔ پینے والا
خورزادہ: [ف۔ امذ] دیکھئے "خواجہ زادہ" جس کا یہ مخفف ہے۔
خورزادی: [ا۔ امث] دیکھئے "خواجہ زادی" جس کا یہ مخفف ہے (۲) ایسی حسینہ جو آرائش سے بے نیاز ہو۔
خوش: [ف۔ صف] (۱) شاد۔ خرم۔ مسرور۔ مگن (۲) راضی۔ تندرست (۳) سرسبز۔ تر و تازہ (۴) بامراد (۵) عمدہ۔ اچھا (۶) خوب صورت۔ حسین (۷) پسندیدہ۔ مرغوب
خوش آب/خوشاب: [ف۔ صف] (۱) آب دار۔ چمکیلا (۲) تر و تازہ۔ شاداب۔
خوش آبی/خوشابی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش آب/خوشاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش آمد: [ف۔ امث] (۱) خاطر تواضع۔ آؤ بھگت (۲) دیکھئے "خوشامد" جو زیادہ مشہور ہے۔
خوش آمدید: [کلمہ استقبال] کسی کے آنے پر اظہار مسرت کے طور پہ کہتے ہیں۔ مرحبا۔ بخوشی تشریف لائیے (افعال: کہنا)
خوش آنا: [ا۔ محاورہ] پسند آنا۔ بھلا لگنا۔ (فارسی خوش آمدن کا ترجمہ)
خوش آواز/آہنگ: [ف۔ صف] اچھی آواز والا۔ سریلا
خوش آوازی/آہنگی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش آواز/آہنگ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش آیند/آئند: [ف۔ صف] اچھا لگنے والا/والی۔ خوش گوار
خوش ادا: [ف۔ صف] (۱) جس کے اطوار پسندیدہ ہوں (۲) اچھی طرح ادا کرنے والا۔ خوش آواز
خوش ادائی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش ادا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش اسلوب: [فع۔ صف] خوش وضع۔ اچھے طریقہ والا
خوش اسلوبی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش اسلوب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش اطوار: [فع۔ صف] باسلیقہ۔ مہذب۔ شائستہ۔ خوش وضع
خوش اطواری: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش اطوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش اقبال/اختر: [ف۔ صف] خوش نصیب۔ اچھی قسمت والا/والی۔
خوش اقبالی/اختری: [دیکھئے "خوش اقبال/اختر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش الحان: [فع۔ صف] دیکھئے "خوش آواز"
خوش الحانی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش آوازی"
خوش اندام: [ف۔ صف] جس کا بدن سڈول ہو۔ خوش قطع۔
خوش اندامی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش اندام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش انتظام: [فع۔ صف] اچھا انتظام کرنے والا۔ اچھا بندوبست کرنے والا
خوش انتظامی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش انتظام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش اوقات: [فع۔ صف] جس کا وقت اچھی طرح گزرے۔ باعزت۔
خوش اوقاتی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش اوقات" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خوش باش: [ف۔ صف] (۱) خوش رہنے والا (۲) آزاد۔ بے فکر (۳) دوسری جگہ سکونت اختیار کرنے والا۔
خوش باشی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش باش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش بخت: [ف۔ صف] دیکھئے "خوش اقبال/اختر"
خوش بختی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش اقبالی/اختری"
خوش بو: [ف۔ صف] (۱) اچھی بو والا۔ معطر (۲) (امث) اچھی بو۔ مہک (افعال: آنا۔ دینا۔ پھیلنا)
خوش بودار: [ف۔ صف] اچھی بو والا۔ معطر
خوش بوئی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش بو (۱)" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش بیان: [فع۔ صف] شیریں گفتار۔ فصیح۔ خوش کلام۔ جس کی بات اچھی لگے
خوش بیانی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش بیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش پوش/پوشاک: [ف۔ صف] عمدہ لباس پہننے والا۔ خوش لباس
خوش پوشی/پوشاکی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش تحریر: [فع۔ صف] اچھا لکھنے والا۔ اچھا کاتب۔ اچھا مصنف
خوش تحریری: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش تحریر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش تدبیر: [فع۔ صف] اچھا مدبر۔ اچھا انتظام کرنے والا۔
خوش تدبیری: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش تدبیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش ترکیب: [فع۔ صف] سڈول۔ خوب صورت۔
خوش ترکیبی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش ترکیب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش تقریر: [فع۔ صف] شیریں زبان۔ شیریں کلام۔ فصیح۔ خوش بیان
خوش تقریری: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش تقریر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش چشم: [ف۔ صف] (۱) خوبصورت آنکھوں والا (۲) کنایۃً معشوق
خوش چشمی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش حال: [فع۔ صف] (۱) خوش۔ شاد (۲) آسودہ۔ مال دار (۳) خوش نصیب
خوش حالی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش حال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش خبر: [فع۔ صف] اچھی خبر لانے والا
خوش خبری: [فع۔ امث] اچھی خبر۔ خوشی کی بات (افعال: دینا۔ سنانا)
خوش خرام: [ف۔ صف] (۱) اچھی چال والا (۲) کنایۃً معشوق
خوش خرامی: [ف۔ امث] دیکھئے "خوش خرام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش خرید: [فع۔ امث] (۱) وہ فصل جو تیار ہونے سے پہلے رعایتی نرخ پر خرید لی جائے (۲) نقد قیمت دے کر خریدی ہوئی چیز۔
خوش خصال/خو: [فع۔ صف] اچھی عادت والا۔ نیک خصلت۔
خوش خصالی/خوئی: [فع۔ امث] دیکھئے خوش خصال جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش خط: [فع۔ صف] (۱) اچھا لکھنے والا (۲) اچھا لکھا ہوا۔ اچھا خط۔ (۳) نوجوان جس کے ابھی ابھی ڈاڑھی نکلی ہو۔ خوبصورت جوان۔
خوش خطی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش خط" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش خلق: [فع۔ صف] بامروت۔ صاحب اخلاق
خوش خلقی: [فع۔ امث] دیکھئے "خوش خلق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش خواں: [فع۔ صف] وہ طالب علم جو وظیفہ خوار نہ ہو۔ وہ متعلم جو فیس ادا کرے (۲) وہ جو اچھی طرح پڑھے یا گائے۔

خوش خواں کا سودا : [ارامذ] اپنی مرضی کا کام
خوش خوراک : [ت صف] عمدہ اور اچھے لذیذ کھانے کھانے والا.
خوش خوراکی : [ت امث] دیکھئے "خوش خوراک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش خیال : [فع صف] اچھے خیال والا. عالی خیال. بلند خیال
خوش خیالی : [فع امث] دیکھئے "خوش خیال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش دامن : [ف امث] ساس
خوش دشنام : [فع امث] جس کی گالیاں بھی میٹھی ہوں. معشوق
خوش دل : [فع صف] شاداں. فرحاں. بشاش
خوش دلی : [فع امث] خوشی. شادمانی
خوش دماغ : [فع صف] ۱. اچھے دماغ والا (۲) خوش. بشاش.
خوش دماغی : [فع امث] دیکھئے "خوش دماغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش دنداں : [فع صف] خوبصورت دانتوں والا
خوش دہان/دہن : [فع صف] اچھے منہ والا. معشوق
خوش دہانی/دہنی : [فع امث] دیکھئے "خوش دہان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش ذائقہ : [فع صف] لذیذ. خوشگوار. سواد کا. مزہ دار
خوش راہ : [فع صف] اچھا قابل سواری گھوڑا
خوش رفتار/رو : [فع صف] دیکھئے "خوش خرام"
خوش رفتاری/روی : [فع صف] دیکھئے "خوش رفتار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش رنگ : [فع صف] ۱. اچھے رنگ کا ۲. شوخ رنگ کا (۳ مذ) اچھا یا شوخ رنگ
خوش رنگی : [فع امث] دیکھئے "خوش رنگ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش رو : [فع صف] خوب صورت چہرے والا. حسین
خوش روئی : [فع امث] دیکھئے "خوش رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش زبان : [فع صف] فصیح. شیریں زبان
خوش زبانی : [فع امث] دیکھئے "خوش زبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش سخن : [فع صف] میٹھی باتیں کرنے والا. شیریں سخن
خوش سلیقہ : [فع صف] اچھے سلیقے والا. باتمیز. سلیقہ شعار
خوش سلیقگی : [فع امث] دیکھئے "خوش سلیقہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش سواد : [فع صف] جس کے گرد و نواح کا علاقہ سرسبز ہو. اور آباد ہو.
خوش سیر : [فع صف] اچھی عادتوں والا. نیک. نیک سیرت
خوش طالع : [فع صف] دیکھئے "خوش اقبال"
خوش طالعی : [فع امث] دیکھئے "خوش اقبالی"
خوش طبع : [فع صف] ظریف. بامذاق (۲) ہنس مکھ. جو ہر وقت خوش رہے
خوش طبعی : [فع امث] دیکھئے "خوش طبع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش طریق : [فع صف] باسلیقہ. تمیزدار. شائستہ.
خوش طینت : [فع صف] اچھی سرشت والا. خوش خو.
خوش طینتی : [فع امث] دیکھئے "خوش طینت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش عقیدت : [فع. صف] اچھی عقیدت رکھنے والا. کسی کے متعلق اچھا خیال رکھنے والا
خوش عقیدتی : [فع. امث] دیکھئے "خوش عقیدت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش عقیدگی/اعتقادی : [فع امث] دیکھئے "خوش عقیدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

خوش عقیدہ/اعتقاد : [فع. صف] اچھا اعتقاد رکھنے والا. اچھا گمان رکھنے والا
خوش عنان : [فع صف] گھوڑے کی تعریف. باگ کے اشارے پر چلنے والا. خوش رفتار. ہلکی چال کا مطیع اور فرمانبردار گھوڑا
خوش عنانی : [فع امث] دیکھئے "خوش عنان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش عیار : [فع صف] خالص. بے میل. وہ سونا یا چاندی جو کسوٹی پر اچھا رنگ دے. اچھے معیار کا.
خوش عیاری : [فع امث] دیکھئے "خوش عیار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش غلاف : [فع صف] (۱) وہ تلوار جو خود بخود میان سے نکل آئے. وہ تلوار جو خود بخود غلاف سے باہر آجائے (۲) بدچلن عورت جسے کسی سے انکار نہ ہو. وہ عورت جو ازار بند کی ڈھیلی ہو یعنی کسی کے ذرا سے اشارے پر فوراً زنا کے لئے تیار ہو جائے (۳) ننگا. عریاں. (آخری دونوں معنوں میں صرف اردو میں استعمال ہوتا ہے)
خوش فعل : [فع صف] موزوں چلن یا کام کا. دل پسند کام والا
خوش فعلی : [فع امث] ۱. چہل. مذاق. ۲. اچھا یا موزوں کام کرنا. ۳. کام یا چلن کی موزونیت یا دل پسندی
خوش فعلیاں کرنا : [ا رمحاورہ] آپس میں چہل اور مذاق کرنا.
خوش فعلیاں ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خوش فعلیاں کرنا" جس کا یہ لازم ہے.
خوش فکر/اندیش : [فع صف] خوش خیال (اچھے شعر کہنے والا شاعر)
خوش فکری/اندیشی : [فع امث] دیکھئے "خوش فکر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے)
خوش قامت/قد : [فع صف] اچھے قد کا. موزوں قد کا. سڈول.
خوش قامتی : [فع امث] دیکھئے "خوش قامت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش قدم : [فع صف] اچھی چال والا. خوش رفتار
خوش قدمی : [فع امث] خوش رفتاری
خوش قسمت : [فع صف] دیکھئے "خوش اقبال"
خوش قسمتی : [فع امث] ۱. اقبال مندی. طالع مندی. (۲) طنزاً بدنصیبی
خوش قطع : [فع صف] ۱. سڈول. خوش وضع. موزوں (۲) اچھا قطع کیا ہوا.
خوش قطعی : [فع امث] دیکھئے "خوش قطع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش قلم : [فع صف] (۱) اچھا لکھنے والا. خوش نویس (۲) عمدہ کاغذ جس پر اچھا لکھا جائے.
خوش قلمی : [فع امث] دیکھئے "خوش قلم" (۱) جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش قمار : [فع صف] اچھا کھیلنے والا. وہ جو کھیل میں بے ایمانی نہ کرے.
خوش قماری : [فع امث] دیکھئے "خوش قمار" جس کا یہ اسم کیفیت
خوش قماش : [فع صف] اچھی بناوٹ کا. اچھی ساخت کا.
خوش کام : [فع صف] خوش و خرم. شادمان
خوش کامی : [فع امث] خوشی خرمی. شادمانی. مسرت.
خوش کلام : [فع صف] فصیح. لسان. شیریں بیاں
خوش کلامی : [فع امث] دیکھئے "خوش کلام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
خوش کنار : [فع صف] معشوق
خوش گام : [فع صف] (گھوڑے کی تعریف) خوش رفتار. ہلکی چال والا.
خوش گامی : [فع امث] دیکھئے "خوش گام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

خوش گپ: [فع صف] چرب زبان۔ لسّان
خوش گپی: [فع امث] ادھر ادھر کی تفریح کی بات۔ ہنسی مذاق کی بات
خوش گزران: [ف صف] اچھا گزارا کرنے والا۔ مزے سے زندگی بسر کرنے والا
خوش گزرانی: [ف امث] مزے کی زندگی۔ آسودہ حالی۔
خوش گفتار/گو: [ف صف] فصیح۔ خوش بیان
خوش گفتاری/گوئی: [ف امث] دیکھیے "خوش گفتار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش گلو: [ف صف] خوش الحان۔ سُریلا۔
خوش گلوئی: [ف امث] دیکھیے "خوش گلو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش گوار: [ف صف] ۱۔ دل پسند۔ پسندیدہ۔ من بھاتا ۲۔ مزیدار۔ خوش ذائقہ ۳۔ زود ہضم
خوش گواری: [ف امث] دیکھیے "خوش گوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش لب: [ف صف] جس کے ہونٹ میٹھے ہوں جس کے بوسے مزیدار ہوں۔
خوش لباس: [ف صف] عمدہ کپڑے پہننے والا۔ خوش پوش
خوش لباسی: [ف امث] دیکھیے "خوش لباس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش لہجہ: [ف صف] خوش آواز
خوش لہجگی: [ف۔ امث] دیکھیے "خوش لہجہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش مذاق: [ف صف] بامذاق
خوش مذاقی: [ف۔ امث] دیکھیے "خوش مذاق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش مزاج: [ف صف] خوش طبع
خوش مزاجی: [ف امث] خوش طبعی
خوش مزگی: [ف امث] دیکھیے "خوش مزہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش مزہ: [ف صف] مزہ دار۔ پُرلطف
خوش مژہ/مژگاں: [ف صف] وہ جس کی پلکیں خوب صورت ہوں۔
خوش معاش: [ف صف] ۱۔ خوش گزران ۲۔ اچھا پلا ہوا۔
خوش معاشی: [ف امث] آسودہ حالی
خوش معاملگی: [ف امث] دیکھیے "خوش معاملہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خوش معاملہ: [ف صف] لین دین میں اچھا۔ معاملے کا صاف
خوش منش: [ف صف] دل کا اچھا۔ زندہ دل ۲۔ (مذ) سیری، آسودگی
خوش منشی: [ف امث] ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹھا ۲۔ خُرمی۔ شادمانی۔ خرمی
خوش منظر: [ف صف] خوبصورت
خوش نشین: [ف صف] ۱۔ جہاں چاہے بیٹھ رہنے والا ۲۔ مزے سے بیٹھا ہوا۔ نو وارد۔ اجنبی ۳۔ بے فکر
خوش نشینی: [ف امث] دیکھیے "خوش نشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش نصیب: [ف صف] خوش قسمت
خوش نصیبی: [ف امث] خوش قسمتی ۲۔ حُسنِ اتفاق
خوش نظر: [ف صف] ۱۔ بے تکلف ۲۔ ملنسار ۳۔ (امذ) ایک قسم کا گلاب سفید زرد اور سرخ رنگ
خوش نظری: [ف امث] بے تکلفی۔ ملنساری
خوش نغمہ: [ف صف] خوش الحان
خوش نغمگی: [ف۔ امث] دیکھیے "خوش نغمہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش نما: [ف صف] ۱۔ موزوں۔ زیبا ۲۔ دل کش۔ دلچسپ ۳۔ خوش منظر۔ خوب صورت

خوش نمائی: [ف امث] زیبائش۔ بھڑک۔ زینت۔ خوبصورتی
خوش نوا: [ف صف] اچھا گانے والا۔ سُریلا (پرندہ)
خوش نوائی: [ف امث] دیکھیے "خوش نوا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش نود: [ف صف] خوش۔ راضی
خوش نودی: [ف امث] خوشی۔ رضامندی
خوشنودیِ مزاج: [ف امث] دل کی خوشی۔ رضامندی۔ راضی ہونا۔
خوش نویس: [ف صف] عمدہ لکھنے والا۔ خوشخط۔ کاتب
خوش نویسی: [ف امث] خوش خطی۔ اچھی لکھائی
خوش نہاد: [ف صف] ۱۔ نیک طینت ۲۔ ہنس مکھ
خوش نہادی: [ف امث] دیکھیے "خوش نہاد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوش نیت: [ف صف] دیانت دار۔ ایمان دار
خوش نیتی: [ف امث] دیانت داری۔ ایمان داری
خوش و خرم: [ف صف] ۱۔ خوش۔ شاد۔ مسرور۔ شادماں ۲۔ آسودہ حال۔
خوش وضع: [ف صف] ۱۔ خوش شکل۔ خوش لباس ۲۔ اچھی جگہ پر واقع۔
خوش وقت: [ف صف] ۱۔ خوش ۲۔ آسودہ حال۔ خوش حال
خوش وقتی: [ف امث] ۱۔ خوشی۔ شادمانی ۲۔ آرام چین ۳۔ خوش نصیبی
خوشا: [کلمہ مسرت] بہت اچھا۔ خوب
خوشامد: [ف امث] چاپلوسی۔ جھوٹی تعریف (افعال: کرنا: ہونا)
خوشامد درآمد: [ف امث] دیکھیے "خوشامد"
خوشامد سے آمد ہے: [ا۔ مثل] خوشامد سے فائدہ ہوتا ہے۔
خوشامد کا منہ کالا: [ا۔ مثل] خوشامدی آدمی بے عزت ہوتا ہے۔
خوشامد ہمہ را گفتنی خوش آمد: [ف مثل] تعریف جس کی بھی کی جائے اس کو پسند آتی ہے۔ خوشامد ہر ایک کو اچھی لگتی ہے۔
خوشامدی: [ف صف] خوشامد کرنے والا۔ کسی کی جھوٹی تعریف کرنے والا
خوشہ: [ف امذ] ۱۔ پھل کا گچھا ۲۔ اناج کی بال/بالی ۳۔ ایک صورت کو کبہ۔ سنبلہ۔ کنیا۔ ایک برج ۴۔ ایک پرندہ کا نام ۵۔ قوس قزح ۶۔ اناج کی بالیں جو کھیت کٹنے کے بعد زمین پر پڑی رہیں
خوشۂ پروین: [ف۔ امذ] سات ستاروں کا جھرمٹ۔ نیز دیکھیے "پروین"
خوشہ چین: [ف صف] وہ جو کھیت کٹنے کے بعد گرے پڑے خوشے چُنتا ہے۔ فیض حاصل کرنے والا
خوشہ چینی: [ف امث] دیکھیے "خوشہ چین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خوشی: [ف امث] سُرور۔ انبساط۔ نشاط۔ شادی۔ کامرانی۔ آنند۔ سُکھ چین ۲۔ خوش خوش (غلط)
خوشی خواہ: [ف۔ متعلق فعل] اپنی مرضی سے۔ اپنی مرضی کے مطابق
خوشی خوشی/خوشی سے: [ا۔ متعلق فعل] رضامندی سے۔ مشتاقانہ بسر و چشم۔ مزے سے
خوشی کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ خوش ہونا۔ مزے اٹھانا۔ لطف اڑانا ۲۔ کسی اچھی بات کے موقع پر دعوت وغیرہ کھلانا۔
خوشی منانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "خوشی کرنا"
خوشی ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "خوشی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

خَوض : [ع امذ] غور۔ سوچ۔ فکر۔ بچار۔ ۲۔ تحقیق۔ تجسّس
خَوف : [ع امذ] ڈر۔ ہَول۔ اندیشہ۔ دہشت۔ ہراس۔ باک۔ (جیسے افعال آنا۔ دلانا۔ کرنا۔ کھانا۔ ہونا)
خَوفناک : [ع صف] ڈراؤنا۔ ہَولناک۔ وحشت ناک۔ بھیانک
خُوک : [ف امذ] سُؤر۔ خنزیر۔
خَول : [ف امذ] (۱) چھلکا (۲) نیام۔ میان (۳) غلاف (۴) پتّرا
خَول چڑھانا : [ا رمحاورہ] غلاف چڑھانا (۲) پتّر چڑھانا۔
خَول چڑھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خول چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
خَولدار : [ف صف] جو اندر سے کھوکھلا ہو۔
خُولنجان : [ف امذ] پان کی جڑ۔ پانڑی
خُون : [ف امذ] دیکھئے "خوان" جس کا مخفف
خُون : [ف امذ] (۱) وہ سُرخ رنگ کی رطوبت جو حیوانات کے بدن میں دوران کرتی ہے اور باعث زندگی ہوتی ہے۔ لہو۔ ۲۔ قتل۔ خونریزی۔ ۳۔ نسل
خُون آشام : [ف صف] خون پینے والا۔ خونخوار۔
خُون آلودہ/آلُودہ : [ف صف] خون سے بھرا ہوُا۔ لہولہان
خُون آنکھوں میں اُترنا : [ا رمحاورہ] سخت غصہ آنا۔ غصے سے آنکھیں سرخ ہو جانا
خُون اُچھلنا : [ا رمحاورہ] قتل کی شہرت ہونا۔
خُون افشاں/فشاں : [ف صف] خون بہانے والا
خُون افشانی/فشانی : [ف امث] دیکھئے "خون افشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خُون بار : [ف صف] خون بہانے/برسانے والی
خُون باری : [ف امث] دیکھئے "خون بار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُون بدن میں نہ ہونا : [ا رمحاورہ] سخت خوف زدہ ہونا
خُون بگڑنا : [ا رمحاورہ] خون خراب ہوجانا۔ جذام ہوجانا
خُون بہا : [ف صف] وہ نقدی یا معاوضہ جو قاتل مقتول کے وارثوں کو دے۔ دیت
خُون بہانا : [ا رمحاورہ] خونریزی/قتل وغارت کرنا۔
خُون بہنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خون بہانا" جس کا یہ لازم ہے۔
خُون پانی ایک کرنا : [ا رمحاورہ] خون پانی کی طرح بہانا۔ سخت محنت مشقت کرنا
خُون پانی ایک ہونا : [ا رمحاورہ] سخت غم پہنچنا۔ سخت تکلیف پہنچنا
خُون پینا : [ا رمحاورہ] خون چوسنا۔ ۲۔ قتل کرنا۔ ۳۔ ستانا۔ دق کرنا۔ ۴۔ سخت کام لینا۔
خُون تھوکنا : [ا رمحاورہ] کسی صدمہ سے خون کی قے کرنا۔ ۲۔ بہت صدمہ برداشت کرنا۔ ۳۔ تپ دق ہونا۔ مرض سل ہونا۔
خُونِ جگر : [ف امذ] غصہ۔ اندوہ۔ غم۔ ۲۔ سخت تکلیف۔
خُونِ جگر پینا : [ا رمحاورہ] غم و غصہ کو ضبط کرنا۔ ۲۔ سخت مصیبت اُٹھانا مشقت اور سخت قسم کی محنت کرنا۔
خُونِ جگر کھانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خون جگر پینا"
خُون جوش کھانا : [ا رمحاورہ] نہایت برافروختہ ہونا
خُون چاٹنا : [ا رمحاورہ] تلوار کو خوں آلود کرنا۔ خون سے تلوار کا بھرنا
خُون چٹانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خون چاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔
خُونچکاں : [ف صف] خون ٹپکتا ہوُا۔

خُون چکانی : [ف امث] دیکھئے "خون چکاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُون چھپانا : [ا رمحاورہ] قتل کو پوشیدہ کرنا
خُون چھپنا : [ا رمحاورہ] قتل کا پوشیدہ ہونا۔
خُون چھلک آنا : [ا رمحاورہ] خون کا پھوٹ پڑنا/باہر نکل آنا۔ خون کا پوست سے باہر نکل پڑنا۔
خُون خرابا/خرچہ : [ف امذ] خونریزی۔ کشت وخون
خُون خشک ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) ڈر جانا۔ دہشت کھا جانا (۲) خوف یا ڈر سے دبلا ہوجانا۔
خُونخوار : [ف صف] (۱) ظالم۔ ستمگر۔ جلّاد۔ غصّہ میں بھرا ہوُا۔ بے رحم۔ سفاک۔ ۲۔ جانور جو دوسروں کا شکار کرے (۳) قاتل۔ خونی۔
خُون خواری : [ف امث] (۱) ظلم ستم۔ بے رحمی۔ ۲۔ خون بہانا۔ قتل
خُون خواہ : [ف صف] قتل کا قصاص لینے والا۔
خُون خواہی : [ف امث] دیکھئے "خون خواہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خُون دامن سے نہ چھوٹنا : [ا رمحاورہ] قتل کا الزام قائم رہنا
خُون دل پینا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خونِ جگر پینا"
خُون دوڑنا : [ا رمحاورہ] خون کا حرکت کرنا
خُون رُلانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خون رونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
خُون رونا : [ا رمحاورہ] بہت رونا اتنا رونا کہ آنسوؤں کی جگہ خون نکلنے لگے۔
خُون ریز : [ف صف] خون بہانے والا۔ قاتل۔ خونی۔
خُون ریزی : [ف امث] دیکھئے "خون ریز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خُون سر پر چڑھ کر بولتا ہے : [ا رمثل] قتل چھپا نہیں رہتا۔
خُون سر پر چڑھنا/سوار ہونا : [ا رمحاورہ] خونی/قاتل کا قتل کرنے پر آمادہ ہونا ۲۔ خونی کا اپنی زندگی سے ہاتھ دھو کر دوسرے کے پیچھے پڑنا۔
خُون سر پر لینا : [ا رمحاورہ] قتل کا الزام لینا۔ قتل کرنا۔
خُون سفید ہونا : [ا رمحاورہ] بے رحم ہوجانا۔ تنگ دل ہوجانا۔ محبت جاتی رہنا
خُون سوکھ جانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خون خشک ہوجانا"۔
خُون کا پیاسا : [ا رصف] جانی دشمن۔ تشنۂ خون
خُون کا جوش : [ا رامذ] رشتہ داری کی محبت۔ وہ محبت جو اعزہ کے ساتھ ہوتی ہے۔
خُون کا دریا : [ا رامذ] بے حد خون۔ بہت خوں ریزی
خُون کا دریا بہانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "خون کا دریا بہنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
خُون کا دریا بہنا : [ا رمحاورہ] بہت خوں ریزی ہونا۔
خُون کا دَورہ : [ا رامذ] دوران خون۔ خون کا بدن میں گردش کرنا۔
خُون کا عوض : [ا رامذ] قصاص
خُون کا مینہ برسنا : [ا رمحاورہ] بہت خوں ریزی ہونا
خُون کبوتر : [ا رامذ] شراب سُرخ۔ کبوتر کے خوں جیسی۔ نہایت سُرخ
خُون کرنا : [ا رمحاورہ] قتل کرنا۔ جان سے مارنا
خُون کی بُو آنا : [ا رمحاورہ] دشمنی کی علامت ظاہر ہونا
خُون کی چادر : [ا رامث] خون جو چوڑائی میں پھیل کر نکلے
خُون کے گھونٹ پینا : [ا رمحاورہ] غصّے کو برداشت کرنا۔ غم برداشت کرنا۔

خُون کے نالے/کی ندیاں بہانا: [ار محاورہ] سخت خون ریزی کرنا۔ قتل وغارت عظیم کرنا

خُون کے نالے/کی ندیاں بہنا: [ار محاورہ] دیکھیے "خون کے نالے بہانا" جس کا یہ لازم ہے۔

خُون گردن پر سوار ہونا: [ار محاورہ] دیکھیے "خون سر پر سوار ہونا"

خُون گردن پر ہونا: [ار محاورہ] کسی کے قتل کا ذمہ دار ہونا۔ کسی کا قتل کرنا

خُون گرفتہ: [ف صف] اجل رسیدہ۔ قابل قتل

خُوں گشتہ: [ف صف] خون میں ڈوبا ہوا۔ ناکام۔

خُوں لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا: [ار محاورہ] ادنیٰ عمل سے اعلیٰ درجے کا طالب ہونا۔

خُون لینا: [ار محاورہ] فصد کھولنا۔

خُون ملنا: [ار محاورہ] ایک نسل سے ہونا

خُون مُنہ کو لگ جانا/لگنا: [ار محاورہ] مزا پڑ جانا

خُون میں نہانا: [ار محاورہ] کثرت سے خون نکلنا۔ بہت زخمی ہونا

خُون میں نہلانا: [ار محاورہ] اتنے زخم لگانا کہ خون کثرت سے نکلے۔

خُون نکلوانا: [ار محاورہ] فصد کھلوانا

خُون ہلکا ہونا: [ار محاورہ] (۱) جس بچے یا چیز کو نظر بد جلدی لگ جاتی ہو عورتیں اس کے متعلق کہتی ہیں۔ ۲۔ دوسرے کے خون کو دیکھ کر گھبرانا

خُون ہونا: [ار محاورہ] دیکھیے "خون کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) رنجیدہ ہونا (۳) زخمی ہونا۔ مجبور ہونا۔

خُوناب/خُونابہ: [ف امذ] پانی ملا ہوا خون۔ خون کے آنسو۔ وہ خون جو حالت رنج وغم میں آنسو بن کر بہے

خونابہ فشاں: [ف صف] خون کے آنسو رونے والا

خونابہ فشانی: [ف امث] دیکھیے "خونابہ فشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خُونی: [ف صف] (۱) قاتل۔ خونریز۔ ظالم۔ سفاک (۲) خون سے منسوب

خونیں: [ف صف] خون سے نسبت رکھنے والا۔ خون آلود

خونیں جگر: [ف صف] کنایتہً عاشق

خوئے: [ف امث] دیکھیے "خو"

خوئے بدرا بہانہ بسیار: [ف مثل] بدخو اور بدعادت کبھی اعتراف نہیں کرتا بلکہ ہمیشہ اپنی بدخوئی پر ایک نہ ایک عذر لنگ پیش کر دیتا ہے۔

خوید: [ف امث] ہرے جو۔ جوی یا گندم جو گھوڑے کو کھلاتے ہیں۔

خویش: [ف ضمیر] (۱) خود آپ (۲) صف) اپنے قریب کا۔ اپنا۔ رشتہ کا۔ (۳) مذ) رشتہ دار۔ داماد

خویش قرابت/خویش واقارب: [ف صف] قومی رشتہ دار عزیز واقارب

خویشاوند: [ف صف] اپنے لوگ۔ رشتہ دار۔ قریبی

خویشاوندی: [ف امث] دیکھیے "خویشاوند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خ ۔ ہ

خہے: [ف کلمہ تحسین] شاباش۔ مرحبا۔ آفرین

خ ۔ ی

خیاباں: [ف امذ] (۱) راستہ جو باغ کے بیچ میں سے گزرتا ہو (۲) کیاری۔ چمن

خیار: [ع امذ] (۱) کھیرا۔ ککڑی (۲) خیر کی جمع۔ نیک لوگ (۳) پسند انتخاب

خیار شنبر: [ع امذ] املتاس

خیار بلوغ: [ع۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] بالغ ہونے کے بعد لڑکی کا نکاح کو قائم رکھنے یا فسخ کرنے کا حق۔

خیارین: [ع امذ] کھیرا اور ککڑی دونوں

خیّاط: [ع امذ] درزی

خِیاط: [ع امث] سوئی

خیاطت: [ع امذ] سلائی کا ہنر/فن۔ درزی کا پیشہ

خیاطہ: [ع امث] (۱) سوئی ۲ (مذ) ریشم کا تار۔ دھاگا

خیاطی: [ع امذ] درزی کا پیشہ

خَیال/خِیال: [ع امذ] (۱) تصور۔ تفکر۔ ادھیڑ بن جو بات آدمی کے دماغ میں گزرے (۲) پندار (۳) وہ صورت جو بیداری میں تصور کریں یا خواب میں دیکھیں (۴) وہ صورت جو شیشے یا پانی میں نظر آئے (۵) ایک قوت جو محسوسات کی صورتیں ان کے غائب ہونے کے بعد محفوظ رکھتی ہے (۶) وہم۔ گمان (۷) فکر۔ اندیشہ۔ دھیان (۸) رائے تجویز (۹) ارادہ۔ منصوبہ۔ منشا (۱۰) پاس۔ لحاظ (۱۱) توجہ۔ التفات (۱۲) موسیقی کا ایک خاص طریقہ/انگ (۱۳) جنون۔ خبط۔ ترنگ۔ موج (۱۴) اندازہ۔ قیاس۔

خیال آنا: [ار محاورہ] کچھ یاد آنا۔

خیال اٹھانا: [ار محاورہ] توجہ ہٹا لینا

خیال اٹھنا: [ار محاورہ] توجہ ہٹنا۔

خیال باندھنا: [ار محاورہ] ۱۔ سوچنا۔ تصور کرنا۔ ۲۔ کسی بات کا برا خیال کرنا (۳) مضمون نظم کرنا

خیال بندھنا: [ار محاورہ] دیکھیے "خیال باندھنا" جس کا یہ لازم ہے

خیال بیں: [ع ف صف] خیالات کو پڑھنے والا۔ روحانی قوت سے دوسرے کے خیالات معلوم کرنے والا

خیال بینی: [ع ف امث] دیکھیے "خیال بیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خیال بندی: [ار امث] خیال کا سلسلہ۔ سوچ۔ خیالی تصویر۔

خیال پر چڑھنا: [ار محاورہ] (۱) یاد آنا۔ دھیان آنا (۲) کسی بات کا ہر وقت خیال میں رہنا (۳) ذہن نشین ہونا۔ یاد رہنا۔

خیال پرست: [ف صف] (۱) وسواسی۔ وہمی۔ خبطی (۲) من موجی۔ جو خیال میں آئے کرنے والا

خیال پڑنا: [ار محاورہ] خیال ہونا۔ یاد آنا۔

خیال ٹپکانا: [ار محاورہ] طمع کرنا (۲) توقع رکھنا

خیال جانا: [ار محاورہ] خیال کا کسی خاص طرف متوجہ ہونا۔

خیال چھوٹنا: [ار محاورہ] کسی بات کا دھیان نہ رہنا۔

خیال چھوڑنا : [ا ر محاورہ] کسی بات کا دھیان ترک کر دینا
خیالِ خام : [ف امذ] (بیہودہ خیال۔ وہ خیال جس کے پورا ہونے کی امید نہ ہو۔
خیال دل سے نکالنا : [ا ر محاورہ] بھول جانا۔ توجہ یا دھیان ہٹا لینا
خیال دل سے نکلنا : [ا ر محاورہ] توجہ یا دھیان ہٹ جانا۔
خیال دَوڑانا : [ا ر محاورہ] خیال کا جلد کسی طرف لے جانا۔
خیال دَوڑنا : [ا ر محاورہ] خیال کا جلد کسی طرف دوڑنا۔
خیال رکھنا : [ا ر محاورہ] توجہ رکھنا۔ دھیان رکھنا (۲) کسی بات کا یاد رکھنا۔
خیال رَہنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "خیال رکھنا" جس کا یہ لازم ہے
خیال سے اُتر جانا : [ا ر محاورہ] بھول جانا
خیال سے باہر : [ا ر صف] وہ جو سمجھ میں نہ آسکے۔ دُور از خیال
خیالِ فاسد : [ف امذ] فساد پیدا کرنے والا خیال۔ بُرا خیال
خیال کرنا : [ا ر محاورہ] سوچنا۔ فکر کرنا
خیال گانا : [ا ر محاورہ] خیال انگ میں کوئی راگ گانا
خیال گزرنا : [ا ر محاورہ] دھیان آنا۔ خیال آنا
خیال مِٹنا : [ا ر محاورہ] یاد جاتی رہنا۔ دھیان نہ رہنا
خیال میں آنا : [ا ر محاورہ] سمجھ میں آنا
خیال میں سمانا : [ا ر محاورہ] ہر وقت خیال رہنا۔
خیال میں لانا : [ا ر محاورہ] (۱) سمجھنا (۲) ماننا۔ تسلیم کرنا (۳) لحاظ کرنا
خیال میں نہ لانا : [ا ر محاورہ] پروا نہ کرنا۔ لحاظ نہ رکھنا۔ وقعت نہ سمجھنا۔
عزت نہ کرنا۔ خوف نہ کرنا۔ نہ ڈرنا
خیال نہ رکھنا : [ا ر محاورہ] (۱) بھول جانا۔ فراموش کرنا (۲) توجہ نہ کرنا۔ دھیان نہ کرنا۔ لحاظ نہ کرنا۔
خیال نہ رہنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "خیال نہ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
خیال نہ کرنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "خیال میں نہ لانا"
خیال نہ لانا : [ا ر محاورہ] وسوسہ نہ کرنا۔
خیال ہٹانا : [ا ر محاورہ] کسی بات کا خیال چھوڑ دینا۔ کسی بات کی طرف توجہ نہ کرنا۔
خیال ہٹنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "خیال ہٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔
خیالات : [ف امذ] دیکھیے "خیال" جس کی یہ جمع ہے۔
خیالی : [ف صف] قیاسی۔ وہمی۔ ظنی
خیالی باتیں : [ف امث] وہ باتیں جن کی کوئی اصلیت نہ ہو۔ یا وجود نہ ہو
خیالی پلاؤ پکانا : [ا ر محاورہ] ایسی باتیں سوچنا جن کا کوئی وجود نہ ہو۔
خِیام : [ع امذ] (۱) دیکھیے "خیمہ" جس کی یہ جمع ہے۔
خَیّام : [ع امذ] (۱) خیمہ بنانے والا۔ خیمہ دوز۔
خیام باشی : [ف امذ] ایک عہدہ دار جس کے سپرد خیموں کا انتظام ہوا کرتا تھا ہے۔
خیانت : [ع امث] (۱) دغا۔ دھوکا۔ (۲) غبن۔ تغلب (۳) بد دیانتی۔ بے ایمانی۔ چوری۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
خیانت پیشگی : [عف صف] دیکھیے "خیانت پیشہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خیانت پیشہ : [عف امذ] دغاباز
خیانت گر : [عف امذ] نمک حرام۔ غدّار
خیانت مجرمانہ : [قانون] اس مال کو دبا لینا جو کسی نے بطور امانت دے رکھا ہو۔
خیبر شکن / کُشا : [ف امذ] قلعہ خیبر کا فاتح یعنی حضرت علیؓ
خَیر : [ع امذ] (۱) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری۔ (۲) برکت۔ بڑھوتری (۳) ٹھیک۔ بجا۔ درست (۴) سلامتی۔ تندرستی۔ عافیت۔
(۵) (کلمہ ایجاب) اچھا۔ ہاں (۶) (ندا) کچھ پروا نہیں ہے۔ جو ہُوا سو ہُوا۔ جانے دو۔ معلوم ہُوا
خیرُ الاُمورِ اَوسَطُہا : [ع مقولہ] ہر کام میں میانہ روی بہتر ہوتی ہے۔
خیرُ الاَنام : [ع امذ] (۱) مخلوقات میں سب سے بہتر (۲) پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے۔
خیرُ البَشَر : [ع امذ] بہترین انسان۔ ۲۔ پیغمبر صلعم کا لقب ہے
خیرُ القُرُون : [ع۔ امذ] بہترین زمانہ۔ پیغمبر صلعم اور صحابہ کا زمانہ
خیرُ النِّساء : [ع امث] عورتوں میں سب سے بہتر۔ بہترین عورت۔
حضرت فاطمہؓ کا لقب ہے۔
خیرُ الوَرا : [ع امذ] بہترین مخلوق۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب
خیر اندیش : [ع ف صف] خیر خواہ۔ وہ شخص جو کسی کی بھلائی چاہے۔
خیر اندیشی : [ع ف صف] خیر خواہی۔ نیک ارادہ۔ نیک نیتی۔ مہربانی۔
شفقت۔ دوستی (افعال: کرنا۔ ہونا)
خیر باد : [ا ر کلمہ رخصت] خدا حافظ۔ الوداع
خیر باد کہنا : [ا ر محاورہ] (۱) رخصت کرنا (۲) رخصت ہونا
خیر باشد : [ا ر متعلق فعل] (۱) خیر تو ہے کسی کو گھبرایا ہُوا دیکھ کر پوچھتے ہیں۔
(۲) شکایت دوستانہ کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔
خیر برکت : [عف امث] عو۔ برکت۔ بہبود۔ عروج
خیر تو ہے ؟ [ا ر کلمہ تعجب] دیکھیے "خیر باشد"
خیر جو ہُوا سو ہُوا : [ا ر مقولہ] اچھا ہُوا۔ اب گذشتہ باتوں کو جانے دو۔ صلح ہو جانے پر اگر کوئی پھر شکایت کرے تو کہتے ہیں۔
خیر چاہنا : [ا ر محاورہ] بہبود و بہتری چاہنا۔ بھلائی چاہنا۔
خیر خبر : [عف امث] عو۔ خبر (افعال: بھیجنا۔ لکھنا۔ ملنا)
خیر خبر پوچھنا : [ا ر محاورہ] حال دریافت کرنا۔ خیر و عافیت دریافت کرنا۔
خیر خواہ : [عف صف] دیکھیے "خیر اندیش"
خیر خواہی : [عف امث] دیکھیے "خیر اندیشی"
خیر خیرات : [عف امث] خیرات۔ دان
خیر رہے بالو : [ا ر کلمہ صدا] بھیک مانگنے والے دعا دیتے ہیں۔
خیر سلا / خیر صلاح : [ع ف امث] خیر و صلاح کا مخرب۔ خیر و عافیت۔
مزاج پرسی [افعال: پوچھنا۔ دریافت کرنا]
خیر سے : [ا ر متعلق فعل] (۱) خیر و عافیت کے ساتھ (۲) صحیح سلامت ماشاء اللہ۔ (۳) بطور طنز بھی کہتے ہیں۔
خیر سے کٹنا / گزرنا : [ا ر محاورہ] سلامتی سے بسر ہونا
خیر سگال : [ع ف صف] بھلائی سوچنے والا۔ خیر اندیش
خیر سگالی : [عف امث] دیکھیے "خیر سگال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

خیر گزری / ہو گئی : [ا ر محاورہ] آفت سے بچے۔
خیر مانگنا : [ا ر محاورہ] (۱) سلامتی کی دعا کرنا۔ سلامتی چاہنا۔ بھلا ہی چاہنا (۲) توبہ کرنا۔ خدا سے ڈرنا (۳) کوئی بری بات کہے تو کہتے ہیں
خیر مقدم : [ع ا مذ] بزرگوں یا اعلیٰ مرتبت لوگوں کو خوش آمدید کہنے کا کلمہ (افعال: کرنا۔ کہنا۔ ہونا)
خیر منانا : [ا ر محاورہ] بھلائی چاہنا۔ سلامتی چاہنا۔ ۲۔ بطور طنز بھی کہتے ہیں۔
خیر و عافیت : [ع۔ امث بہ ترکیب فارسی] (۱) صحت و سلامتی (۲) کچھ نہیں مطلق نہیں۔
خیر ہے : [ا ر کلمہ تعجب] (۱) خیریت ہے صحت و سلامتی ہے (۲) سوالیہ طور پر کسی کو گھبرایا ہوا دیکھ کر کہتے ہیں (۳) کوئی برا کام کرے تو اسے کہتے ہیں۔
خیرات : [ع امث] (۱) دیکھئے "خیر" جس کی یہ جمع ہے
خیرات : [ا ر امث م] زکوٰۃ۔ صدقہ۔ پُن۔ دان (افعال: دینا۔ لینا)
خیرات خانہ : [ا ر امذ] لنگر خانہ۔ محتاج خانہ
خیرات داخل : [ا ر صف] مثل خیرات کے
خیرات دافع آفات ہے : [ا ر مقولہ] صدقہ بلاؤں کو دور کرتا ہے۔
خیرات کے ٹکڑے اور بازار میں ڈکار : [ا ر مثل] اس کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ شیخی مارے۔ گو مانگ کر گزارہ کرتا ہو۔
خیرات کی جوتی (جوتی) خیرات کا ناڑا } [ا ر مثل] اس کے متعلق
پڑھ دے ملا عقد ہمارا } کہتے ہیں جس کے پاس کچھ نہ ہو اور بڑے بڑے منصوبے باندھے۔
خیراتی : [ا ر صف] (۱) خیرات سے منسوب۔ خیرات کا
خیراتی شفاخانہ : [ا ر امذ] شفاخانہ جہاں مفت دوا ملے۔
خیراتی مال : [ا ر امذ] وہ مال جو خیرات کیا جائے۔
خیراتی ہسپتال : [ا ر امذ] دیکھئے خیراتی شفاخانہ
خیر : [ف۔ امث] (۱) آنکھوں کے آگے اندھیرا (۲) ذرہ یا سیاہی جو آنکھوں کے آگے اڑے (۳ صف) حیران پریشان (۴) بے شرم۔ گستاخ (۵) بہادر (۶) بے فائدہ۔ فضول۔ معمولی (۷) بے وجہ۔ بے سبب
خیر الامم : [ع۔ امث] بہترین امت۔ امت مسلم
خیرگی : [ف امث] (۱) آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانے کی کیفیت۔ چکا چوند۔ تیرگی تاریکی (۲) گھبراہٹ۔ پریشانی (۳) دل کی سیاہی۔ کینہ۔ عداوت۔ بیر
خیرو : [ف امذ] ایک پھول جو زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ خطمی۔
خیرہ : [ف صف] (۱) تاریک۔ اندھیرا (۲) بے حیا۔ بیباک (۳) کینہ ور۔ بداندیش۔ بدخواہ (۴) خود پسند۔ مغرور (۵) گستاخ۔ شوخ (۶) حیران۔ پریشان جس کی آنکھوں میں چکا چوند ہو۔
خیرہ چشم : [ف صف] ۱۔ چندھیایا ہوا۔ جس کی آنکھوں میں چکا چوند ہو۔ شوخ۔ گستاخ۔ ۲۔ حیران۔ پریشان۔ ۳۔
خیرہ چشمی : [ف امذ] دیکھئے "خیرہ چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خیرہ سر : [ف صف] شوخ۔ گستاخ (۲) خود پسند۔ مغرور (۳) بے حیا (۴) سرکش
خیرہ سری : [ف امث] دیکھئے "خیرہ سر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خیرہ نگاہ : [ف صف] دیکھئے "خیرہ چشم"

خیرہ نگاہی : [ف امذ] دیکھئے "خیرہ نگاہ"
خیری : [ف امث] (۱) دیکھئے "خیرو" (۲) گل بنفشہ سفید۔
خیریت : [ف امث] (۱) نیکی۔ بھلائی (۲) صحت۔ تندرستی (۳) سلامتی۔ بچاؤ
خیریت طلب / خواہ : [ع ف صف] خیریت یا بھلائی چاہنے والا نیز دیکھئے "خیر خواہ"
خیریت طلبی / خواہی : [ع ف امث] دیکھئے "خیریت طلب / خواہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
خیریت مل جانا / ملنا : [ا ر محاورہ] صحت و سلامتی کی خبر ملنا
خیز : [ف لاحقہ فاعلی] (۱) خاستن مصدر سے صیغہ امر۔ جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بناتا ہے اور پیدا کرنے والے کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً حیرت خیز۔ (۲) پیدا کرنا۔ اٹھانا (۳) کود۔ چھلانگ۔ پھلانگ۔
خیز کرنا : [ا ر محاورہ] گھوڑے کو کدانا
خیزاں : [ف اسم حالیہ] اٹھتا ہوا۔ نکلتا ہوا
خیزش : [ف امث] (۱) اٹھنا۔ نکلنا (۲) استادگی (ذکر کی)
خیزی : [ف امث] (۱) استادگی (ذکر کی) (۲) اٹھنا۔ کودنا
خیسانده : [ف امذ] وہ دوا جو بھگو کر اور نتھار کر پی جائے
خیط : [ع امذ] دھاگا
خیط الابیض / خیط ابیض : [ع امذ] (۱) سفید دھاگا (۲) صبح کا اجالا
خیط الاسود : [ع امذ] سیاہ دھاگا۔ شام کے بعد کی تاریکی
خیف : [ع امذ] (۱) باپ کی جانب سے سوتیلا
خیفا : [ع امث] (۱) وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ سیاہ اور ایک سفید یا نیلی ہو ۲۔ نثر یا نظم میں ایک حرف منقوط اور ایک غیر منقوط لانا۔
خیل : [ع امذ] (۱) گروہ۔ جماعت (۲) گھوڑے۔ گھوڑوں کا گلہ
خیل خیل : [ع متعلق فعل] گروہ گروہ۔ جماعت جماعت
خیل و خدم : [ع۔ امذ] حشم و خدم۔ شان و شوکت۔ نوکر چاکر۔ ملازموں کا گروہ۔
خیل خانہ : [ا ر امذ ق] خاندان۔ ہجوم
خیلا : [ع صف] (۱) لغو۔ بیہودہ (۲) احمق۔ پھوہڑ۔ بے وقوف
خیلا پائنچا / اجان : [ا ر۔ امث] وہ عورت جسے اپنی سدھ نہ ہو۔ پھوہڑ عورت
خیلا پن / پنا : [ا ر۔ امذ] پھوہڑ پن۔ بدسلیقگی۔ حماقت۔ بے وقوفی
خیلتاش : [ف امذ] ایک آقا کے ملازموں اور خادموں کا گروہ۔
خیلے : [ف صف] بہت زیادہ
خیم : [ع امذ] خیمہ کی جمع۔
خیمہ : [ع امذ] تنبو۔ ڈیرا (افعال: اکھڑا کرنا۔ اکھاڑنا۔ اکھڑنا۔ لگانا۔ لگنا۔)
خیمہ ازرق : [ع امذ] آسمان (لفظی معنی نیلا خیمہ)
خیمہ دوز : [ع ف امذ] تنبو سینے والا۔ بنانے والا۔
خیمہ دوزی : [ع ف امث] دیکھئے "خیمہ دوز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
خیمہ زن : [ع ف صف] خیمہ لگانے والا
خیمہ گاہ : [ع ف امذ] رسدگاہ۔ وہ جگہ جہاں خیمے لگے ہوں۔ کیمپ
خیول : [ع امذ] دیکھئے "خیل" جس کی یہ جمع ہے۔

د

: [ع. امث] اس کا نام دال ہے. الفبا سے پکھنے کے لیے اسے دال مہملہ اور دال ابجد بھی کہتے ہیں.

۱. اردو حروف تہجی کی ترتیب میں گیارہواں اور فارسی میں دسواں حرف ہے۔ عربی حروف ہجا کی ابتث میں آٹھواں اور ترتیب ابجد میں چوتھا حرف ہے. اور دیوناگری رسم الخط میں اٹھارواں ویجن ہے.

۲. (ل) اس کی آواز دانتوں سے نکلتی ہے (ب) یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت کے ساتھ مل کر آواز دیتا ہے.

۳. عربی تقسیم کے مطابق شمسی حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام آواز نہیں دیتا بلکہ دال کو مشدد کر دیتا ہے. مثلاً اَلدّار

۴. حساب جمل میں اس کے چار عدد لیے جاتے ہیں

۵. تقویم میں بدھ کے دن کی علامت ہے

۶. نجوم میں ستارہ عطارد کی علامت ہے.

۷. ہندی الفاظ کے آخر میں آکر اسم کیفیت کے معنی پیدا کرتا ہے. مثلاً کود ہیں.

۸. فارسی میں یہ مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے.

(ا) ۃ کا بدل مثلاً بدیں اور بایں میں
(ب) ب کا بدل مثلاً دالان اور بالان میں
(ج) ت کا بدل مثلاً دراج اور تراج میں
(د) ج کا بدل مثلاً گرد اور گرج میں
(ہ) ذ کا بدل مثلاً بُید اور نبیذ میں
(و) ز کا بدل مثلاً شرخ مرد اور شرخ مرز میں
(ز) س کا بدل مثلاً پاد اور پاس میں
(ح) ش کا بدل مثلاً گرداب اور گرشاب میں
(ط) ط کا بدل مثلاً خدشہ اور خطشہ میں
(ی) گ کا بدل مثلاً کلند اور کلنگ میں
(ک) ل کا بدل مثلاً دغ اور لغ میں
(ل) ن کا بدل مثلاً گزیدہ اور گزینہ میں
(م) و کا بدل مثلاً بید اور بیو میں
(ن) ہ کا بدل مثلاً تبرزد اور تبرزہ میں
(س) ی کا بدل مثلاً نادندرا اور نایندہ میں.

د — ا

دَابْ : [ا. امث] ا. بوجھ. دباؤ. وزن (۲) طباعت کی اصطلاح میں. کاغذ کا ایک دفعہ چھپنا. ایک رُخ سے سو کاغذ (۳) پیچ گھاؤ (۴) درخت کی ٹہنی جو جڑ پکڑنے کے لیے دبائی جائے (۵) ایک دفعہ کل (مشین) سے نکلنا (۶) (فعل) دابنا مصدر سے صیغہ امر.

داب چوکنا : [ا. (اصطلاح) مس] طباعت میں کاغذ کا کچھ حصہ چھپنے سے رہ جانا.

دَابْ : [ع. اند] طرز. ڈھنگ. طریقہ (۲) کرّوفر. شان و شوکت. خودنمائی. آداب و اطوار. رُعب. دبدبہ

داب بٹھانا : [ا. محاورہ] رُعب بٹھانا. دباؤ دینا. زور ڈالنا. سکّہ جمانا (۲) بے جا حکومت کرنا. قابو میں لانا. مطیع کرنا.

دَاب بیٹھ جانا / بیٹھنا : [ا. محاورہ] رُعب قائم ہونا. سکّہ بیٹھ جانا (۲) دبا لینا. زبردستی قبضہ کرنا. نیچے دبانا (۳) خیانت کرنا (۴) زنا وغیرہ کے لیے پکڑ لینا (۵) رُعب پڑنا. ڈر بیٹھنا

دَاب جمانا : [ا. محاورہ] دیکھئے "داب بٹھانا"

دَاب جمنا : [ا. محاورہ] دیکھئے "داب جمانا" جس کا یہ لازم ہے.

داب چوک : [ا. امث] چھپائی میں کاغذ کا چھپنے سے رہ جانا. چھرہ ٹھیک نہ بیٹھنا. خالی رہ جانا

دَاب دینا : [ا. محاورہ] دفن کر دینا. چھپا دینا (۲) رعب ڈالنا. دھمکی دینا

دَاب رکھنا : [ا. محاورہ] دبانا. دبا کر روکنا (۲) دبا کر نیچے رکھنا (۳) رکھ لینا نہ دینا (۴) چھپانا. چرانا (۵) ناجائز طور پر قبضے میں رکھنا (۶) کسی کا روپیہ قابو میں کر لینا. روپیہ مار لینا.

دَاب سَلطَنَت : [عف. اند] طریق سلطنت. آداب حکومت

دَاب صُحبَت / مجلس / محفل : [عف. اند] تہذیب شائستگی (۲) آداب و اخلاق (۳) اداب مجلس. علم مجلس

دَاب لینا : [ا. محاورہ] ا. روپیہ مار لینا. غصب کر لینا (۲) دبوچنا. قابو کرنا (۳) چھیننا. دبانا (۴) مغلوب کر لینا. دبانا (۵) عاجز کرنا. مجبور کرنا (۶) داب بیٹھنا.

دَابا : [ا. اند] بیمار. بخار زدہ کو لحاف یا کمبل سے ڈھانپنا تاکہ پسینہ آجائے. (۲) دباؤ. بوجھ. وزن (۳) زبردستی دست درازی. استحصال بالجبر

دابا دینا : [ا. محاورہ] رُعب ڈالنا. دھمکانا. جھڑکنا

دَابنا : [ا. محاورہ] ا. جسم دبانا (۲) روکنا (۳) چھیننا (۴) دبوچنا (۵) گاڑنا. دفن کرنا (۶) حکومت کرنا (۷) دھمکانا. جھڑکنا (۸) مغلوب کرنا. زیر کرنا (۹) مجبور کرنا. عاجز کرنا.

دَابّہ : [ع. اند] زمین پر چلنے والا. جانور (۲) چوپایہ (۳) لدّو جانور

داتا : [ہ صف] دینے والا. سخی. فیاض (۲) رازق. خدا (۳) فقیر درویش

داتا پُن کرے کنجوس جھُر جھُر مرے : [ا. مثل] سخی خیرات کرتا ہے بخیل حسد سے مرا جاتا ہے.

داتا داتا مر گئے رہ گئے مکھی چوس : [ا. مثل] فیاض مر گئے. بخیل رہ گئے.

داتا دان دے / کرے. بھنڈاری کا پیٹ پھٹے / پھوٹے : [ا. مثل] خیرات کوئی کرے جلے کوئی.

داتا دیوے اور سنزا دے. بادل برسے اور گرا سے :

: [ار مثل] اصلی سخی خیرات کرتا ہے مگر ظاہر نہیں ہوتا جیسے بادل پسینے پسینے ہو کر برستا ہے۔

داتا کا دان۔ غریب کا اَشنان : [ار مثل] سخی کے خیرات کرنے سے غریب کا کام چل جاتا ہے۔

داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے : [ار مثل] سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے

داتا کے تین گُن۔ دے۔ دلائے اور دے کے چھین لے : [ار مثل] خدا اپنے اور دوں سے دلاتا ہے اور دے کر لے لیتا ہے۔ خدا کی قدرت کے تماشے ہیں۔

دَاتاپَن : [ار اند] دیکھئے " داتا " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَاتیِر : [س۔ اند] بڑی درانتی۔

دَاتُن : [ھ۔ امث] دانتوں کو صاف کرنے کی لکڑی۔ مسواک

دَاٹ : [ار۔ امث ق] ۱۔ انبوہ۔ ہجوم (۲) گہرا (۳) سخت (۴) گھنا (۵) مضبوط

دَاٹ پڑنا : [ار محاورہ ق] مُسلّط ہونا

داٹا داٹ : [ار۔ اند ق] ہجوم۔ بھیڑ

دَاٹپَن : [ار۔ امث۔ ق] گھناپن

دَاٹنا : [ار مصدر ق] ۱۔ ہجوم کرنا۔ اکٹھا ہونا (۲) بھرپور ہونا۔

دَاٹی : [ار۔ امث۔ ق] ڈانٹ ڈپٹ۔

دَاج : [ھ اند] جہیز

داخِل : [ع۔ اند] خارج کی ضد۔ اندر آنے والا۔ پہنچنے والا (۲) شامل۔ ملحق گھسا ہوا اندر گیا ہوا (۴) برابر۔ مساوی (۵) جو۔ مانند۔ مثل

دَاخِل خَارِج : [ع۔ اند] ملکیت کے رجسٹر میں ایک شخص کا نام ملکیت سے خارج ہو کر دوسرے کا نام لکھا جانا۔ ایک شخص کا دوسرے کی بجائے مالک قرار دیا جانا۔

دَاخل دفتر : [ع صف] ۱۔ شامل مسل (۲) نامنظور (۳) ملتوی کرنا۔ التوا میں ڈالنا (۴) مقدمہ یا درخواست نامنظور ہونا / خارج ہونا [اضافی کرنا۔ ہونا]

داخل کرنا : [ار محاورہ] ۱۔ اندر کرنا۔ گھسیڑنا (۲) شامل کرنا۔ ملانا (۳) سپرد کرنا سونپنا (۴) روپیہ ادا کرنا یا پہنچانا (۵) نام لکھوانا۔ درج کرنا (۶) بھرتی کرنا (۷) رجسٹر میں نام لکھنا (۸) قبضہ دلانا (۹) رکھنا۔ لگانا (۱۰) پہنچانا۔

دَاخِلہ : [ع۔ اند] کسی دربار / مقام / مرتبہ / درجہ میں شامل ہونا۔ باریابی۔ (۲) سپردگی۔ حوالگی (۳) خزانہ میں زر مالگذاری داخل کرنے کا حکمنامہ۔ مالگذاری کی رسید (۵) محصول یا پیشگی کی رسید (۶) داخل کرنے کی فیس۔ سپردگی کی اُجرت (۷) شمولیت۔ شرکت (۸) روپیہ کی ادائیگی (۹) دروازہ۔ مدخل

داخلی : [ع صف] شامل۔ داخل (۲) اندرونی۔ اندر کا (۳) مشمولہ۔ ملحقہ۔ (۴) جبلی۔ قدرتی (۵) دخل۔ گزر (۶) کسی متبرک یا مقدس جگہ میں داخل ہونے کا دن (۷) موضع جو کسی بڑے موضع کا حصہ ہو۔

داخلی موضع : [ع۔ اند] دیکھئے داخلی نمبر ۷

دَاخِلِیَّت : [ع۔ امث] فلسفہ میں وُہ نظریہ کہ علم محض داخلی چیز ہے۔ اور حقیقت کا کوئی ظاہری معیار نہیں ہے۔ موضوعیت۔ باطنیت۔

دَاخِلِیَہ : [ع۔ امث] وُہ درس گاہ جس میں رہنے کا انتظام ہو۔

دَاد : [ار۔ اند] ایک بیماری جس میں پھنسیوں کے چھتے جو خون کی خرابی سے جسم پر ظاہر ہوتے ہیں اور ان میں بہت کھجلی ہوتی ہے (۲) گرخیاد۔ کسبی

دَاد : [ف۔ امث] ۱۔ تحسین و آفرین (۲) عطا۔ دین (۳) عدل۔ انصاف (۴) فریاد۔ دُہائی۔ نالش (۵) سزا۔ پاداش (۶) عوض۔ معاوضہ۔ بدلہ۔ انتقام

دَادبَخش / گَر : [ف صف] عادل۔ منصف۔

دَادبَخشی / گَری : [ف۔ امث] دیکھئے " دادبخش " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دادبیداد : [ف۔ امث] فریاد۔ نالش۔ انصاف کے لیے شور۔ دُہائی

دَادپانا : [ار۔ محاورہ] انصاف کو پہنچنا (۲) تحسین حاصل کرنا۔

دَادچاہنا : [ار محاورہ] انصاف چاہنا۔ تحسین چاہنا۔ آفرین چاہنا / کا خواہاں ہونا۔

دَادخواہ : [ف۔ صف] فریادی۔ مستغیث

دَادخواہی : [ف۔ امث] دیکھئے " دادخواہ " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَاددینا : [ار محاورہ] ۱۔ کسی کے ہنر / خوبی کی تعریف کرنا (۲) انصاف کرنا۔ فریادرسی کرنا (۳) حق ادا کرنا۔

دَادرَس : [ف۔ صف] ۱۔ فریاد سننے والا۔ انصاف کرنے والا۔

دَادرَسی : [ف۔ امث] دیکھئے " دادرس " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دادِشجاعت دینا [ار محاورہ] بہادری دکھانا۔ جنگ میں دلیری سے لڑنا۔

دادطلب : [ف صف] مستغیث۔ فریادی (۲) تعریف کا خواہاں۔

دَادِعیش / خرمی / نشاط دینا : [ار محاورہ] خوب عیش کرنا۔ عیش و عشرت میں مشغول ہونا۔

دادفریاد : [ف۔ امث] نالش استغاثہ۔ فریاد۔ وادیلا۔

دَادکوپہنچنا : [ار۔ محاورہ] فریادرسی کرنا۔ انصاف پانا۔ صِلہ ملنا (۲) ہنر یا کمال کی تعریف پانا۔

دَادگاہ : [ف۔ امث] کچہری۔ عدالت۔ انصاف کی جگہ

دَادگُستر : [ف۔ صف] ۱۔ دیکھئے " دادبخش / گر " (۲) خدا تعالیٰ۔ منصف بادشاہ۔

دَادگُستَری : [ف۔ امث] دیکھئے " دادگستر " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَادلینا : [ار محاورہ] ۱ انصاف کرانا (۲) اپنے کمال / ہنر کی تعریف کرانا۔

دَادمانگنا : [ار محاورہ] ۱۔ انصاف کا خواہاں ہونا (۲) تعریف کا خواہاں ہونا۔

دَادملنا : [ار۔ محاورہ] کسی کو اس کے ہنر یا کمال کی تعریف میں واہ۔ واہ۔ تحسین و آفرین ملنا۔

دَادنہ فریاد : [ار۔ نف] یہاں نہ انصاف ہے نہ فریاد سنی جاتی ہے۔

دَادودِہش : [ف۔ اند] سخاوت۔ بخشش

دَادوسَتد : [ف۔ اند] لین دین

دادا : [ار۔ اند] ۱۔ باپ کا باپ (۲) اُستاد۔ گُرو (۳) بڑا بھائی (۴) (عوام) گوجر۔ برہمن۔ حجام۔ میراثی (۵) بڑی عمر والا بوڑھا۔ بڑھا نوکر

دادا پردادا کے راج کی باتیں کرنا : [ار۔ محاورہ] پُرانے زمانے کے حالات کا ذکر کرنا۔

داداجان پرائے بَروے آزاد کرتے تھے : [ار مثل] شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

دادا کہنے سے بنیا گڑ دیتا ہے : [ار مثل] خوشامد سے کچھ نہ کچھ مل ہی جاتا ہے

دادا مریں گا / مریں گے۔ تب بیل بٹیں گے : [ار مثل] دادا کے مرنے پر جایداد کی تقسیم ہوگی۔ تاخیر سے ہونے والے کام کی نسبت کہتے ہیں۔

دادر / دادُروا : [ھ۔ اند] مینڈک

دادرا : [ھ۔ اند] ۱۔ ایک تال کا نام (۲) ایک قسم کا گیت جو دادرا تال میں

گویا بتا ہے۔ (۳) بتیسی (۴) حلق۔ نالہ۔ حلق کا کوّا
داود را اینٹھ جانا: [ا ر۔ محاورہ] غش آ جانا۔
دادَس: [ھ۔ امث] ساس کی ساس۔ خاوند یا بیوی کی دادی۔
دادسُرا: [ھ۔ امذ] سسر کا باپ خاوند یا بیوی کا دادا
دادی: [ھ امث] باپ کی ماں۔ دادا کی بیوی
دار: [لاحقہ فاعلی] داشتن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور رکھنے والا کے معنی دیتا ہے۔
مثلاً دلدار۔ آبدار (۲) امذ) لکڑی کا ٹکڑا
پھانسی سولی۔ صلیب (۳) درخت۔
دار پر چڑھانا: [ار محاورہ] سولی پر چڑھا کر قتل کرنا۔ پھانسی دینا۔
دار پر چڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے دار پر چڑھانا جس کا یہ لازم ہے۔
دار پر چڑھوانا [ار محاورہ] دیکھئے دار پر چڑھانا جس کا یہ متعدی ہے۔
دار پر کھینچنا: [ار محاورہ] دیکھئے دار پر چڑھانا "
دار پر کھنچنا: [ار محاورہ] دیکھئے دار پر کھینچنا جس کا یہ لازم ہے۔
دار: [ع امذ] ا۔ گھر۔ محل۔ قصر۔ مقام۔ جائے قیام (۲) محلہ کوچہ (۴) شہر، قصبہ۔ علاقہ۔ ملک
دارُ الآخرت: [ع۔ امذ] اگلا جہان۔ دوسرا عالم
دارُ الادب: [ع۔ امذ] تعلیم گاہ۔ درس گاہ۔ یونیورسٹی
دارُ الاسلام: [ع۔ امذ] وہ ملک جس میں اسلامی حکومت ہو اور اسلامی قانون نافذ ہو
دارُ الاقامت: [ع۔ امذ] ا۔ ٹھہرنے کی جگہ طالب علموں کی قیام گاہ ہوسٹل
دارُ الامارت: [ع۔ امذ] پایہ تخت۔ دارُ الخلافہ
دارُ الامان / الامن: [ع۔ امذ] امن کا گھر وہ ملک جہاں امن ہو۔
دارُ الایتام: [ع۔ امذ] یتیم خانہ
دارُ البقا: [ع۔ امذ] ہمیشہ رہنے کا گھر۔ اگلا جہان۔
دارُ البوار: [ع۔ امذ] ہلاکت کا گھر۔ جہنم۔ دوزخ
دارُ الجزا: [ع۔ امذ] عالم آخرت۔ دارُ المکافات
دارُ الحرب: [ع۔ امذ] وہ ملک جہاں کافروں کی حکومت ہو اور مسلمانوں کو دین کی پیروی اور مذہبی فرائض ادا کرنے سے روکا جائے۔ جہاں جہاد کا حکم ہے۔ لڑائی کا گھر
دارُ الحکومت: [ع۔ امذ] راجدھانی۔ حکومت کا صدر مقام۔ پایہ تخت۔ بادشاہ کے رہنے کی جگہ۔
دارُ الخلافت / الخلافہ: [ع۔ امذ] وہ شہر جس میں مسلمانوں کا خلیفہ رہے۔ خلافت کا صدر مقام۔ دارالحکومت
دارُ السلام: [ع۔ امذ] سلامتی کا گھر۔ امن کی جگہ۔ بہشت جہاں شعائر دینی ادا کرنے میں کوئی پابندی نہ ہو
دارُ السلطنت: [ع۔ امذ] پایہ تخت۔ وہ مقام جہاں سلطان یا بادشاہ رہتا ہے۔
دارُ السرور: [ع۔ امذ] خوشی کا گھر۔ بہشت۔
دارُ الشرع: [ع۔ امذ] عدالت۔ کچہری جس میں اسلامی قانون کے مطابق مقدمات کا فیصلہ ہو۔
دارُ الشفا: [ع۔ امذ] شفاخانہ۔ ہسپتال
دارُ الشوریٰ: [ع۔ امذ] دربار۔ جلسہ عام کی جگہ۔ مشورہ کی جگہ۔ وہ مقام جہاں اکٹھے ہو کر مشورہ کیا جائے۔ اسمبلی۔

دارُ الصحت: [ع۔ امذ] صحت گاہ۔ شفاخانہ
دارُ الصفا: [ع۔ امذ] خانہ کعبہ
دارُ الضرب: [ع۔ امذ] وہ مقام جہاں حکومت کا سکہ تیار ہوتا ہو ٹکسال۔
دارُ الضیافت: [ع۔ امذ] مہمان خانہ۔ مہمان گھر
دارُ العدالت: [ع۔ امذ] کچہری
دارُ العلوم: [ع۔ امذ] درس گاہ۔ کالج۔ یونیورسٹی
دارُ العمارت: [ع۔ امذ] قصر۔ محل
دارُ العمل: [ع۔ امذ] وہ جگہ جہاں کام کیا جائے۔ دنیا۔
دارُ العوض: [ع۔ امذ] سزا کی جگہ
دارُ العیار: [ع۔ امذ] وہ جگہ جہاں کھرا کھوٹا روپیہ پرکھا جاتا ہے۔
دارُ الفنا: [ع۔ امذ] فنا کا گھر۔ موت کا گھر۔ دنیا
دارُ الفنون: [ع۔ امذ] کالج۔ یونیورسٹی
دارُ القرار: [ع۔ امذ] بہشت۔ جنت
دارُ القضا: [ع۔ امذ] قاضیوں کی کچہری۔ عدالت
دارُ القمار: [ع۔ امذ] جوا خانہ۔ قمار خانہ
دارُ الکتب / الکتاب: [ع۔ امذ] کتاب گھر لائبریری
دارُ المحن: [ع۔ امذ] غم یا رنج کا گھر۔ دنیا۔
دارُ المرض: [ع۔ امذ] شفا خانہ۔ ہسپتال
دارُ المکافات: [ع۔ امذ] بدلے کا گھر۔ عالم آخرت
دارُ الملک: [ع۔ امذ] دارُ الخلافہ
دارُ النشاط: [ع۔ امذ] خوشی کا گھر
دارُ النعیم: [ع۔ امذ] بہشت
دارا: [ف۔ امذ] مالک۔ آقا۔ بادشاہ دیوتا (۲) ایران کا وہ بادشاہ جو سکندر مقدونی سے شکست کھا گیا تھا۔
درابی: [ف امث] رسی جس سے توپ کھینچتے ہیں۔
دارائی: [ف۔ امث] دیکھئے "دارا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ بادشاہی۔ آقائی۔
دارباز: [ف۔ صف] بازی گر۔ نٹ (۲) بانس پر چڑھ کر کرتب دکھانے والا۔
داربست: [ف۔ امث] لکڑی کی باڑ جس پر بیٹھ کر معمار وغیرہ کام کرتے ہیں۔ پاڑ ٹھاٹھر جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں۔
دارچینی: [ف۔ امث] ایک درخت کی چھال۔ جو گرم مصالحہ میں ڈالتے ہیں
دار فلفل: [ف۔ امذ] لمبی مرچ۔ مگھ۔ پیپل
دارکش: [ف۔ امذ] سولی پر چڑھانے والا۔ جلاد
دار و گیر: [ف۔ امث] پکڑ دھکڑ۔ پرسش۔ مواخذہ۔ لڑائی کا شور۔ ہاؤ ہو۔ مشکل۔ [illegible]
دار و گیر کی صدا بلند ہونا: [ار محاورہ] لڑائی کا شور ہونا۔
دارو: [ف۔ امث] ا۔ دوا (۲) بارود (۳) شراب
دارو درمن: [ف۔ امذ] علاج معالجہ
داروغائی: [ار۔ امث] دیکھئے "داروغہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
داروغہ: [ت۔ امذ] محافظ۔ نگران۔ کوتوال۔ تھانیدار (۳) کسی جماعت کا سردار (۴) ملازموں یا سپاہیوں کا سردار
دار و مدار: [ف۔ امذ] انحصار۔ قرار۔ ٹھہراؤ (۲) فیصلہ تصفیہ۔

دَارِی: [ھ۔ امث] ۱۔ وہ لونڈی جسے لڑائی میں جیت کر لائے ہوں (۲) حرم
دَارِی جار: [ھ۔ اند] لونڈی بچہ (۲) حرامزادہ۔
دَارَین: [ع۔ اند] دونوں جہان۔ دُنیا اور عاقبت
دَاڑھ: [ھ۔ امث] (لکھنؤ) دیکھئے "ڈاڑھ" جو زیادہ فصیح ہے۔
دَاڑھا: [ھ۔ اند] "ڈاڑھی" کا اسم مکبر ہے۔
دَاڑھی: [ھ۔ امث] دیکھئے "ڈاڑھی" جو فصیح ہے
دَاس: [ھ۔ اند] ۱۔ نوکر۔ غلام۔ چیلا
دَاسَا: [ھ۔ اند] لکڑی کا لمبا ٹکڑا یا پتھر کی سل جسے دیوار کے اُوپر رکھ کر اُدھر سے کڑیاں ڈالتے ہیں۔ یا ستونوں کے نیچے یا اوپر رکھتے ہیں (۲) لکڑی وغیرہ کا وُہ ٹکڑا جو زینے کے اگلے حصّے پر لگا ہوتا ہے (۳) لکڑی یا پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا۔
دَاسْتَان: [ف۔ امث] قصّہ۔ کہانی۔ حکایت (۲) طویل قصّہ۔ لمبی کہانی (۳) سرگزشت۔ تاریخ۔ شُہرت۔ مشہوری
داستان چھیڑنا: [ار۔ محاورہ] لمبا قصّہ شروع کرنا۔ اپنی ساری سرگزشت سنانا۔ شروع سے آخیر تک سنانا۔
داستان سُنانا: [ار۔ محاورہ] قصّہ سنانا۔ کہانی سنانا
دَاستان سُننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "داستان سنانا" جس کا یہ لازم ہے
داستان کہنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "داستان سنانا"
داستان گو: [ف۔ اند] قصّہ خواں وُہ شخص جس کا پیشہ امیروں کو قصّے سُنانا ہو / داستان سُنانا ہو۔
دَاستان میں ٹکڑا لگا دینا: [ار۔ محاورہ] قصّے میں قصّہ جوڑ دینا۔
دَاستانہ: [ف۔ اند] دیکھئے "دستانہ" جو زیادہ مستعمل ہے۔
دَاسن: [ار۔ مث۔ ق] کنیز۔ خادمہ۔ نوکرانی۔ لونڈی۔ باندی۔
دَاسِی: [ھ۔ امث] دیکھئے "داسن"
دَاشْت: [ف۔ امث] ۱۔ خبرگیری۔ نگرانی (۲) گھوڑے کی مالش (۳) کُمہار کی بھٹی (۴) تحفہ (افعال: کرنا۔ ہونا) دَاشْتَہ: [ف۔ صف] رکھا ہُوا۔ بچایا ہوا (۲) وہ غیر منکوحہ عورت جس کو بیوی کے طور پر رکھا ہوا ہو۔ مدخولہ۔
دَاشْتَہ آید بکار۔ اگرچہ باشد سر مار: [ف۔ مثل] رکھی ہوئی چیز کبھی نہ کبھی کام آ ہی جاتی ہے خواہ وُہ کتنی ہی حقیر اور ذلیل کیوں نہ ہو۔
دَاعِی: [ع۔ ف] ۱۔ بُلانے والا (۲) دُعا کرنے والا (۳ مذ) وُہ شخص جو دُوسرے کے لیے دُعا کرے (۴) مدعی۔ مستغیث (۵) وُہ جو دُوسرے کو کوئی کام کرنے کے لیے اُکسائے (۶) وجہ۔ موجب۔ بانی (۷) ذریعہ۔ سبب۔ وسیلہ۔
دَاعِیٔ اَجَل کو لبیک کہنا: [ار۔ محاورہ] مرجانا۔ وفات پانا
دَاعِیَہ: [ع۔ اند] ۱۔ خواہش۔ مرضی (۲) ارادہ۔ دعویٰ۔ ادّعا۔ استدعا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا) ۳۔ دیکھئے "داعی" جس کی یہ تانیث ہے۔
دَاغ: [ف۔ اند] ۱۔ نشان۔ دھبّا (۲) جلنے کا نشان (۳) وُہ نشان جو لوہے کو گرم کر کے کسی کے جسم پر لگایا جائے (۴) کلنک کا ٹیکا۔ الزام (۵) رنج غم (۶) صدمہ (۷) کسی عزیز کے مرنے کا غم (۸) رشک۔ حسد (۹) وُہ نشان جو پھل پر پڑ جائے (۱۰) چیچک کا نشان (۱۱) زخم یا پھوڑے کا نشان (۱۲) نقص عیب (۱۳) چاند کا نشان (۱۴) رنگ کا نشان (۱۵) جہاں (۱۶) زخم پھوڑا (۱۷ صف) نشان کیا ہُوا۔ (۱۸) گرم کر کے کڑکڑانا ہُوا۔
دَاغ اُبھرنا: [ار۔ محاورہ] صدمہ تازہ ہونا۔ زخم تازہ ہونا۔
داغ اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] صدمہ برداشت کرنا۔
داغ اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "داغ اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَاغ بر بالائے داغ: [ف متعلق فعل] صدمہ پر صدمہ۔ داغ بیل: [ار۔ امث] وہ نشان جو سڑک۔ روش۔ نالی کھودنے یا عمارت کی حدود قائم کرنے کے لیے لگایا جائے (۲) بنیاد
دَاغ بیل پڑنا: [ار۔ امث] دیکھئے "داغ بیل ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
داغ بیل ڈالنا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کو کرنا۔ کسی کام کی بنیاد رکھنا۔ کام کا آغاز کرنا
داغ پر داغ: [ار متعلق فعل] دیکھئے "داغ بر بالائے داغ"
دَاغ پڑنا: [ار۔ محاورہ] دھبّا پڑنا۔ نشان پڑنا
دَاغ تازہ کرنا: [ار۔ محاورہ] پرانا صدمہ یاد کرنا۔ رنج کرنا
داغ تازہ ہونا: [ار۔ محاورہ] زخم ہرا ہونا۔ رنج ہونا۔ پرانا صدمہ یاد آنا۔
داغ تصحیح: [ف۔ اند] وُہ دفتر جہاں گھوڑوں پر نشان کیے جاتے ہیں۔
دَاغ جگر: [ف۔ اند] ۱۔ زخم جگر۔ اولاد کے مرنے کا صدمہ
دَاغ جگر کھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "داغ جگر کھلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَاغ جگر کھلانا: [ار۔ محاورہ] رنج دینا۔ صدمہ پہنچانا۔
دَاغ جنون: [ف۔ اند] جنون۔ پاگل پن
داغ چڑھانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ داغ لگانا (۲) بگھار لگانا۔
داغ چھڑانا: [ار۔ محاورہ] دھبّا مٹانا
داغ چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] نشان رہ جانا۔
دَاغ خاطر / دل: [ف۔ اند] دل کا داغ۔ غم۔ صدمہ
دَاغ دار: [ف۔ صف] جس پر داغ ہو۔ پھل یا کوئی اور چیز داغی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا۔
دَاغ دکھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے داغ دیکھنا جس کا یہ متعدّی ہے۔
دَاغ دیکھنا: [ف۔ صف] صدمہ اُٹھانا۔
دَاغ دِہ: [ار۔ محاورہ] داغ دینے والا۔
دَاغ دے گیا: [ار۔ محاورہ] مر گیا
دَاغ دینا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا۔ (۲) لوہے کو گرم کر کے کسی جاندار کے جسم پر نشان لگانا۔ کبھی بیماری کی وجہ سے یا ملکیت کا نشان کرنے کی غرض سے ایسا کرتے ہیں (۳) جھلسانا۔ جلانا (۴) مُردے کو جلانا ۵۔ زخم کو جلانا (۶) نقصان پہنچانا (۷) توپ یا بندوق کو سر کرنا (۸) آتشبازی کو آگ لگانا (۹) گرم کرنا۔ کڑکڑانا۔ چغلی کھانا۔ شکایت کرنا۔

ذاغ کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ بگھارنا۔ کڑکڑانا۔ گرم کرنا (۲) نشان ڈالنا۔ گرم چیز سے نشان ڈالنا۔
داغ کرنے والا: [ار۔ صف] وہ جس سے نشان پڑ جائے۔ جلانے والا۔ نشان کرنے والا۔
ذاغ کھا جانا: [ار۔ محاورہ] نشان پڑ جانا۔ داغ لگ جانا (پھل وغیرہ کو)
داغ کھانا: [ار۔ محاورہ] رنج اُٹھانا۔ صدمہ اُٹھانا (۲) رشک کھانا۔

(۳) دھبا لگنا۔ نشان پڑنا (۴) گل کھلانا

داغ کھلانا: [ار۔ محاورہ] صدمہ دینا

داغ لانا / لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "داغ لگ جانا / لگنا" جس کا یہ متعدی ہے

داغ لگ جانا / لگنا: [ار۔ محاورہ] جلنا۔ جل جانا (۲) بدنام ہونا (۳) الزام لگنا (۴) نشان لگنا (۵) عیب دار ہونا۔

دَاغ لے جانا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کا رنج مرتے وقت ساتھ لیجانا۔

داغ مٹانا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا نشان ختم کرنا / معدوم کرنا۔

داغ مٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "داغ مٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَاغنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ لوہا یا کوئی اور دھات گرم کرکے بدن پر نشان لگانا (۲) توپ یا بندوق سر کرنا (۳) بارود کو آگ لگانا۔ آتشبازی چھوڑنا (۴) کسی کی بات کسی سے کہہ دینا۔

دَاغ نکلے: [ار۔ کوسنا] ا۔ ایک قسم کا کوسنا۔ جل کر نکلے پھوٹ کر نکلے۔

داغ ہوکر نکلے: [ار۔ کوسنا] دیکھئے "داغ نکلے"

دَاغ ہونا: [ار۔ محاورہ] ا۔ بگھارا جانا۔ گرم ہونا (۲) نشان یا دھبا ہونا۔ (۳) گرم لوہے کا نشان لگنا (۴) رنج ہونا۔ صدمہ ہونا۔ (۵) رشک ہونا (۶) جل کر زخمی ہونا۔

دَاغی [ف صف] داغدار۔ دھبے والا (۲) عیب دار۔ معیوب (۳) جلایا ہُوا (۴) سزایاب (۵) مجرم (افعال: کرنا۔ ہونا)

داغی غلام۔ [ف۔ اند] وہ غلام جس کے بدن پر ملکیت کا نشان ہو۔

دَافِع: [ع۔ صف] دفع کرنے والا ہٹانے والا۔

دَافِعُ البَلِیَات۔ [ع۔ اند] بلاؤں کو دفع کرنے والا۔ کنایۃً خُدا

دَافِعہ: [ع۔ امث] ایک قوت بدن انسان میں جو نقصان دہ چیز کو نکال دیتی ہے

دَاکھ [ہ۔ امث] انگور کی ایک قسم۔ انگور (۲) کشمش۔ خشک انگور۔

دَال [ہ امث] ا۔ دلے ہُوئے اناج جو سالن کے طور پر پکاتے ہیں۔ جیسے چنے۔ مُونگ۔ ماش۔ ارھر مسوُر۔ وغیرہ (۲) نشان دال کی قسم کا کسی چیز پر (۳) حرف د کا تلفظ (۴) کھرنڈ (۵) نقطہ۔ شعاع۔ کرن بندی (۶) زردی جو پرندے کے بچے کی چونچ پر انڈے سے نکلنے کے وقت ہوتی ہے۔

دَال بنانا: [ار۔ محاورہ] دال پکانا

دال بندھنا: [ار۔ محاورہ] کھرنڈ بندھنا (۲) چیچک کے آبلوں پر کھرنڈ بندھنا (۲) شعاع کا ایک جگہ اکٹھا ہونا۔

دَال بھات کھچڑی: [ار۔ امث] گڈمڈ۔ ہفت رنگی۔ آمیزش

دال جوتیوں میں بٹنا: [ار۔ محاورہ] لڑائی ہونا (۲) تھکا فضیحتی ہونا۔ (۳) خانگی جھگڑا ہونا۔ نا اتفاقی ہونا۔

دَال چھڑنا: [ار۔ امث] دیکھئے دال سے اُتر جانا

دَال چپاتی: [ار امث] دال روٹی (۲) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام

دَال چپاتی بلٹنا: [ار۔ محاورہ] آپس میں جوتیوں کی لڑائی ہونا۔

دال چپتو ہونا: [ار محاورہ] گتھم گتھا ہونا۔ باہم پٹنا (۲) دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر گر جانا۔

دال خور: [ار۔ اند] مسلمان مذاقاً ہندوؤں کو کہا کرتے ہیں۔ کیوں کہ وُہ گوشت نہیں کھاتے۔ دال سبزی کھاتے ہیں۔

دَال دَلانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دال دَلنا" جس کا یہ متعدی ہے

دَال دَلنا: [ار۔ محاورہ] دال والے اناج کو چکی میں دو ٹکڑے کرنا۔

دَال دَلیا۔ [ار۔ اند] معمولی خوراک۔ غریبوں کا سا کھانا (۲) ماحضر۔ رُوکھی سوکھی روٹی (۳) تھوڑا سا۔ تھوڑا بہت۔ کچھ نہ کچھ۔

دَال دَلیا ہونا: [ار۔ محاورہ] کچھ نہ کچھ کام بن جانا۔

دال روٹی۔ [ار۔ امث] ا۔ غریبانہ خوراک (۲) رزق روزی۔

دال روٹی پیٹ بھر کر کھاتا ہے: [ار مثل] آسُودہ حال ہے۔ خوشحال ہے۔

دال روٹی سے آسُودہ / خُوش: [ار صف] آسُودہ حال۔ خُوش حال

دال روٹی کر دینا: [ار۔ محاورہ] ہر وقت استعمال کرکے بے وقعت کر دینا۔

دال روٹی کھاتے ٹوٹا پڑے تو بھاڑ میں جاتے۔ [ار مثل] اگر کفایت شعاری کے باوجود گزارا نہیں ہوتا تو مر جانا بہتر ہے۔ اگر کفایت شعاری سے بھی نقصان ہوتا ہے رشتہ اگر سے۔

دال فے عین: [ار۔ امث] دفع۔ دُور (افعال: کرنا۔ ہونا)

دال گلنا۔ [ار۔ محاورہ] دال پک جانا (۲) کامیاب ہونا۔ کام بن جانا۔ (۳) کسی جگہ دخل ہونا (۴) نباہ ہونا۔

دال میں کچھ کالا ہے: [ار مثل] کچھ خرابی ہے۔ کچھ شک و شبہ کا معاملہ ہے۔

دال نہ گلنا: [ار محاورہ] ا۔ کامیابی نہ ہونا (۲) نباہ نہ ہونا۔

دالّ: [ع صف] ا۔ دلالت کرنے والا (۲) راہ دکھانے والا (۳) معنی خیز۔ پُر معنی (۴ مذ) علامت۔ نشان۔

دالّ پاٹلے: [ار۔ اند۔ ق] تسمہ پا۔

دَالان: [ار۔ اند] بڑا اور لمبا کمرا جس میں سہ درہ یا محراب دار دروازے ہوتے ہیں

دَالان دَر دَالان: [ار۔ اند] دوہرا دالان۔ آگے پیچھے دو برابر کے کمرے

دَام: [ف۔ اند] ا۔ جال۔ پھندا (۲) گھاس کھانے والا جنگلی جانور (۳) دُنیا کے پھندے (۴) رینگنے والا کیڑا (۵) پیسے کا پچیسواں حصّہ (۶) خراج میں روپے کا چالیسواں حصّہ (۷) ایک وزن جو پکا اٹھارہ ماشے اور کچا بارہ ماشے کا (۸) دھوکا۔ فریب۔

دَام بچھانا: [ار۔ محاورہ] شکار پھنسانے کے لیے جال بچھانا (۲) دغا کرنا۔ دھوکا کرنا۔

دَام بچھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دام بچھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَام تزویر / فریب: [ف۔ اند] مکر فریب۔ فریب کا پھندا یا جال۔

دَام میں آنا: [ار۔ محاورہ] فریب کھانا۔ دھوکا کھانا

دَام میں پھنسانا: [ار محاورہ] گرفتار کرنا۔ جال میں پھنسانا۔ دھوکا دینا۔

دَام میں پھنسنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دام میں پھنسانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَام میں لانا: [ار۔ محاورہ] فریب میں لانا (۲) بس میں لانا (۳) جال میں پھنسانا

دَام و دَد: [ف۔ اند] چرند اور درند۔

دام یار: [ف۔ صف] صیاد۔ شکاری

دام: [ہ۔ امذ] دمڑی۔ چھدام۔ کوڑی (۲) گنڈا پیسے کا پچیسواں حصہ چار کوڑیاں (۳) قیمت۔ مول۔ نرخ۔ بھاؤ (۴) نقدی۔ رقم۔ بھاؤ

دام آوے کام: [ا۔ مثل] روپیہ بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ دولت ہی سے کام بنتا ہے۔

دام اٹھانا: [ا۔ محاورہ] خرچ کرنا (۲) اونے پونے فروخت کر دینا۔

دام اٹھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دام اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دام بھر پانا: [ا۔ محاورہ] قیمت وصول ہونا۔ روپیہ وصول ہونا۔ حساب بیباق ہونا۔

دام بھرنا: [ا۔ محاورہ] تاوان دینا۔ روپیہ وصول ہونا۔ قیمت دینی آنا۔

دام پٹ جانا: [ا۔ محاورہ] قیمت طے ہونا۔

دام چکانا: [ا۔ محاورہ] بھاؤ کرنا۔ مول کرنا۔ قیمت طے کرنا (۲) مول دے دینا۔ قیمت دے دینا۔

دام چکنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دام چکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دام دام: [ا۔ متعلق بفعل] کوڑی کوڑی۔ پیسہ پیسہ۔ کل رقم

دام دیجئے کام لیجئے: [ا۔ مثل] جو روپیہ خرچ کرتا ہے۔ اس کا کام ہو ہی جاتا ہے۔

دام دینا: [ا۔ محاورہ] قیمت ادا کرنا۔ مول ادا کرنا۔

دام دینے آنا: [ا۔ محاورہ] تاوان بھرنا پڑنا۔

دام کا کام بات سے نہیں ہو جاتا: [ا۔ مقولہ] اجرت پر کام کرتے جاتے ہیں۔ مفت کام نہیں ہوتا۔

دام کراتے کام: [ا۔ مثل] جو روپیہ خرچ کرے اسی کا کام ہو جاتا ہے۔

دام کرنا: [ا۔ محاورہ] بیچنا۔ فروخت کرنا۔

دام کرے سب کام / دام کریں کام: [ا۔ مثل] روپیہ سے ہر کام نکل آتا ہے۔

دام کھرے رکھرے کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ نقد قیمت وصول کرنا۔ چیز بیچ کر قیمت فوراً وصول کرنا۔

دام کھرے / کھرے ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دام کھرے رکھرے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دائم: [ع۔ کلمہ دعا] ہمیشہ ہے۔ دائم ہے۔ برقرار رہے مثلاً دام ظلہٗ

دام اقبالہٗ: [ع۔ کلمہ دعا] اس کا اقبال ہمیشہ رہے۔

دام برکاتہٗ: [ع۔ کلمہ دعا] اس کی برکتیں ہمیشہ رہیں۔

دام دولتہٗ: [ع۔ کلمہ دعا] ا۔ اس کی دولت ہمیشہ رہے۔ اس کی حکومت ہمیشہ رہے۔

دام ظلہٗ: [ع۔ کلمہ دعا] اس کا سایہ ہمیشہ رہے۔ (۲) القاب ہے جو بزرگوں کے لیے آتا ہے۔

دام عنایتہٗ / لطفہٗ: [ع۔ کلمہ دعا] اس کی مہربانی ہمیشہ رہے۔ (۲) القاب جو برابر والوں کو لکھتے ہیں۔

دام گاہ: [ف۔ امث] وہ جگہ جہاں جال بچھایا گیا ہو۔ شکارگاہ

دام ملکہٗ: [ع۔ کلمہ دعا] اس کی سلطنت ہمیشہ قائم رہے۔

(۲) القاب جو بادشاہ کے لیے آتا ہے۔

داماد: [ف۔ امذ] بیٹی کا شوہر۔ دولہا۔ جنوائی۔

دامادی: [ف صف مث] داماد کا رشتہ (۲) داماد کا حق۔ داماد کی حالت (۲) شادی۔

دامان: [ف۔ امذ] دیکھئے "دامن"

دامن: [ف۔ امذ] انگرکھے، قمیض وغیرہ کا وہ حصہ جو نیچے لٹکتا رہتا ہے۔ (۲) جہاز کا پال (۳) کسی چیز کا کنارا (۴) پہاڑ کے نیچے کی زمین (۵) صحرا یا شہر کے ارد گرد کی زمین (۶) حروف کا دائرہ (۷) فارسی لاحقہ جو آنچل یا پلو کے معنوں میں آتا ہے۔ جیسے پاک دامن۔ تر دامن۔

دامن آلودہ: [ف صف] گناہ گار۔ مجرم

دامن اٹک جانا / اٹکنا: [ا۔ محاورہ] گرفتار ہو جانا۔ پھنسنا۔ پھنس جانا۔

دامن اٹھانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دامن اٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

دامن اٹھنا: [ا۔ محاورہ] دامن اونچا ہونا۔ سمٹنا

دامن افشاں: [ف صف] ا۔ دامن پھیلائے ہوئے (۲) غرور سے چلتے ہوئے۔ ناز سے چلتے ہوئے (۳) تارک دنیا۔ بے تعلق۔

دامن افشانی: [ف۔ امث] دیکھئے "دامن افشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دامن الجھنا: [ا۔ محاورہ] دامن کسی چیز میں اٹک جانا (۲) پابند ہونا۔ جھگڑے میں پھنس جانا۔

دامن امید گوہر آرزو سے مالامال ہونا: [ا۔ محاورہ] امید بر آنا۔ آرزو پوری ہونا۔

دامن بچانا: [ا۔ محاورہ] علیحدہ رہنا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔ بے لوث رہنا۔ کسی معاملے میں تعلق نہ رکھنا۔ سلامت روی اختیار کرنا۔

دامن بدنداں: [ف۔ صف] عاجز۔ بیچارہ

دامن بندی: [ف۔ امث] شادی۔ بیاہ۔ نکاح (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

دامن بوس: [ف صف] دامن کو چومنے والا

دامن بھرنا: [ا۔ محاورہ] دامن میں کوئی چیز بہت سی لینا کہ دامن بھر جائے۔ (۲) دامن آلودہ کرنا۔

دامن پاک: [ف۔ امذ] بے لوث۔ بے گناہ۔

دامن پاک ہونا: [ا۔ محاورہ] معصوم ہونا۔ بے گناہ ہونا۔

دامن پر دھبا / دھبا رہنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے سر الزام رہنا۔

دامن پر دھبا لگانا: [ا۔ محاورہ] کسی کو الزام لگانا۔ کسی کے سر الزام لگانا۔

دامن پر دھبا لگنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے سر الزام لگنا۔

دامن پر فرشتے نماز پڑھیں: [ا۔ مثل] بہت پاک دامن ہے۔

دامن پسارنا: [ا۔ محاورہ] دامن پھیلانا

دامن پکڑنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مانگنا (۲) متقاضی ہونا (۳) پناہ میں آنا۔ سہارا لینا (۴) روکنا۔ تعرض کرنا۔

دامن پھیلانا: [ا۔ محاورہ] دامن کو پکڑ کر آگے کرنا (۲) کچھ مانگنا۔

دامن پھیلنا: [ا۔ محاورہ] مانگنا

دامن تر: [ف صف] گنہگار (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

دَامنِ تَر: [ف۔ اند] گناہ۔ جُرم

دامن تلے چھپانا / ڈھانکنا: [ار۔ محاورہ] پناہ میں لینا (۲) عیب ڈھانکنا (۳) حفاظت کرنا۔ پرورش کرنا۔ پالنا (۵) چھپ کر گناہ کرنا۔

دَامن تھام لینا: [ار۔ محاورہ] روکنا

دَامنِ تیغ: [ف۔ اند] تلوار کے کنارے کا حصّہ

دَامن جھاڑ کر نکلنا: [ار۔ محاورہ] تعلقاتِ دنیوی سے آزاد ہو جانا۔

دَامن جھاڑنا: [ار محاورہ] دامن کو گرد و غبار سے صاف کرنا (۲) پاس پھکو نہ رہنا۔ خالی ہاتھ ہونا (۳) محاسبہ سے پاک ہونا (۴) آزاد ہونا۔ تعلقات چھوڑ دینا

دامن جھٹک کر چلے جانا: [ار۔ محاورہ] ناراض ہو کر چلے جانا۔

دامن جھٹک کر کھڑا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] نفرت کرنا۔ بیزار ہونا۔

دَامن جھٹکنا: [ار۔ محاورہ] دامن چھڑا لینا۔ الگ ہو جانا۔

دَامن جلنا: [ار۔ محاورہ] (دھلی) دامن پھٹ جانا۔

دَامن چھٹنا / چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] آزاد ہونا۔ تعلق نہ رہنا۔ بری الذمہ ہونا (۲) علیحدگی ہونا۔

دامن چھڑانا / چھوڑانا: [ار۔ محاورہ] پیچھا چھڑانا۔ قطع تعلق کرنا۔

دامن چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] جدا ہونا۔ قطع تعلق کرنا۔

دامن چھونا: [ار۔ محاورہ] دامن کو ہاتھ لگانا

دَامن دار: [ف۔ صف] ا۔ چوڑا (۲) دامن والا (۳) وسیع

دَامن داری: [ار۔ امث] دیکھئے "دامن دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَامن دبا بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] مُخل ہونا۔ دخل در معقولات ہونا۔

دَامن دراز: [صف صف] بیوقوف۔ احمق

دَامنِ دل: [صف۔ اند] دل

دَامنِ دَولت: [ف۔ اند] بادشاہ / امیر کا سہارا / پناہ

دَامن سمیٹنا / سنبھالنا: [ار۔ محاورہ] دامن کو ہاتھ سے اکٹھا کرنا (۲) کنارہ کشی کرنا۔

دَامن سوار: [ف۔ اند] بچہ جو گھوڑے پر چڑھنے کا کھیل کھیلے۔

دَامن سے باندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دامن سے بندھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

دامن سے بندھنا: [ار۔ محاورہ] کسی کا ہو رہنا۔ کسی سے شادی ہو جانا۔

دَامن سے لگا رہنا: [ار محاورہ] ہر وقت ساتھ دینا۔ کسی سے وابستہ رہنا (۲) کسی کا حاجت مند رہنا۔

دَامن سے لگنا: [ار۔ محاورہ] پناہ لینا

دَامن سے مُنہ چھپانا / ڈھانکنا: [ار۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔ شرمانا۔

دَامن سے ہَوا دینا: [ار۔ محاورہ] گرمیوں میں اکثر ایسا کیا جاتا ہے۔ دامن ہلا کر ہَوا دینا۔

دَامنِ شب: [ف۔ اند] شب کا آخری حصّہ

دَامنِ صبر دستِ استقلال سے چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت میں گھبرا جانا۔ واویلا کرنا

دامنِ قیا: [ف۔ اند] قیامت کا میدان

دَامن کشاں: [ف صف] فخریہ ناز سے چلتے ہوئے (۲) ٹھکراتے ہوئے چھوڑتے ہوئے۔

دَامن کمر سے باندھنا: [ار۔ محاورہ] بہت چلنے والے یا سواری کے ساتھ دوڑنے والے اکثر ایسا کرتے ہیں۔

دَامنِ کوہ: [صف۔ اند] میدان جو پہاڑ سے ملا ہوا نیچے کی طرف ہوتا ہے۔

دَامن کھینچنا: [ار۔ محاورہ] روکنے کے لیے ایسا کرتے ہیں۔

دَامن کی ہَوا دینا: [ار۔ محاورہ] کوئی بیہوش ہو جائے تو اُسے دامن سے پنکھا جھلتے ہیں۔

دَامن گردانا: [ار محاورہ] دَامن اکٹھا کرنا

دَامن گہنا: [ار۔ متعلق فعل] دَامن پکڑنا

دَامن گیر: [ف صف] مدد چاہنے والا۔ حمایت چاہنے والا (۲) مستغیث مدعی (۳) مزاحم۔ روکنے والا (۴) چمٹ کرنے والا۔

دَامن گیری: [ف۔ امث] دیکھئے "دامن گیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَامن لینا: [ار۔ محاورہ] پناہ لینا۔ سہارا لینا

دَامنِ محشر: [ف۔ اند] قیامت کا میدان

دَامنِ مژگان: [ف۔ اند] مژگان کا آخری حصّہ۔

دَامنِ مقصود: [ف۔ اند] ارادہ۔ مقصود کا دامن سے استعارہ کرتے ہیں۔

دامن میں چھپا لینا / چھپانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دامن میں چھپنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

دَامن میں چھپنا: [ار۔ محاورہ] پناہ لینا

دَامن میں لہو لگنا: [ار۔ محاورہ] دامن کا خون آلود ہونا (۲) قاتل پر قتل ثابت ہونا۔

دَامن ناز کو سنبھالنا: [ار محاورہ] نخروں کو زیادہ کرنا۔ نازکی وجہ ہونا۔

دَامنِ نشان: [ف۔ اند] ا۔ درویش (۲) غریب آدمی۔

دامن نکلنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ دَامن کا چاک ہونا۔

دَامن نہ چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] ہر وقت ساتھ رہنا۔ ساتھ ساتھ پھرنا۔

دامن ہاتھ ہونا: [ار۔ محاورہ] پیچھا نہ چھوڑنا۔ ظلم کی فریاد کرنا۔

دَامَنہ: [ف۔ اند] دامن

دامَنۂ زین: [ف۔ اند] رکاب دوال (۲) زین کا چمڑا جو دونوں طرف رکاب دوال کو ڈھانکتا ہے۔

دَامَنۂ کوہ: [ف۔ اند] دامن کوہ

دَامنی: [ف امث] وہ کپڑا جو گھوڑے کے نیچے پڑا رہتا ہے۔ زین پوش۔ (۲) باریک چادر جو عورت کے جنازہ پر ڈالتے ہیں (۳) مرکبات کے آخیر میں آتا ہے جیسے پاکدامنی۔ تر دامنی (۴) عورت کی پوشاک کا ایک حصّہ۔ نقاب چغہ (۵) ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔

داموں ڈھیری یا ہلا ڈوں ڈھیری: [ار مقولہ] روپیہ نہ ہو تو مر جانا بہتر ہے۔

داموں کا رُوٹھا باتوں سے نہیں ماننا: [ارتیل] جس کو اس کا حق نہ ملے وہ اور کسی طرح راضی نہیں ہوتا۔

دامے دِرمے۔ قدمے سخنے: [ف مقولہ] ہر طرح مدد کرنے کو تیار۔

دامی: [ف۔ اند] دام لگانے والا۔ شکاری۔ چڑیمار

دَامی: [ھ۔ امث] مال گزاری۔ مالیانہ

دَامی لگانا: [ار محاورہ] مال گزاری کا مقرر کرنا۔

دَامی لگنا: [ار. محاورہ] مالگذاری مقرر ہونا

دامی واصلات: [ھ. امث] گاؤں کی کل مالگذاری

دَان: [ف. لاحقہ. فاعلی] دانستن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور جاننے والے کے معنے دیتا ہے. مثلاً فلسفہ دان. سائنس دان (۲) (لاحقہ ظرف). جو کسی اسم کے بعد آکر اس کو اسم ظرف بنا دیتا ہے. نمکدان. پاندان. قلمدان

دان: [ھ. اِمذ] ا. نذر. خیرات (۲) تحفہ. نذرانہ. چندہ. حلیہ (۳) محصُول (۴) ایک رسم جیسے اِس میں کچھ پڑھ کر کسی کو کچھ دیتے ہیں (۵) وہ چیز جو اس طرح دی جائے (۶) جہیز (۷) عورت کا شادی میں دینا جیسے کنیا دان (۸) پانی جو مست ہاتھی کی کنپٹیوں سے نکلے.

دان پتر: [ھ. اِمذ] ایک دستاویز جس میں برہمنوں کے نام زمین کی جاتی ہے (۲) ہبہ نامہ وقف نامہ (۳) وُہ جسے دان دیا جائے. وہ شخص جس کو قانوناً دان دیا جاسکتا ہے.

دان پن پُنیا: [ھ. اِمذ] صدقہ و خیرات

دَان پُن: [ھ. اِمذ] فیاضی

دَان دَتا: [ھ. اِمذ] دان کرنے والا. خیرات کرنے والا. سخی

دَان دَتاری: [ھ. امث] دیکھئے " دان دتار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

دَان دہیز: [ھ. اِمذ] جہیز

دَان دینا: [ار. مص مرکب] پن کرنا. خیرات کرنا.

دَان کر دینا / کرنا: [ار. مص مرکب] خیرات کرنا.

دَان لینا: [ار. مص مرکب] خیرات لینا

دَانا: [ف. صفت] عقلمند. ہُوشیار. دانشمند. جاننے والا.

دانا بینا: [ف. صفت] جاننے والا. عاقل. ہوشیار. تجربہ کار.

دَانا جلد بازی نہیں کرتے: [ار. مقولہ] عقلمند آدمی کسی کام میں جلدی نہیں کرتے.

دَانا دُشمن نادان دوست سے بہتر ہے: [ار. مثل] بیوقوف دوست کے ہاتھوں نقصان پہنچتا ہے.

دَانا: [ھ. مص] بیلوں کو کھلیان پر چلانا. دائیں کرنا.

دَاناؤں کی دُور بلا: [ار. مثل] عقلمند آدمی مصیبت میں نہیں پھنستا.

دانائی: [ف. امث] عقلمندی. ہوشیاری. دانشمندی.

دانائی ٹپکنا: [ار. محاورہ] عقلمندی ظاہر ہونا. ہوشیاری ظاہر ہونا.

دَانت: [ار. اِمذ] چبانے اور کاٹنے کا عضو جو انسان یا حیوان کے منہ میں ہوتا ہے. دندان. دندانہ (۲) میل. رغبت. خواہش. قصد. ارادہ.

دَانت اَڑنا: [ار. محاورہ] دانت کا جھنا. گڑنا.

دانت اُکھاڑنا / اُکھیڑنا: [ار. مص مرکب] دانتوں کو مسوڑھوں سے نکال لینا (۲) عاجز کرنا.

دَانت اُکھڑنا: [ار. مص مرکب] دیکھئے " دانت اکھاڑنا وغیرہ" جس کا یہ لازم ہے.

دَانت بٹھا دینا: [ار. محاورہ] عاجز کر دینا. پست کر دینا.

دَانت بجانا: [ار. مص مرکب] دانتوں سے آواز نکالنا. دانتوں کا آپس میں زور سے بجنا.

دَانت بجنا: [ار. محاورہ] سردی سے دانتوں کا آپس میں ٹکرا کر آواز دینا. لڑنا. جھگڑنا.

دانت براق ہونا: [ار. محاورہ] دانت سفید ہونا.

دَانت بنانا: [ار. مص مرکب] مصنوعی دانت لگانا

دَانت بننا: [ار. مص مرکب] مصنوعی دانت لگنا.

دَانت بنوانا: [ار. مص مرکب] مصنوعی دانت لگوانا.

دان بھینچنا: [ار. مص مرکب] دانت زور سے بند کرنا.

دَانت بیٹھ جانا / بیٹھنا: [ار. محاورہ] ا. دانتوں کا جکڑا جانا. دانتوں کا گوشت میں گڑ جانا. غشی یا بیہوشی سے دانتوں کا جکڑا جانا. بیہوش ہونا. اوسان خطا ہونا.

دَانت پچی ہو جانا: [ار. مص مرکب] دانت بند ہو جانا، جو اکثر غشی میں ہو جاتا ہے (۲) دانت کُڑ جانا یا چھد جانا.

دَانت پر تلوار لگانا: [ار. مص] تلوار کو دانتوں پر لگا کر تیزی کا امتحان کرنا.

دَانت پر رکھنا: [ار. محاورہ] چکھنا. ذائقہ معلوم کرنا. زبان پر رکھنا.

دَانت پر میل نہ ہونا: [ار. محاورہ] نہایت غریب ہونا. مفلس ہونا. قلاش ہونا. فاقوں مرنا.

دَانت پر نہ رکھا جانا: [ار. محاورہ] بہت زیادہ. نمکیں یا تُرش ہونا.

دَانت پیسنا: [ار. محاورہ] اُوپر اور نیچے کے دانتوں کو آپس میں رگڑنا. (۲) نہایت غصے ہونا. غصہ دکھانا (۳) کسی کو نقصان یا اذیت پہنچانے کا ارادہ کرنا.

دَانت تلے اُنگلی دبانا / دینا: [ار. محاورہ] حیران ہونا. تعجب میں ہونا. افسوس کرنا.

دَانت تلے جیب دے: [ار. محاورہ] ذرا ٹھہر. تامل کر.

دَانت تلے ہونٹ دبانا: [ار. محاورہ] غصے میں ہونا. غصہ کرنا.

دَانت توڑنا: [ار. محاورہ] دانت اکھاڑ دینا. دانت کے ٹکڑے کر دینا (۲) عاجز کرنا (۳) کسی کام کا نہ رکھنا.

دانت تھے تو چنے نہ پائے. چنے ملے تو دانت گنوائے: [ار. مثل] ایسے وقت آرزو برآئی جب اس سے فائدہ اُٹھانے کا اختیار نہ رہا.

دَانت تیز کرنا: [ار. محاورہ] ا. لالچ کرنا. حرص کرنا (۲) ایذا رسانی کا قصد کرنا.

دَانت ٹوٹنا: [ار. مص مرکب] ا. دانت کا گر جانا. دانت کا شکستہ ہونا. (۲) بچے کے دانت گرنا.

دانت ٹوٹے کُھر گھسے اور پیٹھ بوجھ نہ لے / ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بھُس دے: [ار. مثل] بوڑھے کو جس سے کوئی مفاد نہ ہو کوئی پاس نہیں لگاتا.

دَانت جھاڑنا: [ار. محاورہ] دانت توڑ دینا (۲) منتر وغیرہ پڑھ کر دانت کا کیڑا نکالنا

دَانت جھڑ پڑنا / جھڑ جانا / جھڑنا: [ار. محاورہ] کسی ضرب کے صدمے سے دانت ٹوٹ جانا.

دَانت چبانا: [ار. محاورہ] نیند میں دانت پیسنا.

دانت چوہے کی نذر کر دینا: [ا ر. محاورہ] دانت گرنا۔
دانت دکھانا: [ا ر. محاورہ] بے حیائی سے دانت نکالنا (۲) جواب بن نہ آنے پر ہنس دینا (۳) اس طرح ہنسنا کہ دانت دکھائی دیں
دانت رکھنا: [ا ر. محاورہ] ا کسی چیز کی خواہش رکھنا (۲) کسی ... کو لینے کا ارادہ رکھنا۔ (۳) بدلہ یا انتقام لینے کا ارادہ ... قصد رکھنا۔
دانت سلسلانا: [ا ر. محاورہ] دانتوں میں درد ہونا
دانت سے دانت بجنا: [ا ر. محاورہ] سردی یا لرزے ... کا آپس میں ٹکرانا اور ... آواز دینا۔
دانت سے دانت کاٹنا: [ا ر محاورہ] کوئی بات ... ...
دانت سے زبان کٹنا: [ا ر مص مرکب] بعض وقت کوئی چیز ... چبانے وقت ایسا ہو جاتا ہے۔
دانت کاٹی روٹی: [ا ر. امث] بیحد دوستی۔ گہری دوستی۔
دانت کاٹی روٹی کھانا / ہونا: [ا ر محاورہ] بہت گہرے دو... ہونا۔ یکجان دو قالب دوست ہونا۔
دانت کا درد: [ا ر. امذ] تکلیف جو خراب دانتوں کی وجہ سے ہوتی ہے
دانت کٹکٹانا / کچکچانا: [ا ر. محاورہ] نہایت خفا ہونا۔ غصے سے دانت پیسنا
دانت کرّانا: [ا ر. محاورہ] نیند میں دانتوں کا آواز دینا
دانت کرنا: [ا ر. محاورہ] دانت نکالنا (۲) دودھ پیتے بچے کے دانت نکلنے شروع ہونا۔
دانت کریدنے کو تنکا نہ بچنا / رہنا: [ا ر محاورہ] چوری یا آگ لگنے کے بعد گھر میں کچھ باقی نہ رہنا۔ سب مال و اسباب جاتے رہنا۔
دانت کڑکڑانا: [ا ر. محاورہ] دانت سردی سے بجنا (۲) سوتے میں دانت پیسنا
دانت کڑکڑ بولنا: [ا ر. محاورہ] سردی یا لرزے سے دانتوں کا ٹکرا کر آواز دینا۔
دانت کُند ہونا: [ا ر مص مرکب] دانت کا کسی سخت چیز کے کاٹنے کے قابل نہ رہنا۔
دانت کھٹے کر دینا / کرنا: [ا ر. محاورہ] عاجز کر دینا ہمت توڑ دینا
دانت کھٹے ہو جانا / ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "دانت کھٹے کر دینا" جس کا یہ لازم ہے
دانت کھلنا: [ا ر. محاورہ] اس طرح ہنسنا کہ دانت باہر دکھائی دیں۔
دانت کھولنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دانت کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے
دانت گر جانا / گرنا: [ا ر مص مرکب] دانت کا مسوڑھے میں سے نکل جانا۔
دانت گھنگھنی: [ا ر. امث] وہ خشخاص کی گھنگھنیاں جو بچے کے پہلے دانت نکلنے پر تقسیم کی جاتی ہیں۔
دانت لانا: [ا ر. محاورہ] دانت نکالنا
دانت لگانا: [ا ر. محاورہ] دانت کا زخم لگانا۔ منہ مارنا (۲) دانت جھلانا (۳) لالچ کرنا۔ تاک لگائے رکھنا۔
دانت لگنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دانت لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دانت مارنا: [ا ر. محاورہ] کاٹنا (۲) بھانجی مارنا۔
دانت مانجنا / ملنا: [ا ر مص مرکب] منجن لگا کر دانت صاف کرنا۔

دانت نپوڑنا / نکالنا: [ا ر مص مرکب] دانت نکالنا۔ ۱۔ ۲
دانت نکال دیئے: [ا ر. محاورہ] عاجز ہو گیا۔
دانت نکال دینا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دانت نکالنا۔ ۱۔ تا ۴
دانت نکال کے ہنسنا: [ا ر مص مرکب] منہ کھول کر ہنسنا۔
دانت نکالنا: [ا ر. محاورہ] ا۔ شرمندہ ہو کر ہنسنا (۲) معقول جواب نہ آنے کی صورت میں ہنسنا (۳) پھوسڑ نکل آنا۔ ادھڑ جانا۔ ٹانکے ٹوٹ جانا۔ منت سماجت کرنا۔ عجز ظاہر کرنا (۴) دانت توڑ دینا (۵) پھوڑے ... پیدا کرنا۔
دانت نکل آنا: [ا ر. محاورہ] ا۔ منہ میں دانتوں کا نمایاں ہونا (۲) ہنسی آ جانا
دانت نکلنا: [ا ر. محاورہ] ا۔ بچے کے دانت نمودار ہونا۔
دانت نکونا: [ا ر. محاورہ] دانت نکالنا۔
دانت نہ لگانا: [ا ر. محاورہ] ثابت نگل جانا۔ بغیر چبائے نگل جانا۔
دانت نہ ہونا: [ا ر. محاورہ] پوپلا ہونا۔
دانت ہلنا: [ا ر. محاورہ] جڑیں کمزور ہو کر دانتوں میں جنبش پیدا ہونا۔
دانت ہونا: [ا ر. محاورہ] کسی چیز کی بہت خواہش ہونا (۲) صدمہ پہنچانے ... ہونا (۳) درپے ذلت ہونا (۴) دانتوں کا موجود ہونا (۵) گھات ... ہونا (۶) عداوت ہونا۔
دانتا: [ا ر. امذ] ... دانت
دانتا بَرسنا: [ا ر. محاورہ] جھگڑا ہونا۔ لڑائی ہونا۔
دانتا بَرسے گھر پڑے۔ کھانڈا برسے رن پڑے: [ا ر مثل] فساد کا اثر گھر پر پڑتا ہے اور تلوار کا جنگ پر
دانتا کلکل: [ہ. امث] لڑائی جھگڑا۔ فساد **دانتن:** [ہ. امث] دیکھئے "داتن"
دانتوا: [ہ. امث] چھکڑے کے پچھلے حصہ میں سامان رکھنے کی جگہ۔
دانتوں اٹھانا: [ا ر. محاورہ] نہایت قدر کے ساتھ لینا۔ کنجوس کے متعلق کہتے ہیں
دانتوں انگلی کاٹنا: [ا ر. محاورہ] ناراض ہونا۔ غصے ہونا (۲) افسوس کرنا۔ تاسف کرنا (۳) حیران ہونا متوجہ ہونا۔
دانتوں پر میل نہ ہونا: [ا ر. محاورہ] سخت مفلس ہونا۔ بھوکوں مرنا۔
دانتوں پر ہونا: [ا ر. محاورہ] بچے کا دانت نکلنے کے قریب ہونا۔
دانتوں پسینہ آنا: [ا ر. محاورہ] تھک جانا۔ کام کرنے سے عاجز آنا۔
دانتوں تلے انگلی دابنا / کاٹنا: [ا ر. محاورہ] نہایت افسوس کرنا۔ غم کا اظہار کرنا۔ حیرت میں آنا۔ متعجب ہونا۔
دانتوں چڑھانا: [ا ر. محاورہ] کوسنے کا موقع دینا۔
دانتوں چڑھنا: [ا ر. محاورہ] کوسنے کھانا (۲) ٹوک میں آنا (۳) موذی ... جب
دانتوں زمین پکڑی نہ رہنا: [ا ر محاورہ] کسی چیز کو اپنے قبضے میں رکھنے کے قابل نہ ہونا۔ کچھ نہ کر سکنا۔
دانتوں سے انگلی کاٹنا: [ا ر محاورہ] تاسف کرنا (۲) حیران ہونا۔
دانتوں سے پکڑ کر پیسہ اٹھانا: [ا ر. محاورہ] نہایت کفایت شعاری سے کام لینا
دانتوں سے پکڑنا: [ا ر محاورہ] سخت کنجوسی کرنا (۲) حصول مطلب کے لیے بیحد کوشش
دانتوں سے دانت بجنا: [ا ر محاورہ] سردی سے دانتوں کا کٹکٹانا۔ نہایت سردی
دانتوں سے زمین پکڑنا: [ا ر. محاورہ] جگہ سے نہ ہلنا۔ زمین کو مضبوط

دانتوں سے کوڑی اُٹھانا: [ار. محاورہ] سخت کنجوسی کرنا.
دانتوں سے نہیں کھُلتا: [ار. محاورہ] بہت مشکل ہے۔
دانتوں سے ہاتھ کاٹنا: [ار. محاورہ] سخت افسوس کرنا (۲) سخت غصے میں ہونا
دانتوں سے ہونٹ چبانا: [ار. محاورہ] افسوس یا غصّے میں ہونا. حیرت کی وجہ سے بھی ایسا ہوتا ہے۔
دانتوں کا چوکا: [ار. اند] نیچے کے اگلے چار دانت جو ایک جیسے ہوتے ہیں
دانتوں کا کڑا کڑ بولنا: [ار. معں مرکب] دانت سے دانت بجنا.
دانتوں کی زردی: [ار. امث] دانتوں کا میل
دانتوں کے تلے اُنگلی دینا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دانتوں تلے اُنگلی. الخ"
دانتوں کے نیچے زبان دبانا: [ار. محاورہ] بات کرتے کرتے رُک جانا. کہتے کہتے زبان روک لینا (۲) حیرت. افسوس. تعجب. شرارت ظاہر کرنے کے لیے ایسا کرتے ہیں.
دانتوں کے نیچے ڈاڑھیاں دبانا: [ار. محاورہ] غصے کی حالت میں ہونا
دانتوں مارنا: [ار. محاورہ] دانت پیسنا
دانتوں میں اُنگلی دبانا / دینا: [ار. محاورہ] افسوس. گھبراہٹ یا شرم ظاہر کرنا. حیرت ظاہر کرنا.
دانتوں میں تنکا لینا: [ار. محاورہ] عاجزی کرنا (۲) امان مانگنا (۳) اطاعت کرنا (۴) دوسرے کے غصّے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے ایسا کیا جاتا ہے.
دانتوں میں (جیبھ) زبان ہونا / دانتوں میں (جیبھ) زبان کی طرح رہنا / ہونا: [ار. محاورہ] دُشمنوں سے گھرا ہوُنا (۲) دُشمنوں میں رہ کر بچے رہنا.
دانتی: [ھ. امث] بتیسی. دانتوں کا چوکھٹا (۲) دیکھئے "درانتی" جو فصیح ہے
دانتی پڑنا: [ار. محاورہ] دندانہ پڑنا.
دانتی دینا: [ار. محاورہ] دُوسرے کو چُپ کرا دینا (۲) ڈانٹنا. دبکی (۳) ضد کرنا. ہٹ کرنا.
دانتی لگنا: [ار. محاورہ] دانت زور سے بند ہونا. دانت بھنچ جانا. جبڑا بند ہو جانا
دانتیا: [ھ. اند] ایک قسم کا نوک جو نب کو تیز کرنے کے لیے دعا بانڈ و کا نذر کام میں لاتے ہیں. کلہ. ریتی
داند / دانڈ: [ھ. اند] سپاہیوں کا ظلم رعایا پر (۲) شریر لڑکوں کی کود پھاند (۳) ظلم
دانست: [ف. امث] علم. جاننا. واقفیت. سمجھ. شناخت
دانستگی: [ف. اند] دیکھئے "دانستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
دانستہ: [ف. صف] جانا ہوُا. جانکر. جان بُوجھ کر. سوچ سمجھ کر. واقف ہوتے ہوُئے.
دانش: [ف. امث] عقل. دانائی. سمجھ (۲) علم. فضیلت. حکمت. ادراک
دانشمند: [ف. صف] ا. عالم. فاضل (۲) عقلمند. ہُوشیار
دانشمندانہ / دانشورانہ: [ف. صف] عقلمندوں کی طرح
دانشمندی: [ف. امث] دیکھئے "دانشمند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
دانشور: [ف. صف] اہل علم. عقلمند. ذہین INTELLEGENT کا ترجمہ
دانشوری: [ف. امث] دیکھئے "دانشور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

دانشی: [ف. صف] عقلمند. ہوشیار (۲) عقلمند آدمی
دانگ: [ف. اند] ایک سکّہ. درہم (۲) چھ رتی کا وزن مثقال یا درہم کا چوتھا حصّہ (۲) کسی چیز کا چھٹا ٹکڑا. حصّہ (۳) طرف. سمت. جانب.
دانوری: [ھ. امث] رسّی. دام (۲) وہ رسّی جس سے غلہ گاہتے وقت بیل باندھتے ہیں.
دانوں میں پھل جانا: [ار. محاورہ] پھنسیاں کثرت سے نکل آنا.
دانہ: [ف. اند] ا. اناج. غلّہ (۲) بیج. تخم (۳) تسبیح کا دانہ (۴) مکّی کا بیج (۵) چاول (۶) انار کا بیج (۷) انگور، کیلا وغیرہ پھلوں کے لیے بولا جاتا ہے (۸) چھوٹی پھنسی (۹) چیچک کے آبلے (۱۰) چھوٹے چھوٹے کنکر روڑ وغیرہ جن کی جُنبش سے گھنگرو بجتے ہیں (۱۱) پاسا. چھوٹی کوڑیاں جو پاسے کا کام دیتے ہیں (۱۲) جواہرات اور سونا تولنے کی لال ٹیکی (رتی) (۱۳) کھانے کی کوئی چیز (۱۴) چنا (۱۵) خشخاش (۱۶) گھی وغیرہ کے ذرات.
دانہ اُٹھانا: [ار. محاورہ] دانہ چگنا (پرندوں کا)
دانہ اُگلنا: [ار. محاورہ] پرندوں یا کبوتروں کا منہ سے دانہ باہر نکالنا. پوٹے سے دانہ باہر نکالنا.
دانہ اُگلوانا: [ار. محاورہ] کبوتر کے پیٹ سے دانہ نکلوانا. تاکہ وہ اڑنے میں ہلکا رہے.
دانہ بچھانا: [ار. محاورہ] پرندوں کو پکڑنے کے لیے جال کے نیچے دانہ ڈالنا.
دانہ بدلنا: [ار. محاورہ] پرندوں کا ایک دُوسرے کو منہ سے دانہ نکال کر کھلانا.
دانہ دانہ بدلوئل: [ار. اند] ا. کبوتر اور کبوتری کا اختلاط. چونچوں کو ملاکر (۲) دو آدمیوں کا اختلاط.
دانہ بدلی: [ار. امث] پرندوں کا ایک دُوسرے کو دانہ کھلانا.
دانہ بدلی کرنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دانہ بدلی" پیار. محبت. بوس و کنار کرنا.
دانہ بندی: [ار. امث] کھڑی کھیتی کی پیداوار جانچنا (۲) کنکوت کرنا. (۳) کچی پیمائش (۴) پیمائش کا تخمینہ.
دانہ بھرانا: [ار. محاورہ] پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں دانہ دینا. چوگا دینا
دانہ پانی: [ار. امذ] آب و دانہ. رزق (۲) قسمت. نصیب. (۳) بود و باش.
دانہ پانی اُٹھنا: [ار. محاورہ] رزق ختم ہونا.
دانہ پانی حرام ہونا: [ار. محاورہ] (۱) کھانا پینا چھُوٹ جانا
دانہ پانی کا کھینچ لانا. [ار. محاورہ] جہاں کا رزق مقدر میں ہو وہاں مجبوراً آنا یا جانا.
دانہ پانی کے ہاتھ ہونا: [ار. محاورہ] قسمت کے اختیار میں ہونا.
دانہ پڑنا: [ار. محاورہ] بوئے ہوئے اناج میں بیج پیدا ہونا (۲) آگ سے پک کر کسی چیز کا دانہ دانہ ہو جانا.
دانہ تک حرام ہونا: [ار. محاورہ] کچھ نہ کھانا
دانہ جمانا. [ار. محاورہ] جال بچھانا. پھندا لگانا. دھوکا دینا (۲) بونا. بیج ڈالنا.
دانہ جمنا: [ار. محاورہ] بیج پھُوٹ
دانہ خور: [ف. صف] دانہ کھانے والا. چنا کھانے والا.

دَانہ خوری: [ا ر۔ اند] وہ جانور جو چنے کھلا کر موٹا کیا جائے
دَانہ دار: [ار۔صف] وہ شے جس میں گول گول دانے پیدا ہو جائیں۔
دَانہ دَان: [ار۔صف] تباہ و برباد (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَانہ دَانہ است غلّہ در انبار: [ف۔مثل] ایک ایک دانہ ہو کر انبار ہو جاتا ہے۔
دَانہ دَانہ پَر مُہر ہونا۔ [ار۔محاورہ] جس کا مقدر ہو وہ لے حاصل کر لیتا ہے۔ جو جس کے مقدر میں ہو۔ اُسے مل جاتی ہے۔
دَانہ دَانہ کرنا: [ار۔محاورہ] دانہ بکھیرنا
دَانہ دانہ ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دانہ دانہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے
دَانہ دُنکا: [ار۔اند] ا۔ تھوڑا سا دانہ۔ ایک آدھ دانہ (۲) ٹکڑے گرا۔ بڑا دانہ۔ چھوٹی پھنسیاں
دَانہ دینا: [ار۔محاورہ] مویشیوں کو دانہ کھلانا
دَانہ ڈالنا: [ار محاورہ] مرغیوں یا کبوتروں کو دانہ کھلانا (۲) شرارت کرنا۔ کسی کو پھنسانا (۳) پودوں میں بیج پیدا کرنا۔
دَانہ زد: [ف صف] سفلہ۔ کمینہ مفلوک الحال (۲) کنجوس۔ بخیل
دَانہ زمین پر گرتے ہی بھُن جانا۔ [ار محاورہ] سخت گرمی ہونا
دَانۂ زنجیر: [ف۔ اند] زنجیر کا حلقہ۔ زنجیر کی کڑی
دَانہ کو دانت نہیں بیکاری کو بھیک نہیں: [ار۔مثل] بخیل کی نسبت کہتے ہیں۔
دَانہ کھا موٹھ کا اور پانی پی سونٹھ کا: [ار۔مثل] جو کچھ کرو سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔
دانہ کھائے نہ پانی پیوے۔ وہ آدمی کیسے جیوے: [ار مثل] جو شخص کھاتا پیتا نہیں وہ زندہ کیوں کر رہ سکتا ہے
دَانہ نہ گھاس، پانی چھ چھ وقت
دَانہ نہ گھاس پھریرا بتن تین بار
دانہ نہ گھاس کھومتے تیری آس: [ار مثل] زبانی خاطر داری تو بہت کرے مگر نقد کچھ نہ دے۔ [ار۔مثل] دیتا دلاتا کچھ نہیں مفت میں کام لیتا ہے۔
دَانۂ یاقوت: [ف۔اند] یاقوت کا ریزہ
دانی: [ہ۔صف] ا۔ فیاض۔ سخی (۲) لاحقہ ظرف مثلاً سُرمہ دانی
دانے پر لگانا: [ار۔محاورہ] کبوتر کو دانہ دکھا کر رام کرنا۔ جانور کو دانہ کھا کر رام کرنا
دانے دانے کو محتاج ہونا: [ار۔محاورہ] بالکل مفلس ہونا۔
دانے زاد: [ار۔صف۔ق] بخیل۔ کنجوس
دانے کا مُکر پہنچنا: [ار محاورہ] قسمت میں لکھے ہوئے رزق کا ملنا۔
دانے کے ساتھ گھن پس جانا: [ار۔محاورہ] امیر کے ساتھ غریب کا مصیبت میں مبتلا ہونا۔ اصل کے ساتھ اوروں کو بھی نقصان پہنچنا۔
دَانے کو ٹاپے سواری کو پادے: [ار۔مثل] کھانے پینے کو ہر وقت تیار کام سے گھبراہٹ۔
دانے مانگنا: [ار۔محاورہ] بھیک مانگنا
دَانے نبڑ جانا: [ار۔محاورہ] آب و دانہ ختم ہو جانا۔
دَانے نکلنا: [ار۔محاورہ] چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنا۔ چیچک یا خسرہ نکلنا۔
دانے نہ ہونا: [ار۔محاورہ] کھانے پینے کو کچھ نہ ہونا۔ سخت غریب ہونا۔
دانیال: [ف اند] ایک مشہور پیغمبر کا نام جن سے ایک فال نامہ منسوب ہے (۲) (عو) رزق
دَاوا: [ہ۔ اند] آنا کا خاوند۔
دَاوَان: [ار۔اند۔ق] ا۔ گود (۲) جوڑا۔
دَاوَر: [ف۔صف] منصف۔ عادل۔ بادشاہ۔ حاکم یا جج (۲) کنایتہً خدا ۳۔ علاج (۴) دوا (۵) مخالف۔ مقابل۔
دَاوَرِی: [ف۔امث] حکومت۔ انصاف (۲) عدالت۔ پنچائت (۳) عدالت کا حکم (۴) مقدمہ۔ جھگڑا (۵) دعویٰ عدالت میں۔
داوری گاہ / داورستان: [ف۔امث۔اند] عدالت کچہری۔ پنچایت کی جگہ
دَاہ: [ھ۔ امث] جلانا۔ مُردے کو جلانا۔ داغ (۲) داغ دینا (۳) آگ۔ اندرونی گرمی (۴) جلنے کا احساس (۵) جلن۔ سوزش (۶) جوش (۷) رشک حسد۔
دَاہ جور: [ھ۔اند] سخت بخار۔ جلا دینے والا۔
دَاہ دینا۔ [ھ۔محاورہ] مُردے کو جلانا
دَاہ رکھنا۔ [ار محاورہ] رشک کرنا۔ حسد کرنا۔
دَاہ سر: [ھ۔ اند] وہ جگہ جہاں مُردے جلائے جاتے ہیں۔
دَاہ کرنا: [ھ۔مص مرکب] مُردہ جلانا
دَاہ کریا: [ھ۔ امث] مُردہ جلانے کی رسم
دَاہنا۔ [ار اند] دایاں۔ راست۔ سیدھا
دَاہنا دھوئے بائیں کو اور بایاں دھوئے دائیں کو: [ار مثل] ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیئے۔
داہنا قدم لینا: [ار محاورہ] تعظیم کرنا (۲) طنزاً چالاکی اور شرارت کا قائل ہونا۔
دَاہنی: [ار۔ امث] دیکھئے "داہنا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دَاہنی آنکھ پھڑکنا: [ار محاورہ] داہنی آنکھ کی رگوں کا حرکت کرنا۔ مرد کے لیے اچھا اور عورت کے لیے بُرا شگون خیال کیا جاتا ہے۔
دَاہنی ہتھیلی کا تل: [ار۔ اند] دولتمندی اور سخاوت کا خیال کیا جاتا ہے۔
داہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہے: [ار کلمہ قسم] ایک قسم جو کسی کام کے کرنے کے لیے کھائی جاتی ہے۔
دَاہنے ہاتھ کو۔ [ار متعلق فعل] دائیں طرف کو
دَاہی: [ع۔ صف] عقلمند۔ ہوشیار۔ چالاک
دَاہیَت۔ [ع۔ امث] زمانے کی سختی (۲) اتفاقی صدمہ (۳) خطرہ۔ مصیبت۔
دَاء [ع۔ اند] بیماری۔ دُکھ
دَاءُ الاَسَد: [ع۔امث] کوڑھ۔ کوڑھ کی بیماری
دَاءُ الثعلَب: [ع۔ امث] بال جھڑنے کی بیماری
دَائِر: [ع۔صف] گرد پھرنے والا۔ گھیرنے والا۔ گردش کرنے والا۔ ۲۔ زیر تجویز۔ در پیش
دَائِر (و) سَائِر: [ع۔صف] پھرنے والا۔ گردش کرنے والا (۲) مشہور جاری (۳) دخیل۔ باثر۔

دائر کرنا: [ار. محاورہ] رجوع کرنا. پیش کرنا. سلسلہ شروع کرنا (مقدمہ وغیرہ کے لیے)
دائرہ: [ع. اند] گھیرا. حلقہ. چکر. دور. محیط (۲) مجلس (۳) اقلیدس کی شکل
وُہ سطح مستوی جو ایک خط سے محیط ہو اور درمیان میں ایک نقطہ ایسا ہو
جس سے سب خط مساوی محیط تک کھینچے جا سکیں (۴) خانقاہ. ڈیرا. (۵)
محلہ. ٹولا (۶) تال کا ایک ساز جو ایک طرف سے کھلا اور گول ہوتا ہے
(ڈفلی) چنگ (۷) حرفوں کی گولائی.
دائرۂ اختیار: [ع. اند. بہ ترکیب فارسی] حلقہ اختیار. حدودِ اختیارات.
وُہ علاقہ جس میں کسی کو اختیار رہے.
دائرۃ المعارف: [ع. اند] معلومات عامہ کی کتاب. وُہ کتاب جس
میں ترتیب تہجی سے مختلف موضوعات یا کسی خاص موضوع سے متعلق
تمام معلومات جمع کر دی جائیں. مخزن العلوم
انگریزی کا ترجمہ
دائرہ کش: [عف. آلہ] پرکار
دائرہ وسیع ہونا: [ار. محاورہ] رسوخ زیادہ ہونا. بہت لوگوں سے ملاقات ہو
دائم: [ع. صف] ہمیشہ. نت. سدا. مدام
دائم الحبس: [ع. صف] عمر بھر کی قید
دائم الخمر: [ع. صف] ہر وقت اور ہمیشہ شراب پینے والا.
دائم الصوم: [ع. صف] ہمیشہ روزہ رکھنے والا.
دائم المرض: [ع. متعلق. فعل] ہمیشہ بیمار رہنے والا
دائماً: [ع متعلق فعل] ہمیشہ، برابر، لگاتار.
دائمی: [ع. صف] سدا کا. ابدی. ہمیشہ کا.
دائن: [ع. صف] قرض دینے والا. قرض خواہ.
داؤ / داؤں: [ھ. اند] شطرنج، جوئے وغیرہ کی چال (۲) چالبازی.
فریب (۳) وُہ آلہ جس سے جانوروں کے چارے کے لیے درختوں کے پتے
کاٹتے ہیں (۴) نوبت. باری (۵) کھیل کی بازی (۶) وُہ رقم جو قمار باز ہار
جیت کے لیے مقرر کریں (۷) درانتی (۸) ایک قوس نما چھرا جو اکثر
پہاڑیوں، گورکھوں اور عربوں کے پاس ہوتا ہے (۹) کشتی کا پیچ
(۱۰) پانسا. قرعہ (۱۱) وُہ چیز جو قمار بازی میں شرط ظاہر کرنے کے لیے
رکھ دیتے ہیں.
داؤ / داؤں آنا / پڑنا: [ار. محاورہ] حسب مراد پڑنا (۲)
باری آنا.
داؤ / داؤں بیٹھنا: [ار. محاورہ] گھات لگنا. موقع ملنا.
داؤ / داؤں پر اڑنا: [ار. محاورہ] داؤں پر لگانا.
داؤ / داؤں پر چڑھانا: [ار. محاورہ] قابو میں لانا (۲) فریب یا دھوکے
میں دینا (۳) پیچ پر چڑھانا.
داؤ / داؤں پر چڑھنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "داؤ پر چڑھانا" جس
کا یہ لازم ہے.
داؤ / داؤں پر رکھنا: [ار. محاورہ] بازی پر لگانا. شرط پر رکھنا.
(۲) کشتی کا پیچ کرنا.
داؤ / داؤں پر لگانا: [ار. محاورہ] شرط پر رکھنا

داؤ / داؤں پھینکنا: [ار. محاورہ] پانسہ پھینکنا. بازی کی کوڑیاں پھینکنا
داؤ / داؤں پیچ: [ار. اند] کشتی کے بند یا ڈھنگ (۲) مکر و فریب
چال. افعال. چلنا. چلانا. کرنا.
داؤ / داؤں تاکنا: [ار. محاورہ] گھات لگانا. موقع دیکھنا.
داؤ / داؤں جانا: [ار. محاورہ] حریف سے بازی کے دو چند لینے
کا کچھ نشان رکھنا.
داؤ / داؤں چلنا: [ار. محاورہ] فریب دینا. چال چلنا. دھوکا دینا.
داؤ / داؤں دینا: [ار. محاورہ] فریب دینا (۲) موقع دینا.
داؤ / داؤں کرنا: [ار. محاورہ] دھوکا دینا (۲) کشتی میں پیچ کرنا.
داؤ / داؤں کھا جانا / کھانا: [ار. محاورہ] دھوکا کھانا. فریب کھانا.
داؤ / داؤں کھیلنا: [ار. محاورہ] دھوکا دینا. گھات لگانا.
داؤ / داؤں گھات: [ار. امث] پیچ. خفیہ تدبیر
داؤ / داؤں لگانا: [ار. محاورہ] موقع دیکھنا. قابو پانا (۲) بازی لگانا.
شرط لگانا.
داؤ / داؤں لگنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "داؤ / داؤں لگانا" جس
کا یہ لازم ہے.
داؤ / داؤں لینا: [ار. محاورہ] اپنی باری لینا. موقع پا کر فائدہ اٹھانا.
داؤ / داؤں مارنا: [ار. محاورہ] دھوکا دینا.
داؤ / داؤں میں آنا: [ار. محاورہ] فریب میں پھنس جانا.
داؤ (واؤ معروف سے) [ھ. اند] تاؤ. باپ کا بڑا بھائی. تایا.
بڑا بھائی
داؤد: [ع. اند] لفظی معنی. محبوب. عزیز. ایک مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت
سلیمان علیہ السلام کے والد تھے.
داؤد خانی: [ار. صف] سفید گیہوں. جو پہلے پہل ہندوستان میں داؤد
خان ایک امیر نے مصر سے لا کر بوئی تھی.
داؤدی: [ف. اند] ایک پھول کا نام جس کا رنگ زردی مائل سفید ہوتا ہے.
۲. آتشبازی کی ایک قسم.
داؤنا: [ار. مص] گاہنا. دائیں چلانا
داؤنی: [ار. امث. ق] برقع. عورت کی چادر. اوڑھنی. ایک زیور کا
نام.
دائی: [ار. امث] دایہ. جنائی. قابلہ (۲) انّا. دودھ پلائی خادمہ (۳)
آنکھ مچولی کے کھیل میں چور کی آنکھیں بند کرنے والا لڑکا (۴) (صف) دینے
والا. کرنے والا. جیسے سکھ دائی.
دائی اصیل: [ار. امث] لونڈیوں کی سردار.
دائی پلائی: [ار. امث] دودھ پلانے والی عورت.
دائی جانے اپنی بلائی: [ار. مثل] ہر شخص اپنا حال جانتا ہے.
دائی جنائی: [ار. امث] بچہ جنانے والی.
دائی چنبیلی کے گھر مرزا موگرا: [ار. مثل] کمینے کے گھر پیدا ہو کر
عالی خاندان بننے والے کی نسبت کہتے ہیں.
دائی رہی دائی تیرے ساتوں بھائی: [ار. مثل] آنکھ مچولی کے کھیل

ہیں جو لڑکا چور بننے سے بچ جاتا ہے۔ وہ کہتا ہے۔
دائی سے پیٹ چھُپانا: [ا ر. محاورہ] واقف سے راز چھُپانا۔
دائی سے پیٹ نہیں چھُپتا: [ا ر. مثل] محرم راز سے راز پوشیدہ نہیں نہیں رہ سکتا۔
دائی کے سر پان پھُول: [ا ر. مثل] غریب پر الزام لگ جاتا ہے۔
دائی کھلائی: [ا ر. امث] بچّوں کو کھلانے والی خادمہ۔
دائی گیری: [ا ر. امث] دیکھئے "دایہ گری" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
دائیں: [ھ. امث] توپ۔ بندُوق، پٹاخوں وغیرہ کے چھوٹنے کی آواز۔ (۲) کئی بیلوں کو غلہ گاہنے کے لیے ایک ساتھ جوتنا (۳) ہمسر۔ برابر۔ مساوی۔
دائیں چلانا: [ھ. محاورہ] اناج گاہنا۔ کھلیان پر بیلوں کو پھیرنا۔
دائیں کا: [ھ. صف] برابر۔ ہم مرتبہ
دائیں (واؤ مجہول سے) [ا ر. صف] داہنی طرف۔ جانب راست۔
دائیں بائیں: [ا ر. متعلق فعل] چپ و راست
دائیں بائیں دیکھ کر نکل جانا: [ا ر. محاورہ] دھوکا دیکر نکل جانا۔
دائیں بائیں دیکھنا: [ا ر. محاورہ] اِدھر اُدھر دیکھنا۔ ہوشیار رہنا۔ چوکنا ہونا۔
دائیں بائیں کرنا / کر دینا: [ا ر. محاورہ] چھُپا دینا۔ اِدھر اُدھر کر دینا۔
دائیں بائیں کے ہیں: [ا ر. مقولہ] دونوں مساوی درجے کے ہیں۔
دایاں: [ا ر. اند] دیکھئے "داہنا"
دایاں بازو: [ا ر. اند] اعتدال پسند جماعت۔ اعتدال پسندی
دایاں بولنا: [ا ر. محاورہ] تیتر کا دائیں طرف بولنا جس کو چور بُرا خیال کرتے ہیں۔
دایاں پیر ملاؤں گی تو گھر ہی پیر مناؤں گی: [ا ر. مثل] محنتی آدمی ہر جگہ کما لیتا ہے۔
دایک: [س. صف] دینے والا۔ بخشنے والا۔
دایہ: [ف. امث] بچے کی پرورش کرنے والی۔ انّا۔ پلائی۔ کھلائی۔ خادمہ۔
دایہ گری: [ف. امث] دایہ کا پیشہ۔ دایہ کا کام۔

د ـــ ب

دُبّ: [ع. اند] ا. ریچھ (۲) قطب شمالی کے قریب ریچھ سے مشابہ چند ستاروں کے دو مجموعے۔ جن میں سے بڑا دُبّ اکبر اور چھوٹا دُبّ اصغر کہلاتا ہے۔
دُبّ اکبر / اصغر: [ع. اند. بترکیب فارسی] دیکھئے "دُبّ (۲)"
دب آنا: [ا ر. محاورہ] بڑھ آنا۔ آگے بڑھ آنا۔
دب جانا: [ا ر. محاورہ] مغلوب ہو جانا۔ کسی چیز کے نیچے آجانا
دب چلنا: [ا ر. محاورہ] ا. مغلوب ہو جانا (۲) مرعوب ہو جانا۔ ڈر جانا۔
دب دبا جانا: [ا ر. محاورہ] ا. کسی کے نیچے آجانا (۲) معاملہ رفت گذشت ہو جانا۔
دب کر / رکے: [ا ر. متعلق. فعل] ڈر کر۔ مرعوب ہو کر۔
دب کر / رکے چلنا: [ا ر. محاورہ] کترا کے چلنا۔ رُک کے چلنا
دب مرنا: [ا ر. محاورہ] کسی بھاری چیز کے نیچے آکر ہلاک ہونا۔
دب نکلنا: [ا ر. محاورہ] ا. عاجز ہونا۔ پست ہونا (۲) مغلوب ہونا (۳) ڈر جانا۔
دبّا: [ا ر. اند] ا. کسی درخت کی شاخ کا وہ ٹکڑا جسے زمین میں دبا دیتے ہیں تاکہ پھُوٹ نکلے (افعال: لگانا۔ لگنا) (۲) داؤں۔ گھات۔ کمین (۳) غوطہ۔ ڈُبکی
دبّا مارنا: [ا ر. محاورہ] گھات لگانا۔ کسی چیز کی تاک میں چھُپ رہنا۔
دبا بنیا پورا تولے: [ا ر. مثل] جب آدمی پر دباؤ پڑتا ہے تو حق ادا کرتا ہے۔
دبا بیٹھنا: [ا ر. محاورہ] دبوچ لینا۔ غصب کر لینا۔ زبردستی قبضہ کر لینا۔
دبا جانا: [ا ر. محاورہ] ا مغلوب ہو جانا (۲) نیچے آجانا (۳) کسی بات کو چھپانا۔
دبا دبایا: [ا ر. صف] دبا ہوا۔ گڑا ہوا۔ پوشیدہ۔
دبا دینا: [ا ر. محاورہ] ا. گاڑ دینا۔ دفن کر دینا (۲) فرو کر دینا۔ روک دینا۔ (۳) چھُپا دینا۔
دبا ڈالنا: [ا ر. محاورہ] ا. کچل دینا (۲) کسی بات کو چھپا دینا۔
دبا رہنا: [ا ر. محاورہ] ا. کسی چیز کی آڑ میں چھُپا رہنا۔ دبک رہنا (۲) مغلوب رہنا۔ ڈرنا
دبا کر: [ا ر. متعلق. فعل] ا. زبردستی۔ جبر سے (۲) بخوبی۔ جم کر۔
دبا لینا: [ا ر. محاورہ] ا. مغلوب کر لینا (۲) قبضہ کر لینا۔ دبوچ لینا۔ مال مار لینا۔
دبازت: [ف. امث] ا. گندگی۔ گنداپن (۲) موٹائی۔ موٹاپن۔
دُباشی: [ا ر. صف تی] (دوبھاشی) دو زبانیں جاننے والا، ترجمان۔
دبّاغ: [ع. اند] چمڑا کمانے والا۔ چرم ساز
دباغت: [ع. امث] چمڑا کمانے کا کام۔ چرم سازی۔
دبانا: [ا ر. مص] ا. گاڑنا۔ دفن کرنا (۲) زبردستی قبضہ کر لینا۔ پرایا حق مارنا۔ ۳. عاجز کرنا۔ تنگ کرنا (۴) شکست دینا۔ بھگانا (۵) تعاقب کرنا (۶) بیج بونا۔ بیج کو زمین کے اندر رکھنا (۷) دبوچنا (۸) چپی کرنا (۹) بھینچنا۔ (۱۰) زور ڈالنا (۱۱) ٹھونسنا (۱۲) چھُپانا (۱۳) کمی کرنا (۱۴) مجبور کرنا۔
دباؤ: [ا ر. اند] ا. بوجھ۔ بار (۲) زور۔ غلبہ (۳) خوف۔ دہشت (۴) جبر۔ سختی (۵) رُعب۔ داب (۶) زور حکومت (۷) اختیار لحاظ۔ خیال
دباؤ پڑنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دباؤ ڈالنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دباؤ ڈالنا: [ا ر. محاورہ] ا. زور ڈالنا (۲) بوجھ ڈالنا (۳) عاجز کرنا۔
دباؤ کھانا: [ا ر. محاورہ] رُعب ماننا
دباؤ ماننا: [ا ر. محاورہ] ا. رُعب ماننا (۲) اطاعت کرنا۔
دباؤ ہونا: [ا ر. محاورہ] ا. بوجھ ہونا یا رہنا (۲) رُعب ہونا۔ اثر ہونا (۳) روک ہونا۔
دباؤُو: [ا ر. صف] بوجھل۔ بھاری۔ اُلار کی ضِدّ۔
دبائے رکھنا: [ا ر. محاورہ] چھُپا کر رکھنا۔ ظاہر نہ ہونے دینا۔
دبتے کو سب دباتے ہیں: [ا ر. مثل] کمزور یا غریب کو سب ستاتے ہیں۔
دبٹنا: [ا ر. مص. حق] دبانا
دبدبہ: [ع. اند] ا. ڈھول کی آواز (۲) گھوڑے کی ٹاپ کی آواز۔

(۳) رُعب و داب۔ کرّوفر۔ شان و شوکت۔
دُبدھا: [ھ۔ امث] شک و شبہ۔ کشمکش۔ دوغ۔ پس و پیش (۲) پریشانی۔ گھبراہٹ۔
دُبدھا میں دونوں گئے، مایا ملی نہ رام: [ار۔ مثل] شکی آدمی ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے۔
دُبُر: [ع۔ امث] پُشت۔ پیچھا (۲) مقعد (۳) آخری حصّہ
دَبّڑو گھُسَّڑو: [ار۔ صف] ۱۔ بُزدل۔ ڈرپوک (۲) کم ہمّت۔ عاجز (۳) پوشیدہ۔ مخفی (۴) شکی (۵) زبردستی گھُسا ہُوا۔
دَبِستان: [ف۔ اند] مدرسہ۔ مکتب (۲) پرائمری سکول۔ ابتدائی مدرسہ۔
دبستانِ خیال / فکر: [فع۔ اند] کسی گروہ یا جماعت کا خاص اندازِ فکر و خیال طرزِ فکر۔
دَبستانی: [ف۔ صف] دبستان سے متعلق (۲) طالب علم
دِبق: [ع۔ اند] لاسہ جس سے جانوروں کو پکڑتے ہیں (۲) سریش
دَبک: [ار۔ امث] ڈانٹ۔ دھمکی (۲) دبکنا کا امر۔
دَبک آنا / بیٹھنا / جانا: [ار۔ محاورہ] پیٹ زمین سے لگا کر بیٹھنا۔ گھات میں بیٹھنا (۲) چھُپنا۔ چھُپ کر بیٹھنا۔ چھُپ کر چلے آنا۔
دبک شیرے کے مٹکے میں: [ار۔ مثل] موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔
دَبکا: [ھ۔ اند] چوہوں کو مارنے کا آلہ جو چکی کے پاٹ کے مشابہ مٹی سے بنایا جاتا ہے۔ ۲۔ دبکنا سے ماضی کا صیغہ جو صفت کا افادہ کرتا ہے۔
دَبکانا: [ار۔ مص] چھُپانا۔ پوشیدہ کرنا (۲) ڈرانا۔ دھمکانا (۳) سینے سے لگانا۔
دَبکائی: [ار۔ امث] ۱۔ تارکشی کا کام (۲) تارکشی کی اُجرت
دَبکنا: [ار۔ مص] چھپنا۔ رُوپوش ہونا۔ زمین سے لگ کر بیٹھنا۔ ڈرنا۔ دب کر بیٹھنا (۲) سونے یا چاندی کے تار کو کوٹ کر چوڑا کرنا۔
دَبکی: [ار۔ امث] روپوشی۔ گھات۔ کمین۔ داؤں (۲) کسی جانور کا زمین میں چھُپ جانا۔
دَبکی لگانا: [ار۔ محاورہ] چھُپ جانا۔ گھات لگانا۔ **دبکی مارنا:** [ار محاورہ] چھُپ کر گھات میں بیٹھنا۔ **دَبکیا:** [ار صف] سونے یا چاندی کے تار دبکنے یا کوٹنے والا۔
دَبکیل / دَبکیلا: [ار۔ صف] تاک لگانے والا۔
دَبگر: [ف۔ صف] چمڑے کی کُپّیاں۔ ترازو بنانے والا (۲) ڈھالیں بنانے والا۔ (۳) کُپّے بنانے والا (۴) لکڑی کے ظروف بنانے والا۔
دُبلا: [ار۔ صف] پتلا۔ لاغر۔ کمزور (افعال: کرنا۔ ہونا)
دُبلاپا / دُبلاپن: [ار۔ اند] دیکھیے "دُبلا" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
دُبلا پتلا: [ار صف] ہلکے بدن کا۔ ہلکے وزن کا۔ چھریرا۔
دُبلی: [ار صف۔ مث] دیکھیے "دُبلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دُبلی پتلی: [ار۔ امث] دیکھیے "دُبلا پتلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دَبنا: [ار۔ مص] بوجھ کے نیچے آنا (۲) دفن ہونا۔ گڑنا (۳) چھُپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ (۴) مغلوب ہونا۔ مرعوب ہونا (۵) سمٹنا۔ سکڑنا (۶) عجز و انکسار کرنا۔ لحاظ کرنا (۷) پسنا۔ بھنچنا (۸) شرمانا (۹) کسی چیز کے اجزا کا متصل ہونا۔ (۱۰) ضبط ہونا۔ رفع ہونا (۱۱) دُور ہونا۔ دفع ہونا (۱۲) پیچھے آنا۔ اندر آنا۔ (۱۳) کمی کرنا
دَبنگ / دَبنگا: [ار صف] موٹا تازہ۔ فربہ۔ ہٹا کٹا (۲) زبردست۔ سخت دل۔ بے رحم۔

دَبنگی: [ار صف۔ مث] دیکھیے "دبنگ / دبنگا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دَبو: [ار۔ صف] دبنے والا۔
دَبوچنا: [ار۔ مص] پکڑ لینا۔ (۲) قابو میں کر لینا (۳) دبانا۔ بھینچنا (۴) چھپا لینا۔
دَبو دَبو / دَبوس دبوس کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کو چھپا لینا۔ کسی امر کو دبا لینا۔
دَبور: [ع۔ امث] پچھوا ہوا۔
دَبوس: [ف۔ اند] عصا۔ گُرزِ آہنی
دَبوس: [ھ۔ اند] چقماق
دَبوسنا: [ھ۔ مص] نشہ آور چیز پینا۔ شراب پینا۔ مدہوش ہونا۔
دَبوسہ: [ف۔ اند] جہاز کا کرایا کو ٹھڑی (۲) اسباب کی کشتی۔
دَبوئی: [ار۔ امث] دبانے کی کل۔ شکنجہ۔
دَبّہ: [ف۔ اند] کُپّا۔ چمڑے کا کپّا۔ چمڑے کی کُپّی۔
دُبھاشیا: [ھ۔ صف] ایک زبان سے دُوسری زبان میں ترجمہ کرنے والا۔
دُبی: [ار۔ امث] گلی ڈنڈے کی دوسری ضرب نیز دیکھیے "ابی" جس کا یہ تابع ہے۔
دَبی آگ کریدنا / اکھیڑنا: [ار۔ محاورہ] پُرانے فساد کو تازہ کرنا۔ سویا ہُوا فتنہ جگانا۔
دَبی بلی چوہوں سے کان کتراتی ہے: [ار مثل] زبردست کو مجبور ہو کر کمزور کا حکم ماننا پڑتا ہے۔
دَبی دَبی ہنسی نکلنا: [ار۔ محاورہ] پُوری طرح کھُل کر نہ ہنسنا۔
دَبی زبان سے کہنا: [ار۔ محاورہ] آہستہ سے کہنا۔ دبی زبان سے کچھ کہنا۔ شرما کر کسی چیز کا اقرار کرنا۔
دُبے: [ھ صف] دو وید جاننے والا برہمن۔
دَبے پاؤں: [ار متعلق۔ فعل] چھُپ کر ڈرتے ڈرتے
دَبے پر: [ار متعلق فعل] عاجز آکر۔ جب اور کچھ نہ ہو سکے۔
دَبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے: [ار مثل] تنگ آکر کمزور بھی حملہ کر دیتا ہے۔
دَبیر: [ف۔ صف] منشی۔ کاتب۔ انشا پرداز۔ مصنّف۔ مؤلّف۔
دَبیرِ فلک: [ف۔ اند] کنایۃً عطارد۔ ستارہ۔
دَبیرستان: [ف۔ اند] مکتب (۲) ہائی سکول (۳) دفتر
دَبیری: [ف۔ امث] دیکھیے "دبیر" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
دَبیز: [ف۔ صف] موٹا۔ گف۔ مضبوط
دَبیل: [ار صف] ماتحت۔ تابع۔ دبنے والا (۲) کمزور۔ بودا (۳) عیب دار۔

د پ

دِپانا: [ار۔ مص۔ ق] روشن کرنا۔ چراغ جلانا
دِپٹ: [ار۔ امث] دوڑ (۲) جھپٹ۔ حملہ (۳) گھُرکی۔
دپٹانا: [ار مص] تیز چلانا۔ سرپٹ دوڑانا۔ حملہ کرنا۔ ڈانٹنا۔ دھمکانا۔
دپٹنا: [ار مص] دیکھیے "دپٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔

د ــــ ت

دُت: [ار۔ کلمۂ تحقیر] کتے کو ہنکانے کی آواز (۲) دُور ہو۔ الگ ہو۔
دُت تیرے کی: [ار۔ کلمۂ حقارت] ہت تیرے کی
دُتکار: [ار۔ امث] لعنت۔ ملامت۔ گھُڑکی۔ دھتکار
دُتکارنا: [ار۔ مص] دھتکارنا۔ جھڑکنا۔ لعنت۔ ملامت کرنا (۲) کتے کو نکالنا۔
دُتیرا: [ھ۔ اند] لکڑی کا پنجہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں۔
دُتنا: [ھ۔ مص] سامنے ہونا۔ مقابل ہونا۔ حملہ کرنا۔ لڑنا۔ بحث کرنا۔
دُتو: [ار۔ امث] بچوں کا ایک دوہرا رُوئی والا کپڑا جو بچوں کے سینے کی حفاظت کے لیے ہوتا ہے۔
دُتون: [س۔ امث] مسواک

د ــــ ث

دِثار: [ع۔ اند] وُہ کپڑا جو دُوسرے کپڑوں کے اُوپر پہنا جاتا ہے۔ جیسے چُغہ۔ چادر (۲) عادت۔ معمُول۔ رسم
دَثَر: [ع۔ اند] کپڑوں کا میل کچیل
دَثُور: [ع۔ صف] گمنام آدمی (۲) نیند کا ماتا۔ متوالا۔

د ــــ ج

دَجاج: [ع۔ اند] مُرغا
دَجاجہ: [ع۔ اند] دیکھئے "دجاج" جس کی یہ تانیث ہے۔
دَجّال: [ع۔ اسم مبالغہ] مکّار۔ جھُوٹا۔ فریبی (۲) ایک شخص جو قیامت کے نزدیک خروج کریگا۔ اور لوگوں کو گمراہی میں ڈالے گا۔
دَجل: [ع۔ اند] فریب۔ جھُوٹ (۲) ق۔ ادجل
دُجیٰ: [ع۔ امث] تاریکی اندھیرا۔

د ــــ چ

دَچ: [ھ۔ اند] مکان۔ جھونپڑا
دچیت: [ھ۔ اند] دوچِلا۔ متذبذب۔
دَچکنا: [ار۔ مص۔ ق] دہشت زدہ ہونا۔ ڈرنا
دچھ: [ھ۔ صف] ا۔ عالم۔ فاضل (۲) چالاک۔ ہُوشیار
دچھنا: [ھ۔ امث] تحفہ۔ عطیہ۔ انعام (۲) دکشنا
دچھنی: [ھ صف و مذ] نذرانے یا انعام کا مستحق
دچھی: [ھ۔ اند] دیکھئے "دچھ"

د ــــ ح

دَح: [ع۔ اند] (دوحہ کا مخفف) درخت پیڑ۔ باغ۔

د ــــ خ

دَخ: [ف۔ صف] ا۔ اچھا۔ نفیس (۲) لائق۔ قابل۔ موزوں (۳) جماعت گروہ۔ فوج۔ قطار (آدمیوں کی) ۴۔ کسی چیز کی رُوح۔
دُخ: [ف۔ امث] (دُختر کا مخفف) بیٹی (۲) ایک آبی پودا جس کی چٹائیاں بناتے ہیں۔
دُخّ: [ع۔ اند] ا۔ دُھواں (۲) اگلا (۳) شہاب ثاقب۔ آتشبازی کی ہوائی۔
دُخان: [ع۔ اند] ا۔ دُھواں (۲) بھاپ (۳) تمباکو کا دُھواں۔
دُخانی: [ع۔ صف] دُھویں کا۔ دھویں کے متعلق۔ بھاپ کا۔ بھاپ کے متعلق۔ ۲۔ وُہ چیز جو دھوئیں یا بھاپ سے چلنے والی ہو۔
دُخانی جہاز: [ع۔ اند] وُہ جہاز جو بھاپ سے چلے۔ سٹیمر
دُخانی کل: [ار۔ امث] بھاپ سے چلنے والی مشین
دُخت: [ف۔ امث] دیکھئے دُختر جس کا یہ مخفف ہے۔
دُختِ انگور/ رز/ تاک/ عنب: [ف۔ امث] کنایۃً انگوری شراب۔
دُختر: [ف۔ امث] بیٹی۔ لڑکی۔
دُختر خانہ: [ف۔ امث] بن بیاہی۔ بیٹی
دُختر ربیبہ: [ف۔ امث] سوتیلی بیٹی۔ لے پالک بیٹی۔
دُخترک: [ف۔ امث] دیکھئے "دُختر" جس کی یہ تصغیر ہے۔
دُختر اندر/ دُختندر: [ف۔ امث] سوتیلی بیٹی۔
دُختری: [ف۔ امث] دوشیزگی۔ کنوارپن۔ بکارت
دُختینہ: [ف۔ امث] قابل شادی لڑکی
دَخل: [ع۔ اند] ا۔ رسائی پہنچ (۲) قبضہ۔ تصرّف (۳) ترقی (تعلیم میں) علم۔ کمال (۴) سمجھ۔ ادراک۔ فہم (۵) اِمکان (۶) مجال۔ طاقت۔ قوّت۔ ۷۔ اثر۔ تاثیر (۸) مہلت۔ قابلیت۔ واقفیت (۹) شدید (۱۰) اِختیار (۱۱) مداخلت۔ دست اندازی (۱۲) آمدنی۔ یافت۔ حصول۔ فائدہ۔ نفع۔ پیداوار
دخل انداز: [عف۔ صف] دخل دینے والا۔ مداخلت کرنے والا۔
دخل اندازی: [عف۔ امث] دیکھئے "دخل انداز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
دخل بےجا: [عف۔ اند] (قانُون) کسی کے مکان کے اندر بلا اجازت جانا۔ کسی کی ملکیت پر ناجائز قبضہ کرنا۔ بےجا مداخلت کرنا۔
دخل پانا: [ار۔ محاورہ] رسائی ہونا۔ باریابی ہونا۔ قبضہ ملنا۔
دخل تام رکھنا: [ار۔ محاورہ] پُوری طرح سے واقف ہونا۔ مکمل طور پر جاننا۔ پُورا ماہر ہونا۔
دخل دار: [عف۔ اند] حصہ دار۔ شریک۔ جس کی کسی تک رسائی ہو۔
دخل در معقولات: [عف۔ اند] کسی معاملے میں خواہ مخواہ مداخلت۔

بیچ میں پڑنا .
دخل دلانی : [عف. امث] قبضہ دلانا . قابض کرنا .
دخل دینا : [ار. محاورہ] بیچ میں بولنا . دست اندازی کرنا . مداخلت کرنا .
دخل رکھنا : [ار. محاورہ] ماہر ہونا . کامل ہونا .
دخل کرنا : [ار. محاورہ] قبضہ کرنا . تصرف کرنا (۲) مداخلت کرنا . بیچ میں پڑنا
دخل لینا : [ار. محاورہ] قبضہ لینا .
دخل میں کرنا : [ار. محاورہ] دیکھئے " دخل میں ہونا " جس کا یہ متعدی ہے
دخل میں ہونا : [ار. محاورہ] قبضے میں ہونا
دخل نامہ : [عف. اند] قبضہ کی سند . یا حکم . پروانہ . دخل یابی .
دخل و خرج : [عف. اند] آمدنی اور خرچ
دخل و قبضہ : [عف. اند] قبضہ . ملکیت
دخلہ : [ع. امث] اجازت . داخلہ
دخل یاب : [عف. اند] قبضہ پانے والا . دخل پانے والا .
دخل یابی : [عف. امث] قبضہ . تصرف (۲) رسائی . پہنچ
دخم / دخمہ : [ف. اند] آتش پرستوں کے مردوں کا مینار (۲) قبر . مقبرہ .
(۳) تابوت (۴) صندوق (۵) وہ گوشت جو اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلے . جو بوجہ گرمی کی شدت کے ہوتا ہے .
دخول : [ع. اند] ۱. دخل ہونا . گھسنا . اندر جانا (۲) داخلہ (افعال : کرنا ، ہونا)
(۳) آمدنی (۴) جماع . مباشرت . خلوت صحیحہ .
دخیل : [ع. صف] کسی کاروبار میں دخل دینے والا (۲) قابض (۳)
بارباب (۴) متصرف (۵) بے تکلف . واقف کار . دوست . ہمراز
(۶) غیر زبان کا لفظ جو کسی زبان میں مستعمل ہو (۷) وہ حرف جو الف تاسیس کے بعد نظم میں آتے .
دخیل کار : [عف. اند] کاروبار میں دخل دینے والا (۲) قابض . سربراہ کار .
مصاحب شریک . ایک قسم کا کاشتکار جس کو حق قبضہ داری حاصل ہوتا ہے .
دخیل کاری : [عف. امث] دیکھئے " دخیل کار " جسکا یہ اسم کیفیت ہے
دخیل کرنا : [ار مص مرکب] قبضہ لینے کی اجازت دینا . قبضہ دلانا . داخل ہونے کی اجازت دینا .
دخیل ہونا : [ار مص مرکب] دیکھئے " دخیل کرنا " جس کا یہ لازم ہے .

د — د

دد : [ف. اند] پھاڑ کھانے والا . درندہ .
ددا : [ف. اند] ۱. وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے لیے ملازم ہو . دایہ
انا . کھلائی . بچوں کو پالنے اور رکھنے والی باندی . بوڑھی لونڈی .
ددرا : [س. اند] داد . ایک بیماری
ددری : [ہ. امث] کچے جو . جن کو بھون کر کھاتے ہیں .
ددلانا : [ہ. مصدر] ڈانٹنا . جھڑکنا
ددوڑا : [ہ. اند] وہ دانہ (پھنسی) جو کسی کیڑے کے کاٹنے سے بدن پر ابھر آتا ہے یا فساد خون کی وجہ سے بدن پر نمودار ہو جائے (دچپڑ)
ددھار / ددھاری : [ہ. امث] دودھ دینے والا مویشی

دودھڑ : [ہ. امث] دو دھڑ کا مخفف . ۱. دو طرفہ کار ردائی . تذبذب
دودھکنا / دودکنا : [ہ. مص] دیکھئے " دھدکنا "
ددھی : [س. اند] دہی
ددھی : [س. امث] ۱. دل کی مقررہ حالت پہ پکاپن (۲) استواری
استحکام ، پائیداری . مضبوطی
دودھی : [ہ. امث] ایک بوٹی جس میں سے دودھ نکلتا ہے . جسے عورتیں
خال بنانے کے لیے استعمال کرتی ہیں (۳) ایک قسم کا سفید اور سرخ پتھر
چاک کی پنسل (۴) پستان
ددھیال : [ہ. اند] دادا کی اولاد (۲) دادا کا خاندان
ددھیل / دودھیلن : [ہ. صف] دیکھئے " دودھایل "
دودھیل گائے کی دولاتیں بھی بھلی (سہی جاتی ہیں) جس سے نفع
پہنچنے کی امید ہو اس کی سختی بھی قبول ہوتی ہے .
ددیا : [ہ. صف] دادا سے منسوب
ددیا خسر / سسر / سسرا : [ہ. اند] بیوی یا شوہر کا دادا .
ددیا ساس : [ہ. امث] بیوی یا شوہر کی دادی
ددیال : [ہ. اند] ۱. دیکھئے " ددھیال (۲) شجرہ نسب . نسب نامہ .

د — ڈ

دڈکا : [ہ. مص] ڈکارنا . دہاڑنا . گرجنا
دڈی : [ار. اند. ق] چھوٹا دروازہ
دڈی : [ار. اند. ق] خرگوش کا ڈربہ

د — ر

در : [ہ. اند] نرخ . شرح
در : [ف. اند] دروازہ . پھاٹک . دہلیز (۲) مضمون (۳) طریقہ . ذریعہ
رستہ (۴) قسم . نوع (۵) نوبت . درجہ . باری (۶) پہاڑ کا رستہ
وادی . دامن کوہ (۷) پہاڑ کی چوٹی (۸) ایک جنگلی پرندہ (۹)
مچھر (۱۰) ایک قسم کا سیاہ بیر .
در آسمان : [ف. اند] کہکشاں
در اٹھانا : [ار. محاورہ] دروازہ لگانا
دربان : [ف. اند] چوکیدار . سنتری . پہرہ دار . ڈیوڑھی پر رہنے والا ملازم .
دربانی : [ف. امث] دیکھئے " دربان " جس کا یہ اسم کیفیت ہے .
دربچہ : [ف. اند] دروازے کے اندر چھوٹا دروازہ .
دربدر : [ف. صف] ایک دروازہ سے دوسرے دروازہ پر . آوارہ .
سرگشتہ (افعال : پھرنا . پھرنا . ہونا)
دربدر خاک بسر پھرنا : [ار. محاورہ] آوارہ اور سرگردان پھرنا .
کہیں ٹھکانا نہ ہونا .
دربند : [ف. اند] دروازہ کا بند ہونا . زنجیر . کنڈی . پہاڑی .

درّہ جس کا گزرنا بہت مشکل ہو۔ وہ سڑک جس پر ڈاکے پڑیں۔ علاقہ جس میں ملک کی نوج رکھی جائے۔
دَرْ بند کرنا: [ار۔ محاورہ] تلاشی سے پہلے دروازہ کو بند کردینا (۲) قید۔ حراست

دَرْبندی: [ف۔ امث] دیکھئے "دربند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
(افعال: کرنا۔ ہونا)
دَرْ پر پڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے پاس پناہ لینا۔
دَرِیچہ: [ف۔ امذ] دروازہ کے اندر دیوار یا پردہ
دَرِ توبہ باز (وا) ہے: [ار۔ مقولہ] انسان ہر وقت توبہ کرسکتا ہے۔
دَرْخانہ: [ف۔ امذ] شاہی محل۔ قصر
دَرْ دَر: [ف۔ متعلق۔ فعل] دیکھئے "دربدر"
دَر دَر پھرنا: [ار۔ محاورہ] مارا مارا پھرنا
دَر دَر کی ٹھوکریں کھانا: [ار۔ محاورہ] مارا مارا پھرنا۔ ایسی حالت ہو جانا کہ بھیک مانگتا پھرے۔ ذلیل ہونا۔
دَر دَر کی ٹھوکریں کھلوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دَردَر کی ٹھوکریں کھانا" جس کا متعدی المتعدی ہے۔
دَر دَر لیے پھرنا: [ار۔ محاورہ] ساتھ ساتھ آوارہ پھرنا۔
دَر دَر مانگتے پھرنا: [ار۔ محاورہ] ہر کسی سے مانگنا۔ مانگ مانگ کر گزارہ کرنا۔
دَر دَر مانگنا: [ار۔ محاورہ] بھیک مانگنا۔ لوگوں کے دروازے پر مانگنا۔
دَرِ دولت: [ف۔ امذ] بادشاہ یا رئیس کا مکان
دَرِ زَن: [ف۔ امذ] کھٹکا۔ کنڈی
دَر کا بندہ: [ف۔ ار۔ امذ] ہر وقت حاضر رہنے والا یا نوکر کوئی اور شخص۔ غلام۔
دَر کا کتا: [ف۔ امذ] کسی کے گھر سے لے کر کھانے والا شخص۔
دَروازہ: [ف۔ امذ] پھاٹک
دَرْوان: [ف۔ امذ] دیکھئے "دربان"
دَروانی: [ف۔ امث] دیکھئے "دربانی"
دَر وا ہونا: [ار۔ محاورہ] دروازہ کھلنا یا کھلا ہونا
دَر و دیوار پر نظر کرنا / دیکھنا: [ار۔ محاورہ] سخت گھبراہٹ میں ہونا۔ انتظار کی پریشانی میں ہونا۔ گھبرا کر چاروں طرف دیکھنا۔
دَر و دیوار سے: [ار۔ متعلق۔ فعل] ہر جگہ سے۔ ہر طرف سے
دَر و دیوار سے باتیں کرنا: [ار۔ محاورہ] دیوانوں کی طرح خود بخود بکنا
دَر و دیوار کان رکھتے ہیں: [ار۔ محاورہ] بھید کو چھپانا چاہیئے۔ کسی کو بھید کی بات نہیں کہنی چاہیئے۔
دَر: [ف۔ حرف ربط و سابقہ] ا۔ میں۔ اندر (۲) پر۔ اوپر (۳) کا متعلق (۴) سے پہلے (۵) نزدیک۔ قریب (۶) کو۔ جہاں تک۔ مطابق (۷) سامنے موجودگی میں (۸) برخلاف (۹) ساتھ (۱۰) نیچے (۱۱) آخر کار (۱۲) بعد (۱۳) باہر۔ باہر کا (۱۴) (امر) دریدن سے پھاڑ۔ (۱۵) مرکبات میں پھاڑنے والا
دَرْ آمد: [ف۔ امث] (۱) وہ مال جو باہر سے ملک میں آئے (۲) آمدنی (۳) اندر آنا (۴) واپسی۔ حکمنامہ (۵) حکمنامے کی تعمیل کی اجرت کا حساب۔

دَر آمد بر آمد: [ف۔ امث] ا۔ آمد و رفت۔ آنا جانا۔ آمد و خرچ (۲) ملک کے اندر آنے والی اور باہر جانے والی چیزیں import—export کا ترجمہ۔
دَر آمد بر آمد کے دن: [ف۔ امذ] موسم بدلنے کا وقت
دَر آمد کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "درآمد ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دَر آمد ہونا: [ار۔ محاورہ] ا۔ آنا۔ پہنچنا۔ داخل ہونا۔ (۲) آمدنی ہونا۔
دَر آنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ اندر آنا۔ داخل ہونا (۲) کسی چیز کا کسی چیز میں داخل ہونا (۳) کامیاب ہونا (۴) کسی معاملہ میں پڑنا۔
دَر آنجا: [ف۔ متعلق فعل] اس جگہ میں۔ وہاں
دَر آں حالے کہ: [ف۔ متعلق۔ فعل] اس صورت میں۔ اس حال میں۔
دَر آں روز: [ف۔ امذ] اس دن
دَر اجارہ: [ف۔ امذ] ٹھیکی۔ پٹا
دَر اجارہ دار: [ف۔ امذ] ٹھیکی اسامی
دَر اصل: [ف۔ متعلق۔ فعل] اصل میں۔ واقعی
دَر انداز: [ف۔ امذ] دو آدمیوں کو لڑانے والا۔ بدگو۔ چغل خور۔ دخل انداز۔
دَر اندازی: [ف۔ امث] دیکھئے "درانداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
درائی: [ف۔ امث] اندر آنا۔ داخل ہونا۔ گفتگو شروع کرنا۔ گفتگو کا شروع یا آغاز۔ گفت گو۔ بات چیت۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ مثلاً ہرزہ درائی۔ دیدہ درائی۔
دَر ایں ولا: [ف متعلق فعل] اس اثنا میں۔ اس دوران میں۔
دَر باب: [ف۔ متعلق۔ فعل] ا۔ نسبت۔ بابت (۲) سبب۔ معاملہ
دَر بارہ: [ف۔ متعلق۔ فعل] نسبت۔ بابت
دَر بر: [ف۔ متعلق۔ فعل] ا۔ اوپر (۲) پہن کر (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَر بست: [ف۔ امذ] بالکل۔ تمام
دَر بستہ: [ف۔ صف] بندھا ہوا۔ جکڑا ہوا۔
دَر پردہ: [ف۔ متعلق۔ فعل] خفیہ طور پر۔ پوشیدہ۔ غائبانہ۔ پیٹھ پیچھے۔
دَر پے: [ف۔ متعلق فعل] گھات میں۔ پیچھے۔ خواہاں (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَر پے آزار: [ف۔ صف] تکلیف پہنچانے کا خواہاں۔ ضرر پہنچانے کی گھات میں۔
دَر پے تضحیک: [ف۔ صف] کسی کی ذلت و رسوائی کا خواہاں۔
(افعال: رہنا۔ ہونا)
دَر پے جان: [ف۔ صف] دشمن جان۔ کسی کی جان لینے کے پیچھے لگا ہوا ہونا۔
دَر پے نقصان: [ف۔ صف] کسی کے نقصان کا خواہاں۔
دَر پے ہونا: [ار۔ محاورہ] پیچھا کرنا۔ سراغ لگانے کو گھات میں ہونا (۲) سر ہو جانا۔
دَر پیش: [ف۔ صف] سامنے۔ روبرو (۲) زیر بحث۔ زیر تجویز
(افعال: رہنا۔ کرنا۔ لانا۔ ہونا)
دَر پیش آنا: [ار۔ محاورہ] لاحق ہونا۔ سامنے آنا۔ واسطہ پڑنا۔
دَر حالیکہ / حالے کہ: [ف۔ متعلق فعل] یہ لحاظ کرکے۔ موجودہ حالت میں۔ اس صورت میں۔ اس حال میں
دَر حقیقت: [ف۔ متعلق فعل] حقیقت میں۔ اصل میں
دَر حوالہ: [ار۔ امذ] دیکھئے "دَر اجارہ"

دَر خانہ اگر کس است، حرفے بس است: [ف۔ مثل] اگر عقل ہو تو انسان ایک حرف سے مطلب سمجھ لیتا ہے۔

دَر خانۂ بے نوا۔ چہ ہیچ چہ کشمکش: [ف۔ مثل] غریب کے گھر میں کچھ نہیں ہوتا۔

دَر خانۂ مور شبنمے طوفان است: [ف۔ مثل] غریب کے لیے معمولی تکلیف بہت ہے۔

دَرخرچی: [ا۔ امث] فضول خرچی

دَرخواست: [ف۔ امث] ا۔ التماس۔ گزارش (۲) عرضی۔ عرضداشت۔ سوال (۳) خواستگاری۔ آرزو۔ تمنا (افعال: کرنا۔ گزارنا۔ ہونا۔ بھیجنا۔ دینا)

دَرخواست سرسری: [ف۔ امث] مہمل درخواست۔ مختصر سی درخواست

درخواست کنندہ: [ف۔ امذ] درخواست کرنے والا۔ عرضی بھیجنے والا۔

دَرخور: [ف۔ صف] لائق: قابل۔ سزاوار (۲) دخل۔ رسائی۔ پہنچ۔

دَرخورِ محفل: [ف۔ صف] محفل کے قابل۔ مجلس کے قابل۔

دَرخوش: [ف۔ امذ] محبت۔ عیش (۲) آرزو۔ خواہش۔ تمنا

دَرِ دامن: [ف۔ امذ] (عو) حاشیہ۔ اچکن۔ عبا۔ قبا۔ انگرکھے کی مغزی۔ (۲) جھالر۔ گوٹ۔

دَر دست: [ف۔ متعلق فعل] ہاتھ میں۔ قبضہ میں

دَر زنجیر: [ف۔ صف] قید۔ گرفتار (افعال: کرنا۔ ہونا)

دَر صورت: [ف۔ متعلق فعل] بشرطیکہ۔ بحالت۔ ایسی حالت میں (۲) صورت میں۔ شکل میں۔

دَر طریقت ہر چہ پیش آید خیر است: [ف۔ مقولہ] فقیری میں جو حالت ہو بہتر ہے۔

دَر عفو لذّتے است کہ دَر انتقام نیست: [ف۔ مقولہ] معاف کرنا انتقام لینے سے بہتر ہے۔

دَر عمل کوش ہر چہ خواہی پوش: [ف۔ مقولہ] عمل اچھے ہونے چاہئیں لباس خواہ کیسا ہی ہو۔

دَر کار: [ف۔ صف] ضروری۔ مطلوب (افعال: ہونا)

دَر کارِ خیر حاجتِ ہیچ استخارہ نیست: [ف۔ مثل] اچھے کام میں دیر نہیں کرنی چاہیے۔

دَر کنار: [ف۔ صف] علاوہ۔ جدا۔ علیحدہ۔ الگ۔ ایک طرف (۲) بغل میں۔ ہم بغل (افعال: کرنا۔ ہونا)

دَر کی بھیک پر اوقات ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی کی مدد سے زندگی بسر کرنا۔

دَر گرفت: [ف۔ صف] پکڑ میں۔ قبضہ میں (افعال: کرنا۔ ہونا)

دَر گزر: [ف۔ امث] معافی۔ چشم پوشی (افعال: کرنا۔ ہونا)

دَرگزرنا: [ا۔ مصدر لازم] ا۔ طرح دینا۔ معاف کرنا۔ چشم پوشی کرنا (۲) چھوڑنا۔ حد سے بڑھ جانا۔

دَرگزری: [ف۔ امث] دیکھئے "درگزر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَرگور: [ف۔ صف] (عو) قبر میں۔ مدفون (۲) (کوستا) غارت ہو۔ دُور ہو۔ دفع ہو (افعال: کرنا۔ ہونا)

درگور جھانکتی پھوپھی: [ا۔ مقولہ (عو)] کوئی کام کرنا منظور نہ ہو تو عورتیں کہتی ہیں۔

دَرگیر: [ف۔ صف] پکڑنے والا (۲) نشان کرنے والا۔ مؤثر (۳) جلنے والا۔

دَر لانا: [ا۔ محاورہ] اندر یا نیچے لانا۔ شامل کرنا۔

دَر ماہہ: [ف۔ امذ] ماہوار تنخواہ۔ مشاہرہ۔

دَرمیان: [ف۔ امذ] بیچ۔ وسط (۲) بیچ میں۔ وسط میں (۳) سامنے۔ خیال میں (۴) دوران میں۔ متعلق۔ اندر

دَرمیان آنا: [ا۔ محاورہ] بیچ میں آنا۔ بیچ میں پڑنا۔ واقع ہونا۔ دخل در معقولات ہونا۔ مداخلت کرنا۔

دَرمیان دینا: [ا۔ محاورہ] بیچ میں ڈالنا۔ ضامن ڈالنا یا دینا

دَرمیان کا: [ا۔ صف] درمیانی

دَرمیان لانا: [ا۔ محاورہ] بیچ میں لانا۔ بیچ میں ڈالنا۔ گفتگو میں ذکر کرنا۔ شامل کرنا۔ پیش کرنا۔

دَرمیان میں: [ا۔ متعلق فعل] بیچ میں۔ اثنا میں۔

دَرمیانی: [ف۔ صف] ا۔ متوسط۔ بیچ کا۔ جو بیچ میں آجائے (۲) معمولی۔ اچھا۔ ۳۔ اندرونی۔ اندر کا (۴) جو اندر ہو (۵ مذ) بیچ میں آنے والا۔ صلح کرانے والا (۶) دلال (۷) مترجم

در و بست: [ف۔ امذ] ا۔ سب تمام (۲) کٹائی۔ بندھائی (۳) بندش۔

دُر: [ھ۔ حرف تحقیر] (دُور کا مخفف) ا۔ دُور ہو۔ پرے ہٹ۔ دفع ہو۔ نکل جا۔ ہندی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دُرباشی (۲) ق زیدہ۔

دُر دُر: [ھ۔ حرف تحقیر] دیکھئے "دُر" کے معنی نمبر ا (افعال: کرنا۔ ہونا)

دُربچن: [ھ۔ امذ] کھوٹی بات۔ بُری بات۔ بدکلامی۔ بدزبانی (۲) بدلگام۔ منہ پھٹ۔ منہ کا پھوڑا۔ دریدہ دہن۔

دُر دُر آنا: [ھ۔ محاورہ] نکال دینا

دُر دُر کرنا: [ا۔ محاورہ] دھتکارنا۔

دُر دُر پھٹ پھٹ: [ھ۔ امث] لعنت۔ ملامت۔

دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا: [ھ۔ محاورہ] نکال دینا۔ دُور کر دینا (۲) نفرت کرنا۔ حقارت کی نظر سے دیکھنا۔

دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا: [ھ۔ محاورہ] دیکھئے "دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دُر موئے: [ا۔ کلمہ حقارت] (عو) دُور ہو کمبخت۔ ہٹ موئے۔

دُر ہو: [ا۔ کلمہ حقارت] دفع ہو۔ چل۔ ہٹ

دُر: [س۔ صف] (دُش کی بجائے حروف علت یا نرم حروف صحیح کے پہلے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) بُرا۔ خراب (۲) شریر۔ بدچلن (۳) قابل حقارت نفرت (۴) سخت مشکل (۵) تکلیف دہ۔ کم درجہ کا۔ گھٹیا۔ (۶ مذ) بڑا جرم۔ بُری شرارت۔

دُربُدھ: [ھ۔ صف] بیوقوف۔ احمق۔ کم عقل۔

دُربل: [ف۔ صف] کمزور۔ لاغر۔ بیمار

دُردشا: [ھ۔ امث] بُری حالت۔ بُری گت۔ بدنامی۔ خرابی۔

دُرْکامی: [ہ۔صف] بدچلن۔ بدکار

دُرْگَت: [ہ۔امث] بُری حالت۔ غُربت۔ افلاس۔ کمینہ پن

دُرْمَتی: [ہ۔صف] کُڑدہ مغز۔ کم عقل

دُرّ: [ع۔امذ] موتی۔ گوہر (۲) کان میں پہننے کا ایک زیور

دُر افشاں / فشاں: [عف۔صف] موتی بکھیرنے والا (۲) خوش بیان

دُر افشانی / فشانی: [عف۔امث] دیکھئے "درافشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دُربار: [عف۔صف] موتی برسانے والا

دُربچہ: [عف۔امذ] کان میں پہننے کا موتیوں کا بنا ہُوا زیور۔ گوشوارہ۔

دُرِ خوش آب: [عف۔امذ] نہایت آبدار موتی (۲) عمدہ شعر۔ عمدہ مضمون۔

دُرْدانہ: [عف۔امذ] موتی کا ایک دانہ

دُرْریز: [عف۔صف] موتی بکھیرنے والا۔ خوش بیان۔

دُر ریزی: [عف۔امث] دیکھئے "دُر ریز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دُرِ شہسوار: [عف۔امذ] بادشاہوں کے لائق موتی۔ بہت بڑا موتی۔

دُرِ ناسُفتہ: [عف۔امذ] وُہ موتی جس میں سُوراخ نہ کیا گیا ہو۔ ان بیندھا موتی (۲) مجازاً کنواری۔ دوشیزہ۔

دُرِ نایاب: [عف۔امذ] بے مثل۔ موتی (۲) کنایتہً بیٹا۔ فرزند

دُرِ نجف: [عف۔امث] ایک قسم کا پتھر جو نواح نجف میں ملتا ہے۔ اِس کو انگوٹھی میں جڑتے ہیں اور شیعہ حضرات اسے متبرک خیال کرتے ہیں (۲) کنایتہً شریف۔ نجیب۔

دُرِ یتیم: [عف۔امذ] ا۔ بڑا آبدار موتی جو سیپی میں اکیلا ہو (۲) نہایت بیش قیمت موتی۔

دُرِ یتیم را ہمہ کس مشتری بود: [ف۔مثل] ا۔ اچھی چیز کے سب طالب ہوتے ہیں۔

دُرِ یکتا / یگانہ: [عف۔امذ] بے مثل موتی۔ بہت قیمتی موتی۔

دُرَّۃُ التاج: [ع۔امذ] بادشاہوں کے تاج کا موتی۔ قیمتی موتی۔

دُرا / دورا: [ار۔امذ۔ق] آقا۔ مالک

دُرائی / دورائی: [ار۔امث۔ق] دیکھئے "دُرا / دورا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَرا / وِرا: [ف۔امذ] گھنٹی۔ جرس۔ گھنٹہ

دُرّاج: [ع۔امذ] تیتر

دَرار / دَراڑ / دَراڑا: [ار۔امث] شگاف۔ درز۔ رخنہ (فعال: پڑنا۔ ہونا)

دَراز: [ف۔صف] لمبا۔ طویل (افعال: کرنا) (۲) (امذ) الماری یا میز کا لمبا خانہ جس کو کھینچ کر باہر نکالا جا سکتا ہے

دَراز دست: [ف۔صف] لمبے ہاتھوں والا (۲) غالب۔ زبردست (۳) ظالم۔ سفاک

دَراز دستی: [ف۔امث] دیکھئے "درازدست" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

دَراز رِیش: [ف۔صف] لمبی ڈاڑھی والا۔

دَراز قد: [ف۔صف] لمبے قد والا۔ طویل القامت۔ قدآور۔

دَراز کرنا: [ار۔مص مرکب] پھیلانا۔ لمبا کرنا۔

دَراز گوش: [ف۔صف] بڑے کانوں والا (۲) ث۔ گدھا۔ خر

دراز نفس: [ف۔صف] ا۔ ہوس پرست (۲) طوالت پسند

دراز نفسی: [ف۔امث] دیکھئے "دراز نفس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَراز ہونا: [ار۔محاورہ] ا۔ لیٹنا۔ سونا (۲) پھیلنا (۳) لمبا ہونا۔

دَرازی: [ف۔امث] دیکھئے "دراز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَرّاک: [ع اسم مبالغہ] بات کی تہ تک پہنچ جانے والا۔ بڑی سمجھ بوجھ والا

دَرّاکت / دَرّاکی: [عف۔امث] دیکھئے "درّاک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَرّان: [ف۔اسم حالیہ] پھاڑنے والا۔

دَرّانا: [ار۔صف] بے خوف و خطر۔ بے دھڑک۔ بلا اجازت۔ بے پُوچھے۔

دَڑانا: [ار۔مص] چھپانا۔ پوشیدہ کرنا

دَرانت: [ار۔امذ] بڑی درانتی

دَرانتی: [ار۔امث] گھاس یا کھیت کاٹنے کا ایک قوس نما آلہ۔ ہنیا

دَرانتی پڑنا: [ار۔محاورہ] فصلوں کی کٹائی شروع ہونا۔

دَراہم: [ع۔امذ] دیکھئے "درہم" جس کی یہ جمع ہے۔

دَراہی: [ار۔امث۔ق] آقائی۔ حکومت

دَراو: [ار۔امذ] نفاق۔ بیگانگی۔ جُدائی (۲) اِخفا۔ پوشیدگی (۳) ریاکاری۔ منافقت (۴) دغا فریب۔

دِرایَت: [ع۔امث] ا۔ دانائی۔ عقل۔ دانش (۲) (حدیث) وُہ اصُول جن کا مقصد کسی روایت کو عقلی طور پر پرکھنا ہے۔

دَرَب: [س۔امث] دولت۔ نقدی (۲) مادہ۔ جسم۔ ہیولا (۳) چیز۔ شے

دَربار: [ف۔امذ] بادشاہوں کی مجلس۔ جشن (۲) شاہی عدالت۔ بادشاہ کی کچہری (۳) آستانہ۔ بارگاہ (۴) بادشاہوں کی ملاقات (۵) حاضری۔ حاضر باشی۔

دربار باندھنا: [ار۔محاورہ] رشوت دے کر کام نکالنا۔ رشوت دینا۔ رشوت چٹانا۔

دَربارِ خاص: [فع۔امذ] وُہ دربار جس میں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو۔ خاص اجلاس

دَربار دار: [ف۔صف] حاضر باش۔ بادشاہ اُمراء کے ہاں ہر روز جانے والا۔ (۲) خوشامدی۔

دَرباداری: [ف۔امث] دیکھئے "دربار دار" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَربارِ عام: [فع۔امذ] وُہ دربار یا اجلاس جس میں عام لوگ جا سکیں۔

دَربار کرنا: [ار۔محاورہ] بادشاہ کا وزیروں امیروں کا سلام لینا۔ (۲) عدالت کرنا (۳) اجلاس کرنا (۴) مصاحبت کرنا (۵) حاضر باشی کرنا۔

دَربار لگنا / ہونا: [ار۔محاورہ] ملازموں اور درباری لوگوں کا مجلس میں اکٹھا ہونا۔ بھیڑ ہونا

دَربار معاف کرنا: [ار۔محاورہ] دربار سے غیر حاضر ہونے کی اجازت دینا۔

دربار معاف ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دربار معاف کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
درباری: [ف۔ صف] دربار سے منسوب و متعلق (۲) دربار میں حاضر رہنے والا۔ مصاحب۔ ہم نشین۔
دربہرا: [ہ۔ اند] چاول کی شراب
دربہشت: [ا۔ امث۔ ق] ایک قسم کی مٹھائی۔ شیرینی
دربی: [ہ۔ امث] چمچی۔ پلی
درپ: [س۔ اند] غرور۔ تکبر۔ فخر۔ خود پسندی۔ نمائش
درپن: [س۔ اند] آئینہ۔ شیشہ۔ آرسی
درپنی: [س۔ امث] ا۔ دیکھئے "درپن" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) جھلک
درپی: [س۔ صف] مغرور۔ خود پسند۔ متکبر۔
دُرت: [س۔ صف] مشکل (۲) خراب۔ برا (۳) پاپی۔ گنہگار (۴) چھپا ہوا۔ پوشیدہ (۵) مذ۔ برا طریقہ۔ برا چلن
دُرُت: [س۔ صف] جلد۔ تیز (۲) مغرور۔ جھگڑا
درُت لے: [ہ۔ امث] تیز تال۔ تیز لے۔ تیز رفتار میں گانے کا انداز۔ بلمپت لے کی ضد۔
درج: [ع۔ اند] کسی چیز کو دوسری چیز میں لپیٹنا (۲) نقشین خط (۳) لکھائی (۴) فہرست میں داخل کرنا (۵) لمبا کاغذ۔ وہ چیز جس پر کچھ لکھا جائے (۶) تہہ کی ہوئی یا لپیٹی ہوئی تحریر (۷) جلد۔ کتاب (۸) لکھنے کی جگہ۔ دفتر۔ کمرا (افعال: کرنا۔ ہونا)
درج کرنا: [ا۔ محاورہ] لکھنا۔ شامل کرنا۔ داخل کرنا
درج ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "درج کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دُرج: [ع۔ اند۔ امث] زیور رکھنے کا ڈبا۔ صندوقچہ۔ ڈبیا
درجات: [ع۔ اند] دیکھئے "درجہ" جس کی یہ جمع ہے
دُرجک: [ع۔ امث۔ مذ] دیکھئے "دُرج" جس کی تصغیر ہے
درجن: [ا۔ امذ] (انگریزی لفظ کا مورد) ایک جنس کی بارہ چیزوں کا مجموعہ۔
دُرجن: [ا۔ صف۔ ق] برا آدمی۔ دشمن
درجنوں: [ا۔ صف] بہت۔ کثیر (درجن کی جمع)
درجہ: [ا۔ درجہ] [ع۔ اند] مرتبہ۔ رتبہ (۲) دائرہ فلک کا تین سو ساٹھواں حصہ (۳) سیڑھی۔ سیڑھی کا ڈنڈا (۴) عہدہ۔ منصب (۵) منزل (۶) کمرا کوٹھڑی (۷) منٹ۔ دقیقہ (۸) جماعت۔ زمرہ (۹) گت۔ حالت (۱۰) بار۔ دفعہ۔ نوبت (۱۱) عزت۔ توقیر۔ قدر
درجہ اتارنا: [ا۔ محاورہ] ایک جماعت یا ایک درجہ نیچے کر دینا۔ مرتبہ کم کرنا
درجہ اترنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "درجہ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
درجہ بدرجہ: [عف۔ متعلق۔ فعل] رفتہ رفتہ۔ بتدریج (۲) ترتیب وار سلسلہ وار (۳) رتبہ کے مطابق
درجہ برابر ہونا: [ا۔ محاورہ] ایک جیسی قدر ہونا۔
درجہ بندی: [عف۔ امث] خاص درجہ یا مقام متعین ہونا۔ قسم بندی۔ ہم جنس چیزوں کو اکٹھا کرنا۔ قسم وار کرنا (افعال: کرنا۔ ہونا)
درجہ توڑنا: [ا۔ محاورہ] عہدہ گھٹانا۔ رتبہ گھٹانا۔ تنزلی کرنا۔

درجہ ٹوٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "درجہ توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
درجہ دینا: [ا۔ محاورہ] ترقی دینا۔
درجہ گھٹانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "درجہ توڑنا"
درجہ گھٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "درجہ ٹوٹنا"
درجہ ملنا: [ا۔ محاورہ] مرتبہ حاصل ہونا۔
درجہ وار: [عف۔ متعلق۔ فعل] جماعت وار۔ سلسلہ وار۔ رتبہ کے مطابق۔
درجہ ہونا: [ا۔ محاورہ] عزت ہونا۔ قدر ہونا (۲) بے عزتی ہونا طنزاً۔
درخت: [ف۔ اند] پیڑ۔ شجر۔ نہال۔ بوٹا۔
درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے: [ا۔ مثل] انسان اپنے اعمال سے ہی برا یا بھلا ہوتا ہے۔ ہر چیز اس کے نتیجہ سے معلوم ہوتی ہے۔
درخت بوئے تھے آم کے ہو گئے ببول: [ا۔ مثل] نفع کی امید تھی مگر نقصان ہوا۔
درخش: [ف۔ اند] بجلی۔ چمک۔ روشنی
درخشاں: [ف۔ صف] چمکتا ہوا۔ تاباں۔ روشن
درخشانی / درخشندگی: [ف۔ امث] چمک دمک۔ روشنی۔
درخشندہ: [ف۔ صف] چمکتا ہوا۔ چمکنے والا۔ تاباں۔ نورانی۔
(افعال۔ کرنا۔ بنانا)
درد: [ف۔ اند] ا۔ دکھ۔ تکلیف (۲) افسوس۔ دریغ (۳) سوز و گداز (۴) رحم۔ ترس (۵) غم۔ رنج (۶) ٹیس۔ ہوک (۷) دردِ زہ۔
درد آشنا: [ف۔ صف] درد سے واقف۔ ہمدرد
درد آگیں: [ف۔ صف] درد سے بھرا ہوا (۲) تکلیف دہ۔
درد آلود: [ف۔ صف] جسے سخت تکلیف ہو (۲) غم زدہ (۳) تکلیف دہ۔
درد آمیز: [ف۔ صف] دردناک۔ قابل رحم۔ رقت انگیز
درد آنا: [ا۔ محاورہ] رحم آنا۔ ترس آنا۔ افسوس آنا۔
درد اٹھنا: [ا۔ محاورہ] کسی عضو میں درد محسوس ہونا۔ ہوک اٹھنا۔ ٹیس پڑنا۔
درد انگیز: [ف۔ صف] درد پیدا کرنے والا۔ دل پر اثر کرنے والا۔ درد آمیز۔
درد بٹانا: [ا۔ محاورہ] ہمدردی کرنا۔ دکھ درد میں شریک ہونا
درد بھرا: [ا۔ صف] دیکھئے "درد آمیز"
درد بھری: [ا۔ صف۔ امث] دیکھئے "درد بھرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
درد پوچھنا: [ا۔ محاورہ] ہمدردی کرنا۔ غمگساری کرنا۔
درد جانا: [ا۔ محاورہ] تکلیف دور ہونا۔ درد دفع ہونا۔
درد جاننا: [ا۔ محاورہ] کسی کی تکلیف کو محسوس کرنا۔
درد بجھنا: [ا۔ محاورہ] درد کو کم کرنا۔ تکلیف رفع کرنا (کسی دوا کا)
درد دکھ بٹانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "درد بٹانا"
دردِ دل: [ف۔ اند] غم۔ رنج۔ دلی صدمہ (۲) دل کا درد
دردِ زہ: [ف۔ اند] وہ تکلیف جو بچہ جننے کے وقت ہوتی ہے۔
دردِ سر / سری: [ف۔ اند] سر کا درد (۲) تکلیف۔ عذاب۔ مشکل۔ محنت۔
دردِ سر اٹھنا: [ا۔ محاورہ] سر کا درد شروع ہونا (۲) تکلیف برداشت کرنا۔

ذمہ داری سر ہونا.

دَرد سر جانا: [ار. محاورہ] مصیبت دُور ہونا (۲) جھگڑا مِٹ جانا

دَردِ سر خریدنا: [ار. محاورہ] جھگڑے میں پڑنا

دَردِ سر دینا: [ار. محاورہ] تکلیف دینا. دق کرنا.

دَردِ سر کرنا: [ار. محاورہ] محنت کرنا. مشقت کرنا. کسی کام کو انجام دینے کی فکر کرنا

دَردِ سر مول لینا: [ار. محاورہ] کوئی کام اپنے ذمہ لینا. کسی کام کو انجام دینے کی تکلیف اُٹھانا.

دَردِ سر ہونا: [ار. محاورہ] سر میں درد ہونا (۲) ناگوار معلوم ہونا.

دَردِ سری کرنا: [ار. محاورہ] جان کھپانا. محنت برداشت کرنا. تکلیف سے بیتاب ہونا.

دَرد شریک: [فع صف] ہمدرد. غمگسار. غم خوار

دَردِ شکم: [ف. اند] پیٹ کا درد

دَردِ فرزندی: [ف. صف] اولاد کی محبت

دَرد افزا / فزا: [ف. صف] درد بڑھانے والا

دَردِ قولنج: [ف. اند] درد جو پسلی کے نیچے ہوتا ہے.

دَرد کرنا: [ار محاورہ] ۱. تکلیف ہونا (۲) ہمدردی کرنا. پاس کرنا.

دَرد کھانا: [ار محاورہ] ۱. رحم کرنا. ترس کھانا (۲) افسوس کرنا. غم کھانا.
۳. درد کی تکلیف برداشت کرنا. دَردِ زہ ہونا.

دَرد کھونا: [ار. محاورہ] درد رفع کرنا.

درد کے مارے: [ار متعلق فعل] درد یا تکلیف کی وجہ سے

دَردِ گُردہ: [ف. اند] ایک بیماری جو گُردے میں پتھری ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے. اس میں سخت درد ہوتا ہے.

دَرد گیر: [ف. صف] جسے درد ہو. تکلیف میں ہونے والا.

دَرد گین: [ف صف] تکلیف دہ.

دَرد لا دوا ہونا: [ار محاورہ] ایسا درد جس کی کوئی دوا نہ ہو.

دَرد لگنا: [ار محاورہ] درد ہونا. دَردِ زہ شروع ہونا. بچہ جننے کی تکلیف ہونا.

دَرد مند: [ف. صف] صاحب دَرد. ہمدرد. غمگسار (۲) رحم دِل. غمخوار

دَرد مندی: [ف. اند] دیکھئے "درد مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

دَرد ناک: [ف. صف] درد بھرا. رنجدہ.

دَردوں: [ار. روزمرّہ] درد کی جمع جو "دَردِ زہ" کے بدلے بولی جاتی ہے

دَردیں: [ار. امث] دردِ زہ

دَردیں لگنا: [ار محاورہ] زہ کی دردیں شروع ہونا. دَردِ زہ ہونا.

دُرد / دُردی: [ف. اند] تلچھٹ

دُرد آشام: [ف. صف] تلچھٹ پینے والے

دُرد آشامی: [ف. امث] دیکھئے "دُرد آشام" جسکا یہ اسم کیفیت ہے.

دُرد خوار: [ف. صف] غریب. بیچارہ. عاجز.

دُرد / دُردی کش: [ف. صف] دیکھئے "دُرد آشام"

دُرد نوش / خور: [ف. صف] دیکھئے "دُرد آشام"

دُرد نوشی / خوری / کشی: [ف. امث] دیکھئے "دُرد آشامی"

دَردا: [ف کلمہ افسوس حرف ندبہ] افسوس. ہائے

دَر دَرا: [ار. صف] ۱. موٹا موٹا کٹا ہوا / پسا ہوا / دَلا ہوا. جو کوب. نیم کرب

دَر دَرا پن: [ار. اند] نیم کوفتہ ہونے کی حالت. موٹا کٹا ہوا ہونے کی حالت.

دَر دَرا ہٹ: [ار. امث] دیکھئے "دَر دَرا پن"

دَر دَری: [ار. امث] ۱. دَر دَرا کی تانیث (۲) تیز دَم. دھار والا (آلہ)

دُردِسا: [ہ. اند] دیکھئے "دُر دشا" جو "دُر" کے تحت درج ہے.

دَرز: [ف. امث] ۱. دراڑ. شگاف. جھری (۲) چھپرے اور کھوپڑی کی ہڈیوں کا جوڑ.

دَرزن: [ف. امث] ۱. سُوئی سوزن (۲) (ار) دیکھئے "درزی" جس کی یہ تانیث ہے.

دَرزی: [ف. اند] کپڑے سینے والا. کپڑے سینے کا پیشہ کرنے والا مرد.

درزی کا کیا کوچ کیا مقام: [ار مثل] ایسے شخص کی نسبت کہتے ہیں جسے ایک مقام سے دُوسرے مقام کو جانے میں کوئی تکلیف نہ ہو.

دَرزی کے بند سُنار کی کھٹائی / چھیپکر کی بسزی: [ار مثل] سب عذر بہانے ہیں.

درزی کی سُوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں: [ار مثل] اِنسان کو ہر ایک کام کرنا چاہئیے. چاہے ادنٰی ہو چاہے اعلیٰ.

دَرش: [ہ. اند] ۱. درشن (۲) نظارہ (۳) دیدار. زیارت (افعال: دکھانا. دینا)

دَرس: [ع. اند] ۱. سبق (۲) وعظ. پند. نصیحت.

دَرس دینا: [ار. محاورہ] پڑھانا.

دَرس کہنا: [ار. محاورہ] وعظ کرنا. نصیحت کرنا (۲) لیکچر دینا. سبق پڑھانا.

دَرس لینا: [ار. محاورہ] سبق پڑھنا

دَرسی: [ع صف] درس سے متعلق. نصابی. پڑھائی جانے والی کتاب وغیرہ.

دَرسیہ: [ع. صف] دیکھئے "درسی" جس کی یہ تانیث ہے.

دُرُست: [ف. صف] ٹھیک. صحیح (۲) طنز سے بھی کہتے ہیں (۳) موزوں. چُست (۴) سالم (۵) تندرست (۶) سچ ہے (۷) مہذب (۸) (حرف ندا) صحیح. درُست. بہت خوب.

دُرُست آنا: [ار. محاورہ] ٹھیک ہونا. صحیح ہونا. موزوں ہونا. مناسب ہونا. عاید ہونا.

دُرُست بنانا: [ار. محاورہ] گوشمال کرنا. ٹھیک بنانا.

دُرُست فرمانا: [ار. محاورہ] تعظیماً صحیح کہنا. ٹھیک بات کہنا.

دُرُست کرنا: [ار. محاورہ] ۱. ٹھیک کرنا. سیدھا کرنا. سنوارنا (۲) گوشمالی کرنا. (۳) ادب دینا (۴) اِنتظام کرنا (۵) مرمت کرنا (۶) تندرست کرنا.

دُرُست ہو رہنا: [ار. محاورہ] آراستہ ہو رہنا. لیس ہو رہنا. بناؤ سنگار کر لینا.

دُرُست ہونا: [ار. محاورہ] ٹھیک ہونا.

دُرُست ہے: [ف. امث] بجا ہے. ٹھیک ہے.

دُرُستی: [ف. امث] اِصلاح (۲) سچائی. راستبازی (۳) تندرستی (۴) موزونیت. معقولیت (۵) ٹھیک ہونا. صحت ہونا (۶) اِنتظام (۷) ٹھیک کرنا. غلطی نکالنا. (۸) مرمت (افعال: کرنا. ہونا)

دَرسی: [ع۔صف] درس سے منسوب۔ نصابی۔
دَرسیات: [ع۔امث] درسی کی جمع۔ درسی باتیں۔ کتابیں۔ نصاب
دُرُشت: [ف۔صف] سخت۔ کھُردرا۔ کُند۔ تیز (۲) ق مث) تُند
دُرُشت مزاج: [ف۔صف] تُند مزاج
دُرُشت مزاجی: [ف۔امث] دیکھئے "دُرُشت مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دُرُشتی: [ف۔امث] سختی۔ تیزی۔ بدخلقی (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَرشن: [ہ۔امذ] ا۔ نظارہ۔ زیارت۔ دیدار
دَرشن دینا: [ار۔محاورہ] ا۔ صُورت دکھانا۔ دیدار دکھانا۔ ملاقات کرنا۔ ملنا۔
دَرشن کرنا: [ار۔محاورہ] زیارت کرنا۔
دَرشنا: [ار۔مص۔ق] نظر۔ درشن
دَرشنی: [ہ۔صف] قابل دید (۲) خوبصورت۔ حسین۔ جوان (۳) فوراً قابل ادائیگی (۴) مث تحفہ ملاقات کا (۵) بھینٹ۔ نذر (۶) نمائشی۔ دکھاوے کا۔
دَرشنی جوان: [ہ۔امذ] خوب صورت جوان آدمی
دَرشنی ہُنڈی: [ہ۔امث] ہُنڈی جس کا روپیہ دیکھتے ہی مل جائے۔
دِرع: [ع۔امذ] زِرہ۔ لڑائی کے وقت پہنے جانے والا آہنی لباس۔
دِرع پوش: [ف۔صف] وُہ سپاہی جس نے زِرہ پہنی ہوئی ہو۔
دِرعہ: [ف۔امذ] کپڑا یا زمین ناپنے کا گز۔
دُرَفش: [ف۔امذ] ا۔ جھنڈا۔ علم (۲) ایک رُومال جو سر یا خود پر لڑائی کے وقت باندھ لیتے ہیں (۳) روشنی۔ چمک دمک (۴) بجلی (۵) کوئی چمکنے والی چیز (۶) موچی کی آر۔
دُرَفش کاواں / کاویاں / کاویانی: [ف۔امذ] فریدون کا جھنڈا۔ دراصل یہ کاوا نامی لوہار کا جھنڈا تھا جس نے اپنے بیٹے کے قتل کا بدلہ لینے کی غرض سے ضحاک بادشاہ کے خلاف لوگوں کو اکٹھا کیا اور اپنی دھونکنی کا جھنڈا بنایا جس کے نیچے باغی جمع ہوتے رہے۔ جب ضحاک کو شکست ہو گئی تو کاوا نے جو باغیوں کا سرگروہ اور سردار تھا اپنی طرف سے فریدون کو بادشاہ بنا دیا۔ فریدون نے اس جھنڈے پر ریشم مڑھ کر شاہی جھنڈا بنا لیا۔ کہتے ہیں کہ جس لڑائی میں یہ جھنڈا جاتا تھا اس لڑائی میں ایرانیوں کی فتح ہو جاتی تھی۔
دَرَک: [ع۔امذ] ا۔ عقل۔ سمجھ (۲) واقفیت۔ تمیز (۳) دخل (۴) تہ۔ طبقہ۔
دَرَک دینا: [ار۔محاورہ] ا۔ دخل دینا۔ بیچ میں بولنا (۲) مزاحمت کرنا۔ دست اندازی کرنا
دَرَک ہونا: [ار۔محاورہ] مہارت ہونا۔
دَرَکات: [ع۔امث] دیکھئے "درکہ" جس کی یہ جمع ہے۔
دَرکانا: [ہ۔مص] اُبال اُٹھانا
دَرکنا: [ہ۔مص] تڑکنا۔ پھٹنا۔ شگاف پڑنا۔
دَرکہ: [ع۔امذ] ا۔ تلیٹی (۲) دوزخ کا طبقہ
دُرکی / دُرکرکی: [ار۔امث۔ق] دیکھئے "دُبکی" جس کی یہ قدیم صُورت ہے۔
دَرگاہ: [ف۔امث] چوکھٹ۔ آستانہ (۲) دربار۔ دربار شاہی۔ خُدا کا دربار۔
دِرَم / دِرہَم: [ف۔امذ] ایک چاندی کے سکّے کا نام جو دو آنے کے برابر ہوتا ہے (۲) ایک وزن ۵ ماشے ½ رتی کے برابر۔ نقدی۔ روپیہ
دَرمان: [ف۔امذ] ا۔ علاج۔ دوا دارو (۲) چارہ
دَرماندگی: [ف۔امث] ا۔ مجبوری۔ عاجزی (۲) تکلیف۔ مصیبت۔
دَرماندہ: [ف۔صف] ا۔ مصیبت زدہ (۲) بیچارہ (۳) لاعلاج
دُرمُٹ / دُرمس: [ہ۔امذ] کنکر روڑی وغیرہ کوٹنے کا آلہ
دَرمَن: [ف۔امذ] دیکھئے "درمان" جس کا یہ مخفف ہے۔
دَرِندگی: [ف۔امث] ا۔ درندہ پن۔ وحشت۔ بربریت۔ ظلم
دَرِندہ: [ف۔صف] ا۔ پھاڑنے والا (۲) خوں خوار (۳) ظالم۔ سفاک۔ شکاری جانور۔ پھاڑ کھانے والا جانور
دَرَنگ: [ف۔امث] دیر۔ وقفہ (افعال: کرنا۔ ہونا)
دِرَو: [ف۔امذ] فصل کاٹنا (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَروازہ: [ف۔امذ] در۔ پٹ۔ پھاٹک۔ کواڑ
دَروازہ بند کرنا: [ار۔محاورہ] دروازے کے پٹ بھیڑ دینا۔ دروازے کو کنڈی لگا دینا (۲) سلسلہ ختم کرنا۔
دروازہ بند ہو جانا: [ار۔محاورہ] ا۔ دیکھئے "دروازہ بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) ختم ہو جانا (۳) ملاقات کا وقت ختم ہونا۔ گھر بند نہ ہونا۔
دَروازہ بھِڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دروازہ بھیڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَروازہ بھیڑنا: [ار۔محاورہ] دروازے کے دونوں پٹ بھیڑ دینا مگر کنڈی نہ لگانا۔
دَروازہ توڑ دینا: [ار۔مص۔مرکب] ا۔ دروازے پر کوئی چیز مار کر شکستہ کرنا۔
دَروازہ توڑنا: [ار۔محاورہ] ا۔ دروازے پر کوئی چیز مار کر شکستہ کرنا (۲) دیوار میں شگاف کر کے دروازہ لگانا
دَروازہ تیغا کرنا: [ار۔محاورہ] دروازہ چُننا
دروازہ تیغا ہونا: [ار۔محاورہ] دروازہ چُنا جانا
دروازہ ٹوٹنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دروازہ توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دروازہ ٹھونکنا: [ار۔محاورہ] دروازے پر ہاتھ مارنا تاکہ وُہ کھُل جائے۔ دروازہ کھٹکھٹانا۔
دروازہ چُننا: [ار۔محاورہ] دروازے میں اینٹیں لگا کر دروازہ بند کرنا۔
دروازہ زنجیر کرنا: [ار۔محاورہ] دروازے کی زنجیر لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔
دروازہ معمُور کرنا: [ار۔محاورہ] دروازہ بند کرنا۔
دروازہ معمُور ہونا: [ار۔محاورہ] دروازہ بند ہونا۔
دروازے پر آئی برات سمدھن کو لگی ہگاس: [ار۔مثل] وقت پر گھبرا جانے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
دروازے پر کھڑا رہنا / ہونا / منتظر رہنا: [ار۔محاورہ] منتظر رہنا مہربانی کا اُمیدوار رہنا۔
دروازے پر ہاتھی جھُولنا / جھُومنا: [ار۔محاورہ] اس قدر امیر ہو جانا کہ ہاتھی رکھ سکے۔
دروازے کی مٹی لے ڈالنا: [ار۔محاورہ] بار بار آنا۔ پھیرے کرنا۔ تقاضا کرنا۔
دُرُود: [ف۔امذ] ا۔ صلوٰت۔ رحمت (۲) تحسین۔ شاباش (۳) استغفار۔ (۴) حمد۔ سلام۔ دُعا۔ تعریف (۵) تسبیح (۶) وُہ تحفہ حمد و سلام جو پیغمبر پر بھیجا جائے۔ (۷) وُہ دُعا جو رسُول مقبول کا نام آتے ہی طلب رحمت کے بدلے پڑھی جاتی ہے۔
دُرُود بھیجنا: [ار۔محاورہ] تعریف کرنا۔ تحسین کرنا۔ صلوٰۃ پڑھنا
دُرُود پڑھنا: [ار۔محاورہ] صلوٰۃ پڑھنا۔ تعریف کرنا۔

دُرُود کے قابل: [ا۔ صف] نہایت نفیس۔ قابلِ تعریف
دُرود کار / دُرود گر: [ف۔ امذ] بڑھئی۔ نجّار
درود کاری / گری: [ف۔ امث] بڑھئی کا پیشہ۔ بڑھئی کا کام
درودگری کار لوزنہ بیست: [ف مثل] جس کا کام اسی کو سکتا ہے۔
دروغ: [ف۔ امذ] جھوٹ
دروغ بر گردن راوی: [ف۔ مثل] جھوٹ کا گناہ اصل بیان کنندہ کے سر پر ہوتا ہے۔
دروغ بیانی: [ف۔ امث] جھوٹ۔ بولنا۔ بہتان لگانا
دروغ حلفی: [ف۔ امث] جھوٹی قسم
دروغ کو فروغ نہیں: [ا۔ مثل] جھوٹ میں کامیابی نہیں ہوتی۔ جھوٹ پھلتا پھولتا نہیں۔
دروغ گو / باف: [ف۔ صف] جھوٹا
دروغ گو را حافظہ نہ باشد: [ف مقولہ] جھوٹے کو بات یاد نہیں رہتی۔
دروغ گویم بر روئے تو: [ف۔ مقولہ] جب کوئی صریحاً جھوٹ بولے تو کہتے ہیں۔
دروغ گوئی / بافی: [ف۔ امث] دیکھئے "دروغ گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دروغ مصلحت آمیز، بہ از راستی فتنہ انگیز: [ف۔ مقولہ] جس سچ سے فساد بڑھے اس سے وہ جھوٹ جس سے فساد مٹے بہتر ہے
دروغہ: [ف۔ امذ] داروغہ کا مخفف اور مخرب ہے۔
دروغی: [ف۔ صف] جھوٹا۔ کاذب۔
درون: [ف۔ امذ] ۱۔ دل۔ باطن (۲) متعلق فعل) اندر۔ درمیان
درون بیں: [ف۔ صف] باطنی حالت یا دل کی کیفیت دیکھنے والا۔
درون بینی: [ف۔ امث] دیکھئے "درون بیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
درونی: [ف۔ صف] ۱۔ باطنی (۲) اندرونی
درویش: [ف۔ امذ] فقیر۔ بھکاری۔ منگتا (۲) فقیر صاحبِ معرفت۔ مذہبی فقیر (۳) (صف) خدا رسیدہ۔ غریب۔ مفلس۔ مسکین
درویشانہ: [ف۔ متعلق فعل] فقیرانہ
درویش صفت باش کلاہِ تتری دار: [ف۔ مثل] اچھی صفتیں ہونی چاہئیں لباس کیسا ہی ہو۔
درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست: [ف۔ مثل] فقیر جہاں بھی پڑا رہے وہی اس کا گھر ہے۔
دُرّہ: [ع۔ امذ] چمڑے کا چابک۔ چمڑے کا وہ تسمہ جس سے پیٹا جا سکے (افعال: پڑنا۔ لگانا۔ کھانا)
دَرّہ: [ف۔ امذ] ۱۔ دو پہاڑیوں کے درمیان کا راستہ (۲) دو پہاڑیوں کے درمیان کی وادی جس میں ایک ندی بہتی ہو (۳) گھاٹی۔ دراڑ۔ درز۔ شگاف
درہم: [ف۔ صف] گڑبڑ۔ تہ و بالا۔ الٹ پلٹ۔ تتر بتر۔ گڈمڈ۔ ملے جلے۔
درہم برہم: [ف۔ صف] دیکھئے "درہم" (افعال: کرنا۔ ہونا)
درہمی: [ف۔ امث] بے ترتیبی۔ گڑبڑ۔

دَری: [ھ۔ امث] ایک قسم کا موٹا کپڑا جو فرش اور بستر پر باندھتے ہیں۔ یا بچھانے کے کام آتا ہے (۲) دَرہ سے منسوب (۳)۔ قدیم فارسی زبان۔
دُری: [ھ۔ امث] تاش میں دو کا پتّا۔ دو پانسا
دریا: [ف۔ امذ] پانی کی بڑی دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر ندی نالوں کو ساتھ لیتی ہوئی کسی بڑی جھیل یا سمندر میں گر پڑے یا ریگستان میں غائب ہو جائے (۲) سمندر۔ بحر۔ صوفیوں کی اصطلاح میں خالص غیر مخلوق خدائی طاقت (۳) صف۔ وسیع۔ بہت۔
دریا بار: [ف۔ صف] بہت برسنے والا۔ سخی۔ فیاض
دریا باندھ دینا / باندھنا: [ا۔ محاورہ] مشکل کام کا ارادہ کرنا۔
دریا برار / برآمد: [ف۔ امث] وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئے
دریا برد کر دینا / کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دریا برد ہو جانا / ہونا" جس کا یہ متعدی
دریا برد ہو جانا / ہونا: [ا۔ محاورہ] نیست و نابود ہو جانا۔ غرق ہونا۔ ڈوبنا۔ مٹ جانا
دریا بردی: [ف۔ امث] دریا کا بہا لے جانا۔
دریا بہانا: [ا۔ محاورہ] بہت پانی بہانا (۲) بہت زیادہ رونا
دریا بہنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دریا بہانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دریا پر جانا اور پیاسے آ جانا: [ا۔ محاورہ] بدنصیب اور بدقسمت کے لیے کہتے ہیں
دریا دل: [ف۔ صف] فیاض۔ سخی
دریا دلی: [ف۔ امث] فیاضی۔ سخاوت
دریا دلی دکھانا: [ا۔ محاورہ] بہت خرچ کرنا۔ بہت فیاضی کرنا
دریا رونا: [ا۔ محاورہ] بہت رونا
دریا کا پھیر ... پایا: [ا۔ مثل] عقلمند آدمی کی بات کسی کی سمجھ میں نہیں آتی
دریا کوزے میں بند کرنا: [ا۔ محاورہ] بڑے مضمون کا تھوڑے الفاظ میں بیان کرنا۔
دریا کوزے میں بند ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دریا کوزے میں بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دریا کو ہاتھ سے روک لینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دریا باندھ دینا"
دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر: [ا۔ مثل] جہاں رہنا وہاں کے زبردست آدمیوں سے مخالفت رکھنا۔
دریا میں عریضہ دینا: [ا۔ محاورہ] خواجہ خضر، حضرت فاطمہ۔ یا پیروں کے نام کی عرضی لکھ کر اس میں کوئی مراد مانگ کر دریا میں ڈالنا۔
دریا نوش: [ف صف] بےحد شراب پینے والا شرابی۔
دریاؤ: [ا۔ امث] دیکھئے "دریا" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
دریائی: [ف۔ صف] دریا کا۔ دریا سے منسوب (حیوان۔ پرندہ۔ آدمی۔ پری۔ گھوڑا وغیرہ)
دریائے آہن میں ڈوبا ہوا ہونا / غوطہ مارنا: [ا۔ محاورہ] مسلح ہونا۔
دریائے رحمتِ الٰہی جوش میں آنا: [ا۔ محاورہ] خدا کی مہربانی ہونا
دریبا: [ھ۔ امذ] پانوں کا بازار۔ پنواڑیوں کا بازار
دریتی: [ھ۔ امث] چھوٹی چکی۔ جس میں باریک پستا ہے۔

دَرِیچَہ: [ف۔ اِمذ] چھوٹا دروازہ۔ کھڑکی۔ موکھا

دَرِیدگی: [ف۔ اِمث] دیکھئے "دریدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَرِیدَہ: [ف صف] پھٹا ہُوا

دَرِیدَہ دَہن: [ف۔ صف] مُنہ پھٹ بدزبان۔ زُبان دراز

دَرِیدَہ دَہنی: [ف۔ اِمث] دیکھئے "دَرِیدہ دہن" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

دریز / دریس / دریش: [ف۔ اِمث] باریک جھنجھٹ جو ململ ہوتی ہے اور اس کے دوپٹے پہنتے ہیں۔

دریس: [انگ صف] (ڈریس کا مخرب) ۱۔ تیار۔ آراستہ۔ چوکس (۲) درست کیے ہوئے (۳) پوشاک پہنے ہوئے (۴) سیدھی قطار میں کھڑے کیے ہوئے (۵) کوئی سیدھی لکیر (۶) سڑک کنارہ

دریس / دریسی کرنا: [ار محاورہ] ہموار کرنا۔ درُست کرنا۔ زخموں کو صاف کرنا اور پٹی وغیرہ باندھنا۔ پوشاک پہننا۔ سیدھا کرنا۔

دریسی: [ار۔ اِمث] زمین کی ہمواری۔ برابری (۲) پولیس یا فوج کی قطار کو سیدھا کرنا۔ پولیس یا فوج کا ملاحظہ کے لیے وردی پہننا (۴) زخموں کو صاف کرنیوالا

دَرِیغ: [ف۔ اِمذ] انکار۔ تامل (۲) نفرت (۳) افسوس۔ رنج۔ غم (۴) آہ۔ ہائے۔ کلمۂ افسوس۔

دریغ آنا: [ار۔ محاورہ] افسوس کرنا

دریغ رکھنا / کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ افسوس کرنا (۲) تامل کرنا۔ توقف کرنا۔ بُخل کرنا۔ عذر کرنا۔

دریغ ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دریغ کرنا" جس کا یہ لازم ہے

دریغا: [ف کلمۂ تاسف] ہائے افسوس۔ وائے

دَریُوزگی: [ف۔ اِمث] بھیک۔ بھکاری پن

دَریُوزہ: [ف۔ اِمذ] بھیک (۲) گداگری۔ گدائی

دریوزہ گر: [ف صف] فقیر۔ گدا۔ بھک منگا

دَریُوزہ گری: [ف۔ اِمث] دیکھئے "دریوزہ گر" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

د ـــ ڑ

دَڑاڑ: [ہ۔ اِمث] دیکھئے دراڑ

دَڑبا: [ار۔ اِمذ] مرغیوں یا کبوتروں کا گھر۔ کابک (۲) طنزاً چھوٹا گھر جھونپڑا۔

دَڑبا کھول دینا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کی آزادی دینا۔ کوئی کام بے روک ٹوک کرنا۔

دَڑبڑانا: [ار۔ محاورہ] جھوٹا بنانا۔ جھوٹا ٹھہرانا (۲) جھڑکنا۔ دبکانا۔ دھمکانا۔

دڑبے دڑبے کرنا: [ار۔ محاورہ] مُرغیوں کو آواز دیکر ڈربے میں بند کرنا۔

دَڑچپنا: [ار۔ معق۔ ف] دبا دبا کر بھرنا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔

دَڑدَڑ: [ہ۔ اِمذ] سخت بے وقوف (۲) سیلاب یا طوفان۔ نالے یا دریا کا پانی سا آبشار

دَڑکنا: [ہ۔ مص] تڑکنا۔ پھوٹنا۔ ٹوٹنا (۲) منہ بہت کھولنا (۳) لالچ سے کھانا بہت کھانا۔

دڑنگا: [ہ۔ اِمذ] ۱۔ لمبا قدم (۲) لمبے لمبے ٹانکے

دڑنگے لگانا: [ار۔ محاورہ] لمبے لمبے ٹانکے بھرنا (۲) آوارہ پھرنا۔ اچھلتے کودتے پھرنا

دَڑکنا: [ہ۔ مص] شیر کا دھاڑنا۔ سانڈ کا بولنا۔ ڈکارنا

دَڑھ: [ہ۔ اِمذ] ڈاڑھی کا مخفف

دڑھ مُنڈا: [ہ۔ اِمث] ڈاڑھی منڈانے والا

دُڑھیل / دڑھیالا: [ہ۔ اِمذ] بڑی ڈاڑھی والا۔

دڑی: [ہ۔ اِمث۔ ق] خاموشی

دڑی مارنا: [ار محاورہ ہی] خاموش رہنا۔ چپ سادھ لینا۔ چُھپ کر بیٹھ رہنا۔

دڑیڑا: [ہ۔ اِمذ] ۱۔ زور کا مینہ (۲) بہاؤ کا زور (۳) سخت حملہ

دُڑھیلا: [ار۔ مذ۔ ق] آبشار۔ جھرنا۔

د ـــ ز

دُزد: [ف۔ اِمذ] چور۔ سارق

دُزدِحنا: [ف۔ اِمذ] مہندی کا چور۔ وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ / رہ جاتی ہے۔

دُزدی: [ف۔ اِمث] چوری

دُزدِیدہ: [ف۔ صف] چرایا ہُوا

دُزدِیدہ نظر / نگاہ: [ف۔ اِمث] ۱۔ کن انکھیوں سے دیکھنا (۲) صف کنکھیوں سے دیکھنے والا۔ نظر چرانے والا

دُزدیدہ نگاہی / نظری: [ف۔ اِمث] کنکھیوں سے دیکھنا۔ نظر چرانے کا عمل۔

د ـــ ژ

دِژ: [ف۔ اِمذ] قلعہ۔ گڑھی۔ کوٹ۔ شہر (۲) بھونڈا۔ خراب

دِژبان: [ف صف] قلعدار۔ قلعہ کا محافظ

دِژم: [ف۔ صف] غمگین۔ غصیلا

دِژمان: [ف۔ اِمذ] حسرت۔ افسوس

د ـــ س

دَس: [ار۔ اعدد] نو اور ایک کا مجموعہ

دَس آنا دس جانا: [ار۔ محاورہ] آمدورفت کا سلسلہ جاری رہنا۔

دس باتیں سُنانا: [ار۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔

دس باتیں سننا: [ار محاورہ] دیکھئے "دس باتیں سنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دس برس گھٹا کے دیکھتے ہیں: [ار۔ مثل] اپنی چیز کو تھوڑا ہی ظاہر کرتے ہیں۔

دس بیس / پانچ: [ار۔ صف] چند

دس (جنے) کی لاٹھی ایک (جنے) کا بوجھ: [ار مثل] بہت سے آدمی ملکر ایک آدمی کی پرورش بہت اچھی طرح کر سکتے ہیں۔

دس دِن چلے اڑھائی کوس: [ار مثل] بہت سست اور کاہل کی نسبت کہتے۔

دَس دینگے دس دلائینگے دس کا دینا ہی کیا ہے: [ار۔ مثل] لینا دینا کچھ نہیں۔ زبانی جمع خرچ۔

دس طرح رطور کی باتیں: [ا ر۔ امث] مختلف قسم کی باتیں۔
دس فقیروں کو نہ دیا ایک نکیہ دار کو دیا: [ا ر۔ مثل] خوشحال کو خیرات دینا۔
دس ماتے تھے بیس کھاتے تھے برسات کے بعد گھر آتے تھے:
[ا ر۔ مثل] بہت فضول خرچی کرتے تھے۔
دس کی دو کہنا: [ا ر۔ محاورہ] زیادہ تعداد کو گھٹا کر کہنا
دس گز کی زبان: [ا ر۔ امث] (عو) بہت زبان دراز
دس گنا: [ا ر۔ صف] دہ چند
دس گھرا: [ا ر۔ اند] لڑکیوں کا ایک کھیل۔ اس کے دونوں طرف دس دس گھر ہوتے ہیں۔
دس گھر مانگنا: [ا ر۔ محاورہ] در بدر بھیک مانگنا۔
دس نکٹوں میں ایک ناک والا بھی نکو ہو جاتا ہے: [ا ر۔ مثل] بہت سے عیب داروں میں ایک بے عیب بھی عیب دار شمار ہوتا ہے۔ بے عزتوں میں عزت دار بدنام ہو جاتا ہے۔
دِس / دِسا: [ھ۔ امث] ۱۔ پہلو، سمت، طرف (۲) پاخانہ، ٹٹی (افعال: جانا، پھرنا)
دِسا کرنا: [ا ر۔ محاورہ] سفر کرنا۔ چلنا
دَسا: [ھ۔ امث] دیکھئے "دشا"
دَسا بنانا: [ا ر۔ محاورہ] حالت بنانا۔ گت بنانا
دَساتیر: [ع۔ اند] دستور کی جمع۔ نقول، نمونے، نظریں۔ مثالیں (۲) پارسیوں کی کتب مقدسہ
دَساسُول: [ھ۔ اند] دوران غیب۔ وہ ذہنی اور غائب وجود جو دنیا کے دائرہ میں حرکت کرتے ہیں۔ اور جدھر وہ واقع ہوں۔ نجوم کی رو سے اس طرف سفر کرنا سخت منحوس ہے۔
دَساوَر: [ھ۔ اند] غیر ممالک (۲) غیر ملک کی منڈی (۳) وہ جگہ جہاں ہر ایک چیز فروخت کرنے کے لیے جمع کریں۔ سوداگری کا مال جو ملک غیر سے گئے
دَساور آنا: [ا ر۔ محاورہ] باہر سے مال کا آنا۔ غیر ملکی مال آنا
دساور چڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] ممالک غیر کے کسی مال / چیز کی مانگ ہونا۔ گرانی ہونا
دساور کو بھرنا: [ا ر۔ محاورہ] مال باہر بھیجنا
دَساور کی مانگ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] غیر ممالک سے کسی چیز کی مانگ ہونا۔
دَساوری: [ھ۔ صف] ممالک غیر کا۔ بدیسی۔ باہر سے آیا ہوا (۲۔ مذ) ممالک غیر کا آدمی۔ پردیسی (۳) ایک قسم کا کبوتر (۴) ایک قسم کا پان
دَساوری مال: [ھ۔ اند] باہر جانے والا سوداگری کا مال (۲) بھرتی کا مال۔
دَسپنا: [ف۔ اند] دیکھئے "دست پناہ"
دَست: [ف۔ اند] ہاتھ، ید، پنجہ (۲) ایک ناپ (۳) غلطت (۴) زدہ۔ کوئی مکمل چیز جیسے مکان معہ دفتر۔ اصطبل وغیرہ (۵) پتلا پاخانہ۔ اسہال (۶) نوبت۔ دفعہ۔ موقعہ (۸) چوپائے کے اگلے پاؤں (۹) دستہ (۱۰) ہاتھ کی شکل کا پتا (۱۱) پنجۂ مرجان (۱۲) تعداد عدد۔ مرغان شکاری کے واسطے (۱۳) وہ جگہ جہاں سب سے عزیز مہمان کو بٹھاتے ہیں (۱۴) گدیلا جس پر وہ بیٹھے ۱۵۔ وزیر اعظم (۱۶) طاقت قوت (۱۷) خوبی۔ فضیلت، برتری (۱۸) فتح (۱۹) فائدہ۔ نفع (۲۰) طریقہ۔ طور۔ (۲۱) پہلو۔ طرف (۲۲) اختتام۔ حد (۲۳) کام، پیشہ، محنت (۲۴) برابر۔ ہم پلہ (۲۵) پاسے کا ہاتھ (۲۶) مالگذاری جو حقیقت میں اکٹھی کی جائے مقرر کی جائے۔
دَست آخر: [ف۔ اند] آخری بار۔ آخری دفعہ (۲) پاسے کا آخری ہاتھ۔

دَست آزما: [ف۔ صف] ہاتھ کو آزمانے والا۔ تجربہ کار
دَست آزمائی: [ف۔ امث] مشق۔ تجربہ
دَست آشنا: [ف۔ صف] نیچ میں پڑنے والا۔ پکڑ لیا
دَست آشنائی: [ف۔ امث] دیکھئے "دست آشنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دَست آموز: [ف۔ صف] ہاتھ پر سکھایا ہوا۔ ہلایا ہوا۔ پالتو۔ (۲) کام کا۔ آرام کا (۳) کاریگر۔ دست کار
دَست آنا: [ا ر۔ محاورہ] اسہال ہونا۔ جلاب آنا۔
دَست آور: [ف۔ صف] دست لانے والی دوا۔ مسہل
دست آبرنجن: [ف۔ اند] ہاتھوں کے کنگن
دست اَدب باندھنا: [ا ر۔ محاورہ] ادب سے ہاتھ باندھنا۔
دَستِ افسوس: [ف۔ اند] غم کا ہاتھ۔ وہ ہاتھ جو غم کی وجہ سے دوسرے پر ملا جائے۔
دَستِ افسوس ملنا: [ا ر۔ محاورہ] پچھتانا۔ افسوس کرنا۔
دَست افشار: [ف۔ صف] ۱۔ ہاتھ سے دب جانے والا۔ (۲ مذ) ایک قسم کا رم سو جو ہاتھ سے دب جائے۔ اس کی بنی ہوئی گیند۔
دَست افشاں: [ف۔ صف] ناچنے والا۔ رقاص
دَست افگن: [ف۔ اند] ۱۔ لکڑ (۲) نشانی (۳ صف) مشغول (۴) کمزور
دَست اَنداز: [ف۔ صف] کسی کام میں دخل دینے والا۔ خلل انداز۔ ۲۔ مزاحم
دَست اَندازی: [ف۔ امث] دیکھئے "دست انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَست بادپیما: [ف۔ اند] ہاتھ جو ہوا میں ہلے۔ جیسے شرابیوں کا۔
دَست باز: [ف۔ صف] ۱۔ چالاک۔ ہوشیار۔ کاریگر (۲) وہ جو سب کچھ خرچ کر دے (۳) شطرنج کا کھلاڑی
دَست بازی: [ف۔ امث] ہاتھاپائی (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَست بخیر: [کلمہ دعا] ہاتھ خیر سے لگے۔ جب کسی کو بیماری کی جگہ اپنے یا کسی دوست کے بدن پر بتاتے ہیں۔ تو کہتے ہیں۔
دَست بدست: [ف صف] ہاتھوں ہاتھ، جلد (افعال: آنا۔ پہنچنا۔ چلنا۔ دینا۔ ملنا)
دَست بدعا: [ف صف] دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے ہوئے۔
دَست بُرد: [ف۔ امث] ۱۔ غبن۔ خیانت۔ تصرف بیجا (۲) لوٹ مار لوٹ کھسوٹ (۳) فضیلت، برتری۔ فتح (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَست بردار: [ف صف] چھوڑ دینے والا۔ باز آنے والا
دَست برداری: [ف امث] ۱۔ علیحدگی، برطرفی (۲) چھوڑ دینا۔ ترک۔ تیاگ
دست برنجن: [ف۔ اند] دیکھئے "دست ابرنجن"
دَست بستہ: [ف صف] ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ منت کر کے۔ کمال اطاعت کے ساتھ
دَست بسر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] سر پر ہاتھ رکھ کر سلام کرنا
دَست بقبضہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] لڑنے کے لیے تیار ہونا۔
دَست بقچہ: [ف۔ اند] چھوٹی بقچی جو اپنے پاس رکھی جائے۔ ہر وقت ساتھ رہنے والی بقچی یا تھیلا
دَست بند: [ف۔ اند] ۱۔ موتی اور جواہرات کا لچھا جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں (۲) سونے یا چاندی کا زیور جو ہاتھ کی پشت پر پہنا جاتا ہے۔

۲۔ ایک قسم کے کڑے (۳) ایک ناچ جس میں ہاتھ ملاتے ہیں۔
دستِ بندھک: [ہ۔ امث] رہن۔ گروی
دست بوس: [ف۔ صف] ہاتھ چومنے والا
دست بوس ہونا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ چومنا۔ (۲) ملاقات کرنا
دست بوسی: [ف۔ امث] ہاتھوں کو چومنا
دستِ بیضا: [ع۔ اند] دیکھئے "یدِ بیضا" جو مشہور ہے
دست بیع ہونا: [ار۔ محاورہ] مُرید ہونا۔ چیلا ہونا۔ بیعت ہونا۔ ہاتھوں بکنا۔
دست پاچہ ہونا: [ار۔ محاورہ] سٹ پٹانا
دست پاک: [ف۔ اند] رومال۔ تولیا۔ وہ کپڑا جس سے کھانے کے بعد
ہاتھ وغیرہ پونچھتے ہیں۔
دست پانا: [ار۔ محاورہ] قابو پانا
دست پرور/پرورده: [ف۔ صف] ہاتھ کا پلا ہوا۔ ناز و نعمت کا پلا ہوا۔
دستِ پس: [ف۔ اند] کسی کام کا اختتام (۲) پاسے میں جو رقم ہاری جائے
(۳) تخت۔ نیچی نشست۔
دستِ پسین: [ف۔ اند] پاسے کا آخری ہاتھ
دست پناه: [ف۔ اند] چمٹا
دست پیرہن: [ف۔ اند] آستین
دست پیماں: [ف۔ اند] مہر معجل۔ وہ نقد۔ جلس یا زیور جو خاوند
شب عروسی میں دولھن کو دے۔
دستِ تاسّف ملنا: [ار۔ محاورہ] افسوس کرنا
دستِ تہی: [ف۔ اند] خالی ہاتھ
دست جامہ: [ف۔ اند] مکمل خلعت
دست چالاک: [ف۔ صف] چابک دست (۲) چور۔ آنکھ بچا کر چرا لینے والا۔
دست چالاکی: [ف۔ امث] ۱۔ چوری (۲) ہاتھ کی صفائی (۳) خانہ جنگی
(۴) دو شخصوں کی لڑائی۔
دست چپ سے شمار نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] زیادہ تعداد ہونا
دست چرب: [ف۔ صف] امداد۔ اعانت
دست چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] دست آنا۔ جلاب لگنا۔ اسہال آنا۔
دست چیر: [ف۔ صف] زبردست۔ غالب
دستخط: [ف۔ اند] اپنا نام اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا۔ العبد (۲) نوشتہ۔ تحریر اپنے
ہاتھ کی (۳) کسی کے نام کی نشانی یا علامت اس کے اپنے قلم سے۔
(افعال: دینا۔ کرنا۔ کرانا۔ لینا)
دستخطی: [ف۔ صف] دستخط کیے ہوئے (۲) ہاتھ کا لکھا ہوا۔
دست خود دہان خود (گرنہ خورد زیاں خود): [ف۔ مثل] اپنی
مرضی کے موافق لینے میں مطلب درست حاصل ہوتا ہے اب بھی اگر فائدہ
نہ اٹھائے۔ تو اس کا اپنا قصور ہے۔
دست خون: [ف۔ اند] شطرنج کی آخری چال (۲) ایک کھیل جس میں ہاری
ہوئی جماعت اپنے عضو داؤں پر لگا دیتی ہے۔ تخت جس پر قبضہ کرنے کے لیے بہت خون کرنے پڑیں۔
دست دراز: [ف۔ صف] بیباک۔ نڈر۔ (۲) جو ہر کسی کو مارے (۳) ظالم (۴) بے رحم۔
دست درازی: [ف۔ امث] ۱۔ دیکھئے "دست دراز" جس کا یہ اسم

کیفیت ہے (۲) عورت پر ہاتھ ڈالنا
دستِ دہی: [ف۔ امث] امداد۔ مدد۔ اقرار یا وعدے پر ہاتھ دینا۔
دستِ راست: [ف۔ اند] ۱۔ دایاں ہاتھ (۲) فوج کا دایاں بازو (۳) تحفہ عطیہ
(۴) حامی۔ مددگار۔ وزیر اعظم۔
دسترس: [ف۔ اند و مث] ۱۔ پہنچ۔ رسائی۔ قابو (۲) بساط۔ حیثیت (۳) طاقت
قدرت۔ مقدور۔ قابلیت (۴) مہلت۔ مشق چابکدستی (۵) مدد۔ امداد (۶ صف)
پہنچ میں۔ طاقت میں۔ قابو میں (۷) قابل (۸) حاصل شدہ۔ ملا ہوا۔
دسترس پہنچنا/چلنا: [ار۔ محاورہ] قابو پانا۔ چلنا
دسترس حاصل کرنا: [ار۔ مص مرکب] مہارت حاصل کرنا۔ مشق کرنا۔
دسترس حاصل ہونا: [ار۔ مص مرکب] مہارت حاصل ہونا۔ مشق ہونا۔
دسترسی: [ف۔ امث] دیکھئے "دسترس" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
دست ساز: [ف۔ صف] ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز
دستِ سبو: [ف۔ اند] دستہ جو گھڑے یا ٹھلیا کے اٹھانے کے لیے لگاتے ہیں
دستِ سلیح: [ف۔ اند] مکمل زرہ
دست شانہ: [ف۔ اند] ایک قسم کی کنگھی جس سے ریشم صاف کرتے ہیں ۲۔ کنگھی
دستِ شفا: [ف۔ اند] وہ ہاتھ جو صحت بخشے۔ حکیم کے متعلق کہتے ہیں۔
جس کے ہاتھ سے بہت مریض اچھے ہوں۔
دستِ شفا پھیرنا: [ار۔ محاورہ] اچھا کر دینا
دستِ شفقت: [ف۔ اند] ۱۔ پیار کا ہاتھ (۲) مہربانی عنایت۔ لطف ۳۔ طنزاً مار پیٹ ظلم
دستۂ شکستہ وبال گردن: [ف۔ مثل] مجبور کو سہارا دینا وبال مول لینا ہے۔
دست طلب: [ف۔ اند] مانگنا۔ حاجت۔ ضرورت
دست طلب دراز کرنا: [ار۔ محاورہ] مانگنے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔
دستِ طلب دراز ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دست طلب دراز کرنا" جس کا یہ لازم ہے
دستِ غیب: [ف۔ اند] ۱۔ وہ آمدنی جو غیب سے بغیر کسی ظاہر وسیلہ کے ہو۔
(۲) طنزاً رشوت کی کمائی۔
دست فروش: [ف۔ صف] چیزوں کو ہاتھ میں لے کر بازار میں بیچنے والا۔
خردہ فروش۔
دست فروشی: [ف۔ امث] دیکھئے "دست فروش"
جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دستِ قدرت: [ع۔ اند] طاقت۔ قدرت۔ مقدور۔ بس۔ اختیار۔ قابو۔
دستِ قلم: [ف۔ صف] ۱۔ ہاتھ کٹا ہوا (۲) مصنف۔ محرر۔ کاتب۔ لکھا پڑھا آدمی۔
دست کار: [ف۔ صف] کاریگر وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو (۲) وہ
شے جس پر کوئی ہاتھ کا کام بنا ہوا ہو۔
دست کاری: [ف۔ امث] ۱۔ دیکھئے "دست کار" جس کا یہ اسم کیفیت
ہے (۲) عمل جراحی۔ چابک دستی۔
دست کش: [ف۔ صف] کسی کام سے ہاتھ کھینچنے والا۔ علیحدہ ہو جانے والا
(۲) نابینا کا ہاتھ پکڑ کر چلانے والا۔
دست کشی: [ف۔ امث] دیکھئے "دست کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دست کوتاہ کرنا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ روک لینا۔
دست کھینچنا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ کھینچنا کنارہ کش ہونا۔

دَستکی: [ف۔ امث] جیبی کتاب۔ چھوٹی یادداشت کی کتاب
دَست گاہ / گہ: [ف۔ امث] طاقت۔ قدرت۔ مہارت۔ مشق
دَست گَرداں: [ف۔ صف] سر راہ کتی ہُوئی چیز۔ بکاؤمال (۲) ہاتھ اُدھار قرضہ بغیر ... کے۔
دَست گرفتہ: [ف۔ صف] جس کی مدد کی جائے۔
دَستگی: [ف۔ امث] ۱۔ وُہ دستانہ جو بازیاباشاہین کو ہاتھ پر بٹھانے کے لیے ہاتھ پر پہنتے ہیں (۲) وُہ تھیلا جس میں مزدوری کا غذات رکھتے ہیں (۳) وُہ دستہ دار برتن یا لوٹا جس سے طہارت کرتے ہیں (۴) وُہ تسمہ جو قبضۂ شمشیر سے لٹکتا رہتا ہے (۵) وُہ کپڑا جو منہال سے ایک بالشت تک حقّہ کی نَے پر لپیٹتے ہیں۔ تاکہ ہاتھ کو تری کا اثر نہ پہنچے (۶) وُہ چیز جو پکڑنے کے لیے کسی برتن میں یا پرلگی ہوئی ہو۔ دستہ
دست گیر: [ف صف] مددگار۔ حامی
دست گیر کرنا: [ار۔ محاورہ] گرفتار کرنا
دست گیری: [ف۔ امث] دیکھئے "دست گیر" جس کا اسم کیفیت ہے۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
دَست لاف: [ف۔ امذ] وُہ بکری جو سب سے اوّل نقد صورت میں کی جائے۔ بوہنی۔
دَست لگنا: [ار۔ محاورہ] متواتر دست آنا۔ اسہال ہونا۔
دَست مال: [ف۔ امذ] برتن صاف کرنے کا کپڑا۔ صافی
دَست مُزد: [ف۔ امذ] معاوضہ۔ نقد معاوضہ
دَست نگر: [ف صف] محتاج۔ حاجت مند
دَست نگری: [ف۔ مث] دیکھئے "دست نگر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دست وبغل ہونا: [ار۔ محاورہ] بغل گیر ہونا۔
دَست و پا بھول جانا: [ار محاورہ] ہوش حواس گم ہو جانا۔
دَست و پا شکستہ: [ف۔ صف] بے یار و مددگار۔ کمزور
دَست و پا مارنا: [ار محاورہ] جان توڑ کوشش کرنا۔
دَست و قلم: [ف۔ صف] دیکھئے "دست قلم"
دَست و گریباں ہونا: [ار۔ محاورہ] نہایت قریب ہونا۔ گتھم گتھا ہونا۔ ہاتھا پائی ہونا۔
دَست یاب: [ف۔ صف] حاصل۔ مُیسّر۔ پایا ہُوا۔ وصُول (افعال: ہونا)
دَست یابی: [ف امث] دیکھئے "دست یاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دَست یار: [ف۔ صف] مددگار (۲) ہتھیار
دَست یارا: [ار۔ امذ] سونے چاندی کا زیور
دَست یاری: [ار۔ امث] دیکھئے "دست یار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دَستا: [ار۔ امذ] پنجابی۔ حاشیہ (۲) لوہے کا گول اوزار جو کوٹنے کے کام آتا ہے۔
دَستار: [ف۔ امث] پگڑی۔ ویچرا۔ عمامہ۔ سرپیچ
دَستار باندھنا / بنانا: [ار۔ محاورہ] پگڑی سر پر خوبصورتی سے لپیٹنا (۲) جانشین بنانا۔
... ار بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دستار باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَستار بدل: [ف۔ صف] پگڑی بدل بھائی
دَستار بند: [ف۔ صف] پگڑی باندھنے والا
دَستار بندی: [ف۔ امث] جانشینی کی رسم۔ جس میں جانشین کے سر پر پگڑی باندھی جاتی ہے۔
دَستارِ فضیلت: [ف۔ امث] وہ پگڑی جو تعلیم مکمل ہونے کے بعد باندھی جاتی ہے۔
دَستار کرنا: [ار۔ محاورہ] پگڑی باندھنا۔
دَستار کے پیچ: [ار امذ] پگڑی کے چکر جو ایک دوسرے پر آتے ہیں۔
دَستار، گفتار، اپنی ہی کام آتی ہے: [ار۔ مثل] اپنی پگڑی اور اپنی گفتگو اپنے مطلب کے موافق ہوتی ہے (۲) اپنی چیز ہی اپنے کام آتی ہے
دَستار، گفتار۔ رفتار، جُدی جُدی: [ار مقولہ] دنیا میں ہر شخص دوسرے سے مختلف ہے۔
دَستارچہ: [ف۔ امث] چھوٹی پگڑی (۲) رومال (۳) کمربند۔
دَستان: [ف۔ امذ] ۱۔ نغمہ۔ آواز (۲) داستان (۳) ساز کی چابی۔ دھوکا۔
دَستانہ: [ف۔ امذ] ہاتھ میں پہننے کا بنا ہُوا یا چمڑے کا غلاف (۲) بڑی کرچ یا تلوار کا قبضہ (۳) لوہے کی زرہ جو ہاتھ میں پہنتے تھے۔
دَستانہ مارنا: [ار۔ محاورہ] چبھتی ہُوئی تلوار کو ہاتھ سے الگ کرنا
دَستاویز: [ف۔ امث] وُہ سند جس سے اپنا مطلب ثابت کریں۔ کسی چیز کا تحریری ثبوت۔ تمسک۔ قبالہ۔ نوشتہ۔
دَستر: [ار۔ امذ ق] دسترخوان
دَسترخوان: [ف۔ امذ] رُومال یا چادر جس پر کھانا چنتے ہیں۔
دَسترخوان بچھانے میں سو عیب نہ بچھانے میں ایک عیب
[ار مثل] اگر لوگوں کو کھانا کھلایا جائے تو سینکڑوں نقص نکالتے ہیں۔ اور نہ کھلایا جائے تو ایک عیب یعنی کنجُوسی کا الزام لگتا ہے۔
دَسترخوان بڑھانا: [ار۔ محاورہ] کھانے کے بعد دسترخوان اُٹھانا۔
دَسترخوان بڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دسترخوان بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَسترخوان کا توبہ توبہ کرنا: [ار۔ محاورہ] (عو) جب کھانا دسترخوان پر چُنا ہُوا ہو اور کوئی کھانے پر نہ بیٹھے تو کہتی ہیں۔
دَسترخوان کرنا: [ار۔ محاورہ] بزرگانِ دین کی نیاز کرنا۔ فاتحہ کا کھانا کھلانا۔
دَسترخوان کی بلّی: [ار۔ امث] وُہ بلّی جو کھانے کے وقت آموجود ہو (۲) کنایۃً کام چور۔ نوالہ حاضر
دَسترخوان کی مکھی: [ار۔ امث] ہر وقت کھانے پر موجود ہونے والا۔ بن بلایا مہمان۔
دَستک: [ف۔ امث] تالی۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا (۲) کسی چیز پر ہاتھ مارنا کہ آواز نکلے (۳) دروازہ کھٹکھٹانا (۴) محصُول۔ ٹیکس (۵) پروانہ راہداری (۶) مُہرشدہ کاغذ جو حاکم کے حُکم سے لکھا جائے (۷) قُرقی (۸) سمن کی تعمیل کی فیس۔
دَستک آنا: [ار۔ محاورہ] قُرقی کا حکم نامہ آنا
دَستک باندھنا: [ار۔ محاورہ] محصُول لگانا (۲) بے فائدہ خرچ بڑھا لینا۔ لگا دینا۔
دَستک پیادہ / سوار: [ار۔ امذ] وُہ چپڑاسی یا سپاہی جو مالگذاری کی

دمتُول یا ترقی کے لیے بھیجا جاتا ہے

دستک دینا: [ار. محاورہ] تالی بجانا (۲) کُنڈی کھڑکھڑانا

دستک لگانا: [ار. محاورہ] محصُول لگانا. ٹیکس لگانا

دستنبو: [ف. اند] چھوٹا پھل جو خوشبُو کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں.

مرزا غالب کی ایک کتاب.

دستوانہ: [ف. اند] ہاتھ میں پہننے کا زیور. کنگن

دستُور / دُستُور: [ف. ع. اند] قاعدہ. بُنیادی قانُون یا اصُول (۲) طرز. روش (۳) اجازت (۴) رُخصت (۵) عادت. ڈھنگ (۶) فیس کمیشن. (۷ . ف) وزیر منشی (۸) بنیادی اصُول جس کے مطابق ملکی قوانین بنائے جاتے ہیں (CONSTITUTION) کا ترجمہ.

دستُورالعمل: [ع. اند] قانون. قاعدہ (۲) ہدایت نامہ (۳) کام کا طریقہ.

دستور باندھنا: [ار. محاورہ] قاعدہ مقرر کرنا. قانون ٹھہرانا (۲) عادت بنانا. عادت ڈالنا. معمول بنانا.

دستور جاری کرنا: [ار محاورہ] قاعدہ مقرر کرنا نکالنا. رواج ڈالنا.

دستور ہونا: [ار. محاورہ] رواج ہونا.

دستُوری: [ف. امث] ا. رُخصت. اجازت (۲) دلالی. کمیشن (۳) وزارت

دستوری حکومت: [ار. امث] آئینی حکومت. ملکی آئین یا دستُور کے مُطابق ملک کا نظم و نسق.

دستوری کا ٹکا مل گیا: [ار. مثل] سزا پائی. اپنی سزا کو پہنچ گیا.

دستُوریہ: [ع. امث] مجلس دستور ساز

دستہ: [ف. اند] لکڑی یا کڑا جو کسی اوزار کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگا ہُوا ہو. کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگی ہوئی ہو. (۳) فوج کا ایک حصّہ (۴) کاغذ کے چوبیس ورقوں کا مجموعہ (۵) تیروں کا مٹھا (۶) ایک قسم کی گھُنڈی جو اکثر قبا پر لگاتے ہیں (۷) سنجاف (۸) پھُولوں کا گچھا (۹) آہنی مُوسل (۱۰) لوگوں کا گروہ (۱۱) دھاگوں کا گچھا.

دستۂ ریسماں: [ف. اند] ریل جس پر دھاگہ لپیٹتے ہیں. پیچک

دستۂ گل: [ف. اند] دیکھئے "گلدستہ" جو زیادہ مشہُور ہے

دستی: [ف. اصف. مث] ا. ہاتھ کے متعلق (۲) مث مشعل. فلیتہ (۳) کُشتی کا ایک داؤں جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے (۴) چھوٹا دستہ چھوٹا قبضہ (۵) چھوٹا سا قلمدان جو ہر وقت ہاتھ میں رہے (۶) وُہ تحفہ جو راجا دسہرہ کے دِن کسی سردار یا عہدہ دار کو دے (۷) خط یا رقعہ جو کسی کے ہاتھ بھیجا جائے (۸) رُومال، چھوٹا.

دستی بھیجنا: [ار. محاورہ] کسی کے ہاتھ کچھ بھیجنا.

دستی کرنا: [ار. محاورہ] ہاتھ سے ہاتھ ملاکر زور کرنا.

دستیاں پھُونکنا: [ار. محاورہ] مشعلیں جلانا

دُسرا: [ہ. صف] دُوسرا کا مُخفّف.

دُسرا تسرا کے: [ہ. متعلق فعل] دُوسری تیسری بار. بار بار

دُسرا کر کے: [ہ. متعلق فعل] (عو) دوبارہ (۲) پہلے کیے ہوئے کے خلاف

دُسرانا: [ہ. مص] دُہرانا. بار بار کہنا.

دُسراہٹ: [ہ. امث] رفع تنہائی. دو آدمیوں کا اکٹھا ہونا.

دسَم: [ہ. صف] دسواں. عشرہ

دسمال: [ار. مذ] دیکھئے "دست مال" جس کا یہ بگاڑ ہے.

دسمبر: [ار. اند] انگریزی لفظ (DECEMBER) کا مورد. انگریزی سال کا بارھواں مہینہ.

دسمی: [ہ. امث] قمری مہینے کی دسویں تاریخ.

دسن: [ار. اند. ق] دانت

دسنا: [ار مص. ق] دکھائی دینا. نظر آنا. ظاہر ہونا.

دسواں: [ار. صف ترتیبی] ترتیب میں نو کے بعد کا درجہ. میت کے دسویں دن کا فاتحہ.

دسواں دوار کھل جانا: [ار. محاورہ] دماغ پھٹ جانا (۲) دماغ کو خبر ہو جانا. ۳. کسی چیز کی تیزی معلُوم ہونا.

دسوانا: [ہ. اند] دسواں حصّہ جو مالگذاری کے ساتھ جمع کیا جائے.

دسوترا: [ہ. صف] دسواں، دس فیصدی

دسوٹھ / دسوٹھن: [ہ. اند] ا. زچہ کا بچہ. پیدا ہونے کے بعد دسویں دن نہانا. بچہ پیدا ہونے کی ضیافت

دسوکھا: [ہ. اند] پرندوں کا پر جھاڑنا (۲) اڑنے کا پر (افعال، جھاڑنا)

دسوں: [ار. عدد استغراقی] دس کے دس. تمام

دسوں انگلیاں: [ہ. امث] ہر فن میں کامل.

دسوں انگلیاں دسوں چراغ: [ہ. مثل] (عو) بہُت ہُنر مند.

دسوں دِشا: [ہ. امث] دس سمتیں. یا دس طرفیں. یعنی شمال. جنوب مشرق. مغرب. اُوپر. نیچے اور چاروں کونے.

دسواں دوار: [ہ. اند] جسم انسانی کے دس دروازے یعنی دونوں آنکھیں دونوں کان. دونوں نتھنے. منہ. ناک مقعد. پیشاب گاہ

دسویں: [ار عدد ترتیبی] دیکھئے "دسواں" جس کی یہ تانیث ہے.

دسہرا: [ہ. اند] دس گناہوں کو لے جانے والا. دُور کر دینے والا (۲) جیٹھ سُدی دسویں کا دن جو گنگا کے پیدا ہونے کا دن ہے. جو اس دن گنگا میں نہائے ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق اس کے دس گناہ معاف ہو جاتے ہیں (۳) اسوج سُدی کی دسویں تاریخ اس دن ہندو دُرگا جی کی پُوجا کرتے ہیں اس دن راجہ رام چندر جی نے راون پر چڑھائی کی تھی (۴) وُہ تہوار جو اس دن منایا جاتا ہے (۵) مُسلمانوں میں ایک رسم تھی جب دُولہا سسرال جاکر دس دن رہتا تھا.

دسیسہ: [ع. اند] سازش. فریب. مکاری

دسیسہ کار: [عف. صف] سازش کرنے والا. فریبی. مکار

دسیسہ کاری: [عف. امث] دیکھئے دسیسہ کار جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

د - ش

دَشا: [س. امث] حالت. کیفیت. گت (۲) زندگی کا زمانہ (۳) عُمر (۴) قسمت. نصیب (۵) کپڑے کا کنارہ حاشیہ (۶) دِل. جی

دشت: [ف. اند] جنگل. صحرا. بیابان. میدان (۲) شطرنج کا تختہ (۳) مشک نافہ

دشت پیما: [ف صف] جنگلوں میں پھرنے والا یا دیرگرد

دشت پیمائی: [ف. امث] دیکھئے "دشت پیما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

دَشت گَرد: [ف. صف] دیکھئے "دشت پیما"
دَشت گَردی: [ف. امث] دیکھئے "دشت پیمائی"
دَشت نَوَرد: [ف صف] دیکھئے "دشت پیما"
دَشت نَوَردی: [ف. امث] دیکھئے "دشت پیمائی"
دِشٹ: [ار. امث. ق] نظر
دَشتی: [ف. صف] جنگلی. صحرائی
دُشٹ / دُشٹھ: [س. صف] بُرا. خراب (۲) چنڈال. بدذات. ظالم. شریر. پاپی. گنہگار. بے رحم. سنگدل
دُشمَن: [ف. اند] بَیری. مخالف. بدخواہ. عدو. حریف. رقیب (۳) دوستی کا رشتہ جو عورتیں آپس میں بدلتی ہیں (۴) مخاطب کو کسی بُری بات کے اثر سے بچانے کے لیے کہتی ہیں.
دُشمن اگر قوی است نگہبان قوی تر است: [ف مقولہ] دشمن اگرچہ زبردست ہے، لیکن خدا جو نگہبان ہے. وُہ اس سے بھی زیادہ طاقتور ہے.
دُشمنِ ایمان: [ع صف] جو کسی کے مذہب کو زبردستی بدلوانا چاہتا ہے (۲) جو کسی سے بدذاتی کرنا چاہے (۳) معشوق
دُشمنِ جان / جانی: [ف صف] جان کا دُشمن. سخت دُشمن
دُشمن چراغ پا: [(عو) کلمہ دُعا] جو کوئی ٹھوکر کھاتا ہے تو یہ کلمہ کہتی ہیں.
دُشمن چہ کُنَد چو مہرباں باشد دوست: [ف مقولہ] اگر دوست مہربان ہو تو دشمن کی کوئی چال کامیاب نہیں ہوسکتی.
دُشمن زیرِ پا: [ت کلمہ دعا] جس وقت نئی جوتی پہنتے ہیں تو یہ کلمہ کہتے ہیں یعنی دُشمن ذلیل ہو.
دُشمن سوتے نہ سونے دے: [ار. مثل] دُشمن ہر وقت تکلیف دیتا ہے
دُشمنِ قلبی / دِلی: [ف. صف] وُہ شخص جو دِل میں دُشمنی رکھے.
دُشمن کا بغل میں دبا لینا: [ار. محاورہ] دُشمن کو پالنا. دشمن کی امداد کرنا.
دُشمن کا کہنا / چلنا ہُوا: [ار مقولہ (عو)] دُشمن کی مُراد بر آئی.
دُشمن کو بھی خُدا نصیب نہ کرے: [ار کلمہ دُعا (عو)] انتہائی مصیبت کے وقت کہتے ہیں کہ دشمن کو بھی خُدا ایسی تکلیف نہ دے.
دُشمن کو کم نہ سمجھے: [ار مقولہ] دشمن چاہے کتنا ہی حقیر کیوں نہ ہو اس کی طرف سے بے پروا نہیں ہونا چاہیئے.
دُشمن کون؟ ماں کا پیٹ: [ار مثل] بھائیوں میں اگر دُشمنی ہو جائے تو سخت ہوتی ہے.
دُشمن کہاں؟ بغل میں: [ار مثل] اپنے ہی دُشمن ہوتے ہیں.
دُشمن کی نِگاہ: [ار. امث] تیز نگاہ. غصہ کی نظر
دُشمن کی نگاہ جُوتی پر: [ار. کوسنا] دُشمن ہمیشہ ذلیل و خوار رہے.
دُشمن مُدّعی: [ار. صف] دُشمن
دُشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد: [ف. مثل] دیکھئے "دشمن کو کم نہ سمجھے"
دُشمنائی: [ار. امث] دیکھئے "دُشمنی" جو صحیح ہے.

دُشمنوں: [ار. صف] دشمن کی جمع (۲) کسی عزیز کی بیماری پر اسے دُشمنوں سے منسُوب کرتے ہیں جیسے دشمنوں کی طبیعت ناساز ہے.
دُشمنوں کے کان بہرے: [ار متعلق فعل] خدا نخواستہ
دُشمنوں میں ایسے رہے جیسے دانتوں میں زبان: [ار. مقولہ] دُشمنوں میں بڑی احتیاط سے رہنا چاہیئے.
دُشمنگی: [ار. امث. ق] دُشمنی.
دُشمنی: [ف. امث] بَیر. بدخواہی. عداوت. مخالفت [افعال: رکھنا. لینا. نکالنا. ہونا]
دُشنام: [ف. امث] گالی. گلوچ. گالی (۲) بُرا نام
دُشنام طرازی: [ف. امث] گالی گلوچ (افعال: کرنا
دِشنہ / دَشنہ: [ف. اند] خنجر. کٹار
دُشوار: [ف. صف] مشکل. دوبھر. کٹھن (افعال: کرنا. ہونا)
دُشوار پسند: [ف. صف] مشکل اور دقیق باتوں کو پسند کرنے والا.
دُشوار پسندی: [ف. امث] دیکھئے "دُشوار پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
دُشوار خُو: [ف. صف] بدخُو. بدمزاج
دُشوار خُوئی: [ف. امث] دیکھئے "دُشوار خُو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
دُشوار گزار: [ف صف] جہاں سے گزرنا مشکل ہو.
دُشوار گیر: [ف صف] جسے فتح کرنا مشکل ہو
دُشواری: [ف. امث] دِقت. مشکل. سختی
دُشواری پڑنا: [ار. محاورہ] دِقت پڑنا. مشکل پڑنا.
دِشبا: [ار. اند. ق] اچھے دِن. مبارک دِن

د ع

دُعا: [ع. امث] خُدا سے مانگنا. التجا. درخواست. اِستدعا (۲) وظیفہ. افسوں (۳) نیکی بھلائی (۴) اشیرباد (۵) بہتری کی خواہش
دُعا اُلٹنا: [ار محاورہ] دُعا کا اثر مخالف ہونا.
دُعا چلنا: [ار محاورہ] دُعا کا اثر کرنا.
دُعا دینا: [ار. محاورہ] برکت کے الفاظ کہنا. اسیس دینا. کسی کی بھلائی مانگنا
دُعا سر کھول کر مانگنا: [ار. محاورہ] پریشانی اور اضطراب میں ننگے سر ہو کر دُعا مانگنا.
دُعا سلام کہنا: [ار محاورہ] کسی کے ذریعہ سے دُعا یا سلام پہنچانا یا دینا.
دُعا قبُول ہونا: [ار. محاورہ] مراد پوری ہونا
دُعا کرنا: [ار. محاورہ] دُعا مانگنا. خُدا سے التجا کرنا (۲) کسی شخص کے مزاج پوچھنے کے جواب میں کہتے ہیں.
دُعا کہنا: [ار. محاورہ] دُعا کے کلمات کہنا.
دُعا گو: [ع ف صف] دُعا کہنے والا.
دُعا لگنا: [ار. محاورہ] دُعا کا اثر کرنا. مُراد بر آنا.
دُعا لینا: [ار. محاورہ] کسی کو خوش کر کے دُعا لینا. دُعا حاصل کرنا
دُعا مانگنا: [ار. محاورہ] خُدا سے بھلائی چاہنا. مراد مانگنا. استجابت چاہنا.

دُعا مستجاب ہونا: [ار. محاورہ] دُعا قبول ہونا

دُعاوِی: [ع. اند] دیکھئے "دعویٰ" جس کی یہ جمع ہے

دُعائے بدرِی طوس: [عف. امث] وُہ دُعا جو جُدائی یا نفاق کے لیے پڑھی جائے۔

دُعائے جَوشن: [عف. امث] ایک دُعا جو جنگ کے لیے پڑھتے ہیں۔

دُعائے خیر: [عف. امث بہ ترکیب فارسی] اچھی دُعا. نکاح. فاتحہ. ایصالِ ثواب۔

دُعائے دَولت: [عف. امث] کسی کے لیے ترقی یا اقبال مندی کی دُعا۔

دُعائے قَدَح: [عف. امث] ایک دُعا جو پڑھ کر گندم پر دم کرتے ہیں۔ اور گندم مسکینوں میں تقسیم کر دیتے ہیں (۲) بارش کی دُعا۔

دُعائے قُنُوت: [عف. امث] وُہ دُعا جو نمازِ عشاء میں وِتروں کی تیسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔

دُعائے گندم: [عف. امث] دیکھئے "دُعائے قدح"۔

دُعائیں: [ا. امث] دیکھئے "دُعا" جسکی یہ جمع ہے (افعال: دینا. کرنا. لینا)

دُعائیہ: [ع. صف] دُعا سے منسوب

دَعوات: [ع. امث] دیکھئے "دُعا" جس کی یہ جمع ہے۔

دَعوَت: [ع. امث] بلاوا. طلبی (۲) ضیافت. کھانے کا بلاوا (۳) کسی مذہب کی طرف بُلانا

دَعوتِ اِسلام: [ع. امث بہ ترکیب فارسی] اِسلام قبول کرنے کی دعوت۔ درخواست. کسی کو مُسلمان ہونے کی دعوت دینا

دَعوت پر بُلانا: [ار. محاورہ] کھانے پر بُلانا۔

دَعوتِ جَنگ: [ع. ف. امث] لڑائی کے لیے بُلانا. اعلانِ جنگ

دَعوت دینا: [ار. محاورہ] کھانے کے لیے بُلانا (۲) کسی مذہب کی طرف بُلانا

دَعوتِ سَمَرقَند: [عف. امث] پُر تکلف دعوت. شان و شوکت کی دعوت نمائشی دعوت۔

دَعوتِ شِیراز: [عف. امث] سادہ کھانا. بے تکلفی کی دعوت

دَعوت قبول کرنا: [ار. محاورہ] ضیافت کا بلاوا منظور کرنا۔

دَعوت کرنا: [ار. محاورہ] ضیافت کرنا. کھانا کھانے کے لیے بُلانا۔

دَعوت کھانا: [ار. محاورہ] ضیافت کھانا

دَعوت کے لُقمے: [ار. اند] دُوسرے کے گھر کا کھانا۔

دَعوتِ وَلیمہ: [عف. امث] وُہ ضیافت جو نکاح کے بعد مسلمانوں میں ہوتی ہے۔

دَعویٰ: [ع. اند] درخواست. خواہش. مطالبہ. مانگ. نالش. استحقاق. استغاثہ. (۲) ق دُشمن۔

دَعویٰ اُٹھنا: [ار. محاورہ] دعویٰ کا ثابت ہونا. دعویٰ کا جواب دیا جانا۔

دعویٰ باطِل: [عف. اند] جھُوٹا دعویٰ

دَعویٰ باندھنا: [ار. محاورہ] دعویٰ کرنا. شرطیہ کوئی کام کرنے کا دعویٰ کرنا۔

دَعویٰ پیش جانا: [ار. محاورہ] دعویٰ میں کامیابی ہونا۔

دَعویٰ پیش ہونا: [ار. محاورہ] حاکم کے سامنے مطالبہ کا پیش ہونا۔

دَعویٰ جتانا: [ار. محاورہ] دلیل قائم کرنا (۲) ملکیت ظاہر کرنا. قبضہ جتانا. حق ظاہر کرنا۔

دَعویٰ چلنا: [ار. محاورہ] دعویٰ کا قابلِ سماعت ہونا۔

دَعویٰ دار / دعویدار: [عف. صف] مُدعی. نالشی. فریادی. مستغیث داد خواہ. حق طلب (۲) دُشمن. رقیب. دعویٰ کرنے والا

دَعویٰ کرنا: [ار. محاورہ] مطالبہ کرنا. نالش کرنا. استغاثہ کرنا. حق چاہنا. درخواست کرنا (۲) اپنے آپ کو کسی قابلیت یا کسی شے کا مالک جتانا۔

دَعویٰ مہر: [عف. اند] عورت کی طرف سے مہر کی رقم کا مطالبہ

دَعویٰ نبوّت: [عف. اند] نبی ہونے کا دعویٰ

دَعویٰ نہ چلنا: [ار. محاورہ] دعویٰ کا کامیاب نہ ہونا۔

دَعویٰ ہونا: [ار. محاورہ] دعویٰ کرنا۔

د — غ

دَغا: [ف. امث] دھوکا. فریب (۲) مکاری. بے ایمانی

دَغاباز: [ف صف] مکار. فریبی

دَغابازی: [ف. امث] دیکھئے "دغاباز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَغاپیشگی: [ف. امث] دیکھئے "دغاپیشہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَغاپیشہ: [ف. صف] دغاباز. مکار. عیار. کنایتہً معشوق

دَغا دینا: [ار. محاورہ] دھوکا دینا. فریب دینا

دَغا کھانا: [ار. محاورہ] فریب میں آنا۔

دَغائی: [ار اسم معاوضہ] داغ لگانے کی اُجرت۔

دَغدَغا: [ار. اند] ایک قسم کی چھوٹی قندیل. کنول (۲) صف روشن. چمکیلا۔

دَغدَغانا: [ار. مص] روشن ہونا. چمکنا (۲) دہکنا. سُرخ ہونا۔

دَغدَغاہٹ: [ار. امث] چمک. دمک. سُرخی. تمتماہٹ۔

دَغدَغہ: [ع. اند] طعنہ دینا (۲) خوف. اندیشہ. ڈر. کھٹکا (۳) گدگدی۔

دَغَل: [ع. اند] مکر. چھل. فریب. عیب (۲) کھوٹا چاندی سونا۔

دَغل باز: [ف صف] فریبی. مکار

دَغل بازی: [ف. امث] دیکھئے "دغل باز" جس کی یہ اسم کیفیت ہے

دَغل فصل: [عف. اند] چالاکی. فریب

دَغنا: [ار. مص] دیکھئے "داغنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَغوانا: [ار. مص] دیکھئے "داغنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

دَغیلا: [ار. صف] داغ دار. چتی والا (۲) عیب دار. چوٹ لگا ہوا پھل۔ ۳. دھوکے باز. مکار. فریبی

د — ف

دَف: [ف. اند] ایک چوبی ڈھول جو ایک طرف کھال سے منڈھا ہوتا ہے اور اسے ہاتھ سے بجاتے ہیں. ڈفلی

دَف نواز: [ف. صف] ڈفلی بجانے والا

دَف: [ھ. اند] گرمی. حرارت. جوش. تیزی. غصّہ. چڑھاؤ. زہر

دَف مرنا: [ھ. محاورہ] جوش کم ہونا. تیزی جاتی رہنا

دَفاتر: [ع. اند] دیکھئے "دفتر" جس کی یہ جمع ہے۔

دِفاع: [ع. اند] احفاظت. بچاؤ. روک. انگریزی لفظ defence کا ترجمہ۔

دفالی: [ا ر ۔ اند] دف بجانے والا۔ ایک قوم

دفان: [ا ر ۔ اند] (دھو) دفع ۔ دور

دفان ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] دفع ہونا۔ دور ہونا

دفائن: [ع ۔ اند] دیکھئے "دفینہ" جس کی یہ جمع ہے۔

دفتر: [ع ۔ اند] کاغذ کاپی۔ رجسٹر (۲) طومار لمبا چوڑا خط (۳) مجموعہ حساب۔ مجموعہ اشعار (۴) کچہری کے کاغذوں کا مجموعہ (۵) محکمہ۔ سررشتہ (۶) وہ جگہ جہاں کسی محکمہ کے کاغذ یا کتابیں رکھی جائیں (۷) کاروبار کی جگہ۔ (۸) وہ جگہ جہاں لکھنے پڑھنے کا کام ہو (۹) طویل کہانی۔

دفتر اعمال: [ع ۔ اند ترکیب فارسی] اعمال نامہ۔ وہ کتاب جس میں اعمال کی تفصیل ہو۔

دفتر الٹ جانا: [ا ر ۔ محاورہ] سارا مال برباد ہونا بہت نقصان ہونا۔ تباہ ہونا

دفتر الٹ دینا: [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دفتر الٹ جانا" جسکا یہ متعدی ہے۔

دفتر برہم ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] دفتر کے کاغذوں کا بے ترتیب ہو جانا۔

دفتر بے معنی: [ع ۔ اند] فضول کاغذات۔

دفتر تہ کرنا: [ا ر ۔ محاورہ] دفتر ختم کرنا۔ مختصر کرنا

دفتر چڑھانا: [ا ر ۔ محاورہ] مشہور کرنا۔ شہرت دینا

دفتر خانہ: [ع ف ۔ اند] محافظ خانہ۔ وہ محکمہ جہاں سرکاری کاغذات محفوظ ہوں۔

دفتر دار: [ع ف ۔ صف] ناظر مالیہ۔ محاسب

دفتر روزگار: [ع ف ۔ اند] روزگار دلانے والا دفتر یا محکمہ۔ انگریزی لفظ employment exchange کا ترجمہ۔

دفتر کاٹ کر رکھ دینا: [ا ر ۔ محاورہ] سب کا سب منسوخ کر دینا۔

دفتر کھلنا: [ا ر ۔ محاورہ] ضرورت سے زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان ہونا

دفتر کھولنا: [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دفتر کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے

دفتر گاؤ خورد ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] دفتر کا نیست و نابود ہونا۔ کارخانہ درہم برہم ہونا۔

دفتر موقوفات: [ع ف ۔ اند] حساب کا کمرا۔ مالگذاری کا دفتر

دفتر نگار / نویس: [ع ف ۔ صف] منشی۔ محرر

دفتر ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] عہدہ سپرد ہونا۔

دفتری: [ع ف ۔ صف] دفتر درست کرنے والا۔ جلد بنانے والا (۲) کاغذ کا بلندا (۳) چاندی یا سونے کے ورقوں کا گٹھا۔

دفتر یومی: [ع ف ۔ اند] روزنامچہ

دفتی: [ع ۔ امث] جلد کا پٹھا۔ کاغذ رکھنے کا پٹھا (۲) جولاہے کی کنگھی

دفتین: [ع ۔ امث] دفتی کا تثنیہ

دفر قلیہ: [ا ر ۔ اند] خراب پکا ہوا قلیہ۔ وہ قلیہ جس میں بہت سی چیزیں ملا پکائی جاتی ہیں۔

دفع: [ع ۔ اند] دور کرنا۔ ہٹانا۔ پرے کرنا۔ دھکیلنا۔ رد کرنا

دفع الوقتی: [ع ف ۔ امث] وقت ٹالنا۔ حیلے حوالے کرنا (اصولاً ترکیب غلط ہے)

دفعدار: [ع ف ۔ اند] دیکھئے "دفعہ دار"

دفع دخل کرنا: [ا ر ۔ محاورہ] اعتراض کا جواب دینا۔

دفع دخل مقدر: [ع ف ۔ اند] ایسا جواب یا ایسی بات جس سے سوال کا دروازہ بند ہو جائے یا پیدا ہونے والے شبہ کا دروازہ بند ہو جاتے۔

دفع کرنا: [ا ر ۔ محاورہ] دور کرنا۔ پرے دھکیلنا۔

دفع ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دفع کرنا" جسکا یہ لازم ہے۔

دفعات: [ع ۔ امث] دیکھئے "دفعہ" جس کی یہ جمع ہے۔

دفعتہً: [ع ۔ متعلق فعل] یکایک۔ یکبارگی۔ فوراً۔ اچانک۔ ناگہاں

دفعہ: [ع ۔ امث] باری۔ نوبت (۲) قانون کا فقرہ (۳) قانون (۴) مجموعہ۔ جماعت۔ زمرہ

دفعدار: [ع ف ۔ صف] سپاہیوں کے چھوٹے سے گروہ کا سردار۔

دفعہ عائد کرنا / لگانا: [ا ر ۔ محاورہ] الزام لگانا۔ الزام عاید کرنا۔

دفعہ لگنا / عائد ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دفعہ عائد کرنا / لگانا" جسکا یہ لازم ہے۔

دفعیہ: [ع ۔ اند] توڑ۔ روک۔ تدبیر۔ علاج (افعال (کرنا۔ ہونا۔ سوچنا)

دفلہ: [ف ۔ اند] چھوٹا دف

دفن: [ع ۔ اند] زمین میں چھپانا۔ گاڑنا (۲) گڑا ہوا (۲) زمین میں چھپا ہوا۔

دفن کرنا: [ا ر ۔ مصدر مرکب] زمین میں گاڑنا۔ زمین میں چھپا دینا۔

دفن ہونا: [ا ر ۔ مصدر مرکب] دیکھئے "دفن کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دفنانا: [ا ر ۔ مصدر جعلی] دیکھئے "دفن کرنا"

دفینہ: [ع ۔ اند] گڑا ہوا خزانہ۔ دفن کیا ہوا مال۔ دفن کی ہوئی شے۔

د ـــ ق

دق: [ع ۔ امث] ایک بیماری جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے لگ جاتی ہے (۲) باریک۔ پتلا۔ چھوٹا (۳) تنگ۔ ناراض۔ آزردہ۔

دق کرنا: [ا ر ۔ محاورہ] چھیڑنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔ حیران کرنا۔

دق ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] تنگ ہونا (۲) دق کے مرض میں مبتلا ہونا۔

دق داری: [ع ف ۔ امث] تکلیف۔ پریشانی۔ مصیبت

دقائق: [ع ۔ اند] دیکھئے "دقیقہ" جس کی یہ جمع ہے۔

دقت: [ع ۔ امث] دشواری۔ مشکل۔ تنگی (۲) باریکی۔ نازک معاملہ۔ پیچیدہ معاملہ

دقت پڑنا: [ا ر ۔ محاورہ] مشکل پیش آنا۔ دشوار ہونا۔

دقت پسند: [ع ف ۔ صف] مشکل بات کو پسند کرنے والا۔

دقت پسندی: [ع ف ۔ امث] دیکھئے "دقت پسند" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

دقت دینا: [ا ر ۔ محاورہ] تکلیف دینا۔

دقت طلب: [ع ف ۔ صف] دشوار۔ مشکل (۲) قابل غور۔ توجہ طلب۔

دقت میں پڑنا: [ا ر ۔ محاورہ] تکلیف میں ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

دقت ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] مشکل ہونا۔

دقیانوس: [ع ۔ اند] فارس اور عرب کے ایک نہایت ظالم اور کافر بادشاہ کا نام۔ جس کے عہد میں اصحاب کہف ہوئے۔

دقیانوسی: [ع ۔ صف] (۱) پرانا۔ قدیم۔ قدیمی (۲) از کار رفتہ۔ فضول (۳) موجودہ زمانے کے رسم و رواج اور تجربات کے خلاف پرانی باتیں۔

دقیق: [ع ۔ صف] باریک۔ نازک۔ کٹھن

دقیقہ: [ع ۔ اند] (۱) باریکی۔ نکتہ (۲) منٹ۔ گھنٹے کا ساٹھواں حصہ (۳) معمولی بات۔ خفیف معاملہ (۴) لطیف سوال (۵) ذرہ۔ چھوٹی چیز

دَقیقہ اُٹھا نہ رکھنا / باقی نہ چھوڑنا / فروگزاشت نہ کرنا: [ار۔محاورہ] کسر نہ چھوڑنا۔ پوری کوشش کر دینا۔
دَقیقہ رَس / شناس / سنج: [عف۔صف] زود فہم۔ نکتہ سنج۔ باریک بیں۔ تیز طبع۔ ہوشیار
دَقیقہ رَسی / شناسی / سنجی: [عف۔امث] دیکھئے "دقیقہ رس شناس" جس کا اسم کیفیت ہے۔

د ــــ ک

دَک: [ار۔صف۔ق] بہت
دِک: [ار۔امث۔ق] حد۔ سمت (۲) وسعت۔ کُشادگی
دُکّا: [ھ۔اند صف] تاش میں دو کا پتّا (۲) دُوسرا اُردو میں اِکا کے تابع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔
دَکاکین: [ع۔امث] دیکھئے "دکان" جس کی یہ جمع ہے۔
دُکال: [ار۔اند۔ق] قحط
دُکّان / دُکان: [ع۔امث] سودا بیچنے کی جگہ۔ بکری کی جگہ مکان۔ ہاٹ
دکان اُٹھانا: [ار۔محاورہ] دکان بند کرنا۔ دُکان کا کام چھوڑنا۔
دُکان اُٹھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دُکان اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے
دُکان بڑھانا: [ار۔محاورہ] دُکان بند کرنا۔ دکان کا کام ختم کرنا۔ بکری موقوف کرنا
دکان بڑھنا / بڑھ جانا / بند ہو جانا: [ار محاورہ] دیکھئے "دکان بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دُکان بند کرنا: [ار مص مرکب] دیکھئے "دکان بڑھانا"
دُکان جمانا: [ار محاورہ] دکان قائم کرنا (۲) کنایۃً خود نمائی کرنا
دُکان جمنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دکان جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دُکان چلانا: [ار۔محاورہ] خوب بکری کرنا۔ خریداری کرنا۔ گرم بازاری کرنا۔
دُکان چلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دکان چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دُکان دار: [عف۔صف] دُکان کا مالک۔ تاجر
دُکان داری: [عف۔امث] دُکان رکھنے کا پیشہ (۲) چرب زبانی (۳) روپیہ بٹورنے کا کاروبار۔
دُکان داری کی باتیں کرنا: [ار محاورہ] چرب زبانی کرنا۔
دُکان کرنا: [ار۔محاورہ] اشیاء بیچنا۔ بیچنے کا کام یا پیشہ کرنا۔
دُکان کھولنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ دُکان کرنا۔ بند دُکان کو کھولنا۔
دُکان کھلنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دکان کھولنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دُکان گرم ہونا: [ار۔محاورہ] خُوب بکری ہونا۔
دُکان لگانا: [ار۔محاورہ] دکان کھولنا۔ بکری کے لیے چیزیں رکھنا۔ چیزوں کو پھیلا کر بیٹھنا۔
دُکان لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دکان لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دُکان ہونا: [ار۔محاورہ] دُکان قائم ہونا۔
دُکانچہ: [ف۔اند] چھوٹی دُکان

دُک بسانا: [ار۔محاورہ ق] دُکھ مول لینا۔
دِکَّد: [ار۔امث۔ق] مشکل (دِقّت کا بگاڑ)
دَکتَر / دَکتور: [ف۔اند] انگریزی لفظ drill کا مفرس۔ ڈاکٹر۔ طبیب
دُکڑا: [ھ۔اند] پیسے کا چوتھا حصہ۔ دمڑی۔ چھدام۔
دُکڑی: [ھ۔امث] دو کا پتّا۔ دُکی۔ (۲) گھوڑی کی جوڑی (۳) دو گھوڑوں کی بگھی۔
دِکشنا: [س۔امث] نذر یا انعام جو برہمن کو دیا جائے۔
دَکنی / دکھنی: [ار صف] ۱۔ دکن سے منسوب (۲) اردو زبان کی قدیم صورت جو دکن میں بولی جاتی تھی (۳) وہ زبان جو دکن میں بولی جاتی ہے۔
دُکھ: [ار۔اند] درد۔ تکلیف۔ رنج۔ عذاب۔ بیماری۔ مصیبت۔ ظلم۔ بلا۔ آفت۔ منت۔ تنگی۔
دُکھ اُٹھانا: [ار۔محاورہ] تکلیف اُٹھانا۔ مصیبت بھرنا۔ بیماری بھگتنا۔
دُکھ اُٹھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دُکھ اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دُکھ بٹانا: [ار۔محاورہ] ہمدردی کرنا۔ غمخواری کرنا۔
دُکھ بسرانا: [ار مص مرکب] دُکھ بھلانا
دُکھ بھرا: [ار صف] رنجیدہ۔ غمگین۔
دُکھ بھرنا: [ار۔محاورہ] مصیبت اُٹھانا۔ تکلیف سہنا
دُکھ بھری: [ار صف] دیکھئے "دُکھ بھرا" جس کی یہ تانیث ہے
دُکھ بھریں بی فاختہ اور کوّے انڈے / میوے کھائیں: [ار۔مثل] مصیبت کوئی اُٹھائے اور فائدہ کوئی اُٹھائے۔
دُکھ بھگتنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دُکھ بھرنا"
دُکھ پانا: [ار۔محاورہ] تکلیف اُٹھانا
دُکھ پر دکھ بھرنا: [ار۔محاورہ] سخت تکلیف اُٹھانا۔ تکلیف پر تکلیف اُٹھانا
دُکھ جھیلنا: [ار محاورہ] تکلیف برداشت کرنا۔
دُکھ دائی: [ھ۔صف] ظالم۔ ستم گار۔ دُکھ دینے والا۔
دُکھ درد: [ار۔اند] آفتیں۔ مصیبتیں۔ آفت۔ مصیبت۔
دُکھ درد کا شریک: [ار۔صف] رنج و غم کا ساتھی۔ ہمدرد
دُکھ درد میں شریک ہونا: [ار۔محاورہ] رنج و غم کا ساتھ دینا۔ دُکھ بٹانا
دُکھ دھندا: [ار۔اند] دُنیا کی تکلیفیں اور کام۔
دُکھ دینا: [ار محاورہ] تکلیف دینا۔
دُکھ رونا: [ار۔محاورہ] گلہ شکوہ کرنا۔ دُکھ کا حال بتانا۔
دُکھ سالگر: [ھ۔اند] مُصیبت کا گھر۔ دُنیا
دُکھ سُکھ: [ھ۔اند] رنج و راحت۔
دُکھ سُکھ بھائی بہن ہیں: [ار مثل] دُکھ کے ساتھ سُکھ اور سُکھ کے ساتھ دُکھ ہے
دُکھ سُکھ جیوڑے سے کہا دُبھیا کھیوسے: [ھ۔مثل] زندگی میں دُکھ سُکھ تو ہوتا ہی ہے۔ لیکن زندگی آرام سے گزارنی چاہیئے۔
دُکھ سُکھ سب کے ساتھ لگا ہوا ہے: [ار مثل] ہر شخص کو تکلیف بھی ہوتی ہے اور آرام بھی۔
دُکھ میں سُکھ کی قدر ہوتی ہے: [ار مقولہ] آرام کی قدر دُکھ کے بعد ہوتی ہے
دُکھ سہنا: [ار مص مرکب] دُکھ برداشت کرنا

دُکھ کا مارا: [ار۔صف] مصیبت زدہ
دُکھ کی پوٹ: [ار۔صف] سَرتاپا دُکھ. دائم المرض
دُکھ لگانا: [ار۔محاورہ] روگ لگانا. مصیبت گلے ڈالنا
دُکھ لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دُکھ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دُکھ ملنا: [ار۔محاورہ] تکلیف پہنچنا. دُکھ ہونا
دُکھتی چوٹ کی ٹیس: [ار۔امث] پتے کی بات
دُکھتی رگ پر ہاتھ رکھنا / پکڑنا: [ار۔محاورہ] کسی عیب یا کمزوری کی گرفت کرنا.
دُکھتی رگ چھیڑنا / دبانا: [ار۔محاورہ] ناگوار بات چھیڑنا. تکلیف دہ بات کرنا
دُکھتی کہنا: [ار۔محاورہ] ایسی بات کہنا جو مخاطب کو ناگوار ہو۔
دُکھتے چوٹ کٹو ندے بھینٹ: [ار۔مثل] چوٹ پر چوٹ لگتی ہے جس چیز کا خوف ہو وُہ ہی چیز پیش آتی ہے۔
دُکھتے دانت کو اُکھڑنا چاہیئے: [ار۔مقولہ] تکلیف دینے والی چیز کو دُور کرنا چاہیئے۔
دِکھا آنا: [ار۔مص مرکب] کسی چیز کو دِکھا کر خود واپس آنا۔
دِکھا دینا: [ار۔مص مرکب] دِکھانا
دِکھا لانا: [ار۔محاورہ] کسی کو کچھ دِکھا کر واپس لانا.
دُکھال: [ار۔امث۔ ق] قے. متلی
دِکھانا: [ار۔مص] ملاحظہ کرانا. پیش کرنا. رُوبرُو کرنا (۲) آفت لانا. مصیبت لانا (۳) آگاہ کرنا۔
دُکھانا: [ار۔مص] تکلیف دینا۔
دِکھانے کے دانت ہیں: [ار۔محاورہ] نمائشی باتیں
دِکھاوا / دِکھاوَت / دِکھاوَٹ: [ہ۔اند۔مث] نمود نمائش۔ ظاہرداری. تکلف۔
دِکھاوَٹی: [ار۔صف۔مث] نمائشی
دِکھاؤ: [ار۔اند] دُور کی چیز کا نظر آنا۔ سامنا ہونا
دِکھائی: [ار۔امث] معائنہ (۲) معائنہ کرانے کی اُجرت
دکھائی پڑنا / دینا: [ار۔مص مرکب] نظر آنا. سجھائی دینا. معلوم ہونا۔
دُکھڑا: [ار۔اند] روگ۔ مرض۔ بیماری (۲) محنت۔ مزدوری (۳) رنج و غم کا بیان (۴) گلہ شکوہ
دُکھڑا پڑنا: [ار۔محاورہ] مصیبت آنا. بیوہ ہو جانا۔ خاوند مر جانا۔
دُکھڑا پیٹنا: [ار۔محاورہ] محنت مشقت کرنا. مصیبت میں زندگی گزارنا.
دُکھڑا رونا: [ار۔محاورہ] مصیبت بیان کرنا. دِکھلانا: [ار۔مص] دکھانا
دِکھلاوا: [ار۔اند] دیکھئے "دکھاوا"
دِکھلاؤ: [ار۔اند] دیکھئے "دکھاؤ نمبرا"
دِکھلائی دینا: [ار۔مص مرکب] دکھائی دینا
دِکھلوانا: [ار۔مص] دکھلانا کا متعدی المتعدی
دَکھن: [ہ۔اند] ا. جنوب (۲) ہندوستان کا جنوبی حصّہ
دُکھنا: [ار۔مص] تکلیف ہونا
دِکھنا: [ار۔مص] دکھائی دینا
دَکھنی: [ہ۔صف] جنوبی۔
دَکھنی مرچ: [ار۔امث] سفید گول مرچ
دَکھنیری / دَکھنائی: [ار۔صف] جنوبی ہوا۔
دُکھنے آنا: [ار۔مص مرکب] تکلیف ہونا (آنکھ کے لیے آتا ہے)
دُکھوں: [ار۔اند] دیکھئے "دُکھ" جس کی یہ جمع ہے۔
دِکھوانا: [ار۔مص] دیکھئے "دیکھنا" جس کا یہ متعدی المتعدّی ہے۔
دُکھی: [ہ۔صف] مصیبت زدہ۔ رنجیدہ۔ بیمار
دُکھیا: [ہ۔صف] دیکھئے "دُکھی" جس کی یہ تانیث ہے۔
دُکھیارا: [ہ۔صف] دیکھئے "دُکھی"
دُکھیاری: [ہ۔صف۔مث] دیکھئے "دُکھیا"
دُکّی: [ہ۔امث] دوکا پتا. تاش یا گنجفے میں دو کا پتّا

د — گ

دُگاڑا: [ہ۔اند] ا. دونالی بندوق۔ دوہری گولی دو گولیاں بھر کے مارنا (افعال: مارنا۔ لگنا)
دُگانا: [ہ۔اند] بہناپا. دو ہم عمر عورتوں کا رشتہ اخوت جو دو مغز کا بادام کھا کر جوڑا کرتی ہیں۔۔
دُگانہ: [ف۔اند] دو. گانہ کا مخفف. دوہری چیز۔ جُڑواں (۲) دو رکعت والی نماز (۳) اوباش عورتوں کی اصطلاح میں اس عورت کو کہتے ہیں جو چپٹی لڑاتی ہو۔
دُگدگا: [ہ۔صف] دیکھئے "دَغدغا"
دَگدگانا: [ہ۔مص] دیکھئے "دغدغانا"
دَگدگاہٹ: [ہ۔امث] دیکھئے "دغدغاہٹ"
دُگدھا: [ہ۔امث] دیکھئے "دبدھا"
دُگدُگی / دُھک دُھکی / دُھگدُگی: [ہ۔امث] ا. حلقوم. سینہ اور گلے کے بیچ کا گڑھا (۲) گلے کے ایک زیور کا نام جو سینے کے اُوپر لٹکتا رہتا ہے (۳) سینے کی ہڈی
دُگدُگی پر رہیں / دم ہونا: [ار۔محاورہ] سینے میں دم ہونا۔ نزع کا عالم ہونا۔
دِگر: [ف۔صف] دوسرا. دِگر دِگر است و جِگر جِگر: [ف۔مثل] غیر اپنوں کے برابر نہیں ہو سکتا۔ دِگرگوں: [ف۔صف] ا. ۲۔ ا. سرنگوں (۲) اور طرح دوسری طرح۔
دِگرگوں ہونا: [ار۔محاورہ] تغیر و تبدل ہونا. اُلٹ پلٹ ہونا. رنگ بدلنا۔ تہ و بالا ہونا۔
دِگلا: [ہ۔اند] روئی دار انگرکھا۔ لبادہ۔ اُوورکوٹ
دَگلا سب سے اگلا. بھائی نرم پہنو گرم، گٹھڑی میں بھرم، دیدہ کرم [ار۔مثل] دَگلے میں سب باتیں پائی جاتی ہیں۔
دُگن: [ہ۔امث] باجے کی دُگنی آواز۔ دُوسرے درجے کی آواز
دُگنا: [ار۔عدد ضعفی] دونا۔ دو چند۔ دوہرا
دُگنی: [ہ۔امث] دیکھئے "دُگنا" جس کی یہ تانیث ہے۔

د — ل

دَل: [ار۔اند] موٹائی. جسامت (۲) فوج. لشکر. گروہ (۳) پتّا. شگوفہ.

(۴) جنگل بیابان (۵) ڈھیر۔ تودہ۔ تعداد (۶) تباہی۔ بربادی
دَل بادل: [ا۔اِمذ] (۱) بہت گہرا ابر (۲) بہت سی فوج (۳) بڑا خیمہ۔ درباری خیمہ۔
دَل باندھنا: [ا۔محاورہ] پھوڑے پھنسی کی جسامت بڑھانا (۲) فوج کا انبوہ کرنا۔
دَل بندھنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "دل باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَل دار: [ھ۔ب۔صف] موٹا۔ دبیز (ترکیب غلط ہے)
دَل وال: [ھ۔صف] سپہ سالار۔ میر لشکر
دِل: [ف۔اِمذ] انسان کے جسم کا اندرونی عضو جس کی شکل پان سی ہوتی ہے، گرد کُل اور اس کا کام رگوں میں خون بھیجنا ہے۔ یہ ہر وقت حرکت کرتا رہتا ہے۔ اس کے بند ہو جانے سے انسان فوراً مر جاتا ہے۔ قلب (۲) کسی شے کا باطن (۳) حوصلہ۔ کلیجا (۴) جرأت۔ دلیری۔ ہمت (۵) خواہش۔ رغبت۔ ہوس (۶) رُخ۔ عندیہ۔ توجہ (۷) مرضی۔ خوشی (۸) سخاوت فیاضی (۹) وسط۔ درمیان۔ مرکز۔
دِل آب آب ہونا: [ا۔محاورہ] دِل کا نرم ہونا
دِل آ جانا: [ا۔محاورہ] محبت ہو جانا۔
دِل آرا: [ف۔صف] دِل کو آراستہ کرنے والا معشوق
دِل آرام: [ف۔صف] دِل کو آرام دینے والا۔ معشوق
دِل آرائی: [ف۔امث] دِل رُبائی۔ دِل لبھانا۔
دِل آری کرنا: [ا۔محاورہ] زچ کرنا۔ عاجز کرنا۔
دِل آزار: [ف۔صف] دِل دُکھانے والا۔ ظالم۔ موذی
دِل آزاری: [ف۔امث] دیکھئے "دِل آزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دِل آزُردہ: [ف۔صف] رنجیدہ۔ ناخوش (افعال: کرنا۔ ہونا)
دِل آزمانا: [ا۔محاورہ] حوصلے کی آزمائش کرنا۔
دِل آشوب: [ف۔صف] کنایتہً معشوق، جس کی خواہش ہو۔
دِل آگاہ: [ف۔صف] دانا۔ ہوشیار۔ بیدار دِل۔

دِل آنا: [ا۔محاورہ] عاشق ہونا۔ محبت کرنا۔
دِل آنکھوں میں چُرانا: [ا۔محاورہ] فریفتہ کرنا۔ لبھانا
دِل آویز: [ف۔صف] دِل کش۔ دِل لبھانے والا۔
دِل آویزی: [ف۔امث] دیکھئے "دِل آویز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دِل آہن ہونا: [ا۔محاورہ] دل سخت ہونا۔
دِل آئینہ ہونا: [ا۔محاورہ] دِل پر اچھائی بُرائی خود بخود ظاہر ہو جانا۔
دِل اٹکانا: [ا۔محاورہ] عشق کرنا۔ دِل لگانا۔ محبت کرنا۔
دِل اٹکنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "دل اٹکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دِل اُٹھانا / اُٹھا بیٹھنا: [ا۔محاورہ] ترکِ تعلق کرنا۔ قطع تعلق کرنا
دِل اُٹھنا / اُٹھ جانا: [ا۔محاورہ] جی نہ لگنا۔ جی اچٹ جانا (۲) سیر کو دِل چاہنا۔
دِل اُچاٹ ہونا: [ا۔محاورہ] جی اُچاٹ ہو جانا۔ دِل نہ لگنا۔ گھبرا جانا۔
دِل اُچٹ جانا: [ا۔محاورہ] جی اُکتانا۔ دل گھبرانا
دِل اُچھلنا: [ا۔محاورہ] اختلاجِ قلب ہونا۔ دِل دھڑکنا
دِل اختیار میں ہونا: [ا۔محاورہ] دِل قابو میں ہونا۔
دِل اُداس ہونا: [ا۔مص مرکب] افسردہ ہونا۔ غمگین ہونا۔

دِل اُڑا لینا: [ا۔محاورہ] فریفتہ کرنا۔
دِل اُڑ چلنا: [ا۔محاورہ] دِل کا بے قابو ہو جانا۔
دِل اُفتادہ: [ف۔صف] بد دِل۔ شکستہ خاطر
دِل افروز: [ف۔صف] دِل کو روشن کرنے والا۔
دِل افروزی: [ف۔امث] دیکھئے "دِل افروز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِل افگار: [ف۔صف] رنجیدہ۔ غمگین
دِل افگاری: [ف۔امث] دیکھئے "دِل افگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِل افگندیم بسم اللہ مجریہا و مرسٰہا: [ع۔مقولہ] جب کوئی اہم کام شروع کرتے ہیں تو یہ مصرع پڑھتے ہیں (ترجمہ) یعنی اب تو ارادہ کر لیا ہے اللہ مالک ہے۔ نیز دیکھئے "بسم اللہ مجریہا الخ"
دِل اُکتانا: [ا۔محاورہ] دِل اُچاٹ ہو جانا۔ جی بھر جانا۔
دِل اُکھڑ جانا: [ا۔محاورہ] طبیعت کا اُکھڑ جانا۔ طبیعت کا اُچاٹ ہو جانا۔ دِل ٹنگنا۔
دِل اُلٹ پلٹ ہونا: [ا۔محاورہ] دِل کا گھبرانا۔ بے چین ہونا۔
دِل اُلٹ دینا: [ا۔محاورہ] پریشان کرنا۔
دِل اُلٹنا: [ا۔محاورہ] دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا۔ سودائی ہونا (۲) دِل گھبرانا۔ خفقان ہونا۔
دِل اُلجھانا: [ا۔محاورہ] عاشق ہونا۔ بیزار ہونا۔ اُکتانا۔
دِل اُلجھنا: [ا۔محاورہ] عاشق ہو جانا۔ بیزار ہونا۔ اکتانا۔
دِل اُمنڈ آنا: [ا۔محاورہ] دِل بھر آنا۔ رونے کے قریب ہونا۔
دِل اور ہونا: [ا۔محاورہ] خیال مختلف ہونا۔
دِل ایک ہونا: [ا۔محاورہ] ہم خیال ہونا۔
دِل اینٹھ لینا: [ا۔محاورہ] فریفتہ کر لینا۔
دِل باختگی: [ف۔امث] دیکھئے "دِل باختہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِل باختہ: [ف۔صف] پریشان۔ مضطرب
دِل باغ باغ ہونا: [ا۔محاورہ] بہت خوش ہونا۔
دِل باندھنا: [ا۔محاورہ] دِل کو مائل کر لینا۔
دِل بٹورنا: [ا۔محاورہ] ہمت توڑنا۔ بے دِل کرنا۔
دِل بٹھا دینا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "دِل بٹورنا"
دِل بجھا دینا: [ا۔محاورہ] ہمت توڑ دینا۔ افسردہ کرنا۔
دِل بجھنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "دِل بجھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دِل بچھا جانا: [ا۔محاورہ] فریفتہ ہونا۔
دِل بحال کرنا: [ا۔محاورہ] دِل کی کدورت کرنا۔ دِل کے بدلے آرام پیدا کرنا۔
دِل بحال ہونا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "دِل بحال کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دِل بدست آور کہ حج اکبر است: [ف۔مثل] دِل جوئی کرنا حج اکبر کے برابر ہے۔
دِل بدگمان ہونا: [ا۔مص مرکب] کسی کی طرف سے دِل میں کھٹکا پیدا ہونا۔
دِلبر: [ف۔صف] دِل لے لینے والا۔ پیارا۔ محبوب۔ معشوق۔
دِلبری: [ف۔امث] دیکھئے "دِلبر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِل بُرا کرنا: [ا۔محاورہ] رنجیدہ ہونا۔
دِل بُرا ہونا: [ا۔محاورہ] ۱۔ ناراض ہونا (۲) متلی ہونا۔

دِل بَرداشتگی: [ف-امث] دیکھئے "دِل برداشتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دِل بَرداشتہ: [ف صف] اُکتایا ہُوا جس کا دل ہٹ جائے (افعال اکرنا. ہونا،
دل بِرشتگی: [ف-امث] دیکھئے "دِل بِرشتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِل بِرِشتہ: [ف صف] غمگین. رنجیدہ
دل بَرمانا: [ا ار. محاورہ] رنج دینا. فریفتہ کرنا۔
دِل بڑھانا: [ار. محاورہ] حوصلہ دِلانا. ہمت بندھانا
دِل بڑھ جانا: [ار. محاورہ] حوصلہ پیدا ہو جانا ہمت بندھ جانا
دِل بڑھنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دل بڑھنا" جسکا یہ لازم ہے
دِل بستگی [ف امث] دیکھئے "دل بستہ" جسکا یہ اسم کیفیت ہے (۲) دل بہلنا
دِل بستہ: [ف صف] جس کا دل لگا ہُوا ہو. عاشق. رنجیدہ.
دِل بکھرنا: [ار. محاورہ] افسردہ خاطر ہونا (متروک ہے)
دِل بلیّوں اُچھلنا: [ار. محاورہ] بہت بے قرار ہونا. گھبرانا. بے تاب ہونا.
دِل بَند: [ف صف] پیارا. محبوب (۲) بیٹا
دِل بند ہونا [ار. محاورہ] دم گھٹنا. دل گھبرانا.
دِل بودا ہونا [ار. محاورہ] دِل کمزور ہونا. تکلیف نہ اُٹھا سکنا.
دِل بھاری کرنا: [ار. محاورہ] رنج کرنا غم کرنا.
دِل بھاری ہونا: [ار محاورہ] رنجیدہ ہونا. ملول ہونا.
دِل بھٹکنا: [ار محاورہ] دل کا کبھی کسی طرف کبھی کسی طرف مائل ہونا.
دِل بھچنا: [ار. محاورہ] ڈرنا. ہچکچانا
دِل بھر آنا [ار محاورہ] دیکھئے "دل اُمڈ آنا"
دِل بھربھرانا [ار محاورہ] شوق پیدا ہونا. لالچ پیدا ہونا۔
دِل بھر جانا / بھرنا: [ار محاورہ] سیر ہو جانا. اُکتا جانا.
دِل بھر دینا [ار محاورہ] دل پھیر دینا. لگائی بجھائی کرکے نفاق یا نفرت پیدا کرنا.
دِل بھر کر / کے: [ار متعلق فعل] اچھی طرح سیر ہو کر جی بھر کر
دِل بہلانا: [ار. محاورہ] غم غلط کرنا وحشت دُور کرنا. دِل خوش کرنا
دِل بہلنا [ار محاورہ] دیکھئے "دِل بہلانا" جس کا یہ لازم ہے.
دِل بے ایمان ہونا: [ار. محاورہ] بدنیتی کرنا. دِل میں بُرا خیال آنا.
دِل بیٹھا جانا: [ار. محاورہ] کمزوری محسوس ہونا. اختلاج قلب کی حالت ہونا.
دِل بیٹھ جانا / بیٹھنا: [ار محاورہ] افسردہ ہونا. ہمت ٹوٹ جانا. خوشی نہ رہنا
دل بے چین / بے کل ہونا: [ار. محاورہ] مضطرب ہونا. دل کا بے آرام ہونا
دِل پارہ پارہ / پاش پاش ہونا: [ار. محاورہ] رُوحانی صدمہ ہونا.
دِل پانا: [ار محاورہ] منشا دریافت کرنا. عندیہ معلوم کرنا. خوشی پانا. حوصلہ ہونا.
دِل پانی / پانی پانی کرنا: [ار. محاورہ] دِل نرم کرنا. دِل کو بے تاب کرنا.
دِل پانی / پانی پانی ہونا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دِل پانی کرنا وغیرہ" جس کا یہ لازم ہے
دِل پامال کرنا [ار. محاورہ] فریفتہ کرنا.
دِل پامال ہونا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دِل پامال کرنا" جسکا یہ لازم ہے
دِل پتھر کرلینا: [ار محاورہ] دِل سخت کرلینا. بے رُخی اختیار کرلینا
دِل پتھر ہو جانا [ار محاورہ] مصیبتیں جھیل جھیل کر دِل سخت ہو جانا. کہ کوئی مصیبت مشکل معلوم نہ ہو۔
دِل پر آنا [ار. محاورہ] بُرا محسوس ہونا (۲) دل گھٹنا

دل پر اختیار ہونا: [ار. محاورہ] دِل قابُو میں ہونا.
دل پر بار ہونا: [ار. محاورہ] دِل کو گراں معلوم ہونا
دِل پر پتھر رکھ لینا: [ار. محاورہ] دِل سخت کر لینا. صبر کرنا
دِل پر پتھر سا لگنا. [ار. محاورہ] دِل پر چوٹ لگنا.
دِل پر پہاڑ گرانا: [ار. محاورہ] اچانک رُوحانی صدمہ پہنچانا.
دِل پر پہاڑ گرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دِل پر پہاڑ گرانا" جسکا یہ لازم ہے
دِل پر چوٹ کھانا: [ار محاورہ] دِل پر صدمہ اُٹھانا.
دِل پر چوٹ لگنا: [ار محاورہ] دِل پر اثر ہونا۔
دل پر چھا جانا: [ار. محاورہ] دِل پر اثر کرنا.
دل پر چھُری پھیرنا: [ار. محاورہ] دِل کو صدمہ دینا.
دِل پر چھُری پھرنا [ار محاورہ] دیکھئے "دِل پر چھُری پھیرنا" جس کا یہ لازم ہے.
دل پر چھُریاں چلنا. [ار محاورہ] اندرونی صدمہ پہنچنا.
دل پر داغ ہونا [ار محاورہ] صدمہ ہونا دِل پر صدمہ ہونا.
دِل پر رکھنا: [ار. محاورہ] کسی کام کا ارادہ کرنا. ہمت کرنا.
دِل پر سانپ لوٹنا: [ار. محاورہ] افسوس آنا. رنج آنا. پچھتاوا ہونا. صدمہ ہونا. رشک آنا حسد ہونا.
دِل پر شمشیر پھر جانا. [ار. محاورہ] بہت صدمہ ہونا.
دِل پر قفل لگانا: [ار. محاورہ] دِل کے راز کو پوشیدہ رکھنا.
دِل پر کندہ ہونا: [ار. محاورہ] دل میں کھُب جانا. کسی بات کا دِل میں جم جانا. دِل میں بیٹھ جانا.
دِل پر کھُب جانا: [ار محاورہ] دل پر اثر کر جانا.
دِل پر کھیلنا: [ار محاورہ] ایسا کام کرنا جس سے دِل کی ہلاکت کا اندیشہ ہو جان جوکھوں میں ڈال کر کام کرنا.
دِل پر کیا گزری: [ار. محاورہ] دِل کو کس قدر صدمہ ہُوا.
دِل پر گھونسا پڑنا. [ار. محاورہ] اچانک کسی بات کا صدمہ پہنچنا.
دِل پر لکھ لینا: [ار محاورہ] دِل پر نقش کر لینا.
دِل پر موگری پڑنا: [ار. محاورہ] دِل پر صدمہ ہونا.
دِل پر مُہر کر دینا: [ار. محاورہ] دِل کو ایسا مسخ کر دینا کہ اسپر کوئی اثر نہ ہو.
دِل پر مُہر ہو جانا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دِل پر مُہر کر دینا" جس کا یہ لازم ہے.
دل پر میل آنا: [ار. محاورہ] دِل پر رنج آنا. دِل کو ناگوار گزرنا۔
دِل پر میل نہ لانا: [ار. محاورہ] خیال نہ کرنا. مکدّر نہ ہونا.
دِل پر نشتر مارنا: [ار محاورہ] چُبھتی بات کہنا.
دِل پر نقش ہونا: [ار. محاورہ] کسی بات کا دِل میں بیٹھ جانا.
دِل پر ہاتھ رکھ کے دیکھو: [ار. محاورہ] اپنی حالت کا لحاظ کر کے دُوسرے کی نسبت کچھ کہو۔
دِل پر ہاتھ رکھنا: [ار. محاورہ] تسلّی دینا. تسکین کے لیے دِل پر ہاتھ رکھنا.
دل پر ہاتھ پھرنا: [ار. محاورہ] مضطرب پھرنا. بے چین پھرنا۔
دِل پر جانا: [ار. محاورہ] دِل بہلانا
دل پر جینا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دِل پر جانا" جس کا یہ لازم ہے.
دل پریشان کرنا. [ار محاورہ] رنج کرنا. فکر و تردد میں مبتلا کرنا.

دِل پریشان ہونا: [ا ر. محاورہ] رنج ہونا. اضطراب ہونا. بے چینی ہونا
دِل پذیر: [ا ر. صف] مرغوب. پسندیدہ خاطر
دِل پذیری: [ف. امث] دیکھئے "دلِ پذیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
دِل پژمُردہ ہونا: [ا ر. محاورہ] افسردہ ہونا. غمگین ہونا.
دِل پسنا: [ا ر. محاورہ] فریفتہ ہونا.
دِل پسند: [ف. صف] مرغوب. پسندیدہ
دِل پسندی: [ف. امث] دیکھئے "دِل پسند" جس کا اِسم کیفیت ہے.
دِل پسیجنا: [ا ر. محاورہ] ۱. رحم آنا (۲) سخاوت پر آمادہ ہونا.
دِل پکا کرنا: [ا ر. محاورہ] دِل مضبُوط کرنا. حوصلہ کرنا.
دِل پکا ہونا: [ا ر. محاورہ] دِل مضبُوط ہونا. حوصلہ ہونا.
دِل پکانا: [ا ر. محاورہ] تنگ کرنا. عاجز کرنا (۲) جلانا. رشک دلانا.
دِل پک جانا: [ا ر. محاورہ] صدموں سے دِل کو سخت رنج ہونا (۲) طعنے سُن سُن کر دل کو تکلیف ہونا.
دِل پکڑا جانا: [ا ر. محاورہ] شبہ پڑنا. شک ہونا. ارادہ ظاہر ہو جانا. عندیہ معلوم ہو جانا.
دِل پکڑ کر اُٹھنا: [ا ر. محاورہ] بیقرار ہو کر اُٹھنا.
دِل پکڑ کر بیٹھ جانا / بیٹھنا: [ا ر. محاورہ] صدمہ کی وجہ سے بول نہ سکنا. گھبرا جانا.
دِل پکڑے پھرنا: [ا ر. محاورہ] دِل بیتاب ہونا. مضطرب ہونا.
دِل پکڑ لینا / پکڑنا: [ا ر. محاورہ] صدمے کی تاب نہ لا سکنا.
دِل پک کے پھوڑا ہو جانا: [ا ر. محاورہ] صدموں کی وجہ سے یہ حال ہو جانا کہ اور برداشت کی طاقت نہ رہے.
دِل پگھلنا: [ا ر. محاورہ] رحم آنا. ترس آنا.
دِل پھاڑنا: [ا ر. محاورہ] طبیعت کا متنفر کرنا. بیزار کرنا.
دِل پہاڑ ہے: [ا ر. محاورہ] عالی ہمّت ہے.
دِل پھانسنا: [ا ر. محاورہ] دِل کو مبتلا کرنا.
دِل پھٹا جانا: [ا ر. محاورہ] ہمدردی کی وجہ سے دِل کو صدمہ ہونا.
دِل پھٹ جانا / پھٹنا: [ا ر. محاورہ] دِل کا متنفر ہونا. بیزار ہونا.
دِل پھر جانا / پھرنا: [ا ر. محاورہ] بیزار ہونا. کراہت کرنا.
دِل پھڑکانا: [ا ر. محاورہ] خوشی سے بے تاب ہو جانا
دِل پھڑکنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دِل پھڑکانا" جس کا یہ لازم ہے.
دِل پھسلانا: [ا ر. محاورہ] دل مائل کرنا. دِل کا بے اختیار کرنا.
دِل پھسلنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دِل پھسلانا" جس کا یہ لازم ہے
دِل پھنسانا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دِل پھنسنا" جس کا یہ متعدی ہے.
دِل پھنسنا: [ا ر. محاورہ] عاشق ہونا. مائل ہونا
دِل پھنکا جانا / دِل پھک جانا / پھکنا: [ا ر. محاورہ] دِل کا جلن سے نیست و نابود ہو جانا. دِل جل جانا
دِل پھیر دینا: [ا ر. محاورہ] دِل بیزار کرنا. نفرت کرنا. سیر کرنا.
دِل پھیر لینا: [ا ر. محاورہ] دِل ہٹا لینا. نفرت کرنا.
دِل پھیرنا: [ا ر. محاورہ] ۱. دیکھئے "دِل پھیر لینا" (۲) نفرت دلانا
دِل پھیکا ہو جانا: [ا ر. محاورہ] توجہ ہٹ جانا. کسی چیز کا خیال جاتا رہنا.
دِل پیچھے پڑ جانا: [ا ر. محاورہ] دِل بہلنا. دوسری طرف متوجہ ہونا.

دِل پیسنا: [ا ر. محاورہ] فریفتہ کرنا
دِل تازہ ہونا: [ا ر. محاورہ] خوش ہونا. دل کو فرحت ہو
دِل تپکنا: [ا ر. محاورہ] بے چین ہونا بے قرار ہونا.
دِل تڑپنا: [ا ر. محاورہ] بیتاب ہونا. مضطرب ہونا
دِل تفتگی: [ف. امث] دِل کی جلن مصیبت. محبت عشق
دِل تفتہ: [ف. صف] دِل جلا مصیبت زدہ. عاشق
دِل تلملانا: [ا ر. محاورہ] دِل بیقرار ہونا.
دِل تلے اُوپر ہونا: [ا ر. محاورہ] دِل گھبرانا. پریشان ہونا.
دِل تنگ: [ف. صف] ملول. رنجیدہ ناخوش
دِل تنگ ہونا: [ا ر. محاورہ] مضطرب ہونا. پریشان ہونا. خسیس ہونا بخیل ہونا.
دِل تنگی: [ف. امث] غم. غمگین ہونا.
دِل توڑنا: [ا ر. محاورہ] مایوس کرنا. نا اُمید کرنا. دِل کو ہٹا لینا. بے تعلق ہو جانا.
دِل تو (لگتا سا) لگتے ہی لگے گا: [ا ر. محاورہ] دِل آہستہ آہستہ کسی بات کا خوگر ہو گا. طبیعت رفتہ رفتہ عادی ہو گی.
دِل تولنا: [ا ر. محاورہ] آزمائش کرنا.
دِل تونگر ہونا: [ا ر. محاورہ] سخی ہونا. غربت کا رنج نہ ہونا.
دِل تہ و بالا کرنا: [ا ر. محاورہ] دِل کو بے قرار کرنا.
دِل تہ و بالا ہونا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دِل تہ و بالا کرنا" جس کا یہ لازم ہے.
دِل تھام (تھام) لینا: [ا ر. محاورہ] ضبط کرنا دِل کو قابو میں رکھنا.
دِل تھامنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دِل تھام لینا."
دِل تھرتھرانا: [ا ر. محاورہ] ڈرنا. خوف کھانا
دِل تھوڑا ہونا: [ا ر. محاورہ] ہمت ٹوٹ جانا. ہمّت نہ ہونا.
دِل ٹٹولنا: [ا ر. محاورہ] مرضی دریافت ہونا
دِل ٹکڑے ٹکڑے کر دینا / کرنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دِل ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا / ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
دِل ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا / ہونا: [ا ر. محاورہ] سخت صدمہ ہونا. کسی مہلک چیز کے کھانے سے دِل ٹکڑے ٹکڑے ہونا.
دِل ٹوٹ جانا: [ا ر. محاورہ] ہمت ٹوٹ جانا. ناامید ہو جانا. مایوس ہو جانا.
دِل ٹوٹ کر آنا: [ا ر. محاورہ] سخت فریفتہ یا مائل ہونا.
دِل ٹھکانے لگانا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے دِل ٹھکانے لگنا" جسکا یہ متعدی ہے.
دِل ٹھکانے لگنا / ہونا: [ا ر. محاورہ] اطمینان ہونا تسکین ہونا.
دِل ٹھکنا: [ا ر. محاورہ] اطمینان ہونا. تسلی ہونا.
دِل ٹھنڈا رکھنا / کرنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دِل ٹھنڈا رہنا" جسکا یہ متعدی ہے
دِل ٹھنڈا رہنا / ہونا: [ا ر. محاورہ] خوش ہونا. تسلی ہونا. تسکین ہونا اطمینان ہونا
دِل ٹھوکنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے دل ٹھکنا" جس کا یہ متعدی ہے.
دِل ٹھہرا لینا / ٹھہرنا: [ا ر. محاورہ] تسکین ہونا. دلجمعی ہونا. صبر آ جانا.
دِل جان: [ف. امث] ایک رشتہ جو سہیلیاں آپس میں مقرر کر لیتی تھیں. مثلاً گوئیں. دِل ملاپ وغیرہ.
دِل جانا: [ا ر. محاورہ] عاشق ہونا.
دِل جانتا ہے: [ا ر. روزمرہ] حقیقت معلوم ہے
دِل جگر دیکھنا: [ا ر. محاورہ] حوصلہ یا ہمّت دیکھنا.

دِل جَلا: [ار. ف. صف] ا. عاشق. فریفتہ (۲) دِل سوختہ. غمزدہ
دِل جلا کر خاک کرنا: [ار. محاورہ] سخت صدمہ پہنچانا.
دِل جلا کر پکا پھوڑا کرنا: [ار. محاورہ] کمالِ ایذا پہنچانا ایسی باتیں کرنا جن سے سخت رنج ہو.
دِل جَلانا: [ار. محاورہ] سخت رنج دینا ستانا رشک دلانا (۲) رنج اٹھانا. غم کھانا
دِل جَل کر کباب ہونا: [ار. محاورہ] سخت رنج یا صدمہ ہونا. رشک سے جلنا.
دِل جَلنا: [ار. محاورہ] رنج ہونا. غم ہونا.
دِلجمعی / دِل جمعی: [ف. امث] تسلی. اطمینان (۲) بے فکری (افعال: رکھنا. کرنا. ہونا)
دِل جَمنا: [ار. محاورہ] کسی کام کو توجہ سے کرنا. توجہ ہونا.
دِل جُو: [ف. صف] پیارا. محبوب
دِل جوان رہنا: [ار. محاورہ] ہر وقت خوش رہنا. دل میں اُمنگ رہنا.
دِل جُوئی: [ف. امث] دلداری. تسلی. تسکین (افعال: کرنا. ہونا)
دِل جھکنا: [ا. محاورہ] مائل ہونا
دِل جھُمنا: [ار. محاورہ] وجد میں آنا
دِل جینے سے خفا ہونا: [ار. محاورہ] زندگی سے بیزار ہونا.
دِل چار چار ہاتھ اُچھلنا: [ار. محاورہ] گھبرانا. بے تاب ہونا.
دِل چاک کرنا: [ار. محاورہ] صدمہ پہنچانا. رنج دینا
دِل چاہتا ہے: [ار. محاورہ] آرزو ہے
دِل چاہنا: [ار. محاورہ] خواہش ہونا. آرزو ہونا.
دِل چاہیئے: [ار. محاورہ] حوصلہ یا ہمت درکار ہے.
دِل چُرانا: [ار. محاورہ] ا. فریفتہ کرلینا. کسی کام کو نہ کرنا. کام کرنے سے کھسکنا. کترا ہی کرنا.
دِلچسپ: [ف. صف] دِل لبھانے والا. خوش نما. خوبصورت. مزہ دار.
دِلچسپی: [ف. امث] شوق. رغبت. چاہت (۲) مزہ. خوشی لُطف (لینا ہونا)
دِل چلا: [ف. صف] دلیر. بہادر. منچلا جری. شجاع (۲) صاحب ہمت ذی ہمت (۳) سخی. فیاض. داتا (۴) پاگل. دیوانہ
دِل چلانا: [ار. محاورہ] ا. خواہش کرنا. آرزو کرنا (۲) ہمت کرنا. حوصلہ کرنا.
دِل چلنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دِل چلانا" جس کا یہ لازم ہے.
دِل چلی: [ف. امث] دیکھئے "دِل چلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
دِل چور: [ف صف] کم ہمت. بزدل
دِل چھان دینا: [ار. محاورہ] رنج پہنچانا.
دِل چھپانا: [ار. محاورہ] پہلو تہی کرنا.
دِل چھلنی کر دینا / کرنا: [ار. محاورہ] سخت رنج دینا.
دِل چھوٹا ہونا: [ار. محاورہ] پست ہمت ہونا.
دِل چھوٹ جانا: [ار. محاورہ] ہمت ٹوٹ جانا. گھبرا جانا.
دِل چھوڑنا / چھوڑ سے جانا: [ار. محاورہ] عاشق ہونا. فریفتہ ہونا.
دِل چھیدنا: [ار. محاورہ] دِل کو زخمی کرنا. عاشق بنا لینا.
دِل چھین لینا: [ار. محاورہ] عاشق بنا لینا.
دِل چیر کر دکھانا: [ار. محاورہ] راز ظاہر کرنا.

دِل چیر کر دیکھنا: [ار. محاورہ] دِل کا حال معلوم کرنا.
دِل حاضر ہونا: [ار. محاورہ] متوجہ ہونا. دلچسپی لینا.
دِل حزین: [ف. اند] مغموم دِل. غمزدہ دِل
دِل خاک: [ف. اند] ا. زمین کا وسط (۲) قبر (۳) پیغمبر. نیک بندے. ایک قسم کی مچھلی.
دِل خاک ہونا: [ار. محاورہ] شگفتگی جاتی رہنا. آرزو نہ رہنا.
دِل خالی کرنا: [ار. محاورہ] رو دھو کر غصہ نکال کر دِل کا غبار نکالنا.
دِل خانہ خدا: [ار. محاورہ] چونکہ دِل میں ہی خدا کی یاد رہتی ہے اِس لیے تشبیہ دی گئی ہے.
دِل خراش: [ف صف] جانکاہ. تکلیف دہ.
دِل خستہ: [ف. صف] رنجیدہ کبیدہ خاطر. غم رسیدہ. مصیبت زدہ
دِل خنک ہونا: [ار. محاورہ] راحت پانا خوش ہونا. دِل ٹھنڈا ہونا.
دِل خواہ: [ف. صف] مرغوب. خاطر خواہ. مرضی کے مطابق.
دِل خورسند: [ف. صف] ا. راضی خوش (۲) صابر. قانع
دِل خوش کُن: [ف صف] دِل کو خوش کرنے والا. فرحت بخش.
دِل خوش رکھنا / کرنا: [ار. مص مرکب] دِل کو رنجیدہ نہ ہونے دینا. خوش خوش رہنا.
دِل خوش ہونا: [ار. مص مرکب] فرحت ہونا.
دِل خوشی: [ف. امث] ا. خوشی. راحت (۲) صبر. قناعت دِل.
دِل خون: [ار. ف. صف] ا. خواہشمند. مشتاق (۲) چھوڑا ہوا جسے معشوق نے چھوڑ دیا ہو.
دِل خون کرنا: [ار. محاورہ] بیحد محنت یا مشقت کرنا.
دِل خون ہو کے بہہ جانا: [ار. محاورہ] اُمنگ جاتی رہنا. شوق نہ رہنا.
دِل خون ہونا: [ار. محاورہ] سخت رنجیدہ ہونا. غم و غصہ میں مبتلا ہونا.
دِل داغدار ہونا: [ار. محاورہ] دِل پر بہت صدمے پہنچنا. مغموم ہونا.
دلدادہ: [ف صف] عاشق. فریفتہ
دِلدار: [ف صف] ا. تسلی دینے والا. (۲) معشوق. پیارا. محبوب
دلداری: [ف. امث] دیکھئے "دِلدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
دِل دریا: [ف. صف] فیاض. سخی
دِل دریا ہونا: [ار. محاورہ] بہت سخی یا فیاض ہونا.
دِل دُکھا: [ف صف] رنجیدہ. غمگین
دِل دُکھانا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دِل دُکھنا" جس کا یہ متعدی ہے.
دِل دُکھنا: [ار. محاورہ] غم ہونا. کڑھنا. تکلیف ہونا.
دِل دوڑنا: [ار. محاورہ] بے اختیار دِل چاہنا. بے اختیار مائل یا فریفتہ ہونا.
دِل دوز: [ف صف] دِل پر اثر کرنے والا. پسندیدہ. مرغوب. دِل میں گھس جانے والا
دِل دو نیم ہونا: [ار. محاورہ] سخت صدمہ ہونا.
دِل دِہ: [ف. صف] سرگرم. پُرشوق
دِل دھڑکنا: [ار. محاورہ] دِل کی حرکت کا تیز ہونا. بیماری، ڈر یا اضطراب سے وسوسہ پیدا ہونا. خوف ہونا. اضطراب ہونا.
دِل دھک دھک کرنا: [ار. محاورہ] دِل دھڑکنا.
دِل دھک سے ہو جانا: [ار. محاورہ] اچانک صدمہ ہونا. اچانک صدمہ سے دِل پر چوٹ لگ
دِل دھکڑ پکڑ کرنا: [ار. محاورہ] خوف کھانا. ڈرنا. اضطراب ہونا.

دِل دھکڑ پکڑ ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " دِل دھکڑ پکڑ کرنا " جس کا یہ لازم ہے
دِل دہلانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " دِل دہل جانا " جس کا یہ متعدی ہے ۔
دِل دہل جانا / دہلنا : [ار ۔ محاورہ] خوف کھانا ۔ ڈرنا
دِل دہی : [ف ۔ امث] دلجوئی تسلی تشفی ۔ دلاسا (کرنا ۔ ہونا)
دِل دے کر : [ار ۔ متعلق ۔ فعل] دیکھئے " دِل لگا کر / کے
دِل دیکھنا : [ار ۔ محاورہ] حوصلے کی آزمائش کرنا ۔ منشا دریافت کرنا ۔
دِل دینا : [ار ۔ محاورہ] فریفتہ ہونا ۔ عاشق ہونا ۔
دِل ڈانواں ڈول ہونا : [ار ۔ محاورہ] بے اختیار ہونا ۔ دِل قابو میں نہ رہنا ۔
دِل ڈوبا جانا / ڈوبنا : [ار ۔ محاورہ] غشی طاری ہونا ۔ کمزوری کی وجہ سے دِل گھٹنا
دِل ذرا سا ہونا : [ار ۔ محاورہ] دِل کا نازک ہونا ۔ دِل میں برداشت کی طاقت نہ رہنا
دِل را بدِل راہیست : [ف ۔ مقولہ] دیکھئے دِل کو دِل سے راہ ہے ۔
دِل رُبا : [ار ۔ صف] دِل لبھانے والا ۔ معشوق
دِل رُبائی : [ف ۔ امث] دیکھئے " دِل رُبا " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
دِل رُنجینا : [ف ۔ ار ۔ محاورہ] افسوس ہونا ۔
دِل رفتہ : [ف ۔ صف] جس کا دِل گیا ہوا ہو ۔ عاشق ۔ فریفتہ
دِل رُکنا : [ار ۔ محاورہ] رنجیدہ ہونا ۔ آزردہ ہونا
دِل رکھنا : [ار ۔ محاورہ] آرزو پوری کرنا ۔ اُمید بر لانا
دِل رُندھنا : [ار ۔ محاورہ] غمگین ہونا
دِل روشن کرنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " دِل روشن ہونا " جسکا یہ متعدی ہے
دِل روشن ہونا : [ار ۔ محاورہ] علم ہونا ۔ معلوم ہونا ۔ واقفیت ہونا (۲) دِل کا منور ہونا ۔ نورِ عرفان سے)
دِل روندنا : [ار ۔ محاورہ] صدمہ پہنچانا ۔ رنج پہنچانا / دبانا / فریفتہ کرنا ۔
دِل رہ جانا : [ار ۔ محاورہ] دِل کی حسرت نکل جانا
دِل ریش : [ف ۔ صف] جس کا دِل زخمی ہو ۔ کنایۃً عاشق
دِل ریشی : [ف ۔ امث] دیکھئے " دِل ریش " جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دِل زار [ف ۔ صف] پریشان
دِل زدہ : [ف ۔ صف] ستم زدہ ۔ غمگین
دِل زندگی سے سرد ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] زندگی سے تنگ ہو جانا ۔ زندگی سے بیزار ہو جانا ۔
دِل زندگی سے بجھ جانا : [ار ۔ محاورہ] نااُمید ہو جانا ۔ مایوس ہو جانا ۔
دِل زندہ ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] بہت خوش ہونا ۔ فرحت آجانا ۔
دِل ساز : [ف ۔ صف] خوش کرنے والا ۔ خوشگوار ۔
دِل سازی : [ف ۔ امث] دیکھئے " دِل ساز " جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دِلستان : [ف ۔ صف] دِل لیجانے والا ۔ دِلرُبا ۔ خوبصورت
دِل ستانا : [ار ۔ محاورہ] رنج دینا
دِلستانی : [ف ۔ امث] دیکھئے " دِلستان " جسکا یہ اسم کیفیت ہے
دِل سخت کر لینا : [ار ۔ محاورہ] بے رحم یا سنگدل ہو جانا
دِل سخت ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " دِل سخت کر لینا " جسکا یہ لازم ہے
دِل سرد : [ف ۔ صف] بے مہر ۔ سرد مہر ۔ متنفر ۔ مخالف
دِل سرد ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] ۱ ۔ ولولہ اور جوش جاتا رہنا (۲) مایوس ہونا ۔

دِل سلگنا : [ار ۔ محاورہ] سوز و گداز ہونا ۔
دِل سمجھانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " دِل سمجھنا " جس کا یہ متعدی ہے ۔
دِل سمجھنا : [ار ۔ محاورہ] دِل کا تسکین پانا ۔ دِل کو تسلی ہونا ۔
دِل سنبھالنا : [ار ۔ محاورہ] دِل کو قرار دینا ۔ ہمت کرنا ۔ کسی کام کے لیے تیار رہنا ۔
دِل سنبھلنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " دِل سنبھالنا " جس کا یہ لازم ہے ۔
دِل سنگ : [ف ۔ امذ ۔ صف] کان ۔ غار (۲) سخت دِل ۔
دِل سنگ آب ہونا : [ار ۔ محاورہ] سخت دِل کو رحم آ جانا ۔
دِل سوختہ : [ف ۔ صف] دِل جلا ۔ غم زدہ ۔ مصیبت زدہ
دِل سوز : [ف ۔ صف] رُلانے والا ۔ رقت انگیز (۲) ہمدرد ۔ غمخوار ۳ ۔ سرگرم پُر جوش مشتاق
دِل سوز خانہ تراش : [ف ۔ مثل] دِل کو جلانے والا ۔ گھر کو تباہ کرنیوالا ۔ بیٹے کی نسبت کہتے ہیں ۔
دِل سوزی : [ف ۔ امث] دیکھئے " دِل سوز " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
دِل سے : [ار ۔ متعلق ۔ فعل] خلوص سے ، حقیقتاً ، شوق سے ۔ رغبت سے ۔ توجہ سے
دِل سے اُتار دینا / اُتارنا : [ار ۔ محاورہ] بے وقعت کر دینا ۔ نظروں سے گرانا ۔
دِل سے اُتر جانا / اُترنا : [ار ۔ محاورہ] ۱ ۔ بھول جانا ۔ بے وقعت ہونا ۔
دِل سے اُٹھا دینا : [ار ۔ محاورہ] کسی شے کا خیال ترک کر دینا ۔ کوئی ارادہ چھوڑ دینا ۔
دِل سے باتیں کرنا : [ار ۔ محاورہ] ۱ ۔ خود بخود کچھ کہنا (۲) سوچتے رہنا ۔
دِل سے بخار نکلنا : [ار ۔ محاورہ] دِل کی کدورت رفع ہونا ۔
دِل سے تنگ ہونا : [ار ۔ محاورہ] دِل کی وجہ سے مجبور ہونا
دِل سے بھلا دینا : [ار ۔ محاورہ] بالکل یاد نہ رکھنا ۔ خیال چھوڑ دینا ۔
دِل سے بھولنا : [ار ۔ محاورہ] یاد نہ رہنا ۔ بھول جانا ۔
دِل سے پوچھنا : [ار ۔ محاورہ] دِل کی حالت کا دریافت کرنا ۔
دِل سے تنگ آنا / ہونا : [ار ۔ محاورہ] عاجز آنا / آجانا ۔ دکھی ہو جانا ۔
دِل سے خدا آگاہ ہے : [ار ۔ محاورہ] دِل کی حالت خدا جانتا ہے ۔ اضطراب کی حالت
دِل سے دُعا نکلنا : [ار ۔ محاورہ] دِل سے کسی کا بھلا چاہنا ۔
دِل سے دِل اٹکنا : [ار ۔ محاورہ] آپس میں محبت ہونا ۔
دِل سے دِل مِلنا : [ار ۔ محاورہ] دو شخصوں میں بہت محبت ہونا ۔ ایک دوسرے کا عاشق ہونا ۔
دِل سے دُور کرنا : [ار ۔ محاورہ] بھلا دینا ۔
دِل سے دُور ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " دِل سے دُور کرنا " جسکا یہ لازم ہے ۔
دِل سے دھواں اُٹھنا / نکلنا : [ار ۔ محاورہ] سخت غم ہونا ۔
دِل سیر ہونا : [ار ۔ محاورہ] دِل بھر جانا
دِل سے سوچنا : [ار ۔ محاورہ] خیال کرنا
دِل سے صاف ہونا : [ار ۔ محاورہ] رنج جاتا رہنا ۔ صلح ہو جانا ۔
دِل سے غبار نکلنا : [ار ۔ محاورہ] ملال نہ رہنا ۔
دِل سے فدا ہونا : [ار ۔ محاورہ] پورے طور سے عاشق ہونا ۔ شیدا ہونا ۔
دِل سے کانٹا نکالنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " ... سے کانٹا نکلنا "

جس کا یہ متعدی ہے۔

دِل سے کانٹا نکلنا: [ار۔محاورہ] دل کی خلش جاتی رہنا۔

دِل سے کہنا: [ار۔محاورہ] دِل ہی دل میں باتیں کرنا۔

دل سے گرانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دل سے گرنا" جس کا یہ متعدی ہے

دل سے گرنا: [ار۔محاورہ] بے وقعت ہو جانا۔

دِل سے گڑھنا / گھڑنا [ار۔محاورہ] اپنی طرف سے کوئی بات بنا لینا۔

دِل سے لاگ ہونا: [ار۔محاورہ] دل سے تعلق ہونا۔

دِل سے لگنا / لگی ہونا [ار۔محاورہ] بہت خیال ہونا۔ فکر ہونا۔ دُھن ہونا۔

دِل سے لگی ہے: [ار۔محاورہ] دل پہ چوٹ لگی ہے۔ محسوس ہوتا ہے۔

دل سے مشورہ (منصوبے) کرنا: [ار۔محاورہ] سوچنا۔ بچارنا

دِل سے مِل جانا: [ار۔محاورہ] کدُورت رفع ہو جانا۔

دِل سے مِلنا: [ار۔محاورہ] شوق اور مُحبّت سے مُلاقات کرنا۔

دِل سے ناچار / مجبُور ہونا: [ار۔محاورہ] دل پر قابو نہ چلنا۔

دل سے نکال دینا / نکالنا: [ار۔محاورہ] بھُلا دینا۔ دِل سے محو کر دینا

دل سے نکلنا: [ار۔محاورہ] بھُولنا محو کرنا۔

دِل سے نہ ہونا: [ار۔محاورہ] ظاہری طور پر ہونا۔ نام کو ہونا۔

دل سیاہ کرنا: [ار۔محاورہ] دِل کو بے رحم بنانا۔

دِل سیاہ ہونا: [ار۔محاورہ] دل کا بےخوف ہونا خُدا کا ڈر نہ رہنا

دِل سینے میں اُلجھنا: [ار۔محاورہ] دِل گھبرانا۔ اضطراب ہونا۔

دِل شاد [ف۔صف] خُوش۔ بشاش (افعال: کرنا۔ ہونا۔ رہنا)

دِل شدہ: [ف۔صف] دِل کھویا ہُوا عاشق دیوانہ۔ پاگل۔ حواس باختہ

دل شکستہ [ف۔صف] رنجیدہ افسردہ مایُوس۔ کنایۃً عاشق (افعال کرنا۔ ہونا)

دِل شکن: [ف۔صف] دِل توڑنے والا ہمت پست کرنیوالا ناراض کرنے والا

دِل شکنی۔ [ف۔اث] دیکھئے "دِل شکن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دِل شگاف: [ف۔صف] دل میں سُوراخ کرنے والا۔ دل ہلا دینے والا۔

دِل شگفتہ [ف۔صف] خُوش بشاش (ہونا)

دِل شیر ہونا: [ار۔محاورہ] دل شیر کا ہونا۔ حوصلہ ہونا

دِل صاف کر دینا / کرنا: [ار۔محاورہ] کدُورت رفع کر دینا ملال دُور کر دینا

دل صاف ہو جانا / ہونا: [ار۔محاورہ] کدُورت رفع ہونا ملال دُور ہونا

دِل صد چاک: [ف۔صف۔مذ] سخت زخمی دل۔ دل جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ہوں۔ (افعال: ہونا)

دِل غنی ہونا۔ [ار۔محاورہ] سخی ہونا۔ دل کا امیر ہونا

دِل فرحت یاب ہونا: [ار۔محاورہ] دل خُوش ہونا۔

دِل فروز: [ف۔صف] دِل کو خُوش کرنے والا۔ دل کو روشن کرنے والا

دِلفروش: [ف۔صف] دِل بیچنے والا عاشق

دِلفگار: [ف۔صف] جس کا دِل زخمی ہو۔ غمگین۔ محزون۔

دِل قابو میں ہونا: [ار۔محاورہ] دِل کا اپنے بس میں ہونا۔

دِل قوی کرنا: [ار۔محاورہ] حوصلہ کرنا۔ دِل مضبوط کرنا۔

دِل قوی ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دِل قوی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دِل کا آ جانا / آنا: [ار۔محاورہ] عاشق ہونا

دِل کا ارمان نکالنا۔ [ار۔محاورہ] دیکھئے "دل کا ارمان نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے

دِل کا ارمان نِکلنا: [ار۔محاورہ] آرزُو پوری ہونا۔

دِل کا بادشاہ: [ار۔اند] خود مختار۔ آزاد

دِل کا بُخار: [ار۔اند] غصّہ۔ رنج۔ کدُورت۔ ملال (نکالنا: نکلنا)

دِل کا بودا: [ار۔صف] کم ہمت۔ بُزدل۔ پست حوصلہ

دِل کا بولنا: [ار۔محاورہ] دِل کا کہنا۔ دِل کا گواہی دینا۔

دِل کا پس و پیش کرنا: [ار۔محاورہ] طبیعت کا ہچکچانا۔

دِل کا ٹکڑا: [ار۔اند] بہت پیارا۔ لختِ جگر

دل کا جاننا: [ار۔محاورہ] دِل کا واقف ہونا۔ دِل میں سمجھنا۔

دِل کا حال: [ار۔اند] دِل کی کیفیت۔ حالت جو دِل پر گزرے۔

دِل کا حوصلہ: [ار۔اند] ہمت۔ توفیق

دِل کا حوصلہ نکالنا: [ار۔محاورہ] آرزو یا خواہش پُوری کرنا۔

دِل کا حوصلہ نکلنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دِل کا حوصلہ نکالنا" جسکا یہ لازم ہے

دل کا خریدار / گاہک: [ار۔صف] دِل کا خواہاں۔ معشوق۔

دِل کا خون پینا: [ار۔محاورہ] غم کھانا۔ رنج کھانا۔ رنج کرنا۔

دل کا دِل آئینہ ہے: [ار۔مثل] جیسا کوئی کسی کے متعلق سوچے گا۔ ویسا ہی اُسے اس سے جواب ملیگا۔

دل کا دو ہاتھ اُچھلنا۔ [ار۔محاورہ] بہت بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا

دِل کا دھڑکا: [ار۔اند] اختلاجِ قلب۔ خفقان

دِل دُھواں: [ار۔اند] آہ گرم

دِل کا سخت: [ار۔صف] مضبوط دِل والا۔ بے رحم

دِل کا غبار [ار۔اند] ملال۔ رنج۔ غصّہ۔ کدُورت

دِل کا غبار نکالنا۔ [ار۔محاورہ] کدورت دُور کرنا ملال دُور کرنا

دل کا غبار نکلنا [ار۔محاورہ] دیکھئے "دِل کا غبار نکالنا" جسکا یہ لازم ہے

دل کا غبار دھو جانا / دُھل جانا: [ار۔محاورہ] دِل کا غُصّہ دُور ہونا۔

دِل کا کانٹا۔ [ار۔اند] دِل کی خلش۔ رنج ملال

دل کا کچا [ار۔صف] کم ہمت۔ بودا۔ بُزدِل۔

دل کا کچھ اور نقشہ ہونا۔ [ار۔محاورہ] گھبرانا مضطرب ہونا پریشان ہونا۔

دل کا کچھ کہنا [ار۔محاورہ] خواہش ہونا۔ آرزو ہونا۔

دل کا کرارا: [ار۔صف] دیکھئے "دِل کا سخت"

دِل کا کڑا: [ار۔صف] دیکھئے "دِل کا سخت"

دِل کا کنول کِھلنا: [ار۔محاورہ] خُوش ہونا۔ شگفتہ خاطر ہونا۔

دِل کا کھوٹا۔ [ار۔صف] دِل کا بُرا۔ دغاباز۔ فریبی

دِل کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ: [ار۔مثل] رنج و الم کا اسے ہی احساس ہوتا ہے جو اس میں مبتلا ہو۔

دل کا گواہی دینا: [ار۔محاورہ] دِل کا کسی خیال کی تائید کرنا۔

دِل کا لہری / موجی: [ار۔صف] آزاد۔ خوش مزاج

دِل کا اللہ مالک ہے: [ار۔مقولہ] دِل کی خبر خُدا ہی جانے۔ خُدا ہی دِل پھیر سکتا ہے۔

دِل کا ماننا: [ار۔محاورہ] دِل کا راضی ہونا۔

دِل کا مجبُور: [ار۔ صف] دِل کا سخت
دِل کا میل کرنا: [ار۔ محاورہ] دِل کا کسی طرف مائل ہونا۔ دِل کا موافقت کرنا
دِل کا نُقطہ: [ار۔ اند] ایک سیاہ نقطہ جو دِل پر ہوتا ہے۔
دِل کانپنا: [ار۔ محاورہ] دِل لرزنا۔ ڈرنا۔
دِل کباب کرنا: [ار۔ محاورہ] غمگین کرنا۔ جلانا
دِل کباب ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل کباب کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دِل کبیدہ: [ار۔ صف] رنجیدہ غمگین
دِل کٹنا: [ار۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔
دِل کچل جانا: [ار۔ محاورہ] دِل کا پامال ہونا۔ نا اُمید ہونا۔ نامُراد رہ جانا۔
دِل کرخت کرنا: [ار۔ محاورہ] دل سخت کرنا۔ دِل مضبوط کرنا۔
دِل کرخت ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل کرخت کرنا" جس کا یہ لازم ہے
دِل کرنا: [ار۔ محاورہ] فیاضی کرنا۔ سخاوت کرنا (۲) بہادری کرنا۔ جُرات کرنا۔ ہمت کرنا (۳) خواہش کرنا ہونا۔
دل کڑا کرنا: [ار۔ محاورہ] دِل کو سخت کرلینا (۲) جُرات کرنا (۳) صبر سے برداشت کرنا۔
دِل کڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل کڑا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دِل کڑوا کرنا: [ار۔ محاورہ] صبر سے برداشت کرنا۔ دِل کو سخت کرنا جُرات کرنا۔
دِل کڑھانا: [ار۔ محاورہ] غم کرنا۔ افسوس کرنا۔
دِل کُڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل کڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دِل کَش: [ف۔ صف] دِل کو کھینچنے والا۔ پسندیدہ۔ مرغوب۔ دل لبھانے والا۔
دِل کشا: [ع ف۔ صف] روشن۔ فراخ۔ دِل شگفتہ کرنے والا۔ دِل کو خوش کرنے والا
دِل کُشائی: [ع ف۔ امث] دیکھئے "دِل کُشا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِل کشی: [ف۔ صف] دیکھئے "دِل کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دل کَشیدہ: [ف۔ صف] بیزار۔ رنجیدہ [افعال: کرنا۔ ہونا]
دِل کملانا: [ار۔ محاورہ] پژمُردہ خاطر ہونا۔ مغمُوم ہونا۔ نا اُمید ہونا
دِل کو اضطراب ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت گھبراہٹ ہونا۔
دِل کو بُرا لگنا: [ار۔ محاورہ] ناگوار ہونا
دِل کو پامال کرنا: [ار۔ محاورہ] عاشق پر ستم کرنا ظلم کرنا
دِل کو بانی کرنا: [ار۔ محاورہ] مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا
دِل کو پتھر کرنا: [ار۔ محاورہ] دِل کو سخت کر لینا۔
دل کو پنکھا لگنا / پنکھے لگنا: [ار۔ محاورہ] بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔
دل کو پھوڑا بنانا: [ار۔ محاورہ] بہت رنج دینا۔ سخت رنج دینا۔
دِل کو پیچ و تاب ہونا: [ار۔ محاورہ] پریشان ہونا۔ گھبرانا۔
دِل کو تاب آنا / ہونا: [ار۔ محاورہ] اطمینان ہونا۔ سکون ہونا۔ تسکین ہونا۔
دِل کو تعلق ہونا: [ار۔ محاورہ] دِل لگا رہنا۔ محبت ہونا۔
دِل کو تھامنا: [ار۔ محاورہ] صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔
دِل کو چوٹ لگنا: [ار۔ محاورہ] دِل کو صدمہ ہونا
دِل کو چوٹ ہونا: [ار۔ محاورہ] تمنا ہونا۔ خواہش ہونا۔
دِل کو چھلنا: [ار۔ محاورہ] دِل کو فریب دینا۔ فریب میں لانا۔
دِل کو چین آنا / ملنا / ہونا: [ار۔ محاورہ] آرام ہونا۔ راحت ہونا۔

دِل کو خار دینا: [ار۔ محاورہ] صدمہ دینا
دِل کو خون کرنا: [ار۔ محاورہ] سخت رنج دینا۔ جلانا۔ غمگین کرنا
دِل کو درد دینا: [ار۔ محاورہ] ہمدردی پیدا کرنا۔ رحم کا جذبہ پیدا کرنا۔
دِل کو دِل سے راہ ہوتی ہے: [ار۔ مثل] محبت دونوں طرف سے ہوتی ہے۔ ایک کو دُوسرے کا احساس ہوتا ہے۔
دِل کو ڈھالنا: [ار۔ محاورہ] دِل کو مائل کرنا
دِل کو رَٹ لگی ہونا: [ار۔ محاورہ] ہر وقت، دِل میں یاد ہونا۔
دِل کو سمجھانا: [ار۔ محاورہ] دل کو تسلی دینا۔
دِل کو سنبھالنا: [ار۔ محاورہ] ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔ بے قرار ہونے سے روکنا۔
دِل کو قرار ہونا: [ار۔ محاورہ] اطمینان ہونا دلجمعی ہونا۔ صبر ہونا۔
دِل کو کھٹا کرنا: [ار۔ محاورہ] رنجیدہ کرنا۔ برافروختہ کرنا۔
دِل کو گدگدانا: [ار۔ محاورہ] دِل کو اشتعال دینا۔ شوق دِلانا۔ خواہش پیدا کرنا۔
دِل کو لگنا: [ار۔ محاورہ] دِل پر اثر ہونا (۲) یقین ہونا (۳) صدمہ گزرنا۔ (۴) جوش پیدا ہونا (۵) ناگوار ہونا۔ غصہ آنا (۶) دھن ہونا (۷) خواہش ہونا۔
دِل کو لَو لگنا: [ار۔ محاورہ] دُھن ہو جانا۔ محبت ہو جانا۔
دِل کو مَسوسنا: [ار۔ محاورہ] بیقراری کے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر دِل کو تسلی دینا۔
دِل کو نشانہ بنانا: [ار۔ محاورہ] مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔
دِل کو ہاتھوں سے مَسلنا: [ار۔ محاورہ] سخت رنج پہنچانا۔ خوب ستانا۔
دِل کو ہو قرار تو سب کو سُوجھیں تیوہار: [ار۔ مثل] جس کو کوئی فکر نہ ہو وہی ہر بات میں لطف اُٹھا سکتا ہے۔
دِل کھٹا کرنا: [ار۔ محاورہ] ہمت پست کر دینا۔ بیزار کرنا۔
دِل کھٹا ہونا: [ار۔ محاورہ] حوصلہ نہ ہونا۔ بیزار ہونا۔
دِل کھٹا میٹھا ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت رغبت ہونا۔ جی للچانا۔ (عو)
دِل کھٹک جانا: [ار۔ محاورہ] شُبہ پڑنا۔ شک پڑنا۔
دِل کھٹکنا: [ار۔ محاورہ] ڈرنا
دِل کھرا کھوٹا ہونا: [ار۔ محاورہ] سبب میں فرق آنا۔ خیال فاسد پیدا ہونا۔
دِل کھلنا: [ار۔ محاورہ] شگفتہ ہو جانا۔ خوش ہو جانا
دِل کُھلنا: [ار۔ محاورہ] خوش ہو جانا۔ رنج دُور ہو جانا (۲) خوف جاتا رہنا۔ ڈر نہ رہنا (۳) حوصلہ بڑھنا۔ ہمت بڑھانا۔ ہمت پیدا ہونا (۴) روشن ضمیر ہو جانا۔
دِل کھنچنا: [ار۔ محاورہ] ناراض ہونا۔ بیزار ہونا (۲) دل میں کشش پیدا ہونا
دِل کھول کر / کے: [ار۔ متعلق فعل] بے دھڑک۔ خاطر خواہ
دِل کہے / کہنے میں نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] دِل کا قابو میں نہ ہونا۔
دِل کھینچ لینا: [ار۔ محاورہ] دِل کو فریفتہ کرلینا۔ مائل کرلینا۔
دِل کھینچنا: [ار۔ محاورہ] دِل کو اپنی طرف مائل کرنا۔
دل کی: [ار۔ امث] رازِ دِل۔ خواہش
دِل کی آگ بجھانا: [ار۔ محاورہ] خواہش پوری کرنا۔ تسکین پانا۔
دِل کی آگ بجھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل کی آگ بجھانا" جس کا یہ لازم۔
دِل کی اُڑا لینا: [ار۔ محاورہ] دل کا مطلب سمجھ لینا۔

دِل کی بات: [ا۔ امث] راز
دِل کی بھڑاس: [ا۔ امث] دِل کا غبار۔ دِل کی کدورت۔ دِل کا بخار (افعال۔ نکالنا۔ نکلنا)
دِل کی پھانس: [ا۔ امث] دِل کی تکلیف۔ رنج۔ خلش۔ صدمہ
دِل کی جھلن: [ا۔ امث] رنج۔ غم
دِل کی چوٹ: [ا۔ امث] صدمہ
دِل کی حسرت نکالنا: [ا۔ محاورہ] خواہش نکالنا۔ مراد پوری کرنا
دِل کی حسرت نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دِل کی حسرت نکالنا" جسکا یہ لازم ہے
دِل کی دِل میں رکھنا: [ا۔ محاورہ] دِل کا حال ظاہر نہ کرنا۔
دِل کی دِل میں رہنا: [ا۔ محاورہ] خواہش پوری نہ ہونا۔ حسرت رہ جانا
دِل کی رُکاوٹ: [ا۔ امث] آزردگی۔ افسردگی
دِل کی سادگی: [ا۔ صف۔ مث] بھولی۔ صاف دِل
دِل کی صفائی: [ا۔ امث] دِل کا بُری باتوں سے مبرّا ہونا۔
دِل کی طرح رکھنا: [ا۔ محاورہ] بہت عزیز رکھنا۔
دِل کی چٹی: [ا۔ صف] دیکھئے "دِل کا کچا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دِل کی کلی کھلنا: [ا۔ محاورہ] آرزو پوری ہونا۔
دِل کی کنجی: [ا۔ امث] (عو) مشیر۔ ہم راز۔ صلاح کار
دِل کی کہنا: [ا۔ محاورہ] صاف بات ظاہر کر دینا (۲) وہ بات جو دُوسرے کے دِل میں بٹھا دینا
دِل کی کھوٹی: [ا۔ صف۔ مث] دیکھئے "دِل کا کھوٹا" جس کی یہ تانیث ہے
دِل کی گرہ / گانٹھ: [ا۔ امث] دِلی رنجش۔ دِل کی گتھی
دِل کی گرہ / گانٹھ کھولنا: [ا۔ محاورہ] عداوت دُور کرنا۔ چھپے ہوئے کینے کو دُور کرنا۔ رنج دُور کرنا
دِل کی گرہ / گانٹھ کھلنا / نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دِل کی گرہ" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے۔
دِل کی گھنڈی کھلنا: [ا۔ محاورہ] عقدہ کشائی ہونا۔ راز ظاہر ہونا۔
دِل کی لاگ: [ا۔ امث] محبت۔ عشق
دِل کی لگن: [ا۔ امث] دیکھئے "دِل کی لاگ"۔
دِل کی لگی: [ا۔ امث] غم۔ رنج۔ عشق۔ چوٹ
دِل کی لگی بجھانا: [ا۔ محاورہ] دِل کی حسرت نکالنا
دِل کی لگی بجھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دِل کی لگی بجھانا" جس کا یہ لازم ہے
دِل کے آبلے / پھپھولے پھوٹنا: [ا۔ محاورہ] دِل کی حسرت نکلنا۔ غصہ اترنا۔
دِل کے آبلے یا پھپھولے پھوڑنا / توڑنا: [ا۔ محاورہ] دردِ دِل ظاہر کرنا۔ جلی کٹی باتیں کرنا (۲) طعنہ دینا (۳) غصہ نکالنا (۴) بدلہ لینا (۵) زہر اُگلنا (۶) بُرا بھلا کہہ کر اپنا دِل ٹھنڈا کرنا (۷) حسرت نکالنا۔
دِل کے پار ہونا: [ا۔ محاورہ] دِل پر اثر کرنا
دِل کے پُرزے پُرزے / ٹکڑے ٹکڑے ہونا: [ا۔ محاورہ] سخت صدمہ ہونا۔ بے حد رنج ہونا۔
دِل کیا کہتا ہوگا: [ا۔ روزمرہ] دِل میں کیا کیا خیالات آتے ہونگے۔
دِل گداز: [ف۔ صف] دِل کو نرم کرنے والا (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

دِل گُردہ: [ف۔ اذ] حوصلہ۔ جُرأت (۲) تاب۔ طاقت (۳) صبر۔ برداشت۔
دِل گرفتگی: [ف۔ امث] دیکھئے "دِل گرفتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِل گرفتہ: [ف۔ صف] رنجیدہ۔ غمگین۔ مغموم
دِل گرم: [ف۔ صف] دوست۔ پُرشوق۔ گرم جوش
دِل گرم کرنا: [ا۔ محاورہ] دِل میں اُمنگ پیدا کرنا۔
دِل گرم ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دِل گرم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دِل گرمی: [ف۔ امث] دیکھئے "دِل گرم" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِل گمراہ ہونا: [ا۔ مص مرکب] نیت میں فرق آنا۔ دِل بھٹکنا۔
دِل گھبرانا: [ا۔ مص مرکب] دِل بیقرار ہونا۔ دِل مضطرب ہونا۔ دِل نہ لگنا۔
دِل گھونٹ کر / کے رکھنا: [ا۔ محاورہ] دِل کو جبراً کسی کام سے باز رکھنا۔
دِل گیر: [ف۔ صف] مغموم۔ غمگین۔ اندوہ گیں۔
دِل لبھانا: [ا۔ محاورہ] دِل کو مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔
دِل لٹّو ہونا: [ا۔ محاورہ] فریفتہ ہونا۔
دِل لرزنا: [ا۔ محاورہ] دِل کانپنا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔
دِل لگا بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ محبت کرنے لگنا
دِل لگا رہنا: [ا۔ محاورہ] فکر رہنا۔ تشویش ہونا
دِل لگا کر / کے: [ا۔ متعلق فعل] توجہ سے۔ دھیان سے۔
دِل لگانا: [ا۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ محبت کرنا (۲) کسی کام پر دِل کو متوجہ کرنا۔
دِل لگا ہونا: [ا۔ محاورہ] طبیعت ہونا۔ تعلق ہونا۔
دِل لگنا / لگ جانا: [ا۔ محاورہ] جی بہلنا۔ عشق ہونا (۲) کسی کام میں مشغول ہو جانا۔ عشق ہونا۔ محبت ہونا۔
دِل لگی: [ا۔ امث] ہنسی مذاق۔ چہل (۲) معمولی بات۔ آسان بات (۳) لگاؤ۔ محبت دوستی (۴) دلچسپی۔ مشغلہ۔
دِل لگی باز: [ا۔ ف۔ صف] ظریف۔ مسخرہ۔ خوش طبع۔
دِل لوٹ پوٹ ہونا: [ا۔ محاورہ] فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ بے قرار ہونا۔
دِل لوٹنا / لوٹ جانا: [ا۔ محاورہ] مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔
دِل لوٹنا: [ا۔ محاورہ] دلدادہ کرنا
دِل لہرانا: [ا۔ محاورہ] دِل میں اُمنگ پیدا کرنا۔ دِل خوش کرنا۔
دِل لہو ہو جانا / ہونا: [ا۔ محاورہ] سخت رنج ہونا۔ سخت صدمہ گزرنا۔
دِل لینا: [ا۔ محاورہ] مائل کر لینا۔ عاشق بنا لینا (۲) عندیہ لینا۔ منشا دریافت کرنا۔
دِل مارنا: [ا۔ محاورہ] خواہشوں کو روکنا۔ صبر کرنا۔
دِل مٹھی میں لینا: [ا۔ محاورہ] کسی کو قابو میں کرنا۔ گرویدہ کر لینا۔
دِل مٹی ہونا: [ا۔ محاورہ] خواہش نہ رہنا۔
دِل مچل جانا / مچلنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کے لیے دِل کا ہٹ یا ضد کرنا۔
دِل مر جانا / مردہ ہو جانا: [ا۔ محاورہ] خواہشیں جاتی رہنا۔ اُمنگ نہ رہنا۔ افسردہ ہونا۔

دِل مرحوم: [ف۔ امذ] عاشق کا دِل۔ نامراد دِل

دِل مَسَل جانا: [ار۔ محاورہ] دِل کا بیقرار ہونا

دِل مَسَلنا: [ار۔ محاورہ] دِل کو ایذا پہنچانا۔ رنج دینا

دِل مَسوسنا: [ار۔ محاورہ] رنج منبط کرنا۔ کڑھنا

دِل مشبّک کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل مشبّک ہونا" جس کا یہ متعدی ہے

دِل مشبّک ہونا: [ار۔ محاورہ] دِل میں سوراخ ہونا۔ سخت غم ہونا۔

دِل مضبوط رکھنا: [ار۔ محاورہ] حوصلہ رکھنا۔ پرواہ نہ کرنا۔

دِل مُضطر: [ف۔ امذ] بیقرار دِل۔ بے چین دِل

دِل مکدّر ہونا: [ار۔ محاورہ] دِل میں ملال آجانا۔ دِل میں صفائی نہ رہنا۔

دِل مِلا: [ار۔ امذ] بہناپا۔ سہیلیوں کا رشتہ۔ بیگمات خاندان مغلیہ ایسے رشتے جوڑا کرتی تھیں۔

دِل مِلانا: [ار۔ محاورہ] محبت کرنا، اخلاص کرنا۔ راہ و رسم کرنا۔

دِل مِلنا: [ار۔ محاورہ] محبت ہونا۔ راہ و رسم ہونا۔ اخلاص ہونا

دِل مَلنا: [ار۔ محاورہ] رنج پہنچانا۔ دِل پامال کرنا (۲) بہت مشتاق ہونا۔

دِل موم ہونا: [ار۔ محاورہ] رحم آنا۔ ترس آنا۔ دِل نرم ہونا۔

دِل موہ لینا: [ار محاورہ] لبھا لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ دِل قابو میں کر لینا۔

دِل میلا کرنا: [ار۔ محاورہ] مغموم ہونا۔ اُداس ہونا۔

دِل میلا ہونا: [ار۔ محاورہ] دِل میں کدورت ہونا

دِل میں: [ار۔ متعلق فعل] جی ہی جی میں

دِل میں آبلے ڈالنا: [ار۔ محاورہ] سخت رنج پہنچانا۔

دِل میں آ جانا / آنا: [ار۔ محاورہ] ذہن میں آجانا۔ خیال ہو جانا۔

دِل میں آگ بھری رہنا / ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت جلنا۔ رشک ہونا۔ حسد ہونا

دِل میں آگ بھڑکانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں آگ بھڑکنا" جسکا یہ متعدی ہے

دِل میں آگ بھڑکنا: [ار۔ محاورہ] دِل میں سوزش پیدا ہونا۔ خواہش پیدا ہونا۔

دِل میں آگ لگانا: [ار۔ محاورہ] رنج دینا۔ ستانا

دِل میں آگ لگنا: [ار۔ محاورہ] سوز و گداز عشق پیدا ہونا۔

دِل میں آنا: [ار۔ محاورہ] خیال گزرنا۔

دِل میں اُتار دینا / اُتارنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں اُتر آنا / اُترنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

دِل میں اُتر آنا / اُترنا: [ار۔ محاورہ] ذہن نشین ہونا۔ دِل میں سمانا۔

دِل میں اینٹھ رکھنا: [ار۔ محاورہ] بغض اور عداوت رکھنا۔

دِل میں باتیں بھری ہونا: [ار۔ محاورہ] دِل گلے شکووں سے پُر ہونا۔ دِل شرارتوں سے بھرا ہونا۔

دِل میں بٹھانا: [ار۔ محاورہ] ذہن نشین کرنا

دِل میں بخار بھرا ہونا: [ار۔ محاورہ] دِل میں کدورت ہونا۔

دِل میں بُرائی آنا: [ار۔ محاورہ] بدنیت ہو جانا۔ بُرا خیال دِل میں پیدا ہونا۔

دِل میں بڑی سمائی ہونا: [ار۔ محاورہ] عالی حوصلگی ہونا۔

دِل میں بسا رہنا / لینا: [ار۔ محاورہ] ہر وقت کسی کا خیال دِل میں رہنا ہر وقت تصوّر رہنا۔

دِل میں بل پڑنا: [ار۔ محاورہ] کدورت ہونا۔ رنج ہونا۔

دِل میں بل ڈالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں کدورت پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے

دِل میں بل رکھنا: [ار۔ محاورہ] بغض رکھنا۔ عداوت رکھنا

دِل میں بھچنا: [ار۔ محاورہ] دِل تنگ ہونا۔ نادم ہونا۔

دِل میں بیٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] ذہن نشین ہونا۔ ذہن میں اچھی طرح جم جانا۔

دِل میں پاپ لانا: [ار۔ محاورہ] شک لانا۔ بدگمان ہونا۔

دِل میں پَیس جانا: [ار۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

دِل میں پلٹ جانا: [ار۔ محاورہ] کچھ کہہ کے اس کے برخلاف نیت کر لینا۔

دِل میں پنکھے لگے ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت گھبراہٹ ہونا۔ بہت بے چینی۔ دِل دھڑکنا۔

دِل میں پھپھولے پڑنا: [ار۔ محاورہ] ضبط کی وجہ سے دِل میں رنج ہونا۔

دِل میں پھرنا: [ار۔ محاورہ] ہر وقت خیال رہنا۔

دِل میں پھوٹ رکھنا: [ار۔ محاورہ] بغض رکھنا۔ کدورت رکھنا۔

دِل میں تو سمجھو: [ار۔ محاورہ] قائل تو ہو۔ شرمندہ تو ہو۔

دِل میں ٹھاننا / ٹھانٹا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں ٹھننا" جسکا یہ متعدی ہے۔

دِل میں ٹھننا / ٹھنی رہنا / ہونا: [ار۔ محاورہ] پکا ارادہ ہونا۔ کسی خیال کا دِل میں قائم رہنا / ہونا

دِل میں ٹیڑھا ہونا: [ار۔ محاورہ] دِل ہی دِل میں ناخوش ہونا۔

دِل میں جاننا: [ار۔ محاورہ] اندرونی طور پر واقف ہونا۔

دِل میں جگہ پانا / ملنا: [ار۔ محاورہ] پسندیدہ ہونا۔ پسندِ خاطر ہونا۔ رسوخ ہونا۔ دِل میں گنجائش ہونا۔

دِل میں جگہ دینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں جگہ ہونا" جسکا یہ متعدی ہے

دِل میں جگہ کر لینا / کرنا: [ار۔ محاورہ] محبت پیدا کرنا۔ رسائی پیدا کرنا۔

دِل میں جگہ ہونا: [ار۔ محاورہ] محبت ہونا۔ عزیز ہونا۔

دِل میں جلنا: [ار۔ محاورہ] رشک کرنا۔ حسد کرنا۔

دِل میں جما رہنا / جمنا: [ار۔ محاورہ] ہر وقت خیال رہنا۔

دِل میں چبھ جانا / چبھنا: [ار۔ [illegible]] اثر کرنا۔ پسند آنا۔

دِل میں چٹکیاں / چٹکی لینا: [ار۔ [illegible]] در پردہ آزار پہنچانا۔ دِل دکھانا۔ طعنے دینا۔ اثر کرنا۔ شوق پیدا کرنا۔ اُبھارنا۔

دِل میں چوٹ لگنا: [ار محاورہ] صدمہ پہنچنا۔ رنج ہونا۔

دِل میں چور بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں چور ہونا"

دِل میں چور ہونا: [ار محاورہ] بدگمانی ہونا۔ بدظنی ہونا۔ دِل میں فرق ہونا۔

دِل میں چھید کرنا: [ار۔ محاورہ] سخت صدمہ پہنچانا۔ طعن تشنیع کرنا۔

دِل میں حسرت رکھنا: [ار۔ محاورہ] سخت خواہش۔ آرزو ہونا۔

دِل میں خلش رکھنا: [ار۔ محاورہ] بغض رکھنا۔ کینہ رکھنا

دِل میں خلش ہونا: [ار۔ محاورہ] ڈر ہونا۔ خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا

دِل میں خیال آنا: [ار۔ محاورہ] ذہن میں کوئی بات آنا۔

دِل میں خیال رکھنا: [ار۔ محاورہ] کوئی بات ذہن میں رکھنا۔ کسی بات کا دھیان رکھنا۔

دِل میں خیال رہنا: [ار۔ محاورہ] دِل میں کسی کا تصوّر رہنا۔ ہر وقت کسی کا دھیان رہنا

دِل میں خیال گزرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں خیال آنا"

دِل میں داغ پڑنا: [ار۔ محاورہ] صدمہ ہونا۔ رنج ہونا۔

دل میں دِل ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] دوسرے کے دل پر اپنا اثر ڈالنا۔ اپنے دل کی بات کا دُوسرے کو یقین دلانا۔
دل میں ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کو دُوسرے کے دل میں پیدا کرنا۔
دل میں ڈرنا: [ا ر۔ محاورہ] اس طرح خوف کھانا کہ دوسرے پر ظاہر نہ ہو
دل میں راہ پیدا کرنا: [ا ر۔ محاورہ] کسی کی محبت اپنے دل میں پیدا کرنا
دل میں راہ پیدا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کسی کی محبت پیدا ہونا۔
دل میں راہ کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دل میں راہ ہونا" جسکا یہ متعدی ہے۔
دل میں راہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ محبت ہونا۔ رسُوخ ہونا
دل میں رحم آنا: [ا ر۔ مصدر مرکب] ترس آنا۔ دِل نرم ہونا۔
دل میں رُکاوٹ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] آزردگی ہونا۔ ناراضگی ہونا۔
دل میں رکھنا: [ا ر۔ محاورہ] مخفی رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا (۲) کینہ رکھنا۔ بُغض رکھنا (۳) یاد رکھنا۔ خیال رکھنا۔
دل میں رہنا: [ا ر۔ محاورہ] ہر وقت خیال میں بسنا
دل میں زہر بھرا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کسی کی طرف سے دل میں بدی یا دُشمنی ہونا
دِل میں سما جانا / سمانا: [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کا یقین ہو جانا۔ ہر وقت خیال میں رہنا۔ ارادہ کرنا۔
دل میں سمائی ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کا ارادہ ہونا۔
دل میں سمجھنا / سوچنا: [ا ر۔ محاورہ] سوچنا۔ غور کرنا۔
دل میں سُوراخ پڑ جانا / پڑنا / ہو جانا / ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دل میں سُوراخ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دِل میں سُوراخ کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دِل آزاری کرنا۔ رنج پہنچانا۔ طعن و تشنیع سے دِل آزاری کرنا۔
دِل میں شرمانا: [ا ر۔ مصدر مرکب] شرمندہ ہونا مگر ظاہر نہ ہونے دینا۔
دل میں غبار آنا: [ا ر۔ محاورہ] کدُورت رکھنا
دِل میں غبار بھرا رہنا / بھر رہنا: [ا ر۔ محاورہ] ہر وقت کدُورت رہنا۔
دِل میں غُبار رکھنا: [ا ر۔ محاورہ] ملال کرنا۔ کدُورت
دل میں غبار ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ملال ہونا۔ کدُورت ہونا۔
دِل میں غور کرنا: [ا ر۔ محاورہ] سوچنا
دل میں فرق آنا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) شک ہونا (۲) اعتبار اُٹھنا۔ ۳۔ عداوت ہونا۔ بُغض ہونا
دِل میں فرق ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دِل صاف نہ ہونا ملال ہونا۔
دِل میں قائل ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ماننا یا اقرار کرنا اس طرح کہ دُوسرے پر ظاہر نہ ہو
دِل میں کانٹا سا کھٹکنا: [ا ر۔ محاورہ] ناگوار گزرنا۔ گراں خاطر ہونا۔
دل میں کبیدہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] غمگین ہونا
دل میں کینہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کینہ ہونا۔ دُشمنی ہونا۔
دِل میں کٹنا: [ا ر۔ محاورہ] خفیہ طور پر شرمندہ ہونا۔
دِل میں کچھ نہ آنا: [ا ر۔ محاورہ] رحم نہ آنا۔ ترس نہ آنا
دِل میں کُڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] افسوس کرنا۔ رنج کرنا مگر ظاہر نہ ہونے دینا۔
دِل میں کھُبا جانا: [ا ر۔ محاورہ] دِل میں سما جانا
دِل میں کھُبنا: [ا ر۔ محاورہ] دِل پر اثر ہونا۔
دِل میں کھٹک جانا: [ا ر۔ محاورہ] اثر کر جانا۔ شُبہ پڑ جانا۔

دِل میں کھٹکنا: [ا ر۔ محاورہ] ناگوار معلوم ہونا۔
دِل میں کہنا: [ا ر۔ محاورہ] سوچنا۔ خیال کرنا
دِل میں کھوٹ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دغا ہونا۔
دِل میں کیا آیا: [ا ر۔ محاورہ] دِل میں کیا خیال پیدا ہُوا ہے۔
دِل میں کیا کہتے ہوں گے / کہیں گے: [ا ر۔ محاورہ] جہاں کوئی بُری بات کہے یا کرے جسکا اثر دُوسرے پر ہو تو شرمندگی کے طور پر کہتے ہیں۔
دِل میں گتھی پڑنا: [ا ر۔ محاورہ] رنج پیدا ہونا کسی کی طرف سے۔
دِل میں گدگُدی کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں گدگُدی ہونا" جسکا یہ متعدی ہے۔
دِل میں گدگُدی ہونا: [ا ر۔ محاورہ] معشوق کی شوخی کی وجہ سے کوئی خواہش پیدا ہونا۔
دِل میں گرہ پڑنا / ہونا: [ا ر۔ محاورہ] رنج یا ملال ہونا۔
دِل میں گڑ جانا: [ا ر۔ محاورہ] پسند آنا۔ اثر ہونا
دِل میں گڑھے پڑنا: [ا ر۔ محاورہ] صدمہ ہونا۔ رنج ہونا۔
دِل میں گُھنڈی پڑنا: [ا ر۔ محاورہ] ملال ہونا۔ کدُورت ہونا۔ رنج ہونا۔
دِل میں گمان لے جانا: [ا ر۔ محاورہ] شُبہ پڑنا۔ شک ہونا
دِل میں گھاؤ پڑنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں گھاؤ ڈالنا" جسکا یہ لازم ہے
دِل میں گھاؤ ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] رنج دینا۔ صدمہ پہنچا دینا
دل میں گھبرانا: [ا ر۔ محاورہ] پریشان ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔
دِل میں گھر بنانا: [ا ر۔ محاورہ] پسند کرنا۔ ہر وقت تصوّر رکھنا / خیال رکھنا
دِل میں گھر بننا: [ا ر۔ محاورہ] ہر وقت خیال میں رہنا۔ پسند آنا
دِل میں گھر پیدا کرنا: [ا ر۔ محاورہ] رسائی پیدا کرنا۔ اخلاص پیدا کرنا۔
دِل میں گھر دینا: [ا ر۔ محاورہ] محبّت کرنا۔ پیار کرنا
دل میں گھر کر جانا / کرنا: [ا ر۔ محاورہ] محبّت کرنا۔ دوستی پیدا کرنا۔ اخلاص پیدا کرنا۔
دل میں گھر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دل میں گھر کر جانا" جسکا یہ لازم ہے۔
دِل میں گھونسا لگنا: [ا ر۔ محاورہ] اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔
دِل میں لانا: [ا ر۔ محاورہ] دِل نشین کرنا۔
دِل میں لڈو پھوٹنا: [ا ر۔ محاورہ] بہت خوش ہونا۔
دِل میں لگن لگا دینا / لگانا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دل میں لگن لگنا" جسکا یہ متعدی ہے
دل میں لگن لگنا: [ا ر۔ محاورہ] جوش پیدا ہونا۔ شوق دِلانا
دِل میں لہرانا: [ا ر۔ محاورہ] خیال آنا۔ اُمنگ آنا۔ پیدا ہونا۔
دِل میں لیے جانا: [ا ر۔ محاورہ] کینہ رکھنا بات کو نہ بھُولنا۔
دِل میں لیے رہنا: [ا ر۔ محاورہ] ضبط کرنا۔
دِل میں لے رہنا: [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کو دِل میں نقش کر لینا کسی بات کو دِل میں چھپا رکھ
دل میں ماننا: [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کا در پردہ قائل ہونا۔
دِل میں مزا سمانا: [ا ر۔ محاورہ] گذشتہ مزوں کا خیال دِل میں پیدا ہونا۔
دِل میں ناسُور پڑنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں ناسُور ہونا"
دل میں ناسُور ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں ناسُور کر دینا / کرنا"
دل میں ناسُور کر دینا / کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں ناسُور ہونا" جسکا یہ متعدی ہے
دِل میں ناسُور ہونا: [ا ر۔ محاورہ] سخت صدمہ ہونا۔ بہت رنج ہونا۔
دِل میں نقش کر لینا / کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں نقش ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

دِل میں نقش ہو جانا / رہنا: [ا ر۔ محاورہ] ایسا اثر ہونا کہ کبھی نہ بھولے
دِل میں نیت کرنا: [ا ر۔ محاورہ] ارادہ کرنا
دل میں نیکی ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] خدا کا کسی کو نیک کام کی طرف متوجہ کرنا۔
دِل میں وسواس لانا: [ا ر۔ محاورہ] دِل میں بُرے بُرے خیالات / شبہات پیدا کرنا۔
دِل میں وسوسے اُٹھنا: [ا ر۔ محاورہ] بُرے بُرے خیالات آنا
دِل میں ہوک اُٹھنا: [ا ر۔ محاورہ] کوئی رنج یا غم کی بات یاد آنا۔
دِل میں ہَول سمانا: [ا ر۔ محاورہ] گھبراہٹ ہونا۔ سخت ڈر ہونا
دِل میں ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ارادہ ہونا۔ قصد ہونا (۲) خواہش ہونا۔ تمنا ہونا (۳) خیال ہونا
دِل میں ہے: [ا ر۔ محاورہ] ارادہ ہے۔ قصد ہے
دِل میں یاد رکھنا: [ا ر۔ محاورہ] فراموش نہ کرنا
دِل میں یاد کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل میں یاد ہونا" جسکا یہ متعدی ہے
دِل میں یاد ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ہر وقت دھیان ہونا۔ ہر وقت خیال ہونا / رہنا
دِل ناصبور: [ا ر۔ محاورہ] بیقرار دِل۔ بیچین دِل (۲) صبر نہ کرنے والا دِل۔
دِل نرم کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل نرم ہونا" جسکا یہ متعدی ہے۔
دِل نرم ہونا: [ا ر۔ محاورہ] رحم آنا۔ ترس آنا۔
دِل نہ رہنا: [ا ر۔ محاورہ] حوصلہ نہ رہنا۔ اُمنگ نہ رہنا
دِلنشیں: [ف۔ صف] دل پر جما ہوا۔ موثر (افعال: کرنا۔ ہونا)
دِل نواز: [ف۔ صف] دِل کو تسلی دینے والا (۲ اند) دوست۔ یار
دِل نوازی: [ف۔ امث] تسلی (۲) مہربانی عنایت (۳) ناز و نخرے
دِل نہاد: [ف۔ صف] جس پر دل مائل ہو۔ کوئی چیز جس کی طرف توجہ ہو۔ مذ۔ مشتاق (۲) توجہ۔
دِل و البتہ: [ف۔ اذ] ناخوش دِل۔ رنجیدہ دِل
دِل و البستہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ مطیع ہونا۔
دِل والا: [ا ر۔ صف] دلیر۔ بہادر۔ جری (۲) سخی۔ فیاض
دِل وجان: [ف۔ صف] پیارا۔ عزیز۔ دِل
دِل وجان سے: [ا ر۔ متعلق فعل] بڑی خوشی سے۔ بسر و چشم (۲) کمال پوری طرح۔ بخوبی بیحد
دِل وجگر پر چھریاں چلانا: [ا ر۔ محاورہ] سخت رنج پہنچانا
دِل وجگر پر چھریاں چلنا [ا ر محاورہ] دیکھئے "دل وجگر پر چھریاں چلانا" جسکا یہ لازم ہے
دِل و دماغ: [ف۔ اذ] عقل۔ خرد۔ علم (۲) مذ۔ عقلمند آدمی
دِل و دماغ نہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] عقل نہ ہونا۔ التفات نہ ہونا۔ توجہ نہ ہونا۔
دِل ہاتھ بھر بڑھنا: [ا ر محاورہ] حوصلہ زیادہ ہونا۔ ہمت ہونا۔
دِل ہاتھ سے جانا: [ا ر محاورہ] عاشق ہونا۔ دل کا قابو میں نہ رہنا
دِل ہاتھ میں رکھنا: [ا ر۔ محاورہ] خوش رکھنا۔ راضی رکھنا۔ کسی کو تسلی دیتے رہنا قابو میں رکھنا۔ مطیع رکھنا۔
دِل ہاتھ میں لینا: [ا ر۔ محاورہ] مطیع بنانا۔ فرمانبردار بنانا (۲) تسلی دینا
دِل ہارنا: [ا ر۔ محاورہ] ہمت ہارنا۔ گھبرا جانا
دِل ہٹا لینا: [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کو چھوڑ دینا۔ نفرت کرنا
دِل ہٹ جانا: [ا ر۔ محاورہ] نفرت ہو جانا۔ بیزاری ہو جانا
دِل ہچر مچر کرنا: [ا ر۔ محاورہ] "دِل ہچر مچر ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دِل ہچر مچر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] تردد کرنا۔ جھجکنا
دِل ہرا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] رنج و غم کے بعد پھر خواہش یا اُمنگ پیدا ہونا۔
دِل ہلا دینا / ہلانا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "دِل ہل جانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دِل ہل جانا / ہلنا: [ا ر۔ محاورہ] صدمہ ہونا۔ خوف ہونا (۲) رحم آ جانا۔ ترس آنا۔ ڈر ہونا۔
دِل ہلکا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] رونے دھونے سے رنج و غم جاتے رہنا۔
دِل ہوا ہو جانا: [ا ر۔ محاورہ] ڈر سے گھبرا جانا
دِل ہی جانتا ہے: [ا ر۔ محاورہ] دِل ہی کو معلوم ہے۔
دِل ہی دِل میں: [ا ر۔ متعلق فعل] چپکے چپکے۔ اندر ہی اندر
دِل ہی دِل میں دُعائیں دینا: [ا ر۔ محاورہ] چپکے چپکے کسی کی بہتری کے واسطے دعائیں مانگنا۔
دِل ہی دِل میں کہنا: [ا ر۔ محاورہ] خیال کرنا۔ چپکے چپکے کہنا
دِل ہی دِل میں گھُٹنا: [ا ر۔ محاورہ] غم و رنج ظاہر نہ ہونے دینا۔ کڑھنا۔
دِل ہی دِل میں یاد کرنا: [ا ر۔ محاورہ] چپکے چپکے دھیان کرنا۔ ہر وقت خیال میں رکھنا۔
دِلا پانا: [ا ر۔ محاورہ] واپس پانا۔
دُلار: [ا ر۔ اند] پیار۔ لاڈ
دُلارا: [ا ر۔ صف] پیارا۔ عزیز
دُلاری: [ا ر۔ امث] دیکھئے "دُلارا" جس کی یہ تانیث ہے
دِلاسا: [ف۔ اند] تسلی (۲ صف) دِل کو تسکین دینے والا۔
دَلّاک [ع۔ اند] وُہ شخص جو بدن ملتا ہے۔ مالش کرنے والا۔
دَلّال [ع۔ اند] سودا کرانے والا۔ آڑھتیا (۲) کٹنا۔ بھڑوا۔
دَلالَت: [ع۔ امث] ا۔ علامت۔ نشان (۲) پتا۔ سُراغ (۳) دلیل۔ ثبوت ۴۔ ہدایت۔ رہنمائی (۵) کسی چیز کا اس حیثیت پر ہونا کہ اسکی واقفیت سے دُوسری چیز کی واقفیت حاصل ہو۔ عظمت۔ شان۔ رُعب (۷) اِطلاق (افعال: کرنا۔ ہونا)
دلالت برسنا: [ا ر۔ محاورہ] رُعب و داب ظاہر ہونا۔ شان و شوکت نمایاں ہونا۔
دلّالہ: [ع۔ امث] دیکھئے "دلّال" جس کی یہ تانیث ہے۔
دَلّالی: [ع ف۔ امث] آڑھت۔ اُجرت کسی دُوسرے کا مال بکوانے کا معاوضہ (۲) دلّال کا پیشہ
دَلّان: [ف۔ اند] دیکھئے "دالان" جس کا یہ بگاڑ ہے
دِلانا: [ا ر مص] دیکھئے "دینا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دِلاور: [ف صف] بہادر۔ شجاع۔ جرأت مند
دِلاوری: [ف۔ امث] دیکھئے "دلاور" جس کا یہ اِسم کیفیت ہے۔
دلائل: [ع امث] دلیل کی جمع
دُلائی: [ف۔ امث] ہلکی رضائی۔ دوہر۔ دوہری چادر۔
دَبّا: [ا ر۔ اند] وہ پرندہ جس کو پڑا پٹوا کر دُوسرے لڑنے والے پرندوں کو دلیر بناتے ہیں (۲) ذلیل۔ مغلوب۔ بھگوڑا۔
دَلبَند/بیشگیر: [ف۔ اند] وہ چھوٹا سا نم گھیرا جو پلنگ کے آگے لگایا جاتا ہے۔
دَلِدَّر: [ہ۔ اند] افلاس۔ محتاجی۔ تنگدستی (۲) نحوست (۳) منحوس چیز۔ پلید آدمی۔
دَلِدَّر بھاگنا / جانا: [ا ر۔ محاورہ] نحوست ٹلنا۔ افلاس دُور ہونا۔ محتاجی جاتے رہنا۔
دَلِدَّر پار ہونا / دُور ہونا: [ا ر۔ محاورہ] بدبختی دُور ہونا۔ تنگدستی دُور ہونا۔
دَلِدَّر نکالنا: [ا ر۔ محاورہ] ہندوؤں میں ایک رسم) دیوالی کے اگلے دن علی الصبح گھر کا کوڑا کرکٹ صاف کر کے۔ اس پر چراغ جلا کر اس پر کھیل بتاشے ڈالنا۔

دُلدَری: [ا۔صف] مُفلس غریب۔ (۲) منحوس (۳) میلا کچیلا
دُلدُل: [ع۔اِمذ] وُہ سفید سیاہی مائل خچر جو حاکم سکندریہ نے رسُول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نذر کی تھی۔ اور حضور نے حضرت علیؓ کو عطا فرمائی تھی (۲) وُہ گھوڑا جو عشرہ محرم میں امام حسینؓ کے گھوڑے کے طور پر نکالا جاتا ہے (۳) وُہ گھوڑا جس پر سامان ماتم لاد کر عشرہ محرم میں عزا خانے میں لے جاتے ہیں۔
دُلدُل سوار: [ع۔اِمذ] حضرت علیؓ کا لقب ہے۔
دُلدُل نکالنا: [ار۔محاورہ] عشرہ محرم میں گھوڑا نکال کر اسکے آگے ماتم کرنا۔
دَلدَل: [ار۔امث] کیچڑ۔ دھنس۔ چہلا
دَلدَل میں پھنسنا: [ار۔محاورہ] ا۔کیچڑ میں پھنسنا (۲) مشکل میں پڑنا۔
دُلڑا: [ار۔اِمذ] دیکھئے "دولڑا" جس کا یہ مخفف ہے۔
دَلق: [ع۔امث] پشمینہ کا وُہ لباس جسے صُوفی یا درویش پہنتے ہیں۔ گدڑی
دَلک: [ھ۔امث] دھمک جُنبش۔ حرکت (۲) چمک۔ دمک (۳) ٹیس۔
دَلک جانا / دلکنا: [ار۔مص] ہلنا۔ جنبش کرنا۔ لرزنا (۲) جھکنا دمکنا (متروک ہے)
دُلکھنا: [ار۔مصدر] بات کاٹنا۔ اعتراض کرنا (۲) منع کرنا۔ انکار کرنا۔
دُلکی: [ار۔امث] گھوڑے یا کتے کی ایک چال جس میں اُچھل اُچھل کر چلتا ہے اور ایک وقت میں تین پاؤں اُٹھتے ہیں (افعال چلنا۔ چلنا)
دُلمَہ: [ت۔اِمذ] پنیر یا دُودھ جو بایا نکالنے کے بعد جم جائے (۲) ایک قسم کا سالن جو بینگن اور گاجر میں قیمہ اور پنیر بھر کر پکاتے ہیں۔
دُلمیان: [ھ۔امث] بٹوا۔ تھیلی
دَلنا: [ار۔مص] موٹا موٹا پیسنا۔ دال بنانا۔ دردرا بنانا (۲) پاہ کرنا (۳) یاد کرنا۔
دَلو: [ع۔اِمذ] ا۔ڈول (۲) آسمان کا گیارہواں بُرج۔ جو ڈول سے متشابہ ہوتا ہے
دَلوانا: [ار۔مص] دیکھئے "دَلنا" جس کا یہ متعدی ہے
دِلوانا: [ار۔مص] دیکھئے "دینا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
دَلوائی: [ار۔ا معاوضہ مث] دَلنے کی اُجرت
دَلّو کا دس سیرا: [ھ۔اِمذ] مداخلت بیجا۔ دخل در معقولات کرنے والا (دَلّو ایک بنیئے کا نام تھا جو پانچ سیر کی بجائے دس سیر کا باٹ پیش کیا کرتا تھا)
دِلہا: [ھ۔اِمذ] کواڑ کے پیچے کا بڑا تختہ۔
دُلہا: [ار۔اِمذ] دُولہا۔ نوشا (۲) پیارا عزیز
دُلہن: [ار۔امث] ا۔عرُوس۔ زوجہ (۲) پیاری عزیزہ (۳) بہت آراستہ۔ بہو
دُلہن بن کے چلنا: [ارمحاورہ] بن سنور کے چلنا معشوقانہ انداز سے چلنا۔
دُلہینڈی: [ھ۔امث] ہولی کا دُوسرا دن
دِلی: [ف صف] ا۔دِل سے منسوب (۲) خالص۔ پکا۔ جگری۔ جانی۔
دِلّی دکھانا: [ار۔محاورہ] بچوں کو کھلانے وقت بغلوں میں ہاتھ ڈالکر اُونچا اُٹھانا
دِلّی دُور ہے: [ار۔مثل] منزلِ مقصود دُور ہے۔
دِلّی میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا کیے: [ار۔مثل] نالائقوں کی صحبت میں رہ کر بھی نالائق رہے۔
دَلیا: [ار۔اِمذ] دَلا ہوا اناج موٹا پسا ہوا غلّہ
دَلے تیج: [ار۔اِمذ] گھوڑے کی بارہ سے بیس سال تک کی عمر۔ گھوڑے کی عمر کا تیسرا درجہ۔ عمر سے ڈھلا ہوا گھوڑا۔
دَلیبنی: [ھ۔امث] دیکھئے "دَلیفنی"

دَلیر: [ف۔صف] نڈر۔ بہادر۔ جری۔ چالاک
دَلیرانہ: [ف متعلق فعل] جُرأت سے۔ بہادری سے (۲) گستاخانہ
دَلیری: [ف۔امث] دیکھئے "دلیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دَلیل: [ع امث] حُجّت۔ بحث (۲) وجہ۔ سبب (۳) ثبوت۔ شہادت (۴) رہنما
دَلیل پیش کرنا: [ار۔محاورہ] ثبوت پیش کرنا۔
دَلیل کرنا: [ار۔محاورہ] حجّت کرنا۔ بحث کرنا۔
دَلیل لانا: [ار۔محاورہ] حُجّت پیش کرنا۔ ثبوت دینا۔
ڈیلیل (یائے مجہول سے): [ار۔امث] انگریزی DRILL کا بگاڑ۔ (۲) فوجی سپاہیوں کی وُہ سزا جس میں اسباب اور ہتھیاروں سمیت قواعد کراتے یا دَوڑاتے ہیں
ڈیلیل بولنا: [ار۔محاورہ] کھڑا رہنے یا ٹہلنے کی سزا۔ سامان اور ہتھیار اُٹھانے کی مُوتیز
دَلیفنی: [ھ۔امث] دانہ یا دال دَلنے کی چھوٹی چکی۔

د — م

دَم: [ع۔اِمذ] خوُن۔ لہو (۲) جان۔ رُوح۔
دَم الاخوین: [ع۔اِمذ] ایک سُرخ گوند جو رنگنے اور دواؤں کے کام آتی ہے۔
دم: [ف۔اِمذ] سانس۔ نفس۔ پھونک (۲) پل۔ منٹ۔ لحظہ۔ وقت۔ (۳) زندگی۔ (۴) رُوح۔ جان (۵) ذات (۶) حُقّے کا کش (۷) بھٹی یا تنور کی ہوا (۸) پانی کا گھونٹ (۹) کھانے کو دھیمی آگ پر رکھنا (۱۰) طاقت۔ قوت۔ زور (۱۱) تلوار کی دھار (۱۲) نیزے کی نوک (۱۳) مضبوطی۔ خوبی (۱۴) لپک (۱۵) خوشی فرحت (۱۶) اولوالعزمی۔ بلند حوصلگی (۱۷) دھوکا۔ فریب۔ دغا (۱۸) افسوں۔ منتر۔ دُعا جو پڑھ کر پھونکی جائے (۱۹) غرُور تکبّر (۲۰) شیخی (۲۱) گھر۔ خانہ (۲۲) وطن،
دَم آب: [ف۔اِمذ] تھوڑا سا پانی۔ پانی کا گھونٹ
دم آجانا / آنا: [ار محاورہ] زندگی پیدا ہو جانا۔ جان آجانا۔
دم آخر ہو جانا: [ار۔محاورہ] مر جانا۔
دَم آخریں: [ف۔اِمذ] نزع کا وقت۔ آخری سانس
دم آنکھوں میں ہونا: [ار۔محاورہ] حالت نزع میں ہونا۔
دَم اٹکنا: [ار۔محاورہ] سانس کا سینے میں رُکنا (۲) وقت نزع آہستہ آہستہ جان نکلنا۔
دَم احتضار: [ف ع۔اِمذ] دمِ نزع۔ آخری سانس
دَم اُکھڑ جانا / اُکھڑنا: [ار محاورہ] تھکاوٹ سے سانس کا بہت تیز چلنا سانس کا بے قاعدہ چلنا۔
دَم اُلٹنا: [ار۔محاورہ] دِل گھبرانا۔ سانس اُکھڑنا (۲) نزع کیوقت سانس اُکھڑنا۔
دَم اُلجھنا: [ار۔محاورہ] جی گھبرانا۔ جی اُکتانا
دَم اُوپر کو کھینچنا: [ار۔محاورہ] زور سے سانس لینا۔
دَم باز: [ف صف] مکار۔ فریبی (۲) حیلہ گر۔ بہانہ جُو (۳) حُقّے کا دم لگانے والا
دَم بازی: [ف۔امث] دیکھئے "دَم باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دم باقی نہ ہونا: [ار محاورہ] ہکا بکا رہنا۔ سانس باقی نہ رہنا (۲) حوصلہ نہ رہنا۔

دَم باندھنا: [ار۔ محاورہ] سانس روک لینا (۲) متوجہ ہونا
دَم بخُود: [ف۔ صف] چُپ چاپ۔ ساکت وصامت (افعال: رہنا۔ ہونا)
دَم بدَم: [ف۔ متعلق فعل] ہر وقت۔ ہر گھڑی (۲) متواتر۔ پے در پے
دَم بڑھانا: [ار۔ محاورہ] لمبے سانس لینے کی مشق کرنا (۲) قوت بڑھانا
دَم بڑھ جانا / بڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دم بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے
دَم بنا رہے: [ار کلمہ دعا] جیتے رہو۔ سلامت رہو۔ فقیروں کی دُعا۔
دَم بند کرنا: [ار۔ محاورہ] خاموش کرنا۔ بات نہ کرنے دینا (۲) خوف کے مارے بات نہ نکلنے دینا (۳) سانس روکنا۔ عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔
دَم بند ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دم بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے
دَم بولانا: [ار۔ محاورہ] جی گھبرانا۔ وحشت ہونا۔
دَم بھر: [ار۔ متعلق فعل] ذرا۔ لحظہ۔ تھوڑی دیر کے لیے
دَم بھر آنا: [ار۔ محاورہ] دم بھر جانا۔ سانس پھول جانا
دَم بھرانا: [ار۔ محاورہ] کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا (۲) پہلوانوں کا زور کرکے اپنے شاگردوں کو تھکانا۔
دَم بھرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کی تعریف کرنا (۲) سانس چڑھنا یا پھولنا (۳) محبت کا دعویٰ کرنا (۴) کبوتر کا بولنا (۵) یقین کرنا۔ ایمان لانا
دَم پُخت: [ف۔ اند] بھاپ میں پکا ہُوا کھانا (۲) کوئی چیز جو کسی جانور کے پیٹ میں رکھ کر پکائی جائے۔
دَم پُخت ہو کر رہ جانا: [ار۔ محاورہ] ناخوش ہو کر چُپ ہو جانا۔ غصہ کو ضبط کرکے چُپ رہنا۔
دَم پر آنا: [ار۔ محاورہ] پکنے کے قریب ہونا۔
دَم پر بن جانا / بننا: [ار محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔ جان پر آبننا۔ مصیبت پڑنا۔
دُم پر پاؤں رکھنا: [ار۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔ چھیڑنا۔
دَم پر چڑھانا: [ار۔ محاورہ] فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
دَم پر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دھوکے میں آجانا۔
دَم پر چھوڑ دینا: [ار۔ محاورہ] کھانے کی چیز کو دھیمی آنچ پر رکھ دینا۔
دَم پر دَم: [ار۔ متعلق۔ فعل] دیکھئے "دم بدم"
دَم پر لانا: [ار۔ محاورہ] فریب میں پھنسانا
دَم پسیں: [ف۔ اند] آخری دم۔ نزع کی حالت
دَم پھڑکنا: [ار۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) خواہش سے بے تاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔
دَم پھولنا: [ار۔ محاورہ] سانس چڑھنا۔
دَم پھونکنا: [ار۔ محاورہ] رُوح ڈالنا۔ جسم میں جان ڈالنا۔
دَم تک: [ار۔ متعلق۔ فعل] جیتے جی۔ زندگی میں
دَم تماپنچا: [ار۔ اند] ہندوستانی تلوار کی ایک قسم۔ پیش قبضہ۔ نیمچہ
دَم توڑنا: [ار۔ محاورہ] نزع کی حالت میں ہونا۔ جان کنی کی حالت میں ہونا
دَم تیغ: [ف۔ اند] تلوار کی کاٹ۔ تلوار کی دھار۔ تیزی
دَم تیغ پر راہ ہونا: [ار۔ محاورہ] موت کا خطرہ ہونا
دَم ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] سانس اکھڑنا (۲) حالت نزع میں ہونا۔ تیرنے یا بھاگنے والے کا سانس پر قابو نہ رہنا۔ سانس پھولنا۔

دَم ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] سانس کا ٹھکانے سے ہونا یا قرار پکڑنا
دَم جھانسا: [ار۔ اند] دھوکا فریب چال (افعال: دینا)
دَم چرانا: [ار۔ محاورہ] اپنے تئیں جھوٹ موٹ مُردہ ظاہر کرنا۔ سانس روک لینا (۲) ٹالنا۔ پہلوتہی کرنا۔
دَم چڑھنا: [ار۔ محاورہ] سانس چڑھنا۔ ہانپنا۔
دَم چلا جانا: [ار۔ محاورہ] فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
دَم چند: [ف۔ اند] چند لمحے۔ تھوڑی دیر۔
دَم چھوڑ دینا / چھوڑنا: [ار محاورہ] مر جانا۔
دَم خشک ہونا: [ار۔ محاورہ] خوف کھانا۔ رُعب طاری ہونا (۲) ناخوش کرنا۔ رنج دینا۔
دَم خفا کرنا / ہونا: [ار محاورہ] جی گھبرانا۔ سانس رُکنا۔
دَم خم ہونا: [ف۔ اند] طاقت۔ قوت۔ استواری۔ مضبوطی (۲) تلوار کی دھار اور خمیدگی (۳) اوسان۔ ہوش حواس
دَم خنجر: [ف۔ اند] خنجر کی دھار
دَم دار: [ف۔ صف] مضبوط۔ جاندار۔ طاقتور (۲) دھار والا۔ تیز (۳) مدتوں رہنے اور چلنے والی چیز۔
دَم داعیہ: [ع۔ اند] دعویٰ۔ حوصلہ
دَم درود نہ ہونا: [ار محاورہ] زندگی سے مایوس ہونا (۲) مرنے کے قریب ہونا۔ (۳) طاقت نہ ہونا۔
دَم دعویٰ: [ع۔ اند] دیکھئے "دم داعیہ"
دَم دلاسا: [ف۔ اند] چکنی چپڑی باتیں۔ (افعال: دینا)
دَم دَم کی: [ار۔ متعلق فعل] ہر وقت کی۔ ہر لحظہ کی۔
دَم دھاگا: [ار۔ اند] دھوکا۔ فریب۔ جھانسا
دَم دھاگے بتانا: [ار۔ محاورہ] دھوکا دینا۔ جھانسا دینا
دَم دھکدُکی میں ہونا: [ار۔ محاورہ] نزع کا عالم ہونا۔ جان کنی کا عالم ہونا۔
دَم دے جانا / دینا: [ار محاورہ] مر جانا (۲) فریب دینا (۳) فریفتہ ہونا (۴) کھانے کو ہلکی آنچ دینا (۵) تلوار کو خم کرکے دیکھنا (۶) کسی پچکی ہوئی چیز میں ہوا بھرنا (۷) تلوار کو آب دینا۔
دَم دینا: [ار۔ محاورہ] ا۔ فریب دینا۔ بہکانا (۲) جان نکلنا۔ مرنا (۳) فریفتہ ہونا عاشق ہونا (۴) پلاؤ وغیرہ کو بھاپ پر چھوڑنا (۵) تلوار کو خم کرکے زور کرنا۔ (۶) پھونک مارنا۔ پھلانا ۷۔ ہوا خارج ہونا (حقہ کی)
دَم رخصت: [ع۔ اند] رخصت کے وقت۔ ہنگام موت
دَم رفتار: [ف۔ اند] چلتے وقت
دَم رُکنا: [ار۔ محاورہ] سانس رُک رُک کے آنا۔ دم گھٹنا (۲) دمہ ہونا (۳) دل گھبرانا (۴) دم اُلٹنا۔ تنگ آنا۔ عاجز آنا۔
دَم روکنا: [ار محاورہ] حبس دم کرنا۔ عاجز کرنا۔
دَم رکھنا: [ار۔ محاورہ] طاقت رکھنا (۲) چُپ رہنا (۳) ضبط کرنا۔
دَم رہنا: [ار۔ محاورہ] زندہ رہنا۔
دَم زدن: [ف۔ محاورہ] دم مارنا۔ سانس لینا (۲) کچھ کہنا۔
دَم زدن میں: [ف۔ ار۔ اند] فوراً۔ بہت جلدی
دَم سادھنا: [ار۔ محاورہ] حبس دم کرنا۔ چُپ رہنا۔ حرکت نہ کرنا۔

دَم ساز: [ف۔صف] ہم دم۔ ہمراز۔ دوست (۲) گانے یا نفیری میں ساتھ گا کر ساتھ دینے والا۔

دَم سازی: [ف۔امث] دیکھئے "دم ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَم سَحَر: [ف۔ع۔امذ] صبح کے وقت

دَم سَرد: [ف۔امذ] آہ سرد ٹھنڈی سانس

دَم سُکھانا: [ار۔محاورہ] ڈرانا۔ دھمکانا

دَم سوکھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دم سکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَم سُولی پر ہونا: [ار۔محاورہ] جان خطرے میں ہونا۔ بہت پریشان ہونا۔

دَم سے: [ار۔متعلق فعل] دھوکے سے ہنسی سے۔ مذاق سے (۲) اپنی ذات سے

دَم سے لگنا: [ار۔محاورہ] ذات سے وابستہ ہونا۔ اپنے آپ سے متعلق ہونا۔

دَم سَیندنا: [ار۔محاورہ] دم سادھنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔

دَم سینے میں نہ سمانا: [ار۔محاورہ] ہانپنا۔ زیادہ مشقت سے سانس پھولنا۔

دَم شماری: [ف۔امث] مرتے وقت کے سانس گننا۔

دَم صُبح: [ف۔ع۔امذ] صبح کا وقت (۲) پو پھٹنا

دَم ضیق میں کرنا: [ار۔محاورہ] تنگ کرنا۔ زچ کرنا۔

دَم ضیق میں ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دم ضیق میں کرنا" جس کا یہ لازم ہے

دَم عیسیٰ / عیسوی: [ع۔امذ] حضرت عیسیٰ کی پھونک جس میں مردہ زندہ کرنے کی تاثیر تھی (۲) صحت بخش۔ جان ڈالنے والا۔

دَم غلط کرنا / کر دینا: [ار۔محاورہ] گھبرا دینا۔ پریشان کرنا

دَم غنیمت ہونا: [ار۔محاورہ] متبرک ہونا۔ قابل قدر ہونا

دَم فنا کرنا: [ار۔محاورہ] ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا

دَم فنا ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دم فنا کرنا" جس کا لازم ہے (۲) ڈرنا۔

دَم قَدَم: [ف۔ع۔امذ] زندگی ہستی وجود (۲) سلامتی (۳) سانس چلنے کی طاقت۔

دَم قَدَم ثابت ہونا: [ار۔محاورہ] صحیح و سالم ہونا

دَم قَدَم سے لگا رہنا: [ار۔محاورہ] وابستہ رہنا

دَم قَدَم کی برکت: [ار۔امث] ہستی کا طفیل۔ وجود کی برکت۔

دَم قَدَم کی خیر: [ار۔امث] جان کی سلامتی۔ فقیروں کی دعا۔

دَم قفس کرنا: [ار۔محاورہ] گھبرانا

دَم کا دَمامہ ہے: [ار۔مثل] زندگی کے ساتھ دنیا کی رونق ہے۔

دَم کا دھاگا: [ار۔امث] مضبوط دھاگا (۲) سانس کی تشبیہہ دھاگے سے۔

دَم کا کیا بھروسا: [ار۔مثل] زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔

دَم کا مہمان: [ار۔صف] جلد چلے جانے والا مرنے کے قریب (اقبال ہونا)

دَم کرنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ چاول پکانا بھاپ پر چھوڑنا (۲) کوئی منتر یا دعا پڑھ کر پھونکنا (۳) آگ بجھانا۔

دَم کَش: [ف۔صف] گویّے کی آواز کے ساتھ آواز ملانے والا (۲) دم کھینچنے والا یا دم لینے والا (۳) ہانپنے والا

دَم کشی: [ف۔امث] ضیق النفس کی بیماری۔ دمہ (۲) چپ (۳) دم بینا۔

دَم کو لے رہنا: [ار۔محاورہ] سانس نہ لینا۔ دم نہ مارنا (۲) خاموش ہو بیٹھنا۔ چپ ہو جانا (۳) ٹال جانا (۴) سنی ان سنی کرنا۔

دَم کھا رہنا: [ار۔محاورہ] چپ ہو رہنا۔

دَم کھانا: [ار۔محاورہ] دھوکا کھانا (۲) تنگ کرنا (۳) بار بار تقاضا کرنا (۴) کھانے کا ہلکی آنچ پر چھوڑ جانا (۵) خاموش رہنا (۶) صبر کرنا (۷) دم لینا۔

دَم کھٹکے میں پڑنا: [ار۔محاورہ] تذبذب میں پڑنا۔

دَم کھنچنا: [ار۔محاورہ] نزع کے وقت سانس کا اوپر کھچ جانا۔ دم ٹوٹنا۔ دم اکھڑنا۔

دَم کھینچنا: [ار۔محاورہ] چپ رہنا (۲) حقے کا گھونٹ لینا۔

دَم کی رَوشنی: [ار۔امث] کنایۃً ذات کا فیض

دَم کے دَم (میں): [ار۔متعلق فعل] تھوڑی سی دیر میں۔ فوراً۔ لمحہ بھر کے لیے۔

دَم کے ساتھ: [ار۔متعلق فعل] زندگی بھر۔ تا حیات

دم کے ساتھ لگا ہونا: [ار۔محاورہ] ہر وقت ساتھ رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

دَم گلے میں اٹکنا: [ار۔محاورہ] نزع کی حالت میں سانس رکنا۔

دم گھبرانا: [ار۔محاورہ] خفقان ہونا۔ وحشت ہونا۔

دَم گھٹا جاتا ہے: [ار۔محاورہ] دم گھبراتا ہے۔ دل گھبراتا ہے۔

دَم گھٹنا: [ار۔محاورہ] سانس گھٹنا۔ دم بند ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ جی گھبرانا۔

دَم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا: [ار۔محاورہ] زبردستی رکھنا۔ تنگی میں رکھنا۔

دَم گھونٹ گھونٹ کر مارنا: [ار۔محاورہ] جلا جلا کر مارنا۔ سخت تنگ کرنا۔

دَم گھونٹنا: [ار۔محاورہ] سانس روکنا

دَم لبوں پر آ جانا: [ار۔محاورہ] جان بلب ہونا (۲) سخت تکلیف میں ہونا۔

دم لگانا: [ار۔محاورہ] حقہ پینا، حقے کا گھونٹ پینا۔ چرس پینا۔

دَم لگنا: [ار۔محاورہ] حقے کا دھواں دماغ کو چڑھنا (۲) چرس کے نشے کا اثر ہونا۔ ۳ حقے کا پیا جانا۔ دیگ وغیرہ کا منہ بند کرنا۔

دَم لو: [ار۔محاورہ] صبر کرو۔ جلدی نہ کرو۔

دم لینا: [ار۔محاورہ] سانس لینا (۲) سستانا۔ ٹھہرانا ۳۔ باز رہنا۔ ۴۔ چپکا ہو رہنا۔

دَم لینے کی فرصت / مہلت: [ار۔امث] بہت کم فرصت۔

دَم مارنا: [ار۔محاورہ] بولنا (۲) شیخی مارنا۔ دعویٰ کرنا۔

دَم مارنے کی بات نہیں: [ار۔محاورہ] ۱۔ عذر کا محل نہیں۔ کچھ بس نہیں چلتا۔

دم مارنے کی جگہ نہیں: [ار۔محاورہ] کچھ بس نہیں چلتا۔

دَم مارنے والا: [ار۔صف] دخل دینے والا۔ بولنے والا۔ منہ سے بات نکالنے والا۔

دَم مُردن: [ف۔امذ] مرنے کے وقت نزع کے وقت۔

دَم میں: [ار۔متعلق فعل] لمحہ بھر میں۔ فی الفور۔ پل بھر میں۔

دَم میں آنا: [ار۔محاورہ] دھوکا کھانا

دم میں دم آنا: [ار۔محاورہ] اطمینان ہونا۔ جان میں جان آنا۔ زندگی کی امید ہونا۔

دَم میں دَم رہنا: [ار۔محاورہ] جیتے رہنا۔ زندگی رہنا۔

دم میں دَم نہ ہونا: [ار۔محاورہ] قوت نہ ہونا۔ سکت نہ ہونا۔

دَم میں دم ہونا: [ار۔محاورہ] زندگی ہونا۔ بقائے حیات ہونا

دم میں رکھنا: [ار۔محاورہ] فریب میں رکھنا۔

دم میں رہنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دم میں رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَم میں لانا: [ار۔محاورہ] فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

دَم ناک میں کرنا: [ار۔محاورہ] تنگ کرنا۔ عاجز کرنا۔ ستانا۔

دَم ناک میں لانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "دم ناک میں کرنا"

دَم ناک میں ہے: [ار۔محاورہ] عاجز ہے۔ تنگ ہے۔

دَم نقد: [فع۔ امذ] تنہا۔ اکیلا (۲) نقد معاملہ جو اُدھار نہ ہو۔

دَم نکالنا: [ار۔ محاورہ] جان نکالنا۔ ڈرا دینا۔ **دَم نکلنا:** [ار۔ محاورہ] جان نکلنا۔ رُوح نکلنا۔ مرنا۔ نزع میں ہونا۔ آخری سانس لینا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۴) خوف غالب ہونا

دم نہ مارنا: [ار۔ محاورہ] کچھ نہ بولنا۔ چپ رہنا (۲) مان کر قائل ہو جانا (۳) اُف نہ کرنا۔

دَم نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] طاقت نہ ہونا (۲) جان نہ ہونا

دَم وَاپسیں: [ف۔ امذ] نزع کا وقت۔ آخری وقت۔

دَم ہانپنا: [ار۔ محاورہ] دم چڑھنا

دَم ہوا ہونا: [ار۔ محاورہ] جان نکلنا (۲) ڈرنا

دم ہونا: [ار۔ محاورہ] ا۔ دم نچت ہونا (۲) حوصلہ ہونا

دَم ہونٹوں پر آنا: [ار۔ محاورہ] نزع کا عالم ہونا۔

دم ہی دم میں رکھنا: [ار۔ محاورہ] ٹال مٹول کرنا۔ حیلے حوالے بتانا۔ دھوکے میں رکھنا۔

دَم ہے تو کیا غم ہے: [ار۔ مثل] زندگی ہے تو کوئی پرواہ نہیں۔

دُم: [ف۔ امث] پونچھ۔ دُنبالہ (۲) پچھلا حصّہ (۳) انجام (۴) پیرو (۵) سفید لکیر جو دُم دار ستارے کے پیچھے ہوتی ہے (۶) وُہ شخص ہر وقت دُوسرے کے ساتھ رہے۔

دُم بُریدہ: [ف۔ صف] دُم کٹا ہوا۔

دم پر پاؤں رکھنا: [ار محاورہ] تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔ چھیڑنا۔

دُم جھاڑنا: [ار۔ محاورہ] دُم ہلانا

دُم چنور کرنا: [ار۔ محاورہ] گھوڑے کا چلتے وقت دُم اٹھانا۔

دُم پکڑی بھیڑ کی آر ہوئے نہ پار گئے: [ار۔ مثل] نالائق کا سہارا کچھ فائدہ نہیں دیتا۔

دُم چھلّا: [ار۔ امذ] وُہ لمبا کاغذ جو کنکوّے کے نچلے سرے پر لگاتے ہیں (۲) وُہ شخص جو کسی کے ساتھ ساتھ رہے (۳) چھوٹی دُم۔ پونچھڑی۔

دُم دار: [ف۔ صف] پونچھ دالا۔

دُم دار تارا: [ار۔ امذ] وُہ سیارہ جس کے پیچھے روشن لکیر ہوتی ہے۔

دُم دبا کر بھاگنا: [ار۔ محاورہ] ڈر کر بھاگ جانا۔

دُم دبانا: [ار۔ محاورہ] بھاگنا۔ مغلوب ہونا (۲) چوپایہ کا دُم کو ٹانگوں میں دبا لینا

دُم ریز / ریزی: [ار۔ صف] موسم کے آخر پر یا دوسری بار پھل دینے والا درخت

دُم تسمہ سے اچھا ہے: [ار۔ مقولہ] موٹا تازہ ہے۔ فربہ ہے۔ اچھی حالت میں ہے۔

دُمبش برداشتم مادہ برآمد: [ف۔ مثل] جب کسی کی غلطی کھل جائے تو کہتے ہیں۔

دُم کے پیچھے پھرنا: [ار۔ محاورہ] ساتھ رہنا۔ ساتھ ساتھ لگے پھرنا۔

دُم کٹا: [ار۔ صف] جس کی دُم کٹی ہوئی ہو۔

دُم کٹا بھینسا: [ار۔ صف] مجازاً موٹا اور سیاہ فام آدمی

دُم گزا: [ار۔ امذ] دیکھئے "دُم چھلّا"

دُم لگ گئی: [ار۔ محاورہ] نئی بات پیدا ہو گئی۔

دُم میں لوٹا باندھ کے چور لے میں چھوڑ دینا: [ار۔ محاورہ] مضحکہ اڑانا۔ ذلیل کرنا۔

دُم میں گھسنا: [ار۔ محاورہ] پناہ لینا۔ خوشامد میں ہر وقت ساتھ رہنا۔ (۳) بچے کا ماں کے پیچھے پیچھے رہنا۔

دُم میں نمدا / رسّا باندھنا: [ار۔ محاورہ] مضحکہ اُڑانا۔ مذاق اڑانا (۲) پوری طرح جکڑنا۔

دُم ہلانا: [ار۔ محاورہ] کُتّے کا خوشامد ظاہر کرنا۔ چاپلوسی کرنا (۲) جھاڑ دینا۔ صاف کرنا۔

دَمادَم: [ف۔ متعلق فعل] پے در پے۔ متواتر

دِماغ: [ع۔ امذ] سر کا مغز۔ گودا۔ بھیجا (۲) عقل۔ فہم۔ دانائی (۳) برداشت۔ تاب۔ طاقت (۴) اوسان۔ ہوش۔ حواس (۵) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔

دِماغ آسمان پر ہونا: [ار۔ محاورہ] مغرور ہونا خود پسند ہونا۔

دِماغ اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] ناز اٹھانا

دِماغ اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] ناز برداری کرنا۔

دِماغ اور ہونا: [ار۔ محاورہ] غرور ہونا۔

دِماغ بڑھا دینا: [ار محاورہ] مغرور کر دینا۔ نازک دماغ بنا دینا۔

دماغ بڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دماغ بڑھا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

دِماغ بہکنا: [ار۔ محاورہ] پاگل ہو جانا۔

دِماغ بھونک بھونک کر / کے خالی کرنا: [ار محاورہ] بک بک کر تھک جانا اور دوسرے کو تھکا دینا۔

دِماغ پریشان کرنا [ار۔ محاورہ] بک بک کر یا شور مچا مچا کر تنگ کرنا۔ حواس باختہ کرنا۔

دِماغ پریشان ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دماغ پریشان کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دِماغ پھر جانا / پھرنا: [ار۔ محاورہ] دماغ پریشان ہونا سٹری ہو جانا۔ باؤلا ہونا۔

دِماغ تازہ کرنا: [ار۔ محاورہ] دماغ کو آرام پہنچانا۔

دِماغ تازہ ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دماغ تازہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے

دِماغ تر ہونا: [ار۔ محاورہ] دماغ کو آرام پہنچنا۔ تازگی پہنچنا۔

دِماغ تیز ہونا: [ار۔ محاورہ] دماغی قوت زیادہ ہونا۔

دِماغ جھڑنا: [ار محاورہ] غرور دُور ہونا۔ گھمنڈ نکلنا۔

دِماغ چاٹنا: [ار۔ محاورہ] بکواس کرنا۔ بہت بولنا

دماغ چٹ: [ار۔ صف] بکواسی

دماغ چرخ پر چڑھ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دماغ آسمان پر ہونا"

دِماغ چڑھنا: [ار۔ محاورہ] مغرور ہونا۔ دولت کی فراوانی سے مغرور۔

دماغ چلا: [ار۔ صف] مغرور

دِماغ چل جانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ اترانا (۲) سٹری ہو جانا۔ پاگل ہو جانا۔

دِماغ چوتھے فلک / آسمان پر ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت مغرور ہونا۔

دِماغ چوٹٹا: [ار۔ صف] بہت مغرور۔

دِماغ چوٹٹی: [ار۔ امث] دیکھئے "دماغ چوٹٹا" جس کی یہ تانیث ہے۔

دِماغ خالی کرنا: [ار محاورہ] مغز کھو کھلا کرنا۔ مغز پچی کرنا۔ بہت بکواس کرنا۔

دِماغ خالی ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دماغ خالی کرنا" جس کا یہ لازم ہے

دِماغ دار: [ف۔ صف] مغرور۔ متکبر خود پسند

دِماغ داری: [ف۔ امث] دیکھئے "دماغ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

دماغ درُست ہونا: [ا۔ محاورہ] غرُور نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔
دماغ رکھنا: [ا۔ محاورہ] مغرُور ہونا۔ اِترانا
دماغ رَوشن: [ا۔ اند] نسوار۔ ہلاس
دماغ ساتویں آسمان پر ہونا: [ا۔ محاورہ] بہُت مغرُور ہونا۔
دماغ سَڑنا: [ا۔ محاورہ] بدبُو کی وجہ سے دماغ پریشان ہونا۔
دماغ سوزی: [ع ف۔ امث] دماغی محنت
دماغ سے نئی اُترنا: [ا۔ محاورہ] نئی بات سُوجھنا
دماغ عرش پر آنا / ہونا: [ا۔ محاورہ] مغرور ہونا۔ خُود پسند ہونا
دماغ کا خلل: [ا۔ اند] سودا۔ جنُون۔ پاگل پن
دماغ کچھ اور ہو جانا: [ا۔ محاورہ] اِترانے لگنا۔
دماغ کرنا: [ا۔ محاورہ] اِترانا۔ غرُور کرنا۔ خاطر میں نہ رکھنا۔
دماغ کو چڑھ جانا: [ا۔ محاورہ] دوا یا کسی دُوسری چیز کا اثر دماغ کو پہنچنا
دماغ کو سرُدی چڑھ جانا: [ا۔ محاورہ] زکام ہو جانا۔ **دماغ کو گرمی چڑھنا:** [ا۔ محاورہ] بہُت غرُور ہونا۔ گرمی ہونا (۲) سڑی ہونا پاگل ہونا **دماغ کھا لینا:** [ا۔ محاورہ] باتیں کرکے پریشان کرنا۔ **دماغ کی گرمی اُتارنا:** [ا۔ محاورہ] غرُور مٹا دینا
دماغ لی لینا: [ا۔ محاورہ] غرُور کرنا
دماغ کے کیڑے جھاڑنا: [ا۔ محاورہ] بھلاتے ہوئے یا باتیں کرتے کرتے تھک جانا۔
دماغ لوٹنا: [ا۔ محاورہ] کوئی چیز نظر میں نہ سمانا۔ بدحواس ہونا۔
دماغ مغز سے خالی ہونا: [ا۔ محاورہ] دماغ کمزور ہونا۔ بے وقوف ہونا۔
دماغ میں اور لَو ہونا: [ا۔ محاورہ] دماغ میں دوسری دُھن ہونا۔
دماغ میں بسنا: [ا۔ محاورہ] ذہن پر دیر تک اثر رہنا۔
دماغ میں بُو سمانا: [ا۔ محاورہ] مغرور ہونا۔ دماغ میں کوئی دُھن سما جانا۔
دماغ میں خلل ہونا: [ا۔ محاورہ] جنُون ہونا۔
دماغ میں ہوا بھر جانا / بھرنا: [ا۔ محاورہ] کوئی دُھن سما جانا۔
دماغ نکل جانا: [ا۔ محاورہ] غرُور جاتا رہنا
دماغ نہ ملنا: [ا۔ محاورہ] غرُور سے کسی کی طرف متوجہ نہ ہونا۔
دماغ نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] برداشت نہ ہونا۔ تاب نہ ہونا۔ گوارا نہ ہونا۔
دماغ ہونا: [ا۔ محاورہ] غرُور ہونا۔ تمکنت ہونا۔
دماغی: [ع۔ صف] ا۔ دماغ سے نسبت رکھنے والا (۲) مغرُور
دَمامَہ: [ف۔ اند] نقارہ (۲) شور (۳) رونق چہل پہل [افعال: باندھنا]
دَمان: [ف صف] تیز چلنے والا۔ طاقت ور (۲) خونخوار (۳) ڈرانا۔
دَمانا: [ا۔ معص] لچکدار ہونا، ملائم ہونا (۲) تلوار کو دبا کر یا ٹیڑھا کرکے اسکی لچک دیکھنا۔
دَمانَک: [ا۔ امث۔ ق] تیز چلنا۔ جلد روی
دَمانک: [ف۔ امث] ایک قسم کی چھوٹی بندوق جو گھوڑے پر بیٹھ کر چلائی جاتی ہے۔
دُمچی: [ا۔ امث] گھوڑے کے ساز کا وُہ حصّہ جو گھوڑے کی دُم کے نیچے رہتا ہے
دَمدَمَہ: [ف۔ اند] مصنوعی قلعہ۔ مورچہ۔ وُہ قلعہ جو لڑائی میں تھیلوں میں مٹی وغیرہ بھر کر بنا دیا جاتا ہے
دَمدمہ باندھنا: [ا۔ محاورہ] مورچہ بندی کرنا۔
دمدمے میں دم نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] طاقت ختم ہو جانا۔

دَمڑک: [ا۔ اند] چمڑے کا وُہ گول ٹکڑا جو تکلے میں ڈالتے ہیں۔
دَمریزی: [ا۔ امث] وُہ پھل جو درخت میں موسم کے بعد یا توڑنے کے بعد آئے
دَمڑا چا: [ا۔ اند] دَمڑی میں بکنے والا پتنگ
دَمڑی: [ہ۔ امث] پیسے کا چوتھا حصہ چھدام۔ چوتھائی حصّہ۔
دَمڑی دَمڑی۔ کوڑی کوڑی: [ا۔ امث] کم سے کم۔ مکمل رقم۔
دَمڑی کا: [ا۔ صف] بہُت کم قیمت کا۔ معمُولی۔
دَمڑی کا پتّا باز: [ا۔ اند] ایک کھلونا جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
دَمڑی کی بُڑھیا ٹکا سر منڈائی: [ا۔ مثل] اصل قیمت کم اور خرچ زیادہ۔
دَمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں اُسے بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں: [ا۔ مثل] ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیئے۔
دمڑی کی ہانڈی گئی۔ کُتّے کی ذات پہچانی گئی: [ا۔ مثل] تھوڑا سا نقصان ہُوا مگر تجربہ حاصل ہُوا۔
دَمڑی کے تین تین: [ا۔ مثل] نہایت ارزاں۔ کوڑیوں کے مول۔
دمڑی نہ جائے چاہے چمڑی جائے: [ا۔ مثل] بہُت کنجُوس ہے۔ تکلیف سہتا ہے، مگر پیسہ خرچ نہیں کرتا۔
دمڑے: [ا۔ اند] دام کی تصغیر۔ دام۔ روپیہ۔ پیسہ۔ قیمت
دمڑے خرچنا: [ا۔ محاورہ] مول لینا۔ خریدنا
دَمڑے کرنا: [ا۔ محاورہ] اونے پونے بیچ ڈالنا۔
دَمک: [ا۔ امث] چمک۔ درخشانی۔ تابش۔ تمتماہٹ۔
دَمکلا: [ا۔ اند] پانی چڑھانے کی مشین۔ پچکاری (۲) آگ بجھانے کا انجن۔
دَمکنا: [ا۔ مص] چمکنا۔ درخشاں ہونا۔ جھلکنا۔
دُمّل: [ع۔ اند] پھوڑا دیکھئے "دنبل"
دَمَن: [ف۔ اند و مث] ٹیلا مٹی کا۔ بڑا تودہ۔ چھوٹی پہاڑی
دَمنا: [ا۔ مص] چمکنا۔ دمکنا (۲) لوہے کا ملائم ہونا۔ مُڑ جانا۔ دہرا ہو جانا۔ (۳) ق ["دمیدن" سے] اُگنا۔
دُمُنہا: [ا۔ صف] دومُنہ والا۔ دومُنہ کا سانپ
دَموی: [ع۔ صف] خُونی۔ خون سے منسُوب۔
دَموی مزاج: [ع صف] وُہ شخص جس میں خُون کی خلط غالب ہو۔
دَمَہ: [ف۔ اند] ا۔ دھونکنی (۲) ایک بیماری جس میں سانس جلدی جلدی اور رُک رُک کر آتا ہے
دَمہ دَم کے ساتھ: [ا۔ مقولہ] دمہ موت تک جان نہیں چھوڑتا۔
دَمی: [ف۔ امث] ایک قسم کا چھوٹا حُقّہ چھوٹی گڑگڑی۔
دَمیتا: [ا۔ صف۔ ق] مالدار۔ امیر
دَمیدگی: [ف۔ امث] دیکھئے "دمیدہ" جس کا یہ اِسم کیفیت ہے۔
دَمیدہ: [ف۔ صف] کھلا ہُوا۔ پھُوٹا ہُوا۔

د ـــ ن

دَن: [ا۔ اصوت۔ مث] توپ یا بندُوق چھوٹنے کی آواز۔

دَن سے: [ار. متعلق فعل] تڑاق سے۔ دَن کی آواز کے ساتھ۔

دِن: [ار. اند] ا۔ سورج نکلنے سے غروب ہونے تک کا زمانہ۔ روز۔ نہار (۲) سورج نکلنے سے دوبارہ سورج نکلنے تک کا زمانہ۔ چوبیس گھنٹے کی مدت۔ یوم (۳) روشنی کا وقت (۴) صبح۔ فجر۔ تڑکا (۵) زمانہ۔ دور۔ وقت (۶) ساعت۔ گھڑی (۷) رُت۔ موسم (۸) نصیب۔ بخت (جمع میں)

دِن آنا: [ار. محاورہ] ا۔ موسم آنا۔ رُت آنا (۲) وقت آنا۔ مقررہ وقت آنا (۳) حیض آنا (۴) دن چڑھنا۔ سورج نکلنا۔ بلند ہونا۔

دِن بدِن: [ار. ف. متعلق فعل] دیکھئے "روز بروز" جو صحیح ہے۔

دِن بدنا: [ار. محاورہ] تاریخ مقرر کرنا۔

دِن بڑھنا: [ار. محاورہ] دن کا لمبا ہونا۔ دن بڑا ہونا۔

دِن بھاری ہونا: [ار. محاورہ] مصیبت کا زمانہ ہونا۔ سختی کے دن آنا۔ نصیب بگڑنا۔

دِن بھر: [ار. متعلق فعل] تمام دن

دِن بھرنا: [ار. محاورہ] ا۔ مصیبت کے دن پورے کرنا (۲) رنج و اندوہ میں زندگی بسر کرنا (۳) عمر کے دن پورے کرنا۔

دِن بہُرنا: [ار. محاورہ] اچھے دن آنا۔ نصیب جاگنا۔ قسمت کھلنا

دِن بھلے آنا: [ار. محاورہ] اچھا زمانہ آنا۔ خوش اقبالی کا زمانہ آنا۔

دِن بہ دِن: [ار. متعلق فعل] روز بروز

دِن پڑا ہے: [ار. محاورہ] ابھی بہت دن باقی ہے۔

دِن پڑنا: [ار. محاورہ] ا۔ مصیبت آنا۔ بُرا وقت آنا (۲) رانڈ ہونا۔ بیوہ ہونا۔

دِن پکڑ لینا: [ار. محاورہ] دن کا پالینا۔

دِن پورے کرنا: [ار. محاورہ] دن بھرنا۔

دِن پہاڑ سا کٹنا: [ار. محاورہ] بڑی دقت سے دن گزارنا۔

دِن پہاڑ ہو جانا: [ار. محاورہ] دن کاٹنا دشوار ہونا۔

دِن پھرنا [ار. محاورہ] دیکھئے "دن بھلے آنا"

دِن پھیرنا: [ار. محاورہ] اچھے دن لانا۔ مصیبت دور کرنا۔

دِن تیر کرنا: [ار. محاورہ] زندگی بسر کرنا۔ عمر گزارنا۔ وقت گزارنا۔

دِن ٹلنا: [ار. محاورہ] ا۔ دن گزرنا۔ (۲) حیض کا معمول کے مطابق نہ آنا۔

دِن جاتے دیر نہیں لگتی: [ار. مقولہ] وقت جلد گزر جاتا ہے۔

دِن جانا: [ار. محاورہ] دن گزرنا۔

دِن چڑھانا: [ار. محاورہ] ا۔ دیر کرنا۔ دھوپ چڑھانا۔ صبح کا وقت گزارنا (۲) حمل ٹھہرنا

دِن چڑھنا: [ار. محاورہ] ا۔ آفتاب کا بلند ہونا (۲) دیر لگنا۔ حیض کا زمانہ گزرنا (۳) حساب سے کسی دن کا زیادہ ہونا۔

دِن چڑھے: [ار. متعلق فعل] خوب دھوپ پھیل جانے کے بعد۔ جس وقت دن اچھی طرح نکل آئے۔

دِن چلنا: [ار. محاورہ] دن کا ختم ہونے پر آنا۔

دِن چھپنا: [ار. محاورہ] سورج ڈوبنا۔ شام ہونا۔

دِن دکھانا: [ار. محاورہ] خوشی کا موقع نصیب کرنا۔

دِن دکھلوانا: [ار. محاورہ] تاریخ دکھلانا۔ نجومی سے نیک ساعت معلوم کرانا

دِن دوپہر: [ار. متعلق] دیکھئے "دن دہاڑے"

دِن دوپہر کو صبح ہو جانا: [ار. محاورہ] گھبراہٹ اور پریشانی سے مت ماری جانا۔

دِن دوپہرے: [ار. متعلق فعل] دیکھئے "دن دہاڑے"

دِن دونا رات چوگنا: [ار. صف] روز افزوں۔ ہر روز زیادہ ترقی۔

دِن دونی رات چوگنی: [ار. صف] دیکھئے "دن دونا رات چوگنا" جس کی یہ تانیث ہے۔

دِن دہاڑے: [ار. متعلق فعل] دن میں سب کے سامنے۔ کھلے بندوں۔ اعلانیہ

دِن دیکھا نہ رات: [ار. روزمرہ] وقت بے وقت کا خیال نہیں کیا۔

دِن دیکھنا: [ار. محاورہ] نوبت پہنچنا۔ روز بد کا سامنا ہونا۔

دِن دیئے: [ار. متعلق فعل۔ ق] دن کے وقت

دِن ڈوبنا: [ار. محاورہ] آفتاب غروب ہونا۔ شام ہونا۔

دِن ڈھلنا: [ار. محاورہ] دن گھٹنا۔ آفتاب کا زوال ہونا۔

دِن ڈھلے: [ار. متعلق فعل] دوپہر کے بعد

دِن رات: [ار. متعلق فعل] شب و روز۔ ہر وقت۔ ہر گھڑی۔

دِن رات سولی پر گزرنا۔ [ار. محاورہ] ہر وقت بے چین رہنا۔

دِن رات کا بکھیڑا: [ار. اند] ہر گھڑی کا جھگڑا۔

دِن رہے: [ار. متعلق فعل] وہ وقت، جب تھوڑا سا دن باقی ہو۔

دِن رین: [ار. متعلق فعل] دیکھئے "دن رات"

دِن سدھارنا: [ار. محاورہ] وقت گزرنا۔ زمانہ جانا۔

دِن سن: [ار. اند] سن و سال

دِن سے۔ [ار. متعلق فعل] دن چھپنے سے پہلے سر شام

دِن سے اُتر جانا: [ار. محاورہ] انسان یا گھوڑے کا) جوانی سے ڈھل جانا۔

دِن سیدھے ہونا: [ار. محاورہ] اچھے دن آنا۔ اقبال یاور ہونا۔ خوش قسمتی ہونا۔ بھلے دن آنا۔

دِن صاف گزرنا: [ار. محاورہ] کھانے کو کچھ نہ ملنا۔ فاقہ ہونا۔

دِن عید اور رات شب برات: [ار. مثل] رات دن عیش و نشاط میں گزرنا۔

دِن قرار پانا: [ار. محاورہ] کسی کام کے لیے دن تاریخ و وقت مقرر ہونا۔

دِن قریب آنا: [ار. محاورہ] زمانہ قریب آنا۔ وقت ہونا۔

دِن کاٹنا: [ار. محاورہ] مصیبت سے بسر کرنا۔ زندگی کے دن پورے کرنا۔

دِن کا کام رات کو انجام دینا: [ار. محاورہ] بے وقت کام کرنا۔

دِن کا گیا: [ار. مثل] صبح سے گیا ہوا۔

دِن کڑا ہونا: [ار. محاورہ] وقت سخت یا منحوس ہونا۔ مصیبت کے دن ہونا۔

دِن کڑے گزرنا: [ار. محاورہ] تکلیف میں وقت گزرنا۔

دِن کم رہ جانا: [ار. محاورہ] تھوڑا سا دن رہ جانا۔

دِن کم ہو جانا: [ار. محاورہ] دن گھٹنا۔

دِن کو اُدبٹ نظر نہ آنا: [ار. محاورہ] بہت کمزور نظر ہونا

دِن کو اُونی اُونی رات کو چرخا پُونی: [ار. مثل] عو بے وقت اور بے موقع کام کرنے کی بنسبت بولتی ہیں۔

دِن کو تارے دکھانا: [ار. محاورہ] دماغ کو ایسا صدمہ پہنچانا کہ سر چکرا جائے اور آنکھوں کے سامنے ترمرے آجائیں۔ خوب مارنا۔ خوب پٹائی کرنا۔

دِن کو تارے نظر آنا: [ار. محاورہ] ا۔ دیکھئے "دن کو تارے دکھانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) نظر بہت تیز ہونا۔ (۳) سخت تاریکی ہونا۔

دِن کو دن اور رات کو رات نہ جاننا / سمجھنا: [ار. محاورہ] کسی کام میں سخت مشغول ہونا خوب محنت کرنا۔

دِن کو رات کہنا: [ا ر۔ محاورہ] اُلٹی بات کہنا۔ یقینی بات میں شبہ کرنا۔
دِن کھسکا / ڈھلا اور مزدور ہنسا [ا ر۔ مثل] دِن گزرنے پر مزدور کو محنت سے نجات ملتی ہے۔ اسلئے وُہ آدھے سے زیادہ دن ختم ہو جانے پر خوش ہُوا کرتا ہے
دِن کھسکنا: [ا ر۔ محاورہ] دن ڈھلنا
دِن گھٹنا: [ا ر۔ محاورہ] دن ڈھلنا
دِن کھینچنا: [ا ر۔ محاورہ] وقت کو طوالت دینا
دِن کی پُوچھی رات کی بتائی: [ا ر۔ مثل] جب کوئی بے تکی بات جواب میں کہے تو کہتے ہیں۔
دِن کے دِن: [ا ر۔ متعلق فعل] اسی دن جلدی
دِن گزرنا: [ا ر۔ محاورہ] زمانہ بسر ہونا
دِن گِننا: [ا ر۔ محاورہ] انتظار کرنا
دِن گنوانا: [ا ر۔ محاورہ] وقت ضائع کرنا موقع کھو دینا
دِن گھٹنا: [ا ر۔ محاورہ] دن کا چھوٹا ہونا۔
دِن گھڑی بھر آنا: [ا ر۔ محاورہ] تھوڑا سا دن چڑھنا گھڑی بھر دن چڑھنا
دِن گئے: [ا ر۔ محاورہ] وُہ زمانہ گزر گیا وُہ دن لد گئے
دِن گیا کہ رات: [ا ر۔ مثل] ہر وقت موقع حاصل ہے۔
دِن لٹک جانا: [ا ر۔ محاورہ] دِن ڈھلنا۔ شام کا وقت قریب آنا۔
دِن لگنا: [ا ر۔ محاورہ] گھمنڈ ہونا غرور پیدا ہونا بڑھ کر چلنا (۲) کمینے کو دولت ملنا مُدت صرف ہونا۔ عرصہ دراز ہونا
دِن مان: [ھ۔ اند] دن کا گھٹاؤ بڑھاؤ۔ دن کا انداز۔
دِن منانا: [ا ر۔ محاورہ] یادگار کے طور پر منانا۔ تقریب منانا۔
دِن میں سوتے روزی کھوتے: [ا ر۔ مثل] جو دن کو کام نہ کرے۔ اس کی زندگی تنگی میں گزرتی ہے۔
دِن نزدیک آنا: [ا ر۔ محاورہ] زمانہ قریب ہونا۔
دِن نکلنا: [ا ر۔ محاورہ] صُبح ہونا۔ سُورج طلُوع ہونا
دِن نہ رہنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ زمانہ گزر جانا (۲) شام ہو جانا۔
دِن ہوا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] اچھا وقت گزر جانا بھلا زمانہ گزر جانا۔
دِن ہو گئے: [ا ر۔ محاورہ] کافی مُدت ہو گئی۔ بہُت زمانہ گزر گیا۔
دِن ہونا: [ا ر۔ محاورہ] صُبح ہونا
دِن یاد ہونا: [ا ر۔ محاورہ] پُرانا زمانہ یاد ہونا۔
دَنّا: [ھ۔ صف] موٹا۔ مضبوط۔ در اند۔ بڑا۔ (۲۔ اند) وُہ موٹی لکڑی جس سے لڑکے گیڑی کھیلتے ہیں۔ **دَنّا بیل**: [ھ۔ اند] قوی ہیکل مضبوط
دنّا سیٹھ: [ھ۔ اند] ۱۔ بڑا سیٹھ (۲) صف) طنزاً مغرور۔ متکبر
دُنّاب: [ھ۔ صف] بہُت موٹا۔ پھُولا ہُوا۔ فربہ (افعال: ہونا)
دُنادِن: [ا ر۔ اصوت مث] بندوق توپ پٹاخا وغیرہ کی متواتر اور مسلسل آواز۔
دِنادی کا تیل: [ھ۔ اند] سانڈے کا تیل (طلا بیچنے والوں کی آواز)
دَنانیر: [ع اند] دیکھئے "دینار" جس کی یہ جمع ہے
دِناؤن: [ا ر۔ مذ۔ ق] لگان
دَنائت: [ع۔ امث] کمینہ پن۔ رذالت۔
دُنبال / دُنبالہ: [ف۔ اند] وُہ چیز جو دُم سے مشابہ ہو۔ ۱۔ جانوروں کی دُم۔
(۲) پیچھے (۳) آنکھ کا کویا (۴) سُرمے کی وُہ لکیر جو آنکھ کے کونے سے آگے تک بڑھی ہُوئی ہو (افعال: کھینچنا)
دُنبالہ دار: [ف۔ صف] دُم والا۔ گپھے والا۔ دُمدار
دُنبل: [ف۔ اند] پھوڑا موٹا دلدار پھوڑا
دُنبہ: [ف۔ اند] ایک قسم کا مینڈھا جسکی دُم بڑی چوڑی اور موٹی ہوتی ہے (۲) صف موٹا فربہ
دُنبی: [ف۔ امث] دیکھئے "دُنبہ" جس کی یہ تانیث ہے
دَنت / دنتن: [ھ۔ اند] دیکھئے دانت جس کا یہ مخفف ہے۔
دنت کریدنی / کھودنی: [ھ۔ اند] خلال
دَنتو: [ھ۔ صف] لمبے لمبے دانتوں والا۔
دَنتیلا: [ھ۔ صف] بڑے دانتوں والا ہاتھی۔ بڑے دانتوں والا آدمی (۲) دندانہ دار
دَند: [ف۔ اند] ۱ جُولاہے کا راچھ (۲) (ق) دُشمنی
دَند سارنا: [ا ر۔ محاورہ۔ ق] دُشمنی پھیلانا۔
دُند: [ھ۔ اند] بڑا نقارہ۔ دھونسا (۲) شور و غُل۔ غوغا (۳) ظلم و ستم اندھیر۔
دُند مچانا: [ا ر۔ محاورہ] شور و غل کرنا۔ اودھم مچانا (۲) ظُلم ڈھانا۔
دندان: [ف۔ اند] دیکھئے "دانت"
دَندان آز تیز کرنا: [ا ر۔ محاورہ] لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔
دندانِ خرد: [ف۔ اند] عقل ڈاڑھ
دَندانِ دَراز: [ف۔ صف] لالچی حریص
دِندان ساز: [ف۔ صف] مصنوعی دانت بنانے والا۔
دَندان سازی: [ف۔ امث] مصنوعی دانت بنانے کا کام یا پیشہ۔
دندان شکن جواب: [ف۔ صف] مُنہ توڑ جواب ایسا سخت جواب جسکا جواب ہی نہ بن پڑے۔
دندانِ شیر: [ف۔ اند] دُودھ کے دانت
دَندانِ پیش: [اند] سامنے کے دانت
دَندانِ مصری: [ف۔ امث] ایک قسم کی ولائتی مٹھائی جسکی شاخیں سی بنی ہوتی ہیں۔
دندان نما: [ف۔ صف] دانت دکھانے والا (۲) ظاہر آشکارا۔
دَندانہ: [ف۔ اند] (۱) دانت سے مشابہ کوئی چیز۔ ہر چیز کا کنگرا (۲) وُہ متعدد شگاف جو کنگھی کے دونوں جانب ہوتے ہیں (۳) آرے یا آری کا خار
دَندن: [ا ر۔ صف۔ ق] دیکھئے "دندی" جس کی یہ تانیث ہے۔
دَندناتا ہُوا آنا: [ا ر۔ محاورہ] بےخوف اور بے دھڑک آنا۔ اُچھلتا کُودتا آنا۔
دَندنانا: [ا ر۔ مص] عیش کرنا۔ مزے اُڑانا
دَندی: [ا ر۔ صف۔ ق] دُشمن
دَنڈ: [ھ۔ اند] دیکھئے "ڈنڈ"
دَنڈارس: [ا ر۔ اند۔ ق] مختلف رنگوں میں رنگا ہوا ایک کپڑا۔
دَنڈلنا: [ا ر۔ مص۔ ق] مارے مارے پھرنا
دنڈ مُنڈیاں: [ا ر۔ مث۔ ق] سر اور بازوؤں کی کوشش سے کوئی کام کرنا
دَنڈنا: [ا ر۔ مص۔ ق] سزا دینا۔ جرمانہ کرنا۔
دَنڈے مُنڈے: [ا ر۔ متعلق فعل۔ ق] سر اور بازوؤں کی کوشش سے۔
دُنکا: [ا ر۔ اند] اناج کا دانہ دانہ کے تابع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔
دَنگ: [ف۔ صف] حیران گھبرایا ہُوا ہکا بکا بے حس و حرکت۔ (افعال: رہنا۔ ہونا)

دَنگ پَچور : [ا ر صف ۔ ق] غمگین ۔ رنجیدہ
دَنگا : [ا ر ۔ اند] جھگڑا فساد ۔ فتنہ ۔ ہنگامہ بغاوت ۔ شرارت ۔ بدذاتی
دَنگل : [ف ۔ اند] اکھاڑا کشتی کرنے کی جگہ (۲) بھیڑ ۔ مجمع ۔ انبوہ (۳) ایک قسم کی بڑی کرسی جس پر کئی آدمی بیٹھ سکتے ہیں (۴) پہلوان کی جائے نشست (۵) (دکن) ایک قسم کا سامان ماتم ۔ جو عشرہ محرم میں کرتے ہیں ۔
دَنگل باندھنا : [ا ر محاورہ] حلقہ باندھنا ۔ لوگوں کا کشتی یا پٹا بازی وغیرہ کے لیے جمع ہونا / جمع کرنا ۔
دَنگل ٹوٹ جانا : [ا ر محاورہ] مجمع منتشر ہو جانا ۔ تتر بتر ہو جانا ۔
دَنگل لڑنا : [ا ر ۔ محاورہ] کشتی لڑنا
دَنگل مارنا : [ا ر ۔ محاورہ] کشتی جیتنا ۔ فتح پانا
دَنگئی : [ا ر ۔ صف] لڑاکا ۔ شریر ۔ فسادی
دَنگی : [ا ر ۔ امث ۔ ق] حیرانی ۔ حیرت
دِنوں : [ا ر ۔ اند] ۱ ۔ دیکھئے "دن" جس کی یہ جمع ہے (۲) گھوڑے یا چوپائے کی عمر
دِنوں سے اُتر جانا : [ا ر ۔ محاورہ] جوانی گزر جانا ۔ عمر ڈھلنا
دِنوں کا پھیر : [ا ر ۔ اند] ۱ ۔ گردش زمانہ ۔ قسمت کا چکر (۲) ایام حیض کا گھٹنا اور بڑھنا ۔
دِنوں کو دھکا دینا / دھکے دینا : [ا ر ۔ محاورہ] مصیبت کے دنوں کا ٹالنا زندگی کے دن پورے کرنا ۔
دِنوں کی شامت : [ا ر ۔ امث] بدنصیبی
دِنوندھ / دِنوندھا : [ہ صف] ایک مرض جس میں دن کے وقت کم دکھائی دیتا ہے ۔ روز کوری
دِنوندی / دِنوندھی : [ہ ۔ امث] دیکھئے "دِنوندھ"
دَنی : [ع ۔ صف] کمینہ ۔ سفلہ ۔ رذیل ، حقیر
دَنی الطبع : [ع ۔ صف] کمینی طبیعت کا ۔ کمینہ
دِنی : [ا ر ۔ صف] پرانا ۔ بوڑھا ۔ اکثر گھوڑے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔
دُنی : [ا ر ۔ امث ۔ ق] دُنیا
دُنے : [ا ر ۔ صف ۔ ق] بلند ۔ اونچا
دُنیا : [ع ۔ صف] ادنیٰ کا مونث معنی نزدیک ۔ خلاف عقبیٰ ۔ جہان ۔ عالم ۔ کائنات (۲) موجودہ زندگی (۳) لوگ (۴) بہت سی چیزیں (۵) دولت جائیداد (۶) دُنیا کے مزے ۔
دُنیا آباد کرنا : [ا ر ۔ محاورہ] لوگوں کو کہیں جگہ کر بسانا (۲) لوگوں کی اچھی حالت بنانا ۔ لوگوں کو خوش حال بنانا ۔
دُنیا آباد ہونا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دُنیا آباد کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
دُنیا آنکھوں میں اندھیر ہو جانا : [ا ر ۔ محاورہ] سخت گھبرا جانا ۔ کچھ نہ سوجھنا ۔
دُنیا اِدھر کی اُدھر ہو جانا : [ا ر ۔ محاورہ] انقلاب عظیم آنا ۔
دُنیا اندھیر ہونا : [ا ر ۔ محاورہ] رنج و غم کی وجہ سے کچھ نہ سوجھنا ۔ سخت گھبراہٹ ہونا ۔
دُنیا او رمطلب ، اور مطلب سو اپنا : [ا ر ۔ مثل] دُنیا سے مطلب نہیں اپنا مطلب مقدم ہے ۔
دُنیا بسانا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دُنیا آباد کرنا"

دُنیا بہ اُمید قائم : [ف ۔ مقولہ] انسان اُمید کے سہارے زندہ رہتا ہے
دُنیا بھر کی آخور : [ا ر ۔ امث] نہایت نکمی ۔ ناکس چیز
دُنیا بھر کی باتیں : [ا ر ۔ امث] فضول باتیں ۔
دُنیا بھر کی خاک چھاننا : [ا ر ۔ محاورہ] بہت تلاش اور جستجو کرنا
دُنیا بھر کے جَتن : [ا ر ۔ اند] سب طرح کی تدبیریں
دُنیا پر لات مارنا : [ا ر محاورہ] دنیا کو ترک کرنا ۔ گوشہ نشین ہو جانا ۔
دُنیا پرست : [ف ۔ صف] دُنیا دار ۔ لالچی
دُنیا پرستی : [ف ۔ امث] دیکھئے "دُنیا پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
دُنیا جہان : [ف ۔ اند] تمام عالم
دُنیا چھاننا : [ا ر محاورہ] بہت تلاش کرنا ۔ بہت جستجو کرنا ۔
دُنیا چھوڑنا : [ا ر ۔ محاورہ] فقیر ہو جانا ۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا ۔
دُنیا دار : [ف صف] تعلقات دنیا میں گھرا ہوا (۲) چالاک آدمی (۳) ظاہر دار ۔
دُنیا داری : [ف ۔ امث] دیکھئے "دنیا دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
دُنیا دیکھنا : [ا ر ۔ محاورہ] تجربہ کار ہونا ۔
دُنیا ساز : [عف صف] ظاہر داری کرنے والا ۔
دُنیا سازی : [عف امث] دیکھئے "دنیا ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
دُنیا سے اُٹھ جانا : [ا ر محاورہ] مر جانا ۔ ناپید ہونا ۔
دُنیا سے جانا / چلنا / سُدھارنا / کوچ کرنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دُنیا سے اٹھ جانا" ۔
دُنیا سے اُڑانا : [ا ر ۔ محاورہ] معدوم کرنا ۔ ناپید کرنا ۔
دُنیا سے اُڑ جانا / اُڑنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دُنیا سے اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
دُنیا سے الگ ہونا : [ا ر مص مرکب] سب سے بے تعلق ہونا ۔
دُنیا سے دِل اُٹھانا : [ا ر ۔ محاورہ] ترک دُنیا کرنا ۔
دُنیا سے دِل اُٹھنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دنیا سے دِل اُٹھانا"
دُنیا سے سرد ہو جانا : [ا ر ۔ محاورہ] دُنیا کی باتوں سے طبیعت اُکتا جانا ۔
دُنیا سے دُور بھاگنا : [ا ر ۔ محاورہ] دنیاوی تعلقات سے الگ رہنا ۔
دُنیا سے روانہ ہونا : [ا ر ۔ محاورہ] مر جانا ۔
دُنیا سے سفر کرنا : [ا ر ۔ محاورہ] مر جانا
دُنیا سے غارت ہو : [ا ر ۔ کوسنا] مٹ جائے ۔ تباہ ہو ۔
دُنیا سے نام اُٹھے : [ا ر ۔ کوسنا] مٹ جائے ۔ مر جائے ۔
دُنیا سے ہاتھ دھونا : [ا ر ۔ محاورہ] دُنیاوی معاملات سے دستبردار ہونا ۔
دُنیا غرض کی ہے : [ا ر مقولہ] مطلب نکل جانے کے بعد کوئی کسی کو نہیں پوچھتا ۔
دُنیا کا ابھی کیا دیکھا ہے : [ا ر مقولہ] کا یہ عمر کم ہے ۔ نا تجربہ کار ہے ۔
دُنیا کا کتا : [ا ر صف] طالب دُنیا ۔ دنیاوی فائدوں کو عاقبت پر ترجیح دینے والا ۔ ذلیل لالچی
دُنیا کا کہنا : [ا ر ۔ مص مرکب] سب لوگوں کا کہنا ۔
دُنیا کا گزرنا : [ا ر محاورہ] لوگوں کا سامنے سے گزرنا ۔
دُنیا کو ٹھوکر مارنا : [ا ر ۔ محاورہ] دُنیا کو حقیر سمجھ کر چھوڑ دینا ۔
دُنیا کو لات مارنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "دُنیا کو ٹھوکر مارنا"
دُنیا کی : [ا ر صف] ہر قسم کی ۔ افراط کے ساتھ ۔

دُنیا کی آنکھوں میں: [ا ر۔ متعلق فعل] سب کی نظروں میں
دُنیا کی ٹھوکریں کھانا: [ا ر۔ محاورہ] مارا مارا پھرنا
دُنیا کی خاک چھننا: [ا ر۔ محاورہ] آوارہ پھرنا
دُنیا کی ہوا: [ا ر۔ امث] دُنیا کی خواہش۔ دُنیا کے ساز و سامان کی طلب
دُنیا کی ہوا لگنا: [ا ر۔ محاورہ] دُنیا کا دلدادہ ہونا۔ دُنیا کا مزہ پڑنا۔ دُنیا داری آنا۔
دُنیا کے بکھیڑے / جھگڑے: [ا ر۔ امذ] دُنیاوی معاملات
دُنیا کے پردے سے اُٹھ جانا: [ا ر۔ محاورہ] دُنیا پر نہ رہنا۔ نیست و نابُود ہو جانا۔
دُنیا کے تماشے: [ا ر۔ امذ] وُہ ناپائدار منظر جو دُنیا میں ہر ایک کے پیشِ نظر ہیں۔
دُنیا کے عیب: [ا ر۔ امذ] ہر قسم کے بُرے افعال
دُنیا کے کاروبار: [ا ر۔ امذ] روزمرّہ کے معاملات یعنی دین خرید و فروخت
دُنیا کے کُتّے: [ا ر۔ امذ] دُنیا کے طلب گار۔
دُنیا مُردہ پسند ہے: [ا ر۔ مقولہ] لوگ مرے ہُوؤں کی تعریف کرتے ہیں اور زندوں کو پُوچھتے تک نہیں۔
دُنیا میں آنا: [ا ر۔ محاورہ] پیدا ہونا۔
دُنیا میں کسی کی یکساں نہیں گزری: [ا ر۔ مقولہ] زمانہ ایک حالت پر نہیں رہتا۔
دُنیا میں نام رہ جانا: [ا ر۔ محاورہ] یادگار باقی رہنا۔ اچھی شہرت باقی رہنا۔
دُنیا میں نام کر جانا: [ا ر۔ محاورہ] کوئی بڑا کام کر کے دُنیا میں شہرت حاصل کرنا
دُنیا و ما فیہا: [ع۔ امث] عالم اور جو کچھ اس میں ہے۔
دُنیا و ما فیہا کی خبر نہیں: [ا ر۔ محاورہ] کسی چیز کا ہوش نہیں
دُنیا ہو اور تم ہو: [ا ر۔ دعا] جب تک دُنیا قائم ہے تم بھی زندہ رہو۔
دُنیا ہے اور مطلب: [ا ر۔ مثل] ہر ایک کو اپنا مطلب مقدم ہوتا ہے۔
دُنیاوی: [ع۔ صف] دُنیات منسُوب۔ دُنیا کا۔
دُنیائے دُنی / دُوں: [عف۔ امث] بُری دُنیا۔ کمینی دُنیا
دُنیائے دو روزہ: [ف۔ امث] فانی دُنیا۔ دُنیا کا چند روزہ قیام۔
دُنیوی: [ع۔ صف] دُنیاوی۔ دُنیا کی نسبت

د ــــ و

دو: [ا ر۔ ف۔ اعدد] ایک اور ایک کا مجموعہ (۲) جُفت۔ جوڑا (۳) جَنا (۴) الگ جُدا غیر
دوآب / آبہ: [ف۔ امذ] دو دریاؤں کے درمیان کی زمین
دو آتشہ: [ف۔ صف] شراب یا عرق جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کھینچا گیا ہو۔ (۲) تُند۔ تیز (شراب وغیرہ)
دو آتشہ پلانا: [ا ر۔ محاورہ] اشتعال دینا۔ بھڑے پر چڑھانا۔
دو آدمیوں کی گواہی سے پھانسی ہوتی ہے: [ا ر۔ مثل] دو آدمیوں کی گواہی کا بڑا اثر ہوتا ہے۔
دو آشیانہ: [ف۔ امذ] ایک قسم کا خیمہ جس میں دو کمرے ہوتے ہیں دو کمروں کا ڈیرا۔
دو آنسو ڈالنا / بہانا / رونا / گرانا: [ا ر۔ محاورہ] تھوڑا سا رونا۔
دو آنکھوں سے چار آنکھیں دیں: [ا ر۔ محاورہ] عقل دی۔ شعور دیا۔ ہوشیار بنایا
دو [illegible]: [ف۔ صف] تیز۔ جلدی (۲) تیزی۔ سُرعت (۳) ڈاکیا۔ خبر رساں۔ پیامبر۔ پوسٹ ماسٹر۔ وُہ سپاہی جس کے پاس دو گھوڑے ہوں۔ ایسی سواری جس میں دو گھوڑے جوتے جائیں۔
دو اُنگل کی بچی: [ا ر۔ امث] چھوٹی سی لڑکی۔
دو اُنگلیاں ماتھے پر رکھنا: [ا ر۔ محاورہ] سرسری سلام کرنا۔
دو اِک / اِیک: [ا ر۔ صف] چند۔ تھوڑے۔
دو باتوں میں: [ا ر۔ متعلق] چند فقروں میں۔
دو بادشاہ در اقلیمے نہ گنجند: [ا ر۔ مثل] دو زبردست شخصوں میں ہمیشہ فساد رہتا ہے
دو۔ دو باتیں: [ا ر۔ امث] تھوڑی سی گفتگو۔ یا بات چیت۔
دو بار: [ا ر۔ متعلق فعل] دو دفعہ
دوبارہ: [ف۔ صف] دُوسری مرتبہ۔ دُوسری دفعہ۔ مکرّر
دو باز: [ف۔ امذ] کنکوا جس کے دو کنڈے رنگ دار ہوں (۲) ایک قسم کا باز۔ (۳) دو رنگے بازو کا کبُوتر۔
دو بازو: [ف۔ امذ] ایک کھیل کا نام۔ ایک دہقانی اوزار۔ ایک قسم کا عقاب۔
دو باگوں کسنا: [ا ر۔ محاورہ] تلوار کے دونوں سرے ملا کر اس کی خُوبی دیکھنا
دوبالا: [ف۔ صف] دُگنا۔ دوچند۔ دونا (افعال: کرنا۔ ہونا)
دوبر / برا: [ف۔ صف] دو پاٹ کا۔
دوبرذا / بلذ / بلدا: [ا ر۔ امذ] دو بیلوں کا چھکڑا۔
دُوبردُو: [ا ر۔ متعلق فعل] دیکھئے "دو بدو" جو صحیح ہے۔
دوبلدی: [ا ر۔ امث] دیکھئے "دوبلدا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دوبول: [ا ر۔ امذ] نکاح (افعال: پڑھنا۔ پڑھانا)
دوبولوں لوں: [ا ر۔ امذ] عقد۔ نکاح۔
دو ہتیاں / ہتھیاں: [ا ر۔ صف] وُہ جو دونوں ہاتھوں سے کام کر سکے (۲) مضبُوط۔ طاقتور (۳) سرکش۔ زبردست (افعال: ہونا)
دو ہتھیاں ہونا: [ا ر۔ محاورہ] طاقت ور ہونا۔ زبردست ہونا۔
دو بھیسل / بھیسیا: [ا ر۔ صف] منافق۔ دورنگی۔ دورُخی
دو بھیسلی بات: [ا ر۔ امث] پہلو دار بات
دوبیتی: [ا ر۔ امث] ایک قسم کی نظم۔ رُباعی۔
دوبینی: [ا ر۔ صف] ناقابلِ اعتبار۔ مذبذب (۲) منافق (۳) مد دو تیغے۔ ناک (۴) ایک چیز کے دو نظر آنا۔ بھینگا پن۔
دوپارہ: [ف۔ صف] دو ٹکڑے۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پھٹا ہُوا۔
دوپاٹرا: [ا ر۔ امذ] کام کرتے ہوئے مزدور عورتوں کا لہنگے کو دونوں ٹانگوں کے ساتھ لپیٹ لینا۔
دوپاٹی: [ہ۔ امث] دو عرض کا۔ دو پاٹ کا۔
دوپائے پر چڑھانا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ سِکھوں یا فوجیوں کی طرح داڑھی چڑھا لینا (۲) بندوق کے گھوڑوں کو ان کی انتہائی حد تک پیچھے ہٹانا۔
دوپائے سے چوپایہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] بیاہ شادی ہو جانا۔ جورو والا ہو جانا۔
دوپائے کا تعویذ یا نقش: [ا ر۔ امذ] اصطلاح عاملان۔ ایک قسم کا مثلث نقش۔
دوپائے کی رفتار: [ا ر۔ امث] دوپایہ مثلث کا نقش بھرنے کا طریقہ۔
دوپٹا: [ا ر۔ امذ] عورتوں کی اوڑھنی جو پہلے دو پاٹ / عرض کپڑے سے بناتی تھیں مگر آج کل چوڑے عرض کی ململ یا دُوسرے باریک کپڑے کی ہوتی ہے۔
دوپٹا اُٹھانا: [ا ر۔ محاورہ] عورتوں کا کوسنے یا دُعا کرنے کے لئے دوپٹے

کر دونوں ہاتھوں سے اُونچا کرنا۔

دوپٹا باندھنا: [ار۔ محاورہ] مردوں کا پگڑی باندھنا۔

دوپٹا بدلنا: [ار۔ محاورہ] بہناپا کرنا۔

دوپٹا پھرانا: [ار۔ محاورہ] دوپٹہ ہلانا۔

دوپٹا تان کے سونا: [ار۔ محاورہ] بےفکری سے سونا۔

دوپٹا گردن میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا۔

دوپٹا ہلانا: [ار۔ محاورہ] پناہ مانگنا۔ امن مانگنا۔ ہار ماننا۔ صُلح کا خواہاں ہونا۔ حالتِ جنگ میں سفید چادر/جھنڈا ہلاتے ہیں جس سے لڑائی بند کرنا مُراد ہوتی ہے۔

دوپٹی: [ار۔ امث] منافقت۔ دورنگی

دوپٹا: [ار۔ اند] کبوتر جس کا پیٹ سفید ہو (۲) ایک قسم کا پتنگ جس میں دو رنگ کی پٹیاں پڑی ہوئی ہوں (۳) مث۔ دوپٹا کی تصغیر۔ اوڑھنی۔ چنری۔

دوپٹے کو منہ کی آوٹ کرنا: [ار۔ محاورہ] گھونگھٹ نکالنا۔ دوپٹے کو مُنہ کے سامنے کرنا۔ تاکہ منہ کسی کو نظر نہ پڑے۔

دوپرتا: [ف صف] دوہرا۔ دوتہ کا۔

دوپشتہ: [ف صف] دونوں طرف سے چھپا ہُوا کاغذ۔ دورُخہ۔ دوطرفہ۔ (افعال: کرنا۔)

دوپلڑی: [ف۔ ہ۔ امث] ایک قسم کی ہندوستانی وضع کی ٹوپی جو ٹکڑوں سے بنی ہوتی ہے

دوپلکا: [ف۔ ہ۔ امث] ایک قسم کا کبوتر (۲) ایک قسم کا پتنگ (۳) ایک قسم کا نگینہ۔

دوپلی: [ف۔ امث] دیکھئے "دوپلڑی"

دوپنتی: [ار۔ امث] ایک قسم کی جالی جس کا دوہرا خانہ ہوتا ہے۔ اگلے زمانے کی بیگمات اس کی کرتیاں بنایا کرتی تھیں۔

دوپہر: [ار۔ امث] وقت جب سُورج عین سر پر ہو (۲) ایک پہر کا دُوگنا۔ (۳) ایک قسم کا پھُول (افعال۔ آنا۔ چڑھنا ڈھلنا۔ کرنا۔ ہونا)

دوپہر بجنا: [ار۔ محاورہ] دوپہر بارہ بجے دن کی توپ چلنا جو ریاستوں اور چھاؤنیوں میں چلتی تھی۔

دوپہر کی توپ چھُوٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دوپہر بجنا"

دوپہر کی چیل: [ار۔ امث] وہ بچہ جو دوپہر کو اِدھر اُدھر فضول مارا مارا پھرے

دوپہری: [ار۔ صف۔ امث] دوپہر کی۔ دوپہر سے منسُوب (۲) دوپہر کی نوبت

دوپہری بجنا: [ار۔ محاورہ] دوپہر کی نوبت بجنا۔ پُرانے زمانے میں دوپہر گزرنے پر امیروں کے گھروں پر نوبت بجا کرتی تھی۔

دوپیازہ: [ف۔ امث] سالن جس میں گوشت سے دُوگنا پیاز ڈال کر پکایا جاتا ہے اور اس میں شوربا یا ترکاری سبزی وغیرہ نہیں ہوتی۔

دوپیالے پی کولیں حرمزدگی تو پیٹ میں ہے: [ار۔ مثل] دل میں کھوٹ ہے اور پھر بھی فائدہ اُٹھاتے ہیں۔

دوپیسے ڈولی سے چار پیسے ڈولی ہے: [ار۔ محاورہ۔ عو] بہت کم فاصلہ ہے۔ معمولی فاصلہ ہے یعنی اتنا نزدیک ہے کہ ڈولی کا کرایہ صرف دو یا چار پیسے لگتا ہے۔

دوپیسے سیر: [ار۔ صف] بہت سستا۔

دوپیسے کا سیر بھر کر دینا: [ار۔ محاورہ] تھوڑی سی مقدار کو بہت زیادہ بتانا (۲) تھوڑی سی بیماری کو بہت زیادہ ظاہر کرنا۔

دوپیسے کمانا: [ار۔ محاورہ] تھوڑی سی کمائی کرنا۔

دوپیکر: [ف۔ اند] آسمان کا تیسرا برج۔ جوزا۔ منفض (۲) تلوار کی صفت) دوپھل والی۔

دوتا: [ف صف] دوگنا۔ دوہرا (۲) خمیدہ۔ ٹیڑھا (۳) کبڑا (۴) ایک قسم کا دوتارا (۵) نفیس کپڑا۔

دوتاگ/ تارہ: [ہ صف] دو دھاگوں کا بنا ہُوا۔ دوہرا۔ خمیدہ

دوتہی: [ہ۔ امث] ایک قسم کا دوہرا۔ دوعرض کا موٹا کپڑا جس کے کنارے سُرخ یا نیلے ہوتے ہیں اسے دری کے اُوپر اور چادر کے نیچے بستر کے طور پر بچھاتے ہیں۔ (۲) استر والا کپڑا (۳) صف۔ دوتہ کی۔ دوہری

دوتین: [ار صف] چند

دوٹکریں ہونا: [ار۔ محاورہ] نماز پڑھنا

دوٹکڑے بات: [ار۔ امث] دوٹوک بات۔ کھری بات

دوٹکڑے کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دوٹکڑے ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

دوٹکڑے ہونا: [ار۔ محاورہ] دو حصّے ہونا۔ دوپارہ ہونا۔

دوٹوک: [ار صف] دوپارہ۔ دوٹکڑے (۲) صاف۔ کھرا (۳) فیصلہ کُن (۴) موزوں۔

دوٹوک بات: [ار۔ امث] کھری بات صاف صاف بات

دوٹوک جواب دینا: [ار۔ محاورہ] صاف جواب دینا صاف انکار کرنا۔ موزوں جواب دینا۔ مختصر جواب دینا۔

دوٹوک جواب ملنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دوٹوک جواب دینا" جس کا یہ لازم ہے

دوٹوک کرنا: [ار۔ محاورہ] فیصلہ کرنا۔ رشتہ یا دوستی توڑ لینا۔

دوٹوک ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دوٹوک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دوجہان: [ف۔ اند] دُنیا اور آخرت

دوجہان سے جانا: [ار۔ محاورہ] دین و دنیا برباد ہو جانا

دوجہان سے کھونا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کا نہ رکھنا بیکار کر دینا

دوجبھا/ جیبھا: [ف ہ۔ صف] دو زبان والا۔ جس کی زبان بیچ میں سے چری ہوئی ہو منافق۔ بدعہد

دوجورو کا خصم پچو سر کا پانسا: [ار۔ مثل] دو بیویوں والا آدمی ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے۔

دوجیا: [ار۔ صف] (۱) حاملہ (۲) موٹ۔ حاملہ عورت

دوجیرا: [ہ۔ اند] ایک قسم کا چاول

دوجی سے ہونا: [ار محاورہ] حاملہ ہونا

دوجیوا: [ہ۔ صف] حاملہ

دوچار: [ف۔ ہ صف] ا۔ چند

دوچار کرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دوچار ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

دوچار ہونا: [ار محاورہ] مُلاقات ہونا۔ آمنا سامنا ہونا۔ آنکھیں ملنا۔

دوچار کوڑیوں کا روزگار کرنا: [ار محاورہ] تھوڑی سی کمائی کرنا۔

دوچار کوڑیوں کا روزگار رہونا: [ار۔ محاورہ] تھوڑی سی کمائی ہونا۔

دوچار کے ہاتھ جانا: [ار محاورہ] کسی شے کا مستعمل ہو جانا۔

دوچار گھڑی رات رہے: [ار۔ محاورہ] سحری کے وقت۔

دوچار ہاتھ رہ جانا/ رہنا: [ار محاورہ] تھوڑی سا فاصلہ رہ جانا تھوڑی سی کسر رہنا۔

دوچاہ: [ف اند] وہ تالاب جس میں آب پاشی کے لیے پانی اُونچا اُٹھایا جاتا ہے

دوچت/ چتا: [ہ۔ ار صف] خیالات کی یکسوئی نہ رکھنے والا۔ دودلہ متذبذب (۲) پریشان۔ مضطرب۔

دوچتائی: [ھ۔ امث] ۱۔ شک وشبہ (۲) اضطراب پریشانی (۳) تذبذب۔ دو دلی (۴) بے حیائی، محرومیت۔
دوچَر: [ھ۔ امث] دو مکانوں کی دو دیواریں جو آپس میں مل ہوئی ہوں۔
دوچشمہ: [ف۔ اند] چاند سورج۔ دن رات۔ آنکھ کی دونوں پتلیاں۔
دوچشمی: [ف۔ امث] ۱۔ وُہ تصویر جس میں پُورے چہرے کا عکس ہوتا ہے (۲) لڑائی جھگڑا
دوچُلو: [ف ھ۔ صف] تھوڑا سا۔ ذرا سا
دو چُلو میں بہہ جانا: [ار محاورہ] تھوڑی سی وجہ سے جاتے رہنا۔
دو چُلو میں بہک جانا: [ار محاورہ] تھوڑی سی شراب پی کر مدہوش ہو جانا۔
دوچند۔ دوچنداں [ف صف] دُگنا دُونا۔ دُوہرا
دوچوبہ [ف صف] دو چوب والا خیمہ جس میں دو ڈنڈے یا بانس لگتے ہیں۔
دوچوٗن سے بھی بُرے ہوتے ہیں [ار مثل] اتفاق سے دو کمزور بھی زبردست ہو جاتے ہیں
دوحرف: [ف اند] تھوڑی سی تحریر یا تقریر (۲) کنایۃً دِک۔ جیسے ہم نے کھنے سے تمام قاعدات کو پورا کر دیا۔ یا آئندہ حسب نہ وقت کرتا ہے۔
دوحرف بھیجنا: [ار محاورہ] لعنت بھیجنا، کرنا
دوحرفی [ف صف] بہت مختصر تحریر تقریر۔ جواب خط وغیرہ۔
دو حصے کرنا: [ار محاورہ] دو ٹکڑے کرنا۔
دو حصے ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "دو حصے کرنا" جس کا یہ لازم ہے
دوخصم کی جورو، جو سر کی گوٹ: [ا مثل] جس عورت کا تعلق دو آدمیوں سے ہو وہ ماری جاتی ہے۔ ہندوستان میں زمانہ قدیم میں رواج تھا کہ کئی بھائی مل کر ایک عورت سے شادی کرتے تھے
دوخصمہ: [ف صف] وُہ عورت جس نے دو آدمیوں سے شادی کی ہو دو خاوند والی
دودری: [ف۔ امث] دُنیا جسکے دو دروازے ہیں ایک پیدائش کا دوسرا موت کا
دودستہ: [ف صف] دونوں طرف
دودستہ خلال: [ف۔ امث] دو بازی جس میں دو آدمیوں کو ایک دفعہ شکست دی جائے۔
دودستی: [ف۔ امث] ۱۔ کشتی کا ایک پیچ۔ دو ہاتھ کا تلوار کا وار (۳) متعلق فعل، دونوں ہاتھوں سے
دودستی تلوار مارنا: [ار محاورہ] دونوں ہاتھوں سے تلوار کا وار کرنا۔
دودستی وار [ف اند] دونوں ہاتھوں کا وار
دو دل کو اِک جا بٹھانا: [ار محاورہ] عاشق معشوق کو ملنے دینا۔
دودِلہ۔ دِلا [ف صف] ۱۔ شکی، وہمی (۲) متفکر حیران (۳) متذبذب۔
دودِلی: [ف۔ امث] تذبذب
دودَم۔ دودمہ: [ف صف] دو دھار کی تلوار
دو دِن: [ف۔ ھ۔ اند] قلیل عرصہ تھوڑا سا زمانہ
دو دِن کا مہمان: [ف صف] عارضی، فانی۔ نا اُمید۔ مرنے کے قریب۔
دو دِن کی بات [ف امث] چند روز کا معاملہ
دو دِن کی بہار: [ف۔ امث] عارضی رونق
دو دِن کی بہار اور دس دِن پت جھاڑ: [ار مثل] عیش کم تکلیف زیادہ
دو دِن کی چاندنی: [ف۔ امث] ۱۔ حُسن چند روزہ (۲) کوئی عارضی خوبی (۳) دولت (۴) اقبال۔

دو دِن کی زندگی [ف۔ امث] چند روزہ زندگی
دو دِن ہی میں: [ار متعلق فعل] تھوڑی سی مدت میں۔
دو دِن نہ پکڑنا [ار محاورہ] جلد مر جانا۔ جوان مر جانا۔
دو دو [ف صف] دو اور دو (۲) دف یا ترئی کی آواز
دو دو باتیں۔ [ار۔ امث] چند باتیں۔ مختلف سوال وجواب (افعال۔ کرنا، ہونا)
دو دو دانے کو پھرنا / محتاج ہونا: [ار محاورہ] بھیک مانگتے پھرنا۔ سخت مفلس ومحتاج ہونا
دو دو کاغذ گھلنا۔ [ار محاورہ] عو۔ دُبلا ہو جانا فکر یا مرض سے
دو دو مُنہ آنا۔ [ار محاورہ] آواز سے کسنا۔ طنز کرنا۔
دو دو مُنہ ہنس لینا / ہنسنا: [ار محاورہ] تھوڑا سا ہنس لینا۔
دو دو نوکیں ہونا: [ار محاورہ] تھوڑا سا جھگڑا یا سخت کلامی ہونا۔
دو دو ہاتھ اُچھلنا: [ار محاورہ] مضطرب ہونا۔ سخت بیتاب ہونا۔ کلیجے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے
دو دو ہاتھ کرنا: [ار محاورہ] دیکھئے دو دو ہاتھ ہو جانا / ہونا" جسکا یہ متعدی ہے
دو دو ہاتھ ہو جانا / ہونا: [ار محاورہ] لڑائی ہونا (۲) آزمائش کے بدلے تھوڑی سی لڑائی ہو جانا۔
دودھارا۔ [ار صف] ۱۔ دو دھار یا دو باڑھ کا ہتھیار خنجر وغیرہ (۲) وُہ جگہ جہاں دریا کی دو شاخیں ہو جاتی ہیں (۳) ایک قسم کا تھوہڑ جس کی دوہری شاخ ہوتی ہے۔
دودھاری: [ار صف] دیکھئے "دودھارا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دوراہا: [ار اند] وُہ راستہ جو دو طرف گیا ہو یا جہاں دو راستے ملے ہوں۔
دورُخا: [ار صف] ۱۔ دورویہ (۲) دو رنگا منافق۔ وُہ شخص جو دونوں طرف ہو۔
دورُخی: [ار صف] دیکھئے "دورُخا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دورَسا: [ار۔ اند] خمیر ملا ہُوا تمباکو۔ دو قسم کا ملا ہُوا تمباکو۔
دورستہ: [ار۔ اند] دیکھئے "دورویہ"
دورکابہ: [ف۔ صف] بہت اُونچا گھوڑا۔
دورَنگا [ار صف] ۱۔ وہ آدمی جس کے ماں باپ دو قوم کے ہوں (۲) دوغلا مُرغ۔
دورنگا: [ف صف] دو رنگ کا۔ یک رنگ کی ضد۔
دورَنگی: [ف۔ امث] دوئی مغائرت بیگانگی۔ مکاری (افعال کرنا)
دورُو [ف صف] دو رُخ کا
دوروز [ف۔ اند] چند روز۔
دوروز کا مہمان [ف۔ اند] ۱۔ زیادہ قیام نہ کرنے والا (۲) دُنیائے فانی کا باشندہ۔
دوروزہ، [ف صف] مختصر وقفہ کا تھوڑی سی مدت کا۔
دورُوئی۔ [ف امث] نفاق۔ مکر۔ فریب
دورُویہ: [ف صف] ۱۔ دورُخا۔ دو رنگا (۲) دونوں طرف۔ دونوں جانب۔
دوزانو [ف متعلق فعل] ۱۔ گھٹنوں کے بل (افعال: بیٹھنا)
دوزُبان / زبانہ: [ف صف] ۱۔ دو زبان والا۔ چری ہوئی زبان والا (۲) مکار، فریبی (۳) امث، قلم (۴) سانپ۔ افعی (۵) سوسن، سانپ اور قلم کی صفت۔
دوزبانی: [ف۔ امث] دیکھئے "دوزبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دوزیرا: [ار۔ اند] ایک قسم کا چاول
دوسار ہو جانا / ہونا: [ار محاورہ] تیر کا آر پار ہو جانا۔ کسی چیز کا کسی چیز یا بدن کے پار ہو جانا۔

دوسالگی: [ار. صف] دوفصلی

دوسالہ: [ف. صف] دو سال کا

دوساہی / ساہی: [ار. صف] دوفصلی

دوسخنہ: [ف. اند] چٹکلہ۔ میر خسرو کی ایجاد وہ چٹکلے، جن میں متعدد سوالات کا جواب ایک ہی ہوتا ہے۔ مثلاً گوشت کیوں نہ کھایا، ڈوم کیوں نہ گایا؟
جواب: گلا نہ تھا۔

دوسر: [ف. صف] ا. دو سَر والا (۲) دو کھوپریاں (۳) دو نتیجے۔

دوسر لگوا دینا: [ار. محاورہ] نکاح کر دینا (۲) صلح کرا دینا۔

دوسرا: [ف. اند] دونوں جہان۔

دوسری: [ار. امث] وہ زمین جس میں دو دفعہ ہل چلایا جائے۔

دوسنگ: [ف. اند] کنایتہً۔ صفا و مروہ

دوسنہ: [ار. اند] ایک قسم کا روپیہ

دوسوتی: [ار. امث] دوسُوت کا بنا ہُوا کپڑا۔ ایک موٹا کپڑا جو فرشوں خیموں وغیرہ کے بنانے کے کام آتا ہے۔

دو سے تین بھلے: [ار. مثل] جتنے زیادہ آدمی ہوں اتنا ہی کام زیادہ ہوتا ہے۔

دوسیرا: [ار. اند] دو سیر کا باٹ۔ روپیہ کا دو سیر والا تمبا کو

دوسیری: [ار. امث] دو سیر کا باٹ

دوشاخہ: [ف. صف. مذ] دو شاخوں کی لکڑی (۲) دو شاخوں کا درخت (۳) شمع دان جس میں دو شمعیں روشن کی جاتی ہیں (۴) بھنگ چھاننے کی لکڑی جس میں دو شاخیں ہوتی ہیں۔

دوشالہ: [ف. اند] پشمینہ کی دوہری چادر

دوشالہ پوش: [ف. صف] دوشالہ پہننے والا (۲) خوش لباس امیر

دوشالے میں لپیٹ کر لگانا / مارنا: [ار. محاورہ] اچھے لفظوں میں ہجو کرنا۔ در پردہ ذلیل کرنا۔

دوشنبہ: [ف. اند] پیر کا دن۔ سوموار

دوضربی: [ع. صف] دو کنڈوں کا تالا (۲) دو نالی کی بندوق (۳) دو زخم لگانے والا آلہ یا ہتھیار

دوطرفہ / طرفی: [ف. صف] دو رویہ۔ دونوں طرف۔ دونوں جانب

دو عالم: [ع. اند] دونوں جہان

دو عالم اُلٹ جانا: [ار. محاورہ] سخت تباہی ہونا۔ قیامت آنا۔

دو عالم سے گزر جانا: [ار. محاورہ] دُنیا اور عاقبت سے دست بردار ہو جانا۔

دو عالم سے فراموش ہو جانا: [ار. محاورہ] کسی کام میں ایسا محو ہو جانا کہ دین دُنیا کی خبر نہ رہے۔ سب کچھ بھول جانا۔

دوعملہ: [ع. اند] وہ چیز جو دو آدمیوں کی ملکیت میں ہو (دو شخصوں کی حکومت)۔

دوعملی: [ع. امث] اختلاف رائے (۲) بدانتظامی (۳) ایک جگہ دو حکومتیں ہونا (۴) کبھی یہ کہنا کبھی وہ کہنا۔

دوغزلہ: [ع. اند] ایک ہی بحر اور ایک ہی ردیف میں دو غزلیں

دوفٹا: [ار. اند] (عوامی) ایک پیمانہ جس سے دو فٹ تک ناپا جا سکتا ہے۔

دوفصلہ: [ع. صف] وہ درخت جس پر سال میں دو دفعہ پھل آئے (۲) یکسوئی نہ رکھنے والا دو رنگا۔

دوفصلی: [ع. صف] وہ زمین جس میں سال میں دو دفعہ فصل بوئی جائے (۲) وہ درخت جس میں سال میں دو دفعہ پھل آئے (۳) دو فصلی (۴) دو پہلو کی گول مول بات۔

دوفصلی باتیں: [ار. امث] ایسی باتیں جن کے دو پہلو نکلتے ہوں، جن کا ظاہر کچھ باطن کچھ ہو۔

دوقدم: [ع. اند] چند قدم۔ تھوڑی دُور (افعال: جانا۔ چلنا)

دو قدم آگے ہونا: [ار. محاورہ] سبقت لے جانا۔ کسی سے بڑھ کر ہونا۔

دو قدم بڑھ جانا: [ار. محاورہ] تھوڑا سا آگے بڑھ جانا۔

دو قلم کرنا: [ار. محاورہ] دو ٹکڑے کرنا۔

دوقولی: [ار. امث] جھوٹ۔ دھوکا۔ دو رنگی بات۔

دو کرنا: [ار. محاورہ] کاٹ دینا۔ دو حصے کر دینا۔ دو ٹکڑے کر دینا۔

دوکلا: [ہ. اند] پاؤں کی بیڑیاں (۲) دو کنڈوں کا تالا۔

دوکن: [ار. صف. ق] دُگنا (۲) دونوں طرف (۳) ہر طرف۔

دو کوڑی کا: [ار. صف] بے وقعت۔ گھٹیا۔ ذلیل

دو کوڑی کو نہ پوچھنا: [ار. محاورہ] بالکل خاطر میں نہ لانا۔ قدر نہ کرنا۔

دو کوڑی کی: [ار. صف] دیکھئے "دو کوڑی کا" جس کی یہ تانیث ہے۔

دو کوڑی کی آبرو کر دینا: [ار. محاورہ] ذلیل کر دینا۔ عزت بگاڑ دینا۔

دو کوڑی کی بات: [ار. امث] نہایت گھٹیا بات۔ فضول بات۔

دو کوڑی کی حیثیت نہ ہونا: [ار. محاورہ] سخت مفلس ہونا۔ بے وقعت ہونا۔

دو کوڑی کی عزت ہو جانا: [ار. محاورہ] بے عزتی ہونا۔

دو کوڑیاں نہ ملنا / نصیب ہونا: [ار. محاورہ] کچھ حاصل نہ ہونا۔

دوکونیا: [ار. صف] ایک قسم کا پتنگ۔ **دوکوہانیا** [ار. صف] دو کوہان والا اُونٹ

دوگاڑا: [ار. اند] وہ بندوق جس میں دو گولیاں بھری جاتی ہیں دونالی بندوق (۲) دُگنا (افعال۔ مارنا۔ لگنا)۔

دوگامہ چلنا: [ار. محاورہ] گھوڑے کا آہستہ آہستہ چلنا۔

دوگانہ: [ف. صف] جُڑواں یا دوہری چیز (۲) نماز کی دو رکعتیں۔ نماز دوگانہ۔

دوگز زمین: [ف. اند] قبر

دوگز کفن دینا: [ار. محاورہ] کفن کے لیے دو گز کپڑا دینا۔

دوگن: [صف. ق] دُگنا۔ دوچند

دوگونہ: [ف. صف] دو قسم کا۔ دو طرح کا

دو گھروں کا چراغ: [ار. اند] دو گھروں کی آبادی اور رونق کا باعث ددھیال اور ننھیال میں ایک ہی لڑکا

دوگھڑی: [ار. امث] تھوڑی دیر۔

دوگھڑی بجنا: [ار. محاورہ] رات کے دو بجے کا گھنٹہ بجنا یا نوبت چلنا۔

دوگھڑی کا تڑکا: [ار. اند] صبح کاذب۔ پو پھٹنے سے پہلے کا وقت

دوگھڑی کی واہ واہ: [ار. امث] تھوڑی دیر کی تعریف۔

دوگیتی: [ف. امث] دیکھئے "دوسرا"

دولتی: [ار. امث] چوپائے خصوصاً گھوڑے یا گدھے کا پچھلی ٹانگیں اُٹھا کر مارنا۔ (افعال۔ پھینکنا۔ جھاڑنا۔ مارنا۔ چلانا۔)

دولخت: [ف. صف] دوپارہ۔ دو ٹکڑے۔ بے جوڑ مصرع

دولڑا: [ار. اند] دو لڑی کا ہار (۲) دو قطاروں والا (۳) دو رنگا۔ لگائی بجھائی کرنے والا۔ دو دھاگوں والا۔

دو لڑتے ہیں تو ایک گرتا ہے: [ار. مثل] جب دو آدمی لڑیں تو ایک

کرتا ہے یا شکست کھاتا ہے
دو ایکا: [ا۔ محاورہ] دو جوتے مارنا۔ دو مرتبہ مارنا
دو مایہ: [ص۔ اند] دو بیٹے کی عورت
دو مٹ: [ھ۔ امث] وہ زمین جس میں ریت اور مٹی ملی ہوئی ہو
دو محلہ: [ا۔ ف۔ اند] دو منزلہ مکان۔ دو درجے والا مکان
دو مغزا: [ف۔ صف] دوہرا۔ موٹا
دو ملاؤں میں مرغی حرام: [ا۔ مثل] دو دعویداروں میں کام بگڑ جاتا ہے۔ دو آدمیوں کی مت و تکرار سے اصل مطلب فوت ہو جاتا ہے
دو منزلہ: [ف۔ اند] دیکھئے "دو محلہ"
دو مونہہ بھس پینا: [ا۔ محاورہ] تھوڑا سا بھس پینا
دو مونہا: [ا۔ اند] دو منہ کا سانپ
دو مونہی: [ا۔ امث] دیکھئے "دو مونہی" جس کی یہ تانیث ہے۔
دو میانوں میں ایک چھری: [ا۔ مثل] دو عورتوں میں ایک آدمی
دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا: [ا۔ مثل] صحبت دو کی بھی تیسرے کی شرکت ناگوار ہوتی ہے
دونالی: [ا۔ صف۔ مث] دو نالی کی بندوق
دونالی چھتیانا: [ا۔ محاورہ] بندوق چلانے کے لئے چھاتی پر رکھنا۔ لڑنے کے لئے تیار ہونا
دونوالے: [ا۔ اند] تھوڑی سی خوراک
دونوں: [عدد استغراقی] ہر دو۔ دو کے دو
دونوں آنکھیں برابر ہیں: [ا۔ مقولہ] دونوں فریقوں میں کسی کو ترجیح نہیں
دونوں بازو: [ا۔ اند] دونوں طرف۔ دونوں جانب
دونوں پلے برابر ہونا: [ا۔ محاورہ] دونوں ایک جیسے ہونا۔ کسی طرف کمی بیشی نہ ہونا۔
دونوں ٹانگوں میں سر کر دینا: [ا۔ محاورہ] سزا دینا۔ ٹھیک بنانا
دونوں جہان سے کھونا: [ا۔ محاورہ] کہیں کا نہ رکھنا۔
دونوں جہان میں منہ کالا ہو: [ا۔ کلمہ بددعا] دنیا اور عاقبت میں رسوائی ہو۔
دونوں دین سے گئے پانڈے حلوا ملا نہ مانڈے: [ا۔ مثل] جو بہت لالچ کرے اسے کچھ نہیں ملتا۔
دونوں میٹھے: [ا۔ اند] ہر طرح فائدہ
دونوں وقت ملنا: [ا۔ محاورہ] شام ہونا۔ جھٹ پٹا ہونا۔
دونوں ہاتھ سے تالی بجتی ہے: [ا۔ مثل] فریقین کی مرضی سے جھگڑا یا صلح ہوتی ہے۔
دونوں ہاتھوں سے پگڑی تھامنا: [ا۔ مثل] بہت کوشش سے عزت بچانا
دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا: [ا۔ محاورہ] نہایت تعظیم کرنا (۲) بیزاری ظاہر ہونا۔
دونوں ہاتھوں سے سلام لینا: [ا۔ محاورہ] عاجزی ظاہر کرنا (۲) جھڑ جھاڑ کرنا۔
دونوں ہاتھوں سے کلیجا تھام لینا: [ا۔ محاورہ] صبر کرنا۔ بہت ضبط کرنا۔
دو نیم: [ف۔ اند] دو ٹکڑے۔ دو پارہ۔
دو ورقہ: [ف۔ اند] دو ورق کی کتاب
دو ورقی: [ا۔ امث] دو ورق کی کتاب۔ چھوٹی سی کتاب (۲) عامیانہ) فرج

دو دو نی کا سبق پڑھنا: [(عامیانہ) ا۔ محاورہ] عیاشی کرنا۔ زنا کرنا۔
دو وقتہ / دو وقتی: [ا۔ صف] دونوں وقت کا۔ دونوں وقت۔
دوہا / دوہرا: [ھ۔ اند] ہندی نظم کی ایک قسم
دو ہاتھ لیے پھرنا: [ا۔ محاورہ] سخت بے تاب ہونا۔ بہت تڑپنا۔
دو ہاتھ چلنا: [ا۔ محاورہ] تھوڑی سی لڑائی ہونا۔
دو ہاتھ کا کلیجا ہونا: [ا۔ محاورہ] حوصلہ بڑھ جانا
دو ہاتھ کی رسی: [ا۔ امث] کنایۃً پھانسی
دو ہاجن: [ھ۔ صف] جس عورت نے دوسرا نکاح کر لیا ہو۔
دو ہاجو: [ھ۔ اند] وہ شخص جس نے دوسری دفعہ نکاح کیا ہو
دوہتڑ / دوہتھڑ: [ا۔ اند] دونوں ہاتھ کے ساتھ تھپڑ مارنا۔ دونوں ہاتھوں کی ضرب (افعال۔ مارنا)
دوہر: [ھ۔ امث] دوہری چادر (۲) وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوتی ہوں (۳) دریا کی قدیم تہہ
دوہرا: [ھ۔ امث] دو لائی (۲) ھ نظم کی ایک قسم (۳) صف تمیدہ
دو ہو جانا: [ا۔ محاورہ] دو ٹکڑے ہو جانا۔ قتل ہو جانا۔
دو ہی دن میں: [ا۔ متعلق فعل] مدت قلیل میں۔ کم وقفہ میں۔
دوئی: [ا۔ اند] دوئیا دو سرا (۲) تاش کا دو نشان والا پتا۔ دُکی (۳) جو کے ... دو کا ہندسہ
دوا: [ع۔ امث] دارو۔ درمان۔ دوائی۔ علاج معالجہ۔
دوا آنا: [ا۔ محاورہ] دوا یا علاج معلوم ہونا۔
دواء المسک: [ع۔ امث] ایک مقوی قلب معجون جس کا جزو اعظم مشک نافہ ہے
دوا بنانا: [ا۔ محاورہ] ترکیب کے مطابق دوا تیار کرنا
دوا پذیر: [ف۔ صفت] دوا کا اثر قبول کرنے والا۔
دوا خانہ: [ف۔ اند] شفاخانہ۔ وہ کمرا یا مکان جس میں دوائیں رکھی جاتی ہیں دوا کی دوکان
دوا دارو / درمن: [ف۔ امث] علاج معالجہ (۲) تیمارداری (۳) دوا اور علاج
دوا راس آنا / ہونا: [ا۔ محاورہ] دوا کا موافق ہونا۔
دوا کا منہ نہ دیکھنا: [ا۔ محاورہ] دوائی نہ پینا۔ علاج سے پرہیز کرنا۔
دوا کو نہ ملنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا ذرا نہ ملنا۔
دوا لگانا: [ا۔ محاورہ] دوا کا ضماد کرنا۔ لیپ کرنا۔
دوا لگنا: [ا۔ محاورہ] دوا کا اثر کرنا۔
دوا نکالنا: [ا۔ محاورہ] علاج نکالنا۔ تدبیر نکالنا۔
دوا نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دوا نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
دوائی: [ا۔ امث] دیکھئے "دوا" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
دِوا: [ا۔ اند] دیا۔ چراغ
دواب: [ع۔ اند] دیکھئے "دابہ" جس کی یہ جمع ہے۔
دوات: [ف۔ اند] سیاہی رکھنے کا ظرف۔ چانڈو پینے کی چلم
دوات آشوب: [ف۔ اند] وہ لکڑی جس سے صوف کو ہلاتے ہیں۔
دوات ہلانا: [ا۔ محاورہ] دوات کی روشنائی کو حرکت دینا۔
دوات خانہ: [ف۔ اند] قلمدان کا وہ خانہ جس میں دوات رکھتے ہیں۔
دوات قلم: [ف۔ اند] صرف ساکھ ہی ہے نقد کچھ نہیں۔

دوازدہمی: [ہ۔ امث] اجیالے پاکھ کی بارھویں تاریخ۔
دوا دوش: [ف۔ امث] دوڑ دھوپ۔ کوشش۔
دَوّار: [ع۔ صف] بہت گردش کرنے والا۔ دورہ کرنے والا۔
دُوار / دُوارا: [ہ۔ امذ] ۱۔ دروازہ (۲) آستانہ۔ چوکھٹ (۳) مقام جیسے ٹھاکردوارہ
دوار دھنی کے پڑ رہے اور دھکے دھنی کے کھائے: [ا۔ مثل] امیر کے در کو نہ چھوڑے چاہے دھکے ملیں، آخر کبھی نہ کبھی فائدہ ہوگا۔
دَوازدَہ: [ف۔ اعدد] بارہ
دوازدہ امام: [ف۔ امذ] بارہ امام
دوازدہم: [ف۔ عدد ترتیبی] بارھواں۔ بارھویں
دِوال: [ہ۔ صف] دینے والا۔ عطا کرنے والا
دِوال نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] نادہند ہونا۔
دُوال: [ف۔ امذ] تسمہ۔ رکاب کا تسمہ۔ نقارہ بجانے کا تسمہ (۲) شان و شوکت
دُوال بند: [ف۔ صف] سپاہی
دُوال پا: [ف۔ امذ] ایک قوم جس کی ٹانگیں بہت پتلی ہوتی ہیں اور اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرکے مسافروں کے اوپر سوار ہو جاتی اور اپنی ٹانگیں ان کی گردن میں پھنسا کر مار ڈالتی تھی۔ تسمہ پا۔
دُوال مارنا: [ا۔ محاورہ] نقارے پر تسمہ مارنا۔
دَوالا: [ہ۔ امذ] دیوالہ۔ قرضہ ادا کرنے کی قابلیت نہ رہنا۔ بربادی۔ خسارہ۔
دوالا پٹنا / پٹنا / نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیوالیا ہونا۔ گھاٹا پڑنا۔ خسارہ ہونا۔
دوالا نکال دینا: [ا۔ محاورہ] قرض کی ادائیگی سے ناقابل ہو کر دوالے کی درخواست کرنا (۲) زیربار کرنا (۳) دوسرے کا بہت خرچ کرا دینا۔
دِوالی: [ہ۔ امث] ہندوؤں کا مشہور تہوار جو کاتک کی پندرہ تاریخ کو کارتک بدھ کی پاروین ہوتا ہے۔ رات کو چراغ جلاتے ہیں اور لکشمی پوجا کرتے ہیں اور جوا کھیلتے ہیں (۲) راجہ رامچندر جی کے بن باس سے واپس آنے کی خوشی کا تیوہار۔
دِوالی بھرنا: [ا۔ محاورہ] دوالی کی پوجا کرنا۔ مٹھائی چڑھانا۔
دِوالی کلھیا: [ا۔ امث] چھوٹا سا مٹی کا برتن جسکو دیوالی میں رنگین بناتے ہیں۔
دَوالیا: [ہ۔ صف] وہ شخص جس کا دیوالہ نکل جانے کے باعث کاروبار بند ہو گیا ہو (۲) مفلس۔ قلاش۔ نادار۔ ٹٹ پونجیا۔
دَوالیں: [ا۔ امث] انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے۔
دَوَام: [ع۔ امذ] ہمیشگی
دَوامی: [ف۔ صف] دائمی۔ ہمیشہ کے لیے۔
دَوامی بندوبست: [ف۔ امذ] وہ زمین کا انتظام جو سرکار کی طرف سے ایک ہی دفعہ کیا جائے۔
دوامی پٹیا: [ا۔ امذ] ایسا پٹا یا اجارہ جو ہمیشہ کے لیے ہو۔
دَوان: [ف۔ صف] دوڑتا ہوا بھاگتا ہوا۔ سرگرداں۔ حیران
دَوانہ: [ا۔ امذ] دیکھئے "دیوانہ" جس کا یہ مخفف ہے اور قدیم صورت ہے۔
دَواوِین: [ع۔ امذ] دیکھئے "دیوان" جس کی یہ جمع ہے۔
دَوائر: [ع۔ امذ] دیکھئے "دائرہ" جس کی یہ جمع ہے
دُوب: [ا۔ امث] ایک قسم کی باریک اور عمدہ گھاس۔
دُوبدُو: [ف۔ صف] آمنے سامنے۔ مد مقابل۔ روبرو۔
دُوبدُو بات کرنا: [ا۔ مصدر مرکب] آمنے سامنے بات کرنا۔ روبرو بات کرنا۔

دُوبدُو کرنا: [ا۔ محاورہ] بحث کرنا۔ تکرار کرنا۔
دُوبدُو ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دُوبدُو کرنا" جس کا یہ لازم ہے
دُوبھر: [ا۔ صف] مشکل۔ دشوار۔ ناگوار۔ بوجھ۔
دُوت: [ہ۔ امذ] قاصد۔ ایلچی۔ سفیر (۲) مخبر۔ جاسوس۔
دُوت ڈپٹ: [ہ۔ امث] ڈانٹ ڈپٹ
دُوت ڈپٹ بتانا / کرنا: [ا۔ محاورہ] ڈانٹنا۔ سرزنش کرنا۔
دُوتن / دُوتی: [ہ۔ امث۔ ق] کٹنی (۲) دلالہ (۳) رقیب (۴) سوکن (۵) شرارتی عورت (۶) چغل خور عورت (۷)
دُوج: [ہ۔ امث] قمری مہینے کے ہر پاکھ کی دوسری تاریخ۔
دُوجا: [ہ۔ صف] دوسرا
دُوجی: [ہ۔ صف] دیکھئے "دُوجا" جس کی یہ تانیث ہے
دوخت: [ف۔ امث] سلائی۔ سیون
دُود: [ف۔ امذ] دھواں۔ بھاپ (۲) دھند۔ غبار۔
دُودکش: [ف۔ امذ] چمنی۔ دھواں نکلنے کا سوراخ۔
دُودمان: [ف۔ امذ] خاندان۔ قبیلہ۔ کنبہ۔
دُودَہ: [ف۔ امذ] کاجل (۲) خاندان۔ خورش۔ دُودَہ: [ع۔ امذ] کیڑا۔
دُودھ: [ع۔ امذ] ۱۔ وہ سفید سیال چیز جو مادہ کے پستانوں سے نکلتی ہے۔ شیر۔ لبن۔ (۲) درخت یا پودے کا گاڑھا رس۔
دُودھ اتارنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دودھ اترنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دُودھ اترنا / اتر آنا: [ا۔ محاورہ] چھاتیوں یا تھنوں میں دودھ آنا۔
دُودھا دھاری / دودھا دھاری: [ہ۔ صف] صرف دودھ پر گزارہ کرنے والا
دُودھ اگلنا: [ا۔ محاورہ] بچے کا دودھ ڈالنا۔ دودھ کی قے کرنا۔
دُودھ اور چھاچھ دونوں سفید ہوتے ہیں: [ا۔ مثل] ظاہر حالت کا اعتبار نہیں کرنا چاہیے۔
دُودھ بچا کر: [ا۔ متعلق فعل] دودھ کا رشتہ بچا کر
دُودھ بخشنا: [ا۔ محاورہ] دودھ پلانے کا حق معاف کرنا۔
دُودھ بڑھانا: [ا۔ محاورہ] بچے کا دودھ چھڑانا۔
دُودھ بڑھائی: [ا۔ امث] بچوں کا دودھ چھڑانے کی رسم
دُودھ بڑھنا: [ا۔ محاورہ] دودھ کا زیادہ ہونا (۲) دودھ چھوٹنا۔
دُودھ بھاتی: [ہ۔ امث] دودھ اور چاول چوتھی کی ایک رسم جس میں دولہا کو کھیر کھلاتے ہیں
دُودھ بھائی: [ا۔ امذ] وہ اشخاص جنہوں نے ایک عورت کا دودھ پیا ہو۔ رضاعی برادر۔
دُودھ بھر آنا: [ا۔ محاورہ] بچہ کی محبت کے باعث ماں کی چھاتیوں میں دودھ اتر آنا
دُودھ بھری کٹوریاں: [ا۔ امث] دودھ بھری چھاتیاں
دُودھ بہن: [ا۔ امث] وہ لڑکی جس کی ماں کا دودھ پیا ہو۔ رضاعی بہن۔
دُودھ بھی پیارا پوت بھی پیارا قسم کس کی کھاؤں: [ا۔ مثل] جب کسی کام کو کرتے بنے نہ چھوڑتے تو کہتے ہیں۔
دُودھ پڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اناج کے دانے میں رس پڑنا۔ بالی میں رس پیدا ہونا (۲) چیچک کے دانوں میں پیپ پڑنا۔
دُودھ پلانا: [ا۔ محاورہ] بچہ کو دودھ چسانا۔ چھاتی منہ میں دینا۔

دُودھ پلائی: [ا ر۔ امث] (۱) دایہ۔ دُودھ پلانے والی (۲) وہ نقدی جو دُولہا کو دُلہن کے گھر سے ملتی ہے کہ وہ آتی ہے یا دُلہن کے رشتہ دار کو اس نام سے دیتے ہیں

دُودھ پُوت: [ا ر۔ اند] دھن دولت۔ آل اولاد۔

دُودھ پُوتوں نہالی: [ا ر۔ امث] آل اولاد دھن دولت والی۔ خوش نصیب عورت۔

دُودھ پھاڑنا: [ا ر۔ محاورہ] دُودھ کے اجزا الگ الگ کرنا۔ دُودھ کا پانی الگ کر دینا

دُودھ پھٹنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "دُودھ پھاڑنا" جس کا یہ لازمی ہے

دُودھ پتا: [ا ر۔ صف] شیر خوار بچہ (۲) نادان بچہ

دُودھ پتی: [ا ر۔ امث] دیکھیے "دُودھ پتا" جس کی تانیث ہے

دُودھ پیسے روپے: [ا ر۔ اند] گھر سے اور نقد روپے مع سُود بیٹے

دُودھ پیتا: [ا ر۔ محاورہ] بچے کا دُودھ پینا۔

دُودھ پینے کی رقم: [ا ر۔ امث] وہ رقم جو مانجھے کے موقع پہ دُلہن والوں کی طرف سے دُولہا کو دی جاتی ہے

دُودھ توڑنا: [ا ر۔ محاورہ] گرم دُودھ کو اُوپر نیچے اُچھال کر ٹھنڈا کرنا

دُودھ جاتا رہنا: [ا ر۔ محاورہ] دُودھ خشک ہو جانا۔ ماں کی چھاتیوں سے دُودھ غائب ہو جانا

دُودھ جل جانا۔ جلنا: [ا ر۔ محاورہ] دُودھ کا خشک ہو جانا

دُودھ چرانا۔ چڑھانا: [ا ر۔ محاورہ] گائے بھینس یا کسی اور دُودھ دینے والے جانور کا تھنوں میں سے دُودھ اُوپر کھینچ لینا

دُودھ چڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] دُودھ خشک ہونا۔ چھاتیوں میں دُودھ جمع ہو کر چھاتیوں کا تن جانا

دُودھ چھٹانا۔ چھڑانا: [ا ر۔ محاورہ] بچے کو دُودھ سے باز رکھنا

دُودھ چھٹنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "دُودھ چھٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دُودھ خشک ہونا: [ا ر۔ محاورہ] چھاتی کا دُودھ خشک ہو جانا

دُودھ دوہنا: [ا ر۔ محاورہ] گائے بھینس وغیرہ کا دُودھ نکالنا

دُودھ دیا مینگنوں بھرا: [ا ر۔ مثل] جب کوئی اچھی چیز ملے اور اس میں عیب ہو تو کہتے ہیں یا خراب کر کے کام کرنا۔

دُودھ دیکھنا: [ا ر۔ محاورہ] دُودھ کی جانچ کرنا

دُودھ دینا: [ا ر۔ محاورہ] (۱) دُودھ والی ہونا (۲) دُودھ پلانا (۳) دُودھ فروخت کرنا۔ دُودھ بیچنا (۴) طنزاً بیکار رہنا

دُودھ ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] بچے کا دُودھ کی قے کرنا۔ دُودھ ہی کر گرا دینا۔

دُودھ سا: [ا ر۔ صف] نہایت سفید۔ دُودھ کی مانند کھرا۔

دُودھ سے دھویا پڑا ہے: [ا ر۔ محاورہ] بہت صاف ہے۔

دُودھ سُوکھ جانا / سُوکھنا: [ا ر۔ مثل] دیکھیے "دُودھ خشک ہونا"

دُودھ کا جلا چھاچھ پھُونک پھُونک کر پیتا ہے: [ا ر۔ مثل] ایک چیز سے ڈرا ہُوا آدمی اس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈرتا ہے۔ نقصان اُٹھا کر انسان محتاط ہو جاتا ہے۔

دُودھ کا دودھ اور پانی کا پانی: [ا ر۔ مثل] پُورا پُورا انصاف۔ کھرا اور کھوٹا الگ الگ [افعال: کرنا۔ ہونا]

دُودھ کا سا اُبال: [ا ر۔ اند] جلد رفع ہو جانے والا غصّہ یا جوش۔

دُودھ کی بُو منہ سے آتی ہے: [ا ر۔ مثل] ابھی بچہ ہے۔ نادان ہے۔

دُودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا: [ا ر۔ محاورہ] کسی قریبی کو اپنے یہاں سے نکال دینا۔ بے دخل کر دینا۔ بے تعلق کر دینا۔

دُودھ کی طرح اُبال آنا: [ا ر۔ محاورہ] بہت جوش آنا۔ غصّے کا جوش تھوڑی دیر کے لیے آنا۔

دُودھ کی مکھی: [ا ر۔ امث] وہ مکھی جو دُودھ میں گر پڑے اور اسے نکال دیا جائے وہ شخص جو دخیل ہونے کے بعد کسی صحبت سے خارج کر دیا گیا ہو۔

دُودھ کی مکھی کس نے چکھی: [ا ر۔ مثل] خراب چیز کوئی استعمال نہیں کرتا۔

دُودھ کے دانت: [ا ر۔ اند] شیر خوارگی کا زمانہ۔

دُودھ کے دانت نہیں ٹوٹے: [ا ر۔ مثل] ابھی نادان ہے۔ کم سن ہے۔

دُودھ گھٹ جانا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "دُودھ خشک ہو جانا"۔

دُودھ ماں: [ا ر۔ امث] دُودھ پلانے والی۔ انا

دُودھ مسہری: [ا ر۔ امث] ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

دُودھ ملیدہ کھانا: [ا ر۔ محاورہ] عمدہ اور نرم غذا کھانا۔

دُودھ موت کرنا: [ا ر۔ محاورہ] بچے کی پرورش اور خدمت کرنا۔

دُودھ نہ بخشنا: [ا ر۔ محاورہ] دُودھ کا حق معاف نہ کرنا۔ ماں کا اولاد سے سخت ناراض ہونا

دُودھ والا: [ا ر۔ اند] دودھ بیچنے والا۔ گوالا۔

دُودھ والی: [ا ر۔ امث] (۱) دیکھیے "دُودھ والا" (۲) بچے کو دُودھ پلانیوالی عورت (۳) زچہ

دُودھنگ: [ا ر۔ امث] دھواں نکلنے کا روزن جو گھروں میں بنایا جاتا ہے چمنی۔ دُودکش

دودھو: [ا ر۔ امث] دُودھ پلائی۔

دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو: [ا ر۔ کلمہ دُعا] دھن دولت اور اولاد سے خوش رہو۔ مال و دولت کی فراوانی ہو۔

دُودھی: [ا ر۔ امث] (۱) پسان چوچی (۲) ایک قسم کا پتھر (۳) ایک بوٹی جس میں سے دُودھ نکلتا ہے

دُودھیا: [ا ر۔ صف] (۱) دُودھ سے بھرا ہُوا۔ دُودھ کا (۲) دُودھ کے رنگ کا دُودھ کی طرح سفید (۳) کچا۔ ہرا سبز (۴) ایک قسم کا پتھر (۵) ایک قسم کا نرم حلوا سوہن (۶) دُودھ میں ملی ہوئی بھنگ

دُودھیا کھاکھرا: [ا ر۔ اند] ایک قسم کا کبوتر

دُودھیل: [ا ر۔ صف] دُودھ دینے والی گائے۔ بھینس۔ بکری

دُودھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی: [ا ر۔ مثل] جس سے نفع ہو اس کی کڑوی باتیں بھی بُری نہیں معلوم ہوتیں۔

دُودھینڈی: [ا ر۔ امث] دُودھ کی ہانڈی

دَور: [ع۔ اند] (۱) چکر۔ گردش (۲) رفتار۔ چال (۳) حاشیہ۔ کنارہ (۴) باری نوبت (۵) حلقہ گھیرا (۶) چاروں طرف (۷) شراب کے پیالے کی گردش۔ (۸) انقلاب (۹) زمانہ۔ عہد (۱۰) سبق کو بار بار دُہرانا (۱۱) حافظ کا قرآن شریف حفظ کرنا (۱۲) محیط۔ پھیلاؤ (۱۳) رَسّی کا بل (۱۴) منطق، ایک قسم کی دلیل بار بار پرسش کرنا۔ **دَور آنا**: [ا ر۔ محاورہ] باری آنا (۲) شراب کا پیالہ آنا (۳) وقت آنا۔

دَور باندھنا: [ا ر۔ محاورہ] حلقہ باندھنا۔ چکر باندھنا۔ تسلسل قائم کرنا۔

دَور بندھنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "دَور باندھنا" جس کا یہ لازم ہے

دَور چلنا: [ا ر۔ محاورہ] ساغر کا ہر ایک کے سامنے باری باری آنا۔

دَور، دَور / دَورا: [ا ر۔ اند] حکومت۔ اقبال (۲) عہد۔ سلطنت (۳) عمل دخل رواج۔ طور۔ طریقہ [افعال: ہونا۔ کرنا]

دُور کرنا: [ا ر. محاورہ] دو شخصوں کا باری باری سے ایک دُوسرے کو قرآن کا سبق سنانا۔ حافظ کا قرآن شریف اِس غرض سے پڑھنا کہ بھُول نہ جائے
۲۔ چکر۔ گردش کرنا۔
دَور میں آنا: [ا ر. مصدر مرکب] گردش میں آنا۔
دَور ہونا: [ا ر. محاورہ] زمانہ ہونا۔ رواج ہونا۔
ڈور: [ھ. امذ] وہ رسیاں جن سے آبپاشی کرنے والی ٹوکری بندھی جاتی ہے۔
دُور: [ف. صفت] بعید۔ فاصلے پر (۲) علیحدہ۔ جُدا۔ الگ پرے (۳) دشوار۔ (۴) دانشمند۔ دُوراندیش۔ معزول (کلمہ نفرت) ہٹ۔ پرے ہو۔
دُور از حال: [ف متعلق فعل] خدا نہ کرے۔ خدا محفوظ رکھے۔ اب سے دُور۔
دُور از کار: [ف. صفت] بیکار۔ خلاف مرضی
دُور اُفتادہ: [ف. صفت] جو دُور ہو۔ توجہ سے محرُوم۔ جو فاصلے پر واقع ہو۔
دُور اندیش: [ف. صفت] عقل مند۔ دانا۔ دُور کی بات سوچنے والا۔ ہُوشیار۔
دُور اندیشی: [ف. امث] دیکھئے "دُور اندیش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دُور باد: [ف متعلق فعل] خدا نہ کرے۔ اب سے دُور
دُور باش: [ف کلمہ ندا] بادشاہوں کے آگے چوبدار پکارتے تھے کہ دُور رہو (۲) [امث] ایک دو شاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے (۳) میر کارواں (۴) چھڑی۔ لاٹھی
دُور بھاگنا: [ا ر. محاورہ] پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ الگ رہنا۔ دُور رہنا۔
دُوربین: [ف. صفت] دُور اندیش عقلمند (۲) دُور کی چیز دیکھنے کا آلہ۔
دُوربینی: [ف. امث] دیکھئے "دُوربین" نمبرا جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دُور پار: [ا ر کلمہ نفرت] خدا نہ کرے۔ خدا نخواستہ (امذ) ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخا۔
دُور پہنچنا: [ا ر. محاورہ] دُور نکل جانا۔ دُور چلا جانا (۲) بلند پروازی۔ باریک بات خیال میں لانا (۳) درجۂ کمال کو پہنچنا۔ دُور اندیشی کرنا۔ دُور کی سوچنا (۴) حسب نسب کی گالی دینا (۵) دُور نکل جانا دُور چلا جانا۔ (۶) شہرت ہونا۔
دُور پھینکنا: [ا ر. محاورہ] فاصلے پر پہنچا دینا۔ بالکل علیحدہ کرنا۔
دُور تک پہنچنا / چلا جانا: [ا ر. محاورہ] فاصلے پر چلا جانا (۲) بزرگوں کو گالی دینا
دُور دَپک: [ا ر. امث] ڈانٹ ڈپٹ۔ دُھتکار
دُور دَپک بتانا / کرنا: [ا ر. محاورہ] دھتکارنا۔ کھدیڑنا۔
دُور دراز: [ف. صفت] بہُت فاصلے پر۔ کالے کوسوں (۲) بعید از قیاس
دُور دَست: [ف. صفت] دُور کا۔ مسافت دراز کا۔
دُور دَستی: [ف. امث] دیکھئے "دُور دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دُور دَفان: [ا ر. صفت] غائب۔ علیحدہ۔ دُور۔ الگ (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
دُور دفان کالا منہ: [ا ر کلمہ تحقیر] عو.] دفع ہو۔ دُور ہو۔
دُور دُور: [ا ر کلمہ تحقیر] عو] کافی فاصلے کے مقامات تک۔ پرے پرے۔
دُور دُور پہنچنا / پھرنا: [ا ر. محاورہ] شہرت ہونا (۲) دُور کی سوجھنا بلند پروازی
دُور دُور ٹانکے بھرنا: [ا ر محاورہ] دُور دُور کی سلائی کرنا۔
دُور دُور رہنا: [ا ر. محاورہ] کھنچے کھنچے رہنا۔ پھٹے پھٹے رہنا۔ الگ رہنا۔ جُدا رہنا۔
دُور رَس: [ف. صفت] دُور تک پہنچنے والا۔ بلند خیال
دُور رَسی: [ف. امث] دیکھئے "دُور رس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دُور رہنا: [ا ر. محاورہ] الگ رہنا۔ جُدا رہنا

دُور سَرک: [ا ر کلمہ تحقیر] دُور ہو۔ پرے ہٹ دُور رہو۔
دُور سے: [ا ر متعلق فعل] فاصلے سے۔ پرے سے ہٹ کر
دُور سے بات / چیت کرو: [ا ر. محاورہ] پاس نہ آؤ۔ پرے ہٹ کر بات کرو۔ الگ رہو۔
دُور سے ترسانا: [ا ر. محاورہ] دُور سے کوئی چیز دکھا کر نہ دینا۔
دُور سے تماشا دیکھنا: [ا ر. محاورہ] کسی جھگڑے میں دخل نہ دینا۔ الگ رہ کر سیر دیکھنا۔ پاس نہ جانا۔
دُور سے دیکھ کر بھاگنا: [ا ر. محاورہ] کسی خوفناک چیز سے ڈرنا یا اُسے دیکھ کر ہٹ جانا
دُور سے سلام کرنا: [ا ر. محاورہ] بیزاری ظاہر کرنا۔ دُور رہنا۔
دُور سے لینا: [ا ر. محاورہ] پاس آنے سے پیشتر ہی لعنت ملامت کرنا شروع کر دینا۔
دُور کا: [ا ر. صفت] جو قریب کا نہ ہو (رشتہ وغیرہ) ۲. عمیق۔ گہرا۔ (خیال وغیرہ) (۳) بعید القیاس۔ بعید الفہم۔
دُور کا رشتہ / ناتہ: [ا ر. امذ] رشتہ بعید۔ قرابت بعید
دُور کا مضمون: [ا ر. امذ] نہایت اعلیٰ مضمون۔ گہرا مضمون۔
دُور کرنا: [ا ر محاورہ] الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) دفع کرنا (۳) جُدا کرنا۔ کاٹنا خارج کرنا (۴) رد کرنا۔ منسوخ کرنا (۵) بیچنا (۶) برطرف کرنا۔ باز آنا (۷) غائب کرنا۔ پوشیدہ کرنا (۸) نوکری سے برطرف کرنا۔
دُور کرو: [فعل امر] دفع کرو۔ لحاظ نہ کرو۔
دُور کھنچنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "دُور کھینچنا" جس کا یہ لازم ہے۔ (۲) الگ رہنا۔ کشیدہ رہنا۔
دُور کھینچنا: [ا ر. محاورہ] نخوت و غرور کرنا۔ دُور دُور رہنا۔
دُور کی افواہ: [ا ر. امث] مشتبہ خبر۔ دُور دراز سے سُنی ہوئی خبر
دُور کی بات: [ا ر امث] باریکی۔ نکتہ۔
دُور کی سُنانا: [ا ر محاورہ] بزرگوں کو گالیاں دینا۔
دُور کی سُوجھنا: [ا ر. محاورہ] خیال میں کوئی باریک بات آنا۔ نکتہ سُوجھنا۔
دُور کی صاحب سلامت: [ا ر. امث] معمولی واقفیت۔
دُور کی کوڑی لانا: [ا ر. محاورہ] دُور کی بات سوچنا۔ باریک بینی کرنا۔
دُور کی کہنا: [ا ر. محاورہ] سمجھ کی بات کہنا (۲) سمجھ سے باہر بات کہنا۔
دُور کی ہانکنا: [ا ر. محاورہ] شیخی مارنا۔ لیاقت سے بڑھ کر دعویٰ کرنا۔
دُور کے ڈھول سُہانے: [ا ر مثل] دُور کی سُنی ہُوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے۔ دیکھنے پر چیز اچھی ثابت نہ ہونا حالانکہ پہلے بہت اچھی تھی۔ غائبانہ تعریف۔
دُور کیوں جاؤ / نہ جاؤ: [ا ر. متعلق فعل عو] اس موقع پر کہتے ہیں جہاں قریب کی مثال موجود ہو۔
دُور نکل جانا: [ا ر. محاورہ] فاصلے پر چلا جانا۔ موضوع سے ہٹ جانا۔
دُور ہو سامنے سے: [ا ر کلمہ تحقیر] دفع ہو۔ چل ہٹ یہاں سے۔
دُور ہونا: [ا ر. محاورہ] جاتا رہنا۔ فاصلہ پر رہنا (۲) بہُت سمجھدار ہونا۔ عقلمند ہونا۔ (۳) شریر اور بدذات ہونا (۴) ہٹنا۔ سرکنا۔ پرے ہو جانا۔
دُور ہی سے سلام کرنا: [ا ر. محاورہ] بیزاری ظاہر کرنا۔ پناہ مانگنا۔
دَورا: [ھ. امذ] بڑا ٹوکرا۔ بڑا ٹوکرا۔
دُوہرا: [ا ر. صف. ت] دُہرا
دَوران: [ف. امذ] زمانہ۔ وقت (۲) عُمر (۳) گردش چکر (۴) دورہ۔ انقلاب۔

دَوَرانِ خُون: [ف۔ اِمذ] خُون کی گردش

دَوَرانِ سَر: [ف۔ امذ] سر گھومنا۔ سر چکرانا۔ سر کا چکر

دَوراؤ: [ار۔ صف۔ تی] اُبھارنے والا

دُورائی: [ار۔ امث۔ ف] خداوندی۔ بادشاہی

دَورَہ: [ع۔ امذ] چکر۔ گردش۔ ہیر پھیر۔ نوبت۔ باری (۳) گشت حاکم کا اپنے علاقہ میں پھرنا (۴) شراب کا دَور۔

دَورہ باندھنا: [ار۔ محاورہ] چکر باندھنا۔ متواتر چکر لگانا۔ حلقہ بنانا۔

دورہ بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دورہ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے

دَورَہ تمام کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دورہ تمام ہونا" جس کا یہ متعدی ہے

دورہ تمام ہونا: [ار۔ محاورہ] گشت کا زمانہ ختم ہونا۔ علاقے کا ملاحظہ کرکے واپس آنا

دورہ سپرد کرنا: [ار۔ محاورہ] مقدمہ کا سیشن جج کے سپرد کرنا مقدمہ پر دورہ کی تاریخ لگانا۔

دورہ سپرد ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دورہ سپرد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَورہ کرنا: [ار۔ محاورہ] حکام کا اپنے علاقہ میں گشت پر روانہ ہونا (۲) مرض کا عود کر آنا۔

دورہ ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دورہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دوری: [ع۔ صف] دیکھئے "دَور" جس سے یہ منسوب ہے۔

دَوری: [ہ۔ امث] دیکھئے "دورا" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) رسّی جس سے مویشی باندھتے ہیں (۳) رسّی جس سے زمین ناپی جاتی ہے۔

دُوری: [ف۔ امث] دیکھئے "دُور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

دَورے: [ع۔ امذ] دیکھئے "دورہ" جس کی یہ جمع ہے۔

دَورے کو اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دورہ کرنا"

دَوڑ: [ہ۔ امث] (۱) بھاگنا۔ بھاگ (۲) پہنچ۔ رسائی (۳) کوشش۔ سعی (۴) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔ تاخت (۵) ملزموں کی گرفتاری کے لیے بھیجا جانا۔ (۶) وہ لوگ جو ملزموں کی گرفتاری کے لیے جائیں (۷) متعلق فعل) جلدی سے۔ سُرعت سے۔ تیزی سے۔ فوراً۔ شوق سے۔

دَوڑا: [ہ۔ امذ] دوڑنے والا (۲) سوار۔ ڈاکو۔

دَوڑا آنا: [ار۔ محاورہ] بہت جلد آنا۔ بھاگ کر آنا

دَوڑا جانا: [ار۔ محاورہ] بھاگ کر جانا۔

دوڑا دوڑی: [ہ۔ امث] بھاگا بھاگ۔ تیزی۔ جلدی (۲) مقابلہ دوڑ۔

دوڑا دینا: [ار۔ محاورہ] بہت جلدی بھیجنا۔

دَوڑاک: [ہ۔ امذ۔ صف] بہت دوڑنے والا

دَوڑا مارنا: [ار۔ محاورہ] بہت جلد بھیجنا۔ محنت کرنا۔

دَوڑانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بھگانا۔ جلدی چلانا (۲) لپکانا۔ پھرانا۔ حیران کرنا (۳) محنت کرانا۔ مشقت لینا (۴) قاصد روانہ کرنا (۵) جلد بھیجنا (۶) خیال کو متوجہ کرنا۔

دَوڑاہا: [ہ۔ امذ] قاصد۔ ایلچی۔ خبر رساں (۲) رستہ دکھانے والا۔ رہبر

دَوڑ بھیجنا: [ار۔ محاورہ] ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس کے سپاہیوں کو بھیجنا۔

دَوڑ پڑنا: [ار۔ محاورہ] جلدی کرنا۔ جلدی جانا (۲) کسی مقام پر جمع ہو جانا۔

دوڑ جانا: [ار۔ محاورہ] منتشر ہو جانا۔ پھیل جانا (۲) منتشر ہو جانا (۳) پولیس کا ملزموں کی گرفتاری کے لیے جانا۔

دَوڑ چلنا: [ار۔ محاورہ] دوڑ کر چلنا۔

دَوڑ چلے نہ اوندھا / چوپٹ گرے، دوڑ چلے نہ گھٹ کر پڑے: [ار۔ مثل] دیکھئے "دوڑ کر چلے گا سو گرے گا"

دَوڑ دَوڑ آنا: [ار۔ محاورہ] بار بار آنا۔ جلدی جلدی آنا۔

دَوڑ دَوڑ جانا: [ار۔ محاورہ] بار بار جانا۔ جلدی جلدی جانا۔

دوڑ دوڑ کے: [ار۔ متعلق فعل] جلد جلد۔ بار بار (۲) بیتابی سے۔ شوق سے [افعال: آنا۔ جانا]

دَوڑ دَھوپ / دَوڑ دَھپاڑ (پوربی) / دُھوپ: [ہ۔ امث] محنت مشقت (۲) کوشش سعی۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

دَوڑ کر چلنا: [ار۔ محاورہ] جلد چلنا۔ بھاگ کر چلنا بساط سے بڑھ کر قدم رکھنا۔ کسی کام میں جلدی کرنا۔

دوڑ کر چلے گا سو گرے گا، دوڑ کر چلے نہ گر پڑے: [ار۔ مثل] جو شخص اپنی بساط سے بڑھ کر کام کرے، نقصان اُٹھاتا ہے۔

دوڑ لیکر دوڑنا: [ار۔ محاورہ] ملزموں کی گرفتاری کے لیے پولیس کے سپاہیوں کو لیکر ہمراہ جانا۔

دوڑ مارنا: [ار۔ محاورہ] بے خبری میں حملہ کرنا (۲) تاخت و تاراج کرنا۔ چھاپا مارنا۔ دھاوا کرنا (۳) بہت کوشش یا محنت کرنا (۴) لمبا سفر کرنا۔ مسافت طے کرنا۔

دوڑنا: [ار۔ مص] دیکھئے "دوڑانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) پھیلنا (۳) بہنا۔ (۴) حملہ کرنا (۵) سرایت کرنا۔ اثر کرنا۔

دَوڑنا دھوپنا: [ار۔ محاورہ] کوشش کرنا۔ سعی کرنا

دَوڑی: [ہ۔ امث] جو ہیڑ کی بازی کو برابر رہے۔

دوز: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر دوختن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سینے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً خیمہ دوز

دوزخ: [ف۔ امذ] وہ جگہ جہاں گنہگار قیامت کے بعد جائیں گے۔ جہنم۔ نرک (۲) پیٹ۔ معدہ

دوزخ بھرنا: [ار۔ محاورہ] پیٹ بھرنا

دوزخ کا کُندہ / ایندھن: [ار۔ امذ] بڑا گنہگار۔ دوزخ میں جلنے والی لکڑی۔

دوزخ کا نمونہ: [ار۔ امذ] بڑی تکلیف کی جگہ

دوزخ کی آنچ: [ار۔ امث] آتش جہنم

دوزخ کی بیگی: [ار۔ محاورہ] پیٹ کی فکر ہوتی

دوزخ میں پڑنا / جانا: [ار۔ محاورہ] واصل جہنم ہونا۔

دوزخ میں پڑے / جائے: [ار۔ بددعا] بھاڑ میں جائے۔

دوزخ میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] عذاب جہنم میں گرفتار کرنا۔

دوزخ میں گھر کرنا / بنانا: [ار۔ محاورہ] گناہ کے کام کرنا۔ بُرے کام کرنا۔

دوزخ میں گھر ہونا / بننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دوزخ میں گھر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دوزخی: [ف۔ صف] جہنمی۔ پاپی۔ گنہگار (۲) سخت بدخو۔

دوس: [ہ۔ امذ] (۱) صبح علی الصبح۔ پو پھٹنا (۲) قصور۔ خطا۔ عیب (۳) گناہ

دوس دینا / دوسنا: [ار۔ مص] الزام لگانا۔ قصوروار ٹھہرانا۔

دوس دینا دُوسرے کو کام کرنا خود: [ار۔ مثل] خود قصور کرنا الزام دُوسرے کو دینا۔

دوس کیا دیجئے چور کو صاحب۔ بند جب آپ گھر کا در نہ کیا: [ار۔ مثل] جب خود حفاظت نہیں کی تو چور کا کیا قصور۔

دوست: [ف۔ صف] آشنا۔ یار (۲) مُحِب۔ خیر خواہ (۳) محبوب۔ معشوق

دوست آن باشد کہ گیرد دستِ دوست / در پریشاں حالی و در ماندگی } [ف۔ مثل] دوست وُہ ہے جو مُصیبت میں مدد کرے۔

دوست باشد کہ از معائب دوست ہم چُوں آئینہ روبرو گوید: [ف۔ مثل] دوست وُہ ہوتا ہے جو دوست کے عیب اس کے رُوبرو کہدے۔

دوست بنانا: [ا۔ محاورہ] یار بنانا۔ ہمراز بنانا۔ طرف دار بنانا (۲) گانٹھنا۔ ملانا۔ (۳) سازش کرنا۔

دوست بننا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دوست بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دوست دار: [ا۔ اند] دوست۔ خیر خواہ۔ ہمراز۔

دوست داری [ف۔ امث] دیکھئے "دوست دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

دوست رکھنا: [ا۔ محاورہ] عزیز سمجھنا۔ پسند کرنا۔

دوست شاد ہوں دُشمن پائمال رہیں: [کلمہ دُعا] دُعا ہے جو بڑے آدمیوں کو دی جاتی ہے۔

دوست قدیم شراب کُہنہ: [ف۔ مثل] پُرانا دوست اور پُرانی شراب عُمدہ ہوتی ہے

دوست کا دُشمن مُو دُشمن۔ دُشمن کا دُشمن دوست: [ا۔ مقولہ] جو شخص دوست کا دُشمن ہوتا ہے اُسے اپنا بھی دُشمن سمجھنا چاہئیے۔ اور دُشمن کے دُشمن کو اپنا دوست سمجھنا چاہئیے۔

دوست کا ڈگا پاؤں۔ دُشمن کا لگا داؤں: [ا۔ مقولہ] موقع پاکر دُشمن سے ضرور بدلہ لینا چاہئیے۔

دوست ملے کھاتے دُشمن ملے روتے: [ا۔ دُعا] دوست خوش رہیں دُشمن رنجیدہ رہیں۔

دوست نما: [ف۔ صف] اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنے والا۔

دوست نواز: [ف۔ صف] دوستوں پر نوازش یا مہربانی کرنے والا۔

دوست نوازی: [ف۔ امث] دیکھئے "دوست نواز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

دوست وُہ جو وقت پر کام آئے: [ا۔ مثل] دیکھئے "دوست آں باشد الخ"

دوستاں: [ف۔ صف] دیکھئے "دوست" جس کی یہ جمع ہے

دوستاں در زندان بکار آیند کہ بر سفرہ ہمہ دوست نمایند: [ف۔ مثل] مصیبت میں جو ساتھ دے وہ دوست ہے خوش حالی میں تو ہر کوئی دوست ہوتا ہے۔

دوستانہ: [ف۔ متعلق فعل] یارانہ۔ دوستی۔ یاری (۲) [ا۔ امث] مُحبت۔ اُلفت۔

دوستانے میں: [ا۔ متعلق فعل] دوستی کے طریقہ پر۔ دوستی میں (۲) دوست کی طرح

دوستوں کا حساب دِل میں: [ا۔ مثل] فارسی مثل "حسابِ دوستاں در دِل" کا ترجمہ ہے یعنی دوستوں کے سلوک کا ذکر زبان پر نہیں آتا۔ دوست ایک دُوسرے پر احسان نہیں جتاتے۔

دوستی: [ف۔ امث] دیکھئے "دوست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دوستی کا دم بھرنا / مارنا: [ا۔ محاورہ] اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنا۔

دوستی کرنا: [ا۔ محاورہ] دوستی پیدا کرنا۔ بے تکلفی کرنا۔

دوستی ہونا: [ا۔ محاورہ] یارانہ ہونا۔ آشنائی ہونا (۲) محبت ہونا۔ اُلفت ہونا۔

دُوسرا / دُوسرا: [ھ۔ ا۔ عدد ترتیبی] ترتیب میں ایک کے بعد کا درجہ۔ ثانی۔ دوئم۔ ایک اور۔ اگلا (۲) صف دیگر۔ غیر اجنبی۔ اور۔ (۳) مقابل کا

دُوسرا آنار: [ھ۔ اند] جزرہ

دُوسرا چڑھاؤ: [ھ۔ اند] مجذور

دُوسروں پر ڈھال ڈھال کے کہنا: [ا۔ محاورہ] اشارۃً کنایۃً کہنا۔

دُوسروں کا عیب بڑی جلدی دیکھ سکتے ہیں: [ا۔ مثل] دُوسروں کا نقص بڑی جلدی پکڑا جاتا ہے۔

دُوسری: [ھ۔ امث] دیکھئے "دُوسرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

دُوسری بات: [ھ۔ امث] قیمت زیادہ کہنا کہ گاہک اگر کم کرے تب بھی اصل سے زیادہ ہو (۲) اور بات (۳) جماع۔ ہمبستری۔ زنا

دُوسری بات دُوسرے کہتے ہیں: [ا۔ مثل] ہم تو سچ بولتے ہیں۔ غلط بات اور لوگ کہتے ہیں۔

دُوسری بات نہ کرنا: [ا۔ محاورہ] قیمت کم و بیش نہ کرنا۔ زیادہ گفتگو نہ کرنا۔

دُوسری بات نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دُوسری بات نہ کرنا" جسکا یہ لازم ہے۔

دُوسری بار / دفعہ: [ا۔ متعلق فعل] پھر دوبارہ۔ ایک دفعہ اور

دُوسری حالت / صُورت: [ا۔ امث] مختلف حالت / وضع

دُوسری صُورت پکڑنا: [ا۔ محاورہ] تبدیل ہو جانا۔ مختلف ہو جانا۔ حالات کا بدل جانا۔

دُوسری ماں: [ا۔ امث] سوتیلی ماں

دُوسرے: [ا۔ اند] دیکھئے "دُوسرا" جس کی یہ جمع ہے۔

دُوسرے فاقے: [ا۔ اند] دو دن کھانا نہ کھانے کے بعد

دُوسرے کو اپنا ثانی نہ جاننا: [ا۔ محاورہ] کسی کو اپنے مقابل نہ سمجھنا۔

دُوسی: [ھ۔ امث۔ ق] لونڈی۔ باندی۔ کنیز (۲) دہی (۳) مسلمان دودھ بیچنے والا۔

دوش: [ف۔ اند] بازو۔ کندھا۔ شانہ۔ مونڈھا۔ ۲۔ گزری ہوئی رات۔ کل رات۔ (۳) [س۔ اند] دیکھئے "دوس"

دوش بدوش: [ف۔ متعلق فعل] کندھے سے کندھا ملا کر۔ متحد ہو کر۔ اتفاق سے۔ شرکت کر کے۔

دوش پر انبار رہونا: [ا۔ محاورہ] کندھے پر بوجھ ہونا۔ ذمہ داری ہونا۔

دوش پر لینا: [ا۔ محاورہ] کندھے پر لینا / اُٹھانا / سوار کرنا۔

دوشمال: [ف۔ اند] وُہ رُومال جو قصاب یا سائیس رکھتے ہیں اور اکثر کندھے پر پڑے ہوئے ہوتے ہیں۔

دوشال / دوشالہ: [ف۔ امث] پشمینہ کی دوہری چادر

دوشیزگان: [ف۔ امث] دیکھئے "دوشیزہ" جس کی یہ جمع ہے۔

دوشیزگی: [ف۔ امث] دیکھئے "دوشیزہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دوشیزہ: [ف۔ امث] کنواری لڑکی۔ باکرہ۔

دوشین: [ف۔ صف] گذشتہ رات کا

دوشینہ: [ف۔ صف] گزشتہ رات کا (۲) جسے کندھوں پر اُٹھا کر لیجا سکیں۔

دوغ: [ف۔ اند] دہی۔ چھاچھ (۲) مکھن نکلا ہوا دودھ۔ سپرانا

دوغلا: [ا۔ صف] دو نسلہ۔ وُہ شخص جس کے ماں اور باپ دونوں ایک قوم سے نہ ہوں (۲) کم اصل۔ کمینہ۔ کم ذات۔

دوغلی: [ا۔ صف] دیکھئے "دوغلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

دوغلی بات: [ا۔ امث] دو رُخی بات۔ وہ بات جو صاف نہ ہو۔

دُوک: [ف۔ اند] تکلا (۲) [ھ۔ اند] دو سالہ بچھڑا جس نے دو دانت نکالے ہوں۔

دوکال: [ا۔ امذ۔ ق] بُرا وقت

دوکان: [ف۔ امذ] دیکھئے "دُکان" جو صحیح ہے۔

دوکہ: [ع۔ امذ] دیکھئے "دوس / دوش"

دوکھنا: [ھ۔ امذ] دیکھئے "دونا"

دوکھی: [ھ۔ امث] مٹی کا وُہ پُشتہ جو دو سرحدوں کے درمیان بنایا جاتے۔

دوکلا: [ھ۔ امذ] ایک بڑی لکڑی جسے جھُکا کر آبپاشی کرتے ہیں

دُوَل: [ع۔ امذ] "دولت" کی جمع

دَوْلائیولا: [ا۔ صف] سیدھا سادہ۔ بھولا (۲) سخی بڑی ہمت والا۔

دُولاب / دولاب: [ع۔ امذ] چرخ۔ رہٹ۔ چکر۔ پہیہ

دُولابی: [ع صف] دیکھئے "دولاب" جس سے منسوب ہے۔

دَولت: [ع۔ امث] زمانے کی گردش (۲) نیکی (۳) وُہ چیز جو دست بدست پھرتی رہے۔ ۴۔ دھن۔ مال۔ زر۔ نقد (۵) اقبال بخت نصیبہ۔ خوش قسمتی (۶) سلطنت۔ حکومت۔ طاقت (۷) ظفر فتح مندی (۸) خوشی۔ شادمانی (۹) مرتبہ۔ درجہ۔ ذریعہ۔ طفیل۔ بدولت (۱۰) اولاد (۱۱) ملکیت (۱۲) لہ امذ۔ امیروں اور بادشاہوں کی چیزوں کے لیے۔

دَولت اُڑانا: [ا۔ محاورہ] فضول خرچی کرنا۔

دَولت اُڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دولت اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے

دَولت برسانا: [ا۔ محاورہ] خدا کا کسی کو بے انداز دولت دینا۔ بے دریغ دولت خرچ کرنا۔

دولت برسنا: [ا۔ محاورہ] کثرت سے روپیہ ملنا۔

دَولت بہانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دولت برسانا نمبر ۲"

دَولت بیدار: [ا۔ امث] وُہ دولت جس سے فائدہ حاصل کریں۔ ۲۔ خوش قسمت۔

دَولت پانا: [ا۔ محاورہ] دولت حاصل کرنا۔

دَولت پناہ: [ف صف] سلطنت کو محفوظ رکھنے والا۔ ایک لقب جو بادشاہوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

دَولت خانہ / سرا / کدہ: [ف۔ امذ] محل قصر دوسرے کے گھر کے متعلق کہتے ہیں۔ اپنے کے لیے غریب خانہ)

دَولتِ خداداد: [ف صف] خُدا کی دی ہوئی نعمت / حکومت (۲) مفت ملی ہوئی نعمت جو بغیر کسی کوشش کے حاصل ہوئی ہو۔

دَولت خوابیدہ: [ف۔ امث] بدقسمتی۔ بدنصیبی

دَولتِ دارین / کونین: [ف۔ امث] دونوں عالموں کی دولت نعمت اور لطف

دَولت ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے: [ا۔ مثل] دولت زوال پذیر چیز ہے

دَولت کھونا: [ا۔ محاورہ] دولت ضائع کرنا

دولت کمانا: [ا۔ محاورہ] دولت کمانا

دَولت کی گنگا بہانا: [ا۔ محاورہ] بے دریغ روپیہ خرچ کرنا۔

دولت گڑی ہونا: [ا۔ محاورہ] پیسے پیسے کی کان ہونا۔ دولت کا ذخیرہ ہونا

دَولت لُٹانا: [ا۔ محاورہ] دولت کا فضول خرچ کرنا۔

دَولت لُٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دولت لُٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَولت کے ٹکڑوں پر مُہر: [ا۔ مثل] جائز خرچ میں کفایت شعاری اور بے جا خرچ کی پروا نہ کرنا۔

دَولت مَند: [ع صف] مالدار۔ امیر۔ زردار

دَولت مَندی: [ع صف۔ امث] دیکھئے "دولت مند" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَولت منڈیر کا کوا ہے: [ا۔ مثل] دولت ایک جگہ نہیں ٹھہرتی۔

دَولت والا: [ا۔ صف] دیکھئے "دولت مند"

دُولھا / دُولہا: [ھ۔ امذ] وہ شخص جس کی شادی ہو۔ نوشاہ۔ بنڑا (۲) خاوند۔

دُولھا بنانا: [ا۔ محاورہ] زرق برق لباس پہنانا۔ شادی کے لیے نئے کپڑے پہنانا

دُولھا بننا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دُولھا بنانا" جس کا یہ لازم ہے

دُولھا بنے بیٹھے رہنا: [ا۔ محاورہ] عزت و وقار کے ساتھ بیٹھے رہنا۔ کچھ نہ کرنا۔

دُولھا بھائی: [ا۔ امذ] بہن کا شوہر۔ بہنوئی۔

دُولھا ڈھائی دن کا بادشاہ ہے: [ا۔ مثل] شادی کے دنوں میں دولھا کی بڑی خاطر تواضع ہوتی ہے۔

دُولھا دولہن مل گئے، جھوٹی پڑی برات: [ا۔ مثل] دوست دوست ایک ہو گئے۔ دخل دینے والے بُرے بنے۔

دُولھا کے دم کے ساتھ ساری برات ہے: [ا۔ مثل] آقا سے گھر کی رونق ہے۔ سردار کی وجہ سے ہی نوکر کام کرتے ہیں۔

دُولھا کے ساتھ برات / دُولھا کے سر سہرا: [ا۔ مثل] سردار کے ساتھ ہی سب لطف ہے

دولھن / دُلہن: [ا۔ امث] وہ عورت جس کی شادی ہو رہی ہو۔ نئی بیاہتا۔

دُوم / دُوئم: [ف عدد ترتیبی] دُوسرا۔ دُوسری

دَوَں: [ا۔ امث] آگ۔ شعلہ۔ لُو۔ وُہ آگ جو جنگلوں کے پہاڑ میں اس غرض سے لگاتے ہیں کہ درختوں میں قوت نمو زیادہ ہو (۲) پیاس۔ تشنگی (۳) گرمی حدت۔ حرارت (۴) سوزش۔ جلن (۵) جوش۔ ولولہ (۶) شہوت۔
(افعال: لگنا)

دُون: [ا صف] دُگنا (۲) اُونچے سُر کی آواز۔ تیز گت (۳) شیخی۔ ڈینگ۔ لاف و گزاف (۴) پہاڑ کی تلہٹی (۵) گھاٹی۔ درہ۔ کوہ

دُون پر آنا: [ا۔ محاورہ] شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا

دُون کی اُڑانا / لینا: [ا۔ محاورہ] خودستائی کرنا۔ شیخی بگھارنا۔

دُوں: [ع۔ صف] حقیر۔ کمینہ۔ ادنیٰ (۲) پاجی۔ سفلہ۔ کم۔ ہیچ (۳) متعلق فعل) غیر۔ جز۔ سوا۔

دوں پرست / نواز: [ع ف صف] کمینے کی پرورش یا قدر کرنے والا۔

دُوں ہمت: [ف ع] کم ہمت۔ پست ہمت۔

دُوں ہمتی: [ف۔ امث] دیکھئے "دُوں ہمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دُونا: [ا۔ عدد ضعفی] دوگنا۔ دوچند (افعال کرنا۔ ہونا)

دونا دوں: [ا۔ عدد ضعفی] چار گنا۔ چہار چند۔

دَونا: [ا۔ امذ] پتوں کا پیالہ۔ پتل (۲) نیاز کی شیرینی جو پتوں میں لائی جاتی ہے پنساری سے والی بازاری چیز۔

دَونا باندھنا / بنانا: [ا۔ محاورہ] پتل بنانا۔ پتوں کا ظرف بنانا۔

دونا چڑھانا: [ا۔ محاورہ] پھول اور شیرینی وغیرہ کا دونا مزار پر چڑھانا۔

دَونا چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دونا چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَونا دینا: [ا۔ محاورہ] حضرت علیؓ یا حضرت فاطمہؓ کی نیاز دینا۔

دَونا ماننا: [ا۔ محاورہ] نذر ماننا۔ منت ماننا

دونا ہو جانا: [ا۔ محاورہ] نزار یا بیچ کا دُہرا ہو جانا۔ خمیدہ ہو جانا۔

دَونا مروا: [ھ۔ امذ] ایک قسم کی خوشبو۔ گھاس۔ تلسی۔

دَونکنا: [ھ۔ مص] دہاڑنا۔ غرّانا۔ چنگھاڑنا
دَونگڑا / دُونگڑا: [ھ۔ اند] برسات کے شروع کی بارش جو خوب زور سے ہو۔
دونوں: [ا۔ عدد استغراقی] دو کے دو۔ ہر دو
دُونی: [ا۔ عدد ضعفی] دیکھئے "دُونا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دوہا: [ھ۔ اند] دیکھئے "دو" کے تحت
دوہائی: [ھ۔ امث] شور و غوغا (۲) فریاد۔ دادخواہی (۳) پناہ۔ بچاؤ۔ امن خواہی (۴) قسم۔ سوگند۔ واسطہ (۵) منادی۔ اعلان (۶) گلہ۔ شکوہ۔
دوہائی پکارنا: [ا۔ محاورہ] فریاد کرنا۔
دوہائی پھرنا: [ا۔ محاورہ] منادی ہونا۔ ڈھنڈورا پٹنا
دوہائی پھیرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دوہائی پھرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دوہائی تہائی کرنا / مچانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ فریاد کرنا۔ کسی کے بلے پکارنا
دوہائی دینا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مظلوم کا فریاد کرنا۔ کسی کا نام لیکر فریاد کرنا (۲) شور کرنا۔
دوہائی کرنا / کھینچنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دوہائی دینا"
دوہائی مانگنا: [ا۔ محاورہ] پناہ مانگنا
دوہائی ہے: [ا۔ کلمہ ندا] فریاد ہے۔ الامان۔ الحفیظ۔ المدد
دوہتا: [ہ۔ اند] بیٹی کا بیٹا
دوہتی: [ہ۔ امث] بیٹی کی بیٹی۔
دوہر: [ہ۔ اند] دیکھئے "دو" کے تحت"
دُوہرا: [ا۔ صف] دیکھئے "دو" کے تحت (۲) دوچند۔ دوتہ کا۔
دوہرا ہونا: [ا۔ محاورہ] ٹیڑھا ہونا۔ دُونا ہونا
دوہری: [ا۔ امث] دیکھئے "دوہرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دُوہلا: [ھ۔ اند] وُہ رقبہ یا گاؤں وغیرہ جو خدمت کے صلہ میں یا خیراتی کاموں میں بلا مالگذاری کسی کو دیا جاتے۔
دوہلی: [ھ۔ امث] دیکھئے "دوہلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دوہنا: [ا۔ مص] دودھ نکالنا (۲ مذ) وُہ برتن جس میں دُودھ نکالا جاتا ہے۔
دوہنی: [ا۔ امث] دیکھئے "دوہنا نمبر ۲" جس کی یہ تصغیر ہے۔
دُوئی: [ف۔ امث] دو ہونے کی کیفیت۔ بیگانگی۔ مغائرت۔ نفاق۔ جدائی۔ ان بن (۲) جھگڑا (۳) دو سمجھنا۔ شرک۔ توحید کی ضد۔
دُوئی ڈالنا: [ا۔ محاورہ] لڑائی کرانا۔ جُدائی ڈالنا۔ غیریت پیدا کرنا۔
دُوئی کا پردہ اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] غیریت ہٹنا۔ ایک ہونا۔
دوئم: [ف۔ عدد ترتیبی] دیکھئے "دُوم" جو صحیح ہے۔

د - ہ

دِہ: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر دادن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور دینے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً تکلیف دہ۔
دِہ: [ف۔ اند] گاؤں۔ چھوٹی سی آبادی۔ قریہ
دِہ بندی: [ف۔ امث] حلقہ بندی (۲) گاؤں کی مفصل فہرست اور مالگذاری۔
دِہ جمع: [ع۔ امث] گاؤں کی مالگذاری
دِہ خدا: [ف۔ اند] گاؤں کا مالک۔ زمیندار
دَہ: [ف۔ اسم۔ عدد] دس
دَہ چند: [ف۔ عدد ضعفی] دس گنا۔
دَہ حواس: [فع۔ اند] پانچ ظاہری حواس پانچ باطنی تفصیل کیلئے دیکھئے "حواسِ خمسہ"
دَہ در دُنیا ستّر در عاقبت: [ف مقولہ] نیک کام کا صلہ دنیا میں دس حصّے اور آخرت میں ستّر حصّے ملتا ہے
دَہ در دَہ: [ف۔ اند] دس گز گہرا، دس گز لمبا اور دس گز چوڑا تالاب وغیرہ جس کا پانی شرعاً پاک ہے۔
دَہ رواں، دہ دواں، دہ پرّاں: [ف مقولہ] رمضان کے اوّل میں دس روزے آہستہ آہستہ گزرتے ہیں درمیان کے دس روزے جلد جلد گزرتے ہیں اور آخر کے دس روزے تیزی سے اڑتے ہوئے گزرتے ہیں۔
دَہ سیرا: [ف۔ اند] دس سیر کا باٹ۔
دَہ سیری: [ف۔ امث] دیکھئے "دہ سیرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دہ منی: [ف۔ امث] جس میں دس من سما جائیں۔
دَہ یک / دَہ یکی: [ف۔ عدد کسری۔ صف] دسواں حصّہ۔ دس میں سے ایک۔ ملک کی آمدنی کا دسواں حصّہ جو خراج کے طور پر دیا جاتا تھا
دَہا: [ا۔ اند] عشرہ۔ مہینے کے دس دن (۲) محرم کا مہینہ۔ محرّم کی دسویں تاریخ۔ (۳) دہائی کا ہندسہ
دِہات: [ف اند] دیکھئے "دیہات"
دِہاتی: [ف صف] دیکھئے "دیہاتی" جو زیادہ مشہور ہے۔
دِہار: [ھ۔ اند] وُہ زمین جس پر بارش کے بعد پانی کھڑا ہو جائے۔ دلدلی زمین۔
دَہاڑ: [ھ۔ امث] گرج۔ (۲) شیر کی آواز (۳) شور و غل۔
دِہاڑا: [ھ۔ اند] درجہ۔ گت (۲) بُرا حال۔ دُرگت (۳) دن۔ دوپہر۔
دَہاڑنا: [ھ۔ مص] گرجنا۔ غُل مچانا۔ شور کرنا۔ شیر کا بولنا۔
دِہاڑی: [ھ۔ امث] ایک دن کی اُجرت۔ روزانہ مزدوری
دَہاڑیں مارنا: [ا۔ محاورہ] زور زور سے رونا۔ چیخنا۔ چلّانا۔
دہاقین: [ع۔ اند] دیکھئے "دہقان" جس کی یہ جمع ہے۔
دَہاکا: [ا۔ اند] دس دس کا مجموعہ (۲) دہائی (۳) دس روپے کا نوٹ۔ (۴) نقصان (۵) صدمہ۔ غم۔ رنج (۶) رُعب۔ خوف۔ ڈر
دَہاکا بٹھانا: [ا۔ محاورہ] رُعب طاری کرنا۔ خوف طاری کرنا۔
دَہاکا بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] صدمہ گزرنا۔ خوف طاری ہونا۔
دَہاکے دینا: [ا۔ محاورہ] دھمکی دینا۔ ڈرانا۔ خوف دلانا۔ فریب دینا۔
دَہان: [ف۔ اند] مُنہ۔ دَہن (۲) سوراخ۔ روزن (۳) زخم کا مُنہ
دَہان بند: [ف۔ اند] نقاب (۲) مُنہ کا چھینکا۔
دَہانا: [ھ۔ مص] مُردہ جلانا۔ چتا میں رکھنا۔ پھونکنا (۲) ڈسنا۔
دُہانا: [ا۔ مص] دیکھئے "دوہنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دَہانہ: [ف۔ اند] مُنہ۔ دَہن (۲) کوئی چیز جو مُنہ کے مشابہ ہو (۳) دریا کے سمندر یا جھیل میں گرنے کا مقام (۴) موری۔ بدرَو کا مُنہ (۵) وادی کا شروع کا حصّہ (۶) بندوق یا توپ کی نال کا مُنہ (۷) مشک کا منہ (۸) لوہے کا ٹکڑا جو

گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں لگام (۹) کوئی چیز جسے چاقو کی نوک پر اُسے محفوظ کرنے کی غرض سے لگاتے ہیں (۱۰) پیتل کا زنگ۔
(۱۱) ایک قیمتی سبز پتھر۔

دَہانہ کھلنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مشک کا منہ کھلنا (۲) موری کا منہ کھلنا (۳) پانی نکلنا۔ پیشاب نکلنا۔

دَہانہ کھولنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دہانہ کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے

دُہائی [ہ۔ امث] دیکھئے "دوہائی"

دَہائی: [ف۔ امث] دس کے عدد کا مرتبہ۔ دس کی وحدت۔

دَہ بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] صبر کرنا۔

دَہَپَک: [ا۔ صف۔ ت] وحشت۔

دَہر: [ع۔ اند] دنیا۔ زمانہ۔ وقت (۲) مدت العمر (۳) قسمت۔ نصیب (۴) اتفاق۔ بدقسمتی۔ مصیبت۔ خطرہ (۵) طرز۔ طریقہ۔ رسم و رواج (۶) خالص تردد۔ فکر (۷) چکنی مٹی

دِہرا: [ہ۔ اند] شوالہ۔ مندر۔ بت خانہ۔

دُہرا: [ا۔ صف] دوچند۔ دُگنا (۲) دوتہہ کا (۳) ٹیڑھا خمیدہ (۴) بیاہی کا لکڑا (۵) پتنگ بازی کا ایک پیچ۔

دُہرا بَدَن: [ا۔ امث] موٹا بدن بھرا جسم

دُہرا تہرا: [ا۔ عدد ضعفی] دوچند۔ سہ چند۔ دُگنا

دُہرا جانا [ا۔ محاورہ] دُہرا ہو جانا جھک جانا (۲) عبارت کو بار بار پڑھنا۔

دُہرا دُہرا: [ا۔ عدد ضعفی] دو دو۔

دُہرانا: [ا۔ مص] کسی عبارت کو بار بار پڑھنا۔ دوبارہ کہنا (۳) دوتہہ کرنا (۴) کوئی کام دوبارہ کرنا (۵) کسی بات کی نقل کرنا۔

دُہراؤ: [ا۔ اند] اعادہ۔ تکرار

دُہرائی: [ا۔ امث] سبق یا کتاب کو دوسری بار پڑھ لینا۔ تکرار

دَہر دَہر جلنا: [ا۔ محاورہ] تیزی سے جلنا خوب شعلے دے کر جلنا۔

دُہرم: [ہ۔ اند] پتنگ کا دوہرا پیچ۔

دُہری [ا۔ صف] دیکھئے "دُہرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

دُہری آواز: [ا۔ امث] اکہری آواز کی ضد۔ موٹی آواز۔

دُہری بات: [ا۔ امث] وہ بات جس میں دو پہلو نکلتے ہوں۔

دُہری سواری: [ا۔ امث] ڈولی یا کسی اور سواری پر دو کا سوار ہونا

دَہری: [ع۔ صف] دَہر سے منسوب (۲) خدا کا منکر۔ زمانے کو قدیم ماننے والا۔

دَہریا [ا۔ صف] دیکھئے "دہری"

دَہریت: [ع۔ امث] الحاد۔ خدا کو نہ ماننا خدا کا انکار۔ زمانے کی قدامت کا قائل

دہریہ: [ع۔ صف] دیکھئے "دہریا"

دَہشَہ: [ع۔ اند] حیرانی۔ تحیر۔ حیرت۔ تعجب (۲) حیران۔ متحیر۔ متعجب گھبرایا ہوا

دِہِش: [ف۔ امث] بخشش۔ انعام

دَہشت: [ف۔ امث] ڈر۔ خوف۔ خطرہ۔

دَہشت انگیز: [ف۔ صف] ڈراؤنا۔ خوفناک۔ بھیانک

دَہشت پسند: [ف۔ صف] خوف و ہراس پھیلا کر حکومت تبدیل کرنے والا۔ تبدیلی چاہنے والا

دہشت پسندی: [ف۔ صف] دیکھئے "دہشت پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَہشت زَدَہ: [ف۔ صف] خوف کا مارا۔ ڈرا ہوا۔

دَہشت سمانا: [ا۔ محاورہ] دل میں خوف سمانا۔

دَہشت کھانا: [ا۔ محاورہ] خوف کھانا۔ ڈرنا (۲) رُعب میں آنا۔

دہشت گرد [ف۔ صف] دہشت پھیلانے والا۔ خوف پھیلانے والا۔

دہشت گردی: [ف۔ امث] دیکھئے دہشت گرد جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دہشت لگنا: [ا۔ محاورہ] خوف معلوم ہونا۔

دَہشتناک: [ف۔ صف] بھیانک۔ ڈراؤنا

دَہق: [ع۔ اند] شکنجہ

دِہقان: [ف۔ صف۔ مذ] دیہات یا گاؤں کا باشندہ، کسان۔ کاشتکار۔ (۲) گنوار۔ اُجڈ۔ ناشائستہ۔ جاہل (۳) نمبردار۔ قاضی۔

دِہقانی: [ف۔ صف] گاؤں کا۔ دیہاتی۔ اُجڈ۔ گنوار

دِہقانیت: [ع۔ امث] گنوارپن

دَہک: [ہ۔ امث] سوزش۔ تپش۔ آگ کی روشنی (۲) جوش۔ شوق۔ شرم حیا۔

دَہکانا: [ا۔ مص] دیکھئے "دہکنا" جس کا یہ متعدی ہے

دَہکتا [ا۔ صف] جلتا ہوا۔

دَہکتی [ا۔ صف] دیکھئے "دہکتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

دَہکنا۔ [ا۔ مص] جلنا بھڑکنا۔ آگ کا روشن ہونا (۲) بدن گرم ہونا۔ سلگنا۔ روشن ہونا۔ چمکنا (۳) افسوس کرنا۔ تباہ ہونا۔

دُہُل: [ع۔ اند] ڈھول۔ نقارہ

دُہل زنی ہونا: [ا۔ مص۔ مرکب] ڈھول بجنا۔

دَہَل [ہ۔ امث] خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ تردد (۲) دلدل۔

دَہل پڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دہل جانا۔"

دَہل جانا۔ [ا۔ محاورہ] خوف کھانا۔ رُعب میں آنا

دَہلا: [ا۔ اند] تاش کا وہ پتا جس پر دس نشان ہوں۔

دَہلانا: [ا۔ مص] دیکھئے "دہلنا" جس کا یہ متعدی ہے

دَہلنا: [ا۔ مص] رُعب کھانا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا (۲) زمین کا جنبش میں آنا۔ (۳) صدمہ سے شق ہو جانا۔ کانپنا۔

دِہلی [ا۔ امث] ۱۔ دہلیز۔ چوکھٹ۔ (گنوار) (۲) ہندوستان کا دارالحکومت۔

دِہلی کا کوتوال: [ا۔ اند] مغرور آدمی نازک مزاج

دِہلی کے لیوے لے ڈالنا۔ [ا۔ محاورہ] کسی کے ہاں بار بار جانا (۲) بیحد تقاضے کرنا۔

دَہلیز: [ف۔ امث] ا۔ چوکھٹ (۲) ڈیوڑھی۔ دروازہ۔

دَہلیز الانگنا: [ا۔ محاورہ] چوکھٹ کو عبور کرنا۔ دروازے میں سے نکلنا۔

دَہلیز جھانکنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے پاس کسی کام کے لیے جانا۔

دَہلیز چومنا: [ا۔ محاورہ] بے حد عزت کرنا۔ قدم بوس ہونا۔

دَہلیز کا کتا: [ا۔ اند] وہ کتا جو ہر وقت دروازے پر بیٹھا رہے (۲) مفت خورا۔

دہلیز کھند لانا۔ [ا۔ محاورہ] منگنی کے بعد لڑکے کے اپنے سسرال جانے کی ایک رسم

دہلیز کی مٹی لے ڈالنا: [ا۔ محاورہ] بہت پھیرے کرنا۔ کسی چیز یا کسی کام کی غرض سے کسی کے ہاں بار بار جانا۔

دہلیز کے لگے سے بیر نہیں جاتا: [ا۔ مثل] بیوقوفانہ حرکتوں سے دشمنی نہیں جاتی۔

دہلیز لانگھنا / نانگھنا: [ار محاورہ] دروازے سے باہر قدم رکھنا۔ ایک گھر سے دُوسرے گھر جانا
دہلیز نہ جھانکنا: [ار۔ محاورہ] دروازے تک نہ جانا / پردے میں رہنا
دَہَم: [ھ۔ صف] ا۔ حیرت زدہ۔ افسردہ۔ ہَوا بندی (۲) جلا ہُوا۔ خاکستر
دُہُم: [ع۔ امذ] مہینے کی آخری تین راتیں۔ جن میں چاند نظر نہیں آتا۔
دَہُم: [ف۔ عددِ ترتیبی] دسواں۔ دسویں
دَہَن: [ف۔ امذ] مُنہ۔
دَہَن بستہ: [ف صف] چھینکا چڑھا ہُوا۔ مُنہ بندھا ہُوا۔
دَہَن بند: [ف۔ امذ] نقاب۔ منہ پر باندھنے کا چھینکا۔
دَہَن تیغ۔ [ف۔ امذ] تلوار کی دھار۔
دَہَن دریدہ: [ف صف] مُنہ پھٹ۔ گُستاخ۔ بے شرم
دَہَن زخم: [ف۔ امذ] زخم کا شگاف
دَہَن زخم کا ہنسنا۔ [ار۔ محاورہ] زخم کا کھُل جانا۔
دَہَن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ: [ف۔ مثل] وہاں کہتے ہیں جہاں کسی شخص کی ایذا سے بچنے کے بدلے کچھ دیا جاتا ہے۔
دَہَن کھُلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دَہَن کھولنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَہَن کھولنا: [ار۔ محاورہ] مُنہ کھولنا۔ بات کرنا۔
دُہْن: [ع۔ امذ] ا۔ تیل (۲) ہلکی بارش جو زمین کو صرف نم کرے۔
دَہنا: [ار صفت]۔ راست۔ سیدھا ہاتھ۔
دَہنا قدم لینا: [ار۔ محاورہ] شرارت یا چالاکی کا قائل ہونا (۲) طنزاً تعظیم کرنا۔
دِہند: [ف۔ صف] دیکھئے "دِہندہ" جس کا یہ مخفف ہے۔
دِہندگان: [ف۔ اسم۔ فاعل] دیکھئے "دِہندہ" جس کی یہ جمع ہے۔
دِہندہ: [ف صف] ادا کرنے والا۔ دینے والا۔
دَہنی: [ار۔ امث] دیکھئے "دَہنا" جس کی یہ تانیث ہے۔
دَہنی ہتھیلی کا تل۔ [ار۔ محاورہ] وُہ تل جس کو دولتمندی اور سخاوت کا تل سمجھا جاتا ہے۔
دُہنیت: [ع۔ امث] چکنائی۔ چکناہٹ۔ روغن۔ چربی
دَہی: [ار۔ امذ] جما ہُوا دُودھ
دَہی جمانا: [ار۔ محاورہ] دُودھ میں تھوڑی سی کھٹائی ڈالنا تاکہ وہ جم جائے۔
دَہی دَہی کرنا: [ار محاورہ] کسی پوشیدہ بات کو جا بجا مشتہر کرتے پھرنا۔
دَہی مچھلی۔ [ار کلمہ شگون] نیک شگون
دَہی مچھلی کی مٹکی: [ار۔ امث] ساچق کے روز مٹکی میں دہی بھر کر اور ساتھ ایک مچھلی لٹکا کر دُولہا کے گھر جانے کی رسم۔
دَہے۔ [ار۔ امذ] محرم کے پہلے دس دِن۔ تعزیئے۔
دُہیا۔ [ھ۔ امذ] دُودھ دینے والا جانور
دَہیز: [ار۔ امذ] دیکھئے "جہیز" جو صحیح ہے۔
دَہیلا: [ار۔ صف ق] ا۔ سختی جھیلنے والا (۲) نیند بھرا۔
دَہیم: [ف۔ امذ] دیکھئے "دیہیم"
دَہینڈلی: [ھ۔ امث] وُہ برتن جس میں دُودھ جمائیں۔ مٹی کی بڑی سی ہانڈی۔
دَہینگر: [ھ۔ امذ] وُہ برتن جس میں دہی رکھتے ہیں۔

د — ھ

دَھا: [ھ۔ امذ] ترانہ۔ سُر۔ لَے۔ ترنگ۔ آہنگ۔ (۲) ہندی موسیقی کی سرگم کا چھٹا سُر جو "دھیوت" کی تخفیف ہے (۳) دُودھ پلانے والی۔
دَھا بھائی: [ھ۔ امذ] دیکھئے "دُودھ بھائی"
دَھا بہن: [ھ۔ امث] دیکھئے "دُودھ بہن"
دَھابا: [ھ۔ امذ] مٹی کی کچی چھت۔ کچا کوٹھا جو اناڑی نے بنایا ہو (۲) رسوئی۔ باورچی خانہ (۳) باورچی کی دُکان (۴ ق) پہلی نظر۔
دَھابڑی / دَھابلی۔ [ار۔ امث] دڑبا۔ مُرغیوں، کبُوتروں کا ڈربا۔
دَھاپ: [ھ۔ امث] ا۔ وُہ فاصلہ جو انسان ایک سانس دوڑ کر طے کر سکے۔
دَھاپنا: [ھ مص] عاجزی کرنا۔ تھکنا (۲) سیر ہونا (۳) تسلی کرنا۔ ۴۔ بھر جانا۔
دَھات: [ھ۔ امث] وُہ معدنی جوہر جس میں پگھلنے کی صلاحیت ہو۔ جیسے سونا۔ چاندی (۲) منی۔ نطفہ (۳ ق) طور۔ طریقہ
دَھات آنا: [ار۔ محاورہ] پیشاب کے ساتھ منی خارج ہونا۔
دھات پشٹ: [ھ۔ امث] منی کو گاڑھا کرنے کی دوا۔ مغلظ منی۔
دُھات پچھین: [ھ۔ امث] جریانِ منی
دَھاچک۔ [ھ۔ امذ۔ ق] اندیشہ۔ دہشت۔ خوف
دَھار: [ار۔ امث] لکیر۔ خط (۲) کسی رقیق چیز کی ٹلی (۳) دریا کا وسط یا بہاؤ۔ (۵) پہاڑوں کا سلسلہ (۶) دُودھ یا شراب جو دیوتا کو چڑھائی جائے (۷) بارش کا چھینٹا (۸) حد (۹) کسی ہتھیار کی آب۔ تیزی یا کاٹ۔ باڑھ۔
دَھار اُلٹ جانا: [ار۔ محاورہ] باڑھ کُند ہو جانا۔ دھار کُند ہو جانا۔
دھار باندھنا: [ار۔ محاورہ] سحر یا افسوں کے زور سے تلوار کی دھار کُند کر دینا۔
دَھار بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دھار باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَھار بیٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] دھار کُند ہو جانا۔
دَھار پر نہ مارنا: [ار۔ محاورہ] پروا نہ کرنا۔ خاطر یا خیال میں نہ لانا (۲) نالائق سمجھنا۔
دَھار چڑھانا۔ [ار محاورہ] دیوتا یا گنگا جمنا پر منت مان کر دُودھ کی دھار ڈالنا۔
دَھار چڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "دھار چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَھار چھوٹنا۔ [ار۔ محاورہ] زور سے دھار نکلنا۔
دَھار دار۔ [ار صف] تیز۔ باڑھ دار
دَھار دھرا: [ار۔ امذ] وُہ حد جو چشمے کے جاری ہونے سے بن جاتی ہے۔
دَھار رکھنا / دھرنا: [ار۔ محاورہ] تیز کرنا۔ باڑھ رکھنا۔
دَھار کرنا: [ار۔ محاورہ] کُند ہونا۔ دندانے پڑنا
دَھار لگانا۔ [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دھار مارنا"
دَھار لینا: [ار۔ محاورہ] تھنوں میں سے دُودھ کی دھار مُنہ میں لینا۔
دَھار مارنا: [ار۔ محاورہ] پیشاب کرنا۔ موتنا
دَھار نکالنا: [ار۔ محاورہ] دُودھ نکالنا (۲) تیز کرنا
دھار نہ مارنا: [ار محاورہ] پروا نہ کرنا۔
دَھارا: [ار امذ] چشمہ۔ سوتا۔ بہاؤ۔ منبع۔ آبشار۔ پانی بہنے کی جگہ۔ دریا کے وسط میں پانی کا بہاؤ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ سلسلۂ کوہ۔

دَھارَم دھار / دھاروں رونا: [ا. محاورہ] بہت رونا۔ اِس قدر رونا کہ آنسوؤں کا تار نہ ٹوٹے

دَھار مِک: [ہ. صف] نیک صالح۔ نیک چلن (۲) منصف (۳) مذہبی

دَھارَن: [ہ. امث] پکڑ (۲) برداشت (۳) قبضہ (۴) حصول (۵) ذمہ (۶) بچاؤ (۷) پہناوا (۸) سوچ۔

دَھارَن کرنا: [ا. محاورہ] اختیار کرنا (۲) قبول کرنا (۳) توڑنا۔

دَھارنا: [ہ. مص] اختیار کرنا (۲) رکھنا (۳) کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا (۴) پرورش کرنا۔ پالنا۔ سنبھالنا۔

دَھاری: [ہ. امث] لکیر خط (۲) نالی (۳) چھوٹا۔ پُشتہ (۴) فرج (۵) حد۔ کنارہ (۶) [س صف] پکڑنے والا۔

دھاری دار: [ہ ف. صف] وُہ شے جس پر خط پڑے ہُوئے ہوں (ترکیب غلط ہے)

دَھاڑ: [ہ. امث] ہجُوم۔ انبوہ۔ مجمع چوروں کا۔ جتھا (۲) اولاد کی کثرت (۳) جلدی (۴) اشد ضرورت (۵) بیقراری (۶ق) مُشکل۔ مُصیبت۔

دَھاڑ پڑنا: [ا. محاورہ] چوروں کے گروہ کا حملہ کرنا۔ جلدی ہونا

دَھاڑ کی دھاڑ: [ہ. امث] مجمع۔ انبوہ۔ جم غفیر

دَھاڑ مارنا: [ا. محاورہ] ڈاکا مارنا (۲) دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا۔

دَھاڑا: [ہ. اند] لُوٹ کا مال غنیمت کا مال (۲) ظلم۔ زبردستی (۳) مجمع گروہ (۴) ڈاکا۔

دَھاڑا مارنا: [ا. محاورہ] حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا۔

دَھاڑی: [ہ صف] نامی چور لٹیرا۔ ڈاکو

دَھاک: [ہ. امث] شہرت۔ شہرہ۔ غلغلہ۔ دھوم (۲) ڈر۔ خوف (۳) رُعب داب۔ دبدبہ (۴) شان و شوکت۔

دَھاک باندھنا: [ا. محاورہ] رُعب بٹھانا۔ سِکہ بٹھانا۔

دَھاک بندھنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "دھاک باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَھاک بٹھانا: [ا. محاورہ] دیکھئے "دھاک باندھنا"

دھاک بیٹھنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "دھاک بندھنا"

دَھاک جمانا: [ا. محاورہ] دیکھئے "دھاک باندھنا"

دھاک جمنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "دھاک بندھنا"

دھاک ہونا: [ا. محاورہ] شہرہ ہونا۔ رُعب ہونا۔

دھاکے دینا: [ا. محاورہ] خوف دلانا۔ فریب دینا

دَھاگا: [ہ. اند] ڈور۔ سُوت کا دھاگا [افعال: باندھنا۔ پرونا۔ ڈالنا۔] (۲) فریب۔ دھوکا (افعال دینا)

دَھام: [ہ. اند] گھر۔ جگہ (۲) دھوم کا تابع مہمل۔

دَھامَن: [ہ. امث] ایک قسم کا لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینسوں کی ٹانگوں کو جکڑ کر دُودھ پی جاتا ہے (۲) ایک قسم کا بانس جس سے کمان اور غُلیل بناتے ہیں (۳) ایک قسم کی عمدہ گھاس (۴) قاصد

دَھاں: [ہ. امث] توپ۔ بندوق کی آواز

دَھان: [ا. اند] ۱. چھلکوں سمیت چاول۔ ۲. چاول کا پودا

دَھان پان: [ا. صف] دُبلا۔ پتلا۔ لاغر۔ نازک

دھانْدَل: [ہ. امث] ۱. بے ایمانی۔ مکر۔ فریب (۲) حیلہ۔ حُجت (۳) جھگڑا۔ ٹنٹا

دھانْدَل باز: [ہ. ف صف] بے ایمان۔ مکار (۲) جھگڑالو۔ حُجتی (ترکیب غلط ہے)

دَھانْدَل پَنا: [ہ. اند] دیکھئے "دھاندل"

دھانْدَل لانا: [ا. محاورہ] جھگڑا لانا۔ تکرار کرنا۔ حُجت کرنا۔

دھانْدَل مچانا: [ا. محاورہ] جھگڑا پھیلانا۔ بدمعاملگی کرنا۔

دَھانْدلی / دھاندھلی: [ہ. امث] ا. صحیح بات کو چھپانا (۲) دیکھئے "دھاندل" (افعال: کرنا)

دَھانْدلیا / دھاندھلیا: [ہ. صف] صحیح بات کو چھپانے والا۔

دَھانس: [ہ. امث] ا. خشک تمباکو یا مرچ کی تیز بُو۔ جس سے کھانسی اُٹھے۔ (۲) ہلکی کھانسی (افعال: چڑھنا)

دھانسنا: [ہ. مص] ا. دھسانا۔ ٹھونسنا (۲) گھوڑے بیل وغیرہ کا کھانسنا

دَھانسی: [ہ امث] گھوڑے وغیرہ کی کھانسی۔

دَھانُک: [ہ. صف] تیرانداز۔ تیر و کمان سے مسلح چوکیدار۔

دَھانگر / ڈھانگڑ: [ہ. اند] ایک قوم جس کا کام کنوئیں تالاب وغیرہ کھودنا ہے۔

دَھانی: [ا. صف] ا. ہلکا سبز (۲) دھان بونے کے قابل زمین (۳) ایک قسم کا چاول۔

دَھاوا: [ا. اند] چڑھائی بڑا حملہ

دَھاوا بول دینا: [ا. محاورہ] حملہ کر دینا۔ چڑھائی کرنا۔

دَھاوا کرنا: [ا. محاورہ] چڑھائی کرنا۔ یورش کرنا۔

دَھاوا مارنا: [ا. محاورہ] ا. دُور تک یورش کرنا (۲) بڑا لمبا سفر کرنا۔

دَھاوَت: [ہ. اند] ا. شہدوں کا سردار (۲) چُست۔ چالاک (۳) بے اعتدال بلانوش

دَھائیں: [ا. صوت. مث] توپ، بندوق وغیرہ کی آواز۔

دَھائیں دھائیں: [ا. صوت. امث] توپ، بندوق وغیرہ کی متواتر آواز۔

دھائیں دَھائیں کرنا: [ا. محاورہ] چائیں چائیں کرنا۔ شور مچانا۔ اپنے مطلب کی بات بکے جانا۔

دَھائیں سے: [ا. متعلق. فعل] دھائیں کی آواز کے ساتھ۔

دَھبّا: [ا. اند] ا داغ۔ نشان ٹیکا (۲) عیب (۳) بیجا تہمت۔

دَھبّا پڑنا: [ا. محاورہ] داغ لگنا۔ نشان پڑنا۔

دھبّا دینا: [ا. محاورہ] دھبّا ظاہر کرنا۔ دھبّا نمایاں کرنا۔

دَھبّا لگانا: [ا. محاورہ] عیب لگانا۔ کلنک لگانا۔ بدنامی دینا۔

دَھبّا لگنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "دھبا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَھب دَھب: [ا. صوت] بھدّے اور موٹے آدمی کے پیروں کی آواز۔

دَھب دَھبانا: [ا. مص] پاؤں سے دھب دھب کی آواز نکالنا۔

دَھب دَھباہٹ: [ا. صوت امث] "دھب دھب" کی آواز۔

دُھبَڑ دَھبَڑ: [ا. صوت. مث] دیکھئے "دھب دھب"

دُھبلا: [ہ صف] ا. عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا تہ بند یا لہنگا (۲) بے قطع ڈھیلا پاجامہ

دَھپ: [ہ. امث] ا. آواز۔ شور۔ بھاری جسم کے گرنے کی آواز۔ (۲) دھول۔ تھپیڑ (افعال: دینا۔ لگانا۔ مارنا (۳) نقصان۔ خسارہ۔

دَھپّا: [ہ. اند] ا. تھپیڑ۔ دھول۔ چانٹا (۲) نقصان۔ خسارہ۔ ضرر (۳) دغا۔ فریب (۴) دُوری۔ بُعد۔ فاصلہ (افعال: لگانا۔ مارنا)

دھپاڑ: [ہ. امث] دوڑ (مرکبات میں آتا ہے)

دَھپانا: [ہ. مص] چانٹے مارنا۔ تھپیڑ مارنا

دَھپٹنا: [ہ. مص] ۱. دھپ مارنا (۲) بھرنا (۳) بھرا جانا (۴) مُرکتانا۔ تھکنا۔

دپھجلا: [ار. مص] تھپیڑ لگائے جانا۔

دُھت: [ہ. امث] خراب عادت۔ لت۔ دُھن

دُھت پڑنا / لگنا: [ار. محاورہ] عادت ہونا۔ لت لگنا۔ رلیے

دَھت: [ار. اصوت. مث] ایک کلمہ جو فیل بان ہاتھی کو چلانے کے کہتے ہیں

دُھت: [ار. صف] نشہ میں چوُر

دُھتا: [ہ. اند] اُٹھال مٹول (۲) دھتکار۔ دور دیک۔ اخراج

دَھتا بتانا: [ار. محاورہ] ٹالنا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۳) نکال دینا

دُھتا: [ہ. اند] دغا۔ فریب دھوکا (افعال، دینا)

دُھتکار: [ہ. امث] لعنت ملامت۔

دُھتکار بتانا: [ار. محاورہ] ذلیل کر کے نکال دینا

دُھتکارنا: [ہ. مص] لعنت ملامت کرنا۔ نکالنا

دَھتورا [ہ. اند] ۱. ایک خاردار زہریلا پودا، جس کا بیج نشہ آور ہوتا ہے۔ یہ دواؤں میں استعمال ہوتا ہے (۲) ق فریب۔ دھوکا۔

دَھتوریا: [ہ. صف] ٹھگوں کی ایک قسم۔ یہ لوگ مسافروں کو دھتورا کھلا کر لوٹ لیتے تھے۔ دَھتیا: [ہ. صف] عادی۔

دُھتیا: [ہ. امث] دیکھئے "دھوتی" جس کی یہ تصغیر ہے

دُھتیا پرشاد: [ہ. صف] دھوتی پہننے والا۔ ہندو (مزاحاً)

دُھتیارا: [ار. صف. ق] دغاباز۔ فریبی

دُھتائی: [ار. امث. ق] دیکھئے "ڈھٹائی"

دَھٹی: [ار. امث ق] علم کو آراستہ کرنے کا کپڑا۔ پٹکا۔

دَھٹینگڑ: [ہ. صف] ۱. مضبوط۔ تنومند۔ بھاری (۲) متکبر۔ گھمنڈی

دَھج: [ار. امث] ۱. طرز۔ روش۔ انداز (۲) وضع (۳) پوشاک (۴) نشست

دَھج بدلنا: [ار. محاورہ] ۱. صورت بدلنا (۲) لباس بدلنا (۳) طرز بدلنا (۴) ٹھاٹھ بدلنا۔

دَھج بنانا: [ار. محاورہ] وضع بنانا۔

دَھج بھنگ: [ہ. اند] نامردی۔ کمزوری۔

دَھج نکالنا: [ار. محاورہ] نئی وضع پیدا کرنا

دھجی: [ار. امث] کاغذ یا کپڑے کی لمبی پٹی۔ کترن جس میں عرض کم ہو

دھجی ہو جانا: [ار. محاورہ] بہت لاغر یا دُبلا ہونا ضعیف یا کمزور ہونا۔

دھجیاں اڑانا: [ار. محاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پُرزے پُرزے کرنا۔ (۲) سخت سزا دینا (۳) ذلیل کرنا، رسوا کرنا (۴) نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔

دھجیاں اُڑنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "دھجیاں اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دھجیاں بکھیرنا: [ار. محاورہ] اُدھیڑنا۔ منتشر کرنا۔ افشائے راز کرنا۔ توہین کرنا۔

دھجیاں کرنا: [ار. محاورہ] دھجیاں اڑانا۔ پرزے پرزے کرنا۔

دھجیاں (تن پر) لگانا: [ار. محاورہ] پھٹے ہوئے کپڑے پہننا۔

دھجیاں لگنا: [ار. محاورہ] نہایت غریب یا مفلس ہونا (۲) کپڑے پھٹ جانا۔

دھجیاں لینا: [ار. محاورہ] کپڑوں کا پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

دھجیاں ہونا: [ار. محاورہ] پُرزے پُرزے ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

دَھجیر: [ار. امث] عو۔ دیکھئے "دھجی"

دھجیلا: [ہ. صف] خوش اندام۔ سجیلا۔ بانکا۔ جامہ زیب

دَھچکا: [ار. اند] صدمہ۔ دھکا۔ (۲) جھٹکا۔ ہچکولا (۳) نقصان۔ گھاٹا۔ (افعال، دینا۔ لگنا۔ اُٹھانا)

دَھچکانا: [ار. مص. ق] ڈرانا۔ ڈرنا۔

دَھدھک: [ار. امث] جلتی ہوئی آگ کا شعلہ

دھر: [ار. فعل] دھرنا مصدر کا صیغہ امر جو دوسرے مصدروں کے ساتھ مل کر ان کے معنوں میں زور پیدا کر دیتا ہے مثلاً دھر گھسیٹنا۔ (۲) ق طرف۔ نزدیک (۳) "دھار" کا مخفف۔

دَھر پکڑ: [ار. امث] گرفتاری

دَھر پکڑنا: [ار. محاورہ] گرفتار کر لینا۔ جلدی سے پکڑنا (۲) پھانس لینا۔

دَھر چھوڑنا: [ار. محاورہ] رکھ لینا۔

دَھر دبانا: [ار. محاورہ] دبوچ لینا۔ مغلوب کر لینا۔

دَھر دَھر پھولو: [ار. کلمہ دعا] بہت دولتمند ہو جاؤ۔ بہت امیر ہو۔ خوب دولت بڑھے۔

دَھر دَھر کے پینا: [ار. محاورہ] زور سے پینا (۲) ظلم کرنا۔

دھر دھمکنا: [ار. محاورہ] دفعتہً آجانا۔ جا پہنچنا۔

دَھر رکھنا: [ار. محاورہ] رکھ چھوڑنا۔ چھپا رکھنا (۲) تھام لینا۔ پکڑ رکھنا۔

دَھر رگڑنا: [ار. محاورہ] بُری طرح رگڑنا۔ خوب ذلیل کرنا۔

دَھر کے کسنا: [ار. محاورہ] سخت پکڑنا۔ سخت قابو کرنا۔

دَھر کے مروڑنا: [ار. محاورہ] زور کر کے مروڑنا۔

دَھر گھسیٹنا: [ار. محاورہ] زور سے گھسیٹنا

دھر لپکنا: [ار. محاورہ] سب کام چھوڑ چھاڑ کر لپکنا، بھاگنا۔

دھر لینا: [ار. محاورہ] رکھ لینا (۲) خوب خبر لینا (۳) قائل کرنا (۴) متواتر حملہ کرنا۔ پکڑنا۔

دُھر: [ار. اند] بُعد مسافت (۲) اختتام۔ سیدھا راستہ جو منزل تک پہنچ جائے۔

دُھر بنگا: [ار. اند] جھوٹ بات۔ بے اصل بات۔

دُھر درگاہ: [ار. امث] منزل مقصود (۲) آخری منزل۔

دُھر سے۔ [ار. متعلق. فعل] ابتدا سے۔ شروع سے۔

دُھر سے دُھر تک / دُھر ادُھر: [ار. متعلق فعل] شروع سے آخر تک۔

دُھر کا: [ار. صفت] اعلیٰ درجہ کا۔ چوٹی کا۔

دُھر کی ٹوٹنا [ار. محاورہ] شروع سے ہی کام خراب ہو جانا (۲) زندگی کا خاتمہ ہو جانا۔

دُھر کی ٹوٹی نہیں جُڑتی: [ار. مثل] تقدیر ہی خراب ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا۔

دُھرا: [ار. صفت] ۱. محور۔ زمین کا وہ فرضی اور وہمی خط جو زمین کے مرکز سے گزر کر قطبین تک پہنچتا ہے۔ اور زمین اس کے گرد حرکت کرتی ہے۔ (۲) وہ سلاخ جس پر پہیہ پھرتا ہے۔

دَھرا جانا: [ار. محاورہ] پکڑا جانا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

دھرا جائے نہ اٹھایا جائے / دھری جائے نہ اٹھائی جائے: [ار. مثل] بہت پیچ دار ہے۔ پیچھا چھڑانا مشکل ہے۔

دھرا ڈھنگا: [ا۔ صف] رکی رکھایا۔ بچا کچا

دھرا رہنا / دھری رہنا: [ا۔ محاورہ] رکھا رہنا۔ بیکار رہنا۔ معطل ہونا۔ بے سود ہونا

دھرا کیا ہے: [ا۔ محاورہ] کیا خاص بات ہے (۲) کچھ موجود نہیں (۳) کچھ طاقت نہیں۔

دھرانا: [ا۔ مص] کسی کے پاس کچھ امانت رکھنا (۲) کسی کا مقروض ہونا

دھرانا: [ا۔ مص] دھمکی دینا۔ ڈرانا۔

دھراہر: [ھ۔ امث] مکان کی کرا خلوت گاہ

دھراؤنا: [ھ۔ امث] وہ عورت جس کی دوسری شادی ہوئی ہو (۲) دوسری شادی

دھرپت / دھرپد: [ھ۔ امث] کلاسیکی موسیقی کا ایک قدیم انداز یا راگ۔

دھرپدیا / دھرپدیا: [ہ۔ صف] دھرپت گانے والا

دھرت: [ھ۔ امث۔ ق] دھرتی۔ زمین

دھرتا: [س۔ اند] مددگار۔ بچانے والا (۲) محافظ (۳) مقروض (۴) پکڑنے والا (۵) ہٹ کرنی۔ کمیشن۔ بٹا۔

دھرتری: [ھ۔ امث۔ ق] زمین۔ دھرتی

دھرتی: [ھ۔ امث] زمین (۲) مٹی۔ اراضی (۳) دنیا جہان۔

دھرتی کا پھول: [ھ۔ اند] ا۔ ککرمتا۔ کھمبی (۲) مینڈک (۳) نو دولت

دھرکار: [ھ۔ صف] وہ شخص جو نرکل سے چھپر بناتا ہے۔

دھرکت: [ھ۔ صف۔ ق] خیر۔ اچھائی بھلائی۔

دھرم: [س۔ اند] ایمان۔ عقیدہ۔ انصاف۔ پکا قانون (۲) رسم و رواج (۳) فرض (۴) مذہب۔ ملت (۵) حق۔ عدل۔ انصاف (۶) نیکی۔ نیک کام (۷) خاصیت۔ خصوصیت۔ نشان (۸) ایک خاص رسم (۹) بھینٹ۔

دھرم آتما: [ھ۔ صف] سخی۔ فیاض۔ نیک

دھرم اپدیش: [ھ۔ اند] مذہبی وعظ۔ دینی نصیحت (۲) دینی اخلاق ادب

دھرم اٹھانا: [ھ۔ محاورہ] قسم اٹھانا۔

دھرم ارتھ: [ھ۔ اند] خیراتی روپیہ۔ مال وقف

دھرم اوتار: [ھ۔ اند] مقدس۔ پاک۔ پوتر

دھرم باپ: [ھ۔ اند] منہ بولا باپ

دھرم بگاڑنا: [ھ۔ محاورہ] ایمان کھونا۔ دوسرے کا ایمان خراب کرنا۔ ۲۔ عورت سے زبردستی زنا کرنا۔

دھرم بیٹا: [ھ۔ اند] متبنیٰ۔ چیلا

دھرم پتر: [ھ۔ اند] وہ بیٹا جو فریضۂ مذہبی کی ادائیگی کے بدلے پیدا کیا جائے۔

دھرم پتنی: [ھ۔ امث] دھرم کے مطابق بیاہی ہوئی عورت۔ بیوی۔

دھرم پتی: [ھ۔ اند] وہ شخص جو فرض کے طور پر بیوہ کا خبرگیر ہو۔ شادی شدہ

دھرم تیاگ دینا: [ھ۔ محاورہ] دھرم چھوڑ دینا۔ دوسرا مذہب اختیار کر لینا۔

دھرم تیاگی: [ھ۔ صف] وہ شخص جو اپنا دھرم چھوڑ دے۔

دھرم چاری: [ھ۔ صف] نیک۔ صالح۔ پارسا

دھرم دھاری: [ہ۔ صف] ایماندار۔ پابند مذہب

دھرم دھکا: [ھ۔ اند] وہ صدمہ جو مذہب کے باعث پہنچے۔ ناحق کا دکھ

دھرم راج: [ھ۔ اند] عادل اور منصف بادشاہ۔ وہ حکومت جہاں پورا پورا انصاف ہو

دھرم رکھشا: [ھ۔ امث] دھرم یا قانون کی حفاظت کرنا۔

دھرم رکھشک: [ھ۔ صف] دھرم یا قانون کا محافظ

دھرم ربت: [ھ۔ امث] مذہبی رسم

دھرم سالا / شالا: [ھ۔ اند] مفت کا مسافر خانہ۔ خیراتی سرائے۔

دھرم سماج: [ھ۔ امث] مذہبی سوسائٹی۔ مذہبی انجمن۔

دھرم سے: [ھ۔ متعلق فعل] ایمان سے۔ دیانت داری سے۔ قسم سے

دھرم شاستر: [ھ۔ اند] مذہبی قوانین کا مجموعہ۔ منو کی کتاب قوانین۔

دھرم کرنا: [ھ۔ محاورہ] کوئی فرض ادا کرنا (۲) انصاف کرنا (۳) نیکی کرنا۔ نیک کام کرنا (۴) خیرات کرنا۔

دھرم کمانا: [ھ۔ محاورہ] نیک کام کرکے اگلے جنم کیلئے پن کرنا (۲) نجات حاصل کرنا۔

دھرم گیانی: [ھ۔ اند] مذہبی عالم۔ عالم دین۔ مذہبی علم رکھنے والا۔

دھرم لگتی کہنا: [ھ۔ محاورہ] ایمان سے کہنا

دھرم مول: [ھ۔ اند] اصول دین

دھرم یدھ: [ھ۔ مث] مذہبی جنگ۔ جہاد

دھرماتما: [ھ۔ صف] دیکھئے "دھرم آتما"

دھرما دھرمی: [ھ۔ اند] عہد پیمان۔ قسما قسمی

دھرمی: [ھ۔ صف] قانون کی پابندی کرنے والا (۲) نیک (۳) متقی پرہیزگار (۴) مقدس پاک

دھرن: [ھ۔ امث] زمین (۲) بچہ دان۔ رحم (۳) ناف (۴) شہتیر (۵) آنکھ کا تل ۔ ۔ ۔

دھرن ٹلنا: [ھ۔ محاورہ] ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

دھرنا: [ھ۔ مص] رکھنا۔ جمانا۔ لگانا۔ قائم کرنا (۲) سپرد کرنا۔ امانت رکھنا (۳) ۔ ۔ ۔ حمایت میں رکھنا (۴) قبضہ کرنا۔ گرفتار کرنا (۵) حاصل کرنا (۶) ۔ ۔ ۔ غور کرنا۔ کسی کام میں دل لگانا۔ بہتان لگانا (۸) نام رکھنا (۹) کسی جگہ زبردستی بیٹھ جانا۔

دھرنا دے کر بیٹھنا / دینا: [ا۔ محاورہ] جم کر بیٹھنا۔ مضبوط ارادہ کرکے بیٹھنا۔

دھرن ہار: [ھ۔ صف۔ ق] دھرنے والا۔

دھروا دینا: [ھ۔ محاورہ] رکھوا دینا۔ گرفتار کروا دینا۔

دھروانا: [ھ۔ مص] رکھوانا۔ پکڑوانا۔

دھروٹ: [ھ۔ امث۔ ق] بوٹی

دھرونا: [ھ۔ امث] ہندو لڑکی کی دوسری شادی۔

دھروہر: [ھ۔ امث] امانت۔ تحویل (۲) گروی رکھی ہوئی چیز۔

دھری: [ھ۔ امث] دیکھئے "دھرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

دھرے جانا: [ا۔ محاورہ] کسی آفت میں مبتلا ہونا۔ گرفتار ہونا۔ پکڑا جانا۔ قید ہونا۔

دھرے اڑانا: [ا۔ محاورہ] زدوکوب کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا۔

دھریجا: [ھ۔ اند] ہندو بیوہ کا دوسرا خاوند۔

دھڑ: [ھ۔ مذ] بدن۔ جسم (۲) بدن کا بلا سر کا حصہ (۳) طرف۔ جانب۔ (۴) ایک قسم کا ڈھول (۵) پہلو۔ چہرہ (۶) جماعت۔ فریق (۷) اسٹ گرنے کی آواز (۸) تھپڑ وغیرہ کی آواز (۹) سخت مضبوط۔ پکا (۱۰) ٹھوس (۱۱) حد سے زیادہ (۱۲) تند۔ تیز۔

دھڑ توڑ: [ھ۔ اند] کشتی کا ایک داؤ

دھڑ جیتو کو لڑانا: [ھ۔ محاورہ] سوچنا۔ غور کرنا۔ فکر کرنا۔

دھڑ دھڑ: [ھ۔ اند] سخت شور یا کھڑ کھڑ کی آواز (۲) دروازہ

کھٹکھٹانے کی آواز (۳) آگ جلنے کی آواز (۴) کانپنا۔ تھرتھرانا (۵) زور سے۔ تیزی سے۔ شور کے ساتھ

دَھڑ دَھڑ جلنا: [ھ۔ محاورہ] بہت تیزی سے جلنا۔ ایسا جلنا کہ شعلوں سے آواز نکلے

دَھڑ دَھڑ رہنا: [ار۔ محاورہ] دھڑکنا۔ بھڑکنا۔ پھڑپھڑانا۔

دَھڑ دَھڑ کانپنا: [ار۔ محاورہ] بہت کانپنا۔ تھرتھرانا

دَھڑ دَھڑ کرنا: [ار۔ محاورہ] زور سے دروازہ کھٹکھٹانا (۲) ڈھول بجانا

دَھڑ رہ جانا: [ار۔ محاورہ] جسم کا حرکت نہ کرنا۔ فالج ہو جانا۔

دَھڑ سے گرنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا زور سے گرنا

دَھڑ کے اندر لینا: [ار۔ محاورہ] ہضم کر لینا۔

دھڑ میں اُتارنا: [ار۔ محاورہ] نگلنا۔ کھانا

دھڑ میں پڑنا: [ار۔ محاورہ] پیٹ میں جانا۔

دَھڑا: [ھ۔ اند] وزن۔ بوجھ (۲) پانچ سیر کا وزن (۳) پاسنگ۔ برابر کرنے کا وزن (۴) جماعت۔ فریق۔

دَھڑا اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] تولنا۔ وزن کرنا۔

دَھڑا باندھنا: [ار۔ محاورہ] پاسنگ سے کسی چیز کا وزن برابر کرنا (۲) گروہ بندی کرنا۔

دَھڑا بندی: [ار۔ امث] گروہ بندی۔ جانب داری

دَھڑا دَھڑ: [ار۔ صف] کسی چیز کے برابر گرنے کی آواز۔ ماتم کی آواز پے در پے آواز۔

دَھڑا دَھڑی: [ار۔ امث] توپوں بندوقوں کی آواز۔ دھماکہ۔ سب مال لوٹ لینا

دھڑا دَھڑی بجنا: [ار۔ محاورہ] کثرت سے بکواس کرنا۔

دَھڑا دَھڑی کا ماتم: [ار۔ اند] سخت ماتم

دھڑے بندھ جانا: [ار۔ محاورہ] دو گروہ یا فریق ہو جانا۔ بگاڑ یا نفاق ہو جانا

دَھڑاکا: [ھ۔ اند] زور کی آواز۔ دھماکا (۲) ہلے کا زور۔ لڑائی کا شور۔ جوش

دھڑا کے سے: [ھ متعلق فعل] جلدی سے۔ پھرتی سے

دَھڑال: [ھ۔ اند۔ ق] دھماکا

دَھڑام: [ھ۔ امث] بھاری چیز کا پانی میں یا زمین پر گرنا اور اس کی آواز۔

دھڑام سے: [ھ۔ متعلق فعل] زور سے۔ آواز کے ساتھ۔

دَھڑ دھڑانا [ھ۔ مص] ۱۔ دروازہ کھٹکھٹانا (۲) ڈھول بجانا (۳) کسی چیز پر کوئی چیز مارنا (۴) پھڑکنا۔ دھڑکنا۔ پھڑپھڑانا۔

دَھڑک: [ھ۔ امث] پھڑک۔ بیقراری۔ بے چینی (۲) خوف۔ ڈر۔

دَھڑکا: [ھ۔ اند] خوف۔ ڈر (۲) دل کی دھڑکن (۳) زور کی آواز۔ دھماکا گرج۔ کڑک (۴) دھڑکا (افعال۔ لگنا۔ ہونا)

دَھڑکا دینا: [ار۔ محاورہ] ڈرانا۔ دہلانا

دَھڑکا رہنا: [ار۔ محاورہ] خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا

دھڑکوں میں جان دینا: [ار محاورہ] ہر وقت خوف ہونا۔

دھڑکانا: [ھ مص] ڈرانا۔ خوف دلانا۔ رُعب ڈالنا۔

دَھڑکن: [ھ امث] ہول۔ اختلاج۔ بے چینی۔ بے قراری۔ خوف

دَھڑکنا: [ار مص] خوف کھانا۔ ڈرنا۔ دہلنا۔ بیقرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ ۲۔ جلنا۔ سخت گرم ہونا (۴) غصے یا جوش میں ہونا۔

دَھڑگنی: [ھ۔ امث۔ ق] خاطر جمعی

دَھڑلّا: [ھ۔ اند] شان و شوکت۔ رُعب داب (۲) انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ (۳) زور۔ بہادری

دھڑلّے سے: [ھ۔ متعلق فعل] زور سے۔ علانیہ۔ بے باکانہ۔

دھڑلّے کا: [ھ۔ متعلق فعل] انبوہ۔ ازدحام۔ زور شور کا۔ بے دھڑک۔

دھڑی: [ھ۔ امث] ایک وزن جو عموماً پانچ سیر کا ہوتا ہے (۲) مِسّی کی تہہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں (۳) کپڑے کا کنارا۔

دَھڑی اُڑ جانا: [ھ محاورہ] ہونٹوں کی مسّی کی تہہ کا زائل ہو جانا۔

دَھڑیں بھرنا: [ھ۔ محاورہ] تولنا

دھڑی جمانا: [ھ۔ محاورہ] ہونٹوں پر مسّی کی تہہ چڑھانا یا جمانا۔

دھڑی جمنا: [ھ۔ محاورہ] دیکھئے "دھڑی جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دَھڑی دَھڑی کر کے لوٹ لینا: [ھ۔ محاورہ] سب کچھ لوٹنا۔ کچھ نہ رہنا۔

دُھس: [ھ۔ اند] دریا کے کنارے یا پہاڑ کی ڈھلوان جگہ (۲) قلعہ۔ پُشتہ ۳۔ ریت کا اونچا میدان

دُھس بنانا: [ھ۔ محاورہ] پُشتہ بنانا۔ مٹی چڑھا دینا۔

دُھسّا: [ھ۔ اند] موٹی اُون کی چادر

دَھسان: [ھ۔ امث] دلدل۔ کیچڑ

دَھسانا: [ھ مص] بھرنا۔ ٹھونسنا۔ گھیڑنا (۲) دلدل میں پھنسانا۔

دَھساؤ: [ھ۔ اند] دلدل۔ نشیبی زمین

دَھسک: [ھ۔ امث] خفیف کھانسی۔ دھسنا۔ بیٹھ جانا۔

دَھسک جانا: [ھ۔ محاورہ] دیوار کا پھٹ جانا۔

دَھسکنا: [ھ مص] بیٹھ جانا۔ دھنس جانا۔ گر جانا۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ ۲۔ کھانسنا (۳) داخل ہونا۔ گھسنا

دَھسنا: [ھ۔ مص] گھسنا۔ گھس جانا۔ دلدل میں پھنسنا۔

دَھک: [ھ۔ صف۔ مث] حیران۔ متحیر (۲) صدمہ۔ خوف۔ ڈر (۳) چھوٹی ۲۔ جوں۔ لیکھ (۴) ف آگ۔ شعلہ

دَھک رہنا: [ار۔ محاورہ] حیران رہ جانا۔

دَھک سے رہ جانا۔ [ار۔ محاورہ] حیران ہو جانا۔ بھونچکا رہ جانا۔

دِھک: [س۔ امث] لعنت پھٹکار (۲) بددعا (۳) شرم حیا۔

دِھک کرنا: [ار۔ محاورہ] ملامت کرنا۔ تنبیہہ کرنا۔ لعنت کرنا۔ بددعا دینا۔

دَھکّا: [ھ۔ اند] صدمہ۔ ۲ ریلا۔ ۳۔ آفت۔ بلا (۴) حادثہ۔ ٹکر (۵) ضرر نوٹا (۶) ہچکولا (افعال۔ لگنا)

دَھکّا پڑنا: [ار۔ محاورہ] صدمہ پہنچنا۔ ہچکولا لگنا پڑنا۔

دھکا پیل / پیلی: [ار۔ اند۔ مث] ہجوم میں بہت دھکے لگنا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

دَھکا دھکی: [ار۔ امث] دیکھئے "دھکا پیل وغیرہ۔

دَھکّا دینا: [ار۔ محاورہ] ہچکولا دینا۔ دھکیلنا (۲) صدمہ پہنچانا۔

دَھکّا شیطان کا: [ار۔ اند] شیطان کا ورغلا کر خراب کرنا۔ شیطان کی مار۔

دَھکّے دینا: [ار محاورہ] ا۔ گردن سے پکڑ کر نکال دینا۔ ۲۔ ہچکولے دینا۔

دَھکّے کھانا۔ [ار۔ محاورہ] مارا مارا پھرنا۔

دِھکار: [س۔ اند] دیکھئے "دھک" (افعال۔ دینا)

دَھک۔ دَھکَ: [ہ۔ امث] دل کی دھڑکن۔ گھبراہٹ۔ بے چینی
دَھک دَھکَا: [ہ۔ امذ] اختلاجِ قلب۔ دل کی دھڑکن
دُھک دُھکانا: [ہ۔ مص] تیز جلنا۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔ ٹمٹمانا (۲) دھڑکنا
تھرتھرانا (۳) گھبرانا۔ بے چین ہونا
دَھک دَھکی: [ہ۔ امث] سوچ۔ غور۔ فکر (۲) دل کی دھڑکن
دُھک دُھکی: [ہ۔ امث] گلے کے نیچے کا گڑھا (۲) گلے کا زیور جس میں
ایسے چمکیلے نگ لگے ہوں جو اندھیرے میں چمکیں۔
دُھک دُھکی میں دم ہونا: [ار۔ محاورہ] نزع کی حالت ہونا۔ دم توڑنا۔
دُھکڑ پکڑ: [ہ۔ امث] دھڑکن۔ بیقراری (۲) پس و پیش۔ تذبذب۔ اُدھیڑبُن
دَھکَم دَھکّا: [ہ۔ امذ] دھکے پہ دھکا۔ ریلا پیلی۔ دھکا پیل۔ دھکے دینا۔
دَھکی: [ہ۔ امث ق] ہوش
دَھکے دینا: [ار۔ محاورہ] گردن سے پکڑ کر نکال دینا۔
دھکے کھانا / کھاتے پھرنا: [ار۔ محاورہ] مارے مارے پھرنا۔
دَھکیانا: [ار۔ مص] دھکا دینا۔ ریلنا۔ ٹھیلنا۔ پیچھے کو دھکیلنا۔
دَھکیل: [ار۔ امذ] دھکا۔ صدمہ
دَھکیلنا: [ار۔ مص] پیلنا۔ ریلنا۔ دھکا دینا
دَھکیلو: [ار۔ امذ] دھکا (۲) صف دھکا دینے والا (۳) صف آشنا یار
دَھکیلواں: [ار۔ متعلق فعل] دھکا دیتے ہوئے (۲) افراط سے۔ بہتات سے
دَھکّم دُھکّی: [ار۔ امث] دیکھئے "دُھک دُھکی (۲)" دیکھئے "دَھک دَھکی"
دَھگَڑ / دھگڑا: [ار۔ صف] ا۔ شوہر (۲) بدکار عورت کا یار۔ آشنا۔
دھگڑ باز / دھگڑی: [ار۔ امث] بدکار عورت۔ یار رکھنے والی۔
(دھگڑباز غلط ترکیب ہے۔)
دَھگی: [ار۔ امث۔ ق] آتش زن۔ آگ لگانے والا۔
دُھلانا: [ار۔ مص] دیکھئے "دھونا" جس کا یہ متعدی ہے
دُھلائی: [ار۔ امث] کپڑے یا کسی دوسری شے کے دھونے کی اُجرت۔ معاوضہ
دَھل دَھل: [ار۔ صف] زور سے بہنے والا۔
دُھلنا: [ار۔ مص] دھویا جانا۔ پانی سے کپڑے یا کسی شے کا صاف ہو جانا۔
دُھلوانا: [ار۔ مص] صاف کروانا۔
دُھلوائی: [ار۔ ا۔ معاوضہ۔ مث] دیکھئے "دُھلائی"
دُھلے دُھلائے: [ار۔ صف] دھوئے ہوئے۔ صاف کیے ہوئے
دُھلیا مِٹیا کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی جھگڑے پر خاک ڈالنا۔ بات دبانا۔ جھگڑا دبانا
دُھلینڈی: [ہ۔ امث] ہولی کا دوسرا دن جس میں ہندو ایک دوسرے
پر دُھول پھینکتے ہیں۔
دُھم: [ار۔ امث۔ ق] دُھوم
دَھم: [ار۔ اصوت۔ مث] آواز۔ شور۔ زور کی آواز۔ ڈھول کی آواز۔ گرنے یا
کودنے کی آواز (۲) صف پھونک مارنے والا (۳) پگھلانے والا (۴) چاند۔
دَھم دَھم: [ار۔ اصوت۔ مث] زور سے زمین پر پاؤں مارنے کی آواز۔
(۲) ڈھول کی آواز۔
دَھم دھمانا: [ہ۔ مص] پاؤں کو کھوکھلی زمین پر مار کر آواز پیدا کرنا۔ ۲۔
ڈھول بجانا (۳) دروازے پر ہاتھ مارنا۔

دھم دھماہٹ: [ار۔ اصوت۔ مث] سر کے اوپر کوئی آواز۔
دَھم سے: [ار۔ متعلق فعل] زور کی آواز سے۔ شور کرتے ہوئے (۲) یکایک فوراً
دھماچوکڑی: [ار۔ امث] شور و غل۔ اُچھل کود۔ ہنگامہ
دَھمادَھم: [ار۔ امث صوت] متواتر زور کی
دَھماکا: [ار۔ امذ] گرنے یا کودنے کی آواز (۲) توپ پٹاخے یا بم کی آواز۔
(۳) دیوار گرنے کی آواز (۴) زور کا طمانچہ (۵) ایک قسم کی توپ جو ہاتھیوں
پر لادی جاتی ہے ۶۔ پتھر۔ بندوق۔
دَھمال / دھمار: [ار۔ امث] اُچھل کود۔ شور و غل۔ دھما چوکڑی۔ ۲۔
ایک قسم کی ڈھول کی تال (۳) دھلینڈی کے دن کا راگ (۴) قلندروں
اور فقیروں کا ایک رقص (افعال: کرنا۔ کھیلنا)
دَھمالیا: [ار۔ صف] دھمال کرنے یا کھیلنے والا۔ آگ میں کودنے والا فقیر۔
دَھمیال: [ار۔ صف۔ ق] بہت موٹا۔
دَھم دُھوسَر: [ہ۔ صف] موٹا۔ ہٹا کٹا۔
دَھمَک: [ار۔ امث صوت] آہٹ (۲) پاؤں کی آواز (۳) صدمہ جو سخت
آواز سے دماغ کو پہنچے (۴) ہلکا دردِ سر۔ ٹیس (۵) دھڑکن (۶) گرم ہوا۔
(۷) چمک (۸) دھمکی۔ خوف۔ (۹) زمین کی ناہمواری۔
دَھمکا: [ار۔ اصوت۔ مث] دیکھئے "دھمک"
دھمکانا: [ار۔ مص] ڈرانا۔ خوف دلانا۔ ڈانٹنا (۲) سرزنش کرنا۔ تہدید کرنا۔
دَھمکنا: [ار۔ مص] صدمہ پہنچنا۔ درد ہونا (۲) کوئی چیز کوٹنا۔ یکایک کہیں پہنچ جانا۔
دَھمکی: [ار۔ امث] خوف۔ ڈر (۲) گھُرکی۔
دَھمکی دینا: [ار۔ محاورہ] ڈرانا۔ خوف دلانا
دھمکی میں آنا: [ار۔ محاورہ] ڈر جانا۔ رُعب مان جانا۔
دُھملا: [ہ۔ صف] دیکھئے "دُھندلا"
دَھموکا: [ہ۔ امذ] مُکا۔ گھونسا۔ صدمہ۔ آسیب (۲) ایک قسم کا دف۔
دَھن: [س۔ امذ] دولت۔ مال۔ جائداد (۲) برج قوس (۳) نصیب۔ بخت
(۴) مث بندوق یا توپ کی آواز (۵) ق عورت۔ محبوب
دَھن آنجن: [ہ۔ امذ] وہ سُرمہ جسے آنکھوں میں لگانے سے پوشیدہ خزانے نظر آئیں
دَھن باد: [ہ۔ امث] شکریہ (۲) تعریف۔ حمد
دَھن بھاگ: [ار۔ کلمہ تحسین] خوش قسمتی۔ خوش نصیبی۔
دَھنیال: [ار۔ صف۔ ق] شہوت پرست (۲) عورتوں کا شیدائی۔
دَھن پِپاسی: [ار۔ صف۔ ق] جو دولت کے خیال میں مست رہے۔
دَھن جُڑنا: [ار۔ محاورہ] دولت جمع ہونا
دَھن جوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دَھن جُڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
دَھن دَولت چلتی پھرتی چھاؤں ہے: [ار۔ مثل] دولت کا کوئی
اعتبار نہیں۔ آج ہے تو کل نہیں۔ آج ایک کے پاس ہے تو کل دوسرے کے پاس
دَھن لگانا: [ار۔ محاورہ] مال خرچ کرنا۔ زمیندار کا گائے بھینس وغیرہ قرض میں لینا
دِھن وان: [ہ۔ صف] دولت مند۔ امیر
دَھن ہے: [ہ کلمہ تحسین] آفرین ہے۔ شاباش (۲) طنزاً یہ کیا کیا۔
کام خراب کر دیا
دُھن: [ہ۔ امث] راگ کا انداز۔ لَے۔ طرز (۲) دھیان۔ خیال۔

۳. شوق۔ سرگرمی۔ اشتیاق (۴) عادت۔ لت (۵) خواہش ۶. گھبراہٹ ۸. تیز درد
دُھن باندھنا: [ار۔ محاورہ] خیال جمنا۔ لَو لگانا۔ تصوّر کرنا۔
دُھن بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے " دھن باندھنا " جس کا یہ لازم ہے
دُھن سَمانا: [ار۔ محاورہ] خیال بندھنا
دُھن کا پَکّا: [ار۔ صف] ارادہ کا پکّا۔ وہ شخص جو کسی خیال یا کسی کے پیچھے لگ جائے۔
دُھن لگنا: [ار۔ محاورہ] دھیان لگنا (۲) وحشت ہونا۔
دُھن ہونا: [ار۔ محاورہ] شوق ہونا۔ خیال ہونا
دَھن: [ہ۔ اند] دیکھئے " دَھان " جس کا یہ مخفف ہے۔
دَھن کُٹّی: [ہ۔ امث] دَھان کُوٹنے کا آلہ۔ یعنی اوکھلی اور مُوسل (۲) ایک چھوٹا کیڑا۔ ۳. وُہ شخص جسے بہت مار پڑتی ہو۔
دَھن کُٹّی کرنا: [ار۔ محاورہ] دھان کُوٹ کر صاف چاول نکالنا ۲. زدوکوب کرنا۔ خُوب پیٹنا
دھن کُٹّی ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے " دھن کُٹّی کرنا " جس کا یہ لازم ہے۔
دَھن کَر: [ہ۔ امث] وُہ زمین جس میں دھان بوتے جاتے ہیں۔
دَھنا: [ہ۔ اند] دولت مند۔ امیر (۲) دھرنا
دَھنا دینا: [ار۔ محاورہ] کسی کے دروازے پر کسی چیز کے تقاضے کے واسطے بیٹھے رہنا۔ موجُود رہنا۔ ہر وقت حاضر رہنا
دَھنا سیٹھ: [ہ۔ صف] بہت دولتمند۔ امیر (۲) کنایۃً مُفسد۔ شریر۔ سرکش۔
دُھنا: [ار۔ اند] رُوئی دُھننے والا۔
دُھنا سری: [ہ۔ امث] ۱. بھیرویں ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو رات کے وقت گائی جاتی ہے (۲) مُفسد۔ (۳) کُشتی کا ایک داؤں۔
دَھنتر: [ہ۔ صف] دولت مند۔ مال دار (۲) زبردست۔ سرکش۔
دَھنتر کی نکل جانا: [ار۔ محاورہ] شیخی جاتی رہنا۔ غرُور مٹ جانا۔
دُھند: [ار۔ اند] تاریکی۔ دُھندلاپن۔ کہر۔ ایک مرض جس سے آنکھوں کی روشنی میں کمی آ جاتی ہے
دُھند کا پسارا: [ہ۔ اند] اندھیری جگہ۔ دُنیا
دُھند کار: [ار۔ اند] اندھیرا
دُھند ہونا: [ار۔ محاورہ] اندھیرا ہونا (۲) مدہوش ہونا۔
دُھند: [ار۔ صف۔ ق] وحشت۔ شراب کے نشے میں چُور
دُھندا: [ہ۔ صف] اندھا۔ نابینا۔
دَھندا: [ار۔ اند] کام۔ کاروبار (۲) مصرُوفیت (۳) پیشہ۔ ہُنر
دَھندار: [ار۔ صف۔ ق] تنہا۔ نرالا۔ عجیب
دَھنداسی: [ار۔ امث۔ ق] بدحواسی (۲) بیوقوفی۔ حماقت
دُھندلا: [ار۔ صف] تاریک۔ اندھیرا بے نُور۔ غیر شفاف۔ گدلا۔
دُھندلاپن: [ار۔ اند] دیکھئے " دھندلا " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دُھندلا دِکھائی دینا: [ار۔ محاورہ] صاف نظر نہ آنا۔ کم نظر آنا۔
دَھندلا: [ار۔ اند] دھوکا۔ فریب۔ حیلہ
دَھندلانا: [ار۔ مص] دھاندلی کرنا۔ دھوکا کرنا۔
دُھندلانا: [ار۔ مص] دُھندلا ہونا۔ صاف نظر نہ آنا۔
دُھندلاہٹ: [ار۔ امث] دیکھئے " دُھندلاپن "
دُھندلکا: [ار۔ اند] علی الصبح۔ نُور کا تڑکا۔ شام کا وقت جب سُورج غروب ہو رہا ہے۔

دَھندلے: [ار۔ اند] دیکھئے " دھندلا " جس کی جمع ہے۔
دَھندلے باز ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت مکّار یا فریبی ہونا۔
دَھندھیلا: [ار۔ اند] مکّار۔ فریبی۔ عیّار
دَھنسنا: [ار۔ مص] گھسنا۔ گھُس جانا (۲) دَلدَل میں پھنسنا
دَھنک: [ار۔ امث] پتلا۔ لیس۔ گوٹا (۲) کمان۔ قوس (۳) قوس قزح۔ ۴. ایک قسم کی اوڑھنی (۵) کشیدے کا کام۔
دَھنک دَھاری: [ار۔ صف] کماندار۔ تیر و کمان سے مسلح آدمی
دُھنکنا: [ار۔ مص] روئی صاف کرنا (۲) خُوب مارنا۔ پیٹنا (۳) مہیب آواز نکالنا۔
دُھنکوانا: [ار۔ مص] دیکھئے " دُھنکنا " جس کا یہ متعدی ہے۔
دُھنکوائی: [ار۔ امث] رُوئی دھنکنے کی اُجرت۔
دُھنکی: [ار۔ امث] رُوئی دھنکنے کی کمان
دُھنکیا: [ار۔ صف] رُوئی دھنکنے والا
دِھنگا: [ار۔ صف۔ ق] قوی ہیکل۔
دُھنگار: [ار۔ اند] بگھار
دُھنگارنا: [ار۔ مص] بگھارنا۔ گھی داغ کر کے دال وغیرہ میں ڈالنا
دِھنگانا: [ار۔ مص۔ ق] چہل پہل
دَھنگر: [ار۔ اند۔ ق] چرواہا۔ گھوسی
دُھننا: [ار۔ مص] روئی دھنکنا (۲) مارنا۔ پیٹنا۔ ذلیل کرنا (۳) سوچنا (۴) کوشش کرنا (۴) ہلانا، جُنبش دینا۔
دُھنوَر: [ار۔ صف۔ ق] سیاہ
دَھنی: [ار۔ صف] خوش قسمت۔ صاحب نصیب۔ مالدار۔ دولتمند۔ آقا۔ مالک ۲. ماہر
دَھنی: [ار۔ امث] شہتیر (۲) کڑی
دَھنیا: [ار۔ اند] ایک خوشبودار پَودا، جس کے پتّے اور بیج سالن میں ڈالتے ہیں۔ کشنیز۔ کوتمیر
دھنیا باد: [ہ۔ امث] دیکھئے " دھن، باد "
دُھنیا: [ار۔ اند] روئی دھنکنے والا
دَھنیش: [ہ۔ اند] ایک بڑی چونچ کا پرندہ۔
دَھنیلا: [ہ۔ صف۔ ق] دھن والا۔
دُھنینی: [ار۔ امث] دیکھئے " دُھنیا " جس کی یہ تانیث ہے۔
دُھنیے کی کھوپری میں پانی پلانا: [ار۔ محاورہ] پیاسا مارنا۔ تنگ کرنا۔ (۲) دُشوار کام کا حکم دینا۔
دَھو: [ہ۔ اند] ایک درخت جس کی لکڑی جلاتے ہیں (۲) لوہے کا حلقہ جو پہیّوں پر چڑھاتے ہیں۔ ہال
دُھواں: [ار۔ اند] وہ کالے رنگ کے بُخارات جو کسی چیز کو جلاتے وقت اُٹھتے ہیں۔ دُود۔ دُخان (۲) صفت سیاہ
دُھواں اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دُھواں پیدا ہونا۔ آگ سلگنا (۲) آہ نکلنا۔
دُھواں اُڑنا: [ار۔ محاورہ] تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔
دُھواں بکھیر دینا: [ار۔ محاورہ] شکست دینا (۲) شیرازہ بکھیر دینا۔
دُھواں پھیلنا: [ار۔ محاورہ] کسی جگہ کا دھوئیں سے بھر جانا۔
دُھواں جانا: [ار۔ محاورہ] کھانے میں دھوئیں کی بُو پیدا ہونا۔

کسی جگہ کا دھوئیں کی وجہ سے سیاہ ہونا۔

دُھواں چھوڑنا: [ا ر. محاورہ] حقّے کا کش لگا کر دھواں کسی دُوسرے کی طرف چھوڑنا۔ کسی انجن یا مشین کا دھواں نکالنا۔

دُھواں دھار: [ا ر. صف] پُرجوش۔ نہایت سیاہ۔ تیرہ و تار۔ دھوئیں سے بھرا ہوا۔ دھوئیں کا بادل۔ نہایت غلیظ بادل۔

دُھواں دھار برسنا: [ا ر. محاورہ] زور شور سے برسنا

دُھواں دھار تقریر: [ا ر. امث] پُرجوش تقریر

دُھواں دھار گھٹا: [ا ر. امث] کالی گھٹا۔

دُھواں دھار ہو جانا: [ا ر. محاورہ] سخت اندھیرا ہو جانا۔

دُھواں دینا: [ا ر. محاورہ] جلنے سے دُھواں پیدا ہونا۔

دُھواں رہنا: [ا ر. محاورہ] دُھواں پیدا ہونا۔

دُھواں کرنا: [ا ر. محاورہ] کوئی چیز جلانا جس سے دھواں پھیل جائے۔

دُھواں لیک: [ا ر. صف] بہت حقّہ پینے والا

دُھواں نکلنا: [ا ر. محاورہ] جلنا۔ سُلگنا۔ دُھواں اُٹھنا

دُھواں ہو جانا: [ا ر. محاورہ] سیاہ پڑ جانا۔ رنگ کالا ہو جانا۔

دُھواں ہونا: [ا ر. محاورہ] دھوئیں کا پیدا ہونا۔

دُھوانا: [ا ر. مص] کھانے میں دھوئیں کی بُو آنا۔ دھوئیں کا کسی جگہ جم جانا۔

دُھوانسا: [ا ر. صف] دھواں رچا ہوا۔ دھوئیں کی سیاہی (افعال: جانا، ہونا)

دھوب: [ا ر. اند] دُھلائی۔ دھونا۔ دُھلاوٹ۔

دھوب پڑنا: [ا ر. محاورہ] دھویا جانا۔

دھوبن: [ا ر. امث] دیکھئے "دھوبی" جس کی یہ تانیث ہے (۲) ایک چڑیا

دھوبی: [ا ر. امذ] کپڑے دھونے والا۔

دھوبی پاٹ / پٹڑا: [ا ر. امذ] وہ سِل یا لکڑی کا تختہ جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں (۲) کشتی کا ایک پیچ۔

دھوبی پر بس نہ چلا گدھے کے کان کاٹے / مروڑے / اینٹھے: [ا ر. مثل] غصّہ ہمیشہ کمزور پر آتا ہے۔ زبردست کے سامنے پیش نہیں جاتی۔ **دھوبی کا چھیلا**: [ا ر. صف] بیگانے مال پر اترانے والا۔ (۲) وہ بانکا غیر موزوں لباس پہننے والا۔

دھوبی کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا: [ا ر. مثل] غیروں کا لباس غیر موزوں ہوتا ہے۔

دھوبی کا کُتّا گھر کا نہ گھاٹ کا: [ا ر. مثل] جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔ نکمّا اور بیکار آدمی۔ نہ ادھر کا نہ اُدھر کا۔

دھوبی کے گھر پڑے چور وہ نہ لُٹا لُٹے اور: [ا ر. مثل] پرایا مال لُٹانے والے کو کہتے ہیں۔

دُھوپ: [ا ر. امث] سُورج کی روشنی (۲) ایک قسم کی خوشبو جو ہندو پُوجا کے وقت جلاتے ہیں (۳) (دائو مجہول سے) ایک قسم کی تلوار جو سیدھی ہوتی ہے۔

دُھوپ آنا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ پھیلنا۔ سورج کا سامنے آ جانا۔

دُھوپ اُترنا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ پھیلنا۔ دُھوپ کی تیزی کم ہونا۔

دُھوپ اُٹھانا: [ا ر. محاورہ] تکلیف برداشت کرنا

دُھوپ اداس ہونا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ کی تیزی کم ہونا۔

دُھوپ پڑنا: [ا ر. محاورہ] گرمی ہونا۔ سخت دُھوپ ہونا۔

دُھوپ پہنچنا: [ا ر. محاورہ] سُورج کی روشنی کا کسی مقام پر پہنچنا۔

دُھوپ پھیلنا: [ا ر. محاورہ] سُورج کی روشنی پھیلنا۔

دُھوپ ٹلنا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ سرکنا

دُھوپ جلانا: [ا ر. محاورہ] خوشبو جلانا

دُھوپ چڑھنا: [ا ر. محاورہ] دن چڑھنا۔ سُورج نکلنا۔ کسی بلند مقام پر دُھوپ آنا

دُھوپ چڑھے: [ا ر. متعلق فعل] دن چڑھے۔

دُھوپ چھاؤں: [ا ر. امث] ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) روشنی اور سایہ۔

دُھوپ چھپنا: [ا ر. محاورہ] شام ہونا یا بادل آنے سے دُھوپ کا غائب ہونا۔

دُھوپ چھوڑنا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ پڑنے دینا۔

دُھوپ دان / دانی: [ا ر. امذ. مث] وہ برتن جس میں دُھوپ یا خوشبودار چیزیں ڈال کر جلاتے ہیں۔

دُھوپ دکھانا / دینا: [ا ر. محاورہ] کسی چیز کو دُھوپ میں رکھ کر سکھانا۔

دُھوپ ڈھلنا: [ا ر. محاورہ] زوال آفتاب ہونا۔

دُھوپ سہنا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ میں کام کرنا۔ دُھوپ برداشت کرنا

دُھوپ کھانا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ میں بیٹھنا۔ دُھوپ میں گرمی برداشت کرنا۔ (۲) کسی چیز کو دُھوپ لگنا۔

دُھوپ کھلنا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ پھیلنا۔

دھوپ گھڑی: [ا ر. امث] ایک آلہ جس پر دُھوپ پڑنے سے مختلف نشان ظاہر کرے اور اس نشان سے وقت کا پتہ چلے۔

دُھوپ لگنا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ کا اثر ہونا۔

دُھوپ لینا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ کھانا۔ دُھوپ کا اثر حاصل کرنا۔

دُھوپ میں بال سفید کرنا: [ا ر. محاورہ] بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا۔

دُھوپ میں بٹھانا: [ا ر. محاورہ] سزا کے طور پر دُھوپ میں بٹھانا۔

دُھوپ میں بیٹھنا: [ا ر. محاورہ] دُھوپ تاپنا۔

دُھوپ نکلنا: [ا ر. محاورہ] سُورج چڑھنا۔ سُورج کا بادلوں میں سے نکلنا۔

دُھوت: [ا ر. اصوت] کتّے کو ہٹانے کی آواز۔

دُھوتر: [ا ر. امث] ایک قسم کا موٹا اور چھدرا کپڑا۔

دُھوتو: [ا ر. امذ] بگل۔ نرئی۔ نرسنگھا۔ بگل کی آواز

دُھولو بیگ: [ا ر. امذ] موٹا بھسبھسا آدمی

دھوتی: [ا ر. امث] تہہ بند (۲) لنگی۔

دھوتی بند: [ا ر. ف صف] دھوتی باندھنے والا (۲) ہندو۔ بنیا۔ بقال۔

دھوتی پرشاد: [ا ر. صف] ہندوؤں کو حقارت سے کہتے ہیں۔

دھوتی میں سب ننگے: [ا ر. مثل] اندرونی حالت سب کی ایک جیسی ہوتی ہے

دُھوتی: [ھ. امذ] ایک قسم کا شکاری پرندہ اس کی مادہ کو بیسرا کہتے ہیں۔

دُھور: [ھ. امث] دیکھئے "دھول" (۲) ایک بسوے کا بیسواں حصّہ۔ (۳) ایک قسم کی ناقص گھاس۔

دَھور: [ھ. امذ] ایک قسم کی فاختہ

دھورا: [ھ. امذ] پسی ہوئی دوا جو کسی جگہ یا زخم پر چھڑکی جائے (۲) دھوکا۔

دھورے: [ھ. متعلق فعل] پاس۔ قریب۔ متصل۔

دھورے دھارے: [ھ. متعلق فعل] آس پاس۔ قرب و جوار

دھوسنا: [ھ. مص] ٹھونسنا۔ گھسیڑنا۔ بھرنا (۲) مولیشی کا سینگ مار کر زخمی کرنا۔

دھوک : [ھ - امث] کلابتوں بٹنے کی سلائی.
دھوکا : [ا ر - امذ] دغا - فریب - چھل - مکر (۲) غلطی - غلط فہمی - شبہ - ہچکچاہٹ (۳) پرندوں کو ڈرانے کا پُتلا (۴) سراب (۵) ڈر - گھبراہٹ.
دھوکا اُٹھانا : [ا ر - محاورہ] دھوکا کھانا
دھوکا دھڑی : [ا ر - امث] دغا - فریب - چھل
دھوکا دہی : [ا ر - امث] فریب دینا (اُصولاً غلط ہے)
دھوکا دینا : [ا ر - محاورہ] فریب دینا - چھل کرنا (۲) مغالطہ دینا - غلطی کرانا.
دھوکا کھانا : [ا ر - محاورہ] غلطی کرنا - چوکنا (۲) فریب میں آنا.
دھوکا ہونا : [ا ر - محاورہ] غلطی ہونا سہو ہونا (۲) شبہ ہونا - شک ہونا.
دھوکر پینا : [ا ر - محاورہ] صاف کر کے پینا.
دھوکر پینا / چھیلا اُٹھانا : [ا ر - محاورہ] منت ماننا - نذر ماننا
دھوکے باز : [ا ر - صفت] دغا باز - فریبی - مکار (غلط ترکیب)
دھوکے بازی : [ا ر - امث] دیکھئے "دھوکے باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دھوکے کی ٹٹی : [ا ر - امث] فریب میں لانے والی یا مغالطہ دینے والی شے. (۲) وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکار کھیلتے ہیں (۳) نازک چیز - بودی چیز.
دھوکے میں : [ا ر - متعلق فعل] دھوکا کھا کر (۲) کسی اور کے گمان سے.
دھوکے میں آنا : [ا ر محاورہ] دھوکا کھانا
دھوکے میں رکھنا : [ا ر محاورہ] جھوٹا وعدہ کرنا مغالطہ دینا
دھوکے میں رہنا : [ا ر - محاورہ] دیکھئے "دھوکے میں رکھنا" جس کا یہ لازم ہے.
دَھول : [ا ر - امث ومذ] ۱. جز ارکا ہر اپٹھا جیسے جُڑتے ہیں (۲) ایک قسم کا گنا ۳. دھپ - تھپڑ - چانٹا (افعال : پڑنا - جڑنا - مارنا - لگانا - لگنا)
دَھول دَھپّا : [ا ر - امذ] ایک دُوسرے کو تھپڑ مارنا (۲) چھیڑ چھاڑ.
دھول جھکڑ : [ا ر - امذ] لات گھونسا - مار پیٹ
دھول کھانا : [ا ر - محاورہ] تھپڑ کھانا - نقصان اُٹھانا.
دُھول : [ا ر - امث] گرد - غبار - خاک - مٹی - راکھ
دُھول اُڑا دینا : [ا ر محاورہ] مٹا دینا - خاک میں ملا دینا
دُھول اُڑانا : [ا ر - محاورہ] خاک اڑانا (۲) بدنام کرنا - رسوا کرنا ۳. آوارہ پھرنا
دُھول اُڑنا : [ا ر - محاورہ] دیکھئے "دُھول اڑانا" جس کا یہ لازم ہے.
دُھول جھاڑنا : [ا ر - محاورہ] خاک جھاڑنا ۲. پیٹنا - زد و کوب کرنا.
دُھول جھڑنا : [ا ر - محاورہ] دیکھئے "دُھول جھاڑنا" جسکا یہ لازم ہے.
دُھول کی رسی : [ا ر - امث] بے اصل کام - بے ثبات.
دُھول کی رسیاں بٹنا : [ا ر - محاورہ] ناممکن کام کرنا - مبالغہ کرنا.
دُھول کے لٹھ لگانا : [ا ر - محاورہ] جھوٹ بولنا.
دھَولا : [ا ر - صفت] سفید - روشن - چمکدار - کوئی سفید چیز.
دھَولا پڑنا : [ا ر محاورہ] رنگ سفید ہونا - خوف یا صدمہ سے زرد پڑجانا.
دھَولا پن : [ا ر - امذ] سفیدی - چمک - صفائی.
دھولی : [ا ر - امث - ق] اشتر مندگی - دھولا کی تانیث.
دَھولے آجانا : [ا ر - محاورہ] سفید بال نکل آنا - بوڑھے ہو جانا
دَھولیا : [ا ر صفت] سفید پوش (۲) سفید بالوں والا.
دُھولیا : [ا ر صفت] خاک کا بنا ہوا (۲) مٹی کی بنی ہوئی کوئی شے.

دَھولیا پیر : [ا ر - امذ] فرضی پیر
دُھولیا پیر کی قسم : [ا ر - امث] ایک طرح کی قسم جو بچے اس طرح کھلاتے ہیں کہ دونوں ہاتھوں میں خاک بھر کر اس پر ایک تنکا کھڑا کر دیتے ہیں اور قسم کھانے والے سے کہتے ہیں کہ وُہ اس تنکے کو مُنہ سے اُٹھائے - جب وُہ مُنہ کے سامنے لاتا ہے تو اس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں سے اس طرح اُچھال دیتے ہیں کہ ساری خاک اس کے مُنہ میں پڑ جاتی ہے - اور خوب ہنستے ہیں.
دُھوم : [ا ر - امث] شور و غل - افواہ - ہنگامہ (۲) شہرت - غلغلہ - شان و شوکت ۳. ایک قسم کا چکن کا کام.
دُھوم اُٹھانا : [ا ر - محاورہ] شور مچانا.
دُھوم اُٹھنا : [ا ر - محاورہ] دیکھئے "دھوم اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے.
دُھوم اُڑانا : [ا ر - محاورہ] شہرت دینا - مشہور کرنا.
دُھوم اُڑنا : [ا ر - محاورہ] دیکھئے "دھوم اڑانا" جس کا یہ لازم ہے.
دُھوم پڑنا : [ا ر - محاورہ] شہرت ہونا - چرچا ہونا.
دُھوم دھام : [ا ر - امث] ۱. شان و شوکت (۲) بھیڑ بھاڑ (۳) زور شور - ریل پیل (۴) شور و غل (۵) آوازہ - غلغلہ (۶) دھاک - شہرہ (۷) ہنگامہ آرائی.
دُھوم دھامی : [ا ر - صفت] دھوم والا - دُھوم دھام سے.
دُھوم دَھڑکّا : [ا ر - امذ] ہنگامہ - شور - غل غپاڑہ.
دُھوم ڈالنا : [ا ر - محاورہ] شور مچانا - ہنگامہ برپا کرنا
دُھوم سے : [ا ر - متعلق فعل] شور و غل سے - باجے گاجے سے - شان سے.
دُھوم کرنا : [ا ر - محاورہ] ہنگامہ کرنا شہرت دینا.
دُھوم مچانا : [ا ر - محاورہ] شور کرنا غل مچانا - ہنگامہ برپا کرنا (۳) دوہائی دینا - فریاد کرنا (۴) واویلا مچانا (۵) جلدی کرنا.
دُھوم مچنا : [ا ر - محاورہ] دیکھئے "دھوم مچانا" جس کا یہ لازم ہے.
دُھوم ہونا : [ا ر - محاورہ] شہرت ہونا.
دُھومَا : [ا ر - امذ] ایک قسم کا کبوتر
دُھومَک دَھیّا : [ا ر - امث] شور و غل - واویلا - ہنگامہ
دُھوں : [ا ر - اصوت - مث] کھانسنے کی آواز.
دُھوں دُھوں کرنا : [ا ر محاورہ] بار بار کھانسنا - کھانسی کا عارضہ ہونا.
دُھوں دُھوں کار : [ا ر - صفت] زور کا بخار - زور کی بارش.
دُھوں : [ا ر - امذ] تیس سیر کا وزن
دُھوں : [ا ر صفت - مث] توپ یا بندوق کی آواز
دُھوں دُھوں : [ا ر - اصوات - مث] توپ یا بندوق کی متواتر آواز.
دھونا : [ا ر - مص] پانی سے صاف کرنا - پاک کرنا (۲) دُور کرنا - زائل کرنا.
دُھونا : [ا ر - مص] رال - ایک قسم کا گوند جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے (۲) ایک قسم کا روغن جو کشتی کے نیچے لگا دیتے ہیں تاکہ پانی اثر نہ کرے.
دھونا دھونا : [ا ر - محاورہ] بدگوئی کرنا چغلی کرنا.
دَھونتال : [ا ر - صفت] امیر دولت مند (۲) فیاض سخی - داتا (۳) مضبوط طاقت ور - بہادر (۴) چالاک - عیاش - شریر.
دھونٹی : [ا ر - امث ق] چرواہے کی لکڑی
دَھوندھا : [ا ر - امذ] ٹیلا ٹبا - تودہ

دَھونس: [ار۔ امث] دھمکی۔ ڈراوہ (۲) دم جھانسا۔ فریب۔ دھوکہ
دَھونس پٹی: [ار۔ امث] دم جھانسا۔ دم دلاسا
دَھونس دینا: [ار۔ محاورہ] دھمکی دینا۔
دَھونس دھڑکا: [ار۔ امذ] رُعب۔ داب۔ دباؤ۔ دھمکی۔
دَھونس میں آنا: [ار۔ محاورہ] دھمکی میں آ جانا۔
دَھونسا: [ار۔ امذ] بڑا نقارہ (۲) صدمہ
دَھونسا کھانا: [ار۔ محاورہ] شامت آنا۔ سر پھرنا۔ صدمہ اُٹھانا۔
دَھونسنا: [ار۔ مص] ٹھونسنا۔ دبا کر بھرنا۔ سینگوں سے ٹکر مارنا۔ سزا دینا۔
دھونسیا: [ار۔ صف] مکّار۔ فریبی (۲) مالگذاری وصول کرنے والا۔
دَھونک / دھونکن: [ار۔ امث] پیاس کی شدّت جو دل کی گرمی کی وجہ سے ہو۔
دَھونکنا: [ار۔ مص] ہوا دیکر آگ کو تیز کرنا۔ دھونکنی سے پھونک مارنا۔
دَھونکنی: [ار۔ امث] آگ پھونکنے کا چمڑے کا مشک کی شکل کا آلہ۔
دَھونکنی لگنا: [ار۔ محاورہ] سانس پھولنا۔ دم پھولنا۔
دُھونگار: [ار۔ امذ] سانس پھولنا۔
دُھونی: [ار۔ امث] خوشبو جلانا۔ دُھواں اُٹھنے کے لئے کوئی چیز آگ میں ڈالنا (۲) دھوئیں کا الاؤ کرنا
دُھونی جگانا: [ار۔ محاورہ] سادھوؤں کا الاؤ کے سامنے بیٹھ کر تپ کرنا۔ تپ کرنا
دُھونی دینا: [ار۔ محاورہ] دھواں دینا
دُھونی رَمانا / لگانا: [ار۔ محاورہ] دُھونی جگانا (۲) کسی جگہ بیٹھ رہنا۔
دُھونی لینا: [ار۔ محاورہ] ناک میں دُھواں لینا۔
دھووَن: [ار۔ امذ] وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو۔
دھوئی: [ار۔ صف۔ مث] دُھلی ہوئی۔ صاف کی ہوئی
دھوئی دال: [ار۔ امث] ماش یا مونگ وہ دال جس کا دھو کر چھلکا اُتار دیا گیا ہو۔
دھوئی دُھلائی: [ار۔ صف] دُھوئی ہوئی۔ پاک
دھوئی دُھلائی آنکھ: [ار۔ امث] بے شرم آنکھ۔ بے لحاظ آنکھ۔
دھوئی ہوئی زبان: [ار۔ امث] پاک کی ہوئی زبان
دُھوئیں: [ار۔ امذ] دیکھئے "دُھواں" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
دُھوئیں اُڑانا: [ار۔ محاورہ] ٹکڑے اُڑانا۔ دھجیاں اڑانا۔ جلا کر خاک سیاہ کرنا۔
دُھوئیں بکھیرنا: [ار۔ محاورہ] بحث میں شکست دینا۔ نکتہ چینی کرنا۔ خوب گت بنانا۔
دُھوئیں کے بادل اُڑانا: [ار۔ محاورہ] لغو اور بے بنیاد بات کرنا۔
دھویا: [ار۔ صف] دھویا ہوا۔ صاف۔ پاک
دھویا جانا: [ار۔ محاورہ] بے شرم ہو جانا۔ بے باک ہو جانا۔
دھویا دھایا: [ار۔ صف] ا۔ صاف ستھرا۔ (۲) بے حیا۔ بے غیرت۔
دھویا دیدہ: [ار۔ صف] بے لحاظ۔ بے شرم۔
دِھی: [ہ۔ امث] بیٹی۔ دُختر (۲) سمجھ۔ عقل
دِھی دھیانی: [ہ۔ امث] بیٹی۔ خاندان کی بیٹی۔ محلہ یا گاؤں کی بیٹی۔
دَھیان: [ار۔ امذ] خیال۔ تصوّر (۲) توجہ۔ مراقبہ۔ سوچ۔ فکر۔
دَھیان آنا: [ار۔ محاورہ] یاد آنا۔ خیال آنا۔
دَھیان بٹانا: [ار۔ محاورہ] دوسری طرف متوجہ کرنا۔ خیال کا پراگندہ کرنا۔

دھیان بٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دھیان بٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دھیان بندھنا: [ار۔ محاورہ] خیال بندھنا۔ تصوّر ہونا۔
دھیان پر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] کسی بھولی بسری بات کا یاد آنا۔
دَھیان پھر جانا: [ار۔ محاورہ] طبیعت کا میلان ہٹ جانا۔ توجہ نہ رہنا۔
دَھیان چڑھنا: [ار۔ محاورہ] ذہن نشین ہونا۔ بھولی بسری بات یاد آنا۔
دَھیان دَوڑانا: [ار۔ محاورہ] یاد کرنا۔ خیال دَوڑانا۔ سب پہلوؤں پر نظر آنا۔
دھیان دَوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دھیان دوڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دھیان دینا / دھرنا: [ار۔ محاورہ] توجہ کرنا۔ تصوّر جمانا۔
دھیان رکھنا: [ار۔ محاورہ] خیال رکھنا۔
دَھیان رہنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دھیان رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دھیان سے: [ار۔ متعلق۔ فعل] توجہ سے۔ سوچتے ہوئے۔
دَھیان سے اُترنا: [ار۔ محاورہ] یاد نہ رہنا۔ بھول جانا۔
دَھیان کرنا: [ار۔ محاورہ] خیال کرنا۔ سوچنا۔ سمجھنا۔
دَھیان لڑانا: [ار۔ محاورہ] غور کرنا۔ فکر کرنا۔ مراقبہ میں ...۔ توجہ کرنا۔
دھیان لڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دھیان لڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دھیان لگانا: [ار۔ محاورہ] توجہ کرنا۔ خیال کرنا کسی کام میں فکر و اندیشہ کرنا۔
دھیان لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دھیان لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
دَھیان میں آنا: [ار۔ محاورہ] خیال میں آنا۔ ذہن میں آنا (۲) با وقعت ہونا۔
دھیان میں لانا: [ار۔ محاورہ] خیال میں لانا۔ توجہ کرنا۔ لحاظ کرنا۔
دھیان میں ہونا: [ار۔ محاورہ] یاد ہونا۔
دَھیانا: [ار۔ صف۔ مذ] داماد یا داماد کے درجہ کے لوگ۔ بیٹی یا بہن کی نرینہ اولاد
دھیانجی: [ہ۔ امث] ایک دن کی مزدوری ایک دن کی اُجرت۔
دَھیانی: [ہ۔ امث] بیٹی۔ بھتیجی وغیرہ (۲) صف خدا سے لو لگانے والا۔
دِھیر: [ہ۔ امث] صبر۔ تحمّل۔ (۲) استقلال۔ ہمّت (۳) دلیری۔ حوصلہ۔
دھیرا: [ہ۔ اصف] دھیما۔ نرم مزاج (۲) آہستہ کام کرنے والا۔ آہستہ رو (۳) وحشی جانور جو رام ہوگیا ہو۔ (۴) وہ شخص جس کا غصّہ اُتر گیا ہو۔
دھیرا کرنا: [ار۔ محاورہ] وحشی جانور کو رام کرنا (۲) نرم باتوں سے غصّہ دُور کرنا
دِھیرَج: [ہ۔ امذ] صبر۔ استقلال۔ مضبوطی۔ حوصلہ
دھیرَج بندھانا: [ار۔ محاورہ] حوصلہ افزائی کرنا۔ تسلّی دینا۔
دِھیرَج بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دھیرج بندھانا" جس کا یہ لازم ہے
دِھیرج دَھرنا / کرنا: [ار۔ محاورہ] صبر کرنا۔ تحمّل کرنا۔ ہمّت کرنا۔
دِھیرک: [ہ۔ امث] تسلّی۔ سہارا۔
دِھیری: [ہ۔ امث] آنکھ کی پتلی (۲) مستقل مزاجی (۳) پتنگ بازی میں شکست مان کر لڑنے سے انکار کرنے والا۔
دِھیری پکارنا: [ار۔ محاورہ] پتنگ بازی کی فتح کا اعلان کرنا۔
دِھیرے دھیرے: [ار۔ متعلق فعل] آہستہ آہستہ۔
دھیلا: [ار۔ امذ] آدھا پیسہ (۲) دلّالوں کی اصطلاح میں پچاس روپے
دھیلا دمڑی: [ار۔ امث] قلیل رقم۔ تھوڑی سی رقم۔
دھیلاؤ: [ار۔ صف۔ ق] ڈھلان۔ نشیب۔

ڈِھیلیا: [ا۔ اند] ڈھیلے کا پتنگ۔ وہ پتنگ جس کی قیمت ایک ڈھیلا ہو۔
ڈِھیلیا: [ا۔ امث] دیکھئے "ڈھیلیا" جس کی یہ تانیث ہے
ڈھیلی: [ا۔ امث] آدھا روپیہ۔ اٹھنی
ڈِھیم: [ا۔ صف مذ] ا۔ آہستگی۔ سستی۔ تاخیر (۲) حلم۔ شرافت
ڈِھیما: [ا۔ صف۔ مذ] سُست۔ کاہل (۲) نرم۔ آہستہ (۳) مدھم۔ ہلکا
ڈِھیما بازار: [ا۔ اند] مندا بازار (۲) ایسی منڈی جس کے نرخ آہستہ آہستہ چڑھ یا بڑھ رہے ہوں۔
ڈِھیما پڑنا: [ا۔ محاورہ] ٹھنڈا ہونا۔ کم ہونا۔ نرم ہونا۔ غصہ دُور ہونا۔
ڈِھیما پن: [ا۔ اند] دیکھئے "ڈھیم"
ڈِھیما کرنا: [ا۔ محاورہ] زور گھٹانا۔ نرم کرنا - ۲ غصہ دُور کرنا۔ ٹھنڈا کرنا
ڈِھیما ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ڈھیما کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈِھیمر: [ھ۔ اند] ہندو کہاروں کی ایک ذات (۲) ماہی گیر (۳) کالا آدمی۔
ڈِھیمی: [ا۔ صف] دیکھئے "ڈھیما" جس کی یہ تانیث ہے۔
ڈِھیمی آواز: [ا۔ امث] نرم اور نیچی آواز
ڈِھین ڈھوکرط: [ھ۔ صف] موٹا اور سُست (۲) بے فکرا خود رائے۔
ڈِھین ڈھوکڑ اللہ میاں کے نوکر: [ھ۔ مثل] آزاد اور خودسر کی نسبت کہتے ہیں
ڈِھین / ڈھینگ ڈھوکڑی: [ا۔ امث] زبردستی۔ خودسری۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
ڈِھینگ: [ھ۔ صف] قوی۔ مضبوط۔ مسٹنڈا
ڈِھینگا۔ ڈھینگی / ڈھانگی [ھ۔ امث] دست درازی۔ بدمعاملگی۔ جبر۔ ظلم (۲) ہلڑ۔ کھلبلی۔ ہاتھا پائی۔
ڈھینگا مُشتی: [ا۔ امث] گھونسے مکے کی لڑائی۔ ہاتھا پائی۔ دست درازی
ڈھینگڑا: [ھ۔ اند] دیکھئے "ڈھینگ" جس کی یہ تصغیر ہے۔
ڈِھینو رے: [ھ۔ اند] دیکھئے "ڈھیمر"
ڈِھیوت: [ھ۔ اند] ہندی موسیقی کی سرگم کا چھٹا سُر جسے دھا بھی کہتے ہیں

د ـــ ئ

دِئی: [ھ۔ اند] خُدا۔ بھگوان (۲) دیوتا۔ پیغمبر (۳) نذر۔ تحفہ (۴) قسمت۔ نصیب
دِئی کا دُوسرا: [ھ۔ اند] خُدا کا متقابل شیطان
دِئی لگنا: [ھ۔ محاورہ] خُدا کا غضب نازل ہونا۔ بدنصیب ہونا۔
دِئی مارا: [ھ۔ صف] بدقسمت۔ بدنصیب۔

د ـــ ی

دِی: [ف۔ اند] گزرا ہوا کل
دِی روز: [ف۔ اند] گزرا ہوا کل۔
دِی شب: [ف۔ امث] گزشتہ رات۔ گزری ہوئی رات۔
دَیے: [ف۔ اند] دسواں شمسی مہینہ جب آفتاب برج جدی میں ہوتا ہے۔ ماگھ
دے: [ا۔ مثل] دینا سے امر کا صیغہ ہے جو دوسرے مصدروں کیساتھ آکر اُن میں زور پیدا کرتا ہے۔ دے پٹکنا: [ا۔ محاورہ] کوئی شے بلند کرکے چھوڑ دینا۔

دے دُھواں دھول: [ا۔ اصوت مث] پیٹنے کو مارنے کی آواز۔
دے دے پٹکنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کو لگاتار اُٹھا کر بار بار گرانا۔
دے دے مارنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کو لگاتار ٹپکنا۔
دے دینا: [ا۔ محاورہ] کسی کو کوئی چیز دے ڈالنا۔
دے ڈالنا: [ا۔ محاورہ] کسی کو کوئی چیز مُفت دے دینا۔
دے مارنا: [ا۔ محاورہ] زمین پر پٹکنا۔
دِیا: [ا۔ اند] چراغ (۲) صف۔ عطا کیا ہوا۔ بخشا ہوا۔
دِیا بتی کرنا: [ا۔ محاورہ] چراغ روشن کرنا۔ چراغ جلانا۔
دِیا سلائی: [ا۔ امث] چھوٹی سی لمبی لکڑی کی تیلی جس کے ایک سرے پر آتش گیر مادہ لگا ہوتا ہے جو گھسنے سے جل اُٹھتا ہے۔ انگریزی لفظ match stick کا ترجمہ ہے (۲) وہ عورت جو لڑائی کی آگ بھڑکائے۔ لگائی بجھائی کرنے والی عورت۔
دِیا کھانا: [ا۔ محاورہ] کسی کی امداد سے گزر اوقات کرنا
دِیا لیا: [ا۔ اند] خُدا کی راہ پر دیا ہوا۔ بھلائی۔ نیکی۔
دِیا لیا آڑے / آگے آنا / کام آنا: [ا۔ محاورہ] خیر خیرات کی وجہ سے کسی مصیبت سے بچ جانا
دَیا: [ھ۔ امث] بخشش۔ مہربانی۔ رحم۔ ہمدردی۔ ترس (۲) محبت۔ شفقت۔ مہربانی عنایت۔ تلطف۔ دَیّا: [ھ۔ امث] دیکھئے "دائی" جس کی یہ تصغیر ہے۔
دِیار: [ع۔ اند] دار یعنی گھر کی جمع (۲) ملک۔ شہر (اُردو میں واحد مستعمل ہے)
دِیارا: [ا۔ اند] (فارسی دیا بر آر کا بگاڑ) وہ زمین جو دریا چھوڑ جائے۔ جس کو محکمۂ مال کی اصطلاح میں برآمد کہا جاتا ہے۔
دِیا قوزا: [ف۔ اند] خشخاش کا شربت۔
دَیال: [ھ۔ صف] رحمدل۔ رحیم۔ ہمدرد۔ مہربان۔ شفیق۔ فیاض۔ سخی۔
دَیالو: [س۔ اند] دیکھئے "دیال"
دَیّان: [ع۔ اند] حکم دینے والا۔ انصاف کرنے والا۔ بدلہ / جزا دینے والا۔ ۲۔ حاکم۔ منصف۔ ۳۔ خدا۔
دِیانا: [ا۔ مصدر۔ ل] روشن کرنا۔ چراغ جلانا۔
دِیانت: [ع۔ امث] ایمانداری۔ راستبازی (۲) راستی۔ سچائی۔ صدق۔
دِیانتدار: [ع۔ ف۔ صف] ایماندار
دِیانتداری: [ع ف۔ امث] دیکھئے "دیانتدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دِیبا: [ف۔ اند] ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ اطلس (دیوافت کا مخفف یعنی جنوں کا بنا ہوا)
دِیباج: [ع۔ اند] "دیبا" کا معرب۔ ایک قسم کا ریشمی چوغا۔
دِیبا چہ / دیبا چہ: [ف۔ اند] ا۔ گال۔ چہرہ (۲) ایک قسم کی قبا جو امیر پہنتے تھے۔ ۳۔ تمہید۔ مقدمہ۔ کتاب کا سرنامہ۔
دِیبا چہ لکھنا: [ا۔ محاورہ] کتاب کا سرنامہ تحریر کرنا۔ تعارف لکھنا۔
دیبی: [ھ۔ امث] دیکھئے "دیوی"
دیبی کھیلنا: [ف۔ ا۔ محاورہ] دیوی کا کسی کے سر آنا۔
دِیپ: [ھ۔ اند] دیا۔ لیمپ۔ لالٹین۔ چراغ
دِیپ مالا: [ھ۔ امث] چراغوں کی قطار۔ چراغاں۔
دِیپک: [ھ۔ امث] ا۔ چراغ وغیرہ (۲) پُوربی ٹھاٹھ کا ایک راگ جو رات کو گایا جاتا ہے۔ جس کے متعلق مشہور ہے کہ

اس کے گانے سے دیا / چراغ روشن ہو جاتے ہیں اور آگ لگ جاتی ہے
۲. ایک قسم کی آتش بازی۔

دِیَت: [ع۔امث] دیکھئے "خون بہا" (۲) جرمانہ (افعال دینا۔ لینا)

دیجو: [ار فعل] دیکھئے "دیجئے" جس کی یہ قدیم متروک صورت ہے۔

دَیجور: [ف۔صف] ا۔ تاریک۔ اندھیرا (۲) وہ رات جس میں چاند قطعاً نظر نہیں آتا۔ رات جب سورج اور چاند کا قران ہو (۳) سیاہ چیز سیاہی۔ تاریکی

دیجئے / دیجے: [ار فعل] "دینا" مصدر سے صیغہ امر جو بطور تعظیم استعمال ہوتا ہے

دِید: [ف۔امث] نظارہ۔ نگاہ۔ نظر۔ بصارت

دِید باز: [ف صف] دیکھنے والا۔ نظر کرنے والا

دِید بازی: [ف۔امث] دیکھئے "دیدباز" جس کا یہ کیفیت ہے۔

دِیدبان: [ف۔اند] وہ سوراخ جس میں سے نشانہ تاکتے ہیں (۲) پہرہ دار۔ چوکیدار۔ محافظ۔ سنتری۔ وہ جو حفاظت رکھے۔

دیدبانی: [ف۔امث] مشاہدہ۔ محافظت۔ نگہداشت (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

دیدخواہ: [ف صف] ملاقات کا خواہشمند

دِیدشنید: [ف۔صف] وہ جس سے کوئی واقفیت ہو

دیدکرنا: [ار محاورہ] دیکھنا۔ نظارہ کرنا۔ مشاہدہ کرنا۔

دید نہ شنید: [ف۔صف] دیکھا نہ سنا۔ عجیب

دید وشنید: [ف۔امث] دیکھنا۔ سننا

دید وباز دید / دِید وا دید: [ف۔امث] ملاقات۔ ایک کا دوسرے کی ملاقات کو جانا۔ جوابی ملاقات۔

دِیدار: [ف۔اند] ا۔ بینائی (۲) چہرہ۔ منہ (۳) جلوہ۔ نظارہ۔

دیدار بازی: [ف۔امث] نظارہ بازی۔ تاک جھانک (افعال۔ کرنا۔ ہونا۔ پانا)

دیدار بازی۔ ربّ / خدا / مولا راضی: [ار مثل] عیاش آدمی تاک جھانک کی حمایت میں کہتے ہیں۔

دیدار پانا: [ار۔ محاورہ] دیکھنا۔ نظارہ کرنا۔

دِیدار دکھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دیدار دیکھنا" جس کا یہ متعدی ہے

دِیدار دیکھنا: [ار۔ محاورہ] نظارہ کرنا۔

دِیدار کا بھوکا ہونا: [ار۔ محاورہ] مشتاق دیدار ہونا۔

دِیدار کا کونڈا: [ار۔اند] ایک منت جو کسی عزیز کے سفر سے واپس آنے کے لیے پیر دیدار کے نام سے مانتی ہیں۔

دِیدار کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھنا۔ درشن کرنا۔

دِیدار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دیدار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

دِیدارُو: [ف صف] قابل دید۔ خوبصورت۔ حسین۔ شکیل

دِیدان: [ع۔اند] دودہ کی جمع۔ کیڑے

دِیدنی: [ف صف] قابل دید۔ نظارہ کے قابل۔ تماشا

دِیدوں: [ار۔اند] دیکھئے "دیدہ" جس کی یہ جمع ہے

دِیدوں پھوٹی: [ار۔امث] اندھی۔ تحقیراً استعمال ہوتا ہے۔

دِیدوں دھویا: [ار۔صف] عو۔ دیکھئے "دیدے دھویا"

دِیدوں سے کاجل چرانا: [ار۔ محاورہ] صفائی سے چوری کرنا۔

دِیدوں کی قسم: [ار۔امث] عو۔ آنکھوں کی قسم

دِیدوں میں چربی چھانا: [ار۔ محاورہ] نعرۃً اا۔ عیب و فرازنہ سوجھنا۔

دیدوں میں خاک جھونکنا: [ار۔ محاورہ] جھٹلانا۔ بے وقوف بنانا۔

دِیدہ: [ف اند] ا۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ (۲) نظارہ۔ مشاہدہ (۳) شوخ آنکھ گستاخ آنکھ (۴) گستاخی۔ شوخی (۵) حوصلہ۔ جرأت۔ دلیری (۶) مرکبات کے آخیر میں آتا ہے جیسے شوخ دیدہ (صف) دیکھا ہوا۔

دیدہ باز: [ف۔صف] نظرباز

دیدہ بازی: [ف۔امث] نظربازی۔ تاک جھانک۔ آنکھیں لڑانا۔

دیدہ بان / بانی: [ف۔ند۔مث] دیکھئے "دیدبان / بانی"

دیدہ بَراہ: [ف متعلق فعل] چشم براہ۔ منتظر (افعال ہونا)

دیدہ بڑا ہے: [ار محاورہ] بہت ڈھیٹ ہے۔ شوخ ہے۔

دیدہ بہ جانا: [ار محاورہ] آنکھ کے ڈھیلے کا بیٹھ جانا۔

دیدہ بینا: [ف۔اند] دیکھئے "چشم بینا"

دیدہ بیٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] دیدہ کا دھنس جانا۔ روشنی جاتی رہنا۔ اندھا ہو جانا۔

دیدہ پھٹا ہونا [ار محاورہ] گستاخ ہونا۔ نڈر ہونا۔ بے باک ہونا۔

دیدہ پھٹ جانا: [ار محاورہ] حیرت سے آنکھیں کھلی رہ جانا۔

دیدہ پھٹنا: [ار محاورہ] شوخ چشم ہونا۔ بے باک ہونا۔

دیدہ پھٹی: [ار۔صف] بڑی بڑی باہر کو نکلی ہوئی آنکھوں والی عورت۔

دیدۂ جوہر: [ف۔اند] وہ گول نشان جو جوہر شمشیر پر نظر آتا ہے۔

دیدہ جھپکنا: [ار۔ محاورہ] آنکھ جھپکنا۔

دیدہ چر بانک (چھنال) ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دیدہ پھٹا ہونا"

دیدہ چمکانا: [ار۔ محاورہ] آنکھ پھرانا

دیدۂ حق بیں: [ف۔اند] انصاف پسند آنکھ

دیدۂ خوں بار: [ف۔اند] خون برسانے والی آنکھ۔ بہت رونے والی آنکھ۔

دیدہ دار: [ف اند] سنتری۔ چوکیدار۔ پہرہ دار

دیدہ درائی: [ف۔امث] دلیری۔ جرأت۔ بیباکی۔ شوخ چشمی۔

دیدۂ دل: [ف۔اند] دل کی آنکھ۔ باطنی آنکھ۔

دیدہ دل کھول کر دیکھنا: [ار۔ محاورہ] بہت غور کرنا

دیدہ دلیر / دلیل: [ار۔صف] شوخ۔ بیباک (۲) نڈر (۳) بے شرم۔ بے غیرت۔ (۴) گستاخ

دیدہ دلیری / دلیلی: [ار۔امث] دیکھئے "دیدہ درائی"

دیدہ دھوئی: [ار۔ صف۔مث] دیکھئے "دیدہ دلیر / دلیل"

دیدہ دھویا: [ار صف] بے مروت۔ بدلحاظ۔ دیدہ دلیل۔

دیدہ دیکھنا [ار محاورہ] حوصلہ یا جرأت دیکھنا۔

دیدہ ریزی [ف۔امث] باریک کام جس کے کرنے سے آنکھوں پر زور پڑتا ہے یا کسی کام میں بہت زیادہ غور کرنا (افعال۔ کرنا ہونا)

دیدہ زہگیر: [ف۔اند] کمان کا حلقہ۔ زنجیر کا حلقہ۔

دیدہ کھیل میں ہونا [ار محاورہ] طبیعت کا کھیل کود کی طرف مائل کرنا۔

دیدہ لگانا: [ار محاورہ] طبیعت کا کسی کام میں متوجہ کرنا۔ جی۔ لگانا۔

دیدہ لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دیدہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

دیدہ وا ہونا: [ار۔ محاورہ] آنکھ کھلی ہونا۔

دیدہ و دانستہ: [ف متعلق فعل] بوجھ کر۔ قصداً۔ عمداً۔ جانتے بوجھتے۔

دیدہ و دل سے: [ار متعلق فعل] خوشی سے۔ بسر و چشم۔

دیدہ و دل فرشِ راہ کرنا: [ار۔ محاورہ] بہت آؤ بھگت کرنا۔ تواضع کرنا۔
دیدہ ور: [ف۔ صف] صاحبِ نظر۔ تیز نظر
دیدہ وری: [ف۔ امث] بینائی۔ بصارت (۲) دانائی، ہوشیاری
دیدہ ہوائی ہونا: [ار۔ محاورہ] آوارہ گرد ہونا۔ دیکھنے پھرنے کا شوق ہونا۔
دیدے اُلٹ جانا: [ار۔ محاورہ] نزع کا عالم ہو جانا۔
دیدے بدلنا: [ار۔ محاورہ] بے مروت ہونا۔ توجہ نہ دینا۔
دیدے بھر آنا: [ار۔ محاورہ] رونا
دیدے بہنا: [ار۔ محاورہ] زار زار رونا
دیدے پھرانا: [ار۔ محاورہ] بے مروتی کرنا۔ لحاظ نہ کرنا۔
دیدے پتھرا جانا / پٹم ہو جانا / ہونا: [ار۔ محاورہ] اندھا ہو جانا۔ بصارت نہ رہنا۔
دیدے پھاڑ پھاڑ کر تاڑنا / دیکھنا / گھورنا / دیدے پھاڑنا: [ار۔ محاورہ] آنکھیں کھول کر دیکھنا۔ گھورنا
دیدے پھٹے ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا نظر میں نہ سمانا۔
دیدے پھوٹ جانا: [ار۔ محاورہ] اندھا ہو جانا
دیدے پھیرنا [ار۔ محاورہ] بے مروتی کرنا۔
دیدے تلووں سے ملنا [ار۔ محاورہ] سخت خوشامد کرنا
دیدے چار ہونا [ار۔ محاورہ] ہوشیار ہونا
دیدے چمکانا: [ار۔ محاورہ] آنکھیں مٹکانا
دیدے دکھانا: [ار۔ محاورہ] آنکھیں دکھانا
دیدے دھنس جانا: [ار۔ محاورہ] آنکھوں میں حلقے پڑ جانا۔
دیدے دھویا: [ار۔ صف] دیکھئے "دیدہ دھویا"
دیدے سفید ہو جانا [ار۔ محاورہ] اندھا ہو جانا۔
دیدے سے ڈرنا: [ار۔ محاورہ] شوخی یا گستاخی سے گھبرانا۔
دیدے کا پانی ڈھل جانا: [ار۔ محاورہ] بے حیا ہو جانا۔ غیرت جاتی رہنا۔
دیدے کھلے ہونا: [ار۔ محاورہ] آنکھیں روشن ہونا۔ (۲) دھیان ہونا۔ خیال ہونا
دیدے کھولنا: [ار۔ محاورہ] عقل دینا۔ سمجھ دینا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ توجہ سے دیکھنا
دیدے کھونا: [ار۔ محاورہ] بہت رو کر آنکھوں کی بینائی کا نقصان کرنا۔
دیدے کی صفائی: [ار۔ امث] بینائی۔ شوخی (۲) بے حیائی۔ بے غیرتی۔ بے شرمی
دیدے مٹکانا: [ار۔ محاورہ] آنکھیں مٹکانا۔ آنکھوں کا شوخی اور شرارت سے جھپکنا
دیدے میں ترمرے پھرنا: [ار۔ محاورہ] صدمے کی وجہ سے آنکھوں کے آگے ذرے سے نظر آنا۔
دیدے میں سرسوں پھولنا: [ار۔ محاورہ] آنکھوں کو زرد ہی زرد نظر آنا (۲) خوش ہونا۔ دیدے نکالنا: [ار۔ محاورہ] غصے کی نظر سے دیکھنا۔ غصہ کرنا (۲) آنکھ کا ڈھیلا نکالنا۔
دیدے نیلے پیلے کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دیدے نکالنا" (۱)
دَیر: [ف۔ امذ] نصاریٰ کا عبادت خانہ (۲) بت خانہ۔ بتکدہ۔
دیر: [ف۔ امذ] وقفہ۔ عرصہ۔ مدت۔ توقف۔ ڈھیل (۲) صفت پرانا۔ لمبی مدت کا۔
دیر آشنا: [ف۔ صف] وہ شخص جو بعد مدت بے تکلف ہو۔
دیر آشنائی: [ف۔ امث] دیکھئے "دیر آشنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
دیر آمد درست آمد: [ف۔ مقولہ] جو کام دیر میں سوچ سمجھ کر ہو وہ ٹھیک ہوتا ہے

دیرپا: [ف۔ صف] مضبوط۔ پائیدار
دیرپائی: [ف۔ امث] دیکھئے "دیرپا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دیر پیوند: [ف۔ صف] دیکھئے "دیر آشنا"
دیر پیوندی: [ف۔ امث] دیکھئے "دیر آشنائی"
دیر تک: [ار۔ متعلق فعل] مدت تک۔ عرصہ تک
دیر خواب: [ف۔ صف] دیر تک سونے والا۔
دیر خوابی: [ف۔ امث] دیکھئے "دیر خواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
دیر دار: [ار۔ امذ] دیر (دار تابع مہمل ہے۔
دیر سویر: [ار۔ امث] وقفہ۔ دیر (۲) جلد یا بدیر
دیر سے: [ار۔ متعلق فعل] عرصہ سے
دیر کرنا: [ار۔ محاورہ] وقت گنوانا۔ تاخیر کرنا۔ مدت لگانا۔
دیر گاہ: [ار۔ محاورہ] ہمیشہ۔ ہمیشگی۔ مدت تک۔ عرصہ تک۔
دیر گزرنا: [ار۔ امث] وقفہ ہونا۔ تاخیر ہونا۔
دیر لگانا: [ار۔ محاورہ] تاخیر کرنا۔ ڈھیل ڈالنا۔
دیر لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دیر لگانا" جس کا یہ لازم ہے
دیر میں: [ار۔ متعلق فعل] مدت کے بعد۔
دیر میں دیر ہوتی ہی ہے: [ار۔ مقولہ] اکثر دیر کے کاموں میں اور دیر ہوتی چلی جاتی ہے۔
دیر ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دیر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دیرا: ہ۔ امذ] خیمہ۔ رہنے کی جگہ۔ مکان۔ چھوٹا مکان جو مکان سے ملا ہوا ہو۔ جہاں مہمان وغیرہ ٹھہرائے جاتے ہیں۔
دیرا ہونا: [ار۔ محاورہ] قیام ہونا
دیرانہ: [ف۔ امذ] دیر کے بعد عائد ہونے والی فیس۔ لیٹ فیس۔
دیری: [ار۔ امث] (عامیانہ) تاخیر۔ توقف۔ دیر ("دیر" کا بگاڑ)
دیرین / دیرینہ: [ف۔ صف] پرانا۔ قدیم۔ کہنہ (۲) بزرگ۔ بوڑھا۔
دیرینہ سال: [ف۔ امذ] بوڑھا۔ کہن سال۔
دیرڑا: [ار۔ امث۔ ق] بڑا پیٹ۔ حمل۔
دیز: [ار۔ امذ۔ ق] جہیز۔
دیس: [ار۔ امذ] وطن۔ ملک۔ ولایت۔ علاقہ (۲) ایک راگ کا نام۔ جو کھماج ٹھاٹ کا ایک راگ ہے جس کا وقت نصف شب کے بعد ہوتا ہے۔
دیس انتر: [ہ۔ ار۔ امذ۔ ق] جلاوطنی۔ دیس نکالا۔
دیس انتر دینا: [ار۔ محاورہ ق] کسی کو جلاوطنی کی سزا دینا۔ جلاوطن کرنا۔
دیس بدیس پھرنا: [ار۔ محاورہ] ملک ملک پھرنا۔ سیر و سیاحت کرنا۔ شہر بہ شہر پھرنا۔
دیس چوری پردیس بھیک: [ار۔ مثل] اپنے وطن میں چوری سے غیر ملک میں بھیک مانگنا مفید ہے۔
دیس چوری نہ، پردیس بھیک: [ار۔ مثل] برا کام کہیں نہیں کرنا چاہئے۔ پردیس میں بھیک مانگنا بہتر ہے اس سے کہ دیس میں چوری کرے
دیس چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] ملک سے چلا جانا۔
دیس نکالا دینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "دیس انتر دینا"

دیسا: [ا۔ اند] مسلمانوں میں مُردے کی پہلے سال کی برسی فاتحہ بعد ہر سال رسالانہ فاتحہ.
دیسنا: [ا۔ محاورہ] دکھائی دینا. ظاہر ہونا۔ دِکھنا.
دیسوال: [ہ۔ اند] دیسی آدمی
دیسی: [ہ۔ امث] مُلک کا۔ شہر کا (۲) وُہ جو دیس میں پیدا ہو (۳) بدیسی کا نقیض (۴) اند) کسی ملک کا باشندہ.
دیغ: [ف۔ امث] دیکھئے " دیگ "
دیک: [ا۔ متعلق فعل ق] دیکر۔ دے کے
دیکھ: [ا۔ صف۔ ن] فریادرس
دیکھ: [ا۔ فعل] دیکھنا مصدر سے صیغہ امر جو تاکید اور تنبیہہ کے لیے استعمال ہوتا ہے.
دیکھ آنا۔ [ا۔ محاورہ] کہیں جاکر کسی شخص یا چیز کو دیکھنا اور واپس آنا.
دیکھ بھال: [ا۔ اند] کسی چیز کو غور سے دیکھنا (۲) تلاش۔ جستجو۔ ۳۔۔ تیمارداری۔ نگرانی (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
دیکھ بھال کر۔ [ا۔ متعلق فعل] ا۔ سوچ سمجھ کر۔ جان بوجھ کر (۲) واقف ہوکر۔ آگاہ ہوکر.
دیکھ بھال کے پاؤں رکھنا چاہیئے: [ا۔ مقولہ] احتیاط سے کام کرنا چاہیئے.
دیکھ بھال لینا: [ا۔ محاورہ] غور کر لینا۔ اچھی طرح دیکھ لینا.
دیکھ پانا: [ا۔ محاورہ] اتفاقاً نظر پڑنا۔ دیکھ لینا.
دیکھ پرائی چوپڑی گر پڑے ایمان۔ ایک گھڑی کی بیحیائی دن بھر کا آرام: [ا۔ مثل] حریص اور لالچی آدمی کی نسبت کہا جاتا ہے.
دیکھ داکھ: [ا۔ متعلق فعل] دیکھ کر
دیکھ دیکھ: [ا۔ کلمہ تنبیہہ] کیا کرتا ہے۔ ہوش میں آ.
دیکھ دینا [ا۔ محاورہ] دیکھ کر بتانا۔ تلاش کر دینا
دیکھ ڈالنا: [ا۔ محاورہ] پڑھ لینا۔ پڑھ چکنا.
دیکھ رکھنا: [ا۔ محاورہ] یاد کرنا.
دیکھ سکنا: [ا۔ محاورہ] گوارا کرنا۔ بغیر رشک و حسد کے گوارا کرنا.
دیکھ کر جینا: [ا۔ محاورہ] کسی کے دیدار کو اپنی زندگی کا باعث سمجھنا.
دیکھ کر کام کرنا: [ا۔ محاورہ] کام میں ہوشیاری اور احتیاط برتنا.
دیکھ کیسا علاج کرتا ہوں۔ [ا۔ محاورہ] قرار واقعی سزا دینے کی جگہ کہتے ہیں
دیکھ لینا: [ا۔ محاورہ] آزمایش کرنا.
دیکھا۔ [ا۔ صف] آزمایا ہوا
دیکھا آؤ نہ دیکھا تاؤ: [ا۔ محاورہ] موقع محل نہ دیکھا بہت جلدی کی
دیکھا بھالا: ا۔ صف] آزمودہ۔ تجربہ کیا ہوا.
دیکھا بھالی: [ا۔ امث] ۱۔ دید۔ نظارہ بازی (۲) کسی چیز کو غور سے دیکھنا ۳ جستجو۔ تلاش
دیکھا بھولی: [ا۔ امث] نظر بندی۔ نظر کا دھوکا (۲) چکر کھاتا ہوا راستہ (۳) کوئی پیچیدہ یا گھبرا دینے والی بات (۴) بھول بھلیاں.
دیکھا جانا: [ا۔ محاورہ] برداشت کرنا عموماً نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے
دیکھا جائے گا: [ا۔ محاورہ] سمجھا جائیگا۔ خیال رہیگا۔ ۲۔ بدلہ لیا جائیگا۔ ۳۔ پھر سہی.
دیکھا چاہیئے: [ا۔ محاورہ] انتظار کرنا چاہیئے۔ ۲۔ قابل تعریف ہے دیکھئے.
دیکھا دیکھی: [ا۔ متعلق فعل] ریس کر کے ۲۔ دیکھ کر (۳) مث۔ ایک دوسرے کی طرف دیکھنا ۴۔ ایک دُوسرے کے سامنے ہونا (۵) نقل۔ ریس۔ برابری۔ ہمسری.

دیکھا سوکھا یا مُنہ پاؤں جوگا: [ا۔ مثل] کنگال ہے جو ملا کھا لیا.
دیکھا شہر بنگالہ دانت لال مُنہ کالا: [ا۔ مثل] بنگالیوں پر طنز ہے کہ ان کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور پان بہت زیادہ کھاتے ہیں
دیکھا کرنا: [ا۔ محاورہ] لگاتار دیکھنا۔ دیکھنے کی عادت ہونا.
دیکھا کرے: [کلمہ تمنا] ہر وقت دیکھتا رہے۔ کسی چیز کی تعریف میں کہتے ہیں۔
دیکھا نہ بھالا: [ا۔ صف] جان نہ پہچان۔ دید نہ شنید.
دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ: [ا۔ مقولہ] اسکی نسبت کہتے ہیں جو کسی کی خواہ مخواہ تعریف کرے چاہے، اُسے کبھی دیکھا بھی نہ ہو.
دیکھا نہ سُنا: [ا۔ صف] آنکھوں دیکھا نہ کانوں سُنا۔ جس کی نسبت کچھ معلوم نہ ہو ۲۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ عجیب۔ انوکھا.
دیکھا نہیں: [ا۔ محاورہ] تجربہ میں نہیں آیا۔ دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا.
دیکھا نہیں جاتا: [ا۔ محاورہ] برداشت نہیں ہوتا۔ دیکھ کے رنج ہوتا ہے
دیکھا ہوا: [ا۔ صف] نظر آیا ہوا (۲) آزمایا ہوا۔ ۳۔ برداشت کیا ہوا.
دیکھا ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کو پہلے ملاحظہ کیا ہونا.
دیکھا ہے۔ [ا۔ محاورہ] ۱۔ دیکھ لیا ہے۔ تنبیہہ کے طور پر کہتے ہیں (۲) جانتے ہو خیریت.
دیکھتا کیا ہے: [ا۔ محاورہ] کیا تماشا دیکھتا ہے۔ کیا تامل ہے.
دیکھتی آنکھوں جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی: [ا۔ مثل] جان بوجھ کر نقصان نہیں اٹھایا جاتا.

دیکھتے جاؤ: [ا۔ کلمہ تنبیہہ] خیال رکھو۔ آگاہ رہو (۲) دیکھے کر جاؤ۔ دیکھو.
دیکھتے دیکھتے: [ا۔ متعلق فعل] فوراً۔ بہت جلد (۲) لگاتار دیکھنے کی وجہ سے ۳۔ آنکھوں کے سامنے۔ موجودگی میں.
دیکھتے رہ جانا: [ا۔ محاورہ] حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا.
دیکھتے رہنا: [ا۔ محاورہ] حفاظت کرنا۔ موقع کا خیال رکھنا.
دیکھتے کا دیکھتا رہ جانا: [ا۔ محاورہ] حیران رہ جانا حیرت میں رہ جانا
دیکھتے ہی: [ا۔ متعلق فعل] نظر ڈالتے ہی فوراً.
دیکھنا: [ا۔ مصر] نظر کرنا۔ نظر ڈالنا (۲) ملاحظہ کرنا۔ معائنہ کرنا ۳۔ خیال کرنا۔ غور کرنا ۴۔ آزمانا۔ امتحان کرنا (۵) جانچنا۔ پرکھنا۔ ۶۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۷) مشاہدہ کرنا (۸) ہوشیار رہنا۔ خبردار رہنا (۹) لحاظ کرنا۔ (۱۰) سوچ سمجھ کر کام کرنا (۱۱) سوچنا۔ سمجھنا (۱۲) خیال رکھنا (۱۳) بدلہ لینا۔ (۱۴) پانا (۱۵) فرق کرنا۔ تمیز کرنا (۱۶) پڑھنا۔ مطالعہ کرنا (۱۷) برداشت کرنا (۱۸) کلام کی اصلاح کرنا (۱۹) دیکھو کی بجائے (۲۰) آگاہ کرنے کا حکم ہر اسم کے ساتھ ہو سکتا ہے۔
دیکھنا بھالنا: [ا۔ محاورہ] غور کر کے دیکھنا (۲) تلاش کرنا.
دیکھنے۔ [ا۔ متعلق فعل] ملاقات کرنے کے لیے۔ بیمار کی عیادت کے لیے.
دیکھنے آنا: [ا۔ محاورہ] عیادت کے لیے آنا۔ ملاقات کے لیے آنا.
دیکھنے کو۔ [ا۔ متعلق فعل] برائے نام
دیکھنے کو نہیں: [ا۔ محاورہ] کمیاب ہے۔ نایاب ہے.
دیکھنے کی: [ا۔ صف] نمائشی۔ بیکار
دیکھنے میں: [ا۔ متعلق فعل] ظاہراً۔ بظاہر
دیکھنے میں آنا: [ا۔ محاورہ] ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ ۲۔ آنکھوں کے سامنے آنا۔ تجربہ میں آنا

دیکھنے والا: [ا ر صف] ا. صحبت یافتہ. فیض یافتہ (۲) معتقد. مُرید ۳. جو دیکھے.

دیکھو / دیکھوجی: [ا ر. فعل] خبردار ہو. ہوشیار رہو. ۲. توجہ کرو. متوجہ ہو. تلاش کرو (۴) متعلق فعل) شاید. ممکن ہے

دیکھو ایڑی میں گوہ لگا ہُوا ہے: [ا ر. مثل] جہاں نظر لگنے کا اندیشہ ہو کہتے ہیں.

دیکھوں: [ا ر. متعلق. فعل] دیکھیے " دیکھئے "

دیکھئے: [ا ر. متعلق فعل] شاید. ممکن ہے. خُدا جانے. خدا معلوم

دیکھئے اُونٹ کس کروٹ / کل بیٹھے: [ا ر مثل] دیکھئے انجام کیا ہو خُدا معلوم کیا نتیجہ نکلے گا.

دیکھئے دیدار اور ماریئے پیزار: [ا ر مثل] (عو) نوجوان کو نصیحت کے طور پر کہتی ہیں کہ خوبصورت عورتوں کو دیکھے / دیکھ لے. مگر ان کے قریب نہ جائے.

دیکھئے شیر / قصائی کی نظر اور کھلائیے سونے کا نوالہ: [ا ر مثل] اولاد کو ظاہراً غصہ کی نظر دیکھنا چاہیئے. تاکہ وُہ ڈرتے رہیں اور کام دُرست کریں اور کھانے کو اچھّے سے اچھّا دینا چاہیئے.

دیکھئے قسمت میں کیا بدا ہے: [ا ر. مثل] خُدا جانے کیا ہو گا.

دیکھئے کیا ہوتا ہے: [ا ر. مثل] خُدا جانے کیا نتیجہ نکلتا ہے / کیا انجام ہوتا ہے.

دیکھئے یہ بجلی کہاں گرتی ہے: [ا ر. مثل] خُدا جانے یہ مصیبت کس پر پڑتی ہے

دیکھی بھالی باتیں: [ا ر. امث] آزمائی ہُوئی باتیں. ایسی باتیں جن سے واقفیت ہو.

دیکھی بھالی کرتے ہی لگی غوطہ دینے: [ا ر. مثل] جان پہچان ہوتے ہی دغابازی شرُوع کر دی.

دیکھی پیر تیری کرامت: [ا ر مثل] تیری کرتوُت معلُوم ہے.

دیکھی تیری کالپی اور باون پُورا اُجاڑ: [ا ر مثل] کوئی اپنی جائیداد خاندان کے متعلق شیخی مارے تو کہتے ہیں. کہ تمہاری اصلیت اور حقیقت معلُوم ہے.

دیکھی ٹھوک بجا کے دُنیا طالب زر / مطلب کی. [ا ر. مثل] اچھی طرح آزما لیا کہ دُنیا میں سب ہی لوگ اپنے مطلب کے دلدادہ / یار ہوتے ہیں.

دیکھیے: [ا ر متعلق فعل] ا. دیکھنا (۲) (امر) نظر آئے. سامنے آئے.

دیکھنے کو بڈھی کام کو آندھی: [ا ر مثل] دیکھنے میں عورت بُڑھیا لگتی ہے مگر کام بہُت کرتی ہے.

دیکھیں: [ا ر متعلق فعل] آزمائیں. تجربہ کریں (۲) خُدا جانے. خُدا معلُوم.

دیگ: [ف. امث] کھانا پکانے کا بڑا تانبے کا برتن. ۲. دیگ بھر کھانا

دیگ اُبلنا: [ا ر. محاورہ] دیگ میں پکتے ہُوئے کھانے کا اُبلنا

دیگ اُتارنا: [ا ر. محاورہ] کھانے کا تیار کرنا.

دیگ اُترنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " دیگ اُتارنا " جس کا یہ لازم ہے.

دیگ کھڑکنا / دیگیں کھٹکنا: [ا ر محاورہ] دیگ پکنا. کھانا پکنا. بہُت سی دیگوں کی آواز نکلنا

دیگ کی کھُرچن بھی بہُت ہے: [ا ر مثل] بڑی مقدار میں سے بچا بچایا بھی بہت ہوتا ہے.

دیگ میں ایک ہی دانہ ٹٹولتے ہیں {

دیگ میں سے ایک ہی چاول دیکھا جاتا ہے / دیکھتے ہیں: [ا ر مثل] ایک سے سب کی جانچ ہو تی ہے.

دیگ گیر: [ا ر. اند] ایک کپڑا جس سے دیگ اُٹھاتے ہیں.

دیگچہ: [ا ر. اند] ا. دیگ کی تصغیر

دیگچی: [ف. امث] پتیلی. دھات کی ہنڈیا.

دیگدان: [ف. اند] چُولہا

دیگر: [ف. عدد. ترتیبی] دُوسرا. دُوسری. اگلا. باقی. علاوہ.

دیگر بخود منازکہ ترکی تمام شد: [ف مثل] اب کیا اتراتے ہو. وقت گزر گیا.

دیمک: [ف. امث] ا. ایک قسم کی سفید چیونٹی جو لکڑی. کتاب وغیرہ کو چاٹ کر خاک کر دیتی ہے.

دیمک چاٹنا / چاٹ جانا: [ا ر. محاورہ] کسی چیز کو دیمک کا لگ جانا. کھا جانا

دیمک لگنا: [ا ر. محاورہ] کسی چیز کو دیمک کا کھا جانا.

دیمک کھایا / خوردہ: [ا ر صف] دیمک کا چاٹا ہوا (۲) کنایۃً جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں

دیمک کے دانت اور سانپ کے پاؤں اور چیونٹی کی ناک کس نے دیکھے / دیکھی: [ا ر. مثل] یہ چیزیں گو بظاہر معدوم ہیں مگر کام ایسا کرتی ہیں کہ جن جانوروں کے دانت پاؤں اور ناک ظاہر ہوتے ہیں. اِن سے بھی ایسا بن نہیں آتا.

دیمک کے کھائے پیڑ سوچ کے مارے دیہہ کسی کام کے نہیں / رہتے: [ا ر. مثل] دیمک کا کھایا ہُوا درخت اور فکر کا مارا ہُوا بدن بیکار ہوتے ہیں.

دَین: [ع. اند] قرض. اُدھار.

دین: [یائے مجہُول سے] [ھ. امث] بخشش. داد و دہش. ۲. عنایت مہربانی.

دِین: [یائے معروف سے] [ع. اند] ا. مذہب. دھرم. نظام حیات (۲) عقیدہ. ایمان (۳) عاقبت. آخرت (۴) مشرب. مسلک.

دین برباد کرنا: [ا ر. محاورہ] ایمان خراب کرنا.

دین برباد ہونا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے " دین برباد کرنا " جس کا یہ لازم ہے.

دین پرست: [عف. صف] دیندار. پابند مذہب.

دین پرستی: [عف امث] دیکھئے " دین پرست " جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

دین پناہ: [عف صف] وُہ جو دین کا حامی یا مددگار ہو. مسلمان بادشاہوں کا لقب.

دین پناہی: [عف. امث] دیکھئے " دین پناہ " جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

دین جانا: [ا ر. محاورہ] دین خراب ہونا. بے دین ہونا. مذہب خراب ہو جانا.

دین دار: [عف صف] پابند مذہب. پابند شرع.

دین داری: [عف. امث] دیکھئے " دیندار " جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

دین دُنیا: [عف. امث] دونوں جہان. دُنیا اور عاقبت.

دین دُنیا بھُول جانا: [ا ر. محاورہ] بالکل بے خبر ہو جانا.

دین دُنیا سے جانا: [ا ر. محاورہ] کسی کام کا نہ رہنا. دونوں جہانوں کے فائدے سے محرُوم رہنا.

دین دین پکارنا: [ا ر. محاورہ] مذہبی جنگ لڑنا. دین کا دعوی کرنا. دین دین کے نعرے لگانا.

دین کا: [ا ر صف] مذہبی. دینی. مذہب کا. مذہب کے متعلق.

دین کا جھنڈا: [ا ر. اند] مذہبی جھنڈا

دِین کا ساتھ دینا: [ار محاورہ] مذہب کی پیچ کرنا۔ مذہب کے لیے لڑنا۔
دِین کا نہ دُنیا کا: [ار صف] کسی کام کا نہیں۔ نکما۔
دِین و دُنیا کی خبر نہ ہونا: [ار محاورہ] بالکل بے خبر ہونا۔ کچھ معلوم نہ ہونا۔ بے ہوش ہونا۔
دِین و دُنیا کی فکر: [ار امث] دینی اور دُنیوی اُمُور کی فکر
دینا: [ار مص] ۱۔ بخشنا۔ عطا کرنا۔ مرحمت کرنا۔ حوالے کرنا (۲) جُدا کرنا۔ بیچنا۔ فروخت کرنا (۳) پیش کرنا۔ ہدیہ دینا۔ نذر کرنا (۴) جننا۔ بچے نکالنا (۵) ادا کرنا۔ چکانا (۶) مارنا (۷) لگانا۔ (۸) بند کرنا (۹) بھرنا۔ ڈنڈ بھگتنا (۱۰) سہارنا۔ مقرر کرنا (۱۱) سُرمہ لگانا۔
دینا آنا: [ار محاورہ] دینا اترنا۔
دینا بھلا نہ باپ کا بیٹی بھلی نہ ایک: [ار مثل] قرض اور بیٹی ہر حالت میں بُرے ہیں۔
دینا پانا: [ار صف] وہ رقم جو کسی کے ذمّہ ہو
دینا دِلانا: [ار محاورہ] داد و دہش کرنا۔
دینا دھرانا: [ار محاورہ] مقروض ہونا۔ مغلوب ہونا
دینا لینا: [ار امذ] عطا بخشش۔ خیرات
دینا نہ لینا: [ار متعلق فعل] مُفت میں۔ ناحق۔ بے فائدہ۔
دینار: [ع امذ] ۱۔ سونے کا سکّہ جو عرب ممالک میں رائج ہے جو تقریباً ۱۲ روپے کے برابر ہوتا ہے (۲) سونے کا ایک وزن جو ۱½ درہم کے برابر ہے۔ (۳) ایک دوا کا نام ۴۔ ڈالر اسی کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔
دینارِ سُرخ: [عف امث] اشرفی۔ طلائی سکّہ۔
دینگی: [ار امث ق] بخشش۔ عطا۔ خیرات
دینی: [ع اف] دین سے منسوب۔ مذہب کے متعلق
دینی بھائی: [ار امذ] ہم مذہب ہونے کی وجہ سے بھائی۔ ہم مذہب شخص۔
دینی بہن: [ار امث] دیکھیے "دینی بھائی" جس کی یہ تانیث ہے۔
دینیات: [ار امث] دینی کی جمع وہ کتابیں یا مسائل جن کا مذہب سے تعلق ہو۔ مذہب سے متعلق علم۔
دینے کے نام پر کُنڈی نہیں دینتے: [ار مثل] بہت بخیل ہے
دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں: [ار مقولہ] خدا ہزاروں حیلوں سے دیتا ہے
دیو: [ف امذ] سرکش۔ بدکردار (انسان یا حیوان) ۲۔ جن۔ بھوت۔ پریت۔ شیطان۔ ۳۔ پریوں کا نر / مرد (۴) قوی ہیکل آدمی۔ موٹا تازہ شخص ننگا نر لنگا (۵) گھوڑا
دیو باد: [ف امذ] ۱۔ بگولا (۲) تیز گھوڑا ۳۔ تیز اونٹ (۴) دیوانگی جنون
دیو بند: [ف امذ] کشتی کا ایک پیچ۔ دیوؤں کو قابو کرنے والا شخص (۲) جادوگر ۳۔ وہ جگہ جہاں دیو رہتے ہیں (۴) مہینے کا سولہواں دن ۵۔ ایک دوا۔ ۶۔ بھارت کے ایک مشہور شہر کا نام۔ جہاں مشہور دینی دارالعلوم ہے۔
دیو جامہ: [ف امذ] پوستین جس میں بال باہر کی طرف ہوں (۲) بشر کی کھال جو سپاہی پہنتے ہیں۔
دیو دار: [ف امذ] چیڑ کی قسم کا ایک درخت جس کی شاخیں زمین کے متوازی پھیلتی ہیں اس کی لکڑی تعمیر کے کام آتی ہے جو مضبوط اور بہت پائیدار ہوتی ہے
دیو زاد: [ف امذ] دیو کا بچّہ (۲) قوی ہیکل آدمی (۳) تیز رفتار گھوڑا۔

دیو کا دیو: [ار صف] بہت بڑا۔
دیو کا سایہ: [ار امذ] آسیب
دیومن: [ا] ایک بھونری کا نام جو گھوڑے کے اگلے پاؤں میں ہوتی ہے اور بہت مبارک سمجھی جاتی ہے اور دُوسری بھونریوں کی نحوست کو دفع / ردّ کرتی ہے۔
دیو: [س امذ] ۱۔ مقدس۔ دیوتا (۲) برہمنوں کا لقب ۳۔ قابلِ پرستش۔
دیو بانی: [ھ امث] دیوتاؤں کی زبان۔ مقدس زبان سنسکرت۔
دیولوک: [ھ امذ] دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ۔ بیکنٹھ۔ بہشت۔
دیومالا: [ہ امث] دیوتاؤں کے قصّے۔ خیالی کہانیاں۔ علم الاصنام
دیومالائی: [ہ صف] "دیومالا" سے منسوب۔
دیوناگری: [ہ امث] وہ رسم الخط جس میں سنسکرت اور ہندی زبانیں لکھی جاتی ہیں۔
دیوا: [ھ صف] دینے والا۔ بخشش کرنے والا۔ سخی۔ فیاض۔
دیوار: [ف امث] مٹی۔ پتھر یا اینٹ سے بنائی ہوئی آڑ۔ اوٹ یا پردہ۔ (۲) صف نا پیسنا (۳) کنایۃً منتظر (۴) انگیا کے پان۔
دیوار اُٹھانا: [ار محاورہ] دیوار کھڑی کرنا۔ دیوار بنانا۔ دیوار بلند کرنا۔
دیوار اُٹھنا: [ار محاورہ] ۱۔ دیوار کا تعمیر ہونا ۲۔ جُدائی ہونا ۳۔ حجاب ہونا۔
دیوار بنانا: [ار محاورہ] دیوار تعمیر کرنا۔
دیوار بن جانا / بننا: [ار محاورہ] بے حس و حرکت ہونا۔
دیوار بہ دیوار: [ار صف] متصل قریب۔ ملا ہُوا۔
دیوار بیٹھ جانا: [ار محاورہ] دیوار کا گر پڑنا / دھنس جانا / منہدم ہو جانا
دیوار بیچ: [ار صف] اس مکان کی نسبت کہتے ہیں جس میں دیوار حائل ہو۔
دیوار پھاندنا: [ار محاورہ] دیوار کے اُوپر سے کُود کر نکل جانا۔
دیوار پھٹ جانا: [ار محاورہ] دیوار میں دراڑ پڑ جانا۔
دیوار توڑنا: [ار محاورہ] دیوار میں سُوراخ کرنا / رخنہ پیدا کرنا۔
دیوار چُننا: [ار محاورہ] دیوار بنانا۔
دیوارِ چین: [ف امث] ایک مشہور دیوار جو منگولیا اور چین کی سرحد پر واقع ہے۔ جسے منگولوں کے حملوں سے بچنے کے لیے شہنشاہ چن شہ ہونگ تی نے بنایا تھا۔ سمندر کے قریب سے شروع ہو کر ۱۵۰۰ میل تک وادیوں اور پہاڑوں پر سے ہوتی ہوئی عرب کی طرف چلی گئی ہے۔ بیس فٹ اُونچی اور چوٹی پر سے ۲۵ فٹ تک چوڑی ہے اور ہر سو فٹ پر بُرج بنا ہُوا ہے۔
دیوار درمیان: [ار صف] دیکھیے "دیوار بیچ"
دیوار سے لڑنا: [ار محاورہ] اکیلے بیٹھے شور مچانا۔ تنہائی میں خفا ہونا۔
دیوارِ قہقہہ: [ف امث] ایک روایتی دیوار جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے اندر سے ہنسنے کی آواز آتی ہے جو شخص دریافت کرنے کی غرض سے اوپر چڑھتا ہے وہ بھی ہنستے ہنستے اندر گر جاتا ہے۔
دیوار کھڑی کرنا: [ار محاورہ] دیکھیے "دیوار اُٹھانا"
دیوار کھڑی ہونا / ہو جانا: [ار محاورہ] دیکھیے "دیوار کھڑی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
دیوار کھل جانا: [ار محاورہ] دیوار میں خود بخود شگاف پڑ جانا۔
دیوار کھنچنا: [ار محاورہ] کسی جگہ یا مکان کے درمیان دیوار بننا۔ پردہ حائل ہونا۔

دیوار کھینچنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دیوار کھینچنا" جس کا یہ متعدّی ہے۔
دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں: [ا۔ مثل] بھید / راز چھپانے میں بہت احتیاط اور کوشش کرنی چاہیئے۔
دیوار گیر: [ا۔ اند] دیوار میں لگانے کا لیمپ۔
دیوار گیری: [ا۔ امث] ا۔ دیوار میں لگانے کا لیمپ (۲) وُہ کپڑا جو خوشنمائی کے لیے دیوار میں لگا دیتے ہیں۔
دیوار مُسک جانا: [ا۔ محاورہ] دیوار شق ہو جانا / پھٹ جانا / کھُل جانا۔
دیوار میں چُنا جانا: [ا۔ محاورہ] پُرانے زمانے کی سزا ہے جس میں مُجرم کو زندہ دیوار میں چُن دیا جاتا تھا۔ زندہ دیوار میں دفن ہونا۔
دیوار و دَر سے برسنا: [ا۔ محاورہ] کوئی کیفیت ہر گوشے سے ظاہر ہونا۔
دیواروں سے لڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دیوار سے لڑنا"
دیوار ہم گوش دارد: [ف۔ مثل] دیکھئے "دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں"
دیواریں چاٹنا: [ا۔ محاورہ] بہُت مشکل سے گذارہ کرنا
دیوال: [فہ۔ امث] دیکھئے "دیوار" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
دیوالا: [ہ۔ اند] دیکھئے "دوالا"
دیوالی: [ہ۔ امث] دیکھئے "دوالی"
دیوالی برس میں ایک دن: [ہ۔ مثل] خُوشی کا موقع کبھی کبھی ہوتا ہے۔
دیوالیا: [ہ۔ صف] دیکھئے "دوالیا"
دیوان: [ف۔ اند] ا۔ شاہی دربار۔ شاہی عدالت (۲) عدالت۔ کچہری۔ ۳۔ وزیر۔ رُکنِ سلطنت (۴) وزیرِ مال۔ محکمہ مال کا بڑا افسر (۵) دربار یا اجلاس کا مقام (۶) بادشاہ کی نشست گاہ (۷) کسی شاعر کا مجموعہ کلام (۸) حساب کی کتاب بہی (۹) تنخواہ کا رجسٹر (۱۰) ایک قسم کا پلنگ / لمبی کرسی۔
دیوانِ اعلیٰ / اعظم: [ع۔ اند] وزیرِ اعلیٰ / اعظم
دیوانِ خاص: [ع۔ اند] دربارِ خاص خاص لوگوں کا دربار۔ شاہی خلوت خانہ
دیوانِ خالصہ: [عف۔ اند] بادشاہی مہر کا محافظ
دیوان خانہ: [ف۔ اند] امیروں کی بیٹھک ملاقات کا کمرا۔ اہلِ دفتر کے بیٹھنے کی جگہ
دیوانِ عام: [ع۔ اند] وُہ دربار جس میں عوام حصّہ لیں۔
دیوان کہنا: [ا۔ محاورہ] دیوان تصنیف کرنا۔
دیوان پن: [ا۔ اند] دیکھئے "دیوانہ پن"
دیوانگی: [ف۔ امث] سودا۔ جُنون
دیوانہ: [ف۔ صف] ا۔ پاگل۔ سودائی۔ سِڑی۔ مجنون (۲) وارفتہ عاشق
دیوانہ باش تا غم تو دیگراں خورند: [ف۔ مثل] بے فکرے کو کہتے ہیں جس کی فکر دوسروں کو کرنی پڑتی ہے
دیوانہ بکارِ خود / خویش ہُوشیار: [ف۔ مثل] دیوانہ اپنے کام کے لیے بہت ہوشیار ہوتا ہے (۲) ہر شخص اپنے معاملہ / مفاد میں ہوشیار رہتا ہے خواہ بظاہر دیوانہ ہی کیوں نہ ہو۔
دیوانہ بنا دینا / بنانا: [ا۔ محاورہ] کسی کو اپنا شیدا بنانا۔ مفتُون بنانا (۲) پاگل بنانا۔ پریشان کرنا۔
دیوانہ پن: [ا۔ اند] پاگل پن۔ جُنون۔ سودا۔
دیوانہ را ہُوئے بس است: [ف۔ مثل] دیوانے کو چھیڑنے کے لیے صرف ہُو کہہ دینا کافی ہے
دیوانہ کر دینا / کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "دیوانہ بنا دینا"
دیوانہ ہُوا ہے: [ا۔ کلمۂ تنبیہ] پاگل ہُوا ہے۔ عقل ماری گئی ہے۔ کوئی بیوقوفی کی بات کرے تو کہتے ہیں۔
دیوانہ ہو جانا / ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے پاگل ہو جانا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا
دیوانی: [ا۔ امث] ا۔ دیکھئے "دیوانہ" جس کی یہ تانیث ہے۔
دیوانی باتیں کرنا: [ا۔ محاورہ] اُول فُول بکنا۔ پاگل پن کی باتیں کرنا۔
دیوانی ماں کا خبطی بیٹا: [ا۔ مثل] خاندانی بے وقوف۔ نسلی احمق۔
دیوانی ہانڈی: [ا۔ امث] وُہ ہانڈی جس میں مختلف ترکاریاں بے میل ڈال کر پکائیں۔
دیوانی: [ف۔ امث] ا۔ دیوانی، دیوان کا منصب (۲) قرضہ جائیداد وغیرہ کا مقدمہ سننے والی عدالت (۳) فوجداری کی ضد (۴) عدالت خفیفہ۔
دیوانی آدمی کو دیوانہ کر دیتی ہے: [ا۔ مثل] دیوانی مقدمہ انسان کو بہت پریشان کر دیتا ہے یا پاگل بنا دیتا ہے۔ دیوانی مقدمہ میں بہت زیادہ مدّت اور روپیہ خرچ ہوتا ہے۔
دیوانے کی بَڑ: [ا۔ امث] بکواس مہمل بات۔ اول فول۔
دیوتا: [ہ۔ اند] فرشتہ اوتار۔ بزرگ۔ مقدس (۲۔ صف) بھولا بھالا۔ سادہ۔ سادہ لوح (۳) طنزاً۔ مکّار۔ شریر (۴) ناگ۔ سانپ
دیوتا بھی باسنا کے بھُوکے ہیں: [ہ۔ مثل] ہر جگہ دینے سے کام نکلتا ہے۔
دیوٹ: [ہ۔ اند] چراغ رکھنے کی جگہ چراغ دان۔ شمع دان (۲) کنایتاً۔ کالا کلوٹا آدمی۔
دیُوث: [ع۔ صف] وُہ شخص جس کی بیوی زانیہ اور بدکار ہو اور وہ اس کی بدکاری سے دیدہ دانستہ چشم پوشی کرے جورو کا بھڑوا۔ قرمساق (۲) بے حیا۔ بیغرت۔
دیوثی: [عف۔ امث] دیکھئے "دیوث" جس کا یہ اِسمِ کیفیت ہے۔
دیور: [ہ۔ اند] خاوند کا چھوٹا بھائی۔
دیورانی: [ہ۔ امث] دیور کی بیوی
دیوڑھی: [ہ۔ امث] چڑھاوے کے لیے ایک اَنگل ختم کر کے جلانا۔
دیول: [ہ۔ اند] چھوٹا مندر۔ کسی بُت کا مندر۔ بُت خانہ۔
دیولا: [ہ۔ اند] چھوٹا چراغ۔
دیولی: [ہ۔ امث] ا۔ دیکھئے "دیولا" (۲) آنکھ کا گڑھا (۳) چیچک کے دانوں کا کھرنڈ
دیوی: [ہ۔ امث] دیوکی بیوی / تانیث (۲) موٹی تازی ہٹّی کٹّی عورت۔
دیوہرا: [ہ۔ اند] مندر۔ بُت خانہ
دیوی: [ہ۔ امث] ا۔ دیوتا کی تانیث (۲) کنیا۔ کنواری۔ معصوم لڑکی۔
دیہہ: [ف۔ اند] ا۔ گاؤں۔ قریہ۔ چھوٹی آبادی۔
دیہہ / دیہی: [ہ۔ امث] ا۔ جسم۔ تن۔ بدن
دیہات: [ف۔ اند] دیہہ کی جمع (جو اصُولاً غلط ہے)
دیہانت: [ہ۔ اند] مَوت۔ مرگ۔ انتقال (افعال: ہونا)
دیہی: [ف۔ صف] دیہہ سے منسوب۔ گاؤں سے متعلق
دیہیم: [ف۔ اند] شاہی تاج۔ کلغی۔

ڈ

ڈ: [ار۔ امث] اردو میں اسے ڈال اور دیوناگری رسم الخط میں ڈ کہتے ہیں۔ یہ حرف یا آواز عربی اور فارسی میں موجود نہیں اس لئے اسے دال ہندی بھی کہتے ہیں۔

۱۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ بارہواں اور دیوناگری حروف میں تیرھواں ویجن ہے۔

۲۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳۔ زبان کی نوک تالو سے لگ کر اس آواز کو ادا کرتی ہے۔

۴۔ حساب جمل میں اسے دال کی ایک صورت قیاس کر کے اس کے چار عدد مانے جاتے ہیں۔

۵۔ معرب یا مفرس بناتے وقت اسے دال یا تائے قرشت سے بدل دیا جاتا ہے۔

۶۔ کلمات کے آخر میں آ کر اسم کیفیت کے معنی پیدا کر دیتا ہے۔ مثلاً ٹھنڈ۔ ڈنڈ۔

ڈ ــــ ا

ڈا: [ہ۔ اصوت۔ مث] ستار کی گت کا ایک توڑا۔

ڈاب: [ہ۔ امث] (۱) ایک قسم کی گھاس جس سے بان بٹتے ہیں (۲) چمڑے کا کمربند جس کے حلقہ میں تلوار لٹکاتے ہیں۔ پرتلا (۳) کچا ناریل۔

ڈابر: [ہ۔ امث] (۱) جھیل۔ چھوٹا تالاب۔ وہ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہوتا ہے (۲) ہاتھ دھونے کا برتن۔

ڈابک: [ہ۔ امذ] کنویں کا تازہ پانی۔

ڈابھ: [ہ۔ امذ] (۱) گھاس جو ہندو بھبوت کے موقع پر استعمال کرتے ہیں کُشا (۲) جنگل۔

ڈابی: [ہ۔ امذ] فصل کا دسواں حصہ جو فصل کاٹنے والے کو دیا جاتا ہے۔

ڈاٹ: [ار۔ امث] (۱) گٹا کاک۔ میخ سوراخ روکنے کی چیز (۲) محراب دار پکّا دروازہ (۳) محراب کا پتھر۔ محراب (۴) وہ چپہ جو پرانی بندوقوں میں گولی بارود ڈالنے کے بعد نالی میں ٹھونس دی جاتی تھی تاکہ بارود وغیرہ گر نہ سکے (۵) مضبوط

ڈاٹ لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) روکنا۔ بند کرنا (۲) محراب بنانا

ڈاٹنا: [ار۔ مص] (۱) بھرنا۔ ٹھونسنا۔ ٹھونس کر بھرنا (۲) پہننا۔ زیب بدن کرنا۔

ڈار: [ار۔ امث] جانوروں کا جھنڈ یا قطار۔ پرندوں کی قطار۔

ڈاڑھ: [ار۔ امث] پچھلے دانت جو موٹے ہیں اور غذا وغیرہ چبانے کے کام آتے ہیں۔

ڈاڑھ جھڑ جانا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھ گر جانا۔ نکل جانا۔

ڈاڑھ گرم کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کچھ کھانا (۲) رشوت لینا۔

ڈاڑھ گرم ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ڈاڑھ گرم کرنا" جس کا لازم ہے

ڈاڑھ نہ لگانا: [ار۔ محاورہ] بے چبائے نگل جانا۔

ڈاڑھا: [ار۔ امذ] دیکھئے "ڈاڑھی" جس کا یہ اسم مکبر ہے۔

ڈاڑھی: [ار۔ امث] (۱) ٹھوڑی اور رخساروں کے بال (۲) برگد کے ریشے (۳) بھٹے کے ریشے۔ (۴) بکرے کی ٹھوڑی کے بال۔

ڈاڑھی بڑھانا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی کو لمبا کرنا / بڑھنے دینا

ڈاڑھی بنانا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی مونڈنا

ڈاڑھی بنوانا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی منڈوانا۔ شیو بنوانا

ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنا: [ار۔ محاورہ] کسی اہم یا بُرے کام پر تیار ہو جانا مستعد ہونا۔ فخر سے کوئی بات کہتے وقت ایسا کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات لمبی ڈاڑھی والوں کو ایسا کرنے کی عادت بھی ہو جاتی ہے۔

ڈاڑھی پھٹکانا / پھٹکارنا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی کے بالوں کو ہاتھوں سے جھٹکنا۔

ڈاڑھی پیٹ میں ہونا: [ار۔ محاورہ] چھوٹی عمر میں بڑوں کی سی یا عقلمندوں جیسی باتیں کرنا۔

ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا: [ار۔ محاورہ] کنایۃً ذلیل کرنا۔ قائل کرنا (۲) بطور شرط بھی آتا ہے۔

ڈاڑھی چڑھانا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی کے دونوں طرف کے بالوں کو کنگھی سے اونچا کرنا۔

ڈاڑھی چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی بڑھانا۔

ڈاڑھی خدا کا نور ہے: [ار۔ مقولہ] ڈاڑھی کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

ڈاڑھی دھوپ میں سفید کرنا: [ار۔ محاورہ] ناتجربہ کار یا کم عقل ہونا۔

ڈاڑھی رکھنا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی نہ منڈوانا۔

ڈاڑھی رنگنا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی کو مہندی یا خضاب سے سُرخ یا سیاہ کرنا۔

ڈاڑھی سفید ہونا: [ار۔ محاورہ] بڑھاپا آنا۔ ڈاڑھی کے بال سیاہ سے سفید ہو جانا۔

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی نوچنا۔ بے عزت کرنا۔

ڈاڑھی کا ایک ایک بال ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا" جس کا یہ لازم ہے

ڈاڑھی کا بال ایک ایک ہو گیا: [ار۔ محاورہ] کھل گیا۔ خوش ہو گیا۔

ڈاڑھی کتروانا: [ار۔ مص] ڈاڑھی کے بال قینچی سے کٹوانا۔

ڈاڑھی کترنا: [ار۔ مص] ڈاڑھی کے بال قینچی سے کاٹنا۔

ڈاڑھی منڈا: [ار۔ صف] جس کی ڈاڑھی منڈی ہوئی ہو جس نے ڈاڑھی رکھی ہوئی نہ ہو

ڈاڑھی منڈنا: [ار۔ مص] ڈاڑھی استرے سے صاف ہونا مونڈی جانا۔

ڈاڑھی منڈوانا / منڈانا: [ار۔ مص] شیو کرانا۔ ڈاڑھی کو استرے سے صاف کروانا

ڈاڑھی مونڈنا: [ار۔ مص] ڈاڑھی استرے سے صاف کرنا۔

ڈاڑھی کھسوٹنا / نوچنا: [ار۔ محاورہ] ڈاڑھی کے بال اکھاڑنا بے عزت کرنا۔

ڈاڑھیں: [ار۔ امث] "دیکھئے "ڈاڑھ" جس کی یہ جمع ہے۔

ڈاڑھیں مار کر رونا / مارنا: [ار۔ محاورہ] بلند آواز سے رونا

ڈاک: [ار۔ امث] (۱) چٹھیاں بھیجنے کا محکمہ (۲) گھوڑوں کا سفر کے لئے سلسلہ وار انتظام (۳) گھوڑوں کی چوکی۔ پالکی کی چوکی (۴) لگاتار آمد و رفت کا سلسلہ (۵) بلا ارادہ اور مسلسل آنے والی قے (۶) چٹھیاں خط وغیرہ جو ڈاک کے ذریعہ روزانہ آتی جاتی ہیں (۷) گاڑی جس میں چٹھیاں جائیں (۸) چٹھیوں کا تھیلا (۹) آواز دینا (۱۰) نیلام کی بولی دینا (۱۱) چاندی یا سونے کے ورق کا ٹکڑا جو نگینے یا ہیرے کے جڑنے سے پہلے رکھ دیں تاکہ چمک زیادہ ہو (۱۲) رنگدار چیز جو شیشے کے ٹکڑے کے نیچے رکھ دیں تاکہ قیمتی پتھر معلوم ہو۔ (۱۳) جادوگر۔ ساحر

ڈاک آنا / آجانا: [ار۔ محاورہ] چٹھیاں آنا۔ کسی چیز کا مسلسل آنا۔

ڈاک بٹھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) قاصد پر قاصد روانہ کرنا (۲) چوکی بٹھانا (۳) تقاضے پر تقاضا بھیجنا۔

ڈاک بند کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ڈاک کا تھیلا بند کرنا (۲) خطوط وغیرہ پہنچانے کا انتظام

درہم برہم کرنا

ڈاک بند ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "ڈاک بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ڈاک بنگلا: [ا رمحاورہ] انگریزی نمونے کا سرکاری یا نیم سرکاری مسافر خانہ، جس میں کرایہ لیا جاتا ہے اور کھانا وغیرہ پکانے اور سودا سلف مہیا کرنے کے لئے خاں ساماں اور دوسرے خدمت گار موجود رہتے ہیں۔ آرام گاہ۔ قیام گاہ

ڈاک بولنا: [ا رمحاورہ] نیلام کی بولی دینا۔

ڈاک بھیجنا: [ا رمحاورہ] ڈاک کو دوسری جگہ روانہ کرنا۔

ڈاک بیٹھنا [ا رمحاورہ] گھوڑے یا آدمیوں کی چوکی کسی کو بعجلت لے جانے کے لئے مقرر ہونا۔

ڈاک چوکی: [ا رامث] وہ جگہ جہاں گھوڑے یا ہرکارے اپنا چٹھیوں کا تھیلا دوسرے کے حوالے کریں اور جہاں تازہ دم گھوڑے ڈاک گاڑی میں جوڑے جائیں، بدلے جائیں۔

ڈاک خانہ (ا رز-امذ) غلط العام چٹھیوں وغیرہ کے بھیجنے کا دفتر۔ جہاں چٹھیوں کی آمد و رفت کا انتظام کیا جائے۔

ڈاک کا تھیلا: [ا رمحاورہ] وہ تھیلا جس میں چٹھیاں بند کرکے بھیجی جائیں۔

ڈاک کا ٹکٹ [ا رامذ] وہ سرکاری مہر شدہ کاغذ کا پرزہ جو ڈاک کا محصول ادا کرنے کے لئے چٹھیوں پر چسپاں کیا جاتا ہے۔

ڈاک کا گھوڑا: [ا رامذ] ۱ وہ گھوڑا جو ڈاک لے جانے کے لئے استعمال ہو ۲۔ گھوڑا جو بہت دوڑنے کی وجہ سے بے کار ہوگیا ہو ۳۔ تیز چلنے والا آدمی۔

ڈاک کا ہرکارہ: [ا رامذ] ڈاک کے تھیلے لانے لے جانے والا ملازم، خبر لانے لیجانے والا۔

ڈاک گاڑی: [ا رامث] ۱ وہ گھوڑا گاڑی جس میں ڈاک لے جائیں ۲۔ وہ گھوڑا گاڑی جس میں گھوڑوں کی ڈاک لگا کر سفر کریں ۳۔ وہ ریل گاڑی جس میں چٹھیاں جائیں اور جو بہت تیز جاتی ہے۔ میل ٹرین۔

ڈاک گھر [ا رامث] دیکھئے "ڈاک خانہ"

ڈاک لگانا: [ا رمحاورہ] ڈاک بٹھانا۔

ڈاک لگنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ دیکھئے "ڈاک لگانا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔ متواتر قے ہونا ۳۔ بار بار پیاس معلوم ہونا۔

ڈاک لٹنا: [ا رمحاورہ] چوروں کا ڈاک چھین لینا۔

ڈاک میں چھٹی پڑنا: [ا رمحاورہ] چھٹی کو ڈاک کے صندوق (لیٹر بکس) میں ڈالنا۔

ڈاک میں چھٹی ڈال دینا / ڈالنا / لگانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "ڈاک میں چھٹی پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ڈاک والا: [ا رامذ] ڈاکیا۔ چھٹی رساں۔

ڈاکا: [ا رامذ] مسلح چوروں کا حملہ۔ راہزنی۔ قزاقی ۲۔ وہ مسلح لوگ جو قزاقی یا غارت گری کے لئے کسی کے گھر میں داخل ہو کر حملہ کریں۔

ڈاکا پڑنا: [ا رمحاورہ] ڈاکوؤں کا حملہ ہونا۔

ڈاکا ڈالنا / مارنا: [ا رمحاورہ] لوٹنا۔ غارت گری کرنا۔

ڈاکا زنی: [ا رامث] لوٹ مار۔ غارت گری (ترکیب غلط ہے)

ڈاکٹر: [انگ امذ] انگریزی علم طب کا ماہر ۲۔ حکیم طبیب ۳۔ عالم فاضل۔ وہ شخص جو کسی علم میں سب سے بڑی ڈگری حاصل کرے۔

ڈاکر: [ا امث] زرخیز چکنی مٹی کی زمین جو کاشت کے لئے بہت اچھی سمجھی جاتی ہے۔ مگر اس کے لئے بہت پانی کی ضرورت ہوتی ہے [illegible]

ڈاکن: [ا رصف] بہت کھانے والی عورت ۲۔ ڈائن کی تانیث ۳۔ ڈاک کی [illegible] تانیث، چھٹی رساں کی بیوی۔

ڈاکنا: [ا رمحاورہ] الٹی کرنا ۲۔ آواز دینا ۳ [illegible]

ڈاکو: [ا رامذ] مسلح لوٹنے والا۔ راہ زن، قزاق [illegible] مار، ڈکیت۔

ڈاکی: [ا رامذ] (۱) بہت کھانے والا پیٹو۔

ڈاکیا: [ا رامذ] وہ شخص جو ڈاک تقسیم کرے، چھٹی رساں۔ پوسٹ مین (POSTMAN)

ڈال: [ا رامث] شاخ۔ ٹہنی ۲۔ ٹوکری یا ڈول جس سے آبپاشی کے لئے پانی پھینکتے ہیں ۳۔ اس طرح کی آبپاشی ۴۔ تلوار کا [illegible] یا حصہ جس میں جوڑ نہ ہو ۶۔ ڈالنا مصدر سے صیغہ امر۔

ڈال جانا: [ا رمحاورہ] پھینک جانا۔ گرا جانا۔ چھوڑ جانا۔

ڈال دینا: [ا رمحاورہ] رکھ دینا۔ پھینک دینا۔ گرا دینا۔

ڈال ڈال پات پات: [ا رمقولہ] دیکھئے "تم ڈال ڈال تو میں پات پات"

ڈال رکھنا: [ا رمحاورہ] رکھ چھوڑنا۔ روک رکھنا

ڈال کا پکا: [ا رامذ] پھل جو درخت کی شاخ پر پک جائے۔

ڈال کا ٹوٹا: [ا رامذ] پھل جو درخت پر پک کر شاخ سے ٹوٹا ہو۔ تازہ پھل عمدہ پھل ۲۔ الھڑ، بے وقوف۔ احمق۔

ڈال کا چوکا بندر اور بات کا چوکا آدمی نہیں سنبھلتا / ڈال کا چوکا بندر اور بانس کا چوکا نٹ نہیں سنبھلتا [ا رمثل] موقعہ پر چوکنے والا نقصان اٹھاتا ہے۔

ڈال لینا: [ا رمحاورہ] دیکھئے ڈال دینا۔ ڈالنا۔

ڈالر: [انگ امذ] ایک امریکی سکہ جو پاکستانی ۱/۲-۱۱ روپے کے لگ بھگ ہے۔

ڈالنا: [ا رمص م] کسی چیز کے اندر کوئی چیز رکھنا ۲۔ پھینکنا۔ گرانا ۳۔ قے کرنا ۴۔ اندر کرنا۔ داخل کرنا ۵۔ پہننا ۶۔ جمع کرنا۔ شامل کرنا ۷۔ انڈیلنا ۸۔ ڈھانا ۹۔ لگانا ۱۰۔ حیوان کا حمل گرانا ۱۱۔ رکھنا ۱۲۔ (چادر کے ساتھ) شادی کرنا۔ ہندوؤں میں عموماً بیوہ کی شادی کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۱۳۔ (گھر میں) مدخولہ بنانا۔ شادی کرنا اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جس سے باقاعدہ نکاح نہ ہو ویسے ہی گھر میں بطور بیوی رکھ لی جائے ۱۴۔ (حساب میں) کسی کے نام کوئی چیز یا رقم لکھ دی جائے۔ ۱۵۔ (ہاتھ) کام شروع کرنا۔ عورت کی عفت دری کرنا ۱۶۔ (کام) کسی کے متعلق کوئی کام کر دینا۔ ۱۷۔ (دل) حوصلہ یا جرأت پیدا کرنا ۱۸۔ (دل میں) خیال پیدا کرنا۔ ۱۹ (ڈول وغیرہ) لگانا۔ اندر کرنا ۲۰۔ پیش کرنا۔ نذر کرنا ۲۱۔ ایک طرف رکھ دینا ۲۲ (بیچ) چھڑکنا، بونا ۲۳۔ پیدا کرنا ۲۴۔ (تفرقہ) جدائی کرا دینا ۲۵۔ (مصیبت، تکلیف میں) پھنسا دینا ۲۶۔ گھسیڑنا ۲۷۔ (بنیاد) نیو رکھنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا ۲۸۔ دوسرے افعال کے ساتھ تکمیل فعل کے لئے لگاتے ہیں جیسے دے ڈالنا۔ کھا ڈالنا۔

ڈال والا: [ا رامذ] کنایتہً بندر

ڈالی: [ا رامث] ۱۔ درخت کی چھوٹی شاخ۔ ٹہنی ۲۔ ٹوکری جس میں میوہ رکھ کر حکام کے پیش کرتے ہیں۔ ۳۔ وہ پھل جو پھلوں کا خریدار مالک کو علاوہ قیمت کے دیتا ہے ۴۔ وہ ترکاری وغیرہ جو باغ کے مالک کے لئے آئے ۵۔ وہ ترکاری یا پھل جو سرکاری باغوں سے ملازموں اور افسروں کو بھیجی جائے۔

ڈالی بھیجنا: [ار محاورہ] افسر، حاکم یا مالک کے پاس میوہ یا ترکاری تحفتہً بلانیت بھیجنا۔

ڈالی پیش کرنا / دینا: [ار محاورہ] دیکھئے ڈالی دینا ۲۔ رشوت دینا۔

ڈالیا: [ا مذ] وہ شخص جو ڈالی سے پانی نکالے۔

ڈانچا: [ہ امذ] وہ مچان جو کھیتوں کی رکھوالی کے لئے مٹی سے کھیتوں میں بنا لیتے ہیں۔

ڈانٹ: [ہ امث] ۱۔ دیکھئے ڈانٹ مع محاورات ۲۔ دھمکی، گھڑکی، جھڑکی ۳۔ سخت آواز جس سے کسی کو روکا جائے ۴۔ ڈانٹنا مصدر سے صیغہ امر۔

ڈانٹ بتانا: [ار محاورہ] دھمکی دینا۔ گھڑکنا۔ سخت آواز سے روکنا۔ بلند آواز سے کہنا۔

ڈانٹ دینا: [ار محاورہ] گھڑکنا۔

ڈانٹ ڈپٹ: [ار امث] گھڑکی دھمکی ڈراوا۔

ڈانٹنا: [ار مصدر] ۱۔ دھمکانا۔ ڈرانا ۲۔ دھمکی دینا، گھڑکی دینا ۳۔ بلند آواز سے لینا۔ نعرہ مارنا ۴۔ سخت آواز سے روکنا و تنبیہ کی رہا۔

ڈانٹھ / ڈانٹھل / ڈانٹھی: [ار امذ، امث] ڈالی، اناج کا ڈنٹھل ۲۔ جو کچھ پیڑ پر بعض کلیاں یا اناج اٹھانے کے بعد باقی رہ جائے ۴۔ اناج کی ڈنٹھی کی کاٹ۔

ڈانڈ: [ہ امذ] ۱۔ ... ۲۔ ... بانس ۳۔ ... ایک پیمانہ ۴۔ بغیر ... بانی رہ جائے ... ۹۔ تکیہ ... بدلہ انتقام۔

ڈانڈ بھرنا / دینا: [ار محاورہ] تاوان ادا کرنا، جرمانہ ادا کرنا۔

ڈانڈ لگانا / مارنا: [ار محاورہ] بانس سے کشتی چلانا۔

ڈانڈ لینا: [ار محاورہ] جرمانہ یا تاوان وصول کرنا۔

ڈانڈا: [ار امذ] حد، ملک کی سرحد، اونچی زمین ۲۔ مینڈھ ۳۔ راستہ، سڑک۔

ڈانڈا بینڈی پڑجانا / پڑنا: [ار محاورہ] ڈنڈ پڑنا، تاوان پڑنا، دان پڑنا۔

ڈانڈا دبانا: [ار محاورہ] سرحد پر قبضہ کرنا۔

ڈانڈا ملانا: [ار محاورہ] دیکھئے "ڈانڈا ملنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ڈانڈا ملنا: [ار محاورہ] سرحد کا پاس پاس ہونا، حدوں کا ملنا۔

ڈانڈا مینڈا: [ار امذ] ۱۔ سرحد، سڑک، جو دو سروں کے درمیان ہو ۲۔ بندرگاہ کی روک ۳۔ دوستی، اتحاد، رابطہ۔

ڈانڈا مینڈا ملا ہوا ہے: [ار محاورہ] سرحد ملی ہوئی ہے، زمین سے زمین ملی ہوئی ہے ۲۔ آپس میں بہت ربط ضبط ہے۔

ڈانڈا مینڈی: [ار امث] دشمنی اور عداوت جو دو سروں میں ہوتی ہے۔

ڈانڈنا: [ار محاورہ] سزا دینا، جرمانہ کرنا ۲۔ بدلہ لینا، انتقام لینا۔

ڈانڈی: [ار امث] ترازو کی ڈنڈی ۲۔ ایک پہاڑی سواری جس میں دونوں طرف ڈنڈے اور بیچ میں دری لگی ہوئی ہوتی ہے ۳ (امذ) ملاح، کھینے والا۔

ڈانڈی مارنا: [ار محاورہ] کم تولنا، بنئے (دکاندار) ترازو کی ڈنڈی کو اس طرح جھکا دیتے ہیں کہ جس پلڑے میں چیز ہوتی ہے وہ جھک جاتا ہے۔

ڈانڈے مینڈے کی تکرار: [ار امث] سرحدی جھگڑا۔

ڈانسی: [ار امذ] ایک قسم کا بڑا مچھر ۲۔ کسی جانور کا ڈنک۔

ڈانسر: [انگ امذ] dancer ناچنے والا / والی۔ رقاص / رقاصہ۔

ڈانک: [ہ امث] ۱۔ سونے یا چاندی کے ورق کا ٹکڑا جو نگینے کے نیچے رکھ دیتے ہیں ۲۔ ڈنک ۳۔ دیکھئے "ڈاک"

ڈانک جڑنا: [ار محاورہ] سونے چاندی کے ورق کو نگینے کے نیچے رکھنا۔

ڈانکی: [ار صفت، ف] بلبو، بسیار خور۔

ڈانگ: [ہ امث] ۱۔ پہاڑ کی چوٹی ۲۔ پہاڑی علاقہ ۳۔ اونچی زمین، سطح مرتفع ۴۔ لاٹھی، ڈنڈا۔

ڈانگر: [ہ صفت] ۱۔ لاغر، دبلا پتلا ۲۔ بھوک کا مارا ہوا ۳۔ چوپایہ، مولی وغیرہ کے پھول کی ٹہنی ۴۔ ایک پودا جس میں سیاہی مائل سبز رنگ کے کدو لگتے ہیں۔

ڈانواں ڈول: [ار صفت] آوارہ پھرنے والا جس کا کوئی گھر گھاٹ نہ ہو ۲۔ خراب خستہ، پریشان حال ۳۔ ڈگمگاتا ہوا ۴۔ تباہ برباد (ہ مذ) ادھر ادھر دوڑا پھرنا۔ جھٹکا جیسے زلزلے کا (افعال پھرنا، ہونا)

ڈانواں ڈولی: [ہ امث] سرگشتگی، پریشانی، آوارگی ۲۔ غربت یا افلاس کی حالت۔

ڈاہ: [ہ امث] ۱۔ جلن ۲۔ رشک، حسد ۳۔ دشمنی، خصومت۔

ڈاہ کھانا: [ار محاورہ] رشک وغیرہ کرنا۔

ڈاہنا: [ہ مص] ۱۔ جلنا، گرم ہونا ۲۔ غصے یا رشک سے جلنا ۳۔ پرکینہ ہونا ۴۔ دھات کا گرم ہونا یا پگھلنا

ڈاہی: [ہ امذ] حسد، رشک کرنے والا ۲۔ کینہ توز، وہ شخص جو رشک، کینہ و حسد رکھے۔

ڈائجسٹ: [انگ امذ] خلاصہ، قانونی نظیروں کے خلاصے کا مجموعہ ۲۔ منتخب مضامین کا مجموعہ digest

ڈائرکٹر: [انگ امذ] ناظم، منتظم، سربراہ ۲۔ ہادی، رہنما، ہدایت کار

ڈائرکٹری: [انگ امث] directory (۱) دستور العمل، کسی علاقے کے باشندوں کے حالات کی کتاب ۲۔ وہ کتاب جس میں مختلف معلومات جمع کی گئی ہوں، ہدایت نامہ ۳۔ وہ کتاب جس میں لوگوں، کمپنیوں کے پتے وغیرہ درج ہوتے ہیں

ڈائری: [انگ امث] diary روزنامچہ، یادداشت، یادداشت کی کتاب یا کاپی۔

ڈائس: [انگ مذ] dice چبوترہ، شہ نشین، وہ چبوترہ جس پر مقرر کھڑا ہو کر تقریر کرے

ڈائل: [انگ امذ] dial گھڑی کا سامنا حصہ جس پر گھنٹوں کے نمبر اور سوئیاں وغیرہ لگی ہوتی ہیں ۲۔ ٹیلیفون کا نمبروں والا حلقہ / چکر۔

ڈائمنڈ: [انگ امذ] diamond ہیرا، جوہر

ڈائمنڈ جوبلی: [انگ امث] ساٹھ سالہ جشن Diamondjubilee

ڈائن: [ہ امث] ۱۔ دیونی، عفریتہ ۲۔ جادوگرنی، عورتوں کا خیال ہے کہ یہ بچوں کا جگر کھاتی ہے ۳۔ بدشکل عورت ۴۔ بلا جو اپنے بچوں کو آپ کھا جائے۔

ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے: [ار مثل] ظالم کو بھی پڑوسیوں کا لحاظ ہوتا ہے۔

ڈائن کو بچہ سونپنا: [ار محاورہ] بچہ دشمن کے حوالے کرنا۔

ڈائن کو بھی داماد پیارا: [بری سے بری عورت بھی اپنے داماد کی خاطر تواضع کرتی ہے۔ (ار مثل)

ی کھائے تو مُنہ لال، نہ کھائے تو مُنہ لال: [ارمش] غلام کچھ کرے یا نہ کرے بدنام ضرور ہوتا ہے۔

نامیٹ: [انگ امذ] dynamite بارودی سرنگ جس سے کوئی عمارت وغیرہ اڑائی جائے۔

ننگ ہال/روم: [انگ امذ] کھانا کھانے کا وسیع کمرہ۔

ڈ/ڈاؤ/ڈاؤن: [ہ صف ق] بایاں ہاتھ/پہلو ۲۔ بایاں کا بگاڑ۔

ڈ ـــ ب

ب: [ہ امذ] طاقت۔ قوت۔ زور۔ حکومت ۲۔ قابو۔ قبضہ ۳۔ چمڑا جس کے بٹوے۔ کیسے وغیرہ بنتے ہیں ۴۔ جیب۔ تہبند کا اوپر کا سرا جو کمر میں کس لیتے ہیں ۵۔ گردن کا پچھلا حصہ۔ ڈھور۔ دھاگا۔

ڈبّا: [ہ امذ] کُپّا۔ چمڑے کا صندوق ۲۔ سیاہی کی خلیتی۔ کارتوسوں کا بکس ۳۔ چھاتی ۴۔ پسلی کا عارضہ جو بچوں کو ہوتا ہے ۵۔ عورتوں کے زیورات رکھنے کا کسی دھات لکڑی۔ چمڑے وغیرہ کا بکس۔

ڈُباؤ: [اصفع] آدمی کے قد کے برابر بلکہ اس سے زیادہ گہرا پانی جس میں انسان ڈوب جائے۔

ڈبڈبانا: [ارمحاورہ] آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

ڈبر/ڈبرا: [ہ امذ] ۱۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ چھوٹا گڑھا جس میں پانی بھر جائے ۲۔ خون جمع ہونے کی جگہ۔ خون کا تھکا (ڈابر سے)

ڈبکا: [ہ امذ] ۱۔ تازہ پانی جو کنویں سے نکال کر اسی وقت پیا جائے ۲۔ خوف خطر۔ اندیشہ۔ ڈر ۳۔ موٹا۔ فربہ۔ جسیم

ڈبکانا: [ارمص ق] دبانا۔ زیر کرنا۔

ڈبکنا: [ارمص] چپکنا۔ ڈھکنا۔

ڈُبکی: [ا ہ امث] غوطہ۔ بُڑکی (افعال۔ دینا، کھانا۔ لگانا۔ مارنا)

ڈبل: [انگ صف] دوگنا۔ دوچند۔ دوہرا ۲۔ موٹا۔ فربہ ۳۔ پیسا یا روپیہ جو انگریزوں کے زمانے میں ہندوستان میں رائج ہوا تھا۔

ڈبل آدمی: [ار امذ] موٹا شخص

ڈبل پیسا: [ار امذ] انگریزی پیسا

ڈبل دھیلا: [ار امذ] انگریزی نصف پیسا کا سکّہ

ڈبل روٹی: [ار امث] انگریزی قسم کی خمیری روٹی جو بجائے توے کے سانچے میں پکتی ہے۔ نان پاؤ۔

ڈبل کوچ: [ار امث] دوگنا سفر۔ دوگنی منزل (افعال: کرنا۔ ہونا)

ڈبل مارچ: [ار امذ] دوڑ۔

ڈبو: [ہ امذ] لوہے کا بڑا چمچہ۔ کف گیر

ڈبونا: [ار۔ مص ق] غوطہ دینا۔ غرق کرنا۔ بھگونا ۲۔ (مجازاً) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ برباد کرنا۔

ڈِبی: [ہ امث] دیکھئے ڈِبا جس کی یہ تصغیر ہے

ڈِبیّا: [ہ امث] دیکھئے "ڈبی"

ڈبیا: [ہ امث] دیکھئے "ڈِبی" جس کی تصغیر ہے۔

ڈ ـــ پ

ڈپارٹمنٹ: [انگ امذ] (DEPORMENT) محکمہ۔ سررشتہ۔ شعبہ

ڈپٹ: [ہ ار امث] تیز رفتاری۔ ہلّہ۔ گھوڑے کی دوڑ ۲۔ جست وخیز ۳۔ دھمکی۔ ڈانٹ۔

ڈپٹانا: [ار مص] گھوڑے کو تیز دوڑانا۔

ڈپٹنا: [ار مص] ۱۔ دوڑنا۔ تیز جانا ۲۔ دھمکانا۔ ملامت کرنا ۳۔ نعرہ مارنا ۴۔ حملہ کرنا۔

ڈپٹی: [انگ امذ] deputy نائب (پہلے ڈپٹی سے مراد عموماً ڈپٹی کلکٹر ہوتی تھی۔

ڈپلوما: [انگ امذ] diploma سند۔ سرٹیفکیٹ۔

ڈپلومیٹ: [انگ امذ] diplomat سیاسی مدبّر۔ جوڑ توڑ کرنیوالا۔

ڈپلومیسی: [انگ امث] diplomacy جوڑ توڑ۔ پالیسی۔ سیاسی حکمت عملی۔

ڈپو: [انگ امذ] depot ذخیرہ۔ کارخانہ۔ تجارت گاہ۔ کوٹھی تجارتی۔

ڈپو: [ہ صف] مددگار۔ گماشتہ۔ پیش کار۔ امین ۲۔ بہت موٹا۔ کھاؤ۔ بہت بڑی چیز۔

ڈپوٹیشن: [انگ امث] (DEPUTATION) وہ نمائندہ جماعت جو کسی خاص کام کے لئے مقرر کرکے بھیجی جائے۔ وفد ۲۔ وہ عہدہ دار جو ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ میں عارضیۃ بھیجا جائے۔

ڈ ـــ ٹ

ڈٹ: [ار صف ق] زور۔ شدت ۲۔ ڈٹنا (مصدر سے صیغہ امر)

ڈٹ جانا: [ارمحاورہ] جم کر بیٹھ جانا۔ دشمن کے مقابلہ میں جم جانا۔ استقلال کے ساتھ کھڑا ہونا۔

ڈٹ کر کھانا: [ارمحاورہ] خوب پیٹ بھر کر کھانا۔ خوب سیر ہو کر کھانا

ڈٹانا: [ارمص] روکنا۔ ٹھہرانا۔

ڈٹنا: [ارمص] ۱۔ رکنا۔ رکا جانا ۲۔ کھڑا ہونا۔ دیر تک ٹھہرنا ۳۔ جرأت اور دلیری سے کسی جگہ رکنا اور مقابلہ کرنا ۴۔ مدت تک قائم رہنا۔ دیرپا ہونا ۵۔ گڑھ جانا۔ مستحکم ہونا ۶۔ رہنا۔ ٹھہرنا ۷۔ ڈاٹ لگنا۔ بند ہونا۔

ڈٹکٹو: [انگ صف] (DETECTIVE) سراغ رساں۔ کھوجی۔

ڈٹھ بند: [ہ صف] جادوگر۔ ساحر۔ کرتب دکھانے والا۔

ڈٹھون: [ہ امذ] دیوالی کے بعد بارہواں دن۔

ڈٹھیارا: [ہ صف] دیکھنے والا۔ بینا۔ صاحب نظر۔

ڈٹھیاری: [ہ امث] ۱۔ دیکھئے "ڈٹھیارا" جس کی یہ تانیث ہے ۲۔ وہ پہیلی جو جلد بوجھ لی جائے۔

ڈٹے رہنا: [ار۔ محاورہ] جگہ سے نہ ہٹنا۔ جم کر بیٹھ جانا۔

ڈ ـــ ر

ڈر: [ار-امذ] خوف - اندیشہ خطرہ
ڈر ٹوٹ جانا: [ار محاورہ] جھجک مٹ جانا - خوف دُور ہونا
ڈر کھو دینا: [ار- محاورہ] دل سے خوف نکال دینا
ڈر کے مارے: [ار متعلق فعل] خوف اور ڈر کی وجہ سے
ڈر لگنا [اہص مرکب] خوف معلوم ہونا۔
ڈر نکل جانا: [ار محاورہ] خوف جاتا رہنا - دل سے اندیشہ دور ہونا۔
ڈراپ سین: [انگ-امذ] dropscene ایکٹ کے خاتمے کا پردہ ۲ ڈرامے کا خاتمہ یا آخری منزل۔
ڈراپر: [انگ-امذ] dropper شیشے کی نلی جس کے ایک طرف ربڑ کی ٹوپی ہوتی ہے اس سے سیالی چیز بالخصوص دوا قطرہ قطرہ ٹپکاتے ہیں۔
ڈرافٹ: [انگ-امذ] draft (۱) خاکہ - مسودہ ۲- روپیہ ادا کرنے کا تحریری حکم جو ایک بنک دوسرے بنک کے نام جاری کرتا ہے - ہنڈی۔
ڈرافٹسمین/ڈرافسمین: [انگ-امذ] draftsman ۱- خاکہ بنانے والا نقشہ نویس ۲ مسودہ نویس۔
ڈراما: [انگ-امذ] dramma کسی کہانی کو اسٹیج پر حرکات جسم اور مکالمے کی صورت میں ادا کرنا - سوانگ - نقل - ناٹک - تمثیل۔
ڈرامائسٹ: [انگ-صف فاعلی] dramatist ڈراما لکھنے والا - تمثیل نگار۔
ڈراما نگار/نویس: [انگ ف- صف فاعلی] دیکھئے "ڈرامائسٹ" اصولاً ترکیب غلط ہے۔
ڈراما نگاری/نویسی [انگ ف-امث] ڈراما لکھنے کا فن یا کام اصولاً ترکیب غلط ہے۔
ڈرامائی: [ار- امث] ڈرامے سے منسوب ۲ حیرت انگیز - خلاف توقع۔
ڈرانا: [ار مص] خوف دلانا - دھمکانا۔
ڈرائی: [ار- امث دلکھنؤ] دیکھئے "ڈراؤنی" جس کی یہ تخفیف ہے۔
ڈراوا: [ار- امذ] دھمکی - خوف - وحشت۔
ڈراوا دکھانا: [ار- محاورہ] دھمکانا - خوف دلانا - دھمکی دینا
ڈرائنگ: [انگ-امث] drawing نقشہ - خاکہ ۲ نقشہ کشی۔ بے رنگ کی تصویر - پنسل سے بنائی ہوئی تصویر
ڈرائنگ روم/ہال: [انگ-امذ] دیوان خانہ - ملاقات کا کمرا ۲- نقشہ کشی یا تصویر کشی کا کمرا۔ drawing room
ڈرائنگ ماسٹر: [انگ-امذ] نقشہ کشی یا تصویر کشی سکھلانے والا استاد۔ drawing master
ڈراؤنا: [ار صف] بھیانک - خوفناک۔
ڈراؤنی: [ار صف مث] دیکھئے "ڈراؤنا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ڈرائی کلین: [انگ امث] کپڑوں کو پانی کی مدد کے بغیر کیمیاوی اجزا/مرکبات سے صاف کرنے کا عمل۔ dry clean
ڈرائیور: [انگ-امذ] گاڑی چلانے والا - ہانکنے والا driver
ڈربی: [انگ-امث] انگلینڈ کی سالانہ گھوڑ دوڑ جو لارڈ ڈربی نے شروع کی تھی۔ (DERBY)
ڈرپوک/ڈرپوکنا: [ار صف] کم ہمت - بودا - کمزور دل

ڈرتے ڈرتے: [ار متعلق فعل] دہشت زدہ ہو کر - خائف ہو کر - بچتے بچتے - محتاط ہو کر۔
ڈرل: [انگ-امث] drill ورزش - قواعد - مشق۔
ڈرل ماسٹر: [انگ امذ] قواعد سکھانے والا استاد (DRILL MASTER)
ڈرم: [انگ-امذ] drum ڈھول - نقارہ ۲- کان کا پردہ ۳- ڈھول کی شکل کا لوہے وغیرہ کا بڑا پیپا جس میں تیل وغیرہ ڈالا جاتا ہے - پیپا۔
ڈرے آپ کے دیدے سے: [ار مثل] آپ کی شوخی یا گستاخی سے خوف کھانا چاہیئے۔
ڈرے رنڈی تیرے دیدے سے: [ا مثل] کسی عورت کی بے حیائی کے متعلق کہتے ہیں کہ بہت دیدہ دلیر عورت ہے۔
ڈریانا: [ار مص] گھوڑے کے ڈوری باندھنا یا لگام دینا۔
ڈریرا: [ف-امذ] مینہ - تیز بارش
ڈریس: [انگ-امذ] dfess ۱- سیدھا ایک قطار میں کھڑا ہونا ۲- پوشاک - لباس ۳- پوشاک پہننا ۴- زخم کی مرہم پٹی کرنا ۵- مذبوحہ جانور کو پکانے کے لئے تیار کرنا۔
ڈریسنگ: [انگ-امذ] dressing سیدھا ایک قطار میں کھڑا ہونا ۲- کپڑا پہننا ۳- مرہم پٹی
ڈریسنگ ٹیبل: [انگ-امذ] سنگار میز - وہ میز جس پر ایک چوکھٹے میں شیشہ لگا ہوتا ہے جس کے سامنے کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر عورتیں سنگار کرتی ہیں۔ dressing table
ڈریسنگ روم: [انگ امذ] کپڑے پہننے کا کمرا - سنگار کا کمرا۔ dressing room
ڈریسنگ گون: [انگ امذ] dressing gown ایک قسم کا اوور کوٹ جو شب باشی/خوابی کے کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں۔
ڈریسی: [ار- امث] روڑی کی بچھائی جو انسر ملاحظہ کرتے ہیں ۲- نہر وغیرہ کے کنارے دل برتنی کو درست طریقہ سے جمانا؛ انگریزی (DRESS) کا بگاڑ
ڈریں لومڑی سے نام دلیر/شیر خاں: [ار مثل] نام کے برعکس کام - بزدل ہو کر بہادری کی شیخی مارنا۔

ڈ ـــ ڑ

ڈڑھ: [ا صف] ڈیڑھ کا مخفف۔
ڈڑھ پوّا: [ا- امذ] ڈیڑھ پاؤ کا باٹ۔
ڈڑھ پئی: [ا امث] دیکھئے "ڈڑھ پوّا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ڈڑھ: [ا صف] "ڈاڑھی" کا مخفف۔
ڈڑھ منڈا: [ا صف] وہ جس کی ڈاڑھی منڈی ہوئی ہو۔
ڈڑھیل/ڈڑھیالا: [ا صف] بڑی ڈاڑھی والا - ڈاڑھی والا۔

ڈ ـــ ز

ڈز: [ار- امث] پستول یا بندوق چلنے کی آواز۔

ڈز کرنا/کر دینا: [ار۔محاورہ] گولی مار دینا۔ بندوق کا نشانہ لگانا/بنانا۔ بندوق چلانا۔

ڈ ـــــ س

ڈَس: [ہ۔امث] ۱۔ وہ ڈور جس میں پتّے/پڑے بندھے ہوتے ہیں ۲۔ وہ دھاگے جو تھان کے اخیر پر لٹکے رہیں۔ ۳۔ تھان کا سرا۔

ڈسا ہوا پانی نہیں مانگتا: [ار۔مثل] بڑا ظالم ہے، جس کو نقصان پہنچائے تباہ کر دیتا ہے۔

ڈَسانا: [ار۔محاورہ] بستہ بچھانا۔

ڈِسپلن: [انگ۔امذ] discipline ضبط۔ نظم۔

ڈِسپنسر: [انگ۔امذ] dispenser وہ آدمی جو نسخہ کو دیکھ کر دوا بنا کر دیتا ہے۔ انگریزی طرز کا عطار۔

ڈِسپنسری: [انگ۔امث] dispensary چھوٹا شفا خانہ ۲۔ دوا خانہ۔ دوا فروش کی دکان۔

ڈِسپیچ: [انگ۔امذ] dispatch بھیجنا۔ روانگی۔ ارسال ۲۔ مراسلہ مکتوب ۳۔ سرکاری رُوبکار۔

ڈِسپیچ رجسٹر: [انگ۔امذ] وہ رجسٹر جس میں بھیجے والی چٹھیوں کا اندراج کیا جائے dispatch register

ڈِسپیچر: [انگ۔امذ] وہ محرر/کلرک جس کے سپرد چٹھیاں روانہ کرنے کا کام ہو۔ dispatcher

ڈِسٹرکٹ: [انگ۔امذ] ضلع۔ district

ڈِسٹرکٹ بورڈ/کونسل: [انگ۔امذ] منتخب نمائندوں کی وہ جماعت جو ضلعی امورِ عامہ کا انتظام کرے۔ district board

ڈِسٹرکٹ مجسٹریٹ: [انگ۔امذ] ڈپٹی کمشنر کو بحیثیت مجسٹریٹ کے کہتے ہیں۔ district magistrate

ڈِسٹلری: [انگ۔امث] کارخانہ جہاں شراب کشید ہوتی ہے۔ distillery

ڈِسچارج: [انگ۔امذ] discharge برطرفی۔ علیحدگی۔ رہائی۔ خلاصی۔

ڈِسک: [انگ۔امذ] desk ڈھلوان میز۔

ڈِسکاؤنٹ: [انگ۔امذ] discount کٹوتی۔ کمی۔ کٹوتی۔ بٹا۔ دستوری

ڈِسمِس: [انگ۔صفت] dismiss موقوف۔ برطرف۔ خارج کرنا ہونا۔ افعال کے ساتھ]

ڈسنا: [ار۔فعل] سانپ کا کاٹنا۔ کسی زہریلے جانور کا کاٹنا۔

ڈسیلا: [ار۔صفت ق] ڈسنے والا۔

ڈ ـــــ ش

ڈِش: [انگ۔امث] dish ۱۔ رکابی۔ تھالی ۲۔ کھانا۔ طعام ۳۔ خاص قسم کا کھانا۔

ڈُشٹ: [س۔امذ] جان کا دشمن۔ بُرا۔ بدکردار۔

ڈ ـــــ ف

ڈَف: [ار۔امذ] دف۔ ڈفلی کا مخفف۔ ڈھولک۔

ڈفلچی/ڈفالی: [ار۔امذ] ڈف بجانے والا۔

ڈَفر: [انگ۔امذ] نالائق۔ بیکار۔ بے وقوف۔ احمق۔ (DUFFER)

ڈَفلی: [ار۔امث] ڈھولک۔ چھوٹا ڈھول۔

ڈ ـــــ ک

ڈِک: [ار۔امث۔ق] نظر۔ نگاہ۔

ڈُک: [ہ۔امذ] مُکا۔ گھونسا۔

ڈکا ڈُک/ڈُکم ڈُکّا: [ہ۔امذ] مُکّے بازی۔ گھونسم گھونسا۔

ڈُکیانا: [ار۔محاورہ] مُکّے مارنا۔

ڈکار: [ہ۔امث] معدہ کی ہوا جو آواز کے ساتھ منہ کے ذریعہ نکلتی ہے (افعال آنا)

ڈکار بیٹھنا/جانا: [ار۔محاورہ] کسی کے مال کو ہضم کر جانا۔ خیانت کرنا۔

ڈکار لینا: [ار۔محاورہ] ۱۔ معدہ کی ہوا منہ سے نکالنا ۲۔ مال ہضم کر لینا۔ مال مار لینا۔

ڈکارنا: [ار۔مص] معدہ کی ہوا منہ سے نکالنا ۲۔ شیر کا بولنا ۳۔ کوئی چیز آواز سے نکلنا/نکلنا ۴۔ مال ہضم کر جانا۔ خیانت کرنا۔

ڈکار نہ لینا: [ار۔محاورہ] چپکے سے مال ہضم کر جانا ۲۔ پتہ نہ لگنے دینا۔ خبر نہ ہونا

ڈکٹیٹر: [انگ۔امذ] آمر۔ حاکم مطلق۔ خود مختار حاکم (dictator

ڈُکر: [ہ۔امذ] سُور۔ خنزیر۔ بارہ۔ سوک/خوک۔

ڈُکرا: [ہ۔امذ] ۱۔ زہر۔ بِس۔ سم۔ ہلاہل ۲۔ بوڑھا آدمی۔

ڈکرانا: [ہ۔مص] گائے کا بولنا ۲۔ کراہنا۔ چلانا۔ زار زار رونا۔

ڈکریا: [ہ۔امث] بوڑھی عورت۔ ضعیف عورت۔

ڈِکشن: [انگ۔امذ] diction طرزِ تحریر، بندش، عبارت۔ املا

ڈکشنری: [انگ۔امث] dictionary وہ کتاب جس میں الفاظ کے معنی درج ہوں۔

ڈکوت/ڈکوتیا: [ہ۔امذ] ہندوؤں کی ایک ذات یہ باپ کی طرف سے برہمن اور ماں کی طرف سے گوالن کی اولاد ہیں۔ سنیچر کے دن کا دان لیتے ہیں اور نجومی کا کام کرتے ہیں۔ ۲۔ اس قوم کا ایک فرد۔

ڈکوٹا: [انگ۔امذ] ایک مال بردار ہوائی جہاز۔ (DKOTA)

ڈکوری: [ار۔صفت۔ق] ۱۔ دیکھئے "ڈکورا" جس کی تانیث ہے ۲۔ زنبور۔ بھڑ۔

ڈکورا: [ار۔صفت۔ق] بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کھبّا۔

ڈکوسنا: [ار۔مص] ہانپنا۔ لگنا۔

ڈکی: [ار۔امث۔ق] حملہ۔ دھاوا۔ تاخت۔ یورش۔ ہلّہ۔

ڈکیت: [ار۔صفت] قزاق۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔

ڈکیتی: [ار۔امث] ۱۔ جب پانچ یا پانچ سے زیادہ مسلح آدمی سرقہ بالجبر کریں تو یہ ڈکیتی کہلاتی ہے۔ قزاقی۔ رہزنی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

ڈ ـــ گ

ڈَگ: [ہ۔امذ] قدم۔ دو قدم کے درمیان کا فاصلہ جو چلنے میں پیدا ہوتا ہے
ڈَگ بھرنا/دھرنا: [ار۔محاورہ] قدم اُٹھانا
ڈُگ: [ہ۔امذ] مُکّا۔ گھونسا۔ "ڈُک" کا بگاڑ)
ڈُگ رسید کرنا/مارنا: [ار۔محاورہ] مُکّا مارنا۔
ڈَگّا: [ار۔صف] دُبلا اور لمبے پاؤں کا گھوڑا۔ وہ جو لمبے لمبے قدم بھرے۔
ڈِگانا: [ار۔مص] دیکھئے "ڈِگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ڈُگ ڈُگ کے پانی پینا: [ار۔محاورہ] بڑے بڑے گھونٹوں سے پانی پینا۔ ایک دم بہت سا پانی پینا
ڈُگڈُگی: [ہ۔امث] ایک قسم کا چمڑے سے مڑھا ہُوا باجا جو عموماً بندر/ریچھ والے یا مداری بجایا کرتے ہیں [افعال: بجنا بجانا] ۲۔ ڈھنڈورا [افعال: پٹنا۔ پٹنا]
ڈَگَر: [ہ۔امث] راستہ۔ سڑک۔ شارع عام۔ شاہی سڑک۔ راہ ۲۔ کھیتوں کے درمیان چوڑا راستہ جو مویشیوں کے چلنے کے لئے ہوتا ہے۔
ڈَگرا: [ہ۔امذ] بانس کی ٹوکری۔ چنگیر۔ چھاج۔
ڈَگرنا: [ہ۔مص] چلے جانا۔ سفر کرنا۔ سڑک پر چلنا۔ روانہ ہونا۔ لڑھکنا۔
ڈَگری: [ہ۔امث] ۱۔ دیکھئے "ڈگرا" جس کی تانیث ہے۔
ڈِگری: [انگ۔امث] حکم فیصلہ۔ فرمان عدالت ۲۔ جائداد کے فیصلہ میں حکم حاصل کرنا۔ ۳۔ کامیابی۔ کامیابی کی سند (افعال: حاصل کرنا دینا لینا۔ ملنا۔ ہونا)
ڈِگری دار: [انگ۔صف] وہ شخص جس نے ڈِگری حاصل کی ہو۔ جس کے حق میں فیصلہ ہوا ہو (ترکیب غلط ہے
ڈگری کالج: [انگ۔امذ] وہ کالج جس B.A یعنی چودھویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہو degree college
ڈَگمَگ: [ہ۔امث] ہلتا ہوا لرزاں کانپتا ہوا۔ لڑکھڑاتا ہوا۔ متزلزل
ڈَگمگانا: [ار۔مص] ۱۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ لڑکھڑانا۔ ڈولنا۔ ضعف کی وجہ سے کھڑے نہ رہ سکنا
ڈَگمگاہٹ: [ہ۔امث] ڈگمگانے کا فعل۔
ڈَگن: [ہ۔امذ] بانس کی پتلی اور لمبی چھڑ جس کے ایک سرے پر ڈور کا ایک سرا باندھتے ہیں اور ڈور کے دوسرے سرے پر کانٹا باندھتے ہیں اور اس سے مچھلی کا شکار کھیلتے ہیں (افعال: لگانا۔ لگنا)۔
ڈِگنا: [ہ۔ار۔مص] جگہ سے ہٹنا۔ بے جگہ ہونا۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ ٹلنا ۲۔ تلخ ہونا۔ خراب ہونا۔ گرنا۔
ڈُگّی: [ہ۔امث] ڈھنڈورا۔ اعلان۔ (افعال پٹنا پیٹنا) ۲۔ شادی کا چھوٹا نقارہ۔
ڈَگے ڈَگ: [ار۔متعلق فعل ق] قدم قدم پر۔

ڈ ـــ ل

ڈَل: [ہ۔امذ] گروہ۔ دستہ ۲۔ دولت۔ روپیہ ۳۔ کشمیر کی ایک مشہور جھیل کا نام۔
ڈَلا: ڈھیلا۔ کلوخ۔ بڑا ٹکڑا ۲۔ منجمد شے جو بڑا حجم رکھتی ہو۔ بڑی ٹوکری۔ مٹھائی جو دولہا کے گھر سے دولہن کے گھر جائے۔
ڈُلانا: [ہ۔مص] جنبش دینا۔ ہلانا ۲۔ پھرانا۔ حیرن کرنا ۳۔ ہچکولے دینا۔
ڈَلاؤ: [ہ۔امذ] کوڑا/غلاظت پھینکنے کی جگہ۔ کوڑی۔ روڑی۔ گھورا۔ کوڑا کرکٹ۔ میلا گندہ
ڈلاؤ کی گاڑی: [ہ۔امث] وہ گاڑی جس میں کوڑا کرکٹ بھر کر شہر سے باہر لے جاتے ہیں۔
ڈَلک: [ہ۔امث] چمک۔ دمک خصوصاً سونے کی ۲۔ ناہمواری سی جو صاف شفاف جوہر میں معلوم ہو۔
ڈَلَک: [ہ۔ کم مذ] ٹوکری۔ چھینکا۔ بہنگی ۲۔ ڈالی۔ تحفہ۔
ڈَلکنا: [ہ۔ مص] چمکنا۔ دمکنا۔
ڈَلنا: [ہ۔مص] "ڈالنا" کا لازم۔
ڈَلی: [ہ۔امث] کسی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔ خصوصاً مصری مٹھائی یا برف کا ۲۔ سپاری چھالیہ
ڈَلیا: [ہ امث] چھوٹی ٹوکری ۲۔ ڈالی شاخ۔
ڈِلِوَری: [انگ۔امث] تقسیم کسی چیز کی تفویض ۲۔ ڈاک کی تقسیم ۳۔ وضع حمل۔ delivery (افعال: کرنا۔ ہوجانا۔ ہونا)

ڈ ـــ م

ڈِرم: [س۔امذ] ناٹک کا کھیل۔ لڑائی یا محاصرے کا سین/نظارہ جو تماشا گاہ میں دکھایا جاتا ہے۔
ڈُمرُو: [ہ۔امذ] ڈُگڈُگی۔
ڈَمی: [انگ امث] dummy ۱۔ جعلی۔ مصنوعی چیز۔ جھوٹ موٹ کا بندا ۲۔ تاش میں فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ہے اور اس کا ساتھی اسے کھیلتا ہے ۳۔ اخبار یا کتاب کا نمونہ۔
ڈُنٹھا/ڈُنٹھل: [ہ۔امذ] ٹہنی۔ شاخ جس پر پھول آئے۔ گاجر مولی وغیرہ کی ٹہنی جس پر بیج آئے۔
ڈَنڈ: [ہ۔امذ] ۱۔ بازو ۲۔ ایک قسم کی ورزش ڈنٹر ۳۔ جرمانہ۔ تاوان ۴۔ انتقام ۵۔ لمبی سونٹا ۶۔ ٹیکس۔ محصول (فعل: پڑنا)
ڈنڈ پر خاک چڑھانا: [ار۔محاورہ] پہلوانوں کا دوسرے کے یا اپنے بازوؤں پر خاک ملنا
ڈنڈ پیلنا/کرنا/نکالنا: [ار۔محاورہ] ورزش کرنا۔ ڈنٹر کی ورزش کرنا۔
ڈنڈ دینا/بھرنا: [ار۔محاورہ] جرمانہ ادا کرنا۔ تاوان دینا۔
ڈنڈ ڈالنا: [ار۔محاورہ] تاوان/جرمانہ عائد کرنا۔
ڈنڈ کھلا: [ار۔صف] نیلا کبوتر جس کی دُم کے پَر سفید ہوں۔
ڈنڈ لینا: [ار۔محاورہ] جرمانہ/تاوان وصول کرنا۔
ڈُنڈ: [ہ۔امذ] درخت کا تنہ جس میں شاخیں نہ ہوں۔
ڈَنڈا: [ہ۔امذ] سونٹا۔ لاٹھی ۲۔ ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی۔ عصا ۳۔ سیڑھی کی لکڑی۔ ۴۔ جھنڈے کی لکڑی۔ ۵۔ گدکا۔ ۶۔ خیمہ کی چوب ۷۔ مسہری کی چوب ۸۔ لکڑی جس پر فقیر دوسری لکڑی مار کر بجاتے ہیں۔ ۹۔ وہ لکڑی جو حد مقرر کرنے کے لئے گاڑتے ہیں ۱۰۔ ترازو کی لکڑی ۱۱۔ پولیس کے سپاہیوں کے پاس جو چھوٹا لکڑی کا سونٹا ہوتا ہے ۱۲۔ ترازو ۱۳۔ وہ شخص جو محصول اکٹھا کرے ۱۴۔ دیوار جو گھر کے گرد کھینچی جائے۔
ڈنڈا ڈولی کرنا: [ار۔محاورہ] کسی شخص کو بازوؤں اور ٹانگوں سے پکڑ کر اُٹھانا۔
ڈنڈا زنی: [ہ۔ف۔امث] تشدد کا ایک طریقہ جس میں بازو پچھلی طرف باندھ دیئے جاتے ہیں اور ان میں ڈنڈا ڈال کر گھماتے ہیں (ترکیب غلط ہے)
ڈنڈا کھینچنا: [ار۔محاورہ] حد مقرر کرنا۔ دیوار بنانا۔
ڈنڈا لگانا: [ار۔محاورہ] لاٹھی سے مارنا۔

ڈنڈا لگنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ڈنڈا لگانا" جس کا یہ لازم ہے
ڈنڈا مارنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ڈنڈا لگانا"
ڈنڈوت: [ہ۔ امث] ۱۔ ہندوؤں میں سلام کا ایک طریقہ ۲۔ سجدہ۔ آداب تسلیم سلام۔ (افعال: کرنا ہونا)
ڈنڈوکا: [ا ر۔ امذ] ٹوٹی ہوئی تلوار جس کا کوئی ٹکڑا قبضے میں لگا رہ گیا ہو۔
ڈنڈی: [ا ر۔ امث] ترازو کی لکڑی ۲۔ دستہ ۳۔ قبضہ ۴۔ ہار سنگار کے پھول کا سُرخی مائل زردی مائل حصّہ ۵۔ ڈنٹھل ۶۔ گز ۷۔ آلۂ تناسل ۸۔ ایک قسم کی بالی ۹۔ ٹال مٹک ۱۰۔ ہندو فقیروں کی ایک قسم جو صرف برہمن سے دان لیتے ہیں ۱۱۔ چھوٹا سا راستہ ۱۲۔ گاڑی کی لمبی لکڑی ۱۳۔ لکیر۔ دھاری۔
ڈنڈی مار: [ا ر۔ صف] کم تولنے والا۔
ڈنڈی مارنا: [ا ر۔ محاورہ] کم تولنا۔ بے ایمانی کرنا۔ دھوکا دینا۔
ڈنڈے: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "ڈنڈا" جس کی یہ جمع ہے
ڈنڈے بجاتے پھرنا: [ا ر۔ محاورہ] بیکار پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا۔
ڈنڈے بجانا: [ا ر۔ محاورہ] ڈنڈے بجانے والے فقیروں کا پیشہ ہونا ۲۔ بیکار رہنا۔
ڈنڈے بجنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ڈنڈے بجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈنر: [انگ۔ امذ] dinner عشائیہ۔ رات کا کھانا۔
ڈنک: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "ڈنک" معہ محاورات۔
ڈنٹر بھجا: [ا ر۔ صف] کمزور ناتواں۔
ڈنٹر بھجے گواہی دیتے ہیں: [ا ر۔ مثل] طنزاً کہا جاتا ہے کہ تم ایسا کام نہیں کر سکتے بہت کمزور ہو۔
ڈنک: [ہ۔ امذ] ۱۔ بچھو۔ بھڑ وغیرہ کا زہریلا کانٹا۔ نیش۔ (افعال: چبھونا چبھنا لگانا۔ لگنا۔ مارنا) ۲۔ وہ نشان جو ڈنک کے کاٹنے سے پڑ جاتا ہے۔
ڈنک مارنا: [ا ر۔ محاورہ] کسی کو آزار پہنچانا۔ نقصان پہنچانا۔
ڈنکا: [ا ر۔ امذ] نقارہ جو امرا و سلاطین کی سواری کے آگے رہتا تھا۔ ۲۔ مجازاً شہرت۔ عزت۔
ڈنکا بجانا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ نقارہ بجانا۔ ڈھول بجانا ۲۔ حکومت کرنا راج کرنا ۳۔ رُعب بٹھانا ۴۔ شہرت دینا۔ دھوم مچانا ۵۔ منادی کرنا۔
ڈنکا بجنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ڈنکا بجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈنکا دینا: [ا ر۔ محاورہ] نقارہ بجانا۔ کسی کام یا کسی بات کا اعلان کرنا۔
ڈنکا ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] مُرغ سے مُرغ لڑانا۔ شرط کی بازی مقرر کرنا ۲۔ مُرغ کا چونچ مارنا
ڈنکا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] بادشاہوں کی سواری کے آگے نقارہ بجنا۔
ڈنکارنا: [ا ر۔ مف] ہنکارنا۔ چیخنا۔ خفا ہونا۔
ڈنکنی: [ا ر۔ امث] ایک قسم کی عورت۔ ۲۔ ڈائن ۳۔ جھگڑالو عورت۔
ڈنکے بجے ہیں: [ا ر۔ محاورہ] عام شہرت ہے۔
ڈنکے کی چوٹ: [ا ر۔ الف] کُھلم کُھلا۔ علی الاعلان۔ اعلانیہ۔
ڈنگر: [ا ر۔ امذ] مویشی۔ حیوان۔
ڈنگیا: [ہ۔ امث] ۱۔ چھوٹا ڈونگا۔ پانی پینے اور بھرنے کا دستہ دار چھوٹا برتن ۲۔ چھوٹی کشتی

ڈ ــــــ و

ڈوّا / ڈوڈا: [ہ۔ امذ] بڑی ڈوئی۔ لکڑی کا بڑا چمچہ۔

ڈوب: [ا ر۔ امذ] غوطہ۔ ڈبکی ۲۔ قلم کو سیاہی میں تر کرنا ۳۔ کپڑے کو رنگ میں ڈبونا ۴۔ ڈبونا کا امر ۵۔ لگاتار بدن سے نکلنے والا پسینہ ۶۔ عرق۔
ڈوبا: [ا ر۔ امذ] ڈبکی غوطہ۔ غرقابی ۲۔ قلم کو روشنائی میں ڈبونا یا ڈبونے کا عمل (افعال: بھرنا۔ لینا) ۳۔ نشیب کی زمین جو پانی میں ڈوبی رہے۔
ڈوبا: [ا ر۔ صف] ڈوبا ہوا تباہ و برباد
ڈوبا نام اُچھالنا: [ا ر۔ محاورہ] گئی ہوئی عزت کو دوبارہ حاصل کرنا گمنامی سے نکلنا
ڈوبا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ نشے میں چُور ہونا ۲۔ کسی خیال میں محو ہونا
ڈوبتا: [ا ر۔ اسم حالیہ] ڈوبنے والا۔ غرق ہونے والا۔ جو ڈوب رہا ہو۔
ڈوبتی ناؤ ترانا: [ا ر۔ محاورہ] بگڑی حالت درست کرنا۔
ڈوبتے اُچھلتے: [ا ر۔ متعلق فعل] بڑی مشکل سے۔
ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہے: [ا ر۔ مثل] مصیبت میں تھوڑی سی مدد بھی بہت ہے
ڈوب مرنا: [ا ر۔ محاورہ] پانی میں غرق ہو کر مر جانا۔ جان دے دینا بدنامی کی وجہ سے جان دینا
ڈوبنا: [ا ر۔ مص] ۱۔ غرق ہونا دریا برد ہونا ۲۔ چُھپنا۔ غروب ہونا ۳۔ ضائع ہونا۔ نقصان ہونا ۴۔ نیست و نابود ہونا ۵۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۶۔ کسی چیز میں پوری طرح گھس جانا۔ داخل ہو جانا ۷۔ کسی گروہ میں گُھس کر چھپ جانا ۸۔ پسینہ میں غرق ہونا ۹۔ بُری جگہ یا بُرے خاندان سے پالا پڑنا ۱۰۔ کسی خیال میں محو ہونا ۱۱۔ نشہ میں چُور ہونا۔ ۱۲۔ رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا ۱۳۔ دیوالا نکلنا۔ نقصان ہونا ۱۴۔ ناکام ہونا رہنا۔
ڈوبی ہوئی اسامی: [ا ر۔ صف] ایسا مقروض و مفلس ہو جانے کی وجہ سے قرض ادا نہ کر سکے۔
ڈوبی ہوئی رقم بھری ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ایسی رقم واپس ملنا جس کے ملنے کی اُمید جاتی رہی ہو
ڈوبے کٹورا اپنے گھڑیال: [ا ر۔ مثل] فائدہ کوئی اٹھائے اور سزا کوئی پائے۔
ڈوبیا: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "ڈوبا" جو صحیح ہے۔
ڈوڈا: [ا ر۔ امذ] وہ چیز جس کے اندر بیج ہوتے ہیں ہول ۲۔ پوست کپاس وغیرہ کا پھل
ڈور: (واؤ مجہول سے) [ا ر۔ امث] سوت کی باریک رسّی۔ دھاگا ۲۔ بٹا ہوا دھاگا جس سے پتنگ اڑاتے ہیں ۳۔ بٹا ہوا مضبوط دھاگا۔ ۴۔ کلابتو غالب۔ فائق۔ زبردست ۵۔ لکھنؤ۔ نئی بات انوکھی بات۔
ڈور پر لگانا: [ا ر۔ محاورہ] ڈھب پر لانا۔ مانوس کرنا۔ ہلانا۔ سدھانا۔
ڈور پر لگنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ڈور پر لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈور پر کو مانجھا دینا: [ا ر۔ محاورہ] پسا ہوا شیشہ چاولوں کی پیچ میں ملا کر دھاگا پر لگانا۔
ڈور سلجھانا: [ا ر۔ محاورہ] اُلجھی ہوئی ڈور کے پھندے نکالنا۔
ڈور لگنا: [ا ر۔ محاورہ] لو لگنا۔ خیال میں محو ہونا۔
ڈور ہونا: [ا ر۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ پاگل ہونا ۲۔ غالب ہونا۔
ڈورا: [ا ر۔ امذ] ۱۔ دھاگا۔ تار۔ بٹا ہوا دھاگا ۲۔ خط۔ لکیر ۳۔ آنکھ کی رگیں ۴۔ آنکھ کی رگوں کی سُرخی ۵۔ تلوار کی دھار ۶۔ ڈنڈی والا ڈورا۔ ۷۔ گرم گھی کو پکے ہوئے چاولوں میں ڈالنا ۸۔ کسی کو محبت کی نظر سے دیکھ کر اپنی طرف مائل کرنا ۹۔ پوست کا ڈوڈا ۱۰۔ سرمہ کی لکیر ۱۱۔ رقص میں ناچنے والوں کی گردن کی جنبش۔ معشوق کی نازک گردن کی جنبش ۱۲۔ جال۔ دام۔ فریب ۱۳۔ کمر وغیرہ کا ناپ جو ڈورے سے لیا جائے ۱۴۔ کتابوں کو فنوں کو باندھنے کا دھاگا ۱۵۔ گانے میں لمبی اور اونچی آواز ۱۶۔ خوشبو ۱۷۔ آنکھ کا ڈھیلا۔
ڈورا بھانا: [ا ر۔ محاورہ] ڈورا مروڑنا۔ دھاگا مروڑنا۔
ڈورا ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] دام محبت میں پھنسانا۔ مائل کرنا ۲۔ دھاگا پرونا۔

ڈوڈرو: [ہ امذ] ڈگڈگی۔ ڈمرو۔

ڈوری (واؤ مجہول سے): [ار۔امث] پتلی رسّی۔ پانی بھرنے کی رسّی ۲۔ خیمے کی طناب پلنگ کی پائنتی ۳۔ وہ بٹا ہوا دھاگا جو عورتیں سینہ بند کے سرے پر ٹانکتی ہیں ۵۔ وہ ریشم ... پلنگ کے چاروں پاؤں میں ... باندھ ... تاکہ چادر میں ... نہ پڑیں ۷۔ زمین ناپنے کی رسّی۔ جریب ۸۔ دودھ ڈالنے یا ملائی اتارنے کا دستہ دار کٹورا ۹۔ وہ فیتہ جس سے کاغذات باندھتے ہیں۔

ڈوری ڈھیلی چھوڑنا: [ار۔محاورہ] خود مختار کر دینا۔ آزاد رہنے دینا۔ نگرانی چھوڑ دینا۔ غافل ہو جانا۔

ڈوری کھینچنا: [ار۔محاورہ] بلانا۔ طلب کرنا۔ یاد کرنا۔

ڈورے چھوٹنا: [ار۔محاورہ] خمار یا بیداری سے آنکھوں کا سُرخ ہونا۔

ڈورے چھوڑنا: [ار۔محاورہ] کاجل یا سرمہ کی لکیر آنکھ کے کوئے سے باہر تک نکالنا۔

ڈورے ڈالنا: [ار۔محاورہ] لحاف میں دھاگے ڈالنا ۲۔ پھانسنا۔ مائل کرنا۔ محبت میں گرفتار کرنا ۳۔ بال گوندھنا۔ مینڈھیاں گوندھنا ۴۔ چڑیا یا مینا کا پے در پے چہچہانا۔

ڈورے کترنا: [ار۔محاورہ] ڈلی یا چھالیا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔

ڈوریا: [ار۔امذ] ایک قسم کا باریک دھاری دار کپڑا ۲۔ شکاری کتوں کا محافظ۔

ڈوسا: [ار۔صف ق] بوڑھا

ڈوک: [ہ۔امث] مویشیوں کے پیٹ کی بیماری ۲۔ بڑا سا گہرا گڑھا۔

ڈوکر: [ار۔صف ق] کمینہ۔

ڈوکر/ڈوکرا: [ار۔صف] بہت بوڑھا ضعیف۔

ڈوکری: [ار۔صف مث] دیکھئے "ڈوکر" جس کی تانیث ہے۔

ڈوکنا: [ار۔مص] قے کرنا۔ واپس پلٹ دینا ۲۔ چوسنا بہت سا پانی پی جانا۔

ڈول (واؤ مجہول سے): [ار۔امذ] کنویں سے پانی نکالنے کا برتن جو چمڑے یا لوہے کا ہوتا ہے۔

ڈول پھانسنا/ڈالنا: [ار۔محاورہ] پانی نکالنے کیلئے کنوئیں میں ڈول اتارنا یا پھینکنا

ڈَول: [ار۔امذ] ڈھنگ وضع صورت ۲۔ خاکہ۔ ڈھانچا ۳۔ تخمینہ۔ اندازہ ۴۔ مٹ کھیت کی مینڈھ۔

ڈول پر لانا۔ [ار۔محاورہ] راہ پر لانا۔ ڈھب پر لانا کام کے قابل بنانا۔

ڈَول ڈالنا: [ار۔محاورہ] بنیاد قائم کرنا۔ انتظام کرنا ۲۔ تعلق پیدا کرنا ۳۔ ڈھب کا ڈھنگ پیدا کرنا۔

ڈول سے لگانا: [ار۔محاورہ] موقع سے لگانا۔ ڈھنگ سے لگانا۔ ترتیب سے کرنا۔

ڈولا: [ار۔امذ] کھیت کی مینڈھ ۲۔ خراج کا تخمینہ ۳۔ کہنی اور کندھے کے درمیان کا گوشت ۴۔ ایک قسم کی مچھلی۔

ڈولا: [ار۔امذ] زنانی سواری کا نام۔ سُکھپال۔ محافہ ۲۔ جھولا۔

ڈولا اچھلنا: [ار۔محاورہ] کسی عورت کا دوسری عورت کے شوہر سے آشنائی یا شادی کر لینا ۲۔ ڈولی میں بیٹھ کر جانا (طنزاً)

ڈولا جانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ڈولا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

ڈولا دینا: [ار۔محاورہ] بادشاہ یا امیر کو بیٹی دینا۔ اپنی بیٹی کو حاکم کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کرنا۔

ڈولا لینا: [ار۔محاورہ] ڈولے کی رسم ادا کر کے کسی عورت کو زوجہ یا بیوی بنانا۔

ڈولا نکالنا: [ار۔محاورہ] دلہن کو رخصت کر کے دُلہا کے گھر بھیجنا۔

ڈولا نکلنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ڈولا نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ڈولچی: [ار۔امذ] دیکھئے "ڈولا" جس کی یہ تصغیر ہے۔ پانی کھینچنے کا چھوٹا برتن۔

ڈولن: [ار۔صف ق] ڈولنے والا۔

ڈولنا: [ار۔مص] چلنا۔ پھرنا۔ ٹہلنا ۲۔ آوارہ اور مارا مارا پھرنا ۳۔ مذ۔ ڈولا۔ گہوارہ ایک قسم کا برتن۔ گھی ڈالنے کا مٹی کا برتن۔

ڈَولنا: [ار۔مص] لکڑی کو چھیل چھال کر ڈھب پر لانا۔ درست کرنا ۲۔ ڈول ڈالنا۔

ڈولی (واؤ مجہول سے): [ار۔امث] ایک پردہ دار زنانی سواری جس کو کہار اٹھا کر چلتے ہیں۔ محافہ ۲۔ جہاز کا مستول۔

ڈولی آنا: [ار۔محاورہ] لڑکی کو شوہر کے گھر لے کر جا کر شادی کرنا۔

ڈولی اترنا: [ار۔محاورہ] ڈولی سے سواری اترنا۔

ڈولی الٹی پھیرنا: [ار۔محاورہ] ڈولی کو مع سواری واپس کر دینا۔

ڈولی لگانا: [ار۔محاورہ] سواری کے بیٹھنے کے لئے ڈولی کو ڈیوڑھی میں رکھنا۔

ڈولی میں بیٹھ کر اُپلے چُننے گئے ہیں: [ار۔مثل] خلافِ وضع کام کرنے پر کہتے ہیں

ڈولی نہ کہار بی بی بیٹھی ہیں تیار: [ار۔مثل] سامان ندارد اور ارادے بڑے بڑے۔

ڈوم: [ار۔امذ] ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے۔ میراثی۔ قوال۔ گویّا ۲۔ ایک قوم جو چھاج بنانے کا کام کرتی ہے۔

ڈوم بنیا: [ار۔امذ] ڈوم کا پیشہ۔ بے جا خوشامد۔

ڈوم کا تیر خدا جھوٹ کرے: [ار۔مثل] کسی ظاہر چیز کو چھپانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

ڈوم کا گلا اور عطار کا شیشہ: [ار۔مثل] ڈوم کے گلے سے ہر قسم کا نغمہ نکلتا ہے اور عطار کے شیشے سے ہر قسم کی خوشبوئیں نکلتی ہیں۔ اس لئے دونوں یکساں ہیں۔

ڈوم کا گھر شیخی میں گیا: [ار۔مثل] اپنی طاقت سے زیادہ نمود میں نقصان ہوتا ہے۔

ڈوم کے گھر بیاہ من آوے سو گا: [ار۔مثل] اپنے گھر میں جو چاہو کرو۔

ڈومنی: [ار۔امث] دیکھئے "ڈوم" جس کی مؤنث ہے ۲۔ ایک ... کا نام

ڈومنی کا پوت چیپتی بجائے اپنی ذات آپ ہی بتلائے: [ار۔مثل] آدمی کی اصلیت اس کے قول فعل سے ظاہر ہو جاتی ہے۔

ڈونڈ/ڈونڈا: [ار۔صف] وہ بیل یا بکرے جس کا ایک سینگ ٹوٹا ہوا یا مڑا ہوا ہو۔

ڈونڈی: [ار۔امث] منادی۔ ڈھنڈورا۔ شہرت (افعال: پیٹنا۔ پٹنا۔ پھیرنا۔ پھرنا)

ڈونگا/ ڈونگھا: [ار۔صف] عمیق۔ گہرا۔

ڈونگا: [ار۔امذ] چھوٹی کشتی۔ بجرا۔ چھوٹی سی ناؤ ۲۔ پانی بھرنے کا دستہ دار برتن۔ ۳۔ سالن وغیرہ ڈالنے کا برتن۔

ڈونگائی/ڈنگھائی: [ار۔امث۔ق] گہرائی۔ عمق۔

ڈونگر: [ار۔امذ] اونچی زمین۔ ٹیلا ۲۔ پہاڑی علاقہ۔ پہاڑی ملک۔

ڈونگر پھل: [ار۔امذ] ایک نہایت کڑوا پھل جو گھوڑے کے مصالحہ میں ڈالتے ہیں بندال ڈوڈا۔

ڈونگرا: [ار۔امذ] بارش۔ پھوہار۔

ڈونگری: [ار۔امث] چھوٹی سی پہاڑی۔

ڈونگی: [ار۔امث] ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ بندھی رہتی ہے ۲۔ چھوٹا سا چمچہ۔

ڈونگی/ڈونگھی: [ار۔امث۔ق] گہری "ڈونگا" کی تانیث۔

ڈونگیا: [ار۔امث] دیکھئے "ڈونگیا"

ڈوہ: [ار۔امذ] ۱۔ چشمہ ۲۔ گہرا پانی ۳۔ غار۔ گڑھا۔

ڈوئٹ۔ [انگ۔امث] دوگانہ۔ وہ گیت جس کو دو آدمی مل کر گائیں۔ انگریزی لفظ کا ترجمہ

ڈوئل: [انگ۔امث] جھگڑا نمٹانے کے لئے دو شخصوں کی لڑائی جو تلوار یا پستول سے لڑی جاتی ہے۔ انگریزی لفظ۔ duel

ڈوئی: [ار۔امث] لکڑی کا بڑا چمچہ۔ جس سے ہنڈیا پکاتے ہیں۔ کفگیر۔

ڈویژن: [انگ۔امذ] فوج کا حصّہ ۲۔ علاقہ ۳۔ تقسیم (DIVISION) ۴۔ درجہ۔ جماعت ۵۔ قسمت۔ کمشنری۔

ڈویژن بنچ: [انگ۔امث] division bench کم از کم دو ججوں کی عدالت۔

ڈ ہ

ڈہڈہا: [ہ۔صف] سرسبز۔ تر و تازہ۔ سیراب ۲۔ خوش و خرم ۳۔ بھڑکیلا۔ چمک دار۔ ۴۔ چہچہاتا ہوا۔ شوخ رنگ۔

ڈہڈہانا: [ہ۔مص] چمکنا۔ سرسبز ہونا۔ پھولنا۔ پھلنا۔ کھلنا۔

ڈہر: [ہ۔امذ] جوہڑ۔ برساتی پانی کا نالاب ۲۔ نشیب۔ نیچی زمین ۳۔ جہاز یا کشتی کا پیندا۔ ۴۔ کسم کا وہ زرد رنگ جو شہاب سے پیشتر نکلتا ہے۔

ڈہرا: [ہ۔امذ] کشتی کی وہ جگہ جہاں تختوں کی درزوں میں سے پانی آ کر جمع ہو گیا ہو ۲۔ گڑھا جو پانی کے لئے کھودا جائے ۳۔ نشیبی زمین۔

ڈہکانا: [ہ۔مص] ترسانا۔ گمراہ کرنا۔ دھوکا دینا۔

ڈہکاونا: [ہ۔مص۔ق] ترسانا۔ دھوکا دینا۔

ڈہسکان: [ہ۔امذ۔ق] ڈھیر۔ انبار۔

ڈ ھ

ڈھا: [ہ۔امث] دریا کی تباہ کاری ۲۔ زمین کا زیرِ آب ہونا ۳۔ ڈھانا کا امر۔

ڈھا بیٹھنا / ڈھا دینا: [ار۔محاورہ] گرانا۔ مسمار کرنا۔ تباہ کرنا۔

ڈھابا: [ہ۔امذ] ۱۔ اولتی ۲۔ چال۔ دام ۳۔ برچھتی ۴۔ (ہندو) باورچی کی دکان۔ ۵۔ مرغوں کا بند کرنے کا ٹاپا۔

ڈھابلی: [ہ۔امث] کبوتروں یا مرغیوں کا ڈربا۔

ڈھاپنا: [ار۔مص] دیکھئے "ڈھانپنا" جو فصیح ہے۔

ڈھاٹا: [ہ۔امذ] ۱۔ وہ کپڑا جو منہ پر باندھ لیتے ہیں کہ پہچانے نہ جائیں ۲۔ وہ کپڑا جس سے مُردے کا منہ باندھ دیتے ہیں ۳۔ ڈاڑھی چڑھانے کی غرض سے منہ کے گرد لپیٹنے کی پٹی۔ (افعال: بندھنا۔ باندھنا)

ڈھاٹی: [ہ۔ار۔امث] وہ کپڑا جو گھوڑے کے منہ میں لگام کی جگہ دیتے ہیں ۲۔ پھانسی پھندا۔ کمند ۳۔ نکیل ۴۔ زور سے باندھنا ۵۔ شکنجے میں کھینچنا ۶۔ تشدد۔ صعوبت۔ ایذا (افعال: چڑھانا۔ لگانا۔ دینا)

ڈھار: [ہ۔امث] ایک قسم کی بالی ۲۔ ڈھال ۳۔ (امذ) ڈھیر اناج کا۔

ڈھارس: [ار۔امث] سہارا۔ تسلی۔ تقویتِ دل۔ حوصلہ۔ دلیری۔ جرأت۔ ہمت۔ آسرا۔ ۲۔ استقلال۔ صبر۔ (افعال: باندھنا۔ بندھنا۔ بندھوانا۔ دینا۔ دلانا۔ ہونا)

ڈھاڑن: [ہ۔امث] دیکھئے "ڈھاڑی" جس کی یہ تانیث ہے۔

ڈھاڑی / ڈھاری: [ہ۔امذ] مسلمانوں کی ایک قوم گویّوں کی جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے گاتی ہوئی جایا کرتی تھی ۲۔ اس قوم کا ایک فرد۔ ڈوم۔ میراثی۔ گویّا۔ سازندہ۔ سنگتیا۔

ڈھاک: [ہ۔امذ] ایک خودرو جنگلی درخت کا نام جس کے تین پتّے بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ جن پر ہندو کھانا رکھ کر کھاتے ہیں ۲۔ اس کے پھول گہرے سُرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ پلاس۔ چھچھرا۔

ڈھاک پھولنا: [ار۔محاورہ] ڈھاک کے پھول کھلنا جس سے تمام جنگل سُرخ نظر آتا ہے ۲۔ ہر طرف سُرخ ہی سُرخ نظر آنا۔

ڈھاک تلے کی پھوہڑ مہوے تلے کی سُگھڑ: [ار۔مثل] امیر کے سب کام اچھے معلوم ہوتے ہیں۔

ڈھاک کے تین پات: [ار۔مثل] ۱۔ اپنی بات پر اڑا رہنے والے کی نسبت کہتے ہیں ۲۔ ہمیشہ ایک حال پر رہنے والا۔ ہمیشہ مفلس و نادار

ڈھال: [ار۔امث] نشیب۔ نیچی جگہ ۲۔ تیر، تلوار یا نیزے وغیرہ کا وار روکنے والا آلہ جو اکثر گینڈے کے چمڑے کا توے کی شکل کا گول ہوتا ہے۔ سپر ۳۔ طریقہ۔ طرز طور۔ وضع۔ ڈول۔ فیشن ۴۔ رسم۔ رواج۔ عادت ۵۔ (ق) سایہ۔

ڈھال دینا: [ار۔محاورہ] پلٹ کر وہی الزام دینا۔ آوازہ کسنا ۲۔ کسی دھات وغیرہ کا پگھلا کر سانچے میں ڈھالنا ۳۔ کسی انسان یا حیوان کو کسی خاص وضع / ڈھب پر لانا۔

ڈھال ڈھال جانا: [ار۔محاورہ] آہستہ آہستہ چلنا یا حرکت کرنا۔

ڈھال کا پھول: [ار۔امذ] وہ پھول جو ڈھال پر چاندی وغیرہ سے بناتے تھے۔

ڈھال کا پھول سونگھنا: [ار۔محاورہ] مارا جانا۔ مر جانا۔

ڈھال کر گالیاں دینا: [ار۔محاورہ] ظاہری طور پر کسی کو لیکن حقیقت میں کسی اور کو گالیاں دینا۔

ڈھال ہونا: [ار۔محاورہ] پناہ ہونا۔

ڈھالا: [ہ۔امذ] ڈلا۔ ٹکڑا۔

ڈھالنا: [ار۔مص] دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا۔ سانچے میں ڈال کر کوئی چیز بنانا ۲۔ فروخت کرنا۔ سستا بیچنا ۳۔ کسی پر طنز کرنا۔ بات رکھنا ۴۔ عائد کرنا ۵۔ گرانا بکھیرنا ۶۔ سکّہ بنانا۔ فقرہ گھڑنا ۷۔ شرارت کرنا ۸۔ اپنی طرف مائل کرنا ۹۔ ضرر پہنچانا تکلیف دینا۔

ڈھالو / ڈھالواں: [ار۔صف] ایک طرف کو نشیب یا پستی رکھنے والا۔ ترچھا۔ ٹیڑھا ۲۔ ڈھال کر بنایا ہوا۔

ڈھالو بچار کرنا: [ار۔محاورہ] مال اسباب کو تھوڑے پانی میں سے گزارنا۔

ڈھالی: [ہ۔امذ] ڈھال باندھنے والا۔ ڈھال سے مسلح۔

ڈھانا: [ار۔مص] گرانا۔ منہدم کرنا۔ مسمار کرنا ۲۔ برباد کرنا۔ مٹانا۔ ۳۔ بہا کرنا۔ ۴۔ کمزور کرنا ۵۔ مغلوب کرنا۔ پچھاڑنا۔

ڈھانپنا: [ار۔مص] چھپانا۔ ڈھانکنا۔

ڈھانچ / ڈھانچا: [ہ۔امذ] بغیر بنی چیز ۲۔ پنجر۔ قالب ۳۔ خاکہ۔ ڈول۔

ڈھانڈا: [ہ۔امذ] ڈھابیل۔

ڈھانڈا اچھلنا: [ار۔محاورہ] پیٹ چلنا۔ دست آنا۔ اسہال جاری ہونا۔ جلاب لگنا۔

ڈھانڈنا: [ار۔امذ] (دکھنی) جوان کبوتر۔

ڈھانک دینا: [ار۔محاورہ] چھپا دینا۔ بند کر دینا۔

ڈھانک لینا: [ار۔محاورہ] بند کر لینا۔ چھپا لینا۔

ڈھانکنا: [ار۔مص] کسی چیز کو بند کرنے یا چھپانے کے لئے اس پر کوئی دوسری چیز ڈال دینا یا رکھ دینا۔ ۲۔ اوڑھنا۔ چھپانا۔ بند کرنا
ڈھائی: [ار۔اعداد] دو اور آدھا۔ اڑھائی ۲۔ آنکھ مچولی کے کھیل میں وہ جگہ جہاں ایک بچہ آنکھ بند کر کے کھڑا ہو جاتا ہے۔ نیز دیکھئے "ڈائی ۳"
ڈھائی اچھر پریم کے پڑھے سو پنڈت ہو: [ہ۔مثل] الفت اور محبت کے چند حروف ہیں جو ان پر عمل کرے گا وہ عالم فاضل ہو جائے گا۔
ڈھائی پیڑ لکاٹن کے میاں باغ ہیں یا باغبان: [ار۔مثل] ادنیٰ حالت میں بلند مرتبہ کی خواہش کرنا، کم حیثیت پر شیخی مارنا۔
ڈھائی چلّو لہو پینا: [ار۔محاورہ] غصّہ میں کسی کو قتل کرکے لہو پی جانا۔ غضب ناک ہونا۔
ڈھائی گھڑی کا سفر لینا: [ار۔محاورہ] عجلت کے ساتھ نتیجہ پر پہنچ جانا۔ کوئی کام جلدی اور بے دلی سے کرنا۔
ڈھائی دن کی بادشاہی / بادشاہت کرنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ نوشا بننا۔ دولہا بننا ۲۔ کم عرصہ عروج پر رہنا۔ چند روزہ حکومت کرنا۔
ڈھائی گھڑی کی موت آئے: [ار۔کوسنا] اچانک مر جائے۔
ڈھائی گھڑی کی آنا: [ار۔محاورہ] ڈھائی گھڑی کے اندر مر جانا۔ ایک دم موت آ جانا۔
ڈھائیں: [ار۔امذ] بیل چڑھانے کے واسطے لکڑی کی ٹٹی یا ٹھاٹھر۔
ڈھب: [ار۔امذ] ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ۔ روش ۲۔ موقع۔ صورت ۳۔ چسکا۔ عادت۔ ۴۔ قسم۔ طرز
ڈھب آنا: [ار۔محاورہ] طریقہ معلوم ہونا۔
ڈھب بننا: [ار۔محاورہ] موقع ہاتھ آنا۔
ڈھب پر چڑھانا / لگانا: [ار۔محاورہ] قابو میں لانا۔ اپنے مطلب کا بنانا۔
ڈھب پر چڑھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ڈھب پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈھب ڈالنا: [ار۔محاورہ] عادت ڈالنا۔ عادی بنانا ۲۔ سکھانا۔ تربیت دینا ۳۔ راستہ نکالنا ۴۔ رسائی پیدا کرنا۔
ڈھب ڈھب قلیہ: [ار۔امذ] پتلا اور بدمزہ سالن۔
ڈھب ڈھب کا: [ار۔صف] مناسب۔ درست۔ ٹھیک طریقہ کار۔ درمیانی۔ متوسط ۳۔ معقول۔ واجب ۴۔ مشاق۔ ماہر ۵۔ پسندیدہ۔
ڈھب ڈھب کی بات: [ار۔امث] معقول بات۔ موزوں بات۔
ڈھب سے: [ار۔متعلق فعل] موقع سے۔ مناسب طریقہ سے۔
ڈھب کا ہونا: [ار۔محاورہ] حسب مطلب ہونا۔
ڈھب گڈھب: [ار۔صف] جا دبلے جا۔
ڈھب کی چیز: [ار۔امث] پسند کی چیز۔
ڈھب لگ جانا: [ار۔محاورہ] موقع مل جانا۔ قابو پانا۔ فائدہ رہنا۔
ڈھب ہونا: [ار۔محاورہ] سلیقہ ہونا۔ طریقہ ہونا۔
ڈھبڑ بانا: [ار۔مص] تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔
ڈھبری: [ار۔امث] پیچ کے اوپر کا لوہا جسے لگا کر کس دیتے ہیں۔ نٹ
ڈھبّس: [ار۔صف] بدقطع جانور۔ بدوضع۔
ڈھبّلی: [ہ۔امث] لوہے کا سوراخ دار ٹکڑا جس کو چرخ کے نیچے رکھ دیتے ہیں کہ جڑ نہ بڑھے۔
ڈھبوس: [ہ۔صف] موٹا۔ فربہ ۲۔ بھدا۔ بدوضع۔
ڈھبیلا: [ہ۔صف] سجیلا۔ سُڈَول۔ خوش وضع۔
ڈھپ: [ہ۔صف] دیکھئے "دَپ"

ڈھپالی: [ہ۔صف] دیکھئے "ڈفالی"
ڈھپڑ پانا: [ہ۔مص] ڈھول پر ہاتھ مارنا۔
ڈھپنا: [ہ۔مص] ۱۔ دیکھئے "ڈھاپنا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔ (امذ) ڈھکن۔
ڈھپّو: [ہ۔صف] بہت موٹا۔ مسٹنڈا۔
ڈھٹ: [ہ۔صف] مضبوط۔ پکّا ۲۔ موٹا کپڑا۔
ڈھٹ بندی: [ار۔امث] نظر بندی
ڈھٹارا: [ار۔صف۔ق] دغاباز۔ فریبی
ڈھٹائی: [ار۔امث] بے شرمی بے حیائی۔ شوخی
ڈھٹینگر / ڈھٹینگرا: [ہ۔صف] موٹا تازہ۔ مسٹنڈا۔
ڈھچر: [ار۔امذ] ۱۔ ڈھانچ۔ نمونہ۔ خاکہ ۲۔ درستی کا سامان ۳۔ (صف) بوڑھا۔
ڈھچر باندھنا / کھڑا کرنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ تجویز کرنا۔ تدبیر کرنا ۲۔ دکھاوا کرنا۔ نمائش کرنا۔
ڈھچر بگڑنا: [ار۔محاورہ] حالت خراب ہونا۔ کمزور ہونا۔
ڈھچر پھیلانا / ڈالنا: [ار۔محاورہ] تیاری کرنا۔ انتظام کرنا۔ سامان مہیا کرنا
ڈھڈا: [ہ۔امذ] نیچی زمین یا نشیب جہاں پانی جمع ہو جائے۔
ڈھڈّو: [ہ۔امث] بڑھیا ۲۔ بے شرم عورت ۳۔ ایک قسم کی چڑیا۔
ڈھڈّو کا / والا: [ہ۔صف] احمق۔ بیوقوف۔ اُلّو۔
ڈھڈھ: [ہ۔امث] پرندوں کی دم کے پر نکلنے کی جگہ
ڈھڈی / ڈھڈّی: [ہ۔امث] مقعد کے اوپر کی ہڈی ۲۔ دم کی جڑ ۳۔ ایک گھٹیا قسم کا حقّہ
ڈھرّا: [ہ۔امذ] راستہ۔ شاہراہ۔ وہ راستہ جو رات دن چلتا رہے۔
ڈھرّا لگا ہونا: [ار۔محاورہ] عام راستہ بنا ہونا۔
ڈھرّے پر چلنا: [ار۔محاورہ] ایک خاص طریقے یا اصول پر عمل کرنا۔
ڈھرّے پر لگا لینا: [ار۔محاورہ] راہ پر لانا۔ ٹھیک راستہ پر لگا لینا۔
ڈھڑ: [ہ۔امذ] کولا۔ پٹھا۔ چوتڑ کے اوپر کا حصہ جس پر پہلوان حریف کو چڑھا کر دے مارتے ہیں
ڈھڑ پر اڑانا / چڑھانا: [ار۔محاورہ] کولہے پر لے کر دے مارنا۔
ڈھسلنا: [ار۔مص] پھسلنا۔ ڈھلنا۔ مائل ہونا ۲۔ جھکنا۔
ڈھسی: [ار۔صف] بیہودہ عورت۔ کمین عورت ۲۔ مہمل۔ سفلہ۔ کمینہ۔
ڈھکا رہنا: [ار۔محاورہ] چھپا رہنا۔ پوشیدہ رہنا۔
ڈھکا ہونا: [ار۔محاورہ] چھپا ہونا۔
ڈھکنا: [ار۔امذ] سرپوش۔ چپنی۔ ڈھکن ۲۔ چھپانا۔ ڈھانکنا۔
ڈھکنا: [ہ۔مص] جھکنا۔ مائل ہونا ۔ گھسنا۔
ڈھکنی: [ار۔امث] "ڈھکنا" کی تصغیر چھوٹا ڈھکنا۔
ڈھکوس: [ہ۔امث] تشنگی۔ پیاس ۲۔ ڈھکوسنا کا امر
ڈھکوسلا: [ار۔امذ] بے قرینہ بات۔ چہ چلا۔ مہمل بات۔ لغویات۔
ڈھکوسنا: [ار۔مص] بہت کھانا۔ اندازے سے زیادہ کھانا۔
ڈھکونا: [ار۔مص] دیکھنا ۲۔ رجوع کرنا ۳۔ قبول کرنا۔
ڈھکّی: [ہ۔امث] شکار کی تاک میں خمیدہ ہو کر بیٹھنے کا عمل۔
ڈھکی مارنا: [ار۔محاورہ] اس طرح چھپ کر بیٹھنا کہ کوئی نہ دیکھے۔
ڈھکیل دینا / ڈھکیلنا: [ار۔مص] پیچھے سے ریلنا۔ دھکا لگانا۔
ڈھک: [ہ۔امذ۔ق] ڈھیر۔ انبار۔
ڈھنگ: [ہ۔امث] طرف۔ پہلو ۲۔ (متعلق فعل) نزدیک۔ قریب۔
ڈھکّی: [ہ۔امث] شکار کی تاک میں خمیدہ ہو کر بیٹھنے کا انداز۔

ڈھگا: [ہ۔صف] دُبلا۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا ۲۔ دُبلا پتلا ۳۔ بیوقوف۔ احمق۔
ڈھگار: [ہ۔امذ۔ق] ڈھیر۔ انبار۔
ڈھلائی: [ار۔امث] ڈھلنے کا عمل
ڈھلان: [ار۔امذ] ڈھال۔ نشیب۔ نیچی زمین ۲۔ میلان طبع۔ رجحان
ڈھلانا: [ار۔مص] دیکھئے "ڈھالنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ڈھلاؤ/ڈھلاؤ: [ار۔امذ] اتار چڑھاؤ۔
ڈھلا ہوا: [ار۔صف] وہ مضمون یا شعر جو بے ساختہ ہو۔
ڈھلائی/ڈھلوائی: [ار۔امث] ڈھلوانے کی اجرت۔
ڈھلت: [ہ۔امث] اس چیز کی ساخت جو سانچے میں ڈھالی گئی ہو۔
ڈھلتی پھرتی چھاؤں: [ار۔امث] وہ حالت جو یکساں نہ رہے۔
ڈھلتی چھاؤں: [ار۔امث] ہر لمحہ زائل ہونے والی چیز۔
ڈھلڑ: [ار۔صف] ڈھیلا ڈھالا۔
ڈھلک: [ار۔امث۔ق] ا۔ توجہ ۲۔ اُبھار۔
ڈھلکا: [ار۔امذ] آنکھ سے پانی بہتے رہنے کا مرض۔
ڈھلکا لگنا: [ار۔محاورہ] آنکھ سے پانی جاری ہونا۔
ڈھلکانا: [ار۔مص] لڑھانا ۲۔ لڑھکانا بہانا ۳۔ (ق) رغبت دلانا۔ خواہش پیدا کرنا۔
ڈھل کمرا: [ار۔صف] نامرد۔ مخنث۔
ڈھلکنا: [ار۔مص] اوپر سے نیچے آنا۔ ٹپکنا۔ بہنا۔
ڈھلکی: [ار۔امث] دیکھئے "ڈھولکی" جس کی تخفیف ہے۔
ڈھلمل/ڈھلمل: [ار۔صف] ہلتا ہوا ۲۔ لڑکھڑاتا ہوا ۳۔ متذبذب۔
ڈھلمل یقین: [ار۔صف] متذبذب ۲۔ متلون مزاج۔ ضعیف الاعتقاد۔
ڈھلکنا: [ار۔مص] لڑھکنا۔
ڈھلملانا: [ار۔مص] ڈگمگانا ۲۔ لڑکھڑانا ۳۔ ڈانواں ڈول ہونا ۴۔ پس و پیش کرنا۔ تذبذب ہونا۔ متردد ہونا ۵۔ جنبش کرنا۔
ڈھلنا: [ار۔مص] رواں ہونا۔ بہنا۔ گرنا ۲۔ گھٹنا۔ اُترنا۔ کم ہونا ۳۔ بھول جانا۔ ۴۔ لڑھکنا۔ گزرنا ۵۔ سانچے یا قالب میں تیار ہونا۔ انڈیلا جانا ۶۔ گل جانا۔ پلپلا ہونا۔
ڈھلنا: [ار۔مص] نیچے کی طرف جانا۔ پھسلنا ۲۔ مائل ہونا۔ متوجہ ہونا ۳۔ لادا جانا۔
ڈھلواں/ڈھلوان: [ار۔صف] پھسلنے والا۔ جھکواں۔ ڈھالو۔
ڈھلوانا: [ار۔مص] دیکھئے "ڈھالنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ڈھلوانا: دیکھئے "ڈھونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ڈھلوانس: [ار۔امث] ڈھیلا یا پتھر کے ٹکڑوں کا پھینکا جانا۔ ڈھیلے پھینک کر مارنا۔
ڈھلوانسی: [ار۔امث] گوپیا۔ فلاخن
ڈھلوائی: [ار۔امث] ڈھلنے کی اجرت۔ ڈھلوانے کی اجرت۔
ڈھلیا: [ار۔صف] ڈھالنے والا۔
ڈھلیت: [ار۔صف] وہ شخص جو مسلح ہو۔ ڈھال تلوار باندھنے والا ۲۔ سانچے میں ڈھالنے والا ۳۔ گاؤں کا چوکیدار۔
ڈھمڈمی: [ار۔امث] ڈفلی۔ چھوٹا دف۔
ڈھمک: [ار۔امذ] وغیرہ۔ فلاں۔
ڈھمکا: [ار۔امذ] وغیرہ۔ فلاں۔
ڈھنڈار: [ار۔امذ] ویران مکان۔ ڈراؤنا کھنڈر۔
ڈھنڈلاٹ: [ار۔امث۔ق] آوارہ گردی۔ بے مقصد آمد و رفت۔

ڈھنڈلنا: [ار۔مص۔ق] ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔
ڈھنڈنا: [ار۔مص] تلاش ہونا۔ جستجو ہونا۔
ڈھنڈوانا: [ار۔مص] تلاش کرانا۔
ڈھنڈورا: [ار۔امذ] منادی۔ اعلان۔ تشہیر۔
ڈھنڈورا پٹنا: [دیکھئے "ڈھنڈورا پیٹنا" جس کا یہ لازم ہے
ڈھنڈورا پھرنا: [ار۔محاورہ] منادی ہونا
ڈھنڈورا پیٹنا: [ار۔محاورہ] منادی۔ ڈھول بجانا۔ جا بجا کہتے پھرنا۔
ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں: [ار۔مثل] کوئی چیز پاس ہونا اور دُور دُور تلاش کرنا
ڈھنڈورچی: [ار۔صف] منادی کرنے والا۔ ڈھنڈورا پیٹنے والا۔
ڈھنڈھالنا: [ار۔مص] آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا۔
ڈھنڈیا: [ار۔امث] تلاش۔ جستجو۔
ڈھنکنا: [ار۔مص] دیکھئے "ڈھکنا"
ڈھنگ: [ار۔امذ] طریقہ۔ طرز۔ طور ۲۔ روش۔ چال چلن ۳۔ وضع قطع ۴۔ سیرت۔ عادت ۵۔ ہنر۔ سلیقہ۔
ڈھنگ اڑانا: [ار۔محاورہ] نقل کرنا۔ سیکھنا۔
ڈھنگ ڈھالنا: [ار۔محاورہ] بنیاد ڈالنا۔ کوئی نیا کام شروع کرنا۔ راستہ پیدا ہونا۔ طریقہ وضع کرنا۔
ڈھنگ سیکھنا: [ار۔امذ] کسی کی روش اختیار کرنا۔
ڈھنگ نکالنا: [ار۔محاورہ] طرز نکالنا
ڈھنگار: [ار۔صف۔ق] ڈھیر۔ انبار۔
ڈھنگڑا: [ار۔صف] جوان۔ قوی بازو۔
ڈھو: [ار۔امث] دلدل۔ کیچڑ۔
ڈھو: [ہ۔صف] لمبے قد کا تنومند ۲۔ کبڈی کا کھیل۔
ڈھوا: [ہ۔امذ] دیکھئے "ڈھویا"
ڈھوانا: [ار۔مص] دیکھئے "ڈھانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ڈھوائی: [ار۔معاوضہ] ڈھونے کی اجرت۔ سامان اٹھانے کا معاوضہ۔
ڈھوبرا: [ار۔امذ] مٹی کا پرانا برتن۔ ٹھیکرا ۲۔ پرانا کچا گھر۔
ڈھوڑا: [ار۔امذ] ڈھانچا۔ قالب ۲۔ گھر۔ جھونپڑا ۳۔ کارخانہ۔ کاروبار ۴۔ دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔
ڈھوڑا بنائے رکھنا: [ار۔محاورہ] پرانی عزت بنائے رکھنا۔
ڈھور/ڈھورا: [ار۔امذ] مویشی۔ چوپایہ ۲۔ چنوں کے غلہ کو کھا جانے والا کیڑا ۳۔ احمق۔ بیوقوف۔
ڈھوک: [ار۔امث] ٹال مٹول۔ تذبذب۔
ڈھوکا: [ار۔امذ] پانچ گنڈوں کا مجموعہ۔ نقدی کی ایک اکائی ۲۔ چھپنے کی جگہ۔ غار ۳۔ دھکا۔ گھاٹ۔
ڈھوکنا: [ار۔مص] چھپ کر شکار کرنا۔
ڈھول: [ار۔امذ] طنبور۔ ایک مشہور ساز۔ طبل۔ دُہل۔
ڈھول بجانا: [ار۔محاورہ] شہرت دینا۔ بدنام کرنا۔
ڈھول بجنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ڈھول بجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈھول ڈھمکا: [ار۔امذ] دھوم دھام۔ دھوم دھڑکا۔ باجا گاجا۔

ڈھول سے کھال بھی گئی: [ار-مثل] کچھ بھی باقی نہ رہا۔ سب کچھ جاتا رہا۔
ڈھول کے اندر پول: [ار-مثل] ظاہری نمائش بہت اور حقیقت میں کچھ بھی نہیں۔
ڈھولا [ار-امذ] کھیت اور زمین کی سرحد دکھانے کا نشان ۲۔ طاق یا گنبد کا قالب ۳۔ احمق بیوقوف آدمی ۴۔ اونچے سُروں میں گایا جانے والا ایک گیت ۵۔ محبوب۔ پیارا۔ عاشق۔
ڈھولا بندی: [ار-امث] کھیت کی حد بندی۔ گاؤں یا کھیت کی حد کا نشان۔
ڈھولک/ڈھولکی: [ار-امث] ڈھول کی تصغیر۔ چھوٹا ڈھول۔
ڈھولکیا: [ار-صف] ڈھول بجانے والا۔ طبل نواز۔
ڈھولنا: [ہ-امذ] ایک ڈھول کی شکل کا سونے چاندی کا زیور ۲۔ چھوٹی حمائل۔ چھوٹی تقطیع کا قرآن مجید جو بطور تعویذ گلے میں ڈالا جائے ۳۔ پانی رکھنے یا لانے کا گھڑے کی شکل کا پیتل کا برتن۔
ڈھولنا ہاتھوں پر ہونا: [ار-محاورہ] ہر گھڑی قرآن مجید کی قسم کھانا۔
ڈھولی: [ار-امث] دو سو پانوں کا مٹھا۔
ڈھونا: [ار-مص] بوجھ اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ لادنا۔ اٹھا کر لے جانا۔ ۲۔ چوری لے جانا۔
ڈھونچا: [ار-امذ] ساڑھے چار کا پہاڑا۔
ڈھونڈ: [ار-امث] تلاش۔ جستجو۔ سراغ۔ کھوج۔
ڈھونڈ پھرنا: [ار-محاورہ] تلاش کر کے ناکام آنا۔
ڈھونڈ ڈھانڈ: [ار-امث] تلاش۔ جستجو۔ کھوج
ڈھونڈ ڈھانڈ کر/کے: [ار-متعلق فعل] تلاش کر کے۔
ڈھونڈ مارنا: [ار-محاورہ] بہت تلاش کرنا۔
ڈھونڈ نکالنا: [ار-محاورہ] سراغ لگا لینا۔
ڈھونڈر: [ہ-صف] خراب۔ خستہ۔ ضعیف۔ کمزور۔ پرانا۔ شکستہ۔ مکان۔
ڈھونڈنا: [ار-مص] تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔
ڈھونڈے سے نہ پانا: [ار-محاورہ] بہت تلاش کے باوجود نہ ملنا۔ نہ پانا۔
ڈھونگ: [ار-امذ] مصنوعی باتیں ۲۔ تماشا ۳۔ فریب۔ ریاکاری۔
ڈھونگ باندھنا/دکھانا/رچانا: [ار-محاورہ] فریب کا جال پھیلانا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ بنانا۔
ڈھونگی: [ار-صف] ڈھونگ رچانے والا۔ مکّار۔
ڈھوہ: [ار-امذ] ٹیلا۔ تودہ ۲۔ گراں ڈیل آدمی۔
ڈھوئی: [ار-امث] اینٹوں کا بوجھ جو ایک بار لے جا سکیں۔
ڈھوئی والا: [ار-صف] گدھے پر اینٹوں کا بوجھ لاد کر لے جانے والا۔
ڈھوریا: [ہ-امث] پھول پھل یا موسمی سبزی کی ڈالی۔
ڈھہنا: [ار-مص] دیوار یا مکان وغیرہ کا گرنا۔
ڈھئی: [ار-امث] ایک جگہ جم کر بیٹھنا۔ جماؤ۔ قرار۔ دھرنا۔
ڈھئی دینا: [ار-محاورہ] جم کر بیٹھنا۔ اڑ کر بیٹھنا۔ ٹالے نہ ٹلنا۔
ڈھی: [ار-امث] دریا کا اونچا کنارہ۔ تودہ۔ انبار۔ پرانے مکان سے گرنے کا ڈھیر۔
ڈھے پڑنا: [ار-محاورہ] گر پڑنا۔ زبردستی اترنا۔ رہ پڑنا۔
ڈھے پڑو: [ار-صف] (لکھنؤ) بے عزتی سے راہ پڑنے والا۔ بے حیا۔
ڈھے جانا: [ار-محاورہ] منہدم ہو جانا۔ گر پڑنا۔
ڈھیا: [ہ-امذ] ڈھائی سیر کا باٹ۔ ڈھائی سیر وزن ۲۔ گاؤں۔ پاس کا گاؤں۔
ڈھیٹ/ڈھیٹھ: [ار-صف] بیباک۔ بے شرم۔ بے حیا۔ گستاخ ۲۔ سرکش جو کسی کا کہنا نہ مانے۔ ضدی۔
ڈھیر: [ار-امذ] انبار۔ اٹالا ۲۔ صف۔ بکثرت۔ بافراط ۳۔ کنایۃً قبر۔ فقیر کا مزار۔
ڈھیر سا/سارا: [ار-صف] بہت سا۔
ڈھیر کرنا: [ار-محاورہ] جمع کرنا۔ فراہم کرنا ۲۔ مار ڈالنا ۳۔ خاک کا تودہ بنانا۔
ڈھیر لگا دینا/لگانا: [ار-محاورہ] انبار کرنا۔
ڈھیر ہو جانا: [ار-محاورہ] انبار لگ جانا ۲۔ عمارت کا ٹوٹ پھوٹ کر گر پڑنا ۳۔ مر جانا ۴۔ قبر بن جانا۔
ڈھیرا: [ار-صف] ۱۔ جس کی آنکھ کج ہو اور ایک کے دو نظر آئیں۔ بھینگا ۲۔ موٹی جُوں ۳۔ سُوت اٹیرنے کا آلہ۔
ڈھیرا دیدہ: [ار-امذ] ٹیڑھی آنکھ۔ ترچھی آنکھ۔
ڈھیروں مال اڑانا: [ار-محاورہ] بے شمار مال لٹانا۔ بے شمار مال غبن کرنا۔
ڈھیری: [ار-امث] چھوٹا سا انبار ۲۔ گاؤں یا جائداد میں حصّہ ۳۔ (صف) دیکھئے "ڈھیرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ڈھیکلی: [ار-امث] (لکھنؤ) دیکھئے "ڈھینکلی" نمبرا (۲)، وہ لوہا جس پر غلّہ کو کوٹتے ہیں۔ وہ پیچ جس سے سویاں بناتے ہیں۔
ڈھینگ: [ار-امذ-ق] انبار۔ ڈھیر۔
ڈھینگار: [ار-امذ-ق] دیکھئے "ڈھینگ"۔
ڈھیل: [ار-امث] دیر۔ وقفہ۔ تامّل۔ سستی۔ کاہلی ۲۔ فرصت۔ مہلت ۳۔ بے توجہی بے پروائی ۴۔ جھول۔
ڈھیل دینا/ڈالنا: [ار-محاورہ] ڈور دے کر پتنگ کو بڑھانا ۲۔ بے پروائی برتنا۔ توجہ نہ دینا ۳۔ دانستہ چشم پوشی کرنا ۴۔ مہلت دینا۔
ڈھیل کرنا: [ار-محاورہ] دیر کرنا۔ تامّل کرنا ۲۔ وقت گزارنا۔ تضییع اوقات کرنا۔
ڈھیلا: [ار-صف] سست۔ کاہل۔ کھلا تنگ کی ضد ۲۔ نامرد۔
ڈھیلا بنانا: [ار-محاورہ] کڑا پن دور کرنا۔ سختی دور کرنا۔ سیدھا بنانا۔
ڈھیلا پاجامہ: [ار-امذ] کھلا ہوا پاجامہ۔ ڈھیلے پائنچوں کا پاجامہ۔
ڈھیلا پڑ جانا/ہو جانا: [ار-محاورہ] ا۔ چست نہ رہنا ۲۔ نرم پڑ جانا۔ غصہ نہ رہنا ۳۔ سست ہو جانا ۴۔ نامرد ہو جانا۔ شہرت نہ رہنا۔
ڈھیلا پن: [ار-امذ] فراخی۔ کشادگی ۲۔ سستی۔ کاہلی ۳۔ نامردی۔
ڈھیلا پیچ: [ار-امذ] وہ گندھے ہوئے بال جو بھوؤں تک ہوں ۲۔ پگڑی کا وہ پیچ جو بھوؤں تک پڑے ۳۔ پُرزہ جو کسا ہوا نہ ہو۔
ڈھیلا ڈھالا: [ار-صف] بہت ڈھیلا۔ بہت کھلا۔
ڈھیلا ڈھالا: [ار-صف] کشادہ۔ کھلا ۲۔ لٹکتا ہوا ۳۔ پھسپھسا ۴۔ سست۔ کاہل ۵۔ نِکمّا۔
ڈھیلا کرنا: [ار-محاورہ] کشادہ کرنا۔ کھلا کرنا ۲۔ مضمحل کرنا۔ سست کرنا ۳۔ ادا کرنا۔ خرچ کرنا۔
ڈھیلا (یائے مجہول) [ار-امذ] ا۔ مٹی کا بڑا ٹکڑا ۲۔ سونے چاندی یا گُڑ کا ڈلا ۳۔ آنکھ کے اندر کا گول حصّہ۔
ڈھیلا پھینکنا: [ار-محاورہ] خفیہ طور پر آنے کا اشارہ کرنا ۲۔ چور کا یہ معلوم کرنے کے لئے مٹی کا ڈلا پھینکنا کہ کوئی جاگتا ہے یا نہیں ؟
ڈھیلا چلانا: [ار-محاورہ] ڈھیلوں سے مارنا۔
ڈھیلا چلنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "ڈھیلا چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈھیلا لینا: [ار-محاورہ] پیشاب کرنے کے بعد ڈھیلے سے استنجا کرنا۔

ڈھیلائی: [ا ر-امث-ن] ڈھیل۔
ڈھیلوں سے مقدر پھوڑنا: [ار-محاورہ] بدقسمت ہونا۔
ڈھیلی: [ار-صف-مث] دیکھئے "ڈھیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ڈھیلی چھوڑنا/لینا/ڈالنا: [ار-محاورہ] مُہلت دینا ۲-خبر نہ لینا ۳-تاخیر کرنا۔بے توجہی برتنا ۴-آزادی دینا۔
ڈھیلی زنانخ: [ار-صف-مث] سست اور کاہل عورت ۲-زنانہ عادات کا مرد۔
ڈھیلے پتھرانا: [ار-محاورہ] آنکھ سے روشنی جاتی رہنا۔دیدوں کا بے حس و حرکت ہو جانا۔
ڈھیلے چلانا/لگانا: [ار-محاورہ] دیکھئے "ڈھیلا چلانا"
ڈھیم (یائے مجہول سے) [ار-امث] مٹّی کا بڑا ڈلا۔
ڈھیم بندھنا: [ار-محاورہ] زیادہ نمی کی وجہ سے ہل پر مٹّی جم جانا۔
ڈھینا: [ار-مص] گرنا۔مسمار ہونا۔منہدم ہونا ۲-اینٹ سے اینٹ بجنا ۳-ہارنا۔دل چھوڑ دینا ۴-دُبلا اور کمزور۔
ڈھینڈا (یائے مجہول) [ار-امذ] توند۔بڑا پیٹ ۲-عورتوں کا حمل۔
ڈھینڈا اچھلانا: [ار-محاورہ] حمل رکھوانا۔حاملہ ہونا۔
ڈھینڈا پھولنا: [ار-محاورہ] حمل رہنا۔
ڈھینڈس (یائے مجہول) [ار-امذ] ایک قسم کا گول کدو ۔ٹینڈا ۲-کنایۃً۔خصیہ۔خایہ۔
ڈھینک: [ار-امذ] ایک آبی پرندہ۔سارس۔ م ڈھینک کا مخفف۔
ڈھینکا: [ار-امذ] کولہو کی لاٹھ ۲-آب کشی ۳-سارس۔
ڈھینکا ڈھینکی: [ار-امذ] کسی کی ضد سے کوئی کام کرنا
ڈھینکلی: [ار-امث] پانی نکالنے کی لمبی لکڑی جس کے ایک سرے پر ڈول اور رسّی باندھی جاتی ہے اور دوسرے سرے پر بوجھ رکھ دیا جاتا ہے ۲-آڑی سیڑھی ۳-دھان کوٹنے کا آلہ ۴-قلابازی۔
ڈھینکلی کھانا/لگانا: [ار-محاورہ] قلابازی کھانا۔
ڈھینکی: [ار-امث] آڑی سلائی۔دھان کوٹنے کا آلہ۔
ڈھینگر: [ار-امذ] کمزور۔دبلا۔پتلا ۲-کانٹے دار سوکھی لکڑی۔

ڈ ـــــ ی

ڈِمی: [ہ-امث] بھینس۔
ڈی ایس پی: [انگ-امذ] (DSP) deputy superintendent of police کا مخفف۔چھوٹا پولیس کپتان۔
ڈی سی: [انگ-امذ] D.C deputy commissioner کا مخفف ضلع کا سب سے بڑا انتظامی افسر یا حاکم۔
ڈیٹھ: [ہ-امث] نظر لگانا۔بینائی۔
ڈیٹھ بند: [ہ-صف] نظربندی کرنے والا ۲-جادوگر۔ساحر۔
ڈیٹھ بندی: [ہ-امث] دیکھئے "ڈیٹھ بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ڈیرا/ڈیرہ: [ہ-امذ] خیمہ۔تنبو ۲-گھر۔مکان ۳-عارضی مکان یا قیام گاہ ۴-چھوٹا مکان جسے بڑی حویلیوں کے ساتھ علیحدہ بنا لیتے ہیں ۵-رہائش۔مقام
ڈیرا پڑنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "ڈیرا ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈیرا ڈالنا: [ار-محاورہ] خیمہ گاڑنا۔قیام کرنا۔چھاؤنی چھانا۔

ڈیرا کرنا: [ار-محاورہ] اترنا۔ٹھہرنا
ڈیرا کھڑا کرنا: [ار-محاورہ] خیمہ لگانا۔
ڈیرا کھڑا ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "ڈیرا کھڑا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ڈیرہ ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "ڈیرا کرنا" جس کا یہ لازم ہے
ڈیرے: [ہ-امذ] دیکھئے "ڈیرا" جس کی یہ جمع ہے۔
ڈیرے دار/وال: [ہ-ت-صف] خوشحال۔وہ جس کی رہائش مستقل ہو ۲-کسبی۔
ڈیری فارم: [انگ-امذ] dairy farm دودھ دینے والے جانور پالنے کی جگہ۔
ڈیڑھ [ہ-ار-کسری] ایک اور آدھا۔
ڈیڑھ انچھر: [ہ-امذ] جادو کے اہل دا فعال: پڑھانا۔پڑھنا)
ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا/چننا: [ار-محاورہ] سب سے الگ رائے قائم کرنا یا کام کرنا۔متفق الرّائے نہ ہونا۔
ڈیڑھ پاؤ آٹا پکی پر رسوئی/ڈیڑھ پاؤ چون چوبارے رسوئی | ڈیڑھ پاؤ چون نو بیگاری راہ میں ڈر بھی ہے [ار-مثل] معمولی کام کے لئے بڑا اہتمام۔
ڈیڑھ چاول اپنے علیحدہ پکانا: [ار-محاورہ] سب سے علیحدہ رائے قائم کرنا۔
ڈیڑھ چلّو: [ار-صف] تھوڑا سا۔
ڈیڑھ چلّو پانی: [ار-امذ] کنایۃً تھوڑی سی شراب۔
ڈیڑھ چلّو لہو پینا: [ار-محاورہ] عورتیں غصّے کی حالت میں کہتی ہیں قتل کرنا۔ہلاک کرنا۔
ڈیڑھ حاشیہ: [ار-امذ] ایک قسم کی زردوزی یا کشیدہ کناروں پر تو زیادہ ہوتا ہے اور دوڑ پر کم۔
ڈیڑھ حاشیہ کی جوتی: [ار-امث] جوتی جس کے پتے کا ڈیڑھ حاشیہ۔کامدار ہوتا ہے۔
ڈیڑھ گت: [ار-امث] ایک قسم کا ناچ
ڈیڑھ گرہ: [ار-امث] وہ کام جو آسانی سے سرانجام پا جائے وہ گرہ جو آسانی سے کھل جائے۔
ڈیڑھ گز کی زبان: [ار-صف] زبان دراز (لڑکیوں کے لئے عموماً استعمال ہوتا ہے) ۲-زبان درازی۔گستاخی۔بدزبانی۔
ڈیزائن: [انگ-امذ] design نقشہ۔خاکہ۔ترکیب ڈول۔ڈھانچا۔
ڈیزائنر: [انگ-امذ] designer نقشہ کش۔خاکہ تیار کرنے والا۔کسی چیز یا ایجاد کا نمونہ بنانے والا۔نمونہ ساز۔
ڈیسک: [انگ-امذ] دیکھئے "ڈسک"
ڈیفنس: [انگ-امذ] defence بچاؤ۔حفاظت۔دفاع۔مدافعت
ڈیک: [انگ-امذ] deck جہاز کا فرش۔تختۂ جہاز۔
ڈیک: [ہ-امث] آگ کا اونچا شعلہ۔
ڈیک آنہ: [ار-محاورہ] دلّالوں کی زبان میں چھ آنے (جو آج کل کے ۳۸ پیسے پاکستانی کے برابر ہیں)
ڈیک روپن: [ار-محاورہ] دلّالوں کی زبان میں چھ روپے۔
ڈیکلیریشن: [انگ-امذ] declaration ۱-بیان۔اقرار۔ ۲-اقرار نامہ ۳-عرضی دعوے ۴-اعلان ۵-اخبار یا رسالہ وغیرہ جاری کرنے کا اجازت نامہ۔
ڈِیل: [ہ-امذ] جسم۔جثّہ۔قد کاٹھی۔قامت ۲-شکل صورت۔مشابہت ۳-جسامت ۴-پاؤں کا گٹا۔گوکھرو۔
ڈِیل ڈَول: [ہ-امذ] قامت۔جسامت۔قد و قامت کا اندازہ۔
ڈیلا: [ہ-امذ] ۱-ڈھیلا ۲-ایک قسم کا گھاس۔ناگرموتھا۔سُعد۔

ڈیلا: [ہ۔امذ] ۱۔ آنکھ کا ڈھیلا ۲۔ کریر کا پھل۔
ڈیلٹا: [انگ۔امذ] delta تکونی زمین جو کسی دریا کے دہانے پر واقع ہو۔
ڈیلر: [انگ۔امذ] dealer تقسیم کرنے والا۔ بیوپاری۔ کاروباری۔ سوداگر۔
ڈیلیگیٹ: [انگ۔صف] delegate نمائندہ۔ مندوب۔ مختار۔ وکیل۔ قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔
ڈیلیگیشن: [انگ۔امذ] delegation نمائندوں کی جماعت۔ جماعت مندوبین
ڈیم: [انگ۔امذ] dam پُشتہ۔ بند۔ روک ۲۔ وہ پانی جو بند کے ذریعہ روک دیا جائے۔
ڈیمانسٹریٹر: [انگ۔صف] demonstrator مثال اور تجربہ کے ذریعہ تعلیم دینے والا عملی تعلیم دینے والا۔
ڈیمریج: [انگ۔امذ] demmurage ریل یا جہاز کے مقررہ وقت کے بعد مال وصول کرنے کا جرمانہ / تاوان / ہرجانہ۔
ڈیموکریٹ: [انگ۔امذ] democrat جمہوریت پسند۔ جمہوریت کا حامی
ڈیموکریسی: [انگ۔امث] democracy جمہوریت
ڈین: [انگ۔امذ] dean ۱۔ بڑے گرجے کا افسر اعلیٰ۔ بڑا پادری ۲۔ کالج کا مقیم رفیق جس کے سپرد طلبا کی نگرانی ہو ۳۔ کسی یونیورسٹی کے شعبہ کا صدر۔
ڈینگ: [ار۔امث] شیخی۔ تعلّی۔ لاف۔ گزاف۔
ڈینگ کی اڑانا / لینا: } [ار۔محاورہ] غرور کرنا۔ اترانا۔ شیخی بگھارنا۔
ڈینگ مارنا / ہانکنا: }

ڈینگیا: [ار۔صف] شیخی مارنے والا۔ لاف زن۔ بڑبولا۔
ڈیو: [ہ۔اصوت۔مث] بھینس کو بلانے کی آواز۔ (ڈی او کی تخفیف)
ڈیو: [انگ۔صف] due واجب الادا ۲۔ لازم۔ ضروری ۳۔ درست۔
ڈیوٹ: [ہ۔امذ] پرانی قسم کا چوبی چراغدان ۲۔ (صف) بیوقوف۔ احمق۔
ڈیوٹی: [انگ۔امث] (DUTY) فرض۔ فرض منصبی ۲۔ کام۔ خدمت ۳۔ محصول چنگی۔
ڈیوڑھا: [ار۔صف] ۱۔ ایک اور آدھا ۲۔ ایک قسم کا سود جو پچاس فیصد لیا جاتا ہے۔ ۳۔ ریل کا ڈیوڑھا درجہ۔ درمیانہ درجہ۔ انٹر کلاس۔
ڈیوڑھا کرنا: [ار۔محاورہ] پچاس فیصد کا اضافہ کرنا۔
ڈیوڑھا لیکھا: [ار۔امذ] حساب برابر ہونا۔ حساب بیباق ہونا۔
ڈیوڑھی: [ہ۔امث] ۱۔ ڈیوڑھا کی تانیث ۲۔ دہلیز۔ درگاہ۔ آستانہ ۳۔ مکان کا وہ حصّہ جو بیرونی دروازے سے ملحق ہو۔ ۴۔ رئیسوں یا امیروں کے یہاں کی آمد و رفت۔ باریابی۔
ڈیوڑھی بند ہونا: [ار۔محاورہ] دربار وغیرہ میں آنا جانا بند ہو جانا۔ باریابی نہ ہونا۔
ڈیوڑھی دار: [ار۔ف۔صف] دربان۔ حاجب۔
ڈیوڑھی دارنی: [ار۔ف۔صف] دیکھئے "ڈیوڑھی دار" جس کی یہ تانیث ہے۔
ڈیوڑھی کھلنا: [ار۔محاورہ] باریابی کی اجازت ملنا۔ سرکار میں آمد و رفت کی اجازت ملنا۔
ڈیہ: [ار۔امذ] کھنڈروں کا ٹیلا۔
ڈیہری: [ہ۔امث] دلدلی زمین۔

ذ

ذ: [ع-امث] اس کا نام ذال ہے۔ مزید وضاحت کے لئے اسے ذال معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں
۱- اردو حروف تہجی کی ترتیب میں بارھواں اور فارسی میں نواں حرف ہے۔
عربی حروف ہجا کی ترتیب ابتث میں نواں اور ترتیب ابجد میں پچیسواں حرف ہے۔
۲- اس کی آواز زبان کی نوک سے نکلتی ہے۔
۳- یہ عربی سے مخصوص لفظ ہے۔ اس کی آواز اور کسی زبان میں نہیں پائی جاتی بعض محققین کا خیال ہے کہ ذال کی آواز فارسی میں پائی جاتی ہے مگر ابھی یہ امر متحقق نہیں۔
۴- یہ حرف صحیح ہے جو کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
۵- عربی تقسیم کے مطابق یہ شمسی حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے عربی کا "ال" آجائے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا بلکہ ذال کو مشدد کر دیگا مثلاً "اَلذِّکر" میں
۶- حساب جمل میں اس کے سات سو عدد مانے جاتے ہیں۔
۷- بطور اختصار ذوالحج کے مہینے کو ظاہر کرتا ہے۔
۸- مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے۔
ا- دال کا بدل مثلاً کاغذ اور کاغد میں
ب- زا کا بدل مثلاً خذف اور خزف میں

ذ ـــ ا

ذَابِح: [ع-صف] ذبح کرنے والا۔ حلال کرنے والا
ذَات: [ع-امث] ۱- اصلیت جوہر۔ سرشت۔ بنیاد۔ مادہ ۲- قوم۔ گوت ۳- پیدائش خاندان نسل ۴- حال کیفیت ۵- صاحب مالک ۶- عادت سبھاؤ ۷- قسم۔ نوع ۸- جسم۔ بدن ۹- دین۔ دھرم ۱۰- عہدہ۔ پایہ ۱۱- ہر چیز کی ہستی۔ وجود
ذَاتُ الجَنب: [ع-امذ] پسلی کا درد۔ پہلو کا درد
ذَاتُ الرِّقَاع: [ع-امذ] ایک طرح کا استخارہ جس میں کاغذ کے چھ یا نو پرزوں میں سے بعض پر "افعل" اور بعض پر "لاتفعل" لکھ کر جائے نماز کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔ نماز و وظیفہ کے بعد ان میں سے ایک پرزہ اٹھاتے ہیں اگر "افعل" لکھا ہو تو اجازت، ورنہ ممانعت خیال کی جاتی ہے۔
ذَاتُ الرِّیَہ: [ع-امذ] پھیپھڑے کا درد اور سوزش۔ نمونیہ
ذَاتُ الصَّدر: [ع-امذ] سینہ کا درد یا ورم
ذات باہر: [ا-صف] ذات سے نکالا ہوا۔ برادری سے خارج۔
ذات پات: [ا-امذ] "پات" تابع مہمل ہے۔ قوم۔ قبیلہ۔ ذات۔
ذات پات نہ پوچھے کوئے ہر کو بھجے سو پنڈت ہو: [ا-مثل] جو شخص محنت اور کوشش کرتا ہے، وہی مقبول ہوتا ہے۔
ذات پر جانا: [ا-محاورہ] کمینے کے متعلق کہتے ہیں۔ کمینہ ہونے کی وجہ سرزد ہونا۔ اپنی اصلیت پر جانا۔
ذات پوچھنا: [ا-محاورہ] ذات دریافت کرنا۔ حالات دریافت کرنا۔
ذات پات: [ا-امث] حسب نسب۔
ذات شریف: [ا-صف] بڑا استاد (کنایۃً)، چالاک۔ شریر۔
ذات کا بُری ذات / کا ٹھ کا بُری کا ٹھ: [ا-مثل] اپنے رشتہ دار انسان کے زیادہ دشمن ہوتے ہیں جس طرح اگر کسی لوہے کے اوزار کے ساتھ لکڑی کا دستہ وغیرہ نہ لگایا جائے تو وہ کاٹتا نہیں۔
ذات کی بیٹی ذات ہی میں جاتی ہے: [ا-مثل] شریف کا پیوند شریف سے ہوتا ہے۔ شریفوں میں آپس میں تعلقات ہوتے ہیں۔
ذات کے بلائے برابر بیٹھے۔ کم ذات بلائے نیچے بیٹھے / ذات کے بلّیا برابر بیٹھنا کم ذات کے بلّیا نیچے بیٹھنا: [ا-مثل] اپنے برابر کے آدمیوں کی عزت کرنی چاہیئے کم ذات کو نیچے بیٹھنا چاہیئے۔
ذات گنوائی پیٹ نہ بھرا: [ا-مثل] بعض لوگ لالچ کی وجہ سے مذہب تبدیل کرتے ہیں ان کے متعلق کہا جاتا ہے۔
ذات میں بٹّا / دھبّا لگانا: [ا-محاورہ] دیکھئے "ذات میں بٹّا لگنا" جسکا یہ متعدی ہے۔
ذات میں بٹّا / دھبّا لگنا: [ا-محاورہ] نسل میں عیب پیدا ہو جانا
ذات میں ملانا: [ا-محاورہ] برادری میں شامل کرنا۔
ذات میں ملنا: [ا-محاورہ] دیکھئے "ذات میں ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ذات وَنتا: [ا-صف] اچھی ذات والا۔
ذات وَنتی: [ا-صف] دیکھئے "ذات ونتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ذاتُوبیا: [ا-صف-عو] نجیب
ذاتی: [ا-صف] اصلی۔ حقیقی ۲- شخصی۔ اپنا۔ نج کا۔
ذاکِر: [ع-صف] ذکر کرنے والا ۲- وہ شخص جو منبر پر بیٹھ کر اہل بیت کے مصائب بیان کرے یا واقعات کربلا بیان کرے۔
ذائقہ: [ا-امذ] چکھنے کی قوت۔ ایک حس جو زبان میں ہے ۲- مزہ۔ لذت ۳- لطف۔ چسکا۔
ذائقہ پڑنا: [ا-محاورہ] چسکا پڑنا۔
ذائقہ چکھانا: [ا-محاورہ] دیکھئے "ذائقہ چکھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ذائقہ چکھنا: [ا-محاورہ] ۱- مزہ چکھنا ۲- سزا ملنا۔
ذائقہ دار: [ا-صف] لذیذ۔ مزہ دار۔
ذائقہ شناس: [ا-صف] وہ جو اچھے مزے کی شناخت کرنے میں ماہر ہو۔

ذ ـــ ب

ذُباب: [ع-امذ] مکھی۔ مگس۔
ذَبح: [ع-امذ] شرعی طور پر حلال کرنا ۲- گلا کاٹنا۔
ذبح کرنا: [ا-محاورہ] شرعی طور پر حلال کرنا ۲- قتل کرنا۔ نقصان پہنچانا۔
ذبح ہونا: [ا-محاورہ] شرعی طور پر حلال ہونا ۲- قتل ہونا ۳- نقصان پہنچنا۔
ذِبح: [ع-امذ] وہ جانور جس کو ذبح کیا جائے۔
ذَبیح: [ع-صف] ذبح کیا ہوا۔ قتل کیا ہوا ۲- جانور جو قربانی کے لئے منتخب کیا جائے۔
ذبیح اللہ: [ع-امذ] حضرت اسمٰعیلؑ کا لقب
ذبیحہ: [ع-امذ] قربانی کا جانور۔ شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور۔

ذ ـــ خ

ذَخائِر: [ع۔ امذ] ذخیرہ کی جمع۔
ذَخِیرَہ: [ع۔ امذ] ۱۔ خزانہ ۲۔ گودام ۳۔ پونجی۔ جمع۔ کوئی چیز جمع کرنا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

ذ ـــ ر

ذَرا: [ع۔ امذ] ۱۔ تھوڑا وقت ۲۔ چھوٹا سا معاملہ ۳۔ (صف) تھوڑا۔ بہت کم ۴۔ (متعلق فعل) بالکل ۵۔ تھوڑا دیر کے لئے۔ ۶۔ مہربانی کرکے۔
ذرا کلیجے کو تو دیکھو: [ار۔ محاورہ] اس کی ڈھٹائی اور دلیری کو ملاحظہ کرو۔ کس قدر ڈھیٹ اور دلیر ہے۔
ذرا اونچ نیچ نہیں: [ار۔ محاورہ] کمی بیشی بالکل نہیں ٹھیک ہے۔ درست ہے۔
ذرا بات کی بات ٹھہرو: [ار۔ محاورہ] تھوڑی دیر کے لئے ٹھہرو۔ صبر کرو۔
ذرا چھاتی کے کواڑ کھول کر دیکھو: [ار۔ محاورہ] ذرا غور کرو۔ سوچو۔
ذرا خشکا کھاؤ: [ار۔ محاورہ] چلتے پھرتے نظر آؤ۔
ذرا ذرا: [ار۔ متعلق فعل] تھوڑا تھوڑا ۲۔ کل۔ تمام کا تمام۔
ذرا ذرا کرکے: [ار۔ متعلق فعل] تھوڑا تھوڑا کرکے۔ آہستہ آہستہ ۲۔ کل۔ تمام۔
ذرا سا: [ار۔ صف] چھوٹا۔ تھوڑا سا۔
ذرا سا منہ نکل آنا: [ار۔ محاورہ] بیماری۔ گھبراہٹ یا خوف سے چہرہ اتر جانا۔
ذرا سی آبرو ہے: [ار۔ محاورہ] تم ان کے مقابلے کے نہیں ہو۔
ذرا سی بات ہے: [ار۔ محاورہ] معمولی کام ہے آسان کام ہے۔
ذرا سی جان: [ار۔ صف] چھوٹا سا۔ معمولی سا۔
ذرا سینک کر بجائیے گا: [ار۔ مقولہ] سوچ سمجھ کر کام کیجئے گا۔ کوئی پالے تو کہتے ہیں (مزاحاً)
ذرا ظہور: [ار۔ صف] تھوڑا۔ کچھ۔ کسی قدر۔
ذرا عقل کے ناخن لو: [ار۔ محاورہ] سمجھ کر بات کرو۔ بے وقوفی نہ کرو۔
ذرا کی ذرا: [ار۔ متعلق فعل] تھوڑی دیر کے لئے۔
ذرا کی ذرا میں: [ار۔ متعلق فعل] تھوڑی دیر میں۔
ذرا منہ دھو رکھو: [ار۔ محاورہ] ایسی بات کی امید نہ رکھو۔
ذرا منہ سنبھال کے سنبھالو: [ار۔ محاورہ] جب کوئی شخص بدزبانی کرتا ہے تو بطور دھمکی کہتے ہیں۔
ذرا میں: [ار۔ متعلق فعل] تھوڑی دیر میں۔
ذرا ہوش میں آؤ: [ار۔ محاورہ] سوچ سمجھ کر باتیں کرو۔ عقل کے ناخن لو۔
ذَرّات: [ار۔ امذ] "ذرّہ" کی جمع۔
ذَرائِع: [ع۔ امذ] دیکھئے "ذریعہ" جس کی یہ جمع ہے۔
ذَرّہ: [ع۔ امذ] ۱۔ مادے کا نہایت چھوٹا ٹکڑا۔ ریزہ۔ وہ چھوٹے چھوٹے اجزا جو آفتاب کی شعاعوں کے ساتھ فضا میں تیرتے دکھائی دیتے ہیں سوراخ یا روشن دان میں سے گزرنے والی شعاعوں میں اکثر ایسا ہوتا ہے ۲۔ تھوڑا۔ قلیل ۳۔ ناقابل تقسیم جزو۔
ذرّہ بھر: [ع۔ امذ] ذرا سا۔ نہایت قلیل۔
ذرّہ بے مقدار: [ع۔ صف] بے وقعت۔
ذرّہ پرور: [عف۔ صف] ناچیز کی قدر کرنے والا ۲۔ آفتاب۔
ذرّہ پروری: [عف۔ اسپ] دیکھئے "ذرّہ پرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ذرّہ ذرّہ: [ع۔ متعلق فعل] تفصیل کے ساتھ۔ سب کچھ۔ ہر بات۔
ذرّہ صفت: [ع۔ صف] ذرّے کی طرح۔ چھوٹا سا ۲۔ بے وقعت۔ ناچیز۔
ذرّہ نواز: [عف۔ صف] دیکھئے "ذرّہ پرور"
ذرّہ نوازی: [عف۔ صف] دیکھئے "ذرّہ پروری"
ذَری: [ار۔ امث۔ صف] ذرا کی تانیث (اب مستعمل نہیں)
ذرّے: [ار۔ امذ] ذرّہ کی جمع۔
ذرّے بھر کی چیز: [ار۔ امث] چھوٹی سی چیز۔
ذرّے کو آفتاب بنانا: [ار۔ محاورہ] ناچیز کو اعلیٰ مرتبہ پر پہنچانا۔
ذُرِّیات: [ع۔ امث] دیکھئے "ذرّیت" جس کی یہ جمع ہے۔
ذُرِّیت: [ع۔ امث] اولاد۔ نسل۔ تخم۔
ذَرِیعَہ: [ع۔ امذ] وسیلہ۔ وساطت ۲۔ طفیل معرفت ۳۔ موقع۔ پہنچنے کا طریقہ
ذریعہ بنانا: [ار۔ محاورہ] وسیلہ پیدا کرنا۔
ذریعہ بننا: [ار۔ محاورہ] وسیلہ بننا۔ ہونا
ذریعہ پیدا کرنا: [ار۔ محاورہ] طریقہ نکالنا۔ موقع پیدا کرنا۔
ذریعہ پیدا ہونا: [ار۔ محاورہ] طریقہ نکل آنا۔ موقع ہونا۔
ذریعہ تکنا: [ار۔ محاورہ] دلچسپی لینا۔
ذریعہ نکالنا: [ار۔ محاورہ] وسیلہ پیدا کرنا۔
ذریعہ نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ذریعہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ذریعہ ہونا: [ار۔ محاورہ] وسیلہ ہونا۔
ذریعے سے: [ار۔ متعلق فعل] معرفت۔ وسیلے سے۔ وساطت سے۔ وجہ سے۔

ذ ـــ ق

ذَقَن: [ع۔ امذ] ٹھوڑی

ذ ـــ ک

ذَکا: [ع۔ امث] ذہانت۔ تیزی۔ تیزی طبع۔ تیز فہمی۔
ذَکاوت: [ع۔ امث] ذہن کی تیزی۔ تیزی طبع۔ تیز فہمی۔
ذَکَر: [ع۔ امذ] نر۔ مرد۔ پرش۔ مذکر ۲۔ آلۂ تناسل ۳۔ فولاد ۴۔ تلوار۔ تلوار فولادی
ذِکْر: [ع۔ امذ] تذکرہ۔ چرچا ۲۔ یاد کرنا۔ بیان کرنا۔ زبان پر لانا۔ ۳۔ خدا کی یاد زبان و دل سے سبحان اللہ۔ الحمد للہ۔ لا الٰہ الا اللہ۔ اللہ اکبر۔ اللہ جل شانہٗ۔ یا دوسرے الفاظ کہہ کر کرنا۔ ۴۔ یاد۔ حافظہ ۵۔ یادگاری۔ عرس۔ ۶۔ قرآن شریف کی تلاوت ۷۔ قرآن شریف ۸۔ تعریف۔ شہرت۔ حمد ۹۔ خدا کا شکریہ ادا کرنا ۱۰۔ دعا۔ نماز (افعال: اٹھانا۔ چھیڑنا۔ کرنا۔ ہونا)
ذکر آنا: [ار۔ محاورہ] گفتگو ہونا۔ تذکرہ کرنا۔
ذِکْرُ العَیش نِصفُ العَیش: [ع۔ مقولہ] عیش و عشرت کے تذکرے سے بھی بہت سا لطف حاصل ہوتا ہے۔
ذکرِ جمیل: [ار۔ امذ] کسی کے متعلق اچھی بات کہنا۔ کسی کا تذکرہ جو نیک بات سے کیا جائے۔

ذکر چلنا: [ا۔ر۔محاورہ] تذکرہ ہونا۔
ذکر چھیڑنا: [ا۔ر۔محاورہ] بات چیت کرنا۔ کسی بات کی ابتدا کرنا۔
ذکر چھڑنا: [ا۔ر۔محاورہ] دیکھئے "ذکر چھیڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ذکر حبیب: [ا۔ر۔امذ] معشوق کی باتیں۔ معشوق کا تذکرہ
ذکر حق/خدا: [ا۔ر۔امذ] دیکھئے "ذکر ۳"
ذکر خوان: [ا۔ر۔صف] خدا کا ذکر کرنے والا
ذکر خیر: [ا۔ر۔امذ] دیکھئے "ذکر جمیل"
ذکر کرنا: [ا۔ر۔محاورہ] تذکرہ کرنا ۲۔ یادِ الٰہی کرنا۔
ذکر نکلنا: [ا۔ر۔محاورہ] دیکھئے "ذکر کرنا" جس کا یہ لازم ہے
ذکر ہونا: [ا۔ر۔محاورہ] دیکھئے "ذکر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ذُکور: [ع۔امذ] دیکھئے "ذَکَر" جس کی یہ جمع ہے
ذَکی: [ع۔صف] تیز فہم۔ ذہین۔ ہوشیار۔ زیرک۔ زُود فہم۔
ذکیہ: [ع۔امث] دیکھئے "ذکی" جس کی یہ تانیث ہے

ذ ــــ ل

ذِل: [ع۔امذ] آسانی سہولت ۲۔ اطاعت۔ فرماں برداری۔
ذُل: [ع۔امذ] کمینہ پن۔ رذالت
ذِلالت: [ع۔امث] ۱۔ ذلت۔ رسوائی خواری ۲۔ ہتک توہین ۳۔ کمینہ پن ۴۔ حقارت ۵۔ ذلیل کرنا۔ خوار کرنا۔
ذِلّت: [ع۔امث] دیکھئے "ذلالت ۱ تا ۴"
ذلّت اٹھانا: [ا۔ر۔محاورہ] شرمندہ ہونا۔ خوار ہونا۔ ذلیل ہونا۔
ذلّت اُٹھنا: [ا۔ر۔محاورہ] دیکھئے "ذلت اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ذلّت چھانا: [ا۔ر۔محاورہ] نحوست برسنا۔ نکبت برسنا۔
ذلّت دینا: [ا۔ر۔محاورہ] شرمندہ کرنا۔ خفیف کرنا۔
ذلت ہونا: [ا۔ر۔محاورہ] رسوائی ہونا ۲۔ ہتک ہونا ۳۔ حقارت ہونا۔ شرمندگی
ذلیل: [ع۔صف] ۱۔ خوار ۲۔ خستہ بدنام ۳۔ کمینہ۔ رذیل۔ پاجی۔ سفلہ
ذلیل کرنا: [ا۔ر۔محاورہ] رسوا کرنا۔ کسی کو خفیف کرنا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔
ذلیل ہونا: [ا۔ر۔محاورہ] دیکھئے "ذلیل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ذ ــــ م

ذَم: [ع۔امث] مذمت۔ ہجو۔ برائی۔
ذم کا پہلو نکلنا: [ا۔ر۔محاورہ] برائی یا مذمت کی صورت نکلنا
ذم کرنا: [ا۔ر۔محاورہ] ہجو کرنا۔ حقارت کرنا۔
ذمائم: [ع۔امذ] دیکھئے "ذمیمہ" جس کی یہ جمع ہے۔
ذمّہ: [ع۔امذ] ضمانت۔ کفالت۔ ضامنی ۲۔ عہد پیمان ۳۔ سپردگی۔ تحویل۔ امانت ۴۔ جوابدہی مواخذہ ۵۔ فرض۔ نوکری ۶۔ وفاداری، (متعلق فعل) ذات پر۔ قبضے میں۔
ذمہ دار: [ع۔ف۔صف] ضامن۔ کفیل ۲۔ جوابدہ۔
ذمہ داری: [ع۔ف۔امث] دیکھئے "ذمہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ذمہ کرنا: [ا۔ر۔محاورہ] ۱۔ سپرد کرنا۔ تحویل میں دینا ۲۔ ذمہ لینا۔

ذمّہ لینا: [ا۔ر۔محاورہ] اپنے اوپر لینا۔ ۲۔ تحویل میں لینا ۳۔ ضامن ہونا۔
ذمّہ وار: [ع۔ف۔صف] دیکھئے "ذمہ دار" جو صحیح ہے
ذمّہ واری: [ع۔ف۔امذ] دیکھئے "ذمہ داری" جو صحیح ہے۔
ذمّہ ہونا: [ا۔ر۔محاورہ] متعلق ہونا۔
ذِمّی: [ع۔امذ] مسلم حکومت کی غیر مسلم رعایا جو جزیہ ادا کرے اور جس کی جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری حکومت پر ہو۔
ذمیمہ: [ع۔صف۔امث] برائی۔ خرابی ۲۔ برا۔ خراب۔

ذ ــــ ن

ذَنْب: [ع۔امذ] گناہ۔ پاپ۔ قصور۔ جرم۔ برا کام۔
ذَنَب: [ع۔امذ] دُم۔ پونچھ ۲۔ سرا۔ ۳۔ آنکھ کا باہر کا سرا۔
ذُنُوب: [ع۔امذ] دیکھئے "ذَنْب" بمعنی گناہ جس کی یہ جمع ہے۔

ذ ــــ و

ذُو: [ع۔امذ] مالک۔ آقا۔ خداوند (مرکبات میں بطور لاحقہ فاعلی استعمال ہوتا ہے)۔
ذُوالاَربَعَۃُ الاَضلاع: [ع۔امث] چار پہلو کی شکل۔
ذُواَضعاف: [ع۔امذ] جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے تو اُسے ان عددوں کا ذواضعاف کہتے ہیں۔
ذُواضعاف اَقَل: [ع۔امذ] علم ریاضی کا سب سے چھوٹا عدد جو کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے اور اس سے چھوٹا کوئی عدد اس طرح تقسیم نہ ہو سکے۔
ذُوالاحترام: [ع۔صف] مرتبے والا۔ صاحبِ احترام۔ صاحبِ عزت۔ قابلِ احترام۔
ذُوالجَلال: [ع۔صف] صاحب جلال۔ بزرگی اور عظمت والا۔ دبدبے والا۔ اللہ تعالیٰ۔
ذُوالجَلال وَالاِکرام: [ع۔ف] بزرگی اور عزت والا ۲۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
ذُوالجَناح: [ع۔امذ] پروں والا۔ حضرت امام حسینؓ کے گھوڑے کا نام۔
ذُوالخال: [ع۔صف۔عو] بدمزاج۔ سخت دل
ذُوالحج/ذوالحجہ: [ع۔امذ] اسلامی قمری سال کا بارہواں مہینہ۔
ذُوالفقار: [ع۔امث] حضرت علیؓ کی تلوار جس کی پیٹھ پر مُہرے بنے ہوئے تھے۔ مہروں والی تلوار
ذُوالقُربیٰ: [ع۔امذ] رشتہ دار۔
ذُوالقَرنَین: [ع۔امذ] دو قرنوں والا۔ دو سینگوں والا۔ دو گیسوؤں والا۔ سکندر بادشاہ کا لقب۔ لیکن یہ تحقیق نہیں ہو سکی کہ وہ سکندر کون سا تھا
ذوالقعد/ذوالقعدہ: [ع۔امذ] اسلامی قمری سال کا گیارھواں مہینہ۔
ذوالمنن/ذوالمنن: [ع۔صف] بخشش اور احسان کرنے والا۔ خدا کی صفت ہے۔
ذُوالنورَین: [ع۔صف] حضرت عثمانؓ کا لقب۔ کیونکہ ان کے نکاح میں یکے بعد دیگرے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو بیٹیاں آئیں۔
ذوالنون: [ع۔امذ] حضرت یونسؑ کا لقب (کیونکہ آپ مچھلی کے پیٹ میں رہے تھے۔ نون بمعنی مچھلی)
ذوالوجہین: [ع۔صف] دو چہروں والا۔ دو مونہوں والا۔
ذوجسدین: [ع۔امذ] دو بدنوں والا ۲۔ ستارہ عطارد ۳۔ آسمان کے بارہ برجوں میں سے چار برج۔
ذو ذوائبہ: [ع۔امذ] دُم دار ستارہ۔

ذُو فُنُون: [ع۔صف] وہ جو کئی فن جانتا ہو۔عالم۔فاضل ۲۔(طنزاً) پُرفن۔چالاک۔عیار۔
ذُو مَعْنی: [ع۔صف] بامعنی ۲۔کئی معنوں والا (ان معنوں میں صحیح ذومعنین ہے)
ذُو مَعْنَیَیْن: [ع۔صف] دو معنوں والا۔پہلو دار بات۔
ذَوات: [ع۔امذ] دیکھئے "ذات" بمعنی مالک صاحب۔جس کی یہ جمع ہے۔
ذَوّاق: [ع۔صف] بہت چکھنے والا۔
ذَوْق: [ع۔امذ] ۱۔لطف۔حظ ۲۔شوق۔خوشی۔نشاط۔دلچسپی (افعال: رکھنا۔ہونا)
ذَوق اَفْزا/فَزا: [ع۔صف] مزہ بڑھانے والا
ذَوق افزائی/فزائی: [ع ف۔امث] دیکھئے ذوق افزا/فزا جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ذَوق پسند: [ع۔صف۔امذ] حظ حاصل کرنے والا۔لطف اٹھانے والا۔
ذَوق شَوق: [ع۔امذ] عیش عشرت۔خوشی۔
ذوق میں شوق۔نفع دستوری میں لڑکا ربچہ: [ا۔مثل] مفت یا شوق کے کام میں کوئی فائدہ ہو جائے تو کہتے ہیں
ذَوِی: [ع۔امذ] دیکھئے "ذو" جس کی یہ جمع ہے۔
ذَوِی الْاَرْحام: [ع۔صف] وہ کل رشتہ دار جو ماں۔بہن۔بیوی یا لڑکیوں کی طرف سے منسوب ہوں۔ذوالفرائض اور عصبہ نہ ہوں۔
ذَوِی الاِعْتِبار: [ع۔صف] وہ لوگ جن پر اعتبار ہو۔
ذَوِی الفُرائض: [ع۔صف] وہ وارثانِ شرعی جن کے حصے قرآن شریف میں مقرر ہیں
ذَوِی القُربیٰ: [ع۔صف] جدی رشتے دار۔ایک خاندان کے لوگ۔

ذ ـــــ ہ

ذَہانَت: [ع۔امث] ذہن کی تیزی۔ہوشیاری۔ذکاوت۔
ذَہَب: [ع۔امذ] ۱۔سونا۔طلا ۲۔انڈے کی زردی۔
ذِہن: [ع۔امذ] ۱۔حافظہ۔یاد ۲۔ادراک۔سمجھ کی قوت ۳۔زیرکی دانائی۔سمجھ ۴۔قابلیت۔ذکا۔
ذہن سے اتر جانا/اترنا: [ا۔محاورہ] بھول جانا۔دھیان نہ رہنا۔
ذہن کند ہونا/کُندی ہونا: [ا۔محاورہ] غبی ہونا۔
ذہن کھلنا: [ا۔محاورہ] عقل تیز ہونا۔
ذہن لڑانا: [ا۔محاورہ] سوچنا۔خیال کرنا۔غور و فکر کرنا۔
ذہن لڑنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "ذہن لڑانا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔خیال کی رسائی ہونا۔
ذہن منتقل ہونا: [ا۔محاورہ] کسی بات کی طرف خیال جانا۔
ذہن میں بیٹھنا: [ا۔محاورہ] کسی بات کا سمجھ میں آ جانا۔
ذہن نشین: [ع ف۔صف] سمجھ میں آیا ہوا۔یاد رکھا ہوا۔
ذہن نشین کر دینا/کرنا: [ا۔محاورہ] سمجھانا۔تسلی کر دینا۔
ذہن نشین ہو جانا/ہونا: [ا۔محاورہ] سمجھ میں آنا۔یاد ہو جانا ۲۔تشفی ہو جانا۔
ذِہنی: [ع۔صف] ذہن سے متعلق۔دماغی۔عقلی۔
ذِہنیات: [ع۔صف] ذہن سے تعلق رکھنے والی چیزیں۔
ذِہنیت: [ع۔امث] طبیعت کا رجحان۔طبیعت کا میلان۔تیزی طبع۔
ذُہول: [ع۔امذ] ۱۔بھول جانا ۲۔غفلت۔بھول۔
ذَہین: [ع۔صف] وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو۔تیز فہم۔
ذہین کی مُوت بلا: [ا۔مقولہ] عقلمندوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

ذ ـــــ ی

ذِی: [ع۔امذ] دیکھئے "ذو" جس کی یہ حالتِ مجروری ہے۔
ذی آبرو: [ع ف۔صف] عزت والا۔(یہ لفظ غلط ہے)
ذی اختیار: [ع۔صف] اختیار والا۔حکومت والا۔حاکم
ذی اِستعداد: [ع۔صف] قابل۔لائق۔امیر۔دولت مند۔
ذی اقتدار: [ع۔صف] حکومت والا۔اقتدار والا۔
ذی الحج: [ع۔امذ] مسلمانوں کے قمری سال کا بارہواں مہینہ۔
ذی القعدہ: [ع۔امذ] مسلمانوں کے قمری سال کا گیارہواں مہینہ۔
ذی جاہ: [ع۔صف] رتبے والا۔افسر۔ **ذی حُرمت**: [ع۔صف] عزت دار۔باعزت۔
ذی حِس: [ع۔صف] جاندار **ذی حشم**: [ع۔صف] صاحب حشمت۔
ذی حق: [ع۔صف] حقدار۔مستحق **ذی حیات**: [ع۔صف] جاندار۔زندہ۔
ذی خاندان: [ع ف۔صف] خاندانی (اصولاً غلط ترکیب ہے۔
ذی خِرد: [ع ف۔صف] عقل مند۔دانا (اصولاً غلط ترکیب ہے۔
ذی رُتبہ: [ع ف۔صف] عہدیدار۔صاحب منصب۔افسر۔حاکم (اصولاً غلط ترکیب ہے)
ذی رُوح: [ع۔صف] جاندار۔ **ذی شان**: [ع ف۔صف] شان و شوکت والا۔
ذی شعور: [ع۔صف] عقلمند دانا۔ہوشیار **ذی عزت**: [ع۔صف] عزت دار۔
ذی قعد: [ع۔امذ] دیکھئے ذی القعدہ **ذی کمال**: [ع۔صف] صاحب کمال۔ **ذی لیاقت**: [ع۔صف] قابل۔لائق۔ **ذی وجاہت**: [ع۔صف] وجاہت والا۔خوبصورت۔بارعب۔
ذی وقار: [ع۔صف] معزز۔صاحب وقار۔صاحب ثروت۔
ذی ہوش: [ع۔صف] سمجھ والا۔ہوشیار۔(اصولاً غلط ترکیب ہے)
ذیابیطس: [ع۔امذ] بار بار پیشاب آنے کی بیماری۔مسلسل بول جس میں شکر کی آمیزش ہو۔
ذَیل: [ع۔امذ] دامن۔پیچھے کا حصہ ۲۔وہ جو نیچے درج ہو ۳۔علاقہ۔حلقہ ۴۔گروہ۔زمرہ ۵۔واسطہ۔
ذَیلدار: [ع ف۔امذ] ایک سرکاری عہدیدار جس کے حلقے میں کئی گاؤں ہوتے تھے۔اعلیٰ نمبردار۔
ذَیلداری: [ع ف۔امث] ذیلدار کا منصب۔
ذَیل گھر: [ع ف۔امذ] ایک عمارت جس میں سرکاری عہدہ دار معززین۔نمبردار۔ذیلدار وغیرہ ٹھہرتے ہیں
ذیل میں: [ا۔متعلق فعل] تحت میں۔نیچے۔
ذیل وار: [ع ف۔صف] ذیل کے حساب سے۔علاقہ وار
ذَیلی: [ع ف۔صف] نیچے کا/کی۔ضمنی۔ماتحت۔
ذیلی تقسیم: [ع ف۔امث] کمتر درجہ کی تقسیم۔نیچے کی تقسیم۔
ذیلی حاشیہ: [ع۔امذ] پاورق میں لکھی ہوئی عبارت۔انگریزی foot note کا ترجمہ
ذیلی دفعہ: [ع۔امث] کسی قانونی دفعہ کی مزید وضاحت کیلئے چھوٹی یا ضمنی دفعہ۔انگریزی اصطلاح (SUB clause) کا ترجمہ۔
ذیلی طفیلی: [ع ف۔صف] ماتحت۔
ذیلی گرفت: [ع ف۔امث] A.C بجلی کی متبادل برقی رو کی گرنٹ جس کی لہریں ایک دوسری کی معاونت کرتی ہیں انگریزی کا ترجمہ۔
ذیلی عنوان: [ع۔امذ] کسی مضمون کی ذیلی سرخی۔
ذیلی قواعد: [ع۔امذ] قوانین کی مزید وضاحت کے لئے چھوٹے بڑے قاعدے۔
ذیلی ممتحن: [ع۔امذ] ماتحت ممتحن۔ sub examiner کا ترجمہ۔

ر

ر : [ع ۔ امث] عربی اور فارسی میں اسے رؔا اور اردو میں رے کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے اسے رائے مہملہ / غیر منقوطہ کہتے ہیں۔

(۱) اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں چودھواں، فارسی میں بارھواں اور دیوناگری رسم الخط میں ستائیسواں وینجن ہے۔

عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتثث میں دسواں اور ترتیب ابجد میں بیسواں حرف ہے۔

(۲) یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

(۳) عربی تقسیم کے مطابق شمسی حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آجائے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا بلکہ رؔا کو مشدد کر دے گا۔

(۴) حسابِ جُمّل میں اس کے دو سو عدد لئے جاتے ہیں۔

(۵) علم نجوم میں چاند کی علامت ہے۔

(۶) عربی میں ماہ ربیع الاوّل کا اختصار ہے۔

(۷) عموماً لام سے بدل جاتا ہے، مثلاً چنار، چنال میں۔

ر - ا

راب : [ہ ۔ امث] شیرہ ۔ پتلا گڑ۔

رابڑی : [ہ ۔ امث] جوار یا باجرے یا مکئی کا آٹا جو نمکین کھٹی چھاچھ میں پکایا جاتا ہے۔

رابڑی / ربڑی : [ار ۔ امث] شکر ملا ہوا گاڑھا دودھ

رَابِط : [ع ۔ صف] ملانے والا

رَابِطَہ : [ع ۔ اند] تعلق ۔ لگاؤ ۔ میل ۔ ملاپ ۔ قربت ۔ رشتہ داری

رَابِعْ : [ع ۔ عدد ترتیبی] چوتھا

رَابِعَہ : [ع ۔ عدد ترتیبی] رابع کی تانیث

راپڑ : [ہ ۔ صف] بنجر

رَانپی / رانپی : [ار ۔ آلہ ۔ امث] چمڑا کاٹنے اور چھیلنے کا آلہ

رَات : [ار ۔ امث] سورج غروب ہونے سے طلوع ہونے تک کا وقت ۔ شب۔

رَات آنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) رات ہونا (۲) رات گزرنا

رات آنکھوں میں کاٹنا / گزارنا : [ار ۔ محاورہ] انتظار میں رات جاگ کر بسر کرنا

رات آنکھوں میں کٹنا / گزرنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "رات کاٹنا / گزارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

رات بس کر : [ار ۔ متعلق فعل] شب کو قیام کر کے

رات بسر کرنا : [ار ۔ محاورہ] رات کاٹنا ۔ رات کو قیام کرنا

رات بسے کا رستہ : [ار ۔ اند] وہ راستہ جس کے طے کرنے میں ایک رات بیچ میں رہنا پڑے۔

رات بولنا : [ار ۔ محاورہ] رات کا سناٹا ہونا

رَات بہت آنا / بڑی آنا : [ار ۔ محاورہ] بہت رات گزرنا ۔ رات کو دیر ہو جانا۔

رات بھاری ہونا : [ار ۔ محاورہ] تکلیف وغیرہ کی وجہ سے رات نہ کٹنا ۔ رات جاگ کر بسر ہونا۔

رَات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی : [ار ۔ مثل] وہاں بولتے ہیں جہاں محنت بہت زیادہ اور فائدہ کم ہو۔

رَات بھیگنا : [ار ۔ محاورہ] رات کو خنکی ہو جانا ۔ رات کا سرد ہو جانا ۔ آدھی رات کے بعد کا حصہ۔

رَات پڑی ہے : [ار ۔ محاورہ] رات بہت باقی ہے۔

رَات پڑی بوند نام رکھا محمود : [ار ۔ مثل] کام مشکل سے شروع ہوا ہے خوشی ابھی سے ہو گئی۔

رَات پڑے اپاسی دن کو کھائے ، اکھوجے) باسی [ار ۔ مثل] بہت غریب ہے رات کو بھوکا سوتا ہے اور دن کو باسی کھاتا ہے۔

رَات پکڑنا : [ار ۔ محاورہ] رات گزرنا ۔ رات پالینا۔

رَات پہاڑ ہونا : [ار ۔ محاورہ] تکلیف وغیرہ کی وجہ سے رات لمبی ہونا ۔ یا کاٹے نہ کٹنا۔

رَات تو اپنی ہے : [ار ۔ محاورہ] فلاں وقت یا کام تو اپنا ہے ۔ یہ وقت تو تالوکا ہے

رَات تھوڑی سوانگ بہت / کہانی لمبی : [ار ۔ مثل] وقت تھوڑا ہے اور کام بہت

رَات تیر کرنا : [ار ۔ محاورہ] رات گزارنا ۔ رات بسر کرنا۔

رَات تیر ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "رات تیر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

رَات جانا : [ار ۔ محاورہ] رات گزرنا

رَات چَر : [ار ۔ صف] رات کو چلنے والا ۔ بھوت ۔ چور

رَات چلنا : [ار ۔ محاورہ] رات کو رخصت ہونا (۲) رات گزرنا

رَات دِن : [ار ۔ متعلق فعل] ہر وقت ۔ آٹھوں پہر

رَات دِن پیسا اور چپنی بھر اُٹھایا : [ار ۔ مثل] محنت بہت فائدہ کم

رَات دِن شیر کا سامنا ہے : [ار ۔ مثل] ہر روز نئی مصیبت ہے۔

رَات ڈھلنا : [ار ۔ محاورہ] رات کا زوال پر آنا ۔ نصف سے زیادہ رات گزر جانا

رَات رہنا : [ار ۔ محاورہ] ۱۔ رات باقی ہونا ۔ ۲۔ رات کو قیام کرنا ۔ ۳۔ عورت کا مرد کے ساتھ رات کو سونا۔

رَات رہے سے : [ار ۔ متعلق فعل] ایسے وقت جب تھوڑی رات باقی ہو۔

رَات زیادہ آنا : [ار ۔ محاورہ] رات کا بڑا حصہ گزر جانا

رَات کا بڑھ جانا / بڑھنا : [ار ۔ محاورہ] ۱۔ موسم سرما میں رات کا لمبا ہونا ۔ ۲۔ تکلیف یا انتظار کی وجہ سے رات کا لمبا معلوم ہونا۔

رَات کا پیٹ بھاری ہے : [ار ۔ مثل] رات سب عیبوں کو چھپا لیتی ہے۔

رَات کاٹنا : [ار ۔ محاورہ] ۱۔ رات گزارنا ۔ بسر کرنا ۔ ۲۔ تکلیف سے رات بسر کرنا۔

رَات کا کاٹے کھانا : [ار ۔ محاورہ] رات کو تنہائی میں فرقت کی تکلیف ہونا۔

رَات کٹنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "رات کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

رَات کو جمائی آئے دِن کو مُنہ پھیلائے : [ار ۔ مثل] کام میں عجلت کرنے والا

رَات کو مچھر کی ٹانگ پکڑیں دِن میں اُونٹ نہ سجھائی دے : [ار ۔ مثل] ان کے متعلق کہتے ہیں جنہیں رات کو زیادہ دکھائی دیتا ہے اور دن میں کم۔

رات کی بات : [ا رامث] گذری ہوئی بات۔ گزرا ہوا وقت یا موقع
رات کی رات : [ا رامث] صرف ایک رات۔ آج کی رات
رات کی مالزادی دِن کی خوزادی : [ا رمثل] رات کو بدکاری کرتی ہے دن کو شریف زادی بن جاتی ہے ایسی عورت کے متعلق کہتے ہیں جو ظاہر تو پارسا بنی رہتی ہو مگر حقیقت میں بدچلن اور بدکار ہو۔
رات کی نیت حرام : [ا رمثل] عورتوں کا خیال ہے کہ رات کو کوئی تجویز بنانا منحوس ہوتا ہے۔
رات گزار دینا/گزارنا [ا رمحاورہ] دیکھئے "رات کا کاٹنا"
رات گزر جانا/گزرنا [ا رمحاورہ] دیکھئے رات کٹنا۔
رات گئی بات گئی : [ا رمثل] موقع نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہوسکتا۔
رات گئے : [ا رمتعلق فعل] ایسے وقت جب رات کا بڑا حصہ گزر چکا ہو۔
رات ماں کا پیٹ ہے : [ا رمثل] (۱) رات کو سب آرام پاتے ہیں (۲) رات پردہ پوش ہے۔ رات کو سب عیب چھپے رہتے ہیں۔
رات نہ پکڑنا : [ا رمحاورہ] رات زندہ نہ رہنا۔
رات والا : [ا راند] کنایۃً۔ (۱) اُلو۔ ۲۔ بیضہ۔ ۳۔ چاند
راتا رات : [متعلق فعل] رات بھر
راتب : [ع اندم] روزانہ ادر مقررہ، خوراک ۲۔ روزینہ۔ تنخواہ۔ زائد الاؤنس۔ (افعال: دینا۔ لانا۔ لینا۔ ملنا)
راتوں رات : [ا رمتعلق فعل] رات بھر میں۔ تمام شب میں۔ رات کے وقت۔ بہت جلد
راتوں روئی ایک ہی مرا : [ا رمثل] دیکھئے "رات بھر ممیائی، ایک بچہ بیائی"
راتوں کاتا کاتنا سر پہ نہیں تاتنا : [ا رمثل] بہت محنت کرتی ہے پھر بھی گزارہ مشکل سے ہوتا ہے۔
راتوں کو نیند نہ آنا : [ا رمحاورہ] رنج وغم کی وجہ سے کئی کئی دن تک جاگتے رہنا۔
راٹھور : [ھ صف] (۱) مضبوط۔ پکا۔ ۲۔ سخت۔ ۳۔ کھُردرا۔ ۴۔ مذ۔ راجپوتوں کی ایک گوت
راج : [ھ اِمذ] (۱) بادشاہت۔ سلطنت (۲) ریاست۔ (۳) حکومت۔ دور دورہ
راج آرہا ہے : [ا رمحاورہ] خوب بیفکری میں گزرتی ہے۔ بڑے مزے ہیں۔
راج استھان : [ھ اند] (۱) شاہی محل (۲) راجدھانی (۳) دیوان عام (۴) دربار عام
راج بنس : [ھ اند] راجوں کا خاندان۔ شاہی خاندان
راج بنسی : [ھ صف] شاہی خاندان کا۔ ۲۔ راجپوتوں کا ایک شاہی خاندان۔ ۳۔ سانپ۔
راج بہا/راجباہ [ھ اند] چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے پانی دینے کے لیے نکالی جائے۔
راج بھنڈار : [ھ۔ اند] سرکاری مال خانہ۔ سرکاری خزانہ
راج بھنگ ہونا : [ا رمحاورہ] سلطنت پر زوال آنا۔
راج پاٹ : [ھ اند] تخت وتاج۔ عورت کا سہاگ
راج پاٹ چھوڑ دینا : [ا رمحاورہ] تخت وتاج سے دستبردار ہونا۔
راج پوت/راجپوت [ھ اند] ایک ہندی نژاد جنگجو قوم (۲) شہزادہ
راجپوتنی : [ھ امث] دیکھئے "راجپوت" جس کی یہ تانیث ہے۔
راجپوتی : [ھ امث] دیکھئے "راجپوت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
راج تلک : [ھ امذ] گدی نشینی کی رسم۔ حکومت کا ٹیکا۔
راج تلک دینا : [ا رمحاورہ] گدی نشینی کی رسم ادا کرنا۔ حکومت کا ٹیکا لگانا۔
راج دُلارا : [ھ اند] ناز ونعمت سے پالا ہوا۔ نازپروردہ۔ راجا کا بیٹا۔ راجا کا پیارا۔

راج دُلاری : [ھ امث] دیکھئے "راج دُلارا" جس کی یہ تانیث ہے۔
راج دھانی : [ھ امث] پایہ تخت۔ دار الحکومت
راج دھر : [ھ امذ] وزیر اعظم
راج رچانا : [ا رمحاورہ] سکھ دینا
راج رچنا : [ا رمحاورہ] سلطنت یا حکومت کرنا۔ عیش سے زندگی بسر کرنا۔
راج روگ : [ھ امث] (۱) مہلک بیماری (۲) کوڑھ (۳) تپدق (۴) کوئی بڑا شوق جو طویل عرصہ تک رہے
راج سہاگ : [ھ امذ] وہ زمانہ جس میں عورت کا خاوند زندہ رہے۔
راج سہاگ قائم رہے : [ا رکلمہ دعا] سہاگن عورت کو دعا دی جاتی ہے۔
راج کرنا : [ا رمحاورہ] (۱) سلطنت کرنا (۲) عیش میں زندگی بسر کرنا۔ خوش ہونا
راج کرے : [کلمہ بددعا] تباہ ہو۔ برباد ہو۔ بھاڑ میں جائے۔ (طنزاً)
راج گدی دینا : [ا رمحاورہ] تخت نشین کرنا۔
راج لُٹ جانا : [ا رمحاورہ] خاوند کا مرجانا
راج نیتی : [ھ۔ امث] شاہی دستور العمل۔ اصول حکومت
راج ہٹ۔ بال/بالک ہٹ۔ تریا ہٹ۔ جوگی ہٹ [ھ مثل] راجہ بچہ، عورت اور فقیر جو دل میں آئے سو کرتے ہیں۔ کسی کی نہیں مانتے
راج : [ا راند] مکان بنانے والا معمار
راج گیری : [ا رامث] معمار کا کام
راج مزدور لگانا : [ا رمحاورہ] تعمیر کا کام شروع کرنا
راج مزدور لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے راج مزدور لگانا جس کا یہ لازم ہے
راج ہنس : [ھ امذ] ایک دریائی/آبی پرندہ۔ قاز۔ بڑی بطخ۔ مگھ
راجا : [ھ امذ] (۱) سلطان، بادشاہ۔ شاہ۔ ۲۔ سب سے بڑا ہندوستانی خطاب جو ہندوؤں کو دیا جاتا ہے۔ ۳۔ پنجاب میں راجپوت اور اعوان اپنے ناموں کے آگے لکھتے ہیں۔ ۴۔ مالک۔ حاکم ۵۔ امیر۔ دولت مند۔ ۶۔ (صف) سخی یا فیاض ۷۔ بھولا بھالا۔ بے پرواہ۔ فضول خرچ ۸۔ حجام۔ نائی۔
راجا اِندر کا اکھاڑا/کی محفل [ھ امذ رمث] حسین عورتوں کا مجمع۔ رقص و سرود کی محفل
راجا آگے راج پیچھے نہ چھلنی نہ چھاج : [ھ مقولہ] بیوہ عورت کہتی ہے کہ خاوند کی زندگی میں مزے تھے اس کی وفات کے بعد کچھ بھی نہیں رہا۔
راجا بھئے تو کیا انت جاٹ کے جاٹ : [ا رمثل] باوجود تو دولتی کے پُرانی عادت نہیں بدلی۔
راجا جوگی کس کے میت : [ا رمثل] بادشاہ اور فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے
راجا راج پرجا سکھی : [ا رمثل] حاکم اچھا ہو تو رعایا آرام میں رہتی ہے
راجا رکھے رانی کھاوے : [ا رمثل] کماتا کوئی ہے کھاتا کوئی ہے۔
راجا رُوٹھے اپنا سہاگ لے گا۔ کیا کسی کا بھاگ لے گا [ا رمثل] راجا ناراض ہو تو جو اس نے دیا ہے لے گا قسمت پر تو اس کا کوئی اختیار نہیں۔
راجا رُوٹھے گا اپنی نگری لے گا : [ا رمثل] راجا ناراض ہوگا تو شہر بدر کردے گا۔ وہاں رہنے ہیں جہاں کسی کی ناراضگی کی پروا نہیں ہوتی۔
راجا کا پرچانا اور سانپ کا کھلانا برابر ہے : [ا رمثل] بادشاہوں کی صحبت میں ہر وقت خطرہ ہوتا ہے۔
راجا کا دان پرجا کا اشنان : [ا رمثل] خیرات اپنی حیثیت کے مطابق ہونی چاہیئے۔ غریب نہالے تو وہی اس کی خیرات ہے۔

راجا کا دُو جا بکری کا تیجا دونوں خراب : [ارمثل] دوسرا بیٹا سلطنت کے لیے جھگڑا کرتا ہے اور بکری کا تیسرا بچہ بھوکا رہتا ہے کیونکہ بکری کے دو ہی تھن ہوتے ہیں

راجا کی بیٹی قسمت / کرم کی ہیٹی : [ارمثل] امیر کی لڑکی غریب کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں۔

راجا کی سبھا نرک کو جاتے : [ارمثل] راجا کے ہمراہی خوشامد کرنے اور جھوٹ بولنے کے عادی ہو جاتے ہیں۔ حق و باطل سے کچھ سروکار نہیں رہتا۔ ہاں میں ہاں ملانے سے کام رہتا ہے، اس لیے ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

راجا کے گھر آئی / آگئی۔ لڑت رانی کہلائی : [ارمثل] جب غریب کی بیٹی امیر کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں۔

راجا کے گھر کاج ہمارے گھر ٹھک ٹھک : [ارمثل] بادشاہوں کے اخراجات کا بوجھ رعیت پر پڑتا ہے۔ بادشاہ مزے اڑاتے ہیں غریب بھوکے مرتے ہیں

راجا کے گھر موتیوں کا کال : [ارمثل] افراط کی جگہ کسی چیز کے میسر نہ آنے پر کہتے ہیں

راجا نیاؤ نہ کرے گا تو گھر تو جانے دے گا : [ارمثل] کوشش کرنی چاہئے فائدہ نہ ہوگا تو نقصان بھی نہ ہوگا۔

راجا ہو کر چوری کرے نیاؤ کون کرے : [ارمثل] حاکم ہی ظلم کرے تو انصاف کہاں

راجِح [ع صف] (۱) غالب فائق۔ ۲۔ قابل ترجیح۔ پسندیدہ۔

راجز [ع صف] رجز کہنے والا

راجِع [ع صف] (۱) رجوع کرنے والا۔ پھرنے والا۔ ۲۔ وہ عورت جو خاوند کے مرنے کے بعد اپنے والدین کے گھر واپس آجائے۔ ۳۔ اونٹنی جو حاملہ معلوم ہو مگر ہو نہیں۔

راجِل : [ع صف] پیادہ۔ سوار کی ضد

راجوٹ : [ا ہ صف ق] حکومت۔ حکمرانی

راجی : [ع صف] اُمیدوار۔ سائل

راجے : [ہ ا اندق] (۱) مزدور۔ ۲۔ راجا

راجیو : [س امذ] ایک قسم کی مچھلی۔ ۲۔ ایک قسم کا ہرن۔ ۳۔ بگلا۔ ۴۔ ہاتھی۔ ۵۔ نیلا کنول۔ ۶۔ دھاری دار۔ راجا کے وظیفہ پر گزارہ کرنے والا۔

راجیہ : [س امذ] ا۔ بادشاہت۔ حکومت (۲) فرمانروائی۔ راجائی۔ بادشاہی۔ ۳۔ گورنمنٹ سلطنت۔ ۴۔ راج۔ اختیار۔ عمل داری۔ ۵۔ انتظام سلطنت۔ اہتمام۔ ۶۔ صف۔ شاہی۔ سلطانی۔ شاہانہ۔

راجیہ سبھا : (ہ۔ امث) ۔ ایوانِ بالا۔ پارلیمنٹ۔ مجلس اعلیٰ

راچنا : [ہ مص] ۱۔ عاشق ہونا۔ محبت میں گرفتار ہونا۔ ۲۔ بہت الفت ہونا۔

راچھ : [ہ امذ] ا۔ جلاہوں کی دندانے دار کنگھی۔ ۲۔ آلہ۔ اوزار۔ ۳۔ بڑھئی اور دیگر پیشہ وروں کے اوزار۔ ۴۔ لوہے کا ٹکڑا جس کے گرد چکی پھرتی ہے۔ ۵۔ درخت یا لکڑی کے اندر کا سخت حصہ۔

راچھس : [ہ امذ] ا۔ سرکش لوگ۔ ظالم (۲) جن۔ بھوت۔ راکشش

راچھنی : [ہ امث] دیکھیے "راچھس" جس کی یہ تانیث ہے

راچھسی : [ہ امث] دیکھیے "راچھس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

راح : [ع امذ امث] ا۔ مزے اڑانا۔ مطلب حاصل کرنے کے قریب ہونا (۲) شراب ۳۔ راحت کی جمع۔ ہتھیلیاں۔ ۴۔ ایک شہر کا نام

راحَت : [ع امث] (۱) آرام۔ آسائش۔ آسودگی۔ قرار۔ سکھ۔ استراحت۔ ۲۔ ممنت۔ تکلیف۔ بے آرامی کا ختم ہو جانا۔ ۳۔ محنت یا تکلیف سے آزادی ۴۔ امن۔ چین۔ سکون۔ کل۔ ۵۔ خوشی۔ مسرت (فعل ہونا۔ دینا)

راحَت آزار : [ع صف] دوسروں کا آرام کھونے والا۔

راحَت اَفزا : [ع صف] سکھ پہنچانے والا۔ آرام بڑھانے والا

راحَت پَرَست : [ع صف] خوشی اور آرام چاہنے والا

راحَت جاں [ع صف] ا۔ دل خوش کرنے والا۔ بیوی۔ معشوق یا اولاد کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲۔ ایک کھانا جو سبز مرچیں کاٹ کر اور ان پر نمک اور لیموں چھڑک کر / نچوڑ کر تیار کرتے ہیں۔ دہلی میں رنگترے / سنگتروں کو چھیل کر شکر ملا کر بناتے ہیں۔

راحَت رَساں : [ع صف] آرام / خوشی پہنچانے والا

راحَت طَلَب : آرام طلب

راحَت فروش : آرام طلب [ع صف]

راحَت فشاں : [ع صف] آرام و آسائش پھیلانے یا پہنچانے والا۔

راحَت گاہ : [ع امث] آرام کی جگہ

راحت ملنا / نصیب ہونا : [ا ر محاورہ] خوشی ہونا۔ آرام و چین ہونا۔

راحَت نشین : [ع صف] آرام سے بیٹھنے والا۔ آرام طلب

راحت ہونا : [ا ر محاورہ] آرام ہونا۔ خوشی ہونا۔

راحِل : [ع صف] چلنے یا کوچ کرنے والا۔ مسافر

راحِلہ : [ع امذ] ا۔ سواری کا جانور۔ اونٹ۔ ۲۔ کارواں۔ قافلہ

راحِم : [ع صف] رحم کرنے والا

راد / رادھ [ہ امث] پیپ۔ مادہ

رادِعہ : [ع صف] (۱) روکنے والی چیز (۲) فاسد مادہ روکنے والی

رادِف : [ع صف] (۱) جو لبعد میں آئے (۲) پچھلا سوار۔ اگر ایک ہی گھوڑے یا اونٹ پر دو سوار بیٹھے ہوں تو ان میں سے پچھلا۔ پیچھے آنے والا۔

رادَھا : [س امث] ا۔ کامیابی۔ اقبال مندی۔ طالع مندی۔ ۲۔ کرشن جی کی ایک گوپی جو اُن کی معشوقہ بھی تھی کا نام۔

رادھا کو یاد کرو : [ا ر مثل] جاؤ ہوا کھاؤ۔ اپنا کام کرو۔ امید مت رکھو نہیں مانتے، نہ مانو خوش رہو۔

رادَھانگری : [ہ امث] (۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو رادھانگری نامی شہر جو اُجین کے قریب تھا میں بنتا تھا۔

راڑ : [ہ امث] ا۔ لڑائی جھگڑا۔ فساد۔ ہنگامہ۔ ۲۔ بچوں کا ضد کرنا یا مچلنا۔

راڑ بڑھانا : [ا ر محاورہ] جھگڑا ڈالنا۔ قصہ بڑھانا۔

راڑ کرنا : [ا ر محاورہ] لڑنا جھگڑنا۔

راڑ لانا : [ا ر محاورہ] جھگڑا مچانا

راڑ مچانا : [ا ر محاورہ] جھگڑا پیدا کرنا۔ لڑائی کرنا۔

راڑ ہی کیا ہے : [ا ر محاورہ] جھگڑا ہی کیا ہے۔ کچھ بڑی بات نہیں۔

راڑی / راڑیا : [ہ صف مذ] لڑاکا۔ جھگڑالو۔ ضدی بچہ یا فقیر

راز : [ف امذ] بھید۔ خفیہ یا پوشیدہ بات

راز افشا کر دینا / کرنا : [ا ر محاورہ] خفیہ بات ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا

راز افشا ہو جانا / ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "راز افشا" کر دینا جس کا یہ لازم ہے

راز افشائی : [ف امث] راز کا کھلنا۔ بھید کا ظاہر ہونا (افعال : کرنا۔ ہونا)

رَازبستہ/سربستہ/پنہانی : [ف امذ] سخت خفیہ بھید

رَازجُو : [ف صف] تفتیش کرنے والا. راز تلاش کرنے والا کسی معاملے کو دریافت کرنے والا

رَازجوئی [ف امث] دیکھئے "رازجو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رَازدار : [ف صف] راز رکھنے والا۔ بھید چھپانے والا

رازداں : [ف صف] بھید سے واقف۔ محرم راز

رازداری : [ف امث] دیکھئے "رازدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رازدانی : [ف امث] دیکھئے "رازداں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رازروشن کرنا/فاش کرنا : [ارمحاورہ] بھید ظاہر کر دینا۔ پوشیدہ/خفیہ بات ظاہر کر دینا

رازروشن ہونا/فاش ہونا : [ارمحاورہ] دیکھئے "رازروشن کرنا" جس کا یہ لازم ہے

رازکھلنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "رازکھولنا" جس کا یہ لازم ہے

رازکھولنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "رازروشن کرنا"

رَازونیاز : [ف امذ] محبت کی باتیں۔ پیار کی گھاتیں۔ رمزوکنایہ

رَازونیاز کی باتیں : [ارامث] پیار اخلاص کی باتیں۔ عاشق ومعشوق کے رموزوکنایات۔

رَازِق : [ع صف] رزق دینے والا۔ روزی پہنچانے والا۔ پروردگار۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

رَازِقہ : [ع امث] رزق۔ روزی

رَاس : [ع امذ] ا۔سر۔ سردار (۲) اصل ۳۔ اصطلاح جغرافیہ میں خشکی کا وہ قطعہ جو دُور تک پانی میں چلا گیا ہو (۴) (جیومیٹری کی اصطلاح میں) زاویہ کا سرا نوک۔ سِرا

رَاس الجَدِی/راسِ جدی [ع امذ] خطِ جدی کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے سے ہمارے ہاں سردی شروع ہوتی ہے مکر

رَاسُ الرَّئیس : [ع امذ] رئیسوں کا سردار۔ سرداروں کا سردار۔

رَاسُ السَّرطَان : [ع امذ] خطِ سرطان کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے سے ہمارے ہاں گرمی شروع ہو جاتی ہے۔ کرک ریکھا۔

رَاسُ المَال : [ع امذ] اصل پونجی۔ سرمایۂ تجارت۔

رَاس و ذَنَب : [ع امذ بترکیب فارسی] دو ستاروں کے نام خیال تھا کہ ان کے سبب سے چاند اور سورج گرہن ہوتا ہے۔ راہو کیتو۔

رَاس : [ف صف] راست کا مخفف۔ درست صحیح۔ مبارک (۲) دایاں۔ دہنا۔ (۳) بوجھ اٹھانے اور دودھ دینے والے جانوروں کی تعداد ظاہر کرنے کیلئے بھی آتا ہے۔

رَاس : [ھ امث] ا۔آسمان کے بارہ بُرجوں میں سے ہر ایک (۲) وہ آسمانی گرہ جو ہر بُرج میں تیرہ یا اٹھارہ مہینے رہتی ہے (۳) بے صاف کئے ہوئے اناج کا ڈھیر (۴) ناچ۔ تماشا (۵) گھوڑے کی باگ ڈور۔

رَاس آنا : [ارمحاورہ] موافق آنا۔ سازگار ہونا۔

رَاس اُٹھانا : [ارمحاورہ] کھلیان اُٹھانا۔ غلہ صاف کر کے لے جانا۔

رَاس بٹھانا : [ارمحاورہ] گود لینا (۲) جانشین قرار دینا۔

رَاس چکر : [ھ امذ] آسمان پر ایک خیالی دائرہ جس میں بارہ بُرج واقع ہیں۔ منطقۃ البروج۔ طریق الشمس

راس دھاری [ھ امذ] تماشا کرنے والا کھیل کرنے والا۔ نقل کرنے والا۔ کرشن جی اور اس کی گوپیوں کی نقل کرنے والا۔

رَاس لانا : [ارمحاورہ] موافق کرنا۔ مبارک کرنا۔ سازگار کرنا۔

رَاس لیلا : [ھ امث] کرشن جی اور ان کی گوپیوں کا کھیل۔

رَاس ملنا : [ارمحاورہ] دو شخصوں کے طالع کا یکساں ہونا۔ متفق ہونا۔ موافقت ہونا

رَاس نشیں : [ارصف] گود لیا ہوا لڑکا۔ لے پالک

رَاس نہ ہونا : [ارمحاورہ] موافق نہ ہونا۔ مزاج کے خلاف ہونا۔

رَاست : [ف صف] ا۔درست۔ ٹھیک۔ سازگار ۲۔ دایاں۔ داہنا۔

رَاست آنا : [ارمحاورہ] ٹھیک بننا۔ سازگار ہونا۔

رَاست اقدام : [فع۔ امذ] ا۔صحیح اقدام (۲) براہِ راست کارروائی جو کسی مطالبے کو منوانے کے لیے کی جائے (direct action) کا ترجمہ

راست باز : [ف صف] سچا۔ ایماندار۔ دیانتدار

راست بازی : [ف امث] دیکھئے "راست باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

راست دروغ برگردنِ راوی : [ف مقولہ] سچ جھوٹ کی ذمہ داری بیان کرنے والے کے سر ہے۔ کسی بیان سے اپنی ذمہ داری دُور کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

رَاست رَو : [ف صف] ا۔سیدھا چلنے والا (۲) ایماندار

رَاست کردار : [ف صف] دیانتدار۔ نیک کردار

رَاست کرداری : [ف۔ امث] دیکھئے راست کردار جس کا یہ اسم کیفیت ہے

رَاست گو/گفتار : [ف صف] سچ کہنے والا۔ سچا۔ صاف گو۔

رَاست گوئی/گفتاری : [ف امث] دیکھئے "راست گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رَاست لانا : [ارمحاورہ] سازگار کرنا۔ موافق کرنا۔ مبارک کرنا

رَاست مزاج : [فع صف] نیک مزاج۔ نیک خو۔

رَاست مزاجی : [فع امث] دیکھئے "راست مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

رَاست معاملہ : [فع صف] وہ جو لین دین میں صاف یا ایماندار ہو۔

رَاست معاملگی : [فع۔ امث] دیکھئے راست معاملہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے

رَاستہ : [ف امذ] ا۔سڑک۔ رستہ۔ راہ (۲) رسم و رواج (۳) بازاروں کی دکانوں کی سیدھی قطار (۴) ہر کام داہنے ہاتھ سے کرنے والا (۵) ڈھنگ۔ طریقہ

رَاستہ بتانا : [ارمحاورہ] ا۔راستہ دکھانا ۲۔ رستے پر ڈالنا (۳) ہدایت کرنا۔ ٹال دینا۔ چلتے کرنا

رَاستہ بچانا : [ارمحاورہ] راستہ کترانا۔ ایک طرف ہو کے نکل جانا۔

رَاستہ پر آنا : [ارمحاورہ] ا۔ٹھیک ہو جانا۔ درست ہو جانا (۲) قابو میں آنا۔

رَاستہ پکڑنا : [ارمحاورہ] جانا روانہ ہونا

رَاستہ چلنا : [ارمحاورہ] جانا۔ روانہ ہونا۔ کسی طریقہ پر کام کرنا۔

رَاستہ دکھانا : [ارم] ا۔راہ بتانا۔ راہنمائی کرنا (۲) انتظار کروانا

رَاستہ دیکھنا : [ارمحاورہ] انتظار کرنا۔

رَاستہ روکنا : [ارمحاورہ] راستہ بند کرنا۔ گزرنے نہ دینا۔

رَاستہ سیدھا ہونا : [ارمحاورہ] راستہ میں پھیر نہ ہونا۔ پیچ نہ ہونا۔

رَاستہ کاٹ کے چلنا : [ارم] راستہ بچا کر نکل جانا۔

رَاستہ کترانا : [ارمحاورہ] دیکھئے "راستہ کاٹ کے چلنا"

رَاستہ لینا : [ارمحاورہ] روانہ ہونا۔ چلے جانا۔

رَاستہ ملنا : [ارمحاورہ] بھولے ہوئے کا صحیح راہ پر آجانا۔

رَاستہ ناپنا : [ارمحاورہ] چلے جانا۔ تھوڑی دیر کے لئے آنا۔

رَاستہ نکالنا : [ارمحاورہ] نیا راستہ بنانا۔ تدبیر نکالنا۔ تلاش کرنا۔

رَاستی : [ف امث] دیکھئے "راست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رَاستی پر آنا : [ارمحاورہ] سچ بولنا۔ سیدھے راستے پر آنا۔

راستی پر ہونا: [ا ر محاورہ] سیدھا ہونا۔ موافق ہونا۔ سیدھے راستے پر ہونا
راستی سے: [ا ر متعلق فعل] (۱) نرمی سے (۲) ایمانداری سے ۔ دیانتداری سے ۔ انصاف سے ۔ سچائی سے ۔
راستی کا چلن: [ا ر امذ] نیک چلنی۔ سچائی کا طریقہ ۔
راسخ: [ع صف] پکا۔ مضبوط۔ اٹل ۔
راسک راس: [ا ر صف ق] درست ٹھیک ٹھاک
راسی: [ھ۔ امذ] (۱) اوسط نسل کا گھوڑا (۲) بے پروا (صف) معمولی ۔
راشد: [ع صف] ہدایت پانے والا۔ ہدایت یافتہ
راشن: [انگ امذ] (ration) مقررہ خوراک۔ رسد۔ راتب۔ فوجی کھانا
راشن ڈپو: [انگ امذ] (ration card) راشن کی دکان۔ رسد ملنے کی جگہ
راشن کارڈ: [انگ امذ] (rifle royalty) وہ پروانہ جس پر راشن کی مقدار اور کارڈ والے کا نام درج ہو اور جس کو دکھا کر راشن ملتا ہے ۔
راشی: [ع صف] (۱) رشوت دینے والا (۲) غلط عام زبان میں رشوت لینے والا
راضی: [ع صف] (۱) شاد۔ خوش۔ رضامند (۲) (ا ر) صابر۔ شاکر (۳) تندرست
راضی برضا: [ع صف] خدا کے حکم پر راضی۔ خدا کی مرضی کو تسلیم کرنے والا
راضی بنانا: [ا ر محاورہ] ٹھیک بنانا۔ مارنا پیٹنا۔ درست کرنا۔
راضی کرنا: [ا ر محاورہ] خوش کرنا۔ رضامند کرنا ۔ تیار کرنا
راضی نامہ: [عف امذ] فریقین کے آپس میں رضامند ہونے کی تحریر۔ صلح نامہ
راضی ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "راضی کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
راعی: [ع امذ] چرواہا۔ کنایۃً بادشاہ
راغ: [ف امذ] (۱) پہاڑ کے نیچے کا میدان (۲) سبزہ زار۔ جنگل
راغب: [ع صف] مائل۔ خواہش مند۔
رافت: [ع۔ امث] مہربانی۔ رحمت کی شدت ۔
رافضی: [ع امذ] (۱) وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے (۲) کنارہ کش۔ چھوڑنے والا (۳) وہ پیروان زید بن علی جنہوں نے آپ کا ساتھ چھوڑ دیا۔ (۴) طنزاً شیعہ
رافع: [ع۔ صف] بلند کرنے والا۔ حرف کو پیش دینے والا ۔
راقب: [ع۔ صف] منتظر۔ امیدوار
راقم: [ع امذ] کاتب لکھنے والا۔ نویسندہ
راقم الحروف / راقم حروف: [ع امذ] حرفوں کو لکھنے والا۔ کاتب۔
راقمہ: [ع امث] دیکھئے راقم جس کی یہ تانیث ہے ۔
راکب: [ع امذ] جانور یا جہاز پر سوار ہونے والا۔ سوار
راکٹ: [انگ امذ] (ROCKET) ہوائی۔ بان۔ گولی اور مخروطی شکل کا خودکار بم۔
راکڑ: [ھ امث] کم درجے کی زمین جس میں صرف خریف کی فصل بوئی جاتی ہو ۔
راکد: [ع صف] رکا ہوا پانی۔ بند پانی
راکشش: [ھ امث] جنگلوں میں رہنے والی قوم۔ وحشی آدمی
راکع: [ع صف] رکوع کرنے والا۔ عبادت کرنے والا
راکھ: [ھ امث] خاکستر۔ بھسم۔ بھبوت۔ بھوبل۔ کسی جلی ہوئی چیز کی خاک ۔
راکھ جھاڑنا: [ا ر محاورہ] کوئلوں اور اپلوں سے راکھ علیحدہ کرنا۔
راکھ سر پر ڈالنا: [ا ر محاورہ] سخت غم کا اظہار کرنا۔
راکھ ہو جانا: [ا ر محاورہ] جل کر خاکستر ہو جانا۔

راکھی: [ھ امث] ناتھ رکھشا۔ وہ رنگین ڈورا جو ہندو مسلمانوں میں کلائی پر باندھتے ہیں (۲) حفاظت ۔
راگ: [ھ امذ] (۱) نغمہ۔ ترانہ۔ نے۔ سُر۔ ۲۔ قصہ۔ کہانی ۳۔ جھگڑا۔ فساد ۴۔ رنگ برن (۵) جوش۔ ولولہ (۶) محبت۔ الفت۔ شفقت۔ (۷) رنج و غصہ (۸) خواہش
راگ الاپنا: [ا ر محاورہ] (۱) راگ گانا (۲) اپنی ہی کہے جانا ۔
راگ بھول جانا: [ا ر محاورہ] مقدور یا جوانی جاتی رہنا۔
راگ پورنا: [ا ر محاورہ] بڑی لمبی کہانی چھیڑنا۔
راگ دینا: [ا ر محاورہ] دم دینا۔ دغا دینا (۲) بیٹھک دینا۔ چوکی دینا۔ کسی کے نام کا گانا کروانا۔
راگ رنگ: [ا ر امذ] رنگ رلیاں۔ عیش و عشرت۔ کھیل تماشا
راگ گانا: [ا ر محاورہ] (۱) گیت گانا (۲) رام کہانی کہنا۔ لمبا قصہ چھیڑنا (۳) بلند آواز سے رونا (۴) بچوں کا رول رول کرنا۔
راگ لانا: [ا ر محاورہ] (۱) جھگڑا نکالنا۔ ستانا۔ بکھیڑا پھیلانا (۲) کھیلنا (۳) جوش اور ولولے میں آنا۔ حال کھیلنا
راگ مالا: [ھ امث] (۱) وہ کتاب جس میں راگ کے اصول ہوتے ہیں۔ علم موسیقی کے اصولوں کی کتاب (۲) مجازاً طویل داستان۔ لمبا قصہ ۔
راگنی: [ھ امث] (۱) راگ کی شاخ (۲) خود سر اور فتنہ انگیز عورت
راگنی آسکے کھنٹری ہونا: [ا ر محاورہ] بہت اچھا گانا۔ اچھے گانے کی تعریف میں کہتے ہیں
راگی: [ھ امذ] کلاکی موسیقی کا ماہر۔ راگ گانے والا۔ گویا
رال: [ھ امث] (۱) چیڑ کے درخت کا گوند جس پر آگ جلد اثر کرتی ہے (۲) لعاب دہن تھوک
رال اڑانا: [ا ر محاورہ] رال کو آگ کے ذریعے بارود کی طرح اڑانا۔
رال بہنا: [ا ر محاورہ] منہ سے لعاب نکلنا۔
رال ٹپکنا: [ا ر محاورہ] (۱) منہ سے رطوبت کا نکلنا (۲) مزے کے مارے منہ میں پانی بھر آنا (۳) عاشق ہونا ۔
رام: [ف صف] تابع۔ فرمانبردار۔ مطیع
رام کرنا / بنانا: [ا ر محاورہ] مطیع کرنا۔ بس میں کرنا ۔
رام: [ھ امذ] (۱) سب میں رہنے والا۔ خوشگوار ۲۔ خوش کن جشن۔ رام چندر کا مخفف (۳) مجازاً خدا۔ پرمیشور۔
رام بھجن: [ھ امذ] یاد خدا۔ حمد۔ مناجات ۔
رام بھجو: [ھ۔ روزمرہ] خدا کو یاد کرو۔
رام پھل: [ھ امذ] ایک قسم کا سرخی مائل شریفہ جو راجا رام چندر کو بہت مرغوب تھا۔
رام ترئی: [ھ امث] ایک قسم کا کدو۔ گھیا۔
رام جنی: [ھ امث] ہندو رنڈی۔ کسبی
رام دانہ: [ھ امذ] ایک قسم کے بیج جس کی ہندو لوگ مالا بناتے ہیں۔
رام دہائی: [ھ امث] خدا کی پناہ۔ خدا کی فریاد۔
رام راج: [ھ۔ امذ] ہندوؤں کی مذہبی حکومت
رام رام: [ھ امذ] ۱۔ ہندوؤں کا باہمی سلام ۲۔ صاحب سلامت ۳۔ توبہ توبہ ۴۔ جان پہچان واقفیت ۔
رام رام بھجو: [ھ امذ] توبہ کرو۔ خدا کا نام لو
رام رام جپنا پرایا مال اپنا: [ھ مثل] ظاہر میں پارسا باطن میں خود غرض ۔

رام رام کرنا: [ھ محاورہ] سلام کرنا۔ توبہ توبہ کرنا۔
رام رس: [ھ امذ] (۱) نمک (۲) ذوق الٰہی
رام رنگی: [ھ امث] شراب۔ (یہ نام شراب کو جہانگیر نے دیا تھا)
رام رولا: [ھ امذ] (۱) مذہبی جوش (۲) مناجات خوانی (۳) شور و غل
رام کہانی: [ھ امث] رام چندر کی داستان۔ رامائن (۲) طولانی داستان
رام کلی: [ھ امث] ایک راگنی کا نام۔ یہ بھیروں ٹھاٹھ کی راگنی ہے اور صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
رام کی مایا: [ھ امث] خدا کے کھیل۔ خدا کی قدرت۔ فطرت۔
رام کی مایا کہیں دھوپ کہیں چھایا: [ھ مثل] کہیں دکھ۔ کہیں سکھ۔ یہ سب خدا کی قدرت ہے۔
رام لیلا: [ھ امث] دسہرے کا میلا۔ رام چندر کی فتوحات کی نقل۔
رام ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی: [ھ مثل] دونوں ایک جیسے بدمعاش
رام نومی: [ھ امذ] رام چندر جی کا جنم دن۔ ہندوؤں کا ایک تہوار جو چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔
رامانندی: [ھ امذ] ہندو فقیروں کا وہ گروہ جو رام چندر کے سوا کسی دوسرے کو نہیں مانتا۔
رامائن: [ھ امث] رام چندر کی کتھا۔ وہ رزمیہ نظم جو والمیک نے سنسکرت میں لکھی اور تلسی داس نے اسے ہندی میں منتقل کیا۔
رامش: [ف امث] آرام۔ آسائش۔ استراحت (۲) خوشی۔ مسرت۔ انبساط۔ طرب (۳) خوشی میں گانا (۴) نصیحت۔ صلاح۔ مشورہ (۵) سروں کا میل۔ ہم سازی۔ سُریلاپن
رامش جاں: [ف امذ] (۱) ایرانی موسیقی (ایک سُر کا نام (۲) تیس بیسے آٹھویں سُر کا نام
رامش گر: [ف صف] مطرب۔ گوّیا (۲) عیاش
رامش گری: [ف امث] دیکھئے "رامش گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
رامش و رنگ: [ف۔ امذ] عیش و عشرت، ناچ گانا
ران: [ف امث] ٹانگ کا گھٹنے سے اوپر کا حصہ۔ زانو۔ جانگھ۔ (۲) (ار) آسن بیٹھک۔
ران اُکھڑنا: [ار محاورہ] گھوڑے کی پیٹھ پر سوار کی ران کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
ران باگ: [ار۔ امث] گھوڑے پر سوار ہونے اور باگ پکڑنے کا خاص طریقہ۔
ران تلے آنا: [ار محاورہ] زانو کے نیچے آنا۔ سواری دینا۔
ران جمانا: [ار محاورہ] دیکھئے "ران جمنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ران جمنا: [ار محاورہ] سوار کی ران کا مضبوط جمنا۔ اپنی جگہ سے نہ ہٹنا۔
ران سے ران باندھنا: [ار محاورہ] زانو سے زانو باندھ کر بٹھانا۔ دور نہ ہونے دینا۔
ران سے ران بندھنا: [ار محاورہ] دیکھئے ران سے ران باندھنا جس کا یہ لازم ہے
ران سے ران ملا کر بیٹھنا: [ار محاورہ] بالکل قریب بیٹھنا ۲ مرد عورت کا اختلاط کی حالت میں بیٹھنا
ران سے ران ملانا: [ار محاورہ] دیکھئے "ران سے ران ملنا" جس کا یہ متعدی ہے
ران سے ران ملنا: [ار محاورہ] جماع کے لئے تیار ہونا
رانا: [ھ امذ] ہندو راجا۔ چھوٹا راجا۔ ٹھاکر۔ راجپوتوں کا خطاب۔ اودے پور کے راجاؤں کا لقب۔ ادھیراج۔
رانبھنا: [ھ مص] گائے کا چلانا (۲) چیخنا چلانا۔ شور مچانا۔ ڈکرانا۔
رانجھن: [ھ امذ] مٹی کا بڑا گھڑا۔ ایک قسم کا بڑا مٹکا۔

رانجھن گول: [ھ امذ] دیکھئے رانجھن
راند: [ھ امث] جھگڑا ٹنٹا۔ بکھیڑا
راند کاٹنا: [ار محاورہ] فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا۔
راندنا: [ار مص] (۱) نکال دینا۔ خارج کرنا (۲) چرخہ کا چلانا۔
راندگاں: [ار اند] دیکھئے "راندہ" جس کی یہ جمع ہے
راندہ: [ار صف] نکالا ہوا۔ مردود۔ ملعون۔ محروم۔ خارج
راندۂ درگاہ: [ار مذ] بادشاہی دربار۔ یا۔ خدا کی بارگاہ سے نکالا ہوا۔ شیطان گنہگار
راندھ: [ھ امث] جھگڑا۔ تکرار
راندھ کاٹنا: [ار محاورہ] دیکھئے "راند کاٹنا"
راندھنا: [ھ مص] (۱) پکانا۔ کھانا تیار کرنا۔ ۲۔ چرخہ چلانا
راندھو نہ سمجھاؤ۔ مجھے بیٹھے کھلاؤ: [ھ مثل] خود غرض پیٹو کی نسبت کہتے ہیں۔ تم کچھ ہی کرو۔ میرا پیٹ بھر دو۔
رانڈ: [ھ امث] بیوہ (۲) تحقیراً عورت (۳) گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے
رانڈ رونا: [ھ امذ] بدمزہ قصّہ۔ بپتا۔ مصیبت
رانڈ رہے جو رنڈوے رہنے دیں: [ار] بیوہ عورتیں بدچلن نہ ہوں اگر مرد ان کا پیچھا چھوڑ دیں۔
رانڈ سانڈ بھانڈ بگڑے ہوئے بُرے: [ار مثل] یہ تینوں بگڑے ہوئے بُرے ان کو خوش رکھنے کی کوشش کرنی چاہئے ورنہ بیوہ نکل جائیگی۔ سانڈ مار یگا۔ بھانڈ بدنام کریگا
رانڈ سے پرے کوسا کیا / کوسا ہی نہیں: [ار مثل] عورت کو رانڈ کہنے سے بڑھکر کوئی گالی نہیں۔ رانڈ کہنا عورت کیلئے سب سے بڑی بد دعا ہے۔
رانڈ کڑھی: [ھ امث] وہ کڑھی جس میں پھلکیاں نہیں ہوتیں۔
رانڈ کا سانڈ: [ار صف] (۱) بے پروا۔ آزاد طبع (۲ مذ) بدکار آدمی۔ شوقین مزاج آدمی۔ بانکا۔ ۳۔ ذلیل آدمی۔ کمینہ شخص۔ ۴۔ لاڈلا بچہ۔
رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا کھائے بہت اور چلے تھوڑا: [ار مثل] دونوں سے کوئی کام نہیں ہوتا
رانڈ کو بیٹے کا بل رنڈوے کو روپے کا بل: [ار مثل] رانڈ کو اولاد کا فخر ہوتا ہے۔ رنڈوے کو روپے کا۔
رانڈ کے آگے گالی کیا: [ار مثل] دیکھئے "رانڈ سے پرے کوسا کیا"
رانڈ کے چرخے کی طرح چلا ہی جاتا ہے: [ار مثل] بڑا بکواسی ہے کسی وقت چپ نہیں ہوتا رانڈیں عام طور پر چرخہ کات کر گزارہ کرتی ہیں کیونکہ اس میں مزدوری بہت کم ملتی ہے اس لئے سارا سارا دن کام کرنا پڑتا ہے۔
رانڈ ہونا: [ار مص مرکب] کسی عورت کا خاوند مرجانا۔ بیوہ ہو جانا۔
رانڈا: [ھ امذ] (۱) وہ مرد جس کی عورت مرگئی ہو۔ رنڈوا۔ ۲۔ بنجر زمین۔ ۳۔ درخت جو پھل نہ دے
رانڈ اگیا سگائی کو آپ کو لائے یا بھائی کو: [ار مثل] جہاں کوئی کام کرنے والا پہلے اپنے لئے کرے پھر دوسرے کیلئے وہاں کہتے ہیں ایسے آدمی کو کام نہیں کہنا چاہئے۔
رانڈی: [ھ امث] رنڈی۔ طوائف۔
رانڈی کے گھر مانڈی عاشقوں کے گھر کڑاکا: [ار مثل] رنڈیاں مزے اڑاتی ہیں اور جو ان کو روپیہ پیسہ دیتے ہیں وہ بھوک کے مرتے ہیں۔
رانگ: [ھ امث] (۱) پودوں کا عرق جو رنگنے کے کام آتا ہے۔ رنگ۔ ۲۔ قلعی ایک نرم دھات

رانگ بھریا : [ہ اذ] وہ شخص جو رانگ اور کھلونے اور زیور بنا کر بیچتا ہے۔
رانگ ہو جانا ہونا : [ا ر محاورہ] ١۔ پگھل جانا۔ نرم ہو جانا۔ ٢۔ غصّہ دُور ہو جانا۔ راضی ہو جانا۔ ٣۔ کم قیمت ہو جانا۔ چیز خراب ہو جانا۔ بالکل گھل جانا
رانگا : [ہ اذ] قلعی۔ رانگ
رانگھڑ : [ہ اذ] ١۔ راجپوت (٢) گجرات اور میوات کے درمیان کا علاقہ اور اس علاقے کا باشندہ۔
رانگھڑی : [ہ امث] رانگھڑوں کی زبان
رانوں پر ہاتھ دے مارنا : [ا ر محاورہ] افسوس کرنا۔ نہایت افسوس کرنا۔ ماتم کرنا
رانی : [ہ امث] ١۔ راجا کی بیوی۔ ملکہ۔ ٢۔ ہندوؤں میں عورتوں کا معزز خطاب۔ رانا کی مؤنث
رانی خان کا سالا : [ا ر اذ] ١۔ مغرور۔ متکبر (٢) شیخی باز
رانی دیوانی ہوئی اوروں کو پتھر اپنوں کو لڈو مارے : [ا ر مثل] دیوانہ بکار خود ہوشیار۔ ان کی دیوانگی میں بھی اپنا ہی فائدہ ہے۔
رانی روٹھے گی اپنا سہاگ لے گی کیا کسی کا بھاگ لے گی : [ا ر مثل] اس جگہ کہتے ہیں۔ جہاں کسی کے رُوٹھنے سے کوئی فرق نہ پڑے۔
رانی کو باندی کہا ہنس دی۔ باندی سے باندی کہا رو دی : [ا ر مثل] کمینے کو کمینہ کہو تو وہ ناراض ہوتا ہے۔ اگر شریف کو کمینہ کہہ دو تو وہ پروا بھی نہیں کرتا۔
رانی کو رانا پیارا۔ کانی کو کانا پیارا : [ا ر مثل] ہر ایک کو اپنا ہم جنس اچھا معلوم ہوتا ہے۔
رانی کو کون کہے، آگا ڈھک : [ا ر مثل] بڑے آدمی کو غلطی کرتے ہوئے دیکھ کر کون روک ٹوک سکتا ہے۔
رانی کھیت : [ہ۔ اذ] مرغیوں کی ایک بیماری کا نام
رانی گھن : [ہ اذ] جھگڑا جو مدت تک گھر میں رہے (افعال: ڈالنا۔ مچانا۔ مچنا)
راوت : [ہ اذ] (١) راجا (٢) سردار۔ راؤ (٣) شجاع۔ بہادر۔ سورمیر (٤) چوہڑوں بھنگیوں کی ایک اونچی ذات۔ جو جھوٹا نہیں کھاتے۔ ٥۔ اس ذات کا ایک فرد۔ ٦۔ (تلواریوں کی اصطلاح) سیف بازی کا استاد۔ استاد جس کے بہت سے شاگرد ہوں۔
راورا : [ہ ضمیر] تمہارا۔ تیرا
راول : [ہ اذ] دیکھیے "راوت" ١تا ٣ (٢) راجہ کا دربار (٣) پنجاب میں جوگی سنیاسی
راولیا : [ہ صف] شاہانہ۔ شاہی۔ راجوں جیسا۔ سپاہیوں کی طرح۔ سرداروں کی طرح۔ راول کی تصغیر
راوی : [ع۔ اذ] روایت کرنے والا۔ مورخ۔ افسانہ نگار۔ ٢۔ قصہ کہانی کا مصنف دریائے راوی
راہ : [ف اذ] ١۔ رستہ۔ گزر۔ سڑک باٹ۔ طریق۔ شارع۔ ڈگر۔ ٢۔ ڈھب۔ سبیل غرض۔ مطلب۔ ٣۔ سفر۔ مسافرت۔ ٤۔ میل جول۔ دوستی۔ آشنائی۔ رابطہ۔ رسائی۔ ٥۔ طریقہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ رسم۔ رواج۔ ٦۔ آگاہی۔ واقفیت خبر۔ ٧۔ تدبیر۔ موقع۔ محل۔ ٨۔ لئے۔ ٩۔ سیدھا راستہ۔ ١٠۔ حیلہ۔ بہانہ ١١ (متعلق فعل) طریقہ پر۔ رستے میں۔ کے لئے
راہ باریک ہونا : [ا ر محاورہ] رستہ تنگ ہونا۔
راہ باندھنا : [ا ر محاورہ] راستہ روکنا۔ بڑھنے نہ دینا۔ ٢۔ روکنا۔ داخل نہ ہونے دینا۔
راہ بانٹ ہونا : [ا ر محاورہ] راستہ جدا یا علیحدہ ہونا۔
راہ بتانا : [ا ر محاورہ] طریقہ بتانا۔ تدبیر بتانا۔ ٢۔ راستہ دکھانا۔ راہ نمائی کرنا۔ رستے کا پتہ دینا۔ ٣۔ نصیحت کرنا ہدایت دینا۔ ٤۔ نکال دینا۔ موقوف کرنا۔ ٥۔ ڈھنگ سکھانا۔ ٦۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ ٧۔ ٹالنا۔ رخصت کرنا۔

راہبر : [ا ر اذ] ١۔ راہنما۔ رستہ دکھانے والا۔ ٢۔ سردار۔ سرغنہ۔ ٣۔ پیر۔ ہادی۔ پیغمبر۔
راہبری : [ا ر امث] راہنمائی۔ ہدایت (افعال: کرنا۔ ہونا)
راہ بند کرنا : [ا ر محاورہ] راستہ روکنا۔ کوئی طریقہ باقی نہ رہنے دینا۔
راہ بند ہونا : [ا ر محاورہ] راہ کھلا نہ ہونا۔ راستہ رکا ہونا۔ کوئی طریقہ نہ ہونا۔
راہ بھٹکنا : [ا ر محاورہ] ایک راستے کی بجائے دوسرے راستے پر چلا جانا
راہ بھلانا : [ا ر محاورہ] گمراہ کرنا۔
راہ بھولنا : [ا ر محاورہ] (١) گمراہ ہونا (٢) راہ گم کرنا۔ ٣۔ مدت کے بعد آنا۔
راہ پانا : [ا ر محاورہ] موقع پانا۔ گنجائش پانا۔
راہ پر آنا : [ا ر محاورہ] ١۔ ٹھیک راستے پر آنا۔ ٢۔ نیک بننا۔ ٣۔ گمراہ کا راہِ راست پر آنا۔ ٤۔ اصلاح قبول کرنا۔
راہ پر لانا : [ا ر محاورہ] ١۔ نیک بنانا۔ رہبری کرنا۔ ٢۔ اپنے ڈھب کا بنانا ٣۔ قابو میں [illegible] دوست بنانا۔ یار بنانا۔
راہ پر لگا لانا : [ا ر محاورہ] اپنے ڈھب پر لگا لینا۔
راہ پر لگانا : [ا ر محاورہ] ١۔ ڈھب پر لانا۔ ٢۔ موافق بنانا۔
راہ پر لے آنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "راہ پر لانا"
راہ پر ہونا : [ا ر محاورہ] (١) طرز پر ہونا۔ طریقہ پر ہونا۔ ٢۔ روش اختیار کرنا
راہ پڑنا : [ا ر محاورہ] ١۔ درست راستے پر چلا جانا۔ ٢۔ ایک دوسرے پر اعتبار کرنا۔
راہ پوچھنا : [ا ر محاورہ] راستہ دریافت کرنا۔
راہ پھٹنا : [ا ر محاورہ] ایک رستے کا دوسرے سے علیحدہ ہونا۔
راہ پھرنا : [ا ر محاورہ] راستے کا مڑ جانا
راہ پیدا کرنا : [ا ر محاورہ] راستہ نکالنا۔ طریقہ نکالنا۔ ٢۔ دوستی پیدا کرنا۔ ملاقات بہم پہنچانا۔ ٣۔ کسی کام میں مہارت پیدا کرنا۔
راہ پیدا ہونا : [ا ر محاورہ] طریقہ نکل آنا۔ راستہ نکلنا۔
راہ پیما : [ف صف] راہرو۔ مسافر
راہ پیدا کرنے : [ہ امث] راہ و رسم
راہ تجویز کرنا : [ا ر محاورہ] کسی خاص راہ کو منتخب کرنا کہ وہاں سے کوئی خاص شخص گزرے گا۔
راہ تکنا : [ا ر محاورہ] انتظار کرنا
راہ جاری کرنا : [ا ر محاورہ] نئے راستہ پر آمد و رفت شروع کرنا۔
راہ جاری ہونا : [ا ر محاورہ] راستہ پر آمد و رفت جاری ہونا۔
راہ جانا : [ا ر محاورہ] راستہ جانا۔
راہ چبینی : [ہ امث] ١۔ وہ مٹھائی جو راستہ چلتے وقت کھانے کو دی جائے ٢۔ مٹھائی جو برہمنوں کو دی جاتی ہے تاکہ روح کو مرنے کے بعد رستہ چلنے میں آسانی ہو۔
راہ چلتا : [ا ر اذ] مسافر۔ راہ رو
راہ چلتوں سے لڑنا / کا پلّہ پکڑنا : [ا ر محاورہ] خواہ مخواہ جھگڑا پیدا کرنا۔ بے سبب لڑنا۔
راہ چلتے : [متعلق فعل] راستے میں۔ راستہ چلتے ہوئے
راہ چلنا : [ا ر محاورہ] راستے پر جانا۔ طریقہ یا ڈھنگ اختیار کرنا۔
راہ چھوڑ کر کراہ چلنا : [ا ر محاورہ] راہ راست سے بھٹکنا۔ گمراہ ہونا۔ بُرے ڈھنگ یا طریقہ پر چلنا۔

راہ چھوڑنا: [ا رمحاورہ] ۱. غلط رستے پر پڑنا۔ گمراہ ہونا۔ ۲۔ راستے سے ہٹ جانا۔ ایک طرف ہونا / ہوجانا۔ ۳۔ سڑک سے اتر جانا۔
راہِ حقیقت: [فع امذ] سچائی کا راستہ۔ درست رستہ
راہِ خدا: [متعلق فعل] خدا کے لئے۔ للّٰہ۔ ۲۔ مذ۔ خدا کے پانے کا ذریعہ
راہِ خدا دینا: [ا رمحاورہ] خیرات کرنا۔ فی سبیل اللہ دینا
راہِ خدا میں جان دینا: [ا رمحاورہ] شہید ہونا۔
راہ دار: [ف امذ] ۱. راہ کا نگہبان ۲. رستے کا محصول لینے والا ۳. ایک قسم کا کپڑا جس پر دھاریاں اور نشان ہوتے ہیں
راہداری / راہ داری: [ف امث] ۱. رستے کا محصول ۲. رستے پر چلنے کا اجازت نامہ ۳. پاسپورٹ
راہ داری کا پروانہ: [ا رمذ] ۱. رستے پر چلنے کا اجازت نامہ۔ ۲. پاسپورٹ
راہ درپیش ہونا: [ا رمحاورہ] سفر آگے ہونا۔
راہ دکھانا: [ا رمحاورہ] راستہ بتانا۔ ۲۔ انتظار کرانا
راہ دیکھنا: [ا رمحاورہ] انتظار کرنا۔
راہ دینا: [ا رمحاورہ] ۱. رستے سے ہٹ جانا ۲. رستہ چھوڑ دینا۔ آنے جانے دینا۔ ۳۔ اجازت دینا۔ (کسی کام کی خصوصاً فال یا استخارہ کی)
راہ ڈالنا: [ا رمحاورہ] رسم قائم کرنا۔ عادت اختیار کرنا۔
راہِ راست: [ا رمحاورہ] سیدھا راستہ۔ درست راستہ
راہِ راست پر آنا: [ا رمحاورہ] ۱. سیدھا راستہ اختیار کرنا ۲. گناہوں سے توبہ کرنا ۳. مسلمان ہونا
راہِ راست پر چلنا: [ا رمحاورہ] ایماندار ہونا۔ بے ایمانی نہ کرنا۔
راہِ راست پر لانا / لگانا: [ا رمحاورہ] مسلمان کرنا۔ گناہ سے توبہ کرانا۔ ٹھیک رستہ پر لگانا
راہِ راست دکھانا: [ا رمحاورہ] مسلمان بنانا۔ مسلمان ہونے کی توفیق دینا
راہِ راست سے بھٹکانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "راہِ راست سے بھٹکنا" جس کا یہ متعدی ہے
راہِ راست سے بھٹکنا: [ا رمحاورہ] بدراہ ہونا۔ کافر ہونا۔ مرتد ہونا۔
راہ راہ چلنا: [ا رمحاورہ] ۱. سیدھے راستے پر چلنا۔ معمولی عادت یا طریقے کے بموجب کام کرنا۔ ۲. کسی کام یا طریقے کی پیروی کرنا۔ ۳. متوسط طریقہ اختیار کرنا۔ ۴. ٹھیک طور پر یا رسم و رواج کے مطابق کام کرنا۔
راہ راہ سے: [ا رمتعلق فعل] ۱. راستے راستے (۲) بموجب رسم و رواج کے (۳) ٹھیک طور پر (۴) معقول طور سے۔ انصاف سے۔ ۵. ٹھیک ٹھیک واجبی طور سے
راہ راہ کا: [ا رصف] ٹھیک ٹھیک۔ درست درست۔ سیدھا سیدھا۔ معقول
راہ راہ کی باتیں: [ا رمث] درست باتیں۔ مناسب باتیں۔
راہ راہ کی کہنا: [ا رمحاورہ] ٹھیک بات کہنا۔ سیدھی سیدھی بات کہنا۔
راہ رسم کرنا: [ا رمحاورہ] ملاقات پیدا کرنا۔ شناسائی کرنا۔ صاحب سلامت رکھنا
راہ رکنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "راہ روکنا" جس کا یہ لازم ہے
راہ رکھنا: [ا رمحاورہ] ۱. رسم رکھنا۔ ربط رکھنا۔ ۲۔ باہم تعلق رکھنا۔ دوستی رکھنا معاملت رکھنا۔
راہ رو: [ف امذ] مسافر۔ راستہ چلنے والا
راہ روانِ ملکِ عدم: [ف امذ] مُردے۔ متوفی لوگ
راہ روش: [ف امث] ۱. چال چلن۔ رویہ۔ ۲۔ رسم و رواج۔ عادتیں۔ ۵
راہ روکنا: [ا رمحاورہ] راستہ بند کرنا۔ مزاحمت کرنا
راہ روی: [ف امث] سفر۔ راہ چلنا۔

راہ روی کر کے چلا جانا: [ا رمحاورہ] بغیر ٹھہرنے کے چلا جانا۔ رستے رستے چلا جانا
راہ و ریت: [ا رامث] ۱. رسم و رواج۔ ۲. رسوم۔ انداز۔ طریقہ
راہ زن: [ف امذ] (۱) قزاق۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔ قاطع الطریق
راہ زنی: [ف امث] دیکھئے "راہ زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
راہ سوجھنا: [ا رمحاورہ] تدبیر سوجھنا / سمجھ میں آنا
راہ سے: [متعلق فعل] ۱. سیدھی طرح۔ رستے سے (۲) قاعدے سے۔ طریقے سے (۳) رسم و رواج کے مطابق
راہ سے بے راہ ہونا: [ا رمحاورہ] ۱. بدچلن ہونا۔ بدوضع ہو جانا۔ ۲۔ سیدھا رستہ چھوڑ کر غلط رستے پر آنا۔ ۳۔ رستہ بھول جانا۔ ۴. گمراہ ہو جانا۔ کافر مرتد ہونا۔ ۵
راہ سے جا لگنا: [ا رمحاورہ] ٹھکانے جا لگنا
راہ سے چلنا: [ا رمحاورہ] ٹھیک یا درست طریقہ پر کام کرنا۔ معقولیت سے کام کرنا۔ وضعداری کی زندگی بسر کرنا۔
راہ سیدھی لگنا: [ا رمحاورہ] سیدھے راستے چلنا
راہ سیدھی ہونا: [ا رمحاورہ] راستہ سیدھا ہونا جس میں چکر یا پھیر وغیرہ نہ ہو۔
راہ بسر: [ا رمتعلق فعل] دیکھئے "راہ راہ"
راہ سر چلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "راہ راہ چلنا"
راہ سے گزرنا: [ا رمحاورہ] راہ میں چلنا۔ راستہ پر سفر کرنا
راہ سے منہ نہ موڑنا: [ا رمحاورہ] کسی کام کے کرنے سے نہ رکنا
راہِ فرار اختیار کرنا / لینا: [ا رمحاورہ] بھاگ جانا
راہ قطع کرنا: [ا رمحاورہ] راہ طے کرنا۔ چلنا
راہ قطع ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "راہ قطع کرنا" جس کا یہ لازم ہے
راہ کا پھیر / پیچ: [ا رامذ] رستے کا چکر۔ راہ کی کجی
راہ کاٹنا: [ا رمحاورہ] ۱. راستہ چلنے والے کے آگے سے نکل جانا۔ ۲۔ راہ چلنے میں مانع ہونا۔ ۳۔ راستہ روکنا۔ ایک راستہ چھوڑ کر دوسرا اختیار کرنا۔ ۴. مسافت طے کرنا۔
راہ کترا کر نکل جانا: [ا رمحاورہ] ۱. ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے سے نکل جانا ۲. کسی کو دیکھ کر دوسرے رستے کی طرف چلے جانا۔
راہ کٹنا: [ا رمحاورہ] راستہ طے ہونا
راہ کرنا: [ا رمحاورہ] ۱. دیکھئے "راہ پیدا کرنا"۔ ۲۔ رسائی پیدا کرنا ۳۔ ادائے قرض کی صورت نکالنا۔
راہ کڑی ہونا: [ا رمحاورہ] رستہ مشکل یا دشوار ہونا
راہ کھلنا: [ا رمحاورہ] رستہ جاری ہونا۔ ۲۔ پابندی موقوف ہونا۔ بندش ہٹ جانا۔
راہ کھوٹی کرنا: [ا رمحاورہ] چلنے میں دیر کرنا۔ راستہ روکنا۔ سفر سے روک دینا۔ چلتے ہوئے کام میں خلل ڈالنا۔ کام روکنا
راہ کھوٹی ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "راہ کھوٹی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
راہ کی بات: [ا رامث] واجبی بات۔ معقول بات۔ شائستہ بات
راہ کی روٹی: [ا رامث] وہ کھانا جو مسافر ساتھ لے لیتا ہے۔
رہ گیر / گرا: [ف امذ] مسافر
راہ گزار / گزر: [ف امذ] سڑک۔ راستہ
راہِ گریز اختیار کرنا: [ا رمحاورہ] بھاگ جانا۔ فرار ہونا

رَاہ گلی میں : [ا رمتعلق فعل] راستے میں
رَاہ گیر : [ف اند] مسافر۔ راہرو
رَاہ گیر عالم بقا ہونا : [ا رمحاورہ] مرجانا
رَاہ لگ : [ا رمقولہ] اپنا راستہ لے۔ چلتا بن / ہو
رَاہ لگانا : [ا رمحاورہ] طریقہ پر لگانا۔ ڈھنگ پر ڈالنا۔ رہنمائی کرنا۔ راستے پر روانہ کرنا۔
رَاہ لگنا : [ا رمحاورہ] طریقے پر لگنا۔ ڈھنگ پر لگنا۔ راہنمائی ہونا۔ جانا۔ رستے پر روانہ ہونا۔
رَاہ لینا : [ا رمحاورہ] روانہ ہونا۔ جانا۔ اپنا اپنا کام کرنا
رَاہ مار : [ا رامذ] راہزن۔ قزاق
رَاہ مارنا : [ا رمحاورہ] ۱۔ راہزنی کرنا۔ لوٹنا۔ ۲۔ رکاوٹ پیدا کرنا۔ ۳۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔
رَاہ ماری : [ا رامث] لوٹ مار۔ غارت گری
رَاہ مرنا : [ا رمحاورہ] راستہ ناپید ہو جانا
رَاہ ملنا : [ا رمحاورہ] ۱۔ راستہ پانا۔ ۲۔ کوئی تدبیر نکل آنا۔ منزل مقصود نظر آنا۔
رَاہ میں آنکھیں بچھانا : [ا رمحاورہ] بہت خاطر تواضع کرنا
رَاہ میں بچھ جانا : [ا رمحاورہ] بہت عاجزی یا انکسار کرنا
رَاہ میں پھیر ہونا : [ا رمحاورہ] راستہ ٹیڑھا ہونا۔ راستے میں چکر ہونا۔ کسی معاملے میں دھوکا ہونا۔
رَاہ میں تھکنا : [ا رمحاورہ] رستے میں کہیں ٹھہر جانا
رَاہ میں جا کر خبر لینا : [ا رمحاورہ] راستے میں جا کر امداد کرنا
رَاہ میں چلنا : [ا رمحاورہ] رستے پر سفر کرنا
رَاہ میں حائل ہونا : [ا رمحاورہ] رستے میں آجانا۔ رستہ روکنا
رَاہ میں رہ جانا : [ا رمحاورہ] ساتھ چھوڑ دینا۔ تھک کر رہ جانا
رَاہ میں قدم مارنا : [ا رمحاورہ] چلنا۔ روانہ ہونا
رَاہ میں کانٹے بچھانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "راہ میں کانٹے بچھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
رَاہ میں کانٹے بچھنا : [ا رمحاورہ] راستہ دشوار گزار ہونا۔ دشمنی یا تکلیف کی بات ہونا
رَاہ میں لینا : [ا رمحاورہ] ۱۔ کسی کو پہنچنے سے پہلے جا ملنا۔ رستے پر مل جانا۔ ۲۔ ملاقات کرنا۔ ۳۔ پیشوائی کرنا۔
رَاہ میں ہونا : [ا رمحاورہ] راستہ پر چلتے ہونا۔ اثنائے راہ میں ہونا۔
رَاہ ناپنا : [ا رمحاورہ] ۱۔ آ کر جلد چلے جانا۔ کھڑے کھڑے آنا۔ ۲۔ مارا مارا پھرنا۔ ۳۔ بے فائدہ کام کرنا۔
رَاہ نامہ : [ا رامذ] سڑکوں کا نقشہ یا کتاب
رَاہِ نجات : [ا رامث] بخشش یا نجات کا ذریعہ۔ مسلمانوں کی ایک مذہبی کتاب
رَاہ نکالنا : [ا رمحاورہ] راستہ بنانا۔ سڑک نکالنا۔ تدبیر / تجویز نکالنا۔ وسیلہ پیدا کرنا
رَاہ نکلنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "راہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
رَاہ نُما : [ا رامذ] ہادی۔ پیر۔ رہبر۔ پیشوا
رَاہ نُمائی : [ا رامث] رہبری۔ ہدایت
رَاہ نَورد : [ف صف] تیز چلنے والا۔ رستہ چلنے والا۔ مسافر۔ راہرو
رَاہ نَوردی : [ف امث] سفر۔ مسافت
رَاہ نہیں طریقہ نہیں : [ا رمقولہ] طریقہ نہیں۔ چارہ نہیں۔ تدبیر نہیں

رَاہ وَار / رَاہوار : [ا رامذ] ۱۔ گھوڑا۔ تیز چلنے والا گھوڑا۔ اچھا گھوڑا۔ ۲۔ صف۔ تیز رفتار۔ صبا رفتار۔ بادپا۔
رَاہوار اُٹھانا : گھوڑے کو تیز چلانا [ا رمحاورہ] [ا رمحاورہ]
رَاہواری : [ف امث] قدم بازی۔ گھوڑے کا تیز قدم چلنا
رَاہ وا ہونا : [ا رمحاورہ] رستہ کھلنا
رَاہ ہونا : [ا رمحاورہ] ربط ہونا۔ تعلق ہونا
رَاہ و ربط / رسم : [ف امث] میل جول۔ ربط ضبط۔ صاحب سلامت۔ راہ ریت
رَاہی : [ف امذ] مسافر۔ راہرو
رَاہیں بتانا : [ا رمحاورہ] تدبیریں بتانا۔ مشورے دینا۔ تدبیروں سے آگاہ کرنا۔
رَاہِب : [ع امذ] ۱۔ عیسائی زاہد یا عابد۔ ۲۔ تارک الدنیا۔ جوگی
رَاہِن : [ع امذ] رہن کرنے والا۔ گروی رکھنے والا شخص
رَاہنا : [ہ مص] چکی راہنا۔ چکی پر لوہے کے اوزار سے نشان کھودنا
رَائتا : [ہ امذ] ایک قسم کی خوراک جو آلو بینگن۔ کدو وغیرہ ابال کر دہی میں ڈال کر بناتے ہیں
رَائتا بنانا / کرنا : [ا رمحاورہ] بھرتا کرنا۔ مار کر پتلا حال کرنا۔ بہت مارنا
رَائتا بننا / ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "رائتا بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
رَائج : [ع صف] جاری۔ رواں۔ عام۔ رسمی۔ دستور کے موافق
رَائج الوقت : [ف امذ] ۱۔ زمانے کا دستور یا فیشن۔ ۲۔ سکہ جو اس وقت جاری ہو
رَائج کرنا : [ا رمص مرکب] جاری کرنا۔ رواج دینا
رَائج ہونا : [ا رمص مرکب] جاری ہونا۔ رواج ہونا
رَائجہ : [ع صف۔ مث] دیکھئے "رائج" جس کی یہ تانیث ہے۔
رَائحَہ : [ع امذ] خوشبو۔ مہک۔ نکہت
رَائض : [ع امذ] چابک سوار۔ گھوڑے کو پھیرنے / سدھانے والا
رَائفل : [انگ امث] (rifle) ایک نالی بندوق جس کی نالی کے اندر چھریاں (گراڑ) ہوتے ہیں جس کی وجہ سے گولی چکر کھا کر جاتی ہے اور بہت دور مار کرتی ہے۔
رَائق : [ع امذ] نہار منہ۔ صاف چیز
رَائگاں : [ف صف] بے کار۔ فضول۔ اکارت۔ زائل۔ عبث۔ بے وقعت۔ لاحاصل
رَائلٹی : [انگ امث] (royalty) مصنف کا حق تصنیف وہ معاوضہ جو ناشر مصنف کو یا کان کنی کا ٹھیکہ دار مالک زمین کو ادا کرے
رَاؤ : [ہ امذ] ۱۔ راجا۔ راجا کا بیٹا۔ ۲۔ سردار۔ ۳۔ ہندوؤں کا ایک اعزازی لقب
رَاؤ بہادر / راؤ صاحب / رائے بہادر : [ا رامذ] سرکاری خطاب جو حکومت برطانیہ کی طرف سے ہندوؤں کو دیا جاتا تھا۔
رَاؤ چاؤ : [ہ امذ] لاڈ پیار۔ ناز و نخرہ۔ خوشی۔ دل لگی
رَاوٹی : [ہ امث] ۱۔ ایک قسم کا چھوٹا خیمہ / تنبو۔ ۲۔ بالاخانہ۔ چوبارہ (افعال : کھڑی کرنا۔ کھڑی ہونا)
رَاؤلا / رولا : [ہ امذ] جھگڑا۔ بے اصل فساد۔ شور۔ غوغا
رَاؤلا لانا : [ا رمحاورہ] تازہ فساد کھڑا کرنا
رَاؤنڈ : [انگریزی امذ] round (۱) دور۔ پھیرا (۲) چکر۔ دائرہ۔ گھیرا۔ ۳۔ گولی۔ ۴۔ مدور۔ بیضوی
رَائی : [ا رامث] ۱۔ ایک قسم کا سرسوں سے مشابہ اناج۔ ۲۔ بہت تھوڑی مقدار

رائی اُتارنا/جلانا: [ا، محاورہ] نظرِ بد سے محفوظ رکھنے کیلئے کسی کے سر پر سے رائی اُتار کر جلانا۔
رائی بھر۔ [ا، صف] ذرا سا۔ قلیل مقدار
رائی بھر سگائی پیٹھا بھر پریت/رائی بھر ناتا اور گاڑی بھر آشنائی [ا، مثل] تھوڑا سا رشتہ بہت سی ملاقات یا محبت پر فوقیت رکھتا ہے
رائی سے پربت ہو جانا۔ [ا، محاورہ] نہایت چھوٹے سے بہت بڑا ہو جانا۔
رائی کا پربت/پہاڑ بنانا: [ا، محاورہ] بات کا بتنگڑ بنانا۔ چھوٹی/معمولی بات کو بڑھا دینا۔
رائی کائی: [ا، امث] چورہ/ریزہ۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
رائی نون تیری آنکھوں/تیرے دیدوں میں۔ [ا، مثل] دعا، جب کوئی کسی کی تعریف کرتا ہے تو نظرِ بد سے بچانے کے لیے کہتی ہیں۔
رائی نون چولھے میں ڈالنا: [ا، ٹوٹکا] نظرِ بد کے دفعیہ کے لئے رائی اور نمک آگ میں پھینکنا۔
رائے/راۓ: [ع امث] ۱۔ عقل۔ تدبیر۔ سمجھ۔ خیال دانست (۲) مشورہ (۳) قیاس۔ اعتقاد (۴) دل کی بینائی
رائے دہندہ: [عف صف] رائے دینے والا۔ ووٹر۔ ووٹ دینے والا
رائے دہی: [عف امث] رائے دینے کا فعل
رائے دینا: [ا، محاورہ] صلاح دینا۔ مشورہ دینا۔
رائے زنی۔ [عف امث] اظہار رائے۔ کسی امر کی نسبت خیال ظاہر کرنا [افعال: کرنا۔ ہونا]
رائے عامّہ: [عف امث] عوام کا خیال۔ جماعت کی صلاح
رائے لینا: [ا، محاورہ] مشورہ کرنا۔ صلاح لینا
رائے: [ہ امذ] راجا۔ سردار۔ ایک خطاب جو حکومت برطانیہ کی طرف سے ہندوؤں کو دیا جاتا تھا
رائے بیل: [ہ امث] ایک قسم کی بیلی کے پھول اور اُس کا درخت
رائے جامن: [ہ امث] ایک قسم کی بڑی جامن
رائے رایاں۔ [ہ امذ] راجا۔ ادھیراج۔ شہنشاہ۔ ۲۔ صوبے کے دیوان کے ماتحت افسر جس کے ذمہ شاہی اراضی کا انتظام ہوتا تھا۔
رائے رایاں رائے کھن چکر، آدھی روٹی ڈیڑھ پاؤ شکر: [ا، مثل] صاحبِ رتبہ ہونے کے باوجود عقل نہ ہونا۔ بے میل کام
رائے مینا کی چوڑیاں: [ہ امث] ایک قسم کی چوڑیاں جو بہت خوبصورت ہوتی ہیں
رایات: [ع امذ] دیکھئے "رایت" جس کی یہ جمع ہے
رایت: [ع امذ] جھنڈا۔ علَم

ر ۔ ب

رَبّ: [ع صف] (۱) پالنے والا۔ پروردگار (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام
رَبُّ الاَرباب: [ع صف] سب پالنے والوں کا پالنے والا۔ اللہ تعالیٰ
رَبُّ العالمین: [ع صف] تمام جہانوں کو پالنے والا۔ اللہ تعالیٰ
رَبُّ النَّوع: [ع صف] ایک قسم کی اشیاء کو تربیت دینے والا۔ فرشتہ۔ موکل
رَبِّ یَسِّر وَ تَمِّم بِالخَیر: [ع کلمہ دعا] اے رب آسان کر اور اچھی طرح انجام کو پہنچا۔ (کتاب شروع کرتے وقت بچوں کو یہ دعا پڑھاتے ہیں)

رُبّ۔ [ع امذ] کسی پھل کا رس جو پکا کر جما لیا جائے۔
رَبا: [ہ امذ] ایک قسم کا چھکڑا
رُبا: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر ربودن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بناتا ہے اور "اڑا لے جانے والا/لے جانے والا" کے معنی دیتا ہے مثلاً دِل رُبا
رِبٰو: [ع۔ امذ] (۱) اضافہ، بڑھوتری (۲) سُود، بیاج
رِبٰو خوار: [عف صف] سود خوار۔ بیاج کھانے والا
رُباب: [ع امذ] ایک قسم کی سارنگی
رُبابی: [ع صف] رباب بجانے والا
رِباط: [ع امذ] سرائے۔ مسافر خانہ
رُباعی: [ع امث] ۱۔ وہ چار مصرعوں کی نظم جس کے پہلے دوسرے اور چوتھے مصرع کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے اور یہ بحر ہزج کے مقررہ چوبیس اوزان میں لکھی جاتی ہے۔ ۲۔ چار حرفی لفظ
رَبانا: [ا، امذ] ایک قسم کا جھانجھ والا چھوٹا دف
رَبّانی: [ع صف] رب کا۔ رب کی طرف منسوب (۲) درویش۔ خدا پرست۔ پرہیزگار
رَبدا: [ہ امذ] وہ کیچڑ جو پانی کے بہاؤ سے ہو جاتی ہے۔
رَبتڑ: [ہ امذ] قصاب۔ بوچڑ۔ قصائی
رَبڑ: [انگ امذ] (RUBBER کا بگاڑ) حرف مٹانے کی چیز۔ ایک درخت کا دودھ پکا کر جماتے ہیں۔ یہ لچک دار شے کچی سیاہی اور پنسل کے نشان مٹا دیتی ہے۔ اور مشینری وغیرہ بیسیوں اشیاء میں استعمال کی جاتی ہے (۲) کوئی لچک دار یا لچکیلی چیز
رَبڑ: [ہ امث] محنت۔ مشقت (۲) تھکاوٹ۔ ماندگی (۳) بے فائدہ محنت لاحاصل دوڑ دھوپ (۴) بے فائدہ لمبا سفر طے کرنا۔
رَبڑنا: [ا، محاورہ] بے فائدہ تھکنا۔ بے فائدہ چکر کھانا۔
رَبڑ مارنا: [ا، محاورہ] مطلب حاصل کئے بغیر کسی جگہ جا کر پھر آنا۔
رَبڑی: [ہ امث] دیکھئے "رابڑی"
رَبط: [ع امذ] بندش۔ لگاؤ۔ تعلق (۲) میل ملاپ۔ راہ و رسم (۳) نسبت تناسب۔ محبت۔ دوستی (۴) پیار۔ اخلاص (۵) مہارت۔ ڈھب۔ عادت
رَبط بڑھانا: [ا، محاورہ] تعلق پیدا کرنا۔ دوستی بڑھانا۔ مشق بڑھانا
رَبط بڑھنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "ربط بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
رَبط چھٹنا/چھوٹنا: [ا، محاورہ] بندش درست نہ رہنا۔ لگاؤ نہ رہنا۔
رَبط دینا۔ [ا، محاورہ] جوڑنا۔ ملانا (۲) مضبوط کرنا (۳) یکسانی پیدا کرنا
رَبط ڈالنا: [ا، محاورہ] مہارت پیدا کرنا۔ عادت ڈالنا۔ مشق کرنا۔
رَبط ضبط: [ع امذ] میل ملاپ۔ آمد و رفت۔ راہ و رسم
رَبط ہونا: [ا، محاورہ] ۱۔ دوستی ہونا۔ آشنائی ہونا (۲) عادت ہونا۔ مشق ہونا۔
رُبع: [ع عدد کسری] چوتھا حصہ۔ چہارم ¼۔ چہاریک
رُبعِ دائرہ: [ع امذ] وہ شکل جو قوس اور ان دو نصف قطروں سے محصور ہو جو ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ بنا کر کاٹتے ہوں۔ چوتھا حصہ دائرہ
رُبعِ مسکون: [ع امذ] دنیا کا چوتھا حصہ جو آباد ہے۔
رِبقہ: [ع۔ امذ] طوق

ربن : [انگ امذ] (RIBBON) فیتہ. پتلی لمبی پٹی
ربوبیت : [ع امث] پروردگاری
ربودگی : [ف امث] غنودگی. غفلت جو بیمار کو ہوتی ہے (۲) لوٹ کھسوٹ (۳) بے پروائی. مجذوبیت
ربوہ : [ع امذ] تودہ. اونچی زمین. ٹیلا
ربیب : [ع صف] پالا پوسا (۲) سوتیلا بیٹا جو پہلے خاوند سے ہو.
ربیبہ : [ع امث] دیکھئے "ربیب" جس کی یہ تانیث ہے.
ربیع : [ع امث] موسم بہار (۲) اساڑھی. وہ فصل جو مارچ اپریل میں کاٹی جاتی ہے.
ربیع الآخر / الآخری : [ع امذ] عربی سال کا چوتھا مہینہ
ربیع الاوّلی / الاوّل : [ع امذ] عربی سال کا تیسرا مہینہ (ربیع الاوّلی غلط العام ہے)
ربیع الثانی : [ع امذ] دیکھئے "ربیع الآخر" جو صحیح ہے.

ر - پ

رپ : [ھ امذ] دشمن. بیری. بدخواہ (۲) کسی کام ... جانے والا (افعال : ہونا)
رُپ : [ھ امث] تیز چلنے میں پاؤں کی آواز (۲) قینچی سے کسی شے کو کاٹنے کی آواز
رُپ رُپ : [ھ امث] چلنے میں پاؤں کی آواز (۲) قینچی سے بار بار کاٹنے کی آواز (۳) ٹولکی چال
رُپا / رُوپا : [ھ امث] چاندی.
رپاٹا : [ار امذ] تھپیڑ
رپٹ : [ھ امث] پھسلن. پھسلاہٹ (۲) انگریزی لفظ رپورٹ (REPORT) کا بگاڑ. خبر. اطلاع. کسی جرم یا واقعہ کی خبر.
رپٹ : [ار امث] (انگریزی لفظ RIVET کا بگاڑ) ٹوپی دار کیل جس کو لگانے کے بعد کوٹ کر چوڑا کر دیا جاتا ہے.
رپٹ پڑے کی ہر گنگا : [ھ مثل] وہ شخص جو پیر پھسل جانے اور دریا میں گر جانے سے خواہ مخواہ ہر گنگا کہے. اتفاقاً حصول مدعا ہونا.
رپٹانا : [ار س] ... رپٹنا.
رپٹن : [ار امث] پھسلن
رپٹنا : [ار مص] پھسلنا. لڑھکنا. کھسکنا
رپورتاژ : [ار امذ] کسی واقعے کو دلچسپ اور افسانوی انداز میں تحریر کرنا. reportage کا ...
رپورٹ : [انگ امث] (report) (۱) اطلاع. خبر (۲) وہ تحریر جس میں کارروائی درج ہو.
رپورٹر : [انگ صف] (reporter) اطلاع دینے والا. خبر نگار. نامہ نگار.
رپورٹنگ : [انگ امث] reporting نامہ نگاری. خبر نویسی
رُپہیلا / روپہلا : [ھ صف] سفید. چاندی کے رنگ کا
رُپہیلی / روپہلی : [ھ صف] دیکھئے "رُپہیلا" جس کی یہ تانیث ہے

ر - ت

رُت : [ھ امث] فصل. ہر چیز کا زمانہ. موسم
رُت آنا : [ار محاورہ] فصل آنا. زمانہ آنا
رُت بدلنا / پھرنا : [ار محاورہ] موسم کا تبدیل ہونا
رُت کڑی ہونا : [ار محاورہ] موسم خراب ہونا سخت موسم ہونا
رَت : [ھ امث] رات کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے.
رَت جگا : [ھ امذ] شب بیداری. خوشی یا عبادت میں رات بھر جاگنا. (۲) ایک قسم کی خوشی کی نیاز جو عورتیں ... (۳) ہندوؤں کی ایک عبادت جو وہ رات بھر جاگ کر کرتے ہیں.
رَت جگا ماننا : [ار محاورہ] رت جگا کرنے کی منت ماننا.
رتا : [ھ امذ] ایک کیڑا جو گیہوں وغیرہ کو لگ جاتا ہے.
رتالو : [ھ امذ] ایک قسم کی جڑ جو اروی کے مشابہ ہوتی ہے.
رتاوا : [ھ ...
رتائی : [ھ معاوضہ مث] ... کی اجرت
رُتبہ : [ع امذ] درجہ. مرتبہ. عہدہ (۲) عزت. حرمت (۳) قدر. منزلت
رُتبہ بڑھانا : [ار محاورہ] ترقی دینا. درجہ زیادہ کرنا
رُتبہ بڑھنا : [ار محاورہ] دیکھئے "رتبہ بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے.
رُتبہ پانا : [ار محاورہ] عزت حاصل کرنا. مرتبہ پانا.
رُتبہ دار : [ف صف] مرتبہ پانے والا. عزت حاصل کرنے والا
رتق و فتق : [ع امذ] باندھنا کھولنا. انتظام. بندوبست
رتن : [ھ امذ] جواہرات. قیمتی پتھر. نگ (۲) آنکھ کی پتلی (۳) منی دھات لطف (۴) عطر. ست (۵) نچوڑ. خلاصہ. لب لباب (۶) جوہر
رتن جوت : [ھ امذ] آنکھوں کی دوا (۲) ایک پودا جس کے پتے یا لکڑی تیل میں ڈالنے سے تیل سرخ ہو جاتا ہے اور یہ دواؤں کے کام آتا ہے
رتن دیپ : [ھ امذ] وہ چراغ جس میں جواہرات جڑے ہوئے ہوں.
رتن مالا : [ھ امث] ہیروں یا موتیوں کا ہار (۲) ایک قسم کا پھول (۳) علم نجوم کی ایک کتاب کا نام.
رتنا : [ار مص] ریتی سے رگڑا جانا (۲) خالی ہونا (۳) سارنگی بجنا
رتناولی : [ھ امث] ہیروں کا ہار. مرصّع ہار
رتوا : [ھ امذ] ایک سرخ پتھر جو بچوں کو بخار وغیرہ سے بچانے کے لئے گلے میں لٹکاتے ہیں (۲) ایک قسم کا سرخ کیڑا
رتوانا : [ار مص] ریتی سے صاف کرانا (۲) برتن وغیرہ خالی کرانا
رتواہی : [ھ امث] رات کا حملہ (۲) رات کو آنے والی سہیلی
رتوندھا / رتوندر : [ھ امذ] شب کوری. آنکھ کی ایک بیماری جس کے سبب رات کو دکھائی نہیں دیتا.
رتوندھی / رتوندی : [ھ امث] دیکھئے "رتوندھا" جس کی یہ تانیث ہے
رتوندھیا : [ھ صف] رتوندھے کا مریض. جس کو رات کو نظر نہ آئے.

رتھ : [ھ امذ و مسث] (۱) ایک قسم کی دیسی گاڑی جس کے اُوپر برجی سی بنی ہوتی ہے (۲) دیوتاؤں کی ایک قسم کی عمدہ گاڑی کی سواری (۳) قلعہ ۔ کوٹ ۔ حصار

رتھ بان / وان : [ھ صف] گاڑی بان ۔ رتھ ہانکنے والا

رتھ یاترا : [ھ امث] (۱) گاڑیوں کی دھوم دھام جو کسی دیوتا کی سواری میں ہو ۔ (۲) ہندوؤں کا ایک میلہ جو دوسری اساڑھ کو جگن ناتھ کے نام پر ہوتا ہے ۔

رتی : [ھ امث] بھاگ ۔ نصیب ۔ قسمت ۔ تقدیر (۲) ریت ۔ رسم

رَتی : [ھ امث] (۱) ماشے کا آٹھواں حصہ (۲) مقدار قلیل (۳) گھونگچی ۔ چرمٹی ایک وزن جو آٹھ چاول کے برابر ہوتا ہے ۔

رتی بھر : [ا ۔ متعلق فعل] ذرا سا ۔ حبہ بھر ۔ قدرے ۔ قلیل

رتی بھر دھن ساتھ نہ جاوے : [ہ ۔ مقولہ] مرنے کے وقت ذرا سی دولت بھی ساتھ نہیں جاتی

رتی بھر کی تین چپاتی ، کھانے والے سات سنگھاتی : [ہ ۔ مثل] انتظام تھوڑا اور مہمان بہت

رتی بھر ناتا گاڑی بھر آشنائی : [ھ مثل] تھوڑا رشتہ بہت سی دوستی سے اچھا ہوتا ہے

رتی جاگنا / چمکنا : [ا ۔ محاورہ] نصیبہ جاگنا ۔ اقبال یاور ہونا ۔ قسمت کھلنا ۔ مالا مال اور سرسبز ہونا ۔ پھلنا پھولنا

رتی رتی : [ا ۔ متعلق فعل] ذرا ذرا ۔ ایک ایک حبہ ۔ بالکل ۔ تمام ۔ سراسر

رتی سامنے آنا : [ا ۔ محاورہ] اقبال یاور ہونا ۔ نصیب کھل جانا

رتیلا : [ھ صف] ریت ملا ہوا ۔

رتیلی : [ھ امث] دیکھیے " رتیلا " جس کی یہ تانیث ہے

ر ۔ ٹ

رٹ : [ھ امث] کسی بات کا بار بار کہنا ۔ تکرار

رٹ رہنا : [ا ۔ محاورہ] سبق رٹتے رہنا ۔ ہر وقت یاد کرتے رہنا ۔ بار بار کہتے رہنا

رٹ لگانا : [ا ۔ محاورہ] بار بار کہے جانا ۔ بار بار دہرانا ۔ اصرار کرنا ۔ پیچھے پڑنا

رٹ لگنا : [ا ۔ محاورہ] دیکھیے " رٹ لگانا " جس کا یہ لازم ہے

رِٹ : [انگ امث] عدالت کا حکم نامہ ۔ اجرائے پروانہ کی درخواست جو ہائی کورٹ میں دائر کی جاتی ہے ( )

رٹنا : [ا ۔ ص] ٹیپنا ۔ بار بار کہنا ۔ دہرانا ۔ کسی چیز کو زبانی یاد کرنا

رٹو : [ا ۔ صف] رٹنے والا ۔ رٹ کر یاد کرنے والا

ر ۔ ث

رثا : [ع ۔ امث] وہ اشعار جن میں مرنے والوں کا ماتم کیا جائے بالخصوص شہدائے کربلا کا ۔ (مرثیہ)

رثائی : [ع ۔ صف] دیکھیے رثا جس سے یہ منسوب ہے

ر ۔ ج

رَج : [ھ امث] (۱) دریا کا ریتا ۔ ریگ رواں ۔ بالو ۔ ریت (۲) حیض (۳) دلدل (۴) پھولوں کا زیرہ (۵) شہوت ۔ منی

رُج : [ہ امث] بیماری ۔ علالت

رَجا : [ع ۔ امث] امید ۔ آس ۔ آسرا ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ خواہش

رَجا : [ھ صف] (۱) پیٹ بھرا ۔ شکم سیر (۲) بے پروا ۔ دولت مند

رَجا پُجا : [ھ صف] رجا ہوا ۔ امیر ۔ غنی ۔ آباد ۔ دھنی

رَجا کیا جانے بھوکے کی سار : [ھ مثل] پیٹ بھرے کو بھوکے کی تکلیف کا احساس نہیں ہوتا

رِجال : [ع امذ] (۱) دیکھیے " رَجل " جس کی یہ جمع ہے (۲) دیکھیے اسماء الرجال

رِجال الغَیب : [ع امذ] مردان غیب ۔ ایک غیبی ہستی جو زمین کے گرد پھرتی ہے اور نظر نہیں آتی ۔ وساوس

رِجالا : [ع صف] رذالہ کا بگاڑ ۔ کمینہ

رِجائی : [ع صف] پُر امید ۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنے والا ۔ انگریزی لفظ optimist کا ترجمہ

رِجائیت : [ع امث] اچھے خیال رکھنا ۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنا (۲) آرزو سے پُر ہونا ۔ انگریزی لفظ optimism کا ترجمہ

رَجَب : [ع امذ] سال ہجری کا ساتواں قمری مہینہ

رُجحان : [ع امذ] میلان ۔ توجہ ۔ جھکاؤ ۔ جھکاؤ

رَجَز : [ع امث] وہ فخریہ اشعار جن میں سپاہی کی بہادری کی تعریف ہوتی اور میدان جنگ میں پڑھے جاتے ہیں ۔

رجزیہ : [ع صف] دیکھیے " رجز " جس سے یہ منسوب ہے ۔

رِجس : [ع امذ] پلیدی ۔ گندگی

رَجسٹر : [انگ امذ] ( ) یادداشت کی کتاب ۔ حاضری کا

رَجسٹرار : [انگ امذ] registerar رجسٹر میں درج کرنے والا (۲) رجسٹری کرنے والا (۳) محافظ دفتر (۴) یونیورسٹی یا جامعہ کا اعلیٰ عہدیدار

رَجسٹرڈ : [انگ صف] (registered) رجسٹر میں درج وہ چیز جس کی قانون کے مطابق رجسٹری ہوئی ہو (۲) وہ ڈاک جسے ڈاک خانے میں اندراج کرانے کے بعد رسید حاصل کی جائے ۔

رَجسٹری : [انگ امث] (registry) داخلہ ۔ اندراج ۔ اندراج فہرست (افعال : کرنا : کرانا)

رَجسٹریشن : [انگ امذ] (regist RATION) درج رجسٹر کرانا

رَجعَت : [ع امث] (۱) واپسی ۔ بازگشت (۲) عورت کو طلاق کے بعد زوجیت میں لانے کا عمل (۳) چاند سورج کے سوا کسی دوسرے سیارے کا اپنی گردش سے پھرنا (۴) (ا ۔ ر) جلالی عمل کی شرائط میں غلطی ہو جانے سے پاگل ہو جانا ۔ بیہودہ بکواس

رَجعَت قَہقَری : [ع امث] الٹے پاؤں واپس ہونا ۔ سابقہ حالت کی طرف لوٹنا ۔

رَجُل: [ع امذ] آدمی۔ مرد۔ بالغ
رَجلے تَجلے [ا ر امذ] کمینے۔ رذیل
رَجم: [ع امذ] پتھر مار مار کر ہلاک کرنا۔ سنگ ساری (۲) شہاب ثاقب
رَجماً بِالغَیب: [ع متعلق فعل] بغیر سوچے سمجھے۔ اٹکل سے
رَج مان: [ا ر امث ق] شرم وحیا۔ خودداری۔
رَجمنٹ: [انگ امث] (regiment) پیدل سپاہیوں کا دستہ پلٹن۔ رجمنٹ میں عموماً آٹھ سو سے ایک ہزار سپاہی ہوتے ہیں۔
رَجنا: [ا ر مص] پیٹ بھرنا۔ سیر ہونا۔
رَجنی: [ھ امث] سیاہ رنگ کی چیز (۲) رات (۳) املی (۴) نیل کا پودا (۵) لاکھ (۶) درگا جی (۷) ایک اپسرا (۸) ایک دریا
رَجو: [ھ امث] رسی۔ دھاگا۔ ڈور (۲) گانٹھ (۳) مینڈی
رَجواڑا: [ھ امذ] راجا کا ملک۔ راجہ کی عمل داری
رُجُوع: [ع امذ ومث] واپس ہونا۔ مڑنا۔ لوٹنا۔ مائل ہونا۔ راغب ہونا (۲) رغبت۔ میل۔ میلان (۳) ظاہر ہونا۔ حاضر ہونا (۴) التجا۔ نظرثانی۔ گزارش یا اپیل عدالت میں (۵) توجہ (۶) رابطہ قائم کرنا۔
رُجوع کرنا: [ا ر مص مرکب] ہٹنا۔ پلٹنا (۲) معالجہ کرنے کے لیے حکیم کے پاس جانا (۳) مخاطب ہونا (۴) کسی طرف متوجہ ہونا (۵) عدالت میں دعویٰ کرنا۔
رُجوع ہونا: [ا ر مص مرکب] دیکھیے "رُجوع کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
رُجُولَت / رُجُولِیَّت: [ع امث] مردمی۔ باہ۔ قوت تولید
رُجُوم: [ع امذ] دیکھیے "رجم" جس کی یہ جمع ہے
رِجھانا: [ا ر مص] خوش کرنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ لبھانا۔ مسرور کرنا
رُجھنا: [ا ر مص] رکنا۔ ٹھہرنا۔ بند ہونا۔ مشغول ہونا۔ تنگ ہونا۔ گھبرانا۔ ستانا۔ چھیڑنا
رَجِیم: [ع صف] مردود۔ ہنکایا ہوا۔ پتھر مارا ہوا۔

ر - رچ

رُچ: [ھ امث] رغبت۔ چاہ۔ خواہش (۲) بھوک۔ اشتہا
رُچ کر کھانا: [ا ر محاورہ] رغبت سے کھانا
رَچانا: [ا ر مص] مقرر کرنا۔ شروع کرنا۔ پھیلانا (۲) منانا۔ خوشی منانا۔ مہندی سے ہاتھ رنگنا (۳) معطر کرنا۔ بسانا۔
رچاؤ: [ا ر امذ] رچنے کا عمل
رَچاوَٹ: [ا ر امث] رنگت کی شوخی۔ خوب۔ اچھا۔ اچھا رنگ۔
رَچنا: [ا ر مص] سرایت کرنا۔ اثر ہونا (۲) مہندی کا رنگ لانا (۳) شروع ہونا۔ پھیلنا۔ سامان مہیا کرنا شادی کا (۴) جزو بدن ہونا (۵) کبوتر کا خانے میں جانا (۶) کھانا ہضم ہونا (۷) بننا (۸) مرتب ہونا (۹) ایجاد ہونا (۱۰) کام پر لگنا (۱۱) استعمال ہونا (۱۲) متعلق ہونا (۱۳) واقف ہونا۔ مانوس ہونا (۱۴) گانے میں سم جانا (۱۵) قسمت میں ہونا (۱۶) محبت کرنا (مث) (۱۷) فطرت (۱۸) شکل۔ صورت۔ بناوٹ (۱۹) نظم۔ گیت
رَچنا بَچنا: [ا ر صف] خوشگوار۔ جزو بدن ہونے والا
رُچنا: [ھ مص] پسند ہونا۔ اچھا لگنا (۲) خواہش ہونا۔ میلان ہونا۔

رَچنی مہندی: [ھ امث] رنگ دار مہندی۔ وہ مہندی جو اچھا رنگ دے۔
رِچھپا / رِچھپیا: [ھ امث] (۱) محافظت پناہ (۲) مدد۔ سرپرستی۔ حمایت (۳) امن چین۔ آرام۔ صلح۔ مہربانی۔ عنایت

ر - رح

رح: [ع کلمہ دعا] رحمۃ اللہ علیہ کا اختصار
رَحل: [ع امث] مسکن۔ منزل (۲) اسباب (۳) کوچ
رِحل: [ع امث] لکڑی کی دو تختیوں سے بنی ہوئی مقراض نما چیز جس پر قرآن مجید رکھ کر پڑھتے ہیں۔
رِحلت: [ع امث] کوچ۔ روانگی (۲) موت۔ انتقال (افعال: کرنا)
رَحم: [ع امذ] کرم۔ مہربانی۔ دیا (۲) بخشش۔ عفو (۳) ترس۔ دردمندی۔ ہمدردی (۴) (ا ر) چاولوں کا کچا حلوا جو خاص اللہ میاں کی نیاز کے لئے عورتیں بناتی ہیں۔
رَحم / رِحم: [ع امذ] بچہ دانی۔ کرہھ
رَحم آنا: [ا ر محاورہ] ترس آنا۔ ہمدردی ہونا
رَحم دِل: [عف صف] مہربان۔ ہمدرد۔ رقیق القلب
رَحم دِلی: [عف امث] دیکھیے "رحم دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
رَحم کرنا: [ا ر محاورہ] ترس کھانا (۲) گلگلے پکا کر مسجد کا طاق بھرنا (ا ر)
رَحم آنا: [ا ر محاورہ] ترس کھانا۔ خوف خدا کرنا۔
رَحمان / رَحمٰن: [ع صف] مہربانی کرنے والا۔ شفیق۔ رحیم (۲) خدا کا صفاتی نام
رَحمت: [ع امث] کرم۔ مہربانی (۲) (ا ر) بارش۔ مینہ (۳) درود و سلام۔ صلوٰۃ (۴) کلمہ تحسین
رَحمۃُ اللہِ عَلَیہ: [ع کلمہ دعا] اللہ تعالیٰ کی اس پر رحمت ہو۔ مرحوم بزرگان دین کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ جمع کی صورت میں علیہم تثنیہ میں علیہما۔ تانیث میں علیہا۔
رَحمت برسنا: [ا ر محاورہ] کثرت رحمت نازل ہونا
رَحمتِ حق بہانہ می جوید: [ف مثل] خدا کی رحمت بہانہ تلاش کرتی ہے
رَحمت خدا کی: [ا ر کلمہ تحسین] شاباش۔ آپ کا کیا کہنا
رَحمۃٌ لِلعالمین: [ع امذ] جہانوں کے لئے رحمت۔ پیغمبر آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب
رَحیق: [ع امث] شراب
رَحیل: [ع امذ] کوچ کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ کوچ۔ سفر
رَحیم: [ع صف] مہربانی کرنے والا۔ مہربان (۲) (مذ) خدا کا ایک صفاتی نام
رَحیمی: [عف امث] دیکھیے رحیم جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ر - رخ

رُخ: [ف امذ] رخسار۔ منہ۔ گال (۲) طرف۔ جانب۔ سمت

۳- ایک فرضی پرندہ جو بہت بڑا ہوتا ہے اور جس کا ذکر الف لیلہ میں آیا ہے۔
سیمرغ (۴) ایک تاج جو شاہان عرب پہنا کرتے تھے (۵) (ا ر) کنارہ۔ حاشیہ
افق (۶) شطرنج کا ایک مہرہ (۷) توجہ۔ التفات۔ رجحان (۸) سامنا۔ آگا

رُخ اُتارنا: [ا ر محاورہ] بے رونق کرنا۔ ڈرانا
رُخ اُتر جانا: [ا ر محاورہ] ڈر جانا۔ گھبرا جانا چہرہ زرد ہو جانا
رُخ بَدَلنا: [۱] محاورہ۔ منہ نہ لگانا۔ کم توجہی کرنا (۲) سمت بدلنا (۳) دوسری طرف ہو جانا۔ رکھائی کرنا۔
رُخ پانا: [ا ر محاورہ] توجہ پانا
رُخ پھرنا: [ا ر محاورہ] کشیدہ ہونا۔ بے اعتنائی ہونا
رُخ پھیرنا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "رُخ بدلنا"
رُخ چھوٹنا: [ا ر محاورہ] ہمت پست ہونا
رُخ دے کر بات نہ کرنا: [ا ر محاورہ] توجہ سے بات نہ کرنا۔ دل سے کر نہ بولنا۔
رُخ دیکھنا: [ا ر محاورہ] توجہ دیکھنا
رُخ دینا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "رُخ کرنا"
رُخ زرد ہونا: [ا ر محاورہ] ڈر جانا۔ خوف کھانا
رُخ کر جانا: [ا ر محاورہ] خم کھا جانا
رُخ کرنا: [ا ر محاورہ] منہ کرنا (۲) توجہ کرنا (۳) پھرنا۔ لوٹنا (۴) جرأت کرنا۔ حوصلہ کرنا۔ کہیں جانا۔
رُخ ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "رُخ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
رُخام: [ع امذ] سنگ مرمر
رَخت: [ف امذ] (۱) اسباب۔ اثاثہ (۲) لباس۔ پوشاک۔ جامہ (۳) لازمہ ساز و سامان (۴) (ا ر) جوتی کا چمڑا (۵) ٹھاٹ۔ دھج۔ ہیئت
رَختِ سَفَر: [فع امذ] سفر کا سامان
رَختِ سَفَر باندھنا: [ا ر محاورہ] سفر کی تیاری کرنا۔ مرنے کی تیاری کرنا۔
رَختِ سَلامی: [فع امذ] درباری لباس
رَختِ عُروس: [فع امذ] جہیز
رَختِ عُریانی پھاڑنا: [ا ر محاورہ] بدن کو زخمی کرنا
رَختِ ہستی: [ف امث] عقل۔ سمجھ
رُخسار: [ف امذ] گال۔ عذار
رُخسارہ: [ف امذ] رُخسار کا بالائی حصہ
رَخش: [ف امذ] رستم کا گھوڑا۔ گھوڑا۔ سرخ اور سفید ملا ہوا رنگ (۲) کرن۔ چمک
رَخشاں: [ف صف] چمکنے والا۔ چمکیلا۔ منور
رَخشندگی: [ف امث] چمک۔ درخشانی
رَخشندہ: [ف صف] چمکیلا۔ روشن
رُخصَت: [ع امث] (۱) اجازت۔ منظوری۔ رضا (۲) (ا ر) روانگی۔ کوچ۔ چلنا۔ جانا (۳) وداع۔ جانے اٹھنے کا وقت (۴) مہلت (۵) چھٹی۔ فرصت۔ وقفہ (۶) برطرفی (۷) صیغہ امر۔ جائیں اجازت ہے۔
رُخصَتِ اتفاقی: [ع امث بترکیب فارسی] غیر مقررہ رخصت۔ وہ چھٹی جو کسی ناگہانی ضرورت پر ملے
رُخصَتِ استحقاقی: [ع امث بترکیب فارسی] وہ چھٹی جس کا حق ہو۔
رُخصَت دینا: [ا ر محاورہ] اجازت دینا۔ چھٹی دینا
رُخصَتِ رعایت: [ع امث بترکیب فارسی] وہ چھٹی جو رعایت کے طور پر دی جائے۔
رُخصَت طَلَب: [ع ف صف] جانے کی اجازت چاہنے والا۔ چھٹی مانگنے والا
رُخصَت طَلَبی: [ع ف امث] دیکھیے "رخصت طلب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
رُخصَت کرنا: [ا ر محاورہ] اجازت دینا (۲) مسافر کو روانہ کرنا (۳) لڑکی کو شوہر کے گھر بھیجنا (۴) برطرف کرنا۔ نکال دینا (۵) کنایۃً ٹالنا
رُخصَت لینا: [ا ر محاورہ] (۱) اجازت لینا (۲) چھٹی لینا
رُخصَت مانگنا: [ا ر محاورہ] اجازت چاہنا۔ چھٹی چاہنا
رُخصَت ملنا: [ا ر محاورہ] (۱) اجازت ملنا (۲) چھٹی ملنا (۳) موقوف ہونا۔
رُخصَت ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "رخصت کرنا" جس کا یہ لازم ہے
رُخصَتانہ: [ع ف امذ] رخصت کے وقت کا انعام۔ وہ نقدی جو کسی کو چلتے وقت دی جائے۔
رُخصَتی: [ع ف امث] دُلہن کی روانگی۔ وداع (۲) وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے (۳) سلامی (۴) (صف) چھٹی پر۔
رَخنہ: [ف امذ] سوراخ۔ روزن (۲) مزاحمت۔ خلل۔ فساد۔ فتنہ (۳) دریچہ۔ کھڑکی وغیرہ (۴) تلوار کا نشان (۵) ہڈی کا ٹوٹنا (۶) نقص عیب
رَخنہ انداز: [ف صف] مزاحمت کرنے والا۔ خلل ڈالنے والا۔ بھانجی مارنے والا
رَخنہ اندازی: [ف امث] دیکھیے "رخنہ انداز" جس کا اسم کیفیت ہے۔
رَخنہ بندی: [ف امث] سوراخ بند کرنا۔ فتنہ فساد روکنا
رَخنہ پڑنا: [ا ر محاورہ] خلل پڑنا۔ جھگڑا پڑنا۔ عیب نکلنا۔
رَخنہ ڈالنا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "رخنہ پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے
رَخنہ کرنا: [ا ر محاورہ] سوراخ کرنا۔ فساد کرنا۔ جھگڑا نکالنا
رَخنہ کھلنا: [ا ر محاورہ] سوراخ کھلنا
رَخنہ نکالنا: [ا ر محاورہ] نقص نکالنا۔ عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا (۲) حیلہ حوالہ کرنا
رَخنہ نکلنا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "رخنہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ر - د

رَدّ: [ع امذ] (۱) واپس کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا (۲) دلیل توڑنا۔ تردید (۳) قے۔ اُلٹی
رَدِّ بلا: [ع ف امذ] مصیبت کا دور ہونا
رَدِّ ثبوت: [ع امذ بترکیب فارسی] تردید۔ ثبوت کو توڑنا
رَدِّ خلق: [ع ف صف] سرر
رَدِّ دعوت: [ع امذ بترکیب فارسی] دعوت کو نامنظور کرنا۔
رَدِّ سلام: [ع امذ بترکیب فارسی] سلام کا جواب
رَدِّ عمل: [ع امذ بترکیب فارسی] جوابی عمل۔ تاثرات کر عمل کرنا۔ انگریزی لفظ reaction کا ترجمہ
رَدّ کرنا: [ا ر محاورہ] (۱) واپس کرنا۔ پھیرنا (۲) تردید کرنا۔ اعتراض اٹھانا (۳) ترک کرنا۔ نامنظور کرنا (۴) قے کرنا۔ الٹی کرنا۔

رَدّ و بدل: [ع امث مذ۔ بہ ترکیب فارسی] (۱) الٹ پلٹ (۲) پھیر بدل (۳) تکرار۔ واپس کرنا (۴) بدلنا (۵) دفع کرنا (۶) تبدیلی (۷) لڑائی میں حملہ اور اُس کا توڑ۔ (۸) اکھاڑ پچھاڑ

ردّ و قدح / کد: [ع امث بہ ترکیب فارسی] حجت، بحث، تکرار

رَد ہونا: [ا رمحاورہ] منسوخ ہونا۔ لوٹنا۔ دفع ہونا۔ باطل ہونا۔ مقابلہ میں پست ہونا۔ مر جانا

رِدَا: [ع امث] چادر، اوڑھنی

رَدّا / رَدّہ: [ف امذ] دیوار کی اینٹوں کی ایک قطار۔ اینٹ پر اینٹ یا مٹی کی تہہ پر تہہ رکھنا۔

رَدّا جمانا: [ا رمحاورہ] (۱) الزام لگانا (۲) اینٹ پر اینٹ لگانا

رَدّا رکھنا: [ا رمحاورہ] (۱) چنائی پر چنائی کرنا۔ تہہ پر تہہ رکھنا (۲) کھانے پر دوبارہ کھانا (۳) الزام رکھنا۔

رَدَایَت: [ع امث] (۱) خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ تباہ ہونا (۲) تباہی۔ فساد

رِدْف: [ع امذ] (۱) ایک حرف قافیہ یعنی وہ ساکن الف یا واؤ یا یائے تحتانی جس کے اور حرف رَوی کے درمیان کسی اور طرح کا واسطہ نہ ہو مثلاً ایمان کا (الف) حصول کا (واؤ)، طویل کی (ی) (۲) پیچھا چوتڑ

رَدْلا کھنڈلا: [ا رصف] حقیر۔ نکما۔ خراب

رَدْوا کھدوا: [ا رامذ] برادری سے نکالا ہوا۔ کمینہ۔ سفلہ۔ خراب

رَدِی: [ع صف] خراب۔ ناکارہ۔ نکما۔ بگڑا ہوا

رَدّی: [ا رامث] (۱) ناقص کاغذ۔ نکما خراب کاغذ (۲) (صف) خراب۔ نکما (مشدّد غلط العام)

رَدّی کر دینا / کرنا: [ا رمحاورہ] بیکار کر دینا

رَدِیف: [ع امث] (۱) گھوڑے پر سوار کے پیچھے بیٹھنے والا آدمی (۲) اصطلاح شعر میں وہ لفظ یا الفاظ کا مجموعہ جو کسی غزل، قصیدہ یا ابیات کے آخر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئے (۳) حروفِ تہجی کی ترتیب (۴) پیچھے کی فوج

ردیف باندھنا: [ا رمحاورہ] شعر میں ردیف کا موقع سے لانا

رَدیف بندھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "ردیف باندھنا" جس کا یہ لازم ہے

رَدیف چمکنا: [ا رمحاورہ] ردیف کا لطف دینا

رَدیف وار: [ع ف صف] حروف تہجی کی ترتیب سے

ر۔ ذ

رِذالَپَن: [ا رامذ] سفلہ پن۔ کمینگی۔ پاجی پن

رِذالَت: [ع امث] دیکھئے "رذالپن"

رِذالہ / رذالا: [ع۔ صف] (۱) کمینہ۔ سفلہ۔ کم ذات (۲) شریر۔ بدذات۔ بدمعاش۔ بے شرم۔ بے حیا۔

رذالہ مست ہوا خدا کو بھول گیا: [ا رمثل] رذیل آدمی مغرور ہو جائے تو بہت مغرور ہو جاتا ہے۔

رذالوں کی دوستی پانی کی لکیر، شریفوں کی دوستی پتھر کی لکیر: [ا رمثل] کمینوں کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔

رِذالی: [ا رصف] دیکھئے "رذالہ" جس کی یہ تانیث ہے۔

رذالے کا لٹھ: [ا رامذ] بے شرم۔ منہ پھٹ۔ بے باک۔ گستاخ

رذالے کی جورو کو سدا طلاق: [ا رمثل] رذیل اور کمینے کو اپنے عہد کا ذرا پاس نہیں ہوتا۔ کمینہ قابل اعتبار نہیں ہوتا

رذالے کے ناخن ہوئے: [ا رمثل] کمینہ صاحب اختیار ہوا۔

رَذائل: [ع۔ امذ] دیکھئے "رذیلہ" جس کی یہ جمع ہے۔

رَذِیل: [ع صف] کمینہ۔ پاجی۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بدمعاش

رذیل کی دو اشراف کی سو: [ا رمثل] کمینے کی دو گالیاں بھی اشراف کی سو گالیوں سے بڑھ جاتی ہیں۔

رذیلہ: [ع امث] (۱) رذیل کی تانیث (۲) کمینگی۔ اوچھاپن

رذیلی: [ع۔ امث] دیکھئے "رذیل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

ر۔ ڑ

رَڑَک: [ہ امث] چبھن۔ خلش۔ کھٹک

رَڑکا: [ہ امذ] (۱) جھاڑو (۲) ذرہ۔ ریزہ

رَڑکانا: [ہ مص] (۱) نکالنا۔ الگ کرنا۔ دھکیلنا (۲) خلش کرنا۔

رَڑکنا: [ہ مص] چبھنا۔ خلش ہونا۔ درد ہونا

رِڑکنا: [ہ مص] (۱) دودھ بونا۔ مکھن نکالنا (۲) رونا۔ چیخنا۔ گڑگڑانا۔

ر۔ ز

رَز: [ف امذ] انگور۔ انگور کی بیل

رَز: [ف لاحقہ فاعلی] رزیدن مصدر سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور رنگنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً رنگ رز

رَزّاق: [ع اسم مبالغہ] (۱) رزق پہنچانے والا۔ روزی دینے والا (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔

رَزّاقی: [ع ف امث] دیکھئے "رزاق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رَزانت: [ع امث] (۱) بوجھل پن۔ بھاری پن (۲) آہستگی۔ سکھ

رزائی: [ا رامث] دیکھئے "رضائی"

رزَرْوڈ: [انگ صف] (reserved) مخصوص۔ محفوظ۔ خاص کیا ہوا۔ جسے کوئی دوسرا استعمال میں نہ لا سکے۔

رزرویشن: [انگ امث] (reservation) تخصیص۔ خاص کرنے کا عمل

رِزق: [ع امذ] خوراک۔ کھانا۔ اناج۔ روٹی۔ وظیفہ

رزق اُتارنا: [ا رمحاورہ] روزی بند کرنا۔

رزق اُترنا: [ا رمحاورہ] از خود رزق کا سامان ہو جانا۔

رزق اُٹھ جانا: [ا رمحاورہ] کھانے کو دانہ پانی نہ میسر ہونا

رزق پہنچنا: [ا رمحاورہ] روزی ملنا۔ کھانا ملنا

رزق کا کیڑا: [ا رامذ] اناج کھانے والا۔ کنایۃً انسان

رزق نوش کرنا : [ا رمحاورہ] رزق کھانا
رزق ہے نہ موت : [ا رمثل] بہت بدقسمت ہے
رَزم : [ف امث] جنگ ۔ معرکہ ۔ لڑائی
رَزم گاہ : [ف امذ] میدانِ جنگ
رَزم و بَزم : [ف امث] میدان جنگ اور محفل ۔ جنگ اور عیش
رَزمی : [ف صف] دیکھئے " رزم " جس سے یہ منسوب ہے
رَزمیہ : [ف صف] (۱) رزم سے نسبت رکھنے والا (۲) امث ۔ جنگ کی داستان
انگریزی لفظ epic ۔ کا ترجمہ

ر ۔ س

رَس : [ھ امذ] (۱) شیرہ ۔ عرق ۔ دودھ ۔ گنے کا شیرہ (۲) جوہر ۔ ست (۳) دھات
کا کشتہ (۴) منی ۔ لطف (۵) آواز کی نرمی ۔ آواز کی شیرینی (۶) نشیلا پن (۷)
محبت ۔ عشق ۔ جوش (۸) رقص کی اصطلاح ، لوچ (۹) بہنے والی چیز (۱۰)
خشک ڈبل ، روٹی
رَس اُترنا : [ا رمحاورہ] گھوڑے کے سُم سے مواد کا پانی نکلنا ۔
رَس بَٹا : [ھ صف] خمار آلود ، نشیلی ۔ آنکھ کی صفت میں آتا ہے ۔
رَس بھری : [ا رصفت] رس دار ۔ شیریں ۔ خوش ذائقہ (۲) نشیلی ۔ خمار آلود
(۳) انگریزی لفظ (rasp berry) کا اردو ۔ توت فرنگی ۔
پیپلی جیسا مزہ رکھنے والا ایک پھل
رَس پڑنا : [ا رمحاورہ] اناج میں دودھ پیدا ہونا ۔
رَس ٹپکنا : [ا رمحاورہ] دودھ ٹپکنا ۔ جوش جوانی میں بھرنا ۔
رَس نچوڑ لینا : [ا رمحاورہ] جوہر نکال لینا ۔
رَس دیئے مرے تو بس کیوں دیجئے : [ا رمثل] جو کام نرمی سے ہو سکتا ہے
اس میں سختی نہیں کرنی چاہیے ۔
رَس کپور / کرپور : [ھ امذ] پارے کا جوہر جو پارے گندھک اور نمک سے
بنایا جاتا ہے ۔
رَس کی باتیں : [ا ر امث] میٹھی میٹھی باتیں
رَس گھولنا : [ا رمحاورہ] شیریں کلامی کرنا
رَس لینا : [ا رمحاورہ] دیکھئے " رس چوسنا "
رَس مارے رسائن ہو : [ھ مثل] پارے کو جلاؤ تو چاندی ہو جاتا ہے ۔
رَس میں بس ملانا : [ا رمحاورہ] خوشی میں رنگ پیدا کرنا
رَس : [ف لاحقہ فاعلی] فارسی " رسیدن " مصدر سے صیغۂ امر جو کسی امر کے
بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پہنچنے والا کے معنی دیتا ہے
مثلاً دور رس
رِشک : [س امث] غضب ۔ غصہ ۔ ہٹ ۔ ضد
رَسا : [ف صف] پہنچنے والا (۲) بلند ہونے والا ۔ دور جانے والا (۳) کامل
رَسا : [ھ امذ] شوربہ ۔ یخنی ۔ عرق
رَسّا : [ا ر امذ] موٹی رسی ۔ بڑی رسی ۔ ریسمان
رَسّا کشی : [ا ر ۔ ف امث] کشاکش ۔ کھینچا تانی

رَسا گیر : [ا ر ۔ ف ۔ صف] مویشیوں کا چور
رَسال : [ھ صف] (۱) رس دار ۔ رس سے بھرا ہوا (۲) مذ ۔ آم ۔ گنا
رَسالا : [س امث] چھاپہ جس میں تند اور گرم مصالحہ پڑا ہو ۔
رِسالت : [ع امث] پیغمبری ۔ پیغام بری ۔ ایلچی گری ۔ سفارت ۔
رِسالت پناہ : [ع ف صف] پیغمبر صلعم سے مراد ہے ۔
رِسالت مآب : [ع ف صف] دیکھئے " رسالت پناہ "
رِسالدار : [ع ف امذ] ایک رسالہ کا افسر ۔ سو سواروں کا افسر
رِسالداری : [ع ف امث] رسالدار کا عہدہ اور کام
رِسالہ : [ع امذ] (۱) نامہ ۔ مکتوب (۲) چھوٹی کتاب (۳) مختلف حضرات کے
مضامین کا مجموعہ جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہے (۴) آٹھ سو یا ہزار
سواروں کا دستہ ۔
رَسّام : [ع امذ] نقاش ۔ کھودنے والا ۔ حکاک ۔
رَساں : [ف ۔ اسم حالیہ] پہنچنے والا ۔ دور جانے والا ۔ پہنچانے والا ۔ مرکبات [اف]
میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے خبر رساں ۔ چٹھی رساں
رَسان : [ا ر امث] آہستگی ۔ نرمی
رَسانا : [ا ر مص] ٹانکا لگانا ۔ جوڑنا (برتن وغیرہ)
رُسانا / رِسانا : [ا ر مص] غصہ دلانا ۔ خفا کرنا ۔ ناراض کرنا
رَسانیا : [ھ امذ] کیمیا گر
رَساوَل : [ھ امذ] گنے کے رس کی کھیر
رَسائل : [ع امذ] دیکھئے " رسالہ " جس کی یہ جمع ہے ۔
رَسائن : [س ، امث] وہ دوا جو کسی دھات کو مار کر بنائی جاتی ہے کیمیا ۔ اکسیر
رَسائی : [ف امث] (۱) پہنچ ۔ بازیابی (۲) داخلہ (۳) مہارت (۴) رسوخ ۔
واقفیت ، شناخت (۵) آہستگی ۔ دھیرج (۶) میل ملاپ
رَسائی پانا : [ا رمحاورہ] باریاب ہونا ۔
رَسائی پیدا کرنا : [ا رمحاورہ] رسوخ حاصل کرنا
رَسائی پیدا ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے " رسائی پیدا کرنا " جس کا یہ لازم ہے
رَسائی دشوار / محال ہونا : [ا رمحاورہ] رسوخ یا باریابی بہت مشکل ہونا ۔
رَسائی کرنا : [ا رمحاورہ] (۱) مہارت / واقفیت یا رسوخ حاصل کرنا (۲) میل ملاپ کرنا ۔
رَسائی ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے " رسائی کرنا " جس کا یہ لازم ہے
رِسپانڈنٹ : [انگ امذ] ( ) جوابدہ ۔ اپیل کرنے
والے کا فریق مخالف ۔ فریق ثانی ۔
رُستاخیز / رستخیز : [ف امث] قیامت
رُستگار : [ف صف] چھٹکارا پانے والا ۔ نجات پانے والا ۔ (۲)
آزاد ۔ محفوظ (۳) فیاض ۔ سخی
رُستگاری : [ف امث] دیکھئے " رستگار " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
رُستم : [ف امذ] (۱) ایک ۔ ایرانی پہلوان (۲) مجازاً بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع (۳)
چھپا / پوشیدہ ۔ کامل فن)
رُستمِ داستاں : [ف امذ] قصے کا ہیرو ۔ کسی داستان کا نمایاں کردار ۔
رُستم کا سالا : [ا ر امذ] بڑے آدمی سے رشتہ داری پر شیخی مارنے والا ۔
رُستم کی گور پہ لات مارنا : [ا رمحاورہ] بہادری کا دعویٰ کرنا ۔

رُستمی : [ف امث] بہادری۔ شجاعت
رُستوران : [ف ار امذ] (انگریزی) کا مورد۔ طعام خانہ
رُستہ : [ف صف] اُگا ہوا۔ ۲۔ مضبوط طاقت ور
رَستہ : [ف امذ] دیکھئے "راستہ" جس کا یہ مخفف ہے۔
رستہ آنا : [ار محاورہ] معلوم ہونا۔ رستہ کا پتہ ہونا
رستہ بنانا : [ار محاورہ] سڑک تعمیر کرنا۔
رستہ بننا : [ار محاورہ] دیکھئے "رستہ بنانا" جس کا یہ لازم ہے
رستہ بند کر دینا / کرنا : [ار محاورہ] راہ بند کرنا۔ راہ میں روک کھڑی کرنا۔ راستہ پر چلنے سے منع کرنا۔
رستہ بند ہو جانا / ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے "رستہ بند کر دینا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے
رستہ بہکانا / بھلانا : [ار محاورہ] گمراہ کرنا۔ راہ سے بھٹکانا
رستہ بھولنا : [ار محاورہ] گمراہ ہونا۔ راہ سے بھٹکنا۔
رستہ بھول کے نکل آنا : [ار محاورہ] مدت کے بعد ملنا
رستہ پانا : [ار محاورہ] ا۔ تدبیر سوجھنا یا ہاتھ آنا (۲) جانے کے لئے راہ ملنا
رستہ پر لگا دینا : [ار محاورہ] صحیح راہ بتلانا۔ ٹھیک رستے پہ کر دینا
رستہ پہاڑ ہو جانا : [ار محاورہ] رستہ نہ کٹنا۔ راستہ دوبھر ہو جانا۔
رستہ پھٹنا : [ار محاورہ] ایک راستے سے دوسرا راستہ علیحدہ ہو جانا
رستہ پھرنا : [ار محاورہ] راہ مڑنا۔ رستہ بدلنا
رستہ چھوڑ دینا : ۱۔ راہ ترک کر دینا۔ ۲۔ راستے سے ایک طرف ہو جانا [ار محاورہ]
رستہ چھوڑنا : [ار محاورہ] دیکھئے "رستہ چھوڑ دینا"
رستہ سمجھ میں آنا : [ار محاورہ] تدبیر سوجھنا۔ ڈھنگ سمجھ میں آنا
رستہ سوجھنا : [ار محاورہ] "تدبیر سوجھنا"
رستہ سے نکال دینا : [ار محاورہ] ناک منہ وغیرہ کے ساتھ) ٹیڑھی ترکری کر دینا۔ ٹھیک بنانا
رستہ کاٹ کے جانا / چلنا : [ار محاورہ] کترا کے جانا۔
رستہ کترانا : [ار محاورہ] کسی کو دیکھ کر رستہ چھوڑ کر دوسرے رستے چلا جانا۔
رستہ کٹا ہونا : [ار محاورہ] رستہ پھرا ہونا۔
رستہ کٹنا : [ار محاورہ] ۱۔ راہ طے ہونا۔ ۲۔ ایک راہ سے دوسری راہ نکلنا
رستہ کھلنا : [ار محاورہ] بند راستے کا جاری ہونا۔ تدبیر نکل آنا
رستہ گھیر کر کھڑا ہونا / گھیرنا : [ار محاورہ] سد راہ ہونا۔ راستہ روکنا
رستہ لو : [ار محاورہ] جاؤ۔ بھاگو
رستہ لینا : [ار محاورہ] کسی طرف جانا۔ راستہ اختیار کرنا۔
رستہ نکالنا : [ار محاورہ] دیکھئے "رستہ نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے
رستہ نکلنا : [ار محاورہ] راہ نکلنا۔ تدبیر سوجھنا
رستہ نہ ملنا : [ار محاورہ] ۱۔ جگہ نہ ملنا۔ ۲۔ راستے کا پتہ نہ چلنا۔ ۳۔ موقع نہ ملنا
رستے : [ار امذ] دیکھئے "رستہ" جس کی یہ جمع ہے۔
رستے پر آنا : [ار محاورہ] ٹھیک ہونا۔ درست ہونا (۲) نیک بننا۔ قابو میں آنا ۳۔ سیدھی راہ پر آنا
رستے پر چلنا : [ار محاورہ] پیروی کرنا
رستے پر ڈالنا : [ار محاورہ] دیکھئے "رستے لگانا"
رستے سے کٹ جانا : [ار محاورہ] کچھ دور چل کر الگ ہو جانا
رستے لگانا : [ار محاورہ] دیکھئے "رستے لگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

رستے لگنا : [ار محاورہ] (۱) ٹھیک راہ پر جانا۔ چلا جانا۔ ۲۔ ٹھیک طریقہ پر چلنا
رستے میں : [ار متعلق فعل] بیچ میں۔ راہ میں
رستے میں پڑا پانا : [ار محاورہ] مفت ملنا۔ بے زحمت پانا
رستے میں ملنا : [ار محاورہ] اثنائے راہ میں ملاقات ہو جانا / ہونا
رسٹورنٹ : [انگ امذ] دیکھئے "رستوران"
رَسَد : [ف امث] ۱۔ وہ چیز جو پہنچے یا آئے۔ آمدنی۔ درآمد۔ ۲۔ ذخیرہ۔ فوج کے لئے اناج۔ کھانے کا سامان۔ ۳۔ فراہمی۔ ۴۔ حصہ، بخرہ۔ عموماً حصہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (حصہ رسد)
رسد پہنچانا : [ار محاورہ] کسی کے گھر یا پاس سامان خوراک بھیجنا۔
رسد پہنچنا : [ار محاورہ] دیکھئے "رسد پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
رسد رساں : [ف صف] رسد پہنچانے والا
رسد رسانی : [ف امث] دیکھئے "رسد رساں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
رَسَدی : [ف صف] حصے کے مطابق
رَسَرا : [ار امذ ق] دیکھئے "رَسّا" جس کی یہ قدیم صورت ہے
رَسَری : [ار امث ق] دیکھئے "رَسرا" جس کی یہ تصغیر ہے
رَسِک : [س صف] ۱۔ مزیدار۔ چٹپٹا۔ ۲۔ پُرلطف (تصنیف) ۳۔ پُرجوش حساس۔ پُردرد۔ ۴۔ بامذاق۔ ظریف۔ حاضر جواب۔ ۵۔ طرح دار۔ خوش اسلوب۔ وضعدار۔ ۶۔ خوش ہونے والا۔ ۷۔ وہمی۔ وسواسی۔ ۸۔ پُرشہوت۔ شہوانی عیاش۔ ۹۔ عیاش آدمی۔ ۱۰۔ پُرجوش یا حساس شخص ۱۱۔ گھوڑا۔ ۱۲۔ ہاتھی
رَسکا : [س امث] (۱) گنے کا رس (۲) دہی قند اور گرم مصالحہ ملی ہوئی (۳) کیلوس (۴) زبان (۵) عورت کی بیٹی۔
رَسکوک : [ف امذ] جوہریوں کی اصطلاح۔ چھوٹا موتی۔ چھوٹا مروارید۔ ۲۔ مرجان
رُسُل : [ع امذ] دیکھئے "رسول" جس کی یہ جمع ہے۔
رُسل و رسائل : [ع امذ] نقل و حرکت، نقل و حمل، آمد و رفت
رَسم : [ع امث] ۱۔ کوئی چیز مقرر کرنا۔ ۲۔ نشان۔ ۳۔ نشان چھوڑنا۔ ۴۔ لکھنا نقش کرنا۔ نشان کرنا۔ ۵۔ تحریر۔ نوشت۔ ۶۔ تنخواہ طلب۔ ۷۔ مذہبی شعار۔ ۸۔ اجرت۔ محنتانہ۔ ۹۔ دستور۔ ریت۔ رواج۔ ۱۰۔ طور طریقہ ڈھنگ۔ چلن۔ روش۔ رویہ۔ ۱۱۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچہ سوال کرتا ہے اور دوسرا ایسا جواب دیتا ہے جس میں حروف ر س م نہ آئیں۔ اگر ان میں سے کوئی حرف آجائے تو سوال کنندہ جواب دینے والے کو کسی جانور کی آواز نکالنے کے لئے کہتا ہے۔
رسم اٹھانا : [ار محاورہ] رسم چھوڑ دینا۔ رواج بند کر دینا۔ عادت و رواج کے خلاف کام کرنا
رسم اٹھنا : [ار محاورہ] دیکھئے "رسم اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
رَسمُ الخط / رسمِ خط : [ع امذ] املا۔ حروف کے لکھنے کا انداز۔ طرز املا۔ طریقہ تحریر
رسمُ المہر : [عف امذ] شاہی زمانے کا وہ محصول جو مہر کرنے کیلئے لیا جاتا تھا (ترکیب غلط ہے)
رسم و رواج : [ار امذ] قاعدہ۔ دستور
رسم و راہ : [عف امث] ۱۔ میل جول۔ برتاؤ۔ ربط ضبط۔ ۲۔ دستور۔ ڈھنگ
رسم و راہ اٹھ جانا : [ار محاورہ] میل جول بند ہو جانا۔

رسم و راہ پڑجانا: (ا رمحاورہ) دلی میل جول ہونا۔ ۲۔ رواج یا دستور ہونا۔
رسم و راہ سے آگاہ یا واقف ہونا: (ا رمحاورہ) طریقے جاننا۔ دستور ہونا
رسم و راہ ہوجانا / ہونا: (ا رمحاورہ) (لکھنؤ) دیکھئے "رسم و راہ پڑجانا"
رسماً: (ع متعلق فعل) رسم کے طور پر
رَسْمَسا: (ہ صف) تر۔ گیلا
رسمسانا: (ہ مص) (۱) تر ہونا۔ (۲) ناز سے بستر پر اینڈنا (۳) جوانی کے جوش میں ڈوبا ہوا ہونا۔
رسمی: (ع صف) (۱) رواجی جس کا رواج ہو۔ معمولی۔ (۲) دوسرے درجے کا۔ متوسط عام
رسمیہ: (ع امث) دیکھئے "رسمی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے
رسمیات: (ع صف) دیکھئے "رسم" جس کی یہ جمع ہے
رسن: (ف امث) رسی
رسن باز: (ف امذ) نٹ۔ بازی گر۔ جو رسیوں پر کھیلتا ہے اکرتب کرتا ہے
رسن بازی: (ف امث) رسی کا کھیل۔ بازی گری
رِسنا: (ہ مص) ٹپکنا۔ چونا۔ ۲۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
رَسنا: (ا مص) (۱) رہنا سہنا سے بسنا۔ آباد رہنا۔ موافقت ہونا ۲۔ (امث) زبان چسکا۔ ذائقہ۔ عورت کا کمربند
رسنا بسنا: (ا رمحاورہ) رہنا سہنا۔ پھولنا پھلنا۔ فارغ البالی سے گزر ہونا
رسوا: (ف صف) ذلیل۔ خوار۔ بدنام۔ بے عزت۔ روسیاہ (افعال: کرنا۔ ہونا)
رسوائی: (ف امث) فضیحت۔ ذلت خواری۔ بدنامی۔ بے عزتی
رسوب: (ع امذ) تلچھٹ۔ درد۔ تہ نشین۔ گاد
رسوت: (ہ امث) ایک کڑوی دوا جو ایک پودے کا رس ہے۔ جس کا لیپ آنکھوں پر یا بچوں کے دودھ چھڑاتے وقت ماں کی چوچیوں پر کرتے ہیں۔
رسوخ: (ع امذ) رسائی۔ پہنچ۔ ربط ضبط۔ ۲۔ اعتبار۔ اعتماد (افعال: کرنا۔ ہونا)
رسوخیت: (ع امث) دیکھئے "رسوخ" جس کا یہ بگاڑ ہے
رسول: (ع امذ) وہ پیغمبر جس کو خدا کی طرف سے کتاب ملی ہو۔ (۲) قاصد۔ ایلچی۔ نامہ بر۔ پیغمبر
رسول الثقلین: (ع۔ امذ) جنوں اور انسانوں کا رسول۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔
رسول دار: (عف امذ) شاہی زمانے کا ایک شاہی افسر جو میزبانی کا کام انجام دیا کرتا تھا
رسول شاہی: (عف امذ) آزاد فقیروں کا ایک فرقہ جو ڈاڑھی ٹھوڑی کے نیچے رکھتے ہیں۔
رسولی: (ع صف) رسول کی طرح۔ رسول کے متعلق (ع امث) رسالت نبوت
رسولی ڈاڑھی: (ا امث) وہ ڈاڑھی جو رسول شاہی فقیر رکھتے ہیں۔ اس میں صرف ٹھوڑی کے نیچے بال ہوتے ہیں۔ ان کے سوا ایسی ڈاڑھی کو بھی رسولی ڈاڑھی کہتے ہیں۔
رسولی: (ہ امث) ایک قسم کا غدود جو بہت سخت اور بڑا ہو جاتا ہے۔ گلٹی۔
رسوم: (ع۔ امذ) (۱) دیکھئے "رسم" جس کی یہ جمع ہے۔
رسوم عدالت: (ع امث) (۱) اسٹامپ کی فیس (۲) سرکاری خرچہ (۳) کورٹ فیس (۴) محصول یا چندہ جو کسی حصہ زمینداری سے قابل وصول ہو (۵) فہرست شدہ مال پر کمیشن یا دستوری (۶) ڈاک خرچ
رسوم ظرفیہ: (ع امث) محصول یا خراج جو مالک سے۔

رسوئی: (ہ امث) (۱) کھانا۔ بھوجن (افعال بنانا۔ بننا۔ پکانا۔ تیار کرنا۔ ہونا (۲) کھانا تیار کرنے کی جگہ۔ باورچی خانہ۔ ۳۔ کھانا پکانا
رسوئی آدھی رسائن ہے / رسوئی اور رسائن برابر ہے: (ہ مثل) کھانا پکانا اور کیمیاگری دونوں ایک ہی جیسے مشکل ہنر ہیں۔
رسوئی جیمنا: (ا رمحاورہ) کھانا کھانا۔ بھوجن کرنا۔ تناول کرنا
رسوئیا: (ہ امذ) کھانا پکانے والا۔ باورچی
رسی: (ہ امث) موٹے دھاگوں سے بٹی ہوئی ڈوری۔ ۲۔ لگام۔ ۳۔ کنایۃً سانپ (عورتیں اس کا نام نہیں لیتیں کہ کہیں نکل نہ آئے اس لئے رسی کہتی ہیں) ۴۔ پیمائش کا ایک پیمانہ جو سو یا ایک سو بیس فٹ لمبا ہوتا ہے۔ ۵۔ عمر۔ زندگی۔
رسی بٹنا: (ا رمحاورہ) حیلہ بہانہ بنانا۔
رسی تڑانا: (ا رمحاورہ) بہت تیزی سے دوڑنا۔ بے تحاشا بھاگنا کسی سے نہ رکنا
رسی جل گئی لیکن بل نہیں جلا: (ا رمثل) تباہ ہو گئے مگر غرور اینٹھ اور نخرہ نہیں گیا۔
رسی دراز کرنا: (ا رمحاورہ) مہلت دینا۔ ۲۔ عمر زیادہ کرنا۔ ۳۔ اغماض کرنا۔ ڈھیل دینا
رسی دراز ہونا: (ا رمحاورہ) دیکھئے "رسی دراز کرنا" جس کا یہ لازم ہے
رسی ڈھیلی چھوڑنا: (ا رمحاورہ) آزادی دینا۔ نگرانی کم کرنا۔ ۲۔ لگام ڈھیلی چھوڑنا
رسی کا سانپ بنانا: (ا رمحاورہ) معمولی بات کو بہت بڑا کر کے دکھانا۔ مبالغہ کرنا
رسی کا سانپ بن (ہو) گیا: (ا رمثل) بے اصل بات کی بہت دھوم مچ گئی۔ افسانہ ہو گئی۔
رسی: (س صف) مزہ دار۔ لذیذ۔ ۲۔ جوشیلا۔ تیز مزاج۔ ۳۔ مسخرا۔ بامذاق
رسے: (ہ متعلق فعل) آہستہ سے۔ نرمی سے
رسے رسے: (ہ متعلق فعل) دیکھئے "رسے"
رسیا: (ہ امذ) بانکا۔ طرح دار۔ رنگیلا۔ ۲۔ خوش خورہ۔ ۳۔ وہ شخص جو زندگی مزے سے گزارے۔ عیاش۔ ۴۔ زن فاحشہ کا آشنا۔ ۵۔ شوقین۔ مشتاق
رسیانا: (ہ صف) رسدار ہونا۔ گیلا ہونا۔ ۲۔ رس ٹپکنا۔ ۳۔ پکنا۔ پکنا شروع ہونا۔ ۴۔ چونا۔ رسنا
رسیانا: (ہ ۔۔) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔
رسید: (ف امث) پہنچنا (آدمی۔ خط۔ یا کسی چیز کا) ۲۔ تحریر جس میں کسی چیز کی وصولی کا اقرار ہو۔ ۳۔ گنجفہ کی بازی میں کسی کو سر پہنچنا (افعال: آنا۔ دینا۔ لینا۔ ملنا۔ بھیجنا۔)
رسید تک نہ دینا: (ا رمحاورہ) اقرار نہ کرنا۔ اقراری نہ ہونا ۲۔ جواب تک نہ دینا۔ توجہ نہ دینا۔
رسید کرنا: (ا رمحاورہ) ملنے کی تحریر لکھ دینا جس میں اقرار ہو۔ ۲۔ تھپڑ مارنا۔ لگانا
رسیدگی: (ف امث) دیکھئے "رسیدہ" ۔۔ (۲) پختگی۔ تکمیل
رسیدہ: (ف صف) (۱) پہنچا ہوا (۲) کمال پر پہنچا ہوا (۳) پختگی پر پہنچا ہو۔ (میوہ یا پھل) (۴) کامل۔ (۵) مبتلا۔ (مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے اجل رسیدہ)
رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گزشت: (ف مثل) مصیبت آئی تھی مگر خیر گزری جب کسی مصیبت سے بچ نکلیں تو کہتے ہیں۔

رسیلا: [ھ صف] (۱) بانکا۔ طرح دار۔ رسیا (۲) رسدار۔ عرق دار۔ ۳۔ شاداب ۴۔ نیم پختہ۔ ۵۔ عیاش۔ شوقین۔ پُر شہوت۔ ۶۔ جس کے سر میں خشکی ہو۔ پپڑیلا۔ بھوسی دار۔

رسیلاپن: [ھ امذ] رسیلا ہونا۔

رسیلی: [ھ صف] دیکھئے "رسیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

رسیلی آنکھ: [ھ امث] پیار کی آنکھ۔ مست آنکھ۔ رس بھری آنکھ

رسیلی آواز / بولی: [ھ امث] وہ آواز جس کے سننے سے لطف آئے۔ ۲۔ میٹھی زبان۔ سریلی آواز

رسیور: [انگ امذ] receiver (۱) ٹیلیفون کا وہ حصہ جس سے دوسرے کا پیغام سنتے ہیں۔ ۲۔ وہ شخص جس کے سپرد عدالت کے حکم سے مال وغیرہ وصول کرکے اور اُسے بیچ کر روپیہ داخل خزانہ کرنا ہو۔ محصل (۳) وائرلیس اور ریڈیو وغیرہ کے پیغام وصول کرنے کا آلہ

رسیہ: [س صف] (۱) رسدار۔ رس بھرا۔ ۲۔ مزہ دار۔ لذیذ (۳ امذ) خون

ر۔ش

رشتہ: [ف امذ] دھاگا۔ تاگا۔ رسی۔ ۲۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ ناتا ۳۔ سلسلہ۔ ۴۔ تعلق۔ لگاؤ۔ واسطہ۔ ۵۔ ایک مرض جس میں دھاگے کی طرح کا ایک مادہ جسم سے نکلتا ہے۔ ۶۔ لڑی۔ قطار

رشتۂ آواز: [ف امذ] مسلسل آواز

رشتۂ الفت: [ف امذ] محبت کا تعلق۔ دوستی

رشتہ بر پا / بپا: [ف امذ] جس کے پاؤں میں ڈورا بندھا ہو۔ (۲) مقید۔ پابہ زنجیر

رشتۂ تاک: [ف امذ] انگور کی بیل کا ریشہ

رشتہ جان / حیات: [ف امذ] سانس لینے کا سلسلہ

رشتہ جوڑنا: [ا رمحاورہ] (۱) نسب کا سلسلہ ملانا۔ ۲۔ نکاح کرنا۔ شادی کرنا۔

رشتہ دار: [ف امذ] قرابتی۔ بھائی بند۔ برادری کا

رشتہ داری: [ف امث] دیکھئے "رشتہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رشتۂ شمع: [ف امذ] موم بتی کے اندر کی ڈوری یا دھاگا

رشتہ قطع ہونا: [ا رمحاورہ] رشتہ ٹوٹنا۔ دوستی / تعلق جاتے رہنا۔

رشتہ کرنا: [ا رمحاورہ] (۱) نسبت کرنا۔ شادی کرنا / تعلق پیدا کرنا۔

رشتہ ناتا: [ف امذ] قرابت داری۔ رشتہ داری۔ ۲۔ میل جول

رشتہ ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رشتہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے

رشحہ: [ع امذ] ٹپکنا پانی کا۔ ۲۔ قطرہ۔ تراوش۔ ۳۔ پسینہ (۴) نتیجہ

رشحات: [ع امذ] دیکھئے "رشحہ" جس کی یہ جمع ہے

رشحات قلم: [ع امذ] تحریر، مضمون، جو کچھ قلم سے لکھا جائے۔

رشد: [ع امذ] (۱) راہِ راست پر ہونا (۲) ہدایت پانا (۳) ہوش سنبھالنا ہدایت۔

رشف: [ع امذ] گھونٹ پینا (۲) قطرہ

رشک: [ف امذ] (۱) حسد۔ جلن (۲) کسی کے برابر ہونے کی خواہش (۳) غیرت

رشک آنا: [ا رمحاورہ] کسی کے برابر ہونے کی خواہش پیدا ہونا۔ کسی کا عروج دیکھ کر دل کو ملال ہونا۔

رشک سے جلنا: [ا رمحاورہ] کسی کی ترقی دیکھ کر رنج کرنا۔

رشک کرنا / کھانا / لے جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رشک سے جلنا"

رشک ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رشک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

رشوت: [ع امث] ناجائز نذرانہ۔ وہ نقدی یا چیز جو بغیر حق ناجائز طور پر حاصل کرکے کسی کا کام کیا جائے۔ [افعال: دینا۔ لینا۔ کھانا]

رشوت خوار / خور: [عف صف] رشوت لینے والا۔ رشوت کھانے والا

رشوت خواری / خوری: [عف امث] دیکھئے "رشوت خوار / خور" جس کا یہ اسم کیفیت

رشوت دہی: [عف امث] رشوت دینا

رشوت ستانی: [عف امث] رشوت لینا۔ رشوت لینے کا فعل۔ رشوت

رشی: [س صف] زاہد۔ عابد۔ خدا پرست۔ سنت۔ منی

رشید: [ع صف] (۱) ہدایت یافتہ۔ نیک۔ تربیت و تعلیم یافتہ۔ پرہیزگار (۲) سمجھدار (۳) فرمانبردار۔ (۴) خدا کا ایک صفاتی نام

ر۔ص

رصاص: [ع امذ] رانگ۔ سیسہ

رصاص: [ع امذ] سیسے کے برتن بنانے والا۔ سیسہ بیچنے والا

رصاصہ: [ع امث] بندوق کی گولی

رصد: [ع امذ] ملاحظہ کرنا۔ مشاہدہ کرنا۔ ۲۔ دیکھو بھال۔ مشاہدہ

رصد بندی: [عف امث] مشاہدۂ سیارگان۔ سیاروں کا مشاہدہ

رصد خانہ / گاہ: [عف امذ امث] سیاروں کی گردش کا مشاہدہ کرنے کی جگہ۔ انگریزی observatory کا ترجمہ

ر۔ض

رضہ: [ع امذ] رضی اللہ عنہ کا اختصار ہے۔

رضا: [ع امث] (۱) مرضی۔ رضامندی (۲) اجازت (۳) خوشی یا قناعت کی حالت۔ خوشنودی۔ ۴۔ رخصت

رضا بہ قضا: [ف مثل] جو خدا کی مرضی ہے اس پر راضی ہیں۔ تقدیر پر راضی ہونا۔

رضا پانا: [ا رمحاورہ] اجازت پانا

رضاجو: [عف صف فاعلی] دوسرے کی خوشنودی / رضامندی چاہنے والا۔ دوسرے کو خوش کرنے والا

رضاجوئی: [عف امث] دیکھئے "رضاجو" جس کا اسم کیفیت ہے۔

رضا دینا: [ا رمحاورہ] اجازت دینا۔ چھٹی دینا۔

رضاکار: [عف صف] اپنے آپ کو بغیر جبر و معاوضہ قومی اور ملکی خدمت کے لیے پیش کرنے والا۔ قومی خدمت بغیر معاوضہ کرنے والا۔ انگریزی volunteer کا ترجمہ

رضاکارانہ: [عف صف] اپنی مرضی سے بلا جبر و معاوضہ

رضا لینا: [ا رمحاورہ] اجازت لینا۔ چھٹی لینا (۲) رضامندی حاصل کرنا

رضا مند: [ع ف صف] راضی۔ خوشنود۔ منظور کرنے والا

رضامندی: [ع ف امث] دیکھئے "رضامند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رضا و رغبت: [ع ف امث] مرضی اور خوشنودی، آزاد اجازت

رضا و رغبت سے: [متعلق فعل] اپنی خواہش سے۔ اپنی مرضی سے

رضاعت / رضاعت: [ع امث] بچوں کو دودھ پلانا۔ دودھ پینے کی حالت۔ شیرخوارگی

رضاعی: [ع صف] دودھ شریک۔ وہ بچے جنہوں نے ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔

رضائی: [ف امث] رُوئی دار رنگے ہوئے کپڑے کی دُلائی جو جاڑے کے موسم میں ہندو پاکستان میں سوتے وقت اوڑھتے ہیں۔

رضوان: [ع امث] (۱) بہشت کے داروغہ کا نام۔ ۲۔ رضامندی۔ خوشنودی۔ ۳۔ برکت۔ ۴۔ بہشت

رضوان اللہ علیہ: [ع کلمہ دعا] دیکھئے "رضی اللہ عنہ"

رضوانی: [ع صف] بہشت کا یا اس کے متعلق۔

رضی: [ع صف] پسندیدہ۔ ۲۔ خوشنود

رضی اللہ عنہ: [ع کلمہ دعا] ایک دعائیہ کلمہ جو صرف اصحاب رسولؐ کے لیے استعمال ہوتا ہے اور جو ان کے ناموں کے بعد لکھا یا بولا جاتا ہے۔

رضیع: [ع صف] (۱) رضاعی۔ (۲) شیرخوار۔

رضینا بالقضا: [ع مقولہ] ہم حکم خدا پر راضی ہوئے۔

رضیہ: [ع صف] دیکھئے "رضی" جس کی یہ تانیث ہے۔ قابل تعریف

ر - ط

رطب: [ع امذ] (۱) تر خرما۔ کھجور۔ (۲) صف] تر و تازہ۔ نرم۔ گیلا

رطب اللسان: [ع صف] تر زبان۔ مداح

رطب و یابس: [ع صف] تر و خشک۔ ۲۔ نیک و بد۔ برا بھلا۔ اونچ نیچ

رُطب: [ع امذ] سبزی۔ سبز درخت۔ سبزہ زار

رُطب: [ع امذ] رطب کی جمع۔ تازہ پکی ہوئی کھجوریں

رطل / رطل: [ع امذ] (۱) ایک وزن جو عرب میں ۲۸ تولے ۴ ماشے کا ہوتا ہے۔ شام میں ۲ سیر، مصر میں قریباً ایک سیر کا اور بعض جگہ نصف من کا ہوتا ہے۔ (۲) شراب کا پیالہ

رطوبات: [ع امث] دیکھئے "رطوبت" جس کی یہ جمع ہے

رطوبت: [ع امث] ا۔ تری۔ نمی۔ سیل (۲) خنکی (۳) تازگی۔ نرمی

رطوبت اصلیہ: [ع امث] خلقی نرمی جو عضو بدن میں ہوتی ہے

رطوبت معدہ: [ع امث] صفرا۔ پت

ر - ع

رعاب: [ا امذ] دیکھئے "رعب" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

رُعاف: [ع امث] نکسیر

رُعایا: [ع امث] دیکھئے "رعیت" جس کی یہ جمع ہے۔ مگر اردو میں مفرد بھی مستعمل ہے۔

رعایت: [ع امث] (۱) حفاظت۔ بچاؤ۔ نگہداشت (۲) مناسبت (۳) لحاظ۔ خیال۔ سہولت۔ (۴) طرفداری (۵) مہربانی۔ توجہ (۶) کمی۔ تخفیف (۷) رحم۔ نرمی (۸) ایک قسم کی تحریر جس میں الفاظ دوسرے الفاظ کی مناسبت سے لاتے ہیں جس کو رعایت لفظی کہتے ہیں۔

رعایت کرنا: [ا رمحاورہ] (۱) طرفداری کرنا، مہربانی کرنا، کسی بات کا خیال یا لحاظ رکھنا

رعایت منظور ہونا: [ا رمحاورہ] طرفداری ہونا، مہربانی ہونا۔

رعایت ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "طرفداری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

رعایتی: [ع امث] (۱) وہ جس کی رعایت کی جائے (۲) رعایت کے طور پر جس میں لحاظ رکھا گیا ہو۔ سفارشی

رعایتی رخصت: [ع ف امث] وہ چھٹی جس میں تنخواہ نہ کاٹی جائے۔

رُعب: [ع امذ] (۱) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ ہیبت ۲۔ ڈر سے کانپنا (۳) دبدبہ۔ شان شوکت۔ دھاک

رعب باندھنا / بٹھانا / جمانا: [ا رمحاورہ] دھاک جمانا

رعب بیٹھنا / جمنا / چھاجانا / چھانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رعب باندھنا" جس کا یہ لازم ہے

رعب حُسن: [ع ف امذ] حُسن کا دبدبہ۔ حسن کی دھاک

رعب داب: [ع ف امذ] دبدبہ۔ دھاک

رعب دار: [ع ف صف] (۱) دبدبہ والا۔ ۲۔ ڈراؤنا۔ خوفناک

رعب ماننا: [ا رمحاورہ] ڈر جانا۔ خوف میں آجانا

رعب میں آجانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رعب ماننا"

رعب ہونا: [ا رمحاورہ] دبدبہ ہونا۔ ڈر ہونا

رعد: [ع امذ] آواز جو ابر سے پیدا ہوتی ہے۔ جو دو بجلیوں سے پیدا ہوتی ہے

رعد کی آواز: [ع ا رامث] بجلی کی کڑک

رعد گرجنا / گرانا: [ا رمحاورہ] بادل گرجنا

رعشہ: [ع امذ] (۱) کپکپی۔ تھرتھراہٹ (۲) ایک بیماری کا نام جس میں بدن کانپتا ہے۔

رعشہ آنا: [ا رمحاورہ] بدن کانپنا

رعشہ براندام: [ع ف صف] وہ جس کے بدن پر رعشہ پڑا ہوا ہو۔

رعشہ پڑنا: [ا رمحاورہ] رعشہ داری کی بیماری ہونا۔

رعشہ دار: [ع ف صف] کانپنے والا

رعشہ دار آواز: [ع ف امث] وہ آواز جو تھرتھرا کر منہ سے نکلے

رعشہ ہونا: [ا رمحاورہ] رعشہ کی بیماری ہونا۔

رعنا: [ع صف] (۱) انداز سے چلنے والا۔ خوش خرام ۲۔ خوشنما۔ زیبا (۳) خوبصورت شاداب۔ خوش رنگ۔ نازک۔ نرم (۴) ایک پھول جس کی پنکھڑی باہر زرد اور اندر کی سرخ ہوتی ہیں

رعنا زیبا: [ع ف امذ] لکھنؤ کا ایک قسم کا کپڑا

رعنائی: [ع امث] (۱) خوش خرامی (۲) خوبصورتی (۳) خود آرائی۔ زیبائی

رعُونت: [ع امث] تکبر، غرور، فخر، کبر، نخوت۔ گھمنڈ۔ خود بینی

رعیّت: [ع امث] وہ لوگ جو بادشاہ یا راجا کی سلطنت میں آباد ہوں۔ پرجا (۲) مالگزار کاشت کار، آسامی (۳) نوکر۔ ملازم۔ متعلقین (۴) وہ شخص جو بغیر کرایہ کے کسی مکان میں رہے۔

رعیت دار: [عف۔ اصف] حاکم۔ گورنر

رعیت داری: [عف امث] دیکھیے رعیت دار جس کا یہ اسم کیفیت ہے

رعیّت واری: [عف صف] (۱) فرداً فرداً۔ ایک ایک کاشت کار کے ساتھ (۲ امونث) ایک طریقہ مالگزاری جس میں ہر ایک کاشت کار براہ راست مالگزاری سرکار کو دیتا ہے۔

رعیّت واری فیصلہ: [عف امذ] بندوبست۔ رعیت واری طریق پر۔

رعیتی: [ع امث] رعیت کا۔ رعیت کی ملکیت (۲) جو کاشت کار یا آسامی کو دی جاوے (۳) صفت (ذیل کاری قبضہ کرایہ داری) (۴) اطاعت، فرمانبرداری (۵) زمین جس کی مالگزاری نقدی میں دی جائے (۶) زمین جو براہ راست کاشت کار کو کاشت کے لیے دی جائے (۷) زمین جس پر کاشت کار رہے اور کاشت کرے

ر۔ غ

رَغبت: [ع امث] (۱) خواہش۔ آرزو (۲) رجحان۔ میلان۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

رَغبت آنا: [ا رمحاورہ] میلان یا رجحان ہونا

رَغبت دلانا: [ا رمحاورہ] خواہش پیدا کرنا۔ اُکسانا

رَغبت رکھنا: [ا رمحاورہ] میلان خاطر خواہش کرنا

رَغبت کی آنکھ سے دیکھنا: [ا رمحاورہ] پسند کرنا۔ خواہش کرنا۔

رَغم: [ع امذ] حقارت سے دیکھنا (۲) ذلت۔ شرم (۳) نفرت، حقارت (۴) برخلافی۔ اختلاف۔ مخالفت۔

ر۔ ف

رَف: [انگ۔ صف] rough کھردرا۔ نا ملائم۔ ناہموار۔ ابتدائی حالت میں اندازے پر مبنی، تخمینی (۲) کچا چٹھا۔ بے ترتیب بھونڈا۔

رِفادَت: [ع امث] زخم پر باندھنے کی پٹی (۲) بھری ہوئی زین گدی۔ بھرا ہوا سرہانہ (۳) وہ اشیا جو قریش حاجیوں کے لیے کعبہ میں لاتے ہیں۔

رِفارمر: [انگ امذ] (reformer) مصلح۔ اصلاح کرنے والا

رَفاقت: [ع امذ] ہمراہی، ساتھ، سنگت (۲) میل، جول، صحبت، اتحاد (۳) وفاداری۔ خیرخواہی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

رفاقت کرنا: [عف۔ مرکب] ساتھ دینا۔ ہمراہ ہونا (۲) وفاداری کرنا، خیرخواہی کرنا۔

رفاقت نہ چھوڑنا: [ا رمحاورہ] ساتھ نہ چھوڑنا وفاداری کرنا

رِفاہ: [ع امث] (۱) آرام کی زندگی۔ زندگی کا لطف (۲) آرام چین سکھ (۳) تن آسانی، نیکی، بھلائی، بہبود ("رفہ" کی جمع ہے مگر اردو میں واحد مستعمل ہے۔

رفاہِ عام/خلائق: [ع امث] عوام یا خلقت کی بہبود

رفاہیت/رفاہت: [ع امث] دیکھیے "رفاہ"

رفاہی: [ع صف] رفاہ سے منسوب

رَفت: [ف۔ امث] (۱) رفتن مصدر سے ماضی مطلق۔ ۲۔ روانگی۔ چلنا۔ اردو میں زیادہ تر آمد و رفت میں استعمال ہوتا ہے۔ ۳۔ رفتہ کا مخفف۔ گیا ہوا۔

رفت گزشت کرنا: [ا رمحاورہ] رفع دفع کرنا۔ جانے دینا۔

رفتار: [ف امث] چال (۲) چلن۔ روش

رفتار آڑانا: [ا رمحاورہ] چال یا وضع کی نقل کرنا

رفتار زمانہ: [ف امث] زمانے کی روش

رفتار مستانہ: [ف امث] نخروں کی چال جھوم جھوم کر چلنا، مست آدمی کی چال

رفتار گفتار: [ف امث] چال چلن۔ طور طریقہ

رفتگان: [ف امذ] دیکھیے "رفتہ" جس کی یہ جمع ہے

رفتگی: [ف امث] بیخودی (۲) نقصان (۳) جاتے رہنا

رفتنی: [ف امث] جانے والا۔ جانے کے قابل

رفتہ: [ف صف] اپنے سے گیا، عاشق (۲) گیا ہوا (۳) مرا ہوا (۴) کھویا ہوا

رفتہ رفتہ: [متعلق فعل] آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔

رُفتہ: [ف صف] جھاڑ۔ جھاڑا ہوا صاف

رَفرف: [ع امذ] لہروں کی تیز حرکت (۲) پھڑپھڑاہٹ پرندوں کی (۳) گھر میں ایک چوڑا طاقچہ جس پر/میں قیمتی اشیا رکھتے ہیں (۴) سبز کپڑا جس کے فرش، جاجم وغیرہ بنتے ہیں (۵) تکیہ۔ سرہانہ۔ فرش (۶) کوئی فالتو چیز جو لٹکتی رہے (۷) خیمے کے نیچے کا کپڑا (۸) زرہ کے پہلو جو نیچے لٹکتے رہیں (۹) کوئی چیز جو خود کے پچھلی طرف لگائی جاتی تھی اور لٹکتی رہتی تھی۔ (۱۰) حضرت اسرافیل کے رہنے کا مقام (۱۱) ایک درخت جو یمن میں ہوتا ہے (۱۲) ایک قسم کی مچھلی (۱۳) وہ سواری جس پر پیغمبر صلعم سوار ہو کر معراج کو تشریف لے گئے تھے۔

رِفض: [ع امث] (۱) چھوڑنا (۲) رافضی ہونا (۳) بدعت، اختلاف (۴) طنزاً شیعیت

رَفع: [ع امذ] اٹھانا، بلند کرنا (۲) نکالنا، دور کرنا (۳) پورا کرنا، مکمل کرنا۔ (۴) فیصلہ کرنا، طے کرنا (۵) ترقی، عروج (۶) ضمہ۔ پیش کی حرکت

رفع احتیاج/حاجت: [ع امذ] پیشاب یا پاخانہ وغیرہ کرنے کی ضرورت (افعال: ہونا)

رفع دفع: [ع امذ] ختم کرنا، فیصلہ کرنا، پیچھا چھڑانا (۲) فیصلہ، طے شدہ بات۔

رفع دفع کرنا: [ا رمحاورہ] دور کرنا، ہٹانا، ختم کرنا، معاف کرنا، جھگڑا مٹانا، پیچھا چھڑانا

رفع دفع ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "رفع دفع کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

رفع شر/فساد: [ع امذ] شر/فساد دور کرنا

رفع نامہ: [ع امذ] فیصلہ کی تحریر

رفع یدین: [ع امذ] (۱) نماز میں تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ اٹھانا (۲) نماز میں ہر دفعہ تکبیر کہتے ہوئے ہاتھ اٹھا کر کانوں تک لے جانا۔ جسے "اہل حدیث" ضروری سمجھتے ہیں۔

رِفعت: [ع امث] (۱) بلندی، اونچائی (۲) مرتبہ کی بلندی۔ عروج۔ (۳) عظمت شان، منزلت۔ عزت

رَفعہ/رُفع: [ع امث] ضمہ یا پیش کی حرکت

رِفق : [ع امث] مہربانی۔ نرمی
رُفقا : [ع امذ] دیکھیے "رفیق" جس کی یہ جمع ہے
رَفل : [ا ر امث] انگریزی rifle کا بگاڑ (۱) ایک نالی بندوق جس میں گولی چلے (۲) ایک قسم کا بیا ریک کپڑا
رَفل پڑنا : [ا رمحاورہ] اچانک صدمہ پہنچنا
رَفل چلانا : [ا رمحاورہ] رفل کا فائر کرنا۔ رفل سے فائر کرنا/ نشانہ مارنا
رَفل چلنا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "رفل چلانا" جس کا یہ لازم ہے
رَفو : [ع امذ] (۱) پھٹے ہوئے کپڑے کی تاگے بھر کر مرمت کرنا پھٹی ہوئی جگہ کو بھرنا (۲) ایک قسم کی سلائی جس سے عام طور پر شال دو شالوں کی مرمت کی جاتی ہے (افعال: کرنا۔ ہونا)
رفو چکر میں آجانا/ آنا : [ا رمحاورہ] مصیبت میں پھنس جانا (۲) گھبرا جانا۔ حیران ہوجانا۔
رفو چکر ہونا : [ا رمحاورہ] چل دینا۔ بھاگ جانا
رَفوکار : [ع ف امذ] رفو کے ذریعے کپڑوں کی مرمت کرنے والا۔
رَفوکاری : [ع ف امث] دیکھیے "رفوکار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
رفو کرنا : [ا رمحاورہ] پھٹے ہوئے کپڑے کو تاگے بھر کر درست کرنا (۲) دل دکھا دینے والی بات کہہ دینے کے بعد پھر سخن سازی اور چاپلوسی کرنا۔
رَفو کھلنا : [رفو کے تاگے ٹوٹ جانا] [ا رمحاورہ]
رَفوگر : [ع ف امذ] دیکھیے "رفوکار"
رفوگری : [ع ف امث] دیکھیے "رفوکاری"
رِفہ : [ع امذ] دیکھیے "رفاہ" جس کا یہ واحد ہے۔
رَفیدہ : [ع امذ] (۱) پرانے کپڑے جو اکٹھے سیلے ہوں (۲) گدی جس پر رکھ کر روٹی تنور میں لگاتے ہیں (۳) نمدا جو گھوڑے کی زین کے نیچے رکھتے ہیں (۴) طنزاً گول پگڑی۔ بدوضع پگڑی
رَفیع : [ع صف] بلند۔ اونچا
رَفیع الدَّرَجات : [ع صف] بڑے درجے یا مرتبہ والا
رَفیع الشّان : [ع صف] بڑی شان یا مرتبے والا
رَفیع المَرتَبَت : [ع صف] اونچے مرتبے والا
رَفیق : [ع امذ] (۱) ساتھی۔ ہمراہی۔ ہم سفر (۲) مددگار۔ معاون (۳) خیر خواہ (۴) مصاحب۔ ہم نشین (۵) دوست یار (۶) کسی کام میں شریک (۷) مرید۔ پیرو
رَفیق حیات : [ف امذ] زندگی بھر ساتھ دینے یا رہنے والا خاوند یا شوہر
رَفیقۂ حیات : [ف امث] دیکھیے "رفیق حیات" جس کی یہ تانیث ہے۔ بیوی
رفیقِ کنجِ تنہائی کتاب است : [ف مقولہ] کتاب گوشۂ تنہائی کی رفیق ہے۔ تنہائی کی حالت میں کتاب ایک ساتھی کا کام دیتی ہے

ر - ق

رِقاب : [ع امذ] دیکھیے "رَقبہ" جس کی یہ جمع ہے
رَقابت : [ع امث] (۱) مخالفت۔ چشمک۔ ہم چشمی۔ ہمسری (۲) ایک معشوق کے کئی/ بہت سے عاشق ہونا (۳) محبت میں شرکت
رَقابت کی آگ : [ا ر امث] وہ جلن جو رقابت کی وجہ سے ہو

رَقّاص : [ع امذ] (۱) ناچنے والا شخص (۲) کلاک کا لٹکن (۳) گھڑی کا سپرنگ
رَقّاصِ فلک : [ع امذ] زہرہ ستارہ
رَقّاصہ : [ع امث] (۱) ناچنے والی عورت (۲) طوائف (رقاص کی تانیث)
رَقّاصی : [ع ف امث] (۱) ناچنا (۲) ناچنے کا پیشہ یا فن
رِقاع : [ع امذ] دیکھیے "رقعہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) ایک خط کا نام
رَقائم : [ع امذ] دیکھیے "رقیمہ" جس کی یہ جمع ہے۔
رَقبہ : [ع امذ] (۱) گردن (۲) غلام (۳) احاطہ (۴) زمین متعلقہ (۵) وہ عدد جو طول اور عرض کو ضرب دینے سے حاصل ہو جو صرف مستطیل شکل کے لیے ہے۔ مختلف اشکال کے رقبے نکالنے کے مختلف طریقے ہیں
رَقبہ نکالنا : [ا رمحاورہ] حساب کے طریقے سے کسی زمین یا شکل کا رقبہ دریافت کرنا۔
رقبہ نکلنا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "رقبہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
رِقّت : [ع امث] (۱) پتلا پن (۲) رونا۔ گریہ (۳) منی کا پتلا ہونا (۴) رحم۔ مہر۔ شفقت۔ مہربانی۔
رِقّت آنا : [ا رمحاورہ] (۱) گریہ کرنا (۲) رحم آنا
رِقّتُ الدّم : [ع امث] خون کا پتلا پڑجانا۔ خارش
رِقّتُ العیش : [ع امث] زندگی کا آرام
رِقّت انگیز : [ع ف صف] جس پر رونا/ رحم آئے
رِقّتِ قلب : [ع ف صف] دل کی نرمی یا مہربانی
رِقّتِ منی : [ع ف امث] ایک بیماری جس میں مرد کی منی پتلی ہوجاتی ہے
رِقّت نہ رُکنا : [ا رمحاورہ] رونا بند نہ ہونا۔ لگاتار روتے جانا۔
رِقّت ہونا : [ا رمحاورہ] رونا آنا (۲) رقتِ منی کی بیماری ہونا
رَقص : [ع امذ] ناچ۔ مجرا۔ نرت
رَقصاں : [ف اسم حالیہ] ناچنے والا (۲ مذ) ناچنا، کودنا (۳) اونٹ کا کودنا
رَقصِ بسمل : [ف امذ] ذبح کیے ہوئے جانور کا پھڑکنا۔ تڑپنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا
رَقصِ چار پارہ : [ف امذ] ایک قسم کا ناچ
رَقص کناں : [ف اسم حالیہ] ناچتے ہوئے۔
رقص و سرود/ غنا : [ف امذ] ناچنا۔ گانا
رَقطا : [ع امث] تحریر کی ایک صنعت جس میں ایک حرف منقوط اور دوسرا غیر منقوط ہوتا ہے۔
رُقعات/ رقعہ جات : [ف امذ] دیکھیے "رقعہ" جس کی یہ جمع ہے۔
رُقعہ : [ع امذ] (۱) ٹکڑا۔ پرزہ (۲) چھوٹا خط۔ خط (۳) وہ کاغذ جو پیام نسبت کے واسطے حسب نسب لکھ کر لڑکی کے گھر بھیجتے ہیں (۴) وہ چھپا/ لکھا ہوا رنگین خط جو بیاہ شادی یا دیگر تقریبات خوشی کے موقع پر لوگوں کو بلانے کے لیے بھیجتے ہیں (۵) پیوند۔ تھگلی
رقعہ آنا : [ا رمحاورہ] نسبت کا پیغام آنا (۲) کسی تقریب میں بلاوے کی چٹھی آنا۔
رقعہ بھیجنا : [ا رمحاورہ] کسی تقریب میں بلانے کے لئے چٹھی بھیجنا۔
رقعہ جانا : [ا رمحاورہ] نسبت کے لیے چٹھی بھیجنا

رُقعہ لکھوانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رقعہ لکھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
رُقعہ لکھنا: [ا رمحاورہ] چٹھی لکھنا۔
رُقعہ وار: [ف امذ] چٹھی لکھنے کا کاغذ
رَقَم: [ع امث] (۱) تحریر۔ لکھنا (۲) علامت۔ ہندسہ (۳) عربی کے عدد جو الفاظ کے اختصار سے بنائے گئے ہیں (۴) کل تعداد۔ میزان (۵) مال دولت۔ قیمتی چیز (۶) جواہر مرصع (۷) قسم۔ نوع۔ جنس (۸) ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ (۹) اندراج۔ مد (۱۰) مشترکہ جائداد کا ایک حصہ (۱۱) مال گزاری کی شرح (۱۲) چٹھی جو شاہزادہ لکھے (۱۳) کشیدہ کار دھاری والا کپڑا (۱۴) نشان۔ قیمت کا نشان (۱۵) ناٹک کا ایک ایکٹ (۱۶) حساب
رَقَمِ اوّل: [ع امث] خدا کا تخت۔ کرسی
رَقَم پذیر / زدہ: [ع ف صف] لکھا ہوا۔ تحریر شدہ
رَقَم زن / تیغ طراز: [عف صف] لکھنے والا۔ کاتب۔ محرر
رَقَم سائر / سوائے: [عف امث] وہ رقم جو علاوہ لگان کے زمیندار کو وصول ہوتی ہے۔
رَقَم کاٹنا: [ا رمحاورہ] روپیہ کم کر دینا
رَقَم کٹنا / کٹ جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رقم کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔
رَقَم کٹ گئی: [ا رمحاورہ] روپیہ صرف ہو گیا یا روپیہ چوری ہو گیا۔
رَقَم کرنا: [ا عمل مرکب] لکھنا۔ تحریر کرنا۔
رَقَم ماری جانا: [ا رمحاورہ] روپے کا نقصان ہو جانا
رَقَم وار: [عف صف] تفصیل وار
رَقَم ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رقم کرنا" جس کا یہ لازم ہے
رَقَمی: [ع صف] نشان کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔
رَقَمیں: [ا رامث] دیکھئے رقم جس کی یہ جمع ہے
رَقَمیں چیرنا: [ا رمحاورہ] روپیہ کمانا۔ مال حاصل کرنا
رُقُوم: [ع امث] دیکھئے "رقم" جس کی یہ جمع ہے
رَقِیب: [ع امذ] ہم چشم۔ حریف (۲) ایک معشوق کے عاشقوں میں کوئی ایک (۳) محافظ۔ نگہبان (۴) خدا کا ایک نام
رَقِیق: [ع صف] پتلا۔ لطیف (۲) نرم۔ ملائم (۳ مذ) غلام
رَقِیق القلب: [ع صف] نرم دل
رَقِیقہ: [ع امث] لونڈی۔ کنیز
رَقِیم: [ع امذ] تحریر۔ کتاب (۲) خصوصاً وہ کتاب جس میں اصحاب کہف کا نقشہ درج ہے (۳) ان کا کتا (۴) ان کا گاؤں / پہاڑ (۵) وہ غار جس میں وہ سوئے ہوئے ہیں۔
رُقیمہ: [ع امذ] خط۔ چٹھی۔ رقعہ۔ نوشتہ
رَقیمِ اوّل: [ع امذ] دیکھئے "رقم اوّل"

ر ، ک

رِکاب: [ع امث] لوہے کے حلقے جو زین کے دونوں طرف لٹکتے ہیں اور سوار ان میں پاؤں رکھتا ہے (۲) بادشاہوں یا امیروں کی سواری کا گھوڑا (۳) ترک وحشم (۴) وہ لفظ جو ہر جفت صفحہ کے آخیر میں نیچے لکھا جاتا ہے جس سے اگلے طاق صفحہ کا جوڑ مل جائے (ربط قائم ہو جائے) (۵) بہشت میوہ۔ بڑا پیالہ (۶) بڑی رکابی
رِکاب پر پاؤں رکھے ہونا: [ا رمحاورہ] رخصت یا سفر پر آمادہ ہونا۔ چلنے کیلئے تیار ہونا
رِکاب تھامنا: [ا رمحاورہ] گھوڑے پر چڑھتے وقت سائیس یا دوسرے شخص کا دوسری رکاب کو پکڑنا
رِکاب ٹوٹنا: [ا رمحاورہ] رکاب کے چمڑے کا سواری میں ٹوٹ جانا
رِکاب دار: [عف امذ] گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر (۲) وہ نوکر جو امیر کے گھوڑے کے ساتھ دوڑتا ہے (۳) اعلیٰ باورچی (۴) وہ شخص جو اچار، چٹنیاں مربے وغیرہ بنا کر بیچے۔
رِکاب دوال: [ف امذ] وہ چمڑا جس میں رکاب لٹکتی ہے
رِکاب میں: [متعلق فعل] ہم رکاب۔ ہمراہ
رِکاب میں پاؤں رکھنا: [ا رمحاورہ] گھوڑے پر سوار ہونا
رِکاب میں پاؤں رہنا: [ا رمحاورہ] ہر وقت چلنے کے لئے تیار رہنا۔
رِکابی: [ا رامث] تشتری۔ عموماً چینی کی پیالی۔ چھوٹا طباق (۲) ساقی۔ پیالہ بردار (۳) گھوڑا جسے پریڈ میں پکڑ کر لے جائیں (۴) تلوار جو گھوڑے کے پہلو میں لٹکتی ہے۔ رکابدار (۵) ایک قسم کا روپیہ جو کبھی لکھنؤ میں رائج تھا۔
رِکابی چہرہ: [ا امذ] گول چہرہ۔ چوڑا منہ۔ گول منہ
رِکابی سا منہ: [ا امذ] مدور شکل۔ گول منہ۔ چوڑا چکلا منہ
رِکابی مذہب: [ا امذ] وہ شخص جو طمع کی وجہ سے کبھی ادھر اور کبھی ادھر ہو جائے۔ طفیلیہ۔ خوشامدی مطلبی
رِکابی میں جب تک بھات میرا تیرا ساتھ: [ا رمثل] فائدے کا لالچ ساتھ رکھتا ہے۔ مطلب کا یار ہے۔
رَکاکت: [ع امث] سستی۔ کمزوری۔ ضعف (۲) بے عزتی (۳) سفلہ پن کمینگی۔ رذالت۔ ذلالت۔
رُکان: [ھ امث] (۱) طریقہ (۲) ڈھنگ (۳) لگاؤ
رُکاوٹ: [ا رامث] اٹکاؤ۔ روک۔ ممانعت۔ ٹھہراؤ
رُکاؤ: [ا رامذ] دیکھئے "رکاوٹ"
رَکت: [س امث] (۱) سرخ رنگ (۲) خون۔ لہو (۳ صف) رنگدار رنگین (۴) سرخ۔ قرمزی (۵) بے حد مشتاق۔ فریفتہ
رِکشا: [انگ امذ] rickshaw ہلکی تین پہیوں یا دو پہیوں کی چھوٹی گاڑی
رَکشا / رکھشا: [ھ امث] حفاظت۔ حمایت۔ پناہ۔ بچاؤ۔ اماں (۲) سنتری چوکیدار۔ جو چیز کی حفاظت کرے۔
رَکشا بندھن: [ھ امث] ایک تیوہار جس پر ہندو راکھی باندھتے ہیں (۲) راکھی باندھنے کا عمل
رَکشا کرنا: [ا رمحاورہ] حفاظت کرنا۔ بچاؤ کرنا
رَکشا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "رکشا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
رَکعت: [ع امث] (۱) نماز کا حصہ۔ آدھا۔ تہائی یا چوتھائی۔ کھڑے ہونے سے سجدہ کرنے اور بیٹھنے تک (۲) جھکاؤ۔
رُکن رکین: [ف صف] مضبوط رکن۔ بڑا رکن
رُکن: [ع امذ] بنا۔ ہر کا حصہ۔ کونا۔ زاویہ (۲) ستون۔ سہارا (۳) مدد۔ امداد

(۴) کسی چیز کا نہایت ضروری جز (۵) سربراہ ۔ کارندہ (۶) امیر ۔ سردار (۷) عروض (۸) وہ لفظ جو دو یا تین اجزائے اوتاد سے بنے ۔

رُکن یمانی : [ف ۔ امذ] کعبۂ شریف کی جنوبی گوشے کی دیوار کا وہ حصہ جہاں ایک پتھر نصب ہے جس پر طواف کرتے وقت حاجی ہاتھ پھیرتے ہیں ۔

رُکنا : [ا مص] (۱) ٹھہرنا ۔ تھمنا (۲) بند ہونا ۔ تارض ہونا ۔ کشیدہ ہونا (۳) تھٹکنا ۔ کشمکش و پیچ میں ہونا ۔

رُکوانا : [ا مص] دیکھیے "رکنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

رُکوب : [ع امذ] سوار ۔ سواری کا گھوڑا ۔ اونٹ (سواری ۔)

رُکوع : [ع امذ] (۱) جھکنا ۔ جھکاؤ (۲) نماز میں جھک کر گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا عمل (۳) چند آیات قرآنی کا مجموعہ

رکھ : [ا ر ۔ امذ] (۱) جنگل ۔ محفوظ جنگل جس میں کوئی چیز کاٹنے کی ممانعت ہو (۲) "رکھنا" کا صیغہ امر

رکھ آنا : [ا ر ۔ محاورہ] چھوڑ آنا

رکھ پت رکھا پت : [مقولہ] دوسروں کی عزت کرو دوسرے تمہاری عزت کریں گے

رکھ چھوڑنا : [ا ر محاورہ] (۱) جمع رکھنا (۲) نہ دینا ۔ دبا لینا

رکھ دینا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) کسی جگہ کوئی چیز رکھ دینا (۲) ہار مان کر ہتھیار ڈال دینا ۔

رکھ رکھاؤ : [ا ر امذ] (۱) خاطرداری ۔ تکلف (۲) دیکھ بھال ۔ بچوں کی نگہداشت

رکھ کر کے کہنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) کسی پردہ ڈھال کے کوئی بات کہنا ۔ اشارۃً کہنا (۲) آدھی بات کہنا ۔

رکھ لینا : [ا ر محاورہ] (۱) لے لینا (۲) بچا لینا (۳) زد پر رکھنا ۔ منوا تر وار کرنا

رُکھ : [ھ ۔ امذ] ردکھ کا مخفف یعنی درخت

رُکھ چیڑھا : [ا ر ۔ امذ عف] کنایۃً بندر (چونکہ عورتیں صبح کے وقت بندر کا نام لینا منحوس سمجھتی ہیں)

رُکھا : [ا ر ۔ صف] دیکھیے "روکھا" جس کا یہ مخفف ہے ۔

رکھا رکھایا : [ا ر ۔ صف] (۱) باسی (۲) بچا ہوا ۔ رکھا ہوا ۔

رکھا رہنا : [ا ر محاورہ] کسی چیز کا اسی جگہ پڑا رہنا ۔ اپنے مقام سے ہٹایا نہ جانا ۔

رکھانا : [ا ر مص] دیکھیے "رکھنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

رُکھانی : [ا ر ۔ امث] بڑھئی کا ایک آلہ ۔ برما

رُکھائی : [ا ر امث] بے التفاتی ۔ بے پروائی ۔ بے مروتی

رُکھائی کرنا : [ا ر مص مرکب] بدمزاجی ظاہر کرنا ۔ بے مروتی کرنا

رکھائی کی لینا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھیے "رکھائی کرنا"

رِکھب : [ھ ۔ امذ] پاک و ہند کی موسیقی کا دوسرا سُر جس کا مخفف "رے" ہے ۔

رکھنا : [ا ر مص] (۱) دھرنا ۔ حفاظت کرنا ۔ بچانا (۲) جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا (۳) پاس رکھنا (۴) قبضے میں رکھنا (۵) لگانا ۔ چسپاں کرنا (۶) پیش کرنا ۔ لانا (۷) ڈالنا (۸) لٹکانا (۹) ٹھہرانا ۔ روکنا (۱۰) سپرد کرنا (۱۱) دفن کرنا ۔ قبر میں اتارنا (۱۲) قیمت مقرر کرنا (۱۳) شرط پر لگانا (۱۴) قبول کرنا (۱۵) دبا لینا ۔ چرانا ۔ خیانت کرنا (۱۶) ترک کرنا (۱۷) ملتوی کرنا ۔ ٹالنا (۱۸) بچے نکالنے کے لیے انڈوں کو پرندے یا مرغی کے نیچے قرینے سے رکھنا (۱۹) مدخولہ بنانا ۔ صحبت کرنا (۲۰) طوائف کو کو نوکر بنانا ۔ رکھنا (۲۱) چھوڑنا (۲۲) سمجھنا ۔ سوچنا (۲۳) رہن کرنا ۔ گروی رکھنا (۲۴) (آگے) بھینٹ چڑھانا (۲۵) تعزیہ زمین پر دھرنا ۔ کھڑا کرنا (۲۶) (پر) چھوڑنا ۔ موقوف رکھنا (۲۷) (آرزو وغیرہ) کرنا (۲۸) (جانور) پرورش کرنا ۔ پالنا (۲۹) (ملازم نوکر وغیرہ) بھرتی کرنا ۔ ملازم رکھنا ۔ ملازمت میں لینا (۳۰) (الزام) تہمت لگانا ۔ (۳۱) (دل) دل داری کرنا تسلی کرنا ۔ حوصلہ رکھنا ۔ (۳۲) (خبر) واقفیت ہونا ۔ معلومات ہونا (۳۳) (محبت وغیرہ) محبت ہونا (۳۴) (نام) نام مقرر کرنا

رکھنی : [ھ امث] آشنا عورت ۔ داشتہ

رکھوال / رکھوالا : [ھ امذ] محافظ ۔ نگہبان ۔ کھیت کی نگہبانی کرنے والا

رکھوالی : [ھ امث] (۱) حفاظت کرنے والی عورت (۲) حفاظت ۔ نگہبانی (۳) مویشی کی نگہداشت [افعال : کرنا ۔ ہونا] (۴) نگہداشت کرنے کی مزدوری (۵) فیس جو کسی سردار وغیرہ کی حفاظت کرنے کی غرض سے دی جائے ۔

رکھوانا : [ا مص] رکھنا مصدر کا متعدی المتعدی (۱) دھروانا (۲) لے لینا ۔ واپس لینا

رکھونچا : [ھ امذ] وہ ٹکڑے جو مونگ یا ماش کی دال کو پیس کر بناتے ہیں ۔

رکیب : [ع امذ] سوار کے ساتھ جو دوسرا سوار بیٹھے ۔

رکیبی : [ھ امث] (عو) رکابی کا بگاڑ

رکیک : [ع صف] (۱) پتلا ۔ نازک (۲) ناچیز ۔ ادنیٰ ۔ گھٹیل (۳) کم گہرا (۴) نفیس

رکیلا : [ا ر امذ] (عو) بدذات مرد

رکیلی : [ا ر امث] بدذات عورت

رکین : [ع صف] (۱) مضبوط ۔ محکم ۔ استوار (۲) سنجیدہ ۔ متین ۔ مطمئن

ر ۔ گ

رَگ : [ف امث] (۱) جسم کی بڑی نالی جس میں خون بہتا ہے (۲) پھول یا پتے کا ریشہ (۳) آگ کا ڈورا (۴) تار ۔ تاگا (۵) پٹھا (۶) اصل (۷) ذات نسل (۸) دودھ پلانے والی کا اثر (۹) عادت (۱۰) ضد ۔ ڈھیٹ پن ۔

رگِ اَبر : [ف امث] بادل کی سیاہ دھاری

رگ اُترنا : [ا ر محاورہ] (۱) آنت کا فوطے میں اُتر آنا (۲) ضد دور ہونا ۔ غصہ رفع ہونا

رگ پانا : [ا ر محاورہ] اصل بات معلوم کرنا

رگ پٹھا : [ا ر امذ] اصل نسل وغیرہ کا پتہ ہونا ۔

رگ پھڑکنا : [ا ر محاورہ] رگ کا حرکت کرنا ۔ ہونے والی بات سے آگاہ ہونا

رگ پھولنا : [ا ر محاورہ] جوش خون سے رگ کا موٹا ہونا ۔

رگِ جان : [ف امث] (۱) بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں یا جسم میں خون پہنچتا ہے (۲) شاہ رگ

رگ جاں سے نزدیک ہونا : [ا ر محاورہ] (خدا کی تعریف میں) بہت قریب ہونا

رگ چڑھ جانا : [ا ر محاورہ] (۱) کسی رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۲) ضدی ہونا ۔ ضد کرنا ۔ کوئی بری عادت ہونا ۔

رگ چڑھ رہنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "رگ چڑھ جانا"

رگ چڑھ گئی : [ا ر محاورہ] غصے میں بھرے ہوئے ہیں مانتے نہیں ۔

رگ چڑھی ہونا : [ا ر محاورہ] غصہ ہونا ۔ برہم ہونا ۔

رگِ حمیّت : [ف امث] غیرت یا حمیّت کا جوش
رگ دار : [ف صف] (۱) ریشے دار یا بُری عادت والا ۔ (۲) کپڑا جس میں بعض ریشے اُبھرے ہوئے ہوں ۔
رگ دبنا : [ا رمحاورہ] ڈرنا ۔ قابو میں ہونا
رگ رگ میں : [متعلق فعل] ہر رگ میں ، رگوں میں ۔ ہر جگہ ۔ بدن میں
رگ رگ سے واقف ہونا : [ا رمحاورہ] پوری طرح جاننا ۔
رگ رگ میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا : [ا رمحاورہ] کسی میں کسی صفت کا مکمل طور پر موجود ہونا ۔
رگ زن : [ف صف] نصد کھولنے والا
رگِ طنبور : [ف امث] طنبور کے تار
رگ کا منہ کھل جانا : [ا رمحاورہ] فصد کھلنے پر حد سے زیادہ خون آنا
رگ کھڑی ہونا : [ا رمحاورہ] رگ پر ورم آجانا ۔ رگ متورم ہونا
رگ کھلنا : [ا رمحاورہ] رگ سے بہت زیادہ خون نکلنا ۔
رگِ گردن : [ا رامث] رگ جان ۔ شاہ رگ
رگِ غیرت : [ا رامث] غیرت یا حمیت کا جوش
رگ ملنا : [ا رمحاورہ] فصد کھولنے کے لئے رگ کو ٹٹول کر معلوم کرنا
رگ وپے : [ف امذ] رگ ۔ پٹھا
رگ وپے سے واقف ہونا : [ا رمحاورہ] اصلیت سے واقف ہونا ۔
رگ وپے میں دوڑ جانا : [ا رمحاورہ] اثر کرنا ۔ سرایت کرنا
رگ وریشہ : [ف امذ] اصل نسل ۔ خو بو
رگ وریشے سے واقف ہونا / ماہر ہونا : [ا رمحاورہ] پوری طرح جاننا ۔
رگ وریشے میں پڑا ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) کسی بری خصلت کا کسی آدمی میں بہت زیادہ ہونا (۲) گوشت پوست میں شامل ہونا ۔ اصل میں ہونا گھٹی میں ہونا ، پڑنا
رگ وریشے میں شرارت بھری ہونا : [ا رمحاورہ] بے حد شریر ہونا ۔
رگ وریشے میں کرامت بھری ہونا : [ا رمحاورہ] ولی ہونا ۔ بے حد خدا کی طاقت ہونا ۔
رِگ وید : [س امذ] ہندوؤں کی چار مذہبی کتابوں میں سے ایک جو سب سے اوّل اور اہم ہے ، یہ منا جاتوں پر مشتمل ہے ۔
رگڑ : [ہ امث] (۱) نشان جو دو چیزوں کے آپس میں لگنے سے ہو جاتا ہے ۔ گھساؤ (۲) خفیف زخم جس میں گوشت نہ کٹے (۳) رگڑے جانے کی حالت (۴) کمہاروں کی اصطلاح ۔ پہلو میں رگڑ لگنے والی کوئی چیز (۵) ڈھول کا جلدی جلدی بجنا ۔
رگڑ دینا : [ا رمحاورہ] گھس دینا
رگڑ رگڑ کر : [متعلق فعل] مل مل کے
رگڑ کھانا : [ا رمحاورہ] گھسنا لگنا ۔ ٹکر لگنا
رگڑ لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے " رگڑ کھانا "
رگڑا : [ہ امذ] (۱) دیکھئے رگڑ (۲) پیسنا (۳) مانجھنا ۔ چمکانا (۴) جھگڑا ۔ لڑائی نزاع (۵) نشان جو دو پتنگوں کے لڑنے سے ڈور پر پڑ جاتا ہے (۶) بھنگ گھوٹنا (۷) ایک قسم کا سرمہ یا لیپ آنکھوں کے لیے ۔
رگڑا جھگڑا : [ہ امذ] فساد و نزاع ۔ بحث لڑائی جھگڑا ۔ تکرار ۔ بحث مباحثہ ۔ انفعال رہنا ۔ کرنا ہونا

رگڑا دینا : [ا رمحاورہ] کسی چیز کو دوسری چیز پر رگڑنا (۲) بھنگ گھوٹنا
رگڑنا : [ا رمص] (۱) گھسنا (۲) پیسنا (۳) گھوٹنا (۴) مانجھنا ۔ صاف کرنا (۵) چھیلنا ۔ رندہ کرنا (۶) زنا کرنا (۷) حیران کرنا ۔ ستانا
رگڑی : [ہ صف] جھگڑالو ۔ لڑاکا ۔ فسادی
رگوں میں خون دوڑنا : [ا رمحاورہ] خون کا نسوں میں تیزی سے حرکت کرنا
رگی / رگیلا : [ہ امث] (۱) ضدی ہٹیلا (۲) شریر ۔ بدذات (۳) سرکش مفسد (۴) موٹی رگوں کا پان (۵) گوشت جس میں تار ہوں ۔
رگیں مرنا : [ا رمحاورہ] رگوں کی قوت جاتی رہنا ۔ نامرد ہو جانا ۔ کمزوری ہو جانا ۔
رگیں نکل آنا : [ا رمحاورہ] بہت دبلا ہونا ۔

ر ۔ ل

رَل : [ہ امث] رلنا مصدر سے صیغۂ امر (۲) تعلق میل ۔ ملاپ (۳) ۔ خلط ملط ۔ ابتری ۔ برہمی (۴) غلطی ۔ فرق (۵) اختلاف ۔ تفاوت
رل جانا : [ا رمحاورہ] گمنا ۔ لپٹنا ۔ سفوف ہونا (۲) ملنا ۔ مخلوط ہونا گڈمڈ ہونا کسی کے ساتھ شامل ہونا ۔
رل مل جانا : [ا رمحاورہ] مخلوط ہو جانا ۔ اتحاد ہونا ۔
رلا پڑنا : [ا رمحاورہ] حساب میں مغالطہ یا بھول پڑنا ۔
رلا ملا : [ہ امذ] ملا جلا ۔ خلط ملط
رلانا : [ا رمص] دیکھئے رل جانا جس کا یہ متعدی ہے ۔
رُلانا : [ا رمص] دیکھئے " رونا " جس کا یہ متعدی ہے ۔
رلنا : [ا رمص] دیکھئے " رل جانا "
رُلنا (۱) خاک میں ملنا ۔ تباہ ہونا (۲) بھٹکا جانا ۔ ساقط ہونا
رلے ملے پنچوں رہیئے ۔ جان جائے پر سچ نہ کہیئے : [ا رمثل] پنچایت کے ساتھ اتفاق رکھنا چاہیئے چاہے جھوٹ ہی بولنا پڑے
رُلنا گھلنا : [ا رمحاورہ] مرنے کے قریب ہونا ۔
رلوانا : [ا رمص] (۱) رُلانا (۲) تلوار درست کرنا ۔

ر ۔ م

رَم : [ف امذ] (۱) ڈر ۔ خوف ۔ دہشت (۲) وحشت ۔ نفرت (۳) گریز ۔ بھاگنا (۴) چھپنا
رم بھول جانا : [ا رمحاورہ] چوکڑی بھول جانا ۔ ششدر و پنج میں پڑنا
رم خوردہ / دیدہ / زدہ / کردہ : [صف مفعولی] بھاگا ہوا ۔ وحشت زدہ
رَم : [انگ امث] (rum) گنے کی شراب
رِم : [انگ امذ] (ream) کاغذوں کے بیس دستوں کا بنڈل ۴۸۰ یا ۵۰۰ کاغذ
رِم : [انگ امذ] (rim) پہیئے کا حلقہ یا گھیرا خاص طور پر سائیکل کا پہیا جس پر ٹائر اور ٹیوب چڑھاتے ہیں ۔
رَماد : [ف امث] راکھ ۔ خاکستر
رَمّاز : [ع امذ] (۱) وہ شخص جو اشاروں کنایوں سے گفتگو کرے ۔ (۲) وہ جو خفیہ طور پر گفتگو کرے ۔ (۳) پہیلیاں کہنے والا شخص ۔

رَمّال : [ع امذ] علم رمل کا ماہر۔ جوتشی۔ نجومی (۲) کھجور کے پتّوں کی چٹائی بننا۔
رَمّالی : [عت امسف] جوتش۔ نجوم
رُمّان : [ع امذ] انار
رَمانا : [ھ معں] پھرانا، چلانا، اختیار کرنا
رُمّانی : [ع امسف] انار کے رنگ کا۔ انار سے منسوب
رَمیا : [ھ امذ] کھرپا
رَمبھانا : [ھ مں] دھڑکنا۔ دھاڑنا۔ گائے بھینس کا بولنا
رَمپا : [ھ امذ] چمڑا چھیلنے کا آلہ
رَمپی : [ھ امث] چمڑا تراشنے کا آلہ (رمپا کی تصغیر)
رمتا : [ھ صف] گھومنے والا
رمتا جوگی : [ہ امذ] وہ ہندو فقیر جو مارا مارا پھرتا ہے اور کہیں ٹھہرتا نہیں۔
رِم جھم : [ھ اصوت مث] بارش کی خفیف آواز (۲)، پاؤں کی آواز
رم جھم مینہ برسنا : [ارمحاورہ] زور سے مینہ برسنا
رم جھول / جھولا : [ھ امذ] رنجول کا مخرب۔ پازیب
رمد : [ع امذ] آنکھ کی بیماری جس میں آنکھیں سرخ رہتی ہیں۔ آشوب چشم
رَمڈو پھیتو : [ھا مذ] ایرے غیرے۔ نتھو خیرے۔ عام لوگ۔ خلقت
رَمز : [ع امسف] اشارہ (آنکھ منہ۔ ابرو وغیرہ سے) ۲۔ ایما۔ کنایہ (۳) نکتہ باریکی (۴)، راز (۵)، نوک جھونک (۶) پیچ دار بات (۷)، مخفی یا پوشیدہ بات (۸) بیہودہ بات (۹)، مراد منشا (۱۰) معنی ملہ بات (۱۱)، طعن۔ طنز۔ (۱۲) نشان علامت (۱۳)، پہیلی۔ بجھارت (۱۴)، خفیہ تحریر
رمز آمیز : [ف صف] اشارے کنائے کے۔ طنزیہ کلام / باتیں وغیرہ۔
رمز پہچان جانا / پہچاننا : [ارمحاورہ] اصلی منشا سمجھنا۔ بات تاڑ جانا۔
رمز پھینکنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "رمز مارنا"
رمز چلنا : [ارمحاورہ] اشارہ کنایہ ہونا۔ آوازے کسے جانا
رمز شناس : [ف صف] اشارے پہچاننے والا
رمز کی باتیں / گھاتیں : [ف امث] باریک باتیں (۲) راز کی باتیں (۳) طعن تشنیع
رمز کی چلنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "رمز چلنا"
رمز مارنا : [ارمحاورہ] طعنے دینا۔ آوازے کسنا۔
رمضان : [ع امذ] مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ جس میں فرض روزے رکھے جاتے ہیں
رمضان کے نمازی محرم کے سپاہی۔ ہولی کے بھڑوے : [ارمثل] وہ اشخاص جو نمائش کے لئے چند روز کے واسطے کوئی اچھا کام کریں
رمضانی : [ع امث] (۱) رمضان کا (۲)، رمضان کے متعلق (۳)، روزوں کا بیان کے متعلق (۴) جو رمضان میں پیدا ہوا ہو (۵)، (مذ) مسلمانوں میں ایک نام
رَمَق : [ع امث] (۱) کوئی تھوڑی سی چیز (۲) سسکتی جان۔ آخری سانس
رمقے جان ہونا : [ارمحاورہ] تھوڑی سی زندگی ہونا۔ آخری سانس ہونا۔
رَمل : [ع امذ] ایک علم جس سے لکیروں اور ہندسوں کے ذریعے غیب کی بات بتانے یا معلوم کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ نجوم۔ جوتش
رَمَل : [ع امث] علم عروض کی ایک بحر جس کا وزن آٹھ دفعہ فاعلان ہے
رَمنا : [ہ امذ] (۱) چراگاہ، سبزہ زار (۲) شکارگاہ

رُموز : [ع امذ] دیکھئے "رمز" جس کی یہ جمع ہے
رموز پھینکنا : [ارمحاورہ] طنز کرنا۔ طعنے دینا۔ آوازے کسنا
رموز غمزہ : [ع امذ] آوازے
رموز عاشقاں عاشق بداند : [ف مثل] ہم پیشہ اور ہم مذہب ہی بات کو خوب سمجھتے ہیں۔
رموز مصلحت ملک خسروان دانند : [ف مثل] ملک کی بہتری کے راز بادشاہ ہی بہتر جانتے ہیں۔
رموزیں چھانٹنا : [ارمحاورہ] نوک جھوک کی باتیں کرنا۔
رَمہ : [ف امذ] گلّہ۔ جھنڈ (۲)، جماعت۔ فوج۔ گروہ۔ بھیڑ
رَمی : [ع امذ] کوئی چیز پھینکنا
رمی بالغیب : [ع محاورہ] اٹکل پچو کوئی بات کہنا
رمی جمار : [ع امث] حاجیوں کا منیٰ میں چھوٹی کنکریاں پھینکنا
رمیدگی : [ف امث] وحشت۔ تنفر
رمیدہ : [ف صف] بھاگا ہوا۔ وحشت زدہ
رمیم : [ع صف] گلی ہوئی۔ بوسیدہ۔ بوڑھا ہونا

ر ۔ ن

رَن : [ھ امذ] لڑائی۔ جنگ۔ رزم۔ کارزار۔ معرکہ۔ یدھ۔ کھیت (۲) میدان جنگ رزمگاہ۔ میدان کارزار۔ مقتل
رن باس / واس : [ھ امذ] راجا کا زنان خانہ (۲)، جنگل۔ بیابان۔ ویرانہ۔
رن بن : [ھ امذ] جنگل بیابان۔
رن بولنا : [ارمحاورہ] میدان جنگ سے آوازیں آنا۔
رن پر چڑھنا : [ارمحاورہ] جنگ کے لئے جانا۔ جنگ کرنا۔ لڑنا
رن پڑنا : [ارمحاورہ] (۱) جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا (۲) بہت سے آدمیوں کا مارا جانا
رن جیت / رنجیت : [ھ امذ] فاتح
رن کا کھیت : [ھ امذ] میدان جنگ
رن کھام : [ھ صف] بہادر۔ دلیر
رن گڑھ : [ھ امذ] لڑائی کا قلعہ۔ وہ جگہ جس کے گرد مورچے بنائے جائیں۔
رن گھن : [ھ امذ] قتل عام
رن مہتاب : [ار۔ امذ] روشنی کا گولا جو میدان جنگ میں روشنی کے لئے رات کو چھوڑتے ہیں
رن ہلا دینا : [ارمحاورہ] میدان جنگ میں بہادری ظاہر کرنا۔ میدان جنگ میں لرزہ پیدا کرنا۔
رن ہلنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "رن ہلا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
رَن : [انگ امث] (RUN) (۱) دوڑ۔ جھپٹ (۲) کرکٹ کے کھیل میں ایک وکٹ سے دوسری وکٹ تک کی دوڑ۔
رنج : [ف امذ] (۱) تکلیف۔ دکھ۔ درد ۲۔ افسوس۔ ملال۔ پچھتاوا۔ آزردگی (۳) غم۔ سوگ (۴) ناراضگی۔
رنج آنا : [ارمحاورہ] ملال ہونا۔

رنج اٹھانا: [ا۔ محاورہ] صدمہ برداشت کرنا
رنج بھلا دینا / بھلانا: [ا۔ محاورہ] رنج بھول جانے کا موجب ہونا۔
رنج بھولنا: [ا۔ محاورہ] رنج دل سے جاتا رہنا
رنج پالنا: [ا۔ محاورہ] خواہ مخواہ تکلیف اٹھانا
رنج پہنچانا: [ا۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ اذیت پہنچانا۔
رنج پہنچنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "رنج پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے
رنج دیکھنا: [ا۔ محاورہ] تکلیف برداشت کرنا۔ مصیبت اٹھانا
رنج دینا: [ا۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ ستانا۔ تنگ کرنا
رنج راہ سے آسودہ ہونا: [ا۔ محاورہ] رستے کی تکلیف کے بعد آرام کرنا
رنج رہنا: [ا۔ محاورہ] رنج باقی رہنا
رنج سہنا: [ا۔ محاورہ] تکلیف اٹھانا۔ یا برداشت کرنا
رنج سے چھوٹنا: [ا۔ محاورہ] غم و افسوس سے نجات پانا
رنج کش: [ف۔ صف] تکلیف برداشت کرنے والا
رنج کشی: [ف۔ امث] دیکھئے "رنج کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
رنج کرنا: [ا۔ مص مرکب] افسوس کرنا۔ غم کرنا۔ کڑھنا
رنج کھانا: [ا۔ محاورہ] رنج برداشت کرنا
رنج کھینا / کھینچنا / لینا: [ا۔ محاورہ] رنج برداشت کرنا۔
رنج مٹنا: [ا۔ محاورہ] تکلیف یا غم دور ہونا
رنج مول لینا: [ا۔ محاورہ] خواہ مخواہ تکلیف اٹھانا
رنج میں مبتلا ہونا: [ا۔ محاورہ] رنجیدہ ہونا
رنج میں دن گزارنا: [ا۔ محاورہ] مصیبت میں پھنسانا۔ مغموم یا رنجیدہ کرنا
رنج میں دن گزرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "رنج میں دن گزارنا" جس کا یہ لازم ہے
رنج و الم کو ٹالنا: [ا۔ محاورہ] تکلیف و مصیبت سے بچنا
رنجور: [ف۔ صف] مغموم۔ افسردہ۔ بیمار ("رنج ور" کا بگاڑ)
رنجوری: [ف۔ امث] مصیبت۔ تکلیف۔ رنج۔ بیماری ("رنج وری" کا بگاڑ)۔
رنج ہلکا ہونا: [ا۔ محاورہ] تکلیف مٹنا۔ رنج کم ہونا
رنج ہونا: [ا۔ مص مرکب] دیکھئے "رنج کرنا" جس کا یہ لازم ہے
رنجش: [ف۔ امث] رنج۔ آزردگی۔ ان بن۔ بگاڑ
رنجک: [ف۔ امث] (۱) وہ بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے (پیل) میں آگ دینے کی غرض سے رکھی جاتی ہے (۲) بھڑک۔ اطوار۔ تحریک (۳) چڑ۔ رن۔ سفوف
رنجک اڑانا: [ا۔ محاورہ] توپ یا بندوق کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا
رنجک اڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "رنجک اڑانا" جس کا یہ لازم ہے
رنجک پلانا / ڈالنا / رکھنا: [ا۔ محاورہ] بارود توپ یا بندوق کے پیالے میں رکھنا
رنجک چاٹ جانا: [ا۔ محاورہ] باوجود پیالے کی بارود میں آگ لگنے کے توپ یا بندوق نہ چلنا
رنجک دان: [ف۔ امذ] رنجک رکھنے کا پیالہ
رنجک کی بجلی: [ف۔ امث] (۱) وہ چمک جو بارود کو آگ لگنے سے ہوتی ہے
رنجہ: [ف۔ صف] (۱) رنجیدہ۔ مغموم (۲ مذ) رنج (۳) نزاکت کی چال یا طرز جیسے قدم رنجہ فرمانا۔
رنجۂ خاطر: [ف۔ صف] رنجیدہ

رنجیدگی: [ف۔ امث] رنجش
رنجیدہ: [ف۔ صف] (۱) خفا۔ ناراض۔ بیزار (۲) اُداس۔ افسردہ [افعال: کرنا۔ ہونا]۔
رنجیدہ خاطر: [ف۔ صف] رنجیدہ
رند: [ف۔ امذ] (۱) آزاد۔ بے قید شخص (۲) جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو (۳) غیر شرعی کام کرنے والا شریعت کے خلاف کام کرنے والا۔ منکر (۴) شرابی (۵) بدوضع۔ لفنگا (۶) بے دین۔ دہریہ (۷) ہوشیار
رند مذہب / مشرب: [ف۔ امذ] آزاد وضع۔ بدوضع
رندانہ: [ف۔ صف] آزادانہ۔ رندوں کی طرح
رندا: [ھ۔ امذ] وہ سوراخ جو قلعہ کی دیوار یا شہر کی فصیل میں گولی چلانے کے لیے رکھے ہوتے تھے۔
رندنا: [ا۔ مص] رندے سے چھیلنا۔ رندہ کیا جانا
رندنا: [ا۔ مص] دیکھئے "رندنا" جس کا یہ لازم ہے
رندوانا: [ا۔ مص] رندے سے چھلوانا۔ صاف کرانا
رندوانا: [ا۔ مص] پامال کرانا۔
رندہ: [ف۔ امذ] بڑھئی کا اوزار جس سے لکڑی چھیل کر صاف کی جاتی ہے۔
رندھ جانا / رندھنا: [ا۔ مص] پکنا۔ کھانا تیار ہونا۔ اُبلنا
رندھنا: [ا۔ مص] (۱) پامال ہونا۔ رندنا (۲) قید ہونا (۳) روکا جانا (۴) ہمگیں ہونا۔ گھر آنا (۵) چھا جانا (۶) روندھنا۔ گھیرنا۔ قید کرنا
رندی: [ف۔ امث] (۱) شہدہ پن۔ بدکاری (۲) لامذہبی (۳) رندوں کا کام (۴) دھوکا۔ فریب
رنڈ: [ھ۔ امث] رانڈ کا مخفف
رنڈا: [ھ۔ امذ] مرد جس کی بیوی مر جائے
رنڈاپا: [ھ۔ امذ] بیوگی۔ بیوہ ہونے کا زمانہ
رنڈاپا کاٹنا: [ا۔ محاورہ] بیوگی کا زمانہ بسر کرنا
رنڈاپا کٹنا: [ا۔ محاورہ] بیوگی کا زمانہ کٹنا
رنڈسال / سالا: [ھ۔ امذ] بیوہ کی پوشاک [افعال: پہننا۔ پہنانا]
رنڈ منڈ: [ھ۔ صف] چار ابرو کا صفایا کیا ہوا (۲) وہ درخت جس کی شاخیں اور پتے نہ ہوں صرف تنہ ہو
رنڈوا: [ھ۔ امذ] (۱) وہ مرد جس کی بیوی مر گئی ہو (۲ صف) کام چور۔ سست کاہل۔ پست ہمت
رنڈوا سچی کا جلاپا: [ا۔ مثل] بے حوصلہ آدمی کسی کام کا نہیں ہوتا۔
رنڈوا بھنڈوا: [ا۔ امذ] خانہ خراب۔ نکھٹو
رنڈی: [ھ۔ امث] (۱) عورت (۲) طوائف۔ کسبی۔ زن بازاری (۳) رقاصہ ناچنے کا پیشہ کرنے والی عورت
رنڈی باز: [ھ ف۔ صف] رنڈیوں سے زنا کرنے والا۔ تماش بین۔ عیاش بدکار (ترکیب غلط ہے)
رنڈی بازی: [ھ۔ امث] (۱) تماش بینی (۲) زناکاری۔ عیاشی [افعال: کرنا۔ ہونا]
رنڈی بازی میں پڑنا: [ا۔ محاورہ] زناکاری کا عادی ہونا
رنڈی پیسے کی آشنا ہے / کی یار ہے: [ا۔ مثل] کسبیاں امیر آدمی کے ساتھ تعلقات قائم کرتی ہیں غریب ہو جائے تو علیحدہ ہو جاتی ہیں۔
رنڈی رکھنا: [ا۔ محاورہ] زنا کے لئے کسی طوائف کو نوکر رکھنا
رنڈی کرنا: [ا۔ محاورہ] (۱) رنڈی رکھنا (۲) رنڈی سے شادی کرنا

رنڈی کا جوبن رکابی نہیں : [ا رمثل] ا، جو نیچ کر سے لطف اٹھاتے ۲، کھانے پینے سے صحت اچھی رہتی ہے۔

رنڈی کا یار سدا خوار : [ا رمثل] رنڈی کا آشنا ہمیشہ مفلس رہتا ہے

رنڈی کس کی جورو اور بھڑوا کس کا سالا : [ا رمثل] رنڈیوں اور بھڑووں کا کوئی اعتبار نہیں۔

رنڈی کی کمائی یا کھائے ڈھاڑی یا کھائے گاڑی : [ا رمثل] رنڈی کی کمائی سازندے یا گاڑی بان کھاتے ہیں

رنڈی کی گالی اور بھوت کے پتھر کی چوٹ نہیں لگتی : [ا رمثل] ان سے کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

رنڈی کے گھر مانڈے اور عاشقوں کے گھر کڑاکے : [ا رمثل] کیونکہ وہ اپنا روپیہ رنڈیوں کے گھر دے آتے ہیں جہاں بہت اڑائی ہوتی ہے اور ان کے گھر فاقہ ہوتا ہے

رنڈی کے ناک نہ ہوتی تو وہ گوہ کھاتی پھرتی : [ا رمثل] عورت بہت بے وقعت ہوتی ہے۔

رنڈی گھر میں ڈالنا / ڈال لینا : [ا رمحاورہ] رنڈی رکھنا

رنڈی مانگے روپیہ۔ لے لے میری مینا
بھکر مانگے پیسہ چل سب سالے کہہ۔ } [ا رمثل] طبائع پر خرچ کرنے سے اور نیک کام پر خرچ کرنے سے گھبراتا ہے۔

رنڈی موم کی ناک ہوتی ہے : [ا رمثل] عورت کو جس کام پر چاہو لگا لو

رنڈیوں کی خرچی اور رکیلوں کا خرچہ پیشگی دیا جاتا ہے : [ا رمثل] اگر وہ پہلے نہ لیں تو بعد میں انہیں کوئی نہیں دیتا۔

رنڈیا : [ھ امث] (۱) رنڈی کی تصغیر

رنز : [انگ اند] (R U N S) دیکھئے "رن" جس کی یہ جمع ہے اور اردو میں واحد کے طور پر بھی مستعمل ہے

رنز : [ع اند] چادر۔ پوشش

رنس : [ھ امث] کرن۔ شعاع

رنک : [ھ صف] (۱) حریص۔ طامع۔ کنجوس۔ بخیل (۲) کمینہ۔ رذیل (۳) غریب مفلس (۴) کمبخت۔ بدنصیب۔ بیچارہ (۶) بھوکا۔ فاقہ کش۔ فقیر۔ بھکاری

رنکو : [ھ اند] ایک قسم کا ہرن جس کی کھال پر چتیاں ہوتی ہیں۔

رنکھا / رنکا : [ھ صف] آبدیدہ۔ روانسا۔ رونے پر آمادہ / تیار۔ رونے والا

رنڈی کے سیکڑوں یار : [ا رمثل] رنڈیوں کے بہت سے آدمیوں سے ناجائز تعلقات ہوتے ہیں کوئی گنتی نہیں ہو سکتی۔

رنکھی / رنکی : [ھ صف] دیکھئے "رنکھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

رنگ : [ف اند] (۱) رنگت۔ روپ۔ فام (۲) رنگ ڈھنگ۔ روش طرز (۳) مکر۔ حیلہ (۴) عیب (۵) خوشی۔ تندرستی (۶) رونق (۷) خمار۔ نشہ۔ (۸) گانا بجانا۔ عیش و عشرت (۹) لطف۔ مزہ۔ شغل (۱۰) ہمسر۔ جوڑ (۱۱) دھوم دھام (۱۲) بہار۔ جوبن (۱۳) ہنسی۔ مذاق۔ چہل (۱۴) تاش کی ایک بازی کا نام (۱۵) تماشا۔ سیر (۱۶) خوبصورتی۔ چمک (۱۷) مانند۔ نظیر (۱۸) قسم۔ نوع (۱۹) حالت کیفیت (۲۰) وہ سفوف یا سیال چیز جس سے رنگ دیتے ہیں (۲۱) دستور قاعدہ۔ رسم (۲۲) طاقت۔ قوت۔ (۲۳) خون۔ لہو (۲۴) حال۔ حالات۔

رنگ آشنا : [ف صف فاعل] مصور۔ دیکھ کر حال بتانے والا

رنگ آمیز : [ف صف] نقاش۔ مصور

رنگ آمیزی : [ف امث] نقاشی۔ مصوری

رنگ آنا / چڑھنا : [ا رمحاورہ] رونق آنا۔ پھیکا پن جاتا رہنا۔

رنگ اتارنا : [ا رمحاورہ] رنگ دور کرنا۔ روغن دور کرنا

رنگ اترنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "رنگ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے

رنگ اٹھانا : [ا رمحاورہ] رنگ قبول کرنا

رنگ اٹھنا : [ا رمحاورہ] (۱) دیکھئے "رنگ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) چوسر کی گوٹ کا سب خانے طے کرنے کے بعد کامیابی سے اٹھنا۔

رنگ اچھالنا : [ا رمحاورہ] رنگ پھینکنا۔ رنگ ڈالنا۔

رنگ اچھلنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "رنگ اچھالنا" جس کا یہ لازم ہے

رنگ اداس ہونا : [ا رمحاورہ] رنگ آبدار نہ ہونا۔ رنگ کا پھیکا ہونا

رنگ اڑانا : [ا رمحاورہ] رنگ زائل کرنا۔ اپنے فروغ یا شوخی سے دوسرے کو بے رنگ کرنا (۲) طرز اڑانا۔ طرز سیکھ لینا۔ انداز اڑانا

رنگ اڑ جانا / اڑنا : [ا رمحاورہ] (۱) رنگ جاتا رہنا۔ رنگ پھیکا پڑ جانا۔ (۲) کنایتہً چہرے کا رنگ پھیکا ہونا

رنگ اکھڑنا : [ا رمحاورہ] (۱) بے رونقی ہونا۔ مال خراب ہو جانا (۲) اثر جاتا رہنا۔

رنگ اور ہو جانا : [ا رمحاورہ] رونق آ جانا۔ رنگ بدل جانا۔

رنگ باختگی : [ف امث] دیکھئے "رنگ باختہ" جس کا اسم کیفیت ہے

رنگ باختہ : [ف صف] رنگ اڑا ہوا۔ زرد

رنگ باندھنا : [ا رمحاورہ] سماں باندھنا

رنگ بدل جانا : [ا رمحاورہ] (۱) متغیر ہونا۔ کسی چیز کا رنگ زائل ہونا۔ (۲) روش تبدیل ہو جانا (۳) وضع بدل جانا (۴) انقلاب ہونا۔

رنگ بدلنا : [ا رمحاورہ] (۱) ایک رنگ سے دوسرا رنگ تبدیل کرنا (۲) طرز بدلنا۔ وضع بدلنا (۳) انقلاب ہونا۔ حالت بدلنا۔

رنگ برنگ : [ف صف] طرح بطرح کا۔ چترنگا۔ کئی رنگ کا

رنگ برنگ کا / کی : [ا رصف] دیکھئے "رنگ برنگ"

رنگ بست : [ف اند] پختہ رنگ

رنگ بگاڑنا : [ا رمحاورہ] (۱) رنگ خراب کرنا۔ بے رونق کرنا (۲) حال خراب کرنا

رنگ بگڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "رنگ بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

رنگ باندھنا : [ا رمحاورہ] سماں باندھنا۔ رونق دینا

رنگ بنانا : [ا رمحاورہ] وضع بنانا۔ صورت بنانا۔ حالت بنانا

رنگ بندھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "رنگ باندھنا" جس کا یہ متعدی ہے

رنگ بھرا : [ا اند] رانگ کا زیور بنانے والا۔

رنگ بھرنا : [ا رمحاورہ] (۱) نقشہ یا تصویر میں حسب موقع رنگ لگانا۔ رنگین بنانا (۲) داستان کو دلچسپ بنانا

رنگ بھریا : [ا اند] (۱) دیکھئے "رنگ بھرا" (۲) مصور۔ نقاش

رنگ بھنگ : [ا اند] (۱) ہنسی۔ مذاق۔ چہل (۲) مستی۔ شہوت

رنگ بھنگ کرنا : [ا رمحاورہ] لطف بگاڑنا۔ مزہ خراب کرنا

رنگ بھنگ ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "رنگ بھنگ کرنا" جس کا یہ لازم ہے

رنگ بے رنگ ہونا : [ا۔ محاورہ] حالت خراب ہونا
رنگ پاشی / افشانی : [ف۔ امث] رنگ چھڑکنا (۱) ہولی کی ایک رسم جس میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں (۲) شادی کے موقع پر رنگ کھیلنے کی رسم۔
رنگ پتلا ہونا : [ا۔ محاورہ] حال بے حال ہونا
رنگ پختہ ہونا : [ا۔ محاورہ] رنگ ایسا پکا ہونا کہ دھونے سے نہ چھوٹے۔
رنگ پر آنا : [ا۔ محاورہ] رونق پر آنا۔ بہار پر آنا۔ زوروں پر ہونا۔
رنگ پر ہونا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "رنگ پر آنا" جس کا یہ لازم ہے
رنگ پرداز کرنا : [ا۔ محاورہ] رنگ بنانا۔ چڑھانا۔
رنگ پریدہ : [ف۔ صف] رنگ اڑا ہوا۔ زرد۔ پتلا
رنگ پکا ہونا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے رنگ پختہ ہونا
رنگ پکڑنا : [ا۔ محاورہ] (۱) رنگ چڑھنا (۲) بارونق ہونا۔ رونق پکڑنا
رنگ پھر جانا : [ا۔ محاورہ] رنگ لگایا جانا
رنگ پھوٹنا : [ا۔ محاورہ] رنگ کا ایک طرف سے دوسری طرف ظاہر ہونا
رنگ پھیرنا : [ا۔ محاورہ] رنگ کرنا یا لگانا۔ وارنش کرنا
رنگ پھیکا پڑنا : [ا۔ محاورہ] (۱) رنگ مدھم ہونا (۲) رونق کم ہونا (۳) اداس ہونا۔ بے رونق ہونا۔ بے لطف ہونا
رنگ پیدا کرنا : [ا۔ محاورہ] رنگینیٔ طبیعت یا رنگینیٔ مزاج کے اعتبار سے کوئی ڈھنگ اختیار کرنا۔
رنگ پیلا پڑنا : [ا۔ محاورہ] رنگ اڑ جانا۔ رنگ زرد ہو جانا
رنگ ٹپکنا : [ا۔ محاورہ] (۱) رنگ کا تراوش کرنا کسی خاص حالت میں (۲) خاص حالت ظاہر ہونا
رنگ ٹھہرنا : [ا۔ محاورہ] رنگ کا پائیدار ہونا۔ رنگ کا نہ اڑنا
رنگ جل جانا : [ا۔ محاورہ] رنگ سیاہ ہو جانا۔ غم، غصہ یا دھوپ کی وجہ سے چہرے پر سیاہی چھا جانا۔
رنگ جمانا : [ا۔ محاورہ] (۱) اثر ڈالنا۔ رسوخ پیدا کرنا (۲) بنیاد ڈالنا (۳) رونق دینا
رنگ جمنا : [ا۔ محاورہ] (۱) رنگ آنا۔ رنگ قائم ہونا (۲) نظروں میں بھلا معلوم ہونا (۳) اعتبار پیدا ہونا (۴) فروغ ہونا (۵) بنیاد پڑنا (۶) رسائی پیدا ہونا۔
رنگ چڑھانا : [ا۔ محاورہ] (۱) رنگنا۔ رنگین کرنا۔ روغن کرنا (۲) رونق دار بنانا (۳) مخمور کرنا (۴) سماں باندھنا (۵) اپنا سا بنانا (۶) معرفت یا خدا شناسی کا مادہ ڈالنا۔
رنگ چڑھنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "رنگ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
رنگ چمکانا : [ا۔ محاورہ] رنگ کی آب و تاب بڑھانا۔ صیقل کرنا
رنگ چمکنا : [ا۔ محاورہ] (۱) نکھرنا۔ رنگ کی آب و تاب بڑھ جانا (۲) شہرت زیادہ ہونا۔ عزت کا ہونا
رنگ چوکھا آنا : [ا۔ محاورہ] گہرا رنگ آنا
رنگ چونا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "رنگ ٹپکنا"
رنگ چہچہا ہونا : [ا۔ محاورہ] رنگ شوخ ہونا
رنگ چھا جانا : [ا۔ محاورہ] رنگ کا کسی مقام پر چھا جانا
رنگ چھڑکنا : [ا۔ محاورہ] رنگ کے چھینٹے دینا
رنگ دار : [ف۔ صف] رنگین۔ رنگا ہوا
رنگ داری : [ف۔ امث] دیکھئے "رنگ دار" جس کا اسم کیفیت ہے۔

رنگ دکھانا : [ا۔ محاورہ] کیفیت دکھانا۔ لطف دکھانا۔ حالت دکھانا۔ (۲) طرز دکھانا (۳) اثر ظاہر کرنا (۴) غضب ڈھانا۔ آفت لانا۔ فتنہ برپا کرنا (۵) جوبن دکھانا (۶) عیب لانا۔ بدعادت ظاہر کرنا (۷) شعبدہ بازی دکھانا (۸) جوہر رکھنا۔ ہنر دکھانا
رنگ دگرگوں کرنا : [ا۔ محاورہ] خراب کیفیت پیدا کرنا۔ رنگ بدلنا۔
رنگ دگرگوں ہونا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "رنگ دگرگوں کرنا" جس کا یہ لازم ہے
رنگ دیکھنا : [ا۔ محاورہ] (۱) سیر دیکھنا۔ بہار دیکھنا (۲) حالت یا کیفیت کا مشاہدہ کرنا (۳) نتیجہ پر نظر ڈالنا۔ موقع دیکھنا (۴) حال احوال یا اثر دیکھنا۔
رنگ دینا : [ا۔ محاورہ] (۱) رنگ کر دینا (۲) بہار دکھانا (۳) لطف دینا۔ مزا دینا (۴) بات بنا دینا۔ جلا دینا
رنگ ڈالنا : [ا۔ محاورہ] پانی میں گھولا ہوا رنگ کسی پر ڈالنا یا کسی کپڑے پر رنگ کرنا
رنگ ڈھنگ : [ا۔ امذ] (۱) چال چلن۔ برتاؤ (۲) سلوک۔ عادت۔ سبھاؤ (۳) خصلت۔ حالت۔ کیفیت۔
رنگ ڈھنگ ملنا : [ا۔ محاورہ] انداز، وضع کا مشابہ ہونا۔
رنگ رچانا : [ا۔ محاورہ] (۱) شادی رچانا۔ کسی خوشی کی تقریب کا سامان کرنا۔ (۲) رنگین بنانا۔
رنگ رچنا : [ا۔ محاورہ] رنگ کا بخوبی اثر کر جانا
رنگ رز : [ف۔ صف] کپڑا رنگنے والا
رنگ رس : [ا۔ امذ] خوشی، خرمی، عیش
رنگ رسیا : [ہ۔ صف] رنگیلا، عیاش
رنگ رلیاں : [ا۔ امث] ہنسی، چہل، عیش، نشاط، لطف، مزا
رنگ رنگ سے : [ا۔ متعلق فعل] وضع وضع سے طرح طرح سے۔
رنگ رنگ کا : [ا۔ صف] مختلف رنگ کا۔ مختلف وضع کا۔
رنگ رنگنا : [ا۔ محاورہ] کوئی رنگ چڑھانا (۲) کسی رنگ میں کپڑا رنگین کرنا
رنگ رنگیلا : [ا۔ صف] رنگین (۲) نالائق (۳) عیاش
رنگ روپ / روغن : [ا۔ امذ] چمک دمک۔ آب و تاب (۲) چہرہ مہرہ، شبیہ، خد و خال
رنگ روپ دیکھ کر نہ بھولیے : [ا۔ مثل] ظاہری صورت پر نہیں جانا چاہئے۔
رنگ روپ نکالنا : [ا۔ محاورہ] بہار پر آنا۔ چمک دمک پر پہنچنا۔
رنگ روپ نکلنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "رنگ روپ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
رنگ ریز : [ا۔ صف] دیکھئے "رنگ رز" جس کا یہ بگاڑ ہے
رنگ ریز ہوتے تو اپنی ڈاڑھی رنگتے : [ا۔ مثل] اگر کسی بات کے قابل ہوتے تو ترقی کرتے
رنگ ریزی : [ا۔ امث] دیکھئے "رنگ ریز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
رنگ زرد ہونا : [ا۔ محاورہ] رنگ سفید ہونا۔ رنگ فق ہونا۔ بیماری، خوف یا شرم سے رنگ پیلا پڑ جانا۔
رنگ ساز : [ف۔ صف] (۱) رنگ یا وارنش کرنے والا (۲) مصور (۳) رنگ بنانے والا۔ کیمیا گر۔
رنگ سرخ و سفید ہونا : [ا۔ محاورہ] چہرے کا رنگ گلاب کی طرح سرخ اور سفیدی مائل ہونا۔

رنگ سرخ ہونا: (ا ر محاورہ) غصے یا خوشی کی وجہ سے چہرے پر سرخی آجانا۔
رنگ سفید پڑنا: (ا ر محاورہ) فکر، خوف یا صدمے کی وجہ سے چہرے کی سرخی جاتی رہنا
رنگ سفید کرنا: (ا ر محاورہ) رنگ کاٹ دینا
رنگ سفید ہونا: (ا ر محاورہ) دیکھیے "رنگ سفید پڑنا"
رنگ شکستہ: (ا ر امذ) اڑا ہوا رنگ۔ بے رونقی
رنگ شوخ ہونا: (ا ر محاورہ) رنگ گہرا اور چمکیلا ہونا۔
رنگ فق ہونا: (ا ر محاورہ) کسی صدمے، خوف یا حیرت کی وجہ سے چہرے کا رنگ اڑ جانا
رنگ کا: (ا ر صف) طرح کا۔ ڈھب کا۔
رنگ کاٹنا: (ا ر محاورہ) (۱) رنگ دور کرنا کسی دوا سے رنگ اڑا دینا (۲) حریف کے رنگ کی نرد کو مارنا (۳) تاش میں مخالف کی بازی کو مار دینا (۴) کسی کے چھے ہوئے اختیار کر کاٹ دینا۔
رنگ کٹنا: (ا ر محاورہ) (۱) دیکھیے "رنگ کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) شرم یا خجالت سے رنگ متغیر ہونا۔
رنگ کچا ہونا: (ا ر محاورہ) رنگ کا پکا نہ ہونا یا ناپائیدار ہونا
رنگ کرنا: (ا ر محاورہ) (۱) رنگنا (۲) خوشی منانا۔ رنگ رلیاں منانا
رنگ کندن ہو جانا: (ا ر محاورہ) رنگ سنہرا (سونے کی طرح کا) ہو جانا۔
رنگ کھلنا: (ا ر محاورہ) (۱) رنگ کا نکھرنا (۲) چہرے یا کسی چیز پر رنگ کا زیب دینا
رنگ کھیلنا: (ا ر محاورہ) ایک دوسرے پر رنگ ڈالنا۔ ہولی میں گلال اڑانا
رنگ لانا: (ا ر محاورہ) (۱) رنگ پکڑنا۔ اچھا دکھائی دینا (۲) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا (۳) شورش برپا کرنا۔ فساد کرنا۔ فتنہ اٹھانا (۴) مکر پھیلانا۔ فریب کرنا (۵) خبث باطن ظاہر کرنا (۶) اثر دکھانا۔ تماشا دکھانا (۷) بدی کرنا۔ برائی کرنا (۸) کوئی اعلیٰ کام کرنا (۹) تغیر حالات کرنا (۱۰) کوئی نیا طریقہ نکالنا (۱۱) چہرے کا رنگ سرخ ہو جانا (۱۲) بہار دینا۔ مزا چکھانا (۱۳) نئی نئی باتیں ظاہر کرنا (۱۴) گل کھلانا (۱۵) اپنی اصلیت پر آنا (۱۶) دق کرنا۔ ستانا (۱۷) ناز کرنا (۱۸) خوشنمائی ظاہر کرنا (۱۹) نیا روپ دکھانا (۲۰) چوسر میں رنگ کی نردوں کا پہلے گھر میں آکر اتر جانا۔
رنگ لگانا: (ا ر محاورہ) (۱) رنگ بھرنا (۲) جھگڑا کرنا۔ لڑانا
رنگ لینا: (ا ر محاورہ) (۱) رنگنا (۲) اپنی طرح بنا لینا
رنگ مارنا: (ا ر محاورہ) حریف کے رنگ کی نرد مارنا۔ بازی جیتنا
رنگ ماند پڑنا / ہونا: (ا ر محاورہ) رنگ پھیکا ہونا
رنگ مٹانا: (ا ر محاورہ) روپ کھونا۔ ڈھب یا حسن / اثر یا وقعت کا کھو دینا۔
رنگ مٹنا: (ا ر محاورہ) دیکھیے "رنگ مٹانا" جس کا یہ لازم ہے
رنگ مٹی ہونا: (ا ر محاورہ) بے رونق ہونا۔ آب و تاب نہ رہنا
رنگ محل: (عف امذ) (۱) وہ مکان جہاں بادشاہ اور امیر عیش مناتے ہیں عشرت کدہ۔ عیش منزل (۲) سجا ہوا مکان (۳) آج کل کے کلب
رنگ ملنا: (ا ر محاورہ) رنگت ایک جیسی ہونا۔ طرز یا وضع ملنا۔ میل کھانا طرز ایک جیسی ہونا۔
رنگ میں: (ا ر محاورہ) صورت میں۔ حالت میں
رنگ میں بھنگ: (ا ر متعلق فعل) خوشی میں رنج۔ مزے میں بے لطفی۔
(افعال: ڈالنا۔ پڑنا۔ ہونا)
رنگ میں ڈوبنا: (ا ر محاورہ) (۱) کسی طرز پر ہونا (۲) شرابور ہونا (۳) عیش و نشاط میں مشغول ہونا۔

رنگ میں رنگنا: (ا ر محاورہ) اپنی طرز پر لے آنا۔ اپنی طرح بنا لینا۔
رنگ نکالنا: (ا ر محاورہ) (۱) خوشنما ہو جانا۔ خوبصورت ہو جانا (۲) طرز نکالنا (۳) کسی چیز سے رنگ حاصل کرنا (۴) صورت اختیار کرنا
رنگ نکلنا: (ا ر محاورہ) نکھرنا۔ خوبصورت ہونا۔ کسی چیز میں رنگ جھلکنا۔
رنگ نکھرنا: (ا ر محاورہ) رنگ صاف ہونا۔ چہرہ سرخ و سفید ہونا۔ خوبصورت ہونا
رنگ نہ جمنے دینا: (ا ر محاورہ) رسائی یا رسوخ نہ ہونے دینا
رنگ و بو: (ف امث) رونق۔ شان و شوکت
رنگ و روغن: (ف امذ) (۱) چمک دمک (۲) خوبصورتی۔ حسن (۳) رنگینی کسی چیز کی۔
رنگ ہونا: (ا ر محاورہ) (۱) کسی چیز پر رنگ چڑھنا (۲) طرز ہونا۔ وضع ہونا انداز ہونا (۳) اثر ہونا۔ ویسی ہی حالت ہونا۔
رنگ ہے: (ا ر کلمہ تحسین) تعریف کے لیے بولتے ہیں۔ واہ واہ کیا کہنا۔
رِنگ: (انگ امذ) (ring) (۱) حلقہ۔ دائرہ۔ کنڈلی۔ چکر (۲) انگوٹھی یا چھلا (۳) بجانا
رِنگ لیڈر: (انگ امذ) (ring leader) سرغنہ۔ سرگروہ امیر جماعت۔ باغیوں کا سرغنہ
رِنگ ماسٹر: (انگ امذ) (ringmaster) (۱) سرکس میں جانوروں اور درندوں سے کرتب کرانے والا ماہر (۲) اکھاڑے کا استاد۔
رنگا: (ا ر صف ق) رنگ ساز
رنگا رنگ: (ف صف) رنگ برنگ کا۔ طرح طرح کے رنگوں کا۔ مختلف رنگوں کا
رنگا ہوا: (ا ر صف مفعولی) (۱) رنگین (۲) عارف کامل (۳) باخبر (۴) ذاکر۔ شاغل
رنگا ہوا سیار: (ا ر صف) وہ شخص جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن خراب ہو
رنگانا: (ا ر مص) دیکھیے "رنگنا" جس کا یہ متعدی ہے
رنگائی / رنگوائی: (ا ر اسم معاوضہ) رنگنے یا رنگوانے کی اجرت
رنگت: (ا ر امث) چہرے کا رنگ روپ۔ حالت و کیفیت۔ کپڑے کا رنگ
رنگت آنا: (ا ر محاورہ) رنگ چڑھنا۔ رنگ پکڑنا
رنگت اتارنا: (ا ر محاورہ) شکل صورت کی نقل کرنا
رنگت اڑ جانا: (ا ر محاورہ) دیکھیے "رنگ اڑ جانا"
رنگت بدلنا: (ا ر محاورہ) دیکھیے "رنگ بدلنا"
رنگت بیٹھنا: (ا ر محاورہ) رنگ کا سرایت / اثر کرنا
رنگت پھوٹ نکلنا: (ا ر محاورہ) رنگ پھوٹ نکلنا
رنگت ٹپکنا: (ا ر محاورہ) کوئی خاص حالت ظاہر ہونا۔ چمکدار / پر رونق ظاہر ہونا
رنگت چھوٹنا: (ا ر محاورہ) رنگ اڑنا
رنگت سفید ہونا: (ا ر محاورہ) دیکھیے "رنگ سفید ہونا"
رنگت شوخ ہونا: (ا ر محاورہ) رنگ شوخ ہونا
رنگت غیر ہونا: (ا ر محاورہ) چہرے کا رنگ بدل جانا۔ شرم یا ندامت سے
رنگت کھلنا: (ا ر محاورہ) دیکھیے "رنگ کھلنا"
رنگت لانا: (ا ر محاورہ) رنگ ظاہر کرنا۔
رنگت نکالنا: (ا ر محاورہ) دیکھیے "رنگت نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے
رنگت نکلنا: (ا ر محاورہ) چہرہ سرخ ہونا۔ چہرے کا رنگ نمایاں ہونا۔

رنگترہ: [ف امذ] ایک ترش دار پھل جو زعفرانی رنگت کا ہوتا ہے۔ سنگترہ۔ نارنج بڑی نارنگی

رنگروٹ: [ا ر امذ] انگریزی recruit کا بگاڑ۔ نیا بھرتی کیا ہوا سپاہی نوآموز مبتدی

رنگن: [ا ر امذ] سبز پتوں کا عرق

رنگنا: [ا ر مص] (۱) رنگ چڑھنا۔ رنگین بنانا (۲) بنانا۔ مبالغہ کرنا (۳) کنایۃً عارت بنانا۔ اپنا سا بنانا۔ ہم رنگ کرنا

رنگوانا: [ا ر مص] دیکھئے "رنگنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے

رنگوتیا: [ا ر امذ] رنگ ساز۔ رنگ ریز

رنگیلا: [ا ر صف] (۱) رنگ دار (۲) بانکا چھبیلا (۳) خوش مزاج۔ خوش طبع (۴) عیاش (۵) رنڈیوں کی اصطلاح میں معشوق (۶) پان کا بیڑا۔ گلوری

رنگیلی: [ا ر صف مونث] دیکھئے "رنگیلا" جس کی یہ تانیث ہے

رنگین: [ف صف] (۱) رنگدار (۲) رنگیلا (۳) زندہ دل۔ خوش طبع (۴) دل پسند خوش کن (۵) گوناگوں۔ رنگ برنگ (۶) مرصع (۷) آراستہ۔ مرقع

رنگین ادا: [ف صف] طرح دار حسین

رنگین زبان / سخن: [ف صف] (۱) خوش بیان (۲) خوش ادا (۳) شوخ زبان

رنگین زبانی / سخنی: [ف امذ] دیکھئے "رنگین زبان / سخن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

رنگین کمان: [ف امث] قوس قزح۔ دھنک

رنگین مزاج: [ف صف] (۱) خوش طبع۔ زندہ دل۔ ہنس مکھ (۲) عیاش

رنگین مزاجی: [ف امث] دیکھئے "رنگین مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رنگینی: [ف امث] رنگین ہونا۔ کلام میں شوخی ہونا

رنگینی سخن: [ف امث] کلام کی خوبصورتی۔ خوش بیانی

رنگینیت: [ف امث] رنگینی (غلط العوام ہے)

رنواس: [ہ امذ] (۱) رانی کے رہنے کا محل (۲) زنان خانہ

ر۔و

رَو: (ف لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر رفتن سے صیغہ امر ہے جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بناتا ہے اور چلنے والے کے معنی دیتا ہے جیسے تیز رو راہ رو۔

رَو: [ہ امث] (۱) دھارا۔ پانی کا بہاؤ۔ قطار۔ سلسلہ۔ سیلاب (۲) لہر۔ کرنٹ (۳) جوش۔ ولولہ (۴) غصہ (۵) دُھن خیال (۶) فوج لشکر (۷) بھیڑ مجمع۔ انبوہ

رو: [ف لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر روئیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور اُگنے والے کے معنی دیتا ہے جیسے خود رو

رُو: [ف امذ] (۱) منہ۔ چہرہ (۲) شکل۔ صورت (۳) تختہ۔ بساط (۴) آگا۔ سامنے کا حصہ۔ ابرو (۵) سبب۔ وجہ (۶) رعایت۔ لحاظ (۷) امید۔ تمنا۔ آرزو (۸) حیلہ بہانہ

رُوبراہ: [ف صف] (۱) اصلاح کیا ہوا۔ درست (۲) آمادہ۔ تیار

رُوبرو: [ف صف] آمنے سامنے مقابل (افعال: آنا۔ کرنا۔ لانا۔ ہونا)

رُوبصحت: [ف صف] صحت کی طرف مائل۔ تندرست ہونے والا

رُوبفرار / بہ فرار: [ف صف] دوڑنے والا۔ بھاگنے پر آمادہ (افعال: ملنا۔ ہوجانا۔ ہونا)

رُوبقفا: [ف صف] سر جھکائے ہوئے۔ پیچھے کی طرف منہ موڑے ہوئے

رُوبکار: [ف امذ] تحریر۔ حکم۔ پروانہ۔ وہ خط جو بڑا بردار افسر کو بھیجا جائے (افعال: بھیجنا۔ لکھنا۔ آنا)

رُوبکار ہونا: [ار۔ محاورہ] کام پر آمادہ، تلا ہوا۔ مصروف، کام میں لگا ہوا۔

رُوبکاری: [ف امث] مقدمہ کی پیشی۔ مقدمہ کی کارروائی۔ حاضری

رُوبہ ہوا: [ف صف] ہوا کی طرف۔ ہوا کی سمت

رُوپاک: [ف امذ] رومال۔ منہ صاف کرنے والا

رُوپوش: [ف صف] منہ چھپاتے ہوئے۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ بھاگا ہوا۔ مفرور۔ وہ جو کسی مقدمے کی تفتیش پر غیر حاضر ہوجائے (افعال: ہونا) (۲) ملمع (۳) وہ کپڑا جس کی دونوں اطراف یکساں ہوں

رُوپوشی: [ف امث] دیکھئے "روپوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رُوداد / روئیداد: [ف امث] (۱) ماجرا۔ احوال کیفیت۔ سرگزشت (۲) عدالت کی کارروائی

رُودار: [ف صف] وجیہہ۔ شکیل۔ خوبصورت

رُوداری: [ف امث] (۱) کسی کی موجودگی کی شرم (۲) وجاہت۔ خوبصورتی (۳) لحاظ پاس

رُودررُو: [ف متعلق فعل] منہ پر۔ علانیہ۔ کسی کے روبرو

رُورعایت: [ف امث] پاس۔ لحاظ۔ طرف داری

رُوسفید / سپید: [ف صف] (۱) گورے چہرے والا (۲) معزز۔ بے الزام

رُوسفیدی / سپیدی: [ف امث] دیکھئے "رو سفید / سپید" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

رُوسیاہ: [ف صف] (۱) کالے منہ والا (۲) گنہگار (۳) ذلیل۔ بے عزت۔ کم بخت بدنصیب (۵) نالائق

رُوسیاہی: [ف امث] دیکھئے "روسیاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

رُوشناس: [ف صف] واقف کار۔ جانا پہچانا

رُوشناسی: [ف امث] دیکھئے "روشناس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

رُوکار: [ف امث] (۱) عمارت کا اگلا حصہ۔ سامنے کا حصہ (۲) لکڑی کا خوش نما کام

رُوکش: [ف صف] (۱) مقابل حریف (۲) ثانی۔ ہمسر (۳) شرمندہ کرنے والا

رُوکشی: [ف امث] دیکھئے "روکش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رُوگردان: [ف صف] (۱) بد دماغ (۲) منہ پھیرنے والا۔ ناراض۔ ناخوش (۳)

رُوگرداں کرنا: [ار محاورہ] رُخ پلٹنا۔ نیچے کا رُخ اُوپر کردینا۔ پلٹ دینا

رُوگردانی: [ف امث] انحراف۔ بغاوت۔ نافرمانی (افعال: کرنا۔ ہونا)

رُومال: [ف امذ] (۱) منہ پونچھنے کا کپڑا۔ دست مال۔ دست پاک (۲) وہ انگوچھا یا چوکونی کپڑا جو بکرے اوڑھا جاتا ہے (۳) تلوار کا پھل

رُومال آدھا خادم / خدمت گار ہے: [ار مقولہ] بہت کام دیتا ہے

رُومال اوڑھنا: [ار محاورہ] شال رومال سر یا کاندھے پر ڈال لینا۔

رُومال بھگونا / تر کرنا: [ار محاورہ] بہت رونا

رُومال پہ رومال بھگونا: [ار محاورہ] بہت زیادہ۔ مسلسل / لگاتار رونا

رُومال تر ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "رومال تر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

رُومال جھلنا : [ا مر محاورہ] مکھیاں اڑانے کے لئے رُومال ہلانا
رُومال رکھنا : [ا مر محاورہ] ایام حیض میں عورتوں کا گدی کا استعمال کرنا۔
رُومال سے رومال بدل جانا : [ا مر محاورہ] عورتیں اوڑھنی یا رومال بدل کر بہنیں بن جاتی ہیں کنایۃً گہری دوستی ہونا
رُومال ہونا : [ا مر محاورہ] خلعت میں رُومال ملنا
رُومالی : [ا مر امث] اوڑھنی، لڑکیوں کے اوڑھنے کا چھوٹا دوپٹا (۲) میانی کا کپڑا (۳) وہ تین گوشوں کا کپڑا جو پہلوان ورزش کرتے وقت باندھتے یا پہنتے ہیں۔ (۴) گلوبند (۵) وہ کپڑا جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں (۶) ایک قسم کا کبوتر (۷) ایک قسم کی ورزش جو مگدر سے کی جاتی ہے۔
رُومالی سوّیاں : [ا مر امث] بہت باریک قسم کی سوّیاں
رُونما : [ف صف] چہرہ دکھانے والا۔ منہ دکھانے والا۔ ظاہر ہونے والا [افعال: ہونا]
رُونمائی : [ف امث] (۱) دیکھئے "رُونما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) وہ نقدی جو دلہن کو منہ دیکھنے کے وقت دی جاتی ہے۔ منہ دکھائی۔ رُونمانہ [افعال: دینا۔ لینا]
رو بیٹھنا : [ا مر محاورہ] (۱) نا امید ہونا (۲) ضائع کر دینا۔ کھو دینا (۳) صبر کرنا۔ ہاتھ دھونا
رو پڑنا : [ا مر محاورہ] رونے لگنا
رو پیٹ کر بیٹھ جانا / رہنا : [ا مر محاورہ] صبر کر لینا
رو دینا : [ا مر محاورہ] عاجز آنا۔ ہمت ہار جانا۔ اپنی باری پر بگڑنا۔ برداشت نہ کرنا۔
رو ڈالنا : [ا مر محاورہ] آنسو بہا دینا۔
رو رو کے : [ا مر متعلق فعل] مشکل سے
رو رو کے کاٹنا : [ا مر محاورہ] مصیبت سے گزارنا
رو کے دل خالی کرنا : [ا مر محاورہ] رو کر دل کی بھڑاس نکالنا
رو کے اٹھنا : [ا مر محاورہ] نہایت رنج رہا۔ اس میں رو دینا اور اٹھ کھڑا ہونا
رَوا : [ہ امذ] (۱) سوجی (۲) بارود کا ذرہ (۳) ریت کا دانہ (۴) سونے چاندی کا ذرہ (۵) جھابجن کا پتھر (۶) گھی، مصری کا دانہ
رَوادار : [ہ ف صف] دانہ دار۔ خستہ (ترکیب غلط ہے)
رَوا : [ف صف] (۱) جائز۔ مباح۔ درست (۲) مروج۔ جاری (۳) نافذ کرنے والا۔ چلانے والا
رَوادار : [ف صف] (۱) کسی فعل کو مباح اور جائز رکھنے والا۔ گوارا کرنے والا (۲) غیر متعصب
رَوادار نہ ہونا : [ا مر محاورہ] ساتھی نہ ہونا۔ طرفدار نہ ہونا۔ تعلق نہ رکھنا۔ خواہاں نہ ہونا۔
رَواداری : [ف امث] (۱) کسی فعل کا رعایت سے جائز رکھنا (۲) بے تعصبی۔ تحمل
رَوا رکھنا : [ا مر محاورہ] جائز سمجھنا۔ ماننا۔ مناسب جاننا۔ قبول کرنا۔
رَوا ہونا : [ا مر محاورہ] کام چلنا۔ کام درست ہونا
رَوابط : [ع امذ] دیکھئے "رابطہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) محبت۔ ربط
رُواۃ : [ع امذ] دیکھئے "راوی" جس کی یہ جمع ہے۔
رَواتب : [ع امذ] دیکھئے "راتب" جس کی یہ جمع ہے۔
رَواٹا : [ہ امذ] روٹی (کروڑوں اور سوا) ایک اناج سے بنی ہوئی،
رَواج / رِواج : [ف امذ] رسم دستور معمول [افعال: پانا۔ پڑنا۔ پکڑنا]
رَواجی : [ف صف] (۱) رسمی۔ معمولی (۲) رائج
رَواجل : [ع امذ] دیکھئے "راحلہ" جس کی یہ جمع ہے
رَوارہ : [ہ امذ] چادر یا کپڑا جو بستر کے اوپر ڈالا جاتا ہے۔
رَوارَٹ : [ہ امث] سر پیٹنا۔ دھرنا۔ نوحہ وشیون۔ چیخ۔ پکار
رَوا رَوی : [ف امث] بھاگ دوڑ۔ عجلت۔ سرسری پن [افعال: ہونا]

رَوازِن : [ف امذ] "روزن" کی جمع (یہ جمع بقاعدہ عربی غلط ہے)
رَواس / رَوانس : [ہ امث] ایک قسم کی پھلی۔ جو پکا کر بھی کھاتے ہیں۔
رُواس : [ہ امث] رونے پر آمادگی
رُواسا / رُوانسا : [ہ صف] رونے پر آمادہ۔ ناراض۔ رنجیدہ [افعال: ہونا]
رَوافض : [ع امذ] "رافضی" کی جمع
رِواق : [ع امذ] (۱) خیمہ یا شامیانہ جو ایک ستون پر کھڑا ہو (۲) پردہ جو مکان یا خیمہ کے آگے سائبان کی طرح لگایا گیا ہو (۳) جلوخانہ۔ دیوان۔ ڈیوڑھی جو مکان کے آگے بنی ہوئی ہو (۴) محل۔ قصر جو ستونوں پر ٹھہرا ہو۔
رِواقی : [ع صف] فلسفۂ افلاطون کا پیرو
رِواقیت : [ع امث] حکمت افلاطون۔ فلسفۂ افلاطون چونکہ وہ دالان یا رواق میں بیٹھ کر تعلیم دیتا تھا اس لئے یہ نام پڑا۔
رَوال : [ہ امذ] (۱) اناج وغیرہ کا دانہ۔ ذرہ (۲) سونے چاندی کا ذرہ
رَوال : [ہ صف] روے دار۔ دانے دار
رُوآں : [ہ امذ] (۱) چھوٹے چھوٹے بال جو انسانوں کے بدن پر ہوتے ہیں (۲) پرندوں کے بچوں کے وہ بال جو پیدا ہوتے وقت ہوتے ہیں (۳) پھل یا پھولوں پر کے چھوٹے بال (۴) چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشمینے پر ہوتے ہیں (۵) کائی
رُوآں بدلنا : [ا مر محاورہ] پرندے کا بال چھوڑ کر پر نکالنا
رُوآں رُوآں : [ف امذ] ہر ایک رونگٹا۔ بدن انسانی کا ایک ایک بال
رُوآں رُوآں دعا دیتا ہے۔ [ا مر محاورہ] (جب) کوئی نیکی کرے تو کہتے ہیں
رُوآں رُوآں کانپنا : [ا مر محاورہ] جسم کا ڈر سے سخت کانپنا۔
رُواں کھڑا ہونا : [ا مر محاورہ] رونگٹا کھڑا ہونا۔ بے حد غصہ کی حالت میں ہونا
رُواں میلا ہونا : [ا مر محاورہ] رنج و ملال ہونا۔ صدمہ ہونا۔
رُواں نہ دھواں بیوی مارے جواں : [ا مر مثل] سارا دن کوئی کام نہیں کھانا
رَوان : [ف امذ] جان، روح۔ نفس ناطقہ
رَواں : [ف اسم حالیہ] (۱) بہتا ہوا۔ جاری۔ گزرنے والا۔ چلنے والا (۲) تیز۔ مشق۔ منجھا ہوا
رَواں پڑھنا : [ا مر محاورہ] بغیر رکے اٹکے پڑھنا۔ بغیر معانی پڑھنا۔
رَواں دَواں : [ف صف] (۱) دوڑتا۔ خراب خستہ (۲) سلیس، صاف۔ منجھا ہوا
رَواں دَواں پھرنا : [ا مر محاورہ] مارا مارا پھرنا۔ آوارہ پھرنا
رَواں کرنا : [ا مر محاورہ] (۱) جاری کرنا (۲) صاف کرنا۔ مشق کرنا (۳) تیز کرنا (۴) چلانا۔ پھیرنا۔ گردن پر چھری پھیرنا
رَواں ہونا : [ا مر محاورہ] دیکھئے "رواں کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
رُوانسا / رُوانکھا : [ا مر صف] رونے پر آمادہ۔ رونے کو تیار
رَوانگی : [ف امث] بھیجنا۔ روانہ ہونا۔ ارسال۔ چالان
رَوانہ : [ف صف] جانے والا
رَوانہ کرنا : [ا مر مرکب] بھیجنا۔ رخصت کرنا۔
رَوانہ ہونا : [ا مر محاورہ] (۱) دیکھئے "روانہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) مرنا۔ انتقال کرنا
رَوانی : [ف امث] بہاؤ۔ تیزی۔ صفائی۔
رَوائی : [ف امث] رواج۔ رونق۔ حاجت پوری ہونا۔
رِوایات : [ف امث] دیکھئے "روایت" جس کی یہ جمع ہے
رِوایت : [ع امث] (۱) دوسرے کے الفاظ بیان کرنا (۲) دوسرے

کی بات کی نقل (۳) سرگزشت (۴) حدیث (۵) بیان۔ ذکر (۶) قصّہ۔ کہانی۔ تاریخ (۷) تحریری فتویٰ [افعال: کرنا۔ ہونا]

رُوب: [ف فاعل] روبیدن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور جھاڑنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خاکروب

روباہ: [ف صف] لومڑی۔ کنایتہً بزدل آدمی۔ مکار آدمی

روباہ بازی: [ف امث] مکاری۔ فریب۔ دغا بازی۔ بزدلی (افعال: کرنا۔ ہونا)

روباہ جاننا: [ا رمحاورہ] وقعت نہ سمجھنا

روباہی: [ف امذ] دیکھیے "روباہ بازی"

روبرائی: [ا امث ق] ایک قسم کی اوڑھنی

رُوبل: [ا روسی امذ] روس کے ایک سکّہ کا نام

روبوٹ: [ا انگ امذ] (ROBOT) کل کا آدمی۔ مصنوعی آدمی

رُوپ: [ھ امذ] صورت شکل (۲) بھیس۔ وضع۔ ڈھنگ (۳) حسن۔ آب و تاب (۴) رونق (۴) جود۔ جمال (۵) پسندیدہ اور مرغوب شخص (۶) روپا بمعنی چاندی کا مخفف (۷) ایک بات سے دوسری بات کی طرف پلٹا کھانا (۸) طرز (۹) حد۔ حصہ (۱۰) قِسم۔ طرح

رُوپ بدلنا: [ا رمحاورہ] بھیس بدلنا صورت بدلنا

رُوپ بگاڑنا: [ا رمحاورہ] صورت خراب کرنا۔ بے رونق کرنا

رُوپ بھرنا / بنانا: [ا رمحاورہ] جوبن سنوارنا حسین بنانا۔ صورت بدلنا۔ بھیس بدلنا

رُوپ پانا: [ا رمحاورہ] صورت نظر آنا۔ مشاہدہ میں آنا۔ وضع و صورت کا

رُوپ پر ہونا: [ا رمحاورہ] رونق پر ہونا

رُوپ چھانا: [ا رمحاورہ] حسن پر ہونا۔ آب و تاب ہونا۔

رُوپ دَرشن: [ھ امذ] چاندی کی کسی چیز پر نظارہ (۲) چاندی کا نذرانہ

رُوپ دکھانا: [ا رمحاورہ] صورت دکھانا

رُوپ رَس: [ھ امذ] جمال و دلکشی

رُوپ رکھنا: [ا رمحاورہ] آب و تاب رکھنا

رُوپ روئے کرم کھائے / رُوپ روئیں بھاگ کھائیں: [ا رمثل] بدنصیب حسین مصیبت میں مبتلا ہیں خوش قسمت بدصورت عیش کرتے ہیں۔

رُوپ لانا: [ا رمحاورہ] مختلف وضع میں ظاہر ہونا

رُوپ نکالنا: [ا رمحاورہ] نکھرنا۔ چمکنا۔ آب و تاب ظاہر کرنا۔

رُوپ نکلنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "روپ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

رُوپ وان / وَنت: [ہ صف] حسین۔ خوب صورت۔

رُوپ وَنتی: [ہ صف] دیکھیے "روپ وان / ونت" جس کی یہ تانیث ہے

رُوپا: [ہ امذ] (۱) چاندی (۲) چھچھوندر

رُوپک: [ہ امث] ایک تال کا نام

رُوپلی: [ا امث] دیکھیے "روپیہ" جس کی یہ تصغیر ہے

رُوپنا: [ہ امث] منگنی نسبت

رُوپہلا: [صف امذ] چاندی کے رنگ کا

رُوپہلی: [ہ صف امث] دیکھیے "روپہلا" جس کی یہ تانیث ہے

رُوپے کو روپیہ نہ سمجھنا: [ا ر محاورہ] روپے کی قدر نہ کرنا روپے کی حقیقت نہ جاننا

رُوپے کے چار آنے: [ا ر بول چال] کسی خرید و فروخت کے معاملہ میں ایسا گھاٹا ہونا کہ اصل رقم کا چوتھا حصہ رہ جائے۔

رُوپے گاڑنا: [ا رمحاورہ] روپے جمع کرنا۔

روپے والا: [ا رصف] دولت مند۔ مال دار

رُوپیہ / رُوپیا: [ا رامذ] (۱) پاکستان اور بھارت کا ایک سکّہ جو پہلے سولہ آنے کا اور اب سَو پیسے کا ہوتا ہے (۲) مجازاً دولت (۳) ایک تولہ وزن

رُوپیہ آنا: [ا رمحاورہ] آمدنی ہونا

رُوپیہ اُتار دینا: [ا رمحاورہ] (۱) (پر کے ساتھ) روپیہ کسی کے ذمہ کر دینا (۲) قرض ادا کرنا

رُوپیہ اُٹھانا: [ا رمحاورہ] دولت خرچ کرنا

رُوپیہ اُٹھنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "روپیہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے

رُوپیہ اُڑانا: [ا رمحاورہ] دولت ضائع کرنا۔ اسراف کرنا

رُوپیہ اُڑنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "روپیہ اڑانا" جس کا یہ لازم ہے

رُوپیہ بھُنانا / بھنوانا / تُڑوانا / خُردہ کرنا: [ا رمحاورہ] روپے کو ریزگاری سے بدلنا

رُوپیہ بھُننا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "روپیہ بھنانا" جس کا یہ لازم ہے

رُوپیہ پڑنا: [ا رمحاورہ] روپیہ دیا جانا

رُوپیہ پرکھن ایک بار، آدمی پرکھن بار بار: [ا رمثل] روپے کو ایک بار مگر آدمی کو بار بار آزمانا ضروری ہے

رُوپیہ پیسا: [ا ر امذ] دھن۔ دولت۔

رُوپیہ (پیسا) ہاتھ کا مَیل ہے: [ا رمثل] روپیہ یا دولت قابلِ قدر چیز نہیں۔

رُوپیہ ٹوٹا اور بھیلی پھوٹی پھر نہیں رہتی: [ا رمثل] روپیہ بھنانے کے بعد ختم ہو جاتا ہے اور گڑ کا ڈلا توڑنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔

رُوپیہ ٹھیکری کرنا: [ا رمحاورہ] روپے کی قدر نہ کرنا۔ بے دریغ روپیہ خرچ کرنا

رُوپیہ جوڑنا: [ا رمحاورہ] دولت جمع کرنا۔

روپیہ دیکھا تو ہنس دیا، لہو دیکھا تو رو دیا: [ا رمثل] لالچی آدمی دولت دیکھ کر خوش ہوتا ہے

رُوپیہ کو روپیہ کماتا ہے: [ا رمثل] دولت خرچ کرنے ہی سے نفع حاصل ہوتا ہے

رُوپیہ مار لینا: [ا رمحاورہ] روپیہ نہ دینا یا کسی کی رقم دبا لینا

رُوپیہ نکالنا: [ا رمحاورہ] دی ہوئی رقم وصول کرنا

رُوپیہ نکلنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "روپیہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

رُوپیہ نیک لگنا: [ا رمحاورہ] دولت اچھے کام پر خرچ ہونا

رونا: [ا رصف] روتا ہوا۔ گریاں

روتی پیشانی / صورت: [ا ر امث] کنایتہً وہ شخص جو ہر وقت غمگین اور ملول رہے۔

روتی صورت بنانا: [ا رمحاورہ] ایسی صورت بنانا جس سے معلوم ہو کہ عنقریب رونے والا ہے۔

روتے پھرنا: [ا رمحاورہ] فریاد کرنا۔ کہتے پھرنا۔

روتے روتے آنکھیں لال ہونا: [ا ر روزمرّہ] زیادہ رونے کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہونا

روتے کیوں ہو کہا صورت ہی ایسی ہے: (ا ر-مثل) پیدائشی دکھیا منحوس صورت یعنی شخص کی نسبت کہتے ہیں جو ہر وقت روتی صورت بنائے رہے،

روتے گئے موتے کی خبر لائے: (ا ر-مثل) جس بدشگونی سے گئے ویسی خبر لائے بے دلی سے کام کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

رُوٹ (واو معروف سے): (انگ امذ) (ROUT) راستہ۔ راہ

رُوٹ پرمِٹ: (انگ امذ) کسی خاص راستے پر چلنے کا اجازت نامہ گاڑی بس ٹرک وغیرہ کا

روٹ (واو مجہول سے): (ا ر-امذ) (روٹی کا اسم مکبر) بڑی اور موٹی روٹی۔ موٹی روٹی جو ہاتھی کے لئے پکاتے ہیں۔

روٹ بوٹ: (ا ر امذ) بڑی روٹی اور پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے جن پر پیاز ڈالتے ہیں،

روٹری کلب: (انگ امذ) (ROTAY CLUB) ایک فلاحی انجمن جس کی شاخیں تمام دنیا میں ہیں۔

رُوٹھا: (ا ر-صف) ناراض۔ خفا

رُوٹھا راٹھی: (ا ر-امث) خفگی رنجیدگی، شکر رنجی

رُوٹھنا: (ا ر-مص) (۱) خفا ہونا۔ بگڑنا۔ آزردہ ہونا (۲) چھوٹے کا بڑے سے آزردہ ہونا۔

رُوٹھے بابا ڈاڑھی ہاتھ: (ا ر-مثل) بوڑھا آدمی ناراض ہو تو اپنی ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرتا ہے۔

رُوٹھے پیچھے: (ا ر-متعلق فعل) روٹھنے کے بعد، ناراض ہونے کے بعد

رُوٹھے کو منا لیجئے، پھٹے کو سلا لیجئے: (ا ر-مقولہ) صلح اور آشتی بہت اچھی چیز ہے۔

روٹی: (ا ر-امث) (۱) نان چپاتی۔ پھلکا (۲) اناج۔ رزق (۳) مُردے کے چہلم کا کھانا۔

روٹی اڑ جانا: (ا ر-محاورہ) رزق ناپید ہونا۔ رزق ختم ہونا

روٹی بنانا: (ا ر-محاورہ) روٹی پکانا۔ رسوئی کرنا

روٹی پر بوٹی رکھ کر کھانا: (ا ر-محاورہ) بے تکلف ہونا۔

روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا: (ا ر-محاورہ) اطمینان سے زندگی بسر کرنا۔ فارغ البال ہونا۔

روٹی دال: (ا ر-امث) (۱) نان نفقہ (۲) معمولی غذا (۳) گزارہ۔ خراج

روٹی دال سے خوش: (ا ر-صف) آسودہ حال۔ فارغ البال

روٹی دینا: (ا ر-محاورہ) (۱) برادری کو کسی تقریب پر کھانا کھلانا (۲) کھانا کھلانا۔ پرورش کرنا۔

روٹی ڈالنا: (ا ر-محاورہ) روٹی پکانا

روٹی سے لگنا: (ا ر-محاورہ) کاروبار سے لگنا۔ روزی کا سلسلہ قائم ہونا۔

روٹی کا مارا: (ا ر-صف) بھوکا۔ فاقہ زدہ۔ کنگال

روٹی کپڑا: (ا ر-امذ) نان نفقہ۔ کھانے اور کپڑے کا خرچ (افعال: رہنا۔ لینا)

روٹی کپڑے سے رکی خبر لینا: (ا ر-محاورہ) خوراک اور پوشاک کی خبر گیری کرنا۔

روٹی کپڑے کو ترسنا: (ا ر-محاورہ) نہایت غریب ہونا۔ پریشانی میں بسر کرنا۔

روٹی کرنا: (ا ر-محاورہ) (۱) روٹی پکانا (۲) کسی تقریب میں برادری کو کھانا کھلانا

روٹی کمانا: (ا ر-محاورہ) رزق حاصل کرنا

روٹی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر مُردے کو روتے ہیں بیٹھ کر: (ا ر-مثل) محتاجی کی مصیبت سب سے بڑھ کر۔ بے روزگاری بڑی آفت ہے

روٹی کو رونا: (ا ر-محاورہ) (۱) رزق نہ ملنے کا افسوس ہونا (۲) رزق کی تلاش میں پھرنا۔

روٹی کو روئے اور چولھے پیچھے سوتے: (ا ر-مثل) روٹی کا مارا اسی کی جستجو میں رہتا ہے۔

روٹی کھائیے شکر سے اور دنیا لیجئے مکر سے: (ا ر-مثل) دنیا میں مکار اور چالاک عیش کرتے ہیں۔

روٹی کی خاک جھاڑنا: (ا ر-محاورہ) (۱) خوشامد کرنا۔ خدمت کرنا (۲) عیش سے زندگی بسر کرنا۔

روٹی والا: (ا ر-صف) (۱) روٹی پکانے والا۔ نان بائی (۲) بیچنے والا

روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو: (ا ر-مثل) جس قدر جلد ممکن ہو چلے آؤ۔

روٹیا چاکر، گھسیا گھوڑا، کھائے بہت چلے تھوڑا: (ا ر-مثل) وہ نوکر جسے معاوضہ میں صرف کھانا دیا جائے اور وہ گھوڑا جس کی خوراک صرف گھاس ہو بہت کم کام کرتے ہیں

روٹیاں توڑنا: (ا ر-محاورہ) مفت کی روٹیاں کھانا۔ دوسرے کے سر کھانا

روٹیاں لگنا: (ا ر-محاورہ) (۱) روٹیاں تنور میں پکنا (۲) (کنایۃً) شامت آنا اور بار آنا

رُوٹین: (انگ امث) (routine) (۱) معمولی کام۔ روز کا کام۔ (۲) دستور۔ قاعدہ

روٹیوں پر پڑنا: (ا ر-محاورہ) دوسرے کی روٹیوں پر گزارہ کرنا

روٹیوں کا مارا: (ا ر-صف) دیکھئے "روٹی کا مارا"

رُوج / رُوژ: (انگ امث) وہ سُرخی جو رخساروں پر لگائی جاتی ہے۔ (ROUG)

روج: (ہ-امذ) (۱) بیل گائے (۲) ایک قسم کا کیڑا جو پرندوں کے روئیں میں ہوتا ہے

روجھنا: (ہ-مص) تنگ کرنا ستانا۔ چھیڑنا

روجی / روجیاں: (ہ-امث) وہ کیڑے پرندوں کے پروں میں پیدا ہو جاتے ہیں

رُوح: (ع-امث) (۱) جان، پران۔ آتما۔ امرالٰہی (۲) وہ لطیف بخارات جو دل سے پیدا ہوتے ہیں اور زندگی اور حس و حرکت کا باعث ہیں۔ (۳) ست۔ جوہر۔ عطر۔ خلاصہ (۴) دل۔ نیت۔ اندرونی خواہش

رُوح آنا: (ا ر-محاورہ) جان پڑنا

رُوح اٹکنا: (ا ر-محاورہ) دم اٹکنا

رُوحِ اعظم: (ع-امذ۔ بترکیب فارسی) کنایۃً اللہ تعالیٰ

رُوح افزا: (ع-صف فاعلی) فرحت بخشنے والا۔ تازگی بخشنے والا۔ فرحت بخشنے والا

رُوح الامین: (ع-امذ) حضرت جبرائیل علیہ السلام کا لقب

رُوح القدس: (ع-امذ) (۱) حضرت جبرائیل (۲) روح جو حضرت مریمؑ پر ظاہر ہوئی اور وہ حاملہ ہوئیں

رُوح اللہ: (ع-امذ) (۱) حضرت عیسیٰ کا لقب (۲) حضرت جبرائیل (۳) عیسائیوں کے نزدیک رُوح القدس

رُوح بافتوح: (ع-امث) مبارک رُوح۔ فتح مند رُوح

رُوح بھاگنا: (ا ر-محاورہ) متنفر ہونا

رُوح بھٹکنا: (ا ر-محاورہ) (۱) کسی کے دیکھنے کو دل بہت چاہنا (۲) روح کا بدن سے نکلنے کے بعد منزل مقصود تک نہ پہنچنا

رُوح پُر فتوح: [ع - امث] دیکھئے "رُوح بافتوح"
رُوح پرواز کرنا: [ا ر محاورہ] جان نکلنا
رُوح پرور: [عف صف] دیکھئے "رُوح افزا"
رُوح پڑنا: [ا ر محاورہ] جسم میں جان پڑنا
رُوح پھڑکانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روح پھڑکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
رُوح پھڑکنا: [ا ر محاورہ] رُوح بے تاب (۲) کمال تفریح ہونا۔ خوشی اور مسرت ہونا۔
رُوح پگھل جانا: [ا ر محاورہ] قوت زائل ہوجانا
رُوح پھونکنا: [ا ر محاورہ] جان ڈالنا
رُوح تازہ کرنا: [ا ر محاورہ] خوش کردینا
رُوح تازہ ہونا: [ا ر محاورہ] خوش ہونا
رُوح تحلیل کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روح تحلیل ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
رُوح تحلیل ہونا: [ا ر محاورہ] قوت زائل ہونا
رُوح تڑپنا: [ا ر محاورہ] دل بیقرار ہونا
رُوح تھرانا: [ا ر محاورہ] رعب یا خوف سے جان نکلنا
رُوح جسم (خاکی) سے نکل جانا: [ا ر محاورہ] مرجانا۔ جان نکل جانا۔ ڈر جانا۔ گھبرا جانا
رُوحِ حیات: [ع امث] زندگی کی رُوح جس سے جاندار زندہ رہتا ہے۔
رُوحِ خبیث: [ع امث] شیطان۔ بھوت پریت۔
رُوح خوش ہونا: [ا ر محاورہ] دل کو فرحت ہونا۔ میت کی رُوح کا زندوں کی نذر نیاز سے مسرور ہونا۔
رُوح دار: [عف صف] روح والا۔ ذی رُوح
رُوح دوڑنا: [ا ر محاورہ] خواہش منعکس ہونا۔ طلب گار ہونا
رُوح ڈالنا: [ا ر محاورہ] جان ڈالنا۔ زندہ کرنا
رُوح رخصت ہونا: [ا ر محاورہ] مرجانا
رُوح رَواں: [ع ف امذ] وہ چیز یا شخص جس پر کسی چیز کا دار و مدار ہو زندہ روح۔ اصل چیز
رُوح رواں ہونا: [ا ر محاورہ] رُوح کا چلا جانا۔ مرجانا
رُوح شاد ہونا: [ا ر محاورہ] بہت خوش ہونا۔
رُوح طبعی: [ع امث] (۱) حیوانی روح (۲) طبیعت کا جوش
رُوح فرسا: [ع ف صف] روح کو تباہ کرنے والا۔ خطرناک
رُوح قالب میں بے چین ہونا: [ا ر محاورہ] (۱) دل کو سخت گھبراہٹ ہونا (۲) رُوح گھبرانا
رُوح قبض کرنا: [ا ر محاورہ] حضرت عزرائیل کا جان نکال لینا۔
رُوح قبض ہونا: [ا ر محاورہ] بے حد خوف ہونا۔ ڈر کے مارے جان نکلنا
رُوح کانپنا: [ا ر محاورہ] سخت ڈرنا۔
رُوح کسی کی پیاسی تھی: [ا ر مقولہ، رعو] گھڑا ٹوٹ جائے تو کہتی ہیں۔
رُوح کو راحت ہونا: [ا ر محاورہ] دل خوش ہونا
رُوح کو شاد کرنا: [ا ر محاورہ] کوئی ایسا کام کرنا جس سے مُردے کو فائدہ ہو (۲) کسی کو بہت خوش کرنا۔
رُوح کو گھر سے نکالنا: [ا ر محاورہ] جہلا کا خیال ہے کہ جب تک فاتحہ سوم ادا نہ کی جائیں مُردے کی رُوح گھر سے نہیں نکلتی۔
رُوح کھنچنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روح کھینچنا" جس کا یہ لازم ہے۔
رُوح کھینچنا: [ا ر محاورہ] عطر نکالنا۔ جوہر اڑانا۔ ست نکالنا۔
رُوح گھبرانا: [ا ر محاورہ] سخت پریشانی یا بے چینی ہونا
رُوح لگی رہنا/ہونا: [ا ر محاورہ] (۱) انتظار ہونا (۲) مشتاق ہونا
رُوح للچانا: [ا ر محاورہ] بہت خواہش مند ہونا
رُوح مبارک: [ع امث] برکت والی روح۔ نیک آدمی
رُوح معادن: [ع امث] معدنیات کی رُوح خیال ہے کہ ہر چیز میں رُوح ہوتی ہے۔
رُوح مکرم: [ع امث] حضرت جبرائیلؑ
رُوح ملنا: [ا ر محاورہ] بہت دوستی ہونا۔ دلی محبت ہونا
رُوح نباتی: [ع امث] پودوں/نباتات کی رُوح
رُوح نکالنا: [ا ر محاورہ] (۱) ست نکالنا۔ عطر کھینچنا (۲) مار دینا (۳) مُردے کا چالیسواں کرنا (۴) سخت ڈرانا
رُوح نکلنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روح نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
رُوح ہوا ہونا: [ا ر محاورہ] سخت ڈرنا
رُوح ہونا: [ا ر محاورہ] کسی چیز میں جان ہونا
رُوحانی: [ع صف] (۱) رُوح کے متعلق (۲) وہ جو روح رکھے (۳) فرشتوں یا جنوں کے متعلق (۴) غیر جسمانی (۵) پاک صاف مقدس
رُوحانیت: [ع امذ] روح کی قوت یا خاصیت
رُوحی: [ع صف] روح سے متعلق
رُوحی فداک: [ع کلمہ تحسین] میری روح تجھ پر فدا ہو۔
رُوحنا فداک: [ع۔ کلمہ تحسین] ہماری رُوح تجھ پر فدا ہو
رود: [ف امذ] ندی۔ نالا۔ دریا
رود آورد: [ف امث] ندی وغیرہ کے کنارے پر آگئے ہوئے درختوں کی وہ ٹہنیاں جو دریا یا ندی وغیرہ میں آگئیں۔ یعنی پانی پر جھکی ہوئی ہوں۔
رودبار: [ف امذ] (۱) وہ مقام جہاں بہت سی نہریں جاری ہوں۔ بڑی نہر (۲) وہ راستہ جو ندی نالہ بنائے (۳) چو... نے۔ دریا کا کنارہ۔
رودخانہ: [ف امذ] دریا کا راستہ (۲) دریا
رودخیز: [ف امذ] اٹھتی ہوئی لہر۔ موج۔
رودخیزاں: [ف امذ] نالہ۔ ندی
رودگاں: [ف امث] دیکھئے "رودہ" جس کی یہ جمع ہے
رودہ: [ف امذ] آنت۔ انتڑی
روڈا: [ہ صف] سر منڈا۔ منڈے ہوئے سر والا
روڑا: [ہ امذ] (۱) اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا۔ سنگریزہ (۲) سدِ راہ۔ مزاحم۔ روک (۳) جانوروں کی ایک بیماری جو برسات میں ہوتی ہے (۴) باشندہ
روڑا اٹکانا: [اردو محاورہ] روک پیدا کرنا۔ سدِ راہ۔ رخنہ ڈالنا۔
روڑھ/روڑھا: [ہ صف] (۱) کھردرا۔ کرخت (۲) غصے۔ ناراض (۳) سخت گیر۔ تند (۴) بدتمیز (۵) وہ بچہ جس کے چہرے پر بھولاپن نہ پایا جائے۔ (۶) برتا ہوا مستعمل (۷) گندہ میلا (۸) بے ڈول۔ ان گھڑ۔ اجڈ۔ اکھڑ۔
روڑھاپن: [ہ امذ] دیکھئے "روڑھا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
روڑھا پھوڑھا: [ہ امذ] دیکھئے "روڑھا"

روڑھی ؛ [ہ امث] دیکھیے "روڑھا" جس کی یہ تانیث ہے

روڑھی باتیں ؛ [ہ امث] خشک باتیں۔ کھُردری۔ بدتمیزی کی باتیں۔

روڑی ؛ [ہ امث] (۱) دیکھیے "روڑا" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) پتھروں یا اینٹوں کی چھوٹی چھوٹی کنکریاں جو سڑکوں وغیرہ پھیلانے کے کام آتی ہیں۔ آج کل دیواروں اور لنٹل میں بھی سیمنٹ اور لوہے کے ساتھ شامل کرکے کام لیا جاتا ہے

روز ؛ [ف امذ] (۱) دن۔ نہار (۲) وقت۔ زمانہ۔ (۳) روزینہ متعلق فعل۔ روزانہ فی دن (۴) ہمیشہ۔ ہر روز۔ آئے دن

روز آخر ہونا ؛ [ا رمحاورہ] دن ختم ہونا

روزِ استفتاح ؛ [ع امذ] خوشی کا دن۔ رجب کی ۱۵ تاریخ

روز افزا ؛ [ف امذ] دن کو بڑھانے والا، پارسیوں کے سال کا چوتھا مہینہ

روز افزوں ؛ [ف صف] جو چیز روز بڑھے۔ دن دونا رات چوگنا

روزِ الست ؛ [ف امذ] وہ دن جب خدا اور انسان کے درمیان معاہدہ ہوا تھا

روز امید و بیم ؛ [ف امذ] قیامت۔ روز محشر

روزانہ ؛ [ف متعلق فعل] ہر روز۔ ہمیشہ (۲) روز بروز

روز بازار ؛ [ف امذ] (۱) بازار لگنے کا دن (۲) گرم بازاری۔ رونق

روز بٹنا ؛ [ا رمحاورہ] روزینہ یا مزدوری تقسیم ہونا۔

روز بد ؛ [ف امذ] مصیبت کا دن اور برا زمانہ

روز بد دکھانا / لانا ؛ [ا رمحاورہ] مصیبت میں ڈالنا

روز بد دیکھنا ؛ [ا رمحاورہ] مصیبت میں پڑنا

روز بروز ؛ [ف متعلق فعل] ہر روز۔ بلا ناغہ۔ مسلسل

روزِ پسیں ؛ [ف امذ] عمر کا آخری دن۔ قیامت کا دن

روزِ جزا ؛ [ف امذ] اعمال کے بدلے ملنے کا دن۔ قیامت کا دن

روز حساب / حشر / داد ؛ [ف امذ] قیامت کا دن

روز روز ؛ [ف متعلق فعل] دیکھیے "روز بروز"

روز روشن ؛ [ف امذ] صبح۔ دن

روز سیاہ / سیہ ؛ [ف امذ] دیکھیے "روز بد"

روز سیاہ دکھانا / لانا ؛ [ا رمحاورہ] مصیبت ڈالنا

روز سیاہ دیکھنا ؛ [ا رمحاورہ] مصیبت میں مبتلا ہونا۔

روز شمار ؛ [ف امذ] دیکھیے "روز حشر / داد / حساب"

روز قیام / قیامت ؛ [ف امذ] دیکھیے "روز حساب" وغیرہ

روز کا ؛ [ا رصف] ہر وقت کا۔ ہر دن کا

روز کا قصہ ؛ [ا رامذ] ہر گھڑی کا جھگڑا

روز کے جھگڑے ؛ [ا رامذ] وہ جھگڑے جو ہمیشہ پیدا ہوتے ہوں۔

روز کے صدمے ؛ [ا رامذ] لگاتار مصیبتیں

روز کے نامہ و پیام ؛ [ا رامذ] بہت میل ملاپ

روزگار ؛ [ف امذ] (۱) زمانہ۔ وقت (۲) نوکری۔ پیشہ (۳) کمائی۔ گزارہ۔ (۴) موقع محل (۵) قسمت

روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتے ؛ [ا رمثل] موقع کو غنیمت جاننا چاہیے

روزگار پیشہ ؛ [ف صف] نوکری پیشہ

روزگار جاتا رہنا ؛ [ا رمحاورہ] نوکری سے برطرف ہونا۔

روزگار چمکنا ؛ [ا رمحاورہ] قسمت کا یاور ہونا

روزگار چھوٹنا ؛ [ا رمحاورہ] دیکھیے "روزگار جاتا رہنا"

روزگار سے ہونا ؛ [ا رمحاورہ] ملازم ہونا

روزگار کرنا ؛ [ا رمحاورہ] نوکری کرنا۔ پیشہ یا تجارت کرنا۔ کمائی کرنا۔ کمائی کیلئے محنت مشقت کرنا

روزگار لگنا ؛ [ا رمحاورہ] نوکری ملنا۔ ملازمت ملنا۔ نوکر ہونا۔ ملازم ہونا۔

روزِ محشر ؛ [ف امذ] دیکھیے "روز حساب" وغیرہ

روزمرہ ؛ [ف امذ] (۱) الفاظ یا محاورات جو اہل زبان بولیں (۲) متعلق فعل ہر روز۔ بلا ناغہ

روز مہر ؛ [ف امذ] اتوار

روز میدان ؛ [ف امذ] کارزار۔ جنگ کا دن

روزنامچہ ؛ [ف امذ] (۱) وہ کتاب جس میں ہر روز کا حال لکھا جاتے (۲) وہ بہی جس میں روزانہ کا حساب کتاب درج ہو (۳) وہ کتاب جس میں پٹواری ہر روز کا کام / کارگزاری وغیرہ درج کرتا ہے (۴) پولیس کا رجسٹر جس میں جرائم۔ مقدمات اور پولیس کی دیگر تمام کارروائیاں وقت وار تحریر کی جاتی ہیں (۵) سیاہہ

روزنامچہ نویس ؛ [ف امذ] وہ شخص جو روزنامچہ لکھے۔ دفتروں میں ایک کلرک جو ہر روز کا کام درج کرتا ہے۔ تھانے میں ایک ہیڈ کانسٹیبل یا اسسٹنٹ سب انسپکٹر پولیس

روز ناموس / نام و ننگ / ننگ و نبرد ؛ [ف امذ] (۱) لڑائی کا دن (۲) خوشی اور لطف کا دن

روزنامہ ؛ [ف امذ] (۱) دیکھیے "روزنامچہ" (۲) روزانہ اخبار

روزنامہ نویس ؛ [ف امذ] (۱) اخبارات میں روزانہ مضمون لکھنے والا۔ رپورٹر (۲) حساب کتاب لکھنے والا (۳) سیاہہ نویس (۴) دفتروں یا تھانوں میں روزنامچہ لکھنے والا۔

روزنامہ نویسی ؛ [ف امث] (۱) روزنامہ نویس کا پیشہ (۲) اخبار نویسی

روزِ نجات ؛ [ف امذ] (۱) قیامت کا دن (۲) دشمن سے رہائی پانے کا دن

روزِ نخستین ؛ [ف امذ] مخلوقات کی پیدائش کا دن

روز نئی آفتیں آنا / پڑنا / ہونا ؛ [ا رمحاورہ] ہر روز نئی مصیبت آنا۔

روز و شب ؛ [متعلق فعل] رات دن۔ ہمیشہ۔ ہر وقت

روزہ ؛ [ف امذ] (۱) ایک مذہبی فرض جس میں صبح صادق سے غروب آفتاب تک بالکل کچھ نہیں کھاتے۔ صوم (۲) فاقہ (۳) روزے کا دن (۴) روزوں کا مہینہ۔ رمضان

روزہ اچھلنا ؛ [ا رمحاورہ] روزے میں جھنجھلا کر باتیں کرنا۔

روزہ افطار کرنا ؛ [ا رمحاورہ] روزہ کھلنے کے وقت کوئی چیز کھانا یا پینا

روزہ افطار ہونا ؛ [ا رمحاورہ] دیکھیے "روزہ افطار کرنا" جس کا یہ لازم ہے

روزہ بہلانا ؛ [ا رمحاورہ] روزہ کا وقت کسی مشغلے میں کاٹنا۔

روزہ بہلنا ؛ [ا رمحاورہ] دیکھیے "روزہ بہلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

روزہ تڑوانا ؛ [ا رمحاورہ] دیکھیے "روزہ ٹوٹنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے

روزہ توڑنا ؛ [ا رمحاورہ] دیکھیے "روزہ ٹوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے

روزہ ٹوٹنا ؛ [ا رمحاورہ] کوئی ایسا فعل ہونا جس سے روزہ نہ رہے

روزہ چڑھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روزہ اچھلنا"
روزہ چمکنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روزہ چڑھنا"
روزہ خوار/خور: [ف امذ] روزہ نہ رکھنے والا
روزہ دار: [ف صف] روزہ رکھنے والا جس نے روزہ رکھا ہوا ہو
روزہ رکھنا: [ا ر محاورہ] (۱) مذہبی فرض کے مطابق مقررہ وقت کے اندر کچھ نہ کھانا پینا اور دیگر تمام ممنوعات شرعیہ سے پرہیز کرنا (۲) فاقہ کرنا
روزہ سے ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روزہ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے
روزہ کشائی: [ف امث] (۱) روزہ کھولنا۔ افطاری (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب
روزہ کھانا: [ا ر محاورہ] فرض اور مقررہ روزوں میں سے کوئی نہ رکھنا۔ چھوڑ دینا
روزہ کھل جانا / کھلنا: [ا ر محاورہ] روزہ افطار ہونا
روزہ کھولنا: [ا ر محاورہ] روزہ افطار کرنا
روزی: [ف امث] (۱) رزق۔ خوراک (۲) قسمت۔ مقدر
روزی بگاڑ: [ہ امذ] لگے روزگار، نوکری کو چھوڑنے والا آدمی
روزی گردش میں آنا: [ا ر محاورہ] ملازمت چھوٹ جانا
روزی جاری رکھنا: [ا ر محاورہ] رزق کا سلسلہ قائم رکھنا۔ کھانے کو دینا
روزی دِہ: [ف امذ] (۱) روزی دینے والا (۲) کنایۃً خدا
روزی دینا: [ا ر محاورہ] رزق دینا
روزی رساں: [ف صف] (۱) روزی پہنچانے والا (۲) پروردگار۔ خدا
روزی کا ٹھیکرا: [ا ر امذ] روزی کا ذریعہ
روزی کا مارا در در رُلے پُوت کا مارا بیٹھ کر رُلے، روزی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر مُردے کو بیٹھ کر: [ا ر مثل] بیکاری کی تکلیف عزیز کی موت سے زیادہ ہے
روزی کرنا: [ا ر محاورہ] رزق دینا۔ نصیب کرنا۔
روزی کھلنا: [ا ر محاورہ] رزق کا کوئی ذریعہ بن جانا
روزی کھولنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روزی کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے
روزی کی مار: [ا ر محاورہ] روزی کی تکلیف
روزینہ: [ف امذ] (۱) روزانہ تنخواہ۔ مزدوری جو روزانہ ملے۔ یومیہ (۲) خوراک جو روزانہ دی جائے۔
روزینہ دار: [ف امذ] وظیفہ خوار۔ تنخواہ دار۔ وہ جسے روز کی تنخواہ یا خرچ ملے۔
روزے چھڑانے گئے تھے نماز گلے پڑی: [ا ر مثل] ایک آفت سے بچنے کی کوشش کی دوسری میں پھنسے۔
روزے خور خدا کا چور: [ا ر مثل] جو شخص روزے نہیں رکھتا وہ خدا کا گنہگار ہے
روزے رکھیں نہ نماز پڑھیں سحری بھی نہ کھائیں تو کافر ہو جائیں: [ا ر مقولہ] نفس پروروں کا مقولہ ہے
روستا: [ف امذ] شہر کا گاؤں۔ ترکوں کی جھونپڑیوں کی چھاؤنی۔
روستائی: [ف امذ] گاؤں کا باشندہ۔ دہقان۔ گنوار۔ اجڈ
روستی / روسل / روسلی: [ہ امث] وہ زمین جو اچھی فصل نہ دے (پنجابی میل)
رَوِش: [ف امث] (۱) طور طریقہ۔ تراش خراش۔ ڈھنگ (۲) باغ کی پٹڑی (۳) رسم و رواج۔ قانون۔ قاعدہ۔ چلن۔ رویہ (۴) طرح۔ طرز
رَوِش باندھنا: [ا ر محاورہ] باغ کی پٹڑی درست کرنا / بنانا
رَوِش بندھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روش باندھنا" جس کا یہ لازم ہے
رَوِش بگڑنا: [ا ر محاورہ] انداز خراب ہونا۔ وضع بگڑنا۔
رَوِش پٹڑی سے درست: [ا ر صف] پٹڑیاں باقاعدہ بنی ہوئی ہیں۔
رَوِش نکالنا: [ا ر محاورہ] طریقہ نکالنا۔ ڈھنگ اختیار کرنا۔ باغ کی پٹڑی بنانا۔
رَوِش نکلنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "روش نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
رَوشن: [ف صف] (۱) تاباں۔ منور۔ درخشاں (۲) جلتا ہوا (۳) صاف۔ عیاں۔ واضح۔ ظاہر (۴) جس میں روشنی زیادہ ہو
روشن بصر / بیں: [ف صف] جس کی نظر بہت تیز ہو۔ تیز نظر۔ بصیر
روشن تاب: [ف صف] (۱) بہت چمکنے والا۔ درخشاں (۲) [امذ] سورج
روشن جبیں: [ف صف] حسین۔ خوبصورت
روشن جمال: [ف صف] خوبصورت چہرے والا۔ حسین
روشن چراغ: [ف امذ] ایرانی موسیقی کا ایک سُر یا راگ
روشن چوکی: [ا ر امث] ایک قسم کے باجے والوں کی ٹولی۔ دُولہا کے ساتھ چلنے والے باجے والوں کی جماعت
روشندان: [ف امذ] روزن جس میں سے روشنی، ہوا اور دھواں اندر آئے یا باہر نکلے
روشن دل: [ف صف] عارف۔ عقل مند۔ زود فہم۔ جو دوسروں کے دل کی بات سمجھ جائے۔
روشن دلی: [ف امث] دیکھئے "روشن دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
روشن دماغ: [ف صف] عقل مند عالی دماغ
روشن دماغی: [ف امث] دیکھئے "روشن دماغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
روشن رائے: [ف صف] جس میں سمجھ زیادہ ہو۔
روشن سواد: [ف امذ] خوش نویس
روشن ضمیر: [ف ع صف] دیکھئے "روشن دل"
روشن ضمیری: [ف ع امث] دیکھئے "روشن دلی"
روشن کرنا: [مص مرکب] (۱) جلانا (۲) چمکانا (۳) ظاہر کرنا
روشن گہر: [ف صف] نیک ...
روشن نظر / نگاہ: [ف صف] جو لوگ ... بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے ان کو لقب یہ کلمہ کہا کرتے تھے۔
روشن نہاد: [ف صف] دیکھئے "روشن گہر"
روشن ہو جانا / ہونا: [مص مرکب] دیکھئے "روشن کرنا" جس کا یہ لازم ہے
روشنائی: [ا ر امث ق] روشنی۔ چمک
روشنائی: [ف امث] (۱) دیکھئے "روشنی" (۲) لکھنے کی سیاہی
روشنائی اُٹھانا: [ا ر محاورہ] روشنائی اسیاہی جذب کرنا
روشنک: [ف امث] (۱) ایک دوا (۲) مشعل
روشنی: [ف امث] (۱) نور۔ جوت۔ اجالا (۲) چمک دمک۔ رونق (۳) آبادی (۴) بینائی۔ بصارت (۵) دیا۔ چراغ
روشنی اُداس ہونا: [ا ر محاورہ] چراغ کی روشنی مدھم ہونا / پڑ جانا۔ دھیمی ہونا۔
روشنی پڑنا: [ا ر محاورہ] (۱) چمک پڑنا (۲) کسی چھپی بات کا ظاہر ہو جانا۔
روشنی پھیلنا: [ا ر محاورہ] (۱) اُجالا ہونا (۲) کنایۃً جہالت دُور ہونا۔
روشنی دکھانا: [ا ر محاورہ] (۱) شمع دکھانا (۲) قابلیت دکھانا۔
روشنی دیکھنا: [ا ر محاورہ] چراغاں کی سیر دیکھنا۔ روشنی کا نظارہ دیکھنا۔
روشنی ڈالنا: [ا ر محاورہ] (۱) چمک ڈالنا۔ روشن کرنا (۲) کسی بات کو واضح کرنا۔

رُوشنیٔ طبع : [ف۔ع امث] ذہانت۔ طباعی
رُوشنی ظاہر ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) اُجالا ہونا (۲) دن چڑھنا
رُوشنی گل ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) چراغ بجھ جانا (۲) اندھا ہو جانا
رُوشنی ماند پڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) روشنی کم ہونا (۲) وقعت کم ہونا
رُوشنی ہونا : [ار۔ محاورہ] اُجالا ہونا
رُوضَ / رِیَاض : [ع۔ امذ] دیکھئے "روضہ" جس کی یہ جمع ہے
رُوضہ : [ع۔ امذ] (۱) باغ۔ سبزہ زار (۲) وہ مقبرہ جس پر گنبد بنا ہوا ہو (۳) وہ لکڑی کا صندوق جسے عورتیں لئے پھرتی ہیں اور حضرت بی بی کا روضہ کہتی ہیں۔
روضہ خواں : [عف صف فاعل] کتاب "روضۃ الشہداء" پڑھنے والا۔ مصائب اہل بیت بیان کرنے والا
رُوضہ خوانی : [عف۔ امث] دیکھئے "روضہ خواں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
رُوضۂ رِضواں : [ع۔ امذ بترکیب فارسی] کنایۃً بہشت۔ جنّت
رَوغَن : [ف۔ امذ] (۱) تیل گھی۔ چکنائی (۲) وارنش۔ پالش۔ لُک (۳) چمک دمک
رَوغَن اُڑ جانا : [ار محاورہ] پالش اُتر جانا۔ چمک جاتی رہنا
رَوغَن پانی میں ڈالنا : [ار۔ ٹوٹکا] پانی میں تیل ڈالنا۔ ایک قسم کا ٹوٹکا جو بارش بند کرنے کے لئے کرتے ہیں
رَوغَن پھرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "روغن پھیرنا" جس کا یہ لازم ہے
رَوغَن پھیرنا : [ار۔ محاورہ] پالش کرنا۔ چمکانا
رَوغَنِ تلخ / سیاہ : [ف۔ امذ] سرسوں کا تیل
رَوغَن جوش : [ف۔ امذ] ایک قسم کا قورمہ جو بگھار کر تیار کیا جاتا ہے
روغن چڑھانا : [ار محاورہ] پالش کرنا۔ جلا دینا
رَوغَن دار : [ف۔ صف] روغن چڑھا ہوا۔ مجلّٰی
رَوغَن داغ : [ف۔ امذ] ایک قسم کا کرچھا جس میں گھی وغیرہ داغ کرتے ہیں۔
رَوغَنِ زرد : [ف۔ امذ] گھی۔ گائے کا گھی
رَوغَن فروش : [ف صف فاعل] تیل بیچنے والا۔ تیلی
رَوغَنِ قاز : [ف۔ امذ] ہنس کی چربی جو بہت آبدار اور چکنی ہوتی ہے
رَوغَن قاز ملنا : [ار۔ محاورہ] چکنی چپڑی باتیں کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ للو پتو کرنا
روغن کھچنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "روغن کھینچنا" جس کا یہ لازم ہے
روغن کھینچنا : [ار۔ محاورہ] تیل نکالنا
روغن گر : [ف صف فاعل] تیل نکالنے والا۔ تیلی
روغن گندہ بیروزہ اگرچہ بانان خوردن گندہ است، لیکن ایجاد بندہ است } [ف۔ مثل] جب کوئی شخص اپنی بیہودہ بات پر ناز کرے تو کہتے ہیں
رَوغَنِ نفت : [ف۔ امذ] مٹی کا تیل
رَوغَنی : [ف صف] (۱) وہ روٹی جس کے خمیر میں روغن ملایا گیا ہو۔ چپڑی ہوئی روٹی (۲) پالش کیا ہوا۔ وارنش کیا ہوا (۳) لڑائی کا مرغ
روغنی روٹی : [ار امث] دیکھئے "روغنی معنی (۱)"
روک : [ھ امذ] ترکرہ نقد روپیہ (۲ امث) ممانعت۔ مزاحمت۔ احاطہ بندی اٹک۔ اٹکاؤ

روک تھام : [ار۔ امث] ایسی تدبیر جس سے کوئی معاملہ نہ بڑھے۔ انسداد
روک ٹوک : [ار۔ امث] (۱) ممانعت۔ مزاحمت (۲) پرسش۔ پوچھ (الفعال: کرنا۔ ہونا)
روک دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) منع کر دینا (۲) جانے نہ دینا (۳) راستہ بند کر دینا
روک رکھنا : [ار محاورہ] (۱) ٹھہرا لینا۔ باز رکھنا۔ پکڑ رکھنا (کسی چیز کا دینا یا بیچنا ملتوی رکھنا
روک روک کے / کر : [ار متعلق فعل] ٹھہر ٹھہرا کے۔ احتیاط سے
روک لینا : [ار۔ محاورہ] ٹھہرا لینا۔ جانے نہ دینا
روکڑ : [ہ امث] (۱) روپیہ پیسا نقد۔ دھن دولت (۲) تحویل۔ نقد روپیہ جو کسی کی تحویل میں ہو (۳) وہ قیمتی چیز جو نقد روپیہ کے طور پر استعمال ہو
روکڑ بکری : [ہ۔ امث] وہ فروخت جو نقد ہوئی ہو
روکڑ بہی [ہ۔ امث] وہ کتاب جس میں نقدی کا حساب درج ہو۔
روکڑی / روکڑیا : [ہ۔ صف] خزانچی۔ تحویل دار
روکن / روکھن : [ہ۔ امث] گھاتا۔ اوپر۔ علاوہ۔ رُونگا۔ وہ تھوڑی سی چیز جو خریدار کو بلا قیمت ملتی ہے۔
روکن میں ملنا : [ار۔ محاورہ] مفت میں ہاتھ آنا
روکنا : [ار۔ مص] (۱) باز رکھنا۔ منع کرنا (۲) راستہ بند کرنا (۳) اٹکانا۔ ٹھہرانا (۴) بات کاٹنا۔ ٹوکنا (۵) پردہ کرنا۔ احاطہ کرنا (۶) دیر میں دینا (۷) پھنسانا۔ الجھانا (۸) بچانا۔ حفاظت کرنا (۹) چھیڑنا۔ ہنسی کرنا (۱۰) ساکن کرنا۔ حرکت نہ کرنے دینا (۱۱) نسبت کرنا۔ منگنی کرنا (۱۲) معاملہ قابو سے نہ جانے دینا (۱۳) گھیر لینا (۱۴) پردہ ڈالنا۔ چھپانا (۱۵) حریف کی ضرب کسی چیز پر لینا (۱۶) پکڑنا۔ قبضہ کرنا۔
رُوکھ : [ھ امذ] درخت
رُوکھ چڑھا : [ار۔ امذ] دیکھئے "رُکھ چڑھا"
رُوکھا : [ار صف] (۱) خشک۔ سوکھا (۲) بے لطف۔ بے مزہ (۳) پھیکا۔ بے نمک (۴) اکھڑ۔ ترش رو (۵) بدخلق (۶) بے گھی کا (۷) بغیر سالن کا
رُوکھاپن : [ار۔ امذ] دیکھئے "روکھا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
رُوکھا پھیکا : [ار۔ صف] کنایۃً (۱) آزردہ (۲) بدمزہ
• رُوکھا جواب : [ار۔ امذ] صاف جواب۔ کسی کام سے صاف انکار (افعال: دینا)
رُوکھا سُوکھا : [ار۔ صف] خراب۔ سالن کے بغیر
رُوکھا سُوکھا کھا کر گزارہ کرنا : [ار محاورہ] تنگ دستی کی حالت میں بسر کرنا
رُوکھا کھانا : [ار۔ محاورہ] صرف روٹی کھانا۔ بغیر سالن کے کھانا
رُوکھا ہونا : [ار محاورہ] کج خلق ہونا۔ اکھڑنا۔ بے رُخ ہونا
رُوکھائی : [ار۔ امث] دیکھئے "رُکھائی"
رُوکھی : [ار۔ صف] دیکھئے "روکھا" جس کی یہ تانیث ہے۔
رُوکھی پھیکی : [ار۔ صف] دیکھئے "روکھا پھیکا" جس کی یہ تانیث ہے۔
رُوکھی روٹی : [ار۔ امث] بغیر سالن کی روٹی
رُوکھی / روکھی باتیں : [ار امث] وہ باتیں جن سے رنجش ظاہر ہو۔
رُوکھی سُوکھی : [ار صف امث] بُری۔ خراب

رُو دِکھی / سُوکھی / شکل / صورت بنانا: [ا ر - محاورہ] صورت سے غمگین یا پریشانی ظاہر کرنا۔

رُو کھے سُوکھے ٹکڑے: [ا ر - امذ] مفلسی کی غذا۔ بہت گھٹیا غذا

روگ: [ا ر - امذ] (۱) دُکھ، درد۔ بیماری (۲) (کنایتہً) وبال۔ جنجال (۳) خلافِ طبع چیز (۳) جھگڑا۔ فساد (۴) مشکل۔ دقت (۵) تکلیف (۶) عیب۔ نقص (۷) عذابِ جان

روگ آنا: [ا ر - محاورہ] بیماری پھیلنا (بالخصوص جانوروں میں)

روگ بسانا: [ا ر - محاورہ] (۱) اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا (۲) دشمن بنا لینا (۳) بُری عادت ڈالنا (۴) کوئی غرض اپنے پیچھے لگا لینا

روگ پالنا: [ا ر - محاورہ] دیکھئے "روگ بسانا"

روگ پیدا ہونا: [ا ر - محاورہ] آزار پیدا ہونا۔

روگ دھوگ: [ہ - امذ] جھگڑا۔ مصیبت

روگ راج: [ہ - امذ] مجازاً تپ دق

روگ کاٹنا: [ا ر - محاورہ] جھگڑا چکانا۔ قضیہ پاک کرنا۔ دکھ دینے والی چیز دفع کرنا

روگ کا گھر: [ا ر - امذ] روگ کی جڑ۔ بیماری کا سبب

روگ کا گھر کھانسی اور لڑائی کا گھر ہانسی: [ا ر - مثل] کھانسی سب بیماریوں کی جڑ ہے اور ہنسی مذاق لڑائی کا سبب ہوتا ہے۔

روگ لانا: [ا ر - محاورہ] فیل لانا۔ جھگڑا کرنا۔

روگ لگانا / لگا لینا: [ا ر - محاورہ] (۱) کوئی مرض پیچھے لگا لینا (۲) ناپسندیدہ امر اختیار کرنا۔

روگ لگنا: [ا ر - محاورہ] دیکھئے "روگ لگانا" جس کا یہ لازم ہے

روگ مول لینا: [ا ر - محاورہ] دیکھئے "روگ بسانا"

روگ ملنا: [ا ر - محاورہ] کوئی بیماری ہونا۔ کوئی مصیبت پڑنا

روگ ہے: [ا ر - محاورہ] جھگڑا ہے۔ مصیبت ہے۔

روگی: [ا ر - صف] (۱) بیمار، دُکھی (۲) جھگڑالو (۳) کوڑھی

روگی سوگی: [ا ر - صف] بیمار، مغموم۔ مصیبت زدہ

روگیا / روگیلا: [ا ر - صف] دیکھئے "روگی"

رول: [ہ - امذ] کتری ہوئی چھالیا جو ناقص ہو۔

رول: [انگ - امذ] role (۱) کردار۔ کارِ منصبی۔ کام۔ حصّہ

رُول: [انگ - امذ] rule (۱) قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔ دستور (۲) جدول۔ وہ لکیر جو کتاب کے حاشیہ پر کھینچی جائے

رول: [انگ - امذ] (۱) دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی۔ مدارج و مناصب کے لیے ملازموں کے نام نمبروار / ترتیب وار لکھے جاتے ہیں۔ فرد اسماء۔ ناموں کی فہرست roll

رول نمبر: [انگ - امذ] roll number دفتر کے حساب سے جو نمبر ہو (۲) وہ نمبر جو امتحان دینے والوں کے لیے مخصوص کیا جاتا ہے۔

رُولا: [ہ - امذ] غوغا۔ شور و غل۔ جھگڑا۔ بکھیڑا: [افعال] ڈالنا۔ کرنا۔ مچانا۔

رُولر: [انگ - امذ] ruler جدول کش۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔ پیمانہ

رُولر: [انگ - امذ] roller لوہے کا ایک گول آلہ جو سڑک پر کنکری وغیرہ دبانے کے لئے پھیرتے ہیں۔

رولن: [ہ - امث] وہ چیز جو رولنے کے بعد رہ جائے۔ چھیچن۔ پھٹکن

رولنا: [ا ر - مص] چھین لینا۔ چھیننا۔ ہاتھ سے موٹا موٹا جُدا کر لینا (۲) پھٹکنا۔ جُدا کرنا۔

رُولنگ: [انگ - امذ] ruling (۱) سطروں کا نشان (۲) قانونی نظیر (۳) قطعی رائے یا فیصلہ

رولی: [ہ - امث] چاول۔ املی۔ پھٹکری وغیرہ کا ایک سُرخ مرکب جس سے ہندو تلک لگاتے ہیں۔

روم: [ہ - امذ] رونگٹا۔ رُواں۔ جسم کے چھوٹے چھوٹے نرم بال

رُومان: [ا ر - انگ] انگریزی romance کا مورد (۱) ادب کی وہ صنف جس میں غیر حقیقی باتیں بیان کی جائیں (۲) فرضی داستان۔ حیرت انگیز واقعہ (۳) عشق و محبت کی داستان

رُومانی: [ا ر - صف] (۱) رومان سے متعلق (۲) تخیل پرست۔ خیالی دنیا میں رہنے والا (۳) عشقیہ

رُومانیت: [ا ر - امث] تخیل پرستی۔ عاشق مزاجی

رُومن: [انگ - صف] (۱) روم سے منسوب (۲) امث: انگریزی حروف میں اردو اور ہندی کی عبارت کا لکھنا۔

رومن حروف / رسم الخط: [انگ - اذ] وہ حروف یا طرزِ تحریر جس میں انگریزی اور دیگر یورپی زبانیں لکھی جاتی ہیں۔

رومن کیتھولک / رومن کیتھلک: [انگ - امذ] roman catholic عیسائیوں کا ایک فرقہ جو پاپائے روم کو حضرت عیسیٰ کا جانشین مانتا ہے۔

رُونا: [ہ - امذ] (۱) پروانہ راہداری (۲) وہ کاغذ جس پر مال کی تعداد، نام محصول وغیرہ اور لانے والے کا نام درج ہو (۳) وہ ملازم جو عورتوں کا کام کاج کرنے کو دروازے پر رہتا ہو۔

رُونا: [ہ - امذ] (۱) گھونگھرو یا جھانجھ کے اندر کے دانے جو حرکت سے آواز دیتے ہیں (۲) گونے کے بعد یا بیاہ کے بعد تیسری دفعہ جو زن کو گھر لانا۔

رونا: [ا ر - مص] (۱) آنسو بہانا (۲) شکایت کرنا۔ گلہ کرنا (۳) سوگ کرنا (۴) واویلا کرنا۔ فریاد کرنا۔ فغاں کرنا (۵) افسوس کرنا۔ رنج کرنا (۶) ذکر ہونا (۷) افواہ پھیلنا (۸) صدمہ اٹھانا (۹) دُکھ بیان کرنا (۱۰) روتے کی شکل بنانا (۱۱) بُری طرح / غلط سلط پڑھنا / کلام کو بگاڑ کر پڑھنا (۱۲) بدآوازی سے بولنا (۱۳) پچھتانا (۱۴) صف: ہر بات پر رونے والا۔ (۱۵) وہ بچہ جو بہت روتا ہو (۱۶) (امذ) گریہ زاری۔ ماتم۔ نوحہ رنج افسوس پچھتاوا۔

رونا آنا: [ا ر - محاورہ] دل بھر آنا۔ افسوس ہونا

رونا بند کرنا: [ا ر - محاورہ] گریہ موقوف کرنا

رونا بند ہونا: [ا ر - محاورہ] دیکھئے "رونا بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے

رونا پڑنا: [ا ر - محاورہ] ماتم ہونا۔ کہرام مچنا

رونا پیٹنا: [ا ر - محاورہ] (۱) ماتم کرنا۔ گریہ زاری کرنا (۲) (امذ) ماتم۔ گریہ زاری۔ نوحہ و شیون

رونا تو اسی بات کا ہے / رونا تو یہی ہے : [ا رمحاورہ] سوچ رفکر / اندیشہ تو یہی ہے .
رونا تو عمر بھر کا ہے : [ا رمحاورہ] ساری عمر کی مصیبت ہے، ساری عمر کا رونا ہے
رونا چلا آنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے " رونا آنا "
رونا چلانا : [ا رمحاورہ] آہ و فریاد کرنا . دکھ سنانا
رونا دھونا : [ا رمحاورہ] بہت رونا
رونا رُلانا : [ا رمحاورہ] خود بھی رونا دوسروں کو بھی رُلانا
رونا رونا : [ا رمحاورہ] دُکھڑا بیان کرنا . شکوہ کرنا . شکایت کرنا
رونا ہے : [ا رمحاورہ] افسوس ہے
رُونڈ : [ا ر امث] انگریزی (R O U N D) کا بگاڑ (۱) طلایہ . رات کی گشت . سپاہیوں یا چوکیداروں کا رات کو پھرنا
رَوند ڈالنا : [ا رمحاورہ] (۱) لتاڑنا . تلوؤں کے نیچے مل ڈالنا (۲) پامال کر دینا
رَوندن : [ا ر امث] پامالی . پاؤں کے تلے کچلا جانا
رَوندن میں آنا : [ا رمحاورہ] روندا جانا . کچلا جانا . پامال ہونا
رَوندنا : [ا رمصدر] (۱) لتاڑنا . پاؤں کے نیچے ملنا (۲) سوار ہو کر کسی چیز پر سے گزرنا (۳) پامال کرنا . برباد کرنا (۴) کوٹنا . کچلنا (۵) اناج کو گاہنا
رَوندی ہوئی زمین : [ا ر امث] پامال شدہ زمین
رَوِند / رَوِندہ : [ف صف] جانے والا . سفر کرنے والا
رُوں رُوں : [ہ امث] (۱) بچے کے رونے کی آواز (۲) سارنگی کی آواز
رُوں رُوں ریں ریں : [ہ امث] دیکھئے " روں روں "
رَونَق : [ع امث] (۱) چمک . تاب . درخشانی (۲) زیبائش . خوبی (۳) تازگی (۴) لطف . کیفیت (۵) چہل پہل . آبادی (۶) بہار . اچھی حالت (۷) رنگ روپ (۸) خوبصورتی . حُسن (۹) تلوار کی آب (۱۰) صاف رکھنا .
رَونق آجانا : [ا رمحاورہ] آب و تاب آجانا . چمک آجانا . چہرے پر ترو تازگی آجانا . شگفتگی آجانا
رَونق اَفروز : [ع ف صف] رونق بخشنے یا بڑھانے والا
رَونق افروز ہونا : [ا رمحاورہ] آنا . تشریف لانا
رَونق افروزی : [ع ف امث] آمد . تشریف آوری
رَونق افزا / فزا : [ع ف صف] رونق بڑھانے والا
رَونق افزا ہونا : [ا رمحاورہ] تشریف لانا . آنا
رَونق انجمن : [ع ف امث] دیکھئے " رونق محفل "
رَونق بازار : [ع ف صف] مشہور . عام
رَونق بخش : [ع ف صف] رونق دینے والا
رَونق بخشنا : [ا رمحاورہ] رونق دینا
رَونق بڑھانا : [ا رمحاورہ] رونق یا لطف زیادہ کرنا
رَونق بڑھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے " رونق بڑھانا " جس کا یہ لازم ہے
رَونق پہ ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) اچھی حالت میں ہونا (۲) بہار پر ہونا
رَونق دار : [ع ف صف] (۱) پُر بہار . پُر لطف (۲) آبدار . آراستہ
رَونق دینا : [ا رمحاورہ] بہار دینا . لطف دینا .
رَونق محفل : [ع ف امذ] محفل کی بہار . وہ شخص جو محفل کو پُر لطف بنائے (اقبال : ہونا) (۲) (دہلی) حقہ

رَونق ہونا : [ا رمحاورہ] چمک دمک ہونا
رُونگ : [ہ امذ] دیکھئے " رونگٹا "
رُونگا : [ہ امذ] دیکھئے " رونگن "
رُونگٹا : [ہ امذ] (۱) انسان کے بدن کے وہ باریک بال جو مسامات میں ہوتے ہیں (۲) ڈاڑھی مونچھ کے بال جو آغاز میں بہت باریک ہوتے ہیں (۳) چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشینے میں ہوتے ہیں
رونگٹا رونگٹا دُعا دیتا ہے : [ا رمحاورہ] شکریہ ادا کرنے کے موقع پر کہتے ہیں
رُونگٹا میلا ہونا : [ا رمحاورہ] صدمہ پہنچنا
رُونگٹے کھڑے ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) ڈرنا . خوف کھانا . ڈر سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا
رُونگٹے نکلنا : [ا رمحاورہ] روئیں نمودار ہونا
رونی صورت : [ا ر امث] ایسی شکل جس سے رونے کی حالت ظاہر ہوتی ہو . غمگین صورت
رونے پر آنا : [ا رمحاورہ] رونے کے لئے تیار ہونا
رونے سے آنکھیں لال ہونا : [ا رمحاورہ] گریہ کی وجہ سے آنکھیں سُرخ ہونا
رونے سے روزی نہیں بڑھتی : [ا ر مقولہ رمثل] خالی بیٹھ رہنے اور گلے شکوے کرنے سے رزق میں ترقی نہیں ہوتی جو قسمت میں ہے وہی ملے گا .
رونے کا تار باندھنا : [ا رمحاورہ] برابر روئے جانا
رونے کا تار بندھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے " رونے کا تار باندھنا " جس کا یہ لازم ہے
رونے کا تار ٹوٹنا : [ا رمحاورہ] گریہ موقوف ہونا
رونے کو تھی ہی اتنے میں آ گئے بھیا ؛ }
رونے ہی کو تھے اتنے میں آ گیا بھائی ؛ } [ا رمثل] رونے کے لئے بہانہ مل گیا .
رونے کی جگہ : [ا ر امث] وہ موقع جہاں رونا چاہئے . افسوس کا مقام
روئے چور پرائے دھن کو : [ا رمثل] کسی کی سخاوت دیکھ کر ناراض ہونا
روہانسا : [ہ صف] آنسو بھر لانے والا
روہٹ : [ا ر امث] (۱) چہرے کی رونق یا ترو تازگی . نرمی (۲) خوبصورتی . حُسن (۳) پاس لحاظ دوسرے کی خواہش کا .
روہٹ پھر جانا : [ا رمحاورہ] چہرے پر رونق آ جانا
روہٹ ماری جانا : [ا رمحاورہ] چہرے کی رونق جاتی رہنا
رُوہٹ : [ہ امذ] رونا . گریہ زاری کرنا
رُوہٹا : [ہ امذ] روئی کا بازار .
رُوہڑ : [ہ صف] (۱) موٹا دھاگا (۲) کنایۃً بدصورت . بھدا
رُوہو : [ہ امذ] ایک قسم کی مچھلی
روہے : [ہ امذ] ککرے آنکھوں کی ایک بیماری جس میں پپوٹے سوج جاتے ہیں
رُوئی : [ہ امث] (۱) صاف شدہ کپاس . بنولے نکلی ہوئی کپاس (۲) وصف ، نرم . ملائم
رُوئی اور آگ کا کیا ساتھ : [ا رمثل] زبردست اور کمزور کا کیا مقابلہ
رُوئی توُمنا : [ا رمحاورہ] انگلیوں سے روئی تار تار کرنا .
رُوئی دار : [ف صف] وہ کپڑا جس میں روئی پڑی ہوئی ہو
رُوئی دُوئی : [ا ر امث] سردی میں دو آدمیوں کا لپٹ کر اور لحاف لے کر سونا .

رُوئی دُھننا/دُھنکنا: (ا ر محاورہ) روئی کو تانت سے صاف کرنا۔
رُوئی سا: (ا ر صف) نرم۔ ملایم
رُوئی کا پہل: (ا ر امذ) تھوڑی سی دُھنی ہوئی روئی جسے ہاتھ سے جوڑا گیا ہو۔
رُوئی کا کبوتر: (ا ر امذ) روئی جو لڑکے کھیلنے میں اُڑاتے ہیں
رُوئی کا گالا: (ا ر امذ) دُھنکی ہوئی روئی کی مقدار۔ جو ہوا میں اُڑے (۲) نہایت سفید اور نرم (۳) نہایت ہلکی چیز
رُوئی کانوں میں دے رکھی ہے: (ا ر محاورہ) کچھ سنتا ہی نہیں۔ کچھ سماعت نہیں کرتا۔
رُوئی کی طرح تومنا/دُھننا: (ا ر محاورہ) بہت مارنا، پُرزے اڑانا
رُوئی کے بھلاویں کپاس مت نگلو/روئی کے دھوکے میں کہیں کپاس نہ نگل جانا: (ا ر محاورہ) آسان کے دھوکے میں کہیں مشکل میں نہ پڑجانا۔
روئے بغیر ماں بھی دودھ نہیں دیتی: (ا مثل) بغیر مشقت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
روئے دینا: (ا ر محاورہ) اظہار غم یا خوشی کرنا
روئے سے دان نہیں ملتا: (ا ر مثل) بغیر محنت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا
رُوئے: (ف امذ) دیکھئے "رُو"
رُوئے بند: (ف امذ) نقاب
رُوئے تاباں: (ف امذ) چمکتا ہوا چہرہ۔ روشن چہرہ۔ خوبصورت چہرہ
رُوئے داد: (ف امث) دیکھئے "روداد"
رُوئے سخن: (ف امذ) اشارہ۔ خطاب۔ توجہ۔ دھیان۔ بات کا رُخ
روئیدگی: (ف امث) نباتات۔ ہریاول/ہریاولی۔ سبزی۔ اُگنا
روئیدہ: (ف صف) اُگا ہوا۔ پیدا شدہ۔ بڑھا ہوا۔ نمو یافتہ
روئیں: (ہ امذ) "رُواں" کی جمع
روئیں دار: (ہ ف صف) وہ جس میں روئیں ہوں (غلط ترکیب ہے)
روئیں کھڑے ہونا: (ا ر محاورہ) دیکھئے "رونگٹے کھڑے ہونا"
رُوئیں: (ف امث) کانسی۔ پیتل تانبے اور قلعی کا مرکب
رُوئیں تن: (ف صف) (۱) کانسی کے جسم والا (۲) وہ جس کے بدن پر ہتھیار کا اثر نہ ہو (اسفندیار پسر گشتاسپ کا لقب ہے)
رُوِی: (ع امذ) وہ حرف جس پر قافیہ کی بنیاد ہو۔ مثلاً آن اور جان کا نون
رویا/رُؤیا: (ع امذ) خواب۔ سپنا۔ وہ چیز جو خواب میں دیکھی جائے۔
رویائے صادقہ: (ع امذ) سچا خواب۔ وحی کی ایک قسم
رُویاں: (ہ امذ) دیکھئے "رُوآں"
رُویاں میلا ہونا: (ا ر محاورہ) دیکھئے "روآں میلا ہونا"
رُؤیت: (ع امذ) نظر آنا، کسی چیز کا نظر آنا (۲) دیدار۔ نظارہ (۳) شکل وصورت چہرہ (۴) جوگ۔ بخت (۵) لحاظ۔ پاس
رُؤیتِ ہلال: (ع امث) مہینے کی پہلی رات کے چاند کا نظر آنا
ریویو: (انگ امذ) (review) رائے زنی۔ تبصرہ۔ تنقید
رَوِیَّہ: (ف امذ) رسم و رواج۔ دستور۔ چال چلن۔ برتاؤ۔ ڈھنگ۔ معمول۔ روش۔ وضع۔

ر۔ہ

رَہ: (ف امذ) دیکھئے "راہ" جس کا یہ مخفف ہے
رہ آورد: (ف امذ) ایسا تحفہ جو سفر سے لایا جائے۔
رَہبر: (ف صف) دیکھئے "راہ بر۔ راہبر"
رَہبری: (ف امث) دیکھئے "راہبری" (افعال کرنا۔ ہونا)
رَہرو: (ف صف) دیکھئے "راہ رو"
رَہروی: (ف امث) دیکھئے "راہ روی"
رہ گرا: (ف صف) راہ پر مائل۔ راستہ چلنے پر مائل۔ عازم
رَہگزر: (ف امذ) دیکھئے "راہگزر"
رَہگزری: (ف صف) مسافر۔ راہرو
رَہزن: (ف صف) دیکھئے "راہزن"
رَہزنی: (ف امث) دیکھئے "راہزنی"
رَہنما: (ف صف) دیکھئے "راہنما"
رَہنمائی: (ف امث) دیکھئے "راہنمائی"
رَہنمول: (ف صف) دیکھئے "راہنما"
رَہنمونی: (ف امث) دیکھئے "رہنمائی"
رَہ نورد: (ف صف) دیکھئے "راہ نورد"
رَہ نوردی: (ف امث) "راہ نوردی"
رَہوار: (ف امذ) دیکھئے "راہوار"
رَہ: (ا فعل) رہنا مصدر سے صیغہ امر اور مادّہ
رَہ تو سہی: (ا ر محاورہ) ٹھہر ذرا۔ صبر کر (دھمکی دینے کے موقع پر کہتے ہیں)۔
رہ جانا: (ا ر محاورہ) (۱) ٹھہر جانا۔ رہ پڑنا۔ رُک جانا۔ تامل کرنا (۲) کسی چیز کا چھوٹ جانا (۳) باقی رہنا۔ بچ جانا (۴) باز رہنا (۵) ناکام رہنا (۶) کسی چیز کا اپنے مقام سے ہٹ یا رہ جانا (۷) چوکنا۔ خطا کرنا۔
رہ رہ کر: (ا ر متعلق فعل) ٹھہر ٹھہر کر۔ بار بار۔ گھڑی گھڑی۔
رِہا: (ف صف) چھوٹا ہوا۔ نجات پایا ہوا (افعال: کرنا۔ کرانا۔ ہونا)
رِہا سہا: (ا ر صف) بچا کھچا۔
رِہان: (ع امذ) (۱) دیکھئے "رِہن" جس کی یہ جمع ہے (۲) گھوڑدوڑ کی شرط
رِہانا: (ا ر مص) چکی کے پتھر یا سل میں دندانے ڈلوانا
رَہاؤ: (ہ امذ) وقفہ۔ اٹکاؤ۔ ٹھہراؤ
رَہاڑ: (ہ امذ) دیرپا۔ مضبوط۔ مستحکم
رہائش: (ا ر امث) قیام۔ سکونت۔ بود و باش (یہ لفظ فارسی انداز پر بنایا گیا ہے جو غلط ہے)
رِہائی: (ف امث) نجات۔ خلاصی۔ فراغت۔ معافی
رُہبان: (ع امذ) راہب کی جمع۔ عیسائیوں کے زاہد۔ تارک الدنیا
رُہبانیت: (ع امث) ترک دنیا۔ ترک لذت۔ رہبانوں کے طریقہ پر پرہیزگاری
رَہٹ: (ہ امذ) ٹھہرنا۔ رہنا۔ قیام

رہتی دنیا تک : [ا رمتعلق فعل] جب تک دنیا قائم ہے۔ ہمیشہ
رہٹ : [ہ امذ] (۱) کنوئیں سے بیلوں کے ذریعے پانی نکالنے کا ہنڈولا۔ (۲) سلسلہ۔ تسلسل
رہٹ لگانا : [ا رمحاورہ] (۱) کنوئیں پر پانی نکالنے کا ہنڈولا نصب کرنا (۲) تار باندھنا۔ بکثرت آنا جانا۔
رہٹ لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "رہٹ لگانا" جس کا یہ لازم ہے
رہٹا : [ہ امذ] (۱) چرخہ (۲) رہٹ
رہٹی : [ہ امث] (۱) رہٹ کی تصغیر (۲) طریقہ۔ معمول (۳) قرضہ کا حصہ جو قسط وار ادا کیا جائے۔
رہٹی باندھنا : [رمحاورہ] قسط مقرر کرنا
رہٹی بندھنا : [قسط یا معمول مقرر ہونا
رہٹی چلانا : [ا ر۔محاورہ] (۱) چرخی چلانا (۲) سود در سود پر قرضہ دینا یا لینا (۳) قسط وار ادا کرنا
رہٹی چلنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "رہٹی چلانا" جس کا یہ لازم ہے
رہ چولا : [ہ۔امذ] خوشامد۔ چاپلوسی
رہرو : [ہ امذ] (۱) ایک قسم کا چھکڑا۔ بہل (۲) بچوں کو چلنا سکھلانے کی گاڑی
رہس : [ہ امذ] (۱) خوشی۔ دل لگی۔ چہل پہل (۲) کرشن جی اور گوپیوں کا ایک قسم کا ناچ (۳) ڈرامے کے اندر ناچ جسے واجد علی شاہ والیٔ اودھ نے رواج دیا
رہکلا : [ہ امذ] (۱) چھوٹی توپ (۲) توپ رکھنے کی گاڑی (۳) بہل (۴) دلالوں کی اصطلاح میں تیرہ ۱۳
رہن : [ا ر امذ] (۱) رہائش (۲) دستور۔ قاعدہ
رہن سہن : [ا ر امذ] معاشرت۔ طرز بود و ماند
رہن : [ع امذ] (اردو میں بکسر اول بھی بولتے ہیں۔ گرو۔ کفالت۔ بندھک (افعال رکھنا۔ کرنا۔ چھڑانا۔ لینا)
رہن انتفاعی : [ع امذ بترکیب فارسی] وہ گرو جس میں فائدہ اٹھانے کی صورت ہو
رہن در رہن : [عف امذ] رہن کی ہوئی چیز کو کسی اور کے پاس رہن رکھنا
رہن میعادی : [ع امذ بترکیب فارسی] وہ رہن جس میں میعاد مقرر ہو۔
رہن مطلق : [ع امذ] بترکیب فارسی] بے قید رہن دست۔ بندھک
رہن نامہ : [عف امذ] رہن کی دستاویز
رہنا : [ا رمص] (۱) بسنا۔ ٹکنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا (۲) دیر تک کام دینا۔ پائیدار ہونا (۳) چھوٹنا۔ باقی رہنا (۴) مرد کا عورت یا عورت کا مرد کے پاس شب باش ہونا (۵) ادا ہونا (۶) ذمہ ہونا۔ باقی ہونا (۷) گنا جانا۔ حساب میں آنا (۸) بسر ہونا۔ گزرنا (۹) سن ہو جانا۔ شل ہو جانا (۱۰) قائم رہنا (۱۱) ملتوی ہونا۔ (۱۲) طے پانا (۱۳) تھمنا۔ صبر کرنا (۱۴) کوئی کام لازماً کرنا (۱۵) میں کے ساتھ مبتلا ہونا (۱۶) نصیب نہ ہونا۔
رہنا سہنا : [ا رمحاورہ] گزر بسر کرنا۔
رہنے دینا [ا رمحاورہ] (۱) رکھ چھوڑنا۔ قائم رکھنا۔ جانے نہ دینا (۲) چپ رہنا (۳) ہاتھ نہ لگانا (۴) پیچھا چھوڑنا (۵) جانے دینا
رہے تو آپ سے نہ رہے تو سگے باپ سے : [ا رمثل] اگر عورت نہ رہنا چاہے تو اسے کوئی نہیں روک سکتا۔

رہے جھونپڑی میں خواب دیکھے محلوں کا : [ا رمثل] الٹی گنگا بہانا۔ چیزوں کا خیال۔ بے مقدور ہو کر مقدور والوں کی ریس۔ غریب ہوتے ہوئے امیری کا خیال
رہے محمود کے انڈے دے مسعود کے : [ا رمثل] کھائیں کسی کا اور خیر خواہی کسی کی کریں
رہے نام اللہ کا : [ا رمقولہ] خدا کے سوا سب فانی ہیں۔ کسی کے مرنے یا رنج کے زوال پر کہتے ہیں۔
رہین : [ع صف] وہ چیز جو رہن رکھی جائے مرہون وابستہ۔ تابع۔ ماتحت
رہین منت : [ع صف] ممنون احسان۔ شکر گزار (کرنا ہونا افعال کے ساتھ

ر - ؤ

رؤسا : [ع امذ] دیکھئے "رئیس" جس کی یہ جمع ہے
رؤف : [ع صف] بہت شفقت کرنے والا۔ بہت مہربان۔ خدا کا ایک صفاتی نام
رئی : [ہ امث] دودھ متھنے کا اوزار۔ بلونی۔ مدھانی (افعال پھرنا۔ پھیرنا۔ چلنا۔ چلانا) (۲) گرد و غبار جو آسمان پر ہو (۳) بھوسی چوکر۔
رئیس : [ع امذ] (۱) سردار۔ فرمانروا۔ دولت مند۔ سالار۔ مالک۔ حاکم (۲) شاہزادہ۔ راجا۔ نواب (۳) وہ شخص جس کا عہدہ درجہ یا حالت اعلےٰ ہو (۴) امیر شریف۔ باعزت آدمی
رئیس البدن : [ع۔ امذ] جسم کا سردار (دل)
رئیس با اختیار : [ع امذ] وہ رئیس جس کو حکومت کے پورے اختیار ہوں۔
رئیس بنانا / کرنا : [ا رمحاورہ] (۱) سردار کرنا (۲) جاگیر دینا
رئیس خود مختار : [ع امذ] وہ رئیس جو ملکی معاملات میں کسی کا ماتحت نہ ہو۔
رئیس زادہ : [عف امذ] رئیس کا بیٹا
رئیس زادی : [عف امث] رئیس کی بیٹی
رئیسہ : [ع امث] دیکھئے "رئیس" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ بھی کرتی ہے

ر - ی

ری : [ا رصف ندا] اری کا مخفف۔ عورت کو بلانے کا کلمہ
رے : [ا رصف ندا] ارے کا مخفف (لڑکوں کو بلانے کا کلمہ ۲۔ لاحقہ جو کسی لفظ کے بعد آکر تعجب کے معنے پیدا کرتا ہے مثلاً۔ اللہ رے۔ اف رے
رے وا و زبر رو ہونا : [ا رمحاورہ] رفع ہونا۔ جانا۔
ریا : [ع۔امث] ظاہرداری۔ دنیا سازی۔ دکھاوا۔ دورنگی۔ مکاری۔ بناوٹ۔ منافقت
ریاکار : [عف صف] مکار۔ منافق۔ زمانہ ساز (افعال کرنا۔ ہونا)
ریاکاری : [عف امث] دیکھئے "ریاکار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ریات : [ع امذ] دیکھئے ریہ بمعنی پھیپھڑا جس کی یہ جمع ہے (۲) چراغ

رِیاح : [ع امث امذ] (۱) دیکھئے "ریح" جس کی یہ جمع ہے (۲) معدہ کی ہوا. گوز. پاد (۳) اپھرا. نفخ.

رَیاحین : [ع امذ] دیکھئے "ریحان" جس کی یہ جمع ہے

رِیاست : [ع امث] (۱) عمل داری. راج. حکومت (۲) وہ علاقہ جو رئیس کی حکومت میں ہو (۳) کوئی آزاد علاقہ جو کسی جمہوری سلطنت کا حصہ ہو. دیسی راجوں نوابوں کی مملکت (۵) سرداری. افسری (۶) شرافت. نجابت

ریاست بے سیاست نہیں ہوتی : [ا رمقولہ] حکومت کے لئے انتظام کی قابلیت ہونی ضروری ہے

رِیاض : [ع امذ] (۱) دیکھئے "روضہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) محنت. مشقت. مشق (افعال کرنا. ہونا)

رِیاضَت : [ع امث] (۱) محنت. مشقت (۲) زہد. نفس کشی (۳) مشق. مہارت (۴) ورزش (۵) مزدوری. پیشہ وری (۶) دبدبہ سیری

رِیاضتی : [ع صف] (۱) ریاضت کرنے والا (۲) (امذ) زاہد. راہب

رِیاضی : [ع امث] ایک علم جس میں مقدار یا حجم یا ان کے ماپ کے متعلق کمیت علامات کے ذریعے ہوتی ہے جو ان اعدادی سلسلہ وار اور وسعتی تعلقات کی تحقیق کرتا ہے جو اشیا کے درمیان ہوتے ہیں

ریاضی دان : [ع ف امذ] ماہر علم ریاضی

رِیال : [ع اسم مذکر] سعودی عرب کا ایک سکہ جو تقریباً ڈیڑھ روپیہ پاکستانی کے برابر ہوتا ہے.

رِیائی : [ع صف] ریاکار. مکار. منافق

رَیب : [ع امذ] شک. شبہ. گمان. بھرم. وسواس. اشتباہ. احتمال. چھنا. ابہام

رِیبَہ : [ع امث] شک میں ڈالنے والی چیز. تہمت

ریپبلک : [انگ امث] (republic) جمہوریہ

ریپلیکا : [انگ امذ] (replica) (۱) تصویر یا نقش کا مثنیٰ جو مصور نے خود تیار رکھا ہو (۲) ہو بہو نقل

رِیت : [ہ امث] (۱) رسم. رواج. دستور (۲) عام طریقہ (۳) وضع. تراش. چلن. طور طریقہ (۴) قاعدہ. قانون (۵) تجویز. ترکیب. تدبیر

ریت رسم / رسوم : [ہ امذ] وہ خاص رسوم جو نکاح کے موقع پر ادا کئے جاتے ہیں

ریت سے : [ا رمتعلق فعل] (۱) قاعدے سے طریقے سے (۲) رسم کے مطابق

ریت کی کوڑی نہ اود بلاؤ کی ڈھیری : [ا رمثل] ایک عقل مند آدمی بہت سے بیوقوفوں سے بہتر ہے.

ریت نہ ستوا نسا میرا لاڈلا نوانسا : [ا رمثل. عو] محبت تو ظاہر کرتی ہے مگر خرچ کچھ نہیں کرتی.

ریت : [ہ امث] (۱) وہ دانے دار مٹی جو پتھروں کے گھسنے سے بنتی ہے. دریاؤں. سمندروں. ریگستانوں اور مٹی کی تہ کے نیچے پائی جاتی ہے. بالو. ریگ (۲) وہ مٹی جو پیشاب کے ساتھ نکلتی ہے (۳) کہاروں کی اصطلاح پھسلن.

ریت آنا : [[illegible]] پیشاب میں ریت نکلنا

ریت بلونا / ریت کی دیوار کھڑی کرنا : [ا رمحاورہ] ناممکن بات کرنے کی کوشش کرنا.

ریت کے ذرّے گننا : [ا رمحاورہ] فضول کام کرنا

ریت کی موجیں : [ا رامث] لہروں کے نشانات جو تیز ہوا سے ریت پر پڑ جاتے ہیں.

ریتل : [ا رصف] جس میں ریت ہو. ریتلا (۲ امث) ریتلی زمین. ریت.

ریتلا : [ا رصف] وہ جس میں ریت ہو. کرکرا

ریتلی : [ا رصف] (۱) دیکھئے ریتلا جس کی تانیث ہے (۲) وہ ریتلی زمین جو دریا کے کنارے پر ہو

ریتنا : [ا رمص] ریتی کے ساتھ رگڑنا. صاف کرنا

ریتی : [ا رامث] (۱) ریت. ریتا (۲) لوہے کو رگڑنے کا ایک آہنی آلہ. سوہن. سوہان (۳) ریتلی زمین

ریتی کا میدان : [ا رامذ] ریگستان. وہ میدان جہاں ریت ہی ریت ہو

ریتیلا : [ہ امذ] دیکھئے "ریتلا"

ریٹ : [انگ امذ] (rate) نرخ. شرح. بھاؤ

ریٹائرڈ : [انگ صف] (retired) مدت معینہ کے بعد ملازمت سے سبکدوش کیا ہوا. گوشہ نشیں. خانہ نشیں

ریٹائرمنٹ : [انگ امث] (retirement) سبکدوشی. کنارہ کشی. گوشہ نشینی

ریٹیل : [انگ امث] (retail) پرچون. خردہ فروشی

ریٹھا : [ہ امذ] ایک درخت اور اس کا پھل جو گول بیر کے برابر ہوتا ہے. اس کا بیج کالا ہوتا ہے. چھلکا بھگونے کے بعد صابن کا کام دیتا ہے.

ریٹھی / ریٹھیا : [ہ امذ] دیکھئے "ریٹھا" جس کی یہ تصغیر ہے

ریج : [ا رامث ق] خواہش. ولولہ. شوق

ریجن : [انگ امذ] (region) خطہ. علاقہ. منطقہ. حلقہ

ریجنل : [انگ صف] (regional) علاقائی

ریجھ : [ا رامث] (۱) رغبت. چاہت. شوق (۲) پسندیدگی. فرحت. لذت. خوشی (۳) خواہش. آرزو (۴) محبت. عشق (۵) تسلی. اطمینان

ریجھنا : [ا رمص] مائل ہونا. خوش ہونا. راغب ہونا (۲) عاشق ہونا. فریفتہ ہونا (۳) لٹو ہونا. نہایت پسند ہونا

ریچھ : [ہ امذ] ایک جنگلی جانور جس کے بدن پر سیاہ. بھورے اور سفید بہت لمبے بال ہوتے ہیں. یہ جنگلی پھل اور شہد وغیرہ کھا کر گزارہ کرتا ہے. جنگل میں اکیلے دکیلے آدمی پر حملہ بھی کر دیتا ہے اور بھینچ کر مار ڈالتا ہے. درخت پر چڑھ جاتا ہے. قلندر اسے سدھا کر تماشا وغیرہ دکھاتے پھرا کرتے ہیں. اس کے بال دفع نظر کے لئے بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں اور بیمار بچوں کو اس کی سواری بھی کراتے ہیں.

ریچھ کا بال بھی بہت ہے : [ا رمثل] (فارسی مثل از خرس موئے بس است کا ترجمہ ہے) (۱) بُرے آدمی سے جو کچھ بھی ملے غنیمت ہے (۲) بھاگتے چور کی لنگوٹی سہی.

ریچھنی : [ہ امث] دیکھئے "ریچھ" جس کی یہ تانیث ہے.

ریح : [ع امث] (۱) ہوا. باد (۲) پاد (۳) گوز. معدہ کی ہوا (۴) گنٹھیا. وجع المفاصل

رَیحان: [ع امذ] (۱) نیازبو۔ ایک قسم کا پودا جس کے پتوں اور چھوٹے چھوٹے پھولوں میں سے خوشبو آتی ہے (۲) اور اس کا بیج (۳) ہر ایک خوشبودار پودا (۴) سُرخ پھول کے سوا ہر ایک پھول (۵) ایک قسم کا عربی خط (۶) بخشش۔ عطا (۷) اولاد (۸) گزارہ۔ زندگی کا سہارا (۹) رحم۔ عنایت۔ لطف۔ کرم (۱۰) اناج کا پتہ (امث) شراب

رَیحانی: [ع صف] (۱) ریحان کا یا اس سے متعلق (۲) ریحان کی طرح خوشبودار (۳) (امث) ایک قسم کا عربی خط۔ رسم الخط

رِیخی: [ع صف] ریخ سے منسوب

رِیخ: [ع صف] (۱) ڈھیلا۔ کھلا (۲) سست۔ کاہل (۳) لٹکا ہوا جس کی ٹانگیں کھلی ہوں

ریخ: (یائے مجہول سے) [امث] (۱) لکیر۔ ریکھا (۲) مستی منجن یا پاؤں کے رنگ کا نشان جو دانتوں کے بیچ میں یا جڑوں میں پڑ جاتا ہے

رِیخ: [ف امث] (۱) دست۔ پاخانہ (۲) پیچش کا پتلا پاخانہ۔ مروڑ (۳) جڑ۔ جوڑ بنیاد (۴) طاقت۔ توانائی

ریختہ: [ف صف] (۱) پڑا ہوا۔ بکھرا ہوا۔ ملا ہوا۔ پریشان (۲) اردو زبان کا پرانا نام (۳) زبان اردو کے اشعار (۴) مکان بنانے کا مسالا۔ چونا کنکریٹ پتھر وغیرہ (۵) پختہ عمارت

ریختی: [ار امث] عورتوں کی زبان میں نظم۔ ریختہ کی تانیث

ریخیں: [ہ امث] ریخ کی جمع

ریخیں بھیگنا: [ار محاورہ] مسیں بھیگنا

ریخیں ڈھیلی ہو جانا: [ار محاورہ] خوف سے بدحواس ہو جانا۔ ڈر سے بے طاقت ہو جانا۔

ریڈ کراس سوسائٹی: [انگ امث] عیسائیوں کی قائم کردہ ایک جماعت جو جنگ میں زخمیوں کی اور امن میں بیماروں کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ انجمن صلیب احمر

ریڈر: [انگ امذ] (reader) (۱) مجسٹریٹی جو مقدمات کے کاغذ پڑھ کر حاکم کو سناتا ہے (۲) مسل خواں۔ پیشکار (۳) درسی کتاب۔ نصاب کی کتاب (۴) یونیورسٹی کا استاد جس کا مرتبہ پروفیسر سے کم اور لیکچرار سے زیادہ ہوتا ہے

ریڈی میڈ: [انگ صف] (ready made) بنا بنایا۔ تیار شدہ

ریڈی ایٹر: [انگ امذ] (radiator) موٹر گاڑیوں کا ایک حصہ جس میں مشین کو ٹھنڈا کرنے کے لئے پانی رہتا ہے (۲) آلہ حرارت جس سے کمرے میں حرارت پھیلتی ہے

ریڈیم: [انگ امث] ایک عنصر دھات جو ۱۸۹۸ء میں پیئر اور مادام کیوری نے دریافت کی تھی جو بہت (radium) قیمتی ہے اور اس سے مرض سرطان کا علاج بھی کیا جاتا ہے۔

ریڈیو [انگ امذ] (radio) ایک بلا تار برقی پیغام وصول کرنے کا آلہ۔ نشری آلہ

ریڑھ: [ار امث] (۱) پیٹھ کی درمیانی ہڈی جو سر سے شروع ہو کر چوتڑوں تک جاتی ہے (۲) صلب۔ برابری۔ ہمسری (۳) دھجی (ان معنوں میں غالباً ہندی لیر کا معرب ہے)

ریڑھ پیٹ رہنا / پیٹنا: [ار محاورہ] لکیر پیٹنا۔ پرانی وضع کا پابند ہونا

ریڑھ کی ہڈی: [ہ امث] دیکھئے "ریڑھ"

ریڑھ مارنا: [ار محاورہ] کسی کے فائدے کے کام میں حارج ہونا۔ روڑے اٹکانا

ریڑھ نال: [ہ امث] وہ نالی جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتی ہے۔

ریڑھی: [ہ امث] آم کی کیری

ریڑھیں: [ہ امث] ریڑھ کی جمع

ریڑھیں نکلنا: [ار محاورہ] غریب کے جسم پر لباس کا دھجیاں ہو کر نکلنا

ریز: [ف لاحقہ فاعلی] (۱) فارسی مصدر "ریختن" سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور بہانے والا۔ گرانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے اشک ریز۔ زر ریز (۲ امث) پرند کا چہکنا (۳) ذرہ۔ چھوٹی سی چیز کسی چیز کا ٹکڑا (۴) کٹی پسی یا مسلی ہوئی چیز (۵) قطرہ۔ گھونٹ (۶) مہربانی شفقت۔ لطف (۷) افراط۔ بہتات۔ دولت (۸) پیالہ۔ بادہ (۹) مرضی۔ خواہش۔ آرزو

ریز کرنا: [ار محاورہ] طوطے یا مینا کے بچوں کا پڑھنے سے پہلے چیں چیں کرنا پرندوں کا چہچہانا

ریزاں: [ف اسم حالیہ] بہاتا ہوا۔ گراتا ہوا۔ بکھیرتا ہوا۔ ڈالتا ہوا۔

ریزش: [ف امث] (۱) بہاؤ۔ بہانا۔ ڈالنا (۲) ناک سے پانی بہنا۔ زکام۔ نزلہ (افعال: کر دینا۔ کرنا۔ ہونا۔ ہو جانا) ۳۔ گرنا۔ جھڑنا

ریزش پر: [ف امث] پرندوں کے پر جھڑنا

ریزکاری: [ف امث] روپے کے حصے۔ خردہ

ریزگی: [ف امث] (۱) خردہ (۲) چھیچھن۔ کھُرچن۔ کترن (۳) سونے یا چاندی کے تار کا چھوٹا سا ٹکڑا (۴) بچہ جس کو عمارت کے کام پر لگائیں

ریزگی لڑکے: [ار امذ] چھوٹے لڑکے

ریزہ: [ف امذ] (۱) بہت چھوٹی چیز (۲) ذرہ۔ ٹکڑا (۳) پُرزہ۔ پارچہ (۴) ریشمی کپڑے کا تھان (۵) لوچی۔ نوعمر لڑکی (۶) خوبصورت صندوق۔ (۷) کسی جانور کا بچہ (۸) ایک قسم کا مُرغ۔

ریزہ چین: [ف صف] ٹکڑا چننے والا (۲ مذ) ٹکڑ گدا

ریزہ چینی: [ف امث] دیکھئے "ریزہ چیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ریزہ خط: [ف صف] باریک دھاریوں والا۔

ریزہ خوار: [ف صف مذ] دیکھئے "ریزہ چیں"

ریزہ خوانی / سرائی: [ف امث] (۱) خوش سرائی۔ نہایت اچھا گانا۔ خوش خوانی

ریزہ ریزہ: [ف امذ] چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ ذرے (۲ صف) چھوٹا (۳ ف) ٹکڑے ٹکڑے

ریزۂ قلم: [ف امذ] وہ ٹکڑے جو قلم بناتے ہوئے گریں۔ قلم کا تراشہ

ریزۂ مقراض: [ف امذ] کترن

ریزہ نان: [ف امذ] روٹی کے ٹکڑے

ریزیڈنٹ: [انگ امذ] (resident) (۱) رہنے والا باشندہ۔ مقیم (۲) ایک افسر جو حکومت برطانیہ کی طرف سے غیر منقسم ہند کی ریاستوں میں رہتا تھا تاکہ ریاستوں کی نگرانی کر سکے۔

ریس: [ہ امث] (۱) برابری۔ ہمسری (۲) مقابلہ (۳) رشک۔ ہوس (افعال: کرنا۔ ہونا)

ریس بھلی ہو نہ کہ بُری: [ھ مثل] تقلید اچھی ہوتی ہے حسد بُرا
ریس ریس: [ف امث] کاتنا۔ پھیلانا (۲) نمود کشیدہ کاری کے لئے (۳) گاڑھا شوربہ (۴) ایک گنبد جو خسرو پرویز نے بنایا تھا۔
ریسرچ: [انگ۔ امث] (RESEARCH) تحقیق، علمی تحقیق
ریسمان۔ ریسمان: [ف امث] رسّی۔ ڈوری
ریش: [ف امث] ڈاڑھی
ریشائیل: [ف صف] بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا۔ ڈاڑھی والا
ریش بابا: [ف امذ] انگور کی ایک قسم
ریش بچہ: [ف امذ] ٹھوڑی کے بال
ریش بنانا: [ا رمحاورہ] ڈاڑھی کترنا/منڈانا
ریش خند/ریشخندہ: [ف صف] مذاق۔ ہنسی تمسخر
ریشخندی: [ف امث] ہنسی مذاق تمسخر
ریش سفید: [ف امذ] بوڑھا آدمی۔ سفید ڈاڑھی والا
ریش سیاہ: [ف امذ] جوان آدمی۔ سیاہ ڈاڑھی والا
ریش قاضی: [ف امث] شراب صاف کرنے کی صافی
ریش گاؤ: [ف صف] بیوقوف۔ احمق۔ لالچی
ریش مرسل: [ف صف] لٹکنے والی ڈاڑھی
ریش: [ف امذ] (۱) زخم (۲) زخمی گھائل
ریشگی: [ف امث] نشوونما۔ نمو۔ اُگنا۔ پھُوٹنا
ریشم: [ف امذ] یا جو ریشم کا کیڑا کوئے کی شکل میں بناتا ہے (۲) اس تار سے بنا ہوا کپڑا
ریشم کی گانٹھ: [ا امث] ریشم کے تار کی گرہ جو بڑی مشکل سے کھلتی ہے (۲) کنایۃً مشکل کام
ریشم کی گانٹھ پڑنا: [ا رمحاورہ] کسی کام کا بہت مشکل ہونا
ریشم کے لچھے: [ا امذ] ریشم کے دھاگوں کا گچھا۔ ایک قسم کی مٹھائی جو ریشم کے دھاگوں کی طرح ہوتی ہے (۲ صف) ریشم سا ملائم۔ چکنا بہت ہی نرم
ریشمی: [ف صف] ریشم کا۔ ریشم کا بنا ہوا۔
ریشہ: [ف امذ] (۱) سُوت کا تار۔ چھوٹا سرا (۲) درخت کی رگیں (۳) پھلوں کے تار، آم کے تار (۴) نس (۵) پتوں کی رگیں
ریشہ خطمی: [ف امث] (۱) ایک دوا (۲) کنایۃً بہت ہنسنے والا خوش
ریشہ دار: [ف صف] وہ چیز جس میں ریشے ہوں
ریشہ دوانی: [ف امث] شرارتیں اور فساد ڈالنے کی ترکیبیں
ریطہ: [ع۔ امذ] باریک نقاب۔ ایک عرض کی چادر
ریعان: [ف امذ] کسی چیز کا بہترین حصّہ
ریعان الشباب: [ف امذ] عین جوانی۔ جوانی کے زور کا زمانہ
ریفارمر: [انگ امث] (reformer) اصلاح کرنے والا درستی کرنے والا۔ مصلح
ریفارمیشن: [انگ امث] reformation درستی۔ اصلاح شدہ
ریفرشمنٹ: (REFRESHMENT) جو چیز تازہ دم ہونے کے لئے کھائی جائے۔ پانی جائے (۲) ہلکا کھانا
ریفری: [انگ۔ امذ] (REFREE) پنچ، حکم، کھیلوں کا

ریفریجریٹر: [انگ امذ] refrigerator ایک برقی الماری جس میں چیزیں ٹھنڈی اور گلنے سے محفوظ رہتی ہیں۔
ریق: [ع امث] (۱) تھوک (۲) طاقت (۳) ناشتہ
ریک: [انگ امث] rack خانے دار الماری، کپڑے رکھنے کی کھونٹی
ریکارڈ: [انگ امذ] record (۱) مثل مقدمہ (۲) اندراج (۳) دفتر کے کل کاغذات۔ دفتر (۴) گراموفون کی پلیٹ (۵) انتہا، حد، مثال
ریکارڈ توڑنا: [ا رمحاورہ] پہلی مثالوں کو توڑ کر نئی مثال قائم کرنا
ریکارڈ قائم کرنا: [ا رمحاورہ] کوئی مثال قائم کرنا
ریکارڈ کرنا: [ا رمحاورہ] لکھنا۔ تحریر کرنا
ریکارڈ ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "ریکارڈ کرنا" جس کا یہ لازم ہے
ریکٹ: [انگ امذ] racket ٹینس بیڈمنٹن کھیلنے کا بلّا
ریکٹر: [انگ امذ] rector (۱) حلقہ کا پادری (۲) یونیورسٹی کا صدر یا ناظم۔ شیخ الجامعہ
ریکھ: [ھ امث] لکیر۔ خط۔ مسّی کی سیاہ لکیر دانتوں پر
ریکھا: [ھ امث] (۱) لکیر۔ خط۔ دھاری (۲) سلسلہ قطار (۳) نشان (۴) تحریر (۵) ہل کا نشان (۶) ہتھیلی کی لکیریں (۷) قسمت کا لکھا تقدیر نصیب (۸) پہلا خط نصف النہار جو لنکا سے کوہ میرو تک خیال کیا جاتا تھا یعنی خط استوا سے قطب شمالی تک (۹) نسبی۔ کشفی (۱۰) دھوکا دغا (۱۱) ناچنے میں اعضا کا سیدھا یا درست رہنا۔
ریکھا گنت: [ھ امث] علم ہندسہ۔ تحریر اقلیدس
ریکھیں بھیگنا: [ا رمحاورہ] مسیں بھیگنا۔ ڈاڑھی مونچھوں کا نمودار ہونا
ریگ: [ف امث] (۱) ریت بالو (۲) وہ ریت جو گردے میں پیدا ہو جاتی ہے (۳) وہ مٹی جو سیاہی خشک کرنے کے لئے ڈالا کرتے تھے۔
ریگ رواں: [ف صف] سراب۔ وہ ریت جو چمکتی ہوئی نظر آتی ہے جس پر پانی کا شبہ ہوتا ہے
ریگستان: [ف امذ] ریتیلا میدان صحرا
ریگ کے ذرّے گننا: [ا رمحاورہ] فضول کام کرنا
ریگ گردہ: [ف امث] ریت جو پیشاب میں آئے
ریگ مال: [ف امذ] وہ کھردرا کاغذ جس سے لکڑی یا لوہے کو صاف کرتے ہیں
ریگ ماہی: [ف امث] سقنقور۔ گرگٹ کی قسم کا ایک جانور ریگستان میں پایا جاتا ہے۔
ریگولیٹر: [انگ امذ] regulator گھڑی کا لٹکن۔ پنڈولم۔ جو گھڑی کی رفتار میں باقاعدگی پیدا کرتا ہے (۲) کسی بھی آلے مثلاً بجلی کے پنکھے وغیرہ کی رفتار گھٹانے بڑھانے کا آلہ
ریگولیشن: [انگ امذ] regulation ضابطہ۔ قانون۔ قاعدہ
ریل: [انگ امث] reel پھرکی جس پر سُوت یا دھاگے لپیٹے ہوتے ہوں
ریل (یائے مجہول سے): [انگ امث] rail کٹہرا، جنگلا
ریلوے: [انگ امث] railway ریل کی پٹڑی۔ ریل کا محکمہ۔ ریل کی سڑک جو ایک منزل سے دوسری منزل تک ہو
ریلوے سٹیشن: وہ مقام جہاں گاڑی ٹھہرتی ہو (۲) ریل گاڑی (۳) لوہے کی پٹڑی جس پر ریل گاڑی چلتی ہے۔

ریل : (ہ۔ امث) ۱۔ بہتات ۔ افراط (۲) ہجوم ، انبوہ ۔ بھیڑ ۔ اژدحام
ریل پیل : (ہ امث) دھکم دھکا (۲) بہتات ۔ افراط ۔ کثرت ۔ (افعال : کرنا ، ہونا)
ریل چیل : (ہ امث) ریل پیل
ریلا : (ہ امذ) (۱) دھکا ۔ زد ۔ سیلاب (۲) دھار (۳) بھیڑ ۔ ہجوم ۔ (۴) جانوروں کی قطار ۔
ریلا دینا : (ار محاورہ) دھکا دینا ۔ ریلنا
ریلم ریلا : (ار امذ) دھکم دھکا ۔ کسی چیز کا افراط سے آنا
ریلنا : (ار مص) پیچھے سے ہٹانا ۔ ریلا دینا ۔ دھکا دینا
ریلی : (انگ ۔ امث) rally فوج یا سکاؤٹوں کا اجتماع
ریم : (ف امث) پیپ ۔ مادہ جو زخموں وغیرہ سے نکلے ۔ تلچھٹ
ریمارک : (انگ امذ) remark رائے ۔ اظہار رائے کرنا (افعال : کرنا ، دینا ، لکھنا ، ہونا)
ریمانڈ : (انگ امذ) remand ملزم کی واپسی حراست پولیس یا جیل میں پولیس ۲۴ گھنٹے گرفتاری کے بعد ملزم کو عدالت میں پیش کرتی ہے اور ۱۴ دن تک ملزم کو تفتیش کے لئے لے سکتی ہے ۔ مجسٹریٹ چاہے تو اس اثنا میں ملزم کو جیل بھیج دے (افعال : کرنا ، دینا ، لینا ، مانگنا)
ریمائنڈر : (انگ امذ) remission یاد دہانی ۔ یادداشت
ریمیشن : (انگ امث) (REMISSION) معافی ۔ سزا یا مالگزاری وغیرہ کی
ریمی : (ف صف) پیپ دار ، جس میں سے پیپ بہے
ریمیا : (ف ۔ امذ) ایک علم کا نام ۔ مشہور ہے کہ اس کا جاننے والا جہاں چاہے جا سکتا ہے ۔
رین : (ہ امث) رات ۔ شب
رین بسیرا : (ہ امذ) رات رہنا (۲) پرندوں کا رات کو درختوں وغیرہ پر رہنا ۔
رین چین (ہ امث) رات کے مزے ۔ عیش ۔ امن چین کی زندگی
رینٹ / رینٹا : (ہ امذ) وہ گاڑھی رطوبت جو ناک سے نکلتی ہے
رینڈھا پھیلانا : (ار محاورہ) (عو) جھگڑا پھیلانا
ریندھنا : (ار مص) پکانا ۔ اُبالنا ۔ کھانا تیار کرنا
ریندی : (ار امث) (۱) خربوزے کے بیجوں کا مجموعہ (۲) چھوٹا خربوزہ
ریںڈی : (ار امث) ارنڈ کا بیج
رینڈیر : (انگ امذ) (reindeer) ایک قسم کا ہرن جس کو برفانی ملکوں میں گاڑیوں میں جوتتے ہیں ۔
ریں ریں : (ہ اصوت مث) (۱) بچوں کے رونے کی آواز (۲) سارنگی کی آواز
رینک : (ہ اسم صوت) گدھے کی آواز
رینکنا : (ہ مص) گدھے کا بولنا
رینگ : (ہ امث) ایک قسم کا باریک کپڑا ۔ تن زیب
رینگٹا : (ہ امذ) ۱۔ گدھے کا بچہ ۲۔ جانوروں کا دبلا پتلا چھوٹا بچہ ۔
رینگنا : (ار مص) آہستہ آہستہ (جوں کی چال) پیٹ کے بل گھسٹ کر چلنا ۔
رینگنی : (ہ امث) عرق النساء ۔ ایک درد جو چڈوں سے اٹھ کر ٹخنوں تک پہنچتا ہے ۔

رینی : (ہ صف) (۱) وہ سدھایا ہوا پرندہ جو رات کو بولے مثلاً رینی بلبل (۲) سونے چاندی کی ڈلی (۳) چاندی وغیرہ کو پگھلا کر ٹھنڈا کرنے کا اوزار
رینی : (ہ امث) (۱) کسم کا رنگ (۲) کسی چیز کو بھگو کر اس کا عرق ٹپکانا ۔ (۳) چھوٹی دیوار جو قلعہ کے گردا گرد بناتے تھے اور اس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ رکھتے تھے ۔
رینی ٹپکانا : (ار محاورہ) دیکھیے "رینی ٹپکنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔
رینی ٹپکنا : (ار محاورہ) کسم سے رنگ ٹپکنا
رینی چڑھانا : (ار محاورہ) بھیگے ہوئے کسم کو کپڑوں میں رکھ کر رنگ نکالنے کے لیے ٹکانا
رینی چڑھنا : (ار محاورہ) دیکھیے "رینی چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے
رینی راس آنا : (ار محاورہ) رنگ ٹھیک نکلنا ۔ کام درست ہونا ۔ محنت ٹھکانے لگنا
ریو : (ف امث) دھوکا ۔ فریب ۔ چھل ۔ مکر ۔ حیلہ
ریوالور : (انگ امذ) (revolver) ایک قسم کا پستول جس میں چرخی لگی ہوتی ہے اور لگاتار کئی فائر ہو سکتے ہیں
ریورنڈ : (انگ امذ) معزز ۔ مقدس پادریوں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے
ریوڑ : (ہ امذ) بھیڑوں ، بکریوں کا گلہ ، غول
ریوڑی : (ہ امث) ایک قسم کی مٹھائی جو کھانڈ گڑ کے گنوں پر تل چپکا کر بناتے ہیں ۔
ریوڑی کے پھیر میں آنا / پڑنا : (ار محاورہ) کسی لالچ یا طمع میں آ کر مصیبت میں پھنسنا
ریوڑیاں سی بٹ جانا : (ار محاورہ) ساری آمدنی فوراً خرچ ہو جانا ۔
ریول : (ہ امذ) خانگی کبوتروں کا صحرا میں جا کر چگنا
ریولیا : (ہ صف) وہ خانگی کبوتر جو صحرا میں جا کر دانہ کھا کر واپس آ جائے

ریوند / ریوند چینی : (ف امث) ایک دست آور دوا ۔ جو پودے سے تیار ہوتی ہے یہ زرد رنگ کی ہوتی ہے ۔
ریوی نیو : (انگ امذ) revenue لگان ۔ مالیہ ۔ مال گزاری
ریہ : (ع امذ) پھیپھڑا
ریہ (یائے مجہول سے) (ہ امث) کھاری مٹی ۔ شور دار مٹی ۔ جس کو دھوبی کپڑے صاف کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔
ریہرسل : (انگ ۔ امث) ۱۔ دہراؤ ، تکرار ، اعادہ (۲) کسی عمل یا ڈرامے وغیرہ کو منظر عام پر پیش کرنے سے پہلے اس کی مشق و اعادہ تاکہ کوئی خامی نہ رہے ۔

ریہڑ : (ہ امذ) وہ زمین جس میں شور رہو ۔ بنجر زمین ۔ کلر والی زمین
ریہو : (ہ امث) دیکھیے "روہو"

ڑ

ڑ : [ہ-امث] اردو میں اسے ڑے کہتے ہیں۔ چونکہ اس کی آواز عربی، فارسی میں نہیں پائی جاتی اس لیے اسے نرا ہندی بھی کہتے ہیں اور بلائے ثقیلہ بھی۔

۱- اردو حروف تہجی کا یہ پندرھواں حرف ہے۔
۲- دیوناگری رسم الخط میں "ڈ" کے نیچے ، نقطہ لگا کر بنا لیتے ہیں۔
۳- یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرفِ علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
۴- یہ کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتی۔
۵- حساب جمل میں اسے "ر" کی ایک شکل خیال کیا جاتا ہے، اور اس کے عدد بھی دو سو لیے جاتے ہیں۔

ز

ز ۱[ع. امث] عربی اور فارسی میں زا مگر اردو میں زے کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے زائے معجمہ یا منقوط بھی کہتے ہیں۔

۱. اُردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ سولھواں اور فارسی حروف ہجا کی ترتیب میں تیرھواں حرف ہے۔
عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتث میں گیارھواں اور ترتیب ابجد میں ساتواں حرف ہے۔

۲. یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳. عربی تقسیم کے مطابق حروف شمسی میں شامل ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز نہیں دیتا بلکہ اس کو مشدد کر دیتا ہے مثلاً الزاہد وغیرہ میں۔

۴. حساب جمل میں اس کے سات عدد مقرر ہیں۔

۵. ہندی اور سنسکرت میں یہ آواز موجود نہیں۔ بلکہ جیم کی آواز ہی سے کام چلایا جاتا ہے۔

۶. تقویم میں یکشنبہ اور برج عقرب کی علامت ہے۔

۷. یہ مندرجہ ذیل حروف سے بدل بھی جاتا ہے مثلاً
ا۔ ج سے مثلاً روز سے روج
ب۔ چ سے مثلاً پزشک سے پچشک
ج۔ د سے مثلاً سرخ مرز سے سرخ م…
د۔ ژ سے مثلاً زاغر سے ژاغر
ہ۔ س سے مثلاً زماروغ سے سماروغ
و۔ ش سے مثلاً زلوک سے شلوک
ز۔ غ سے مثلاً گریز سے گریغ
ح۔ ف سے مثلاً زغند سے فغند
ط۔ ہ سے مثلاً درواز سے درواہ
ی۔ ی سے مثلاً آواز سے آوای

زِ ۲[ف حرف ربط] دیکھئے "از" جس کا یہ مخفف ہے

زا ۱[ف لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر زائیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پیدا کرنے والا یا پیدا شدہ کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً فتنہ زا۔ ولایت زا۔

زابلی ۱[ف۔ امث] فارسی زبان کی ایک شاخ جو زابلستان میں بولی جاتی تھی۔

زاج ۱[ف۔ امث] (۱) سبھی، زتیا، ہیرا کیس۔ زنگار (۲) پھٹکری

زاج سفید ۱[ف۔ امث] سفید پھٹکری

زاجر ۱[ع۔ صف] جھڑکنے والا۔ ڈانٹنے والا

زاد ۱[ف۔ صف] (۱) جنا ہوا۔ بیٹا۔ اولاد مثلاً آدم زاد (۲) (امث) پیدائش۔ جنم

زاد بوم ۱[ف امث] جائے پیدائش۔ جنم بھومی۔ وطن

زاد ۲[ع امذ] راہ کا توشہ۔ سفر خرچ

زادِ آخرت ۱[ع امذ بہ ترکیب فارسی] عاقبت یا آخرت میں کام آنے والے نیک اعمال

زادِ راہ ۱[ع [illegible]] [illegible] توشہ

زادِ سفر ۱[ع [illegible]] [illegible] راہ

زادِ عُقبیٰ ۱[ع امذ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "زادِ آخرت"

زادہ ۱[ف صف] جنا ہوا۔ پیدا شدہ۔ بیٹا۔

زادی ۱[ا سف امث] دیکھئے "زادہ" جس کی یہ تانیث ہے۔

زار ۱[ف لاحقہ ظرفی] دو لفظ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم ظرف مکان سا بنا دیتا ہے۔ مثلاً گلزار، کارزار وغیرہ (۲) کثرت و زیادتی کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔

زار ۲[ف صف] (۱) ضعیف، کمزور (۲) رنج و غم (۳) فریفتہ، عاشق (۴) رونے والا (۵) ذلیل، رسوا، خوار

زار بہ زار/زار زار/زار و قطار رونا ۱[ا محاورہ] بہت رونا۔ آنسوؤں کا تار باندھ دینا۔

زار نالی ۱[ف امث] فریاد۔ آہ و فغاں

زار و زبوں ۱[ف صف] خراب۔ خستہ۔ غمگین

زار و نزار ۱[ف صف] دبلا پتلا۔ کمزور۔ ناتواں۔ لاغر

زار ۳[انگ امذ] czar [illegible] روس کا لقب

زاری ۱[ف امث] (۱) رونا۔ گریہ۔ پیٹنا (۲) عجز و نیاز

زارینہ ۱[انگ امث] czarina روس کی ملکہ کا خطاب

زاغ ۱[ف امذ] (۱) کوا، کاگ (۲) کمان کے گوشے کی نوک (۳) ایرانی موسیقی کے ایک راگ کا نام

زاغ آبی ۱[ف امذ] جل کوا۔ بن ڈوبی۔ ایک قسم کا آبی پرندہ

زاغ چشم ۱[ف صف] نیلی آنکھوں والا

زاغ سہ پر ۱[ف امذ] تیر

زاغ کمان ۱[ف امذ] کمان کے گوشے کی نوک

زاغ کوہی ۱[ف امذ] پہاڑی کوا

زال ۱[ف صف] (۱) بوڑھا۔ سفید بالوں والا۔ بڈھا۔ پھونس (۲) (امذ) رستم کے باپ کا نام جس کے بال پیدائشی سفید تھے۔

زالِ دنیا/زمان ۱[ف امث] (کنایۃً) دنیا جو بہت قدیم سے ہے

زالِ گوژ پشت ۱[ف امث] (۱) جھکی ہوئی کمر والی بڑھیا (۲) آسمان

زانو ۱[ف امذ] (۱) جانگھ (۲) ران (۳) گھٹنا

زانو بدلنا ۱[ا محاورہ] (۱) بیٹھک بدلنا۔ بیٹھے ہوئے کھڑے زانو کو بچھا کرنا اور بچھے زانو کو اونچا کرنا (۲) گھبرا جانا (۳) تلملانا

زانو بہ زانو ۱[ف متعلق فعل] زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا۔

زانو پر سر جھکانا : [ا ر محاورہ] کنایۃً غور اور فکر میں مبتلا ہونا۔
زانو پر سر جھکنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زانو پر سر جھکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
زانو پر سر ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زانو پر سر رکھنا"
زانو پر ہاتھ مارنا : [ا ر محاورہ] (۱) کنایۃً "تعجب کرنا" (۲) کمال افسوس کرنا۔
زانو پوش : [ف اند] وہ کپڑا جو کھانا کھانے کے وقت گھٹنوں پر ڈال لیتے ہیں۔
زانو پیٹنا : [ا ر محاورہ] افسوس کرنا۔ رنج و الم اور ماتم کی حالت کا ظاہر کرنا۔
زانو توڑنا : [ا ر محاورہ] ادب سے بیٹھنا۔
زانو تولنا : [ا ر محاورہ] گھٹنا بدلنا۔
زانو تہ کرنا : [ا ر محاورہ] ادب سے بیٹھنا۔ مودب بیٹھنا۔
زانو جمانا : [ا ر محاورہ] پٹڑی جمانا۔ آسن جمانا۔ گھوڑے پر جم کر بیٹھنا
زانو دبا کے : [ا ر متعلق فعل] پاس بیٹھ کے۔ بہت قریب ہو کے۔
زانو سے سر اٹھانا : [ا ر محاورہ] فکر سے فراغت پانا۔
زانو کے تلے دابنا : [ا ر محاورہ] کسی کی چھاتی پر زانو رکھ کر سارے بدن کا زور دینا
زانو مسلنا : [ا ر محاورہ] سواری میں گھوڑے کو دونوں طرف سے زانوؤں سے رگڑنا تاکہ تیز چلے۔
زانوؤں میں دبانا : [ا ر محاورہ] دونوں زانوؤں سے پکڑ کر بھینچنا۔
زانوئے ادب تہ کرنا : [ا ر محاورہ] مودب بیٹھنا۔ شاگرد ہونا۔
زانوئے تلمذ تہ کرنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زانوئے ادب تہ کرنا"
زانی : [ع صف] زناکار مرد
زانیہ : [ع صف مث] زناکار عورت۔ چھنال۔ فاحشہ
زاویہ : [ع اند] (۱) کونہ۔ گوشہ (۲) [اقلیدس] وہ کونہ جو دو خطوط مستقیم کے ایک نقطہ پر ملنے سے پیدا ہوتا ہے (۳) خانقاہ۔ مسافر خانہ
زاویۂ اتصال / انطباق : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو کسی چیز کے کسی سطح پر پڑنے کی جانب اور اس کے عمود کے درمیان بنے جو اس سطح پر اس نقطہ پر کھینچا جائے جہاں کرن پڑے۔
زاویۂ اندرونی : [ع ف اند] اگر دو خطوط متوازی کو ایک خط مستقیم کاٹے تو متوازی خطوط کے اندر کے زاویے اندرونی زاویے ہوں گے۔
زاویۂ انعکاس : [ع اند بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "زاویۂ مراجعت"
زاویۂ بیرونی : [ع اند] دو متوازی خطوط کو ایک خط مستقیم کے کاٹنے سے جو زاویے ان دونوں متوازی خطوط کے باہر بنیں وہ بیرونی ہوتے ہیں۔
زاویۂ تحتانی : [ع اند] وہ زاویہ جو قاعدے کی نچلی طرف ہو۔
زاویۂ حادہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو قائمہ زاویے سے چھوٹا ہوتا ہے۔
زاویۂ خارجہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] زاویہ بیرونی ملاحظہ ہو۔
زاویۂ داخلہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "زاویہ اندرونی"
زاویۂ راس : [ع اند بہ ترکیب فارسی] اوپر کا زاویہ
زاویۂ قائمہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] اگر ایک خط مستقیم پر دوسرا خط مستقیم اس طرح کھینچا جائے کہ زاویہ متصلہ برابر ہوں تو ہر ایک متصلہ زاویہ قائمہ زاویہ ہوگا۔
زاویۂ گردیہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "زاویۂ مستدیر"

زاویہ کش : [ع اند بہ ترکیب فارسی] ایک آلہ جس سے زاویہ بنایا جاتا ہے۔
زاویۂ مائلہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو کوئی جھکی ہوئی چیز کی سطح کے ساتھ بنائے
زاویۂ ماثل : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو قطب نما کی سوئی افق کے ساتھ بناتی ہے۔
زاویۂ متبادلہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] ان دو زاویوں میں سے کوئی ایک جن کے سرے ایک خط مستقیم پر مگر مختلف پہلوؤں پر ہوں
زاویۂ متصلہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] ان ہر دو زاویوں میں سے کوئی ایک جن کا ایک پہلو مشترک ہو اور ایک نقطہ پر ختم ہوں۔
زاویۂ مجسمہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو کسی ٹھوس چیز کے کونے کا بنے
زاویۂ محیطی : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو دائرے کے محیط پر بنے۔
زاویۂ مراجعت : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو کرن کسی چیز سے عکس اور اس عمود کے درمیان بنے۔
زاویۂ مستدیر یا مستوی : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو دو دائرے اس نقطے پر بنائیں۔ جہاں کر وہ ایک دوسرے کو کاٹیں۔ یہ زاویہ دونوں دائروں کے خطوط مماس کے درمیان ہوتا ہے۔
زاویۂ مستقیم الخطین / مسطح : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو ایک ہی سطح پر ہو
زاویۂ مسطح مستقیم الخطین : [ع اند بہ ترکیب فارسی] سیدھی لکیروں کا چورس کونہ
زاویۂ مقابلہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو دو خطوں کے ایک دوسرے کو کاٹنے پر ایک دوسرے کے مقابل بنے۔
زاویۂ ملتحمی : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو ایک خط مستقیم اور قطع دائرہ کے درمیان بنے۔
زاویۂ منفرجہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔
زاویۂ نظری : [ع اند بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "زاویہ نگاہ"
زاویۂ نگاہ : [ع اند بہ ترکیب فارسی] (۱) وہ زاویہ جو نگاہ اس عمود کے ساتھ بنائے جو آنکھ سے زمین تک کھینچا جائے (۲) سوچنے کا انداز۔ انداز نظر۔
زاہد : [ع اند] وہ شخص جو دنیا سے الگ رہے اور عبادت و ریاضت میں وقت گزارے۔ عابد۔ خدا پرست۔ راہب۔ متقی۔ جوگی۔
زاہد خشک / خشک : [ع صف] ایسا زاہد جو ظاہری باتوں کا پابند ہو مگر اس میں روحانیت نہ ہو۔ ریاکار۔ منافق۔ زاہد کوہ
زاہد کا کیا خدا ہے ہمارا خدا نہیں : [ا ر مثل] خدا سب پر ایک جیسا مہربان ہے
زاہدہ : [ع امث] دیکھئے "زاہد" جس کی یہ تانیث ہے۔
زاہر : [ع صف] (۱) چمک دار۔ روشن (۲) بلند
زاہق : [ع صف] (۱) بھاگنے والا۔ فراری۔ مغرور (۲) مرنے والا (۳) بہت موٹا (۴) بہت دبلا (۵) تیز۔ مضبوط (۶) خشک
زائچہ : [ف امذ] (۱) جنم پتری (۲) وہ رمل کی شکلیں جو رمال قرعہ ڈال کر بناتے ہیں [افعال: بنانا۔ بننا۔ کھینچنا]

زائد: [ع۔صف] (۱) زیادہ۔ فضول (۲) بچا ہوا۔ بڑھا ہوا (۳) فالتو
زائد المیعاد: [ع۔امذ] وہ معاملہ جس کی میعاد گزر چکی ہو۔
زائد الوصف: [ع۔صف] تعریف سے زیادہ۔ تعریف سے باہر
زائد خرچ: [ع۔مذ] وہ خرچ جو آمدنی سے زیادہ ہو۔
زائر: [ع۔صف] زیارت کرنے والا۔ زیارت کو جانے والا
زائل: [ع۔صف] دُور ہونے والا (افعال: کرنا۔ ہونا)
زائیدگی: [ف۔امث] (۱) جننا (۲) جنائی
زائیدہ: [ف۔صف] جنا ہوا۔ پیدا کیا ہوا
زائیدۂ فکر: [فع۔صف۔مفعولی] سوچ یا غور کا نتیجہ
زاسے: [ف۔صف] جلنے والا۔ دیکھئے "زا"

ز۔ب

زباد: [ع۔امث] (۱) ایک قسم کی ایک خوشبو (۲) جنگلی بلی
زبان: [ف۔امث] (۱) جیبھ۔ لسان (۲) بول چال۔ نطق۔ محاورہ۔ بولی۔ بات گفتگو (۳) اقرار۔ قول۔ وعدہ (۴) بیان (۵) بد زبانی
زبان آب کوثر سے دھوئی ہونا: [ا۔محاورہ] کنایۃً نہایت پاکیزہ زبان اور کلام، فصیح البیان ہونا۔ زبان کا نہایت اعلیٰ ہونا۔
زبان آشنا ہونا: [ا۔محاورہ] زبان کا خوگر ہونا۔ زبان کا کسی مزے سے واقف ہونا۔
زبان آلودہ ہونا: [ا۔محاورہ] بات کرنا۔ زبان پر کسی بات کا آنا
زبان آنا: [ا۔محاورہ] بولی سے واقف ہونا۔ انداز بیان آنا
زبان آور: [ف۔صف] شاعر۔ فصیح، خوش بیان
زبان آوری: [ف۔امث] دیکھئے "زبان آور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زبان اُلٹنا: [ا۔محاورہ] (۱) زبان بدلنا۔ کہہ کے مکر جانا (۲) بولنے پر قادر ہونا۔ مطلب کے مطابق بات کرنا
زبان اُلجھنا: [ا۔محاورہ] زبان کا مطلب بیان نہ کر سکنا۔
زبان اولا ہونا: [ا۔محاورہ] زبان سخت ہونا۔ اکڑ جانا
زبان اینٹھنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "زبان اولا ہونا"
زبان بدلنا: [ا۔محاورہ] کوئی بات کہہ کر مکر جانا۔ عہد سے پھرنا۔ اقرار سے پھرنا
زبان بدلنے سے کوچہ بدلنا بہتر ہے: [ا۔مثل] وعدہ وفا نہ کرنے سے نقصان اٹھانا بہتر ہے۔
زبان بریدہ / بستہ: [ف۔صف] چپ۔ خاموش
زبان بڑھنا: [ا۔محاورہ] بد زبانی زیادہ ہونا
زبان بستگی: [ف۔امث] دیکھئے "زبان بریدہ"
زبان بگاڑنا: [ا۔محاورہ] گالیوں کی عادت ہونا۔ زبان خراب ہونا۔
زبان بگڑنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "زبان بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے
زبان بند: [ف۔صف] وہ تعویذ جو دشمن کی زبان بند کر دے
زبان بند کرنا: [ا۔محاورہ] (۱) بات نہ کہنے دینا (۲) جادو یا تعویذ کے زور سے دشمن کو اپنے خلاف کوئی بات نہ کہنے دینا۔

زبان بند کرو: [ا۔محاورہ] خاموش رہو۔ بکواس مت کرو۔
زبان بند ہونا: [ا۔محاورہ] (۱) بولنے سے عاجز ہونا۔ خاموش ہونا (۲) قوت گویائی کا سلب ہو جانا (۳) جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کو کچھ کہنے نہ دینا۔
زبان بندی: [ف۔امث] بولنے پر پابندی۔ بولنے کی ممانعت۔
زبان پر: [ا۔متعلق فعل] زبان پر، وعدہ پر، اقرار پر
زبان پر آسکنا: [ا۔محاورہ] بیان ہو سکنا۔ کہہ سکنا
زبان پر آنا: [ا۔محاورہ] (۱) بے سمجھے بوجھے کہے جانا (۲) بات کہی جانا۔
زبان پر آئی ہوئی بات کاٹ دینا: [ا۔محاورہ] نا تمام بات کو چھوڑ دینا۔ خیال میں آئی ہوئی بات کاٹ دینا۔
زبان پر انگارہ رکھ دینا: [ا۔محاورہ] بد زبانی کی سزا دینا
زبان پر جاری ہونا: [ا۔محاورہ] بولا جانا۔ منہ سے کوئی بات بار بار کہنا۔
زبان پر چڑھ جانا / چڑھنا: [ا۔محاورہ] (۱) ورد زبان ہونا۔ تکیہ کلام ہونا۔ (۲) حفظ ہونا (۳) بولنے کی قوت ہونا
زبان پر چھالے پڑنا: [ا۔محاورہ] گرمی کی وجہ سے زبان پر آبلے ہو جانا۔
زبان پر چھٹی کا دودھ آنا: [ا۔محاورہ] کنایۃً پچھتانا۔
زبان پر حرف لانا: [ا۔محاورہ] شکایت کرنا
زبان پر دھرا ہونا: [کسی بات کا بغیر کسی فکر و تامل کے یاد ہونا] [ا۔محاورہ]
زبان پر دھرنا / رکھنا: [ا۔محاورہ] مزہ چکھنا۔ ذائقہ چکھنا
زبان پر زبان بدلنا: [ا۔محاورہ] کسی بات پر قائم نہ ہونا
زبان پر سر دینا: [ا۔محاورہ] عہد کو پورا کر دینا۔ عہد کو ہر طرح پورا کرنا۔
زبان پر فیصلہ ہونا: [ا۔محاورہ] کسی کے کہنے پر جھگڑا طے ہونا۔
زبان پر کانٹے پڑنا: [ا۔محاورہ] زبان خشک ہو جانا۔ پیاس لگنا
زبان پر لانا: [ا۔محاورہ] کہنا۔ بولنا۔ بیان کرنا
زبان پر مہر ہونا: [ا۔محاورہ] بول نہ سکنا۔ زبان بند ہونا
زبان پر نام آنا: [ا۔محاورہ] کسی کا نام زبان سے نکل جانا۔
زبان پر ہونا: [ا۔محاورہ] از بر ہونا۔ خوب یاد ہونا
زبان پکڑنا: [ا۔محاورہ] بات کہنے سے روکنا۔ بیچ میں بول پڑنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
زبان پلٹنا: [ا۔محاورہ] زبان بدلنا
زبان پھٹ پڑنا: [ا۔محاورہ] باتیں کرنے لگنا
زبان پھرنا: [ا۔محاورہ] بولنے کی طاقت ہونا۔ زبان کا حرکت کرنا
زبان پہلوی: [ف۔امذ] قدیم ایرانی زبان جس میں ژند و اوستا لکھی ہوئی ہیں۔
زبان پھول جانا: [ا۔محاورہ] کسی بیماری کی وجہ سے زبان کا متورم ہونا
زبان پھیرنا: [ا۔محاورہ] زبان بدلنا
زبان پیدا کرنا: [ا۔محاورہ] بولنے کی طاقت حاصل کرنا
زبان تاک: [ف۔امث] انگور کی بیل کی نئی شاخ
زبان تالو سے لگانا: [ا۔محاورہ] چپ ہو جانا
زبان تالو سے لگنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "زبان تالو سے لگانا" جس کا یہ لازم ہے

زُبان تتلانا: [ا ر محاورہ] (۱) توتلی زبان میں باتیں کرنا (۲) الفاظ ٹھیک طور پر زبان سے نہ نکلنا۔
زُبان ترازو: [ف امذ] ترازو کی سوئی
زُبان تراشنا: [ا رمحاورہ] زبان فصیح بنانا۔ زبان آراستہ کرنا
زُبان تر ہونا: [ا رمحاورہ] زبان بولنے کے قابل ہونا
زُبان تڑاق پڑاق / تڑ تڑ چلانا: [ا رمحاورہ] جلد جلد بولنا۔ چالاکی اور بے باکی سے بولنا
زُبان تڑاق تڑاق / تڑ تڑ چلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "زبان تڑاق پڑاق چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
زُبان تک لانا: [ا رمحاورہ] کچھ کہنا
زُبان تلے زبان ہونا: [ا رمحاورہ] کسی بات پر قائم نہ رہنا
زُبان تھامنا: [ا رمحاورہ] چپ رہنا
زُبان تھمنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "زبان تھامنا" جس کا یہ لازم ہے۔
زُبان تھکنا: [ا رمحاورہ] بات کرتے کرتے رہ جانا
زُبان تیز: [ا رمحاورہ] دیکھئے "تیز زبان"
زُبان تیز ہونا: [ا رمحاورہ] بہت باتیں کرنا
زُبان تیغ سے جواب دینا: [ا رمحاورہ] جنگ کرنا۔ تلوار سے لڑنا
زُبان ٹوٹنا: [ا رمحاورہ] صحیح طور پر بولنے کی عادت ہونا۔ صاف طور پر بولنا بچے کا صاف بولنا
زُبان جلا دینا / جلانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "زبان جل جانا / جلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
زُبان جل جانا / جلنا: [ا رمحاورہ] زبان کا کسی گرم یا چرپری چیز سے تکلیف اٹھانا۔ جب زبان پر کوئی کلام یا سخت کلمہ آئے تب بولتے ہیں۔
زُبان جل جائے: [ا ر بدعا] دعا کہنے والے کی زبان کو تکلیف پہنچے۔
زُبان جھڑ پڑے: [ا رکلمہ بد دعا] زبان نہ رہے۔ بول نہ سکے
زُبان چاٹنا: [ا رمحاورہ] مزے دار چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا۔
زُبان چار ہاتھ کی ہونا: [ا رمحاورہ] بہت باتیں کرنے والا ہونا۔
زُبان چرب ہونا: [ا رمحاورہ] زبان تیز ہونا
زُبان چلانا: [ا رمحاورہ] جلد جلد زبان کو حرکت دینا۔ جلد جلد باتیں کرنا۔
زُبان چلانے کی روٹی کھانا: [ا رمحاورہ] چاپلوسی کر کے پیٹ پالنا۔ خوشامد در آمد سے روٹی پیدا کرنا۔
زُبان چلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "زبان چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
زُبانِ حال سے کہنا: [ا رمحاورہ] حالت سے ظاہر ہوتا ہے کہ حالات موجودہ سے ظاہر کرنا۔
زُبان خامہ: [ف امث] قلم کا وہ حصہ جس میں شگاف دیتے ہیں
زُبان خراب کرنا: [ا رمحاورہ] (۱) گالیاں دینا (۲) دوسرے کی زبان سے بیہودہ باتیں نکلوانا
زُبان خشک ہونا: [ا رمحاورہ] (۱) بہت پیاس ہونا (۲) بہت باتیں کرنا۔ بہت دوڑنے کی وجہ سے بھی یہ حالت ہو جاتی ہے منت کرنے کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔

زُبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو: [ا رمثل] اکثر لوگ جو بات کہیں وہ ہو جاتی ہے
زُبان داب کر / کے باتیں کہنا: [ا رمحاورہ] آہستہ سے کہنا
زُبان دابنا: [ا رمحاورہ] کہتے کہتے رک جانا۔ بات کرنے سے روکنا
زُبان دبا کر / کے کہنا: [ا رمحاورہ] آہستہ سے کہنا
زُبان خنجر کی طرح چلنا: [ا رمحاورہ] بہت تیز گفتگو کرنا
زُبان داری: [ف امث] ایرانی زبان جو دربار میں بولی جاتی تھی
زُبان دان: [ف صف] زبان کا ماہر
زُبان دانی: [ف امث] زبان کی پوری طرح پر واقفیت
زُبان دانتوں تلے / میں دابنا: [ا رمحاورہ] کچھ کہہ کر پچھتانا۔ حیرت کرنا افسوس کرنا
زُبان دانتوں سے کاٹنا: [ا رمحاورہ] سخت دیوانہ ہونا
زُبان دبا جانا: [ا رمحاورہ] کہتے کہتے رک جانا
زُبان دراز: [ف صف] (۱) گالیاں دینے والا۔ بد زبان (۲) گستاخ منہ پھٹ
زُبان دراز کرنا: [ا رمحاورہ] بہت بولنا۔ گالیاں دینا۔ بدزبان ہونا۔ بہت باتیں کرنا۔
زُبان دراز ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "زبان دراز کرنا" جس کا یہ لازم ہے
زُبان درازی: [ف امث] (۱) بدزبانی (۲) گستاخی [افعال: کرنا، ہونا]
زُبان درست ہونا: [ا رمحاورہ] صحیح زبان بولنا۔ تہذیب سے گفتگو کرنا۔
زُبانِ دری: [ف امث] فارسی زبان کی ایک قدیم شاخ جسے عموماً کوہستانی لوگ بولتے تھے۔
زُبان دکھانا: [ا رمحاورہ] حکیم کو زبان نکال کر ملاحظہ کرانا
زُبان دس گز کی ہونا: [ا رمحاورہ] گستاخ ہونا۔ بے باک ہونا
زُبان دے کر پلٹنا: [ا رمحاورہ] کہہ کر مکر جانا
زُبان دیکھنا: [ا رمحاورہ] زبان کا خیال کرنا
زُبان دینا: [ا رمحاورہ] وعدہ کرنا
زُبان ڈالنا: [ا رمحاورہ] (۱) کسی بات میں ... دینا (۲) مانگنا۔ درخواست کرنا۔ پوچھنا۔
زُبان رکنا: [ا رمحاورہ] کہہ نہ سکنا۔ ہکلانا۔ بولنے میں رکنا
زُبان رکھنا: [ا رمحاورہ] (۱) بولنے یا جواب دینے کی طاقت رکھنا (۲) گالیاں دینا
زُبان رنگین ہونا: [ا رمحاورہ] شوخ زبان ہونا
زُبان رکنا: [ا رمحاورہ] (۱) کہتے کہتے رک جانا (۲) برا بھلا کہنے سے باز رہنا۔
زُبان روکنا: [ا رمحاورہ] (۱) دوسرے کو برا بھلا کہنے سے منع کرنا (۲) دیکھئے "زبان رکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
زُبان زد: [ف صف] مشہور۔ معروف [افعال: ہونا]
زُبان زدِ خاص و عام: [ف متعلق فعل] ہر ایک کی زبان پر ہونا [افعال: ہونا]
زُبان سادی ہونا: [ا رمحاورہ] ایسی زبان ہونا جس میں مشکل الفاظ اور محاورات نہ ہوں۔ بغیر بناوٹ کے زبان
زُبان سمجھنا: [ا رمحاورہ] بولی جاننا
زُبان سنبھال کے بولنا: [ا رمحاورہ] احتیاط سے گفتگو کرنا
زُبان سنبھالو: [ا رمحاورہ] بیہودہ مت بکو۔ بدزبانی مت کرو

زُبان سنبھالنا : [ا ر محاورہ] بیہودہ گفتگو سے باز رہنا
زُبان سنبھالیئے : [ا ر محاورہ] بدزبانی نہ کیجئے۔ گالی نہ دیجئے
زُبان سَنسی سے کھینچ لینا : [ا ر محاورہ] پُرانے زمانے کی ایک سزا جس میں مجرم کی زبان اکھاڑ دی جاتی تھی / دہن سے زبان نکال لینا۔
زُبان سوکھنا : [ا ر محاورہ] (۱) دیکھئے "زبان خشک ہونا" (۲) تعریف کرتے کرتے یا نام لیتے لیتے زبان کا عاجز ہو جانا
زُبان سے اُف نہ کرنا : [ا ر محاورہ] شکایت نہ کرنا۔ تکلیف کا اظہار نہ کرنا
زُبان سے اقرار دینا : [ا ر محاورہ] قول دینا۔ عہد کرنا
زُبان سے پھول جھڑنا : [ا ر محاورہ] (۱) نہایت اعلیٰ زبان میں گفتگو کرنا (۲) طنزاً غیر معقول یا فضول باتیں کرنا۔
زُبان سے بات نہ نکلنا : [ا ر محاورہ] رعب سے کچھ کہہ نہ سکنا
زُبان سے چاٹنا : [ا ر محاورہ] کتے کی طرح زبان سے کسی چیز کو صاف کرنا اور جو کچھ اس میں لگا ہوا ہو کھا جانا
زُبان سے خندق پار کرنا : [ا ر محاورہ] کرنا کرانا کچھ نہیں اور زبان سے بہادری کے دعوے کرنا۔
زُبان سے کہنا : [ا ر محاورہ] خود کہنا
زُبان سے نام نہ لینا : [ا ر محاورہ] ذکر نہ کرنا۔ کسی معاملے کے متعلق چپ رہنا
زُبان سے نکالنا : [ا ر محاورہ] کہنا۔ بیان کرنا۔ تلفظ کرنا
زُبان سے نکلنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زبان سے نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
زُبان سیکھنا : [ا ر محاورہ] بولی سیکھنا
زُبان سینا : [ا ر محاورہ] خاموش رہنا۔ بات نہ کہنا
زُبانِ شمع : [ف امث] شمع کا گل۔ چراغ کی لَو
زُبانِ شیریں : [ف امث] میٹھی بولی
زُبانِ شیشہ : [ف امث] شیشے کی دھار۔ وہ دھار جو شیشے پر کوئی رقیق چیز انڈیلتے وقت نکلتی ہے۔
زُبان طعن کھولنا : [ا ر محاورہ] لعن طعن کرنا
زُبان عاجز ہونا : [ا ر محاورہ] کچھ کہہ نہ سکنا۔ کہنے کی طاقت نہ ہونا
زُبان فر فر چلنا : [ا ر محاورہ] بہت بولنا
زُبان قاصر ہونا : [ا ر محاورہ] زبان عاجز ہونا
زُبانِ قال : [ف امث] بولنے والی زبان، گفتگو کرنے والی زبان
زُبان قلم ہونا : [ا ر محاورہ] زبان کٹنا۔
زُبان قینچی کی سی / کی طرح چلنا : [ا ر محاورہ] بہت تیزی سے گفتگو کرنا۔ لگاتار بولتے رہنا۔
زُبان کا آبِ کوثر سے دُھلا ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زبان آبِ کوثر سے دھوئی ہونا"
زُبان کا پلٹے کھانا : [ا ر محاورہ] مکرنا
زُبان کا پھوہڑ : [ا ر صفت] بدزبان۔ گنوار
زُبان کا ٹانکا ٹوٹنا : [ا ر محاورہ] بدزبان ہو جانا
زُبان کاٹ کے پھینک دینا : [ا ر محاورہ] کوئی فضول بات یا بدعہدی نہ کرنے کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔

زُبان کاٹنا : [ا ر محاورہ] (۱) معمولی معنوں میں ایک سزا جو پُرانے زمانے میں رائج تھی (۲) بات کاٹنا۔ بات میں بول پڑنا (۳) زُبان سے ٹخ کی آواز نکالنا۔ جس سے غلطی پر افسوس ظاہر ہو (۴) کہنے کے بعد پچھتانا (۵) افسوس کرنا۔ رنج کرنا (۶) بیوقوفی کی بات کرنا۔ بے سوچے سمجھے بات کرنا۔
زُبان کالو / کاٹیئے : [ا ر محاورہ] بولنے کی سزا دیجئے
زُبان کا چٹکا / چسکا / مزہ : [ہ ا ر امذ] مزہ دار چیزیں کھانے کی لت چٹورا پن۔
زُبان کا چٹورا : [ا ر صفت] وہ جسے لذیذ کھانے کھانے کی عادت ہو۔
زُبان کا کام ہاتھ سے لینا : [ا ر محاورہ] اشارے کرنا
زُبان کا گل افشانی کرنا : [ا ر محاورہ] زبان سے پھول جھڑنا
زُبان کا میٹھا : [ا ر صفت] (۱) شیریں زبان (۲) منافق۔ کھوٹا (۳) خوشامدی
زُبان کتر لینا : [ا ر محاورہ] قینچی سے زُبان کاٹ لینا۔ پُرانے زمانے کی ایک سزا
زُبان کٹ جائے / زُبان کٹ گرے : [ا ر کلمہ بددعا و قسم] ایک قسم۔ ایک بددُعا
زُبان کٹنا : [ا ر محاورہ] (۱) سزا کے طور پر کسی کی زبان کاٹی جانا (۲) ہر بات پر اعتراض ... بولنے کی اجازت نہ ہونا
زُبان کرنا : [ا ر محاورہ] (۱) بدزبانی کرنا۔ گستاخی کرنا (۲) عہد کرنا۔ اقرار کرنا
زُبان کُند ہوئی جاتی ہے : [ا ر محاورہ] اس وقت کہتے ہیں جب کچھ کہنے کا موقع نہ ملے
زُبان کو بس میں رکھنا : [ا ر محاورہ] سوچ سمجھ کر گفتگو کرنا
زُبان کو کوسے لگی : [ا ر محاورہ] جب کوئی جواب نہ دے سکے تو کہتے ہیں زبان کا رُکنا۔
زُبان کو لگام دو : [ا ر محاورہ] چُپ رہو۔ سمجھ کر بولو
زُبان کو لگام نہیں : [ا ر محاورہ] گستاخ ہے۔ منہ پھٹ ہے
زُبان کو منہ میں رکھنا : [ا ر محاورہ] زبان کو روک کے رکھنا۔ زبان کو بس میں رکھنا۔ چپ رہنا
زُبان کھلنا : [ا ر محاورہ] (۱) زبان سے الفاظ نکلنا۔ گویائی آنا۔ بچے کا بولنے لگنا (۲) بدزبانی پہ آجانا (۳) منہ سے بات نکلنا (۴) لسانی طاقت پیدا ہونا
زُبان کھلوانا : [ا ر محاورہ] بدزبانی میں دلیر کرنا۔ چھپی ہوئی بات ظاہر کرانا
زُبان کھولنا : [ا ر محاورہ] (۱) بُرا بھلا کہنا (۲) کچھ کہنا (۳) گویائی عطا کرنا۔ (۴) گویائی کی قوت حاصل ہونا (۵) عیب نکالنا۔ زبان درازی کرنا (۶) گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا (۷) کلام کو طول دینا۔
زُبان کھینچنا : [ا ر محاورہ] گدی کے پیچھے سے زبان نکالنا
زُبان کی بات : [ا ر امث] کسی خاص شخص کی کہی ہوئی بات
زُبان کی لوچ / لچک : [ا ر امث] لب و لہجہ
زُبان کے آگے خندق نہیں : [ا ر محاورہ] کوئی کسی کی زبان نہیں بند کر سکتا۔

زُبان کے آگے کھائی خندق برابر ہے : [ا۔ مثل] جو منہ میں آیا بک دیا۔

زُبان کے چٹخارے لینا/مزے لینا : [ا۔ محاورہ] نفیس اور مزے دار چیزوں کا لطف لینا

زُبان کے پیچھے زُبان : [ا۔ محاورہ] ایک بات پر قائم نہ رہنا

زُبان کیلنا : [ا۔ محاورہ] جادو یا منتر سے کسی کی زبان یا منہ بند کرنا

زُبان گُدّی سے کھینچنا : [ا۔ محاورہ] زبان جڑ سے نکال دینا۔

زُبان گھس جانا : [ا۔ محاورہ] کہتے کہتے زبان تھک جانا۔

زُبان گیر : [ف۔ صف] (۱) جاسوس (۲) معترض

زُبان گیری : [ف۔ امث] دیکھئے "زبان گیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

زُبان لال ہونا : [ا۔ محاورہ] بول نہ سکنا۔ زیادہ کہنے سے عاجز ہونا۔ گونگا ہونا۔

زُبان لڑانا : [ا۔ محاورہ] جواب دینا۔ مقابلہ کرنا

زُبان لڑنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زبان لڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

زُبان لڑکھڑانا/لغزش کرنا : [ا۔ محاورہ] زبان کا لکنت کرنا۔

زُبان لینا : [ا۔ محاورہ] عہد لینا۔ وعدہ کرانا

زُبان مروڑنا : [ا۔ محاورہ] (۱) زبان ملنا (۲) گھوڑے یا مویشی کو دوا پلانے کے لئے زبان پکڑ کر مروڑنا

زُبانِ مُعجِز بیان : [فع۔ امث] ایسی زبان جس سے حیرت انگیز اور دلکش باتیں نکلیں

زُبانِ مقال : [ف۔ امث] گفتگو کرنے کی زبان۔ زبان حال کی ضد

زُبان ملانا : [ا۔ محاورہ] گستاخی سے بات کرنا

زُبان ملنا : [ا۔ محاورہ] (۱) بولی کا مشابہ ہونا (۲) طرز گفتگو کا ایک جیسا ہونا

زُبان مُنہ سے باہر نکالنا : [ا۔ محاورہ] پیاس کی شدت کی وجہ سے زبان منہ سے باہر نکالنا

زُبان مُنہ سے نکلنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زبان منہ سے نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

زُبان منہ میں رکھنا : [ا۔ محاورہ] بولنے کی طاقت ہونا

زُبان منہ میں نہ رکھنا : [ا۔ محاورہ] بول نہ سکنا

زُبان منہ میں نہ ہونا : [ا۔ محاورہ] سخت بات کا جواب نہ دینا۔ خاموشی اختیار کرنا۔

زُبان موٹی پڑجانا : [ا۔ محاورہ] زبان پھول جانا۔ بول نہ سکنا

زُبان میں بھدرک نہ ہونا : [ا۔ محاورہ] ایک بات پر قائم نہ رہنا

زُبان میں روانی ہونا : [ا۔ محاورہ] تیز گفتگو کرنا۔ بغیر رکنے کے گفتگو کرنا

زُبان میں سانپ کاٹے : [ا۔ کلمہ بد دعا] یعنی مر جائے

زُبان میں فرق ہونا : [ا۔ محاورہ] قول کا پابند نہ ہونا

زُبان میں قفل لگانا : [ا۔ محاورہ] خاموشی اختیار کرنا

زُبان میں قفل لگنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زبان میں قفل لگانا" جس کا یہ لازم ہے

زُبان میں کانٹے پڑنا : [ا۔ محاورہ] سخت پیاس لگنا۔ پیاس کی وجہ سے زبان کھردری ہو جانا۔

زُبان میں کھجلی ہونا : [ا۔ محاورہ] کچھ کہنے کو جی چاہنا۔ لڑنے کو دل چاہنا۔

زُبان میں کیڑے پڑجائیں : [ا۔ کلمہ بد دعا] زبان میں کیڑے پڑ کر مرے۔

زُبان میں لکنت آنا : [ا۔ محاورہ] زبان لڑکھڑانا۔ بات نہ کر سکنا

زُبان میں لگام نہیں : [ا۔ محاورہ] بہت منہ پھٹ ہے گستاخ ہے۔ بدتمیز ہے۔

زُبان میں لوچ ہونا : [ا۔ محاورہ] بولنے میں چھوٹے بڑے کا لحاظ ہونا۔

زُبانِ ناطقہ : [فع۔ امث] بولنے والی زبان

زُبان نکالنا : [ا۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "زبان کھینچنا" (۲) بدزبانی کرنا (۳) دوسرے کو چڑانے کے لئے زبان منہ سے باہر نکالنا

زُبان نکل پڑنا/نکلنا : [ا۔ محاورہ] (۱) زبان کا منہ سے باہر ہو جانا (۲) سخت پیاس ہونا۔

زُبان نکلوانا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زبان نکالنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

زُبان نہ رکنا : [ا۔ محاورہ] چپ نہ رہنا۔ بولے جانا

زُبان نہ کھلنا : [ا۔ محاورہ] منہ سے بات نہ نکلنا

زُبان نہ ہلا سکنا : [ا۔ محاورہ] بول نہ سکنا۔ چپ رہنا

زُبان نہیں رہتی ہے : [ا۔ محاورہ] کہے جاتا ہے چپ نہیں رہ سکتا۔

زُبان ہارنا : [ا۔ محاورہ] وعدہ کرنا۔ عہد کرنا

زُبان ہکلانا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زبان میں لکنت ہونا"

زُبان ہلانا : [ا۔ محاورہ] (۱) کہنا۔ بولنا (۲) اشارہ کرنا۔ حکم کرنا۔ (۳) مانگنا

زُبان ہلانے سے کام نکلتا ہے : [ا۔ مقولہ] کہے بغیر کچھ نہیں ہوتا۔

زُبان ہلنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زبان ہلانا" جس کا یہ لازم ہے

زُبان ہی حلال ہے زُبان ہی مُردار ہے : [ا۔ مثل] زبان جو چاہے کہہ دے۔

زُبان ہی ہاتھی چڑھاوے، ز[illegible]اوے : [ا۔ مثل] زبان ہی سے آدمی کی عزت ہوتی ہے اور زبان [illegible]ے ذلت۔

زُبانِ یارِ من ترکی و من ترکی نمی دانم : [ف۔ مثل] جب کسی کی بات سمجھ نہ آئے تو کہتے ہیں۔

زُبانہ : [ف۔ امذ] (۱) شعلہ۔ لو۔ آگ کی لپک (۲) ترازو کی سوئی

زُبانہ کش : [ف۔ صف] شعلہ نکالنے والا۔ شعلہ پیدا کرنے والا

زُبانی : [ف۔ صف] (۱) منہ سے کہا ہوا۔ نہ لکھا ہوا (۲) سنی سنائی (۳) بناوٹ کا۔ منہ دیکھے کا۔ ظاہری (۴) (متعلق فعل) حفظ۔ ازبر

زُبانی امتحان : [ف۔ امذ] وہ امتحان جو سوال پوچھ کر لیا جائے۔ تحریری نہ ہو۔

زُبانی باتیں : [ف۔ امث] وہ باتیں جو زبان سے کہی جائیں۔ مگر ان پر عمل نہ کیا جائے

زُبانی پڑھنا : [ا۔ محاورہ] حفظ پڑھنا

زُبانی تکے : [ا۔ امذ] اوپری باتیں۔ گپ بازی

زُبانی جمع خرچ : [ا۔ امذ] (۱) باتیں کرنا اور کر کے کچھ نہ دینا (۲) خیالی پلاؤ [افعال: کرنا۔ ہونا]

زُبانی جمع خرچ کرنا : [ا۔ محاورہ] فضول باتیں کرنا اور کام کچھ نہ کرنا

زبانی جمع خرچ ہے : [ا ر محاورہ] لینا نہ دینا۔ فضول گوئی
زبانی داخلہ : [ا ر۔ امذ] دیکھئے "زبانی جمع خرچ"
زبانی سُنانا : [ا ر محاورہ] حفظ سُنانا۔ بغیر کتاب دیکھے سنانا
زبانی سُننا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زبانی سُنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
زبانی کہنا : [ا ر محاورہ] ذکر کرنا بذریعہ گفتگو کچھ سنانا
زبانی لکھنا : [ا ر محاورہ] کسی کی زبان سے سُن کر لکھنا
زبانی وعدہ : [ف امذ] وعدہ جو زبان سے کیا جائے۔
زبدہ / زُبدہ : [ع صف] (۱) چیدہ۔ برگزیدہ۔ منتخب (۲) تازہ مکھن (۳) بالائی۔ کسی چیز کا بہترین حصہ۔
زبر : [ف صف] (۱) از بر کا مخفف (۲) اوپر۔ اونچا۔ بالا (۳) بہتر (۴) بوجھل۔ گراں (۵) طاقت ور۔ زور آور (۶) فتحہ۔ علامت فتح
زبر تنگ : [ف۔ امذ] دیکھئے "بالا تنگ"
زبردست : [ف صف] (۱) طاقت ور۔ قوی۔ زور آور (۲) جابر ظالم (۳) بہترین فائق
زبردست کا ٹھینگا سر پر : [ا ر مثل] زبردست سے زور نہیں چلتا اس کا کہنا ماننا پڑتا ہے۔
زبردست کا بیگھہ سو لبسوے کا : [ا ر مثل] زبردست آدمی کا حصہ بھی بڑا ہوتا ہے۔
زبردست کے بیسوں لبسوے : [ا ر مثل] زبردست سب کچھ ہی لے لیتا ہے۔
زبردست کی جورو سب کی دادی / غریب کی جورو سب کی بھابی : [ا ر مثل] زبردست کی سب عزت کرتے ہیں غریب کی کوئی نہیں کرتا۔
زبردست کی لاٹھی سر پر : [ا ر مثل] زبردست کا سب کہا مانتے ہیں
زبردست مارے اور رونے نہ دے : [ا ر مثل] (۱) زیادتی بھی کرے اور شکایت بھی نہ کرنے دے (۲) خراب حکومت کے ماتحت کسی کی جرأت نہیں ہوتی کہ ظلم و ستم کی شکایت کرے۔
زبردستی : [ف امث] جبر۔ ظلم۔ سختی۔ زیادتی [افعال : دیکھا کرنا۔ لینا ہونا]
زبر ہونا : [ا ر محاورہ] طاقت یا وزن میں زیادہ ہونا۔ غالب ہونا۔
زبر : [ع امث] لکھی ہوئی چیز۔ کتاب۔ نوشتہ
زبرجد : [ع امذ] ایک قسم کا زمرد
زبرجد ہندی : [ع امذ] پکھراج
زبرقان : [ع امذ] (۱) چاند (۲) وہ شخص جس کی داڑھی چھوٹی ہو۔ پیغمبر صلعم کے ایک صحابی کا نام
زبس : [ف صف] از بس کا مخفف
زبور : [ع امث] (۱) وہ کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ (۲) عیسائیوں اور یہودیوں کے نزدیک مناجاتیں جو حضرت داؤد کی تصنیف خیال کی جاتی ہیں۔
زبس کہ : [ف۔ متعلق۔ فعل] دیکھئے "از بس کہ" جس کا یہ مخفف ہے۔

زبون : [ف صف] (۱) خراب تباہ (۲) نحس۔ منحوس (۳) کمزور۔ لاغر۔ ضعیف (۴) صحت کے لئے خراب (۵) [امث۔ لکھنؤ] مادہ کبوتر جو بدرنگ اور لاغر ہو (۶) وہ عورت جو ضعیف اور بدشکل ہو۔
زبونی : [ف امث] خرابی۔ تباہی۔ کمزوری۔ بے عزتی
زبونی کش : [ف صف] شرمندگی اٹھانے والا۔ ذلت اٹھانے والا

ز۔پ

زپ : [انگ امث] (ZIP) زنجیری جو عام طور پر پتلونوں، زنانہ قمیضوں، رسٹوں وغیرہ کو لگائی جاتی ہے
زپاٹا : [ا ر امذ ق] اُٹھتے وقت پرندے کے پروں کی آواز

ز۔ٹ

زٹل : [ا ر امث] فضول بات۔ بے اصل بات۔ بے تکی بات۔ لغویات بڑ۔ جھک (افعال : مارنا۔ ہانکنا)
زٹل باز : [ا ر صف] گپی۔ بکواسی۔ فضول کہانیاں کہنے والا
زٹل قافیے : [ا ر امذ] فضول اور بے تکی باتیں۔ بے اصل باتیں (افعال : کرنا)
زٹلی : [ا ر صف] دیکھئے "زٹل باز"
زٹلیا : [ا ر صف] فضول باتیں کرنے والا۔ نیز دیکھئے "زٹل باز"

ز۔ج

زجاج / زجاجہ : [ع امذ] (۱) شیشہ۔ کانچ۔ آبگینہ (۲) شیشے کا ٹکڑا (۳) شیشے کا پیالہ۔ یا گلاس (۴) شیشے کی بوتل
زجاجی : [ع صف] شیشے کا بنا ہوا
زجر : [ع امث] جھڑکی۔ سرزنش۔ ڈانٹ۔ ڈپٹ
زجر و توبیخ : [ع امث] ڈانٹ۔ ڈپٹ۔ لعنت۔ ملامت

ز۔چ

زچ : [ا ر صف] (۱) شکست خوردہ۔ عاجز۔ تنگ۔ بے بس۔ ناچار۔ دق (۲) (امث) شطرنج میں جب شہ دینے کے بعد مہرے کی چال کا کوئی گھر نہ رہے (۳) کمزور۔ ضعیف [افعال : کرنا، ہونا]
زچہ : [ف امث] وہ عورت جس نے بچہ جنا ہو۔ چالیس دن تک زچہ کہلاتی ہے
زچہ خانہ : [ف امذ] وہ مقام جہاں بچہ پیدا ہوا ہو۔
زچہ گیریاں : [ا ر امث] زچہ خانے کے گیت جن میں بچہ اور ماں کی تعریف ہوتی ہے۔
زچگی : [ف امث] زچہ ہونے کی حالت

ز ۔ ح

زِحاف : [ع امذ] (۱) اصطلاح عروض میں وہ تغیر جو بحر کے کسی رکن میں کمی یا زیادتی کے باعث پیدا ہو (۲) کمی

زُحَل : [ع امذ] سنیچر۔ کیوان۔ ایک سیارہ جو سورج کے گرد پھرتا ہے اس کا فاصلہ سورج سے اٹھاسی کروڑ ساٹھ لاکھ میل بیان ہوتا ہے اس کا ایک چکر یعنی سال ۲۹ ½ سال کا ہوتا ہے
اس کا دن دس گھنٹے چالیس منٹ کا ہوتا ہے۔ یہ نظام شمسی کا چھٹا ستارہ ہے۔ اس کو پاسبان طارم ہفتم یا فلک بھی کہتے ہیں یہ منحوس سیارہ خیال کیا جاتا ہے۔

زَحمَت : [ع امث] مصیبت۔ تکلیف۔ دکھ (افعال : اٹھانا اٹھنا کرنا۔ ہونا)

زَحمَت کَش : [عف صف] زحمت اٹھانے والا تکلیف برداشت کرنے والا

زَحمَت کَشی : [عف امث] دیکھئے "زحمت کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

زَحمی : [ع صف] جسے تکلیف ہو۔ بیمار

زَحِیر : [ع امث] پیچش۔ پیچش کا مرض۔ مروڑ

ز ۔ خ

زَخّار : [ع امبالغہ] لبالب۔ نہایت بھرا ہوا۔ طغیانی پر آیا ہوا۔ موجیں مارتا ہوا۔ بہت شور کرنے والا

زَخارِف : [ع امذ] زُخرف کی جمع (۱) جہاز (۲) کیڑے جو پانی پر اڑتے ہیں (۳) پانی کے رستے (۴) زرق برق۔ آرائش (۵) ساز و سامان

زَخارِف الارض : [ع امذ] رنگ برنگ کے زیر پودے

زَخارِف الدنیا : [ع امذ] دنیا کی نمود و نمائش

زَخارِف الماء : [ع امذ] پانی کے رستے۔ نالیاں

زُخرُف : [ع امذ] (۱) خوبصورتی۔ سجاوٹ۔ زینت۔ ایسی گفتگو جس میں تشبیہیں اور استعارات استعمال کئے جائیں (۲) جھوٹ۔ مبالغہ

زَخم : [ف امذ] (۱) گھاؤ۔ ریش۔ چیر (۲) نقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ۔ صدمہ۔ ضرر۔ زیاں۔ (افعال : لگنا لگانا۔ پڑنا۔ پکنا)

زَخم آلا ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زخم تازہ ہونا"

زَخم اٹھا لینا / اٹھانا : [ا رمحاورہ] زخم کی تکلیف اٹھانا

زَخم اچھا ہونا : [ا رمحاورہ] گوشت کا یکساں ہو جانا۔ زخم مندمل ہو جانا۔

زَخم اندمال ہونا : [ا رمحاورہ] زخم اچھا ہونا

زَخم انگیز : [ف صف] پالا کرنے یا چھالا ڈالنے والی دوا

زَخم اوچھا لگنا : [ا رمحاورہ] ہلکا زخم ہونا

زَخم باندھنا : [ا رمحاورہ] زخم پر پٹی باندھنا

زَخم بریاں : [ف امذ] ایک قسم کا پلاؤ

زَخم بولنا : [ا رمحاورہ] زخم پھٹنا۔ زخم سے ٹانکے ٹوٹنا۔

زَخم بھر آنا / جانا : [ا رمحاورہ] زخم میں انگور آنا۔ زخم اچھا ہونا

زَخم بھر چلنا : [ا رمحاورہ] زخم میں انگور آنا

زَخم بھر لانا : [ا رمحاورہ] زخم اچھا ہونا۔ زخم میں انگور آنا

زَخم بھرنا : [ا رمحاورہ] گھاؤ کا برابر ہو جانا

زَخم پر نمک / نمک چھڑکنا : [ا رمحاورہ] ایذا دینا۔ ستائے ہوئے کو ستانا۔ تکلیف پر تکلیف دینا۔

زَخم پڑ جانا / پڑنا : [ا رمحاورہ] زخم ہو جانا

زَخم پکنا : [ا رمحاورہ] زخم میں پیپ پڑ جانا

زَخم تازہ کرنا : [ا رمحاورہ] (۱) نیا زخم لگانا (۲) پرانا رنج یاد دلانا (۳) نیا صدمہ پہنچانا

زَخم تازہ ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زخم تازہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے

زَخم جگر : [ف امذ] غم۔ رنج۔ اندوہ

زَخم جھیلنا : [ا رمحاورہ] زخم کھانا

زَخم چرّانا : [ا رمحاورہ] زخم میں درد ہونا

زَخم چشم : [ف امث] نظر بد

زَخم چھپانا : [ا رمحاورہ] زخم ظاہر نہ ہونے دینا۔ زخم کی بابت کسی کو پتہ نہ لگنے دینا

زَخم چھپنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زخم چھپانا" جس کا یہ لازم ہے

زَخم خشک کرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زخم خشک ہونا" جس کا یہ متعدی ہے

زَخم خشک ہونا : [ا رمحاورہ] زخم سے پیپ نکلنا بند ہونا۔ انگور آنا۔ گھرنڈ بندھ جانا

زَخم خفیف : [ف امذ] ہلکا زخم

زَخم خنجر / یا دشنہ : [ف امذ] خنجر کا زخم

زَخم خنداں : [ف امذ] کھلا ہوا زخم۔ جو زخم سیا نہ گیا ہو۔

زَخم خوردہ / دار : [ف صف] زخمی۔ مجروح

زَخم دامن دار : [ف امذ] بڑا زخم

زَخم دل : [ف امذ] غم۔ رنج۔

زَخم دوز : [ف صف] زخم کی سلائی کرنے والا۔ زخم سینے والا۔ زخم میں ٹانکے لگانے والا۔ مرہم پٹی کرنے والا

زَخم دوزی : [ف امث] مرہم پٹی (افعال : کرنا۔ ہونا)

زَخم دینا : [ا رمحاورہ] (۱) زخمی کرنا۔ گھائل کرنا (۲) ضرر یا آزار پہنچانا (۳) صدمہ / رنج پہنچانا

زَخم رسا : [ف امذ] گہرا زخم

زَخم زباں : [ف امذ] بد زبانی کا رنج

زَخم زدہ : [ف صف] مجروح

زَخم سر چو پارہ ہونا : [ا رمحاورہ] سر کا زخم کھل جانا

زَخم سلوانا : [ا رمحاورہ] زخم کو ٹانکے لگوانا۔ علاج کرانا

زَخم سینا : [ا رمحاورہ] زخم کو ٹانکے لگانا۔ مرہم پٹی کرنا

زَخم سینہ : [ف امذ] (۱) وہ زخم جو سینے میں لگے (۲) غم رنج

زَخم شق ہونا : [ا رمحاورہ] زخم پھٹ جانا

زَخم کا انگور : [ا ر امذ] گوشت جو زخم میں بھر جائے

زَخم کا پانی : [ا ر امذ] وہ رطوبت جو زخم سے بہے

زَخم کا چور : [ا ر امذ] وہ زخم جو اندر سے رہے اور باہر سے اچھا ہو جائے۔

زخم کا رِسنا: [ا۔ محاورہ] زخم سے پانی نکلنا
زخم کاری: [ف۔ امذ] مہلک زخم (افعال: کھانا۔ لگنا۔ لگانا)
زخم کا مسکرانا / ہنسنا: [ا۔ محاورہ] ٹانکے ٹوٹ جانے کی وجہ سے زخم کھل جانا۔
زخم کا ہوا دینا: [ا۔ محاورہ] خیال ہے کہ جب زخم بڑھ جاتا ہے تو اس میں سے ہوا نکلتی ہے۔
زخم کو ٹانکے لگانا: [ا۔ محاورہ] سوئی سے زخم کو سینا۔ مرہم پٹی کرنا۔
زخم کو ٹانکے لگنا: [ا۔ محاورہ] سوئی سے زخم کا سیا جانا
زخم کھانا: [ا۔ محاورہ] (۱) مجروح ہونا (۲) صدمہ اٹھانا
زخم کھلنا: [ا۔ محاورہ] زخم پھٹ جانا
زخم کہن: [ف۔ امذ] پرانا زخم
زخم کے ٹانکے: [ف۔ امذ] وہ سلائی جو زخم کے دونوں کناروں کو ملا کر کی جاتی ہے۔ اس سے زخم کا منہ مل جاتا ہے۔ اگر سیا نہ جائے تو داغ رہ جاتا ہے۔ (افعال: ٹوٹنا۔ کھلنا)
زخم کے ٹانکے کاٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زخم کے ٹانکے کٹنا" جس کا یہ متعدی ہے
زخم کے ٹانکے کٹنا: [ا۔ محاورہ] زخم اچھا ہو جائے تو ٹانکوں کو کاٹ کر دھاگا نکال دیا جاتا ہے۔
زخم لگانا: [ا۔ محاورہ] مجروح کرنا
زخم لگنا: [ا۔ محاورہ] مجروح ہونا
زخم میں بتی دینا / صوف بھرنا: [ا۔ محاورہ] گہرے زخم کے اندمال کے لئے روئی / کپڑے کو دوا میں تر کرکے زخم میں رکھنا۔
زخم ہوا ہونا: [ا۔ محاورہ] زخم تازہ ہونا
زخموں: [ا۔ امذ] دیکھئے "زخم" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے
زخموں پر پٹیاں چڑھانا: [ا۔ محاورہ] (۱) زخموں کو صاف کرکے پٹیاں باندھنا۔ ۲۔ زخم دوزی کرنا
زخموں پر پٹیاں چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زخموں پر پٹیاں چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
زخموں پر زخم جھیلنا / کھانا: [ا۔ محاورہ] بے حد زخمی ہونا۔ بہت زخم کھانا
زخموں پر نمک (پاشی کرنا) چھڑکنا: [ا۔ محاورہ] سخت تکلیف دینا۔ رنج پر رنج دینا۔
زخموں کو باندھنا: [ا۔ محاورہ] زخموں پر پٹیاں باندھنا۔ زخم دوزی کرنا
زخموں کو دُھلانا / دھونا: [ا۔ محاورہ] زخموں کا خون پانی سے صاف کرنا
زخموں کی بدھی: [ا۔ امث] زخموں کے نشان
زخموں کے ہار: [ا۔ امذ] بہت سے زخم
زخموں کے ہار پہننا: [ا۔ محاورہ] بہت زخم کھانا
زخموں میں چُور ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت زخمی ہونا
زخمہ: [ف۔ امذ] وہ آلہ جس سے ساز بجائیں۔ نقارے کی چوب۔ مضراب
زخمی: [ف۔ صف] (۱) جس کو زخم لگا ہو (۲) مجروح۔ چوٹ کھایا ہوا۔ گھائل (افعال: کرنا۔ ہونا) (۳) کنایۃً عاشق
زخمی جگر: [ف۔ صف] دل جلا۔ مصیبت زدہ۔ خستہ جگر

زخمی دشمنوں میں دم لے تو مرے نہ دم لے تو مرے: [ا۔ مثل] ہر طرح مشکل ہے ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے میں دونوں طرح نقصان ہو

ز۔ د

زد: [ف۔ امذ] (۱) ضرب۔ چوٹ (۲) نشانہ (۳) جو چیز ماری جائے (۴) صدمہ۔ نقصان (۵) نشانے کا سامنا۔ مارنا۔ چوٹ لگانا۔ ضرب لگانا
زد پر / میں آ جانا / آنا: [ا۔ محاورہ] ایسی جگہ ہونا جہاں نشانہ ٹھیک لگے۔
زد پر چڑھنا / ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زد پر آ جانا / آنا"
زد پڑنا: [ا۔ محاورہ] نقصان ہونا۔ گھاٹا ہونا
زدگی: [ف۔ امث] دیکھئے "زدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) مرکبات میں لاحقۂ اسم کیفیت ہے جیسے مصیبت زدگی وغیرہ
زد و کوب: [ف۔ امث] مار پیٹ۔ کُٹائی۔ جوتی بیزار۔ گتھم گتھا
زدہ: [ف۔ صف] (۱) مارا ہوا۔ ضرب رسیدہ (۲) مصیبت کا مارا ہوا (۳) مظلوم (۴) قطار میں کھڑا کیا ہوا۔ صف بند۔ جیسے صف زدہ (۵) مرکبات میں مستعمل ہے بہ معنی مارا ہوا جیسے آفت زدہ۔ مصیبت زدہ

ز۔ ر

زر: [ف۔ امذ] (۱) سونا۔ طلا (۲) روپیہ پیسہ۔ دولت (۳) پھول کے اندر کا زیرہ
زرِ احمر: [ف۔ امذ] سونا۔ سُرخ سونا
زرِ اصل: [ف۔ امذ] (۱) راس المال۔ جمع (۲) سرمایہ یا رقم جو کسی کام پر لگائی جائے (۳) خالص سونا
زر افشاں: [ف۔ صف] چمکیلا (۲ مذ) سنہری چھپا ہوا کاغذ یا رقعہ۔ جو تقریبات کے موقع پر بھیجا جاتا ہے (۳) روپیہ عطا کرنا (۴) سونا یا دولت لٹانے والا۔
زر افشانی: [ف۔ امث] "زر افشاں" کا اسم کیفیت۔ روپیہ عطا کرنا۔ دولت لٹانا
زر اندود: [ف۔ امث] سونے کا ملمع کیا ہوا۔ سونے کا جھول چڑھایا ہوا
زر باف: [ف۔ صف] (۱) زربفت بنانے والا (۲ امذ) تاروں کا بنا ہوا کمخواب۔
زر بالائی: [ف۔ امذ] (۱) وہ رقم جو تنخواہ کے علاوہ ملے (۲) رشوت
زر بر سر فولاد نہی نرم شود: [ف۔ مثل] روپیہ کو دیکھ کر سخت دل آدمی بھی نرم ہو جاتا ہے۔
زربفت: [ف۔ امذ] وہ کپڑا جو سونے کے تاروں اور ریشم سے بنایا جاتا ہے
زر بل نہ زور بل: [ا۔ مثل] نہ روپیہ ہے نہ بدن میں طاقت
زر پرست: [ف۔ صف] لالچی۔ بخیل
زر پھیلایا کاربن آیا: [ا۔ مثل] روپیہ خرچ کرنے سے کام ہو جاتا ہے۔
زرتار: [ف۔ صف] وہ چیز جو سونے کے تاروں سے بنائی گئی ہو
زرتاری: [ف۔ امث] دیکھئے "زرتار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

زرِ جعفری: [ف امذ] خالص سونا. جعفر برمکی کے نام پر جس نے خالص سونا استعمال کیا تھا
زر چھنکنا: [ا رمحاورہ] روپے کا چھن چھن بولنا. بہت روپیہ ہونا
زرِ خالص / خشک: [ف امذ] جس میں ذرا بھی کھوٹ نہ ہو. خالص سونا
زر خرید: [ف صف] روپیہ دے کر خریدا ہوا. غلام یا لونڈی
زر خرید: [ف امذ] خریدنے کی قیمت. قیمت خرید
زرخیز: [ف صف] سرسبز. شاداب. وہ زمین جو پیداوار اور منافع دے (۲) نکتہ طراز. نکتہ آفریں. خلاق (افعال: کرنا. ہونا)
زرخیزی: [ف امث] دیکھئے "زرخیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
زردار: [ف صف] مالدار. دولت مند
زرداری: [ف امث] دولت مندی. امیری
زردوز: [ف صف] (۱) وہ شخص جو زری کا کام کرے (۲) وہ جس پر زری کا کام کیا ہوا ہو.
زردوزی: [ف امث] سلمے ستارے کا کام. زری کا کام
زر دوست: [ف صف] لالچی. بخیل. کنجوس
زر ریز: [ف صف] دیکھئے "زرخیز"
زر ریزی: [ف امث] دیکھئے "زرخیزی"
زرِ سرخ: [ف امذ] دیکھئے "زرِ احمر"
زرِ سفید: [ف امذ] روپیہ. روپا. چاندی
زر سے تول کر لینا: [ا رمحاورہ] کسی چیز کے ہم وزن سونا چاندی دے کر خریدنا
زرِ ضمانت: [فع امذ] ضمانت کا روپیہ
زرِ عیار: [فع امذ] خالص سونا
زرِ قلب: [فع امذ] کھوٹا سونا. کھوٹا روپیہ
زر کا جوتا: [ا امذ] رشوت جو کسی کو دے کر کام نکالا جائے.
زرکار: [ف صف] (۱) جس پر ملمع یا سنہری کام ہوا ہو (۲) سنار
زر کارکند، مرد لاف زند: [ف مثل] کام تو روپیہ کرتا ہے مگر آدمی اپنی لیاقت کی ڈینگ مارتا ہے
زرکاری: [ف امث] زرکار کا کام
زرِ کامل عیار: [فع امذ] خالص سونا
زر کٹنا: [ا رمحاورہ] زر برسنا
زرکش: [ف صف] (۱) کلابتوں بنانے والا (۲) چاندی کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا
زرکشی: [ف امث] زرکش کا کام
زرکوب: [ف امذ] سونے چاندی کے ورق بنانے والا. وہ چیز جس پر سونے کے ورق لگائے جائیں.
زرکوبی: [ف امث] دیکھئے "زرکوب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زر کے آگے زور نہیں چلتا: [ا رمثل] روپے والے کے سامنے طاقت ور آدمی کچھ نہیں کر سکتا.
زرگر: [ف امذ] سنار

زرگری: [ف امث] (۱) سنار کا پیشہ (۲) وہ خود ساختہ زبان جس میں ایک حرف یا دو حرفوں کے بعد درمیان میں "زے" لا کر بولتے ہیں.
زرگری جنگ: [ف امث] جھوٹ موٹ نمائشی لڑائی
زرگل: [ف امذ] پھول کے اندر کا زیرہ
زرگوں: [ف صف] سونے کے رنگ کا. سنہرا
زر گیا زردی چھائی. زر آیا سرخی آئی: [ا رمثل] نقصان ہونے سے چہرہ زرد پڑ جاتا ہے. روپیہ ملے تو منہ پر سرخی آجاتی ہے.
زر لٹانا: [ا رمحاورہ] دولت بے دردی سے خرچ کرنا
زر لٹنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "زر لٹانا" جس کا یہ لازم ہے.
زر لگان / مال گزاری: [ف امذ] سرکاری لگان. زمین کا محصول سرکار
زرِ مبادلہ: [فع امذ] وہ سکہ جس کے ذریعے بین الاقوامی تجارت ہوتی ہے انگریزی لفظ foreign exchange کا ترجمہ
زرِ مسکوک: [فع امذ] طلائی سکہ. اشرفی
زرِ مطالبہ: [ف امذ] سرکاری روپیہ. واجب الادا
زرِ معاوضہ: [ف امذ] ہرجانہ. وہ روپیہ جو کسی نقصان کے عوض دیا جائے
زرِ منافع: [ف امذ] نفع کا روپیہ. فائدہ کا روپیہ (۲) سود. بیاج
زرناب: [ف امذ] (۱) خالص سونا (۲) کنایۃً آفتاب
زرنشان: [ف امذ] سونے کے پھول یا تصویریں جو لوہے پر بنائی جائیں.
زرنگار: [ف صف] وہ چیز جس پر سنہری کام کیا ہو
زرنگاری: [ف صف] دیکھئے "زرنگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
زر نیست عشق ٹیں ٹیں: [ا رمثل] مفلسی میں عشق نہیں ہو سکتا. مفلسی میں محبت کا مزہ نہیں آتا.
زر ہے تو گھر ہے نہیں تو کھنڈر ہے: [ا رمثل] روپیہ پیسہ ہو تو گھر اچھی حالت میں نظر آتا ہے نہیں تو کھنڈر بن جاتا ہے.
زرا: [ا رمتعلق فعل] دیکھئے "ذرا" جو صحیح ہے.
زراعت: [ع امث] (۱) کاشتکاری. کھیتی (۲) کھیتی کرنا (۳) فصل جو کھڑی ہو (۴) مزروعہ کھیت (افعال: کرنا. ہونا)
زراعت پیشہ: [عف صف] کاشت کار. جس کا پیشہ کاشت کاری ہو. زمیندار. کسان
زرافہ: [ع امذ] ایک جانور جس کی گردن اونٹ کی طرح لمبی اور اونچی اور بدن پر لکیریں ہوتی ہیں. افریقہ کے جنگلوں میں ملتا ہے اس کی اگلی ٹانگیں بہت لمبی ہوتی ہیں.
زراق: [ع اسم مبالغہ] منافق. دو دلا
زراقی: [ع. ف امث] منافقت
زر اوشال: [ف امذ] ایک قسم کا بنفشہ
زراوند: [ع امذ] ایک قسم کا پودا جو دواؤں میں مستعمل ہے
زراہن: [ا امذق] زیور
زرباں: [ف صفذ] بوڑھا. ضعیف (۲) کنایۃً حضرت ابراہیم
زردشت / زرتشت: [ف امذ] (۱) عقل کل (۲) نور الٰہی (۳) روح ناطق (۴) ایران کا مشہور مصلح جو پارسی مذہب کا بانی تھا. ژند و پاژند اس کی تصنیف ہیں.

زرتشتی / زردشتی : [ف امث] دیکھئے "زرتشت" جس سے یہ منسوب ہے۔
زرد : [ع صف] پیلا۔ سنہری۔ ہلکا بسنتی
زردشت : [ف امذ] دیکھئے "زرتشت"
زرد آلو : [ف۔ امذ] ایک قسم کا آڑو۔ خوبانی
زرد آندھی : [ا رامث] ایک قسم کی آندھی جس کا غبار زرد نظر آئے۔
زرداب / زرد آبہ : [ف امذ] پت، صفرا
زرد پڑ جانا / پڑنا / ہونا : [ا رمحاورہ] خوف / دہشت / مرض کے سبب جسم کا زرد پڑ جانا / پیلا ہو جانا۔
زرد چوب : [ف امث] ہلدی
زرد رو : [ف صف] (۱) شرمندہ (۲) ہراساں ترساں (۳) بے حیا
زرد روئی : [ف امث] دیکھئے "زرد رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زردک : [ف امذ] گاجر۔ گزر
زرد گوش : [ف صف] (۱) ریاکار۔ منافق (۲) بد باطن
زردہ : [ف امذ] زرد رنگ کا گھوڑا (۲) زرد آنکھ کا کبوتر (۳) پت صفرا (۴) زرد رنگ کے میٹھے چاول (۵) کھانے کا تمباکو (۶) زرد کوڑی
زردہ لگانا : [ا رمحاورہ] پان میں تمباکو ڈال کر دینا۔
زردہ لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زردہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
زردی : [ف امث] پیلا پن [افعال : چھانا] (۲) پیلا رنگ (۳) انڈے کے اندر کا زرد حصہ (۴) پھول کا زیرہ (۵) اشرفی
زرشک : [ف امذ] کشمش سے مشابہ ایک پھل جو تلخ اور شیریں دو قسم کا ہوتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے۔
زرغل : [ا رصف] (۱) لاغر۔ حقیر (۲) ناکارہ چیز
زرق : [ع امذ] (۱) آنکھ کا اس طرح پھرنا کہ سفیدی نظر آئے (۲) دھوکا۔ دغا (۳) ریاکاری۔ منافقت (۴) بدگوئی
زرق برق : [ع امث] شان و شوکت طمطراق۔ چمک دمک (۲) صف چمکیلا۔ بھڑکیلا
زرقا : [ع امث] وہ عورت جس کی آنکھیں نیلی اور [illegible]
زرقطونا : [ف امذ] (۱) ہلدی (۲) ایک پودے کے بیج
زرقم : [ع صف] نہایت نیلا۔ فاختائی رنگ
زرنب : [ع امذ] ایک خوشبودار پودا۔ برہمی بوٹی
زرنباد : [ف امذ] ایک دوا کا نام۔ نرکچور
زرنیخ : [ف امذ] ہڑتال ورقی۔ ایک معدنی چیز جو ادویہ میں مستعمل ہے۔
زرہ : [ف امث] فولادی حلقوں کا بنا ہوا جالی دار کرتا جو لڑائی / جنگ میں پہنا کرتے تھے تاکہ تلوار وغیرہ سے بدن محفوظ رہے۔
زرہ جامہ : [ف۔ امذ] جنگی لباس
زرہ پوش : [ف صف] زرہ پہننے والا
زرہ پوشی : [ف۔ امث] دیکھئے "زرہ پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زری : [ف صف] (۱) سونے کا بنا ہوا (۲ امذ) سونے کے تار۔ چاندی کے تار جن پر سونے کا ملمع چڑھا ہوا ہو (۳) گوٹا۔ کناری۔ سلما۔ ستارہ کلابتون وغیرہ
زری باف : [ف امذ] سونے کا تار بنانے والا۔ سنہری لیس بنانے والا شخص۔ گوٹا کناری بنانے والا
زری بافی : [ف امث] دیکھئے "زری باف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زری کھوٹے والا : [ا رامذ] زری اور پرانا گوٹا خریدنے والا بیوپاری
زریں : [ف صف] سونے کا بنا ہوا۔ سنہرا۔ جس پر سونے کا کام کیا ہوا ہو۔ بیش قیمت

ز۔ڑ

زٹر : [ہ امث] (۱) دیوانوں کی سی باتیں۔ واہی تباہی بات۔ بکواس بڑ۔ جھک (۲) رٹ (۳) دھن (افعال : لگنا، مارنا۔ ہانکنا)
زٹری : [ہ صف] بیہودہ گو۔ بکواسی

ز۔ش

زشت : [ف صف] (۱) بدشکل۔ بدنما۔ برا (۲) بھدا۔ گنوار (۳) گندہ۔ فحش
زشت خو : [ف صف] بدخصلت۔ بدمزاج
زشت خوئی : [ف امث] دیکھئے "زشت خو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زشت رو : [ف صف] بدشکل۔ بدصورت
زشت روئی : [ف۔ امث] دیکھئے "زشت رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زشت سیرت : [ف صف] (۱) بدتمیز (۲) بدچلن
زشت سیرتی : [ف امث] دیکھئے "زشت سیرت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زشت مشیر : [ف صف] بری صلاح دینے والا

ز۔ع

زعاف : [ع امذ] ناگہانی موت
زعفران : [ع امث] (۱) ایک قسم کا پودا جس میں نارنجی رنگ کا نہایت خوشبودار پھول لگتا ہے۔ اس پودے کا پھول (۲) سفوف جو اس پودے کے گنٹھوں سے جو جڑ میں پیدا ہو گئے ہوں بناتے ہیں۔ یہ زردے متنجن وغیرہ میں رنگ اور خوشبو دینے کے لئے ڈالا جاتا ہے۔ کیسر
زعفران زار : [ف امذ] وہ مقام جہاں زعفران یا زعفرانی رنگ کثرت سے ہو۔
زعفران زار بننا : [ا رمحاورہ] کسی محفل وغیرہ میں قہقہے بلند ہونا
زعفران کا کھیت : [ا رامذ] وہ کھیت جس میں زعفران اگا ہو۔ شاعروں کا خیال ہے کہ اس کھیت کو پھولا ہوا دیکھ کر انسان بے اختیار ہنسنے لگ جاتا ہے۔ ایسا مقام جہاں خود بخود ہنسی آئے۔
زعفران کا کھیت دیکھ آنا / دیکھنا : [ا رمحاورہ] بہت ہنستا بہت خوش ہوتا

زَعفَرانی : [ف صف] (۱) زعفران کے رنگ کا (۲) کیسری رنگ (۳) نارنگی رنگ
زُعم / زَعْم : [ع امذ] (۱) گمان ظن (۲) غرور، تکبر [افعال : کرنا۔ ہونا]
زُعَما : [ع صف] دیکھئے "زعیم" جس کی یہ جمع ہے۔
زَعیم : [ع صف] وکیل کار۔ مختار کار۔ سردار۔ لیڈر

ز-غ

زُغال : [ف امذ] وہ کوئلہ جو جلا ہوا نہ ہو۔
زَغَن : [ف امث] ایک شکاری پرندہ۔ چیل
زَغَند : [ف امث] چھلانگ۔ چوکڑی۔ جست۔ کود پھاند۔ [افعال : بھرنا۔ مارنا]

ز-ف

زِفاف : [ع امث] دُلہن کو دولہا کے پاس لے جانا۔ دلہن کا دولہا سے ہم بستری کرانا
زَفیر / زَفیری : [ع امث] (۱) گدھے کی آواز کی ابتدا (۲) دیکھئے "زفیل"
زَفیل : [ار امث] سیٹی، وہ آواز جو کبوتر باز منہ میں انگلی ڈال کر نکالتے ہیں (افعال، دینا۔ مارنا)
زَفیلنا : [ار مص] سیٹی مارنا۔ منہ سے سیٹی کی آواز نکالنا

ز-ق

زَقَند : [ف امث] دیکھئے "زغند" جس کا یہ بگاڑ ہے
زَقّوم : [ع امذ] ایک پودا جو خار دار ہوتا ہے اور اس میں سے چیرا لگانے پر دودھ سا نکلتا ہے۔ عموماً کھیتوں کی باڑھ کے طور پر لگاتے ہیں۔ یہ کئی قسم کا ہوتا ہے۔ چپٹا ہاتھ کی شکل کا۔ ڈنڈے کی طرح کا۔ تھوہر

ز-ک

زَک : [ع امث] (۱) شکست۔ ہار (۲) شرمندگی۔ سبکی۔ خِفّت (۳) نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا (۴) ذلت۔ بے عزتی۔ ہتک (افعال : اُٹھانا۔ اُٹھنا۔ پانا۔ دینا۔ کھانا)
زَک دینا : [ار محاورہ] (۱) شرمندہ کرنا۔ پریشان کرنا۔ نقصان دینا۔ (۲) شکست دینا۔
زَکا : [ع امث] (۱) بڑھنا۔ افزوں ہونا۔ (۲) (صف) امیر دولت مند (۳) فوراً ادا کرنے والا
زَکات : [ع امث] دیکھئے "زکوات / زکوٰۃ"

زُکام : [ع امذ] ایک بیماری جو ناک کی اندرونی سطح پر خراش پیدا کرتی ہے اور ناک سے پانی بہنے لگتا ہے۔
زُکام بگڑنا : [ار محاورہ] نزلہ بند ہو جانا
زُکام پکنا : [ار محاورہ] زکام کے پانی کا غلیظ ہو جانا
زُکام ہونا : [ار محاورہ] نزلہ ہونا
زَکریا : [ع۔ امذ] ایک مشہور پیغمبر جو آرے سے چیرے گئے۔
زَکوٰۃ : [ع۔ امث] خیرات۔ صدقہ۔ مسلمانوں میں سال بھر کے بعد مال فاضلہ کا چالیسواں حصّہ جو راہِ خدا میں دیا جائے (۲) (اصطلاح عاملان) کسی دعا یا اسم کو تعداد معینہ میں مقررہ قیود کے ساتھ پڑھنا [افعال : دینا۔ لینا]
زکوٰۃِ حُسن : [ع امث] خوبصورتی کا صدقہ۔ عاشق عموماً بوسہ مانگنے کے لئے یہ الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ [افعال : دینا۔ مانگنا]
زکوٰۃ میں لینا : [ار محاورہ] صدقہ لینا
زَکی : [ع صف] (۱) نیک پاک (۲) وہ جو زکوٰۃ دے
زَکیہ : [ع۔ امث] دیکھئے "زکی" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ز-گ

زُگال : [ار۔ امذ] دیکھئے "زغال"

ز-ل

زَلّات : [ع امذ] دیکھئے "زلّہ" جس کی یہ جمع ہے۔
زَلازِل : [ع امذ] دیکھئے "زَلزَلہ" جس کی یہ جمع ہے۔
زُلال : [ع امذ] (۱) ایک کیڑا ہے جو برف میں پیدا ہوتا ہے۔ اس جگہ کا پانی صاف ہوتا ہے۔ عرب اس برف کو نچوڑ کر صاف اور ستھرا پانی حاصل کر کے پیتے ہیں (۲) مجازاً۔ صاف پانی۔ نتھرا ہوا، مقطر پانی۔
زَلّت : [ع۔ امث] پھسلاہٹ، لغزش، غلطی
زَلزَلہ : [ع امذ] زمین کی حرکت۔ زمین کا کانپنا۔ بھونچال
زلزلہ آنا : [ار محاورہ] بھونچال آنا
زلزلہ برپا ہونا / پڑ جانا : [ار محاورہ] ہلچل پڑ جانا۔ کھلبلی مچ جانا
زلزلہ چڑھ جانا / چڑھنا : [ار محاورہ] دیکھئے "زلزلہ آنا"
زُلف : [ف امث] بالوں کا گچھا جو کانوں کے پاس کنپٹیوں پر لٹکتا ہے کاکل۔ گیسو۔ مینڈھی۔ گندھے ہوئے بال۔ [افعال : بنانا۔ بننا۔ سنوارنا۔ سنورنا وغیرہ]
زُلفِ پریشان : [ف امث] بکھرے ہوئے بال
زُلفِ تابدار : [ف امث] گھونگریالے بال
زُلفِ چلیپا : [ف امث] صلیب کی شکل کے بال
زُلفِ دراز : [ف امث] لمبے بال
زُلفِ رسا : [ف صف] زلف جس میں بہت سے بال ہوں۔

زُلفِ سُنبل: [ف امث] سنبل کے بال یا گھاس کی پتیاں۔ سنبل کے ریشے جو بال سے مشابہ ہوتے ہیں
زُلفِ عنبریں: [ف امث] خوشبودار بال۔ وہ بال جن میں عنبر کی خوشبو بسائی گئی ہو۔
زُلفِ گرہ گیر: [ف امث] الجھنے والی زلف / بال
زُلف لہرانا: [ا رمحاورہ] بالوں کا ہوا میں اُڑنا
زُلفوں: [ف ا رامذ] زلف کی جمع اور مغیرہ حالت
زُلفی: [ف امث] (۱) وہ زنجیر جو کواڑ اور چوکھٹ میں اس لئے لگائی جاتی ہے کہ کواڑ چولے سے نہ اتریں (۲) تلوار کا بیڑا
زُلفیں چھوڑنا: [ا رمحاورہ] اس طرح زلفیں بڑھانا کہ لٹکتی رہیں۔
زُلفیں رکھنا: [ا رمحاورہ] زلفیں نہ کٹانا تاکہ لمبی ہو جائیں
زُلفیں سنوارنا: [ا رمحاورہ] بالوں کا بنانا۔ زلفوں کو خوبصورت کرنا / بنانا
زُلفیں لٹکانا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "زلفیں لٹکنا" جس کا یہ متعدی ہے
زُلفیں لٹکنا: [ا رمحاورہ] زلفوں کا لمبا ہو کر پاؤں کی طرف جانا
زَلَل: [ع امذ] خطا۔ لغزش۔ پھسلنا۔ گرنا۔ ٹھوکر کھانا۔ غلطی کرنا۔ سہو ہونا۔ کمی۔ نقصان
زَلّہ: [ع امذ] آگے کا بچا ہوا کھانا (جو بیاہ شادی کے موقع پر کمینوں کو دیا جاتا ہے۔)
زَلّہ رُبا / بردار: [ع ف صف] خوشہ چین۔ فائدہ اٹھانے والا۔ فیض حاصل کرنے والا
زَلّہ رُبائی / برداری: [ع ف امث] دیکھیے "زلہ ربا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زِلیچہ: [ا ر امذق] غالیچہ
زُلیخا: [ع امث] (۱) حسین و جمیل عورت (۲) عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف پر عاشق ہو گئی تھی۔
زُلیخا پڑھی پر یہ نہ جانا عورت ہے یا مرد: [ا رمثل] ان لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جو بے سوچے سمجھے بوجھے پڑھتے ہیں۔
زُلیخائی: [ع۔ صف] (۱) زلیخا سے منسوب (۲) معشوق

زم

زِمام: [ع امث] نکیل۔ باگ ڈور
زَمان: [ع امذ] (۱) وقت۔ زمانہ۔ ساعت۔ ہنگام (۲) دنیا۔ عالم (۳) دنیا کے لوگ۔ مخلوق (۴) عرصہ۔ مدت (۵) عہد۔ راج۔ حکومت (۶) موسم۔ رُت۔ فصل
زمان و مکاں: [ع۔ امذ۔ بہ ترکیب فارسی] (TIME AND SPACE) (۱) وقت اور جگہ (۲) کل کائنات
زَمانہ: [ع ف امذ] دیکھیے "زمان"
زمانہ آنا: [ا رمحاورہ] وقت آنا
زمانہ آنکھوں سے دیکھا ہے / گزر چکا ہے: [ا رمثل] بہت تجربہ ہو چکا ہے۔
زمانہ اُلٹ پلٹ ہونا: [ا رمحاورہ] زمانہ الٹ جانا۔ انقلاب عظیم ہو جانا
زمانہ اُلٹ جانا: [ا رمحاورہ] انقلاب عظیم ہونا
زمانہ اُمڈنا: [ا رمحاورہ] خلقت کا بڑی تعداد میں کسی جگہ جمع ہونا۔
زمانہ ایک رنگ پر نہیں رہتا: [ا رمقولہ] کسی کی حالت یکساں نہیں رہتی۔
زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ بساز: [ف مثل] اگر زمانہ تیرا ساتھ نہیں دیتا تو تجھے زمانہ کا ساتھ دینا چاہیے۔ اکثریت اگر کسی رائے کے خلاف ہو تو بجائے سب کا مخالف بننے کے اکثریت کی رائے مان لی جائے۔
زمانہ بدلنا: [ا رمحاورہ] قسمت پھرنا۔ انقلاب ہونا
زمانہ برتنا: [ا رمحاورہ] تجربہ ہونا۔
زمانہ بر سرِ جنگ ہونا: [ا رمحاورہ] ہر بات مخالف پڑنا۔ نصیب خراب ہونا۔
زمانہ بسر کرنا: [ا رمحاورہ] وقت گزارنا
زمانہ بھر: [ا رمتعلق فعل] تمام دنیا
زمانہ بھر کا: [ا رصف] سب کا۔ ساری دنیا کا۔ پرلے درجے کا۔
زمانہ بھر کا چھٹا ہوا: [ا رصف] بہت بدمعاش۔ اول درجے کا لچا
زمانہ بھر کا دشمن: [ا رصف] تمام دنیا کا دشمن۔ سب سے بڑا دشمن
زمانہ بھر کی: [ا رصف] دیکھیے "زمانہ بھر کا" جس کی یہ تانیث ہے
زمانہ پر روشن ہونا: [ا رمحاورہ] سب کو معلوم ہونا۔ سب پر ظاہر ہونا
زمانہ پلٹنا: [ا رمحاورہ] انقلاب ہونا
زمانہ پھر جانا: [ا رمحاورہ] لوگوں کا کسی کے خلاف اور دشمن ہو جانا۔ (۲) زمانے کا الٹ جانا۔ بدل جانا
زمانہ تہ و بالا ہونا: [ا رمحاورہ] انقلاب عظیم ہونا
زمانۂ جاہلیت: [ع ف امذ] عرب میں اسلام سے پہلے کا زمانہ
زمانہ تجربے ہونا: [ا رمحاورہ] تجربہ کار ہونا
زمانہ چھاننا: [ا رمحاورہ] بہت تلاش کرنا
زمانۂ حال: [ف ع امذ] وہ زمانہ جو گزر رہا ہو۔ موجودہ زمانہ
زمانہ دیکھ ڈالا ہے: [ا رمحاورہ] بڑا تجربہ کار ہے
زمانہ دیکھنا: [ا رمحاورہ] تجربہ کار ہونا۔
زمانہ دیکھے بیٹھے ہیں: [ا رمحاورہ] ان آنکھوں نے نہ معلوم کیا کیا دیکھ ڈالا ہے۔ بہت تجربہ کار ہیں۔
زمانہ زیر و زبر ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "زمانہ تہ و بالا ہونا"
زمانہ ساز: [ف صف] ظاہردار۔ مطلب کا یار۔ خودغرض۔ موقع پرست
زمانہ سازی: [ف امث] دیکھیے "زمانہ ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زمانہ سے اُٹھنا / اُڑنا: [ا رمحاورہ] ناپید ہو جانا۔ نیست و نابود ہو جانا
زمانہ سے برکت اُٹھ جانا: [ا رمحاورہ] دنیا میں فلاح و بہبود کا نہ رہنا۔ غریبی آنا
زمانہ سے نرالا: [ا رصف] سب سے الگ۔ انوکھا
زمانۂ عدت: [ف ع امذ] وہ میعاد جس میں عورت طلاق ملنے یا رانڈ ہونے کے بعد دوسرا خاوند نہ کر سکے۔
زمانہ کا گر پڑنا: [ا رمحاورہ] کسی بات کی طرف خلقت کا بے طرح متوجہ ہونا۔

زمانہ کی گردش : [ا ر امث] انقلاب

زمانہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے : [ا ر مثل] وقت کبھی کچھ ہوتا ہے کبھی کچھ ہوتا ہے۔

زمانہ گزرنا : [ا ر محاورہ] عرصہ ہونا۔ مدت گزرنا

زمانۂ ماضی : [فع امذ] گزرا ہوا زمانہ

زمانہ مبتلا ہونا : [ا ر محاورہ] بہت لوگوں کا ایک شخص پر عاشق ہونا یا کسی بات میں پھنسنا۔

زمانۂ مستقبل : [فع امذ] وہ زمانہ جو آئے گا۔ آنے والا زمانہ

زمانہ موافق ہونا : [ا ر محاورہ] نصیب اچھا ہونا۔ طالع یاور ہونا۔

زمانہ نازک ہونا : [ا ر محاورہ] ایسا زمانہ جس میں عزت سنبھالنا دشوار ہو۔

زمانہ نظر میں اندھیر ہونا : [ا ر محاورہ] سخت گھبراہٹ ہونا۔ پریشانی میں کچھ نہ سوجھنا۔ سخت غم واندوہ ہونا

زمانہ ہوا : [ا ر محاورہ] عرصہ ہوا۔ مدت ہوئی

زمانی : [ع۔ صف] زمانہ سے منسوب

زمانے سے کھونا : [ا ر محاورہ] کہیں کا نہ رکھنا۔ بیکار کر دینا

زمانے کا انقلاب ہونا : [ا ر محاورہ] زمانہ بدلنا۔ سخت ہل چل مچنا

زمانے کا پلٹا کھانا : [ا ر محاورہ] زمانے کا رنگ بدلنا۔ زمانے کا کروٹ لینا۔ حالت بدلنا

زمانے کا چلن : [ا ر امذ] وقت کا رسم و رواج۔ دنیا کا طریقہ

زمانے کا حال دیکھنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زمانے کا رنگ دیکھنا"

زمانے کا رخ دیکھنا : [ا ر محاورہ] لوگوں کے خیالات اور طریقے کا خیال رکھنا۔

زمانے کا رنگ دیکھنا : [ا ر محاورہ] زمانے کا میلان دیکھنا۔ دنیا کے حالات کا خیال رکھنا

زمانے کا رونا : [ا ر محاورہ] لوگوں کا ماتم یا غم کرنا

زمانے کا زمانہ : [ا ر امذ] کل لوگ۔ سب لوگ۔ تمام دنیا

زمانے کا فرصت دینا : [ا ر محاورہ] دنیا داری کے کاموں سے فراغت پانا

زمانے کا کروٹ لینا : [ا ر محاورہ] زمانہ بدلنا

زمانے کا لہو سفید ہونا : [ا ر محاورہ] آپس میں محبت نہ رہنا۔ بے مروتی کا عام ہونا۔

زمانے کا ورق الٹ جانا : [ا ر محاورہ] زمانہ بدل جانا

زمانے کی آب و ہوا بدل جانا : [ا ر محاورہ] لوگوں کے خیالات اور ہو جانا۔ انقلاب ہو جانا

زمانے کی راہ : [ا ر امث] زمانے کا دستور یا چلن۔ رسم و رواج

زمانے کی ہوا برخلاف ہونا : [ا ر محاورہ] زمانے کا ناموافق ہونا

زمانے کی ہوا بگڑنا : [ا ر محاورہ] لوگوں کی حالت بدلنا۔ دوستوں کا دشمن ہو جانا۔ لوگوں کے خیالات خراب ہو جانا۔

زمانے کی ہوا پھر جانا : [ا ر محاورہ] ہر بات کا برخلاف ہو جانا۔ قسمت خراب ہو جانا۔

زمانے کی ہوا دیکھنا : [ا ر محاورہ] لوگوں کا رجحان دیکھنا۔ وقت کے تقاضوں کا اندازہ کرنا

زمانے کی ہوا کھانا : [ا ر محاورہ] زندہ رہنا

زمانے کے : [صف] اپنے وقت کے۔ دنیا بھر کے۔

زمانیاں : [ف صف] زمانے کے لوگ

زمرد : [ف امذ] ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر

زمردنگار : [ف صف] زمردوں سے جڑا ہوا۔ مرصع

زمردی / زمردیں : [ف صف] سبز رنگ کا۔

زمرہ : [ع امذ] (۱) جماعت۔ گروہ۔ جتھا (۲) ساتھی۔ ہمراہی (۳) بھیڑ۔ فوج۔

زمزم : [ع امذ] مکہ کا ایک چشمہ جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ایڑیاں رگڑنے سے پیدا یا جاری ہوا تھا۔ نیز دیکھئے "آب زمزم"

زمزمہ : [ف امذ] (۱) ترنم۔ نغمہ۔ گیت (۲) دھیمی آواز میں عبادت کے کلمات پڑھنا۔

زمزمہ پرداز / پیرا / خواں / سنج : [ف صف] راگ گانے والا۔

زمزمہ پردازی / پیرائی / خوانی / سنجی : [ف امث] دیکھئے "زمزمہ پرداز وغیرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

زمزمہ کا لہجہ : [ا ر امذ] پیچدار آواز جو گویے گانے میں نکالتے ہیں

زمزمی : [ع امث] (۱) آب زمزم رکھنے کا برتن (۲) وہ شخص جو حاجیوں کو آب زمزم دیتا ہے۔

زمستان : [ف امذ] موسم سرما۔ جاڑا۔ سردی

زمستانی : [ف صف] دیکھئے "زمستان" جس سے یہ منسوب ہے۔

زمن : [ع امذ] دیکھئے "زمان"

زمہریر : [ع امذ] (۱) سخت جاڑا۔ نہایت سردی (۲) کرہ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے (۳) جہنم کا [illegible] جس میں سردی کا عذاب دیا جائے گا۔

زمی : [ف امث] دیکھئے "زمین" جس کا مخفف ہے۔

زمین : [ف امث] (۱) دھرتی بھوم۔ ارض۔ وہ خاکی کرہ جس پر ہم رہتے ہیں (۲) غزل کی ردیف۔ قافیہ اور وزن یا بحر (۳) (ا ر) عطر کا مادہ (۴) دنیا۔ جہان۔ عالم۔ سنسار۔ تختہ۔ خطہ۔ ولایت۔ ملک۔ دیس (۴) خاک۔ مٹی۔ دھول۔ گرد۔ (۵) بنیاد۔ جڑ۔ نیو (۶) تہ۔ طبقہ۔ تلا۔ نیچے کا حصہ (۷) کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح یا رنگ (۸) عورت۔ اولاد کی والدہ۔

زمین آسمان ایک کر دینا : [ا ر محاورہ] کسی چیز یا کسی شخص کی تلاش میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا۔ کوناکونا چھان مارنا۔ کمال کوشش کرنا۔

زمین آسمان پر ٹھکانا نہ ہونا / لگنا : [ا ر محاورہ] بے تکی بات ہونا۔ بے تکی بات کرنا۔

زمین آسمان جھکانا : [ا ر محاورہ] در بدر پھرانا۔ دیوانہ بنانا۔

زمین آسمان چھاننا : [ا ر محاورہ] بہت تلاش کرنا

زمین آسمان کا فرق : [ا ر [illegible]] بہت بڑا فرق

زمین آسمان کے قلابے ملانا : [ا ر محاورہ] (۱) بہت مبالغہ کرنا۔ جھوٹی سچی باتیں بنانا (۲) شیخی مارنا۔ لاف زنی کرنا

زمین آسمان ملانا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زمین آسمان کے قلابے ملانا"
زمین آسمان میں پتا نہ ہونا : [ا ر محاورہ] کہیں نہ ہونا
زمین اُٹھانا : [ا ر محاورہ] (۱) کاشت کے لئے زمین دینا (۲) زمین کا سرسبز ہونا.
زمین اُٹھنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زمین اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے.
زمین اُڑا دینا : [ا ر محاورہ] ہل چل مچا دینا
زمین اُفتادہ : [ف صف] وہ زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو.
زمین اُلٹنا : [ا ر محاورہ] غضب کرنا۔ ملک فتح کرنا.
زمین بلند ہونا : [ا ر محاورہ] غزل کی بحر کا دشوار ہونا
زمین بوس : [ف صف] وہ جو حاضر ہو کر ادب کے لئے زمین چومے
زمین بوسی : [ف امث] دیکھئے "زمین بوس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زمین بیٹھنا : [ا ر محاورہ] زمین کا دھنس جانا
زمین پامال ہونا : [ا ر محاورہ] ایک بحر اور ردیف وقافیہ میں پہلے سے بہت سی غزلیں ہونا.
زمین پاؤں تلے سے نکل جانا : [ا ر محاورہ] خوف اور دہشت سے کھڑا رہنا مشکل ہونا۔ نہایت بے قرار ہونا
زمین پاؤں سے لگ رہی ہے : [ا ر محاورہ] بہت آمد و رفت کی وجہ سے رستہ قریب معلوم ہونا.
زمین پاؤں کے نیچے سے نکلی جاتی ہے انہیں تھمتی انہیں ٹھہرتی : [ا ر محاورہ] برا زمانہ ہے کوئی کسی کا نہیں۔ سخت گھبراہٹ ہے
زمین پر آرہنا : [ا ر محاورہ] گر پڑنا
زمین پر اُترنا : [ا ر محاورہ] ہوا میں اُڑتے ہوئے زمین پر آجانا.
زمین پر پاؤں رکھ کے نہ چلنا : [ا ر محاورہ] غرور کرنا۔ تکبر کرنا
زمین پر پاؤں رکھنا : [ا ر محاورہ] (۱) زمین پر کھڑا ہونا (۲) پیادہ پا چلنے کا قصد کرنا (۳) کسی اونچی چیز سے زمین پر اُترنا
زمین پر پاؤں نہ دھرنا / رکھنا : [ا ر محاورہ] بہت اترانا۔ بہت غرور کرنا
زمین پر پٹکنا : [ا ر محاورہ] گرانا۔ دے مارنا
زمین پر چڑھنا : [ا ر محاورہ] گھوڑے کا مسافت طے کرنے میں مشاق ہونا. ہر روز تھوڑا تھوڑا سفر بڑھا کر گھوڑے کو لمبے سفر کی عادت ڈالنا.
زمین پر ڈھیر ہو جانا : [ا ر محاورہ] گر پڑنا
زمین پر سے کچھ پڑا پانا : [ا ر محاورہ] کوئی چیز بغیر محنت مشقت کے حاصل ہونا. کوئی چیز اتفاقاً مل جانا (۲) کوئی مطلب کی چیز اچانک مل جانا
زمین پر قدم نہ رکھنا : [ا ر محاورہ] غرور کرنا
زمین پر کسی کے نام کی شراب چھڑکنا : [ا ر محاورہ] مے نوشوں میں یہ دستور ہے کہ پینے سے پہلے کسی کا نام لے کر ایک آدھ چھینٹا شراب کا زمین پر گرا دیتے ہیں.
زمین پر نہ ٹھہرنے دینا : [ا ر محاورہ] اپنے علاقے یا اپنی زمین پر نہ ٹھہرنے دینا.
زمین پر ہاتھ نہیں ٹیکے : [ا ر محاورہ] عاجز نہیں ہوا۔ ابھی طاقت ہے
زمین پست ہونا : [ا ر محاورہ] بحر و ردیف وقافیہ کا اچھا نہ ہونا.
زمین پکڑنا : [ا ر محاورہ] جم کر بیٹھنا۔ مستقل قیام کرنا

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں : [ا ر مثل] نہایت شرمندگی یا زندگی سے بیزار ہو جانے کے وقت بولتے ہیں۔ ناگہانی موت آجائے.
زمین پھٹنا : [ا ر محاورہ] زمین شق ہونا
زمین ترکید و پیدا شد سر خر : [ف مثل] کوئی دفعتہً آجائے تو مزاحاً کہتے ہیں۔ زمین پھٹی اور گدھے کا سر پیدا ہو گیا.
زمین تلے اوپر کر دینا : [ا ر محاورہ] انقلاب برپا کر دینا۔ ہل چل مچا دینا.
زمین تلے اوپر ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زمین تلے اوپر کر دینا" جس کا یہ لازم ہے.
زمین تھرانا : [ا ر محاورہ] (۱) ہل چل مچنا (۲) زلزلہ آنا
زمین ٹل جائے اور یہ نہ ٹلے : [ا ر مثل] ایسی مصیبت کے لئے کہتے ہیں جو کسی طرح نہ ٹلے (۲) وہ شخص جو اپنی جگہ سے جنبش نہ کرے (۳) وہ حکم جس کی تعمیل ضروری ہو.
زمین ٹھنڈی ہونا : [ا ر محاورہ] ردیف قافیہ کا چست نہ ہونا
زمین جھکانا : [ا ر محاورہ] آوارہ پھرنا
زمین چڑھنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "زمین پر چڑھنا"
زمین خون سے لال ہونا : [ا ر محاورہ] سخت خون ریزی ہونا۔ لڑائی میں بہت لوگوں کا مارا جانا.
زمین دار : [ف صف] (۱) زمین کا مالک (۲) حاکم، سردار
زمیندار کو کسان، بچے کو مسان : [ا ر مثل] زمین دار کو اپنے کاشتکار اور بچے کو مرض مسان سے سخت نقصان پہنچتا ہے.
زمیندار کی جڑ ہری : [ا ر مثل] زمیندار ہمیشہ خوش حال رہتا ہے.
زمیندارنی : [ا ر امث] دیکھئے "زمین دار" جس کی یہ تانیث ہے.
زمیندارہ : [ا ر امذ] (۱) دیہات۔ گاؤں وغیرہ (۲) زمیندار کا حق
زمینداری : [ف امث] دیکھئے "زمین دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زمینداری پٹا : [ا ر امذ] ایک تحریر جس میں سرکار زمینداری کے حقوق عطا کرتی ہے.
زمینداری دوب کی جڑ ہے : [ا ر مثل] زمینداری بہت پائیدار چیز ہے.
زمین دکھانا : [ا ر محاورہ] (۱) گرا دینا۔ پٹکنا (۲) نیچا دکھانا (۳) پچھاڑنا
زمین دوز : [ف صف] (۱) زیر زمین۔ زمین کے نیچے (۲) ایک قسم کا خیمہ (۳) مضبوط
زمین دیکھنا : [ا ر محاورہ] شرمندہ ہونا (۲) گر پڑنا۔ پچھڑنا (۳) زمین میں دفن ہونا (۴) قے کرنا
زمین سخت ہے آسمان دور ہے : [ا ر مثل] سخت مصیبت اور بے بسی کے موقع پر کہتے ہیں.
زمین سر پر اٹھا لینا : [ا ر محاورہ] بہت شور و غل کرنا
زمین سست ہونا : [ا ر محاورہ] بحر وغیرہ کا اچھا نہ ہونا
زمین سہل ہونا : [ا ر محاورہ] ردیف وقافیہ کا آسان ہونا
زمین سے آنکھ لگنا : [ا ر محاورہ] راہ تکنا۔ انتظار کرنا.

زمین سے پیٹھ لگانا : [ا رمحاورہ] پہلوان کا دوسرے پہلوان کو چت گرا دینا۔ یہ جیتنے کی نشانی ہے۔
زمین سے پیٹھ لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زمین سے پیٹھ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
زمین شعر : [ت امث] ردیف، قافیہ اور بحر
زمین شعر سنگلاخ ہونا : [ا رمحاورہ] شعر کا بحر اور وزن مشکل ہونا
زمین شق ہونا : [ا رمحاورہ] زمین پھٹ جانا
زمین شگفتہ ہونا : [ا رمحاورہ] ردیف قافیہ اور بحر ایسے موزوں ہوں کہ اچھے شعر نکلیں
زمین شور سنبل بر نیارد : [ف مثل] شور والی زمین میں گھاس نہیں اُگتی برے آدمی سے کبھی بھی نیکی کی اُمید نہیں ہو سکتی۔
زمین طرح کرنا : [ا رمحاورہ] ردیف بحر اور قافیہ مقرر کرنا
زمین طرح ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زمین طرح کرنا" جس کا یہ لازم ہے
زمین غیر مزروعہ : [ت امث] وہ زمین جو کاشت نہ کی جائے۔ افتادہ زمین
زمین قند / کند : [ف امث] ایک قسم کی ترکاری از قسم کچالو۔
زمین کا پاؤں پکڑنا : [ا رمحاورہ] کسی موقع پہ قیام ہونا۔ کہیں سے جا نہ سکنا۔
زمین کا پاؤں تلے کے نیچے سے سرک / نکل جانا : [ا رمحاورہ] (۱) کسی صدمہ کا حال سن کر گھبرا جانا۔ (۲) کسی کا ساتھ نہ دینا۔
زمین کا پاؤں کے نیچے نہ ٹھہرنا : [ا رمحاورہ] کسی کا ساتھ نہ دینا
زمین کا پیوند کرنا : [ا رمحاورہ] دفن کرنا۔ فنا کرنا۔ مارنا۔ نیست و نابود کرنا۔
زمین کا پیوند ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زمین کا پیوند کرنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
زمین کا تختہ / طبق / طبقہ / اُلٹ جانا : [ا رمحاورہ] انقلاب ہونا۔
زمین کا کھا جانا : [ا رمحاورہ] (۱) نیست و نابود کر دینا (۲) زمین کا بوسیدہ کر دینا دفن شدہ چیز کو۔
زمین کا کھا لینا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زمین کا کھا جانا"
زمین کا گز : [ا رامذ] بہت سفر کرنے والا۔ آوارہ پھرنے والا (افعال : بننا۔ ہو جانا)
زمین کا مالک : [ا رامذ] زمیندار
زمین کانپنا : [ا رمحاورہ] ہل چل مچ جانا۔ تہ و بالا ہونا
زمین کا نمک : [ا ر۔ امذ] (۱) منتخب لوگ (۲) دنیا کی اصلاح کرنے والے۔
زمین کا نہ آسمان کا : [ا رمثل] کہیں کا نہیں رہا۔
زمین کو آسمان کر دینا : [ا رمحاورہ] پست زمین شعر کو اعلیٰ بنا دینا۔
زمین کو بوسہ دینا : [ا رمحاورہ] زمین چومنا۔ زمین بوسی کرنا
زمین کو مارے زمیندار چونکے : [ا رمثل] کسی کمزور کو مار کر زبردست کو مرعوب ڈالنا
زمین کو ہلا دینا : [ا رمحاورہ] زمین ہلا دینا
زمین کھا گئی کہ آسمان : [ا رمثل] جب کوئی چیز تلاش کرنے سے نہ ملے تو کہتے ہیں۔

زمین کی کہنا آسمان کی کہنا / زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا : [ا رمحاورہ] سوال کچھ جواب کچھ۔ بے تکی بات کہنا۔
زمین کی طنابیں کھنچ جانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زمین کی طنابیں کھینچ دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
زمین کی طنابیں کھینچ دینا : [ا رمحاورہ] مسافت کم کر دینا۔ فاصلہ تھوڑا کر دینا۔
زمین کی گردن : [ا رامث] خاکنائے
زمین کے برابر ہو جانا : [ا رمحاورہ] خاک ہو جانا۔ خاکساری کرنا۔
زمین کے طبقے آسمان پہ اُڑا دینا : [ا رمحاورہ] (۱) تہ و بالا کر دینا۔ غدر ڈال دینا۔ قیامت برپا کر دینا۔
زمین کے طبقے اُلٹ دینا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زمین کے طبقے آسمان پہ اُڑا دینا"
زمین کے نیچے بھی اُس قدر ہے جتنا زمین کے اُوپر ہے : [ا رمثل] چھوٹے قد کے آدمی کی نسبت جو بہت چالاک اور عیار و ہوشیار ہو بولا جاتا ہے۔
زمین گرم ہونا : [ا رمحاورہ] زمین شعر کا چست ہونا
زمین گلنار ہونا : [ا رمحاورہ] سُرخ پھولوں سے زمین بھری ہونا۔ خون سے زمین بھری ہونا۔
زمین گھس جانا : [ا رمحاورہ] جب کوئی کسی جگہ سے ہٹائے تو طنزاً کہتے ہیں۔
زمین گیر : [ف صف] (۱) وہ جو اپنی جگہ سے جنبش نہ کر سکے (۲) زمین پر گرا ہوا۔ (۳) جھکا ہوا (۴) خمیدہ۔ زیادہ عمر کی وجہ سے کمزور۔ بہت بوڑھا۔ اپاہج۔
زمین متحرک / متزلزل ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) زمین کانپنا۔ زلزلہ آنا (۲) ہل چل مچنا۔
زمین مزروعہ : [ف امث] کاشت کی ہوئی زمین
زمین میں ٹھکانا نہ آسمان میں : [ا رمثل] بے خانماں ہے۔ کہیں ٹھکانا نہیں ہے۔
زمین میں سمانا : [ا رمحاورہ] سخت شرمندہ ہونا۔ زمین میں گڑھنا۔ زمین میں جذب ہونا۔
زمین میں گاڑ دوں گا : [ا ر دھمکی] مزہ چکھاؤں گا۔
زمین میں گاڑنا : [ا ر مرکب] دفن کرنا
زمین میں گڑنا : [ا رمحاورہ] (۱) دفن ہونا (۲) نہایت شرمندہ ہونا
زمین ناپنا : [ا رمحاورہ] (۱) سفر کرنا (۲) آوارہ پھرنا
زمین نکالنا : [ا رمحاورہ] (۱) زمین شعر تلاش کرنا (۲) دریا کا ہٹ جانا اور زمین قابل کاشت چھوڑ دینا۔
زمین و آسمان تھرانا : [ا رمحاورہ] سخت ہل چل مچنا۔ تہ و بالا ہونا
زمین و آسمان کا فرق ہونا : [ا رمحاورہ] بہت فرق ہونا۔
زمین و زمان : [ت امذ] تمام زمانہ
زمین ہلا دینا : [ا رمحاورہ] ہل چل مچا دینا۔ تہ و بالا کر دینا۔ قیامت برپا کرنا۔
زمین ہلنے لگنا / ہلنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زمین ہلا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
زمینی : [ف صف] زمین کی۔ زمین کے متعلق۔ ۲۔ خاکی۔ دنیاوی۔ سفلی۔

زندگی تلخ / حرام ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "زندگی تلخ کرنا" جس کا یہ لازم ہے
زندگی حباب ہے: [ا ر مقولہ] حیات ناپائیدار / فانی ہے۔
زندگی دشوار ہو جانا / ہونا: [ا ر محاورہ] عمر مصیبت میں گزرنا۔ جینا مشکل ہو جانا۔
زندگی دوبھر ہو جانا / ہونا: [ا ر محاورہ] زندگی بھاری ہونا۔ زندگی تکلیف دہ محسوس ہونا۔
زندگی سے تنگ (بیزار) آنا / ہونا / خفا ہونا / دل سیر ہونا: [ا ر محاورہ] جینے سے بیزار ہونا۔ مرنے کو دل چاہنا۔
زندگی سے ہاتھ اٹھانا: [ا ر محاورہ] مرنے کے لئے تیار ہونا۔ جینے سے مایوس ہونا
زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھنا / دھونا: [ا ر محاورہ] مرنے پر آمادہ ہونا
زندگی سے یاس / مایوس ہونا: [ا ر محاورہ] جینے کی امید نہ رہنا۔
زندگی شرط ہے: [ا ر روزمرہ] اگر زندہ رہے۔ اگر جیتے رہے
زندگی ضائع کرنا: [ا ر مص مرکب] دیکھئے "زندگی ضائع ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
زندگی ضائع ہونا: [ا ر مص مرکب] عمر بے فائدہ جانا۔ عمر خراب ہونا
زندگی عطا کرنا: [ا ر مص مرکب] زندگی بخشنا
زندگی عطا ہونا: [ا ر مص مرکب] دیکھئے "زندگی عطا کرنا" جس کا یہ لازم ہے
زندگی کاٹنا: [ا ر محاورہ] عمر بسر کرنا
زندگی کٹنا: [ا ر محاورہ] عمر بسر ہونا
زندگی کا جواب دینا: [ا ر محاورہ] موت آنا
زندگی کا فور ہونا: [ا ر محاورہ] مر جانا
زندگی کا مزہ: [ا ر امذ] جینے کا لطف
زندگی کرنا: [ا ر محاورہ] زندگی گزارنا یا بسر کرنا۔
زندگی کے دن بھاری ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "زندگانی / زندگی بھاری ہونا"
زندگی کے دن بھرنا / پورے ہونا: [ا ر محاورہ] عمر رنج و تکلیف میں گزرنا
زندگی مستعار: [ت امث] چند دن کی زندگی
زندگی موت کسی کے ہاتھ میں ہونا: [ا ر محاورہ] کسی کا پورا پورا اختیار ہونا
زندگی میں: [ا ر متعلق فعل] جیتے جی
زندگی میں موت کا مزہ چکھنا: [ا ر محاورہ] بے حد تکلیف ہونا۔ سخت مصیبت ہونا
زندگی وبال ہونا: [ا ر مص مرکب] زندگی بھاری ہونا
زندگی ہونا: [ا ر محاورہ] عمر ہونا۔ دیر تک زندہ رہنا
زندہ: [ف صف] (۱) جیتا۔ ذی حس (۲) آگ کی صفت، مشتعل، سلگنے والی (۳) ترو تازہ۔ شاداب۔ سرسبز۔ خوش۔ شگفتہ
زندہ آنا: [ا ر محاورہ] جیتے جی واپس آجانا
زندہ اٹھالینا / اٹھانا: [ا ر محاورہ] خدا کا کسی شخص کو آسمان پر جیتے جی لے جانا۔ جس طرح مسلمانوں کے اعتقاد کے مطابق حضرت عیسےٰ کو اٹھالیا گیا۔
زندہ باد / باشی: [کلمہ دعا] جیتے رہو۔ زندہ رہو۔ سلامت رہو (۲) شاباش۔ مرحبا۔

زندہ بچنا: [ا ر محاورہ] جیتے رہنا
زندہ پانا: [ا ر محاورہ] جیتا دیکھنا
زندہ پلٹ کر آنا: [ا ر محاورہ] جیتا واپس آنا۔ بیشتر نفی کے ساتھ
زندہ پیر: [ت امذ] وہ شخص جو زندگی میں تعظیم کے لائق ہو۔
زندہ جانا: [ا ر محاورہ] کسی جگہ سے صحیح سلامت روانہ ہونا
زندۂ جاوید: [ت صف] ہمیشہ کے لئے زندہ۔ نہ مرنے والا
زندہ دار: [ت صف] زندہ رہنے والا۔ جاگنے والا
زندہ داران شب: [ت امذ] وہ جو راتوں کو جاگتے رہیں۔ چوکیدار
زندہ در گور: [ت صف] سخت مصیبت میں مبتلا (افعال: کرنا۔ ہونا)
زندہ دل: [ف صف] خوش طبع۔ خوش مزاج۔ ظریف
زندہ دلی: [ت امث] خوش طبعی۔ ظرافت۔ خوش مزاجی
زندہ رہنا: [ا ر مص مرکب] جیتے رہنا
زندہ کرنا: [ا ر محاورہ] جلانا۔ زندگی بخشنا۔ فرحت دینا
زندہ کن: [ت صف] زندہ کرنے والا
زندہ گرفتار کرنا: [ا ر مص مرکب] جیتے جی پکڑ لینا
زندہ گرفتار ہونا: [ا ر مص مرکب] دیکھئے "زندہ گرفتار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
زندہ گڑوا دینا: [ا ر مص مرکب] زندہ دفن کرا دینا۔ ایک قسم کی سزا جو زمانہ قدیم میں رائج تھی۔
زندہ نکلنا: [ا ر محاورہ] کسی جگہ سے جیتے جی باہر آنا
زندہ نہ پانا: [ا ر محاورہ] مرا ہوا پانا
زندہ نہ چھوڑنا: [ا ر محاورہ] مار ڈالنا
زندہ نہ دیکھنا: [ا ر محاورہ] مر جانے کی وجہ سے کسی شخص کو نہ دیکھنا، مردہ پانا
زندہ ہونا: [ا ر محاورہ] (۱) جی پڑنا۔ جینا (۲) کسی دھات کے کشتہ کا دوبارہ اپنی اصلی حالت پر آجانا۔
زندے: [ا ر امذ] زندہ کی جمع۔ زندہ لوگ
زندیق: [ع امذ] پارسی۔ مجوسی۔ آتش پرست۔ ملحد۔ کافر۔ وہ شخص جو وحدت کا قائل نہ رہے۔ بے دین (یہ معرب ہے "زندی" کا)
زندیقی: [ع۔ امث] دیکھئے "زندیق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زنگ: [ف امذ] (۱) چھوٹا گھنٹہ۔ گھنٹی (۲) کسی دھات یا لوہے کا میل (۳) کدورت (۴) زنگی۔ سیاہی۔ تاریکی (۵) افریقہ کے ایک ملک کا نام۔ حبشہ
زنگ آلود / آلودہ: [ف صف] وہ لوہا جس پر میل / زنگ چڑھا ہو۔
زنگ آنا: [ا ر محاورہ] زنگ لگنا۔ لوہے یا کسی دھات کو
زنگ خوردہ: [ف صف] جسے زنگ لگا ہوا ہو۔
زنگ کا کھا جانا: [ا ر مص مرکب] لوہے کا بوسیدہ ہو جانا۔ میل کی وجہ سے کسی دھات کا ناکارہ ہونا
زنگ لگنا: [ا ر مص مرکب] دھات یا لوہے کو میل لگنا۔ بوسیدہ ہونا
زنگ نکلنا: [ا ر مص مرکب] زنگ دور ہونا۔ میل اتر جانا
زنگار: [ف امذ] (۱) زنگ (۲) تانبے کا زنگ یا کساو (۳) نیلا تھوتھا (۴) وہ مسالا جو شیشے کی پشت پر لگا دیتے ہیں اور آئینہ بن جاتا ہے۔
زنگار کا پھاہا: [ف امذ] وہ پھاہا جس پر مرہم زنگار لگایا گیا ہو۔

زنگاری: [ف صف] سبز۔ زنگار کے رنگ کا سبز۔
زنگولہ: [ف امذ] (۱) جرس۔ گھنٹہ۔ ۲۔ گھونگرو۔ ایک تسمہ۔
زنگی: [ف صف] حبشی۔ زنگبار کا رہنے والا۔ مجازاً سیاہ فام
زنگی کی سیاہی کسی صورت نہیں جاتی: [ا رشل] پیدائشی عیب کسی طرح دور نہیں ہوتا۔
زنگی ہڑ: [ا امذ] کالی اور چھوٹی ہڑ۔ ہلیلہ سیاہ
زنند جامہ ناپاک گازراں بر سنگ: [ف شل] عیب دار کا عیب دور کرنے کے لئے سختی کی ضرورت ہوتی ہے
زینہار: [ف حرف تاکید] ہرگز نہیں۔ کبھی نہیں۔ خبردار

ز۔و

زو: [ف امذ] سمندر۔ دریا
زواد: [ا امث ق] ایک قسم کی خوشبو۔
زوار: [ع امبالغہ] بہت زیادہ زیارت کرنے والا
زوّار: [ع صف] دیکھئے "زائر" جس کی یہ جمع ہے
زوال: [ع امذ] (۱) عروج کی ضد (۲) کمی۔ اتار۔ گھاٹا (۳) تنزل۔ ادبار۔ (۴) مصیبت۔ کم بختی (۵) نقصان۔ ضرر (۶) سورج کا نصف النہار سے نیچے اترنا (۷) ترقی اور عروج نہ ہونا
زوال آمادہ: [عف صف] دیکھئے "زوال پذیر"
زوال آنا: [ا رمحاورہ] تنزل ہونا۔ مصیبت ہونا۔ کمی ہونا۔ سورج کا ڈھلنا
زوال پر ہونا: [ا رمحاورہ] تنزل ہونا۔ گھٹنا۔ سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
زوال پذیر: [عف صف] گھٹنے والا۔ تغیر قبول کرنے والا
زوال پذیری: [عف امث] دیکھئے "زوال پذیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زوال کا وقت: [عف امذ] (۱) وہ وقت جب سورج نصف النہار سے ہٹ جائے (۲) ٹھیک دوپہر سے ذرا بعد کا وقت
زوال ماہ / مہ: [عف امذ] چاند کا گھٹنا۔ قمری مہینے کا دوسرا نصف۔ اندھیرا پاکھ
زوال ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "زوال آنا"
زوائد: [ع امذ] (۱) "زائد" کی جمع (۲) فضول اور خارج از بحث یا متن
زوایا: [ع امذ] دیکھئے "زاویہ" جس کی یہ جمع ہے
زواہر: [ع صف] دیکھئے "زاہر" جس کی یہ جمع ہے
زوبین: [ف امذ] (۱) چھوٹا دو شاخ والا نیزہ (۲) (صف) شاعرانہ
زوج: [ع امذ] (۱) جوڑا۔ جفت (۲) خاوند۔ بیوی (۳) وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو سکے
زوج الزوج: [ع۔ امذ] وہ عدد جو دو پر تقسیم ہونے کے بعد پھر دو پر پورا تقسیم ہو سکے مثلاً ۴ - ۸ - ۱۶
زوج الفرد: [ع امذ] وہ عدد جو جفت اور طاق دونوں پر (یعنی دو اور تین پر) پورا تقسیم ہو سکے۔ مثلاً ۶ - ۱۲ - ۱۸ وغیرہ

زوجہ: [ع امث] دیکھئے زوج جس کی یہ تانیث محض اردو والوں نے خود بنائی ہوئی ہے جو صحیح نہیں۔
زوجۂ مطلقہ: [ع امث] وہ بیوی جسے طلاق دے دی گئی ہو۔
زوجۂ منکوحہ: [ع امث] وہ عورت (بیوی) جس سے نکاح پڑھا گیا ہو۔
زوجیت: [ع امث] زوجہ کا اسم کیفیت ہے۔ بیوی بننے کا عمل۔ عقد نکاح۔
زوجیت میں لانا: [ا رمحاورہ] نکاح کرنا۔ بیوی بنانا
زوجین: [ع امذ] میاں بیوی دونوں
زود: [ف صف] جلدی۔ جلد۔ شتاب۔ فوراً۔ ابھی
زود آشنا: [ف صف] بہت جلد گھل مل جانے والا۔ جلد دوست بن جانے والا
زود پشیماں: [ف صف] جلد پچھتانے والا
زود پشیمانی: [ف امث] دیکھئے "زود پشیماں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زود حس: [ف صف۔ ع صف] ذکی الحس۔ جلد محسوس کرنے والا۔ حساس
زود حسی: [ف۔ امث] دیکھئے "زود حس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زود رنج: [ف صف] جلد خفا ہونے والا۔ جلد رنجیدہ ہو جانے والا۔
زود رنجی: [ف امث] دیکھئے "زود رنج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زود فریب / زود لاغر: [ف مثل] ایک رائے / حالت پر قائم نہ رہنے والا۔ گھڑی میں کچھ اور گھڑی میں کچھ
زود فہم: [ف صف] بات کو جلد سمجھنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی
زود فہمی: [ف امث] دیکھئے "زود فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زود نویس: [ف صف] تیزی سے لکھنے والا۔ جلدی لکھنے والا
زود نویسی: [ف امث] دیکھئے "زود نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زودی: [ف امث] جلدی۔ شتابی
زور: [ع امذ] مکر۔ فریب و دغا۔ جھوٹ
زور: [ف امذ] ۱۔ طاقت۔ توانائی۔ ۲۔ اختیار۔ بوتہ ۳۔ زبردستی۔ ظلم ۴۔ غلبہ۔ زیادتی۔ کثرت۔ ۵۔ کوشش۔ سعی۔ جدوجہد۔ ۶۔ محنت مشقت۔ ۷۔ سہارا۔ مدد۔ حمایت۔ ۸۔ وہ سہارا جو شطرنج کے ایک مہرے کو دوسرے مہرے سے ہوتا ہے۔ ۹۔ (صف) غضب کا۔ قیامت کا۔ بے ڈھب۔ ۱۰۔ عجیب۔ انوکھا۔ نرالا۔ ۱۱۔ بڑا۔ بہت۔ زیادہ۔
زور آزما: [ف صف] زور/طاقت آزمانے والا۔ پہلوان
زور آزمانا: [ا رمحاورہ] طاقت دکھانا۔ زور دکھانا
زور آزمائی: [ف امث] دیکھئے "زور آزما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زور آنا: [ا رمحاورہ] طاقت آنا۔ توانا ہونا
زور آور: [ف صف] طاقت ور۔ قوی۔ زبردست
زور آوری: [ف امث] دیکھئے "زور آور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زور بادشاہ داؤں وزیر: [ا رشل] (۱) طاقت تدبیر سے افضل درجہ رکھتی ہے (۲) بادشاہ جیسی طاقت اور وزیر جیسی چالاکی۔ ہوشیاری
زور بازو: [ف امذ] اپنی ذاتی طاقت۔ اپنی محنت مشقت
زور باندھنا: [ا رمحاورہ] قوت پکڑنا

زور بل: [ف امذ] قوت۔ طاقت
زور پر: [ا۔ متعلق فعل] ترقی پر۔ کمال پر۔ انتہا پر۔ حوصلے پر
زور پڑنا: [ا۔ محاورہ] بوجھ پڑنا۔ دباؤ پڑنا (۲) طاقت صرف ہونا
زور پکڑنا: [ا۔ محاورہ] قوت حاصل کرنا
زور پہنچنا: [ا۔ محاورہ] مدد پہنچنا
زور پیدا کرنا: [ا۔ محاورہ] طاقت حاصل کرنا۔ طاقت بنانا
زور توڑنا: [ا۔ محاورہ] زور مٹانا۔ گھمنڈ مٹانا۔ قوت زائل کرنا۔ دباؤ کم کرنا۔ گبر نکالنا
زور ٹوٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زور توڑنا" جس کا یہ لازم ہے
زور جتانا: [ا۔ محاورہ] رعب ڈالنا۔ حکومت دکھانا۔ طاقت کا مظاہرہ کرنا۔
زور چلانا: [ا۔ محاورہ] زبردستی اور رعب سے کوئی کام لینا
زور چلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زور چلانا" جس کا یہ لازم ہے
زور دار: [ف صف] "طاقت ور۔ قوی۔ پرجوش۔ ۲۔ پتنگ کی تعریف جس کی ڈور خوب تنی رہے اور اس کو پکڑنے میں بہت زور خرچنا پڑے۔
زور دکھانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زور جتانا"
زور دینا: [ا۔ محاورہ] (۱) قوت دینا / بڑھانا۔ ۲۔ شطرنج کے مہرے کو دوسرے مہرے کا سہارا دینا۔
زور ڈالنا: [ا۔ محاورہ] (۱) مجبور کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔ ۲۔ کسی طرف زیادہ طاقت دکھانا بوجھ ڈالنا
زور ڈھے جانا: [ا۔ محاورہ] غرور نکل جانا
زور زور سے: [ا۔ متعلق فعل] (۱) قوت سے طاقت سے (۲) تیزی سے سختی سے
زور شور: [ف امذ] (۱) تیزی و تندی (۲) جوش و خروش (۳) چڑھاؤ (۴) شدت زیادتی۔ شوق۔ محنت [افعال دکھانا۔ دیکھنا۔ ہونا]
زور شور سے: [ا۔ متعلق فعل] جوش و خروش سے۔ شوق سے۔ محنت سے۔ شان و شوکت سے
زور ضابطہ: [ف امذ] جبر۔ سختی
زور طبع / طبیعت: [ف امذ] نئے مضامین۔ نئے خیالات پیدا کرنے کی طاقت
زور ظلم: [فع امذ] سختی۔ جبر۔ زیادتی
زور قلم: [فع امذ] لکھنے کی طاقت۔ تحریر کا زور
زور کا: [ا۔ صف] پُرجوش۔ شدت کا۔ بلند
زور کرنا: [ا۔ محاورہ] (۱) پہلوانوں کا مشق کے لئے کشتی لڑنا۔ زور آزمانا (۲) بڑھنا زیادہ ہونا۔ کوشش کرنا۔
زور کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت طاقت ور ہونا
زور کے آگے ضرب نہیں چلتی: [ا۔ مثل] طاقت ور پر معمولی چوٹ اثر نہیں کرتی۔
زور گھٹانا: [ا۔ محاورہ] طاقت کم کرنا
زور گھٹنا: [ا۔ محاورہ] طاقت کم ہونا / ہو جانا
زور لگانا: [ا۔ محاورہ] (۱) طاقت صرف کرنا (۲) دھکیلنا۔ ٹھیلنا۔ آگے بڑھانا (۳) تقدد کرنا۔ کوشش کرنا۔
زور لگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "زور لگانا" جس کا یہ لازم ہے
زور مارنا: [ا۔ محاورہ] نہایت کوشش کرنا۔ سارا زور لگا دینا۔
زور مند: [ف صف] طاقت ور

زور مندی: [ف امث] دیکھئے "زور مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
زور میں آنا / بھرنا: [ا۔ محاورہ] پوری قوت پہ ہونا۔
زور نکال دینا: [ا۔ محاورہ] (۱) قوت گھٹا دینا۔ کمزور کر دینا۔ ۲۔ غرور مٹا دینا۔
زور نہ چلنا: [ا۔ محاورہ] قابو نہ چلنا
زور نہ ظلم عقل کی کوتاہی: [ا۔ مثل] (۱) بے عقل آدمی عموماً ظالم ہوتے ہیں (۲) کسی کے جبر یا سختی کی وجہ سے نقصان نہیں پہنچا بلکہ اپنی بیوقوفی سے۔
زورق: [ف امث] (۱) چھوٹی کشتی۔ ۲۔ چھوٹا ڈونگا۔ ۳۔ ایک ٹوپی جو درویش پہنتے ہیں۔
زوروں پر چڑھنا: [ا۔ محاورہ] (۱) طاقت میں بھرنا۔ بہت تیار ہونا۔ ۲۔ مٹاتا ہونا۔ جوانی میں بھرنا ۳۔ کمال کو پہنچنا۔ ۴۔ طغیانی پر آنا
زوروں پر رہنا: [ا۔ محاورہ] لگاتار ترقی ہونا۔ بہت چہل پہل ہونا۔ کسی کام کا بہت زور رہنا۔
زوروں پر ہونا: [ا۔ محاورہ] ترقی پر ہونا۔ جوش پر ہونا۔ کمال کو پہنچنا۔
زوف: [ا۔ حرف نفرین] تُف۔ لعنت
زوف زاف کرنا: [ا۔ محاورہ] لعنت ملامت کرنا
زوفا: [ع امذ] پودا جس کے پتے تیز اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ یہ طور پر دوا مستعمل ہے۔
زوق: [ع امذ] پارہ۔ سیماب
زون: [انگ امذ] Zone کرۂ ارض کے پانچ حصے جو خط استوا کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہیں۔ ۲۔ علاقہ۔ منطقہ۔ حلقہ۔

ز ۔ ہ

زہ: [ف امذ] (۱) جننا (۲) بچہ۔ اولاد (۳) (حرف تحسین) شاباش۔ مرحبا۔ بہت خوب ۴ (امث) کمان کا چلہ ۵۔ کوئی چیز جو بل دے کر سوراخ سے نکالی جائے۔ ۶۔ لیس۔ فیتہ۔ جھالر۔ ۷۔ انعام۔ ۸۔ کنارہ۔ منڈیر
زہ گیر: [ف امذ] سینگ یا ہڈی کی بنی ہوئی انگوٹھی کی طرح کی ایک چیز جس کو انگوٹھے پر پہن کر کمان کے چلے کو کھینچتے ہیں۔
زہاب: [ع امذ] وہ چشمہ جو ہر وقت جاری رہے۔
زہاد: [ع امذ] دیکھئے "زاہد" جس کی یہ جمع ہے۔
زہار: [ف امث] شرم گاہ۔ پیڑو
زہد: [ع امذ] پرہیزگاری۔ تقوی۔ ریاضت۔ عبادت
زہدیت: [ع۔ امث] زہد پن
زہدیات: [ع۔ امث] دیکھئے "زہدیت"
زہر: [ع امذ] (۱) سم۔ بس۔ وہ چیز جس کے کھانے سے انسان یا حیوان مر جائے (۲) کوئی چیز جو نہایت کڑوی ہو۔ ۳۔ غصہ۔ غضب۔ خشم۔ ۴۔ کڑوا تلخ۔ ۵۔ ناگوار۔ برا (۶) مہلک۔ قاتل۔ ۷۔ مضر۔ آزار رساں۔
زہر آب / زہراب: [ف امذ] "وہ پانی جس میں زہر ملا ہوا ہو۔ ۲۔ غم غصہ ۳۔ کنایۃً پیشاب
زہر آشام: [ف صف] "زہر پینے والا۔ ۲۔ جو زہر میں بجھا ہوا ہو۔
زہر آگیں: [ف صف] دیکھئے "زہر آلود"

زہر آلود/آلودہ : [ف صف] زہریلا۔ بس بھرا۔ زہر میں بجھا ہُوا

زہر آمیز : [ف صف] زہر ملا ہُوا

زہر اُتارنا : [ا رمحاورہ] زہر کا اثر دفع کرنا

زہر اُترنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زہر اُتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

زہر اُگلنا : [ا رمحاورہ] ۱۔ زہر مُنہ سے نکالنا ۲۔ فتنہ انگیز باتیں کرنا۔ جلی کٹی سُنانا ۳۔ قہر و غضب کا اظہار کرنا ۴۔ دشمنی نکالنا۔ بدلہ لینا۔ ۵۔ لگائی بجھائی کرنا۔

زہر باتیں : [ا ر امث] جلی کٹی باتیں۔ بے جا باتیں۔

زہر باد : [ا ر امذ] ۱۔ ایک مرض جس کے باعث عموماً ہاتھیوں اور گھوڑوں کے خصیوں میں/پر ورم ہو جاتا ہے (۲) بکریوں بھینسوں وغیرہ کے تھنوں کا ورم۔

زہر بونا : [ا رمحاورہ] بُرائی کرنا۔ فساد کی بنیاد ڈالنا

زہر بھرا ہونا : [ا رمحاورہ] ۱۔ کسی کو نقصان پہنچانے کا ارادہ ہونا (۲) کسی کی طرف سے دل میں تبغض ہونا۔

زہر بھری آنکھ : [ا ر امث] غصّے کی نظر۔ شوخ آنکھ

زہر بھری باتیں : [ا ر امث] فتنہ فساد کی باتیں

زہر پھیلنا/چڑھنا : [ا رمحاورہ] زہر کا جسم میں سرایت کرنا

زہر تیلیا : [ا ر امذ] سم قاتل۔ مہلک زہر

زہر چڑھنا : [ا رمحاورہ] زہر کا اثر ہونا

زہر خند : [ف امذ] وہ ہنسی جو ناگواری اور شرمندگی کی وجہ سے ہو۔

زہر دار : [ف صف] زہریلا۔ زہر بھرا ہُوا۔

زہر دینا : [ا رمحاورہ] زہر کھلانا۔ زہر کھلا کر مارنا

زہر قاتل : [فع ہ مث] ہلاک کر دینے والا زہر۔ تیز زہر

زہر کا پتلا : [ا ر صف] بہت مُفسد۔ بہت شریر

زہر کر دینا/کرنا : [ا رمحاورہ] (۱) بُرا کرنا (۲) بدمزہ کرنا۔ ناگوار کرنا (۳) تلخ کرنا۔ کڑوا کرنا (۴) غصّہ اور نفرت سے کھانا

زہر کھانا : [ا رمحاورہ] ۱۔ زہر کھا کر مر جانا۔ بس کھانا۔ ۲۔ کنایۃً۔ رشک کرنا حسد سے جلنا

زہر کی پڑیا/چھُری/گانٹھ : [ا ر صف۔ مث] فتنہ انگیز۔ مفسد۔ شریر

زہر کے گھونٹ : [ا ر امذ] بہت ناگوار۔ تلخ

زہر کے گھونٹ پینا : [ا رمحاورہ] مجبور ہو کر طعنہ ضبط کرنا۔ دل ہی دل میں پیچ و تاب کھانا۔

زہر کے گھونٹ نگلنا : [ا رمحاورہ] تلخ یا کڑوی چیز کو حلق سے اُتارنا غصّہ ضبط کرنا

زہر گھولنا : [ا رمحاورہ] فتنہ فساد کی باتوں سے فضا خراب کرنا

زہر گیاہ : [ف امث] ایک قسم کی گھاس جو بہت زہریلی ہوتی ہے۔

زہر لگنا : [ا رمحاورہ] ناگوار ہونا۔ بُرا لگنا

زہر مار : [ا ر امذ] وہ چیز جو زہر کا اثر زائل کرے

زہر مار کرنا : [ا رمحاورہ] مجبوراً کھانا۔ نامرغوب چیز کھانا

زہر معلوم ہونا : [ا رمحاورہ] بُرا لگنا

زہر ملا دینا : [ا رمحاورہ] فتنہ فساد کی باتوں سے اچھی باتوں کو بھی ناگوار کر دینا۔

زہر مل جانا/ملنا : [ا رمحاورہ] بُرا ہو جانا

زہر مُہرہ : [ا ر امذ] ایک قسم کا پتھر جو زہر کو جذب کر لیتا ہے۔ ایک سبز پتھر جو سردیوں میں بچوں کو حس کر پلایا جاتا ہے۔

زہر مُہرہ خطائی : [ا ر امذ] شہر خطا کا زہر مہرہ جو نہایت عمدہ اور خوش رنگ ہوتا ہے۔

زہر میں بُجھانا : [ا رمحاورہ] تلوار یا خنجر کی دھار کو آگ میں سُرخ کرکے زہرآلود پانی میں بجھانا۔ تاکہ اس سے جو زخم لگے اس میں زہر اثر کر جائے۔

زہر میں بُجھا ہُوا : [ا ر صف] زہر کی آب دیا ہُوا۔ جلد اثر کرنے والا

زہر میں بُجھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "زہر میں بجھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

زہر نوش : [ف صف] بلانوش۔ جو مل جائے سب کچھ چٹ کر جانے والا۔

زہر ہلاہل : [ف امذ] مہلک زہر

زہرا : [ع صف] چمکیلا۔ درخشاں۔ تاباں۔ مشہور (امث) حضرت فاطمہ بنت الرسولؐ کا لقب

زہرہ : [ع۔ امذ] کلی۔ پھول۔ بالخصوص زرد رنگ کا پھول

زہرہ : [ف امذ] ایک اندرونی عضو جس میں صفرا عارضی طور پر رہتا ہے پتا کنایۃً دلیری۔ شجاعت

زہرہ آب/پانی ہونا : [ا رمحاورہ] خوف زدہ ہونا۔ حوصلہ پست ہونا

زہرہ پھٹنا : [ا رمحاورہ] جی دھڑکنا۔ حسد سے جلنا

زُہرہ : [ع امث] ایک ستارہ جو سورج کے گرد پھرتا ہے یہ فاصلے میں دوسرا ہے اور سب ستاروں سے زیادہ روشن ہے، اس کا مسکن تیسرا آسمان بتایا جاتا ہے۔ اس کو رقاصہ فلک اور لولیٔ فلک بھی کہتے ہیں۔ فارسی میں ناہید نام ہے۔ ۲۔ ایک خوبصورت عورت کا نام جس پر ہاروت و ماروت عاشق ہو کر مبتلائے عذابِ الٰہی ہوئے۔ (ز [illegible] وات)

زُہرہ جبیں : [ف صف] خوبصورت۔ ماہ رو [illegible] ستارے کی سی چمکدار پیشانی والا

زہرہ گداز : [ف صف۔ فاعلی] سخت تکلیف دہ

زہرہ گدازی : [ف۔ امث] دیکھئے "زہرہ گداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

زہری : [ف صف] بس بھیرا۔ زہر دار (۲) شریر۔ فتنہ انگیز

زہریلا : [ف صف] دیکھئے "زہری"

زہریلا پن : [ا ر۔ امذ] دیکھئے "زہریلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

زہریلی : [ف صف] دیکھئے "زہریلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

زہریلی آب و ہوا : [ف امث] وہ آب و ہوا جو مضر صحت ہو۔ زہر دار آب و ہوا

زہریلی نظر : [ا ر۔ امث] ایسی نظر جس میں زہر کا اثر ہو۔ حسد کی نگاہ

زہے : [ف کلمہ تحسین] مرحبا۔ شاباش

زہے قسمت : [ا ر۔ کلمہ تحسین] خوش بختی سے۔ اچھی قسمت سے۔

زہے نصیب : [ف کلمہ تحسین] خوش اقبالی اور اچھے نصیب کے لیے کہتے ہیں۔

ز۔ی

زِی : [ع امذ] ا۔حیثیت ۔ ۲۔ لباس
زِیاد : [ع امذ] "زیادہ" کا مخفف
زِیادَت : [ع امث] ا۔کلمے میں ایک یا زیادہ حرفوں کو بڑھانا۔ مثلاً بھیڑ چال سے بھیڑیا چال ۔ ۲۔ زیادتی ۔ اضافہ
زِیادَتی : [عف امث] ا۔کثرت ۔ بہتات ، ۲۔ شدت ، ۳۔ ظلم ۔ زبردستی ۔ (افعال : کرنا ۔ ہونا)
زِیادَہ : [ع صف] ا۔افزوں ۔ بہت ۔ بیش ۔ بڑھا ہوا ۔ ۲۔ فالتو ۔ فاضل
زِیادَہ تَر : [عف صف] بہت زیادہ ۔ بیشتر
زیادہ جی کر کیا عاقبت کے بورئیے سمیٹو گے : [ا ر مثل] بہت بڑھاپا ہونے کے باوجود زندہ رہنے کی کوشش کرے تو طنزاً کہتے ہیں
زیادہ حَدِّ ادب : [ا ر فقرہ] یہ فقرہ عرضی یا عریضہ کے آخر میں لکھتے ہیں کہ زیادہ لکھنے سے ادب مانع ہے ۔
زیادہ سِتانی : [ف امث] (قانون) اپنے حق سے زیادہ لینا ۔
زِیادہ سَر : [ف صف] ا۔خود پسند ۔ مغرور ۔ متکبر (۲) وہ جو اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھے (۳) وہ جو ایسا کام شروع کرے جو ختم نہ ہو سکے ۔
زیادہ سَری : [ف امث] دیکھئے "زیادہ سر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زِیادہ سے زیادہ : [ا ر متعلق فعل] ۔ حد درجہ کا
زِیادہ طَلَب : [ا ر صف] زیادہ مانگنے والا
زِیادہ طَلَبی : [ف امث] دیکھئے "زیادہ طلب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
زِیادہ کرنا : [ا ر محاورہ] ا۔ بڑھانا ۔ ۲۔ (دسترخوان کے لئے) اُٹھانا
زِیادہ گو : [ف صف] بات کو بہت بڑھا کر کہنے والا ۔ بہت زیادہ بات کو بڑھانے والا
زِیادہ گوئی : [ف امث] فضول باتیں ۔ زیادہ گوئی ۔ مبالغہ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
زِیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں : [ا ر مثل] زیادہ بے تکلفی کا نتیجہ رنج ہوتا ہے ۔
زِیادہ ہونا : [ا ر محاورہ] ا۔ باقی بچنا ۔ فاضل ہونا ۔ ۲۔ اُٹھایا جانا ۔ ختم ہونا
زِیادہ ہے : [ا ر محاورہ] ا۔ برکت ہے ۔ ۲۔ نہیں ہے فقیروں کو جواب میں کہتے ہیں ۔
زِیارَت : [ع امث] مقدس و متبرک جگہ ، شخص / چیز کو دیکھنا ۔ ۲ ۔ (اردو) کسی بزرگ کا مقبرہ ۔ ۳ ۔ سلام
زِیارَتِ بزرگاں کفارہ گناہ : [ا ر مثل] بزرگوں کی زیارت سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں ۔
زِیارَت گاہ : [عف امث] وہ جگہ یا شخص جس کو دیکھا جائے ۔ آستانہ ۔ مبارک و مقدس اور متبرک مکان ۔ درگاہ
زیاست : [ا ر صف ق] زیادہ
زیاتی : [ا ر امث ق] زیادتی
زِیان : [ا ر مذ] نقصان ۔ خسارہ ۔ گھاٹا ۔ ضرر
زِیان کار : [ف صف] ا۔ نقصان دینے والا ۔ مضر ۔ نقصان اُٹھانے والا ۔
زِیاں کاری : [ف امث] دیکھئے "زیاں کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
زیب : [ف امث] (۱) آرائش ۔ زینت (۲) سجاوٹ ۔ خوشنمائی ۔ خوبصورتی ۔

زیبِ آغوش ہونا : [ا ر محاورہ] معشوق کا بغل میں ہونا ۔
زیبِ بدن / تن / جسم کرنا : [ا ر محاورہ] کسی کپڑے یا زیور کو بدن پر پہننا ۔ سجانا
زیب دینا : [ا ر محاورہ] سجاوٹ دینا ۔ بھلا لگنا ۔ خوشنما ہونا
زیبِ گوش کرنا : [ا ر محاورہ] توجہ کرنا ۔ بات سننا
زیبا : [ف صف] زیب دینے والا ۔ خوشنما ۔ خوبصورت
زیبائش : [امث] دیکھئے "زیبا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
زیبائی : [ف امث] دیکھئے "زیبائش"
زیبرا : [انگ امذ] (zebra) گدھے کے مشابہ ایک جانور جس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں بہت خوبصورت ہوتا ہے افریقہ میں پایا جاتا ہے
زیبق : [ع امذ] پارہ ۔ سیماب
زیبن : [ف امذ] پارہ ۔ سیماب
زیبندہ : [ف ۔ اسم فاعل] زیب دینے والا
زیت : [ع امذ] زیتون کا تیل
زیتون : [ع امذ] ایک درخت کا نام جس کے پھل سے تیل نکالا جاتا ہے ۔
زیٹ : [ا ر امث] یاوہ گوئی ۔ جھوٹ ۔ بکواس (افعال : اُڑانا)
زیٹک : [ا ر صف] (۱) کوتاہ قد ۔ (۲) بے حمیت
زیچ : [ف امث] (۱) معمار کا دھاگا جس سے دیوار سیدھی کرتا ہے (۲) وہ کتاب جس میں ستاروں کی گردش کی تفصیلات درج ہوں (۳) جنتری ۔ تقویم
زید : [ع امذ] ایک فرضی نام جو فلاں کی بجائے استعمال ہوتا ہے ۔
زیر : [ف امث] (۱) کمزور ۔ نیچے (۲) دھیمی آواز ۔ نیچا سُر (۳) علامتِ کسرہ ۔ (۴) اندر ۔ جاری ۔ تحت
زیر اَفگن / اَفگندہ : [ف امذ] ا۔چھوٹا قالین ۔ غالیچہ ۔ ۲ ۔ بستر
زیر انداز : [ف امذ] وہ کپڑا یا ٹکڑا جو حقے کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ فرش وغیرہ خراب نہ ہو ۔
زیر بار : [ف صف] بوجھ میں دبا ہوا ۔ مقروض ۔ ممنون
زیر باری : [ف امث] دیکھئے "زیر بار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
زیر بند : [ف امذ] ا۔گھوڑے کا تنگ جو زین سے گزار کر پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے (۲) وہ تسمہ جو گھوڑے کے لگام سے باندھ کر تنگ کے ساتھ لگا دیا جاتا ہے ۔ تاکہ گھوڑا سوار کو سر نہ مار سکے اور الف نہ ہو سکے ۔
زیر پائی : [ا ر ۔ امث] ایک قسم کی زنانی جوتی
زیر بند مارنا / لگانا : [ا ر محاورہ] تسمہ سے گھوڑے کو مارنا ۔ چابک مارنا ۔ کوڑے لگانا
زیر تنگ : [ف امث] دیکھئے "زیر بند"
زیر جامہ : [ف امذ] ا۔وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر ڈال کر کاٹھی کستے ہیں (۲) وہ لباس جو پوشاک کے نیچے پہنا جاتا ہے ۔
زیرِ حراست : [ف امذ] جو حوالات میں ہو ۔ گرفتار
زیرِ حکومت : [فعف] ماتحت ۔ رعیت
زیرِ خاک : [ف صف] قبر میں ۔ زمین میں دفن
زیر دست : [ف صف] کمزور ۔ عاجز ۔ ماتحت ۔ مظلوم ۔ مغلوب
زیر دستخطی : [عف ، صف] جس کے دستخط نیچے ہوں
زیر دستی : [ف امث] دیکھئے "زیر دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

زیرِ ران: [ف صف] قابو میں۔ بس میں

زیرِ زمین: [ف صف] (۱) زمین دوز۔ زمین کے نیچے (۲) مدفون (افعال جانا، ہونا)

زیرِ سایہ: [ف صف] (۱) قریب نزدیک حمایت میں، پناہ میں (۲) پڑوس میں

زیرِ سواری: [ف صف] جانور جس پر سواری کر رہے ہوں وہ جانور جو سواری میں ہو۔

زیر کرنا: [ا ر محاورہ] مغلوب کرنا، شکست دینا۔ پچھاڑنا

زیرِ لب/لبی: [ف صف] آہستہ بات۔ پوشیدہ کہنا۔

زیرِ مشق: [ف صف] ہاتھ پر چڑھا ہوا۔ رواں۔ وہ چیز جس کی مشق ہو جائے ۲۔ وہ چمڑا جو لکھتے وقت کاغذ کے نیچے رکھ لیتے ہیں۔

زیرِ نظر: [ف صف] نگاہ میں۔ حراست میں

زیرِ نگیں: [ف صف] ماتحت۔ زیرِ حکومت

زیر و بم: [ف صف] نشیب و فراز (آواز کا)

زیر و زبر: [ف صف] تہ و بالا۔ الٹ پلٹ (افعال کرنا۔ ہونا)

زیرک: [ف صف] دانا۔ دانشمند

زیرکی: [ف امث] دیکھئے "زیرک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

زیروں سے شیر ہوتے ہیں: [ا ر مثل] بچوں سے بڑے اور ادنے سے اعلے ہوتے ہیں۔

زیرہ: [ف امذ] ایک خوشبودار باریک بیج، جو سیاہ اور سفید ہوتا ہے اور گرم مسالے میں استعمال ہوتا ہے۔

زیریں: [ف صف] نیچے کا۔ تلے کا۔ پائیں

زیست: [ف امث] زندگی۔ حیات۔ عمر۔

زیست بھاری ہونا: [ا ر محاورہ] زندگی ناگوار ہونا۔

زیست بھر: [ا ر صف] عمر بھر۔ تمام زندگی۔

زیست حرام ہونا: [ا ر محاورہ] زندگی ناگوار ہونا۔

زیست سے بے زار/خفا: [ا ر صف] جس کو زندگی دو بھر ہو جو زندہ نہ رہنا چاہے۔

زیست کے دن بھرنا: [ا ر محاورہ] زندگی کے دن پورے کرنا۔

زیغ: [ع امذ] (۱) کجی۔ ٹیڑھ (۲) جھکنا(؟)

زیل: [ف امث] چیخ کی آواز۔ بچوں کی آواز۔ باریک آواز

زین: [ع امذ] زیب و زینت۔ خوبصورتی۔ سجاوٹ

زین خال: [ا ر امذ] عورتوں کا ایک قرمزی رنگ

زین: [ا ر امث] ایک مضبوط اور موٹا کپڑا جس سے لباس تیار کیا جاتا ہے۔ انگریزی لفظ jean کا مورد ہے۔

زین: [ف امذ] چار جامہ۔ کاٹھی۔ پالان

زین پوش: [ف امذ] زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا

زین دھرنا/کسنا/کھینچنا: [ا ر محاورہ] گھوڑے کی پیٹھ پر زین باندھنا۔

زین ساز: [ف صف] زین بنانے والا

زین سازی: [ف امث] دیکھئے "زین ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

زین سواری: [ف امث] گھوڑے کی پیٹھ کی سواری

زین ہونا: [ا ر محاورہ] گھوڑے کی پیٹھ پر زین کسا جانا۔

زینت: [ع امث] زیبائش۔ خوبصورتی۔ سجاوٹ۔

زینت بخشنا/دینا: [ا ر محاورہ] مزین کرنا۔ سجانا

زینت پہلو: [ف صف] ہم نشین۔ معشوق

زینت ہونا: [ا ر محاورہ] سجنا۔ سجاوٹ کا موجب ہونا۔ باعث رونق ہونا

زین زیرے: [ا ر امث] یاوہ گوئی۔ بکواس۔

زینہ: [ف امذ] سیڑھی (افعال: لگانا۔ لگنا)

زینہار: [ف حرف تاکید] دیکھئے "زنہار"

زینہار از قرین بد زینہار: [ف مقولہ] بُرے کی صحبت سے دُور ہونا چاہئے۔

زیور: [ف امذ] (زیب ور کا مخفف) (۱) بناؤ سنگار کی چیزیں (۲) گہنا پاتا (۳) زیب و زینت (افعال: پہنانا۔ پہننا)

زیور بڑھانا: [ا ر محاورہ] زیور اُتارنا۔

زیور توڑنا: [ا ر محاورہ] خاوند کی وفات پر سوگ میں زیور توڑ ڈالنا۔

زیور سے گوندنی کی طرح لدا رہنا/ہونا: [ا ر محاورہ] بہت زیادہ زیور پہنے رہنا۔

زیورات: [ف امث] دیکھئے "زیور" جس کی یہ جمع بقاعدہ عربی غلط طور پر بنائی گئی ہے۔

ژ

ژ: [ف۔امث] فارسی میں اسے ژا اور اردو میں "ژے" کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے اسے زائے فارسی یا عجمی بھی کہتے ہیں۔
(۱) اردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ سترھواں اور فارسی حروف ہجا کی ترتیب میں چودھواں حرف ہے۔
(۲) یہ فارسی سے مخصوص ہے اور اس کی آواز کسی اور زبان میں نہیں پائی جاتی
(۳) یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
(۴) حساب جمل میں اس کو "ز" کی ایک صورت قیاس کر کے اس کے بھی سات عدد محسوب ہوتے ہیں۔
(۵) فارسی میں یہ مندرجہ ذیل حروف سے بدل جاتا ہے۔
ا: ج سے مثلاً کژ اور کج میں
ب: چ سے مثلاً کاژ اور کاچ میں
ج: ز سے مثلاً ژاغر اور زاغر میں
د: س سے مثلاً تکژ اور تکس میں
ہ: ش سے مثلاً دژ اور دش میں

ژ۔ا

ژاژ: [ف۔امذ] (۱) فضول گفتگو (۲) کوڑا کرکٹ (۳) گوبر
ژاژخا / گو: [ف۔صف] بیہودہ گو۔ لغوگو۔
ژاژخائی / گوئی: [ف۔امث] دیکھئے "ژاژخا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ژالہ: [ف۔امذ] (۱) اولا (۲) پالا۔ کہرا
ژالہ بار: [ف۔صف] اولے برسانے والا۔
ژالہ باری: [ف۔امث] اولے پڑنا۔ اولوں کی بارش۔

ژ۔ر

ژرف: [ف۔امث] گہرا۔ عمیق
ژرف نگاہ: [ف۔صف] گہری نظر والا۔ وہ جو کسی معاملہ کی تہ تک پہنچ جائے
ژرف نگاہی: [ف۔امث] دیکھئے "ژرف نگاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ژ۔ن

ژند: [ف۔امث] (۱) پرانے زمانے کی فارسی زبان جو زرتشت کے زمانہ میں بولی جاتی تھی (۲) زرتشت کی کتاب جس کو پارسی الہامی سمجھتے ہیں (۳) گدڑی۔ دلق۔ پھٹا ہوا کپڑا (۴) بزرگ۔ قلندر
ژندگی: [ف۔امث] "ژند" کا اسم کیفیت۔ پرانا پن۔ قدامت کہنگی۔
ژندہ: [ف۔صف] (۱) پرانا۔ قدیم (۲) پیوند لگا ہوا پرانا کپڑا (۳) سست

ژ۔و

ژولیدگی: [ف۔امث] دیکھئے "ژولیدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ژولیدہ: [ف۔صف] الجھا ہوا پریشان۔ درہم برہم
ژولیدہ بیان: [فع۔صف] جس کی تقریر یا تحریر الجھی ہوئی ہو۔ پریشان بیان۔
ژولیدہ بیانی: [فع۔امث] دیکھئے "ژولیدہ بیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ژولیدہ حال: [فع۔صف] پریشان حال۔ خستہ حال۔
ژولیدہ حالی: [فع۔امث] دیکھئے "ژولیدہ حال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ژولیدہ مو: [ف۔صف] بکھرے ہوئے یا پریشان بالوں والا۔
ژولیدہ موی: [ف۔امث] دیکھئے "ژولیدہ مو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ژ۔ی

ژیان: [ف۔صف] غضبناک۔ خونناک۔ خشم ناک۔

س

س : [ع-اند] اردو میں مذکر ہے مگر عربی میں مونث - اس کا نام سین ہے۔

۱ اردو حروف تہجی میں ترتیب میں اٹھارہواں اور فارسی میں پندرھواں حرف ہے - عربی حروف ہجا کی ترتیب ابتث میں بارہواں اور ترتیب ابجد میں پندرھواں حرف ہے - دیوناگری رسم الخط میں یہ تینتیسواں ونجن ہے۔

۲- اس کو سین مہملہ اور سین غیر منقوط بھی کہتے ہیں۔

۳- یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۴- عربی تقسیم کے مطابق شمسی حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا بلکہ سین کو مشدد کر دے گا مثلاً السلام علیکم۔

۵- حساب جمل میں اس کے ساٹھ عدد مقرر ہیں۔

۶- تقویم میں سورج کو اور دو سیاروں کے درمیان ساٹھ درجہ کے فاصلہ کو ظاہر کرتا ہے۔

۷- ہندی الفاظ کے شروع میں بطور سابقہ آکر خوب اور نیک کے معنی کا اضافہ کرتا ہے اور ہمیشہ مضموم ہوتا ہے۔ مثلاً سُڈول۔

۸- ہندی یا اردو الفاظ کے آخر میں آکر ان کو اسم کیفیت بنا دیتا ہے مثلاً مٹھاس کھٹاس وغیرہ۔

۹- مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے!

ا-	ج	کا	بدل	مثلاً	ریواس	اور	ریواج	میں
ب	خ	″	″	″	خروس	اور	خروخ	میں
ج	د	″	″	″	پاس	″	پاد	″
د	ز	″	″	″	سماروغ	″	سماروز	″
ه	ژ	″	″	″	تیکس	″	تیکژ	″
و	ش	″	″	″	کستی	″	کشتی	″
ز	ص	″	″	″	قفس	″	قفص	″
ح	ف	″	″	″	چست	″	چفت	″
ط	ل	″	″	″	سج	″	بلج	″
ی	و	″	″	″	تس	″	تو	″
ک	ه	″	″	″	آماس	″	آماہ	″

س - ا

سا : [ف حرف تشبیہہ] ۱- سال اور آسا کا مخفف - (۱) مثیل - مانند ۲- افراط اور کثرت ظاہر کرنے کے لئے جیسے اندھیر سا اندھیر ہے ۳- حرف تشبیہہ - ۴- گویا - ۵- سابقہ مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور گھسنے والا کے معنی دیتا ہے۔

سا : [ھ- نعف] ۱- ہندی موسیقی کے سرگم کا پہلا سُر شڈج کا مخفف۔ کھرج - ۲- بہت - بے حد - جیسے بہت سا

ساباط : [ع-امث] چھت دار رستہ جو دو مکانوں کو ملائے - چھتی ہوئی گلی - چھتا

سابح : [ع-اند] تیرنے والا - تیز رفتار گھوڑا۔

سابدھان [ھ-صف] چوکس، مستعد - ہوشیار - چور - دور اندیش

سابر : [ھ- اند] ۱- بارہ سنگا - ۲- بارہ سنگھے کا سفید یا زرد چمڑا - ۳- نقب زنی کا آلہ۔

سابر : [ھ-صف] وحشیوں یا جنگلیوں کا یا ان کی ملکیت

سابری : [ع-امث] ا کھجوروں کی سب سے اچھی قسم ۲- نہایت اعلیٰ قسم کا کپڑا

سابس تیرے سعور کو شروا پکا لیا، شکر کو گھول گھال کے شربت بنا لیا

- [ارمقولہ] اس کو کہتے ہیں جس کا ش - قاف درست نہ ہو۔

سابع : [عدد ترتیبی] ساتواں - ہفتم۔

سابق : [ع-صف] پچھلا - گزشتہ

سابق الذکر : [ع صف] متذکرہ بالا - جس کا ذکر پہلے آچکا ہو۔

سابق الانعام : [ع اند] گذشتہ انعام یا عنایتیں - پرانا مہربان

سابق دستور : [ع-صف] قدیم دستور کے مطابق

سابق میں : [ار- متعلق فعل] زمانہ گزشتہ میں۔

سابقاً : [ع متعلق فعل] گذشتہ زمانے میں - پہلی دفعہ - قبل ازیں۔

سابقون الاولون : [ع-اند] وہ صحابہؓ جو حضور صلعم پر سب سے پہلے ایمان لائے

سابقہ : [ع صف] ۱ اگلا - اگلے زمانے کا پہلا - ۲- مذکورہ بالا - گزشتہ قدیمی - ۳- [اند] وہ کلمہ جو کسی لفظ سے پہلے آکر اس میں کوئی خاص معنی پیدا کر دے - مثلاً خوش اخلاق میں خوش - شہسوار میں لفظ شہہ ۴- واسطہ معاملہ تعلق - ۵- [امث] پہلی بیوی اگلی ہوی -

سابقہ پڑنا۔ [ار محاورہ] ۱ کام پڑنا - واسطہ پڑنا - ۲- واقفیت ہونا جان پہچان ہونا ۳- لین دین ہونا۔

سابقہ ڈالنا : [ار محاورہ] واقفیت یا جان پہچان کرانا - تعلق پیدا کرانا کام ڈالنا۔

سابل : [ھ-اند] نقب زنی کا آلہ۔

سابن : [ھ-اند] دیکھئے "صابن یا صابون" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

سابودانہ : [ھ-اند] دیکھئے "ساگودانہ"

سابوس : [ھ-اند] اسپغول۔

سات : [ار عدد] چھ اور ایک کا مجموعہ : ۷

سات پانچ [ہ امث] کنایتہً چالاکی - چالبازی - - فریب - مکر دغا حیلہ - بہانا - ۳- حجت تکرار - جھگڑا (افعال کرنا - ہونا)

سات پانچ کرنا : [ار محاورہ] عیاری سے کام لینا - مکر و فریب حیل وحجت کرنا - جھگڑا کرنا - حیلہ بہانہ کرنا۔

سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ : [ار مثل] بہت سے آدمی مل کر کام کریں تو ہلکا اور آسان معلوم ہوتا ہے۔ ۲- کئی آدمیوں کی تھوڑی تھوڑی مدد سے ایک کا کام بن جاتا ہے

سات پانچ لانا [ار محاورہ] الجھنا۔ حجت کرنا۔

سات پانچ مل کیجئے کاج ہارے جیتے نہ آوے لاج [ھ مثل] صلاح مشورہ سے کام کیا جاتا ہے تو ناکامی کی صورت میں بھی شرمندگی نہیں اٹھانی پڑتی۔

سات پانچ نہ جاننا : [ار محاورہ] سیدھا سادا معلوم ہونا۔ عیاریوں۔ چالاکیوں سے واقف نہ ہونا۔

سات پردوں / قفلوں میں چھپا کر رکھنا [ار محاورہ] بہت احتیاط سے رکھنا۔ نہایت حفاظت کرنا۔

سات پردوں / قفلوں میں چھپ کر بیٹھنا : [ار محاورہ] ایسی جگہ چھپ کر بیٹھنا کہ پتہ نہ چلے۔

سات پردوں میں رکھنا : [ار محاورہ] بہت چھپا کر رکھنا۔ بہت احتیاط، حفاظت سے رکھنا۔

سات پردے [ار اند] آنکھ کے سات پردے ہوتے ہیں۔ ۲- سات آسمان ۳- ساز کے سات پردے جو سات سُریں بناتے ہیں۔

سات پردے لگنا : [ار محاورہ] پردے میں رہنا۔ ۲- طنزاً اس عورت کو کہتے ہیں جو لیکا یک بیوہ ہو جانے کی وجہ سے پردے میں رہنا شروع کر دے۔

سات پشت : [ار امث] ۱ سات نسلیں سات پیڑھیاں ۲- کنایتہً تمام خاندان - پوری نسل۔

سات پشت کی ناک کٹنا : [ار محاورہ] سارے خاندان کا نام بدنام ہونا

سات پھیرے [ار اند] وہ سات چکر جو ہندوؤں میں شادی کے وقت دلہا اور دلہن آگ کے گرد لگاتے ہیں۔

سات پیڑھی [ھ - امث] سات پشت۔

سات توؤں کی سیاہی سے منہ کالا کرنا : [ار محاورہ] کمال ذلیل کرنا بہت نفرت ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں۔ (عو)

سات توؤں کی کالک منہ کو لگ جانا : [ار محاورہ] کمال رسوائی ہونا۔

سات جہنم : [ار اند] مسلمانوں کے اعتقاد میں جہنم کے سات درجے

سات دریا درمیان : [ار کلمہ پناہ] ۱- خدا نہ کرے۔ ۲- نوج (عو)

سات دفعہ صدقے اتارنا : [ار محاورہ] صدقے کی چیز لو سات دفعہ سر کے گرد اگرد پھیرنا۔ ۲- قربان کرنا

سات دھار ہو کر نکلنا : [ار محاورہ] غذا کا بغیر ہضم ہوئے دست ہو کر نکل جانا۔ کھایا پیا پھوٹ پھوٹ کر نکلنا۔

سات روپیہ اور میاں مولوی : [ار مثل] تھوڑی سی تنخواہ / پونجی اور شیخی اس قدر۔ ۲- چھوٹی حیثیت کا آدمی بڑائی کی ڈینگیں مارے تو کہتے ہیں۔

سات سکھی لالی : ایک قسم کا چھوٹا پرندہ جس کے ساتھ سات مادہ چڑیاں رہتی ہیں۔

سات سمندر پار [ار صف] بہت دور۔

سات سنگار : [ار اند] عورتوں کی سات آرائشیں ہیں۔ ۱- مہندی لگانا ۲- سرمہ لگانا ۳- پان کھانا ۴- مسّی لگانا ۵- سر گوندھنا - ۶- افشاں چننا - ۷- چوڑیاں پہننا۔

سات سوچوہے کھا کے بلی حج کو چلی : [ار مثل] کثرت سے گناہ کر کے پھر پارسا بن جانے والے کو طنزاً کہا جاتا ہے

سات سہاگن / سہاگنوں / کا ہاتھ لگوانا / کو کھلانا : [ار محاورہ] شگون نیک کے لئے سات ایسی عورتوں سے جن کے خاوند زندہ ہوں شادی بیاہ کا جوڑا سلوانا یا ان کو کھانا کھلانا۔

سات سہیلیوں کا جھمکا : [ار اند] سات ستارے جو قطب ستارے کے گرد چکر لگاتے ہیں بنات النعش - پروین - سبعہ سیارہ

سات قرآن درمیان : [ار کلمہ فعل - عو] ایک قسم کی قسم - خدا نہ کرے

سات قلم : [ار اند] سات مشہور خط : ۱ نسخ - ۲ نستعلیق - ۳- علق ۴- ریحان - ۵- ثلث - ۶- شکستہ - ۷- طغرا -

سات گھر بھیک مانگنا - [ار محاورہ] در بدر مانگنا۔

سات ماموؤں کا بھانجا [ار اند] کنایتہً لاڈلا۔

سات ماموؤں کا بھانجا بھوکا ہی بھوکا : (بھوک بھوک) پکارتے چلاتے۔ [ار مثل] اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود بہت سے رشتہ داروں کے بے یار و مددگار و بےکس رہے - ۲- اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود رشتہ داروں کی مدد کے ناشکر گزار ہو

سات ماموؤں کا بھانجا تو بھی لوٹے پھرے : [ار مثل] جس کے بہت رشتہ دار ہوں اسے بہشت پر موت کے بلاوے آتے ہیں۔

سات ہاتھ ہاتھی سے رہیئے پانچ ہاتھ سنگھاڑے سے : [ار مثل] سنگھاڑا **بیس ہاتھ ناری سے اور تیس ہاتھ متوارے سے** : سینگ والے بیل کو کہتے ہیں۔ سینگ دار بیل اور ہاتھی سے دور دور رہنا چاہیئے مگر عورت سے ان سے بھی دور اور شرابی سے بہت ہی دور رہنا چاہیئے - دراصل شراب کی مذمت میں ہے۔

ساتا روہن . [ھ اند] ۱ سات بھیڑیئے جو اکٹھے رہیں - ۲- کتا جو چھ بھیڑیوں کے ساتھ رہے ۳- چند آدمیوں کا گروہ - ۴- بڑا کنبہ - ۵- چند شریر آدمی جو کسی کو تنگ کرنے کے لئے جمع ہو جائیں۔

ساتر : [ع - صف] چھپانے والا - پردہ ڈالنے والا۔

ساترا : [ار صف تق] ساعت - لمحہ - لمحہ

ساتگین : [ف - اند] شراب کا بڑا پیالہ - ۲- محبوب - ۳- ایسا پیالہ جو کسی کے جام صحت کے طور پر پیا جائے

ساتواں : [ار عدد ترتیبی] ترتیب میں چھ کے بعد / یا چھ سے اگلا درجہ۔

ساتوں : [ار عدد استغراقی] سات کے سات - جو سات تھے وہ سب کے سب۔

ساتوں کانڈ [ھ اند] سات حصے جن میں رامائن منقسم ہے۔

ساتویں : [ار عدد ترتیبی] دیکھئے "ساتواں" جس کی یہ تانیث ہے

ساتویں : (یائے مجہول سے) [ار عدد ترتیبی] دیکھئے "ساتواں" جس کی یہ مغیرہ صورت ہے۔

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا : [ار محاورہ] بہت غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔

ساتھ : [ار اند] ۱- رفاقت - ہمراہی - ۲ میل ملاپ - شرکت - ۳ کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے ساتھ کھائی / رکھی جائے - ۴- گروہ جتھا - ریوڑ مویشی کا غول - ۵ (متعلق فعل) سنگ - واسطے لئے - کی جانب -

ساتھ اِس کے : [ار متعلق فعل] مزید برآں

ساتھ تو ہاتھ کا دیا ہی چلتا ہے : [ار مثل] عاقبت میں خیرات ہی کام آئے گی - (فقیروں کا مقولہ)

ساتھ جورو خصم کا : [ار مثل] دونوں کا ملاپ یا اکٹھا ہونا / ساتھ ہونا ہی بہترین چیز / بات ہے -

ساتھ چھوٹنا : [ار محاورہ] ۱ بچھڑنا - جدا ہونا - ۲- ملاپ نہ رہنا - اتفاق نہ رہنا

ساتھ چھوڑ دینا / چھوڑنا : [ار محاورہ] ہمراہیوں کی رفاقت سے منہ موڑ لینا تعلق ختم کرنا - الگ ہو جانا -

ساتھ دینا : [ار محاورہ] ۱- سہارا - رفاقت کرنا - ۲- حمایت کرنا - مدد دینا ۳- ہمراہ رہنا - شریک رہنا -

ساتھ رکھنا : [ار محاورہ] شریک رکھنا - ہمراہ رکھنا - ایک جگہ یا گھر میں رکھنا

ساتھ رہنا : [ار محاورہ] دیکھئے "ساتھ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے -

ساتھ ساتھ : [ار متعلق فعل] ہمراہ - ساتھ (افعال، چلنا، رہنا)

ساتھ سلانا : [ار محاورہ] ۱- کسی کو دوسرے کے ساتھ ایک ہی چارپائی پر سلانا - ۲ جماع کرانا -

ساتھ سوپیٹ کا دکھ : [ار مثل] اگر مرد عورت اکٹھے سوئیں تو عورت حاملہ ہو ہی جاتی ہے اور حمل کی تکلیف اٹھانی ہی پڑتی ہے -

ساتھ سونا : [ار محاورہ] دیکھئے "ساتھ سلانا" جس کا یہ لازم ہے -

ساتھ سونا اور منہ چھپانا : [ار محاورہ] ۱ بڑا کام کر لینا اور معمولی سے پرہیز کرنا - ۲- بے تکلفی ہوتے ہوئے تکلف کرنا -

ساتھ سوئی بات کھوئی : [ار محاورہ] عورت جب کسی مرد کے ساتھ سولے / جماع کرالے تو اس کی عزت / قدر و منزلت کم ہو جاتی ہے -

ساتھ کا کھیلا : [ار اند] لنگوٹیا - بچپن کا دوست

ساتھ کرنا : [ار محاورہ] کسی کے ہمراہ ہونا -

ساتھ کو : [ار اند] وہ چیز جس کے ساتھ لگا کر روٹی کھاتے ہیں - سالن -

ساتھ کون کسی کے جاتا ہے : [ار مثل] مرنے کے وقت کوئی رفاقت نہیں کرتا - کوئی کسی کے ساتھ نہیں مرتا -

ساتھ کوئی آیا نہ کوئی جائے : [ار مثل] نہ پیدائش کے وقت کوئی ساتھ ہوتا ہے نہ موت کے وقت -

ساتھ کے لئے بھات چاہیئے : [ار مثل] بغیر خرچ کئے رفیق نہیں ملتا

ساتھ کے لئے بھات چھوڑا جاتا ہے : [ار مثل] رفاقت کی خاطر نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے -

ساتھ گھسیٹنا : [ار محاورہ] جبراً ساتھ لینا - زبردستی شریک کرنا -

ساتھ لگ لینا : [ار محاورہ] ہمراہ ہو جانا - شریک ہو جانا -

ساتھ لگا پھرنا / لگے پھرنا : [ار محاورہ] ہمراہ رہنا - پیچھا نہ چھوڑنا -

ساتھ لے کر ڈوبنا : [ار محاورہ] اپنے ساتھ دوسرے کا بھی نقصان کرنا -

ساتھ لینا : [ار محاورہ] ہم راہ لینا

ساتھ نبھانا / نباہنا : [ار محاورہ] دیکھئے "ساتھ نبھنا" جس کا یہ متعدی ہے

ساتھ نبھنا : [ار محاورہ] نباہ ہونا -

ساتھ والا : [ار صفت] ہم راہی - سازندہ -

ساتھ ہو لینا : [ار محاورہ] ساتھ لگ لینا -

ساتھ ہونا : [ار محاورہ] ۱- ہمراہ ہونا - ۲- شریک ہونا - ۳- رفاقت ہونا - ہمراہی ہونا -

ساتھ ہی : [ار متعلق فعل] مع - بہمراہی

ساتھن / ساتھنی : [ھ اسث] سہیلی - ساتھی عورت - رفیق عورت -

ساتھی : [ار اند] ۱ ہمراہی - رفیق - ۲- مددگار - ۳ متعلق فعل - ایک ساتھ - ہمراہ - اکٹھے

ساتھی ایسا چاہیئے جو سارا ساتھ نبھائے / ساتھ نہ اُس کا لیجئے جو دکھ بیچ کام نہ آئے : [ار مثل] وفادار آدمی کو ہمراہ لینا چاہیئے ایسے کو رفیق نہیں بنانا چاہیئے جو مصیبت کے وقت ساتھ چھوڑ دے -

ساتھی سنگتی : [ھ اند] دیکھئے "ساتھی"

ساتھی کرنا : [ار محاورہ] ساتھ دینا - ساتھ کرنا -

ساٹا : [ھ - اند] ۱- دیکھئے ساٹ - ۲- ایک قسم کی لئی یا سیمنٹ - ۳- پیوند پودے کا - ۴- بدلہ - تبادلہ - معاوضہ - ۵- ہُنڈی کا باہمی - لین دین -

ساٹن : [انگ اند] SATIN اطلس ایک بڑھیا ریشمی کپڑا -

ساٹن : [ھ اند] ایک قسم کی مٹی یا سیمنٹ

ساٹھ : [ار عدد] پچاس اور دس کا مجموعہ

ساٹھ ساس ہوں - نند ہوں سو - ماں کی ہو رنہ انسول ہو : [ھ مثل] ساس اور نند خواہ کتنی ہی زیادہ کیوں نہ ہوں مگر ماں کے برابر نہیں ہو سکتیں -

ساٹھ گاؤں بکری چر گئی : [ار مثل] بہت نقصان ہوا - بہت خسارہ ہوا

ساٹھا : [ھ اند] ساٹھ برس کا آدمی -

ساٹھا پاٹھا : [ھ - اند] وہ آدمی جس کے قویٰ ساٹھ سال کی عمر میں درست ہوں

ساٹھا سو پاٹھا بیسی سو کھیسی : [ار مثل] مرد ساٹھ برس کی عمر میں بھی جوان ہوتا ہے اور عورت بیس برس کی عمر میں ڈھل جاتی ہے -

ساٹھی : [ھ - اسث] ایک قسم کا موٹا چاول جو برسات میں بویا جاتا ہے اور ساٹھ دن میں فصل تیار ہو جاتی ہے - چاول کا رنگ سرخ ہوتا ہے -

ساج : [ھ - اند] دیکھئے "ساز" جس کا یہ بگاڑ ہے -

ساج : [ع - اند] ایک درخت "سال" کا معرب - جس کی لکڑی بہت مضبوط اور پائدار ہوتی ہے - ۲- ایک پتھر جس سے تلواریں صیقل کی جاتی تھیں -

ساجِد : [ع - صفت] سجدہ کرنے والا - سر جھکانے والا -

ساجِدہ : [ع - صفت مونث] دیکھئے "ساجد" جس کی یہ تانیث ہے -

ساجر : [ع اند] وہ نشیب کی جگہ جو پانی کے چڑھاؤ سے بھر جائے -

ساجن : [ھ اند] ۱- خاوند - شوہر - ۲- معشوق محبوب - ۳- حاکم سردار

ساجنا : [ھ - مص] سجانا - تیار کرنا - ٹھیک کرنا - ۲ درست کرنا -

ساجھا : [ھ اند] کسی کام میں شراکت - شرکت - حصہ داری

ساجھا بھلا نہ باپ کا اور تاؤ بھلا نہ تاپ کا: [ا مثل] شراکت کسی کی بھی اچھی نہیں ہوتی گرمی بخار کی بھی برداشت نہیں ہوتی (شراکت کی مذمت میں)
ساجھا لوٹ جانا/پھوٹنا: [ا محاورہ] شراکت نہ رہنا۔ حصہ داری ختم ہو جانا
ساجھا جورو خصم کا ہی بھلا: [ا مثل] خاوند بیوی کی شراکت ہی بہتر ہے
ساجھا سدھے نہ باپ کا: [ا مثل] باپ کے ساتھ بھی شراکت قائم نہیں رہتی
ساجھا کرنا: [ا محاورہ] شرکت کرنا
ساجھا لڑنا: [ا محاورہ] کوئی ڈھب ہاتھ آجانا
ساجھا لگانا: [ا محاورہ] ۱۔ شرکت کرنا۔ ۲۔ حصہ لگانا
ساجھا ہونا: [ا محاورہ] شرکت ہونا۔ حصہ ہونا
ساجھی: [ھ۔ اند] ہم راہی۔ حصہ دار۔ شریک
ساجھی ساجھی مل گئے چھوٹے پڑے بیٹھ: [ا مثل] فریقین آپس میں ایک ہو گئے درمیان میں آنے والوں کو خفت اٹھانی پڑی
ساجھے سے: [ا متعلق فعل] حصہ دار کے طور پر۔ حصہ دار کی طرح۔
ساجھے کا کام اپارے چام: [ا مثل] شرکت کے کام میں سخت تکلیف ہوتی ہے۔
ساجھے کی جتنے آنکھیں دکھنے میں بھی کھانے پڑیں/دکھتی آنکھ چلانے پڑیں: [ا مثل] شراکت کا کام ہر حالت میں کرنا پڑتا ہے شراکت کا نقصان اٹھانا ہی پڑتا ہے۔
ساجھے کی ہنڈیا چوراہے میں پھوٹتی ہے: [ا مثل] شراکت کے کام میں ہمیشہ جھگڑا ہوتا ہے۔
ساچق: [ت۔ امث] شادی کی ایک رسم جس میں دولہا کے گھر سے دلہن کے گھر شادی سے ایک دن پہلے کپڑے مہندی مٹھائی وغیرہ بھیجی جاتی ہے رسم مہندی: حنا بندی
ساحت: [ع۔ اند] عمارت کا اندرونی کھلا حصہ۔ صحن۔ آنگن۔ ۲۔ میدان ۳۔ ساحل۔ کنارہ
ساحت طوبیٰ: [ع۔ اند] بہشت (کنایتہً)
ساحر: [ع اند] جادوگر۔ افسوں گر
ساحرانہ: [عف صف] ۱۔ جادوگروں کی طرح۔ ۲۔ جادو کا اثر رکھنے والا
ساحرہ: [ع۔ امث] دیکھئے "ساحر" جس کی یہ تانیث ہے۔
ساحری: [عف امث] جادوگری
ساحل: [ع اند] سمندر یا دریا کا کنارہ۔
ساحلی: [ع امث] دیکھئے "ساحل" جس سے یہ منسوب ہے
ساخت: [ف۔ امث] بناوٹ۔ ترکیب۔ گھڑت۔ ۲۔ بنائی ہوئی بات۔ فریب دغا بصورت۔ شکل۔ ڈول۔ ۳۔ بہانہ۔ عذر۔ ریاکاری ظاہرداری۔
ساختگی: [ھ۔ امث] بناوٹ
ساختہ: [ف۔ صف] بنایا ہوا۔ مصنوعی۔ جعلی۔ نقلی۔ جھوٹا
ساختہ پرداختہ: [ف صف] بنایا سنوارا۔ کیا کرایا۔ کیا دھرا۔
سادات: [ع۔ امث] ۱۔ سائد یعنی سردار کی جمع الجمع۔ ۲ کنایتہً حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔

سادس: [ع۔ عدد ترتیبی] چھٹا
سادگی: [ف امث] ۱۔ صفائی۔ صاف دلی۔ ۲۔ راست بازی۔ ۳۔ سیدھا پن۔ ۴۔ بے تکلفی۔ بے نمائشی۔ ۵۔ بھولا پن۔ ۶۔ بے مزگی
سادہ: [ف صف] ۱۔ بے نقش و نگار۔ صاف۔ ۲۔ بے گیاہ۔ ۳۔ بے ریش۔ ۴۔ بے ہنر۔ بے سلیقہ۔ ۵۔ بھولا بھالا۔ ۶۔ خالص۔ بے میل۔ ۷۔ بے تکلف نمود و نمائش کے بغیر۔ ۸۔ بغیر ترکاری کا گوشت۔ ۹۔ جس میں گوٹے کناری کا کام نہ ہو۔ ۱۰۔ خالی۔ ۱۱۔ بے وقوف۔
سادہ پرکار: [ف۔ صف] جو بظاہر بھولا بھالا مگر فی الواقع چالاک ہو۔ شوخ عیار معشوق۔
سادہ پن: [ف ھ۔ اند] دیکھئے "سادگی"۔
سادہ دل: [ف صف] ۱۔ صاف دل بے ریا۔ بے کینہ۔ ۲۔ بھولا بھالا بے وقوف۔
سادہ دلی: [ف امث] دیکھئے "سادہ دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سادہ رخ/رو: [ف صف] صاف چہرے والا بے ریش و بروت۔ ان داڑھیا
سادہ رخی/روئی: [ف امث] دیکھئے "سادہ رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سادہ طور: [ف صف] سادہ وضع کا۔ ٹیپ ٹاپ کے بغیر
سادہ کار: [ف۔ اند] ۱۔ زیوروں پر نقش اور عمدہ کام بنانے والا سنار۔ ۲۔ جڑاؤ کام نہ کرنے والا۔ ۳۔ کلام میں صنائع بدائع سے گریز کرنے والا۔
سادہ کاری: [ف امث] "سادہ کار" کا کام یا پیشہ
سادہ کاغذ: [ف اند] کورا کاغذ۔ بے لکھا کاغذ۔ وہ کاغذ جس پر اسٹامپ نہ لگا ہوا ہو۔
سادہ لوح: [فع صف] بھولا بھالا۔ سیدھا۔ بے وقوف
سادہ لوحی: [فع امث] دیکھئے "سادہ لوح" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سادہ مزاج: [فع صف] جس کے مزاج میں تکلف اور بناوٹ نہ ہو۔ صاف دل۔
سادہ مزاجی: [فع امث] دیکھئے "سادہ مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سادہ وضع: [فع صف] بے تکلف۔ اول سے آخر تک یکساں رہنے والا شخص
سادہ وضعی: [فع امث] دیکھئے "سادہ وضع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سادھ: [ھ صف] ۱۔ نیک۔ پرہیزگار۔ ۲۔ فقیر۔ جوگی۔ ۳۔ تکمیل تعمیل بجا آوری۔
سادھارن: [ھ۔ صف] ۱۔ سیدھا سادہ۔ صاف۔ ۲۔ اصلی قدرتی۔ ۳۔ خالص نرمل۔ ۴۔ بے ریا۔ صاف دل۔ ۵۔ سہل۔ آسان۔ ۶۔ رسمی معمولی۔ ۷۔ اتفاقی۔ عارضی۔ ۸۔ برابر مقابل۔ ۹۔ رائج۔ مروج۔ ۱۰۔ متعلق فعل۔ نرمی سے۔ آسانی سے۔ ۱۱۔ آہستہ آہستہ۔
سادھن: [س۔ اند] ۱۔ جتن۔ علاج۔ تدبیر۔ ۲۔ عمل درآمد۔ کارروائی۔ ۳۔ استعمال۔ مشق۔ ۴۔ عادت۔ معمول۔ ۵۔ عبادت۔ ریاضت ۶۔ اصلاح درستی۔ ۷۔ ذریعہ معاش۔ وسیلہ۔ ۸۔ سامان۔ اسباب
سادھنا: [ھ مص] ۱۔ ثابت کرنا۔ پورا کرنا۔ ۲ بنانا۔ درست کرنا۔ ۳ مشق کرنا۔ ۴ سکھانا۔ تعلیم دینا۔ ۵۔ عادت ڈالنا۔ خوگر بنانا۔ ۶۔ تولنا۔ وزن کرنا۔ ۷۔ تھامنا۔ سنبھالنا۔ ۸۔ قابو میں رکھنا۔

۹۔ سدھارنا۔ اصلاح کرنا۔ ۱۰۔ آراستہ کرنا۔ بجانا۔ ۱۱۔ ہلانا مانوس کرنا۔ ۱۲۔ متوازن کرنا۔ توازن قائم کرنا۔

سادھنی: [ھ۔ امث] ۱۔ دیکھئے "سادھن" جس کی یہ تانیث ہے۔ ۲۔ معمار یا بڑھئی کا آلہ۔ جس سے وہ کونا وغیرہ درست کرتا ہے۔ گنیا۔ کونیا ۳۔ انگوٹھی کا نگینے والا حصہ۔

سادھو: [ھ۔ صف] ۱۔ فقیر۔ جوگی۔ درویش۔ ۲۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ زاہد عابد۔ ۳۔ معصوم نیک۔ بھلا مانس

سادھو بچہ: [ار صف] سادھو کا بھیس بنا کر فریب دینے والا۔ دغا باز۔ مکار۔ عیار

سادھو سنت: [ھ۔ صف] دیکھئے "سادھو"

سادھو کا دین نہ مادھو کا لین: [ہ۔ مثل] ہر شخص سے معاملہ صاف ہے کسی کا کچھ لینا دینا نہیں

سادھو/ سادھوؤں کو کیا سواد سے، گڑ نہیں بناشا ہی سہی: [ار مثل] ان لوگوں پر طنز ہے جن کو اگر ایک چیز نہ ملے تو اس سے بہتر مانگتے ہیں۔

سادھو ہو کر دیوے بٹا، اس کو جانو پیٹ کا کتا: [ار مثل] جو شخص درویش ہو کر فریب دے وہ درویش نہیں بلکہ لالچی اور ذلیل ہے۔

سادی: [ار امث] دیکھئے "سادہ" جس کی یہ تانیث اردو والوں نے بنالی ہے۔

سادِج [ع صف] ۱۔ سادہ کا معرب (۲) امث: تیز پات۔

سار: [ف۔ لاحقہ] ۱۔ سر کی زیادت، جیسے "نگونسار" میں۔ ۲۔ مثل مانند مثلاً "خاکسار" میں۔ ۳۔ کثیر۔ زیادہ جیسے کوہسار شاخسار میں۔ ۴۔ صاحب۔ والا جیسے "شرمسار" میں

سار: [ف۔ اند] ۱۔ اونٹ۔ شتر۔ ۲۔ ایک سیاہ رنگ کا پرندہ۔ ۳۔ بڑا سانپ۔

ساربان: [ف۔ اند] اونٹ والا۔ شتر سوار۔ اونٹ رکھنے یا اونٹ کے ذریعہ روزی کمانے ۱۱۔

ساربانی: [ف۔ امث] اونٹ رکھنے یا اونٹ کے ذریعہ روزی کمانے کا پیشہ

سار: [ہ اند و مث] ۱۔ پانسا۔ چوسر یا پچیسی کھیلنے کی کوڑیاں۔ ۲۔ روح عطر۔ جوہر۔ ۳۔ عرق رس۔ شیرہ۔ ۴۔ شطرنج کی بساط۔ ۵۔ قوت طاقت بل۔ ۶۔ اصل مطلب۔ ۷۔ قیمت۔ قدر گن۔ خوبی۔ ۸۔ دولت۔ ثروت ۹۔ تازہ مکھن۔ ۱۰۔ چھاچھ۔ ۱۱۔ کھاد۔ ۱۲۔ پیپ۔ ۱۳۔ بیماری۔ آزار۔ ۱۴۔ پیچش۔ مروڑ۔ ۱۵۔ ہوا۔ آندھی۔ ۱۶۔ پانی۔ ۱۷۔ لوہا ۱۸۔ موزونیت۔ ۱۹۔ اعتبار۔ پرتیت۔ ۲۰۔ عزت۔ قدر ۲۱۔ حقیقت۔ کیفیت۔

سار پرائی پیڑ کی کیا جانے انجان: [ار مثل] ناواقف آدمی کسی کی تکلیف کی حقیقت نہیں جانتا۔

سار جاننا: [ار محاورہ] ۱۔ عزت کرنا۔ قدر دانی کرنا۔ ۲۔ کیفیت جاننا۔ حقیقت معلوم کرنا

سارا: [ف صف] خالص۔ بے میل

سارا: [ار صف] کل۔ تمام۔ سب

سارا بیرا: [ار صف] کل۔ تمام۔ پورا

سارا جہان سر پر اٹھا لینا: [ار محاورہ] بہت شور مچانا۔ بہت غل کرنا

سارا دھن جاتا دیکھئے تو آدھا دیجئے بانٹ: [ار مثل] اگر سب کچھ ضائع ہو رہا ہو تو نصف ہی بچا لینا چاہیئے

سارا زمانہ: [ار اند] سب لوگ۔ تمام لوگ

سارا کھیل تقدیر کا ہے: [ار مثل] تقدیر کا لکھا پورا ہو کر رہتا ہے۔

سارا گاؤں جل گیا کالے میگھا پانی دے: [ار مثل] سب کچھ برباد ہو گیا مگر اقبال کی تمنا ہے۔

سارا گھر سر پر اٹھا لینا: [ار محاورہ] بہت شور کرنا۔ بہت غل مچانا

سارتھی: [۔ اند] ۱۔ رتھ چلانے والا۔ گاڑی والا۔ ۲۔ بدرقہ۔ ہادی۔ راہبر۔

سارٹیفکیٹ/ سرٹیفکیٹ: [انگ اند] c-rtificate سند تصدیق۔ خوشنودی کا پروانہ۔

سارجنٹ: [انگ اند] sergeant رنگروٹوں کو سکھانے والا۔ حوالدار۔ داروغہ۔ جمعدار

سارس: [ھ اند] ایک سفید رنگ کا لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ۔ کلنگ قاز۔

سارس کی سی جوڑی: [ار امث] ہمیشہ کا ساتھ۔ ہمیشہ ساتھ رہنے والا دوست۔

سارس کی سی جوڑی، ایک اندھا، ایک کوڑھی: [ار مثل] دونوں نکمے ہیں۔

سارسری: [ار امث] دیکھیے "سراسری"

سارِق: [ع۔ اند] چور۔ دزد

سارقہ: [ع۔ امث] دیکھئے "سارق" جس کی یہ تانیث ہے۔

سارنا: [ھ۔ مص] ۱۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ ۲۔ گزارہ کرنا۔ کفایت کرنا۔ ۳۔ سرمہ لگانا۔ کاجل لگانا۔ گوٹا بننے والوں کا گلے میں سے تار نکالنا

سارنگ: [ھ۔ اند] ۱۔ کافی ٹھاٹھ کا راگ، جس میں چڑھاؤ میں پانچ اور اتراؤ میں چھ سُر لگتے ہیں۔ ۲۔ ایک قسم کا سانپ۔ ۳۔ مور۔ طاؤس ۴۔ مور کی آواز ۵۔ بادل۔ ابر۔ ۶۔ قوس قزح۔ ۷۔ شہد کی مکھی۔ ۸۔ بھڑ۔ تتیا۔ ۹۔ ہاتھی۔ ۱۰۔ پتنگ۔ ۱۱۔ سارنگی۔

سارنگ کا چھتہ چھیڑنا: [ار محاورہ] کسی کو چھیڑ کر اپنے سر بلا لینا۔

سارنگی: [ھ۔ امث] ایک قسم کا ساز جس میں تانت کے تار لگے ہوتے ہیں اور اسے گھوڑے کے بالوں کے گز سے بجایا جاتا ہے۔

سارنگی کا لہرا: [ھ امث] سارنگی کی گت

سارنگیا: [ھ۔ صف] سارنگی بجانے والا

سارنی: [ار۔ امص۔ ق] سانڈنی

سارو: [ہ۔ صف] کام کرنے والا۔ انجام دینے والا۔

ساری: [ع صف] سرایت کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔

ساری: [ھ۔ امث] ساڑی۔

ساری: [ا۔ صف] دیکھئے "سارا" جس کی یہ تانیث ہے

ساری خدائی اک طرف جورو کا بھائی اک طرف: [ا۔ مثل] زن مرید کے متعلق کہتے ہیں کہ وہ سسرال والوں کے مقابلہ میں کسی کی پروا نہیں کرتا۔

ساری خدائی اک طرف فضلِ الٰہی اک طرف: [ا۔ مثل] خدا مہربان ہو تو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

ساری خدائی کا جھوٹا: [ا۔ صف] بہت جھوٹا۔ دنیا بھر کا لپاٹیا۔

ساری خدائی کا کام: [ا۔ اند] بہت زیادہ کام

ساری خدائی کی بائیں آنا (ا۔ محاورہ) ہر کام کا شعور یا سلیقہ ہونا۔ ہر فن مولا ہونا۔

ساری دیگ میں ایک ہی چاول دیکھتے ہیں: [ا۔ مثل] تھوڑے سے بہت کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔

ساری رات پیسا اور چپنی بھر اٹھایا: [ا۔ مثل] محنت بہت کی مگر فائدہ بہت کم ہوا

ساری رات ممیائی ایک بچہ بیائی: [ا۔ مثل] محنت تو بہت کی مگر فائدہ بہت کم ہوا۔

ساری رات زلیخا پڑھی، مگر یہ معلوم نہ ہوا کہ زلیخا عورت تھی، یا مرد!: [ا۔ مثل] سمجھانے کے باوجود جس کی سمجھ میں بات نہ آئے اس کے متعلق کہتے ہیں

ساری عمر بھاڑ ہی جھونکا: [ا۔ مثل] عمر بھر فضول کام کرتے رہے۔

ساری عمر کاٹھ میں رہے، چلتے وقت پاؤں سے گئے: [ا۔ مثل] ایک مصیبت سے نجات ملی تو اس سے بڑی مصیبت میں گرفتار ہو گئے

سارے جہان کا چھٹا ہوا: [ا۔ صف] بڑا چالاک۔ عیار

سارے جہان کا تھوکنا: [ا۔ محاورہ] سب لوگوں کا برا بھلا کہنا۔

سارے دن اُدنی اُودی، رات کو چرخا پونی: [ا۔ مثل] بے وقت کام کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں

سارے دھڑ کی سوئی نکالے تو کوئی نہیں، آنکھ کی نکالے تو سب کوئی: [ا۔ مثل] سخت محنت کرنے والے کو کچھ نہ ملے اور ذرا سا ہاتھ ہلانے والا سب کچھ حاصل کرے۔

سارے زمانے کی بلا سر لینا: [ا۔ محاورہ] سب جھگڑے اپنے ذمہ لگا لینا

سارے شہر میں اونٹ بدنام ہے: [ا۔ مثل] جو بدنام ہو جائے سب الزام اسی کے سر آتے ہیں۔

ساڑھ ستی: [ہ۔ اند] ستارہ زحل کا بارہویں پہلے اور دوسرے گھر میں متواتر دور جو ساڑھے سات سال کا ہوتا ہے جسے بہت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ کنایتہً نحوست۔ ادبار

ساڑھ ستی آنا: [ہ۔ محاورہ] ادبار کے دن آنا۔ برا زمانہ آنا۔

ساڑھو: [ہ۔ اند] سالی کا شوہر۔ ہم زلف۔

ساڑھی: [ہ۔ امث] اساڑھی کا مخفف۔ فصل ربیع جس میں گندم کاٹتے ہیں

ساڑھے: [ہ۔ ا۔ سابقہ] آدھا۔ نصف جو مرکبات میں بطور سابقہ آتا ہے۔ مثلاً ساڑھے تین۔ (یہ سابقہ ایک اور دو کے ساتھ استعمال نہیں ہوتا۔)

ساڑی/ ساڑھی: [ہ۔ امث] ایک قسم کی لمبی دھوتی جو عورتیں آدھی تہ بند کی جگہ باندھتی ہیں اور باقی آدھی چادر کی طرح اوڑھ لیتی ہیں۔

ساز: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر ساختن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بنانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً ظروف ساز۔ بعض اوقات مفعول کے معنی بھی دیتا ہے مثلاً دست ساز

ساز: [ف۔ اند] ۱۔ باجا۔ ۲۔ سامان۔ ۳۔ جنگ کا سامان۔ ۴۔ گھوڑے کا سامان۔ ۵۔ میل جول۔ موافقت۔ ۶۔ سازش۔ ۷۔ درستی۔ سرانجام

ساز باز: [ف۔ اند] سازش۔ کسی کے خلاف گٹھ جوڑ۔ (افعال: کرنا۔ ہونا) رکھنا۔

ساز چھیڑنا: [ا۔ محاورہ] ساز بجانا۔ باجا بجانا

سازِ سفر: [ف۔ اند] سفر کا سامان

ساز صدائے آب: [ف۔ اند] دیکھئے جل ترنگ

ساز کا پردہ: [ا۔ اند] باجے یا ساز کا آواز دینے والا جزو

ساز گار: [ف۔ صفت] موافق۔ مناسب۔ لائق

ساز گاری: [ف۔ امث] دیکھئے "سازگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

ساز ملانا: [ا۔ محاورہ] باجے کو راگ کے موافق کرنا، سُر ملانا

ساز ملنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ساز ملانا" جس کا یہ لازم ہے

ساز و برگ/ سامان: [ف۔ اند] ۱۔ اسباب۔ ۲۔ درستی۔ ترتیب۔ ۳۔ تیاری ۴۔ ضروریات۔

ساز و یراق: [ف۔ اند] ۱۔ سامانِ جنگ۔ ۲۔ مال اسباب

ساز ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ میل ہونا۔ ۲۔ سازش ہونا

سازش: [ف۔ امث] ۱۔ کسی کے خلاف خفیہ جوڑ توڑ۔ ۲۔ خلافِ قانون تال میل۔

سازشی: [ف۔ صف] سازش کرنے والا۔

سازنا: [ا۔ مص ق] بنانا۔

سازندہ: [ف۔ افال] ۱۔ ساز بجانے والا۔ ۲۔ بنانے والا

ساس: [ہ۔ امث] شوہر یا بیوی کی ماں۔ خوشدامن

ساس بہو کی ہوئی لڑائی، سر کو پھوڑ میری ہمسائی: [ا۔ مثل] دوسروں کے جھگڑے میں دخل دینے سے اپنا ہی نقصان ہوتا ہے

ساس بہو کی ہوئی لڑائی، کرے پڑوسن ہاتھا پائی: [ا۔ مثل] کسی کے جھگڑے میں خواہ مخواہ دخل دینا

ساس چھوٹی بہو بڑی: [ا۔ مثل] وہاں بولتے ہیں جہاں چھوٹے بڑوں کے کان کترتے ہیں

ساس ری ساس مجھے پیٹ کا دکھ، دھندا: [ا۔ مثل] تمام دن کھانے پینے والے شخص پر طنز۔

ساس سے توڑ بہو سے ناتا: [ا۔ مثل] صاحبِ اختیار سے توڑ کر بے اختیار سے تعلق جوڑنا

ساس گئی گاؤں، بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں: [ا۔ مثل] نگرانی ہٹنے کے بعد ہاتھ مارنے کا خوب موقع ملتا ہے

ساسرا: [ہ۔ اند] سسرال

ساسن لیٹ/ سائر لیٹ: [ا۔ اند] انگریزی لفظ

کا بکاڑ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو عمدہ اور مختلف رنگوں کا ہوتا ہے
ساسنا: [ہ۔مص] جرمانہ کرنا۔ دھمکی دینا
ساطع: [ع صف] ۱۔ اونچا۔ بلند۔ ۲۔ چمکتا ہوا۔ منور۔ صاف۔
ساطور: [ع امذ] بڑی چھری۔ خنجر
ساعت: [ع امث] ۱۔ گھڑی۔ پل۔ منٹ۔ لحظہ۔ ۲۔ وقت مقررہ معین وقت۔ ۳۔ ڈھائی گھڑی گھنٹہ۔ ۴۔ وقت بتانے والی گھڑی۔
ساعت ٹلنا: [ا رمحاورہ] مقررہ وقت یا موت کی گھڑی ٹلنا
ساعت ٹھہرانا: [ا رمحاورہ] وقت مقرر کرنا
ساعت دیکھنا: [ا رمحاورہ] کوئی کام شروع کرنے کے لئے اچھا یا برا وقت دیکھنا
ساعت ساز: [عف صف] گھڑی ساز۔ گھڑیوں کی مرمت کرنے والا۔
ساعت سازی: [عف امث] دیکھئے "ساعت ساز" کا کام۔ پیشہ۔ گھڑی ساز
ساعد: [ع۔امث و مذ] کلائی۔ ہاتھ کے پہنچے سے کہنی تک کا حصہ
ساعی: [ع۔صف] کوشش کرنے والا۔ دوڑ دھوپ کرنے والا۔
ساغر: [ف۔ امذ] شراب کا پیالہ جام۔ ۲۔ کٹورا۔ پیالہ۔ گلاس۔
ساغر چلنا: [ا رمحاورہ] شراب کا دور چلنا۔
ساغر کش: [ف صف] شراب پینے والا۔ شرابی۔
ساغر کشی: [ف امث] دیکھئے "ساغر کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ساغری: [ف امث] ۱۔ ساغر سے منسوب۔ ۲۔ گھوڑے کا مقعد ۳۔ انسان کا مقعد
سافل: [ع صف] نچلا۔ نیچے کا۔ ۲۔ کمینہ
ساق: [ف امث] ۱۔ پنڈلی۔ ۲۔ ڈنٹھل۔ ۳۔ درخت کا تنا۔ ۴۔ ساگ پات کا ڈنٹھل۔ ڈنڈی
ساق پوش: [ف امذ] موزہ۔ گیٹس
ساق عروس: [ہ امث] ایک قسم کی میٹھی روٹی
ساقط: [ع۔صف] ۱۔ گرنے والا۔ ۲۔ گرا ہوا۔ ۳۔ کھویا ہوا۔ گم۔ ۴۔ بے عزت۔ قابل نفریں۔
ساقط کرنا: [ا رمص مرکب] ۱۔ گرانا۔ نکالنا۔ ۲۔ بحر یا وزن سے گرانا۔ ۳۔ نامنظور کرنا۔ ۴۔ حمل گرانا۔
ساقط ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "ساقط کرنا" جس کا یہ لازم ہے
ساقن: [ا رامث] ساقی کی عورت۔ وہ عورت جو بازاری آدمیوں کو پانی شراب، حقہ، چرس، بھنگ وغیرہ پلاتی ہے۔
ساقول: [ف۔امذ] معماروں کا آلہ جس سے دیوار کی سیدھ معلوم کی جاتی ہے پنسال۔ لٹکن۔ ساہل
ساقہ: [ع۔امذ] ۱۔ فوج کا عقب۔ ۲۔ ڈنٹھل۔ ڈنڈی
ساقی: [ف۔امذ] ۱۔ پلانے والا۔ ۲۔ پانی شراب یا حقہ پلانے والا ۳۔ کنایۃً محبوب
ساقیٔ کوثر: [ف۔ امذ] حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔ شیعوں کے نزدیک حضرت علی کا لقب ہے۔
ساقی گری: [عف امث] شراب/حقہ وغیرہ پلانے کا پیشہ یا کام۔
ساقی نامہ: [عف امذ] ۱۔ وہ نظم جس میں ساقی سے خطاب کر کے شاہد و شراب کا ذکر کیا جاتا ہے۔

ساک: [ا ر۔ امذ ق] غصہ۔ شرم
ساکت: [ع صف] ۱۔ چپ۔ خاموش۔ ۲۔ بے حس و حرکت۔ ۳۔ سنسان
ساکٹ: [انگ امذ] کسی چیز کا خانہ۔ گھر۔ socket
ساکن: [ع۔صف] بے حرکت۔ غیر متحرک۔ ۲۔ وہ حرف جس پر کوئی حرکت نہ ہو۔ (یعنی جزم ہو)۔ ۳۔ باشندہ۔ متوطن
ساکھ: [ہ۔ امث] ۱۔ اعتبار۔ بھرم۔ ۲۔ عزت و آبرو۔ نیکنامی۔ ۳۔ آن بان۔
ساکھ بڑھنا: [ا رمحاورہ] اعتبار زیادہ ہونا
ساکھ جانا: [ا رمحاورہ] عزت جانا۔ اعتبار جانا
ساکھ دار: [ا رصف] قرضہ ادا کرنے کی طاقت رکھنے والا۔ انگریزی (DIBILTY) کا ترجمہ۔
ساکھ داری: [ا ر امث] دیکھئے "ساکھ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے CREDIBILITY کا ترجمہ۔ (غلط ترکیب ہے)
ساکھ سونا پریت پیتل: [ا رمثل] الفت سے رشتہ داری اچھی ہوتی ہے۔
ساکھ سے: [ا رمتعلق فعل] آن بان سے
ساکھ سے لڑنا: [ا رمحاورہ] آن بان سے جنگ کرنا
ساکھ گئی / گئے ہاتھ نہ آوے: [ا رمثل] اعتبار ایک دفعہ چلا جائے تو پھر ہاتھ نہیں آتا۔
ساکھ لاکھ سے اچھی: [ا رمثل] اعتبار دولت سے بہتر ہے۔ غریب آدمی جس کا اعتبار ہو بے اعتبار امیر سے زیادہ بہتر ہے۔
ساکھا: [ھ۔امذ] ۱۔ شاخ۔ ٹہنی۔ ڈال۔ ۲۔ گھمسان کی لڑائی۔ جھگڑا ۳۔ کسی کے خلاف لڑائی کے لئے کچھ لوگوں کا ایکا۔ اجتماع۔ ۴۔ گواہ کی گواہی۔ ۵۔ اتفاق۔ یک جہتی
ساکھا پڑنا: [ا رمحاورہ] گھمسان کی لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا
ساکھا خور: [ا رصف] جھگڑالو (غلط ترکیب ہے)
ساکھا ڈالنا: [ا رمحاورہ] لڑنا جھگڑنا۔ فساد کرنا
ساکھا کرنا / مارنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "ساکھا ڈالنا"
ساکھا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "ساکھا کرنا" جس کا یہ لازم ہے
ساکھی: [ہ۔ امث] دیکھئے "سکھی" جو زیادہ مشہور ہے
ساکھی کی لڑائی: [ا ر امث] زوردار لڑائی۔ آن بان کی لڑائی
ساگ: [ھ۔امذ] وہ بوٹیاں جو کھائی جائیں۔ جیسے پالک۔ میتھی۔ خرفہ وغیرہ۔ سبزی ترکاری۔
ساگ پات: [ا ر امذ] ۱۔ بقولات۔ ترکاریاں۔ ۲۔ وہ حقوق جو نمبردار وغیرہ کو دیئے جائیں۔ جیسے بچوترا۔ چوکیدارہ
ساگ پات ہو جانا / رہونا: [ا رمحاورہ] نرم ہو جانا
ساگ کھائے اوجھ بڑھے، مانس کھائے مانس: [ہ مثل] ترکاریاں کھانے سے بدن پھولتا ہے اور گوشت کھانے سے بدن میں طاقت آتی ہے
ساگ میں شوربا، پھوہڑ جورو: [ا رمثل] جس عورت کو معمولی کھانا پکانا بھی نہ آئے اس کی نسبت کہتے ہیں
ساگر: [س۔امذ] سمندر۔ بحر۔ بہتات ظاہر کرنے کے لئے
ساگو: [انگ امذ] کھجور کی قسم کا ایک درخت جو ملایا میں پیدا ہوتا ہے

ساگودانہ: [ار - اند] ایک قسم کا دانہ/بیج جو ساگو کے درخت سے حاصل ہوتا ہے بالعموم مریضوں کو بطور دوا دیا جاتا ہے۔

ساگون/ساگوان: [ہ - اند] ایک درخت جس کی لکڑی عمارتی کاموں اور فرنیچر میں کام آتی ہے جو بہت صاف اور مضبوط ہوتی ہے

سال: [ہ - اند] ۱. ایک درخت جس کی لکڑی عمارت میں کام آتی ہے جو بہت وزنی اور مضبوط ہوتی ہے۔ ۲. دیوار۔ احاطہ کی دیوار ۳. احاطہ صحن ۴. ایک قسم کی مچھلی۔ ۵. مکان جگہ۔ بڑا کمرہ۔ سکول کا کمرہ۔ ۶. کنایتہً تکلیف۔ مصیبت۔ درد۔ ۷. سوراخ۔ چھید وہ سوراخ جو کسی چیز کے گاڑنے سے زمین میں ہو جائے ۸. گیدڑ۔ شغال

سال: [ف - اند] ۱. بارہ مہینوں کا مجموعہ۔ برس۔ ۲. عمر ۳. سنہ

سال بسال: [ار متعلق فعل] ہر سال۔ سالانہ

سال بھاری ہونا: [ار محاورہ] سال منحوس ہونا۔ برس بھر کا عرصہ تکلیف میں گزرنا

سال بھر: [ار متعلق فعل] تمام سال۔

سال بھر میں سخی شوم برابر ہو جاتے ہیں: [ار مثل] سخی جلد بخیل دیر سے خرچ کرتا ہے۔ آخر میں دونوں کا خرچ برابر ہی ہوتا ہے۔

سال پلٹنا: [ار محاورہ] سال گزرنا۔ سال پورا ہونا۔ دوسرا سال شروع ہونا۔

سال پیوستہ: [ار اند] پچھلے سے پچھلا سال۔ پرانا سال

سال تمام: [ار اند] کل سال۔ اخیر سال

سال عامی: [ہ - امث] سالانہ رپورٹ۔ سالانہ کیفیت

سال جمع خرچ: [ہ - اند] تمام سال کی آمدنی اور خرچ کا حساب

سال حاصل: [ف - اند] سالانہ آمدنی یا پیداوار

سال خوردہ: [ف - اند] تجربہ کار زیادہ عمر والا۔ پرانا۔ کہنہ

سال دیدہ: [ف - صف] بوڑھا۔ پیرانہ سال۔

سال دیگر: [ف - اند] اگلا سال۔ آنے والا سال

سال شمسی: [ف - اند] ۳۶۵ دن کا وہ سال جس کا حساب زمین کی گردش پر جو وہ سورج کے گرد کرتی ہے ہوتا ہے سال عیسوی۔ بکرمی جلالی وغیرہ سب سال شمسی ہی ہیں۔

سال عیسوی: [ف - اند] وہ سال جو حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے شمار کیا جاتا ہے۔ آج کل دنیا کے بیشتر ممالک میں یہی رائج ہے جو ۳۶۵ دن اور چھ گھنٹے سے قدرے زیادہ کا ہوتا ہے۔

سال قمری: [ف - اند] یہ سال چاند کی زمین کے گرد گردش کے حساب سے شمار ہوتا ہے۔ چاند یہ گردش ۲۹.۵۳ دن میں ختم کرتا ہے جن کو مہینہ شمار کرتے ہیں اور ایسے بارہ مہینوں کا سال شمار ہوتا ہے۔ جو قریباً ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے ۴۸ منٹ کا ہوتا ہے۔ سنہ ہجری۔ سنہ فصلی۔ اور یہودیوں کا سال تینوں قمری سال ہیں۔

سال کبیسہ: [ف - اند] وہ سال فصلی جس میں ہر تین سال کے بعد تیرہ مہینے کا سال ہوتا ہے تاکہ قمری اور شمسی سال برابر ہوتے رہیں

سال گرہ: [ف - امث] کسی کی پیدائش کی تاریخ، جو ہر سال آئے اس دن جشن کیا جاتا ہے اور خوشی منائی جاتی ہے۔

سال گزشتہ: [ف - اند] گزرا ہوا سال۔ پچھلا سال۔

سال گشت: [ار متعلق فعل] عمر میں زیادہ

سال مالی: [ف - اند] مالگزاری کا سال۔ وہ سال جس کے حساب سے ہر فصل کی مالگزاری وصول ہوتی ہے۔

سالنامہ: [ف - اند] ۱. جنتری ۲. کسی اخبار یا رسالہ کا وہ سالانہ پرچہ جو اس کی سالگرہ کے موقع پر خاص اہتمام سے شائع ہوتا ہے۔

سال وار: [ار متعلق فعل] سالانہ

سال و ماہ: [ف - اند] مہینہ اور سنہ۔ (متعلق فعل) ہمیشہ۔ لگاتار۔

سال ہجری: [ف - اند] مسلمانوں کا وہ قمری سال جو پیغمبر صلعم کی تاریخ ہجرت سے شروع ہوتا ہے جو ۶۲۲ء میں واقع ہوئی۔

سالہ: [ف - اند] سال سے نسبت رکھنے والا۔ مرکبات کے آخر میں مستعمل ہو جیسے پنجسالہ۔ دوسالہ۔

سالہا سال: [ار متعلق فعل] کئی سال تک۔ برسوں

سالا: [ف - اند] بیوی کا بھائی۔ گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے

سالار: [ف - اند] ۱. سردار۔ افسر حاکم۔ کپتان۔ جرنیل۔ ۲. مرکبات کے آخر میں انہی معنی میں مستعمل ہے جیسے سپہ سالار۔ قافلہ سالار

سالاری: [ف - صف] دیکھئے سالار جس سے یہ منسوب ہے۔

سالار قوم: [ف - اند] قوم کا سردار۔ لیڈر

سالٹ: [انگ - اند] ۱. نمک ۲. میگنیشیا جس سے جلاب لیا جاتا ہے

سالک: [ع - صف] ۱. راہ چلنے والا۔ سفر کرنے والا۔ ۲. مسافر۔ ۳. مسلمانوں میں وہ شخص جو زاہد بھی ہو اور دنیادار بھی ہو۔

سالم: [ع - صف] ۱. محفوظ ۲. سلامت۔ تندرست۔ ۳. مکمل۔ درست۔ پورا

سالمہ: [ع - اند] دو یا دو سے زیادہ عناصر کے جوہروں کے مرکب کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ molecule کا ترجمہ۔

سالمیت: [ع - امث] پورا ہونے کی حالت۔ کاملیت۔ غیر منقسم وحدت

سالن: [ار - اند] پکا ہوا گوشت۔ ترکاری۔ سبزی وغیرہ۔ جو روٹی وغیرہ کے ساتھ کھایا جائے

سالنا: [ار محاورہ] ۱. سوراخ کرنا۔ چھید کرنا۔ ۲. کاٹنا۔ پول کھودنا۔ ۳. درد ہونا۔ ۴. جلن ہونا۔ سوزش ہونا۔ چبھنا۔

سالوتر/سالوتری: [ہ - اند] مویشی کا ڈاکٹر۔ وہ طبیب جو جانوروں کا علاج کرے

سالوس: [ف - صف] ۱. دغاباز ۲. [illegible] ۳. چرب زبان

سالوسی: [ف - امث] دغابازی۔ چرب زبانی

سالی: [ہ - امث] بیوی کی بہن

سالیانہ: [ف - اند] سالانہ سال بھر کی اجرت۔ یا معاوضہ۔ سالانہ اجرت

سام: [ع - اند] ۱. سوجن۔ درد۔ جلن۔ چبھنا۔ ۲. موت۔ ہلاکت۔ ۳. سونا چاندی ۴. زہر دینے والا۔ ۵. حضرت نوح علیہ السلام کا بڑا بیٹا جس کی اولاد سے عرب اور شمالی افریقہ کے لوگ خیال کئے جاتے ہیں

سامان: [ف - اند] ۱. مال اسباب۔ چیز بست۔ ۲. تیاری۔ ۳. سرانجام ۴. ہتھیار۔ اوزار ۵. کسی خاص موقع کے لئے چیزوں کا انتظام بندوبست۔ ۶. ہتھیار جنگ کا مسالا۔ ۷. دوستی۔ اسلاف ۸. آثار۔ علامات۔

سامان اٹھانا: [ار محاورہ] مال اسباب لے جانا۔

سامان باندھنا: [ار محاورہ] چلنے کی تیاری کرنا

سامان بندھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سامان باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔ ۲۔ بند و بست ہونا۔ درستی ہونا۔ کسی چیز کے مہیا ہونے کے آثار ہونا۔

سامان بنانا: [ار محاورہ] بند و بست کرنا۔ تیاری کرنا۔ کسی چیز کی درستی کے لئے سامان اکٹھا کرنا

سامان بننا: [ار محاورہ] دیکھئے "سامان بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سامان کرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سامان بنانا"

سامان میں آنا: [ار محاورہ] ہوش میں آنا۔ آپے میں آنا۔

سامان ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "سامان کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سامدرک: [س۔ اند] علم دست شناسی۔ علم قیافہ

سامراج: [ھ۔ اند] وہ نظام حکومت جو نوآبادیات پر اپنا تسلط برقرار رکھنے کے لئے قائم کیا جاتا ہے۔

سامراجی: [ہ صف] سامراج سے منسوب۔ زبردستی کی حکومت۔

سامراجیت: [ہ امث] سامراج کا اسم کیفیت۔ اصولاً غلط ہے۔

سامرتھی: [ہ۔ اند] قوی۔ زور آور۔ بلوان

سامرتھ: [ہ۔ امث] ۱۔ طاقت۔ قوت ۲۔ گنجائش۔ سمائی۔ ۳۔

سامرتھیا: [س۔ امث مذ] مطلب مراد مفہوم کا یکساں ہونا۔ ۲۔ ان باتوں میں تعلق ہونا ۳۔ موزونیت۔ مطابقت۔ موافقت۔ ۴۔ لیاقت۔ قابلیت۔ کفایت ۵۔ ہمت برداشت ۶۔ امارت۔ ثروت۔

سامری: [ع اند] حضرت موسیٰ کے زمانے کا ایک جادوگر جس نے جادو کے زور سے بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اس کی پرستش کرائی تھی۔ ۲۔ جادوگر۔ فسوں گر

سامری فن: [ع۔ حرف] اپنے فن کا استاد۔ بہت بڑا جادوگر

سامع: [ع صفت] سننے والا۔ سماعت کرنے والا۔

سامعہ: [ع۔ امث] سننے کی طاقت۔ سننے کی قوت

سامعہ نواز: [عف۔ صف] کانوں یا سماعت پر نوازش کرنے والا۔ اچھی آواز سنانے والا

سامعہ نوازی: [عف۔ امث] سامعہ نواز کا اسم کیفیت۔

سامنا: [ار اند] ۱۔ ملنا۔ ملاقات۔ ۲۔ مقابلہ لڑائی۔ مڈبھیڑ۔ ۳۔ آگا۔ اگاڑی۔ ۴۔ برابری۔ گستاخی۔ ۵۔ رُوبروئی

سامنا کرانا: [ار محاورہ] مقابلہ کرانا۔ کسی بات کی تصدیق کے لئے کہنے والے اور بیان کرنے یا نقل کرنے والے کو رُوبرُو کرنا۔

سامنا کرنا: [ار محاورہ] مقابلہ کرنا۔ روبرو کھڑا ہونا۔ گستاخی کرنا۔ تکرار کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ بے پردگی ہونا۔

سامنا ہونا: [ار محاورہ] مڈبھیڑ ہونا۔ مقابلہ ہونا۔ روبرو ہونا۔ ملاقات ہونا بے پردگی ہونا۔

سامنے: [ار متعلق فعل] مقابل۔ روبرو۔ موجودگی میں۔

سامنے آنا: [ار محاورہ] رُوبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔ دکھائی دینا۔ منہ دکھانا پردہ نہ کرنا۔

سامنے پڑنا: [ار محاورہ] آگے آنا۔ مقابل ہونا۔ روکنے کھڑا ہو جانا۔

سامنے ٹھہرنا: [ار محاورہ] مقابل ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ مقابلہ کی برداشت کرنا۔

سامنے جانا: [ار محاورہ] روبرو جانا۔

سامنے دھرلینا/دھرنا: [ار محاورہ] آگے دھرلینا۔ پکڑ لینا

سامنے سے اٹھ جانا: [ار محاورہ] روبرو نہ رہنا۔ مرجانا۔

سامنے سے ٹل جانا: [ار محاورہ] روبرو نہ رہنا۔ آگے سے ہٹنا

سامنے سے سرکنا: [ار محاورہ] آگے سے ہٹ جانا۔

سامنے کا: [ار متعلق فعل] آگے کا، موجودگی کا، عام

سامنے کا مضمون: [ار اند] بدیہی بات۔ عام اور پیش پا افتادہ بات۔

سامنے کرنا: [ار محاورہ] روبرو کرنا۔ پیش کرنا۔ دکھانا۔ مقابل کرنا۔

سامنے کی آنکھیں پھوٹیں: [کلمہ بددعا ع و] آنکھیں پھوٹ جائیں۔ اندھا ہو جائے۔

سامنے کی بات/باتیں: [ار امث] موجودگی کا ذکر۔ آنکھوں دیکھا حال ۲۔ عام بات/باتیں۔

سامنے کی چوٹ: [ار امث] مقابلے کی مار۔ کھلی چوٹ۔ آگے کی ضرب طعن طنز۔ کھلم کھلا

سامنے نکلنا [ار محاورہ] مقابلہ میں آنا۔

سامنے وار: [ار متعلق فعل] سامنے ہونا۔ آمنے سامنے۔ مقابل میں۔ روبرو

سامنے ہونا [ار محاورہ] روبرو ہونا۔ پردہ نہ کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ مرنے کو تیار ہونا۔ گستاخی سے پیش آنا۔

سامی: [ع۔ صف] ۱۔ دیکھئے "سام" جس سے یہ منسوب ہے۔ ۲۔ اونچا۔ بلند

سامی: [ہ۔ اند] ۱۔ دیکھئے "سوامی" جس کی یہ تخفیف ہے۔ (امث) زرخیز زمین ۲۔ مارنے کی چھڑی یا بید۔

سان: [ف۔ حرف تشبیہہ] مانند۔ مثل

سان: [ف۔ امث] ۱۔ دھار تیز کرنے کا پتھر۔ ۲۔ دھار۔ باڑھ۔ ۳۔ بط کی ایک قسم۔ ۴۔ کباب بنانے کا گوشت۔

سان (پر) چڑھانا: [ار محاورہ] دھار تیز کرنا۔ باڑھ رکھنا۔

سان (پر) چڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سان (پر) چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے

سان: [ہ۔ اند] سناٹا۔ خاموشی

سان: [ہ۔ امث] ۱۔ نشان۔ علامت۔ ۲۔ سراغ۔ پتہ۔ ۳۔ اشارہ۔ کنایہ۔ ایما۔

سان گمان: [ار اند] ۱۔ خیال۔ وہم و خیال۔ فکر و اندیشہ۔ ۲۔ اشارہ کنایہ

سان نہ گمان: [ار متعلق فعل] اچانک۔ بے خبری میں

سانبھر: [ہ اند] ایک قسم کا نمک جو راجپوتانہ کی جھیل سانبھر کے پانی سے تیار ہوتا ہے۔

سانپ: [ار اند] ایک رینگنے والا لمبا جانور جو مختلف اقسام و رنگ اور لمبائی کا ہوتا ہے۔ اس کے منہ میں زہر ہوتا ہے جو یہ کاٹنے کے بعد جسم میں داخل کر دیتا ہے۔ مار۔ ۲۔ (کنایۃً) ظالم۔ موذی۔

سانپ اتارنا: [ار محاورہ] سانپ کے ڈسے ہوئے کا زہر اتارنا۔

سانپ اترنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سانپ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے

سانپ اور چور دبے پر چوٹ کرتا ہے: [ار مقولہ] یہ دونوں جب بچاؤ کی کوئی صورت نہ دیکھیں تو حملہ کرتے ہیں۔

سانپ بچھو سمجھنا: [ار محاورہ] موذی خیال کرنا۔ باعث ایذا سمجھنا

سانپ بھی مرے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے: [ا ر مثل] دشمن بھی مر جائے اور نقصان بھی نہ ہو۔ کام ہو جائے مگر نقصان نہ ہو۔
سانپ چھاتی پر پھرنا/لوٹنا: [ا ر محاورہ] سخت صدمہ ہونا۔ نہایت تنگ ہونا
سانپ ڈسنا: [ا ر مص] سانپ کا کاٹنا
سانپ سب جگہ ٹیڑھا چلتا ہے مگر اپنی بانبی میں سیدھا جاتا ہے: [ا ر مثل] جو دوسروں کے ساتھ برائی مگر اپنوں کے ساتھ بھلائی کرے اس کے متعلق کہتے ہیں
سانپ سونگھ جانا: [ا ر محاورہ] ا۔ سانپ ڈس جانا ۲۔ سانپ کا زہر چڑھنے سے بیہوش ہونا ۳۔ چپ سادھ لینا۔ خاموش ہو جانا۔ ۴۔ بے خبر ہونا بے ہوش ہونا۔
سانپ سے کھیلنا: [ا ر محاورہ] خطرناک انسان سے میل جول رکھنا خطر دریں
سانپ کا بچہ سنپولیا: [ا ر مثل] بُرے کی اولاد بھی بُری ہوتی ہے
سانپ کا پاؤں دیکھنا: [ا ر محاورہ] ناممکن باتیں کرنا۔
سانپ کا پھپھولا: [ا ر اند] سانپ کے منہ کا چھالا جس میں زہر بھرا ہوتا ہے
سانپ کا پھوڑا: [ا ر اند] ایک قسم کا دنبل جو سانپ کے پھن کی صورت میں ابھرا ہوتا ہے
سانپ کا راستہ کاٹنا: [ا ر محاورہ] سانپ کا آگے سے گزر جانا، جسے منحوس خیال کیا جاتا ہے
سانپ کا سر کچلنا: [ا ر محاورہ] موذی کو زندہ نہ چھوڑنا
سانپ کا کاٹا پانی نہیں مانگتا: [ا ر مثل] جس کو سانپ کاٹے وہ جلد مر جاتا ہے۔
سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے: [ا ر مثل] مصیبت زدہ مصیبت کے تصور سے بھی ڈرتا ہے
سانپ کا کاٹا سووے اور بچھو کا کاٹا رووے: [ا ر مثل] سانپ کا کاٹا بے ہوش ہو جاتا ہے مگر جس کو بچھو کاٹے وہ درد کے مارے تڑپتا ہے
سانپ کا کھیلنا: [ا ر محاورہ] منتر یا جادو کے زور سے مار گزیدہ کا باتیں کرنا۔
سانپ کا لہرانا: [ا ر مص] سانپ کا بل کھا کر چلنا
سانپ کا من: [ا ر اند] سانپ کا منکا جس کے متعلق عوام کا خیال ہے کہ سانپ رات کو اسے اگلتا ہے تو ہر طرف روشنی ہو جاتی ہے اور جس کے پاس یہ منکا ہو وہ تمام آفات سے محفوظ رہتا ہے اور اسے خوشحال بنا دیتا ہے۔
سانپ کا منتر: [ا ر اند] وہ منتر یا فسوں جس سے سانپ کا کاٹا اچھا ہو جاتا ہے۔
سانپ کھلانا: [ا ر محاورہ] ا۔ سانپ کو جادو یا منتر کے زور سے تسخیر کرنا۔ ۲۔ خطرناک کام کرنا۔ ۳۔ جادو کے زور سے کسی کے سر پر سانپ کی روح بلانا۔ ۴۔ کسی ایسے شخص سے میل جول رکھنا جس سے ہر وقت خطرہ ہو
سانپ کی چھتری: [ا ر مث] ایک پودا۔ ککرمتا
سانپ کی سی کینچلی جھاڑنا/چھوڑنا/ڈالنا: [ا ر محاورہ] بیماری سے سخت پانا۔ ۲۔ رنگ نکھرنا۔ بدن سنورنا
سانپ کی طرح پھن جھاڑ/مار کر رہ جانا: [ا ر محاورہ] ا۔ قابو نہ چلنا۔ ۲۔ کوشش کر کے ہار جانا۔
سانپ کی طرح زمین پکڑنا: [ا ر محاورہ] ہرگز نہ ہلنا اپنی جگہ سے جنبش نہ کرنا
سانپ کی لکیر: [ا ر امث] سانپ کے چلنے کا نشان جو زمین پر پڑتا ہے
سانپ کی لہر: [ا ر امث] سانپ کے کاٹے کا اثر
سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں: [ا ر مثل] بدذات کی بدی ظاہر نہیں ہوتی۔ دل میں ہوتی ہے
سانپ کے سانپ مہمان: [ا ر مثل] موذی کا دوست موذی ہوتا ہے
سانپ کے منہ میں: [ا ر متعلق فعل] سخت خطرے میں خطرے کی جگہ میں۔
سانپ کے منہ میں چھچھوندر لگے تو اندھا، چھوڑے تو کوڑھی۔ [ا ر مثل] ایسا کام جسے نہ کیا جا سکے اور نہ ہی چھوڑا جا سکے
سانپ کے بچے کا بچھو: [ا ر صف] ا۔ نہایت ظالم آدمی موذی۔ ۲۔ بہت زہریلا بچھو جس نے سانپ کے نیچے پرورش پائی ہو۔
سانپ کیلنا: [ا ر محاورہ] منتر سے سانپ کا منہ بند کرنا
سانپ مرے لاٹھی نہ ٹوٹے: [ا ر مثل] موذی کو اس طرح مارنا چاہیئے کہ خود محفوظ رہے
سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو: [ا ر مثل] موقع کھو کر پچھتایا کرو۔
سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں: [ا ر مثل] جس کے لئے جیسی خوراک موزوں ہے وہ ویسی ہی کھا کر زندہ رہ سکتا ہے
سانپا۔ [ہ۔ اند] ا۔ مُردہ کا سوگ نوحہ۔ ۲۔ بددعا۔ کوسنا ۳۔ گریہ زاری
سانپا پڑنا: [ا ر محاورہ] ماتم کرنا۔ نوحہ کرنا۔ گریہ زاری کرنا
سانپن۔ [ہ۔ امث] ا۔ دیکھئے سانپ جس کی یہ تانیث ہے۔ ۲۔ بالوں کی بھی لکیر جو گھوڑے کے کندھے کی جڑ میں یا بعض آدمیوں کی پشت پر ہوتی ہے اور بہت منحوس خیال کی جاتی ہے
سانپوں کی سبھا میں جیبھوں کی لپالپ: [ا ر مثل] موذی آدمی جہاں کہیں اکٹھے بیٹھتے ہیں ایذا رسانی ہی کی باتیں کرتے ہیں
سانپے جانا: [ا ر محاورہ] ماتم میں شریک ہونا۔ پُرسا دینے کے لئے جانا
سانپے کی تیل پاتیاں: [ہ۔ امث] ماتم کا لباس
سانپنت: [ا ر اند ق] ا۔ ایک ستارہ جو برسات میں نکلتا ہے۔ ۲۔ بینہ
سانتھل: [ہ امث] ٹانگ کا زانو سے اوپر کا حصہ۔ ران
سانٹ/سانٹھ: [ہ۔ امث] ا۔ گانٹھ گرہ۔ گٹھجوڑ۔ ۲۔ سازش۔ گٹھ جوڑ۔ ۳۔ دشمنی۔ عداوت۔ کدورت۔ ۴۔ اتفاق۔ ربط۔ ضبط
سانٹھ گانٹھ: [ہ امث] سازش۔ دیکھئے "سانٹ" "سانٹھ"
سانٹ لگانا/ملانا/مارنا/لڑنا: [ا ر محاورہ] ا۔ سازش کرنا۔ ۲۔ رسی کے دو سروں کو گرہ کے بغیر جوڑنا۔ ۳۔ شرط لگانا۔
سانٹ لینا: [ا ر محاورہ] گانٹھ لینا۔ سازش کر کے کسی کو اپنے ساتھ ملا لینا یا بنا لینا۔
سانٹا: [ہ۔ اند] چابک۔ تازیانہ۔
سانٹنا/سانٹھنا: [ہ۔ مص] جوڑ لگانا۔ ساتھ ملانا۔ چپکانا۔ ۲۔ منسلک کرنا

(۳) اُلجھنا (۴) گرہ لگانا۔

سانٹے کی سگائی: [ھ امث] ایسا رشتہ جہاں لڑکی دیکر لڑکی لی جائے بدلہ کا رشتہ۔

سانٹے کی سگائی سیدھے تیل کی مٹھائی سیدھے: [ھ مثل] آپا دلے کی شادی اور تیل کی مٹھائی ایک برابر ہیں یعنی دونوں بے لطف ہیں

سانجھ: [ا رامذ] شام کا وقت - ۲- دوستی

سانجھ سویرے: [ا رمتعلق فعل] صبح و شام

سانجھ جائے اور بھور آئے وہ کیسے نہ چھنال کہلائے: [ھ مثل] جو عورت شام کو جاکر صبح کو آئے وہ بدکار کہلاتی ہے۔

سانجھی: [ا رصف] دوست- حصہ دار- شریک۔

سانچ: [ا رامذ] دیکھئے "سچ" جو زیادہ مشہور ہے۔

سانچ کو آنچ نہیں: [ا رمثل] سچ کو کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا

سانچ کہے سو مارا جائے، جھوٹ کہے سو لڈو کھائے: [ا رمثل] سچ بولنے والے کو مصیبت اٹھانی پڑتی ہے اور جھوٹ بولنے والا مزہ سے گزارتا ہے

سانچا: [ا رصف] دیکھئے "سچا"- ۲- قالب- ڈھانچا- ۳- بچہ دانی

سانچے کی سچی: [ا رامث] وہ عورت جو ہر بار مرد کا نطفہ قبول کرلے۔

سانچے میں ڈالنا: [ا رمحاورہ] کسی چیز کو قالب میں ڈھال کر بنانا- خوبصورت بنانا- عمدہ بنانا۔

سانچے میں ڈھلا ہونا/ ڈھلنا: [ا رمحاورہ] خوش نما اور سڈول ہونا- سب اعضا کا موزوں اور درست ہونا۔

سانچے میں ڈھل جانا: [ا رمحاورہ] خود کو حالات کے مطابق بدل لینا- وضع اختیار کرلینا۔

سانحہ: [ع- امذ] ا- صدمہ پہنچانے والا واقعہ- حادثہ- ۲- واقعہ- وقوعہ

ساند: [ا رامذق] سوراخ - جوڑ- عضو- بند

ساندا: [ھ- امذق] وہ رسی جو گائے کا دودھ دوہتے وقت باندھ دیتے ہیں

ساندا: [ا رامذق] جال کا خانہ

ساندنا: [ا رمص ق] باندھنا

ساندی: [ا رصف ق] ا- دیوانہ - ۲- جال کا خانہ یا پھندا

سانڈ: [ا رامذ] ایسا بیل یا کوئی نر مویشی جو نسل کشی کے لئے رکھا جائے- ۲- ایسا بیل جو پن کر کے دیوتا کے نام پر چھوڑ دیتے ہیں- ۳- موٹا تازہ- لحیم شحیم- ۴- بے فکرا- ۵- شہوت پرست و عیاش۔

سانڈا: [ا رامذ] گوہ کی قسم کا ایک جانور جو گردن اٹھا کر رکھتا ہے- اس کی چربی گٹھیا کے مرض میں مالش کے کام آتی ہے۔

سانڈنی: [ا رامث] سواری کی اونٹنی- تیز رفتار اونٹنی

سانڈنی سوار: [ا رصف] اونٹنی کا سوار- ۲- قاصد جو تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی پر بیٹھ کر خبریں لے جائے- ۳- ناقہ سوار- شتر سوار۔

سانڈے کی اولاد: [ا رصف] بہت کم خوراک- بہت کم کھانے والا

سانڈے کا تیل بیچتے ہیں: [ا رمثل] جو شخص شہوت انگیز باتیں کرے، اس کی نسبت کہتے ہیں۔

سانڈیا: [ھ- امذ] ا- اونٹ کا بچہ- ۲- بوتا- ۳- گوٹا بننے کی مشین

سانس: [ا رامذ مث] ا- دم- پھونک- نفس- ۲- چھینک گننے کا وقفہ- ۳- بھاپ- ۴- شگاف- درز- ۵- آہ-

سانس اُڑنا: [ا رمحاورہ] دم رکنا- سانس رک رک کر نکلنا

سانس اکھڑنا: [ا رمحاورہ] سانس قابو میں نہ رہنا- ۲- ہانپنا یا نزع کی حالت میں ہونا۔

سانس اوپر کو چڑھنا: [ا رمحاورہ] سانس کا اوپر کی طرف کھنچنا- نزع کا عالم ہونا

سانس بھرنا: [ا رمحاورہ] آہ بھرنا- افسوس کرنا- ۲- دم چڑھنا- ۳- سانس پھولنا تھک کر سانس کا جلدی جلدی لینا- ۴- سانس کی رفتار میں فرق پڑنا۔

سانس پانا: [ا رمحاورہ] موقع پانا- آسرا پانا

سانس پورے کرنا: [ا رمحاورہ] زندگی کے دن پورے کرنا- زندگی کی کوئی امید نہ ہونا۔

سانس پھولنا: [ا رمحاورہ] دم چڑھنا- ہانپنا- ۲- دمہ کا مریض ہونا۔

سانس ٹوٹنا: [ا رمحاورہ] سانس کا سلسلہ ٹوٹ جانا- سانس کا مسلسل نہ آنا۔

سانس چرانا: [ا رمحاورہ] دم بند کرلینا- مردہ بن جانا

سانس چڑھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "سانس پھولنا"

سانس چلنا: [ا رمحاورہ] سانس کا آنا جانا- زندگی کی رمق ہونا۔

سانس رکنا: [ا رمحاورہ] سانس کی آمد و رفت بند ہونا- سانس پوری نہ آنا

سانس روکنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "سانس رکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

سانس ڈکار نہ لینا: [ا رمحاورہ] مال ہضم کرجانا- پتہ نہ لگنے دینا۔

سانس سینے میں اٹکنا یا اڑنا: [ا رمحاورہ] عالم نزع ہونا سانس رک جانا۔

سانس کا روگ: [ا رامذ] دمہ- ضیق النفس

سانس کا شمار ہونا: [ا رمحاورہ] نزع کا وہ وقت ہونا جب سانس گنے جاتے ہیں

سانس کھینچنا: [ا رمحاورہ] ا- زور سے سانس لینا- ۲- عذر کرنا- شکوہ کرنا- ۳- مردہ سا بن جانا- سانس روک کر چپ چاپ لیٹ جانا۔

سانس کے ساتھ آس ہے: [ا رمثل] جب تک آدمی زندہ ہے امید قائم رہتی ہے

سانس گننا: [ا رمحاورہ] سانس کی آمد و رفت دیکھنا- (نزع کے وقت)

سانس لینا: [ا رمحاورہ] سانس اندر کی طرف کھینچنا اور باہر نکالنا۔

سانس لینے کی فرصت: [ا رامث] تھوڑی سی فرصت- بہت کم فرصت

سانس نہ لینا: [ا رمحاورہ] خاموش رہنا- اف نہ کرنا- ۲- جلدی مر جانا- ۳- دم نہ لینا- نہ ٹھہرنا- لگاتار کام کئے جانا

سانس نہ نکالنا: [ا رمحاورہ] دم نہ مارنا- اف نہ کرنا- برداشت کرنا

سانسا: [ہ امذ] ا- فکر- اندیشہ- سوچ بچار- ۲- خدشہ- ڈر- خوف

سانسا بھلا نہ سانس کا اور بان بھلا نہ کانس کا: [ہ مثل] فکر دم بھر کی بھی بری ہوتی ہے تیز گھاس کا بھی خطرناک ہوتا ہے۔

سانسا چڑھنا: [ا رمحاورہ] فکر دامن گیر ہونا- سوچ پیدا ہونا

سانسن: [ہ- امث] دیکھئے "سانسی" جس کی یہ تانیث ہے

سانسنا: [ہ مص] ا- ناراض ہونا- جھڑکنا- ۲- جھڑکنا تنبیہ کرنا ۳- سزا دینا تکلیف پہنچانا۔

سانسی: [ہ- امث] ہندوستان کی ایک جرائم پیشہ خانہ بدوش قوم جو [illegible] ہے

سانگ: [ہ امث] ۱. شاخ۔ ٹہنی۔ ۲. بھالا۔ برچھی۔ آنکس
سانکا: [ہ اند] رسیوں کا گچھا جو چارپائی کے پاؤں کی طرف باندھ کر بننا شروع کرتے ہیں
سانگھڑ: [ہ۔ امث] ۱. زنجیر۔ کندھی (۲) ہتھکڑی۔ بیڑی (۳) پاؤں کا ایک زیور۔
سانکر: [ہ۔ صف] ۱. سکڑا ہوا۔ تنگ۔ بند (۲) کڑا ہوا (۳) مضبوط۔ چست
(۴) امث۔ تنگ گلی یا راستہ (۵) آبنائے۔ کھاٹی (۶) تکلیف۔ مصیبت (۷) پریشان کن واقعہ
سانکھیا: [س صف] ۱. عددوں کے متعلق۔ عددی۔ شماری (۲) گننے والا (۳)
سوچنے والا (۴) بحث کرنے والا (۵) عقلی۔ معقول (۶) ہندو فلسفہ کی ایک شاخ۔
سانگ: [ہ۔ امث] ۱. کنواں کھودنے کا اوزار (۲) نیزہ۔ بھالا۔ آنکس۔
سانگ: [ہ۔ اند] دیکھئے "سوانگ" جو فصیح ہے۔
سانگ بنانا: [ار۔ محاورہ] ۱. روپ بھرنا۔ نقل کرنا (۲) تمسخر کرنا۔ ہنسی اڑانا۔
سانگ بننا: [ار محاورہ] ۱. نقل کرنا۔ نقل ہونا (۲) تماشہ بننا۔ بھیس بدل کر تماشہ دکھانا
سانگ بھرنا: [ار۔ محاورہ] ۱. روپ بھرنا۔ تماشہ کرنا۔ کھیل کرنا (۲) دھوکا دینا
سانگ دکھانا: [ا۔ محاورہ] ۱. تماشا دکھانا۔ روپ بھرنا (۲) بہانہ کرنا۔ مکر پھیلانا۔
سانگ کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱. روپ بھرنا۔ نقل کرنا۔ تماشہ کرنا۔ کھیل کرنا۔
۲. جھگڑا کرنا (۳) تمسخر کرنا۔
سانگ لانا: [ار۔ محاورہ] ۱. مکر کرنا۔ شعبدہ بازی کرنا (۲) جھگڑا کرنا۔
۳. بھیس بدلنا۔ نقل کرنا۔
سانگ مچانا: [ار محاورہ] کھیل تماشا کرنا۔ مسخرہ پن کرنا۔
سانگر: [ہ۔ اند] جنڈ کے درخت کی پھلی جو اچار میں ڈالتے ہیں۔
سانگی: [ہ۔ صف] سوانگ بھرنے والا۔ بھانڈ۔ مسخرا۔ نقال۔
سانگی: [ہ۔ امث] ۱. بیل گاڑی کے آگے کا وہ حصہ جس کے دونوں طرف لکڑیاں باندھ کر جالی سی بُن دیتے ہیں تاکہ سامان نہ گرنے پائے ۲. بیل گاڑی کا ڈنڈا جس پر جوئے کو سہارا دیتے ہیں (۳) گاڑی والے کے بیٹھنے کی جگہ۔
(۴) بیل گاڑی کا جوا (۵) بہل کی چھت جس پر پردہ ہوتا ہے۔
سانٹنا: [ہ۔ مص] ۱. گوندھنا۔ ملنا۔ مسلنا (۲) گارا کرنا (۳) دھبا لگانا۔
آلودہ کرنا (۴) عیب لگانا۔ شریک جرم کرنا (۵) پھانسنا۔
سانواں: [ہ۔ اند] ایک قسم کا چاول
سانوٹا / سانوٹھا: [ہ۔ صف] ۱. ہوشیار۔ چوکس۔ چوکنا (۲) مستعد۔
آمادہ (۳) جمع کیا ہوا۔
سانوٹا کرنا: [ہ۔ مص مرکب] اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔
سانوٹا ہونا: [ہ۔ مص۔ مرکب] ۱. اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا (۲) مستعد یا تیار ہو جانا۔
۳. مقابلے پر آمادہ۔
سانورا: [ہ۔ صف] دیکھئے "سانولا" جس کی یہ ہندی صورت ہے۔
سانولا: [ار صف] ۱. سبزہ رنگ۔ سیاہی مائل رنگ۔ نمکین۔ ملیح ۲. مجازاً حبیب۔ محبوب
سانولا سلونا: [ار۔ صف] سبزہ رنگ۔ نمکین۔ خوشگوار۔ پسندیدہ۔
سانولی: [ار۔ صف] دیکھئے "سانولا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سانولی صورت: [ار۔ امث] نمکین صورت۔ حسن ملیح۔ خوب صورت۔
سانولیا / سانوریا: [ہ۔ اند] کرشن جی کا لقب، جو ہندو روایت کے مطابق ناگ کی پھونک سے سیاہ پڑ گئے تھے۔
سانی: [ار۔ امث] ۱. وہ بھوسا جس کو دھو کر کھلی آٹا وغیرہ ملا کر بھینس گائے کو کھلاتے ہیں (۲) (اند) کاشت کار۔ مالی۔ باغبان۔

سانیٹ: [انگ۔ اند] sonnet انگریزی نظم کی قسم، جس کے ایک بند میں چودہ مصرعے ہوتے ہیں۔
ساوج: [ہ۔ صف] جنگلی جانور۔ شکار کے جانور۔ مثلاً ہرن۔ شیر وغیرہ۔
ساورن: [انگ اند] sovereign انگلستان کا طلائی سکہ۔ اشرفی۔
ساوڑ: [ہ۔ امث] ۱. زچہ خانہ (۲) وہ ناپاکی جو زچگی کی وجہ سے ہو۔
ساوڑی: [ہ۔ امث] وہ غلے کی مٹھی جو کھلیان سے فقیروں، برہمنوں کو بطور خیرات دیتے ہیں۔
ساون: [ہ۔ امث] بکرمی سمت کا چوتھا مہینہ جو برسات میں آتا ہے۔
ساون بھادوں: [ار۔ اند] ۱. وہ مکان جس میں چاروں طرف جالیاں لگی ہوں اور ان سے نفر ٹکرانے پر بارش کی سی کیفیت معلوم ہو
(۲) ایک قسم کی آتشبازی (۳) دھوپ چھاؤں۔
ساون بھادوں کی جھڑی لگنا: [ار۔ محاورہ] زار و قطار رونا۔
ساون بھادوں ملنا: [ار۔ محاورہ] ۱. ساون کا اخیر اور بھادوں کا آغاز ہونا
(۲) بہت بارش ہونا۔
ساون کی بھرن: [ار۔ امث] ساون کی زور دار بارش۔
ساون کی جھڑی: [ار۔ امث] ساون کے مہینے کی لگاتار بارش۔
ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا سوجھتا ہے: [ار مثل] جو کیفیت ایک بار نظر میں سما جاتی ہے وہ ہمیشہ پیش نظر رہتی ہے۔ ہر شخص اپنی حالت پر دوسروں کو قیاس کرتا ہے۔
ساون کے جھالے: [ار۔ اند] ساون کے مہینے کی وہ زوردار بارش جو جلد ختم ہو جائے۔
ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے: [ار مثل] ہمیشہ یکساں حالت رہنا۔
ساونت: [ہ۔ صف] بہادر۔ دلیر۔ شجاع
ساونتی: [ہ۔ امث] دیکھئے "ساونت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ساونٹا: [ہ صف] دیکھئے "سانوٹا" اور اس کے مرکبات۔
ساونی: [ہ۔ امث] ۱. فصل خریف جس میں مکئی چاول وغیرہ ہوتے ہیں۔
وہ مٹھائی وغیرہ جو ساون کے مہینے میں دلہن کے گھر بھیجتے ہیں (۳) ساون کے گیت
ساہ: [ہ۔ اند] تاجر۔ سوداگر۔ بیوپاری (۲) مہاجن۔ بینکر۔ ساہوکار (۳) دکاندار۔
نقال (۴) صراف (۵) مال دار۔ دولت مند (۶) ذی عزت۔ معزز (۷)
بھلامانس شریف (۸) عزت کا خطاب یا لقب جس سے مہاجنوں کو مخاطب کیا جاتا ہے (۹) صف دیانت دار۔ امانت دار۔
ساہ جوگ: [ہ۔ امث] وہ ہنڈی جس کا روپیہ کھڑے گھاٹ مل جائے یا فوراً مل جائے۔
ساہ کے سوائے کمبخت کے دُونے: [ہ۔ مثل] ساہوکار تو صرف سوائے بنانے کی کوشش کرتا ہے بدبخت دو گنے بنانے کی کوشش کرتا ہے
ساہا: [ہ۔ اند] شادی کے دن۔ لگن۔ سہاگ (۲) کھیتی کاٹنے کا وقت (۳)
(قصابوں کی اصطلاح میں) بکری کا نر بچہ۔
ساہا چمکنا: [ہ۔ محاورہ] بہت سی شادیاں ہونا۔
ساہتیا / ساہتیہ: [ہ۔ اند] ادبیات، ادب
ساہس: [س۔ اند] جبر۔ ظلم۔ تعدی (۲) شدت۔ تشدد (۳) جرأت۔ استقلال

ساہل / ساہول: [ھ۔ اِمذ] دیکھئے "ساتول"
ساہو: [ھ۔ صف] ۱۔ خیر خواہ۔ دوست (۲) سخی۔ داتا (۳) دیانت دار۔ ایمان دار (۴) معزز۔ نیک نام (۵) سوداگر، دکان دار۔
ساہوکار: [ھ۔ اِمذ] لین دین کرنے والا۔ سوداگر۔ تاجر۔ مہاجن۔
ساہوکارا: [ھ۔ اِمذ] لین دین کی جگہ
ساہوکاری: [ھ۔ امث] بیوپار۔ لین دین۔ تجارت۔ صرافی۔ کھرا پن۔
ساہی: [ھ۔ اِمذ] سیہہ۔ خارپشت۔ ایک جانور جس کی پشت پر کانٹے ہوتے ہیں۔
سائبان: [ف۔ اِمذ] چھپر یا ٹین وغیرہ دھوپ سے بچنے کے لیے مکان کے آگے لگاتے ہیں۔ شامیانہ۔
سائٹ: [انگ۔ امث] sight نظر۔ نگاہ (۲) نشانہ۔ سیدھ (۳) بندوق کی مکھی (۴) نقطۂ نظر۔ منظر
سائٹ: [انگ۔ امث] site کسی عمارت کی مجوزہ جگہ۔ قابلِ تعمیر جگہ۔
سائد: [ع۔ صف] سردار۔ سربراہ۔ سربرآوردہ۔
سائڈ: [انگ۔ امث] side ۱۔ طرف۔ جانب۔ اغل بغل (۲) کنارہ۔ حاشیہ
سائر: [ع۔ اِمذ] پھرنے والا۔ سیر کرنے والا۔ سیلانی (۲) باقی بچا ہوا تمام۔ سب۔ سارا۔ ۳۔ بقایا۔ چنگی
سائر خرچ: [ا۔ اِمذ] عارضی اور غیر معمولی یا متفرق خرچ۔
سائر دائر: [ع۔ صف] پھرنے والا۔ گردش کرنے والا۔ ۲۔ جاری۔ مشہور
سائرن: [انگ۔ اِمذ] siren ایک آلہ جس سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے۔ بھونپو
سائز: [انگ۔ اِمذ] (SIZE) ۱۔ قد۔ قامت۔ ڈیل ڈول۔ جسامت (۲) ناپ
سائس / سائیس: [ع۔ اِمذ] ملازم جو گھوڑے کی خدمت کے لیے رکھا جائے
سائسی / سائیسی: [ا۔ امث] گھوڑے کی خدمت کا کام یا پیشہ۔
سائسی / سائیسی علم دریاؤ: [ا۔ مثل] ۱۔ سائیسی ایک وسیع علم ہے ۲۔ ہر فن کے خاص راز ہوتے ہیں۔
سائفن: [انگ۔ امث] (SYPHON) ٹیڑھی نالی جس کے ذریعہ پانی کسی اونچے برتن سے کنارے کے اوپر سے گزار کر نیچے کے برتن میں گراتے ہیں (۲) وہ نالہ یا نہر جو کسی دوسری نہر دریا یا ندی کے نیچے سے گزارا جائے۔
سائل: [ع۔ اِمذ] سوال کرنے والا۔ پوچھنے والا (۲) مانگنے والا (۳) دعویٰ کرنے والا۔ امیدوار۔ درخواست دینے والا (۴) جاری ہونے والا (۵) فقیر
سائلہ: [ع۔ امث] دیکھئے "سائل" جس کی یہ تانیث ہے۔
سائلات: [ع۔ امث] بہنے والی چیزیں مثلاً شراب۔ عرق وغیرہ۔
سائم: [ع۔ اِمذ] چرنے والا۔
سائمہ: [ع۔ اِمذ] چرنے کے لیے بھیجا ہوا جانور (۲) خود بخود چرنے والا۔
سائن: [انگ۔ اِمذ] (SIGN) ۱۔ نشان۔ علامت (۲) دستخط (افعال: کرنا۔ ہونا)
سائن بورڈ: [انگ۔ اِمذ] signboard وہ تختہ جس پر لکھتے ہیں ۲۔ وہ تختہ جس پر اشتہار لگاتے ہیں۔ اور دکان یا سڑک وغیرہ کا نام لکھتے ہیں۔
سائنٹفک: [انگ۔ صف] علمی۔ عالمانہ (SCINTIFIC)
سائنس: [انگ۔ اِمذ] science ۱۔ علم۔ فن (۲) علم طبیعیات (۳) وہ علم جس کی بنیاد تجربات اور مشاہدات پر ہو۔
سائنسدان: [انگ ف۔ اِمذ] سائنس جاننے والا۔ سائنس کا ماہر (انگریزی scientist کا اردو بدل)

سائنسی: [ا۔ صف] سائنس سے متعلق۔ سائنس سے منسوب۔
سائیں: [ھ۔ صف] تربیت پذیر۔ حکم بردار (۲) غریب۔ حلیم ۳۔ معصوم۔ بھولا۔ بے گناہ۔
ساؤ چیت: [ا۔ صف ق] بے فکر۔
ساؤنڈ: [انگ۔ اِمذ] sound صوت۔ صدا۔ آواز
ساؤنڈ بکس: [انگ۔ اِمذ] sound box گراموفون کا وہ پرزہ جس کے ذریعہ ریکارڈ میں سے آواز نکلتی ہے۔
ساؤنڈ پروف: [انگ۔ صف] sound proof وہ مکان یا جگہ جہاں سے آواز باہر نہ نکلے یا جہاں سے باہر کی آواز اندر نہ آئے۔
سائی: [ھ۔ امث] وہ تھوڑی سی رقم جو کسی چیز کا نرخ یا قیمت مقرر ہو جانے کے بعد بطور پیشگی دی جائے۔ بیعانہ۔
سائی بجانا: [ا۔ امث] معاملہ جس کے بدلے سائی دی گئی ہو، اس کا پورا کرنا (۲) جس شخص نے بیعانہ دیا ہو اس کے گھر گانا بجانا۔ ناچنا وغیرہ۔
سائی بدھائی: [ھ۔ اِمذ] وہ رقم جو ناچنے گانے والوں کو پیشگی دی جائے۔
سائی دینا: [ا۔ محاورہ] بیعانہ دینا۔
سائیکل: [انگ۔ امث] cycle پاؤں سے چلانے کی دو پہیوں کی گاڑی جس کے دو پہیے آگے پیچھے ایک ہی سیدھ میں ہوتے ہیں۔
سائیں: [ھ۔ اِمذ] ۱۔ خدا۔ مالک (۲) خاوند۔ شوہر ۳۔ درویش۔ فقیر
سائیں راج بلند راج پوت راج محتاج / دوت راج: [ا۔ مثل] عورت کے لیے خاوند کے زمانے کے برابر بیٹے کا زمانہ نہیں ہوتا۔
سائیں کے سو کھیل: [ا۔ مقولہ] خدا جو چاہے کرے اسکے کرنیکے سو طریقے ہیں۔
سائیں / سائیں سائیں: [ہ۔ اصوت۔ مث] ہوا کے چلنے کی آواز۔
سائیں سائیں کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہوا کی حرکت سے پتوں میں سے آواز پیدا ہونا / نکلنا (۲) ویرانی یا وحشت برسنا (۳) جسم میں سنسناہٹ ہونا (۴) ضعف سے جسم کا گرا پڑنا۔
سائیں سائیں ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے سائیں سائیں کرنا جسکا یہ لازم ہے۔
سایا: [پُر۔ اِمذ] یورپین عورتوں کا گون۔ انگریزی طرز کا گھیرے دار لباس۔ گھٹنوں سے اونچا گھگرا جو یورپین عورتیں پہنتی ہیں۔
سایہ: [ف۔ اِمذ] ۱۔ چھاؤں۔ پرتو۔ پرچھائیں۔ ظل (۲) صحبت کا اثر۔ ظلِ عاطفت ۳۔ وہ تیرگی جو مصور تصویروں میں دکھاتے ہیں۔ ۴۔ مہرسوں کی اصطلاح میں وہ سیاہی جو سفید کیے ہوئے تانبے میں کسی نقص کی وجہ سے آئے (۵) حفاظت۔ حمایت (۶) بھوت پریت۔ آسیب۔ جن۔
سایہ آنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کی چھاؤں کا کسی خاص جگہ پہنچنا (۲) آسیب آنا۔
سایہ اتارنا: [ا۔ محاورہ] جن۔ آسیب وغیرہ کا اثر ختم کرنا۔
سایہ اترنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ جن وغیرہ کا اثر دور ہونا ۲) دیوار کے سایہ کا اثر زمین پر آنا۔
سایہ اٹھنا: [ا۔ محاورہ] سرپرست کا مرجانا
سایہ افگن: [ف صف] سایہ ڈالنے والا۔
سایۂ بال ہما: [ف۔ اِمذ] زمانۂ قدیم کے لوگوں کا خیال تھا کہ ہما کے سایہ پڑنے سے انسان بادشاہ بن جاتا ہے۔ کنایتہً مبارک چیز۔
سایہ بن کر ساتھ رہنا: [ا۔ محاورہ] ہر وقت ہمراہ رہنا۔ کسی وقت جدا نہ ہونا۔
سایہ پروردہ: [ف صف] گھر پر تعلیم دیا ہوا (۲) معصوم۔ لاڈلا۔ ۲۔ جس کو

دُنیا کی واقفیت نہ ہو۔
سایہ پرورد / پروردہ: [ف صف] ۱. لاڈلا (۲) خانہ زاد ۔
سایہ پڑ جانا / پڑنا: [ار. محاورہ] ۱. پرچھائیں پڑنا کسی چیز پر۔ ۲. صحبت کا اثر ہونا۔ کسی کے زیر اثر ہونا۔ ۳. آسیب ہونا۔
سایہ پیسا جاتا ہے: [ار مقولہ] بہت مجمع یا بھیڑ ہے
سایہ پھٹکا رہنا: [ار. محاورہ] سائے کا دُور دُور رہنا۔
سایہ پوش: [ف. اِمذ] چھتری (۲) باغ
سایۂ تیغ: [ف. امذ] تلوار کا سایہ (۲) جنگ وجدل کا موقع (۳) خطرے کا مقام۔
سایۂ تیغ میں نیند آنا: [ار. محاورہ] خطرے میں سو رہنا۔ خطرہ کی پروا نہ کرنا۔
سایہ چڑھنا: [ار محاورہ] سایہ کا بلند چیزوں پر پہنچ جانا۔
سایۂ حمایت: [ف. امذ] امداد وحمایت سایہ خدا (۲) خدا کی مدد ۳. بادشاہ
سایہ ڈھلنا: [ار. محاورہ] سایہ اُتر جانا۔ عصر کا وقت ہونا۔ جھٹ پٹے کا وقت ہونا
سایہ رہنا: [ار. محاورہ] چھاؤں رہنا۔ کسی بزرگ کا زندہ ہونا۔
سایہ زدہ: [ف صف] آسیب زدہ۔ جس پر جن وغیرہ کا اثر ہو۔
سایہ سان: [ف صف] سایہ کی طرح۔
سایۂ سر پر قائم رہنا: [ار. محاورہ] کسی بزرگ کا زندہ رہنا۔
سایہ سر پر قائم ہونا: [ار محاورہ] کسی بزرگ کا زندہ ہونا موجود ہونا۔
سایۂ عاطفت: [ف. امذ] مہربانی کا سایہ۔ حمایت۔
سایۂ عاطفت میں پرورش پانا / پلنا: [ار. محاورہ] کسی بزرگ کی زیر نگرانی اس کی زندگی میں پلنا۔
سایہ فگن: [ف صف] سایہ ڈالنے والا۔
سایہ کرنا: [ار. محاورہ] چھتری وغیرہ سے چھاؤں کرنا۔
سایہ گستر: [ف صف] مہربان۔ متوجہ۔ ملتفت ۲. حامی۔ مددگار ۳. سایہ دار
سایہ نہ پانا: [ار. محاورہ] نشان تک نہ ملنا۔
سایہ نہ ہونا: [ار. محاورہ] نشان تک نہ ہونا۔
سایہ ہونا: [ار. محاورہ] ۱. چھاؤں ہونا (۲) آسیب ہونا (۳) صحبت کا اثر ہونا (۴) حمایت یا مدد ہونا (۵) بزرگ کا زندہ ہونا۔

س — ب

سَبّ: [ع. امذ] گالی دینا۔ لعن طعن کرنا۔ ۲. بُرا بھلا کہنا۔ گالی گلوچ۔ لعنت و ملامت
سَبّ و شتم: [ع. امذ] لعن طعن کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ گالی گلوچ۔
(افعال: دینا۔ کرنا)
سَب: [ار. صف] ۱. کُل۔ تمام۔ سارا (۲) پُورا۔ مکمل۔ کامل۔ (۳) ہر ایک۔ ہر قسم۔ ہر طرح کا (۴) عام۔ مشترک (۵) بالکل۔ سراسر (۶) امذ تمام لوگ ہر شخص۔ عام لوگ (۷) تمام چیز۔ کُل شے۔
سَب اپنے بہو بیگانی: [ار مثل] اس لیے کہتی ہیں کہ بہو دوسرے خاندان کی بیٹی ہوتی ہے
سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں: [ار مثل] سب ایک جیسے ہیں سب شرارتی ہیں۔
سب ایک ہی ماتھے: [ار مثل] ہر چیز ایک ہی شخص کو ملتی ہے امیر کے پاس اور دولت آتی ہے۔
سب ایک ہی ناؤ میں سوار ہیں: [ار مثل] سب کی حالت ایک ہی جیسی ہے
سب بات کھوٹی پہلے دال روٹی: [ار. مثل] اوّل طعام بعدہٗ کلام۔ پیٹ کی فکر سب سے پہلے۔
سب دَر جھانکنا: [ار محاورہ] ہر جگہ تلاش کرنا۔ مارے مارے پھرنا۔
سب دن چنگے / چنگی۔ تہوار کے دن ننگے / ننگی یا
سب دن سُرنگی عید کے دن ننگی: [ار مثل] فضول خرچ آدمی کے لیے کہتے ہیں کہ مصیبت کے وقت اس کے پاس کچھ نہیں ہوتا۔
سب دھان بارہ / بائیس پسیری: [ار مثل] سب کے ساتھ یکساں سلوک۔ بُرے بھلے کی کوئی تمیز نہیں ہے۔
سب سے بری ہونا: [ار محاورہ] کسی سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہونا۔
سب سے بڑی بھوک: [ار مقولہ] بھوک سے سب عاجز آجاتے ہیں۔ بھوک مٹانے کے لیے سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔
سب سے بھلا کسان کھیتی کرے اور گھر رہے۔ [ار مثل] دوسرے پیشوں پر زراعت کو ترجیح دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔
سب سے بھلے بھیک کے روٹ: [ار مقولہ] فقیروں کا قول ہے جو چیز مانگنے سے مُفت اور بلا محنت و مشقت مل جائے وہی سب سے بہتر ہے۔
سب سے بھلی چُپ: [ار مقولہ] خاموشی سب سے بہتر ہے۔
سب طرح سے حاضر ہونا: [ار محاورہ] ہر کام / خدمت کے لیے تیار رہنا۔
سب کچھ گیا / تیری چھلبل نہ گئی / میاں کی ٹخ ٹخ نہ گئی: [ار. مثل] کنگال ہو گئے مگر شیخی نہ گئی۔
سب کچھ ہو ہوا کر: [ار متعلق فعل] سارا معاملہ طے ہو کر۔ کارروائی ختم ہو جانے کے بعد۔
سب کو ایک آنکھ / نظر سے دیکھنا: [ار مثل] ۱. سب کے ساتھ یکساں طور سے آنا۔ ۲. کانے کے متعلق مذاقاً کہتے ہیں۔
سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا: [ار مثل] ہر ایک سے ایک ہی طرح پیش آنا۔ بُرے بھلے / بڑے چھوٹے کا خیال نہ رکھنا
سب کہنے کی باتیں ہیں: [ار مثل] بناوٹ کی باتیں ہیں۔ اصلیت کچھ نہیں ہے۔
سب گنوں پوری۔ کون کہے لنڈوری: [ار مثل] شیخی خور عورت کی نسبت کہتے ہیں۔
سب ہاتھ پلیے بیٹھے ہیں: [ار مثل] کسی مہمان کے انتظار میں کھانا کھانے کے وقت بیٹھے ہوں تو اس موقع پر کہا جاتا ہے۔
سَب: [انگ۔ امذ] sub سبارڈینیٹ کا مخفف (۲) ماتحت۔ نائب پیشکار
سَب آرڈینیٹ: [انگ۔ امذ] subordinate ماتحت۔ تابع
سَب آفس: [انگ۔ امذ] suboffice دفتر ماتحت۔ ماتحت دفتر۔ چھوٹا دفتر
سَب انسپکٹر: [انگ۔ امذ] subinspector کسی محکمہ کا نائب نگران۔ محکمہ پولیس میں تھانیدار
سَب پوسٹ ماسٹر: [انگ۔ امذ] subpostmaster محکمہ ڈاک کے سب آفس کا انچارج ڈاک خانہ کا انچارج
سَب جج: [انگ۔ امذ] subjudge منصف دیوانی۔ جونیئر جج

کے ماتحت ہوتا ہے۔
سب ججی: [ا۔امث] ۱۔سب جج کا عہدہ (۲) سب جج کا دفتر۔
سب ڈویژن: [انگ۔امذ] subdivision ضلع کا ایک حصہ۔ چھوٹا ضلع
سب ڈویژنل آفیسر: [انگ۔امذ] subdivisional officer سب ڈویژن کا انچارج۔
سب رجسٹرار: [انگ۔امذ] sub subregistar ایک عہدیدار جو رجسٹریوں کی تصدیق کرتا ہے۔ رجسٹرار کا نائب۔
سب کمیٹی: [انگ۔امث] sub committee چھوٹی کمیٹی۔ جو بڑی کمیٹی میں سے چند ارکان۔ منتخب یا نامزد کر کے بنائی جائے۔
سب میرین: [انگ امث] submarine آبدوز کشتی۔
سبا: [ع۔امذ] ملک یمن کے ایک شہر کا نام جہاں کی حکمران حضرت سلیمانؑ کے زمانے میں ملکہ بلقیس تھی اور جو مسلمان ہو کر حضرت سلیمانؑ کی زوجیت میں آئی۔
سبابہ: [ع۔امث] کلمہ/شہادت کی انگلی ہاتھ کے انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی۔
سبایس: [س۔امذ] خوش بو۔ عطر۔ پھلیل۔
سباق: [ع۔امذ] ۱۔سبقت لے جانے کی کوشش۔ سبقت لے جانا۔ دوڑ میں آگے بڑھنا (۲) علم حساب کی مہارت۔
سبب: [ع۔امذ] ۱۔ وجہ باعث۔ موجب (۲) واسطے لیے۔ کارن (۳) حجت دلیل (۴) ذریعہ۔ وسیلہ (۵) جوڑ۔ پیوند (۶) عروض میں) دو حرفی کلمہ (۷) فلسفہ میں) وہ چیز جس سے دوسری چیز کا وجود حاصل ہو۔
سبب کھلنا: [ا۔محاورہ] وجہ ظاہر ہونا۔
سببیت: [ع۔امث] غرض و غایت۔ یہ اصول کہ ہر چیز کا کوئی سبب یا [illegible] ہوتی ہے۔
سبت: [ع۔امذ] ۱۔راحت آرائش۔ آسودگی (۲) آرام کا دن۔ چھٹی کا دن عبادت کا دن [illegible] کا دن۔ شنبہ۔ سنیچر
سبجیکٹ [انگ۔امذ] (subject) ۱۔مضمون ۲۔موضوع۔ رعیت ۳۔محکمہ۔ شعبہ
سبحان: [ع۔صف] تمام عیبوں سے پاک مبرا
سبحان اللہ: [کلمہ تحسین و تعجب] ۱۔پاک ہے اللہ۔ میں اللہ کو پاکی سے یاد کرتا ہوں (۲) واہ واہ آفرین بات (۳) بہ تحسین و تعجب کے موقع پر مستعمل۔
سبحان تیری قدرت: [ا۔امث] تعجب اور مذاق کے موقع پر کہتے ہیں تمہاری کیا بات ہے (۲) تیتر کی آواز۔
سبحہ: [ع۔امث] تسبیح۔ تسبیح کے دانے۔
سبحہ سنج / گردان: [ع۔صف] تسبیح پڑھنے والا۔ مالا جپنے والا
سبحہ سنجی / گردانی: [عف۔امث] دیکھئے سبحہ سنج/گردان جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ **سبد**: [ف۔امث] ٹوکری۔ ڈالی
سبدھ: [ھ۔امث] دانائی۔ عقل مندی۔
سبدھی: [ھ صف] عقل مند دانا۔ تیز فہم
سبز: [ف صف] ۱۔ہرا (۲) کچا (۳) تر و تازہ۔ شاداب
سبز باغ دکھانا: [ا۔محاورہ] فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ جھوٹی امید دلانا۔
سبز بخت: [ف صف] خوش قسمت۔ خوش اقبال
سبز بختی: [ف۔امث] دیکھئے "سبز بخت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

سبز پوش [ف صف] سبز لباس پہننے والا (۲) عابد۔ زاہد
سبز پوشی: [ف۔امث] دیکھئے "سبز پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سبز بھنورا: [ا۔ امذ] ایک قسم کا کبوتر جس کے سبز پروں کے بیچ میں سفید پر ہوتے ہیں۔
سبز پیشانی: [ف۔صف] جو بظاہر بھلا معلوم ہو۔
سبز دوشن: [ف امذ] ایک قسم کا کبوتر
سبز شیرازی: [ف۔امذ] ایک قسم کا شیرازی کبوتر۔
سبز طاق / طاؤس / طشت [ف۔امذ] کنایۃً آسمان
سبز فام: [ف صف] سبز رنگ کا کنایۃً معشوق
سبز قبا: [ف۔ امذ] ۱۔ ایک پرندہ (۲) ایک نشہ آور چیز جو بھنگ اور افیون ملا کر بناتے ہیں۔
سبز قدم: [فع۔صف] بدبخت۔ منحوس
سبز قدمی: [فع۔امث] دیکھئے "سبز قدم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سبز گھوڑا: [ا۔امذ] کنایۃً بھنگ۔
سبز مکھی: [ا۔امذ] سبز رنگ کا ایک کبوتر
سبز مکھی: [ا۔امث] ایک طرح کی سبز مکھی۔
سبز ملیح: [فع صف] نمکین معشوق
سبز وار: [ف۔امث] مرغی کی ایک قسم جس کے سر پر چوٹی ہوتی ہے۔ ایران کا ایک مقام۔
سبز ہونا: [ا۔محاورہ] ۱۔ ہرا ہونا۔ تر و تازہ ہونا۔ شاداب ہونا (۲) رونق پکڑنا۔ اعلیٰ رتبہ پر پہنچنا۔
سبزہ: [ف۔امذ] ۱۔ ہریاول۔ تازگی۔ روئیدگی (۲) نیل کنٹھ (۳) زمرد۔ پنا (۴) ایک قسم کا آم ۵۔ ایک قسم کا خربوزہ (۶) کان کا سبز بندا۔ (۷) بھنگ۔ سبزی (۸) سیاہی مائل سفید رنگ کا گھوڑا (۹) وہ سبزی جو ڈاڑھی اور مونچھوں کے نئے بال نکلنے سے چہرے پر نمودار ہوتی ہے۔
سبزہ آغاز: [ف صف] جس کی ڈاڑھی ابھی آنی شروع ہوئی ہو۔ نوخیز۔ نوجوان (افعال۔ ہونا)
سبزہ آنا: [ا۔محاورہ] ڈاڑھی نکلنی شروع ہونا۔
سبزہ اُگنا: [ا۔ روزمرہ] گھاس جمنا۔ سبزہ پیدا ہونا۔
سبزہ بیگانہ [ف۔ امذ] خود رو سبزہ یا نباتات۔ جنگلی جڑی بوٹیاں۔
سبزہ چمکانا: [ا۔محاورہ] سبزے گھوڑے کو تیز دوڑانا۔
سبزہ خط: [فع امذ] نئی ڈاڑھی مونچھیں اور ان کے رنگ کی سبزی (افعال۔ نکلنا)
سبزہ خوابیدہ: [ف۔امذ] وہ سبزہ جو روندا جائے یا نکل کر بچھ جائے یا ٹیڑھا ہو جائے۔
سبزہ رنگ: [ف صف] سانولا سلونا۔ گندم گوں کنایۃً معشوق)
سبزہ روندنا: [ا۔محاورہ] ۱۔سبز گھاس یا بوٹیوں پر پھرنا (۲) باغ کی سیر کرنا۔
سبزہ زار: [ف۔امذ] چراگاہ۔ ہرا بھرا جنگل۔ گھاس کا تختہ۔
سبزہ شمشیر: [ف۔ امذ] وہ سبزی جو جوہر دار تلوار میں ہوتی ہے۔
سبزہ لگنا: [ا۔ روزمرہ] سبزہ اُگنا۔
سبزہ لہکنا / لہلہانا: [ا۔ روزمرہ] نباتات کا سرسبز ہونا یا ہوا سے جھومنا
سبزی: [ف۔ امث] ۱۔ سبز رنگ (۲) ہریاول۔ ترکاری۔ بقولات (۳) بھنگ ۴۔ وہ رنگ جو اصیل تلوار میں جوہر کی وجہ سے ہوتا ہے۔

سبزی پلانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سبزی پینا" جس کا یہ متعدی ہے۔
سبزی پینا: [ار۔ محاورہ] بھنگ گھوٹ کا پینا۔
سبزی چھاننا: [ار۔ محاورہ] بھنگ پینا۔ پینے کے لیے بھنگ چھاننا۔
سبزی چھننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سبزی چھاننا" جس کا یہ لازم ہے۔
سبزی فروش: [ف۔ صف] ترکاری بیچنے والا۔ بھنگ بیچنے والا۔
سبزی فروشی: [ف۔ امث] ترکاری یا بھنگ بیچنے کا کام یا پیشہ
سبزی منڈی: [ار۔ امث] وہ مقام جہاں ترکاریاں فروخت ہوتی ہیں۔
سِبط: [ع۔ اند] ۱۔ بیٹے یا بیٹی کی اولاد۔ پوتا۔ نواسہ (۲) یہودی قوم۔
سِبطین: [ع۔ اند] ۱۔ سبط کا تثنیہ (۲) کنایۃً حضرات حسن و حسین رضی اللہ عنہما
سَبع: [ع۔ اعدد] سات
سَبع سیّارہ: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] وہ سات سیارے جن سے منسوب کرکے ہفتہ کے دن مقرر کیے گئے ہیں یعنی شمس۔ قمر۔ مریخ عطارد۔ مشتری۔ زہرہ۔ زحل۔
سَبع مثانی: [ع۔ امث] قرآن مجید کی سورۂ فاتحہ۔ کیونکہ اس میں سات آیات ہیں اور یہ دو دفعہ نازل ہوئی ایک بار مکہ میں اور دوسری بار مدینہ میں۔
سُبع: [ع۔ عدد کسری] ساتواں حصّہ۔
سَبعی / سَبُعیت: [ع۔ امث] درندگی۔ حیوانیت۔ وحشت۔ بربریت۔
سَبق: [ع۔ اند] ۱۔ گھوڑ دوڑ کی شرط (۲) درس کا وہ حصّہ جو روزانہ پڑھایا جائے۔ تعلیم۔ پاٹھ۔ درس (۳) نصیحت۔ پند۔ وعظ
(افعال: پڑھنا۔ پڑھانا۔ لینا دینا)
سبق برزبان ہونا: [ار۔ محاورہ] سبق اچھی طرح یاد ہونا۔
سبق بھول جانا: [ار۔ محاورہ] سبق یاد نہ رہنا (۲) نصیحت یاد نہ رہنا
سبق پڑھانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ تعلیم دینا (۲) تنبیہ کرنا (۳) بہکانا۔ پٹی پڑھانا۔
سبق پڑھنا: [ار۔ محاورہ] کسی سے کچھ سیکھنا۔
سبق ہو پڑھے نہیں: [ار۔ محاورہ] قطعاً ناواقف ہیں۔
سبق دیکھنا: [ار۔ محاورہ] مطالعہ کرنا۔
سبق دینا: [ار۔ محاورہ] نصیحت کرنا۔ سزا دینا
سبق رواں ہونا: [ار۔ محاورہ] سبق اچھی طرح یاد ہونا۔
سبق سکھانا: [ار۔ محاورہ] نصیحت کرنا۔ عبرت دلانا۔
سبق سیکھنا: [ار۔ محاورہ] کوئی بات سیکھنا (۲) عبرت حاصل کرنا۔
سبق لینا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ پڑھنا۔ تعلیم حاصل کرنا۔ ۲۔ عبرت حاصل کرنا۔ ۳۔ نصیحت پکڑنا
سبق ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ پڑھایا جانا (۲) عبرت ہونا۔ نصیحت ہونا۔
سَبقت: [ع۔ امث] (اردو میں بہ سکونِ ثانی بولتے ہیں) ۱۔ آگے نکلنا۔ پیش قدمی۔ بڑھوتری۔ افزونی۔ فوقیت۔ اوّلیت۔ غلبہ
سبقت کرنا: [ار۔ مص مرکب] آگے جانا۔ پیش قدمی کرنا۔ پہل کرنا۔
سبقت لے جانا: [ار۔ محاورہ] غالب آنا۔ فوقیت حاصل کرنا۔ آگے بڑھ جانا
سَبک: [ع۔ اند] ۱۔ ڈھالنا۔ سکہ ڈھالنا (۲) طرز۔ اسلوب۔ ڈھنگ
سُبک: [ف۔ صف] ۱۔ ہلکا۔ خفیف۔ نازک (۲) تیز۔ چست۔ چالاک۔ ۳۔ بے عزت
سُبک بار / بال: [ف۔ صف] ۱۔ ہلکے بوجھ والا۔ ۲۔ فارغ البال۔ خوش حال ۳۔ مجرد۔ اکیلا

سُبک باری / بالی: [ف۔ امث] دیکھئے "سُبک بار / بال" جس کا یہ کیفیت ہے۔
سُبک پا: [ف۔ صف] ۱۔ تیز۔ چالاک۔ تیز رفتار (۲) بے وفا (۳) ڈاک کا ہرکارہ
سُبک پائی: [ف۔ امث] تیز قدمی۔ تیز رفتاری۔
سُبک پر / پرواز: [ف۔ صف] تیز اُڑنے والا۔
سُبک پری / پروازی: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک پر / پرواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک تاز: [ف۔ صف] تیزی سے حملہ کرنیوالا (۲) تیز رفتار ۳۔ چالاک ۴۔ گھوڑے کی صفت
سُبک تازی: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک تاز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک جان: [ف۔ صف] دیکھئے "سُبک بار / بال"
سُبک جانی: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک باری / بالی"
سُبک خیز: [ف۔ صف] چُست و چالاک۔ تیز رفتار
سُبک خیزی: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک خیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سُبک دست: [ف۔ صف] تیز دست۔ تیز کام کرنیوالا۔ چابک دست۔ کاریگر
سُبک دستی: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک دوش: [ف۔ صف] جس کے پاس کچھ بوجھ نہ ہو۔ ہلکا پھلکا۔ مجرد۔ بری الذمہ۔ فارغ۔
سُبک دوشی: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک دوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک رفتار / رَو: [ف۔ صف] تیز رفتار۔ تیز چلنے والا۔
سُبک رفتاری / روی: [ف۔ امث] دیکھئے "سُبک رفتار / رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک رُوح: [فع۔ صف] مسرُور۔ خوش۔ لطیف۔ مطمئن۔
سُبک رُوحی: [فع۔ امث] دیکھئے "سبک رُوح" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک سار: [ف۔ صف] ۱۔ فارغ البال۔ بے تعلق (۲) بے وقار۔ کم قیمت۔
سُبک ساری: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک سار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک سر: [ف۔ صف] کمینہ۔ اوچھا۔ بے حوصلہ۔ بے عزت۔ بے وقار۔
سُبک سری: [ف۔ امث] دیکھئے "سُبک سر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک سیر: [ف۔ صف] تیز رفتار۔ تیز چلنے والا
سُبک سیری: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک سیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سُبک عنان: [ف۔ صف] تیز جانے والا (گھوڑا یا ہرکارہ)
سُبک کرنا: [ار۔ محاورہ] شرمندہ کرنا۔ بے عزت کرنا۔
سُبک گام: [ف۔ صف] تیز قدم۔ تیز رفتار۔
سُبک گامی: [ف۔ امث] دیکھئے "سُبک گام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُبک گزرنا: [ار۔ محاورہ] عمر کا آرام سے گزرنا۔
سُبک مزاج: [فع۔ صف] متلوّن مزاج
سُبک مزاجی: [فع۔ امث] دیکھئے "سبک مزاج" جسکا یہ اسم کیفیت ہے
سُبک مشرب: [فع۔ صف] اوچھا۔ کمینہ
سُبک مشربی: [فع امث] دیکھئے "سبک مشرب" جسکا یہ اسم کیفیت ہے
سُبک مغز: [فع۔ صف] بے وقوف احمق۔ بے وقار
سُبک مغزی: [فع۔ امث] دیکھئے "سبک مغز" جس کا یہ کیفیت ہے۔

سُبک وَضع: [ف۔ صف] بدوضع۔ اوچھا
سبک وَضعی: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک وضع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سبک ہمت: [ف۔ امث] کم حوصلہ۔ کم ہمت
سبک ہمتی: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک ہمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سبک ہونا: [ار محاورہ] ۱۔ ہلکا ہونا۔ فارغ ہونا۔ بری الذمہ (۲) بے وقعت ہونا۔ حقیر ہونا۔
سُبکنا: [ار مص] سسکی بھرنا۔ سسکنا **سُبکی**: [ف۔ امث] دیکھئے "سبک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ **سُبکی**: [ار۔ امث] ہچکی۔ سسکی
سُبکیاں بھرنا/ لینا: [ار محاورہ] رونے کے بعد ہچکیاں لینا۔

سَبَل: [ع۔ اِمذ] آنکھ کی ایک بیماری۔ موتیا بند (۲) اناج کی بال (۳) بارش زمین پر گرنے سے پہلے۔
سُبُل: [ع۔ اِمذ] دیکھئے "سبیل" جس کی یہ جمع ہے۔
سَبَل: [ھ۔ اِمذ] آلہ لقب زنی
سَبَل: [س۔ ا۔ صف] قوی مضبوط۔ طاقتور (۲) چست۔ چالاک
سَبلا: [ار منتق بفعل۔ ق] سبکو
سَبلائی: [ھ۔ امث] طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور
سَبلیاں: [ار۔ صف ق] سب۔ کل۔ تمام
سَبُو: [ف۔ اِمذ] گھڑا۔ مٹکا (۲) پیالہ۔ گلاس
سَبوتاژ: [انگ۔ اِمذ] sabo tage تخریب۔ شرارت۔ توڑ پھوڑ۔
سَبوچہ: [ف۔ اِمذ] دیکھئے "سبو" جس کی یہ تصغیر ہے
سَبلور: [ار۔ صف۔ ق] لبریز
سَبلورا: [ار۔ اِمذ] عربی صابورا کا بگاڑ۔ وہ چرمی آلہ جس سے عورتیں چپٹی کھیلتی ہیں۔
سَبُوس: [ف۔ اِمذ] بھوسی ۲۔ سر کی خشکی
سَبُوسہ: [ف۔ امث] سر کے بالوں کی خشکی۔ سیکری۔
سُبھ: [ھ صف] مسعود۔ مبارک۔ نیز دیکھئے "شبھ"
سُبھ گھڑی: [ھ۔ امث] مبارک وقت
سُبھ لگن: [ھ۔ اِمذ] دو نیک ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہونا۔ قران السعدین
سَبھا: [ھ۔ امث] ۱۔ مجلس۔ انجمن محفل۔ بزم۔ جماعت۔ جتھا۔ پنچایت۔ اکھاڑہ۔ ۲۔ کونسل۔ انجمن۔ مشاورت (۳) بادشاہ کا دربار۔ پرلوی کونسل (۴) عدالت ۵۔ ملاقات کا کمرا (۶) صبح کا درشنی دربار (۷) قمار خانہ (۸) وہ جگہ جہاں لوگ عام طور پر جائیں۔ (۹) جگہ۔ مقام۔ سرائے۔
سَبھاسَد: [ھ صف۔ ق] شریک جلسہ
سبھا کی چوکی ڈومنی اور ڈال کا چوکا بندر برابر: [ار مثل] ڈومنی جو محفل میں تال سُر سے چوک جاتے اور بندر جو ٹہنی نہ پکڑ سکے۔ سنبھل نہیں سکتے۔
سُبھاگ: [س۔ اِمذ] خوش نصیبی۔ اقبال مندی
سُبھاگی: [س۔ امث] خوش نصیب۔ اقبال مند۔ امیر۔ دولت مند۔
سُبھاؤ: [س۔ اِمذ] اچھی عادت۔ اچھا برتاؤ۔ خوش اخلاقی (۲) عادت۔ خو۔ ڈھنگ۔ طریقہ
سُبِنا/ سُبِھیتا: [ھ۔ اِمذ] ۱۔ مبارک وقت۔ وقت مسعود (۲) اچھا موقع/ وقت/ موسم، موقع۔ وقت (۳) فرصت۔ چھٹی (۴) اطمینان (۵) امن اور خوش حالی کا زمانہ (۶) امن۔ چین آرام۔ آسانی۔ خوش حالی۔

سَبِیل: [ع۔ صف] رستہ، راہ (۲) تدبیر۔ طریقہ (۳) ذریعہ۔ وسیلہ۔ سبب۔ ۴۔ پانی۔ شربت۔ دودھ۔ برف جو محرم کے موقع پر لوگوں کو دیا جاتا ہے۔ ۵۔ وہ جگہ جہاں پانی وغیرہ پلایا جائے۔
سبیل پکارنا: [ار محاورہ] لوگوں کو آواز دے کر بتانا کہ سبیل لگی ہوئی ہے۔
سبیل پلانا: [ار۔ محاورہ] پانی یا شربت کا ذخیرہ جو شارع عام پر رکھا جائے اور راہگیروں کو پلایا جائے۔
سبیل پینا: [ار محاورہ] پانی یا شربت پینا۔
سبیل رکھنا: [ار۔ محاورہ] کسی جگہ پیاسے راہگیروں کے پینے کے لیے پانی کا ذخیرہ اور گلاس وغیرہ کا انتظام کرنا۔
سبیل کرنا: [ار۔ محاورہ] طریقہ۔ ڈھنگ وغیرہ نکالنا۔
سبیل لگانا: [ار۔ محاورہ] پیاسوں کے لیے پانی وغیرہ رکھنا۔
سبیل لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سبیل لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سبیل نکالنا: [ار۔ محاورہ] طریقہ نکالنا۔ وسیلہ بنانا۔
سبیل نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سبیل نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

س — پ

سِپا: [ھ۔ اِمذ] ۱۔ سیب کا نصف ٹکڑا (۲) ڈھنگ۔ ڈھب (۳) نشانہ (۴) مطلب (۵) فاصلہ
سپا بیٹھنا: [ار محاورہ] کام مرضی کے مطابق ہو جانا۔
سپا لڑانا: [ار محاورہ] ڈھنگ ڈالنا۔ ہتھکنڈے لگانا۔ اچھا تعلق قائم کرنا۔
سپا لڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سپا لگانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) رسائی ہونا۔ موقع ملنا۔ آشنائی ہونا۔
سپا لگانا/ مارنا: [ار محاورہ] ۱۔ نشانہ لگانا۔ پھندا لگانا۔ جال ڈالنا۔
سپا لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سپا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سپاٹ: [ہ۔ صف] ۱۔ ہموار۔ برابر۔ مسطح (۲) صاف سادہ جس کے کنارے اونچے نہ ہوں۔ کپڑا، کاٹھی وغیرہ۔
سپاٹا: [ہ۔ اِمذ] جھپٹ۔ کود۔ چھلانگ (۲) دلیسی دوڑ (۳) تیز کوچ ۴۔ سیر۔ سیر تماشا۔
سپاٹا بھرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ چھلانگ مارنا (۲) اڑ جانا۔
سپاٹا لگانا یا مارنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دور تک دوڑنا (۲) پرندے کا اڑ جانا ۳۔ لمبا کوچ کرنا۔
سُپارا: [ھ۔ اِمذ] (لکھنؤ) سر ذکر
سِپارش: [ف۔ امث] دیکھئے "سفارش" جو زیادہ مشہور ہے۔
سَپارو: [ھ۔ اِمذ] (پنجاب) سر ذکر۔ قضیب
سِپارہ: [ف۔ اِمذ] سی پارہ/ سیپارہ کا مخفف۔
سَپاری: [ہ۔ امث] ۱۔ چھالیا۔ ڈلی۔ ایک درخت کا پھل ہے جو بیر کے مطابق مگر انتہائی سخت ہوتا ہے اسے کتر کر پان کے ہمراہ چباتے ہیں (۲) سر ذکر۔
سِپاس: [ف۔ اِمذ] ۱۔ شکرگزاری۔ شکریہ (۲) تعریف۔ ثنا (۳) مہربانی۔ عنایت۔
سپاس دار/ گزار: [ار صف] شکرگزار۔ مداح۔ تعریف کرنے والا۔
سپاس داری/ گزاری: [ف۔ امث] دیکھئے "سپاس دار/ گزار"

جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سپاس نامہ: [ف۔ اند] ایڈریس / اڈریس
کسی کی خدمت کے اعتراف و تشکر میں پیش کی جانیوالی تحریر۔
سپاسی: [ف۔ اند] فقیر۔ گدا۔ بھیک منگا
سپاہ: [ف۔ امث] فوج۔ لشکر۔ عسکر
سپاہ دار / سالار: [ف۔ اند] فوج کا افسر اعلیٰ۔ جرنیل
سپاہ سالاری: [ف۔ امث] سپاہ سالار کا کام۔ سپہ سالار کا عہدہ۔
سپاہ گری: [ف۔ امث] سپاہی کا کام / پیشہ
سپاہ گری کے تیس فن ہیں: [ار مثل] سپہ گری بہت مشکل ہے۔
سپاہی: [ف۔ اند] فوجی آدمی۔ ملازم۔ پولیس۔ چپراسی۔ پیادہ
سپاہی کو ڈھال دھرنے کی جگہ چاہیئے: [ار مثل] سپاہی کو ذرا سا موقع ملے تو کام بنا لیتا ہے۔
سپاہی کی جورو ہمیشہ رانڈ: [ار مثل] سپاہی اپنی بیوی کے پاس بہت کم رہتا ہے۔
سپاہی کی روٹی سر پیچھے کی: [ار مثل] سپاہی کی کمائی جان کو خطرے میں ڈال کر حاصل ہوتی ہے۔
سپاہیانہ: [ف صف] سپاہی کی طرح
سپایہ: [ف۔ اند] تپائی۔ تین پایوں والی میز (۲) رسالہ
سپر: [ف۔ امث] ڈھال پھری (۲) آڑ۔ روک (۳) پناہ۔ حفاظت۔ محافظ۔ مددگار
سپر انداختہ [ف۔ صف] سپر پھینکنے والا ہار ماننے والا۔ عاجز
سپر انداز: [ف۔ صف] وہ شخص جو سپر پھینک دے اور ہار مان لے
سپر اندازی: [ف۔ امث] دیکھئے "سپر انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سپر پھینکنا: [ار۔ محاورہ] ہتھیار ڈال دینا۔ ہار مان لینا۔ مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا
سپر ڈال دینا / ڈالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سپر پھینکنا"
سپرداری: [ف۔ امث] حفاظت کرنا۔ بچانا (افعال کرنا۔ لینا دینا)
سپر زر و جواہر سے بھر دینا: [ار۔ محاورہ] بہت انعام و اکرام دینا۔
سپر سنبھالنا: [ار۔ محاورہ] ڈھال کو تلوار کی زد پر لانا۔
سپر کی اوجھڑ لگانا: [ار۔ محاورہ] سپر سے چوٹ لگانا۔ سپر سے دھکیل دینا
سپر منہ پر لینا: [ار۔ محاورہ] ڈھال حفاظت کے لیے اٹھانا۔
سپرٹ: [انگ۔ امث] (SPIRIT) روح (۲) جذبہ (۳) شراب کی روح جو دوا اور جلانے کے کام آتی ہے۔
سپرد: [ف صفت] کسی کے قبضے میں دیا ہوا۔ کسی کے حوالے کیا ہوا۔
(۲) مث۔ حوالہ۔ تحویل۔ رکھوالی۔ سپردگی۔ امانت۔
سپرد کرنا: [ار مص مرکب] حوالے کرنا۔ تحویل یا قبضے میں دینا (۲) سونپنا۔ حراست میں دینا۔ (۳) (سشن) عدالت سشن میں مقدمہ سماعت کے لیے بھیجنا۔
سپردگی: [ف۔ امث] تحویل۔ تفویض (۲) حراست۔ حوالات۔
سپردگی میں لانا: [ار محاورہ] قبضے میں لینا۔ تحویل میں لینا۔
سپردگی میں لینا: [ار محاورہ] حراست میں لینا۔ قبضے میں لینا۔
سپردم بتو مایۂ خویش را تو دانی حساب کم و بیش را: [ف مقولہ] ایسے موقع پر کہتے ہیں۔ جہاں کوئی کام دوسرے کے سپرد کیا جائے۔

سپرد نامہ: [ف۔ اند] سپردگی کی تحریر
سپردنی: [ف۔ امث] وہ چیز جو قابل سپرد ہو۔
سپرد داری: [ف۔ امث] ۱۔ وہ چیز جو سپرد کی جائے۔ امانت۔ ۲۔ تحویل۔ قبضہ
سپردہ: [ف صفت] سپرد کیا ہوا۔ حوالہ کیا ہوا۔ امانت میں رکھا ہوا۔
سپرد ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سپرد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سپردی: [ف۔ امث] دیکھئے "سپرد داری"
سپردار / سپردائی: [ھ۔ امث] وہ لوگ جو ناچنے والیوں کیساتھ ساز بجائیں۔
سپرنٹنڈنٹ: [انگ۔ اند] مہتمم۔ سربراہ کار۔ ناظم۔ بعض محکموں میں افسر اعلیٰ جیسے پولیس اور ڈاک خانہ کے محکمہ میں ضلع کا اعلیٰ انتظامی افسر۔
سپرنگ [انگ۔ اند] کمانی۔ لچک spring
سپروائزر: [انگ۔ اند] نگران۔ داروغہ۔ مہتمم۔ بعض محکموں میں ایک افسر
سپریم: [انگ صف] supreme اعلیٰ۔ سب سے بڑا۔ افضل۔ بہترین۔
سپریم کورٹ [انگ۔ اند] supreme court کسی ملک کی سب سے بڑی عدالت۔
سپڑانا: [ھ۔ محاورہ] ختم کرنا۔ خرچ کرنا۔ استعمال کر کے ختم کر دینا (۲) پکڑنا۔ گرفتار کرنا۔ پھنسانا۔
سپڑ جانا / سپڑنا: [ھ محاورہ] دیکھئے "سپڑانا" جس کا یہ لازم ہے
سپڑ سپڑ: [ہ۔ امث] کتے کے کھانے کی آواز (۲) کنایۃً بے تمیزی سے کھانے کی آواز۔
سپڑ سپڑ کر کے کھانا: [ار۔ محاورہ] بے تمیزی سے کھانا
سپستان [ہ۔ اند] لسوڑا۔ لسوڑی
سپلائی: [انگ۔ امث] supply فراہمی۔ بہم رسانی۔ رسد۔
سپلک [ار۔ امث۔ ت] چھپکلی
سپن [ھ۔ اند] سپنا۔ خواب۔ عالم رؤیا (۲) خیال۔ وہم
سپند: [ف۔ اند] کالا دانہ جسے بالعموم عورتیں نظر بد دور کرنے کے لیے کسی پر سے اتار کر آگ میں ڈالتی ہیں۔
سپندی: [ف۔ امث] دکھتی آنکھوں کو سپند جلا کر دھونی دینا۔
سپنڈ: [س۔ اصف] ایک پنڈ والے۔ ہندوؤں میں سات پشت تک کے رشتہ دار (۲) بزرگ جو پنڈ کا حقدار ہو۔
سپنڈا / سپنڈی: [ھ صفت] دیکھئے "سپنڈ"
سپنڈ: [ھ صفت] خولہ رت بدن والا حسین۔ خوبصورت مضبوط۔ قوی زور آنا
سپوت: [ہ۔ اند] فرمانبردار بیٹا۔ فرزند رشید
سپوتائی: [ھ امث] فرمانبردار بیٹا ہونا۔ فرمانبرداری
سپوتوں کے کپوت۔ کپوتوں کے سپوت: [ار مثل] نیکوں کی اولاد بد اور بدوں کی اولاد نیک ہوتی ہے۔
سپوتی: [ھ۔ امث] وہ عورت جو صاحب اولاد ہو۔
سپوتی روئے ٹوکوں کو۔ نپوتی روئے پوتوں کو: [ار مثل] اولاد والی روٹیوں کے ٹکڑوں کے لیے روتی ہے۔ بے اولاد، اولاد کے لیے روتی ہے۔ دنیا میں مطمئن کوئی نہیں۔
سپورٹس: [انگ۔ اند] sports کھیل۔ تفریح
سپورن: [ھ۔ اند] دیکھئے "سمپورن" جو صحیح ہے۔

سپلولا / سپلولیا: [ھ ۔ اند] سانپ کا چھوٹا بچہ۔
سپہ: [ف ۔ امث] دیکھئے "سپاہ" جس کا یہ مخفف ہے۔ مع مرکبات و محاورت کے
سپہر: [ف ۔ اند] تیسرا پہر
سپہر: [ف ۔ اند] آسمان ۔ فلک ۔ سما۔
سپھل: [س ۔ صف] ۱۔ پھلدار ۔ پھلا ہُوا۔ ثمردار (۲) نفع دینے والا۔ فائدہ مند مفید۔ ۳۔ کامیاب ۔ ماہر ۴۔ مُبارک (۵) پُورا ہُوا ہُوا۔ (افعال: ہونا۔ کرنا)
سپیچ: [انگ ۔ امث] SPEECH تقریر خُطبہ ۔ بیان
سپید: [ف ۔ اصف] دیکھئے سفید جو زیادہ مشہور اور مروج ہے مع مرکبات۔
سپیدہ: [ف ۔ اند] صبح صادق کی روشنی (۲) سفید سفوف جو منہ پر لگاتے ہیں یا بچوں کی پُر آشوب آنکھوں میں لگاتے ہیں (۳) سفید رنگ جو تصویروں یا ڈرائنگ کے ماڈلوں میں بھرتے ہیں۔
سپیدی: [ف ۔ اند] ۱۔ دیکھئے "سفیدی" ۲۔ جلدی (کہاروں کی اصطلاح)
سپیڈ: [انگ ۔ امث] speed رفتار ۔ چال ۔ تیزی
سپیڈومیٹر: [انگ ۔ اند] speedometer آلہ رفتار نما۔ آلہ / گھڑی جو گاڑیوں میں رفتار کو ظاہر کرتی ہے۔
سپیرا: [ھ ۔ اند] سانپ پکڑنے اور سانپ کا تماشا دکھلانے والا۔
سپیرا سانپ ہی خریدتا ہے: [ا ۔ مثل] ہر شخص اپنے مطلب کی چیز لیتا ہے۔
سپیشل: [انگ ۔ اند] special خاص مخصوص
سپیشلسٹ: [انگ ۔ اند] specialist ماہر خصوصی۔
سپیکر: [انگ ۔ اند] speaker تقریر کرنے والا ۔ بولنے والا (۲) مجلس قانون ساز کا صدر / سربراہ / نگران

س ــــ ت

ست: [ھ ۔ اند] زور ۔ بل ۔ طاقت (۲) دوا کا جوہر (۳) سات کا مخفف۔ (۴) ایمان ۔ دھرم (۵) سچ ۔ صحیح (۶) خلاصہ لُبِ لباب (۷) پاکدامنی۔ پرہیزگاری ۔ عصمت و عفت (۸) مضبوطی ۔ پختگی
ست بچن: [ھ ۔ اند] درست بات ۔ صحیح قول ۔ سچا قول
ست بچن کا نوکر: [ھ ۔ اند] خوشامدی ۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔
ست بچنیا / بچنیا: [ھ ۔ اند] دیکھئے "ست بچن کا نوکر"
ست بجھڑا / رناجا: [ھ ۔ اند] سات اناجوں کا مرکب (۲) ملا جلا ۔ دوغلا مخلوط النسل (۳) وہ سالن جس میں بہت سی ترکاریاں، سبزیاں ملی ہُوئی ہوں۔
ست پتی: [ھ ۔ امث] سات بیٹوں کی ماں ۔ کثیر الاولاد عورت۔
ست پتی / خصمی: [ھ ۔ امث] وہ عورت جس نے ساتواں خاوند کیا ہو ۔ جو ساتویں خاوند کے گھر میں آباد ہو رہی ہو۔
ست پر چڑھنا: [ھ ۔ محاورہ] ایمان قائم ہونا (۲) پاک دامن ہونا۔ ستی ہونے پر تیار ہونا۔
ست پر رہنا: [ھ ۔ محاورہ] ایمان دھرم پر قائم رہنا ۔ باعصمت رہنا
ست جگ: [ھ ۔ اند] ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق دُنیا کی زندگی کے چار زمانوں میں سے سب سے پہلا اور بہترین زمانہ جس میں صداقت اور دیانت کا دَور دَورہ تھا۔
ست چڑھنا: [ا ۔ محاورہ] دلولہ پیدا ہونا ۔ پاک دامنی کا جذبہ بڑھ جانا۔ ستی ہونے کے لیے تیار ہونا ۔ اور اس سلسلہ میں جوش بڑھنا۔
ست چھوڑ دینا: [ا ۔ محاورہ] ہمت ہارنا ۔ حوصلہ پست ہونا
ست ڈگنا / ڈولنا: [ا ۔ محاورہ] ایمان جانا ۔ دُوسرا مذہب اختیار کرنا ۔ حوصلہ نہ رہنا۔
ست سیتا: [ھ ۔ صف] پارسا ۔ باعصمت عورت
ست سری اکال: [ھ ۔ اند] سکھوں کا نعرہ یا سلام لفظی معنی ہیں ۔ خدا سچا ہے
ست کرنا: [ھ ۔ محاورہ] پورا کرنا ۔ سچا کرنا ۔ تصدیق کرنا
ست کی باندھی: [ھ ۔ امث] بات کی پکی / ایمان پر قائم عورت۔
ست لڑا: [ھ ۔ اند] سات لڑی کا رسا یا رسی (۲) سات لڑی کا ہار۔
ست ناجا / نجا: [ا ۔ محاورہ] جس میں سات اناج یا سات قسم کے غلے ملے ہُوئے ہوں مرکب مخلوط
ست نکالنا: [ا ۔ محاورہ] جوہر نکالنا ۔ رُوح کھینچنا۔
ست نکل جانا / نکلنا: [ا ۔ محاورہ] طاقت نہ رہنا ۔ دم نہ رہنا ۔ تھک جانا ۔ ہار جانا ۔ دولت نہ رہنا۔
ست والنا / مانا: [ھ ۔ صف] ۱۔ وہ بچہ جو حمل کے ساتویں مہینے پیدا ہو (۲) حمل کے ساتویں مہینے کی ایک رسم۔
ست ونتا: [ھ ۔ صف] سچا ۔ صادق ۔ راستباز (۲) نیک صالح ۔ بھلا مانس۔
ست ونتی: [ھ ۔ امث] دیکھئے "ستونتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ست ہار دینا: [ا ۔ محاورہ] ہمت ہار دینا ۔ تھک جانا (۲) بوڑھا ہو جانا۔
ست ہی ست پر جان ہونا: [ھ ۔ محاورہ] بہت کمزور ہونا۔
سُت: [ھ ۔ اند] لڑکا ۔ بیٹا ۔ پوت
سُتا: [ھ ۔ امث] دیکھئے "سُت" جس کی یہ تانیث ہے۔
ستا: [ا ۔ اند] ۱۔ گنجفہ یا تاش کا وہ پتا جس پر سات نشان بنے ہوتے ہیں (۲) پانسے کے سات چھتے (۳) پچیسی کی وہ کوڑیاں جو چت پڑیں۔
ستار: [ا ۔ اند] اصلاً سہ تار تھا، کیونکہ شروع میں اس میں تین تار ہوتے تھے ۔ مگر اب تین کی قید نہیں، ایک تار کا ساز جسے مضراب سے بجایا جاتا ہے ۔ مشہور روایت کے مطابق امیر خسرو کی ایجاد ہے۔
ستار اتارنا: [ا ۔ محاورہ] ستار کے کھنچاؤ کم کرنا ۔ ستار کے تار ڈھیلے کرنا۔
ستار باز: [ف صف] ستار بجانے والا ۔ ستار نواز۔
ستار بازی: [ف ۔ امث] دیکھئے "ستار باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ستار بجانا / چھیڑنا: [ا ۔ روزمرہ] ستار سے آواز پیدا کرنا۔
ستار نواز: [ف صف] دیکھئے "ستار باز"
ستار نوازی: [ف ۔ امث] دیکھئے "ستار بازی"
ستّار: [ع ۔ ا ۔ مبالغہ] ۱۔ پردہ پوش ۔ عیب چھپانے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
ستارہ / ستارہ: [ف ۔ اند] ۱۔ ان کرّوں میں سے ایک جو رات کو آسمان پر قمقمے کی طرح چمکتے نظر آتے ہیں ۔ نجم کوکب (۲) طالع ۔ قسمت (۳) وہ سفید نشان جو گھوڑے کی پیشانی پر ہوتا ہے ۔ اگر یہ نشان ماتھے کے انگوٹھے کے نیچے آ جائے تو ستارہ کہلاتا ہے اور منحوس خیال کیا جاتا ہے ۔ اگر اس

سے بڑا ہو لو ستارہ نہیں (۴) چاندی وغیرہ کا چھوٹا گول ٹکڑا جو جوتے پر لگاتے ہیں (۵) افشاں کا گول ٹکڑا (۶) زنجیر کا گول ٹکڑا (۷) بندوق کی ٹوپی کا گول اور سفید حصہ (۸) ایک قسم کی آتشبازی (۹) پنج یا شش پہلو نشان جو عموماً ہلال کی تصویر میں بناتے ہیں۔

ستارہ اُبھرنا: [ا ر۔ محاورہ] ستارہ نمودار ہونا یا طلوع ہونا

ستارہ اچھا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] قسمت اچھی ہونا۔ نصیبہ یاور ہونا۔

ستارہ اوج پر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] اقبال بلند ہونا۔ خوش قسمتی کا زمانہ ہونا

ستارہ اوپر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] عروج ہونا۔ نصیبہ یاور ہونا۔

ستارہ برگشتہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] بداقبالی کا زمانہ ہونا۔ قسمت کا خلاف ہونا

ستارہ بلند ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ستارہ اوج پر ہونا"

ستارہ بھاری ہونا: [ا ر۔ محاورہ] نحوست کا زمانہ ہونا۔

ستارہ بیں / دان: [ف۔ صف] ستاروں کی چالوں سے آئندہ حالات کا اندازہ کرنے والا۔ نجومی۔ منجم

ستارہ بینی / دانی: [ف۔ امث] نجومی کا کام۔ تنجیم۔

ستارہ پیشانی / جبیں: [ف صف] وہ گھوڑا جس کی پیشانی پر ستارہ ہو۔ تشریح کے لیے۔ دیکھئے "ستارہ" کے معنی ۸

ستارہ ٹوٹنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ چمکیلے ستارے کا رات کو آسمان سے گرتے نظر آنا (۲) گھوڑے کی ضرب سے بندوق کی ٹوپی کا ستارہ ٹوٹنا اور بندوق چلنا۔

ستارہ جھلملانا: [ا ر۔ محاورہ] رات کے آخر وقت میں ستاروں کا خفیف سی جنبش کرتے ہوئے معلوم ہونا۔ **ستارہ چڑھنا:** [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ستارہ اُبھرنا"

ستارہ چشم: [ف۔ صف] ستارے جیسی آنکھوں والا۔

ستارہ چمکنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ اقبال یاور ہونا۔ قسمت اچھی ہونا۔

ستارۂ دُمدار یا دُنبالہ دار: [ف۔ امذ] وہ ستارہ جس کے پیچھے روشنی کی لمبی سی لکیر معلوم ہوتی ہے۔

ستارہ سازگار ہونا: [ا ر۔ محاورہ] طالع یاور ہونا۔

ستارہ سنبلہ میں ہونا: [ا ر۔ محاورہ] بداقبالی کا زمانہ ہونا۔

ستارہ شناس: [ف۔ امث] دیکھئے "ستارہ بیں / دان"

ستارہ شناسی: [ف۔ امذ] نجوم

ستارہ صبح / سحری: [ف۔ امذ] صبح کا ستارہ۔ زہرہ

ستارہ غالب آنا: [ا ر۔ محاورہ] ایک کا دوسرے پر غالب آنا۔ فتح پانا۔

ستارہ غروب ہونا / ڈوبنا: [ا ر۔ محاورہ] ستارہ کا چھپ جانا (۲) بداقبالی ہونا

ستارہ کی نظر سیدھی ہونا: [ا ر۔ محاورہ] اقبال یاور ہونا۔

ستارہ گردش میں آنا / ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ستارہ برگشتہ ہونا"

ستارہ ملنا: [ا ر۔ محاورہ] مزاج یا طبیعت موافق ہونا۔ راس ملنا۔

ستارہ نکلنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ستارہ اُبھرنا"

ستارہ نیک ہونا: [ا ر۔ محاورہ] طالع اچھا ہونا

ستاری: [ف صف امث] دیکھئے "ستار" جس کا اسم کیفیت ہے۔

ستاری: [ا ر۔ امث] دیکھئے "ستار" جس کی یہ تصغیر ہے۔

ستاری بولنا: [ا ر۔ محاورہ] ستاری کا بجنا

ستاری کے بول: [ا ر۔ امذ] وہ آواز جو ستاری سے نکلتی ہے۔

ستاری / ستالی: [ہ۔ امث] چماروں / موچیوں کے ایک اوزار کا نام جس سے چمڑے میں چھید کرتے ہیں۔

ستاریا: [ا ر۔ صف] ستار بجانے والا۔

ستاسی: [اسی اور سات کا مجموعہ (۸۷) (ہ۔ ا ر۔ ا۔ عدد)

ستان: [ف لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر ستاندن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بناتا ہے اور لینے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جان۔ بستان (۲) امذ۔ آستان کا مخفف

ستانا: [ا ر۔ متعدی] تکلیف دینا۔ رنج دینا (۲) حیران کرنا۔ پیچھے پڑنا۔

ستانوے: [ا ر۔ اعداد] نوے اور سات کا مجموعہ۔ سو سے تین کم (۹۷)

ستاور: [ہ۔ امذ] ایک نباتی دوا جو موٹاپا لانے میں مدد دیتی ہے (بوزیدان)

ستاون: [ا ر۔ عدد] پچاس اور سات کا مجموعہ (۵۷)

ستار: [ہ۔ ا ر۔ امذ] مانجھے کے سوتنے کا عمل سُوتنا

ستائیس: [ا ر۔ عدد] بیس اور سات کا مجموعہ (۲۷)

ستائیسواں: [ا ر۔ عدد ترتیبی] ترتیب میں چھبیسویں کے بعد۔

ستائش: [ف۔ امث] تعریف۔ حمد۔ ثنا (۲) سراہنا۔ تعریف کرنا۔ توصیف۔ شکر۔ سپاس

ستائش گر: [ف صف فاعلی] تعریف کرنے والا۔ مداح

ستائش گری: [ف۔ امث] دیکھئے "ستائش گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ستتر: [ا ر۔ عدد] ستر اور سات کا مجموعہ

ستد: [ف۔ امث] لین۔ لینا

ستر: [ع۔ امذ] ۱۔ چھپانا۔ پردہ۔ پوشش۔ پوشیدگی

ستر: [ع۔ امذ] عورت یا مرد کے جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا شرعاً واجب ہے۔ شرمگاہ

ستر پوش: [عف صف] وہ چیز / کپڑا وغیرہ جس سے ستر چھپایا جائے۔

ستر پوشی: [عف۔ امث] دیکھئے "ستر پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ (ستر چھپانا)

ستر چھپانا / ڈھانکنا: [ا ر۔ محاورہ] ستر پر کپڑا ڈالنا۔

ستر دکھانا: [ا ر۔ محاورہ] اپنی شرمگاہ کسی کو دکھانا۔

ستر دیکھنا: [ا ر۔ محاورہ] کسی کی شرمگاہ دیکھنا۔

ستر عورت: [ع۔ امذ بترکیب فارسی] عورت کی شرمگاہ۔ شرمگاہ کو چھپانا۔

ستر: [ا ر۔ عدد] ۱۔ ساٹھ اور دس کا مجموعہ (۲) کثرت ظاہر کرنے کیلئے بولتے ہیں۔ کثیر۔ بہت

ستر دو بہتر: [ا ر۔ صفت] کثیر۔ بہت سے

ستر چوہے کھا کے بلی حج کو چلی: [ا ر۔ مثل] اس شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ جو ساری عمر گناہ کر کے آخر میں تائب ہونا ظاہر کرے / تائب ہونے کا دعویٰ کرے۔

ستر سنانا: [ا ر۔ محاورہ] بہت برا بھلا کہنا۔

ستر کان بہتر جھول: [ا ر۔ مثل] خراب سلے ہوئے کپڑے کی نسبت کہتے ہیں ٹیڑھا اور جھول والا کپڑا۔

ستر گز کی پگڑی اور سر ننگا: [ا ر۔ مثل] امیری میں فقیری۔ بدسلیقگی

ستر ہزار: [ا ر۔ صف] بہت کثیر۔ بے شمار

ستر بہترا: [ا ر۔ صف] پیرانہ سال۔ بہت بوڑھا جس کی عقل بڑھاپے کے سبب ماری جائے۔

سترگ: [ف صف] بزرگ۔ بڑا۔ کلاں

سَترَنگ: [ف۔ اند] ۱۔ شطرنج (۲) ایک قسم کا پودا۔
سَتَرو: [ہ۔ اند] دُشمن۔ عدو
سَتَّروَاں: [ار، صف] ترتیب میں اُنہتر کے بعد کا درجہ (۶۹ کے بعد کا درجہ)
سَتَّروِیں: [ار، صف] دیکھیے "ستروان" جس کی یہ تانیث ہے۔
سُترَہ: [ع۔ اند] لکڑی یا کوئی چیز جو نماز پڑھتے وقت آگے رکھتے ہیں تاکہ آگے سے گزرنے والے کو رُکاوٹ نہ ہو (۲) اوٹ۔ پردہ۔ آڑ
سَترَہ: [ار، اعدد] دس اور سات کا مجموعہ۔
سَترَھواں: [ار، عدد ترتیبی] ترتیب میں سولہ کے بعد کا درجہ
سَترَھویں: [ار، عدد ترتیبی] دیکھیے "سترھواں" جس کی یہ تانیث ہے۔
سَتَری: [ہ۔ امث] صرافوں / دلالوں کی اصطلاح میں دو روپے کو کہتے ہیں
سَتَری بَہَتَری: [ہ۔ امث] دیکھیے "ستّرا بہترا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سَتَری بَہَتَری باتیں: [ہ۔ امث] بدحواسی کی باتیں جو بہت بوڑھے کرتے ہیں
سُتلی: [ہ۔ امث] ۱۔ سن کی باریک رسّی (۲) اصطلاح صرافاں۔ بیس (۲۰) روپے
سِتَم: [ف۔ اند] ۱۔ ظلم۔ جور۔ تعدی۔ جبر۔ زور (۲) بے انصافی۔ ناحق (۳) غضب۔ قباحت (۴) بے جا بات۔ اندھیر۔
سِتَم آباد: [ف۔ اند] ستم کی جگہ۔ دُنیا
سِتَم اُٹھانا: [ار، محاورہ] ستم برداشت کرنا۔
سِتَم اُٹھنا: [ار، محاورہ] دیکھیے "ستم اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سِتَم اِیجاد: [ف صف] ۱۔ ستم کی بُنیاد ڈالنے والا۔ ظالم (۲) کنایۃً معشوق۔
سِتَم برپا کرنا: [ار، مص مرکب] فساد مچانا۔ آفت لانا۔
سِتَم برپا ہونا: [ار، مص مرکب] دیکھیے "ستم برپا کرنا" جس کا یہ لازم ہے
سِتَم پَروَر: [ف صف] ظالم۔ جفا کار۔ بے انصاف
سِتَم توڑنا: [ار، محاورہ] دیکھیے "ستم ٹوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
سِتَم ٹوٹنا: [ار، محاورہ] ظلم ہونا۔ آفت ہونا۔ مصیبت پڑنا۔
سِتَم ٹوٹے: [ار، کلمہ۔ بددعا] مصیبت آئے / پڑے۔ آفت آئے۔
سِتَم جوتنا: [ار، محاورہ] ۱۔ آفت مچانا۔ فساد کرنا۔ ستم کرنا۔
سِتَم جھیلنا: [ار، محاورہ] ظلم سہنا
سِتَم دیدہ / رسیدہ / زدہ / کش: [ف صف] مظلوم
سِتَم ڈھانا: [ار، محاورہ] ظلم کرنا۔ غضب ڈھانا
سِتَم شِعار: [ف صف] ظالم۔ جسے ظلم کرنے کی عادت ہو۔
سِتَم ظَرِیف: [ف صف] وُہ جو ظرافت کے پردے میں ظلم کرے۔ وُہ جس کی ظرافت میں شوخی و شرارت ہو۔
سِتَم ظَرِیفی: [ف۔ امث] ظرافت کے پردے میں ظلم۔
سِتَم کرنا: [ار، مص مرکب] ۱۔ ظلم کرنا (۲) بُرا کام کرنا۔ قابلِ افسوس کام کرنا۔ ۳۔ کوئی عجیب کام کرنا۔ سِتَم کَش / کَشیدہ: [ف صف] مظلوم
سِتَم کُشتَہ: [ف صف] جو ظلم سے مر جائے
سِتَم کیش / گار / گر / گُستَر: [ف صف] ۱۔ ظالم۔ جفاکار (۲) آسمان کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
سِتَم گاری / گری / وری: [ف۔ امث] ظلم۔ ستم
سِتَم ہونا: [ار، مص مرکب] ۱۔ ظلم ہونا (۲) غضب ہونا (۳) آفت نازل ہونا (۴) افسوس ہونا (۵) شوخ ہونا۔ چالاک ہونا (۶) یکتا ہونا۔
سِتَمبَر: [انگ۔ اند] عیسوی شمسی / سنہ کا نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے
سُتنا: [ہ۔ مص] ۱۔ دُبلا ہونا۔ پتلا ہونا (۲) گڑھے پڑ جانا۔ نُچ جانا۔ کھنچنا۔ سمٹنا۔ ۴۔ سونا۔ آرام کرنا۔ سِتَنگ: [ہ۔ اند] سردی سے شل یا سُن ہو جانا (۲) فالج۔ لوقنگ
سَتُّو: [ہ۔ اند] بھنے ہوئے جَو یا چنے کا آٹا (۲) کسی بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔
سَتُّو باندھ کے پیچھے پڑنا: [ار، محاورہ] سر ہو جانا۔ کسی کام میں توجہ سے محنت کرنا۔
سَتُّو خور: [ار، صف] ۱۔ لونڈے باز۔
سَتُّو گھولنا: [ار، محاورہ] ۱۔ ستو میں میٹھا اور پانی ڈالنا / ملانا (۲) فضول اور بیہودہ باتیں کرنا
سَتُّو مَن مِتُّو کب گھولے کب کھائے کھچڑی مَن مچڑی جھٹ پکائی جھٹ کھائی چل میرا بھائی:
[ار، مثل] غلط بات کو سچ کر دکھانا۔
سَتُّوا: [ہ۔ اند] ۱۔ دیکھیے ستو (۲) بے ریشہ سونٹھ کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔
سُتواں: [ہ۔ صف] پتلی۔ نازک
سُتواں ناک: [ہ۔ امث] پتلی اور نازک ناک۔
سُتوانا: [ہ۔ مصدر] دیکھیے "ستنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
سَتوانسا: [ہ۔ اند] ۱۔ وُہ بچہ جو حمل کے ساتویں مہینے پیدا ہوا ہو (۲) ایک دعوت جو حمل کے ساتویں مہینے زچہ کو اس کے والدین دیتے ہیں۔
سَتُودہ: [ف صف] ۱۔ جس کی تعریف کی جائے۔ جس کی حمد و ثنا کی جائے ۲۔ تعریف / حمد / ثنا کیا گیا (۳) قابلِ تعریف۔ مستحسن۔
سَتُودہ اَخلاق: [ف۔ امث] قابلِ تعریف عادتوں والا۔
سَتُودہ شِیَم یا صفات: [ف صف] وُہ جس میں قابلِ تعریف خوبیاں ہوں۔
سَتُودہ کار: [ف صف] نیک خصلت۔ نیک
سَتُور: [ف۔ اند] چوپایہ۔ لدو جانور۔ گھوڑا۔ گدھا۔ خچر
سَتُورِ لگدزن۔ گِراں بار بہ: [ف مثل] شریر جانور پر زیادہ وزنی بوجھ رکھنا اچھا ہے تاکہ شرارت سے باز رہے۔
سُتُور: [ع۔ اند] جمع سِتر
سُتُون: [ف۔ اند] اُردو میں حرف بالضم لکھا۔ پل پایہ۔ منارہ۔ کھمبا ۲۔ رکن
سُتونِ سفینہ: [ف۔ اند] مستول۔ کشتی کا بلا جس پر بادبان چڑھاتے ہیں۔
سُتونِ فقار: [ف۔ اند] ریڑھ کی ہڈی۔
سُتون ہونا: [ار، محاورہ] کسی جماعت یا تحریک کا ذمہ دار رُکن ہونا۔
سِتّہ: [ع۔ اعدد] چھ
سِتّہ مُتَناسِبہ: [ع۔ اند] حساب کا ایک قاعدہ۔ نسبت برابر۔
سَتھرا: [ہ۔ اند] چٹائی۔ بستر
سُتھرا: [ہ۔ صف] پاک۔ صاف (۲) نفیس۔ خوبصورت (۳) اچھا۔ اعلیٰ (۴) مذ ایک قسم کے فقیر جو ڈنڈے بجاتے اور لوگوں کو تنگ کرکے خیرات لیتے ہیں۔
سُتھراپن: [ہ۔ اند] دیکھیے "ستھرائی" ۱، ۲۔
سُتھرا شاہ: [ہ۔ اند] ایک فقیر جس نے ستھرا نامی فقیروں کے گروہ کی بنیاد ڈالی تھی۔
سُتھرائی: [ہ۔ امث] ۱۔ صفائی۔ نفاست (۲) طبیعت کی صفائی۔ خوش سلیقگی۔ ۳۔ عو۔ جھاڑو

ستھرائی پھرنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "ستھرائی پھیرنا" جس کا یہ لازم ہے
ستھرائی پھیرنا: [ا. محاورہ] جھاڑو دینا. لوٹ لیجانا. برباد کرنا.
ستھرانا: [ہ. مص] ۱. پھیلانا. بکھیرنا (۲) تتر بتر کرنا. منتشر کرنا. پراگندہ کرنا.
ستھراؤ: [ہ. اند] ۱. پھیلانا. بکھیرنا (۲) پھیلاؤ. چھتراؤ. انتشار. ۳. قتل عام. مقتولوں کا ڈھیر (۴) بہت سی عمارتوں کا گر پڑنا.
ستھراؤ پڑنا: [ا. محاورہ] مُردوں کا ڈھیر ہونا. کھیت پڑنا.
ستھراؤ کر دینا / کرنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "ستھراؤ ہو جانا" جس کا یہ متعدی ہے.
ستھراؤ ہو جانا / ہونا: [ا. محاورہ] مردوں کا ڈھیر لگ جانا (۲) مکانوں کا گرنا.
ستھری آواز: [ہ. امث] صاف آواز
ستھری زبان: [ہ. امث] صاف زُباں. میٹھی زُبان. پاک زبان
ستھن: [ہ. امث] پاجامہ
ستھنا: [ہ. اند] ۱. دیکھئے "سُتھن" جس کا یہ مکبّر اور مذکر ہے.
ستھنی: [ہ. امث] دیکھئے "سُتھن" جس کی یہ تصغیر ہے
ستھیا: [ہ. اند] حکیم. وید. آنکھوں کا حکیم. کحّال. ماہر امراض چشم
ستھیا: [ہ. اند] ایک نشان جو ہندو لوگ برکت کے لیے چیزوں اور آدمیوں پر لگاتے ہیں. عموماً سُرخی سے بہیوں کے شروع میں. اور فرش زمین پر شادی کے موقع پر بناتے ہیں. 卐
ستی: [س. اند] خیر انجام. تباہی (۲) دُنیا. تحفہ (۳) ست کا مونث نیک بیوی وُہ بیوی جو اپنے خاوند کی لاش کے ساتھ اپنے آپ کو جلا دے (۴) بیوہ کے جل جانے کا فعل (۵) ستی کی سمادھی یا مڑھی (۶) دو بحروں یا وزنوں کا نام (۷) اعلیٰ خاندانوں کی عورتوں کا لقب (۸ صفت) نیک. پارسا. باعصمت. پاک دامن (۸) وفادار. باوفا.
ستی کرنا: [ہ محاورہ] خاوند کے ساتھ جلانا.
ستی مٹھ یا وار: [ہ. اند] ستی کے جلنے کی جگہ. قبر یا مقبرہ.
ستی ہونا: [ا. محاورہ] دیکھئے "ستی کرنا" جس کا یہ لازم ہے
ستی: [س صفت] بچّہ والا. صاحب اولاد. (۲ مذ) باپ
ستیا: [ہ. اند] طاقت قوّت. زور. بل
ستیاناس: [ہ. اند] تباہی. بربادی. ناس
ستیاناس جانا: [ہ. محاورہ] خراب ہو جانا. ضائع ہو جانا. ٹوٹ پھوٹ جانا.
ستیاناس جائے: [ہ کلمہ بددُعا] برباد ہو جائے. تباہ ہو جائے.
ستیاناس کرنا / کھونا: [ہ محاورہ] برباد و تباہ کرنا. خراب کرنا.
ستیاناس ہونا: [ا. محاورہ] دیکھئے "ستیاناس جانا" جس کا یہ لازم ہے
ستیاناسی: [ہ صفت] ۱. تباہ و برباد ۲. بُرا. خراب. بدکار ہوا. اجاڑ کرنے والا. برباد کرنے والا (۴ امث) ایک خاردار پودا. کٹیلا.
ستیا: [س. امذ] سچ بولنا. سچائی. صدق (۲) خلاصی. اخلاص. بے ریائی. ایک خاص ستی (۴) دُرگا. ۵) سیتا جی.
ستیاپن / پنا: [س. اند] سچ بولنا. تصدیق. سودے کی مضبوطی.
ستیز: [ف. اند] لڑائی. جنگ. فساد. جھگڑا.
ستیزہ گر: [ف صفت] ۱. جھگڑالو (۲) ضدی
ستیزندگی: [ف. امث] دیکھئے "ستیز"
ستیزندہ: [ف. صفت] جھگڑالو. مقدمے باز.
ستیزہ: [ف. اند] دیکھئے "ستیز"
ستیزہ کار: [ف صفت] لڑنے والا. جھگڑالو (۲) جنگی آدمی.
ستیزہ کاری: [ف. امث] دیکھئے "ستیزہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
ستیزہ مست: [ف صفت] لڑائی کا دلدادہ.
ستیہ: [س صفت] سچا راست صادق (۲) اصلی حقیقی (۳) مخلص. بے ریا. دیانت دار (۵) وفادار. باوفا (۶) ٹھیک. درست (۷) نیک پاک. پارسا (۸) پُورا کیا ہُوا. تصدیق کیا ہُوا. ۹ مذ) سچائی راستی. (۱۰) اصلیت. حقیقت (۱۱) نیکی. پارسائی (۱۲) سات لوکوں میں سے اوپر کا لوک (۱۳) چار یُگوں میں سے پہلا یُگ.
ستیہ آگرہ / گرہ: [ہ. امث] ۱. سچا عہد (۲) حکومت کےخلاف پُرامن تحریک.
ستیہ دھرم: [س. اند] سچائی کا قانون. دائمی قانون.
ستیہ ورت: [س صفت] وعدے کا پکا (۲) سچا (۳) دیانتدار. ہمخلص.

س - ٹ

سٹ: [ہ متعلق فعل] فوراً. جلدی سے
سٹ سے: [ہ متعلق فعل] جلدی سے.
سٹ: [ہ. اند] ۱. اتحاد. لگاؤ. تعلق (۲) سازش (۳) تدبیر. ڈھب ۴. تعلق ناجائز.
سٹ سٹ: [ہ. متعلق فعل] ۱. دیکھئے "سٹاسٹ (۲) جلدی جلدی.
سٹ لڑانا: [ا. محاورہ] رابطہ پیدا کرنا. یارانہ گانٹھنا. تدبیر کرنا.
سٹا: [س. امث] جٹا. بال جن کو اکٹھے کر کے ماتھے کی طرف لپیٹ لیں (۲) ینڈھی. شیر کے بال. ایال ۴. سُور کے بال ۵. کلغی. **سٹا**: [ہ. اند] جوار کا خوشہ. بھٹا
سٹا: [ہ. اند] ۱. سودا بیوپار کا (۲) معاہدہ. (۳) تحریری اقرارنامہ. زراعت کے متعلق (۴) ضمانت نامہ (۵) منڈی (۶) دوستی. محبت. ایک قسم کا جوا.
سٹا بٹا: [ہ. اند] خرید و فروخت. لین دین (۲) سودا (۳) سازش. اتحاد. لگاؤ (۴) تعلق ناجائز
سٹا بٹا لڑانا: [ا. محاورہ] سازش کرنا. کارروائی کرنا (۲) تعلق ناجائز پیدا کرنا.
سٹا بہی: [ہ. امث] لین دین کا اقرارنامہ (۲) وُہ بہی جس میں سٹے لکھے جاتے ہیں.
سٹے بازی: [ہ. امث] پیداوار پر شرط لگانا (۲) بعض جگہ سٹہ لگانے کا یہ طریقہ رائج ہے کہ ایک سے سو تک کے عددوں کو کاغذ کے پُرزوں پر لکھ کر ایک گھڑے میں ڈال کر اُسے خوب ہلاتے ہیں. اور لوگوں نے کسی عدد پر شرطیں لگائی ہوتی ہیں. پھر ایک بچّے سے کہتے ہیں کہ ان میں سے ایک پُرزہ نکالے، جو عدد نکل آئے اس پر شرط لگانے والا اپنی لگائی ہوئی رقم کا سو گنا وصول کرتا ہے اور باقی شرط لگانے والوں کی رقوم جن کی شرط نہیں نکلتی ضبط کر لی جاتی ہیں (ترکیب غلط ہے)
سٹے باز: [ہ. اند] پیداوار پر شرط لگانے والا (۲) طریقہ سٹہ بازی پر شرط لگانیوالا.
سٹاف: [انگ. اند] ۱. staff کسی ادارہ کے مُلازم. عملہ
سٹاک: [انگ. اند] stock ۱. ذخیرہ. مال تجارت کا ذخیرہ.

تجارتی کمپنی کا مشترکہ سرمایہ۔
سٹاک ایکس چینج: [انگ۔ اند] stock exchange حصص کی خرید و فروخت اور تجارتی لین دین کا ادارہ۔
سٹال: [انگ۔ اند] stall بازار۔ منڈی یا میلے میں چھوٹی سی دکان۔
سٹالی: [ا۔ امث ق] کاہلی سستی
سٹامپ: [انگ۔ اند] stamp سرکاری ٹکٹ۔ مہر
سٹائل: [انگ۔ اند] style طرز۔ اسلوب۔ ڈھنگ۔ رنگ۔ فیشن
سٹ پٹائے پھرنا: [ا۔ محاورہ] گھبرائے ہوئے پھرنا۔ پریشان و سرگردان پھرنا
سٹپٹا جانا / سٹپٹانا: [ا۔ مص] گھبرا جانا۔ حیران ہونا۔ متعجب ہونا۔ پریشان ہونا۔ اوسان خطا ہونا۔ چھکے چھوٹنا۔ بے چین ہونا۔ بیقرار ہونا۔ جواب نہ بن پڑنا۔
سٹرائک: [انگ۔ اند] strike احتجاج کے طور پر یا کوئی مطالبہ منوانے کے لیے کام بند کر دینا۔ ہڑتال
سٹر پٹر: [ہ۔ امث] متفرق کام۔ چھوٹا موٹا کام۔ معمولی باتیں۔ ذرا ذرا سی باتیں۔ ادھر ادھر پھرنا۔
سٹر پٹر کرنا: [ا۔ محاورہ] چھوٹا موٹا کام کرنا۔ بیکار پھرنا۔
سٹرلنگ: [انگ۔ اند] دیکھئے "اسٹرلنگ"
سٹریچر: [انگ۔ اند] بیمار کے لیے ڈولی۔ وہ تختہ جس پر بیمار کو ڈال کر یا لٹا کر کہیں لے جاتے ہیں۔
سٹ سٹ: [ہ۔ امث] کوڑے یا قمچیاں پڑنے کی آواز (۲) جلد جلد
سٹک: [ہ۔ امث] ا۔ چھوٹا یا پتلا حقہ (۲) چھریرے بدن کی عورت (۳) پتلی چھڑی (۴) پتلا سانپ۔
سٹکا: [ہ۔ امث] حقے میں لگانے کی چھوٹی بندوق (۲) قابل انتظام
سوٹی۔ چھڑی۔
سٹکاری: [ہ۔ صف] نوک دار۔ گاؤ دم
سٹکالا: [ہ۔ اند] اون کی لٹ۔
سٹکانا: [ہ۔ مص] ا۔ چھپا کر غائب کر دینا (۲) مارنا (۳) نا امید کرنا۔ گاؤ دم بنانا۔
سٹکائی: [ہ۔ امث] ا۔ نوکدار یا گاؤ دم چیز کا آخری سرا (۲) غائب ہو جانا (۳) بازار چڑھاؤ۔ ترقی تنزل۔
سٹکنا / سٹک جانا: [ہ۔ مص] چپکے سے چلا جانا۔ روپوش ہونا۔ کھسک جانا
سٹکنا: [ہ۔ مص] آواز کے ساتھ پینا۔ سڑ کنا۔
سٹکنی: [ہ۔ امث] دروازے کی بلی۔ چٹکنی / چٹخنی
سٹلا: [ہ۔ صف۔ اند] بیہودہ۔ کم حیثیت۔ بے تمیز
سٹلا جوتا: [ہ۔ اند] بڑا یا پیچھے سے پھٹا ہوا جوتا
سٹلو: [ہ۔ صف۔ مث] بیہودہ عورت۔ بے سلیقہ عورت۔
سٹلی: [ہ۔ صف۔ مث] دیکھئے "سٹلو"
سٹنا: [ہ۔ مص] ا۔ سازش کرنا۔ مل جانا (۲) جڑ جانا۔ چپک جانا (۳) چھوڑنا (۴) رسی وغیرہ کو جوڑ لگانا۔ گانٹھنا (۵) ق پھینکنا۔
سٹنٹ: [انگ۔ اند] stunt عیاری۔ دھوکا (۲) کارنمایاں وہ کام جس سے اپنا کمال دکھانا مقصود ہو۔

سٹنہار: [ا۔ اند۔ ق] ڈالنے والا۔
سٹھ: [ہ۔ صف] ساٹھ کا مخفف (۲) جاہل۔ بے وقوف
سٹھ جانا / سٹھیانا / سٹھیا جانا: [ا۔ محاورہ] بڑھاپے کی وجہ سے حواس باختہ ہو جانا۔ عقل باقی نہ رہنا۔
سٹھیٹی: [ہ۔ امث] عو۔ آدمیوں کا مجمع۔
سٹھنی: [پنجابی امث] وہ گالیاں جو بیاہ شادی میں سمدھیوں کو دی جاتی ہیں۔
سٹھورا: [ہ۔ اند] سونٹھ اور میوے کا میٹھا مرکب۔ جو زچہ کو طاقت کے لیے دیا جاتا ہے۔
سٹھی: [ہ۔ امث] ایک قسم کے موٹے لال رنگ کے چاول۔
سٹی: [ہ۔ امث] ا۔ گھڑدوں کی منڈی (۲) مارکیٹ۔ منڈی۔ بازار۔ پینٹھ۔
سٹی: [ہ۔ امث] سمجھ۔ ہوش۔ عقل۔ حواس۔ اوسان۔ گیان۔
سٹی بھولنا / گم ہونا: [ا۔ محاورہ] ہوش اڑنا۔ حواس باختہ ہونا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ گھبرانا۔ بوکھلانا۔
سٹی بھانا: [ا۔ محاورہ] ق۔ بہتان لگانا۔
سٹیا: [ہ۔ امث] حقارتاً یا غصے سے یا پیار سے، بیٹی۔ بیٹا۔
سٹینسل: [انگ۔ اند] stencil ایک قسم کا مسالا لگا ہوا کاغذ جس پر لوہے کے قلم سے لکھتے ہیں تو حروف ابھر آتے ہیں۔ اور اس کاغذ کو مشین پر چڑھا کر چھپائی کی جاتی ہے۔

س — ج

سج: [ہ۔ امث] ا۔ شکل۔ وضع۔ انداز (۲) آرائش۔ سجاوٹ
سج دھج: [ہ۔ امث] شان و شوکت۔ آن بان۔ نمود و نمائش (۲) بناؤ سنگھار۔
سجا: [ہ۔ صف] سیدھا۔ دایاں۔ داہنا (۲) سیدھا ہاتھ۔
سجات: [ا۔ صف۔ ق] نیک ذات۔ **سجادہ** [ع۔ اند] ا۔ وہ دری، چٹائی یا کپڑا جو نماز کے لیے مخصوص ہو۔ جانماز، مصلیٰ (۲) پیر یا بزرگ کی گدی۔
سجادہ نشین: [ع۔ ف۔ صف] پیر یا مرشد کی گدی پر بیٹھنے والا (۲) خلیفہ قائم مقام (افعال: ہونا)
سجادہ نشینی: [ع۔ ف۔ امث] دیکھئے "سجادہ نشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سجا سجایا: [ا۔ صف] آراستہ پیراستہ
سجاف: [ع۔ امث] دیکھئے "سنجاف" جس کا یہ مخفف ہے۔
سجان: [ہ۔ صف] عقلمند۔ دانا۔ عالم۔ واقف کار (۲) دانا۔ دانشمند (۳) ہوشیار
سجانا: [ہ۔ مص] ا۔ آراستہ کرنا۔ ترتیب سے لگانا (۲) سنگھار کرانا۔
سجانا: [ہ۔ مص] ا۔ ورم کرنا (۲) پھلا دینا۔ سوجنا
سجانی: [ہ۔ صف۔ ق] سمجھدار۔ فہیم۔
سجاوٹ: [ہ۔ امث] آراستگی۔ آرائش۔ زیبائش۔ بناؤ سنگھار۔ زیب و زینت سج دھج۔
سجدہ / سجدہ: [ع۔ اند] پیشانی زمین پر ٹیکنا۔ سر جھکانا۔ خدا کے آگے سر جھکانا۔ نماز کا ایک رکن جس میں ماتھا، ناک، گھٹنے، کہنیاں اور انگلیاں زمین پر رکھتی ہیں۔

سجدۂ سہو: [ع۔ اند] وہ دو سجدے جو نماز میں کسی واجب کے کم یا زیادہ ہو جانے پر کیے جاتے ہیں۔
سجدۂ شکر: [ع۔ اند] وہ سجدہ جو خدا کے حضور کسی بات کے شکرانے کے لیے کیا جاتا ہے۔
سجدۂ شکر بجالانا: [ا۔ محاورہ] خدا کے حضور میں شکر کا سجدہ ادا کرنا۔
سجدہ کرنا: [ا۔ محاورہ] ماتھا زمین پر ٹیکنا۔ سر جھکانا۔
سجدہ گاہ: [ع۔ امث] سجدہ کرنے کی جگہ۔ خاک شفا کی گول ٹکیا جس پر شیعہ سر رکھ کر سجدہ کرتے ہیں۔
سجدہ گزار: [ع۔ ف۔ صف] سجدہ کرنے والا۔ عبادت گزار۔
سجریا: [ا۔ امث۔ ق] بچھونا۔
سجع: [ع۔ اند] (۱) خوش الحان پرندوں کی چہچہاہٹ (۲) دو فقروں کے آخر الفاظ کا ہم قافیہ و ہم وزن ہونا (۳) ایسا موزوں فقرہ جس کے کچھ ظاہری معنی بھی ہوں۔ وہ جملہ یا فقرہ جو شعر میں اس طرح نظم کیا جائے جس میں کسی کا نام آ جائے اور وہ نام عبارت میں اپنے معنی بھی دیتا ہو۔ مثلاً مصرعہ۔ پدر غلام محمد، پسر غلام علی۔
سجل: [ہ۔ صف] آراستہ۔ عمدہ۔ نفیس۔ صاف
سجل: [ع۔ اند] رجسٹر۔ عدالت کا حکم۔ تمسک۔ عدالتی مہر۔
سجن: [ہ۔ اند] محبوب۔ پیارا۔ شوہر (۲) معزز۔ نیک۔ بھلا مانس۔ اچھا (۳) دوست۔ رفیق۔
سجن: [ع۔ اند] قید خانہ۔ زندان۔
سجنا: [ہ۔ مص] دیکھیے "سجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سجنی: [ہ۔ صف۔ مث] دیکھیے "سجن" جس کی یہ تانیث ہے۔
سجوانا: [ہ۔ مص] دیکھیے "سجانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
سجود: [ع۔ اند] دیکھیے "سجدہ" جس کی یہ جمع ہے۔
سجود: [ع۔ اند] سجدہ کرنا۔ سجدہ
سجھانا: [ا۔ مص] آگاہ کرنا۔ جتانا۔ دکھانا۔ بتانا۔ ظاہر کرنا۔
سجھائی دینا: [ا۔ محاورہ] نظر آنا۔ معلوم ہونا (۲) خیال میں آنا ہے۔
سجی: [ہ۔ امث] ایک قسم کے کھار کا نام جو کپڑے دھونے کے کام آتا ہے۔
سجی سجائی: [ہ۔ صف] دیکھیے "سجا سجایا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سجیلا: [ہ۔ صف] بنا ٹھنا۔ چھبیلا۔ بانکا۔ خوش وضع (۲) آراستہ و پیراستہ۔
سجیلی: [ہ۔ امث] دیکھیے "سجیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سجین: [ع۔ اند] دوزخ کی ایک گھاٹی۔

س — چ

سچ: [ہ۔ صف] صحیح۔ درست۔ حق۔ ٹھیک۔ راست (۲) واقعی۔ حقیقتاً (۳) ہاں (۴) امث) صداقت۔ سچائی
سچ بات کڑوی لگتی ہے: [ا۔ مثل] سچی بات کہنا اکثر لوگوں کو ناگوار گزرتا ہے۔
سچ بولنا آدھی لڑائی مول لینا ہے: [ا۔ مثل] سچی بات لوگوں کو پسند نہیں آتی
سچ پوچھو / پوچھیے: [ا۔ متعلق فعل] واقعی۔ حقیقت میں۔
سچ سچ بولو: [ا۔ روزمرہ] ٹھیک ٹھیک کہو۔ جھوٹ نہ بولو۔
سچ کا زمانہ نہیں: [ا۔ مقولہ] آج کل سچ کی قدر نہیں۔ جھوٹ کا دور دورہ ہے۔
سچ کہنا اور سکھی رہنا: [ا۔ مثل] سچ بول کر آدمی آرام میں رہتا ہے۔
سچ مچ: [ا۔ متعلق فعل] یقیناً۔ بالکل صحیح۔ ہو بہو۔
سچ ہے: [ا۔ محاورہ] بجا ہے درست ہے۔ بے شک۔
سچا: [ہ۔ صف] سچ بولنے والا۔ راست گو (۲) راستباز۔ نیک کردار۔ ۳۔ درست۔ ٹھیک (۴) کھرا۔ اصل۔ خالص۔ بے کھوٹ۔
سچا بیوپار: [ہ۔ اند] سچا کاروبار (۲) صحیح معاملہ۔ کھرا حساب کتاب۔
سچا پن: [ا۔ اند] راست بازی۔ دیانت داری (۲) راست گوئی (۳) وفاداری۔
سچا جائے روتا آئے جھوٹا جائے ہنستا آئے: [ا۔ مثل] سچا آدمی اپنا نقصان کر لیتا ہے۔ جھوٹا کام بنا لیتا ہے۔
سچا جوڑ چلنا: [ا۔ محاورہ] چال چلنا۔ با اثر چال چلنا۔
سچا جوڑا: [ا۔ اند] کھرا کام دار جوڑا (۲) چوڑیوں یا کپڑوں کا وہ جوڑا جس میں سچے تار سلمے ستارے کے کام ہوں۔
سچا گانا: [ا۔ محاورہ] اصول موسیقی کے مطابق گانا۔
سچا موتی: [ا۔ اند] خالص اصل موتی۔
سچا ہاتھ: [ا۔ اند] لین دین کا کھرا پن۔ معاملہ کی صفائی۔ دیانت داری۔
سچائی: [ہ۔ امث] دیکھیے "سچا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سچکنا: [ہ۔ مص] غور و فکر کرنا۔ گھبرانا (۲) حیران ہونا (۳) جھجکنا۔ ہچکچانا۔
سچل: [ہ۔ صف] اصلی۔ ٹھیک۔ درست (۲) جوا۔
سچلا: [ا۔ صف۔ ق] سچا۔ حقیقی
سچلی: [ا۔ صف۔ مث۔ ق] ٹھیک۔ درست۔ سچ
سچوئی: [ہ۔ صف۔ ق] صداقت۔ سچائی۔
سچی: [ا۔ صف] دیکھیے "سچا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سچی تول: [ا۔ امث] پوری تول جس میں کمی بیشی نہ ہو۔
سچی ہانک بولنا: [ا۔ محاورہ] سچی بات کہنا۔ جو بے موقع ہو۔
سچے مر گئے جھوٹوں کو تپ بھی نہ آئی: [ا۔ مثل] دنیا میں سچوں کو ہی نقصان پہنچا ہے۔ جھوٹ بولنے والوں کو نہیں ہوتا۔
سچیت: [ہ۔ صف] ماہر۔ خبردار (۲) متوجہ (۳) پُر امن۔ قانع (۴) محتاط
سچیتی: [ہ۔ امث] ہوشیاری۔ عقلمندی (۲) دھیان (۳) احتیاط۔

س — ح

سحاب: [ع۔ اند] بادل۔ ابر۔ گھٹا
سحاف: [ع۔ اند] تپ دق۔ پھیپھڑوں کا سوختہ۔

سَحَر : [ع۔ امث] صبح۔ فجر۔ تڑکا

سَحَر آنا : [ار۔ محاورہ] صبح ہونا

سَحَر پکڑنا : [ار۔ محاورہ] صبح تک زندہ رہنا۔ صبح کرنا

سَحَر خیز : [عف صف] صبح سویرے اُٹھنے والا۔ صبح اُٹھنے کا عادی۔

سَحَر خیزی : [عف۔ امث] دیکھئے "سحرخیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سَحَر دَم : [عف۔ متعلق فعل] صبح کے وقت۔

سَحَر گاہ : [عف۔ امث] صبح سویرے۔ علی الصباح۔

سَحَر گاہی : [عف صف] صبح کے وقت کی۔

سَحَر ہو جانا : [ار۔ محاورہ] صبح ہو جانا۔ تہ ہو جانا۔ تر کی تمام ہو جانا۔

سِحر : [ع۔ اند] جادُو۔ ٹونا۔ افسوں۔ طلسم۔

سِحر آزمائی : [ف۔ امث] جادُو کی آزمائش (افعال : کرنا۔ ہونا)

سِحر آفرین : [ف۔ اند] جادُوگر

سِحر آگیں : [ف صف] جادُو سے بھرا ہُوا۔

سِحر آمیز : [ف صف] مرغوب۔ وُہ کام جو مسحور کرے

سِحر آمیزی : [ف۔ امث] دیکھئے "سحرآمیز" جس کا لازم ہے۔

سِحر باز : [ف صف] افسوں گر۔

سِحر بازی : [ف۔ امث] دیکھئے "سحرباز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سِحر بنان : [ف۔ اند] اُنگلیوں کا جادو۔ خوبصورت تحریر۔

سِحر بیان : [ف۔ صف] فصیح و بلیغ۔ خوش تقریر۔

سِحر بیانی : [ف۔ امث] دیکھئے "سحر بیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سِحر جگانا : [ار۔ محاورہ] جادُو کی مشق کرنا۔ جادو کرکے دیکھنا کہ درُست ہے یا نہیں۔ یا جادُو کو تازہ کرنا۔

سِحر چل جانا / چلنا : [ار۔ محاورہ] جادُو چلنا۔ جادُو کیا جانا۔

سِحر حلال : [عف۔ اند] کلام فصیح و موزوں (۲) شعرگوئی۔ نظم (۳) دلکش اور عمدہ کلام۔ شیرازی کی مشہور نظم

سِحر زدہ : [عف صف] وُہ جس پر جادو کا اثر ہو گیا ہو۔

سِحر ساز : [عف صف] جادُوگر

سِحر سازی : [عف۔ امث] دیکھئے "سحرساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

سِحر سامری : [ع۔ اند] وُہ جادو جس کے ذریعہ سامری نے بچھڑے کو بلایا تھا۔ سامری کا جادُو۔ سخت جادُو۔

سِحر سنج : [ف۔ صف] جسے جادُو کا تجربہ ہو۔

سِحر سنجی : [ف۔ امث] دیکھئے "سحرسنج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سِحر طراز : [ف۔ صف] جادُوگر

سِحر طرازی : [ف۔ امث] دیکھئے "سحرطراز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

سِحر کر دینا : [ار۔ محاورہ] فریفتہ کر لینا۔ موہ لینا۔ مطیع کر لینا۔

سِحر کرنا : [ار۔ محاورہ] جادو کرنا۔ غضب کی بات یا کام ہونا۔

سِحر ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سحرکرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سَحُور : [ع۔ امث] سحری۔ سحرگہی

س ــــ خ

سخافت : [ع۔ امث] دیکھئے "سخیف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سخا / سَخاوَت : [ع۔ امث] فیاضی۔ بخشش۔ خیرات۔

سخاوت مس عیب را کیمیا : [ار۔ مثل] سخاوت عیب کے تانبے کے لیے کیمیا ہے۔ سخاوت آدمی کے عیبوں کو چھپا لیتی ہے

سَخت : [ف۔ صف]
۲۔ مشکل۔ دُوبھر۔ دُشوار۔ کٹھن (۴) بہت بڑا۔ بیحد۔ بے انتہا۔ ۵۔ بے جس پر اثر نہ ہو۔ سنگدل (۶) منحوس۔ مصیبت کا (۷) کنجوس۔ بخیل تنگ دل (۸) بہت۔ بسیار۔ سخت (۹) تیز۔ کڑی۔ دُھوپ (۱۰) تکلیف دہ (۱۱) تند۔ شدید (۱۲) جیسے قبض سو (۱۳) مضبوط۔ بندھا ہُوا۔ کسا ہُوا (۱۴) تنگ (۱۵) گہرا۔ تیز (رنگ) ۱۶ (متعلق فعل بہت حد سے زیادہ۔ بکثرت۔ بہ شدت۔ نہایت۔

سخت انداز : [ف صف] تیر انداز

سَخت بات : [ار۔ امث] ناگوار بات۔ کڑی بات

سَخت جان : [ار۔ صف] سنگدل۔ بے رحم (۲) جس کی جان مشکل سے نکلے ۳۔ طنز آ بے حیائی سے زندہ رہنے والا (۴) نہایت جفاکش محنتی۔

سَخت جانی : [ف۔ امث] دیکھئے "سخت جان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

سَخت دِل : [ف۔ صف] سنگدل۔ بے رحم۔ بے مہر۔

سَخت دِلی : [ف۔ امث] دیکھئے "سخت دل" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

سَخت دِن آنا : [ار۔ محاورہ] مصیبت اور بے اقبالی کا زمانہ آنا۔

سَخت زُبان : [ف۔ صف] بدزُبان۔

سَخت زُبانی : [ف۔ امث] دیکھئے "سخت زبان" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

سَخت زمین : [ف صف] ۱۔ کڑی زمین۔ پکی یا مضبوط زمین (۲) مشکل ردیف اور

سخت سُست کہنا : [ار۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ ناراض ہونا جھڑکنا۔ لعنت و ملامت کرنا۔

سَخت کلام / گو : [ف۔ صف] دیکھئے "سخت زبان"

سخت کلامی / گوئی : [ف۔ امث] دیکھئے سخت زبانی"

سَخت گھڑی : [ف۔ امث] مشکل وقت۔ مصیبت کا وقت۔ منحوس ساعت

سَخت گیر : [ف۔ صف] ظالم۔ جو معمولی نقص پر بھی سخت سزا دے

سخت گیری : [ف۔ امث] دیکھئے "سخت گیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

سخت لگام : [ف۔ صف] مُنہ زور اور سرکش گھوڑا۔

سخت لگامی : [ف۔ امث] دیکھئے "سخت لگام" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

سخت مِزاج : [ف۔ صف] تند۔ غصیلا۔

سَخت مِزاجی : [ف۔ امث] دیکھئے "سخت مزاج" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

سخت مُشکل : [ف۔ ار۔ امث] ۱۔ بڑی تکلیف۔ بہت مصیبت (افعال۔ پڑنا۔ ہونا)

سخت مصیبت : [ف۔ امث] بے حد تکلیف۔

سخت مصیبت کے دِن ہونا : [ار۔ محاورہ] بڑی تکلیف کا زمانہ ہونا۔

سخت ناگوار گزرنا / ہونا : [ار۔ محاورہ] بہت۔ بُرا معلوم ہونا۔

سَختی : [ف۔ امث] دیکھئے "سخت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سَختی آنا : [ار۔ محاورہ] سخت مصیبت آنا۔

سَختی / سختیاں اُٹھانا / جھیلنا / کھینچنا : [ار۔ محاورہ]

تکلیف برداشت کرنا ۔ بہت تکلیف اُٹھانا۔

سختیِ ایام: [ف۔ امث] دِنوں کی گردش ۔ مصیبت۔

سختی سے: [ار۔ متعلق فعل] ا۔ بمشکل ۔ دُشواری سے (۲) تنگی یا عسرت سے ۳۔ تکلیف سے (۴) درشتی سے ۔ بے رحمی سے (۵) بدمزاجی سے ۔ تندی سے

سختی سے پیش آنا: [ار۔ محاورہ] درشتی یا بے رحمی کا برتاؤ کرنا۔ ۲۔ بدمزاجی سے پیش آنا۔

سختی سے تنگ آنا: [ار۔ محاورہ] بدمزاجی سے گھبرانا۔

سختی سے دِن گزارنا: [ار۔ محاورہ] عمر تکلیف میں بسر کرنا۔

سختی سے دِن گزرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سختی سے دِن گذارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سختی کرنا: [ار۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔

سختی کشیدہ: [ف۔ صف] مصیبت زدہ۔

سختی کی گرہ آنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت کا زمانہ آنا۔

سختی میں وقت کاٹنا: [ار۔ محاورہ] تکلیف میں وقت گزارنا۔

سختیاں: [ار۔ امث] ا۔ دیکھئے "سختی" جس کی یہ جمع ہے (۲) بکری کا چمڑا بلشہ۔ مراکو کا چمڑا

سخرہ: [ع۔ امذ] ا۔ تضحیک۔ ذِلت (۲) وُہ شخص جس کی تضحیک کی جائے۔ وُہ شخص جسے بیگار میں پکڑیں۔

سُخریہ: [ع۔ امذ] تضحیک۔ ذِلت

سخن / سُخن: [ف۔ امذ] ا۔ کلام۔ بات چیت۔ گفتگو (۲) زبان۔ بولی ۳۔ معاملہ۔ بات (۴) نصیحت (۵) قول۔ عہد (۶) لفظ۔ فقرہ (۷) شعر۔ نظم (۸) مقولہ (۹) اعتراض۔

سخن آرا: [ف۔ صف] فصیح ۔ خوش گفتار۔ شیریں زبان۔ سخنور۔

سخن آفریں: [ف۔ صف] ا۔ فصیح۔ شیریں زبان (۲) جھوٹا۔ ۳ (کنایۃً) شاعر کامل۔

سخن پرداز: [ف۔ صف] ا۔ لسّان۔ مقرّر۔ لیکچرار (۲) کنایۃً شاعر۔

سخن پرور: [ف۔ صف] ا۔ اپنی بات کی پچ کرنیوالا (۲) شاعر۔ مصنف

سخن پروری: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن پرور" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

سخن پیرا: [ف۔ صف] دیکھئے "سخن آرا"

سخن پیما: [ف۔ صف] تقریر کرنے والا۔

سخن تکیہ: [ف۔ امذ] تکیہ کلام

سخن تلخ: [ف۔ امذ] ناگوار کلام۔ نازیبا اور ناملائم الفاظ۔ گستاخانہ کلام۔

سخن چیں: [ف۔ صف] ا۔ عیب جُو۔ اِدھر کی اُدھر لگانیوالا (۲) ۔ لُترا۔

سخن چینی: [ف۔ امث] عیب جوئی۔ چُغلخوری۔

سخن داں: [ف۔ صف] فصیح۔ بلیغ (۲) شاعر (۳) مقرر (۴) عالم۔

سُخن دانی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن داں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُخن درمیان میں لانا: [ار۔ محاورہ] گفتگو کے بیچ میں کچھ اور کہنا۔

سُخن دریں است: [ف۔ محاورہ] اس میں کچھ شبہ یا کلام ہے۔

سُخن دینا: [ار۔ محاورہ] وعدہ کرنا۔ قرار کرنا۔

سُخن ڈال دینا: [ار۔ محاورہ] انکار کر دینا۔

سُخن ڈالنا: [ار۔ محاورہ] پُوچھنا۔ سوال کرنا۔ مانگنا۔

سخن راں: [ف۔ صف] مقرر۔ لسّان۔ فصیح۔ بلیغ۔ خوش بیان۔

سُخن رانی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن راں" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُخن رس: [ف صف] بات کی تہ کو پہنچنے والا۔ جلد سمجھنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی شاعر

سُخن رواں: [ف۔ صف] فصیح۔ بلیغ۔

سُخن زن: [ف۔ امذ] ا۔ شاعر (۲ صف) جھوٹا۔ ہوشیار۔

سخن ساز: [ف صف] ا۔ وُہ جو الفاظ کا استعمال اپنا مطلب نکالنے کے لیے کرے (۲) دغاباز۔ دھوکا باز۔ چالباز۔ مکّار۔ فریبی۔ چرب زبان۔

سُخن سازی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

سُخن سنج / سرا: [ف۔ صف] دیکھئے "سخن داں"

سُخن سنجی / سرائی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن دانی"

سُخن شناس: [ف صف] بات کی تہ کو پہنچنے والا۔ قدر دانِ سخن۔ فصیح۔ بلیغ

سُخن شناس نہ ای دلبرا خطا اینجاست: [ف۔ مثل] اے دلبر غلطی تو یہ ہے کہ تو سخن شناس نہیں۔ جب کوئی شخص کسی کے کلام پر اپنی غلط فہمی کی وجہ سے اعتراض کرتا ہے تو کہتے ہیں۔

سُخن شناسی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن شناس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُخن شنو: [ف۔ صف] نصیحت ماننے والا۔

سُخن شنیدن بیخ دولت: [ف۔ مثل] بات سننا دولت کی جڑ ہے نصیحت سننے والا فائدہ میں رہتا ہے۔

سُخن طراز: [ف صف] سخن آرا۔ شاعر

سُخن طرازی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن طراز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

سُخن فروش: [ف صف] خوشامدی شاعر۔

سُخن فروشی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن فروش" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُخن فہم: [ف صف] بات سمجھنے والا۔ عاقل۔ قدر دانِ سخن۔ شاعر۔ شعر سمجھنے والا۔

سخن فہمی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

سخن فہمی عالم بالا معلوم شد: [ف مقولہ] عالم بالا کی سخن فہمی معلوم ہو گئی۔ جب کوئی شخص بہت بڑا بنتا ہو اور کسی بات کا غلط مطلب سمجھے تو کہتے ہیں۔

سخن کا پورا: [ار صف] وعدے کا پکا۔ قول کا سچا۔

سخن کرنا: [ار۔ محاورہ] بات کرنا۔ نصیحت کرنا۔

سُخن کوتاہ: [ف متعلق فعل] القصہ۔ قصہ کوتاہ۔

سُخن گداز: [ف صف] فصیح البیان۔ مقرر۔ موثر تقریر کرنے والا۔

سخن گرم: [ف۔ امذ] ا۔ لطیف بات (۲) رنگین گفتگو (۳) عمدہ کلام

سُخن گستر: [ف صف] ا۔ فصیح۔ بلیغ (۲) شاعر (۳) نقاط۔ لسّان، باتیں بنانیوالا (۴) اعتراض کرنیوالا۔

سخن گستری: [ف امث] دیکھئے "سخن گستر" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

سخن گسترانہ: [ف صف] ا۔ شاعرانہ (۲) معترضانہ۔ چھیڑ چھاڑ کی بات۔

سُخن گو: [ف۔ صف] فصیح۔ خوش بیان۔ شاعر۔

سُخن گوئی: [ف۔ امث] دیکھئے "سخن گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُخن گوئی مشکل نہیں سخن فہمی مشکل ہے: [ار مثل] شعر کہنا آسان ہے۔ مگر شعر کا مطلب سمجھنا مشکل ہے۔

سُخن لب پر لانا: [ار۔ محاورہ] کچھ کہنا

سخن مردان جان / جانے دارد: [ف۔ مثل] مردوں

کا قول پکا ہوتا ہے۔
سخن ور: [ف۔صف] دیکھیے "سخن دان"
سخنوری: [ف۔امث] دیکھیے "سخن دانی"
سخی: [ع صف] فیاض۔ مخیر۔ فیض بخش۔ کریم۔ داتا۔ دھرماتما۔
سخی بن جانا: [ا۔محاورہ] فیاض ہونا۔
سخی داتا: [ا۔صف] بہت فیاض۔
سخی دیوے اور شرماوے بادل برسے اور گرماوے: [ا۔مثل] سخی سخاوت کرکے ظاہر نہیں کرتا، جس طرح بادل چپکے سے بارش برساتا ہے۔
سخی سخاوت سے پھلتا ہے عدو عداوت سے جلتا ہے: [ا۔مثل] سخی ہمیشہ خوش رہتا ہے اور دشمن ہمیشہ جلتا رہتا ہے۔
سخی سوم سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں: [ا۔مثل] سال میں سخی اور بخیل کا خرچ برابر ہی نکلتا ہے۔
سخی سے سوم بھلا جو ترت دے جواب: [ا۔مثل] انتظار میں رکھنے سے انکار کرنا بہتر ہے۔
سخی کا بیڑا پار اور سوم کی مٹی خراب: [ا۔مثل] سخی کامیاب رہتا ہے اور بخیل لوگوں کی نظروں میں گرا رہتا ہے۔
سخی کا بیڑا پار ہے: [ا۔مقولہ] سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے
سخی کا خزانہ کبھی خالی نہیں ہوتا: [ا۔مقولہ] سخی کے پاس ہمیشہ روپیہ رہتا ہے
سخی کا سر بلند موذی کی گور تنگ: [ا۔مقولہ] فیاض آدمی کی ہمیشہ عزت ہوتی ہے اور موذی ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے۔
سخی کا سر بلند ہے: [ا۔مقولہ] فیاض کی بہت عزت ہوتی ہے۔
سخی کریم پڑے ایڑیاں رگڑتے ہیں اور بخیل موسلوں سے موتیوں تکو چھڑتے ہیں: [ا۔مثل] اُلٹا زمانہ ہے کہ بُرے آدمی مزے سے گزار رہے ہیں۔ اور اچھے تکلیف میں رہے ہیں۔
سخی کی کمائی میں سب کا ساجھا: [ا۔مثل] سخی سب کو دیتا ہے۔
سخی کے مال پر پڑے: [ا۔مثل] سخی کی بلا مال پر پڑتی ہے اور بخیل کی جان پر۔
سخی کی ناؤ پہاڑ چڑھے: [ا۔مثل] سخی بہت کامیاب رہتا ہے۔
سخی ولی اللہ: [ا۔مقولہ] سخی آدمی اللہ کا دوست ہوتا ہے۔
سخیف: [ع صف] کم عقل (۲) جلد باز (۳) فضول۔ بیہودہ
سخین: [ع صف] تکلیف دہ۔ گرم۔

د - س = د

سد: [ھ۔اند] کوئی نباتی کھانے والی چیز۔ جیسے سبزی۔ ترکاری پھل (۲) صف تازہ۔ تروتازہ (۳) گڈریوں / چرواہوں کا ایک گیت ہم۔ نظم۔ غزل۔
سَد: [ع۔اند] دیوار۔ روک۔ ممانعت
سدِ باب: [ع۔اند] کسی بات کی قطعی ممانعت (افعال: کرنا کردینا۔ ہو جانا۔ ہونا۔
سدِ راہ / رہ: [ع۔ف صف] مزاحم (۲ مث) مزاحمت۔ راستے کی روک (افعال: بن جانا۔ ہونا)
سدِ رمق: [عف۔امث] ۱۔ مرنے سے روک (۲) جان کا بچانا۔ جان کو قائم رکھنا۔ ۳۔ اتنی خوراک جو جان بچانے کے لیے کافی ہو (۴) زندگی کا آخری وقت۔ ۵۔ نزع (۶ صف) تھوڑی تھوڑی سی۔
سدا: [س۔متعلق فعل] ۱۔ ہمیشہ۔ نت۔ دائم۔ مدام (۲) آئے دن۔ برابر لگاتار۔
سدا ایک رُخ ناؤ نہیں چلتی: [ا۔مثل] ہمیشہ ایک حال نہیں رہتا۔
سدا برت: [ھ۔اند] لنگر۔ دائمی خیرات
سدا بہار: [ھ صف] ہمیشہ سرسبز رہنے والا (پھول یا گھاس)
سدا پھل: [ھ۔اند] وہ درخت جس میں ہر سال پھل آئے
سدا جوبن نہیں رہتا: [ا۔مقولہ] حسن ہمیشہ نہیں رہتا۔ عروج ہمیشہ نہیں رہتا۔
سدا دُکھی اور بختاور نام: [ا۔مثل] ناموزوں نام۔
سدا دن ایک سے نہیں رہتے: [ا۔مثل] زمانہ ہمیشہ بدلتا رہتا ہے۔ کبھی آرام کبھی تکلیف۔
سدا دَور دورہ یہ رہتا نہیں گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں: [ا۔مثل] موقع ملنے پر فائدہ اُٹھانا چاہیئے۔
سدا دیوالی سادھ / سنت کے جو گھر گیہوں ہوئے: [ا۔مثل] نیک آدمی ہمیشہ لوگوں کو کھلاتا پلاتا رہتا ہے۔ بشرطیکہ اُس کے پاس خرچ کے لیے ہر وقت کچھ نہ کچھ موجود ہو۔
سدا رہے نام اللہ کا: [ا۔مثل] دُنیا کی سب چیز فانی ہے۔ صرف خدا کی ذات ہی دائم ہے۔
سدا سُہاگن: [ھ۔امث] ۱۔ ایک قسم کا پرندہ (۲) ایک قسم کا پھول (۳) کسبی قحبہ (۴) ہجڑیں۔
سدا عید نہیں جو حلوا کھائے: [ا۔مثل] ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے کا ترجمہ ہے۔ ہمیشہ عیش کا زمانہ نہیں ہوتا۔
سدا کاروگی: [ھ۔اند] دائمی بیمار۔ وہ جو ہمیشہ بیمار رہے۔
سدا کسی کی نہیں رہتی: [ا۔مثل] ہمیشہ زمانہ موافق نہیں رہتا۔
سدا کے اُجڑے نام بستی رام: [ا۔مثل] ناموزوں نام
سدا کے دُکھیا نام چنگے خاں: [ا۔مثل] دیکھیے سدا دُکھی اور بختاور نام
سدا کے داتی موسل کے ٹوٹکے: [ا۔مقولہ] بخیل کے متعلق طنزاً کہتے ہیں کہ معمولی چیز پر بہت خرچ کرتا ہے
سدا گلاب: [ھ۔اند] ایک قسم کا گلاب جس کو تمام سال پھول لگتے رہتے ہیں۔
سدا میاں گھوڑے ہی تو خرید اکرتے ہیں / تھے: [ا۔مثل] طنزاً اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو غربت میں امیروں کی طرح باتیں کرے۔
سدا نام سائیں کا: [ا۔مثل] سدا رہے نام اللہ کا۔
سدا ناؤ کاغذ کی چلتی نہیں: [ا۔مثل] دھوکا یا فریب ہمیشہ نہیں دیا جا سکتا۔
سُداب: [ف۔اند] طاقت۔ قوت (۲) اسپند۔ ایک قسم کی گھاس۔
سدائل: [ع۔اند] سدیل کی جمع بمعنی پردے۔
سُدبُد: [ہ۔اند] دیکھیے "سُدھ بُدھ"
سِدرہ: [ع۔اند] بیری۔ ایک قسم کا درخت۔

سِدْرَۃُ الْمُنْتَہیٰ: [ع۔ اند] ساتویں آسمان پر بیری کا بہت بلند درخت جو جبرئیل علیہ السّلام کی پرواز کی انتہا ہے۔
سِدْرَہ نشین: [ع۔ صف] کنایۃً فرشتہ
سُدُس / سُدُوس: [ع۔ عدد کسری] چھٹا حصّہ پا۔
سُنْدَرا: [ار۔ صف۔ ق] خوبصورت۔ سُندر
سُدْمُنا: [ار۔ مص۔ ق] خبردار ہونا۔ چوکس ہونا۔
سُدْمُنا: [ار۔ صف۔ ق] خوش وضع۔ اچھی وضع قطع کا۔
سُدْنگ: [ار۔ صف۔ ق] خوش شکل۔ خوش وضع۔ سِیدھا
سُدُوس: [ع۔ امث] سبز یا نیلی چادر۔
سُدَّہ: [ع۔ اند] غلیظ مواد کی گانٹھ جو انتڑیوں یا رگوں میں اٹک جائے۔ (۲) ڈیوڑھی۔ دہلیز۔ چوکھٹ۔
سِدْھ: [ھ۔ صف] کامل۔ مکمل (۲) پختہ کار۔ ماہر ۳۔ تیار۔ لیس۔ بنا ہُوا (۴) آراستہ۔ سجا ہُوا (۵) عالم۔ فاضل (۶) زاہد۔ رشی۔ ولی۔ پکّا۔ مضبوط۔ سنگین (۸) دھرماتما۔ معصوم (۹) صحیح۔ سالم۔ بھلا چنگا۔ (۱۰) قانونی۔ شرعی (۱۱) جادُوگر۔ غیب دان۔ سیانا (۱۲) فنافی اللہ (۱۳) نورانی۔ چمکیلا (۱۴) اعجازی۔
سِدھ کرنا: [ار۔ محاورہ] پُورا کرنا۔ انجام تک پہنچانا (۲) منتر یا جادُو میں کمال حاصل کرنا (۳) پاک کرنا (۴) بُنیاد ڈالنا۔ شروع کرنا (۵) کامیابی حاصل کرنا۔
سُدھ: [ھ۔ امث] حافظہ۔ یاد (۲) ہوش۔ آگاہی (۳) ہوشیاری۔ چوکسی ۴۔ عقل سمجھ (۵) سوچ بچار (۶) التفات۔ توجہ (۷) لحاظ۔ پروا (۸) صف سُڈول۔ سیدھا۔
سُدھ بُدھ: [ھ۔ امث] عقل و شعور (۲) ہوش و خرد (۳) خبر۔ آگاہی
سُدھ (بُدھ) رکھنا: [ار۔ محاورہ] خیال رکھنا۔ خبرگیری کرنا (۲) یاد رکھنا ذہن میں رکھنا۔
سُدھ (بُدھ) لینا: [ار۔ محاورہ] خبرگیری کرنا۔ چوکسی کرنا۔ نگران حال رہنا۔
سُدھ (بُدھ) نہ رہنا: [ار۔ محاورہ] کچھ خبر نہ رہنا۔ ہوش نہ رہنا۔ خیال نہ رہنا۔
سُدھ بِسرنا / بھُولنا: [ار۔ محاورہ] خبر نہ رہنا۔ دھیان نہ ہونا۔
سُدھ نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] خیال نہ ہونا۔ دھیان نہ ہونا۔
سِدھا: [ھ۔ صف۔ مذ] مانوس کیا گیا۔ تربیت دیا گیا۔
سِدھا سدھایا: [ھ۔ صف] مانوس کیا ہُوا۔ دُرست کیا ہُوا۔ تربیت یافتہ۔
سُدھار: [ھ۔ اند] اصلاح۔ دُرستی۔ بہتری
سِدھارنا: [ار۔ مص] رُخصت ہونا۔ جانا۔ وداع ہونا (۲) انتقال کرنا۔ مرنا۔
سُدھارنا: [ار۔ مص] سنوارنا۔ درست کرنا۔ اصلاح کرنا۔ عیب یا خرابی دُور کرنا (۲) سزا دینا ٹھیک بنانا۔
سِدھانا: [ار۔ مص] سکھانا۔ تربیت دینا (۲) جانور کو مانوس کرنا۔
سُدھرنا: [ار۔ مص] دیکھئے "سدھارنا" جس کا یہ لازم ہے
سَدھنا: [ار۔ مص] دیکھئے "سدھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سُدھنا: [ار۔ مص] صاف ہونا۔ میل دُور ہونا۔
سِدھوانا: [ار۔ مص] دیکھئے "سدھانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
سُدھوانا: [ار۔ مص] دیکھئے "سُدھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
سِدھوری: [ھ۔ امث] وہ سات طرح کا پکوان جو ستوالسے میں دُلہن کے میکے سے میوے اور چند قسم کی ترکاریوں کے ساتھ آتا ہے۔ اور دُلہن کی گود ترکاریوں وغیرہ سے بھری جاتی ہے (۲) حمل کے ساتویں مہینے میکے سے سُسرال آنا۔
سِدھوڑ / سدھوڑا: [ھ۔ اند] دیکھئے "سِدھوری"
سِدھ ہار: [ار۔ صف۔ ق] ہوش باختہ
سِدھی: [ھ۔ امث] تکمیل۔ مکمل صفائی (۲) کامیابی (۳) خوش حالی (۴) تصفیہ۔ ثبوت دہی (۵) قطعی فیصلہ یا نتیجہ (۶) یقین۔ صداقت۔ (۷) دُرستی (۸) ادائے قرض (۹) کسی مسئلہ کا حل (۱۰) تیاری۔ آمادگی۔ ۱۱۔ علم فہم (۱۲) تطہیر (۱۳) مافوق الفطرت۔ قوتوں کی تسخیر۔
سُدھی: [ھ۔ امث] یادداشت حافظہ
سُدھی: [س صف] عقلمند۔ ذہین۔ عالم۔ فاضل۔
سُدی: [ھ۔ امث] اُترتے چاند کا پاکھ۔ قمری مہینے کا دُوسرا حصّہ۔
سُدّے ( ) دیکھئے سُتّرے
سُدیس / سُدیش: [ھ۔ اند] ایک ہی ملک کا۔ ایک ہی جگہ کا۔ ملک وطن
سدیسی / سدیشی: [ھ امث] دیسی۔ ملکی۔ اپنے ملک کا

س ڈ

سُڈَول: [ھ صف] خوش وضع۔ خوبصورت۔ خوشنما۔ متناسب۔ زیبا۔
سُڈھال: [ھ۔ صف] دیکھئے "سُڈَول"
سڈھور / سڈھورا: [ھ۔ اند] دیکھئے "سدھوری"

س ر

سَر: [ف۔ اند] ڈبونا۔
سَر: [ف۔ اند] سر۔ کھوپری (۲) کسی چیز کا اُوپر کا حصّہ۔ چوٹی (۳) ابتدا۔ ۴۔ فکر۔ خیال (۵) زور۔ قوّت (۶) سردار (۷) خلاصہ (۸) خواہش۔ ارادہ۔ ۹۔ کنارہ (۱۰) عنوان (۱۱) عشق (۱۲) دماغ (۱۳ ق) برابر۔ بالکل۔
سرآغاز: [ف۔ اند] عبارت کی پیشانی۔ عنوان
سَرآور: [ف۔ صف] برگزیدہ۔ برتر (۲) حاکم۔ سردار
سَرِاجلاس: [ف۔ اند] بھری کچہری میں۔ حاکم کے رُو برُو۔
سَرافراز / فراز: [ف صف] معزّز۔ عالی مرتبہ۔
سَرافگندہ: [ف صف] سر نیچے کیے۔ جُھکائے ہُوئے (۲) پریشان ۳۔ شرمندہ
سَرانجام: [ف صف] انتظام۔ بندوبست (۲) تکمیل (۳) نتیجہ۔ خاتمہ۔
سَرانگشت: [ف۔ اند] اُنگلی کا کنارہ۔ اُنگلی کا سِرا۔
سَرباز: [ف۔ اند] (دفتری اصطلاح) وُہ رقم جو قابلِ محصول چیزوں کا حساب پیش نہ کرنے پر بطور جرمانہ وصول کی جائے (۲) جرمانہ (۳) گٹھڑی جو بوجھ کے اوُپر رکھی جائے۔
سَرباز: [ف صف] جان پر کھیلنے والا۔ بہادر (۲) جنگ کرنیوالا۔
سَربازار: [ف۔ اند] بازار میں۔ شاہراہ عام پر۔ منظرعالم پر۔ سب کے سامنے۔
سَربازی: [ف۔ امث] دیکھئے "سرباز" جس کا یہ اِسم کیفیت ہے
سَربالیں: [ف۔ اند] سرہانے۔

سرِ بام: [ف۔ اند] کوٹھے یا بالاخانہ پر۔ لب بام۔
سربرآوردہ: [ف صف] بڑا بزرگ۔ معزز۔ نمایاں (۲) سردار۔ افسر
سربرہ ہونا: [ار مص مرکب] غالب آنا۔ فائق ہونا۔
سربراہ: [ف صف] منتظم۔ مہتمم
سربراہی: [ف۔ امث] سربراہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سربرہنہ: [ف صف] ننگے سر
سربریدہ: [ف صف] سرکٹا ہوا۔
سربزانو: [ف صف] سر زانو پر رکھے ہوئے۔ سوچ میں۔ متفکر۔ نادم شرمندہ
سربستہ: [ف صف] ملفوف (۲) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔
سربسر: [ف متعلق فعل] سراسر۔ اس سرے سے اس سرے تک۔ کل۔ تمام۔ یکساں
سربصحرا: [ف صف] دیوانہ وار۔ وحشیانہ
سربفلک: [ف۔ صف] بہت اونچا۔ اونچی
سربکف: [ف صف] سر ہتھیلی پر رکھے ہوئے۔ جان دینے پر آمادہ
سربگریبان: [ف صف] سوچ بچار کی حالت میں (۲) نادم شرمندہ۔
سربلند: [ف۔ صف] معزز۔ عالی مرتبہ۔ ممتاز۔ سرفراز
سربلندی: [ف۔ امث] دیکھئے "سربلند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سربمہر: [ف صف] بند کر کے مہر لگایا ہوا۔ جسے سیل کر دیا گیا ہو۔
سربمہر پیش نہاد / پیشکش: [ف متدلہ] (دفتری اصطلاح) ٹھیکیدار کا تخمینہ جو سربند لفافے میں ہو انگریزی لفظ کانٹریکٹ
سربند: [ف صف] منہ بند۔ بیک کیا ہوا۔ ڈھکن بند کیا ہوا۔ منہ سیا ہوا۔ ۲۔ کوچہ بند (۳) وہ پٹی جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں (۴) راز کی واقفیت۔
سربجیب: [ف صف] دیکھئے "سربگریبان"
سرپا: [ف۔ اند ت] سراپا۔ (۲) خلعت۔ لباس
سرپرست: [ف صف] مربی۔ مددگار
سرپرستی: [ف۔ امث] دیکھئے "سرپرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سرپستان: [ف۔ اند] چھاتی کی گھنڈی۔ چھاتی کا منہ۔ چوچی۔
سرپوش: [ف۔ اند] وہ کپڑا جو کھانے پر ڈالتے ہیں (۲) ڈھکنا۔ چپنی
سرپیچ: [ف۔ اند] پگڑی (۲) پگڑی کے اوپر کا چھوٹا سا ٹکڑا یا کپڑا۔ ۳۔ ایک قسم کا زیور۔ جو پگڑی پر باندھتے ہیں۔
سرتابی: [ف۔ امث] سرکشی۔ نافرمانی۔ حکم عدولی
سرتاپا: [ف متعلق فعل] سر سے پاؤں تک۔ اول سے آخر تک
سرتاج: [ف۔ اند] آقا۔ مالک (۲) خاوند۔ شوہر
سرتاسر: [ف متعلق فعل] سارے کا سارا۔ ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔ پورا تمام۔
سرتاقدم: [ف متعلق فعل] سر سے پاؤں تک۔ پورے کا پورا۔
سرتسلیم خم کرنا: [ار محاورہ] حکم ماننا۔ راضی برضا ہونا۔
سرچشمہ: [ف۔ اند] منبع۔ پانی کے نکلنے کی جگہ۔
سرچٹنگ: [ف۔ امث] ہاتھ کی ضرب جو پورے زور سے ماری جائے۔
سرحد: [ف۔ امث] حد فاصل۔ کنارا۔ انتہا
سرخط: [ف۔ اند] بیع نامہ (۲) اقرار نامہ (۳) وہ کاغذ جس پر ملازمت کی تاریخ اور یادداشت لکھتے ہیں۔
سرخوش: [ف۔ صف] خوش حال۔ مسرور۔ مگن (۲) شراب سے مست۔
سرخوشی: [ف۔ امث] دیکھئے "سرخوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سرخیل: [ف صف] سرگروہ۔ سرغنہ۔ افسر
سردار: [ف۔ اند] سرگروہ۔ سرغنہ۔ افسر
سرداری: [ف۔ امث] دیکھئے "سردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سرداری کا ڈنڈا اُٹھانا ہے: [ار مثل] بڑے عہدے پر رہنے کے بعد چھوٹا عہدہ قبول نہ کرنے والے پر طنز۔
سردربار: [ف۔ اند] دربار میں۔ کھلم کھلا۔
سردست: [ف متعلق فعل] ابھی۔ اسوقت۔ فی الحال۔ بالفعل وقتاً۔
سردفتر: [ف۔ اند] دفتر کا افسر۔ ہیڈ کلرک۔ میر منشی۔
سرِ راہ / رہ / راہے: [ف۔ اند] راہ میں۔ سڑک پر۔ رستے میں۔
سررشتہ: [ف۔ اند] تدبیر۔ چارہ کار (۲) معاملہ۔ مطلب۔ مقصود۔ (۳) محکمہ۔ دفتر۔ کچہری (۴) دستور۔ رواج
سررشتہ دار: [ف صف فاعلی] میر منشی۔ ہیڈ کلرک۔
سررشتہ داری: [ف۔ امث] سررشتہ دار کا عہدہ یا کام۔
سررشتہ مال: [ف صف] زمین کا محصول وصول کرنے والا۔ محکمہ
سررگ: [ف۔ امث] وہ رگ جسکی فصد کھولنے سے سر اور چہرے کا خون نکلتا ہے
سرزد ہونا: [ار مص مرکب] واقع ہونا۔ صادر ہونا۔ ظاہر ہونا۔ (۲) عمل میں آنا۔
سرزمین: [ف۔ امث] خطہ۔ ملک (۲) زمین کی سطح۔
سرزنش: [ف۔ امث] ملامت۔ برا بھلا کہنا۔
سرزنی: [ف۔ امث] سرمارنا۔ کوشش کرنا۔
سرزور: [ف صف] سرکش۔ نافرمان۔ باغی۔ ہٹیلا
سرزوری: [ف۔ امث] سرکشی۔ بغاوت
سرسبز: [ف صف] تروتازہ۔ ہرا بھرا۔ شاداب (۲) خوش حال خوش و خرم (۳) کامیاب فتح مند (افعال، ہونا)
سرسبزی: [ف۔ امث] دیکھئے "سرسبز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سرشار: [ف۔ صف] نشے میں چور (۲) لبریز۔ چھلکتا ہوا۔
سرشاری: [ف۔ امث] دیکھئے "سرشار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سرشام: [ف۔ متعلق] شام ہوتے وقت۔ سورج چھپتے وقت۔
سرغنہ: [ف۔ صف] سرگروہ۔ سردار۔
سرفدا کرنا: [ار محاورہ] جان قربان کرنا۔
سرفروش: [ف۔ امث] جانباز۔ دلیر
سرفروشی: [ف۔ امث] دیکھئے "سرفروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سرقفلی: [ف۔ اند] کسی مکان وغیرہ کا تالا کھلوانے کے لیے پیشگی کرایہ
سرقلم کرنا: [ار محاورہ] سر کاٹنا۔ گردن مارنا۔
سرکردگی: [ف۔ امث] سرداری۔ قیادت
سرکردہ: [ف صف] ممتاز۔ معزز۔ نمایاں۔ حاکم یا افسر
سرکرنا: [ار محاورہ] فتح کرنا۔ جیتنا (۲) زبردستی دینا (۳) چوٹی یا

سرگوندھنا (۴) فیر کرنا۔ بندوق چلانا یا داغنا (۵) مکمل کرنا (۶)
سرکش: [ف صف] نافرمان (۲) باغی (۳) مغرور۔ (۴) بے وفا۔
سرکشی: [ف۔ امث] دیکھئے "سرکش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سرکوب: [ف۔ صف] سر کچلنے والا۔
سرکوبی: [ف۔ امث] سر کچلنا۔ سزا دینا۔
سرگزشت: [ف۔ امث] ماجرا۔ واردات۔ کیفیت (۲) حال۔ احوال۔ قصّہ۔ داستان۔ حکایت (۳) سوانح عُمری
سرگراں: [ف۔ صف] خفا۔ ناراض۔ برہم۔ کھچا ہُوا
سرگرانی: [ف۔ امث] خفگی۔ ناراضگی۔ برہمی۔ کبیدگی۔ رنجیدگی (۲) خمار۔ سر بھاری ہونا۔ دردِ سر (۳) افسوس۔ افسردگی۔
سرگرداں: [ف صف] حیران و پریشان (۲) آوارہ۔
سرگردانی: [ف۔ امث] دیکھئے "سرگرداں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سرگرم: [ف صف] مستعد (۲) پُرجوش (۳) مختی۔ کوشش کرنیوالا۔
سرگرمی: [ف۔ امث] کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔ محنت (۲) مستعدی۔
سرگروہ: [ف اند] سردار۔ سرخیل (۲) سرغنہ
سرگریبان میں ڈالنا [ا۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔ پریشان ہونا۔
سرگزار: [ف صف] جانباز۔ جان قربان کرنے والا
سرگشتگی: [ف۔ امث] حیرانی پریشانی دیوانگی (۲) مصیبت۔ آفت۔ نحوست۔
سرگشتہ: [ف۔ صف] حیران۔ بھٹکا ہُوا۔ دیوانہ
سرگوشی: [ف۔ امث] کانا پھُوسی۔ کان میں بات کہنا (۲) چُغلی۔ غیبت
سرمحفل [ف۔ اند] مجلس کے رُوبرُو۔ سب کے سامنے۔
سرمست: [ف صف] متوالا۔ مدہوش۔ نشے میں چُور
سرمغزی: [ف امث] بک بک۔ مغززنی
سرمُو: [ف۔ اند] بال کی نوک کے برابر۔ ذرا سا۔ رائی برابر
سرنام: [ف۔ صف] مشہور۔ نامور (۲) ممتاز
سرنام کرنا: [ا۔ مص مرکب] ف۔ اند] مشہور کرنا۔ مُنادی کرنا۔
سرنامہ: [ف۔ اند] خط کی پیشانی (۲) مکتوب الیہ کا پتہ اور نشان جو خط پر لکھا جائے۔
سرنگوں: [ف صف] سر کے بل، اوندھا (۲) شرمندہ۔ خجل
سرنو: [ف متعلق فعل] دوبارہ۔ نئے سرے سے
سرنوشت: [ف امث] تقدیر کا لکھا۔ کرم ریکھا۔ مقسوم۔ تقدیر۔ نصیب
سروبرگ: [ف۔ اند] خیال۔ پروا۔
سروپا: [ف متعلق فعل] سر سے پاؤں تک (۲) خلعت
سرورق: [ف۔ اند] کتاب کا پہلا ورق۔ ٹائیٹل پیج۔
سروساماں: [ف۔ اند] ضروری اسباب۔ لوازمات
سروکار: [ف۔ اند] واسطہ۔ تعلق (۲) غرض۔ مطلب (۳) رجحان۔ جھکاؤ۔ خواہش۔ میل
سرہونا [ا۔ محاورہ] دیکھئے "سرکرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سر [ھ اند] تاش یا گنجفے کا پتا جو کھیلا جائے (۲) دو تین یا چار پتے جو جیتنے والا لے جائے۔ (۳) مرتبے میں بڑا پتا مثلاً اکا

بادشاہ (۴) چشمہ۔ تالاب۔ حوض۔ جھیل (۵) ناوک۔ خدنگ (۶) پانی۔ آب۔ جل (۷) سرکنڈہ۔ نرسل۔
سر بنانا / کرنا: [ا۔ محاورہ] پنچے جیت کرے جانا۔
سر پھینکنا: [ا۔ محاورہ] تاش یا گنجفے کا پتا پھینکنا۔
سر [انگ۔ اند] sir (۱) جناب حضرت (۲) ایک خطاب جو حکومت برطانیہ کی طرف سے ملتا ہے۔
سر / سَر: [ا۔ اند] سر سیس۔ کھوپڑی۔ چوٹی (۲) ذمّہ (۳) مالک۔ آقا سردار (۴) ابتدا۔ شروع۔
سر آپڑنا: [ا۔ محاورہ] الزام آنا (۲) مصیبت یا آفت آنا۔
سر آنا: [ا۔ محاورہ] بھُوت پریت کا اثر ہونا (۲) سر کٹ کر آنا۔
سر آنکھوں پر / سے [ا۔ متعلق فعل] دل و جان سے۔ بڑی خوشی سے رضامندی یا اتفاق رائے ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں
سر آنکھوں پر بٹھانا / لینا: [ا۔ محاورہ] بہت عزت اور تکریم کرنا۔ خوب آؤ بھگت کرنا
سر اُتارنا [ا۔ محاورہ] سر کاٹنا گردن اُڑانا۔
سر اُتروانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "سر اُتارنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
سر اُٹھا کر چلنا: [ا۔ محاورہ] غرور کرنا۔ اِترانا۔
سر اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] سر اُوپر یا اُونچا کرنا (۲) شور کرنا۔ غل کرنا (۳) سر کو ہلانا۔ گردن سرکانا (۴) سرکشی یا بغاوت کرنا۔ فساد یا شرانگیزی کرنا (۵) اترانا۔ غرور کرنا۔ اکڑنا۔ (۶) ضد یا ہٹ کرنا (۷) منہ سامنے کرنا۔ مقابل ہونا۔ برابری کرنا (۸) فرصت یا مُہلت پانا۔
سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] بالکل فرصت نہ ملنا۔ نہایت عدیم الفرصت ہونا۔
سر اُڑانا / اُڑا دینا: [ا۔ محاورہ] سر کاٹ ڈالنا۔ گردن کاٹ دینا۔
سر اُلانا: [ا۔ محاورہ] سر اُٹھانا۔ سر اُونچا کرنا۔
سر الگ کرنا: [ا۔ محاورہ] سر کاٹ ڈالنا۔ سر کو جسم سے جُدا کرنا۔
سر اُونچا کرنا [ا۔ محاورہ] عزت بخشنا۔ سُرخ رو کرنا۔ وقار بڑھانا۔
سر باندھنا: [ا۔ محاورہ] (پٹابازی کی اصطلاح) سر کا نشانہ باندھنا۔ (۲) سر کے بالوں میں موباف ڈالنا۔ سر گوندھنا۔ چوٹی کرنا۔
سر بڑا سردار کا، پیر بڑا گنوار کا: [ا۔ مثل] بڑے یا عقلمند آدمی کا سر بڑا ہوتا ہے اور جاہل کے پاؤں بڑے ہوتے ہیں۔
سر بھاری ہونا: [ا۔ محاورہ] نزلہ یا زکام کی وجہ سے سر بوجھل معلوم ہونا درد سر ہونا۔ سر گھومنا۔
سر بیچنا: [ا۔ محاورہ] جان کو بلاکت میں ڈالنا (۲) فوج میں بھرتی ہونا۔
سر بیگار ہونا۔ [ا۔ محاورہ] ناپسندیدہ کام ذمّے ہونا۔
سر پاؤں / سر پیر [ا۔ اند] ابتدا۔ ٹھکانا۔ اتا پتا۔
سر پاؤں / سر پیر نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] آغاز۔ انجام کا پتہ نہ چلنا۔ مہمل ہونا۔
سر پٹک کے مر جانا: [ا۔ محاورہ] سر ٹکرا کے مر جانا (۲) انتہائی کوشش کے باوجود کامیاب نہ ہونا۔
سر پٹکنا / پٹخنا: [ا۔ محاورہ] سر دے دے مارنا۔ سر پھوڑنا۔

تلملانا۔ گھبرانا۔ جُھنجھلانا (۳) بہت کوشش کرنا (۴) منت سماجت کرنا (۵) بہت زیادہ سوچ و بچار کرنا (۶) غور و فکر کرنا تلاش یا تجسُّس کرنا (۷) افسوس کرنا۔

سَر پر: [ار۔ متعلق فعل] بہت قریب۔ بہُت نزدیک (۲) ذِمّے ۳۔ سر کے اُوپر بالائے سر۔

سر پر آ پڑنا: [ار۔ محاورہ] ذمّہ پڑنا (۲) وارد ہونا

سر پر آ پہنچنا: [ار۔ محاورہ] بہت قریب آ جانا۔ نزدیک آ جانا۔ سامنے ہونا

سر پر آ چڑھنا: [ار۔ محاورہ] آ موجود ہونا (۲) مقابلے کو کھڑے ہونا ۳۔ پیچھے پڑ جانا

سر پر آرا / آرے چلنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہلاکت میں پڑنا۔ جان پر بننا۔ ۲۔ ناقابلِ برداشت تکلیف میں مبتلا ہونا۔

سر پر آرے چل گئے تو بھی مدار رہی مدار: [ار۔ مثل] سخت تکلیف اُٹھائی مگر اپنی ہٹ سے باز نہ آئے۔

سر پر آنا: [ار۔ محاورہ] آسیب ہونا۔ جن بھُوت کا کسی میں دخول ہونا۔ ۲۔ قریب آنا۔ نزدیک آنا۔

سر پر آنکھیں نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] بے عقل ہونا۔

سر پر اُٹھا لیجانا: [ار۔ محاورہ] سر پر رکھ کر لے جانا (۲) مر کر ساتھ لیجانا۔ ان معنوں میں عموماً نفی کے ساتھ۔

سر پر اُٹھا لینا / اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] بہت شور و غل مچانا (۲) کوئی چیز سر پر رکھ لینا۔

سر پر اَجل کا کھڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] موت کا قریب ہونا۔

سر پر اجل کا ہنسنا: [ار۔ محاورہ] موت [illegible] ہونا۔

سر پر اجل کھیلنا: [ار۔ محاورہ] ایضاً قریب ہونا (۲) شامت آنا۔ کمبختی آنا

سر پر احسان دھر جانا / دھرنا / رکھنا: [ار۔ محاورہ] کسی پر احسان کرنا

سر پر احسان رہ جانا / رہنا: [ار۔ محاورہ] احسان کا بدلہ نہ ہونا۔

سر پر احسان کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کو زیرِ احسان کرنا۔

سر پر احسان ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر احسان کرنا" جسکا یہ لازم ہے

سر پر اللہ کا کلام اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] قرآن کی قسم کھانا

سر پر بار لینا: [ار۔ محاورہ] ذمّہ داری لینا۔

سر پر بار ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ بوجھ سر پر ہونا (۲) ذمّہ داری ہونا۔

سر پر بال ہونا: [ار۔ محاورہ] بولنے کی طاقت ہونا۔ مجال ہونا۔

سر پر باندھنا: [ار۔ محاورہ] پگڑی / رُومال وغیرہ سر پر لپیٹنا۔

سر پر بٹھانا: [ار۔ محاورہ] بہُت عزّت کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔

سر پر بج رہی ہے: [ار۔ محاورہ] کام سر پر پڑا ہونا۔

سر پر بلا آنا: [ار۔ محاورہ] مُصیبت آنا

سر پر بلا لانا: [ار۔ محاورہ] مُصیبت ڈالنا

سر پر بلا نازل ہونا: [ار۔ محاورہ] مُصیبت آنا۔

سر پر بننا: [ار۔ محاورہ] مصیبت میں پھنسنا

سر پر بوجھ پڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی کا ممنُون احسان ہونا (۲) ذمّہ داری پڑنا۔ بار پڑنا (۳) فکر مند ہونا۔

سر پر بوجھ لینا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ذمّہ داری لینا۔ بار لینا۔

سر پر بولنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ سانپ کے کاٹنے سے مرے ہوئے شخص کا منتر کے زور سے بولنا (۲) بھوت پریت کا انسان کے جسم میں حلول کر کے باتیں کرنا۔

سر پر بھُوت سوار ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ آسیب ہونا (۲) پاگل ہونا۔ ۳۔ بدحواس ہونا۔ بہت غصے ہونا۔ سخت ناراض ہونا۔

سر پر بٹھانا: [ار۔ محاورہ] عزّت و تعظیم کا برتاؤ ہونا۔

سر پر پاؤں رکھ کر اُڑ جانا / اُڑنا / بھاگ جانا / بھاگنا یا

سر پر پاؤں رکھنا: [ار۔ محاورہ] بہُت جلد بھاگ جانا۔

سر پر پاؤں کا جُوتا لوٹنا: [ار۔ محاورہ] خوب پٹنا جانا۔ اتنا جُوتوں سے پٹنا کہ جُوتے ٹوٹ جائیں۔

سر پر پتھر ڈھونا: [ار۔ محاورہ] سخت محنت کرنا۔ تکلیف اور تنگی میں زندگی بسر کرنا۔

سر پر پریاں کھیلنا: [ار۔ محاورہ] پریوں کا سایہ ہونا۔

سر پر پڑنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ذمّہ ہونا (۲) مصیبت نازل ہونا۔ گزرنا۔ بیتنا

سر پر پگڑی نہیں، گلال ڈالنے آیا: [ار۔ مثل] جو اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

سر پر پہاڑ گرانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر پہاڑ گرنا" جسکا یہ متعدی ہے۔

سر پر پہاڑ گرنا: [ار۔ محاورہ] دفعتاً مصیبت آ پڑنا

سر پر پیچ پڑنا: [ار۔ محاورہ] سر پر مصیبت آنا۔

سر پر تھالی پھرنا: [ار۔ محاورہ] بہت بھیڑ ہونا۔ مجمع ہونا۔

سر پر تیل ملنا: [ار۔ محاورہ] سر کو تیل لگانا۔ بیماری میں ایسا کرتے ہیں

سر پر ٹوٹ: [ار۔ محاورہ] سر پر مار کر توڑا جانا۔

سر پر ٹیکا ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ عزّت پانا۔ شہرت پانا (۲) کسی کام کا کسی شخص پر انحصار ہونا۔

سر پر جن چڑھنا / سوار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر بھُوت الخ"

سر پر جن کھیلنا: [ار۔ محاورہ] آسیب کا سر پر کھیلنا۔

سر پر جنُون چڑھنا / سوار ہونا: [ار۔ محاورہ] مجنُوں ہونا۔ دیوانہ ہونا (۲) کمال غصّے ہونا۔

سر پر جُوتا لگانا: [ار۔ محاورہ] جُوتوں سے مارنا۔ بے عزّت کرنا۔

سر پر جُوتا لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر جُوتا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سر پر جُوتا مارنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر جُوتا لگانا"

سر پر جُوتی ہاتھ میں روٹی: [ار۔ مثل] بے عزّتی ہو کھانے کو مل جائے۔

سر پر جہان بھر کا بیڑا اُٹھالینا: [ار۔ محاورہ] سخت ذمّہ داری لینا۔ بڑا جھگڑا مول لینا

سر پر چترِ شاہی قربان ہونا: [ار۔ محاورہ] بادشاہ بننا۔

سر پر چڑھا رہنا: [ار۔ محاورہ] پیچھے لگا رہنا۔ غالب رہنا۔ مسلّط رہنا۔

سر پر چڑھانا: [ار۔ محاورہ] عزّت کرنا۔ توقیر کرنا (۲) منہ لگانا۔ یار بنانا ۳۔ بے تکلف یا بے ادب بنانا (خصوصاً بچوں کو) ۴۔ اپنے سے کمتر درجے کے آدمی کا ہمسر بنانا۔

سر پر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے "سر پر چڑھانا" جس کا

بہ لازم ہے (۲) گستاخ ہونا (۳) منہ لگنا (۴) اِترانا۔ غرور کرنا (۵) غالب ہونا۔ مسلّط ہونا (۶) آسیب کا کسی میں حلول کرنا۔

سر پر چلیّاں چلنا : [ار۔ محاورہ] قریب ہی سخت شور ہونا

سر پر چلّانا : [قریب آکر شور مچانا۔

سر پر چھپّر رکھنا : [ار۔ محاورہ] کوئی بڑا کام کسی کے ذِمّہ ڈالنا۔ کسی قسم کا بوجھ ڈالنا (۲) احسانِ عظیم کرنا (۳) الزام لگانا۔

سر پر چھت اُٹھا لینا : [ار۔ محاورہ] بُہت شور مچانا۔

سر پر خاک اُڑانا : [ار۔ محاورہ] ماتم کرنا۔ نوحہ کرنا۔

سر پر خاک ڈالنا / کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر خاک اُڑانا"

سر پر خُون چڑھنا / سوار ہونا : [ار محاورہ] قاتل کے چہرے سے یا افعال سے اس کا قاتل ہونا ظاہر ہونا۔

سر پر خُون لینا : [ار۔ محاورہ] قتل کا ذمّہ دار ہونا۔

سر پر دستِ شفقت رکھنا : [ار۔ محاورہ] پناہ میں لینا۔ مہربانی کرنا

سر پر دستِ شفقت ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے "سر پر دستِ شفقت رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔ **سر پر دھرنا** : [ار محاورہ] ذمّہ ہونا۔ سر پر پہننا یا پہننا

سر پر دَھمال ہونا : [ار محاورہ] قریب میں شور و غل / ہنگامہ ہونا ۲۔ بہت سا بوجھ سر پر پڑنا (۳) سخت دِقّتیں ہونا (۴) بہت سے فقیروں کا جمع ہو کر کُودنا اور شور و غل مچا کر بھیک مانگنا۔

سر پر ڈھول بجانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر ڈھول بجنا" جس کا یہ متعدّی ہے

سر پر ڈھول بجنا : [ار۔ محاورہ] قریب ہی بہت شور ہونا۔

سر پر ڈھول بجاؤ کچھ خبر نہیں : [ار مثل] بڑا ہی غافل اور سُست ہے۔

سر پر رکھ لینا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ کوئی چیز سر پر اٹھانا۔ ۲۔ بہت شور و غل کرنا۔

سر پر رکھنا : [ار۔ محاورہ] تعظیم کرنا۔ تعظیماً کوئی چیز سر پہ دھرنا (۲) ذمّہ ڈالنا۔ سر پر پہنانا / پہننا

سر پر روزِ سیاہ لانا : [ار۔ محاورہ] شامت لانا۔ مصیبت لانا۔

سر پر رہنا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہر وقت پاس رہنا (۲) نگران رہنا۔

سر پر زخم آنا : [ار مص مرکب] سر زخمی ہونا۔

سر پر زمین اُٹھا لینا : [ار۔ محاورہ] بہُت شور و غل کرنا۔

سر پر سایہ رکھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر سایہ ہونا / رہنا" جسکا یہ متعدّی ہے۔

سر پر سایہ رہنا / ہونا : [ار۔ محاورہ] سرپرست کا زندہ ہونا۔

سر پر سفیدی آجانا : [ار۔ محاورہ] بڑھاپے سے بالوں کا سفید ہو جانا۔

سر پر سنیچر سوار ہونا : [ار۔ محاورہ] نحوست پڑنا۔ شامت آنا۔

سر پر سوار رہنا : [ار۔ محاورہ] ہر وقت ساتھ رہنا۔ مسلّط یا غالب رہنا۔

سر پر سوار کرنا : [ار۔ محاورہ] مسلّط کرنا۔ گستاخ کرنا۔

سر پر سوار ہونا : [ار۔ محاورہ] مسلّط ہونا۔ آسیب کا سایہ ہونا۔ ۲۔ جنون کا غلبہ ہونا (۳) کسی بات کی دُھن ہونا۔

سر پر سودا چڑھنا : [ار۔ محاورہ] خبط ہونا دُھن ہونا۔

سر پر سہنا : [ار۔ محاورہ] برداشت کرنا

سر پر سے صدقے اُتار دینا / کرنا / وارنا : [ار۔ محاورہ] قربان کرنا۔

سر پر سے نکلنا : [ار۔ محاورہ] قریب سے جانا۔ سرہانے کی طرف سے جانا۔

سر پر شیطان چڑھنا / سوار ہونا : [ار۔ محاورہ] سخت غصّے ہونا۔ بُرے کام کی طرف رغبت ہونا۔ زنا کے لیے تیّار ہونا۔ شرارت پر آمادہ ہونا۔ کہا نہ ماننا۔

سر پر عذاب لینا : [ار محاورہ] گناہ کا کام کرنا۔

سر پر غُل مچانا : [ار۔ محاورہ] قریب ہی بہُت شور کرنا۔

سر پر قدم : [ار متعلق فعل] بُہت تعظیم کے موقع پر کہتے ہیں۔ (افعال لینا۔ رکھنا)

سر پر قرآن اُٹھانا / رکھنا : [ار۔ محاورہ] قرآن کی قسم دینا۔

سر پر قیامت آنا / ٹوٹنا : [ار محاورہ] سخت مصیبت آنا۔ آفت پڑنا۔

سر پر قیامت برپا کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پر قیامت برپا ہونا" جس کا یہ متعدّی ہے۔

سر پر قیامت برپا ہونا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ سخت مصیبت آنا ۲۔ سخت ظلم ہونا (۳) بہُت شور و غل ہونا۔

سر پر کالی ہانڈی رکھنا : [ار محاورہ] ۱۔ بے عزّت یا رُسوا کرنا ۲۔ شرمندہ کرنا

سر پر کفن باندھنا : [ار محاورہ] مرنے کے لیے تیار رہنا۔

سر پر کودوں دَلنا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ دُوسرے کو جلانے کے لیے کوئی کام کرنا (۲) دُوسری شادی کر لینا۔

سر پر کوئی نہ ہونا : [ار۔ محاورہ] کوئی مربّی یا سرپرست نہ ہونا۔

سر پر کھڑا ہونا : [ار محاورہ] ۱۔ بہت قریب ہونا۔ سامنے موجُود ہونا۔

سر پر کھیلنا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ آسیب کا سر پر آکر باتیں کرنا (۲) قریب ہونا۔ سر پر آنا۔

سر پر گٹھڑی رکھنا : [ار۔ محاورہ] سر پہ بوجھ رکھنا (۲) ذِمّہ داری ڈالنا۔

سر پر گناہ / گناہوں کا بار / بوجھ لے جانا : [ار۔ محاورہ] مرتے وقت گناہوں کا بوجھ سر پر لیجانا۔

سر پر لاد کر لے جانا : [ار محاورہ] مرتے وقت گناہوں کا بوجھ لے جانا۔

سر پر لادنا : [ار۔ محاورہ] کسی کے ذمہ ڈالنا۔

سر پر لگانا : [ار۔ محاورہ] کوئی چیز سر پر مارنا۔

سر پر لگے پھرنا : [ار محاورہ] سر پر رکھ کر ادھر اُدھر لے جانا۔

سر پر لیجا کر کھڑا کر دینا / کرنا : [ار۔ محاورہ] سامنے لیجا کر دکھا دینا۔ روبرو لیجانا۔

سر پر لیجانا : [ار محاورہ] کوئی بار اپنے سر پر رکھ کر لیجانا۔

سر پر لینا : [ار۔ محاورہ] اپنے ذمہ لینا۔

سر پر موت کا کھڑا ہونا۔ کھیلنا / ہنسنا : [ار محاورہ] دیکھئے "سر پر اجل کا کھڑا ہونا"

سر پر محشر بپا رہنا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ سخت تکلیف / مصیبت میں رہنا ۲۔ سخت شور مچا رہنا۔

سر پر مکان اُٹھانا : [ار۔ محاورہ] بہُت شور و غل کرنا۔

سر پر نقارہ بجنا : [ار۔ محاورہ] شور و غل ہونا۔

سر پر نہ رہنا : [ار محاورہ] مُربی / وارث / مددگار / بزرگ کا مر جانا۔

سر پر وارنا : [ار۔ محاورہ] قربان کرنا۔ تصدّق کرنا۔ صدقے کرنا۔

پتھا دور کرنا۔

سر پر وبال لینا: [ار۔ محاورہ] اپنے ذمہ گناہ کا عذاب لینا۔

سر پر ہاتھ پھیر دینا: [ار۔ محاورہ] فریب سے یا بزور سب کچھ لے لینا۔

سر پر ہاتھ پھیرنا: [ار۔ محاورہ] دلاسا دینا۔ تشفی کرنا۔

سر پر ہاتھ دھر / رکھ کے رونا: [ار۔ محاورہ] سخت پچھتانا۔ پریشان ہونا۔

سر پر ہاتھ دھرنا / رکھنا: [ار۔ محاورہ] مددگار یا سرپرست بننا حمایت میں لینا (۲) کسی کے سر کی قسم کھانا (۳) کسی کی دلجوئی کرنا۔ سلام کرنا۔

سر پر ہونا: [ار۔ محاورہ] مربی زندہ ہونا۔ حامی و مددگار ہونا (۲) سر ہونا ذمے ہونا (۳) قریب ہونا۔ کسی چیز کا سر کے اوپر ہونا۔

سر پڑنا: [ار۔ محاورہ] ذمہ ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ حصے میں آنا۔

سر پڑا ہوا ہے: [ار۔ محاورہ] ذمے ہو رہا ہے۔

سر پڑے کا سودا: [ار۔ امذ] مجبوری کا کام۔ ذمے پڑے کا معاملہ، معاذ

سر پکڑ کر کے بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] مغموم اور سوگوار بن کے بیٹھنا۔ رنج والم کی صورت ظاہر کرنا۔

سر پکڑنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ تسلی دینا۔ مدد دینا (۲) سر کو بوجھل بنانا۔

سر پنچ: [ار۔ صف] پنچایت کا سربراہ۔ پنچوں کا سردار

سر پھٹا پڑنا / جانا: [ار۔ محاورہ] سر میں سخت درد ہونا۔

سر پھٹنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سر میں زخم آنا۔ سر کے ٹکڑے ہونا (۲) سر میں درد ہونا

سر پھٹول: [ار۔ امث] ا۔ سر پھٹنا (۲) لڑائی جھگڑا ا۔۲۔ صاحب سلامت

سر پھرانا: [ار۔ محاورہ] زیادہ بکواس کر کے اپنے اور دوسرے کے سر میں درد کرنا۔

سر پھرا ہے: [ار۔ محاورہ] خبطی ہونا۔ پاگل ہے۔

سر پھر جانا / پھرنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ دوران سر ہونا۔ دماغ پریشان ہونا (۲) دماغ میں فتور آنا۔

سر پھوٹنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سر زخمی ہونا (۲) مار کٹائی ہونا۔

سر پھوڑنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سر زخمی کرانا (۲) رشک یا غصہ کے باعث خود کو ہلاک کرنا (۳) جوتی پیزار کرنا۔ لڑنا جھگڑنا۔ ۴۔ فریاد کرنا۔

سر پھوڑے ڈالنا: [ار۔ محاورہ] سر پھوڑنے میں جلدی کرنا۔

سر پھیرنا: [ار۔ محاورہ] سرکشی کرنا۔ کہا نہ ماننا۔

سر پیٹنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ غصہ کے مارے سر میں ضرب لگانا (۲) ماتم کرنا افسوس کرنا۔

سر پیر نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] ابتدا اور انتہا نہ ہونا۔ مہمل ہونا۔

سر پیر ہونا: [ار۔ محاورہ] ابتدا و انتہا ہونا۔

سر توڑ / پھوڑ کر / کے لینا: [ار۔ محاورہ] زبردستی لینا۔ ڈرا دھمکا کر وصول کرنا

سر توڑ کوشش کرنا: [ار۔ محاورہ] بہت سخت کوشش کرنا۔ بیحد مشقت کرنا۔

سر توڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پھوڑنا"

سر تھام کے / کر بیٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر پکڑ کر / کے بیٹھنا"

سر تھام لینا: [ار۔ محاورہ] بری خبر سن کر سر پکڑ لینا۔ بہت رنجیدہ ہونا۔

سر تھپ جانا: [ار۔ محاورہ] کسی کے ذمہ الزام آنا۔ ذمہ ہونا۔

سر تھوپنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر تھپ جانا" جسکا یہ متعدی ہے۔

سر ٹکرا کر / کے مر جانا: [ار۔ محاورہ] حسرت و یاس میں مر جانا۔

سر ٹکرانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سر پٹکنا۔ سر کو کسی سخت چیز پر مارنا (۲) بہت جستجو کرنا۔

سر ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سر ٹیکا ہونا: [ار۔ محاورہ] کوئی کام کسی پر موقوف یا منحصر ہونا۔

سر جانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سر کٹنا۔ قتل ہونا (۲) ذمہ پڑنا (۳) گنجفہ یا تاش میں پتا ہر جانا۔

سر جائے بات میں فرق نہ آئے: [ار۔ مقولہ] جان دیکر بھی عہد پورا کرنا چاہیئے۔

سر جوڑ کر / کے بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] مل کر بیٹھنا۔ صلاح مشورہ کے لیے اکٹھے ہونا۔

سر جوڑنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سر ملانا (۲) جمع ہونا۔ اکٹھے ہونا (۳) سازش کرنا (۴) اتفاق ہونا۔ ایکا ہونا۔

سر جھاڑ منہ پہاڑ: [ار۔ صف] وحشیانہ حالت میں۔ عورت کا بغیر آرائش و پیرایش کے ہونا۔

سر جھاڑنا: [ار۔ محاورہ] کنگھی کرنا۔

سر جھکانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ اطاعت یا فرمانبرداری کرنا (۲) شرمندہ ہونا۔ غیرت محسوس کرنا (۳) عاجزی ظاہر کرنا (۴) سجدہ کرنا۔ انکسار کرنا

سر جھکنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ دیکھئے "سر جھکانا" جس کا یہ لازم ہے۔ (۲) کسی کا ممنون ہونا۔

سر جیب خجالت سے نکالنا: [ار۔ محاورہ] شرمندگی دور کرنا۔

سر جیب خجالت سے نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سر جیب خجالت سے نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سر چپیکنا: [ار۔ محاورہ] سر منڈھنا۔ ذمہ ڈالنا۔

سر چڑھا: [ار۔ صف] منہ لگا۔ گستاخ۔ بے ادب۔

سر چڑھانا: [ار۔ محاورہ] بہت منہ لگانا بہت زیادہ لاڈ کرنا۔ گستاخ بنا دینا۔ قربان کرنا۔

سر چڑھ کر / کے بولنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ بھوت پریت کا سر پر آ کر کھیلنا۔ (۲) کسی بات کا اثر از خود ظاہر ہونا چھپانے نہ چھپنا۔ آپ سے آپ ظاہر ہونا۔

سر چڑھ کر لگنا: [ار۔ محاورہ] خواہ مخواہ چھیڑ کر لڑنا۔

سر چڑھ کر مرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کو اپنے خون کا باعث سمجھنا۔ اپنے مرنے کی ذمہ داری دوسرے پر ڈالنا۔

سر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ مصاحب بننا۔ منہ لگنا۔ گستاخ بننا (۲) بحث کرنا۔ مقابلہ کرنا (۳) سر کے اوپر رکھا جانا (۴) سر قربان کرنا (۵) قرضے کا زیادہ ہو جانا (۶) اترانا۔ گھمنڈ کرنا (۷) سوار ہونا۔ اوپر چڑھنا۔

سر چکٹانا: [ار۔ مص مرکب] سر کے بالوں میں تیل لگا کر ان کو جما دینا۔

سر چکٹنا / چکٹ جانا: [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "سر چکٹانا" جس کا یہ لازم ہے

سر چکرانا: [ار۔ محاورہ] سر گھومنا۔

سر چلا جانا: [ار۔ محاورہ] درد کے مارے سر کا گرا پڑنا۔

سرچوٹ: [ا ر صفت] ا ۔ گرا ہ ۔ نہایت خلاف مرضی (۲) چڑ۔
۳۔ چاٹ ۔ لاگ

سرپھیرنا: [ا ر محاورہ] ا ۔ سر پھوڑنا ۔ زبردستی کرنا (۲) ضد کرنا ۔ اڑنا ۔
ہٹ کرنا (۳) لڑائی کرنا (۴) مارنے مرنے پر کمربستہ ہونا ۔

سر خالی کرنا: [ا ر محاورہ] بک بک کر دماغ تھکا دینا ۔ شور و غل سے دماغ خالی
کر دینا ۔ **سر دِکھانا**: [ا ر محاورہ] سر میں سے جوئیں نکلوانا ۔

سر دُکھانا: [ا ر محاورہ] زخمی کرنا ۔ درد سر کرنا ۔

سر دُکھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر دُکھانا " جس کا یہ لازم ہے ۔

سر دَھرا: [ہ صفت] ا ۔ بڑا بوڑھا ۔ بزرگ ۔ سرپرست ۔ ولی ۔ وارث ۔
(۲) آقا ۔ افسر ۔ سردار ۔ مالک ۔ سرکردہ ۔

سر دَھرنا: [ا ر محاورہ] ا ۔ ذمہ دار گردانا (۲) الزام لگانا

سر دُھن لینا: [ا ر محاورہ] بہت آزردہ ہونا ۔ بیزار ہونا ۔

سر دُھننا: [ا ر محاورہ] ا ۔ افسوس کرنا ۔ پچھتانا (۲) غصہ یا حیرت سے سر ہلانا ۔
۳ فکر کرنا (۴) ماتم کرنا (۵) سر کو دے دے مارنا (۶) مزے میں آ کر جھومنا

سر دھونا: [ا ر محاورہ] ا ۔ عورتوں کا نہانا (۲) سر صاف کرنا ۔ پانی وغیرہ سے

سر دے مارنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر پٹکنا "

سر دینا: [ا ر محاورہ] ا ۔ جان دینا ۔ سر قربان کرنا (۲) سر اندر رکھنا (۳) تاش یا
گنجفہ کی بازی میں پتّا چلنا ۔

سر دیواروں سے ٹکرانا: [ا ر محاورہ] بہت گھبرانا ۔

سر ڈالنا: [ا ر محاورہ] ذمّہ کرنا ۔

سر ڈُلانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر دُھننا "

سر ڈوب: [ا ر صفت] ا ۔ سر سے اونچا پانی (۲) اتنا گہرا کہ سر ڈوب جائے ۔ ۳ ۔ ناز الوبر

سر ڈھانکنا: [ا ر محاورہ] ا ۔ سر پر کپڑا ڈالنا (۲) باکرہ عورتوں سے
واصل ہونا (طوائفوں کی اصطلاح)

سر ڈھکنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر ڈھانکنا " جس کا یہ لازم ہے ۔

سر ڈھکی: [ا ر ۔ امث] ا ۔ شب زفاف (۲) نکاح ۔

سر رنگنا: [ا ر محاورہ] ا ۔ سر کو زخمی کرنا ۔ سر سے خون نکالنا (۲) سر میں خضاب لگانا ۔

سر رہنا: [ا ر محاورہ] ا ۔ سر بچ جانا ۔ جان سلامت رہنا (۲) کسی کام
میں لگے رہنا ۔ کوشش کرتے رہنا ۔ پیچھے پڑے رہنا ۳ ۔ ذمّے لینا ۔

سر زانو پر جھکانا: [ا ر محاورہ] سخت افسوس میں ہونا ۔

سر زانو پر جھکنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر زانو پر جھکانا "
جس کا یہ لازم ہے ۔

سر زانو پر دھرا ہونا: [ا ر محاورہ] غم و اندوہ کا عالم ہونا ۔

سر زور: [ا ر صفت] سرکش ۔ نافرمان ۔

سر زوری: [ا ر ۔ امث] دیکھئے " سرزور " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

سر زیر قدم ہونا: [ا ر محاورہ] کسی کے ماتحت ہونا ۔ مغلوب ہونا ۔

سر سامنے کرنا: [ا ر محاورہ] انعام یا پیار کی کوئی چیز گلے میں ڈلوانے
کے لیے سر آگے کرنا ۔

سر سپر کر دینا: [ا ر محاورہ] سر آگے کر دینا ۔ خطرہ میں پڑ جانا ۔

سر سجدے بیچ من بدیوں میں: [ا ر مثل] ظاہر نیک باطن
خراب ۔ ظاہر میں اچھا اور اندر خانے بُرا ۔

سر سفید کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر سفید ہونا " جس کا یہ متعدّی ہے

سر سفید ہونا: [ا ر محاورہ] بڑھاپا آ جانا ۔ بالوں کا پک جانا ۔

سر سُکھانا: [ا ر مص مرکب] بالوں کی نمی دُور کرنا ۔ بالوں کو خشک کرنا ۔

سر سلامت ہونا: [ا ر محاورہ] زندہ ہونا ۔

سر سلامت ہے تو بہت مل جائیں گے: [ا ر مثل] زندہ
رہے تو بہت کچھ ملیگا ۔

سر سلامت ہے تو پگڑی پچاس: [ا ر مثل] جیتے رہے تو
بہت کچھ مل جائیگا ۔ نقصان ہونے کے موقع پر کہتے ہیں ۔

سر سہرا ہونا: [ا ر محاورہ] کسی پر کام کا دار و مدار ہونا / کامیابی کا انحصار ہونا ۔

سر سہلانا: [ا ر محاورہ] ا ۔ سر پر ہاتھ پھیرنا (۲) خوشامد کرنا ۔

سر سہلائے / سہلادیں ۔ بھیجا کھائے / کھادیں: [ا ر مثل]
ا ۔ دوستی کے پردے میں دُشمنی کرتا ہے (۲) چکنی چُپڑی باتیں
کر کے مال اڑاتا ہے ۔

سر سے: [ا ر متعلق فعل] ا ۔ سر کے ساتھ (۲) تعظیم سے

سر سے آسیب اُتارنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر سے آسیب
اُترنا " جس کا یہ متعدی ہے ۔

سر سے آسیب اُترنا: [ا ر محاورہ] بھوت پریت کا کلام کے زور
نکل جانا (۲) غصہ دُور ہونا (۳) خوف دُور ہونا ۔

سر سے اُتارنا: [ا ر محاورہ] ا ۔ وارنا ۔ صدقے کرنا (۲) آسیب کو دُور کرنا ۔

سر سے اُترنا: [ا ر محاورہ] آسیب کا کسی عامل کے ذریعہ سے نکلنا ۔

سر سے اُتروانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر سے اُترنا " جسکا یہ متعدی المتعدی ہے ۔

سر سے اُترے بال گویں جاؤ یا موت میں: [ا ر ۔ مثل]
جس بات کو چھوڑ دیا پھر اس سے کیا مطلب ۔

سر سے بلا ٹالنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر سے بلا ٹلنا " جس کا یہ متعدی ہے ۔

سر سے بلا ٹلنا: [ا ر محاورہ] مصیبت دُور ہونا ۔ آفت کا آ کر چلے جانا ۔

سر سے بوجھ اُتارنا / ٹالنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر سے بوجھ اُترنا "
جس کا یہ متعدی ہے **سر سے بوجھ اُترنا / ٹلنا**: [ا ر محاورہ]
ا ۔ بوجھ کا نیچے رکھا جانا (۲) ذمہ داری سے بچنا (۳) دفع الوقتی کرنا ۔

سر سے بوجھ باندھنا: [ا ر محاورہ] کوئی خواہ مخواہ کا خرچ اپنے ذمّہ لینا ۔

سر سے بیگار ٹالنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے " سر سے بیگار ٹلنا " جس کا یہ متعدی ہے

سر سے بیگار ٹلنا: [ا ر محاورہ] ناپسندیدہ کام کرنے سے بچ جانا ۔

سر سے پانی اونچا ہونا / گزرنا: [ا ر محاورہ] کسی امر کا انتہا کو پہنچ جانا ۔

سر سے پاؤں تک: [ا ر متعلق فعل] شروع سے آخر تک ۔ نیچے
سے اوپر تک ۔ ابتدا سے انتہا تک ۔ بالکل ۔ تمام

سر سے پاؤں تک آگ لگنا: [ا ر محاورہ] سخت غصے ہونا ۔ غصے سے بھر جانا ۔

سر سے پاؤں بلائیں لینا: [ا ر محاورہ] سارے جسم کی بلائیں لینا ۔ بوسے لینا ۔

سر سے پاؤں تک مسلح ہونا: [ا ر محاورہ] مکمل طور پر ہتھیار بند ہونا

سر سے پٹک جانا: [ا ر محاورہ] واپس کر دینا ۔ زبردستی کسی کے ذمّہ ڈالنا

سر سے پہاڑ ٹالنا: [ا ر محاورہ] مصیبت کا رفع کرنا ۔

سر سے پہاڑ ٹلنا: (ار محاورہ) مصیبت کا رفع ہو جانا۔
سر سے پیدا ہونا: (ار محاورہ) بچّہ کا پیدائش کے وقت سر کی طرف سے باہر آنا۔
سر سے تنکا اُتارنا: (ار محاورہ) خفیف احسان کرنا۔
سر سے تنکا اُتارنے کا احسان ماننا: (ار محاورہ) تھوڑے سے احسان کا ممنون ہونا۔
سر سے توڑنا: (ار محاورہ) سر پر مار کے توڑنا۔ اپنا سر مار کر کسی چیز کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
سر سے ٹالنا: (ار محاورہ) دیکھئے "سر سے ٹلنا" جس کا یہ متعدی ہے
سر سے ٹلنا: (ار محاورہ) پیچھا چھوٹنا۔ دفع ہونا
سر سے جانا: (ار محاورہ) کمال تعظیم سے جانا۔ سر کے بل جانا۔
سر سے جن اُتارنا: (ار محاورہ) دیکھئے "سر سے آسیب اُتارنا"۔
سر سے جن اُترنا: (ار محاورہ) دیکھئے "سر سے آسیب اُترنا"
سر سے چلنا: (ار محاورہ) تعظیم / اشتیاق سے جانا۔
سر سے حاضر ہونا: (ار محاورہ) خوشی سے / مؤدب حاضر ہونا۔
سر سے خایہ بھاری: (ار مثل) اصل سے فروع زیادہ۔
سر سے خون جاری ہونا: (ار مص مرکب) سر کے زخمی ہونے / پھٹ جانے کی وجہ سے خون کا نکلنا۔
سر سے سایہ اُتارنا: (ار محاورہ) دیکھئے سر سے سایہ اُترنا جس کا یہ متعدی ہے۔
سر سے سایہ اُترنا: (ار محاورہ) آسیب / جن دور ہونا۔
سر سے سایہ اُٹھانا: (ار محاورہ) دیکھئے "سر سے سایہ اُٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے صرف خدا کے لیے مستعمل ہے۔
سر سے سایہ اُٹھنا: (ار محاورہ) کسی بزرگ کا مر جانا
سر سے سر جوڑنا / ملانا: (ار محاورہ) دوسرے کے سر کے قریب اپنا سر لانا۔
سر سے سر دارا ہے: (ار مثل) سر کے ساتھ پگڑی ہے۔ سردار کے ساتھ حکومت ہے۔
سر سے صدقے اُتارنا: (ار محاورہ) سر پر وارنا۔
سر سے قدم تک: (ار متعلق فعل) دیکھئے "سر سے پاؤں تک" مع محاورات
سر سے کفن باندھنا: (ار محاورہ) مرنے کے لیے تیار رہنا۔ مسلمان جنگ میں جاتے وقت کفن سر سے باندھ لیتے یا ہمراہ رکھتے ہیں تاکہ شہید ہونے کی صورت میں اسی میں نعش لپیٹ کر دفن کر دی جائے۔ یہ وہاں کہتے ہیں جہاں شکست / شہادت کی اُمید یقینی ہو۔
سر سے کنارہ کرنا: (ار محاورہ) دیکھئے "سر سے کنارہ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
سر سے کنارہ ہونا: (ار محاورہ) مر جانا۔ جان دینا
سر سے کنواں کھودنا: (ار محاورہ) ۱۔ بہت مشقت سے کام کرنا۔ ۲۔ ناممکن کام کرنا۔
سر سے کھیل جانا: (ار محاورہ) مرنے کے لیے تیار ہو جانا۔ سخت دلیری کا کام کرنا۔
سر سے کھیلنا: (ار محاورہ) ۱۔ آسیب زدہ کا سر کو ہلانا۔ اور بیہوشی کی حالت میں باتیں کرنا۔
سر سے گزر جانا: (ار محاورہ) ۱۔ پانی کا سر سے اوپر / دباؤ ہونا۔ ۲۔ ہلاک ہونا۔ مر جانا۔ زندگی سے دست بردار ہونا۔

سر سے لگا کر پاؤں تک: (ار متعلق فعل) دیکھئے "سر سے پاؤں تک"
سر سے لگانا: (ار محاورہ) محبت سے پیار کرنا (۲) تعظیم کرنا۔
سر سے لگنا / لگی ہونا: (ار محاورہ) غصّے ہونا۔ بیحد ناراض ہونا۔ ناگوار ہونا / گزرنا۔
سر سے مارنا: (ار محاورہ) ناراض ہو کر کوئی چیز واپس کرنا (۲) بے دلی سے کوئی چیز دینا (۳) بے فائدہ ذمّہ ڈالنا (۴) سر پر مارنا۔ پھینکنا / پھینکدینا (۵) سر سے ٹکرانا۔
سر سے میلا ہونا: (ار محاورہ) حیض کی حالت میں ہونا۔
سر سینگ: (ھ۔ اند) جھگڑالو۔ فسادی۔ باغی
سر سینگ ہونا: (ار محاورہ) خاص شان ہونا۔
سر سینے سے لگانا: (ار محاورہ) پیار کرنا۔ تسلی دینا
سر سے وارنا: (ار محاورہ) نثار کرنا۔ صدقے کرنا۔
سر سے وبال اُترنا: (ار محاورہ) کسی جھگڑے قضیے یا مصیبت سے رہائی ہونا۔
سر سے ہوش جانا: (ار محاورہ) عقل نہ رہنا۔ گھبرا جانا۔
سر صدقے (کو) (ار متعلق فعل) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔ کوئی چیز کھو گئی ہو یا کچھ نقصان ہو گیا ہو تو کہتے ہیں۔
سر عذاب لینا: (ار محاورہ) ۱۔ کسی مشکل کام کو اپنے ذمّہ لینا۔ ۲۔ کوئی گناہ کا کام کرنا۔
سر فدا کرنا: (ار محاورہ) کسی کی حمایت میں جان دینا۔ کسی کے واسطے مرنا۔
سر قدم پہ رکھنا: (ار محاورہ) ۱۔ پاؤں پر سر رکھنا (۲) منت سماجت کرنا۔ بہت عزت کرنا۔
سر قلم کرنا: (ار محاورہ) قتل کرنا۔ سر کاٹنا
سر قلم ہونا: (ار محاورہ) دیکھئے "سر قلم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سر کا بال گھر کی کھیتی ہے: (ار مثل) جب چاہا بڑھا لیا۔ اور جب چاہا کاٹ لیا۔
سر کا بوجھ پاؤں پر آتا ہے: (ار مثل) بزرگان رفتہ کا قرض پسماندہ خردوں کو بھگتنا پڑتا ہے۔ بڑوں کی مصیبت چھوٹوں پر آتی ہے۔
سر کا بوجھ ٹالنا / ڈالنا: (ار محاورہ) بیدلی سے کوئی کام کرنا۔
سر کا پسینہ (ایڑی کو) پاؤں پر آنا / ایک بہانا / کو آنا: (ار مثل) سخت محنت کرنا۔ محنت شاقہ برداشت کرنا۔
سر کاٹ کر بھیجنا: (ار مص) سر کو بدن سے علیحدہ کر کے بھیجنا۔ اگلے زمانے میں بادشاہوں کے دشمنوں کا سر کاٹ کے پاس بھیج دیا کرتے تھے۔
سر کاٹ لینا / کاٹنا: (ار مص) سر قلم کرنا۔ قتل کرنا۔
سر کا چھند اُتارنا: (ار محاورہ) احسان اتارنا۔ شکوہ یا گلہ رفع کرنا۔
سر کاڑھنا: (ار محاورہ) سر نکالنا۔ مشہور ہونا۔
سر کا طالب ہونا: (ار محاورہ) قتل کے درپے ہونا۔
سر کا کدو کھاتے پھرنا: (ار محاورہ) سر کٹ جانا اور زمین پر پڑا رہنا۔
سر کالا منہ بالا: (ار مثل) جوانی میں رعب اور ہیبت ہوتی ہے۔
سر کا نہایا پاک: (ار مثل) مکمل نہانے سے انسان پاک ہو جاتا ہے
سر کا نہ پاؤں کا: (ار صف) بے سر وپا۔ لغو۔ مہمل

سرکا و بال ہونا: [ا، محاورہ] وُدبھر ہونا
سرکٹا: [ا رصف] بے سرکا۔ جس کا سرکٹا ہو۔
سرکٹانا: [ا، محاورہ] سر علیحدہ کرانا۔ جان دینا۔ مرنا
سرکٹ جانا / کٹنا: [ا رمصدر مرکب] سر الگ ہونا (۲) مرنا۔ ہلاک ہونا (۳) سرکا زخمی ہونا۔
سرکٹوانا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "سرکٹانا" جو زیادہ فصیح ہے۔
سرکچلنا: [ا ر محاورہ] ا۔ سر کسی چیز سے زور سے ملنا کر سر پھوٹ جائے ۲۔ سزا دینا۔ (۳) اصلی قوت ضائع کر دینا۔
سرکرنا: [ا ر محاورہ] ذمے کرنا۔ ذمہ دار بنانا۔ لڑانا۔ بھڑانا۔ ۳۔ سر اندر گھسیڑ دینا (۴) چوٹی گوندھنا (۵) تاش یا گنجفے کی بازی دوسرے سے جیتنا (۶) زبردستی دینا۔ گلے مڑھنا۔ فتح کرنا۔
سرکو آنا: [ا ر محاورہ] پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔
سرکو بتا کر کہیں اور مارنا: [ا ر محاورہ] سر کی طرف اشارہ کر کے کسی اور جگہ مارنا / لگانا (پٹے بازوں کی اصطلاح ہے کہیں اور کی بجائے بدن کے حصے کا نام جیسے پیٹ پر۔ کمر پر۔ ٹانگوں پر)
سرکو بتانا: [ا رمحاورہ] پٹے بازوں کی اصطلاح سر کی طرف اشارہ کرنا۔
سرکورے اُسترے سے منڈوانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سرکورے اُسترے سے مونڈنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
سرکورے اُسترے سے مونڈنا: [ا ر محاورہ] تمام مال و متاع لوٹ لینا۔ بغیر پانی سوکھے اُسترے سے سر مونڈنا۔
سرکو زمین پر پٹکنا: [ا ر محاورہ] بہت کوشش کرنا۔
سرکو قدم کرنا: [ا ر محاورہ] بہت جلد مگر تعظیم کے ساتھ آنا
سرکھانا: [ا ر محاورہ] غل یا شور مچانا۔ پریشان کرنا۔
سرکہاں پھوڑوں: [ا ر محاورہ] کہاں تلاش کروں کس سے فریاد کروں۔
سرکھپانا: [ا ر محاورہ] کسی کام میں بہت کوشش کرنا۔
سرکھجانے کی فرصت نہ ہونا: [ا ر محاورہ] بہت مصروف ہونا۔ سخت مشغول ہونا۔
سرکھلنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سرکھولنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سرکھولنا: [ا ر محاورہ] سر ننگا کرنا۔ بال پھیلانا۔ چوٹی کھولنا۔ کوئی سخت چیز مار کر سر توڑنا۔
سرکھینچنا: [ا ر محاورہ] ا۔ سرکشی کرنا (۲) ملول کھینچنا ۳۔ سر ایک طرف کر لینا
سرکی آفت ٹلنا: [ا ر محاورہ] مصیبت دُور ہونا۔
سرکی کھانا: [ا ر محاورہ] سر پر چوٹ لگنا۔
سرکے بدلے سر گیا ڈاڑھی گئی الیسٹ: [ا ر مثل] ایک نقصان اُٹھا چکے تھے۔ ایک نقصان اور ہوا۔
سرکے بل (بھل): [ا ر متعلق فعل] ا۔ سر کے سہارے۔ سر کی طرف سے (۲) نہایت ادب کے ساتھ۔ بہت تعظیم کے ساتھ (ان افعال: جانا۔ چلنا۔ گرنا)
سرکی ٹلی جان پر آئی: [ا ر مثل] ایک طرف مصیبت ٹلی دوسری طرف سے آئی (۲) بجائے کسی کے سرکی ٹلی میری جان پر آئی۔
سرکے زور: [ا ر متعلق فعل] پوری کوشش سے۔
سرکے ساتھ ہے: [ا ر محاورہ] زندگی کے ساتھ وابستہ ہے۔

سرگاڑی پیر پہیا کرنا: [ا رمحاورہ] سخت محنت مشقت کرنا۔ نہایت سخت کام کرنا۔
سرگاڑی پیر پہیا کرے تو روٹی ملتی ہے۔ [ا ر مثل] محنت کرنے سے روزی ملتی ہے۔
سرگاڑی پیر پہیے: [ا رمثل] ہمیشہ آوارہ پھرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
سرگالا منہ بالا: [ا ر مثل] سر سفید ہو گیا مگر جوانوں کی طرح حرص کی باتیں کرتا ہے۔
سرگالا منہ کالا: [ا رمثل] بوڑھا ہو کر بھی بدکاری سے باز نہیں آتا۔
سرگری: [ھ۔ امث] مرغ کی کلغی۔ پرند کی کلغی۔
سرگریبان میں ڈالنا: [ا ر محاورہ] شرمندہ ہونا۔ متفکر ہونا۔
سرگریبان میں ہونا: [ا ر محاورہ] متفکر ہونا۔
سرگنجا کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سرگنجا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
سرگنجا ہونا: [ا ر محاورہ] ا۔ بہت پٹنا (۲) مفلس ہونا۔
سرگوڈوں میں دینا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سرگھٹنوں میں دینا" جو فصیح ہے۔
سرگندھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سرگوندھنا" جسکا یہ لازم ہے۔
سرگوندھنا: [ا ر محاورہ] سر کے بالوں کی بینڈھیاں بنا کر باندھنا۔
سرگوندھی: [ھ۔ امث] ہندوؤں میں ایک رسم جب پہلی دفعہ لڑکی کا سر گوندھتے ہیں۔
سرگھٹنوں میں دینا: [ا ر محاورہ] بے دل شکستہ دل ہونا۔ متفکر ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
سرگھومنا: [ا ر محاورہ] دوران سر ہونا۔ پاگل ہو جانا۔ سر پھرنا۔
سرلال کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سر رنگنا"
سرلانا: [ا ر محاورہ] کسی کا سر قلم کر کے لانا۔ اور کسی بادشاہ / جرنیل کے پاس پیش کرنا۔
سرلڑانا: [ا ر محاورہ] سر سے سر ٹکرانا۔
سرلڑنا: [ا ر محاورہ] سر سے سر ٹکرا جانا۔
سرلگانا: [ا ر محاورہ] ذمہ لگنا۔ سر قریب ہونا۔ سر چھونا۔ تہمت لگانا۔
سرلگنا: [ا ر محاورہ] ذمہ لگنا۔ الزام لگنا۔ سر قریب ہونا۔ سر چھونا۔ تہمت لگنا۔ سر کی شرط لگنا۔ جو ہارے سر جائے۔
سرلے کر آنا: [ا ر محاورہ] کسی کا سر کاٹ کر پیش کرنا۔
سرلینا: [ا ر محاورہ] ذمہ لینا۔
سرمانتھے پر: [ا ر متعلق فعل] بسر و چشم۔ بڑی خوشی سے۔
سرمارتے پھرنا: [ا ر محاورہ] سرگردان پھرنا۔
سرمارنا: [ا ر محاورہ] بہت کوشش کرنا۔ سمجھانا۔ حیران ہونا۔ دق ہونا۔ چیخنا چلانا۔ نا راضگی سے واپس کرنا۔ ذمہ ڈالنا۔ جان لڑانا۔ سر کو کسی چیز سے ٹکرانا۔ محنت تلاش کرنا۔
سرمٹکانا: [ا ر محاورہ] طنز سے سر ہلانا
سرمڑھنا / منڈھنا: [ا ر محاورہ] کسی کے ذمہ لگانا۔
سرمغزن کرنا: [ا ر محاورہ] کسی کام میں زیادہ بکواس کرنا۔
سرملنا: [ا ر محاورہ] سر دھونا۔

سر منڈاتے ہی اولے پڑے: [ا ر۔ مثل] کام شروع ہوتے ہی خرابی پڑی۔
سر منڈا کے کیا گھٹنا منڈواؤ گے: [ا ر۔ مثل] کیا سب کچھ ہی کھو بیٹھنے کا ارادہ ہے۔ فضول خرچ سے کہتے ہیں۔
سر منڈانا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ سر کے بال اُسترے سے اُتروانا (۲) جوگی یا فقیر بننا، یا دھوکے میں آکر لُٹ جانا۔
سر مُنڈوا دینا / مُنڈوانا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے "سر منڈانا" جس کا یہ متعدی ہے (۲) ایک قسم کی سزا۔ (۳) ہندوؤں میں بعض جگہ بیوہ عورت کا سر مُنڈاتے ہیں۔
سر مُنڈی: [ھ۔ امث] وہ عورت جس کا سر منڈا ہوا ہو۔ بیوہ
سر میلا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] عورت کا حیض سے ہونا۔
سر میں بال نہیں بھال سے لڑائی: [ا ر۔ مثل] کمزور ہوتے ہوئے طاقتور سے مقابلہ۔
سر میں بال ہونا: [ا ر۔ محاورہ] طاقت ہونا۔ برداشت کرنے کی طاقت ہونا۔
سر میں پھوڑا نہیں ہے: [ا ر۔ مثل] ناحق کی تکلیف کیوں اُٹھاؤں۔
سر میں تکبر بھرا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] مغرور ہونا۔
سر میں تیل پڑنا: [ا ر۔ محاورہ] بالوں کو تیل لگانا۔
سر میں تیل ڈالنا / لگانا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "سر میں تیل پڑنا"۔
سر میں خاک ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] رونا، پیٹنا۔ ماتم کرنا۔ مٹی سر پر ڈالنا۔
سر میں خناس سمانا: [ا ر۔ محاورہ] غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔
سر میں درد اُٹھنا: [ا ر۔ محاورہ] درد سر ہونا۔ یکایک سر میں درد شروع ہو جانا
سر میں درد ہونا: [ا ر۔ محاورہ] درد سر ہونا۔
سر میں دھمک ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کسی زور کی آواز کا دماغ پر اثر پڑنا۔
سر میں ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] سر میں تیل وغیرہ ڈالنا۔
سر میں سفیدی آنا: [ا ر۔ محاورہ] بال سفید ہونا۔ بوڑھا ہونا۔
سر میں سودا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کی دُھن سوار ہونا۔ خبط ہونا
سر میں سینگ نکلنا / ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کوئی خاص بات ہونا۔ بے وجہ تکلیف دینا۔ یا جھگڑنا۔
سر میں ہوا بھرنا: [ا ر۔ محاورہ] دُھن سمانا۔
سر نقد نوکری اُدھار: [ا ر۔ مثل] کام زیادہ سے زیادہ سختی سے لیا جاتا ہے اور تنخواہ وقت پر نہیں ملتی۔
سر نکالنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ کسی چیز سے سر باہر نکالنا (۲) ترقی پانا۔ بڑھنا۔
سر نکلنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "سر نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سر نوانا: [ا ر۔ محاورہ] سر جھکانا (۲) عاجزی کرنا۔
سر نہ اُٹھانا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ سرکشی نہ کرنا (۲) چپکے بیٹھے رہنا (۳) مقابلہ میں نہ آنا۔
سر نہ اُٹھانے دینا: [ا ر۔ محاورہ] دم بھر کی مہلت نہ دینا۔ کام میں لگائے رکھنا۔ سرکشی نہ کرنے دینا۔ مجبور رکھنا۔
سر نہ پاؤں: [ا ر۔ متعلق فعل] آغاز نہ انجام بے ترتیب۔ بے تکا۔
سر نیہوڑانا: [ا ر۔ مص مرکب] سر نیچا کر لینا۔ سر جھکانا۔

سر نہیں اُٹھ سکتا: [ا ر۔ محاورہ] بارے احسان سے سبکدوشی نہیں ہو سکتی۔ آنکھیں نہیں چار ہو سکتیں۔
سر نہیں یا سر وہی نہیں: [ا ر۔ مثل] حق حاصل کر کے رہیں گے یا جان دے دیں گے۔
سر نیچا کرنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ سر کو جھکانا۔ شرمندہ کرنا (۲) اُداس کرنا۔
سر نیچا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔ مغلوب ہونا۔ شکست کھانا۔
سر ہاتھ پر لیے پھرنا: [ا ر۔ محاورہ] مرنے سے نہ ڈرنا۔ خطرے سے نہ گھبرانا
سر ہاتھ / ہتھیلی پر رکھنا / دھرنا: [ا ر۔ محاورہ] قتل ہونے پر آمادہ ہونا۔ جان دینے کے لیے تیار ہونا۔
سر ہلانا: [ا ر۔ محاورہ] ہاں، نہیں یا تعریف کے لیے سر کو جُنبش دینا۔
سر ہلنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے "سر ہلانا" جس کا یہ لازم ہے۔ ۲۔ بیماری اور کمزوری کی وجہ سے سر کا حرکت کرنا۔
سر ہو جانا / ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ ذمہ ہو جانا۔ چمٹنا۔ (۲) پیچھے پڑنا۔ گلے کا ہار ہونا۔ چمٹنا (۴) کسی کام میں بے حد مصروف ہونا (۵) تہمت لگنا۔ الزام لگنا (۶) لڑنا جھگڑنا۔
سِرّ: [ع۔ امذ] راز۔ بھید
سُر: [ھ۔ امذ] ۱۔ وہ ہوا جو نتھنوں سے نکلے (۲) وہ آواز جو ناک سے سانس نکلنے میں نکلتی ہے (۳) شہد کی بڑی مکھی (۴) (علم موسیقی کی اصطلاح) آواز الحان۔ آہنگ کسی نغمہ یا راگ کی اکائی یا بنیادی عنصر جس سے راگ ترتیب پاتا ہے (۵) گنجفہ کی اصطلاح میں بازی کا آغاز (۶) سُر فرشتہ (۷) دیوتا (۸) ندی (۹) سورج (۱۰) نہر
سُر بدیا: [ھ۔ امذ] گانے کا علم۔ علم موسیقی۔
سُر جمانا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "سُر ملانا"
سُر سندھی: [ھ۔ امث] حروف علت کا میل۔ حروف علت کو ملانے کے قاعدے۔
سُر سوتر: [ھ۔ امذ] آواز کے قاعدے۔ قواعد صوت۔
سُر ملانا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ دو سازوں کو ہم آہنگ کرنا (۲) آواز ملانا (۳) دو گانے والوں کا آواز کو ملانا (۴) گلے کی آواز کو ساز کی آواز کے مطابق کرنا۔
سُر ملنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "سُر ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سرا۱: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر "سرائیدن" سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور گانے والے کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً نغمہ سرا"
سَرا۲: [ف۔ امث] ۱۔ گھر۔ مکان۔ حویلی (۲) مسافر خانہ۔ مہمان خانہ۔
سَراپردہ: [ف۔ امذ] ۱۔ وہ اونچی قنات جو ڈیرے کے آس پاس لگاتے ہیں۔ اور جو دیوار کی طرح پردے کا کام دیتی ہے (۲) بارگاہ شاہی (۳) گھر کا پردہ (۴) ڈیرا۔ خیمہ۔
سَراچہ: [ف۔ امذ] چھوٹا خیمہ۔ چھوٹا مکان۔ محل سرا۔ (سرا کی تصغیر)
سرا کا کتا: [ا ر۔ امذ] کنایۃً حریص۔ لالچی
سرا کا کتا ہر مسافر کا یار: [ا ر۔ مثل] مطلبی لوگ ہر ایک کے ساتھ یارانہ گانٹھ لیتے ہیں۔
سِرا: [ھ۔ امذ] ۱۔ کنارا (۲) انتہا۔ اخیر۔ آخر (۳) ابتدا۔ آغاز
سَراب: [ف۔ امذ و مث] ۱۔ ریتلی زمین کی وہ چمک جس پر پانی کا دھوکا ہو۔

کی چمک سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے (۲) فریب دھوکا (۳) معدوم۔ نابود۔ فریب نظر
سَراپ: [ھ۔ اند] بد دعا۔ کوسنا۔
سَراپا: [ف۔ اند] تمام بدن سر سے پاؤں تک (۲) وہ نظم جس میں سر سے پاؤں تک ہر عضو کی تعریف کی جائے (۳) حلیہ (۴) پورا خلعت۔
سراہنا: [ار۔ مص۔ ق] تعریف کرنا۔ اچھا جاننا
سَراٹا: [ھ۔ اند] تیز ہوا کی آواز
سِراج: [ع۔ اند] چراغ (۲) روشنی۔ (۳) سورج
سَرّاج: [ع۔ اند] زین ساز۔ کاٹھی بنانے والا۔
سرادھ: [ھ۔ اند] ہندوؤں میں مرے ہوئے کے نام پر کھانا دینے کی سالانہ رسم۔
سَراسَر: [ف۔ صف] تمام۔ کل۔ اس سرے سے اُس سرے تک ۲۔ یک لخت۔ محض۔
سَراسَری: [ف۔ صف] تیز رفتاری۔ سرسری (۲) [ار۔ امث] ہاتھی کا ایک زیور۔ (۳) تابع فعل۔ جلدی سے (۴) چلتے چلتے (۵) مختصراً۔ مجملاً
سَراسَری اختیارات: [فع۔ اند] تھوڑے اختیارات مختصر اختیارات
سَراسَری دیکھنا: [ار۔ محاورہ] یونہی سی نظر ڈالنا۔ اجمالی طور پر دیکھنا۔
سَراسَری نالش: [ف۔ امث] جھوٹا دعویٰ۔ جھوٹی نالش۔
سراسیمگی: [ف۔ امث] پریشانی۔ حیرانی
سراسیمہ: [ف۔ صف] ہکا بکا۔ حیران و پریشان۔ گھبرایا ہوا۔ بیقرار۔
سُراغ: [ت۔ اند] کھوج۔ پاؤں کا نشان (۲) پتہ۔ نشان (۳) تلاش۔
(افعال: پانا۔ لینا۔ لگانا)
سُراغ رساں: [ت۔ ف۔ صف] سراغ یا کھوج نکالنے والا۔ پتا لگانے والا۔ فن جاسوسی کا ماہر۔ کھوجی۔
سُراغ رسانی: [ت۔ ف۔ امث] دیکھئے "سراغ رساں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سُراغی: [ار۔ صف] دیکھئے "سُراغ رساں"
سرافیل: [ع۔ اند] دیکھئے "اسرافیل" جس کی یہ تخفیف ہے
سُراگائے: [ھ۔ امث] تاتار اور تبت کی گچھے دار دم والی گائے
سَرانا: [ار۔ مص۔ ق] سراہنا۔ تعریف کرنا۔
سِرانا: [ھ۔ مص] ٹھنڈا کرنا۔ سرد کرنا (۲) متبرک چیزوں کو دریا میں ڈبونا۔ غرق کرنا (۳) سرہانا کا بگاڑ۔
سراوک / سراوگی: [ھ۔ اند] جین یا بدھ مت کا پیرو
سَراوَن: [ھ۔ اند] ایک لکڑی کا آلہ جس سے زمین ہموار کرتے ہیں۔ (پنجابی) سُہاگا۔
سَراہنا: [ار۔ مص] تعریف کرنا۔ قدر کرنا۔ داد دینا (۲) چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا
سرائے: [ف۔ امث] دیکھئے "دوسرا" ۲
سرائے فانی: [فع۔ امث] فنا ہونے والا گھر۔ دنیا
سرائے کی بھٹیاری: [ار۔ امث] لڑاکا۔ بے باک۔ گالی باز عورت۔
سرائے محمود: [فع۔ امث] بہشت
سرائے ہفت پردہ: [ف۔ امث] کنایۃً آسمان
سرائے ہمایوں: [ف۔ امث] کنایۃً شاہی محل۔
سَرایَت: [ع۔ امث] تاثیر کرنا (۲) سما جانا۔ نفوذ کرنا۔
[افعال: کرنا]

سَرب: [ھ۔ صف] سارا۔ تمام۔ پورا۔ کل (عربی) سُرنگ
سَرب گہن: [ھ۔ اند] چاند یا سورج کا پورا گہن۔
سُرب: [ف۔ اند] سیسہ۔ سکہ۔ جست سے ملتی جلتی ایک دھات۔
سر بر ہونا: [ار۔ محاورہ] مقابل ہونا۔ برابری ہونا
سربند: [ار۔ امث] دستار۔ پگڑی
سربھنگی: [ھ۔ اند] ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو ذات پات اور حرام و حلال میں تمیز نہیں کرتا۔
سرپ: [س۔ اند] سانپ ۲۔ کینہ رکھنے والا۔
سرپت: [ھ۔ امث] ایک قسم کی گھاس۔ پتا در
سرپتا: [ھ۔ اند] دیکھئے "سرپت"
سرپٹ: [ھ۔ امث] تیز دوڑنا۔ تیز پڑھنا لکھنا
(افعال: دوڑنا۔ بھاگنا۔ پھینکنا۔)
سرپھوکا: [ھ۔ اند] ایک قسم کی گھاس جو مصفی خون ہوتی ہے۔ اور دواؤں میں مستعمل ہے۔
سُرت: [ھ۔ امث] ہوش۔ دھیان۔ خیال (۲) ہوشیاری (۳) حافظہ یادداشت۔ یاد (۴) شعور۔ عقل۔ سمجھ (۵) ق صورت (افعال: آنا۔ اٹھانا)
سُرتا: [ھ۔ صف] ہوشیار۔ چوکس۔ باخبر (۲) ذہین۔ عقلمند۔ دانا۔
سَرتا بَرتا: [ھ۔ اند] انتظام بندوبست (۲) خرچ۔ صرف (۳) حصہ
(افعال: کرنا۔ ہونا)
سُرتاپن: [ھ۔ اند] دیکھئے "سُرتا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُرتائی: [ھ۔ امث] دیکھئے "سُرت"
سرتول: [ار۔ صف۔ ق] ہم پلہ۔ ہم مقابلہ۔ برابر کا (۲) عاجز۔
سَرتی: [ھ متعلق فعل۔ ق] پھر سے۔ از سر نو
سُرتی: [ھ۔ امث] ۱۔ "سُرتا" کی تانیث (۲) تمباکو کا برادہ (۳) دانائی ذہانت (۴) وید (۵) موسیقی) چھوٹا سر بہت مختصر وقفہ کا سر۔ ذیلی سُر۔
سرتیچا: [ار۔ متعلق۔ فعل۔ ق] دیکھئے "سرتیچھ"
سرتیچھ: [س۔ متعلق۔ فعل۔ ق] ازل سے۔ ابتدا سے۔
سرٹیفکیٹ: [انگ۔ اند] certificate
پروانہ۔ سند۔ تصدیق۔ صداقت نامہ۔
سَرج: [ع۔ اند] زین کاٹھی۔
سَر جانا: [ار۔ مص۔ ق] ختم ہو جانا۔ پورا ہو جانا۔ تمام ہو جانا۔
سِرجانا: [ھ۔ مص] پیدا کرنا۔ بنوانا۔
سَرجری: [انگ۔ امث] surgery جراحی۔ چیر پھاڑ۔
سَرجن: [انگ۔ صف] surgeon ماہر جراحی۔ جرّاح۔
سُرجن: [ھ۔ اند] معزز آدمی۔ شریف یا بھلامانس آدمی۔ سجن (۲) خدا
سِرجن ہار: [س۔ صف] پیدا کرنے والا۔ خالق۔ بنانے والا۔
سِرجنا: [ھ۔ مص] پیدا کرنا۔ ۲۔ ایجاد کرنا (۳) پیدا ہونا۔
سِرجی: [ار۔ صف۔ ق] پیدا کی ہوئی۔
سَرجی / سَرجیون: [ھ۔ صف] سرسبز۔ شاداب (۲) پائیدار۔ مضبوط لازوال۔ ہمیشہ۔ زندہ رہنے والا (۳) زرخیز (۴) روح افزا۔ فرحت بخش

(۵) گیلا۔ مرطوب۔

سَرچارج: [انگ۔ اند] surcharge ا۔ زائد رقم۔ مزید رقم کا بار (۲) بجلی کی فاضل رو۔

سرچائی: [ار۔ صف۔ ق] کنہا

سرچوٹ: [ار۔ امث۔ ق] مشکل۔ بیزاری

سُرخ: [ف۔ صف] ا۔ لال۔ احمر (۲) گھونگچی۔ رتی بھر۔ ماشے کا آٹھواں حصّہ آٹھ چاول کا وزن

سُرخ باد / بادہ: [ف۔ اند] ایک بیماری جس میں سارے جسم پر لال لال دھبّے ہو جاتے ہیں۔

سُرخ بتی / باندھنا: [ار۔ محاورہ] سُرخ رنگ کی چھوٹے عرض کی باریک دستار باندھنا۔

سُرخ بید: [ف۔ اند] ایک درخت یا پودا جسے بیدمجنوں بھی کہتے ہیں۔

سُرخ پوش: [ف۔ صف] سُرخ لباس والا۔

سُرخ تیرہ: [ف۔ اند] کمیت یا سُرخ رنگ کا گھوڑا۔

سُرخ چشم: [ف۔ صف] ا۔ جس کی آنکھیں لال ہوں (۲) ظالم (۳) جلّاد

سُرخ رُو: [ف۔ صف] کامیاب۔ عزّت و آبرو حاصل کرنے والا (۲) سُرخ چہرے والا (افعال: کرنا۔ ہونا)

سُرخ رُوئی: [ف۔ امث] دیکھئے "سُرخ رُو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُرخ زردہ: [ف۔ اند] سُرنگ گھوڑا

سُرخ زنبور: [ف۔ اند] بِھَڑ۔ بڑی سُرخ رنگ کی بِھڑ۔ کنایۃً اُنگلی کا حنائی سرا

سُرخ فیتہ: [ف۔ اند] دفتری طوالت۔ ضابطہ پرستی۔ خواہ مخواہ کی میں میخ۔

سُرخ و سفید: [ف۔ صف] وُہ جس میں سفیدی کے ساتھ سُرخی ملی ہوئی ہو (۲) تندرست موٹا تازہ۔ حسین (افعال: کرنا۔ ہونا)

سُرخ ہونا: [ار۔ محاورہ] لال ہونا (۲) غصّہ سے مُنہ لال ہونا (۳) میوے کا پک جانا (۴) کسی چیز کا گھی میں بھُن کر لال ہونا۔

سُرخا / سُرخہ: [ف۔ اند] ا۔ سُرخ رنگ (۲) سُرخ کبوتر (۳) زعفران (۴) آنکھ کی پھلسی (۵) خونِ (۶) کنایۃً کمیونسٹ۔ اشتراکی۔ کیونکہ یہ خونی انقلاب کے قائل ہیں۔

سُرخاب: [ف۔ اند] چکوا چکوی۔ ایک آبی پرندہ۔

سُرخاب کا پَر لگنا / نکلنا: [ار۔ محاورہ] مغرور ہونا۔ کوئی عجیب نادر بات ہونا۔ کوئی امتیاز ہونا۔

سُرخی: [ف۔ امث] لال رنگت ۲۔ سُرخ روشنائی (۳) کٹی ہوئی اینٹ (۴) عنوان جلی عبارت (۵) چہرے ہونٹوں یا ناخنوں کو رنگنے کا سُرخ رنگ

سُرخی دینا / قائم کرنا / لگانا: [ار۔ محاورہ] عنوان تجویز کرنا۔ عنوان تحریر کرنا۔

سُرخی مائل: [ف ع۔ صف] لال سا۔ لالی لیے ہوئے۔

سَرد: [ف۔ صف] ا۔ ٹھنڈا (۲) بے جان (۳) بے رونق (۴) ناخوش (۵) بے ذوق (۶) بے مزہ (۷) سُست۔ ڈھیلا (۸) دھیما۔ مدھم (۹) نامرد (۱۰) افسردہ

سَرد بازاری: [ف۔ امث] مندا۔ کسی چیز کی مانگ ہونا قیمت یکایک گر جانا

سَرد جنگ: [ف۔ اند] سیاسی جنگ۔ زبانی جنگ۔ وہ جنگ جو بغیر اسلحہ کے لڑی جائے۔ ایک دوسرے کے خلاف پراپیگنڈہ۔ انگ COLD WAR کا ترجمہ

سرد خانہ: [ف۔ اند] وُہ نہایت ٹھنڈا مکان جس میں چیزیں گلتی سڑتی اور خراب نہیں ہوتیں۔

سرد سیر: [ف۔ اند] ٹھنڈی جگہ۔ گرمیوں میں سکونت کا مقام (پہاڑ وغیرہ)

سرد مزاج: [ف ع۔ صف] ٹھنڈی طبیعت والا۔ مُردہ دل۔ سُست افسردہ خاطر

سرد مزاجی: [ف ع۔ امث] دیکھئے "سرد مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

سرد مہر: [ف۔ صف] بے مروّت۔ بے وفا۔ ظالم سخت دل۔ بے رحم۔

سرد مہری: [ف۔ امث] دیکھئے "سرد مہر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سرد و گرم: [ف۔ اند] اونچ نیچ۔ نشیب و فراز۔ انقلاب زمانہ۔

سرد و گرم جھیلنا: [ار۔ محاورہ] انقلاب زمانہ کا تجربہ کرنا۔

سرد و گرم، دیکھے ہوئے ہونا / دیکھنا: [ار۔ محاورہ] تجربہ کار ہونا زمانہ دیکھے ہوئے ہونا۔

سرد و گرم زمانہ چشیدہ: [ف۔ صف] تجربہ کار آدمی دُنیا کے نشیب و فراز سے واقف۔

سرد ہو جانا / ہونا: [ار۔ محاورہ] ٹھنڈا ہو جانا۔ گرمی دفع ہو جانا۔ ۲۔ مر جانا۔ ۳۔ دم بخود ہو جانا۔ متحیر ہو جانا۔

سرداب / سردابہ: [ف۔ اند] ا۔ سرد خانہ (۲) تہ خانہ (۳) وُہ قبر جو اپنی زندگی میں بنوائی جائے۔

سردانا: [ار۔ مص جعلی] ٹھنڈا پڑنا۔ سُست ہو جانا۔

سردل: [ہ۔ امث] چوکھٹ کے اُوپر کی لکڑی۔

سردہ / سردا: [ف۔ اند] ایک قسم کا بڑا خربوزہ جو سردی کے موسم میں ہوتا ہے (۲) شراب کا پیالہ۔ ۳۔ شرابیوں کا صدر۔ ۴۔ کوئی پھل جو جلدی پکے۔

سردئی: [ار۔ صف] سردے کے رنگ کا (سردہ سے) ہلکا سبز رنگ سبزی مائل زرد رنگ

سردی: [ف۔ امث] ٹھنڈ۔ خنکی۔ ۲۔ جاڑا۔ سرد موسم (۳) لرزہ۔ کپکپی زکام۔ بخار کی کپکپی جو جاڑے کے بخار میں ہوتی ہے۔ ۵۔ سرد مہری۔

سردی پڑنا: [ار۔ محاورہ] جاڑا پڑنا۔ ٹھنڈا ہونا۔

سردی پہنچنا: [ار۔ محاورہ] سردی کا اثر ہونا۔

سردی چڑھنا: [ار۔ محاورہ] لرزے سے بخار ہونا۔

سردی دینا: [ار۔ محاورہ] ٹھنڈک پہنچانا۔

سردی کا موسم: [ار۔ اند] جاڑا۔

سردی کا مارا بچتا ہے اور آن کا مارا نہیں بچتا: [ار۔ مثل] سردی کا مارا بچ جاتا ہے۔ فاقوں کا مارا نہیں بچتا۔

سردی کھانا: [ار۔ محاورہ] سردی کا اثر ہونا۔ ۲۔ سردی کی تکلیف برداشت کرنا۔

سردی گرمی سے بچانا: [ار۔ محاورہ] موسم کے اثر سے محفوظ رکھنا۔

سردی گرمی سے بچنا: [ار۔ محاورہ] موسم کے اثر سے محفوظ رہنا۔

سردی ہونا: [ار۔ محاورہ] موسم سرد ہونا۔ جاڑا ہونا۔ ۲۔ زکام ہونا۔

سردیانا: [ار۔ مص جعلی] سردی کھا جانا۔ سُست پڑنا۔ مضمحل ہو جانا۔

سرراس: [ار۔ صف۔ ق] یکساں۔

سرس: [ہ۔ صف] بہتر۔ عمدہ۔ زیادہ اچھا۔ نفیس (۲) بہترین۔ سب سے اچھا۔ بڑھیا۔ اعلیٰ۔ ۳۔ زیادہ بڑھا ہوا۔ زیادہ بڑا۔ بافراط۔ بہتات سے (۴) مانند۔ ملتا جلتا۔ طرح کا (متعلق فعل مثل)

نمونے کا۔ مانند کسی چیز کے (۵) اس طریقہ پر۔ قریب قریب

سِرِس / سِرسا: [ہ۔ اند] ایک درخت کا نام جو ہند و پاکستان میں عام ہوتا ہے اس کے زرد اور سفید خوشبودار پھول اور پھلی لمبی اور چوڑی ہوتی ہے۔

سِرِس سفید: [ھ۔ اند] سرس درخت کی ایک قسم جس کا تنا سفید اور درخت بہت بڑا ہوتا ہے۔

سُرسا: [ھ۔ اند] تیز کیل یا میخ جو اکثر تختوں میں ٹھونکے جاتے ہیں۔

سَرساہی: [ہ۔ امث] زمین کا ایک ماپ۔ ایک مربع کرم

سَرسائی: [ہ۔ امث] (۱) برتری (۲) نفاست۔ برتری (۳) زیادتی۔ افراط۔ بہتات (۴) کثرت۔ آدمیوں کی زیادتی (۵) چالاک۔ چستی۔ کاریگری۔

سَرسُتی / سَرسوتی: [ھ۔ امث] راگ۔ علم۔ ہنر اور زبان کی دیوی۔

سَرسٹھ: [ہ۔ اعدد] ساٹھ اور سات کا مجموعہ (۶۷)

سَرسَر: [ہ۔ امث] (۱) کسی رینگتے ہوئے جانور کی آواز (۲) سائیں سائیں کی آواز (۳) تیز چلتی ہوئی چیز کی آواز۔

سرسراٹ / سرسراہٹ: [ہ۔ امث] کیڑے کی رینگنے کی آواز۔ ہوا کے چلنے سے پتوں کے ہلنے کی آواز۔

سرسراٹ / سرسراہٹ ہونا: [ار۔ محاورہ] تدبیریں لگنا۔ کام کی تیاری ہونا۔ بات چیت ہونا۔

سَرسَرانا: [ار۔ مص] رینگنا۔ جوں یا چیونٹی وغیرہ کا بدن پر چلنا۔ پانی کا آگ پر آواز دینا۔

سَرسَری: [ف۔ امث] دیکھئے "سراسری" مع محاورات و مرکبات۔

سُرسُری: [ہ۔ امث] ایک سرخ کیڑا جو اناج (گندم) میں لگ جاتا ہے (پنجابی سُسری)

سُرسنگار: [ہ۔ اند] ایک باجے کا نام۔

سَرسوں: [ہ۔ امث] ایک پودا اور اس کا بیج جس کا تیل نکالتے ہیں جسے کڑوا تیل کہتے ہیں۔

سرسوں پھولنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سرسوں کے پودے پر زرد رنگ کے پھول آنا (۲) زرد ہی زرد نظر آنا۔

سرسوں آنکھوں میں پھولنا: [ار۔ محاورہ] کسی کیفیت کا نظر میں سمانا ۲۔ کوئی کیفیت نظر آنا (۳) خوشی ظاہر ہونا۔

سرسوں جمانا: [ار۔ محاورہ] (۱) سرسوں اُگانا (۲) (ہتھیلی پر) کسی کام میں بہت جلدی کرنا۔ **سرسوں جمنا**: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سرسوں جمانا" جس کا یہ لازم ہے

سَرِشت: [ف۔ امث] (۱) طبیعت۔ خو۔ سبھاؤ۔ سیرت۔ جبلت۔ خصلت۔ عادت۔ مزاج (۲) قدرتی شکل و صورت (۳) عقل۔ سمجھ (۴) خمیر مزاج۔ ترکیب۔ آمیزش (۵) خواص۔ خاصہ۔ گن۔ خاصیت۔ مقتضا ۶۔ خلقت۔ پیدائش۔ طینت (۷) مخلوط۔ ملا ہوا۔ آغشتہ مرکبات میں جیسے بد سرشت۔ نیک سرشت

سرِشتہ: [ف صف] دیکھئے "سررشتہ"

سِرِشٹ: [س۔ صف] (۱) پھینکا ہوا۔ چھوڑا ہوا۔ واگذاشتہ (۲) ۲۔ پیدا کیا ہوا۔ مخلوق (۳) جڑا ہوا۔ ملا ہوا (۴) سجا ہوا۔ مزین ۵۔ بہت زیادہ۔ بافراط۔

سرِشٹی: [س۔ امث] دیکھئے "سرشٹ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سَرشَف / سَرشَپ: [ف۔ اند] سرسوں۔

سَرشک: [ف۔ اند] قطرہ۔ آنسو۔ اشک

سَرطان: [ف۔ اند] (۱) کیکڑا۔ ایک آبی کیڑا (۲) ایک برج کا نام جو بہت سے تارے ملنے سے کیکڑے کی شکل بن جاتی ہے (۳) ایک نہایت تکلیف دہ اور مہلک پھوڑا جو لاعلاج ہے (۴) ایک بیماری جو مویشیوں کے پاؤں میں ہوتی ہے۔

سَرْع: [ع۔ اند] انگور کی ٹہنی۔

سُرعت: [ع۔ امث] جلدی۔ تیزی۔ پھرتی۔

سُرعتِ انزال: [ع۔ اند بترکیب فارسی] مردوں کی ایک جنسی بیماری جس میں انزال بہت جلد ہو جاتا ہے۔

سَرَف: [ع۔ اند] فضول یا بیہودہ خرچ (افعال: کرنا۔ ہونا)

سُرفہ: [ف۔ اند] اند کھانسی ۔۲۔ کھانسی۔

سَرِقہ: [ع۔ اند] چوری (افعال: کرنا۔ ہونا)

سَرِقہ بالجبر: [ع۔ اند] لوٹ مار۔ ڈاکا۔ جبراً چوری کرنا۔

سُرک: [ھ۔ امث ت] پھندا۔ پھانسی

سَرکار: [ف۔ امث] (۱) حکومت۔ سلطنت۔ گورنمنٹ (۲) دربار شاہی۔ عدالت (۳) سردار۔ حاکم۔ مالک۔ آقا (۴) کسی رئیس کی ریاست ۶۔ صوبہ کا ایک حصہ (۷) منتظم۔ سربراہ کار (۸) وہ محلہ جہاں چند آدمی برسرکار رہیں (۹) گھر کا مالک (۱۰) ایک عزت کا خطاب (۱۱) امرا کا گھر۔ شرفا کا گھر۔ گھر ۱۲۔ کنایۃً معشوق (۱۳) وہ آبادی جس میں کئی پرگنے شامل ہوں۔

سرکار چمکنا: [ار۔ محاورہ] دربار کا رونق پر ہونا۔

سرکار دربار: [ار۔ اند] بادشاہی کچہری۔ اجلاس خاص۔

سرکار دربار چڑھانا / کرنا: [ار۔ محاورہ] کچہری میں نالش کرنا۔

سرکار دکھانا: [ار۔ محاورہ] نالش دائر کرنا۔ عدالت دکھانا۔

سرکار دیکھنا: [ار۔ محاورہ] نالش ہونا۔ سرکار سے واسطہ پڑنا۔

سرکاری: [ار۔ صف] دیکھئے "سرکار" جس سے یہ منسوب ہے۔

سَرکانا: [ار۔ مص] (۱) ہٹانا۔ ایک طرف کرنا (۲) کام ملتوی کرنا۔ کام کی تاریخ بدلنا (۳) غائب کر دینا۔ چھپا دینا (۴) اڑا دینا (کسی کا مال چپکے سے کسی کو دے دینا (۵) رشوت دینا۔

سَرَکنا: [ار۔ مص] دیکھئے "سرکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سَرکِٹ: [انگ۔ اند] (۱) چکر۔ دورہ (۲) ججوں کا کسی جگہ مقدمات سننے کے لیے جانا (circuit)

سرکٹ ملانا: [ار۔ مص۔ مرکب] دیکھئے "سرکٹ ملنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

سرکٹ ملنا: [ار۔ محاورہ] پھیر ملنا۔ جب کوئی ملازم کسی دوسرے مقام کے ملازم سے تبادلہ کرنا چاہتا ہے تو اس کی رضامندی حاصل کرتا ہے۔

سرکٹ ہاؤس: [انگ۔ اند] وہ بنگلہ وغیرہ جہاں جج صاحبان اور اعلیٰ افسر جا کر ٹھہرتے ہیں۔

سرکڑا: [ھ۔ اند] دیکھئے "سرکنڈا" جو فصیح ہے۔

سَرکَس: [انگ۔ اِمذ] وہ تماشا جس میں جسمانی کرتب اور جنگلی جانوروں کے کھیل تماشے دِکھائے جاتے ہیں۔

سرکل: [انگ۔ اِمذ] (۱) دائرہ۔ کنڈل (۲) حلقہ۔ احاطہ (۳) صُوبہ۔ علاقہ جو کسی افسر کے ماتحت ہو۔

سرکل انسپکٹر: [انگ۔ اِمذ] پولیس کا انسپکٹر جو چند تھانوں کا نگران ہو۔ محکمہ تعلیم کا انسپکٹر جو کسی حصّہ ضلع کے سکولوں کا انچارج نگران ہو۔

سرکلر: [انگ۔ اِمذ] گشتی چھٹی یا حکم (وُہ حکم جس میں ہدایات لکھ کر جا بجا بھیجی جائیں۔)

سرکنڈا: [ہ۔ اِمذ] سرکڑا۔ کانا۔

سِرکنگبین: [ف۔ امث] سرکہ اور انگبین کا مخفف (۱) سرکہ اور شہد کا شربت۔

سِرکہ: [ف۔ اِمذ] گنّے یا انگور کا وہ رس جسے سڑا کر خمیر اٹھا لیتے ہیں۔ (افعال: اُٹھانا۔ آ جانا)

سِرکہ پیشانی / جبین: [ف۔ اِمذ] تُرش رُو۔ تیوری چڑھائے ہُوئے۔

سِرکہ مُفت بہ از عسل: [ف۔ مثل] مُفت کی معمولی چیز بھی ہو تو بہتر چیز سے اچھی ہوتی ہے۔

سِرکی: [ہ۔ امث] ایک سرکنڈے کا ڈنٹھل جس کی چق، پال یا سوپ بناتے ہیں۔ اس کی چق۔

سُرکی: [ہ۔ امث] سُرٹکی

سُرگ: [ہ۔ اِمذ] اِندر کا باغ۔ بہشت۔ جنّت (۲) آسمان۔ فلک۔ افلاک

سُرگ باش: [ہ۔ ت۔ صف] جنّت نصیب۔ غیر مسلم متوفیوں کیلئے مستعمل ہے۔

سُرگباش ہونا: [ار۔ محاورہ] مر جانا۔

سُرگباشی: [ہ۔ ت۔ صف] مرحُوم، مغفور، مبرُور، آنجہانی۔ جنت نشانی فردوس مکان۔

سُرگ پاتالی: [ہ۔ صف] بھینگا۔ اینچا تانا۔

سُرگ گامی: [ہ۔ ف۔ صف] جنت نصیب۔ فردوس مکانی۔

سِرگال: [ہ۔ اِمذ] گیدڑ۔ سیار، شغال

سَرگم: [ہ۔ اِمذ] راگ کا سُر۔ ساتوں سُروں کا مجموعہ۔ لکھے ہُوئے یا چھپے ہوئے راگ کے سُروں کی علامات خطوط ہیں۔

سَرگن: [ہ۔ اِمذ] تمام خاصیتیں۔ ذاتِ باری کی صفات۔ اوصاف الٰہی (۲۔ صف) تمام خاصیتوں والا۔ خُدا۔ ایشور کی تعریف۔

سَرگھا: [س۔ امث] شہد کی مکھی

سرگہی: [ف۔ امث] سحر گہی کا مُخفف

سَرَل / سرلا: [س۔ صف] سیدھا۔ راست۔ سچا۔ صادق۔ ایماندار دین دار۔ دھرماتما۔ بھولا۔ بھالا (۲) دُرست۔ ٹھیک (۳) اصلی حقیقی (۴) سہل۔ آسان (۵) لمبا۔ کھڑا۔ عمودی (۶) ایک قسم کا چیل کا درخت (۷) ایک پرندہ (۸) آگ۔ اگنی۔ ۹۔ عشق پیچاں کی قسم کی ایک بیل

سَرما: [ف۔ اِمذ] سردی کا موسم۔ زمستان۔ جاڑا

سرمائی: [ف۔ صف] جاڑے کا یا اس کے متعلق۔ موسم سرما کے کپڑے

سُرما: [ہ۔ اِمذ] دیکھئے "سُرمہ"

سُرمائی: [ہ۔ صف] سُرمے کی۔ سُرمے کے رنگ کی۔

سَرمایہ: [ف۔ اِمذ] پُونجی۔ مایہ۔ اصل۔ مُول۔ جمع۔ دھن۔

سرمایہ دار: [ف۔ اِمذ] امیر آدمی۔ ساہُوکار

سرمایہ کاری: [عف۔ امث] کسی کاروبار میں روپیہ وغیرہ لگانا۔

سرمایۂ ناز: [ف۔ اِمذ] ناز کی پونجی۔ وُہ چیز جس پر ناز کیا جا سکے۔

سَرمَد: [ع۔ صف] ۱۔ ہمیشہ رہنے والا۔ دائم۔ باقی۔ قائم (۲) مجذوب۔ مست۔

سرمداً: [ع۔ متعلق فعل] ہمیشہ کے لیے۔

سرمدی: [ع۔ صف] دائمی۔ ہمیشہ کا (۲) خُدائی۔ الٰہی۔ ۳۔ (مونث۔ دوام۔ بقا

سُرمق: [ع۔ اِمذ] ایک بوٹی جو دواؤں میں کام آتی ہے۔

سرمگین: [ف۔ صف] سُرمہ گین کا مخفف۔ سُرمہ لگا ہُوا۔

سُرمہ: [ف۔ اِمذ] ایک سیاہ رنگ کا عنصر جسے پیس کر آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ پانی سے ۶۔۷ گنا بھاری ہے۔ کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے۔ انجن۔ (۲، صف) بہت باریک۔

سُرمہ آگین / آلُود: [ف۔ صف] سُرمہ لگی ہُوئی آنکھ۔

سُرمہ آواز: [ف۔ صف] آواز بند کر دینے والا۔

سُرمہ بنانا: [ار۔ محاورہ] سُرمہ پیس کر تیار کرنا۔ بہت باریک پیسنا / کرنا

سُرمہ بننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سُرمہ بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سُرمہ بھری: [ار۔ صف] دیکھئے "سُرمہ آگین / آلود"

سُرمہ پھیل جانا / پھیلنا: [ار۔ محاورہ] لگے ہُوئے سُرمے کا آنکھ کی رطوبت کی وجہ سے اپنی جگہ سے بڑھ جانا۔

سُرمہ چشم: [ف۔ صف] کنایۃً عزیز۔ پیارا۔

سُرمہ دان / دانی: [ف۔ امث] سُرمہ رکھنے کی ڈبیا یا مخصوص ظرف۔

سُرمہ در گلو: [ف۔ صف] خاموش۔ چُپ (سُرمہ کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے)

سُرمہ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] آنکھ میں سُرمہ لگانا۔

سُرمہ ڈھلکنا: [ار۔ محاورہ] سُرمہ پھیلنا۔

سُرمہ سا: [ار۔ صف] سُرمہ کی مانند۔ بہت باریک

سُرمہ کرنا: [ار۔ محاورہ] بہت باریک کرنا۔

سُرمہ کش: [ف۔ اِمذ] وُہ جو آنکھ میں سرمہ لگائے (۲) سلاخ / سلائی جس سے سُرمہ لگائیں۔

سُرمہ کشیدہ: [ہ۔ ف۔ صف] دیکھئے "سُرمہ آگین / آلُود"

سُرمہ کھینچنا: [ار۔ محاورہ] سُرمہ لگانا۔

سُرمہ لگانا: [ار۔ محاورہ] سُرمہ کش سے آنکھوں میں سُرمے کا خط کھینچنا۔

سُرمہ لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سُرمہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سُرمہ ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت باریک ہونا۔

سُرمئی: [ف۔ صف] سُرمے کے رنگ کا

سُرمے: [ف۔ اِمذ] دیکھئے سُرمہ جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

سُرمے کا ڈورا: [ار۔ اِمذ] سُرمے کی لکیر جو آنکھوں کے اندر کھینچیں۔

سُرمے کا قلم: [ار۔ اِمذ] پنسل

سُرمے کی تحریر / لکیر: [ا۔ امث] دیکھئے "سُرمے کا ڈورا"
سَرَن: [س۔ امث] پناہ۔ سایہ (۲) پناہ گاہ۔ حفاظت کی جگہ (۳) ملجا ماویٰ۔
سَرَن آرکھی / سرنارکھی: [س۔ اند] پناہ گزین۔
سرن آنا: [ا۔ محاورہ] پناہ میں آنا
سرناگت: [س۔ صف] جو پناہ میں آئے۔ سرنارکھی (سرن آرکھی)
سرن گہنا: [ھ۔ محاورہ] پناہ مانگنا۔ کسی کی حفاظت میں آنا ۲۔ پاؤں پڑنا
سرن میں: [ھ۔ متعلق فعل] حفاظت میں۔
سَرَن: [ھ۔ امث] ہوا کا جھونکا۔
سرنا / سرنائی: [ھ۔ امث] مشک جسے پھُلا کر پانی پر تیرتے ہیں۔
سَرَنا: [س۔ امث] ایک پودا
سرنا: [ھ۔ مص] ا بڑھنا۔ آگے حرکت کرنا۔ بڑی صفائی سے چلنا۔ مناسب طریقے پر چلنا (۳) زندہ رہنا۔ بسر ہونا۔ عمر کٹنا (۴) ہونا۔ تکمیل ہونا۔ کیا جانا۔ ہوسکنا (۵) ختم ہونا۔ نکلنا۔ خارج ہونا (۶) پادنا۔
سِرنا: [ھ۔ اند] مچھلی کا چھلکا
سُرنا: [ف۔ اند] نفیری جو روشن چوکی کے ساتھ بجتی ہے۔
سِرنج: [انگ۔ امث syringe] پچکاری (۲) خاص طور پر ٹیکہ لگانے کی پچکاری۔
سُرنگ: [ھ۔ صف] زمین دوز راستہ۔ نقب۔ سُوراخ زمین (۲) وُہ زمین دوز نالی جس میں بارُود بھر کر دشمنوں کو پہاڑ یا قلعے کی دیوار وغیرہ کو اڑا دیتے ہیں (۳) مذ۔ سُرخ گھوڑا ایسا گھوڑا جس کی ایال اور دُم کے بال سُرخ ہوں (۴ صف) خوش رنگ (۵) لاکھی۔ لال۔ سُرخ (۶ ق) سیدھی۔
سُرنگ اُڑانا: [ا۔ محاورہ] کسی سُوراخ یا زمین دوز نالی میں بارُود بھر کر اُڑانا (۲ مجازاً) گوز مارنا۔ پادنا۔
سُرنگ اُڑانا: [ا۔ محاورہ] گھوڑا تیز دوڑنا۔
سُرنگ لگانا: [ا۔ محاورہ] سُوراخ کرنا۔ نقب لگانا (۲) کنایۃً خبر لگانا۔ اندر ہی اندر کھوج لگانا (۳) جڑ کھودنا۔ بنیاد کھوکھلی کرنا۔
سُرنگا: [ا۔ صف۔ ق] سُرخ۔
سُرنگی / سُرنگیا: [ا۔ صف] سُرنگ لگانے والا۔ سُراغ رساں۔
سَرو: [ف۔ اند] ایک مشہور درخت جو سیدھا مخروطی شکل کا ہوتا ہے (۲) خوش نمائی کی وجہ سے معشوق کے قد کو اس سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
سَروِ آزاد: [ف۔ اند] ایک شاخ کا بالکل سیدھا سرو۔ جس کی شاخیں بالکل سیدھی تنی رہتی ہیں۔ اس میں پھل نہیں آتا اور کبھی بھی نہیں آتی۔
سَرو اندام: [ف صف] وُہ جس کا بدن سڈول اور سیدھا ہو اور سرو کی طرح
سرو بالا / بلند: [ف۔ صف] سیدھے قد والا (مجازاً) معشوق۔
سرو چراغاں: [ف اند] سرو کی مانند جھاڑ جو محفلوں میں روشن کیا جاتا ہے کہا جس پر قمقمے لگا دیتے ہیں۔
سَروِ چمن / خراماں / رواں / روانہ: [ف صف] کنایۃً معشوق۔
سَرو سہی: [ف۔ صف] سیدھا سرو جس کی شاخیں سیدھی اُوپر کو چلی گئی ہوں۔
سَرو قد: [ف صف] سرو جیسے سیدھے قد والا۔ خوش قامت (۲) سیدھا کھڑا۔
سَرو قد اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] کھڑے ہو کر کسی کی تعظیم کرنا۔
سرو قد تعظیم دینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "سرو قد اٹھنا"

سرو ناز: [ف اند] وُہ سرو جس کی شاخیں چاروں طرف مائل ہوں کنایۃً معشوق۔
سَرُو: [ا۔ صف ق] تمام
سَروا: [ھ۔ اند] پیالہ۔ طرفداری۔ بڑھنے والا۔ بہتر
سِروا: [ھ۔ اند] چارپائی کے سرہانے اور پائنتی کی پٹیاں (سیروا کا مخفف)
سُروا: [س۔ اند] ایک قسم کا ہاتھ کی شکل کا چمچہ جس سے ہَوَن میں آگ پر گھی ڈالتے ہیں
سروال: [ا۔ صف۔ ق] مشہور۔ نامور
سِروال: [ع اند] دیکھئے "شلوار" جس کا معرب ہے
سروالا: [ھ۔ اند] ا وارث (۲) ساز و سامان۔
سُروپ: [ھ۔ اند] شکل صورت۔ شباہت (۲) تماشا۔ نظارہ (۳) یکسانیت ۴۔ قدرتی شکل (۵) فطری خاصیت (۶) قدرت (۷) چلن (۸) نوع قسم
سروتا: [ا۔ اند] چھالیہ ڈلیاں کاٹنے کا اوزار۔
سَروج: [س۔ اند] (جھیل کا بیٹا) کنول۔ نیلوفر
سُرود: [ف۔ اند] نغمہ۔ گیت۔ راگ (۲) ایک قسم کا باجا (۳) بات۔ سُخن۔
سَرور: [ف۔ اند] سردار۔ امیر۔ حاکم۔ بادشاہ۔
سُرور: [ع۔ اند] خوشی۔ فرحت (۲) ہلکا سا نشہ
سُرور جمنا / گھٹنا / ہونا: [ا۔ محاورہ] خمار چڑھنا۔ آنکھوں میں سُرخی جھلکنا۔

سَرور: [ا۔ اند] [illegible] چشمہ
سروری: [ع صف۔ امث] دیکھئے "سرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَروس: [انگ۔ امث] (SERVICE) خدمت۔ فرض۔ منصبی۔ فریضہ ۲۔ ملازمت۔ نوکری (۳) نماز۔ پوجا پاٹ (۴) [ٹینس۔ بیڈمنٹن وغیرہ کھیل میں] گیند پھینکنا۔ گیند کو پہلی دفعہ پھینکنا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے۔ **سروس بک**: [انگ۔ امث] وُہ رجسٹر جس میں ملازم کے چال چلن اور کارگزاری وغیرہ کے بارے میں اندراجات کیے جائیں۔
سُروش: [ف۔ اند] آوازِ غیب۔ الہام (۲) پیغامِ الٰہی لانے والا فرشتہ۔
سُروشِ غیب: [ف۔ اند] ہاتفِ غیب۔ آسمانی آواز۔
سَروَلا: [ھ۔ اند] ایک قسم کی مٹھائی۔
سَرَوَن: [ا۔ اند۔ ق] کان۔ گوش۔
سَروج: [ھ۔ امث] ایک قسم کا بیج۔
سروہی: [ھ۔ امث] ایک قسم کی سیدھی تلوار۔ ایک قسم کا خنجر۔
سَروے: [انگ۔ اند] (survey) جائزہ۔ پیمائش۔ ناپ۔
سروییر: [انگ۔ صف] surveyor پیمائش کرنے والا۔ امین۔
سرہانا: [ھ۔ اند] سر رکھنے کی جگہ۔ بالین۔ تکیہ۔ پائنتی کی ضد۔
سرہج / سلہج: [ھ۔ امث] سالے کی بیوی۔
سرہنگ: [ف۔ اند] فوج کا سردار (۲) بہادر۔ من چلا (۳) پیدل سپاہی (۴) نقیب۔ چوب دار (۵) پہلوان۔ کوتوال۔
سَری: [ف۔ امث] سرداری۔
سَری: [ھ۔ اند] سرکاگز۔ وُہ پتلی لکڑی جس کے سرے پر پیکان لگا کر تیر بنا لیتے ہیں۔

سِری: [ھ۔ امث] (۱) ذبح کیے ہوئے جانور کا سر (۲) ایک عزّت کا خطاب (۳) پوربی ٹھاٹھ کا ایک راگ جو دوپہر کے بعد گایا جاتا ہے۔ (۴) انداز۔ وضع قطع (۵) طبیعت۔ مزاج۔

سری باسّم: [ھ۔ اند] کا تنقھوں کی ایک نرم سری داستو۔

سری پائے: [ھ۔ اند] ذبح کیے ہوئے جانور کے پاؤں اور سر۔

سری پھل: [ھ۔ اند] جنگلی ناریل۔

سری ٹیک: [ھ۔ امث] (۱) سر ٹکانا۔ خوشامد (۲) ورزش کی ایک قسم جس میں سر کے بل کھڑے ہوتے ہیں۔

سری گنیش آئے نمہ [ھ۔ کلمہ برکت] وُہ کلمہ جو ہندو عبارت یا تحریر کے شروع میں بسم اللہ کی جگہ لکھتے ہیں

سِتری: [ا۔ صف] سڑی۔ پاگل۔ دیوانہ

سِرّی: [ع۔ صف] سِر سے منسُوب۔ پوشیدہ۔ خاموش

سرے: [ھ متعلق فعل] (۱) فی کس۔ فی آدمی جیسے آدمی سرے دو پھل (۲) اوّل شروع۔ انتہائی حد۔ جیسے سرے سے۔

سرے سے: [ا۔ متعلق فعل] شروع سے

سرے کا: [ا۔ صف] شرُوع کا۔ اوّل

سرے ہی کی بھیڑ کافی: [ا۔ مثل] شرُوع سے یا اوّل ہی سے بگاڑ۔

سَریا: [ا۔ اند] دھات کی سلاخ (۲) سرکنڈا۔

سُرایان: [ا۔ امث۔ ق] آفتابی۔ چھتری۔

سُریانی: [ع ۔ امث] ایک زبان کا نام جو زمانہ قدیم میں ملکِ شام میں بولی جاتی تھی۔

سُرّیّت: [ا۔ امث۔ ق] وُہ باندی جو گھر میں ڈال لی جائے۔ داشتہ

سَریر / شریر: [ھ۔ اند] جسم۔ بدن

سَریر: [ع۔ اند] تختِ شاہی۔ مسند۔ گدی۔

سریر آرا: [ع۔ ف] تخت نشین۔ برسرِ حکومت۔

سریر بندھک: [ھ۔ اند] یرغمال۔ کسی عزیز کو ضمانت میں دینا۔

سریر دھارن کرنا: [ھ۔ محاورہ] (۱) کسی قالب میں آنا۔ جسمانی صورت اختیار کرنا (۲) زخم بھرنا۔ انگور بندھنا۔

سَریش: [ف۔ اند] جانوروں کے چھڑوں سے نکلی ہُوئی لیس دار چیز جس سے لکڑی وغیرہ جوڑتے ہیں۔

سَریع: [ع۔ صف] (۱) جلدی کرنے والا۔ تیز۔ جلد۔ شتاب (۲) مث) شاعری میں ایک بحر"

سَریعُ التّاثیر: [ع۔ صف] زُود اثر۔ تیز اثر دکھانے والا

سَریعُ الحرکت: [ع۔ صف] جلد حرکت کرنے والا

سَریعُ السّیر: [ع۔ صف] دیکھئے " سریع الحرکت "

سَریعُ الزّوال: [ع۔ صف] جلد گھٹنے والا۔ جلد زائل ہونے والا۔

سَریعُ الفہم: [ع۔ صف] تیز فہم۔ جلدی سمجھنے والا

سَریعُ الہضم: [ع۔ صف] زُود ہضم۔ جلدی ہضم ہونے والا۔

سَریکھا: [ا۔ صف۔ ق] مثل۔ مانند۔ مشابہ

سَریکھا: [س۔ صف] دغاباز۔ مکّار۔ فریبی

سُریلا: [ھ۔ صف] خوش گلو۔ خُوش آواز

سُریلاپن: [ھ۔ اند] دیکھئے " سُریلا " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُریلا گلا: [ھ۔ اند] ایسا گلا جو گانے کے لیے موزوں ہو۔ جس سے سُر ٹھیک ادا ہو۔

سُریلی: [ھ۔ امث] دیکھئے " سُریلا " جس کی یہ تانیث ہے

سُرین: [ف۔ اند] چُوتڑ۔ پُٹھا۔

سُریوال: [ا۔ اند۔ ق] سردفتر

س ۔ رڑ

سِڑ: [ہ۔ امث] جنون۔ دیوانگی۔ پاگل پن۔

سڑ بن رہنا: [ہ۔ اند] دیکھئے " سِڑ "

سڑ چھوٹنا / لگنا [ا۔ محاورہ] خبط ہونا۔ جنون ہونا۔

سِڑا: [ہ۔ صف] پاگل۔ دیوانہ۔ خبطی

سَڑا / سڑا ہُوا: [ہ صف] (۱) بُسا ہُوا۔ بدبُودار۔ سڑاند والا (۲) گلا ہُوا۔ بوسیدہ۔

سِڑا باولا: [ہ۔ صف] پاگل۔ دیوانہ

سڑاسڑ: [ہ۔ اصوت۔ مث] قمچی یا چابک جلد جلد مارنے کی آواز۔

سَڑاک: [ہ۔ اصوت۔ مث] (۱) رسّی۔ چابک یا قمچی لگنے کی آواز (۲)

سڑاک دیسی / سے: [ہ۔ متعلق فعل] جلدی سے۔ فوراً۔

سِڑان: [ہ۔ صف۔ مذ] دیوانہ۔ مجنون۔

سَڑانا: [ہ۔ مص] (۱) خمیر اُٹھانا (۲) گلانا۔ بوسیدہ کرنا (۳) بدبُو پیدا کرنا۔ (۴) رکھ چھوڑنا۔

سَڑاند / سڑاہند: [ہ۔ امث] بدبُو۔ تعفن۔ گندگی (افعال: آنا۔ اُٹھنا)

سڑاندا / سڑاہندا: [ہ۔ صف] بدبودار۔ متعفن (۲) نکما۔ خراب۔

سَڑپ / سُڑپ: [ہ۔ اصوت۔ مث] کسی رقیق چیز کے جلد جلد پینے کی آواز۔ چُسکی

سُڑپا: [ہ۔ اصوت۔ مذ] دیکھئے " سڑپ "

سُڑپا لگانا / مارنا: [ہ۔ محاورہ] کسی پتلی چیز کو ایک ہی دفعہ پی جانا۔ چُسکی لگانا۔

سُڑپنا: [ہ۔ مص] دیکھئے " سڑپا لگانا / مارنا "

سُڑسُڑی: [ہ۔ امث] مٹی کا چھوٹا سا حُقّہ۔

سُڑسڑ / سُڑ سُڑ / سُڑڑ: [ہ۔ اصوت۔ مث] حُقّہ پینے کی آواز۔ حُقّہ کی آواز۔

سڑسٹھ: [اند۔ اسم عدد] ساٹھ اور سات کا مجموعہ ۶۰ + ۷ = ۶۷

سَڑک: [ا۔ امث] شارع عام۔ شاہراہ۔ عام راستہ۔ بڑا راستہ۔

سُڑک: [ہ۔ صف] فوراً۔ جلد۔ شتاب

سُڑک پھانسی: [ہ۔ امث] سرکنے والی گانٹھ پھسنے والی گرہ۔

سُڑک بند: [ہ امث] فوراً۔ گہری نیند۔

سُڑکنا [ہ مص] (۱) نکل جانا۔ سڑپ کر جانا (۲) ناک کی نلکی سے سانس سے اُوپر کی طرف کھینچنا (۳) پانی یا دوا ناک میں پہنچانا۔ ناس لینا (۴) پانی کی طرح پی جانا (۵) تلوار میان سے سونتنا۔

سُڑکی: [ہ امث] کنکوے کی ڈور کو دفعتہً چھوڑ کر ڈھیل دینے کا عمل۔ ڈھیل۔

سُڑنگ: [ا۔ صف۔ ق] مغرور۔ متکبر

سِڑلا: [ا۔ صف۔ ق] بدمزاج۔ سِڑی

سَڑان: [ہ۔امث] ۱۔ بوسیدگی (۲) سڑاند (۳) گوشت کا سڑجانا۔
سِڑَن: [ہ صف] دیکھئے "سِڑی" جس کی یہ تانیث ہے
سَڑنا: [ار۔مص] ۱۔ خراب ہونا۔ بدبو پیدا ہونا (۲) گلنا۔ بوسیدہ ہونا۔
سَڑیَل: [ہ۔امث۔ تی] ۱۔ رَستی (۲) صف" دیکھئے "سڑا / سڑا ہوا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سِڑی: [ہ۔صف] ۱۔ پاگل خبطی۔ سودائی (۲) بیوقوف۔ احمق۔
سَڑیل / سَڑیلا: [ہ۔امث] ۱۔ غصیلا ہر وقت ناک بھوں چڑھانیوالا (۲) نکما خراب۔
سَڑیلی: [ہ۔صف] دیکھئے "سڑیل / سڑیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

س۔ز

سَزَا: [ف۔امث] ۱۔ جزا۔ بدلہ۔ عوض (۲) تاوان۔ جُرمانہ۔ قید
۲۔ موافق۔ مطابق۔ لائق۔
سزا بھگتنا: [ار۔محاورہ] کیے کا بدلہ پانا۔
سزا پانا: [ار۔مص] ۱۔ بدی کا عوض پانا (۲) دُکھ پانا (۳) قید یا جُرمانہ ہونا۔
سزا دِلوانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "سزا دینا" جس کا یہ متعدی ہے
سزا دینا: [ار۔محاورہ] مارنا پیٹنا۔ گوشمالی کرنا۔ قید یا جُرمانہ کرنا۔
سزا کا مزہ چکھنا: [ار۔محاورہ] سزا کی تکلیف سہنا۔ کیے کا بدلہ پانا۔
سزا کو پہنچنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "سزا پانا"
سزا ملنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "سزا پانا"
سزا ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "سزا پانا"
سزا وار: [ف صف] لائق۔ قابل۔ مناسب۔ مستحق۔ واجب۔
(افعال: ہونا)
سزا واری: [ف۔امث] دیکھئے "سزاوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سزایاب: [ف۔صف] سزا پانے والا۔ سزا پانے کے لائق۔
سزایابی: [ف۔امث] دیکھئے "سزایافتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سزایافتہ: [ف۔امث] سزا پایا ہوا جس کو سزا ملی ہو۔
سزایافتگی: [ف۔امث] دیکھئے "سزایافتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سزائے بامشقّت: [ف۔امث] وُہ قید جس میں سخت مشقت لی جائے۔
سزائے تازیانہ: [ف۔امث] کوڑے لگانے کی سزا۔
سزائے جُرمانہ: [ف۔امث] کسی جرم کے بدلہ میں تاوان ڈالنا۔ جُرمانہ کرنا۔ یا کوئی رقم سزا کے طور پر وصُول کرنا۔
سزائے جسمانی / بدنی: [ف۔امث] مار پیٹ زدوکوب کی سزا۔
سزائے حبس دوام بہ عبُور دریائے شور: [ف۔امث] عمر قید۔ کالے پانی کی سزا۔ جس میں متحدہ ہندوستان میں مُجرموں کو جزائر انڈمان بھیج دیا جاتا تھا۔
سزائے سنگین: [ف۔امث] سخت سزا۔ قید بامشقت۔
سزائے قتل: [فع۔امث] جُرم کے بدلہ میں قتل کرنا۔
سزائے قید: [فع۔امث] کسی جُرم کے بدلہ میں قید کرنا۔
سزائے موت: [فع۔امث] کسی جُرم کے بدلہ میں موت کے گھاٹ اتارنا۔

سزاوَل: [ت۔امذ] سرکاری روپیہ وصُول کرنے والا۔ تحصیلدار۔ داروغہ
سزاولی: [ف۔امث] سزاول کا کام یا عہدہ۔

س۔س

سَسَا: [ہ۔امذ] خرگوش۔
سَسَانْد / سَساہند: [ہ۔امث] مچھلی کی سی بساہند۔
سُسْت: [ف۔صف] ۱۔ کاہل۔ کام میں دیر لگانے والا (۲) ناتواں۔ کمزور (۳) ملول۔ اُداس (۴) نڈھال۔ مضمحل (۵) کم شہوت۔ نامرد
سُست اعتقاد: [فع صف] اعتقاد کا کچا۔ ضعیف الاعتقاد۔
سُست اعتقادی: [فع۔امث] دیکھئے "سُست اعتقاد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُست بُنیاد: [ف۔صف] کمزور بنیاد کا۔ غیر مستحکم۔
سُست بُنیادی: [ف۔امث] دیکھئے "سُست بنیاد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُست پیماں: [ف۔صف] وعدے کا کچا۔
سُست رائے: [فع۔صف] بے عقل۔ بیوقوف۔ نادان۔
سُست زمین: [ف۔امث] کسی شعر کا ردیف وقافیہ وغیرہ موزوں نہ ہونا
سُست قدم / رو: [فع۔صف] دھیمی چال چلنے والا۔ آہستہ رو۔
سُست قدمی / روی: [ف۔امث] دیکھئے "سُست قدم / رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُست کرنا: [ار۔مص مرکب] طاقت کم کرنا۔ زور گھٹانا۔ کاہل کرنا۔
سُست ہونا: [ار۔مص مرکب] دیکھئے "سُست کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔ ۲۔ غمگین ہونا۔ اُداس ہونا (۳) کم شہوت ہونا۔ نامرد ہونا۔
سَستا: [ف۔صف] ۱۔ کم قیمت۔ ارزاں۔ کم داموں کا (۲) گھٹیا۔ ادنیٰ درجہ کا
سستا روئے بار بار، مہنگا روئے ایک بار: [ار۔مثل] سستی چیز جلد خراب ہو جاتی ہے اور اس سے بار بار پریشانی ہوتی رہتی ہے۔ مہنگی چیز پہ ایک دفعہ خرچ کرنے کے بعد سہولت رہتی ہے۔
سستا لگانا: [ار۔محاورہ] کم قیمت پر فروخت کرنا۔
سَستانا: [ار۔مص] آرام کرنا۔ تکان دُور کرنا۔ تازہ دم ہونا۔
سَستا مولا: [ار۔صف] ارزاں۔ کم قیمت۔ گھٹیا۔
سُستی: [ف۔امث] دیکھئے "سُست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
سُستی اُتارنا / توڑنا: [ار۔محاورہ] سُستی دُور کرنا۔ انگڑائی لینا۔
سُستی کرنا: [ار۔مص مرکب] دیر کرنا۔ کاہلی کرنا۔
سُستی مفلسی کی ماں ہے: [ار۔مثل] کاہلی کرنیوالا غریب ہو جاتا ہے۔
سَستی: [ار۔صف] دیکھئے "سستا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سستی بھیڑ کی ٹانگ اُٹھا کر دیکھتے ہیں: [ار۔مثل] سستی چیز ہو تو خریدتے وقت بہت جانچ پرکھ کرتے ہیں۔
سَستی دُکان: [ار۔امث] وہ دُکان جہاں چیزیں ارزاں بکتی ہوں۔
سستے چھُوٹنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ تھوڑا سا نقصان یا تاوان دے کر

پنج جانا (۲) کم خرچ میں کام چل جانا (۳) آسانی سے بلا ٹل جانا۔

سستے میں: [ار۔ متعلق فعل] ارزانی کے زمانہ میں۔

سِسٹم: [انگ۔ اند] system قاعدہ۔ اصول۔ نظام۔

سُسَر / سُسْرا: [ار۔ اند] بیوی یا شوہر کا باپ۔

سُسَر وَاڑ: [ار۔ اند۔ ق] دیکھئے "سُسرال"

سُسْرال: [ار۔ امث] ا۔ ساس سسرے کا گھر۔ خاوند یا بیوی کی طرف کا کنبہ (۲) یقدغا

سُسْرال کا کتّا: [ار۔ اند] وُہ داماد جو سُسرال کی روٹیوں پر پڑا رہے۔

سُسرالیا: [ار۔ صف] سُسرال سے متعلق۔ سُسرال کا۔

سُسْری: [ار۔ امث] سُسر کی بیوی۔ ساس

سِسَک: [ار۔ امث] دیکھئے "سِسکی"

سِسَک سِسَک کے دم نکلنا: [ار۔ محاورہ] سخت مشکل سے دم نکلنا۔ آہستہ آہستہ جان نکلنا۔

سِسْکارنا: [ار۔ مص] کُتّے کو کسی پر دوڑانے یا حملہ کرنے کے لیے مخصوص آواز نکالنا۔

سُسْکارنا: [ار۔ مص] بچہ کو پیشاب کرانے کے لیے آواز نکالنا۔

سِسْکاری: [ار۔ امث] ا۔ سِسکی (۲) کُتّے کو چھوٹانے کی آواز۔ (بضم اوّل بھی بولتے ہیں)

سِسْکاری بھرنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سسکی لینا (۲) کنجوسی کرنا۔

سِسْکارے مارنا: [ار۔ محاورہ] ستانا۔ دق کرنا۔

سِسْکانا: [ار۔ مص] کوئی چیز تھوڑی تھوڑی کرکے دینا۔ ترسانا۔

سِسَکتا: [ار۔ صف] روتا۔ بسورتا۔ مُنہ بناتا۔ ہچکیاں لیتا۔

سِسَکتی: [ار۔ صف] دیکھئے "سسکتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

سِسَکتی بھنکتی: [ار۔ صف] ا۔ کنجوس عورت (۲) بہت کم۔ تھوڑی مقدار میں

سِسَکنا: [ار۔ مص] ذرا ذرا سانس لینا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

سِسْکی: [ار۔ امث] ا۔ کسی تکلیف کی وجہ سے زبان بھینچ کر نکالی جانے والی آواز۔ رُک رُک کر سانس لینے کی کیفیت۔ ٹیسکی۔

سِسْکی بھرنا / لینا: [ار۔ محاورہ] چپکے چپکے آہ آہ کرنا۔ پیہم سانس روک کر رونا۔

سِسْکیاں بھرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "سسکی بھرنا / لینا"

سُسْنا: [ار۔ مص۔ ق] سُوجھنا۔ معلوم ہونا۔

سَسِی: [ہ۔ امث] دیکھئے "سَسَا" جس کی یہ تانیث ہے۔

سِیسا ہَند: [ہ۔ امث] دیکھئے "سساند"

س ۔ ش

سِشَن: [انگ۔ اند] session ا۔ نشست۔ اجلاس ۲۔ عدالت فوجداری۔ عدالت فوجداری کے اجلاس کا زمانہ۔

سِشَن جج: [انگ۔ اند] session judge دیوانی و فوجداری کے سنگین مقدمات کا فیصلہ کرنے والا۔ ضلع کی عدالتوں کی اپیل سننے والا۔

سِشَن کورٹ: [انگ۔ امث] سیشن جج کی کچہری۔ session court

س ۔ ط

سَطْح: [ع۔ امث] ا۔ کسی چیز کا بالائی حصّہ (۲) کوٹھا۔ چھت۔ وُہ چیز جس میں طول و عرض ہو مگر عمق نہ ہو۔ ہموار جگہ (۳) زمین پر پھانا۔

سَطْحِ آب: [ع۔ امث] پانی کا بالائی حصّہ۔ سرآب۔ پانی کی چادر

سَطْحِ زمین: [ع ف۔ امث] رُوئے زمین۔ زمین کا فرش۔ تختۂ زمین۔ سرزمین

سَطْحِ مائل: [ع۔ امث بترکیب فارسی] ڈھلوان یا ترچھی سطح۔

سَطْحِ متوازیۃُ الاَضلاع: [ع۔ امث] بیچ برابر کا کھیت۔ وُہ کھیت جس کے دونوں کنارے متوازی ہوں۔

سَطْحِ مُرتفع: [ع۔ امث] پتھریلی اور اُونچی زمین۔

سَطْحِ مُستطیل: [ع۔ امث] گول سطح

سَطْحِ مُستوی: [ع۔ امث] ہموار سطح۔ پورس سطح۔

سَطْحِ ہموار: [عف امث] میدان۔ برابر جگہ

سَطْحَہ: [ع۔ اند] سَطح۔ زمین کا طبقہ۔

سَطْحی: [ع۔ صف] اوپری۔ بالائی۔ جس میں گہرائی نہ ہو۔ بے وزن۔

سَطْر: [ع۔ امث] ا۔ لکیر۔ لائن۔ ریکھا (۲) قطار۔ حرفوں اور لفظوں کی قطار۔ تحریر سلسلہ۔ لکھنا۔ خط کھینچنا۔ **سَطْر بندی**: [ع۔ ف۔ امث] اس طرح لکھنا کہ اگر اوپر یا نیچے خط کھینچیں تو حرفوں کے دائرے، مرکز یا کشش نہ کٹیں۔

سَطْوَت: [ع۔ امث] ا۔ قہر (۲) دبدبہ۔ رُعب (۳) شان و شوکت (۴) سخت پکڑنا

سُطُوح: [ع۔ امث] دیکھئے "سطح" جس کی یہ جمع ہے۔

سُطُور: [ع۔ امث] دیکھئے "سطر" جس کی یہ جمع ہے۔

س ۔ ع

سَعَادَت: [ع۔ امث] ا۔ نیکی۔ نیک بختی (۲) اقبال مندی۔ برکت۔ بھلائی۔ نحوست کی ضد۔

سَعَادَتِ دارَین: [ع۔ امث] دونوں جہان کی نیکی بھلائی۔ دُنیا و آخرت کی نیک بختی۔

سَعَادَت مَند: [عف امث] نیک بخت (۲) مطیع۔ فرمانبردار۔ وفادار (۳) خدمتگزار۔

سَعَادَت مَندی: [ع۔ امث] دیکھئے "سعادت مند" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُعَال: [ع۔ امث] کھانسی۔

سُعَالَہ: [ع۔ اند] غول بیابانی۔ جنگل کے بھُوت

سِعَایَت: [ع۔ امث] ا۔ چغلی۔ بدگوئی (۲) الزام۔ اتہام۔ تہمت (۳) محصول جمع کرنا (۴) غلام کا اپنی رہائی کے لیے کوشش کرنا۔

سَعْتَر: [ع۔ اند] ایک قسم کی گھاس جو زلف کی مانند ہوتی ہے۔ اور دواؤں میں کام آتی ہے۔

سَعْد: [ع۔ صف] ا۔ مبارک (۲) نیک۔ برکت والا (۳) چاند کی بائیسویں منزل کا نام۔

سے ایک بازی کا نام (۴) خوف زدہ۔ ہراساں (فارسی سپید کا مترادف)

سفید پڑ جانا: [ا۔ محاورہ] خوف یا غم سے چہرہ سفید ہو جانا۔ ہوائیاں اڑنے لگنا۔ متغیر ہو جانا۔

سفید پوش: [ف۔ صف] سفید کپڑے پہننے والا (۲) بھلا مانس، شریف۔

سفید پوشی: [ف۔ امث] دیکھئے سفید پوش جس کا اسم کیفیت ہے۔

سفید ٹکا: [ا۔ صف] وہ کبوتر جس کا رنگ سفید اور پر کالا ہو اور بازو پر سفید اور کالے ہوں۔

سفید چشم: [صف] (۱) اندھا، نابینا (۲) بے حیا۔

سفید چشمی: [ف۔ امث] دیکھئے سفید چشم جس کا اسم کیفیت ہے۔

سفید کرنا: [ا۔ محاورہ] تانبے کے برتنوں پر قلعی کرنا۔ سنکھیا وغیرہ کی لاگ سے چاندی کے رنگ کا بنانا۔

سفید مٹی: [ا۔ امث] کھریا مٹی۔

سفید و سیاہ: [ف۔ صف] برا بھلا۔ نیک و بد۔ کل عالم کا انتظام۔ اختیار۔

سفید ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "سفید پڑنا"۔

سفیدہ: [ف۔ اِمذ] پھکے ہوئے جست کا پھول جو آنکھوں کی دواؤں میں ڈالا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا پوڈر (۳) ایک قسم کا آم (۴) ایک قسم کا خربوزہ (۵) ایک درخت۔

سفیدہ / سپیدہ صبح: [ف۔ اِمذ] صبح کی روشنی

سفیدی: [ف۔ امث] نورانی۔ چٹاپن (۲) انڈے کے اندر کا سفید حصہ (۳) قلعی دیواروں پر پھیرنے کا چونا (۴) صبح کی روشنی۔ اُجالا۔

سفیدی آنا: [ا۔ محاورہ] بال سفید ہونا۔ بڑھاپا آنا۔

سفیدی پھیرنا / کرنا: [ا۔ محاورہ] دیوار یا مکان پر قلعی پھیرنا۔

سفیر: [ع۔ اِمذ] ایلچی۔ قاصد

سفینہ: [ع۔ اِمذ] کشتی۔ ناؤ۔ جہاز (۲) بیاض۔ نوٹ بک (۳) انگ۔ سرکاری اطلاع کا کاغذ۔

سفینۂ نوح: [ع۔ اِمذ] حضرت نوح کی کشتی۔

سفیہ: [ع۔ صف] بے وقوف۔ نادان۔ احمق (۲) کمینہ

س - ق

سقا: [ع۔ اِمذ] بہشتی۔ پانی پلانے والا۔ ماشکی۔

سقا شاہی: [ف۔ امث] تھوڑے دن کی حکومت یا اقتدار۔ وہ عارضی حکومت جو نظام سقے نے شہنشاہ ہمایوں کو غرقابی سے بچانے کے صلہ میں حاصل کی۔

سقا بہ / سقاوہ: [ا۔ اِمذ] خزانۂ آب۔ پانی کی ٹنکی۔ پانی کا حوض۔ نہانے کی جگہ۔

سقائی: [ف۔ امث] سقا کا کام۔

سقائی کرنا: [ا۔ مصدر] پانی دینا۔ سقے کا کام کرنا۔

سقایہ: [ع۔ اِمذ] پانی پلانا۔ پانی کا پیالہ

سقایہ خانہ: [ع۔ ت۔ اِمذ] وہ عمارت جس میں پانی کا ذخیرہ رکھا جاتا ہے اور وہاں سے آگے تقسیم کیا جاتا ہے۔ واٹر ورکس

سقر: [ع۔ اِمذ] دوزخ۔ جہنم۔

سقط: [ع۔ اِمذ] چوپائے کی موت۔ گھوڑے یا گدھے کا مرجانا۔

سقف: [ع۔ اِمذ] چھت (۲) شامیانہ۔

سقفی: [ع۔ صف] چھت والا (۲) شہتیر

سقم: [ع۔ اِمذ] خرابی۔ عیب۔ نقص (۲) بیماری۔ روگ

سقم نکالنا: [ا۔ محاورہ] عیب نکالنا۔ خامی ظاہر کرنا

سقمونیا: [ا۔ امث] ایک قسم کا گوند

سقنق / سقنقی: [ا۔ امث] دیکھئے "سقا" جس کی یہ تانیث ہے۔

سقنقور: [یو۔ اِمذ] ریگستانی جانور۔ رینگنے والا جانور۔ ریگ ماہی۔

سقوط: [ع۔ اِمذ] گر پڑنا۔ خطا کرنا (۲) جنگ ہارنا۔

(علم عروض) کسی حرف کا وزن کے خلاف ہونا۔

سقیفہ: [ع۔ اِمذ] ڈیوڑھی میں بیٹھنے کا تخت۔ چوڑا تختہ۔ چبوترہ۔

سقیفہ بندی: [ع۔ امث] بہتان۔ بے ہودہ بات۔ سازش۔

سقیم: [ع۔ صف] بیمار (۲) خراب۔ ناقص۔ خستہ۔ ابتر۔ ردی۔

سقیم الحال: [ع۔ صف] ناتوان۔ کمزور۔ مریض۔

س - ک

سکا: [ہ۔ اِمذ] کشتی کے تلے کی لکڑی (۲) ن۔ الٹوچلی۔

سکار: [ہ۔ اِمذ] پل یا بندی کی وصولی (۲) علی الصبح۔ تڑکا۔ پو پھٹے۔

سکار / سکارائی: [ہ۔ ...] پل یا ہنڈی سکارنے کی فیس۔

سکارف: [انگ۔ اِمذ] رومال (۲) گلوبند (SCARF)

سکارنا: [ہ۔ ل] ہنڈی کا روپیہ دینا

سکارو: [ہ۔ اِمذ] (اصلاح ہنڈی) ہنڈی قبول کرنے والا

سکالے: [ہ۔ اِمذ] صبح تڑکے۔ پو پھٹے۔ آنے والا کل۔ فردا۔

سکا کھڑک: [ا۔ صف] بالکل خشک

سکال: [س۔ امث] علی الصبح۔ تڑکا (۲) صف) موسم کے مطابق یا موقع (۳) (ظرف زماں) صبح کے وقت۔ پو پھٹے (۴) آنے والا کل۔

سکال: [ا۔ اِمذ۔ ق] اچھا زمانہ۔ اچھی فصل۔ ارزانی۔

سکال: [ہ۔ اِمذ] اچھی فصل۔ غلہ کی فراوانی کا موسم

سکالر: [انگ۔ اِمذ] scholar عالم فاضل۔

سکالر شپ: [انگ۔ اِمذ] scholarship وظیفہ جو تحصیل علم کے لیے ہے۔ یا اعتراف قابلیت کے طور پر دیا جائے۔

سکالے: [س۔ اِمذ] پو پھٹے۔ نور کے تڑکے۔ صبح کے وقت۔

سکان: [ع۔ اِمذ] پتوار۔ دنبالہ کشتی۔ (۲) ساکن کی جمع۔

سکاؤٹ: [انگ۔ اِمذ] scout ایک عالمگیر جماعت جس کا مقصد لڑکوں میں خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے اس جماعت کے رکن لڑکے ایک خاص وردی پہنتے ہیں۔ وہ سپاہی جو دشمن کی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات مہیا کرنے کی خاطر بھیجے جاتے ہیں۔

سکت: [ہ۔ مث] طاقت۔ قوت۔ بل۔ توانائی۔

سکتا: [ا۔ صف۔ ق] قادر۔ قوی۔

سَکَتَّر [ار۔صف] دیکھیے "سکرٹری" جس کا یہ مورد ہے۔
سَکتَہ: [ع۔امث] ایک بیماری جس میں انسان مُردہ کی طرح بیہوش ہو جاتا ہے (۲) شعر کی روانی میں وزن کی وجہ سے نقص پڑ جانا۔
سکتہ پڑنا: [ار۔محاورہ] روانی میں نقص پڑنا۔ شعر کا وزن دُرست نہ ہونا
سکتے کا عالم [ار۔امذ] تعجب کی حالت۔ حیرت۔ حیرانی۔ خاموشی۔
سَنکَٹ [ھ۔امذ] مشکل۔ دُشوار (۲) نزع کی حالت (۳) تکلیف۔ بدنصیبی۔
سُکپھُ: [ار۔امث۔ق] حباب
سُکر [ھ۔امذ] زہرہ۔ ناہید۔ ایک روشن ستارہ کا نام
سُکرْ [ع۔امذ] خمار۔ نشہ۔ بے ہوشی۔
سکرات [ع۔امث] جان کنی کی تکلیف۔ نزع کی حالت (" سکرہ" کی جمع اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے۔
سنکرانت [ھ۔امذ] سُورج کا ایک بُرج سے دُوسرے بُرج میں جانا۔ تحویلِ آفتاب (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار۔
سکرپٹ [انگ۔امذ] script تحریر۔ مسوّدہ۔ رسم الخط۔
سکرٹ [انگ۔امذ] skirt لہنگا۔ سایا۔
سیکرٹری: [انگ۔امذ] secretary معتمد۔ دبیر۔ ناظر۔
سکریٹریٹ: [انگ۔امذ] secretariat سیکرٹری کا دفتر وُہ عمارت جس میں سرکاری سیکرٹریوں کے دفتر ہوں۔
سیکرین: [انگ۔امذ] saccharine ایک سفید رنگ کا سفوف جو مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے جو کھانڈ سے تقریباً ساڑھے پانسو گناہ میٹھا ہوتا ہے۔
سکرین [انگ۔امث] screen پردہ۔ ٹٹی۔ آڑ۔ اوٹ۔
سکڑ / سکرڑ: [ھ۔صف] دُور کا رشتہ ظاہر کرنے والا۔ جیسے سکڑدادا۔
سکڑدادا: [ھ۔امذ] پردادا کا باپ۔ سکڑنانا: [ھ۔امذ] پرنانا کا باپ
سُکڑا: [ھ۔صف] تنگ۔ بھچا ہوا۔ سمٹا ہوا۔
سُکڑاؤ: [ار۔امذ] (اصطلاح اضافیت) اینٹھن۔ جکڑاؤ۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔ سمٹنا۔ (۲) (اصلاح کیمیا) ٹھٹھرنے کی حالت یا عمل۔ مادے کا مقدار کے مطابق گھٹنا۔
سُکڑنا: [ار۔مص] سمٹنا۔ بھنچنا۔ تنگ ہونا۔ (۲) کنجوسی کرنا۔ (۳) کنارہ کرنا (۴) کانپنا۔ (۵) اینٹھنا۔ (۶) شکن پڑنا۔ (۷) ٹھٹھرنا۔ سُکڑی: [ھ۔صف] تنگ۔ بھچی ہوئی۔
سُکڑی پڑنا: [ار۔محاورہ] دقّت پیش آنا۔ دشواری ہونا۔ (۲) مصیبت پڑنا۔
سُکڑی گھاٹی: [ار۔امث] دو پہاڑوں کے درمیان تنگ راستہ۔
سِکشا: [ھ۔امث] تعلیم و تربیت۔ سکھانا پڑھانا (۲) نصیحت (۳) وید کا ایک حصہ۔
سَکَل: [س۔صف] تمام۔ کل۔ ہر ایک۔
سِنکل: [ار۔صف۔ق] زنجیر۔
سَکلا: [ار۔صف۔ق] سب۔
سُک لبھ: [ار۔صف۔ق] خشک ہونٹ۔
سَکنا: [ار۔مص] لائق ہونا۔ قابل ہونا۔ ممکن ہونا۔
سِکنا: [ھ۔مص] آگ پر تپایا جانا۔ پختہ ہونا۔ کرارا ہونا (۲) گرم ہونا۔ سینک لینا۔
سَکَنات: [ع۔امذ] دیکھیے "سکنت" جس کی یہ جمع ہے۔
سَکَنَت: [ع۔امث] ٹھہراؤ۔ سکون۔ حرکت کی ضد۔

سکنجبین: [ع۔امث] سرکہ یا نیبو کے عرق کا پکا ہوا شربت۔
سکندر: [ف۔امذ] فیلقوس شاہ مقدونیہ کا بیٹا۔ فاتح عالم۔ (۲) کنایۃً خوش نصیب
سکندری: [ف۔صف] سکندر کے متعلق۔ (۲) گھوڑے کی ٹھوکر۔
سکندری کھانا: [ار۔محاورہ] گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔
سکنڈ: [انگ۔امذ] second ثانیہ۔ لحظہ۔ لمحہ۔ (۲) اوّل کے بعد دوسرا (۳) صفت۔ دوسرا ثانی۔ دوم
سکنڈ کلاس: [انگ۔امذ] second class دوسرا درجہ۔ (۲) دوسرے درجہ کا۔
سکنڈ ہینڈ: [انگ۔امذ] برتا ہوا۔ مستعمل، استعمال شدہ۔
سکنڈری: [انگ۔صف] secondary ثانوی۔ دوسرے درجہ کا۔
سِکنَہ: [ع۔امذ] دیکھیے "ساکن" جس کی یہ جمع ہے۔
سُکنَہ: [ع۔امذ] سکون کی جگہ۔ مکان۔
سُکنی: [ع۔صف] قابلِ سکونت
سکوت: [ع۔امذ] خاموشی۔ اِ ۔ [افعال کرنا۔ ہونا]
سکوٹر: [انگ۔امذ] scooter ایک قسم کا چھوٹے پہیوں کا موٹر سائیکل۔
سکورہ: [ف۔امذ] مٹی کا پیالہ۔
سکوڑ: [ار۔امث] علیحدگی۔ شکڑن۔
سکوڑنا: [ار۔مص] ہاتھ پاؤں کو اکٹھا کر لینا۔ سکیڑ لینا۔
سکون: [ع۔امذ] ٹھہراؤ۔ قرار (۲) امن۔ خاموشی۔ (۳) ساکن حروف کی علامت
سکونت: [ار۔امث] بود و باش۔ مستقل قیام۔ (۲) رہنے کی جگہ۔ مسکن۔
سکونت پذیر ہونا: [عف۔امث] بود و باش اختیار کرنا۔ بسنا۔ رہنا۔
سکونیات: [عف۔امذ] اصطلاح طبیعیات، وہ علم جس میں اجسام کی حالتِ سکون سے متعلق بحث کی جاتی ہے۔
سکوائش: [انگ۔امذ] squash عرق۔ شربت۔ (۲) ایک کھیل جو ریکٹ اور نرم گیند سے محصور کورٹ میں کھیلا جاتا ہے۔
سکّہ: [ع۔امذ] ٹھپا۔ ضرب۔ چھاپ۔ نقش کیا ہوا۔ ڈھلا ہوا۔ (۲) سرکاری منقش زر جو ملک میں چلے (۳) طرز۔ روش۔ طریقہ۔ قانون۔ (۴) رعب داب (۵) سیسہ۔ سربیخ
سکّہ بٹھانا: [ار۔محاورہ] رعب قائم کرنا۔ حکومت قائم کرنا۔
سکّہ بند: [ار۔صف] پختہ۔ معیاری۔ سچا۔
سکّہ بیٹھنا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "سکّہ بٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سکّہ پڑنا: [ار۔محاورہ] سکہ پر حرف کھودے جانا (۲) رعب داب قائم ہونا۔
سکّہ جاری کرنا: [ار۔محاورہ] کسی حکمران کا نئے سکّہ یا اپنے سکّہ کو رواج دینا۔
سکّہ جاری ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "سکّہ جاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سکّہ چلانا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "سکہ جاری کرنا"
سکّہ چلنا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "سکہ جاری ہونا"
سکّہ رائج الوقت: [ع۔امذ] وہ سکّہ جو ملک میں چل رہا ہو۔
سکّہ زن: [ف۔صف] سکّہ ڈھالنے والا۔ ٹکسالیا۔
سکّہ قلب: [ع۔امذ] جھوٹا سکّہ۔ مصنوعی سکّہ۔ وہ سکّہ جو ناجائز طور پر بنایا جائے
سکّہ کہنا: [ار۔محاورہ] نیا سکہ جاری ہونے پر اس کی تعریف میں شعر کہنا
سکّہ لگانا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "سکہ جاری کرنا"
سکّہ لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھیے "سکہ جاری ہونا"

سِکھ؛ [ہ۔ اند] (۱) چیلا۔ شاگرد (۲) گورو نانک کا پیروکار۔
سُکھ؛ [ار۔ اند] آرام۔ چین۔ راحت۔ آسودگی (۲) امن و امان (۳) تندرستی۔
سُکھ پانا؛ [ار۔ محاورہ] آرام پانا۔ چین پانا۔ راحت پانا۔
سُکھ پہنچنا؛ [ار۔ محاورہ] آرام ملنا۔ راحت ملنا۔
سُکھ تلا؛ [ار۔ اند] چمڑے کا وہ ٹکڑا جو جوتے کے اندر رکھتے ہیں۔ پاتابہ۔
سُکھ دائی؛ [ہ۔ صف] آرام دینے والا۔ راحت دینے والا۔
سُکھ درشن؛ [ہ۔ امث] ایک بوٹی کا نام۔
سُکھ دیکھنا؛ [ار۔ محاورہ] آرام پانا۔
سُکھ سمپت کا سب کوئی ساتھی؛ [ار۔ مثل] خوشحالی کے زمانہ میں سب دوست بن جاتے ہیں۔
سُکھ کی نیند؛ [ار۔ امث] آرام کی نیند۔ خواب راحت۔
سُکھ میں رَبّ کو یاد کرے تو دُکھ کاہے کو ہو؛ [ار۔ مثل] راحت کے زمانہ میں خدا کو یاد کیا جائے تو تکلیف نہیں ہوتی۔
سِکھا شاہی؛ [ار۔ امث] سکھوں کی عملداری جس میں ظلم و ستم بے انصافی کا دور دورہ تھا۔
سِکھانا / سِکھلانا؛ [ار۔ مص] (۱) تعلیم دینا۔ پڑھانا۔ لکھانا (۲) سدھانا۔ تربیت دینا (۳) بہکانا۔ ورغلانا۔ پٹی پڑھانا۔
سُکھانا / سُکھلانا؛ [ار۔ مص] (۱) خشک کرنا۔ تری دور کرنا۔ (۲) کسی کو دیر تک بٹھائے رکھنا۔
سِکھائے پوت دربار نہیں جاتے؛ [ار۔ مثل] اپنی عقل نہ ہو تو دوسرے کی عقل سے کام نہیں چلتا۔
سِکھائے میں آنا؛ [ار۔ محاورہ] کسی کے کہنے میں آنا۔ کسی کے بہکاوے میں آنا۔
سِکھایا پڑھایا؛ [ار۔ صف] (۱) تعلیم یافتہ۔ تربیت یافتہ۔ (۲) بہکایا ہوا۔
سِکھائی پڑھائی؛ [ار۔ صف] دیکھئے "سکھایا پڑھایا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سُکھ پال / سُکھپال؛ [ار۔ امث] ایک قسم کی پالکی۔
سِکھر؛ [س۔ امث] چھینکا۔ جالی وغیرہ کی لڑکی سی جسے چھت وغیرہ سے باندھتے ہیں۔
سِکھرن؛ [س۔ اند] شکر ملا ہوا دہی۔
سُکھم؛ [ار۔ صف۔ ق] باریک۔ جالی دار۔ (۱) کنایتہً باطن۔
سکھی؛ [ہ۔ امث] (۱) سہیلی۔ (۲) سدا سہاگ فقیروں کا گروہ جو زنانہ لباس پہنتا ہے (۳) ہیجڑا۔ زنخا (۴) ایک قسم کی پہیلی جس میں ایک بات کہہ کر مکر جاتے ہیں۔
سُکھی / سُکھیا؛ [ہ۔ صف] آسودہ حال۔ خوش۔ مطمئن۔ آرام میں۔ راحت میں۔
سکیچ؛ [انگ۔ اند] sketch خاکہ۔
سُکیرنا؛ [ہ۔ مص] (۱) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ فراہم کرنا (۲) صاف کرنا۔ جھاڑو دینا۔
سُکیڑنا؛ [ار۔ مص] تنگ کرنا۔ بھینچنا۔ سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا۔
سکیل؛ [انگ۔ اند] scale پیمانہ۔ انداز۔ تجویز۔
سکیلا؛ [ہ۔ اند] ایک قسم کا فولادی ہتھیار۔ ایک قسم کی تلوار۔
سکیم؛ [انگ۔ امث] scheme تجویز۔ منصوبہ۔ مصلحت۔ تدبیر۔
سِکّین؛ [ع۔ امث] چھری۔ چاقو۔
سکینت / سکینہ؛ [ع۔ امث] سکون۔ آرام۔

س ۔ گ

سَگ؛ [ف۔ اند] کتّا۔
سَگِ بازاری؛ [ف۔ اند] وہ کتّا جس کا کوئی مالک نہ ہو۔ آوارہ کتّا۔
سَگ باش برادر خُرد مباش؛ [ف۔ مثل] چھوٹے بھائی کی کچھ توقیر نہیں ہوتی۔
سَگ تازی؛ [ف۔ صف] عربی نسل کا شکاری کتّا۔
سگ حضوری بہ از برادر دوری؛ [ف۔ مثل] حاضر یا آنکھوں کے سامنے رہنے والا، اور ادنیٰ درجہ کے آدمی کا دور رہنے والے عزیز سے زیادہ خیال ہوتا ہے۔ ایسا شخص اپنا مطلب پورا کر لیتا ہے۔
سَگِ دیوانہ؛ [ف۔ اند] باؤلا کتّا۔ ہڑکایا کتّا۔
سَگِ زرد برادرِ شغال؛ [ف۔ مثل] دونوں ایک جیسے۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بدی میں دوسروں کی مانند ہو۔
سَگا؛ [ہ۔ صف] ایک ماں باپ کا۔ ایک خون حقیقی (۲) بہت قریبی۔ رشتہ دار۔ اپنا۔ یگانہ۔ (۳) داماد۔ (۴) (پہاڑی قبائل میں) اپنے گاؤں یا بستی کا۔
سِگار؛ [انگ۔ اند] cigar دیکھئے "چرٹ"۔ بڑا سگریٹ جو تمباکو کا پتا لپیٹ کر بنایا جاتا ہے۔
سگارت / سگاوٹ؛ [ہ۔ امث] اپنائیت۔ رشتہ۔ ناتا۔ قرابت
سگارے؛ [ہ۔ متعلق فعل] صبح کو۔ علی الصبح۔
سِگال؛ [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر "سگالیدن" سے صیغۂ امر۔ جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ اور اندیشہ کرنے والا یا چاہنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً بدسگال۔ خیر سگال۔
سگانہ؛ [ف۔ صف] اصطلاح کیمیا۔ زمین کی تیسری تہہ۔
سگائی؛ [ہ۔ امث] منگنی۔ نسبت۔ قرابت داری۔
سگت؛ [ار۔ صف۔ ق] کُل۔ تمام۔
سگر / سگرا؛ [ہ۔ صف] کل۔ تمام۔ ہر ایک۔
سگرٹ؛ [انگ۔ اند] cigarette ہلکا چرٹ۔ کاغذ میں لپٹی ہوئی تمباکو کی بتی سی۔
سُگس؛ [ار۔ اند۔ ق] راحت۔ آرام۔
سُگسی؛ [ار۔ صف۔ ق] کاہل۔ سست۔ (۲) کاہلی۔ سستی۔
سُگندھ؛ [ہ۔ امث] خوشبو۔ مہک۔ (۲) سوندھا۔ خوشبودار۔
سگنل؛ [انگ۔ اند] signal اشارہ۔ وہ نشان جو ریل گاڑی اور طوفان وغیرہ کے آنے کی اطلاع دیتا ہے۔
سگنل مین؛ [انگ۔ اند] signal man وہ آدمی جو سگنل اٹھاتا یا گراتا ہے۔
سگنیلر؛ [انگ۔ اند] signaller تار بابو۔ ٹیلیگراف کلرک۔
سگوتر / سگوترا؛ [ہ۔ اند] قریبی رشتہ دار۔ جدی۔
سگوتری؛ [ہ۔ امث] دیکھئے "سگوتر" جس کی یہ تانیث ہے۔
سُگھڑ؛ [ہ۔ صف] تمیزدار۔ خوش سلیقہ۔ ذی شعور۔ دانشمند۔ صاحب تمیز۔ کاریگر۔
سُگھڑ بھلائی؛ [ہ۔ امث] دانشمندانہ خیر خواہی۔ (۲) مفت کی بھلائی (۳) خوشامد۔
سُگھڑاپا؛ [ہ۔ اند] سلیقہ۔ تمیز۔ ہنرمندی۔ کاریگری۔
سُگھڑائی؛ [ہ۔ امث] دیکھئے "سگھڑاپا"۔
سُگھڑپن؛ [ہ۔ اند] دیکھئے "سگھڑاپا"۔
سُگھڑ دل؛ [ار۔ صف۔ ق] دیکھئے "سگھڑ"۔
سُگھڑئی؛ [ہ۔ امث] ایک راگ جو رات کے دوسرے پہر گایا جاتا ہے۔
سُگھڑی؛ [ہ۔ صف] دیکھئے "سگھڑ دل" جس کی یہ تانیث ہے۔

س ۔ ل

سِل : [ع۔ امث] ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں زخم ہو جاتے ہیں اور منہ سے خون آنے لگتا ہے۔
سِل : [ار امث] مسالہ پیسنے کا پتھر۔ پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگاتے ہیں۔
سِلّا / سِیلا : [ہ۔ امذ] خوشہ۔ اناج کی وہ بالیں جو فصل کٹنے کے بعد کھیت میں رہ جاتی ہیں۔
سَلاجیت : [ہ۔ امذ] سیاہ رنگ کا رقیق مادّہ جو پتھر سے نکلتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
سِلاح : [ع امذ] لڑائی کے ہتھیار۔ (۲) اوزار۔
سِلاح بند : [عف صف] ہتھیار لگائے ہوئے مسلح۔
سِلاح بندی : [عف۔ امث] دیکھئے "سلاح بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سِلاح خانہ : [ع امذ] میگزین۔ وہ عمارت جس میں ہتھیار جمع رہتے ہیں۔
سِلاح ساز : [عف صف] ہتھیار بنانے والا۔
سِلاح سازی : [عف امث] دیکھئے "سلاح ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سِلاح شور / سلحشور : [ف صف] بہادر سپاہی ۲۔ ہتھیار بند سپاہی۔ میگزین کا داروغہ۔
سلاخ : [ا امث] لوہے کی گول تیلی ۲۔ لکیر ۳۔ دھار۔
سلاخی گندھک : [امث] (اصطلاح کیمیا) وہ گندھک جو سلاخوں کی شکل میں ہو۔
سَلاد : [انگ امذ] salad کچے ساگ اور ترکاریوں کا کچا یا پکا ہوا جو کھانے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔
سَلاست : [ع امث] نرمی۔ روانی۔ ہمواری۔ کلام میں ثقیل لفظ نہ آنا۔ صفائی۔ فصاحت۔
سَلاست زبان : [عف امذ] فصاحت۔ نرم اور ہلکے پھلکے الفاظ استعمال کرنا۔
سَلاسِل : [ع امث] سلسلہ کی جمع۔ بیڑیاں۔ زنجیریں۔ کڑیاں۔
سَلاطین : [ع امذ] سلطان کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ قیصر ۲۔ راجہ۔ شہزادے۔ بادشاہ کے بھائی بند۔
سَلام : [ع امذ] سلامتی ۲۔ تسلیم۔ آداب ۳۔ رخصت کرنا۔ الوداع ۴۔ بس جانے دیجئے۔ معاف کیجئے ۵۔ سکالانا۔ کسی سے جو بات نہ مانی ہو اس پر طنزیہ سلام ۶۔ نماز کے آخر میں دائیں بائیں منہ پھیرنا ۷۔ مایوسی کا اظہار ۸۔ غزل کے انداز میں وہ نظم جس میں واقعات کربلا کا ذکر کیا گیا ہو ۹۔ کھڑے ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صلوٰۃ و سلام عرض کرنا۔ سلام پھیرنا : [ا محاورہ] نماز ختم کرنا۔
سلام پیام / پیغام : [ع صف] منگنی یا نسبت کی بات چیت
سلام دینا : [ا محاورہ] افسر کا کسی آدمی کو اندر بلوانا۔
سلام روستائی بے غرض نیست : [ف مثل] سلام کرنے والے کا عموماً کوئی نہ کوئی مطلب ضرور ہوتا ہے۔
سلام شوق : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] محبت اور اشتیاق کا سلام (برابر والوں کے لئے)
سلام علیکم : [ع کلمہ دعا] تم پر سلامتی ہو۔ مسلمان جب آپس میں ملتے ہیں تو ایک دوسرے کو یہ کلمہ کہہ کر دعا دیتے ہیں۔
سلام علیکی : [ا امث ق] صاحب سلامت۔ علیک سلیک۔ جان پہچان
سلام کرائی : [ا۔ امث] سلامی۔ وہ رقم جو رخصتی کے وقت دولہا کے سلام کرنے پر دلہن والوں کی طرف سے دی جاتی ہے۔
سلام کرنا : [ا محاورہ] سر ملنے یا سینے پر ہاتھ رکھنا۔ آداب بجا لانا ۲۔ رخصت ہوجانا ۳۔ سر تسلیم خم کرنا۔ ہار ماننا۔ کسی کی بڑائی کا اعتراف کرنا۔ قائل ہونا۔ سراہنا ۴۔ دستبردار ہونا۔ باز آنا ۵۔ خیرباد کہنا۔
سلام کہنا : [ا محاورہ] بندگی عرض کرنا۔
سلام لینا : [ا محاورہ] سلام کا جواب دینا (اشارے یا زبان سے)
سلام نیاز : [عف امذ] عاجزی کا سلام (بڑے ملنے اور بزرگوں کے لئے)
سلام ہونا : [ا محاورہ] ملاقات ہونا۔ رو برو یا سامنے ہونا۔

سلامت رہئے : [ا محاورہ] (ا) زندگی بخشی ۲۔ جیتے رہو۔ (مشیر یا بڑے) ۲۔ خدا بچائے۔
سَلامت : [ع صف] محفوظ ہر بلا سے بچا ہوا۔ صحیح۔ تندرست۔ پورا ۲۔ زندہ ۳۔ حیات۔ موجود ۴۔ مبارک باد کا جواب۔ ۵ (امث) دیکھئے "سلامتی"
سَلامت روی : [عف امث] کفایت شعاری کرنا۔ میانہ روی ۲۔ سیدھی راہ اختیار کرنا۔ ایسا ڈھنگ اختیار کرنا جس سے کوئی الزام نہ آئے۔
سَلامتی : [ا امث] خیریت۔ عافیت ۲۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ محفوظ ہونا ۳۔ صحت۔ تندرستی ۴۔ زندگی۔ حیات ۵ (ا) موجودگی ۲۔ قیام۔ برقراری۔ (صحیح سلامت ہے)
سلامی : [عف امث] تسلیم۔ سپاہ کا ہتھیار اٹھا کر تعظیم دینا ۲۔ توپیں بندوقیں داغنا ۳۔ (ا) چلا کر تعظیم دینا ۴۔ نذرانہ۔ پیشکش ۵۔ ڈھال۔ ڈھلوان ۶۔ مجرئی ۷۔ مرجعی ۸۔ مجرم ۹۔ مجرئی ۹۔ وہ رقم جو بوقت رخصتی دیتے ہیں۔
سلامی اتارنا : [ا محاورہ] بادشاہ یا حاکم وقت کی آمد پر بندوق اور توپیں سر کرنا۔
سلانا / سلوانا : [ا مص] ٹانکے لگوانا۔ بخیہ کروانا۔
سُلانا / سُلا دینا : [ا مص] نیند میں محو کرنا۔ بچے کو تھپک تھپک کر نیند کی ترغیب دینا ۲۔ قبر میں رکھنا ۳۔ دفن کرنا۔ گاڑنا۔ دبانا ۴۔ زہر کھلا کر مارنا۔ گلا گھونٹ دینا۔
سِلائی : [ا امث نیز مصدر] ۱۔ کپڑے سینے کا عمل۔ بخیہ ۲۔ کپڑے سینے کی اُجرت ۳۔ سَلائی (ا امث) لوہے وغیرہ کی باریک سلاخ
سلائی پھیرنا : [ا محاورہ] گرم گرم سلائی آنکھوں میں پھیر کر اندھا کرنا ۲۔ زخم یا آنکھ میں سلائی گھمانا۔
سَلب : [ع امذ] لے جانے یا مٹنے کا عمل۔ جذب کرنا۔ چھین لینا۔
سَلبی : [ع صف] دیکھئے "سلب" سے منسوب۔ منفی۔
سُلپ : [انگ امث] کاغذ یا کسی باریک چیز کا لمبا ٹکڑا یا پٹی ۲۔ غلطی۔ سہو۔
سلپٹ : [ہ صف] صاف۔ ہموار ۲۔ اندھا ۳۔ گھسے ہوئے نقوش کا سکّہ۔
سلیپر : [ا امث] ایڑی کی جوتی (انگریزی لفظ سلیپر کا بگاڑ) ۵۔ ریل کی پٹڑی پر بچھا ہوا لکڑی کا تختہ
سِلفچی / چلمچی : [ا امث] ہاتھ دھونے کا برتن
سُلجھا : [ہ صف] سُلجھا ہوا۔ تجربہ کار۔
سُلجھنا : [ہ مص] کھلنا۔ باہم طے کرنا ۲۔ سیدھا کرنا۔
سُلجھانا : [ا مص] گرہیں اور پیچ کھولنا۔ الجھاؤ دور کرنا ۲۔ پیچیدہ معاملے کی الجھن دور کرنا۔
سُلجھاؤ / سلجھاوا : [ا امذ] فیصلہ۔ الجھن دور کرنا۔
سُلجھا ہوا / سلجھا سلجھایا : [ا صف] تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔
سِلح : [ع امذ] ہتھیار۔ اوزار۔ آلات حرب ۲۔ پوشاک۔ لباس۔
سلح پوش : [عف صف] ہتھیار بند مسلح۔
سلح خانہ : [عف صف] ہتھیار رکھنے کا کمرا۔ اسلحہ خانہ۔
سَلخ : [ع امذ] پوست اتارنا۔ کھال اتارنا ۲۔ قمری مہینہ کا آخری دن۔
سل رچنا : [ہ۔ محاورہ] خودکشی کرنا۔
سَلس : [ع امذ] نرمی۔ آسانی۔
سَلسال : [ع صف] صاف شفاف میٹھا پانی۔
سَلسُ البول / سلس بول : [ع امذ] مثانے کی ایک بیماری جس میں پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہے۔
سَلسَبیل : [ع امث] بہشت کی ایک نہر ۲۔ خوشگوار چیز ۳۔ شراب
سُلسُلانا : [ہ مص] نرم نرم کھجلی ہونا ۲۔ رینگنا۔ کیڑوں کا پیٹ کے بل چلنا۔
سُلسُلاہٹ : [ہ امث] کھجلی۔ خارش ۲۔ دق۔ درد۔
سِلسِلہ : [ع امذ] زنجیر۔ بیڑی ۲۔ قطار۔ لڑی صف ۳۔ خاندان۔ نسل ۴۔ شجرہ ۵۔ ترتیب

سلیم الطبع: [ع صف] حلیم۔ نرم دل۔ دانش مند۔ دور اندیش۔
سلیم شاہی: [ا ر امث] ایک قسم کی خوب صورت جوتی۔
سلیمان: [ع امذ] حضرت داؤدؑ کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے مشہور پیغمبر و بادشاہ مشہور ہے کہ تمام حیوانات اور جن و انس ان کے تابع تھے۔
سلیمانی: [ع صف] ۱۔ حضرت سلیمانؑ سے منسوب ۲۔ ایک قسم کا ڈورنگا پتھر ۳۔ ایک قسم کا چورن جسے نمک سلیمانی کہتے ہیں ۴۔ ایک قسم کا خرما۔
سلیمانی ٹوپی: [ار۔ امث] ایسی ٹوپی جسے سر پر اوڑھنے سے انسان دوسروں کی نظر سے چھپ جائے مگر ہر ایک اسے دکھائی دے۔
سلیمو: [ھ امث] بندریا کا فرضی نام۔ مجازاً۔ پھوہڑ۔ بدسلیقہ عورت۔

س ـــــ م

سم: [ھ امذ] آواز۔ تال۔ سُر۔ جو آخری ضرب کے ساتھ وزن میں برابر ہو ۲۔ برابر۔ ہم وزن۔ پورا۔ مکمل۔
سم ہوکے رہ جانا: [ا ر محاورہ] کچھ نہ بولنا۔ خاموش ہو جانا۔
سَم: [ع امث] زہر۔ بس ۲۔ چھید۔ سوراخ۔
سم الخیاط: [ع امذ] سوئی کا ناکہ۔
سم الفار: [ع امذ] (لفظی معنی چوہے کا زہر) سنکھیا۔ ایک زہر۔
سم قاتل: [ع امذ بترکیب فارسی] مہلک زہر۔
سُم: [ف امذ] کھر۔ گھوڑے اور گدھے کا پاؤں۔
سُم ڈوبنا: [ا ر محاورہ] جنگ میں گھوڑے کے پاؤں خون میں ڈوبنا۔ سخت خونریزی ہونا۔
سم لینا: [ا ر محاورہ] گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔
سما: [ع امذ] آسمان۔ فلک۔ آکاش۔
سما/سماں: [ھ امذ] ۱۔ وقت۔ ساعت ۲۔ موقع۔ محل ۳۔ رُت۔ موسم۔ فصل ۴۔ کیفیت حالت۔ عالم ۵۔ رونق۔ لطف۔ جوبن ۶۔ تماشا۔ سیر۔ نظارہ۔
سما/سماں باندھنا: [ا ر محاورہ] کیفیت پیدا کرنا۔ رنگ جمانا۔
سما/سماں بندھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے ”سما/سماں باندھنا“ جس کا یہ لازم ہے۔
سماپت: [س امذ] پورا۔ مکمل۔ ختم۔
سمان: [ا ر صف ق] مانند۔ مثل۔
سماج: [ھ/س امث امذ] ۱۔ معاشرہ۔ سوسائٹی ۲۔ انجمن۔ کمیٹی۔ محفل۔ گروہ۔ جتھا۔ ٹولی۔ منڈلی۔
سما جانا: [ا ر محاورہ] ۱۔ بس جانا۔ بیٹھ جانا۔ بھر جانا ۲۔ جذب ہو جانا۔ سرایت کرنا۔
سماجت: [ع امث] ۱۔ شرمندگی ۲۔ ترشی۔ درشتی۔ عیب دار ہونا (ار) منت۔ چاپلوسی۔
سماجی: [ا ر صف] دیکھئے ”سماج“ جس سے یہ منسوب ہے۔
سماچار: [س امذ] ۱۔ خبر ۲۔ اطلاع ۳۔ حالت۔ کیفیت۔
سمادھ: [س امث] ۱۔ گڑھا۔ غار۔ کھوہ ۲۔ جوگیوں، سنیاسیوں یا راجاؤں کے دفن ہونے کی جگہ ۳۔ (ق) خاکستر۔
سمادھ لگانا: [ا ر محاورہ] سانس روکنا۔ حبس دم کرنا ۲۔ چلہ کھینچنا۔ کچھ مدت کیلئے جم کر بیٹھنا۔
سمادھ لینا: [ا ر محاورہ] جوگیوں، سنیاسیوں کا جیتے جی دفن ہو جانا۔ دم سادھ کر کچھ مدت کے لئے زمین میں گڑ جانا۔
سمادھان: [س امذ] مذہبی تعصب۔ مذہبی کٹرپن ۲۔ مراقبہ۔ دھیان۔ سوال کا جواب
سمادھی: [س امث] ۱۔ دیکھئے ”سمادھ“ ۲۔ اکٹھا کرنا ۳۔ تصور جانا ۴۔ اختلاف

رفع کرنا (۵) اناج کی ذخیرہ اندوزی ۶۔ وعدہ۔ عہد ۷۔ جزا۔ بدلہ ۸۔ گردن کی ہڈی ۹۔ ناممکن بات کرنے کی کوشش ۱۰۔ ثبوت پیش کرنا
سمارُوغ: [ف امذ] ککرمتا۔ کھمبی۔
سمارُوک: [ف امذ] کبوتر۔
سماری: [ف امث] کشتی۔
سماط: [ع امذ] دیکھئے ”سمط“ جس کی یہ جمع ہے۔
سماع: [ع امذ] ۱۔ سننا ۲۔ راگ گانا۔ قوالی ۳۔ رقص و سرود۔ ناچ گانا۔
سماعت: [ع امث] ۱۔ سننے کی طاقت ۲۔ مقدمے کی پیشی یا کارروائی۔
سماعت کرنا: [ا ر محاورہ] سننا۔ حاکم کا مقدمے کی کارروائی کرنا۔ توجہ یا التفات کرنا۔
سماعت کے قابل: [ا ر صف] سننے کے لائق۔ ایسا مقدمہ جو کارروائی کے قابل ہو۔
سماعت یک طرفہ: [ع ف امث] صرف ایک فریق کے حاضر عدالت ہونے پر مقدمے کی سماعت۔
سماعی: [ع صف] ۱۔ سنا ہوا۔ روایتی۔ سینہ بہ سینہ۔ کانوں کان ۲۔ (صرف و نحو کی اصطلاح) وہ لفظ جو کسی قاعدے کے مطابق نہ بنا ہو بلکہ اہل زبان اس طرح بولتے ہیں اور ان سے سنا گیا ہو۔
سماق: [ع امذ] ایک قسم کا نہایت سخت پتھر ۲۔ بھورے رنگ کے سیاہ دانے جن کا چھلکا ترش اور ہاضم ہوتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے (معنی ۲ میں بضم اول ہے)
سماکھا: [ھ صف] بینا۔ دیکھنے والا۔ آنکھوں سے دیکھنے والا۔
سماں: [ھ امث] دیکھئے ”سما“
سمان: [ھ صف] مانند۔ برابر۔ نظیر۔ ثانی۔ مشابہ۔
سمانا: [ھ مص ل] کھپنا۔ پورا ہونا۔ گھسنا۔ اندر بیٹھنا۔ آجانا ۲۔ بسنا۔ جمنا۔ ٹھننا۔ مد نظر ہونا۔ گنجائش ہو جانا ۳۔ رچنا۔ معطر ہونا ۵۔ جچنا۔ نظر چڑھنا۔ بھانا۔ پسند آنا۔
سماوات: [ع امذ] دیکھئے ”سما“ جس کی یہ جمع ہے۔
سماوار/سماور: [ف امذ] پانی گرم کرنے کا دہرا برتن جو پیتل یا تانبے کا ہوتا ہے۔
سماوی: [ع صف] ۱۔ آسمانی ۲۔ غیبی۔
سمائی: [ا ر امث] گنجائش۔ وسعت۔ جگہ ۲۔ بردباری۔ برداشت۔ تحمل ۳۔ حوصلہ۔ ظرف۔ کھپت
سمبت/سمت: [ھ امث] سنہ۔ برس۔ سال ۲۔ بکرمی سنہ جو بیساکھ سے شروع ہو کر چیت میں ختم ہو جاتا ہے۔
سمبل: [ا ر امذ ع] زہر۔ سنکھیا۔
سمبندھ: [ھ امذ] رشتہ۔ ناطہ ۲۔ کنبہ۔ قبیلہ ۳۔ میل ملاپ۔ راہ و رسم۔
سمبندھی: [ھ صف] رشتہ دار۔ قریبی۔ متعلق۔
سمبندھی پتر: [ھ امذ] نسب نامہ۔ شجرۂ نسب۔
سمبھالو: [ھ امذ] ایک قسم کا درخت۔
سمپت: [ھ امث] بہتری۔ خوشحالی۔ فارغ البالی۔ ترقی۔
سمپٹ: [س امذ] کیمیاگروں کا آگ پر رکھنے کا خاص برتن جس کا منہ بند ہوتا ہے۔
سمپٹی: [ھ امث] پوجا کا چندن رکھنے کی سونے کی کٹوری۔
سمپورن: [ھ صف] پورا۔ کامل۔ تمام۔ مکمل ۲۔ (موسیقی) وہ راگ جس میں ساتوں سُر لگیں۔
سمت: [ع امث] راہ راست ۲۔ جانب۔ طرف۔ رُخ۔ جہت۔
سمت الراس: [ع امث] اوپر کی طرف۔ سر کی جانب۔ آسمان تک کا سیدھا۔
سمٹ/سمٹن: [ھ امث] سُلن۔ سکڑن۔ اکٹھا یا جمع کرنے کا فعل۔
سمٹ آنا: [ا ر محاورہ] اکٹھا ہو جانا۔ یک جا ہو جانا۔ سکڑ جانا۔
سمٹ جانا: [ا ر محاورہ] سکڑ جانا۔ اکٹھا ہونا۔ کم ہونا۔ چھوٹا ہونا ۲۔ رخصت ہونا۔ مرجانا۔

سِمٹانا : [ا رمص] دیکھئے "سمٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
سِمٹنا : [ا رمص] اکٹھا ہو جانا۔ سکڑ جانا ۲۔ رخصت ہو جانا ۳۔ کام کا گٹھ جانا ۴۔ ترتیب میں آ جانا۔ ٹھیک ہو جانا ۵۔ یکجا ہو جانا ۶۔ سرک جانا۔
سِمٹی : [ھ امث] ایک قسم کا کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی سی ہوتی ہے۔
سَمجھ : [ا رامث] عقل۔ فہم۔ دانائی۔ ادراک۔ دانش۔ گمان۔
سَمجھ آنا : [ا رمحاورہ] ہوشیار ہونا۔ عقل آنا۔ سیانا ہونا۔ آنکھیں کھلنا۔
سَمجھ اُڑ جانا : [ا رمحاورہ] عقل جاتی رہنا۔ مت ماری جانا۔
سَمجھ اُلٹی ہونا : [ا رمحاورہ] عقل پھر جانا۔ دماغ اُلٹنا۔
سَمجھ اَوندھی ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "سمجھ اُلٹی ہونا"
سَمجھ بُوجھ : [ا رامث] عقل و دانش فہم و فراست۔
سَمجھ بُوجھ کر / سَکے : [ا رمتعلق فعل] دیدہ دانستہ۔ سوچ سمجھ کر
سَمجھ بُوجھ لینا : [ا رمحاورہ] حساب کتاب کر لینا۔ کمی بیشی پوری کر لینا۔
سَمجھ پر پتھر پڑنا : [ا رمحاورہ] عقل خبط ہونا۔ مت ماری جانا۔
سَمجھ دار : [ا رصف] عقل مند۔ سیانا۔ ہوشیار۔ دانا۔ تجربہ کار۔
سَمجھداری : [ا رامث] دیکھئے "سمجھ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَمجھ کا پھیر : [ا رامذ] ناسمجھی۔
سَمجھ میں آنا : [ا رمحاورہ] خیال میں آنا۔ ذہن نشین ہونا۔
سَمجھا اور پتھر ہوا : [ا رمثل] ضدی جو اپنی بات پر اڑا رہے۔
سَمجھانا : [ا رمص] ذہن نشین کرانا۔ مطلع کرانا۔ آگاہ کرنا ۲۔ فہمائش کرنا۔ نصیحت کرنا ۳۔ حساب دینا ۴۔ ٹھیک بنانا ۵۔ حل کرنا ۶۔ خبر کرنا ۷۔ منوانا۔ تسلیم کرانا ۸۔ کان کھولنا۔ تنبیہہ کرنا ۹۔ ڈرانا دھمکانا۔
سَمجھانا بُجھانا : [ا رمص مرکب] اونچ نیچ دکھانا۔ عقل دینا۔ فہمائش کرنا۔
سَمجھنا : [ا رمص] جاننا۔ واقف ہونا ۲۔ سیکھنا ۳۔ دل میں ٹھاننا ۴۔ حساب میں لگانا ۔ ۵۔ بدلہ لینا ۶۔ مزا چکھانا ۷۔ ذہن نشین ہونا ۸۔ مارنا پیٹنا ۹۔ غور و فکر کرنا ۱۰۔ ماننا ۱۱۔ عقل میں لانا۔
سَمجھ لینا : [ا رمحاورہ] ۱۔ بدلہ لینا۔ عوض لینا ۲۔ ذہن نشین ہونا ۳۔ مارنا پیٹنا۔ سزا دینا ۴۔ ماننا۔ تسلیم کرنا ۵۔ ہوشیار رہنا۔ مستعد ہونا ۶۔ سوچنا۔ فکر کرنا ۷۔ مطلب جاننا۔
سَمجھنے والا : [ا رصف] دانش مند۔ عقلمند۔
سَمجھنے والے کی موت ہے : [ا رمقولہ] عقل مند کو بڑی مشکلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
سَمجھوتا : [ا رامذ] مصالحت۔ مفاہمت۔ آپس میں سمجھ کر فیصلہ کرنا۔
سَمجھے : [ا رکلمہ استفہام] دیکھا؟ ہوش آیا؟ کچھ پتہ چلا؟ آیا خیال میں کچھ۔
سَمدھن : [ا رامث] دولہا اور دولہن کی مائیں آپس میں ایک دوسری کی سمدھن کہلاتی ہیں۔
سَمدھی : [ا رامذ] دولہا اور دولہن کے باپ آپس میں سمدھی ہوتے ہیں۔
سَمدھیانہ : [ا رامذ] دولہن یا دولہا کا گھرانا۔ سمدھی کا گھر۔
سَمَر : [ع امذ] کہانی۔ افسانہ۔ قصّہ۔
سِمرتی : [س امث] یاد دھیان۔ حافظہ ۲۔ ہندوؤں کی "الہامی" کتابیں۔
سُمرن : [ھ امث] یادِ خدا۔ مالا۔ تسبیح ۲۔ ورد۔ وظیفہ۔
سُمرنا : [ھ مص] مالا پھیرنا۔ تسبیح کرنا ۲۔ یادِ خدا کرنا ۳۔ رٹنا۔
سُمرنی : [ھ امث] چھوٹی تسبیح۔ چھوٹی مالا۔
سَمروت : [ا رصف ق] بزرگ۔ نیک ۲۔ صابر۔ لائق۔

سَمروت پنا : [ا رامث ق] بزرگی۔ نیکی۔
سِمسِم : [ع امذ] کنجد۔ تِل۔
سِمَاط : [ع امذ] دسترخوان ۲۔ قطار۔
سَمع : [ع امذ] کان۔ گوش۔
سَمع خراش : [عف صف] کان پھاڑنے والا۔ ناگوار۔
سَمع خراشی : [عف امث] دیکھئے "سمع خراش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَمعی : [ع صف] دیکھئے "سمع" جس سے یہ منسوب ہے۔
سَمَک : [ع امث] مچھلی ۲۔ وہ مچھلی جس کے متعلق خیال ہے کہ اس کی پیٹھ پر زمین رکھی ہوئی ہے ۳۔ کنایتہً سب سے نچلا طبقہ۔
سَمَک سے تا بہ سَما : [ا رمتعلق فعل] زمین سے آسمان تک۔
سَمّکھ : [س صف] سامنے۔ رُوبرو۔
سَمَگل : [انگ امذ] smuggle ناجائز درآمد برآمد۔ چنگی یا محصول ادا کئے بغیر مال لے جانا۔
سَمَن : [ف امث] چنبیلی یاسمن۔
سَمَن اندام / بَر : [ف صف] گورا چٹا۔ سیم تن۔ معشوق۔ نازک بدن۔
سَمَن رُو / سیما / عذار : [ف صف] خوب رُو۔ گورا چٹا۔ چنبیلی کے سے چہرے والا۔
سَمَن : [انگ امذ] summon حاضر عدالت ہونے کا تحریری حکم۔ پروانۂ طلبی۔ بلاوا۔
سَمَن جاری کرنا : [ا رمحاورہ] حسبِ قانون طلب نامہ بھیجنا۔
سَمَن کی تعمیل : [ا رامث] طلبی کا عمل میں لانا۔ سمن کو بجا لانا۔
سَمَند : [ف امذ] بادامی رنگ کا گھوڑا جس کی ایال دم اور زانو سیاہ ہوں۔ یا جس کے ہاتھ پاؤں کے بال سیاہ ہوں۔ عمدہ گھوڑا۔ **سَمَندَر** : [ف امذ] ایک جانور جس کی بابت مشہور ہے کہ آگ میں پیدا ہوتا ہے اور اسی میں رہتا ہے۔ آگ سے باہر نکلتے ہی فوراً مر جاتا ہے۔
سَمُندر : [ھ امذ] بحر۔ دریائے اعظم۔ ساگر **سَمُندر بِلونا** : [ا رمحاورہ] دریا چھان مارنا۔ بہت تلاش جستجو کرنا
سَمُندر بہانا : [ا رمحاورہ] علمی نکتے بیان کرنا۔ عالمانہ باتیں یا تقریر کرنا۔
سَمُندر پار اُتارنا : [ا رمحاورہ] کالے پانی بھیجنا۔ جلا وطن کرنا۔
سَمُندر پھل : [ا رامذ] ایک قسم کا پھل جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔
سَمُندر جھاگ : [ا رامذ] سفید رنگ کا ایک منجمد مادہ جو دواؤں میں پڑتا ہے جو اصل میں مچھلی کی ہڈی ہوتی ہے اور دواؤں میں کام آتی ہے جو جھاگ کی شکل کی ہوتی ہے۔
سَمُندر سوکھ : [ھ امذ] ایک دوا کا نام ۲۔ (صف) بہت پینے والا۔
سَمُندر سوکھ کو دریا کیا : [ا رمثل] بڑے مال والے کو تھوڑے نفع کی پروا نہیں ہوتی
سَمُندر کھار : [ھ امذ] دیکھئے "سم الفار" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
سَمُندر میں رہ کر مگرمچھ سے بیر : [ا رمثل] ایک جگہ رہ کر وہاں کے سربراہ سے
سَمُندری : [ا رصف] دیکھئے "سمندر" جس سے یہ منسوب ہے۔
سَمُندری کھیرا : [ا رامذ] ایک خاص قسم کا پھل جو کھیرے جیسا ہوتا ہے اور سمندر میں پایا جاتا ہے۔
سَمُندری گائے : [ا رامث] اصطلاح علم حیوانات۔ ایک قسم کا جانور جو گائے سے مشابہ ہوتا ہے اور سمندروں میں پایا جاتا ہے۔
سَمُندری گھوڑا : [ا رامذ] اصطلاح علم حیوانات' سمندروں میں پایا جانے والا۔ ایک چارپایہ جو گھوڑے سے ملتا جلتا ہے۔

سِنچانا: [ا رمص] دیکھئے "سینچنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
سِنچائی: [ا رامث] ۱۔ سینچنے کا عمل۔ سیرابی۔ ۲۔ سینچنے کی اجرت۔
سَنچر: [ا رمتعلق فعل ق] ۱۔ آکر۔ پہنچ کر ۲۔ رسائی۔ پہنچ۔ گزر ۳۔ سایہ ۴۔ خیال۔ فکر۔ وسوسہ ۵۔ منحوس۔ بدطالع ۶۔ گزر بسر
سَنچرنا: [ا رمص ق] نمودار ہونا۔ ظاہر ہونا۔
سِنچری: [انگ امث] century صدی۔ سو سال ۲۔ (کرکٹ) سو دوڑیں۔
سَنچکار: [ا رامث ق] آہٹ۔ آواز۔
سَنچل: [ا رامث ق] آہٹ۔ بھنک۔ آواز۔
سَنَد: [ع امث] ۱۔ تکیہ گاہ۔ سہارا ۲۔ دلیل۔ ثبوت۔ دستاویز۔ تمسک ۳۔ تصدیق نامہ۔ اجازت نامہ ۴۔ قابلِ اعتماد۔ معتمد۔ معتبر۔
سند پکڑنا: [ا رمحاورہ] دلیل میں پیش کرنا۔
سند جاننا: [ا رمحاورہ] معتبر جاننا۔ صحیح جاننا۔
سندِ خوں بہا: [ع ف امذ] وہ تحریر جس کے ذریعہ قاتل کی جائداد مقتول کے وارثوں کے نام منتقل کردی جائے۔
سند دینا: [ا رمحاورہ] ثبوت دینا۔ مثال پیش کرنا۔
سندِ کارگزاری: [ع ف امث] کارکردگی کی تصدیق۔
سند گرداننا: [ا رمحاورہ] بھروسا کرنا۔ نظیر میں پیش کرنا۔
سند لانا: [ا رمحاورہ] ثبوت میں پیش کرنا۔ مثال پیش کرنا۔
سندِ لیاقت/فضیلت: [ع امث بہ ترکیب فارسی] کسی علم و ہنر میں مہارت کا تصدیق نامہ۔ سرٹیفکیٹ۔
سند مانگنا: [ا رمحاورہ] ثبوت مانگنا۔ نظیر طلب کرنا۔
سندِ معافی: [ع امث بہ ترکیب فارسی] کسی زمین کا خراج معاف کرنے کا فرمان۔
سندِ وراثت: [ع امث بہ ترکیب فارسی] کسی کی وراثت کو تسلیم کرنے کا سرکاری تصدیق نامہ۔
سند ہونا: [ا رمحاورہ] قابلِ تسلیم ہونا۔
سند یافتہ: [ع ف صف] وہ شخص جس کے پاس کسی امر کی سند ہو۔
سنداً: [ع متعلق فعل] بطور سند۔ مثال کے طور پر۔
سُنّد: [ا رصف ق] بے ہوش۔ حواس باختہ۔ سخت دل۔
سَنْدان: [ف امث] لوہے کا وہ ٹکڑا جس پر لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں۔ اہرن۔ نہائی۔
سُندر: [ا رصف] خوبصورت۔ حسین و جمیل۔ شکیل۔
سُندرتا/سُندرتائی: [ہ امث] خوبصورتی۔ حسن۔
سُندرس: [ا رامذ] ایک قسم کا زرد رنگ کا گوند۔ (فارسی "سندروس" کا بگاڑ)
سُندری: [ا رامث] ۱۔ خوبصورت عورت ۲۔ ستار کا ایک پرزہ جس سے سُر لاتے اور اتار چڑھاؤ کرتے ہیں ۳۔ ایک قسم کی لکڑی جس سے جہاز بنتے ہیں۔
سُندس: [ع امذ] ایک قسم کی بڑھیا دیبا۔ اطلس۔ ریشم
سُندسی: [ع صف] سُندس سے تعلق رکھنے والا۔
سندلا: [ا رامذ] ایک قسم کی کہگل جو پختہ عمارت پر کرتے ہیں۔ (افعال: پھیرنا۔ کرنا)
سَندلی: [ا رامث] لکڑی کی وہ چیز جس پر جوتے اور کپڑے رکھے جاتے ہیں (صندلی
سِندور: [ا رامذ] سیندور ایک قسم کا سُرخ سفوف۔ شنگرف۔
سَندھ: [ا رصف ق] فکرمند

سِندھارا: [ہ امذ] وہ مٹھائی وغیرہ جو ساون کے مہینے میں دُلہن کے گھر بھیجتے ہیں۔
سَندھیا: [س امث] دن اور رات کے ملنے کا وقت ۲۔ (ہندوؤں) صبح، دوپہر، شام کی پوجا۔
سَندیاں: [ا رامذ ق] مخفی راز۔
سَندیس/سَندیسا: [ہ امذ] ۱۔ پیغام۔ خبر ۲۔ خوشخبری۔ مژدہ۔ نوید۔
سندیہہ: [ہ امذ] غم۔ گھبراہٹ۔ تشویش۔
سَنڈ: [ہ صف] فربہ۔ موٹا تازہ
سَنڈ مُسَنڈ: [ہ صف] ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ زور آور۔
سَنڈا: [ہ صف] تری ہیکل۔ زور آور۔ موٹا تازہ۔
سَنڈاس: [ہ امذ] ۱۔ پاخانہ۔ بیت الخلاء ۲۔ اصطلاحاً وہ پاخانہ جس کے صاف کرنے کا منہ باہر دیوار میں ہو۔
سَنڈاسی: [ہ امث] دست پناہ۔ چمٹا۔ آگ کے اوپر سے کوئی چیز اتارنے کا آلہ۔ آگ میں سے کوئی چیز نکالنے کا آلہ۔
سَنڈی: [ہ صف] ہٹی کٹی۔ جسیم شحیم عورت۔
سِنڈیکیٹ: [انگ امذ] syndicate ۱۔ شرکت تجار۔ متعدد تاجروں یا کارخانوں کی شرکت جو متحدہ طور پر کوئی کاروبار کرے ۲۔ یونیورسٹی کی مجلس انتظامیہ۔
سنسار: [ہ امذ] دنیا۔ جہان۔ کائنات۔
سُنسان: [ہ صف] ویران۔ اجاڑ۔ بے رونق ۲۔ خاموش۔ خالی۔ اُداس ۳۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔
سُنسانی: [ہ امث] دیکھئے "سنسان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سنسر: [انگ امذ] censor احتساب۔ محتسب۔ کسی بات سے روکنے والا۔
سَنسکرت: [س امث] ۱۔ مقدس۔ شستہ۔ مہذب۔ عمدہ۔ افضل ۲۔ مکمل اور پوری زبان۔ آریہ لوگوں کی اصل زبان۔
سَنسنانا: [ا رمص ل] ۱۔ سن سن کرنا۔ سرسرانا ۲۔ غشی معلوم کرنا۔ ضعف محسوس ہونا ۳۔ کانپنا۔ تھرانا ۴۔ کسی چیز کے زور سے گزرنے کی آواز ۵۔ خوفزدہ ہونا۔
سَنسناہٹ/سَنسنی: [ا رامث] ۱۔ ضعف کے آثار یا علامت۔ غشی کا عالم۔ سکتے کی حالت ۲۔ وہ آواز جو مٹی کے کورے برتن میں پانی ڈالنے یا پانی کھولنے سے پیدا ہو۔
سنسنی چھوٹنا: [ا رمحاورہ] ضعف طاری ہونا۔ بدن میں سنسناہٹ ہونا۔
سنسنی خیز: [ہ ف صف] سنسنی پیدا کرنے والا۔ (غلط ترکیب)
سنسنی خیزی: [ہ ف امث] دیکھئے "سنسنی خیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (قواعد کے لحاظ سے غلط)
سَنک: [ہ امث] ۱۔ ہلکا خبط۔ جنون۔ سودا ۲۔ ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا۔
سنک آنا: [ا رمحاورہ] جنون ہونا۔ پاگل پن کا دورہ پڑنا۔
سنک کی لینا: [ا رمحاورہ] پاگل پن کا کام کرنا۔ **سِنک**: [ا رامذ] ناک کی غلاظت۔ رینٹ۔
سنکارنا: [ا رمص ل] آنکھ سے اشارہ کرنا۔ آنکھ مارنا ۲۔ اکسانا۔ پیچھے لگانا۔
سَنکَٹ: [ہ امذ] مشکل۔ تکلیف۔ بپتا۔
سنکرا: [ا رامذ] (لکھنؤ) میوہ فروش۔
سَنکرانت: [ہ امث] سورج کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانے کا دن۔ پہلی تاریخ ۲۔ ہندوؤں کا وہ تہوار جو بیساکھ۔ ساون۔ ماگھ کی پہلی تاریخ
سَنکلپ: [س امذ] خیر خیرات۔ نذر نیاز۔ پُن دان (افعال: کرنا۔ بھرنا)
سِنکنا: [ہ مص] ناک صاف کرنا۔
سِنکنا: [ہ مص] ہوا کا سرسرانا۔ ہلکی ہلکی ہوا چلنا۔
سِنکنا: [ہ مص] دیکھئے "سینکنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سَنگوانا : [ار مص] دیکھئے "سینکنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
سَنکوچ : [س امذ] شرم۔ حیا ۲۔ دھڑکا۔ ڈر ۳۔ افسوس۔ دریغ۔
سِنکونا : [انگ امث] 'cinchona' ایک درخت کی چھال جس سے کونین بناتے ہیں۔
سَنکھ : [ھ امذ] ناقوس۔ گھونگا ۲۔ بڑی کوڑی جو مندروں میں بجائی جاتی ہے ۴۔ سویدم دریر ۴۔ زیور۔ گہنا (افعال : بجانا۔ پھنکنا)
سَنکھنی : [ھ امث] عورت کی ایک قسم جس کے بال لمبے۔ قد دراز۔ جسم بھرپور۔ مزاج چڑچڑا اور خواہش نفسانی بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔
سَنکھیا : [ھ امث] ایک زہریلا پتھر۔ سم الفار ۲۔ مجازاً ہر وہ چیز جو قاتل اور مضر ہو۔
سِنکی : [ار صف] انگریزی 'cynic' کا مورد ۲۔ کلبی۔ مردم بیزار۔ نک چڑھا۔ خبطی۔
سَنگ : [ف امذ] پتھر ۲۔ وزن۔ بوجھ۔ گرانی ۳۔ وقار۔ تمکین۔
سَنگِ آستاں/آستانہ : [ف امذ] دہلیز کا پتھر۔ دروازے کی چوکھٹ کا پتھر۔
سَنگ آمد و سخت آمد : [ف مثل] جو مصیبت آئی وہ سخت مصیبت آئی۔ ایسی مشکل پڑی کہ اس سے بغیر گزارہ ہی نہیں۔
سَنگِ آہن رُبا : [ف امذ] مقناطیس۔ لوہے کو اپنی طرف کھینچنے والا پتھر۔
سَنگِ اَسوَد : [ف ع امذ] وہ سیاہ پتھر جو کعبہ کی دیوار میں نصب ہے۔ جسے مسلمان طواف کرتے وقت بوسہ دیتے ہیں۔
سَنگ بار : [ف صف] پتھر برسانے والا۔ پتھر مارنے والا۔ پتھروں کی بوچھاڑ کرنے والا۔
سَنگ باری : [ف امث] دیکھئے "سنگ بار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَنگِ بصری : [ف ع امذ] ایک قسم کا سفید پتھر جو بصرہ میں پایا جاتا ہے۔
سَنگِ بے نمک : [ف امذ] کنایۃً 'سگ' کتا۔
سَنگِ پا : [ف امذ] پاؤں رگڑنے کا پتھر۔ جھانواں۔
سَنگِ پُشت : [ف امذ] کچھوا۔
سَنگِ ترازو : [ف امذ] ترازو کا باٹ۔
سَنگ تراش : [ف صف] پتھر کاٹنے والا۔ پتھر کا کام کرنے والا۔ پتھر کے بُت بنانے والا
سَنگ تراشی : [ف امث] دیکھئے "سنگ تراش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَنگِ تربت : [ف امذ] وہ پتھر جو قبر پر لگایا جاتا ہے۔
سَنگِ جراحت : [ف ع امذ] ایک قسم کا سفید پتھر جو زخم کے لئے مفید ہے۔
سَنگ چٹانا : [ار محاورہ] پتھر پر رگڑنا۔ دھار تیز کرنا۔
سَنگِ خارا : [ف امذ] ایک قسم کا نیلگوں پتھر۔ سخت پتھر۔
سَنگ دانہ : [ف امذ] پرندہ کا معدہ۔
سَنگ دل : [ف صف] بے رحم۔ سخت دل۔ ظالم۔
سَنگ دلی : [ف امث] دیکھئے "سنگ دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَنگِ راہ : [ف امذ] راستے کا پتھر جس سے لوگوں کو ٹھوکر لگے ۲۔ کنایۃً رکاوٹ۔ سدِ راہ۔
سَنگ ریزہ : [ف امذ] کنکر۔ روڑی۔ بجری۔
سَنگسار : [ف صف] وہ شرعی سزا جس میں انسان کو آدھا زمین میں گاڑ کر پتھر مار کر مار ڈالتے ہیں۔ (افعال : کرنا۔ ہونا)
سَنگساری : [ف امث] دیکھئے "سنگسار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَنگ ساز : [ف صف] چھاپے خانے کا وہ ملازم جو چھاپنے کے پتھر یا پلیٹ پر غلطیاں درست کرتا ہے۔ مصلح سنگ۔
سَنگ سازی : [ف امث] سنگ ساز کا کام۔

سَنگِ ستارہ : [ف امذ] ایک قسم کا پتھر جس میں چھوٹے چھوٹے ذرّے ستاروں کی طرح چمکتے ہیں۔
سَنگِ سُرخ : [ف امذ] سُرخ رنگ کا پتھر جو نرم ہوتا ہے۔
سَنگِ سُرمہ : [ف امذ] وہ پتھر جس کا سُرمہ بناتے ہیں۔
سَنگِ سلیمانی : [ف امذ] وہ سیاہ و سفید پتھر جس کی درویش لوگ مالا بنا کر گلے میں ڈالتے ہیں۔
سَنگِ سینہ : [ف امذ] چھاتی کا پتھر۔ کنایۃً ناگوار۔ ناپسندیدہ۔
سَنگِ شجر/شجری : [ف امذ] ایک قسم کا پتھر جس میں درخت کا عکس ہوتا ہے۔
سَنگِ طفلاں : [ف امذ] وہ پتھر جو لڑکے دیوانوں کو مارتے ہیں۔
سَنگِ فساں : [ف امذ] وہ پتھر جس پر تلوار یا چاقو وغیرہ تیز کی جائے۔ سان۔
سَنگِ فلاخن : [ف امذ] وہ پتھر جس کو گوپھن میں رکھ کر پھینکتے ہیں۔
سَنگلاخ : [ف صف] پتھریلی زمین۔ پہاڑی علاقہ ۲۔ کنایۃً مشکل۔ دشوار۔
سَنگِ لرزاں : [ف امذ] وہ پتھر جو ہلانے سے لچکدار چیزوں کی طرح ہلتا ہے۔
سَنگِ لوح/مزار : [ف امذ] قبر کے سرہانے کا پتھر جس پر مردے کی تاریخ وفات اور نام وغیرہ تحریر ہوتے ہیں۔
سَنگ مال : [ف صف] پتھر کو رگڑ کر چمکانے والا۔ پالش کرنے والا۔
سَنگ مالی : [ف امث] سنگ مال کا کام۔
سَنگِ ماہی : [ف امذ] وہ پتھر جو بعض مچھلیوں کے سر سے نکلتا ہے اور درد گردہ کیلئے
سَنگِ مثانہ : [ف امذ] وہ پتھری جو آدمی کے مثانہ میں پیدا ہو جاتی ہے۔
سَنگِ مرمر : [ف امذ] ایک قسم کا سفید اور نرم پتھر۔
سَنگِ موسیٰ : [ف امذ] ایک قسم کا سیاہ اور خوبصورت پتھر۔
سَنگِ میل : [ف امذ] وہ پتھر جو راستہ کا نشان یا راستہ بتلانے کے لئے لگاتے ہیں۔ نشانِ راہ۔
سَنگِ نشان : [ف امذ] دیکھئے "سنگِ میل"
سَنگِ یشب : [ف امذ] ایک قسم کا سبزی مائل پتھر جو قیمتی ہوتا ہے جسے اکثر لوگ کمزوریِ دل کے واسطے پیتے ہیں یا تختی بنا کر گلے میں ڈالتے ہیں۔
سَنگ : [ھ امذ] ساتھ۔ ہمراہ۔ رفاقت۔ صحبت (افعال : جانا۔ چھوڑنا۔ دینا۔ کرنا۔ لینا۔ ہونا)
سَنگات : [ار امذ] ساتھ۔ سنگت۔ ہمراہی۔
سَنگاتن : [ار صف ت] دیکھئے "سنگات" جس کی یہ تانیث ہے۔
سَنگاتی : [ھ صف] ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق۔
سِنگار/سِنگھار : [ار امذ] آرائش۔ سجاوٹ۔ زیب و زینت۔ کنگھی چوٹی (افعال : کرنا۔ ہونا)
سِنگاردان : [ار ف امذ] سنگار کی چیزیں رکھنے کا بکس۔ صندوقچہ یا پٹاری (ترکیب غلط ہے)
سِنگار میز : [ار امث] وہ میز جس پر آرائش کا سامان رہتا ہے۔
سِنگارنا : [ار مص] سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔
سَنگت : [ھ امث] ہمراہی۔ صحبت ۲۔ جماعت۔ منڈلی ۳۔ ڈیرا۔ خانقاہ ۴۔ گویے کے ساتھ آواز ملانے والا۔ سازندے۔
سَنگترہ : [پر۔ امذ] ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی۔
سَنگتی/سَنگتیا : [ھ صف] ہمراہی۔ ساتھی۔ رفیق ۲۔ سازندہ۔ گویے کے ساتھ ساز بجانے والا۔
سَنگر : [ف امذ] فوج یا کسی قطعۂ ارضی کی حفاظت کیلئے بنائی ہوئی دیوار یا کانٹوں کی باڑھ۔ مراداً کھائی۔ خندق۔ دمدمہ۔ مورچہ۔
سَنگرام : [س امذ] جنگ و جدل۔

بات ۲. الحاصل. قصہ مختصر. خلاصہ۔

سَو باتیں سُنانا: [ا رمحاورہ] کنایۃً لعنت ملامت کرنا. بُرا بھلا کہنا۔

سَو بِسوے: [ا رمتعلق فعل] یقیناً. بے شک. بہر صورت۔

سَو پچاس: [ا رصف] متعدد. کئی۔

سَو جان سے: [ا رمتعلق فعل] کمال رغبت سے. نہایت خوشی سے۔

سَو جَتن کئے: [ا رمحاورہ] بہت جتن کئے. بہت کوشش کی بہاتے حیلے اور مکر کر دیکھے۔

سَو چھپائیں: [ا رمحاورہ] کسی طرح بھی پوشیدہ کریں. ہر چند چھپائیں۔

سَو حیلے ہزار بہانے: [ا رمحاورہ] تدبیریں بہت ہیں۔

سَو دُرّتے: [ا را مذ] ظلم و ستم. زیادتی۔

سَو دن چور کے تو ایک دن سادھ/شاہ کا: [ا رمثل] ہمیشہ ایک شخص کی نہیں چلتی چور ہمیشہ چوری کرکے نہیں بچ سکتا. ایک دن ضرور پکڑا جاتا ہے۔

سَو دو سو میں: [ا رمتعلق فعل] اکثر میں. بہت سوں میں۔

سَو رستے ہیں: [ا رمحاورہ] بہت سی تدبیریں ہیں. بہت سے طریقے ہیں۔

سَو سَر کا ہونا: [بہت عقلمند ہونا. بہت زبردست ہونا۔

سَو سُنار کی ایک لوہار کی: [ا رمثل] کمزور کی سو ضربیں اور طاقتور کی ایک ضرب کے برابر ہے

سَو سُنانا: [ا رمحاورہ] بہت بُرا بھلا کہنا۔

سَو سَو: [ا رمتعلق فعل] بہت بہت. کثرت سے. افراط سے۔

سَو سَو بل کھانا: [ا رمحاورہ] بہت زیادہ غصے میں ہونا۔

سَو سَو پھیرے کرنا: [ا رمحاورہ] بہت سے چکر لگانا۔

سَو سَو کوس (دُور) بھاگنا: [ا رمحاورہ] پاس نہ پھٹکنا. الگ الگ رہنا۔

سَو سَو گھڑے پانی کے پڑنا / سَو سَو گھڑوں پانی پڑنا: [ا رمحاورہ] سخت شرمندہ ہونا۔

سَو سَو مَن کے پاؤں ہو جانا: [ا رمحاورہ] گھبراہٹ کی وجہ سے چل نہ سکنا۔

سَو سَو نام دھرنا: [ا رمحاورہ] بہت نکتہ چینی کرنا. بہت عیب نکالنا

سَو سیانے ایک مَت: [ا رمثل] سب عقلمندوں کی رائے ایک ہی ہو گی۔

سَو طرح کا: [ا رصف] کئی طرح کا. مختلف انداز کا۔

سَو غلاموں گھر سُونا: [ا رمثل] اگر فرزند نہ ہو تو سینکڑوں غلام ہونے پر بھی گھر خالی خالی معلوم ہوتا ہے۔

سَو کی ایک بات: [ا رامث] منتخب بات. عمدہ بات۔

سَو کے سوائے کرنا: [ا رمحاورہ] پچیس فیصدی منافع حاصل کرنا۔

سَو گز پھاڑیں ایک گز نہ واریں: [ا رمثل] بظاہر محبت جتانا اور موقع یا ضرورت پر الگ ہو جانا۔

سَو مارے نناوے سے بھول جائے / سَو مارے ایک نہ گنے: [ا رمثل] اس قابل ہے کہ برابر مار پڑتی رہے۔

سَو مَن کا: [ا رصف] بہت وزنی. بہت بھاری۔

سَو میں ایک: [ا رصف] بہت کم. بہت قلیل۔

سَو میں کہنا: [ا رمحاورہ] سب کے سامنے کہنا. کھلے طور پر کہنا۔

سَو نکٹوں میں ایک ناک والا نکو بنا: [ا رمثل] سو بدوں میں ایک نیک بہت بُرا خیال کیا جاتا ہے۔

سَو نیزے پانی چڑھانا: [ا رمحاورہ] ۱۔ طوفان باندھنا. بہتان باندھنا ۲۔ چھوٹی بات کو بڑھا بتانا۔

سَو ہاتھ کا کلیجا ہونا: [ا رمحاورہ] خوشی سے حوصلہ بڑھ جانا۔

سُوء: [ع صف] بُرا. خراب. بے خبر

سُوء: [ع امث] بُرائی. بدی۔

سُوءُ الحِسَاب: [ع امث] میزان اعمال میں عمل کا پورا نہ اُترنا. بُرا حساب۔

سُوءُ العُمر: [ع امث] ناچاری کا زمانہ. بہت بڑھاپا۔

سُوءِ مِزاج: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مزاج کی خرابی

سُو: [ف امث] سمت. جانب. طرف۔

سو: [واؤ مجہول سے] [ا ر۱۔ اشارہ، ضمیر، حرف علت] ۱۔ وہ. جو. تو. اس لئے. اس واسطے پس. کیونکہ ۲۔ مصدر سونا کا صیغۂ امر۔

سَوا: [ا رصف عددی] ایک اور چوتھائی. پا۔

سَوا نیزے پہ سورج آنا: [ا رمحاورہ] آثار قیامت نمودار ہونا ۲۔ شدید ترین گرمی پڑنا۔

سِوا: [ع حرف استثنا] بغیر. بجز (نفی میں استعمال ہوتا ہے ۲۔ (صف) زیادہ. فالتو۔

سُوآ: [ھ امذ] بڑی سوئی. موٹی سوئی ۲۔ سبز طوطا جس کی چونچ نہایت سُرخ ہو ۳۔ گیہوں وغیرہ کی بال کا ٹکڑا۔

سَوابِق: [ع امذ] دیکھئے "سابقہ" جس کی یہ جمع ہے۔

سَواحِل: [ع امذ] دیکھئے "ساحل" جس کی یہ جمع ہے۔

سواد/سُواد: [ھ امذ] مزہ. چاٹ. ذائقہ ۲۔ (صف) لذیذ. خوش ذائقہ ۳۔ فرحت. خوشی. محبت. اخلاص (افعال: پڑنا. لگنا)

سَواد: [ع امذ] سیاہی. کالک. گرد و نواح. آس پاس ۳۔ ذہن. ملکہ ۴۔ دل کا سیاہ نقطہ ۵۔ لکھنے پڑھنے کا ملکہ ۶۔ بڑی تعداد. گروہ۔

سَوادِ اعظم: [ع امذ] بڑا شہر ۲۔ کثیر تعداد. اکثریت. غالب حصّہ۔

سَوادِ خط: [ع. امذ بہ ترکیب فارسی] اندازِ تحریر. خط یا تحریر کا طرز۔

سُوار: [ف امذ] جو پیدل نہ ہو ۲۔ کنایۃً مست. متوالا ۳۔ رسالے کا ملازم ۴۔ (صف) چڑھا ہوا. سواری پر بیٹھا ہوا۔

سُوار بنانا: [ا رمحاورہ] سواری سکھانا۔

سُوار کرانا: [ا رمحاورہ] سواری میں بٹھانا. روانہ کرنا. رخصت کرنا۔

سُوار کرنا: [ا رمحاورہ] سواری میں بٹھانا۔

سُوار ہونا: [ا رمحاورہ] چڑھنا اوپر بیٹھنا ۲۔ جانا. رخصت ہونا ۳۔ کسی کیفیت کا طاری ہونا۔

سُوارت/سوارتھ: [ھ امذ] کسی چیز کا اچھے کام میں آنا. ٹھکانے لگنا ۲۔ مطلب (افعال: کرنا. ہونا. لگانا. لگنا)

سُواری: [ف امث] ۱۔ گھوڑے پر چڑھنے کا کام سوار ہونے کا فعل ۲۔ وہ چیز جس پر سوار ہوا جائے ۳۔ جلوس ۴۔ کشتی کا ایک داؤں ۵۔ جو سوار ہو ۶۔ ہم رکاب۔

سُواری آنا: [ا رمحاورہ] تشریف لانا. عورت کا ڈولی وغیرہ میں بیٹھ کر آنا. کسی شخص کا سواری پر آنا۔

سُواری اُتروانا: [ا رمحاورہ] جو عورت ڈولی گاڑی وغیرہ میں آئے اسے ڈیوڑھی میں سے جا کر لانا۔

سُواری باندھنا: [ا رمحاورہ] کشتی کا داؤں کرنا۔

سُواری دینا: [ا رمحاورہ] سواری کا کام دینا۔

سُواری کرنا / لینا : [ا / محاورہ] چڑھنا۔ سوار ہونا۔

سُواری کَسنا / گانٹھنا : [ا / محاورہ] کشتی میں دبا بیٹھنا۔ آمن تلے دبانا۔

سُواری لگانا : [ا / محاورہ] ڈیوڑھی میں ڈولی پالکی وغیرہ کا سوار ہونے کیلئے رکھنا

سُواری لگنا : [ا / محاورہ] دیکھئے "سواری لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سُواری نکلنا : [ا / محاورہ] کسی شخص کا سوار ہو کر نکلنا۔

سُواری ہونا : [ا / محاورہ] ۱ کسی بادشاہ یا امیر کا جلوس کے ساتھ سوار ہو کر نکلنا۔ ۲۔ عورت کا پردے کی سواری میں بیٹھنا ۳۔ گھوڑے پر پہلے پہل سوار ہونا۔

سُواگت : [س امذ] خوش آمدید۔ استقبال ۲۔ سلام۔ آداب۔

سُوال : [ع امذ] ۱ پوچھنا۔ دریافت کرنا ۲۔ درخواست۔ طلبی۔ مانگ ۳۔ التماس۔ التجا ۴۔ استفسار۔ پرسش ۵۔ دعویٰ یا عرضی استغاثہ۔ نالش ۶۔ گزارش ۷۔ بھیک مانگنا۔ ۸۔ مسئلہ۔ عقدہ۔ حل طلب بات۔ ریاضی یا اقلیدس کا جواب طلب مسئلہ۔

سُوال از آسمان جواب از ریسماں : [ف مثل] سوال کچھ اور جواب کچھ۔

سُوال بنانا : [ا / محاورہ] امتحان کے لئے سوالات تیار کرنا۔

سُوال پورا کرنا : [ا / محاورہ] مانگنے والے کو چیز دے دینا۔

سُوال پورا ہونا : [ا / محاورہ] دیکھئے "سوال پورا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سُوال جرح : [ع امذ بترکیب فارسی] دلیل توڑنے والا سوال۔ گرفت کا سوال۔

سُوال جواب : [ع امذ] گفتگو۔ بات چیت۔ مباحثہ۔ (افعال، کرنا۔ ہونا)

سُوال حل کرنا : [ا / محاورہ] مسئلہ حل کرنا۔ کسی مشکل بات کی تشریح کرنا۔

سُوال خوانی : [ع ف امث] عدالت میں درخواستیں پڑھنا۔

سُوال در سُوال : [ع ف امذ] سوال کا جواب دینے کی بجائے اسی سوال پر ایک اور سوال کر دینا۔

سُوال دیگر جواب دیگر : [ف مثل] سوال کچھ جواب کچھ۔

سُوال دینا : [ا / محاورہ] ۱ عدالت میں دعویٰ پیش کرنا۔ عرضی دینا۔ نالش کرنا ۲۔ حل کے واسطے کوئی مسئلہ دینا۔

سُوال رَد کرنا : [ا / محاورہ] سوال نامنظور کرنا۔ بھیک نہ دینا۔

سُوال کرنا : [ا / محاورہ] مانگنا۔ طلب کرنا۔ درخواست کرنا ۲۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔ التجا کرنا۔ منت

سُوال لگنا : [ا / محاورہ] مدت سے کسی چیز یا روپیہ پیسہ کا سوال ہونا۔

سُوال مُتَمِّم : [ا / امذ] (قانون) درخواست جو اشتہار کی کمی پوری کرنے کیلئے دی جائے۔

سُوال مَرَمَّت : [ا / امذ] (قانون) عرضی کی درستی یا ترمیم کا مطالبہ۔

سُوال مُوصِل اِلَی المَطلُوب : [ع امذ] مطلب تک پہنچانے والا سوال۔

سُوال نامہ : [ع ف امذ] جواب طلب امور کی فہرست۔

سُوالات : [ع امذ] دیکھئے "سوال" جس کی یہ جمع ہے۔

سُوالی : [ع صف] ۱ سوال کرنے والا۔ ۲۔ مانگنے والا۔

سُوامی : [ھ صف] ۱ آقا۔ مالک۔ حاکم۔ خدا ۲۔ شوہر۔ خاوند۔ خصم ۳۔ گرو۔ پیر ۴۔ حضور۔ قبلہ۔ حضرت

سَوان : [ا / امث ق] قسمیں۔

سَوانا : [ھ امذ] سرحد۔ کنارہ ۲۔ مینڈھ۔ کھیت یا گاؤں کی حد۔

سَوانح : [ع امذ] سانحہ کی جمع۔ حادثات۔ حالات۔

سَوانح حیات / عُمری : [ع امث] کسی شخص کی زندگی کے حالات۔ تذکرہ۔

سَوانح نگار : [ع ف صف فاعلی] ۱ واقعہ نویس ۲۔ کسی شخص کی زندگی کے حالات لکھنے والا۔

سوانح نگاری : [ع ف امث] دیکھئے "سوانح نگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُوانگ : [ھ امذ] شعبدہ۔ تماشا۔ کھیل۔ نقل۔ بہروپ۔

سُوانگ بھرنا : [ا / محاورہ] فریب دینا۔ بھیس بدلنا۔

سُوانگ لانا : [ا / محاورہ] نقل کرنا۔ روپ بھرنا۔

سُوانگی / سُوانگیا : [ا / صف] ۱ بہروپیا۔ بہروپ بھرنے والا ۲۔ شعبدہ باز۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ عیار

سُواہا : [ھ امذ] ایک کلمہ جو دیوتاؤں پر بھینٹ چڑھانے کے وقت بولتے ہیں۔

سُواہا کرنا : [ھ محاورہ] ۱ جلانا۔ جلا کر بھینٹ دینا ۲۔ جلا کر راکھ کرنا ۳۔ کھا جانا۔ ہضم کر جانا ۴۔ اڑا لینا۔ خیانت کرنا۔ غصب کرنا۔

سَوائی : [ا / امث] ۱ ایک قسم کی زمین جس میں سوائے چاول کے ہر چیز پیدا ہوتی ہے۔ چکنی مٹی اور ریت کا مرکب ۲۔ وہ غلہ جو کاشتکاروں کو بیج کے وقت اس شرط پر دیا جائے کہ کٹائی پر اُن کا سوا من لیا جائے گا۔ ۳۔ دیکھئے "سوایا" جس کی یہ تانیث ہے ۴۔ سواری میں ایک پورا آدمی اور ایک بچہ، سوائی سواری ہوتا ہے۔

سِوالے : [ع حرف استثناء] دیکھئے "سوا" ۲۔ [ا / امث] وہ منافع کی رقم جو زمیندار کو لگان کے علاوہ وصول ہو ۳۔ مچھلی یا جنگل کی پیداوار کا محصول۔

سَوایا : [ا / عدد کسری] ایک اور چوتھائی۔

سَوایا ڈیوڑھا کرنا : [ا / محاورہ] اصل پر چوتھائی یا نصف کا اضافہ کرنا۔

سو با سون : [ا / امث ق] خوشبو۔

سوبَر : [ھ صف] وہ چاندی یا سونا جس پر میل ہو۔

سوبڑا : [ھ صف] میل وغیرہ ملا ہوا سونا یا چاندی۔

سوبھا : [ھ امث] ۱ زینت۔ زیبائش ۲۔ خوبصورتی ۳۔ شان و شوکت ۴۔ رونق ۵۔ عزت آبرو

سُوپ : [انگ امذ] soup یخنی۔ شوربا۔

سوپ : [ھ امذ] ۱ چھاج۔ اناج پھٹکنے کا آلہ ۲۔ پانی سینچنے کا ٹوکرا۔

سوپ تو سوپ چھلنی کیا بولے جس میں بہتر چھید : [ا / مثل] کسی پست درجہ دخل دینے والے کی نسبت کہا جاتا ہے۔

سوپ سی ڈاڑھی : [ا / امث] بڑی اور چوڑی ڈاڑھی۔

سُوت : [ا / امث] وہ پانی جو زمین سے ابلے۔ پانی کے زمین سے نکلنے کی جگہ۔

سوت پھوٹنا : [ا / محاورہ] پانی کا چشمہ جاری ہونا۔

سوت جاری ہونا : [ا / محاورہ] ۱ چشمہ نکلنا ۲۔ پانی کی آمد ہونا۔

سَوت / سَوتن : [ھ امث] ایک خاوند کی دو یا زیادہ بیویاں ہوں تو وہ آپس میں ایک دوسرے کی سوت کہلاتی ہیں۔

سَوت بھلی سَوتیلا بُرا : [ا / مثل] سوکن کی اولاد سوکن سے بھی بُری ہوتی ہے۔

سَوت چون کی بھی بُری : [ا / مثل] دشمن ادنیٰ بھی بُرا ہوتا ہے۔

سَوت کا لانا جی کا جلانا : [ا / محاورہ] دوسری عورت کو لانا پہلی کو زندہ درگور کرنے کے برابر ہے۔

سُوت : [ا / امذ] ۱ دھاگہ۔ کچے دھاگے کا تار ۲۔ دیوار وغیرہ کی سیدھ دیکھنے کا معماروں کا ڈورا ۳۔ وہ خط جو شہتیر پر اس غرض سے بناتے ہیں کہ وہیں سے کاٹیں، چیریں ۴۔ تسو کا سولھواں حصہ ۵۔ وہ باریک دھاگا جو ترکاری کی بیلوں میں ہوتا ہے۔ ریشہ ۶۔ وہ خط جو لہسنیا پر ہوتا ہے۔

سُوت اٹیرنا : [ا / محاورہ] سوت لپیٹنا۔ چرخی یا اٹیرن پر سوت چڑھانا۔

سُوت باندھنا : [ا / محاورہ] سیدھ باندھنا۔ سیدھا خط ڈالنا۔ نشست باندھنا۔

سُوت بُولی ؛ [ا رامث] ایک قسم کا سوئی کا کام۔ سوزن کاری۔
سُوت کی اَنٹی یُوسف کی خریداری ؛ [ا رمثل] تھوڑی سی حیثیت پر بڑا حوصلہ۔
سُوت کے بنولے ہو جانا ؛ [ا رمحاورہ] بنا بنایا کام بگڑ جانا۔
سُوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا ؛ [ا رمثل] کام شروع ہونے سے پہلے ہی اس کے نتیجے پر لڑنا جھگڑنا۔
سوتا ؛ [ا رامذ] ۱۔ سوت۔ چشمہ ۲۔ پانی کی وہ شاخ جو کسی دریا یا تالاب سے کٹ کر بہتی چلی جائے ۳۔ (صف) سوتا ہوا۔ سونے والا۔
سُوتا پا ؛ [ا رامذ] دو سوکنوں کے درمیان کی دشمنی۔
سوتا جاگتا ؛ [ا رمحاورہ] سوتے کا تیزی سے جاری ہونا۔ سوت کا بند ہونے کے بعد پھر جاری ہونا
سوتا سنسار جاگتا پاک پروردگار ؛ [ا رمثل] رات کا سنسان ہونا۔ وہ کلمہ جو داستان گو داستان سنانے سے پہلے کہتے ہیں۔
سُوتک ؛ [ھ امذ] بچہ پیدا ہونے کے وقت کی ناپاکی۔
سُوتنا ؛ [ا رمص] ۱۔ نچوڑنا ۲۔ چوسنا ۳۔ کھینچ لینا۔ صاف کرنا ۴۔ جذب کرنا ۵۔ گھسوٹنا۔ ۶۔ ہاتھ پھیرنا۔ مالش کرنا۔
سُوتواں / سُتواں ؛ [ا رصف] سُوتا ہوا۔ پتلا۔ باریک۔
سُوتواں / سُتواں ناک ؛ [ا رامث] پتلی ناک۔ پتلی اور خوبصورت ناک
سُوتی ؛ [ا رصف] سوت کا بنا ہوا۔ اونی یا ریشمی کی ضد۔
سوتی ؛ [واؤ مجہول سے، ا رصف امث] سوتی ہوئی خوابیدہ۔ نیند میں محو۔
سوتی بھڑ / بھڑیں جگانا ؛ [ا رمحاورہ] جھگڑا تازہ کرنا۔ فتنہ بیدار کرنا۔
سوتے ؛ [ا رصف] ۱۔ سوتا کی جمع ۲۔ سوتے ہوئے۔ سونے کی حالت میں۔
سوتے جاگتے ؛ [ا رمتعلق فعل] ہر وقت۔ ہر حالت میں۔
سوتے جاگتے منہ دیکھنا ؛ [ا رمحاورہ] ہر وقت توقع رکھنا۔ امید رکھنا۔
سوتے فتنے جگانا ؛ [ا رمحاورہ] دبے ہوئے جھگڑے کو تازہ کرنا۔
سوتے کا سوتا رہنا ؛ [ا رمحاورہ] نیند کی حالت میں پڑا رہ جانا۔
سوتے کا منہ کتا چاٹے ؛ [ا رمقولہ] سوتے آدمی کو کسی بات کی خبر نہیں ہوتی۔
سوتے لڑکے کا منہ چوما نہ ماں خوش نہ باپ خوش ؛ [ا رمثل] بغیر اطلاع کے نیکی کرنا رائیگاں ہے۔
سوتے مُردے جگانا ؛ [ا رمحاورہ] بہت شور کرنا۔ قیامت برپا کرنا۔
سوتے نصیب جاگنا ؛ [ا رمحاورہ] اقبال یاور ہونا۔ تباہی کے بعد اچھے دن آنا۔
سَوتیاڈاہ ؛ [ا رامث] دیکھئے "سوتاپا"
سَوتیلا ؛ [ا رصف] ۱۔ سوت یا سوکن سے تعلق رکھنے والا ۲۔ سوت کا بیٹا۔
سَوتیلی ؛ [ا رامث] دیکھئے "سوتیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سُوٹ ؛ [انگ امذ] suit کپڑوں کا جوڑا۔ کپڑے کا جوڑا جس میں ایک ہی رنگ کا اور ایک ہی قسم کا کوٹ اور پتلون ہو۔
سُوٹ کیس ؛ [انگ امذ] suitcase کپڑے رکھنے کا چھوٹا صندوق۔
سُوج ؛ [ا رامث] سوجن۔ سوزش۔ (افعال، آنا۔ جانا)۔
سُوجا ؛ [ا رصف] ۱۔ سوجا ہوا۔ متورم ۲۔ بڑی سوئی۔
سو جانا ؛ [ا رمحاورہ] ۱۔ نیند آ جانا ۲۔ سُن ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔
سُوجا پھولا ؛ [ا رصف] کنایتہً منہ پھلائے۔ خفا۔
سُوجن ؛ [ا رامث] ورم۔ آماس۔
سُوجن اترنا ؛ [ا رمحاورہ] سوجن کم ہونا۔ ورم کم ہونا۔

سُوجن چڑھنا ؛ [ا رمحاورہ] ورم ہونا۔ ورم پھیلنا۔
سُوجنا ؛ [ا رمص] ۱۔ سوجن چڑھنا۔ ورم ہونا۔ آماس ہونا۔ پھولنا ۲۔ (منہ کیساتھ) غصہ سے منہ پھولنا۔
سُوجنا پھولنا ؛ [ا رمحاورہ] ۱۔ جسم کا سڑ کر سوج جانا۔ متورم ہونا ۲۔ رنجیدہ ہونا۔ غصہ میں آنا۔
سُوجھ ؛ [ا رامث] ۱۔ نظر۔ بینائی ۲۔ فکر۔ عقل۔ سمجھ۔
سُوجھ بُوجھ ؛ [ا رامث] عقل۔ فہم۔ دُور اندیشی۔
سُوجھ پڑنا ؛ [ا رمحاورہ] ۱۔ دکھائی دینا۔ سمجھ میں آنا۔
سُوجھتا / سوجھتا بوجھتا ؛ [ا رامذ] ۱۔ فکر اندیشہ ۲۔ صلاح مشورہ ۳۔ بندوبست انتظام۔ مصلحت۔ بہتری۔
سُوجھتا کرنا ؛ [ا رمحاورہ] بندوبست کرنا۔ فکر کرنا۔ تدبیر کرنا۔ سوچنا۔
سُوجھنا ؛ [ا رمص] ۱۔ نظر آنا۔ دکھائی دینا ۲۔ کوئی بات خیال میں آنا۔ سمجھ میں آنا ۳۔ تمیز ہونا ۴۔ دھن ہونا ۵۔ آثار معلوم ہونا ۶۔ مشغلہ ہونا ۷۔ معلوم ہونا ۸۔ فکر کرنا۔
سُوجی ؛ [ا رامث] گیہوں کی گری جس سے حلوا وغیرہ بناتے ہیں۔ رَوا ۲۔ سُوئی بوجن ۳۔ (امذ) درزی۔ خیاط (۴، صف) سوجا کی تانیث۔
سوچ ؛ [ا رامذ۔ مث] ۱۔ فکر۔ خیال ۲۔ رنج و غم۔ اندوہ ۳۔ غور۔ دھیان۔ توجہ۔
سوچ آنا ؛ [ا رمحاورہ] تردد پیدا ہونا۔ فکر ہونا۔
سوچ بچار ؛ [ا رامذ۔ مث] فکر و تامل۔ غور و فکر (افعال، کرنا۔ ہونا)
سوچ ساچ ؛ [ا رامذ۔ مث] دیکھئے "سوچ" (ساچ۔ تابع مہمل ہے)
سوچ ساچ کے ؛ [ا رمتعلق فعل] غور کرکے۔ سمجھ کے۔
سوچ سمجھ کے ؛ [ا رمتعلق فعل] دیکھئے "سوچ ساچ کے"
سوچ کرنا ؛ [ا رمص مرکب] فکر کرنا۔ غور کرنا۔
سوچ لگا ہونا ؛ [ا رمحاورہ] فکر ہونا۔ تشویش ہونا۔
سوچ لینا ؛ [ا رمحاورہ] غور کر لینا۔ سمجھ لینا۔ **سوچ میں رہنا** ؛ [ا رمحاورہ] فکرمند رہنا۔
سُوِچ ؛ [انگ امذ] switch وہ برقی بٹن جس کے دبانے سے تاروں میں بجلی رَو آتی اور بند ہوتی ہے۔
سُوِچ بورڈ ؛ switch board وہ تختی جس پر سُوِچ لگے ہوتے ہیں۔
سوچنا ؛ [ا رمص] ۱۔ غور کرنا۔ فکر کرنا۔ اندیشہ کرنا ۲۔ خیال کرنا۔
سَوچنا ؛ [ا رمص] آب دست لینا۔ طہارت کرنا۔ استنجا کرنا۔ اجابت کے بعد پانی لینا۔
سوخت ؛ [ف امث] ۱۔ جلن۔ سوزش۔ سوختگی۔ تکلیف ۲۔ گنجفے میں جب کوئی پتا سُرخ اور کھیلنے والا وقت پر نہ کھیلے تو وہ پتا سوخت یعنی بے کار ہو جاتا ہے۔
سوخت کرنا ؛ [ا رمحاورہ] جلانا۔ ضبط کرنا۔ نذر کرنا۔ بیکار کرنا۔
سوخت ہونا ؛ [ا رمحاورہ] دیکھئے "سوخت کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سوختگی ؛ [ف امث] ۱۔ جلن۔ تکلیف ۲۔ غم۔ صدمہ۔
سوختنی ؛ [ف صف] جلنے یا جلانے کے قابل۔
سوختہ ؛ [ف صف مفعولی] ۱۔ جلا ہوا۔ جھلسا ہوا ۲۔ مصیبت زدہ۔ افسردہ ۳۔ دم کیا ہوا اُپلا۔ بجھا ہوا کوئلہ ۴۔ (امذ) وہ بارود لگایا ہوا کپڑا جس میں چقماق سے جلا کر آگ لگ جاتی ہے ۵۔ جاذب کاغذ۔ سیاہی چوس۔
سوختہ بالی ؛ [ف صف] بے بس (جس کے پر جل چکے ہوں)
سوختہ بخت ؛ [ف صف] بد قسمت۔ بد نصیب۔
سوختہ بختی ؛ [ف امث] دیکھئے "سوختہ بخت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سوختہ پا ؛ [ف صف] جلد چلنے والا۔ تیز قدم۔

سوختہ پانی: [ف امث] دیکھئے "سوختہ پا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سوختہ تن / جان / جگر: [ف صف] جان جلا۔ دل جلا۔ کنایتہً عاشق۔
سوختہ ساماں: [ف صف] جس کا سب کچھ جل گیا ہو ۲۔ تباہ و برباد۔
سوختی: [ا امث] رنج۔ تکلیف۔ کلفت۔
سُود: [ف امذ] ۱۔ نفع۔ منافع۔ فائدہ ۲۔ خوبی۔ بھلائی ۳۔ بیاج۔
سُود بٹا: [ا امذ] نفع۔ نقصان۔
سُود پر دینا: [ا محاورہ] بیاج پر دینا۔ منافع مقرر کرکے روپیہ دینا۔
سُود پر لینا: [ا محاورہ] بیاج پر لینا۔ منافع پر لینا۔
سُود خالص: [ف ع امذ و مث] (اصطلاح بنکاری) سود کی جتنی رقم بعد وضع اخراجات باقی رہے۔
سُود خوار / خور: [ف صف] سود پر روپیہ چلانے والا۔ بیاج لینے والا۔
سُود خواری / خوری: [ف امث] دیکھئے "سود خوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سُود در سُود: [ف امذ] بیاج پر بیاج۔ وہ سود جو اصل رقم میں سود جمع کرکے لگایا جائے۔
سُود کھانا: [ا محاورہ] بیاج لینا۔
سُود لگانا: [ا محاورہ] کسی رقم پر بیاج لگانا۔
سُود لگنا: [ا محاورہ] دیکھئے "سود لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سُود مرکب: [ف ع امذ] دیکھئے "سُود در سُود"
سُود مفرد: [ف ع امذ] وہ سود جو اصل رقم پر لیا جاتا ہے اور اصل رقم میں شامل نہیں کیا جاتا۔
سُود مند: [ف صف] مفید۔ فائدہ مند۔
سُود مندی: [ف امث] دیکھئے "سود مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَودا: [ع امذ] ۱۔ کالا سیاہ ۲۔ چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام ۳۔ دیوانگی۔ جنون پاگل پن ۴۔ خیال دھن ۵۔ محبت۔ عشق۔
سَودا اُچھلنا: [ا محاورہ] پاگل پن کا زور ہونا۔
سَودا جانا: [ا محاورہ] خیال دل سے نکلنا۔
سَودا چمکنا: [ا محاورہ] جنون بڑھ جانا۔
سَودا ہونا: [ا محاورہ] جنون ہونا۔ خبط ہونا ۲۔ عشق ہونا ۳۔ دھن سمانا۔
سَودا: [ف امذ] ۱۔ بیوپار۔ خرید و فروخت ۲۔ سوداگری کا مال و اسباب ۳۔ وہ چیز جو خریدی جائے۔
سَودا اُٹھ جانا: [ا محاورہ] ۱۔ کچھ پاس نہ رہنا ۲۔ حکن جاتا رہنا ۳۔ نامرد ہو جانا۔
سَودا بگاڑنا: [ا محاورہ] طے شدہ معاملہ خراب کرنا۔
سَودا بگڑنا: [ا محاورہ] دیکھئے "سودا بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سَودا بنانا: [ا محاورہ] خرید و فروخت کا معاملہ طے کرنا۔ معاملہ ٹھہرانا۔
سَودا بننا: [ا محاورہ] دیکھئے "سودا بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سَودا بہی: [ا امث] خرید و فروخت کے حساب کی کتاب۔
سَودا پتر: [ا امذ] سودا فروخت کرنے کا اقرار نامہ۔ بل۔
سَودا پٹنا / ٹھہرنا: [ا محاورہ] بھاؤ چکنا۔ نرخ قرار پانا۔
سَودا چکانا: [ا محاورہ] خرید و فروخت کا معاملہ طے کرنا۔
سَودا چکنا: [ا محاورہ] دیکھئے "سودا چکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سَودا خریدنا: [ا محاورہ] چیز مول لینا ۲۔ بکھیڑا مول لینا۔
سَودا دست بدست ہونا: [ا محاورہ] کسی چیز کا نقد قیمت پر بک جانا۔

فوراً بک جانا۔
سَودا دلانا: [ا محاورہ] کھانے پینے کی چیز دلانا۔ کوئی چیز دلانا۔
سَودا سُلف: [ا امذ] بازار سے خریدی ہوئی چیز۔ بازاری چیز۔
سَوداگر: [ف صف] بیوپاری۔ تاجر۔
سَوداگر بچہ: [ف امذ] تاجر کا بیٹا
سَوداگر بچی: [ا امث] تاجر کی بیٹی۔
سَوداگری: [ف امث] تجارت۔ بیوپار (افعال: کرنا) ۲۔ (صف) سوداگر سے متعلق۔ تجارتی
سَودا لانا: [ا محاورہ] بازار سے کوئی چیز خرید کر لانا۔
سَودا لینا: [ا محاورہ] کوئی چیز خریدنا۔
سَودا ملنا: [ا محاورہ] بکی ہوئی چیز ملنا۔
سَودا مول لینا: [ا محاورہ] کوئی چیز خریدنا ۲۔ بکھیڑا مول لینا ۳۔ ذمہ داری سر لینا۔
سَودا ہونا / ہو جانا: [ا محاورہ] خرید و فروخت کا معاملہ طے ہونا۔ قیمت طے ہونا۔
سَوداوی: [ع صف] ۱۔ سودا کی خلط سے متعلق ۲۔ غمگین۔ مغموم۔
سَوداوی مزاج: [ع صف] ۱۔ وہ شخص جس کے مزاج میں سودا کی خلط زیادہ ہو۔
سَودائی: [ف صف] ۱۔ پاگل۔ دیوانہ۔ جنونی۔ خبطی۔ احمق ۲۔ عاشق ۳۔ (ف) سوداگر۔
سَودائی بنانا: [ا محاورہ] ۱۔ دیوانہ بنانا ۲۔ عاشق ہونا۔
سَودائی ہونا: [ا محاورہ] دیوانہ ہونا۔
سودائے خام: [ف امذ] خیال خام (افعال: رکھنا۔ ہونا)
سُودر / شُودر: [ھ امذ] ہندوؤں کی چوتھی ذات جس کو سب سے نیچ اور گھٹیا خیال کیا جاتا ہے۔
سُودہ: [ف امذ] وہ چیز جو گھسنے سے حاصل ہو۔ برادہ۔ سفوف
سودھا: [ھ صف] ۱۔ سیدھا۔ صاف ۲۔ سادہ۔ بھولا بھالا ۳۔ سچا۔ راست گو۔
سودھن: [ھ امذ] ۱۔ تہذیب۔ شائستگی لطافت۔ پاکیزگی ۲۔ اصلاح۔ درستی۔
سودھنا: [ھ مص] کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا۔ میل کچیل نکالنا۔ صاف کرنا۔ کھرا ط
سودھی: [ا صف] پاک صاف۔ اُجلا۔ نفیس۔ کھرا۔ سچا۔
سُودی: [ف صف] سود سے متعلق۔ بیاجو۔
سُودی چلانا: [ا محاورہ] روپیہ بیاج پر دینا۔
سُودی چلنا: [ا محاورہ] دیکھئے "سُودی چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سُودی کاروبار: [ف امذ] وہ کاروبار یا تجارت جس میں بیاج کا لین دین ہو۔
سودیشی: [ھ صف] اپنے دیس کا۔ ملکی۔
سوڈا: [انگ امذ] soda سوڈیم کا کھار ۲۔ ایک قسم کی سجی جو کپڑے دھونے کے کام آتی ہے۔
سوڈا بائیکارب: [انگ امذ] sodabicarb ایک مرکب دوا جو ہاضمے کے لئے مفید ہوتی ہے۔
سوڈا واٹر: [انگ امذ] soda water سوڈے سے بنایا ہوا پانی۔ کل سے بنایا ہوا پانی۔
سوڈے کا جوش یا سوڈے کا سا اُبال: [ا امذ] وقتی جوش۔ عارضی جوش۔
سُور: [ف امذ] ۱۔ خوشی۔ شادی۔ شادمانی۔ جشن ۲۔ گھوڑے خچر یا اونٹ کا سیاہی مائل خاکی رنگ ۳۔ سرخ رنگ۔
سُور: [ھ صف] بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔

سُوربیر : [ہ صف] بڑا بہادر۔ سورما۔ شجاع۔
سُور : [س امذ] عالم، فاضل، پنڈت ۲۔ سُوراج، آفتاب ۳۔ سرسوں۔
سُؤر : [ا امذ] خوک۔ خنزیر۔ ایک چوپایہ جو مسلمانوں کے نزدیک بہت نجس ہوتا ہے
۲۔ (صف) شریر بدذات، حرام زادہ۔
سَور/سَوڑ : [ہ امث] ۱۔ زچہ خانہ ۲۔ بچہ جننے کے بعد سے غسل کرنے تک کا زمانہ۔ ۳۔ ایک قسم کی مچھلی۔
سُوارت/سوارتھ : [ا امث ق] خود غرضی غرض۔ مطلب۔ حرص۔
سَوَراج : [ہ امذ] حکومت خود اختیاری۔ اپنے دیس میں اپنا راج۔
سُوراخ : [ف امذ] چھید۔ رخنہ۔ روزن۔ بل۔ موکھا ۲۔ درز۔ دراڑ۔ جھرّی۔
۳۔ منہ۔ دہانہ۔ موری۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
سُوراخ دار : [ف صف] جس میں سوراخ ہو۔ چھید ہو۔
سوراگنا : [ا مص ق] سورج طلوع ہونا۔
سورانا : [ا مص ق] بے تاب ہونا۔
سُورت : [ع امث] قرآنِ مجید کا کوئی باب یا فصل۔
سَورٹھ : [ہ امث] کھماچ ٹھاٹھ کی ایک راگنی کا نام۔
سُورَج : [ا امذ] شمس۔ خورشید۔ آفتاب۔ ایک فلکی جرم جو روشنی اور حرارت کا منبع ہے۔ دنیا میں زندگی اسی کی حرارت کی وجہ سے قائم ہے ۲۔ دھوپ۔
سُورج بنسی : [ہ امذ] راجپوتوں کا ایک خاندان جو اپنے آپ کو سورج کی اولاد بتاتا ہے۔ رام چندرجی کا تعلق اسی قوم سے ہے۔
سُورج چھپنا : [ا مص مرکب] سُورج کا پوشیدہ ہونا۔
سُورج خاک ڈالنے سے نہیں چھپتا : [ا مثل] ظاہر بات کا چھپانا مشکل ہوتا ہے۔
سُورج ڈوبتے/ڈوبے : [ا متعلق فعل] سورج چھپنے کے وقت۔ شام کے وقت۔
سُورج ڈوبنا : [ا مص مرکب] آفتاب غروب ہونا۔ شام ہونا۔
سُورج سَنسار : [ا امذ] جہاں کہیں سورج کی روشنی پہنچے۔ دُنیا۔
سُورج کو چراغ دکھانا : [ا محاورہ] دانا کو دانائی کی بات بتانا۔ فضول کام کرنا۔
سُورج گرہن/گہن : [ا امذ] دن کے وقت سُورج کا جزواً یا کلاً بے نور نظر آنا اس کی وجہ یہ ہے کہ سُورج اور زمین کے درمیان چاند حائل ہو جاتا ہے۔
سُورج مکھی : [ا امث] ایک قسم کا زرد رنگ کا پھول جو سورج کے ساتھ اپنا رُخ بدلتا رہتا ہے ۲۔ ایک قسم کا پنکھا جو مور کی کھلی ہوئی دم کے مشابہ ہے۔
سُورج منڈل : [ہ امث] ۱۔ سورج کی ٹکیا۔ قرص خورشید ۲۔ نظامِ شمسی۔ سورج سنسار۔
سُورداس : [ہ امذ] ہندی کا ایک مشہور شاعر جو اندھا تھا۔ کنایتہً اندھا۔
سُورگ : [ہ امذ] جنت۔ بہشت۔
سُورما : [ہ صف] بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔
سُورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا : [ا مثل] اکیلا آدمی خواہ کتنا ہی بہادر ہو، بہت سے آدمیوں پر غالب نہیں آ سکتا۔
سُورن : [ہ امذ] سونا۔ زر۔ طلا۔
سُورنجان : [ہ امث] ایک دوا جسے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں یہ میٹھی اور کڑوی دونوں طرح کی ہوتی ہے۔
سُؤرنی : [ا امث] ۱۔ سؤر کی مادہ ۲۔ کنایتہً بہت سے بچے دینے والی عورت۔
سُورہ : [ع امذ] دیکھئے "سُورت"

سُوری : [ف امذ] گلاب کی قسم کا ایک خوشبو دار پھول۔
سوریا بالن : [ا امذ ق] خیمہ۔ آفتاب گیری
سوز : [ف امذ] جلن۔ سوزش۔ دُکھ۔ درد ۲۔ (ا) مرثیہ خوانی کی ایک طرز ۳۔ فارسی مصدر سوختن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور جلانے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً جاں سوز۔
سوز خواں : [ف صف] طرز ادا سے مرثیہ پڑھنے والا۔
سوز خوانی : [ف امث] دیکھئے "سوز خواں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سوز و ساز : [ف امذ] رنج و راحت۔
سوز و گداز : [ف امذ] رنج آمیز کیفیت۔ رقّت انگیز حالت۔
سوزاک : [ف امذ] ایک بیماری جس میں پیشاب کی نالی میں ورم یا زخم ہو جاتا ہے اور پیپ نکلتی ہے
سوزش : [ف امث] جلن۔ کھولن۔ درد تکلیف۔
سوزن : [ف امث] سوئی
سوزن کار : [ف صف] کڑھائی کرنے والا سوئی کا کام کرنے والا۔ کاڑھنے والا۔
سوزن کاری : [ف امث] سوئی کا کام کشیدہ کاری۔
سوزنی : [ف امث] ایک قسم کا دوہرا یا روئی بھرا کپڑا جس پر سوئی کا کام کیا گیا ہو۔ ایسے کپڑے کا لباس یا فرش۔
سُوس : [ع امث] ملیٹھی ۲۔ ایک قسم کا مگرمچھ۔ گھڑیال۔ خوک آبی۔
سُوس : [ا صف ق] شدت تشنگی۔
سُوسائٹی : [انگ امث] society سماج۔ معاشرہ۔ اجتماعی زندگی۔
۲۔ لوگوں کی صحبت۔ ۳۔ مجلس۔ انجمن۔
سُوسلا : [ہ امذ] پھونس یا سرکنڈے وغیرہ کا بندھا ہوا مٹھا ۲۔ شہد کی مکھیوں کو چھتّے پر سے اڑانے کے لئے دھواں پہنچانے کا کوچا۔
سُوسمار : [ف امذ] ایک صحرائی جانور۔ گوہ۔
سَوسَن : [ف امث] ایک آسمانی رنگ کا پھول جسے شعرا زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔
سُوسنا : [ا مص ق] جھینا۔ سہنا۔ برداشت کرنا۔
سَوسنی : [ف صف] آسمانی۔ نیلا رنگ ۲۔ آسمانی رنگ کا گھوڑا۔
سُوسُو کرنا : [ا محاورہ] جاڑے کے مارے کانپنا۔
سُوسی : [ا امث] ایک قسم کا رنگین دھاری دار کپڑا۔
سوشل : [انگ صف] social سوسائٹی یا معاشرے سے متعلق ۲۔ میل جول رکھنے والا۔ ملنسار۔
سوشلزم : [انگ امث] socialism ایک معاشرتی و معاشی نظریہ جس کے مطابق وسائل پیداوار اجتماعی یا سرکاری ملکیت میں ہونے چاہئیں۔ اشتمالیت۔
سوشلسٹ : [انگ صف] socialist سوشلزم کا پیرو۔ اشتمالی۔
سَوغات : [ت امث] تحفہ۔ ہدیہ۔ عمدہ چیز نرالی چیز
سوفا : [انگ امذ] sofa ایک قسم کی کرسی جس میں اسپرنگوں پر گدے لگے ہوتے ہیں۔
سوفا : [ا امذ ق] مکان کا بڑا کمرہ۔
سُوفار : [ف امذ] ۱۔ سوئی کا ناکا ۲۔ تیر کا وہ حصہ جو چلّے پر رکھا جاتا ہے۔ تیر کی چٹکی۔
سوفتہ : [ا امذ] ہندی "سُبیتا" کا بگاڑ ۱۔ فرصت۔ مہلت۔ چھٹکارا ۲۔ فاقہ۔
سُوفسطا : [ع امذ] دیکھئے "سُفسطہ"

سوفسطائی :[ع امذ] حکماء کا وہ گروہ جن کے عقائد کی بنیاد وہم پر ہے جو حقائق اشیاء کا منکر ہے ۲. وہمی ۳. مغالطہ زدہ فلسفی۔

سُوفِسطائیت :[ع امث] سوفسطائی کا طریقہ یا مسلک۔

سُوق :[ع امذ] بازار

سُوقی :[ع صف] بازاری

سُوقیانہ :[ع ف صف] بازاری۔ عوام کا۔ مُبتذل۔

سُوک :[س امذ] زہرہ ستارہ۔ ناہید۔

سَوک :[ہ امث] دیکھیے "سَوکن" جس کا یہ مخفف ہے۔

سُوکا :[ہ امذ] روپیہ کا چوتھا حصّہ۔

سوکا :[ہ امذ] خشک سالی۔ وہ فصل جو لُوؤں سے مرجھائے (افعال: پڑنا۔ ہونا)

سُوکا :[ا امذ ق] سُرمہ کی لکیر جو ماتھے پر لگائی جاتی ہے۔

سَوکن :[ہ امث] دیکھیے "سوت"

سوکنا :[ہ مص] جذب کرنا۔

سُوکھا :[ا صف] ۱. خشک۔ بے نم ۲. پتلا دُبلا۔ لاغر ۳. روکھا بغیر سالن کے ۴. خشک تمباکو بھنگ ۵. (مذ) سُوکھا۔

سُوکھا ٹالنا :[ا محاورہ] صاف انکار کرنا۔ باتوں میں ٹالنا۔ خشک جواب دینا۔ بے نیل مرام واپس کرنا۔

سُوکھا ٹُنڈ/ ٹھنٹھ :[ا امذ] خشک سوکھا درخت۔ بغیر شاخوں اور پتوں کے درخت۔

سُوکھا جواب :[ا امذ] صاف انکار کرنا۔ کورا جواب (افعال: دینا۔ ملنا)

سُوکھا سہما :[ا صف] دبلا پتلا۔ لاغر نحیف ۲. خوفزدہ۔

سُوکھا لگنا :[ا محاورہ] لاغر کمزور ہونا۔ دُبلا ہو جانا۔

سوکھ کر ٹھنٹھ/ کانٹا/ قاق/ کھڑنک/ کنڈا/ تُقات/ امچور ہو جانا/ ہونا : } [ا محاورہ] بہت لاغر اور دُبلا ہو جانا۔

سُوکھنا :[ا مص] ۱. خشک ہونا۔ بے نم ہونا ۲. دُبلا ہونا ۳. سکڑنا ۴. انتظار کی تکلیف برداشت کرنا۔

سَوکھی :[ا صف] دیکھیے "سُوکھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

سُوکھی الفَن :[ا امث] دُبلی پتلی عورت۔

سُوکھی تنخواہ :[ا امث] وہ تنخواہ جس میں کوئی اور آمدنی نہ ہو۔

سُوکھی چپاتی کرنا :[ا محاورہ] ۱. کھانے میں پانی نہ پینا ۲. بغیر گارے کے اینٹیں لگانا۔

سُوکھی چپاتی ہونا :[ا محاورہ] دیکھیے "سوکھی چپاتی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سُوکھی روٹی :[ا امث] خشک روٹی بغیر سالن کے۔ روکھی روٹی

سُوکھی زبان :[ا امث] خشک زبان۔ پیاس کی وجہ سے خشک زبان۔

سُوکھی سُنانا :[ا محاورہ] صاف جواب دینا۔

سُوکھی سہمی :[ا صف] دیکھیے "سوکھا سہما" جس کی یہ تانیث ہے۔

سُوکھی کُتیا بھونکانا :[ا محاورہ] خالی خولی اختلاط کرنا (رنڈیوں کی اصطلاح)

سُوکھی کھانسی :[ا امث] خشک کھانسی جس میں بلغم نہ نکلے۔

سُوکھی پھلی :[ا امث] ۱. وہ پھلی جس میں دانے نہ نکلیں ۲. پھلی جو بغیر دانوں کے نکلنے کے ہو۔

سُوکھی یا منہ کھسیٹرنا :[ا محاورہ] زک دینا۔

سُوکھے :[ا صف] دیکھیے "سوکھا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

سُوکھے اُسترے سَر مُنڈوانا :[ا محاورہ] بغیر پانی لگائے سر منڈوانا کہ تکلیف زیادہ ہو۔

سُوکھے ٹکڑوں پہ کوّوں کی مہمانی :[ا مثل] شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں یا غریب جو شادی رچائے اسے کہتے ہیں۔

سُوکھے ٹکڑوں پر کُتّے اُڑانا :[ا محاورہ] تھوڑی تنخواہ پر ذلیل کام کرنا۔

سُوکھے ٹکڑے :[ا امذ] روٹی کے خشک ٹکڑے۔

سُوکھے دھانوں (پر) پانی پڑنا :[ا محاورہ] مراد بر آنا۔ مایوسی کی حالت کے بعد کام بن جانا۔

سُوکھے ساون رُوکھے بھادوں :[ا مثل] ۱. اگر ساون میں بارش نہ ہو تو فصل خریف خراب ہو جاتی ہے جو بھادوں میں کٹتی ہے ۲. بے فیض کے متعلق بولتے ہیں۔ ۳. دائم المرض۔

سُوکھے سُوکھے :[ا متعلق فعل] خشک جگہ پر۔ زمین پر۔

سُوکھے کا آزار :[ا امذ] دُبلے پن کی بیماری۔

سُوکھے گھاٹ/ گھاٹوں اتارنا :[ا محاورہ] دیکھیے "سوکھے گھاٹ/ گھاٹوں اُترنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

سُوکھے گھاٹ/ گھاٹوں اترنا :[ا محاورہ] محروم رہنا/ ہونا۔

سُوکھے بکڑی کی طرح کھائے بکری کی طرح :[ا مثل] باوجود دُبلا پتلا ہونے کے بہت کھاتا ہے۔

سُوگی :[س صف] شاہی۔ شاہانہ۔

سوگ :[ت۔ ہ۔ امذ] ۱. غم۔ ماتم ۲. مُردے کا ماتم۔

سوگ اتارنا :[ا محاورہ] ماتم کا چھوڑنا۔ بیوہ عورتیں چالیس دن تک خاوندوں کے ماتم میں آرائش و زیبائش چھوڑ دیتی ہیں۔ پھر عورتیں جمع ہو کر ان کو صاف ستھرے کپڑے پہناتی ہیں۔

سوگ اُتروانا :[ا محاورہ] دیکھیے "سوگ اتارنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

سوگ اُٹھانا/ بڑھانا :[ا محاورہ] دیکھیے "سوگ اتارنا"

سوگ رکھنا :[ا محاورہ] غم اور ماتم کی حالت قائم رکھنا۔

سوگ کرنا/ منانا :[ا محاورہ] مردے کا ماتم کرنا۔ رنج و غم کی حالت میں رہنا۔

سوگ میں بیٹھنا :[ا محاورہ] بیوہ کا اپنے متوفی خاوند کے غم میں ماتم کی صف پر بیٹھنا

سوگ میں رہنا :[ا محاورہ] سوگ ہونا۔

سوگ نشین :[ا صف] ماتم میں بیٹھنے والا۔

سوگن :[ا امث] سوگ کرنے والی عورت۔

سوگوار :[ف صف] ۱. غمگین۔ مغموم۔ ماتمی ۲. آفت زدہ مصیبت زدہ۔

سوگواری :[ف امث] دیکھیے "سوگوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سوگواری لباس :[ا امذ] ماتمی لباس۔

سوگی :[ف صف] ماتم کنندہ۔ وہ جو سوگ کرے۔

سوگیانہ :[ف امذ] سوگ کے کپڑے۔

سَوگند :[ف امث] قسم۔ سَوں۔ اِقرار۔ عہد (افعال: دلانا۔ دینا۔ کھانا۔ کھلانا)

سُول :[ہ امذ] ۱. کانٹا (کیکر وغیرہ کا) ۲. درد۔ پیڑ۔ تیز درد۔ پیٹ کا درد ۳. (مث) کوئی نوکدار ہتھیار جیسے نیزہ۔ تیر۔ برچھا ۴. رحم۔ ہمدردی ۵. حالت۔

سِول :[انگ امث] civil غیر فوجی۔ شہری ۲. انتظامی ۳. تمدنی ۴. مہذب ملنسار۔ بھلا مانس۔

سِول جج :[انگ امذ] civil judge دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے والا جج۔

سِول سَرجَن :[انگ امذ] civil surgeon شہریوں کا اعلیٰ معالج۔ ضلع کے سرکاری ہسپتال کا نگران ڈاکٹر۔

سِول سَروِس :[انگ امث] civil service سرکاری ملازمین

وہ شعبہ جس میں انتظامی اور غیر فوجی عہدیدار شامل ہیں۔

سِوِل کورٹ: [انگ۔ امث] civil court دیوانی عدالت۔

سِوِل لا: [انگ۔ امذ] civil law دیوانی قانون۔

سِوِل لبرٹی: [انگ۔ امث] civil liberty شہری آزادی۔

سِوِل لسٹ: [انگ۔ امث] civil list غیر فوجی عہدیداران کی وہ فہرست جس میں انکی مدت ملازمت اور تنخواہ وغیرہ کی تفصیلات درج ہوتی ہیں۔

سِوِل میرج: [انگ۔ امث] civil marriage (وہ شادی جو مذہبی رسوم کے خلاف عدالت میں کی جائے۔ عدالتی شادی)۔

سِوِل نافرمانی: civil disobedience کا ترجمہ۔ حکومت کے احکام کی تعمیل سے بلا تشدد انکار۔

سِوِل وار: [انگ۔ امث] civil war ایک قوم کے مختلف طبقوں کی باہمی لڑائی

سول: [انگ۔ امذ] SOLE تلوا۔ کفِ پا ۲۔ جوتے کا تلا ۳۔ (صف) واحد۔ تنہا۔ بلا شرکت غیرے

سَوَل: [ھ۔ امذ] مچھلی کی ایک قسم۔

سُولچھن: [ھ۔ صف] خوش اطوار۔ نیک خصلت۔

سولہ: [ا۔ ا۔ عدد] دس اور چھ کا مجموعہ ۲۔ چوسر کے کھیل میں پانسوں کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر چھ اور دو پر پانچ پانچ دائرے شمار میں آئیں۔

سولہ سنگار: [ا۔ امذ] عورتوں کی مکمل آرائش۔ تفصیل کیلئے دیکھئے بارہ ابھرن سولہ سنگار"

سولھواں: [ا۔ عدد ترتیبی] ترتیب میں پندرہ کے بعد کا درجہ۔

سولھویں: [ا۔ عدد ترتیبی] دیکھئے "سولھواں" جس کی یہ تانیث ہے۔

سولہی: [ھ۔ امث] ایک قسم کا کھیل جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

سُولی: [ھ۔ امث] ایک چوبی آلہ جس پر مجرموں کے ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھونک کر لٹکا دیا کرتے تھے جس پر وہ سسک سسک کر جان دیتے تھے ۲۔ مجازاً مصیبت ہلاکت بے حد تکلیف دہ۔ محنت۔ مشقت۔

سُولی پانا: [ا۔ محاورہ] سُولی کی سزا ملنا۔ مارا جانا۔

سُولی پر بسر ہونا: [ا۔ محاورہ] کمال اضطراب اور بے چینی میں بسر ہونا۔

سُولی پر بھی نیند آجاتی ہے: [ا۔ مثل] نیند بڑی سخت چیز ہے خطرے کی جگہ میں بھی آجاتی ہے۔

سُولی پر جان ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ سخت مصیبت یا تکلیف میں ہونا ۲۔ بے حد انتظار ہونا کسی بات کا۔

سُولی پر چڑھانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "سُولی پر چڑھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

سُولی پر چڑھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ سُولی کی سزا ملنا ۲۔ نہایت تکلیف ہونا۔

سُولی پر رکھنا: [ا۔ محاورہ] بیتاب کرنا۔ بے چین کرنا۔

سُولی پر کاٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "سولی پر کٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

سُولی پر کٹنا: [ا۔ محاورہ] بہت تکلیف میں زندگی بسر ہونا۔

سُولی پر کھینچنا: [ا۔ محاورہ] سُولی کی سزا دینا۔

سُولی پر کھنچوانا: [ا۔ محاورہ] سُولی کی سزا دلوانا۔

سُولی پر کھنچنا: [ا۔ محاورہ] سُولی کی سزا پانا۔

سُولی پر کی روٹی کھاتے ہیں: [ا۔ مثل] ایسی کمائی کرکے کھاتے ہیں جس میں سزا کا ڈر ہو یا ان کی کمائی بڑے خطرناک طریقوں سے حاصل ہوتی ہے۔

سُولی پر نیند آنا: [ا۔ محاورہ] بے حد بے چینی میں بھی سو سکنا۔

سُولی پر ہونا: [ا۔ محاورہ] سخت تکلیف میں ہونا۔

سُولی چڑھانا: [ا۔ محاورہ] سُولی کی سزا دینا۔

سُولی چڑھنا / دیا جانا: [ا۔ محاورہ] سُولی کی سزا ملنا

سُولی دینا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "سُولی چڑھانا"۔

سُولی دینے والا: [ا۔ امذ] جلاد۔ وہ شخص جو مجرموں کو سُولی کی سزا دے۔

سُولی کھڑی کرنا: [ا۔ محاورہ] کسی کو سُولی پر چڑھانے کیلئے سُولی / صلیب کو زمین پر گاڑنا۔

سُولی کھڑی ہونا: [ا۔ محاورہ] موت کا سامان ہونا۔

سُولی کی روٹی ہے: [ا۔ مثل] بہت مشکل سے روٹی حاصل ہوتی ہے۔

سُوم: [ف۔ صف] ۱۔ تیسرا ۲۔ مُردے کا تیجا۔

سُوم: [ہ۔ صف] بخیل۔ کنجوس۔

سُوم پن / پنا / سُومتا: [ہ۔ امذ] کنجوسی۔ بُخل

سُوم کی تھالی: [ہ۔ امث] ۱۔ بخیل کا خزانہ ۲۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو کچھ بھی خرچ نہ کرے ایسی چیز کی نسبت بھی بولتے ہیں جسکی خاص طور پر حفاظت کرنی ہو۔

سُوم کے گھر کتا جائے نہ جانے دے: [ا۔ مثل] امیر بخیل کے نوکروں پر طنز ہے۔ وہ بھی اسی کے مانند ہو جاتے ہیں نہ خود فائدہ اٹھاتے ہیں نہ دوسروں کو فائدہ اٹھانے دیتے ہیں۔

سُومَن: [ہ۔ صف] دیکھئے "سُوم" جس کی یہ تانیث ہے۔

سوم: [س۔ امذ] ۱۔ ایک پودا جس کا رس بہت مقدس خیال کیا جاتا تھا ۲۔ اس پودے کا رس اس کو قدیم ہندو دیوتاؤں پر چڑھاتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ دیوتا اسے بہت پسند کرتے ہیں۔ ۳۔ امرت۔ آبِ حیات ۴۔ چاند ۵۔ ہوا۔ آندھی ۶۔ کافور ۷۔ چاولوں کی جھنی ۸۔ آسمان۔ خلا ۹۔ پہاڑوں کے ایک سلسلے کا نام۔

سوم رس: [س۔ امذ] دیکھئے سوم ۲

سوم سُوتر: [س۔ امذ] وہ برتن یا جگہ جہاں وہ پانی جمع ہو جس سے کوئی لنگ دھویا جائے۔

سوموار: [س۔ امذ] ۱۔ چاند کا دن۔ پیر کا دن۔ دوشنبہ۔

سَومکھن: [س۔ امث] خوشنما۔ خوبصورت۔

سومناتھ / سومنات: [س۔ امذ] ہندوستان کا مشہور بُت خانہ جسے محمود غزنوی نے فتح کیا تھا۔ مجازاً بُت خانہ۔

سومناتی: [ا۔ صف] ۱۔ بُت پرست، کافر ۲۔ سومنات سے منسوب۔

سُوں: [ا۔ متعلق فعل۔ ق] سے۔

سَوں: [ھ۔ امذ مث] قسم سوگند۔ عہد۔ اقرار۔

سُون: [ھ۔ صف] سُن۔ دم نفس۔ خاموشی۔ چپ۔

سون سادھنا / کھینچنا / گھسیٹنا: [ا۔ محاورہ] خاموشی اختیار کرنا۔ چپ ہو جانا۔ ٹال دینا۔

سُون کی لینا: [ا۔ محاورہ] دم نہ مارنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔

سُونا: [ا۔ صف] اُجاڑ۔ ویران۔ غیر آباد۔ خالی۔ بھنو تھلا۔ بیکار۔ تباہ۔ بسا دا (افعال، کرنا۔ ہونا)

سُونا پن: [ا۔ امذ] دیکھئے "سُونا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُونی سیج سے مرکھنا بیل بھی بھلا: [ا۔ مثل] بد مزاج شوہر، نہ ہونے سے بہتر ہے۔ بیوہ عورتوں کا مقولہ ہے۔

سُونا گھر بھڑوں چوروں کا راج: [ا۔ مثل] لائقوں کی عدم موجودگی میں نالائقوں کا زور ہو جاتا ہے۔

سونا: [ھ۔مص] بچہ دینا۔ جننا۔ جانوروں کا۔
سونا: [ھ۔امذ] ایک مفرد زرد رنگ کی دھات جو پانی سے تقریباً ۱۹ گنا بھاری ہے اس کے زیورات اور سکے بنتے ہیں۔ اس کے نہایت باریک کھینچے جاسکتے اور ورق بنائے جاسکتے ہیں ۲۔ زر۔ طلا۔
سونا پانا اور کھونا دونوں برے: [ا۔مثل] یہ شگون ہے کہ سونا ضائع ہونا اور ملنا دونوں اچھے نہیں ہوتے۔
سونا چھونا: [ھ۔امذ] چھونا تابع مہمل ہے۔ سونا
سونا چھونا پہ کچھ ذات نہیں: [ا۔مقولہ] دولت مند ہو جانے سے آدمی اچھی ذات کا نہیں ہو جاتا۔
سونا چاندی: [ھ۔امث] مال دولت۔ مال روپیہ پیسا۔
سونا چاندی آگ میں ہی پرکھے جاتے ہیں: [ا۔مثل] انسان کی خوبی مصیبت کے وقت ہی معلوم ہوتی ہے۔
سونا چڑھانا: [ا۔محاورہ] کسی دوسری دھات پہ سونے کا ملمع کرنا۔
سونا چڑھنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "سونا چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سونا چڑھوانا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "سونا چڑھانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
سونا چھوئے تو مٹی ہو: [ا۔مثل] بہت بدقسمت ہے۔
سونا سگندھ: [ا۔امذ] ۱۔کھرا سونا۔ خالص سونا ۲۔ بہت قابل آدمی۔ خاندانی آدمی ۳۔ اچھی نسل کا شخص۔ اعلیٰ نسب کا آدمی ۴۔ خالص بے میل ۵۔ بے گناہ۔ معصوم۔
سونا سنار کا ابھرن سنسار کا/سوبھا سنسار کی [ا۔مثل] مشہور ہے کہ سنار زیورات میں بہت سا کھوٹ ملا دیتے ہیں۔ اس طرح سونا سب سنار ہی کے پاس رہ جاتا ہے۔
سونا کسانا: [ا۔محاورہ] سونا پرکھنا۔ سونے کی جانچ کرانا۔
سونا کسنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "سونا کسانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سونا گھسے آدمی بسے: [ا۔مثل] سونا کسوٹی پہ گھسنے سے اور آدمی کے ساتھ مدت تک رہنے سے اس کی اصلیت معلوم ہوتی ہے۔
سونا لے کے مٹی نہ دینا: [ا۔محاورہ] بہت بے ایمانی کرنا۔ سخت نادہندہ ہونا۔
سونا مکھی/مکّی: [ا۔امث] ایک قسم کا پتھر جو دواؤں میں کام آتا ہے۔
سونپ سانپ دینا: [ا۔محاورہ] کوئی چیز کسی کے حوالے کر دینا۔
سونپنا: [ا۔مص] ۱۔ سپرد کرنا۔ حوالہ کرنا ۲۔ امانت کے طور پہ رکھنا۔
سونتنا: [ا۔مص] دیکھئے "سونتنا"
سونٹا: [ا۔امذ] ڈنڈا۔ عصا۔ لٹھ۔ لاٹھی۔ بلم۔
سونٹا سے ہاتھ: [ا۔امذ۔مو] خالی ہاتھ جن میں چوڑیاں وغیرہ نہ ہوں۔
سونٹھ: [ا۔امث] ۱۔ خشک ادرک ۲۔ مجازاً کوئی قیمتی چیز۔
سونٹھ لبسانا: [ا۔محاورہ] حاملہ کے کھانے کا سامان خریدنا ۲۔ کوئی قیمتی چیز لینا۔
سونٹھ پانی: [ا۔امذ] زیرے وغیرہ کا ترش پانی۔
سونٹھ جھری: [ا۔امث] زچہ کے لئے ایک مقوی خوراک جو سونٹھ، گھی اور میدہ وغیرہ سے بناتے ہیں۔
سونٹھ (سی) نکلنا/سونٹھ ہو رہنا: [ا۔محاورہ] صدمہ یا چوٹ برداشت کرنا۔ ضبط کرنا۔ خاموش ہونا۔
سونٹھ کی ناس لینا/سونٹھ کے لڈو کھانا: [ا۔محاورہ] چپ سادھنا۔ تحمل کرنا۔ برداشت کرنا۔

سونٹھیا: [ا۔صف] کنایۃً بخیل۔ کنجوس
سونٹے: [ا۔امذ] دیکھئے "سونٹا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
سونٹے پڑنا: [ا۔محاورہ] ڈنڈے پڑنا۔ لاٹھیوں سے مار پڑنا۔
سونٹے سے: [ا۔متعلق فعل] بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔
سونٹے/سونٹا لگانا: [ا۔محاورہ] بدصورت کو اچھا لباس پہنانا۔
سوندراہٹ: [ا۔امذ] دیکھئے "سوندھاپن"
سوندنا: [ا۔مص] کوئی چیز بھر جانا ۲۔ تر مٹی یا کیچڑ وغیرہ کسی چیز میں بھرنا۔ ۳۔ شامل کرنا۔
سوندھا: [ا۔صف] ۱۔ مٹی کے کورے برتن کی خوشبو رکھنے والا ۲۔ بھوبل میں بھنا ہوا پھل ۳۔ ایک مرکب خوشبو کا مسالا جس سے بال دھوتے ہیں۔
سوندھاپن: [ا۔امذ] دیکھئے "سوندھا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سوندھاوٹ/سوندھاہٹ: [ا۔امث] دیکھئے "سوندھاپن"
سوندھنا: [ا۔مص] ۱۔ گوندھنا۔ مثھنا۔ ملانا ۲۔ کپڑوں کو دھونے کے واسطے ملنا۔ ۳۔ کسی مٹی کے برتن کو ریہہ یا آٹے سے ملنا۔
سوندھی: [ا۔امث] ریہہ جس سے دھوبی میل کاٹتے ہیں کھار سجی ۲۔ کپڑے بھگونے کی ٹری ناند۔
سوندھی: (واؤ مجہول سے) [ا۔امث] پکی کچری۔ چھوٹی قسم کی پھونٹ ۲۔ (صف) سوندھا کی تانیث۔
سونڈ: [ا۔امث] ہاتھی کی ناک جو بہت لمبی ہوتی ہے اور جس سے وہ ہاتھ کا کام بھی لیتا ہے۔
سونڈا: [ا۔امذ] ۱۔ ایک لمبی ناک والا کیڑا جو چنوں کے بستر پہ دوں کر کھا جاتا ہے۔ ۲۔ بڑھی ہوئی ناف۔
سونڈا/ڑکا: [ا۔امذ] ۱۔مقدد۔ کرہان۔ بار برداری کے جانوروں کی کاٹھی یا زین۔
سونڈی: [ھ۔امث] ۱۔ ایک کیڑا جو چنوں کو کھا جاتا ہے ۲۔ ناف ۳۔ شراب بیچنے والا
سوں سوں کرنا: [ا۔محاورہ] ناک سے ہوا دینا۔ ناک سے سانس نکالنا۔
سونسنا: [ا۔مص ق] صبر کرنا۔
سونف: [ا۔امث] ایک پودا اور اس کے بیج جو خوشبودار اور ہاضم ہوتے ہیں۔ بادیاں۔
سونگھا: [ا۔امذ] شکاری کتا جو شکاری کو بو سے پا لیتا ہے ۲۔ مجازاً سراغ رساں۔ جاسوس۔
سونگھنا: [ا۔مص] بو لینا۔ مہک معلوم کرنا۔ باس لینا۔
سونگھنی: [ا۔امث] نسوار۔
سونی: [ا۔صف] دیکھئے "سونا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سونے پہ سہاگا ہونا: [ا۔محاورہ] کسی خوبی میں بڑھ کر ہونا۔
سونے سے گھڑاون/گھڑائی مہنگی: [ا۔مثل] اصل قیمت سے مزدوری زیادہ۔
سونے سے/میں لدے رہنا: [ا۔محاورہ] سونے کا بہت سا زیور پہنے رہنا۔
سونے کا پانی: [ا۔امذ] ملمع۔ سونے کی ہلکی تہ۔ جو دوسری دھاتوں پر چڑھائی جاتی ہے۔ افعال (پھیرانا۔ پھیرنا۔ پھرنا۔ چڑھانا۔ چڑھنا) ۲۔ وہ پانی جس میں سونا بجھایا گیا ہو۔ پانی جس میں سونا تیزاب یا بجلی کے ذریعہ گھلایا گیا ہو۔
سونے کا توڑا: [ا۔امذ] طلائی زنجیر جو پاؤں میں پہنتے ہیں۔
سونے کا ڈلا: [ا۔امذ] سونے کا بڑا ٹکڑا۔
سونے کا کٹورا اور پیتل کی پیندی: [ا۔مثل] ان لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جن میں خوبیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہوں۔
سونے کا گھر مٹی ہو جانا: [ا۔محاورہ] بنا بنایا گھر/کھیل/منصوبہ تباہ ہو جانا۔

سونے کا نوالہ: [ار امذ] عمدہ غذا۔ اچھا کھانا۔ قیمتی غذا۔

سونے کا نوالہ کھلایئے اور شیر کی نظر دیکھئے: [ار مثل] اولاد کے متعلق کہتے ہیں کہ بچوں کو کھانے پینے کیلئے بے شک بہتر سے بہتر چیز دو۔ مگر ان کی تربیت بڑی سختی سے ہونی چاہیئے۔

سونے کا ورق: [ار امذ] سونے کے چھوٹے ٹکڑے کاغذوں کے درمیان رکھ کر کوٹتے ہیں یہاں تک کہ وہ باریک ورق بن جاتے ہیں جو اکثر ادویہ میں مستعمل ہیں۔ ورق طلائی۔

سونے کو سلام، روپے کو علیک، بھوکے کو نہ دیکھ: [ار مثل] امیر آدمی کو سلام کرنا چاہیئے۔ درمیانی درجے کے آدمی کا سلام لینا چاہیئے اور غریب کی طرف دیکھنا بھی نہیں چاہیئے۔

سونے کی انگوٹھی پیتل کا ٹانکا۔ ماں چھنال پوت بانکا: [ار مثل] سونے کی انگوٹھی میں پیتل کا ٹانکا۔ اسی طرح ہے جیسے ماں بدچلن ہو اور بیٹا بانکا ہو بانکوں پر طعنہ ہے۔

سونے کی اینٹ: [ار امث] سونے کا بڑا چوکور ٹکڑا۔

سونے کی بڑبڑی پھوس کا چھپّر: [ار مثل] کسی معمولی چیز پر زیادہ صرف کرنے کے وقت کہا جاتا ہے۔

سونے کی چڑیا: [ار امث] ۱۔ مالدار آدمی۔ دولت مند آدمی ۲۔ بیش قیمت چیز۔ نایاب چیز۔

سونے کی چڑیا اڑ جانا / ہاتھ سے اُڑ جانا: [ار محاورہ] ۱۔ مالدار کا قابو سے نکل جانا ۲۔ مطلب فوت ہو جانا۔

سونے کی چڑیا ہاتھ آنا / لگنا / ملنا: [ار محاورہ] کوئی قیمتی چیز ملنا۔ کسی مالدار بے وقوف کا پھنسنا / قابو میں آ جانا / آنا۔

سونے کی چڑیا ہاتھ سے نکل جانا: [ار محاورہ] مطلب فوت ہو جانا۔ مالدار کا قابو سے نکل جانا۔

سونے کی کٹاری کوئی پیٹ میں نہیں مارتا: [ار مثل] فائدہ کی خاطر یا اللہ میں کوئی اپنی جان نہیں دیتا۔

سونے کی کٹوری میں کون بھیک نہ دے گا: [ار مثل] امیر کو قرض اور خوبصورت عورت کو خاوند فوراً مل جاتا ہے۔

سونے کی مار دینا: [ار محاورہ] روپیہ دے کر زیر کرنا۔

سونے کے برابر تولنا: [ار محاورہ] بہت قیمت لینا۔

سونے کے سہرے بیاہ ہونا: [ار محاورہ] بہت امیر گھر میں بیاہ ہونا۔

سونے کے کانٹے میں تلنا: [ار محاورہ] ٹھیک وزن کیا جانا۔ بہت مرغوب ہونا۔

سونے کے کانٹے میں تولنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سونے کے کانٹے میں تلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

سونے کے محل اٹھانا: [ار محاورہ] بہت دولت مند ہونا۔

سونے کے مول: [ار صف] بہت گراں۔ قیمتی۔

سونے میں پیلی، موتیوں میں سفید: [ار معولہ] کثرت سے زر و جواہر پہنے ہوئے۔

سونے میں سہاگہ موتیوں میں دھاگہ: [ار مثل] سونا سہاگے سے جلا پاتا ہے۔ موتی پروئے جانے سے خوبی کے بڑھانے کا باعث ہوتے ہیں۔

سونے میں ہاتھ ڈالوں تو مٹی ہو جائے: [ار مثل] بہت بدقسمت ہونا۔

سونیا: [ھ امذ] حال بتانے والا۔ شگون بتلانے والا۔ پیشین گو۔

سونیا: [ھ امذ] راکھ میں سے دھو کر نکال لینے والا۔ نیاریا۔

سُوہا: [ھ صف] سُرخ۔ لال ۲۔ بھیروں راگ کی ایک راگنی ۳۔ طوطا۔

سوہان: [ف امذ] ریتی۔ لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا ایک خاردار آلہ یا اوزار۔

سوہانِ روح: [ف صف] روح کو دکھ دینے والا۔ آزار رساں۔ ناگوار

سوہلا: [ھ امذ] تعریف کا گیت۔

سوہلے / سُہلے: [ھ امذ] ۱۔ دیکھئے "سوہلا" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ وہ گیت جو عورتیں بیاہ شادی، زچہ خانہ یا جن پری کی تعریف میں گاتی ہیں۔

سوہن: [ف امذ] ۱۔ سوہان کا مخفف ۲ [ار] ایک قسم کی مٹھائی جیسے حلوا سوہن بھی کہتے ہیں۔

سوہن کرنا: [ار مص مرکب] ریتنا۔ ریتی کے ذریعہ دھار بنانا۔

سوہنا: [ار مص] سجنا۔ زیب دینا۔ اچھا دکھائی دینا ۲۔ [صف] خوبصورت۔ سجیلا ۳۔ دلبر۔ پیارا ۴۔ معشوق۔

سوہنی: [ار صف] دیکھئے "سوہنا نمبر ۲" جس کی یہ تانیث ہے ۲۔ مارواٹھاٹھ کی ایک راگنی۔

سُوہنی: [ھ امث] جھاڑو۔ جاروب۔

سُوئی: [ار امث] ۱۔ کپڑے سینے کا اوزار۔ سوزن ۲۔ ترازو کا کانٹا ۳۔ پودے کی روئیدگی کی نوک ۴۔ گھڑی یا قطب نما وغیرہ کا وہ پرزہ جو وقت اور سمت کو ظاہر کرتا ہے۔

سُوئی پرونا: [ار محاورہ] سوئی میں دھاگا ڈالنا۔

سوئی کا بھالا ہو جانا: [ار محاورہ] بات کا بتنگڑ بن جانا۔

سوئی کا کام: [ار امذ] سوزن کاری۔ کڑھائی وغیرہ۔

سوئی کا ناکا: [ار امذ] سوئی کا سوراخ جس میں دھاگا پرویا جاتا ہے۔

سوئی کے ناکے سے اونٹ / سب کو / خدائی کو نکالنا: [ار محاورہ] ناممکن بات کر دکھانا۔

سُوء: [ع امذ] برائی۔ خرابی۔ بدی ۲۔ بیماری ۳۔ [صف] برا۔ خراب۔ بد۔

سُوئے اتفاق: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] موقع کی خرابی۔ برا اتفاق۔

سُوئے ادب / ادبی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] بے ادبی۔ گستاخی۔

سُوئے ظن: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] بدگمانی۔ بدظنی۔ برا خیال۔

سُوئے ہضمی / ہضم: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی۔

سوئیوں اناج پرونا: [ار محاورہ] کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔

سویا: [ھ امذ] ۱۔ ایک خوشبودار ساگ کا نام ۲۔ [صف] سویا ہوا۔ خوابیدہ۔

سویا اور چوکا: [ار مثل] غافل ہوا اور دھوکا کھایا۔

سویا سو کھویا، جاگا سو پایا: [ار مثل] غافل رہنے والا نقصان اٹھاتا ہے اور ہوشیار رہنے والا نفع اٹھاتا ہے۔

سَوَیّا: [ھ امذ] ۱۔ سوا کا پہاڑا ۲۔ سوا سیر کا باٹ۔

سَوَیّاں: [ار امث] ایک قسم کی خوراک جو میدے کے آٹے یا رَوے کو گوندھ کر تار کی صورت میں بناتے یا نکال لیتے ہیں۔

سَوَیّاں جھیلنا: [ار محاورہ] سویّوں کو سوکھنے کے لئے پھیلانا۔

سویپ: [انگ۔ امذ] (SOWEEP) تاش کا ایک کھیل۔

سُوویٹ: [روسی امذ] (SOVIET) پنچایت۔ کونسل۔ مجلس۔

سویٹر: [انگ امذ] sweater موٹا اونی بنیان۔

سُوَیدا: [ع امذ] وہ سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے۔

سَویر: [ار۔ امث] اول۔ اول وقت۔ پہلے۔ دیر کی ضد۔

سَویرا: [ار امذ] صبح دم۔ نور کا تڑکا۔ اول وقت۔

سویمبر : [ھ امذ] ہندوؤں کی ایک قدیم رسم جس میں لڑکی اپنے شوہر کا خود انتخاب کرتی تھی۔
سویمبر رچانا : [ھ محاورہ] دیکھئے "سویمبر رچنا" جس کا یہ متعدی ہے
سویمبر رچنا : [ھ محاورہ] شوہر کے انتخاب کی مجلس منعقد ہونا۔
سویمبرا : [ھ امث] اپنا خاوند آپ چننے والی لڑکی۔

س ـــ ہ

سہ : [ف اسم عدد] تین ۔ ۳
سہ آتشی : [ف ا صف] (اصطلاح کیمیا) لوہے سے فولاد تیار کرنے کا سہ بارہ عمل
سہ برگہ : [ف امذ] ایک قسم کا پھول جس کی تین پتیاں ہوں۔ ٹوپیوں پہ بنائی ہوئی پتی۔
سہ بندی : [ف امث] سہ ماہی قسط یا تنخواہ۔
سہ پہر : [ف امث] تیسرے پہر کا وقت۔ دوپہر کے بعد کا وقت۔
سہ پہری : [ف امث] دیکھئے "سہ پہر"
سہ پہل / سہ پہلو : [ف صف] تین پہلو کا ۲۔ ایک قسم کا تیر۔
سہ چند : [ف صف] تگنا تین گنا۔
سہ حرفی : [ف ع صف] تین حرف کا۔ وہ کلمہ جس میں تین حرف ہوں۔
سہ حدہ : [ف ع امذ] وہ مقام جہاں تین حدود ملتی ہوں۔ وہ پتھر یا ستون جو اس مقام پر نصب ہو۔
سہ درہ : [ف امذ] تین دروازوں کا چھوٹا کمرا۔
سہ سالہ : [ف صف] تین سال کا۔
سہ شنبہ : [ف امذ] منگل کا دن۔
سہ فصلہ : [ف صف] سال میں تین بار پھل دینے والا درخت۔
سہ کرر : [ف متعلق فعل] تیسری بار۔ تیسری مرتبہ۔ (غلط لفظ ہے)
سہ گانہ : [ف صف] تیسرا۔ تین سے نسبت رکھنے والا (۲) مذ۔ تین پیالے شراب کے جو صبح پیتے ہیں۔
سہ گوشہ : [ف صف] تین کونے کا۔
سہ ماہی : [ف صف] تین مہینے کا عرصہ۔ تیسرے مہینہ کا۔
سہ منزلہ : [ف ع صف] اوپر نیچے تین درجوں کا مکان۔
سُہا : [ع امذ] بنات النعش کا ایک چھوٹا سا ستارا۔
سُہانا : [ا صف] مرغوب۔ دل پسند۔ پیارا ۲۔ کنکنا۔ نیم گرم۔
سُہانی : [ا امث] دیکھئے "سہانا" جس کی تانیث ہے۔
سَہار : [ا امث] برداشت۔ تحمل۔
سَہارا : [ا امذ] مدد۔ بھروسا۔ وسیلہ ۲۔ امید۔ توقع ۳۔ توانائی۔ قوت ۴۔ ٹیک۔ آڑ واڑ۔
سہارا پانا : [ا محاورہ] تقویت پانا۔ مدد پانا۔
سہارا تکنا : [ا محاورہ] آسرا ڈھونڈنا۔ مدد چاہنا۔
سہارا ٹوٹنا : [ا محاورہ] آس ٹوٹنا۔
سہارا دینا : [ا محاورہ] ۱۔ مدد دینا۔ تقویت دینا ۲۔ امیدوار کرنا ۳۔ ٹیک لگانا۔ تھامنا۔
سہارا ڈھونڈنا : [ا محاورہ] وسیلہ تلاش کرنا۔ آسرا تکنا۔ مدد ڈھونڈنا۔
سہارا کرنا : [ا محاورہ] وسیلہ کرنا۔ ذریعہ کرنا ۲۔ کنایۃً نوکر رکھنا ۳۔ گزر اوقات کا اطمینان کرلینا۔
سہارا لگانا : [ا محاورہ] سہارا دینا۔

سہارا لینا : [ا محاورہ] پناہ لینا۔
سہارا ہوجانا / ہونا : [ا محاورہ] تقویت ہوجانا۔
سہارنا : [ا مص] برداشت کرنا۔ تحمل کرنا۔ سہنا ۲۔ تھامنا۔ روکنا۔ سنبھالنا۔
سُہاگ : [ہ امذ] ۱۔ خوشحالی۔ خوش نصیبی۔ خوش قسمتی ۲۔ عورت کے لیے خاوند کی زندگی کا زمانہ ۳۔ ایک خاص گیت جو شادی میں دولہا والوں کی طرف سے دلہن کے شگون میں گایا جاتا ہے ۴۔ سامان آرائش ۵۔ ایک عطر کا نام ۶۔ پیار۔ اخلاص۔ محبت۔
سہاگ اتارنا : [ا محاورہ] عورت کا رانڈ / بیوہ ہوجانے پر زیورات دیگر سامان آرائش اتار دینا۔
سہاگ اترنا : [ا محاورہ] دیکھئے "سہاگ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سہاگ بٹا : [ا امذ] ایک دوا جو زچہ کو بخار میں دی جاتی ہے۔
سہاگ بنا رہے : [ا کلمہ دعا] شوہر زندہ رہے۔
سہاگ بھاگ : [ہ امذ] شوہر کا پیار۔ خاطر و مدارات۔
سہاگ بھاگ ارزانی، چولہے آگ نہ گھڑے پانی : [ا مثل] خاطرداری بہت، لینا دینا کچھ نہیں۔
سہاگ بھری : [ا صف مؤنث] عورت جو خوش و خرم یا خاوند کی پیاری ہو۔
سہاگ پٹارا : [ا امذ] ایک بڑا صندوقچہ جو شادی کے موقعہ پہ دولہا، دلہن کو بھیجتا ہے جس میں سنگار کی چیزیں اور زیورات ہوتے ہیں۔
سہاگ پٹاری : [ا امث] دیکھئے "سہاگ پٹارا" جس کی تانیث ہے۔
سہاگ پڑا : [ا امذ] خوشبو وغیرہ کا وہ پڑا جو ساچق یا بری کے ساتھ ہوتا ہے جو آج کل بازار سے بنا بنایا خریدا جاتا ہے۔
سہاگ چھننا : [ا محاورہ] بیوہ ہوجانا
سہاگ رات : [ھ امث] شب زفاف۔ دولہا دلہن کے اکٹھے ہونے کی پہلی رات
سہاگ سیج : [ھ امث] جہیز کا پلنگ جس پہ دولہا دلہن سوتے ہیں
سہاگ کرنا : [ا محاورہ] ۱۔ وہ محبت کرنا جو جورو اور خاوند میں ہوتی ہے ۲۔ شوخی کرنا معشوق کا۔
سہاگ گھوڑی : [ھ امث] شادی کے گیت جو دولہا کے گھر میں گائے جاتے ہیں۔
سہاگ گہرا ہونا : [ا محاورہ] میاں بیوی میں بہت محبت ہونا۔
سہاگ لہر : [ھ امث] خوشگوار ہوا۔ صبح کی ہوا۔ باد شرط۔
سُہاگا : [ھ امذ] ایک قسم کا پہاڑی کھار جس سے سونا چاندی گلایا جاتا ہے اور دواؤں میں بھی کام آتا ہے ۲۔ زمین ہموار کرنے کا پٹڑا جو آلات کشاورزی میں ایک اہم امتیاز ہے۔
سُہاگن : [ھ امث] ۱۔ وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو ۲۔ خوش نصیب۔
سہاگن کا پوت پچھواڑے کھیلتا / کھیلے ہے : [ا مثل] سہاگن عورت کا بیٹا مر جائے تو اسے اور بیٹا پیدا ہوجانے کی امید ہوتی ہے۔ گویا مرا نہیں بلکہ پچھواڑے کھیل رہا ہے اس موقع پہ کہتے ہیں کہ جب کسی ایسے شخص کا نقصان ہو جس کی آمدنی بہت ہو اور وہ بآسانی نقصان پورا کر سکتا ہو۔
سہاگن کڑھی : [ھ امث] وہ کڑاھی جس میں پھلکیاں وغیرہ ڈالی گئی ہوں۔
سُہال : [ھ امذ] ایک قسم کی خستہ اور تلی ہوئی روغنی روٹی۔
سُہالک : [ھ امث] ۱۔ شادی کا دن۔ مبارک دن۔ اچھی لگن ۲۔ ہندوؤں میں شادی بیاہ کا زمانہ۔
سُہالی : [ھ امث] ۱۔ پوری کچوری۔ پراٹھا۔ میٹھی تلی ہوئی کچوری ۲۔ سسرال کی گالیاں۔
سہام : [ع امذ] دیکھئے "سہم" جس کی یہ جمع ہے۔

سُہانا : [ہ صف] خوش گوار۔ من بھاتا۔ خوش پسند۔ مرغوب۔ دل پسند۔ موزوں۔ مناسب۔ معقول ۲۔ (مص) بھانا۔ پسند آنا۔ پیارا لگنا۔ نیم گرم ہونا۔
سُہانی : [ہ امث] دیکھئے "سہانا" جسکی یہ تانیث ہے ۲۔ خوبصورت حسین عورت۔
سَہاوَل : [ہ امث] دیکھئے "ساہل"
سُہاوَن : [ہ صف] دیکھئے "سُہانا"
سُہاوَنی : [ہ امث] دیکھئے "سہانی"
سَہائی : [ہ امث] ساتھی۔ حامی۔ مددگار۔ معاون۔ مربی۔ سرپرست۔ پیرو۔ چیلا۔
سَہائے [ہ امذ] مدد۔ سہارا۔ حمایت۔ دوستی۔ اُنس۔ محبت۔
سَہائتا : [ہ امث] دیکھئے "سُہائے"
سَہتا سَہتا : [ا رصف] سہارنے کے لائق۔ قابل برداشت۔ نیم گرم
سَہتی سَہتی : [ا رصف مؤنث] دیکھئے "سہتا سہتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سَہج : [ہ صف] آسان۔ سہل۔ آہستہ۔
سَہج پکے سو میٹھا ہو : [ا رمثل] آہستہ اور اطمینان کا کام بہتر ہوتا ہے۔
سَہج سا : [ہ صف] آسان۔
سَہج سَہج / سَہج سے : [ا رمتعلق فعل] آسانی سے سہولت سے ۲۔ آہستہ آہستہ ۳۔ دبی زبان سے۔ آہستہ سے۔
سَہج میں : [ا رمتعلق فعل] نرمی سے۔ آسانی سے۔
سہنجنا : [ہ امذ] ایک درخت جسکی پھلی سے اچار بنتا ہے۔ پھول سالن کے کام آتے ہیں مصفی خون ہے اور دوا میں بھی
سُہَر / سُہْر : [ع امذ] بیداری۔ بے خوابی۔ ایک مرض جس میں نیند نہیں آتی۔ جاگنے کی بیماری۔
سہرا : [ہ امذ] پھولوں / موتیوں / یا سونے کی لڑیاں جو دولہا کے ماتھے پر باندھتے ہیں ۲۔ گانا جو سہرا باندھنے کے وقت گایا جاتا ہے ۳۔ وہ نظم جو شاعر اس موقع پر پڑھتے ہیں ۴۔ وہ پھولوں کے ہار جو مزار کے طاقچوں پر رکھے جائیں۔
سہرا باندھنا : [ا رمحاورہ] سر پر سہرا رکھنا۔ دولہا بننا۔
سہرا بندھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "سہرا باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سہرا بنانا : [ا رمحاورہ] پھول گوندھ کر سہرا تیار کرنا۔
سہرا بندھائی : [ا رامث] سہرا باندھنے کا نیگ / لاگ جو بہنوئی کو ملتا ہے۔
سہرا بندی [ہ ف۔ امث] سہرا باندھنے کا عمل۔ سہرا باندھنے کی رسم۔
سہرا بننا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "سہرا بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سہرا چڑھانا : [ا رمحاورہ] لوح مزار پر سہرا لٹکانا۔
سہرا چڑھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "سہرا چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سہرا دکھانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "سہرا دیکھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
سہرا دیکھنا : [ا رمحاورہ] شادی دیکھنے کا موقع نصیب ہونا۔ بیاہ دیکھنا۔ بیاہ رچانا۔
سہرا سر ہونا : [ا رمحاورہ] کسی کام کی تکمیل کا ذمہ دار ہونا۔ کام کا دار و مدار ہونا۔
سہرا گانا : [ا رمحاورہ] سہرا نظم کا گا کر پڑھا جانا۔
سہرا گوندھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "سہرا بنانا"
سہرا گندھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "سہرا بننا"
سہرا لکھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "سہرا لکھوانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سہرا لکھوانا : [ا رمحاورہ] کسی شاعر سے سہرے کی نظم تصنیف کرانا۔
سِہرانا : [ہ مص] کسی مقدس چیز کو دریا میں بہانا۔
سُہرَوَردی : [ف صف] فقراء کا وہ گروہ / اہل طریقت کا وہ سلسلہ جو شیخ شہاب الدین سہروردی سے منسوب ہے
سہری : [ہ امث] ایک قسم کی مچھلی۔
سہرے : [ہ امذ] دیکھئے "سہرا" جسکی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
سہرے جلوے کی : [ہ صف] بیاہتا بیوی۔
سہرے کی لڑی لوٹنا : [ا رمحاورہ] فال بد ہونا۔ ایسا ہونے کو بہت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
سہرے کے پھول کھلنا : [ا رمحاورہ] بیاہ کا وقت آنا۔
سَہْل : [ع صف] آسان۔ ہلکا۔ سادہ (افعال : کرنا۔ ہونا)
سَہْلُ الحُصُول : [ع صف] آسانی سے حاصل ہونے والا۔
سَہْلُ الوُصُول : [ع صف] آسانی سے وصول ہونے / ملنے والا
سَہْلُ الہَضْم : [ع صف] آسانی سے ہضم ہونے والی غذا۔
سَہْل انگار : [عف صف] آسانی پسند۔ کاہل۔ سست۔
سَہْل انگاری : [عف امث] دیکھئے "سہل انگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَہْل پسند : [عف صف] راحت طلب۔ آسانی پسند۔ سست۔ کاہل۔
سَہْل پسندی : [عف امث] دیکھئے "سہل پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَہْل گو : [عف صف] آسان کہنے / یا شعر لکھنے والا۔
سَہْل گوئی : [عف امث] دیکھئے "سہل گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَہْل مُمتَنِع : [ع صف] کسی شعر / کلام وغیرہ کا اتنا آسان ہونا کہ اس سے آسان کہنا ممکن ہی نہ ہو۔
سَہلانا : [ہ مص لازم] آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا۔ گدگدانا ۲۔ خوشامد کرنا ۳۔ پچکارنا۔ تھپکنا۔
سَہلاوَن / سَہلاہَٹ : [ہ امث] آہستہ سے ملنا۔ گدگدانا۔ پیار کرنا۔
سَہْم : [ع امذ] ۱۔ تیر ۲۔ حصہ۔ بخرہ ۳۔ مکان کا شہتیر ۴۔ ایک صورت کو کبہ ۵۔ دائرے کا ٹکڑا۔ قطع دائرہ ۶۔ ایک ناپ ۷۔ تیروں سے جوا کھیلنے میں جیتنا۔
سَہْم : [ف امذ] خوف۔ بیم۔ باک۔ ترس۔
سَہما : [ا رصف] ڈرا ہوا۔ خوفزدہ ۲۔ چپ۔ خاموش۔
سَہمگین : [ف صف] ڈراؤنا۔ خوفناک ۲۔ ڈرا ہوا۔ خوفزدہ۔
سَہمنا : [ا رمص جبل] ڈرنا۔ خوف کھانا
سَہمناک : [ف صف] سہمگین۔
سَہمناکی : [ف امث] دیکھئے "سہمناک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سَہنا : [ا رمص] برداشت کرنا۔ سہارنا۔ جھیلنا۔ صبر کرنا ۲۔ (امذ) ایک قسم کی تلوار جو تلوار چلانے کی مشق کرنے کے کام آتی ہے۔
سَہو : [ع امذ] بھول چوک۔ فراموشی۔ غفلت۔ خطا۔ غلطی۔ لغزش (افعال : کرنا۔ ہونا)
سَہوِ طباعت : [ع امذ] چھپائی کی غلطی۔
سَہوِ قلم : [ف امذ] قلم سے کچھ کا کچھ لکھا جانا۔
سَہوِ کتابت : [ع امذ] لکھنے کی غلطی۔ تحریر کی غلطی۔
سَہواً : [ع متعلق فعل] بھول سے۔ غلطی سے۔
سُہولت : [ع امث] آسانی۔ نرمی۔
سَہی : [ف صف] سیدھا۔ راست (عموماً سرو کے لئے استعمال ہوتا ہے)
سَہی : [ا رمتعلق فعل] ۱۔ صحیح۔ درست۔ ہاں۔ منظور ۲۔ مانا۔ فرض کیا ۳۔ تسلیم کر لو۔ مان لو غنیمت ہے ۴۔ ہرچہ بادا باد۔ کچھ ہی ہو ۵۔ سلسلہ قائم رکھنے کے لئے ۶۔ تاکید، شرط تسلی اور بے پروائی وغیرہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

سہی نہیں: [ا/محاورہ] ۱۔ شرط نہیں ۲۔ سند نہیں۔
سُہَیل: [ع امذ] ایک ستارہ۔
سَہیلا: [ھ امذ] ایک قسم کا گیت۔
سَہیلا: [ھ صف] آسان۔ سہل۔ ممکن۔
سَہیلی: [ھ۔ امث] ۱۔ ساتھ رہنے یا کھیلنے والی عورت۔ سکھی۔ مصاحب عورت۔ ہمجولی ۲۔ خواص۔ ساتھ رہنے والی ملازم عورت۔
سَہیم: [ف صف] شریک۔ حصہ دار۔
سہیوگ: [ہ۔ امذ] ۱۔ تعاون ۲۔ مساوات۔

س ــــ ی

سی: [ف اعدد] تیس (۳۰)
سی پارہ: [ف امذ] قرآن مجید کا تیسواں حصّہ۔
سی: [ا/امث] وہ آواز جو چٹکی لینے/کسی چیز کے کاٹ کھانے/مرچ وغیرہ کی جلن سے
سی آئی اے [انگ امذ] (C.I.A.) پولیس کا تفتیش جرائم کا شعبہ۔
سی آئی ڈی [انگ امذ] (C.I.D) پولیس کا خفیہ سراغرسانی کا شعبہ۔
انسان کے منہ سے نکل جاتی ہے (۲) حرف تشبیہ "سا" کی تانیث۔
سی سی کرنا: [ا/محاورہ] مرچوں کی تیزی یا تکلیف کے باعث سی سی کی آواز منہ سے نکالنا۔
سی لینا: [ا/محاورہ] دیکھئے "سینا" جس کی یہ تکمیل ہے۔
سے: [ا/حرف ربط] ۱۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ کو ۲۔ طرف۔ جانب ۳۔ [illegible] سبب۔ علّت ۴۔ حد ۵۔ کثرت۔ افراط ۶۔ علیحدگی۔ دُوری۔ جُدائی ۷۔ شمولیت ۸۔ استعمال ۹۔ تشبیہ ۱۰۔ حالت کے اظہار کے لئے آتا ہے۔
سے: [ہ۔ اعدد] سَو۔ سَیکڑہ
سَیّات: [ع امذ] دیکھئے "سَیّئَہ" جس کی یہ جمع ہے۔
سَیّاح: [ع امبالغہ] بہت سفر و سیاحت کرنے والا۔ مسافر۔ سیر کرنے والا۔
سِیاحَت: [ع امث] ۱۔ سفر۔ سَیر۔
سَیّاحی: [عف امث] دیکھئے "سیّاح" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سِیادَت: [ع امث] ۱۔ سرداری۔ بزرگی ۲۔ سلطنت حکومت ۳۔ حکومت کرنا۔
سَیّار: [ع ا۔ مبالغہ] پھرنے والا۔ بہت سیر کرنے والا۔ گھومنے والا۔ گردش کرنے والا۔
سِیار: [ہ۔ امذ] گیدڑ۔ شغال۔ ایک جانور جو لومڑی اور کتے سے مشابہ ہے۔
سیار سنگی: [ہ۔ امث] گیدڑ کی ہڈیوں کا ڈھانچا۔ جس کی ہڈی کے متعلق خیال ہے کہ جس کے پاس یہ ہو اس پر حربہ اثر نہیں کرتا۔
سیار کی لاٹھی: [ہ امث] املتاس۔
سیارن/سیارنی/سیاری: [ہ۔ امث] مادہ گیدڑ۔
سَیّارہ: [ع امذ] ثابت کی ضد۔ گردش کرنے والا ستارہ۔
سِیاسَت: [ع امث] ۱۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ انتظام۔ معاملات ملکی۔ حکومت سلطنت ۲۔ ملک کی حفاظت۔ گنہگاروں کو سزا ۳۔ رعب داب۔ دبدبہ ۴۔ سختی۔ قہر و غضب۔ ۵۔ خوف۔ دہشت ۶۔ دھمکی۔ مار پیٹ۔ گوشمالی۔ بازپرس (افعال کرنا۔ ہونا)
سیاست دان: [عف صف] سیاست کا ماہر۔
سیاست دانی: [عف امث] "سیاست دان" کا اسم کیفیت ہے۔
سیاست مُدُن: [ع امث] شہری انتظام۔

سیاسی: [ع صف] سیاست سے متعلق۔ ملکی انتظام سے متعلق۔
سیاسیہ: [ع امث] دیکھئے "سیاسی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
سیاسیات: علم سیاست (انگریزی politics کا ترجمہ)
سِیاق: [ع امذ] رواں کرنا۔ چلانا ۲۔ حساب۔ گنتی ۳۔ حساب کتاب رکھنا ۴۔ مضمون کا ربط۔ ضبط۔ طرز۔ ڈھنگ ۵۔ وہ ڈوری جو باز کے پیروں میں باندھتے ہیں۔
سیاقِ عبارت/کلام: [ع امذ] مضمون کا تسلسل۔ ربط تحریر۔
سیاق و سباق: [عف امذ] مضمون کا اپنے ماقبل سے ربط۔ تسلسل۔
سَیّال: [ع امبالغہ] بہت بہنے والا۔ رواں۔ رقیق۔ پتلا (۲۔ مذ) ہر وہ چیز جو جس برتن میں ڈالی جائے۔ اُسی کی شکل اختیار کرے۔ مائع۔
سیال: [ھ امذ] دیکھئے "سیار"
سیال/سیالا: [ھ امذ] سردی کا موسم۔ جاڑا۔ موسم سرما۔
سیام: [ھ صف] سیاہ۔ کالا۔ سیاہی مائل نیلا، سیاہی مائل گندمی ۲۔ کرشن جی کا لقب ۳۔ کوئل ۴۔ ایک راگنی۔
سَیانپ: [ھ امث] ہوشیاری۔ چالاکی۔ دانائی ۲۔ عیاری۔ مکاری ۳۔ پختگی۔
سَیانپ/سَیانپت: [ھ۔ امث] ۱۔ چترائی دانائی ۲۔ عیاری مکاری ۳۔ فریب دھوکا ۴۔ بخیلی کنجوسی
سَیّاں: [ھ صف] پیارا عاشق سائیں۔ مالک۔ آقا۔ خاوند۔ شوہر۔
سَیّاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا: [ا/مثل] دوست کے صاحب اختیار ہونے کی صورت میں کوئی خطرہ نہیں رہتا۔
سَیانا: [ھ صف] ۱۔ ہوشیار۔ چالاک ۲۔ عقلمند۔ دانا ۳۔ بالغ [illegible] کو پہنچا ہوا ۴۔ بھوت پریت اتارنے یا گنڈا تعویز کرنے والا عامل ۵۔ بخیل کنجوس۔
سَیانا کوّا: [ھ صف] بہت بڑا ہوشیار۔
سَیانا کوّا بِکھے/گوہ کھائے: [ا/مثل] بعض ہوشیار خراب حال ہوتے ہیں اور بھولے بھالے خوشحال عقلمند بعض وقت غلطی کرکے نقصان اٹھاتے ہیں اور بھولے بھالے عزت پاتے ہیں۔
سیانی: [ھ صف مؤنث] دیکھئے "سیانا" جس کی یہ تانیث ہے۔
سیانے: [ھ امذ] دیکھئے "سیانا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
سیانے کا گُوہ تین جگہ: [ا/مثل] جو شخص اپنے آپ کو بہت ہوشیار سمجھتا ہے وہ غلطیاں بھی بہت کرتا ہے۔
سیاوشاں: [ف امذ] ایک پودا جو دواؤں میں مستعمل ہے۔
سِیاہ: [ف صف] کالا۔ تاریک ۲۔ بدقسمت۔ بدبخت۔ منحوس ۳۔ زیادہ۔ بہت ۴۔ حبشی۔
سیاہ باطن: [ف صف] شوم۔ نحس۔ منحوس۔ بدباطن۔
سیاہ بخت: [ف صف] بدقسمت۔ بدنصیب۔
سیاہ بختی: [ف امث] دیکھئے "سیاہ بخت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ بہار: [ف صف] گہرا بادل۔
سیاہ پستان: [ف صف] وہ عورت جو جس بچے کو دودھ پلائے وہی مر جائے ۲۔ جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔
سیاہ پشت: [ف صف] ایک قسم کا کبوتر جس کی کمر سیاہ ہوتی ہے۔
سیاہ پوش: [ف صف] وہ جو سیاہ لباس پہنے۔
سیاہ پوشی: [ف امث] دیکھئے "سیاہ پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ تاب: [ف صف] وہ چیز جس کی سیاہی میں چمک ہو۔
سیاہ چشم: [ف صف] شکاری ۲۔ نامہربان۔

سیاہ چشمی: [ف امث] دیکھئے "سیاہ چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ خانہ: [ف امذ] تاریک گھر۔ تاریک مکان۔ خیمہ۔ قید خانہ۔ نامبارک مکان۔
سیاہ دانہ: [ف امذ] کالے تل ۲۔ کلونجی۔
سیاہ دُرُوں/دِل: [ف صف] بے مروت۔ بے وفا۔ سنگ دل۔ بے رحم۔
سیاہ دَست: [ف صف] کنجوس۔ بخیل۔
سیاہ دستی: [ف امث] دیکھئے "سیاہ دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ رُو: [ف صف] کالے منہ والا۔ بے عزت۔ رسوا۔ شرمندہ۔ بدنام۔
سیاہ روز/روزگار: [ف صف] بدنصیب۔ مصیبت زدہ۔
سیاہ روزی: [ف امث] دیکھئے "سیاہ روز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ رُوئی: [ف امث] دیکھئے "سیاہ رُو"
سیاہ زُبان: [ف صف] وہ شخص جسکی بددعا جلد اثر کرے۔ بدزُبان۔
سیاہ سفید کرنا: [ار محاورہ] مختارِ کل ہونا۔ جو چاہنا سو کرنا۔
سیاہ طالع: [فع صف] منحوس۔ بدقسمت۔
سیاہ طالعی: [فع امث] دیکھئے "سیاہ طالع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ فام: [ف صف] کالا کلوٹا۔
سیاہ فامی: [ف امث] دیکھئے "سیاہ فام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ کار: [ف صف] ا۔ بدکار۔ پاپی۔ فاسق ۲۔ گنہگار ۳۔ ظالم۔
سیاہ کاری: [ف امث] دیکھئے "سیاہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ کرنا: [ار محاورہ] ا۔ کالا کرنا ۲۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔
سیاہ گوش: [ف امذ] جنگلی بلا۔ چھوٹا جنگلی درندہ۔
سیاہ گلیم: [ف صف] بدقسمت۔ کنگال۔
سیاہ مست: [ف صف] بدمست۔ نشہ میں چُور۔
سیاہ مستی: [ف امث] دیکھئے "سیاہ مست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیاہ نامہ: [ف صف] گنہگار۔ فاسق۔
سیاہ و سفید: [ف امذ] ا۔ مشرق و مغرب ۲۔ رات دن ۳۔ رنگ روپ ۴۔ کفر و اسلام ۵۔ برائی بھلائی۔
سیاہ ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "سیاہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سیاہہ: [ف امذ] کچا کھاتہ۔ روزنامچہ جس میں نقدی یا اجناس تاریخ وار درج ہوں۔
سیاہہ آمدنی: [ف امذ] خزانے کا روزانہ حساب ۲۔ ہر روز کی آمدنی کا حساب۔
سیاہہی: [ف۔ھ۔ امث] وہ روزنامچہ جس میں روزمرہ کا خرچ اور آمدنی درج ہو۔
سیاہہ دکھانا: [ار محاورہ] فوج کی تعداد ظاہر کرنا۔ جائزہ دینا۔
سیاہہ کرنا: [ار محاورہ] کچھ کھاتے میں لکھنا۔ روزنامچے میں درج کرنا۔
سیاہہ موجُودات: [ف امذ] موجود اشیاء کا ریکارڈ یا رجسٹر۔
سیاہہ نویس: [ف صف] کھاتے میں درج کرنیوالا۔ روزنامچے میں اندراجات کرنے والا۔
سیاہہ ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "سیاہہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
سیاہی: [ف امث] ا۔ کالک ۲۔ روشنائی جس سے لکھا جاتا ہے ۳۔ تاریکی۔ اندھیرا ۴۔ کاجل ۵۔ دھبا۔ داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔
سیاہی چٹ/چوس: [ار امذ] جاذب کاغذ۔
سیاہی چڑھنا: [ار محاورہ] تاریکی کا اُفق پر نمودار ہونا۔ اندھیرا چھانا۔
سیاہی دَوڑنا: [ار محاورہ] سیاہی پھیل جانا۔ سیاہی چھا جانا۔
سیاہی دھو جانا: [ار محاورہ] سیاہی دُور ہو جانا ۲۔ کنایۃً بدنصیبی دُور ہونا۔

سیاہی ڈالنا: [ار محاورہ] دوات میں روشنائی ڈالنا۔
سیاہی رواں ہونا: [ار محاورہ] روشنائی کا ایسا رقیق ہونا کہ لکھنے میں قلم نہ رُکے۔
سیاہی سُوکھ: [ار امذ] دیکھئے "سیاہی چٹ"
سیاہی فالیز: [ار صف] نکما۔ بے کار۔
سیاہی کا دَبانا: [ار محاورہ] ڈراؤنا خواب دیکھنا۔
سیاہی لگانا/ملنا: [ار محاورہ] منہ کالا کرنا۔ بدنام کرنا۔
سیاہی لگنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سیاہی لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سیب: [ف امذ] ایک مشہور سُرخ و سفید شیریں پھل۔
سیپ: [ھ امث] ا۔ ایک قسم کی دریائی مخلوق جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں۔ صدف ۲۔ پرندوں کی ایک بیماری ۳۔ ایک قسم کا پتلی گٹھلی کا آم۔ وہ آم جو فصل میں سب سے پہلے ٹپکتا ہے۔
سیپی: [ار امث] دیکھئے "سیپ" ا۔
سیپی سا مُنہ نکل آنا: [ار محاورہ] چہرہ کا دُبلا پتلا ہو جانا۔ گال پچک جانا۔
سیت: [ھ امث] ا۔ وہ پسینہ جو انسان کی ہتھیلی اور کفِ پا سے نکلتا ہے ۲۔ جاڑا۔ سردی جاڑے کا موسم ۳۔ ٹھنڈ۔ خنکی ۴۔ اوس۔ شبنم ۵۔ چھاچھ۔ مٹھا ۶ (صف) ٹھنڈا۔ کاہل۔ سست۔
سیتا: [س امث] ا۔ راجا جنک کی بیٹی اور رام چندر کی بیوی ۲۔ ہل کی پھالی ۳۔ (صف) پاکدامن پارسا عورت۔
سیتا پتی: [ھ امذ] راجا رام چندر۔
سیتا پھل: [ار امذ] ایک خوش ذائقہ پھل۔ شریفہ۔
سیتا ستی: [ھ صف] ا۔ سیتا جیسی پاکدامن عورت ۲۔ نیک بیوی۔
سیتل: [ھ صف] ا۔ ٹھنڈا۔ سرد ۲۔ سُست۔ ڈھیلا ۳۔ خوش۔ خُشی ۴۔ ایک قسم کی گھاس جس کے بورے بنائے جاتے ہیں۔
سیتل پاٹی: [ھ امث] ایک قسم کی نرم چٹائی جو سیتل گھاس سے بنائی جاتی ہے۔
سیتل چیر: [ھ امث] ٹھنڈا کپڑا۔ ایک قسم کا کپڑا جو آگ سے محفوظ رہتا ہے۔
سیتل چینی: [ھ امث] کباب چینی۔ سرد چینی۔
سیتلا: [ھ امث] چیچک۔ ماتا۔
سیتلا کا کھاجا: [ھ امذ] کنایۃً شیر خوار بچے (جو سیتلا سے مر جاتے ہیں)
سیتلا کھایا/سیتلا مُنہ داغ: [ھ صف] جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔ چیچک رُو
سیٹ: [انگ امذ] set ا۔ ڈرامے وغیرہ کا منظر (منقش پردے اور دیگر لوازم) ۲۔ یکساں قسم کی چیزوں کا مجموعہ ۳۔ ٹینس وغیرہ کی ایک بازی ۴۔ (صف) قائم مستقل (اپنی جگہ) جما ہوا۔
سیٹ کرنا: [ار مص مرکب] اچھی طرح جما کر رکھنا۔ قائم کرنا۔ ٹھیک بٹھانا۔ اپنی جگہ جمانا۔ تیار کر لینا۔
سیٹ لگانا: [ار محاورہ] سٹیج کو ڈرامے کے منظر کے مطابق، پردوں اور دیگر لوازم سے آراستہ کرنا۔
سیٹ: [انگ امث] seat ا۔ نشست۔ مسند۔ تخت۔ کرسی۔ چوکی۔ گدی ۲۔ رکنیت۔ ممبری۔ خصوصاً اسمبلی کی ۳۔ پتلون کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں نیچے آتا ہے
سیٹلائٹ ٹاؤن: [انگ امث] وہ بستی جو کسی شہر کے ساتھ بسائی (۔۔) satellite town۔ اضافی بستی۔ ذیلی بستی۔
سیٹھ: [ھ۔ امذ] بڑا سوداگر ۲۔ ساہوکار۔ مہاجن ۳۔ لکھ پتی۔ دولت مند ۴۔ کوٹھی

کا مالک۔ کمپنی کا چیف ڈائرکیٹر ۵۔ ایک عزت کا خطاب جو بنئے بقالوں کے لئے بولا جاتا تھا۔ آج کل بڑے دولت مندوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

سیٹھ کیا جانے صابن کا بھاؤ : [ارشل] جس شخص کو کسی چیز سے تعلق نہ ہو وہ اس کی قدر کیا جانے۔

سیٹھا : [ہ صف] ۱۔ جس میں سے رس نکال لیا ہو ۲۔ پھیکا۔ بے مزہ۔ بے نمک مرچ ۳۔ کمزور۔ پتلا۔ بیمار ۴۔ بے رس۔ گودے کے بغیر۔

سیٹھاپن/سیٹھائی : [ہ امذ مث] پھیکاپن وغیرہ۔

سیٹھانی : [ہ امث] دیکھئے "سیٹھ" جس کی یہ تانیث ہے۔

سیٹھنی/سیٹھنی : [ہ امذ مث] سٹھنی۔ شادی کے فحش گیت اور گالیاں۔

سیٹھی : [ہ امث] دیکھئے "سیٹھا" جس کی یہ تانیث ہے

سیٹی : [ہ امث] ۱۔ منہ کی باریک آواز جو بعض دفعہ منہ میں دو انگلیاں رکھ کر بھی نکالی جاتی ہے ۲۔ پرندوں کی آواز ۳۔ ایک چھوٹا سا آلہ جسے منہ میں رکھ کر پھونک مار کر آواز نکالی جاتی ہے۔ (افعال: بجانا۔ بجنا۔ دینا۔ مارنا)

سیٹی بندھنا/گم ہونا/بھولنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "سٹی بھولنا"۔

سیج : [ہ۔امث] ۱۔ پلنگ۔ چارپائی ۲۔ بستر۔ بچھونا ۳۔ پھولوں کی چادر جو فرش خواب پر بچھاتے ہیں۔

سیج بچھانا : [ارمحاورہ] پلنگ درست کرکے بچھانا۔ بستر لگانا۔

سیج بچھنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "سیج بچھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سیج بند : [ہ امذ] وہ ڈوری جس سے پلنگ کے فرش کو چاروں پایوں پر کس کر باندھتے ہیں۔

سیج چڑھتے ہی رانڈ : [ارشل] شادی کے بعد جلد ہی بیوہ ہوگئی۔

سیج چڑھنا : [ارمحاورہ] مرد عورت کا ہم بستر ہونا۔

سیج سجانا/سنوارنا : [ارمحاورہ] سیج بچھانا۔ بستر تیار کرنا۔

سیج سجنا/سنورنا : [ارمحاورہ] سیج بچھنا۔

سیج سہاگ : [ار۔امذ] شادی کا پلنگ جس پر میاں بیوی پہلی رات سوئیں۔

سیج کاری : [ف امذ] پلنگ بنانے کا کام (ترکیب غلط ہے)

سیج کی مکھی بھی بری : [ارشل] سوتن چاہے کیسی ہی حقیر ہو پھر بھی بری ہے۔ خلوت میں کسی کا دخل خوش نہیں آتا۔

سیج گاڑی : [ارامث] پالکی گاڑی۔

سیج لگانا : [ارمحاورہ] سیج بچھانا۔

سیج لگنا : [ارمحاورہ] سیج بچھنا۔

سیجنا/سیجھنا : [ہ مص] ۱۔ اُبلنا۔ کھولنا ۲۔ پسینہ نکلنا۔ رسنا ۳۔ جاڑا لگنا ۴۔ پگھلنا۔ گھلنا ۵۔ قرض اُترنا ۶۔ روپے کا ملنا۔

سیخ : [ف امث] ۱۔ لوہے کی سلاخ جس پر کباب بھونتے ہیں ۲۔ وہ سلاخ جس کو فقیر اپنی گالوں اور گردنوں میں مارتے ہیں ۳۔ وہ آلہ جس سے پالان بھرتے ہیں ۴۔ وہ لکڑی کی سلاخ جس کو بوریوں کا منہ کس کر باندھنے میں استعمال کرتے ہیں۔

سیخ اُتارنا : [ارمحاورہ] کباب تیار ہو جانے پر آگ سے سیخ کا ہٹانا۔

سیخ اُترنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "سیخ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سیخ پا : [ف صف] پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا۔

سیخ پا ہونا : [ارمحاورہ] گھوڑے کا الف ہو جانا ۲۔ بہت ناراض ہونا۔

سیخ پر چڑھانا/لگانا : [ارمحاورہ] قیمے کو سیخ پر لپیٹنا ۲۔ سخت تکلیف دینا۔

سیخ پر چڑھنا/لگنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "سیخ پر چڑھانا/لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سیخ کا کباب : [ارامذ] ۱۔ وہ کباب جو قیمے کو لپیٹ کر سیخ پر تلتے ہیں۔ بے قرار۔ مضطرب۔

سیخچہ : [ف امذ] چھوٹی سلاخ یا سیخ۔

سیخیا کباب : [ارامذ] سیخ کا کباب۔ کباب جو سیخ پر پکایا جائے۔

سیّد : [ع امذ] ۱۔ سردار۔ امام۔ پیشوا ۲۔ حضرت علیؓ کی اولاد۔ حضرت فاطمہ سے۔ ان کا ایک فرد۔ (اُردو میں "سید" بفتحِ یائے تحتانی بولا جاتا ہے)

سیّد الانبیاء/البشر : [ع امذ] نبیوں/انسانوں کے سردار۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

سیّد السادات : [ع امذ] سرداروں کا سردار ۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ۳۔ سیدوں کا خطاب۔

سیّد الشہداء : [ع امذ] حضرت امام حسینؓ کا لقب ۲ حضرت حمزہؓ کا لقب۔ شہیدوں کا سردار۔

سیّد المرسلین/نبیین : [ع امذ] دیکھئے "سید الانبیاء"

سیّدزادہ : [فع امذ] سیّد کا بیٹا۔

سیّدزادی : [ارامث] سیّد کی بیٹی۔

سیّد کی گائے : [ارامث] وہ گائے جو سیّد سالار کے نام پر ذبح کرتے ہیں۔

سیّداں : [ع امذ] (جمع) حضرت امام حسنؓ و حسینؓ۔

سیّدانی/سیدانی : [ارامث] سید عورت۔ سیّد کی بیوی۔

سیّدہ : [ع امث] دیکھئے "سیّد" جس کی یہ تانیث ہے۔

سیّدۃ النساء : [ع امث] عورتوں کی سردار۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب۔

سیدھ : [ہ۔امث] راستی۔ استقامت ۲۔ سادگی۔ سادہ پن ۳۔ ٹھیک سامنے کی طرف ۴۔ نشانہ۔ شست۔

سیدھ باندھنا : [ارمحاورہ] نشانہ لگانا/لینا۔ شست باندھنا۔

سیدھ بندھنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "سیدھ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سیدھ میں : [ار متعلق فعل] بالکل سامنے۔ ایک خط پر۔

سیدھا : [ہ صف] ۱۔ راست۔ مستقیم ۲۔ سادہ۔ بھولا ۳۔ مناسب۔ صاف صاف ۴۔ ٹھیک۔ درست۔ باقاعدہ ۵۔ آسان۔ سہل ۶۔ موافق۔ مہربان ۷۔ مبارک۔ اچھا ۸۔ غریب مسکین ۹۔ دایاں۔ دہنا ۱۰۔ سامنے۔ مقابل ۱۱۔ کھڑا۔ استادہ ۱۲۔ جس میں بل نہ ہو ۱۳۔ دیانت دار۔ ایماندار۔ سچا ۱۴ (متعلق فعل) براہِ راست۔ بخط مستقیم ۱۵۔ (امذ) کچی خوراک۔ آٹا دال گھی وغیرہ جس کو کچی رسد بھی کہتے ہیں ۱۶۔ دانہ۔ چارہ ۱۷۔ مقررہ وظیفہ ۱۸۔ آٹا دال چاول۔ نقد وغیرہ جو عروس شوہر کے گھر جاتی ہوئی لے جاتی ہے۔ ۱۹۔ بغیر رُکے۔ براہِ راست

سیدھا آنا : [ارمحاورہ] براہِ راست آنا ۲۔ سامنے آنا ۳۔ مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔

سیدھا اُلٹا : [ہ۔صف] دیکھئے "الٹا سیدھا"۔

سیدھا بنانا : [ارمحاورہ] راست بنانا۔ ٹیڑھ نکالنا ۲۔ تربیت کرنا۔ راہ پر چلانا ۳۔ گوشمالی کرنا۔ سزا دینا۔

سیدھا بننا : [ارمحاورہ] ۱۔ دیکھئے "سیدھا بنانا" ۱۔۲ جس کا یہ لازم ہے ۲۔ جان بوجھ کر اپنے آپ کو ناواقف ظاہر کرنا۔

سیدھاپن : [ہ صف] راستی ۲۔ سادگی۔ بھولاپن۔

سیدھا تیر سا : [ہ صف] بالکل سیدھا۔

سیدھا تیرنا : [ارمحاورہ] پانی میں تیرتے وقت ٹھیک سامنے کی طرف جانا۔ چلتے ہوئے پانی میں تیر کر سامنے کی طرف جانا ۲۔ بہت بہادری دکھانا۔

سیدھا جانا : [ارمحاورہ] ناک کی سیدھ جانا۔ ٹھیک سامنے جانا۔

سیدھا جنت میں جانا: [ا ر محاورہ] یقینی بہشت میں جانا

سیدھا جواب: [ا ر - امذ] وہ جواب جو سادے الفاظ میں ہو اور دو ٹوک ہو۔

سیدھا جواب دینا: [ا ر محاورہ] ۱۔ بالکل انکار کر دینا ۲۔ ایسا جواب دینا جس میں کوئی پیچیدگی نہ ہو یا کسی شک و شبہ یا اُمید کی گنجائش نہ ہو۔

سیدھا چلنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ راہ راست پر چلنا ۲۔ گمراہ نہ ہونا ۳۔ شرارت نہ کرنا۔

سیدھا راستہ/رستہ: [ا ر امذ] ۱۔ آسان طریقہ ۲۔ سیدھی سڑک۔

سیدھا رہنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ موافق رہنا ۲۔ مہربان رہنا ۳۔ کسی کے ساتھ کسی قسم کا ہیر پھیر۔ دغا فریب یا منافقت نہ کرنا۔ صاف دل رہنا۔

سیدھا سا: [ا ر صف] ۱۔ غریب مسکین۔ بھولا بھالا۔ سادہ۔

سیدھا سادھا/سادہ: [ا ر صف] دیکھئے "سیدھا سا"

سیدھا سچا: [ا ر صف] ایماندار۔ راست گو۔

سیدھا کرنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ کجی دور کرنا ۲۔ ہموار کرنا ۳۔ راہ راست پر لانا ۴۔ گوشمالی کرنا ۵۔ مار کوٹ کر ٹھیک کرنا ۶۔ بندوق یا تیر کی شست لگانا۔

سیدھا گھر خدا کا: [ا ر مثل] ناکامی کی حالت میں جو خدا کو یاد کرے یا کسی کو تکلیف دے یا با اختیار کے پاس جائے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

سیدھا گھر کا رستہ لینا: [ا ر محاورہ] فوراً چلے جانا

سیدھی راہ لینا: [ا ر محاورہ] جلد جانا۔

سیدھا مسلمان: [ا ر صف] بھولا۔ بھالا۔

سیدھا ہاتھ: [ا ر امذ] داہنا ہاتھ۔

سیدھا ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سیدھا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سیدھی: [ا ر امث] دیکھئے "سیدھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

سیدھی آنکھ: [ا ر امث] ۱۔ داہنی آنکھ ۲۔ عنایت کی نظر۔

سیدھی آنکھ نہ بھانا: [ا ر محاورہ] سخت ناپسند ہونا۔

سیدھی آنکھوں: [ا ر متعلق فعل] ۱۔ سلوک سے۔ بغیر جھگڑے کے ۲۔ خوشی خوشی۔

سیدھی آنکھوں بات نہ کرنا: [ا ر محاورہ] بگڑ کر کلام کرنا۔

سیدھی الحمد بھی پڑھنی نہیں آتی: [ا ر مثل] مذہب کی معمولی باتوں سے بھی ناواقفیت ہے۔

سیدھی انگلیوں گھی نکالنا: [ا ر محاورہ] کسی کام کو آسان طریقہ سے بنا لینا۔ آسانی سے کوئی کام کر لینا۔

سیدھی انگلیوں گھی نکلے تو ٹیڑھی کیوں کیجئے: [ا ر مثل] اگر آسانی سے کام ہوتا ہو تو سختی کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا: [ا ر مثل] ملائمت اور نرمی سے کام نہیں نکلتا۔

سیدھی بات: [ا ر امث] ۱۔ بغیر لطفے کی بات ۲۔ آسان بات۔ سہل بات۔

سیدھی باتوں کا اُلٹا جواب: [ا ر امذ] نرمی کی باتوں کا ٹیڑھا جواب۔

سیدھی چال: [ا ر امث] نیک راہ۔ نیک طریق (افعال: چلنا)

سیدھی چھری: [ا ر امث] گوشت کاٹنے کی چھری۔ قصابوں کی اصطلاح۔

سیدھی راہ: [ا ر امث] ۱۔ راہ راست ۲۔ نیک طریق۔

سیدھی راہ چھوڑ کے ٹیڑھی راہ مت چلو: [ا ر مثل] راہ راست چھوڑ کر گمراہی کا رستہ اختیار نہیں کرنا چاہیئے۔

سیدھی راہ سے پھرنا: [ا ر محاورہ] گمراہ ہونا۔

سیدھی زبان سے بولنا: [ا ر محاورہ] نرمی سے گفتگو۔

سیدھی سادھی/سادی: [ا ر صف] ۱۔ بھولی بھالی۔ صاف دل ۲۔ صاف سلیس۔

سیدھی سادھی چال: [ا ر امث] سلامت روی کا طریقہ۔

سیدھی سادی عبارت: [ا ر امث] ایسی عبارت جس میں مشکل الفاظ نہ ہوں۔

سیدھی سنانا: [ا ر محاورہ] گالیاں دینا۔ ۲۔ مغلظ سنانا۔ بُرا بھلا کہنا۔ کھری کھری کہنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

سیدھی سی بات: [ا ر امث] معمولی سی بات۔ وہ بات جس میں کوئی پیچ نہ ہو۔

سیدھی سیدھی بات: [ا ر امث] وہ بولی جس میں پیچدار باتیں نہ ہوں۔ سادہ زبان۔

سیدھی سیف: [ا ر امث] ایک قسم کی سیدھی تلوار۔

سیدھی طرح: [ا ر متعلق فعل] ۱۔ نرمی سے۔ آہستگی سے ۲۔ شرافت سے۔ تہذیب سے ۳۔ بغیر چالاکی کے۔

سیدھی کہنا: [ا ر محاورہ] کھری کھری سنانا۔ صاف کہنا ۲۔ نرمی سے کہنا۔

سیدھی گالی: [ا ر امث] صاف گالی۔

سیدھی لکیر: [ا ر امث] خطِ مستقیم۔

سیدھی نظر/نگاہ: [ا ر امث] مہربانی۔ شفقت۔ نگاہِ لطف۔

سیدھے دن آنا: [ا ر محاورہ] دن پھرنا۔ اقبال کا زمانہ آنا۔

سیدھے دن ہونا: [ا ر محاورہ] اقبال کا زمانہ ہونا۔

سیدھے سادھے/سادے بننا: [ا ر محاورہ] بھولے بھالے بننا۔ اپنے آپ کو ایسا ظاہر کرنا کہ کچھ نہیں جانتا۔

سیدھے سبھاؤ: [ا ر متعلق فعل] قدرتی طور پر۔ ایمانداری سے۔ صاف طور پر۔

سیدھے منہ بات نہ کرنا: [ا ر محاورہ] بے رُخی سے کلام کرنا۔

سیدھے منہ سے پھوٹو: [ا ر محاورہ] اچھی طرح بولو۔

سیدھے ہاتھ/ہاتھوں کام کرنا: [ا ر محاورہ] خوشی سے کام کرنا۔

سیدی: [ف امذ] حبشی۔

سیر: [ع امث] ۱۔ چلنا۔ پھرنا۔ ہوا خوری کرنا۔ تفریح ۲۔ تماشا۔ کیفیت۔ نظارہ ۳۔ لطف۔ مزہ ۴۔ ہنسی۔ مذاق ۵۔ گردش۔ چکر ۶۔ سفر۔ سیاحت ۷۔ کتاب کا پڑھنا ۸۔ (صف) پھرنے والا

سیر باطن: [ف ع امث] باطن پر نظر ڈالنا۔

سیر بین: [ف صف] سیر دیکھنے والا منظر دیکھنے والا۔ نظارہ دیکھنے والا۔

سیر دکھانا/دکھلانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سیر دیکھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

سیر دیکھنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ تماشا دیکھنا۔ لطف حاصل کرنا ۲۔ مزہ چکھنا۔

سیر سپاٹا: [ا ر امذ] ہوا خوری کرنا۔

سیر کرنا: [ا ر محاورہ] کسی جگہ پھرنا۔ تماشا دیکھنا۔ کیفیت دیکھنا۔ لطف اٹھانا۔ کتاب پڑھنا۔

سیر کناں: [ع ف صف] سیر کرتے ہوئے۔

سیر گاہ: [ع ف امث] ۱۔ تماشا گاہ۔ پر فضا مقام۔ خوبصورت نظارہ ۲۔ وہ قندیل جس میں کاغذی گھوڑوں کا سایہ چلتا ہوا نظر آتا ہے۔ کنایۃً دُنیا۔

سیر و شکار: [ع ف امذ] پھرنا اور شکار کرنا۔

سیر ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "سیر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سیر و کیفیت: [ع ف امث] تفریح و تماشا۔ پھرنا اور حالت دیکھنا۔

سیرُ: [ف امذ] ۱۔ لہسن ۲۔ آبی پودینہ۔

سِیَر: [ع امث] دیکھئے "سیرت" جس کی یہ جمع ہے۔

سیر: [ہ۔ امث] وہ اراضی جو زمیندار خود کاشت کرے (افعال: کرنا)
سیر: [ف صف] رجا ہوا۔ بھرا ہوا۔ پُر۔ مطمئن۔ بیزار۔ متنفر۔
سیر آب / سیراب: [ف صف] پانی سے بھرا ہوا/ لبریز۔ سرسبز۔ شاداب (افعال: کرنا۔ ہونا)
سیر آبی: [ف امث] دیکھئے "سیراب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیر چشم: [ف صف] بے پروا۔ قانع۔ صابر۔ ۲۔ سخی۔ فیاض۔
سیر چشمی: [ف امث] دیکھئے "سیر چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیر حاصل: [ف صف] جس سے بہت فائدہ ہو (زمین) زرخیز ۲۔ مفصّل۔ تفصیلی۔
سیر را غم گرسنہ نہ باشد: [ف مثل] رجے ہوئے کو بھوکے کی کیا خبر/ کا کیا غم ۔۲۔ امیروں کو غریبوں کی تکلیف کی پروا نہیں ہوتی۔
سیر غزل: [ف امث] وہ غزل جس میں بہت شعر ہوں۔
سیر ہونا: [ا رمحاورہ] رجنا۔ پیٹ بھرنا۔ چھکنا ۲۔ آسودہ ہونا ۳۔ مستغنی ہونا۔ دل بھر جانا ۴۔ بیزار ہونا۔ متنفر ہونا۔
سیر: [ھ امذ] ۱۔ ایک وزن جو سولہ چھٹانک / ۸۰ تولے کا ہوتا ہے ۲۔ اس وزن کا باٹ۔
سیر بھر: [ھ امذ] پورا سیر۔ سیر کو سوا سیر موجود ہے: [ا رمثل] ایک سے ایک زبردست ہے۔
سیر کی ہانڈی جہاں سوا سیر پڑا اور وہ اُبلا / اُبلی: [ا رمثل] کم ظرف کو ذرا سا عروج ہو جائے تو وہ آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔
سیر میں پسیری کا دھوکا: [ا رمثل] تھوڑی رقم میں بڑا غبن
سیر میں پونی بھی نہیں (کتی ہے): [ا رمثل] ابھی تو کام کا بہت تھوڑا حصہ بھی نہیں ہوا ہے۔ بہت کم۔
سیرت: [ع امث] عادت خصلت۔ طریقہ ۲۔ خاصیت ۳۔ نیکی۔ اخلاق ۴۔ سوانح عمری ۵۔ طرز زندگی۔
سیرو / سیرو: [ھ امذ] چارپائی کی چوکھٹ کے سرہانے یا پائنتی کی لکڑی۔
سیڑھی: [ھ امث] زینہ۔ درجہ۔ پایہ۔ نیبری۔ پرکالا۔ (افعال: لگنا۔ لگانا۔ کھڑی کرنا)
سیڑھی سیڑھی چڑھنا: [ا رمحاورہ] درجہ بدرجہ ترقی کرنا۔
سیزدہ: [ف اعدد] تیرہ۔ دس اور تین کا مجموعہ۔
سیزن: [انگ امث] season موسم۔ کسی چیز یا کام کا خاص زمانہ۔
سیزن ٹکٹ: [انگ امذ] season ticket وہ ٹکٹ جو کسی کھیل تماشے یا تقریب کی پوری مدت کے لئے ہو۔
سیس: [ہ امذ] سر۔ کھوپڑی۔ ماتھا۔ پیشانی۔ سیس پھول: [ھ امذ] سر کے ایک زیور کا نام۔ ۲۔ کنایۃً خاوند۔ شوہر۔ سیس ناگ: [ھ امذ] سانپوں کا بادشاہ۔ بڑا سانپ۔
سیسا / سیسہ: [ھ امذ] ایک مفرد دھات جس سے بندوق کی گولیاں اور کھلونے وغیرہ بنتے ہیں۔ یہ بہت جلد پگھل جاتی ہے۔ سیسا پلانا: [ھ محاورہ] کسی چیز کو وزنی / مضبوط کر دینا۔
سیسر: [ہ امذ] کمان کا وہ تختہ جس میں تیر رکھ کر کھینچتے ہیں۔
سیشن: [انگ امذ] session اجلاس۔ جلسہ۔ بیٹھک۔ نشست۔ عدالت کا اجلاس پارلیمنٹ کی برخاستگی اور اسکے اجلاس کا درمیانی حصہ۔ سیف: [ع امذ] تلوار۔ شمشیر۔
سیف تو پٹ پڑی تھی مگر نیمچہ کاٹ کر گیا: [ا رمثل] جب کوئی بڑی ترکیب ناکام رہے اور چھوٹی ترکیب کام دے جائے تو کہتے ہیں۔ ۲۔ جب بڑے آدمی سے کوئی کام نہ ہو اور چھوٹا کر دے تو کہتے ہیں۔
سیف زبان: [ع ف صف] جسکی زبان میں اثر ہو۔ تیز زبان۔ جس کی دعا فوراً قبول ہو جاتی ہے۔
سیف زبانی: [ع ف امث] دیکھئے "سیف زبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
سیف: [انگ صف] safe محفوظ۔ مامون ۲۔ (مذ) تجوری۔ وہ آہنی صندوق جس میں روپیہ زیور وغیرہ قیمتی اشیاء رکھتے ہیں تاکہ محفوظ رہیں۔
سیفٹی: [انگ امث] safety حفاظت۔ سلامتی ۲۔ امن و امان
سیفٹی ایکٹ / آرڈی ننس: [انگ امذ] safety act ordinance قانون نظام عامہ۔ عام امن و نظم و نسق کا قانون۔ سیفٹی پن: [انگ امث] محفوظ پن ۲۔ وہ پن جو بم وغیرہ میں لگی ہوتی ہے تاکہ وہ چل نہ جائے ۳۔ بندوق وغیرہ کا ایک پرزہ جو اسی مطلب کیلئے کام آتا ہے تاکہ بغیر چلائے بندوق خود نہ چل جائے۔ سیفٹی ریزر: [انگ امذ] ایک قسم کا استرا جو ایک مشین میں لگا ہوتا ہے اور اس سے بدن کے زخمی ہونے کا خطرہ نہیں ہوتا۔
سیفٹی لیمپ: safety lamp ایک خاص قسم کا لیمپ جس کے گرد جالی لگی ہوتی ہے۔ یہ کان وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ گیس جو کوئلے کی کان سے نکلتی ہے اس لیمپ سے آگ نہیں لگتی۔ سیفٹی میچ: [انگ امث] safety match محفوظ دیا سلائی۔
سیفٹی والو: safety valve ایک والو جو انجنوں میں یا دوسری بھاپ سے چلنے والی مشینوں میں لگا ہوتا ہے کہ اگر بھاپ زیادہ ہو جائے تو اس کے ذریعہ زائد بھاپ نکل جائے اور انجن یا مشین بھاپ کے دباؤ کی وجہ سے پھٹنے سے بچ جائے۔
سیفہ: [ع امذ] جلد سازوں کا کاغذ کاٹنے کا اوزار۔ سیفی: [ع امث] وہ اسم جلالی جو کسی دشمن کی ہلاکت کیلئے پڑھا جاتا ہے ۲۔ ایک جلالی دعا ۳۔ تسبیح کرنا / پھیرنا) ۴۔ تلوار کی شکل کا سراب۔ بدشگونی۔
سیفی اُلٹ جانا / پڑنا: [ا رمحاورہ] سیفی پڑھنے والے کا اپنی ہی تباہی یا بربادی کا باعث ہونا۔
سینک: [ا رامث] (ق) نصیحت۔ سیک / سینک: [ا رامث] تپش۔ حدت ۲۔ کسی گرم چیز کی ٹکور (افعال: لینا۔ دینا) سیک پہنچنا: [ا رمحاورہ] گرمی پہنچنا۔ سیکتے / سینکتے پھرنا: [ا رمحاورہ] رفع تکلیف کے واسطے مدد گار ڈھونڈتے پھرنا۔ سیکا: [ھ امذ] قابل آبپاشی فصل / زراعت۔
سیکرٹری: [انگ امذ] secretary سرکاری یا کسی جماعت کا عہدہ دار جو اس کی طرف سے کاروبار انجام دے۔ معتمد۔
سیکرٹریٹ: [انگ امذ] secretariat سیکرٹری کا دفتر۔ کسی صوبہ کے عمال کا صدر مقام یا دفتر کی عمارت۔ سیکڑا: [ہ۔ امذ] ایک سو۔ صدر ۲۔ گنتی میں سو کی جگہ ۳۔ (صف) فیصدی۔ سیکڑوں سُنانا: [ا رمحاورہ] گالیاں دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔
سیکڑوں سُننا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "سیکڑوں سنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
سیکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا: [ا رمحاورہ] شرمندہ ہونا۔ کمال ندامت ہونا۔
سیکس: [انگ امذ] sex جنس۔ مذکر یا مؤنث ہونے کی حالت۔
سیکس اپیل: [انگ امذ] sexappeal وہ خواہش جس کا تعلق جنسی جذبہ سے ہو۔ جنسی کشش۔ سیکشن: [انگ امذ] section ۱۔ حصّہ۔ قطعہ۔ ٹکڑا ۲۔ شعبہ ۳۔ فوج کا دستہ۔ سیکمان: [ا رصف] (انگریزی sickman کا بگاڑ) بیمار۔ نحیف۔ کمزور۔ سیکنڈ: [انگ امذ] second ۱۔ لمحہ۔ منٹ کا ساٹھواں حصّہ۔ ثانیہ۔ لحظہ۔ پل ۲۔ (صف) دوسرا۔ دوسرے درجے کا۔
سیکنڈ ہینڈ: [انگ صف] second hand ۱۔ پرانا۔ استعمال شدہ۔ مستعمل ۲۔ گھڑی میں سیکنڈ / ثانیہ ظاہر کرنے والی سوئی۔
سیکیورٹی: [انگ امث] security ۱۔ حفاظت۔ سلامتی۔ بچاؤ ۲۔ ضمانت۔ کفالت ۳۔ ضامن۔ کفیل ۴۔ وثیقہ۔ ہنڈی۔
سیکیورٹی ایکٹ: [انگ امذ] security act ۱۔ قانون تحفظ۔ مملکت۔
سیکھ: [ہ امث] اصلاح مشورہ ۲۔ پند نصیحت ۳۔ سیکھنا کا امر ۴۔ تعلیم۔ تربیت۔ سبق (افعال: دینا۔ لینا۔ ماننا۔ سہانا) سیکھ اُسی کو / واکو دیجئے جاکو سیکھ سہائے۔ سیکھ نہ دیجئے باندراں جو بئے کا گھر جائے: [ا رمثل] نصیحت اسی کو کرنی چاہیئے

جس کو نصیحت اچھی معلوم ہو۔ بندر کو یا نہ ماننے والو/احمق کو نصیحت نہیں کرنی چاہیئے۔ بندر کو نصیحت کرنے پر اس نے اُلٹا بیٹے کا گھر اُجاڑ دیا تھا۔
سیکھا پڑھا: [ا/صف] تعلیم یافتہ۔ ہوشیار۔ چالاک۔ **سیکھا سکھایا**: [ا/صف] دیکھیے "سیکھا پڑھا"۔ **سیکھنے تر**: [ا/صف] طالب علم۔ سیکھنے والا۔ **سیکھنا**: [ا/مص] تعلیم حاصل کرنا۔ تجربہ حاصل کرنا۔ پڑھنا۔ کوئی کام جاننا۔ **سیکھی سکھائی**: [ا/صف مث] دیکھیے "سیکھا سکھایا" جس کی یہ تانیث ہے۔ **سَیل**: [ع امذ مث] پانی کا بہاؤ۔ طغیانی۔ پانی کی رَو۔
سَیل پیما: [ف امذ] پانی کا بہاؤ ناپنے کا آلہ floodmeter کا ترجمہ
سیل: [ا/امث] نمی۔ رطوبت ۲۔ شرم۔ حیا ۳۔ عادت۔ خصلت۔ مروت۔ لحاظ۔ طبیعت۔ خاصیت۔
سیل: [ھ امذ] چھوٹا نیزا۔ تیر ۲۔ ایک قسم کی مچھلی ۳۔ بچوں کی مونچھوں کے نئے نکلنے والے بال۔
سیل کا کونڈا: [ا/امذ] وہ نیاز جو لڑکوں کی مسیں بھیگنے کی خوشی میں دی جاتی ہے۔
سیل کا گولا: [ھ امذ] ایک قسم کا توپ میں چلنے والا گولا۔ **سیل**: [انگ امث] seal مُہر۔ چھاپ۔ ٹھپّا (افعال: کرنا۔ ہونا) **سیل**: [انگ امث] sale بکری۔ فروخت۔
سیلا: [ھ امذ] ریشمی چادر۔ سر سے باندھنے کا ریشمی عمامہ ۲۔ ایک قسم کا اُبلا ہوا چاول ۳۔ چھوٹا نیزا۔ برچھا۔ بھالا۔ **سیلاب / سیل آب**: [ف امذ] طغیانی۔ پانی کا ریلا۔ پانی کا بہاؤ۔
سیلاب آنا: [ا/محاورہ] طغیانی آنا۔ دریا کا چڑھاؤ پر ہونا ۲۔ مصیبت آنا۔
سیلابی: [ا/امث] سیلاب سے منسوب ۲۔ وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے سیراب ہوتی ہے ۳۔ نمی۔ تری۔ طغیانی۔ طوفان۔ **سیلان**: [ع امذ] کسی تپلی چیز کا بہنا۔ جاری ہونا۔
سیلان الرحم: [ع امذ] عورتوں کے رحم سے پانی آنے کی بیماری۔ **سیلانی**: [ھ صف] ۱۔ مارا مارا پھرنے والا ۲۔ سیاح ۳۔ سیر کا شوقین۔ **سیلانی جیوڑا**: [ھ امذ] ۱۔ جو ایک جگہ نہ ٹھہرے ۲۔ من موجی۔ جہاں گشت فقیر ۳۔ جو ایک جگہ نہ ٹھہرے ۴۔ گھوم پھر کر تماشا دیکھنے والا۔
سیلف گورنمنٹ: [انگ امذ] حکومت خود اختیاری۔ **سیلکھڑی**: [ھ امث] سنگ جراحت۔
سیلن: [ھ امث] نمی تری۔ **سیلنا**: [ھ مص] بھیگ جانا۔ نمی کا اثر قبول کرنا۔ گیلا ہو جانا۔
سیلون: [انگ امذ] saloon ۱۔ ہوٹل یا قہوہ خانہ کا بڑا کمرا ۲۔ جہاز کا سب سے بڑا کمرا ۳۔ ہوائی جہاز میں مسافروں کا کمرا۔ ۴۔ (امریکہ میں) شراب خانہ ۵۔ (یورپی ممالک میں) بڑا کمرا جو ملاقات کے لئے مخصوص ہو۔ دیوان خانہ۔ بیٹھک۔
سیلون کار: [انگ امث] saloon car ایسی ریل گاڑی جس کی بناوٹ ایک وسیع کمرے جیسی ہوتی ہے جو سفر میں بڑے افسروں یا وزیروں کیلئے مخصوص ہوتی ہے۔
سیلی: [ھ امث] ۱۔ جالی۔ جال ۲۔ پیٹ اور سینے پر بالوں کی سیدھی لکیر ۳۔ ریشم یا دھاگے کی سیاہ ڈوری جو اکثر جوگی اپنے گلے میں ڈالتے ہیں۔ **سیلی**: [ف امث] تھپڑ۔ چانٹا۔
سیم: [ھ امث] ۱۔ ایک قسم کی پھلی جسے بطور ترکاری پکاتے ہیں ۲۔ بدرنگی بدن کی جس سے کوڑھ ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے ۳۔ زمین کی ایک خرابی جو زیر زمین پانی کی سطح بلند ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔
سیم: [ف امذ مث] ۱۔ چاندی ۲۔ ساز کا تار ۳۔ ایک مچھلی ۴۔ اشارہ۔
سیم اندام / بر / تن / بدن / ذقن / ساق / غبغب: [ف صف] گورا چٹا حسین۔ خوبصورت ۲۔ کنایۃً معشوق۔ **سیم اندود**: [ف صف] چاندی چڑھا ہوا۔
سیما: [ھ امث] حد۔ سرحد۔ کنارہ۔ **سیما**: [ف امذ] ماتھا۔ پیشانی۔ چہرہ۔ منہ۔ چہرے یا بدن کا رنگ۔
سیماب: [ف امذ] پارا۔ ایک دھات ۲۔ کنایۃً بیقرار۔ مضطرب۔
سیمابی: [ف صف] پارے کے رنگ کا۔ (۲ مذ) ایک رنگ۔ کبوتروں کا سفید رنگ جس میں کسی قدر نیلاہٹ یا سبزی کی جھلک پیدا کرے۔ **سیمابیہ**: [ت امذ] دیکھیے "سیمابی" ۲۔
سیمپل: [انگ امذ] sample نمونہ۔
سیمیا: [ع امذ] ۱۔ ایک علم جس کے ذریعے اشیائے موہوم دکھائی جا سکتی ہیں اور روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کیا جا سکتا ہے ۲۔ جادو۔ سحر ۳۔ قدرتی خوبی ۴۔ دل یا بدن کی خوبی۔ ۵۔ نظم۔ غزل ۶۔ فصاحت۔ بلاغت۔ **سیمرغ**: [ف امذ] ایک بڑا خیالی پرندہ۔ جس کے متعلق مشہور ہے کہ تیس پرندوں کے مجموعے کے برابر قد رکھتا ہے۔
سیمل: [ھ امذ] ایک بڑا درخت جس سے ایک قسم کی روئی نکلتی ہے۔
سیمنٹ: [انگ امذ] cement پسا ہوا پتھر جس سے اینٹوں اور پتھروں کو جوڑتے ہیں۔ **سیمیں**: [ف صف] چاندی کا۔ چاندی سے منسوب۔
سیمینار: [انگ امذ] seminar مجلس مذاکرہ۔ مجلس مباحثہ۔
سین: [انگ امذ] scene نظارہ۔ منظر ۲۔ وہ پردہ جو تماشا گاہوں اور تھیٹروں میں ڈالا جاتا ہے۔ **سین**: [ھ امث] اشارہ۔ آنکھ مارنا (افعال: چلانا۔ مارنا۔ کرنا)
سینا: [ا/مص] سلائی کرنا۔ ٹانکا بھرنا۔ **سینا**: [ا/مص] پرندوں کا بچے نکالنے کیلئے انڈوں پر بیٹھنا۔
سینا: [ھ امث] فوج۔ لشکر۔ **سیناپتی**: [ھ امذ] فوج کا سالار۔ سپہ سالار۔
سینت: [ھ صف] ۱۔ بلاقیمت۔ مفت ۲۔ بے وجہ۔ **سینت رکھنا**: [ا/مص] سنبھال کر رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔ ملتوی رکھنا۔ **سینتالیس**: [ا/اعداد] چالیس اور سات کا مجموعہ (۴۷)
سینتنا: [ھ مصدر] سنبھالنا۔ حفاظت کرنا۔ **سینتیس**: [ا/اعداد] تیس اور سات کا مجموعہ (۳۷)
سینٹ: [انگ امذ] scent عطر۔ خوشبو۔ **سینٹر**: [انگ امذ] centre مرکز۔ دائرے کا وسطی نقطہ۔ **سینٹھا**: [ھ امذ] کچا نرکل۔ ایک قسم کی تیلی جس سے قلم بھی بناتے ہیں اور چقیں بھی۔
سینچنا: [ا/مص] آبپاشی کرنا۔ زراعت کو پانی دینا۔ **سیندنا**: [ا/مص] پانی نکالنا۔
سیندھا: [ا/امث ق] جنگلی کھجور۔ **سیندور**: [ھ امذ] سرخ رنگ ایک سفوف جو پارے کا مرکب ہوتا ہے۔ جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں۔ اس کے کھانے سے آدمی کی آواز بیٹھ جاتی ہے۔
سیندوریا: [ھ صف] سیندور کے رنگ کا۔ سُرخ ۲۔ ایک قسم کا آم۔ **سیندھ**: [ھ امث] نقب۔ وہ سوراخ جو مکان میں چوری کیلئے کیا جاتا ہے (افعال: لگانا۔ لگنا۔ مارنا وغیرہ)
سیندھ کٹ جانا: [ا/محاورہ] نقب زنی کے ذریعہ مال نکل جانا۔ **سیندھ مار**: [ھ امذ] نقب زن۔ **سیندھا**: [ھ امذ] پہاڑی نمک ۲۔ (لکھنؤ) ایک رنگ کا کبوتر۔
سیندھی: [ھ امذ] کھجور کے درخت کا رس جس کے پینے سے سرور/ہلکا سا نشہ ہو جاتا ہے۔
سینڈل: [انگ امذ] sandle ایک ...
سینڈوچ: [انگ امذ] sandwitch ... ڈبل روٹی کے دو ٹکڑے جن کے بیچ میں گوشت انڈا یا سبزی ترکاری رکھ دی گئی ہو (انگریزی سموسہ)
سینری: [انگ امث] scenery نظارہ۔ منظر ۲۔ ڈراما وغیرہ کے باتصویر پردے۔ **سینک**: [ھ امث] تیلی۔ خلال۔ تنور کا گز جس سے روٹیاں نکالتے ہیں۔ نیز دیکھیے "سینخ"
سینک ٹٹرپے نولا لہ جی کے ساتھ گئے اب تو دیکھو اور کھائے: [ا/مثل] اب پہلے سے بھی زیادہ کفایت شعاری کرنی ہو گی۔ **سینک سلائی**: [ا/صف] پتلا۔ دُبلا۔ کمزور۔
سینگ: [ا/امذ] وہ نوکدار ہڈی جو حیوانات کے سر میں پیدا ہوتی ہے۔ شاخ حیوان (افعال: بھونکنا۔ مارنا۔ لگنا) **سینگ سمانا**: [ا/محاورہ] آسرا ملنا۔ پناہ ملنا۔ سہارا ملنا ۲۔ گزر ہونا۔ موقعہ ہونا۔
سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا: [ا/محاورہ] بوڑھوں کا نوجوانوں کی سی وضع اختیار کرنا
سینگ مارنا: [ا/محاورہ] کسی جانور کا سینگ سے مارنا یا حملہ کرنا۔
سینگ نکالنا: [ا/محاورہ] کسی جانور کے سینگ نمایاں ہونا۔ کسی جانور کا جوان ہونا ۲۔ کنایۃً پاگل ہونا۔ **سینگ نکلنا**: [ا/محاورہ] پاگل ہونا ۲۔ جانوروں کا جوان ہونا۔
سینگڑا: [ھ امذ] بارود رکھنے کا سینگ ۲۔ سینگ کا باجا جو منہ سے بگل کی طرح بجایا جاتا ہے۔
سینگڑی: [ھ امث] ببول کی پھلی۔ کیکر کا پھل یا پھلی۔ **سینگنا**: [ا/مص] چوری کا مال شناخت کرنا۔ چوری کے مویشی پہچان لینا۔ **سینگی**: [ھ امث] سوراخ کیا ہوا سینگ۔ جو

رنج درد کے لئے انسان کے جسم پر لگاتے ہیں ۲۔ ایک قسم کی مچھلی۔

سینگی والی: [ہ امث] وہ کنجڑ عورت جو سینگیاں لگاتی ہے ۲۔ کنایتہً بدصورت عورت۔

سینگیاں توڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سینگیاں کھینچنا" ۲۔ متواتر بوسے لینا۔

سینگیاں کھینچنا/لگانا: [ار محاورہ] انسان کے جسم پر پچھنے لگا کر سینگی کے ذریعہ خون چوسنا۔

سینگیاں لگنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سینگیاں کھینچنا/لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

سینہ: [ف امذ] سامنے کے رخ پر گردن اور پیٹ کا درمیانی حصہ۔ صدر۔ چھاتی۔ حیوانات کا اگلا دھڑ جس کے ساتھ اگلی ٹانگیں لگی ہوتی ہیں۔

سینہ ابھار/تان/نکال کر چلنا: [ار محاورہ] اکڑ کر چلنا۔ تن کر چلنا۔ غرور سے چلنا۔

سینہ ابھارنا: [ار محاورہ] چھاتیوں کا ابھار مردوں کو دکھانا۔

سینہ افگار/فگار: [ف صف] زخمی سینے والا۔ کنایتہً رنجیدہ۔ عاشق۔

سینہ افگاری/فگاری: [ف امث] دیکھئے "سینہ افگار/فگار" کا اسم کیفیت۔

سینہ بسینہ: [ف متعلق فعل] ۱۔ وہ راز جو ایک خاندان میں بڑوں کی زبانی چھوٹوں کو منتقل ہو۔ ۲۔ مقابل میں۔

سینہ بند: [ف امذ] ۱۔ انگیا ۲۔ ایک پوستین جو چھاتی کو گرم رکھتی ہے ۳۔ گھوڑے کی پیٹی جو گھوڑے کی چھاتی پر کسی جاتی ہے ۴۔ وہ کپڑا جو بچوں کی چھاتی پر باندھ دیتے ہیں تاکہ رال ٹپکنے سے دوسرے کپڑے خراب نہ ہوں ۵۔ کفنی کے نیچے کا وہ کپڑا جو عورت کے سینہ پر باندھا جاتا ہے۔

سینہ پھٹنا: [ار محاورہ] بہت بڑا صدمہ گزرنا۔ برداشت نہ کر سکنا۔

سینہ پیٹنا: [ار محاورہ] چھاتی کوٹنا۔ ماتم کرنا۔

سینہ جلنا: [ار محاورہ] دل پر صدمہ ہونا۔ غم ہونا۔

سینہ چاک: [ف صف] ۱۔ زخمی سینے والا ۲۔ کنایتہً غمگین۔

سینہ چاک ہونا: [ار محاورہ] رنج ہونا۔ صدمہ ہونا۔ غم ہونا۔

سینہ چاکی: [ف امث] دیکھئے "سینہ چاک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سینہ ریش: [ف صف] سینے پر زخم ڈالنے والا۔

سینہ زن/کوب: [ف صف] ماتم کرنے والا۔ سینہ پیٹنے والا۔

سینہ زنی/کوبی: [ف امث] دیکھئے "سینہ زن/کوب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سینہ زور: [ف صف] سرکش۔ مغرور۔ زبردست۔

سینہ زوری: [ف امث] دیکھئے "سینہ زور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سینہ سپر: [ف صف] ۱۔ معرکہ میں ڈٹا رہنے والا۔ سامنے ہو کر جنگ کرنے والا ۲۔ آڑے آنے والا۔

سینہ سپر کرنا: [ار مص مرکب] لڑائی میں ڈٹ کر مقابلہ کرنا۔ سامنے ہو کر لڑنا۔

سینہ سپر ہونا: [ار مص مرکب] مقابل ہو کر بلا کا نشانہ بننا۔ آفات جھیلنا۔

سینہ سوختہ/سوز: [ف صف] رنجیدہ۔ کبیدہ۔

سینہ سوزی: [ف امث] رنج۔ غم۔

سینہ سیاہ: [ف صف] بدباطن

سینہ شق رہنا: [ار محاورہ] صدمہ رہنا۔

سینہ شق کرنا: [ار محاورہ] سخت صدمہ پہنچانا۔

سینہ شق ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "سینہ شق کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

سینہ صندوقی: [ف ع صف] ابھرے یا چوڑے چکلے سینے والا۔ **سینہ صاف**: [ف ع صف] صاف دل مخلص

سینہ کاوی: [ف امث] سخت کوشش۔ مشقت۔

سینہ کباب: [ف صف] دیکھئے "سینہ چاک"

سینہ کوٹنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سینہ پیٹنا"

سینہ کھول کر تلوار کے پاس جانا: [ار محاورہ] بہت دلیر ہونا۔

سینہ کھول دینا/کھولنا: [ار محاورہ] سینہ کے حجابات دور کرنا۔

سینے پر پتھر رکھنا: [ار محاورہ] صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔ برداشت کرنا۔

سینے پر سانپ لوٹنا: [ار محاورہ] رنج ہونا۔ صدمہ ہونا۔

سینے پر سل دھرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "سینے پر پتھر رکھنا"۔

سینے پر گل کھانا: [ار محاورہ] معشوق کے چھلے کو گرم کر کے سینہ پر داغ لگانا

سینے پر ہاتھ دھرنا/رکھنا: [ار محاورہ] دل کو تسلی دینا۔ برداشت کرنا۔

سینے سے لگانا: [ار محاورہ] چھاتی سے لپٹانا۔ پیار کرنا۔

سینے کا ابھار: [ار امذ] عورت کی چھاتیوں کی نمود۔

سینے میں آگ لگنا: [ار محاورہ] جلن ہونا۔ صدمہ ہونا۔

سینے میں پر کھانا: [ار محاورہ] رشک کرنا۔ حسد کرنا۔

سینے میں پنچھے لگنا: [ار محاورہ] بے چینی ہونا اضطراب ہونا۔

سینے میں سانس نہ سمانا: [ار محاورہ] ہانپنا۔ دم اکھڑنا۔

سینے میں کلّی مارنا: [ار محاورہ] صدمہ پہنچانا۔

سینی: [ف امث] دھات کا بنا ہوا خوان یا کشتی۔

سینیارٹی: [انگ امذ] seniority افضلیت۔ فوقیت۔ تقدم ۲۔ پرانا ہونے کی خصوصیت۔

سینیٹ: [انگ امث] senate۔ مجالس وضع قوانین کا دوسرا یا اعلیٰ ایوان ۲۔ مجلس قانون ساز۔

سینیٹر: [انگ امذ] senator سینیٹ کا ممبر۔ مقنن۔ واضع قانون۔

سینیئر: [انگ صف] senior برتر۔ بڑا۔ عمر، عہدے، یا رتبے میں بڑا۔

سیوا: [ہ امث] خدمت۔ ٹہل ۲۔ ملازمت نوکری (افعال: کرنا۔ ہونا)

سیوار: [ہ امث] ایک قسم کی گھاس جس سے شکر صاف ہوتی ہے۔

سیواری: [ہ امث] ایک قسم کی شکر جو سیوار گھاس سے صاف کی جاتی ہے۔

سیوتی: [ہ امث] ایک قسم کا سفید گلاب ۲۔ نسترن۔

سیورا: [ہ امذ] مٹی کا بظاہر پکا لیکن اندر سے کچا برتن ۲۔ وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔

سیورا: [ہ امذ] جینی مت کا سادھو جو اپنا منہ باندھ لیتے ہیں تاکہ کوئی چیز اندر نہ جائے۔

سیوک: [ہ امذ] نوکر۔ خادم۔ خدمت گار۔ چاکر ۲۔ پجاری۔ بھگت۔ عابد ۳۔ مرید۔ چیلا۔

سیون: [ہ امث] ۱۔ سلائی ۲۔ انسانی جسم میں آلۂ تناسل اور دُبر کی درمیانی جگہ کا جوڑ۔

سیونگ بینک: [انگ امذ] saving bank ۔ عوام کی بچت کا روپیہ امانتاً رکھنے والا محکمہ۔

سیہ: [ف صف] "سیاہ" کا مخفف۔

سیہی: [ہ امث] ایک جانور جس کے تمام جسم پر کانٹے ہوتے ہیں۔

سیئہ: [ع امذ] بدی۔ برائی۔ گناہ۔

ش

ش: [ع۔ امذ] اردو میں مذکر ہے مگر عربی میں مؤنث۔ اس کا نام شین ہے۔ مزید وضاحت کے لیے اسے شین منقوطہ یا معجمہ اور شین قرشت بھی کہتے ہیں۔

۱۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں انیسواں، فارسی میں سولہواں اور دیوناگری رسم الخط میں چھیالیسواں اور سنسکرت میں تیسواں حرف ہے۔ عربی کی ترتیب ابتث میں تیرھواں اور ترتیب ابجد میں اکیسواں حرف ہے۔

۲۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳۔ عربی تقسیم کے مطابق شمسی حرف ہے یعنی عربی ترکیب میں اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا، بلکہ شین کو مشدد کر دیگا۔ مثلاً الشّباب۔

۴۔ حساب جمل میں اس کے تین سو اعداد محسوب ہوتے ہیں۔

۵۔ عربی میں شوال اور شعبان کے مہینوں کے اختصار کے طور پر آتا ہے۔

۶۔ فارسی اسماء کے آخر میں صیغہ واحد حاضر کی ضمیر متصل کے طور پر بھی آتا ہے۔

۷۔ فارسی میں حاصل مصدر کی علامت کے طور پر بھی آتا ہے۔

۸۔ ہندی اور سنسکرت میں "س" اور "کھ" کا بدل ہے۔ مثلاً دیش، دیس اور برکھا، برشا میں۔

۹۔ فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کے بدل کے طور پر آتا ہے۔

ا۔ ت	کا	بدل	مثلاً	بخش اور بخت میں
ب۔ ج	"	"	"	کاش اور کاج میں
ج۔ چ	"	"	"	پاشاں اور پاچاں میں
د۔ د	"	"	"	کوشاب اور کوداب میں
ہ۔ ز	"	"	"	نشوگ اور زوگ میں
و۔ ژ	"	"	"	وش اور وژ میں
ز۔ س	"	"	"	فرشتہ اور فرستہ میں
ح۔ غ	"	"	"	شنج اور غنج میں
ط۔ ل	"	"	"	اسپغوش اور اسپغول میں
ی۔ ہ	"	"	"	پاشنگ اور پاہنگ میں

ش ــــــ ا

شابّ: [ع۔ امذ] جوان آدمی (خاص طور پر چوبیس اور چالیس سال کے درمیان)

شاب: [ف۔ امث] پھلکڑی۔

شاباش: [ف۔ کلمہ تحسین] "شاد باش" کا مخفف۔ خوش رہو۔ واہ وا۔ بہت خوب۔

شاباش دینا: [ار۔ محاورہ] آفرین کہنا۔ تعریف کرنا۔

شاباشی: [ف۔ امث] تحسین۔ آفرین۔ تعریف۔ (افعال: پانا۔ دینا۔ ملنا)

شابان: (ف۔ ا۔ امذ۔ ج) شاب کی جمع۔ بمعنی جوان

شابش: [ف۔ کلمہ تحسین] دیکھئے "شاباش" جس کا یہ مخفف ہے۔

شابشی: [ف۔ امث] دیکھئے "شاباشی" جس کا یہ مخفف ہے۔

شاتم: [ع۔ صف] گالی دینے والا۔ بُرا بھلا کہنے والا۔

شاخ: [ف۔ پ] ۱۔ ٹہنی۔ ڈالی ۲۔ پودے کا قلم جو ٹہنی کاٹ کر لگایا جائے ۳۔ ڈنٹھل ۴۔ جانور کا سینگ ۵۔ بکریوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لئے جیسے چار شاخ بکری ۶۔ چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکلے ۷۔ جسم۔ جزو ۸۔ ٹکڑا۔ قاش۔ پھانک ۹۔ جھگڑا۔ ہیچ۔ ۱۰۔ انوکھی بات ۱۱۔ ہنر۔ خوبی۔ عمدگی ۱۲۔ نسل۔ اولاد ۱۳۔ کمان کی لکڑی ۱۴۔ ایک قسم کا بارود رکھنے کا ظرف جو کمر میں باندھتے ہیں ۱۵۔ ایک قسم کا پکوان میدے کے خمیر میں میٹھا ملا کر اور شاخوں کی شکل میں بنا کر تل لیتے ہیں ۱۶۔ کسی چیز کی نسبت جو کسی کی طرف کی جائے ۱۷۔ مرغ کا کانٹا ۱۸۔ ٹانگ۔ بازو۔ پسلی۔ پیشانی ۱۹۔ شراب کا پیالہ ۲۰۔ گھر کا بڑا شہتیر ۲۱۔ خوشبو ۲۲۔ مشک بلاذر ۲۳۔ تھوڑے بال ۲۴۔ سینگی۔

شاخ آفتابی: [ف۔ امث] سورج کی کرنیں

شاخ آہو / غزال: [ف۔ امث] ہرن کا سینگ ۲۔ انوکھی بات ۳۔ تیر اندازی کی کمان ۴۔ جھوٹا وعدہ ۵۔ پہلی رات کا چاند ہلال ۶۔ کنگھا۔

شاخ حنظل سے انگور ملنا ناممکن: [ار۔ مقولہ] برے کام کا برا پھل۔ برے کام کا اچھا نتیجہ نہیں ہوتا

شاخ دار: [ف۔ امذ۔ صف] ٹہنیوں والا سینگوں والا

شاخ در شاخ: [ف۔ صف] پیچیدہ۔ بہت سی شاخوں والا۔ الجھا ہوا۔ دور تک۔ گونا گوں ۲۔ بات میں بات

شاخچہ: [ف۔ امذ] ۱۔ چھوٹی شاخ ۲۔ تہمت۔

شاخچہ بندی: [ف۔ امث] ۱۔ قلم لگانا ۲۔ تہمت لگانا۔

شاخ زعفران: [ف۔ امث] وہ شخص جو اپنی خوبیوں کو بہت سمجھے (۲۔ صف) مغرور خود نما۔ خود بین ۳۔ انوکھا۔

شاخ زعفران سمجھنا / گننا: [ار۔ محاورہ] اپنے آپ کو بہت اچھا / قابل سمجھنا۔ فخر کرنا۔

شاخسار: [ف۔ صف] وہ جگہ جہاں بہت سے درخت ہوں۔ بہت ٹہنیوں والا۔

شاخسانہ / شاخشانہ: [ف۔ امذ] بات میں بات۔ باتوں کا سلسلہ ۲۔ حجت تکرار۔ بحث دلیل ۳۔ جھگڑا۔ بکھیڑا ۴۔ رخنہ۔ عیب ۵۔ بگاڑ ۶۔ ڈھکوسلا۔ دم۔ فریب ۷۔ بات کے پہلو۔ حیلہ۔ خود نمائی

شاخسانہ پیدا ہونا: [ار۔ محاورہ] فتنہ برپا ہونا۔ سبب نکل آنا۔

شاخسانہ کھڑا کرنا: [ار۔ محاورہ] جھگڑا نکالنا۔ رخنہ ڈالنا۔ فتنہ برپا کرنا۔

شاخسانہ کھڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] "شاخسانہ کھڑا کرنا" ملاحظہ ہو جس کا یہ لازم ہے۔

شاخسانہ نکالنا: [ار۔ محاورہ] حجت کرنا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑا نکالنا۔

شاخسانہ نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شاخسانہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

شاخ لگانا: [ار۔ محاورہ] قلم لگانا ۲۔ کسی کام کے ساتھ کوئی اور کام زیادہ کرنا ۳۔ کسی کی طرف کوئی اور بات بڑھا دینا یا نسبت کرنا ۴۔ پخ لگانا۔

شاخ لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شاخ لگانا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔ عیب ہونا ۳۔ کوئی تکلف یا عمدگی کی وجہ کسی چیز میں موجود ہونا۔

شاخ نبات: [ف۔ امث] ۱۔ مصری کے کوزہ کی وہ لکڑی جو کوزہ بنانے کے لئے اس کے آبخورے میں لگا دیتے ہیں ۲۔ گنا۔ نیشکر

شاخ نکالنا: [ار۔ محاورہ] ٹہنی نکالنا ۲۔ عیب نکالنا ۳۔ سینگ نکالنا ۴۔ نکتہ چینی کرنا ۵۔ پخ لگانا۔ نئی بات پیدا کرنا۔ نیا انداز پیدا کرنا۔

شاخ نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شاخ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

شاخہ: [ف۔ امذ] ۱۔ ٹہنی ۲۔ سینگ ۳۔ سینگ کی شکل کا پیالہ ۴۔ وہ لکڑی جس میں مجرم کا سر دے کر

سزا دیتے ہیں ۵۔ جُدا ۶۔ مرکبات میں لاحقۂ صفت جیسے پنج شاخہ۔ دو شاخہ۔
شاخیں کھینچنا/لگانا: [ا ر۔ محاورہ] سینگیاں لگانا۔ لگوانا۔
شاخیں کھنچنا/لگنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "شاخیں کھینچنا/لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شاخیں نکالنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "شاخ نکالنا"
شاد: [ف۔ صف] خوش۔ مسرور۔ بے غم ۲۔ زیادہ بھرا ہوا۔
شاد باش: [کلمہ تحسین] دیکھیے "شاباش"
شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن: [ف۔ مثل] زندگی اچھی ہو یا بُری گزارنی پڑتی ہے۔
شاد کام: [ف۔ صف] بامراد۔ کامیاب۔ خوش حال۔
شاد کامی: [ف۔ امث] دیکھیے "شاد کام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شادماں: [ف۔ صف] خوش و خرم۔
شادمانی: [ف۔ امث] دیکھیے "شادماں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شاداب: [ف۔ صف] ۱۔ سرسبز۔ تر و تازہ۔ ہرا بھرا ۲۔ سیراب پانی سے بھرا ہوا۔
شادابی: [دیکھیے "شاداب" جس کا اسم کیفیت ہے۔
شاداں: [ف۔ صف] خوش حال۔ مگن۔
شاداں و فرحاں: [ف۔ صف] خوش خوش۔ مگن۔
شادی: [ف۔ امث] خوشی ۲۔ عید۔ تیوہار۔ جشن ۳۔ بیاہ۔
شادی خانہ آبادی: [ف۔ امث] بیاہ۔ گھر کی آبادی۔
شادی رچانا: [ا ر۔ محاورہ] خوشی کرنا۔ جشن کرنا۔ خوشی کی تقریب کا سامان کرنا ۲۔ بیاہ کرنا
شادی رچنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "شادی رچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شادی کرنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ دیکھیے "شادی رچانا" ۲۔ کوئی جانور فروخت کرنا ۳۔ کسی کی شادی کرنا۔
شادی مرگ: [ف۔ امث۔ صف] ۱۔ ایسی موت جو حد سے زیادہ خوشی سے واقع ہو (افعال ہونا) ۲۔ خوشی سے مر جانے والا۔
شادی ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "شادی کرنا" جس کا یہ لازم ہے)۔
شادیاں گنانا: [ا ر۔ محاورہ] مزے کرنا۔ گلچھرے اڑانا ۲۔ (ق) خوشی منانا۔
شادیانہ: [ف۔ امذ] شادی کی نوبت۔ خوشی کا باجا ۲۔ مبارک باد (افعال بجنا۔ بجانا)
شاذ: [ع۔ صف] عجیب۔ نادر ۲۔ غیر معمولی۔ انوکھا ۳۔ بے قاعدہ۔ بے ترتیب ۴۔ کبھی کبھی گاہے گاہے۔ اتفاقاً۔
نادر شاذ: [ع متعلق فعل] بہت کم۔ کبھی کبھی۔ اتفاقاً۔
شاذ و نادر: [ع متعلق فعل] بہت کم۔ کبھی کبھی۔ اتفاقاً۔
شار: [ف۔ امذ] ۱۔ پانی کا گرنا۔ مرکبات میں جیسے آبشار ۲۔ بہتا ہوا۔ ڈالا ہوا۔ مرکبات میں سرشار۔
شارب: [ع۔ صف] پینے والا۔
شارٹ کٹ: [انگ۔ امذ] (shortcut) مختصر راستہ۔
شارٹ ہینڈ: [انگ۔ امذ] short hand مختصر نویسی۔
شارح: [ع۔ صف] کھول کر بیان کرنے والا۔ شرح کرنے والا۔ شرح لکھنے والا۔
شارُو: [ا ر۔ امذ ق] پرندہ ۲۔ ایک قسم کا باجا۔
شارع: [ع۔ امذ] بڑا راستہ۔ سڑک ۲۔ (صف) پیغمبر شریعت لانے والا۔ صاحب شرع۔
شارع عام: [ع۔ امذ] عام راستہ۔ گزرگاہ عام۔ وہ سڑک یا راستہ جس پر ہر ایک کو چلنے کا حق ہو۔
شارک: [ف۔ امذ] مینا۔ ایک پرندہ۔
شارک: [انگ۔ امث] shark ایک بحری مچھلی جو ہر چیز کو کھا جاتی ہے
شاسْتر: [ہ۔ امذ] ہدایت کرنے یا سکھانے کا آلہ ۲۔ حکم۔ فرمان ۳۔ دستور۔ قاعدہ ۴۔ ہندوؤں کی مذہبی کتاب۔
شاستری: [ہ۔ صف] ۱۔ شاستروں کی زبان ۲۔ شاستر جاننے والا۔ عالم۔ پنڈت ۳۔ برہمنوں کا ایک درجہ۔
شاش/شاشہ: [ف۔ امذ] پیشاب۔ موت۔
شاطر: [ع۔ صف] ۱۔ شوخ۔ عیار۔ چالاک ۲۔ شطرنج کھیلنے والا۔ ۳۔ وہ جو کسی پر بار نہ ہو ۴۔ چور۔ گرہ کٹ ۵۔ شرارتی۔ بدذات۔ بدچلن ۶۔ (ف۔ امذ) ایلچی۔ قاصد۔ ہرکارہ
شاطری: [ع۔ امث] ۱۔ شوخی۔ عیاری۔ چالاکی ۲۔ شرارت۔ بدچلنی۔
شاعر: [ع۔ صف] شعر لکھنے والا۔ کوی۔
شاعرانہ: [ع۔ صف] ۱۔ شاعر کے طریقہ پر ۲۔ شاعر سے منسوب ۳۔ مبالغہ آمیز۔ دلکش۔
شاعرانہ تخیل: [ع۔ صف] شاعروں جیسے خیالات ۲۔ مبالغہ آمیز خیالات۔ لطیف خیالات۔
شاعرہ: [ع۔ صف۔ مث] دیکھیے "شاعر" جس کی یہ تانیث ہے۔
شاعری: [ع۔ امث] ۱۔ شعر گوئی۔ شعر کہنا ۲۔ مبالغہ آمیزی۔ غیر حقیقی اور خیالی باتیں
شاعری کرنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ شعر کہنا۔ مبالغہ کرنا۔ خیالی باتیں کرنا ۲۔ زیادتی کے ساتھ کسی بات کو نظم میں بیان کرنا۔
شاغل: [ع۔ صف] کسی شغل میں مصروف۔ متوجہ ۲۔ خدا کا ذکر کرنے والا ۳۔ شغل کرنے والا۔
شافع: [ع۔ صف] شفاعت یا سفارش کرنے والا۔
شافع روزِ جزا/محشر: [ع۔ صف] جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے۔
شافعی: [ع۔ امذ] امام شافعی کی پیروی کرنے والا ۲۔ شافعی مذہب۔ امام شافعی کا پیرو اور ان کا طریقہ۔
شافہ: [ف۔ امذ] وہ روئی جو دوا میں بھگو کر آنکھ پر رکھتے ہیں ۲۔ وہ بتی جو دوا میں بھگو کر زخم میں دیتے ہیں ۳۔ دوا یا صابن کی بتی جو دُبر میں پاخانہ آنے کے لیے رکھی جاتی ہے ۴۔ وہ دوا کی بتی جو رحم میں رکھی جاتی ہے۔
شافی: [ع۔ صف] ۱۔ صحت یا شفا دینے والا ۲۔ تسکین دینے والا ۳۔ شبہ رفع کرنے والا۔ ۴۔ صاف۔ فیصلہ کن۔ قطعی۔
شافی حقیقی یا مطلق: [ع۔ امذ] خدا تعالیٰ۔
شاق: [ع۔ صف] ۱۔ مشکل۔ دشوار ۲۔ دوبھر۔ ناگوار۔
شاق گزرنا: [ا ر۔ محاورہ] بُرا لگنا۔ ناگوار معلوم کرنا۔
شاق ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ناگوار ہونا۔
شاقہ: [ع۔ صف] دیکھیے "شاق" جس کی یہ تانیث ہے۔
شاقل/شاقول: [ع۔ امذ] معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی سدھائی دیکھی جاتی ہے۔
شاکر: [ع۔ صف] شکر گزار۔ شکر کرنے والا۔ صابر۔
شاکر کو شکر موذی کو ٹکر: [ا ر۔ مثل] شاکر کو نعمتیں ملتی ہیں اور موذی کو تکلیف پہنچتی ہے۔
شاکل: [ع۔ امذ] ۱۔ مشابہت ۲۔ سفیدی جو کانوں اور کنپٹی کے درمیان ہوتی ہے۔
شاکی: [ع۔ صف] شکایت یا گلہ کرنے والا۔ (افعال: ہونا)
شاگرد: [ف۔ امذ] ۱۔ وہ جو استاد سے کچھ سیکھے۔ طالب علم۔ تلمیذ ۲۔ خدمت گار۔ ملازم۔ نوکر۔ (۳) چیلا۔ بالکا۔
شاگرد پیشہ: [ف۔ امذ] عملہ۔ ملازم۔ خدمت گار۔ نوکر چاکر ۲۔ ادنیٰ ملازموں کے رہنے کے مکان جو کوٹھی یا محل کے ساتھ ہوں۔
شاگرد رفتہ رفتہ بہ استادی رسد: [ف۔ مثل] شاگرد آہستہ آہستہ استاد کے برابر ہو جاتا ہے۔

شاگرد نہ ہرا اُستاد غضب: [ف۔ مثل] ایک سے ایک بڑھ کر ظالم۔
شاگردی: [ف۔ امث] شاگرد ہونے کی کیفیت یا حالت (افعال کرنا)
شال: [ف۔ امث] اُون یا ریشم کی چادر۔
شالی: [ہ۔ امذ] دھان۔ چاول ۲۔ شال سے منسوب۔
شام: [ف۔ امث] سورج کے ڈوبنے کا وقت۔ غروبِ آفتاب ۲۔ کنایۃً زوال۔
شامِ اَوَدھ: [ار۔ امث] لکھنؤ میں شام کا نظارہ جو قابلِ دید اور مشہور ہے۔
شام پھولنا: [ار۔ محاورہ] شفق پھولنا۔ مغرب کے وقت سرخی کا نمودار ہونا۔
شام صبح لگانا: [ار۔ محاورہ] حیلہ حوالہ کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
شامِ غریباں: [ف۔ امث] مصیبت کی شام ۲۔ عاشورۂ محرم کے بعد گیارھویں شب جس میں بروایت مشہور حضرت امام حسینؑ کی شہادت کے بعد خیمے جلا دیے گئے
شام کا بھولا صبح گھر آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے: [ار۔ مثل] اگر کوئی کسی معاملہ میں غلطی کرے تھوڑی دیر بعد صحیح راستہ پر آئے تو اُسے غلط کار نہیں کہتے۔
شام کا صبح کرنا: [ار۔ محاورہ] رات کاٹنا۔ ساری رات جاگتے رہنا مصروفیت میں رات کاٹنا۔
شام کلیان: [ہ۔ امذ] ایک راگ جو شام کے وقت گایا جاتا ہے
شام کی پوچھنا سحر کی کہنا: [ار۔ محاورہ] بے تکا جواب دینا۔
شام کو شام اور سحر کو سحر نہ گننا: [ار۔ محاورہ] بہت مصروف ہونا۔
شام کے مرے کو کب تک روئیے: [ار۔ مثل] عمر بھر کے جھگڑے کی کب تک شکایت کیجئے
شام گاہ: [ف۔ امث] شام کا وقت۔
شام گھات: [ار۔ امث] (پٹھانوں کی اصطلاح) حریف کے مقابلہ پر اس طرح کا وار کرنا جس طرح کا وہ کرے۔
شام نہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] شام تک زندہ نہ رہنا
شام و سحر: [ف۔ امث] شام اور صبح' سانجھ سویرے' ہر وقت۔
شام: [ہ۔ امث] کسی دھات کا بنا ہوا چھلا یا ٹوپی جو اوزاروں یا چھڑیوں پر لگاتے ہیں۔ ۲۔ کرشن جی کا لقب ۳۔ پیارا۔ معشوق۔ محبوب ۴۔ کالا سیاہ۔
شام کرن: [ہ۔ امذ] وہ گھوڑا جس کے کان سیاہ ہوں۔
شاما/ شامال: [ہ۔ امث] ایک خوش آواز چھوٹا پرندہ۔
شامانخ: [ف۔ امذ] ایک قسم کی جوار۔
شامک: [ف۔ امث] عورتوں کا سینہ بند۔ انگیا۔
شامپین: [انگ۔ امث] champagne عمدہ انگوری شراب۔
شامَت: [ع۔ امث] بدنصیبی۔ برائی۔ نحوست۔ آفت۔
شامت آنا: [مص مرکب] بُرے دن آنا۔ مصیبت آنا۔
شامتِ اعمال: [ع۔ امث بہ ترکیب فارسی] کئے کی سزا کرتوت کا بدلہ۔ اعمال کی کم بختی۔
شامت اعمال ما صورت نادر گرفت: [ف۔ مثل] ہمارے گناہ کی سزا نے نادر کی صورت اختیار کی دیہ مصرعہ نظام الملک نے اس وقت کہا تھا جب نادر شاہ کی طرف سے اہل دہلی پر ظلم و ستم برپا تھا
شامت زدہ [ف۔ صف] مصیبت زدہ۔ خراب حال۔
شامت زدگی: [ع۔ امث] دیکھئے "شامت زدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شامت سر پر کھیلنا/ سوار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شامت آنا"
شامت کا گھیرا: [ار۔ صف] دیکھئے "شامت زدہ"
شامت کا مارا: [ع۔ صف] دیکھئے "شامت زدہ"

شامت کی مار: [ار۔ امث] مصیبت اور تکلیف کا زمانہ ۲۔ بدنصیبی۔ بدبختی۔
شامت کے دن: [ار۔ امذ] مصیبت اور تکلیف کا زمانہ۔
شامت میں پھنسنا: [ار۔ محاورہ] آفت میں پھنسنا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔
شامت ہونا: [ار۔ محاورہ] کم بختی ہونا۔ نصیبوں کی برائی ہونا۔
شامتی: [ہ۔ صف] بدنصیب۔ مصیبت کا مارا۔
شامتیں کہہ کر تھوڑا آتی ہیں: [ار۔ مقولہ] مصیبتیں اطلاع دے کر نہیں آتیں۔
شامل: [ع۔ صف] ساتھ۔ اکٹھا۔ ملا ہوا۔ شریک۔ پھیلا ہوا (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
شامل مِسل: [ار۔ صف] مقدمہ کے کاغذات کے ساتھ نتھی کیا ہوا۔ (افعال کرنا۔ ہونا)
شاملات: [ار۔ امث] وہ ملکیت یا جائداد جو بہت سے حصہ داروں میں مشترک ہو۔ ۲۔ حصہ داری۔ ساجھا ۳۔ وہ زمین جو مالکان دِہ کی مشترکہ ملکیت ہو۔
شاملاتِ دِہ: [ار۔ امث] دیکھئے "شاملات ۳"
شاملات میں: [ار۔ متعلق فعل] شراکت میں
شاملاتی: [ار۔ صف] مشترکہ۔
شامّہ: [ع۔ امث] سونگھنے کی قوت یا حس۔
شامی کباب: [ع۔ امذ] گوشت کے قیمہ کی تلی ہوئی ٹکیاں۔
شامیانہ: [ف۔ امذ] کپڑے کا سائبان۔ نمگیرا۔ بہت بڑی چھتری (افعال۔ کھنچا جانا۔ کھینچنا۔ کھنچا ہونا لگانا۔ تنا)
شان: [ع۔ امث] ۱۔ شوکت۔ دبدبہ ۲۔ توقیر۔ شرف۔ عزت ۳۔ طاقت۔ قدرت ۴۔ شکل و صورت ۵۔ طرز۔ انداز۔ وضع ۶۔ موقع ۷۔ نسبت۔ حق ۸۔ درجہ۔ مرتبہ ۹۔ حال ۱۰۔ کام ۱۱۔ چمک دمک ۱۲۔ خاصیت۔ خوبی۔
شان برسنا: [ار۔ محاورہ] رعب و دبدبہ ظاہر ہونا ۲۔ عظمت و شوکت ظاہر ہونا۔
شان پانا: [ار۔ محاورہ] انداز پانا۔
شان جانا: [ار۔ محاورہ] عزت گھٹنا۔ رعب میں فرق آنا۔
شان چوٹا: [ار۔ صف] دوسرے کا انداز اُڑانے والا ۲۔ مغرور۔ متکبر۔
شان چوٹی: [ار۔ صف] دیکھئے "شان چوٹا" جس کی یہ تانیث ہے۔
شانِ خط: [ع ف۔ امث] تحریر کا انداز۔
شان دار: [ف۔ صف] عالی شان۔ بلند ۲۔ خوش نما۔ خوبصورت ۳۔ دھوم دھام کا۔
شان دکھانا: [ار۔ محاورہ] عظمت دکھانا۔ قدرت دکھانا ۲۔ انداز دکھانا۔ رعب ظاہر کرنا۔ دبدبہ ظاہر کرنا۔
شان رہنا: [ار۔ محاورہ] بات رہنا۔ وضع یا طرز میں فرق نہ آنا۔
شان شوکت: [ع۔ امث] رعب داب۔ طمطراق۔ ٹھاٹ باٹ۔ کروفر۔ دھوم دھام۔
شان شوکت سے رہنا: [ار۔ محاورہ] کروفر سے رہنا۔ ٹھاٹھ باٹ سے رہنا۔
شانِ عبودیت: [ع۔ امث بہ ترکیب فارسی] بندگی کی شان۔ بندہ ہونے کی خوبی۔ مالک کے ہر بر رضامندی
شان گمان: [ار۔ امث] دیکھئے "سان گمان" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
شان گھٹنا: [ار۔ محاورہ] عزت میں فرق آنا۔ عظمت کم ہونا۔
شان لگنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ اترانے کا سبب ہونا۔ غرور پیدا ہونا۔
شان ماری جانا: [ار۔ محاورہ] عزت میں فرق آنا۔
شان میں بٹا لگنا/ چھینٹے پڑنا: [ار۔ محاورہ] عزت کم ہونا۔ بے عزتی ہونا۔ عزت میں فرق آنا۔ کسی چیز سے عار آنا۔ شرم محسوس ہونا۔
شانِ نزول: [ع۔ امث بہ ترکیب فارسی] ۱۔ کسی قرآنی آیت کے اترنے کا موقع اور سبب ۲۔ کسی بات کے ہونے کا سبب ۳۔ کسی شخص کے آنے کی وجہ۔
شان نکلنا: [ار۔ محاورہ] آن بان ظاہر ہونا۔ انداز ظاہر ہوتا۔

شانِت: [س۔صف] مطمئن۔ صابر۔ قانع۔
شانتی: [ہ۔امث] امن۔ آرام۔ سُکھ ۲۔ تسلی۔ اطمینان۔ دلجمعی۔
شانُد: [ار۔امث۔ق] مکاری۔ عیاری۔

شانزدہ : [ف۔اعدد] سولہ۔ ۱۶

شانزدہم: [ف عدد ترتیبی] سولھواں۔ ۱۶
شانہ: [ف۔امذ] ا۔ کنگھی۔ کنگھا ۲۔ مونڈھا۔ کاندھا۔ کاندھے کی ہڈی ۳۔ کُرتے وغیرہ کا وہ حصّہ جو کندھوں پر رہتا ہے۔
شانہ اُتر جانا: [ار۔محاورہ] کاندھے یا مونڈھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
شانہ اُکھاڑنا: [ار۔محاورہ] شانے یا کاندھے کی ہڈی کا جوڑ سے الگ کرنا
شانہ اُکھڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "شانہ اکھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شانہ بیں: [ف۔صف] فال دیکھنے والا فال کھولنے والا فال گیر۔ (ایران میں بکری کے کندھوں پر تعویذ لکھ کر فال نکالتے ہیں)
شانہ پھڑکنا: [ار۔محاورہ] کاندھے کا پھڑکنا۔ جو کسی دوست کے ملنے کا شگون سمجھا جاتا۔
شانہ رہ جانا: [ار۔محاورہ] کندھا تھک کر شل ہو جانا
شانہ سے شانہ چھلنا: [ار۔محاورہ] ہجوم کے باعث کاندھے سے کاندھا رگڑنا۔ بہت ہجوم ہونا۔
شانہ کرنا: [ار۔مص مرکب] کنگھی کرنا۔
شانہ لگانا: [ار۔محاورہ] کاندھا مار کر اشارہ کرنا۔
شانہ ہلانا: [ار۔محاورہ] کاندھا ہلا کر جگانا ۲۔ شیعوں میں مُردے کو کندھا ہلا کر تلقین کرنا۔
شاور: [انگ۔امذ] shower فوارہ۔ وہ فوارہ جو غسل خانوں پر لگا ہوتا ہے۔
شاہ: [ف۔امذ] آقا۔ مالک ۲۔ بادشاہ۔ سلطان۔ خاوند ۳۔ فقیروں کا لقب ۴۔ شطرنج کا ایک مہرہ ۵۔ نوشہ۔ دولہا ۶۔ بڑا۔ عظیم ۷۔ مرکبات میں سابقۂ اسم مکبّر کے طور پر آتا ہے جیسے شاہ زور۔ شاہ سوار۔
شاہ باز/شہباز: [ف۔امذ] بڑا باز جس سے شکار کرتے ہیں ۲۔ شاہین
شاہ بالا/شہ بالا: [ار۔امذ] وہ قریبی رشتہ دار لڑکا جس کو اچھے کپڑے پہنا کر دولہا کے پیچھے گھوڑی پر بٹھا دیتے ہیں ۲۔ ہمدرد۔ ش۔
شاہ برہنہ: [ف۔امذ] عورتوں کا ایک فرضی جن۔
شاہ بلوط: [ف۔امذ] ایک پہاڑی درخت۔ رودک کا پیڑ۔
شاہ بیت: [ف۔امث] قصیدہ یا غزل کا بہترین شعر۔
شاہ پارہ/شہپارہ: [ف۔امذ] دیکھئے "شاہکار"۔
شاہ پر/شہپر: [ف۔امذ] پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پَر۔
شاہ پرست: [ف۔صف] بادشاہت کا حامی۔
شاہ پرستی: [ف۔امث] دیکھئے "شاہ پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شاہترا/شاہترہ: [ف۔امذ] ایک مصفّی خون دوا۔ پت پاپڑا
شاہ جہانی فن/پیشہ: [ف۔امذ] معلمی کا پیشہ۔ درس و تدریس۔
شاہ خانم: [ف۔امث] بڑے گھر کی عورت ۲۔ متکبّر عورت۔
شاہ خاور: [ف۔امذ] کنایۃً سورج۔ مشرق کا بادشاہ
شاہ خرچ: [ار۔صف] بہت خرچ کرنے والا پانی کی طرح روپیہ بہانے والا فضول خرچ۔
شاہ خرچی: [ار۔صف] دیکھئے "شاہ خرچ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شاہ دانہ: [ف۔امذ] بھنگ کا بیج ۲۔ بڑا موتی ۳۔ تسبیح کا بڑا دانہ۔
شاہ درہ/شاہدرہ: [ف۔امذ] وہ گاؤں یا آبادی جو شاہی قلعے یا محل کے نیچے یا سامنے واقع ہو۔
شاہ دریا: [ف۔امذ] ایک فرضی جن کا نام۔
شاہ راہ/شاہراہ: [ف۔امذ] بڑا راستہ۔ شارع عام۔ بڑی سڑک۔

شاہ رگ: [ف۔امث] بڑی رگ جو گردن میں سے گزرتی ہے۔ رگِ جان۔
شاہزادگی: [ف۔امث] شہزادہ کے بچپن کا زمانہ ۲۔ نوجوانی کی بیوقوفیاں ۳۔ بیہودہ غرور۔
شاہ زادہ/شہزادہ: [ف۔امذ] بادشاہ کا بیٹا ۲۔ شاہی خاندان کا ایک فرد ۳۔ عورتیں پیار سے بیٹے کو کہتی ہیں۔
شاہ زادی/شہزادی: [ار۔امث] بادشاہ کی بیٹی ۲۔ کنول کے پھول کا زردزیرہ۔
شاہ زناں: [ف۔امث] کنایۃً امام حسینؓ کی بیوی جو یزدگرد شاہ ایران کی بیٹی تھیں۔
شاہ سوار/شہسوار: [ف۔امذ] گھوڑے کی سواری کا ماہر۔
شاہ/صاحب ولایت: [ف۔امذ۔ بہ ترکیب فارسی] (اصلاح تصوف) وہ درویش یا صوفی جس کے ذمے کسی مقام یا علاقے کا باطنی انتظام ہو ۲۔ حضرت علیؓ
شاہ عباس کا عَلَم ٹوٹے: [ار۔کلمہ۔ بددعا] حضرت عباس ابن علیؓ کے عَلَم کی مار پڑے۔ تباہ ہو۔ برباد ہو
شاہ کار/شاہکار/شہکار: [ف۔امذ] سب سے بڑا کارنامہ۔ کسی کام یا چیز کا بہترین نمونہ انگریزی لفظ **masterpiece** کا ترجمہ۔
شاہ گام/شہ گام: [ف۔امذ] گھوڑے کی ایک عمدہ چال جو عام چال سے تیز ہوتی ہے [illegible]
شاہ لافتیٰ: [ف ع۔امذ] کنایۃً (حضرت علیؓ)
شاہ لولاک: [ف ع۔امذ] کنایۃً حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
شاہ مرداں: [ف۔امذ] کنایۃً حضرت علیؓ۔
شاہ مرداں کی لاڈلیاں: [ار۔امث] کنایۃً کاہریں۔
شاہ مشرق: [ف۔امذ] کنایۃً آفتاب
شاہ مغرب: [ف۔امذ] کنایۃً ہلال پہلی رات کا چاند۔
شاہ مہرہ: [ف۔امذ] سانپ کا من۔
شاہنشاہ/شہنشاہ: [ف۔امذ] بادشاہوں کا بادشاہ۔ وہ بادشاہ جسکے ماتحت کئی بادشاہ ہوں۔
شاہنشاہِ اُمم: [ف ع۔امذ] کنایۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
شاہنشاہ/شہنشاہِ دوجہاں/مشرقین: [ف۔امذ] کنایۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
شاہنشاہی/شاہنشہی/شہنشاہی/شہنشہی: [ف۔امث] سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی۔
شاہ نشین/شہ نشین: [ف۔امث] بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ ۲۔ مکان کی کسی کھڑکی کے آگے بڑھا کر بنائی ہوئی جگہ ۳۔ پرانی طرز کے مکانوں میں صدر دالان کے بعد ایک دوسرا دالان جس کی کرسی تین چار فٹ اونچی ہوتی ہے۔
شاہوار/شہوار: [ف۔صف] بادشاہوں کے لائق۔ نہایت عمدہ۔ نفیس۔
شاہانہ: [ف۔صف] بادشاہوں کے موافق۔ بادشاہوں کی مانند۔ سلطانی۔
شاہانہ جوڑا: [ف۔امذ] دولہا کا سُرخ جوڑا۔ سُرخ پوشاک۔ بادشاہوں جیسا لباس۔
شاہانہ مزاج: [ف۔امذ] نازک طبیعت
شاہد: [ع۔صف۔امذ] ا۔ گواہ ۲۔ حسین ۳۔ معشوق۔ محبوب
شاہد باز: [ف۔صف] نوجوان لڑکوں یا حسین عورتوں سے زیادہ صحبت رکھنے والا۔ حسن پرست۔
شاہد بازار/بازاری: [ف۔صف۔امث] بازاری معشوق۔ طوائف۔ رنڈی۔
شاہد بازی: [ف۔صف۔امث] دیکھئے "شاہد باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شاہد حال: [ع۔صف۔ بہ ترکیب فارسی] واقعہ کا چشم دید گواہ۔
شاہد عادل/عدل: [ع۔صف۔ بہ ترکیب فارسی] سچا گواہ۔
شاہد غیب: [ع۔صف۔ بہ ترکیب فارسی] غیب کا حال جاننے والا۔ کنایۃً اللہ تعالیٰ۔
شاہد لم یزل: [ع۔صف۔ بہ ترکیب فارسی] کنایۃً خدا۔ اللہ تعالیٰ۔
شاہدہ: [ع۔صف] دیکھئے "شاہد" جس کی یہ تانیث ہے
شاہدی: [ع ف۔امث] شہادت۔ گواہی۔

شاہی: [ف - صف] بادشاہی ۔ سلطانی ۔
شاہین: [ف - اِمذ] ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ ۔ اعلیٰ قسم کا بلند پرواز باز جو بلند پروازی اور خودداری کی علامت ہے ۔ ۲ ۔ ترازو کی سوئی یا ڈنڈی ۔
شائبہ: [ع - اِمذ] ۱ ۔ آمیزش ۔ آلودگی ۔ ملاوٹ ۲ ۔ شک ۔ شبہ ۔ احتمال
شائع: [ع - ص] فاش ۔ آشکارا ۲ ۔ چھاپ کر مشتہر کیا ہوا (افعال: کرنا ۔ ہونا)
شائق: [ع - صف - فاعل] ۱ ۔ شوق بڑھانے والا ۔ معشوق ۲ ۔ فارسی اور اردو میں معنی مشتاق بھی آتا ہے
شایگاں: [ف - صف] ۱ ۔ وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو ۲ ۔ وہ کام جو بادشاہ کے حکم پر بغیر اجرت ہو ۔ بیگار ۳ ۔ قافیہ کا ایک عیب ۔ ایطا ۔
شایاں: [ف - صف] لائق ۔ مناسب ۔ موزوں ۔ زیبا ۔
شاید: [ف - کلمہ شک] غالباً ۔ ممکن ہے ۔ اس جگہ کہتے ہیں جہاں شک ہو ۔
شاید و باید: [ف - متعلق فعل] جیسا چاہیئے ۔ مناسب ۔ بخوبی ۔ ہر طرح سے ۔
شایستگی: [ف - اِمث] دیکھئے "شائستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
شایستہ: [ف - صف] مہذب ۔ باسلیقہ ۔ باتمیز ۲ ۔ مناسب ۔ موزوں ۳ ۔ بااخلاق ۔ بامروت ۔

ش ـ ب

شب: [ع - اِمث] پھٹکری
شب: [ف - اِمث] رات ۔ لیل ۔
شبِ اسریٰ: [ف - صف] معراج کی رات ۔
شب افروز: [ف - صف] رات کو روشن کرنے والا ۲ ۔ جگنو ۳ ۔ چاند ۔
شب باش: [ف - صف] رات کی رات رہنے والا ۔ (افعال: ہونا)
شب باشی: [ف - اِمث] دیکھئے "شب باش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
شب بخیر: [ف - کلمہ دعا] رات خیر سے گزرے ۔ رات کو رخصت ہونے کا سلام ۔ انگریزی لفظ (good night) کا ترجمہ ۔
شبِ برات: [ف - اِمث] ماہِ شعبان کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی درمیانی رات ۔ مسلمانوں کے عقائد کے بموجب اس رات کو عمر کا حساب اور تقسیم رزق کا کام ہوتا ہے ۔ ۲ ۔ خوشی کی رات ۔
شبِ برات کا چاند: [ا - اِمذ] کنایۃً ماہِ شعبان ۔
شبِ برات کا گھڑا: [ا - اِمذ] مسلمانوں میں رسم ہے کہ شب برات کے دن مُردوں کا فاتحہ پڑھ کر مسکینوں کو کھانا کھلاتے ہیں ۔
شب بیدار: [ف - صف] رات کو جاگنے والا ۔ رات کو اٹھ کر عبادت کرنے والا
شب بیداری: [ف - اِمث] دیکھئے "شب بیدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
شب چاردہ: [ف - اِمث] چودھویں رات
شب چراغ: [ف - صف] رات کو چمکنے والا ہیرا ۲ ۔ جگنو ۔
شب خوابی: [ف - اِمث] رات کی پوشاک ۔ رات کو پہن کر سونے کے کپڑے ۲ ۔ رات کا سونا ۔
شب خوانی: [ف - صف] وہ قصہ جو رات کو داستاں گو پڑھا کرتے ہیں ۔
شب خون / شبخون: [ف - اِمذ] رات کا حملہ ۔ چھاپہ ۔ رات کو بے خبری میں دشمن پر حملہ کرنا ۔
شب خون لانا / مارنا: [ا - محاورہ] رات کو حملہ کرنا ۔ چھاپہ مارنا ۔
شب خیز: [ف - صف] شب بیدار ۔ رات کو اٹھنے والا ۲ ۔ آہ کی صفت جو رات کو کی جائے ۔
شب خیزی: [ف - اِمث] بیداری ۔

شب خیز یا: [ف - صف] قزاق جو رات کو لوٹے ۔
شب درمیان ہونا: [ا - محاورہ] بیچ میں رات کا وقفہ ہونا ۔
شب دیز: [ف - اِمذ] سیاہ رنگ کا عمدہ گھوڑا ۔ مشکی گھوڑا ۔
شب دیگ: [ف - اِمذ] ایک قسم کا سالن جس میں گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے اور شلغم رات بھر پکاتے ہیں
شب رنگ: [ف - اِمذ] ۱ ۔ تاریک ۔ سیاہ ۲ (مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا ۳ ۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا ۔ ۴ ۔ ایک قسم کا پھول ۵ ۔ ایک قسم کا پتھر جو کوئلے کی طرح جلتا ہے ۔
شب رَو: [ف - اِمذ] ۱ ۔ چور ۲ ۔ چوکیدار جو رات کو پہرہ دے ۳ ۔ کوتوال ۴ ۔ نیک آدمی ۵ ۔ (صف) رات کو چلنے والا
شب روی: [ف - اِمث] دیکھئے "شب رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
شبِ زفاف: [ف - اِمث] دولہا دلہن کی پہلی رات　خلوت کی رات ۔
شب زندہ دار: [ف - اِمذ] رات بھر جاگنے والا ۔
شب زندہ داری: [ف - اِمث] شب بیداری ۔
شبِ سرخاب: [ف - اِمث] جدائی کی رات ۔ کیونکہ سرخاب کا جوڑا رات کو جدا رہتا ہے ۔
شبِ شہادت: [ف - اِمث] محرم کی نویں رات جس کی صبح کو امام حسینؑ شہید ہوئے تھے ۔
شب طائع: [ف - اِمث] دیکھئے "شبیں"
شبِ ظلمات: [ف - اِمث] سخت تاریک رات ۔
شبِ عاشورا: [ف - اِمث] دیکھئے "شبِ شہادت"
شبِ غم: [ف - اِمث] جدائی کی رات ۔ رنج کی رات ۔
شبِ قدر: [ف - اِمث] لیلۃ القدر ۔ ایک رات جو بہت متبرک سمجھی جاتی ہے ۔ رمضان کے آخر عشرہ کی کوئی طاق رات ہے
شب کور: [ف - اِمذ] جسے رات کو نظر نہ آئے ۔ رتوندھا ۔
شب کوری: [ف - اِمذ] دیکھئے "شب کور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
شب کی شب: [ا - متعلق فعل] رات بھر کے لئے ۔ رات کی رات ۔
شب گاہ: [ف - اِمث] رات کا وقت ۔
شب گرد: [ف - صف] رات کو پھرنے والا ۲ ۔ چوکیدار ۔ کوتوال ۳ ۔ چور ۴ ۔ چاند ۔
شب گردی: [ف - اِمث] رات کا پہرہ ۔
شب گشت: [ف - اِمث] رات کا پھرنا ۔
شب گوں: [ف - صف] سیاہ ۔ کالا ۔
شب گیر: [ف - صف] ۱ ۔ وہ جو رات کو جاگتا رہے ۲ ۔ جھینگر جو رات کو بولتا ہے ۳ ۔ بلبل ۴ ۔ پچھلی رات کا سفر ۵ ۔ وہ ملازم جو رات کو کام کرے ۶ ۔ صبح ۷ ۔ شبخون ۔
شب ماندہ: [ف - صف] باسی ۔ رات کا بچا ہوا ۔
شب ماہ تاب / ماہتاب: [ف - اِمث] چاندنی رات ۔
شبِ معراج: [ع - اِمث] وہ رات جس میں پیغمبر صلعم کو معراج ہوئی ۔ رجب کی ۲۷ شب کی درمیانی شب ۔
شبِ نگار بنداں: [ف - اِمث] وہ رات جب دلہن کے مہندی لگائی جاتی ہے ۔
شب و روز: [ف - متعلق فعل] رات دن ۔ ہر وقت ۔
شبِ وصال: [ف - اِمث] وہ رات جس میں کسی کامل فقیر یا بزرگ کا انتقال ہو ۲ ۔ معشوق سے ملنے کی رات
شبِ وصلت / وصل: [دیکھئے "شبِ وصال"
شب ہنگام: [ف - متعلق فعل] ۱ ۔ رات کو ۲ ۔ (مذ) رات کے وقت ۔
شبِ یلدا: [ف - اِمث] ۱ ۔ سخت تاریک رات ۔ اندھیری رات ۲ ۔ سال کی سب سے لمبی رات جب سورج برج جدی میں داخل ہونے کو ہوتا ہے ۔

شَبا: [ا۔ امذق] شب خون۔

شَباب: [ع۔ امذ] ۱۔ جوانی۔ بیس سے چالیس برس تک کی عمر کا زمانہ ۲۔ کسی چیز کے عروج اور ترقی کا زمانہ ۳۔ موسیقی کا ایک پردہ ۴۔ شاب بمعنی جوان کی جمع۔

شَبابِ اہلِ جنّت: [ع۔ امذ] جنتی نوجوانوں کے سردار، کنایۃً امام حسنؓ و امام حسینؓ کا لقب۔

شَباب پھٹ پڑنا: [ار۔ محاورہ] جوانی کا زور ہونا۔

شَباب بھرنا: [ار۔ محاورہ] جوانی دوبارہ آنا۔

شَباب کا انداز: [ار۔ امذ] جوانی کا شروع۔ جوانی کی صورت۔

شَباب کے دن: [ار۔ امذ] جوانی کا زمانہ۔

شَبابیات: [ع۔ امث] جوانی سے متعلق باتیں۔

شَباشَب: [ف۔ متعلق فعل] راتوں رات۔ تمام رات۔ رات بھر۔

شَباط: [ع۔ امذ] شامیوں کا دوسرا مہینہ جو پھاگن کے مقابل ہوتا ہے۔

شَبابِک: [ع۔ امذ] دیکھئے "شبکہ" جس کی یہ جمع ہے۔

شَبان: [ع۔ امذ] چرواہا۔ گڈریا۔

شَبان گاہ: [ف۔ امث] رات کا وقت۔

شَبانہ: [ف۔ صف] رات کے متعلق۔ رات کا۔

شَبانہ روز: [ف۔ متعلق فعل] دیکھئے "شب و روز"

شَبانی: [ف۔ امث] دیکھئے "شبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شَباہت: [ع۔ امث] (یہ لفظ عربی دان ہندیوں کا بنایا ہوا ہے) مشابہت۔ صورت یا سیرت کی مطابقت ۲۔ رونق۔ روپ۔

شَبد: [ہ۔ امذ] شور۔ آواز ۲۔ قواعد زبان ۳۔ لفظ ۴۔ سکھوں کے بھجن۔ حمد۔ مناجات۔

شَبد چور: [ہ۔ امذ] مضمون چور۔ دوسروں کے مضمون چرانے والا۔

شَبد شاستر: [ہ۔ امذ] قواعد زبان۔ علم صرف و نحو۔

شَبد کوش: [ہ۔ امث] ڈکشنری۔ لغت۔

شَبَّر: [ع۔ امذ] پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسنؓ کو شبّر کے نام سے پکارا کرتے تھے ۲۔ حضرت ہارونؑ کے بیٹے کا نام۔

شِبر: [ع۔ امذ] بالشت۔

شَبِستان: [ف۔ امذ] ۱۔ پلنگ ۲۔ سونے کا کمرا۔ شب خوابی کا کمرا۔ آرام گاہ۔ عشرت گاہ۔ ۳۔ بادشاہوں کے سونے کا کمرا۔ حرم سرا۔ خلوت گاہ ۴۔ مسجد کی وہ جگہ جہاں رات کو عبادت کرتے ہیں ۵۔ خانہ کعبہ کا احاطہ۔

شَبِستانی: [ف۔ امث] ۱۔ رات کے کپڑے ۲۔ تاریکی۔ اندھیرا۔

شَبکا: [ار۔ امذ] شگاف جو کپڑے یا دیوار وغیرہ میں ہو۔

شَبکات: [لوہے یا جست وغیرہ کے تاروں کا جال کبوتروں کے پکڑنے کا جال۔ ۲۔ بڑا سوراخ۔ [ار۔ امذ]

شَبکہ: [ع۔ امذ] مچھلی پکڑنے کا جال ۲۔ شکاری کا جال ۳۔ آنکھ کا پردہ۔

شَبنم: [ف۔ امث] ۱۔ رات کی نمی۔ اوس۔ ۲۔ ایک قسم کا کپڑا جو سفید اور نہایت باریک ہوتا ہے۔

شَبنمستان: [ف۔ امذ] وہ مقام جہاں بکثرت شبنم پڑی ہوتی ہے۔

شبنم کا رونا: [ار۔ محاورہ] شبنم گرنا۔

شَبنمی: [ف۔ امذ] وہ کپڑا جو اوس سے بچنے کے لئے مسہری یا پلنگ پر تان دیتے ہیں۔

شَبّو: [ف۔ امث] ایک پھول جو رات کو مہکتا کھلتا ہے۔ گل چاندنی۔ رات کی رانی۔ شب دلہن

شَبَہ: [ع۔ امذ] مثل۔ مانند۔ تصویر۔

شُبہہ/شُبہ: [ع۔ امذ] شک۔ گمان۔ وہم۔ وسواس (افعال۔ اٹھانا۔ کرنا۔ مٹانا۔ نکالنا گرنا۔ ہونا۔ اٹھنا۔ نکلنا)

شُبھ: [س۔ صف] مبارک۔ نیک ۲۔ روشن۔ درخشاں ۳۔ خوبصورت۔ حسین ۴۔ خوش قسمت۔ خوش نصیب

شَبِّیر: [ع۔ امذ] ۱۔ حضرت امام حسینؓ کا لقب ۲۔ حضرت ہارونؑ کا چھوٹا بیٹا۔

شَبِین: [ف۔ امث] ۲۱-۲۳-۱۹ ویں رمضان کی راتیں جن میں شیعوں کے نزدیک شب قدر ہوتی ہے۔

شَبِینہ: [ف۔ امذ] رات کا۔ رات کے متعلق ۲۔ تراویح میں ایک رات میں قرآن شریف ختم کرنا۔

تَشبیہ: [ع۔ امذ] ۱۔ مشابہت۔ شباہت ۲۔ مانند۔ ہم شکل ۳۔ تصویر۔ شکل۔ صورت۔

ش — پ

شَپ: [ف۔ صف] تیز۔ جلد (۲۔ مث) چابک۔ قمچی۔ تلوار کی آواز۔ پانی میں کودنے کی آواز ۳۔ گپ کے ساتھ تابع مہمل۔

شَپا: [ہ۔ امذ] تیراندازوں کا نشانہ۔ ہدف۔

شَپّا: [ہ۔ امذ] تیس۔ تدبیر (افعال۔ لڑنا۔ لڑانا۔ لگانا۔ لگنا)۔

شَپاشَپ/شَپ شَپ: [ف۔ امث] ۱۔ دیکھئے "شپ" ۲۔ چپڑ چپڑ چاٹنے کی آواز ۳۔ جلد جلد کھانے کی آواز (افعال: کرنا۔ ہونا)

شَپَّر: [سریانی صف] ۱۔ خوبصورت۔ ۲۔ حضرت امام حسنؓ کا لقب۔

شَپَّر/شَپَرک/شَپَّرہ: [ف۔ امث] چمگادڑ۔

شَپَّرہ چشم: [ف۔ صف] سورج کی روشنی میں آنکھیں بند کرنے والا ۲۔ وہ شخص جو صاف اور واضح چیز کو تعصب کی بناء پر نہ دیکھ سکے۔

شَپّیر: (سریانی۔ امذ) شپّر کی تصغیر۔ حضرت امام حسینؓ کا لقب۔

ش — ت

شِتا: [ع۔ امذ] سردی کا موسم۔ جاڑا

شِتا: [ف۔ صف] بھوکا۔

شِتاب: [ف۔ صف] جلد۔ فوراً۔ بلاتوقف۔ جھٹ پٹ۔

شِتاب کار: [ف۔ امذ] جلد باز۔

شِتاب کاری: [ف۔ امث] دیکھئے "شتاب کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شِتابا: [ار۔ امذ] وہ کاغذ جس کو بارود میں تر کرکے خشک کر لیتے ہیں اور فلیتہ کی جگہ کام آتا ہے۔

شِتابان: [ف۔ صف] جلد باز۔ دوڑنے والا۔

شِتابی: [ف۔ امث] جلدی۔ تیزی۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔

شِتالنگ: [ف۔ امث] ٹخنہ۔

شِتاہ: [ار۔ امذ] شطّاح کا بگاڑ ہے۔ بدکار/ بدوضع عورت۔

شِتاہی: [ار۔ امث] بے حیائی۔ بے شرمی۔ شوخی۔ حرامکاری۔ بدوضعی۔

دُشتر: [د۔ صف] دشمن۔

شُتر: [ف۔ امذ] اونٹ۔

شُتربان: [ف۔ صف فاعلی] اونٹ ہانکنے والا۔ اونٹ والا۔ ساربان

شُتربانی: [ف۔ امث] دیکھئے "شتربان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شتر بے مہار: [ف۔ صف] ۱۔ بے نکیل کا اونٹ ۲۔ آزاد۔ نڈر۔ آوارہ
شتر غمزہ: [ف۔ اند] مکر و فریب۔ چالاکی ۲۔ ناز بے جا۔ بے جا نخرہ۔ ناموزوں نخرہ
شتر غمزے اٹھانا: [ار۔ محاورہ] بے جا نخرے برداشت کرنا۔
شتر کینہ: [ف۔ اند] وہ دشمنی جس کا کینہ کبھی زائل نہ ہو ۲۔ دلی عداوت۔ دلی دشمنی۔
شتر گاؤ: [ف۔ اند] ایک چوپایہ جس کی گردن اونٹ اور گھر گائے سے مشابہ ہوتے ہیں زرافہ۔
شتر گربہ: [ف۔ اند] دو ناموافق یا بے جوڑ میل چیزیں ۲۔ اصطلاح شعر میں ایک ہی چیز کو تعظیم اور تحقیر کے ساتھ بیان کرنا۔
شتر مرغ: [ف۔ اند] ایک بہت بڑا پرندہ جس کی ٹانگیں اور گردن لمبی ہوتی ہیں تیز دوڑتا ہے۔ مگر اڑ نہیں سکتا۔
شتر نال: [ار۔ امث] ایک قسم کی چھوٹی توپ جو اونٹ کی پیٹھ پر لادی جاتی تھی اور وہیں وہ چلائی جاتی تھی۔
شتری: [ار۔ امث] اونٹ کے رنگ کا۔ اونٹ کے بالوں کا۔ (۲ مذ) ایک قسم کا نقارہ جو اونٹ پر رکھا جاتا تھا۔ سم شتر سے منسوب۔
شتم: [ف۔ اند] گالی گلوچ۔

ش ــــ ج

شجاع: [ع۔ صف] دلیر۔ بہادر۔ جری۔
شجاعت: [ع۔ امث] دیکھئے "شجاع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شجر: [ع۔ اند] درخت۔ پیڑ۔ روکھ۔
شجر طور / کلیم: [ع۔ اند] وادی ایمن میں کوہ طور کے نزدیک ایک درخت جس پر حضرت موسیٰؑ نے تجلی دیکھی تھی۔
شجر ممنوعہ: [ع۔ اند بہ ترکیب فارسی] بہشت کا وہ درخت جس کے قریب جانے سے حضرت آدم علیہ السلام کو روکا گیا تھا ۲۔ مجازاً ہر وہ چیز جس سے روک دیا گیا ہو۔
شجرہ: [ع۔ اند] ۱۔ درخت ۲۔ نسب نامہ۔ وہ کاغذ جس میں کسی خاندان کے مورث اعلیٰ اور اس کی اولاد کا ترتیب وار ذکر ہوتا ہے ۳۔ وہ کاغذ جس پر مشائخ اپنے پیروں کا نام اور سلسلہ لکھ کر مریدوں کو دیتے ہیں ۴۔ زمین کے بارہ اور ان نقشے کی صورت میں کاغذ پر لکھے ہوئے
شجرہ کلہ / قلتہ: [ع۔ صف۔ اند] پیروں کا شجرہ اور ٹوپی جو تبرکاً مرید کو دی جاتی ہے ۲۔ چیز نسبت۔ بوریا بستر۔
شجرہ کلہ اٹھانا: [ار۔ محاورہ] بستر باندھ کر چلنے کی تیاری کرنا۔
شجرۂ نسب: [ع۔ اند بہ ترکیب فارسی] سلسلۂ نسب۔ نسب نامہ (شجرہ نسب اس لئے کہتے ہیں کہ سلسلہ نسب درخت کی شاخوں کی صورت میں بیان کیا جاتا تھا۔
شجیع: [ع۔ صف] دلیر۔ بہادر

ش ــــ ح

شحام: [ع۔ اند] ۱۔ موٹا فربہ ۲۔ چربی فروش۔
شحامت: [ع۔ امث] موٹاپن۔ فربہی۔
شحم: [ع۔ امث] ۱۔ چربی ۲۔ گودا ۳۔ مغز ۴۔ موٹاپا۔ فربہی۔
شحنا: [ع۔ اند] دشمنی۔
شحنائی / شحنگی: [ار۔ صف۔ امث] ۱۔ کوتوالی کا انتظام۔ بندوبست ۲۔ پولیس۔
شحنہ: [ف۔ اند] ۱۔ صوبہ کا حاکم۔ وائسرائے ۲۔ کوتوال۔ پولیس کا افسر ۳۔ چوکیدار ۴۔ [illegible] کرنے والا محصل ۵۔ تحصیل کا چپراسی۔
شحنۂ بازار: [ف۔ اند] بازار کا چودھری
شحنۂ پنجم حصار: [ف۔ اند] ۱۔ مریخ۔ منگل۔
شحنۂ چہارم حصار: [ف۔ اند] سورج ۲۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
شحنۂ شب: [ف۔ اند] ۱۔ چوکیدار ۲۔ نقب زن ۳۔ عاشق ۴۔ قیدی۔
شحنۂ عدل: [ف۔ اند] بادشاہ۔
شحنۂ نجف: [ف۔ اند] حضرت علیؓ
شحیم: [ع۔ صف] موٹا۔ فربہ (عموماً لحیم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لحیم شحیم)

ش ــــ خ

شخ: [ف۔ اند] سخت زمین جو پہاڑ کے دامن میں یا پہاڑ کے اوپر ہو۔ پہاڑ کی چوٹی کوئی سخت چیز۔
شخص: [ع۔ اند] ۱۔ آدمی بشر ۲۔ ایک فرد۔ یکتا۔
شخصی: [ع۔ امث] دیکھئے "شخص" جس سے یہ منسوب ہے۔ ذاتی۔ جسمی۔
شخصی حکومت: [ع۔ امث] وہ حکومت جس میں بادشاہ کو اختیار مطلق حاصل ہو۔ بادشاہت۔
شخصیت: [ع۔ امث] آدمیت۔ انسانیت۔ درجہ۔ عزت۔ وقار ۲۔ تکبر۔ غرور۔ شیخی ۴۔ بڑی ہستی۔
شخصیت جتانا / بگھارنا: [ار۔ محاورہ] شیخی مارنا۔ اترانا۔
شخصیہ: [ع۔ امث] شخصی کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے

ش ــــ د

شد: [ع۔ اند] ایک حرف کو دو دفعہ پڑھنا۔ تشدید دینا ۲۔ آواز کا چڑھاؤ۔ کھنچاؤ۔ زور شور پہلوانوں کا نعرہ۔
شد رحال: [ع۔ امث بہ ترکیب فارسی] لفظی معنی ہیں۔ سفر کیلئے سواری پر کجاوہ کسنا ۲۔ سفر کی تیاری اور اہتمام
شد و مد: [ع۔ اند] ۱۔ زور قوت ۲۔ سختی۔ تندی۔ تیزی ۳۔ پڑھنے میں زور دینا کو ۴۔ شان و شوکت۔ دھوم دھام۔
شد و مد سے: [ار۔ متعلق فعل] سختی سے تیزی سے۔
شد: [ف۔ فعل] فارسی مصدر "شدن" سے صیغہ ماضی (۲۔ مث) کسی کام کی ابتدا۔ آغاز ۳۔ (صف) مرا ہوا۔ گزرا ہوا۔
شد آمد: [ف۔ امث] میل جول۔ آمد و رفت۔ راہ و رسم ۲۔ رسم و رواج۔
شد آمد سے: [ار۔ متعلق فعل] شروع سے۔ ابتدا سے۔
شد بد: [ار۔ امث] پڑھنے لکھنے کا تھوڑا سا ملکہ (افعال۔ ہونا)
شدنی: [ف۔ صف] ۱۔ ہونے والا۔ ہونے کے قابل ۲۔ ممکن۔ اغلب۔
شدنی شد دگر چہ خواہد شد: [ف۔ مثل] جو ہونے والا تھا وہ ہوگیا۔ اب اور کیا ہوگا۔
شد ہو جانا: [ار۔ محاورہ] مقابلہ ہو جانا۔
شدا: [ع۔ اند] علم۔ جھنڈا۔ نشان خصوصاً جو محرم پر نکالے جاتے ہیں۔
شداد: [ع۔ اند] قوم عاد کا ایک بادشاہ جس نے نقلی بہشت بنائی تھی۔ نیز دیکھئے ارم۔
شدے نکالنا: [ار۔ محاورہ] محرم کے موقعہ پر جھنڈے اور نشان نکالنا۔
شدے نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شدے نکالنا" جس کا یہ لازم ہے

شدائد: [ع۔ امذ] جمع "شدیدہ" کی۔ تکلیفیں سختیاں۔
شدت: [ع۔ امث] ا۔ سختی۔ تکلیف۔ تنگی ۲۔ تیزی۔ جوش ۳۔ زیادتی۔ کثرت ۴۔ زبردستی۔ جبر ۵۔ زور۔ قوت ۶۔ ترقی۔ غلبہ۔
شدت کرنا: [ار۔ محاورہ] سختی کرنا۔ ظلم کرنا۔ جبر کرنا۔
شدت ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شدت کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شدہ شدہ: [ف متعلق فعل] رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔
شدہ: [ع۔ امذ] ٹوٹا ہوا سر ۲۔ کپڑے کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔
شدہ تحت الحنک: [ع۔ امذ] پگڑی کے کپڑے سے پھاڑا ہوا وہ ٹکڑا جو ٹھوڑی کے نیچے سے لپیٹا جاتا ہے۔ (ڈھاٹا)
شدہ: [ف۔ امذ] دیکھئے "شدا"
شدھ: [ہ صف] ا۔ پاک۔ طاہر۔ پوتر ۲۔ خالص۔ بے میل ۳۔ صاف ستھرا ۴۔ چمکیلا سفید روشن ۵۔ بے گناہ۔ بے قصور۔ بے داغ معصوم ۶۔ سادہ سیدھا ۷۔ سچا راسخ ۹۔ درست صحیح ۱۰۔ رہا۔ بری۔ آزاد ۱۱۔ اکیلا۔ صرف ایک ہی ۱۲۔ مانا ہوا ۱۳۔ لاثانی۔
شدھی: [ہ۔ امث] ا۔ دیکھئے "شدھ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۲۔ وہ تحریک جو شردھانند نامی ایک ہندو نے ہندوستان میں اُن مسلمانوں کو دوبارہ ہندو بنانے کے لئے چلائی تھی۔ جن کے آباؤ اجداد کبھی ہندو تھے۔
شدید: [ع صف] ا۔ مشکل۔ کٹھن ۲۔ سخت۔ تیز ۳۔ زور کا۔ زیادہ ۴۔ تکلیف دہ ۵۔ بھاری ۶۔ بڑا۔ عظیم۔ کبیرہ۔ زبون۔
شدید العداوۃ: [ع صف] سخت عداوت رکھنے والا۔
شدید العقاب: [ع صف] سزا میں سخت
شدید العمل: [ع۔ امذ] سختی کرنے والا۔

ش ــــ ذ

شذرہ: [ع۔ امذ] بکھرا ہوا پراگندہ ۲۔ مختصر سا مضمون۔
شذوذ: [ع۔ امذ] شاذ ہونا۔ نایاب ہونا۔ شاذ کا اسم کیفیت۔

ش ــــ ر

شر: [ع۔ امذ] شرارت۔ بدی۔ فساد۔ جھگڑا۔ دنگا
شر اٹھانا: [ار۔ محاورہ] جھگڑا برپا کرنا۔ فساد کی ابتدا کرنا۔
شر اٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شر اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔ جھگڑا مٹ جانا۔
شر انگیز / شر پسند: [عف صف] شریر۔ مفسد۔
شر انگیزی / شر پسندی: [عف۔ امث] دیکھئے "شر انگیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شر بڑھانا: [ار۔ محاورہ] فساد کو ہوا دینا۔ جھگڑا بڑھانا۔
شر بڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شر بڑھانا" جس کا یہ اسم لازم ہے۔
شر کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شر اٹھانا"
شرا: [ع۔ امذ] خرید و فروخت ۲۔ (ار) خرید۔
شراب: [ع۔ امث] رقیق چیز جو پی جائے ۲۔ نشہ آور عرق۔ دارو۔
شراب اڑانا: [ار۔ محاورہ] خوب شراب پینا۔
شراب اڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شراب اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شراب چلنا: [ار۔ محاورہ] کسی مجمع میں دیر تک شراب پی جانا۔
شراب خانہ: [عف۔ امذ] وہ جگہ جہاں شراب بکے یا بنے۔
شراب خوار: [ف۔ صف] شراب پینے والا۔ بادہ نوش۔
شراب خوار ہمیشہ خوار: [ار۔ مثل] شراب پینے والا ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے۔
شراب خواری: [ف۔ امث] شراب پینا۔ مے نوشی۔
شراب طہور: [ع امث بہ ترکیب فارسی] پاک شراب جو بہشت میں ملے گی۔
شراب کھینچنا / کشید کرنا: [ار۔ محاورہ] شراب بھبکے سے تیار کرنا۔ شراب بنانا۔
شراب مقطر: [ع امث بہ ترکیب فارسی] ٹپکائی ہوئی شراب جو تیز ہوتی ہے۔
شراب و کباب: [ع۔ امث۔ بہ ترکیب فارسی] شراب اور کباب۔ شراب مع لوازم۔
شرابور: [ار صف] تر بتر۔ بہت بھیگا ہوا (افعال: کرنا۔ ہونا)
شرابی: [ف صف] شراب پینے والا۔ مے نوش۔
شرابی کبابی: [ف صف] شراب خور۔ عیاش۔
شراٹا: [ار۔ امذ] زور سے مینہ برسنے کی آواز ہوا کا سناٹا ۲۔ خون یا پانی کی دھار زور سے نکلنا
شرادھ: [ہ۔ امذ] وہ کھانا جو اسوج کے مہینہ میں مُردوں کے نام پر برہمنوں کو کھلایا جاتا ہے۔
شرار / شرارہ: [ع۔ امذ] آگ کا پتنگا۔ چنگاری۔
شرار جستہ: [ف۔ امذ] اڑی ہوئی چنگاری
شرارت: [ع امث] ا۔ بدی۔ ایذا رسانی۔ خرابی۔ بدنیتی ۲۔ شوخی۔ بیباکی۔ بدزبانی ۳۔ شیطنت۔ بدذاتی ۴۔ سرکشی ۵۔ چنگاری۔
شرارتی: [ف ار صف] شریر۔
شرارہ: [ع۔ امذ] دیکھئے "شرار"
شرارہ اڑنا: [ار۔ محاورہ] چنگاری اڑنا۔
شرارہ خیز: [عف صف] چنگاری پیدا کرنے والا۔
شرارۃً: [ع متعلق فعل] شرارت سے۔
شرافت: [ع۔ امث] بزرگی۔ بھلمنسی ۲۔ نجابت۔ عالی خاندانی۔
شرافت پناہ: [عف صف] پرانے درجہ کا شریف (دفتری اصطلاح) ماتحت افسر ان کے لئے بطور القاب لکھتے تھے
شرافت پیشہ: [عف صف] عالی خاندان۔ شریف
شراکت: [ع۔ امث] ساجھا۔ حصہ داری (صحیح عربی میں اس کی بجائے شرکت ہے)۔
شراکت نامہ: [ف۔ امذ] شرکت نامہ وہ دستاویز جس میں ساجھے کی کیفیت درج ہو۔
شرائط: [ع امذ مث] "شریطہ" کی جمع مگر اردو میں "شرط" کی جمع کے طور پر مستعمل ہے۔
شرائط تمہیدی: [عف امث] ابتدائی شرطیں۔
شرائع: [ع۔ امث۔ مذ] دیکھئے "شریعت" جس کی یہ جمع ہے۔
شرائین: [ع۔ امث] دیکھئے "شریان" جس کی یہ جمع ہے۔
شرب: [ع۔ امذ] پینا پینے والی چیز۔
شرب الیہود: [ع۔ امذ] پوشیدہ شراب پینا۔
شربت: [ع۔ امذ] ا۔ وہ مقدار جو ایک دفعہ پی جائے ۲۔ قند میں پکا ہوا عرق کسی پھل پھول یا دوا کا ۳۔ قند / مصری / کھانڈ پانی میں گھلی ہوئی۔
شربت پلانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ میٹھا کیا ہوا پانی پلانا ۲۔ حجام کا نکاح سے پہلے یا بعد میں بڑوں کو شربت پلانا ۳۔ (ہندوؤں میں) نسبت کرنا۔

شَرْبَت پِلائی: [ار۔امث] وہ نقدی جو شربت پینے پر دُولہا اور دُلہن کے رشتہ دار تھال میں ڈالتے ہیں ۲۔ وہ نیگ جو دولہا یا دُلہن کی طرف سے نائی کو دیا جائے۔

شَرْبَت کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا/کر دینا: [ار۔محاورہ] غریبوں کی طرح سادگی سے بغیر ٹھاٹھ باٹھ کے نکاح کر دینا۔

شَرْبَت کے سے گھونٹ پینا: [ار۔محاورہ] ۱۔کسی کڑوی چیز کو مزے لے کر پینا ۲۔کسی تلخ بات کو خوشی سے برداشت کرنا۔ سختی اٹھانا۔

شَرْبَتی: [ف۔صف] شربت کے رنگ کا۔کسی قدر سُرخی مائل ہلکا زرد رنگ ۲۔ ایک قسم کا میٹھا لیموں ۳۔ایک قسم کا نگینہ ۴۔ایک قسم کا نفیس اور باریک کپڑا ۵۔ایک قسم کا کبوتر ۶۔ایک قسم کا بڑا فالسہ ۷۔شراب کا پیالہ جو ایک ہی دفعہ پی لیا جائے ۸۔رَس دار۔

شَرْبَہ: [ع۔امذ] پانی کی وہ مقدار جو سیرابی کے لئے کافی ہو ۲۔ایک قسم کی چھوٹی خشک ۳ تالاب ۴ صراحی

شَرْ تَاوا: [ار۔امذ۔ق] ایک قسم کی کھچڑی۔

شَرْح: [ع۔امث] تفسیر۔کھول کر کہنا ۲۔نرخ۔بھاؤ۔

شَرْحِ آبپاشی: [عف۔امث] نہر کے پانی کا نرخ۔آبیانہ۔

شَرْح بَنْدی: [عف۔امث] نرخ نامہ۔نرخوں کی فہرست۔ ۲۔نرخ مقرر کرنا۔

شَرْح چڑھانا/کرنا: [ار۔محاورہ] کتاب کی تشریح لکھنا۔حاشیہ چڑھانا۔

شَرْحِ ذیل: [ع۔امث۔بہ ترکیب فارسی] نیچے لکھی ہوئی تفصیل۔

شَرْحِ سُود: [عف۔امث] بیاج کا نرخ۔

شَرْحِ صَدْر: [ع۔امث بہ ترکیب فارسی] دلی تسکین۔شک شبہ نہ رہنا۔اوپر لکھی ہوئی تفصیل۔

شَرْحِ لگان: [ار۔امث] لگان یا خراج کا نرخ۔

شَرْح و بسط: [ع۔امث] وضاحت و تفصیل۔کھول کر

شَرْدھا: [س۔امث] ۱۔اشتیاق آرزو ۲۔یقین دھرم، وفاداری۔

شِرْذِمہ: [ع۔امث] ۱۔تھوڑے آدمیوں کی جماعت ۲۔پھول وغیرہ کا ٹکڑا۔تاسف۔

شَرَر: [ع۔امذ] آگ کی چنگاری۔کینہ۔

شَرَر بار/ریز/فشاں: [ف۔صف] چنگاریاں برسانے والا ۲۔چنگاریاں اڑانے والا۔ ۳۔وہ جس سے آگ کی چنگاریاں نکلتی ہوں۔

شَرَر باری/ریزی/فشانی: دیکھئے "شرر بار" وغیرہ۔جس کا یہ اسم کیفیت ہے [ف۔امث]

شَرْزا: [ار۔امذ۔ق] شیر ببر۔تیندوا۔

شَرْزہ: [ف۔صف] غصے میں بھرا ہوا۔ہیبت ناک خوف ناک (عموماً شیر وغیرہ کیلئے مستعمل ہے)

شُرُط: [ع۔صف] موافق۔سازگار۔معاون۔پولیس۔

شَرْط: [ع۔امث] اقرار۔عہد۔قول قرار ۲۔وہ چیز جس پر کسی بات کا انحصار ہو ۳۔قید پابندی ۴۔بازی لازم۔ضروری۔

شَرْط ادا ہونا: [ار۔مصدر مرکب] اس کام کا ہونا جس کا ہونا لازمی ہو۔

شَرْط باندھنا/بدنا: [ار۔محاورہ] بازی لگانا ۲۔عہد کرنا ۳۔ذمہ لینا۔

شَرْط بجا لانا: [ار۔مصدر مرکب] شرط پوری کرنا۔عہد و پیمان پورا کرنا۔وعدہ وفا کرنا۔

شَرْط پوری کرنا: [ار۔مصدر مرکب] دیکھئے "شرط بجا لانا"

شَرْط ٹھہرانا: [ار۔محاورہ] آپس میں عہد و پیمان کرنا۔

شَرْطِ رفاقت: [ع۔امث بہ ترکیب فارسی] وہ فعل جو رفیق ہونے کیلئے لازمی ہو۔دوستی کا حق ادا کرنا۔

شَرْط کرنا: [ار۔مصدر مرکب] عہد پیمان کرنا۔

شَرْط لگانا: [ار۔محاورہ] ۱۔قید لگانا۔پابندی لگانا ۲۔عہد و پیمان کرنا۔بازی لگانا۔

شَرْط لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "شرط لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

شَرْط ہونا: [ار۔مصدر مرکب] دیکھئے "شرط کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

شَرْطی: [ع۔صف] ضرور۔بے شک ۲۔کسی شرط پر۔مشروط۔

شَرْطِیَّہ: [ع۔صف] ۱۔اقراری۔شرطی۔وہ جملہ جو شرط اور جزا سے مل کر پیدا ہو ۲۔ضروری۔بلاشک۔

شَرْع: [ع۔امث] سیدھا راستہ۔طور طریقہ۔قانون محمدی جو قرآن کے مطابق ہے ۳۔آئین۔مذہب

شَرْع پر چلنا: [ار۔محاورہ] دین اسلام کے قانون پر چلنا۔

شَرْع تَرَہ: [عف۔امث (عو)] قانون شریعت۔

شَرْع تَرَہ/تورہ والی: [ار۔امث] (طنزاً) پابند شریعت

شَرْعِ محمدی: [ع۔امث بہ ترکیب فارسی] اسلامی قانون۔وہ اسلامی قانون جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا۔

شَرْعِ محمدی مہر: [عف۔امذ] وہ مہر جو نکاح کے وقت شرع محمدی کے مطابق قائم ہو۔

شَرْعِ محمدی نکاح پڑھانا: [ار۔محاورہ] قانون اسلام کے مطابق نکاح کر دینا جس میں کسی قسم کی دھوم دھام یا باجا گاجا نہ ہو۔

شَرْع میں کیا شرم: [ار۔مثل] جائز بات کہنا۔صاف بات کہنا۔کچھ لحاظ نہیں کرنا چاہیئے۔

شَرْعاً: [ع۔متعلق فعل] از روئے شرع۔قانون اسلام کے مطابق۔

شَرْعاً و عُرفاً: [ع۔متعلق فعل] قاعدے قانون اور رسم و رواج کے موافق۔

شَرْعی: [ع۔صف] شرع کے مطابق۔قانون اسلام کے مطابق۔

شَرْعی پاجامہ: [ار۔امذ] ٹخنوں سے اوپر پاجامہ۔

شَرْعی ڈاڑھی: [ار۔امث] شرع کے مطابق ڈاڑھی جو ایک مشت اور دو انگل کے برابر ہوتی ہے۔

شَرْعی قسم: [ع۔امث بہ ترکیب فارسی] وہ قسم جو ضابطہ قانون اسلام کے موافق ہو۔ ۲۔اللہ کی قسم۔

شَرْعی قلتبان: [عف۔امذ] نکاح پڑھانے والا (کنایۃً)

شَرْعِیَہ: [ع۔امث] دیکھئے "شرعی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔

شُرْغا: [ع۔امذ] وہ گھوڑا جو سر تا پا بادامی رنگ کا ہو ۲۔اگر سمند کی ایال اور دم کے بال زرد رنگ کے ہوں تو وہ بھی شرغا ہے۔

شَرَف: [ع۔امذ] بزرگی۔بلندی ۲۔برتری۔ترجیح فوقیت ۳۔عزت۔فخر۔افتخار ۴۔کسی سیارے کا اپنے اصلی برج میں آنا (افعال: پانا۔حاصل کرنا۔ہونا)

مشرف باریابی/خدمت/ملازمت: [ع۔امذ۔بہ ترکیب فارسی] کسی کی خدمت میں حاضر ہونے کا فخر یا عزت۔

شَرَف لے جانا: [ار۔محاورہ] سبقت لے جانا۔

شَرَف ہونا: [ار۔محاورہ] ترجیح ہونا۔بزرگی ہونا ۲۔کسی سیارے کا اپنے اصلی برج میں آنا۔

شَرَف یاب: [عف۔صف] عزت پانے والا۔شرافت حاصل کرنے والا۔

شَرَف یابی: [عف۔امث] دیکھئے "شرف یاب" جس کا یہ اسم منسوب ہے۔

شُرَفا: [ع۔امذ] دیکھئے "شریف" جس کی یہ جمع ہے۔

شَرْق: [ع۔امذ] مشرق۔پورب۔سورج نکلنے کی جگہ ۲۔چمک دمک۔

شَرْقی: [ع۔صف] ۱۔مشرق کا۔مشرق کے متعلق۔مشرق سے نسبت رکھنے والا ۲۔پورب کا ۳۔شاہان جونپور کا لقب۔

شَرْقی علوم: [ع۔امذ] وہ علوم جو ایشیا سے نکلتے ہیں

شَرْقِیَہ: [ع۔صف] دیکھئے "شرقی" کی تانیث۔نیز یہ جمع کا افادہ بھی کرتا ہے۔

شرک : [ع - امذ] خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک جاننا۔
شرک جلی : [ع - امذ] ظاہری شرک جیسے بت پرستی۔
شرک خفی : [ع - امذ] پوشیدہ شرک جیسے پیر پرستی۔
شرکا : [دیکھئے "شریک" جس کی یہ جمع ہے
شرکت : [ع - امث] ۱۔ شامل ہونا۔ شمولیت ۲۔ ساجھا۔ شراکت۔
شرکت ضروری ہونا : [ار - محاورہ] شمولیت لازمی ہونا۔
شرکت منظور ہونا : [ار - محاورہ] ساتھ دینے کا ارادہ کرنا۔
شرکتی : [ع - صف] مشترکہ۔ ساجھے کا
شرکی : [ع - صف] شرک سے منسوب۔
شرکیہ : [ع - امث] شرکی کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے۔
شرم : [ف - امث] ۱۔ حیا۔ لاج۔ حجاب ۲۔ ننگ۔ عار۔ سنکوچ ۳۔ ندامت۔ انفعال۔ خجالت۔ خِفّت۔ شرمندگی۔ پشیمانی ۴۔ عزّت و حرمت ۵۔ غیرت ۶۔ خیال۔ پاس ۷۔ شرم گاہ۔ آلہ تناسل
شرم آلود / آلودہ : [ف - صف] شرمگیں
شرم آنا : [ار - محاورہ] حیا آنا۔ غیرت آنا۔
شرم بھی نہیں آتی : [ار - روزمرہ] شرم دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ شرمندہ ہونا چاہیئے قائل ہونا چاہیئے۔
شرم چہ کُتی ایست کہ پیش مرداں بیاید : [ف - مثل] بے حیا کے متعلق کہتے ہیں
شرم حضور : [ف ع - امذ] شرم رکھنے والا۔ سامنے لحاظ کرنے والا ۲۔ آنکھ کی شرم۔
شرم حضوری / شرما حضوری : [ف ع - امذ] دیکھئے "شرم حضور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شرم دلانا : [ار - محاورہ] شرمندہ کرنا۔
شرم رکھنا : [ار - محاورہ] عزت یا آبرو رکھنا۔
شرم رہ جانا : [ار - محاورہ] عزت بچ جانا آبرو میں فرق نہ آنا۔
شرم زدہ : [ف - صف] شرمندہ۔
شرمسار : [ف - صف] شرمندہ (افعال : کرنا ہونا)
شرمساری : [ف - امث] شرم۔
شرم سے آنکھیں جھکانا : [ار - محاورہ] حیا سے آنکھیں نیچی کرنا۔
شرم سے آنکھیں جھکنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "شرم سے آنکھیں جھکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شرم سے پانی پانی / پسینے پسینے ہو جانا / ہونا : [ار - محاورہ] نہایت شرمندہ ہونا۔
شرم سے ڈوب مرنا : [ار - محاورہ] شرمندگی کی وجہ سے پانی میں کود کر جان دینا۔ ۲۔ سخت شرمندہ ہونا۔
شرم سے گٹھنا / گٹھڑی ہو جانا / ہونا / گڑ جانا : [ار - محاورہ] بے حد شرمندہ ہونا۔
شرم سے منہ دکھلانا / دکھانا : [ار - محاورہ] شرمندگی کی وجہ سے سامنے نہ آنا۔
شرم کشرم میں کام ہو گیا : [ار - مثل] دیکھئے شرم ہی شرم الخ
شرم کا مقام ہے : [ار - محاورہ] غیرت کی بات ہے۔
شرم کرنا : [ار - مص مرکب] ۱۔ حیا کرنا ۲۔ شرمندہ ہونا ۳۔ لحاظ کرنا۔
شرم کھانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "شرم کرنا"
شرم کی بات : [ار - امث] ایسا کام جس کی وجہ سے شرمندگی اٹھانی پڑے۔
شرم کی بات ہے : [ار - مقولہ] غیرت کا مقام ہے۔ افسوس کی جگہ ہے۔ ۲۔ [متعلق فعل] لعنت ہے۔

شرم کی بہو نت بھوکی مرے : [ار - مثل] جو شرم کرے نقصان اٹھاتا ہے۔ جس طرح دلہن شرم میں بھوکی رہتی ہے۔
شرم کی لینا : [ار - محاورہ] شرم کرنا۔
شرم کی ماں گوڑے رگڑتی ہے : [ار - مثل] شرم میں نقصان ہی نقصان ہوتا ہے۔
شرم کے مارے : [ار - متعلق فعل] غیرت سے۔ شرم کی وجہ سے۔
شرم گاہ : [ف - امث] اندام نہانی۔ انسان کے بول و براز کی جگہ۔
شرمگیں : [ف - صف] شرمندہ۔ خجل۔
شرمناک : [ف - صف] قابل شرم۔
شرم والے کے پھوٹے کرم : [ار - مثل] شرم کرنے والا محروم رہتا ہے۔
شرم ہی شرم میں کام تمام ہوا : [ار - مثل] لحاظ یا مروت میں نقصان اٹھایا / کام بگڑ گیا۔
شرما : [س - امذ] خوش۔ خوش حال ۲۔ برہمنوں کا لقب۔
شرما شرمی : [ار - امث] حیا۔ شرم۔ طوعاً و کرہاً۔
شرمالو : [ار - صف] دیکھئے "شرماؤ"
شرمانا : [ار - مصدر لازم] شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا ۲۔ شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ غیرت دلانا۔
شرماؤ : [ار - صف] حیادار
شرمندگی : [ف - امث] دیکھئے "شرمندہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال : اٹھانا۔ اٹھنا)
شرمندہ : [ف - صف] شرمسار۔ نادم ۲۔ ممنون احسان مند (افعال : کرنا۔ ہونا)
شرمندۂ احسان / منت : [ف - صف] ممنون احسان (افعال : بنانا۔ بننا۔ کرنا۔ چھوڑنا)
شرمندۂ تعبیر : [ف - صف] جس کی کوئی تعبیر ہو۔
شرمندہ صورت : [ف - صف] شرمیلا۔
شرمندہ معنی : [ف - صف] جس کے معنی ہوں۔ بامعنی۔
شرمیلا : [ار - صف] دیکھئے "شرماؤ"
شرمیلا پن : [ار - امث] شرمندگی ("شرمیلا" کا اسم کیفیت)
شرمیلی : [ار - امث] دیکھئے "شرمیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
شرنارتھی : [ہ - صف] پناہ گزین۔
شروا : [ار - امذ] دیکھئے "شوربا" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
شروا پھلکا : [ار - امذ] شوربا اور پھلکا۔ خوراک۔
شروا چٹ : [ار - صف] بیوں نچوڑ طعام تلاش۔ وہ شخص جو طعام کی وجہ سے دوست بنے۔ ابن الوقت۔ زمانہ ساز۔
شروح : [ع - امث] دیکھئے "شرح" جس کی یہ جمع ہے۔
شرور : [ع - امذ] دیکھئے "شر" جس کی یہ جمع ہے۔
شروط : [ع - امذ] دیکھئے "شرط" جس کی یہ جمع ہے۔
شروع : [ع - امذ] ابتدا۔ آغاز۔ اٹھان (افعال : کرنا۔ ہونا)
شروعات : [ع - امث] شروع کی جمع مگر اردو میں واحد مستعمل ہے۔
شری / شریمان : [س - امث] کلمہ خطاب بجائے جناب اور مسٹر کے مستعمل ہے۔
شرہ : [ع - امث] لالچ۔ حرص۔ عیش
شریمتی : [س - امث] دیکھئے "شری" جس کی یہ تانیث ہے۔
شریان : [ع - امث] چھوٹی رگیں۔ کودنے اور پھڑکنے والی رگ۔ نبض ۲۔ لال رگ جس کے ذریعہ دل سے خون بدن / جسم کو جاتا ہے۔

شَرِیر : [ع۔ صف] ۱۔ شرارتی۔ بدذات۔ بُرا ۲۔ عیب دار ۳۔ بدچلن ۵۔ بدمعاش۔ پاپی۔ کھوٹا۔
شَرِیر : [س۔ امذ] بدن۔ جسم۔ زندگی۔
شَرِیعَت : [ع۔ امث] دیکھئے "شرع" مع مرکبات۔
شَرِیف : [ع۔ صف] ۱۔ بھلا مانس ۲۔ بزرگ۔ معزز ۳۔ اعلیٰ خاندان کا۔ خاندانی۔ بڑے رُتبے کا ۴۔ مقدس۔ پاک ۵۔ تعظیم کا کلمہ جو شہروں اور مقدس مقامات کے لیے مستعمل ہے۔
شَرِیفُ الطَّرَفَین : [ع۔ صف] جو باپ اور ماں دونوں طرف سے شریف اور نجیب ہو۔
شَرِیفُ النَّفس : [ع۔ صف] شریف طبع۔ نیک طبیعت۔
شَرِیفہ : [ع۔ امذ] ایک میٹھا پھل۔
شَرِیک : [ع۔ صف] ۱۔ شرکت کرنے والا۔ ساجھی۔ حصّہ دار ۲۔ شامل۔ ملا ہوا۔ ملحق ۳۔ ساتھی۔ رفیق ۴۔ ہمراز۔ برابر کا ۵۔ رشتہ دار۔ دوست۔
شَرِیکِ حیات / رنج و راحت : [ع۔ صف بہ ترکیب فارسی] زندگی کے غم اور خوشی میں شامل ۲۔ کنایۃً میاں بیوی۔
شَرِیک رہنا : [ار۔ محاورہ] شامل رہنا۔ اکٹھا رہنا۔ ساتھ رہنا۔
شَرِیک شِکمی : [ار۔ امذ] وہ شخص جو اندرونی طور پر کاشت کاری میں شریک ہو مگر زمین کی کاشت کا پٹا زمیندار کی طرف سے اس کے نام نہ ہو۔
شَرِیک کرنا : (امص مرکب) شامل کرنا۔ ساجھی بنانا۔ ملانا۔ حصہ دار بنانا۔
شَرِیک ہونا : (امص مرکب) دیکھئے "شریک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ش — ڑ

شَڑاپ شَڑاپ : [ار۔ امث] کوڑوں کی آواز
شَڑپّا : [ہ۔ امذ] گھونٹ بھرنا۔ کسی چیز کو آواز کے ساتھ اور سانس کھینچ کر پینا۔
شَڑپے لگانا / مارنا : [ار۔ محاورہ] بہت پینا۔

ش — س

شَسْت : [ف۔ امث] نشانہ۔ سیدھ۔ ہدف ۲۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ (افعال: باندھنا۔ پڑنا لگانا۔ لگنا) ۳۔ وہ چیز جو درزی اور تیر انداز انگلی میں پہنتے ہیں۔ انگشتانہ (افعال: پہننا)
شُسْت : [ف۔ امذ] دھونے کا عمل۔
شُسْت و شو : [ف۔ امث] نہانا۔ دھونا۔ دھو کر صاف کرنا (افعال: کرنا۔ ہونا)
شُسْتَر : [س۔ امذ] ہتھیار۔ آلہ حرب۔
شُسْتَگی : [ف۔ امث] دیکھئے "شُستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شُسْتَنی : [ف۔ صف] دھونے کے لائق۔
شُسْتَہ : [ف۔ صف] ۱۔ دھویا ہوا ۲۔ صاف کیا ہوا ۳۔ مانجھا ہوا۔ صیقل کیا ہوا۔
شُسْتَہ تقریر / زبان / گفتگو : [ف۔ امث] سلیس و صاف بول چال۔
شُسْتَہ و رُفتہ : [ف۔ صف] پاک صاف۔ بنا ہوا۔ شُستہ۔

ش — ش

شُشُش : [ف۔ امذ] پھیپھڑا۔

شَش : [ف۔ اعدد] چھ۔
شَش پہل / پہلو / گوشہ : [ف۔ صف] چھ کونوں کا۔
شَش جِہَت : [ف۔ صف] چھ اطراف۔ یعنی شمال جنوب مشرق مغرب اوپر نیچے ۲۔ اطراف عالم۔ ہر جگہ۔ تمام عالم۔ پوری کائنات۔
شَش دانگِ عالَم : [ف۔ صف] دیکھئے "شش جہت"
شَش رَنگا : [ف۔ امذ] ایک قسم کا حلوہ جو انڈوں اور شکر سے بنتے ہیں۔
شَش روز : [ف۔ امذ] دنیا کی پیدائش کے چھ دن۔
شَش عید / ششّ عید کے روزے : [ف۔ امذ] عید الفطر کے بعد کے چھ روزے۔
شَشُم : [ف۔ عدد ترتیبی] چھٹا۔
شَشْماہی : [ف۔ امث] چھ مہینے۔
شَش و پنج : [ف۔ امذ] فکر۔ اندیشہ۔ سوچ بچار (افعال: میں پڑنا۔ ہونا)
شَش دَر / ششدر : [ف۔ صف] چھ دروازے کا مکان ۲۔ وہ جگہ جہاں سے رہائی مشکل ہو ۳۔ تختہ نرد کی بازی۔ کنایۃً حیران۔ پریشان ۵۔ دنیا۔ عالم۔
شُش : [ہ۔ امذ] وہ آواز جس کے ذریعہ کُتے سے کسی پر حملہ کرایا جاتا ہے۔
شُشکار / شُشکاری : [ہ۔ امث] کُتے کو شکار پر دوڑنے کی آواز (افعال: اٹھانا۔ دینا)
شُشکارنا : [ہ۔ مص] شش کہہ کے کُتے کو شکار پر دوڑانا۔
شُش کرنا : (امص مرکب) دیکھئے "شُشکارنا"

ش — ص

شَصت : [ف۔ اعدد] ساٹھ۔

ش — ط

شَطّ : [ع۔ امذ] دریا۔ نالہ۔ ندی ۲۔ رود کا کنارہ۔ دریا کا کنارہ ۳۔ بڑا دریا ۴۔ اونٹ کے کوہان کی ایک طرف۔
شَطّاح : [ع۔ صف] بے حیا۔ بے شرم۔ بدچلن ۲۔ بیہودہ گو عورت۔
شَطَح : [ع۔ امذ] شریعت کے خلاف کلمہ / بکواس ۲۔ بے حیائی۔
شَطحات / شَطحیات : [ع۔ امث] دیکھئے "شطح" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ واصلانِ حق یا بزرگوں کا بے اختیاری کی حالت میں کوئی ایسا کلمہ کہنا جو خلافِ شریعت ہو۔
شَطْرَنج : [ع۔ امذ] فارسی شترنج کا معرب جو سنسکرت میں چترنگ تھا۔ ایک کھیل جو بتیس مہروں اور چونسٹھ خانوں کی بساط پر کھیلا جاتا ہے۔
شَطْرَنج باز : [ع۔ صف] شطرنج کا کھلاڑی۔ شاطر۔
شَطْرَنج کا نقشہ : [ار۔ امذ] شطرنج کی بازی کسی خاص انداز سے جمائی ہوئی۔
شَطْرَنجی : [ع۔ صف] ۱۔ شطرنج باز ۲۔ [ار۔ امث] ایک قسم کا دبیز سوتی فرش (دری) جس پر دو رنگ کے خانے بنے ہوتے ہیں۔

ش — ع

شِعار : [ع۔ امذ] ۱۔ چلن۔ طریقہ۔ طور۔ مرکبات کے آخر میں بھی مستعمل ہے جیسے ستم شعار

۲۔ نشان اشارہ۔ وہ نشان یا لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں ۳
۔۔ سے لگا ہوا کپڑا۔ بنیان (افعال کرنا۔ ہونا)۔
[ع۔ امث] ۱۔ سورج کی کرن۔ روشنی۔ چمک (افعال پڑنا۔ ہونا)
شعاعی: [ع۔ صف] شعاع سے متعلق ... روشن۔ چمکیلا
شعائر: [ع۔ امذ] ع۔ امذ] دیکھیے "شعیرہ" جس کی یہ جمع ہے۔
شِعب: [ع۔ امذ] ۱۔ درہ۔ گھاٹی۔ پہاڑی سڑک / راستہ۔ غار ۲۔ گروہ۔ بڑا خاندان۔ قبیلہ۔
شعبان: [ع۔ امذ] عربی قمری سال / ہجری کا آٹھواں مہینہ جس میں شب برات ہوتی ہے۔
شعبانی: [ع۔ امث] وہ حلوا جو شعبان کی ۱۴ تاریخ کو شب برات کے دن بنا کر تقسیم کرتے ہیں۔
شعبدہ: [ف۔ امذ] ۱۔ کرتب جو جادو یا مکر و فن سے ہو ۲۔ نظر بندی ۳۔ دھوکا فریب۔
شعبدہ باز / گر: [ف۔ امذ] ۱۔ بھان متی (۲۔ صف) مکار۔ دغا باز ۳۔ ساحر۔ جادوگر۔
شعبدہ بازی / گری: [ف۔ امث] دیکھیے "شعبدہ باز / گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شعبدہ بنانا: [ار۔ محاورہ] شرارت کرنا۔ دھوکا دینا ۲۔ کرتب دکھانا۔
شعبدہ باطل ہونا: [ار۔ محاورہ] جادو کا اثر جاتا رہنا۔
شعبدہ دکھانا: [ار۔ محاورہ] کرتب دکھانا۔ نیرنگیاں دکھانا۔
شعبدہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "شعبدہ دکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔ شعبدہ کرنا: [ار۔ محاورہ] کرتب کرنا۔ کوئی عجیب بات جادو یا چالاکی سے دکھانا۔ شعبہ: [ع۔ امذ] ٹکڑا۔ حصہ ۲۔ درخت کی شاخ ۳۔ نہر کی شاخ ۴۔ کسی محکمہ کی شاخ ۵۔ قبیلہ کی تقسیم ۶۔ سُروں یا راگوں کا مجموعہ۔
شعر: [ع۔ امذ] ۱۔ سخن موزوں ۲۔ دو مصرعے جو ایک وزن کے ہوں اور ایک خیال کو ظاہر کریں۔ قافیہ ملنا ضروری نہیں۔ بیت ۳۔ نظم۔
شعر بنانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "شعر بننا" جس کا یہ متعدی ہے۔
شعر بننا: [ار۔ محاورہ] شعر کہے جانا۔
شعر تر: [عف۔ امذ] پُر لطف بیت۔
شعر خشک: [ع ف۔ امذ] وہ بیت جس میں کوئی خوبی نہ ہو
شعر خواں: [عف۔ امذ] شعر پڑھنے / سنانے والا۔
شعر خوانی: [عف۔ امث] شعر پڑھنا۔
شعر ڈھل جانا: [ار۔ محاورہ] شعر کا بے ساختگی کے ساتھ / بغیر کوشش کے موزوں ہو جانا۔
شعر فہمی عالم بالا معلوم شُد: [ف۔ مثل] اوپر والوں کے شعر سمجھنے کا حال معلوم ہو گیا یہ دراصل شعر ناشناسی یا نافہمی پر طنز ہوتی ہے۔
شعر کہنا: [ار۔ محاورہ] شعر بنانا۔ موزوں کرنا۔
شعر گفتن بہ ز دُرّ سفتن بود۔ لیک فہمیدن بہ از گفتن بود: [ف۔ مقولہ] شعر کہنا موتی بیندھنے / پرونے سے اچھا ہے مگر ان کا سمجھنا کہنے سے بھی بہتر ہے۔
شعر گو: [عف۔ امذ] شاعر۔ شعر بنانے / سنانے والا۔
شعر گوئی: [عف۔ امث] دیکھیے "شعر گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شعر لڑنا: [ار۔ محاورہ] دو شاعروں کے شعروں کا مضمون ایک ہونا۔
شعر نکالنا: [ار۔ محاورہ] شعر تصنیف کرنا۔
شعر نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "شعر نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شعر لکھنا: [ار۔ محاورہ] بیت کو کسی جگہ تحریر کرنا۔ شعر کہنا۔
شعر مرا بہ مدرسہ کہ بُرد: [ف۔ مثل] میرا شعر مدرسے میں کون لے گیا۔ مکتبوں کے مُلّا مطلب نہیں سمجھتے۔ چیز ناقدروں کے ہاتھ پڑے تو کہتے ہیں۔
شعر: [ع۔ امذ] بال۔ مُو۔

شعر الجن: [ع۔ امث] ہنس راج۔ پرشاوشان۔ ایک مفرد دوا۔
شعرا: [ع۔ امذ] دیکھیے "شاعر" جس کی یہ جمع ہے۔
شعریٰ: [ع۔ امذ] ایک بلند بڑا اور روشن ستارہ۔
شعری: [ع۔ امث] شعر سے متعلق
شعریات: [ع۔ امث] ۱۔ شاعری سے متعلقہ اُمور ۲۔ اشعار نظمیں۔
شعریت: [ع۔ امث] شعر کا حُسن۔ شعر کی روح۔ حسن و رعنائی۔ دلکشی۔ کمال جاذبیت شعری۔
شعشعہ: [ع۔ امذ] ۱۔ چمک۔ آفتاب کی روشنی ۲۔ لمبی اور پتلی لکیر۔ حرف کا آخری حصہ۔ ۳۔ جھوٹی رپورٹ۔ افواہ۔
شعشعۂ نورِ حُسن: [ع۔ امذ] حُسن کی روشنی کی چمک۔ جید حسن یا خوب صورتی۔
شعلہ: [ع۔ امذ] آگ کی لپٹ۔ آنچ۔ روشنی۔ کسی چیز کو آگ لگنے سے اس میں سے گیسیں نکلتی ہیں یہ جلتی ہیں تو روشنی نظر آتی ہے اس کو شعلہ کہتے ہیں۔ ۲۔ تیزی۔ گرمی۔
شعلۂ آتش: [عف۔ امذ] آگ کی لپٹ۔
شعلہ آشام: [عف۔ صف] ۱۔ جلنے والا ۲۔ مجازاً شراب پینے والا۔
شعلۂ آواز: [عف۔ امذ] آواز کی تیزی جو دل پر اثر کرے۔ پُر سوز آواز
شعلۂ آہ: [عف۔ امذ] آہ کی گرمی۔
شعلہ اُٹھنا: [ار محاورہ] آگ کی لپٹ نکلنا۔ لَو اٹھنا ۲۔ غصہ آنا۔ جلن ہونا
شعلہ افشاں / بار: [عف۔ صف] شعلہ برسانے والا۔ جس سے بہت شعلے نکل رہے ہوں۔
شعلہ افشانی / باری: [عف۔ امث] دیکھیے "شعلہ افشاں / بار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شعلہ بھبھوکا ہونا: [ار۔ محاورہ] سخت ناراض ہونا۔ لال پیلا ہو جانا غصے میں سرخ ہونا۔
شعلہ بھڑکانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ فساد کو ہوا دینا ۲۔ آگ تیز کرنا۔
شعلہ بھڑکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "شعلہ بھڑکانا" جس کا یہ لازم ہے
شعلہ بیان: [عف۔ صف] دیکھیے شعلہ زبان۔
شعلہ بیانی: [عف۔ امث] دیکھیے شعلہ زبانی۔
شعلۂ تاک: [ف۔ امذ] کنایۃً انگوری شراب
شعلۂ تر: [عف۔ امذ] کنایۃً شراب۔
شعلۂ جام: [عف۔ امذ] کنایۃً شراب
شعلۂ جوّالہ: [ع۔ امذ] وہ شعلہ جس کو جلا کر گول چکّر کی صورت میں گھماتے ہیں۔ جلتی ہوئی بتی کا چکّر ۲۔ کنایۃً معشوق۔
شعلہ خو: [عف۔ صف] بدمزاج۔ تندخو ۲۔ معشوق کی تعریف۔
شعلہ خوئی: [عف۔ امث] تیز مزاجی۔ تندخوئی۔
شعلہ خیز / دار: [ع ف۔ امذ] جس سے زیادہ شعلے نکلیں۔
شعلہ رُخ / رخسار / رُو / عذار: [عف۔ صف] سُرخ اور دمکتے چہرے والا ۲۔ معشوق۔
شعلہ دُرودن: [ف۔ مص] شعلہ کاٹنا۔ شعلہ حاصل کرنا۔
شعلہ دروں: [عف۔ امذ] اندرونی آگ۔ دل کی تپش۔
شعلہ زا: [عف۔ صف] شعلہ پیدا کرنے والا۔
شعلہ زبان: [عف۔ صف] تیز زبان۔
شعلہ زبانی: [عف۔ امث] دیکھیے "شعلہ زبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شعلہ زن / زناں: [عف۔ صف] شعلہ نکالنے والا۔
شعلہ زنی: [عف۔ امث] دیکھیے "شعلہ زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شعلۂ طور: [ع۔ امذ] نور۔ جو حضرت موسیٰؑ نے کوہ طور پر دیکھا تھا۔

شُعلہ طُور بھڑکانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "شعلہ طُور بھڑکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
شُعلہ طُور بھڑکنا: [ا۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ عشق کا زور ہونا۔
شُعلہ غم: [ع ف۔ امذ] غم کی آگ۔
شُعلہ فام [ع ف۔ صف] چمکیلا۔
شُعلہ فشاں: [ع ف۔ صف] شعلہ برسانے والا۔
شُعلہ مستعجل: [ع۔ امذ] ناپائدار شعلہ ۲۔ کوئی اچھی اور ناپائدار چیز۔
شُعلہ رُو: [ع ف۔ صف] جس سے شعلے نکلیں۔
شُعلہ ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "شعلہ بھبوکا ہونا"
شُعلہ یاقوت: [ع۔ امذ] وہ چمک جو یاقوت سے پیدا ہوتی ہے۔
شُعلے: [ا۔ امذ] دیکھئے "شعلہ" جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ صورت ہے۔
شُعلے اُٹھانا/اُڑانا: [ا۔ محاورہ] شعلوں کا آگ سے پنکھا وغیرہ کے ذریعہ اڑا کر ہوا میں پہنچانا ۲۔ فسادکو ہوا دینا
شُعلے اُٹھنا/اُڑنا: [دیکھئے "شعلے اٹھانا/اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شُعلے اُگلنا/نکالنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کا آگ کی لپیٹیں دینا۔
شُعلے نکلنا: [ا۔ محاورہ] سخت غصہ ظاہر ہونا۔
شُعُوب: [ع۔ امذ] دیکھئے "شُعب" جس کی یہ جمع ہے۔
شُعُور: [ع۔ امذ] ا۔ دانائی۔ عقل۔ سلیقہ ۲۔ ہوش ۳۔ واقفیت تمیز۔ پہچان۔
شعور آنا: [ا۔ محاورہ] سلیقہ آنا۔
شعور پکڑنا: [ا۔ محاورہ] ہوش سنبھالنا۔ ہوشیار ہونا ۲۔ تمیز سیکھنا۔
شعور دار: [ع ف۔ صف] تمیز دار۔ سلیقہ شعار۔
شعور ہونا: [ا۔ محاورہ] عقل ہونا۔ تمیز ہونا۔ ہوش ہونا۔
شعوری: [ع۔ صف] شعور سے منسوب اور متعلق۔
شعوریہ: [ع۔ امث] شعوری کی تانیث جو جمع کا افادہ کرتی ہے
شُعَیب: [ع۔ امذ] ایک پیغمبرؑ کا نام۔ حضرت موسیٰؑ مصر سے ہجرت کرکے ان کے پاس پناہ گزین ہوئے تھے اور انہوں نے اپنی بیٹی صفورا کا نکاح موسیٰؑ سے کر دیا تھا۔
شَعیر: [ع۔ امذ] جَو۔ ایک غلہ۔ جو گندم سے مشابہ ہوتا ہے مگر چھلکا زیادہ کھردرا ہوتا ہے۔
شَعیرہ: [ع۔ امذ] عبادت۔ قربانی حج۔ مکہ میں قربانی کا جانور۔ وہ چیز جو کسی معنوی اور روحانی حقیقت کو محسوس کرانے اور یاد دلانے کے لئے مقرر کی گئی ہو ۲۔ آنکھ کی ایک بیماری ہے گوہانجنی بھی کہتے ہیں۔

ش ــــ غ

شِغار: [ع۔ امذ] دو آدمیوں کا ایک دوسرے کی بہنوں یا بیٹیوں سے شادی کرنا۔ بٹے کی شادی پیغمبر اسلام نے اسے بند کر دیا تھا۔ شرعاً نامناسب ہے۔
شَغال: [ف۔ امذ] گیدڑ۔
شَغالی: [ف۔ امث] ایک قسم کا انگور جسے گیدڑ شوق سے کھاتے ہیں۔
شغالے را میسر نیست انگور: [ف۔ مثل] گیدڑ کو انگور میسر نہیں۔ جب کوئی کسی چیز کا اہل نہ ہو تو کہتے ہیں۔
شَغَب: [ع۔ امذ] شور۔ غل۔ اردو میں شور و شغب مستعمل ہے۔ ۲۔ طرح دلانا۔
شَغَف: [ع۔ امذ] بے حد محبت یا رغبت۔ لگاؤ۔ دلچسپی۔
شُغل: [ع۔ امذ] ا۔ کام۔ دھندا ۲۔ مشغلہ پیشہ ۳۔ تفریح طبع ۴۔ خدا کا دھیان۔ خدا کی یاد میں مشغولیت۔
شغل بادہ کشی/شراب خوری/میخواری: [ع ف۔ امذ] شراب پینا (افعال: کرنا۔ ہونا)
شغل فرمانا/کرنا: [ا۔ محاورہ] اپنے تئیں کسی کام میں مشغول کرنا ۲۔ کھانا پینا حقہ وغیرہ نوش کرنا ۳۔ تفریح طبع کا کام کرنا۔
شغل ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "شغل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ش ــــ ف

شَف: [ع۔ امث] ململ جو ایک باریک سُوتی کپڑا ہے۔
شَفا: [ع۔ امذ] کنارہ ساحل۔
شِفا: [ع۔ امث] ا۔ صحت۔ تندرستی ۲۔ بیماری سے صحت۔
شفا بخش: [ع ف۔ صف] شفا دینے والا اچھا کرنے والا۔
شفا پانا: [ا۔ مص مرکب] بیماری سے اچھا ہونا۔
شفا خانہ: [ع ف۔ امذ] ہسپتال۔ بیماریوں کے علاج کی جگہ۔ دار الصحت۔ دار الشفا وہ جگہ جہاں علاج اور تیمارداری کا پورا انتظام ہوتا ہے۔
شفا دینا: [ا۔ محاورہ] اچھا کرنا۔ تندرست کرنا۔
شفا ہونا: [ا۔ محاورہ] اچھا ہونا۔ تندرست ہونا صحت ہونا۔
شفا یاب [ع ف۔ صف] اچھا بھلا۔ تندرست۔ شفا پانے والا۔
شفا یابی: [ع ف۔ امث] دیکھئے "شفا یاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شَفاعت: [ع۔ امث] گناہوں کی معافی کی سفارش کرنا۔ سفارش۔ خواہش (افعال: کرنا۔ ہونا)
شفاعت کنندہ/گر: [ع ف۔ صف] شفاعت کرنے والا۔ سفارشی
شفاعت نامہ: [ع ف۔ امذ] سفارش کی چٹھی۔
شفاعتی: [ع۔ صف] شفاعت سے منسوب ۲۔ سفارش کرے۔
شَفّاف: [ع۔ صف] ا۔ نہایت صاف جس کے آرپار نظر آئے (افعال: کرنا۔ ہو جانا۔ چمکنا)
شفافی: [ع ف۔ امث] دیکھئے "شفاف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شَفَت: [ع۔ امذ] ہونٹ۔ لب۔
شَفتالو: [ف۔ امذ] ایک قسم کا بڑا آڑو۔
شفتالوا: [ف۔ امذ] کبوتر کا ایک رنگ۔
شفتالوی: [ف۔ صف] شفتالو کے رنگ کا۔
شَفتَل: [ف۔ صف] ا۔ بدکار۔ بدچلن۔ ناولن۔ بے حیا بے شرم۔ عورتوں کے لئے استعمال ہوتا ۲۔ ایک چارہ از قسم بریسم جسے شفتالہ یا شالہ بھی کہتے ہیں
شِفٹ: [انگ۔ امث] [illegible] مزدوری میں مقررہ وقت/عرصہ ۲۔ مزدوروں کی بدل بدل کسی چیز کا تبدیل کرنا جیسے فلاں نے مکان شفٹ کر لیا۔
شُفَعا: [ع۔ امذ] دیکھئے "شفیع" جس کی یہ جمع ہے۔
شُفعہ: [ع۔ امذ] ہمسایہ کے گھر/مکان پر قبضہ کی خواہش ۲۔ جائداد کو ہمسایہ ہونے سے خریدنے کا حق۔
شَفَق: [ع۔ امث] ا۔ سُرخی جو شام کو یا صبح کو بوقت طلوع و غروب آفتاب آسمان پر ہوتی ہے ۲۔ ڈر ۳۔ مہربانی۔ محبت (امث)
شفق پھولنا/شفق کھلنا: [ا۔ محاورہ] شفق کا نمودار ہونا۔ آسمان پر سُرخی پھیلنا ۲۔ سُرخی نمودار ہونا۔

شفق کا ٹکڑا : [ار ۔ صف] کنایۃً حسین ۔ بہت ہی بے حد خوبصورت ۔
شفقت : [ع ۔ امث] مہربانی ۔ رحم ۔ غم خواری ۲ ۔ محبت ۔ الفت (افعال : کرنا ۔ ہونا) (اُردو میں سکون و دم بھی ہے)
شفقی : [ع ۔ صف] شفق کے رنگ کا ۔ شفق کے مانند ۔
شفوقہ : [ار ۔ امذ] شگوفہ کا بگاڑ ۔ **شفوی** : [ع ۔ صف] ہونٹ سے متعلق ۲ ۔ وہ حروف جن کا مخرج لب یا ہونٹ ہیں جیسے ب ۔ م ۔ پ ۔ ف ۔ و ۔
شفیع : [ع ۔ صف] ۱ ۔ شفاعت کرنے والا ۲ ۔ شفعہ کا حق چاہنے والا ۔
شفیع الامم / الوریٰ : [ع ۔ صف] پیغمبر صلعم کا لقب ۔ اُمت / لوگوں کی شفاعت کرنے والا ۔
شفیع جار : [ع ۔ امذ] وہ شفعہ کا حق رکھنے والا جو پڑوس میں ملکیت رکھتا ہو ۔
شفیع خلیط : [ع ۔ امذ] وہ شفعہ کا حق رکھنے والا جو جائداد مبیعہ / فروخت کردہ کی ملکیت میں شریک ہو ۔
شفیع محشر : [ع ۔ صف] قیامت کے دن شفاعت کرنے والا ۔ پیغمبر صلعم ۔
شفیعا : [ع ۔ امذ] ایک قسم کا فارسی خط
شفیق : [ع ۔ صف] مہربان ۔ غم خوار ۔ ہمدرد ۔ پیارا ۔ مشفق

ش ـــ ق

شق : [ع ۔ صف] پھٹا ہوا ۔ شگاف دار (۲ ۔ مذ) شگاف ۔ دراز ۔ چیر ۔ پو پھٹنے کا وقت
شق القمر : [ع ۔ امذ] حضور اکرم صلعم کا معجزہ جس میں چاند کو دو ٹکڑے کر دیا گیا تھا
شق کرنا (ار ۔ مص ۔ مرکب) شگاف ڈالنا ۔ پھاڑ دینا ۔
شق ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "شق کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
شق : [ع ۔ امذ] نصف ۔ کسی چیز کا آدھا حصّہ ۲ ۔ اس قدر کہ جتنا بوجھ جانور ایک طرف اٹھاتا ہے ۳ ۔ پہلو ۔ جانب ۴ ۔ ٹکڑا ۔ حصہ ۵ ۔ قسم ۔ صنف ۶ ۔ بیخ ۔ جھگڑا ۔ شاخ ۷ ۔ پہاڑ کی ایک طرف ۸ ۔ بھائی ۔ دوست ۹ ۔ ملک کا ایک حصّہ جو تحصیلدار کے ماتحت ہو (۱۰) مشکل ۔ تکلیف ۔ محنت ۱۱ ۔ تھکاوٹ ۱۲ ۔ فکر ۱۳ ۔ ایک بلا جو نصف انسان کے برابر ہوتی ہے ۱۴ ۔ قانون میں دفعہ کا ایک حصہ جس کو انگریزی میں کہتے ہیں ۔
شق دار : [ع ۔ ف ۔ امذ] تحصیلدار ۔ محصل ، (۲ ۔ صف) مشکل ۔ تکلیف دہ ۳ ۔ غیر معین ۔ نامعلوم ۴ ۔ حیران / پریشان کرنے والا ۔
شقداری : [ع ف ۔ امث] تحصیلداری ۲ ۔ گھبراہٹ ۔ پریشانی ۳ ۔ بے اعتباری ۔ شک ۔
شق نکالنا : [ار ۔ محاورہ] ۱ ۔ جھگڑا کرنا ۲ ۔ شبہ کرنا ۔ شک کرنا ۳ ۔ شاخ نکالنا ۔
شقا : [ع ۔ امث] بدبختی ۔
شقاق : [ع ۔ امذ] نفاق ۔ مخالفت ۔ دشمنی ۔
شقاقل : [ع ۔ امث] جنگلی گاجر ۔
شقاقل مصری : [ع ۔ امث] ایک دوا کا نام جو مقوی باہ ہوتی ہے ۔
شقاوت : [ع ۔ امث] بدبختی ۔ بدنصیبی ۔ سنگ دلی ۔
شقائق : [ع ۔ امذ] جمع شقیقہ کی ۲ ۔ شگاف ۳ ۔ گلِ لالہ ۴ ۔ نہر پھول ۵ ۔ اخیافی بہنیں ۔
شقوق : [ع ۔ امذ] شق کی جمع ۔ شگاف ۔
شقہ : [ع ۔ امذ] ۱ ۔ وہ جامہ جو آگے سے پھٹا ہوا ہو ۲ ۔ شاہی فرمان ۳ ۔ وہ رقعہ یا حکم جو بادشاہ یا بڑے بڑے امیر اپنے سے کم مرتبہ حاکموں یا امیروں کو لکھتے ہیں ۴ ۔ برابر والوں یا کم رتبہ اشخاص کے نام دوستانہ خط ۵ ۔ وہ کپڑا جو علم میں باندھتے ہیں ۔ پھریرا ۔
شق نکلنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "شق نکالنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

شقی : [ع ۔ صف] بدبخت ۔ بدنصیب ۲ ۔ سنگدل ۔ ظالم ۔ بُرا ۔
شقیق : [ع ۔ صف] نصف ۔ آدھا ٹکڑا ۔ ہر چیز کا نصف اپنے دوسرے حصّے کا نصف شقیق ہے ۲ ۔ سگا بھائی
شقیقہ : [ع ۔ امذ] ۱ ۔ کنپٹی ۲ ۔ دیکھئے شق ۳ ۔ (جب "درد" کے ساتھ استعمال ہو تو) آدھے سر کا درد ۔

ش ـــ ک

شک : [ع ۔ امذ] شبہ ۔ گمان ۔ احتمال ۔ اشتباہ ۔ ابہام ۔ ظن ۔ یقین کی ضد ۔ وہم ۔ وسواس (افعال : کرنا ۔ ہونا)
شک آنا : [ار ۔ محاورہ] شبہ پیدا ہونا ۔ گمان ہونا ۔
شک پڑنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "شک آنا"
شک جانا (ار ۔ مص ۔ مرکب) ۱ ۔ شبہ دور ہونا ۲ ۔ شبہ آنا ۔
شک دور ہونا (ار ۔ مص ۔ مرکب) ۱ ۔ شبہ نہ ہونا ۔
شک ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] شبہ پیدا کرنا ۔
شک رفع کرنا / مٹانا / نکالنا : [ار ۔ محاورہ] شبہ دور کرنا ۔
شک رفع ہونا / مٹنا / نکلنا : [ار ۔ محاورہ] شبہ یا گمان دور ہونا ۔
شک ظاہر کرنا : [ار ۔ محاورہ] شبہ کرنا ۔
شک گزرنا : [ار ۔ محاورہ] شبہ ہونا ۔
شک : [ع ۔ امذ] وہ کپڑا جو کمان کے جھکے ہوئے کناروں پر باندھتے ہیں ۲ ۔ اُوپر کا کپڑا ۔
شکار : [ع ۔ امذ] ۱ ۔ جانوروں کو مارنا ۲ ۔ مارا ہوا جانور ۳ ۔ وہ جانور جس کا شکار عام طور پر کیا جاتا ہے ۴ ۔ لوٹ ۔ مفت کا مال ۵ ۔ عملیوں کا مؤکل (صف) مطیع ۔ مغلوب ۔
شکار افگن : [ع ف ۔ امذ] وہ شکاری جو بیچنے کے لئے شکار کرے ۔
شکار باز : [ع ف ۔ امذ] وہ شکاری جو شوقیہ شکار کرے ۔
شکار بند : [ع ف ۔ امذ] وہ تسمہ جو گھوڑے کی دم کے پاس زین کے ساتھ شکار یا کوئی اور چیز باندھنے کے لئے لگا ہوتا ہے ۔
شکار پیشہ : [ع ف ۔ صف] وہ شخص جس کا پیشہ شکار کھیلنا یا دوسروں کو شکار کھلانا ہو ۔
شکار کار بے کاراں است : [ف ۔ مقولہ] شکار نکمے اور بے کار لوگوں کا کام ہے ۔
شکار کرنا : [ار ۔ محاورہ] ۱ ۔ جانوروں کو مارنا / پکڑنا ۲ ۔ کسی کو قابو میں کرنا ۳ ۔ پھندے میں پھنسانا ۴ ۔ لوٹ لینا ۵ ۔ مطیع کرنا ۔ مغلوب کرنا ۶ ۔ فریفتہ کرنا ۷ ۔ فریب دینا ۔
شکار کھلانا (ار ۔ مص ۔ مرکب) شکار کھیلنے میں کسی دوسرے کو مدد دینا ۔
شکار کھیلنا (ار ۔ مص ۔ مرکب) جانوروں کو مارنا ۔ پکڑنا ۔
شکار کی ٹٹی : [ار ۔ امث] وہ ٹٹی جو گھاس پھوس سے اس لئے بنا کر اپنے ساتھ رکھتے ہیں کہ شکار کے وقت اسے اپنے اور جانور کے درمیان رکھا جائے تاکہ جانور شکاری کو دیکھ نہ سکے اور اس کا شکار کامیاب رہے ۔
شکار کے وقت کُتیا ہگائی : [ار ۔ مثل] کام کے وقت حیلے بہانے کرنے لگے ۔
شکار گاہ : [ع ف ۔ امث] وہ جنگل جہاں شکار کے بہت سے جانور رہوں ۲ ۔ کاغذ کی قندیل جس میں کاغذ کے گھوڑے ہاتھی وغیرہ چلتے پھرتے نظر آتے ہیں ۔
شکار مارنا : [ار ۔ محاورہ] جانوروں کو شکار کرنا ۔
شکار ہاتھ آنا / لگنا : [ار ۔ محاورہ] شکار کا جانور ملنا ۲ ۔ کسی کا دکیلوں یا بدمعاشوں کے پاس پھنسنا ۳ ۔ قابو میں آنا ۔ مفت دستیاب ہونا ۔
شکار ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "شکار کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

شکاری: [ف۔امذ] شکار کرنے والا ۲۔ صیاد ۳۔ شکار سے نسبت رکھنے والا۔

شکاری پرندہ: [ف۔امذ] وہ پرندہ جو دوسرے پرندوں کو کھاتے ۲۔ وہ پرندہ جسے شکار کیلئے سدھایا جائے۔ جیسے باز، شکرہ وغیرہ۔

شکاری جانور: [ف۔امذ] وہ جانور جو دوسرے جانوروں کو شکار کرکے کھاتے ۲۔ وہ جانور جسے شکار کیلئے سدھایا جائے **شکاری شکار کریں احمق ساتھ پھریں:** [ار۔مثل] ان کے متعلق کہتے ہیں جو خوا مخواہ دوسروں کے ساتھ رہتے ہیں۔

شکاری کتا فقیر سے منہ نہیں پھیرتا: [ار۔مثل] تجربہ کار آدمی مشکل کاموں سے نہیں ڈرتا۔

شکال: [ع۔امذ] گھوڑا جس کی تین ٹانگیں سفید ہوں اور باقی جسم کسی دوسرے رنگ کا ہو۔ وہ عیب دار گھوڑا جس کا دایاں ہاتھ یا بایاں پاؤں یا اس کے برعکس سفید ہو۔

شکایت: [ع۔امث] ۱۔ گلہ، شکوہ۔ ۲۔ مرض۔ بیماری ۳۔ برائی۔ بدی ۴۔ فریاد۔ نالہ۔ دادخواہی۔

شکایت آمیز: [ع ف۔صف] پرشکوہ۔ شکایت سے بھرا ہوا جس میں شکایت پائی جائے۔

شکایت رفع کرنا: [ار۔مص مرکب] شکایت یا گلہ کی تلافی کرنا۔ دکھ دور کرنا۔ تکلیف مٹانا۔ مرض کا دور کرنا۔

شکایت رفع ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "شکایت رفع کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

شکایت کرنا: [ار۔مص مرکب] دکھڑا رونا ۲۔ گلہ کرنا ۳۔ بدی بیان کرنا۔ غیبت کرنا ۴۔ کوئی مرض لاحق ہونا۔ ۵۔ کوئی تکلیف ہونا۔

شکایت مند: [ع ف۔صف] شکایت کرنے والا۔

شکایت مندی: [ع ف۔امث] دیکھئے "شکایت مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شکایت ہونا: [ار۔مص مرکب] گلہ ہونا ۲۔ کوئی مرض ہونا ۳۔ برائی بیان کیا جانا۔

شکایتی: [ع۔صف] شکایت کرنے والا۔ جو شکایت کرنے کا عادی ہو۔

شکتی: [س۔امث] زور۔ طاقت۔ قوت۔

شکر: [س۔امذ] زہرہ ستارہ۔

شکر وار: [س۔امذ] روز جمعہ **شکر:** [ع۔امذ] کسی کے احسان کی تعریف کرنا۔ احسان ماننا۔ شکریہ ۲۔ خدا کے احسانوں کی تعریف کرنا (افعال: ادا کرنا۔ ہونا۔ بجا لانا)

شکر شکوہ رہ جانا: [ار۔محاورہ] نیکی بدی کی یادگار رہ جانا۔

شکر صد شکر: [ع ف۔امذ] بے حد شکر۔ شکر کی تاکید کے لئے بولتے ہیں۔

شکر کرکے: [ار۔متعلق فعل] صبر کرکے۔ بغیر گلے شکوے کے۔

شکر کرنا: [ار۔مص مرکب] احسان ماننا۔ راضی برضا ہونا۔

شکر گزار: [ع ف۔صف] احسان ماننے والا۔

شکر گزاری: [ع ف۔امث] دیکھئے "شکر گزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شکر ہے: [ار۔محاورہ] مزاج پوچھنے کے جواب میں کہا جاتا ہے۔ یعنی اچھا ہوں

شکر/شکر: [ف۔امث] ۱۔ کھانڈ۔ قند۔ چینی۔ بورا۔ نبات۔ مصری ۲۔ میٹھے بول/الفاظ میٹھی زبان/بول چال/گفتگو ۳۔ معشوق کے ہونٹ ۴۔ ذیابیطس۔

شکر آمیز: [ف۔صف] قند ملا ہوا۔ میٹھا۔

شکر آویز: [ف۔امذ] ۱۔ کوئی خوشگوار/نفیس چیز ۲۔ موتیوں کا شملہ

شکر بادام: [ف۔امذ] وہ بادام جن پر قند چڑھی ہوئی ہو۔ قند چڑھے بادام۔

شکر بار: [ف۔صف] قند برسانے والا میٹھا۔

شکر برگ: [ف۔امذ] ایک مٹھائی جس میں قند اور بادام ہوتے ہیں

شکر پرہ/پورہ/پارہ: [ف۔امذ] ایک قسم کی روٹی جس میں قند بادام اور پستہ پڑا ہوتا ہے۔

شکر پھنّا: [ف۔امذ] ایک مٹھائی جو چاول کے آٹے۔ گھی اور قند سے بنی ہوتی ہے/۲۔ مٹھائی جو میدہ و قند سے بناتے ہیں اور اس کے مربع مستطیل ٹکڑے کاٹ لیتے ہیں۔

شکر تری: [ف۔امث] سفید کھانڈ۔

شکر خا: [ف۔صف] شکر چباتا ہوا ۲۔ شیریں سخن۔

شکر خام: [ف۔امذ] کچی کھانڈ جو بادامی رنگ کی ہوتی ہے۔

شکر خانہ: [ف۔امذ] وہ جگہ جہاں شکر بنے ۲۔ تھال میں لگی ہوئی مٹھائی۔

شکر خند/خندہ: [ف۔صف] مسکراہٹ۔ تبسم۔ خوشی کی ہنسی۔

شکر خواب: [ف۔امذ] ۱۔ میٹھی نیند سونے والا ۲۔ میٹھی نیند۔

شکر خوابی: [ف۔امث] دیکھئے "شکر خواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شکر خوار: [ف۔صف] شیریں سخن۔

شکر خور/خورہ: [ف۔امذ] ۱۔ ایک پرندہ جس کی چونچ بہت لمبی اور باریک ہوتی ہے اور وہ پھولوں سے مٹھاس چوس لیتا ہے ۲۔ (صف) تر مال کھانے والا میٹھی چیز کھانے کا شوقین

شکر خورے کو خدا شکر ہی دیتا ہے / شکر خورے کو شکر موذی کو ٹکر: [ار۔مثل] جو جس کی خواہش ہو وہ اس کو مل جاتا ہے ۲۔ جیسی خواہش ہو ویسے ہی سامان پیدا ہو جاتے ہیں۔

شکر دان: [ف۔امذ] وہ برتن جس میں کھانڈ ڈالتے ہیں

شکر دہاں: [ف۔صف] میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔

شکر رنجی: [ف۔امث] دوستوں میں خفیف رنجش۔

شکر ریز: [ف۔صف] شیریں سخن/گفتار۔ فصیح شیریں کلام ۲۔ خوش طبع۔ پرمذاق ۳۔ حلوائی ۴۔ وہ روپیہ جو شادی کے موقع پر دولہا دلہن پر سے نچھاور کیا جائے ۵۔ تحفہ جات جو دولہا کی طرف سے دلہن کو بھیجے جائیں ۶۔ نظم ۷۔ گانا ۸۔ خوشی کے آنسو ۹۔ معشوق کے

شکر ریزی: [ف۔امث] دیکھئے "شکر ریز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شکر زبان: [ف۔صف] شیریں سخن/گفتار۔

شکرستان: [ف۔امذ] وہ جگہ جہاں کثرت سے شکر ہو۔

شکر سفید: [ف۔امث] شکر تری۔ سفید کھانڈ۔

شکر سے منہ بھرنا: [ار۔محاورہ] کسی خوشخبری کے شکریے میں مٹھائی کھلانا، منہ میٹھا کرنا۔

شکر شکن: [ف۔صف] شیریں زبان۔ فصیح و شیریں کلام کرنے والا۔

شکر شیر ہونا: [ار۔محاورہ] بہت زیادہ گہرے دوست ہونا/ہو جانا، شیر و شکر ہونا۔ زیادہ فصیح ہے۔

شکر فروش: [ف۔صف] کھانڈ بیچنے والا ۲۔ شیریں زبان ۳۔ معشوق۔

شکر فشاں: [ف۔صف] ۱۔ شکر چھڑکنے والا ۲۔ شیریں زبان۔

شکر قلم: [ف۔امذ] ۱۔ اچھا مصنف۔ اچھی زبان لکھنے والا شخص ۲۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

شکر قند/کند/قندی/کندی: [ف۔امث] ایک قسم کی میٹھی جڑ جو آلو کی طرح زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے۔ جسے ابال کر یا بھون کر کھاتے ہیں۔

شکر گفتار: [ف۔صف] شیریں زبان۔ شیریں سخن۔

شکر لب: [ف۔صف] میٹھے ہونٹوں والا ۲۔ کنایتہً معشوق۔

شکر مقال: [ف۔صف] شیریں زبان۔

شکر ننگ: [ف۔امذ] ایک قسم کی مٹھائی۔

شکرانہ: [ع ف۔امذ] شکریہ ۲۔ وہ رقم جو کوئی کام کرنے پر اجرت کے علاوہ نذر کی جائے شکریے کے طور پر (افعال: ادا کرنا۔ ادا ہونا۔ ہونا)

شکرانہ: [ف۔امذ] وہ خشکہ جس میں گھی اور شکر ملا کر کھاتے ہیں۔

شکرم: [انگ۔امذ] ایک قسم کی چار پہیوں کی گاڑی۔

شکرہ: [ف۔ اِمذ] ایک شکاری پرندہ جو باز سے چھوٹا ہوتا ہے۔
شکرہ پالنا: [ار۔ محاورہ] بار اپنے سر پر لینا۔
شکری: [ف۔ صف] شکر کے رنگ کا ۲۔ ایک قسم کا فالسہ
شکّرین: [ف۔ صف] شیریں۔
شکّرین گفتار: [ف۔ صف] شیریں سخن۔
شکریّہ: [ع۔ اِمذ] کسی کے احسان کی تعریف۔ ممنونیت کا اظہار (افعال: ادا کرنا، ہونا)
شکست: [ف۔ اِمث] ۱۔ ہار، مات، ہزیمت، زک ۲۔ شکستگی۔ انہدام۔ ٹوٹ پھوٹ۔
شکست آنا: [ار۔ محاورہ] ہار جانا۔ مات ہونا۔
شکست بند: [ار۔ اِمذ] ایک قسم کا چھلا جو ٹوٹتا ہے اور بند ہو جاتا ہے۔
شکست پانا: [ار۔ محاورہ] ہار جانا۔ زک اٹھانا۔ مات کھانا۔
شکست پذیر: [ف۔ صف] کچا۔ نازک ۲۔ ٹوٹ جانے والا
شکست پذیری: [ف۔ اِمث] دیکھیے "شکست پذیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شکست توبہ: [ف۔ اِمث] توبہ توڑنا۔ توبہ ٹوٹنا
شکست خوردہ: [ف۔ صف] شکست کھائے ہوئے وہ جو ہار گیا ہو۔ ٹوٹا ہوا۔ رہا ہوا۔
شکست دینا: [ار۔ محاورہ] زک دینا۔ ہرا دینا۔
شکست رنگ: [ف۔ اِمذ] رنگ اڑنا۔
شکست فاحش / فاش: [ف۔ اِمث] بے شرمی کی ہار، سخت زک۔ بھا[illegible] [illegible] (افعال: [illegible] [illegible])
شکست قیمت: [ف۔ اِمث] قیمت کم ہو جانا۔ نرخ گھٹ جانا
شکست کامل: [ف۔ اِمث] سخت شکست پوری شکست (افعال: آ[illegible] پانا [illegible])
شکست کھانا: [ار۔ محاورہ] ہار جانا۔ زک اٹھانا۔
شکست ملنا: [ار۔ محاورہ] زک ہونا، ہارنا۔ ہزیمت ہونا۔
شکست (و) ریخت: [ف۔ اِمث] ٹوٹ پھوٹ۔ نقصان۔ ہر جہ۔ گری ہوئی چیز۔
شکست ہونا: [ار۔ مص مرکب] ہزیمت ہونا۔ ہارنا۔ زک [illegible]
شکست یافتہ: [ف۔ صف] ہزیمت خوردہ۔ ہارا ہوا۔
شکستگی: [ف۔ اِمث] دیکھیے "شکستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شکستہ: [ف۔ صف] ۱۔ ٹوٹا ہوا۔ گرا ہوا ۲۔ باریک کیا ہوا۔ کوٹا ہوا ۳۔ شرمندہ۔ تائب۔
۴۔ بیمار ۵۔ کمزور ۶۔ وہ خط جو گھسیٹ کر لکھا جائے۔
شکستہ بال / بازو: [ف۔ صف] بے بس۔ بے کس۔ بے قوت۔ کمزور ضعیف۔
شکستہ حال: [ف۔ صف] بے چارہ۔ محتاج غریب۔
شکستہ حالی: [ف۔ اِمث] دیکھیے "شکستہ حال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شکستہ خاطر / دل: [ف۔ صف] پریشان غمگین۔ دل شکستہ۔
شکستہ خاطری / دلی: [ف۔ اِمث] دیکھیے "شکستہ خاطر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شکستہ رنگ: [ف۔ صف] جس کا رنگ اُڑا ہوا ہو۔
شکستہ نویس: [ف۔ اِمذ] شکستہ رسم الخط میں لکھنے والا شخص
شکستہ نویسی: [ف۔ اِمث] دیکھیے "شکستہ نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شکشا: [س۔ اِمث] مطالعہ۔ تحصیل علم ۲۔ علم۔ وِدّیا ۳۔ تعلیم سکھانا۔ تربیت ۴۔ اصول و احکام قاعدے ۵۔ نرم۔ حیا ۶۔ ویدانگوں میں سے ایک، سنسکرت تلفظ۔
شکل: [ع۔ اِمث] ۱۔ صورت۔ قطع ڈول۔ روپ ۲۔ چہرہ ۳۔ وضع ڈھنگ۔ انداز۔ بھیس ۴۔ نقشہ۔ ڈھانچا ۵۔ قسم۔ نوع ۶۔ صورت۔ تصویر۔ ہیکل ۷۔ تدبیر۔ تجزیہ ۸۔ حالت ۹۔ موقع ۱۰۔ بناوٹ ۱۱۔ وہ نقشہ جو رمّالوں کے قرعہ پر ہوتا ہے ۱۲۔ مشابہت ۱۳۔ (علم ہندسہ) وہ نقشہ جو حدوں سے محدود ہو ۱۴ (صف) مشابہ۔ مثل۔ مانند۔
شکل بدلنا: [ار۔ محاورہ] صورت تبدیل کرنا بھیس بدلنا۔ وضع بدلنا۔
شکل بگاڑنا: [ار۔ محاورہ] صورت بگاڑنا۔ چہرہ بدصورت کر دینا۔ تصویر خراب کر دینا۔
شکل بنانا: [ار۔ محاورہ] نقشہ بنانا۔ خاکہ کھینچنا ۲۔ انداز یا وضع بنانا۔ کسی صورت کا اختیار کرنا۔ نقل کرنا ۳۔ چہرہ بگاڑنا۔ منہ بنانا۔
شکل بننا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "شکل بنانا" جس کا یہ لازم ہے
شکل بھوت کی سی نام البیلے خاں: [ار۔ مثل] نام صفات کے خلاف ہونا۔
شکل پر ریجھنا: [ار۔ محاورہ] صورت دیکھ کر عاشق ہونا۔
شکل پکڑنا: [ار۔ محاورہ] صورت اختیار کرنا۔
شکل پہچاننا: [ار۔ محاورہ] صورت سے جاننا کہ کون ہے۔
شکل تو دیکھو: [ار۔ محاورہ] طنزاً۔ حوصلہ یا ہمت دیکھو۔
شکل جبّار: [ع۔ اِمث] ستاروں کی ایک شکل جو مسلح آدمی سے مشابہ ہے۔
شکل چڑیلوں کی دماغ / مزاج / ناز پریوں کا: [ار۔ مثل] بدصورتی پر غرور کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔
شکل حماری: [ع۔ اِمث] اقلیدس کے پہلے مقالے کی بیسویں شکل جو اس قدر آسان ہے کہ جو اسے بھی نہ سمجھے وہ گدھا / احمق ہے۔
شکل دو[illegible]رنی: [ف۔ اِمث] گول شکل۔
شکل دینا: [ار۔ مص مرکب] صورت دینا ۲۔ صورت بنانا۔
شکل دیکھا کیجے: [ار۔ محاورہ] حیران ہو جائیے۔
شکل زہر معلوم ہونا: [ار۔ محاورہ] صورت سے نفرت ہونا۔
شکل عروسی: [ف۔ اِمث] اقلیدس کے پہلے مقالہ کی سنتالیسویں شکل جو حجلۂ عروسی کے مشابہ ہے
شکل کا کہنا: [ار۔ محاورہ] صورت سے ظاہر ہونا۔
شکل مامونی: [ف۔ اِمث] اقلیدس کے پہلے مقالہ کی پانچویں شکل جو خلیفہ مامون رشید کو بہت پسند تھی
شکل مثالی: [ف۔ اِمث] نمونہ۔
شکل مجسّم: [ف۔ اِمث] ٹھوس جسم۔
شکل میں لال لگے ہونا: [ار۔ محاورہ] کوئی بڑی خوبی ہونا۔ خوبصورت ہونا۔
شکل نظری: [ف۔ اِمث] (اقلیدس) مسئلہ دعویٰ جو دلائل سے ثابت ہو۔
شکل نکالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "شکل نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
شکل نکلنا: [ار۔ محاورہ] موقع ہاتھ آنا۔ تدبیر ہونا۔ صورت کا خوش نما ہونا۔
شکل و شباہت: [ف۔ اِمث] صورت چہرہ۔ رنگ ڈھنگ
شکل و شمائل: [ف۔ اِمث] صورت اور سیرت۔
شکم: [ف۔ اِ[illegible]] پیٹ بطن [illegible]
شکم بندہ / پرور / پرست: [ف۔ صف] پیٹ پالنے والا۔ پیٹو۔ بہت کھانے والا۔
شکم سیر: [ف۔ صف] پیٹ بھرا ہوا۔ رجا ہوا۔ آسودہ۔
شکم سیر ہو کر کھانا: [ار۔ محاورہ] پیٹ بھر کر کھانا۔
شکمی: [ف۔ صف] ۱۔ پیٹ کا پیٹ کے متعلق ۲۔ اندرونی۔ خفیہ ۳۔ ماتحت۔ تابع۔
۴۔ پیٹ کا چمڑا۔ جانوروں کا جس کی پوستین بناتے ہیں ۵۔ بڑے پیٹ کا آدمی۔ پیٹو آدمی ۶۔ وہ کاشت کار جو دوسرے کاشت کار سے زمین لے کر بوئے۔

شلمی کاشت کار/مزارعہ: [ف۔ امذ] دیکھئے "شلمی ۲"
شکن (ف لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر "شکستن" سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بناتا ہے اور توڑنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً بت شکن ۲۔ (مذ۔ مث) پیچ جھول جھنّہ (افعال پڑنا ڈالنا)
شکن در شکن: [ف۔ صف] پیچ دار۔ زلف اور بالوں کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے
شکنجہ/شکنج: [ف۔ امذ] ایک آلہ جس میں کسی چیز کو دباتے ہیں۔ اگلے زمانے میں مجرموں کے ہاتھ پاؤں دے کر دبا دیا کرتے تھے ۲۔ جلد سازوں کا آلہ جس میں کتابوں کو دبا کر کاٹتے ہیں ۳۔ روئی دبانے کی کل۔ ۴۔ بیلنے کا آلہ کولہو۔ عذاب۔ ایذا۔ دکھ۔ تکلیف۔
شکنجے: [ف۔ امذ] دیکھئے "شکنجہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
شکنجے میں کھنچوانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ملزم کو شکنجے کے ذریعہ سزا دلوانا ۲۔ سخت سزا دینا ۳۔ سخت تکلیف پہنچانا۔ اذیت دینا ۴۔ جان [illegible] کرنا۔
شکنجے میں کھینچنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شکنجے میں کھنچوانا" جس کا یہ لازم ہے
شکور: [ع۔ امبالغہ] بہت شکر کرنے والا ۲۔ [illegible] اللہ تعالیٰ کا ایک نام
شکوک: [ع۔ امذ] دیکھئے "شک" جس کی یہ جمع ہے۔
شکوہ: [ع۔ امذ] شکایت۔ گلہ۔ (افعال کرنا۔ ہونا)
شکوہ سنج/شکوہ گزار/شکوہ سنجی: [ع ف صف] شکایت کرنے والا۔
شکوہ گزاری: [ع ف۔ امث] گلہ کرنا۔
شکوہ مند/ناک: [ف۔ صف] گلہ کرنے والا۔
شکوہ مندی/ناکی: [ف۔ امث] دیکھئے "شکوہ مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
شکوہ: [ف۔ امذ] ۱۔ ڈر۔ خوف۔ ترس ۲۔ شکایت گلہ
شکوہ: [ف۔ امذ] دبدبہ۔ رعب ۲۔ شان شوکت ۳۔ کہنے میں جیسے دارا شکوہ۔
شکی: [ف۔ صف] شک کرنے والا۔ وہمی۔
شکیب: [ف۔ امذ] صبر۔ سکون ۲۔ تحمل۔ بُردباری۔ صبوری۔ برداشت۔ سہار۔ اُردو میں عموماً صبر و شکیب کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔
شکیبائی: [ف۔ امث] دیکھئے "شکیب"
شکیبندہ: [ف۔ صف] صابر۔
شکیل: [ع۔ صف] (یہ لفظ اہل ہند کی اختراع ہے عربی فارسی میں نہیں ملتا۔ شکل سے بروزن فعیل بطرز جمیل بنا لیا گیا ہے) خوبصورت۔ حسین۔ خوش وضع وجیہہ۔
شکیلہ (ع۔ امث) "شکیل" کی تانیث۔
شکیہ: [ع۔ امث] دیکھئے "شکی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔ ۲۔ فعل ماضی کی ایک قسم جس میں شک کا اظہار ہوتا ہے۔

ش ــــ گ

شگاف: [ف۔ امذ] درز۔ چیرا۔ دراڑ۔ جھری (۲۔ صف) جس میں دراز ہو۔
شگاف پڑنا: [ار۔ محاورہ] پھٹ جانا۔
شگاف دینا/لگانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ قلم کو چیرنا ۲۔ نشتر لگانا ۳۔ چیرا دینا۔
شگال: [ف۔ امذ] دیکھئے "شغال"
شگرف: [ف۔ صف] عمدہ۔ اچھا۔ نفیس۔ عجیب ۲۔ کمیاب۔ نادر ۳۔ نیک۔ صالح۔ بزرگ ۴۔ خوبصورت۔ حسین ۵۔ مضبوط۔ قوی ۶۔ دست آور ۷۔ موٹا فربہ ۸۔ (امذ) نیک بہادر اور اعلیٰ آدمی۔
شگفت: [ف۔ امذ] حیرت۔ تعجب۔
شگفت: [ف۔ صف] ۱۔ خوش شاد مسرور ۲۔ کھلا ہوا ۳۔ (مث) تفریح خوشی۔ مسرت
شگفتگی: [ف۔ امث] دیکھئے "شگفتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شگفتہ: [ف۔ صف] ۱۔ کھلا ہوا پھلا ہوا ۲۔ خوش۔ شاد۔ مسرور ۳۔ عمدہ۔ اچھا (افعال: کرنا۔ ہونا)
شگفتہ بحر: [ف۔ امذ] وہ بحر جس کے شعروں میں طبیعت اور الفاظ کی روانی پائی جائے۔
شگفتہ پیشانی: [ف۔ صف] ہنس مکھ ہونا۔ خندہ پیشانی۔
شگفتہ خاطر/دل: [ف۔ صف] خوش۔ ہشاش ۲۔ خوش مزاج۔
شگفتہ خاطر/دلی: [ف۔ امث] دیکھئے "شگفتہ خاطر/ دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شگفتہ رو: [ف۔ صف] دیکھئے "شگفتہ پیشانی"
شگفتہ روئی: [ف۔ امث] دیکھئے "شگفتہ رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شگفتہ زمین: [ف۔ امث] وہ ردیف و قافیہ جس میں اچھے شعر نکلیں۔
شگفتہ طبع/مزاج: [ف۔ صف] دیکھئے "شگفتہ خاطر"
شگفتہ ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کھلنا پھلنا ۲۔ خوش ہونا ۳۔ اچھی حالت میں ہونا۔ خوش حال ہونا۔
شگوفہ: [ف۔ امذ] ۱۔ کلی۔ غنچہ ۲۔ عجیب۔ انوکھی بات۔ جھوٹ۔ عیب ۳۔ طُرّہ۔
شگوفہ پھیلانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ عجیب و غریب بات ظاہر کرنا ۲۔ فتنہ برپا کرنا ۳۔ جھوٹی بات مشہور کرنا۔
شگوفہ پھولنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے "شگوفہ پھیلانا" جس کا یہ متعدی ہے ۲۔ کلی کا کھلنا
شگوفہ چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] کوئی فتنہ انگیز بات کہنا۔
شگوفہ دکھانا: [ار۔ محاورہ] عجیب بات دکھانا
شگوفہ کاری: [ف۔ امث] ۱۔ نمونہ۔ قدرت ۲۔ پھول پتی بنانا۔
شگوفہ کھلانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شگوفہ پھیلانا"
شگوفہ کھلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شگوفہ پھولنا"
شگوفہ لانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ انوکھی بات یا عجیب بات کرنا ۲۔ فتنہ برپا کرنا ۳۔ کلی کھلنا پھولنا ۴۔ شاخیں پھوٹنا۔
شگوفہ پھوٹنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کلیاں نکلنا۔ کلیاں کھلنا۔
شگوفے نکالنا: [ار۔ محاورہ] عیب۔
شگون: [ف۔ امذ] شگن ۲۔ فال ۳۔ روپیہ کا عطیہ۔
شگون کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کوئی کام نیک ساعت میں شروع کرنا ۲۔ پہل کرنا۔ ابتدا کرنا۔
شگون لینا: [ار۔ محاورہ] فال لینا۔
شگون ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کا اچھی ساعت میں شروع ہونا۔
شگونیا: [ار۔ امذ] شگنیا۔ رمّال۔ نجومی۔ فالیا۔

ش ــــ ل

شل: [ع۔ صف] وہ جس میں حس نہ ہو۔ بے حس۔
شل کر دینا: [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "شل ہو جانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
شل ہو جانا: [ار۔ مص مرکب] جسم کے کسی عضو کا کسی بیماری یا عارضہ کی وجہ سے بیکار ہو جانا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔ تھک جانا۔ قدرت نے جو عضو جس مقصد کیلئے بنایا ہے اس مقصد کا نہ رہنا۔
شل: [ف۔ امذ] چھوٹا نیزہ۔ برچھی ۲۔ برسول ۳۔ مچھلی مارنے کا نیزہ۔
شل: [ف۔ امذ] ۱۔ بل ۲۔ ہی۔
شل: [ف۔ صف] ۱۔ نرم ۲۔ شکستہ۔

شلاق: [ف۔ امذ] دُرّے مارنا۔ بہت مارنا ۲۔ لاٹھی۔ دُرّہ۔ چابک ۳۔ جماع۔

شلاق خواری: [ف۔ امث] دُرّے پڑنا۔

شلتاق: [ف۔ امذ] کسی سے جھگڑا۔ خواہ مخواہ کا جھگڑا۔ فساد۔ مقدمہ بازی۔ فساد۔ لڑائی۔

شلتاقی: [ف۔ صف] خواہ مخواہ جھگڑے کرنے والا۔

شلجم/شلغم: [ف۔ امذ] ایک گول ترکاری جو خود زمین کے اندر ہوتی ہے اور پتے باہر ہوتے ہیں یہ موسم برسات میں بوئی جاتی ہے اور موسم سرما میں تیار ہوتی ہے۔

شلجمی: [ف۔ صف] شلجم کی طرح کا۔

شلجمی آنکھیں: [ار۔ امث] بڑی بڑی آنکھیں۔

شلخ: [ع۔ امث] بندوق کی باڑھ ۲۔ منی ۳۔ فرج۔

شلق/شلک: [ف۔ امث] بندوقوں یا توپوں کی باڑھ جو سلامی کے واسطے یا کسی خوشی کے موقع پر چھوڑی جاتی ہے ۲۔ دُرّوں کی مار۔ بید لگانا ۳۔ صدمہ۔ مُکّا۔ چانٹا ۴۔ جماع

شلک اڑانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ باڑھ چلانا۔ سلامی اتارنا ۲۔ ایسی بات کہنا جو سخت ناگوار گزرے ۳۔ گپ ہانکنا ۴۔ گوز مارنا۔

شلنگ: [انگ۔ امذ] انگلستان کا ایک سکہ جو بارہ پنس کا اور پونڈ کا بیسواں حصہ ہوتا ہے۔

شلنگ: [ف۔ امث] چھلانگ۔ جست۔ دقند۔ پھلانگ۔ اچھل کود۔

شلنگ بھرنا/مارنا: [ار۔ محاورہ] اونچا اُچھلنا۔

شلنگا: [ف۔ امذ] دُور دُور کا ٹانکا۔

شلنگے: [ف۔ امذ] دیکھئے "شلنگا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

شلنگے بھرنا/مارنا: [ار۔ محاورہ] سلائی میں دُور دُور ٹانکے لگانا۔

شلنگیں: [ف۔ امث] دیکھئے "شلنگ" جس کی یہ جمع ہے۔

شلنگیں بھرنا/مارنا: [ار۔ محاورہ] چھلانگیں مارنا۔ اُچھلنا۔ کودنا۔

شلوار: [ف۔ امث] جامہ کا دوم پاجامہ ۲۔ پاجامہ۔ ازار۔

شلوکا: [ہ۔ امذ] ایک کرتا جو کم ٹخنے تک ہوتا ہے اور آستین کہنی تک ہوتی ہے۔

شلہ/شلم: [ف۔ امذ] ایک قسم کا کھانا جو چاولوں کو شوربے میں بہت گلا کر پکاتے ہیں۔ پتلی کھچڑی۔

شلی: [س۔ امث] چوکھٹ کے نیچے کی لکڑی ۲۔ دہلیز ۳۔ پتھر یا شہتیر جو ستونوں پر رکھے جاتے ہیں ۴۔ مکان کا بڑا شہتیرہ ۵۔ تیر ۶۔ برچھی ۷۔ مینڈھا ۸۔ ایک چھوٹا کیڑا۔ **شلیتا:** [ہ۔ امذ] ٹاٹ کا بڑا تھیلا جو بیل گاڑی کے پورے ناپ کا ہوتا ہے اور گاڑی میں بچھا کر کھلا اناج بھرتے ہیں۔ ۲۔ بڑا تھیلا جس میں خیمہ تہہ کر کے رکھتے ہیں۔

شلیتے میں میخ نہ رکھے لشکر میں شیخ نہ رکھے: [ار۔ مثل] میخ تھیلے کو پھاڑ دیتی ہے اور شیخ جنگ کے موقع پر بزدلی دکھاتا ہے۔

ش ــــ م

شما: [ف۔ ضمیر] تم۔ آپ

شماتت: [ع۔ امث] کسی کے نقصان پر خوش ہونا۔ خندہ زنی۔ دشمن کے نقصان پر خوش ہونا۔

شمار: [ف۔ امذ] ۱۔ گنتی۔ تعداد (افعال: کرنا۔ ہونا) ۲۔ حساب۔ تخمینہ ۳۔ (لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر شمردن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور "گننے والا" کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً اختر شمار۔

شمار دانے: [ف۔ امذ] وہ دانے جو تسبیح کے پھندنے میں سیکڑوں کا حساب رکھنے کے لئے ہوتے ہیں۔

شمار سے باہر: [ار۔ صف] بے حد۔ بے حساب۔

شمار کنندہ: [ف۔ صف] ۱۔ شمار کرنے والا ۲۔ (علم حساب) کسر کا اوپر کا عدد جیسے ۲/۳ میں ۲ یعنی ۳ حصوں میں سے ۲ لئے گئے۔

شمار میں نہ لانا: [ار۔ محاورہ] کچھ نہ سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔ کچھ نہ ماننا۔

شمار میں نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] بالکل معمولی ہونا۔ ادنیٰ ہونا۔ بلا رسوخ ہونا۔

شمار نویس: [ف۔ امذ] حساب کرنے والا شخص۔ اکونٹنٹ۔

شمار نہ رہنا/ہونا: [ار۔ محاورہ] بے شمار/بے حد ہونا۔

شمارہ: [ف۔ امذ] ۱۔ نمبر ۲۔ رسالہ یا اخبار وغیرہ کا کوئی پرچہ۔

شماریات: [ف۔ امث] اعداد و شمار کا علم انگریزی کا ترجمہ۔

شمال: [ع۔ امذ] بایاں ہاتھ ۲۔ اُتر کی جانب قطب شمالی کی طرف۔ اگر سورج کے نکلنے کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں تو شمال بائیں طرف ہوتا ہے ۳۔ خصلت۔ عادت۔ طبیعت

شمال رُو/رُویہ: [ع۔ صف] جس کا سامنا حصہ شمال کی طرف ہو۔

شمالی: [ع۔ صف] شمال کا۔ شمال کے متعلق۔ شمال سے منسوب۔

شمالی ہوا: [ع۔ امث] وہ ہوا جو شمال کی طرف سے آئے۔

شمامہ: [ع۔ امث] خوشبو۔ جو کسی چیز میں سونگھیں ۲۔ خوشبو کی گولیاں

شمائل: [ع۔ امذ] جمع شمال ۱۔ خصلتیں بمعنی عادتیں خصلتیں ۲۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے خوش شمائل

شمائم: [ع۔ امذ] دیکھئے "شمیمہ" جس کی یہ جمع ہے۔

شمر: [ع۔ امذ] ۱۔ یزید کی فوج کا ایک عہدیدار جس نے حضرت امام حسینؑ کو کربلا میں شہید کیا تھا ۲۔ (صف/کنایۃً) لعین۔ ملعون۔ شقی۔ ظالم۔

شمس: [ع۔ امذ] سُورج۔ آفتاب ۲۔ ایک قسم کا گلے کا ہار ۳۔ جنیسہ ۴۔ ایک قدیم بت ۵۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔

شمس الثقلین: [ع۔ امذ] آدمیوں اور جنوں کا سورج۔ پیغمبر صلعم سے مراد ہے۔

شمس العلماء: [ع۔ خطاب] ایک خطاب جو برطانوی حکومت کی طرف سے برصغیر کے علماء کو ملتا تھا۔

شمسہ: [ع۔ امذ] کلس۔ چھاتا۔ چھتری ۲۔ کلس کی سنہری تھالی ۳۔ روشن دان۔

شمسی: [ع۔ صف] سورج کا۔ سورج کے متعلق۔ سورج سے منسوب ۲۔ (امث) ششماہی تنخواہ ۳۔ وہ رخصت جو پنشن ہی زمانے میں چھ ماہ کے بعد دی جاتی تھی ۴۔ وہ سال، ماہ جو سورج کی گردش کے حساب سے مقرر کیا گیا ہو۔

شمشاد: [ف۔ امذ] ایک لمبا خوبصورت درخت ۲۔ کنایۃً معشوق کا لمبا قد۔

شمشاد رنگ/قامت/قد: [ف۔ صف] شمشاد کی طرح لمبا۔ لمبے قد کا۔

شمشان: [س۔ امذ] جہاں ہندو لوگ مُردے جلاتے ہیں مسان

شمشو: [ار۔ امذ] سنگ تشوئی کا مرکب۔ چاول یا دال میں پانی ملا کر نیچے بیٹھے ہوئے کو نکالنا

شمشیر: [ف۔ امث] تلوار جو بیچ میں سے خمدار ہو ۲۔ تلوار۔ کرپان ۳۔ گنجفہ میں ایک بازی کنایۃً ابرو

شمشیر اترنا: [ار۔ محاورہ] تلوار کا جسم میں گھسنا۔

شمشیر باز: [ف۔ صف] تلوار سے کھیلنے والا۔ تلوار چلانے والا۔ تلوار یا۔

شمشیر بازی: [ف۔ امث] دیکھئے "شمشیر باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شمشیر بہ کف/بکف: [ف۔ صف] وہ جو لڑنے پر تیار ہو۔

شمشیر تولنا: [ار۔ محاورہ] تلوار سنبھالنا۔ وار کرنے کے لئے تیار ہونا۔

شمشیر زن: [ف۔ صف] دیکھئے "تلوار باز"

شمشیر زنی: [ف۔ امث] دیکھئے "شمشیر بازی"

شمشیر علم کرنا: [ار۔ محاورہ] تلوار کو مارنے کے لئے اٹھانا۔

شمشیر علم ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "شمشیر علم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

شمشیر کا اُگلا پڑنا: [ا۔ محاورہ] شمشیر کا نیام سے نکلنا۔
شمشیر کھنچنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "شمشیر کھینچنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شمشیر کھینچنا: [ا۔ محاورہ] شمشیر کو لڑائی کے لئے نیام سے باہر نکالنا
شمشیر کی دھار رواں ہونا: [ا۔ محاورہ] تلوار چلنا۔ سخت جنگ ہونا
شمع: [ع۔ امث] موم ۲۔ موم بتی ۳۔ چراغ۔ دیا ۴۔ وہ جس سے محفل کی رونق ہو
شمع انجمن: [صف۔ امث] وہ شمع جو مجلس میں روشن کی جائے ۲۔ کنایۃً مردوں کی صحبتوں میں حصہ لینے والی اور بے پردہ عورت ۳۔ صدر محفل۔
شمع ایمن: [ع۔ امث] وہ تجلی جو حضرت موسیٰؑ پر کوہِ طور پر ظاہر ہوئی
شمع بالین: [ع۔ امث] وہ شمع جو سرہانے کی طرف جلائی جائے
شمع بڑھا دینا / بڑھانا: [ا۔ محاورہ] شمع کو بجھا دینا۔ گل کرنا۔
شمع بڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "شمع بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شمع تہ داماں: [ف۔ امث] دامن کے نیچے چھپائی ہوئی شمع۔
شمع چڑھانا: [ا۔ محاورہ] منت پوری ہونے پر کسی مزار پر شمع کا جلایا جانا۔
شمع چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "شمع چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شمع دان: [صف۔ امذ] وہ ظرف جس میں موم بتی رکھ کر جلاتے ہیں۔
شمع دکھانا: [ا۔ محاورہ] اندھیرے میں کسی شخص کی روشنی دکھا کر رہبری کرنا ۲۔ رہنمائی کرنا۔
شمع رُو: [ف۔ صف] نورانی چہرہ ۲۔ کنایۃً معشوق **شمع سحری:** [ع۔ امث] وہ شمع جو بجھنے والی ہو ۲۔ قریب مرگ۔ **شمع فلک:** [ع۔ امث بہ ترکیب فارسی] کنایۃً سورج یا چاند۔
شمع کا آنسو: [ا۔ امذ] موم کا قطرہ جو شمع جلتے وقت پگھل کر گرتا ہے۔
شمع کا چہرہ: [ا۔ امذ] وہ رخنہ جو شمع جلتے وقت ایک طرف کا موم پگھلنے سے پڑ جاتا ہے۔
شمع کا رو پشت برابر ہے / شمع کی رو پشت یکساں ہوتی ہے۔ [ا۔ مثل] صاف باطن آگے پیچھے سے برابر ہوتا ہے۔
شمع کی روشنی جلنے تک اور دیئے کی روشنی محشر تک: [ا۔ مثل] دیئے کا لفظ ذومعنی ہے۔ شمع کی روشنی جلنے تک قائم رہتی ہے مگر خیرات جو اللہ کی راہ میں کسی مستحق کو دی جائے اس کا فائدہ قیامت کے دن بھی پہنچے گا۔
شمع کے سامنے چراغ کی کیا ضرورت: [ا۔ مثل] اچھی چیز کی موجودگی میں گھٹیا چیز کی ضرورت نہیں۔ **شمع گل کرنا:** [ا۔ محاورہ] شمع بجھانا۔
شمع گل ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "شمع گل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شمع مزار: [ا۔ امث] وہ شمع جو قبر پر جلائی جائے۔
شمع محفل: [صف۔ امث] دیکھئے شمع انجمن۔
شمعی: [ع۔ صف] ۱۔ شمع کا۔ شمع کے متعلق۔ شمع سے منسوب ۲۔ سیاہی مائل سبز رنگ۔
شملہ: [ف۔ امذ] ۱۔ پگڑی کا سرا ۲۔ ایک قسم کی پگڑی ۳۔ شال جو کندھوں پر ڈالتے ہیں یا سر پر باندھتے ہیں۔
شملہ بمقدار علم: [ف۔ مثل] جتنا علم ہو اتنا ہی دعویٰ کرنا چاہیئے۔ جب کوئی کسی بڑے کام کی مقدرت نہ رکھتا ہو اور اسے کرنے بیٹھ جائے۔
شملہ چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] پگڑی کا ایک کنارہ / سرا۔ لٹکانا۔
شملہ نما: [ف۔ صف] شال کی صورت۔
شمن: [ف۔ امذ] بُت پرست ۲۔ بت پرستی ۳۔ بُت کا مندر
شموس: [ع۔ امذ] دیکھئے "شمس" جس کی یہ جمع ہے۔
شموع: [ع۔ امث] دیکھئے "شمع" جس کی یہ جمع ہے۔
شمول: [ع۔ امذ] شامل ہونا۔ ملنا۔ شمولیت۔
شمولیت: [ع۔ امث] دیکھئے "شمول"
شمہ: [ع۔ امذ] تھوڑی سی مقدار۔ قلیل چیز ۲۔ کسی چیز کو ایک بار سونگھنا۔
شمہ: [ف۔ امث] دودھ کی ملائی یا بالائی۔
شمی: [س۔ امث] ۱۔ پھلی ۲۔ ایک قسم کا کیکر ۳۔ بڑی لاٹھی۔
شمیانہ: [ف۔ امذ] دیکھئے "شامیانہ" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
شمیلہ: [ع۔ امث] عادت۔ خصلت ۲۔ کونپل۔
شمیم: [ع۔ امث] خوشبودار ہوا ۲۔ خوشبو مہک ۳۔ سونگھنا۔
شمیمہ: [ع۔ امث] خوشبو۔ سونگھی جانے والی چیز۔

ش ــــ ن

شناخت: [ف۔ امث] ۱۔ پہچان۔ تمیز ۲۔ شناسائی واقفیت (افعال: کرنا۔ ہونا۔)
شناختہ: [ف۔ صف] دیکھئے شناخت جس سے یہ منسوب ہے۔
شناختی کارڈ [ف انگ۔ امذ] وہ پرچی یا کارڈ جس پر اس کے حامل کا نام پتہ کوئی خاص حلیہ وغیرہ درج ہوتا ہے اور تصویر بھی لگی ہوتی ہے۔
شناس: [ف۔ صف] فارسی مصدر "شناختن" کا امر جو اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بناتا ہے اور پہچاننے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً قدر شناس۔
شناسا: [ف۔ صف] پہچاننے والا۔ پرکھنے والا۔
شناسائی: [ف۔ امث] جان پہچان۔ واقفیت۔ صاحب سلامت۔
شناسندہ: [ف۔ صف فاعلی] پہچاننے والا۔
شناعت [ع۔ امث] بدی۔ برائی۔ گندگی
شناور: [ف۔ صف] تیراک۔ تیرنے والا۔
شناوری: [ف۔ امث] دیکھئے "شناور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شناہ: [ف۔ امذ] سرنائے۔ مشک جس کے ذریعہ تیرتے ہیں۔
شنب: [ف۔ امذ] گنبد۔
شنبہ: [ف۔ امذ] ہفتہ۔ سنیچر۔ بار۔
شنٹ: [انگ۔ امذ] (SHUNT) ریل گاڑی کو ایک لائن سے دوسری لائن پر لے جانا (افعال: کرنا۔ ہونا)
شنٹو: [جاپانی۔ امذ] جاپان کا ایک قدیم مذہب جس میں آباؤ اجداد کی پوجا ہوتی ہے۔
شنجرف: [ف۔ امذ] ایک سرخ مرکب جو پارے اور گندھک سے بنتا ہے (شنگرف)
شنجرفی: [ف۔ صف] شنجرف کے رنگ کا۔ سُرخ۔
شنگ: [ف۔ امذ] چالاک۔ شوخ۔ ظریف۔ معشوق کی تعریف ہے (عموماً شوخ و شنگ کی ترکیب سے مستعمل ہے) ۲۔ خوب صورت۔ حسین۔
شنگرف: [ف۔ امذ] دیکھئے "شنجرف"
شنگرفی: [ف۔ امث] دیکھئے "شنجرفی"
شنو: [ف لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر شنیدن / شنودن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سننے والا کے معنی دیتا ہے جیسے نصیحت شنو۔
شنوا: [ف۔ صف] سُننے والا۔ توجہ دینے والا۔ دھیان کرنے والا۔
شنوائی: [ف۔ امث] دیکھئے "شنوا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شنوائی نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] پروا نہ ہونا۔ توجہ نہ ہونا۔
شنی: [س۔ امذ] ۱۔ زحل۔ سنیچر۔

شنی وار/شنیوار: [س۔امذ] شنبہ۔ سنیچروار۔ ہفتہ۔ یوم السبت۔ جمعہ کے بعد کا دن۔
شنیدہ: [ف۔صف] سُنا ہوا ۲۔ [امث] سُننا سننے کا فعل ۳۔ سنی سُنائی بات۔
شنیدنی: [ف۔صف] قابل سماعت سُننے سے لائق۔
شنیدہ: [ف۔صف۔مفعولی] سُنا ہوا۔
شنیدہ کے بود مانند دیدہ: [ف۔مقولہ] سُنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کے مقابلہ میں نہیں ہوتی
شنیع: [ع۔صف] خراب بُرا عیب دار ۲۔ بدکار۔ کمینہ زانی۔ لوطی
شنیعہ: [ع۔صف] دیکھئے "شنیع" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا فائدہ کرتی ہے

ش ــــ و

شو: [ف۔لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر شستن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بناتا ہے اور دھونے والے کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً رخت شو
شو: [ف۔امذ] شوہر کا مخفف
شو: [س۔امذ] ہندوؤں کے تین سب سے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک کا نام جس کا کام مخلوق کو فنا کرنا ہے اسے مہادیو۔ بھیروں وغیرہ کے بہت سے مختلف ناموں سے پکارتے ہیں۔
شوراتری: [ہ۔امث] ماگھ کی تیرہ تاریخ جس میں مہادیوجی کا تہوار بنایا جاتا ہے۔
شولنگ: [ہ۔امذ] مہادیوجی کے عضو تناسل کی تشبیہ جس کی پوجا ہندوؤں کے مندروں میں کی جاتی ہے۔
شو: [انگ۔امذ] SHOW تماشا۔ نظارہ۔ نمائش ۲۔ دکھاوا۔ نمود۔ ٹیپ ٹاپ۔
شو بوائے: [انگ۔امذ] showboy نمائشی دکھاوے کا۔
شو: [انگ۔امذ] show جوتا جو ٹخنوں سے نیچے رہے۔
شوارع: [ع۔امذ] دیکھئے "شارع" جس کی یہ جمع ہے۔
شواذ: [ع۔صف] دیکھئے "شاذ" جس کی یہ جمع ہے۔
شوافع: [ع۔امذ] دیکھئے "شافعی" جس کی یہ جمع ہے۔
شوال: [ع۔امذ] سنہ ہجری/عربی قمری سال کا دسواں مہینہ جس کی پہلی تاریخ کو عیدالفطر ہوتی ہے۔
شوالا: [س۔امذ] شو کا مندر۔ مہادیو کا استھان
شواہد: [ع۔امذ] دیکھئے "شاہد" جس کی یہ جمع ہے۔
شوب: [ف۔امذ] ۱۔ دستار۔ مندیل ۲۔ دُھلائی۔ دھونے کا فعل۔
شوب پڑنا/کھانا: [ار۔محاورہ] دھویا جانا۔
شوچ: [س۔امذ] ۱۔ پاکی صفائی طہارت ۲۔ کسی رشتے دار کی موت کے بعد نہا کر پاک ہونا ۳۔ نہانا۔ پاخانہ کرنا۔
شوخ: [ف۔صف] ۱۔ چالاک۔ طرار۔ بے باک ۲۔ شریر۔ گستاخ ۳۔ بے حیا ۴۔ ظریف۔ دل لگی باز ۵۔ چمکیلا۔ تیز ۶۔ کنایۃً معشوق۔
شوخ چشم/دیدہ: [ف۔صف] بے شرم۔ بے حیا۔
شوخ چشمی: [ف۔امث] دیکھئے "شوخ چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
شوخ چنچل: [ف۔صف] چالاک طرار۔ ڈھیٹ۔
شوخ رنگ: [ف۔صف] تیز رنگ چمکیلا (۲ مذ) رنگ جو بہت تیز ہو۔
شوخ رو: [ف۔صف] بے باک۔ گستاخ،
شوخ زبان: [ف۔صف] بیباکی اور گستاخی کی باتیں کرنے والا۔ گستاخ۔ بیباک۔

شوخ طبع/طبیعت/مزاج: [ف۔صف] تیز طبع ۲۔ بیباک ۳۔ خوش مزاج۔
شوخ طبعی/مزاجی: [ف۔امث] دیکھئے "شوخ طبع الخ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شوخی: [ف۔امث] چالاکی۔ طراری ۲۔ چلبلا پن ۳۔ شرارت ۴۔ ظرافت ۵۔ بیباکی ۶۔ بیقراری اضطراب ۷۔ رنگ کی تیزی۔ چمک
شوخی آنکھوں میں چرانا: [ار۔محاورہ] شوخی آنکھوں میں سے ظاہر ہونا۔
شوخی کرنا/شوخیاں کرنا: [ار۔محاورہ] بچوں کا شرارت کرنا ۲۔ گھوڑے کا اچھل کود کرنا۔
شودر: [س۔امذ] ہندوؤں کی چوتھی ذات جو بقول منو برہما جی کے پاؤں سے پیدا ہوئی ہے دراصل یہ ہندوستان کے اصلی باشندے تھے ان کو فتح کرنے کے بعد فاتح ہندوؤں نے یہ درجہ دیا تو ہرت چمار بھیل گونڈ اور دوسری نیچ قومیں اصل ہندوستانی نژم کی یادگار ہیں۔ اس قوم کا ایک فرد۔
شودرانی/شودرنی/شودری: [س۔امث] شودر قوم کی عورت۔ شودر کی بیوی۔
شور: [ف۔امذ] ۱۔ غل۔ غل غپاڑہ۔ غلغلہ۔ بلوا۔ ہنگامہ۔ فغاں (افعال: کرنا۔ ہونا) ۲۔ شہرت دھوم ۳۔ عشق ولولہ۔ جنون ۴۔ بدقسمتی بدنصیبی ۵۔ مصیبت ۶۔ مقدمہ بازی ۷۔ کھاری نمک ۸ (صف) کھاری نمکین کڑوا ۹۔ پاگل۔ جنونی ۱۰۔ پریشان۔ حیران ۱۱۔ فارسی مصدر شوریدن سے صیغہ امر۔ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور رکھنے والا یا بہتے والا کے معنی دیتا ہے
شور آب/آبہ: [ف۔امذ] ۱۔ کھاری پانی۔
شور اٹھانا: [ار۔محاورہ] غل کرنا۔ ہنگامہ کرنا۔
شور اُٹھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "شور اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شور اختر: [ف۔صف] بدنصیب
شور اُڑانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "شور اُڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
شور اُڑنا: [ار۔محاورہ] دھوم ہونا۔ شہرت ہونا۔
شور انگیز: [ف۔صف] شور پیدا کرنے والا۔
شور انگیزی: [ف۔امث] ۱۔ دیکھئے "شور انگیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۲۔ بغاوت۔
شور بخت: [ف۔صف] بد بخت۔
شور بختی: [ف۔امث] بدبختی
شور برپا کرنا: [ار۔محاورہ] بے حد غل مچانا۔
شور برپا ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "شور برپا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شور بلند ہونا: [ار۔محاورہ] بہت غل غپاڑا ہونا۔ شور مچنا۔
شور بند ہونا: [مص مرکب] غل یا شور ختم ہونا۔
شور بور: [ف۔صف] شرابور کا مخفف۔ بھیگا ہوا۔
شور پڑنا: [ار۔محاورہ] پریشانی ہونا فضیحتی ہونا۔
شور پہنچنا: [ار۔محاورہ] شور کسی خاص جگہ تک جانا۔
شور پیدا ہونا: [ار۔محاورہ] غل مچنا۔
شور ختم ہونا: [ار۔محاورہ] شور نہ رہنا۔
شور دار و گیر بلند ہونا: [ار۔محاورہ] لینا۔ پکڑنا کا غل ہونا۔
شور دلوانا: [ار۔محاورہ] خفا کرانا۔ غصہ کرانا۔
شور زمین: [ف۔امث] زمین جس میں نمک یا شورہ ہو اور قابل زراعت نہ ہو۔
شور سُننا: [ار۔محاورہ] غل کی آواز آنا۔
شور طالع: [ف۔صف] بدبخت۔ بدنصیب۔
شور عظیم: [ف۔امذ] بہت زیادہ غل غپاڑا۔

شورِ فریاد: [ف۔امذ] ظلم کی چیخ پکار کا شور۔
شورِ قیامت : [ف۔امذ] بیحد شور۔ قیامت کے دن کے مانند شور۔
شور کرنا: [مص مرکب] ۱۔غل مچانا۔ دھمکانا۔ گھر کنا۔
شور لگنا: [مص مرکب] نونی لگنا کھار کا پیدا ہونا۔ زمین خراب ہو جانا
شور مچانا: [مص مرکب] دھوم کرنا۔ غل کرنا۔
شور مچنا: [مص مرکب] دیکھئے "شور مچانا" جس کا یہ لازم ہے
شورِ محشر: [ف۔امذ] بے حد شور و غل۔
شور نشور: [ف۔امذ] بیحد شور۔ شور قیامت
شور نفس: [ف۔صف] بد ذات' شریر۔
شور نفسی: [ف۔امث] دیکھئے "شور نفس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شور و شر/شغب: [ف۔امذ] فتنہ فساد۔ لڑائی دنگا۔ ہنگامہ۔
شور و شغب کرنا: [ار محاورہ] بہت گڑ بڑ مچانا۔
شور و شین/شیون/غل/غوغا: [ف۔امذ] غل۔ ہنگامہ (افعال: برپا ہونا۔ ہونا۔ کرنا)
شوربا/شوربہ: [ف۔امذ] پکے ہوئے گوشت کا مسالا دار پانی۔
شوربا حلال بوٹی حرام: [ار مثل] بڑی بُرائی اختیار کر لینا۔ چھوٹی سے پرہیز کرنا۔
شورش: [ف۔امث] شور و غوغا۔ غل غپاڑا ۲۔ فتنہ و فساد۔ بغاوت۔ بلوہ۔ ہنگامہ ۳۔ پریشانی۔ حیرانی ۴۔ آشفتگی ۵۔ نمکین ہونا۔
شورش برپا کرنا: [مص مرکب] ہنگامہ کرنا۔ بغاوت کرنا۔
شورش برپا ہونا: [مص مرکب] دیکھئے "شورش برپا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شورش فرو کرنا: [مص مرکب] بغاوت ختم کرنا۔ فتنہ فساد بند کرنا۔
شورش فرو ہونا: [مص مرکب] دیکھئے "شورش فرو کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شورہ: [ف۔امذ] سفید رنگ کا ایک مرکب جو پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بارود میں شامل کیا جاتا ہے۔ نمکین ہوتا ہے ۲۔ ایک قسم کی گھاس۔
شورہ پُشت: [ف۔صف] سرکش۔ نافرمان۔ لڑاکا۔ جھگڑالو۔
شورہ پُشتی: [ف۔امث] دیکھئے "شورہ پُشت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
شورے کا پانی: [ف۔امذ] وہ پانی جو شورے سے ٹھنڈا کیا گیا ہو۔
شورے کا تیزاب: [ف۔امذ] ایک تیزاب جو شورے سے بنتا ہے جو بہت تیز ہوتا ہے۔
شورے کی پُتلی/تِلّی: [ف۔امث] کنایۃً بہت گورے رنگ کی نوجوان عورت۔
شورے میں جھالنا: [ار محاورہ] پانی کی صراحی کو نمک اور شورے کے پانی میں رکھ کر ٹھنڈا کرنا۔
شورے میں جھلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "شورے میں جھالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شورائی: [ع۔صف] دیکھئے شوریٰ جس سے یہ منسوب ہے جس میں صلاح مشورہ پایا جائے۔
شورائیت: [ع۔امث] دیکھئے شوریٰ جس سے یہ منسوب ہے
شورائیہ: [ع۔امث] دیکھئے شورائی جس کی یہ تانیث ہے ۲۔ وہ نظام جس میں صلاح و مشورے سے کاروبارِ حکومت انجام دیا جائے۔ پنچایتی نظام۔
شوریٰ: [ع۔امذ] مشورہ۔ صلاح۔
شورِیَّت: [ف۔امث] کھاری پن۔ (غلط لفظ ہے)
شوریدگان: [ف۔امذ] دیکھئے "شوریدہ" جس کی یہ جمع ہے۔
شوریدگانِ الفت/دستِ محبت: [ف۔امذ] عاشقان۔ عشاق۔
شوریدگی: [ف۔امث] پریشانی حیرانی ۲۔ دیوانگی۔ جنون ۳۔ عشق محبت۔

شوریدہ: [ف۔صف] پریشان۔ حیران ۲۔ جنونی۔ دیوانہ ۳۔ عاشق۔
شوریدہ بخت: [ف۔صف] بدبخت۔ بدقسمت۔
شوریدہ پشت: [ف۔صف] سرکش۔ باغی۔
شوریدہ حال/خاطر: [ف۔صف] پریشان حال۔ دیوانہ۔ حیران۔
شوریدہ روزگار/سر/مغز: [ف۔صف] دیوانہ مجنوں۔ سودائی
شوریدہ سری: [ف۔امث] دیوانگی۔ جنون۔
شوشہ: [ف۔امذ] انوکھی یا نئی بات۔ چٹکلا ۲۔ ہائے ہوز کی علامت ۳۔ "س" یا "ش" کا دندانہ ۴۔ ذرہ۔ ریزہ ۵۔ سونے کا ڈلا ۶۔ ... کی سلاخ ۷۔ ریگ کا پُشتہ۔
شوشہ اٹھانا: [ار محاورہ] جھگڑا کھڑا کرنا۔ فساد کرانا ۲۔ نئی بات نکالنا
شوشہ چھوڑنا: [ار محاورہ] ۱۔ فساد انگیز بات کہنا ۲۔ شرارت کی بات کرنا ۳۔ انوکھی بات کرنا ۴۔ شوخیاں کرنا۔ شرارت کرنا۔
شوشہ دینا: [ار محاورہ] دھوکا دینا ۲۔ ہائے ہوز کے نیچے نشان دینا۔
شوفر: [فرا۔مذ] chauffeur موٹر کار چلانے والا ڈرائیور۔
شوق: [ع۔امذ] ۱۔ خواہش۔ اشتیاق۔ تمنا۔ آرزو۔ چاہت۔ ارمان ۲۔ عشق ۳۔ رغبت۔ میلان ۴۔ شغل۔ کام ۵۔ اُمنگ۔ چسکا۔ چاٹ ۶۔ سرگرمی۔ جوش ۷۔ دُھن۔ ترنگ ۸۔ کوئی چیز کھلانے یا حقہ وغیرہ پلانے تو کہتے ہیں۔ شوق کیجئے ۹۔ شفقت محبت ۱۰۔ خوشی ۱۱۔ دریافت کرنے کی خواہش ۱۲۔ لطف۔ مزا۔
شوق بڑھنا/تیز ہونا: [مص مرکب] خواہش زیادہ ہونا
شوق چرانا: [ار محاورہ] دل میں خواہش پیدا ہونا۔
شوق در ہر دل کہ باشد رہبرے در کار نیست: [ف۔مثل] جس کو جس چیز کا شوق ہو وہ بغیر کسی کے بتلائے اسے سیکھے گا۔
شوق سے: [ار متعلق فعل] ۱۔ خوشی سے ۲۔ جوش یا سرگرمی سے ۳۔ بے خوف بے دھڑک ۴۔ رغبت سے ۵۔ جس طرح دل چاہے۔ خواہش سے۔
شوق کا دامن پھیلانا: [ار محاورہ] شوق ظاہر کرنا۔
شوق میں ذوق دستوری میں لڑکا: [ار مثل] ایک لطف میں دو فائدے حاصل ہوئے ایک کام کی کوشش کی دوسرا مفت میں ہو گیا۔
شوق ہونا: [مص مرکب] دیکھئے "شوق" ہر معنی کے ساتھ ماسوائے ۸
شوقین: [ع۔صف] شوق یا خواہش رکھنے والا۔ مشتاق ۲۔ عیاش۔ تماش بین ۳۔ رنگیلا۔ بانکا ۴۔ خوگر۔ عادی۔ رغبت رکھنے والا۔
شوقین بڑھیا چٹائی کا لہنگا: [ار مثل] طنزاً اس کو کہتے ہیں جو عمر کے لحاظ سے پوشاک نہ پہنے۔
شوقین بی بی کھل کی چولی آگ لگی ٹہلتی پھری: [ار مثل] غریب عورت اپنی حیثیت سے زیادہ کپڑے پہنے تو کہتے ہیں۔
شوقین مزاج (ف۔صف) وہ جسے اچھے کپڑے پہننے اور گانا سننے کا شوق ہو۔
شوقینی: [ف۔امث] دیکھئے "شوقین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شوقیہ: [ع۔صف] دیکھئے شوق جس سے یہ منسوب ہے۔
شوک: [ع۔امذ] خار۔ کانٹا۔
شوکت: [ع۔امث] شان و شکوہ۔ جاہ و جلال ۲۔ دبدبہ۔ رعب داب۔ قوت ۳۔ مرتبہ۔ رُتبہ ۴۔ کانٹا۔ ڈنگ۔
شوکت البعیر: [ع۔امث] اونٹ کٹارا۔ جھٹ کٹیا۔

شوکت الحائک: [ع۔امذ] جولاہے کا ایک آلہ جس سے کپڑے کی سطر کو برابر کرتا ہے۔
شوکت العقرب: [ع۔امذ] بچھو کا ڈنک۔
شوکت جتانا: [ار محاورہ] رعب داب یا جاہ و جلال ظاہر کرنا۔
شوکت دکھانا: [ار محاورہ] رعب ڈالنا ۲۔ جاہ و جلال دکھانا۔
شوکت ظاہر کرنا: [ا رمعں مرکب] دیکھئے "شوکت ظاہر ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
شوکت ظاہر ہونا: [ا رمعں مرکب] جاہ و جلال معلوم ہونا ۲۔ رعب پڑنا۔
شولا: [ہ۔امذ] ایک قسم کا کھانا جو چاولوں اور گوشت کو نہایت گلا کر پکاتے ہیں۔
شوگر: [انگ۔امث] [illegible] کھانڈ۔ چینی ۲۔ ذیابیطس۔
شوگر آنا: [ار محاورہ] پیشاب میں شکر آنا۔ ذیابیطس ہونا۔
شوم: [ع۔صف] منحوس (۲ مذ) کنجوس۔ بخیل۔
شوم بخت: [ع۔صف] بدقسمت۔ بدنصیب
شوم طبع: [ع۔صف] بدمزاج ۲۔ بخیل۔ کنجوس۔
شوم قدم: [ع۔امذ] بہتر قدم۔ منحوس
شوم مزاج: [ع۔صف] بخیل۔
شومی: [ع۔امث] نحوست ۲۔ بدبختی۔
شومئ بخت / تقدیر / طالع / قسمت: [عف۔امث] بدبختی۔ نحوست۔
شومئ نفس: [ع۔امث] بدمزاجی۔
شوں: [ار۔امث] پانی کے قطرے کی گرم چیز پر گرنے کی آواز۔
شوں شاں: [ار۔امث] غرور۔ ڈینگ ۲۔ نمائش۔
شوہر: [ف۔امذ] خاوند۔ خصم۔ بر۔ میاں۔ پی۔ سوامی۔ بالم۔ کنہیا۔ کنتھا۔ بھرتر۔
شوہری: [ف۔صف] شوہر سے منسوب۔

ش ــــــ ہ

شہ: [ف۔امذ] شاہ کا مخفف۔ دیکھئے "شاہ" (۲۔امث) ترغیب۔ بہکانا۔ پرچک ۳۔ حمایت ۴۔ شطرنج میں بادشاہ کو کشت ۵۔ کنکوے کو آہستہ آہستہ دور پہنچانا۔ ڈھیل۔
شہباز: [ف۔امذ] باز کی ایک بڑی قسم ۲۔ سبزی پینے والوں کا ایک پیر ۳۔ بہادر آدمی ۔ ۴۔ نیاض آدمی ۵۔ خوبصورت نوجوان۔
شہ بال / شہ پر: [ف۔امذ] پرندے کے بازوؤں میں سب سے بڑا پر۔
شہ بالا: [ف۔امذ] دیکھئے "شاہ بالا"
شہ بچانا: [ار محاورہ] دیکھئے "شہ بچنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
شہ بچنا: [ار محاورہ] بادشاہ شطرنج کا کشت کی جگہ سے ہٹ جانا۔
شہ پانا: [ار محاورہ] اشارہ پانا۔ ترغیب پانا۔
شہپر جھاڑنا: [ار محاورہ] پرندے کا بازو پھیلا کر زور سے ہلانا کہ کمزور پر جھڑ جائیں۔
شہپر جھڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "شہپر جھاڑنا" جسکا یہ لازم ہے۔
شہ پیل: [ف۔امث] شطرنج میں پیل کی شہ۔
شہترہ: [ف۔امذ] دیکھئے "شاہ ترہ"۔
شہتوت: [ف۔امذ] ایک درخت جس میں پتلا۔ لمبا اور میٹھا پھل لگتا ہے۔ اس کے پتے ریشم کے کیڑے پالنے کے کام آتے ہیں ۲۔ اس کا پھل۔
شہتیر: [ف۔امذ] مکان کی بڑی کڑی جس پر دوسری کڑیاں سے سرے رکھے جاتے ہیں۔

شہ چال: [ف۔امث] شطرنج میں جب صرف بادشاہ چال چل سکے۔
شہ دینا: [ار محاورہ] ۱۔ شطرنج میں بادشاہ کو کشت دینا ۲۔ غلط کام کی ترغیب دینا۔ پرچکا دینا ۳۔ اکسانا ۴۔ لڑائی کرنا۔ آگ لگانا ۵۔ پتنگ کو ڈھیل دینا ۶۔ حوصلہ بڑھانا۔
شہ دیوار: [ف۔امذ] وہ دیوار جو بادشاہی محل کے گرد بنی ہوئی ہوتی ہے۔
شہ رخ: [ف۔امث] شطرنج میں رخ کی شہ۔
شہ رخی: [ف۔امث] ۱۔ شطرنج میں بادشاہ کو ایسے خانے میں رکھنا کہ شہ پڑتی ہو ۲۔ سامنے کی چوٹ۔
شہ رگ: [ف۔امث] رگ جان
شہ روزہ: [ف۔امذ] وہ شخص جو مانگ کر کھاتا ہو۔
شہزادگان: [ف۔امذ] دیکھئے "شہزادہ" جس کی یہ جمع ہے۔
شہزادگی: [ف۔امث] شہزادہ ہونے کی حیثیت۔
شہزادہ: [ف۔امذ] دیکھئے "شاہ زادہ"
شہزادی: [ف۔صف] دیکھئے "شاہزادی"
شہ زور: [ف۔صف] بہت طاقت ور۔ زور آور
شہ زوری: [ف۔امث] دیکھئے "شہ زور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شہ سوار: [ف۔صف] گھوڑے کی سواری کا ماہر۔
شہ سواری: [ف۔امث] دیکھئے "شہ سوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شہ کار: [ف۔امذ] ۱۔ بڑی بوئی زمین ۲۔ دھوکا۔ دغا ۳۔ کسی شخص کا بہترین کام ۴۔ دیکھئے "شاہ کار"
شہ کارا: [ف۔امث] بدکار عورت۔ فاحشہ۔ بدزبان عورت۔
شہ لولاک: [ف۔امذ] پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔
شہ مات: [ف۔امث] شطرنج میں وہ کشت جس سے مات ہو جائے۔
شہ مات کرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "شہ مات ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
شہ مات ہونا: [ار محاورہ] قائل ہو جانا۔ جواب نہ دے سکنا۔
شہنا / شہنائی: [ف۔امث] نفیری (افعال: بجانا۔ بجنا۔ منہ سے لگانا)
شہنا نواز: [ف۔امذ] نفیری بجانے والا۔
شہنشاہ / شہنشہ: [ف۔امذ] بادشاہوں کا بادشاہ۔ قیصر۔
شہنشاہی / شہنشہی: [ف۔امث] دیکھئے "شہنشاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شہ نشین: [ف۔امث] دیکھئے "شاہ نشین"
شہوار: [ف۔صف] ۱۔ بادشاہ کے قابل ۲۔ شاہی ۳۔ مذ۔ بہت قیمتی موتی ۴۔ اپنی قسم کی بہترین چیز۔
شہاب: [ف۔امذ] نہایت سرخ رنگ جو کسم کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد حاصل کرتے ہیں۔
شہاب: [ع۔امذ] ۱۔ لو۔ لپٹ ۲۔ وہ ستارہ جو آسمان سے ٹوٹ کر گرتا ہوا معلوم ہوتا ہے ۳۔ روشن ستارہ ۴۔ شعلہ۔ بھڑکتی ہوئی آگ۔
شہاب ثاقب: [ع۔امذ] وہ چمکیلا ستارہ جو رات کو ٹوٹتا ہوا معلوم ہوتا ہے
شہابیہ: [ع۔امذ] وہ دخانی مادہ جو رات کو قبرستان کہنہ۔ مرگھٹ۔ دلدل وغیرہ میں چراغ کی طرح روشن ہوتا ہے جسے لوگ عام طور پر بھوت پریت کی کارروائی کہتے ہیں۔
شہابی: [ع۔صف] ۱۔ سرخ رنگ ۲۔ سرخ شہاب کے رنگ کا ۳۔ شباہت۔ عکس۔ جھلک۔ ۴۔ ایک قسم کی سرخ رنگ کی مہتابی۔
شہادت: [ع۔امث] ۱۔ گواہی۔ اظہار (افعال: دینا۔ لینا) ۲۔ راہ حق میں جہاد کرتے کرتے مارا جانا۔ شہید ہونا (افعال: پانا۔ ہونا) ۳۔ قتل۔ ذبح ۴۔ خدا کی وحدانیت اور رسول اللہ صلعم کی رسالت پر سچے دل سے اقرار ۵۔ کلمۂ شہادت۔
شہادت کی انگلی: [ع۔امث] داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ساتھ کی انگلی۔

شہادت کی رات: (ا۔ امث) شبِ عاشورہ۔ وہ رات جس کی صبح کو حضرت امام حسینؓ شہید ہوئے تھے۔

شہادت نامہ: (ف۔ امذ) ۱۔ اہلِ تشیّع کپڑے پر کلمہ شہادت لکھ کر کفن میں مردے کے ساتھ قبر میں رکھتے ہیں ۲۔ وہ کتاب جس میں امام حسینؓ کی شہادت کا ذکر ہو۔

شَہامَت: (ع۔ امث) بہادری۔ دلیری۔ شجاعت۔ چالاکی۔

شہانہ: (ف۔ صف) ۱۔ دیکھئے "شاہانہ" جس کا مخفف ہے ۲۔ سرخ رنگ کی خاص قسم کی چوڑیاں ۳۔ شادی کا جوڑا ۴۔ شادی کا گیت ۵۔ ایک قسم کی گت۔

شہانہ جوڑا/ پوشاک: (ف۔ امذ) دولہا کا سرخ جوڑا۔ سرخ پوشاک۔

شہانہ وقت: (ف۔ امذ) ۱۔ شام کا وقت ۲۔ بارات چڑھنے کا وقت ۳۔ سہانا وقت۔

شہانی چوڑیاں: (ا۔ امث) سرخ رنگ کی چوڑیاں۔ دلہن کی چوڑیاں۔

شہانی مہندی: (ف۔ امث) مہندی جو بہت سرخ رنگ دے۔

شُہُب: (ع۔ امذ) دیکھئے "شہاب" جس کی یہ جمع ہے۔

شہد: (ع۔ امذ) ۱۔ وہ میٹھا شیرہ جو مہال کی مکھیاں پھولوں کا رس چوس کر جمع کرتی ہیں۔ ۲۔ (صف) بہت شیریں۔

شہد سوہاگہ گھی، مری / موئی دھات کا جی: (ا۔ مقولہ) کیمیاگروں کے خیال کے مطابق ان تین چیزوں سے کشتہ شدہ دھات دوبارہ اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہے۔

شہد کی چھری: (ا۔ صف) میٹھی چھری۔ زبان کا میٹھا اور دل کا کھوٹا۔ منافق۔ دغاباز۔ مکار۔

شہد گھلنا: (ا۔ محاورہ) دیکھئے "شہد گھولنا" جس کا یہ لازم ہے۔

شہد گھولنا: (ا۔ محاورہ) میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ شیریں زبان ہونا۔

شہد لگا کر چاٹو: (ا۔ محاورہ) کمال احتیاط سے رکھو (طنزاً کہتے ہیں)

شہد لگا کر کے الگ ہو جانا: (ا۔ محاورہ) (دہلی) جھگڑا کرا کر الگ ہو جانا۔

شہد نکالنا: (ا۔ محاورہ) شہد کا چھتے سے حاصل کرنا۔

شہد نکلنا: (ا۔ محاورہ) دیکھئے "شہد نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

شُہَدا: (ع۔ امذ) دیکھئے "شہید" جس کی یہ جمع ہے۔

شُہدا: (ہ۔ صف) بدمعاش۔ بدچلن۔ لچا ۲۔ (مذ) فقیروں کا ایک فرقہ جو ننگے سر اور ننگے پاؤں رہتا ہے۔ بعض جگہ مسکین اور غریب کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ بعض اس کو کشدد کا معرب کہتے ہیں۔ جس کے معنی کمینہ اور شریر کے ہیں۔

شُہدا پن / پنا / شُہدپن: (ہ۔ امذ) بدمعاشی۔ وصول دھپّا (افعال پھیلانا کرنا۔ ہونا)

شہر: (ع۔ امذ) عربی سال کا قمری مہینہ۔

شہر: (ف۔ امذ) ۱۔ بڑی آبادی۔ وہ جگہ جہاں بہت سے آدمی مکانات میں رہتے ہوں اور میونسپلٹی / کارپوریشن وغیرہ کے ذریعہ انتظام ہوتا ہو۔

شہر آشوب: (ف۔ امذ) وہ نظم جس میں کسی شہر کی بربادی کا حال بیان کیا گیا ہو یا کسی شہر کے باشندوں کی ہجو یا تعریف اسکی پریشانی اور زمانے کی ناقدر دانی وغیرہ کا ذکر ہو۔

شہر امنڈنا: (ا۔ محاورہ) بہت سے لوگوں کا شہر سے باہر یا کسی جائے وقوع پر آنا / جمع ہونا۔

شہر بدر: (ف۔ صف) جلاوطن (افعال کرنا۔ ہونا)

شہر بند: (ف۔ امذ) ۱۔ فصیل ۲۔ قید خانہ۔ بندی۔

شہر پناہ: (ف۔ امث) فصیل جو شہر کو دشمن کے حملے سے بچانے کے لئے اس کے گرداگرد بنائی گئی ہو۔

شہر خبرا: (ا۔ صف) پورے شہر کی خبر رکھنے والا۔

شہر خموشاں: (ف۔ امذ) گورستان۔ قبرستان۔

شہر دار: (ف۔ صف) شہر میں رہنے والا شہری

شہر داری: (ف۔ امث) دیکھئے "شہر دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شہر کشملہ: (ف۔ امذ) اندھیر نگری۔ وہ شہر جہاں انصاف کی توقع نہ ہو۔

شہر کی دائی: (ا۔ امث) وہ عورت جو گھر گھر کی خبر رکھے۔

شہر گرد / گشت: (ا۔ امذ) شہر میں گشت کرنے والا۔ بزدل۔

شہر گردان: (ا۔ امذ) وہ شخص جسے شہر میں تشہیر کیا جائے۔

شہر میں اونٹ بدنام: (ا۔ مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو شہر میں بدنام ہو اور ہر بری بات اس سے منسوب کریں۔

شہر میں ہنڈوانا: (ا۔ محاورہ) شہر میں تشہیر کرانا۔

شہری: (ف۔ صف) شہر کا۔ شہر کے متعلق ۲۔ (مذ) شہر کا باشندہ۔ ملک کا باشندہ

شہر یار: (ف۔ امذ) بادشاہ۔ مطلق العنان بادشاہ۔

شہر یاری: (ف۔ امث) دیکھئے "شہر یار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شُہرت: (ع۔ امث) نیک نامی ۲۔ افواہ۔ چرچا ۳۔ رسوائی۔ بدنامی۔

شہرت اڑنا: (ا۔ محاورہ) چرچا ہونا۔ دھوم ہونا۔ بدنامی ہونا۔

شہرت افزا: (ف۔ صف) شہرت بڑھانے والا۔

شہرت افزائی: (ف۔ امث) دیکھئے "شہرت افزا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شہرت بری ہونا: (ا۔ مص مرکب) بدنام ہونا۔

شہرت بڑھنا: (ا۔ محاورہ) مشہور ہونا۔ شہرت زیادہ ہونا۔ بہت شہرہ ہونا۔

شہرت پانا: (ا۔ محاورہ) نام حاصل کرنا۔ مشہور ہونا۔

شہرت پہنچنا: (ا۔ محاورہ) بہت دور تک مشہور ہونا۔

شہرت پھیلنا: (ا۔ محاورہ) مشہور ہونا۔

شہرت پیدا کرنا / حاصل کرنا: (ا۔ محاورہ) نام حاصل کرنا۔ مشہور ہونا۔

شہرت دینا: (ا۔ محاورہ) مشہور کرنا۔ رسوا کرنا۔

شہرت ہونا: (ا۔ محاورہ) مشہور ہونا۔ دھوم ہونا۔

شہرت یافتہ: (ف۔ صف) مشہور و معروف ۲۔ جس کی دھوم ہو گئی ہو ۳۔ جس کی بدنامی ہو گئی ہو

شُہرہ: (ع۔ امذ) دیکھئے "شہرت"

شہرہ آفاق / انام: (ع۔ صف) بہت مشہور۔ تمام عالم / دنیا میں مشہور۔

شہرہ اڑانا: (ا۔ محاورہ) شہرت پھیلانا۔

شہرہ اڑنا: (ا۔ محاورہ) مشہور ہو جانا

شہرہ ور: (ع۔ ف) مشہور۔ نامور۔

شہرہ ہونا: (ا۔ محاورہ) مشہور ہونا۔ نام ہونا۔

شہریت: (ف۔ امث) شہر کا باشندہ ہونے کی حالت اور اسکے متعلق علم (غلط لفظ ہے)

شہریور / شہریور: (ف۔ امذ) چھٹے ایرانی مہینے کا نام ۲۔ شمسی سال کے ہر مہینے کا چوتھا دن ۳۔ ایک موکل فرشتے کا نام۔

شَہلا: (ع۔ صف) ۱۔ وہ جس کی آنکھ میں بجائے سیاہی کے نیلے یا بھورے یا سرخ رنگ کی جھلک ہو ۲۔ (مث) نرگس کی ایک قسم جس میں بجائے زردی کے نیلاہٹ یا سیاہی ہو۔ ۳۔ وہ عورت جس کی آنکھ بھیڑ کی مانند ہو۔

شہو: (ا۔ امذ ق) شوہر

شہوانی / شہوی: (ع۔ صف) شہوت کی طرف منسوب۔

شَہوت: (ع۔ امث) خواہش۔ آرزو۔ لذت اور منفعت کا شوق ۲۔ خواہش جماع۔

شہوت انگیز: (ع ف ۔ صف) شہوت ابھارنے والا۔
شہوت انگیزی: (ع ف ۔ امث) دیکھئے "شہوت انگیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شہوت پرست: (ع ف ۔ صف) عیاش۔ زانی۔ نفس پرست۔
شہوت پرستی: (ع ف ۔ امث) دیکھئے "شہوت پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شہوتی: (ع ۔ صف) شہوت پرست
شہوی: (ع ۔ صف) شہوت کی طرف منسوب۔
شہود: (ع ۔ امذ) حاضر ہونا۔ چشم دید گواہ ہونا ۲۔ جمعہ کا دن ۳۔ روز قیامت ۵۔ صوفیوں کی اصطلاح) دیدار خدا۔ ایسے درجے پر پہنچ جانا جہاں ہر چیز میں خدا ہی خدا نظر آئے ۶۔ شاہد کی جمع
شہودی: (ع ۔ صف) شہود سے متعلق۔ شہود سے نسبت رکھنے والا۔ شہود کا قائل صوفی
شہور: (ع ۔ امذ) دیکھئے "شہر" جس کی یہ جمع ہے مہینے۔
شہور معلومات: (ع ۔ امذ) مسلمانوں کے چار بہت مقدس مہینے۔ محرم۔ رجب۔ ذوالقعد ذوالحج۔ بعض شوال کو رجب کی بجائے تسلیم کرتے ہیں۔
شہہ: (ف ۔ امذ) گھوڑے کا ہنہنانا۔ ہنہیل۔
شہید: (ع ۔ امذ) ۱۔ خدا کا ایک نام وہ جو ہر بات سے مطلع اور واقف ہو۔ گواہ ۲۔ وہ شخص جو راہ خدا میں جہاد کرتا ہوا مارا جائے ۳۔ عاشق۔ قربان۔ فدا ۴۔ مقتول۔ مذبوح۔
شہید کربلا: (ع ۔ امذ) حضرت امام حسینؓ۔
شہید کرنا: (ا ۔ محاورہ) قتل کرنا
شہید گنج: (ا ۔ امذ) وہ عمارت جو شہیدوں کی یادگار کے طور پر بنائی جائے۔
شہید مرد: (ع ف ۔ صف) دیکھئے "شہید ۲"
شہید ناز: (ع ف ۔ صف) عاشق۔
شہید وفا: (ع ۔ صف) وہ جس نے وفاداری کی وجہ سے قتل ہو کر درجہ شہادت حاصل کیا ہو انتہائی وفادار۔
شہید ہونا: (ا ۔ محاورہ) راہ خدا میں قتل ہونا ۲۔ عاشق ہونا ۳۔ مارا جانا ۴۔ ضائع ہونا۔
شہیدی: (ع ۔ امث) شہید ہونے کیلئے تیار ۲۔ سرخ ۳۔ (امذ) رنڈی باز۔ تماش بین۔
شہیدی امرود: (ع ف ۔ امذ) وہ امرود جس کا گودا سرخ ہو۔
شہیدی تربوز: (ع ف ۔ امذ) ایک قسم کا بڑھیا تربوز جو چھلکوں تک سرخ ہوتا ہے۔
شہیدی جتھا: (ع ہ ۔ امذ) وہ گروہ جو شہید ہونے کے لئے تیار ہو۔
شہیر: (ع ۔ صف) مشہور۔ معروف۔ نامور۔
شہیق: (ع ۔ امث) گدھے کی بھاری آواز جو آخر میں نکلتی ہے۔
شہیقہ: (ع ۔ امث) کنایۃً کالی کھانسی۔

ش ۔ ع

شئون: (ع ۔ امث) شان بمعنی کام، حال کی جمع!

ش ۔ ی

شئے: (ع ۔ امث) چیز ۲۔ نفیس یا نایاب چیز ۳۔ برکت۔ زیادتی۔ افزونی ۴۔ معاملہ۔ واقعہ۔ ۵۔ چاہنا۔ خواہش کرنا۔
شئے لطیف: (ع ف ۔ امث) عقل، سمجھ۔
شئے لطیف کی قلت رکھی ہونا: (ا ۔ محاورہ) عقل، سمجھ بوجھ کی کمی ہونا۔ بیوقوف ہونا۔

شئے ہونا: (ا ۔ محاورہ) ۱۔ برکت ہونا ۲۔ مدد ہونا ۳۔ ترغیب ہونا ۴۔ نایاب بات ہونا۔ ۵۔ صاحب حیثیت ہونا ۶۔ کسی فن میں ماہر ہونا۔
شیاد: (ع ۔ صف) مکّار۔ فریبی۔ دغاباز۔
شیاطین: (ع ۔ امذ) شیطان کی جمع۔
شیاطین الانس: (ع ۔ امذ) وہ برے اور مفسد آدمی جو لوگوں کو شیطان کی طرح بہکاتے ہیں۔
شیاف: (ع ۔ امذ) ۱۔ سرمہ۔ وہ دوائیں جو باریک پیس کر سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائی جائیں
شیال: (ع ۔ امذ) قُلی، حمال
شیب: (ع ۔ امذ) بڑھاپا۔ بالوں کی سفیدی۔
شیپور: (ف ۔ امذ) ایک قسم کا باجا جو جنگ کے موقع پر بجایا جاتا ہے۔ بگل وغیرہ۔
شیٹ: (انگ ۔ امث) **sheet** کاغذ کا ایک تختہ۔ تاؤ۔ ورق ۲۔ دھات یا پانی کی چادر ۳۔ پلنگ کی چادر۔
شیخ: (ع ۔ امذ) ۱۔ بوڑھا آدمی ۲۔ پیر، مرشد۔ بزرگ ۳۔ مذہبی علوم میں فائق ۴۔ سرگروہ پیشوا ۵۔ خانقاہ کا سردار ۶۔ سجادہ نشین ۷۔ مسلمانوں میں ایک ذات ۸۔ عرب میں سردار۔ حاکم۔
شیخ الاسلام: (ع ۔ امذ) سب سے بڑا پیشوائے دین ۲۔ مفتی اعظم۔
شیخ الجامعہ: (ع ۔ امذ) یونی ورسٹی یا دانش گاہ کا سربراہ۔ وائس چانسلر۔
شیخ الرئیس: (ع ۔ امذ) بوعلی سینا کا لقب۔
شیخ اور تین کانے: (ا ۔ مثل) بے جا شیخی اور نمود
شیخ بیت الحرام: (ع ۔ امذ) کعبہ کا متولی۔
شیخ پکاریں قندوری قندوری: (ا ۔ مثل) غرض مند کو اپنے ہی مطلب کی سوجھتی ہے۔
شیخ تیری فطرت: (ا ۔ مثل) شیخ بہت چالاک ہوتا ہے۔
شیخ جی: (ا ۔ صف) قوم شیخ کا تعظیمی خطاب ۲۔ طنزاً۔ عابد و زاہد۔
شیخ چلی: (ف ۔ امذ) ۱۔ ایک فرضی احمق جس کی بے وقوفی کے قصے بہت مشہور ہیں۔ ۲۔ ایک بزرگ جن کا مزار تھانیسر ضلع کرنال بھارت میں ہے جو چلہ کشی کے بہت شائق تھے۔ اس لئے یہ نام ہوا (۳ صف) احمق بے وقوف۔
شیخ چلی کا منصوبہ: (ا ۔ امذ) وہ منصوبہ جس کی حقیقت کوئی نہ ہو۔ محض خیالی بات۔
شیخ چنڈال نہ چھوٹے مکھی نہ چھوڑے بال: (ا ۔ مثل) ہندو مکھی اور بال والی چیز نہیں کھاتے مگر شیخ سب کچھ ہضم کر جاتے ہیں۔ شیخوں پر طنز ہے کہ یہ ہندو بنیوں کے بھی کاروبار میں کان کاٹتے ہیں۔ بہت حریص کے متعلق بھی کہتے ہیں۔
شیخ ڈونڈو / ڈونڈول: (ا ۔ امذ) کپڑے کا گڈا جسے لکڑی کے سہارے بارش میں کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ بارش تھم جائے۔ پرانے زمانے کے لوگوں کا ایک خیالی ٹونا ہے۔
شیخ سدّو: (ا ۔ امذ) عورتوں کا ایک فرضی پیر۔
شیخ فانی: (ع ۔ صف بہ ترکیب فارسی) بہت بوڑھا۔
شیخ کا بکرا: (ا ۔ امذ) وہ بکرا جو شیخ سدّو کے نام پر ذبح کرتے ہیں۔
شیخ کیا جانے صابن کا بھاؤ: (ا ۔ مثل) جس سے کچھ تعلق نہ ہو اس کی کیفیت کیسے معلوم ہو سکتی ہے۔ خواہ مخواہ اس امر میں دخل دینا جس کا علم نہ ہو ۲۔ ایسے شخص سے مشورہ لینا جس کو معاملے سے کوئی مناسبت نہ ہو۔
شیخانی: (ا ۔ امث) شیخ کی تانیث ۲۔ مکھی۔ مگس۔
شیخڑا: (ا ۔ امذ) شیخ کی تصغیر۔
شیخوخت / شیخوخیت: (ع ۔ امث) بڑھاپا۔ سرداری۔

شیخوں کی شیخی پٹھانوں کی تر: (ارش) شیخوں کی ڈینگ اور پٹھانوں کی حجت مشہور ہے۔
شیخی: (ف امث) بڑائی۔ گھمنڈ۔ غرور۔ ڈینگ۔
شیخی اور تین کانے: (ارش) شیخی مارنا اور پاس کچھ نہ ہونا۔ بے جا شیخی۔
شیخی باز / خورا: (ارصت) گھمنڈی۔ بے جا ڈینگ مارنے والا
شیخی بگھارنا: (ار محاورہ) بے جا گھمنڈ کرنا۔ خودستائی کرنا۔ اترانا۔
شیخی جتانا: (ار محاورہ) دیکھئے "شیخی بگھارنا"
شیخی جھڑنا: (ار محاورہ) ہلکی ہونا۔ خفت ہونا۔
شیخی غورے سے کہا تیرا گھر جاتا ہے / جلتا ہے ۔ کہا بلا سے میری شیخی تو میرے پاس ہے۔: (ارش) اس شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود نقصان اٹھانے کے شیخی سے باز نہ آئے۔
شیخی سیٹھ کی دھوتی بھاڑے کی: (ارش) بے جا شیخی۔ ناداری مفلسی میں بھی شیخی مارنا
شیخی کا منہ کالا: (ارش) غرور کا سر نیچا۔ شیخی باز شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے۔
شیخی کرنا: (ار محاورہ) اترانا۔ ڈینگ مارنا۔
شیخی گھسٹر جانا: (ار محاورہ) غرور ٹوٹنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔
شیخی مارنا: (ار محاورہ) دیکھئے "شیخی بگھارنا"۔
شیخی میں آنا: (ار محاورہ) اترانا۔
شیخی نظر آنا: (ار محاورہ) شیخی کی حقیقت کھل جانا۔
شیخی نکال دینا: (ار محاورہ) شیخی کرکری کر دینا۔ غرور دور کرنا
شیخی نکل جانا: (ار محاورہ) دیکھئے "شیخی نکال دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
شیخی نہ چلنا: (ار محاورہ) غرور ٹوٹ جانا۔
شیخین: (ع اند) شیخ کا تثنیہ ۲۔ کنایۃً حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ۔
شیّد: (ف اند) ا دھوکا۔ دغا۔ فریب ۲۔ دورنگی۔ ظاہرداری۔ ملاوٹ۔
شید: (یائے مجہول سے) (ف صفت) ا۔ چمکیلا۔ روشن۔ منور (۲ ۔ اند) روشنی ۳۔ سورج خورشید ۴۔ دل فریبی۔ لبھاؤ۔
شیدا / شیدائی: (ف صف) ا۔ عاشق۔ فدا ۲۔ مدہوش۔ دیوانہ (افعال) بنانا۔ بننا)
شیدی: (ف اند) دیکھئے "سیدی"
شیڈ: (انگ اند) سائبان۔ چھپر۔ گاڑیوں وغیرہ کو کھڑی کرنے کی جگہ۔ shade
شیڈول: (انگ امث) فہرست۔ نقشہ۔ جدول۔ گوشوارہ۔ schedule
شیر: (ف اند) دودھ۔ لبن
شیر برنج: (ف امث) دودھ اور چاول۔ کھیر۔
شیر خشت: (ف اند) ایک مسہل دوا۔ جو بعض درختوں پر جمی ہوئی ہوتی ہے۔ ایک گوند۔
شیر خوار / خور: (ف صف) دودھ پیتا بچہ۔
شیر خواری / خوری: (ف امث) بچے کا دودھ پینے کا زمانہ۔
شیردان: (ف اند) دودھ کا برتن۔ بکری وغیرہ کے بچے کا معدہ جس میں گوشت وغیرہ ڈال کر پکاتے ہیں۔ کھیری۔ فیڈر۔ ۳۔ عورت کے پستان۔
شیر مادر: (ف اند) ا۔ ماں کا دودھ ۲۔ جائز۔ حلال
شیرمال: (ف اند) روغنی روٹی جس پر دودھ کا چھینٹا دیتے ہیں یا آٹے کو دودھ میں گوندھتے ہیں۔
شیر ماہی: (ف امث) ایک قسم کی مچھلی جس کے چھلکے سفید ہوتے ہیں اور گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے۔
شیر مرغ: (ف اند) چمگادڑ۔ جو کہ بچوں کو دودھ پلاتی ہے۔
شیر و شکر: (ف اند) دودھ اور کھانڈ بہت اچھی طرح ملے ہوئے ۲ (امذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

شیر و شکر ہو جانا / رہنا: (ار محاورہ) بہت دوستی ہونا۔ باہم اختلاط ہونا۔ مل جل جانا۔
شیر: (ف اند) ا۔ ایک گوشت خوار جانور جس کا قد گدھے کے برابر ہوتا ہے اور بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں ۲۔ باگھ۔ ببر ۳۔ پرنالے کا منہ جو شیر کی شکل کا ہوتا ہے ۴۔ بہادر آدمی۔ دلیر شخص ۵۔ نڈر۔ دلیر۔ قوی۔ توانا۔
شیر آبی: (ف اند) نہنگ۔ مگرمچھ۔ ایک بحری جانور سیل۔
شیر آسمان: (ف اند) ا۔ برج اسد ۲۔ سورج۔
شیر انداز / افگن: (ف صف) بہادر۔ دلیر شجاع۔ تیرباز
شیر اندام: (ف صف) وہ جوان جس کا سینہ چوڑا اور کمر پتلی ہو
شیر ببر: (ف اند) ایک خاص قسم کا شیر جس کا رنگ فاختائی اور گردن پر بال ہوتے ہیں۔ یہ بہت طاقتور ہوتا ہے۔
شیر بچہ: (شیر کا بچہ ۲۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔ طمنچہ (۳ صف) بہادر۔ دلیر۔
شیر برف / برفی: (ف اند) برف کا شیر جو بچے سرد ملکوں میں سردیوں میں بنا لیتے ہیں
شیر بکری: (ف امث) لڑکوں کا ایک کھیل جو بچے لکیریں مار کر کھیلتے ہیں۔ دو کو شیر باقی کو بکریاں قرار دیتے ہیں
شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں: (ارش) بہت انصاف ہے۔
شیر چرخ: (ف اند) دیکھئے "شیر آسمان"
شیر خدا: (ف اند) حضرت علیؓ کا لقب ہے۔
شیر دل: (ف صف) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ قوی۔
شیر دہاں: (ف صف) ا۔ شیر کا منہ ۲۔ وہ شکل جو شیر کے منہ سے مشابہ ہو۔ نالوں فواروں حوضوں وغیرہ کی جگہ بنا دیتے ہیں اور باغوں۔ کوٹھیوں اور مکانات کے صدر دروازوں پر بھی بناتے ہیں (۳۔ امث) ایک قسم کی بندوق ۴ (صف) وہ مکان یا دروازہ جو سامنے سے عرض میں کم اور پیچھے سے زیادہ ہو ۵۔ عورتوں کے ہاتھوں میں پہننے کے شیر کے منہ والے کڑے۔ جو سونے یا چاندی کے ہوتے ہیں۔
شیر زن: (ف صف) شیرنی ۲۔ بہادر عورت ۳۔ شیر کو مارنے والا۔
شیر زور: (ف اند) شیر کی طاقت والا۔ بہت طاقتور ۲۔ بہرام گور کا لقب
شیر ژیان: (ف اند) درندہ شیر ۲۔ بہادر آدمی۔
شیر سپہر / فلک: (ف اند) دیکھئے "شیر آسمان"
شیر شاہ کی داڑھی بڑی یا سلیم شاہ کی: (ارش) فضول بحث۔ بے فائدہ تکرار / بحث
شیر علم: (ف اند) شیر کی تصویر جو جھنڈے پر بناتے ہیں۔
شیر غراں: (ف اند) تند شیر ۲۔ شجاع اور بہادر آدمی۔
شیر فرزانہ: (ف اند) عقلمند۔ بہادر۔
شیر قالی / قالین: (ف اند) شیر کی تصویر جو قالین پر بناتے ہیں ۲۔ کنایۃً نمائشی۔ غیر حقیقی۔
شیر قالین دیگر و شیر نیستاں دگر است / شیر قالین اور ہے شیر نیستاں اور ہے: (ف ارش) بہادری کا اظہار اور چیز ہے اور بہادری اور چیز۔
شیر کا ایک ہی بھلا: (ارش) بہادر بیٹا ایک ہی کافی ہے۔
شیر کا بال: (ف اند) شیر کی مونچھ کا بال کہتے ہیں کہ اس کے کھانے سے جگر کٹ جاتا ہے نیز اسے جادو ٹونوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
شیر کا خرقہ / گرقع: (ف اند) فقیری۔ درویشی۔ کیونکہ درویشی کا سلسلہ حضرت علیؓ سے منسوب ہے جن کا لقب شیرِ خدا تھا۔
شیر کا جھوٹا گیدڑ کھائیں: (ارش) امیر آدمیوں کے دم سے بہت سے غریب پلتے ہیں۔

شیر کا کان: [ا ر - امذ] کنایۃً جھنگ چھاننے کا کپڑا۔

شیر کا کھاجا بکری: [ا ر ش] کمزوروں کو زبردست دبا لیتے ہیں۔

شیر کا منہ جھلسنا: [ا ر محاورہ] شیر کا شکار کرنے کے بعد اس کی مونچھیں جلا دیتے ہیں تاکہ انہیں کوئی دشمن کسی کو کھلانے یا ٹونے وغیرہ کے لئے حاصل نہ کرلے۔

شیر کا منہ چوم کر طمانچہ کھانا: [ا ر محاورہ] کسی زبردست کو چھیڑ کر ذلت اٹھانا۔

شیر کا ناخن: [ف امذ] بچوں کے گلے میں حفاظت کے لئے ڈالتے ہیں

شیر کرنا: [ا ر محاورہ] کسی کا حوصلہ بڑھانا۔ دلیر کر دینا ۲۔ زیادہ دلیر کرنا۔ تیز کرنا۔

شیر کو للکارنا: [ا ر محاورہ] بہادری کا کام کرنا ۲۔ شیر کو ڈپٹنا۔ شیر سے مقابلہ کرنا۔

شیر کھائے نہ کھائے منہ لال: [ا ر ش] بدنام آدمی پر سب الزام لگ جاتے ہیں

شیر کی بولی بولنا: [ا ر محاورہ] قے کرنا۔

شیر کی خالہ: [ف امذ] بلی۔

شیر کی صولت: [ف امث] شیر جیسا رعب یا دبدبہ۔ ہیبت دبدبہ

شیر کی نظر دیکھنا / گھورنا: [ا ر محاورہ] غصے سے دیکھنا۔

شیر کے برقعے میں چھیچھڑے کھاتے ہیں: [ا ر ش: باوجود صاحب توفیق ہونے کے معمولی کام میں بجا لانے والے کے متعلق کہتے ہیں ۲۔ باطن ظاہر کے [illegible]]

شیر کے پنجے میں آنا: [ا ر محاورہ] زبردست کے قابو میں آنا۔

شیر کے منہ سے شکار لینا: [ا ر محاورہ] زبردست سے کوئی چیز لینا۔

شیر کے منہ میں جانا: [ا ر محاورہ] خطرے کی جگہ پر جانا۔ اپنی جان خطرے میں ڈالنا۔

شیر مارنا: [ا ر محاورہ] کوئی بڑا کام کرنا۔ بڑی جوانمردی اور بہادری کا کام کرنا۔

شیر ماہی: [ا ر امث] ایک قسم کی مچھلی۔

شیر مرد: [ف صف] بہادر۔ دلیر ۲۔ عارف کامل ولی اللہ۔

شیر مست: [ف صف] بہادر۔ دلیر ۲۔ تند شیر۔

شیر مگس: [ف امذ] مکڑی۔

شیر نیستاں: [ف صف] جنگلی شیر ۲۔ بڑا بہادر۔ جری۔ **شیر ہونا**: [ا ر محاورہ] دلیر ہونا۔ تیز ہونا (نمک مرچ وغیرہ کا) زیادہ ہونا غالب ہونا۔ **شیر یزداں**: [ف امذ] دیکھئے "شیر خدا"

شیرا: [ا ر امذ] بڑے منہ کا کتا۔

شیرازہ: [ف امذ] وہ فیتہ جو کتاب کی جزبندی کے بعد اس کی پشت پر لگاتے ہیں ۲۔ سلائی جو کتاب اور پٹھوں پر کی جاتی ہے ۳۔ انتظام سلسلہ۔

شیرازہ باندھنا: [ا ر محاورہ] کتاب کی سلائی کرنا۔ منتشر جزوں کو یکجا کرنا۔

شیرازہ بندھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "شیرازہ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

شیرازہ بستہ: [ف صف] جلد بندھی ہوئی کتاب۔

شیرازہ بکھرنا: [ا ر محاورہ] متفرق ہو جانا۔ ابتری ہو جانا۔

شیرازہ بکھیر دینا: [ا ر محاورہ] ۱۔ قلع قمع کر ڈالنا ۲۔ تمام عیب کھول کر رکھ دینا۔

شیرازہ بند: [ف صف] سلائی شدہ۔ جلد بندھی ہوئی کتاب۔

شیرازہ بندی: [ف امث] دیکھئے "شیرازہ بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۲۔ اتحاد و یکجہتی۔

شیرازہ ٹوٹنا: [ا ر محاورہ] سلائی ٹوٹنا جیسا کہ ٹوٹنا ۲۔ ابتری ہونا۔ انتظام قائم نہ رہنا۔

شیرازی: [ف صف] ایک قسم کا کبوتر۔ گرہ کبوتر۔ جنگلی کبوتر۔ کبک صحرائی۔

شیرنی: [ف امث] دیکھئے "شیر" جس کی یہ تانیث ہے۔

شیرنی: [ا ر امث] دیکھئے "شیرینی" جس کا یہ مخفف و مغرب ہے۔

شیروں: [ف امذ] دیکھئے "شیر" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

شیروں سے شکار اور گدڑوں سے بڑے ہاتھ نہیں آتے: [ا ر ش] چالاک اور زبردستوں پر بس / زور نہیں چلتا۔

شیروں کا منہ کس نے دھویا: [ا ر ش] ۱۔ کوئی گندہ ہو تو اسے طنزاً کہتے ہیں ۲۔ بچے بغیر منہ دھوئے کھانا کھائیں تو کہتے ہیں۔

شیروں کے شیر ہی ہوتے ہیں: [ا ر ش] بہادروں کی اولاد بہادر ہی ہوتی ہے۔

شیروں کے منہ چڑھنا: [ا ر محاورہ] بہادروں کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ زبردست کے سامنے اکڑنا۔

شیرہ: [ف امذ] قوام۔ چاشنی ۲۔ عرق جو کسی چیز کو پیس کر نکالا جائے ۳۔ تیلاگڑ جسے تمباکو میں ڈالتے ہیں۔ راب۔ **شیرۂ انگور**: [ف امذ] ۱۔ انگور ۲۔ شراب۔

شیرہ بادام: [ف امذ] وہ عرق یا شیرہ جو بادام پیس کر نکالا جائے۔

شیرہ خرما: [ف امذ] شیرہ جو کھجوروں سے بنایا جائے۔

شیرہ شراب: [ف امذ] نئی شراب۔ **شری**: [انگ امذ] ایک قسم کی میٹھی شراب (SHEERY)

شیریں: [ف صف] ۱۔ میٹھا۔ لذیذ۔ دل پسند۔ خوشگوار۔ نرم ۲۔ عزیز۔ پیارا ۳۔ فرہاد کی معشوقہ۔

شیریں ادا: [ف صف] وہ جس کی ادائیں دل پسند ہوں ۲۔ خوش ادا ۳۔ معشوق۔

شیریں بیان: [ف صف] خوش بیان۔ **شیریں بیانی**: [ف امث] دیکھئے "شیریں بیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شیریں خرام: [ف صف] وہ جس کی چال دل پسند ہو۔

شیریں دہن: [ف صف] وہ جس کے بوسہ لینے سے لطف حاصل ہو۔

شیریں رقم: [ف صف] بہت خوش خط۔ خوش نویس

شیریں زبان / سخن / کلام / گفتار / مقال / نفس: [ف صف] فصیح خوش گفتار۔

شیریں زبانی / سخنی / کلامی / گفتاری / مقالی / نفسی: [ف امث] فصاحت خوش گفتاری

شیریں شمائل: [ف صف] خوش خلق۔ **شیریں طبع**: [ف صف] خوش طبع

شیریں طبعی: [ف امث] دیکھئے "شیریں طبع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شیریں کار: [ف صف] وہ جس سے اچھے کام سرزد ہوں ۲۔ مسخرہ۔

شیریں کاری: [ف امث] دیکھئے "شیریں کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شیریں لب: [ف صف] فصیح۔ خوش گفتار۔ **شیریں لبی**: [ف امث] دیکھئے "شیریں لب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ **شیریں لگنا**: [ا ر محاورہ] خوشگوار معلوم ہونا۔ **شیریں نوا**: [ف صف] سریلا۔ خوش آواز۔

شیریں نہ شود دہن بحلوا گفتن: [ف ش] کسی چیز کا نام لینے سے اس کا مزہ نہیں آتا۔

شیرینی: [ف امث] مٹھاس۔ حلاوت ۲۔ مٹھائی۔ **شیرینی تحریر**: [ف امث] تحریر کا دل نشین ہونا۔ **شیرینی تقریر**: [ف امث] شیریں کلامی۔ فصاحت۔ بلاغت۔ **شیرینی حیات**: [ف امث] زندگی کا لطف

شیز / شیزی: [ف امذ] ۱۔ ایک نہایت قدیم آتش کدہ ۲۔ آبنوس

شیش: [ف امذ] دیکھئے "شیشہ" جس کا یہ مخفف ہے اور بطور سابقہ کے استعمال ہوتا ہے۔

شیش گر: [ف امذ] شیشے کی چیزیں بنانے والا۔

شیش محل: [ف امذ] وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوئے ہوں۔

شیش محل کا کتا: [ا ر امث] کتا شیش محل چاروں طرف کتے ہی کتے دیکھ کر گھبرا جاتا ہے بوکھلایا ہوا کتا ۲۔ کنایۃً پاگل۔ باولا۔ پاگل آدمی۔

شیشہ: [ف امذ] ایک دھات جو ریت، چونا، گندھک اور سوڈا وغیرہ سے مرکب کرکے بناتے ہیں۔ اسے ہر شکل و صورت میں ڈھال سکتے ہیں مثلاً بوتل، صراحی۔ کانچ کا مسطح ٹکڑا آئینہ۔ آرسی وغیرہ ۲۔ کانچ۔ **شیشۂ آفتابی**: [ف امذ] نہایت سرخ شیشہ۔ کنایۃً سورج۔

شیشہ آلات: [ف امذ] روشنی کا ساز و سامان۔ جھاڑ، فانوس۔ کنایۃً نازک بدن۔

شیشہ باز: [ف صف] ۱۔ رقاصوں کا ایک فرقہ جو سر پر شیشہ رکھ کر ناچتے ہیں ۲۔ شعبدہ باز ۳۔ ٹھگ۔ مکار۔ **شیشہ بازی**: [ف امث] دیکھئے "شیشہ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

شیشہ باشا: [ف صف] نازک جلد خراب ہونے والا۔

شیشۂ شکستہ را پیوند کردن مشکل است: [ف مثل] ٹوٹے ہوئے شیشے کو جوڑنا مشکل ہے۔ جب کسی طرح دل میں میل آ جاتے تو پھر صفائی ہونی مشکل ہوتی ہے۔
شیشہ چبانا: [ار محاورہ] شیشے کو منہ میں دانتوں سے پیلنا یہ چھوٹی قسم کا کلمہ سمجھا جاتا ہے۔
شیشہ دکھانا: [ار محاورہ] پنجاب میں اپنے پاؤں کا تلا دکھا کر مذاق کہتے ہیں۔
شیشہ دیکھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "شیشہ دکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شیشہ دکھائی: [ار محاورہ] وہ انعام جو نائی کو کسی تقریب یا تیوہار کے موقع پر شیشہ دکھانے پر دیا جاتا ہے۔
شیشۂ دل: [ف اِمذ] دل کا استعارہ نازک ہونے کی وجہ سے شیشہ سے کرتے ہیں۔
شیشۂ دل کو ٹھیس لگنا: [ار محاورہ] دیکھئے "شیشۂ دل چور ہونا"۔
شیشۂ دل چور کرنا: [ار محاورہ] رنج یا صدمہ پہنچانا۔ شیشۂ دل چور ہونا: [ار محاورہ] رنج یا صدمہ پہنچنا۔
شیشۂ ساعت: [ف اِمذ] گھڑی۔ شیشہ گر: [ف صف] شیشہ بنانے والا۔ نازک کام کرنے والا۔
شیشہ گری: [ف اِمث] دیکھئے "شیشہ گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ شیشی: [ف اِمث] کانچ کی چھوٹی بوتل۔
شیشی سنگھانا: [ار محاورہ] بیہوشی کی دوا سنگھانا۔ ہوش میں لانے کیلئے چونا اور نوشادر وغیرہ سنگھانا۔
شیشی سونگھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "شیشی سنگھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
شیشے: [ار اِمذ] دیکھئے "شیشہ" جس کی یہ جمع ہے۔ شیشے کا بال: [ار اِمذ] باریک درز جو شیشے کی چوٹ لگنے سے آ جاتی ہے۔ شیشے کا دیو: [ار اِمذ] شراب۔ مے۔
شیشے کا رونا: [ار محاورہ] بوتل وغیرہ سے عرق یا شراب نکالتے وقت آواز پیدا ہونا۔
شیشے کی ہچکیاں: [ار اِمث] بوتل یا قرابہ سے رقیق چیز نکلنے پر جو آواز رک رک کر پیدا ہوتی ہے۔
شیشے میں اُتارنا: [ار محاورہ] قابو میں لانا۔ مسخر کرنا۔ پرچانا۔
شیشے میں اُترنا: [ار محاورہ] "شیشے میں اُتارنا" ملاحظہ ہو۔
شیشے میں ڈھالنا: [ار محاورہ] مطیع کرنا۔ مسخر کرنا
شیشے میں ڈھلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "شیشے میں ڈھالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
شیشے میں گنگا جل اٹھانا: [ار محاورہ] (ہندو) قسم کھانا۔ گنگا جل اٹھا کر قسم کھانا۔
شیطان: [ع اِمذ] فرشتوں کا معلّم جس نے خدا کی نافرمانی کر کے حضرت آدمؑ کو سجدہ نہ کیا اور راندہ گیا ۲۔ سرکش۔ نافرمان۔ باغی ۳۔ پلید۔ خبیث۔ بدکار ۴۔ مردود۔ نکالا ہوا۔ گمراہ۔ بدراہ ۶۔ شریر۔ بدذات۔ فتنہ انگیز۔ فسادی ۷۔ جھگڑا۔ فساد ۸۔ غصہ۔ غضب ۹۔ تہمت۔ بہتان ۱۰۔ جن۔ بھوت۔ دیو۔ شیطان اُترنا: [ار محاورہ] غصہ دور ہونا ۲۔ شرارت رفع ہونا۔
شیطان اٹھانا: [ار محاورہ] بہتان لگانا۔ تہمت لگانا ۲۔ جھگڑا کرنا۔ شور کرنا۔
شیطان اچھلنا: [ار محاورہ] شرارت سوجھنا۔
شیطان چڑھنا: [ار محاورہ] غصہ یا ضد چڑھنا ۲۔ جن بھوت کا سایہ ہونا ۳۔ شرارت سوجھنا۔
شیطان چوکڑی: [ار اِمث] شرارتی آدمیوں کی ٹولی۔ شریر آدمیوں کی جماعت۔
شیطان سر پر چڑھنا/سوار ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "شیطان چڑھنا"
شیطان سے زیادہ مشہور ہونا: [ار محاورہ] بہت بدنام ہونا۔ رسوائے خلق ہونا۔
شیطان کا امان مانگنا/پناہ مانگنا: [ار محاورہ] بہت شریر ہونا کہ شیطان بھی پناہ مانگے۔
شیطان کا دھکا: [ار اِمذ] شیطان کی مار۔ شیطان کا شیرہ: [ار صف اِمذ] خفیہ فسادی شریر۔
شیطان کا کان میں پھونک دینا: [ار محاورہ] شیطان کا بہکا دینا ۲۔ شیطان کا دل میں تردد پیدا کر دینا۔ شیطان کا لشکر: [ار اِمذ] ۱۔ شیطان کی فوج ۲۔ لڑکے بچے۔
شیطان کو آتے دیر نہیں لگتی: [ار مثل] جھگڑا کھڑا ہونے یا غصہ آنے میں دیر نہیں لگتی ہے۔
شیطان کی آنت: [ار اِمث] بڑی لمبی چیز۔ طویل داستان۔ وہ چیز جس کا سلسلہ دور تک پھیلا ہوا ہو۔
شیطان کی پھٹکار: [ار کلمہ بددعا] کوئی بُرا کام کرے تو کہتے ہیں۔ شیطان کی چھڑی: [ار اِمث] رسوائی کا نشان۔ شیطان کی خالہ: [ار اِمث] کُٹنی۔ لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت۔

شیطان کی ڈور: [ار اِمث] مکڑی کے جالے کا ڈورا جو اکثر راستوں میں اُڑتا رہتا ہے اور آنکھ میں پڑ جانے سے سخت نقصان ہوتا ہے۔
شیطان کے کان بہرے: [ار مثل] شیطان نہ سُنے ۲۔ خدا کرے یہ خبر جھوٹ ہو۔
شیطان کے کان کاٹنا: [ار محاورہ] شیطان سے بڑھ کر کام کرنا۔ شیطان سے بڑھ کر شریر ہونا۔
شیطان کے گھر ولی: [ار مثل] نالائق کے گھر نیک اولاد ہونا۔
شیطانِ مجسّم: [ع صف بترکیب فارسی] سر تا پا شریر۔ بے حد شریر۔
شیطان نے لڑکوں سے پناہ مانگی ہے: [ار مثل] لڑکے شیطان سے بھی زیادہ شریر ہوتے ہیں۔
شیطان ہر جگہ موجود ہے: [ار مثل] سامانِ گناہ ہر جگہ موجود ہوتا ہے۔ ہر جگہ انسان کے دل میں بُرے وسوسے پیدا ہو سکتے ہیں۔
شیطان ہونا: [ار محاورہ] شریر ہونا۔ فسادی ہونا ۲۔ بدخوابی ہونا۔
شیطانی: [ار صف] دیکھئے "شیطان" جس سے یہ منسوب ہے ۲۔ احتلام جو عورتوں کو ہو جائے۔
شیطانی لشکر: [ار اِمذ] دیکھئے "شیطان کا لشکر"۔ شیطانی چکر: [ار اِمذ] بدی کا چکر۔ برائیوں کا تسلسل۔
شیطانی چرخا: [ار اِمذ] بُری چیز یا بُرا شخص۔
شیطنت: [ع اِمث] شرارت۔ خباثت۔ بدی ۲۔ فتنہ۔ فساد۔
شیعہ: [ع اِمذ] گروہ ۲۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علیؓ کو پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بلا فصل خلافت کا حق دار مانتا ہے۔
شیعی: [ع صف] دیکھئے "شیعہ" جس سے یہ منسوب ہے۔
شیفتگی: [ف اِمث] دیکھئے "شیفتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شیفتہ: [ف صف] عاشق۔ فریفتہ ۲۔ متحیر۔ پریشان ۳۔ مجنون۔ دیوانہ۔
شیلا: [ار اِمث ق] مل۔ شیلان: [ف اِمذ] دسترخوان۔ کھانا ۲۔ عتاب۔
شیلڈ: [انگ اِمث] سپر۔ ڈھال ۲۔ انعامی نشان۔
شیلف: [انگ اِمث] shelf الماری۔ خانہ۔ طاق۔
شیم: [ع اِمث] دیکھئے "شیمہ" جس کی یہ جمع ہے۔
شیمہ: [ع اِمث] عادت۔ خصلت۔ طبیعت۔
شین: [ع اِمذ] عیب۔ بُرائی ۲۔ عیب لگانا ۳۔ ایک حرفِ تہجی کا نام۔
شین قاف درست ہونا: [ار محاورہ] زبان کا تلفظ درست ہونا۔
شیو: [انگ اِمث] shave حجامت۔ اردو میں ڈاڑھی مونڈنے کیلئے مستعمل ہے۔
شیو: [ہ اِمذ] دیکھئے "شِو" مع مرکبات۔ شیوا: [ف صف] فصیح۔ بلیغ۔
شیوا زبان/بیان: [ف صف] فصیح۔ بلیغ۔ خوش بیان۔
شیوا زبانی/بیانی: [ف اِمث] دیکھئے "شیوا زبان/بیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شیوخ: [ع اِمذ] دیکھئے "شیخ" جس کی یہ جمع ہے۔ شیوخت: [ع اِمث] بڑھاپا۔
شیوع: [ع اِمذ] ظاہر ہونا۔ پھیلنا۔ دور نزدیک خبر پہنچنا ۲۔ آغاز۔ اشاعت۔ تبلیغ۔ (جاری ہونا)
شیون: [ع اِمث] دیکھئے "شان" بمعنی رتبہ جس کی یہ جمع ہے ۲۔ وہ مقام جہاں ذاتِ خدا سے صفاتِ خدا قائم ہیں۔ شیون: [ف اِمذ] غم۔ ماتم۔ سوگ۔ نوحہ۔ آہ و زاری۔ نالہ۔ فریاد۔ واویلا۔
شیونگ کریم: [انگ اِمث] لئی کی شکل کا صابن جو ڈاڑھی مونڈنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
شیونگ اسٹک: [انگ اِمث] گول سلاخ کی شکل کا صابن جو ڈاڑھی مونڈنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔
شیوہ: [ف اِمذ] طور طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ روش۔ دستور ۲۔ ناز۔ کرشمہ۔ ہنر۔
شیوہ گر: [ف صف] ناز و نخرہ کرنے والا۔ عشوہ گر۔
شیوہ گری: [ف اِمث] دیکھئے "شیوہ گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
شیہہ: [ف اِمذ] ہنہناہٹ۔ گھوڑے کی آواز۔ (صہیل) کرنا۔ شیہا: [ف اِمذ] نشان۔ سوٹا۔

ص

ص: [ع امذ] اس کا نام صاد ہے۔ اُردو حروفِ تہجی کی ترتیب میں بیسواں اور فارسی میں سترھواں حرف ہے۔ عربی حروفِ ہجا کی ترتیب "ابتث" میں چودھواں اور ترتیب ابجد میں اٹھارھواں حرف ہے
۱۔ یہ عربی سے مخصوص لفظ ہے، اس کی آواز اور کسی زبان میں نہیں پائی جاتی۔
۲۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
۳۔ اسے صاد مہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں تاکہ ضاد سے ممیز ہو سکے۔
۴۔ یہ حرف شمسی ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا بلکہ صاد کو مشدد کر دے گا۔
۵۔ حساب جمل میں اس کے نوّے (۹۰) اعداد شمار ہوتے ہیں۔
۶۔ یہ "صحیح" اور صلی اللہ علیہ وسلم کے اختصار کے طور پر بھی "ص" کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔
۷۔ قرآن مجید کی ایک سورت کا نام بھی ہے۔
۸۔ ماہ صفر کی علامت کے طور پر بھی مستعمل ہے۔
۹۔ آنکھ کو بھی صاد سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
۱۰۔ فارسی اور عربی میں "چ" اور "س" کے بدل کے طور پر آتا ہے۔ مثلاً چندل سے صندل اور قفس سے قفص۔

ص — ا

صَابِر: [ع صف] ۱۔ صبر کرنے والا۔ متحمل۔ بردبار۔ برداشت کرنے والا۔ ۲۔ حضرت ایوبؑ کا لقب۔ ۳۔ پیر کلیر حضرت علاء الدین کا لقب۔
صَابُن: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "صابون" جس کا یہ مورد ہے۔
صَابُن دانی: [ا ر امث] وہ ظرف جس میں صابن رکھتے ہیں۔
صَابُن سا مُنہ میں گھلنا: [ا ر محاورہ] مُنہ بدمزہ ہونا۔ مُنہ کا مزہ پھیکا ہونا۔
صَابُن سا مُنہ ہونا: [ا ر محاورہ] پھیکا پھیکا مُنہ کا ذائقہ ہونا۔
صَابُن کا ربس تار: [ا ر امذ] کنایۃً بے تعلق۔ آزاد۔
صَابُن کے مُول پڑنا: [ا ر محاورہ] بہت جوتیاں پڑنا۔
صَابُون: [ع امذ] کپڑا اور جسم صاف کرنے کا ایک مشہور کیمیائی مرکب جو تیل اور سوڈا کاسٹک وغیرہ سے تیار ہوتا ہے۔
صَابُونی: [ف امث] ایک قسم کی مٹھائی
صَابِی: [ع صف] ایک دین سے پھر کر دوسرے دین کی طرف جانے والا۔ ۲۔ ستارہ پرست۔
صَاحِب: [ع امذ] ۱۔ یار۔ دوست۔ مددگار۔ ساتھی ۲۔ مالک۔ آقا۔ ۳۔ انگریزوں کا لقب۔ ۴۔ افسروں کا لقب ۵۔ کلمہ احترام جو نام کے بعد لکھا جاتا ہے ۶۔ کلمہ خطاب۔
صَاحِبُ الغرض مجنوں: [ع مثل] ضرورت مند دیوانہ ہوتا ہے۔
صَاحِبِ اختیار: [ع صف بہ ترکیب فارسی] با اختیار۔ حکومت والا۔ آزاد۔ مطلق العنان۔
صَاحِبِ اَخلاق: [ع صف بہ ترکیب فارسی] خلیق۔ نیک عادت۔ خوش اخلاق۔ شائستہ۔ مہذب۔
صَاحِبِ اِدراک: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عقلمند۔ دانا۔
صَاحِبِ اِستعداد: [ع صف بہ ترکیب فارسی] قابل۔ لائق۔
صَاحِبِ اعتبار: [ع صف بہ ترکیب فارسی] معتبر۔ معزز۔
صَاحِبِ افسر: [ع صف بہ ترکیب فارسی] بادشاہ۔ شہنشاہ
صَاحِبِ اقبال: [ع صف بہ ترکیب فارسی] با اقبال۔ خوش نصیب۔ خوش قسمت۔
صَاحِبِ اقتدار: [ع صف بہ ترکیب فارسی] با اختیار۔ ذی اقتدار۔ طاقت ور
صَاحِبُ الزّماں: [ع صف] حضرت امام مہدیؑ۔
صَاحِبِ اِمضا: [ع صف بہ ترکیب فارسی] وزیر۔
صَاحِبِ انصاف: [ع صف بہ ترکیب فارسی] منصف مزاج۔
صَاحِبِ برید: [ع صف بہ ترکیب فارسی] پوسٹ ماسٹر۔ ڈاک کا انتظام کرنے والا۔
صَاحِبِ بستہ: [ع صف بہ ترکیب فارسی] سوز خوانوں کا سردار۔
صَاحِبِ تاج و تخت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] بادشاہ۔
صَاحِبِ تدبیر: [ع صف بہ ترکیب فارسی] مدبر۔ محتاط۔ مشیر۔
صَاحِبِ تمکنت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] جس میں دبدبہ یا رعب داب ہو۔
صَاحِبِ تمیز: [ع صف بہ ترکیب فارسی] تمیز دار۔ مہذب۔ شائستہ۔
صَاحِبِ جاہ: [ع صف بہ ترکیب فارسی] مرتبہ والا۔ افسر۔
صَاحِبِ جائیداد: [ع صف صف] بہ ترکیب فارسی وہ جس کے پاس زمین مکانات وغیرہ ہوں امیر دولت مند
صَاحِبِ جمال: [ع صف بہ ترکیب فارسی] خوب صورت۔
صَاحِبِ جیش: [ع صف بہ ترکیب فارسی] فوج کا کمانڈر انچیف۔ جرنیل۔
صَاحِبِ حال: [ع صف بہ ترکیب فارسی] وہ شخص جس کی طرف کسی فقرے یا جملے کا اشارہ ہو۔ ۲۔ لائق۔ قابل۔ واقف ۳۔ مہذب۔ شائستہ ۴۔ اہل دل۔
صَاحِبِ حال و قال: [ع صف بہ ترکیب فارسی] لائق۔ قابل۔ واقف ۲۔ مہذب۔ شائستہ۔
صَاحِبِ حق: [ع صف بہ ترکیب فارسی] حق دار۔
صَاحِبِ حوت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] ۱۔ حضرت یونسؑ ۲۔ زحل ستارہ۔
صَاحِبِ حیثیت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] مالدار۔ امیر۔ دولت مند۔ جس کی حیثیت ہو۔
صَاحِبِ خانہ: [عف صف] گھر کا مالک۔
صَاحِبِ درد: [عف صف] دردمند۔ وہ شخص جو کسی کی تکلیف کو بہت محسوس کرے۔
صَاحِبِ دل: [عف صف] پرہیزگار۔ متقی۔ خدا شناس ۲۔ بہادر۔ دلیر۔ فیاض۔ ۴۔ حساس دردمند۔
صَاحِبِ دماغ: [ع صف بہ ترکیب فارسی] مغرور۔ دماغ والا۔
صَاحِبِ دولت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] امیر۔ دولت مند۔
صَاحِبِ دیوان: [ع صف بہ ترکیب فارسی] ۱۔ وزیر خزانہ۔ رجسٹرار ۲۔ وہ شاعر جس نے دیوان تصنیف کیا ہو۔
صَاحِبِ ذوق: [ع صف بہ ترکیب فارسی] وہ جس کا مذاق بہت اچھا ہو ۲۔ وہ جسے کسی چیز کا چسکا پڑ گیا ہو ۳۔ شوقین۔ عاشق مزاج ۴۔ خدا رسیدہ کامل۔
صَاحِبِ رائے: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عقیل فہیم (۲ امذ) وزیر۔ مشیر۔
صَاحِبِ رسالت/رسالہ: [ع صف بہ ترکیب فارسی] پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔
صَاحِبِ روایت: [ع صف بہ ترکیب] معتبر راوی۔
صَاحِب زادگی: [عف امث] صاحب زادہ ہونے کی حیثیت۔
صَاحِب زادہ: [عف امذ] امیر زادہ ۲۔ بیٹا۔ فرزند ۳۔ سجادہ نشینوں کے لڑکے۔ بزرگوں کی

اولاد۔ قرابت والوں کے رشتہ دار بیٹا ہمشاگرد بالک۔ جوان ۵۔ مخاطب کا بیٹا۔

صاحبزادہ پن: [ا امذ] حماقت۔ بے وقوفی۔ نادانی ۲۔ ناتجربہ کاری۔

صاحبِ زر: [ع ف صف] دولت والا۔ امیر۔ مال دار۔

صاحبِ زبان: [ع ف صف] زبان دان۔ اہل زبان۔ زبان کا ماہر۔

صاحبِ زمان: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] اپنے زمانے کا شہنشاہ۔

صاحبِ سجادہ: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] سجادہ نشین۔

صاحبِ سریر: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "صاحب تاج وتخت"

صاحبِ سعادت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] خوش قسمت۔ خوش نصیب۔

صاحبِ سکّہ و خطبہ: [ع امذ بہ ترکیب] بادشاہ یا خلیفہ جس کے نام کا سکّہ جاری ہو اور خطبہ پڑھا جائے۔

صاحب سلامت: [ع امث] جان پہچان۔ واقفیت ۲۔ سلام جو آپس میں کی جائے ۳۔ رسمی ملاقات۔ روشناسی:

صاحب سلامت کرنا: [ار محاورہ] آپس میں سلام کرنا ۲۔ سرسری ملاقات کرنا ۳۔ معمولی واقفیت کرنا ۴۔ سلام جو غیر مسلم مسلمانوں کو کیا کرتے ہیں۔

صاحب سلامت ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "صاحب سلامت کرنا" جس کا یہ لازم ہے

صاحبِ سلیقہ: [ع صف بہ ترکیب] صاحب تمیز۔ ہنر مند۔

صاحبِ شان و شوکت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] جاہ و جلال والا۔

صاحبِ شجاعت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] بہادر۔ جری۔ شجاع۔

صاحبِ طنطنہ: [ع صف بہ ترکیب فارسی] شان و شوکت اور دبدبہ والا۔

صاحبِ صفّین: [ع صف بہ ترکیب فارسی] حضرت علیؓ

صاحبِ طبع: [ع صف بہ ترکیب فارسی] وہ شخص جو بہت ذہین اور قابل ہو۔

صاحبِ طمع: [ع صف بہ ترکیب فارسی] طامع۔ لالچی۔

صاحبِ ظرف: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عالی ظرف۔ باحوصلہ۔

صاحبِ ظہور: [ع صف بہ ترکیب فارسی] امظہر ۲۔ ذی شان۔ والا قدر۔

صاحبِ عالم: [ع صف بہ ترکیب فارسی] دہلی کے شہزادوں کے لقب

صاحبِ عدالت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] منصف۔ حاکم عدالت۔

صاحبِ عدل: [ع صف بہ ترکیب فارسی] منصف مزاج۔ عادل۔

صاحبِ عرفان: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عقلمند۔ دانا۔ ذہین۔

صاحبِ عزّ و شان: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عزت اور شان و شوکت والا۔

صاحبِ عصا: [ع صف بہ ترکیب فارسی] حضرت موسیٰؑ۔

صاحبِ عطا و نعم: [ع صف بہ ترکیب فارسی] سخی فیاض۔

صاحبِ عنوان: [ع صف بہ ترکیب فارسی] بہت نفیس۔ اعلیٰ بہترین۔

صاحبِ غرض: [ع صف بہ ترکیب فارسی] غرض مند۔ خود غرضی۔

صاحبِ غیرت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] غیرت مند

صاحبِ فراست: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عقل مند۔ دانا

صاحبِ فراش: [ع صف بہ ترکیب فارسی] جو بیمار ہو اور بستر سے اٹھ نہ سکتا ہو۔

صاحبِ فن: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عقلمند۔ ماہر فن

صاحبِ فہم و فراست: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عقل مند۔ دانا۔ فہیم۔

صاحبِ قِران: [ع صف بہ ترکیب فارسی] وہ شخص جو زہرہ اور مشتری کے قران کے وقت پیدا ہو، جس کے متعلق خیال ہے کہ وہ صاحب دولت اور حکومت ہوتا ہے۔

صاحبِ قرانی: [ع امث] دیکھئے "صاحب قران" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

صاحبِ قسمت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] خوش نصیب۔ خوش قسمت۔

صاحبِ قلم: [ع امذ] دیکھئے "اہل قلم"

صاحبِ قوت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] طاقتور۔ قوی۔ زور آور۔

صاحبِ قیافہ: [ع صف بہ ترکیب فارسی] عقلمند۔ سمجھ دار۔ دانا۔

صاحبِ کتاب: [ع صف بہ ترکیب فارسی] پیغمبر جس پر کتاب اتری ہو۔

صاحبِ کرامت: [ع صف بہ ترکیب فارسی] جس میں کرامت دکھانے کی طاقت ہو۔

صاحبِ کرم: [ع صف بہ ترکیب فارسی] سخی۔ فیاض۔ داتا۔

صاحبِ کمال: [ع صف بہ ترکیب فارسی] کامل۔ عارف۔

صاحبِ کمالی: [ع صف بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "صاحب کمال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

صاحبِ لولاک: [ع امذ] پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔

صاحبِ لیاقت: [ع صف] لائق۔ قابل۔

صاحبِ مال: [ع صف] دولت مند۔ امیر۔

صاحبِ ماتم: [ع ف صف] ماتم والا۔

صاحبِ محفل: [ع صف] محفل کا بانی۔ جس کے مکان پر محفل ہو۔

صاحبِ مروت: [ع صف] مروت والا۔

صاحبِ مقدور: [ع صف] مال دار۔ دولت مند۔

صاحبِ منصب: [ع امذ] عہدہ دار۔

صاحبِ منزلت: [ع صف] عزت دار (۲۔ مذ) عہدیدار

صاحبِ نار: [ع صف] جہنمی۔ ناری۔

صاحبِ نام و ننگ: [ع صف] باحیا۔ بہادر

صاحبِ نسبت: [ع صف] خدا رسیدہ۔ کامل ۲۔ کسی بزرگ سے روحانی نسبت رکھنے والا۔

صاحبِ نسب: [ع صف] عالی خاندان۔

صاحبِ نصیب: [ع صف] خوش قسمت۔ خوش نصیب۔

صاحبِ نظر: [ع صف] دانا اور دور اندیش۔

صاحبِ نیاز: [ع صف] حاجت مند۔

صاحبِ وضع: [ع صف] وضعدار۔ باوضع۔

صاحبِ وقار: [ع صف] وہ جس کا بہت وقار ہو۔

صاحبِ وقوف: [ع صف] عقلمند ۲۔ راز دار۔ واقف۔

صاحبِ ہنر: [ع صف] ہنر مند۔

صاحبِ ہوش: [ع ف صف] عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔

صاحبِ ید بیضا: [ع امذ] حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

صاحبو: [ار حرف ندا] اے لوگو۔ اے حضرات۔

صاحبہ: [ع امث] دیکھئے "صاحب" جس کی یہ تانیث ہے۔

صاحبی: [ع امث] ۱۔ حکومت سلطنت ۲۔ ایک قسم کا انگور ۳۔ دھاری دار کپڑا۔

صاحبی کرنا: [ار محاورہ] ۱۔ حکومت کرنا۔ رعب داب ۲۔ کم توجہی سے پیش آنا۔

صاحبیت: [ع امث] صاحب ہونا۔ انگریز کی نقل کرنا۔

صاد: [ع امذ] حرف "ص" کا نام دیکھئے "ص"

صاد بنانا: [ار محاورہ] صاد (ص) لکھنا۔ صحیح قرار دینا۔

صاد بننا: [ار محاورہ] "صاد" لکھا جانا۔

صَادِ چشم: [ع امذ] شاعر آنکھ کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں
صَاد کرنا: [ا رمحاورہ] کسی کام کی خوبی تسلیم کرنا ۲. پسند کرنا ۳. منظور کرنا ۴. صحیح کی علامت ڈالنا ۵. دعوت کی اطلاع پر لفظ "ص" لکھنا منظوری کی علامت ڈالنا ۶. کٹے ہوئے لفظ پر صاد لکھنا کہ وہ غلطنہ سمجھا جائے ۷. دستخط کرنا۔
صَاد ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صاد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
صَادِر: [ع صف] جاری ہونے والا۔ جاری۔ نافذ۔
صادر شدہ: [ع صف] جاری کیا ہوا۔
صادر فرمانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صادر کرنا"
صادر کرانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صادر کرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
صادر کرنا: [ا رمحاورہ] جاری کرنا ۲. کوئی حکم یا قانون جاری کرنا ۳. نکالنا۔ بھیجنا۔
صادر وارد: [ع صف] آیا۔ گیا۔ مہمان۔ مسافر۔
صادر ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صادر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
صَادِقْ: [ع صف] سچا۔ قول کا پکّا ۲. ٹھیک درست۔ ۳. معنی کا کسی دوسری چیز پر درست پڑ آنا رجانا رچسپاں ہونا ۴. پکا وفادار ۵. ظاہر۔ آشکار ۶. خالص ۷. نیک ۸. حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت یوسفؑ۔ حضرت عیسیٰؑ اور امام جعفرؒ کا لقب۔
صَادِق آنا: [ا رمحاورہ] ا. ٹھیک ہونا۔ درست ہونا ۲. موزوں ہونا۔ چسپاں ہونا۔
صَادِقُ الاعتقاد: [ع صف] سچے اعتقاد والا۔
صَادِقُ القول: [ع صف] سچ بولنے والا۔ قول کا سچا۔
صَادِقُ الوعد: [ع صف] وعدہ کا سچا۔ وعدہ کا پورا کرنے والا۔
صَادِقُ الولد: [ع صف] سچے بیٹے والا۔ نیک اولاد والا۔
صَادِقُ النفس: [ع صف] سچ بولنے والا۔
صَادِقَانہ: [ع صف] ا. سچے طور پر۔ وفاداری سے۔
صَادِقی: [عف امث] دیکھئے "صادق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صَارِفْ: [ع صف] صرف کرنے والا۔ خرچ کرنے والا
صارم: [ع صف] ا. بہادر آدمی ۲. کاٹ کرنے والی تلوار۔
صَاعْ: [ع امذ] ا. ایک خشک وزن جو چار مُد کا ہوتا ہے۔ مُد ۱/۴ رطل کے برابر ہے۔ (۲) ۲۳۴ تولہ کا ایک وزن ۳. خشک زمین نشیب زمین۔
صَاعِقَہ: [ع امذمث] بجلی۔ برق (جو زمین پر گرنے والا۔
صَاعِقَہ بار: [ع صف] بجلی گرنے والا۔
صَاعِقَہ باری: [ع امث] بجلی گرانا۔
صَاعِقَہ زا: [ع صف] دیکھئے "صاعقہ بار"
صَاعِقَہ فگن: [ع صف] بجلی گرانے والا
صَاف: [ع صف] ا. ستھرا جس پر میل نہ ہو ۲. پاک جس میں آلودگی نہ ہو ۳. جس پہ کوئی داغ نہ ہو ۴. خالص بے میل ۵. بے غبار ۶. بے کدورت ۷. نتھرا ہوا۔ چھنا ہوا ۸. چکنا ۹. شفاف۔ پورے طور پر ۹. ٹھیک ۱۰. درست۔ یقینی ۱۰. قطعی۔ بالکل ۱۱. ظاہر صریح ۱۲. مجھا ہوا۔ چٹکا ہوا ۱۳. ہموار۔ برابر ۱۴. ہو بہو۔ بالکل۔ اسی طرح ۱۵. واضح نستعلیق ۱۶. سہل۔ سلیس ۱۷. صیقل کیا ہوا۔ مانجھا ہوا ۱۸. علی الاعلان ۱۹. بے کینہ ۲۰. بے لوث ۲۱. کسی کی طرف داری نہ کرنے والا ۲۲. کسی سے میل جول نہ رکھنے والا۔ ۲۳. سادہ معصوم ۲۴ (خ) شراب ۲۵. آرن ۲۶. چھاننے کا کپڑا ۲۷. (متعلق فعل) کھلے طور پر۔ کھلم کھلا۔

صَاف آواز: [ا ر امث] وہ آواز جس میں کوئی نقص نہ ہو۔ پورے طور پر سنائی دے۔
صَاف اُڑا جانا: [ا رمحاورہ] بالکل ٹال جانا۔
صَاف اُڑا لانا: [ا رمحاورہ] اس طرح لے آنا کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔
صَاف الگ کر دینا: [ا رمحاورہ] بالکل علیحدہ کر دینا۔
صَاف انکار: [ا ر امذ] قطعاً نہ ماننا۔ کورا جواب (افعال: کرنا۔ ہونا)
صَاف بات: [ا ر امث] کھری بات۔ بے لاگ بات۔ آسانی سے سمجھ میں آنیوالی بات
صَاف باطن: [ع صف] بے کینہ جس کے دل میں کوئی بات نہ ہو۔
صَاف باطنی: [عف امث] دیکھئے "صاف باطن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صَاف بچنا: [ا رمحاورہ] کچھ ضرر نہ پہنچنا۔
صَاف بولنا: [ا رمحاورہ] اس طرح بولنا کہ ایک ایک لفظ سمجھ میں آئے۔ لہجہ اور تلفظ درست ادا کرنا۔
صَاف بیان کرنا: [ا رمحاورہ] اعلانیہ طور پر کہنا۔ کچھ نہ چھپانا۔ کھری کہنا۔
صَاف پڑھنا: [ا رمحاورہ] پڑھنے میں نہ رکنا اور تلفظ ٹھیک ادا کرنا۔
صَاف تو یہ ہے: [ا ر ...] [illegible] تو یہ ہے حقیقت تو یہ ہے۔
صَاف ٹکا ٹوڑ کے جواب دینا: [ا رمحاورہ] گستاخانہ جواب دینا۔
صَاف جواب: [ا ر امذ] قطعی انکار۔ دو ٹوک جواب (افعال: پانا۔ دینا۔ سننا۔ ملنا۔ ہونا)
صَاف چال: [ا ر امث] (گھوڑے وغیرہ کی) وہ چال جس میں کوئی نقص نہ ہو۔
صَاف چھوٹنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صاف نکل جانا"۔
صاف خط: [ا ر امذ] وہ خط جو بے تکلف پڑھا جائے۔
صاف دل (عف صف) بے کینہ۔ بے ریا ۲. جس کے دل میں کوئی بات نہ ہو۔
صَاف دلی (عف امث) دیکھئے "صاف دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صاف دیدہ: [عف صف] ڈھیٹ۔ بے شرم۔ بے غیرت۔
صَاف رکھنا: [ا رمحاورہ] خراب نہ ہونے دینا داغ نہ لگنے دینا۔ میلا نہ ہونے دینا۔ ۲. دل میں کدورت نہ آنے دینا۔
صاف رہ بے باک رہ: [ا ر مَثَل] حساب ٹھیک رکھ پھر تجھے کسی کا ڈر نہیں۔ قرض نہ لے تو بچا رہے گا۔
صَاف رہنا: [ا رمحاورہ] ا. دیانتدار/ایماندار رہنا ۲. فاقہ کرنا۔ بھوکا رہنا۔
صاف زبان چلنا: [ا رمحاورہ] فرفر بولنا۔ جلدی جلدی زبان چلنا۔
صَاف صاف سُنانا: [ا رمحاورہ] گالیاں دینا۔ کھری کھری سنانا۔
صَاف صَاف سُننا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صاف صاف سنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
صَاف صاف کہنا: [ا رمحاورہ] بے لاگ بات کرنا۔ کھری کھری کہنا۔ کھل کھل کہنا۔
صَاف ضمیر/طبع/طبیعت/طینت: [ع صف] دیکھئے "صاف دل"۔
صَاف کرانا: [ا رمحاورہ] مانجھنا صاف کر دینا/کرنا جس کا یہ متعدی ہے۔
صاف کر دینا/کرنا: [ا رمحاورہ] دھونا۔ میل نکالنا۔ مانجھنا۔ صیقل کرنا۔ جھاڑ دینا۔ جنگل کاٹ کر کاشت کے لئے ٹھیک تیار کرنا ۴. ٹیلے وغیرہ کاٹ کر میدان بنانا ۵. مسودہ کی نقل کرنا۔ ٹھیک کر کے لکھنا ۶. کھا جانا۔ چٹ کر جانا ۷. پونچھنا۔ نمی یا میل رفع کرنا۔ ۸. اُجاڑنا ۹. قتل کرنا ۱۰. چوری کرنا ۱۱. مشق کرنا۔ روانی بہم پہنچانا ۱۲. مذبوحہ جانور کو بنانا ۱۳. آلائش نکالنا ۱۴. کدورت رفع کرنا ۱۵. نقصان پہنچانا ۱۶. چمکانا۔ شفاف بنانا ۱۷. ٹھیک کرنا۔ درست کرنا ۱۸. گرا دینا۔ منہدم کر دینا ۱۹. بال مونڈنا ۲۰. حساب بیباق کرنا ۲۱. باقی نہ چھوڑنا۔ ختم کر دینا ۲۲. کھولنا۔ جاری کرنا۔

صاف کہہ دینا/کہنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ سچ سچ کہنا کھری کھری سنانا ۲۔ بے لاگ بات کہنا۔
صاف گزرنا: [ا رمحاورہ] فاقے سے گزرنا۔ کھانے پینے کو نہ ملنا۔
صاف گو: [عف صف] ۱۔ سچا۔ کھری کھری کہنے والا۔
صاف گوئی: [عف امث] دیکھئے "صاف گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صاف مطلع: [ع امذ] ۱۔ آفتاب یا مہتاب کا صاف نظر آنا ۲۔ کسی مقام کا صاف ہونا ۳۔ چہرے کا بغیر بالوں کے ہونا۔
صاف معاملہ: [ع امذ] ایسا معاملہ جس میں ہیچ نہ ہو۔
صاف منہ پر کہنا: [ا رمحاورہ] کسی کے برخلاف اس کے سامنے کہنا یا اعلانیہ کہنا۔
صاف میدان: [عف امذ] ایسا میدان جس میں کوئی جھاڑی ٹیلا خندق وغیرہ نہ ہو۔ ہموار میدان۔
صاف میدان پانا: [ا رمحاورہ] تنہائی پانا۔
صاف نکل جانا: [ا رمحاورہ] ۱۔ صاف چھوٹنا ۲۔ بچ کر نکل جانا ۳۔ انکار کر دینا۔
صاف نہ کہنا: [ا رمحاورہ] واضح طور پر بات نہ کرنا۔ چبا چبا کر بات کرنا۔
صاف ہو جانا: [ا رمحاورہ] دل سے کدورت نکال دینا۔ صلح لینا۔
صاف ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صاف کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
صافا: [ع امذ] ۱۔ دیکھئے "صافہ" ۲۔ شکاری پرندے جانور کو بھوکا رکھنا۔
صافر: [ع امذ] گویا۔ گانے والا ۲۔ وہ شخص جو بین بجائے یا سیٹی بجائے۔ ۳۔ کوئی پرندہ جو شکاری نہ ہو ۴۔ ایک خاص پرندہ۔
صافن: [ع امذ] ۱۔ پاؤں کی ایک رگ جو ٹخنے سے انگوٹھے کو جاتی ہے ۲۔ گھوڑے کا تین ٹانگوں پر اور چوتھی ٹانگ کے سُم کی نوک پر کھڑا ہونا۔
صافہ: [ع امذ] ۱۔ پگڑی۔ سر کو باندھنے کا دوپٹا ۲۔ نہانے کیلئے کمر میں باندھنے کا کپڑا۔
صافی: [ع صف] ۱۔ دیکھئے "صاف" جس سے یہ منسوب ہو ۲۔ چھاننے کا کپڑا ۳۔ وہ کپڑا جس سے دیگ/دیگچی/ہنڈیا وغیرہ چولہے سے اتارتے ہیں۔
صافی نامہ: [عف امذ] ۱۔ راضی نامہ ۲۔ تصدیق کا خط۔ فارغ خطی
صاقل: [ع صف] صیقل کرنے والا۔ مانجھنے والا
صالح: [ع صف] ۱۔ نیک بخت۔ نیکوکار ۲۔ متقی۔ پرہیزگار ۳۔ دیانتدار۔ نیک چلن ۴۔ لائق۔ قابل۔ موزوں ۵۔ ایک پیغمبر جو قوم ثمود میں مبعوث ہوئے تھے۔ صالحہ: [ع صف مث] دیکھئے "صالح" جس کی یہ تانیث ہے۔ صامت: [ع صف] چپ۔ خاموش ۲۔ گونگا ۳۔ بے جان۔ غیر ناطق۔ صانع: [ع صف] ۱۔ پیدا کرنے والا ۲۔ بنانے والا۔ کاری گر۔
صانع حقیقی/مطلق: [ع امذ] بہ ترکیب فارسی ۱۔ اصلی کاری گر ۲۔ خدائے تعالیٰ۔
صائب: [ع صف] ٹھیک۔ درست ۲۔ پہنچنے والا۔ رسا۔
صائب رائے/صائب الرائے: [ع صف] وہ جس کی رائے درست ہو۔ عقل مند۔
صائم: [ع امذ] روزہ دار۔ روزہ رکھنے والا۔
صائمہ: [ع صف مث] دیکھئے "صائم" جس کی یہ تانیث ہے۔
صائم الدہر: [ع صف] ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔
صائمیت: [ع امث] روزہ داری۔

ص — ب

صبا: [ع امث] مشرقی ہوا۔ بادِ صبح۔ پُروا۔
صبا خرام/دم/رفتار: [ع صف] ۱۔ تیز رفتار ۲۔ کنایۃً تیز گھوڑا۔

صباح: [ع امذ] سحر۔ صبح۔ تڑکا۔ سویرا۔ علی الصباح میں استعمال ہوتا ہے۔
صباح الخیر: [ع امذ] صبح کا سلام۔
صباحت: [ع امث] ۱۔ خوبصورتی۔ حسن ۲۔ سفید رنگت بدن کی۔ گورا پن۔
صبّاغ: [ع امذ] رنگنے والا شخص۔ رنگ ریز۔
صُبح: [ع امث] فجر۔ تڑکا۔ سویرا۔ سحر۔
صبح آنا: [ا رمحاورہ] صبح ہو جانا/آنا۔
صبح اُٹھ کر منہ دیکھنا: [ا رمحاورہ] بعض صبح اٹھتے ہی اپنا یا کسی مبارک کا منہ دیکھتے تاکہ کسی منحوس کی شکل پہلے نظر نہ آجائے۔ ہندوؤں میں برہمن منحوس اور بھنگی یا بہشتی مبارک سمجھے جاتے ہیں۔
صبح اُٹھ کر ہاتھ دیکھنا: [ا رمحاورہ] بعض آدمی اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو دیکھنا مبارک سمجھتے ہیں۔
صبح الست: [ع امث] وہ صبح جب خدا نے روحوں سے پوچھا تھا کہ الستُ بربکم۔
صبح ازل: [ع امث] وہ صبح جس کی کبھی دوپہر نہ ہو۔ سب سے پہلی صبح
صبح بنارس: [ا امث] بنارس میں عورتیں صبح صبح گھاٹوں پر جاتی ہیں اور شوقین انہیں دیکھنے جاتے ہیں۔ جہاں بہت زیادہ چہل پہل ہوتی ہے۔
صبح بہار: [عف امث] بہار کے موسم کی صبح بہت اچھی سمجھی جاتی ہے۔
صبح پیری: [عف امث] بڑھاپے کا آغاز۔
صبح پیشانی: [عف امث] چنداں پیشانی۔ ہنس مکھ ۲۔ جس کی پیشانی چمکتی ہو۔ گھوڑا۔
صبح جزا: [ع امث] روزِ قیامت۔
صبح خیز/خیزاں: [عف صف] صبح کو اٹھنے والا۔
صبح خیزا/خیزیا: [عف صف] وہ چور جو مسافروں سے پہلے اٹھ کر ان کا مال و اسباب چرالے
صبح دم/دماں/گاہ: [عف متعلق فعل] فجر دم۔ منہ اندھیرے سے۔ تڑکے تڑکے۔
صبح دوم/دُوُمیں: [عف امث] صبح صادق۔
صبح رخسار: [عف صف] معشوق ۲۔ خوبصورت حسین۔
صبح روشن ہونا: [ا رمحاورہ] صبح کی روشنی اچھی طرح پھیلنا۔ دن چڑھنا۔
صبح رُو: [عف صف] روشن چہرے والا۔
صبح سویرے: [عف متعلق فعل] نور کے تڑکے۔ پو پھٹے۔
صبح شام بنانا/کرنا: [ا رمحاورہ] حیلہ بہانہ کرنا۔ ٹال مٹول کرنا
صبح شام کی بات: [ا امث] قریبی زمانے کی بات ۲۔ جلد ہونے والی بات۔
صبح صادق: [ع امث] پو پھٹنا۔ وہ روشنی جو سورج نکلنے سے پہلے مشرق میں ہوا کرتی ہے۔
صبح صبح: [ع متعلق فعل] بہت سویرے۔
صبح کا بھولا شام کو آجائے/آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے: [ا رمثل] اگر کوئی شخص گناہوں کے بعد توبہ کرلے اور سدھر جائے تو غنیمت ہے۔
صبح کا تارا/ستارہ: [ا امذ] نہایت روشن ستارہ جو اکثر صبح کے وقت اور کبھی شام کو دکھائی دیتا ہے۔ زہرہ۔
صبح کاذب: [ع امث بہ ترکیب فارسی] صبح کی روشنی جسکے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے۔
صبح کا سپیدہ: [ا امذ] پو پھٹنے کا وقت۔ صبح کے وقت جو سفیدی یا روشنی ظاہر ہوتی ہے
صبح کرنا/کر دینا: [ا رمحاورہ] رات کاٹنا۔ تڑکا کر دینا۔
صبح کس کا منہ دیکھا تھا: [ا رمحاورہ] جب کوئی کام بگڑ جائے یا خلاف مرضی ہو تو کہتے ہیں۔
صبح کو نام نہیں لیتے: [ا رمثل] کھانے پینے بغیر صبح کو کسی کنجوس کا نام نہیں لیتے۔

صبح کی بھنی اللہ میاں کی آس : [ارشل] صبح کو کسی چیز کا بلا جھگڑے نکرار نپٹ جانا مبارک ہوتا ہے۔
صبح کی پَو پھٹنا : [ارمحاورہ] صبح صادق ہونا۔
صبح کی بُھولا تو شام کی کہنا : [ارمحاورہ] حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔
صبح گاہ : [عف متعلق فعل] صبح کا وقت۔ علی الصباح۔
صبح گاہی : [صف امث] دیکھئے "صبح گاہ" جس سے یہ منسوب ہے۔
صبح محشر/ حشر : [ع امث بہ ترکیب فارسی] قیامت کی صبح۔ روز قیامت۔
صبح نخست/ نخستین : [ف امث] صبح کا ذب۔
صبح و مسا : [عف متعلق فعل] صبح شام۔ ہر وقت
صبح وطن : [ع امث بہ ترکیب فارسی] وطن کی صبح بہت خوش گوار ہوتی ہے۔
صبح ہو جانا : [ارمحاورہ] ۱۔ دن نکل آنا ۲۔ خاتمہ ہو جانا۔
صِبِر : [ع امذ] ایلوا۔
صَبْر : [ع امذ] ۱۔ برداشت۔ تحمل ۲۔ توقف۔ تامل ۳۔ خاموشی۔ شکیبائی ۴۔ تسلی۔ اطمینان ۵۔ خدا کی مار ۶۔ ضبط نفس ۷۔ توکل۔ قناعت
صبر آزما : [عف صف] صبر کو آزمانے والا تکلیف د...
صبر آنا : [ارمحاورہ] اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔ چین آنا
صبر ایوب/ ایوبی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] حضرت ایوبؑ کا صبر جو بہت مشہور ہے انتہائی صبر
صبر پڑنا : [ارمحاورہ] مظلوم کی آہ کا اثر پڑنا۔ خدا کی مار پڑنا۔
صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد : [ف مثل] صبر ناگوار ہے۔ لیکن اس کا نتیجہ بہت اچھا ہوتا ہے۔
صبر جان پر ٹوٹنا : [ارمحاورہ] صبر کا وبال کسی کی جان پر پڑنا۔
صبر جمیل : [ع امث بہ ترکیب فارسی] بہترین صبر۔ وہ صبر جس پر ثواب ملے۔
صبر دینا : [ارمحاورہ] اللہ تعالیٰ کا کسی کو تسکین دینا۔
صبر سمیٹنا : [ارمحاورہ] ۱۔ ناحق تہمت لگا کر گناہ سر لینا۔ جھوٹ بولنا ۲۔ دعائے بد لینا۔
صبر کا یارا نہ رہنا : [ارمحاورہ] صبر نہ ہو سکنا۔ بے صبری
صبر کر کے بیٹھ رہنا : [ارمحاورہ] مایوس ہو کر بیٹھ رہنا۔
صبر کرنا : [ارمحاورہ] ۱۔ ناامید ہونا ۲۔ تحمل کرنا ۳۔ توکل کرنا ۴۔ تامل کرنا ۵۔ ٹھہرنا۔
صبر کی داد خدا کے ہاتھ ہے : [ارمثل] صبر کرنے والوں کا انصاف ... ہے۔
صبر کی سل چھاتی پر رکھنا : [ارمحاورہ] صبر کرنا۔ صبر کی توفیق ... ہونا۔
صبر لینا : [ارمحاورہ] کسی کے صبر کے عذاب میں گرفتار ہونا۔ کسی پر بہتان لگانا۔
صبر و شکر کرنا : [ارمحاورہ] کسی مصیبت یا بلائے ناگہانی پر چپ رہنا۔ تکلیف میں خدا کا شکر
صبر ہونا : [ارمحاورہ] ۱۔ برداشت ہونا۔ قناعت ہونا ۲۔ اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا ۳۔ توکل ہونا۔ تامل ہونا۔
صِبغ / صِبغہ : [ع امذ] ۱۔ رنگ ۲۔ ملت۔ دین۔
صبغۃ اللہ : [ع امذ] قدرتی رنگ۔ دین کا رنگ ۲۔ خدائی قانون
صَبُوح / صَبُوحی : [ع امث] صبح کو پی جانے والی شراب۔
صبوحی کش : [عف صف] صبح کو شراب پینے والا۔
صَبُور : [ع اسم مبالغہ] صبر کرنے والا ۲۔ گناہ گاروں پر نرمی کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
صبورا : [ارامذ] ۱۔ مصنوعی عضو تناسل ۲۔ ایک روپیہ کے پیسے چمڑے میں سلے ہوئے۔
صبورہ : [ع صف] ہیجڑا۔ مخنث۔

صَبُوری : [عف امث] دیکھئے "صبر"
صَبِی : [ع امذ] دودھ پیتا بچہ۔ چھوکرا۔
صَبِیح : [ع صف] خوبصورت۔ گورا چٹا۔
صَبِیّہ : [ع امث] دیکھئے "صبی" جس کی یہ تانیث ہے۔

ص ــــ ح

صِحَاب : [ع امذ] دیکھئے "صاحب" جس کی یہ جمع ہے۔
صَحَابت : [ع امث] رفاقت۔ دوستی۔
صحابہ : [ع امذ] دیکھئے "صحابی" جس کی یہ جمع ہے۔
صَحَابی : [ع امذ] جس نے پیغمبر اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بحالت ایمان دیکھا ہو اور مسلمان مرا ہو۔
صحابیت : [ع امث] صحابی ہونے کی حیثیت۔ صحابی ہونا۔
صحابیہ : [ع امث] دیکھئے "صحابی" جس کی یہ تانیث ہے۔
صحاح : [ع امث] دیکھئے "صحیح" جس کی یہ جمع ہے۔
صحاح ستہ : [ع امث] حدیث کی وہ چھ کتابیں جن میں نسبتاً صحیح احادیث کی کثرت پائی جاتی ہے۔ یعنی بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ اور نسائی۔
صحاری : [ع امذ] دیکھئے "صحرا" جس کی یہ جمع ہے۔
صحّاف : [ع امذ] جلد ساز۔ کتاب کی جلد بنانے والا۔
صحافت : [ع امث] نامہ نگاری۔ اخبار نویسی۔ انگریزی لفظ journalism کا ترجمہ۔
صحافتی : [ع صف] صحافت سے منسوب اور متعلق۔
صحافی : [ع امذ] اخبار نویس۔ نامہ نگار۔ انگریزی لفظ journalist کا ترجمہ۔
صَحَائف : [ع امذ] دیکھئے "صحیفہ" جس کی یہ جمع ہے۔
صُحُب : [ع امذ] دیکھئے "صاحب"
صُحبت : [ع امث] ۱۔ یاری۔ دوستی۔ مددگاری ۲۔ ہمراہی۔ ساتھ ۳۔ محفل۔ مجلس۔ مل بیٹھنا۔ ۴۔ ہم بستری۔ عورت کے ساتھ سونا۔
صحبت اٹھانا / برتنا : [ارمحاورہ] پاس رہنا۔ پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا۔
صحبت برار / براری / ہونا / آنا : [ارمص مرکب] صحبت کا موافق ہونا۔ دوستی نبھنا۔
صحبت براری : [ع امث] دوستی۔ میل جول۔
صحبت برخاست ہونا : [ارمص مرکب] جلسہ برخاست ہونا۔ مجلس اٹھنا۔
صحبت برہم ہونا : [ارمص مرکب] جلسہ تتر بتر ہونا
صحبت بگڑ جانا : [ارمحاورہ] اٹھنا بیٹھنا ترک ہونا۔ دوستی میں فرق آنا۔
صحبت بننا : [ارمحاورہ] دوستی نبھنا۔
صحبت پانا / دیکھنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "صحبت اٹھانا"
صحبت چمکا دینا : [ارمحاورہ] مجلس یا جلسہ کی رونق بڑھا دینا۔
صحبت داری : [عف امث] ۱۔ اختلاط۔ مصاحبت۔ میل جول ۲۔ ہم بستری (افعال: کرنا۔ ہونا)
صحبت راست آنا : [ارمص مرکب] صحبت موافق آنا۔ دوستی کا کامیاب اور مبارک ہونا۔
صحبت رکھنا : [ارمحاورہ] ہم نشینی رکھنا۔ کسی کے پاس بیٹھنا۔ دوستی رکھنا۔
صحبت رہنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "صحبت رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

صُحبتِ شِعر: [ع ف امث بہ ترکیب فارسی] مشاعرہ۔ مجلس شعر خوانی۔
صُحبت کا اثر ہونا: [ا رمحاورہ] پاس اٹھنے بیٹھنے کی تاثیر ہونا۔ ہم صحبتوں کا ایک دوسرے میں مخلوط ہونا۔
صُحبت کرنا: [ا رمحاورہ] ہم بستر ہونا۔ جماع کرنا۔
صُحبت گرم ہونا: [ا رمحاورہ] بے تکلفی کا جلسہ ہونا۔ پاس بیٹھ کر دل خوش ہونا۔
صُحبت نہ رہنا: [ا رمحاورہ] پاس اٹھنے بیٹھنے کا موقع نہ ملنا۔ شریک جلسہ نہ ہونا۔
صُحبت یافتہ: [ع ف صف] تعلیم یافتہ۔ شائستہ۔ لائقوں کی مجلس کا فیض پایا ہوا۔
صُحبَتی: [ع صف] ہم صحبت۔ یار دوست۔
صِحَّت: [ع امث] آرام۔ تندرستی۔ شفا ۲۔ درستی۔ عیب سے پاک ہونا۔ صحیح ہونا۔
صِحَّت افزا: [ع ف صف] صحت کو بڑھانے والا۔ تندرستی کے لئے مفید۔
صِحَّتُ الفاظ: [ع ف امث] صحیح لفظ بولنا۔ لفظ صحیح ہونا۔ صحیح تلفظ ہونا
صِحَّت بخش: [ع ف صف] فائدہ بخشنے والا۔ شفا دینے والا۔ مفید۔
صِحَّت بخشی: [ع ف امث] دیکھئے "صحت بخش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صِحَّت خانہ: [ع ف امذ] پاخانہ۔ ٹٹی۔ بیت الخلاء
صِحَّت گاہ: [ع ف امث] صحت افزا مقام:
صِحَّت نامہ: [ع ف امذ] فہرست اغلاط معہ تصحیح ۲۔ تندرستی کا سرٹیفکیٹ۔
صِحَّت یاب: [ع ف صف] تندرست۔ بیماری کے بعد اچھا ہونے والا۔
صِحَّت یابی: [ع ف امث] دیکھئے "صحت یاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صحرا: [ع امذ] ریگستان۔ بیابان۔ ویرانہ۔ چٹیل میدان۔
صحرا گرد/نورد: [ع ف صف] جنگلوں میں پھرنے والا ۲۔ مسافر ۳۔ وحشی۔ پاگل۔ مجنوں
صحرا گردی/نوردی: [ع ف امث] دیکھئے "صحرا گرد/نورد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صحرائی: [ع صف] جنگلی۔ بیابانی۔
صحرائے اعظم: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] افریقہ کا ایک طویل و عریض ریگستان جو تین ہزار میل لمبا اور ایک ہزار میل چوڑا ہے۔
صحرائے قدسی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مقام لاہوت۔
صحرائے لق و دق: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] سنسان اور ویران جنگل۔
صُحُف: [ع امذ] دیکھئے "صحیفہ" جس کی یہ جمع ہے۔
صحن: [ع امذ] آنگن۔ انگنائی ۲۔ ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا۔
صحنِ چمن: [ع ف امذ] باغ کا تختہ۔ تختۂ گلشن۔
صَحنچی: [ع ف امث] وہ چھوٹا صحن جو دالان کے پہلو میں بنا دیتے ہیں۔
صَحنَک: [ع ف امث] صحن کی تصغیر ۲۔ رکابی۔ طباق ۳۔ حضرت فاطمہؓ کی نیاز اور اس کا کھانا۔
صَحنَک دینا: [ا رمحاورہ] حضرت فاطمہؓ کی نیاز دینا۔
صَحنَک سے اُٹھ جانا: [ا رمحاورہ] ناپاک ہونے کی وجہ سے حضرت فاطمہؓ کی نیاز کی مجلس سے اُٹھ جانا۔ کنایۃً پاکدامن نہ ہونا۔ **صَحنَک کھانے والی**: [ا رامث] کنایۃً پاکدامن۔ پارسا۔ عفیفہ۔
صَحو: [ع امذ] بیداری۔ ہوشیاری
صَحِیح: [ع صف] تندرست ۲۔ ٹھیک۔ بجا ۳۔ واقعی۔ حقیقی ۴۔ کامل۔ سارا۔ ۵۔ مبرا۔ پاک ۶۔ تصدیق۔ دستخط ۷۔ سالم عدد۔ ۸۔ (اصطلاح عروض میں) عروض و ضرب ۹۔ وہ حروف جن کی اپنی خاص آواز ہو۔ حرف علت کی ضد۔
صَحِیحُ العقل: [ع صف] عقل کا پورا۔ وہ جس کی عقل سالم ہو۔
صَحِیحُ المزاج: [ع صف] بھلا چنگا۔ تندرست۔ راست طبع۔
صَحِیحُ النسب: [ع صف] نسل کا کھرا۔ خاندانی شریف۔

صَحِیح سالم/سلامت: [ع صف] پورا اور کامل۔ بھلا چنگا۔ تندرست۔
صَحِیح کرنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ اصلاح دینا۔ درست کرنا ۲۔ تصدیق کرنا۔ دستخط کرنا ۳۔ حساب میں درج کرنا ۴۔ مارنا۔ لگانا ۵۔ کھرے کرنا ۶۔ گواہی، شہادت سے پکا کرنا۔ تصدیق کرنا۔
صَحِیح گئے سلامت آئے: [ا رمثل] جیسے گئے تھے ویسے آئے۔ باہر سے کچھ نہ لائے اور نہ کچھ خرچ کیا۔ نکمے رہے۔
صَحِیحَہ: [ع صف] دیکھئے "صحیح" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
صَحِیح ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صحیح کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
صَحِیحَین: [ع صف] "صحیح" کا تثنیہ ۲ (مث) احادیث کے دو مشہور مجموعے صحیح مسلم اور صحیح بخاری۔
صَحِیفَہ: [ع امذ] کتاب۔ رسالہ۔ لکھا ہوا۔ اخبار۔ کتابچہ ۲۔ وہ چھوٹی کتابیں جو بعض پیغمبروں پر اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائیں۔
صَحِیفۂ آسمانی: [ع ف امذ] خدا کی طرف سے نازل ہونے والی کتاب۔
صَحِیفہ نگار/نویس: [ع ف صف] اخبار نویس۔ صحافی۔
صَحِیفہ نگاری/نویسی: [ع ف امث] اخبار نویسی صحافت

ص — خ

صَخر: [ع امذ] پتھریلی زمین۔
صَخرَہ: [ع امذ] پتھر۔ چٹان۔ بہت بڑا پتھر۔ ٹیلا

ص — د

صَد: [ف اسم عدد] (اصلاً سد ہے) سو۔ سیکڑا ۲۔ کثرت۔
صد آفریں/ ... ت: [ف کلمہ تحسین] شاباش۔ واہ واہ۔
صد برگ: [ف امذ] بہت سی پنکھڑیوں والا پھول۔ گیندا۔
صد پا: [ف ...] کنکھجورا۔ بہت سے پاؤں والا۔
صد پارہ/چاک: [ف صف] بہت جگہ سے پھٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے۔
صد چراغ: [ف امذ] روشنی کا چوبی یا خشتی ستون جس پر بہت سے چراغ جلائے جاتے ہیں
صد در صد: [ف امذ] ایک قسم کا نقش جو خاص طریقہ سے بھرا جاتا ہے۔
صد شکر: [ا رمحاورہ] خدا کا شکر ہے۔ خیریت گزری۔
صد مرحبا: [ف کلمہ تحسین] آفریں شاباش
صدہا: [ف صف] سیکڑوں بہت سے
صَدا: [ع امذ] گونج۔ گنبد کی آواز ۲۔ مطلق آواز۔ آہٹ ۳۔ درویش یا فقیر کے مانگنے کی آواز۔
صدا آنا: [ا رمحاورہ] آواز آنا
صدا بصحرا: [ا مرع ف] جنگل کی آواز۔ بے کار اور بے سود بات۔
صدا بلند کرنا: [ا رمحاورہ] اونچی آواز دینا۔ چلّا کر بولنا **صدا بلند ہونا**: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدا بلند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔ **صدا بندی**: [ع ف امث] آواز کو محفوظ یا ریکارڈ کرنے کا عمل - recording **صدا دینا**: [ا رمحاورہ] فقیر کا آواز لگانا۔ بلاوا دینا
صدا کار: [ع ف صف] آواز کا فنکار۔ گانے والا مغنی۔ گویا۔
صدا کاری: [ع ف امث] آواز کا فن۔ گانے وغیرہ کا فن۔
صدا کرنا/لگانا: [ا رمحاورہ] بھیک مانگنا۔ سوال کرنا۔

صدا نکلنا :[ا رمحاورہ] آواز نکلنا۔
صدارت :[ع امذ] صدرنشینی ۲۔ وزارت کے قریب کا عہدہ ۔
صدارتِ عظمیٰ :[ع امث] وزارت عظمیٰ ۔
صدارتی طرزِ حکومت :[ع امث] وہ حکومت جس میں انتظامی سربراہ وزیر اعظم کی بجائے صدر ہوتا ہے ۔
صداع :[ع امذ] دردِ سر۔
صداقت :[ع امث] سچائی ۔راست بازی ۔صدق ۔
صداقت کار/کیش/گستر :[ع ف صف] وہ جو راستی کے طریقہ پر ہو صادق ۔راست باز۔
صداقت کرنا :[ا رمحاورہ] تصدیق کرنا ۔
صداقت گستری/کاری/کیشی :[ع ف امث] سچائی سچائی کا دعویٰ ۔
صداقت مقال :[ع صف] سچ بولنے والا ۔
صدائے بازگشت :[ع ف امث] وہ آواز جو گنبد یا پہاڑ سے ٹکرا کر لوٹتی ہے ۲۔ نتیجہ ۔ اثر۔
صدائے برنخاست :[ف مثل] کوئی آواز نہیں (جب کوئی جواب نہ ملے کو کہتے ہیں ۔
صدائے کوہ :[ف امذ] پہاڑ کی گونج ۔
صدر :[ع امذ] ا۔سینہ ۔چھاتی ۲۔ کسی چیز کا سب سے اونچا حصّہ ۳۔ کسی جلسہ میں سب سے اونچی جگہ ۴ جس کو امتیاز حاصل ہو ۔ ۵ اعلیٰ مقام ۔ اعلیٰ جگہ ۶۔ مکان کا صحن ۔سامنے رُخ ۷۔ دارالسلطنت جہاں افسر اعلیٰ رہے ۔ اعلیٰ عہدیدار کے رہنے کا مکان ۸ ۔ فوج کے رہنے کا مقام ۔ چھاؤنی ۹۔ شعر کا پہلا لفظ ۱۰۔ افسر اعلیٰ پریذیڈنٹ (صف) پہلے استعمال شدہ ۔ بالا ۱۲۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے مندرجہ صدر۔
صدرِ اعظم :[ع امذ] وزیر اعظم ۲۔ اس کا عہدہ ۳ صدر مقام
صدرِ اعلیٰ :[ع امذ] بڑا جج ۔
صدرِ اسلام/اوّل :[ع امذ بہ ترکیب فارسی] حضور صلعم اور صحابہؓ کا زمانہ اسلام کا ابتدائی زمانہ
صدر الصدور :[ع امذ] چیف جج ۔ دیوان خالصہ
صدر المہام :[ع امذ] وزیر۔
صدر امین :[ع امذ] وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو۔ سب جج ۔
صدر بازار :[ع ف امذ] چھاؤنی کا بڑا بازار۔
صدر بورڈ :[ع انگ امذ] مال کا محکمہ اعلیٰ
صدر جہاں :[ع ف امذ] عورتوں کا ایک فرضی پیر ۔
صدر دیوان :[ع ف امذ] خزانہ شاہی کا مہتمم اعلےٰ
صدر دیوانی عدالت :[ع ف امث] پرانے زمانے میں ہائیکورٹ کا یہی نام تھا ۔
صدر راج :[ع ہ امذ] صدر مملکت کی حکومت ۔ اسمبلی ختم کرنے کے بعد کسی صوبے کا براہِ راست صدر مملکت کے زیر نگرانی آنا ۔
صدر عدالت :[ع امث] سب سے بڑی عدالت ہائیکورٹ بجنبت سب سے بڑی فوجی عدالت کے ۔
صدر زین :[ع ف امذ] زین کا درمیانی حصّہ جہاں سوار بیٹھتا ہے ۔
صدر عزت پہ بٹھانا :[ا رمحاورہ] عزت کی اونچی جگہ پر بٹھانا ۔
صدر مالگزار :[ع ف امذ] وہ شخص جو براہ راست گورنمنٹ کو مالگزاری ادا کرے ۔
صدر مالگزاری :[ع ف امث] اس مالگزاری کی میزان جو براہ راست گورنمنٹ کو دی جائے ۔
صدرِ مجلس :[ع امذ] پریذیڈنٹ ۔ صدر ۔ میر مجلس
صدر مقام :[ع امذ] ہیڈ کوارٹر ۔ دارالسلطنت ۔

صدرِ مملکت :[ع امذ] کسی ریاست کا سربراہ ۲۔ پریذیڈنٹ
صدر منصرم :[ع امذ] اعلیٰ درجہ کا منتظم
صدر ناز پر بیٹھنا :[ا رمحاورہ] نہایت ناز و نخرے سے بیٹھے ہونا ۔
صدر نشین :[ع ف صف] مسند نشین ۔ میر مجلس ۔
صدر نشینی :[ع ف امث] ۔ دیکھئے "صدر نشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
صدر نظامت عدالت :[ع امذ] صدر فوجداری عدالت ۔
صدر ہر جا کہ نشیند صدر است :[ف مثل] لائق آدمی جہاں بھی بیٹھ جائے قدر ہوتی ہے
صدرہ :[ع امذ] ا۔ انسان کے بدن /جسم کا بالائی حصہ ۲۔ منطق کی مشہور کتاب
صدرہ پڑھ کر بھی احمق رہے :[ا رمثل] منطق پڑھ کر بھی عقل نہیں آئی ۔
صدری :[ع امث] واسکٹ ۔ایک قسم کی مرزئی ۔۲۔ (صف) صدر سے منسوب ۔
صدف :[ع امث] سیپی ۔ سیپ ۲۔ کوئی اونچی چیز ۔ دیوار یا پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ ۳۔ (مذ) چھوٹا پیالہ جس میں نشتر سے بجتے ہیں ۔
صدف چشم :[ع ف امث] چشم کا صدف سے استعارہ کرتے ہیں ۔
صدف رنگ :[ع ف امذ] وہ سیپی جس میں رنگ گھولتے ہیں
صدف زانو :[ع ف امث] گھٹنے کی چپنی ۔
صدف زبان :[ع ف امث] صدف کا زبان سے استعارہ کرتے ہیں کیونکہ زبان سے [illegible] کلام نکلتے ہیں
صدف [illegible] سب سے اونچی ۲۔ سورج چاند ۳۔ قطب کے نزدیک ایک صورت سیارگان
صدفی :[ع امث] صدف سے منسوب ۔ صدف کی طرح کا ۔
صدق [illegible] راستی ۲ خلوص
صدقِ دل سے [illegible] خلوص کے ساتھ صاف دلی سے ۔
صدق مقال :[ع صف] سچ بولنے والا
صدق [illegible] حق پسند ۔
صدق [illegible] جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
صدق نیت [illegible]
صدق و کذب [illegible]
صدقت :[ع امذ] دیکھئے صدقہ
صدقۃ الفطر :[ع امذ] فطرانہ ۔ دہ گندم جو مسلمان نماز عید الفطر سے قبل غربا و مساکین کو دیتے ہیں ۔
صدقہ :[ع امذ] ا۔ قربانی ۔کسی مصیبت کو دفع کرنے کے لئے ۲۔ راہِ خدا کی ۔ خیرات ۳۔ کھانا جو سر پہ وار کر چوراہے میں رکھتے ہیں ۴۔ پرند جو وار کر چھوڑا جائے ۵۔ خدا قربان ۶۔ طفیل ۔ بدولت ۷۔ مہربانی ۔عنایت ۸۔ وعدہ پورا کرنا
صدقہ اتارنا :[ا رمحاورہ] کسی چیز کا سر کے گرد پھرا کر ۔ نذر دیا جانا ۔
صدقہ اترنا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "صدقہ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
صدقہ جاریہ :[ع امذ] ایسا صدقہ جس کا فائدہ لوگوں کو ہمیشہ پہنچتا رہے ۔
صدقہ چوراہے میں رکھنا :[ا رمحاورہ] کوئی کھانا سر کے گرد وار کر ایسی جگہ رکھنا جہاں چار راستے آکر ملتے ہوں ۔
صدقہ دینا :[ا رمحاورہ] خیرات کرنا ۔قربان کرنا سر پہ وار کر دینا ۔
صدقہ دِ رَدِّ بلا :[ا رمثل] صدقہ دینے سے بلا دور ہوتی ہے ۔
صدقہ سلامتی :[ع امذ] خیر خیرات جو سلامتی کی شکر گزاری میں دی جائے ۔سلامتی کا صلہ

کا بگاڑ ہے جس کے معنی فقرا کو خیرات دینے کے لئے بلانا ہے۔ **صدقہ ملنا**: [ا رمحاورہ] خیرات ملنا ۲۔ واری ہوئی چیز ملنا۔ **صدقے**: [ا رامذ] دیکھئے "صدقہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے ۲۔ واری۔ **صدقے اُترنا**: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدقہ اُتارنا"

صدقے اُترنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدقے اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

صدقے جانا: [ا رمحاورہ] قربان ہونا۔ نثار ہونا۔

صدقے جائیے: وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کی بے وقوفی کا اظہار کرنا ہو۔ قربان جائیے۔

صدقے کا تپلا/ گڈا: [ا رامذ] وہ پتلا یا گڈا جو صدقے کی چیزوں کے ہمراہ چوراہے میں رکھتے ہیں۔

صدقے کا چراغ: [ا رامذ] وہ چراغ جو کسی پر وار کر یا صدقے کی چیزوں کے ہمراہ چوراہے میں رکھا جاتا ہے۔

صدقے کا چوراہا: [ا رامذ] وہ چار راستوں کے ملنے کی جگہ جہاں عام طور پر صدقے کی چیزیں رکھی جاتی ہوں۔

صدقے کا کوا/ کی بلبل: [ا رامذ] وہ کوا / بلبل جو صدقہ کرتے وقت چھوڑتے ہیں ۲۔ کنا ۔۔۔ کالا آدمی۔

صدقے کرنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ قربان کرنا۔ نثار کرنا ۲۔ تنفر اور حقارت ظاہر کرنے کے موقع پر عورتیں عموماً بولتی ہیں

صدقے کروں: [ا رمحاورہ] چوراہے میں رکھوں ۲۔ قربان کروں۔ نثار کروں۔

صدقے کی گڑیا: [ا رامث] ۱۔ دیکھئے "صدقے کا تپلا" ۲۔ بدقطع عورت جو باوجود آرائش کے اچھی معلوم نہ ہو۔

صدقے کے چراغ اُتارنا: [ا رمحاورہ] منت پوری ہونے پر چراغ سر پر رکھ کر چوراہے تک جانا اور وہاں رکھنا۔

صدقے کے ماش: [ا رامذ] جب کسی کا کوئی عزیز سفر سے واپس آئے تو گھر والے اور دیگر عزیز و اقارب کچھ ماش اور تیل بھیجتے ہیں مسافر کچھ ماش تیل میں ڈال دیتا ہے اور یہ خیرات کر دیئے جاتے ہیں۔

صدقے کیا/ کی: [ا رمحاورہ] صدقے کے قابل۔ کمبخت۔ بدنصیب۔ جب کوئی چیز مانگے تو یہ کلمہ کہہ دیتے ہیں۔ صدقہ کا۔ صدقہ کی۔

صدقے میں چھٹنا: [ا رمحاورہ] رد بلا کے واسطے رہائی پانا۔ کسی کے طفیل رہائی پانا۔

صدقے میں چھوڑنا: [ا رمحاورہ] رد بلا کے لئے کسی قیدی / غلام / جانور / پرندہ وغیرہ کو چھوڑ دینا۔

صدقے میں رہا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدقہ میں چھٹنا"

صدقے ہونا: [ا رمحاورہ] واری جانا۔ نثار ہونا۔ فدا ہونا۔

صدقے واری جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدقے ہونا"

صدمہ: [ع امذ] ضرب۔ چوٹ۔ ٹکر۔ دھکا۔ ٹھیس ۲۔ رنج و غم کی چوٹ۔ آسیب تکلیف رنج و الم۔ آفت۔ بلا۔ مصیبت ۳۔ نقصان۔ ضرر۔

صدمہ اٹھانا/ سہنا: [ا رمحاورہ] نقصان اٹھانا ۲۔ رنج اٹھانا ۳۔ ٹکر کھانا۔ چوٹ کھانا ۴۔ ٹوٹ پھوٹ جانا۔

صدمہ اٹھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدمہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

صدمہ پہنچانا: [ا رمحاورہ] رنج دینا۔ دکھ دینا ۲۔ آسیب پہنچانا۔ ضرب لگانا ۳۔ نقصان پہنچانا۔

صدمہ پہنچنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدمہ پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔

صدمہ جھیلنا: [ا رمحاورہ] صدمہ برداشت کرنا۔ دکھ سہنا۔

صدمہ دینا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدمہ پہنچانا"

صدمہ گزرنا: [ا رمحاورہ] مصیبت پڑنا۔ رنج ہونا۔ حادثہ پیش آنا۔ بپتا پڑنا۔

صدمہ ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صدمہ گزرنا"

صُدور: [ع امذ] ۱۔ دیکھئے "صدر" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ صادر ہونا۔ جاری ہونا ۳۔ نفاذ۔

صَدوق: [ع اسم مبالغہ] بہت سچا۔

صدی: [ف امث] ۱۔ سو برس ۲۔ صد سے منسوب ۳۔ سیکڑا۔

صدیق: [ع صف] دوست۔ مخلص دوست۔

صِدّیق: [ع اسم مبالغہ] بہت سچا۔ بحد سچا ۲۔ حضرت ابوبکرؓ کا لقب۔

صدیقہ: [ع اسم مبالغہ مث] دیکھئے "صدیق" جس کی یہ تانیث ہے ۲۔ حضرت عائشہؓ اور حضرت مریمؑ کا لقب۔

ص ــــ ر

صِرّ: [ع امث] جاڑے کی سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈ۔

صُراح: [ع امث] ۱۔ خلاصہ۔ خالص چیز ۲۔ کھلی اور صاف بات چیت ۳۔ فارسی کی ایک مشہور لغت۔

صراحت: [ع امث] وضاحت۔ تشریح [افعال: کرنا، ہونا]

صراحۃً / صراحتاً: [ع متعلق فعل] کھلم کھلا صاف طور پر۔

صُراحی: [ع امث] پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا برتن ۲۔ کوزہ۔ بوتل ۳۔ صراحی کی شکل کا کپڑا جو انگرکھے وغیرہ کے دونوں بغلوں کے نیچے خوب صورتی کے لئے لگا دیتے ہیں ۴۔ لمبا۔ خوشنما۔

صراحی دار: [ف صف] صراحی کی شکل کا۔ صراحی نما۔

صراحی دار گردن: [ف امث] لمبی گردن۔ خوبصورت گردن۔

صراحی دار گھنگرو: [ا رامذ] ایک قسم کا لمبوترا گھنگرو جو پازیب میں لگاتے ہیں۔

صراحی دار موتی: [ا رامذ] صراحی کی شکل کا۔ خوبصورت موتی۔

صراط: [ع امث] راہ۔ راستہ ۲۔ دیکھئے "پل صراط"

صراطِ مستقیم: [ع امث] سیدھا راستہ۔ راہ راست۔

صَرّاف: [ع امذ] جانچنے والا۔ پرکھنے والا ۲۔ سونا چاندی پرکھنے والا ۳۔ نقدی اور زیورات کا لین دین کرنے والا ۴۔ مالدار۔ دولت مند۔

صراف کے سے ٹکے: [ا رامذ] وہ مال جس کو جب چاہیں بلا نقصان فروخت کر سکیں فوراً بک جانے والا مال۔ تھوڑے نفع کا سودا۔

صرافہ: [ا رامذ] صراف کا پیشہ ۲۔ صرافوں کا بازار ۳۔ بینک۔ کوٹھی۔

صرافہ کھولنا: [ا رمحاورہ] بینک جاری کرنا۔ صرافہ کی دوکان جاری کرنا۔

صرافی: [ا رامث] صراف کا پیشہ۔ سونا چاندی زیورات بیچنے کا کام ۲۔ روپیہ پیسہ کا بیوپار۔ ۳۔ ایک قسم کا ہندی خط جو صراف یا مہاجن لکھتے ہیں۔

صرافی کرنا: [ا رمحاورہ] شناخت کرنا۔ پرکھنا۔

صرصر: [ع امث] آندھی۔ تیز ہوا۔ باد تند۔ جھکڑ [افعال: چلنا]

صرع: [ع امذ] مرگی کا مرض ۲۔ پچھاڑ کھانا۔

صِرف: [ع صف] خالص۔ تنہا۔ فقط۔

صَرف: [ع امذ] خرچ ۲۔ مشغول۔ مصروف ۳۔ وہ علم جس سے کلموں کی تقسیم اصل اور گردان کا حال معلوم ہو۔

صَرف کرنا: [ا رمصمرکب] خرچ میں لانا ۲۔ بسر کرنا۔
صَرف میں آنا: [ا رمحاورہ] استعمال میں آنا، کام میں آنا۔
صَرف میں لانا: [ا رمحاورہ] کام میں لانا۔ استعمال میں لانا۔
صَرف نظر کرنا: [ا رمحاورہ] قطع نظر کرنا نظر انداز کرنا۔
صَرف و نحو: [ع امث بہ ترکیب فارسی] زبان کے قاعدوں کا علم۔
صَرفہ: [ع امذ] فائدہ۔ نفع ۲۔ کفایت شعاری ۳۔ افسوس۔ دریغ ۴۔ فضول خرچی ۵۔ زیادتی۔ غلبہ ۶۔ کنجوسی۔ بخست ۷۔ خرچ۔
صَرفہ کرنا: [ا رمحاورہ] کفایت شعاری کرنا کنجوسی کرنا
صَرفی: [ع امذ] علم صرف جاننے والا ۲۔ (صف) علم صرف سے متعلق۔
صُرّہ: [ترڈا۔ تھیلی ۲۔ چھوٹی پوٹلی۔
صُرّیال: [ا رامث ق] صراحیاں کا بگاڑ۔
صَریح: [ع صف] خالص ۲۔ ظاہر۔ آشکارا ۳۔ صاف۔
صَریحاً: [ع متعلق فعل] کھلم کھلا۔ صاف طور پر۔ واضح طور پر۔
صَریحی: [ع صف] دیکھئے "صریح" جس سے منسوب ہے (قاعدے کے لحاظ سے غلط ہے،
صَریر: [ع امث] کلک کے قلم چلنے کی آواز۔ صدا۔

ص ــــ ع

صَعْب: [ع صف] سخت۔ سنگین۔ ادھورا۔ مشکل۔
صَعْتر: [ع۔ امذ] دیکھئے "سعتر"
صُعوبت: [ع امث] مصیبت۔ آفت۔ تکلیف ۲۔ دشواری۔
صُعود: [ع امذ] ا۔ بلندی ۲۔ کسی عدد کو کئی دفعہ فی نفسہ ضرب دینا۔
صُعود کرنا: [ا رمصمرکب] اوپر چڑھنا۔
صُعودی: [ع صف] دیکھئے "صعود" جس سے یہ منسوب ہے۔
صَعوَہ: [ع امث] ممولا۔ چڑیا۔
صَعید: [ع امذ] ا۔ سطح زمین ۲۔ مٹی ۳۔ پہاڑ۔ سڑک ۴۔ وہ مٹی جس سے مسح کریں ۵۔ ایک مقام جہاں پیغمبر صلعم نے ایک مسجد بنائی تھی۔

ص ــــ غ

صِغار: [ع امذ] دیکھئے "صغیر" جس کی یہ جمع ہے۔
صِغار و کبار: [ع امذ] ا چھوٹے بڑے ۲۔ عوام۔
صَغائر: [ع امذ] دیکھئے "صغیرہ" جس کی یہ جمع ہے۔
صِغَر: [ع امذ] چھوٹا پن۔ چھٹائی۔
صِغرسِن: [ع صف] چھوٹی عمر کا۔ خردر سال۔
صِغرسِنی: [ع امث] دیکھئے "صغرسن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صُغریٰ: [ع امث] دیکھئے "اصغر" جس کی یہ تانیث ہے ۲ زیادہ چھوٹی چیز۔ چھوٹی لڑکی ۳۔ منطق۔ شکل کا پہلا قضیہ۔
صَغیر: [ع صف] چھوٹا۔ ادنیٰ ۲۔ (مذ) چھوٹا آدمی ۳۔ (مث) ایک بحر یا وزن۔
صَغیر سِن: [ع صف] چھوٹی عمر کا۔
صَغیرسِنی: [ع امث] دیکھئے "صغیرسن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صَغیرہ: [ع صف] دیکھئے "صغیر" جس کی یہ تانیث ہے۔
صَغیری: [عف امث] ا۔ چھوٹاپن ۲۔ طفلی۔ بچپن۔

ص ــــ ف

صَف: [ع امث] ا۔ قطار۔ پرا ۲۔ نمازیوں کی قطار ۳۔ وہ جگہ جہاں قطار باندھیں ۴۔ بوریا۔ چٹائی۔ فرش۔
صَف آرا: [عف صف] وہ شخص جو میدان جنگ میں صفیں بنائے ۲۔ جنگ میں مقابلہ کرنے والا ۳۔ فوج کشی کرنے والا ۴۔ صفیں باندھے ہوئے۔
صَف آرا ہونا: [ا رمصمرکب] قطاروں میں کھڑے ہونا۔ لڑائی کے لئے تیار ہونا۔
صَف آرائی: [ع امث] دیکھئے "صف آرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صَف اٹھانا: [ا رمحاورہ] بوریئے کا اٹھانا۔
صَف اُٹھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صف اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
صَف اُلٹ جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صف الٹ دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
صَف اُلٹ دینا: [ا رمحاورہ] لڑائی میں تتر بتر کر دینا۔ مجلس کو درہم برہم کر دینا۔
صف باندھنا: [ا رمحاورہ] پرا جمانا۔ قطار جمانا
صف بچھانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صف بچھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
صَف بچھنا: [ا رمحاورہ] ا۔ بوریا بچھنا ۲۔ ماتم ہونا ۳۔ آدمیوں کا زمین پر گرنا۔
صَف بستہ: [ع صف] پرا جمائے ہوئے۔ قطار باندھے ہوئے۔
صف بندی: [ع امث] پرا جمانا۔
صَف بہ صَف: [عف متعلق فعل] صف سے صف ملا کر ۲۔ ہر صف میں۔
صَف پر آگرنا: [ا رمحاورہ] فوج کی قطار پر حملہ کر دینا۔
صَف تہ و بالا ہونا: [ا رمصمرکب] صف کا منتشر ہونا۔
صَفِ تیغ: [ع امث] تلوار کی دونوں طرفین۔
صَف جمانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صف جمنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
صَف جمنا: [ا رمحاورہ] صف میں کھڑا ہونا۔
صَفِ جنگ: [عف امث] ا۔ لڑائی ۲۔ لڑائی کے لئے پرا بندی
صَفِ خاصّہ: [عف امث] خاص لوگوں کی قطار۔ پیغمبر۔ نبی۔ ولی۔
صَفدَر: [عف صف] ا۔ صفوں کو توڑنے والا ۲۔ بہت بہادر۔ شجاع۔ دلیر ۳۔ فن جنگ کا ماہر (۴ مذ) حضرت علیؓ کا لقب۔
صَفدَری: [عف امث] صفوں کو توڑنے والا۔
صف روشن کرنا: [ا رمحاورہ] چراغ جلانا۔
صَف روشن ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "صف روشن کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
صَف سے نکلنا: [ا رمحاورہ] قطار سے باہر آنا۔
صَف شکار: [عف امث] آدمیوں کی قطار جو شکار کو گھیرے۔ ہانکا کرنے والے۔
صَف شکن: [عف صف] ا۔ صف توڑنے والا ۲۔ بہادر۔ دلیر
صَف کشی: [عف امث] لڑائی میں پرا بندی۔
صَف کشیدہ: [عف صف] صف باندھے ہوئے۔ پرا جمائے ہونا۔
صَف کھینچنا: [ا رمحاورہ] قطار باندھنا۔ صف میں کھڑا ہونا۔

صَف کی صَف: [ارامث] تمام صف
صَف لُٹا دینا: [ارمحاورہ] صفوں کو درہم برہم کر دینا۔
صَفِ ماتَم: [عف امث] وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے بیٹھیں۔ (افعال: بچھنا۔ بچھانا)
صَفِ ماتم میں بیٹھنا: [ارمصدر مرکب] ماتم کے لئے ایک جگہ فرش پر بیٹھنا۔
صَفِ محشر: [ع امث] میدان حشر میں آدمیوں کی قطار۔
صَفِ نِعال: [ع امث] وہ جگہ جہاں جوتے اتار کر کسی مقدس مقام میں داخل ہوتے ہیں۔
صَفا: [ع امث] ۱۔ صفائی۔ ستھرائی۔ پاکیزگی ۲۔ آب۔ جلا۔ چمک ۳۔ دل کی پاکیزگی ۴۔ تکلیف سے بچت ۵۔ قناعت ۶۔ آرام۔ تسلی۔ خوشی۔ مسرت ۷۔ مکہ کے قریب ایک پہاڑی ۸۔ (صف) صاف ۹۔ بے لاگ۔ بے رعایت۔
صَفا بخش: [عف صف] ۱۔ لذیذ۔ خوش گوار ۲۔ صاف کرنے والا۔
صَفا بزیر: [عف صف] جو صاف ستھرا ہو۔
صَفا چَٹ: [ارصف] بالکل صاف جس پر کوئی چیز نہ اگی ہو۔
صَفا چَٹ کر دینا/کرنا: [ارمحاورہ] بالکل مونڈ دینا ۲۔ صاف کر دینا ۳۔ کسی جگہ کوئی چیز نہ [illegible]
صَفا چَٹ میدان: بالکل صاف میدان جس میں درخت وغیرہ بالکل کوئی چیز نہ ہو/اگی ہو۔
صَفا چَٹ ہونا: [ارمحاورہ] بالکل نہ ہونا۔ صاف ہونا۔
صَفا صَفا: [ارمتعلق فعل] ۱۔ برباد۔ اُجاڑ ۲۔ صفا چٹ
صَفا کرنا: [ارمصدر مرکب] صاف کرنا۔
صَفا کہنا: [ارمحاورہ] منہ پر سچی سچی بات کہنا۔ کھری کھری کہنا۔ لگی لپٹی نہ کہنا۔
صَفا مَشرب: [ع صف] صاف طبیعت۔ صاف دل۔
صَفا ہونا: [ارمصدر مرکب] صاف ہونا۔
صَفّار: [ع امذ] ٹھٹھیرا۔ برتن بنانے والا
صَفائی: [عف امث] ۱۔ ستھرا پن۔ پاکیزگی ۲۔ صاف ہونا۔ جھاڑ پونچھ ۳۔ ہمواری ۴۔ سادگی بھولاپن ۵۔ چکناہٹ ۶۔ جلا۔ چمک ۷۔ ملاپ۔ صلح ۸۔ بے حرمتی۔ بربیت ۹۔ صداقت راستی ۱۰۔ دیانتداری ۱۱۔ بے شرمی۔ بے حیائی ۱۲۔ تردید ۱۳۔ بربادی۔ تباہی ۱۴۔ پھرتی۔ چالاکی ۱۵۔ بالکل نہ رہنا ۱۶۔ نیک نیتی۔ خلوص۔ دل کا صاف رکھنا ۱۷۔ میل نہ ہونا۔ میل نکال دینا۔ میل کا خارج ہونا۔ ۱۸۔ درختوں کی کاٹ چھانٹ۔ جنگلی بوٹیوں کا نکالنا ۱۹۔ گواہی جو ملزم کے حق میں دی جائے ۲۰۔ حساب کی بیباقی ۲۱۔ پاخانہ صاف کرنا۔ غلاظت اٹھانا
صَفائی آئینہ: [ع امث] آئینہ کی صفائی۔
صَفائی بتانا: [ارمحاورہ] صاف انکار کرنا۔ جواب دینا ۲۔ ٹالنا۔
صَفائی ظاہر ہونا: [ارمحاورہ] دل کی پاکیزگی کا پتہ لگنا۔
صَفائی کا ہاتھ: [ارامذ] تلوار کی ضرب جو عضو کو بالکل کاٹ دے۔
صَفائی کرانا: [ارمحاورہ] ۱۔ صاف کرانا۔ صلح کرانا ۲۔ پاخانہ صاف کرانا۔
صَفائی کر دینا/کرنا: [ارمحاورہ] ۱۔ جھاڑنا۔ پونچھنا۔ صاف کرنا ۲۔ ہموار کرنا ۳۔ جلا کرنا۔ صیقل کرنا ۴۔ صلح کرنا۔ ملاپ کرنا ۵۔ بربیت کر دینا ۶۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۷۔ جان سے مار دینا ۸۔ پاخانہ صاف کرنا ۹۔ چکا دینا۔ فیصلہ کر دینا ۱۰۔ بیباقی کر دینا ۱۱۔ خرچ کر دینا۔ اجاڑ دینا
صَفائی گُہر: [عف امذ] موتی کی آب/چمک۔
صَفائی نہیں: [ارمحاورہ] کینہ باقی ہے۔ دل صاف نہیں ہوا۔
صفائی ہو جانا/ہونا: [ارمحاورہ] دیکھئے "صفائی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
صَفایا: [ارامذ] ۱۔ بربادی تباہی ۲۔ کسی چیز کو نہ رہنے دینا ۳۔ قتل ہونا۔ کام تمام ہونا ۴۔ برباد ہونا۔ اُجڑنا ۵۔ کچھ نہ رہنا۔ صاف ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔
صَفایا کرنا: [ارمحاورہ] خاتمہ کرنا۔ قلع قمع کرنا۔

صِفَت: [ع امث] ۱۔ خوبی جو کسی کی ذات میں ہو۔ خاصیت۔ تعریف ۲۔ وصف۔ خوبی جو بیان کی جائے ۳۔ طریقہ۔ طرز ۴۔ صرف۔ وہ کلمہ جو اسم کی تعریف یا خاصیت بیان کرتا ہے ۵۔ (صف) مانند۔ مثل۔
صِفَتِ بَشَرِیَّت: [ع امث] انسان کی خاصیت۔
صِفَتِ بہیمیت: [ع امث] حیوان کی خاصیت۔
صِفَت رکھنا: [ارمحاورہ] خوبی ہونا۔ خاصیت رکھنا۔
صِفَت سرا: [ع صف] تعریف کرنے والا۔
صِفَت سرائی: [ع امث] دیکھئے "صفت سرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صِفَت کرنا: [ارمحاورہ] تعریف کرنا۔
صِفَتِ مُشَبَّہ: [ع صف] وہ صفت جس میں وصفی معنی ہمیشہ کے لئے پائے جائیں ذاتی صفت
صِفَتِ مَلَکیت: [ع امث] فرشتوں کی خاصیت۔
صِفَت مَوصُوف: [ع امذ] کلمہ صفت اور وہ جس کی تعریف کی جائے جیسے اچھا آدمی اس میں اچھا صفت اور آدمی موصوف ہے۔
صَفحہ: [ع۔ امذ] کاغذ کے ورق کی ایک جانب (۲) وسعت۔ سطح۔ چوڑائی۔ صفحہ کتاب کا صفحہ۔
صفحۂ تحریر: [عف امذ] تحریر کا صفحہ لکھا ہوا۔
صفحۂ ہستی: [عف امذ] دنیا۔ زندگی۔
صفحہ ہستی سے اُٹھ جانا/اُٹھنا: [ارمحاورہ] مر جانا۔ گزر جانا۔
صفحہ ہستی سے نام و نشان مٹا دینا: [ارمحاورہ] دیکھئے صفحہ ہستی سے نام و نشان مٹ جانا/مٹنا جس کا یہ لازم ہے۔
صفحۂ ہستی سے نام و نشان مٹنا/مِٹ جانا: [ارمحاورہ] بالکل ناس ہو جانا۔ ناپید ہو جانا۔ مر جانا۔
صَفَرُ المُظَفَّر: [ع امذ] سن ہجری کا دوسرا مہینہ۔ عورتیں اسے منحوس سمجھتی ہیں اور کوئی کام اس میں نہیں کرتیں۔
صَفَر کا چاند دیکھ کر آئینہ دیکھنا: [ارمحاورہ] مبارک سمجھا جانا۔
صِفر: [ع امذ] نقطہ۔ حساب میں اکیلے کی کوئی قیمت نہیں مگر دوسرے عدد کے داہنی طرف آنے سے اس عدد کی قیمت فی نقطہ دس گنا بڑھ جاتی ہے اور کسر اعشاریہ کے ساتھ عدد کے بائیں طرف آنے سے قیمت اس عدد کی دس حصے کم ہو جاتی ہے اور مزید فی نقطہ دس سے دس حصے اور کم ہو جاتی ہے ۲۔ صف بے قیمت۔ بے وقعت۔
صَفرا: [ع امذ] پت۔ اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط ۲۔ اصفر کی تانیث بمعنی زرد۔
صَفرا شکن: [ف صف] حرارت زائل کرنے والا۔ صفرا زائل کرنے والا۔
صَفراوی: [ع صف] دیکھئے "صفرا" جس سے یہ منسوب ہے۔
صَفراوی مزاج: [ع صف] وہ شخص جس کے مزاج میں خلط صفرا زیادہ ہو۔ تلخ مزاج۔
صَفّو: [ارامذ] تاش اور گنجفے کی ایک اصطلاح یعنی کھیلنے والے کے پاس پتے بالکل نہ آنا۔
صَفّو کر دینا: [ارمحاورہ] تاش کا ہر ایک پتا جیت لینا۔ حریف کے پاس کوئی پتا نہ چھوڑنا۔ صاف
صَفّو کی/پہ نادری چڑھانا: [ارمحاورہ] گنجفے یا تاش کی اصطلاح میں جب کھیلنے والے کے پاس کوئی پتا نہ رہے ۲۔ کنایۃً مجبور کر دینا۔
صَفوَت: [ع امث] برگزیدگی ۲۔ خالص۔ بہترین (حرف اوّل کی تینوں حرکتوں کے ساتھ درست ہے)
صُفّہ: [ع امذ] مکان کے آگے کی ڈیوڑھی۔ دروازہ کے آگے بیٹھنے کی جگہ۔ چبوترہ۔
صَفِی: [ع صف] برگزیدہ۔ دوست۔ خالص ۲۔ حضرت آدمؑ کا لقب۔
صَفیر: [ع امث] پرندوں کی آواز ۲۔ وہ سیٹی جو پرندے کیلئے منہ سے بجائیں۔ ۳۔ آواز۔
صَفِیّہ: [ع صف مث] دیکھئے "صفی" معنی ۱ جس کی یہ تانیث ہے۔

صَفیں اُکھڑنا: [ا۔محاورہ] لڑائی کی جمی ہوئی قطار (ا) کا تتر بتر ہونا یا درہم برہم کرنا۔
صَفیں باندھنا: [ا۔محاورہ] بیٹھ جانا۔قطاریں لگانا۔صف بستہ ہونا یا کرنا۔
صَفیں بندھنا/جمنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "صفیں باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ص ــــ ق

صِقلی گر: [ا۔صف] دیکھئے "صیقل گر" جو صحیح ہے۔

ص ــــ ل

صَلِّ: [ع فعل امر] برکت دے۔ رحمت اتار۔ درود بھیج۔
صَلِّ عَلیٰ: [ع کلمہ تحسین] واہ واہ۔شاباش۔سُبحان اللہ۔ قاعدے کے مطابق اس کا استعمال بلا مجرور غلط ہے (افعال: کہنا)
صَلِّ علیٰ مُحمّد: [ع کلمہ دعا] حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود ہو۔
صَلِّ وجَلِّ: [ع کلمہ تحسین] سبحان اللہ۔ واہ واہ۔ مرحبا۔شاباش۔
صَلاؔ: [ع امث] پکار۔آواز۔ دعوت۔
صَلانہ شُد بلا شُد: [ف فقرہ] منہ کیا لگایا گلے ہی پڑ گئے۔ بلانا ہی غضب ہو گیا۔
صَلابَت: [ع امث] سختی۔مضبوطی۔ استحکام۔
صَلابَت پیما: [ع امذ] سختی و درشتی کا اندازہ کرنے والا آلہ۔
صَلاح: [ع امث] ۱۔نیکی۔بھلائی۔بہتری۔اچھائی ۲۔مشورہ۔مصلحت ۳۔ رائے۔تدبیر تجویز ۴۔ارادہ۔منشا۔
صَلاح اندیش: [ف صف] خیر اندیش۔بہتری سوچنے والا۔
صَلاح بتانا: [ا۔محاورہ] رائے دینا۔تدبیر بتانا۔
صَلاح بیٹھنا: [ا۔محاورہ] تجویز ٹھہرنا۔ارادہ ہونا۔ رائے قرار پانا۔
صَلاح پر چلنا: [ا۔محاورہ] کسی کی رائے پر کام کرنا۔کسی کا کہا ماننا۔
صَلاح پوچھنا: [ا۔محاورہ] رائے لینا مشورہ کرنا۔
صَلاح ٹھہرنا: [ا۔محاورہ] رائے قرار پانا تجویز ٹھہرنا۔ارادہ ہونا۔
صَلاح دُشمن: [عف صف] اچھی بات نہ ماننے والا مشورہ نہ ماننے والا۔
صَلاح و پند: [عف امث] تجویز۔صلاح۔
صَلاح دینا: [ا۔محاورہ] رائے دینا۔مشورہ دینا۔
صَلاح سمرقندی: [ع امث] دیکھئے "صلائے سمرقندی" جو صحیح ہے۔
صَلاح سے: [ع متعلق فعل] مشورہ سے کہنے سننے سے۔سمجھانے سے۔
صَلاح کار: [عف صف] زاہد۔متقی ۲۔رائے دینے والا۔مشیر۔ناصح۔شریک۔مشورہ۔
صَلاح کرنا/لینا: [ا۔محاورہ] رائے لینا مشورہ کرنا۔تدبیر سوچنا۔
صَلاح مشورہ: [ع امذ] دوسروں سے پوچھ کر عمل کرنا۔تدبیر و تجویز۔ارادہ۔منصوبہ۔
صَلاح وقت: [ع امث بہ ترکیب فارسی] قرینِ مصلحت۔مناسب۔
صَلاح ہونا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "صلاح کرنا" وغیرہ۔جن کا یہ لازم ہے۔
صَلاحِیّت: [ع امث] نیکی۔بھلائی۔بہتری ۲۔پرہیزگاری۔پارسائی ۳۔رسائی۔پہنچ۔ لیاقت۔سمجھ ۴۔اصلاح۔درستی۔نرمی ۵۔ملائمت ۶۔پولیس کی رپورٹ۔
صَلاحیّت پر آنا: [ا۔محاورہ] راہ پر آنا۔درستی پر آنا۔ٹھیک۔ہونا۔

صَلاحیّت لکھنا: [ا۔محاورہ] سراؤں یا ہوٹلوں کے مسافروں کا نام پتہ لکھنا۔رپورٹ لکھنا۔درج رجسٹر کرنا۔
صَلائے سمرقندی: [عف امث] نمائشی دعوت۔جھوٹی آؤ بھگت۔چکنی چپڑی باتیں۔
صلائے عام: [ع امث بہ ترکیب فارسی] عام دعوت۔عام اجازت۔
صُلب: [ع امذ] ۱۔پشت کے مہرے۔پیٹھ کی ہڈیاں ۲۔خاندانی بزرگ ۳۔نسل۔نطفہ۔
صُلبی: [عف صف] سگا۔حقیقی۔اپنے نطفہ کا۔
صُلح: [ع۔امث] ۱۔میل ملاپ۔دوستی ۲۔امن امان ۳۔صفائی۔ربط باہم۔
صُلح دوست: [عف صف] صُلح پسند۔امن پسند۔جھگڑے فساد سے بچنے والا
صُلح کرنا: [ا۔محاورہ] تصفیہ کرنا۔میل کرنا۔باہم صفائی ہونا۔رنجش دُور کرنا۔
صُلح کُل: [ع صف بہ ترکیب فارسی] سب کے ساتھ دوستی رکھنے والا۔بے تعصب رواد
صُلح نامہ: [عف امذ] راضی نامہ۔میل ملاپ کی دستاویز۔
صُلَحا: [ع صف] دیکھئے "صالح" جس کی یہ جمع ہے۔
صَلصَال: [ع امذ] گندھی ہوئی مٹی جس سے برتن بنتے ہیں۔سوکھی مٹی جو بجانے پر آواز دے
صُلصُل: [ع امث] فاختہ۔
صلصلہ: [ع امذ] ۱۔لوہے یا گھنٹی کی آواز ۲۔زنجیر۔
صَلعَم: [ع کلمہ دعا] دیکھئے "صلی اللہ علیہ وسلم" جس کی یہ تخفیف ہے۔
صَلَوات: [ع امث] ۱۔"صلوٰۃ" کی جمع ۲۔یہودیوں کا کلیسا ۳۔(اردو بطور واحد) کسی چیز سے دست برداری ۔۴۔دشنام۔گالی۔
صلوٰتیں سُنانا: [ا۔محاورہ] گالیاں دینا۔بُرا بھلا کہنا۔
صلوٰۃ: [ع امث] ۱۔دعا۔درود۔رحمت۔برکت ۲۔نماز۔
صَلوٰۃُ التّسبیح: [ع امث] ایک قسم کی نفل نماز، جس میں قیام میں پندرہ بار باقی چھ جگہ دس دس بار سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھتے ہیں۔
صَلوٰۃ الخوف: [ع امث] خوف کی حالت یا میدان جنگ میں پڑھی جانے والی نماز۔
صِلَہ: [ع امذ] ۱۔انعام۔عطا۔ہدیہ۔تحفہ ۲۔بدلہ۔پاداش ۳۔وہ جملہ جو موصول کے بعد اس کے جواب میں آتا ہے۔(افعال: دینا۔ دلوانا معنی ۱، ۲ کے لئے)
صِلۂ رحمی: [ع امث بہ ترکیب فارسی] قرابت داروں اور عزیزوں سے اچھا سلوک کرنا۔
صَلَّی اللہ علیہ وَسَلَّم: [ع۔کلمہ دعا] درود اور سلام ہو۔پیغمبر اسلام حضرت محمد علیہ السلام کے نام کے بعد بولا اور لکھا جاتا ہے۔
صَلیب: [ع۔امث] ۱۔سُولی۔دار ۲۔چلیپا کا نشان یعنی "+" عیسائیوں کا قومی نشان۔
صَلیبِ اَحمر: [ع امذ] دیکھئے "ریڈ کراس سوسائٹی"۔
صَلیبی: [ع۔صف] "صلیب" سے منسوب اور متعلق ہے ۲۔عیسائی۔
صَلیبی جنگیں: [ع امث] عیسائیوں کی مذہبی جنگیں۔
صَلیبی خط: [ع امذ] وہ خط جس کے چار کونے ہوں جس کی شکل یہ + ہے۔

ص ــــ م

صُمّ: [ع امذ] اصم کی جمع۔بہرے جنہیں سنائی نہ دے۔
صُمٌّ بُکمٌ: [ع امذ] بہرے۔گونگے ۲۔وہ شخص جو بات کا جواب نہ دے۔
صُمُوت: [ع امث] خاموشی۔
صَمَد: [ع صف] بے نیاز۔جو کسی کا محتاج نہ ہو۔اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

صَمَدِی : [ع صف نسبتی] دیکھئے "صَمَد" جس سے یہ منسوب ہے۔
صَمَدِیّت : [ع امث] بے نیازی۔ **صَمْصَام** : [ع امذ] تیغ بُرّاں جس کا منہ نہ پھرے ۲۔ تیز تلوار۔
صَمْغ : [ع امذ] گوند۔ **صَمْغِ عَرَبی** : [ع امذ] ببول کا گوند۔ **صَمِیم** : [ع صف] خالص ۲۔ سچا۔ مخلص ۳۔ (مذ) گودا ۴۔ کسی چیز کا بہترین حصّہ ۵۔ جڑ ۔ اصل ۶۔ اندرونی حصّہ۔ دل کا نچلا حصّہ ۷۔ بہرا جیسے شنائی نہ دے۔ **صَمِیمِ قَلب** : [ع اف] دل کی سچائی خلوص دل۔

ص ـــــ ن

صَنادِید : [ع امذ] دیکھئے "صندید" جسکی یہ جمع ہے۔ **صَنادِیق** : [ع امذ] دیکھئے "صندوق" جس کی یہ جمع ہے۔ **صَنّاع** : [ع امذ] مبالغہ بہت بڑا کاریگر۔ ہُنرمند۔ پیشہ ور۔
صَناعَت / صَناعی : [ع امث] ہُنر کاریگری۔ دستکاری۔ **صَنائع** : [ع امذ] دیکھئے "صنیعہ" جسکی یہ جمع ہے۔ **صَنائعِ بدائع** : [ع امذ] عجیب و غریب نکات اور باریکیاں جو نظم و نثر میں ظاہر کی جائیں۔
صَنْدَل : [ع امذ] ایک قسم کی خوشبودار لکڑی۔ چندن۔ جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ صندل سُرخ اور صندل سفید اس کی دو قسمیں ہیں۔
صَندَل کا بُرادہ : [ا امذ] صندل کی لکڑی کا سفوف جو دواؤں میں کام آتا ہے۔
صَندل کا پھاہا : [ا امذ] وہ کپڑا جو گھسے ہوئے صندل میں تر کیا گیا ہو جو سوزش قلب کیلئے نافع ہے۔
صَندل کا چھاپا : [ا امذ] صندل کا وہ نشان جو مکان کی دیوار یا نیاز کے کھانے کے برتن پر بنایا جاتا ہے۔
صَندل کی زمین : [ا امث] صندل کے عطر کی بنیاد یا مادہ۔
صَندل کی سی تختی : [ا امث] نہایت صاف اور گورا بدن۔ خوبصورت صاف اور ملائم چیز۔
صَندل کے چھاپے مُنہ کو لگے : [ا رشل] نہایت بدنامی ہوئی ۲۔ سُرخروئی یا نیکنامی حاصل ہوئی۔
صَندلا : [ا امذق] وہ پتھر جس پر صندل گھستے ہیں۔ **صَندلی** : [ف صف] ا۔ صندل سے منسوب ۲ (امث) کرسی۔ چوکی۔ مخروطی اونچی تپائی جس پر چڑھ کر سفیدی وغیرہ پھیرتے ہیں۔ یہ اصل میں "سدلی" تھا ۳۔ سیجڑا۔ **صَندُوق / صَندُوق** : [ع امذ] چوبی بکس۔ پیٹی ٹرنک ۲۔ تابوت ۳۔ ابھرا ہوا۔ آگے نکلا ہوا (اردو میں بفتح اول مگر عربی میں بضم اول ہے)۔
صَندُوقچہ : [ف امذ] دیکھئے "صندوق" جسکی یہ تصغیر ہے۔ **صَندُوقچی** : [ا امذ] بہت چھوٹا صندوق **صَندوقی** : [ع صف] صندوق کی شکل کا۔ **صَندوقی قبر** : [ع امث] سیدھی مستطیل شکل کی قبر۔
صِندِید : [ع صف] سردار بہادر۔ شریف۔ جرنیل۔ راجہ۔ **صُنع** : [ع امث] ہنرمندی۔ دستکاری کاریگری۔
صَنعَت : [ع امث] کاریگری۔ پیشہ۔ ہنر دستکاری۔ کام۔ **صَنعَت دِکھانا** : [ا محاورہ] کوئی اہم کام کرکے دکھانا کوئی خوبی دکھانا ۲۔ لفظاً یا معنیً کوئی خاص بات پیدا کرنا۔ **صَنعَت گاہ** : [عف امث] کارخانہ۔ کام کرنے کی جگہ۔ **صَنعَت گر** : [عف صف] ہنرمند کاریگر۔
صَنعَت گری : [عف امث] دیکھئے "صنعت گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صَنعَتی : [ع صف] وہ چیز جو صنعت و حرفت سے تعلق رکھتی ہے۔ **صَنعَتِیت** : [ع امث] کسی چیز کو صنعتی بنانا۔ صنعت و حرفت والی بنانا۔ **صِنف** : [ع امث] نوع۔ جنس۔ قسم۔ گروہ۔
صِنفِ نازُک : [ع ف امث] کنایۃً عورت۔ **صَنَم** : [ع امذ] بُت۔ مُورتی۔ پتلی۔ کسی چیز کا بنا ہوا قالب ۲۔ بے جان ۳۔ دلبر۔ پیارا۔ معشوق۔ **صَنَم خانہ / کدہ** : [عف امذ] مندر۔ بُت خانہ۔ ٹھاکر دوارہ۔ **صَنَم گر** : [عف صف] بُت تراش۔ بُت بنانے والا۔
صَنَم گری : [عف امث] دیکھئے "صَنَم گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
صَنَوبَر : [ع امذ] ا۔ ایک نہایت سیدھا اور اونچا درخت ۲۔ چلغوزے کا درخت۔
صَنِیعہ : [ع امث] نیکی۔ ہُنر کاری گری۔
صَنُوف : [illegible]

ص ـــــ و

صَواب : [ع امذ] نیکی۔ نیک کام۔ درست عمل۔ راست۔ خوب۔ **صَوابدِید** : [عف امث] نیک صلاح۔ اچھی تجویز۔ مصلحت۔ تجویز۔ **صَواعِق** : [ع امث] دیکھئے "صاعقہ" جس کی یہ جمع ہے۔
صَوب : [ع امذ] طرف۔ سمت ۲۔ راستہ ۳۔ تجویز۔ ارادہ۔ **صُوبائی** : [ا صف] "صُوبہ" سے متعلق و منسوب۔
صُوبہ : [ع امذ] ریاست یا ملک کا وہ حصّہ جس میں بہت سے اضلاع شامل ہوں۔ کسی ملک کی سب سے بڑی انتظامی وحدت۔ **صُوبہ دار** : [عف صف] حاکم صوبہ ۲۔ پیادہ سپاہ کا افسر۔ **صُوبہ داری** : [عف امث] دیکھئے "صوبہ دار" کا عہدہ یا منصب۔ **صَوت** : [ع امث] آواز۔ صدا۔ ندا۔
صَوت پیما : [عف امذ] آواز کی پیمائش کرنے والا آلہ۔ **صَوتی** : [ع صف] آواز سے متعلق۔
صَوتِیات : [ع امث] وہ علوم و فنون جو آواز سے تعلق رکھتے ہیں۔ **صَوتِیاتی** : [ع صف] دیکھئے "صوتیات" جس سے یہ منسوب ہے۔ **صُور** : [ع امذ] ترئی۔ بگل۔ نفیری۔ قرنا۔
صُورِ اسرافیل : [ع امذ] وہ قرنا جو حضرت اسرافیل حشر کے روز ایک دفعہ مار ڈالنے کے لئے اور دوسری دفعہ زندہ کرنے کے لئے پھونکیں گے۔ **صُوَر** : [ع امث] دیکھئے "صورت" جسکی یہ جمع ہے۔
صُورَت : [ع امث] شکل۔ چہرہ۔ مُنہ۔ مکھڑا ۲۔ نقش۔ تصویر ۳۔ خاکہ۔ ڈھانچا ۴۔ حالت۔ کیفیت ۵۔ طرح۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ ۶۔ تدبیر۔ تجویز ۷۔ مانند۔ مثل۔ مشابہ ۸۔ موقع۔ محل ۹۔ ظاہر ۱۰۔ بھیس۔ روپ ۱۱۔ علامت۔ نشان ۱۲۔ شغل۔ کام ۱۳۔ مُورت۔ بُت۔
صُورَت آشنا : [عف صف] جان پہچان والا۔ معمولی واقف۔ روشناس۔
صُورَت آشنا ہونا : [ا محاورہ] صورت پہچاننا۔ جان پہچان ہو جانا۔
صُورَت اُترنا : [ا محاورہ] تصویر کا کھنچا جانا۔ **صُورَتِ احوال** : [ع امث بہ ترکیب فارسی] ۱۔ حالات کا نقشہ ۲۔ وہ محضر جو کسی دعویٰ کو ثابت کرنے کے لئے معزز لوگوں کے دستخطوں سے مرتب کیا جاتا ہے۔ **صُورَت اختیار کرنا** : [ا محاورہ] ڈھنگ اختیار کرنا۔ **صُورَت باندھنا** : [ا محاورہ] سماں باندھنا۔ منظر دکھانا۔ **صُورَتِ بِینش حاجتِ پُرسِش** : [ف مقولہ] چہرے سے حالت ظاہر ہے کہنے کی ضرورت نہیں۔ **صُورَت بدل جانا** : [ا محاورہ] ا۔ کیفیت بدل جانا۔ حالت بدل جانا ۲۔ کمزور ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ **صُورَت بدلنا** : [ا محاورہ] بھیس بدلنا وضع تبدیل کرنا ۲۔ حالت بدلنا ۳۔ صورت بگاڑنا۔
صُورَت بُری ہونا : [ا محاورہ] شکل خراب ہونا۔ حالت خراب ہونا۔ آثار خراب ہونا۔
صُورَت بگاڑنا : [ا محاورہ] بدشکل کرنا ۲۔ ناخوشی ظاہر کرنا۔ **صُورَت بگڑ جانا** : [ا محاورہ] دیکھئے "صورت بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔ **صُورَت بنانا** : [ا محاورہ] تصویر بنانا۔ شکل بنانا ۲۔ بھیس یا وضع اختیار کرنا ۳۔ مُنہ چڑانا ۴۔ شکل بنانا۔ ۵۔ غریبی اور مسکینی ظاہر کرنا۔
صُورَت بن پڑنا : [ا محاورہ] تدبیر بن پڑنا۔ **صُورَت بند** : [عف صف] مصوّر۔ نقاش۔
صُورَت بندھنا : [ا محاورہ] موقع پیش آنا۔ سامان فراہم ہونا۔ **صُورَت بننا** : [ا محاورہ] دیکھئے "صورت بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔ **صُورَت پر پھٹکار برسنا** : [ا محاورہ] صورت بہت بے رونق ہونا۔ **صُورَت پر جھاڑو پھیرنا** : [ا محاورہ] بہت نفرت کے باعث صورت نہ دیکھنا۔ نیست و نابود کر دینا۔ **صُورَت پرست** : [عف صف] بت پرست۔ ظاہر پرست۔ **صُورَت پرستی** : [عف امث] دیکھئے "صورت پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ **صُورَت پکڑنا** : [ا محاورہ] ا۔ شکل اختیار کرنا ۲۔ عمل بننا ۳۔ کسی طریقہ کو قبول کرنا۔
صُورَت پیدا کرنا : [ا محاورہ] تدبیر نکالنا ۲۔ کسی غیر واقعی امر کا ظہور میں لانا۔
صُورَت تکنا : [ا محاورہ] غور سے منہ دیکھنا۔ تعجب اور حیرت سے منہ دیکھنا۔
صُورَت تو دیکھو : [ا محاورہ] چھوٹا منہ بڑی بات۔ طنزاً نااہلی کے اظہار پر کہتے ہیں۔
صُورَت ٹھہرنا : [ا محاورہ] تدبیر نکل آنا۔ حالات پیش آنا۔

صُورت چڑیلوں کی مزاج / دماغ پریوں کا : [ا ر مثل] بدشکل پر پری دماغ بدصورتی پر ایسا دماغ ۔

صُورتِ حال : [ع ا مث ۔ بہ ترکیب فارسی] ۱۔ صورت ۔ معاملہ ۔ کیفیت ۔ ظاہری روداد ۔ ۲۔ شاہی زمانے میں اس کا مذکرہ کہتے تھے ۔ جس میں کسی واقعے یا واردات کا ذکر ہو ۔

صُورتِ حرام : [ع صف ۔ بہ ترکیب فارسی] جو چیز ظاہر [باطناً خراب ہو ۔

صُورت خاک میں ملانا : [ا ر محاورہ] مارنا ۔ تباہ کرنا ۔ **صُورت دار** : [ع ف صف] خوبصورت ۔ شکیل ۔ **صُورت داری** : [ع ف ا مث] دیکھیے "صورت دار" جسکا یہ اسم کیفیت ہے ۔

صُورت در گور : [ع ف کلمہ بد عا] دفن ہو ۔ مرجا ۔ **صُورت دکھانا** : [ا ر محاورہ] شکل دکھانا ۔ سامنے آنا ۔ جلوہ دکھانا ۔ ظاہر کرنا ۔ نمودار کرنا ۔ **صُورت دیکھتا رہ جانا** : [ا ر محاورہ] حیران رہ جانا ۔

صُورت دیکھ کر جینا : [ا ر محاورہ] عاشق زار ہونا ۔ بغیر صورت دیکھے چین نہ آنا ۔

صُورت دیکھنا : [ا ر محاورہ] شکل دیکھنا ۔ آثار دیکھنا ۔ حوصلہ دیکھنا ۔ ہمت دیکھنا ۔ قابلیت دیکھنا ۔

صُورت سے نفرت ہونا : [ا ر محاورہ] بہت نفرت ہونا ۔ **صُورت ساز** : [ع ف صف] مصور ۔ نقاش ۔

صُورت سازی : [ع ف ا مث] دیکھیے "صورت ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

صُورت سوال ہونا : [ا ر محاورہ] صورت سے حالت ظاہر ہونا ۔

صُورت سے کچھ سنار ٹپکنا : [ا ر محاورہ] شکل سے کوئی کیفیت ظاہر ہونا ۔

صُورت سے بھاگنا : [ا ر محاورہ] کسی سے بہت بیزار ہونا ۔ **صُورت سے بیزار / خفا** : [ا ر صف] بہت متنفر ۔ بیزار ۔ **صُورت سے جلنا** : [ا ر محاورہ] بہت نفرت ہونا ۔ **صُورت شکل والا** : [ا ر صف] حسین ۔ خوبصورت ۔ **صُورت کرنا** : [ا ر محاورہ] تدبیر کرنا ۔ ذریعہ پیدا کرنا ۔

صُورت کو ترس جانا : [ا ر محاورہ] ملاقات کا موقع نہ ملنا ۔ **صُورت کہے دیتی ہے** : [ا ر محاورہ] شکل سے ظاہر ہے ۔ **صُورت کھٹکنا** : [ا ر محاورہ] دیکھنا ناگوار ہونا ۔ **صُورت گر** : [ع ف صف] مصور ۔ نقاش ۔ **صُورت گری** : [ع ف ا مث] دیکھیے "صُورت گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔ **صُورت معاش** : [ع ا مث ۔ بہ ترکیب فارسی] معاش کی تدبیر ۔ ذریعہ ۔

صُورت ملانا : [ا ر محاورہ] ایک شکل کا دوسری سے مقابلہ کرنا ۔ **صُورت ملنا** : [ا ر محاورہ] دیکھیے "صورت ملانا" جسکا یہ لازم ہے ۔ **صُورت میں صُورت ملانا** : [ا ر محاورہ] اصل صورت کے مطابق تصویر بنانا ۔ **صُورت میں لال لگے ہونا** : [ا ر محاورہ] بہت خوبصورت ہونا ۔ **صُورت نظر آنا** : [ا ر محاورہ] دکھائی دینا ۔ موقع ملنا ۔ **صُورت نکالنا** : [ا ر محاورہ] تدبیر لگانا ۔ ذریعہ لگانا ۔ **صُورت نکلنا** : [ا ر محاورہ] دیکھیے "صورت نکالنا" جسکا یہ لازم ہے ۔ **صُورت نکل آنا** : [ا ر محاورہ] حسین ہونا ۔ **صُورت نگار** : [ع ف صف] دیکھیے "صورت ساز" ۔

صُورت نگاری : [ع ف ا مث] دیکھیے "صورت سازی" ۔ **صُورت نہ پہچان پڑے گی** : [ا ر محاورہ] بہت مار پڑے گی ۔ **صُورت نہ شکل بھاڑ سے نکل** : [ا ر مثل] بدصورت آدمی کی نسبت طنز کہتے ہیں ۔ **صُورت نہیں چھپتی** : [ا ر محاورہ] انداز سے معلوم ہو جاتا ہے ۔

صُورت نہیں دیکھی : [ا ر محاورہ] میسر نہیں ہوا ۔ **صُورت ہونا** : [ا ر محاورہ] کیفیت ہونا ۔ حالت ہونا ۔ **صُورت یہ ہے** : [ا ر محاورہ] بات یہ ہے ۔ حال یہ ہے ۔ حقیقت یہ ہے ۔

صُورۃً / صُورتاً : [ع متعلق فعل] بظاہر ۔ ظاہری طور پر ۔ **صُورتوں کی پرچول رہنا** : [ا ر محاورہ] حسن کی تلاش رہنا ۔ **صُوری** : [ع صف] ظاہری ۔ معنوی کی ضد ۔ **صُوف** : [ع ا مذ] اون ۔ نمدہ ۔ پشم ۲۔ پشمینہ کا بڑا ۳۔ کپڑے کا وہ ٹکڑا جو دوات میں ڈالتے ہیں ۔ وہ کپڑا جسے قلم میں بھرتے ہیں ۔ ۵۔ گڑ بننے کا بانا ۔ **صُوفہ** : [ا ر ا مذ] مکان کا بڑا کمرا ۔ سبز گون

صُوفی : [ع ا مذ] پشمینہ پوش ۲۔ متقی ۔ پارسا ۔ درویش ۔ پرہیزگار ۳۔ اہل تصوف ۔

صُوفی صافی / باصفا : [ع صف] فقرا کی اصطلاح میں وہ شخص جو غیر حق سے اپنے آپ کو پاک صاف رکھے ۔ **صُوفی منش** : [ع ف صف] درویشانہ مزاج ۔ صوفی طبیعت کا ۔

صُوفیانہ : [ف ا مذ] دیکھیے "صوفی" جس سے یہ منسوب ہے ۲۔ سادہ ۔ ٹیپ ٹاپ کے بغیر ۔

صُوفیہ : [ع ا مذ] دیکھیے "صوفی" جس کی یہ جمع ہے ۔

صَولت : [ع ا مث] دبدبہ ۔ رعب ۔ ہیبت ۔

صَوم : [ع ا مذ] دیکھیے "روزہ"

صَومعہ : [ع ا مذ] ۱۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ ۔ گرجا ۲۔ عبادت خانہ ۔

صَومِ وصال : [ع ا مذ ۔ بہ ترکیب فارسی] روزے پر روزہ ۔ متواتر روزہ ۔

ص ــــ ہ

صَہبا : [ع ا مث] ایک قسم کی لال شراب ۔ سفید انگوروں کی شراب ۔

صِہر : [ع ا مذ] خسر ۔ داماد ۲۔ سسرال کا کوئی آدمی ۔

صَہیل : [ع ا مث] گھوڑے کا ہنہنانا ۔

ص ــــ ی

صَیّاد : [ع ا مذ] شکاری ۔ چڑی مار ۔ ماہی گیر ۔ **صِیام** : [ع ا مذ] دیکھیے "صوم" جسکی یہ جمع ہے ۔

صِیانت : [ع ا مث] حفاظت ۔ نگہبانی ۔ بچاؤ ۔ **صَیحہ** : [ع ا مذ] سخت آواز ۔ نعرہ ۔ چنگھاڑ ۲۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ ۔ بلند آواز

صَید : [ع ا مذ] ۱۔ شکار ۲۔ وہ جانور جس کو شکار کریں ۳۔ [ا ر] پتنگ بازی ۔ کبوتر بازی ۔ بٹیر بازی کی جنگ ۔

صَید افگن / انداز : [ع ف صف] شکار کرنے والا ۔ شکاری ۔

صَید افگنی / اندازی : [ع ف ا مث] دیکھیے "صید افگن انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

صَید بدنا : [ا ر محاورہ] کبوتر کو پکڑ کر واپس نہ دینے کا فیصلہ ۔

صَید کرنا : [ا ر مص مرکب] شکار کرنا ۔ پکڑنا ۲۔ قابو میں لانا ۔

صَید گاہ : [ع ف ا مث] شکار کھیلنے کی جگہ ۔

صَید گر / گیر : [ع ف صف] شکاری ۔ شکار کرنے والا ۔

صَید گری / گیری : [ع ف ا مث] دیکھیے "صید گر / گیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

صَیدی : [ع ا مذ] شکاریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو اپنے ہم پیشہ آدمیوں سے ضد اور لڑائی رکھے ۔

صَیرفی : [ع صف] صراف ۔ کھوٹے کھرے کو پرکھنے والا ۔ کاموں میں دخل و تصرف کرنے والا ۔

صِیغہ : [سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز ۲۔ طریقت ۔ خلقت ۔ اصل ۳۔ وہ مشتق کلمہ جو کسی اصل لفظ سے نکالا گیا ہو ۔ ۴۔ شیعوں کا نکاح ۵۔ سررشتہ ۔ محکمہ ۔ شعبہ ۔ (ع / مذ)

صِیغہ پڑھانا : [ا ر محاورہ] اہل تشیع میں نکاح پڑھانا ۔ ایجاب قبول کرانا ۔

صِیغہ گردانا : [ا ر محاورہ] فعل کی گردان کرنا ۔

صَیف : [ع ا مث] موسم گرما ۔ گرمی کا موسم ۔

صَیقل : [ع ا مذ] جلا ۔ صفائی ۔ آب ۔ چمک (ا فعال کرنا ۔ ہونا)

صَیقل گر : [ع ف صف] جلا کرنے والا ۔ ہتھیار صاف کرنے والا ۔

صَیقل گری : [ع ف ا مث] صیقل گر کا کام یا پیشہ ۔

صَیہونی : [ع صف] یہودیوں کی عالمگیر تحریک ۔ وطن سے متعلق یہودیت سے متعلق ۔

صَیہونیت : [ع ا مث] یہودیوں کی عالمگیر تحریک جسکا مقصد شام اور حجاز وغیرہ کے علاقوں پر یہودی تسلط قائم کرنا ہے ۲۔ یہودیت وغیرہ ۔

ض

ض :[ع امذ] اس کا نام ضاد ہے اور اسے صاد سے تمیز کرنے کے لئے ضاد منقوطہ یا معجمہ بھی کہتے ہیں۔

۱۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں اکیسواں اور فارسی میں اٹھارہواں حرف ہے۔ عربی حروف ہجا کی ترتیب ابتث میں پندرھواں اور ترتیب ابجد میں چھبیسواں حرف ہے۔
۲۔ یہ عربی سے مخصوص حرف ہے۔ اس کی آواز اور کسی زبان میں نہیں پائی جاتی۔ اس لئے غیر عربی الفاظ کو ضاد سے لکھنا غلط ہے۔
۳۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
۴۔ عربی تقسیم کے مطابق شمسی حروف میں شامل ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا بلکہ ضاد کو مشدد کر دے گا۔
۵۔ حساب جمل میں اس کے آٹھ سو عدد محسوب ہوتے ہیں۔

ض — ا

ضابِط :[ع صف] ۱۔ انتظام میں رکھنے والا ۲۔ حفاظت میں رکھنے والا۔ مدبّر۔ حاکم۔ مالک۔ قابض ۳۔ صابر۔ متحمل۔ بردبار۔
ضابِطہ :[ع امذ] قاعدہ۔ قانون۔ دستور العمل۔
ضابطہ برتنا :[ا، محاورہ] دستور اور رواج کے مطابق کارروائی کرنا۔ قانون پر چلنا۔
ضاحِک :[ع صف] ۱۔ ہنسنے والا۔ خنداں ۲۔ منہ چڑانے والا۔ تحقیر کرنے والا ۳۔ مسخرا۔ ظریف۔ ٹھٹھول۔
ضارِب :[ع صف] مارنے والا۔ چوٹ لگانے والا۔ **ضالّ** :[ع صف] گمراہ۔ بھٹکا ہوا۔
ضامِن :[ع صف] ۱۔ کسی کی ضمانت دینے والا۔ ذمہ دار ۲۔ لکڑی کی وہ پچر جو حقّہ کی دونوں نالیوں (نڑیوں) کے درمیان لگائی جاتی ہے ۳۔ وہ دہی جس کے ذریعے سے دودھ جمانے ہیں۔ مایۂ خمیر۔ **ضامن دار** :[عف صف] ضامن پیش کرنے والا۔
ضامن در ضامن :[ع صف] ذمہ دار کا ذمہ دار۔ کفیل کا کفیل۔
ضامن دینا :[ا، محاورہ] کسی کو اپنا کفیل یا ذمہ دار بنا کر پیش کرنا۔
ضامن نہ ہو جئے، گرہ سے دیجئے :[ا، مقولہ] کسی کا ذمہ دار بننے سے بہتر ہے کہ گرہ سے ادا کرے۔
ضامن نہ ہووے باپ کا، ہے ضامنی گھر پاپ کا :[ا، مقولہ] خواہ کوئی کیسا ہی عزیز ہو اس کی ضمانت نہیں دینی چاہیئے۔ ضمانت فساد کی جڑ ہے۔
ضامن ہونا :[ا، مص مرکب] ذمہ دار بننا۔ کفیل ہونا۔ **ضامنی** :[عف امث] ذمہ داری۔ کفالت۔ ضمانت۔
ضامنی پروفی کی کیا :[ا، مثل] معمولی حیثیت والے کی ضمانت نہیں لینی چاہیئے۔
ضامنی میں دینا :[ا، محاورہ] سپردگی میں دینا۔
ضائع :[ع صف] ۱۔ رائیگاں۔ اکارت ۲۔ غارت۔ تباہ۔ برباد ۳۔ بے فائدہ۔
ضائع جانا :[ا، مص مرکب] ۱۔ رائیگاں جانا ۲۔ تباہ ہونا۔ غارت ہونا ۳۔ مر جانا۔
ضائع کرنا :[ا، مص مرکب] رائیگاں کرنا۔ برباد کرنا۔ اڑانا۔ **ضائع ہونا** :[ا، محاورہ] دیکھئے "ضائع جانا"
ضائع ہونا :[ا، محاورہ] دیکھئے "ضائع جانا"

ض — ب

ضَبط :[ع امث] ۱۔ برداشت۔ تحمل ۲۔ انتظام۔ بندوبست ۳۔ روک۔ رکاوٹ۔
ضبطِ تولید / ولادت :[ع امذ، ترکیب فارسی] ایسی تدبیر اختیار کرنا جس سے بچے پیدا نہ ہوں یا حسب منشا پیدا ہوں۔ انگریزی birth control کا ترجمہ۔
ضبط دشوار (مشکل) ہونا :[ا، مص مرکب] ۱۔ برداشت کرنا بہت مشکل ہونا ۲۔ کسی حالت کو روکنا مشکل ہو جانا ۳۔ رونے سے نہ رک سکنا۔
ضبط کرنا :[ا، مص مرکب] ۱۔ حق کا روکنا ۲۔ تحمل کرنا ۳۔ گورنمنٹ کا کسی کتاب، رسالے یا جائداد کو قرق کرنا ۴۔ غصے کو روکنا ۵۔ آنسوؤں کو روکنا ۶۔ تکلیف پر اُف نہ کرنا۔ کسی بات کا اظہار نہ دینا۔ لکھنا (بالخصوص اعراب کے ساتھ)
ضبط ہونا :(ا، مص مرکب) دیکھئے "ضبط کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ضبط کو کام فرمانا :[ا، محاورہ] ضبط کرنا۔ **ضبطِ مال و دیوان** :[عف امذ] مالگزاری کے روپے کا انتظام۔ **ضبطی** (عف امث) قرقی۔ عدالت کے حکم سے کسی کا مال لے لینا۔ **ضبطی ہونا** :[ا، محاورہ] قرقی ہونا۔

ض — ح

ضحّاک :[ع امبالغہ] ۱۔ بہت ہنسنے والا ۲۔ ایک ایرانی بادشاہ جو بہت ظالم تھا۔
ضِحک :[ع امث] قہقہہ۔ کھلکھلا کے ہنسنا۔
ضُحکہ :[ع امذ] وہ جس پر سب ہنسیں۔ جو سب پر ہنسے۔
ضُحیٰ :[ع امذ] ایک پہر دن چڑھے۔ چاشت کا وقت۔

ض — خ

ضَخامت :[ع امث] حجم۔ جسامت۔ موٹائی۔
ضَخیم :[ع صف] حجم والا۔ بہت بڑا۔ موٹا۔

ض — د

ضِد :[ع صف] ۱۔ مخالفت ۲۔ برعکس چیز ۳۔ ہٹ۔ سینہ زوری۔ اصرار۔ تکرار۔ جھگڑا۔
ضد آنا :[ا، محاورہ] ہٹ پیدا ہونا۔
ضد باندھنا :[ا، محاورہ] دیکھئے "ضد بندھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ضد بندھنا :[ا، محاورہ] ۱۔ اڑنا۔ ہٹ ہونا ۲۔ مخالفت ہونا۔ بحث ہونا ۳۔ عداوت ہونا ۴۔ ہمسری ہونا۔
ضد پر :[ا، متعلق فعل] مخالفت سے۔ **ضد پر آنا** :[ا، محاورہ] ہٹ کرنا۔ مخالفت کرنا۔
ضد پوری کرنا :[ا، محاورہ] کسی کی ہٹ کے موافق کرنا اور اس کے کہنے پر عمل کرنا۔
ضد چڑھانا :[ا، محاورہ] کسی کو ضد پر آمادہ کرنا۔ **ضد چڑھنا** :[ا، محاورہ] اڑنا۔ ہٹ پر آنا۔
ضد دلانا :[ا، محاورہ] ہٹ کی تحریک کرنا۔ **ضد رکھ دینا / رکھنا** :[ا، محاورہ] کینہ رکھنا۔ مخالفت رکھنا۔ بیر رکھنا۔ کسی کے کہنے کو رد کرنا۔

ضِد کا پورا ہے: [ا۔ محاورہ] اپنی ہٹ نہیں چھوڑتا ہے۔
ضِد کرنا: [ا۔ مص۔ کس۔ آ] اڑنا۔ ہٹ کرنا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا ہے۔
ضِد نکالنا: [ا۔ محاورہ] جِھڑ نکالنا۔ بَیر لینا۔
ضِد نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ضِد نکالنا" یہ لازم ہے۔
ضِد ا بدی ہونا: [ا۔ محاورہ] بحث تکرار ہونا۔ جھگڑا ہونا۔
ضِدّم ضِدّا: [ع۔ ا مذ] ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔
ضِدّن: [ا۔ صف] دیکھئے "ضِدّی" جس کی یہ تانیث ہے۔
ضِدنا: [ا۔ مص۔ جبل] ضِد کرنا۔ ضِدّی: ہٹ کرنے والا۔ اَڑیل۔

ض ــــــ ر

ضِرار: [ع۔ ا مذ] ۱۔ ایک دوسرے کو ضرر پہنچانا۔ باہمی نقصان ۲۔ ایک مسجد جو مدینہ میں منافقوں نے بنائی تھی جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گروا دیا تھا۔
ضَرب: [ع۔ ا مث] ۱۔ چوٹ۔ مار۔ صدمہ ۲۔ ضرر۔ نقصان ۳۔ تلوار یا کسی ہتھیار کی چوٹ یا زخم۔ ۴۔ ٹھپا۔ مُہرہ۔ نقش ۶۔ (حساب) وہ قاعدہ جس سے ایک رقم کو کئی بار آپس میں مختصر ترکیب سے جمع کیا جاتا ہے ۷۔ شعر کا آخری رکن ۸۔ دل میں اللہ اللہ کرنا ۹۔ زور۔ تیزی ۱۰۔ آفت۔ مصیبت ۱۱۔ تروں کا شمار۔ تعداد ۱۲ (امث) سکّہ ۱۳۔ (صف) مارا ہوا۔ چوٹ لگا ہوا۔ ٹھپا لگا ہوا ۱۴: مُہر لگا ہوا
ضَرب آنا: [ا۔ محاورہ] چوٹ لگنا۔ دھکا لگنا۔
ضَرب اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] نقصان گوارا کرنا۔ صدمہ برداشت کرنا۔
ضَرب اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ضرب اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ضَربُ المَثَل: [ع۔ ا مث] کہاوت۔ مثل۔ کہاوت کی طرح مشہور۔
ضَربُ المَثَل ہو جانا / ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت مشہور ہو جانا۔
ضَرب پڑنا: [ا۔ محاورہ] چوٹ لگنا۔ آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔
ضَرب چلیپا: [ع۔ ف۔ امث] ایک خاص قسم کی چوٹ جو آڑی دی جاتی ہے۔
ضَرب خانہ: [ع۔ ف۔ امث] ٹکسال۔ سکہ بننے کی جگہ / مقام۔
ضَرب دینا: [ا۔ محاورہ] ایک عدد کو کئی بار مختصر ترکیب سے جمع کرنا ۲۔ سکّہ پر مُہر لگانا۔
ضَربِ شدید: [ع۔ ف۔ امث] سخت چوٹ۔ مہلک چوٹ۔ سخت صدمہ۔
ضَربِ شمشیر: [ع۔ ف۔ امث] تلوار کی چوٹ۔ ضَرب کھانا: [ا۔ محاورہ] چوٹ کھانا
ضَرب کی تاب نہ لانا: [ا۔ محاورہ] وار کو برداشت نہ کر سکنا۔
ضَربِ لازب: [ع۔ امث] وہ چوٹ جس کا نشان باوجود اچھا ہو جانے کے ہمیشہ قائم رہے۔
ضَرب لگانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ چوٹ لگانا۔ دھکا دینا ۲۔ تلوار کا وار کرنا ۳۔ کوٹنا۔ مارنا۔ ۵۔ سکہ پر ٹھپہ لگانا۔ ضَرب لگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ضرب لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ضَرب مانگنا: [ا۔ محاورہ] حریف کو وار کرنے کے لئے کہنا۔
ضَربِ مرکب: [ع۔ امذ] حساب کا ایک قاعدہ جس میں نقدی یا جنس کے وزن وغیرہ کو مختصر ترکیب سے کئی گنا کرتے ہیں۔ ضَربِ مُفرد: [ع۔ امث] سادہ ضرب۔
ضَربت / ضَربہ: [ع۔ امث] دیکھئے ضرب ۱، ۲، ۳ (افعال۔ کھانا)
ضَربی: [ع۔ متعلق فعل] زور سے۔ قوت سے ۲۔ ضرب مارنے والا ۳۔ مرکبات میں جیسے یک ضربی۔
ضَرر: [ع۔ امذ] زیاں۔ نقصان ۲۔ مصیبت۔ آفت (افعال: پہنچانا۔ پہنچنا۔ دینا۔ کرنا۔ ہونا)
ضَرر رساں: [ع۔ صف] نقصان پہنچانے والا۔
ضَرر رسانی: [ع۔ امث] دیکھئے "ضرر رساں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ضِرغام: [ع۔ امذ] شیر۔ اسد۔ ضِرغامِ فلک: [ع۔ امذ] بُرجِ اسد۔
ضُروب: [ع۔ امذ] ۱۔ دیکھئے "ضرب" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ بہت سے طریقے۔
ضرور: [ع۔ صف] ۱۔ واجب۔ فرض۔ لازم۔ ناگزیر۔ جو کرنا پڑے ۲۔ (متعلق فعل) بے شک۔ یقیناً ۳۔ طنزاً جب کسی کو کہنا ہو کہ کام نہیں کیا۔ ہرگز نہیں۔ بالفتح فصیح ہے۔
ضرور بالضرور / ضرور ضرور / ضرور ہی: [متعلق فعل] تاکید کے واسطے۔
ضَرورت: [ع۔ امث] ۱۔ حاجت۔ احتیاج ۲۔ کمی نہ ہونا ۳۔ مجبوری۔
ضرورت ایجاد کی ماں ہے: [ا۔ مثل] جب ضرورت ہو تو آدمی کوئی نہ کوئی انتظام کر ہی لیتا ہے۔ ضرورۃً / ضرورتاً: [ع۔ متعلق فعل] ضروری طور پر۔ مجبوراً۔
ضرورت پڑنا: [ا۔ محاورہ] حاجت۔ کام پڑنا۔
ضرورت سب کچھ کرا لیتی ہے: [ا۔ مثل] ضرورت کے وقت جو کچھ ہو سکتا ہے، کیا جاتا ہے۔ نیک نامی بدنامی کی کوئی پروا نہیں ہوتی۔ ضرورت ماری جانا: [ا۔ محاورہ] ضرورت ہو جانا۔ ضرورت میں کام آنا: [ا۔ محاورہ] وقت پر مدد کرنا۔ وقت پر مفید ہونا۔
ضرورت میں گدھے کو بھی باپ بنا لیتے ہیں: [ا۔ مثل] مصیبت کے وقت ادنےٰ آدمی کی بھی خوشامد کرنی پڑ جاتی ہے۔ ناچاری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔
ضرور ہے: [ا۔ محاورہ] درکار ہے۔ ضَروری: [ع۔ صف] واجب۔ تاکیدی۔ لازمی۔
ضروری الاظہار: [ع۔ صف] جس کا ظاہر کرنا یا بیان کرنا ضروری ہو۔
ضروریات: [ع۔ امث] وہ افعال یا چیزیں جو کسی کام کے لئے لازم ہوں۔
ضروریات سے فارغ / فراغت / فراغی ہونا: [ا۔ محاورہ] جائے ضرور جاکر اور ہاتھ منہ دھو کر تیار ہو جانا۔
ضَریح: [ع۔ امث] ۱۔ قبر جو سیدھی کھودی جائے۔ جو ایک طرف کھودیں اسے لحد کہتے ہیں۔ ۲۔ ایک قسم کا تعزیہ جو گنبد نما ہوتا ہے۔

ض ــــــ ع

ضِعاف: [ع۔ صف] دیکھئے "ضعیف" جس کی یہ جمع ہے۔
ضَعف: [ع۔ امذ] بیہوشی۔ غشی ضَعف آنا: [ا۔ محاورہ] غشی آنا۔ بے ہوشی ہونا
ضِعف: [ع۔ صف] دو چند۔ دوگنا ۲۔ علم جفر کا ایک قاعدہ جس میں حروف کا دوگنا کر کے جوابات نکالتے ہیں۔ ضُعف: [ع۔ امذ] سستی۔ ناتوانی۔ کمزوری ۲۔ بے ہوشی۔ غشی۔
ضُعفُ العقل: [ع۔ امذ] عقل کی کمی۔ دیوانگی۔
ضُعفِ بصارت / بصر: [ا] آنکھوں کی روشنی کم ہونا۔ قوت باصرہ کا کمزور ہونا۔
ضُعفِ جگر: [ع۔ امذ] جگر کا اپنا کام پوری طرح نہ کرنا۔
ضُعفِ دل / قلب: [ع۔ امذ] دل کا تھوڑی سی محنت سے دھڑکنے لگ جانا۔ یہ ایک بیماری ہے جو دل کے گرد چربی پیدا ہونے سے ہو جاتی ہے۔
ضُعفِ دماغ: [ع۔ امذ] دماغ کی کمزوری۔ دماغ کا تھوڑے سے کام سے تھک جانا۔
ضُعفِ مثانہ: [ع۔ امذ] مثانہ کی کمزوری جس میں پیشاب بار بار آتا ہے۔
ضُعفِ معدہ: [ع۔ امذ] معدہ کی وہ حالت جس میں کھانا اچھی طرح ہضم نہ ہو سکے۔
ضُعفا: [ع۔ امذ] "ضعیف" کی جمع۔
ضَعیف: [ع۔ صف] ۱۔ کمزور۔ ناتواں ۲۔ سست ۳۔ بوڑھا (افعال: کرنا۔ ہونا) ۴۔ وہ حدیث جس کی اسناد قابل اعتبار نہ ہوں۔

ضعیفُ الاِعتقاد: [ع صف] سست اعتقاد۔ وہ جس کا اعتقاد پکا نہ ہو جو کسی بات کو رد کرے۔
ضعیفُ الاعتقادی: [ع امث] دیکھیے "ضعیف الاعتقاد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ضعیفُ الایمان: [ع امذ] وہ جس کا ایمان کمزور ہو جو مذہبی باتوں پر یقین نہ کرے۔
ضعیفُ البُنیان: [ع صف] جس کی بنیاد کمزور ہو عموماً انسان کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
ضعیفُ البُنیانی: [ع امث] دیکھیے "ضعیف البنیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ضعیفُ الجُثّہ: [ع صف] کمزور بدن۔ لاغر۔ دبلا۔
ضعیفُ العقل: [ع صف] کم عقل۔ بیوقوف **ضعیفُ حال**: [ع صف] غریب مصیبت زدہ
ضعیفہ: [ع امث] ضعیف عورت۔ بوڑھی عورت **ضعیفی**: [ع امث] بڑھاپا۔

ض ـــ غ

ضغطہ: [ع امث] بھینچنا **ضغطۃُ القبر**: [ع امث] قبر کا بھینچنا۔
ضغطہ: [ع امذ] سختی۔ مشقت۔ کش مکش۔ تنگی **ضغطے میں پڑنا**: [ا ر محاورہ] کشمکش میں
ضغطے میں ہونا: [ا ر محاورہ] کشمکش میں ہونا **ضفدع**: [ع امذ] مینڈک۔

ض ـــ ل

ضلال / ضلالت: [ع امذ۔ مث] ۱۔ گمراہی۔ راہ راست سے بھٹکنا۔ غلطی ۲۔ تباہی بربادی
گناہ۔ بدی۔ **ضلع / ضلع**: [ع امذ] ۱۔ پہلو۔ طرف ۲۔ خط۔ لکیر ۳۔ ذومعنی بات۔ رعایت لفظی۔ تلازم
۴۔ وہ علاقہ جو چند تحصیلوں پر مشتمل ہو ۵۔ ملک کا حصہ / جزو ۶۔ وہ علاقہ جو ڈپٹی کمشنر یا ڈپٹی
کمشنر کے ماتحت ہو ۷۔ حاکم ضلع کا صدر مقام ۸۔ ذومعنی بات کرنے کا ہنر ۹۔ طائف کے قریب
ایک پہاڑ **ضلع بندی**: [عف امث] صوبوں میں ضلعوں کی تقسیم **ضلع بولنا**:
[ا ر محاورہ] ذومعنی بات کرنا **ضلع جگت**: [ع ہ امث] پہلو دار بات جس میں رعایت ہو۔
ضلعدار: [عف امذ] محکمہ نہر میں ایک افسر جو نائب تحصیلدار کے ہم مرتبہ ہوتا ہے ۲۔ وہ افسر
جو ضلع کی مالگزاری کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ تحصیل وصول کرنے والا **ضلعداری**: [عف امث]
ضلعدار کا عہدہ یا کام **ضلل**: [ع امذ] غلطی۔ خرابی **ضلیل**: [ع صف] ۱۔ وہ جو بہت غلط کام کرتا ہو گمراہ

ض ـــ م

ضم: [ع امذ] ۱۔ ملانا۔ شامل کرنا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
ضمّہ: [ع امذ] پیش یا رفع کی حرکت۔ جو ضماد کی تخفیف ہے۔ (افعال: آنا۔ دینا)
ضماد: [ع امذ] ۱۔ دوا کو پانی یا کسی اور چیز میں ملا کر بدن پر لگانا ۲۔ لیپ (افعال: کرنا۔ ہونا)
ضمانت: [ع امث] ذمہ داری۔ کفالت۔
ضمانت پر ہونا / رہا ہونا: [ا ر محاورہ] کسی کی ذمے داری پر رہا ہونا۔ قید سے آزاد ہونا۔
ضمانت داخل کرنا: [ا ر مص مرکب] تحریری ضمانت داخل کرنا / ضامن بننا۔
ضمانت داخل ہونا: [ا ر مص مرکب] دیکھیے "ضمانت داخل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ضمانت دینا: [ا ر محاورہ] ۱۔ کسی کو ضامن پیش کرنا۔ کسی کا ضامن بننا۔ تحریری ضمانت نامہ داخل کرنا۔
ضمانت ضبط کرنا: [ا ر مص مرکب] ضامن سے شرط ضمانت پوری نہ ہونے پر نقد روپیہ وصول کرنا۔
ضمانت ضبط ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "ضمانت ضبط کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ضمانت کرنا: [ا ر محاورہ] ضامنی دینا۔ کسی کا ضامن ہونا / بننا۔

ضمانت نامہ: [عف امذ] تحریری ضمانت۔ کفالت نامہ
ضمانت ہونا: [ا ر محاورہ] کسی ملزم کا ضمانت پر رہا ہو جانا۔
ضمانتی: [ع صف] ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔
ضمائر: [ع امث] دیکھیے "ضمیر" جس کی یہ جمع ہے۔
ضمائم: [ع صف] دیکھیے "ضمیمہ" جس کی یہ جمع ہے۔
ضمن: [ع امذ] اندر۔ اندرون ۲۔ شمول۔ بیچ۔ شرکت ۳۔ باب۔ فصل۔ دفعہ۔ فقرہ۔ مضمون۔
ضمن میں ہونا: [ا ر محاورہ] حق میں ہونا۔ شامل ہونا۔
ضمنی: [ع امث] ۱۔ مقدمہ کی تفتیش کی روزانہ رپورٹ جو پولیس افسر بھیجے ۲۔ ذیلی۔
ضمنیات: [ع امث] ضمنی کی جمع **ضمہ**: [ع امذ] دیکھیے "ضم"
ضمیر: [ع امذ] ۱۔ دل۔ قلب ۲۔ راز۔ بھید ۳۔ مخفیہ خیالات۔ خیال ۴۔ وہ قوت جو برے کاموں سے
روکے ۵۔ (امث) وہ اسم جو قائم مقام اسم نکرہ یا معرفہ ہو۔
ضمیران: [ع امث] ایک خوشبودار پھلواری، مروہ **ضمیم / ضمیمہ**: [ع امذ] ۱۔ ملا ہوا۔
شامل کیا گیا۔ تتمہ۔ تکملہ ۲۔ پرچہ زائد ۳۔ اخبار کی معمول سے الگ اشاعت۔

ض ـــ و

ضو: [ع امث] روشنی۔ پرتو۔ چمک۔ نور۔
ضو افشاں / فشاں: [عف صف] روشن۔ منور۔ روشنی دینے والا۔
ضو افشانی / فشانی: [عف صف] دیکھیے "ضو افشاں" وغیرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ضو ریز / افگن: [عف صف] روشنی پھیلنے والا۔
ضو ریزی / افگنی: [عف امث] دیکھیے "ضو ریز / افگن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ضوابط: [ع امذ] دیکھیے "ضابطہ" جس کی یہ جمع ہے۔

ض ـــ ی

ضیا: [ع صف] روشنی۔ چمک۔ رونق۔
ضیا افروز / بار / پاش / فشاں / گستر: [عف صف] روشن کرنے والا۔ روشنی پھیلانے والا۔
ضیا افروزی / باری / پاشی / فشانی / گستری: [عف امث] دیکھیے "ضیا افروز / بار" وغیرہ
جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ضیافت: [ع امث] مہمانی۔ دعوت۔ کھانا کھلانا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
ضیافت خانہ: [عف امذ] مہمان خانہ۔ مہمان داری کا مکان۔ جہاں دعوت وغیرہ کا انتظام ہو۔
ضیغم: [ع امذ] پھاڑنے والا۔ شیر ۲۔ شیر ببر
ضیف: [ع امذ] مہمان۔
ضیق: [ع امث] ۱۔ تنگی ۲۔ دقت۔ دشواری ۳۔ مکان کی تنگی۔
ضیقُ النفس: [ع امذ] دمہ۔ سانس کا روگ۔ دم کا گھٹنا۔
ضیق میں آنا: [ا ر محاورہ] تنگ ہونا۔ عاجز آنا۔ مشکل میں پھنسنا۔
ضیق میں پڑنا: [ا ر محاورہ] مشکل میں پڑنا۔
ضیق میں جان ہونا: [ا ر محاورہ] بہت پریشانی ہونا۔
ضیق میں رہنا: [ا ر محاورہ] عاجز ہونا۔
ضیق میں ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "ضیق میں آنا"۔

ط

ط: [ع-امث] عربی اور فارسی میں اسے طا اور اردو میں طوئے کہتے ہیں۔
۱۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں یہ بائیسواں حرف ہے اور فارسی کا انیسواں۔ عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتث میں سولہواں اور ترتیب ابجد میں نواں حرف ہے۔
۲۔ التباس سے بچنے کے لئے اسے طائے مہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔
۳۔ یہ عربی سے مخصوص لفظ ہے اور کسی دوسری زبان میں اس کی آواز نہیں پائی جاتی۔ اس لئے غیر عربی الفاظ کو طا سے لکھنا غلط ہے۔
۴۔ عربی تقسیم کے مطابق یہ شمسی حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آجائے تو لام اپنی آواز نہیں دیتا بلکہ "ط" کو مشدد کر دیتا ہے۔
۵۔ حساب جمل میں اس کے نو عدد شمار کئے جاتے ہیں۔
۶۔ علم نجوم میں برج سرطان کی علامت ہے۔
۷۔ عربی میں "ت" اور "د" کے بدل کے طور پر بھی مستعمل ہے۔ مثلاً تبرزد اور خدشہ سے طبرزد اور خطشہ۔

ط — ا

طاب: [ع-صف] ۱۔ خوشبودار معطر ۲۔ لفیس۔ خوشگوار۔ اچھا ۳۔ پاک
طاب ثراہ: [ع-کلمہ۔ دعا] اسکی قبر خوشبودار ہو یعنی اس کی روح کو سکون ہو۔
طابع: [ع-صف فاعلی] ۱۔ فرماں بردار ۲۔ چھاپنے والا۔
طابق النعل بالنعل: [ع-مثل] بالکل مطابق و موافق ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔ عین مین ہو بہو۔
طارق: [ع-امذ] ۱۔ صبح کا ستارہ ۲۔ سخت حادثہ ۳۔ رات کو چلنے والا۔
طارم: [ع-امذ] ۱۔ لکڑی کا مکان۔ بالاخانہ۔ بلند مکان ۲۔ گنبد۔ آسمان۔
طارم اعلیٰ: [ع-امذ بہ ترکیب فارسی] فلک الافلاک۔
طاری: [ع-صف] ۱۔ ظاہر ہونے والا ۲۔ پھیلنے والا ۳۔ غالب آنے والا۔
طاری ہونا: [ا-مصدر کیبی] کسی کیفیت کا غالب آنا۔ چھا جانا۔ مسلط ہونا۔
طاس: [ع-امذ] (تاس کا معرب) ۱۔ طشت۔ لگن۔ تھال ۲۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۳۔ وہ قطعہ زمین جس کا پانی کسی دریا میں آ پڑتا ہو۔
طاس باز: [ع-ف صف] طاس بازی کرنے والا۔ دیکھئے "طاس بازی"
طاس بازی: [ع-ف امث] طاس کو لکڑی پر گھما کر اچھالنا اور پھر گرتے ہوئے طاس کو اسی لکڑی پر سنبھالنے کا کھیل۔
طاسہ: [ع-امذ] ایک قسم کا باجا جو کھال منڈھ کر بنایا جاتا ہے۔ تاشہ۔
طاسہ نواز: [ع-ف صف] طاسہ بجانے والا۔
طاسہ نوازی: [ع-ف امث] طاسہ بجانے کا کام یا پیشہ۔
طاسے مرفے والے: [ا-امذ] ڈھول تاشے والے۔
طاعت: [ع-امث] ۱۔ عبادت۔ بندگی ۲۔ فرمانبرداری
طاعت گاہ: [ع-ف امث] عبادت گاہ۔ مسجد۔
طاعت ور: [ع-ف صف] فرماں بردار۔ مطیع۔
طاعت وری: [ع-ف امث] دیکھئے "طاعت ور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طاعن: [ع-صف] طعنہ دینے والا۔ چھید کرنے والا۔
طاعون: [ع-امذ] ایک مشہور متعدی مرض جس میں گلٹیاں نکل آتی ہیں اور بہت تیز بخار ہو جاتا ہے۔ یہ مرض پہلے چوہوں میں پھیلتا ہے پھر انسانوں میں آتا ہے۔ اس کے پسو ہوتے ہیں جن کے کاٹنے سے یہ بیماری ہوتی ہے۔
طاغوت: [ع-امذ] شیطان۔ گمراہوں کا سردار ۲۔ بت دیو ۳۔ خدا کے سوا کوئی اور جس کی پرستش کی جائے۔
طاغوتی: [ع-صف] سرکش۔ باغی۔ مالک کا نافرمان۔ حد سے گزرنے والا۔
طاغی: [ع-صف] باغی۔ سرکش۔ نافرمان ۲۔ ظالم۔ حد سے بڑھا ہوا۔
طاق: [ع-امذ] ۱۔ محراب ۲۔ محراب دار ڈاٹ جو دیواروں میں بناتے ہیں ۳۔ وہ عدد جو دو پر تقسیم نہ ہو ۴۔ طاقچہ جو دیواروں میں بناتے ہیں۔ ۵۔ ایک درخت ۶۔ ایک قسم کا کپڑا ۷۔ شکن ۸۔ (صف) فرد۔ لاثانی (انفعال کرنا۔ ہونا) ۹۔ معدوم (پہلوی تاک کا معرب)
طاق ابرو: [ع-امذ] ابرو کا طاق سے استعارہ کرتے ہیں۔
طاق ارزق / بانسیچہ رنگ / خضرا / طارم فیروزہ / محکمی / لاجوردی / نیلوفری / یا نیم خانہ } آسمان (ع-ف امذ)
طاق ایوان: [ع-امذ] بلرہ خانہ۔ ڈیوڑھی۔
طاق بندی: [ع-ف امث] دیوار پر محراب کی نقصاویر سجاوٹ کی غرض سے بنانا۔
طاق بھرنا: [ا-محاورہ] مسجد یا مزار کے طاق میں چراغ جلا کر پھول بتاشے وغیرہ چڑھانا۔
طاق پر بیٹھا الو بھر بھر مانگے چلو: [ا-مثل] ایسے کمینے کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے سے بہتر آدمیوں پر حکم چلائے۔
طاق پر بٹھانا / دھرنا / رکھنا: [ا-محاورہ] ۱۔ کسی کام کا خیال چھوڑ دینا ۲۔ بھول جانا ۳۔ الگ رکھنا ۴۔ طاقچہ پر دھرنا۔
طاق پر رکھا رہنا: [ا-محاورہ] ۱۔ ناکارہ ہو جانا۔ نکما ہو جانا ۲۔ بے اثر ہونا ۳۔ ضرورت نہ
طاق پر رہنا: [ا-محاورہ] کسی چیز کا بیکار رہنا ۲۔ کسی کام نہ آنا ۳۔ بے تعلق رہنا۔
طاق پہ ہونا: [ا-محاورہ] بیکار رہنا۔
طاق فراموش / فراموشی: [ع-ف امذ] وہ جگہ جہاں کچھ رکھ کر بھول جائیں۔
طاق کرنا: [ا-محاورہ] یکتا کرنا۔ ماہر بنا دینا۔
طاق میں ایمان رہنا: [ا-محاورہ] بے ایمانی کی جانا۔ ایمان کی پروا نہ ہونا۔
طاق نسیاں: [ع-امذ] نسیاں کا طاق سے استعارہ کرتے ہیں۔ بھول جانے والی جگہ۔
طاق نسیاں پر / میں دھرنا / رکھنا: [ا-محاورہ] بھول جانا۔ یاد نہ رکھنا۔
طاق (و) جفت: [ع-ف امذ] ایک کھیل جس میں ہاتھ میں کئی کوڑیاں یا اور چیزیں لیکر پوچھتے ہیں کہ طاق یا جفت۔ اگر بتانے والا ٹھیک بتا دے تو وہ جیت جاتا ہے۔
طاق وجفت دونوں ہونا: [ا-محاورہ] ہر صورت میں کامیابی ہونا۔
طاق ہو گیا: [ا-محاورہ] کاروبار سیکھ سکھا کر خوب ہوشیار ہو گیا۔
طاق ہونا: [ا-محاورہ] ماہر ہونا۔ **طاقچہ:** [ع-ف امذ] چھوٹا طاق۔
طاقت: [ع-امث] ۱۔ قوت۔ زور۔ بل۔ شکتی۔ توانائی۔ سکت ۲۔ حوصلہ۔ مجال۔ بساط ۳۔ مقدور۔ حیثیت۔ مقدرت ۴۔ سلطنت۔ حکومت۔

طاقت آزمائی [عف امث] ۱. زور آزمانا۔ زور آزمائی

طاقت سلب ہونا [ا رمص مرکب] طاقت جاتی رہنا۔

طاقت (سے) طاق ہونا ؛ [ا رمحاورہ] طاقت جاتی رہنا / زائل ہونا۔

طاقت کا جواب دینا ؛ [ا رمحاورہ] کمزور ہو جانا۔ طاقت نہ رہنا۔

طاقت کرنا ؛ [ا رمحاورہ] زور دکھانا۔ قوت آزمانا۔

طاقت مہماں نہ داشت خانہ بہ مہماں گزاشت ؛ [ف مثل] مہمانداری کی طاقت نہ رکھتا تھا۔ گھر مہمان کے لئے چھوڑ گیا۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی مہمانداری کے موقع پر ٹل جائے۔

طاقت ور ؛ [عف صف] قوی۔ توانا۔ مضبوط۔ زور آور پہلوان۔ بلی۔

طاقت وری ؛ [عف امث] دیکھئے "طاقت ور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

طاقت ہونا ؛ [ا رمحاورہ] قوت ہونا۔ زور ہونا ۲۔ سلطنت ہونا

طاقچہ ؛ [ع امذ] کپڑے کا تھان۔

طاقی ؛ [ع صف] وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ بڑی اور ایک چھوٹی ہو جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

طاقیہ ؛ [ع امث] وہ ٹوپی جو پگڑی کے نیچے رکھتے ہیں۔

طال ؛ [ع امذ] لمبا ہوا۔ دراز

طال (اللہ) عمرہٗ ؛ [ع دعا] اسکی عمر دراز ہو۔

طال بقاہٗ ؛ [ع دعا] عمر دراز ہو۔

طالب ؛ [ع صف] طلب کرنے والا۔ مانگنے والا۔ خواستگار ۲۔ مشتاق ۳۔ ڈھونڈنے والا۔ جویا۔

طالب امان ہونا ؛ [ا رمحاورہ] امان چاہنا۔ لڑائی میں ہار مان کر جان بخشی چاہنا۔

طالب جنگ ہونا ؛ [ا رمحاورہ] مبارز طلبی کرنا۔ دشمن کو لڑائی کے لئے بلانا۔

طالب دنیا [عف صف] دنیا دار۔

طالب دیدار ؛ [ع صف] عاشق۔

طالب زر [عف صف] لالچی۔ حریص۔ مال و زر کا خواہاں / خواستگار۔

طالب علم ؛ [ع امذ] علم پڑھنے / سیکھنے والا۔ متعلم۔

طالب علمی ؛ [عف امث] علم سیکھنے کا کام۔ یا زمانہ۔

طالب قصاص ہونا ؛ [ا رمص مرکب] خون کا بدلہ لینے کا خواستگار ہونا۔

طالب نبرد ہونا ؛ [ا رمص مرکب] جنگ کے لئے بلانا۔

طالب و مطلوب ؛ [ع امذ] عاشق و معشوق۔

طالح ؛ [ع صف] بُرا۔ خراب۔ بد۔ بدکار۔

طالع ؛ [ع صف] ۱۔ طلوع ہونے والا۔ چڑھنے والا ۲۔ (امذ) نصیبہ۔ قسمت۔ بخت ۳۔ وہ برج جو وقت ولادت یا سوال افق پر نمودار ہو رہا ہو۔

طالع آزما ؛ [عف صف] قسمت آزمانے والا۔

طالع آزمانا ؛ [ا رمص مرکب] قسمت آزمانا۔

طالع آزمائی ؛ [عف امث] قسمت آزمائی۔

طالع بیدار ؛ [عف امذ] ۱۔ خوش قسمتی مشرق۔

طالع پھرنا ؛ [ا رمحاورہ] قسمت پھرنا۔ قسمت اچھی ہونا۔

طالع جاگنا ؛ [ا رمحاورہ] قسمت چمکنا۔ اچھے دن آنا۔

طالع چمکانا ؛ [ا رمحاورہ] ۱۔ اقبال کرنا ۲۔ نصیب چمکانا ۳۔ کسی کو اچھا عہدہ دینا۔ ۴۔ کسی کی ترقی کرنے میں امداد کرنا۔

طالع چمکنا ؛ [ا رمحاورہ] قسمت کھلنا۔ نصیبہ جاگنا۔

طالع خوابیدہ [عف صف] بدقسمتی۔ سویا ہوا نصیبہ۔

طالع ہونا ؛ [ا رمحاورہ] بُرے دن [illegible] بدبختی ہو۔

طالع شناس [عف صف] نجومی۔ منجم [illegible]۔

طالع شناسی [عف امث] علم نجوم۔ جوتش کا علم۔

طالع کا گھر ؛ [ا رامذ] بارہ برجوں میں سے کوئی برج۔

طالع کی رسائی / یاوری ؛ [ع امث] خوش قسمتی۔ قسمت کی یاوری۔

طالع لڑنا ؛ [ا رمحاورہ] قسمت کا موافق ہونا۔

طالع مسئلت ؛ [ع امذ] وہ برج جو سوال کرتے وقت افق پر نمودار ہو۔

طالع مند / ور [عف صف] خوش قسمت۔ صاحب نصیب۔

طالع مندی / وری [عف امث] خوش قسمتی۔ اچھا نصیبہ۔

طالع میں لکھا ہونا ؛ [ا رمحاورہ] قسمت میں ہونا۔

طالع یاور ہونا ؛ [ا رمحاورہ] اچھے دن ہونا۔ قسمت کا یاور ہونا۔

طالع ولادت ؛ [ع امذ] وہ برج جو ولادت کے وقت نمودار ہو رہا ہو۔

طالع ہونا ؛ [ا رمص مرکب] چڑھنا۔

طالوت ؛ [ع امذ] بن کش بنی اسرائیل کا پہلا بادشاہ اس نے جالوت سے جنگ کر کے اسے قتل کیا۔ پھر فلسطینیوں کو شکست دی آخری عمر جب ان سے لڑتا ہوا مارا گیا۔

طامات ؛ [ع امذ] لاف و گزاف خصوصاً وہ جو ریاکار صوفی اپنی کرامتوں کے متعلق کرتے ہیں۔

طامات باف ؛ [عف صف] جھوٹ بولنے والا۔ گپی۔ شیخی خورہ۔

طامات بافی ؛ [عف امث] دیکھئے "طامات باف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

طامع ؛ [ع صف] لالچی۔ حریص۔

طاہر ؛ [ع صف] پاک صاف۔ مقدس۔

طاہری ؛ [ا رامث] تہری پلاؤ۔ ایک قسم کا کھانا جو چاولوں اور بڑیوں کو ملا کر پکایا جاتا ہے۔

طائر ؛ [ع صف] ۱۔ اڑنے والا ۲۔ پرندہ

طائر زریں بال ؛ [ع امذ] آفتاب۔

طائر سدرہ نشیں / عرش ؛ [ع امذ] حضرت جبرائیل علیہ السلام۔

طائر قبلہ نما ؛ [عف امذ] دیکھئے "مرغ قبلہ نما"

طائر عقل اڑ جانا ؛ [ا رمحاورہ] ہوش و حواس جاتے رہنا۔

طائر قدس / قدسی ؛ [ع امذ] ۱۔ فرشتہ ۲۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام۔

طائر نو گرفتار [عف امذ] وہ پرندہ جو تازہ پکڑا گیا ہو۔ تھوڑے عرصے سے پکڑا ہوا پرندہ۔ مجازاً وہ شخص جسے عاشق ہوئے تھوڑا عرصہ ہوا ہو۔

طائر وہم و خیال کا نہ پہنچنا ؛ [ا رمحاورہ] خیال تک نہ جا سکنا۔ پہنچنا ناممکن ہونا۔

طائف ؛ [ع امذ] ۱۔ طواف کرنے والا ۲۔ حجاز میں ایک قصبہ جہاں سبزہ زار اور چمن بکثرت ہیں۔

طائفہ ؛ [ع امذ] ۱۔ گروہ۔ جماعت ۲۔ قوم۔ فرقہ ۳۔ اردو میں رنڈی / کنچنی اور اس کے ہمراہی ناچنے گانے والوں کا گروہ (افعال: آنا۔ بلانا۔ ناچنا۔ نچانا)

طائل ؛ [ع صف] فائدہ۔ نفع۔ اردو میں لاطائل کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

طاؤس ؛ [ع امذ] ۱۔ مور ۲۔ ستار کی قسم کا ایک ساز جس پر مور کی شکل بنی ہوتی ہے ۳۔ کاغذ وغیرہ کا بنایا ہوا جو محرم پر نکلتے ہیں۔

طاؤس طنّاز: [ع امذ] نخرے کرنے والا۔ مجازاً معشوق۔
طاؤس کی مستی: [ارامث] کیونکہ یہ بہت تھوڑی دیر قائم رہتی ہے۔ مجازاً عارضی چیز سے تشبیہ دیتے ہیں۔
طاؤس مشرقی خرام: [ع امذ] سورج۔
طاؤسی: [ع صف] طاؤس کے رنگ کا۔ طاؤس کے متعلق۔ طاؤس سے منسوب۔
طاؤسی رقص: [ع امث] ایک قسم کا ناچ جو مور کے ناچ سے مشابہ ہوتا ہے۔

ط ــــ ب

طِبّ: [ع امث] حکمت۔ علاج معالجے کا علم۔ خصوصیت سے یونانی طب۔
طبِّ جسمانی: [عف امث] جسم کے علاج کا علم۔
طبِّ روحانی: [ع امث] روح کے علاج کا علم۔
طبابت: [ع امث] حکمت علاج۔
طِبّی: [ع صف] حکمت یا طبّ کے متعلق۔ طبّ سے منسوب۔
طبّی مدرسہ: [ع امذ] وہ سکول جہاں طبّ سکھائی جائے۔
طبیہ: [ع صف] "طبّی" کی تانیث جو اکثر جمع بھی کرتی ہے۔
طبّاخ: [ع امذ] باورچی۔ خانساماں کھانا پکانے والا۔
طبّاخی: [عف۔ امث] طباخ کا کام۔
طباشیر: [ع امث] بنسلوچن ایک سفید رنگ کی دوا جو بانس کی گانٹھوں میں سے نکلتی ہے (ف: تباشیر۔ (س) توکشیر کا معرب ہے)
طبّاع: [ع امبالغہ] بہت ذہین۔ بہت ذکی
طباعت: [ع امث] ۱۔ چھاپنے کا ہنر۔ چھاپا۔ چھپائی ۲۔ تلوار بنانے یا کمہار کا فن۔
طباعتی: [ع صف] دیکھئے "طباعت" جس سے یہ منسوب ہے۔
طبّاعی: [ع امث] دیکھئے "طبّاع" جس سے یہ منسوب ہے۔
طباق: [ع امذ] بڑی رکابی۔ تھالی۔ تسلا۔ بجائے طباق جو طبق کی جمع ہے۔
طباق سامنہ: [ارامذ] چوڑا منہ۔
طباق کا منہ سے رکھا ہے: [ار۔ روزمرہ] بھدا ہے۔ بدصورت ہے
طباقی: [ع صف] طباق سا۔
طباقی چہرہ: [عف امذ] چوڑا منہ
طباقی کتا: [ارامذ] مفت خورہ طفیلیا۔
طبّال: [ع امذ] طبلچی۔ نقارچی۔
طبالت: [ع امث] طبل بجانے کا ہنر۔
طبائع: [ع امذ] دیکھئے "طبیعت" جس کی یہ جمع ہے۔
طبخ: [ع امذ] ۱۔ پکنا۔ کھانا پکنے کا ہنر۔
طبخ خانہ: [عف امذ] باورچی خانہ۔
طبراق: [ار امذ] فقیر کی جھولی۔ کا[illegible]ی۔
طبرخون: [ع امذ] ایران کے [illegible] کا بید مجنوں ۲۔ وہاں کا بیر۔ ۳۔ ایک قسم کا رنگ۔
طبع: [ع امث] ۱۔ خصلت۔ طبیعت۔ مزاج۔ سرشت۔ فطرت ۲۔ چھاپنا ۳۔ اشاعت یا اڈیشن۔
طبع آزمائی: [ع امث] طبیعت کی ذہانت اور رسائی کا امتحان۔

طبعِ رسا/رواں: [عف صف] تیز طبیعت۔ تیز ذہن۔
طبع زاد: [عف صف] طبیعت سے نکالا ہوا۔ اپنی ایجاد۔ تخلیق۔
طبع کرنا: [ار مص مرکب] چھاپنا۔ شائع کرنا۔
طبعِ موزوں: [ع امث۔ بترکیب فارسی] وہ طبیعت جس میں شعر سے مناسبت ہو۔ وزن کا احساس ہو۔
طبع ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "طبع کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
طبعی/طبیعی: [ع صف] طبیعت سے منسوب ۲۔ ذاتی جبلّی۔ اصلی۔ قدرتی۔
طبق: [ع امذ] ۱۔ بڑی رکابی۔ تھالی ۲۔ تہ ۳۔ طبقہ۔ تختہ ۴۔ نیاز ۵۔ سونے کا ورق ۶۔ ڈھکن ۷۔ قرص۔ ٹکیہ (سورج یا چاندکی) ۸۔ کرّہ ۹۔ آسمان کا گنبد ۱۰۔ حالت۔ درجہ منزل ۱۱۔ عمر۔ زمانہ۔ بیس برس کا عرصہ ۱۲ موافق۔ مطابق ۱۳۔ چھلکا جیسے پیاز کا ۱۴۔ فرج ۱۵۔ چپٹی۔ مسا[illegible] ۱۶۔ گھوڑوں کی ایک بیماری۔
طبق الٹ جانا: [ار محاورہ] کسی خاندان میں زوال آجانا۔ کسی ملک و قوم کا تہ وبالا ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔
طبق باز/زن: [عف صف] چپٹی کھیلنے والی عورت۔
طبق بازی/زنی: [عف امث] دیکھئے "طبق باز/زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طبق چھوڑنا: [ار محاورہ] ۱۔ عورتوں کا پریوں کی نیاز دے کر طبق میں پھول اور چراغ وغیرہ رکھ کر دریا میں ڈالنا۔
طبق زنبور: [ع ف امذ] شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
طبقات: [ع امذ] دیکھئے طبقہ جس کی یہ جمع ہے۔
طبقات الارض: [ع امذ] زمین کے طبقے۔ زمانہ قدیم میں یہ خیال کرتے تھے کہ زمین کے سات طبقے ہیں اوپر نیچے ہیں زمین کے طبقوں کا علم۔
طبقاتی جنگ/کشمکش: [عف امذ] وہ جنگ یا کشمکش جو کسی معاشرے کی مختلف جماعتوں میں ہو۔
طبقچہ: [عف امذ] "طبق" کی تصغیر۔
طبقڑی: [ارامث] ۱۔ صندوقچی ۲۔ دف یا دائرہ کی گھنٹی۔
طبقہ/طبقہ: [ع امذ] ۱۔ درجہ۔ منزل۔ تختہ ۲۔ آدمیوں کا فرقہ یا گروہ ۳۔ چھت ۴۔ تہ ۵۔ زمین کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
طبقہ اڑا دینا: [ار محاورہ] سرنگ میں بارود بھر کر آگ لگا کر زمین کا ٹکڑا اڑا کر دور جا گرانا۔
طبقہ اڑ جانا: [ار محاورہ] دیکھئے "طبقہ اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
طبقہ الٹ جانا: [ار محاورہ] ۱۔ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا ۲۔ ملک کا تہ وبالا ہو جانا۔
طبقہ الٹ دینا: [ار محاورہ] ہل چل مچانا۔ تباہ کر دینا۔
طبل: [ع امذ] بڑا ڈھول۔ نقارہ (افعال: بجانا۔ بجنا۔ بجوانا)
طبل آسائش: [عف امذ] فوجوں کی واپسی کا طبل۔
طبل امان: [ع امذ۔ بترکیب فارسی] امان مانگنے کا طبل۔
طبل بازگشت: [عف امذ] لڑتی ہوئی فوجوں کو واپس بلانے کا طبل۔
طبل بشارت: [ع امذ۔ بترکیب فارسی] خوشی کا نقارہ
طبل پر چوب/چوٹ پڑنا: [ار محاورہ] نقارہ بجنا۔
طبل جنگ/حربی/رزم: [عف امذ] وہ نقارہ جو لڑائی کیلئے بجایا جاتا ہے۔
طبل زن: [عف امذ] طبل بجانے والا۔

طبل زنی: [ع ف امث] دیکھئے "طبل زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طبل سکندری: [ع امذ] سکندر کا نقارہ اس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کی آواز بہت دور دور تک جاتی تھی۔
طبل شادمانی: [ع امذ] خوشی کا نقارہ
طبل شب: [ع امذ] وہ نقارہ جو رات کو سونے کے وقت بجتا ہے اور سپاہی اسے سن کر اپنی اپنی جگہ آرام کے لئے چلے جاتے ہیں۔
طبل ظفر: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ نقارہ جو فتح ہونے پر بجایا جائے۔
طبل عشرت: [ع امذ] خوشی کا نقارہ (بہ ترکیب فارسی)
طبل کا ہاتھی/گھوڑا: [ع امذ] وہ ہاتھی/گھوڑا وغیرہ جس پر طبل ہو۔
طبل کو چاشنی دینا: [ارمحاورہ] نقارہ بجانا۔
طبل گڑگڑانا: [ارمحاورہ] نقارہ بجنا۔
طبل نواز: [ع ف امذ] دیکھئے "طبل زن"
طبل نوازی: [ع ف امث] دیکھئے "طبل نواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طبل یورش: [ع امذ] حملہ کرنے/لڑائی کا نقارہ۔
طبلچی: [ع ف صف] طبلہ بجانے والا۔ طبلیا۔
طبلق/طبلک: [ت امذ] ۱۔ کاغذوں کا مٹھا ۲۔ وہ کاغذ جو کاغذوں کے مٹھے یا اخبار وغیرہ پر ان کو بند کرنے اور حفاظت سے رکھنے کے لئے لگا دیا جائے ۳۔ دو رخ سے کھلا ہوا دوہرا کاغذ ۴۔ وہ خالی جگہ جہاں منشی لوگ اپنے کاغذات رکھتے ہیں ۵۔ مسل فائل ۶۔ چھوٹا طبل ۷۔ وہ دفتر جس میں سپاہیوں کا نام اور حلیہ درج ہو۔
طبلق کاٹنا: [ارمحاورہ] دفتر سے سپاہی کا نام کاٹنا یا خارج کرنا۔
طبلہ: [ع امذ] ایک قسم کا ایک رخہ ڈھول۔ بایاں (افعال: بجانا۔ بجنا۔ ٹھنکنا۔ کھڑکنا وغیرہ) ۲۔ صندوقچہ۔ ڈبہ۔
طبلہ خوار: [ع ف امذ] طفیلیہ۔ مفت خورہ۔
طبلۂ عطار: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] عطار کی صندوقچی جس میں وہ عطر رکھتا ہے۔
طبلۂ عطار بنا دینا: [ارمحاورہ] معطر کر دینا۔ بے حد خوشبو پیدا کرنا/کر دینا۔
طبلہ نواز: [ع ف صف] طبلیا۔ طبلہ بجانے والا
طبلہ نوازی: [ع ف امث] طبلہ بجانے کا کام یا فن۔
طبلی: [ارامث] وہ تھیلی جس میں سندوق کا سامان رکھتے ہیں۔
طبلے: [ارامذ] دیکھئے "طبلہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
طبلے پہ تھاپ پڑنا: [ارمحاورہ] طبلہ بجنا۔
طبلیا: [ارصف] طبلہ بجانے والا۔
طبی: [ع صف] دیکھئے "طب" جس سے یہ منسوب و متعلق ہے۔
طبیب: [ع امذ] حکیم۔ ڈاکٹر۔ معالج۔ بیماریوں کا علاج کرنے والا۔
طبیب حاذق: [ع امذ] عقلمند اور تجربہ کار حکیم۔
طبیب روحانی: [ع امذ] وہ شخص جو روح کا علاج کرے۔ جیسا کہ اکثر عامل وغیرہ کرتے ہیں۔
طبیب مہربان از دیدۂ بیمار مے افتد: [ف مثل] مہربان طبیب بیمار کی نگاہ سے گر جاتا ہے۔ افسر اگر ماتحتوں سے مہربانی کا برتاؤ کرے تو اس کا رعب جاتا رہتا ہے۔
طبیخ: [ع صف] پکا ہوا۔ مطبوخ۔ جوشاندہ۔

طبیعت: [ع امث] ۱۔ خصلت۔ عادت۔ طینت ۲۔ خاصیت۔ مزاج۔ خصوصیت فطرت۔ خلقت
طبیعت آجانا/آنا: [ارمحاورہ] عاشق ہونا ۲۔ طبیعت کا مائل یا راغب ہو جانا۔ (کسی بات یا کام یا انسان پر)
طبیعت ابھرنا: [ارمحاورہ] طبیعت میں امنگ پیدا ہونا۔ طبیعت کی افسردگی دور ہونا۔
طبیعت اتھل پتھل ہونا: [ارمحاورہ] طبیعت بیقرار ہونا۔
طبیعت اچاٹ کرنا: [ارمص مرکب] دیکھئے "طبیعت اچاٹ ہونا" جسکا یہ متعدی ہے
طبیعت اچاٹ ہونا/اچٹنا: [ارمص مرکب] طبیعت اکتانا۔ دل بیقرار ہونا۔
طبیعت اچھلنا: [ارمحاورہ] طبیعت کا جوش میں آنا۔ طبیعت میں امنگ پیدا ہونا۔
طبیعت اعتدال پر آنا: [ارمحاورہ] مزاج درست ہونا۔
طبیعت اکسو ہونا: [ارمحاورہ] مطمئن ہونا۔
طبیعت اکھڑنا: [ارمحاورہ] جی کا بیزار ہونا۔ برداشتہ خاطر ہونا۔
طبیعت الٹ جانا: [ارمحاورہ] مزاج بدل جانا ۲۔ خلل دماغ ہونا ۳۔ متلی ہونا۔ طبیعت خراب ہونا۔
طبیعت الجھنا: [ارمحاورہ] ۱۔ پریشانی ہونا۔ گھبرانا ۲۔ عاشق ہونا۔ پھنس جانا۔
طبیعت باغ و بہار ہونا: [ارمحاورہ] ۱۔ خوش ہونا ۲۔ طبیعت کا رنگین ہونا۔ خوش طبع ہونا۔
طبیعت بانکی ہونا: [ارمحاورہ] طبیعت میں بانکپن ہونا۔
طبیعت بحال رکھنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "طبیعت بحال رہنا" جسکا یہ متعدی ہے۔
طبیعت بحال رہنا: [ارمحاورہ] طبیعت خوش رہنا، درست رہنا۔
طبیعت بحال ہونا: [ارمحاورہ] صحت ہونا۔ افاقہ ہونا۔ آرام ہونا ۲۔ مزاج کا خوش ہونا۔
طبیعت بدلنا: [ارمحاورہ] مزاج کا تبدیل ہو جانا۔
طبیعت بری ہونا: [ارمحاورہ] بدطینت، طبیعت میں کجی ہونا۔
طبیعت بڑھنا: [ارمحاورہ] کسی کام کی مشق کی وجہ سے مہارت پیدا ہونا۔ خصوصاً شعر و شاعری کی۔
طبیعت بڑھی ہونا: [ارمحاورہ] طبیعت میں جولانی ہونا۔
طبیعت بستہ: [ع ف امث] بندطبیعت جیسے کوئی نئی بات نہ سوجھے۔
طبیعت بگڑنا: [ارمحاورہ] ۱۔ جی متلانا ۲۔ غصے ہونا ۳۔ ناراض ہونا ۴۔ بیمار ہونا۔ پریشان ہونا۔
طبیعت بھر بھرانا: [ارمحاورہ] کسی بات کی خواہش ہونا۔ میلان ہونا
طبیعت بھر جانا: [ارمحاورہ] سیر ہو جانا۔ خواہش نہ رہنا۔
طبیعت بہلانا: [ارمحاورہ] دیکھئے "طبیعت بہلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
طبیعت بہلنا: [ارمحاورہ] طبیعت کا کسی بات میں مشغول ہونا۔
طبیعت بے چین ہونا: [ارمص مرکب] بیقراری ہونا۔ بے چینی ہونا۔
طبیعت بے قابو ہونا: [ارمحاورہ] طبیعت اختیار میں نہ رہنا ۲۔ کوئی کام یا بات کرنے سے رک نہ سکنا ۳۔ مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
طبیعت پانی ہونا: [ارمحاورہ] طبیعت میں روانی ہونا۔
طبیعت پر بوجھ پڑنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "طبیعت پر بوجھ ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

طبیعت پر بوجھ ڈالنا: [ا ر محاورہ] بہت سوچنا یا غور و فکر ہونا۔
طبیعت پر چھوڑ دینا: [ا ر محاورہ] کسی کی مرضی پر کوئی کام ڈال دینا
طبیعت پر رکھ لینا: [ا ر محاورہ] ارادہ کر لینا۔
طبیعت پر زور پڑنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طبیعت پر زور ڈالنا/دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
طبیعت پر زور دینا/ڈالنا: [ا ر محاورہ] بہت سوچنا۔ دماغ کو سوچ اور فکر میں بہت زیادہ مبتلا کرنا۔ غور و فکر کرنا۔
طبیعت پر قابو نہ رہنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طبیعت بے قابو ہونا"
طبیعت پر کدورت ہونا: [ا ر محاورہ] طبیعت میں رنج ہونا۔ ناراضگی ہونا۔
طبیعت پر گرانی آنا/ہونا: [ا ر محاورہ] ۱۔ بدہضمی ہونا ۲۔ ناگوار ہونا۔
طبیعت پریشان کرنا: [ا ر محاورہ] فکر یا اندیشہ کرنا۔
طبیعت پریشان ہونا: [ا ر محاورہ] فکر یا اندیشہ ہونا
طبیعت پھرنا: [ا ر محاورہ] بیزار ہونا۔
طبیعت پہچاننا: [ا ر محاورہ] مزاج کا واقف ہونا۔
طبیعت پھسلنا: [ا ر محاورہ] طبیعت کا مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
طبیعت پھیکی ہونا: [ا ر محاورہ] ۱۔ اُمنگ باقی نہ رہنا ۲۔ بیمار رہنا۔
طبیعت ٹھہر جانا/ٹھہرنا: [ا ر محاورہ] تسکین یا تسلی ہونا۔
طبیعت ٹھکنا: [ا ر محاورہ] دل کو قرار ہونا۔ مطمئن ہونا۔
طبیعت ثانیہ: [ع امث] دوسری طبیعت۔ دوسری عادت۔ پختہ عادت۔
طبیعت جلنا: [ا ر محاورہ] جی جلنا۔
طبیعت جمانا: [ا ر محاورہ] دل لگانا۔
طبیعت جمنا: [ا ر محاورہ] دل لگنا۔
طبیعت جوان ہونا: [ا ر محاورہ] دل میں جوش/اُمنگ ہونا۔
طبیعت چاق ہونا: [ا ر محاورہ] طبیعت صاف ہونا یا بشاش ہونا۔
طبیعت چالاک ہونا: [ا ر محاورہ] طبیعت میں تیزی یا پھرتی ہونا۔
طبیعت چاہنا: [ا ر محاورہ] دل میں خواہش پیدا ہونا۔ دل چاہنا۔
طبیعت چلنا: [ا ر محاورہ] خواہش پیدا ہونا۔
طبیعت حاضر ہونا: [ا ر محاورہ] کسی کام کی طرف مائل ہونا کوئی کام اچھی طرح ہو سکنا۔
طبیعت خالی ہونا: [ا ر محاورہ] کوئی خاصیت طبیعت میں نہ ہونا۔
طبیعت خراب ہونا: [ا ر محاورہ] بیمار ہونا۔ متلی ہونا۔
طبیعت خفا کرنا: [ا رمص مرکب] طبیعت آزردہ کرنا ناراض کرنا۔
طبیعت خفا ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "طبیعت خفا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
طبیعت خود پسند ہونا: [ا ر محاورہ] اپنے جیسا کسی کو نہ سمجھنا۔ مغرور ہونا متکبر ہونا۔
طبیعت دار: [ع صف] ۱۔ ذہین۔ ہوشیار ۲۔ شوخ۔ چالاک۔
طبیعت داری: [ع امث] دیکھئے "طبیعت دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طبیعت رکنا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "طبیعت روکنا" جس کا یہ لازم ہے۔
طبیعت روکنا: [ا رمص مرکب] کسی بات سے طبیعت کو باز رکھنا۔
طبیعت رندھنا: [ا ر محاورہ] طبیعت افسردہ ہونا۔
طبیعت رنگ پر آنا: [ا ر محاورہ] اُمنگ پیدا ہونا۔
طبیعت رواں ہونا: [ا ر محاورہ] طبیعت میں تیزی ہونا۔ طبیعت کا کسی کام کو اچھی طرح کرنا۔
طبیعت روشن ہونا: [ا ر محاورہ] طبیعت تیز ہونا۔
طبیعت سنبھالنا/سنبھالے رکھنا: [ا ر محاورہ] ضبط کرنا۔ تحمل کرنا۔
طبیعت سنبھلنا: [ا ر محاورہ] افاقہ ہونا۔ مزاج درست ہونا۔
طبیعت سن سے ہو جانا: [ا ر محاورہ] ناگہانی بات سے صدمہ پہنچنا۔
طبیعت سے: [ا ر متعلق فعل] اپنی ایجاد سے۔ اپنے دل سے۔
طبیعت شاد کرنا: (ا ر محاورہ) جی خوش کرنا۔ آرزو پوری کرنا۔
طبیعت شاد ہونا: (ا رمص مرکب) دیکھئے "طبیعت شاد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
طبیعت شگفتہ ہونا: [ا ر محاورہ] دل بشاش ہونا ۲۔ مذاقاً پاخانہ کھل کر آنا۔
طبیعت شناس: [ع ف صف] مزاج شناس۔ طبیب حاذق۔
طبیعت شوخ ہونا: [ا رمص مرکب] طبیعت میں شرارت بھری ہونا۔
طبیعت صاف ہونا: [ا ر محاورہ] ۱۔ صحت نصیب ہونا ۲۔ کینہ دور ہونا۔
طبیعت عادی ہونا: [ا رمص مرکب] کسی بات کی عادت پڑ جانا۔
طبیعت علیل ہونا: [ا رمص مرکب] بیمار ہونا (عموماً دشمنوں کے ساتھ مستعمل ہے)
طبیعت قابو سے جانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طبیعت بے قابو ہونا"
طبیعت قابو میں آنا: [ا ر محاورہ] مزاج درست ہونا۔
طبیعت قابو میں رہنا: [ا ر محاورہ] طبیعت پر اختیار رہنا۔
طبیعت کا انداز/ڈھنگ/رنگ: [ا ر۔ امذ] طبیعت کی قدرتی خصوصیت طرز طبیعت
طبیعت کا ایک حال ہونا: [ا ر محاورہ] مزاج یکساں رہنا مزاج میں فرق نہ آنا۔
طبیعت کا بندہ: [ع ف صف] اپنی مرضی کا کام کرنے والا۔ خود پسند۔
طبیعت کا پیار کرنا: [ا ر محاورہ] محبت ہونا۔
طبیعت کا چاق و چوبند ہونا: [ا رمص مرکب] خوب ہشاش بشاش ہونا۔
طبیعت کا لطف اٹھانا: [ا رمص مرکب] مزے کرنا۔
طبیعت کا قبول کرنا: [ا رمص مرکب] طبیعت کے موافق ہونا کسی بات کا پسند کرنا
طبیعت کا لعل اگلنا: [ا ر محاورہ] نئے اور عمدہ مضامین پیدا کرنا (طبیعت کا)
طبیعت کا لہرانا/لہر لینا: [ا ر محاورہ] طبیعت میں اُمنگ پیدا ہونا۔
طبیعت کا مالش کرنا: [ا ر محاورہ] جی متلانا۔ متلی ہونا۔
طبیعت کو گرانی ہونا: [ا ر محاورہ] دل گھبرانا۔
طبیعت کھلنا: [ا ر محاورہ] نئی نئی باتیں سوجھنا۔
طبیعت کی اصلاح ہونا: [ا ر محاورہ] بُری یا ظالمانہ عادتیں چھوڑنا۔
طبیعت کی افتاد: [ا رامث] عادت فطرت (افعال پڑنا) طبیعت کا رنگ۔
طبیعت کی جولانی: [ا رامث] تیزی طبع۔ طبیعت کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے نئی نئی باتیں سوجھیں۔
طبیعت گدگدانا: [ا ر محاورہ] اُمنگ پیدا ہونا۔
طبیعت گردانا: [ا ر محاورہ] طبیعت کا قبول کرنا۔
طبیعت گرمانا: [ا ر محاورہ] طبیعت جوش میں آنا۔
طبیعت گھبرانا: [ا ر محاورہ] پریشان ہونا۔
طبیعت لڑنا: [ا ر محاورہ] باریک بات سمجھ میں آنا۔ کسی بات کی تہ میں پہنچنا
طبیعت لاابالی ہونا: [ا ر محاورہ] بے پروا ہونا مزاج میں بے پروائی ہونا۔

طبیعت لڑانا: [ا ر محاورہ] بہت سوچنا۔
طبیعت لڑنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے طبیعت لڑانا۔
طبیعت لگانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طبیعت لگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
طبیعت لگنا: [ا ر محاورہ] جی بہلنا
طبیعت لگی ہونا: [ا ر محاورہ] خیال یا تردّد ہونا
طبیعت مائل بہ سستی ہونا: [ا ز مص مرکب] سست یا کاہل ہونا۔
طبیعت مائل ہونا: [ا ر محاورہ] فریفتہ ہونا۔ کسی بات کی طرف رجوع ہونا۔
طبیعت مٹی ہونا: [ا ر محاورہ] افسردہ ہونا۔
طبیعت مچلنا: [ا ر محاورہ] کسی بات یا شئے کے لئے ہٹ کرنا۔
طبیعت مریل ہونا: [ا ر محاورہ] طبیعت میں اُمنگ نہ ہونا۔
طبیعت مست ہونا: [ا ر محاورہ] دل بہت خوش ہونا
طبیعت ملنا: [ا ر محاورہ] مزاج میں موافقت ہونا۔
طبیعت موافق ہونا: [ا ر مص مرکب] دو شخصوں کی طبیعت کا ایک جیسا ہونا۔
طبیعت موزوں ہونا: [ا ر محاورہ] مزاج کا شعر و سخن کی طرف مائل ہونا
طبیعت میں اُمنگ ہونا: [ا ر محاورہ] دل میں خواہش ہونا۔ جوش جوانی ہونا۔
طبیعت میں بل ہونا: [ا ر محاورہ] بدمزاج ہونا۔
طبیعت میں تلوّن ہونا: [ا ر محاورہ] طبیعت کا ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہونا۔
طبیعت میں تیزی ہونا: [ا ر محاورہ] تیز مزاج ہونا۔ نئی نئی باتیں سوجھنا۔
طبیعت میں جوش آنا: [ا ر محاورہ] ولولہ پیدا ہونا۔
طبیعت میں جولانی ہونا: [ا ر محاورہ] دل میں اُمنگ ہونا۔
طبیعت میں رحم کو راہ ہونا: [ا ر مص مرکب] دل میں رحم ہونا۔ رحمدل ہونا۔
طبیعت میں روانی ہونا: [ا ر محاورہ] ا۔ شعر اور مضمون سوجھنا ۲۔ طبیعت میں تیزی ہونا
طبیعت میں لہریں آنا: [ا ر محاورہ] اُمنگ پیدا ہونا
طبیعت نرم ہونا: [ا ر مص مرکب] دل کا سخت نہ ہونا۔ دل میں رحم ہونا۔
طبیعت نہ لگنا: [ا ر محاورہ] جی اُچاٹ ہونا۔
طبیعت ہار جانا: [ا ر محاورہ] دل ٹوٹ جانا۔ ہمت ہار جانا۔
طبیعت ہاتھ سے جاتی رہنا: [ا ر محاورہ] دل قابو میں نہ رہنا۔
طبیعت ہٹ جانا: [ا ر محا ورہ] نفرت ہو جانا۔
طبیعت ہونا: [ا ر محاورہ] عاشق ہونا۔ رغبت ہونا۔ جی چاہنا۔
طبیعی: [ع صف] دیکھئے "طبعی"
طبیعیات: [ع امذ] علم الاجسام (بہ شمول نباتات اور جمادات) (PHYSICS)

ط ــــــ پ

طپاں: [ف اسم حالیہ] تڑپنے والا (صحیح "تپاں" ہے)
طپانچہ: [ف امذ] تمانچہ۔ تھپیڑ۔ (صحیح تپانچہ ہے)
طپش: [ف امث] دیکھئے "تپش" جو صحیح ہے۔
طپیدہ: [ف صف] دیکھئے "تپیدہ" جو صحیح ہے۔

ط ــــــ ح

طحال: [ع امث] ایک عضو جو جگر کے قریب ہوتا ہے۔ تلی۔
طحال: [ع امث] تلی کی ایک بیماری
طحن: [ع مصدر] پیسنا۔
طحین: [ع صف] پسا ہوا آٹا۔

ط ــــــ ر

طرّاح: [ع امذ] مستری۔ معمار۔ نقاش۔
طرّاحی: [ع امث] معماری۔ نقاشی۔
طرّار: [ع صف] چالاک، شوخ ۲۔ تیز زبان ۳۔ گرہ کٹ۔ جیب کترنے والا ۴۔ تیر۔
طرّار فرّار: [ع ار مذ] بہت چالاک / شوخ۔
طرّارہ: [ع امذ] چوکڑی۔ کلانچ۔ چھلانگ۔ جست۔
طرّارہ بھرنا: [ا ر محاورہ] چھلانگ مارنا۔ کلانچیں مارنا۔ بھاگنا۔
طرّارہ زبان: [ع ف صف] تیز زبان۔
طرّاری: [ع ف امث] زبان کی شوخی ۲۔ چالاکی۔ چُلبلاپن۔
طرّارے بھرنا: [ا ر محاورہ] بھاگنا۔ سرپٹ دوڑنا ۲۔ فر فر پڑھنا۔
طراز: [ف امذ] (اصل تراز تھا) ا۔ نقش و نگار۔ زینت۔ سجاوٹ ۲۔ شاہی لباس و وہ جگہ جہاں یہ لباس بنے ۳۔ شہر کی سجاوٹ کسی موقع پر ۴۔ زردوزی کا کام۔ کارچوبی کام۔ ۵۔ (صف) آراستہ کرنے والا
طرازندہ: [ف صف] آراستہ کرنے والا۔ سجانے والا۔ کارچوبی کا کام کرنے والا۔
طرازی: [ف امث] سجانا۔ نقش و نگار بنانا۔
طراوت: [ع امث] نمی۔ تری۔ رطوبت ۲۔ ٹھنڈک۔ خنکی ۳۔ تازگی۔
طراوت آنا: [ا ر محاورہ] ٹھنڈک پیدا ہونا۔
طراوت بخشنا: [ا ر مص مرکب] تازگی دینا۔ ـحت دینا۔
طرب: [ع امث] خوشی۔ شادمانی۔ انبساط۔
طرب انشا: [ع ف صف] خوشی پیدا کرنے والا۔
طرب انگیز / خیز / سنج / فزا: [ع ف صف] خوش کرنے والا۔ فرحت بخشنے والا خوشی بڑھانے والا۔
طرب انگیزی / خیزی / سنجی / فزائی: [ع ف امث] دیکھئے "طرب انگیز".... الخ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
طرب خانہ / سرائے / گاہ: [ع ف امذ مث] خوشی کی جگہ خوشی کا مقام۔
طرب نصاب / طرب ناک: [ع ف صف] فرحت ناک خوش کرنے والا۔
طربوش: [ع امث] سُرخ ترکی ٹوپی۔ سُرخ رنگ کی اونچی ٹوپی
طربیہ: [ع امذ] وہ قصہ یا ڈراما جس کا انجام خوشی ہو۔
طرح / طرح: [ع امث] وضع۔ انداز۔ ادا طرز ۲۔ بات۔ گت حال ۳۔ وہ مصرعہ جو مشاعرہ میں غزل کہنے کے لئے بحر ردیف اور قافیہ بتانے کے لئے مقرر کرتے ہیں۔ تفریق ۵۔ بنیاد۔ جڑ ۶۔ مانند۔ مثل۔
طرح اڑانا: [ا ر محاورہ] طرز اڑانا۔ نقل کرنا۔ ڈھنگ سیکھ لینا (کسی کا)
طرح بطرح: [ع ف صف] قسم قسم کا۔
طرح پڑھنا: [ا ر محاورہ] طرح پر غزل پڑھنا۔

طرح وار ؛ [عف صف] خوبصورت۔ بانکا۔ وضعدار (افعال ، ہونا)

طرح دکھانا ؛ [ا محاورہ] ناز و انداز دکھانا

طرح دے جانا ؛ [ا محاورہ] چشم پوشی کرنا۔ واگزار کرنا۔

طرح دینا ؛ [ا محاورہ] ۱۔ چشم پوشی کرنا ۲۔ بنیاد ڈالنا ۳۔ الگ کرنا ۴۔ تقسیم کرنا

طرح ڈال دینا / ڈالنا ؛ [ا محاورہ] ۱۔ بنیاد ڈالنا ۲۔ تدبیر کرنا۔

طرح طرح کا ؛ [ا صف] مختلف طرح کا۔ قسم قسم کا۔

طرح کرنا ؛ [ا مص مرکب] ۱۔ تفریق کرنا ۲۔ مصرعہ بنانا۔ بحر۔ ردیف اور قافیہ بنانے کے واسطے ۳۔ (کیمیا) آگ پر سرخ کی ہوئی دھات پر کوئی ایسی دوا ڈالنا جو رنگت تبدیل کر دے۔

طرحی غزل ؛ [ع امث] غزل جو طرح پر کہی جائے۔

طرحیں نکالنا ؛ [ا محاورہ] دیکھئے "طرحیں نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

طرحیں نکلنا ؛ [ا محاورہ] نئی طرحیں نکلنا۔ نئی بات پیدا ہونا / اختراع ہونا۔

طرخان ؛ [ت امذ] ۱۔ حاکم۔ بادشاہ ۲۔ ترکستان کا ایک بادشاہ

طرز ؛ [ع امث] ۱۔ طور۔ طریقہ۔ روش۔ ڈھنگ۔ انداز ۲۔ شکل۔ وضع ۳۔ خصلت ۴۔ شکل میں اچھا ہونا۔

طرز اڑانا ؛ [ا محاورہ] دیکھئے "طرح اڑانا"

طرز تحریر ؛ [ع امث] لکھنے کا ڈھنگ۔ تحریر کا طریقہ

طرز جفا بھولنا ؛ [ا محاورہ] ظلم کرنے کا طریقہ چھوٹ جانا۔

طرز عبارت ؛ [ع امث] عبارت کا ڈھنگ یا انداز۔

طرز عمل ؛ [ع امذ ، ترکیب فارسی] رویہ۔ روش۔ سلوک۔

طرز قدیم ؛ [ع امث] پرانا طریقہ / فیشن۔

طرز کلام ؛ [ع امث] انداز گفتگو۔

طرز لے اڑنا ؛ [ا محاورہ] ۱۔ ہو بہو نقل کرنا۔ ڈھنگ سیکھ لینا۔

طرف ؛ [ع امث] ۱۔ جانب۔ سمت رخ ۲۔ کنارہ ۳۔ پہلو ۴۔ پاس لحاظ۔ پاسداری ۵۔ طریق۔ آنکھ کے باہر کے کنارے کی طرف سے دیکھنا۔

طرف اول ؛ [ع امث] مدعی۔ مستغیث۔

طرف ثانی ؛ [ع امث] مخالف۔ مدعا علیہ۔ ملزم۔

طرفدار ؛ [عف صف] ۱۔ بادشاہ۔ حاکم۔ جاگیردار ۲۔ (ا) ساتھی۔ پاسدار۔ حامی۔

طرفداری ؛ [عف امث] دیکھئے "طرف دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال ، کرنا ، ہونا)

طرف دیکھنا ؛ [ا محاورہ] (ضمیروں کے ساتھ) نظر کرنا ۲۔ اپنی اپنی عزت کا خیال رکھنا۔

طرف سے ؛ [ا متعلق فعل] جانب سے۔ عوض میں ۲۔ نزدیک۔ حساب وں

طرف کرنا ؛ [ا محاورہ] (ضمیروں کے ساتھ) پاس داری کرنا ، حمایت کرنا۔

طرف ہونا ؛ [ا محاورہ] ۱۔ دیکھئے "طرف کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔ مقابل ہونا۔ مقابلہ ہونا۔

طرفین ؛ [ع امذ (تثنیہ)] ۱۔ فریقین۔ دونوں جانب۔ مدعی مدعا علیہ ۲۔ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ جب دونوں ایک مسئلے پر متفق ہوں۔

طرفین سلسلہ ؛ [ع امث] زنجیر کے دونوں سرے ۲۔ ایک سلسلہ کی دونوں طرفین / یا دونوں طرف کے نشان یا حدیں۔

طرفت / طرفہ ؛ [ع امث / مذ] آنکھ کا جھپکنا۔

طرفۃ العین ؛ [ع امث] آنکھ کا جھپکنا۔ ایک بار آنکھ کا جھپکنا۔ چشم زدن۔

طرفگی ؛ [ف امث] ۱۔ خوبی۔ عمدگی ۲۔ اعجوبہ۔

طرفہ ؛ [ع صف] ۱۔ نیا ۲۔ انوکھا۔ عجیب۔ نادر ۳۔ (مذ) عجیب بات ۴۔ حیرانگی۔

طرفہ تماشا ؛ [عف امذ] عجیب و غریب تماشا۔ انوکھا۔ نادر۔

طرفہ تماشا نظر آنا ؛ [ا مص مرکب] عجیب واقعہ دکھائی دینا۔

طرفہ گل پھولنا ؛ [ا محاورہ] عجیب یا نئی بات ہونا۔

طرفہ گل کھلانا ؛ [ا محاورہ] عجیب و غریب کام کرنا۔

طرفہ ماجرا ؛ [ع امذ] انوکھا واقعہ۔ تعجب کی بات۔

طرفہ معجون ؛ [ع امذ] عجیب آدمی ۲۔ بیوقوف / احمق شخص۔

طرق ؛ [ع امذ] دیکھئے "طریق" جس کی یہ جمع ہے۔

طرقوا ؛ [ع کلمۂ ندا] ہٹ جاؤ۔ راستہ دو۔ بادشاہ کی سواری کے آگے نقیب پکارا کرتے تھے۔

طرم خاں سمجھنا ؛ [ا محاورہ] اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔ ڈینگ مارنا۔

طرہ ؛ [ع صف] ۱۔ عجیب۔ انوکھا ۲۔ غالب۔ بڑھ کر۔ سبقت لے جانا ۳۔ (مذ) پگڑی کا اوپر کا سرا جو اٹھا رہتا ہے ۴۔ منقیش کی تاروں کا گچھا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں ۵۔ ٹوپی کا پھندنا ۶۔ زلف۔ کاکل ۷۔ سر کے بالوں کی لٹ ۸۔ پھولوں کی لڑیوں کا گچھا۔ جو دولہا کے کان کے پاس لٹکتا ہے ۹۔ پھندنا۔ گچھا ۱۰۔ جانور کی کلغی ۱۱۔ انوکھی بات ۱۲۔ بھلائی۔ خوبی ۱۳۔ بھنگ کی چسکی یا گھونٹ جو ایک پیالہ پینے کے بعد پیا جائے ۱۴۔ سبز نازک شاخیں جو درخت شمشاد سے نکل کر نیچے لٹکتی ہیں ۱۵۔ پیچ جو کسی چیز میں ہوں ۱۶۔ کسی چیز کا بہترین حصہ ۱۷۔ گل ایک قسم کا سرخ اور زرد پھول ۱۸۔ جیسی منڈیر۔ پیچدار چیز جیسے چابک کا سرا یا رومال جسے گانٹھ دی ہے۔

طرہ پینا ؛ [ا محاورہ] بھنگ پینا۔

طرہ جمانا ؛ [ا محاورہ] دھونس / رعب جمانا۔ تحکم کرنا۔

طرہ چڑھانا ؛ [ا محاورہ] بھنگ پینا۔

طرہ دستار ؛ [ع امذ] دیکھئے "طرہ" ۳

طرہ طرار ؛ [ع امذ] معشوق کی زلفیں۔

طرہ کا جال ؛ [ا امذ] ایک قسم کا جال جو عورتیں کاڑھتی ہیں۔

طرہ کرنا ؛ [ا محاورہ] تیز کرنا۔ چمکانا۔ بڑھانا۔

طرہ گل ؛ [ع امذ] پھولوں کا گچھا جو دستار میں لگاتے ہیں۔

طرہ لگانا ؛ [ا محاورہ] اضافہ کرنا۔ چار چاند لگانا۔

طرہ مزین ہونا ؛ [ا محاورہ] منقیش کی تاروں کا گچھا پگڑی پر سجا / لگا ہوا ہونا۔

طرہ ہونا ؛ [ا محاورہ] زیادہ ہونا۔ فائق ہونا۔ بڑھ کر ہونا۔ انوکھا ہونا۔

طری ؛ [عف صف] نیا۔ تازہ۔ شاداب۔

طرے باز خاں ؛ [عف امذ] وہ شخص جو پگڑی پر طرہ لگائے۔ اکڑ باز شخص۔

طریق ؛ [ع امذ] راستہ۔ سڑک ۲۔ طرز۔ ڈھنگ۔ روش ۳۔ مذہب۔ شریعت ۴۔ رواج۔ دستور۔

طریق عمل ؛ [ع امذ] کام کرنے کا طریقہ۔

طریقت ؛ [ع امث] (اصطلاح تصوف) تزکیۂ باطن۔ صوفیوں کا طریقہ جس سے کمال حاصل ہوتا ہے۔

طریقہ ؛ [ع امذ] ۱۔ طرز۔ ڈھنگ۔ روش ۲۔ مذہب۔ وضع ۳۔ قاعدہ۔ دستور

۴۔ ترکیب۔ رستہ ۵۔ چاند کا برج عقرب کے قریب آنا۔

طریقہ آنا: [ا رمحاورہ] کام کرنے کا ڈھنگ معلوم ہونا۔

طریقہ بتانا: [ا رمحاورہ] کسی کو کام آنے کا ڈھنگ بتانا / ترکیب بتانا۔ قاعدہ بتانا۔

طریقہ برتنا: [ا رمحاورہ] برتاؤ کرنا۔ کسی دستور یا قاعدے پر چلنا۔

طریقہ دکھلانا: [ا رمحاورہ] مقابلہ کر کے کسی طریقے کی خوبی یا بُرائی ظاہر کرنا۔

ط ــــ ش

طشت: [ا ع امذ] تھال۔ لگن۔ تسلا ۲۔ ہاتھ دھونے کا برتن چلمچی ۳۔ پیالہ (ف تشت)

طشت از بام کرنا: [ا رمحاورہ] افشائے راز کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ مشہور کرنا۔

طشت از بام ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "طشت از بام کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

طشتِ زر: [عف امذ] ۱۔ سونے کا تھال ۲۔ کنایۃً سورج۔

طشتِ نگوں: [عف امذ] ۱۔ اُلٹا پیالہ ۲۔ کنایۃً آسمان۔

طشت و چوکی: [عف امث] پاخانے کا برتن اور چوکی۔

طشتری: [ا امث] رکابی۔ تشتری۔

طشتری لکھنا: [ا رمحاورہ] کسی عامل کا چینی کی رکابی پر قرآن شریف کی آیتیں لکھ کر دینا جس کو دھو کر پینے سے کئی امراض رفع ہوتے ہیں۔

ط ــــ ع

طعام: [ع امذ] ۱۔ کھانا پکانا۔ کھانا کے ساتھ ۲۔ کھانے کی کوئی چیز روٹی گوشت وغیرہ ۳۔ پانی۔ آبِ زمزم۔

طعام آمد دیہاتیاں برخاستند: [ف مثل] کھانا آیا اور دیہاتی اٹھ کھڑے ہوئے۔

طعام بخش: [عف امذ] بڑا چمچہ۔ ڈوئی۔

طعامِ عروسی: [ع امذ] شادی کی دعوت۔

طعامِ ماتم: [ع امذ] وہ کھانا جو کسی کے مرنے پر کھلایا جائے۔

طعم: [ع امذ] ذائقہ۔ مزہ۔

طُعم: [ع امذ] خوراک۔ چوگا۔

طعمہ: [ع امذ] رزق۔ خورش ۲۔ خوراک۔ لقمہ۔ نوالہ ۳۔ شکاری پرندوں کا کھانا۔

طعمہ: [ع امذ] ایک دفعہ چکھنا۔

طعمۂ اجل: [ع امذ] موت کا لقمہ۔

طعمۂ اجل ہونا: [ا رمحاورہ] مرنا۔

طعمہ روکنا: [ا رمحاورہ] شکاری جانوروں کی خوراک شکار سے ایک دو دن پہلے بند کر دینا۔

طعن: [ع امذ] ۱۔ طنز۔ ملامت۔ حرف گیری ۲۔ نیزے کی ضرب۔

طعن آمیز: [عف صف] طنز یا ملامت سے بھرا ہوا۔

طعن آمیز گفتگو: [عف امث] ملامت یا طنز کی باتیں۔

طعن باہم رد و بدل ہونا: [ا رمحاورہ] آپس میں نیزے کی ضربات چلنا۔

طعن تعرض: [ع امذ] مو۔ طعن تعرض کا مخزب ہے۔ ملامت۔

طعن و تشنیع: [ع امث] طعنے (افعال: کرنا۔ ہونا)

طعن توڑنا: [ا رمحاورہ] طنز کرنا۔ طعنے دینا۔

طعن کرنا: [ا رمحاورہ] آوازے کسنا۔ نیزے کی ضربات لگانا۔

طعنہ: [ع امذ] بہتا۔ آوازہ (افعال: دینا۔ سنانا۔ سننا۔ مارنا)

طعنہ آمیز: [ع ف صف] طنز سے بھرا ہوا۔

طعنہ بُرا معلوم ہونا / طعنہ بُرا لگنا: [ا رمحاورہ] طنز کی بات پر غصہ آنا۔

طعنہ و تشنہ: [ا امذ] دیکھئے "طعن و تشنیع" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

طعنہ زن: [عف صف] طنز کی باتیں کرنے والا۔ طعنے دینے والا۔

طعنہ زنی: [عف امث] دیکھئے "طعنہ زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال: کرنا۔ ہونا)

طعنے: [ا امذ] دیکھئے "طعنہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

ط ــــ غ

طغرا: [ف امذ] خطِ پیچیدہ جس میں نام۔ القاب اور بادشاہوں کا نام فرمان کے اوپر لکھا جاتا ہے ۲۔ مہروں پر اس خط میں نام کندہ کراتے ہیں ۳۔ نشان علامت۔

طغرا کش / نگار / نویس: [عف امذ] وہ شخص جو طغرا لکھے۔

طغرائے سبزہ زار: [عف امذ] وہ الفاظ جو سبزہ اُگا کر لکھے جائیں۔ گل بوٹوں کی سجاوٹ۔

طغرائے ندامت: [عف امذ] شرمندگی کا نشان

طغیان: [ع امذ] زیادتی۔ ظلم۔ سرکشی

طغیانی: [ف امث] سیلاب۔ دریا کا چڑھاؤ ۲۔ سرکشی (افعال: آنا۔ ہونا)

طغیانی پر ہونا: [ا رمحاورہ] دریا میں سیلاب ہونا۔

ط ــــ ف

طفل: [ع امذ] لڑکا۔ بچہ۔ **طفلِ اشک**: [ع امذ] آنسو۔

طفلِ افتادہ: [عف امذ] وہ نوزائیدہ بچہ جسے ماں باپ چھوڑ کر چلے جائیں۔

طفل تسلی: [عف امث] جھوٹی تسلی۔ بچوں کے بہلانے کے لئے جس طرح تسلی کی بات کہہ دی جائے۔

طفلِ دبستان: [عف امذ] وہ شخص جو کسی کے آگے کچھ رتبہ۔ علم۔ تجربہ نہ رکھتا ہو ۲۔ ناتجربہ کار شخص۔

طفلِ شیر / طفلِ شیر خوار / خوارہ: [ع ف امذ] دودھ پیتا بچہ۔

طفل مزاج / مشرب: [ع صف] جس کے مزاج میں لڑکپن ہو۔

طفلِ مکتب: [ع امذ] ناتجربہ کار شخص۔

طفلِ مکتب نمی رود ولے برند: [ف مثل] کسی سے جبراً کوئی کام لینا۔

طفلِ ہندو: [ع امذ] آنکھ کی پتلی۔

طفلی: [عف امث] بچپن۔ لڑکپن ۲۔ نادانی۔ کمسنی۔

طفولت / طفولیت: [ع امث] لڑکپن۔ طفلی۔

طفیل: [ع امذ] وسیلہ۔ سبب۔ ذریعہ

طفیلی: [ع صف] بن بلائے کسی کے ساتھ دعوت پر جانے والا ۲۔ دوسروں کے سہارے

کھانے والا ۳۔ وہ حیوانات یا نباتات جو دوسروں کے سر گزارہ کریں۔
طُفیلیا: [ا ر امذ] خوشامدی طفیلی۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔

ط ـــ ل

طِلا: [ع امذ] سونا۔ ملمع ۲۔ اصطلاح طب میں ایک خاص روغن جو سستی اور نامردی کو رفع کرنے کے لئے عضو پر ملتے ہیں ۳۔ لذت۔
طِلا بافی: [ف امذ] جس کپڑے کی بنائی میں سونے کے تار شامل ہوں۔
طِلا دوز: [ف صف] ۱۔ جس چیز پر طلائی کام کیا گیا ہو ۲۔ طلا کار۔
طِلا ساز: [عف صف] کیمیا گر۔ سونا بنانے والا۔
طِلا سازی: [عف امث] دیکھئے "طلا ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
طِلا کار: [عف صف] ۱۔ سونے کا کام بنانے والا۔ ملمع ساز ۲۔ وہ چیز جس پر سونے سے نقش و نگار بنائے جائیں۔
طِلا کاری: [عف امث] ۱۔ ملمع سازی۔ سونے کا کام بنانا اور اس کا پیشہ ۲۔ سونے کا کام۔
طِلا کوب: [عف صف] سونے کے ورق کوٹنے والا۔
طِلا کوبی: [عف امث] دیکھئے "طلا کوب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طُلّاب: [ع امذ] دیکھئے "طالب" جس کی یہ جمع ہے۔
طَلاق: [ع امث] نکاح کا فسخ ہونا۔ عورت کا نکاح سے آزاد ہونا ۲۔ آزادگی ۳۔ روانی۔ کشادگی۔
طَلاقِ بائن: [ع امث بہ ترکیب فارسی] طلاق کا دوسرا درجہ جدا کرنے والی طلاق جس میں رجوع نہیں ہو سکتا، مگر اس میں بغیر حلالہ کے نکاح ہو سکتا ہے۔

طَلاقِ بدعت / بدعی: [ع امث بہ ترکیب فارسی] بے قاعدہ طلاق۔ ایک ہی دفعہ تین طلاق دے دینا۔
طَلاقِ حسن: [ع امث بہ ترکیب فارسی] وہ طلاق جو شریعت کے مطابق دی جائے ایک ایک کر کے وقت مقررہ کے بعد دی جانے والی طلاق۔
طَلاق دینا: [ا مصدر متعدی] بیوی کو چھوڑنا۔ قانون مذہب کے مطابق بیوی سے قطع تعلق کرنا۔
طَلاقِ رجعی: [ع امث بہ ترکیب فارسی] طلاق کا پہلا درجہ۔ وہ طلاق جس کے بعد آدمی بیوی کی طرف رجوع کر سکتا ہے۔
طَلاقِ کنایہ: [ع امث بہ ترکیب فارسی] اشارے سے دی ہوئی طلاق۔ وہ طلاق جو صاف الفاظ میں نہ ہو۔
طَلاق لینا: [ا مصدر مرکب] عورت کا خاوند سے آزادی حاصل کرنا۔
طَلاقِ مغلظ / مغلظہ: [ع امث بہ ترکیب فارسی] طلاق کا تیسرا درجہ قطعی طلاق ایسی طلاق جس میں بغیر حلالہ کے نکاح نہیں ہو سکتا۔
طَلاق نامہ: [عف امذ] وہ دستاویز جس میں طلاق کی شرطیں درج ہوں۔ خط آزادی
طَلاقت: [ع امث] چرب زبانی۔ تیز زبانی۔
طَلاقن: [ا امث] وہ عورت جس کو طلاق ہو گئی ہو۔ مطلقہ۔
طِلائی: [ف صف] ۱۔ سنہری ۲۔ سونے کا۔

طِلائے احمر: [ع امذ] سُرخ سونا۔ عمدہ سونا۔ کندن۔
طِلائے دست افشار: [عف امذ] خسرو پرویز کے خزانہ کا ایک خاص قسم کا سونا جو اتنا نرم تھا کہ ہاتھ سے دبا کر جیسی شکل چاہو بنا لو۔
طَلایہ: [ف امث] ("طلاعہ" کا بگاڑ) وہ فوج جو رات کو شہر اور لشکر کی حفاظت کرے ۲۔ رات کی گشت۔ پولیس کی راؤنڈ۔
طَلایہ پھرنا: [ا رمحاورہ] فوج کا رات کو گشت کرنا۔
طَلایہ دار: [ف صف] طلایہ کا افسر۔ مخبر۔
طَلایہ کرنا: [ا رمحاورہ] شہر یا لشکر کے گرد گشت کرنا۔
طَلایہ گرد: [ف صف] رات کو گشت کرنے یا پہرہ دینے والا۔
طَلایہ گردی: [ف امث] رات کا پہرہ۔ رات کی گشت۔
طَلایہ ہونا: [ا رمحاورہ] چوکی پہرہ ہونا۔
طَلَب: [ع امث] ڈھونڈنا۔ جستجو کرنا ۲۔ تلاش۔ جستجو ۳۔ مانگ۔ آرزو ۴۔ خواہش۔ لت۔ دھت ۵۔ بلاوا۔ طلبی ۶۔ تنخواہ۔ معاوضہ۔
طَلَب بانٹنا / دینا: [ا رمحاورہ] تنخواہ تقسیم کرنا۔
طَلَب بٹنا / ملنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "طلب بانٹنا / دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
طَلَب بجھانا / مٹانا: [ا رمحاورہ] خواہش پوری کرنا۔ آرزو پوری کرنا یا مٹانا۔
طَلَب دار: [عف صف] خواہش مند۔ چاہنے والا۔
طَلَب کرنا: [ا رمص مرکب] بلانا۔ مانگنا ۲۔ دعویٰ کرنا۔
طَلَب گار: [عف صف] خواہش مند۔ تلاش کرنے والا۔
طَلَب گاری: [عف امث] دیکھئے "طلب گار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طَلَب نامہ: [عف امذ] سمن۔ حاضر عدالت ہونے کا سرکاری پروانہ۔
طُلَبا: [ع صف] دیکھئے "طلیب" جس کی یہ جمع ہے۔
طَلَبانہ: [ف امذ] سپاہیوں کا یومیہ۔ روزینہ ۲۔ وہ روپیہ جو گواہ کو عدالت میں طلب کرنے کے واسطے لیا جائے۔
طَلَبندہ: [ف صف فاعلی] طلب کرنے والا۔ بلانے والا۔ چاہنے والا۔
طَلَبہ: [ع امذ] دیکھئے "طالب" جس کی یہ جمع ہے۔
طَلَبی: [عف امث] بلاوا۔ حاضر ہونے کا حکم (افعال ہونا)
طَلَبیدہ: [ف صف مفعولی] بلایا ہوا۔
طِلِسم: [ع امذ] جادو۔ سحر ۲۔ جادو کا تماشا ۳۔ ڈراؤنی شکل یا مصنوعی سانپ کی شکل کی جو دلیلوں پر بنائی جائے ۴۔ راز ۵۔ جادو کے خطوط اور نقش ۶۔ وہ ملک جہاں جادوگر رہتے ہوں ۷۔ بھان متی کا تماشا ۸۔ وہ علم جو موہوم خیالات کو عجیب شکل کے ساتھ نظر میں لائے۔
طِلسم آمیز / افزا: [عف صف] حیرت انگیز۔ عجیب۔
طِلسم باندھنا / بندی: [ا رمحاورہ] عجیب و غریب بات کر کے دکھانا۔ انوکھی بات کرنا۔ جادو منتر کا شعبدہ دکھانا۔
طِلسم توڑنا: [ا رمحاورہ] راز افشا کرنا۔ کسی کے فریب کو کھولنا ۲۔ جادوگروں کا ملک فتح کرنا ۳۔ جادو کا اثر جادو کے زور سے دُور کرنا۔ جادو کا اثر زائل کرنا۔
طِلسم ٹوٹنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "طلسم توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
طِلسم ماہ: [عف امذ] زبان بندی کا تعویذ جو شرف ماہ میں لکھا جاتا ہے۔
طِلسمات: [ع امث] دیکھئے "طلسم" جس کی یہ جمع ہے۔

طِلِسماتی: [ف صف] جادو کا۔ آفت کا۔
طِلِسمی: [ع صف] جادو کے متعلق۔ جادو کا۔
طَلعَت: [ع امث] چہرہ۔ رخ۔ شکل ۲۔ نظارہ۔ دیدار۔
طُلَقا: [ع صف] دیکھیے "طلیق" جس کی یہ جمع ہے۔
طُلُوع: [ع امذ] سورج۔ چاند۔ ستارے کا نکلنا ۲۔ بلند ہونا۔
طُلُوعِ آفتاب: [ع ف امذ] سورج کا نکلنا۔
طُلُوعِ صُبح: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] صبح ہونا۔
طَلِیب: [ع صف] بہت ڈھونڈنے والا۔ چاہنے والا۔
طَلِیعَہ: [ع امذ] وہ لشکر جو فوج کے آگے دشمن کی نقل و حرکت کا پتہ لگاتا ہے۔ ہراول۔ سکاؤٹ۔ شہر اور لشکر کی حفاظت کرنے والی سپاہ۔
طَلِیق: [ع صف] ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی ۲۔ قید سے رہائی پایا ہوا
طَلِیقُ اللِّسان: [ع صف] فصیح۔ خوش تقریر۔ خوش بیان۔

ط ــــ م

طَمّاع: [ع اسم مبالغہ] بہت لالچی۔ بڑا حریص
طُمّاع: [ع صف] دیکھیے "طامع" جس کی یہ جمع ہے۔
طَمانچہ: [ا ر امذ] تھپڑ۔ لپڑ جو کسی کے گال پر لگائیں۔ چپاتی بڑھانے کے واسطے ہاتھ کی تھپکی۔
طَمانچہ اُٹھانا: [ا ر محاورہ] تھپڑ مارنے کا اشارہ کرنا۔
طَمانچہ جڑنا / جمانا / دینا / رسید کرنا / لگانا / مارنا: [ا ر محاورہ] تھپڑ مارنا۔ پٹر مارنا۔
طَمانچے سے منہ لال کرنا: [ا ر محاورہ] تھپڑ مار کر منہ سرخ کر دینا ۲۔ بناوٹ سے سرخ روئی ظاہر کرنا۔
طُمانینَت / طُمانِیّت: [ع امث] اطمینان۔ دلجمعی۔ تسلی۔
طَمث: [ع امذ] حیض کا خون۔
طُمطُراق: [ف امذ] شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ کر و فر۔ رعب داب ۲۔ غرور و تکبّر
طُمطُراقی: [ف امث] شان تجمل۔
طَمَع: [ع امث] لالچ۔ حرص ۲۔ خواہش۔ چاہ۔
طَمعِ خام: [ع ف امث] ایسی خواہش جس کا پورا ہونا ناممکن ہو۔ پوری نہ ہونے والی آرزو۔ تمنائے ناتمام۔
طَمع را سہ حرف است ہر سہ تہی: [ف مثل] طمع کے تین حرف ہیں اور تینوں نقطوں سے خالی ہیں یعنی لالچ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
طَمع رکھنا: [ا ر محاورہ] لالچ آرزو یا اُمّید کرنا۔
طَمع کار: [ع ف صف] لالچی۔ حریص۔
طَمع کاری: [ع ف امث] دیکھیے "طمع کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طَمع کا منہ کالا: [ا ر مثل] لالچ کرنے والا ذلیل ہوتا ہے۔
طَمنچہ: [ا ر امذ] پستول۔ چھوٹی بندوق ۲۔ کنایۃً نوخیز لونڈی۔ کنواری دوشیزہ ۳۔ دیشیا۔ کسبی جس کا ابھی کسی سے تعلق قائم نہ ہوا ہو۔

ط ــــ ن

طَناب: [ع امث] خیمے کی رسی ۲۔ وہ رسی جس سے زمین ناپتے ہیں ۳۔ سبازی گروں کا رستہ ۴۔ رسی ڈوری۔
طَنابِ مِعمار: [ع امث بہ ترکیب فارسی] معمار کی رسّی جس سے دیوار کی سیدھ۔
طَنابیں کھنچنا: [ا ر محاورہ] خیمے کی رسی کھنچنا۔ دوری کم ہونا۔
طَنابیں کھینچنا: [ا ر محاورہ] خیمے کی رسی کھینچنا۔ دوری یا فاصلے کو کم کر دینا۔
طَنّاز: [ع صف] طنز کرنے والا ۲۔ ناز و انداز سے چلنے والا ۳۔ شوخ ۴۔ بیباک چالاک ۵۔ اشارے کنائے میں بات کرنے والا۔
طَنّازی: [ع ف امث] بیباکی۔ شوخی۔ چالاکی ۲۔ طنز۔ رمز۔ کنایہ۔
طَنبُور / طَنبُورَہ: [ع امذ] ایک قسم کا ستار۔
طَنبُور نواز: [ع ف صف] طنبور بجانے والا۔
طَنبُور نوازی: [ع ف امث] طنبور بجانے کا پیشہ۔
طَنبی: [ا ر امث ن] کھڑکی۔
طَنز: [ع امث] طعنہ۔ مہنا۔ آوازہ ۲۔ ٹھٹھا۔ تمسخر ۳۔ رمز کے ساتھ بات کرنا۔
طَنز آمیز: [ع ف صف] وہ بات جو طعنے کے طور پر کہی جائے۔
طَنز آمیزی: [ع ف امث] دیکھیے "طنز آمیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
طَنزاً: [ع متعلق فعل] طعنے سے ۲۔ اشارۃً۔ کنایۃً۔ رمزاً۔
طَنزِیَہ: [ع صف] وہ بات جس میں طنز پائی جائے۔
طَنزِیات: [ع امث] دیکھیے "طنزیہ" جس کی یہ جمع ہے۔
طَنطَنَہ: [ع امذ] نقارے۔ باجے۔ وغیرہ کی آواز ۲۔ کر و فر۔ رعب و داب ۳۔ شان و شوکت ۴۔ غصہ۔ بدمزاجی ۵۔ تکبر۔ غرور۔ گھمنڈ ۶۔ شور۔ غلغلہ۔
طَنطَنَہ بلند ہونا: [ا ر محاورہ] شور مچنا۔ غلغلہ بلند ہونا۔
طَنطَنَہ دِکھانا: [ا ر محاورہ] حکومت دکھانا ۲۔ اترانا ۳۔ ڈرانا۔ دھمکانا ۴۔ کر و فر دکھانا۔

ط ــــ و

طُواس: [ا ر امذ ق] قابین۔
طواسین: [ع امذ] الطس کی جمع ۲۔ حسین بن منصور کی ایک کتاب کے ابواب ۳۔ الواح نعیم۔
طَواف: [ع امذ] کسی چیز کے گرد پھرنا ۲۔ کعبہ یا کسی مقدس مقام کے گرد چکر لگانا ۳۔ گردش (افعال: کرنا۔ ہونا)
طَواغِیت: [ع امذ] دیکھیے "طاغوت" جس کی یہ جمع ہے۔
طَوالَت: [ع امث] طول لمبائی۔ درازی ۲۔ زیادتی۔ افزونی ۳۔ دیر۔ تاخیر۔
طَوالَت پذیر: [ع ف صف] طوالت پکڑنے والا۔ لمبا ہونے والا۔
طَوائِف: [ع امذ] دیکھیے "طائفہ" جس کی یہ جمع ہے۔
طَوائِف: [ا ر امث] ناچنے والی عورت۔ رقاصہ۔ رنڈی (بطور واحد مستعمل ہے)
طَوائِفُ المُلوکی: [ع ف امث] ہل چل۔ بد نظمی۔ لاقانونیت۔
طُوبیٰ: [ع امذ] بہشت کا ایک عظیم الشان درخت جس کا پھل بہت شیریں ہوتا ہے ۲۔ نہایت خوشبودار۔ خوشبودار اچھا نفیس ۳۔ جائز ۴۔ نہایت پاک ۵۔ خوشخبری۔ خوشی
طُوبیٰ قامت / قد: [ع صف] طوبیٰ جیسے قد والا۔ خوش قامت۔ دراز قامت۔
طُور (سینا): [ع امذ] کوہ سینا۔ جزیرہ نمائے سینا میں ایک پہاڑ جہاں حضرت موسیٰ پر تجلی الٰہی کا اظہار ہوا تھا ۲۔ پہاڑ۔

طور: [ع امذ] حالت ۲۔ طرز۔ ڈھنگ۔ طرح۔ طریقہ ۳۔ ایک بار ۴۔ حد ۵۔ بنیاد صرف قسم۔ نوع۔

طور بے طور ہونا: [ا ر محاورہ] حالت خراب ہونا ۲۔ قریب مرگ ہونا ۳۔ گڑبڑ ہونا۔

طور طریق / طریقہ: [ع امذ] رنگ ڈھنگ۔ چال چلن۔ برتاؤ

طوس: [ف امذ] ۱۔ ایک قسم کا اونی ملائم ولدار کپڑا ۲۔ خراسان کے ایک شہر کا نام۔

طوسی: [ف صف] ایک رنگ کا نام جو مازو، کسیس اور پھٹکری سے تیار کیا جاتا ہے ۲۔ طوس سے منسوب

طوطا: [ف امذ] ایک سبز رنگ کا پرندہ جس کا قد کبوتر کے برابر ہوتا ہے۔ جو نچ سرخ مڑی ہوئی۔ یہ آواز سیٹی وغیرہ کی خوب نقل کرتا ہے۔

طوطا چشم: [ف صف] بے وفا بے مروت۔ ناآشنا۔

طوطا چشمی: [ف امث] دیکھئے "طوطا چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

طوطک: [ف امذ] ۱۔ طوطا ۲۔ ایک ساز۔ العوزہ۔

طوطی: [ف امذ امث] ۱۔ طوطا۔ فصیح البیان شخص۔

طوطی بلوا لینا / بلوانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طوطی بولنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

طوطی بولنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ شہرت ہونا ۲۔ رسوخ ہونا کسی کے پاس ۳۔ اچھی رائے حاصل کرنا۔ ۴۔ اختیار یا رسوخ حاصل کرنا۔

طوطے اڑ جانا / اڑنا / سے اڑ جانا: [ا ر محاورہ] ۱۔ سخت گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا

طوطے کی سی آنکھیں بدلنا / طرح نگاہ پھیر لینا: [ا ر محاورہ] بے وفائی کرنا بے پروائی کرنا۔

طوطے کی طرح پڑھنا: [ا ر محاورہ] بے سوچے سمجھے پڑھنا۔

طوطے کی طرح ٹیں ٹیں کرنا: [ا ر محاورہ] واہیات بکنا۔

طوطے کی طرح کلمہ پڑھنا: [ا ر محاورہ] ا ر محاورہ] ظاہری طور پر مسلمان ہونا۔

طوطیا: [ع امذ] نیلا تھوتھا ۲۔ الزام۔ تہمت وغیرہ ۳۔ سرمہ

طوطیا باندھنا: [ا ر محاورہ] بہتان لگانا۔ تہمت لگانا۔

طوع: [ع امث] رغبت۔ رضامندی ۲۔ خوشنودی ۳۔ اطاعت۔ فرمانبرداری۔

طوعاً: [ع متعلق فعل] رضامندی سے **طوعاً و کرہاً**: [ع متعلق فعل] چاروناچار۔ جبراً۔ قہراً

طوعاً و کرہاً: [ع متعلق فعل] چاروناچار جبراً۔ قہراً۔

طوغ: [ت۔ امذ] فوج کا نشان (جھنڈا) ۲۔ (امث) ایک قسم کی بڑی شمع۔

طوغان: [ت۔ بڑا عقاب

طوف: [ع امذ] پھیرا۔ چکر ۲۔ طواف کرنا۔ گرد پھرنا ۳۔ کعبے کے گرد پھرنا ۴۔ حج ۵۔ ایک ایک بیوی کے پاس باری۔ باری سے جانا۔

طوفان: [ع امذ] سب پر چھا جانے والی چیز۔ عالمگیر مصیبت ۲۔ آندھی۔ بادتند۔ ۳۔ سیلاب۔ طغیانی ۴۔ سخت بارش ۵۔ غل۔ شور ۶۔ بہتان۔ الزام ۷۔ فساد جھگڑا ہنگامہ ۸۔ قہر۔ مصیبت۔ آفت۔ غضب ۹۔ آفت کا پرکالہ ۱۰۔ شریر بچہ۔ شرارتی بچہ ۱۱۔ واویلا۔ کہرام ۱۲۔ ناگہانی موت ۱۳۔ قتل ۱۴۔ (صف) کامل ۵۔ بہت زیادہ۔ بےحد

طوفان آنا: [ا ر محاورہ] شدت سے ہوا کا چلنا۔ مینہ / بارش برسنا / طغیانی کا سیلاب آنا۔

طوفان اٹھانا: [ا ر محاورہ] بہتان لگانا ۲۔ فساد برپا کرنا ۳۔ شور و غل مچانا۔ واویلا کرنا ۴۔ طوفان لانا۔ سیلاب لانا۔

طوفان اٹھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طوفان اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

طوفان اشک: [ع امذ] بہت زیادہ رونا۔ بہت آنسو بہانا۔

طوفان اگلنا: [ا ر محاورہ] طوفان پیدا کرنا۔ بہتانات سے کوئی چیز پیدا کرنا۔

طوفان امنڈنا: [ا ر محاورہ] طوفان زیادہ ہونا۔

طوفان باندھنا: [ا ر محاورہ] تہمت لگانا ۲۔ مبالغہ کرنا۔

طوفان برپا کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طوفان اٹھانا"

طوفان برپا ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طوفان اٹھنا"

طوفان جوڑنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طوفان باندھنا"

طوفان ڈھانا: [ا ر محاورہ] غضب کرنا۔

طوفان رسیدہ: [عف صف] طوفان سے تباہ شدہ۔

طوفان رکھنا: [ا ر محاورہ] تہمت لگانا۔

طوفان زا عف صف] سیلاب یا طغیانی لانے والا۔

طوفان شیطان: [ع امذ] بہتان۔ الزام۔ تہمت۔

طوفان طرازی [عف امث] طوفان پیدا کرنا۔

طوفان کرنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ غل۔ شور مچانا۔ اودھم مچانا ۲۔ جھگڑا / فساد کرنا۔

طوفان کھڑا کرنا: [ا ر محاورہ] بہتان لگانا۔

طوفان لانا: [ا ر محاورہ] سیلاب پیدا کرنا۔

طوفان لگانا / لینا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طوفان لگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

طوفان لگنا: [ا ر محاورہ] بہتان یا الزام لگنا۔

طوفان مچانا: [ا ر محاورہ] شور و غل مچانا۔

طوفان میں آنا: [ا ر محاورہ] کشتی یا جہاز کا بادِ تند میں پھنسنا یا اس سے تباہی میں

طوفان نوح: [ع امذ] وہ طوفان جو حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں لوگوں کے گناہوں کی وجہ سے آیا۔ حضرت نوح نے ہر قسم کے جانداروں کا ایک ایک جوڑا رکھ لیا تھا اور اپنے خاندان اور رفقاء سمیت کشتی میں سوار ہو گئے تھے۔ طوفان کے بعد کشتی کوہ ارارات پر ٹھہری۔

طوفان ہونا: [ا ر محاورہ] ۱۔ بادتند کا چلنا ۲۔ نہایت شریر ہونا۔

طوفانی: [ع صف] طوفان سے منسوب ۲۔ جھوٹا۔ شریر۔ مفتنی۔ فسادی ۳۔ تیز۔ تند

طوفانی جہاز: [ع امذ] وہ جہاز جو سمندری طوفان میں پھنسا ہوا ہو۔

طوفانی دورہ: [عف امذ] وہ طویل دورہ جس میں کسی ایک جگہ قیام بہت مختصر ہو۔ وسیع علاقے کا تیزی سے دورہ کرنا۔

طوفانی ہونا: [ا ر محاورہ] تباہ ہونا۔ کشتی یا جہاز کا طوفان میں پھنس جانا۔

طوق: [ع امذ] ۱۔ گلے کا ایک زیور ۲۔ کبوتر۔ فاختہ وغیرہ کے گلے کا گول نشان ۳۔ منت کی چوڑی ہنسلی جو بچوں کے گلے میں پہناتے ہیں ۴۔ بھاری آہنی حلقہ جو مجرموں یا دیوانوں کے گلے میں ڈال دیتے ہیں تاکہ سر نہ اٹھا سکیں ۵۔ حلقہ آہنی جو غلاموں کے گلے میں ڈالتے تھے۔

طوق اتارنا / بڑھانا: [ا ر محاورہ] منت کا طوق بچے کے گلے سے اتار کر منت ادا کرنا

طوق اترنا / بڑھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "طوق اتارنا / بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

طوق بہار: [ع امذ] قوس قزح (کنایۃً)

طوق زنجیر: [ع امذ] ہتھکڑیاں۔ بیڑیاں۔

طوق غلامی: [ع امذ] اطاعت کا جوا۔ وہ طوق جو زمانہ قدیم میں غلاموں کے گلے میں ڈالتے تھے۔

طوق غلامی گلے میں ڈالنا: [ا ر محاورہ] اطاعت کرنا۔

طوق لعنت بگردن ابلیس: [ف مثل] لعنت کا طوق شیطان کی گردن میں۔ جب کسی آدمی کو بھی برائی کا الزام لگتا ہے۔

طوقِ ماہ : [ف امذ] چاند کا ہالہ ۔
طوق و زنجیر کرنا : [ا ر محاورہ] ہتھکڑیاں بیڑیاں پہنانا ۔ قید کرنا ۔
طوق و زنجیر ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "طوق و زنجیر کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
طول : [ع امذ] لمبائی ۲ ۔ درازی ۔ وسعت ۳ ۔ (صف) طویل ۔ بڑا ۴ ۔ وسیع ۔ پھیلا ہوا ۔
طولُ البلد / بلد : [ع امذ] کسی مقام کا فاصلہ کسی خاص نصف النہار سے درجوں میں ۔
طولِ اَمل : [ع امذ] اُمید کی طوالت ۲ ۔ حرص کی زیادتی ۳ ۔ کنایۃً حرصِ دُنیا ۔
طول پکڑنا : [ا ر محاورہ] بڑھ جانا ۔ طوالت ہونا ۔
طول دینا : [ا ر محاورہ] کسی معاملے کو بڑھانا ۲ ۔ بات کو لمبا کرنا ۳ ۔ یاوہ گوئی کرنا ۔
طولِ عمرہٗ : [ع دعا] خدا عمر دراز کرے (چھوٹوں کو لکھتے ہیں)
طولِ عمل : [ا امذ] ا ۔ مشکل کام ۲ ۔ ایسا کام جس میں غیر معمولی طوالت ہو ۔
طول طویل : [ع صف] بہت لمبا ۔
طول کھینچنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "طول کھینچنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
طول کھینچنا : [ا ر محاورہ] دیر لگانا ۔ مدت لگانا ۔
طولاً : [ع متعلق فعل] لمبائی میں ۔ لمبائی کی طرف سے ۔
طولانی : [ع صف] بہت لمبا ۔ دراز ۔
طولی : [ع صف] کامل ۔ پورا (جیسے یدِ طولی)
طومار : [ع امذ] ا ۔ کتاب ۔ صحیفہ ۔ دفتر ۲ ۔ مکتوب ۔ دراز ۳ ۔ کاغذ ۔ لپٹا ہوا ۴ ۔ ڈھیر ۵ ۔ لمبی کہانی ۶ ۔ کاغذوں کا گٹھا ۔ جھوٹی باتیں ۔ مبالغہ آمیز باتیں ۔
طومار باندھنا / بندھ / باندھ دینا / کھڑا کرنا : [ا ر محاورہ] جھوٹی بات بڑھا کر بیان کرنا ۲ ۔ جھوٹی بات سے فتنہ برپا کرنا ۳ ۔ جھوٹ کا پل باندھنا ۔
طومار بندھنا / کھڑا ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "طومار باندھنا" وغیرہ جن کا یہ لازم ہے
طوی : [ف امث] ا ۔ دعوت ۔ ضیافت ۲ ۔ شادی ۔ بیاہ ۔ جشن ۔
طوی : [ع امذ] ملک شام میں ایک وادی جسے وادی ایمن / مقدس بھی کہتے ہیں ۔
طویس : [ع امذ] ا ۔ چھوٹا طاؤس ۔
طویل : [ع صف] ا ۔ لمبا ۔ دراز ۲ ۔ ایک بحر یا وزن کا نام ۳ ۔ مردوں کا ایک کھیل ۔
طویلُ الذیل : [ع صف] جس کا دامن لمبا ہو ۔ وسیع دامن والا ۔
طویلُ الجثہ / القامت : [ع صف] لمبے قد کا ۔
طویلہ : [ع امذ] لمبی رسی ۲ ۔ موتیوں کا ہار ۳ ۔ ایک سکہ جو عرب کے جنوب میں رائج ہے ۔
طویلہ : [ع امذ] گھوڑوں کا تھان ۔ اصطبل ۔
طویلے کی بلا بندر کے سر : [ا ر مثل] ا ۔ کہتے ہیں کہ اگر طویلے میں بندر رکھا جائے تو گھوڑے یا دوسرے مویشی مصیبتوں / آفتوں / بلاؤں وغیرہ سے محفوظ رہتے ہیں اس لئے اس موقع پر کہتے ہیں جب کئی آدمیوں کی آفت ایک کے سر پڑے ۔ ۲ ۔ قصور کسی کا ہو اور مارا کوئی جائے ۔
طویلے میں کتیا بیاہی : [ا مقولہ] اپنے ہی گروہ میں پھوٹ ۔

ط ـــــ ہ

طٰہٰ : [ع امث] (تلفظ طاہا) ا ۔ ایک سورۃ قرآن شریف کی ۲ ۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ۔
طہارت : [ع امث] پاکیزگی ۔ صفائی ۔ پاکی ۲ ۔ وضو ۔ استنجا ۔ آبدست ۔ غسل (افعال کرنا ۔ ہونا)
طہارت خانہ : [ف امذ] نہانے اور وضو کرنے کی جگہ ۔
طہارت نامہ : [ف امذ] کتاب جس میں طہارت کے قواعد و اصول اور طریقے درج ہوں ۔
طُہر : [ع امذ] ا ۔ عورت کا حیض سے پاک ہونا ۲ ۔ وہ ایام جن میں حیض نہ ہو ۔
طاہران : [ع صف] پاک ۔ صاف ۔ ستھرا ۔
طَہور : [ع امبالغہ] پاک کرنیوالا ۔ بہت پاک (شراب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

ط ـــــ ے

طے : [ع امذ] ا ۔ قطع مسافت ۲ ۔ تمام کرنا ۔ پورا کرنا ۔ انجام کو پہنچانا ۔ ختم کرنا ۳ ۔ فیصلہ ۔ بیباقی ۴ ۔ (صف) کوتاہ ۔ مختصر ۔
طے ارض : [ع امذ] فاصلے کا طے کرنا ۔
طے کا روزہ : [ا امذ] وہ روزہ جو تیسرے دن افطار کیا جائے ۔
طے کرنا : [ا ر مص مرکب] دیکھئے "طے ہونا" جس کا یہ متعدی ہے ۔
طے ہونا : [ا ر مص مرکب] مسافت ختم ہونا ۔ تمام ہونا ۔ فیصلہ ہونا ۔ رفع دفع ہونا معاملہ کا نپٹ جانا ۔ تہ ہونا ۔ لڑنا ۔
طیّار : [ع صف] اڑنے والا ۔ تیز دوڑنے والا ۔ تیز ۲ ۔ پارہ ۳ ۔ پر دار جانور ۔ ۴ ۔ جعفرؓ بن ابوطالب کا لقب ۔
طیّارہ : [ع امذ] ہوائی جہاز ۔
طیّاری : [ع امث] فریبی ۔ ہوا دریش کرنے سے ہوتی ہو ۲ ۔ لال اور چڑیوں کا بہت بڑا پنجرا ۔
طیّب : [ع امذ] ا ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ نفیس ۲ ۔ خوشگوار ۔ لذیذ ۳ ۔ جائز ۴ ۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ایک بیٹے کا نام ۔
طیّبات : [ع امث] ا ۔ خوشیاں ۲ ۔ پاک عورتیں ۔
طیّبہ : [ع صف] دیکھئے "طیّب" جس کی یہ تانیث ہے ۔
طیب : [ع امث] خوشی ۔ رضامندی ۲ ۔ خوشبو ۔ مہک ۳ ۔ کسی چیز کا بہترین حصہ ۔
طیبِ النفس : [ع صف] پاک نفس ۔ مقدس
طیبِ خاطر : [ع امث] رضامندی ۔ خوشنودی مزاج ۔ خوشی ۔
طیبت : [ع امث] جائز کام ۲ ۔ خالص شراب ۳ ۔ چاہ زمزم ۴ ۔ مذاق ، چہل ۔
طیبہ : [ع امذ] مدینہ کا نام ۔
طیر : [ع امذ] ا ۔ پرندہ ۔ چڑیا ۲ ۔ اُڑنا ۔
طیران : [ع امث] اُڑان ۔ پرواز ۔
طیران گاہ : [ع ف امث] مقام پرواز ۔ ہوائی اڈا ۔
طیش : [ع امذ] غصہ ۔ غضب ۔ جوش ۔ قہر (افعال : آنا ۔ دلانا)
طیش کھانا : [ا ر محاورہ] غم و غصہ برداشت کرنا ۔
طیش میں آنا : [ا ر محاورہ] غصے میں آنا ۔ جھنجھلانا ۔
طیف : [ع امذ] شیشے کا مستطیل ٹکڑا جو روشنی کی شعاعوں کو مختلف رنگوں میں ظاہر کرتا ہے
طیفور : [ع امذ] ا ۔ پرندہ ۔ اڑنے والا کیڑا ۲ ۔ ایک خاص پرندے کا نام ۔
طیلس / طیلسان : [ع امذ] ا ۔ پگڑی کا شملہ ۲ ۔ چادر جو عرب کندھوں پر ڈالتے ہیں ۔
طین : [ع امث] مٹی ۔ گیلی مٹی ۔
طینت : [ع امث] ا ۔ سرشت ۔ طبیعت ۲ ۔ خو ۔ عادت ۔
طیور : [ع امذ] دیکھئے "طیر" جس کی یہ جمع ہے ۔
طیوری : [ع امذ] چڑی مار ۔ پرندوں کو پکڑنے والا ۔ شکاری ۔

ظ

ظ: [ع امث] عربی اور فارسی میں اسے ظا اور اردو میں ظوئے کہتے ہیں۔ طا سے ممیز کرنے کے لئے اسے ظائے منقوطہ یا معجمہ بھی کہتے ہیں۔

۱- اردو حروف تہجی کی ترتیب میں تیئسواں اور فارسی ترتیب میں بیسواں حرف ہے۔
عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتثی میں سترھواں اور ترتیب ابجد کا ستائیسواں حرف ہے۔

۲- یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳- یہ عربی سے مخصوص لفظ ہے اور اس کی آواز اور کسی زبان میں نہیں پائی جاتی۔ اس لئے غیر عربی الفاظ کے ساتھ اس کا استعمال درست نہیں۔

۴- شمسی حرف ہے۔ یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آ جائے تو وہ لام آواز نہیں دے گا بلکہ ظا کو مشدد کر دے گا۔ مثلاً الظّاہر۔

۵- حساب جمل میں اس کے نوسو عدد منسوب ہوتے ہیں۔

ظ ـــ ا

ظافر: [ع صف] فاتح۔

ظالم: [ع صف مذ] ۱- ظلم کرنیوالا ۲- سنگدل۔ بے رحم ۳- کنا: معشوق ۴- بے انصاف۔

ظالم پھولتا پھلتا نہیں: [ا رمقولہ] ظالم اولاد اور مراد سے بے نصیب رہتا ہے۔

ظالم تیرا ظلم کب تک رہے گا کبھی تو خدا ہماری بھی سنے گا: [ا رمثل] مظلوم تنگ آکر ایسا کہتا ہے۔

ظالم خدا سے ڈر / کو مان: [ا رمثل] جب کوئی کسی کو ستائے یا جھوٹ بولے تو کہتے ہیں۔

ظالم سوز: [ع ف صف] ظالم کو تباہ کرنے والا۔

ظالم ظلم کرے نیک بخت برگ بھرے: [ا رمثل] ظالم ظلم کرتا ہے۔ نیک بخت نیکی کا کام کرتا ہے۔

ظالم کا پینڈا ہی نرالا ہے: [ا رمثل] جدھر سے ظالم گزرے کوئی ادھر نہیں جاتا۔

ظالم کا زور سر پہ: [ا رمثل] زبردست کے آگے کچھ نہیں چلتی

ظالم کی بیل نہیں بڑھتی: [ا رمثل] ظالم کی اولاد نہیں ہوتی۔

ظالم کی چال ہی اور ہے: [ا رمثل] ظالم کے طریقے مختلف ہوتے ہیں۔

ظالم کی داد خدا کے گھر: [ا رمثل] ستانے والے کو خدا سزا دیتا ہے۔

ظالم کی رسّی دراز ہے: [ا رمثل] ظالم کی عمر بڑی ہوتی ہے تاکہ بہت گناہ کر کے اپنے آپ کو جہنم کا ایندھن بنائے۔

ظالم کی عمر کوتاہ ہوتی ہے: [ا رمثل] ظالم بہت دن زندہ نہیں رہتا۔ کوئی نہ کوئی اسے قتل کر دیتا ہے۔

ظالم گداز: [ع ف صف] ظالم کو تباہ کرنے والا

ظالمانہ: [ع ف صف] ظلم سے بھرا ہوا۔ ظالم کے طریقے پر۔

ظالموں کا بادشاہ: [ا رصف] سخت ظالم۔

ظالمی: [ا ر امث] ظلم۔ ظالم ہونا۔

ظامی: [ع صف] پیاسا۔

ظاہر: [ع صف] ۱- عیاں۔ آشکارا۔ صاف۔ کھلا ۲- (مذ) خدا کا ایک نام ۳- اوپری حالت صورت ۴- نمائش۔ دکھاوا ۵- (لکھنؤ) میں خاکہ دلوں کا پیر۔

ظاہرا: [ع متعلق فعل] ظاہر میں۔ آشکارا۔ عیاں۔

ظاہر اچھا باطن بُرا: [ا رمثل] دیکھنے میں نیک مگر حقیقت میں بُرا۔

ظاہر اسباب: [ع متعلق فعل] ظاہرا طور پر۔ ظاہر میں۔

ظاہر اللہ باطن اللہ: [ا رمثل] اللہ اپنی قدرت سے ہر جگہ موجود ہے۔

ظاہر اور باطن میں فرق ہونا / ظاہر اور باطن ایک نہ ہونا: [ا رمحاورہ] زبان پر کچھ اور دل میں کچھ ہونا۔ دغاباز ہونا۔

ظاہر باطن ایک سا / یکساں ہونا: [ا رمحاورہ] شریف ہونا۔ دل اور زبان کا یکساں ہونا۔

ظاہر بنائے رکھنا: [ا رمحاورہ] دکھاوا رکھنا۔

ظاہر بیں: [ع ف صف] ظاہر دیکھنے والا۔

ظاہر بینی: [ع ف امث] دیکھئے "ظاہر بیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ظاہر پرست: [ع صف] دنیا دار۔ ظاہری باتوں پر عمل کرنے والا۔ ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا

ظاہر پرستی: [ع ف امث] دیکھئے "ظاہر پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ظاہر پہ جانا: [ا رمحاورہ] ظاہری حالت دیکھ کر دھوکا کھانا۔

ظاہر پیر: [ع ف امذ] خاک کر دلوں کا پیر۔

ظاہر دار: [ع ف صف] دکھاوے کا برتاؤ کرنے والا۔

ظاہر داری: [ع ف امث] دیکھئے "ظاہر دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ظاہر داری برتنا: [ا رمحاورہ] دکھاوے کی باتیں کرنا۔

ظاہر داری فضول بات ہے: [ا رمثل] دکھاوے کی باتیں اچھی نہیں ہوتیں۔

ظاہر رحمٰن کا باطن شیطان کا / ظاہر کا رحمٰن باطن کا شیطان: [ا رمثل] دیکھنے میں نیک حقیقت میں بُرا۔

ظاہر ظہور: [ع متعلق فعل] کھلم کھلا۔ ظاہری طور پر۔

ظاہر کا تماشا: [ا ر امذ] نمائشی دکھاوا

ظاہر کا نرم باطن کا سخت: [ا رمثل] ظاہر رحم دل مگر سخت سنگ دل

ظاہر کرنا: [ا رمع مرکب] ۱- افشا کرنا۔ کھولنا ۲- تشریح کرنا ۳- بناوٹ سے دکھانا۔ نمائش کرنا۔ ۴- جتانا۔ اشارے سے دکھانا ۵- بتانا۔ ذکر کرنا۔

ظاہر کی آنکھیں اور ہیں باطن کی آنکھیں اور ہیں: [ا رمثل] دل کی سوجھ بوجھ ان آنکھوں سے جدا ہے۔

ظاہر کی ٹیپ ٹاپ / ٹٹو ہے: [ا رمثل] ظاہری دکھاوے کی نمود، زیب و زینت ہے۔

ظاہر کی دنیا ہے: [ا رمثل] دنیا دکھاوے پر جاتی ہے / ظاہری باتوں پر مرتی ہے۔

ظاہر کے رنگ ڈھنگ ہیں: [ا رمثل] ریاکاری اور دکھلاوے کی باتیں ہیں۔

ظاہر میں: [ا رمتعلق فعل] کھلے طور پر

ظاہر نظر / نگر: [ع ف صف] جو ظاہری باتوں کا خیال کرے۔

ظاہر نما: [ع ف صف] نمائشی۔ ظاہر میں اچھا۔

ظاہر و باطن: [ع امذ] اندر اور باہر ۲- (متعلق فعل) زبان پر اور دل میں اور۔

ظاہرہ: [ع صف] عیاں۔ آشکارا۔ ظاہر۔

ظاہر ہو جانا / ہونا: [ا ل مص مرکب] دیکھئے "ظاہر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ظاہر ہے: [ا ر محاورہ] سب جانتے ہیں۔
ظاہری: [ع صف] ا۔ نمائشی۔ دکھاوے کا ۲۔ اوپرا۔ ظاہر کا ۳۔ کھلا ہوا۔
ظاہری رنگ ڈھنگ ہیں: [ا ر محاورہ] ریاکاری یا بناوٹ کی باتیں ہیں۔
ظاہریت: [ع۔ امث] دیکھئے "ظاہری" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ظ ـــــ ر

ظرّاف: [ع امبالغہ] ا۔ بہت زیادہ ہنسنے والا ۲۔ بہت دانا۔ چتر۔
ظرافت: [ع امث] دل لگی ٹھٹھا۔ تمسخر۔
ظرافت آمیز: [عف صف] ظرافت ملی ہوئی۔ دل لگی کی
ظرافت انگیز: [عف صف] مسخرے پن کا مذاقیہ۔ دل لگی کا۔
ظرافت پسند: [عف صف] جو دل لگی پسند کرے۔
ظرافت پسندی: [عف امث] دیکھئے "ظرافت پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ظرافت کا پتلا: [ا ر صف] ظریف۔ مسخرا۔
ظرافت کا پہلو: [ا ر امذ] دل لگی کا انداز۔
ظرافت کی پوٹ: [ا ر امث] بہت ظریف۔ مسخرا۔
ظرافتاً: [ع متعلق فعل] مذاقاً۔ دل لگی سے
ظرف: [ع امذ] ا۔ چالاکی۔ ہنر۔ کاریگری ۲۔ نفاست۔ خوبی ۳۔ تہذیب ۴۔ قابلیت لیاقت ۵۔ سمائی گنجائش۔ حوصلہ ۶۔ برتن ۷۔ (صرف) وہ اسم جو مقام یا جگہ یا وقت پر دلالت کرے
ظرف آفتاب: [عف امذ] قدح شراب۔
ظرف پیدا کرنا: [ا ر محاورہ] حوصلہ پیدا کرنا۔
ظرف دیکھنا: [ا ر محاورہ] حوصلہ دیکھنا
ظرف زمان: [ع امذ] وہ اسم جو مطلق زمانے پر دلالت کرے۔ مثلاً صبح شام۔
ظرف عالی ہونا: [ا ر محاورہ] بڑا حوصلہ ہونا۔
ظرف لبریز ہونا: [ا ر محاورہ] عمر اخیر ہونا۔ موت کا وقت قریب آنا۔
ظرف مکان: [ع امذ] وہ اسم جو مطلق مکان پر دلالت کرے۔ مثلاً یہاں۔ وہاں۔
ظرفا: [ع امذ] دیکھئے "ظریف" جس کی یہ جمع ہے۔
ظرفیّت: [ع امث] حوصلہ۔ دلیری
ظروف: [ع امذ] دیکھئے "ظرف ۶" جس کی یہ جمع ہے۔
ظریف: [ع صف] خوش طبع آدمی۔ مسخرا۔ بامذاق شخص۔ دل لگی باز۔ ٹھٹھے باز۔ لطیفہ گو۔ ہنسی اور دل لگی کرنے والا۔
ظریف طبع / مزاج: [ع صف] جسکے مزاج میں ظرافت کا مادہ زیادہ ہو۔
ظریفانہ: [عف صف] ظرافت کا۔ مسخرے پن کا۔

ظ ـــــ ف

ظفر: [ع امث] ا۔ فتح کامیابی۔
ظفر آیات / آیہ / اثر / پیکر / موج: [عف صف] جو اکثر فتح پاتا ہے۔
ظفر انجیز: [عف صف] فاتح۔ کامیاب۔
ظفر پانا: [ا ر مص مرکب] کامیابی حاصل کرنا۔ فتح پانا۔
ظفر تکیہ: [عف امذ] ایک لکڑی جس پر فقیر اپنے بدن کا بوجھ ڈالتے ہیں۔ جب بیٹھے بیٹھے تھک جاتے ہیں۔ اس میں چھری بھی ہوتی ہے ۲۔ لوہے کی نوکدار سلاخ ۳۔ خنجر۔ چھری لمبی اور پتلی۔
ظفر توام: [عف صف] فتح پانے والا۔
ظفر جنگ: [عف امذ] ایک قسم کا فوجی خطاب۔
ظفر شعار: [ع صف بترکیب فارسی] فاتح۔
ظفر صورت: [ع صف بترکیب فارسی] فاتح۔ جسکی صورت سے فتح کرنا ظاہر ہو۔
ظفر قریب / قرین / مراد / نشان: [عف صف] جسکے حملے کے ساتھ فتح وابستہ ہو۔
ظفر یاب: [عف صف] فتح پانے والا۔
ظفر یابی: [عف امث] فتح۔
ظفرہ: [ع امث] آنکھ کی ایک بیماری۔ ناخونہ۔

ظ ـــــ ل

ظلّ: [ع امذ] سایہ۔ پناہ۔ چھاؤں۔
ظلّ اللہ / الٰہی / حق / خدا / سبحانی: [ع امذ] خدا کا سایہ۔ بادشاہ۔
ظلّ حمایت: [ع امذ] حمایت کی پناہ۔
ظلّ ظلیل: [ع امذ] گھنا سایہ۔ ہمیشہ رہنے والا سایہ
ظلّ عنایت: [ع امذ] مہربانی کی پناہ۔
ظلّ گستر: [ع صف] سایہ پھیلانے والا / دینے والا۔ پناہ دینے والا۔ حامی۔
ظلّ ہما: [ع امذ] ہما کا سایہ۔ کہتے ہیں ہما کا سایہ جس شخص پر پڑے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔
ظلال: [ع امذ] ابر کا سایہ ۲۔ کوئی سایہ دار چیز ۳۔ باغ ۴۔ بہشت۔
ظلال: [ع امذ] دیکھئے "ظل" جسکی یہ جمع ہے۔
ظلام: [ع امذ] رات کی تاریکی۔ اندھیرا۔
ظلّام: [ع امذ] بہت بڑا ظالم۔ بڑا بے انصاف۔
ظلام: [ع امذ] دیکھئے "ظلمت" جس کی یہ جمع ہے۔
ظلم: [ع امذ] بے انصافی ۲۔ زبردستی۔ جبر۔ زیادتی ۳۔ جور۔ ستم۔ جفا ۴۔ آفت۔ مصیبت ۵۔ کمزور کو ستانا ۶۔ بھاری بوجھ۔ بھاری مالگزاری ۷۔ نقصان۔ ضرر ۸۔ سختی ۹۔ استحصال بالجبر۔ کوئی چیز زبردستی لے لینا ۱۰۔ اندھیرا۔ تاریکی ۱۱۔ بت پرستی بے انصافی کرنا۔
ظلم اٹھانا: [ا ر محاورہ] ستم برداشت کرنا۔ ظلم سہنا۔
ظلم اٹھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "ظلم اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ظلم ایجاد کرنا: [ا ر محاورہ] ستم پیدا کرنا۔
ظلم بتانا: [ا ر محاورہ] ستم سکھانا۔
ظلم پالنا: [ا ر محاورہ] ستم کو پسند کرنا۔
ظلم پر آمادہ رہنا: [ا ر محاورہ] ہر وقت لوگوں کو تنگ کرنے کے لئے تیار رہنا
ظلم پر ظلم: [ا ر صف] بہت ظلم۔
ظلم پرور: [عف صف] ظلم کو رونق دینے والا۔
ظلم پسند: [عف صف] ظلم کرنے والا۔ ظلم کو پسند کرنے والا۔
ظلم پسندی: [عف امث] دیکھئے "ظلم پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ظلم پیشہ: [عف صف] جو ظلم کا عادی ہو
ظلم پیشگی: [عف امث] دیکھئے "ظلم پیشہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ظلم توڑنا: [ار محاورہ] سختی کرنا۔ آفت ڈھانا۔ قیامت برپا کرنا۔
ظلم ٹوٹنا: [ار محاورہ] دیکھئے "ظلم توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ظلم جھیلنا: [ار محاورہ] جور برداشت کرنا۔
ظلم دوست: [عف صف] ظلم کو پسند کرنے والا۔ ظالم۔
ظلم دیکھنا: [ار محاورہ] جور برداشت کرنا۔
ظلم ڈھانا: [ار محاورہ] ظلم توڑنا۔
ظلم روا رکھنا: [ار محاورہ] ظلم کرنا۔
ظلم رسیدہ: [عف صف] مظلوم جس پر ظلم ہوا ہو۔
ظلم سا ظلم: [ار صف] بہت ظلم۔
ظلم سکھانا: [ار محاورہ] ستم کے طریقے ایجاد کرنا۔ جور سکھانا۔
ظلم سہنا: [ار محاورہ] جور برداشت کرنا۔
ظلم سیکھنا: [ار محاورہ] جور یا ستم کرنے کا طریقہ جاننا۔
ظلم شعار: [ع صف] ظلم پیشہ۔
ظلم طینت: [ع صف] جس کی سرشت میں ظلم شامل ہو
ظلم کرنا: [ار فعل مرکب] ستم کرنا۔ جفا کرنا۔
ظلم کیش: [عف صف] ظالم۔ جفا کار
ظلم و بدعت / جفا: [ع امث] بے حد ظلم۔
ظلم و ستم: [ع امذ] بیحد ظلم۔
ظلم ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "ظلم کرنا" جس کا یہ لازم ہے
ظلماً ظلمی: [ار متعلق فعل] زبردستی سے۔ جبراً۔
ظلمات: [ع امذ] دیکھئے "ظلمت" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ وہ تاریکی جو سکندر اعظم کو آب حیات کے پہنچنے تک جانے ملی تھی ۳۔ ایک ملک جہاں ہر وقت اندھیرا ہی رہتا ہے ۴۔ یورپ اور افریقہ کے مغربی سمندر یعنی بحر اوقیانوس کا دوسرا نام۔
ظلماتی: [ع صف] تاریک سیاہ ۲۔ اندھیرے سے نسبت رکھنے والا۔
ظلمانی: [ع صف] دیکھئے "ظلماتی"
ظلمت: [ع امث] اندھیرا۔ تاریکی۔ سیاہی۔
ظلمت آباد: [عف امذ] تاریک مقام۔ دنیا۔
ظلمت بڑھنا: [ار محاورہ] تاریکی زیادہ ہونا۔ سیاہی چھا جانا۔
ظلمت پھیلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "ظلمت بڑھنا"
ظلمت جانا: [ار محاورہ] سیاہی مفقود ہونا۔ تاریکی یا اندھیرا ہٹ جانا/ختم ہونا۔
ظلمت چھا جانا / چھانا: [ار محاورہ] تاریکی پھیلنا۔
ظلمت خانہ / ظلمت کدہ: [عف امذ] دیکھئے "ظلمت آباد"
ظلمت رنج: [عف امث] رنج کی تکلیف
ظلمت شب: [عف امث] رات کی تاریکی
ظلمت کا دامن پھیلانا: [ار محاورہ] سب طرف اندھیرا ہونا۔ اندھیرا پھیلنا۔
ظلمت کفر: [ع امذ] کفر کا اندھیرا ۲۔ کفر کو ظلمت سے استعارہ کرتے ہیں۔
ظلمہ: [عف امذ] ظلم کی شدت۔
ظلمی: [عف صف] ناانصاف۔ ظالم۔

ظلوم: [ع صف / مبالغہ] سخت ظالم
ظلوم و جہول: [ع صف] سخت ظالم اور جاہل۔ کنایۃً انسان۔
ظلی: [ع امث] دیکھئے "ظل" جس سے یہ منسوب ہے۔
ظلی نبی: [ع امذ] وہ نبی جو خود صاحب شریعت نہ ہو بلکہ کسی دوسرے پیغمبر کی شریعت کے تابع ہو۔ (اسلام میں ایسا کوئی تصور نہیں)
ظلی نبوت: [ع امث] ظلی نبی کا منصب (اسلام میں ایسا کوئی تصور نہیں)

ظ ــــ ن

ظن: [ع امذ] ۱۔ گمان۔ رائے۔ خیال ۲۔ شبہ۔ شک۔
ظن المؤمنین خیر: [ع مثل] با ایمان لوگوں کا گمان نیک ہوتا ہے۔
ظن باطل: [ع امذ] بے اصل گمان
ظن بد: [عف امذ] بدگمانی۔
ظن غالب: [ع امذ] یقین۔ قوی گمان۔ استوار کامل۔
ظن فاسد: [ع امذ] برا گمان۔ گمان غلط۔ گمان بیہودہ۔
ظن نیک: [ع امذ] اچھا خیال۔
ظنی: [ع صف] خیالی۔ قیاسی۔ وہمی۔

ظ ــــ و

ظواہر: [ع امذ] ۱۔ ساگ پات ۲۔ سطحات مرتفع ۳۔ ظاہر شکلیں ۴۔ وہ قریش جو مکہ کے باہر خیمہ زن ہوتے تھے۔

ظ ــــ ہ

ظہار: [ع امذ] مرد کا اپنی بیوی کو اپنی ماں بہن سے تشبیہ دینا۔ طلاق کا ایک طریقہ۔
ظہر: [ع امذ] دوپہر ڈھلنے کا وقت۔ تیسرا پہر ۲۔ (امث) دوسری نماز کا نام۔
ظہر: [ع امث] پشت۔ پیٹھ۔
ظہرانہ: [عف امذ] دوپہر کا کھانا۔ (انگریزی lunch کا ترجمہ۔
ظہری: [ع صف] پشت کا۔ پشت پر لکھا ہوا۔
ظہرین: [ع امث] ظہر کا تثنیہ۔ ظہر اور عصر کی نمازیں۔
ظہور: [ع امذ] پیدائش۔ اظہار۔ نمائش۔ نمود۔ دکھاوا (افعال پانا۔ کرنا۔ ہونا)
ظہور بنائے دعویٰ: [ع امذ] مخاصمت یا جھگڑے کی وجہ پیدا ہونا۔
ظہور میں آنا: [ار محاورہ] ظاہر ہونا۔ واقع ہونا۔ پیدا ہونا۔
ظہور میں لانا: [ار محاورہ] ظاہر کرنا۔ وقوع میں لانا۔
ظہورا: [ار امذ] رونق۔ بہار
ظہوری: [ع صف] دیکھئے "ظہور" جس سے یہ منسوب ہے۔
ظہیر: [ع صف] مددگار۔ دوست۔
ظہیرہ: [ع صف مث] دیکھئے "ظہیر" جس کی یہ تانیث ہے۔

ع

عؔ : [ع ا مذ] اس کا نام عَین ہے۔ غین سے ممیز کرنے کے لئے اسے عین مہملہ یا غیر منقوطہ کہتے ہیں۔

۱۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں پچیسواں حرف ہے اور فارسی میں اکیسواں حرف ہے۔ عربی حروف ہجائی ترتیب "ابتث" میں اٹھارہواں اور ترتیب ابجد میں پندرھواں حرف ہے۔

۲۔ عربی تقسیم کے مطابق یہ حروف قمری میں شامل ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آجائے تو لام اپنی آواز دے گا۔ مثلاً "اَلعُمر"

۳۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۴۔ یہ عربی سے مخصوص حرف ہے اور اس کی آواز اور کسی زبان میں نہیں پائی جاتی۔

۵۔ حساب جمل میں اس کے ستّر عدد معرر ہیں۔

۶۔ قرآن مجید میں رکوع کے اختصار اور نشان کے طور پر آتا ہے۔

۷۔ شاعری میں مصرعہ کی علامت ہے۔

۸۔ علیہ السلام کے اختصار کے طور پر بھی مستعمل ہے۔

ع — ا

عَابِد : [ع صف] ۱۔ عبادت کرنے والا۔ پرہیزگار ۔ متقی۔ زاہد۔

عَاج : [ع امذ] ہاتھی دانت

عَاجِز : [ع صف] ۱۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف ۲۔ بیکس۔ بے بس۔ مجبور ۳۔ غریب۔ مسکین ۴۔ حیران۔

عَاجِز آنا : [ا رمحاورہ] تنگ آنا ۔ مایوس ہو جانا۔

عَاجِز کر دینا / کر رکھنا / کرنا : [ا رمحاورہ] تنگ یا مجبور کرنا۔ زیر کرنا۔

عَاجِز ہو جانا / ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "عاجز کر دینا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے۔

عَاجِز نواز : [ع صف] بیکس کی امداد کرنے والا۔ غریب کا امادی۔

عَاجِز نوازی : [ع امث] دیکھئے "عاجز نواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عَاجِزی : [ع امث] عجز۔ انکسار۔ منت (افعال: کرنا۔ ہونا)

عَاجِزی خدا کو بھی پسند ہے : [ا رمقولہ] عجز و انکسار کو خدا پسند کرتا ہے۔

عَاجِزی سب کو پیاری ہے : [ا رمقولہ] عجز کو سب پسند کرتے ہیں۔ خوشامد سے کام ہو ہی جاتا ہے۔

عَاجِل : [ع صف] جلد باز۔ جلدی کرنے والا ۲۔ جلد ہونے والا۔

عَاجِلہ : [ع امث] ۱۔ فوراً۔ فوری ۲۔ کنایتہً یہ جہان۔

عَاد : [ع امذ] ایک قوم جس پر حضرت ہود علیہ السلام بھیجے گئے تھے۔ مگر اس نے نافرمانی کی اور ہلاک ہو گئی۔

عَادِ اَعظم : [ع امذ ترکیب فارسی] وہ سب سے بڑا عدد جو دویا دو سے زیادہ اعداد کو پورا تقسیم کر دے۔

عَادَات : [ع امث و امذ] دیکھئے "عادت" جس کی یہ جمع ہے۔

عَادَت : [ع امث] ۱۔ خصلت۔ خو ۲۔ رسم و رواج۔ قاعدہ ۔ ریت ۳۔ لت۔ طلب۔

عَادَت بگاڑنا : [ا رمصدر] کسی کی عادت خراب کرنا۔

عَادَت بگڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "عادت بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

عَادَت پڑنا : [ا رمحاورہ] عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔

عَادَت پکڑنا : [ا رمحاورہ] عادت پڑنا۔

عَادَت ڈالنا : [ا رمحاورہ] کسی بات کا خوگر ہونا ۲۔ کسی کو کسی برے کام کا عادی کرنا۔

عَادَت سیکھنا : [ا رمحاورہ] کوئی نئی لت اختیار کرنا

عَادَت طبیعت ثانیہ ہے : [ا رمقولہ] پختہ عادت فطری کہلاتی ہے۔

عَادَت کرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "عادت ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

عَادَت ہونا : [ا رمحاورہ] خوگر ہونا۔

عَادِل : [ع صف] منصف۔ عدل کرنے والا۔ جس کی گواہی شرع میں معتبر ہو

عَادِلُ الرَّہن : [ع امذ] وہ شخص جس کے پاس رہن نامہ رکھ دیا جائے۔

عادلانہ متعلق فعل) انصافاً۔ انصاف سے

عَادِی : [ع صف] ۱۔ قوم عاد کا فرد۔ قوم عاد سے منسوب ۲۔ خوگر۔ وہ جسے کوئی لت پڑ جائے (عربی میں یہ لفظ نہیں) (افعال: کرنا۔ ہونا)

عَاذِر : [ع صف] عذر کرنے والا۔

عَاذِل : [ع امذ] ۱۔ وہ جو الزام ۔ ۔ ۔ کنندہ ۲۔ شعبان کے مہینے کا پرانا نام۔

عَار : [ع امث] ۱۔ شرم۔ ننگ ۲۔ عیب۔ نقص ۳۔ دشنام۔ گالی ۴۔ بے عزتی۔

عَار آنا : [ا رمحاورہ] شرم آنا۔

عَار رکھنا : [ا رمحاورہ] برا سمجھنا۔ بے عزتی سمجھنا۔ شرم آنا۔

عَار سمجھنا : [ا رمحاورہ] برا سمجھنا۔ عیب خیال کرنا۔

عَار کرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "عار ہونا" جس کا یہ متعدی ہے

عَار ہونا : [ا رمحاورہ] شرم ہونا۔ عیب ہونا۔

عَارِی : [ع صف] ۱۔ خالی۔ بغیر کسی چیز کے ۲۔ ننگا۔ عریاں ۳۔ مجبور۔ معذور ۴۔ زچ۔ دق ۵۔ تنگ۔ عاجز ۶۔ سادہ نثر۔

عَارِی آ جانا / ہو جانا / ہونا : [ا رمحاورہ] عاجز آ جانا۔ تنگ آ جانا۔ تھک جانا۔

عَارِج : [ع صف] چڑھنے والا۔

عَارِض : [ع صف] پیش آنے والا۔ واقع ہونے والا ۲۔ (مذ) حادثہ۔ واقعہ ۳۔ گال۔ رخسار

عَارِض ہونا : [ا رمحاورہ] پیدا ہونا۔ ظاہر ہونا۔ لاحق ہونا۔

عَارِضہ : [ع امذ] بیماری۔ مرض۔ روگ۔

عَارِضہ سماعت لاحق ہونا : [ا رمحاورہ (قانون)] میعاد گزرنے کی وجہ سے سماعت نہ ہو سکنا۔

عَارِضی : [ع صف] اتفاقیہ۔ چند روزہ۔ نقل۔

عَارِضی قطعی : [ع صف] (قانون) یقینی مانع۔

عَارِف : [ع صف] پہچاننے والا ۲۔ خدا شناس۔ ولی۔ صاحب عرفان۔

عَارِفانہ (ع متعلق فعل) ۱۔ عارف سے منسوب ۲۔ عقلمندانہ ۳۔ عارف کی طرح

عَارِف باللہ : [ع صف] خدا شناس۔

عَارِیت : [ع امث] ۱۔ قرض۔ ادھار ۲۔ وہ چیز جو چند روز کے لئے مانگی جائے

عَارِیت سرا : [ع اسطلا] دنیا۔

عاریت نامہ: [ع امذ] مانگی ہوئی چیز کو واپس کرنے کا تحریری اقرار۔
عاریتاً/عاریتہً: [ع متعلق فعل] چند روز کے لئے بطور قرض ادھار (افعال. دینا. لینا. مانگنا)
عاریتی: [ع صف] عارضی. چند روزہ۔
عازم: [ع صف] ارادہ/قصد کرنے والا۔ آمادہ
عاشر: [ع عدد ترتیبی] ۱۔ دسواں ۲ (ما) شمار میں دسواں حصہ۔
عاشرت: [ع امث] قرآن شریف کی دس آیت۔
عاشرہ: [ع صف] دیکھئے "عاشر" جس کی یہ تانیث ہے۔
عاشق: [ع صف] ۱۔ چاہنے والا۔ فریفتہ ۲۔ پسند کرنے والا ۳۔ محبت الٰہی میں غرق۔
۴۔ (ما) وہ پرزہ جو گھنڈی کی طرح کا حلقے میں ڈالا جاتا ہے ۵۔ وہ جو کسی پر فریفتہ ہو
عورت ہو یا مرد دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے (افعال: ہونا)
عاشق اندھا ہوتا ہے: [ا ر مثل] عاشق کو معشوق کے سوا اور کسی بات کا خیال نہیں ہوتا۔
عاشق کا کام تنکے چننا: [ا رمقولہ] عاشق دیوانگی کے کام کرتا ہے۔
عاشق کو خدا زر دے۔ نہیں کر دے زمین کے پردے: [ا رمقولہ] عاشق
کو امیر ہونا چاہیئے ورنہ مرجانا چاہیئے۔
عاشق کی آبرو ہے گالی اور مار کھانا: [ا رمقولہ] عشق میں گالیاں اور مار
کھانا عزت سمجھی جاتی ہے۔
عاشق معشوق: [ع امذ] ۱۔ طالب و مطلوب ۲۔ پتنگ کے دو پرزے جو ایک دوسرے میں
پھنسا لئے جاتے ہیں۔ مختلف رنگ کے نگینے جو ایک انگوٹھی میں ہوں۔
عاشقاں را مذہب و ملت جدا است: [ف مثل] عاشقوں کا طریقہ ہی
الگ ہوتا ہے۔
عاشقانہ (عف صف) عاشقوں سے منسوب۔ عاشقوں کا سا
عاشقی: [عف امث] ۱۔ عشق ہونا ۲۔ عشق۔ محبت۔ محویت۔
عاشقی اور خالہ جی کا گھر: [ا ر مثل] عاشقی آسان کام نہیں۔
عاشقی اور ماموں جی کا ڈر: [ا ر مثل] عاشقی میں کوئی پروا نہیں ہونی چاہیئے۔
عاشقی خالہ جی کا گھر نہیں: [ا ر مثل] عاشقی بہت مشکل ہے۔
عاشقی نہ کیجئے تو کیا گھانس کھودیئے: [ا ر مثل] جسے عشق نہیں وہ گھسیارے کے برابر ہے۔
عاشور/عاشورا: [ع امذ] ماہ محرم کی دسویں تاریخ۔ حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا دن۔
عاصا: [ع امذ] "عصا" کا بگاڑ ہے۔
عاصم: [ع صف] نگاہ رکھنے والا۔ باز رکھنے والا۔ بچانے والا ۲۔ محفوظ با عصمت
بچا ہوا۔
عاصمہ: [ع صف] دیکھئے "عاصم" جسکی یہ تانیث ہے ۲۔ مدینہ منورہ کا لقب ۳۔ دارالسلطنت۔
عاصی: [ع صف] گناہ گار ۲۔ نافرمان۔ باغی۔ سرکش۔
عاطر: [ع صف] ۱۔ خوشبودار۔ معطر ۲۔ پاکیزہ۔ نفیس۔ خاطر کے ساتھ بطور تابع
استعمال ہوتا ہے۔
عاطف: [ع صف] جھکنے والا۔
عاطفت: [ع امث] شفقت۔ مہربانی۔
عاطفہ (ع صف) جھکا ہوا۔ ملانے والا۔ جیسے واو عاطفہ ("عاطف" کی تانیث)
عاطل: [ع صف] ۱۔ سست۔ کاہل ۲۔ بیوقوف ۳۔ برہنہ بیکار
عاطلہ: [ع صف] دیکھئے "عاطل" جس کی یہ تانیث ہے۔
عافیت: [ع امث] ۱۔ سلامتی بچاؤ ۲۔ آرام آسائش ۳۔ نیکی۔ خیریت۔

عافیت اندیش: [عف صف] خیر اندیش۔
عافیت تنگ کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "عافیت تنگ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عافیت تنگ ہونا: [ا ر محاورہ] آسائش میں خلل پڑنا۔ زچ ہونا۔ تنگ ہونا۔
عافیت سوز: [عف صف] امن و سکون برباد کرنے والا۔
عاق: [ع صف] ۱۔ نافرمان۔ سرکش ۲۔ ماں باپ کا حکم نہ ماننے والا۔
عاق کرنا: [ا ر محاورہ] فرزندی سے الگ کرنا۔
عاق نامہ: [عف امذ] فرزندی سے محروم کرنے کی دستاویز۔
عاق ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "عاق کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عاقبت: [ع امث] ۱۔ انجام۔ نتیجہ۔ خاتمہ ۲۔ آخرت۔ عقبیٰ ۳۔ زمانہ آئندہ ۴۔
قیامت کا دن ۵۔ (متعلق فعل) آخر کار۔ بالآخر۔
عاقبت الامر: [ع متعلق فعل] آخر کار۔ انجام کار۔
عاقبت اندیش: [عف صف] دور اندیش۔ انجام بین۔ ہوشیار۔
عاقبت اندیشی: [عف امث] دیکھئے "عاقبت اندیش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عاقبت بخشوانا: [ا ر محاورہ] خدا سے مغفرت کرانا یا معافی مانگنا۔
عاقبت بخیر ہونا: [ا ر محاورہ] انجام اچھا ہونا۔
عاقبت بگاڑنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "عاقبت بگڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عاقبت بگڑنا: [ا ر محاورہ] گناہ ہونا۔ گناہگار ہونا ۲۔ انجام یا عقبیٰ خراب ہونا۔
عاقبت بیں: [عف صف] انجام بیں۔ ہوشیار
عاقبت بینی: [عف امث] دیکھئے "عاقبت بیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عاقبت خراب کرنا: [ا ر مص مرکب] دیکھئے "عاقبت بگاڑنا"
عاقبت خراب ہونا (ا ر مص مرکب) دیکھئے "عاقبت بگڑنا"
عاقبت کا توشہ: [ع امذ] اعمال نیک۔
عاقبت کا جوڑا: [ا ر امذ] وہ کپڑوں کا جوڑا جو مردے کے ثواب کے لئے خیرات
کیا جاتا ہے۔
عاقبت کار: [عف متعلق فعل] بالآخر۔ انجام کار۔
عاقبت کی خبر خدا جانے اب تو آرام سے گزرتی ہے: [ا ر مقولہ] خود غرض
لوگوں کا مقولہ ہے۔
عاقبت کے بوریئے سمیٹنا: [ا ر محاورہ] بہت بوڑھا ہو کر مرنا۔
عاقبت کے بوریئے کس نے گھسیٹے ہیں: [ا ر مقولہ] کوئی بھی ہمیشہ زندہ نہیں رہتا۔
عاقبت گرگ زادہ گرگ شود / گرچہ با آدمی بزرگ شود: [ف مثل] جیسی اصل ہوتی ہے ویسی اولاد
ہوتی چاہیئے کتنی ہی تربیت کی جائے۔
عاقبت گندی کرنا: [ا ر مص مرکب] دیکھئے "عاقبت بگاڑنا"
عاقبت گندی ہونا: [ا ر مص مرکب] دیکھئے "عاقبت بگڑنا"
عاقبت میں کام آنا: [ا ر محاورہ] قیامت کے دن گناہوں کی معافی میں مدد دینا۔
عاقبتی جوڑا: [ا ر امذ] دیکھئے "عاقبت کا جوڑا"
عاقر/عاقرہ: [ع صف] بانجھ۔ جس کے اولاد نہ ہوتی ہو۔
عاقرقرحا/عقرقرحا: [ع امذ] ایک نباتاتی دوا جو قوت باہ اور دانتوں کیلئے مفید ہے۔
عاقل: [ع صف] عقلمند۔ دانا۔
عاقل کو ایک حرف بہت ہے / عاقل را اشارہ بس است: [ا ر ف مقولہ] دانا اشارے سے ہی
سمجھ جاتا ہے۔

عَاقِلاں پیرو (دَرپے) نقطہ لشنوند: [ت فق] عقلمند عقل کے زور سے سمجھتے ہیں۔
عَاقِلانہ: [ع صف] عقلمندانہ۔ عقل مندی کا۔ عقلمندوں کا
عَاقِلہ: [ع صف] دیکھئے "عاقل" جس کی یہ تانیث ہے۔
عَاکِف: [ع صف] اعتکاف کرنے والا۔
عَاکِفانِ قُدس: [ت اند] وہ لوگ جو تقدس کے خیال سے یروشلم میں رہیں۔
عَاکِفہ: [ع صف] دیکھئے "عاکف" جس کی یہ تانیث ہے۔
عَالَم: [ع اند] ۱۔ جہاں۔ زمانہ ۲۔ دنیا ۳۔ مخلوقات ۴۔ طور طریقہ ۵۔ صورت شکل ۶۔ رونق روپ۔ بہار ۷۔ حالت ۸۔ خوبصورت نظارہ۔ منظر۔
عَالَمِ آب: [عف اند] پانی ہی پانی
عَالَمِ آباد: [عف اند] دنیا۔ زمین۔
عَالَمِ آخرت: [ع اند] آخرت۔ عُقبیٰ۔
عَالَم آرا: [عف صف] دنیا کو آراستہ کرنے والا۔ مجازاً خدا۔
عَالَم آشنا: [عف اند] جس کو تمام دنیا جانے۔ مجازاً خدا۔
عَالَم آنکھوں میں اندھیر ہونا: [ا رمحاورہ] سخت رنج و غم ہونا۔
عَالَمِ اَرواح: [ع اند] روحوں کا جہان
عَالَمِ اَسباب: [ع اند] سببوں کا عالم۔ یہ دنیا۔
عَالَم اَفروز: [ع صف] عالم کو روشن کرنے والا۔ سورج کی تعریف۔
عَالَم اکٹھا / جمع ہونا: [ا رمع مرکب] بہت لوگ جمع ہونا۔
عَالَمِ اَمر: [ع اند] (تصوف میں) ملائکہ
عَالَمِ بالا: [عف اند] فرشتوں کا عالم۔ دوسری دنیا۔
عَالَم بدل جانا: [ا رمحاورہ] انقلاب عظیم ہو جانا۔
عَالَمِ بَرزَخ: [ع اند] وہ عالم جس میں ارواح وفات سے قیامت تک رہیں گی۔ درمیانی عالم۔
عَالَم پانا: [ا رمحاورہ] مختلف حالت دیکھنا۔
عَالَم پناہ: [عف صف] وہ جسکے پاس مخلوق کو امن ملے۔ جہاں پناہ ملے۔ کنایۃً بادشاہ۔
عَالَم پھر جانا / پھرنا: [ا رمحاورہ] دنیا کا مخالف یا برگشتہ ہو جانا۔ قسمت خراب ہو جانا۔
عَالَم تاب: [عف صف] دیکھئے "عالم افروز"
عَالَمِ تصوُّر: [ع اند] سکوت اور حیرت کی حالت۔
عَالَم تہ و بالا کرنا: [ا رمحاورہ] اندھیر مچانا۔
عَالَم تہ و بالا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عالم تہ و بالا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عَالَمِ جاوید: [ع اند] آخرت۔ عقبیٰ۔
عَالَمِ جبروت: [ع اند] فرشتوں کی دنیا۔ وہ عالم جہاں فرشتے رہتے ہیں ۲۔ صفات خدا کا مرتبہ
عَالَمِ خاک: [عف اند] دُنیا۔
عَالَمِ خواب: [عف اند] وہ دنیا جو خواب میں نظر آئے ۲۔ دُنیا ۳۔ حالت نیند۔
عَالَم خواب میں دیکھنا: [ا رمحاورہ] خواب میں دیکھنا
عَالَم دکھانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عالم دیکھنا" جس کا یہ متعدی ہے
عَالَم دیکھنا: [ا رمحاورہ] بہار دیکھنا۔ کیفیت دیکھنا۔ انداز دیکھنا
عَالَم دگرگوں ہونا: [ا رمحاورہ] عجیب کیفیت ہونا۔
عَالَمِ دو رنگ: [ا ر اند] دنیا۔ دن رات کی وجہ سے۔
عَالَم دوست: [عف اند] جگت آشنا۔

عَالَمِ دیگر: [عف اند] دوسری دُنیا۔
عَالَم دیگر ہونا: [ا رمحاورہ] اور حالت ہونا۔
عَالَمِ ذوق: [ع اند] خوشی کی حالت۔
عَالَمِ روحانی: [ع اند] روحانی باتوں کا عالم۔ روحوں کی دُنیا۔
عَالَمِ رؤیا: [ع اند] خواب کی حالت۔ یا عالم۔
عَالَمِ سفلی: [ع اند] دُنیا
عَالَم سوز: [عف صف] عالم کو جلا دینے والا (برق کی تعریف)
عَالَمِ شباب: [ع اند] جوانی کا زمانہ
عَالَمِ شہادت: [ع اند] ظاہری دُنیا۔
عَالَمِ شہود: [ع اند] ۱۔ وہ عالم جس میں سب کچھ نظر آئے ۲۔ تصوف میں وہ حالت جس میں جلوۂ حق ہر چیز میں نظر آتا ہے۔
عَالَمِ صُغریٰ / صغیر: [ع اند] ۱۔ دنیا ۲۔ آدمی کا جسم۔
عَالَمِ صُورت: [ع اند] ظاہری دُنیا۔
عَالَم عَالَم: [ع متعلق فعل] کثرت سے
عَالَمِ عُلوی: [ع اند] وہ عالم جو دنیا کے علاوہ ہے۔ آسمانی دنیا۔ عالم بالا۔
عَالَمِ غیب: [ع اند] دوسرا جہان جو پوشیدہ ہے۔
عَالَمِ فانی: [ع اند] دُنیا۔
عَالَمِ قُدس: [ع اند] بہشت۔
عَالَمِ کبیر: [ع اند] کل کائنات۔ قدرت۔
عَالَمِ کون: [ع اند] ظاہری دُنیا۔
عَالَمِ کون و فساد: [ع اند] دُنیا۔
عَالَم گرد / نورد: [عف اند] سیاح۔ مسافر۔
عَالَم گواہ ہونا: [ا رمحاورہ] سب لوگوں کا دیکھنا یا شہادت دینا۔
عَالَم گیر: [عف صف] دُنیا کو فتح کرنے والا ۲۔ دنیا میں پھیلا ہوا ۳۔ بادشاہ
عَالَمِ لاہوت: [ع اند] عالم ذات الٰہی جہاں سالک کو مقام فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے۔
عَالَمِ مثال: [ع اند] ۱۔ خیالات کا عالم ۲۔ ایک عالم جو اس سے لطیف تر ہے اور اس میں بھی اسی طرح کی چیزیں ہیں۔
عَالَمِ معقول: [ع اند] عقل کا عالم۔
عَالَمِ معنیٰ: [ع اند] وہ عالم جو محسوس نہ ہو سکے۔ کنایۃً ذات و صفات و اسمائے الٰہی ہے۔
عَالَمِ ملکوت: [ع اند] فرشتوں کا عالم۔
عَالَم میں: [ا ر متعلق فعل] حالات میں۔
عَالَمِ ناسوت: [ع اند] دنیائے فانی۔
عَالَمِ نباتات: [ع اند] نباتات کی دُنیا۔
عَالَم نرالا ہونا: [ا رمحاورہ] طریقے جدا ہونا۔ رسم و رسوم مختلف ہونا۔
عَالَم نظر آنا: [ا رمحاورہ] کیفیت معلوم ہونا۔
عَالَم وجد طاری ہونا: [ا رمحاورہ] بے خودی کی حالت ہونا۔
عَالَمِ وُجُود: [ع اند] عالم ہستی۔ زندگی کا عالم۔
عَالَمِ ہُو: [عف اند] خاموشی کی حالت۔ سکوت۔
عَالَم ہو جانا: [ا رمحاورہ] حالت ہو جانا۔
عَالَم ہونا: [ا رمحاورہ] بہار ہونا۔ رونق ہونا ۲۔ لطف ہونا۔

عالمِ ہیولانی : [ع امذ] عالمِ اجسام۔
عالمِ یاس : [ع امذ] نا امیدی کی حالت۔
عالمی : [ع صف] ۱۔ دنیا میں رہنے والا ۲۔ دنیادار ۳۔ عالم سے متعلق، عالم گیر۔
عالمیان : [ع امذ] عالمی کی جمع۔ انسان۔ لوگ۔
عالِم : [ع صف] ۱۔ جاننے والا، صاحبِ علم، فاضل، بہت پڑھا ہوا ۲۔ خدا کا ایک نام۔
عالِمُ الغیب : [ع صف] غیب کی باتوں کا جاننے والا۔ اللہ تعالیٰ۔
عالِمِ باعمل : [ع صف] وہ جو اپنے علم کے مطابق عمل بھی کرتا ہے۔
عالِمہ : [ع صف] دیکھئے "عالم" جس کی یہ تانیث ہے۔
عالی : [ع صف] ۱۔ بلند۔ اعلیٰ ۲۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے جناب عالی، حضورِ عالی۔
عالی بارگاہ : [ع صف] بڑے مرتبے والا۔
عالی تبار : [ع صف] اعلیٰ خاندان۔
عالی جاہ/جناب/حضرت/درگاہ/رتبہ/قدر/گہر/مرتبت/مرتبہ/مقام/رونا :
[ع صف] بلند مرتبہ۔ امیروں اور رئیسوں کے القاب کے طور پر رائج ہیں۔ عالی جاہ مکان کی تعریف میں بھی استعمال ہوتا ہے۔
عالی خاندان : [ع صف] بڑے یا شریف گھرانے کا۔
عالی خیال : [ع صف] بلند نظر۔
عالی دماغ : [ع صف] بڑے دماغ والا۔ عقلمند
عالی دماغی : [ع امث] دیکھئے "عالی دماغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عالی شان : [ع صف] بڑی شان والا ۲ اعلیٰ مرتبہ کا ۳۔ شاندار
عالی ظرف : [ع صف] بڑے حوصلے والا۔ بلند حوصلہ۔
عالی ظرفی : [ع امث] دیکھئے "عالی ظرف" جس کا اسم کیفیت ہے۔
عالی مقدار : [ع صف] بڑی مقدار والا
عالی منش : [ع صف] دیکھئے "عالی ہمت"
عالی منشی : [ع امث] دیکھئے "عالی ہمتی"
عالی نژاد : [ع صف] دیکھئے "عالی خاندان"
عالی نظر : [ع صف] بلند نظر۔
عالی وقار : [ع صف] بڑے جاہ و جلال والا۔
عالی ہمت : [ع صف] بلند حوصلہ۔
عالی ہمت سدا مفلس : [ارش] حوصلہ مند ہمیشہ تنگ دست رہتا ہے۔
عالی ہمتی : [ع امث] بلند حوصلگی۔
عالیہ : [ع صف] دیکھئے "عالی" جسکی یہ تانیث ہے اور اعاظم جمع کرتی ہے۔
عام : [ع صف] ۱۔ سب۔ کل۔ تمام ۲۔ مشہور۔ پھیلا ہوا ۳۔ رسمی۔ رواجی ۴۔ جاری۔ معمولی۔ مستعمل۔ مروّج ۵۔ مشترک۔ مشتمل ۶۔ بہت۔ بسیار۔ کثیر ۷۔ سب جگہ ملنے والا ۸۔ سال۔ برس۔
عام پسند : [ع صف] وہ جسے ہر کوئی پسند کرے۔
عام خاص/عام و خاص : [ع امذ] سب لوگ۔ تمام لوگ
عام روش : [ع امث] معمولی طریقہ۔
عام فہم : [ع صف] جسے سب سمجھ جائیں۔ آسان۔ سہل۔
عام کا : [ارصف] سب کا۔ لوگوں کا۔
عام کر دینا : [ار محاورہ] مشہور کر دینا ۲۔ سب کے واسطے وقف کر دینا۔ جو چاہے فائدہ اٹھائے۔

عام لوگ : [ار امذ] عوام الناس۔
عام میں : [ار متعلق فعل] اعلانیہ۔ کھلم کھلا۔
عامر : [ع صف] ۱۔ آباد ۲۔ آباد کرنے والا۔
عامرہ : [ع صف] آباد کیا ہوا ۲۔ بھرا ہوا۔
عامل : [ع صف] ۱۔ کام کرنے والا۔ عمل کرنے والا ۲۔ وہ جو کسی عمل کی باقاعدہ زکوٰۃ دے ۳۔ (مذ) سیانا۔ تعویذ منتر کرنے والا۔ بھوت پریت آسیب نکالنے والا۔ ۴۔ حاکم عہدہ دار۔ افسر۔ تحصیلدار۔ گورنر
عاملِ جان : [ع امذ] خدا تعالیٰ ۲۔ عناصر۔
عاملِ روز : [ع ف امذ] سورج۔
عاملانِ دریا و مکان : [ع امذ] سات سیارے۔
عامل نامہ : [ع امذ] سرکاری حکم جس میں قبضہ کرنے کا حکم ہو۔
عاملہ : [ع امث] ۱ عامل کی تانیث ۲۔ (امذ) جز و عنصر، واقعہ، حقیقت
عامّہ : [ع صف] کل، سب، عام
عامّۃ الورود : [ع صف] عام چیز، عام استعمال میں آنے والی چیز۔
عامّۂ خلائق الناس : [ع امث] کل لوگ۔ تمام عام لوگوں میں سے کوئی ایک۔
عامی : [ع صف] ۱۔ اندھا ۲ ناخواندہ۔ جاہل
عامیان : [ع امذ] عام کی جمع۔ عوام
عامیانہ : [ع متعلق فعل] عوام کا۔ جاہلوں کا۔
عامیانہ محاورہ : [ع امذ] وہ محاورہ جو بازاری لوگ بولیں۔
عانہ : [ع امذ] ناف کے نیچے کا حصہ جہاں بال ہوتے ہیں ۲۔ جنگلی گدھوں کا گلہ ۳۔ دیارِ بکر میں ایک قصبہ جہاں کے انگور مشہور ہیں
عاہرہ : [ع صف] بدکار۔ فاحشہ
عائب : [ع صف] عیبی عیب دار
عائد : [ع صف] ۱۔ لوٹ کر آنے والا، عود کرنے والا۔ پھرنے والا ۲۔ آنے والا ۳۔ واپس ہونے والا، ملنے والا ۴۔ دہرانے والا ۵۔ واقع ہونے والا ۶۔ ٹھیک اترنے والا صادق آنے والا۔
عائد کرنا : [ار محاورہ] دیکھئے "عائد ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
عائد ہونا : [ار محاورہ] ذمہ ہونا۔ صادق آنا۔ اطلاق ہونا۔ لاگو ہونا۔
عائدہ : [ع امث] ۱۔ محصول ۲۔ رسم و رواج
عائش : [ع صف] خوش حال آدمی
عائشہ : [ع امث] ۱۔ دیکھئے "عائش" جسکی یہ تانیث ہے ۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے چھوٹی بیوی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی۔
عائل : [ع صف] فقیر، درویش
عائلہ : [ع امذ] خاندان
عائلی : [ع صف] ۱۔ خاندان سے متعلق۔ بیاہ شادی سے متعلق ۲۔ (مث) فقیری۔ درویشی۔

ع — ب

عبا : [ع امذ] ایک لمبا کوٹ یا چغہ جو پاؤں تک جاتا ہے۔ (افعال : پہننا۔ پہنانا)
عبا اوڑھنا : [ا مص مرکب] عبا پہننا۔
عبا پوش : [ع ف صف] وہ جو عبا پہنے ہوئے ہو۔
عبائے شجری : [ع امث] ایسی عبا جس پر درختوں کے نقش و نگار بنے ہوئے ہوں۔

عُبَّادْ :[ع امذ] دیکھئے "عابد" جس کی یہ جمع ہے ۔
عِبَادْ :[ع امذ] دیکھئے "عبد" جس کی یہ جمع ہے ۔
عِبَادُ اللّٰہ :[ع امذ] خدا کے بندے ۔
عِبَادَت :[ع امث] خدا کی بندگی پرستش ۔ نماز ۔ پوجا کرنا ۔ (افعال : کرنا ۔ مشغول ہونا ۔ میں رہنا)
عِبَادَت خانہ / کدہ / گاہ :[ف امذ] پرستش / عبادت کرنے کی جگہ ۔ معبد ۔
عَبَادِلہ :[ع امذ] پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے چار اصحاب جن کا نام عبداللہ تھا ۔
عِبَارَت :[ع امث] ا تحریر ۔ مضمون ۔ بیان جو لکھا ہوا ہو ۲ ۔ طرز تحریر ۳ ۔ بیان کرنا ۔ ۴ ۔ خواب کی تعبیر کرنا ۵ ۔ مراد ، مطلب ۔
عِبَارَت آرائی :[ع ف امث] مضمون کی رنگینی ۔ اچھا مضمون ۔
عِبَارَت ظَہری :[ع امث] وہ عبارت جو کسی تحریر کی پشت پر لکھی جائے ۔
عِبَارَت ہو چکی مطلب پر آؤ :[ا ر محاورہ] باتیں نہ بناؤ ۔ مدعا بیان کرو ۔
عِبَارَت ہونا :[ا ر محاورہ] مطلب ہونا ۔ ظاہر کرتا محاورہ ہونا ۔ مراد ہونا ۔
عَبَّاس :[ع امذ] مشہور صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا عباس بن عبدالمطلب ۲ ۔ شیر درندہ ۔
عَبَّاسی :[ع صف] ا ۔ حضرت عباسؓ سے منسوب ۲ ۔ نیم سرخ رنگ جس میں قدرے نیلا پن ہو ۳ ۔ ایک پھول اور پودے کا نام ۔ ۴ ۔ سنگ مرمر کی ایک قسم ۔
عَبَث :[ع صف] ا ۔ فضول ۔ بے فائدہ ۲ ۔ بے وجہ ۔ ناحق ۳ ۔ کھیل کود ۔
عَبْد :[ع امذ] بندہ ۔ غلام ۔
عَبْدُ البَطْن :[ع صف] ا ۔ طامع ۔ حریص ۔ لالچی ۲ ۔ پیٹو ۔ پیٹ کا بندہ ۔
عَبْدُ الدِّرْہَم :[ع صف] روپے پیسے کا غلام ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔
عَبْدِیَّت :[ع امث] غلامی ۔ بندگی ۔
عِبْر :[ع امذ] ا ۔ تعبیر گوئی ۲ ۔ گھاٹ ۔ عبور کرنے کی جگہ ۳ ۔ گھاٹ کا محصول ۴ ۔ کنعان ۔ دریائے فرات اور عرب کا درمیانی علاقہ جس سے عبرانی منسوب ہے ۔
عِبرانی / عِبری :[ع امث] اہل کنعان کی زبان یہودیوں کی زبان ۲ ۔ یہودی ۳ ۔ یہودیوں کے متعلق
عِبْرَت :[ع امث] نصیحت ۔ پند ۲ ۔ خوف ۔ تنبیہہ ۔
عِبْرَت آمیز / انگیز / خیز :[ع ف صف] عبرت دلانے والا ۔ عجیب تر سمجھ آنے والا ۔ وہ جس سے آدمی ڈر کر عبرت پکڑے ۔
عِبْرَت آمیزی / انگیزی / خیزی :[ع امث] دیکھئے "عبرت آمیز وغیرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
عِبْرَت بین :[ع ف صف] وہ جو عبرت پکڑے ۔ انجام بین ۔
عِبْرَت بینی :[ع ف امث] دیکھئے "عبرت بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
عِبْرَت پذیر :[ع ف صف] عبرت پکڑنے والا ۔
عِبْرَت پذیری :[ع ف امث] دیکھئے "عبرت پذیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
عِبْرَت پکڑنا / حاصل کرنا :[ا ر محاورہ] نصیحت حاصل کرنا ۔
عِبْرَت حاصل ہونا :[ا ر محاورہ] کسی کی سزا دیکھ کر ڈر سے کوئی برا کام چھوٹ جانا نصیحت ہونا ۔ سبق ہونا ۔
عِبْرَت دلانا :[ا ر محاورہ] نصیحت کرنا ۔ خوف دلانا ۔ ڈرانا ۔ کسی گناہ کی پاداش سے ۔
عِبْرَت ناک :[ع ف صف] عبرت دلانے والا ۔
عِبْرَت ناک سزا :[ع ف امث] ایسی سزا جسے دیکھ کر دوسرے ڈر جائیں اور برے کاموں سے باز آئیں ۔
عِبْرَت ہونا :[ا ر محاورہ] کسی بات کی نصیحت کا موجب ہونا ۔ نصیحت حاصل ہونا ۔
عَبُس :[ع امث] ترش روئی ۔ چڑچڑاپن ۲ ۔ قرآن شریف کی ایک سورۃ ۔
عَبْقَری :[ع صف] ا ۔ نہایت اچھا ۔ اعلیٰ ۔ سردار ۲ ۔ ذہین ۔ عقلمند
عَبْقَرِیَّت :[ع امث] دیکھئے "عبقری" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
عَبْعَب :[ع امذ] ا ۔ جوانی کی نرمی اور حسن نزاکت ۔ تازگی ۔
عُبُودِیَّت :[ع امث] اطاعت ۔ بندگی ۔
عُبُور :[ع امذ] پار اترنا ۔ گزر جانا ۔ پانی میں سے گزرنا ۔ دریا کے پار جانا ۔ راہ طے کرنا ۲ ۔ مسائل پر حاوی ہونا ۔ مہارت حاصل ہونا ۔ (افعال : ہونا)
عُبُوری :[ع صف] عارضی ، وقتی ، ہنگامی ۔
عَبُوس :[ع صف] ا ترش رو ۔ چڑچڑا ۲ ۔ شیر ببر
عُبُوسَت :[ع امث] دیکھئے "عبوس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
عَبْہَر :[ع امث] ا طویل القامت ۔ سڈول ۲ ۔ نرگس کی ایک قسم جو اندر سے زرد ہوتی ہے
عَبْہَری :[ع صف] عبہر سے منسوب ۔ نرگس کا ۔ نرگس کے متعلق ۔
عُبَیْد / عُبَیْدَہ :[ع امذ ث] عبد کی تصغیر ۔
عَبِید :[ع امذ] دیکھئے "عبد" جس کی یہ جمع ہے ۔
عَبِیر :[ع امذ] ایک خوشبودار مسالہ جسے زعفران ، عنبر وغیرہ ملا کر بناتے ہیں اور ہولی وغیرہ یا دوسرے تہواروں اور تقریبات میں کپڑوں میں چھڑکتے ہیں ۔
عَبِیری :[ع امث] عبیر سے منسوب ۔

ع ـــ ت

عِتَاب :[ع امذ] غصہ ۔ غضب ۔ ناراضگی ۔
عِتَاب اُتارنا :[ا ر محاورہ] غصہ دور کرنا ۔ غصہ چھوڑنا ۔
عِتَاب اُترنا :[ا ر محاورہ] دیکھئے "عتاب اتارنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
عِتَاب الٰہی :[ع امذ] خدا کا غضب ۔
عِتَاب مشحون :[ع صف] غصے سے بھرا ہوا ۔
عِتَاب میں آنا :[ا ر محاورہ] خفگی میں آنا ۔
عِتَاب نامہ :[ع ف امذ] وہ خط جس میں عتاب کا مضمون ہو
عِتَاب و خطاب :[ع امذ] خفگی کی علامات (افعال : میں آنا)
عِتَاق / عَتَاقَت :[ع امذ ث] غلام لونڈی وغیرہ کو آزاد کرنا ۔ آزادی ۔ رہائی ۔
عَتَبَات :[ع امذ] دیکھئے "عتبہ" جس کی یہ جمع ہے ۔
عَتَبَہ :[ع امذ] آستانہ ۔ دہلیز ۔ چوکھٹ ۲ مجازاً مقدس درگاہ ۔
عِتْرَت :[ع امث] ا ۔ قریبی رشتہ دار ۲ ۔ اولاد ۔ بیٹے ۔ بیٹیاں ۔
عِتْرَتِ اَطہار :[ع امث] پاک اولاد ۔ کنایۃً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد ۔
عِتْق :[ع امث] آزادی ۔
عِتْق :[ع امث] پرانا پن ۔ کہنگی ۔ قدامت ۔
عُتُق / عُتَقَا :[ع صف] دیکھئے "عتیق" جس کی یہ جمع ہے ۔
عَتِیق :[ع صف] ا ۔ آزاد ۲ ۔ پرانا ۳ ۔ بزرگ ۔ برگزیدہ ۴ ۔ حضرت ابوبکرؓ کا ایک لقب ۵ ۔ کعبۃ اللہ کی صفت ۔
عَتِیقَہ :[ع صف] دیکھئے "عتیق" جس کی یہ تانیث ہے ۔

عَتِیقیّاتُ: [ع امث] پرانی چیزوں کا علم۔

ع ــــ ث

عَثرَتُ: [ع امث] لغزش۔ ٹھوکر۔
عُثمَانُ: [ع امذ] مشہور صحابیؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے داماد اور تیسرے خلیفہ راشد تھے۔
عُثمَانی: [ع صف] عثمان کی اولاد جو ترکوں کا مورث اعلیٰ تھا ۲۔ ترک ۳۔ عثمان سے منسوب

ع ــــ ج

عُجَابُ: [ع امذ] تعجب۔
عَجَاجُ: [ع امذ] غبار۔ گرد۔
عَجَالَتُ/عُجَالَہ: [ع امث] تیزی۔ پھرتی۔ جلدی۔ جلد بازی۔
عَجَامُ: [ع امذ] ہر چیز کا دانہ۔
عُجَامُ: [ع امذ] چمگادڑ۔ ابابیل۔
عَجَائِبُ: [ع صف] عجیب کی جمع۔ اردو فارسی میں بطور واحد بھی مستعمل ہے
عَجَائِبُ المَخلُوقَات: [ع امث] وہ چیزیں جن کی پیدائش حیرت انگیز ہے جو پیدائش سے ہی تعجب خیز ہو۔
عَجَائِبُ خانہ/گھر: [ع ف امذ] وہ مکان جہاں عجیب و غریب اور نادر چیزیں لوگوں کے دیکھنے کے لئے رکھی ہوئی ہوں
عَجَائِب وغَرَائِبُ: [ع امذ] انوکھی اور عجیب چیزیں
عَجَائِزُ: [ع امث] جمع عجوزہ کی۔ بوڑھی عورتیں۔
عُجبُ: [ع امذ] غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ خود بینی۔ کبر۔ نخر۔
عَجَبُ: [ع صف] نادر۔ انوکھا۔ عجیب۔ حیرت انگیز۔ تعجب خیز ۲۔ طرفہ۔ نیا۔ اچنبھے میں ڈالنے والا۔ ۳ (مذ) حیرت۔ تعجب۔ ۴۔ عجیب چیز۔
عَجَب انداز سے: [ار متعلق فعل] نہایت ناز و انداز سے۔
عَجَب چال ڈھال ہے: [ار محاورہ] عجیب عادات و اطوار ہیں۔
عَجَب چیز: [ار امث] انوکھی چیز ۲۔ (صف) احمق۔ بے وقوف
عَجَب حال ہے: [ار محاورہ] اچھا نہیں۔ ظاہر کچھ باطن کچھ۔ انوکھی حالت ہے۔
عَجَب دھج ہے: [ار محاورہ] عجیب طرح کی وضع ہے۔
عَجَب ذات شریف ہیں: [ار محاورہ] بہت شرارتی ہے۔ بڑے بدذات ہیں
عَجَب عالم ہے: [ار محاورہ] طرفہ بہار ہے۔ عجیب حالت ہے۔
عَجَب عَجَب کہ ترا یاد دوستاں آمد: [ف مقولہ] تعجب تعجب کہ تجھے دوستوں کی یاد آئی شکایت کے طور پر دوستوں سے کہتے ہیں۔
عَجَب کیا ہے: [ار محاورہ] کچھ تعجب نہیں ہے۔
عَجَب لطف دکھاتا ہے: [ار محاورہ] طرفہ مزا دیتا ہے
عَجَب مَعصُوم ہیں: [ار محاورہ] بے وقوف ہیں۔ نادان ہیں۔ احمق ہیں۔
عَجَب نقشہ ہے: [ار محاورہ] عجب حالت ہے۔ انوکھی وضع ہے۔
عَجَب نہ تھا/عَجَب نہیں: [ار روزمرہ] تعجب نہیں۔
عَجَب وقت تھا: [ار محاورہ] پُرلطف زمانہ تھا۔ حیرت انگیز وقت تھا۔
عَجزُ: [ع امذ] ناچاری۔ عاجزی ۲۔ منت۔ گڑگڑانا ۳۔ انکساری فروتنی (انفعال: کرنا۔ ہونا)۔
عجز و انکسار: [ع امذ] عاجزی اور فروتنی۔ منت سماجت (انفعال: کرنا۔ ہونا)
عَجَلَتُ: [ع امث] جلدی۔ تیزی۔ پھرتی (اردو میں بضم بولتے ہیں)
عجلت اچھی نہیں ہوتی: [ار مقولہ] جلدی کے کام میں نقصان ہوتا ہے۔
عَجَمُ: [ع امذ] ا۔ عرب کے سوا کوئی ملک ۲۔ وہ لوگ جو عرب نہ ہوں ۳۔ اجنبی۔
عَجَمی: [ع صف] عجم سے منسوب۔ عجم کا باشندہ (لغوی معنی گونگا)
عَجَمِیّت: [ع امث] ایرانی یا غیر عربی مزاج و انداز۔
عَجَمِیّہ: [ع امث] دیکھئے "عجمی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
عُجُوبَہ: [ع امذ] اعجوبہ کا مخفف۔ عجیب چیز۔ انوکھی چیز۔
عُجُوبَۂ روزگار: [ع امذ] زمانے کی عجیب چیز۔ جس کے ساتھ کی دنیا میں نہ ملے۔
عجوبہ ہے: [ار محاورہ] عجیب ہے نرالا ہے۔
عَجُوزُ: [ع امث] بوڑھی عورت۔ بڑھیا۔
عَجُولُ: [ع صف] جلد باز۔
عَجِیبُ: [ع صف] نادر۔ انوکھا۔ طرفہ۔ تعجب خیز۔ حیرت انگیز۔
عَجِیبُ الخِلقَتُ: [ع صف] حیرت انگیز بناوٹ کا۔ انوکھی شکل کا۔
عجیب حال/حالت ہونا: [ار محاورہ] حالت دگرگوں ہونا۔ بُری حالت ہونا۔
عَجِیب وغَرِیب: [ع صف] انوکھا۔ نادر۔
عَجِیبَہ: [ع صف] عجیب کی تانیث جو جمع کا افادہ کرتی ہے۔

ع ــــ د

عدالَتُ: [ع امث] انصاف۔ عدل نیاؤ ۲۔ کچہری ۳۔ حاکم انصاف کرنیوالا۔ جج۔ مجسٹریٹ
عدالتُ اپیل: [ار امذ] وہ حاکم جسکے پاس عدالت ماتحت کے فیصلے کی اپیل ہو (ترکیب غلط ہے)
عدالتُ پناہ: [ع ف صف] عدل کرنے والا حاکموں کا القاب۔
عدالت چڑھنا: [ار محاورہ] دعویٰ کرنا۔ عدالت تک جانے کی نوبت آنا۔
عدالت خفیفہ: [ع امث] وہ عدالت جہاں قرضہ کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ ہو۔
عدالتُ دیوانی: [ع امث] وہ عدالت جس میں جائداد یا حقوق کا فیصلہ ہو۔
عدالتِ سیشن: [ع امث] فوجداری کی وہ کچہری جس میں سنگین مقدمات کا فیصلہ کیا جائے۔
عدالتِ عالیہ: [ع امث] ا۔ ہائی کورٹ چیف کورٹ ۲۔ سپریم کورٹ۔ صوبہ یا ملک کی سب سے بڑی عدالت۔
عدالتِ فوجداری: [ع امث] وہ عدالت جس میں فوجداری مقدمات کی سماعت ہو
عدالت کا در کھلنا: [ار محاورہ] کچہری لگنا۔
عدالت کرنا: [ار محاورہ] کچہری کرنا ۲۔ اجلاس کرنا ۳۔ انصاف کرنا ۴۔ عدالت میں مقدمہ دائر کرنا۔
عدالت کا بڑا نازک معاملہ ہے: [ار مقولہ] مقدمہ بازی بڑی ٹیڑھی کھیر ہے اس میں نقصان ہوتا ہے۔
عدالت کے کتے: [ار امذ] ملازمان عدالت جو رشوت لینے کے لئے اہل مقدمہ کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔

عدالتِ ماتحت: [ع امث] وہ عدالت جس کی اپیل سیشن جج یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سنے۔

عدالتِ مال: [ع امث] وہ عدالت جس میں کاشت کاروں زمینداروں اور مالگزاری کے مقدمات دائر ہوں اور سماعت ہو۔

عدالتِ مجاز: [ع امث] وہ عدالت جسے سماعت مقدمہ کا پورا اختیار ہو۔

عدالتِ مرافعۂ اوّلیٰ: [ع امث] وہ عدالت جس میں مقدمہ کی ابتدائی سماعت اور فیصلہ ہو۔

عدالتِ مرافعۂ ثانی: [ع امث] وہ عدالت جس میں ابتدائی عدالت کے فیصلہ کے خلاف اپیل دائر ہو۔

عدالتِ ناز: [ع امث] معشوق کی مجلس جس میں عاشق حاضر ہوں۔

عدالتی: [ع صف] عدالت سے منسوب۔ عدالت کا۔ عدالت کے متعلق۔

عداوت: [ع امث] دشمنی۔ مخالفت۔ خصومت۔ مخاصمت۔

عداوت رکھنا: [ا رمحاورہ] بغض رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔

عداوتِ قلبی: [ع امث] دلی دشمنی۔ پوشیدہ کینہ۔

عداوت نکالنا: [ا رمحاورہ] دشمنی کا بدلہ لینا۔

عداوت نکلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عداوت نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

عداوت ہونا: [ا رمحاورہ] دشمنی ہونا۔ مخالفت ہونا۔

عداوتی: [ع صف] ۱۔ عداوت کا ۲۔ عداوت سے متعلق ۳۔ (مذ) دشمن۔ مخالف۔

عدّت: [ع امث] وہ زمانہ جس میں عورت کو دوسرا نکاح کرنے کی ممانعت ہے۔ مطلقہ کی عدّت تین حیض ہے اور بیوہ کے چار مہینے دس دن۔ حاملہ کیلئے وضع حمل تک

عدّت پوری ہونا: [ا رمحاورہ] عدّت کے زمانے کا ختم ہونا۔

عدّت میں بیٹھنا: [ا رمحاورہ] عدّت کی میعاد گزارنا۔ بیوہ کا عدّت میں رہنا۔

عدد: [ع امذ] ۱۔ ہندسہ۔ رقم ۲۔ گنتی۔ شمار ۳۔ کوئی ایک چیز۔ دھوبیوں اور درزیوں کی اصطلاح میں ایک کپڑا۔

عددِ اوّل: [ع امذ] کسی سلسلہ کا پہلا عدد ۲۔ عددِ صحیح۔

عددِ صحیح: [ع امذ] وہ عدد جس میں کسر نہ ہو جیسے ایک، دو، تین۔

عددِ ذاتی/مطلق: [ع امذ] عددِ صحیح۔

عددِ صفاتی/وصفی: [ع امذ] وہ عدد جو ترتیب ظاہر کرے جیسے پہلا دوسرا تیسرا۔

عددی: [ع صف] عدد سے منسوب۔ عدد کے متعلق۔

عدس: [ع امث] مسور۔ ایک اناج جس کی دال بناتے ہیں۔

عدل: [ع امذ] ۱۔ انصاف۔ نیاؤ۔ داد ۲۔ خدا کا نام ۳۔ انصاف سے کام کرنا۔

عدل پرور: [ع صف] انصاف کرنے والا۔

عدل پروری: [ع امث] دیکھئے "عدل پرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عدل کرنا: [ا رمص مرکب] انصاف کرنا۔ داد دینا۔

عدل گستر: [ع ف صف] انصاف کرنے والا۔

عدل گستری: [ع ف امث] دیکھئے "عدل گستر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عدل ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "عدل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

عدم: [ع امذ] پاس نہ ہونا۔ حاجت۔ ضرورت نیستی۔ نہ ہونا ۳۔ کسی بات کا نہ ہونا ۴۔ غیر حاضری ۵۔ نقصان ۶۔ کسی چیز کا پاس نہ ہونا ۷۔ مرکبات میں نفی کیلئے بطور سابقہ آتا ہے۔ مثلاً عدم حاضری وغیرہ۔

عدم آباد: [ع امذ] وہ عالم جہاں مرنے کے بعد آدمی جاتا ہے۔ قبرستان

عدم خانہ/گاہ: [ع ف امذ] دیکھئے "عدم آباد"

عدم کا رستہ/کی راہ دکھانا: [ا رمحاورہ] مار دینا۔ قتل کر دینا۔

عدم کا راستہ/کی راہ دیکھنا/لینا: [ا رمحاورہ] مر جانا۔

عدم و وجود برابر ہے: [ا رمحاورہ] ہونا نہ ہونا یکساں ہے۔ نکمّا ہے۔

عدن: [ع امذ] ۱۔ بہشت کا باغ ۲۔ وہ باغ جس میں حضرت آدمؑ کو گیہوں کھانے سے پہلے رکھا گیا تھا ۳۔ عرب کے جنوب میں ایک علاقہ اور ایک خلیج۔

عدنان: [ع امذ] حضرت اسماعیلؑ کی اولاد سے ایک شخص پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نسب نامہ اُن تک مسلسل پہنچتا ہے۔

عدو: [ع امذ] دشمن۔ مخالف۔ بیری ۲۔ رقیب۔

عدو شرے برانگیزد کہ خیرے ما دراں باشد: [ف مثل] دشمن ایسی برائی کرتا ہے کہ اس میں ہماری بھلائی ہوتی ہے۔

عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد: [ف مثل] خدا چاہے تو دشمن سے فائدہ پہنچتا ہے۔

عدو کا مٹ جانا: [ا رمحاورہ] دشمن کا تباہ ہو جانا۔ مر جانا۔ ہلاک ہو جانا۔

عدو کو خاک میں ملانا: [ا رمحاورہ] دشمن کو تباہ کر دینا۔ مار ڈالنا۔

عدول: [ع۔ امبالغہ] بہت بڑا عادل۔

عُدول: [ع امذ] انکار۔ روگردانی۔ منہ پھیرنا ۲۔ عادل کی جمع۔

عدول حکم: [ع ف امذ] نافرمان۔ سرکش۔ ترکیب غلط ہے۔

عدول حکمی: [ع امث] دیکھئے "عدول حکم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عدول کرنا: [ا رمص مرکب] روگردانی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔

عدول ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "عدول کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

عدولی: [ع امث] عدول کے مرکبات میں جیسے حکم عدولی بطور لاحقۂ نافیہ

عدید: [ع صف] ۱۔ نظیر۔ مانند ۲۔ گنے ہوئے۔ بہت سے۔

عدیدہ: [ع صف] شمار کی ہوئی۔ حصہ۔ نصیب

عدیل: [ع صف] ۱۔ نظیر۔ مانند۔ برابر۔ مشابہ۔ مثال (عموماً نہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

عدیل نہ ہونا: [ا رمص مرکب] نظیر نہ ہونا۔ برابر نہ ہونا۔

عدیم: [ع صف] وہ جو نہ ہو یا معدوم ہو ۲۔ کسی چیز کا پاس نہ ہونا۔

عدیم الفرصت: [ع صف] وہ جسے بالکل فرصت نہ ہو۔

عدیم الفرصتی (عف۔ امث) دیکھئے "عدیم الفرصت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عدیم المثال/عدیم النظیر: [ع صف] بے مثل۔ بے نظیر۔

عدیم الوجود: [ع صف] نایاب۔ کمیاب۔

ع — ذ

عذاب: [ع امذ] ۱۔ تکلیف۔ اذیت۔ دکھ ۲۔ وہ تکلیف جو قبر میں یا دوزخ میں بداعمالی کی وجہ سے دی جائے گی۔ گناہوں کی سزا۔ (افعال: دینا۔ کرنا۔ ہونا) ۳۔ دقت۔ دشواری ۴۔ جھگڑا۔ بکھیڑا ۵۔ ایذا یا تکلیف دینے والا۔

عذاب اٹھانا: [ا رمحاورہ] تکلیف اٹھانا/برداشت کرنا۔

عذاب اٹھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عذاب اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

عذاب برداشت کرنا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "عذاب اٹھانا"

عذاب برداشت ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "عذاب برداشت کرنا" جس کا یہ لازم ہے

عَذابِ الحَرِیق: [ع امذ] دوزخ کی آگ کا عذاب۔
عَذابِ الٰہی: [ع امذ] وہ تکلیف یا مصیبت جو خدا کی طرف سے پاداش اعمال میں آئے
عَذابِ الٰہی میں گرفتار ہونا: [ا رمحاورہ] سخت مصیبت پڑنا۔
عَذابِ بَخت: [ع ف امذ] بدقسمتی کی مصیبت۔
عَذاب ثواب: [ع امذ] بُرائی بھلائی نیکی بدی۔
عَذابِ جان: [ع ف امذ] جی کا وبال۔
عَذاب جھیلنا: [ا رمحاورہ] مصیبت اٹھانا۔ دُکھ اٹھانا۔
عَذابِ دوزخ: [ع ف امذ] تکلیف جو دوزخ میں بداعمال کی وجہ سے ہوگی۔
عَذاب دیکھنا: [ا رمحاورہ] اذیت برداشت کرنا۔
عَذاب رہنا: [ا رمحاورہ] جھگڑا بکھیڑا رہنا۔
عَذاب سہنا: [ا رمحاورہ] تکلیف یا دُکھ برداشت کرنا
عَذاب سے چھوٹنا: [ا رمحاورہ] مصیبت سے بچنا۔ تکلیف جاتی رہنا۔
عَذابِ فشار: [ع ف امذ] وہ عذاب جو فشار قبر سے ہوتا ہے۔
عَذابِ قبر/گور: [ع ف امذ] وہ تکلیف جو مُردے کو قبر میں گناہوں کی پاداش میں ہوتی ہے۔
عَذاب کا نازل ہونا: [ا رمحاورہ] مصیبت یا تکلیف آنا۔ خدا کا قہر نازل ہونا
عَذاب کٹنا: [ا رمحاورہ] مصیبت دُور ہونا۔
عَذاب کھینچنا: [ا رمحاورہ] مصیبت برداشت کرنا۔
عَذاب کے فرشتے: [ا رامذ] وہ فرشتے جو عذاب دینے کے لئے مقرر ہیں۔
عَذاب لانا: [ا رمحاورہ] ۱۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔ مصیبت ڈالنا۔ ایذا دینا۔
عَذاب مول لینا: [ا رمحاورہ] خواہ مخواہ تکلیف میں پڑنا۔
عَذاب میں پڑنا/پھنسنا: [ا رمحاورہ] مصیبتوں میں پھنسنا۔ دِقت میں پڑنا۔
عَذاب میں ڈالنا: [ا رمحاورہ] مصیبت میں مبتلا کرنا۔ جھگڑے میں پھنسانا۔
عَذاب میں ہونا: [ا رمحاورہ] سخت تکلیف میں ہونا۔
عَذاب نازل کرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عذاب نازل ہونا" جسکا یہ متعدی ہے۔
عَذاب نازل ہونا: [ا رمحاورہ] مصیبت پڑنا۔ آفت آنا۔
عَذاب ہونا: [ا رمحاورہ] تکلیف ہونا۔
عِذار: [ع امذ] رُخسارہ۔ گال ۲۔ مرکبات کے آخیر میں جیسے گُل عذار، سمن عذار
عَذب: [ع صف] شیریں خوشگوار۔
عَذبُ البَیان: [ع امذ] شیریں کلام
عُذر: [ع امذ] حیلہ۔ بہانہ ۲۔ اعتراض۔ گرفت ۳۔ دلیل۔ حجت ۴۔ معافی کی طلب۔
عُذر آور: [ع ف صف] عذر کرنے والا
عُذرِ امتناعِ نالش: [ع ف امذ] دعوے کی روک کا عُذر
عُذر باقی نہ رکھنا: [ا رمحاورہ] کسی اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا۔
عُذرِ بے جا: [ع ف امذ] لغو اور بے ہودہ عُذر۔
عُذر پذیر: [ع ف صف] عذر قبول کرنے والا ۲۔ معاف کرنے والا

عُذر پیش کرنا: [ا رمحاورہ] دلیل یا حجت پیش کرنا۔ اعتراض کرنا۔ بحث کرنا
عُذر پیش ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عذر پیش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عُذر تراشنا: [ا رمحاورہ] ایسا عذر پیش کرنا جو حقیقی نہ ہو۔

عُذرِ تقصیرات کرنا: [ا رمحاورہ] گناہوں کی معافی چاہنا۔
عُذرِ تمادیِ ایّام: [ع امذ] میعاد گزرنے کا عذر۔
عُذر چلنا: [ا رمحاورہ] عذر سنا جانا/قبول ہونا۔
عُذر خواہ/ساز/سنج: [ع ف صف] عذر کرنے والا۔
عُذر خواہی/سازی/سنجی: [ع ف امث] دیکھئے "عذر خواہ" وغیرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عُذر دار: [ع ف صف] درست دار۔
عُذر داری: [ع ف امث] دیکھئے "عذر دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ ۲۔ اعتراض۔ دعویٰ۔
عُذر درمیان لانا: [ا رمحاورہ] عذر پیش کرنا۔
عُذرِ قوی: [ع امذ] زبردست عذر/اعتراض۔
عُذر کرنا: [ا رمحاورہ] معذرت کرنا۔ اعتراض کرنا۔ دعویٰ کرنا۔ دعوی دار ہونا۔
عُذر کے قابل: [ا رصف] قابل عذر۔ قابل پذیرائی۔
عُذرِ گناہ بدتر از گناہ: [ف مثل] بے ہودہ عذر کے متعلق کہتے ہیں۔
عُذر لانا: [ا رمحاورہ] عذر پیش کرنا۔
عُذرِ لنگ: [ع ف امذ] فضول عذر۔
عُذر معذرت: [ع امذ] منت سماجت (افعال: کرنا۔ ہونا)
عُذرِ معقول: [ع امذ] صحیح اور بے جا عذر۔
عُذر نہ سُننا: [ا رمحاورہ] کوئی بہانہ تسلیم نہ کرنا۔
عُذر نہ ہونا: [ا رمحاورہ] انکار نہ ہونا۔ حجت نہ ہونا۔
عُذر نیوش: [ع ف صف] عذر سُننے والا۔
عُذر ہونا: [ا رمحاورہ] اعتراض ہونا۔
عَذرا: [ع امث] ۱۔ دوشیزہ اور کنواری ۲۔ بُرجِ سُنبلہ۔ کینا۔ حضرت مریمؑ کا لقب۔
عَذوبت: [ع امث] لذت۔ خوش مزگی ۲۔ شیرینی۔ مٹھاس۔

ع ــــ ر

عَرابہ/عَرادہ: [ع امذ] چھکڑا۔ گاڑی۔
عَرابچی: [ع ف امذ] عرابہ چلانے والا۔
عِراق: [ع امذ] ایک راگ جسے چاشت کے وقت گاتے ہیں ۲۔ ایک ملک جو ایران کا ہمسایہ اور عرب کے مشرق میں ہے
عِراقین: [ع امذ] ۱۔ عراق کی تثنیہ ۲۔ کوفہ و بصرہ۔
عِراقی: [ع صف] عراق کے ملک کا۔ عراق کا گھوڑا۔ عربی گھوڑا۔
عراقی پر بس نہ چلا گدھے کے کان اینٹھے: [ا رمثل] زبردست پر بس نہ چلا تو غریب کو مارنے لگے۔
عَرائس: [ع امث] دیکھئے "عروس" جس کی یہ جمع ہے۔
عَرائض: [ع امذ] عریضہ کی جمع۔ چٹھیاں۔ خطوط۔ درخواستیں۔
عَرب: [ع امذ] ایشیا کے جنوب میں ایک علاقہ جس کی زبان عربی ہے۔ ۲۔ فصیح۔ خوش بیان۔
عَربدہ: [ع امذ] ۱۔ بدخوئی۔ بدطینتی ۲۔ نفرت۔ ناپسندیدگی ۳۔ جھگڑا۔ فتنہ۔ جنگ جوئی

عربدہ پرداز/جو/ساز: [ع ف صف] جھگڑالو ۲۔ فریبی۔ شرارتی۔

عَربدہ پردازی/جوئی/سازی (عف مث) دیکھئے "عربدہ پرداز" ذیرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عَرَبی: [ع صف] ۱۔ عرب سے متعلق۔ عرب کا ۲۔ (امث) اہل عرب کی زبان ۳۔ عرب کا گھوڑا۔
عَرَبیّت: [ع امث] عربی مزاج و خصوصیت۔ عربی انداز۔
عَرَبیہ: [ع صف مث] دیکھئے عربی جسکی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
عُرس: [ع امذ] ۱۔ شادی کی دعوت۔ دعوت ولیمہ ۲۔ کسی بزرگ کی سالانہ فاتحہ اور مجلس جو تاریخ وفات کو ہو۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
عُرُس: [ع امذ] دیکھئے "عروس" جس کی یہ جمع ہے
عَرش: [ع امذ] ۱۔ چھت ۲۔ تخت ۳۔ بادشاہ کا تخت ۴۔ وہ جگہ جو نویں آسمان کے اوپر ہے جہاں خدا کا تخت ہے۔
عرش آشیاں/آشیانی (عف صف) مرحوم۔ مغفور ۲۔ خطاب جو اکبر کو مرنے کے بعد دیا گیا تھا۔
عرش اعظم: [ع امذ] خدا کا عرش۔
عرش اکبر: [ع امذ] انسان کا دل۔ قلب۔
عرش بریں (عف امذ) دیکھئے "عرش ۳"
عرش پایہ (عف صف) عالی مرتبہ۔
عرش پر پہنچنا: [ا رمحاورہ] بہت بلند رتبہ ہونا۔
عرش پر جانا: [ا رمحاورہ] بہت عروج حاصل کرنا۔
عرش پر جھنڈا گڑنا: [ا رمحاورہ] کمال رعب ہونا۔
عرش پر جھولنا: [ا رمحاورہ] بڑے رتبہ پر ہونا۔
عرش پر چڑھانا: [ا رمحاورہ] ۱۔ بہت تعریف کرنا ۲۔ خوشامد کرنا ۳۔ مغرور بنا دینا۔
عرش پر چڑھ جانا/چڑھنا: [ا رمحاورہ] بہت مغرور ہونا۔
عرش پر دماغ پہنچانا: [ا رمحاورہ] بہت مغرور کر دینا ۲۔ اپنا مغرور ہونا/خود مغرور ہونا۔
عرش پر دماغ پہنچنا/رہنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عرش پر دماغ پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
عرش پر دماغ رکھنا: [ا رمحاورہ] مغرور ہونا۔
عرش پر کرسی بچھانا: [ا رمحاورہ] اعلٰے سے اعلٰے مرتبہ پر پہنچنا۔
عرش پناہ (عف صف) عالی مرتبہ۔
عرش پیما/رس (عف صف) عرش پر پہنچنے والا۔ مقبول۔
عرش ثانی: [ع امذ] خدا کی کرسی۔
عرش چھو آنا: [ا رمحاورہ] عرش تک پہنچ جانا۔
عرش سے اتارنا: [ا رمحاورہ] وہ کام کرنا جو کسی سے نہ ہو سکے۔
عرش سے اترا کھجور میں اٹکا/عرش سے اتری/چھوٹی کھجور میں اٹکی: [ا رمثل] ایک مصیبت رفع ہوئی دوسری سر پہ پڑی۔
عرش سے جھولنا: [ا رمحاورہ] کمال عالی رتبہ ہونا۔
عرش سے فرش تک/سے تا بہ فرش: [ا رمتعلق فعل] آسمان سے زمین تک۔ اوپر سے نیچے تک۔
عرش کا تارا: [ا رصف] عالی رتبہ
عرش کا تارا اترنا: [ا رمحاورہ] نور کا نازل ہونا۔
عرش کا لوٹا: [ا رصف] عجیب۔ انوکھا۔
عرش کی زنجیر کھینچنا/ہلانا: [ا رمحاورہ] خدا کے حضور میں دعا کرنا۔ دعا کا خدا تک پہنچانا۔

عرش کی زنجیر کھنچنا/ہلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عرش کی زنجیر کھینچنا" جسکا یہ لازم ہے۔
عرش کے تارے توڑنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عرش کے تارے ٹوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عرش کے تارے ٹوٹنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ عجیب کام ہو۔ مشکل کام دکھایا جانا۔ کار عظیم ہونا۔ ۲۔ کمال عیاری یا چالاکی ہونا۔
عرش معلّے/بریں: [ع امذ] عرش ۳۔ فلک الافلاک۔ اعلیٰ وارفع عرش۔
عرش منزل: [ع امذ] شاہ عالم گیر ثانی کا ایک خطاب
عرش میں جھولنا: [ا رمحاورہ] عالی رتبہ ہونا
عرش و فرش: [ع امذ] زمین و آسماں
عرش وقار: [ع امذ] عالی مرتبہ۔
عرش ہلانا: [ا رمحاورہ] مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔
عرش ہل جانا/ہلنا: [ا رمحاورہ] مظلوم کی آہ و فریاد سنکر خدا کو رحم آ جانا۔
عرشہ: [ع امذ] جہاز کی چھت۔
عرشی: [ع صف] مقرب فرشتہ (۲) عرش سے منسوب۔
عرصہ: [ع امذ] ۱۔ میدان ۲۔ فاصلہ ۳۔ (ار) وقفہ۔ زمانہ۔ اثنا۔ دیر۔ تاخیر۔ توقف۔
عرصہ تنگ کرنا: [ا رمحاورہ] عاجز کرنا۔ ناچار کرنا۔
عرصہ تنگ ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عرصہ تنگ کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔ خیال کا میدان کوتاہ ہونا ۳۔ مصیبت کا وقت ہونا ۴۔ وقت تھوڑا ہونا۔
عرصہ زندگی/حیات تنگ کرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عرصہ زندگی/حیات تنگ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عرصہ زندگی/حیات تنگ ہونا [ا رمحاورہ] زندگی تھوڑی رہ جانا۔ سخت مصیبت ہونا کہ آدمی زندگی سے تنگ ہو جائے۔
عرصہ سے تیل جل چکا ہے: [ا رمثل] مدت سے زور ختم ہو چکا ہے۔
عرصہ سے نہ ہڑ بڑ نہ کھڑ کھڑ: [ا رمثل] مدت سے امن ہے۔
عرصہ کھنچنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عرصہ کھینچنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عرصہ کھینچنا: [ا رمحاورہ] طوالت کرنا۔ دیر لگانا۔
عرصہ گاہ (عف امذ) میدان
عرصہ لگانا: [ا رمحاورہ] دیر لگانا
عرصہ لگنا: [ا رمحاورہ] دیر ہونا۔
عرصہ ہو جانا/ہونا: [ا رمحاورہ] دیر ہونا۔
عَرَض: [ع امذ] وہ چیز جو قائم بالغیر ہو جوہر کی ضد ۲۔ کوئی تکلیف جو کسی دوسری تکلیف کے باعث ہو۔
عَرض: [ع امث] التماس۔ درخواست۔ گزارش ۲۔ پیش کرنا (افعال: کرنا۔ ہونا)
عرض ارسال: [ع امذ] وہ درخواست جس کے ہمراہ مالگزار تحصیلدار کے پاس مالگزاری بھیجے ۲۔ رپورٹ۔ نقشہ۔ بیجک۔
عرض البلد: [ع امذ] کسی مقام کا کسی خاص نصف النہار سے فاصلہ عرض میں۔
عرض بیگی: [عف امذ] وہ شخص جو لوگوں کی درخواستیں بادشاہ یا کسی بڑے آدمی کے روبرو پیش کرے۔
عرض پرداز: [عف صف] عرض کرنے والا۔ التماس کرنے والا۔
عرض پیرا ہونا: [ا رمحاورہ] التماس کرنا۔ گزارش کرنا۔
عرض حال: [ع امث بہ ترکیب فارسی] گزارش۔ عرضداشت۔ حال عرض کرنا۔ عرضی۔

عَرض دار (عف صف) جس کا عرض / چوڑائی ہو۔
عَرضداشت (عف امث) عرضی۔
عَرض رَسا (عف صف) عرض کرنے والا (افعال: ہونا)
عَرض کرنا : (ا مص مرکب) التجا کرنا۔ بیان کرنا۔ درخواست کرنا
عَرضِ مُطلب : (ع امذ) مطلب بیان کرنا۔
عَرض معروض : (ع امذ) درخواست۔ التماس۔ التجا (افعال: کرنا۔ ہونا۔
عَرض معروض کا اختیار ملنا : (ا محاورہ) کسی شخص کو بادشاہ کے روبرو درخواستیں اور سائلوں کے پیش کرنے کا کام سپرد ہونا۔
عَرضاً : (ع متعلق فعل) چوڑائی میں ۲۔ اتفاقاً۔
عَرضی : (ع صف) ۱۔ عارضی (۲ امث) تحریری درخواست ۳۔ جو عارض ہوا ہو۔
عَرضی تاننا / ٹھونکنا : (ا محاورہ) نالش کرنا۔ دعویٰ کرنا۔
عَرضی دعویٰ : (ع امذ) درخواست جس میں مدعی حالات مقدمہ لکھ کر عدالت میں دائر کرتا ہے۔
عَرضی دینا / گزارنا / لگانا : (ا محاورہ) درخواست دینا۔ نالش کرنا۔
عَرضی رسا ہونا : (ا محاورہ) التماس کرنا۔ عرض کرنا گزارش کرنا۔
عَرضی گزارنا / لگنا : (ا محاورہ) دیکھئے "عرضی دینا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے۔
عَرضی لینا : (ا مص مرکب) درخواست لینا۔
عَرضی نویس (عف امذ) وہ شخص جو عرضی / درخواستیں یا تمسک وغیرہ لکھنے کا پیشہ کرتا ہے۔
عُرضہ : (ع امث) ۱۔ ڈھال ۲۔ بہانہ۔ حجت۔
عَرعَر : (ع امذ) ۱۔ چیل / دیودار کا پیڑ۔
عُرف : (ع امذ) ۱۔ وہ نام جس سے انسان مشہور ہو۔ مشہور نام۔ عام نام ۲۔ پہچان ۳۔ نیکی۔
عُرفاء : (ع امذ) جمع عارف کی / عریف کی۔
عُرفاً : (ع متعلق فعل) عُرف کی رُو سے۔
عَرفات : (ع امذ) مکہ معظمہ سے ۹ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی اور میدان ہے۔ حج کے دن حاجی یہاں آتے ہیں اور دعائیں پڑھتے ہیں۔ نماز ظہر اور عصر پڑھ کر یہاں سے مکہ معظمہ واپس چلے جاتے ہیں۔
عِرفان : (ع امذ) ۱۔ خداشناسی معرفت حق تعالیٰ ۲۔ پہچان۔ علم۔ واقفیت۔
عِرفان مآب : (ع صف) عالم۔ خداشناس۔
عَرفہ / عَرَفہ : (ع امذ) ماہ ذوالحج کا نواں دن جس دن حج ہوتا ہے ۲۔ شب برات سے پہلا دن۔ (عوامی خیال)
عَرفہ کرنا : (ا محاورہ) کسی شخص کے مرنے کے بعد جو پہلا عرفہ شب برات آئے اس دن فاتحہ دلاتے ہیں۔
عَرفہ ہونا : (ا محاورہ) دیکھئے "عرفہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عُرفی : (ع صف) عرف سے منسوب۔ رسمی۔ مشہور۔ معمولی۔ ظاہری۔
عَرفی : (ع امذ) عرفات کا رہنے والا۔
عُرفیت : (ع امث) ظاہری حیثیت۔ شہرت۔
عِرق : (ع امث) رگ۔ جڑ۔
عِرق النساء : (ع امث) ایک درد جو ٹانگ کی پچھلی رگ میں ہوتا ہے۔
عَرَق : (ع امذ) ۱۔ پسینہ ۲۔ پھل وغیرہ کا نچوڑا ہوا پانی ۳۔ کسی چیز کو پانی میں بھگو کر عمل کشید کے ذریعہ نکالا ہوا پانی۔
عَرق آجانا / آنا : (ا محاورہ) ۱۔ پسینہ آنا ۲۔ شرم سے پسینہ آجانا / پانی پانی ہو جانا
عَرق آلود (عف صف) پسینے پسینے۔ پسینے میں تر۔
عَرق آلودگی (عف امث) دیکھئے "عرق آلود" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عَرق افشاں (عف صف) پسینے میں ڈوبا ہوا۔
عَرقِ انفعال : (ع امذ) شرمندگی کا پانی۔ وہ پسینہ جو ندامت کے باعث آئے۔
عَرق انگیز (عف صف) پسینا لانے والا۔
عَرقِ بہار : (عف امذ) ایک عرق جو نارنج اور ترنج کے پھولوں سے نکالتے ہیں۔
عَرق پاک کرنا : (ا محاورہ) پسینا پونچھنا۔
عَرق چین (ف امذ امث) پسینا صاف کرنے کا رومال ۲۔ ایک قسم کی ٹوپی جو پگڑی کے نیچے پہنتے ہیں ۳۔ ایک قسم کی آڑی کسری ہوئی کامدار ٹوپی۔
عَرقِ حیا / خجلت / شرم (عف امذ) شرمندگی کا پسینا۔
عَرق خانہ (عف امذ) حمام۔
عَرق دو آتشہ عف امذ) دو دفعہ کشید کیا ہوا عرق۔
عَرق ریز (عف صف) جسے بہت پسینا آرہا ہو۔
عَرق ریزی (عف امث) بہت کوشش / مشقت۔ سخت محنت۔ جانفشانی (افعال: کرنا۔ ہونا)
عَرقِ شرم میں تر ہونا / نہانا : (ا محاورہ) بہت شرمندہ ہونا۔
عَرقِ شیر عف امذ) دُودھ کا پھٹا ہوا عرق۔
عَرق عَرق کرنا : (ا محاورہ) دیکھئے "عرق عرق ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عَرق عَرق ہونا : (ا محاورہ) محنت / بیماری / کمزوری / خوف / شرم سے پسینے پسینے ہونا۔
عَرق کھینچ لینا : (ا محاورہ) طاقت کھینچ لینا۔
عَرق کھینچنا : (ا محاورہ) کسی چیز کو پانی میں بھگو کر عمل کشید کے ذریعے سے عرق نکالنا
عَرق گیر : (عف امذ) عرق پونچھنے کا رومال ۲۔ وہ آلہ جس کے ذریعہ عرق کشید کریں ۳۔ وہ چیز جو چلم کے بیچ اس غرض سے رکھتے ہیں کہ تمباکو کا عرق اس میں رہے اور نے کو خراب نہ کرے۔
عَرق میں ڈوب جانا : (ا محاورہ) پسینے سے تر بتر ہونا۔
عَرقِ ننگ (عف صف) شرمندگی کا پسینا۔ شرمندگی کے باعث آنیوالا پسینا۔
عَروبہ : (ع امذ) جمعہ۔ آدینہ۔ اسلام سے پہلے جمعہ کا نام ۲۔ عربی اللسان ہونا ۳۔ عربی زبان سے متعلق۔
عُروج : (ع امذ) ۱۔ چڑھنا۔ بلند ہونا ۲۔ ترقی ۳۔ اوج۔
عُروجِ اقبال : (ع امذ) بلند اقبال۔ خوش قسمتی۔ ترقی۔
عُروج پہ ہونا : (ا محاورہ) اقبال یاور ہونا۔
عُروج حاصل ہونا : (ا محاورہ) رسوخ ہونا۔ اچھا مرتبہ ہونا۔
عُروجِ ماہ (عف امذ) چاند کی پہلی تاریخ سے چودھویں تاریخ تک کا زمانہ۔
عُروج ہونا : (ا محاورہ) ۱۔ مرتبہ بلند ہونا ۲۔ رسوخ ہونا۔
عَروس : (ع امث) ۱۔ دُلہن۔ بنی۔ بہو۔
عَروسُ البِلاد : (ع امث) سب سے خوبصورت شہر۔
عُروسُ الخُطوط : (ع امذ) سب سے خوبصورت خط کنایۃً نستعلیق۔
عُروسِ تاک (عف امث) شراب۔

عروس جہاں [عف امث] ۱. دنیا ۲. زہرہ ستارہ۔
عروس چرخ چہارم / فلک / خاوری / روز : [عف امث] سورج۔
عروس عدن : [ع امث] ۱. چاند ۲. ستارے ۳. خادمہ۔ ملازم عورت ۴. حور۔
عروس عرب : [ع امث] مکۂ معظمہ
عروسان باغ / چمن [ف امذ] پھول۔ پھل۔ شگوفے۔ نئے پودے۔
عروسان بیابان (ف امذ) لدو اونٹ۔
عروسان خلد (ف امث) حوریں۔
عروسان درخت (ف امذ) نئے شگوفے۔
عروسانہ : [ف صف] دولہن کے مانند۔
عروسک : [ف۔ امث] ۱. گڑیا ۲. ایک میوہ ۳. بیر بہوٹی
عروسی : [ع امث] عروس کا اسم کیفیت۔ شادی نکاح۔
عروض : [ع امذ] وہ علم جس میں نظم کی درستی کے قواعد۔ وزن اور بحر کے ارکان اور زحافات کے مذکور ہوتے ہیں۔
عروض : [ع امذ] عارض ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کوئی بیماری لگنا۔
عروق : [ع امذ] دیکھئے عَرَق اور عِرق جن کی جمع ہے۔
عریاں (ف صف) ننگا۔ برہنہ۔ واضح (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
عریانی (ف امث) دیکھئے "عُریاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عریانیت (ف امث) دیکھئے "عریاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عریش : [ع امذ] دھوپ سے بچنے کے لئے کوئی سایہ دار جگہ۔ پھوس سے پٹا ہوا مکان جو اکثر باغوں یا فصلوں میں عارضی طور پر بنا لیتے ہیں۔
عریض : [ع صف] چوڑا۔ پھیلا ہوا۔ طول طویل۔ بڑا۔
عریضہ : [ع صف] ۱. چوڑا ۲. چھٹی جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھی جائے ۳. چھٹی جو خواجہ خضر حضرت فاطمہؓ یا پریوں کے نام کوئی منت ماننے یا مراد کے واسطے دریا میں بہاتے ہیں ۴. درخواست۔ عرض۔
عریضہ دینا : [ا رمحاورہ] عریضہ دریا میں ڈالنا۔
عریضہ نیاز [عف امذ] عاجزانہ درخواست (بزرگوں، یا حکام کو لکھے جانے والے خط یا درخواست کے آخر میں لکھا جاتا ہے۔
عرین : [ع امذ] جنگل۔ بن۔

ع ــــ ز

عزّ : [ع۔ ماضی] غالب ہوا۔ زبردست ہوا ۲. اسکی عزت ہو۔ اس کی حمد ہو۔
عزّ اسمُہٗ : [ع۔ کلمہ توصیف] اسکے نام کی عزت / تعریف ہو (اللہ تعالیٰ کیلئے مستعمل ہے)
عزّ و جلّ : [ع صف] اسکی عزت اور حمد ہو۔ خدا تعالیٰ کے لئے لاتے ہیں۔
عزّ : [ع امذ] عزت۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ شان۔ طاقت۔
عزّ و جاہ : [عف امذ] عزت و مرتبہ۔
عزّ و شان : [ع امث] عزت و مرتبہ۔
عزا : [ع امذ] مصیبت میں صبر کرنا ۲. شکایت کرنا ۳. ماتم۔ ماتم پرسی۔
عزا خانہ [عف امذ] ماتم خانہ۔ وہ گھر / مکان جس میں مرثیے پڑھے جاتے ہیں اور تعزیہ رکھا جاتا ہے۔

عزادار : [عف صف] ماتم کرنے والا۔
عزاداری : [عف امث] دیکھئے "عزادار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عزازیل : [ع امذ] شیطان کا نام۔
عزائم : [ع امذ] دیکھئے "عزیمت" جس کی یہ جمع ہے ۲. اردو میں "عزم" کی جمع کے طور
عزائم خواں : [ع عف] عزیمتیں پڑھنے والا۔ منتر پڑھنے والا عامل۔
عزت : [ع امث] ۱. آبرو۔ وقار۔ پت۔ شرف۔ اعزاز ۲. بڑائی۔ بزرگی۔ ادب تعظیم آدر۔ مان۔ ستکار ۳. شان و شوکت۔ شہرت۔ نیک نامی ۴. طاقت۔ قوت۔ رتبہ۔ مرتبہ۔
عزت آثار : [ع امث] آبرودار۔ باوقار۔ بزرگ۔
عزت اتارنا / بگاڑنا [ا رمحاورہ] دیکھئے "عزت اترنا" وغیرہ جسکا یہ متعدی ہے۔
عزت اتر جانا / اترنا / بگڑنا : [ا رمحاورہ] آبرو جاتی رہنا۔ آبرو جانا۔
عزت افزا : [عف صف] عزت بڑھانے والا۔
عزت افزائی (عف امث) دیکھئے "عزت افزا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عزت بڑھانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "عزت بڑھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عزت بڑھنا : [ا رمحاورہ] کسی بڑے آدمی یا اعلیٰ حکام کا یا بزرگ کی مہربانی کی وجہ سے کسی کمتر کی عزت کا زیادہ ہو جانا۔
عزت بنانا : [ا رمحاورہ] آبرو حاصل کرنا۔
عزت بننا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "عزت بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
عزت پر ہاتھ ڈالنا : [ا رمحاورہ] کسی کی عزت / آبرو پر حملہ کرنا۔ کسی کو ذلیل کرنے کی کوشش کرنا۔
عزت جاتی رہنا / جانا : [ا رمحاورہ] آبرو نہ رہنا۔ بے عزتی ہونا۔
عزت خاک میں ملانا : [ا رمحاورہ] کسی کو ذلیل کرنا۔ بداعمالیوں سے اپنی عزت کم کرنا۔
عزت خاک میں ملنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "عزت خاک میں ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔
عزت خدا کے ہاتھ ہے : [ا رمحاورہ] اللہ آبرو رکھے تو رہے۔
عزت خواہ (عف صف) عزت چاہنے والا۔ دوست۔ پیرو۔
عزت دار : [عف صف] معزز۔ صاحب عزت۔
عزت داری : [عف امث] دیکھئے "عزت دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عزت دو کوڑی کی نہ رہنا / ہو جانا / ہونا : [ا رمحاورہ] سخت بے عزتی ہونا ذلیل ہو جانا۔
عزت دینا : [ا رمحاورہ] آبرو / رتبہ بخشنا۔
عزت ڈبونا : [ا رمحاورہ] آبرو کھونا **عزت رکھ لینا** : [ا رمحاورہ] آبرو بچانا۔
عزت رکھنا : [ا رمحاورہ] ۱. کسی کی آبرو بچانا ۲. لوگوں میں عزت ہونا ۳. آبرو کی نظر سے دیکھا جانا۔
عزت رہ جانا / رہنا : [ا رمحاورہ] آبرو بچنا / باقی رہنا۔
عزت طلب : [عف صف] عزت چاہنے والا۔ وقار کا خواہاں۔ عزت اور وقار کا خیال رکھنے والا۔
عزت کا لاگو ہونا / کے پیچھے پڑنا : [ا رمحاورہ] کسی کی آبرو مٹانے کی کوشش کرنا
عزت کرنا : [ا رمحاورہ] تعظیم سے پیش آنا
عزت کل جاتی ہے آج جائے : [ا رمحاورہ] عزت کی پروا نہیں۔
عزت کھونا : [ا رمحاورہ] آبرو اتارنا ۲. بے عزت ہونا۔

عزت کی آدھی بھلی بے عزتی کی ساری کچھ نہیں: (ارشل) عزت سے تھوڑی چیز ملے تو بہتر ہے اس بہت سے جو بے عزتی سے ملے

عزت کے آگے مال کیا چیز ہے: (ارشل) انسان آبرو بچانے کے لئے نقصان اٹھا سکتا ہے / اٹھاتا ہے۔

عزت لینا: (ارمحاورہ) آبرو اتارنا

عزت ملنا: (ارمحاورہ) توقیر ہونا شرف حاصل ہونا۔

عزت میں بٹا لینا: (ارمحاورہ) آبرو میں بٹا لگنا

عزت میں فرق آنا: (ارمحاورہ) دیکھئے "عزت میں بٹا لگنا"

عزت والا (ارصف) دیکھئے عزت دار

عزت والے کی کمبختی ہے: (ارشل) آبرو دار کو بہت سی مانجھ ایسی کرنی پڑتی ہیں جو معمولی آدمی کرنے کی پروا نہیں کرتا

عزرائیل: (ع امذ) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔ جان نکالنے والا فرشتہ

عزل: (ع امذ) ۱۔ معزولی برطرفی۔ معزولی ۲۔ جماع کے وقت انزال سے پہلے جُدا ہونا تاکہ نطفہ قرار نہ پائے۔

عزل و نصب: (ع امذ) برطرفی و بحالی۔ ترقی و تنزل۔ ادل بدل (افعال کرنا۔ ہونا)۔

عزلت: (ع امث) گوشہ نشینی علیحدگی تنہائی (افعال پانا۔ ہونا)

عزلت دوست / گزیدہ / گزین: (عف صف) گوشہ نشین۔ تنہائی پسند ۲۔ کنایۃً عابد زاہد۔

عزلت گزینی (ف امث) گوشہ نشینی۔

عزم: (ع امذ) ارادہ۔ قصد۔ نیت۔ مقصد (افعال کرنا۔ ہونا)

عزم بالجزم: (ع امذ) پکا ارادہ۔ مصمم ارادہ۔

عزمت: (ع امث) ارادہ۔ عزم ۲۔ وہ بات جو فرض ہو مثلاً خدا کا حکم۔

عُزّیٰ: (ع امذ) اعز بمعنی خدا کی تانیث ۲۔ ایک بُت جو اہل عرب نے کعبہ شریف میں رکھا ہوا تھا ۳۔ ایک درخت جس کو اہل عرب پوجتے تھے۔ خالد بن ولید نے بحکم پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو جلا دیا تھا۔

عزیز: (ع صف) ۱۔ پیارا۔ محبوب ۲۔ رشتہ دار۔ قرابت دار ۳۔ مرغوب و پسند ۴۔ زبردست۔ غالب۔ قادر ۵۔ خدا کا نام ۶۔ وزرائے مصر کا لقب زمانہ قدیم میں جب بادشاہ کو فرعون کہتے تھے، مصر کے بادشاہوں کا لقب۔

عزیز الانتقام: (ع امذ) زبردست انتقام لینے والا ۲۔ خدا تعالیٰ۔

عزیز القدر: (ع صف) ایک القاب جو چھوٹے رشتہ دار یا بھائی کو لکھا جاتا ہے۔ گرامی قدر۔

عزیز الوجود: (ع صف) نادر۔ کمیاب، قابل قدر

عزیز جاننا: (ارمحاورہ) پیارا سمجھنا یا جاننا محبت کرنا کسی چیز کی قدر و منزلت کرنا۔ بہت پسند کرنا۔

عزیز دار: (عف امذ) دوست رشتہ دار۔

عزیز داری: (عف امث) دیکھئے "عزیز دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عزیز رکھنا: (ارمحاورہ) پیارا سمجھنا۔ پیار کرنا۔ قدر منزلت کرنا۔

عزیز کرنا: (ارمحاورہ) پیارا جاننا کسی چیز کے دینے میں دریغ نہ کرنا۔

عزیز ہونا: (ارمحاورہ) پیارا ہونا۔ دریغ ہونا

عزیزی (عف امث) ۱۔ بڑائی ۲۔ دوستی۔ عزت ۳۔ تقدس۔

عزیمت: (ع امث) عزم۔ ارادہ۔ مقصد ۲۔ فسوں منتر۔ دعا ۳۔ وہ عمل یا فسوں جس سے موکلوں کو حاضرات میں طلب کریں ۴۔ اولوالعزمی۔

ع — س

عساکر: (ع امذ) دیکھئے "عسکر" جس کی یہ جمع ہے۔

عساکر نصیلیبیہ: (ع امذ) پولیس کی فوج

عسر: (ع امذ) تنگی۔ عسرت۔

عسرت: (ع امث) تنگی۔ دشواری

عسس: (ع امذ) عاس کی جمع مگر زیادہ استعمال ہوتا ہے ۱۔ رات کو گشت کرنے والا۔ شہر میں پہرہ دینے والا ۲۔ طلایہ دار۔ کوتوال۔

عسکر: (ع امذ) لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔ سینا کٹک۔

عسکر النصرت اثر: (ع امذ) فتح کے نشان والا عسکر۔ وہ لشکر جو ہمیشہ فتح یاب ہوتا ہے۔ (بہ ترکیب فارسی)

عسکری: (ع امث) عسکر سے منسوب فوج کا ۲ (امذ) سپاہی۔ فوجی ۳۔ امام حسن عسکری۔

عسل: (ع امذ) شہد۔ انگبیں۔

عسیر: (ع صف) دشوار۔ مشکل۔ تنگ ۲۔ (یوم) قیامت کا دن۔

عسیر الاستخراج: (ع صف) جو مشکل سے نکلے۔

عسیر الانقیاد: (ع صف) مشکل سے اطاعت کرنے والا۔

عسیر الحال: (ع صف) تنگ حال

ع — ش

عشا، عشائیہ: (ع امذ) شام کا کھانا۔ رات کا کھانا۔

عشائر: (ع امذ) دیکھئے "عشیرہ" جس کی یہ جمع ہے۔

عشائے خداوندی / ربانی: (ع امذ) کھانا جو حضرت عیسیٰ علیہ نے آخری دفعہ اپنے حواریوں کے ساتھ کھایا تھا۔

عشا: (ع امذ) رات کی فرض نماز جو مغرب کے بعد اور سونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔

عشاق: (ع امذ) ۱۔ عاشق کی جمع ۲۔ راگ کا ایک مقام جو دو گھڑی دن رہے گایا جاتا ہے

عشبہ: (ع امذ) ایک بوٹی جو ادویہ میں صفائی خون کیلئے مستعمل ہے سارسپریلا۔

عشر: (ع اعدد) دس۔ دہ۔

عشر کلمات: (ع امذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دس احکام۔

عشرات: (ع امذ) دھائیاں دس بیس۔ تیس۔ چالیس۔ پچاس۔ ساٹھ۔ ستر۔ اسی۔ نوے۔

عشراث: (ع امذ) ۱۔ اعداد عشاریہ ۲۔ عشر کی جمع کئی دس۔

عشرہ: (ع امذ) ۱۔ دس ۲ (امذ) مہینے کا دسواں دن ۳۔ مہینے کے دس روز ۴۔ محرم کی دسویں تاریخ یوم عاشورا۔

عشرہ اول: (ع امذ) مہینے کے پہلے دس روز ۲۔ عمر کے پہلے دس سال۔

عشرہ ثانی: (ع امذ) مہینے کے دوسرے دس روز۔ گیارہویں سال سے بیسویں سال تک عمر کا زمانہ۔

عشرۂ قاتلہ: [ع امذ] ساٹواں عشرہ یعنی اکسٹھ سے ستر سال تک کا عشرۂ عمر۔
عشرۂ کاملہ: [ع امذ] دس روزے ان حاجیوں کے جو قربانی نہ دے سکیں تین حج سے پہلے سات حج کے بعد۔
عشرۂ مبشرہ: [ع امذ] وہ دس صحابۂ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جنکے واسطے جنت کی بشارت ہے یعنی ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ۔ علیؓ۔ زبیرؓ۔ طلحہؓ۔ سعدؓ۔ سعیدؓ۔ ابوعبیدہؓ۔ عبدالرحمٰنؓ بن عوف
عُشر: [ع عدد کسری] دسواں حصہ۔ دہ یکی۔
عشر شرعی: [ع امذ] دسواں حصہ جو اسلام نے پیداوار زرعی پر بطور زکوٰۃ یا ٹیکس مقرر کیا ہے۔
عشر عشیر: [ع صفم] ۱۔ دسویں کا دسواں ۲۔ سوواں حصہ ۳۔ کنایۃً بہت تھوڑا ۴۔ بہت قلیل
عشرت: [ع امث] ۱۔ عیش ونشاط ۲۔ سیر تماشے۔ جلسے ۳۔ خوشی۔ مسرت۔
عشرت آمیز [عف صف] خوشی سے بھرا ہوا
عشرت آمیزی [عف امث] دیکھئے "عشرت آمیز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
عشرت افزا [عف صف] خوشی کو بڑھانے والا۔
عشرت افزائی [عف امث] دیکھئے "عشرت افزا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عشرت انتما [عف صف] خوشی یا عیش بڑھانے والا۔
عشرت پذیر: [عف صف] خوش ہونے والا۔ خوشی حاصل کرنے والا۔
عشرت پذیری [عف امث] دیکھئے "عشرت پذیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عشرت انگیز: [عف صف] خوشی پیدا کرنے والا
عشرت انگیزی [عف امث] دیکھئے "عشرت انگیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عشرت پیرا ہونا: [ا رمحاورہ] عیش میں مشغول ہونا۔
عشرت خانہ/کدہ [عف امذ] عیش ونشاط کا گھر۔
عشرت سرا/گاہ [عف امث] دیکھئے "عشرت خانہ/کدہ"
عشرت کار [عف صف] عیش نشاط سے بھرا ہوا۔
عش عش کرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "اش اش کرنا" جو صحیح ہے۔
عشق: [ع امذ] بے حد محبت۔ پریت۔ پریم پیار۔ نیہا۔ موہ۔ پیت۔ حب ۲۔ سلام۔ رخصت کا سلام ۳۔ آفرین۔ رحمت۔ شاباش۔
عشق است و ہزار بدگمانی: [ف مثل] عاشق کو معشوق کے متعلق ہمیشہ بدگمانی رہتی ہے۔
عشق اول در دلِ معشوق پیدا می شود / تانہ سوزد شمع کے پروانہ شیدا می شود: [ف مثل] محبت پہلے معشوق کے دل میں پیدا ہوتی ہے۔
عشق اللہ [ف امذ] آزاد فقیروں کا سلام
عشق انگیز: [عف صف] عشق پیدا کرنے والا۔ عشق کو بڑھانے والا
عشق انگیزی: [عف امث] دیکھئے "عشق انگیز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
عشق باز: [عف صف] عاشق مزاج۔ حسن پرست۔ عیاش
عشق بازی: [عف امث] دیکھئے "عشق باز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
عشق بازی خالہ جی کا گھر نہیں آسان نہیں: [ا رمثل] محبت کرنا بہت مشکل ہے
عشق پرداز: [عف صف] عشق باز۔
عشق پردازی: [عف امث] دیکھئے "عشق پرداز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
عشق پیچاں/پیچہ: [عف امذ] ایک قسم کی بیل جس میں رنگدار پھول لگتے ہیں۔
عشق پیشہ: [عف صف] عاشق ۲۔ وہ جو اکثر عاشق ہوتا رہے۔
عشق چرانا: [ا رمحاورہ] دل آجانا۔ عاشق ہونا۔

عشق چھپائے سے نہیں چھپتا: [ا رمثل] عشق کا حال لوگوں کو آخر معلوم ہو ہی جاتا ہے۔
عشق حقیقی: [ع امذ] خدا کی محبت۔
عشق سے چھاتی گرم کرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عشق سے چھاتی گرم ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
عشق سے چھاتی گرم ہونا: [ا رمحاورہ] جوشِ عشق ہونا۔
عشق سوری تا بزانو: [ف مقولہ] اس بات کی چنداں خواہش نہیں
عشق صادق: [ع امذ] سچی محبت جس میں خود غرضی کا خیال نہ ہو۔
عشق کا آزار: [ا امذ] عشق کی بیماری۔
عشق کا داغ: [ا امذ] غم و رنج جو عاشق کو ہوتا ہے۔
عشق کا مارا پانی نہیں مانگتا: [ا رمثل] عاشق فوراً مرجاتا ہے۔
عشق کو ضبط کرنا: [ا رمص مرکب] عشق ظاہر نہ ہونے دینا۔
عشق کی ترنگ: [ا امث] محبت کا جوش، خیال
عشق کے کوچے میں شاہ و گدا برابر ہیں: [ا رمثل] عشق میں امیر و غریب کا کوئی فرق نہیں رہتا۔
عشق کے کوچے میں عاشق کی حجامت ہوتی ہے: [ا رمثل] عشق میں عاشق کا بہت نقصان ہوتا ہے۔
عشق گرمانا: [ا رمحاورہ] محبت میں جوش پیدا ہونا
عشق مجازی: [ع امذ] دنیاوی معشوق کی محبت۔
عشق مجازی سے عشق حقیقی حاصل ہوتا ہے: [ا رمثل] معمولی محبت آخر کو محبت الٰہی سے بدل جاتی ہے۔
عشق مولا (ف امذ] دیکھئے "عشق اللہ"
عشق مشک: [عف امذ] پیار محبت۔ عشق بازی۔ محبت کی ملاقاتیں۔
عشق مشک کھانسی خشک خون خرابہ چھپائے سے نہیں چھپتا/چھپنا نہیں: [ا رمثل] یہ چیزیں ضرور ظاہر ہوجاتی ہیں۔
عشق میں آدمی کے ٹلنکے ادھڑتے ہیں: [ا رمثل] عشق میں انسان کو بڑی تکلیف ہوتی ہے۔
عشق میں دیوانہ ہونا: [ا رمحاورہ] اس قدر محبت ہونا کہ ننگ و نام کا خیال تک نہ رہے
عشق میں شاہ و گدا برابر: [ا رمثل] دیکھئے "عشق کے کوچے میں شاہ و گدا برابر ہیں"
عشق و محبت: [ع امذ] بے حد محبت/پیار۔
عشق و مشک پنہاں نمے شود۔ [ف مثل] عشق اور مشک کی خوشبو ضرور ظاہر ہوجاتی ہے۔
عشق ہونا۔ [ا رمحاورہ] کسی کے ساتھ محبت ہونا۔
عشق ہے: [کلمہ تحسین] آفرین ہے۔ شاباش ہے۔ بہت خوب۔
عشق یا کرے امیر یا کرے فقیر: [ا رمثل] دونوں بے فکر ہوتے ہیں اس لئے عشق میں انہیں کوئی خاص تکلیف یا نقصان نہیں اٹھانا پڑتا
عشقی: [ع صفم] عشق سے منسوب ۲۔ عاشق۔
عشوہ: [ع امذ] ۱۔ آگ کا شعلہ ۲۔ ناز کرشمہ۔ غمزہ ۳۔ ادا۔ نخرہ ۴۔ معشوق کی دلربا کرنے والی حرکت۔

عِشوہ پرداز/ساز/کار/طراز/گر: [عف صف] ناز و ادا کرنے والا۔ کنایتہً معشوق۔
عِشوہ پردازی/سازی/کاری/طرازی/گری: [عف امث] دیکھئے "عشوہ پرداز وغیرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عُشیر: [ع عدد کسری] دسواں حصہ۔
عَشیرہ: [ع امذ] کنبہ۔ خاندان۔ اہل خانہ۔

ع — ص

عَصَا: [ع امذ] چھڑی۔ لاٹھی۔ ڈنڈا۔
عَصَا بردار: [عف صف] چوب دار۔ جو امیروں یا بادشاہوں کی سواری کے ساتھ چلتے تھے۔
عَصَائے پیر/پیری: [عف امذ] بوڑھے/بڑھاپے کی لاٹھی یا سہارا۔ کنایتہً بوڑھے کا بیٹا۔
عصائے کلیم/موسوی/موسٰی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] حضرت موسیٰؑ کا عصا جو انہوں نے فرعون کے جادوگروں کے سانپوں کا مقابلہ کرنے کے لئے پھینکا تو بحکم خدا اژدہا بن گیا۔
عِصَابَہ: [ع امذ] ۱۔ پگڑی۔ پٹی۔ سربند ۲۔ عورتوں کے سر پہ باندھنے کا کپڑا۔ ۳۔ گروہ
عَصَّار: [ع امذ] روغن گر۔ تیلی۔
عُصَارَہ: [ع امذ] نچوڑا ہوا پانی۔ رس۔ شیرہ۔ عرق۔
عَصَافیر: [ع امث] دیکھئے "عصفورہ" جس کی یہ جمع ہے۔
عَصَب: [ع امذ] پٹھا۔ نس۔
عُصبَہ: [ع امذ] ۱۔ باپ کی طرف کا رشتہ دار طبقہ ذکور میں سے جو اصحاب الفروض میں تقسیم کے بعد بچے ہوئے ترکہ کا حقدار ہو اور اصحاب الفروض نہ ہونے کی صورت میں میت کے تمام مال کا وارث ہو۔ جدی ۲۔ پٹھا عصب۔
عَصَبی: [ع صف] دیکھئے "عصب" جس سے یہ منسوب ہے۔
عَصَبِیَّت: [ع امث] ۱۔ بے جا طرفداری ۲۔ رشتہ داری۔ قرابت ۳۔ طاقت۔ مضبوطی۔
عَصر: [ع امذ] ۱۔ زمانہ۔ روزگار ۲۔ دن کا اخیر حصہ ۳۔ (مث) وہ نماز جو دن کے اخیر حصہ میں غروب آفتاب سے پہلے پڑھی جاتی ۴۔ نچوڑ۔
عَصر آفریں: [عف صف] ۱۔ زمانہ پیدا کرنے والا ۲۔ نیا ماحول پیدا کرنے والا۔ حالات زمانے کو تابع بنانے والا ۳۔ نیا ذہن پیدا کرنے والا۔
عَصرانہ: [عف امذ] سہ پہر کا کھانا۔ تیسرے پہر کی چائے وغیرہ
عَصری: [ع صف] دیکھئے "عصر" جس سے یہ منسوب ہے۔
عَصریہ: [ع صف مث] دیکھئے "عصری" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
عُصفُر: [ع امذ] کسنبھ۔ کسم۔
عُصفُور(ہ): [ع امث] کنجشک۔ چڑیا۔
عِصمَت: [ع امث] پاک دامنی۔ بے گناہی بالخصوص زنا سے محفوظ ہونا۔
عِصمَت بچانا: [ا رمحاورہ] عزت محفوظ رکھنا۔ زنا سے محفوظ رکھنا یا رہنا۔
عِصمَت بچنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عصمت بچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
عِصمَت بی بی از بے چادری: [ف مثل] مجبوری کی نیکی۔ وہ نیکی جو عدم استطاعت کے باعث ہو۔
عِصمَت پر حرف آنا: [ا رمحاورہ] عزت خراب ہونا۔ بدنامی ہونا۔ زنا کا مرتکب ہونا۔
عِصمَت دار: [عف صف] نیک۔ پاک دامن۔ نیک چلن۔
عِصمَت داری: [عف امث] دیکھئے "عصمت دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عِصمَت دَری: [عف امث] بے آبروئی۔ زنا کاری (افعال: کرنا۔ ہونا)
عِصمَت فروش: [عف صف] آبرو بیچنے والی۔ معاوضہ لے کر زنا کرانے والی
عِصمَت فروشی: [عف امث] دیکھئے "عصمت فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عِصیَاں: [ع امذ] ۱۔ نافرمانی ۲۔ گناہ۔
عَصِیر: [ع امذ] ۱۔ نچوڑ ۲۔ انگوری شراب۔

ع — ض

عَضُد: [ع امذ] ۱۔ بازو ۲۔ ساتھی۔ ہمراہی۔
عُضُدُ الدَّولَہ: [ع امذ] ایک خطاب جو شاہی زمانہ میں اُمرا کو دیا جاتا تھا۔ لفظی معنی سلطنت کا بازو۔
عَضَلَہ: [ع امذ] پٹھا۔ گوشت کی چکنی بوٹی۔
عُضلَہ: [ع امث] سختی، بلا۔
عُضو: [ع امذ] بدن کا کوئی حصہ۔ جزو۔ رکن۔
عُضوِ تَناسُل: [ع امذ] ذکر۔ آلۂ تناسل۔ اندری۔
عضو شِکنی: [عف امث] عضو توڑ/کاٹ دینا ۲۔ پرانے زمانے کی ایک سزا۔
عضو عضو: [ع امذ] ہر عضو۔
عضو مُعطل: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ۱۔ ناکارہ عضو ۲۔ ناکارہ۔ بے کار۔
عضوض: [ع صف] کاٹنے والا۔ مشقت میں ڈالنے والا ۲۔ جو چیز منہ سے کاٹی جائے۔
عُضوی: [ع صف] عضو سے منسوب اور متعلق
عُضویات: [ع امث] وہ علم جس میں اعضائے جسمانی کے افعال اور وظائف سے بحث کی جاتی ہے۔

ع — ط

عَطَا: [ع امذ] بخشش۔ فیض۔ سخاوت۔ کوئی چیز کسی کو دینا۔
عَطَا بخش: [عف صف] سخی۔ فیّاض۔
عَطَا بخش و کرم گستر: [عف صف] فیض بخش اور سخی فیاض
عَطَا پاش خطا پوش: [عف صف] خدا کی تعریف جو بندوں کے گناہوں کی پروا نہیں کرتا اور مہربانیاں کرتا رہتا ہے۔
عَطَا کرنا/فرمانا: [ا رمص مرکب] دینا۔ بخشنا۔
عَطَا نامہ: [ع امذ] وہ تحریر جس کے ذریعہ کوئی چیز دی جائے۔ ہبہ نامہ۔
عَطَا ہونا: [ا رمحاورہ] ملنا۔ عنایت ہونا۔
عَطّار: [ع امذ] وہ شخص جو عطر کشید کرے اور فروخت کرے۔ گندھی ۲۔ دوا فروش۔
عَطّار کا شیشہ اور ڈوم کا گلا/مداری کا پٹارا: [ا رمثل] یہ سب برابر ہیں ایک ہی شیشی سے عطار ہر قسم قسم کے عرق اور شربت دے دیتا ہے اور مداری کے پٹارے سے ہر قسم کے کھیل اور ڈوم کے گلے سے ہر قسم کے راگ نکلتے ہیں۔

عُطارِدُ: [ع امذ] ایک سیارہ جو ... کے قریب ہے۔ جو علم وعقل کا منبع خیال کیا جاتا ہے۔ منشیِ فلک۔ دبیرِ فلک ۲۔ اصطلاحِ کیمیاگراں) جست۔

عطارد رقم: [ع صف] بہت اچھا لکھنے والا۔

عطارد منش: [عف صف] نہایت ذکی۔ تیز طبع۔ ذہین۔

عُطّاری: [ع امث] عطار کا پیشہ۔ دوا فروشی۔

عطائی: [ع امذ] جسے کوئی فن باقاعدگی سے حاصل نہ کیا ہو۔ بلکہ ویسے ہی کوئی بات جانتا ہے ۲۔ وہ طبیب جس نے کسی سے کوئی نسخہ حاصل کر لیا ہو مگر اصول علاج سے ناواقف ہو۔ اناڑی۔ سکھ ڈرٹ۔

عطائے او بلقائے او بخشیدم: [ف مثل] اسی کی بخشی ہوئی چیز کو اسی کے منہ پر نثار کرنا۔

عطائے تو بلقائے تو: [ف مثل] تیری بخشی ہوئی تجھی کو واپس کی جاتی ہے۔ (نا پسندیدگی کے موقع پر مستعمل ہے)

عَطایا: [ع امذ] دیکھئے "عطیہ" جس کی یہ جمع ہے۔

عِطْر: [ع امذ] خوشبو۔ اچھی بُو۔ بوئے خوش ۲۔ خوشبودار چیزوں کا جوہر جو کپڑوں میں لگاتے ہیں ۳۔ جوہر۔ خلاصہ۔ لُب لباب۔

عطر آگیں: [عف صف] خوشبو سے بھرا ہوا۔ معطّر۔

عطر افشاں: [عف صف] خوشبو چھڑکنے یا پھیلانے والا۔

عطر بیز: [عف صف] خوشبو پھیلانے والا۔

عطر بیزی: [عف امث] دیکھئے "عطر بیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عطر پان کی تواضع: [ا۔ امث] ہندوستان میں دستور ہے کہ مہمان کو پان کھلاتے اور عطر لگاتے ہیں۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

عطر پرور / بیما: [عف صف] معطّر۔ خوشبودار۔

عطر جہانگیری: [عف امذ] ایک خاص قسم کا عطر جو گلاب کے پھولوں سے نورجہاں نے ایجاد کیا تھا۔

عطر دان: [عف امذ] عطر رکھنے کا برتن یا شیشی۔

عطر ریز: [عف صف] عطر / خوشبو پھیلانے والا۔

عطر ریزی: [عف امث] دیکھئے "عطر ریز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عطر سا: [عف صف] معطر اور خوشبودار۔

عطر عروس: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ایک قسم کا عطر جو دُلہن کے لگاتے ہیں۔

عطر فروش: [عف امذ] گندھی۔ عطر بیچنے والا۔

عطر فروشی: [عف امث] عطر فروشی کا کام یا پیشہ۔

عطر کا پھویا: [ا ر امذ] عطر میں تر کی ہوئی روئی۔

عطر کھینچنا: [ا ر محاورہ] کسی خوشبودار چیز کا جوہر کھینچنا / کشید کر کے نکالنا۔

عطر کی روئی: [ا ر امث] عطر میں تر کیا ہوا روئی کا پھویا جو لوگ کان میں رکھتے ہیں۔

عطر کی پھنک: [وہ تنکا جس پر روئی لپیٹ کر اور عطر میں تر کر کے گندھی خریدار کو سونگھنے کے لئے دیتے ہیں۔

عطر گلدستہ: [عف امذ] وہ عطر جو بہت سی خوشبوئیں ملا کر کشید کیا ہوا ہو۔

عطر لگانا / ملنا: [ا ر محاورہ] کپڑوں میں عطر لگانا۔

عطر مجموعہ: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ایک قسم کا عطر جس میں کئی عطر شامل ہوں۔

عطر میں بسانا: [ا ر مص مرکب] بہت عطر لگانا۔ بہت خوشبودار بنانا۔

عطر میں بسا ہونا: [ا ر مص مرکب] دیکھئے عطر میں بسانا جس کا یہ لازم ہے۔

عطر نکالنا: [ا ر محاورہ] کسی خوشبودار چیز کا جوہر نکالنا ۲۔ خلاصہ کرنا۔

عطریات: [ع امذ] عطر کی جمع۔ وہ چیزیں جو خوشبو دیں۔

عِطْرِیَّت: [ع امث] عطر کی خوشبو رکھنا۔

عَطَس: [ع امذ] چھینکنا ۲۔ مرنا ۳۔ پَو کا پھوٹنا۔

عَطْسہ: [ع امذ] چھینک۔

عطسۂ تیغ: [عف امذ] تلوار کے لگنے کی آواز۔

عطسۂ چاہ: [عف امذ] گونج کی آواز جو کنویں سے آئے۔

عطسۂ شب: [عف امث] پَو پھٹنا۔

عطسۂ شیشہ: [عف امذ] شیشے سے گلاس میں شراب ڈالنے کی آواز

عطسۂ صبح: [ع امذ] سورج۔

عطسۂ عنبریں: [عف امذ] خوشبو۔ عطر

عطسۂ گرز: [عف امذ] گُرز کے ہوا میں سے گزرنے کی آواز

عَطَش: [ع امث] پیاس۔ تشنگی۔

عَطْشاں: [ع صف] ۱۔ پیاسا۔ تشنہ ۲۔ امساکِ باراں کی وجہ سے خشک۔ ۳۔ بےحد خواہش یا آرزو رکھنے والا۔

عَطْشیٰ: [ع صف مث] ۱۔ پیاسی ۲ (مذ) عطشاں کی جمع۔

عَطْف: [ع امذ] ۱۔ پھرنا۔ ملانا ۲۔ مہربانی۔ شفقت۔ الفت۔ رحم ۳۔ تحفہ۔ عنایت ۴۔ (صف) تعلق۔ ملاپ۔ کسی کلمہ یا کلام کو دوسرے کلمہ یا کلام کی طرف پھیرنا۔ ۵۔ (صرف) وہ حرف جو دو لفظوں یا کلموں کو ملائے جیسے اور۔ یا۔ و وغیرہ۔

عُطُوفَت: [ع امث] ۱۔ مہربان ہونا ۲۔ مہربانی۔ شفقت۔ لطافت۔ عنایت۔

عَطِیَّہ: [ع امذ] وہ چیز جو دی جائے۔ بخشش۔ تحفہ۔ انعام (افعال: دینا)

عطیہ دار: [عف صف] جس کو عطیہ دیا جائے۔

ع — ظ

عِظَام: [ع امذ] دیکھئے عظم و عظیم جن کی یہ جمع ہے۔

عُظَّام: [ع امذ] بڑا۔ کلاں۔ بزرگ۔

عَظْم: [ع امذ] ہڈی۔

عِظَم: [ع امذ] بندگی۔ بڑائی۔

عُظْم: [ع امذ] بڑائی۔ بڑا حجم۔ غرور۔ تکبر۔

عَظَمَت: [ع امث] بڑائی۔ برتری۔ بزرگی ۲۔ شان و شوکت ۳۔ غرور۔ تکبر۔

عُظْمیٰ: [ع صف] اعظم کی تانیث۔ بڑی۔

عَظِیْم: [ع صف] بڑا۔ کلاں ۲۔ بزرگ ۳۔ (مذ) خدا تعالیٰ کا نام جو ہر صفت میں بڑا ہے۔

عظیم الجثّہ: [ع صف] وہ جو بہت موٹا اور فربہ ہو۔ جس کا قد و قامت بڑا ہو۔

عظیم الشان: [ع صف] بڑے رتبے کا۔ بڑے مرتبے والا۔ کلاں۔

عظیم القدر: [ع صف] بڑے درجے یا طاقت کا۔

ع ـــ ف

عَف: [ع امث] کتے کی آواز۔
عَفَاف: [ع امذ] پارسائی۔ پرہیزگاری۔
عِفَاف: [ع امث] پوشیدگی۔
عِفّت: [ع امث] پاکدامنی۔ عصمت ۲۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔
عِفّت مآب: [ع صف] پارسا۔ عفیفہ۔
عفت میں خلل ڈالنا: [ا محاورہ] زنا کرنا۔ بے حرمت کرنا۔
عِفرِیت: [ع امذ] دیو۔ بھوت۔ پریت ۲ کوئی چیز جو خوفناک ہو۔
عفص: [ع امذ] ایک درخت ۲۔ اس کا پھل۔ مازو
عَفو: [ع امذ] معافی۔ درگزر۔ بخشش (افعال: کرنا۔ ہونا)
عَفو پیشہ: [عف صف] وہ جو معاف کرے۔ بخشندہ۔
عُفُونت: [ع امث] بدبو۔ سڑاند۔
عَفَی اللہ عنہٗ: [ع دعا] خدا اسے معاف کرے۔ خط کے بعد اپنے نام کے آخر میں انکسار سے لکھتے ہیں۔
عَفِیف: [ع امذ] پارسا مرد۔ اردو میں مستعمل نہیں ہے۔
عفیفہ: [ع امث] پاک دامن عورت۔ پارسا عورت۔

ع ـــ ق

عِقَاب: [ع صف] عذاب۔ تکلیف۔ دکھ
عُقَاب: [ع امذ] ۱۔ کالے رنگ کا بڑا شکاری پرندہ ۲۔ ایک صورت سیارہ کا نام ۳۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں نوشادر ۴۔ اونچی جگہ ۵۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک جھنڈا۔
عقابی: [ع صف] عقاب سے منسوب
عقابی نظر / نگاہ: [ع ف ...] عقاب جیسی نظر۔ بہت تیز نگاہ
عُقابَین: [ع امذ] مجرم رہا۔ جھنے کی دو ... لکڑیاں۔
عقابین: [ع امذ] آ ... گرمد
عُقّار: [ع امث] جڑی بوٹی۔ دوا۔
عقارب: [ع امذ] دیکھئے "عقرب" جس کی یہ جمع ہے۔
عقائد: [ع امذ] دیکھئے "عقیدہ" جس کی یہ جمع ہے۔
عقائق: [ع امذ] دیکھئے "عقیق" جس کی یہ جمع ہے۔
عقائم: [ع امث] دیکھئے "عقیمہ" جس کی یہ جمع ہے
عَقِب: [ع امذ] پچھلا حصہ ۲۔ پیچھے ۳۔ ایڑی ۴۔ اولاد۔ بیٹے پوتے۔
عَقَبہ: [ع امث] اونچی اور لمبی پہاڑی جس کی چوٹی تک راستہ جاتا ہو۔ مشکل گھاٹی۔
عُقبیٰ: [ع امذ] اگلا جہان۔ دوسرا جہان ۲۔ پیچھے آنیوالی ۳۔ کام کا بدلہ۔ حق۔
عقبیٰ بنانا: [ا محاورہ] نیک کام کرنا جو آخرت میں کام آئیں۔ عاقبت سنوارنا۔
عَقد: [ع امذ] گرہ۔ گانٹھ ۲۔ عہد۔ پیمان ۳۔ نکاح۔ شادی بیاہ۔ (افعال: باندھنا۔ بندھنا۔ کرنا۔ ہونا)
عقدِ انامل: [ع امذ] انگلیوں پر گننا، شمار کرنا۔ دائیں ہاتھ پر اکائیاں اور بائیں پر سیکڑے اور ہزار ہوتے ہیں۔
عَقد بندی: [عف امث] نکاح۔ عہد پورا کرنا۔
عقدِ بیع: [ع امذ] فروخت کا اقرارنامہ۔
عقدِ پروین / ثریا: [ع امذ] چھ ستارے جو قریب قریب نظر آتے ہیں۔ چھ سہیلیوں کا جھمکا۔
عقدِ زفاف: [ع امذ] نکاح
عقدِ سیماب: [عف امذ] کیمیا کی اصطلاح پارے کی گولی باندھنا۔ پارے کی گولی۔
عقد میں لانا: [ا محاورہ] عورت سے نکاح کرنا
عقد نامہ: [عف امذ] نکاح، شادی کی دستاویز۔
عِقد: [عف امذ] لڑی۔ ہار۔ گلوبند۔
عقد ساز: [ف امذ] جوہری۔ زرگر
عقدِ شب افروز: [ف امذ] سیارے اور ستارے
عقدِ شب و روز: [ف امذ] سورج اور چاند ۲۔ وقت ۳۔ قسمت ۴۔ دنیا۔
عُقدہ: [ع امذ] ۱۔ گرہ۔ گانٹھ۔ گتھی ۲۔ پیچیدہ معاملہ / مسئلہ۔ مشکل بات یا امر ۳۔ بھید راز ۴۔ بکھیڑا۔
عقدہ باندھنا: [ا محاورہ] گرہ لگانا۔ پیچیدہ کرنا۔ دشوار بنا دینا۔
عقدہ بندھنا: [ا محاورہ] دیکھئے "عقدہ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عقدہ پڑنا: [ا محاورہ] بکھیڑا۔ پیچ پڑنا۔
عقدہ حل کرنا: [ا مص مرکب] پیچیدہ مسئلہ سمجھانا۔ ناقابلِ فہم بات / مسئلہ میں رہنمائی کرنا۔
عقدہ حل ہونا: [ا مص مرکب] دیکھئے "عقدہ حل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عقدہ سربستہ: [عف امذ] خفیہ راز۔
عقدہ سلجھانا: [ا مص مرکب] مشکل حل کرنا۔ مسئلہ حل کرنا۔
عقدہ سلجھنا: [ا مص مرکب] دیکھئے "عقدہ سلجھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
عقدہ کشا: [عف صف] مسئلہ حل کرنے والا۔ مشکل آسان کرنے والا۔
عقدہ کشائی: [عف امذ] دیکھئے "عقدہ کشا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عقدہ کھلنا: [ا محاورہ] دیکھئے "عقدہ کھولنا" جس کا یہ لازم ہے
عقدہ کھولنا: [ا محاورہ] مشکل مسئلہ حل کرنا ۲۔ رنج رفع کرنا۔ دل میں شگفتگی پیدا کرنا
عقدہ لاحل / مالاینحل: [ع امذ] وہ مشکل مسئلہ جو حل نہ ہو۔
عقدہ مشکل: [عف امذ] مشکل بات۔ وہ گتھی جو سلجھ نہ سکے۔ پیچیدہ مسئلہ۔
عقدہ نکلنا: [ا محاورہ] پیچیدہ مسئلہ حل ہونا
عُقر: [ع امذ] ۱۔ بانجھ پن ۲۔ وہ مہر جو کسی غیر عورت کو اپنی بیوی سمجھ کر جماع کرنے سے واجب ہوتا ہے۔
عَقرب: [ع امذ] ۱۔ بچھو۔ کژدم ۲۔ ایک برج آسمانی ۳۔ گھڑی کی سوئی ۴۔ چغلخور۔ مفسد۔ ضرر پہنچانے والا
عقربِ سلیمانی: [ع امذ] تلوار کی تعریف۔ تلوار
عقربِ نیلوفری: [عف امذ] برج عقرب۔
عقربی: [عف امذ] ایک قسم کا لعل
عُقرہ: [ع امذ] بانجھ پن۔
عَقل: [ع امث] ۱۔ سمجھ۔ فہم۔ ادراک۔ تمیز۔ بدھ۔ بصیرت۔ گیان۔ شعور۔ دوقوف ہوش ۲۔ رائے۔

عَقل آرا [ع۔صف] سوچنے والا۔ عقل دوڑانے والا
عَقل آرائی [ع۔امث] دیکھئے "عقل آرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عَقل آنا: [ار۔محاورہ] سمجھ آنا۔ سمجھ حاصل ہونا۔ تمیز حاصل ہونا۔
عَقل اُڑانا [ار۔محاورہ] دیکھئے "عقل اُڑ جانا / اُڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عَقل اُڑ جانا / اُڑنا: [ار۔محاورہ] عقل جاتی رہنا۔ عقل زائل ہونا۔
عَقل اُلٹی ہونا [ار۔محاورہ] بیوقوف ہونا۔ عقل زائل ہونا۔
عَقلِ انسانی: [ع۔امث] عقل جو انسان کو دی گئی ہے۔
عَقلِ اوّل: [ع۔امث] ا۔ پہلا فرشتہ (۲) جبرائیلؑ (۳) پیغمبر کا نور (۴) عرش عظیم (۵) اللہ تعالیٰ
عَقل اوندھی ہونا: [ار۔محاورہ] بے عقل ہونا۔ بیوقوف ہونا۔
عَقل بجا / بر جا ہونا: [ار۔محاورہ] عقل ٹھکانے ہونا۔ ہوش و حواس درست ہونا
عَقل بڑھے سوچ سے روٹی بڑھے لوچ سے: [ار۔مثل] فکر اور ترقی بہت اچھی چیزیں ہیں۔
عَقل بڑی کہ بھینس: [ار۔مثل] بے تکی بات کوئی کہے تو کہتے ہیں۔
عَقلِ بسیط: [ع۔اند] کنایۃً جبرائیلؑ
عَقل پر پتھر پڑنا: [ار۔محاورہ] عقل جاتی رہنا (۲) غلطی ہونا (۳) کچھ سمجھ میں نہ آنا
عَقل پر (پٹکی) پردہ پڑ جانا / پڑنا۔ یا / جھاڑو پھرنا: [ار۔محاورہ] سمجھ جاتی رہنا۔ سمجھ میں نہ آنا۔ غلطی ہونا۔
عَقل ٹھکانے ہونا: [ار۔محاورہ] سمجھ قائم ہونا۔ ہوش و حواس درست ہونا
عَقل ٹھیک بنانا: [ار۔محاورہ] عقل کی درستی کرنا
عَقل جاتی رہنا / رہ جانا: [ار۔محاورہ] گھبرا جانا۔ ہوش ٹھکانے نہ رہنا۔
عَقل چرخ میں آنا: [ار۔محاورہ] ہوش گم ہو جانا۔ حیران ہونا۔
عَقل چرخ میں ہونا: [ار۔محاورہ] حیرت ہونا۔ تعجب ہونا۔
عَقل چرنے جانا: [ار۔محاورہ] ہوش ٹھکانے نہ رہنا
عَقل چکر آنا / چکر کھانا / چکر میں آنا [ار۔محاورہ] دیکھئے "عقل چرخ میں آنا"
عَقل چکر میں ہونا: [ار۔محاورہ] حیران ہونا۔
عَقل چہ کنی است کہ پیش مرداں بیاید: [مثل] بے عقلی کی باتیں کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
عَقل چھو جانا: [ار۔محاورہ] تھوڑی سی عقل ہونا۔
عَقل چھو نہیں گئی: [ار۔محاورہ] بے عقل ہے۔ بے وقوف ہے۔
عَقل حیران ہونا: [ار۔محاورہ] کچھ سمجھ میں نہ آنا۔
عَقلِ حیوانی [ع۔امث] وُہ سمجھ جو قدرت کی طرف سے حیوانوں کو دی گئی ہے
عَقل خرچ کرنا / دوڑانا: [ار۔محاورہ] غور کرنا۔ سوچنا
عَقل دنگ ہونا: [ار۔محاورہ] حیران ہونا۔ کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔
عَقل دینا: [ار۔محاورہ] سمجھ عطا کرنا۔
عقل داڑھ [ار۔امث] داڑھ جو انسان کے جوان ہو جانے پر نکلتی ہے یہ آخری چار داڑھیں ہوتی ہیں۔
عَقل رفو چکر ہونا: [ار۔محاورہ] حواس گم ہونا۔ اوسان خطا ہونا۔
عقل رکھنا: [ار۔محاورہ] عقل مند ہونا۔

عَقل زائل کر دینا / کرنا [ار۔محاورہ] دیکھئے "عقل زائل ہو جانا" جس کا یہ متعدی ہے
عَقل زائل ہو جانا / ہونا: [ار۔محاورہ] عقل جاتی رہنا۔
عَقل سٹھیا جانا۔ [ار۔محاورہ] بڑھاپے کی وجہ سے عقل کم ہونا۔
عَقلِ سلیم / سالم [ع۔امث] پوری عقل، صحیح عقل
عَقل سے باہر / بعید / دُور: [ار۔صف] جو سمجھ میں نہ آئے (۲) بے عقلی کی بات۔
عَقل سے کام لینا: [ار۔محاورہ] سوچنا۔ غور کرنا
عَقل سِکندر ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "عقل رفو چکر ہونا"
عَقل کا اندھا: [ار۔صف] بے وقوف۔
عَقل کا اندھا گانٹھ کا پورا [ار۔صف] بے وقوف مال دار۔
عَقل کا پتلا: [ار۔صف] بہت عقلمند (۲) طنزاً بے وقوف
عَقل کا تودہ: [ار۔صف] شریف۔ طنزاً بے وقوف
عَقل کا چراغ گل ہو جانا / ہونا: [ار۔محاورہ] عقل زائل ہو جانا۔ عقل جاتی رہنا
عَقل کا دُشمن: [ع۔اند] بے وقوف۔ احمق
عَقل کا فتور / قصور ہونا [ار۔محاورہ] عقل کی کمی ہونا۔ بے وقوف ہونا۔
عَقل کا کام نہ کرنا: [ار۔محاورہ] کچھ سمجھ میں نہ آنا۔
عَقل کا مارا: [ار۔صف] بے وقوف۔ احمق
عَقل کام نہیں کرتی: [ار۔محاورہ] سمجھ میں نہیں آتا۔
عَقل کدھر گئی: [ار۔محاورہ] طنزاً اُسے کہتے ہیں جو بے عقلی کی باتیں کرے۔
عَقلِ کُل: [ع۔امث] ا۔ دیکھئے "عقل اوّل" (۲) انتہائی عقل مند۔ (۳) وُہ مشیر جس کے بغیر کام نہ چل سکے۔
عَقل کو چرخ میں لانا: [ار۔محاورہ] حیران کر دینا۔
عَقل کو گالی دینا [ار۔محاورہ] عقل سے واسطہ رکھنا (۲) حماقت کی بات کرنا۔
عَقل کھو دینا / کھوئی جانا: [ار۔محاورہ] عقل جاتی رہنا۔
عَقل کی پڑیا: [ار۔امث] عقل مند عورت
عَقل کے بخئے اُدھیڑنا: [ار۔محاورہ] عقل زائل کر دینا۔
عَقل کے پیچھے ڈنڈا / لٹھ لیے پھرتا ہے: [ار۔محاورہ] بہت ہی بیوقوف ہے۔ عقل کی باتیں پاس نہیں آنے دیتا۔
عَقل کے خلاف: [ار۔صف] بیوقوفی کی (۲ متعلق فعل) عقل کے مقابلے میں۔
عَقل کے طوطے اُڑ جانا: [ار۔محاورہ] گھبرا جانا۔ اوسان خطا ہونا۔ حواس باختہ ہونا
عَقل کے گھوڑے دوڑانا: [ار۔محاورہ] بہت غور کرنا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔
عَقل کے ناخن لو: [ار۔محاورہ] ہوش میں آؤ۔ سمجھ سے کام لو، سوچ کر بات کرو
عَقل گم ہونا: [ار۔محاورہ] عقل جاتی رہنا۔
عَقل لڑانا: [ار۔محاورہ] سوچنا۔ غور کرنا۔
عَقل ماری جانا: [ار۔محاورہ] بے عقلی کا کام ہونا۔ کچھ سمجھ میں نہ آنا۔
عَقلِ مجرّد: [ع۔امث] ایک فرشتہ
عَقل میں آنا: [ار۔محاورہ] ا۔ سمجھ میں (۲) خیال میں آنا (۳۔عو) ہوش میں آنا۔
عَقل میں فتور آنا [ار۔محاورہ] حواس بجا نہ رہنا (۲) پاگل ہو جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔
عقل نہ گیان بیٹھے کمائے سمجھ جان: [ار۔مثل] سمجھ کچھ نہیں مگر سب سے اشارے سے سیکھ جاتا ہے
عَقل میں گزرنا: [ار۔محاورہ] خیال میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔
عَقل واجبی ہونا: [ار۔محاورہ] عقل تھوڑی ہونا۔

عُقلا : [ع امذ] دیکھئے "عاقل" جس کی یہ جمع ہے۔
عَقلاً : [ع متعلق فعل] عقل کی رُو سے۔ عقل سے۔ اٹکل سے۔
عَقلمند : [ع ف صف] ١۔ عاقل۔ دانا۔ خردمند ٢۔ ہوشیار ٣۔ طنزاً بے وقوف
عَقلمند کی دُم : [ا ر صف] ١۔ طنزاً بے وقوف۔
عَقلمند کو ایک اشارہ کافی ہے : [ا ر مثل] دیکھئے "عاقل کو ایک حرف بہت ہے" وغیرہ۔ جس کا یہ ترجمہ ہے۔
عَقلمند / عقلمندوں کی دُور بلا : [ا ر بول چال] طنزاً کہتے ہیں جب کوئی بیوقوفی کی بات کرے۔
عَقلی : [ع صف] عقل کا۔ عقل کے متعلق۔ ٢۔ عقل سے منسوب۔
عَقلی گدّا لگانا : [ا ر محاورہ] اٹکل سے بات کرنا۔
عَقلیات : [ع امث] معقولات۔ وہ علوم جن کا تعلق عقل سے ہو۔ فلسفہ وغیرہ۔
عَقلیّہ : [ع صف] قیاس سے۔ (عقلی کی تانیث جو اما وہ جمع بھی کرتی ہے)۔
عَقلیت : [ع امث] عقل پرستی۔ عقل پسندی۔
عُقم : [ع امذ] بانجھ پن۔
عُقُوبَت : [ع امث] سزا۔ عذاب ٢۔ تکلیف۔ مصیبت۔
عُقُول : [ع امذ] دیکھئے عقل جس کی یہ جمع ہے۔
عُقُولِ عشرہ : [ع امذ] دس فرشتے۔
عَقیدت : (ع ف امث) اعتقاد۔ ارادت مندی۔
عَقیدت کیش / مند / منش (ع ف صف) معتقد۔ وفادار۔
عَقیدت کیشی / مندی / منشی (ع ف امث) وفاداری۔ خوش خیالی۔ معتقدی۔
عَقیدہ : [ع امذ] اعتقاد۔ ایمان۔ مذہبی اصول کو ماننا ٢۔ بھروسا۔ اعتبار
عَقیدہ بگڑ جانا (ا ر مص مرکب) بے ایمان ہو جانا۔ اعتقاد نہ رہنا۔
عَقیدہ پکّا ہونا (ا ر مص مرکب) اعتقاد مضبوط ہونا۔
عَقیدہ خراب کر دینا (ا ر مص مرکب) دیکھئے "عقیدہ خراب ہو جانا" جسکا یہ متعدی ہے۔
عَقیدہ خراب ہو جانا (ا ر مص مرکب) عقیدہ بگڑ جانا۔
عَقیدہ ہونا : [ا ر محاورہ] ١۔ اعتقاد ہونا ٢۔ بھروسا ہونا۔
عَقیق : [ع امذ] ایک سُرخ رنگ کا قیمتی پتھر ٢۔ ایک پودا جس کے بیج کے تسبیح کے دانے بنائے جاتے ہیں۔ اس کے پھول تقریباً ہر رنگ کے ہوتے ہیں۔
٣۔ اس پودے کے بیج۔
عَقیقُ البحر : [ع امذ] دیکھئے عقیق۔ ٢۔ مونگا۔
عَقیق جگری : [ع ف امذ] ایک قسم کا عمدہ عقیق۔
عَقیق شجری : [ع امذ] مونگا۔
عَقیق کو نیلم بنانا : [ا ر محاورہ] بوسے لے کر ہونٹوں کو نیلا کر دینا۔
عَقیق لب : [ع ف صف] جس کے ہونٹ سُرخ ہوں۔ معشوق۔
عَقیق ناب : [ع امذ] ١۔ لب معشوق ٢۔ سرخ شراب۔ اشک خونی۔
عَقیق یمن / یمنی : [ع امذ] اعلیٰ قسم کا عقیق۔
عَقیقہ : [ع امذ] مسلمانوں میں ایک رسم جو بچے کے پیدا ہونے کے ساتویں دن بعد اس کے سر کے بال منڈوا کر ان کے ہموزن چاندی خیرات کی جاتی ہے اور بچے کا نام رکھا جاتا ہے۔ نیز لڑکے کے لئے دو بکرے اور لڑکی کیلئے ایک بکرا ذبح کیا جاتا ہے۔
عَقیل : [ع صف] عقلمند ٢۔ بزرگ۔ معزز۔ سردار۔

عَقیلہ : [ع صف مث] دیکھئے "عقیل" جس کی یہ تانیث ہے۔
عَقیمہ : [ع امث] بانجھ عورت۔

ع ـــ ک

عَکّار : [ع امذ] وہ شخص جو متواتر حملے کرے۔
عَکّاس : [ع امذ] فوٹوگرافر۔ مُصوّر۔ ٢۔ ظاہر کرنے والا۔
عَکّاس باشی : [ع امذ] شاہی فوٹوگرافر۔
عَکّاس خانہ : [ع ف امذ] جہاں فوٹو لئے جائیں۔
عَکّاسی (ع ف امث) تصویر کشی۔ عکس پسند اظہار (افعال: کرنا، ہونا)
عُکاظ : [ع امذ] ایک میلہ جو اسلام سے پہلے مکّہ کے قریب ہوا کرتا تھا اور تین ہفتے رہا کرتا تھا۔
عَکس : [ع امذ] ١۔ سایہ۔ پرتو۔ پرچھائیں ٢۔ تصویر جو آئینے یا پانی میں نظر آئے ٣۔ کسی رنگ کا اثر ٤۔ الٹا ہوا لفظ ٥۔ ضد۔ عداوت۔ الٹا۔
عَکس اُتارنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "عکس اترنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عَکس اُترنا : [ا ر محاورہ] فوٹو لیا جانا۔ عکسی تصویر کھنچنا۔ ہو بہو نقشہ اترنا۔
عَکس اَفگن : [ع ف صف] عکس ڈالنے والا۔
عَکس اَفگنی : [ع ف امث] دیکھئے "عکس افگن" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
عَکس انداز : [ع ف صف] وہ جو عکس کی وجہ سے دکھائی دے۔
عَکس اندازی : [ع ف امث] دیکھئے "عکس انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عَکس پڑنا / پذیر ہونا : [ا ر محاورہ] کسی چیز کا سایہ پڑنا۔
عَکس چھانا : [ا ر محاورہ] رنگ کا اثر پڑنا۔
عَکس ڈالنا : [ا ر محاورہ] پرتو ڈالنا۔
عَکس گیر ہونا : [ا ر محاورہ] روشنی ڈالنا۔ روشن کرنا۔
عَکس لینا : [ا ر محاورہ] کسی تصویر پر باریک کاغذ رکھ کر خاکہ کھینچنا۔
عَکس نور : [ع صف] روشنی کا کسی چیز پر پڑ کر واپس ہونا۔
عَکسی : [ع صف] عکس سے منسوب۔ فوٹو لیا ہوا۔
عَکسی تصویر : [ع امث] وہ تصویر جو کیمرے کے ذریعے لی جائے۔ فوٹوگراف۔
عُکُوس : [ع امذ] دیکھئے "عکس" جس کی یہ جمع ہے۔

ع ـــ ل

عُلا : [ع صف] ١۔ بلندی ٢۔ اعلیٰ مرتبہ۔ اوج۔ ارتفاع۔
عُلا شانہ : [ع صف] جس کی شان بلند ہے۔
عَلّاتی : [ع صف] سوتیلا۔ سوتیلی۔
عِلاج : [ع امذ] بیمار کو دوا دینا۔ معالجہ ٢۔ دوا دارو ٣۔ تدبیر۔ چارہ۔ وغیرہ۔
عِلاج پذیر : [ع ف صف] جس کا علاج ہو سکے۔ قابل علاج۔ قابلِ صحت۔
عِلاج معالجہ : [ع امذ] علاج
عِلاج ولاج : [ع امذ] علاج۔ ولاج تابع مہمل ہے۔
عِلاجِ واقعہ پیش از وقوع باید کرد : [ف مثل] حادثہ پیش آنے سے پہلے اس کے روکنے کا بندوبست کرنا چاہیئے۔

علاج ہونا (ا ، مص مرکب) معالجہ ہونا۔ دوا دارو دی جانا۔
عَلاقَہ / عِلاقَہ : [ع امذ] ۱۔ تعلق۔ لگاؤ۔ واسطہ ۲۔ سروکار۔ نسبت ۳۔ نوکری کا تعلق ۴۔ وہ رقبہ جو کسی افسر کے زیر انتظام ہو۔ تعلقہ۔ زمینداری۔ جائداد۔ ریاست ۶۔ اعاطہ صوبہ۔ قلمرو۔ عملداری ۷۔ طُرّہ۔ شملہ۔
علاقہ اُٹھ جانا : [ا ، محاورہ] تعلق نہ رہنا۔
علاقہ بند : [عف امذ] زیور میں ڈورے ڈالنے والا۔ پٹوا۔
علاقہ بندی : [عف امث] دیکھئے "علاقہ بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
علاقہ چھٹنا : [ا ، محاورہ] تعلق جاتا رہنا۔
علاقہ دار : [عف امذ] علاقے کا حاکم۔ مالک۔ تعلقہ دار۔ رشتہ دار۔
علاقۂ دستار : [عف امذ] پگڑی کا شملہ یا طُرہ۔
علاقہ رکھنا : [ا ، محاورہ] تعلق یا واسطہ رکھنا۔
علاقہ رہنا : [ا ، محاورہ] تعلق رہنا۔ مطلب رہنا
علاقہ زیر کرنا (ا ، مص مرکب) کل علاقہ کے لوگوں کو مطیع کرنا۔ کل علاقہ کا فتح کر لینا۔
علاقہ زیر ہونا (ا ، مص مرکب) دیکھئے "علاقہ زیر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
علاقہ سے باہر : [ا ، متعلق فعل] حدود سے باہر۔ تعلق سے الگ۔
علاقہ قطع ہونا : [ا ، محاورہ] تعلق نہ رہنا۔
علاقہ ملنا : [ا ، محاورہ] جاگیر ملنا۔ علاقہ سپرد ہونا۔ حلقہ ملنا۔
علاقہ میں : [ا ، متعلق فعل] ۱۔ سرحد میں۔ حدود میں۔ ۲۔ حکومت میں۔
علاقہ نام لکھ دینا : [ا ، محاورہ] جاگیر عطا کرنا / دینا۔
علاقہ ہونا : [ا ، محاورہ] ۱۔ جاگیر ملنا ۲۔ تعلق ہونا۔ واسطہ ہونا۔
عَلالَت : [ع امث] بیماری۔ روگ۔ ماندگی۔ علت۔ دُکھ۔ درد (یہ لفظ اردو والوں کی اختراع ہے۔ عربی میں اس کا وجود نہیں)۔
عَلّام : [ع صف] بڑا جاننے والا۔ بڑا دانا۔ خدا کی صفت۔
عَلّامُ الغُیُوب : [ع صف] چھپی ہوئی باتیں جاننے والا۔
عَلامات : [ع امث] دیکھئے "علامت" جس کی یہ جمع ہے۔
عَلامَت : [ع امث] نشان۔ داغ۔ نقش ۲۔ آثار ۳۔ پہچان ۴۔ نشان جو کسی خاص کارخانے کا بنایا جائے ۵۔ (طب) بیماری کی جانچ یا تشخیص۔ بیماری کے آثار ۶۔ (الجبرا) جمع تفریق ضرب تقسیم وغیرہ کا نشان ۷۔ امیری نشان ۸۔ میل کا پتھر فاصلے کا نشان جو سڑک پر لگایا جائے ۹۔ خصوصیت۔ خاصہ ۱۰۔ دلیل۔ مظہر۔
عَلامتِ مردمی : [ع امث] مرد کی نشانی۔ آلۂ تناسل۔
عَلّامَہ : [ع ا۔ مبالغہ] ۱۔ نہایت فاضل۔ نہایت دانا ۲۔ (مذ) نہایت چالاک و مکار آدمی۔ ۳۔ (امث) نہایت چالاک یا مکار عورت۔ شوخ چشم عورت (اردو محاورے میں)
عَلّامۂ دہر / عصر : [عف امذ] زمانے کا سب سے بڑا عالم فاضل شخص۔
عَلّامی : [ع امث] میرا بہت فاضل / علم والا دوست۔ ابوالفضل کو اکبر کی طرف سے خطاب عطا ہوا تھا۔ بہت بڑا فاضل۔
عَلانِیَہ : [ع صف] کھلم کھلا۔ ظاہراً۔ ڈنکے کی چوٹ۔ کھلے خزانے (افعال اکرنا۔ کہنا۔ ہونا)
عِلاوہ : [ع متعلق فعل] ماسوا۔ مزید۔ اور بھی۔
علاوہ ازیں / اس کے / بریں (ف ، ا ، متعلق فعل) ماسوا۔ باوجودیکہ۔ مزید بریں۔ ماسوا اس کے۔
عَلائِق : [ع امذ] دیکھئے "علاقہ" جس کی یہ جمع ہے۔
عَلائق سے چھوٹنا : [ا ، محاورہ] تعلقات سے بچنا۔
عِلّت : [ع امث] ۱۔ بیماری۔ روگ۔ ماندگی ۲۔ وجہ۔ سبب ۳۔ عادت۔ لت ۴۔ الزام۔ تہمت ۵۔ گناہ۔ قصور ۶۔ خراب یا ناکارہ چیز۔ کوڑا کرکٹ ۷۔ عذر بہانہ ۸۔ عیب۔ نقص ۹۔ جھگڑا بکھیڑا ۱۰۔ (فلسفہ) علت کی چار قسمیں ہیں۔ فاعلی۔ مادی۔ صوری۔ غائی۔
عِلّتُ العِلَل : [ع امث] سبب اول کنایۃً اللہ تعالیٰ۔
عِلّتِ اُبنہ : [ع امث] اغلام کرانے کی عادت۔
[**عِلّت جائے عادت نہ جائے** : [ا ، مثل] بیماری جاتی رہتی ہے عادت نہیں بدلتی۔
علت تو دھوئے دھائے جائے عادت کیونکر جائے ؛]
عِلّت سے خالی نہیں : [ا ، محاورہ] ۱۔ جھگڑا ہے۔ شرارت ہے ۲۔ عیب دار ہے۔
عِلّتِ صوری / صوریہ : [ع امث] صورت ظاہر جو چیز کے بننے کے بعد ہو گئی ہو جیسے لکڑی سے کرسی۔
عِلّتِ غائی / غایت : [ع امث] نتیجہ۔ ماحصل۔ مقصود ۲۔ (فلسفہ) اصل مطلب یا وجہ جس کے لئے کوئی چیز بنی ہو۔ مثلاً کرسی کی صورت میں اس پر بیٹھنا علت غائی ہے۔
عِلّتِ فاعلی یا فاعلیہ : [ع امث] جس نے کوئی چیز بنائی ہو۔ جیسے کرسی کا بنانے والا بڑھئی۔
عِلّت کٹنا : [ا ، محاورہ] ۱۔ جھگڑا تمام ہونا ۲۔ آفت دُور ہونا۔ کام ختم ہونا۔ کام ہونا (۳) فرحت ہونا۔
عِلّت لگا لینا : [ا ، محاورہ] عادت ڈال لینا۔ خوگر بن جانا ۲۔ عذاب مول لینا اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا۔
عِلّت لگانا : [ا ، محاورہ] ۱۔ دیکھئے "علت لگا لینا" عـ۳ (۲) الزام لگانا۔
عِلّتِ مادی / مادیہ : [ع امث] وہ مادہ جس سے شے بنتی ہے۔
عِلّتِ مشائخ : [ع امث] دیکھئے "عِلّتِ اُبنہ"
عِلّتِ تامہ : [ع امذ] پوری وجہ۔ سبب کامل۔
عِلّت ہونا : [ا ، محاورہ] بیماری ہونا عادت ہونا۔
علیحدگی : [عف امث] ۱۔ جدائی ۲۔ خلوت۔ تنہائی۔
علیحدہ : [ع صف] ۱۔ جدا۔ الگ ۲۔ تنہائی میں ۳۔ الگ الگ شرکت سے باہر۔
علیحدہ رکھنا : [ا ، محاورہ] جدا رکھنا۔ ملنے نہ دینا۔
علیحدہ کرنا : [ا ، محاورہ] ۱۔ جدا کرنا۔ الگ کرنا ۲۔ موقوف کرنا۔ برطرف کرنا ۳۔ چھانٹنا۔ چننا۔
علیحدہ ہونا : [ا ، محاورہ] ۱۔ جدا ہونا۔ الگ ہونا ۲۔ برطرف ہونا۔ موقوف ہونا۔ ۳۔ بٹنا۔ تقسیم ہونا۔
عَلَف : [ع امذ] گھاس۔ چارا۔
عَلَف زار : [عف امذ] چراگاہ۔ سبزہ زار
عَلَق : [ع امذ] ۱۔ جما ہوا خون ۲۔ جونک ۳۔ (صف) لٹکا ہوا۔
عِلَل : [ع امث] دیکھئے "عِلّت" جس کی یہ جمع ہے۔
عَلَم : [ع امذ] ۱۔ خاص نام ۲۔ مشہور و معروف نام ۳۔ جھنڈا ۴۔ (ا ، ر) شہدائے کربلا کے نام کا جھنڈا جس پر پان کی شکل ہو۔
عَلَم اُٹھانا : [ا ، محاورہ] جھنڈا اٹھانا۔ شہدائے کربلا کی یاد میں جھنڈا نکالنا۔

علم اُٹھنا: [امحاورہ] دیکھئے "علم اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
علم بردار: [عف صف] ۱۔ جھنڈا اٹھانے والا ۲۔ فوج میں جھنڈا اٹھا کر چلنے والا ۳۔ مدعی۔ پیش پیش ۴ کنایتہً حضرت عباسؓ ابن علیؓ جو معرکۂ کربلا میں حضرت حسینؓ کے علمبردار تھے۔
علم برداری: [عف امث] علم بردار کا منصب یا کام۔
علم بلند کرنا: [امحاورہ] ۱۔ شہرت حاصل کرنا ۲۔ آغاز کرنا۔ اعلان کرنا۔
علم ٹوٹے: [اکوسنا] حضرت عباسؓ کی مار پڑے۔ برباد ہو۔
علم دار: [عف صف] دیکھئے "علم بردار"
علم داری: [عف امث] دیکھئے "علم داری" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
علم کرنا: [امحاورہ] ۱۔ بلند کرنا۔ اونچا کرنا۔ کھڑا کرنا ۲۔ تلوار میان سے نکالنا۔
علم میں پٹکہ باندھنا: [امحاورہ] منت کے طور پر حضرت عباسؓ کے علم سے پٹکہ باندھنا۔
علم نکالنا: [امحاورہ] دیکھئے "علم اٹھانا"
علم نکلنا: [امحاورہ] دیکھئے "علم اٹھنا"
علم ہونا: [امحاورہ] ۱۔ اونچا ہونا۔ بلند ہونا ۲۔ تلوار میان سے نکلنا ۳ مشہور ہونا بدنام ہونا۔
عِلم: [ع امذ] ۱ جاننا۔ آگاہی۔ واقفیت ۲ گُن ہنر ۳ کسی خاص فن کی ماہیت۔ ۴۔ جادو۔ منتر۔ ٹوٹکا۔
علم اسماء: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ناموں کا علم۔ خدا کے ناموں کا علم۔
علم اکتسابی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] حاصل کیا ہوا۔ سیکھا ہوا علم۔
علم الاصنام: [ع امذ] بتوں یا دیوی دیوتاؤں کا علم۔ دیو مالا۔
علم النفس: [ع امث] دیکھئے نفسیات۔
علم الوجوہ: [ع امذ] قیافہ۔ چہرے سے حالات معلوم کرنے کا علم۔
علم الیقین: [ع امذ] وہ یقین جو کسی چیز کے علم کے باعث ہو۔
علم باطن / باطنی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ علم جس سے خداشناسی حاصل ہو۔
علم حاضر ہونا: [امحاورہ] جانا یا پڑھا ہوا یاد ہونا۔
علم در سینہ باید نہ در سفینہ: [ف مقولہ] علم سینہ میں ہونا چاہیئے نہ کہ کتابوں میں یعنی پڑھا لکھا یاد ہونا چاہیئے۔
علم دوست: [عف صف] علم اور اہل علم کا مشتاق۔
علم دوستی: [عف امث] دیکھئے "علم دوست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
علم دین: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مذہب یا دین کی باتوں کا علم۔
علم سیر: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] حالات و واقعات کا علم۔ علم تاریخ۔
علم شئے بہ از جہل شئے: [ف مقولہ] کسی چیز کا علم ہونا بہتر ہے علم نہ ہونے سے۔ علم جہالت سے بہتر ہے۔
علم غیب: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] غیب کی بات جاننا۔ پوشیدہ باتوں کا علم۔
علم فرائض: [ع امذ] وراثت کا علم۔
علم کلام: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مذہبی امور کو دلائل سے ثابت کرنا۔ مذہبی بحث و مناظر کا علم۔
علم کیمیا: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ۱۔ چیزوں کے اجزا اور بناوٹ کا علم ۲۔ معمولی دھات سے سونا بنانے کا علم۔
علم لدنی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ علم جو بغیر استاد کے روحانی فیض سے حاصل ہو۔
علم لغت: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] الفاظ کی بناوٹ اور معانی کا علم۔
علم مجلس / مجلسی: [ع امذ] محفل میں نشست و برخاست اور برتاؤ کا علم۔
علم مناظر: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] عکسی تصویریں لینے کا علم۔
علم نظر: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مناظرہ کا علم جس میں بحث کے طریقے بتائے جاتے ہیں۔
علم وہبی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] خداداد علم جس میں کوشش کو دخل نہ ہو۔
عُلَما: [ع صف] "عالم" کی جمع۔
عِلمی: [ع صف] دیکھئے "علم" جس سے یہ منسوب ہے۔
علمیت: [ع امث] علم ہونا۔ قابلیت۔ لیاقت۔ واقفیت۔
علمیت بگھارنا: [امحاورہ] موقع بے موقع اپنے عالم ہونے کا اظہار کرنا ہے۔
علمیہ: [ع صف] "علمی" کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے
علن: [ع صف] ظاہر۔ آشکار (اردو میں "سر" کے ساتھ آتا ہے)
عُلُو: [ع امذ] بلندی۔ رفعت
عُلُوفہ: [ع امذ] ۱۔ خوراک۔ روزینہ۔ وظیفہ ۲۔ چارا۔ دانہ گھاس۔
عُلُوق: [ع امذ] ۱۔ لٹکنا ۲۔ نطفہ قرار پانا۔
عُلُوم: [ع امذ] دیکھئے "علم" جس کی یہ جمع ہے۔
علوم رسمی / رسمیہ: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ علم جو رائج ہوں۔
علوم متعارفہ: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ۱۔ امر بدیہی ۲۔ علم ریاضی کے وہ اصول جن کو بغیر ثبوت کے مان لیا جاتا ہے اور پھر ان پر بحث ہوتی ہے۔
عَلَوی: [ع صف] ۱۔ علی سے منسوب ۲۔ (امذ) حضرت علیؓ کی اولاد جو حضرت فاطمہؓ کے بطن سے نہ ہو
عُلوی: [ع صف] ۱۔ آسمانی۔ اونچا۔ بلند ۲۔ وہ عمل جو فرشتوں یا اسمائے الٰہی کے ذریعہ کیا جائے۔ سفلی کی ضد ۳۔ اوپر کے درجہ کا باشندہ۔
عُلُویت: [ع امث] بلندی رفعت۔
عَلی: [عف صف] ۱۔ بلند و برتر ۲۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نام ۳ خلفائے راشدین میں سے چوتھے خلیفہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی یعنی ابن ابی طالب کا نام۔
علی بند: [عف امذ] ۱۔ ایک زیور جو عورتیں کلائی پر باندھتی ہیں اور انگلیوں میں بھی پہنتی ہیں۔ ۲۔ کشتی کا ایک پیچ ۳۔ ایک تعویز جو جادو کے اثر کو مٹاتا ہے۔
علی دھت: [ا صف] بہت اونچا۔ قدآور۔
علی علی کرنا: [امحاورہ] کوئی سخت یا مشکل کام کرتے وقت علی کے نام کا نعرہ لگانا۔
علی غول: [ا امذ] مسلمان پیٹے بازوؤں کا ایک گروہ۔
علی کی تیغ کا پھل ٹوٹے: [ا۔ کوسنا] دیکھئے "علی کی تیغ پڑے"
علی کی کمان: [ا امث] کنایتہً قوس قزح۔ دھنک
علی کی مار: [ا امث] خدا کا قہر۔
علی مدد: [ا امث] ۱۔ فقیروں کا جواب سلام ۲۔ کشتی کا ایک پیچ ۳۔ پھکیتی یا بکنوٹ کی ایک قسم۔
علی مدد درج: [ا امث] رو بہ قبلہ کھڑے ہو کر بایاں پاؤں مضبوطی سے اور دایاں پاؤں نرمی سے رکھ کر حریف پر حملہ کرنا۔
علیٰ: [ع۔ حرف جار] ۱۔ اوپر۔ پر ۲۔ وجہ سے۔ بسبب سے ۳۔ میں سے۔ ساتھ۔ پاس

اگرچہ۔ باوجودیکہ۔
عَلَی الْاِتِّصَالْ : [ع متعلق فعل] متواتر۔ لگاتار۔
عَلَی الْاِجْمَالْ : [ع متعلق فعل] ۱۔ بالاشتراک۔ ۲۔ مجمل طور سے۔
عَلَی الْاِسْتِقَامَتْ : [ع متعلق فعل] بے پایاں۔ بے انتہا۔
عَلَی الْاِسْتِمْرَار : [ع متعلق فعل] لگاتار۔ متواتر۔ ہمیشہ
عَلَی الْاِطْلَاقْ : [ع متعلق فعل] مطلق۔ بے قید۔ آزاد۔ بلا شرط۔
عَلَی الْاِعْلَانْ : [ع متعلق فعل] کھلے طور پر۔ آزادانہ۔ اعلانیہ۔ کھلم کھلا۔
عَلَی الْاِنْفِرَادْ : [ع متعلق فعل] الگ الگ۔ انفرادی طور پر۔ علیحدہ علیحدہ۔ جداگانہ۔
عَلَی التَّحْقِیقْ : [ع متعلق فعل] ٹھیک طور پر۔ یقیناً۔
عَلَی التَّسَلْسُلْ : [ع متعلق فعل] سلسلہ وار
عَلَی التَّعْجِیلْ : [ع متعلق فعل] جلدی سے۔
عَلَی التَّفْصِیلْ : [ع متعلق فعل] مکمل طور پر۔ تفصیل سے۔
عَلَی التَّنَاظُرْ : [ع متعلق فعل] اپنی اپنی قسم یا مثل سے۔
عَلَی التَّوَاتُرْ : [ع متعلق فعل] پے در پے۔ متواتر۔
عَلَی التَّوَالِی : [ع متعلق فعل] یکے بعد دیگرے۔
عَلَی التَّوَکُّلْ : [ع متعلق فعل] اعتبار کر کے۔ بھروسا کر کے۔
عَلَی الْحِسَابْ : [ع متعلق فعل] اس حساب میں جسکا ابھی فیصلہ نہیں ہوا ہے بلاحساب پیشگی۔
عَلَی الْخُصُوصْ : [ع متعلق فعل] خصوصاً۔ خاص طور سے۔ بالمس
عَلَی الدَّوَامْ : [ع صف] دوامی۔ دائمی۔ ہمیشہ۔
عَلَی الرَّاسِ وَالْعَیْنْ : [ع متعلق فعل] سر آنکھوں پر۔ بخوشی
عَلَی الرَّغْمْ : [ع متعلق فعل] باوجود اس کے۔ برخلاف۔ مقابلے میں
عَلَی السَّحَر / الصَّبَاحْ : [ع متعلق فعل] سویرے۔ تڑکے۔
عَلَی الْعَادَتْ : [ع متعلق فعل] عادتاً۔ رسماً
عَلَی الْعُمُومْ : [ع متعلق فعل] عموماً۔ عام طور پر۔
عَلَی الْفَوْرْ : [ع متعلق فعل] فوراً
عَلَی رُؤُسِ الْاَشْہَادْ : [ع متعلق فعل] گواہوں کے روبرو۔ علانیہ۔
عَلَی عَہْدِہٖ : [ع متعلق فعل] اس کے زمانے میں۔
عَلَی رَاسِ التَّمَامْ : [ع متعلق فعل] سب کے سامنے۔
عَلَی قَدْرِ طَاقَتْ : [ع متعلق فعل] طاقت کے مطابق۔ بموجب
عَلَی قَدْرِ حَالْ / مَرَاتِبْ : [ع متعلق فعل] حیثیت یا مرتبے کے مطابق۔
عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر : [ع متعلق فعل] خدا کی تعریف ہر شے پر قادر ہے۔
عَلَی وَجْہِ الْبَصِیرَتْ : [ع متعلق فعل] بصیرت سے۔ بصیرت کے طور پر۔
عَلَی وَجْہِ التَّفْصِیلْ : [ع متعلق فعل] مفصّل طور پر۔ تفصیل سے۔
عَلَی وَجْہِ الْعُمُومْ : [ع متعلق فعل] ہر جگہ۔ عموماً ۲۔ سارے۔
عَلَی وَجْہِ الْکَمَالْ : [ع متعلق فعل] کامل طور پر۔
عَلَی وَفْقِ الْمُرَادْ : [ع متعلق فعل] مرضی سے۔
عَلَی ہٰذَا التَّقْدِیرْ : [ع متعلق فعل] اس معاملے میں
عَلَی ہٰذَا الْقِیَاسْ : [ع متعلق فعل] اسی طرح۔ اسی قیاس پر
عَلَی یَدِہٖ : [ع متعلق فعل] دستی۔
عُلْیَا : [ع صف] "اعلیٰ" کی تانیث۔

عَلَیْکْ : [ع متعلق فعل] تجھ پر۔
عَلَیْکْ سَلَیْکْ : [ا۔ امث] معمولی۔ واقفیت۔ شناسائی۔ سلام و دعا۔
عَلِیلْ : [ع صف] کمزور۔ ضعیف ۲۔ بیمار۔ ناساز۔ مریض۔
عَلِیمْ : [ع صف] جاننے والا۔ دانا ۲۔ (مذ) خدا تعالیٰ کا نام۔ جو ظاہر اور پوشیدہ کو جاننے والا ہے۔
عِلِّیُّونْ / عِلِّیِّینْ : [ع صف] اونچا۔ بلند۔ اعلیٰ۔ (۲۔ مذ) آسمانوں کے اوپر کا حصہ ۳۔ ساتویں مقام پر۔ وہ جگہ جہاں انسانوں کے اعمال نامے رکھے جاتے ہیں ۴۔ اعمال نامے ۵۔ آسمانوں کے رہنے والے۔ فرشتے۔
عَلَیْہِ : [ع صف] اس پر۔ اس کے ساتھ
عَلَیْہِ مَا عَلَیْہِ : [کلمۂ دعا] اس پر ہے جو اس کے اوپر ہے ۲۔ کسی برے آدمی کے نام کے ساتھ واضح طور پر برا لکھنے کی بجائے لکھ دیتے ہیں۔
عَلَیْہِ الرَّحْمَہْ : [ع دعا] اس پر خدا کی رحمت ہو۔ ولیوں اور مقدس ہستیوں کے نام کے آگے لکھتے ہیں۔ وفات یافتہ کے لئے مستعمل ہے۔
عَلَیْہِ السَّلَامْ / التَّسْلِیمْ : [ع دعا] اس پر سلام ہو۔ پیغمبروں کے نام کے آگے لکھا جاتا ہے اور بطور اختصار صرف ؑ لکھتے ہیں۔ (وفات یافتہ کے لئے مستعمل ہے)
عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامْ : [ع دعا] اس پر خدا کی رحمت اور سلام ہو۔ (وفات یافتہ کے لئے مستعمل ہے۔
عَلَیْہِمْ : [ع جار و مجرور] ان پر۔
عَلَیْہِمُ السَّلَامْ : [ع دعا] ان سب پر خدا تعالیٰ کا سلام۔
عَلَیْہِمُ الرِّضْوَانْ : [ع دعا] ان سب پر خدا کی رضامندی ہو۔
عِلْیَہِیَاتْ : [ع امذ] متعلقات، اثرات، عائد ہونے والی چیزیں۔

ع — م

عَمّ : [ع امذ] باپ کا چھوٹا یا بڑا بھائی۔
عَمْ زَادْ : [ع ف صف] چچیرا۔
عَمْ زَادَہ : [ع ف امذ] چچا زاد بھائی۔
عَمُّو : [ع امذ] چچا یا تایا۔
عَمُّوِی : [ع صف] چچا سے منسوب ۲۔ (اردو مذ) چچا۔
عِمَادْ : [ع امذ] ۱۔ ستون ۲۔ کوئی چیز جس سے سہارا دیا جائے ۳۔ مکان ۴۔ اعتبار اعتماد ۵۔ جمع عمادہ کی ۶۔ اونچے مکان۔
عَمَّارْ : [ع امذ] عماری کے موجد کا نام۔
عَمَّارِی : [ع امث] ہاتھی کا ہودہ۔ (افعال: کسنا کسنا)
عِمَارَاتْ : [ع امث] عمارت کی جمع۔
عِمَارَتْ : [ع امث] وہ چیز جو تعمیر کی جائے۔ گھر۔ مکان۔
عمارت کھڑی کرنا : [امحاورہ] مکان بنانا کسی چیز کو بنا کر دکھانا۔
عمارت کھڑی ہونا : [امحاورہ] دیکھئے "عمارت کھڑی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عمارت گر : [ع ف امذ] معمار۔
عمارت گری : [ع ف امث] معماری۔ عمارت بنانے کا کام۔
عمارتی گز : [ا امذ] معماروں کا گز۔

عُمّال : [ع امذ] عامل کی جمع۔ سرکاری کارگزار۔ روپیہ وصول کرنے والا۔ عہدہ دار پرگنوں کا حاکم۔
عِمامہ : [ع امث] ۱۔ پگڑی۔ دستار ۲۔ خود ۳۔ تاج
عمامہ اُتارنا : [ا محاورہ] پگڑی چھین لینا ۲ رسوا کرنا۔ آبرو اُتارنا۔ بے آبرو کرنا
عمامہ اُچھالنا : [ا محاورہ] پگڑی اُچھالنا۔
عمامہ اُچھلنا : [ا محاورہ] دیکھئے "عمامہ اُچھالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عَمائد : [ع امذ] عمید کی جمع۔ قوم کے سردار۔ معززین۔
عمائدین : [ع امذ] عمید کی جمع الجمع (جو درست نہیں)
عَمْد : [ع امذ] ارادہ۔ قصد۔
عَمْداً : [ع متعلق فعل] قصداً۔ دانستہ۔ جان بوجھ کر۔
عُمدۃُ الملک : [ع امذ] ایک خطاب۔ سلطنت کا ستون (نواب اور امیروں کا خطاب
عُمدگی : [ف امث] ۱۔ خوبی۔ بھلائی۔ وصف۔ جوہر ۲۔ بزرگی۔ فضیلت۔
عُمدہ : [ع صف] ۱۔ نفیس۔ اعلٰے درجے کا ۲۔ پسندیدہ۔ منتخب ۳ ستون ۴۔ اعتماد اعتبار۔ بھروساہ۔ امیر۔ سردار۔ مالک۔ رئیس۔
عمدہ پیرائے میں بیان کرنا : [ا مص مرکب] اچھے طریقے پر بنانا۔
عُمر : [ع امث] ۱۔ زندگی۔ زمانہ ۲۔ سن و سال ۳۔ عرصہ۔
عمر آخر ہونا : [ا محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔ عمر ختم ہونا۔
عمر آنا : [ا محاورہ] عمر کٹنا۔ عمر گزارنا۔
عمر اَبد : [ع امذ] عمر جو کبھی ختم نہ ہو۔
عمر برابر کی لکھا لانا [ا محاورہ] ہم عمر اشخاص کا اکٹھا مرنا۔
عمر بڑی ہونا : [ا محاورہ] عمر زیادہ ہونا۔ جب کسی کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ آ جائے تو کہتے ہیں۔
عمر بسر کرنا : [ا محاورہ] عمر کاٹنا۔ عمر گزارنا۔
عمر بسر ہونا : [ا محاورہ] دیکھئے "عمر بسر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عمر بہ پایاں رسیدہ : [عف صف] وہ جو انتہائی عمر پر پہنچا ہو۔ بہت بوڑھا۔
عمر بھر : [ا متعلق فعل] تمام عمر۔
عمر بھر کا : [ا صف] ساری عمر کا جو ساری عمر کے لئے کافی ہو۔ ہمیشہ کا۔
عمر بھر کو جانا : [ا محاورہ] ہمیشہ کے لئے خراب ہونا۔
عمر بھر کی روٹیاں سیدھی کرنا : [ا محاورہ] تمام عمر کے خرچ کے لائق کما لینا۔
عمر بھر کی کمائی : [ا امث] ساری عمر کی آمدنی۔
عمر بھر کے دُکھیا نام چین سکھ : [ا مثل] اچھے نام رکھنے سے کہیں عیب دُور ہوتا ہے۔؟
عمر بھر یاد رکھنا (ا مص مرکب) دیکھئے "عمر بھر یاد رہنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عمر بھر یاد رہنا (ا مص مرکب) تمام عمر نہ بھولنا۔ ہمیشہ یاد رہنا۔
عمر بیتنا (ا مص مرکب) عمر گزرنا۔
عمر پٹا : [ا امذ] عمر بھر کا ٹھیکہ۔ ہمیشہ جیتے رہنے کا۔ اقرار نامہ۔
عمر پٹا لکھوا لانا / لینا : [ا مص مرکب] ہمیشہ جیتے رہنے کا سامان کرنا۔
عمر پنج روزہ : [عف امث] تھوڑی عمر۔ چند دنوں کی عمر۔
عمر پوری ہونا : [ا محاورہ] موت کا وقت آنا۔ موت قریب ہونا۔

عمر تیر کرنا : [ا محاورہ] بُرے حالوں زندگی بسر کرنا۔ عمر کے دن پورے کرنا۔
عمر تیر ہونا : [ا محاورہ] دیکھئے "عمر تیر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عمرت دراز باد کہ ایں ہم غنیمت است : [ف مثل] جب کسی نکمے آدمی سے کوئی معمولی کام ہو جائے تو طنزاً کہتے ہیں۔
عمر جاوداں / جاوید : [عف امث] ہمیشہ زندہ رہنا۔
عمر دراز : [عف دعا] ہمیشہ زندہ رہو۔ سلام کے جواب میں چھوٹوں کو کہتے ہیں۔
عمر دراز جیتا رہے : [ا دعا] بزرگ یا بوڑھی عورتیں سلام کے جواب میں کہتی ہیں۔
عمر دراز ہونا : [ا محاورہ] عمر بڑی ہونا۔
عمر رسیدہ : [عف صف] بوڑھا۔ بڑی عمر کا۔
عمر سے اُتر جانا : [ا محاورہ] ادھیڑ ہو جانا۔ جوانی سے اُتر جانا۔
عمر طبعی / طبیعی : [ع امث] انسان کی معمولی عمر ۷۵/۷۰ سال ہے۔
عمر عزیز : [عف امث] پیاری عمر۔
عمر قید : [عف امث] ایک سزا جس میں ساری عمر قید رہنا پڑتا ہے۔ پاکستان میں اس کی میعاد ۱۴ سال ہے۔
عمر قیدی : [عف امذ] وہ شخص جسے ساری عمر کی قید کی سزا ہوئی ہو۔
عمر کا پیالہ لبریز ہونا / پیمانہ بھر جانا / لبالب ہونا : [ا محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔ زندگی کا زمانہ قریب الاختتام ہونا۔ بہت بوڑھا ہونا۔
عمر کاٹنا : [ا ... دیکھئے "عمر کٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عمر کٹنا : [ا محاورہ] زندگی بسر ہونا۔ زندگی گزرنا۔
عمر کے دن بھرنا / پورے کرنا / کاٹنا : [ا محاورہ] بھلی طرح زندگی گزارنا۔
عمر کے دن پورے ہونا / کٹنا : [ا محاورہ] دیکھئے "عمر کے دن بھرنا / پورے کرنا / کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عمر گزارنا : [ا محاورہ] زندگی بسر کرنا۔
عمر گزرنا : [ا محاورہ] زندگی بسر ہونا۔
عمر لانا / لکھا لانا : [ا محاورہ] خدا کے یہاں سے زمانہ حیات مقرر کرا لانا۔
عمر نوح : [ع امث] بہت لمبی عمر۔ بہت بڑی عمر۔ کہتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام ایک ہزار برس کے ہوئے تھے۔
عمر نوح چاہیئے : [ا محاورہ] ایک مدت چاہیئے۔
عُمرانی : [ع صف] مدنی۔ معاشرے سے متعلق۔ آبادی سے متعلق۔
عمرانیات : [ع امث] انسان کے رہن سہن اور معاشرت کا علم آبادی کے متعلق sociology
عَمرو : [ع امذ] (مجازاً) عام شخص۔ کوئی شخص۔
عمرو زید بکر : [ع امذ] مسائل صرف و نحو یا منطق میں تمثیلاً یہ نام استعمال کئے جاتے ہیں ۲۔ عام اشخاص ۳۔ فلاں۔ فلاں۔
عمرو کی زنبیل : [ا امث] عمرو عیار کی زنبیل ۲۔ اس برتن کو کہتے ہیں جو بہت بڑا ہو جس میں بہت سی چیزیں سما سکیں ۳۔ تمام ضروریات کا مخزن۔
عُمرہ : [ع امذ] حاجیوں کی ایک خاص عبادت ہے۔ اس میں احرام باندھنا۔ خانہ کعبہ کا طواف کرنا۔ صفا مروہ میں جا کر دوڑنا ہوتا ہے۔ حج میں عرفات میں ٹھہرنا۔ اور منیٰ میں کنکریاں پھینکنا زائد ہے
عمرے باید کہ یار آید بہ کنار : [ف مثل] محبوب کو گلے لگانے کے لئے ایک عمر

چاہیئے۔ جب کسی کام کے انجام پانے میں دیر ہوتی ہے تو کہتے ہیں۔
عُمرِیں عیش میں تیر کر دیں: [ا رمحاورہ] زندگی آرام اور عیش میں بسر کر دی۔
عُمق: [ع امذ] ۱۔ گہرائی۔ تھاہ۔ تہ ۲۔ کنواں، حوض، دریا، تالاب کی۔
عَمَل: [ع امذ] ۱۔ کار۔ دھندا ۲۔ منتر یا افسوں۔ اسم ۳۔ تعمیل ۴۔ قاعدہ۔ رسم ۵۔ اثر تاثیر ۶۔ تعمیل۔ کارروائی ۷۔ عہد۔ حکومت ۸۔ قبضہ ۹۔ وقت ۱۰۔ مشق۔ عادت ۱۱۔ بیچاری۔ شیافہ۔ انیما ۱۲۔ نشہ۔ نشے کا اثر۔
عَمَل اُٹھا لینا/اُٹھانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عمل اٹھ جانا/اٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عَمَل اُٹھ جانا/اُٹھنا: [ا رمحاورہ] قبضہ نہ رہنا۔ حکومت جاتی رہنا۔
عَمَل بٹھانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عمل بیٹھ جانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
عَمَل بیٹھ جانا/بیٹھنا: [ا رمحاورہ] حکومت قائم ہونا۔ سکہ جمنا۔ قبضہ ہو جانا۔
عَمَل بے جا: [عف امذ] کسی چیز کا غلط استعمال۔
عَمَل پانی کرنا: [ا رمحاورہ] نشے کی چیزیں بھنگ وغیرہ خصوصاً اپنے وقت پر استعمال کرنا۔
عَمَل پڑھنا: [ا رمحاورہ] افسوں۔ منتر وغیرہ پڑھنا۔
عَمَل پیرا ہونا: [ا رمحاورہ] عمل کرنا۔ کام کرنا۔
عَمَل جراحی: [عف امذ] پھوڑے وغیرہ کی چیر پھاڑ کا کام۔
عَمَل چلنا: [ا رمحاورہ] افسوں کا کارگر ہونا۔
عَمَل دار: [عف صف] تحصیلدار۔ عامل۔ کارکن۔ حاکم۔
عَمَل داری: [عف امث] دیکھئے "عملدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عَمَل داری اُٹھ جانا: [ا رمحاورہ] حکومت جاتی رہنا۔
عَمَل دخل: [عف امذ] قبضہ۔ اختیار۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
عَمَل درآمد: [عف امذ] تعمیل۔ کارروائی۔ ضابطہ (افعال: کرنا۔ ہونا)
عَمَل دینا: [ا رمحاورہ] حقنہ کرنا۔ انیما کرنا۔
عَمَل شمسی و قمری: [ع امذ] کیمیاگروں کی اصطلاح میں سونا۔ چاندی بنانا۔
عَمَل صالح: [ع امذ] نیک کام۔
عَمَل طراز: [عف صف] جو کوئی کام اپنے ذمہ لے۔ جو کام کرے۔
عَمَل کرنا: [ا رمص مرکب] ۱۔ کام کرنا ۲۔ تعمیل کرنا ۳۔ ماننا۔ بجا لانا ۴۔ برتا ؤ کرنا۔ ۵۔ برتنا۔ ۶۔ سوال کا حل کرنا ۷۔ افسوں پڑھنا ۸۔ اثر کرنا ۹۔ پچکاری یا شیافہ کرنا۔
عَمَل گزار: [عف امذ] عامل۔ تحصیلدار۔
عَمَل لینا: [ا رمحاورہ] کسی سے منتر یا افسوں حاصل کرنا۔
عَمَل معمول: [ع امذ] پرانی یا قدیم رسم۔
عَمَل میں آنا: [ا رمحاورہ] قبضے میں آنا۔
عَمَل میں لانا: [ا رمحاورہ] استعمال کرنا۔
عَمَل نامہ: [عف امذ] اعمال وہ کتاب جس میں کسی کے اعمال درج ہوں۔
عَمَل ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "عمل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عَمَل یدی: [ع امذ] دستی کام۔
عَمَلاً: [ع متعلق فعل] ۱۔ کام کر کے ۲۔ یقیناً۔ حقیقت میں۔
عَمَلہ: [ع امذ] ۱۔ کسی محکمہ کے ملازم۔ دفتر کے ملازم۔ کارکن لوگ۔ اہلکار ۲۔ ملبہ۔ زمین کے سوا مکان کا سارا سامان۔
عَملہ دخلہ: [ع امذ] قبضہ۔ تصرف۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
عَملہ فعلہ: [ع امذ] دیکھئے "عملے فعلے"

عَمَلی: [ع صف] ۱۔ عمل سے منسوب۔ جس پر عمل ہو سکے ۲۔ معمولی روزمرہ کے استعمال کی ۳۔ (امذ) وہ شخص جو نشے کی چیز کھائے یا پیئے۔
عَمَلی جامہ پہنانا: [ا رمحاورہ] کسی کام کا وقوع میں لانا۔ یا۔ کرنا۔
عَمَلی جامہ پہننا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عملی جامہ پہنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
عَمَلی صُورت: [ع امث] کسی کام ہونے کی صورت۔ وہ بات جو خیال سے عمل میں آ جائے
عَمَلی صُورت اختیار کرنا: [ا رمحاورہ] کسی کام کا ہو جانا۔
عَملے فعلے: [ع امذ] کارکن لوگ۔
عَمَلیات: [ع امذ] عمل کی جمع ۲۔ افسوں۔ منتر ۳۔ (امث) رسومات۔
عَمُود: [ع امذ] ۱۔ ستون ۲۔ گرز ۳۔ وہ خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر کھڑا ہو کر دونوں زاویے قائمے بنائے ۴۔ اونچائی۔
عَمُود بازی: [عف امث] گرزوں کی لڑائی۔
عَمُود ڈالنا/کھینچنا: [ا رمحاورہ] کسی خط مستقیم پر عمود قائم کرنا۔
عَمُود کا کلہ: [ا ر امذ] گرز کا لگنے والا حصہ۔
عَمُوداً: [ع متعلق فعل] سیدھا زاویہ قائمہ بناتا ہوا۔
عَمُودی: [ع صف] "عمود" سے منسوب "سیدھا" اوپر سے نیچے کو۔
عُمُوم: [ع امذ] عام ہونا۔
عُمُوماً: [ع متعلق فعل] عام طور پر۔ اکثر۔ بیشتر۔
عَمیٰ: [ع امذ] اندھاپن۔
عَمْیا: [ع امث] اعمیٰ کی مؤنث۔ اندھی۔
عَمِید: [ع امذ] سردار۔ حاکم ۲۔ مرکبات میں جیسے عمیدالدولہ وغیرہ۔
عَمِیق: [ع امذ] گہرا۔ ۲۔ کامل۔
عَمِیم: [ع صف] ۱۔ عام ۲۔ پورا مکمل ۳۔ بہت۔ کثیر ۴۔ سب پر حاوی۔
عَمِیمُ الاِحسان: [ع صف] سب پر احسان کرنے والا۔
عَمِیمُ البَرَکات: [ع صف] سب پر برکتیں بھیجنے والا۔
عَمِیمُ النَّفع: [ع صف] سب کے لئے فائدہ مند۔
عَمِیمہ: [ع صف امث] دیکھئے "عمیم" جس کی یہ تانیث ہے۔

ع — ن

عَن: [ع حرف جر] ۱۔ سے ساتھ۔ ذریعے سے۔ اس کے بموجب۔ اس کی زبانی ۲۔ عموماً حدیثیں اس لفظ سے شروع ہوتی ہیں۔
عَن قَرِیب/عَنقَرِیب: [ع متعلق فعل] ۱۔ قریب سے ۲۔ جلد۔

عَنا: [ع امذ] محنت۔ مشقت ۲۔ تکلیف۔ دکھ ۳۔ تھکاوٹ ۴۔ رنج۔
عُنّاب: [ع امذ] ایک میوہ۔ بیر کی قسم کا۔ جو بہت سرخ ہوتا ہے ۲۔ کنایۃً معشوقہ
عُنّاب تر: [ع امذ] معشوقہ کی انگلی۔
عُنّاب رنگ/رنگوں: [ع صف] عناب کے رنگ کا سیاہی مائل سرخ۔
عُنّابی: [ع صف] ۱۔ دیکھئے "عناب رنگ/رنگوں" ۲۔ ایک سیاہی مائل سرخ رنگ
عِناد: [ع امذ] دشمنی۔ مخالفت۔ بیر۔

عناداً: [ع متعلق فعل] مخالفت کی وجہ سے دشمنی سے۔
عنادل: [ع امذ] عندلیب کی جمع۔ بلبلیں۔
عناصر: [ع امذ] عنصر کی جمع۔
عناصرِ اربعہ: [ع امذ] چاروں عنصر۔ پانی۔ ہوا۔ آتش۔ خاک مگر موجودہ سائنس کی رُو سے ان میں سے کوئی بھی عنصر نہیں ہے۔
عنان: [ع امث] ۱۔ لگام۔ باگ ۲۔ مرکبات میں جیسے توسن عنان۔
عنان تاب: [عف صف] اشارے پر چلنے والا۔
عنان چھوڑنا: [ا رمحاورہ] لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔ جلدی چلانے یا گھوڑے کو اپنی مرضی پر جانے کے لئے ایسا کرتے ہیں۔
عنان گسستہ/گسیختہ: [عف صف] لگام ٹوٹا ہوا۔ بہت تیز۔ بگٹٹ۔ **عنان گیر**: [عف صف] باگ پکڑنے والا۔ چلنے سے روکنے والا۔ مانع۔ **عنان لینا**: [ا رمحاورہ] باگ لینا۔
عنایت: [ع امث] ۱۔ مہربانی۔ شفقت۔ لطف۔ کرم ۲۔ توجہ۔ التفات ۳۔ ہدیہ تحفہ۔ وہ چیز جو دی جائے۔
عنایتِ الٰہی: [ع امث] خدا کی مہربانی۔
عنایت رکھنا: [ا رمحاورہ] مہربانی یا توجہ کرنا۔
عنایت رہنا: [ا رمحاورہ] مہربانی۔ شفقت۔ لگاتار کسی پہ ہونا۔
عنایت شاہی کسی کی میراث نہیں: [ا رمقولہ] بادشاہوں کی مہربانی ضروری نہیں کہ باپ بیٹے دونوں پر
عنایت فراواں: [ع امث] بے حد مہربانی۔
عنایت فرما: [عف صف] دوست مہربانی کرنے والا۔
عنایت کرنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ مہربانی کرنا ۲۔ احسان کرنا ۳۔ دینا۔ عطا کرنا ۴۔ توجہ۔
عنایت کی نظر کرنا: [ا رمحاورہ] مہربانی کرنا۔ نگاہ لطف کرنا۔
عنایت کی نظر ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عنایت کی نظر کرنا" جس کا یہ لازم ہے
عنایت ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "عنایت کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
عنایت ہے: [ا رمحاورہ] کوئی مزاج پوچھے تو جواب یہی کہتے ہیں۔ آپ کی عنایت ہے۔
عنب: [ع امذ] انگور۔
عنب الثعلب: [ع امذ] مکو۔
عنبر: [ع امذ] ایک خوشبو جو سمندر میں بہتی ہوئی رہتی ہے اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے آگ پر پگل جاتی ہے۔ وہیل مچھلی کے بدن پر ایک قسم کا دُنبل ہوتا ہے۔ جس میں خون جمع ہو جاتا ہے۔ جب یہ اچھا ہوتا ہے تو کھرنڈ جھڑ جاتا ہے۔ یہ عنبر ہے۔
عنبر آگیں: [عف امذ] عنبر سے بھرا ہوا۔
عنبر آگود/بار: [عف صف] خوشبودار
عنبرِ اشہب: [عف امذ] اعلیٰ قسم کا عنبر جو ہلکے رنگ کا ہوتا ہے۔
عنبر افشاں/بیز: [ع صف] خوشبو دینے والا۔
عنبر سار: [عف صف] خالص عنبر۔
عنبر سوز: [عف امذ] عنبر کو جلانے کا برتن۔
عنبر شمیم/شمام: [ع صف] عنبر کی خوشبو والا۔
عنبر فام: [عف صف] عنبر کے رنگ کا۔
عنبری: [ع صف] عنبر کے رنگ کا ۲۔ (مذ) ایک قسم کا کبوتر۔ یا سیب یا خربزہ (خربوزہ)
عنبریں: [ع صف] عنبر کی خوشبو دینے والا۔

عنبریں خال/خط/سنبل/گیسو/موئے: [ع صف] معشوق کی تعریف میں مستعمل ہوتے ہیں
عند: [ع صف] نزدیک۔ قریب۔ سامنے ۲۔ پر۔ وقت پر۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
عند الاستفسار: [ع متعلق فعل] پوچھنے پر۔ دریافت پر۔
عند البعض: [ع متعلق فعل] بعض کے نزدیک۔
عند التحقیق: [ع متعلق فعل] ۱۔ یقیناً۔ ضرور ۲۔ دریافت کرنے پر۔ دوران تفتیش میں۔
عند التدارک: [ع متعلق فعل] تدبیر کرنے کے وقت۔ مقدمے کے فیصلے پر۔
عند الخلائق: [ع متعلق فعل] لوگوں کے نزدیک۔
عند الضرورت: [ع متعلق فعل] ضرورت کے وقت۔ ضرورت پڑنے پر۔
عند الطلب: [ع متعلق فعل] مانگنے پر۔
عند الفرصت: [ع متعلق فعل] فرصت کے وقت۔
عند اللہ: [ع متعلق فعل] اللہ کے نزدیک۔
عند الملاقات: [ع متعلق فعل] ملاقات کے وقت۔
عند الناس: [ع متعلق فعل] لوگوں کے نزدیک۔
عند الوقت: [ع متعلق فعل] عین موقع پر۔
عند الوقوع: [ع متعلق فعل] وقوع کے وقت۔ آخر کار۔
عندلیب: [ع امث] بلبل۔
عندلیب آسا: [ع متعلق فعل] بلبل کی طرح۔
عندلیب خوش نوا: [ع متعلق فعل] اچھا گانے والی بلبل۔
عندیہ: [ع امذ] رائے۔ منشا۔ منصوبہ۔
عندیہ پانا: [ا رمحاورہ] منشا معلوم کرنا۔
عندیہ پایا جانا/کھلنا: [ا رمحاورہ] دلی مطلب کھلنا۔ منشا معلوم ہونا
عندیہ لینا/معلوم کرنا: [ا رمحاورہ] منشا معلوم کرنا
عنزہ: [ع امذ] ۱۔ نیزہ ۲۔ عصا۔
عنصر: [ع امذ] اصل۔ بنیاد ۲۔ وہ چیزیں جو مرکب نہ ہوں مفرد چیز۔ آگ۔ پانی۔ ہوا۔ مٹی کو عنصر سمجھا جاتا تھا مگر اب یہ ثابت ہو گیا ہے کہ پانی ہوا مٹی تو مرکب ہیں اور آگ آکسیجن کے کسی چیز کے ساتھ ملنے سے پیدا ہوتی ہے۔
عنصری: [ع صف] عنصر سے منسوب۔ عنصر کا۔
عنصری گھروندا: [ا ر امذ] کنایۃً بدن انسان۔
عنفوان: [ع امذ] طاقت۔ تازگی۔ خوبصورتی ۲۔ کسی چیز کا آغاز ۳۔ پورا زور۔ جوانی۔
عنفوانِ شباب: [ع امذ] عین جوانی کا زمانہ۔
عنق: [ع امذ] گردن۔
عنقا/عنقا: ایک فرضی پرندہ ۲۔ کنایۃً نایاب نادر الوجود چیز۔ بے نظیر ۳۔ ناپید۔ معدوم ۴۔ (صف مث) لمبی گردن والی۔ [ع امذ]
عنقا ہونا: [ا رمحاورہ] ۱۔ نہ ملنا ۲۔ نایاب۔ معدوم ہونا۔
عنکبوت: [ع امث] مکڑی۔
عنکبوتِ زریں تار: [عف امذ] سورج۔
عنوان: [ع امذ] ۱۔ سرنامہ ۲۔ تمہید ۳۔ کوئی بات جو دوسری بات کی طرف اشارہ ہو۔ ۴۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ سبیل ۵۔ مضمون وغیرہ کی سُرخی۔
عنید: [ع صف] لڑاکا۔ سرکش۔
عنیف: [ع صف] تندخو۔ درشت مزاج سخت کام کا مرتکب لڑاکا۔

عِنِّین: [ع امذ] جو عورت کے کام کا نہ ہو۔ نامرد۔ ہیجڑا۔

ع ــــ و

عَوارِض: [ع امذ] جمع عارضہ کی۔ ۱۔ پیش آنے والی چیزیں ۲۔ بیماریاں۔
عَوارِضِ جسمانی / جسمانیہ: [ع امذ] بدنی بیماریاں۔
عَواطِف: [ع امذ ومث] عاطفہ کی جمع مہربانیاں۔ رجحانات
عَواقِب: [ع امذ] جمع عاقبت کی۔ ۱۔ وہ چیزیں جو دوسری چیز کے پیچھے آئیں ۲۔ انجام۔ انتقام۔
عَواقِب بِیں: عف صف] دُور اندیش۔
عَوالِم: [ع امذ] دیکھئے "عالَم" جس کی یہ جمع ہے۔
عَوام: [ع امذ] جمع عامہ کی ۱۔ عام لوگ۔ ہماشما۔ رعیت عوام۔
عَوامُ النّاس: [ع امذ] ۱۔ عام لوگ ۲۔ تمام لوگ ۳۔ بازاری آدمی۔ جاہل لوگ
عَوام کالانعام: [ع امذ] عام لوگ جو مثل چارپایوں کے ہیں
عَوامِل: [ع امذ] دیکھئے "عاملہ" جس کی یہ جمع ہے۔
عَوان: [ع امث] ۱۔ ادھیڑ عورت ۲۔ گھر کی مالک ۳۔ (ف مذ) پکڑنے والا یا زبردستی لینے والا شخص۔
عَوانانِ فلک: [ع امذ] سبع سیارات۔
عَوائِب: [ع امذ] عائب کی جمع (اردو میں "عیب" کی جمع کے طور پر بھی مستعمل ہے)
عَوائِد: [ع امث۔ امذ] دیکھئے "عائدہ" جس کی یہ جمع ہے۔
عُوج بن عُنق / عُوق: [ع امذ] ایک قوی / عظیم الجثہ شخص جس کے متعلق مشہور اسرائیلی روایت ہے کہ آدم کے عہد میں پیدا ہوا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت تک زندہ رہا۔ یہ اس قدر لمبا تھا کہ طوفانِ نوح علیہ السلام میں پانی اس کی کمر تک آیا تھا اور اس کی ساق کی ہڈی کا پُل دریائے نیل پر بنا تھا۔ اسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قتل کیا ۲۔ کنایۃً بہت لمبا اور سبلے رتوف۔
عوج بن عنق کی ٹانگ: [ا امث] بہت لمبی بات جو ختم ہونے میں نہ آئے۔
عَود: [ع امذ] لوٹنا۔ پھرنا۔ مڑنا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
عُود: [ع امذ] ۱۔ ایک قسم کی لکڑی جسے خوشبو کے لئے جلاتے ہیں۔ یہ لکڑی پانی میں ڈوب جاتی ہے ۲۔ ایک قسم کا باجا۔ بربط۔
عُود بلاؤ: [ع امذ] ۱۔ دیکھئے اُود بلاؤ ۲۔ (صف) بے وقوف۔
عُودُ الصّلیب: [ع امذ] ۱۔ ایک لکڑی جس پر آگ اثر نہیں کرتی ۲۔ شلت ٹکڑا لکڑی کا جسے بچوں کے گلے میں نظر بد سے بچانے کے لئے باندھتے ہیں۔
عُود برکی: [ع امذ] ایک اچھی اور بڑھیا قسم کی عُود۔
عُود خام: عف امذ] تازہ یا خالص عود۔
عُود سوز: (عف امذ) وہ برتن جس میں عود جلائیں۔ اگر دان۔
عُود قمین: عف امذ] صبح صادق۔
عود صلیب [ع۔ امذ بترکیب فارسی] ایک قسم کی لکڑی جس پر صلیب کا نشان ہوتا ہے۔ دواؤں میں کام آتی ہے۔
عُود غرقی: عف امذ] ایک قسم کا عُود جو پانی میں ڈوب جاتا ہے۔
عُود قماری: [ع امذ] ایک بڑھیا قسم کی عُود جو قمار سے آتی ہے۔
عُود گرہ: [عف امذ] عود غرقی

عُود گلاب: [ا امذ] سیاہی اور سفیدی۔
عُود ہندی: [ع امذ] ایک درخت جو ہندوستان میں ہوتا ہے ۲۔ اس درخت کی لکڑی۔
عُودی: [ع صف] عود کا۔ لکڑی کا ۲۔ (مذ) سیاہ رنگ۔
عُود کا رنگ / عُودی تخت: [ا امذ] آسمان۔
عَوذ: [ع امذ] خدا سے پناہ مانگنا۔
عُور: [ع صف] ۱۔ ننگا۔ عُریاں۔
عَورات: [ع امث] دیکھئے "عورت" جس کی یہ جمع ہے۔
عَورَت: [ع امث] ۱۔ وہ چیز جس کے ننگا ہونے سے شرم آئے۔ ناف سے ٹخنہ تک جسم ۲۔ (ار) انسان کی مادہ۔ زن۔ ناری۔ تریا ۳۔ زوجہ۔ بیوی۔ استری۔
عورت اور لکڑی کی بیل جلدی بڑھے: [ا رمثل] عورت بہت جلد جوان ہو جاتی ہے جس طرح لکڑی کی بیل جلد بڑھتی ہے۔
عورت اور گھوڑا ران تلے کا: [ا رمثل] دونوں جب تک قابو میں رہیں اپنے ہیں۔
عورت پر ہاتھ اٹھانا اچھا نہیں: [ا رمثل] عورت کو مارنا نہیں چاہیئے۔
عورت پر جہاں ہاتھ پھیرا اور وہ پھیلی: [ا رمثل] عورت کو مرد کا ہاتھ لگے تو وہ بہت جلد بڑھتی ہے۔
عورت ذات: [ع۔ ا ر۔ امث] عورت کی جنس۔
عورت رہے تو آپ سے نہیں جائے سگے باپ سے: [ا رمثل] عورت کسی کے قابو میں نہیں رہتی۔ اگر بدچلن ہو جائے تو باپ کی بھی پروا نہیں کرتی۔
عورت کا خصم مرد۔ مرد کا خصم روزگار: [ا رمثل] جس طرح عورت کو خاوند کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح مرد کو کمانے کی ضرورت ہے۔
عورت کا کیا اعتبار: [ا رمثل] عورت کسی وقت بھی بدچلن ہو سکتی ہے۔ اس کا کوئی اعتبار نہیں۔
عورت کو ناداری میں جانچئے: [ا رمثل] اگر عورت غربت میں ساتھ دے تو وہ قابل اعتبار ہے۔
عورت کی بلا رضامندی: [ا رمثل] (قانون) عورت کا اس قدر مدہوش ہو جانا کہ زنا کی ماہیت نہ سمجھ سکے۔
عورت کی ذات: [ا امث] عورت کی جنس۔ فرقہ زنان۔
عورت کی ذات بے وفا ہوتی ہے: [ا رمثل] عورت سے وفا نہیں اگر اسے مرد نہ ملے تو بدچلن ہو جاتی ہے۔
عورت کی صلاح پر جو چلے وہ چوتیا: [ا رمقولہ] جو اپنی بیوی کی مرضی کے کہنے پر عمل کرے وہ بے وقوف ہوتا ہے۔
عورت کی مت / عقل گُدّی پیچھے: [ا رمثل] عورت بیوقوف ہوتی ہے۔
عورت کی مت مان: [ا رمقولہ] عورت کا کہا نہیں ماننا چاہیئے ۲۔ عورت کی نصیحت مان لینی چاہیئے۔
عورت کی ناک نہ ہوتی تو گُو کھاتی: [ا رمثل] عورت ناقص العقل ہوتی ہے۔
عورت ماتی: [ا امث] عورت ذات۔
عورت مرد کا جوڑا ہے: [ا رمقولہ] عورت اور مرد کو اکٹھا رہنا پڑتا

ہے۔ عورت مرد کے لئے بنی ہے ۔
عورت موم کی ہوتی ہے : [ار مقولہ] جس طرف چاہو موڑ لو ۔
عورت نہ مرد مُوا ہیجڑا ہے ۔ نہ ڈی نہ پسلی مُوا چیچڑا ہے : [ار مثل] نامرد ، بزدل ، ڈرپوک ، کمزور
عوض : [ع امذ] ا۔ بدلہ ، معاوضہ ۲۔ انتقام ۳۔ (منفق لغل) بجائے ۔ لئے ۔
عوض دینا : [ار محاورہ] معاوضہ دینا ۔
عوض لینا : [ار محاورہ] انتقام لینا ۔ بدلہ لینا ۔
عوض معاوضہ : [ع امذ] ادل بدل
عوض معاوضہ گلہ ندارد ۔ عوض دارد گلہ نہ دارد : [ف مثل] جس چیز کا بدلہ ہو سکتا ہے اس کی شکایت کیا ۔
عوض میں : [ار متعلق فعل] بدلے میں
عوضانہ : [عف امذ] بدلہ ۔ عوض ۲ وہ روپیہ جو کسی کام کے بدلے دیا جائے ۳۔ رشوت کی ایک قسم ۴۔ قائم مقام کے طور پر ۵۔ بدلہ میں عوض میں ۔
عوضی : [ع امذ] وہ شخص جو کسی کی بجائے / بدلے میں قائم مقام ہو ۔ وہ شخص جسے چھٹی پر جانے والا اپنے بدلہ میں کام کرنے کے لئے عارضی طور پر چھوڑ جائے ۔
عوضی بھیجنا / دینا : [ار محاورہ] اپنی جگہ کام کرنے والا بھیجنا ۔
عوضی رکھنا : [ار محاورہ] قائم مقام رکھنا ۔
عوضی رہنا : [ار محاورہ] دیکھئے " عوضی رکھنا " جس کا یہ لازم ہے ۔
عوضی کرنا : [ار محاورہ] قائم مقام کرنا ۔
عوضی ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے " عوض کرنا " جس کا یہ لازم ہے ۔
عوعو : [ع امث] عف عف ۔ کتے کے بھونکنے کی آواز ۲ ڈینگ ۔
عول : [ع امذ] ا۔ تقسیم جائیداد کا ایک طریقہ جس سے حصوں میں برابر تقسیم نہ ہونے پر کمی کی جاتی ہے ۲۔ نان و نفقہ ۳۔ فریاد ۔ واویلا ۔
عون : [ع امذ] مدد
عون الٰہی : [ع امذ] خدا کی مدد ۔
عوہقان / عوہقین : [ع امذ] دو ستارے دب اکبر کے جو قطبی ستارے کی سیدھ میں رہتے ہیں ۔
عویص : [ع صف] مشکل ، دشوار ۔

ع ــــ ہ

عہبیر : [ع امث] نرگس کی ایک قسم ۔
عہد : [ع امذ] ا۔ زمانہ ۔ وقت ۲۔ دور سلطنت ۳۔ حکومت کا زمانہ ۴۔ وعدہ ۔ قول ۔ قرار ۵۔ قسم ۶۔ اقرار نامہ ۷۔ ارادہ
عہد اساطیری : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ زمانہ جس کا ذکر صرف قصے کہانیوں میں ہے ۔ عہد ماقبل تاریخ ۔
عہد آساں ہے ۔ پر اس کی وفا مشکل ہے : [ار مقولہ] وعدہ خلافی نہ کرنی چاہیئے ۔
عہد آفرین : [عف صف] دیکھئے " عصر آفرین "
عہد باندھنا : [ار محاورہ] اقرار کرنا ۔ پکا وعدہ کرنا ۔ ٹھاننا ۔
عہد بندھنا : [ار محاورہ] دیکھئے " عہد باندھنا " جس کا یہ لازم ہے ۔
عہد توڑنا : [ار محاورہ] دیکھئے " عہد ٹوٹنا " جس کا یہ متعدی ہے ۔
عہد ٹوٹنا : [ار محاورہ] قول و قرار پر قائم نہ رہنا ۔
عہد حکومت : [ع امث] حکومت کا زمانہ ۔ دور حکومت
عہد دار : [عف امذ] ٹھیکیدار ۔ مغلیہ سلطنت میں ایک عہدہ دار ہوتا تھا جو مال گزاری اکٹھی کرتا تھا اور فی صدی کچھ عوضانہ لیتا تھا ۔ نمبردار ۔
عہد سے پھرنا / منحرف ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے " عہد توڑنا "
عہد شکن : [عف امذ] وعدہ خلاف ۔
عہد شکنی : [عف امث] دیکھئے " عہد شکن " جس کا یہ لازم ہے
عہد عتیق : [ع امذ] توریت ۔
عہد کرانا : [ار مص مرکب] وعدہ لینا ۔ قول لینا ۔
عہد کر لینا : [ار محاورہ] مصمم ارادہ کرنا ۔ ٹھاننا ۲ چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔
عہد کرنا : [ار مص مرکب] دیکھئے " عہد باندھنا "
عہد لینا : [ار محاورہ] قول و قرار لینا ۔
عہد میں : [ار متعلق فعل] زمانے میں ۔ دور میں ۔ وقت میں ۔
عہد نامہ : [عف امذ] وہ تحریر جو بادشاہوں کے باہمی معاہدے کی لکھی جائے ۲ اقرار نامہ ۔ وہ کاغذ جو قول و قرار کے استحکام کے لئے لکھا جائے (افعال : کرنا ۔ ہونا)
عہد ہونا : [ار مص مرکب] ا دیکھئے " عہد بندھنا " ۲۔ دیکھئے " عہد کرنا " جس کا یہ لازم ہے ۔
عہدہ : [ع امذ] ا۔ مرتبہ ۔ منصب ۔ سرکاری منصب ۲۔ درجہ ، رتبہ ۳۔ ذمہ ۔ ضمانت ۴۔ لکھنؤ ، نیگ ۔ جو چیز تقریبات پر عہدہ داروں کو دیں ۔
عہدہ برآ : [عف صف] ادا کرنے والا ۔ سبکدوش ہونے والا ۔
عہدہ برآ ہونا : ا۔ ذمہ داری سے سبکدوش ہونا ۲۔ قرض ادا ہونا ۳۔ مقابلہ کرنا ، غلبہ حاصل کرنا ۔ [ار مص مرکب]
عہدہ برآئی : [عف امث] دیکھئے " عہدہ برآ " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
عہدہ پانا : [ار محاورہ] منصب یا رتبہ حاصل کرنا ۔
عہدہ پر مامور / مقرر کرنا : [ار مص مرکب] کسی کو نوکر کرنا ۔ یا کوئی منصب دینا ۔
عہدہ پر مامور / مقرر ہونا : [ار مص مرکب] دیکھئے " عہدہ پہ مامور کرنا " جس کا یہ لازم ہے ۔
عہدہ دار : [عف امذ] افسر ذی رتبہ ۔
عہدہ داری : [عف امث] دیکھئے " عہدہ دار " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
عہدہ دینا : [ار مص مرکب] کوئی خدمت کسی کے سپرد کرنا ۔ کسی منصب پر مقرر کرنا ۔
عہدے : [ار امذ] عہدہ کی جمع ۲۔ وہ چیزیں جو امیروں کے خادم / ملازم ہاتھوں میں لے کر امیروں کے ساتھ چلیں جیسے پیکدان حقہ وغیرہ ۔
عہدے سے باہر آنا / نکلنا : [ار محاورہ] کسی فرض سے سبکدوشی حاصل کرنا ۔

عہدے ہاتھوں میں لئے ساتھ چلنا: [امحاورہ] نوکروں کا ضروری سامان لے کر ساتھ چلنا۔
عہدے ہاتھوں میں لئے کھڑے ہونا: [امحاورہ] نوکروں کا ضروری اشیاء اٹھائے ہوئے خدمت میں حاضر رہنا۔
عُہُود: [ع امذ] عہد کی جمع۔ معاہدے۔ وعدے۔

ع ـــ ی

عَیّ: [ع امث] ۱۔ جھکنا ۲۔ تھکن۔ عارضی گونگاپن۔
عَیّاب: [ع امبالغہ] عیب جو۔ بدگو۔
عِیَادَت: [ع امث] بیمار کی خبر پوچھنا۔ بیمار پرسی (افعال: کرنا ہونا)
عِیَادَت کو جانا: [امحاورہ] بیمار کا حال پوچھنے کے لئے جانا۔
عِیَاذ: [ع امذ] پناہ لینا۔ بُرائی سے بھاگنا۔
عِیَاذاً بِاللہ: [کلمہ پناہ] خدا کی پناہ۔ معاذ اللہ۔
عِیَار: [ع امذ] ۱۔ کسوٹی پر کھرا کھوٹا دیکھنا۔ ۲۔ کھرا کھوٹا پن ۳۔ معیار ۴۔ سونا تولنے کا کانٹا۔
عَیّار: [ع صف] ۱۔ بہت زیادہ حرکت کرنیوالا ۲۔ (دار) چالاک۔ ہوشیار ۳۔ مکار۔ فریبی۔
عَیّار پَن / پنا: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "عیّار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عَیّارنی: [ا رصف] "عیّار" کی تانیث۔
عَیّارہ: [ع صف] "عیّار" کی تانیث۔
عَیّاری: [عف امث] دیکھئے "عیّار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عَیّاری کی گھاتیں: [ا ر امث] مکاری / چالاکی کی باتیں۔
عَیّاش: [ع امبالغہ] اپنی زندگی بہت اچھی طرح بسر کرنے والا ۲۔ عیش پسند۔ رنگین مزاج۔ تماش بین۔ اوباش۔ رنڈی باز۔ بدچلن۔
عَیّاشانہ: عف متعلق فعل] "عیاش" کے مانند۔ عیاشں کی طرح۔
عَیّاشی: [عف امث] دیکھئے "عیاش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عِیَال: [ع امذ] کنبہ۔ کسی پر انحصار رکھنے والے۔
عِیَال دار: [عف صف] کنبے والا۔ بیوی بچوں والا۔
عِیَال داری: [عف امث] دیکھئے "عیال دار" جس کا اسم کیفیت ہے۔
عِیَال داری میں پھنسنا: [امحاورہ] دنیاداری کے جھگڑوں میں پڑنا۔
عِیَال مند: [عف صف] دیکھئے عیال دار۔
عِیَان: [ع صف] ظاہر۔ کھلا۔ آشکارا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
عیاں راچہ بیان: [ف مثل] جو بات صاف ہو اُسے کہنے سننے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
عَیب: [ع امذ] ۱۔ نقص۔ بُرائی۔ خرابی ۲۔ گناہ۔ جُرم قصور۔
عَیب اُچھالنا: [امحاورہ] تشہیر کرنا۔ راز فاش کرنا۔ عیب بیان کرنا۔
عیب بکھاننا: [امحاورہ] نقص بیان کرنا۔ راز فاش کرنا۔
عَیب بیں / تراش: [عف صف] عیب جُو۔
عَیب بینی / تراشی: [عف امث] دیکھئے "عیب بیں / تراش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عَیب پوش: [عف صف] عیب چھپانے والا
عَیب پوشی: [عف امث] دیکھئے "عیب پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عَیب تھُپ جانا / تھُپنا: [امحاورہ] کسی کے سر موڑ ا ر [illegible]
عَیب تھوپنا: [امحاورہ] دیکھئے "عیب تھُپ جانا" جس کا یہ متعدی ہے
عَیب جاننا: [امحاورہ] کسی بات کو بُرا سمجھنا
عَیب جُو: [عف صف] عیب ڈھونڈنے والا۔ نکتہ چیں
عَیب جوئی: [عف امث] دیکھئے "عیب جُو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عَیب چھپانا: [امحاورہ] پردہ پوشی کرنا
عَیب چھپنا: [امحاورہ] دیکھئے "عیب چھپانا" جس کا یہ لازم ہے
عَیب چیں: [عف صف] عیب چننے والا۔ نکتہ چیں
عَیب چینی: [عف امث] دیکھئے "عیب چیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
عَیب دار: [عف صف] نقص والا۔ جس میں عیب ہو۔ گھوڑوں کی نسبت جن میں کوئی عیب ہو بولتے ہیں۔ جیسے شرارت۔ تارا۔ ارجل وغیرہ
عَیب داری: [عف امث] دیکھئے "عیب دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
عَیب ڈھانکنا: [امحاورہ] عیب چھپانا
عَیب ڈھک جانا: [امحاورہ] دیکھئے "عیب ڈھانکنا" جس کا یہ لازم ہے
عَیب سر پہ آئینہ ہونا: [امحاورہ] عیب ظاہر ہونا۔
عَیب سے بَری / پاک ہونا: [امحاورہ] کوئی نقص نہ ہونا بے عیب ہونا۔ الزام سے بری ہونا۔
عَیب ظاہر / فاش کرنا: [امحاورہ] عیب سر [illegible]
عَیب ظاہر ہونا / کھلنا: [امحاورہ] عیب [illegible] معلوم ہو جانا
عَیب کرنے کو ہنر چاہیئے / عیب را ہنر باید: [ف مثل] عیب کرنے کے لیے عقل و تدبیر کی ضرورت ہوتی ہے۔
عَیب گو / گیر: [عف صف] عیب جُو۔
عَیب گوئی / گیری: [عف امث] عیب جوئی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
عَیب لگانا: [امحاورہ] تہمت لگانا۔ الزام لگانا۔ نقص ظاہر کرنا
عَیب لگنا: [امحاورہ] دیکھئے "عیب لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
عَیب نکالنا: [امحاورہ] نکتہ چینی کرنا۔ برائی ظاہر کرنا
عَیب نکلنا: [امحاورہ] دیکھئے "عیب نکالنا" جس کا یہ اسم لازم ہے۔
عَیب و ثواب: [عف امذ] برائی بھلائی۔ (افعال۔ ظاہر ہونا۔ کہنا)
عَیب و ہنر کھُل جانا: [امحاورہ] اچھائی بُرائی ظاہر ہونا۔
عَیبوں: [ا ر امذ] عیب کی جمع اور مغیرہ صورت۔
عَیبوں کو چھپانا: [امحاورہ] نقائص کو ظاہر نہ کرنا۔
عَیبی: [ع صف] ۱۔ نقص دار ۲۔ شریر۔ بدذات۔ بدچلن ۳۔ جس میں کوئی بُرائی یا عیب ہو۔
عِید: [ع امث] لغوی معنی جو بار بار آئے۔ ۱۔ تیوہار جشن خوشی کا دن ۲۔ مسلمانوں کے دو تیوہاروں کا نام جو یکم شوال اور دہم ذوالحج کو ہوتے ہیں۔
عیدِاضحیٰ / عیدُالاضحیٰ: [ع امث] اہل اسلام کا وہ تیوہار جو دہم ذوالحجہ کو منایا جاتا ہے اور مویشی قربان کئے جاتے ہیں۔
عیدُالضحیٰ: [ع امث] دیکھئے "عیداضحیٰ" جو صحیح ہے
عیدِ شجاع: [ع امث بہ ترکیب فارسی] وہ جشن جو اہل تشیع خلیفہ دوم حضرت عمر کی [illegible]

کی شہادت کی خوشی میں ان کے قاتل ابو لولو شجاع کے نام سے ۹ ربیع الاول کو مناتے ہیں۔

عید غدیر: [ع امث بترکیب فارسی] حضور نے اہل تشیع کی روایت کے مطابق مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک گاؤں خم غدیر میں حجۃ الوداع سے واپسی پر حضرت علی کو حدیث مَن کُنتُ مولاہ فعلیٌ مولاہ کی رُو سے اپنا خلیفہ قرار دیا جس کی خوشی میں ۱۸ ذوالحجہ کو شیعہ حضرات جشن مناتے ہیں۔ اہل تسنن کے نزدیک اس حدیث سے خلافت کا کوئی تعلق نہیں۔

عیدِ فطر / عید الفطر: [ع امث] اہل اسلام کا سب سے بڑا تیوہار جو ماہِ رمضان کے اختتام کے بعد یکم شوال کو منایا جاتا ہے۔

عید قرباں: [ع امث بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "عید اضحیٰ"

عید کا چاند: [ا امذ] رمضان کے بعد کا چاند۔ شوال کا مہینہ۔

عید کا چاند نکلنا: [ا محاورہ] کسی عزیز یا دوست کا ملنا۔ جس کا بہت اشتیاق ہو۔

عید کا چاند ہونا: [ا محاورہ] بہت کم ملنا۔ آرزو اور اشتیاق کے بعد ملنا

عید کا دوگانہ: [ا امذ] عید کی دو رکعت نماز

عید کرنا: [ا محاورہ] خوشی کرنا جشن منانا۔

عید کے پیچھے ٹر: [ا مثل] موقع نکل جانے کے بعد کوئی کام کرنا

عید کے پیچھے چاند مبارک: [ا مثل] تیوہار کے بعد مبارک باد دینا بے موقع بات کرنا۔

عید گاہ: [عف امث] وہ مقام جہاں عید کی نماز پڑھتے ہیں یہ عموماً آبادی سے باہر سمت مغرب میں وسیع احاطہ کی صورت میں ہوتا ہے۔

عید منانا: [ا محاورہ] عید کا جشن کرنا ۲۔ خوشی کرنا۔ جشن کرنا۔

عید میلاد: [ع امذ] پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن

عید نوروز: [ع امث] ایرانیوں کے سال کے پہلے دن کا تہوار۔

عید ہونا: [ا محاورہ] خوشی ہونا۔ مراد بر آنا۔

عیدی: [ع امث] وہ روپیہ / نقدی جو والدین کی طرف سے بچوں یا بہوؤں کو دیتے ہیں ۲۔ عید کا انعام ۳۔ وہ نظم جو استاد بچوں کو خوشنما کاغذ پر لکھ کر دیتے ہیں ۴۔ وہ کاغذ جس پر یہ نظم لکھی جائے۔

عیدی آنا: [ا محاورہ] عید کی تقریب پر عروس کا سسرال سے میکے آنا۔

عیدی جانا: [ا محاورہ] عید کی تقریب پر دلہن عروس کا میکے سے سسرال جانا۔

عیدین: [ع امث] دونوں عیدیں یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔

عیسائی: [ع امذ] حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پیرو۔ نصرانی۔ اس فرقہ کا ایک فرد۔

عیسائی بنانا / کر لینا / کرنا: [ا مص مرکب] کسی کو عیسوی مذہب اختیار کرانا

عیسائی بننا / ہو جانا / ہونا: [ا مص مرکب دیکھئے "عیسائی بنانا" وغیرہ جن کا یہ لازم ہے

عیسائیت / عیسویت: [ع امث] عیسائی کا مذہب۔ نصرانیت۔

عیسوی: [ع صف] حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے منسوب۔ مسیحی ۲۔ وہ سنہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت، یا انتقال سے شروع ہوتا ہے۔

عیسیٰ: [ع امذ] ابن مریمؑ۔ ایک پیغمبر جو بیت اللحم میں پیدا ہوئے۔ مسلمانوں اور عیسائیوں کے اعتقاد میں بغیر باپ کے پیدا ہوئے اس لئے انہیں روح اللہ کہتے ہیں ان پر انجیل اُتری تھی جو عیسائیوں اور یہودیوں کے عقیدہ کے مطابق مصلوب ہوئے مگر مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق زندہ آسمان پر اٹھا لئے گئے۔

عیسیٰ بدین خود۔ موسیٰ بدین خود: [ا مثل] ہر کوئی اپنے مذہب کو اچھا جانتا / یا اس سے کام رکھتا ہے۔ دوسرے کے مذہب سے کیا تعلق۔

عیسیٰ دم / نفس: [عف صف] پھونک سے مردوں کو زندہ کرنے والا۔

عیسیٰ نفسی: [ع امث] دیکھئے "عیسیٰ نفس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

عیسیٰ دوراں: [عف صف] اپنے زمانے کا بہت بڑا طبیب۔ کامل طبیب۔

عیسیٰ مریمؑ: [ع امذ] حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

عیش: [ع امذ] ۱۔ خوشی۔ نشاط ۲۔ آرام آسائش ۳۔ خواہشوں کا پورا کرنا ۴۔ شہوت پرستی۔ جماع ۵۔ شراب اور عورتوں کا لطف ۶۔ خوشی کے ساتھ زندگی بسر کرنا

عیش آرام حرام کرنا: [ا محاورہ] آرام و آسائش کی پروا نہ کرنا۔

عیش اُٹھا لینا: [ا محاورہ] آرام کھو دینا / معدوم کرنا۔

عیش اُڑانا: [ا محاورہ] مزے اٹھانا۔ لطف حاصل کرنا۔ خوشی کرنا۔ عیش کرنا۔

عیش اُڑ جانا: [ا محاورہ] دیکھئے "عیش اڑانا" جس کا یہ لازم ہے

عیش پسند: [عف صف] آرام طلب۔

عیش پسندی: [عف امث] دیکھئے "عیش پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عیش ترک کر دینا / کرنا: [ا مص مرکب] آرام و آسائش چھوڑ دینا۔

عیش ترک ہو جانا / ہونا: [ا مص مرکب دیکھئے "عیش ترک کر دینا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

عیش تلخ کرنا: [ا محاورہ] دیکھئے "عیش تلخ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

عیش تلخ ہونا: [ا محاورہ] آرام میں خلل پڑنا۔

عیش جُو: [عف صف] عیش تلاش کرنے والا۔ عیش پسند۔

عیش کا بندہ: [ا امذ] عیاش۔ نفس پرست۔

عیش کرنا: [ا مص مرکب] لطف اٹھانا۔ مزے اُڑانا۔ چین کرنا۔

عیش کوش: [عف صف] عیش و عشرت کرنے والا۔

عیش کوشی: [عف امث] دیکھئے "عیش کوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

عیش گاہ: [عف امث] وہ جگہ یا مکان جہاں عیش کی جائے۔

عیش محل: [ع امذ] محل کا وہ کمرا جہاں عیش و نشاط کی محفل ہوتی ہے۔

عیش منزل: [ع امذ] وہ مکان جس میں عیش کی جائے۔

عیش منغص کرنا: [ا محاورہ] دیکھئے "عیش منغص ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

عیش منغص ہونا: [ا محاورہ] آرام میں فرق پڑنا۔

عیش و جشن: [ع امذ] بے حد خوشی۔ مسرت۔

عیش و عشرت / نشاط: [ع امث] زندگی کے مزے / لطف ۲۔ عیاشی نفسانی خوشیاں

عیش و عشرت کا دن / روز آنا: [ا محاورہ] مزے اُڑانے کا زمانہ آنا۔

عیش و عشرت میں پڑنا: [ا محاورہ] زندگی کے مزے اٹھانا عیاشی کرنا۔

عیش و نشاط میں مشغول ہونا: [ا محاورہ] شراب و کباب گانے بجانے اور عورتوں کی صحبت کا لطف اٹھانا۔

عیش ہونا: [ا مص مرکب] مزے ہونا۔ لطف ہونا ۲۔ خوشی رہنا۔

عِین: [ع امث] دیکھئے "عینا" جس کی یہ جمع ہے۔ اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے۔

عَین: [ع امث] ۱۔ آنکھ۔ چشم۔ نین ۲۔ چشمہ ۳۔ سگا بھائی ۴۔ اصل جوہر ۵۔ حرف ع کا نام۔ ۶۔ صف۔ خاص ۷۔ بے حد ۸۔ پورا۔ (متعلق فعل) بجنسہٖ۔

عَینُ الثّور: [ع امذ] ایک ستارہ۔

عَینُ الحَیاتْ / الحَیوانْ ؛[ع امذ] آبِ حیات کا چشمہ۔
عَینُ الشَّمس ؛[ع امذ] ایک پھول۔
عَینُ الصَّوابْ :[ع امذ] درست رستہ۔ ۲۔ درست وجہ ۳۔ کوئی چیز۔ خود۔
عَینُ الکَمالْ ؛[ع امث] وہ نگاہ جو اچھی چیز کو نقصان پہنچائے چشم زخم۔ نظرِ بد۔
عَینُ المالْ ؛[ع امذ] اصل زر۔ اصل آمدنی۔ اصل رقم۔
عَینُ الیَقینْ ؛[ع امذ] وہ معاملہ جس پر آنکھوں سے دیکھ کر یقین کیا جائے۔
عَینْ بَینْ ؛[ع متعلق فعل] ہُو بہُو۔ بعینہٖ۔
عَینِ حامِیہ ؛[ع امذ] ایک چشمۂ فرضی جس میں خیال ہے سورج غروب ہوتا ہے۔
عَینِ صَلاحْ :[ع امذ] مخلص مشورہ/نصیحت۔
عَینِ صَوابْ ؛[ع متعلق فعل] بالکل ٹھیک۔ نہایت درست۔
عَینِ عِنایَتْ ؛[ع امث] اصل عنایت۔ مہربانی
عَینْ غَینْ ؛[ا رصف] بہت کم فرق۔ بالکل ایک جیسے۔ ہمشکل ۲۔ وہ جس کی آنکھ میں پھُلّی ہو ۳۔ اَحوَل
عَینِ کَمالْ ؛[ع امذ] کسی چیز کی بہترین حالت۔
عَینِ مَرضی ؛[ع امث] اصل مرضی۔ ذاتی مرضی۔
عَینِ مَقامْ ؛[ع امذ] ٹھیک جگہ۔
عَینِ مَقصود ؛[ع امذ] اصل مطلب
عَینْ مَینْ ؛[ا رمتعلق فعل] ہُو بہُو۔ بعینہٖ۔

عَینِ وَقت ؛[ع امذ] ٹھیک وقت۔ نازک وقت۔
عَینِ وَقت پر ؛[ا رمتعلق فعل] ٹھیک موقع پر، وقت معیّن پر ۲۔ ضرورت کے موقع پر
عَینَک [ــــ امث] آنکھ کا چشمہ۔ وہ ایک یا دو شیشے جو اصلاح نظر کے لئے آنکھ پر لگاتے ہیں۔ (افعال، ہٹانا۔ بلنا۔ بیچنا۔ توڑنا۔ ٹوٹنا۔ چڑھنا۔ چڑھانا۔ خریدنا۔ لگانا۔ لگنا) ۲۔ نشہ کی (شراب چڑھنا)
عَینَک باز ؛[عف صف] وہ جو شوقیہ عینک لگائے۔
عَینَک دان/خانہ ؛[ا رامذ] وہ خانہ جس میں عینک رکھتے ہیں۔
عَینَک فروش ؛[عف امذ] وہ شخص جو عینک بیچے۔
عَینَک لگا کر دیکھو :[ا رمقولہ] غور سے دیکھو۔
عَینی ؛[ع صف] ۱۔ دیکھا ہوا ۲۔ سگا۔ عَین سے منسوب
عَینی بھائی (مذ) بہن (مث) [ا رامذ مث] سگا بھائی/سگی بہن۔
عَینی شہادت ؛[ع امث] چشم دید گواہی۔
عَینی گواہ (عف امذ) وہ گواہ جس نے خود معاملہ دیکھا۔
عَینَین ؛[ع امث] عَین کا تثنیہ۔ دونوں آنکھیں۔
عَینیّت ؛[ع امث] اصل ذات یا اصل حقیقت۔

عُیُوب ؛[ع امذ] عَیب کی جمع۔ **عَیُّوق** :[ع امذ] ایک ستارے کا نام۔
عُیُون ؛[ع امذ] چشمے۔ آنکھیں عین کی جمع۔

غ

غ: [ع۔ اِ] اس کا نام غَین ہے۔ عین سے ممیز کرنے کے لئے غین معجمہ یا منقوط بھی کہتے ہیں

ا۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں پچیسواں اور فارسی میں بائیسواں حرف ہے عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتث میں انیسواں اور ترتیب ابجد میں اٹھائیسواں حرف ہے

۲۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳۔ عربی تقسیم کے مطابق قمری حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز دے گا۔ مثلاً "الغفار" میں

۴۔ حساب جمل میں اس کے ایک ہزار عدد مقرر ہیں۔

۵۔ علم نجوم میں ستاروں کے نوے درجے کے بُعد کو ظاہر کرتا ہے۔

۶۔ اس کے معنی گھٹا اور رسیاہی بھی آتے ہیں۔ شعراء اس سے بلبل ہزار داستان بھی مراد لیتے ہیں۔

۷۔ فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے۔

ا۔	پ	کا بدل مثلاً	پرویزن	اور	غرویزن	میں
ب۔	ج	″ ″ ″	مفلاج	اور	مغلاغ	میں
ج۔	خ	″ ″ ″	کیخ	اور	کیغ	میں
د۔	ز	″ ″ ″	گریز	اور	گریغ	میں
ہ۔	ش	″ ″ ″	شنج	اور	غنج	میں
و۔	ق	″ ″ ″	چقندر	اور	چغندر	میں
ز۔	ک	″ ″ ″	کژکاد	اور	غژکاد	میں
ح۔	ل	″ ″ ″	گلگونہ	اور	گلغونہ	میں
ط۔	م	″ ″ ″	علمچ	اور	غلغچ	میں
ی۔	و	″ ″ ″	کاوند	اور	کاغند	میں
ک۔	ہ	″ ″ ″	سپرہم	اور	سپرغم	میں

غ — ا

غاب: [ع۔ اِمذ] بن۔ بیں۔ جنگل "غابہ" کی جمع۔

غابِر: [ع۔ صف] ۱۔ باقی۔ گزشتہ ۲۔ گزرتا ہوا۔ جاری ۳۔ موخرالذکر۔

غابہ: [ع۔ اِمذ] دیکھئے "غاب" جس کا یہ واحد ہے۔

غاتیا/غاتیر: [ا۔ صف] فربہ اور کوتاہ قد آدمی۔

غاد: [ع۔ اِمذ] نرمی۔ صفائی

غادر: [ع۔ صف] بے وفا۔ عہد

غار: [ع۔ اِمذ] ۱۔ پہاڑ کی کھوہ ۲۔ پہاڑ میں بڑا سوراخ ۳۔ گڑھا ۴۔ جنگلی جانوروں کا سوراخ ۵۔ منہ کے اندر کا حصہ ۶۔ زخم۔ گھاؤ

غارِ ثور: [ع۔ اِمث] وہ غار جس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مکّہ سے ہجرت کے بعد تین دن رہے تھے۔

غارِ حرا: [ع۔ اِمذ] وہ غار جس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نزول وحی سے پہلے عبادت کیا کرتے تھے۔ پہلی وحی اسی غار میں نازل ہوئی تھی۔

غارِ غم: [ع۔ اِمث] قید خانہ ۲۔ گنہگار کی قبر۔

غارستان: [ع ف۔ اِمذ] وہ جگہ جہاں بہت سے غار ہوں۔

غار مغاک برابر کرنا: [ا۔ محاورہ] گڑھوں والی زمین کو ہموار کرنا۔

غارت: [ع۔ اِمث] ۱۔ وہ حملہ جو دشمن کے ملک میں کیا جائے ۲۔ لوٹ کھسوٹ ۔ مالِ غنیمت ۳۔ بربادی۔ تباہی ۴۔ (صف) تباہ و برباد۔ اکارت۔

غارت جانا: [ا۔ محاورہ] برباد ہونا تباہ ہونا ۲۔ لوٹا جانا۔

غارت غول: [ع۔ صف] تباہ و برباد۔ ستیاناس (افعال: کرنا۔ ہونا) ۲۔ نیست و نابود نظر سے چھپا ہوا۔ کھویا ہوا۔ ۳۔ (مذ) نقصان یا تباہی جو یکایک ہو۔

غارت فرمائے ہوش و شکیبائی: [ع ف۔ صف] صبر اور حواس کو تباہ کرنے والا۔ مجازاً معشوق۔

غارت کا مارا: [ا۔ صف] عورتیں خفگی ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں

غارت کرنا: [ا۔ مص مرکب] تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۲۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا ۳۔ اُجاڑنا ۴۔ تلف کرنا۔ ضائع کرنا ۵۔ منہدم کرنا ۶۔ نیست و نابود کرنا ۷۔ لوٹنا۔ لوٹ مار کرنا۔

غارت گاہ: [ع ف۔ اِمث] وہ جگہ جہاں لوٹ مار کی جائے

غارت گر: [ع ف۔ صف] لٹیرا۔ راہزن۔

غارت گر ایمان و دین: [ع ف۔ اِمذ] ۱۔ کنایۃً شیطان ۲۔ کنایۃً معشوق۔

غارت گر تاب و توان/جان عشاق/ دین و ایمان: [ع ف۔ اِمذ] کنایۃً معشوق

غارت گری: [ع ف۔ اِمث] دیکھئے "غارت گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

غارت گیا: [ا۔ صف] دیکھئے "غارت کا مارا"

غارت ہو: [بددُعا] ۱۔ اُجڑ جائے، برباد ہو جائے ۲۔ فنا ہو جائے۔ مر جائے۔

غارت ہوش: [ع ف۔ صف] کنایۃً خوبصورت حسین معشوق۔

غار تنگ: [ف۔ اِمذ] دروازے کی آگل۔

غارتی: [ع۔ صف] دیکھئے غارت کا مارا۔

غاریقون: [ف۔ اِمث] ۱۔ کھمبی ۲۔ ایک مسہل دوا۔

غازہ: [ف۔ اِمذ] ایک قسم کا خوشبودار گلابی سفوف جو عورتیں خوبصورتی کیلئے رخساروں پر ملتی ہیں

غازہ کار: [ف ف۔ صف] غازہ ملنے والا۔

غازہ کاری: [ف ف۔ اِمث] غازہ ملنا۔

غازی: [ع۔ صف] ۱۔ غزا کرنے والا ۲۔ کافروں سے لڑنے والا مسلمان۔ کفار کو قتل کرنے والا فتح مند مسلمان ۳۔ بہادر سپاہی۔ سورما۔ شجاع ۴۔ نٹ۔ بازی گر۔

غازی مرد: [ع ف۔ صف] ۱۔ بہادر آدمی ۲۔ کنایۃً گھوڑا۔

غازی میاں: [ع ا۔ اِمذ] محمود غزنوی کے بھانجے سالار مسعود کا خطاب جن کے نام پر بہرائچ میں چھڑیاں کھڑی کرتے ہیں اور میلہ لگتا ہے

غازی میاں دم مدار: [ا۔ اِمذ] شاہ مدار کے ماننے والے فقیروں کا نعرہ۔

غاشیہ: [ع۔ اِمذ] ۱۔ پردہ ۲۔ زین پوش ۳۔ قیامت

غاشیہ بردار: [ع ف۔ صف] زین پکڑ کر چلنے والا سائس۔ خادم۔ غلام۔ مطیع۔

غاشیہ برداری: [ع ف۔ اِمث] دیکھئے "غاشیہ بردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

غاشیہ بر دوش: [ع ف۔ صف] فرماں بردار۔ مطیع۔ حکم ماننے والا۔

غاشیہ بردوشی: [عف امث] دیکھئے "غاشیہ بردوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

غاشیہ دار: [عف صف] ۱۔ دیکھئے "غاشیہ بردار" ۲۔ کنایۃً جبرئیل علیہ السلام جو شب معراج پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے براق کے ہمراہ تھے۔

غاصب: [ع صف] دوسرے کا حق مارنے والا۔ زبردستی کسی کی چیز چھین لینے والا۔

غافر: [ع صف] ۱۔ چھپانے والا ۲۔ گناہ معاف کرنے والا

غافل: [ع صف] بے فکر۔ بے پروا۔ کم توجہ۔ بے خبر (انفعال: رہنا۔ ہونا)

غالب: [ع صف] ۱۔ زبردست۔ مغلوب کرنے والا ۲۔ جیتنے والا۔ فاتح ۳۔ سبقت لے جانے والا۔ فائق ۴۔ اکثر۔ زیادہ ۵۔ (امذ) اردو اور فارسی کے مشہور شاعر مرزا اسد اللہ خاں کا تخلص۔

غالب آنا: [ا محاورہ] جیتنا۔ زیر کرنا۔ سبقت لے جانا

غالب رہنا / ہونا: [ا محاورہ] چھایا ہونا یا رہنا۔ مسلط ہونا۔ فتح مند رہنا یا ہونا

غالب ہے: [ا محاورہ] قوی گمان ہے۔ یقین کے قریب ہے۔

غالباً: [ع متعلق فعل] بالضرور۔ قوی گمان سے۔

غالبانہ: [عف متعلق فعل] فتح مندی سے۔ کامیابی سے۔ زبردست کی مانند۔

غالی: [ع صف] ۱۔ غلو کرنے والا۔ حد سے گزرنے والا۔ بے حد مبالغہ کرنے والا۔ ۲۔ قیمتی۔ زیادہ ۳۔ (امذ) شیعوں کا ایک فرقہ جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خدا کا اوتار خیال کرتا ہے ۴۔ قالین۔

غالیچہ: [عف امذ] ۱۔ غالی کی تصغیر ۲۔ چھوٹا قالین۔

غالیہ: [ع امذ] ۱۔ ایک خوشبو جو عنبر مشک اور کافور وغیرہ سے مرکب ہوتی ہے ۲۔ مشک بلاؤ۔

غالیہ دان: [عف امذ] غالیہ رکھنے کی ڈبیا۔ عطر دان۔

غالیہ مُو: [عف صف] ۱۔ خوشبودار بالوں والا ۲۔ کنایۃً معشوق۔

غامر: [ع صف] اُجاڑ۔ ویران۔ عامر کی ضد ۲۔ خود کو خطرے میں ڈالنے والا۔

غامض: [ع صف] مشکل کام۔ جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔ گہرے (معنی کے ساتھ)

غانماً: [ع متعلق فعل] حاصل کئے ہوئے۔ حالت کامیابی میں

غائب: [ع صف] ۱۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا ۲۔ غیر حاضر۔

غائب باز: [عف صف] ۱۔ غائبانہ شطرنج کھیلنے والا۔

غائب بازی: [عف امث] دیکھئے "غائب باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

غائب غلّہ: [ا صف] بالکل غائب (انفعال: کرنا۔ ہونا)

غائب کرا دینا: [ا محاورہ] مخفی کرا دینا۔ اُڑوا دینا۔

غائب کرنا: [ا محاورہ] مخفی کرنا۔ اُڑانا۔ چُرانا۔

غائب کھیلنا: [ا محاورہ] بے دیکھے شطرنج کھیلنا۔

غائب ہونا: [ا محاورہ] ۱۔ پوشیدہ ہونا۔ روپوش ہونا ۲۔ جاتا رہنا۔ چوری ہونا ۳۔ حاضر نہ ہونا۔ موجود نہ ہونا۔

غائر: [ع صف] ۱۔ نشیب ۲۔ گہرا۔ وسیع

غائط: [ع صف] ۱۔ نشیب ۲۔ میدان ۳۔ پاخانہ۔ گُوہ۔

غائی: [ع صف] دیکھئے "غایت" جس سے یہ منسوب ہے۔

غایت: [ع امث] ۱۔ غرض۔ مطلب ۲۔ انتہا۔ انجام۔ آخری سرا ۳۔ بہت۔ بعید۔ حد سے زیادہ

غایت الامر: [ع متعلق فعل] آخر کار۔ انجام کار

غایت درجہ: [عف صف] بے حد انتہائی۔

غایت ما فی الباب: [ع امث] اس معاملے میں انتہائی بات

غ — ب

غِب: [ع امث] باری کی تپ۔ نوبتی بخار۔

غُبار: [ع امذ] ۱۔ گرد۔ دھول ۲۔ کدورت۔ رنج۔ ملال ۳۔ تیرگی۔ خیرگی ۴۔ ایک خط کا نام۔

غُبار آلود، آلودہ: [عف صف] گرد میں بھرا ہوا۔ مٹی سے اٹا ہوا۔

غُبار آنا: [ا محاورہ] کدورت یا رنج پیدا ہونا۔

غُبار اُٹھنا: [ا محاورہ] زمین سے گرد بلند ہونا۔ آندھی اُٹھنا۔

غُبار بڑھانا: [ا محاورہ] ملال زیادہ کرنا۔ رنج بڑھانا۔

غُبار بیٹھنا: [ا محاورہ] اُڑی ہوئی گرد کا بیٹھ جانا۔

غُبار چھانا: [ا محاورہ] گرد کا پھیلنا۔ گرد کا کسی جگہ اکٹھا ہونا یا چادر سی بننا۔

غُبار خاطر: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] دل کی کدورت۔ رنج۔

غُبار رکھنا: [ا محاورہ] کدورت رکھنا۔ رنج رکھنا۔

غُبار نکالنا: [ا محاورہ] رنج کی باتیں کرنا۔ شکوہ شکایت کرنا۔ بیر نکالنا۔

غُبار نکلنا: [ا محاورہ] دیکھئے "غبار نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

غُبار ہونا: [ا محاورہ] ۱۔ آسمان پر گرد ہونا ۲۔ دو شخصوں کی آپس میں رنجش ہونا۔ ۳۔ آنکھوں سے کم نظر آنا۔

غُبارا / غُبارہ: [ا امذ] ایک قسم کی آتش بازی ۲۔ باریک کاغذ کا بنا ہوا تھیلا جس کے اندر تیل کی بھیگی ہوئی گیند روشن کرکے ہوا میں اڑاتے ہیں ۳۔ ایک قسم کا ہوائی جہاز (انگریزی balloon کا ترجمہ) ۴۔ ربڑ کی تنگ منہ کی تھیلی جس میں ہوا یا گیس بھری جاتی ہے اور عموماً بچے اس سے کھیلتے ہیں۔

غُبارے سے ہوا نکلنا: [ا محاورہ] شیخی کرکری ہونا۔ غرور ٹوٹنا۔

غُبارے سے ہوا نکالنا: [ا محاورہ] دیکھئے "غبارے سے ہوا نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

غَباوت: [ع امث] دیکھئے "غبی" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

غِبطہ: [ع امذ] ۱۔ رشک کرنا۔ برابری کی خواہش ۲۔ کسی کا زوال چاہے بغیر اس جیسا بننے کی آرزو کرنا۔

غَبغَب: [ع امذ] ۱۔ ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا گوشت ۲۔ مرغ کا گوشت جو نیچے لٹکا ہوا ہو

غَبن: [ع امذ] خورد برد۔ خیانت۔ (انفعال: کرنا۔ ہونا)

غَبن فاحش: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] صریح خسارہ۔ بڑا نقصان۔

غَبی: [ع صف] کند ذہن۔ دیر میں سمجھنے والا۔ کم عقل۔ بیوقوف۔ کمزور حافظہ والا۔

غ — پ

غَپ: [ا امث] ۱۔ دیکھئے "گپ" جو صحیح ہے ۲۔ جلدی سے حلق میں اتر جانے کی آواز۔

غَپ شَپ: [ا امث] جھوٹی بات۔ لغو اور بیہودہ بات۔ ادھر ادھر کی بات (صحیح گپ شپ)

غَپّا: [ا امذ] ۱۔ دھوکا (انفعال: دینا۔ کھانا) اڑتے ہوئے پتنگ کے چھوٹے ... کے بعد ڈور کھینچنے کا عمل۔

غپاغپ: [متعلق فعل] ۱۔ متواتر۔ پے در پے ۲۔ کسی چیز کے کسی ملائم چیز کے اندر اترنے کی لگاتار آواز۔
غپّی: [ا رصف] دیکھئے "گپّی" جو صحیح ہے۔

غ — ت

غتر بُود/غت ربود: [ا رصف] بلا جلا۔ گڈ۔ مڈ۔ خراب (افعال؛ کرنا۔ ہونا)

> کہ سعدی کہ گوئے بلاغت ربود
> در ایام ابو بکر بن سعد بُود

سعدی کے اس شعر کے مصرع اوّل کو کسی احمق نے پڑھتے ہوئے توڑ کر "گوئے بلا" اور "غت ربود" کی صورت میں پڑھا جس سے مطلب خبط ہو گیا۔ جس سے یہ لفظ مشہور ہو گیا۔

غ — ٹ

غٹ: [ا رامذ] ۱۔ جتھا۔ ٹولی۔ گروہ۔ ہجوم ۲۔ نگلنے یا حلق میں اترنے کی آواز ۳۔ صراحی سے شراب یا پانی وغیرہ نکلنے کی آواز۔
غٹ غٹ: [ا رامث] وہ آواز جو پانی یا کوئی رقیق چیز پینے وقت انسان کے گلے سے نکلتی ہے۔
غٹ غٹ پینا: [ا رمحاورہ] بغیر گھونٹ لئے جلد جلد پی جانا۔
غٹ غٹ چڑھانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "غٹ غٹ پینا"
غٹا غٹ: [ا رامث۔ صوت] متواتر پینے کی آواز۔
غٹ پٹ: [ا رصف] گتھم گتھا۔ (افعال؛ ہونا)
غٹ کے غٹ: [ا رصف] کثرت سے۔ غول کے غول۔
غٹر غٹر: [ا رامث] مزے سے لے کر۔ گھونٹ لئے بغیر۔
غٹر غٹر پینا: [ا رمحاورہ] مزے لے لے کر پینا۔ غٹ غٹ پینا۔
غٹر غٹر دیکھنا: [ا رمحاورہ] مزے سے بے کھٹکے دیکھنا۔
غٹر غٹر سننا: [ا رمحاورہ] مزے لے کر سننا۔
غٹر غوں/غٹ غوں: [ا راصوت مث] کبوتر کے بولنے اور گونجنے کی آواز۔
غٹک جانا: [ا رمحاورہ] نگل جانا۔ جلدی سے کھا پی جانا۔

غ — ث

غث: [ع صف] دُبلا۔ لاغر۔
غث و سمین: [ع صف] کھرا کھوٹا۔ رطب و یابس۔
غثی: [ع امث] غشی ہونا۔ دل متلانا۔
غثیان: [ع امذ] متلی ۲۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔

غ — چ

غچ: [ا راصوت مث] تلوار چاقو وغیرہ کے گوشت میں داخل ہونے کی آواز ۲۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔
غچا: [ا رامذ] دھوکا۔ فریب۔ جُل۔ (افعال؛ دینا۔ کھانا)
غچا غچ: [ا راصوت مث] تلوار کے جسم پر متواتر پڑنے کی آواز ۲۔ کیچڑ میں گھسنے یا دلدل میں پاؤں رکھ کر نکالتے کی آواز ۳۔ جماع کرنے کی آواز۔
غچا کا: [ا رصف] ۱۔ بھرے جسم کا۔ موٹا تازہ ۲۔ (امذ) گوشت میں چھری گھسنے کی آواز۔
غچ غچ/غچ پچ: [ا رامث] بھیڑ۔ کھچا کھچ۔ ازدحام۔
غچلی: [ا رصف] گندہ۔ میلا۔ غلیظ۔ کثیف۔

غ — د

غد: [ع متعلق فعل] آئندہ۔ کل۔ آنے والی کل۔
غدا: [ع امذ] ناشتہ۔ نہاری۔
غداة: [ع امث] صبح۔ سویرا۔ فجر۔
غدّار: [ع صف] ۱۔ بے وفا۔ مفسد۔ باغی۔ نمک حرام ۲۔ شہر کی صفت) بہت بڑا۔ بہت وسیع۔
غدّاری: [عف امث] دیکھئے "غدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غدر: [ع امذ] بغاوت۔ بلوہ۔ ہنگامہ (افعال؛ کرنا۔ ہونا۔ پڑنا۔ ڈالنا۔ مچنا۔ مچانا)
غدری: [ا رصف ق] غدّار۔ بے وفا۔
غدود: [ا رامذ] دیکھئے "غدّہ" جس کا یہ مورد ہے۔
غدّہ: [ع امذ] جسم کے اندر کی گانٹھ۔ گٹھلی۔ گوشت کی گرہ۔ گرمٹ۔
غدیر: [ع امذ] تالاب۔ جوہڑ۔ جھیل۔ نشیبی زمین۔ گڈھا۔ حوض۔ ڈھلوان۔
غدیر خم: [ع امذ] دیکھئے "عید غدیر"

غ — ذ

غذا: [ع امث] کھانا۔ خوراک۔
غذا لگنا: [ا رمحاورہ] غذا کا بدن پر اثر ہونا۔ غذا کا جزو بدن ہونا۔
غذا چبانا/کھانا/نوش کرنا: [ا رمص مرکب] غذا کو دانتوں سے پیسنا یا کھانا۔
غذائے ثقیل: [ع امث بہ ترکیب فارسی] وہ کھانا جو دیر بعد ہضم ہو۔
غذائے لطیف: [ع امث بہ ترکیب فارسی] ہلکی غذا۔ زود ہضم غذا۔
غذائی: [ع صف] دیکھئے "غذا" جس سے یہ منسوب ہے۔
غذائیات: [عف امث] غذا سے متعلق چیزیں یا باتیں ۲۔ کھانے پینے کی چیزیں۔
غذائیت: [عف امث] کسی شے میں غذا کا عنصر پایا جانا۔ حاصل غذا ۲۔ غذا ہونے کی حالت۔

غ — ر

غرّا: [ع صف] ۱۔ سفید۔ روشن۔ واضح ۲۔ مشہور۔ جیّد۔
غرّا: [ع امذ] دیکھئے "غرّہ"
غراب: [ع امذ] ۱۔ کوّا۔ زاغ۔ پہاڑی کوّا ۲۔ ایک قسم کی کشتی/جہاز۔

غُراب البَین: [ع امذ] ایک پرندہ جس کے پنجے اور چونچ سُرخ ہوتی ہے۔ اہلِ عرب کا خیال تھا کہ جس مکان پر یہ پرندہ بولتا ہے اسکے مکینوں میں جدائی ہوجاتی ہے۔
غَرابَت: [ع امث] انوکھاپن عجیب ہونا نامانوس ہونا ۲۔ نظم یا نثر میں نامانوس الفاظ لانا۔
غَراٹا: [ا امذ] پانی کی زور کی آواز جو گرداب میں سے / یا تیز بہنے سے نکلتی ہے۔
غَرارہ: [ع امذ] ۱۔ سفید ہونا ۲۔ ناتجربہ کار ہونا ۳۔ زنانہ پوشاک ۴۔ زرہ کے نیچے پہننے کی ڈھیلی پوشاک ۵۔ ایک قسم کا ڈھیلا پاجامہ ۶۔ حلق میں پانی ڈالکر غرغر کی آواز نکال کر کُلّی کرنا (افعال: کرنا)، ۷۔ غرارہ کرنے کی دوائیں ۸۔ شاملانے کی چوب کا غلاف ۹۔ کپڑے کی تھیلی۔
غَرارے دار پاجامہ: [ا امذ] کھلے / ڈھیلے پائنچوں کا پاجامہ۔
غَرّاز: [ف صف] مغرور۔ متکبر ۲۔ بہادر۔ شجاع اصل گراز ہے جس کا بگاڑ ہے۔
غَرام: [ع امذ] ۱۔ عشق۔ شیفتگی ۲۔ ہلاکت۔ عذاب۔
غَرّال: [ف صف] شور مچانے والا۔ دڑوکنے والا۔ دھاڑنے والا۔ ڈکارنے والا۔ گرجنے والا
غَرّانا: [ا مص] غصّے کی آواز نکالنا ۲۔ شیر۔ بلی۔ کتے وغیرہ کا غصہ میں منہ بند کرکے آواز نکالنا ۳۔ جس سے فائدہ ہو اسی کو بُرا کہنا ۴۔ کفرانِ نعمت کرنا ۵ غصے میں کہنا ۶۔ غرّاہٹ۔
غَرّاہَٹ: [ا امث] غُرّانے کی آواز۔
غَرائب: [ع صف] دیکھئے "غریبہ" جس کی یہ جمع ہے۔
غُروب: [ع امذ] ۱۔ سورج ڈوبنے کی جگہ ۲۔ مغرب۔ پچھم
غُربا: [ع امذ] ۱۔ دیکھئے "غریب" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ مساکین۔
غِربال: [ع امث] چھلنی۔ گربال کا معرب ہے۔
غِربالِ آبگوں: [عف امذ] آسمان۔
غُربَت: [ع امث] ۱۔ سفر۔ مسافری۔ بے وطنی ۲ (ا ر) محتاجی۔ کنگال۔ تنگدستی ۳۔ بردباری۔ عاجزی۔ انکسار۔
غُربَت اندر وطن: [عف۔ امذ] صوفیوں کی اصطلاح ۱۔ انسان کا صفاتِ خداوندی میں محو ہوکر صفاتِ بشری سے الگ ہوجانا۔
غُربَت دیدہ / زدہ: [عف صف] وہ جو وطن سے دُور ہو۔ مصیبت زدہ۔
غَربی: [ع صف] غرب سے منسوب۔ مغرب کا۔
غَربیلہ: [ف امذ] ناز۔ نخرا۔
غَرچپہ: [ا امث ق] گھنی جھاڑی۔
غَرچہ: [ف صف] ۱۔ غافل۔ بیوقوف ۲۔ بدنام ۳۔ گانڈو۔ ہیجڑا ۱۔ نامرد ۴۔ دیوث
غَرش: [ف صف] غرّاہٹ۔ ہیبت۔
غَرَض: [ع امث] ۱۔ ضرورت۔ حاجت۔ پروا ۲۔ مقصد۔ ارادہ ۳۔ خواہش۔ مطلب ۴۔ متعلق فعل حاصل کلام۔ قصہ کوتاہ۔
غَرَض آشنا / آلود / آمیز: [ع صف] خود غرض۔
غَرَض اٹکانا: [ا محاورہ] دیکھئے "غرض اٹکی ہونا / اٹکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
غَرَض اٹکنا / اٹکی ہونا: [ا محاورہ] کسی سے کسی کام کا رُکا ہونا ۲۔ حاجت ہونا۔ پروا ہونا۔
غَرَض باؤلا: [ا صف] حاجت مند۔ مطلب کا غلام۔
غَرَض باؤلی ہے: [ا رشل] حاجت مند آدمی پاگل ہوتا ہے۔ وہ اپنی غرض پوری کرنے کے لئے کسی بات سے نہیں ہچکچاتا۔
غَرَض پڑنا: [ا محاورہ] کسی سے کچھ کام ہونا ۲۔ حاجت ہونا۔ خواہش ہونا۔
غَرَض پڑنے سے آدمی باؤلا ہو جاتا ہے: [ا رشل] ضرورت کے وقت آدمی دیوانوں کی طرح کام کرتا ہے
غَرَض جتانا: [ا محاورہ] حاجت یا ضرورت سے آگاہ کرنا۔ کچھ مانگنا۔
غَرَض دو گر نہ عذابست جانِ مجنوں را / بلائے صحبتِ لیلٰے و فرقتِ لیلٰے: [ف مثل] مجنوں کی جان کو دوہرا عذاب ہے۔ لیلیٰ کی صحبت کی بلا اور لیلیٰ کی جدائی ہر طرح مشکل ہے۔
غَرَض ڈالنا: [ا محاورہ] حاجت ڈالنا۔ کسی کے متعلق کوئی کام ڈالنا۔
غَرَض رکھنا: [ا محاورہ] ۱۔ امید رکھنا ۲۔ مطلب رکھنا ۳۔ واسطہ رکھنا۔ تعلق رکھنا۔
غَرَض کا آشنا / دوست / یار: [ا امذ] مطلبی دوست۔ خود غرض دوست۔
غَرَض کا باؤلا اپنی ہی گائے: [ا رشل] غرض مند اپنی ہی بات کی دُھن رکھتا ہے۔
غَرَض کہ / غرضیکہ: [ع متعلق فعل] حاصل مطلب یہ ہے قصہ مختصر یہ ہے۔
غَرَض کے لئے گدھے کو باپ بناتے ہیں: [ا رشل] حاجت مند کو رذیل کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔
غَرَض مند: [عف صف] حاجت مند۔ ضرورت مند۔ خواہش مند
غَرَض مند باؤلا ہوتا ہے: [ا رشل] دیکھئے "غرض باؤلی ہے" جس کی یہ مذکر ہے۔
غَرَض مند کرے یا درد مند کرے: [ا رشل] یا تو جسے کچھ کام ہو وہ مدد کرتا ہے یا خیر خواہ۔
غَرَض نکالنا: [ا محاورہ] دیکھئے "غرض نکلنا" جس کا متعدی ہے۔
غَرَض نکلنا: [ا محاورہ] حاجت پوری ہونا۔
غَرَض نکلی آنکھ بدلی: [ا رشل] مطلب نکل جانے کے بعد پروا نہ کرنا۔
غَرَض والا اپنی گائے: [ا رشل] حاجت مند اپنے مطلب سے کام رکھتا ہے۔
غَرَض ہونا: [ا محاورہ] واسطہ ہونا۔ تعلق ہونا۔
غَرَضی: [ع صف] مطلبی۔ خود غرضی۔
غَرغَر: [ا امث] غرّانے کی آواز۔ (افعال: کرنا ہونا۔
غَرغَرہ: [ع امذ] دیکھئے "غرارہ ۶،۷"
غُرفش: [ا امث] "غرّش" کا مورد ۱۔ کتے۔ شیر یا بلی کی غصّے بھری آواز ۲۔ تکرار۔ غصہ آمیز باتیں۔ دھمکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔
غُرفش کرنا / لانا: [ا محاورہ] دھمکانا۔ دھمکی دینا ۲۔ تکرار کرنا۔
غُرفہ: [ع امذ] دریچہ۔ کھڑکی۔ جھروکا ۲۔ بالاخانہ ۳۔ بہشت ۴۔ تھیٹر میں ایک بکس۔
غَرق: [ع صف] ۱۔ ڈوبا ہوا۔ غریق ۲۔ مصروف مشغول۔ منہمک ۳۔ نشہ میں چور۔
غَرق بحر / دریائے تعجب / حیرت ہونا: [ا محاورہ] سخت متعجب ہونا۔ حیران ہونا۔
غَرق بحر / دریائے حُسن ہونا: [ا محاورہ] نہایت خوب صورت ہونا۔
غَرق عرقِ ندامت ہونا: [ا محاورہ] ندامت سے پسینے میں ڈوبا ہوا ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
غَرق فنا ہونا: [ا محاورہ] مرجانا۔
غَرق کرنا: [ا مص مرکب] ڈبونا۔
غَرق ہونا: [ا مص مرکب] ۱۔ ڈوبنا ۲۔ مصروف ہونا۔
غَرقاب: [عف صف] پانی میں ڈوبا ہوا۔

غَرقِیْ :[ع صف] عرقی ۔ ڈوبا ہوا
غَرق :[ع صف] ا۔ ڈوبا ہوا ۲۔ دست، کم عرض کی لنگوٹی ۳۔ ایک قسم کا عود ۴۔ پانی میں ڈوبی ہوئی زمین ۵۔ سیلاب
غَرق آنا :[ا رمحاورہ] سیلاب آنا
غَرق میں آنا :[ا رمحاورہ] ڈوبنا۔
غُرِّندہ :[ف صف] غرّانے والا۔ غرّان۔
غُروب :[ع امذ] چاند یا سورج کا ڈوبنا / چھپنا ۲۔ مغرب، پچھم (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
غُرور :[ع امذ] ا۔ فریب۔ مکر ۲۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ خود بینی۔ فخر۔ عجب۔ ابھیمان۔ گرب۔ نخوت۔ اکڑ۔ اینٹھ (افعال۔ آنا۔ کرنا۔ ہونا)
غرور توڑ دینا / توڑنا :[ا رمحاورہ] تکبر زائل کرنا۔ گھمنڈ ختم کرنا
غرور ٹوٹ جانا / ٹوٹنا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرور توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
غرور ڈھا دینا / ڈھانا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرور توڑنا"
غرور ڈھے جانا / ڈھینا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرور ڈھا دینا / ڈھانا" جس کا یہ لازم ہے
غرور مٹا دینا / مٹانا / نکال دینا / نکالنا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرور توڑ دینا / توڑنا"
غرور مٹ جانا / مٹنا / نکل جانا / نکلنا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرور ٹوٹ جانا / ٹوٹنا"
غرور کو دل میں جگہ نہ دینا :[ا رمحاورہ] تکبر نہ کرنا۔
غُرّہ :[ع امث] ا۔ سفیدی۔ چمک۔ چاند کی پہلی رات۔ چاند رات ۲۔ ناغہ۔ تعطیل۔ ۳۔ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو ایک درہم سے زیادہ ہو۔
غُرّہ بتانا :[ا رمحاورہ] غیر حاضری کرنا۔ ناغہ کرنا۔ ٹال جانا ۲۔ فاقہ کرنا۔
غُرّہ دینا :[ا رمحاورہ] ناغہ کرنا۔ فاقہ کرنا۔
غُرّہ کرنا :[ا رمحاورہ] روزمرہ کرنے کا کام ایک دن نہ کرنا۔ ناغہ کرنا۔ فاقہ کرنا۔
غِرّہ :[ع امذ] غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ۲۔ فریفتہ ہونا۔
غرہ توڑنا :[ا رمحاورہ] غرور توڑنا۔ شکست دینا
غرہ ٹوٹنا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرور ٹوٹنا"
غرہ ڈھانا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرہ توڑنا"
غرہ ڈھینا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرہ ٹوٹنا"
غرہ کرنا :[ا رمحاورہ] غرور کرنا۔
غرہ مٹانا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرور مٹانا"
غرہ مٹنا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرور مٹنا"
غرہ ہونا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "غرہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے
غرّے ڈبے :[ا رامذ] دھمکی۔ ڈرانا۔
غَریب :[ع صف] ا۔ نادر۔ عجیب ۲۔ مسکین۔ عاجز ۳۔ مفلس۔ نادار ۴۔ سیدھا سادا ۵۔ مسافر ۶۔ اجنبی۔ نامانوس
غریبُ الدّیار / الوطن :[ع صف] مسافر۔ پردیسی۔ بے گھر
غریبُ الدّیاری / الوطنی :[ع امث] دیکھئے "غریب الدّیار / الوطن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
غریب پرور :[ف صف] بیکس کی پرورش کرنے والا۔ حاکم۔ افسر۔
غریب پروری :[ف امث] دیکھئے "غریب پرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غریب حرام زادہ :[امذ] وہ شخص جس کی صورت مسکینوں کی سی ہو اور اعمال بدمعاشوں جیسے ہوں۔
غریب خانہ :[ف امذ] اپنا گھر (انکسار کا کلمہ)
غریب زادہ :[ف امذ] غریب کا لڑکا ۲۔ رنڈی کا بیٹا۔ حرام زادہ۔
غریب غربا :[ع امذ] محتاج۔ مفلس لوگ۔
غریب کی جورو سب کی بھابی :[ا رمثل] غریب پر سب کا زور چلتا ہے۔
غریب نواز :[ف صف] دیکھئے "غریب پرور"
غریب نوازی :[ف امث] دیکھئے "غریب نواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غریبوں نے روزے رکھے دن بڑے ہو گئے :[ا رمثل] نیک کام میں دشواری پیدا ہونا۔ مفلس کو ہزار مصیبتیں۔ مصیبت میں مصیبت آتی ہے۔ غریبوں کی شامت آئی
غریبا مئو :[ا رامذ صف] دال دلیا غریبوں جیسا۔ روکھا سوکھا۔ غریبوں کی بستی
غریبانہ :[ف صف] غریب کی مانند۔ غریبوں جیسا۔
غریبہ :[ع صف] دیکھئے "غریب" جس کی یہ تانیث ہے
غریبی :[ف امث] محتاجی۔ مفلسی ۲۔ مسافرت۔ عاجزی۔
غریبی آنا :[ا رمحاورہ] محتاج ہونا
غریزت :[ع امث] سرشت۔ طبیعت۔ فطرت۔
غریزی :[ع صف] طبعی۔ فطری۔ حقیقی۔
غریق :[ع صف] ڈوبا ہوا۔ سمایا ہوا۔
غریقِ رحمت :[ع صف] مرحوم۔ مغفور۔ رحمتِ خداوندی میں ڈوبا ہوا۔ (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
غریو :[ف امذ] ا۔ فریاد ۲۔ گرج۔ شور۔ چیخ و پکار۔

غ — ڑ

غڑاپ :[ا رامذ] پانی میں ڈوبنے کی آواز
غڑاپ سے :[ا رمتعلق فعل] جلدی سے۔ آناً فاناً۔
غڑپ :[ا رامث] ڈوبنے کی آواز۔ پلک جھپکتے۔ آناً فاناً۔
غڑپ شڑپ :[ا رصف] جلدی کھا جانا۔ جلد جلد باتیں کرنا۔
غڑپ ہونا :[ا رمحاورہ] غوطہ لگانا۔

غ — ز

غَزا :[ع امذ] مذہبی جنگ۔ جہاد۔
غُزاۃ :[ع صف] دیکھئے "غازی" جس کی یہ جمع ہے
غَزال :[ع امذ] ہرن کا بچہ ۲۔ ہرن۔
غزالِ چشم :[ع ف صف] بڑی آنکھوں والا۔ ہرن کی سی آنکھوں والا۔ معشوق۔
غزالِ ختن :[ع ف صف] شہر ختن کا آہو۔ معشوق
غزالِ رعنا :[ع ف صف] معشوق۔
غزالِ شہری :[ع ف صف] کنایۃً معشوق۔
غزالِ صحرا / صحرائی :[ع ف صف] کنایۃً معشوق
غزالِ کعبہ :[ع امذ بہ ترکیب فارسی] سونے کا ہرن جو زمانہ جاہلیت میں زمزم میں پایا جاتا تھا اور اسے کعبہ میں ٹکا دیا گیا تھا۔

غزالہ: [ع امث] ہرن کا مادہ بچہ۔ "غزال" کی تانیث۔
غزر: [ع امث] ٹولری
غَزَل: [ع امث] ۱عورتوں سے باتیں کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا ۲۔ نظم کی ایک صنف جس میں عشق ومحبت کا ذکر ہوتا ہے۔ جس کا ہر شعر جداگانہ مضمون کا حامل ہوتا ہے یہ ہر بحر میں لکھی جاسکتی ہے۔ اس کا پہلا شعر مطلع اور آخری مقطع کہلاتا ہے۔ (اب غزل میں ہر قسم کے مضمون باندھے جاتے ہیں مگر زبان ایسی ہونی چاہیئے جو غزل سے مناسب رکھتی ہو)
غزل بنانا: [ار محاورہ] غزل کی اصلاح کرنا۔
غزل پرداز: [عف صف] غزل گو شاعر۔
غزل پردازی: [عف امث] غزل گوئی شاعری۔
غزل پڑھنا: [ار محاورہ] غزل سنانا۔
غزل پھیکی پڑ جانا/غزل ٹھنڈی ہو جانا: [ار محاورہ] دوسرے غزل پردازوں کے مقابلہ میں غزل کا رنگ نہ جمنا۔
غزل چمکانا: [ا محاورہ] غزل کو اصلاح دے کر بہتر بنا دینا۔
غزل چمکنا: [ار محاورہ] دیکھئے "غزل چمکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
غزل خواں: [عف صف] غزل پڑھنے والا۔
غزل خوانی: [عف امث] دیکھئے "غزل خواں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غزل دکھانا: [ار محاورہ] غزل پر کسی سے اصلاح لینا۔
غزل سرا: [عف صف] ترنم سے غزل پڑھنے والا غزل گانے والا
غزل سرائی: [عف امث] دیکھئے "غزل سرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غزل سست پڑنا: [ار محاورہ] مضمون کے اعتبار سے غزل کا شوخ نہ ہونا۔
غزل سیر کہنا: [ار محاورہ] بہت بڑی غزل کہنا **غزل کہنا**: [ار محاورہ] غزل تصنیف کرنا۔ غزل کے شعر کہنا۔ **غزل کہلوانا**: [ار محاورہ] دیکھئے "غزل کہنا" جسکا یہ متعدی ہے۔
غزل گو: [عف صف] غزل لکھنے یا سنانے والا۔
غزل گوئی: [عف امث] دیکھئے "غزل گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
غزل لکھنا: [ار محاورہ] ۱۔ غزل کہنا ۲۔ غزل کو کاغذ پر لکھنا
غزلِ مسلسل (ع امث بہ ترکیب) وہ غزل جس میں کوئی مضمون مسلسل بیان کیا گیا ہو۔ قطعہ بند غزل۔
غزلیات: [ع امث] دیکھئے "غزل" جس کی یہ جمع ہے
غزلیت: [ع امث] غزل کی کیفیت یا خوبی۔
غزوہ: [ع امذ] وہ جہاد جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شریک ہوئے ۲ دینی جنگ۔

غ ـــ س

غسّال: [ع امذ] ۱نہلانے والا ۲۔ مُردے کو نہلانے والا
غسّالہ: [ع امث] نہلانے والی ۲۔ مُردوں کو نہلانے والی (غسّال کی تانیث)
غُسالہ: [ع امذ] وہ پانی جس سے ہاتھ منہ دھویا جائے اور بعد دھونے کے اس کو پھینک دیا جائے۔ وہ پانی جس سے کچھ دھویا گیا ہو
غُسل: [ع امذ] نہانا۔ اشنان۔ جسم کو دھونا۔
غسل خانہ: [عف امذ] نہانے کا کمرا۔ حمام۔ باتھ روم۔
غسل دینا: [ار محاورہ] مردے کو نہلانا۔ نہلانا۔
غسلِ صحت: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] بیماری سے شفا پاکر نہانا۔ اچھا ہونے کی تقریب منانا
غسل کرنا: [ا مصدر مرکب] نہانا۔
غسل کی حاجت ہونا: [ار محاورہ] احتلام ہو جانا۔ بدن ناپاک ہو جانا۔
غسلِ میّت: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مُردے کو نہلانا۔

غ ـــ ش

غش: [ع امذ] بے ہوشی۔ ناطاقتی۔
غش آنا/آجانا/پڑنا/کرنا: [ار محاورہ] بے ہوش ہو جانا۔ حواس کھو بیٹھنا۔ گم سُم رہ جانا۔ حیرت زدہ ہونا۔ غشی طاری ہو جانا۔
غش پر غش آنا: [ار محاورہ] بے ہوش ہونا۔
غش کھانا: [ار محاورہ] بے ہوش ہونا۔
غش لانا: [ار محاورہ] بے ہوش ہونا۔
غش میں پڑا ہونا: [ار محاورہ] بے ہوش پڑا رہنا۔
غش میں رہنا: [ار محاورہ] بے ہوش رہنا۔
غش ہونا: [ار محاورہ] ۱۔ بے ہوش ہونا ۲۔ فریفتہ ہونا۔ [illegible]
غشا: [ع امث] کدورت۔ تشویش ۲۔ کھوٹاپن۔
غشی: [ع امث] بے ہوشی۔ بے خبری۔

غ ـــ ص

غصب: [ع امذ] ۱خیانت ۲ ناجائز قبضہ ۳۔ زبردستی کرنا (افعال: کرنا۔ ہونا)
غصباً: [عف متعلق فعل] زبردستی ناجائز طور پر۔
غصبی: [ع صف] غصب کیا ہوا غصب کرنے والا
غصّہ: [ع امذ] برہمی۔ خفگی۔ ناراضی۔ عتاب۔ رنجش
غصّہ آنا: [ار محاورہ] ناراض ہونا۔ طیش آنا
غصّہ اُتارنا: [ار محاورہ] کسی کو سزا دے کر اپنی تسکین کرنا کسی پر خفا ہو کر اپنا دل ٹھنڈا کر لینا۔
غصّہ اُترنا: [ار محاورہ] دیکھئے "غصّہ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے
غصّہ اُٹھانا: [ار محاورہ] کسی کی خفگی کو برداشت کرنا۔
غصّہ بڑا عقل مند ہوتا ہے: [ار مثل] زبردست کو کبھی غصّہ نہیں آتا۔ غصہ ور غصہ میں بھی انجام کا خیال رکھتا ہے۔
غصّہ بہت زور تھوڑا مار کھانے کی نشانی: [ار مثل] کمزور کا غصہ اس کی ذلّت کا موجب ہے۔
غصّہ پینا/پی جانا/تھوک دینا/مارنا: [ار محاورہ] ضبط کرنا۔ برداشت کرنا خفگی سے باز آنا راضی ہو جانا۔
غصّہ دِلانا: [ار محاورہ] خفا کرنا [illegible]
غصّہ سے بھُوت ہو جانا: [ار محاورہ] غصہ کے مارے آپے سے باہر ہو جانا۔
غصّہ کرنا: [ار محاورہ] خفا ہونا۔
غصّہ کھانا: [ار محاورہ] ناراض ہونا۔

غُصَّہ کی آنکھ: [ا رامث] وہ نظر جس سے غصہ ظاہر ہو۔
غُصَّہ کی جھانجھ: [ارامث] غصہ کا جوش۔ غصہ میں اول فول بکنا۔
غُصَّہ کے مارے بھُوت ہو جانا: [ارمحاورہ] غصہ کی وجہ سے آپے سے باہر ہو جانا۔
غُصَّہ کے مارے تھرّا اُٹھنا: [ارمحاورہ] غصہ کی شدت سے کانپ اٹھنا۔
غُصَّہ میں آگ رہنا: [ارمحاورہ] غصہ میں بھرا رہنا۔
غُصَّہ میں بُرائی بھلائی نہیں سوجھتی: [ارمقولہ] غصہ میں مت ماری جاتی ہے اچھے بُرے کی تمیز نہیں رہتی۔
غُصَّہ میں بوٹیاں کاٹنا: [ارمحاورہ] بہت غصّہ ہونا۔
غُصَّہ میں بھرا ہونا: [ارمحاورہ] بہت غصہ ہونا۔
غُصَّہ میں بھر جانا: [ارمحاورہ] بہت غصہ ہونا۔
غُصَّہ میں لال ہونا: [ارمحاورہ] غصہ کے مارے آپے سے باہر ہونا۔
غُصَّہ میں لانا: [ارمحاورہ] کسی کو غصہ دلانا۔
غُصَّہ ناک پر ہونا: [ارمحاورہ] جلد غصہ آنا۔
غُصَّہ نکالنا: [ارمحاورہ] غصہ کا اظہار کرنا۔ بدلہ لے کر دل ٹھنڈا کرنا۔
غُصَّہ وَر: [عف صف] بدمزاج۔ جلد غصہ میں آ جانے والا۔
غُصَّے ہونا: [ارمحاورہ] ناراض ہونا
غُصِیْل: [ارصف] بدمزاج۔ غصہ ور۔

غ ــــ ض

غَضّ: [ع امذ] آنکھیں بند کرنا۔ جھکانا۔
غَضّ بَصر: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] نگاہیں جھکانا۔ آنکھیں بند کرنا (بالخصوص کسی غیر عورت کی موجودگی میں)
غَضَب: [ع امذ] قہر۔ غصہ ۲۔ آفت۔ مصیبت ۳۔ بے انصافی۔ ظلم ۴۔ کلمہ حیرت اور کلمہ مبالغہ ۵۔ بےحیا بات ۶۔ لعنت۔ مار ۷۔ اندھیر زبردستی۔ سختی ۸۔ بڑھ چڑھ کر۔ بہت ۹۔ اچھا۔ عمدہ ۱۰۔ بااثر۔ کارگر ۱۱۔ مجبوری اور افسوس ظاہر کرنے کے لئے ۱۲۔ فتنہ فساد پیدا کرنے والا ۱۳۔ بہت مشکل۔ بہت ناگوار ۱۴۔ ناراض۔ خفا۔ رنجیدہ ۱۵۔ عجیب انوکھا۔ ۱۶۔ خوبی میں یکتا ۱۷۔ مُضر۔ بُرا ۱۸۔ خوبصورت حسین۔
غَضَب آلود: [عف صف] غصہ میں بھرا ہُوا ہونا۔
غَضَب آنا: [ارمحاورہ] عذاب آنا۔ مصیبت آنا۔ شامت آنا
غَضَبِ الٰہی: [ع امذ] خُدا کا قہر۔
غَضَب پڑنا: [ارمحاورہ] مصیبت پڑنا۔ قہر پڑنا۔
غَضَب توڑنا: [ارمحاورہ] فساد کرنا۔ فتنہ اٹھانا ۲۔ غصہ کرنا۔
غَضَب ٹوٹ پڑنا / ٹوٹنا: [ارمحاورہ] عذاب آنا۔ مصیبت آنا۔ شامت آنا۔
غَضَب جوتنا: [ارمحاورہ] ہنگامہ مچانا۔
غَضَب خُدا / خُدا کا: [ارامذ] خدا کا خوف کرو۔ حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کا کلمہ
غَضَب ڈھانا: [ارمحاورہ] فساد بپا کرنا۔ آفت برپا کرنا۔ ظلم کرنا۔ انوکھی بات کرنا
غَضَب رے: [ارکلمہ تعجب] بل بے۔ اُف۔
غَضَب کا: [ارصف] بہت تیز ۲۔ آفت برپا کرنے والا ۳۔ خوف ناک ۴۔ بیان سے باہر۔ بے ڈھب۔ ازحد۔ کمال درجے کا۔
غَضَب کا بُجھا ہوا: [ارصف] قہر میں ڈوبا ہوا۔
غَضَب کا بنا ہوا: [ارصف] آفت کا پرکالہ۔ شریر۔
غَضَب کا دیدہ ہونا: [ارمحاورہ] بہت بے شرم ہونا۔
غَضَب کا سامنا: [ارامذ] آفت کا سامنا۔ فتنے کا مقابلہ۔
غَضَب کرنا: [ارمحاورہ] ۱۔ بُرا کرنا ۲۔ حیرت انگیز کام کرنا ۳۔ ظلم ڈھانا۔ آفت برپا کرنا۔
غَضَب کی: [ارصف] دیکھئے "غضب کا" جس کی یہ تانیث ہے۔
غَضَب کی بات ہے: [ارمحاورہ] حیرت اور تعجب کی بات ہے۔ ناانصافی ہے۔
غَضَب لانا: [ارمحاورہ] مصیبت لانا۔ آفت لانا۔
غَضَب میں آ نا ر جانا: [ارمحاورہ] مصیبت میں مبتلا ہونا۔
غَضَب میں پڑنا: [ارمحاورہ] جھگڑے میں پڑنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا
غَضَب میں جان پڑنا: [ارمحاورہ] مصیبت میں مبتلا ہونا۔ جھگڑے میں پھنسنا۔
غَضَب میں ڈالنا: [ارمحاورہ] مصیبت میں ڈالنا۔
غَضَب نازل ہونا: [ارمحاورہ] مصیبت آنا ۲۔ خفگی ہونا۔
غَضَب ناک: [عف صف] غصہ میں بھرا ہوا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
غَضَب ہونا: [ارمحاورہ] ۱۔ خفا ہونا ۲۔ کام خراب ہونا۔
غَضَب ہے: [ارمحاورہ] آفت ہے ستم ہے۔ اندھیر ہے۔
غَضَبَن: [ارامث] حیارہ مکارہ۔ نیز دیکھئے "غضبی" جس کی یہ تانیث ہے
غَضَبی: [ارصف] ظالم۔ غصہ ور ۲۔ ظالم شخص۔ غصہ والا شخص ۳۔ (امث) غصہ۔ غضب
غَضَبی آنا: [ارمحاورہ] آفت آنا۔
غَضَبی آئی / باندی: [ارصف] وہ کنیز جو زیر عتاب ہو۔
غَضَبی خانہ: [عف امذ] غصہ۔ غضب۔ قہر۔
غَضَبی خانہ اُتارنا: [ارمحاورہ] غضب ناک ہونا۔ آفت لانا۔ غصہ ہونا۔
غَضَبی خانہ اُترنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "غضبی خانہ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
غَضَنفَر: [ع امذ] شیر۔ بہادر۔
غَضَنفَری: [عف امث] بہادری۔ شجاعت۔

غ ــــ ف

غَفْ: [ن صف] خوب ٹھوک کر بنا ہوا کپڑا۔ موٹا گف۔
غَفّار: [ع اسم مبالغہ] بہت زیادہ معاف کرنے والا۔ معاف کرنے والا۔ بخشنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
غِفارِی: [ع صف] ۱۔ عرب کے قبیلہ غفار سے نسبت رکھنے والا ۲۔
غُفران: [ع امذ] ۱۔ معافی۔ بخشش ۲۔ گناہ معاف کرنا
غُفران مآب / پناہ: [ع صف] مرحوم بخشا ہوا۔ خدا کی پناہ ۲۔ بخشنے والا۔
غُفِرَ لَہٗ: [ع کلمہ دعا] اس کے لئے بخشش کی جائے۔ خدا اس کی مغفرت کرے۔
غَفلَت: [ع امث] بھول چوک۔ غلطی۔ خطا ۲۔ قصور۔ بے خبری۔ بے پروائی ۳۔ اونگھ۔ نیند۔ بے ہوشی۔
غَفلَت پیشہ / زدہ: [عف صف] غافل۔ بے خبر۔
غَفلَت پیشگی / زدگی: [عف امث] دیکھئے "غفلت پیشہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

غفلت چھانا/طاری ہونا/ہو جانا: [ا رمحاورہ] غافل ہونا ۲۔ اونگھنا۔ ۳۔ بے خبر ہونا۔
غفلت سے: [ا رمتعلق فعل] بے پروائی سے ۲۔ بے خبری سے۔ کم توجہی سے۔
غفلت شعار: [ع صف بہ ترکیب فارسی] غفلت کرنے والا۔ غافل۔
غفلت شعاری: [ع امث بہ ترکیب فارسی] دیکھئے "غفلت شعار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غفلت کا پردہ: [ا رامذ] بے خبری بے ہوشی
غفلت کا پردہ پڑ جانا: [ا رمحاورہ] بے خبری طاری ہونا۔ بے خبر ہو جانا۔
غفلت کرنا: [ا رمحاورہ] کوتاہی کرنا۔ بے پروائی کرنا۔
غفلت کی نیند سونا: [ا رمحاورہ] غافل ہو کر سونا۔ گہری نیند سونا۔
غفلتی: [ا رصف] بے پروا۔
غفور: [ع صف] بڑا بخشنے والا۔ گناہوں کا چھپانے والا۔
غفور رحیم: [ع صف] بخشش اور رحم کرنے والا۔ (خدائے تعالیٰ کی صفات)
غفیر: [ع صف] محیط ۲۔ انبوہ۔ بھیڑ۔

غ ــــــ ل

غل: [ف امذ] شور۔ ہنگامہ۔ چیخم دھاڑ ۲۔ (ع) زنجیر۔ طوق (افعال: اٹھانا۔ اٹھنا۔ مچنا۔ مچانا۔ ہونا۔ کرنا۔ ڈھانا)
غلبل: [ا رامذ ق] شور۔
غل غپاڑا: [ا رامذ] ۱۔ بے حد شور و غوغا۔ حد سے زیادہ چیخ و پکار ۲۔ ہنگامہ۔
غل غپاڑا مچانا: [ا رمحاورہ] شور مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔ فریاد کرنا۔
غل: [ع امذ] ۱۔ کینہ۔ کدورت ۲۔ کھوٹا پن۔
غلات: [ع صف] دیکھئے "غالی" جس کی یہ جمع ہے۔
غلاظ: [ع صف] دیکھئے "غلیظ" جس کی یہ جمع ہے۔
غلاظت: [ع امث] گاڑھا پن ۲۔ کوڑا کرکٹ۔ گندگی۔ نجاست۔ پاخانہ۔ بول و براز (افعال: پھیلنا۔ پھیلانا)
غلاف: [ع امذ] نیام۔ خانہ ۲۔ تکیہ۔ بکس وغیرہ کا اوپر کا کپڑا ۳۔ خول جز دان۔
غلاف اتارنا/بدلنا: [ا رمحاورہ] غلاف بدل دینا۔ پردہ بدلنا۔
غلاف چڑھانا: [ا رمحاورہ] تکیے یا بکس وغیرہ کو غلاف کے اندر ڈالنا۔
غلاف کعبہ: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ مخمل کا غلاف جسے ہر سال حج کے موقع پر کعبہ کی مرکزی عمارت پر چڑھایا جاتا ہے۔
غلافنا/غلیفنا: [ا رمس] مٹھائی پاگنا ۲۔ شیرے میں غوطہ دینا ۳۔ شیرہ چڑھانا۔
غلافی: [ع صف نسبتی] دیکھئے "غلاف" جس سے یہ منسوب ہے۔
غلافی آنکھ: [ا رامث] پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی بڑی آنکھ۔
غلام: [ع امذ] لڑکا ۲۔ زر خرید نوکر۔ بندہ۔ ملازم ۳۔ انکسار کا کلمہ۔ نیاز مند۔ فدوی۔ ۴۔ تاش کا ایک تصویر دار پتا ۵۔ گنجفہ کے بارہ زرد پتوں کا نام۔
غلام بنانا: [ا رمحاورہ] مطیع کر لینا۔
غلام بے دام/بے درم: [عف صف] مفت کا نوکر۔ وہ شخص جو بہت زیادہ ممنون ہو۔
غلام زر خرید: [عف صف] مول لیا ہوا غلام ۲۔ خریدا ہوا چھوکرا ۳۔ ادنیٰ غلام۔

غلام کا غلام: [ا رصف] غلام کا غلام ۲۔ ادنیٰ درجہ کا غلام۔
غلام کرنا: [ا رمحاورہ] مطیع کرنا۔ شیفتہ بنانا کرنا۔
غلام کی ذات سے وفا نہیں: [ا رمقولہ] غلام بے وفا ہوتا ہے۔
غلام گردش: [عف امث] دیوان خانہ اور زنان خانہ کی درمیانی دیوار اور برآمدہ ۲۔ غلاموں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ۳۔ چھت دار راستہ۔
غلام مال: [ا رامذ] وہ چیز جو مدتوں کام دے وہ چیز جسے بے دریغ استعمال کریں۔
غلام مول لینا: [ا رمحاورہ] غلام کی حیثیت سے خریدنا۔ منصب کے خلاف کسی سے کام لینا۔
غلام ہونا: [ا رمحاورہ] مطیع ہونا۔ تابع ہونا۔
غلامی: [عف امث] حلقہ بگوشی ۲۔ بندگی ۳۔ اطاعت ۴۔ قید ۵۔ اسیری۔
غلامی اختیار کرنا: [ا رمحاورہ] اطاعت کرنا۔ ملازم ہونا۔
غلامی میں دینا: [ا رمحاورہ] خدمت میں دینا
غلامی میں قبول کرنا: [ا رمحاورہ] داماد بنانا ۲۔ اپنا وارث اور جانشین بنا لینا ۳۔ ملازم رکھنا۔
غلبلا: [ا رامث ق] بے تابی۔ اضطراب ۲۔ جوش و خروش ۳۔ گڑبڑ۔ خرابی۔
غلبلے: [ا رامذ ق] القاب۔
غلبہ: [ع امذ] ۱۔ برتری۔ فوقیت۔ جیت ۲۔ حملہ ۳۔ فراوانی۔ کثرت۔
غلبہ پانا: [ا رمحاورہ] فتح پانا۔ جیت جانا ۲۔ اثر جما لینا سبقت لے جانا۔
غلبۂ رائے: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] کثرت رائے ۲۔ ووٹوں کی اکثریت۔ نصف سے زائد تعداد کی رائے۔
غلبہ کرنا: [ا رمحاورہ] حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا ۲۔ گھیر لینا ۳۔ ہجوم کرنا۔
غلبہ ہونا: [ا رمحاورہ] غالب آنا۔ حملہ ہونا ۲۔ اکثریت ہونا۔
غلت: [ع امذ] حساب میں بھول چوک۔
غلط: [ع صف] ۱۔ نادرست۔ ناصحیح ۲۔ کھوٹا ۳۔ بے جا۔
غلط العام: [ع امذ] وہ غلط لفظ یا ترکیب جو غلط ہونے کے باوجود اہل علم اور مستند زبان دانوں میں مروج ہے۔
غلط العام فصیح: [ع معقولہ] وہ غلطی جسے عام اور پڑھے لکھے لوگوں نے قبول کر لیا ہو فصیح ہے۔
غلط العوام: [ع امذ] وہ لفظ یا ترکیب جسے عوام و جہلا نے غلط تلفظ یا معانی یا رد و بدل کے ساتھ بولنا شروع کر دیا ہو۔ وہ غلط ہی قرار پاتا ہے۔
غلط انداز: [عف صف] نگاہ یا تیر جو نشانہ پر نہ لگے۔
غلط بردار: [عف صف] ۱۔ کاغذ کھرچنے کا اوزار ۲۔ وہ کاغذ جس پر سے حرف آسانی سے مٹا سکیں ۳۔ غلط لفظ مٹانے والا۔
غلط بیاں: [عف صف] جھوٹا
غلط بیانی: [عف امث] جھوٹی بات۔ جھوٹ بولنا۔
غلط بیں: [عف صف] دوسروں کی غلطی نکالنے والا۔ سچائی کو جھٹلانے والا ۲۔ غلط انداز۔
غلط ٹھہرانا: [ا رمحاورہ] غلط ثابت کرنا۔ جھوٹا قرار دینا۔
غلط ٹھہرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "غلط ٹھہرانا"
غلط در غلط: [عف صف] سراپا غلط۔ بالکل غلط۔ بالکل جھوٹ۔ ایک غلطی جو دوسری پر ہو۔
غلط سلط: [عف صف] گڑبڑ۔ خلاف حقیقت جھوٹ۔ نادرست (سلط تابع مہمل ہے)
غلط سمجھنا: [ا رمحاورہ] جھوٹ سمجھنا۔
غلط فہم: [عف صف] کج سمجھ۔ ناسمجھ
غلط فہمی: [عف امث] ۱۔ دیکھئے "غلط فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۲۔ ایک

دوسرے کی بات کو نہ سمجھنے کی غلطی۔ (افعال: پھیلنا۔ پھیلانا۔ ہونا)
غلط فیصلہ: [عف اند] فیصلہ جو انصاف کے برخلاف ہو۔
غلط کار: [عف صف] دھوکا دینے والا۔ ۲۔ بداعمال۔
غلط کاری: [عف امث] بداعمالی۔ بدچلنی۔ بدکاری ۲۔ دھوکا۔
غلط گو: [عف صف] دیکھئے "غلط بیان"
غلط گوئی: [عف امث] دیکھئے "غلط بیانی"
غلط گیر: [عف صف] غلطی پکڑنے یا نکالنے والا۔
غلط گیری: [عف امث] دیکھئے "غلط گیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غلط نامہ: [عف اند] غلطیوں کی فہرست۔
غلط نکلنا: [ارمحاورہ] جھوٹ ثابت ہونا۔
غلطاں: [ف صف] ۱۔ لوٹتا ہوا۔ لڑھکتا ہوا ۲۔ لوٹنے والا۔ تڑپنے والا۔
غلطاں و پیچاں: [ف صف] ۱۔ لوٹتا اور چکر کھاتا ہوا ۲۔ متفکر۔ فکر میں پریشان
غلطک: [ف اند] ۱۔ لوٹے، مارنا کے ساتھ، ۲۔ گاری کا دُھرا ۳۔ سوراخ دار لکڑی جس کو کنویں پر لگا کر اوپر سے رسے سے پانی نکالتے یا کھینچتے ہیں۔ بھرنی۔
غلطہ: [ف صف] موٹا پڑا ۲۔ چمڑے کا نیام/میان۔ ایک قسم کی محراب دار چُنائی۔ (معماری)
غلطی: [ارامث] خطا۔ بھول چوک۔ سہو۔ نادرستی ۲۔ خلاف بیانی جھوٹ ۳۔ ناسمجھی
غلطی پڑنا: [ارمحاورہ] سہو ہو جانا۔
غلطی پکڑنا: [ارمحاورہ] غلطی نکالنا۔
غلطی سے: [ارمتعلق فعل] بھول سے۔ لغیر ارادہ
غلطی کرنا/کھانا: [ارمحاورہ] خطا کرنا۔ دھوکا کھانا۔ ۲۔ بھولنا چوکنا۔
غلطی میں پڑنا: [ارمحاورہ] دھوکا کھانا۔ چوک جانا۔
غلطی نکالنا: [ارمحاورہ] نقص معلوم کرنا۔ نادرست بات پکڑی جانا۔
غلطی نکلنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "غلطی نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
غلطی ہونا: [ارمحاورہ] سہو ہونا بھول ہونا۔
غلطیاں: [ارامث] غلطی کی جمع۔
غلطیاں نکال ڈالنا: [ارمحاورہ] تصحیح کرنا۔
غلطیاں نکالنا: [ارمحاورہ] ۱۔ اعتراض کرنا ۲۔ نقص نکالنا۔
غلطیاں نکلنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "غلطیاں نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
غلظ: [ع اند] دیکھئے "غلظت"
غلظت: [ع امث] گاڑھاپن گندگی
غلغلہ: [ف اند] ۱۔ شور غوغا ۲ شہرت شہرہ دھوم (افعال: برپا کرنا۔ ہونا ۳۔ بلند ہونا۔ سننا۔ کرنا۔ ہونا)
غلغلہ آفت خیز: [ف اند] بے حد شور۔
غلغلہ کامرانی: [ع اند] فتح یابی کا شہرہ۔
غلک: [ف اند] برتن دھنسے جس میں بکری کی رقم/آمدنی ڈالتے رہتے ہیں ۲۔ دیوار یا کسی اور چیز کا وہ سوراخ جس میں بچے اپنے پیسے ڈالتے رہتے ہیں ۳۔ قمار خانے کی آمدنی جمع کرنے کا ظرف۔
غلک میں دھرنا: [ارمحاورہ] جمع کرنا۔ اپنے پاس رکھنا جیب میں رکھنا۔
غلماں: [ع ۔] عربی میں غلام کی جمع اور لڑکے ۲۔ (ف) خوب صورت لڑکے جو بہشت میں بہشتیوں کی خدمت کے لئے ہوں گے۔
غلمچا/غلمچہ: [ف ت اند] غلام کی تصغیر ۱۔ بچہ غلام ۲۔ تاش کے پتوں کا غلام۔
غلو: [ع اند] ۱۔ زیادتی شدت ۲۔ بے حد۔ انہماک سخت مشغولیت۔ ایسا مبالغہ جو عقلاً اور عادتاً محال ہو۔
غلولہ: [ف اند] اگولی یا غلّہ مٹی کا ۲۔ کوڑیاں جو لوگ مزاروں پر چڑھاتے ہیں ۳ شکار کے جانوروں کا مجمع۔
غلّہ: [ع اند] ۱۔ اناج ۲۔ وہ دانے جن کا آٹا پیس کر روٹی پکا کر کھاتے ہیں ۳ آمدنی جو مال/دکان کے سامان کی فروخت سے دن بھر میں ہو ۴۔ اناج کی وہ مٹھی جو چکی میں پیسے کی غرض سے ڈالی جائے ۵۔ بکری رکھنے کا بکس ۶۔ نبولی۔ نیم کے درخت کا پھل ۷۔ وہ گرے ہوئے آم جن کو مالی چُن کر ایک جگہ جمع کر دیتا ہے۔
غلّہ بھرنا: [ارمحاورہ] اناج کا ذخیرہ جمع کرنا۔
غلّہ پھٹکنا: [ارمحاورہ] چھاج کے ذریعے سے غلّہ کو صاف کرنا۔
غلّہ ڈالنا: [ارمحاورہ] چکی میں پیسنے کے لئے اناج کی مٹھی ڈالنا۔
غلّہ فروش: [ف اند] اناج بیچنے والا
غلّہ: [ف اند] غلولہ کا مخفف ۱۔ مٹی کی گولی جو غلیل میں چلاتے ہیں۔
غلّہ مارنا: [ارمحاورہ] ۱۔ غلیل میں غلّہ رکھ کر چلانا ۲۔ سانہ مارنا ۳۔ خلل انداز ہونا۔ مخل ہونا۔
غلّئی: [ف اند] وہ لگان جو اناج کی شکل میں ادا کیا جائے۔

غلیان (ف۔ اند) حقّہ۔ قلیان

غلیان: [ع اند] جوش غلبہ
غلیان شہوتی: [عف اند] شہوت کا جوش یا غلبہ۔
غلیظ: [ع صف] ۱ گاڑھا گہرا ۲ گندہ میلا۔ پلید ۳ موٹا۔ دبیز۔ مضبوط کثیف ۴۔ [illegible] میلا۔
غلیل: [ار امث] کمان جس میں غلّہ رکھ کر چلاتے ہیں
غلیل اُتارنا: [ارمحاورہ] غلیل کا کھنچاؤ کم کرنا۔
غلیل باز/غلیلچی: [ف اند] وہ شخص جو غلیل چلائے غلّہ مارنے والا۔
غلیل بازی: [ارف امث] دیکھئے "غلیل باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غلیل چلانا/لگانا: [ارمحاورہ] غلیل سے غلہ چلانا/پھینکنا۔ نشانہ مارنا۔
غلیل چلنا/لگنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "غلیل چلانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غلیل کا چٹکنا: [ار۔ اند] وہ فیتہ جس میں غلہ رکھ کر چلاتے ہیں۔
غلیلہ: [ار۔ اند] غلولہ۔ غلہ۔
غلیواز: [ف امث] چیل۔
غلیواز را با کبوتر چہ کار: [ف مثل] چیل کا کبوتر سے کیا کام ۲۔ غیر جنس سے دوستی یا محبت نہیں ہو سکتی

غ ـــ م

غم: [ع اند] ۱۔ رنج الم۔ حزن۔ کلفت۔ ملال افسوس دل گیری۔ اندوہ آزردگی ۲۔ سوگ۔ ماتم۔ کہرام۔ واویلا ۳۔ پروا۔ فکر۔ چنتا۔
غم آشام/آلودہ: [عف صف] مغموم۔ محزون۔ غمناک۔
غم آئین: [عف صف] غم دینے والا۔
غم اٹھانا: [ارمحاورہ] غم برداشت کرنا مصیبت/تکلیف جھیلنا۔

غم اُٹھنا: [امحاورہ] دیکھئے "غم اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے
غم اُمڈ کھڑا ہونا: [امحاورہ] غم پیدا ہونا۔ مصیبت آنا۔
غم انگیز: [عف صف] غم پیدا کرنے والا۔
غم پالنا: [امحاورہ] بکھیڑا اپنے سر لینا۔
غم پرست/پرور: [عف صف] جو شخص ہمیشہ غمناک رہتا ہو۔
غم پر غم گزرنا: [امحاورہ] رنج پر رنج ہونا/گزرنا۔
غم خانہ: [عف امذ] غم کا گھر ماتم کدہ
غم خوار: [عف صف] ا۔ ہمدرد۔ دکھ درد/رنج وراحت کا شریک ۲ متحمل۔ بُردبار۔
غم خواری: [عف امث] دیکھئے "غمخوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غمخور/غم خور: [عف صف] بُردبار۔ متحمل۔
غمخوری/غم خوری: [عف امث] برداشت سہار بردباری تحمل (افعال کرنا۔ ہونا)
غم دان: [عف امذ] دنیا۔ جو غموں تکلیفوں اور دکھوں کی جگہ ہے
غم دوست: [عف صف] رنج وغم کو دوست رکھنے والا۔
غم دیدہ/رسیدہ: [عف صف] مصیبت زدہ
غم دیکھنا: [امحاورہ] رنج والم برداشت کرنا
غم زدگی/غمزدگی: [عف صف] مغموم ہونا۔
غم زدہ/غمزدہ: [عف صف] غمگین مغموم۔
غم زدی: [ا صف] دیکھئے "غم زدہ" جس کی یہ تانیث ہے (خلاف قاعدہ ہے
غم سے تلملانا (امص مرکب) غم کی وجہ سے گھبرانا۔
غم سے چھٹنا (امص مرکب) غم سے نجات پانا۔
غم سے دل خالی کرنا: [امحاورہ] رو کر غم کو کم کرنا
غم سے دل خالی ہونا: [امحاورہ] دیکھئے "غم سے دل خالی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
غم سے گھلنا: [امحاورہ] غم کی وجہ سے بیمار ہونا/دبلا ہونا۔
غم غلط: [ع امذ] وہ چیز جس سے غم ہٹے ۲ وہ شخص جو غم بھلائے ۳ کنایۃً شراب
غم غلط کرنا: [امحاورہ] طبیعت بہلانا۔ غم کو ھٹانا
غم غلط ہونا: [امحاورہ] جی / طبیعت بہلنا۔ غم ھٹنا
غم فردا نباید خورد امروز: (ف مقولہ) آنے والی مصیبت پر پہلے سے ہی غم کرنا چاہیئے۔
غم فرسودگی: [عف امث] غمزدگی
غم فرسودہ: [عف صف] غمزدہ
غم فزا: [عف صف] غم بڑھانے والا
غم کا بھالا: [ارامذ] غم کا صدمہ سخت غم
غم کا پتلا: [ارامذ] سراپا غم
غم کا پہاڑ: [ارامذ] بہت مصیبت (افعال ٹوٹ پڑنا ٹوٹنا)
غم کرنا [امص مرکب] رنج کرنا ۲ ماتم کرنا ۳ فکر کرنا ۴ کڑھنا
غمکش: [عف صف] غمگین مغموم۔
غم کھانا: [امحاورہ] ا رنج کرنا ۲ صدمہ ہونا ۳۔ ضبط کرنا۔ صبر کرنا ۴ گزر کرنا ۵ دوسرے کے واسطے افسوس کرنا۔
غم گسار/غمگسار: [عف صف] ہمدرد غمخوار۔
غم گساری/غمگساری: [عف امث] دیکھئے "غمگسار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

غم گسل: [عف صف] غم دور کرنے والا۔
غمگین/غم گین: [عف صف] رنجیدہ اداس۔ (افعال کرنا۔ ہونا)
غمگینی: [عف امث] دیکھئے "غمگین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
غم میں جان کھونا: [امحاورہ] بہت غمگین ہونا شدت سے بے جان ہونا
غم نداری بز بخر: [ات مثل] اگر تجھے کوئی غم نہیں تو بکری خرید لے ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کوئی ایسا کام کرے جس سے فکر و تردد لاحق ہو سکے
غم نہیں: [امحاورہ] کچھ پروا نہیں
غماز: [ع امذ] چغل خور۔ ۲۔ جاسوس ۳ صف، آنکھ سے اشارہ کرنے والا ۴۔ طعنہ زن۔
غمازی: [ع امث] دیکھئے "غماز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غمزہ: [ع امذ] چشم و ابرو کا اشارہ ۲۔ ناز۔ نخرہ عشوہ۔ معشوقانہ ادا۔
غمزہ آگیں: [عف صف] ناز و نخرے سے بھرا ہوا۔
غمزہ اُٹھانا: [امحاورہ] نازبرداری کرنا۔
غمزہ اُٹھنا: [امحاورہ] دیکھئے "غمزہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
غمزۂ اختر: [ف امذ] ستارے کا چمکنا۔
غمزۂ بیجا: [عف امذ] بے موقع نخرہ کرنا۔
غمزۂ جانستاں: [عف امذ] جان لینے والا نخرہ۔
غمزہ جتانا: [امحاورہ] نخرہ کرنا ناز کرنا اترانا۔
غمزہ چھپانا: [امحاورہ] نخرے کا غصہ کرنا۔
غمزہ دکھانا: [امحاورہ] ادائیں دکھانا، ناز و نخرے دکھانا۔
غمزہ زن: [عف صف] ناز کرنے والا۔
غمزہ کرنا/کر لینا [امص مرکب] ناز کرنا۔ نخرے کرنا۔
غمزہ ہونا [امص مرکب] دیکھئے "غمزہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے
غمزۂ گل: [عف امذ] گل کا کھلنا۔
غمکدہ: [عف امذ] رنج/مصیبت/تکلیف/غم کا گھر۔
غمکدۂ عالم: [عف امذ] دنیا
غموس: [ع امث] جھوٹی قسم۔
غموض: [ع امذ] پوشیدہ یا مبہم کلام۔
غموم: [ع امذ] "غم" کی جمع۔
غمی [عف امث] ا۔ موت۔ ماتم ۲۔ (صف) غمگین۔
غمی ہو جانا: [امحاورہ] موت ہو جانا۔
غمیں: [عف صف] دیکھئے "غمگین"

غ ـــ ن

غَن: [ع امذ] بھاری چھڑ جس سے تیل نکالتے ہیں ۲۔ کوٹھے کا بٹا/گھوٹنے کا ڈنڈا ۳ چرخی
غِنا: [ع امث] ا۔ آزادی حاجت/ضرورت سے ۲۔ گزارہ ۳۔ دولت۔ ثروت ۴ دولت مندی ۵۔ صبر۔ استغنا۔
غِناء: [ع امذ] راگ۔ نغمہ۔ گانا۔ گیت۔
غنائم: [ع امذ] غنیمت کی جمع۔ لوٹ کا مال۔

غُنج [ف امذ] ناز۔ نخرہ۔ کرشمہ۔
غُنچہ: [ف امذ] کلی۔ شگوفہ۔ بے کھلا پھول ۲۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ جھرمٹ۔ اکٹھے بیٹھے ہوئے آدمی ۳ کنایتہً معشوق کا دہن ۴۔ (صف) گنجان۔
غُنچۂ آرزو کھلنا: [ارمحاورہ] اُمید/آرزو بر آنا۔ مراد پوری ہونا۔
غُنچۂ پژمردہ: [ف امذ] کملائی ہوئی کلی۔
غُنچہ پیشانی: [ف صف] جس کی پیشانی غصے اور بد دماغی کی حالت ظاہر ہوتی ہے
غُنچۂ پیکاں/تیر: [ف امذ] تیر کا پھل۔
غُنچۂ تصویر: [ف امذ] مرقع۔
غُنچۂ خاطر: [ف صف] تنگ دلی کی حالت۔ محزون۔ مغموم۔
غُنچۂ خاطر شگفتہ کرنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "غنچۂ خاطر شگفتہ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
غُنچۂ خاطر شگفتہ ہونا: [ارمحاورہ] دل کی کلی کھلنا۔ دل خوش ہونا۔
غُنچۂ خاطر کھلنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "غنچۂ خاطر شگفتہ ہونا"
غُنچۂ دل تنگ ہونا: [ارمحاورہ] مغموم ہونا۔ غمگین ہونا۔
غُنچۂ دل شگفتہ کرنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "غنچۂ دل شگفتہ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
غُنچۂ دل شگفتہ ہونا: [ارمحاورہ] بہت شاد ہونا۔ خوش ہونا۔ فرحت ہونا۔
غُنچہ دہاں/دہن/لب: [ف صف] چھوٹے سے منہ والا۔ چھوٹے مُنہ کا۔ ۲ معشوق
غُنچۂ سربستہ: [عف امذ] کلی **غنچۂ صبح کھلکھلانا**: [ارمحاورہ] صبح ہونا
غُنچے کا مسکرانا: [ارمحاورہ] کلی کھلنا۔
غُنچۂ ناشگفتہ: [عف امذ] ۱۔کلی ۲۔ دوشیزہ۔ کنواری لڑکی۔
غُنڈا: [ارصف] دیکھئے "گُنڈا" جو صحیح ہے۔
غُنغنانا: [ارمص] ناک میں بولنا۔
غُنم: [ع امذ] لوٹ کا مال۔ مال غنیمت۔ **غَنَم**: [ع۔ا جمع] بکریاں
غُنُودگی: [ف صف] خمار۔ اونگھ۔ نیند۔
غُنُودگی آنا: [ارمحاورہ] اونگھ آنا۔ نیند آنا۔
غُنّہ: [ع امذ] وہ نون جو ناک میں بولا جائے اور اعلان سے پڑھا نہ جاسکے ۲۔ (صف) ناک میں بولا ہوا۔ ناک میں بولنا۔
غَنی: [ع صف] آسودہ۔ مطمئن ۲۔ بے نیاز ۳۔ دولت مند۔ بے پروا۔
غَنیم: [ع امذ] لٹیرا۔ ڈاکو۔ دشمن۔
غَنیم کا چڑھ آنا: [ارمحاورہ] دشمن کا غیر ملک پر چڑھ آنا۔
غَنیمَت: [ع امث] لوٹ کا مال۔ مفت ملی ہوئی چیز ۲۔ قابل قدر۔ عمدہ۔
غَنیمَت جاننا/سمجھنا: [ارمحاورہ] قدر کرنا۔ مناسب سمجھنا۔ قناعت کرنا۔ کافی ہو
غَنیمَت ہونا: [ارمحاورہ] قابل قدر ہونا۔ قابل شکر ہونا۔ کافی ہونا۔

غ — و

غَوّاص: [ع امذ] غوطہ لگانے والا ۲۔ اصطلاح کیمیا کسی دھات کے اندر سرایت کر جانے
غَوّاصی: [عف امث] غوطہ خوری۔ غوطہ زنی۔ موتی نکالنے کے لئے دریا یا سمندر میں غوطہ لگانا ۲ غواص کا پیشہ ۳۔ کسی دھات کے اندر سرایت کر جانا۔
غَوامِض: [ع امذ] چھپی ہوئی باتیں۔ بھید۔ باریکیاں۔ غامض کی جمع۔
غَوایَت: [ع امث] گمراہی۔

غَوث: [ع امذ] فریاد کو پہنچنے والا ۲ اہل تصوف میں ولایت الٰہی کا درجہ۔ اس درجہ پر پہنچ کر جسم کے تمام اعضا جسم سے الگ ہو کر یاد خدا میں مصروف ہو جاتے ہیں۔
غَوثُ الاعظم/الثقلین: [ع امذ] ۱۔ شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا لقب ۲۔ بڑا فریاد رس۔
غَور: [ع امذ] سوچ۔ فکر۔ تامل ۲۔ خبر گیری۔ حفاظت ۳۔ قندھار کے قریب کا ایک علاقہ۔
غَور پرداخت: [عف امث] خبر گیری۔ پرورش۔ دیکھ رکھاؤ۔
غَور سے دیکھنا: [ارمحاورہ] گہری نظر سے دیکھنا۔ خوب اچھی طرح سے دیکھنا۔
غَور طلب: [عف صف] سوچنے اور فکر کرنے کے قابل۔ قابل غور۔ توجہ کا مستحق۔
غَور کرنا: [ارمص مرکب] سوچنا۔ دھیان کرنا۔ فکر کرنا۔ توجہ کرنا۔ علاج معالجہ کرنا۔ خبر گیری کرنا۔
غُورہ: [ف امذ] کچے ترش انگور جن کا شربت بنایا جاتا ہے ۲۔ کبوتروں کا رنگ۔
غَوری: [ف صف] غور سے متعلق و منسوب ۲۔ (امث) ایک چینی کی رکابی جو غور سے آتی تھی اور زہریلی چیز ڈالنے سے ٹوٹ جاتی تھی ۳۔ نا چینے کے کنگرے والی رکابی۔
غوزہ: [ف امذ] روئی اور خشخاش کے بیج کا چھلکا۔
غوزیں اُڑانا/لگانا/لڑانا: [ارمحاورہ] گپ ہانکنا۔ لغو اور بیہودہ باتیں کرنا۔ بک بک کرنا۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگیں مارنا۔
غوط: [ارامذ] پتنگ کا اوپر سے نیچے آنا ۲۔ بے ہوشی۔ غشی ۳۔ استغراق ۴۔ پسینے کی شدت۔
غوط پر غوط آنا: [ارمحاورہ] غش پر غش آنا۔ بہت پسینہ آنا۔
غوط دینا: [ارمحاورہ] اڑتے ہوئے کنکوے کو اوپر سے نیچے لانا۔
غوط لگانا/مارنا: [ارمحاورہ] خیال میں محو رہنا۔ غائب رہنا۔
غوط میں آنا: [ارمحاورہ] غش طاری ہونا۔ بیہوش ہونا۔
غوطم چارا: [ارامذ] بار بار ایک اُڑتے ہوئے پتنگ کو دوسرے اُڑتے ہوئے پتنگ پر گرانا اور پٹا لینا۔
غوطم چارا کھیلنا: [ارمحاورہ] باہم جھوٹ موٹ پتنگ لڑانا۔
غوطم غوطا: [ارامذ] تیرنے والے کا کھیل جس میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
غوطہ: [ف امذ] ڈبکی۔ پانی میں ڈوبنا۔ ڈبونا۔ کنایتہً کپڑے کو دھونے کے لئے حوض یا دریا میں ڈالنا۔ ہاتھ یا پاؤں کا اس طرح دھونا کہ پانی میں تر ہو جائیں یا ڈوب جائیں۔
غوطہ خور: [عف صف] ڈبکی لگانے والا ۲۔ جل کوّا۔ آبی پرندہ۔
غوطہ خوری: [عف امث] غوطہ خور کا اسم کیفیت۔
غوطہ دینا: [ارمحاورہ] ڈبکی دینا ۲۔ تر کرنا۔ بھگونا ۳۔ عیسائیوں کے دین میں داخل کرنا ۴۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا ۵۔ ناغہ کرنا ۶۔ ناپاک چیز کو پاک کرنے کے لئے پانی میں ڈالنا، آدمی کو حوض یا دریا میں ڈالنا ۸۔ چکر دینا۔
غوطہ زن: [عف صف] دیکھئے "غوطہ خور"
غوطہ زنی: [عف امث] دیکھئے "غوطہ زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غوطہ غاطی: [ارامث] بار بار غوطہ دینا۔
غوطہ کھانا: [ارمحاورہ] ڈوبنا۔ غرق ہونا ۲۔ سہو ہونا ۳۔ دھوکا کھانا ۴۔ بھولنا بھٹکنا۔ بیچ میں چھوڑ جانا۔
غوطہ کھلوانا: [ارمحاورہ] دیکھئے "غوطہ کھانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

غوطہ گاہ : [ف امث] غوطہ لگانے کی جگہ۔
غوطہ مارنا/لگانا : [ا رمحاورہ] ڈبکی لگانا۔ غائب رہنا۔ ناغہ کرنا۔
غوطہ میں پڑا رہنا : [ا رمحاورہ] بیہوش پڑے رہنا۔ چپ چاپ بےحس وحرکت پڑے رہنا۔
غوطے میں جانا : [ا رمحاورہ] کسی خیال میں پڑنا ۲۔ ڈوبنا
غوطے میں ہونا : [ا رمحاورہ] فکر میں محو ہونا۔
غوغا : [ف امذ] ٹڈیوں کا ہجوم ۲۔ آدمیوں کا ہجوم ۳۔ غل غپاڑا۔ شور۔ فریاد۔ گڑبڑ۔ ہنگامہ۔ رانعال؛ کرنا۔ مچانا۔
غوغائی : [ف صف] شور مچانے والا ۲۔ غل مچانے والا ۳۔ مفرور ۴۔ خاکستری رنگ کا ایک پرندہ ڈومنی ۵۔ بےہودہ۔ بدسلیقہ
غوک : [ف امذ] مینڈک۔
غول : [ف امذ] انبوہ۔ گروہ۔ مجمع۔ ٹولی ۲۔ فوج کا مرکزی حصہ
غول باندھنا : [ا رمحاورہ] بھیڑ لگانا۔ مجمع کرنا۔ ٹولی بنانا۔ قطار بنانا۔
غول بیاباں/بیابانی : [عف امذ] بھوت پریت۔ چھلاوہ۔
غول کے غول : [ا رصف] گروہ کے گروہ۔
غولک : [ف امث] غلک" نقدی رکھنے کا برتن۔
غول غاں : [ا رامث] دودھ پیتے بچے کے ہنسنے کی آواز۔
غول غاں کرنا : [ا رمحاورہ] ننھے بچے کا بولنا
غول غول : [ا راصوت] کبوتر کی آواز۔

غ — ی

غیاب : [ع امث] ۱۔ غائب کی جمع (ع۔مص) پوشیدگی ۲۔ پوشیدہ چیز
غیاث : [عف صف] ۱۔ فریاد سننے والا۔ فریاد کو پہنچنے والا ۲۔ فریاد ۳۔ فریادرسی۔ دادخواہی۔
غیب : [ع امذ] غائب۔ غیرموجود۔ اوجھل۔
غیب دان : [عف صف] پوشیدہ حال جاننے والا۔ غیب کی خبر رکھنے والا۔
غیب دانی : [عف امث] دیکھئے "غیب دان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غیب سے دینا : [ا رمحاورہ] جہاں سے کوئی خیال نہ ہو وہاں سے چیز مل جانا۔ خدا کی دین
غیب غلیلہ/غلّہ ہونا : [ا رمحاورہ ت] چھپ جانا۔ گم ہونا۔
غیب کی خبر : [ا رامث] آئندہ واقعات کا علم
غیبانی : [ا رصف] بےشرم اور بدچلن عورت ۲۔ حرام زادہ۔
غیبوبت : [ع امث] غیرموجودگی۔ غیرحاضری۔ پس پشت۔
غیبتِ صغریٰ : [ع امث بہ ترکیب فارسی] شیعہ۔ اہل تشیع کے نزدیک امام وقت کا غائب ہونا۔ مگر امام کے نائبوں کا ظاہر ہونا۔
غیبتِ کبریٰ : [ع امث بہ ترکیب فارسی] اہل تشیع کے نزدیک امام وقت اور اس کے نائبوں کا غائب ہونا۔
غیبت : [ع امث] بدگوئی۔ کسی کے پیٹھ پیچھے بُرا کہنا
غیبت کرنا : [ا رمحاورہ] بدی کرنا۔ بدگوئی سے کام لینا۔ پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔
غیبتی : [ا رصف ت] غیبت کرنے والا۔
غیبی : [ا رصف] غائب۔ غیرحاضر ۲۔ عالم غیب سے متعلق۔
غیبیہ : [ع صف مث] دیکھئے "غیبی" جس کی یہ تانیث ہے جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے۔
غیر : [ع صف] ۱۔ اجنبی ۲۔ علیحدہ شے ۳۔ دوسرا۔ رقیب۔ دشمن۔ بیگانہ ۴۔ سوا مختلف ۵۔ حرف نفی جیسے غیرآباد ۶۔ دگرگوں۔ خراب۔ نازک۔
غیرآباد : [عف صف] ویران۔ اُجاڑ۔ بنجر۔
غیرآئینی : [عف صف] ملک کے بنیادی قانون کے خلاف۔ خلاف قانون۔
غیراختیاری : [عف صف] مجبوری کی حالت۔ بےاختیاری کی حالت۔
غیراز : [ف حرف استثنا] ماسوا۔ علاوہ ازیں۔ بجز اس کے۔
غیرحاضر : [ع صف] غائب۔ اوجھل۔
غیرحالت : [ع امث] جان کنی کی حالت۔ دگرگوں حالت۔
غیرذالک : [ع صف] ۱۔ اجنبی۔ کمینہ ۲۔ اس کے سوا۔
غیرذمہ دار : [عف صف] لاابالی۔ فرض ناشناس۔ جس کو ذمہ داری کا احساس نہ ہو۔
غیرذمہ داری : [عف امث] دیکھئے "ذمہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
غیررائج : [عف صف] جو مروّج نہ ہو۔
غیرسال : [عف امذ] گزرا ہوا سال۔ گزشتہ سال۔
غیرسمجھنا : [ا رمحاورہ] اجنبی سمجھنا۔ اپنا خیال نہ کرنا۔ اپنا نہ سمجھنا۔ غلط سمجھنا۔ توجہ نہ دینا۔
غیرشافی : [ع صف] تسکین نہ دینے والا۔ ناکافی۔ جس سے شفا نہ ہو۔
غیرشخص : [ع صف] اجنبی۔ بیگانہ۔ نامحرم۔
غیرشرعی : [ع صف] شریعت کے خلاف۔
غیرضروری : [ع صف] جس کی ضرورت نہ ہو۔ بیکار۔
غیرعلاقہ : [ع امذ] دوسرے کی ریاست۔ سرحدی قبائلی علاقہ۔
غیرفانی : [ع صف] کبھی نہ مرنے والا۔ ہمیشہ رہنے والا۔
غیرکی آگ میں جلنا : [ا رمحاورہ] دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔
غیرکی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹوانا : [ا رمثل] مخالف کے تھوڑے سے نقصان کے واسطے اپنا زیادہ نقصان کرنا
غیرمتعیّن/متعیّن/معیّنہ : [ع صف] عام۔ جسے خاص نہ کیا گیا ہو۔ جو نشان زدہ نہ ہو۔
غیرمتناہی : [ع صف] جس کی انتہا نہ ہو۔
غیرمجاز : [ع صف] جس کو کسی کام کا اختیار نہ ہو۔ غیرمتعلق۔
غیرمحدود : [ع صف] بےشمار۔ جس کی کوئی حد نہ ہو۔
غیرمرد : [عف صف] وہ شخص جو قریبی رشتہ دار نہ ہو۔ بیگانہ۔ نامحرم۔
غیرمزروعہ : [ع صف] کاشت نہ کی ہوئی زمین۔
غیرمساوی : [ع صف] جو برابر نہ ہو۔
غیرمستعمل : [ع صف] جو استعمال میں نہ آیا ہو کورا۔ اچھوتا۔
غیرمشروط : [ع صف] بغیر کسی شرط کے۔ یقینی
غیرمعتبر : [ع صف] ناقابل اعتبار۔ جھوٹا۔
غیرمعمول/معمولی : [ع صف] معمول کے خلاف۔ خلاف دستور۔ بہت زیادہ۔
غیرمقبوضہ : [ع صف] جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو۔ لاوارث۔
غیرملفوظہ : [ع صف] وہ حرف جو لکھنے میں آئے مگر بولنے میں نہ آئے۔ جیسے بالکل میں الف۔
غیرملکی : [ع صف] پردیسی۔ دوسرے ملک کا۔ اجنبی۔
غیرممکن : [ع صف] دشوار۔ ناممکن۔ محال۔
غیرمنقولہ : [ع صف] وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جائی جا سکے مثلاً مکان۔ زمین

غیر منکوحہ: [ع صف مث] جس سے نکاح نہ ہوا ہو۔ بن بیاہی عورت

غیر مورُوثی: [ع صف] ۱۔ جو وراثت میں نہ ملی ہو ۲۔ ایک قسم کا کاشت کار۔

غیر نافذ: [ع صف] جو جاری نہ ہو۔

غیر واجب: [ع صف] نامناسب۔ بے جا۔

غیر واجبی: [ع صف] دیکھئے "غیر واجب"

غیر واقع: [ع صف] جھوٹ۔ خلاف واقعہ۔

غیرت: [ع امث] ۱۔ لاج۔ شرم ۲۔ رشک ۳۔ وہ جذبہ جو احساس عزت و حمیت ۴۔ مقدس اور محبوب چیز رکھنے کا احساس ۵۔ حسد۔ رقابت۔ عداوت۔ حقارت۔

غیرت آنا: [ار محاورہ] ندامت ہونا۔ شرم آنا۔

غیرت اُڑا دینا: [ار محاورہ] حیا دور کرنا۔ بے حیا ہو جانا۔

غیرت اُڑ جانا: [ار محاورہ] دیکھئے "غیرت اڑا دینا" جس کا یہ لازم ہے

غیرت انگیز: [عف صف] غیرت پیدا کرنے والا۔

غیرت انگیزی: [عف امث] دیکھئے "غیرت انگیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

غیرت بخش: [عف صف] جس کو دیکھ کر غیرت آئے

غیرت چھوٹ جانا: [ار محاورہ] بالکل شرم نہ ہونا۔ بے حیا ہونا۔

غیرت رکھنا: [ار محاورہ] حیا رکھنا۔ باحیا ہونا۔

غیرت سے کٹ جانا: [ار محاورہ] سخت شرمندہ ہونا۔

غیرت سے مرنا: [ار محاورہ] نہایت شرم کرنا۔

غیرت کا تقاضا: [ار امذ] کسی بات کو سوچ کر دل میں ندامت ہونا۔

غیرت کا مارا: [ار صف] شرم لحاظ کا پابند۔

غیرت کھا کے ڈوب مرنا: [ار محاورہ] شرم کے مارے ڈوب کے مر جانا۔

غیرت کی جگہ ہے: [ار محاورہ] نادم ہونا چاہیے شرم کرنا چاہیئے

غیرتِ ماہ: [ف صف] جس کو دیکھ کر چاند شرمائے کنایۃً معشوق۔

غیرت مند/دار: [عف صف] غیرت والا۔ باحیا

غیرت مندی/داری: [عف امث] دیکھئے "غیرت مند/دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

غیرت ہونا: [ار محاورہ] شرم ہونا۔ ندامت ہونا۔

غیریت: [ع امث] ۱ مخالفت ۲۔ بیگانگی مغایرت

غیریت رکھنا/برتنا: [ار محاورہ] غیر سمجھنا۔ اجنبی سمجھنا۔

غیض: [ع امذ] ۱۔ مادہ کا بچہ جو وقت سے پہلے ساقط ہو۔ جنت میں سے تھوڑا ۲۔ پانی کا کم ہو جانا نقص کرنا ۳۔ مجازاً تھوڑی بخشش۔

غیظ: [ع امذ] شدید غصہ۔ قہر

غین: [ع امث] ایک حرف تہجی کا نام ۲۔ منت سماجت عاجزی

غیں پیں: [ار امث] شکایت کی آواز جھگڑا۔ تکرار۔

غیں پیں لانا: [ار محاورہ] تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا

غین غین: [ار امث] کنایۃً منت سماجت۔ عاجزی۔

غین ہونا: [ار محاورہ] نشہ میں چور ہونا۔

غیور: [ع صف] بہت غیرت والا۔

غیوری: [عف امث] دیکھئے "غیور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ف

ف: [ع۔ امث] عربی اور فارسی میں فا اور اردو میں اس کا نام فے ہے۔
۱۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں چھبیسواں اور فارسی کا تئیسواں حرف ہے۔ عربی حروف ہجائی ترتیب ابتث میں بیسواں اور ترتیب ابجد میں سترھواں حرف ہے۔
۲۔ یہ صحیح حرف ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
۳۔ عربی تقسیم میں قمری حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آ جائے تو اپنی آواز دیتا ہے مثلاً "الفجر"۔
۴۔ حساب جمل میں اس کے اسّی عدد مقرر ہیں
۵۔ تقویم میں چاندی کی علامت ہے۔
۶۔ فارسی اور عربی میں مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے

ا۔	ب	کا بدل	مثلاً	زبان	اور	زفان	ہیں
ب۔	پ		"	پیل	اور	فیل	ہیں
ج۔	ث		"	جدث	اور	جدف	"
د۔	ز		"	زغند	اور	فغند	"
ہ۔	س		"	پست	اور	چفت	"
ز۔	م	" "	"	مخیر	اور	فخیر	"
ح۔	و			وام	اور	فام	"
ط۔	ہ	" "	"	تہ	اور	تف	ہیں

ف ــــ ا

فاتحْ: [ع صفت] ۱۔ کھولنے والا ۲۔ ابتدا کرنے والا شروع کرنے والا ۳۔ فتح کرنے والا۔ مظفر۔ منصور۔
فاتحہ: [ع امث اند] ۱۔ فاتح کی تانیث ۲۔ قرآن مجید کی پہلی سورت کا نام ۳۔ کسی مُردے کی رُوح کو کچھ پڑھ کر ثواب پہنچانا۔
فاتحہ پڑھنا: [ا محاورہ] ۱۔ قرآن مجید کا کچھ حصّہ پڑھ کر مردے کی روح کو ثواب پہنچانا۔ نیاز دینا ۲۔ مایوس ہونا۔
فاتحۂ خیر: [ع اند بہ ترکیب فارسی] ۱۔ دعائے خیر ۲۔ مجازاً نکاح۔ عقد۔
فاتحہ دِلانا / دِلوانا: [ا محاورہ] فاتحہ پڑھوانا۔ نیاز دِلانا۔
فاتحہ دینا: [ا محاورہ] نیاز دینا۔ قرآن شریف پڑھ کر مُردے کو ثواب پہنچانا۔
فاتحہ نہ دُرُود، کھا گئے مردود: [ا مثل] کسی چیز کا اکارت جانا۔
فاتحہ نہ دُرُود، کھانے کو موجود: [ا مثل] بغیر محنت مشقت کچھ مانگنا۔
فاتحہ نہ درود مر گئے مردود: [ا مثل] کسی مُوذی اور ظالم شخص کے مرنے پر کہتے ہیں۔
فاتِرْ: [ع صفت] کمزور۔ ضعیف۔ سُست۔
فاتِرُالعَقْلْ: [ع صفت] جس کی عقل میں خرابی آگئی ہو۔
فاجِرْ: [ع صفت] بدچلن۔ بدکار۔ گنہ گار۔
فاجِرَہ: [ع صفت] دیکھئے "فاجر" جس کی یہ تانیث ہے

فاجعہ: [ع صفت] درد مند کر دینے والا۔ غم ناک۔ غم انگیز
فاحِشْ: [ع صفت] بدی میں حد سے گزرنے والا ۲۔ سخت گناہ۔ شرم ناک۔ قبیح ۳۔ بھاری۔ سخت
فاحِشَہ: [ع صفت] بدکار عورت۔
فاخْتَہ: [ع امث] قمری کے برابر اور ہم شکل خاکستری رنگ کا پرندہ ۲۔ کنایۃً معشوق
فاختہ اُڑانا: [ا محاورہ] کل چھپّے سے اڑانا ۲۔ نکمے کام کرنا ۳۔ مزے اڑانا۔ عیش کرنا
فاخْتئی: [ف صفت] ۱۔ فاختہ جیسا رنگ ۲۔ خاکستری۔ خاکی
فاخِر: [ع اند] فخر کرنے والا ۲۔ عُمدہ۔ بیش قیمت۔
فاخِرہ: [ع امث] دیکھئے "فاخر" جس کی یہ تانیث ہے اور اناوہ جمع کرتی ہے۔
فادر: [انگ اند] father باپ ۲۔ عیسائیوں کے رومن کیتھولک فرقے کا پادری۔
فادزہر: [ف اند] تریاق۔ دافع زہر ۲۔ زہر مہرہ۔
فارْ: [ع اند] چوہا۔ موش۔
فارَانْ: [ع اند] مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام
فارخطی: [ا امث] دیکھئے "فارغ خطی" جس کا یہ مخفف ہے۔
فارِس: [ع اند] ۱۔ گھوڑے کا سوار ۲۔ پارس کا معرب۔ ایران
فارسی: [ف امث] ۱۔ وہ زبان جو فارس یعنی ایران میں بولی جاتی ہے ۲۔ فارس کا باشندہ۔
فارسی بگھارنا: [ا محاورہ] ۱۔ بے موقع بے محل فارسی بولنا ۲۔ شیخی جتانا ۳۔ ایسی زبان بولنا جو دوسروں کی سمجھ میں نہ آئے۔
فارسی کی ٹانگ توڑنا: [ا محاورہ] غلط سلط فارسی بولنا
فارِغْ: [ع اند] آسودہ۔ مطمئن ۲۔ خلاصی اور نجات پانے والا ۳۔ آزاد۔ بری ۴۔ نالی۔ بے کام۔
فارِغُ البالْ: [ع صفت] بے فکر آزاد (افعال رہونا کرنا)
فارِغُ البالی: [ع امث] دیکھئے "فارغ البال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فارِغ خطی: [ع ف امث] مطالبہ بھر پانے کا تحریری اقرار۔ بیباقی کی رسید ۲۔ بے تعلقی کی تحریر جو میاں بیوی کے درمیان ہو۔ طلاق نامہ ۳۔ فارغ کرنا۔ چھٹکارا دینا۔ چھٹی دینا۔
فارِق: [ع صفت] فرق کرنے والا۔
فارقلیط: [عبرانی اند] پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ وآلہ وسلم کا وہ نام جو انجیل میں آیا ہے۔ عربی ترجمہ احمد۔
فارْم: [انگ اند] form ۱۔ نمود۔ وضع۔ شکل۔ ہیئت ۲۔ چھپا ہوا کاغذ یا نقشہ جس میں مطلوبہ معلومات درج کرنی ہوتی ہیں۔
فارْم: [انگ اند] farm کھیت۔ اراضی کا بڑا رقبہ جس پر مشینوں سے کاشت کی جاتی ہے۔
فارمولا: [انگ اند] formula گُر۔ مقررہ قاعدہ۔ کلیّہ
فارمیکا: [انگ اند] پلاسٹک کی پتلی سی تہ جو لکڑی کی چیزوں پر کیمیاوی اثرات سے بچانے کے لئے چڑھاتے ہیں۔
فارن آفس: [انگ اند] foreign office غیر ملکوں سے معاملات کرنے والا محکمہ۔ دفتر خارجہ۔
فارن ہائٹ: [انگ اند] fahrenheit جرمن تھرمامیٹر

جس میں نقطہ انجماد ۳۲ ڈگری اور نقطہ جوش ۲۱۲ ڈگری ہوتا ہے۔
فَارُوق: [ع صف] فرق کرنے والا۔ حق و باطل میں فرق کرنے والا ۲۔ حضرت عمرؓ کا لقب ۳۔ ایک تریاق ۴۔ ایک تیزاب جس سے کھرا کھوٹا پرکھتے ہیں۔
فَارُوقی: [ع صف] ۱۔ حضرت فاروق اعظم سے منسوب ۲۔ حضرت عمرؓ کی اولاد۔
فَاژہ: [ف امث] جماہی۔ انگڑائی
فَاسٹ: [انگ صف] زیادہ تیز۔ fast
فَاسِخ: [ع صف] فسخ کرنے والا۔ توڑنے والا۔
فَاسِد: [ع صف] تباہ برباد۔ بد۔ شریر۔ فسادی جھگڑالو۔ خراب ناقص بگڑا ہوا۔
فَاسِدہ: [عف امث] دیکھئے "فاسد" جس کی یہ تانیث اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
فَاسفورس: [انگ امذ] phosphorus ایک تابناک کیمیاوی مادہ جو مرکب حالت میں پایا جاتا ہے
فَاسفیٹ: [انگ امذ] phosphate فاسفوری نمک۔
فَاسِق: [ع صف] گنہگار۔ بدکار ۲۔ دروغ گو۔ جھوٹا
فَاسِقہ: [ع صف۔ امث] دیکھئے "فاسق" جس کی یہ تانیث اور جمع کا افادہ کرتی ہے
فَاش: [ع صف] ظاہر۔ کھلی۔ آشکار۔ صریح۔
فَاش غلطی کرنا: [ارمحاورہ] کھلی غلطی کرنا۔ بڑی غلطی کرنا۔ ایسی بھاری غلطی کرنا جسے سب جانتے ہوں
فَاش کرنا: [ارمص مرکب] دیکھئے "فاش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فَاش ہونا: [ارمص مرکب] ظاہر کرنا۔ آشکارا کرنا۔ طشت از بام کرنا۔
فَاشزم: [انگ امذ] fascism سرمایہ داروں کی جارحانہ آمریت۔ جمہوریت کا دشمن۔ نظریہ۔ تسلطائیت۔
فَاشسٹ: [انگ صف] fascist فاشزم کا پیرو۔
فَاشی: [ارصف] دیکھئے "فاشزم" جس سے یہ منسوب ہے۔
فَاصِل: [ع صف] جدا کرنے والا فرق کرنے والا۔
فَاصِل آب: [عف امذ] دو دریاؤں کے درمیان کا مرتفع قطعہ زمین۔
فَاصِلہ: [ع امذ] دوری مسافت۔ عرصہ۔ میدان۔
فَاصلے پر: [ارصف] دور۔ الگ۔
فَاضِل: [ع صف] ۱۔ زیادہ نکلتا ہوا۔ بڑھا ہوا ۲۔ عالم۔ دانا۔ صاحب علم و فضل
فَاضِل اَجَلّ: [ع صف بہ ترکیب فارسی] بہت بڑا فاضل جید عالم۔
فَاضِل باقی: [ع صف بہ ترکیب فارسی] بچا ہوا روپیہ۔
فَاضِل باقی نکالنا: [ارمحاورہ] وصول شدہ رقم حساب میں جمع کر کے کمی بیشی یا لینا دینا نکالنا۔
فَاضِل ہونا: [ارمص مرکب] ۱۔ عالم ہونا صاحب علم و فضل ہونا ۲۔ کسی شے کا زیادہ ہونا۔
فَاضِلات: [ع امذ] فاضل رقم ۲۔ وہ پانی جو سیلاب کی وجہ سے نہر سے باہر نکلے۔
فَاضِلہ: [عف صف امث] دیکھئے "فاضل" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
فَاطِمہ: [ع امث] وہ عورت جس نے دو ہی برس میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو بچے کو دودھ نہ پلانے والی ۲۔ رسول مقبولؐ کی صاحبزادی فاطمۃ الزہراؓ کا اسم گرامی **فَاطِمی**: [ع صف] حضرت فاطمہؓ کی نسل کا
فَاعتبِرو یا اُولی الابصار: [ع آیت قرآنی] پس سمجھ دار عبرت حاصل کرو۔
فَاعِل: [ع صف] ۱۔ کام کرنے والا ۲۔ اغلام کرنے والا ۳۔ وہ اسم جس سے فعل سرزد ہو (جس کے متعلق سرزد ہو اسے مفعول کہتے ہیں)
فَاعِلِ حقیقی: [ع امذ] خدائے تعالیٰ۔
فَاعِلِ مختار: [ع امذ] وہ کام کرنے والا جسے اختیار کامل ہو۔
فَاعِل مفعول: [ع امذ] ۱۔ وہ جو کام کرے اور وہ جس کے ساتھ کام کیا جائے ۲۔ اغلام کرنے والا اور جس کے ساتھ اغلام کیا جائے۔
فَاعِلی: [ع صف] دیکھئے "فاعل" جس سے یہ منسوب ہے۔
فَاعِلیّت: [ع امث] فاعل ہونا۔ فاعل کا اسم کیفیت۔
فَاق: [ع امذ] ۱۔ سوفار ۲۔ وہ کچا دھاگا جو کمان کے چلّے کے درمیان لپیٹتے ہیں تاکہ اس پر سوفار رکھیں۔
فَاقِد: [ع امذ] ۱۔ وہ جو کوئی چیز کھو دے یا کھوئی ہوئی چیز کو تلاش نہ کر سکے ۲۔ وہ جس کے خاوند اور بچے مر جائیں
فَاقِدُ البصر: [ع صف] اندھا نابینا
فَاقہ: [ع امذ] ۱۔ بھوکا رہنا۔ کھانا نہ کھانا۔
فَاقہ توڑنا: [ارمحاورہ] کچھ کھانا کھا لینا۔
فَاقہ ٹوٹنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "فاقہ توڑنا" جس کا یہ لازم ہے
فَاقہ زدہ: [عف صف] جسے عام طور پر کھانے کو نہ ملے۔ بھوک کا مارا ہوا۔
فَاقے سے ہونا: [ارمص مرکب] بھوکا ہونا۔ کچھ نہ کھانا۔
فَاقہ شکنی: [عف امث] فاقے کے بعد کھانا کھانا فاقہ توڑنا
فَاقہ کا مارا ہے: [ارمحاورہ] غریب ہے۔ ناتواں ہے بھوک کا ستایا ہوا ہے
فَاقہ کش: [عف صف] فاقہ کرنے والا۔ بھوکا رہنے والا۔
فَاقہ کشی: [عف امث] دیکھئے "فاقہ کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فَاقہ کشی کی نوبت آنا / پہنچنا: [ارمحاورہ] اس درجہ افلاس بڑھ جانا کہ کھانے کو نہ ملنا۔
فَاقہ کی ماری جان ہے: [ارمحاورہ] بھوکا / ناتواں / ضعیف ہے۔
فَاقہ مست: [عف امث] حالت افلاس میں بھی خوش رہنے والا۔ جو فاقے کی حالت میں بھی بے فکر ہو۔
فَاقہ مستی: [عف امث] دیکھئے "فاقہ مست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فَاقہ گزرنا: [ارمحاورہ] فاقہ ہونا۔ بھوکا رہنا
فَاقوں پر فاقے گزرنا / ہونا: [ارمحاورہ] لگاتار بھوکے رہنا۔ متواتر کھانے کو کچھ نہ ملنا۔
فَاقوں کا لوٹا / مارا: [ارصف] وہ جو فاقہ کرتا کرتا دبلا ہو گیا ہو۔
فَاقوں مرنا: [ارمحاورہ] بھوکوں مرنا فاقہ کرنا۔
فَاکِہہ: [ع امذ] میوہ۔ پھل۔ ہرا پھل۔
فَال: [ع امث] شگون۔
فَال آنا: [ارمحاورہ] قرآن شریف یا کسی اور کتاب سے عبارت کے مضمون کا مطلب کے موافق نکالنا۔
فَال اختر: [عف صف] بدنصیب۔ بدقسمت
فَال بد: [عف امذ] برا شگون
فَال دیکھنا: [ارمحاورہ] قرآن شریف یا کسی دوسری کتاب سے شگون دیکھنا
فَال زبان یا فال قرآن: [ف مقولہ] زبان سے نکلی ہوئی بری بات فال قرآن کے برابر ہوتی ہے۔
فَال کھلوانا: [ارمحاورہ] قرآن شریف وغیرہ سے شگون نکلوانا۔

فال کھولنا: [ا محاورہ] قرآن شریف سے فال دیکھنا۔
فال کھولنے والا / گویا / گیر: [ع ف صف] وہ شخص جو فال دیکھنے / کھولنے کا پیشہ کرے
فال کی کوڑیاں مُلّا کو حلال: [ا رش] ۱۔ مفت کا قلیل مال لے لینا جائز ہے۔
۲۔ مشقت کی اجرت جائز ہے۔

فالگوش / فال گوش: [ع ف امث] وہ فال جو راہ گیروں کی آواز سے لیں۔
فال لینا: [ا محاورہ] شگون لینا۔
فال نامہ: [ع ف امذ] وہ کتاب جس میں فال دیکھتے ہیں۔
فال نکالنا: [ا محاورہ] ۱۔ شگون دیکھنا۔ فال دیکھنا ۲۔ بدشگونی کی بات منہ سے نکالنا۔
فال نکلنا: [ا محاورہ] دیکھئے "فال آنا"
فال نکلوانا: [ا محاورہ] دیکھئے "فال نکلنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
فال نیک: [ع ف امث] اچھا شگون
فالتو: [ا صف] ضرورت سے زائد۔ نکما۔ بے کار (مذ) ۲۔ قُلی۔ مزدور۔
فالج: [ع امذ] ایک بیماری جس میں کوئی عضو بدن بے کار اور بے حس ہو جاتا ہے۔
فالج زدہ: [ع ف صف] جسے فالج ہوا ہو
فالج گرنا / ہونا: [ا محاورہ] فالج کی بیماری ہو جانا۔
فالسہ: [ف امذ] ایک چھوٹا سا پھل جو پک کر سیاہی مائل اُودے رنگ کا ہو جاتا ہے کھٹے کو شربتی اور میٹھے کو شکری کہتے ہیں۔
فالسائی / فالسئی: [ف صف] فالسے کے رنگ کا ۲۔ ایک رنگ جو اودے سے ملتا جلتا ہے۔
فالودہ: [ف امذ] ۱۔ پکا ہوا نشاستہ جسے چھلنی میں چھان کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا لیتے ہیں اور ان کو دودھ اور برف میں ڈال کر اور شکر ملا کر کھاتے ہیں۔ (افعال: بنانا۔ بننا۔ کھانا)
فالودہ کھاتے دانت ٹوٹیں نہ بلا سے کُرُوٹ دو: [ا رش] بھلائی کرتے برائی ہو تو ہونے دو۔
فالیز: [ف امث] خربوزوں۔ کھیروں یا ککڑیوں کا کھیت۔
فام: [ف صف] رنگ۔ مانند۔ رنگ کا۔ شکل کا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
فانوس: [ف امذ] ۱۔ ایک قسم کا شمعدان ۲۔ ایک قسم کا بڑا قندیل ۳۔ سمندر میں چٹانوں پر بنا ہوا وہ مینار جس سے جہازوں کی روشنی دکھائی دیتی ہے جس سے وہ رہبری حاصل کرتے ہیں۔
فانوس خیال / خیالی / گرداں: [ف امذ] ایک قسم کی کاغذی قندیل جس میں ہاتھی گھوڑے کاغذ کے کتر کر لگا دیتے ہیں۔ وہ گردش کرتے ہیں تو ان کا سایہ قندیل کے کاغذوں پر پڑ کر بہت اچھا معلوم ہوتا ہے۔
فانہ: [ف امذ] دیکھئے "پچانہ"
فانی: [ع صف] ۱۔ فنا ہونے والا ۲۔ بہت بوڑھا۔
فائدہ: [ع امذ] ۱۔ نفع ۲۔ آمدنی۔ یافت۔ محاصل ۳۔ وصف۔ خوبی ۴۔ نتیجہ حاصل ۵۔ مطلب۔ غرض ۶۔ افاقہ۔ آرام ۷۔ بہتری۔ بھلائی ۸۔ سود ۹۔ فیض ۱۰۔ نتیجہ کسی کہانی کا ۱۱۔ مفید بات یا نکتہ۔
فائدہ اُٹھانا: [ا محاورہ] نفع حاصل کرنا۔ فیض حاصل کرنا۔
فائدہ بخش: [ف صف] فائدہ دینے والا۔

فائدہ پہنچانا: [ا محاورہ] دیکھئے "فائدہ پہنچنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
فائدہ پہنچنا: [ا محاورہ] نفع حاصل ہونا۔ فیض پہنچنا۔
فائدہ حاصل کرنا: [ا مص مرکب] دیکھئے "فائدہ اٹھانا"
فائدہ حاصل ہونا: [ا مص مرکب] دیکھئے "فائدہ حاصل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فائدہ دینا: [ا محاورہ] دیکھئے "فائدہ پہنچانا"
فائدہ رساں: [ع ف صف] نفع دینے والا۔ فائدہ پہنچانے والا۔
فائدہ کرنا: [ا محاورہ] مفید پڑنا۔ کارگر ہونا۔ نفع حاصل ہونا۔
فائدہ مند: [ف صف] فائدہ کرنے والا۔ مفید۔ سُود مند۔ کارگر۔
فائدہ ہونا: [ا محاورہ] نفع ہونا ۲۔ مفید ہونا ۳۔ حاصل ہونا ۴۔ مرض میں افاقہ ہونا۔
فائر انجن: [انگ امذ] وہ انجن جس سے آگ بجھائی جاتی ہے fire engine

فائر بریگیڈ: [انگ امذ] firebrigade آگ بجھانے والی جماعت
فائر مین: [انگ امذ] fire man وہ شخص جو انجن میں ایندھن ڈالتا ہے ۲۔ وہ شخص جو فائر انجن میں یا کسی دوسری جگہ آگ بجھانے پر ملازم ہو۔
فائز: [ع صف] پہنچنے والا۔ کام یاب۔
فائز المرام: [ع صف] مراد پانے والا۔ کام یاب۔
فائض: [ع صف] بہت افراط سے ۲۔ فیاض ۳۔ نہایت اعلےٰ۔
فائض السّرور: [ع صف] خوشی پہنچانے والا۔
فائض النّور: [ع صف] روشن۔ منور۔
فائق: [ع صف] ۱۔ بڑھا ہوا ۲۔ سب سے بڑھ کر ۳۔ اعلیٰ۔ معزز ۴۔ فوقیت رکھنے والا۔
فائقہ: [ع ف مث] دیکھئے "فائق" جس کی یہ تانیث ہے۔
فائل: [انگ امذ] file وہ کاغذ جو تاریخ اور مضمون وار رکھے جائیں مسل۔
فائل بک: [انگ امث] کاغذ لگانے کی کتاب جلد file book
فائل کرنا: [ا مص مرکب] مسل میں شامل کرنا۔ نتھی کرنا ۲۔ داخل دفتر کرنا۔
فائل ہونا: [ا مص مرکب] دیکھئے "فائل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فائن: [انگ امذ] fine ۱۔ جرمانہ (افعال: کرنا۔ ہونا) ۲۔ (صف) اچھا۔ اعلےٰ۔ نفیس۔
فاؤل: [انگ امذ] foul کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی۔

ف ــــ ب

فَبِہا: [ع متعلق فعل] یہی اصل مراد ہے۔ بہت خوب۔ بہتر۔ مراد حاصل ہے ("فرضینا بہا" یعنی ہم اس پر راضی ہیں کا مخفف)

ف ــــ ت

فَتیٰ: [ع امذ] جوان آدمی ۲۔ دلیر آدمی۔ شجاع۔
فتّاح: [ع ا۔ مبالغہ] فتح کرنے والا۔ کھولنے والا ۲۔ خدا تعالیٰ کا نام جو اپنی مخلوق پر رحمت کے دروازے کھولتا ہے۔
فتادگی: [ف امث] دیکھئے "اُفتادگی"

فِتادہ :[ف صف] دیکھیے "اُفتادہ"
فَتّان :[ع صف] لُبھانے والی۔ فسوں ساز۔ دلربا (آنکھ کے لئے استعمال ہوتا ہے)
فَتاویٰ :[ع امذ] "فتویٰ" کی جمع۔
فَتح :[ع امث] ۱۔ جیت۔ ظفر (افعال: پانا۔ حاصل کرنا/ہونا۔ کرنا/ہونا) ۲۔ فتحہ۔ زبر۔ ۳۔ سلام۔ بندگی۔
فَتحُ الباب :[ع امث] ابتدا۔ آغاز ۲۔ موسم برسات کا آغاز۔
فَتحِ باب :[ع امث] کشادگی۔ آسودگی۔ (لفظی معنی ہیں دروازے کا کھلنا)
فَتح پیچ :[ع فا امذ] ۱۔ پگڑی باندھنے کا ایک طریقہ ۲۔ عورتوں کے بالوں کو گوندھنے کا ایک طریقہ ۳۔ ایک قسم کا حقّے کا نیچا۔
فتح تو خدا کے ہاتھ ہے پر مار مار تو کئے جاؤ :[ا رمثل] کوشش کئے جاؤ خدا کا کامیابی دے گا۔
فَتح دینا :[ا رمص مرکب] جتانا۔ ظفریاب کرنا۔
فَتح کا ڈنکا/نقارہ :[ا رامذ] فتح کرنے کے بعد ایک خاص طرز پر نقارہ بجاتے ہیں۔
فَتح مَند :[ع ف صف] فاتح۔ جیتنے والا۔ ظفریاب۔
فَتح مَندی :[ع ف امث] دیکھیے "فتح مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فَتح نامہ :[ع ف امذ] ظفرنامہ۔ وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی میں نظم یا نثر ہو لکھی جائے۔
فَتح نِشان :[ع ف صف] فتح کے جھنڈے والا۔ جس سے فتح ظاہر ہو۔
فَتح نَصیب :[ع ف صف] فتح کرنے والا۔ فاتح۔ خوش نصیب۔
فَتح نصیب ہونا :[ا رمحاورہ] فتح پانا۔ جیتنا۔
فَتح و ظفر :[ع امث] فتح۔ کامیابی۔
فَتحہ :[ع امث] زبر جو حروف پر بطور نشان لگائی جاتی ہے۔ حرکت۔ نصب۔
فَتحیاب :[ع ف صف] فتح پانے والا۔ جیتنے والا۔ ظفریاب (افعال: کرنا۔ ہونا)
فَتحیابی :[ع ف امث] جیت۔ ظفر۔
فِتراک :[ف امذ و مث] چمڑے کے وہ تسمے جو زین کے دونوں طرف شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لئے لگے ہوتے ہیں۔ شکاربند۔
فَترت :[ع امث] ۱۔ سستی۔ ضعف ۲۔ دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ۔ خلا۔
فَتق :[ع امذ] ۱۔ کشادگی ۲۔ خُصیہ/فوطوں کے بڑھنے کی ایک بیماری۔
فِتَن :[ع امذ] دیکھیے "فتنہ" جس کی یہ جمع ہے۔
فَتنت :[ع امث] چالاکی۔ شرارت۔ گمراہی۔
فِتنہ :[ع امذ] ۱۔ شرارت۔ چالاکی ۲۔ ہنگامہ۔ فساد۔ جھگڑا ۳۔ بغاوت ۴۔ ایک قسم کا عطر ۵ (صف) شریر۔ چالاک۔ شوخ ۶۔ آسمان کی صفت۔ مُفسد۔
فتنہ اُٹھانا :[ا رمحاورہ] شرارت کرنا۔ فساد کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
فتنہ اُٹھنا :[ا رمحاورہ] دیکھیے "فتنہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
فتنہ انداز/انگیز/پرداز/جُو/زا/سامان :[ع ف صف] شرارتی۔ فسادی۔ جھگڑا پھیلانے والا۔
فتنہ اندازی/انگیزی/پردازی/جوئی/زائی/سامانی :[ع ف امث] دیکھیے "فتنہ انداز وغیرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فتنہ بپا/برپا کرنا :[ا رمص مرکب] فساد کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ شرارت کرنا۔
فتنہ بپا/برپا ہونا :[ا رمص مرکب] دیکھیے "فتنہ بپا/برپا کرنا" جس کا یہ لازم ہے

فتنہ بننا :[ا رمحاورہ] باعث فساد ہونا۔
فتنہ بیدار کرنا :[ا رمحاورہ] فساد دوبارہ اٹھانا۔ از سرِ نو فساد کرنا۔
فتنہ بیدار ہونا :[ا رمحاورہ] دیکھیے "فتنہ بیدار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فتنہ جاگنا :[ا رمحاورہ] دیکھیے "فتنہ جگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
فتنہ جگانا :[ا رمحاورہ] از سرِ نو فساد برپا کرنا۔
فتنہ جہاں :[ع ف صف] معشوق۔
فتنہ چونکانا :[ا رمحاورہ] دیکھیے "فتنہ جگانا"
فتنہ چونکنا :[ا رمحاورہ] دیکھیے "فتنہ جاگنا"
فتنہ خفتہ/خوابیدہ :[ع ف امذ] پوشیدہ فتنہ۔ رُکا ہوا فتنہ۔
فتنہ خوابیدہ/خفتہ جاگنا :[ا رمحاورہ] مٹا ہوا فساد پھر اُٹھنا۔
فتنہ خفتہ یا خوابیدہ جگانا :[ا رمحاورہ] مٹا ہوا فساد پھر اٹھانا۔
فتنہ خیز :[ع ف صف] فتنہ برپا کرنے والا
فتنہ دوران/روزگار/زا/سگال/سنج/عالم :[ع ف صف] مفسد۔ فسادی ۲۔ معشوق۔
فتنہ عظیم :[ع امذ] بڑا فساد۔ سخت بغاوت۔
فتنہ قد :[ع ف صف] معشوق
فتنہ گر :[ع ف صف] ۱۔ مفسد۔ فسادی ۲۔ معشوق۔
فتنہ گری :[ع ف امث] دیکھیے "فتنہ گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فتنی :[ا رصف مؤنث] شرارتی/چالاک عورت ۲۔ لڑاکی۔ جھگڑالو۔
فُتُوّت :[ع امث] شجاعت۔ بہادری ۲۔ سخاوت۔ مروت ۳۔ دوسرے سے سخاوت میں بڑھ جانا
فُتوح :[ع امث مذ] جمع فتح کی۔ فتوحات۔ فتحیں ۲۔ کامیابی ۳۔ کشائش۔ آسودگی ۴۔ بالائی یافت۔ خیرات۔ نیاز۔ چڑھاوا۔
فُتوحات :[ع امذ] فتح کی جمع الجمع۔ بہت سی فتحیں۔ بہت سے شہروں اور علاقوں کی تسخیر۔
فُتوحاتِ غیب :[ع امث بہ ترکیب فارسی] عطیاتِ الٰہی۔
فُتوحی :[ع امث] واسکٹ۔ صدری۔
فُتور :[ع امذ] فساد۔ شرارت۔ فتنہ ۲۔ کمزوری۔ خرابی۔
فتور آنا :[ا رمحاورہ] خرابی پیدا ہونا۔
فتور اُٹھانا :[ا رمحاورہ] ہنگامہ پیدا کرنا۔
فتور اُٹھنا :[ا رمحاورہ] دیکھیے "فتور اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
فتور برپا کرنا :[ا رمص مرکب] دیکھیے "فتور اٹھانا"
فتور برپا ہونا/پڑنا :[ا رمص مرکب] دیکھیے "فتور اُٹھنا"
فتور ڈالنا/کرنا :[ا رمحاورہ] خلل اندازی کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔
فتورِ عقل :[ع امذ] بے عقلی۔
فتورِ ہضم :[ع امذ] ہاضمے کی خرابی۔
فتوری/فتوریا :[ا رصف] جو فتور برپا کرے
فتویٰ :[ع امذ] شرع کا حکم۔ مُفتی کا فیصلہ۔ (کسی مسئلہ کے متعلق) شرعی فیصلہ۔
فتویٰ حاصل کرلینا/کرنا :[ا رمص مرکب] کسی مفتی سے کسی معاملے کے متعلق فیصلہ لینا۔
فتویٰ لینا :[ا رمحاورہ] جواز یا عدم جواز کی نسبت/بابت حکم لینا۔
فتویٰ دینا :[ا رمحاورہ] فیصلہ دینا۔ شرعی حکم بیان کرنا۔
فَتیان :[ع امذ] جوان مرد
فَتیل :[ع امذ] بتی۔ چراغ کی بتی

فتیل سوز: [ع امذ] روشنی کا چوکھا ظرف۔
فتیلہ: [ع امذ] ۱۔ چراغ کی بتی۔ موٹی بتی روئی کی بٹی ہوئی ۲۔ مشعل ۳۔ وہ بتی جو زخم میں رکھتے ہیں ۴۔ وہ بٹا ہوا ڈورا جو انگرکھوں وغیرہ میں دے کر اوپر سے سی دیتے ہیں ۵۔ تعویذ کی بتی جسکی دھونی بیمار یا آسیب زدہ کو دیتے ہیں اور کبھی اس کے سامنے جلاتے ہیں ۶ بندوق یا توپ کا توڑا
فتیلہ داغنا: [ارمحاورہ] نالش کرنا۔
فتیلہ دکھانا: [ارمحاورہ] فتیلہ یا بتی سے آگ لگانا۔ بندوق یا توپ کی بارود کو آگ لگانا
فتیلہ دینا: [ارمحاورہ] زخم میں بتی دینا۔
فتیلہ سوز: [عف امذ] روشنی کا چوکھا ظرف۔ شمع دان
فتیلہ عنبر: [ع امذ] عنبر کی بتی جو جلاتے ہیں
فتیلہ نال میں دینا: [ارمحاورہ] تعویذ کی بتی کی دھونی دینا ۲۔ مجازاً دق کرنا۔
فتین: [ارصف] چالاک۔ عیار (عربی فطین کا بگاڑ)

ف ــــ ٹ

فٹ: [انگ امذ] fit ۱۔ چست ہونا کپڑے یا جوتے وغیرہ کا درست ہونا۔ صحت مند ہونا۔ ۲۔ موزوں مناسب۔ (افعال، کرنا۔ ہونا۔ آنا)
فٹ: [انگ امذ] foot ۱۔ پاؤں ۲۔ ایک ناپ جو بارہ انچ کے برابر ہوتا ہے اور ایک گز کا تہائی ہوتا ہے۔
فٹ بال: [انگ امذ] football پاؤں سے لڑھکانے کا گیند
فٹ پاتھ: [انگ امذ] وہ پٹری جو سڑک کے دونوں کنارے پیدل چلنے والوں کیلئے ہوتی ہے
فٹ نوٹ: [انگ امذ] footnote وہ حوالے یا شرح جو کتاب کے متن کے نیچے لکھی جائے ۲۔ حاشیہ۔
فٹر: [انگ صف] fitter مشینوں کے پرزے درست کرنے والا
فٹن: [انگ امث] phaeton ایک قسم کی چو پہیہ گاڑی جو اوپر سے کھلی ہوتی ہے۔
فٹنگ: [انگ امث] fitting کسی چیز کو درست کرنا۔ درستی۔

ف ــــ ج

فجا: [ع امذ] اچانک پکڑنا۔ یکایک ہونا۔
فجائی: [ع صف] اچانک۔ ناگہاں۔ یکایک ۲۔ حروف کی وہ قسم جس میں کسی امر کے یکایک ہونے کا اظہار ہونا۔
فجائیہ: [ع صف مث] دیکھئے "فجائی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے
فجار: [ع۔ امبالغہ] بہت بڑا بدکار۔ فجار: [ع امذ] دیکھئے "فاجر" جس کی یہ جمع ہے۔
فجر: [ع امث] صبح۔ سویرا۔ تڑکا۔ سحر۔ پگاہ۔ بامداد ۲۔ صبح کی نماز (افعال، کرنا۔ ہونا)
فجر فجر نہ ہاں مت کرو: [ارمقولہ] صبح کے وقت اقرار یا انکار نہیں کرنا چاہیئے۔
فجور: [ع امذ] بدکاری۔ بدچلنی۔ گناہ۔ زنا۔ اغلام۔ فسق۔

ف ــــ ح

فحاش: [ع امذ] بے تمیز۔ بدچلن ۲۔ گزرا۔
فحاشی: [ع امث] بے حیائی۔ بدکاری۔ شرارت۔
فحش: [ع مذ] بے حیائی کی بات۔ گندی بات۔ قابل شرم بات۔ گالی
فحش بکنا: [ارمحاورہ] بے حیائی کی باتیں کرنا۔ گالیاں بکنا۔
فحل: [ع امذ] اونٹ۔ سانڈ ۲۔ عالم آدمی ۳۔ ایک ستارہ
فحوا / فحویٰ: [ع امذ] مضمون۔ معنی۔ مطلب ۲۔ طرز۔ ڈھنگ۔ انداز۔
فحوائے کلام: [ع امذ] بات کا مطلب گفتگو کا انداز۔
فحول: [ع صف] دیکھئے "فحل" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ جید عالم۔

ف ــــ خ

فخامت: [ع امث] دیکھئے "فخیم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فخر: [ع امذ] ۱۔ ناز۔ گھمنڈ۔ غرور۔ بزرگی ۲۔ شیخی۔ تعلی۔ ۳۔ شان و شوکت۔
فخر انبیاء / بشر: [ع امذ] کنایۃً حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔
فخر جاننا / سمجھنا: [ارمحاورہ] بڑائی اور بہتری کا باعث خیال کرنا۔
فخر خاندان: [عف امذ] وہ آدمی جس کے باعث خاندان کو عزت ملی ہو۔
فخر کرنا: [ارمص مرکب] ناز کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ شیخی مارنا۔
فخر ہونا: [ارمص مرکب] دیکھئے "فخر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فخراً / بخریہ: [ع متعلق فعل] فخر کے طور پر۔ شیخی سے نازاں ہوکر۔
فخیم: [ع صف] بزرگ۔ بلند مرتبہ۔

ف ــــ د

فدا: [ع صف] نثار۔ قربان۔ صدقے ۲۔ عاشق۔ فریفتہ۔ مفتون۔
فدا کرنا: [ارمص مرکب] قربان کرنا۔ نثار کرنا۔ جان دینا۔
فدا ہونا: [ارمحاورہ] دیکھئے "فدا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فداہُ اَبی واُمّی: [ع۔ کلمہ دعا] میرے ماں باپ اس پر قربان ہوں۔ پیغمبر اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے بعد کہتے ہیں۔
فدائی: [ع صف] جاں نثار۔ عاشق۔ سر دینے والا۔
فدائیہ: [ع امث] دیکھئے "فدائی" جس کی یہ تانیث ہے۔
فدک: [ع امذ] ایک گاؤں کا نام جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سرکاری باغ تھا جو ان کے بعد خلفاءؓ کو منتقل ہوتا رہا۔
فدوی: [ع صف] جاں نثار۔ قربان ہونے والا ۲۔ بندہ۔ عاجز۔ خاکسار۔
فدویہ: [ع امث] دیکھئے "فدوی" جس کی یہ تانیث ہے۔
فدیہ: [ع امذ] بقد معاوضہ ۲۔ خون بہا ۳۔ مال یا روپیہ جسے دے کر قیدی رہا ہو ۴۔ صدقہ۔ فطر۔

ف ــــ ذ

فذالک: [ع امذ] حساب کی اصطلاح میں وہ جمع جو تفصیل کے بعد دی جائے۔ میزان کُل

ف ــــ ر

فَرّ: [ع امذ] شان۔ شوکت۔ زینت۔ آرائش۔ زیبائش۔ بھڑک ۲۔ رعب۔ داب۔ دبدبہ ۳۔ نور ۴ (مث) عربی فر سے اڑنے کی آواز

فَرسے: [ا رمتعلق فعل] جلدی سے۔

فَر: [انگ امذ] پوستین۔ سمور۔ سنجاب۔ قاقم۔

فَرا: [ت صف] دیکھئے "فراز" جس کا یہ مخفف ہے۔

فُرات: [ع امذ] ا۔ میٹھا اور ٹھنڈا پانی ۲۔ عراق کا دریا۔

فَرّاٹا: [ا رامذ] کسی چیز کے اڑنے کی آواز ۲۔ ہوا کا سناٹا ۳۔ جلد جلد بولنا پڑھنا۔

فَرّاٹے بھرنا/لینا: [ا رمحاورہ] بہت تیز پڑھنا یا بولنا ۲۔ تیز بھاگنا ۳۔ جھنڈے یا پھریرے کا لہرانا ۴۔ بے تحاشا دوڑنا۔

فَرّاٹے کے ساتھ: [ا رمتعلق فعل] تیزی سے۔ جلدی جلدی۔

فَراخ: [ع صف] وسیع۔ چوڑا۔ کشادہ۔ کھلا ہوا ۲۔ بڑا۔ کلاں۔

فَراخ آستین: [ت صف] سخی۔ جواں مرد۔

فَراخ اَبرو: [ت صف] کشادہ پیشانی۔ ہنس مکھ

فَراخ اَبروئی: [ت امث] دیکھئے "فراخ ابرو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

فَراخ بال: [ت صف] فارغ البال۔ اچھی حالت میں

فَراخ پیشانی: [ت صف] چوڑی پیشانی کا ہنس مکھ۔

فَراخ چشم: [ت صف] عالی ہمت۔ بلند حوصلہ۔

فَراخ چشمی: [ت امث] دیکھئے "فراخ چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

فَراخ حوصلہ: [فع صف] بلند حوصلہ۔ عالی ہمت۔

فَراخ حوصلگی: [فع امث] دیکھئے "فراخ حوصلہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

فَراخ دامن/دست: [ت صف] دولت مند۔ مال دار۔ سخی

فَراخ دستی: [ت امث] دیکھئے "فراخ دامن/دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

فَراخ رو: [ت صف] فیاض فضول خرچ ۲۔ تیز۔ چست۔

فَراخ روی: [ت امث] دیکھئے "فراخ رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

فَراخ کرنا: [ا رمص مرکب] چوڑا کرنا۔ کشادہ کرنا۔ ڈھیلا کرنا۔

فَراخ ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "فراخ کرنا" جس کا یہ لازم ہے

فَراخور: [ت صف] لائق۔ مناسب۔ شائستہ۔ سزاوار۔

فَراخوری: [ت امث] دیکھئے "فراخور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

فَراخی: [ت امث] دیکھئے "فراخ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۱۔ کشادگی۔ وسعت۔ چوڑائی۔ پھیلاؤ ۲۔ آسودگی۔ خوشحالی ۳۔ بڑائی ۴۔ افراط بہتات ۵۔ سستا ہونا ۶۔ گھوڑے کا تنگ

فُرادیٰ: [ع صف] دیکھئے "فرد" جس کی یہ جمع ہے۔

فَرادیس: [ع امذ] دیکھئے "فردوس" جس کی یہ جمع ہے۔

فَراڈ: [انگ امذ] fraud دھوکا۔ فریب۔

فَرّار: [ع۔ اسم مبالغہ] بہت بھاگنے والا ۲۔ (کیمیا گروں کی اصطلاح میں) پارہ

فِرار: [ع امذ] بھاگنا۔ بھاگڑ۔

فِرار کرنا: [ا رمص مرکب] بھاگنا۔

فِرار ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "فرار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

فِراری: [ت صف] بھگوڑا۔ بھاگا ہوا۔ روپوش

فَراز: [ت صف] ا۔ بلندی اونچائی ۲۔ بلند۔ اوپر۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔

فَرازی: [ت امث] بلندی۔ اونچائی

فِراست: [ع امث] دانائی عقلمندی۔ قیافہ۔ شناخت۔ سمجھ داری۔

فِراست الید: [ع امث] دیکھئے "پامسٹری"

فِراست شعار: [عف صف] عقل مند۔ صاحب فراست۔

فِراست شعاری: [عف امث] دیکھئے "فراست شعار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

فِراش: [ع امذ] فرش۔ بچھونا۔

فَرّاش: [ع امذ] فرش بچھانے والا۔ جھاڑو دینے والا ۲۔ چوب دار ۳۔ وہ شخص جس کے ذمے فرش فروش اور روشنی اور خیموں وغیرہ کا انتظام ہو۔ ۴۔ ایک درخت جو صنوبر یا شمشاد سے مشابہ ہوتا ہے۔

فراش بین: [ا رامث] مٹر کی قسم کی ایک پھلی۔ انگریزی frenchbean

فَرّاش خانہ: [ت امذ] وہ مکان جہاں ڈیرا خیمہ اور فرش فروش کا سامان ہوتا ہے۔

فَرّاشن: [ا رامث] دیکھئے "فرّاش" جس کی یہ تانیث ہے۔

فَرّاشی: [ت امث] فراش کا کام۔

فَرّاشی پنکھا: [ا رامذ] ایک قسم کا بہت بڑا پنکھا جو محفل میں ہاتھ سے ہلایا جاتا ہے۔

فَرّاشی سلام: [ا رامذ] وہ سلام جو جھک کر کیا جائے کہ سر فرش سے لگ جائے۔

فَراعنہ: [ع امذ] دیکھئے "فرعون" جس کی یہ جمع ہے۔

فَراغ: [ع امذ] چھٹی۔ آرام۔ فرصت۔ مہلت۔ نجات۔ مخلصی ۲۔ خوشی۔ سکھ۔ چین۔ ۳۔ خوشحال ۴۔ افراط۔ بہتات ۵۔ دل جمعی۔ اطمینان۔

فَراغ بال: [فع صف] بے فکر۔ آسودہ۔

فَراغ بالی: [فع امث] چین آسودگی۔ آرام۔ بے فکری۔

فَراغ خاطر/دل: [ت امذ] دل جمعی تسلی۔ بے فکری۔ آسودگی۔

فَراغت: [ع امث] فرصت۔ چھٹکارا۔ نجات۔ خلاصی۔ رہائی (افعال: پانا۔ کرنا ہونا) ۲۔ راحت۔ فرصت۔ مہلت۔

فَراغت جانا: [ا رمحاورہ] بیت الخلا جانا۔ ٹٹی جانا۔

فَراغت سے: [ا رمتعلق فعل] اطمینان سے۔ تسلی سے۔ آرام سے۔

فَراغت کرنا: [ا رمحاورہ] فرصت پانا۔ چھٹکارا پانا ۲۔ پاخانہ پھرنا۔

فَراغت لگنا: [ا رمحاورہ] پاخانہ کی حاجت ہونا۔

فَراغت والا: [ا رصف] خوش حال۔

فَراغت ہونا: [ا رمحاورہ] ا۔ فرصت ہونا ۲۔ انزال ہونا۔

فِراق: [ع امذ] علیحدگی۔ جدائی ۲۔ فکر خیال۔ دھن ۳۔ محبوب سے جدائی کا زمانہ

فِراق دیدہ/کشیدہ: [ت صف] وہ جو کسی عزیز ہستی سے جدا ہو گیا ہو۔

فِراق زدہ/نصیب: [ت صف] وہ جو اپنے محبوب سے جدا ہو۔

فِراقیہ: [ع صف] دیکھئے "فراق" جس سے یہ منسوب ہے۔

فراک: [انگ امذ] frock بچوں اور عورتوں کا ایک قسم کا لمبا کوٹ یا قمیض۔

فراک کوٹ: [انگ امذ] frockcoat مردوں کا ایک خاص وضع کا مغربی طرز کا کوٹ۔

فراشن: [ف صف] دیکھئے "فراموش" جس کا یہ مخفف ہے۔
فراماشن: [انگ اذ] freemason کا بگاڑ۔ ایک خاص عقیدہ کے لوگ جو اپنی تمام کارروائیوں کو خفیہ رکھتے ہیں۔ اصل میں یہ یہود کی صیہونی تحریک ہی کا ایک حصہ ہے
فراموش: [ف صف] بھولا ہوا۔ یاد سے اُترا ہوا۔ (۲) لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں اگر وہ کسی کو جُڑواں پھل دیں اور وہ پھل لیتے ہی یا د" نہ کہہ دے تو اس کو ایسے دو سو پھل دینے چاہئیں ۳۔ جُڑواں پھل۔
فراموش بدنا: [ا محاورہ] فراموش کی شرط لگانا۔
فراموش کار: [ف صف] جس کی عادت میں بھول جانا ہو۔ بھلکڑ۔
فراموش کاری: [ف امث] دیکھئے "فراموش کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فراموش کرنا: [ا مص مرکب] بھولنا۔ خیال نہ رکھنا۔
فراموشی / فرامشی: [ف امث] دیکھئے "فراموش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فراموشین: [ف امث] گھوڑے کی ایک بیماری جس میں دو ہڈیاں ناک میں نکل آتی ہیں۔
فرامین: [ف اذ] دیکھئے "فرمان" جس کی یہ بے قاعدہ عربی غلط جمع بنائی گئی ہے۔
فرانسیس: [ف اذ] ملک فرانس کا باشندہ۔
فرانسیسی: [ف اذ و مث] فرانس کا باشندہ ۲۔ فرانس کی زبان۔
فرانک: [فرانسیسی اذ] فرانس کا سکہ۔ فراواں: [ف صف] بہت زیادہ۔ بکثرت۔ وافر
فراوانی: [ف امث] دیکھئے "فراواں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فراہم: [ف صف] جمع۔ اکٹھا۔ سب۔ سارا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
فراہمی: [ف امث] دیکھئے "فراہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فرائد: [ع اذ] دیکھئے "فریدہ" جس کی یہ جمع ہے۔
فرائض: [ع اذ] دیکھئے "فریضہ" جس کی یہ جمع ہے۔
فرائض پنج گانہ: [عف اذ] پانچوں وقت کی نمازیں۔ وہ پانچ باتیں جنہیں اسلام نے فرض قرار دیا ہے۔ کلمہ شہادت۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ۔
فرائض منصبی: [ع اذ بہ ترکیب فارسی] وہ کام جن کا کرنا کسی عہدے دار کیلئے ضروری ہو۔
فرائی: [انگ اذ] تلنا۔ ۲۔ تلا ہوا۔ fry
فرائی پان: [انگ اذ] frypan تلنے کا برتن۔ کڑاہی۔ دستہ دار چھوٹی کڑاہی۔
فرلودیت: [ف امث] بیہودگی۔ اول جلول پن۔ (غلط لفظ ہے)
فربہ: [ف صف] موٹا تازہ۔ لحیم شحیم۔ تیار جسم۔ (افعال: ہونا۔ کرنا)
فربہ اندام: [ف صف] موٹے جسم کا۔
فربہی: [ف امث] دیکھئے "فربہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فرتوت: [ف صف] بہت بوڑھا جس کی عقل جاتی رہی ہو۔
فرج: [انگ اذ] ریفریجریٹر کا مخفف۔
فرج: [ع امث] شگاف۔ چھید۔ سوراخ ۲۔ عورت کا اندام نہانی۔ شرم گاہ۔
فرجاد: [ف صف] عقل مند۔ دانا۔
فرجام: [ف اذ] انجام۔ خاتمہ۔ اخیر۔ انتہا۔
فرجہ: [ع اذ] کشادگی۔ وہ تھوڑا سا فرق جو دو چیزوں میں ہوتا ہے ۲۔ شگاف

فرجہ: [ع اذ] تماشا۔ منظر
فرح: [ع امث] خوشی۔ خرمی۔ شادمانی۔
فرح بخش / ناک: [ف صف] خوشی دینے والا۔ خوشی سے بھرا ہوا۔
فرحاں: [عف صف] شاداں۔ خوش۔ خرم
فرحت: [ع امث] خوشی۔ سرور۔ شادمانی۔
فرحت آثار / آگیں: [ع صف] خوشی سے بھرا ہوا۔
فرحت افزا: [عف صف] خوشی بڑھانے والا۔
فرحت انجام: [عف صف] جس کا انجام اچھا ہو۔ کامیاب
فرحت بخش: [عف صف] خوشی دینے والا۔
فرحت حاصل ہونا: [ا مص مرکب] خوشی حاصل ہونا۔ تفریح ہونا۔
فرخ: [ف صف] مبارک۔ سفید۔ خوب صورت۔
فرخ تبار: [ف صف] عالی خاندان۔ اچھے گھرانے والا۔ مبارک خاندان والا۔
فرخ سیر: [فع صف] اچھی عادتوں والا۔
فرخ فال: [فع صف] مبارک شگون۔
فرخ قدم: [فع صف] جس کا آنا مبارک ہو۔
فرخ نہاد: [فع صف] اچھی طبیعت والا۔ نیک طبیعت۔
فرخار: [ف اذ] ترکی کا ایک مشہور شہر جو اپنے باشندوں کی خوبصورتی کیلئے مشہور تھا۔
فرخندہ: [ف صف] مبارک۔ خوش۔
فرخندہ بخت / طالع / فال: [ف صف] خوش نصیب۔ نیک اختر۔ خوش اقبال۔
فرخندہ پے: [ف صف] دیکھئے "فرخ قدم"
فرخندہ خو: [ف صف] نیک خصلت۔
فرخندہ رائے: [ف صف] خوش تدبیر۔ دانش مند۔ اچھی رائے والا۔
فرخی: [ف امث] دیکھئے "فرخ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
فرخی آئین: [ف صف] مبارک۔ مسعود پرشوکت۔
فرد: [ع اذ] تنہا۔ طاق۔ ایک (۲) ایک شعر ۳۔ وہ کاغذ جس پر حساب کتاب درج کرتے ہیں ۴۔ وہ کاغذ جس پر دعوت پر بلائے جانے والوں کی فہرست بنائی جاتی ہے۔ رجسٹر ۵۔ رضائی کا ابرہ۔ چادر۔ شال اور گنجفہ کا ورق۔ متنفس۔ تن واحد۔ ایک شخص ۸۔ ایک خوش آواز پرندہ کا نام ۹۔ ایک قسم کا لقا کبوتر۔ ۱۰۔ (صف) یکتا۔ بے مثل ۱۱۔ تعداد کے اظہار کیلئے پرندوں سے پہلے آتا ہے۔ مثلاً ایک فرد کبوتر۔
فرد باطل: [عف امث] حساب کا وہ کاغذ جو رد کر دیا گیا ہو۔ نکمی اور بے کار چیز۔
فرد باقیات: [فع امث] بقایا حساب کی فہرست۔
فرد بشر: [ع اذ] شخص واحد۔
فرد پر صاد کرنا: [ا محاورہ] دعوت قبول کرتے ہوئے فہرست پر "ص" کا نشان بنانا۔
فرد تعلیقہ: [فع اذ] ضبطی جائداد کی فہرست۔
فرد جرم: [فع امث] مسل کا وہ کاغذ جس پر مجرم کا جرم اور دفعہ شہادت لینے کے بعد درج کی جائے۔
فرد حساب: [عف اذ] حساب کا چٹھا۔
فرد فرد: [عف متعلق فعل] ایک ایک۔ الگ الگ۔ جدا جدا۔
فرد قرارداد جرم: [عف امث] دیکھئے "فرد جرم"

فرد کنکوت : [ا امث] وہ کاغذ جس میں فصل کی قیمت کا تخمینہ درج ہوتا ہے۔
فرداً فرداً : [ع متعلق فعل] فرد فرد۔ ایک ایک کر کے۔
فردا [ف۔ ظرف زمان] آئندہ کل۔ آئندہ دن ۲۔ مجازاً قیامت کا دن
فردوس : [ع امذ] باغ۔ گلزار۔ گلشن ۲ بہشت۔ جنت۔
فردوس بریں : [ع امذ] بہشت کا اعلیٰ طبقہ۔
فردوس گوش : [عف صف] وہ چیز جس کی آواز کانوں کو اچھی لگے۔
فردوس مکانی : [ع صف] فردوس میں رہنے والا۔ وہ شخص جس کو مرنے کے بعد جنت نصیب ہو ۲۔ انتقال کے بعد بابر بادشاہ کا لقب۔
فردوس منزلت : [ع صف] جنت میں رہنے والا۔ مرحوم و مغفور
فرزانگاں : [ف صف] دیکھئے "فرزانہ" جس کی یہ جمع ہے۔
فرزانگی : [ف امث] دیکھئے "فرزانہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فرزانہ : [ف صف] عاقل۔ دانا۔ دانشمند۔ سمجھدار۔ ہوشیار۔ ہنرمند۔ لائق۔ حکیم۔
فرزانہ خو : [ف صف] خوش خلق۔ خوش خو۔
فرزانہ خوئی : [ف امث] دیکھئے "فرزانہ خو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
فرزجہ : [ع امذ] (پارچہ کا معرب) کپڑے کا وہ ٹکڑا جس کو دوا میں تر کر کے زخم وغیرہ رکھتے ہیں۔
فرزند : [ف امذ] بیٹا۔ لڑکا ۲۔ اولاد لڑکا یا لڑکی۔
فرزند آفتاب : [ف امذ] کنایۃً لعل یا قوت۔
فرزند ارجمند : [ف امذ] لائق بیٹا۔ پیارا اور قابلِ قدر بیٹا۔
فرزند بنانا : [ا محاورہ] گود لینا۔ متبنّیٰ کرنا۔
فرزند خاور : [ف امذ] سورج۔
فرزندِ خلف : [ف امذ] نیک بیٹا۔ فرماں بردار بیٹا لائق بیٹا۔
فرزندِ دل بند : [ف امذ] پیارا بیٹا۔ دل کو خوش کرنے والا بیٹا
فرزندِ رشید : [فع امذ] نیک بیٹا۔
فرزندِ زنا : [فع امذ] حرامی بیٹا۔
فرزند کی آگ : [ا امث] بیٹے کی محبت۔
فرزندِ معنوی / فرزندِ روحانی : [عف امذ] کنایۃً شاگرد۔ مرید۔ چیلا۔
فرزند ناخلف : [ف امذ] نالائق بیٹا۔ کپوت
فرزندِ نرینہ : [ف امذ] بیٹا۔ لڑکا۔
فرزند نیک نہاد : [ف امذ] نیک خصلت بیٹا۔
فرزندی : [ف امث] باپ بیٹے کا رشتہ۔ بیٹا ہونے کی حالت۔
فرزندی میں قبول فرمانا / لینا : [ا محاورہ] داماد بنانا۔ بیٹا بنانا۔
فرزول : [ع امذ] ایک لوہے کا پُرزہ جو بندوق کی چانپ میں لگاتے ہیں۔
فرزیں : [ف صف] دانا۔ عاقل ۲۔ [امذ] شطرنج کے کھیل میں وزیر کا مہرہ (افعال: پٹنا۔ پٹنا۔ کھیلنا۔ مارنا)
فرزیں بنانا : [ا محاورہ] پیدل کا آخری خانے میں پہنچ کر وزیر بن جانا۔
فرزیں بند : [ف امذ] ۱۔ وزیر کے زور پر بیٹھا ہوا مہرہ ۲۔ وزیر کی شہ
فرس : [ع امذ] گھوڑا۔ شطرنج کا گھوڑا۔
فرسا [ف لاحقہ فاعلی] تباہ کرنے والا۔ جیسے جانفرسا ۲۔ گھِسنے والا۔ جیسے جبیں فرسا۔
فرستادہ : [ف صف] بھیجا ہوا۔ قاصد۔ ایلچی۔

فرستندہ : [ف صف] بھیجنے والا
فرستہ : [ف امذ] دیکھئے "فرستادہ"
فرسٹ : [انگ صف] پہلا۔ اوّل۔ اعلیٰ first
فرسٹ ایڈ [انگ امث] حادثہ وغیرہ ہونے پر مریض کو ہسپتال لے جانے سے وقتی طور پر مرہم پٹی۔ ابتدائی طبی امداد۔ firstaid
فرسخ : [ع امذ] فاصلے کا ایک ناپ جو ۱۸ ہزار فٹ ہوتا ہے۔ (فرسنگ کا معرب
فرسنگ : [ف امذ] دیکھئے "فرسخ"
فرسودہ : [ف صف] گھسا ہوا گیا گزرا ۲۔ پرانا۔ مستعمل کہنہ
فرسودہ حال : [عف صف] خستہ حال۔ بدحال۔ تباہ حال
فرش : [ع امذ] بچھانے کی چیز۔ کپڑا جو زمین پر بچھایا جائے ۲۔ وہ پھول دار کپڑا جو دوسرے کے اوپر بچھاتے ہیں ۳۔ بچھونا ۴۔ سطح زمین ۵۔ وہ زمین جس پر اینٹیں بچھا دی گئی ہوں یا کنکر کوٹے گئے ہوں۔
فرش بچھانا : [ا محاورہ] پلنگ پر بچھونا وغیرہ کرنا۔ دری قالین وغیرہ زمین پر بچھانا۔
فرش بچھنا : [ا محاورہ] دیکھئے "فرش بچھانا" جس کا یہ لازم ہے
فرش بچھوانا : [ا محاورہ] دیکھئے "فرش بچھانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
فرش خاک : [ف امذ] زمین
فرش راہ : [ف امذ] راہ پر بچھا ہوا ۲۔ کمال عاجزی و خاکساری کے واسطے مستعمل ہے
فرش زمین کرنا : [ا محاورہ] مارنا۔ دفن کرنا۔ پیوند زمین کرنا۔
فرش زمین ہونا : [ا محاورہ] دیکھئے "فرش زمین کرنا" جس کا یہ لازم ہے
فرش سجانا [ا مص مرکب] فرش کو خوبصورتی سے لگانا۔
فرش سجا ہونا / سجنا [ا مص مرکب] دیکھئے "فرش سجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
فرش سے (لے) عرش تک : [ا متعلق فعل] زمین سے آسمان تک۔ ہر جگہ۔
فرش فروش : [ف امذ] بچھونا وغیرہ۔
فرش کا جھول مٹانا [ا مص مرکب] فرش سے سلوٹ نکالنا۔
فرش کر دینا / کرنا : [ا محاورہ] ۱۔ بچھونا کرنا ۲۔ چُننے یا اینٹوں کا فرش بنانا۔ ۳۔ بہت مارنا۔ مار مار کر زمین پر گرا دینا۔
فرش گل : [ف امذ] پھولوں کی سیج۔
فرش گلبچہ : [ا۔ اصطلاح معماران] پختہ سڑک جس پر کنکر بہت عمدہ کٹے ہوئے ہوں۔
فرش ہونا : [ا محاورہ] دیکھئے "فرش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فرشی : [ف صف] فرش کا۔ فرش کے متعلق (۲) [امذ]۔ بڑا اور چوڑے پیندے کا حقّہ۔ ۳۔ بندوق کا وہ پرزہ جس میں گز رکھتے ہیں۔
فرشی پنکھا : [ا ر۔ امذ] دیکھئے "فراشی پنکھا"
فرشی جوتا : [ا ر امذ] فرش پر گھر میں پہننے کا جوتا۔ سلیپر۔
فرشی جھاڑ : [ا ر امذ] وہ جھاڑ جو فرش پہ رکھ کر جلایا جاتا ہے۔
فرشی حقہ : [ا ر امذ] دیکھئے "فرشی ۲"
فرشی سلام : [فع امذ] دیکھئے "فراشی سلام"
فرشی گڑگڑی : [ا امث] ایک قسم کا چھوٹا حقہ جس کا پیندا چوڑا ہوتا ہے۔
فرشی لیمپ : [ف انگ امذ] وہ لیمپ جو زمین پہ رکھ کر جلایا جاتا ہے۔
فرشاد : [ف امذ] سیارہ مریخ کی روح۔
فرشتگاں : [ف امذ] "فرشتہ" کی جمع۔

فرشتوں: [ع امذ] فرشتہ کی اردو جمع اور حروف مغیرہ سے پہلے۔
فرشتوں کو خبر نہ ہونا/علم نہ ہونا: [ا رمحاورہ] محض ناواقف ہونا ۲۔ مخفی ہونا۔ خفیہ ہونا۔
فرشتوں کی دال نہیں گلتی: [ا رمقولہ] کسی کی رسائی نہیں۔
فرشتوں کی نظر سے بچنا: [ا رمحاورہ] ملک الموت کا گزر نہ ہونا۔
فرشتوں کے پر باندھنا: [ا رمحاورہ] فرشتوں کو عاجز کرنا۔
فرشتوں کے پر جلنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ مجال نہ ہونا ۲۔ حوصلہ نہ ہونا ۳۔ خوف یا رعب کے مارے جا نہ سکنا۔
فرشتوں کے پر کترنا: [ا رمحاورہ] فرشتوں سے سبقت لے جانا۔
فرشتوں نے خواب میں نہیں دیکھا: [ا رمقولہ] کبھی نہیں دیکھا۔
فرشتوں نے گھر دیکھ لیا: [ا رمقولہ] موت نے گھر دیکھ لیا پے در پے موتیں ہونے کے موقع پر کہتے ہیں ۲۔ دشمن نے گھر دیکھ لیا۔ بُرا چسکا پڑ گیا۔
فرشتہ: [ف امذ] ۱۔ ایک مخلوق جو نُور سے بنی ہوئی ہے اور خدا کی پرستش کرتی ہے اور اسکا حکم بجا لاتی ہے۔ کھانا پینا کچھ نہیں۔ ان میں سے بعض کا ذکر قرآن شریف میں آتا ہے۔ جبرائیلؑ۔ میکائیلؑ۔ اسرافیلؑ۔ عزرائیلؑ بڑے فرشتے ہیں۔ ہاروت و ماروت وغیرہ ملَک ۲۔ ملک۔ رُوت۔ خدا کا نورانی قاصد ۳۔ روح۔ گرو۔ استاد ۴۔ موت کا مَلَک ۵ (صف)، پاک۔ مقدس ۶۔ بھولا بھالا۔ فرشتہ پر نہیں مارتا: [ا رمحاورہ] کوئی جا نہیں سکتا نہایت سخت روک ٹوک ہے۔ فرشتہ جاننا: [ا رمحاورہ] نیک خصلت جاننا۔
فرشتہ خال: [ا رامذ] زبردست یا رعب والا آدمی۔
فرشتہ خصال/خصلت/خو: [ف صف] ا نیک طینت۔ بھولا بھالا۔
فرشتہ سحاب: [فع امذ] بادل کا فرشتہ حضرت میکائیلؑ۔
فرشتہ سیرت: [فع صف] نیک طینت۔ بھلا مانس۔ شریف
فرشتہ صورت: [فع صف] جو شکل سے بہت نیک معلوم ہو
فرشتہ صوری: [فع امذ] حضرت اسرافیلؑ۔
فرشتہ مرگ: [ف امذ] ملک الموت حضرت عزرائیلؑ۔
فرشتہ ہے: [ا رمحاورہ] بہت نیک ہے۔
فرشتے: [ا رامذ] فرشتہ کی جمع اور مغیرہ صورت۔
فرشتے بھول گئے: [ا رمحاورہ] بہت بوڑھے آدمی کے متعلق کہتے ہیں کہ مرتا نہیں۔
فرشتے خاں: [ا رامذ] ا۔ کنایۃً بارعب آدمی ۲۔ استاد۔ گورو۔
فرشتے کا گزر نہ ہونا: [ا رمحاورہ] کسی کی رسائی نہ ہونا۔
فرشتے دکھائی دینا/نظر آنا: [ا رمحاورہ] موت کا وقت قریب آنا۔
فرشتے کا کان میں پھونکنا: [ا رمحاورہ] مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔
فرشتے کا کہہ جانا: [ا رمحاورہ] کسی بات کی اطلاع ہو جانا۔
فرشتے کی بھی نہ سننا: [ا رمحاورہ] کسی کے کہے کی پروا نہ کرنا۔
فرشتے کی دال نہیں گلتی: [ا رمحاورہ] کسی کی رسائی نہیں ہوتی
فرشتے واقف نہیں: [ا رمحاورہ] جانتا نہیں۔
فُرصت: [ع امث] ا۔ مہلت۔ فراغت ۲۔ خالی وقت ۳۔ چھٹی۔ چھٹکارا ۴۔ اطمینان۔ آرام۔ موقع۔ وقت۔ (افعال؛ پانا۔ چاہنا۔ دینا۔ مانگنا۔ ملنا۔ ہونا)
فرصت جُو: [عف صف] موقع تلاش کرنے والا

فُرصت سے: [ا رمتعلق فعل] اطمینان سے۔ موقع سے۔
فُرصت میں: [ا رمتعلق فعل] تنہائی میں ۲۔ خالی وقت میں۔
فَرض: [ع امذ] ۱۔ وہ کام جو خدا کے حکم سے ضروری طور پر کرنا مقرر ہوا ہو ۲۔ ضروری لازمی ۳۔ نماز کی وہ رکعتیں جن کا پڑھنا لازمی ہے ۴۔ بارِ ثبوت۔ ذِمّہ داری ۵۔ نکاح ۶۔ (صف) تسلیم کیا ہے۔ مانا۔
فرض اُتارنا/ادا کرنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ واجب کام کا کرنا ۲۔ خدا کے حکم کی تعمیل کرنا۔
فرض اُتر جانا/اُترنا/ادا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "فرض اُتارنا" جس کا یہ لازم ہے
فرض پڑھنا: [ا رمحاورہ] نماز کی ان رکعتوں کا پڑھنا جو فرض ہیں۔
فرض ساقط ہونا: [ا رمحاورہ] فرض نہ رہنا/اُتر جانا۔
فرض سے ادا ہو جانا: [ا رمحاورہ] ماں باپ کا اولاد کی شادی کر کے فراغت پانا۔
فرض سے ادا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "فرض سے ادا ہو جانا" جو اس کی تکمیل ہے
فرض عائد ہونا: (ا رمص مرکب) لازم ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔
فرضِ عَین: [ع امذ] ہر ایک کا ذاتی فرض۔
فرض کر کے: [ا رمتعلق فعل] ا۔ بے ضرورت خواہ مخواہ ۲۔ کوشش کر کے ارادے سے
فرض کرنا: (ا رمص مرکب) ماننا۔ قبول کرنا۔ تسلیم کرنا خیال کرنا۔
فرض کفایہ/کفائی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ فرض جو جماعت میں سے بعض کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے ادا ہو جائے۔
فرضِ محال: [ع امذ] ناممکن۔ ایسی چیز کا مان لینا جس کا واقع ہونا ناممکن ہو۔
فرضِ مؤقت: [ع امذ] وہ فرض جسے وقت مقررہ پر ادا کیا جائے
فرض ہونا: (ا رمص مرکب) لازم ہونا۔
فرضی: [ع صف] خیالی۔ قیاسی۔ مصنوعی۔ بے اصل۔
فرضیّت: [ع امث] فرض ہونا۔
فرط: [ع امذ] زیادتی۔ بہتات۔ کثرت۔
فرع: [ع امث] ٹہنی۔ شاخ ۲۔ وہ جس کی اصل کوئی اور چیز ہو۔
فرعون: [ع امذ] ا۔ مصر کے بادشاہوں کا لقب۔ مغرور۔ متکبر ۲۔ وہ مصر کا بادشاہ جس نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں خدائی کا دعویٰ کیا اور مع قوم ڈوب کر مرا۔
فرعون بنانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "فرعون بننا" جس کا یہ متعدی ہے
فرعون بننا: [ا رمحاورہ] مغرور ہونا۔
فرعون بے سامان: [عف امذ] وہ شخص جو مفلسی میں مغرور اور بہت گھمنڈی ہو۔ مفلس متکبر۔
فرعونی/فرعونیت: [ع امث] غرور۔ تکبر۔ سرکشی۔ ظلم۔
فرغل: [ع۔ امث رمذ] لبادہ ۲۔ اوورکوٹ/چغا ۲۔ کپڑا جو بچوں کو پہناتے ہیں جس میں ٹوپی بھی ساتھ ہی لگی ہوئی ہوتی ہے۔ فرگل کا معرب۔
فرفر: [ف امث] جلدی۔ تیزی۔ پھر آہ ۲۔ (متعلق فعل) جلد جلد۔ شتاب۔ بے روک ٹوک
فرفر اُڑا دینا/اُڑانا: [ا رمحاورہ] جلدی جلدی پڑھنا ۲۔ جلدی جلدی کاٹ دینا۔
فرفر باتیں کرنا: (ا رمص مرکب) جلد جلد بولنا۔
فرفر پڑھنا: (ا رمص مرکب) بے اٹکے جلدی جلدی پڑھنا صاف پڑھنا۔ جلدی پڑھنا۔
فرفر ہوا آنا: [ا رمحاورہ] تیز ہوا کے جھونکے آنا
فرفر یاد ہونا: [ا رمحاورہ] ازبر ہونا۔ خوب یاد ہونا۔
فرفری: [ف امث] ایک قسم کی خفیہ گفتگو جس میں ہر لفظ کے بعد فر زیادہ کرتے

ہیں۔ تاکہ دوسرا آدمی نہ سمجھ سکے۔
فَرفَرمائش :[ا ر امث] فرمائش وغیرہ۔ دیگر آمدنی علاوہ تنخواہ
فَرفَند :[ا ر امذ] مکر۔ حیلہ۔ ا جنڈی۔ ہیر پھیر
فَرفَندی :[ا رصف] حیلہ ساز **فِرَق** :[ع امث] دیکھئے "فرقہ" جسکی یہ جمع ہے
فَرق :[ع امذ] ا فاصلہ۔ دُوری ۲۔ اختلاف ۳۔ خلل۔ کمی ۴۔ جدائی علیحدگی ۵۔
بیگانگی۔ غیریت ۶۔ نقص ۷۔ تقسیم ۸۔ سر ۹۔ بالوں کی مانگ ۱۰۔ کسی چیز کا ۔ ۔
حصہ۔ چوٹی ۱۱۔ جدا۔ الگ۔ علیحدہ۔ ۱۲۔ مختلف۔
فَرق آجانا/آنا :[ا رمحاورہ] ا۔ پہلی سی بات نہ رہنا ۲۔ اصلیت میں اختلاف ہو جانا۔
۳۔ کمی ہو جانا۔ ملاوٹ ہونا۔ خلل واقع ہونا ۴۔ دلوں میں صفائی نہ رہنا۔ کدورت ہو جانا
فَرق باقی رہنا :[ا رمحاورہ] تفاوت کا نہ مٹنا۔ کچھ بل رہ جانا۔
فَرق پڑجانا/پڑنا :[ا رمحاورہ] تفاوت ہونا۔ اختلاف ہونا۔
فَرقِ جسم و جان :[ت امذ] موت۔
فَرق دان :[ت امذ] سر۔ کھوپڑی۔
فَرق سے :[ا رمتعلق فعل] فاصلے سے۔
فَرق کرنا [ا رمص مرکب] یکساں نہ سمجھنا۔ جدا کرنا۔ تبدیل کرنا۔ بدل دینا۔
فَرق لانا :[ا رمحاورہ] یکساں نہ رکھنا۔ کم کر دینا۔
فَرق نکالنا :[ا۔ محاورہ] حساب میں غلطی نکالنا اور اس کا درست کرنا۔
فَرق نکلنا :[ا رمحاورہ] ا۔ دیکھئے "فرق نکالنا" جسکا یہ لازم ہے ۲۔ اختلاف ہونا۔ تفاوت ہونا
فُرقان :[ع امذ] وہ چیز جو سچ اور جھوٹ میں تمیز کرے ۲۔ قرآن شریف
فُرقَت :[ع امث] جدائی علیحدگی۔ ہجر۔
فَرقَدان/فَرقَدَین :[ع امذ] وہ دو ستارے جو قطب شمالی کے پاس ہیں اور شام
سے صبح تک ظاہر رہتے ہیں۔
فِرقہ :[ع امذ] جماعت۔ گروہ۔ قوم۔
فِرقہ بَندی :[عف امث] جماعت بنانا۔ کسی گروہ کی تنظیم۔
فِرقہ دار :[عف صف] فرقہ رکھنے والا۔ گروہ بندی کرنے والا۔
فِرقہ داری :[عف امث] دیکھئے "فرقہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فِرقہ وار :[عف صف] جماعت وار۔ طبقاتی
فِرقہ وارانہ :[عف صف] جماعت وار۔ ہر فرقہ کا علیحدہ علیحدہ۔
فِرقہ واری :[عف امث] دیکھئے "فرقہ وار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فَرلانگ :[انگ امذ] (FURLOG) فاصلہ کا ایک ماپ جو ۲۲۰ گز
کا ہوتا ہے۔
فَرلو :[انگ امث] FURLOUGH لمبی رخصت جو آدھی تنخواہ
پہ ملے ۲۔ سپاہیوں کی وطن جانے کی رخصت۔
فَرم :[انگ امث] firm دکان یا کارخانہ جس میں کئی حصہ دار ہوں۔ کمپنی
فَرما :[انگ امذ] ا۔ فارم کا مخرب ۲۔ وہ تختہ جو جا نچنے کے لئے پہلے چھاپتے ہیں ۳۔ قالب
فَرما موڑنا :[ا رمحاورہ] چھپے ہوئے کاغذوں کو جزو بنانے کے لئے موڑنا۔
فَرمان :[ت امذ] شاہی حکم۔ حکم نامہ۔ پروانہ۔
فَرمانِ بالمُشافَہہ :[فع امذ] زبانی حکم۔ جس کی تعمیل فوراً ہو۔
فَرمان بَر/بَردار/پذیر :[ت صف] تابع مطیع۔ نوکر۔ غلام۔
فَرمان بَری/برداری/پذیری :[ت امث] دیکھئے "فرمان بر/بردار" وغیرہ
جس یہ اسم کیفیت ہے۔
فَرمان بھیجنا [ا رمص مرکب] حکم بھیجنا۔ پروانہ بھیجنا۔
فَرمان جاری کرنا [ا رمص مرکب] حکم نامہ جاری کرنا۔
فَرمان جاری ہونا [ا رمص مرکب] دیکھئے "فرمان جاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے
فَرمان دِہ/گزار :[ت صف] حاکم۔
فَرماں دہی :[ت امث] دیکھئے "فرماں دہ/گزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فَرماں روا :[ت صف] حکمران۔ حاکم۔ بادشاہ۔
فَرماں روائی :[ت امث] دیکھئے "فرماں روا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فَرمانِ واجبُ الاِذعان :[فع امذ] ایسا حکم جس کی تعمیل ضروری ہو۔ وہ
حکم جس پر یقین کرنا ضروری ہو۔
فَرمان گار :[ا ر امذ ق] حکم دینے والا۔
فَرمانا :[ا رمص جعلی] ا۔ حکم دینا ۲۔ بولنا۔ کہنا۔ بیان کرنا۔
فرمانے سے باہر :[ا رصف] حکم کی تعمیل میں کمی کرنے والا
فرمایش :[ت امث] درخواست طلب۔ مانگ۔ تمنا حاجت (افعال/کرنا۔ ہونا)
فرمایشی :[ت صف] فرمایش کی ہوئی۔ خاص منگوائی ہوئی ۲۔ عمدہ نفیس پُر تکلف
۳۔ جوتوں کی مار مغلظ گالیاں۔
فرمایشی پڑنا :[ا رمحاورہ] جوتیاں پڑنا جوتیاں لگنا۔
فرمایشی سنانا :[ا رمحاورہ] فحش گالیاں دینا۔
فرمایشی سُننا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "فرمایشی سنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
فرمایشی گالیاں :[ا ر امث] فحش گالیاں (افعال، چلنا۔ دینا)
فرمایشی لگانا :[ا رمحاورہ] خوب جوتیاں مارنا
فرمایشات :[ت صف] دیکھئے "فرمایش" جسکی یہ جمع غلط طور پر بقاعدہ عربی بنائی گئی ہے
فَرمُودگی :[ا ر امث ق] ارشاد حکم فرمانا۔ فرمودہ کا اسم کیفیت۔
فَرمُودَہ :[ت امذ] فرمایا ہوا۔ ارشاد۔ حکم
فَرن :[انگ امذ] fern کائی کی قسم کے پودے جو نہروں اور پانی
کے آس پاس اُگتے ہیں۔
فَرنٹ :[انگ صف] front سامنا مقابل کا حصہ (۲) باغی
سرکش۔ منحرف ۳ محاذ۔ مورچہ۔
فَرنٹ کر دینا :[ا رمحاورہ] ناراض کر دینا۔ برخلاف کر دینا۔ باغی کر دینا۔
فَرنٹ ہو جانا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "فرنٹ کر دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
فَرنٹیر :[انگ صف] frontier سرحد۔ حد۔
فَرنج :[ع امذ] دیکھئے "فرنگ" جس کا یہ معرب ہے۔
فَرنجی :[ع صف] دیکھئے "فرنگی"
فَرنچ :[انگ امذ] french فرانس کا باشندہ ۲۔ ایک قسم کا ہلکا
کاغذ جو فرانس میں بنتا ہے ۳۔ فرانس کی زبان۔ فرانسیسی۔
فَرنچ لیدر :[انگ امث] پلاسٹک وغیرہ کا باریک خول جو بوقتِ جماع عضوِ
تناسل پر چڑھا لیتے ہیں تاکہ نطفہ فرج میں داخل نہ ہو۔
فَرنچ کٹ ڈاڑھی :[انگ ار امث] ایک خاص وضع کی ڈاڑھی جس میں کلوں
پر کے بال تراش دیتے ہیں اور ٹھوڑی کے بال کسی قدر بڑھا لیتے ہیں۔
فَرنگ :[ت صف] یورپ۔ انگلستان ۲۔ (ق) تلوار

فرنگی :[ف امث] دیکھئے "فرنگ" جس سے یہ منسوب ہے۔
فرنی :[ف امث] ایک قسم کی کھیر جو دودھ چینی اور چاولوں کے آٹے سے بنتی ہے۔
فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں ہوتا :[ارشل] اعلیٰ ادنیٰ سب یکساں نہیں ہوتے
فرنیچر :[انگ امذ] furniture میز کرسی وغیرہ۔ اسباب آرائش۔
فرو :[ف صف] زیر علم ۲۔ نیچے۔ تحت ۳۔ سفلہ۔ کم رتبہ۔
فروتر :[ف صف] بہت کم۔ بہت نیچے۔ فروترین :[ف صف] بہت ہی نیچا۔ کم
فروتن :[ف صف] غریب۔ عاجز۔ مسکین۔ خاکسار۔
فروتنی :[ف امث] دیکھئے "فروتن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فرودست :[ف صف] ماتحت۔ کم رتبہ کمزور۔
فرو کرنا :[امص مرکب] دبانا۔ بٹھانا۔ بجھانا۔ کم کرنا۔
فروکش :[ف صف] ۱۔ اترنے والا۔ قیام کرنے والا۔
فروکش ہونا :[امص مرکب] ٹھہرنا۔ مقام کرنا۔
فروگذاشت :[ف امث] کوتاہی۔ کمی ۲۔ بھول۔ خطا۔ ۳۔ بے پروائی۔ غفلت
۴۔ درگزر۔ نظراندازی۔ چشم پوشی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
فروماندگی :[ف امث] ناچاری عاجزی افلاس مفلسی
فرومانده :[ف صف] عاجز مفلس ۲۔ تھکا ہوا۔ کمزور۔
فرومایہ :[ف صف] کمینہ۔ سفلہ۔ کم ظرف
فرو ہونا :[امص مرکب] دیکھئے "فرو کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فروٹ :[ا رصف] سرپٹ تیز۔ انگریزی لفظ فارورڈ (FORWORD) کا مورد
فروٹ اڑانا :[ارمحاورہ] گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔
فروٹ جانا :[ارمحاورہ] بہت تیز جانا۔
فروٹ :[انگ امذ] fruit پھل۔ میوہ۔
فروخت :[ف امث] بکری۔ بیع۔ بیچنا۔ (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
فرود :[ف صف] نیچے۔ زیر ۲ (ارامذ) اتراؤ۔ لگاؤ۔ ٹھہراؤ۔ بسیرا۔
فرودگاہ :[ف امث] اترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام
فروردین :[ف امذ] ایرانی سال کا پہلا مہینہ جو ہندی بیساکھ کے مطابق ہوتا ہے
فروری :[انگ امذ] february کا مورد۔ انگریزی سال کا دوسرا مہینہ۔
فروز :[ف صف] فروختن مصدر کا امر جو بطور لاحقہ فاعلی کسی اسم کے بعد
آکر روشن کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔
فروزاں :[ف صف] روشن۔
فروس :[ع امذ] دیکھئے "فرس" جس کی یہ جمع ہے۔
فروش :[ف صف] فروختن کا امر جو بطور لاحقہ فاعلی کسی اسم کے بعد آکر
بیچنے والا کے معنی دیتا ہے۔
فروشندہ :[ف صف] فروخت کرنے والا۔ بیچنے والا۔
فروع :[ع امذ] دیکھئے "فرع" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ غیر اہم باتیں۔ جزئیات۔
فروغ :[ف امذ] روشنی۔ نور۔ چمک دمک۔ رونق ۲۔ آگ کی تپش یا چمک۔
فروغ بخش :[ف صف] روشنی دینے والا۔
فروغ پانا :[ارمحاورہ] عزت پانا۔ نام پانا۔ سربلندی حاصل کرنا۔
فروغ حاصل کرنا :[ارمحاورہ] چمک پانا۔ ترقی اور عروج حاصل کرنا۔
فروغ لے جانا :[ارمحاورہ] سبقت لے جانا۔ بازی لے جانا۔

فروغ کرنا :[ارمحاورہ] روشن کرنا۔ ترقی کرنا۔ رونق پیدا کرنا۔
فروغ ہونا :[ارمحاورہ] دیکھئے "فروغ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
فروہی :[ارامث] دستوری۔ کمیشن۔ بٹا ۲۔ فائدہ۔ حاصل ۳۔ ایک قسم کی تلوار۔
فرہاد :[ف امذ] وہ افسانوی سنگ تراش جو خسرو پرویز بادشاہ ایران کی ملکہ شیریں
پر عاشق ہوگیا تھا ۲۔ عاشق صادق۔
فرہنگ :[ف امث] دانائی۔ دانش۔ سمجھ ۲۔ لغت کی کتاب۔
فری :[انگ صف] (FREE) آزاد ۲۔ بلاقیمت۔ مفت۔
فریاد :[ف امث] دہائی۔ مدد مانگنے کا شور۔ آہ و نالہ ۲۔ داد، ظلم زیادتی
کی شکایت ۳۔ نالش۔ استغاثہ۔
فریادرس :[ف صف] فریاد کو پہنچنے والا۔ فریاد سننے والا۔ داد دینے والا۔
فریادرسی :[ف امث] انصاف۔ انصاف کرنا۔ نیاؤ۔
فریاد کرنا :[امص مرکب] دہائی دینا۔ شور مچانا۔ دکھڑا رونا ۲۔ نالش کرنا۔ انصاف چاہنا
فریاد کو پہنچنا :[ارمحاورہ] فریاد سننا۔ انصاف کرنا۔
فریاد لانا :[ارمحاورہ] کسی کے ظلم و ستم کا شکوہ بیان کرنا۔
فریاد لینا :[ارمحاورہ] فریاد سننا۔
فریادو :[ارصف] فریاد کرنے والا۔
فریادی :[ف صف] دہائی دینے والا۔ انصاف چاہنے والا۔ نالش کرنیوالا (افعال: آنا۔ جانا)
فریب :[ف امذ] دغا۔ مکر۔ دھوکا۔ دم۔ جھانسا ۲۔ چالاکی عیاری۔ شعبدہ۔
فریب چلنا :[ارمحاورہ] فریب کارگر ہونا۔ دھوکا کارگر ہونا۔
فریب دہی (ف امث] دغا بازی۔
فریب دینا :[امص مرکب] دھوکہ دینا۔ جھانسا دینا۔ مکر و دغا کے ساتھ پیش آنا۔
فریب ساز :[ف صف] دغا باز۔ مکار۔ دھوکہ باز۔
فریب کرنا :[امص مرکب] دغا کرنا۔ چالاکی کرنا۔ دھوکا دینا۔
فریب کھانا (میں آنا) :[ارمحاورہ] جال میں پھنسنا۔ دھوکا کھانا۔
فریب میں لانا :[ارمحاورہ] کسی کو مکر و فریب کے جال میں پھانسنا۔
فریبی :[ف صف] دغا باز۔ مکار۔ دھوکا باز۔
فریبیا :[ارصف] دیکھئے "فریبی"
فرید :[ع صف] یکتا۔ بے مثل۔ لاثانی۔ حضرت شیخ فریدالدینؒ کا لقب۔
فرید بوٹی :[ارامث] ایک نہایت سرد لیس دار بوٹی
فرید شکر گنج نہ رہے دکھ نہ رہے رنج :[ارشل] بابا فریدؒ کے فقیروں کی
صدا۔ ایک دعائیہ فقرہ۔
فریدی :[ارامث] بابا فریدؒ کی نیاز کا کھانا۔ بابا فرید سے منسوب۔
فریس :[ارامث] فراست والا۔ دانش مند۔
فریسندہ :[ف صف] بھیجنے والا۔
فریسی :[انگ صف] قدیم یہودی فرقہ جو رسم پرستی اور ظاہر داری میں مشہور تھا
۲۔ رسم پرست۔ ظاہر دار۔
فریضہ :[ع امذ] واجب لازم۔ ضروری۔
فریضہ ادا کرنا :[امص مرکب] فرض پورا کرنا۔ حکم بجا لانا۔
فریضۂ سحری :[ع امذ بہ ترکیب فارسی] کنایۃً صبح کی نماز۔
فریفتگی :[ف امث] عشق محبت۔ چاہت۔

فَرِیفتَہ : [ف صف] عاشق ۔ دِل دادہ
فَرِیق : [ع امذ] جماعت ۔ گروہ ۔ فرقہ ۲ ۔ جتھا ۳ ۔ مدعی یا مدعا علیہ ۔
فَرِیقِ اوّل : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مدعی ۔ وہ گروہ یا جماعت جس نے دعویٰ کیا ہو ۔
فَرِیقِ ثانی : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] مدعا علیہ وہ شخص یا گروہ جس پر دعویٰ کیا گیا ہو ۔
فَرِیقَین : [ع امذ] دونوں فریق کی جمع تثنیہ ۔
فَریم : [انگ امذ] frame چوکھٹا ۔ تصویر کا چوکھٹا ۔ ڈھانچ ، پنجر ، ڈھچر
فَری میسن : [انگ امذ] freemason دیکھئے "فراماسن"

ف ـــــ ز

فزا : [ف صف] افزودن / فزودن سے صیغہ امر جو بطور لاحقہ فاعلی کسی اسم کے
بعد آکر زیادہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جاں فزا ۔ راحت فزا وغیرہ
فَزَع : [ع امث] ڈر ۔ دہشت ۔ خوف ۔ ہراس
فِزَل : [ار امذ ق] بھونڈا ۔
فِزُوں : [ف صف] زیادہ ۔ بڑھا ہوا ۔
فزُونی : [ف امث] دیکھئے "فزوں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۲ ۔ بڑائی بہتری ۔

ف ـــــ س

فَساد : [ع امذ] تباہی ۔ خرابی ۲ ۔ فتنہ بلوہ ۳ ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔ ہنگامہ ۴ ۔ شرارت ۔
مخالفت ۔ (افعال : کرنا ۔ مچانا ۔ مچنا ۔ ہونا ۔)
فَساد اُٹھانا : [ار محاورہ] جھگڑا کھڑا کرنا ۔ بلوہ کرنا ہنگامہ برپا کرنا ۔ فتنہ برپا کرنا ۔
فساد برپا کرنا : [ار محاورہ] دیکھئے "فساد اٹھانا"
فَساد پڑنا : [ار محاورہ] جھگڑا ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔
فَساد پھیلانا : [ار محاورہ] خرابی پھیلانا ۔ جھگڑا کرانا ۔ دنگا کرنا ۔
فَسادِ خون : [عف امذ] خون کی خرابی ۔
فَساد کھڑا کرنا : [ار محاورہ] جھگڑا قائم کرنا ۔
فَساد کی جڑ / گانٹھ / کا گھر : [ار امذ امث] جھگڑے کی بنیاد ۔ اصل مفسد
فَساد کی نیّت سے : [ار متعلق فعل] بدنیتی سے ۔ جھگڑے کی نیت سے ۔
فَسادِ معدہ : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] معدے کا بگاڑ ۔ پیٹ کا خلل ۔
فَسادی : [ار صف] فساد پھیلانے والا ۔ فتنہ انگیز ۔ جھگڑالو ۔
فُسّاق : [ع صف] فاسق کی جمع ۔
فَسان : [ف امث] اوزار تیز کرنے کا پتھر ۔
فَسانہ : [ف امذ] دیکھئے "افسانہ"
فَسخ : [ع امذ] توڑنا ۔ منسوخ کرنا ۔ رائے پھیرنا ۔ باطل کرنا ۔ (افعال : کرنا ۔ ہونا)
فَسُردگی : [ف امث] دیکھئے "افسردگی"
فَسُردہ : [ف صف] دیکھئے "افسردہ"
فسطائی : [ار صف] دیکھئے "فاشسٹ"
فسطائیت : [ار صف] دیکھئے "فاشزم"
فِسق : [ع امذ] نافرمانی ۔ جرم ۔ بدکاری ۔ گناہ ۔
فِسق و فجور : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] بدکاری ۔ گناہ گاری ۔
فُسُوق : [ع امذ] دیکھئے "فسق"
فُسُوں : [ف امذ] دیکھئے "افسوں"
فُسُوں ساز / گر : [ف صف] جادوگر ۔ ساحر ۔
فُسُوں سازی / گری : [ف امث] دیکھئے "فسوں ساز" وغیرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

ف ـــــ ش

فَش : [ف امذ] ۱ ۔ پگڑی کا شملہ ۔ طرہ ۲ ۔ گھوڑے کی دُم ۔
فُش : [ف کلمہ تحقیر] ہیچ پوچ ۔ فضول بے نتیجہ بات
فِشار : [ف امذ] دباؤ ۔ بھنچاؤ ۲ ۔ قبر کا مُردے کو بھینچنا ۔ تنگیِ قبر ۳ ۔ پھیلاؤ ۴
بیہودہ بات گالی
فِشار بگڑ جانا : [ار محاورہ] حالت خراب ہو جانا ۔ ٹھٹک جانا گھبرا جانا
فشارِ دمِ خون : [ف امذ] خون کا دباؤ انگریزی لفظ
کا ترجمہ
فشارِ قبر / گور : [ع امذ] قبر کا گناہ گار مردے کو بھینچنا ۔
فِشار کرنا : [ار محاورہ] ۱ ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ گالیاں دے کے گھبرا دینا
فِشار ہونا : [ار محاورہ] دبایا جانا ۔ بھینچا جانا دب جانا ۔
فشُردہ : [ف صف] نچوڑا ہوا ۔ عرق نکالا ہوا (۲) رس ۔ عرق ۔ خلاصہ

ف ـــــ ص

فَصاحت : [ع امث] خوش کلامی ۔ خوش بیانی ۲ علم معانی کی رو سے کلام میں ایسے
الفاظ لانا جو اہل زبان کے روزمرہ اور محاورہ کے خلاف نہ ہوں مشکل اور بھدے
نہ ہوں اور موقع محل کے مطابق ہوں ۔
فَصّاد : [ع صف] فصد کھولنے والا ۔ جراح ۔
فُصَحا : [ع امذ] دیکھئے "فصیح" جس کی یہ جمع ہے ۔
فَصد : [ع امث] نشتر لگانا ۔ رگ سے خون نکالنا (افعال : لینا ۔ کھولنا وغیرہ)
فَصد کھلوانا : [ار محاورہ] رگ سے خون نکلوانا ۲ ۔ پاگل پن کا علاج کرانا ۔
فَصل : [ع امث] موسم ۔ رُت ۔ سماں ۲ ۔ کتاب یا کلام کا ایک حصہ ۔ باب ۳ ۔ جدائی ۔
فراق ۔ علیحدگی ۴ حجاب پردہ ۔ اوٹ ۔ دو چیزوں کے بیچ کا حجاب ۵ قطع برید
۶ غلہ ۔ اناج ۔ پیداوار ۔
فَصل آنا : [ار محاورہ] موسم آنا ۔ رُت آنا ۔
فَصل اُٹھنا : [ار محاورہ] کھیت سے اناج کٹ کر گھر پہنچ جانا ۔
فَصلِ ایستادہ : [عف امث] کھڑی کھیتی ۔
فَصلِ باراں : [عف امث] برسات کا موسم ۔
فَصل بگاڑنا : [ار محاورہ] موسم یا آب و ہوا خراب کرنا ۲ ۔ پیداوار خراب کرنا ۔
فَصل بگڑنا : [ار محاورہ] دیکھئے "فصل بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
فَصلِ بہار / بہاری : [عف امث] بہار کا موسم
فَصل جانا : [ار محاورہ] موسم ختم ہونا ۔

فصل خریف: [عف امث] ساونی کی فصل۔ جوار باجرا وغیرہ۔
فصل ربیع: [عف امث] ہاڑی کی فصل۔ گندم جَو وغیرہ
فصل کاٹنا: [ا رمحاورہ] تیار کھیتی کاٹنا۔
فصل کی چیز: [ا رامث] موسم کا میوہ۔
فصل گل: [عف امث] بہار کا موسم۔
فصلانہ: [ف امذ] وہ رقم یا جنس جو فصل تیار ہونے پر مالک یا پٹواری کو دی جائے۔
فصلی: [ع امذ] دیکھیے "فصل" جس سے یہ منسوب ہے۔
فصلی بخار: [عف امذ] وہ بخار جو موسم بدلنے پر آئے جیسے ملیریا۔
فصلی بھڑوا: [ا رامذ] ہولی کا بھڑوا۔ موسم کا مسخرہ۔
فصلی سال: [عف امذ] وہ سال جو فصلوں کے اعتبار سے اپریل اور مئی کو شروع ہوتا ہے۔
فصلی کوا / فصلی بٹیرا: [ا امذ] پہاڑی کوا جو سردی میں پہاڑوں سے اتر کر میدان میں آجاتا ہے۔ ۲۔ مطلب کا آشنا۔ مطلبی دوست
فصلی میوہ: [عف امذ] موسم کا پھل
فصول: [ع امذ] دیکھیے "فصل" جس کی یہ جمع ہے۔
فصول اربعہ / چارگانہ: [عف امذ] سال کے چاروں موسم۔
فصیح: [عف صف] خوش بیان شیریں کلام۔
فصیل: [ع امث] دیوار۔ چار دیواری ۲ شہر پناہ۔

ف ـــ ض

فضا: [ع امث] زمین میں کشادگی۔ وسعت۔ فراخی سطح۔ میدان ۲۔ بہار۔ رونق کیفیت۔
فضائل: [ع امذ] دیکھیے "فضیلت" جس کی یہ جمع ہے۔
فضائل اربعہ: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] چار خوبیاں۔ حکمت شجاعت عفت۔ عدالت۔
فضائی: [ع صف] دیکھیے "فضا" جس سے یہ منسوب ہے
فضائیہ: [ع امذ] کسی ملک کے سرکاری ہوائی جہازوں کا بیڑا۔ ہوا میں جنگ کرنے والی فوج (انگریزی لفظ airforce کا ترجمہ) ۲۔ دیکھیے "فضائی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
فضل: [ع امذ] زیادتی۔ افزونی ۲۔ علم و ہنر جوہر ۳۔ رحم مہربانی بخشش ۴۔ بزرگی
فضل الٰہی اک طرف ساری خدائی اک طرف: [ا رمثل] اگر ساری دنیا مخالف رہے یا ہو جائے لیکن ساتھ خدا ہو تو پروا نہیں ہوتی۔
فضل خدا شامل حال ہونا: [ا رمحاورہ] کسی کے حال پر خدا کا مہربان ہونا۔
فضل ہونا: [ا رمحاورہ] خدا کی مہربانی ہونا۔
فضلا: [ع امذ] دیکھیے "فاضل" جس کی یہ جمع ہے
فضلہ: [ع امذ] بچا ہوا پس خوردہ ۲۔ چھوک ۳ نجاست۔ بول و براز۔
فضول: [ع صف] دیکھیے "فضل" جس کی یہ جمع ہے۔ ۱۔ (وار) زیادہ از حد۔ کثیر ۲۔ بے فائدہ لاحاصل۔ بیکار۔ نکما ۳۔ فالتو۔ زائد۔
فضول خرچ: [ا رصف] بے موقع اور بے جا خرچ کرنے والا۔
فضول خرچی: [ا رامث] دیکھیے "فضول خرچ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

فضول کی باتیں: [ا رامث] بیہودہ بکواس۔ بے معنی باتیں۔
فضول گو: [عف صف] بیہودہ بکنے والا۔ بیکار باتیں بنانے والا۔ لاحاصل اور لغو باتیں کرنے والا
فضول گوئی: [عف امث] دیکھیے "فضول گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فضول ہونا: [ا رمحاورہ] نکما ہونا۔ لاحاصل ہونا۔ ضرورت سے زیادہ ہونا فالتو ہونا۔
فضولی: [ع صف] بیہودہ۔ یاوہ گو۔
فضہ: [ع امث] چاندی
فضیتا / فضیحتا: [ا رامث] فضیحت کا بگڑا ہوا۔
فضیحت: [ع امث] رسوائی ذلت بدنامی۔
فضیحت کرنا: [ا رمص مرکب] ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ برا بھلا کہنا۔ بدنام کرنا۔
فضیحت ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھیے "فضیحت کرنا" جس کا یہ لازم ہے
فضیحتی: [ا رامث] دیکھیے "فضیحت" جس کا یہ اردو بگاڑ ہے
فضیلت: [ع امث] بڑائی بزرگی۔ برتری۔ فوقیت ۲ علم فضل ۳۔ نیکی۔ کمال سلیقگی۔
فضیلت: [ع۔ امث] ۱۔ بڑائی۔ بزرگی۔ برتری۔ فوقیت (۲) علم۔ فضل۔ (۳) نیکی (۴) کمال۔
فضیلت انتساب: [ع صف] وہ شخص جس سے بزرگی منسوب ہے۔
فضیلت رکھنا: [ا رمحاورہ] بزرگی رکھنا شرف رکھنا ۲۔ بہتر ہونا۔
فضیلت کا تمغا: [ا رامذ] لیاقت کی سند
فضیلت کا وقت: [ا رامذ] وہ وقت جس میں عبادت کا کرنا افضل ہو۔
فضیلت کی پگڑی: [ا رامث] وہ پگڑی جو تحصیل علم کے بعد باندھی جاتی ہے۔ (افعال: باندھنا۔ بندھنا)
فضیلت سے جانا: [ا رمحاورہ] سبقت لے جانا۔ فائق ہونا۔
فضیلت مآب: [ع صف] نہایت اعلیٰ۔ برتر افضل۔ انگریزی لفظ his excellency کا ترجمہ۔
فضیلت ہونا: [ا رمحاورہ] برتری ہونا۔ فوقیت ہونا۔

ف ـــ ط

فطانت: [ع امث] ذہانت عقل مندی۔ دانائی۔
فطر: [ع امذ] روزہ کھولنا۔ افطار۔
فطرانہ / فطرہ: [ع امذ] صدقۂ فطر۔ جو عید الفطر کے دن نماز سے قبل تقریباً دو سیر گندم فی کس کے حساب سے ادا کرنا واجب ہے اور یہ ہر صاحب نصاب پر واجب ہے
فطرت: [ع امث] آفرینش۔ قدرت ۲۔ خمیر سرشت ۳۔ دانائی۔ ہوشیاری ۴۔ مکر فریب۔ شرارت۔ چالاکی ۵۔ سازش سانٹھ گانٹھ ۶۔ فتنہ انگیزی
فطرت کرنا: [ا رمحاورہ] شرارت کرنا ۲۔ چالاکی کرنا عیاری کرنا۔ سازش کرنا۔
فطرت لڑانا: [ا رمحاورہ] چال چلنا۔ سازش کرنا۔
فطرتی: [ف صف] قدرتی۔ پیدائشی ۲۔ شرارتی۔ فتنہ پرداز ۳۔ شوخ۔ چالاک۔
فطرۃً: [ع متعلق فعل] قدرت کے مطابق
فطری: [ع صف] فطرت کے مطابق۔ پیدائشی۔
فطیر: [ع امذ] تازہ گندھا ہوا آٹا جس میں خمیر نہ ہو۔
فطیری روٹی: [ا رامث] وہ روٹی جو خمیری نہ ہو۔ پھلکا۔ چپاتی۔

فطنت: [ع امث] دانائی۔ عقل مندی۔
فطین: [ع صف] نہایت ذہین۔ دانا۔ زیرک۔

ف ـــ ع

فعّال: [ع ۔ ا ۔ مبالغہ] بہت زیادہ کام کرنے والا۔ سرگرم ۲۔ اللہ تعالیٰ ۳۔ دسویں عقل۔
فعالی / فعالیت: [ع امث] دیکھئے "فعال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فعل: [ع امذ] کام۔ کاج۔ عمل ۲۔ اصطلاح صرف میں وہ کلمہ جو مستقل معنی رکھتا ہو اور تینوں زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ پایا جائے ۳۔ عمل۔ قول کے خلاف ۴۔ بےجا حرکت۔ چھچھن ۵۔ بُرا کام۔ زنا۔ بدعملی ۶۔ حیلہ بہانہ۔
فعل ضامن: [ع صف بہ ترکیب فارسی] اس امر کا ذمہ دار کہ مجرم سے اب کوئی جرم نہیں ہوگا۔
فعل ضامنی: [ع امث] دیکھئے "فعل ضامن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فعل کرانا: [ار محاورہ] بدکاری کرانا۔ زنا کرانا۔
فعل کرنا: [ار محاورہ] کوئی کام یا حرکت کرنا ۲۔ مباشرت کرنا۔ بدفعلی کرنا ۳۔ مکر کرنا۔ فریب سے کام لینا۔
فعل لازم: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] علم صرف کی رو سے وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر ختم ہو جائے۔
فعل متعدی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] وہ فعل جو فاعل سے آگے بڑھ کر مفعول پر بھی چلے۔
فعل مجہول: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] علم صرف کی رو سے وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو
فعل معروف: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو
فعلاً: [ع متعلق فعل] عمل کی رو سے
فعلی: [ع صف] فعل سے منسوب
فعلیا: [ار صف] مکار۔ فریبی۔
فعلیہ: [ع صف مث] دیکھئے "فعلی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔

ف ـــ غ

فغاں: [شور۔ غوغا۔ واویلا۔ نالہ۔ فریاد۔ آہ و زاری۔ ف ۔ امذ]
فغانی: [ف صف] فریاد کرنے والا۔
فغفور: [ف امذ] شاہان چین کا لقب۔
فغفوری: [ف صف] دیکھئے "فغفور" جس سے یہ منسوب ہے

ف ـــ ف

فُف: [ف امث] پھونک۔
ففتھ کالم: [انگ امذ] دیکھئے "پانچواں کالم"۔
ففرّو: [ار صف] بھاگا ہوا۔ رفوچکر۔
ففرّو ہونا: [ار محاورہ] بھاگنا۔ بھاگ جانا۔ رفوچکر ہونا۔

ف ـــ ق

فق: [ع صف] خوف یا حیرت سے چہرے کی رنگت کا سفید پڑ جانا ۲۔ زرد۔ سفید۔ ۳۔ اداس ۴۔ حیران و پریشان۔ ہکا بکا۔
فق پڑ جانا / ہو جانا / ہونا: [ار محاورہ] چہرے کا رنگ اڑ جانا ۲۔ حیران و پریشان ہونا ۳۔ دنگ رہ جانا۔ اُداس ہو جانا۔
فقدان: [ع امذ] ۱۔ گم کرنا۔ کھونا۔ نہ ہونا ۲۔ بھول۔ ۳۔ کمی۔
فقر: [ع امذ] قلندری۔ درویشی ۲۔ محتاجی۔ تنگ دستی۔ مفلسی۔
فقر و فاقہ: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] غریبی۔ مفلسی۔ تنگی۔
فقرا: [ع امذ] دیکھئے "فقیر" جس کی یہ جمع ہے۔
فقروں پر چڑھنا: [ار محاورہ] دم میں آ جانا۔ فریب میں آ جانا۔
فقروں میں آنا: [ار محاورہ] چال میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔
فقروں میں اڑانا: [ار محاورہ] دھوکا دینا۔ فریب کی باتوں سے بہکانا ۲۔ بےوقوف بنانا۔ باتوں میں ٹالنا۔
فقرہ / فقرے باز: [ار صف] دھوکے باز۔ دغاباز۔ چال باز۔ فریبی۔
فقرہ اُٹھانا: [ار محاورہ] بات شروع کرنا۔
فقرہ / فقرے بازی: [ار امث] دیکھئے "فقرہ / فقرے باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
فقرہ / فقرے بتانا / بنانا / گھڑنا: [ار محاورہ] دم دینا ۲۔ جھوٹی بات گھڑنا
فقرہ بندی: [ف امث] تُک بندی۔
فقرہ جڑنا: [ار محاورہ] آوازہ کسنا۔
فقرہ / فقرے جوڑنا / تراشنا: [ار محاورہ] جھوٹی بات بنا کے کہنا۔
فقرہ / فقرے چست کرنا: [ار محاورہ] آوازہ کسنا۔ طعنہ دینا۔
فقرہ / فقرے چل جانا: [ار محاورہ] کسی کی جھوٹی بات کارگر ہو جانا۔
فقرہ / فقرے چلنا / چھوڑنا: [ار محاورہ] شگوفہ چھوڑنا۔ چال چلنا۔
فقرہ / فقرے دینا: [ار محاورہ] دم دینا۔ فریب دینا۔ جھانسا دینا۔
فقرہ رواں ہونا: [ار محاورہ] چال یا فریب کی مہارت ہونا۔
فقرہ زبان پر چڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "فقرہ رواں ہونا"
فقرہ کرنا: [ار محاورہ] کوئی بات کہہ کر کسی کو فریب دینا۔ بہانہ کرنا۔
فقرہ کسنا: [ار محاورہ] دیکھئے "فقرہ چست کرنا"
فقرہ کھل جانا: [ار محاورہ] چالاکی ظاہر ہو جانا۔
فقرہ گڑھنا: [ار محاورہ] دیکھئے "فقرہ تراشنا"
فقرہ ہونا: [ار محاورہ] [illegible]
فقرے: [ار امذ] دیکھئے "فقرہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
فقرے آنا: [ار محاورہ] طعن کرنا اور آوازے کسنا۔
فقرے بتانا: [ار محاورہ] چال کرنا
فقرے پر چڑھنا: [ار محاورہ] دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔
فقرے تراشنا: [ار محاورہ] جھوٹی بات کہنا۔
فقرے تراشنا: [ار محاورہ] جھوٹی بات کہی جانا۔
فقرے جڑنا: [ار محاورہ] آوازے کسنا۔

نقرے چرب کرنا : [ا رمحاورہ] چکنی چپڑی باتیں کرنا۔
نقرے چرب ہونا : [ا رمحاورہ] چکنی چپڑی باتیں ہونا۔
نقرے چلنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "فقرہ چلنا"
نقرے چھوڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "فقرے چلنا"
فقرے ڈھانا : [ا رمحاورہ] آوازے کسنا۔ چبھتی بات کہنا۔
فقرے سنانا / کہنا : [ا رمحاورہ] طعنے دینا۔
فقرے سننا : [ا رمحاورہ] دھوکے کھانا۔ مکر و فریب کی باتیں سننا۔
فقرے سے : [ا رمتعلق فعل] چال بازی سے
فقرے گھڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "فقرہ تراشنا"
فقرے منجھے ہونا : [ا رمحاورہ] فقرے زبان پر چڑھے ہونا۔
فقرے میں : [ا رمتعلق فعل] چال میں۔
فقرے میں آجانا : [ا رمحاورہ] چال میں آنا۔ دھوکا کھا جانا / کھانا۔
فقرے میں رکھنا : [ا رمحاورہ] دھوکا دے کر انتظار یا امید میں رکھنا۔
فقرے میں لگانا : [ا رمحاورہ] فریب میں پھنسانا۔ چالبازی کرنا۔
فقرے یاد ہونا : [ا رمحاورہ] چالیں معلوم کرنا۔ فریب یاد ہونا۔
فَقَط : [ع صف] صرف۔ تنہا اکیلا۔ نرا محض ۲۔ بس۔ خاتمہ۔ ختم شد۔
فقط تعویذ سے کام نہیں نکلتا کمر کا زور بھی چاہیئے : [ا رمقولہ] محض دعاؤں پر انحصار نہیں کرنا چاہیئے کوشش بھی کرنی چاہیئے۔
فِقہ : [ع امث] سمجھ۔ واقفیت۔ دانائی ۲۔ قانون شریعت کے مسائل کا علم۔
فُقَہا : [ع صف] دیکھئے "فقیہہ" جس کی یہ جمع ہے
فِقہی : [ع صف] دیکھئے "فقہ" جس سے یہ منسوب ہے۔
فَقید : [ع صف] نایاب۔ معدوم۔
فقیدُ المِثال : [ع صف] جس کی مثال نہ ہو۔ بے مثل۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بے نظیر۔
فَقیر : [ع صف] گداگر۔ بھکاری۔ منگتا۔ ۲۔ درویش۔ قلندر۔ خداپرست ۳۔ غریب۔ محتاج ۴۔ شریعت اسلامی کی رو سے وہ شخص جس کے پاس صرف ایک دن کا کھانا ہو
فقیر اپنی کملی ہی میں مست رہتا ہے : [ا رمثل] فقیر آدمی تھوڑے ہی سامان میں خوش رہتا ہے
فقیر بنا دینا / کر دینا : [ا رمحاورہ] مفلس بنا دینا۔ لوٹ لینا۔
فقیر بننا : [ا رمحاورہ] محتاج ہونا۔ مفلس ہونا۔ فقیری اختیار کرنا ۲۔ محرم میں بچوں کا سبز کپڑے پہن کر فقیرانہ بھیس بنانا۔
فقیر جاہل شیطان کا گھوڑا : [ا رمقولہ] جاہل فقیر شیطان کے تابع ہوتا ہے۔
فقیر خانہ : [عف امذ] فقیر کا مکان۔ عاجزی سے اپنے مکان کو کہتے ہیں۔
فقیر دوست : [عف صف] فقیر کو دوست رکھنے والا۔ فقیروں سے میل جول رکھنے والا۔
فقیر را بہ مجادلہ چہ کار : [ف مقولہ] فقیر کو جھگڑے اور حجت سے کیا کام۔
فقیر قرض خواہ اور لڑکا تینوں نہیں سمجھتے : [ا رمثل] فقیر قرض خواہ اور لڑکا اپنی ہی مرضی کرتے ہیں۔
فقیر کا پوت چلن امیروں کا : [ا رمثل] غریب ہو کر امیروں کی وضع اختیار کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
فقیر کا گھر بڑا ہے : [ا رمثل] فقیر کو اپنی کرامت سے سب کچھ حاصل ہو جاتا ہے۔
فقیر کو تین چیز چاہیئے فاقہ۔ قناعت اور ریاض : [ا رمثل] جب تک یہ تین باتیں نہ ہوں فقیر نہیں کہلا سکتا۔

فقیر کو جہاں رات ہو گئی وہیں سرائے : [ا رمثل] فقیر کو کسی بات کی پروا نہیں جہاں رات ہوئی وہیں پڑ رہے۔
فقیر کو کمبل ہی دوشالہ ہے : [ا رمثل] غریب آدمی کو تھوڑی پونجی بہت ہوتی ہے
فقیر کھلانا : [ا رمحاورہ] مراد پوری ہونے پر فقیروں کو کھانا کھلانا۔
فقیر کی جھولی میں سب کچھ ہے : [ا رمثل] فقیر کے اختیار میں سب کچھ ہے۔
فقیر کی زبان کس نے پکڑی ہے : [ا رمثل] فقیر جو چاہے کہہ دے کسی کی پروا نہیں کرتا۔
فقیر کی صدا : [ا رامث] وہ آواز جو بھکاری اور فقیر لگاتے ہیں۔
فقیر کی صورت ہی سوال ہے : [ا رمثل] حاجت مند کے چہرے ہی سے اس کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔
فقیر کی موج : [ا رامث] خیال جو فقیر کے دل میں آئے۔
فقیر ہو جانا / ہونا : [ا رمحاورہ] ۱۔ محتاج ہونا۔ مفلس ہونا ۲۔ تارک الدنیا ہو جانا۔
فقیرانہ : [عف صف] ۱۔ فقیروں کی طرح درویشوں کا سا ۲۔ (مذ) زمین جو فقیروں کے گزارہ کے لئے وقف کی جائے۔
فقیرنی : [ا رامث] دیکھئے "فقیر" جس کی یہ تانیث ہے۔
فقیری : (عف امث) ۱۔ فقیر کا رُتبہ ۲۔ درویشی ۳۔ غریبی محتاجی۔
فقیری اختیار کرنا / کا بانا لینا : [ا رمحاورہ] فقیر ہو جانا۔ فقیروں جیسا لباس پہننا۔
فقیری تنبیر کا بُرقع ہے : [ا رمثل] دمبیروں کے متعلق خیال ہے کہ اصل میں اولیاء ہوتے ہیں۔ ظاہری صورت فقیروں کی سی بنائے رکھتے ہیں۔
فقیری لٹکا : [ا رامذ] سہل علاج۔ آسان نسخہ۔
فقیری لینا : [ا رمحاورہ] درویشی اختیار کرنا۔ جوگ سادھنا۔
فقیہہ : [ع امذ] علم فقہ کا عالم۔

ف ــــ ک

فکاہات : [ع امذ] دیکھئے "فکاہت" جس کی یہ جمع ہے۔
فکاہت : [ع امث] خوش طبعی۔ زندہ دلی۔ مزاح۔
فکاہی : [ع صف] دیکھئے "فکاہت" جس سے یہ منسوب ہے۔
فکاہیہ : [ع صف امث] دیکھئے "فکاہی" جسکی یہ تانیث اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
فَکّ : [ع امذ] کھولنا۔ رہا کرنا۔ چھڑانا ۲۔ دو باہم ملی ہوئی چیزوں کو علیحدہ کرنا۔
فکِّ اضافت : [ع امذ] اضافت کا زیر چھوڑ دینا۔ جیسے صاحب دل میں ب کو بجائے کسرے کے جزم دیتے ہیں۔
فکُّ الرہن / فکِّ رہن : [ع امذ] رہن سے چھڑانا۔ قرضہ ادا کرکے گروی شے کو رہن سے لینا۔
فکلث : [ع امث] ایک صورت کوکبہ۔
فِکر : [ع امذ و مث] تردد۔ احتمال۔ اندیشہ۔ دغدغہ ۲۔ دھیان ۳۔ سوچ۔ خیال۔ غور۔ تامل ۴۔ حاجت۔ ضرورت۔ پروا ۵۔ غم۔ رنج ۶۔ تدبیر۔
فکر آپڑنا : [ا رمحاورہ] دفعتہً کوئی تردد کی بات ہو جانا۔
فکر اور ذکر دونوں چاہئیں : [ا رمثل] خدا کی یاد خضوع و خشوع کے ساتھ ہونی چاہیئے

فکر بُرا (بُری) فاقہ بھلا (فکر فقیراں کھائے): [ا رمثل] بھوکا رہنا فکر کرنے سے بہتر ہے۔ فکر فقیروں کو مار دیتا ہے۔
فکر جمنا: [ا رمحاورہ] تدبیر سُوجھنا۔
فکر دَوڑانا: [ا رمحاورہ] سوچنا غور کرنا۔
فکر رَسا: [عف اندمث] پہنچنے والی عقل۔ اعلےٰ عقل۔
فکر رکھنا: [ا رمحاورہ] سوچنا۔
فکر زاہد دیگر۔ و۔ سودائے عاشق دیگر است: [ف مثل] زاہد کی فکر کچھ اور ہے اور عاشق کی دُھن کچھ اور۔ ہر شخص اپنی اپنی دُھن میں لگا ہے۔
فکر سخن: [عف اند] شعر کہنے کے لئے سوچنا۔
فکر سے خالی ہونا: [ا رمحاورہ] بے فکر ہونا۔
فکر شنبہ تلخ دارد جمعۂ اطفال را۔ عشرت امروز بے اندیشۂ فردا خوش است: [ف مثل] سنیچر / ہفتہ کی فکر لڑکوں کے جمعہ کو تلخ کر دیتی ہے۔ آج کا عیش کل کی فکر کے بغیر اچھا ہے۔ موجودہ عیش سے جبھی لطف حاصل ہوتا ہے جب آئندہ کی فکر نہ ہو۔
فکر فردا: [عف اندمث] آئندہ کا خیال یا تردد۔
فکر کا کھائے جانا / نڈھال کر دینا: [ا رمحاورہ] ہر وقت تردد رہنا۔ اندیشے سے دُبلا ہونا۔
فکر کرنا: [ا رمص مرکب] ۱۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ رنج کرنا۔ تدبیر کرنا ۲۔ شعر کہنے کیلئے غور / فکر / تدبیر کرنا۔
فکر کرے کیا ہونا ہے جو ہونا تھا سو ہو لیا: [ا رمثل] نقصان جو ہونا تھا وہ ہو گیا اب رنج کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔
فکر لاحق ہونا: [ا رمحاورہ] اندیشہ ہونا۔ احتمال ہونا۔
فکر معاش / معیشت: [ع اندمث] روزی کا تردّد۔
فکر مند: [عف صف] غمگیں۔
فکر مندی: [عف امث] دیکھئے "فکر مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فکر میں مبتلا رکھنا / کرنا: [ا رمص مرکب] متفکر رکھنا۔ غمگین کر دینا۔
فکر میں مبتلا ہونا / ڈوبنا: [ا رمص مرکب] سوچنا۔ غور کرنا۔ غمگین ہونا۔ کسی نقصان کی تدبیر سوچنا۔ تاک میں رہنا۔
فکر میں گھل جانا: [ا رمحاورہ] فکر سے نڈھال ہونا۔
فکر نہ کیجئے: [ا رمقولہ] پروا نہ کرنا۔
فکر و تردد: [عف اند] احتمال۔ اندیشہ۔
فکر ہر کس بقدر ہمّت اوست: [ف مثل] ہر شخص کا خیال اس کے حوصلے اور ہمت کے مطابق ہوتا ہے۔
فِکرت: [ع امث] سوچ۔ غور۔
فکیف: [ع حرف استفہام] یہ لفظ استفہام بیان وقت اور بیان حالت کیلئے آتا ہے۔
فکس ڈیپازٹ: [انگ اند] وہ امانت جو کسی بنک وغیرہ میں مقررہ میعاد کیلئے رکھی جاتی ہے اور اس میعاد سے پہلے نہیں نکلوائی جا سکتی۔

ف ــــ گ

فِگار: [ف صف] زخمی۔ گھائل۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے سینہ فگار۔ دل فگار ۲۔ کنایۃً عاشق۔
فگار کرنا: [ا رمص مرکب] زخمی کرنا۔
فِگاری: [ف امث] زخمی کرنا۔ مرکبات کے آخر میں جیسے سینہ فگاری۔ دل فگاری۔
فگن: [ف صف] افگن کا مخفف۔ فارسی مصدر فگندن سے امر کا صیغہ جو بطور لاحقہ فاعلی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پھینکنے والا وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔

ف ــــ ل

فَلاح: [ع امث] ۱۔ نجات۔ چھٹکارا ۲۔ بھلائی۔ بہتری۔ فائدہ ۳۔ خوشی ۴۔ سلامتی۔ بچاؤ۔
فَلاحِ دارین: [ع امث] دنیا اور عاقبت کی بھلائی۔
فَلّاح: [ع اند] ۱۔ کاشت کار۔
فَلاحی: [ع صف] دیکھئے "فلاح" جس سے یہ منسوب ہے۔
فلاحی ریاست: [ع امث] ایسی حکومت یا ریاست جس میں عوام کو ہر طرح کی سہولتیں حاصل ہوں مثلاً جان و مال محفوظ ہوا اور روزگار رہتا ہو۔
فَلاحت: [ع امث] کاشت کرنا۔ کھیتی کرنا۔ کھیتی باڑی۔
فَلاخَن / فلاسنگ: [ف اند] وہ لکڑی اور رسی کا آلہ جس میں پتھر کا ٹکڑا یا مٹی کا ڈھیلا رکھ کر پھینکتے ہیں۔ اور رسی کی بجائے ربڑ کا ٹکڑا باندھ لیتے ہیں۔
فلارن: [انگ اند] یورپ کا ایک سونے کا سکّہ۔
فَلاسفَر: [انگ صف] دیکھئے "فلسفی" philosopher
فَلاسفہ: [ع اند] فیلسوف کی جمع ۔ ۲۔ ایک معجون کا نام بھی۔
فلاطون: [ع اند] دیکھئے "افلاطون"
فلاطونی: [ع صف] دیکھئے "فلاطون" جس سے یہ منسوب ہے۔
فَلاطونیت: [ع امث] افلاطون کا فلسفہ جس کے مطابق خیالات و نظریات حقیقی وجود رکھتے ہیں اور مادی اشیا محض اُن کے مظاہر اور غیر مکمل نقلیں ہیں۔
فَلاکت: [ع امث] مفلسی۔ غریبی۔ ناداری ۲۔ نحوست۔ بدقسمتی۔
فلاکت زدہ / فلاکت کا مارا / فلاکتی: [عف ا رصف] غریب۔ مفلس۔ نادار۔ بدقسمت
فَلالین: [انگ امث] ایک قسم کا نرم اُونی کپڑا flannel
فَلان: [ع اند] ۱۔ آلۂ تناسل ۲۔ اندام نہانی عورت کی۔
فلان اگلنا: [ا رمحاورہ] فحش گالیاں دینا۔
فلان میں ٹھونکنا: [ا رمحاورہ] رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا ۲۔ لعنت ملامت کرنا۔
فُلاں: [ع صف] خاص آدمی یا چیز جس کا نام نہ لیں۔ غیر معلوم شخص۔ کوئی۔ اِمکا ڈِھمکا۔
فلاں بہماں: [عف اند] ایرا غیرا۔ اِمکا ڈِھمکا۔
فلاں فلاں: [عف اند] کئی آدمی جن کا نام نہ لیا جائے۔
فلانا: [ا راند] کوئی شخص۔ وہ شخص ۲۔ بات معاملہ کی نسبت جس کا نام نہ لیا جائے بھی کہتے ہیں۔
فُلانی: [ا رامث] ۱۔ فلاں کی تانیث ۲۔ اندام نہانی۔ فرج۔
فلانی ہتھیلی پر رکھ کر آنا: [ا رمحاورہ] عورت کا زنا کرنے کی خواہش کرنا۔
فلانے کی ماں نے خصم کیا بہت بُرا کیا۔ کر کے چھوڑ دیا اور بھی بُرا کیا: [ا رمثل] اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص ایک کام کو درست کرنے کے لئے اس سے بھی بُرا کام کرے۔

فلتہ: [ع امذ] ۱۔ بے سوچے اور اچانک کام ۲۔ لغزش ۳۔ ہر مہینے کی آخری رات ۔ مہینے کا آخری دن ۔

فلتات: [ع امذ] "فلتہ" کی جمع

فلٹ: [انگ امث] نمدہ ۔ flit

فلٹ کیپ: [انگ امث] نمدے کی ٹوپی flitcap

فلٹر: [انگ امذ] پانی / تیل / ہوا وغیرہ صاف کرنے کا آلہ ۔ filter

فلز: [ع امذ] دھات وہ معدنی شے جو آگ میں پگھل جائے ۔

فلزات: [ع امث] دھاتیں ۔ سونا ۔ چاندی تانبا لوہا وغیرہ ۔

فلس: [ع امذ] پیسہ ۲۔ مچھلی کا چھلکا ۔ امتاس کا قرص ۔

فلس ماہی: [ع امذ] مچھلی کا چھلکا ۔ **فلسفہ**: [ع امذ] ۱۔ حکمت ۔ دانائی ۲۔ استدلال ۔ حجت کا انداز ۳۔ ایک علم جس سے انسان میں سوچنے اور بحث کرنے کا مادہ بڑھتا ہے ۔

فلسفہ دان: [عف امذ] ماہر علم فلسفہ ۔

فلسفی: [ع صف] فلسفہ سے منسوب ۔ فلسفہ جاننے والا ۔

فلسفیانہ: [عف صف] فلسفہ سے منسوب ۔ حکیمانہ

فلس کیپ: [انگ امذ] ۱۔ کاغذ کا ایک سائز جو تقریباً ۱۳½" لمبا اور ۸½" چوڑا ہوتا ہے ۲۔ دبیز سفید کاغذ ۔ انگریزی foolscap سے ماخوذ ۔

فلش: [انگ امذ] flush (۱) پانی کا تیز بہاؤ ۲۔ نالی یا بدرو کو تیز اور زیادہ پانی بہا کر صاف کرنے کا عمل ۔ جدید وضع کا پاخانہ جس میں پانی کے تیز بہاؤ سے نجاست صاف کی جاتی ہے ۔

فلفل: [ع امث] مرچ ۔ پپل کا معرب ۔

فلفل دراز: [عف امث] لمبی مرچ ۔ مگھاں

فلک: [ع امث] آسمان ۔ گردوں ۔ چرخ ۔ مذہبی خیالات کے بموجب زمین کے اوپر سات آسمان ہیں ۔ جن پر مختلف چاند ستارے وغیرہ ہیں ان سے اوپر خدا کا عرش اور کرسی ہے ۔ مگر آج کل سائنس کے ماہرین ان کو خیالی باتیں سمجھتے ہیں ۔

فلک اساس: [ع صف] آسمان کی بنیاد والا ۲۔ جامع مستحکم ۔ رفیع ۔

فلک اطلس / اعظم / فلک الافلاک: [ع امذ] نواں آسمان

فلک العرش: [ع امذ] دیکھیے "عرش"

فلک بارگاہ: [عف صف] عالی مرتبہ

فلک بر سر بیداد ہونا: [ا رمحاورہ] آسمان کا دشمن ہونا ۔ مصیبت کے دن آنا ۔

فلک پائگہ / پایہ: [عف صف] ۱۔ عالی رتبہ ۲۔ اونچا ۔

فلک پر پہنچنا: [ا رمحاورہ] آسمان تک جانا ۲۔ آواز کا دور تک سنائی دینا ۔

فلک پر چڑھانا: [ا رمحاورہ] بہت تعریف کرنا خوشامد کرنا ۔

فلک پر چڑھنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "فلک پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

فلک پرواز / پیما / تاز: [عف صف] آسمان پر پہنچنے والی ۔ آہ کیلئے استعمال ہوتا ہے ۔

فلک پر دماغ رہنا / ہونا: [ا رمحاورہ] مغرور / متکبر ہونا ۔ کسی کو اپنے برابر نہ سمجھنا ۔

فلک پر ستارہ ہونا: [ا رمحاورہ] خوش نصیب اور اقبال مند ہونا ۔

فلک پر سر کھینچنا: [ا رمحاورہ] بہت بلند ہونا ۔ بہت مغرور / متکبر ہونا ۔

فلک پر کھینچنا: [ا رمحاورہ] مغرور ہونا ۔ اترانا ۔

فلک پیر: [عف امذ] بوڑھا آسمان ۔ چونکہ بہت پرانا ہے اس لئے پیر کا استعارہ کرتے ہیں

فلک ٹوٹ پڑنا: [ا رمحاورہ] سخت مصیبت آنا ۔

فلک ٹوٹ کر گر پڑنا: [ا رمحاورہ] غضب آ جانا ۔

فلک ٹوٹنا: [ا رمحاورہ] غضب آنا ۔ مصیبت آنا ۔

فلک جناب: [ع صف] عالی رتبہ ۔

فلک درپئے آزار ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "فلک بر سر بیداد ہونا"

فلک رتبہ: [ع صف] عالی مرتبہ ۔ مقبول (آہ)

فلک رفعت / سریر: [ع صف] عالی رتبہ ۔

فلک زدہ: [عف صف] قسمت کا مارا ۔

فلک سیر: [ع صف] تیز رو گھوڑا ۔ ۲۔ (مذ) پتنگ جو نشہ میں آسمان کی سیر کراتی ہے ۔

فلک شکوہ: [ع صف] آسمان جیسی شان و شوکت والا ۔ رفیع الشان ۔

فلک شعبدہ باز: [عف امذ] شعبدے دکھانے والا آسمان ۔ دنیا میں جو برے واقعات گزرتے ہیں ۔ وہ آسمان کے سر تھوپے جاتے ہیں ۔ **فلک فرسا**: [عف صف] آسمان پر پہنچنے والی (آہ)

فلک قدر: [ع صف] عالی رتبہ ۔

فلک کا ستایا / کی ستائی: [ا رصف] مصیبت زدہ ۔ بدقسمت ۔ کمبخت ۔

فلک کواکب: [ع امذ] ستاروں کا آسمان ۔

فلک کو برا معلوم ہونا: [ا رمحاورہ] شاعروں کا خیال ہے کہ فلک لوگوں کو خوش نہیں دیکھ سکتا ۔ وہی مصیبتیں نازل کرتا ہے ۔

فلک کو برا نہ لگے: [ا رکلمہ دعا] جب کوئی کام حسب مراد نہ ہو تو کہتے ہیں ۔

فلک مآب / مرتبہ: [ع صف] عالی رتبہ ۔

فلک مآبی: [عف امث] دیکھیے "فلک مآب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

فلک نظر آنا: [ا رمحاورہ] مصیبت کا سامنا ہونا ۔ ایسی مصیبت پڑنا کہ خدا یاد آ جائے ۔

فلک نورد: [عف صف] تیز رفتار ۔ تیز رو ۔

فلک نیلی: [عف امذ] نیلا آسمان

فلک یاد آنا: [ا رمحاورہ] زمانے کی گردش نظر آنا ۔

فلکی: [ع صف] آسمانی ۔ فلک سے منسوب ۔

فلکیات: [ع امث] فلک سے متعلق چیزیں ۔ وہ علم جس میں آسمان کی موجودات سے بحث کی جاتی ہے ۔

فلکیہ: [ع امث] دیکھیے "فلکی" جس کی یہ تانیث اور جمع کا افادہ کرتی ہے ۔

فلم: [انگ امذ] ۱۔ جھلی ۔ جالا ۲۔ وہ تصویر جو پردے پر چلتی اور کام کرتی دکھائی جاتی ہے ۳۔ وہ پردے جسے کیمرے میں ڈال کر تصویریں اتارتے ہیں ۔

فلو: [انگ امذ] flue انفلوئنزا کا مخفف

فلوس: [ع امذ] "فلس" کی جمع ۔ اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ۔ پیسہ ۔ مچھلی کے چھلکے ۔

فلہٰذا: [ع ۔ متعلق فعل] پس اس لئے ۔

فلیتہ: [ف امذ] دیکھیے فتیلہ جو صحیح لفظ ہے ۔

فلیتہ جلانا: [ا رمحاورہ] ۱۔ بتی روشن کرنا ۲۔ آسیب زدہ کے آگے بتی روشن کر ۔

فلیتہ جلنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "فلیتہ جلانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

فلیتہ دار: [ا رصف] توڑے دار (بندوق یا توپ) ۲۔ جس میں بتی ہو ۔

فلیتہ دکھانا: [ا رمحاورہ] آگ لگانا ۲۔ توڑے دار بندوق یا توپ کا چلانا ۔

فلیتہ دینا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "فلیتہ جلانا" ۔

فلیتہ سلگھانا: [ا رمحاورہ] تعویذ / جنتر کی دھونی دینا ۔

فلیٹ: [انگ صف] flat مسطح ۔ برابر ۔ چپٹی ۔ ۲۔ (امث) ۲۔ ان چند کمروں سے ایک جو ایک منزل میں ہوں اور ان میں ایک شخص یا کنبے کی

فی الجملہ: [ع متعلق فعل] القصہ۔ العرض۔ حاصل کلام۔ تتمہ مختصر ۲۔ تھوڑا ۳۔ قریب قریب
فی الحال: [ع متعلق فعل] اب۔ ابھی۔ اسی وقت۔ سردست۔ بالفعل۔
فی الحقیقت: [ع متعلق فعل] دراصل۔ واقعی۔ بیشک۔ حقیقتاً۔
فی الفور: [ع متعلق فعل] جلدی۔ شتابی۔ ترنت۔
فی المثل: [ع متعلق فعل] مثال کے طور پر۔
فی النار: [ع کلمہ بددعا] دوزخ میں پڑے۔
فی النار و السقر ہو جانا: [ارمحاورہ] دوزخ میں جانا۔ کسی بُرے آدمی کا مر جانا۔
فی الواقع: [ع متعلق فعل] دیکھئے "فی الحقیقت"
فی الوقت: [ع متعلق فعل] فوراً۔ اسی وقت۔
فی امان اللہ: [ع کلمہ دعا] دعائے نیک جو کسی عزیز ہستی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔
فی زمانا/زمانہ: [ع متعلق فعل] اس زمانے میں۔ آج کل۔ ان دنوں۔
فی سبیل اللہ: [ع متعلق فعل] خدا کی راہ میں۔ خدا کے لئے۔ ۲۔ وقف۔
فی صد/صدی: [ف متعلق فعل] ہر سیکڑے پر۔ ہر سو پر۔
فی کس: [ف متعلق فعل] ہر آدمی کے لئے۔ ہر آدمی پر۔
فی کل وجوہ: [ع متعلق فعل] ۔ ہر طرح۔ بہر حال
فی ما/فیما: [ع متعلق فعل] ۔ اس میں۔ اس کے متعلق۔
فی ما بین: [ع متعلق فعل] دونوں کے درمیان۔ باہم۔ آپس میں۔
فی نفس الامر: [ع متعلق فعل] دراصل۔ فی الحقیقت
فی نفسہ: [ع متعلق فعل] اپنی ذات میں۔ دراصل۔
فی/فیہ: [ارامث] عیب۔ کھوٹ۔ غلطی۔
فی نکالنا: [ارمحاورہ] عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
فئے: [ع امث] بغیر جنگ غنیم سے ہاتھ آیا ہوا مال۔ مال غنیمت۔ خیرات
فیاض: [ع صف] سخی۔ دریا دل۔ (افعال: ہونا)
فیاضی: [عف امث] دیکھئے "فیاض" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فیتا/فیتہ: [پُر امذ] ریشمی یا سوتی کم چوڑی پٹی ۲۔ مڑھا بنا ہوا دھاگا جو لیمپوں میں ڈالتے ہیں۔ ۳۔ بنا ہوا کنارہ۔
فیچر: [انگ امذ] feature ریڈیو یا فلم کی کہانی جس میں گانے بھی ہوں۔ افسانوی طرز کا مضمون۔ امتیازی خد و خال۔
فیدم: [انگ امذ] fathom گہرائی ناپنے کا پیمانہ جو چھ فٹ ہوتا ہے۔
فیڈرل: [انگ امذ] federal وفاقی
فیڈرل سٹیٹ: [انگ امذ] federal state ۱۔ متفقہ ۲۔ وفاقی ریاست
فیڈریشن: [انگ امث] federation ۱۔ اجتماع ۲۔ رفاقت۔ وفاقی حکومت
فیر: [ارامذ] آگ ۲۔ توپ یا بندوق کو آگ دینا۔ سر کرنا ۳۔ وار ۴۔ دفعہ۔ مرتبہ۔ کھیل۔ (انگریزی لفظ فائر fire کا مورد) افعال: کرنا۔ ہونا۔ اُڑانا۔
فیرنی: [ارامث] دیکھئے "فرنی"
فیروز: [ع صف] فتح مند۔ ظفریاب۔ کامران۔ کامیاب۔ فارسی "پیروز" کا معرب۔
فیروز بخت/اختر: [عف صف] خوش نصیب۔ کامیاب۔
فیروز مند: [ف صف] خوش نصیب۔ کامیاب۔

فیروز مندی: [ف امث] دیکھئے "فیروز مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فیروزہ: [ف امذ] ایک پتھر جو سبز زنگاری نیل گوں یا نیلا ہوتا ہے۔
فیروزی: [ف صف] فیروزے کے رنگ کا سبز۔ زنگاری ۲۔ کامیابی۔
فیز: [ت امث] ترکی ٹوپی
فیس: [انگ امث] fees محنتانہ۔ اُجرت ۲۔ وہ رقم جو طلبا مدرسوں میں ماہانہ ادا کرتے ہیں ۳۔ نذرانہ۔ حق الخدمت جیسے ڈاکٹر یا وکیل وغیرہ کی اُجرت۔
فیس کورٹ: [انگ امث] fees court رسوم عدالت۔ عدالت کا محنتانہ۔
فیشن: [انگ امذ] fashion وضع۔ قطع۔ ڈھنگ۔ طور طریقہ ۲۔ مروجہ آرائش و زیبائش۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
فیشن بدلنا: [ارمحاورہ] (FASHION) وضع بدلنا۔ طور طریقہ تبدیل کرنا۔ انداز بدلنا۔ رواج بدلنا۔
فیشنیبل/فیشن ایبل: [انگ صف] fashionable خوش پوش۔ خوش لباس ۲۔ فیشن کے مطابق ۳۔ نفیس۔ خوبصورت۔ عمدہ۔
فیضی: [ارصف] دیکھئے "فیض" جس سے یہ منسوب ہے۔
فیصل: [ع امذ] فیصلہ۔ تصفیہ۔ نپٹاؤ ۲۔ فیصلہ کرنے والا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
فیصلہ: [ع امذ] ۱۔ تصفیہ۔ چکوتا۔ نپٹاؤ ۲۔ جانچ۔ پرکھ ۳۔ فتویٰ۔ حکم۔ تجویز۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
فیصلہ رکھنا: [ارمحاورہ] فیصلے کا کسی امر پر موقوف کر دینا۔
فیصلہ زبان پر ہونا: [ارمحاورہ] کسی کے کہنے پر تصفیہ ہونا۔
فیض: [ع امذ] فائدہ۔ نفع ۲۔ سخاوت۔ فیاضی ۳۔ نیکی
فیض بخش/رساں: [عف صف] فائدہ پہنچانے والا۔
فیض بخشی/رسانی: [عف امث] دیکھئے "فیض بخش/رساں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فیض پانا: [ارمص مرکب] فائدہ حاصل کرنا۔
فیض پہنچانا: [ارمص مرکب] فائدہ پہنچانا۔ بھلائی کرنا۔ نیکی کرنا۔ خیرات کرنا
فیض پہنچنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "فیض پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
فیض جاری: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ہمیشہ رہنے والا فیض یا فائدہ۔
فیض عام: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] عام لوگوں کا فائدہ ۲۔ عام سلوک
فیض گستر: [عف صف] بہت فیض پہنچانے والا۔
فیض گستری: [عف امث] دیکھئے "فیض گستر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فیض نشاں: [عف صف] فائدہ پہنچانے والا۔
فیض یاب: [عف صف] فائدہ پانے والا۔ فائدہ حاصل کرنے والا۔
فیض یابی: [عف امث] دیکھئے "فیض یاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
فیضان: [ع امذ] بڑا فائدہ۔ بڑی بخشش۔
فیکٹری: [انگ امذ] factory کارخانہ
فیل: [انگ صف] fail ناکامیاب۔ نامراد۔ گرا ہوا۔ ناقص (افعال: کرنا۔ ہونا)
فیل: [ارامذ] مکر۔ فریب ۲۔ شرارت۔
فیل بھرنا: [ارمحاورہ] مکاری کرنا۔ دھوکا کرنا۔
فیل کرنا: [ارمص مرکب] مچلنا۔ ضد کرنا۔

لاتا: [ا ر محاورہ] جھگڑنا۔ فساد کھڑا کرنا۔ ۲۔ مکر کرنا۔
مچانا: [ا ر مص مرکب] ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔
مایا: [ا ر صف] مکّار۔ فریبی۔ بدباطن۔ حیلہ گر۔
مائی: [ا ر صف مث] دیکھئے "فیل مایا" جس کی یہ تانیث ہے۔
: [ت امذ] فارسی "پیل" کا معرب۔ ہاتھی ۲۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔
بان: [عف امذ] مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔
بانی: [عف امذ] فیل بان کا کام۔
بند: [ت امذ] شطرنج میں فیل کا پیادہ کی زد میں ہونا (افعال: لوٹنا۔ پڑنا)
پا: [ف امذ] ایک قسم کا مرض جس میں ٹانگیں اور پاؤں سوج جاتے ہیں۔
پایہ: [ف امذ] ستون۔ فیلُ خانہ: [ف امذ] ہاتھیوں کا طویلہ
سا ڈیل بڑھانا: [ا ر محاورہ] بہت ساموٹا ہو جانا۔
مرغ: [ف امذ] ایک پرندہ جو مور کی مانند اکثر دُم پھیلائے رکھتا ہے۔
منگوسی: [ف امذ] منگوس کے جنگل کا ہاتھی۔ منگوس ایک جنگل کا نام ہے جہاں کے ہاتھی مشہور ہیں۔
ٹ: [انگ امذ] felt (۱) ایک روئیں دار کپڑا جو اُون کو موڑ کر اور دبا کر تیار کیا جاتا ہے ۲۔ انگریزی ٹوپی جو ہیٹ سے مشابہ ہوتی ہے۔
: [انگ امث] field (۱) میدان۔ میدان جنگ۔ ۲۔ کھیت۔
ڈ بک: [انگ امذ] field book ایک کتاب جس میں ہدایات کے مطابق کھیتوں کی پیمائش درج کی جاتی ہے۔
مارشل: [انگ امذ] field marshal سپہ سالار افواج فوج کا سب سے اعلیٰ عہدہ یا اعزاز۔

فیلڈر: [انگ امذ] fielder کرکٹ کے کھیل میں وہ کھلاڑی جو گیند روک کر بالر یا وکٹ کی طرف پھینکے۔
فیلڈنگ: [انگ صف] fielding کرکٹ میں گیند کو پھرتی سے روکنے کا ہنر
فیلسوف: [یو امذ] حکیم۔ دانش مند۔ عالم۔ فاضل ۲۔ مکّار۔ فریبی۔ دغا باز۔
فیلسوفی: [ا ر امث] فضول خرچی۔ نمود و نمائش ۲۔ عیاری چالاکی۔ شرارت۔
فیلو: [انگ امذ] fellow آدمی۔ فرد۔ ۲۔ ساتھی۔ ہم جولی۔ ہمسر ۳۔ کسی سوسائٹی بورڈ یا یونیورسٹی وغیرہ کا ممبر۔
فیلو شپ: [انگ امث] fellowship کسی تعلیمی ادارے انجمن یا برداری کی ممتاز رکنیت ۲۔ تعلیمی ادارے کے فیلو کا مشاہرہ۔
فیلہ / فیلا: [ت امذ] شطرنج کا ایک مہرہ جو ترچھا چلتا ہے۔ پیلہ۔
فیلی / فیلیا: [ا ر صف] مکّار۔ فریبی۔ دغا باز۔
فیملی: [انگ امث] خاندان۔ نسب ۲۔ اہل و عیال بیوی۔ بچے۔ family
فیملی پلاننگ: [انگ امث] family planning خاندانی منصوبہ بندی
فینائل: [انگ امث] ایک جراثیم کش دوا۔ phenyl
فینس: [ا ر امث] دیکھئے "پینس"۔ فینسی: [انگ صف] fancy عمدہ۔ خوبصورت۔
فینسی ڈریس: [انگ امث] بہروپ کا لباس۔ fancy dress
فیوز: [انگ امذ] fuse تیز حرارت سے پگھلنا یا جل جانا ۲۔ فتیلہ۔ بتی جسے آتش گیر مادے سے بھگو کر جلایا جاتا ہے ۳۔ ایک خاص قسم کی دھات کا ٹکڑا جو بجلی کی مقررہ مقدار سے زائد رو آنے پر پگھل جاتا ہے اور بجلی کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے۔
فیوض: [ع امذ] دیکھئے "فیض" جس کی یہ جمع ہے۔
فیہِ نظر: [ع متعلق فعل] اس پر اعتراض ہے۔ یہ محل نظر ہے۔

ق

ق :[ع اند] اس کا نام قاف ہے۔ مزید وضاحت کے لئے اسے قاف قرشت کہتے ہیں۔

۱۔ اردو حروف تہجی کی ترتیب میں ستائیسواں اور فارسی میں چوبیسواں حرف ہے۔ عربی حروف ہجا کی ترتیب ابتث میں اکیسواں اور ترتیب ابجد میں انیسواں حرف ہے۔

۲۔ یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳۔ عربی تقسیم میں قمری حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز دے گا۔ مثلاً القاہر میں۔

۴۔ حساب جمل میں اس کے سو عدد مقرر ہیں۔

۵۔ عربی اور فارسی میں یہ مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے۔

ا۔ خ کا بدل مثلاً جوخ اور جوق میں
ب۔ غ کا بدل مثلاً غالین اور قالین میں
ج۔ ک کا بدل مثلاً تریاک اور تریاق میں
د۔ گ کا بدل مثلاً خانگاہ اور خانقاہ میں

ق-ا

قاؤ :[ار-اصوت-مث] کوّے کی آواز۔

قاآن :[ت-اند] بہت بڑا عادل سخی اور عاقل بادشاہ ہیں اور شاہ ترکستان کا لقب ۲۔ وہ ترکی خطاب جو شہنشاہ یا حاکم اعلیٰ کو دیا جاتا ہے۔

قاآنی :[ت-امث] دیکھئے "قاآن" جس سے یہ منسوب ہے۔

قاب :[ت-امث] بڑی رکابی۔ تھال۔

قاب :[ع اند] فاصلہ۔ جگہ۔ ایک ہاتھ کا فاصلہ۔

قاب قوسین :[ع اند بہ ترکیب فارسی] ۱۔ دو کمانوں کا فاصلہ ۲۔ نہایت قرب ۳۔ معشوق کے ابرو۔

قابض :[ع صف] قبضہ کرنے والا ۲۔ دخیل ۳۔ وہ چیز جو قبض کرے۔

قابض ارواح :[ع صف بہ ترکیب فارسی] روحوں کو قبض کرنے والا۔ ملک الموت

قابض شکمی :[عف صف] درمیانی قابض۔ چھپا ہوا قابض (افعال: ہونا۔ کرنا)

قابل :[ع صف] لائق۔ اہل۔ سزاوار ۲۔ دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ استعداد رکھنے والا ۳۔ عالم۔ فاضل۔

قابل ادا :[عف صف] ادا کرنے کے لائق

قابل اعتبار/اعتماد :[عف صف] معتبر۔ بھروسے کے قابل۔

قابل اعتراض :[عف صف] اعتراض کے لائق [illegible]

قابل التفات/توجہ :[عف صف] توجہ کے لائق

قابل انقسام :[عف صف] تقسیم ہونے کے لائق۔

قابل بازپرس :[عف صف] جوابدہی کے لائق مواخذہ کے لائق۔

قابل تعریف :[عف صف] سراہنے کے لائق۔ نہایت پسندیدہ۔ آفرین کے قابل

قابل دید :[عف صف] دیکھنے کے قابل۔ دیکھنے کے لائق

قابل ذکر :[ع صف بہ ترکیب فارسی] ذکر کرنے کے قابل۔

قابل زراعت :[ع صف بہ ترکیب فارسی] کاشت کرنے کے لائق۔

قابل زیارت :[ع صف بہ ترکیب فارسی] دیکھنے کے قابل۔ دیکھنے کے لائق۔

قابل سزا :[ع صف بہ ترکیب فارسی] سزا کے قابل۔ سزا کے لائق

قابل سماعت :[ع صف بہ ترکیب فارسی] سننے کے لائق ۲۔ وہ مقدمہ جو ازروئے قانون کسی عدالت کے حدود اختیار میں ہو۔

قابل سیر :[ع صف بہ ترکیب فارسی] سیر کرنے کے قابل۔ وہ جگہ جہاں سیر کرنے کیلئے جائیں۔

قابل شنوائی :[عف صف] سننے کے لائق۔

قابل ضبطی :[عف صف] ضبط کرنے کے لائق۔

قابل عمل :[عف صف] عمل کرنے کے لائق۔

قابل غور :[عف صف] سوچنے کے لائق۔ توجہ کرنے کے لائق۔

قابل کرنا (ا رمص مرکب) لائق بنانا۔ شائستہ بنانا۔ گن سکھانا۔ ہنرمند بنانا۔ پڑھانا

قابل مواخذہ :[ع صف بہ ترکیب فارسی] جوابدہی یا گرفت کے قابل۔ گرفتاری کے لائق۔

قابل نکاح :[ع صف بہ ترکیب فارسی] نکاح کے لائق۔ جوان۔ بالغ۔ بالغہ

قابل ہونا (ا رمص مرکب) دیکھئے "قابل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قابل یقین :[ع صف بہ ترکیب فارسی] یقین کرنے کے لائق

قابلہ :[ع صف] ۱۔ قابل کی تانیث ۲۔ بچہ جنانے والی عورت۔ دائی۔ جنائی۔

قابلیت :[ع امث] لیاقت۔ سلیقہ۔ استعداد ۲۔ مناسبت۔ مادہ۔

قابلیت پیدا کرنا (ا رمص مرکب) لیاقت پیدا کرنا۔ استعداد حاصل کرنا۔

قابلیت ہونا :[ا رمص مرکب] لیاقت ہونا۔ مادہ ہونا۔ استعداد ہونا۔

قابو :[ع اند] موقع۔ فرصت ۲۔ زور۔ بس۔ طاقت ۳۔ حکم۔ اختیار ۴۔ رسائی۔ پہنچ ۵۔ قبضہ۔ قدرت۔

قابو پانا :[ا رمحاورہ] قدرت پانا۔ موقع پانا۔ اختیار پانا۔

قابو پر چڑھنا :[ا رمحاورہ] کسی کے بس میں ہو جانا۔

قابو چڑھنا/چلنا :[ا رمحاورہ] بس میں آنا۔ اختیار میں آنا۔ ہتھے چڑھنا۔

قابو چلانا :[ا رمحاورہ] حکم چلانا۔ قدرت دکھانا۔

قابو سے باہر ہونا (ا رمص مرکب) ۱۔ قدرت سے باہر ہونا ۲۔ آپے سے باہر ہونا۔

قابو سے (نکل) جانا :[ا رمحاورہ] ۱۔ ~~اختیار سے~~ باہر ہو جانا ۲۔ آپے سے باہر ہو جانا ۳۔ داؤں سے نکل جانا۔ گھات سے نکل جانا۔

قابو کرنا/کر لینا :[ا رمحاورہ] بس میں کرنا۔ مغلوب کرنا۔

قابو لگنا :[ا رمحاورہ] موقع ملنا۔ بس میں آنا۔

قابو میں آنا :[ا رمحاورہ] بس میں آنا۔ اختیار میں آنا۔ مغلوب ہونا۔

قابو میں رکھنا :[ا رمحاورہ] بس میں رکھنا۔ اختیار میں رکھنا۔ مغلوب رکھنا۔

قابو میں کرنا :[ا رمحاورہ] قابو میں لانا۔ اپنے اختیار میں کرنا۔ مغلوب کرنا۔

قابو میں لانا :[ا رمحاورہ] دیکھئے "قابو میں کرنا"

قابو میں لگنا :[ا رمحاورہ] گھات میں لگنا۔

قابو میں ہونا :[ا رمحاورہ] بس میں ہونا۔

قابو نہ رہنا :[ا رمحاورہ] بس میں نہ رہنا۔ اختیار نہ رہنا۔

قابو ہونا: [ا ر محاورہ] بس ہونا۔ اختیار رہنا۔
قابوچی: [ت امذ] ۱۔ دربان ۲۔ کمینہ۔ سفلہ۔ مُفسد۔ بدذات۔ فتنہ پرداز ۳۔ خود غرض۔ خود کام۔ موقع سے فائدہ اٹھانے والا۔
قابیلُ: [سریانی امذ] حضرت آدمؑ کا بیٹا جس نے اپنے بڑے بھائی کو اپنی بہن کے حسد میں مار ڈالا تھا۔ سب سے پہلا قاتل۔
قاتِل: [ع صف امذ] قتل کرنے والا۔ جلاّد۔ خونی ۲۔ مُہلک۔ جان لیوا ۳۔ ظالم۔
قادِرُ: [ع صف] قدرت والا۔ طاقت رکھنے والا۔ قابو رکھنے والا۔ غالب۔ مختار ۲۔ خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
قادر الکلام / قادرِ کلام: [ع صف] کلام پر قدرت اور قابو رکھنے والا۔
قادر الکلامی / قادر کلامی: [عف۔ امث] دیکھئے "قادر الکلام / قادر کلام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قادِر اَنداز / دَست: [ف صف] ٹھیک نشانے پر گولی لگانے والا۔ وہ شخص جس کا نشانہ کبھی خطا نہ کرے۔
قادِر اندازی / دستی: [ت امث] دیکھئے "قادر انداز / دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قادِرِ عَلیَ الْاِطْلاَق / مُطْلَق: [ع صف بہ ترکیب فارسی] پوری پوری قدرت رکھنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔
قادِری: [ع صف] ۱۔ حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ سے منسوب ۲۔ [ا امث] ایک قسم کا سینہ بند۔
قادِریہ: [ع امذ] صوفیہ کا ایک سلسلہ جو حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ سے منسوب ہے۔
قادِیانی: [ا صف] مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والا۔ مرزائی۔
قارُورَہ: [ع امذ] ۱۔ شیشی۔ شیشہ ۲۔ وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں ۳۔ مجازاً پیشاب ۴۔ بارود کی کُپّی جس میں آگ لگا کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں ۵۔ برچھی یا تیر کا پھل۔
قارورہ دیکھنے والا: [ا صف] حکیم۔ طبیب۔ معالج۔
قارورہ شناس: [ا صف] دیکھئے "قارورہ دیکھنے والا"۔
قارورہ ملنا: [ا رمحاورہ] موافقت ہونا۔ اتحاد ہونا۔
قارورے میں بھالے نظر آنا: [ا رمحاورہ] معمولی باتوں سے ڈر جانا۔
قارُون: [ع امذ] حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کا بہت مالدار اور کنجوس شخص جس نے زکواۃ دینے سے انکار کر دیا تھا اور آخرکار حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بددعا سے اپنے تمام مال سمیت زمین میں غرق ہوا۔ ۲۔ مجازاً بخیل مالدار۔
قارون کا خزانہ: [ا امذ] بہت بڑا خزانہ۔ بے انتہا دولت۔
قارِی: [ع امذ] ۱۔ پڑھنے والا ۲۔ علم قرأت کے مطابق قرآن مجید پڑھنے والا۔
قاز: [ت امث] ۱۔ ایک آبی پرندہ۔ راج ہنس ۲۔ کونج۔
قاسِمُ: [ع صف امذ] تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔
قاسم محروم: [ا رمقولہ] بانٹنے والا خود حصہ سے محروم رہتا ہے۔
قاش: [ت امث] پھل وغیرہ کی پھانک۔ پھانک۔ ٹکڑا ۲۔ بادل۔ ابر
قاشِ زین: [ف امث] زین کے آگے اور پیچھے کے تکئے۔ زین کا ہرنا۔
قاش قاش کرنا: [ا رمحاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھانک پھانک کرنا۔
قاشُق: [ع امذ] لکڑی کا بڑا چمچہ۔ ڈوئی۔
قاشیں تراشنا: [ا رمحاورہ] ٹکڑے کرنا۔ پھانکیں کاٹنا۔

قاصِد: [ع امذ] نامہ بر۔ چٹھی رساں۔ پیام بر۔ ایلچی ۲۔ قصد کرنے والا۔
قاصِر: [ع صف] کوتاہی کرنے والا ۲۔ مجبور۔ ناچار
قاصرِ ہمّتُ: [ع صف بہ ترکیب فارسی] کم ہمّت۔ بے حوصلہ
قاصر ہونا: [ا مص مرکب] عاجز ہونا۔ معذور ہونا۔ مجبور رہنا۔ فرض ادا کرنے میں کوتاہی کرنا۔
قاضی: [ع امذ] ۱۔ حکم لگانے والا ۲۔ جھگڑا چکانے والا۔ مُنصف ۳۔ ادا کرنیوالا ۴۔ حاجت پوری کرنیوالا ۵۔ نکاح پڑھانے والا ۶۔ مسلمان جو قانون اسلامی کے تحت فیصلہ کرے
قاضیُ الحاجاتُ: [ع صف] حاجت روا کرنے والا ۲۔ خدا تعالیٰ ۳۔ مجازاً روپیہ پیسہ
قاضیُ القُضاتُ / قاضیُ القُضاۃ: [ع صف] سب سے بڑا قاضی۔ مُنصفِ چیف جسٹس۔
قاضی بہ دو گواہ راضی: [ت مثل] شریعت اسلامی میں دو گواہوں سے مقدمہ کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔
قاضی بہ رشوت راضی: [ت مثل] رشوت دینے سے بھی راضی ہو جاتے ہیں۔
قاضی جی اپنا آگا تو ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا: [ا رمثل] ناصح پہلے اپنے اخلاق و اطوار تو درست کرے۔ پھر دوسرے کو نصیحت کرے۔
قاضی جی بہتیرا مہرا ہیں میں مارتا ہی نہیں: [ا رمثل] سخت بے حیائی۔ نڈر پن اور ضد کے اظہار میں طنزاً بولتے ہیں۔
قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار: [ا رمثل] حاکم کا ملازم ہمیشہ جلدی ہی کرتا ہوا آتا ہے۔
قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا؛ قاضی جی مرے کوئی نہ آیا: [ا رمثل] دنیا منہ دیکھے کی یار ہے۔
قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے: [ا رمثل] عقلمند لوگوں کے چھوٹے بھی عقلمند ہوتے ہیں۔
قاضی جی کے مرنے سے کیا شہر سونا ہو جائے گا: [ا رمثل] کسی کے نہ ہونے سے کوئی کام نہیں رکتا۔
قاضی جی کیوں دُبلے ہوئے شہر کے اندیشے سے: [ا رمثل] خواہ مخواہ غیروں کے غم میں گھلنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
قاضیِ چرخ / فلک: [عف امذ] مُشتری ستارہ۔
قاضی دَلّال: [ع ار صف] فسادی۔ مفسد۔
قاضی قدوہ: [ع امذ] ایک کثیر الاولاد قاضی ۲۔ کنایۃً ہر کثیر الاولاد شخص۔
قاضی کا پیادہ: [ا امذ] عدالت کا چپراسی۔ سرکاری سپاہی ۲۔ وہ شخص جس سے لوگ ڈریں۔
قاضی کرے سو نیاؤ پاسا پڑے سو داؤ: [ا رمثل] انصاف وہی ہے جو حاکم کرے اور داؤ وہی جو اپنے آپ ایمانداری سے پڑے۔
قاضی کی مسواک: [ا امث ل] وہی ایک چیز ہے۔
قاضی کی مونچھ: [ا رمثل] کسی کے ذمے ناحق لگائی جانے والی کرہ۔ ناحق کی ذمہ داری۔
قاضی گلہ نہ کرے گا: [ا رمثل] کوئی معترض نہ ہوگا۔ کوئی شکایت نہ کرے گا۔
قاضی نیاؤ نہ کرے گا گھر تو آنے دے گا: [ا رمثل] اگر نفع نہیں تو نقصان بھی نہیں۔
قاطِبۃً / قاطِبتاً: [ع متعلق فعل] تمام۔ بالکل۔ سرتاسر۔
قاطِر: [ت امذ] خچر۔
قاطرچی: [ت صف] خچربان
قاطِع: [ع صف] قطع کرنے والا۔ کاٹنے والا۔

قاطعُ الطَّرِیق: [ع امذ] رہزن۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔

قاعدہ: [ع امذ] اصل بنیاد ۲۔ دستور۔ رسم۔ قانون۔ ضابطہ ۳۔ (ار) عادت خصلت ۴۔ حروف تہجی کا پہلا رسالہ ۵۔ قرینہ۔ اہلیت ۶۔ دستور العمل ۷۔ گر ۸۔ صرف و نحو یا حساب کا کوئی قاعدہ ۹۔ جیومیٹری یا اقلیدس میں وہ خط جس پر مثلث یا متوازی الاضلاع کی شکل واقع ہو۔

قاعدہ باندھنا: [ارمحاورہ] دستور ٹھہرانا۔ قانون مقرر کرنا ۔ ۲۔ عادت ڈالنا

قاعدہ جاری کرنا (ارمص مرکب) دستور مقرر کرنا۔

قاعدہ دان: [عف صف] قاعدہ جاننے والا۔ رسم و رواج سے واقف۔

قاعدہ دانی: [عف امث] دیکھئے "قاعدہ دان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قاعدۂ کُلّیہ: [ع امذ] عام قاعدہ۔ اصول۔ گر ۲۔ وہ قاعدہ جو سب پر لاگو ہو۔

قاعدہ مقرر کرنا (ارمص مرکب) اصول مقرر کرنا۔

قاعدہ مقرر ہونا (ارمص مرکب) دیکھئے "قاعدہ مقرر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قاعدہ نکالنا: [ارمحاورہ] طریقہ ایجاد کرنا

قاعدہ نکلنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قاعدہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قاعدے سے: [ارمتعلق فعل] سلیقے سے ۲۔ دستور کے مطابق ۳۔ ادب سے۔

قاعدے سے لگانا: [ارمحاورہ] ترتیب سے رکھنا۔

قاعدے کا پابند: [ارصفم] اصول کا پابند۔ دستور کا پابند۔

قاعدے کی بات: [ارامث] عام دستور ۔ عام بات

قاف: [ع امذ] عربی کا اکیسواں حرف (ق)، ۲۔ ایک بڑا پہاڑ جو ایشیائے کوچک کے شمال میں ہے اور پرانے زمانے کے لوگوں کا خیال تھا کہ یہ ساری دنیا کو محیط ہے اور اس میں پریاں آباد ہیں۔

قاف تا قاف / قاف سے قاف تک: [ارمتعلق فعل] ساری دُنیا۔ دُنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

قاف کی پریاں: [ارامث] کنایۃً حسین عورتیں۔

قاف (لام) دوال: [ارامذ] بیہودہ باتیں۔ فضول باتیں۔

قافلہ: [ع امذ] ۱۔ مسافروں کا گروہ ۲۔ سوداگروں کا گروہ جو مال ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے / ایک ملک سے دوسرے ملک میں لے جائے۔

قافلہ باشی / سالار: [عف امذ] قافلہ کا سردار۔ وہ شخص جسے قافلہ کے آدمی انتظام کے لئے منتخب کریں۔

قافیہ: [ع امذ] دو یا دو سے زیادہ فقروں یا مصرعوں کے آخر میں وہ یکساں حرکات و حروف جو ایسے الفاظ میں واقع ہوں جن میں لفظی یا معنوی اختلاف ہو یا لفظی معنوی دونوں اختلاف ہوں۔ جیسے یار۔ اعتبار۔ کمال۔ جمال۔ اجل۔ عمل۔ جاں جاں۔ مہربان وغیرہ۔

قافیہ باندھنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قافیہ بندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قافیہ بندھنا: [ارمحاورہ] کسی لفظ کا دوسرا قافیہ شعر میں استعمال ہونا۔

قافیہ بندی: [ارامث] تُک بندی۔ (افعال کرنا۔ ہونا)

قافیہ پیما: [عف صف] قافیہ ڈھونڈ ڈھونڈ کے شعر کہنے والا۔ تک بند۔

قافیہ پیمائی: [عف امث] دیکھئے "قافیہ پیما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قافیہ تنگ کرنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قافیہ تنگ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

قافیہ تنگ ہونا: [ارمحاورہ] عاجز ہونا۔ زچ ہونا۔ تنگ و حیران ہونا۔

قافیہ سنج: [عف صف] موزوں طبع شاعر۔

قافیہ سنجی: [عف امث] دیکھئے "قافیہ سنج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قافیہ شائگاں: [عف امذ] وہ قافیہ جس میں ایطائے جلی ہو۔ دیکھئے "ایطا"

قافیہ کہنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قافیہ باندھنا"

قافیہ لڑنا: [ارمحاورہ] قافیوں کا یکساں ہونا۔

قافیہ معمولہ: [ارامذ] وہ قافیہ جسے جزو ردیف کے ساتھ ملا کر کہیں۔

قافیہ ملانا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قافیہ ملنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

قافیہ ملنا: [ارمحاورہ] تُک سے تُک ملنا ۲۔ یارانہ ہونا ۳۔ رازدار بننا۔

قاق: [ت امذ] ۱۔ خشک گوشت ۔ ۲۔ (صفت) لاغر۔ دُبلا۔

قاقا: [ع امث] کائیں کائیں۔ کوّے کی آواز۔

قاقلہ: [ع امث] الائچی۔

قاقُم: [ت امذ] نیولے کی قسم کا ایک جانور جس کی کھال بہت قیمتی پوستین بنتی ہیں۔ ۲۔ اس کی کھال جو سفید ہوتی ہے

قاقُم اندام: [عف صف] سفید اعضا والا۔ معشوق۔

قاقُم پوش: [عف صف] ۱۔ سفید پوش۔ وہ جس نے قاقم کی پوشاک پہنی ہو۔

قال: [ع امذ] ۱۔ حرف۔ کہاوت۔ مقولہ ۲۔ گفتگو۔ کہنا۔ مباحثہ

قال اللہ قال الرسول: [ع امذ] کنایۃً قرآن و حدیث۔

قال حال سے مطابق ہونا: [ارمحاورہ] کہنا اور کرنا ایک جیسا ہونا۔ قول و عمل یکساں ہونا۔

قال فال: [ع متعلق فعل] رفتہ رفتہ۔ شدہ شدہ۔

قال مقال / قال و قیل: [ع امذ] حجت۔ بحث تکرار۔

قال ہی قال ہے حال نہیں: [ارمقولہ] ظاہری باتوں کا ماہر ہے / باتونی ہے عمل وغیرہ کچھ نہیں۔

قالب: [ع امذ] سانچا۔ کالبد ۲۔ جسم۔ بدن۔ تن ۳۔ سانچا جس سے کپڑے پر پھول وغیرہ چھاپتے ہیں ۴۔ ویسی جوتوں کے اندر بھرنے کی لکڑی ۵۔ لوہے کا ٹوپی نما برتن جس پر ٹوپیاں چڑھا کر بناتے یا صاف کرتے ہیں۔

قالب بدلنا: [ارمحاورہ] دوسرا جسم اختیار کرنا۔

قالب بے جان: [عف امذ] مُردہ جسم نعش بے سر۔

قالب پر چڑھانا: [ارمحاورہ] جوتی یا ٹوپی کو سانچے پر چڑھانا۔

قالب پر چڑھنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قالب پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قالب تہی / خالی کرنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قالب تہی / خالی ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

قالب تہی / خالی ہونا: [ارمحاورہ] جسم سے روح کا نکل جانا۔ مرجانا۔

قالب خاکی: [ع امذ] کنایۃً جسم۔ بدن۔ انسان۔

قالب میں ڈالنا: [ارمحاورہ] سانچے میں ڈھالنا۔

قالی: [ت امذ] قیمتی۔ دیکھئے "قالین"۔

قالی: [ع صف] دیکھئے "قال" جس سے یہ منسوب ہے۔ بہت باتیں کرنے والا۔

قالیچہ: [ت امذ] چھوٹا قالین۔

قالیچۂ سلیمانی: [ت امذ] حضرت سلیمان علیہ السلام کا قالیچہ جس پر بیٹھ کر جہاں چاہتے تھے چلے جاتے تھے۔

قالین: [ت امذ] بڑا قالیچہ۔

قالین کے رونگٹے: [ارامذ] وہ باریک باریک ریشے جو قالین میں ہوتے ہیں۔

قامت: [ع امذ] قد۔ ڈیل ۲۔ جسم۔ بدن ۳۔ نماز میں قد قامت الصّلوٰۃ کہنا۔

قامت پہ راست کرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قامت پہ راست ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قامت پہ راست ہونا/آنا : [ا رمحاورہ] موزوں ہونا/آنا۔ فٹ ہونا/آنا۔
قامتِ رَعنا : [عف امذ] خوبصورت قد۔
قامُوس : [ع امذ] ۱۔ سمندر۔ بحر ۲۔ فرہنگ۔ لُغت ۳۔ انسائی کلوپیڈیا۔
قامُوسی : [ع امث] دیکھئے "قاموس" جس سے یہ منسوب ہے۔
قان : [ع امذ] بط کی آواز
قاں قاں کرنا : [ا رمص مرکب] بط یا مُرغیوں کا بولنا۔
قاں قاں ہونا : [ا رمص مرکب] دیکھئے "قاں قاں کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قانِتْ : [ع صف] ۱۔ عبادت گزار۔ صالح ۲۔ چُپ چاپ خاموش۔
قانِتَہ : [ع صف۔ مث] دیکھئے "قانت" جس سے یہ منسوب ہے۔
قانِع : [ع صف] قناعت کرنے والا۔ تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا۔
قانُون : [ع امذ] ۱۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔ دستور ۲۔ وہ قاعدہ جسکے مطابق مقدمات کے فیصلے کئے جائیں ۳۔ ایک مشہور رُومی باجے کا نام جس میں بہت سے تار ایک تختے پر لگے ہوتے ہیں۔
قانونِ اَساسی : [ع امذ] بنیادی قانون۔ دستور۔
قانون بنانا : [ا رمحاورہ] ۱۔ ضابطہ مرتب کرنا ۲۔ مجلس واضعانِ قوانین کا قانون منظور کرنا ۳۔ رسم ہونا۔ دستور ہونا۔
قانون بننا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قانون بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قانون بگھارنا : [ا رمحاورہ] بلا ضرورت تکرار کرنا۔
قانون پاس کرنا : [ا رمص مرکب] مجلس واضعانِ قانون کا کسی قانون کو منظور کرنا
قانون پاس ہونا : [ا رمص مرکب] دیکھئے "قانون پاس کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قانون پہ چلنا : [ا رمحاورہ] ضابطے کے مطابق کارروائی ہونا۔
قانون جاری کرنا : [ا رمص مرکب] قانون پہ عملدرآمد کرانا۔
قانون جاری ہونا : [ا رمص مرکب] دیکھئے "قانون جاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قانون جاننا : [ا رمص مرکب] قانون سے واقفیت ہونا۔
قانون چھانٹنا : [ا رمحاورہ] بے جا بحث کرنا۔ دلیلیں کرنا۔
قانون دان : [عف صف] قانون جاننے والا۔ وکیل۔
قانون دانی : [عف امث] دیکھئے "قانون دان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قانونِ دیوانی : [عف امذ] وہ قانون جو جائیداد کے متعلق ہو۔
قانون رائج کرنا : [ا رمص مرکب] قانون پہ عملدرآمد کرانا۔
قانون رائج ہونا : [ا رمص مرکب] قانون پہ عملدرآمد ہونا۔
قانون سکھلانا : [ا رمحاورہ] استاد کا کسی شاگرد کو قانون کی کتابیں پڑھانا۔
قانون سیکھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قانون سکھلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قانونِ فوجداری : [عف امذ] وہ قانون جسکے مطابق جرائم کیلئے سزائیں دی جائیں۔
قانون کا نفاذ : [عف امذ] کسی ملک میں قانون کا جاری ہونا۔
قانون گو : [عف امذ] وہ محرر/اہلکار جس کے پاس علاقہ کی زمینوں کا حساب رہے ۲۔ پٹواریوں کا افسر ۳۔ شیخوں کی ایک گوت ۴۔ جھگڑالو۔ لڑاکا۔ حجتی۔
قانون گو کی مری ہوئی گھوڑی بھی دغا دیتی ہے : [ا رمثل] قانون گو سے اُمیدِ وفا نہیں ہوتی۔
قانون گوئی : [عف امث] قانون گو" کا عہدہ۔
قانونِ مختص الاَمر : [ع امذ] وہ قانون جو کسی خاص امر کے متعلق ہو۔ مثلاً "قانون آبکاری"

قانونِ مختص المقام : [ع امذ] وہ قانون جو کسی خاص ملک یا حصہ ملک کے متعلق ہو۔
قانون نافذ کرنا : [ا رمص مرکب] کسی ملک میں نیا قانون جاری کرنا۔
قانون نافذ ہونا : [ا رمص مرکب] دیکھئے "قانون نافذ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قانون نامہ : [عف امذ] قانون کی کتاب۔
قانون یاد کرنا : [ا رمص مرکب] قانون کی عبارت ازبر ہونا۔ قانون سے واقفیت ہونا۔
قانون یاد ہونا : [ا رمص مرکب] دیکھئے "قانون یاد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قانوناً : [ع متعلق فعل] قانون کی رُو سے
قانونچہ : [ع ف امذ] علم طب کی ایک کتاب کا نام ۲۔ ایک قسم کا باجہ
قانونی : [ع صف] ۱۔ قانون کا ۲۔ قانون جاننے والا ۳۔ جھگڑالو۔ حُجتی۔
قانونیا : [ع صف] حُجتی۔ جھگڑالو۔
قانی : [ع امذ] بہت سُرخ رنگ کا۔ بہت سُرخ
قاہِر : [ع صف] ۱۔ فاتح۔ زبردست۔ غالب ... جابر۔ سفاک۔
قاہِرانہ : [ع صف] زبردستی سے۔ غلبے سے
قاہِرہ : [ع صف] دیکھئے "قاہر" جسکی یہ تانیث ہے اور اسا دہ جمع کرنی ہے (۲) مصر کا دارالحکومت
قاہِری : [عف امث] دیکھئے "قاہر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
قاہ قاہ/قہہ قہہ : [ع امذ] ہنسی۔ ٹھٹھے کی آواز۔ قہقہہ
قائِد : [ع امذ] ۱۔ فوج کا سردار۔ حاکم ۲۔ اندھے کی لاٹھی پکڑ کر چلنے والا ۳۔ دُبِ اصغر کا آخری ستارہ ۴۔ رستہ دکھلانے والا۔
قائدِ اعظم : [ع امذ] بہت بڑا رہنما ۲۔ بانیٔ پاکستان محمد علی جناحؒ کا لقب۔
قائزہ : [ت امذ] گھوڑے کو باندھنے کا ایک طریقہ جس میں لگام کو اس کی دُم یا زین میں لگا دیتے ہیں ۲۔ وہ لگام جسے صاف کرنے کے وقت گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں ۳۔ لنگوٹا۔
قائزہ کرنا : [ا رمحاورہ] گھوڑے کی لگام کا دُم یا زین میں باندھ دینا۔
قائزی : [ت امث] لگام۔
قائل : [ع صف] ۱۔ تسلیم کرنے والا۔ ماننے والا ۲۔ لاجواب ہونے والا ۳۔ کہنے والا۔ بولنے والا ۴۔ دوپہر کو سونے والا۔
قائل کر دینا/کرنا : [ا رمحاورہ] ۱۔ منوا لینا۔ لاجواب کرنا ۲۔ کسی کو معتقد کرنا۔ ۳۔ کامل فن ہونا۔
قائل معقول کر دینا/کرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قائل کر دینا/کرنا"
قائل ہو جانا/ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قائل کر دینا/کرنا" جس کا یہ لازم ہے
قائل ہونے کی جگہ ہے : [ا رمحاورہ] ماننا پڑتا ہے۔ تسلیم کرنا پڑتا ہے۔
قائِم : [ع صف] ۱۔ کھڑا/اٹھا ... برقرار ۳۔ سیدھا۔ عمودی ۴۔ ساکن ۵۔ مقررہ۔ لگا ہوا ۶۔ پکا۔ مضبوط۔ دائمی ۷۔ جاری۔ نافذ۔ **قائم اٹھنا** : [ا رمحاورہ] بازی کا برابر اٹھنا (شطرنج)
قائم الزّاویہ : [ع صف] ۹۰ درجے کا زاویہ ۲۔ (مذ) مستطیل/مربعہ
قائم الزّمان : [ع امذ] شیعوں میں امام کا نائب۔
قائم اللّیل : [ع صف] عبادت کے لئے رات کو جاگنے والا۔
قائم المزاج : [ع صف] مستقل مزاج۔ دُھن کا پکا۔
قائم انداز : [ع صف] وہ جو اپنی بازی کو ہر طرح برقرار رکھے۔
قائم النّار : [ع صف] آگ پہ ٹھہرنے والا۔ پارا (افعال: کرنا ہونا)
قائم بالذّات : [ع صف] جو اپنی ذات سے قائم ہو۔
قائم بالغیر : [ع صف] وہ جو کسی کے سہارے قائم ہو۔

قائم رکھنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ برقرار رکھنا۔ موجود رکھنا ۲۔ جاری رکھنا۔ جُوں کا توں رکھنا صحیح سلامت رکھنا۔

قائم رہنا: [ا ر محاورہ] ۱ دیکھیے "قائم رکھنا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔ نہ گرنا۔ بنا رہنا ۳۔ اڑا رہنا مستقل رہنا۔

قائم کرنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ کھڑا کرنا۔ اُٹھانا ۲ بنیاد ڈالنا ۳ جاری کرنا۔ نافذ کرنا ۴ مستقل کرنا ۵۔ بنانا۔ پیدا کرنا ۶۔ حد بندی کرنا ۷۔ مُہرہ بٹھانا / رکھنا ۸ ددحات، قائم النار کرنا ۹۔ ٹھہرانا۔ مقرر کرنا۔

قائم مزاج: [ع ا مذ] مستقل مزاج

قائم مزاجی: [ع امث] دیکھیے "قائم مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قائم مزاجی سب وصفوں کی بادشاہ ہے: [ا ر مثل] مستقل مزاجی بہترین خوبی ہے

قائم مقام: [ع صت] ۱۔ عوضی۔ دوسرے کی جگہ کام کرنے والا (افعال: کرنا۔ ہونا)

قائم مقامی: [ع امث] دیکھیے "قائم مقام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قائم ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "قائم کرنا" جس کا یہ لازم ہے

قائمہ: [ع امذ] دفتر کا کاغذ۔ پایہ ۲۔ دیکھیے "زاویہ قائمہ"

قائمی: [ع امث] دیکھیے "قائم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قاؤں قاؤں / قائیں قائیں: [ا ر امث] کوّے کی آواز۔

ق — ب

قَب: [ا ر کلمہ ہدایت] مقابلہ کیجیے کا مخفف۔

قبا: [ع امث] ایک لباس جو دوہرا اور چُغے کی قسم کا ہوتا ہے جس میں بعض دفعہ آستینیں نہیں ہوتیں اور صرف سوراخ ہوتے ہیں ۲۔ روئی دار سینہ کشاد۔

قبا دوز: [ع صف] قبا بنانے والا۔ قبا سینے والا۔

قبا کرنا: [ا ر محاورہ] چاک کرنا پارہ پارہ کرنا۔

قبا ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "قبا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قباچہ: [ع امذ] چھوٹی قبا (قبا کی تصغیر)

قبائے آہنی: [عف امث] زرہ

قبائے زرلفت: [عف امث] آسمان (شاعر یہ سمانوں ہیں جب ابر بالکل نہ ہو

قبائے نیلی: [عف امث] آسمان

قباحت: [ع امث] بُرائی۔ خرابی ۲۔ نقص۔ عیب (افعال: دیکھنا۔ نظر آنا۔ نکالنا۔ نکلنا)

قبالہ: [ع امذ] مکان وغیرہ کا وہ کاغذ جس سے جاگیر ثابت ہو۔ جاگیر کی سند ۲۔ مکان کا بیعنامہ ۳۔ ضامنی نامہ۔

قبالہ دار: [عف صف] وہ جس کے پاس قبالہ ہو

قبالہ لکھوانا: [ا ر محاورہ] ۱۔ گھر کا مالک بن جانا ۲۔ جب کوئی شخص کسی کے پاس جاکر اُٹھنے کا نام نہیں لیتا تو کہتے ہیں۔

قبالہ لینا: [ا ر محاورہ] مکان جائیداد وغیرہ کا قبضہ لینا ۲۔ ملکیت کی سند لینا ۳۔ قابو پانا ۴۔ ذلیل کرنا۔

قبالہ نویس: [عف امذ] وہ شخص جس کا پیشہ تمسک اور بیعنامہ لکھنا ہو۔

قبالہ نیلام: [عف امذ] وہ بیع نامہ جو نیلام کرنے والا حاکم دے۔

قبالے میں آنا: [ا ر محاورہ] بیع کرنا۔ قبضے میں دینا۔

قبائح: [ع امذ] جمع "قبیحہ" کی۔

قبائل: [ع امذ] جمع قبیلہ کی۔

قُبَّت: [ع امذ] دیکھیے "قبہ"

قُبّۃُ الاسلام: [ع امذ] بصرہ۔

قُبّۃُ الصَّخرا: [ع امذ] یروشلم میں ایک چٹان جو بہت مقدس سمجھی جاتی ہے۔

قبچاق: [ع امث] تاتار میں ایک صحرا۔

قبح: [ع امذ] بُرائی۔ عیب۔ نقص ۲۔ حُسن کا نقیض۔

قبر: [ع امث] وہ گڑھا جس میں مردے کو دفن کرتے ہیں (افعال: بنانا ۲ بننا۔

قبر پہ پھولوں کی چادر چڑھانا / ڈالنا: [ا ر محاورہ] مسلمانوں میں پیروں کی قبر پہ عُرس کے دن یا مُردے کی قبر پہ پھولوں کو چادر کی شکل میں گوندھ کر ڈالتے ہیں۔

قبر پہ جانا: [ا ر محاورہ] کسی کی قبر پہ فاتحہ خوانی کے لئے جانا۔

قبر پہ چڑھانا: [ا ر محاورہ] قبر پہ پھول وغیرہ چڑھانا / منت کی چیز رکھنا۔

قبر پہ قبر نہیں بنتی / ہوتی: [ا ر مثل] قرض پہ قرض نہیں ملتا۔

قبر پہ لات مارنا: [ا ر محاورہ] حاتم کی بخیلی سے اتفاقیہ سخاوت ہو جائے تو کہتے ہیں۔

قبر تک ساتھ جانا: [ا ر محاورہ] تمام عمر رہنا۔

قبر جھانک آنا: [ا ر محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔

قبر سلامی: [ع امث] وہ قیمت جو مالک زمین کو قبر بنانے کے لئے دی جائے

قبر سے اُٹھ کر آنا: [ا ر محاورہ] دوبارہ زندہ ہو جانا۔

قبر سے نکل کر آنا: [ا ر محاورہ] بیماری سے بہت دُبلا ہونا۔

قبر کا پتھر: [ا ر امذ] وہ پتھر جس پر کتبہ لکھ کر قبر پہ لگاتے ہیں۔ سنگِ لحد۔

قبر کا تعویذ: [ا ر امذ] وہ نشان جو قبروں پہ لگایا جاتا ہے۔

قبر کا عذاب: [ا ر امذ] وہ تکلیف جو مسلمانوں کے اعتقاد کے مطابق گنہگاروں کو قبر میں ہوگی۔

قبر کا مُنہ جھانک کر آئے ہیں: [ا ر مثل] مر مر کے بچے ہیں۔

قبر کھود لانا: [ا ر محاورہ] جہاں سے ممکن ہو تلاش کرکے لانا۔

قبر کھودنا: [ا ر محاورہ] ۱ معمولی معنوں میں بہت مارنا۔ مار مار کر اَدھ مُوا کر دینا۔

قبر کی مٹی چٹانا: [ا ر محاورہ] مسلمان عورتوں کا عقیدہ ہے کہ ایسا کرنے سے انسان اور حیوان رام ہو جاتے ہیں۔

قبر کے مُردے اُکھاڑنا / اکھیڑنا: [ا ر محاورہ] پرانے جھگڑے چھیڑنا / کھڑے کرنا۔

قبر میں اُتارنا: [ا ر محاورہ] مردے کو قبر میں رکھنا۔

قبر میں بھی تین دن بھاری ہوتے ہیں: [ا ر مثل] قبر میں تین دن تک حساب کتاب ہوتا رہتا ہے

قبر میں پاؤں ڈھکانا / لٹکائے بیٹھنا / ہونا: [ا ر محاورہ] موت کے قریب ہونا بہت بوڑھا ہونا۔

قبر میں پیٹھ / کمر نہ لگنا: [ا ر محاورہ] مر کر بھی چین نہ آنا۔

قبر میں ساتھ لے جانا: [ا ر محاورہ] مرتے تک یاد رکھنا۔ نہ بھولنا۔ اس موقع پر بھی کہتے ہیں جب کوئی مال و دولت بہت سنبھال کر رکھے اور جائز موقع پر بھی خرچ نہ کرے۔

قبر میں کیڑے پڑیں: [ا ر بد دعا] قبر میں بھی تکلیف ہو یا پہنچے

قبرستان: [عف امذ] وہ جگہ جہاں مُردے دفن ہوں۔

قبض: [ع امذ] ۱۔ قابو۔ بس دخل ۲۔ انتڑیوں کی گرفت جس کی وجہ سے پاخانہ نہ آنا ۳۔ (تصوف) دل کا یادِ خدا کی طرف متوجہ نہ ہونا دل کی گرفتگی۔

قبض الوصول: [ع امذ] وہ رجسٹر یا کاغذ جس پر تنخواہ وصول کرنے والوں کے دستخط کرائے جائیں۔

قبض جاری رکھنا: [ا رمحاورہ] قبضہ رکھنا۔
قبض دخل: [عف امذ] پورا قبضہ۔
قبض رُوح: [ع امذ] روح کا جسم سے نکالنا۔
قبض کرنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ پاخانہ نہ آنے دینا۔ انتڑیوں میں سُدّہ وغیرہ پھنس جانا۔ ۲۔ روح نکالنا۔ کھینچنا۔
قبض و بَسط: [ع امذ] دل کا خدا کی طرف کبھی متوجہ نہ ہونا اور متوجہ ہونا۔
قَبضہ: [ع امذ] ۱۔ دخل۔ تصرف ۲۔ قابو۔ اختیار ۳۔ دستہ ۴۔ لوہے کا ٹکڑا جس سے لکڑی کے دو حصّوں کو جوڑتے ہیں تاکہ کھل اور بند ہو سکے۔ پکڑ۔ گرفت۔ بازو۔
قَبضہ اُٹھانا: [ا رمحاورہ] قبضہ چھوڑ دینا۔ بے دخل ہو جانا۔
قبضہ اُٹھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قبضہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قبضہ پانا: [ا رمحاورہ] دخل حاصل کرنا۔ قابو پانا۔
قبضہ چُومنا: [ا رمحاورہ] جوشِ جرأت میں تلوار کے قبضے پر بوسہ دینا۔
قبضہ دار: [عف صف] ایک قسم کا موروثی کاشت کار
قبضہ داری: [عف امث] دیکھئے "قبضہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قبضہ دِلانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قبضہ دینا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قبضہ دینا: [ا رمحاورہ] دخل دینا کوئی چیز کسی کے حوالے کرنا۔
قبضہ رکھنا: [ا رمحاورہ] کوئی چیز اپنے قابو میں رکھنا۔ دخل رکھنا۔
قبضہ رَہنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قبضہ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قبضہ کر لینا/کرنا: [ا رمحاورہ] زبردستی اپنے قابو میں کرنا۔ دخل کرنا۔
قبضہ لینا: [ا رمحاورہ] کسی جائیداد کا دخل حاصل کرنا خصوصاً افسران سرکار کی مدد سے۔
قَبضے: [ا رامذ] دیکھئے "قبضہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
قبضے پر ہاتھ ڈالنا: [ا رمحاورہ] تلوار سونتنے کیلئے قبضے پر ہاتھ ڈالنا / رکھنا ۲۔ دوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا تاکہ ہاتھ نہ ڈال سکے۔ تلوار نہ نکالنے دینا
قبضے پر ہاتھ رکھنا: [ا رمحاورہ] لڑنے کے لئے تیار رہنا۔
قبضے چڑھے ہونا: [ا رمحاورہ] بازو موٹے یا تنے ہونا
قبضے کی بات نہیں: [ا رمقولہ] اختیار کو دخل نہیں۔ کچھ اختیار نہیں۔
قبضے میں آکر نکل جانا: [ا رمحاورہ] قابو میں آکر بچ جانا۔
قبضے میں آنا: [ا رمحاورہ] دخل ہونا / ملنا ۲۔ قابو میں / بس میں آنا ۳۔ تَصرُّف یا تحت میں آنا۔
قبضے میں رہنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ بس میں رہنا۔ تصرف میں رہنا
قبضے میں کر لینا: [ا رمحاورہ] ۱۔ بس یا قابو میں کر لینا۔
قبضے میں لے لینا: [ا رمحاورہ] لے لینا۔ قابو کر لینا۔
قبضے لگانا: [ا رمحاورہ] لکڑی کی کسی کی چیز میں قبضے لگانا۔
قبضے لگنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قبضے لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قبضے لگوانا: [ا رمحاورہ] بڑھئی سے کسی لکڑی کی چیز میں قبضے لگوانا۔
قِبط: [ع امذ] مصر کا پرانا نام ہے۔
قِبطی: [ع امذ] حضرت موسیٰؑ کے وقت میں پرانے مصر کی ایک قوم۔
قبطیہ: [ع صف] مصر کی عورت۔
قبطوں: [ع امذ] ایک آدمی جس کی اولاد مصر کے باشندے ہیں۔
قبقاب: [ع امث] کھڑاؤں ۲۔ وہ کوڑی جس سے کپڑے کو چمکاتے ہیں۔
قبق اندازی/بازی: [ت امث] ایک قسم کا کھیل جس میں سوار ہو کر تیراندازی کرتے تھے۔

قَبل: [ع متعلق فعل] پہلے۔ آگے۔ شروع میں۔ پیشتر۔ وقت کا نزدیک آنا۔
قبل اَزاں: [ع متعلق فعل] اس سے پہلے۔ پہلے پہل پہلے ہی پیشتر۔
قبل از تولّد مبارک باد: [ف مثل] وقت سے پہلے خوشی کرنا بے موقع کوئی کام کرنا۔
قبل از مرگ/وقت واویلا: [ا رمثل] مصیبت آنے سے پہلے ہی شور مچا دینا۔
قبل از وقت: [عف متعلق فعل] پہلے سے پیشتر ہی۔
قبل ازیں: [عف متعلق فعل] اس سے پہلے۔ پیشتر ہی۔
قُبُل: [ع امث] اگلا حصّہ ۲۔ عورت کا اندامِ نہانی ۳۔ آلۂ تناسل۔
قبلوانا: [ا رمص جعلی] تسلیم کرانا۔ اقرار کرانا۔
قِبلتَین: [ع امذ] دونوں قبلے بیت المقدس (یروشلم) اور خانہ کعبہ۔
قِبلہ: [ع امذ] ۱۔ کعبہ ۲۔ وہ جگہ جس کی طرف منہ کرکے مسلمان نماز پڑھتے ہیں ۳۔ یروشلم ۴۔ حضور۔ جناب ۵۔ طرف۔ پہلو ۶۔ طریقہ۔ طرز ۷۔ طنزاً۔ بہت چالاک آدمی۔
قبلۂ اَنام: [ع امذ] سب کا واجب التعظیم شخص۔
قبلۂ حاجات/حاجت: [عف امذ] حاجتیں رفع کرنے/مرادیں بَر لانے والا۔
قبلۂ دین: [ع امذ] مذہب کی بنیاد۔ وہ چیز جس کی مذہب کی وجہ سے بہت عزت کی جائے۔
قبلہ رُو: [عف صف] وہ جو قبلہ کی طرف منہ کئے ہوئے ہو ۲۔ قبلہ کی طرف/سمت۔
قبلہ رُو لٹانا: [ا رمحاورہ] نزع کے وقت بیمار کا منہ قبلہ کی طرف کرنا۔
قبلہ رُو لیٹنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قبلہ رو لٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قبلۂ عالَم: [ت امذ] بادشاہ۔
قبلۂ کونین: [ع امذ] باپ
قبلہ کی طرف با وضو بیٹھا ہوں: [ا رمحاورہ] جھوٹ نہیں بولوں گا۔
قبلہ کی طرف مُنہ کرنا: [ا رمحاورہ] قبلہ رُو ہونا۔ نماز پڑھنے کے لئے منہ قبلہ کی طرف ہونا۔
قبلہ گاہ: [عف امذ] باپ۔ استاد، پیر وغیرہ۔
قبلہ نُما: [عف امذ] ۱۔ قطب نُما۔ جس سے قبلہ کی سمت ظاہر ہو۔
قبلہ و کعبہ: [ع امذ] بزرگ باپ۔ ۲۔ کلمہ تعظیم و تکریم ۳۔ بزرگوں کا القاب خطوں میں۔
قبلہ و کعبہ سمجھنا: [ا رمحاورہ] بزرگ سمجھنا۔ قابلِ تعظیم سمجھنا۔
قبلہ ہو تو مُنہ نہ کروں: [ا رمقولہ] سخت بیزاری کے موقع پر کہتے ہیں۔
قُبُورہ: [ع امذ] جمع قبر کی ۲۔ (واحد) پستول کا چرمی خانہ جو گھوڑے کی زین میں بنا ہوتا ہے۔
قَبول: [ع امذ] ۱۔ تسلیم کرنا۔ ماننا ۲۔ رضامندی ۳۔ پسند۔ منظور۔ تسلیم ۴۔ دعا یا کسی خواہش کی منظوری و کامیابی۔ اقرار۔
قبول جمع: [ع امث] مقررہ مالگزاری۔
قبولِ جواب: [ع امذ] وہ جواب دعوےٰ جس میں دعوےٰ کو درست تسلیم کیا جائے۔
قبول خاطر ہونا: [ا رمحاورہ] دل کو پسند آنا۔
قبولِ خاطر و لطفِ سخن خدا داد است: [ف مثل] کلام میں خوبی اور دل پسندی خداداد ہوتی ہے۔
قبولِ خط: [ع امذ] تحریری منظوری۔
قبول دینا: [ا رمحاورہ] مان لینا۔ اقبال کرنا۔
قبول صُورت: [ع صف] کسی قدر حسین۔ گوارا شکل۔
قبول صُورتی: [ع امث] دیکھئے "قبول صورت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قبول کرنا: [ا رمص مرکب] منظور کرنا۔ تسلیم کرنا۔
قبولنا: [ا رمص جعلی] اقبال کرنا۔ ماننا منظور کرنا۔

قبُولی :[ع امث] ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال سے پکایا جاتا ہے۔ کھچڑی۔
قبُولیّت :[ع امث] ا۔منظوری۔ دعا کا قبول ہونا ۲۔پسندیدگی۔ منقبول ہونا۔ وہ کاغذ جو پٹے کے مضمون کا کاشتکار کی طرف سے بحق زمیندار لکھا جاتا ہے۔
قُبّہ :[ع امذ] گُنبد۔ گنبد کی صورت کا عکس ۲۔محراب۔
قُبّہ دار :[ع صف] محراب دار۔ مُحدّب
قبیح :[ع صف] بدشکل بدصورت ۲۔ قابلِ شرم۔ معیوب۔
قبیحہ :[ع صف] ا۔"قبیح" کی تانیث جو جمع کا افادہ کرتی ہے ۲۔(امث)خرابی بُرائی۔
قبیل :[ع امذ] آدمیوں کا گروہ ۲۔قسم۔ نوع۔
قبیلہ [ع امذ] ا۔خاندان ۔ایک دادا کی اولاد ۲۔ فرقہ گروہ ۔ ۳۔بیوی۔ جُورو

ق ـــ پ

قپو :[ت امذ] دَروازہ۔ پھاٹک ۲۔ سلطان روم یا وزیر کا مکان۔
قپوچی :[ت امذ] دربان

ق ـــ ت

قتّال :[ع امبالغہ] ا بہت قتل کرنے والا ۔
قتّالہ :[ع صف] بہت قتل کرنے والی عورت ۲۔ کنایۃً معشوق
قتّالۂ عالم :[ع امث] معشوقہ حسین عورت
قِتال :[ع امذ] لڑائی جس میں بہت قتل ہوں۔ خونریزی۔ جنگ باہمی لڑائی
قتل :[ع امذ] جان سے مار ڈالنا ہلاک کرنا۔ خون کرنا۔
قتلِ عام :[ع امذ] عام خوں ریزی۔ بلا امتیاز جان سے مار ڈالنا
قتلِ عمد :[ع امذ] دیدہ دانستہ کسی انسان کو مار ڈالنا۔ ارادۃً مارنا (افعال: کرنا۔ ہونا)
قتل کرنا :[ا مص مرکب] جان سے مار ڈالنا ۲۔ستم کرنا ۳۔معشوق کا ناز و انداز سے زخمی کرنا
قتل کی رات :[ا امث] محرم کی دسویں رات۔
قتل گاہ :[عف امث] وہ جگہ جہاں قتل کیا جائے۔ مقتل۔
قتل و غارت :[ع امث] جان سے مارنا اور لوٹ لینا (افعال: کرنا۔ ہونا)
قتلہ :[ت امذ] ا۔قاش۔ پھانک۔ کتلا ۲۔کسی کھانے کی چیز کا گول تراشا ہوا ٹکڑا
قتلی :[ت امث] دیکھئے "قتلا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
قتلیٰ :[ع امذ] جمع "قتیل" کی۔ بہت سے مقتول
قتی :[ت امذ] صندوقچہ۔ انگور کی پٹاری۔
قتیل :[ع صف] مقتول۔ شہید۔

ق ـــ ث

قثّاء :[ع امث] لکڑی کھیرا۔
قثم :[ع صف] فیاض۔ سخی ۲۔(مذ) نفیس کپڑے ۳۔ لگڑ بگڑ۔ چرخ۔

ق ـــ ح

قحبہ :[ع امث] بدچلن عورت۔ بدکار عورت۔ فاحشہ ۲۔کنایۃً دنیا۔
قحبہ چوں پیر شود پیشہ کند دلالی :[ف مثل] بدکار عورت جب بڑھی ہو جاتی ہے تو دلالہ کا کام کرتی ہے
قحبہ خانہ :[عف امذ] چکلا کوٹھی۔ چکلا۔
قحط :[ع امذ] ا۔خشک سالی۔ گرانی۔ کال (افعال: پڑنا۔ ہونا) ۲۔کمیابی۔ کسی چیز کی نایابی۔
قحط الرجال :[ع امذ] مردوں کی کمی۔ لوگوں کا کم ہو جانا۔ اچھے لوگوں کی کمی۔
قحط زدہ / کا مارا :[عف صف] ا۔بھوکا۔ کنگال ۲۔ وہ جو فاقوں کی وجہ سے بہت کھائے
قحط سالی :[ع امث] قحط کا زمانہ۔ خشک سالی۔

ق ـــ د

قدّ / قد :[ع امذ] جسم کی اونچائی / لمبائی ۲۔ لمبائی کے رُخ کسی چیز کا کاٹنا
قدِ آدم :[ع صف] آدمی کے قد کے برابر۔
قدِ آدم تعظیم کو اُٹھنا :[ا محاورہ] سیدھا کھڑا ہو کر تعظیم دینا۔
قدِ آزاد :[ع امذ] سیدھا قد۔
قد آور :[ع صف] لمبے قد کا۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔
قدِ بالا :[عف امذ] لمبا قد۔
قد برابر بجلی پڑے :[ا کلمہ۔ بددعا] یعنی ہلاک ہو۔
قد بڑھانا :[ا محاورہ] دیکھئے "قد بڑھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قد بڑھنا :[ا محاورہ] قامت لمبا ہونا۔
قد کاٹھ :[ا امذ] ڈیل ڈول۔
قد و قامت :[ع امذ بہ ترکیب فارسی] دیکھئے قد کاٹھ۔
قدامت :[ع امث] قدیم ہونا۔ کہنہ ہونا۔ پرانا ہونا۔ پُرانا پن۔ ہمیشگی۔
قدح :[ع امذ] گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا ۲۔طنز کرنا۔ طعنہ دینا ۳۔لعنت ملامت کرنا ۴۔ طنز۔ لعنت ملامت تضحیک۔ ہجو ۵۔نکتہ چینی۔ عیب چینی ۶۔تردید۔
قدح کرنا :[ا محاورہ] ا۔گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا ۲۔تردید کرنا ۳۔جرح کرنا۔
قدح ہونا :[ا محاورہ] دیکھئے "قدح کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قدح :[ع امذ] بڑا پیالہ ۲۔ پیالہ۔ گلاس۔ خصوصاً شراب کا۔
قدح آشام / پیما / خوار :[عف صف] شرابی۔ شراب خور۔
قدح ساز :[عف صف] پیالہ بنانے والا۔
قدح کش / نوش :[عف صف] شرابی۔ شراب خور
قدح کی خیر منانا :[ا محاورہ] بہتری چاہنا۔ نفع چاہنا۔
قدر :[ع امث] ا۔تقدیر ۲۔مقدار ۳۔انسان کو مختار فعل سمجھنا۔
قدر :[ع امث] ا۔بڑائی۔ بزرگی۔ برتری ۲۔عزت توقیر ۳۔ درجہ۔ مرتبہ۔ مقدار۔ اندازہ ۴۔مثل۔ یکساں۔ برابر ۵۔ وقعت۔ منزلت ۶۔لطف۔ مزہ۔
قدر انداز :[ف صف] دیکھئے "قادر انداز"
قدر اُٹھ جانا :[ا محاورہ] وقعت جاتی رہنا۔
قدر اُلو کی اُلو ہی جانتا ہے ہما کو کب چغد پہچانتا ہے :[ا مثل] اہلِ کمال کے قدردان نا قدرشناس نہیں ہوتے۔
قدر پوچھنا :[ا محاورہ] مرتبہ دریافت کرنا۔
قدر جاننا :[ا محاورہ] وقعت ہونا۔

قدر جوہر شاہ داند یا بداند جوہری / قدر زر زر دار داند یا بداند جوہری : [ف مثل] اہل کمال کے قدردان خاص خاص لوگ ہوتے ہیں۔

قدر دان : [عف صف] قدر جاننے والا۔ مربّی۔ سرپرست۔

قدر دان کی جوتیاں اٹھائے بے قدرے کے پاپوش مارنے نہ جائے : [ار مثل] جو شخص جوہر شناس ہو اس کی عزت کرنی چاہیئے اور ناقدرے کے قریب بھی نہیں جانا چاہیئے۔

قدر دان کے خدا پانتی بٹھائے بے قدرے کے سرہانے بھی نہ بٹھائے : [ار مثل] خدا قدردانوں سے پالا ڈالے۔ بے قدرے سے بچائے۔

قدر دانی : [عف امث] دیکھئے "قدر دان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قدر دانی کرنا : [ار محاورہ] ہنر کی داد دینا۔

قدر دانی ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے "قدردانی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قدر رکھنا : [ار محاورہ] عزت رکھنا۔ وقعت رکھنا۔

قدر رہنا : [ار محاورہ] عزت رہنا۔ منزلت رہنا۔

قدر سمجھنا : [ار محاورہ] رتبہ پہچاننا۔ منزلت سمجھنا۔

قدر شناس : [عف صف] دیکھئے "قدر دان"

قدر شناسی : [عف امث] دیکھئے "قدر دانی"

قدر عافیت : [عف امث] آرام سے زندگی بسر کرنے کا لطف یا اہمیت و وقعت۔

قدر عافیت کسے داند کہ بہ مصیبتے گرفتار آید : [ف مثل] آرام کی قدر وہی جانتا ہے جس پر مصیبت پڑی ہو۔

قدر عافیت کھلنا / معلوم ہونا : [ار محاورہ] ۱۔ طنزاً مزہ چکھنا ۲۔ آرام کی اہمیت معلوم ہونا۔

قدر عافیت معلوم ہو گی : [ار مثل] جب تکلیف ہوگی تم کو آرام کی وقعت معلوم ہوگی۔

قدر کرنا : [ار محاورہ] عزت کرنا۔ توقیر کرنا

قدر کھو دیتا ہے ہر بار / روز کا آنا جانا : [ار مثل] بہت میل ملاپ / بے تکلفی ہو تو وہ عزت نہیں رہتی جو کبھی کبھی ملنے سے ہوتی ہے۔

قدر کھو دینا / کھونا : [ار محاورہ] عزت کھونا۔ وقعت نہ رہنا۔

قدر مردم بعد مردن : [ف مثل] آدمی کی قدر اس کے مرنے کے بعد ہوتی ہے

قدر نعمت بعد زوال نعمت : [ف مثل] جب اچھی حالت نہیں رہتی تب اچھی حالت کی قدر ہوا کرتی ہے۔

قدر و قیمت : [عف امث] وقعت۔ منزلت ۲۔ عزت۔ توقیر۔

قدر و منزلت : [عف امث] بزرگی۔ عزت ۲۔ مرتبہ۔

قدر ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے "قدر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قدرت : [ع امث] ۱۔ طاقت۔ مجال ۲۔ حوصلہ۔ اختیار۔ دسترس ۳۔ خدائے تعالےٰ کی شان، صنعت اور طاقت ۴۔ فطرت۔

قدرت پانا : [ار محاورہ] قابو حاصل کرنا۔

قدرت خدا : [عف امث] خدا کی شان (تعجب اور حیرت کے موقع پر بولتے ہیں)

قدرت رکھنا : [ار محاورہ] طاقت رکھنا۔ قابلیت رکھنا۔ اختیار رکھنا۔

قدرت کا تماشا : [ار امذ] زمانے کی نیرنگی۔

قدرت کا کھلونا : [ار امذ] کنایۃً پیدائشی خوبصورت۔

قدرت کاملہ : [ع امث بہ ترکیب فارسی] پوری طاقت۔ بے انتہا طاقت۔

قدرت کے کارخانے / کرشمے / کھیل : [ار امذ] خدا تعالیٰ کی طاقت اور صنعت کی مظہر اشیا۔ عجیب و غریب چیزیں۔

قدرتی : [ع صف] قدرت سے منسوب۔ فطری۔ خلقی۔ پیدائشی۔ اصلی۔ ذاتی۔

قدری : [ع صف] انسان کو مختار فعل سمجھنے والا۔

قدریّہ : [ع امذ] "قدری" کی جمع۔ انسان کو مختار فعل سمجھنے والی جماعت۔

قدری کرنا : [ار محاورہ] کوشش کرنا۔ اصرار کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔

قدری ہو جائے : [ار متعلق فعل] حاشا و کلا۔ ہرگز۔

قدرے : [عف صف] ذرا سا۔ تھوڑا۔ قلیل۔

قدریہ : [ع امذ] ایک فرقہ جو انسان کو مختار فعل سمجھتا ہے۔

قدس : [ع صف] ۱۔ پاک۔ متبرک ۲۔ (امذ) بیت المقدس۔ یروشلم ۳۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام کا ایک نام ۴۔ پاکی۔ تقدس۔

قدس سرہ / قدس اللہ سرہ العزیز : [ع کلمہ دعا] اللہ تعالیٰ اس کے بھید پاک کرے۔ متوفی بزرگوں کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کی جگہ لکھتے ہیں۔

قدسی : [ع صف] ۱۔ پاک۔ پاکیزہ۔ متبرک ۲۔ (امذ) فرشتہ ۳۔ ولی اللہ۔ بزرگ

قدسیہ : [ع صف] دیکھئے "قدسی" جس کی یہ تانیث ہے۔

قدغن : [ت۔ امث و مذ] ۱۔ اہتمام ۲۔ روک ٹوک۔ ممانعت۔ تاکید۔ خبرداری۔

قدم : [ع امذ] ۱۔ پرانا ہونا ۲۔ قدامت۔ کہنگی۔ ہمیشگی ۳۔ اللہ تعالیٰ کی صفت۔ حدوث کی ضد۔

قدم : [ع امذ] ۱۔ پاؤں ۲۔ چلتے وقت ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں تک کا فاصلہ ۳۔ رفتار۔ خرام ۴۔ پاؤں کا نشان ۵۔ گھوڑے اور زوجہ کے آنے کا شگون ۶۔ ذات دم۔ موجودگی ۷۔ گھوڑے کی ایک چال، جس میں سوار کو تکان نہیں ہوتی ۸۔ ایک سایہ دار درخت (ہندی "کدم" کا بگاڑ) دخل، واسطہ۔

قدم آگے بڑھانا : [ار محاورہ] آگے جانا۔ پیش قدمی کرنا۔

قدم آگے بڑھنا : [ار محاورہ] آگے جانا۔ روانہ ہونا۔ ہمت پڑنا۔

قدم آگے رکھنا : [ار محاورہ] چلنا۔ بڑھنا۔

قدم آگے رہنا : [ار محاورہ] آگے چلنا۔ پیش روی کرنا۔

قدم آگے ہونا : [ار محاورہ] آگے بڑھنے کی ہمت ہونا۔

قدم آنا : [ار محاورہ] تشریف لانا۔ داخل ہونا۔

قدم اٹھا دینا : [ار محاورہ] شکست دینا۔ بھگا دینا۔

قدم اٹھا کر : [ار متعلق فعل] جلدی سے۔ تیزی سے۔

قدم اٹھانا / اٹھائے چلنا / جانا : [ار محاورہ] تیزی سے چلنا۔ جلدی جلدی چلنا ۲۔ کارروائی کرنا۔

قدم اٹھ جانا : [ار محاورہ] بھاگنا۔ فرار ہونا۔

قدم اٹھنا : [ار محاورہ] پاؤں اٹھنا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔

قدم اکھڑ جانا / اکھڑنا : [ار محاورہ] پاؤں نہ جمنا۔ پسپا ہونا۔ شکست کھانا۔

قدم باز : [عف صف] چالاک۔ تیز رفتار۔ خوش رفتار۔ (گھوڑا)

قدم بازی : [عف امث] دیکھئے "قدم باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قدم با قدم : [عف۔ متعلق فعل] دیکھئے "قدم بقدم" جو زیادہ مستعمل ہے۔

قدم باہر نکالنا : [ار محاورہ] کسی حد سے باہر جانا۔

قدم برداشتہ : [ف متعلق فعل] دیکھئے "قدم اٹھا کر"

قدم بہ قدم : [عف صف] پیروی کرنے والا۔

قدم بڑھانا: [ارمحاورہ] ۱۔ قدم باہر نکالنا ۲۔ تیز چلنا۔ آگے نکلنا ۳۔ مداخلت کرنا۔ زیادتی کرنا۔
قدم بڑھا ہونا: [ارمحاورہ] سبقت لے جانا۔
قدم بڑھ کے/کر لینا: [ارمحاورہ] استقبال کرنا۔
قدم بڑھنا: [ارمحاورہ] سبقت لے جانا۔ ترقی کرنا۔
قدم بہ قدم چلنا: [ارمحاورہ] ساتھ ساتھ چلنا ۲۔ پوری پیروی کرنا
قدم بوس: [عف صف] دیکھئے "پابوس"
قدم بوسی: [عف امث] دیکھئے "پابوسی"
قدم بوس ہونا: [ارمحاورہ] ۱۔ چومنا ۲۔ کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہونا۔
قدم بوسی کے لئے حاضر ہونا: [ارمحاورہ] خدمت میں آنا۔
قدم بھاری ہونا: [ارمحاورہ] کسی کا آنا منحوس ہونا۔
قدم بھر: [ارمتعلق فعل] ایک قدم کے فاصلہ پر۔
قدم بھر کے: [ارمتعلق فعل] نالی پھاند کر دکہاروں کی اصطلاح
قدم بیجا اٹھنا: [ارمحاورہ] کوئی نامناسب فعل ہونا
قدم بیچ سے نکل جانا: [ارمحاورہ] کسی معاملے میں دخل نہ رہنا۔
قدم بیچ میں ہونا: [ارمحاورہ] واسطہ ہونا۔ دخل ہونا۔
قدم پر چلنا: [ارمحاورہ] پیروی کرنا۔
قدم پر سر اتارنا: [ارمحاورہ] مطیع ہونا۔
قدم پر سر رکھ دینا / رکھنا: [ارمحاورہ] ۱۔ اطاعت کرنا ۲۔ مطیع ہونا ۳۔ منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ عزت کرنا۔
قدم پر سر نثار کرنا: [ارمحاورہ] جان دینا۔ قربان کرنا کسی کے لئے
قدم پر قدم رکھنا: [ارمحاورہ] پیروی کرنا۔
قدم پر گرانا: [ارمحاورہ] کسی کو تعظیم / عزت کرنے کے لئے مجبور کرنا۔
قدم پر گرنا: [ارمحاورہ] بے حد تعظیم کرنا ۲۔ پاؤں پڑنا۔ منت یا خوشامد کرنا۔ معافی کے لئے پاؤں پر گرنا۔
قدم پر گروا[illegible]: [ارمحاورہ] دیکھئے "قدم پر گرنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
قدم پر ہاتھ دھرنا: [ارمحاورہ] بطور قسم کے پاؤں کو ہاتھ لگانا۔
قدم پڑنا: [ارمحاورہ] کسی چیز کے اوپر پاؤں پڑنا۔ قدم رکھا جانا
قدم پکڑنا: [ارمحاورہ] تعظیماً بزرگوں کے پاؤں کو چھونا ۲۔ چومنا ۳۔ منت کرنا۔ ۴۔ کسی چیز کا خوبصورتی کی وجہ سے چلنے والے کو روک لینا۔
قدم پھر جانا: [ارمحاورہ] پیچھے ہٹنا۔ پسپا ہونا۔
قدم پھسلنا: [ارمحاورہ] پاؤں پھسلنا۔
قدم پھونک کے رکھنا: [ارمحاورہ] احتیاط کرنا۔
قدم پھیرنے آنا: [ارمحاورہ] مرنے سے آخری مرتبہ کسی سے ملنے جانا۔
قدم تک پہنچانا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قدم تک پہنچنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قدم تک پہنچنا: [ارمحاورہ] کسی کے پاس جانا
قدم ٹکنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "پاؤں ٹکنا۔"
قدم ٹوٹ جانا/ٹوٹنا: [ارمحاورہ] سپاہیوں کا چلتے ہوئے دائیں سے بایاں اور بائیں سے دایاں قدم ملا کر چلنا ۲۔ بائیں سے بایاں اور دائیں سے دایاں قدم ملا کر نہ چلنا
قدم ٹھہرنا: [ارمحاورہ] لغزش نہ ہونا۔ استقلال سے رہنا۔
قدم ثابت رہنا: [ارمحاورہ] ثابت قدم ہونا۔ لغزش نہ آنا۔
قدم جانا: [ارمحاورہ] پہنچنا۔ جانا۔

قدم جبیں پر رکھنا: [ارمحاورہ] تشریف لانا۔
قدم جمانا: [ارمحاورہ] جم کر کھڑا ہونا ۲۔ ٹھکانا بنانا ۳۔ ٹھہرنے کی صورت نکالنا۔
قدم جمنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قدم جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قدم چومنا: [ارمحاورہ] کامل ماننا۔ پابوسی کرنا۔ طنزاً اشرارتی تسلیم کرنا۔
قدم چہ/قدمچہ: [عف امذ] کھڈی کا پایہ جس پر پاؤں رکھ کر پاخانہ کیلئے بیٹھتے ہیں
قدم چھونا: [ارمحاورہ] دیکھئے "پاؤں چھونا"
قدم حکم سے باہر رکھنا: [ارمحاورہ] حکم نہ ماننا۔
قدم خلاف دھرنا/رکھنا: [ارمحاورہ] برخلاف بات کرنا۔ الٹا کام کرنا۔
قدم درمیان سے اٹھ جانا: [ارمحاورہ] تعلق یا واسطہ نہ رہنا۔
قدم درمیان میں ہونا: [ارمحاورہ] تعلق یا واسطہ ہونا۔
قدم درویشاں رد بلا: [ف مث] نیک آدمی کے آنے سے بلا دور ہو جاتی ہے
قدم دکھانا: [ارمحاورہ] ۱۔ چال دکھانا ۲۔ چلتے پھرتے نظر آنا۔
قدم دھرنا: [ارمحاورہ] قدم رکھنا۔
قدم دھو دھو کر پینا: [ارمحاورہ] بہت عزت کرنا۔
قدم دیکھنا: [ارمحاورہ] کسی بزرگ کی زیارت کرنا۔
قدم ڈگمگانا/ڈگنا: [ارمحاورہ] لغزش ہونا۔ لڑکھڑانا۔
قدم راہ مروت سے خلاف دھرنا: [ارمحاورہ] بے مروتی کرنا۔
قدم رسول/شریف: [ع امذ] پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا نقش قدم۔
قدم رکھنا: [ارمحاورہ] ۱ چلنا۔ پاؤں رکھنا ۲ دخل دینا۔ بیچ میں پڑنا ۳۔ کہیں جانا۔ کوئی کام
قدم [illegible]
[illegible] محاورہ] تشریف لانا۔
قدم زمین [illegible] ارمحاورہ] کمال مغرور ہونا۔
قدم زمین سے نہ لگنا: [ارمحاورہ] بہت تیز چلنا۔
قدم زن ہونا: [ارمحاورہ] چلنا۔ جانا۔
قدم سر پہ رکھنا/لینا: [ارمحاورہ] تعظیم کرنا۔ تکریم کرنا۔
قدم سرکانا: [ارمحاورہ] پاؤں ہٹانا۔
قدم سست پڑنا: [ارمحاورہ] آہستہ آہستہ چلنا۔ رفتار کم ہونا
قدم سعادت توام: [ع امذ] نیک قدم
قدم سے آ لگنا: [ارمحاورہ] پناہ لینا
قدم سے آنکھیں ملنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "آنکھیں قدموں سے ملنا"
قدم سے لگنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قدموں سے لگنا۔"
قدم شوق اٹھانا: [ارمحاورہ] شوق سے جلدی جلدی جانا۔
قدم شوق اٹھنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قدم شوق اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قدم قدم: [ارمتعلق فعل] ایک ایک قدم کر کے/آہستہ آہستہ چل کر۔
قدم قدم پر: [ارمتعلق فعل] چپے چپے پر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر [illegible]
قدم قدم جانا/چلنا: [ارمحاورہ] آہستہ آہستہ چلنا۔
قدم کانپنا: [ارمحاورہ] رعب یا خوف سے پاؤں کانپنا۔
قدم کو لغزش ہونا: [ارمحاورہ] ۱۔ لڑکھڑانا ۲۔ راہ راست سے پھرنا۔
قدم کو ہاتھ لگانا: [ارمحاورہ] منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔
قدم کھوٹا ہونا: [ارمحاورہ] کسی کا آنا منحوس ثابت ہونا۔
قدم کہیں کا کہیں پڑنا: [ارمحاورہ] نشے یا کمزوری سے لڑکھڑانا۔

قدم کہیں کا کہیں پڑنا: [ا ر محاورہ] نشے یا کمزوری سے لڑکھڑانا۔
قدم کے ساتھ: [ا ر متعلق فعل] ہمراہ۔ رفاقت میں
قدم کے نشان پر چلنا: [ا ر محاورہ] نقش قدم پر چلنا۔ پیروی کرنا۔
قدم گاڑنا: [ا ر محاورہ] ثابت قدم رہنا۔
قدم گاہ: [ع ف امث] قدم رکھنے کی جگہ۔
قدم گڑ جانا ر گڑنا: [ا ر محاورہ] پاؤں جمنا۔ قیام ہونا۔ ٹھہرنا۔
قدم گن گن کے رکھنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ آہستہ آہستہ چلنا ۲۔ کوئی کام احتیاط سے کرنا۔
قدم لڑکھڑانا: [ا ر محاورہ] پاؤں لڑکھڑانا۔
قدم لگنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ کسی کے زیر سایہ رہنا ۲۔ قدموں کو بوسہ دینا ۳۔ گھوڑے کا قدم قدم چلنا ۴۔ بچے کا چلنا سیکھنا۔
قدم لینا: [ا ر محاورہ] ۱۔ تعظیم کرنا۔ تعظیماً پاؤں چھونا ۲۔ منت سماجت کرنا ۳۔ استقبال کرنا۔ ۴۔ استاد جاننا۔ بڑا ماننا ۵۔ شرارت کا استاد یا بانی تسلیم کرنا۔
قدم مار کر جانا: [ا ر محاورہ] تیز جانا۔ پاؤں اٹھا کر چلنا۔
قدم مارنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ کوشش کرنا ۲۔ جلد جانا۔ تیز چلنا ۳۔ کوئی روش اختیار کرنا۔
قدم ملا کر چلنا: [ا ر محاورہ] دو یا دو سے زیادہ اشخاص کا چلنے میں دایاں اور بایاں پاؤں اکٹھے اٹھانا۔
قدم ملانا: [ا ر محاورہ] چلنے میں پاؤں سے پاؤں ملانا / دائیں کے ساتھ دایاں اور بائیں کے ساتھ بایاں پاؤں اٹھانا۔
قدم منحوس ہونا: [ا ر محاورہ] کسی کا آنا نا مبارک ہونا۔
قدم ناپ کر رکھنا: [ا ر محاورہ] احتیاط سے قدم رکھنا۔ ڈر ڈر کے قدم رکھنا۔
قدم نکالنا: [ا ر محاورہ] گھر سے باہر جانا۔ آنا جانا۔ گھوڑے کا قدم چلنا سیکھنا۔
قدم نکلنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قدم نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قدم نہ اٹھانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قدم نہ اٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قدم نہ اٹھنا: [ا ر محاورہ] چل نہ سکنا۔
قدم نہ پڑنا: [ا ر محاورہ] جانے کی ہمت نہ ہونا۔
قدم نہ چھوڑنا: [ا ر محاورہ] ساتھ نہ چھوڑنا۔ رفاقت میں رہنا۔
قدم نہ رکھ سکنا: [ا ر محاورہ] جا نہ سکنا۔
قدم نہ رکھنے دینا: [ا ر محاورہ] جانے نہ دینا۔
قدم ہٹانا: [ا ر محاورہ] قدم سرکانا۔
قدم ہٹ جانا: [ا ر محاورہ] استقلال میں فرق آنا۔
قدما: [ع صف] قدیم کی جمع۔
قدموں پہ پڑنا ر سر رکھنا: [ا ر محاورہ] منت سماجت کرنا۔
قدموں پہ گرانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قدموں پر گرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قدموں پہ گرنا: [ا ر محاورہ] معافی یا منت کے لئے پاؤں پر سر رکھنا ر پاؤں پر ا میں گرنا۔
قدموں پر گروانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قدموں پر گرنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
قدموں پہ صدقے کرنا ر وارنا: [ا ر محاورہ] کمال اطاعت و فرمانبرداری ظاہر کرنا۔
قدموں پہ ہاتھ دھرنا: [ا ر محاورہ] کسی کے پاؤں کو بطور قسم کے ہاتھ لگانا۔
قدموں تک رسائی ہونا: [ا ر محاورہ] خدمت میں باریابی ہونا۔
قدموں تلے آنکھیں بچھانا: [ا ر محاورہ] بہت عزت و تعظیم و آؤ بھگت کرنا۔

قدموں سے جدا رہنا: [ا ر محاورہ] تعظیماً کسی کے پاس نہ رہنا۔
قدموں سے جدا کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قدموں سے جدا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قدموں سے جدا ہونا: [ا ر محاورہ] ہمراہی ر رفاقت سے علیحدہ ہو جانا۔
قدموں سے چھوٹنا: [ا ر محاورہ] کسی سے جدا ہونا۔
قدموں سے سرفراز ہونا: [ا ر محاورہ] نیاز حاصل ہونا۔ زیارت کرنا۔
قدموں سے لگا رہنا: [ا ر محاورہ] مہمان ہونا۔ پاس رہنا۔
قدموں سے لگنا: [ا ر محاورہ] پاس رہنا۔ ساتھ رہنا۔ رفیق ہونا۔ مطیع ہونا۔ زیر سایہ رہنا۔
قدموں سے لگے پڑنا: [ا ر محاورہ] مطیع ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔
قدموں سے دیکھنا: [ا ر محاورہ] زیارت کرنا۔ ملنا۔
قدموں کو بوسہ دینا: [ا ر محاورہ] پاؤں چومنا۔
قدموں کو چھوڑنا: [ا ر محاورہ] جدا ہونا۔ ساتھ چھوڑنا۔
قدموں کی بدولت: [ا ر متعلق فعل] کسی کے طفیل میں۔ اس سرکار کی وجہ سے۔
قدموں کی برکت: [ا ر امث] کسی کے آنے کی برکت۔
قدموں کے تلے سے زمین نکل گئی: [ا ر محاورہ] دہشت یا بری خبر سننے سے سخت گھبراہٹ ہو گئی۔
قدموں کی قسم: [ا ر امث] پاؤں کی قسم۔
قدموں کے ساتھ: [ا ر متعلق فعل] ذات یا دم کے ساتھ۔
قدموں لگی بلا: [ا ر امث] ہمیشہ ساتھ رہنے والی مصیبت۔
قدموں میں: [ا ر متعلق فعل] زیر سایہ۔ پناہ میں۔ نزدیک۔
قدموں میں آنکھیں بچھانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے قدموں تلے۔ الخ
قدموں میں بچھا جانا: [ا ر محاورہ] بہت تعظیم کرنا۔
قدمے چند: [ع ف امذ] تھوڑے سے قدم۔
قدوس: [ع صف] ۱۔ پاک۔ مبارک ۲۔ (مذ) خدا تعالیٰ کا نام۔
قدوسی: [ع امث] ۱۔ دیکھئے "قدوس" جسکا یہ اسم کیفیت ہے ۲۔ (صف) نیک۔ پاک۔
قدوسیت: [ع امذ] دیکھئے "قدوسی" ۱۔
قدوم: [ع امذ] ۱۔ بہادر۔ شجاع ۲۔ سخی۔ فیاض ۳۔ کلہاڑی۔ تیشہ ۴۔ ایک مقام جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ کیا تھا۔
قدوم: [ع امذ] تشریف آوری۔ آمد۔
قدوم سعادت ر میمنت لزوم: [ع امذ] ایسا آنا جس سے نحوست دور ہو۔ باعث برکت آمد۔
قدوہ: [ع امذ] مثال۔ نمونہ ۲۔ سر گروہ۔ پیشوا۔ رہبر۔ مرشد۔ سردار۔ حاکم۔
قدوۃ الابرار: [ع امذ] انصاف کا نمونہ۔ بہت منصف مزاج آدمی۔
قدوۃ الاصحاب یا الاقران: [ع امذ] اپنے ساتھیوں یا ہم عصروں کے لئے مثال یا نمونہ۔
قدوۃ الشعرا: [ع امذ] شاعروں کا نمونہ (یہ لقب جامی نے حافظ کو دیا تھا)
قدوۂ متغزلاں: [ع امذ] غزل گویوں کا نمونہ (یہ لقب جامی نے سعدی کو دیا تھا)
قدوۂ دودمان شاہی: [ع امذ] شاہی خاندان کا سردار۔
قدیر: [ع صف] ۱۔ قدرت والا ۲۔ (مذ) خداوند تعالیٰ کا نام۔
قدیم: [ع صف] ۱۔ پرانا۔ پرانے زمانے کا ۲۔ ازلی۔ ابدی۔ ہمیشہ ۳۔ آبائی۔ موروثی ۴۔ جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو۔ حادث کی ضد۔

قدیم سے: [ار متعلق فعل] زمانہ سابق سے۔
قدیمانہ: [ع صف] پرانے زمانے سے۔
قدیمی: [ع صف] ۱۔ پرانا عرصے کا ۲۔ بوڑھا ۳۔ گزشتہ ۴۔ (ما) پرانا باشندہ ۵۔ وہ شخص جس کا قبضہ پشت ہا پشت سے چلا آتا ہو۔
قدیمی نمک خوار: [ار۔ امذ] پرانا ملازم۔ وفادار۔

ق ـــ ذ

قذافہ: [ع امذ] گوپھن۔ فلاخن۔
قذف: [ع امذ] ۱۔ شرعاً کسی پر زنا کی تہمت لگانا ۲۔ گالی دینا۔ پتھراؤ کرنا۔
قذفہ: [ع امذ] ۱۔ کنگرہ ۲۔ مٹی۔

ق ـــ ر

قرا: [ع امث] مہمانی۔
قریٰ: [ع۔ امذ] دیکھئے "قریہ" جس کی یہ جمع ہے۔
قراء: [ع امذ] دیکھئے "قاری" جس کی یہ جمع ہے۔
قرابادین: [ع امذ] ۱۔ دواؤں کا لغت ۲۔ دواؤں کے مرکب کرنے/دوا سازی کے فن کی کتاب ۳۔ تریاق۔
قرابت: [ع امث] رشتہ داری۔ رشتہ ۲۔ یگانگت ۳۔ نزدیکی۔
قرابت پیدا کرنا: [ار محاورہ] نزدیکی پیدا کرنا ۲۔ رشتہ داری پیدا کرنا۔
قرابت ٹھہرانا: [ار محاورہ] دیکھئے "قرابت ٹھہرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قرابت ٹھہرنا: [ار محاورہ] منگنی ہونا۔ نسبت قرار پانا۔
قرابت دار: [عف امذ] رشتہ دار۔
قرابت داری: [عف امث] دیکھئے "قرابت دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قرابت طرفی: [عف امث] باہمی جدّی رشتہ داری۔
قرابت قریبہ: [عف امث] قریب کا رشتہ دار۔
قرابتی: [ع صف] رشتہ کا۔ یگانہ۔ **قرابہ**: [ع امذ] عرق کھینچنے کا بڑا شیشہ ۲۔ شیشہ شراب صراحی
قرابین: [ت امث] چھوٹی بندوق۔
قرائت: [ع امث] قرآن شریف کا درست لہجہ میں پڑھنا۔ علم تجوید۔
قرار: [ع امذ] اقرار۔ عہد ۲۔ سکون۔ قیام ۳۔ تسکین۔ اطمینان۔ دلجمعی۔ چین۔
قرار آنا: [ار محاورہ] تسکین یا اطمینان ہونا۔
قرار در کف آزادگاں نہ گیرد مال۔ نہ صبر در دل عاشق نہ آب در غربال:
[ف شل] سخی کے ہاتھ میں روپیہ، عاشق کے دل میں صبر اور چھلنی میں پانی نہیں ٹھہرتا۔
قرار پانا: [ار محاورہ] ۱۔ طے ہونا۔ ٹھہرنا ۲۔ عہد و پیمان ہونا۔ وعدہ ہونا ۳۔ آرام پانا۔ چین پانا ۴۔ دن تاریخ ٹھہرنا ۵۔ (نطفہ) حمل ٹھہرنا۔ کسی مادہ کا حاملہ ہونا۔
قرار داد: [عف امذ۔ مث] ۱۔ عہد و پیمان۔ اقرار ۲۔ تجویز۔ فیصلہ۔
قرار داد ہونا: [ار محاورہ] عہد و پیمان ہونا ۲۔ مقرر ہونا۔
قرار دینا: [ار محاورہ] مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔
قرار کرنا: [ار محاورہ] اقرار کرنا۔

قرار گاہ: [عف امث] ٹھہرنے کی جگہ۔
قرار لینا: [ار محاورہ] ٹھہرنا۔ آرام کرنا۔ دم لینا۔
قرار مدار: [عف امذ] عہد و پیمان۔ قول و قرار۔
قرار واقعی: [ع صف] معقول ۲۔ پوری پوری بکامل ۳۔ مستقل فعل، درست۔ ٹھیک ۴۔ پورے طور پر
قرار ہونا: [ار محاورہ] ۱۔ اقرار یا عہد ہونا ۲۔ تسکین یا اطمینان ہونا۔ دلجمعی ہونا۔
قراضہ: [ع صف] ریزہ جو مقراض یا ریتی کے رگڑنے سے گرے۔ سونے چاندی وغیرہ کے چھوٹے بیکار ذرات جو سناروں کے پاس سے زیور بنانے وقت گرتے رہتے ہیں جن کو نیارے میں اکٹھا کرتے رہتے ہیں۔ تراشہ۔ ریزہ۔ کترن۔
قراطیس: [ع امذ] دیکھئے "قرطاس" جس کی یہ جمع ہے۔
قراقر/قراقر: [ع امذ] پیٹ بولنے کی آواز (افعال: کرنا۔ ہونا) عربی میں جمع ہے "قرقرہ" کی
قران: [ع امذ] ایک چاندی کا سکہ جو سونے کے تومان کا دسواں حصہ ہوتا تھا۔
قران: [ع امذ] ۱۔ علم نجوم میں دو سیاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ۲۔ حج اور عمرہ کا اکٹھا کرنا ۳۔ میل۔ یکجائی۔ نکاح۔
قران السعدین: [ع امذ] دو اچھے/نیک/سعد ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ۲۔ مجازاً دو نیک یا بڑے آدمیوں کا اکٹھا ہونا۔
قران کرنا: [ار محاورہ] دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔
قران النحسین: [ع امذ] دو منحوس ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہونا۔ دو برے آدمیوں کا جمع ہونا۔
قرآن: [ع امذ] مسلمانوں کی مقدس کتاب جو پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی کلام اللہ
قرآن اتارنا: [ار محاورہ] دیکھئے "قرآن اترنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قرآن اترنا: [ار محاورہ] پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی کے ذریعہ آیتوں کا نازل ہونا۔
قرآن اٹھا جانا/اٹھا لینا/اٹھانا: [ار محاورہ] قرآن کی قسم کھانا ۲۔ قرآن اٹھا کر قسم کھانا۔
قرآن اٹھوانا: [ار محاورہ] دیکھئے "قرآن اٹھا جانا وغیرہ الخ" جسکا یہ متعدی المتعدی ہے۔
قرآن بیچ میں دینا: [ار محاورہ] قرآن شریف کا واسطہ دینا۔ قرآن کی قسم کھا کر وعدہ کرنا
قرآن پر ہاتھ رکھنا: [ار محاورہ] قرآن کی قسم کھانا۔
قرآن پہ مہر کرنا: [ار محاورہ] قرآن پر مہر لگا کر کسی بات کا عہد کرنا۔
قرآن ٹھنڈا کرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "قرآن ٹھنڈا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قرآن ٹھنڈا ہونا: [ار محاورہ] قرآن شریف کا زمین پر گر جانا۔ اگر اتفاقیہ ایسا ہو جائے تو قرآن شریف کے برابر غلہ تول کر خیرات کرتے ہیں۔ قرآن شریف کے پریشان اوراق کا پاک زمین میں دفن کرنا۔
قرآن ختم کرانا: [ار محاورہ] دیکھئے "قرآن ختم ہونا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
قرآن ختم کرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "قرآن ختم ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قرآن ختم ہونا: [ار محاورہ] ۱۔ تمام قرآن پڑھ جانا ۲۔ بچے کا پہلی مرتبہ تمام قرآن شریف پڑھ لینا۔ اس موقع پر شیرینی تقسیم کر کے معلم کو انعام دیتے ہیں۔
قرآن خواں: [عف صف] قرآن پڑھنے والا۔
قرآن خوانی: [عف امث] دیکھئے "قرآن خواں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قرآن درمیان: [ار متعلق فعل] عورتیں جب کسی زندہ شخص کو کسی مردہ شخص سے نسبت دیتی ہیں تو یہ لفظ استعمال کرتی ہیں۔

قرآن درمیان دینا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قرآن بیچ دینا"۔
قرآن درمیان ہونا: [ا رمحاورہ] قرآن کی قسم ہونا۔
قرآن دکھانا: [ا رمحاورہ] آگ لگنے پر قرآن شریف آگ کی طرف کرنا تاکہ اس کی برکت سے بجھ جائے۔
قرآن سر پر رکھنا: [ا رمحاورہ] قرآن کی قسم کھانا۔
قرآن شریف: [ا رمحاورہ] قرآن کو عزت سے کہتے ہیں۔
قرآن شریف کا جامہ پہن کر آئے تو یقین نہ کرنا: [ا رمحاورہ] کسی کا بہت جھوٹا ہونا۔
قرآن شریف کا جامہ پہننا: [ا رمحاورہ] پارسا بننا۔ راست باز بننا۔
قرآن کا دور: [ا رامذ] حافظ کا قرآن شریف کو اس وجہ سے پڑھنا کہ وہ بھول نہ جائے۔
قرآن کی قسم: [ا رامث] کلام اللہ کی سوگند۔ قرآن کی قسم قرآن شریف کو اٹھا کر کھانا۔
قرآن کی مار: [ا ربد دعا] قرآن کی پھٹکار۔
قرآن کی ہوا دینا: [ا رمحاورہ] بیمار کو قرآن شریف سے پنکھے کی طرح ہوا جھلنا تاکہ شفا ہو۔
قرآن گردانا: [ا رمحاورہ] قرآن کو جزدان کے اندر بند کر کے رکھنا
قرآن مجید: [ع امذ] عزت سے قرآن کو کہتے ہیں۔
قرآن میں نام نکالنا: [ا رمحاورہ] بچے کا نام قرآن شریف کھول کر اوّل حرف کے مطابق رکھنا
قرآن میں نام نکلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قرآن میں نام نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قرآن میں نام نکلوانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قرآن میں نام نکالنا" جس کا یہ متعدی ہے
قرآن ہدیہ کرنا: [ا رمحاورہ] قرآن شریف فروخت کرنا۔
قرآنی: [ع صف] قرآن کا۔ قرآن سے منسوب۔
قرآنیات: [ع امث] علوم قرآن۔
قراول: [ت امذ] ہندوقچی۔ شکاری ۲۔ فوج کے سپاہی جو خبر لانے کے لئے آگے جاتے ہیں ۳۔ سکاؤٹ ۴۔ شکار کھلانے والا۔
قراولی: [ت صف] جھڑپ کرنے والا۔
قرأت (ع۔ امث) پڑھنا۔ خواندگی۔
قرأت (ع۔ امث) حرف کو مخرج سے صحیح ادا کرنا۔ تجوید۔
قرائن: [ع امذ] دیکھئے "قرینہ" جس کی یہ جمع ہے۔
قرب: [ع امذ] ۱۔ نزدیکی۔ قرابت ۲۔ مرتبہ۔ منزلت
قرب روحانی: [ع امذ] ۱۔ دلی نزدیکی۔ باطنی نزدیکی۔
قربِ زن آنا: [ا رمحاورہ] عورت کے پاس آنا۔ جماع کرنا۔
قرب و جوار: [ع امذ] گرد و نواح۔ آس پاس
قربان: [ع امذ] کسی کے گرد پھیر کر اس کی بلا اپنے سر لینا۔ صدقے۔ واری ۲۔ کسی چیز سے پر اعتناء کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔ ۳۔ وہ تسمہ جس میں ترکش بندھا ہوا پیٹھ پر لٹکتا ہے۔
قربان جانا: [ا رمحاورہ] واری جانا۔ نثار ہونا۔ صدقے ہونا۔
قربان جاؤں / جایئے: [ا رمقولہ] عورتیں طنزاً یا خوشامد کے طور پر کہتی ہیں۔
قربان رہنا: [ا رمحاورہ] ہر وقت صدقے جانا۔
قربان شوم: [ف مقولہ] واری جاؤں۔ صدقے جاؤں۔
قربان کرنا: [ا رمحاورہ] صدقے کرنا۔
قربان کروں: [عو۔ امقولہ] صدقے کروں۔ آگ لگاؤں۔
قربان کیا (عو): [ا رمقولہ] نفرت اور حقارت ظاہر کرتے وقت بولتی ہیں۔

قربان گاہ: [ع ف امث] مذبح۔ قربان کرنے کی جگہ۔
قربان کیا (عو): [ا رمقولہ] نفرت اور حقارت ظاہر کرنے کے وقت بولتی ہیں
قربان ہونا: [ا رمحاورہ] صدقے ہونا۔ واری ہونا۔ نثار ہونا۔
قربانت شوم: [ف مقولہ] تجھ پر قربان ہوں۔ واری جاؤں۔
قربانی: [ع امث] مسلمانوں کا بقر عید / عید الاضحیٰ کے موقع پر جانوروں کو خدا کی راہ میں خدا کے نام پر ذبح کرنا ۲۔ ایثار (افعال: کرنا۔ ہونا)
قربت: [ع امث] نزدیکی۔
قربت کرنا: [ا رمحاورہ] عورت سے صحبت کرنا / جماع کرنا۔
قربوس: [ع امذ] زین کا ہرنا۔ زین کا اگلا حصہ / سامنے کا حصہ جس پر کمان رکھی جاتی ہے۔
قربیٰ: [ع امذ] رشتہ۔ تعلق۔ قربت۔
قرۃ العین: [ع امذ] آنکھوں کی ٹھنڈک۔ کنایۃً اولاد۔ کوئی عزیز چیز۔
قرح / قرحہ: [ع امذ] زخم۔ ناسور ۲۔ وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو (افعال: پڑنا۔ ہونا)
قرد: [ع امذ] بندر۔ بوزنہ۔
قرش: [ع امذ] ایک خوفناک بحری جانور۔ وہیل مچھلی۔
قریشی: [ع امذ] عرب کا ایک مشہور قبیلہ۔ قریش سے تعلق رکھنے والا۔ قریشی
قریشیت: [ع امذ] قریشی ہونا۔
قرص: [ع امذ] ۱۔ ٹکیا ۲۔ دوائی کی ٹکیا ۳۔ سورج یا چاند کا گردہ ۴۔ روئی یا صابن کا گول ٹکڑا ۵۔ چاندی کا ایک عربی سکہ جو قریباً ۱۲ آنے۔ آج کل ۷۵ نئے پاکستانی پیسے کے برابر ہوتا ہے۔ ایک قسم کی سبز شیرینی جو ساحلوں میں آتی ہے۔
قرض: [ع امذ] اُدھار۔ مستعار۔
قرض آنا: [ا رمحاورہ] کسی کا قرضہ ہونا۔
قرض اتارنا: [ا رمحاورہ] قرضہ بے باق کرنا۔
قرض اترنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قرض اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قرض اٹھانا: [ا رمحاورہ] اُدھار لینا۔
قرض ادا کرنا: [ا رمص مرکب] ادھار لیا ہوا روپیہ واپس دینا۔
قرض ادا ہونا: [ا رمص مرکب] دیکھئے "قرض ادا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قرض بے باق کرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قرض بے باق ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قرض بے باق ہونا: [ا رمحاورہ] ادھار لیا ہوا روپیہ واپس دیا جانا۔
قرض پکڑا دینا: [ا رمحاورہ] قرض دینا۔
قرض چکا دینا / چکانا: [ا رمحاورہ] قرض بے باق کرنا۔
قرض حسن / حسنہ: [ع امذ] وہ قرض جو بلا سود اور بلا میعاد ہو (قرض حسنہ غلط العام ہے)
قرضخواہ: [ع ف امذ] قرض دینے والا۔
قرض داخل: [ع ف امذ] قرض کی طرح۔ قرض میں شامل۔
قرض دار: [ع ف صف] قرض لینے والا۔ مقروض۔
قرض داری: [ع ف امث] دیکھئے "قرض دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قرض دینا: [ا رمحاورہ] کسی کو اُدھار دینا۔
قرض کاڑھنا: [ا رمحاورہ] اُدھار لینا۔ قرض لینا۔
قرض کر لینا: [ا رمحاورہ] مقروض ہو جانا۔
قرض کھانا: [ا رمحاورہ] اُدھار لے کر کھانا۔
قرض لینا: [ا رمحاورہ] اُدھار لینا۔

قرض مانگنا : [ا رمحاورہ] اُدھار مانگنا۔
قرض ہونا : [ا رمحاورہ] اُدھار کا بار ہونا۔
قرضہ : [ا امذ] اُدھار۔ دَین۔ قرض۔
قرضہ اُتر جانا : [ا رمحاورہ] قرض کی ادائگی ہو جانا۔
قرضہ چکانا : [ا رمحاورہ] قرضہ ادا کرنا۔
قرطاس : [ع امذ] کاغذ۔ **قرطاسِ ابیض** : [ع امذ] وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لئے درج کی جاتی ہے۔ انگریزی کا ترجمہ
قرعِ اُنبیق : [ع امذ] عرق کھینچنے کا بھبکا۔
قرعہ : [ع امذ] ا پانسا ۲۔ کسی کام یا انعام کے لئے کسی کا نام نکالنے کا ایک طریقہ۔
قرعہ انداز : [عف صف] پانسا پھینکنے والا۔
قرعہ اندازی : [عف امث] دیکھئے "قرعہ انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قرعہ پھینکنا / ڈالنا : [ا رمحاورہ] پانسا پھینکنا۔ فال نکالنا۔
قرعۂ فال بہ نامِ من دیوانہ زدند : [ف مثل] جس کے ذمہ کوئی کام نکلے وہ اپنی نسبت کہتا ہے۔
قُرق : [ت۔ امذ] ضبطی ۲۔ روک۔ ممانعت۔ بندش۔
قُرق امین : [ت ع امذ] محکمہ مال کا ایک عہدہ دار۔ ناظر عدالت جو قرق کرتا ہے۔
قُرق بٹھانا : [ا رمحاورہ] روک ٹوک کرنا۔ حکم چلانا۔
قُرق تحصیل : [ت ع امذ] مال گزاری وصول کرنے کے لئے قرقی۔
قُرق کرنا : [ا رمص مرکب] ضبط کرنا۔ رُعب بٹھانا۔
قُرق لے جانا : [ا رمحاورہ] سطوت سے جانا۔
قُرقی : [ت امذ] ضبطی۔ روک۔
قُرقی اٹھا لینا : [ا رمحاورہ] ضبطی چھوڑ دینا۔ ضبطی سے واگزاشت کرنا۔
قُرقی بٹھانا : [ا رمحاورہ] ضبطی کے مال پر کوئی محافظ مقرر کرنا ۲۔ روک ٹوک کرنا۔
قُرقی بھیجنا : [ا رمحاورہ] مال ضبط کرنے کے لئے ناظر عدالت کو بھیجنا۔
قُرقی قبلِ فیصلہ : [ت ع امث] وہ ضبطی جو فیصلہ سے پہلے ہوتی ہے تاکہ قرض دار اپنے مال کو اِدھر اُدھر نہ کر دے۔
قُرقی کا پروانہ : [ا امذ] ضبطی کا وارنٹ۔
قرقرا : [ع امذ] ایک چھوٹا سا پرندہ۔
قرمساق : [ا امذ] دیکھئے "قرم ساق" جس کا یہ مخفف ہے۔
قِرمِز : [ع امذ] بیر بہوٹی کی مانند ایک کیڑا جس سے سُرخ ریشم رنگتے ہیں۔
قِرمِزی : [ع صف] لال سرخ۔
قرم ساق : [ت امذ] اپنی بیوی دوسرے کے حوالے کر دینے والا بھڑوا۔ پاجی۔ ذلیل۔
قرن : [ع امذ] ستاروں کا ملاپ ۲۔ جُگ۔ زمانہ ۳۔ کم از کم دس سال زیادہ سے زیادہ ایک سو بیس سال کا زمانہ ۴۔ مدت دراز ۵۔ سینگ۔ شاخ ۶۔ گیسو۔
قرنِ اوّل : [ع امذ] کنایۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدینؓ کا زمانہ۔
قرن گزرنا : [ا رمحاورہ] مدت گزرنا۔
قرنا : [ت امذ] سینگ کا بگل۔ نرسنگا۔ ترئی۔ تُرم۔ نفیری۔
قرنبیق : [ا امذ] دیکھئے "قرعِ انبیق" جس کا یہ مخفف ہے۔
قرنطینہ : [ع امذ] انگریزی لفظ quarantine کا معرب وہ مقام جس میں متعدی امراض میں مبتلا لوگوں کو دوسروں سے الگ رکھا جاتا ہے۔

قرنفل : [ع امذ] لونگ۔
قرولی : [ت امث] ا۔ شکاری چاقو ۲۔ ایک قسم کی چھری یا خنجر جس کو کمر میں باندھتے ہیں (افعال، لگانا باندھنا)
قرولیاں کرنا : [ا رمحاورہ] فنون سپہ گری دکھانا۔
قرون : [ع امذ] دیکھئے "قرن" جس کی یہ جمع ہے۔
قرونِ اُولیٰ : [ع امذ] اسلام کا ابتدائی زمانہ۔
قریب : [ع صف] پاس۔ نزدیک۔ متصل ۲۔ رشتہ دار ۳۔ تابع فعل، لگ بھگ۔ تقریباً (مونث) عروض میں ایک بحر کا نام۔
قریبُ الاختتام : [ع صف] ختم ہونے کے قریب۔ ختم ہونے والا۔
قریبُ الفہم : [ع صف] جلد سمجھ میں آ جانے والا۔
قریبُ القیاس : [ع صف] جلد قیاس میں آ جانے والا۔ قرین عقل۔
قریبُ المرگ : [عف صف] مرنے کے قریب (یہ بالکل غلط ترکیب ہے)
قریبُ الوقوع : [ع صف] عنقریب واقع ہونے والا۔ جلد پیش آنے والا۔
قریب قریب : [ع متعلق فعل] پاس پاس۔ نزدیک نزدیک۔ ملتا جلتا۔ لگ بھگ۔
قریب کی رشتہ داری : [ا امث] پاس کی عزیز داری۔
قریبِ مرگ : [عف صف] مرنے کے قریب۔ کوئی دن کا مہمان
قریباً : [ع متعلق فعل] اندازے سے۔ تخمیناً۔
قریش : [ع امذ] عرب کا ایک مشہور قبیلہ۔
قریشی : [ع صف] قبیلہ قریش سے تعلق رکھنے والا۔
قرین : [ع صف] قریب۔ پاس۔ ملا ہوا۔ ملحق ۲۔ مثل۔ مانند ۳۔ نظیر۔ مشابہ ۴۔ دار امذ
قرینِ عقل / قیاس : [ع صف] وہ بات جسے عقل قبول کرے۔
قرینِ مصلحت : [ع صف بہ ترکیب فارسی] مصلحت کے مطابق۔
قرینہ : [ع امذ] ڈھنگ۔ صورت طرز روش۔ طور طریق ۲ مناسبت ۳۔ سلیقہ۔ سجاوٹ۔ ترتیب ۴۔ قیاس۔ قیافہ۔ اندازہ
قرینہ بہ قرینہ : [عف متعلق فعل] ترتیب وار۔ موزونیت کے ساتھ۔
قرینے سے : [ا متعلق فعل] ڈھنگ سے۔ ترتیب سے ۲۔ ظاہری اندازے سے۔ ظاہری مناسبت سے۔
قرینے سے بے قرینے ہونا : [ا رمحاورہ] بے ترتیب ہونا۔ بے قاعدہ ہونا۔
قرینے سے رکھنا / لگانا : [ا رمحاورہ] قاعدے سے رکھنا۔ ترتیب سے رکھنا۔
قرینے کی بات : [ا امث] موقع کی بات۔ مناسب بات
قریہ : [ع امذ] گاؤں۔
قریٰ : [ع امذ] دیکھئے "قریہ" جس کی یہ جمع ہے۔

ق ـــ ز

قز : [ت امذ] کچا ریشم۔
قزاق : [ت امذ] ڈاکو۔ لٹیرا۔ بٹ مار۔
قزاقِ اجل : [ت ع امذ] کنایۃً موت کا فرشتہ۔ قابض ارواح۔
قزاقی : [ت امث] راہزنی۔ لوٹ مار۔ غارت گری۔
قزاگند : [ت امذ] ایک قدیم جنگی لباس۔ زرہ۔
قزل : [ت صف] سُرخ۔ لال۔

قزل باش: [ت امذ] ۱۔سرخ سر والا یا سُرخ ٹوپی والا سپاہی ۲۔ ایران اور افغانستان کے شیعہ لوگ۔

ق ــــ س

قَسّام: [ع صف] تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔
قسّام ازل: [ع صف] کنایۃً خدائے تعالیٰ۔
قساوت: [ع امث] سنگدلی۔ بے رحمی۔
قساڑا: [ارامذ] حقارتاً۔ قصائی کا بچہ۔ قسائی کا بچہ۔
قسائن: [ارامث] دیکھئے "قسائی" جس کی یہ تانیث ہے۔
قسائی: [ارامذ] ۱۔گوشت فروش۔ قصاب۔ قصائی ۲۔ ذبح کرنے والا ۳۔ مجازاً بے رحم سنگ دل۔ ظالم۔
قسائی کا پلا: [ارصف] موٹا تازہ آدمی۔
قسائی کی گھاس کو کتّا کھا جائے: [ارمثل] زبردست کے مال پر کمزور قبضہ نہیں کر سکتا۔
قسائی کے پالے پڑنا: [ارمحاورہ] ظالم کے قابو میں ہونا۔ بے رحم خاوند کے پلّے پڑنا۔
قسائی کے کھونٹے (سے) بندھنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قسائی کے پالے پڑنا"
قسائی واڑا [ارامذ] قصائی، قصائیوں کا محلّہ۔
قِسط: [ع امث] ۱۔حصہ۔ جز۔ ٹکڑا ۲۔ وہ رقم جو حسب قرارداد تھوڑی تھوڑی ادا کی جائے۔
قسط باندھنا: [ارمحاورہ] کل کا کوئی جز کسی خاص وقت ادا کرنے کا قرار نامہ۔
قسط بندھنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قسط باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قسط بندی: [عف صف] قسط مقرر کرنا۔
قسط خلافی: [عف امث] ادائے قسط میں وعدہ خلافی۔
قسط وار/قسط بہ قسط: [عف متعلق فعل] قسط کے مطابق۔
قِس علیٰ ہٰذا: [ع مقولہ] اسی پر قیاس کر لو۔ علیٰ ہٰذا القیاس
قسم: [ع امذ] ۱۔حلف۔ سوگند ۲۔ انکار۔
قسم اُتارنا: [ارمحاورہ] عہد پورا کرنا۔
قسم اُترنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قسم اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قسم توڑنا: [ارمحاورہ] عہد کے خلاف کرنا۔ قول و قرار پر نہ رہنا۔
قسم ٹوٹنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قسم توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قسم دلانا/دینا/کھلانا: [ارمحاورہ] حلف اٹھوانا۔ عہد لینا۔
قسم کھانا: [ارمحاورہ] ۱۔حلف اٹھانا ۲۔ کسی کام کے ترک کا عہد کرنا۔
قسم کھانے کو نہ رہنا: [ارمحاورہ] کوئی چیز نام کو نہ رہنا۔ ذرا بھی باقی نہ رہنا۔
قسم کھانے کی بات/جگہ: [ارامث] حلف سے کہنے کا موقع۔
قسم کھانے ہی کے لئے ہے: [ارمقولہ] جھوٹے اور مکار لوگ قسم کی پروا نہیں کرتے۔
قسم لینا: [ارمحاورہ] عہد لینا۔ حلف اٹھوانا۔ خدا کو درمیان لانا۔
قسم ہو جانا: [ارمحاورہ] کوئی چیز ترک ہو جانا۔
قسم ہونا: [ارمحاورہ] ۱۔عہد ہونا ۲۔ انکار ہونا۔ ترک ہونا۔
قسم ہے: [ارمحاورہ] ۱۔سوگند ہے ۲۔ مطلق انکار ہے۔ بالکل ترک ہے۔ کچھ تعلق نہیں۔
قِسم: [ع امث] ۱۔نوع۔ طرح ۲۔ حصہ۔ جز ۳۔ جنس ۴۔ طور طریق ۔ ڈھنگ۔ طرز ۵۔ بانٹ۔ تقسیم۔
قسم وار: [ارصف] حصے وار۔ جنس وار
قسماقسمی: [ارامث] عہد و پیمان۔
قِسمت: [ع امث] ۱۔تقدیر۔ نصیب۔ بخت۔ مقدر۔ بھاگ ۲۔ حصہ۔ جزو ۳۔ مقسوم۔ تقسیم کیا ہوا ۴۔ کمشنری۔ چند ضلعوں پر مشتمل علاقہ۔ احاطہ۔
قسمت آزمانا: [ارمحاورہ] مقدر آزمانا۔ تقدیر کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔
قسمت آزمائی: [عف امث] مقدر آزمانا۔ تقدیر کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔
قسمت اُلٹنا: [ارمحاورہ] نصیبے کا خراب ہونا۔ نحوست اور شامت کا آجانا۔
قسمت بدلنا: [ارمحاورہ] تقدیر پلٹنا۔ اچھے دن آنا۔
قسمت بُری ہونا: [ارمحاورہ] بُرے دن آنا۔ تقدیر کا پھر جانا۔
قسمت بگڑنا: [ارمحاورہ] تقدیر بگڑ جانا۔ بُرے دن آنا۔
قسمت پر بیٹھا رہنا: [ارمحاورہ] قسمت پر بھروسا کر کے ہاتھ پیر نہ ہلانا۔
قسمت پر جھاڑو پھرے: [روزمرہ] عورتیں قسمت سے ناخوش ہو کر کہتی ہیں۔
قسمت پلٹنا/پھرنا: [ارمحاورہ] نصیبا جاگنا۔ بھلے دن آنا۔
قسمت پھوٹنا: [ارمحاورہ] بُرے دن آنا۔ مقدر پھوٹنا یا بگڑنا۔
قسمت جاگنا/چمکنا: [ارمحاورہ] قسمت رسا ہونا۔ قسمت راہ پر ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔ اچھے دن آنا۔ دن پھرنا۔
قسمت راہ پر آنا: [ارمحاورہ] اچھی قسمت ہونا۔ اچھے دن آنا۔
قسمت رسا ہونا: [ارمحاورہ] اچھی قسمت ہونا۔ اچھے دن آنا۔
قسمت سو جانا: [ارمحاورہ] بُرے دن آنا۔
قسمت سے: [ارمتعلق فعل] خوش قسمتی سے۔ بدنصیبی سے۔
قسمت سیدھی ہونا: [ارمحاورہ] نصیب یاور ہونا۔
قسمت کا: [ارصف] قسمت میں لکھا ہوا۔
قسمت کا بدا: [ارصف] قسمت کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔
قسمت کا بل: [ارامذ] تقدیر کا پھیر۔
قسمت کا پلٹا کھانا: [ارمحاورہ] قسمت کا بدل جانا۔
قسمت کا پھیر: [ارامذ] تقدیر کا چکر۔ تقدیر کا اول بدل۔ زمانہ کی گردش۔
قسمت کا پیچ: [ارامذ] تقدیر کا دیا ہوا رنج۔
قسمت کا ٹکڑا: [ارامذ] وہ رزق یا روٹی جو قسمت میں لکھی ہو۔
قسمت کا چکر: [ارامذ] دیکھئے "قسمت کا پھیر"۔
قسمت کا دانہ: [ارامذ] تقدیر میں لکھا ہوا رزق
قسمت کا دکھانا: [ارمحاورہ] تقدیر کا لکھا سامنے آنا۔
قسمت کا دھنی: [ارامذ] اقبال یاور۔ خوش نصیب۔
قسمت کا ستارہ: [ارامذ] نصیب۔ قسمت۔ اقبال۔ (افعال، چمکنا۔ ڈوبنا،
قسمت کا سکندر: [ارامذ] خوش نصیب۔ خوش اقبال
قسمت کا سونا: [ارمحاورہ] بدنصیبی کا زمانہ ہونا۔
قسمت کا کھوٹا: [ارامذ] بدنصیب۔ بُری قسمت ہونا۔
قسمت کا لکھا: [ارامذ] نوشتۂ تقدیر۔ مشیت ایزدی۔

قسمت کا لکھا پورا ہونا : [ا رمحاورہ] مصیبت پیش آنا۔ شامت آنا۔ تقدیر بگڑنا۔
قسمت کا منہ پھیر لینا : [ا رمحاورہ] قسمت برگشتہ ہونا۔ قسمت بُری ہو جانا۔
قسمت کا ہیٹا : [ا رصت] بدنصیب۔ بدبخت۔ منحوس۔
قسمت کرنا : [ا رمصدر مرکب] تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ حصے لگانا۔
قسمت کو جھینکنا : [ا رمحاورہ] بدقسمتی پر رنج کرنا۔
قسمت کو رونا : [ا رمحاورہ] بدقسمتی پر آنسو بہانا۔
قسمت کھلنا : [ا رمحاورہ] نصیبہ جاگنا۔ اچھے دن آنا۔
قسمت کی بات : [ا رامسف] کوئی بات خلاف توقع ہو تو کہتے ہیں۔
قسمت کی بدلی : [ا رامث] قسمت کی خرابی۔
قسمت کی گرہ رگتھی : [ا رامث] مصیبت۔ مشکل۔
قسمت کے ٹکڑے : [ا رامذ] قسمت کا لکھا ہوا رزق۔
قسمت کے صدقے : [ا رروزمرہ] بدقسمتی کی شکایت پر کہتے ہیں۔
قسمت کے ہاتھ بات ہے : [ا رمقولہ] قسمت کا لکھا ہوتا ہے۔ تقدیر کی تحریر پوری ہوتی ہے
قسمت لڑانا : [ا رمحاورہ] تقدیر کو آزمانا۔
قسمت لڑنا : [ا رمحاورہ] خوش قسمت ہونا۔ نصیبا یاور ہونا۔
قسمت میں اترنا : [ا رمحاورہ] مقدر میں ہونا۔
قسمت میں لکھنا : [ا رمحاورہ] نوشتۂ تقدیر ہونا۔ لکھا ہونا۔
قسمت میں ہونا : [ا رمحاورہ] تقدیر میں ہونا۔ مقدر میں ہونا۔
قسمت والا : [ا رصت] خوش قسمت۔ خوش نصیب۔
قسمت ہیٹی ہونا : [ا رمحاورہ] تقدیر بُری ہونا۔
قسمت یاور ہونا : [ا رمحاورہ] تقدیر کا موافق ہونا۔
قسمتوں سے : [ا رمتعلق فعل] قسمت سے۔ تقدیر سے۔ خوش نصیبی سے۔ بدنصیبی سے۔
قَسَمِیَہ : [ع متعلق فعل] ازروئے قسم۔ قسم کھا کر۔
قَسِیُّ القَلب : [ع صت] سنگدل۔ ظالم ۲۔ سخت۔
قَسِیُّ القَلبی : [صف امث] دیکھئے "قسی القلب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قِسِّیس : [ع امذ] دینِ نصاریٰ کا عالم۔ عیسائیوں کا مذہبی پیشوا۔
قَسِیم : [ع صت] تقسیم کرنے والا۔

ق ــــ ش

قِشر : [ع امذ] چھلکا۔ پوست۔
قشعریرہ : [ع امذ] ڈر سے رونگٹے کھڑے ہونا۔ کپکپی۔ جھرجھری۔
قشقہ : [ف امذ] صندل، غیبا کا ایک نشان جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔ (افعال: دینا۔ کھینچنا۔ گنا۔ لگانا) تلک۔ ٹیکا
قِشلاق : [ع امذ] وہ گرم مقام جہاں سردیوں کا موسم گزارتے ہیں۔
قشون : [ت امذ] فوج کا دستہ۔ گروہ۔ لشکر ۲۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔

ق ــــ ص

قَصّاب : [ع امذ] ۱۔ ذبح کرنے والا ۲۔ بُرچڑ۔ کاٹنے والا۔
قَصّابہ : [ع امذ] قصائی پیشہ۔ قصائی خانہ۔ قصائیوں کا بازار ۲۔ قصاب کی تانیث۔
قَصّابہ : [ع امث] عورتوں کا سر سے باندھنے کا رومال۔
قَصّار : [ع امذ] دھوبی۔
قِصاص : [ع امذ] بدلہ۔ انتقام۔ خون کا بدلہ۔ قتل کا بدلہ (افعال: لینا)
قَصائد : [ع امذ] دیکھئے "قصیدہ" جس کی یہ جمع ہے۔
قَصائی : [ا رامذ] دیکھئے "قصاب"
قَصَبات : [ع امذ] دیکھئے "قصبہ" جس کی یہ جمع ہے۔
قَصباتی : [ا رصت] دیکھئے "قصبہ" جس سے یہ منسوب ہے
قَصبہ : [ع امذ] چھوٹا شہر۔ شہر سے چھوٹا اور گاؤں سے بڑا۔
قَصد : [ع امذ] ارادہ۔ نیت۔ عزم ۲۔ منشا۔ مطلب۔ عندیہ۔ مقصد۔ مرضی۔ خواہش۔ ۳۔ سعی۔ کوشش۔ پیش قدمی۔ اقدام۔
قصد رکھنا : [ا رمحاورہ] ارادہ رکھنا۔ نیت رکھنا۔
قصد کرنا : [ا رمحاورہ] ارادہ کرنا۔ نیت کرنا۔ دل میں ٹھاننا۔
قَصداً : [ع متعلق فعل] ارادہ کر کے۔ جان بوجھ کر۔ دیدہ دانستہ۔
قَصر : [ع امذ] محل۔ ایوان۔ حویلی۔ مکان ۲۔ کمی۔ تخفیف۔ اختصار ۳ (مث) وہ نماز جو حالتِ سفر میں مقررہ رکعتوں سے کم پڑھی جائے۔
قِصَص : [ع امذ] دیکھئے "قصہ" جس کی یہ جمع ہے۔
قُصور : [ع امذ] ۱۔ قصر کی جمع ۲۔ بھول چوک۔ خطا۔
قصور کرنا : [ا رمحاورہ] خطا کرنا۔ غلطی کرنا۔
قصور معاف : [ا رروزمرہ] گستاخانہ گفتگو کی تلافی کے لئے بولتے ہیں۔
قصور مند [صف صت] تقصیروار۔ گنہگار۔ خطاوار۔
قصور وار [صف صت] خطا کرنے والا۔ گنہگار۔
قصور ہونا : [ا رمحاورہ] خطا سرزد ہونا۔
قِصّہ : [ع امذ] کہانی۔ داستان۔ افسانہ۔ حکایت ۲۔ ذکر۔ بیان ۳۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ قضیہ۔ بکھیڑا۔
قصہ انفصال ہونا : [ا رمحاورہ] جھگڑا۔ ٹنٹا۔ لڑائی ختم ہونا۔ بکھیڑا چکنا۔
قصہ بڑھانا : [ا رمحاورہ] جھگڑے کو طول دینا۔ بات بڑھانا۔
قصہ پاک کرنا : [ا رمحاورہ] جھگڑا طے کرنا۔ فیصلہ چکانا۔ قتل کرنا۔ مار نا ۳۔ قرضہ صاف کرنا۔
قصہ تمام کرنا : [ا رمحاورہ] داستان پوری کرنا ۲۔ کام تمام کرنا۔ مار ڈالنا۔
قصہ تمام ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قصہ تمام کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قصہ چکانا : [ا رمحاورہ] جھگڑے کا فیصلہ کر دینا۔
قصہ چکنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قصہ چکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قصہ چھڑنا : [ا رمحاورہ] ذکر شروع ہونا۔ جھگڑے کی بات نکلنا۔
قصہ چھیڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قصہ چھڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قصہ خواں رگو : [صف صت] داستان گو۔ کہانی کہنے والا۔
قصہ خوانی رگوئی : [صف امث] دیکھئے "قصہ خواں رگو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قصہ دراز : [صف امذ] لمبی کہانی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
قصہ رہنا : [ا رمحاورہ] جھگڑا قائم رہنا۔
قصہ زمین بر سر زمین : [ا ن مثل] معاملے کا فیصلہ موقع پر ہونا چاہئے۔
قصہ طے ہونا : [ا رمحاورہ] جھگڑا چکنا۔

قَضیۂ فساد: [عف امذ] جھگڑے کا بکھیڑا۔
قضیہ فیصل کرنا: [ا رمحاورہ] جھگڑا چکانا ۲۔ کام تمام کرنا۔
قضیہ فیصل ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضیہ فیصل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قضیہ کا گھر: [ا رامذ] فساد کی جڑ۔
قضیہ کرنا: [ا رمحاورہ] جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔ فساد کرنا۔
قضیہ کوتاہ / مختصر: [ع متعلق فعل] الغرض۔ مختصر یہ کہ۔ پس۔ فقط۔ الحاصل۔
قضیہ کوتاہ / مختصر کرنا: [ا رمحاورہ] بات چھوٹی کرنا۔ قضیہ چکانا۔ جھگڑا طے کرنا۔
قضیہ کوتاہ / مختصر ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضیہ کوتاہ / مختصر کرنا" جسکا یہ لازم ہے۔
قضیہ کہانی: [ا رامث] افسانہ و حکایت۔ ذکر اذکار۔ فضول باتیں۔ بے اصل بات۔
قضیہ کھڑا کرنا: [ا رمحاورہ] فساد برپا کرنا۔ جھگڑا اٹھانا۔
قضیہ کھڑا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضیہ کھڑا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قضیہ کہنا: [ا رمحاورہ] پرانی داستان سُنانا۔ مصیبت کی کہانی سنانا۔
قضیہ گیا: [ا رمحاورہ] جھگڑا رفع ہوا۔ بات ختم ہوئی۔
قضیہ لے بیٹھنا: [ا رمحاورہ] بے موقع تذکرہ شروع کر دینا۔ فضول ذکر کرنا۔
قضیہ مول لینا: [ا رمحاورہ] جھگڑا خریدنا۔ جان کو روگ لگانا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔
قضیہ میں پڑنا: [ا رمحاورہ] جھگڑے میں پڑنا۔
قضیہ نکالنا: [ا رمحاورہ] جھگڑا نکالنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔
قضیہ نکلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضیہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قضیہ ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضیہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قضیہ یکسو کرنا: [ا رمحاورہ] معاملہ طے کرنا۔
قضیہ یکسو ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضیہ یکسو کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قصوری: [ا رامث ق] قصور۔ کوتاہی۔ کمی۔
قَصِیدَہ: [ع امذ] نظم کی وہ قسم جس میں کسی کی تعریف یا ہجو ہو۔ اس کے پہلے دو مصرعوں اور ہر شعر کے آخری مصرعے میں قافیے کا التزام ہوتا ہے۔
قَصِیدَہ گو / نگار / نویس: [عف صف] قصیدہ لکھنے والا شاعر۔
قصیدہ گوئی / نگاری / نویسی: [عف امث] دیکھئے "قصیدہ گو / نگار / نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قَصِیر: [ع صف] پست قد۔ کوتاہ۔
قصیر النسب: [ع امذ] وہ شخص جس کے باپ کا نام لینے سے اسکا خاندان معلوم ہو۔

ق — ض

قَضَا: [ع امث] حکم خدا۔ مشیت الٰہی ۲۔ قسمت۔ نصیب۔ لکھا ۳۔ موت۔ اجل ۴۔ اختیار علاقہ ۵۔ عدالت کرنا۔ انصاف۔ عدل گستری ۶۔ قرض کی ادائیگی ۷۔ نماز جس کا وقت گزر گیا ہو ۸۔ کوئی مذہبی فرض ادا کرنا بعد اس کے کہ اس کا وقت گزر گیا ہو ۹۔ ترکوں کے ممالک میں وہ علاقہ جو کسی قائم مقام کے ماتحت ہو۔
قضا آنا: [ا رمحاورہ] موت آنا۔
قضا ادا کرنا: [ا رمحاورہ] فرض نماز کا وقت گزر جانے کے بعد پڑھنا ۲۔ جو مذہبی کام وقت پر نہ کیا گیا ہو اُسے کرنا۔
قضا ادا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضا ادا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قضا بھرنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضا ادا کرنا"
قضا پڑھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضا ادا کرنا" ۱۔
قضا پھڑپھڑاتی ہے: [ا رمحاورہ] موت قریب ہے۔
قضا ٹلنا: [ا رمحاورہ] موت سے بچ جانا۔
قضا دامن گیر ہونا: [ا رمحاورہ] موت آنا۔ موت کا پیچھے پڑنا۔
قضا دَم: [ع صف] جس کی دھار موت ہو (تلوار کی تعریف)
قضارا: [عف متعلق فعل] اتفاقاً۔ اتفاق سے۔ یکایک۔
قضارا چہ علاج / قضا سے کسی کو چارہ نہیں: [ف مثل] موت سے بچنا ممکن نہیں۔
قضا سر پر سوار ہونا: [ا رمحاورہ] شامت آنا ۲۔ موت قریب ہونا۔
قضا سر پر کھڑی ہونا: [ا رمحاورہ] مرنے کا وقت قریب ہونا۔
قضا سر پر کھیلتی ہے: [ا رمحاورہ] جب کوئی خطرناک کام کرے تو کہتے ہیں۔
قضا سر پر کھیلنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضا سر پر سوار ہونا"
قضا سے مرنا: [ا رمحاورہ] اپنی موت مرنا۔
قضا عِندَ اللہ: [ع متعلق فعل] قضارا۔
قضا کا پیغام: [ا رامذ] موت کے آثار۔
قضا کار: [عف متعلق فعل] دیکھئے "قضارا"
قضا کا سامنا: [ا رامذ] موت کا سامنا۔ سخت خطرہ۔ بے حد پریشانی۔
قضا کا سر پر پکارنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ موت قریب آنا ۲۔ شامت آنا۔
قضا کا فرشتہ: [ا رامذ] ملک الموت۔
قضا کشاں کشاں یا کھینچ کر یا گھیر کر لانا: [ا رمحاورہ] وہاں جانا جہاں کسی کی موت مقدر میں ہو۔
قضا کا مارا: [ا رمحاورہ] اجل گرفتہ۔ اجل رسیدہ ۲۔ شامت زدہ۔
قضا کرنا: [ا رمحاورہ] ۱۔ نماز یا کسی دوسرے مذہبی فرض کا وقت پہ ادا نہ کرنا ۲۔ مرجانا۔
قضا کوئی نہیں روک سکتا: [ا رمثل] موت ضرور آئے گی۔
قضا کے منہ میں جھونکنا: [ا رمحاورہ] خطرناک جگہ یا کام کے لئے بھیجنا۔
قضا لکھی ہونا: [ا رمحاورہ] موت کا کسی خاص طریقہ اور وقت یا جگہ پر مقرر ہونا۔
قضا نے گھر دیکھ لیا: [ا رمحاورہ مقولہ] موت کے آنے کا راستہ کھل گیا۔
قضا و قدر: [ع امث] تقدیر۔ نصیب۔ لکھا ۲۔ تقدیر کا فرشتہ ۳۔ خدا کی رضا۔ مشیت ایزدی
قضا ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قضائے الٰہی: [ع متعلق فعل] اتفاقاً و ۲۔ امث] خدا کی مرضی / کا حکم۔
قضائے الٰہی سے مرنا: [ا رمحاورہ] اپنے وقت پر مرنا۔ عمر طبعی پر پہنچ کر مرنا۔ ۲۔ خدا کے حکم سے مرنا۔
قضائے حاجت: [ع امث] پاخانہ پھرنا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
قضائے خدا: [ع امث] مشیت ایزدی۔
قضائے عمری: [ع امث] قضا شدہ نمازوں کے عوض ہر نماز کے ساتھ جو زائد نماز پڑھی جائے۔
قضائے کار: [عف متعلق فعل] اتفاقاً۔
قضائے مبرم: [ع امث] یقینی یا نہ ٹلنے والی موت ۲۔ نہ ٹلنے والا حکم۔
قضائے معلق: [ع امث] وہ قضا جو کسی تدبیر سے ٹل جائے۔
قضائے ناگہانی: [ع امث] اچانک موت۔ خطرناک حادثہ۔

قضاۃ/قضات : [ع صف] قاضی کے اختیارات کام۔ عہدہ

قضاۃ/قضات : [ع امذ] قاضی کی جمع۔

قضایا : [ع امذ] جمع قضیہ کی۔ ۱۔ جھگڑے ۲۔ احکام ۳۔ خبریں ۴۔ مطالب ۵ عبارت کے جملے۔

قضیب : [ع امذ] ۱۔ ٹہنی۔ شاخ ۲۔ چھڑی ۳۔ پتلی لچکیلی تلوار ۴۔ سپاہی ۵ آلۂ تناسل (انسان یا گدھے کا)

قضیہ : [ع امذ] جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فساد ۲ معاملہ ۳۔ (منطق) جملۂ خبریہ۔

قضیہ اٹھانا : [ا رمحاورہ] جھگڑا کھڑا کرنا۔

قضیہ اٹھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضیہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قضیہ بنانا : [ا رمحاورہ] منطق کا مقدمہ/جملہ بنانا۔

قضیہ پاک کرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قصہ پاک کرنا"

قضیہ پاک ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قصہ پاک ہونا"

قضیہ جانا : [ا رمحاورہ] جھگڑا ختم ہونا۔

قضیہ چکانا : [ا رمحاورہ] جھگڑے کا فیصلہ کرنا۔

قضیہ چکنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قضیہ چکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قضیہ دلال : [ا رمحاورہ] شراتی۔ شریر۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔

قضیہ زمین بر سر زمین : [ف مثل] دیکھئے "قصہ زمین بر سر زمین"۔

قضیہ کرانا : [ا رمحاورہ] دوسروں کو لڑا دینا۔

قضیہ کرنا : [ا رمحاورہ] جھگڑا کرنا۔ بحث کرنا۔

قضیہ مٹانا : [ا رمحاورہ] جھگڑا ختم کرانا۔

قضیہ مٹنا : [ا رمحاورہ] جھگڑا ختم ہونا۔

قضیہ مول لینا : [ا رمحاورہ] خواہ مخواہ کسی جھگڑے میں پڑنا۔

قضیہ میں پڑنا : [ا رمحاورہ] جھگڑے میں پڑنا۔

قضیہ نامرضیہ : [عف امذ] وہ معاملہ یا مقدمہ جو خلاف مرضی ہو۔

ق ــــ ط

قط : [ع صف] ۱۔ کافی۔ ف کے ساتھ مل کر اردو میں فقط استعمال ہوتا ہے ۲۔ قلم کی نوک کر کاٹنا۔ کاٹنا۔

قط دینا/رکھنا : [ا رمحاورہ] قلم کی نوک قط گیر پر رکھ کر کاٹنا، منحوس سمجھا جاتا ہے۔

قط زن/گیر : [عف امذ] وہ چپٹی چیز جس پر رکھ کر قلم کو قط لگاتے ہیں۔

قط لگانا : [ا رمحاورہ] قلم کی نوک کا قط گیر پر رکھ کر کاٹنا۔

قط لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قط لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قطار : [ع امث] ۱۔ صف۔ پرا ۲۔ ترتیب سلسلہ ۳۔ شمار گنتی ۴۔ اس طرح بندھے ہوئے اونٹ کہ ایک دوسرے کے پیچھے چلے آئیں۔

قطار باندھنا/جمانا : [ا رمحاورہ] صف باندھنا۔ پرا جمانا۔

قطار بندھنا/جمنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قطار باندھنا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے۔

قطار بندی : [عف امث] قطار باندھنے کا فعل۔

قطار در قطار : [عف متعلق فعل] صف در صف۔ صفیں بنا کر۔

قطار لڑانا : [ا رمحاورہ] ایک کھیل ۲۔ انڈے لڑانا (نوروز کے دن۔)

قطاع : [ع امذ] جمع قاطع کی۔

قطاع الطریق : [ع امذ] ڈاکوؤں/راہزنوں کا گروہ۔

قطامہ : [ع امث] ۱۔ فاحشہ۔ قحبہ ۲ پُر از شہوت عورت

قطب : [ع امذ] ۱۔ ایک ستارہ جو قطب شمالی کی طرف زمین کے محور کے سب سے پرے ہے ۲۔ زمین کے محور کے دونوں سرے ۳۔ وہ ولی جس پر دنیا کے انتظام کا مدار ہے ۴۔ سردار قوم جس پر کسی کام کا مدار ہو ۵۔ کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ دھرا ۶۔ افضل۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔

قطب جنوبی : [ع امذ] زمین کے محور کا جنوبی سرا۔

قطب سما/سماوی : [ع امذ] آسمان کا محور۔

قطب شمالی : [ع امذ] زمین کے محور کا شمالی سرا۔

قطب فلک رسالت : [ع امذ] پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔

قطب مینار : [عف امذ] ایک مینار جسے قطب الدین ایبک نے پرانی دہلی (مہرولی) میں مسجد کے ساتھ بنوایا تھا جو سنگ سرخ کا بنا ہوا بہت مضبوط پائیدار اور خوبصورت ہے اسکے پتھروں پر قرآنی آیات کندہ ہیں۔ اس کے مقابلے میں شمس الدین التمش نے دوسرے مینار کی بنیاد رکھی مگر نامکمل رہا یہ دونوں مینار ہندوستان میں کسی بہت بڑی وسیع و عریض مسجد کا

قطب نما : [عف امذ] ایک آلہ جس میں مقناطیس کی سوئی لگی ہوتی ہے جو ہمیشہ قطب شمالی کی طرف اشارہ کرتی ہے اس سے فضا اور سمندروں میں راستے کا پتا چلایا جاتا ہے۔

قطبی : [ع صف] ۱۔ قطب سے منسوب ۲۔ (مذ) یاقوت/زمرد کا چھوٹا نگینہ۔

قطبین : [ع امذ] قطب شمالی اور قطب جنوبی۔

قطر : [ع امذ] وہ خط مستقیم جو دائرے کے مرکز میں سے گذر کر محیط تک دونوں طرف چلا جائے یہ دائرے کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے اور سب سے بڑا خط ہے جو محیط کے دو نقطوں کو ملاتا ہے۔

قطرہ : [ع امذ] پانی یا کسی دوسری رقیق شے کی بوند۔ (۲) بہت قلیل۔

قطرہ آنا : [ا رمحاورہ] پیشاب کی بوند بلا ارادہ نکل جانا۔

قطرہ افشاں : [عف صف] قطرے چھڑکنے والا۔

قطرہ افشانی : [عف امث] دیکھئے "قطرہ افشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

قطرہ زن : [عف صف] دوڑنے والا۔ تیز رو۔

قطرہ زنی : [عف امث] دیکھئے "قطرہ زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قطرہ قطرہ : [ع متعلق فعل] تھوڑا تھوڑا کرکے۔

قطرہ قطرہ جمع گردد وانگہے دریا میشود/قطرہ قطرہ دریا ہو جاتا ہے/قطرہ قطرہ مے شود دریا : [ف مثل] تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے۔

قطع : [ع امذ] ۱۔ طور/طریق۔ انداز ۲۔ تراش۔ بیونت۔ کاٹ چھانٹ۔ ۳۔ شکل۔ صورت۔ وضع ۴۔ حصہ ۵۔ توڑنا ۶۔ روکنا۔ دخل دینا ۷۔ کاٹنا ۸۔ سفر کرنا۔

قطع بُرید : [عف امث] دیکھئے "قطع و برید"

قطع بنانا : [ا رمحاورہ] انداز اختیار کرنا۔ صورت یا شکل بنانا۔

قطع بننا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قطع بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قطع تعلق : [ع امذ] کچھ علاقہ یا غرض نہ رکھنا۔ تعلق چھوڑنا (افعال: کرنا۔ ہونا)

قطع دار : [عف صف] اچھی شکل کا/کی خوش شکل۔

قطع دائرہ : [ع امذ] دائرے کا ایک حصہ یا ٹکڑا۔ وہ شکل جو محیط کے ایک ٹکڑے اور خط راست کے درمیان ہو۔

قطع راہ : [عف امذ] راہ طے کرنا۔ سفر کرنا (افعال: کرنا۔ ہونا)

قطع رحم : [ع امذ] رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنا۔

قطعِ سخن: [ع امذ] بات کاٹنا۔
قطع کرنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ چھوڑ دینا ۲۔ درزی کا کپڑا کاٹنا، تراشنا۔ گفتگو یا کلام / بات میں درمیان سے کاٹ دینا۔ بات کے بیچ میں بول پڑنا ۴۔ بسر کرنا۔ گزارنا۔
قطعِ کلام: [ع امذ] بات کاٹنا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
قطعِ کلامی: [ع امث] دیکھئے "قطعِ کلام"
قطعِ مراحل مسافت: [ع امذ] سفر کرنا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
قطعِ نظر: [ع متعلق فعل] اس کے سوا۔ تاہم۔ اس پر بھی۔
قطعِ نظر کرنا: [ا ر محاورہ] خیال چھوڑ دینا۔ ذکر نہ کرنا (کسی خبر کا)
قطع و بُرید: [عف امث] درزی کا کپڑوں کی کاٹ چھانٹ کرنا ۲۔ کاٹ چھانٹ / کتر بیونت / تراش خراش۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
قطع ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قطع کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قطعاً: [ع متعلق فعل] اصلاً۔ ہرگز۔ بالکل۔ یقیناً۔
قطعات: [ع امذ] جمع قطعہ کی۔
قطعہ: [ع امذ] دو بیت یا زیادہ جن کا مضمون ایک ہی ہو اور آخیر مصرعے ہم قافیہ ہوں ۲۔ ٹکڑا یا حصہ ۳۔ زمین کا علاقہ، خطہ ۴۔ پرچہ۔
قطعہ بند: [عف امذ] وہ اشعار جن کے معانی بغیر دوسرے شعر کے ملائے تمام نہ ہوں۔
قطعی / قطعی: [ع صف] ۱۔ ناطق۔ کامل۔ اخیر ۲۔ یقینی ۳۔ مکمل۔ بالکل ۴۔ بالمقطع ۵۔ (امث) درزی کا گز۔
قطعیات: [ع امث] قطعیت کی جمع ۲۔ وہ امور جن میں شک و شبہ نہ ہو۔
قطمیر: [ع امذ] وہ باریک جھلی جو کھجور کی گٹھلی پر ہوتی ہے ۲۔ اصحاب کہف کا کتا ۳۔ کنایۃً چھوٹا۔ ادنیٰ، حقیر شے۔
قطن / قطن: [ع امذ] روئی۔ کپاس۔
قطنی: [ع صف] روئی کا بنا ہوا۔

ق ــــ ع

قعب: [ع امذ] ۱۔ پیالہ ۲۔ قاب ۳۔ کسی بات کا خفیہ مطلب۔
قعدہ: [ع امذ] بیٹھنا۔ نماز میں التحیات پڑھنے کے لئے دو زانو بیٹھنا ۲۔ بیٹھک۔
قعر: [ع امذ] گہرائی (کنویں یا دریا کی) ۲۔ بڑا گڑھا
قعرِ دریا: [ع ف امذ] دریا یا سمندر کی گہرائی۔
قعرِ مذلّت: [ع امذ] انتہائی ذلت۔
قعود: [ع امذ] دیکھئے قعدہ

ق ــــ ف

قفا: [ع امث] گردن کا پچھلا حصہ۔ سر کا پچھلا حصہ۔ گدی ۲۔ پیچھے، کسی چیز کا پچھلا حصہ۔
قفائے فلک: [ع امذ] حادثات جو ستاروں کی گردش سے ہوتے ہیں۔
قفس: [ع امذ] ۱۔ پنجرا ۲۔ پھندا۔ جال ۳۔ بدن، قالب خاکی ۴۔ قید خانہ۔
قفل: [ع امذ] وہ لوہے کا آلہ جس سے دروازوں، صندوقوں کو بند کرتے ہیں جو بغیر چابی کے کھل نہیں سکتا۔
قفلِ ابجد: [ع امذ] حروف / ابجد کے ملانے سے بغیر چابی کے کھلنے والا قفل
قفل بند: [عف صف] وہ جس کو قفل لگا ہوا ہو۔
قفل بند کرنا: [ا ر محاورہ] کسی چیز کو تالا لگانا۔
قفل بند ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قفل بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قفل توڑنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ تالے پر کوئی چیز مار کر اس کو کھولنا ۲۔ بغیر چابی کے تالہ کھولنا ۳۔ چوری کرنا۔
قفل ٹوٹنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قفل توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قفل جڑ دینا / جڑنا: [ا ر محاورہ] تالا لگانا۔
قفل جھوٹا ہونا: [ا ر محاورہ] تالے کا ناقص ہونا جو بغیر کنجی / چابی بھی کھل جائے۔
قفل رہن ہونا: [ا ر محاورہ] منہ بند کرنا۔
قفل دینا: [ا ر محاورہ] کسی چیز کو تالا لگانا۔
قفل کھلنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ چابی سے تالے کا کھولا جانا ۲۔ رکاوٹ دور کرنا
قفل کھولنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قفل کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قفل لگانا: [ا ر محاورہ] تالہ لگانا۔ قبضہ کرنا۔
قفل لگنا: [ا ر محاورہ] تالہ لگنا ۲۔ خاندان کے سب آدمیوں کا مر جانا۔
قفل میں بند کرنا: [ا ر محاورہ] حوالات میں دینا۔ مقفل کرنا۔
قفل میں بند ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قفل میں بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قفلی: [ع امث] وہ سانچا جس میں برف سے دودھ وغیرہ جماتے ہیں ۲۔ وہ دودھ وغیرہ جو ایسے سانچے میں ڈالا جائے اور جمایا جائے ۳۔ حقے کا وہ حصہ جو دوسرے میں پھنس جاتا ہے ۴۔ سالن بند کرنے کا برتن ۵۔ کھیر یا فرنی کی پیالی دوسری پر رکھی ہوئی ۶۔ نمش کا پیالہ ۷۔ پہلوانوں کا ایک پیچ ۸۔ دیکھئے قفلیاں معہ مرکبات۔
قفلیاں: [ع امث] دیکھئے "قفلی" جس کی یہ جمع ہے۔
قفلیاں جمانا: [ا ر محاورہ] سانچوں میں دودھ وغیرہ ڈال کر برف کی مدد سے منجمد کرنا۔
قفلیاں جمنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ دیکھئے "قفلیاں جمانا" جس کا یہ لازم ہے ۲۔ سردی سے منجمد ہونا۔ سخت سردی ہونا۔
قفلیاں کھانا: [ا ر محاورہ] قفلی میں، دودھ وغیرہ جما ہوا۔ کھانا۔
قفلیاں لگ جانا: [ا ر محاورہ] دو چیزوں میں ایسا پیچ پڑ جانا کہ کھل نہ سکے۔

ق ــــ ق

ققنس: [یو۔ امذ] ایک خیالی پرندہ جس کی نسبت مشہور ہے کہ ہر قسم کا راگ گاتا ہے اس کی چونچ میں تین سو ساٹھ سوراخ ہوتے ہیں۔ جب مرنے کے قریب ہوتا ہے تو سوکھی لکڑیاں جمع کرکے ان میں بیٹھ کر دیپک راگ گاتا ہے جس سے لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے اور خود جل کر مر جاتا ہے۔ جب کبھی مینہ برستا ہے تو راکھ سے انڈا پیدا ہوتا ہے اور اس انڈے سے پھر دوسرا ققنس پیدا ہوتا ہے۔

ق ــــ ل

قُل: [ع امذ] صیغہ امر بمعنی کہہ (اعلان کر)، فاتحہ، سوم۔ تیجا۔ ختم۔ پھول ۲۔ قرآن مجید کی چار صورتیں۔ سورہ اخلاص۔ سورہ فلق۔ سورہ الناس۔ سورہ الکافرون انہیں چار قل

کہتے ہیں اور یہ فاتحہ میں بھی پڑھی جاتی ہیں۔ ۴۔ کنایۃً۔ خاتمہ۔ کام تمام ہونا۔ جان نکل جانا۔

قُل آعُوذی / آعُوذیہ: [ع امذ] نیاز فاتحہ پر لیسرا اوقات کرنے والے کی تحقیر کیلئے مستعمل ہے۔

قُل پڑھنا: [ارمحاورہ] ختم پڑھنا۔ فاتحہ پڑھنا ۲۔ قل ہو اللہ پڑھ کر پھونکنا۔ دم کرنا۔

قُل کرنا: [ارمحاورہ] کام تمام کرنا ۲۔ انتظار کراتے کراتے تھکا دینا۔

قل کے ڈھیلے: [ارامذ] دفن کرنے کے بعد ڈھیلوں پر قل ہو اللہ پڑھ کر ان سے قبر بند کرنا۔

قُل ہو اللہ پڑھنا: [ارمحاورہ] سورہ اخلاص پڑھنا ۲۔ بہت بھوک لگنا۔

قل ہونا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قلا: [ارامث] ہندی "کلا" کا بگاڑ۔ بازی گر کی وہ حرکت جس سے وہ سر نیچا اور ٹانگیں اوپر کرکے سر کے بل اُلٹ جاتا ہے۔

قلابازی: [ارامث] کرتب۔ کھیل۔ سر کے بل اُلٹ جانے کا کھیل (افعال: کھانا)

قلاب / قلابہ: [ع امذ] آنکڑا۔ مچھلی پکڑنے کا آنکڑا یا کانٹا۔ ۲۔ کنڈا۔ کنڈی، کڑی۔ حلقہ۔

قلابین: [ع امذ] کنایۃً خطوط واحداق۔

قلاجنگ: [ت امذ] کشتی کا ایک داؤ جس میں داہنی بازو اور داہنی ٹانگ کو پکڑ کر پھینک دیتے ہیں

قلاچ: [ارمث] دیکھئے "قلاش"

قلادہ: [ع امذ] گلوبند۔ گلے کا پٹا ۲۔ کتے وغیرہ کا پٹا۔

قلاور: [ت امذ] وہ عصا بردار سپاہی جو بادشاہوں کی سواری کے آگے چلتا تھا۔

قلاش: [ت صف] مفلس۔ غریب۔ کنگال ۲۔ بے غیرت۔ ٹھگ۔ شہدا۔

قلانا: [ارمص] آواز کسنا۔ بنانا۔ مذاق کرنا۔

قلاقند: [ارامذمث] ایک قسم کی مٹھائی۔

قلانچ: [ارامث] چوکڑی۔ زقند۔ جست۔ پھلانگ۔

قلانچ مارنا: [ارمحاورہ] پھلانگیں لگانا۔ فاصلے سے قدم رکھنا۔

قلانچیں بھرنا / لگانا: [ارمحاورہ] قلانچیں لگانا۔ زقندیں بھرنا۔

قلب: [ع امذ] دل ۲۔ ہر چیز کا درمیان ۳۔ لشکر کا درمیانی حصہ۔ وسط ۴۔ کسی چیز کو الٹا کر دینا ۵۔ اُلٹا ۶۔ کھوٹی چاندی یا سونا۔ کھوٹا سکہ۔

قلب چاک ہونا: [ارمحاورہ] سخت روحانی صدمہ ہونا۔

قلب ساز: [عف صف] کھوٹا اور جعلی سکہ بنانے والا۔

قلب سازی: [عف امث] دیکھئے "قلب ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قلب گاہ: [ت امذ] وہ جگہ جہاں درمیانی فوج کھڑی ہوتی ہے۔

قلب ماہیت: [ع امذمث بترکیب فارسی] اصلیت بدل جانا۔

قلب مکان: [ع امذ بترکیب فارسی] الٹ پھیر جگہ ۲۔ (صف) جگہ بدلنے والا جیسے بلبلے والا

قلب مکدر ہونا: [ارمحاورہ] دل میں ملال ہونا۔ رنج ہونا۔

قلبانہ: [ت امذ] قوالی سے ملتا جلتا گانا یا گانے کا انداز جو امیر خسروؒ کی ایجاد ہے۔

قلبہ: [ع امذ] ہل

قلبہ ران: [عف صف] ہل چلانے والا۔

قلبہ رانی: [عف امث] ہل چلانے کا فعل یا کام۔

قلبی: [ارصف] دلی۔ جانی ۲۔ کھوٹا۔ جعلی ۳۔ اُلٹا کیا ہوا۔

قلپاق: [ت امذ] ایک قسم کی اونچی ٹوپی۔

قلت: [ع امث] کمی۔ کمیابی۔ توڑا۔

قلتبان: [ت امذ] دیوث۔ بھڑوا۔ نرم ساق ۲۔ وہ آدمی جو اپنی عورت کو دوسرے شخص کے پاس دیکھے مگر بُرا نہ محسوس کرے۔

قلتبانی: [ت امث] دیکھئے "قلتبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قلتین: [ع امذ] پانی کے ایسے دو ظرف جن میں دس دس من پانی آ جاسکے ۲۔ (ار) ناپاک نجس ۳۔ کنایۃً۔ کسبی۔ فاحشہ۔

قلتین کرنا: [ارمحاورہ] پانی وغیرہ کو ناپاک کرنا۔ نجس کرنا۔ گندہ کرنا۔ پانی میں ہاتھ ڈالنا۔

قلچاق: [ت امذ] آہنی دستانہ جو فوج کے لوگ پہنتے ہیں۔

قلزم: [ع امذ] وہ بحیرہ جو عرب اور مصر کے درمیان واقع ہے۔ کنایۃً گہرا سمندر۔

قلع: [ع امذ] گرانا۔ ڈھانا۔ مسمار کرنا۔ بیخ کنی۔

قلع قمع: [ع امذ] توڑ پھوڑ۔ مسماری۔ انہدام۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

قلعہ: [ع امذ] وہ مضبوط اور سنگین عمارت جس میں بادشاہ، حاکم یا فوج رہے۔ گڑھی حصار ۲۔ شطرنج میں بادشاہ کو اس طرح گوشے میں رکھنا کہ مہرے اسے بچانے کے لئے سامنے آجائیں ۳۔ ایک قسم کی آتش بازی ۴۔ قلعہ کی فوج۔

قلعہ اکھاڑنا: [ارمحاورہ] قلعہ مسمار کرنا۔

قلعہ اکھڑنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قلعہ اکھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قلعہ باندھنا: [ارمحاورہ] چاروں طرف ٹاٹ کے بورے رکھ کر حصار تیار کرنا۔ گھیرا بنانا۔ ۲۔ فوج کا حصار باندھ کر کھڑا ہونا ۳۔ شطرنج کے مہروں کو بادشاہ کے آس پاس رکھنا۔

قلعہ بغداد: [ع امذ] پیٹ۔ شکم (ربطیوں کی اصطلاح میں)

قلعہ بنانا: [ارمحاورہ] قلعہ تعمیر کرنا ۲۔ کسی جگہ کو ایسا مستحکم کرنا کہ بیرونی حملہ نہ ہو سکے۔

قلعہ بند: [عف صف] قلعہ میں پناہ لینے والا۔

قلعہ بندھنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قلعہ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قلعہ بننا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قلعہ بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قلعہ دار: [عف صف] محافظ قلعہ۔ قلعہ کا افسر۔

قلعہ داری: [عف امث] قلعہ دار کا کام یا عہدہ۔

قلعہ سر کرنا: [ارمحاورہ] قلعہ فتح کرنا۔

قلعہ شکن: [عف صف] قلعہ توڑنے والا۔

قلعہ شکن توپ: [عف امث] بڑی توپ جس کے گولوں سے قلعہ کی دیواریں ٹوٹتی ہیں۔

قلعہ کشا: [عف صف] قلعہ فتح کرنے والا۔

قلعہ کشائی: [عف امث] دیکھئے "قلعہ کشا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قلعہ لڑنا: [ارمحاورہ] کنایۃً قلعہ کی فوج کا لڑنا۔

قلعی: [ع امذ] رانگ۔ رانگا ۲۔ ملمع۔ گلٹ۔ مکان پر پھیرنے کی سفیدی ۳۔ روغن۔ وارنش ۴۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ

قلعی اُتارنا: [ارمحاورہ] ملمع دور کرنا۔ اصل حقیقت واضح کر دینا۔

قلعی اُتر جانا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قلعی اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قلعی اُڑ جانا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قلعی اُتر جانا"

قلعی پھرنا: [ارمحاورہ] سفیدی ہونا۔ ملمع ہونا۔

قلعی پھروانا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قلعی پھرنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

قلعی پھیرنا: [ارمحاورہ] سفیدی کرنا۔

قلعی چڑھانا: [ارمحاورہ] ملمع کرنا۔ سفیدی کرنا۔

قلعی دار: [عف صف] وہ برتن جس پر قلعی ہو۔

قلعی کا چُونا: [ا ر محاورہ] پتھر کا چونا۔ سفیدی۔
قلعی کا کُشتہ: [ا ر امذ] رانگ کا کُشتہ۔ پھُنکا ہوا۔
قلعی کرنا: [ا ر محاورہ] برتنوں پر رانگ چڑھانا ۲۔ سفیدی کرنا۔ سفیدی پھیرنا۔ چمکانا۔
قلعی کھُل جانا / کھلنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ ملمع اتر جانا۔ برتن کی اصل حالت نظر آنا۔ ۲۔ حقیقت ظاہر ہونا۔ اصلیت ظاہر ہونا۔
قلعی کھولنا: [ا ر محاورہ] راز ظاہر کرنا۔ چھپا ہوا عیب ظاہر کرنا۔
قلعی گر: [عف صف] برتنوں پر قلعی کرنے والا۔
قلف: [ا ر امذ] دیکھئے "قفل" جو صحیح ہے۔
قلفا: [ا ر امذ] دیکھئے "خرفہ" جو صحیح ہے۔
قلفہ: [ع امذ] عضو تناسل کا سر بطیر ختنہ کئے ہوئے۔
قلفی: [ا ر امث] دیکھئے "قفلی" جو صحیح ہے۔
قلق: [ع امذ] اضطراب، بیقراری، بے چینی، رنج، گھبراہٹ ۲۔ سوچ، فکر ۳۔ حسرت، افسوس، دُکھ۔
قلق جانا: [ا ر محاورہ] رنج دُور ہونا۔
قلق رہنا: [ا ر محاورہ] رنج رہنا۔ افسوس رہنا۔
قلق گزرنا / ہونا: [ا ر محاورہ] ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ رنج ہونا۔ افسوس ہونا۔
قلقاری: [ا ر امث] بے زبان بچوں کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو۔
قلقاریاں مارنا: [ا ر محاورہ] شیر خوار بچے کا آواز کے ساتھ ہنسنا۔
قلقل: [ع امذ، مث] صراحی یا بوتل وغیرہ سے شراب نکلنے کی آواز۔
قلم: [ع امذ] خامہ۔ کلک۔ لکھنے کا آلہ ۲۔ مصوری یا رنگ سازی کا برش ۳۔ حکومت، فرمانروائی ۴۔ (صف) بریدہ کاٹا ہوا ۵۔ (مث) کاٹی ہوئی ہری شاخ جو زمین میں پودا تیار کرنے کو لگاتے ہیں۔ گلاب کی قلم۔ آم کی قلم ۶۔ کنپٹی کے اوپر کے چھوٹے بال ۷۔ شاخ۔ ٹہنی جو ایک درخت سے کاٹ کر دوسرے درخت میں لگائی جائے ۸۔ سینگ۔ قرن۔ ۹۔ سلاخ۔ کسی چیز کا لمبا ٹکڑا مثلاً شورے کی قلم ۱۰۔ ایک قسم کی آتشبازی پھلجھڑی ۱۱۔ شیشے یا بلور کا تراشا ہوا لمبا ٹکڑا ۱۲۔ پتلی لمبی اور چھوٹی شیشی جس میں شراب یا عطر رکھتے ہیں ۱۳۔ گائے، بکری کی پنڈلی کی ہڈی ۱۴۔ سر کے بالوں سے نیچے کانوں کے برابر ڈاڑھی اور کے بال۔
قلم اُٹھا کر لکھنا: [ا ر محاورہ] قلم برداشتہ لکھنا۔ بے ساختہ اور بے تکلف لکھنا۔ بے سوچے جلدی جلدی لکھنا۔ گھسیٹ دینا۔
قلم اٹھانا: [ا ر محاورہ] لکھنے کا ارادہ کرنا۔
قلم انداز کرنا: [ا ر محاورہ] لکھنے میں چھوڑ جانا۔
قلم انداز ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قلم انداز کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قلم برداشتہ لکھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قلم اٹھا کر لکھنا"
قلم بنانا: [ا ر محاورہ] ۱۔ قلم تراشنا۔ قلم چھیل کر لکھنے کے قابل کرنا۔ ۲۔ کنپٹی کے اوپر کے بال کو درست کرنا ۳۔ ایک خاص قسم کی سلائی کرنا۔ خط درست کرنا۔
قلم بند: [عف امذ] ۱۔ لکھا ہوا مرقوم ۲۔ بے شمار۔ بے گنتی ۳۔ داخل شدہ ۴۔ گنتی کے مطابق۔
قلم بند جھوک / ر گالیاں: [ا ر امذ، مث] اَن گنت گالیاں۔ بے شمار گالیاں۔
قلم بند سنانا: [ا ر محاورہ] بے حساب گالیاں دیں۔ خوب گالیاں دینا۔
قلم بند کرنا: [ا ر محاورہ] درج کرنا۔ لکھ لینا۔ نوٹ کر لینا۔ کتاب یا رجسٹر پر چڑھانا۔
قلم بند ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قلم بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قلم پاک: [عف امذ] قلم پونچھنے اور صاف کرنے کا کپڑا۔
قلم پکڑنا نہیں آتا: [ا ر محاورہ] لکھنا نہیں آتا۔

قلم پھر جانا: [ا ر محاورہ] حکم ہو جانا۔
قلم پھیر دینا: [ا ر محاورہ] مٹا دینا۔ کاٹ دینا۔ گناہوں سے درگزر کرنا۔
قلم پھیرنا: [ا ر محاورہ] استاد کے لکھے ہوئے حرفوں پر قلم پھیرنا۔
قلم تراش: [عف امذ، مث] قلم بنانے کا چاقو۔
قلم توڑ دینا / توڑنا: [ا ر محاورہ] ایسی نظم یا نثر لکھنا کہ مقابل میں کوئی قلم نہ اٹھا سکے۔
قلم تیز کرنا: [ا ر محاورہ] جلدی لکھنا۔ لکھنے کی مشق بڑھانا۔
قلم جاری رہنا / ہونا: [ا ر محاورہ] قلم کو حرکت دینا۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔ حکم دینا۔
قلم چلانا: [ا ر محاورہ] قلم کو حرکت دینا۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔ حکم دینا۔
قلم چلنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قلم چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قلمدان: [عف امذ] ۱۔ قلم دوات رکھنے کا چھوٹا سا بکس ۲۔ کنایۃً عہدہ۔ منصب۔
قلمدان دینا / عنایت کرنا: [ا ر محاورہ] عہدہ دینا۔ وزیر بنانا۔
قلم دشمن کے ہاتھ میں ہونا: [ا ر محاورہ] مخالف کو فیصلہ کرنے کا اختیار ہونا۔
قلمرو: [عف امذ] سلطنت۔ حکومت۔ ریاست۔ عملداری۔
قلم روشن رہے: [ا ر کلمہ دعا] حکومت چلتی رہے۔ حکم جاری رہے۔
قلم زد کرنا: [ا ر محاورہ] کسی چیز کو مٹا دینا۔ قلم پھیر دینا۔ کسی چیز کو کاٹ دینا۔
قلم زد ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قلم زد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قلم زن / قلمزن: [عف امذ] لکھنے والا۔ محرر۔ کاتب۔ نقاش۔
قلم سرب / سرمہ / فرنگی: [عف امث] پنسل۔
قلم سینہ چاک: [عف امث] نیزے کا قلم۔ کیونکہ اس کے بیچ میں شگاف دیا جاتا ہے۔
قلم فولاد: [عف امذ] لوہے کا قلم۔ وہ قلم جس کے آگے نب لگی ہوتی ہے۔
قلم قتلے: [ف امذ] قلم کے تراشے ۲۔ کنایۃً مختلف مضامین کے ٹکڑے، منتخب مضامین۔
قلمکار: [عف امذ] ۱۔ محرر۔ منشی ۲۔ نقاش۔ مصور ۳۔ مہر کن ۴۔ ایک قسم کا بافتہ جس پر رنگ برنگ کے نقش و نگار ہوتے ہیں۔
قلمکاری: [عف امث] دیکھئے "قلمکار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قلم کا یاری دینا: [ا ر محاورہ] لکھنے کی قدرت ہونا۔
قلم کان پر رکھنا: [ا ر محاورہ] منشی کا قلم کو کان اور سر کے درمیان میں پھنسانا۔ منشی عموماً ایسا کرتے ہیں۔
قلم کرنا: [ا ر محاورہ] کسی عضو کا کاٹنا۔ درخت کی ٹہنیاں کاٹنا / چھانٹنا۔
قلم کروانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "قلم کرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قلمکش: [عف صف] قلم چلانے والا۔ لکھنے والا۔ کاتب۔ صاحب قلم۔
قلمکشی: [عف امث] لکھنا۔ قلم کھینچنا۔
قلم کشیدہ: [عف صف] کٹا ہوا۔ بریدہ۔
قلم کھینچنا: [ا ر محاورہ] ۱۔ قلم زد کرنا۔ ۲۔ لکھنے سے باز رہنا۔
قلم لکھنے سے قاصر ہونا: [ا ر محاورہ] لکھا نہ جا سکنا۔
قلم لگانا: [ا ر محاورہ] ۱۔ سبز شاخ کاٹ کر زمین میں لگانا ۲۔ ایک شاخ کا دوسری پر پیوند کرنا ۳۔ اصلاح کرنا۔
قلم لینا: [ا ر محاورہ] ۱۔ قلم لگانے کے لئے میوہ دار درخت کی شاخ لینا۔
قلم مارنا: [ا ر محاورہ] کاٹ ڈالنا۔ قلم زد کرنا ۲۔ منسوخ کرنا۔
قلم میں زور ہونا: [ا ر محاورہ] تحریر کا زوردار ہونا۔

قلم نہ اٹھا سکنا : [ا رمحاورہ] لکھ نہ سکنا۔
قلم نہ اٹھ سکنا : [ا رمحاورہ] لکھا نہ جانا۔
قلم ہاتھ میں نہ اٹھانا : [ا رمحاورہ] لکھنے کا ارادہ نہ کرنا۔
قلم ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قلموں سے لڑنا : [ا رمحاورہ] آتش بازی کی قلموں سے لڑائی کرنا۔
قلماق : [ت امذ] ترکستان کی ایک قوم جو خانہ بدوش ہے جو کھیتی باڑی نہیں کرتے اکثر شکار پر گزارہ کرتے ہیں۔
قلماقنی : [ت امذ] ۱۔ قلماق قوم کی عورت ۲۔ وہ مسلح عورت جو شاہی محلات میں سپاہیوں کی طرح پہرہ چوکی کا کام دیتی ہے۔ اُردا بیگنی۔
قلمی / قلمی : [عف صف] ۱۔ ایک قسم کی چادر جس پر سیدھی دھاریاں ہوتی ہیں ۲۔ ہاتھ کا لکھا ہوا۔ غیر مطبوعہ ۳۔ قلم سے منسوب ۴۔ قلم کے مانند لمبا ۵۔ وہ درخت اور اس کا پھل جس میں قلم لگائی گئی ہو۔
قلمی آم : [ا رامذ] پیوندی آم۔
قلمی شورہ : [ا رامذ] صاف کیا ہوا شورہ جس کی سلاخیں سی بنی ہوتی ہیں۔
قلمی کرنا : [ا رمحاورہ] لکھنا۔ تحریر کرنا۔
قلمی نسخہ : [ع امذ بہ ترکیب فارسی] ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ یا کتاب ۲۔ غیر مطبوعہ کتاب
قلمی ہونا : [ا رمحاورہ] لکھا جانا۔ تحریر ہونا۔
قلمیں بڑھانا : [ا رمحاورہ] قلموں کو لمبا کر دینا یا بڑھنے دینا۔
قلمیں بنانا : [ا رمحاورہ] کنپٹی کے بال تراشنا۔
قلمیں بننا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلمیں بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قلمیں بنوانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلمیں بنانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قلمیں تراشنا : [ا رمحاورہ] قلمیں کاٹنا۔
قلمیں ترشنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلمیں تراشنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قلمیں ترشوانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلمیں ترشنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قلمیں چھوڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلمیں بڑھانا"
قلمیں رکھنا : [ا رمحاورہ] کنپٹیوں کے بال رکھنا۔ بڑھنے دینا۔
قلمیں کاٹنا : [ا رمحاورہ] کنپٹیوں کے بالوں کو قینچی یا اُسترے سے کاٹ / مونڈ کر خوبصورت بنانا۔
قلمیں کٹنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلمیں کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قلمیں کٹوانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلمیں کاٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قلنج : [ا رامذ] قولنج کا مخرب۔
قلندر : [ت امذ] ۱۔ مسلمانوں میں فقیروں کا ایک فرقہ جو سر اور ڈاڑھی منڈواتا ہے اور بیوی بچوں کو چھوڑ کر جا بجا پھرتا رہتا ہے ۲۔ اس فرقے کا فرد ۳۔ وہ شخص جو اس قدر روحانی ترقی کر گیا ہو کہ اپنے وجود اور تعلقات سے بے خبر ہو کر خدا کی یاد میں مشغول رہے ۴۔ (صف) آزاد۔ رِندہ۔ خیمے کا قلا ۵ یا آنکڑا۔
قلندرا : [ت امذ] ۱۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۲۔ خیمہ کا قلا ہ ۳۔ ایک قسم کا چالان جو پولیس پیش کرتی ہے۔
قلندر بچہ : [ت امذ] آلہ تناسل۔
قلندر خانہ : [ت امذ] قلندروں کے رہنے کی جگہ۔
قلندر ہر چہ گوید دیدہ گوید : [ف اش] قلندر جو کچھ کہتا ہے دیکھا ہوا کہتا ہے۔ سنا ہوا نہیں کہتا ۲۔ یہ بات سنی سنائی نہیں بلکہ آنکھوں دیکھی ہے۔

قلندری : [ت امث] ۱۔ قلندر کا منصب یا کام ۲۔ ایک قسم کا خیمہ ۳۔ ایک قسم کا کپڑا۔ ۴۔ (صف) قلندر سے منسوب۔
قلوب : [ع امذ] دیکھئے "قلب" جس کی یہ جمع ہے۔
قلہ : [ع امذ] ۱۔ پہاڑ کی چوٹی ۲۔ بڑا اسبوچہ ۳۔ گھوڑے کا ایک رنگ۔ بادامی گھوڑا۔
قلہ شجرہ : [ا رامذ] (اصل کلاہ و شجرہ تھا) مال و اسباب۔ بوریا بدھنا۔
قلہ کوہ : [عف امذ] پہاڑ کی چوٹی۔
قلی : [ت امذ] ۱۔ غلام ۲۔ (ا ر) مزدور ۳۔ وہ شخص جو بوجھ اٹھانے کی مزدوری کرے۔
قلی گری / گیری : [ت ف امث] قلی کا پیشہ یا کام۔ مزدوری۔
قلیا : [ع امذ] دیکھئے "قلیہ"
قلیا : [ع امث] سُورۃ الکافرون کیونکہ یہ الفاظ قُل سے شروع ہوتی ہے۔
قلیا تمام / ختم کرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "قلیا تمام / ختم ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قلیا تمام / ختم ہونا : [ا رمحاورہ] ختم ہونا۔ تمام ہونا / مرجانا
قلیان : [ف امذ] حقہ۔ گڑگڑی۔ پیچوان۔
قلیان کشی : [ف امث] حُقّہ پینا۔
قلیب : [ع امث] ایک بحر / وزن
قلیج : [ت امث] شمشیر۔ تلوار۔
قلیل : [ع صف] ۱۔ کم۔ تھوڑا ۲۔ چھوٹا۔ چھوٹے قد کا۔
قلیل الاعتبار : [ع صف] جس کا اعتبار بہت کم ہو۔ بے اعتبار۔
قلیل البضاعت : [ع صف] وہ جس کی پونجی تھوڑی ہو۔
قلیل القامت : [ع صف] چھوٹے قد کا۔
قلیل و کثیر : [ع صف] تھوڑا بہت۔ کم و بیش۔
قلیہ : [ع امذ] سادہ گوشت گھی میں بھون کر شوربہ دار پکا ہوا ۲۔ ترکاری پڑا ہوا گوشت ۳۔ سالن گوشت۔
قلیہ بنانا / پکانا : [ا رمحاورہ] شوربہ دار گوشت پکانا۔
قلیہ چپاتی : [ا رامث] پُھلکا گوشت۔ روٹی گوشت۔

ق — م

قُم : [ع امذ۔ ا ر] ۱۔ اُٹھ ۲۔ جی اُٹھ ۳۔ اُٹھ کھڑا ہو۔
قُم باذن اللہ : [ع امذ] خدا کے حکم سے جی اٹھ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مُردوں کو یہ حکم سنا کر زندہ کیا کرتے تھے۔
قُم باذنی : [ع امذ] میرے حکم سے جی اُٹھ۔ شمس تبریزیؒ کے متعلق مشہور ہے انہوں نے یہ کلمہ کہہ کر مردہ کو زندہ کیا۔ اس وجہ سے بحکم شرع قتل کئے گئے۔
قمار : [ع امذ] ۱۔ وہ بازی جو شرط لگا کر کھیلی جائے۔ جُوا ۲۔ (صف) بدنصیب۔
قمار باز : [عف امذ] جوا کھیلنے والا۔ جواری۔
قمار بازی : [عف امث] دیکھئے "قمار باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
قمار خانہ : [عف امذ] وہ مکان جس میں جُوا کھیلا جائے۔
قمار خانہ عام : [عف امذ] (دقانون) ۱۔ وہ مکان جس میں جوا اکثر کھیلا جائے اور فال نکلتی ہو۔
قمار کاغذی : [عف امذ] تاش۔ گنجفہ۔

قماریا : [ع صف] چالاک ۔ عیار ۔
قماش / قُماش (اں) : [ع امذ] ۱۔ طرز ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۲۔ قسم ۔ نوع ۔ جنس ۳۔ گنجفہ کی ایک بازی ۴۔ ایک قسم کا ریشم کا کپڑا ۔
قمچی : [ت امث] پتلی چھڑی جو جھک جائے ۔ تازیانہ ۔ کوڑا ۔
قمچی دکھانا : [ا ر محاورہ] مارنے کی دھمکی دینا ۔
قمچی کرنا : [ا ر محاورہ] پنجہ کشوں کی اصطلاح پنجہ کرتے وقت ہاتھ کو جھٹکا دینا ۔
قمچی لگانا / مارنا : [ا محاورہ] چھڑی سے زدوکوب کرنا ۔
قمر : [ع امذ] چاند خصوصاً تیسری رات کے بعد (پہلی اور دوسری رات کا ہلال کہلاتا ہے)
قمر پیکر / چہرہ : [ع صف] خوبصورت حسین ۔
قمر شمائل / صورت : [ع صف] دیکھئے "قمر پیکر / چہرہ"
قمر خدم : [ع صف] بادشاہوں اور رئیسوں کی صفت یعنی چاند بھی جن کا خادم ہو ۔
قمر داغ : [ع ف امذ] (نجومیات) قورمہ ۔
قمر در عقرب : [عف امذ] چاند برج عقرب میں منحوس گنا جاتا ہے ۔ نحوست کا زمانہ ۔
قمر طلعت : [ع صف] حسین ۔ خوبصورت ۔
قمر محاق میں آنا : [مص مرکب] چاند کا مہینے کے آخری تین دن نظر نہ آنا ۔ متیا کی راتیں ۔
قمر نورد : [عف صف] چاند پر جانے والا ۔ چاند کی سیر کرنے والا ۔
قمر وش : [عف صف] حسین خوبصورت ۔ چاند سا ۔
قمری : [ع صف] ۱۔ چاند کا ۲۔ چاند سے منسوب ۳۔ وہ سال جو چاند کی حرکت کے مطابق ہو ۔ جیسے سنہ ہجری ۔
قمری : [ع امث] فاختہ کی قسم کا ایک پرندہ ۔ شعرا اسے سرو کا عاشق باندھتے ہیں ۔ ۲۔ کنایۃً عاشق ۳۔ ایک بھیک مانگنے والی قوم جو اپنے آپ کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے غلام قنبر کی اولاد بتاتے ہیں ۔
قمرین : [ع امذ] سورج اور چاند ۔
قمریوں کی کُوکُو : [امامث] قمری کی آواز ۔
قمع : [ع امذ] توڑنا ۔ زخمی کرنا ۔
قمقام : [ع امث] ۱۔ تلوار ۲۔ گہرا سمندر ۔ بڑا دریا ۳۔ قوم کا سردار ۔
قمقمہ : [ع امذ] ۱۔ لاکھ کا گولہ جس میں عبیر و گلال بھرتے ہیں ۲۔ شیشے کا گولہ جو زیبائش کے لئے چھتوں میں لگاتے ہیں ۔ جو مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں (افعال ؛ لگانا ۔ لٹکنا) ۳۔ چھوٹی قندیل (افعال ؛ جلنا ۔ جلانا ۔ روشن کرنا ۔ ہونا) ۴۔ بجلی کا بلب ۔
قمیض : [ع امث مذ] بغیر کلی کا کرتہ ۔ وہ کرتہ جس کے کف ہوتے ہیں ۔ کفوں اور گردن پر بٹن ہوتے ہیں ۔ بعض وقت کالر بھی ہوتا ہے ۔ کبھی الگ لگاتے ہیں اب چھوٹی بانہوں کی بھی بننے لگی ہیں ۔

ق ــــ ن

قنات : [ع امث] وہ کپڑے کی دیوار یا پردہ جو خیمہ کے چاروں طرف یا کسی جگہ کو صحن بنانے کے لئے چاروں طرف لگاتے ہیں ۔ کپڑے کی اوٹ ۔
قنات روک دینا / کھڑی کرنا / کھینچنا / لگانا : [ا ر محاورہ] کپڑے کی دیوار کھڑی کرنا ۔ چاروں طرف پردہ کرنا ۔
قنات رُکنا / کھڑی ہونا / کھنچنا / لگنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "قنات روک دینا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے ۔
قنات کی دیوار : [ا ر امث] پردے کی دیوار جو قنات کھڑی کرنے سے بن جاتی ہے ۔
قناتی : [ع صف] قنات سے گھرا ہوا ۔
قناتی مسجد : [ع امث] وہ جگہ جس کے چاروں طرف قنات کھڑی کر کے نماز پڑھتے ہیں ۔
قناد : [ع امذ] قند ساز ۔ حلوائی ۔
قنادیل : [ع امث] دیکھئے "قندیل" جس کی یہ جمع ہے (قندیلیں)
قنادیل فلک : [ع امث] کنایۃً ستارے
قناعت : [ع امث] ۱۔ جو ملے اسی پر راضی ہونا ۔ حرص سے بچا رہنا ۔ اطمینان و دلجمعی (افعال ؛ کرنا ۔ ہونا)
قناعت بڑی دولت ہے : [ا ر مثل] قانع آدمی ہمیشہ خوش رہتا ہے ۔
قناعت تونگر کند مرد را : [ف مثل] قناعت انسان کو امیر کر دیتی ہے ۔
قناعت گزیں : [عف صف] وہ جو قناعت کرے ۔
قناویز : [ا ر امذ] ایک قسم کا چمکدار اور ریشمی کپڑا ۔
قنتور : [ع امذ] ۱۔ ایک چھوٹا کرتا جس پر بٹے ہوئے دھاگے کا کام ہوتا ہو ۲۔ سرخ کپڑا جو سفری تھیلے پر چڑھاتے ہیں ۳۔ دودھ بلونے کی مٹھانی ۔
قند : [ع امذ] سفید شکر ۔ کھانڈ ۲۔ ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی ۳۔ سرخ ہلکے رنگ کا کپڑا ۔ شالباف ۴۔ (صف) نہایت شیریں ۔
قند پارسی : [ع امث] ایک قسم کی لطیف کھانڈ ۔ مصری ۔
قند گھولنا : [ا ر محاورہ] ۱۔ کھانڈ کو پانی میں حل کرنا ۲۔ شیریں سخن ہونا ۔
قند لب : [عف صف] میٹھی باتیں کرنے والا ۔
قند لبوں سے گھولنا : [ا محاورہ] شیریں سخنی کرنا ۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا ۔
قند لٹے اور کوئلوں پر مہر : [ا ر مثل] فضول خرچ بہت ہے اور معمولی باتوں میں کنجوسی کرتا ہے
قند مکرر / دوبارہ : [ع امذ] ۱۔ دو دفعہ صاف کی ہوئی کھانڈ ۲۔ عمدہ بات دوبارہ کہنا
قند مکرر کا مزہ دینا : [ا ر محاورہ] بہت مزا دینا ۔ بہت لطف دینا ۔
قند والا : [ا ر امذ] کھانڈ بیچنے والا ۔
قندک : [ف امث] معدنی لوٹین جو چوہا استعمال کرتے ہیں ۔
قندیل : [ع امث] ۱۔ ایک قسم کا شیشے کا ظرف جس میں موم بتیاں جلا کر لٹکاتے ہیں ۲۔ ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ یا لیمپ جلتے ہیں ۳۔ کاغذ یا ابرک سے منڈھا ہوا فانوس ۔
قندیل ترسا : [عف امث] وہ قندیل جو گرجوں میں ہر وقت جلتی رہتی ہے ۔
قندیل چرخ : [ع ف امث] سورج اور چاند ۔
قندیلچی : [ت امذ] وہ شخص جو مسجدوں میں چراغ جلاتا ہے ۔
قندیل شب : [عف امث] رات کی تاریکی ۔
قندیل عیسیٰ : [ع امث] سورج
قندیل فلک : [ع امث] چاند سورج اور ستارے ۔
قندیل فلک ہو جانا : [ا ر محاورہ] بہت اونچا ہو جانا ۔
قندیلا : [ع امث] کاغذ یا ابرک کا بڑا فانوس ۔
قنطار : [ع امذ] ایک وزن جو ۴۰ اوقیہ یا ۱۲۰۰ دینار کے برابر ہوتا ہے (تقریباً سوا سیر)
قنوت : [ع امث] ۱۔ ایک دعا جو عشاء کے وقت وتر نماز کی تیسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے ۲۔ خاموشی ۳۔ فرماں برداری ۔ پاک بازی ۔

قنوتِ نازلہ: [ع امث] جب اسلام اور مسلمانوں پر کہیں مظالم ہو رہے ہوں تو یہ دعا پڑھی جاتی ہے۔

قنوط: [ع امث] ناامیدی۔ مایوسی۔

قنوطی: [ع صف] مایوس' زندگی کا تاریک پہلو دیکھنے والا۔

قنوطیت: [ع امث] زندگی کا تاریک پہلو دیکھنا۔ انگریزی لفظ pessimism کا ترجمہ۔

ق ——— و

قُو: [ا امث] ا۔ ایک آواز جو کبوتر باز کبوتروں کو اڑانے کے وقت بولتے ہیں ۲۔ پیار سے بچوں کے کان میں کہہ کر ان کو چپ کرا دیتے ہیں۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

قُوا: [ع امذ] دیکھئے "قویٰ"

قَوارَہ: [ع امذ] مضبوط آدمی کی گردن اور مونڈھے۔ بدن کی مضبوطی۔ (اردو میں صرف بدقوارہ میں آتا ہے) ۲۔ ٹکڑا۔

قَوارِیر: [ع امذ] دیکھئے "قارورہ" جس کی یہ جمع ہے۔

قَواعِد: [ع امذ] دیکھئے "قاعدہ" جس کی یہ جمع ہے۔ ۲۔ سپاہیوں کا حکم پر کام کرنا۔ پریڈ۔ سپاہیوں کی ورزش۔

قواعد آنا: [ا رمحاورہ] ا۔ قاعدے یا اصول معلوم ہونا ۲۔ صرف و نحو جاننا ۳۔ سپاہیوں کو قواعد معلوم ہونا۔

قواعدِ ابتدائی: [ع امث] بچوں کی صرف و نحو کی کتاب۔

قواعد پڑھنا: [ا رمحاورہ] صرف و نحو سیکھنا۔

قواعد جاننا: [ا رمحاورہ] سپاہیوں کا قواعد (پریڈ) سے واقف ہونا۔

قواعد دان: [عف صف] ا۔ صرف و نحو جاننے والا ۲۔ سپاہیوں کی قواعد سے واقفیت۔

قواعد دان فوج: [عف امث] وہ فوج جو قواعد جانتی ہو اور حکم پر اکٹھی کام کرے۔

قواعد کرانا: [ا رمحاورہ] انسٹرکٹر کا سپاہیوں کو ورزش کی مشق کرانا۔ استاد کا قواعد سکھانا۔

قواعد کرنا: [ا رمحاورہ] سپاہیوں کا استاد کے حکم پر اکٹھے کام کرنا/ ورزش کرنا۔

قواعد گاہ: [ا امث] وہ جگہ جہاں قواعد کرائی / کی جائے (پریڈ گراؤنڈ)

قواعد لینا: [ا رمحاورہ] پریڈ یا فوجی ورزش کرانا۔ ایسا کام کرانا جس میں بار بار اٹھنا بیٹھنا پڑے۔

قواعد ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قواعد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قَوافِل: [ع امذ] دیکھئے "قافلہ" جس کی یہ جمع ہے۔

قَوافی: [ع امذ] دیکھئے "قافیہ" جس کی یہ جمع ہے۔

قَوّال: [ع امذ] ا۔ گویا جو صوفیانہ یا حقانی چیزیں گائے ۲۔ بہت بولنے والا۔

قَوّالی: [ع امث] گانے کا ایک خاص انداز۔ قوالوں کا گانا۔

قَوالِب: [ع امذ] دیکھئے "قالب" جس کی یہ جمع ہے۔

قِوام: [ع امذ] ا۔ شکر یا کھانڈ جو پانی میں گھول کر پکائی گئی ہو۔ شیرہ (افعال: بنانا، پکانا۔ تیار کرنا) ۲۔ اصل نظام ۳۔ قیام۔ ٹھہراؤ۔ سہارا۔

قَوانِین: [ع امذ] دیکھئے "قانون" جس کی یہ جمع ہے۔

قُوا/قُویٰ: [ع امذ] "قوت" کی جمع۔

قوائے انسانی: [ع امذ] انسان کی تمام قوتیں۔

قوائے حیوانی: [ع امذ] وہ طاقتیں جو انسان اور حیوان دونوں میں پائی جاتی ہیں۔ خیال ہے کہ ان کا تعلق دل سے ہوتا ہے۔ جیسے خوشی۔ غصہ۔ رنج۔ محبت۔ مگر تحقیقات جدید نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہر قوت کا تعلق صرف دماغ سے ہے اور دل صرف خون کو پمپ کرتا ہے۔

قوائے طبعی: [ع امذ] وہ قوتیں جن کے متعلق خیال ہے کہ جگر سے تعلق رکھتی ہیں۔ جو یہ ہیں جاذبہ۔ ماسکہ۔ ہاضمہ۔ دافعہ۔ مولدہ۔ نامیہ۔

قوائے نفسانی: [ع امذ] وہ قوتیں جن کے متعلق خیال ہے کہ دماغ سے تعلق رکھتی ہیں جو یہ ہیں باصرہ۔ سامعہ۔ شامہ۔ ذائقہ۔ لامسہ۔ حسِ مشترک۔ خیال۔ متفکرہ۔ حافظہ۔ واہمہ۔

قُوَّت: [ع امث] طاقت۔ مقدور۔ بل۔ مجال ۲۔ مدد۔ سہارا ۳۔ سلطنت۔ ریاست ۴۔ حس۔ تمام انسانی قوتوں کا تعلق دماغ سے ہوتا ہے۔

قوتِ ارادی: [ع امث بہ ترکیب فارسی] ارادے کی پختگی۔ ارادے کا پکا۔ will power

قوتِ آخذہ: [ع امث] دل کی طاقت۔ اخذ کرنے۔ حاصل کرنے یا کسی بات کو سمجھنے کی قوت۔

قوت آزمانا: [ا رمص مرکب] طاقت کی آزمائش کرنا۔

قوتِ بازو: [ع امذ] ا۔ بازو کی طاقت۔ زور ۲۔ بھائی۔

قوت بازو کے جوہر دکھانا: [ا رمحاورہ] کوئی طاقت کا کام کرنا جیسے شمشیر زنی۔ نیزہ بازی۔

قوتِ باصرہ: [ع امث] دیکھنے کی قوت جس سے رنگوں اور صورتوں میں تمیز ہوتی ہے۔

قوتِ باہ: [ع امث] جماع کی قوت۔ شہوت۔

قوتِ بشری: [ع امث] انسانی طاقت۔

قوتِ بشری سے خارج ہونا: [ا رمص مرکب] انسان کی طاقت سے باہر ہونا۔ انسان کے اختیار میں نہ ہونا۔

قوت پذیر: [عف صف] قوت حاصل کرنے والا۔ (افعال، ہونا)

قوت تھوڑی منزل بہت: [ا رمثل] کام مشکل ہونا۔ طاقت سے بڑھ کر۔

قوتِ جاذبہ: [ع امث] جذب کرنے / کھینچنے کی طاقت۔ یہ جانداروں کے سوا بے جان چیزوں میں بھی پائی جاتی ہے۔ مثلاً ریت۔ مٹی۔ بلاٹنگ پیپر۔ تولیہ باریک نالیوں میں ہوتی ہے۔

قوتِ جسمانی: [ع امث] طاقت۔ بل۔ زور

قوتِ حافظہ: [ع امث] یاد رکھنے کی قوت۔

قوتِ خیال: [ع امث] دیکھئے "قوتِ متخیلہ"

قوتِ دافعہ: [ع امث] ہٹانے / دور / رفع کرنے یا خارج کرنے کی طاقت جس طرح پاخانہ۔ پیشاب۔ پسینہ وغیرہ نکالنا

قوت دینا: [ا رمحاورہ] ا۔ طاقت ... یا ۲۔ مدد پہنچانا۔

قوتِ ذائقہ: [ع امث] وہ قوت جو چیزوں کا مزہ بتاتی ہے یہ زبان میں ہوتی ہے

قوتِ روحانی: [ع امث] وہ قوت جو روح میں خدا سے تعلق پیدا کرنے کی ہوتی ہے۔

قوتِ سامعہ: [ع امث] سننے کی قوت۔ وہ طاقت / حس جس سے آوازوں میں تمیز کی جاتی ہے یہ کان میں ہوتی ہے۔

قوتِ شامہ: [ع امث] سونگھنے کی قوت یہ ناک میں ہوتی ہے۔

قوتِ شہوانیہ: [ع امث] دیکھئے "قوتِ باہ"

قوتِ لامسہ: [ع امث] چھونے اور مس کرنے کی قوت' جو تمام اعضا میں پائی جاتی ہے سرِ انگشت۔ ناک اور زبان کی نوک میں بہت زیادہ ہوتی ہے۔

قوتِ ماسکہ: [ع امث] محفوظ رکھنے کی قوت۔ خصوصاً جو غذا کو معدہ میں محفوظ رکھے۔

قوتِ متخیلہ: [ع امث] وہ قوت جو محسوس چیزوں کی صورتوں کو ذہن میں محفوظ رکھے۔

قوتِ متصرفہ: [ع امث] تصرف کرنے والی قوت بعض صورتوں کو بعض معانی کے ساتھ نسبت دینے والی قوت۔

قوتِ متصورہ: [ع امث] تصور کرنے یا سوچنے کی قوت۔
قوتِ متفکرہ: [ع امث بہ ترکیب فارسی] سوچنے کی قوت۔
قوتِ محرکہ: [ع امث] حرکت کرنے کی طاقت۔
قوتِ مدرکہ: [ع امث] دریافت کرنے / معلوم کرنے کی طاقت / سمجھ۔
قوتِ معدہ: [ع امث] ہضم کرنے کی طاقت۔
قوتِ ممیزہ: [ع امث] ہر چیز کا فرق دریافت کرنے کی طاقت
قوتِ مولدہ: [ع امث] بچہ پیدا کرنے کی طاقت۔
قوتِ نامیہ: [ع امث] بڑھنے کی قوت۔
قوتِ واہمہ: [ع امث] وہ قوت جس سے انسان سوچتا ہے۔
قوتِ ہاضمہ: [ع امث] کھائے ہوئے کھانے کو تحلیل کرنے کی طاقت۔

قوت: [ع امذ] خوراک۔ کھانا۔ روزی۔
قوت بسری: [ع امث] بُرا بھلا کھا کر گزارہ کرنا۔
قوتِ لایموت: [ع امث] اس قدر خوراک جو زندگی قائم رکھنے کے لئے کافی ہو۔
قور: [ت امث] ۱۔ سلاح۔ ہتھیار۔ زرہ ۲۔ خاصے کا ہاتھی ۳۔ فیتہ جو کپڑے کے حاشیے پر لگاتے ہیں۔
قوربیگی: [ت امذ] اسلحہ خانہ کا داروغہ۔
قورچی: [ت امذ] اسلحہ بند / مسلح سپاہی۔
قورخانہ: [ت ف امذ] اسلحہ خانہ میگزین۔ وہ جگہ جہاں ہتھیار رکھے جائیں

قور: [ع امث] ناخن کی کور۔
قورول: [امامث] دیکھئے "قور" جسکی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
قورول کا پھٹنا: [ارمحاورہ] ناخنوں کی جڑ سے ریشہ نکلنا۔
قورمہ: [ت امذ] محض گوشت پکا ہوا جس میں کوئی دوسری سبزی ترکاری نہ ڈالی گئی ہو۔ مگر مصالے پڑے ہوئے ہوں۔ نان اور پلاؤ کا لازم ہے۔
قورمہ کھا لیا بُسا بھی دال سے اچھا / بہتر ہے: [ارمثل] شریف مفلس بھی کمینے سے اچھا ہوتا ہے۔
قورمہ پلاؤ اڑانا: [ارمحاورہ] دعوتیں کھانا۔ خوب کھانا پینا۔
قورمہ پلاؤ اڑنا: [ارمحاورہ] دیکھئے "قورمہ پلاؤ اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قوس: [ع امث] ۱۔ کمان ۲۔ دائرے کا وہ حصہ جو وتر اور محیط دائرے کے کسی حصے سے گھرا ہوا ہو۔ ۳۔ ایک برج آسمانی۔
قوسِ اندرونی: [ع امث] کمان کا اندرونی دائرہ۔ جوف حصہ۔
قوسِ بیرونی: [ع امث] کمان کا بیرونی حصہ۔ گنبد دار حصہ۔
قوسِ قزح: [ع امذ] کمان کی شکل جو آسمان پر بارش کے بعد کئی مختلف رنگوں میں نمودار ہوا کرتی ہے۔
قوس نما: [عف صف] قوس کی شکل کا محراب دار۔
قوسی: [ع صف] محراب دار۔
قوسین: [ع امث] "قوس" کی جمع تثنیہ ۲۔ خطوط وحدانی ( )
قول: [ع امذ] ۱۔ بات۔ مقولہ۔ کہاوت ۲۔ وعدہ۔ اقرار۔ عہد ۳۔ وہ پند و نصائح یا اشعار جو قوال گاتے ہیں ۴۔ ایک راگ جو امیر خسروؒ کی ایجاد ہے ۵۔ اقرار نامہ جس کے بموجب سرکار کو مال گزاری ادا کرتے ہیں۔
قول پر مٹھی کھلنا: [ارمحاورہ] وعدہ کرنا ۲۔ کسی بات پر رضامند ہونا۔

قول توڑنا: [ارمحاورہ] وعدہ خلافی ہونا۔ بات رد کرنا۔
قول دینا: [ارمحاورہ] وعدہ کرنا۔ عہد کرنا۔
قول سے پھرنا: [ارمحاورہ] وعدہ خلافی کرنا۔ عہد شکنی کرنا۔
قولِ صالح: [ع امذ] پختہ وعدہ۔
قولِ فیصل: [ع امذ] فیصلہ کن بات۔
قول قرار: [ع امذ] عہد و پیمان۔ (افعال، کرنا۔ ہونا)
قول قلبانہ: [ع امذ] ایک قسم کا گیت جو امیر خسروؒ کی ایجاد ہے۔
قول کا پکا / پورا: [ارصف] بات کا سچا یا پکا۔ جو کہے وہ کر دکھانے والا۔
قول کا چھلا: [ارامذ] ۱۔ ایک چھلا جس میں دو پنجے مصافحہ کرتے ہوئے ملے ہوتے ہیں۔ ۲۔ وہ چھلا جو ایک دوست دوسرے کو دے تاکہ عہد یاد رہے۔
قول کا سچا: [ارصف] دیکھئے "قول کا پکا"
قول لینا: [ارمحاورہ] اقرار یا عہد لینا۔
قولِ مرداں جان دارد: [ف مثل] ۱۔ بہادر آدمی کی بات پتھر کی لکیر ہوتی ہے ۲۔ مردوں کو بات کا پاس ہوتا ہے۔
قول نامہ: [عف امذ] اقرار نامہ۔
قول و فعل: [ع امذ] بات اور فعل۔ گفتار و کردار ۲۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریقہ۔
قول و قرار / قسم: [ع امذ] عہد و پیمان (افعال، کرنا۔ ہونا)
قول ہارنا: [ارمحاورہ] عہد کرنا۔ وعدہ کرکے اس کا پابند ہونا۔
قولنج: [ع امذ] ایک شدید درد جو پسلیوں کے نیچے ہوتا ہے۔
قولہ: [ع امذ] اس کا قول۔ اس کا کہا ہوا۔ کسی کی بات کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں۔
قوم: [ع امث] فرقہ۔ ذات ۲۔ نسل۔ خاندان ۳۔ آدمیوں کا گروہ۔
قوم آتشی / آتشیں: [عف امث] کنایۃً جن۔
قوم دار: [عف صف] اچھی نسل کا
قومہ: [ع امذ] نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا۔
قومی: [ع صف] قوم سے منسوب۔ قوم کا۔
قومیانا: [ارمص جعلی] قومی بنانا۔ قومی ملکیت میں لینا۔ انگریزی nationalise کا ترجمہ۔
قومیت: [ع امث] نسل۔ ذات۔ اصل۔
قونسل / قونصل: [ع امذ] انگریزی counsel کا معرب۔ سفیر مختار جو ایک سلطنت کا دوسری سلطنت میں رہے ۲۔ وکیل۔ مشیر قانونی۔ انگریزی میں council (۲) ۳۔ نصیحت۔ مشورہ ۴۔ مجلس شوریٰ۔
قونسل گری / قونصل گری: consulate قونسل / قونصل کا عہدہ۔

قوی: [ع صف] طاقت ور۔ توانا۔ زور آور۔ بلی ۲۔ مضبوط۔ مستحکم ۳۔ (مذ) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
قوی الجثہ / جثہ: [ع صف] موٹا تازہ۔ قوی ہیکل۔ ہٹا کٹا۔
قوی بازو / بال / پنجہ / دست: [ع صف] مضبوط۔ طاقتور۔ زور آور۔
قوی بخت: [ع صف] خوش قسمت۔
قوی تن: [ع صف] مضبوط بدن۔
قوی دل: [ع صف] بہادر۔ شجاع۔

قِرِیُ النیل: [ع ا صف] دیکھئے "قِری الجنۃ"
قِری: [ع امذ] دیکھئے "قرار/قری"

ق ــــ ہ

قَہّار: [ع صف] ا۔ بڑا قہر کرنے والا ۲۔ زبردست۔ غلبہ حاصل کرنے والا (زوج کیلئے)
۳۔ زور دار۔ تیز (دریا کے لئے) ۴۔ (مذ) خدا تعالیٰ کا نام۔
قَہّاری: [ع صف] ا۔ قہار کا۔ خدا کا۔ جیسے غضب قہاری ۲۔ "قہار" کا اسم کیفیت ہے۔
قہاقا: [ا را مذ] قہقہہ۔
قَہر: [ع امذ] ا۔ غصہ۔ غضب۔ خشم۔ ناراضگی ۲۔ جوش۔ جذبہ۔ ولولہ ۳۔ مشکل کام ۴۔ غلبہ۔ زبردستی ۵۔ بلا۔ آفت۔ مصیبت ۶۔ ظلم۔ تعدّی ۷۔ چالاک۔ آفت کا پرکالہ ۸۔ فسادی شرارتی ۹۔ تیز۔ بُرا ۱۰۔ طرح دار۔ وضعدار۔ خوبصورت۔ حسین ۱۱۔ نامناسب بات یا نقل ۱۲۔ عجب۔ انوکھا ۱۳۔ بے حد۔ بہت۔
قہر آمیز: [ع ا صف] غصے سے بھرا ہوا۔
قہر الٰہی: [ع امذ] خدا کا غضب بلائے آسمانی۔
قہر توڑنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قہر ٹوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
قہر ٹوٹنا: [ا رمحاورہ] خدا کا غضب نازل ہونا۔ آفت آنا۔
قہر ٹوٹی: [ا رصف مث] عو۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ کم بخت۔
قہر ٹوٹے: [بددعا] آفت آئے۔ مرے۔
قہر درویش بر جان درویش: [ف شل] غریب آدمی کا غصہ اپنے ہی پر ہوتا ہے۔
قہر ڈھانا: [ا رمحاورہ] کسی پر کوئی مصیبت/آفت لانا۔
قہر قیامت ہونا: [ا رمحاورہ] ا۔ شوخ ہونا ۲۔ شرارتی ہونا۔ فسادی ہونا۔
قہر کا: [ا رصف] ا۔ آفت کا بلا کا۔ غضب کا ۲۔ کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔
قہر کا سامنا: [ا رامذ] قہر کا مقابلہ۔ قہر ٹوٹنا۔ غضب کا سامنا۔
قہر کرنا: [ا رمحاورہ] ا۔ غضب کرنا ۲۔ بے جا حرکت کرنا ۳۔ ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا۔
۴۔ انوکھا کام کرنا۔
قہر کی آنکھ سے دیکھنا: [ا رمحاورہ] غصے سے دیکھنا۔
قہر نازل ہونا: [ا رمحاورہ] غضب اترنا۔
قہرناک: [ع صف] غضب ناک۔ سخت غصے ۲۔ بہت بُرا۔ بہت تیز۔
قہر و غضب سے جلا دینا: [ا رمحاورہ] غصے میں برباد کر دینا/مار ڈالنا۔
قہر ہونا: [ا رمحاورہ] آفت کا پرکالہ ہونا۔
قہراً: [ع متعلق فعل] زبردستی۔ جبر سے۔ مجبور کرکے۔
قہرمان: [ف امذ] زبردست۔ بہادر۔ شجاع جس پر کوئی فتح نہ پا سکے ۲۔ قوت۔ طاقت۔ اختیار ۳۔ بدی کی طاقت اہرمان ۴۔ حاکم۔ منتظم۔
قہری: [ع صف] غصے والا۔
قہری روزہ: [عف امذ] غصہ کی وجہ سے فاقہ کرنا۔ غصہ میں کچھ نہ کھانا۔
قہریہ: [ع صف] ظلم کے ساتھ۔ زبردستی کا۔
قہقری: [ع امث] پیچھے ہٹنے والا۔ پچھلے پاؤں چلنے والا۔
قہقہوں: [ع امذ] دیکھئے "قہقہہ" جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ صورت ہے۔
قہقہوں میں اُڑانا: [ا رمحاورہ] ہنسی میں ٹالنا۔ مضحکہ میں اڑانا۔
قہقہہ: [ع امذ] آواز سے ہنسنا۔ کھلکھلا کر ہنسنا۔ زور کی ہنسی۔
قہقہۂ شیشہ: [ع امذ] قلقل مینا۔ شراب کی بوتل کی آواز۔
قہقہۂ صبح: [ع امذ] صبح کا ہونا۔ بغیر ابر کے۔
قہقہہ کرنا: [ا رمحاورہ] قہقہہ لگانا۔
قہقہۂ گل: [عف امذ] پھول کھلنا۔
قہقہہ لگانا: [ا رمحاورہ] مضحکہ اڑانا۔ ٹھٹھے لگانا ۲۔ مینا کی آواز نکالنا۔
قہقہہ لگنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قہقہہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قہقہہ مارنا: [ا رمحاورہ] قہقہہ لگانا۔
قہقہے: [ا رامذ] دیکھئے "قہقہہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔
قہقہے اڑانا: [ا رمحاورہ] مضحکہ اڑانا۔
قہقہے اُڑنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قہقہے اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
قہقہے چہچہے کی باتیں ہونا: [ا رمحاورہ] ا۔ ہنسی مذاق کی باتیں ہونا ۲۔ آپس میں چہل پہل ہونا۔
قہقہے لگانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قہقہہ لگانا"
قہقہے مچنا: [ا رمحاورہ] بے حد ہنسی ہونا۔ لوگوں کا بہت ہنسنا۔
قہ قہہ: [ع امذ] کھل کھلا کر ہنسنے کی آواز۔
قہوہ: [ع امذ] ایک پودا اس کے تخم کا نام جسے بھون کر پیستے ہیں اور چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں ۲۔ (عام) بغیر دودھ کی چائے۔
قہوہ خانہ: [عف امذ] قہوہ کی دکان۔ وہ جگہ جہاں لوگ بیٹھے/جمع ہوتے ہیں اور قہوہ پیتے ہیں
قہوہ دان: [ف امذ] قہوے کا برتن۔

ق ــــ ی

قے: [ع امث] ا۔ منہ کے راستے پیٹ میں سے کھانے کا نکل آنا ۲۔ استفراغ۔ متلی۔
۳۔ وہ چیز جو پیٹ میں سے نکل آئے۔
قے آنا: [ا رمحاورہ] استفراغ ہونا۔ متلی ہونا۔
قے آور: [عف صف] قے لانے والی۔
قے کرنا: [ا رمحاورہ] کسی دوا کے ذریعہ یا یونہی پیٹ سے کھانا باہر نکالنا۔
قے و دست: [ف امذ] ایک بیماری جس میں استفراغ بھی ہو اور دست/جلاب بھی آئیں۔ ہیضہ۔
قے ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
قیادت: [ع امث] رہبری۔ ہدایت۔
قیاس: [ع امذ] ا۔ تصور۔ گمان ۲۔ اندازہ۔ اٹکل۔ جانچ۔
قیاس استثنائی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] منطق میں تضیہ بالشرط۔
قیاس استقرائی: [ع امذ بہ ترکیب فارسی] منطق میں تضیہ مکمل
قیاس دوڑانا: [ا رمحاورہ] خیال دوڑانا۔ سوچنا۔
قیاس سے باہر: [ا رصف] ا۔ بے شمار۔ بے حد ۲۔ سمجھ سے باہر۔
قیاس کرنا: [ا رمحاورہ] اندازہ لگانا۔
قیاس کن زگلستان من بہار مرا: [ف شل] ابتدائی حالت سے آئندہ کی حالت کا اندازہ کرنا۔
قیاس مع الفارق: [ع امذ] ایک چیز کا دوسری چیز پر قیاس کرنا جب ان میں کوئی

مناسبت نہ ہو۔

قیاسی: [ع صف] وہمی۔ خیالی ۲۔ جو کسی مقررہ قاعدے کے مطابق نہ ہو۔

قیاصرہ: [ع امذ] جمع "قیصر" کی

قیافہ: [ع امذ] شکل صورت۔ چہرہ ۲۔ مشابہت ۳۔ وہ علم جس سے انسان کے خط و خال وغیرہ سے اس کی عادتوں اور خصلتوں کا اندازہ کیا جاتا ہے۔

قیافہ دان/شناس: [عف صف] علم قیافہ سے واقف۔

قیافہ دانی/شناسی: [عف امث] دیکھئے "قیافہ دان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قیام: [ع امذ] نماز میں کھڑا ہونا ۲۔ سکونت۔ ٹھہرنا ۳۔ ٹھہراؤ ۴۔ استقلال۔ پائیداری ۵۔ بریلویوں کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھتے وقت کھڑا ہونا۔

قیام پذیر: [عف صف] ا۔ مقیم۔ وارد۔ فروکش ۲۔ دیرپا۔ (افعال: ہونا)

قیام پذیری: [عف امث] دیکھئے "قیام پذیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قیام کرنا: [ا محاورہ] اترنا۔ ٹھہرنا۔ فروکش ہونا۔

قیام و قعود و رکوع و سجود: [ع امذ] نماز کی تمام حالتیں۔

قیام ہونا: [ا محاورہ] دیکھئے "قیام کرنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

قیامت: [ع امث] ا۔ روز جزا۔ روز محشر۔ وہ دن جب تمام جان دار مرجائیں گے۔ مصیبت یا آفت ۳۔ ہنگامہ۔ شورش ۴۔ مدت دراز۔ ہمیشہ ۵۔ ظلم۔ اندھیر ۶۔ انوکھی بات عجیب بات، (صف) شوخ۔ چنچلا ۸۔ بے حد۔ بکثرت۔ کمال ۹۔ دشوار۔ مشکل ۱۰۔ غضب ناک۔ خشم ناک ۱۱۔ بُرا منظر ۱۲۔ تعریف یا مبالغہ کے لئے ۱۳۔ بے تابی اور بے چینی ظاہر کرنے کے لئے ۱۴۔ فتنہ انگیز۔ فسادی۔

قیامت آنا: [ا محاورہ] مصیبت پڑنا۔ بلا نازل ہونا۔ آفت ہونا۔

قیامت اُٹھانا: [ا محاورہ] دیکھئے "قیامت اٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے

قیامت اُٹھنا: [ا محاورہ] شور مچنا۔ شور و غل ہونا شورش ہونا۔ ہنگامہ برپا ہونا۔

قیامت بپا/برپا کرنا: [ا محاورہ] دیکھئے "قیامت برپا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

قیامت بپا/برپا ہونا: [ا محاورہ] ا۔ غضب ہونا۔ ستم ہونا ۲۔ مصیبت آنا۔ آفت آنا۔ ۳۔ فتنہ اٹھنا۔ شرارت ہونا ۴۔ غضب ہونا۔ ناراض ہونا۔

قیامت پر اُٹھا رکھنا: [ا محاورہ] ا۔ وعدہ کا ایفا مدت مدید پر چھوڑنا ۲۔ خدا کے انصاف پر چھوڑنا ۳۔ قیامت کے دن کے لئے رکھنا۔

قیامت پر اُٹھا رہنا: [ا محاورہ] دیکھئے "قیامت پر اُٹھا رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیامت پر قیامت: [ا امث] مصیبت پر مصیبت۔ آفت پر آفت۔ تکلیف پر تکلیف (افعال: ڈھانا۔ گزرنا۔ ہونا)

قیامت پڑنا: [ا محاورہ] یک لخت مصیبت آجانا۔

قیامت پیشہ/پیکر/خرام: [عف صف] معشوق کی تعریف

قیامت تک نہ ہونا: [ا محاورہ] کبھی بھی نہ ہونا۔

قیامت توڑنا: [ا محاورہ] ا۔ ظلم کرنا۔ ستانا ۲۔ بہت غصے ہونا۔

قیامت ٹوٹنا/ٹوٹی ہونا: [ا محاورہ] دیکھئے "قیامت توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیامت ٹھہرنا: [ا محاورہ] مصیبت آنا۔ آفت آنا۔ غضب ہونا۔

قیامت خیز: [عف صف] قیامت اٹھانے والا/پیدا کرنے والا۔

قیامت ڈھانا: [ا محاورہ] ا۔ غضب کرنا۔ آفت توڑنا ۲۔ شرارت کرنا۔ فتنہ اٹھانا۔ ۳۔ سخت ناراض ہونا ۴۔ مصیبت لانا۔ حشر برپا کرنا۔

قیامت زا: [ع صف] غضب کا۔ آفت کا۔

قیامت زار: [ع امذ] میدان حشر۔ آفت یا مصیبت کی جگہ۔

قیامت سے کم نہ ہونا: [ا محاورہ] غضب کا ہونا۔

قیامت صُغریٰ: [ع امث] چھوٹی قیامت یعنی شخصی موت۔

قیامت کا: [ع صف] ا۔ غضب کا ۲۔ فتنہ انگیز۔ شرارتی ۳۔ آفت ڈھانے والا۔

قیامت کا آنا: [ا محاورہ] دیر سے آنا ۲۔ بہت انتظار کرا کر آنا۔

قیامت کا دامن: [ا امذ] بہت بڑا۔ وسیع۔

قیامت کا سامان بپا ہونا: [ا محاورہ] بے حد شور و غل ہونا۔ قیامت کی علامت ظاہر ہونا۔

قیامت کا نمونہ: [ا صف] قیامت جیسا۔

قیامت کبریٰ: [ع امث] وہ دن جس میں تمام دنیا کا نظام تہ و بالا ہوگا۔ (افعال: برپا ہونا)

قیامت کرنا: [ا محاورہ] ا۔ ظلم کرنا۔ ستم ڈھانا ۲۔ برا کرنا۔ غضب کرنا ۳۔ فتنہ برپا کرنا۔ شرارت کرنا ۴۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا ۵۔ چیخنا چلانا۔ شور مچانا ۶۔ عجیب کام کرنا۔

قیامت کی: [ا صف] بے حد۔ بے انتہا ۲۔ مشکل۔ دشوار۔

قیامت کی گھڑی: [ا امث] مشکل بات۔ کٹھن بات

قیامت کے آثار: [ا امذ] وہ نشانیاں جو قیامت سے پہلے نظر آئیں گی ۲۔ دابۃ الارض کا نکلنا۔ دجال کا آنا۔ یاجوج ماجوج کا خروج کرنا بہت مشہور ہیں ۲۔ سخت مصیبت سخت ہنگامہ (افعال: پانا۔ دیکھنا۔ نظر آنا)

قیامت کے بوریئے سمیٹنا: [ا محاورہ] مدت دراز تک زندہ رہنا۔

قیامت گزرنا: [ا محاورہ] آفت آنا۔ مصیبت آنا۔ مصیبت کا سامنا۔

قیامت لانا: [ا محاورہ] آفت برپا کرنا۔ بلا میں پھنسانا ۲۔ فساد کرنا۔ اودھم مچانا۔ شور و شر کرنا۔

قیامت مچانا: [ا محاورہ] کہرام مچانا۔ آفت آنا۔ شور کرنا

قیامت مچنا: [ا محاورہ] دیکھئے "قیامت مچانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیامت وُسطیٰ: [ع امث] درمیانی قیامت۔ قوموں کی تباہی۔ اجتماعی بربادی۔

قیامت ہو جانا/ہونا: [ا محاورہ] برا ہونا۔ زہر ہونا۔ غضب ہونا ۲۔ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔ مصیبت ہونا۔ آفت ہونا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ شور و شر ہونا ۵۔ کہرام مچنا ۶۔ نہایت شریر ہونا۔ شوخ ہونا۔

قیامت ہے: [ا محاورہ] آفت ہے۔ بلا ہے۔ شوخ ہے ۲۔ نہایت حسین ہے۔ خوبصورت ہے ۳۔ ظلم ہے۔ اندھیر ہے ۴۔ شور ہے۔ غوغا ہے۔ افسوس ہے۔ دریغ ہے۔

قید: [ع امث] بند۔ حبس۔ اسیری ۲۔ روک۔ شرط۔ پابندی۔

قید اٹھا/اڑا دینا: [ا محاورہ] پابندی ہٹا دینا۔ شرط اٹھا دینا۔

قید بامشقت: [ع امث] وہ سزا جس سے سخت کام لیا جائے۔

قید بلا مشقت: [ع امث] وہ قید جس میں قیدی سے مشقت نہ لی جائے۔

قید بھرنا/بھگتنا: [ا محاورہ] قید کاٹنا۔ قید کی مدت پوری ہونا۔

قید تنہائی: [عف امث] تنہا رہنے کی قید جس میں قیدی اکیلا ہوتا ہے۔

قید خانہ: [عف امذ] جیل خانہ۔ بندی گھر۔ قیدیوں کے رکھنے کا مکان۔ زندان

قید سخت: [عف امث] دیکھئے "قید بامشقت"

قید سے چھٹنا/چھوٹنا/رہائی پانا: [ا محاورہ] قید سے آزاد ہونا۔

قید فرنگ: [عف امث] کنایتہ" ایسی قید جس سے چھوٹنا مشکل ہو۔

قید قفس: [عف امث] پنجرے کی قید ۲۔ مجازاً عورتوں کا مکان کی چہار دیواری میں پردہ نشین ہو کر رہنا۔

قید کرنا: [ا رمحاورہ] بند کرنا۔ اسیر کرنا۔ گرفتار کرنا ۲۔ روکنا۔ پابند کرنا۔ ضبط کرنا ۳۔ کسی چیز کا لازم کرنا۔ ضروری قرار دینا۔

قید لگانا: [ا رمحاورہ] حد باندھنا۔ محدود کرنا ۲۔ شرط باندھنا۔ مشروط کرنا ۳۔ لازم کرنا۔ ضروری کرنا۔

قید لگنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قید لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قید محض: [ع امث بہ ترکیب فارسی] بلامشقت قید۔

قید ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قید کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیدی: [ع صف] اسیر۔ محبوس۔ گرفتار۔ پابند ۲۔ مجرم۔ سزا یافتہ۔

قیر: [ع امذ] ایک قسم کا سیاہ روغن جو کشتیوں اور جہازوں کی درزوں میں لگایا جاتا ہے تاکہ درزوں سے پانی نہ آسکے۔ تارکول۔ رال۔

قیر گوں: [عف صف] سیاہ فام۔

قیراط: [ع امذ] درہم کے بارہویں حصہ کے برابر وزن۔

قیروطی: [یونانی امث] موم روغن۔ ایک قسم کا مرہم

قیس: [ع امذ] مجنوں عامری کا نام جو لیلیٰ پر عاشق تھا۔

قیصر: [ع امذ] شاہ روم کا لقب ۲۔ سلطان۔ شہنشاہ۔

قیصری: [عف امث] شہنشاہی۔ بادشاہی۔

قیطون: [ع امذ] ایک قسم کی زری اور ریشم کی بنی ہوئی ڈوری ۲۔ ایک قسم کی باریک چیچک۔

قیف: [ت امذ و مث] برتنوں میں رقیق چیز بھرنے کا ایک آلہ۔

قیفال: [ع امث] ایک راگ کا نام۔

قیق / قیق: [ع امث] زور کی چیخ۔ ہاتھی کی آواز (افعال: مارنا)

قیل و قال: [ع امث] گفتگو۔ بات چیت۔ تذکرہ ۲ بحث و مباحثہ۔ رد و کد۔ حجت (افعال: کرنا۔ ہونا)

قیلولہ: [ع امذ] دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد سونا۔ لیٹنا۔ آرام کرنا۔ دوپہر کو سونا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

قیّم: [ع صف] قائم کرنے والا ۲۔ نگران۔ منتظم ۳۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ۴۔ جنرل سیکرٹری۔

قیماق: [ت امذ] بالائی۔ دودھ پر کی ملائی)

قیمت: [ع امث] مول۔ دام ۲۔ بھاؤ۔ نرخ۔ در ۳۔ قدر۔ مرتبہ۔

قیمت اُٹھانا: [ا رمحاورہ] دام تجویز ہونا۔ مول طے ہونا۔

قیمت پانا: [ا رمحاورہ] دام وصول ہونا۔ مول پانا یا وصول کرنا۔

قیمت ٹھہرانا / چکانا: [ا رمحاورہ] بھاؤ مقرر کرنا۔ مول چکانا۔

قیمت ٹھہرنا / چکنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قیمت ٹھہرانا / چکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیمت طے کرنا: [ا رمحاورہ] قیمت مقرر کرنا۔

قیمت طے ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قیمت طے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیمت کا توڑ کرنا: [ا رمحاورہ] قیمت مقرر کرنا۔

قیمت کا فیصلہ کرنا: [ا رمحاورہ] قیمت طے کرنا۔ مول کرنا۔

قیمت کا فیصلہ ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قیمت کا فیصلہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیمت کا نام رکھنا: [ا رمحاورہ] کچھ قیمت مقرر کرنا۔

قیمت کرنا: [ا رمحاورہ] قیمت طے کرنا۔

قیمت گرا کے لینا: [ا رمحاورہ] کم قیمت پہ لینا۔

قیمت گرا دینا: [ا رمحاورہ] مول گھٹا دینا ۲۔ بے وقعت کر دینا۔

قیمت گر جانا / گرنا: [دیکھئے "قیمت گرا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیمت لگانا: [ا رمحاورہ] دام لگانا۔ مول قرار دینا۔

قیمت لگنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قیمت لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیمت مقرر کرنا: [ا رمحاورہ] قیمت لگانا۔ مول قرار دینا۔

قیمت مقرر ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قیمت مقرر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیمتہً: [ع متعلق فعل] قیمت کے ساتھ۔ قیمت چکا کر۔

قیمتی: [ف صف] بیش بہا۔ گراں بہا۔ بڑی قیمت کا ۲۔ نفیس۔ قابل قدر۔

قیمہ: [ف امذ] ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت۔ کٹا ہوا گوشت ۲۔ ریزہ ریزہ۔

قیمہ کرنا: [ا رمحاورہ] بہت زخمی کرنا۔

قینچا: [ا امذ] باغبانوں کی بڑی قینچی۔

قینچی: [ا امث] مقراض۔ کترنی ۲۔ لوہے کی وہ آڑی ترچھی سلاخیں جو جنگلے کے طور پر کسی مکان کے گرد لگاتے ہیں ۳۔ وہ آڑی لکڑیاں جن پر کھپریل کا ٹھاٹر رکھتے ہیں ۴۔ کوئی دو چیزیں جو اس طرح لگائی جائیں۔ کبڈی اور کشتی کا ایک

قینچی باندھنا: [ا رمحاورہ] حریف کی دونوں ٹانگوں میں ٹانگیں ڈال کر مجبور کر دینا ۲۔ گھٹنے کو رانوں میں دبانا ۳۔ دو چیزوں کو اس طرح رکھنا کہ قینچی کی شکل بن جائے۔

قینچی بجانا: [ا رمحاورہ] قینچی کے پھلڑوں کو باہم ٹکرانا جس کو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

قینچی چلانا: [ا رمحاورہ] کترنا۔ کاٹنا ۲۔ درزی کا پیشہ کرنا۔

قینچی دکھانا: [ا رمحاورہ] قینچی سے تراشنا یا خراشنا۔

قینچی سی / کی طرح زبان چلنا: [ا رمحاورہ] جلد جلد باتیں کرنا۔ فر فر زبان چلانا۔

قینچی لگانا: [ا رمحاورہ] قینچی سے کاٹنا۔ تراشنا۔ کترنا ۲۔ ترچھی اڑ واڑ لگانا۔

قینچیاں بنا دینا: [ا رمحاورہ] اختلاط میں ٹانگوں کا ٹانگوں میں اڑانا۔

قینچیاں بن جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "قینچیاں بنا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

قیود: [ع امث] دیکھئے "قید" جس کی یہ جمع ہے۔

قیوم: [ع صف] ۱۔ بڑا قائم ہونے والا۔ بہت بڑا نگاہ رکھنے والا ۲۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نا

ک

ک: [ع۔ امذ] اس کا نام کاف ہے اور مزید وضاحت کے لئے اسے کافِ کلمن بھی کہتے ہیں۔

۱۔ اردو حروفِ تہجی کی ترتیب میں اٹھائیسواں اور فارسی میں پچیسواں حرف ہے۔ عربی حروفِ ہجا کی ترتیب ابتثی میں بائیسواں اور ترتیب ابجد کا گیارھواں حرف ہے اور دیوناگری رسم الخط کا پہلا وینجن ہے۔

۲۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرفِ علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳۔ یہ عربی تقسیم میں قمری حرف ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز دیتا ہے مثلاً الکریم۔

۴۔ حساب جمل میں اس کے بیس عدد مقرر ہیں

۵۔ اُردو اور ہندی الفاظ کے شروع میں مفتوح آئے تو ناقص کے معنی دیتا ہے اور مضموم آئے تو خلاف یا بُرا کے معنی دیتا ہے مثلاً کپوت۔ کراہ۔

۶۔ فارسی میں اسماء کے آخر میں آکر ان کو اسم مصغر بنا دیتا ہے مثلاً پسرک۔

۷۔ عربی میں تشبیہہ کے معنی دیتا ہے مثلاً کالعدم

۸۔ عربی میں واحد حاضر کی ضمیر ہے مثلاً علیک

۹۔ اُردو میں آخر میں آکر اسم کیفیت کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً ٹھنڈک وغیرہ

۱۰۔ فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے:

ا۔ پ کا بدل مثلاً پیچ اور کیچ میں

ب۔ ج کا بدل مثلاً زاج اور زاک میں

د۔ چ کا بدل مثلاً شاماچو اور شلماکچو میں

ہ۔ ز کا بدل مثلاً مزیدن اور مکیدن میں

و۔ غ کا بدل مثلاً غنژگاؤ اور کنژگاؤ میں

ز۔ ق کا بدل مثلاً قماچ اور کماچ میں

ح۔ گ کا بدل مثلاً گیہان اور کیہان میں

ط۔ پ کا بدل مثلاً پروانہ اور پروانک میں

ک۔ ا

کا: [ار حرفِ اضافت] تعلق، قبضہ، ملکیت، نسبت وغیرہ ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے اور صفت کے معنی بھی پیدا کرتا ہے۔ جیسے اصول کا۔

کابر: [ار صفت] (۱) چتکبرا۔ چتی دار (۲) ایک سیاہ چتیوں والا پرندہ

کابراً عن کابر: [ع۔ متعلق فعل] بزرگوں سے بزرگوں تک۔

کابرا: [ار۔ امذ] ایک قسم کا کبوتر کا رنگ

کابِس: [ہ۔ امث] وہ مٹی جس سے مٹی کے برتن پر قلعی کرتے ہیں اور اسے حاملہ عورتیں بھی کھاتی ہیں۔

کابک: [ف۔ امث] بٹیروں کبوتروں کا دڑبا جو بانس کی کھپچیوں سے بناتے ہیں

کابُل: [ف۔ امذ] پاکستان کے شمال مغرب کے ہمسایہ ملک افغانستان کا دارالحکومت

کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے: [ار مثل] جہاں اچھے ہوتے ہیں وہاں بُرے بھی ہوتے ہیں۔

کابلا: [ھ امذ] ایک قسم کا بڑا پیچ۔ ڈھبری

کابلی: [ف صفت] (۱) کابل سے منسوب (۲) ایک قسم کا کبوتر جو بہت بلندی پر اڑتا ہے اور تین تین پہر تک زمین پر نہیں اُترتا۔

کابلی چنا: [ار امذ] ایک قسم کا موٹا چنا

کابلی مٹر [ار۔ امذ] ایک قسم کا بڑا اور سفید رنگ کا مٹر

کابوس: [ع امذ] ایک بیماری کا نام جس میں انسان کو خواب میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے اس کو دبا لیا ہے۔ وہ خوف سے چیخنے لگتا ہے مگر آواز نہیں نکلتی

کابین: [ف امث] وہ روپیہ جو شوہر بوقت نکاح بیوی کو دینا منظور کرتا ہے۔ مہر۔

کابین نامہ: [ف امذ] مہر کی دستاویز

کابینہ: [ف امث] انگریزی لفظ cabinet کا معرب (۱) مجلس وزرا (۲) وزارت

کاپی: [انگ امث] copy (۱) نقل (۲) جلد۔ نسخہ (۳) چند سِلے ہوئے ورق (۴) چھاپنے کے لئے کتابت کئے ہوئے ورق جو خاص روشنائی سے رنگ دار مسطر پر لکھے جاتے ہیں۔

کاپی اُٹھنا: [ار محاورہ] کتابت شدہ حروف کا چھاپے کی پلیٹ پر اُبھرنا۔

کاپی اُترنا: [ار محاورہ] حرفوں کا چھاپے کی پلیٹ پر نہ اُبھرنا۔

کاپی جمنا: [ار محاورہ] پتھر یا پلیٹ پر کتابت شدہ ورق کا جمایا یا رکھا جانا۔

کاپی رائٹ: [انگ امذ] copyright حق تالیف و تصنیف۔ حق ایجاد

کاپی نویس: [انگ ف صفت] (۱) نقل کرنے والا۔ نقل نویس (۲) کاتب۔ خوش نویس (غلط ترکیب)

کات: [ار فعل] کاتنا مصدر سے صیغۂ امر (۲) تو کتا۔

کاتا: [ار صفت] (۱) کتا ہوا (۲) مذ دھاگا۔ سوت (۳) بانس کاٹنے کا چھرا

کاتا اور لے دوڑی: [ار مثل] کام کرتے ہی مزدوری کا تقاضا۔ پیٹ کے ہلکے اور متلون مزاج کی نسبت بولتے ہیں۔ جلد باز وغیرہ۔ ہر وقت نیا مشغلہ ڈھونڈنے والا۔

کاتِب: [ع امذ] (۱) کتابت کرنے والا۔ لکھنے والا (۲) کاپی نویس۔ محرر۔ خوشنویس

کاتبِ ازلی: [ع امذ] کنایۃً اللہ تعالیٰ

کاتبِ اعمال: [ع امذ بترکیب فارسی] انسان کا اعمال نامہ لکھنے والا فرشتہ۔

کاتبُ الحروف / کاتبِ حروف: [ع امذ] لکھنے والا۔ کتابت کرنے والا۔ نویسندہ۔

کاتبِ تقدیر / قدرت: [ع امذ] کنایۃً خدا تعالیٰ۔

کاتبِ سر: [ع امذ بترکیب فارسی] پرائیوٹ سیکرٹری۔ نجی منشی

کاتی: [ف امث] نصف بازو کی ایک قسم کی واسکٹ

کاتی سمور: [ف امث] ایک قسم کا خلعت جس پر سمور لگا ہوتا ہے۔

کاتک: [ھ امذ] ہندی سال کا ساتواں مہینہ۔ قریباً ۱۵ اکتوبر سے ۱۵ نومبر

کاتک بات کا ہاتک ؛ [ہ مثل] کاتک میں بات کرنے میں ہی دن گزر جاتا ہے۔

کاتک کی کتیا ؛ [ار امث] (۱) مستی میں بھری ہوئی کتیا (۲) فاحشہ عورت مجازاً

کاتنا ؛ چرخے پر روئی سے سوت بنانا۔ چرخے کے ذریعے روئی کے تار نکالنا [ار مص]

کاتنا تو آتا نہیں لگی پونیاں بنانے ؛ [ار مثل] بے جانے بوجھے کام میں دخل دینے پر کہا جاتا ہے۔

کاتنے بیٹھی دیا بالے۔ دن کھویا آلے بالے ؛ [ار مثل] مناسب وقت ضائع کرکے بے وقت کام شروع کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کاتی ؛ [ہ امث] سناروں کا ایک اوزار جس سے تار یا پترا کاٹتے ہیں

کاٹ ؛ [ہ امث] (۱) برش۔ گھاؤ (۲) زخم۔ گھاؤ (۳) چھانٹ۔ قطع۔ تراش (۴) تیزی۔ روانی (۵) خراش۔ چھیلن (۶) بُرائی۔ بدی (۷) عداوت۔ دشمنی۔ (۸) کتر بیونت (۹ ق) ڈینگ۔ شیخی۔

کاٹ پھانس ؛ [ار امث] (۱) عیاری۔ چالاکی (۲) اجرت یا حق میں کمی بیشی (۳) چیل خوری۔ لگائی بجھائی (۴) غبن [افعال: کرنا۔ ہونا]

کاٹ جانا ؛ [ار محاورہ] (۱) تراشنا۔ دو ٹکڑے کرنا (۲) دانتوں سے زخم کرنا۔ ڈنک مارنا

کاٹ چلنا ؛ [ار محاورہ] شیخی بگھارنا

کاٹ چھانٹ ؛ [ار امث] (۱) قطع و برید۔ تراش خراش۔ جوڑ توڑ۔ کتر بیونت (۲) چھٹی اور کٹی ہوئی چیز۔ نکمی چیز۔ چھیچھن ریزہ (۳) حساب میں کمی بیشی (۴) ترمیم تنسیخ (۵) غبن (۶) بُرائی۔ دشمنی (افعال: کرنا۔ ہونا)

کاٹ دوڑنا ؛ [ار محاورہ] غصّے سے جواب دینا

کاٹ دینا ؛ [ار مص مرکب] (۱) قطع کرنا (۲) کنایتہً رد کر دینا (۳) وضع کرنا (۴) قلمزد کرنا (۵) عمر بسر کرنا

کاٹ ڈالنا ؛ [ار محاورہ] (۱) تراش دینا (۲) قطع کرنا (۳) قلمزد کرنا (۴) اڑا دینا (۵) قلم کرنا۔

کاٹ کرنا ؛ [ار محاورہ] (۱) زخم ڈالنا۔ چھیلنا (۲) پانی کا اپنے آپ راستہ بنا لینا (۳) توڑ کرنا۔ تمدید کرنا (۴) تراشنا۔ کاٹنا۔ برش کرنا۔

کاٹ کوٹ ؛ [ار امث] (۱) چیر پھاڑ۔ جراحی (۲) کمی بیشی۔ وضع مجرا کترن چھانٹ

کاٹ کوٹ کر/کے ؛ [ار متعلق فعل] چیر پھاڑ کر/کے۔ وضع کرکے۔ کمی بیشی کرکے

کاٹ کھانا ؛ [ار محاورہ] (۱) ڈس لینا۔ ڈنک مارنا (۲) مُنہ مارنا۔ دانتوں سے کاٹنا (۳) کسی چیز کا ذکر ناگوار ہونا (۴) نقصان پہنچانا۔

کاٹ کھانے کو دوڑنا ؛ [ار محاورہ] (۱) بدمزاجی سے جواب دینا (۲) تند مزاجی اور ترش روئی سے پیش آنا (۳) بات بات پر آمادہ جنگ ہونا۔

کاٹ لینا ؛ [ار محاورہ] کاٹ کر علیحدہ کر دینا۔ دانتوں سے کاٹ کر جدا کرنا

کاٹا ؛ [ہ صفا] (۱) ڈسا ہوا۔ کاٹا ہوا (۲) مذ۔ چوٹ۔ مار۔ زخم

کاٹا اور اُلٹ گیا ؛ [ار محاورہ] ڈس کر پلٹی کھا جانا۔ سانپ کا قاعدہ ہے کہ کاٹنے کے بعد پلٹ جاتا ہے۔ جس سے اس کا زہر زخم میں بھر جاتا ہے۔ اس وجہ سے اس کا اطلاق ایسے موذی شخص یا جانور پر ہوتا ہے۔ جو نقصان پہنچا کر محض ناآشنا بن جاتا ہے۔

کاٹک ؛ [ار صف ق] دہشت ناک

کاٹنا ؛ [ار مص] (۱) تراشنا (۲) قاش اتارنا (۳) شاخ قلم کرنا۔ درخت چھانٹنا (۴) قینچی سے کترنا (۵) قطع کرنا (۶) ڈسنا (۷) منہ مارنا۔ دانت مارنا (۸) ... (۹) دور کرنا۔ چھوڑنا (۱۰) گزارنا۔ بسر کرنا (۱۱) ضائع کرنا۔ گنوانا (۱۲) ... ذبح کرنا۔ گردن مارنا (۱۳) طے کرنا۔ قطع مسافت کرنا (۱۴) فیصلہ کرنا (۱۵) وضع کرنا۔ منہا کرنا (۱۶) کمیشن دینا (۱۷) منسوخ کرنا۔ قلم پھیرنا۔ تردید کرنا (۱۹) شرم دلانا۔ شرمانا (۲۰) بھگتنا۔ بھرنا۔ پورا کرنا (۲۱) آ... نکل جانا (۲۲) ڈبے کو ریل گاڑی سے جدا کرنا (۲۳) چوری پانی لینا بیچ میں بولنا (۲۵) الفظ کرنا (۲۶) تیاگنا۔ تجنا۔

کاٹنے (کو) دوڑنا ؛ [ار محاورہ] ناگوار معلوم ہونا۔ اجاڑ اور ویران ...

کالٹو ؛ (واؤ مجہول سے) [ار امث] چوہے سے ملتا جلتا ایک جانور ... بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ یہ عموماً درختوں پر رہتا ہے اور پھل کھاتا ہے

کالٹو تو خون/لہو نہیں ؛ [ار محاورہ] نہایت دہشت اور خوف موقع پر کہتے ہیں۔

کالٹو ؛ (واؤ معروف سے) [ار صف] کاٹنے والا

کاٹی اُنگلی پر نہ مُوتنا ؛ [ار محاورہ] بالکل ہمدردی نہ کرنا۔ بہت بیدر...

کاٹے بارہ نام تلوار کا
لڑے فوج نام سردار کا } [ار مثل] چھوٹوں کی کارگزاری اور بڑوں کا۔ محنت کرے کوئی پھل پائے

کاٹے تلوار نام سپاہی کا ؛ [ار مثل] کام کسی کا نام کسی کا

کاٹے کا منتر نہیں ؛ [ار مثل] کسی کی ایذا رسانی کا مداوا نہ ہونا علا... بہت چالاک اور عیار ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔

کاٹے کٹے نہ ٹالے ٹلے/کاٹے کٹے نہ مارے مرے ؛ [... نہایت سخت جان ہے۔ بڑا دشوار کام ہے۔

کاٹے کھانا ؛ [ار محاورہ] (۱) نہایت ناگوار گزرنا۔ خوفناک معلوم ہونا (۲) ڈ... دینا۔ آزار رساں ہونا۔

کاٹے گا ؛ [ار محاورہ] کوئی کمزور آدمی غصہ دکھائے تو کہتے ہیں طنزاً

کاٹے نہ کٹنا ؛ [ار محاورہ] دوبھر ہونا۔ اجیرن ہونا۔ کٹھن اور سخت ... کسی طرح تمام نہ ہونا۔

کاٹے ہاتھ نام تلوار کا ؛ [ار مثل] کام کوئی کرے نام کسی کا۔

کاٹھ ؛ [ار امث] (۱) لکڑی (۲) وہ کندہ جس کو چھید کر مجرموں کے پاؤں ...

کاٹھ چبانا ؛ [ار محاورہ] روکھی سوکھی کھانا۔ تنگی سے بسر کرنا۔

کاٹھ کا ؛ [ار صف] لکڑی کا بنا ہوا۔

کاٹھ کا اُلّو ؛ [ار صف] احمق۔ بے وقوف

کاٹھ کا گھوڑا ؛ [ار امذ] لنگڑے آدمی کی لاٹھی یا سہارا

کاٹھ کباڑ ؛ [ار امذ] گھر کا سامان۔ نکما سامان

کاٹھ کٹول یا لنسلی ؛ [ار امذ] بچوں کا ایک کھیل جس میں آنکھ مچولی کی طرح ... بند کرتے اور لکڑی کو چھوتے پھرتے ہیں۔ جہاں کوئی لکڑی سے علیحدہ ہوا ہے۔ اُسے چور پکڑ لیتا ہے اور وہی چور بن جاتا ہے۔

کاٹھ کی بھمبو ؛ [ار صف] احمق عورت

کاٹھ کی گھوڑی ؛ [ار امث] جنازہ۔ ارتھی۔ ہندوؤں کا تابوت

کاٹھ کی ہنڈیا بار بار نہیں چڑھتی ؛ [ار مثل] جھوٹ فریب ہمیشہ نہیں چل سکتا۔ ناپائیدار رشتے کا اعتبار نہیں ہوتا۔

کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا : [ا۔ محاورہ] گپیں ہانکنا۔ فضول باتیں کرنا۔
کاٹھ میل : [ا۔ امذ] (انگریزی mailcart) کا بگاڑ۔ ڈاک گاڑی۔
کاٹھ میں پاؤں پڑنا : [ا۔ محاورہ] پابندی ہونا۔ بیڑی پہنائی جانا
کاٹھ میں پاؤں ٹھونکنا / ڈالنا / دینا : [ا۔ محاورہ] بیڑی پہنانا۔ آنے جانے سے روکنا۔
کاٹھ ہوجانا : [ا۔ محاورہ] سخت جان ہونا۔ بے حس و حرکت ہونا۔
کاٹھی : [ا۔ امث] (۱) جسم۔ جسامت (۲) ڈھانچہ۔ قالب (۳) تلوار کا نیام۔ میان۔ غلاف (۴) گھوڑے کا چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے۔
کاٹھی خالی کرنا : [ا۔ محاورہ] گھوڑے کی سواری کا ایک فن۔ زین کو چھوڑ کر ایک طرف کی رکاب پر آجانا تاکہ حریف کا وار خالی جائے۔
کاٹھی دھرنا / کسنا / باندھنا : [ا۔ محاورہ] گھوڑے پر زین یا کاٹھی رکھ کر اُسے تیار کرنا۔
کاٹھی گر : [ہ۔ ف صف] تلوار کا غلاف بنانے والا
کاٹھیا واڑ : [ہ۔ امذ] ہندوستان کے مغرب میں ایک مشہور علاقہ جہاں کے گھوڑے مشہور ہیں۔
کاٹھیا واڑی : [ہ۔ صف] (۱) کاٹھیا واڑ کا (۲ مذ) گھوڑے کی ایک قسم جو مضبوطی کے لیے مشہور ہے اور کاٹھیا واڑ سے منسوب ہے۔
کاج / کاجا : [ا۔ امذ] (۱) کام۔ کار۔ (۲) بٹن کا گھر (۳) بیاہ شادی کا کام (۴) بوڑھے آدمی کے مرجانے پر بڑی بھاری ضیافت
کاج بنانا : [ا۔ محاورہ] کسی کپڑے میں بٹن کے واسطے سوراخ بنانا
کاج کرنا : [ا۔ محاورہ] بڑا کام کرنا۔ کسی کے مرنے کے بعد ضیافت کرنا۔ (۲) بٹن کے واسطے سوراخ نکالنا یا کرنا
کاجل : [ا۔ امذ] چراغ کا دھواں جو برتن وغیرہ رکھ کر جمع کرلیا جاتا ہے اور سُرمہ کی طرح آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ (افعال، دینا۔ گھلانا۔ گھلنا۔ لگانا۔ تحریر کھینچنا)
کاجل اُڑانا : [ا۔ محاورہ] (۱) بالکل صاف کر دینا۔ نشان مٹا دینا (۲) کاجل پارنا
کاجل اُڑنا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کاجل اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کاجل پارنا : [ا۔ محاورہ] چراغ کی لو پر سرپوش رکھ کر کاجل اکھٹا کرنا
کاجل پھیلنا : [ا۔ محاورہ] آنکھ میں کاجل کا مقررہ حد سے زیادہ ہوجانا
کاجل دینا : [ا۔ محاورہ] آنکھوں میں کاجل لگانا۔
کاجل کا تِل : [ا۔ امذ] (۱) وہ خال جو خوبصورت لوگ خوشنمائی کے لئے کاجل سے اپنے رُخسار پر بنالیتے ہیں (۲) نظر بد سے بچنے کے لئے بھی لگاتے ہیں۔
کاجل کی کجلوٹی : [ا۔ امث] وہ ظرف جس میں عورتیں کاجل رکھتی ہیں۔
کاجل کی کجلوٹی اور پھولوں کا سنگار : [ا۔ مثل] بدصورت کے بناؤ سنگار کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ کالی رنگت پر حسن چمکانے کا خیال
کاجل کی کوٹھڑی : [ا۔ امث] (۱) کاجل اکٹھا کرنے کا مکان (۲) بدنامی کا گھر۔ عیب لگنے کی جگہ (۳) وہ مکان جس میں دھوئیں کی کثرت ہو۔
کاجل کی کوٹھڑی میں دھبّے کا ڈر : [ا۔ مثل] بدنام جگہ جانے میں بدنامی لازمی ہے۔
کاجل کی کوٹھڑی میں جو جائے گا اسے ٹیکہ لگے گا : [ا۔ مثل] بُری صحبت یا بدنام جگہ جانے میں بدنامی ہی ہوتی ہے۔

کاجل لگانا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کاجل دینا"۔
کاجل لگنا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کاجل لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کاجنا : [ا۔ مص ق] بچنا
کاجو بھوجو : [ا۔ صف] (۱) نہایت نازک اور کمزور چیز۔ ناپائیدار (۲) دکھاوے کا۔ جلد ٹوٹنے والا (۳) دبلا پتلا۔ نازک
کاجی : [ہ۔ صف] کام کرنے والا۔ مصروف رہنے والا
کاچا : [ا۔ صف ق] کچا
کاچھ : [ہ۔ امذ] (۱) زانو کے اوپر کا حصہ۔ جانگھ (۲) جانگیا۔ کاچھا۔ آدھا گھٹنا (۳) بھیس۔ لباس۔ روپ۔ بانا (۴) دھوتی کا وہ حصہ جو پیچھے اُڑسا جاتا ہے۔
کاچھ کچھنا : [ا۔ محاورہ] سوانگ بھرنا۔ بھیس بدلنا
کاچھ کھولنا : [ا۔ محاورہ] ننگا ہونا۔ لنگوٹا کھولنا۔ ازار بند کھولنا۔ لہنگا اتارنا (۲) بے حیا اور بے شرم بننا (۳) جماع کرنا
کاچھا : [ہ۔ امذ] جانگیا۔ گھٹنا۔
کاچھن : [ہ۔ امث] دیکھیے "کاچھی" جس کی یہ تانیث ہے۔
کاچھنا : [ہ۔ مص] افیون خشخاش کے ڈوڈے سے نکالنا۔ عطر نکالنا
کاچھی : [ہ۔ امذ] (۱) ہندو کنجڑا۔ ہندو سبزی فروش (۲) مالی
کاخ : [ف۔ امذ] (۱) بلند عمارت۔ محل۔ ایوان۔ قصر (۲) اوپر کی منزل
کاخِ مشتری : [ف۔ امذ] برج حوت
کاخِ مجازی : [ف۔ امذ] کنایۃً دنیا۔
کاذِب : [ع۔ صف] دروغ گو۔ صادق کا نقیض
کاذِبہ : [ع۔ صف۔ مث] دیکھیے "کاذب" جس کی یہ تانیث ہے۔
کار : [انگ۔ امذ] (car) موٹر کار۔ گاڑی
کار : [ف۔ امذ] (۱) کام۔ کاج۔ دھندا۔ فعل۔ کرتوت (۲) ہنر۔ پیشہ (۳) زراعت۔ کھیتی باڑی (۴) جنگ و جدل۔ لڑائی (۵) مطلب۔ مراد۔ مقصد (۶) مصروفیت۔ شغل (۷) معاملہ۔ بیوپار (۸) شادی کی تقریب (۹) غرض۔ واسطہ
کار آزمودہ : [ف۔ صف] تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاں دیدہ۔ واقف کار۔
کار آفریں : [ف۔ صف] کام کا پیدا کرنے والا۔ مجازاً خدا تعالیٰ۔
کار آفرینی : [ف۔ امث] دیکھیے "کار آفریں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کار آگاہ : [ف۔ صف] کام کی حقیقت سے واقف۔ خبردار۔
کار آگاہی : [ف۔ امث] دیکھیے "کار آگاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کار آمد : [ف۔ صف] مفید مطلب۔ کام کا آدمی۔ کام آنے والا۔ سودمند فائدہ مند چیز۔ ضروری۔
کار آموز : [ف۔ صف] کام سیکھنے والا۔ مبتدی (انگریزی لفظ apprentice کا ترجمہ۔
کار آموزی : [ف۔ امث] دیکھیے "کار آموز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کار از دست رفتہ : [ف۔ امذ] وہ کام جو ہاتھ سے نکل گیا یا ہوگیا ہو
کار امروز بفردا مگزار : [ف۔ مقولہ] آج کا کام کل پر مت چھوڑ
کار بار : [ا۔ امذ] دیکھیے "کاروبار"

کاربرآر : [ف صف] کام نکالنے والا۔ مطلب پرست

کاربرآری : [ف امث] دیکھئے "کاربرآر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کار بکثرت سے ہے : [ا رمقولہ] کام مشق کرنے سے آتا ہے۔ مشق کرنے سے کمال حاصل ہوتا ہے۔

کاربند : [ف صف] تعمیل کرنے والا۔ مطیع فرماں بردار۔ عمل میں لانے والا۔

کار بوزینہ نیست نجاری : [ف مثل] بندر کا کام آرہ کشی نہیں ہے جس کا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے۔

کارپرداز : [ف صف] کارکن۔ منتظم۔ سربراہ کار۔ کارندہ۔ گماشتہ

کارپردازی : [ف امث] دیکھئے "کارپرداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کار تمام ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کام تمام ہونا"۔

کارِ ثواب : [فع امذ] نیک کام۔ بھلائی کا کام۔

کار جری : [ف امذ] معرکے کا کام۔ کار عظیم۔ مہم

کارچوب : [ف امذ] (۱) وہ لکڑیاں یا اوزار جن پر جولاہے تانی پھیلا کر کپڑا بنتے ہیں (۲) ایک قسم کا کشیدہ جو لکڑی کے چوکھٹے پر پھیلا کر بنتے ہیں۔ (۳) زردوز۔ کشیدہ کار
(۴) زردوزی کا کام کیا ہوا۔

کارچوبی : [ف امث] زردوزی۔ کشیدہ کاری

کارِ خانگی : [ف امذ] نج کا کام۔ ذاتی معاملات

کارخانہ : [ف امذ] (۱) کام کرنے کی جگہ۔ چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام (۲) دُکان۔ کوٹھی (۳) ایک قسم کی اونچی چوکی جس پر بیٹھ کر گوٹا کناری بنتے ہیں (۴) جولاہوں کا کرگہ (۵) کاروبار۔ کام۔ کاج (۶) معاملہ حساب (۷) نیچر۔ خدائی کاروبار۔ خدا کی قدرت

کارخانہ الٰہی : [فع امذ] خدائی کام۔ معاملات خدا۔ قدرت خدا

کارخانہ پھیلانا : [ا رمحاورہ] (۱) کاروبار شروع کرنا۔ کاروبار کو وسعت دینا (۲) کسی جگہ بہت سی چیزیں بے ترتیبی سے رکھنا۔

کارخانہ چلانا : [ا رمحاورہ] کاروبار جاری رکھنا۔

کارخانہ دار : [ف صف] (۱) کارخانے کا مالک (۲) کاروبار والا آدمی (۳) باورچی۔ خانساماں (۴) داروغہ

کارخانہ داری : [ف امث] دیکھئے "کارخانہ دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

کارِ خیر : [فع امذ] (۱) نیکی کا کام۔ ثواب یا بھلائی کا کام (۲) فاتحہ خیر (۳) اصطلاحاً لڑکی کا نکاح۔ کنیا دان

کاردار : [ف صف] عہدہ دار۔ عامل۔ منصب دار۔ تجربہ کار۔ واقف کار

کارداں : [ف صف] (۱) تجربہ کار۔ واقف کار (۲) ہنرمند۔ کاریگر (۳) قدر داں کارشناس۔ معاملہ فہم (۴) بادشاہ کا وزیر

کاردانِ فلک : [ف امذ] کنایۃً ستارہ عطارد

کاردانی : [ف امث] دیکھئے "کارداں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کارروائی : [ف امث] (۱) کام چلانا۔ اجرائے کار۔ کاربرآری (۲) کام کاج (۳) تعمیل۔ کارگزاری۔ برتاؤ (۴) قانون۔ ضابطہ (۵) انتظام۔ بندوبست اہتمام۔ پیروی (۶) روئداد عدالت۔ روبکاری [افعال : کرنا۔ ہونا]

کارزار : [ف امذ] جنگ۔ لڑائی۔ مقابلہ

کارزاری : [ف صف] دیکھئے "کارزار" جس سے یہ منسوب ہے۔

کارساز : [ف صف] (۱) کام بنانے والا۔ کام سنوارنے والا (۲) صانع۔ قادر مطلق

کارسازی : [ف امث] دیکھئے "کارساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
(۲) مکاری۔ عیاری۔ چالاکی۔ دغابازی۔ دھوکا بازی

کارستانی : [ف امث] شرارت۔ چالاکی۔ عیاری۔ سازش

کارِ سخت : [ف امذ] مشکل کام

کارسنج : [ف صف] دانا۔ صاحب لیاقت۔ کام سے واقف

کارسنجی : [ف امث] دیکھئے "کارسنج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کارشناس : [ف صف] کام سے واقف۔ تجربہ کار۔ کام جاننے والا

کارشناسی : [ف امث] دیکھئے "کارشناس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

کارطلب : [ف صف] کنایۃً بہادر۔ شجاع

کارفرما : [ف صف] (۱) کام لینے اور کام بنانے والا (۲) حکم کرنے اور چلانے والا۔ کمانڈر (۳) بادشاہ۔ استاد

کارفرمائی : [ف امث] دیکھئے "کارفرما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کارکردگی : [ف امث] کارگزاری۔ اچھا کام۔ انگریزی لفظ کارتجر

کارکردہ : [ف صف] تجربہ کار۔ آزمودہ کار

کارکشت : [ف امث] زراعت۔ کاشت کاری

کارکن : [ف صف] کام کرنے والا۔ کارندہ

کارگاہ : [ف امث] (۱) کام کرنے کی جگہ (۲) جولاہوں کا کپڑا بننے کا گڑھا (۳) چیزیں بنانے کا کارخانہ (۴) کپڑے کا ٹکڑا جس پر جولاہے بیل بوٹے بناتے ہیں۔

کارگاہِ فلک : [ف امث] کنایۃً دنیا۔ جہان۔ آسمان

کارگاہِ کن فکاں : [فع امث] دنیا دونوں جہان

کارگر : [ف صف] (۱) موثر۔ سریع التاثیر۔ تیر بہدف (۲) فائدہ مند۔ مفید سودمند (۳) کاری۔ مہلک۔ بھاری۔ گہرا (۴) کام کرنے والا۔ ہنرور (۵) کنایۃً خالق [افعال : ہونا]

کارگزار : [ف صف] (۱) چالاک۔ مستعد (۲) نوکر۔ کارندہ (۳) حاجت روا

کارگزاری : [ف امث] دیکھئے "کارگزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کارِ مردانہ : [ف امذ] بہادری کا کام۔ جرأت کا کام

کارمند : [ف صف] کام کرنے والا۔ خدمت گار

کارنامہ : [ف امذ] (۱) جنگ نامہ۔ بہادری کا تحفہ (۲) ضابطہ سلطنت۔ قانون آئین (۳) تاریخ کی کتاب (۴) تصویروں کا مرقع (۵) کوئی بہت بڑا کام (۶) یادگاری کام

کارِ نمایاں : [ف امذ] بڑا کام۔ اہم کام

کاروبار : [ف امذ] (۱) لین دین۔ بیوپار (۲) کام۔ مشغلہ [افعال : کرنا۔ ہونا]

کاروباری : [ف امث] دیکھئے "کاروبار" جس سے یہ منسوب ہے۔

کاربانک : [انگ صف] carbonic کاربن سے منسوب

کاربانک ایسڈ : [انگ امذ] carbonic acid کوئلہ کا تیزاب

کاربانک ایسڈ گیس ؛ [انگ امث] carbonic acid gas وہ زہریلی ہوا جو نباتات سے خارج ہوتی ہے نیز آگ جلنے سے پیدا ہوتی ہے۔

کاربَن ؛ [انگ امذ] carbon خالص کوئلہ۔ وہ زہریلا مادہ جو ہیرے اور جلی ہوئی چیزوں میں پایا جاتا ہے۔

کاربَن پیپر ؛ [انگ امذ] carbon paper وہ کاغذ جس کے ایک طرف مسالا لگا ہوتا ہے اور اس کے ذریعے کسی تحریر کی نقل اتاری جاتی ہے۔

کاربَنکل ؛ [انگ امذ] carbuncle ایک قسم کا مہلک پھوڑا۔ راج پھوڑا۔ گوشت خور پھوڑا (۲) لعل۔ خوش رنگ (۳) شب چراغ

کاربِین ؛ [ارامث] ایک قسم کی بندوق

کارپورَل ؛ [انگ امذ] corporal فوج کا ایک چھوٹا عہدہ دار

کارپوریشن ؛ [انگ امث] corporation سند یافتہ جماعت۔ وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کسی کام کو کرنے کی مجاز ہو (۳) بڑی میونسپل کمیٹی (۴) ادارہ

کارتُوس ؛ [ارامذ] بارود بھری گولی جسے بندوق میں بھر کر سر کرتے ہیں۔ انگریزی لفظ cartridge کا مورد

کارٹُون ؛ [انگ امذ] مضحک تصویر کے ذریعہ کسی کا خاکہ اڑانا۔ مزاحیہ تصویر (cartoon)

کارٹونسٹ ؛ [انگ صف] cartoonist مضحک تصویر یا خاکہ بنانے والا

کارَج ؛ [س امذ] (۱) کام کاج (۲) تقریب (۳) غرض۔ مطلب۔ مقصد۔ مدعا (۴) باعث۔ سبب (۵) پیشہ۔ حرفہ (۶) شادی کی تقریب

کارج سِدھ کرنا ؛ [ہ محاورہ] کامیابی حاصل کرنا۔ کام درست کرنا

کارج سِدھ ہونا ؛ [ہ محاورہ] دیکھیے "کارج سدھ کرنا" جس کا یہ لازم ہے

کارْد ؛ [ف امث] چاقو۔ چھری۔ چھرا

کارڈ ؛ [انگ امذ] پوسٹ کارڈ وہ سرکاری کاغذ جس پر کچھ لکھ کر بذریعہ ڈاک بھیجا جاسکتا ہے (۲) تاش کا پتا (۳) موٹے کاغذ کا ٹکڑا۔

کارڈ بورڈ ؛ [انگ امذ] cardboard موٹے کاغذ کا تختہ۔ گتا

کارڈرائے ؛ [انگ امذ] corduroy ایک موٹا سوتی کپڑا یا مخملی کپڑا۔

کارسپانڈنٹ ؛ [انگ صف] correspondent مضمون نگار۔ نامہ نگار

کارک ؛ [انگ امذ] (cork) ایک درخت جس سے بوتلوں وغیرہ کے ڈاٹ بنائے جاتے ہیں۔ کاک۔ کاگ۔ ڈاٹ

کارَن ؛ [ہ امذ] سبب۔ واسطہ۔ باعث۔ لیے۔ خاطر۔

کارنچہ ؛ [ارامذق] چھوٹا موم

کارِندہ ؛ [ف صف] (۱) محنتی۔ کام کرنے والا (۲) مذ۔ مزدور۔ کارکن سربراہ۔ منیجر ایجنٹ۔ مختار۔ گماشتہ

کارنِس ؛ [انگ امث] cornice دیوار کی کگنی۔ منڈیر۔ گر

کارنے ؛ [ارامذق] سبب۔ کارن

کارنیوال ؛ [انگ امذ] carnival کیتھولک عیسائیوں کا جشن جشن۔ عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں

کارْوان ؛ [ف امذ] قافلہ۔ مسافروں کی جماعت۔ گروہ

کاروان سالار ؛ [ف صف] قافلے کا سردار۔ میر قافلہ

کاروان سرا / سرائے ؛ [ف امث] قافلہ اُترنے کی یا ٹھہرنے کی جگہ

کاروانی ؛ [ف صف] قافلے والا۔

کارِہ ؛ [ع صف] کراہت کرنے والا

کاری ؛ [ف صف] مہلک۔ کارگر۔ کام تمام کرنے والا۔ گہرا۔ بھاری۔ با اثر کارآمد۔ ٹھیک۔ باقاعدہ

کاری کھانا ؛ [ار محاورہ] مرغ بازوں کی اصطلاح میں مرغ کا مقابلہ میں شدید طور پر زخمی ہونا۔

کاری گر ؛ [ف صف] (۱) ہنرمند۔ پیشہ ور۔ دستکار۔ کام بنانے والا (۲) اُستاد فن ماہر (۳) کامل۔ ہوشیار۔ سمجھ والا (۴) موچی۔ معمار۔ لوہار (۵) کام کو خوب سمجھنے والا۔

کاری گری ؛ [ف امث] دیکھیے "کاری گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کاری لگنا ؛ [ار محاورہ] سخت لگنا۔ اثر کرنے والا لگنا

کاریز ؛ [ف امث] (۱) کھیتوں کو پانی دینے کی بند نالی (۲) چھوٹی نہر

کاڑا ؛ [ار امذق] کاڑھا جوشاندہ

کاڑھا ؛ [ھ امذ] (۱) وہ جوش دی ہوئی گرم دوائیں جو زچہ کو پلاتے ہیں۔ اچھوانی (۲) جوشاندہ

کاڑھ کوڑھ ؛ [ار متعلق فعل] کاڑھ کر

کاڑھن ؛ [” امذ] کارچوبی۔ زردوزی۔ زربفت۔ کمخواب

کاڑھنا ؛ [ار مص] (۱) نکال لینا۔ نکالنا (۲) باہر کرنا (۳) کھینچنا (۴) کشید کرنا۔ (۵) جوش دینا (۶) سوئی کا کام کرنا (۷) ادھار لینا (۸) انتخاب کرنا (۹) نقشہ کھینچنا (۱۰) موقوف کرنا (۱۱) پیٹ گرانا (۱۲) ویس نکال دینا (۱۳) جالی کا حلقہ سینا (۱۴) کپڑے پر بیل بوٹے بنانا (۱۵) ایجاد کرنا (۱۶) طرز نکالنا۔ فیشن نکالنا (۱۷) اکٹھا کرنا۔ حاصل کرنا (۱۸) محنت سے حاصل کرنا یا کمانا (۱۹) کوئی بات بیان کرنا۔ مضمون نکالنا (۲۰) نتیجہ نکالنا۔ اخذ کرنا (۲۱) ظاہر کرنا (۲۲) نقص نکالنا (۲۳) طرح معلوم کرنا (۲۴) سدھانا (۲۵) پرانی باتیں یاد دلانا (۲۶) تلاش کرنا (۲۷) تکلیف اٹھانا۔ مصیبت کے دن گزارنا (۲۸) خدمت کرنا۔ تیمارداری کرنا (۲۹) چھڑا ادھیڑنا (۳۰) زمین صاف کرنا۔ (۳۱) دھکیل دینا۔

کاڑی ؛ [ار امث ق] تنکا۔ تیلی

کاڑی کپٹ ؛ [ار امذق] کوڑا کرکٹ

کاس ؛ [ار امذق] (۱) گائے بھینس یا بکری کا تھن (۲) جنوبی ہند کے ایک سکہ کا نام۔ ایک قسم کی گھاس جس کی رسیاں بنائی جاتی ہیں۔

کاس ؛ [ع امذ] دیکھیے "کاسہ" جس کا یہ معرب ہے۔

کاسِب ؛ [ع صف] کسب کرنے والا

کاستَہ ؛ [ف صف] کم ہونا۔ گھٹنا۔ بے کم و کاست میں مستعمل ہے

کاسْٹ ؛ [انگ امث] cast کسی کھیل یا ڈرامے میں کام کرنے والے

کاسِد ؛ [ع صف] (۱) ناقص۔ بے قدر۔ ۲۔ کھوٹا جس کا رواج نہ ہو۔

کاسٹر آئل ؛ [انگ امذ] ارنڈی کا تیل جو دست آور ہے۔

کاسر : [ع صف] توڑنے والا

کاسر الحجر : [ع امذ] پتھری توڑنے والا

کاسر ریاح : [ع صف] ریاح کا توڑنے والا / بند کرنے والا

کاسف : [ع صف] بُرے۔ بد قسمتی کے (دن)

کاسنی : [ف امث] (۱) ایک پودا جس کے پھول ہلکے اُودے رنگ کے ہوتے ہیں (۲) اس کے بیج (۳) ایک ہلکا اُودا رنگ

کاسنی لوٹیا : [ف امذ] ایک قسم کا کبوتر جس کے سینے کے پر کاسنی رنگ کے ہوتے ہیں

کاسہ : [ف امذ] کٹورا۔ پیالا

کاسہ باز : [ف امذ] شعبدہ باز۔ بازی گر۔ مداری جو کاسہ کے کھیل تماشے دکھاتے ہیں۔ کنایۃً حیلہ باز۔ مکّار

کاسہ بازی : [ف امث] دیکھئے "کاسہ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کاسہ بھر کھانا اور رسا بھر چلنا : [ار مثل] (۱) زندگی گزارنا (۲) پیٹ بھر کر کھانا اور کام بالکل معمولی / تھوڑا کرنا۔

کاسہ پشت : [ف صف] (۱) پیر۔ بہت بوڑھا جس کی کمر جھک گئی ہو۔ کبڑا۔ ۲۔ کچھوا۔ ۳۔ کنایۃً آسمان

کاسۂ چشم : [ف امذ] آنکھوں کا حلقہ

کاسۂ دریوزہ / درویشاں : [ف صف] بھیک مانگنے کا پیالہ

کاسہ دیجئے ماسہ نہ دیجئے : [ار س] ناواقف کو کھانا کھلا دینا چاہئے مگر ٹھہرنے کے لئے جگہ نہیں دینی چاہئے۔

کاسۂ زانو : [ف امذ] وہ مقام جہاں زانوؤں کا جوڑ ہو۔ گھٹنے کی چپنی۔

کاسۂ سر : [ف امذ] کھوپڑی

کاسۂ سرنگوں : [ف امذ] آسمان

کاسۂ گدائی : [ف امذ] بھیک کا پیالہ

کاسہ گر : [ف امذ] پیالہ بنانے والا۔ کوزہ گر۔ کمہار

کاسہ گری : [ف امث] دیکھئے "کاسہ گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کاسہ لیس : [ف صف] (۱) پیالہ چاٹنے والا۔ ۲۔ خوشامدی۔ ۳۔ لالچی۔ ۴۔ فقیر۔ بھکاری۔ فیض حاصل کرنے والا۔

کاسہ لیسی : [ف امث] دیکھئے "کاسہ لیس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کاسۂ مینا / نگوں / گردوں : [ف امذ] آسمان

کاش / کاشکے : [ف صف مذ بہ التماس] کلمہ افسوس۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ یعنی خدا کرتا کیا اچھا ہوتا۔ میری یہ خواہش تھی۔

کاشانہ : [ف امذ] جھونپڑا۔ ۲۔ آشیانہ۔ گھونسلا

کاشت : [ف امث] (۱) کھیتی۔ زراعت۔ ۲۔ مزروعہ زمین جو کسی کے قبضہ میں ہو۔

کاشت کار : [ف امذ] کسان۔ زمین کو جوتنے والا۔ اسامی۔

کاشت کاری : [ف امذ] دیکھئے "کاشت کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

کاشت کرنا / میں لانا : [مص مرکب] دیکھئے "کاشت ہونا" جس کا یہ متعدی ہے

کاشت ہونا / میں ہونا : [مص مرکب] بویا جانا۔ کھیتی باڑی ہونا۔ زراعت ہونا۔

کاشتہ : [ف صف] بویا ہوا۔ جوتا ہوا۔

کاشف : [ع صف] ظاہر کرنے والا۔ کھولنے والا

کاظم : [ع صف] غصہ پی جانے والا / مارنے والا۔ ۲۔ امام موسیٰ رضا کا لقب۔

کاغذ : [ف امذ] (۱) ایک ورق جو لکڑی اور پرانے کپڑوں کو بھگو کر اور لئی سی بنا کر پھیلا کر بناتے ہیں (۲) قرطاس (۳) چٹھی۔ رقعہ۔ مکتوب۔ نامہ (۴) قبالہ۔ تمسک۔ نوشتہ (۵) ہنڈی۔ نوٹ (۶) نامۂ اعمال (۷) حساب (۸) چھپا ہوا ورق۔ اخبار۔

کاغذ اطفال / باد / بادی / ہوائی : [ف امذ] کنکوا۔ پتنگ

کاغذ بھر گھٹنا : [ار محاورہ] تھوڑا سا دُبلا ہونا

کاغذ پتر : [ار امذ] (۱) دستاویز (افعال: کرنا۔ ہونا) ۲۔ چٹھی (افعال: لکھنا۔ لکھانا)

کاغذ پر چڑھانا : [ار محاورہ] بہی یا رجسٹر میں لکھنا / اندراج کرنا

کاغذ پر چڑھنا : [ار محاورہ] دیکھئے "کاغذ پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کاغذ پیش کرنا : [ار محاورہ] تمسک یا چٹھی وغیرہ سامنے رکھنا

کاغذ پیش ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے "کاغذ پیش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کاغذ خانہ : [ف امذ] وہ جگہ جہاں کاغذ بنیں۔

کاغذ دفتر : [ف امذ] وہ کاغذ / رجسٹر جس پر مالگذاری کا حساب درج ہو۔

کاغذ دفتری : [ف امذ] معمولی کاغذ

کاغذ دوا : [ف امذ] نسخہ

کاغذ روزن : [ف امذ] رنگ دار کاغذ جو کھڑکیوں روشن دانوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔

کاغذ زر : [ف امذ] (۱) سنہری کاغذ (۲) قبالہ۔ تمسک۔ نوٹ (۳) وہ کاغذ جس میں دبا کر سونے کے ورق بناتے ہیں (۴) سونے کے سکّے کاغذ میں لپٹے ہوئے (۵) شاہی سند جس کی رُو سے روزانہ وظیفہ خزانہ عامرہ سے ملتا ہے

کاغذ سا : [ار صف] پتلا۔ بہت نازک۔ ہلکا کاغذ

کاغذ سرکاری : [ف امذ] (۱) گورنمنٹ کا پرمیسری نوٹ (۲) وہ کاغذ جس پر گورنمنٹ کی مہر اور اسٹامپ لگا ہوا ہو۔

کاغذ سوزن زدہ : [ف امذ] وہ کاغذ جس پر سوئیوں سے سوراخ کر کے تصویریں بنائی جاتی ہیں انہیں دوسرے کاغذ پر ڈال کر اور کاجل چھڑک کر تصویریں بناتے ہیں۔

کاغذ سیالکوٹی : [ف امذ] سیالکوٹ کا بنا ہوا ایک موٹا اور ردی قسم کا کاغذ جو اکثر دفتروں میں کام آتا تھا

کاغذ کا : [ف صف] کاغذی

کاغذ کا بند : [ف امذ] کاغذ کی طولانی فرد۔

کاغذ کا پٹھے باز : [ف امذ] (۱) ایک کھلونا جو تیلیوں اور کاغذوں سے بنا ہوتا ہے جس کو ہلایا جائے تو وہ پٹھے بازوں کی طرح ہاتھ چلاتا ہے۔ ۲۔ کاغذی آدمی۔

کاغذ کر دینا / کرنا : [ار محاورہ] (۱) تمسک لکھ دینا۔ ۲۔ کوئی چیز کسی کے نام لکھ دینا۔ ۳۔ ہبہ کرنا۔ ۴۔ گھر کا / یا کسی دوسری جائیداد کا ہبہ نامہ لکھ دینا۔

کاغذ کھولنا : [ار محاورہ] عیب فاش کرنا

کاغذ کی ناؤ : [ار امث] (۱) وہ ناؤ جو کاغذ کو دوہرا کر کے بچے بناتے ہیں۔ ۲۔ کنایۃً ناپائیدار چیز

کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی : [ار مثل] ناپائیدار شے کا کوئی اعتبار نہیں۔

کاغذ کی ناؤ بہانا: [ا رمحاورہ] بے فائدہ کام کرنا

کاغذ کی ناؤ پانی پر نہیں چلتی / بہتی
کاغذ کی ناؤ سے کون پار اترا: [ا رمثل] ناپائیدار چیز کسی کام نہیں آتی۔

کاغذ کے گھوڑے دوڑانا: [ا رمحاورہ] خط لکھنا

کاغذ کے گھوڑے دوڑنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کاغذ کے گھوڑے دوڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کاغذ گر: [ف امذ] کاغذ بنانے والا

کاغذ گیر: [ف امذ] روشن دان جس پر کاغذ لگا دیا جائے۔

کاغذ گیر مچھلی: [ف امذ] مچھلی کی صورت کا آلہ جو کاغذوں پر انہیں اڑنے سے روکنے کے لئے رکھتے ہیں۔

کاغذ ملانا: [ا رمحاورہ] حساب کا مقابلہ کرنا

کاغذ نشاف: [ف امذ] جاذب کاغذ۔ بلاٹنگ پیپر

کاغذ نکلنا: [ا رمحاورہ] موت کا حکم جاری ہونا

کاغذی: [ف صف] (۱) کاغذ کا (۲) پتلے چھلکے کا (۳) کاغذ بنانے یا بیچنے والا (۴) ایک پرندہ جو چھوٹی مچھلیاں کھاتا ہے (۵) ایک قسم کا سفید کبوتر (۶) دفتری (۷) سیاق دان۔ حساب دان۔ (۸) نازک کمزور۔

کاغذی آدمی: [ف امذ] چست۔ دبلا پتلا اور چالاک آدمی

کاغذی اخروٹ: [ف امذ] اخروٹ کی ایک قسم جس کا چھلکا بہت پتلا اور نازک ہوتا ہے۔

کاغذی بادام: [ف امذ] ایک قسم کا بادام جس کا چھلکا پتلا اور نرم ہوتا ہے۔

کاغذی پیرہن: [ف امذ] کاغذ کی پوشاک جو فریادی لوگ پہن کر بادشاہوں کے پاس جایا کرتے تھے۔ اس سے اظہار عاجزی مقصود ہوتا تھا۔

کاغذی ثبوت: [ف امذ] تحریری ثبوت

کاغذی گھوڑے دوڑانا: [ا رمحاورہ] بہت سے خط لکھنا۔ عام چٹھیاں لکھی جانا

کاغذی گھوڑے دوڑنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کاغذی گھوڑے دوڑانا" جس کا یہ لازم ہے

کاغذی لیموں: [ف امذ] ایک قسم کا لیموں جس کا چھلکا بہت پتلا ہوتا ہے۔

کاغذیں: [ف صف] کاغذ کا بنا ہوا

کاغذیں باغ: [ف امذ] کاغذ کے پھولوں سے بنے ہوئے باغ وغیرہ جو کسی کی قبر پر سجاتے ہیں

کاف عجمی / فارسی: [ع امذ] گ۔ گاف

کاف کن: [ع امذ] حکم خداوندی۔

کاف لولاک: [ع امذ] پیغمبر صلعم سے مراد ہوتی ہے کیونکہ حدیث شریف میں لولاک سے آنحضرتؐ کو خطاب کیا گیا ہے۔

کاف ولام: [ع امذ] لاف وگزاف۔ شیخی

کاف ونون: [ع امذ] قرآن شریف کی دو سورتیں جو ان حرفوں سے شروع ہوتی ہیں۔

کافر: [ع صف] (۱) وہ شخص جو خدا کو نہ مانے (۲) انکار کرنے والا۔ منکر۔ (۳) بدبخت۔ کم بخت (۴) غضب کا۔ فتنہ انگیز (۵) عمدہ۔ پیارا (۶) معشوق۔ محبوب۔ دل دار (۷) ایک قوم جو افغانستان کی سرحد پر رہتی ہے (۸) غیر۔ دشمن۔ بیگانہ (۹) افریقہ کے حبشیوں کا ایک فرقہ

کافر ادا: [ع ف صف] جس کی ادائیں دل کش ہوں۔ کنایۃً معشوق

کافر آواز: [ع امث] عمدہ اور پیاری آواز

کافرانہ: [ع صف] کافر کا۔ کافر کی طرح کا۔

کافر حربی: [ع امذ] وہ کافر جس سے لڑنا واجب ہو۔

کافر ذمی: [ع امذ] وہ کافر جو جزیہ ادا کرے اور اس سے لڑنا واجب نہ ہو۔

کافر کتابی: [ع امذ] اہل کتاب جو اسلام کو نہ مانیں عیسائی اور یہودی

کافر کرتی: [ع امث] انگریزی کرتی۔ انگریزی وضع کی جاکٹ کوٹ وغیرہ

کافر کش: [ع امذ] کافروں کو قتل کرنے والا

کافر کیش: [ع صف] بے وفا معشوق کی تعریف میں

کافر ماجرا: [ع ف صف] جس کا حال کافروں کا سا ہو۔

کافر ماجرائی: [ع امذ] کافروں کی طرح ہونا (۲) مث۔ ظلم وجور

کافر منش: [ع ف امذ] وہ جس کی عادت ظلم وجور کرنا ہو۔ کنایۃً معشوق

کافر نعمت: [ف صف] نعمت کی ناشکری کرنے والا۔ بے وفا۔ محسن کش۔

کافر نعمتی: [ف امث] دیکھئے "کافر نعمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کافرنی: [ا رامث] کافر عورت۔ کافر کی بیوی

کافرہ: [ع صف مث] دیکھئے "کافرنی"

کافر ہو: [ا رکلمہ قسم / بد دعا] قسم دینے کا ایک طریقہ۔ قسم کی قسم (۲) بد دعا

کافر ہونا: [مص مرکب] منکر ہونا۔ خدا سے انکار کرنا

کافری: [ع ف صف] (۱) دیکھئے "کافر" جس کا اسم کیفیت ہے (۲) افریقہ کی ایک حبشی قوم کا نام (۳) افغانستان کی سرحد پر کافری زبان

کافور: [ع امذ] کپور۔ ایک نہایت تیز خوشبودار مادہ اور تلخ ذائقہ رنگ سفید جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے اور کھلا رہنے سے اڑ جاتا ہے۔ اس کی خوشبو سے اونی کپڑوں کو کیڑا نہیں لگتا (۲) صف۔ ؟ ۔ غائب۔

کافور دینا: [ا رمحاورہ] دوا کے طور پر کافور کھلانا

کافور ملنا: [ا رمحاورہ] مردے کے کفن کو کافور لگانا

کافور ہو جانا / ہونا: [ا رمحاورہ] بھاگ جانا۔ رفوچکر ہونا

کافوری: [ف صف] کافور کا بنا ہوا۔ کافور کے رنگ کا (۲) سفید۔ کافور ملا ہوا (۳) ایک قسم کا پان

کافوری رنگ: [ف امذ] ہلکا زردی مائل رنگ

کافوری شمع: [ف امث] کافور کی بنی ہوئی شمع جس کی روشنی نہایت صاف ہوتی ہے۔

کافوری مرہم: [ف امث] نہایت ٹھنڈا مرہم جس کا اہم جزو کافور ہوتا ہے

کافہ: [ع امذ] کل۔ سب

کافۃ الناس / کافۂ انام: [ع امذ] آدمیوں کا گروہ۔ کل نسل انسانی

کافے: [فرانسیسی امذ] قہوہ خانہ

کافی: [انگ امث] coffee قہوہ کی ایک قسم جو افریقہ میں پیدا ہوتی ہے

کافی: [ھ امث] (۱) ایک قسم کی راگنی (۲) پنجابی میں ایک قسم کی صوفیانہ نظم۔

کافی: [ع صف] (۲) کام نکل جانے کے قابل

کافی طور سے: [ا رمتعلق فعل] بخوبی۔ پوری طرح سے

کافی وافی : [ع صف] بہت، بہت سے۔ بھرپور۔ پورا پورا۔ پورا اور کچھ زیادہ۔ بخوبی

کافی ہونا : [ا رمحاورہ] اکتفی ہونا کام نکل جانے کے قابل ہونا۔ ضرورت کے مطابق ہونا

کافیہ : [ع۔ امث] ا۔ کافی کی تانیث (۲) نحو کی ایک مشہور کتاب۔

کافیہ کا بھاگا بن کو جالاگا : [ھ مثل] نالائق پڑھائی سے بھاگ گیا۔

کافین / کیفین : [انگ امث] caffeine ایک جوہر جو قہوے اور چائے میں ہوتا ہے اور طاقت وہ چیز ہے۔

کاک : [ف امذ] ا ایک قسم کی روغنی ٹکیا (۲) بسکٹ (۳) وہ ٹکیا جو قطب الدین بختیار کاکی تناول فرماتے تھے (۴) ق، گندم۔ خاک

کاک : [س امذ] کوا۔

کاک بندھیا : [ھ امث] وہ عورت جس کے صرف ایک ہی بچہ ہو۔

کاکا : [امذ] چچا (۲) بڑے بھائی۔ یا بڑے چچا زاد بھائی کو بھی کہتے ہیں۔ (۳) چھوٹا بچہ۔

کاکا ہو کے نہ بھتیجے : [ھ مثل] چچا کو کوئی پسند نہیں کرتا کیونکہ وہ بڑے بھائی کا برابر کا حصہ دار ہوتا ہے

کاکا کی بھینس بھتیجے کی کونڈ : [ھ مثل] چچا کو بہت کچھ مل جاتا ہے بھتیجے کو کچھ نہیں۔

کاکا نہ کرے ساکا : [ھ مثل] چچا جھگڑا نہیں کرتا۔ چچا کے اگر اولاد نہ ہو تو بھتیجے کو متبنیٰ بنا لیتا ہے۔

کاکا : [ف امذ] (۱) وہ خواجہ سرا جس کی گود میں والدین نے پرورش پائی ہو (۲) بڑا بھائی (۳) وہ قدیم غلام جو گھر میں رہتے رہتے بوڑھا ہو گیا ہو۔

کاکاجی : [ف امذ] افغان پیر مرد کو کہتے ہیں۔

کاکاتوا / توا / کوا : [انگ امذ] ایک قسم کا بڑا اور سفید طوطا جس کے سر پہ سرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے۔

کاکٹیل : [انگ۔ امث] cock tail کئی شرابوں سے مرکب شراب

کاکریز : [ف امذ] ایک قسم کا اودا رنگ

کاکروچ : [ا ر۔ امذ] ایک قسم کا کیڑا۔

کاکریزی : [ف صف] کاکریز رنگ کا (۲) اس رنگ کا نام ہے۔

کاکڑا : [ھ امذ] ہرن کی قسم کا ایک جانور جسے سابھلی کہتے ہیں (۲) ق۔ جڑی بوٹی (۳) سخت اور پکا چمڑا۔ چمڑے کا لمبا ٹکڑا۔ چابک کا چمڑا۔

کاکڑا سینگی : [ھ امث] (۱) ایک درخت (۲) اس کا پھل (۳) اس درخت کا رس جو پتوں پر جم جاتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

کاکل : [ف امث] (۱) انسان کے سر کے بال جو منہ کی طرف لٹکیں، زلف لٹ (۲) گھوڑے کے ایال

کاکل افشانی : [ف امث] خوبصورتی کے لئے زلفوں کا پریشان کرنا۔

کاکل پیچاں : [ف امث] خمدار زلفیں۔ بل کھائے ہوئے بال

کاکل چھوڑنا : [ا رمحاورہ] زلفوں کا لٹکانا

کاکل شمع : [ف امث] شمع کا دھواں

کاکل صبح : [ف امث] صبح کاذب

کاکل رکھوانا : [ا رمحاورہ] لمبے بال دونوں جانب اس طرح رکھنا کہ سینے پر لٹکتے رہیں۔

کاکل گوندھنا [ا رمحاورہ] زلفیں سنوارنا

کاکل مشکیں : [ف امث] سیاہ زلفیں

کاکلوت / کاکلود : [ھ امث] (۱) محبت۔ فرط الفت کا تقاضا۔ ماستا (۲) حرص۔ لالچ (۳) آرزو۔ خواہش۔ (۴) کنجوسی۔ بخل

کاکلیں چھوڑنا : [ا رمحاورہ] زلفیں چھوڑنا۔ لٹیں لٹکانا

کاکن : [ھ امث] کنگنی ایک قسم کا چھوٹا غلہ جو بٹیروں کو کھلاتے ہیں۔

کاکن : [س امذ] ایک قسم کا کوڑھ جس میں سرخ اور سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں۔ یہ لاعلاج بیماری ہے

کاکندی : [س امث] آملہ

کاکنی : [س امث] ایک چھوٹا سکہ جو بیس کوڑی کے برابر ہوتا تھا۔ ایک ماپ۔

کاکو : [ھ امذ] ماں کا بھائی۔ ماموں

کاکی : [ھ امث] (۱) چچی۔ باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی (۲) لڑکی۔ بچی۔ بیٹی (۳) صف۔ قطب الدین بختیار چشتی کا لقب

کاگ : [انگ امذ] انگریزی لفظ cork کا بگاڑ، دیکھئے "کارک"

کاگ اڑانا : [ا رمحاورہ] تند و تیز شراب کی بوتل کھولنا

کاگ اڑنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کاگ اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کاگ / کاگا : [ھ امذ] دیکھئے "کوا"

کاگ اٹھانا : [ا رمحاورہ] حلق کے کوے کو اوپر سے دبانا

کاگاباسی : [ھ صف امذ] (۱) وہ بھنگ جو متھرا کے چوبے صبح کو پیتے ہیں (۲) سیاہ موتی۔

کاگارول : [ھ امذ] شور ہنگامہ، غل غپاڑا

کاگلی : [ھ امث] دیکھئے "کاگ" جس کی یہ تانیث ہے

کاگوا : [ھ امذ] (۱) کوا (۲) سیاہ کیڑا جو اناج میں لگتا ہے۔

کاگور : [ھ امذ] وہ کھانا جو شرادوں میں کوؤں کو ڈالتے ہیں۔

کال : [ھ امذ] (۱) وقت۔ زمانہ۔ موسم۔ رت (۲) عمر (۳) موزوں وقت (۴) موقع (۵) کھانے کا وقت (۶) وقت کا دیوتا (۷) قسمت۔ نصیبہ (۸) موت (۹) موت کا وقت (۱۰) فرشتۂ اجل (۱۱) قحط۔ گرانی۔ خشک سالی (۱۱) کالا کا مخفف۔

کال آنا : [ا رمحاورہ] موت کا وقت آنا

کال بتانا : [ا رمحاورہ] وقت گزارنا۔ وقت ضائع کرنا

کال بنجر : [ھ امث] وہ زمین جس میں کبھی کاشت نہ ہوئی ہو۔

کال بیلا : [ھ امذ] منحوس وقت

کال پڑنا : [ا رمحاورہ] قحط پڑنا۔ خشک سالی ہونا۔ تھوڑا ہونا۔

کال بھجنگ : [ھ صف] بہت کالا۔ سیاہ۔ کالیا

کال جواری : [ھ امذ] نامی قمار باز۔ مشہور اور بدنام جواریا

کال کاٹنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے کال بتانا

کال کا لوٹا / مارا : [ھ صف] (۱) قحط زدہ (۲) بھوکا۔ غریب۔ مفلس۔ کنگال۔

کال کی لوٹی / ماری : [ھ صف] دیکھئے "کال کا لوٹا / مارا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کال کام : (ھ امذ) وہ کام جو قحط کے دنوں میں لوگوں کو کھانا دینے کے لئے کرائے جائیں۔
کال کر جانا : (ھ محاورہ) مرجانا
کال کوٹھری : (ھ امث) اندھیری کوٹھڑی۔ ۲۔ تنہائی۔ قید۔ ۳۔ کنایۃً پیٹ
کال کو کھائے بیٹھا ہے : (ہ مثل) اس کو موت نہیں آتی
کال کے آگے سب لاچار ہیں۔ کسی کا بس نہیں چلتا : (ا ر مثل) موت سے سب مجبور ہیں۔
کال کے بس میں ہونا : (ا ر محاورہ) (۱) وقت یا واقعات سے مجبور ہونا (۲) موت کے پنجہ میں ہونا
کال کے منہ میں سب ہیں : (ھ مثل) سب کو مرنا ہے
کال کے ہاتھ کمان بوڑھا بچے / چھوڑے نہ جوان : (ہ مثل) موت سے کوئی نہیں بچتا۔
کال نہ چھوڑے راجا نہ چھوڑے ملنگ : (ہ مثل) موت بادشاہ یا فقیر کسی کو نہیں چھوڑتی
کال نہ چھوڑے کوئے، گدا ہو یا راجا ہوئے : (موت کسی کو نہیں چھوڑتی۔
کالا : (ہ صفت) (۱) سیاہ۔ سیاہ فام (۲) بڑا۔ بہت زیادہ۔ بے حد (۳) سانپ۔ افعی (۴) سیاہ ہرن (۵) دیسی آدمی
کالا آدمی : (ھ امذ) (انگریزی اصطلاح) حقارتاً ہندوستانی آدمی
کالا بال : (۱) (امذ) موئے زہار۔ ۲۔ صف۔ بے حقیقت۔ ادنیٰ
کالا بال اپنا جاننا / سمجھنا : (ا ر محاورہ) کچھ حقیقت نہ سمجھنا۔ بے حقیقت سمجھنا
کالا بھٹ / بھجنگ : (ہ صف) بہت کالا
کالا پانی : (ھ امذ) عبور دریائے شور۔ حبس دوام۔ یہ ہر ملک کا علیحدہ ہوتا ہے۔ ہندوستان کا جزیرہ انڈمان۔ روس کا سائبیریا۔
کالا پانی ملنا / ہونا : (ا ر محاورہ) سزائے حبس دوام ہونا
کالا پن : (ع امذ) سیاہی
کالا پہاڑ : (ا ر امذ) (۱) ہاتھی (۲) سر (۳) ایک آم کا نام (۴) مصیبت کی لمبی تاریک رات (۵) مصیبت۔ آفت
کالا تل : (ا ر امذ) (۱) خال سیاہ (۲) کنجد سیاہ
کالا جیل خانہ : (ا ر امذ) جیل خانہ جس میں قیدی عمر بھر رہے۔
کالا چور : (ا ر امذ) (۱) بڑا بھاری چور (۲) نامی چور (۳) جہاں نام نہ بتانا ہو وہاں کہہ دیتے ہیں
کالا دانہ : (ا ر امذ) اسپند۔ نظر بد کو دفع کرنے کے لئے جلاتے ہیں۔
کالا دھتورا : (ا ر امذ) ایک قسم کا دھتورا جس کے بیج سیاہ ہوتے ہیں۔ پھولوں میں بھی سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔
کالا دیو : (ا ر امذ) (۱) اندر سبھا میں ایک دیو جو گلفام اور سبز پری کا مددگار ہے۔ ۲۔ نہایت سیاہ اور قوی ہیکل شخص۔
کالا زیرہ : (ا ر امذ) سیاہ رنگ کا زیرہ
کالا شور : (ا ر امذ) (۱) سیاہ خنزیر (۲) گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

کالا کرنا : (ا ر محاورہ) (۱) سیاہ کرنا (۲) کاغذ لکھنا
کالا کلوٹا : (ا ر صف) بہت کالا۔ سیاہ فام
کالا کوا کھایا ہے : (ا ر محاورہ) بہت زیادہ باتیں کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں
کالا کولا / کوئلا : (ا ر صف) بہت سیاہ
کالا کھیلنا : (ا ر محاورہ) منتر کے اثر سے سانپ کا کھیلنا
کالا منہ : (ا ر محاورہ) (۱) چہرہ جس پر سیاہی ملی ہوئی ہو (۲) اظہار نفرت کیلئے بولتے ہیں
کالا منہ کریل کے دانت : (ا ر مثل) سب باتیں بگڑی ہوئی۔
کالا منہ کرانا : (ا ر محاورہ) دیکھئے "کالا منہ کرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
کالا منہ کرنا : (ا ر محاورہ) (۱) چہرہ سیاہ کرنا (۲) زنا کرنا۔ زنا بالجبر کرنا (۳) دور ہونا (۴) دفع ہونا (۵) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا (۶) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
کالا منہ کرو : (ا ر محاورہ) (۱) دفع ہو، منہ نہ دکھاؤ۔ ۲۔ چھوڑو۔ جانے دو۔
کالا منہ نیلے ہاتھ / پاؤں : (بددعا) نفرت ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں
کالا منہ ہو : (ا ر بددعا) بدنام ہو۔ رسوا ہو
کالا منہ ہونا : (ا ر محاورہ) دیکھئے "کالا منہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کالا ناگ : (ا ر امذ) سیاہ سانپ۔ افعی۔
کالا نمک / لون : (ا ر امذ) سیاہ رنگ کا نمک جو ہاضمے کے لئے بہت اچھا ہوتا ہے۔
کالا ہرن مت مار پوستر ہو جائیں گی رانڈ : (ا ر مثل) ایسا آدمی نہ مرے جس کے ہاتھ میں بہتوں کی روزی ہے۔
کالا : (ف اسف) پونجی۔ اسباب۔ سامان
کالائے بد بریش خاوند : (ف مثل) خراب چیز بیچنے والے کے پاس واپس آجاتی ہے۔
کالانعام : (ع صف) چوپایوں کی مانند۔ بے وقوف
کالعدم : (ع صف) معدوم۔ ناپید۔ گویا کہ ہے ہی نہیں۔
کالبد : (ف امذ) (۱) قالب۔ ڈھانچہ۔ ٹھاٹھیا (۲) جسم۔ تن۔ بدن۔ سر (۳) سانچا۔ وہ (امذ) جس میں کوئی چیز ڈھالیں۔
کالبوت : (ا ر امذ) دیکھئے "کالبد" (۲) بوٹ کے اندر پھنسانے کا فرما
کالبوت چڑھانا / دینا : (ا ر محاورہ) جوتا تیار کرکے اس کے اندر لکڑی کا بنا ہوا پاؤں رکھنا۔ تنگ جوتے کو قالب پر چڑھا کر ڈھیلا کرنا۔
کالج : (انگ امذ) college بڑا مدرسہ۔ مدرسۃ العلوم۔ دار العلوم کسی یونیورسٹی سے ملحق۔ کسی خاص پیشے کی تعلیم گاہ۔ مجلس۔ انجمن۔
کالجیئیٹ : (انگ صف) collegiate کالج کا طالب علم کالج میں پڑھنے والا۔
کالر : (انگ امذ) collar کنٹھا۔ گلوبند۔ پٹا۔ حلقہ۔ طوق۔ گردن (۲) قمیص میں گریبان سے اوپر کا نائڈ کپڑا جو خوبصورتی کے لئے لگاتے ہیں۔
کالرا : (انگ امذ) cholera ہیضہ
کالطبیعہ : (ع، متعلق فعل) طبعی۔ فطری
کالک : (ھ امث) سیاہی۔ رسوائی۔ عیب
کالک کا ٹیکا : (ھ امذ) (۱) سیاہی کا داغ۔ دھبا (۲) بدنامی۔ ذلت
کالک کا ٹیکا لگانا : (ا ر محاورہ) دیکھئے "کالک کا ٹیکا لگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کالک کا ٹیکا لگنا : [ا ر محاورہ] بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ داغ لگنا۔ ذلت نصیب ہونا۔ کلنک لگنا

کالک لگانا : [ا ر محاورہ] (۱) سیاہی کا دھبا لگانا (۲) رسوا کرنا

کالک لگنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کالک لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کالکا : [س ا مث] کالی دیوی۔ درگا۔ کالے رنگ کی دیوی جسے ہندو پوجتے ہیں۔

کالم : [انگ ا مذ] (column) صفحے کا حصہ، خصوصاً اخبار کا خانہ (۲) فوج کا ایک دستہ

کالنقش فی الحجر : [ع صف] پتھر کی لکیر کی طرح پائیدار

کالنگڑا : [ھ ا مذ] صبح کے وقت کا ایک راگ

کالوا : [ا ر ا مذق] چشمہ۔ ندی۔ نہر

کالوانش : [ا ر ا مذق] ہرن۔ (فر)

کالونی : [انگ ا مث] colony نئی بستی۔ نوآبادی (۲) کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے ہو۔

کالوے : [ا ر ا مذق] پھوٹا پل

کالی : [ھ صف] دیکھئے "کالا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) سیاہ۔ کالے رنگ کی (۳) [ا مث] ایک دیوی کا نام جس کا رنگ سیاہ ہے۔ درگا۔ کالکا۔ شوجی کی استری پاربتی (۴) روشنائی (۵) ایک سانپ کا نام جس کو کرشن جی نے جمنا کے بھنور سے نکالا تھا۔

کالی آندھی : [ا ر ا مث] وہ آندھی جس کی گرد سے اندھیرا چھا جائے۔

کالی آنکھ : [ا ر ا مث] سیاہ آنکھ جو خوبصورتی کی دلیل ہے۔

کالی بلا : [ا ر ا مث] کالی چڑیل۔ سخت مصیبت۔ کالی اور بدصورت عورت

کالی بھیڑ : [ا ر صف] کا ترجمہ۔ بدمعاش۔ پاپی

کالی بی : [ا ر ا مث] بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام

کالی پیلی آنکھیں کرنا : [ا ر محاورہ] بڑے غصے کا اظہار کرنا

کالی جمعرات : [ا ر ا مث] فرضی دن یا رات۔ نادہند کے وعدے کی نسبت کہتے ہیں۔

کالی رات : [ا ر ا مث] سیاہ اور خوفناک رات۔ اندھیری رات

کالی زبان : [ا ر ا مث] سیاہ زبان جس کے متعلق خیال ہے کہ اس کی بددعا جلد اثر کرتی ہے

کالی زیری : [ا ر ا مث] ایک قسم کا زیرہ، زیرہ سے مشابہ اور بہت کڑوی چیز

کالی سیتلا ماتا : [ھ ا مث] ایک قسم کی چیچک جس کے دانے سیاہ ہوتے ہیں۔

کالی کلوٹی : [ا ر صف مث] نہایت سیاہ

کالی کھانسی : [ا ر ا مث] ایک قسم کی کھانسی جو اکثر بچوں کو ہوتی ہے۔

کالی گھٹا : [ا ر ا مث] ابر سیاہ۔ سیاہ بادل

کالی گھٹا ڈراؤنی، بھوری برسن ہار : [ا ر مثل] جو شیخی خورے اور بکواسی نہیں ہوتے وہی کام آتے ہیں۔

کالی مٹی : [ا ر ا مث] جو ہڑ کی چکنی مٹی

کالی مرچ : [ا ر ا مث] (۱) سیاہ مرچ جو گول ہوتی ہے (۲) کنایۃً مکھی۔

کالی ہانڈی سر پہ دھرنا : [ا ر محاورہ] بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ رسوائی اختیار کرنا۔

کالی ہڑ : [ا ر ا مث] چھوٹی ہڑ

کالے : [ا ر صف] (۱) کالا کی جمع اور مغیرہ صورت (۲) ایشیائی یا ہندوستانی غیر یورپی لوگ۔ سیاہ فام لوگ۔ حبشی

کالے آدمی صابن سے گورے نہیں ہوتے : [ا ر مثل] پیدائشی بات کبھی نہیں جاتی

کالے بال : [ا ر ا مذ] زیرِ ناف بال

کالے پانی بھیجنا : [ا ر محاورہ] جلاوطن کرنا۔ عبور دریائے شور کرانا۔

کالے تِل چابنا : [ا ر محاورہ] نہایت بُرا کام کرنا۔ بُرے کاموں کی سزا پانا

کالے تِل چبوانا : [ا ر محاورہ] ایک ٹوٹکا ہے کہ دلہن کی ہتھیلی پہ کالے تل اور کھانڈ ملا کر رکھ دیتے ہیں اور دولہا سے کہتے ہیں کہ زبان سے اٹھا کر چباؤ۔ اگر وہ ایسا کرے تو گویا وہ جورو کا مطیع رہے گا (۲) مطیع بنا لینا۔ احسان مند بنا لینا (۳) غلامی کا کام لینا (۴) ڈھکانا

کالے دن دکھانا : [ا ر محاورہ] مصیبت میں مبتلا کرنا

کالے سر کا : [ا ر ا مذ] انسان۔ آدمی۔ جوان

کالے سر کا ایک نہ چھوڑا : [ا ر مثل] چھنال عورت کی نسبت کہتے ہیں کہ جوان آدمی کوئی نہ چھوڑا۔

کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا / کالے کے کاٹے کا جنتر نہ منتر / کالے کے کاٹے کا منتر نہیں : [ا ر مثل] کالے ناگ کا ڈسا بچ نہیں سکتا۔ دغاباز سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔

کالے کوس / کوسوں : [ا ر ا مذ] دور کا فاصلہ۔ بہت دور

کالے کوے کھائے ہیں : [ا ر مثل] عوام کا اعتقاد ہے کہ جو کالے کوے کا گوشت کھاتا ہے۔ اس کے بال سفید نہیں ہوتے۔ جب بڑھاپے میں بھی کسی کے بال سفید نہ ہوں تو اس کی نسبت بولتے ہیں۔

کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا : [ا ر مثل] زبردست کے آگے پیش نہیں جاتی۔ سمجھتے ہیں کالے سانپ کی پھنکار سے چراغ گل ہو جاتا ہے۔

کالے کی سی لہر آنا : [ا ر محاورہ] کبھی کبھی جنون کا دورہ پڑنا

کالے کے منہ میں انگلی / ہاتھ دینا : [ا ر محاورہ] ایسا کام کرنا جس میں جان کا خطرہ ہو۔

کالے منہ اندھیرے : [ا ر متعلق فعل] بہت سویرے۔ علی الصباح

کالیا : [ا ر صف] کالے رنگ کا آدمی

کام : [س ا مذ] (۱) خواہش نفسانی۔ شہوت (۲) عشق (۳) کامنا۔ اچھا۔ مرضی

کام دیو : [س ا مذ] (۱) خواہش نفسانی کا دیوتا (۲) قوت باہ۔ خواہش جماع۔

کام : [ا ر ا مذ] (۱) کار۔ کاج۔ کاروبار، دھندا۔ فعل (۲) بیوپار۔ لین دین۔ بنج۔ بیوپار (۳) کرتوت۔ کردار (۴) ہنر۔ پیشہ۔ دستکاری (۵) شغل مصروفیت (۶) مطلب، واسطہ۔ تعلق۔ غرض (۷) جماع۔ مجامعت (۸) روزگار، نوکری، خدمت (۹) زر دوزی۔ کارچوبی۔ نقاشی (۱۰) فرض۔ ڈیوٹی (۱۱) چالاکی ہوشیاری۔ عیاشی (۱۲) حاجت ضرورت (۱۳) حوصلہ۔ ہمت

کام آپڑنا: [ا۔ محاورہ] ضرورت پیش آنا۔ غرض اٹکنا۔

کام آخر کرنا: [ا۔ محاورہ] مار ڈالنا

کام آخر ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کام آخر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام آسان ہونا: [ا۔ محاورہ] مشکل دور ہونا

کام آنا: [ا۔ محاورہ] (۱) کار آمد ہونا۔ مفید ہونا (۲) لڑائی وغیرہ میں مارا جانا (۳) مددگار ہونا۔ آڑے آنا (۴) خرچ ہونا۔ صرف ہونا (۵) استعمال میں آنا۔ برتا جانا۔
(۶) کام نکالنا (۷) مرجانا۔ ٹھکانے لگنا

کام ابتر کرنا: [مص مرکب] کام خراب کرنا

کام ابتر ہونا: [مص مرکب] دیکھیے "کام ابتر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام اٹکا رہنا: [ا۔ محاورہ] کام رکا رہنا

کام اٹکانا: [ا۔ محاورہ] کام روکنا یا کام میں رکاوٹ ڈالنا

کام اٹکنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کام اٹکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام اٹھا رکھنا: [ا۔ محاورہ] کام ملتوی کرنا۔ کام باقی رکھنا

کام اٹھا لینا: [ا۔ محاورہ] اپنے ذمہ کام لینا۔ برداشت کرنا

کام ادا ہونا: [ا۔ محاورہ] کام تمام ہو جانا

کام ادھورا رکھنا: [مص مرکب] کام کو نامکمل رکھنا

کام بتانا: [ا۔ محاورہ] کسی کام کی تعلیم دینا۔ کوئی مشغلہ بتانا

کام بٹانا / بٹا لینا: [ا۔ محاورہ] کام میں شریک ہونا۔ مددگار ہونا

کام بر آنا: [ا۔ محاورہ] مقصد پورا ہونا

کام بڑھانا: [ا۔ محاورہ] (۱) کام بند کرنا۔ کام ختم کرنا (۲) محنت زیادہ کرنا کام کو طول دینا (۳) بیوپار کو ترقی دینا۔

کام بڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کام بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام بگاڑنا: [ا۔ محاورہ] (۱) کام خراب کرنا۔ مطلب میں خلل ڈالنا (۲) ساکھ خراب کرنا۔ بے عزتی کرنا

کام بگڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کام بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) دیوالا نکل جانا۔ کاروبار میں فرق آجانا۔ نوکری چھوٹ جانا

کام بنا رہنا: [ا۔ محاورہ] اقبال کا یاور ہونا۔ زمانہ حسب مراد ہونا — دور دورہ رہنا۔

کام بنا لینا: [ا۔ محاورہ] مطلب حاصل کر لینا

کام بنانا: [ا۔ محاورہ] (۱) کام درست کرنا (۲) کوئی چیز بنانا (۳) مطلب نکالنا۔ مقصد پورا کرنا۔ ارمان پورا کرنا (۴) کام تیار کرنا۔

کام بن جانا / بننا: [ا۔ محاورہ] مطلب پورا ہونا۔ مراد بر آنا۔ کامیابی حاصل ہونا۔ کام درست بننا۔

کام بند رکھنا: [مص مرکب] کام رکا ہوا رکھنا۔ حرج کرنا۔ خلل ڈالنا

کام بند رہنا: [مص مرکب] کام رکنا۔ کام میں حرج ہونا۔ کام کا معطل رہنا۔

کام بند کرنا: [مص مرکب] کام روک دینا۔ کام میں حرج واقع کرنا۔ کام کو معطل رکھنا اور موقوف کرنا۔

کام بند ہونا: [مص مرکب] دیکھیے "کام بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام بھگتانا: [مص مرکب] کام پورا کرنا۔ کام کو انجام تک پہنچانا۔ کام نمٹانا۔

کام بھگتنا: [مص مرکب] دیکھیے "کام بھگتانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام پر جانا: [ا۔ محاورہ] کام کرنے جانا۔ مزدوری پر جانا۔

کام پر دیدہ لگنا: [ا۔ محاورہ] کام میں جی لگنا۔

کام پر لگانا: [ا۔ محاورہ] (۱) کسی خدمت پر مقرر کرنا (۲) کسی کام کے سیکھنے میں مصروف کرنا (۳) مزدوری پر لگانا

کام پڑا رہنا: [ا۔ محاورہ] کام کا ناتمام رہنا۔

کام پڑنا: [ا۔ محاورہ] پالا پڑنا۔ تعلق ہونا۔ غرض ہونا

کام پورا کرنا: [مص مرکب] کام کو مکمل کرنا۔ مقصد پورا کرنا

کام پورا ہونا: [مص مرکب] دیکھیے "کام پورا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام پیارا ہے چام پیارا نہیں: [ا۔ مثل] انسان کی قدر کام سے ہے صرف جسمانی خوبصورتی سے کوئی پیار نہیں کرتا۔

کام تجنا: [مص مرکب] دھندا چھوڑنا۔ کام چھوڑ دینا۔

کام تقدیر پہ چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] کام چھوڑنا یا ترک کرنا

کام تمام کرنا: [ا۔ محاورہ] مار ڈالنا۔ ہلاک کرنا۔ کام مکمل کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔

کام تمام ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کام تمام کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام جاری رکھنا: [مص مرکب] دیکھیے "کام جاری رہنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کام جاری رہنا: [مص مرکب] کام لگاتار ہوتے رہنا۔

کام جاری کرنا: [مص مرکب] کام کا سلسلہ شروع کرنا۔ رکے ہوئے کام کو دوان کرنا

کام جاری ہونا: [مص مرکب] دیکھیے "کام جاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام چڑھانا: [ا۔ محاورہ] کسی کل یا مشین وغیرہ پہ کام لگانا۔ کوئی کام شروع کرنا۔ ہاتھ میں لینا۔

کام چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کام چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کام چلانا: [ا۔ محاورہ] (۱) کارروائی کرنا بندوبست کرنا۔ ۲۔ مطلب براری کرنا ۳۔ کاروبار جاری رکھنا۔ ۴۔ وقت سے کام نکالنا۔ جوں توں کر کے کام پورا کرنا۔

کام چلاؤ: [ا۔ صفت] کام نکالنے کے قابل۔ حاجت پوری کرنے کے لائق کام کا مفید

کام چلنا: [ا۔ محاورہ] (۱) دیکھیے "کام چلانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) گزر ہونا۔ بسر ہونا۔ ہاتھ تنگ نہ رہنا۔

کام چمکنا: [ا۔ محاورہ] کاروبار کا رونق پر ہونا۔ کام کی قدر ہونا۔

کام چوپٹ ہو جانا: [ا۔ محاورہ] کام خراب ہونا۔

کام چور: [ا۔ صفت] وہ جو کام کرنے سے جی چرائے یا حیلے بہانے کرے۔

کام چور نوالے حاضر: [ا۔ مثل] سست اور خود غرض آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

کام چھیڑنا: [ا۔ محاورہ] کوئی کام جاری کرنا۔ عمارت شروع کرنا۔

کام دار: [ا۔ صفت] (۱) زردوزی۔ زری یا ریشم کا کام کیا ہوا (۲) مذ، ایسا ہوتا۔ ۳۔ منتظم۔ کارندہ۔ کارکن۔ ایجنٹ۔ مہتمم۔ گماشتہ۔ منیب (۴) وہ شخص جسے امیر یا بادشاہ کوئی کام سپرد کرے۔

کام دانی: [ا۔ مث] سونے چاندی کے تاروں سے کپڑے پر بیل بوٹے بنانے کا کام۔ یا پیشہ۔ ۲۔ وہ کپڑا جس پر یہ کام ہوا ہو۔

کام دانی والا: [ا۔ صفت] وہ شخص جو کام دانی کا کام / پیشہ کرے۔

کام دھندا: [ا۔ مذ] کاروبار۔ شغل۔ گھر کا کام۔

کام دکھانا / دکھانا: [ا ر محاورہ] کارگزاری کا معائنہ کرانا۔ کام کی پڑتال کرانا
کام دیکھنا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "کام دکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کام دینا: [ا ر محاورہ] (۱) کوئی کام سپرد کرنا۔ ۲۔ کام آنا۔ ۳۔ امداد دینا۔ ۴۔ عہدہ یا منصب سپرد کرنا۔
کام ڈالنا: [ا ر محاورہ] پالا ڈالنا۔ سروکار ہونا۔
کام رُک جانا / رُکنا: [مص مرکب] کام ہوتے ہوئے یکایک بند ہو جانا۔
کام رکھنا: [ا ر محاورہ] غرض یا مطلب ہونا۔ تعلق رکھنا۔ مطلب ہونا
کام رہ جانا: [ا ر محاورہ] کام پورا نہ ہونا۔ کام بیچ میں رہ جانا۔
کام رہنا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "کام رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کام سپرد کرنا: [مص مرکب] کام حوالے کرنا
کام سپرد ہونا: [مص مرکب] دیکھیے "کام سپرد کرنا" جس کا یہ لازم ہے
کام سکھانا: [مص مرکب] کوئی ہنر بتانا۔
کام سمٹنا: [ا ر محاورہ] کام طے ہونا۔ انجام پانا (۲) کام اکٹھا / ایک جا ہونا۔ کام بن جانا
کام سمیٹنا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "کام سمٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
کام سمٹوانا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "کام سمیٹنا"
کام سنوارنا: [مص مرکب] بگڑے ہوئے کام کو ٹھیک کرنا۔ کام درست کرنا۔
کام سنورنا: [مص مرکب] دیکھیے "کام سنوارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کام سے جاتا رہنا / جانا: [ا ر محاورہ] (۱) بیکار ہو جانا (۲) قابل استعمال نہ رہنا۔ مطلب کا نہ رہنا۔ موقوف ہو جانا (۴) نامرد ہو جانا۔
کام سے کام رکھنا: [ا ر محاورہ] مطلب سے غرض رکھنا اور کسی بات کی پروا نہ کرنا
کام سے کام ہونا: [ا ر محاورہ] اپنے کام سے غرض ہونا
کام سیکھنا: [مص مرکب] کوئی کسب یا ہنر حاصل کرنا
کام سے لگنا: [ا ر محاورہ] نوکر ہونا۔ ملازم ہونا (۲) خدمت پر مقرر ہونا (۳) کام میں مصروف ہونا۔
کام فرمانا: [ا ر محاورہ] عمل میں لانا۔ کرنا
کام کا: [ا ر صفت] کارآمد۔ مفید مطلب
کام کا آدمی: [ا ر امذ] (۱) وہ شخص جو اچھی طرح کام کرے۔ کارآمد (۲) تجربہ کار شخص۔ ہوشیار آدمی
کام کاج: [ا ر امذ] (۱) کام۔ گھر کا کام (۲) کاروبار۔ شغل اشغال (۳) شادی کی تقریب (۴) لین دین بیوپار
کام کاج دیکھنا / کرنا: [ا ر محاورہ] گھر کا کام کرنا
کام کاجی: [ا ر صفت] (۱) کام کرنے والا (۲) محنتی۔ جفاکش (۳) چالاک ہوشیار
کام کا نہ رکھنا: [ا ر محاورہ] (۱) بیکار کر دینا۔ ۲۔ مصرف کے لائق نہ رکھنا
کام کا نہ کاج کا، بیری / دشمن سیر بھر اناج کا: [ا ر مثل] سست اور کاہل مگر کھانے کے لئے ہر وقت تیار رہنے والا شخص۔
کام کا نہیں: [ا ر محاورہ] اچھا نہیں
کام کا نہ رہنا: [ا ر صفت] (۱) بیکار ہو جانا (۲) نامرد ہو جانا (۳) کارآمد نہ رہنا۔ غیر مفید ہو جانا
کام کر جانا: [ا ر محاورہ] اثر دکھانا۔ کامیاب ہو جانا۔ کارگر ہونا۔

کام کر چکنا: [ا ر محاورہ] (۱) کامیاب ہونا (۲)۔ کام تمام کر دینا (۳) اثر کرنا۔
کام کر لینا: [ا ر محاورہ] (۱) کام کو ختم کرنا (۲) اپنا مطلب حاصل کر لینا۔
کام کرنا: [ا ر محاورہ] (۱) کوئی کار۔ فعل عمل کرنا (۲) محنت۔ مشقت۔ مزدوری کرنا (۳) مقصد۔ مطلب۔ غرض مقصود حاصل کرنا (۴) کوئی کاروبار۔ شغل اشغال۔ دھندا۔ پیشہ۔ حرفہ۔ اختیار کرنا (۵) بیوپار۔ تجارت کرنا (۶) نوکری۔ روزگار وغیرہ کرنا (۷) فرض۔ جو اپنے ذمے ہو اسے فارغ ہونا (۸) کوئی کار نقشیہ جیسے نقاشی۔ مصوری۔ زردوزی کشیدہ وغیرہ کرنا (۹) عقلمندی۔ دانائی دکھانا (۱۰) کوئی اہم بات کر دکھانا (۱۱) کارگزاری یا کارروائی انجام دینا (۱۲)۔ بہادری دکھانا۔
(۱۳) حوصلہ کرنا۔ جرأت کرنا۔ (۱۴) آرزو کرنا۔ خواہش کرنا۔ تمنا کرنا (۱۵) حاجت یا ضرورت پوری کرنا (۱۶) جماع کرنا۔ ہم بستری کرنا (۱۷) کسی چیز کا استعمال کرنا (۱۸) کوئی صنعت کرنا۔ دستکاری کرنا (۱۹) خدمت کرنا۔ ٹہل کرنا (۲۰) کوئی معاملہ کرنا۔ بات کرنا (۲۱) ہوشیاری کرنا۔ چالاکی کرنا (۲۲) کارِ مخصوص کر دکھانا (۲۳) فائدہ دینا (۲۴) اثر کرنا (۲۵) ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا (۲۶) کام دینا۔
کام کرنے کی سو راہیں ہیں نہ کرنے کی ایک نہیں: [ا ر مثل] کام صدق نیت سے کیا جائے تو کئی طریقے نکل آتے ہیں اگر نہ کرنے کی نیت ہو تو کوئی طریقہ نہیں نکلتا۔
کام کرے سپاہی نام ہو سردار کا: [ا ر مثل] دیکھیے "کاٹے بارھ نام تلوار کا"
کام کرے نتھ والی پکڑی جائے چر کٹے والی: [ا ر مثل] امیر کوئی جرم کرے اور غریب پر مصیبت آئے (پکڑا جائے)
کام کو آنہاں کھانے کو ہوں: [ا ر مثل] نمک حرام کام چور کی نسبت بولتے ہیں۔
کام کو کام سکھاتا ہے: [ا ر مثل] جہاں کام شروع کیا اور مشق ہوئی کام خود بخود آ جاتا ہے۔
کام کو لوڑھی منہ بجر: [ا ر مثل] دیکھیے "کام چور نوالے حاضر"
کام کو نا (نہیں) کھانے کو ہاں (ہوں): [ا ر مثل] نمک حرام کام چور نوکر کے متعلق بولتے ہیں۔
کام کھلنا: [ا ر محاورہ] کام جاری ہونا
کام کھولنا: [ا ر محاورہ] کام جاری کرنا
کام کھینچنا: [ا ر محاورہ] مرنا۔ جان سے جانا
کام کی بات: [ا ر امث] (۱) کارآمد بات۔ مفید بات (۲) مطلب کی بات
کام کی بریاں مٹھو لسا دکھائے: [ا ر مثل] کام کے وقت انکار کرے بلکہ بھاگ جائے
کام لگانا: [ا ر محاورہ] تعمیر کا کام شروع کرنا۔
کام لگ جانا: [ا ر محاورہ] کام میں مصروف ہونا۔
کام لگنا: [ا ر محاورہ] غرض اٹکنا۔ کسی کے متعلق کوئی کام ہونا۔ ۲۔ سروکار ہونا۔
کام لو دام دو: [ا ر محاورہ] کام دیکھ کر مزدوری دو۔
کام لینا: [ا ر محاورہ] (۱) کام کرانا (۲) خدمت لینا (۳) چارج لینا۔ دفتر وغیرہ کا سنبھالنا (۴) اختیار کرنا (۵) ٹھیکہ لینا (۶) کسی بات کا ذمہ لینا۔

کام مٹی ہونا: [ا ر محاورہ] کام خراب ہونا

کام ملنا: [ا ر محاورہ] (۱) کوئی کام سپرد ہونا (۲) عہدہ یا خدمت ملنا (۳) ٹھیکہ ملنا (۴) کسی قسم کا کام حاصل ہونا۔

کام میں: [ا ر متعلق فعل] استعمال میں۔ برتاؤ میں۔ ۲۔ عمل میں

کام میں آنا: [ا ر محاورہ] استعمال میں آنا۔

کام میں دھام دہی میں موسل: [ا ر مثل] کسی بات میں بے موقع دخل دینا۔

کام میں فتور آنا / پڑنا: [ا ر محاورہ] کام کا خراب ہو جانا

کام میں کام نکالنا: [ا ر محاورہ] ایک کام کے ساتھ دوسرا کام کرنا

کام میں لانا: [ا ر محاورہ] استعمال میں لانا۔ خرچ میں لانا۔ خرچ کرنا۔

کام میں لگا رہنا: [ا ر محاورہ] کسی بات میں لگا رہنا۔ مشغول رہنا۔

کام میں لگانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کام میں لگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کام میں لگنا: [ا ر محاورہ] کسی کام میں مصروف ہونا

کام میں ہاتھ ڈالنا: [ا ر محاورہ] (۱) کوئی کام شروع کرنا کسی معاملے میں دخل دینا

کام میں ہونا: [ا ر محاورہ] استعمال میں ہونا (۲) مصروف ہونا

کام نکال لینا: [ا ر محاورہ] کسی عہدے یا خدمت سے موقوف کر دینا (۲) کوئی مطلب حاصل کر لینا۔

کام نکالنا: [ا ر محاورہ] (۱) مطلب حاصل کرنا (۲) کسی کے واسطے کوئی کام تجویز کرنا (۳) کسی عہدے یا خدمت سے موقوف کرنا

کام نکلتا / نکلتے: [متعلق فعل] کام ہوتے۔ مطلب حاصل ہوتے

کام نکلنا: [ا ر محاورہ] (۱) دیکھئے "کام نکالنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) مطلب حاصل ہونا (۳) کام در پیش ہونا (۴) کسی کام کی ضرورت پیش آنا (۵) مزدوری کھلنا (۶) کام شروع ہونا۔

کام نہیں: [ا ر محاورہ] غرض نہیں۔ واسطہ نہیں۔

کام ہاتھ میں ہونا: [ا ر محاورہ] پیشہ یا ہنر حاصل ہونا۔

کام ہو جانا: [ا ر محاورہ] (۱) مقصد حاصل ہونا (۲) مراد بر آ جانا (۳) ہلاک ہو جانا (۴) برا حال ہو جانا (۵) کوئی ضرورت پیش آ جانا (۶) کوئی خدمت ملنا عہدہ یا منصب مل جانا۔

کام ہونا: [ا ر محاورہ] (۱) ضرورت پڑنا (۲) مطلب حاصل ہو جانا۔ کام تمام ہونا منصب ملنا۔

کام: [ف امذ] (۱) تالو (۲) مراد مقصد (۳) خواہش۔ آرزو

کام بخش: [ف صف] (۱) آرزوؤں یا خواہشوں کے مطابق خوشی دینے والا (۲) آرزوئیں / خواہشیں پوری کرنے والا

کام بخشی: [ف امث] دیکھئے "کام بخش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کامران: [ف صف] (۱) کامیاب (۲) خوش قسمت (۳) خوش (مذ) بادشاہ

کامرانی: [ف امث] دیکھئے "کامران" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کام روا: [ف صف] جس کا مطلب یا آرزو پوری ہو چکی ہو۔

کام روا ہونا: [مص مرکب] کامیاب ہونا۔

کام روائی: [ف امث] دیکھئے "کام روا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کامگار: [ف صف] (۱) وہ جس کی خواہش پوری ہو۔ وہ جو اپنی خواہش کے مطابق مراد حاصل کرلے (۲) طاقت ور (۳) خود مختار بادشاہ (۴) خوش قسمت۔ خوش نصیب (۵) شکاری پرندہ جو ہمیشہ شکار مارے۔

کامگاری: [ف امث] قوت۔ طاقت

کامیاب: [ف صف] جس کا مطلب حاصل ہو گیا ہو (۲) فتح یاب۔ فتح مند امتحان میں پاس (افعال کرنا۔ ہونا)

کامیابی: [ف امث] دیکھئے "کامیاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کاما / کوما: [انگ امذ] comma سکتہ عبارت میں ٹھہراؤ کی ایک علامت

کامٹی / کاماٹھی: [ا ر امث امذ] راج۔ معمار

کاماں: [ا ر مذ ق] دیکھئے "کام" جس کی یہ جمع ہے۔

کامرس: [انگ امذ] commerce سوداگری۔ بیوپار (۲) تاش کا ایک کھیل۔

کامریڈ: [انگ امذ] comrade یار۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم دم۔

کامل: [ع صف] مکمل۔ پورا۔ تمام۔ کل۔ ۲۔ پکا۔ مضبوط (۳) ماہر عالم۔ ماہر فن۔ اُستاد (۴) عارف۔ خدا رسیدہ (۵) عروض کی ایک بحر۔

کامل التواریخ: [ع امث] تاریخ کی ایک کتاب

کامل العیار: [ع صف] نہایت اعلیٰ چلن کا۔ معیار کے مطابق۔ کھرا

کامل القیمت: [ع صف] پوری قیمت کا

کامل الوزن: [ع صف] پورے وزن کا

کامل عیار: [ع صف] دیکھئے "کامل العیار"

کامل فن: [ع صف] کسی فن کا ماہر۔ ماہر فن

کاملہ: [ع صف مث] دیکھئے کامل جس کی یہ تانیث ہے اور افادہ جمع کرتی ہے۔

کاملیٹ: [انگ امذ] camlet ایک قسم کا اُونی اور ریشمی کپڑا جو اونٹ کی اون سے بنایا جاتا ہے۔

کامنا: [س امث] خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ ۲۔ شہوت

کامن ویلتھ: [انگ امذ] common wealth دولت مشترکہ برطانیہ کے آزاد کردہ ممالک کی برادری جس کا سربراہ برطانیہ ہے۔

کامنی: [ھ امث] نہایت خوبصورت نازک عورت۔ حسینہ (۲) بہت محبت کرنے والی عورت (۳) ایک پودا اور اُس کا پھول جو بہت خوبصورت اور خوشبودار ہوتا ہے۔

کامود: [ھ امذ] مالکوس راگ کی ایک راگنی جو رات کے وقت گاتے ہیں۔

کامون: [ف امذ] زیرہ

کامونی: [ف امث] ایک قسم کی معجون جس میں زیرہ ملایا جاتا ہے۔

کامی: [س صف] (۱) خواہش مند (۲) شائق۔ محبتی (۳) معشوق (۴) پُر شہوت (۵ مذ) عاشق (۶) وہ خاوند جو ہر وقت بیوی کے پیچھے پڑا رہے (۷) عیاش آدمی۔ زانی آدمی (۸) سونے کا ڈلا (۹) محنتی آدمی مشغول شخص (۱۰) صف۔ مشغول۔ منہمک (۱۱) چست چالاک۔

کامیڈی: [انگ امث] comedy ایسا ڈراما یا قصہ جس کا انجام خوشی پر ہو۔

کامیڈین: [انگ امذ] comedian طربیہ نگار۔ خوش کن ڈرامے لکھنے والا (۲) نقال۔ بھانڈ۔ سوانگیا مسخرا ایکٹر

کاں: [ار متعلق فعل ق] کہاں

کان: [ف امث] (۱) وہ جگہ جہاں سے کھود کر معدنیات نکالتے ہیں (۲) منبع۔ چشمہ

کانِ جود / سخا: [ف صف] بہت فیاض۔ مخیر

کانِ سنگ: [ف امث] پتھر کی کان

کان کن: [ف صف] (۱) کان کھودنے والا (۲) فرہاد کا لقب

کان کنی: [ف امث] دیکھئے "کان کن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کان کھودنا: [ف مع ار مرکب] کان کھود کر اس میں سے معدنیات نکالنا

کانِ ملاحت: [ف صف] وہ معشوق جو سانولے رنگ کا ہو۔ خوبصورت

کانِ نمک: [ف امث] نمک کی کان۔ وہ جگہ جہاں سے کھود کر نمک نکالتے ہیں۔

کانی: [ف صف] دیکھئے "کان" جس سے یہ منسوب ہے۔

کانی نمک: [ار امذ] وہ نمک جو کان سے نکلے۔

کان: [ار امذ] (۱) سننے کا عضو۔ گوش (۲) سماعت سننے کی قوت (۳) کانوں کا ایک زیور۔ کرن پھول (۴) ستار وغیرہ کی کھونٹی (۵) خبر۔ اطلاع واقفیت (۶) چارپائی کی ٹیڑھ (۷) کپڑے کا کلف سے ایک کونا بڑھ جانا۔ بل۔ کھپاڑ (۸) برتن کا دستہ (۹) جہاز کا پتوار۔ سکان (۱۰) ہیئت۔ وتر (۱۱) عروض۔ دو رکن کا ایک وزن (۱۲) مجازاً توجہ۔ دھیان

کان آشنا ہونا: [ار محاورہ] کسی بات کا سنا ہوا ہونا

کان اُڑانا: [ار محاورہ] شور و غل سے پریشان کرنا

کان اُڑ جانا / اُڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "کان اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کان اڑے جاتے ہیں / کان پھٹے جاتے ہیں / کان پھوٹے جاتے ہیں: [ار محاورہ] کثرت شور و غل یا داستان طویل کے سننے سے کانوں کا پریشان ہو جانا یا اُس وقت کہتے ہیں۔

کان اکھاڑنا / اینٹھنا / کھینچنا / مروڑنا: [ار محاورہ] سزا دینا۔ ادب دینا۔ گوشمالی کرنا۔ دھمکانا (۲) باز آنا۔ کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنا (۳) ستار اور طنبورہ یا سارنگی کی کھونٹی مروڑنا

کان اکھڑنا / اینٹھنا / کھینچنا / مڑنا: [ار محاورہ] دیکھئے "کان اکھاڑنا وغیرہ" جس کا یہ لازم ہے۔

کان اونچے / کھڑے کرنا: [ار محاورہ] چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ بدکنا

کان اونچے / کھڑے ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "کان اونچے / کھڑے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کان بال: [ہ امذ] ہندوؤں کی ایک رسم جس میں بچے کے بال منڈائے اور کان چھدوائے جاتے ہیں۔

کان بجنا: [ار محاورہ] (۱) کان میں ہر وقت آواز آنا (۲) کسی کے بغیر پکارے اور بے بلائے بول اٹھنا (۳) خواہ مخواہ کسی بات کا سنائی دینا جس کی اصل کچھ نہ ہو۔ بغیر بلانے کے بول اٹھنے پر کہتے ہیں۔

کان بجانا: [ار محاورہ] شرارت کے لئے گھوڑے کا اپنے کانوں کو پھڑپھڑانا۔

کان بدمزہ ہونا: [ار محاورہ] سننے سے ناگوار ہونا۔

کان بند کر لینا / کرنا: [ار محاورہ] کان میں روئی رکھ لینا یا انگلی دے لینا (۲) بے توجہی کرنا۔ سنی ان سنی کرنا

کان بند ہونا / ہو جانا: [ار محاورہ] (۱) دیکھئے "کان بند کرنا / کر لینا" جس کا یہ لازم ہے (۲) سماعت میں فرق آجانا۔

کان بندھنا: [ار محاورہ] کان میں چھید ہونا۔ سوراخ ہونا۔

کان بندھوانا: [ار محاورہ] دیکھئے "کان بندھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کان بہرا کرنا: [ار محاورہ] جان بوجھ کر اپنے آپ کو بہرا ظاہر کرنا۔ ارادۃً کوئی بات نہ سننا۔

کان بہرا کرنا / گونگا کرنا: [ار محاورہ] دیکھئے "کان بہرا کرنا"

کان بہرا ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "کان بہرا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کان بھر جانا: [ار محاورہ] باتوں سے اُکتا جانا

کان بھر دینا: [ار محاورہ] کسی کی طرف سے کسی کے کانوں میں برائی ڈال دینا (۲) برائی جما دینا۔ بدگوئی کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

کان بھر لینا: [ار محاورہ] (۱) یکطرفہ بات سن لینا تاکہ دوسرے کی بات اثر نہ کرے (۲) کانوں میں بسا لینا۔

کان بھرنا: [ار محاورہ] (۱) "کان بھر جانا" (۲) دیکھئے "کان بھر دینا"

کان بہرے ہونا: [ار محاورہ] (۱) قوت سماعت جاتی رہنا (۲) شور و غل یا باتوں سے پریشان ہونا۔

کان بہنا: [ار محاورہ] کان میں سے پیپ نکلنا

کان بیندھنا: [ار محاورہ] کان چھیدنا۔ کانوں میں سوراخ کرنا۔ زیور وغیرہ ڈالنے کے لئے سوراخ نکالنا

کان پر جوں نہ پھرنا / چلنا / رینگنا / سیلنا: [ار محاورہ] پروا نہ کرنا غافل یا بے خبر ہونا۔

کان پر سے گولی نکل جانا: [ار محاورہ] کسی صدمے یا آفت سے بال بال بچنا۔

کان پر کو گئی: [ار روزمرہ] بچ گیا۔ بال بال بچ گیا۔

کان پر ہاتھ رکھنا / دھرنا: [ار محاورہ] مکر جانا۔ لاعلمی ظاہر کرنا۔

کان پر ہاتھ ہونا: [ار محاورہ] بہرے آدمی کا کسی کی آواز سننے کے لئے اپنے کان پر ہاتھ رکھنا۔

کان پڑنا: [ار محاورہ] سننے میں آنا۔ سنائی دینا۔

کان پڑی آواز / بات سنائی نہ دینا: [ار محاورہ] (۱) شور و غل کے باعث بات سمجھ میں نہ آنا (۲) بہت شور و غل ہونا۔

کان پڑی کام آتی ہے: [ا رمثل] سُنی سنائی بات کبھی نہ کبھی کام آہی جاتی ہے۔

کان پکڑ کے اٹھا دینا / نکال دینا: [ا رمحاورہ] زبردستی اُٹھا دینا یا نکال دینا۔

کان پکڑ کے اُٹھانا / بٹھانا: [ا رمحاورہ] طالب علموں کی ایک سزا (۲)، نصیحت دینا۔ فرماں بردار بنانا

کان پکڑنا: [ا رمحاورہ] کان مروڑنا (۲، قائل ہونا۔ استاد تسلیم کرنا (۳)، توبہ کرنا۔ عہد کرنا (۴)، عاجزی کرنا۔ اطاعت کرنا (۵)، کسی بات سے باز رہنا۔ ترک کرنا (۶) اپنے آپ کو کمتر تسلیم کرنا (۷) لڑکوں کی ایک سزا جس میں آگے کو جھک کر ٹانگوں کے نیچے سے لڑکا اپنے کان پکڑتا ہے۔

کان پکڑوانا: [ا رمحاورہ] اُستاد کا لڑکوں کو سزا دینا

کان پکڑی باندی / چیری / لونڈی: [ا رصفت] مطیع فرمانبردار کنیز زرخرید لونڈی۔

کان پھٹ / پھٹے / پھوٹ / پھوٹے جانا: [ا رمحاورہ] شور و غل کے باعث پریشان ہونا۔

کان پھڑپھڑانا: [ا رمحاورہ] مستعد ہونا (۲، کسی کی آمد کا انتظار ہونا (۳، کتے کا اپنے کانوں کو ہلانا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے

کان پھڑکانا: [ا رمحاورہ] مست عضو کرنا۔

کان پھڑکنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "کان پھڑکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کان پھوٹنا: [ا رمحاورہ] بہرہ ہوجانا۔

کان پھوڑنا: [ا رمحاورہ] شور و غل سے پریشان کرنا

کان پیارے تو بالیاں جورو پیاری تو سالیاں: [ا رمثل] کسی چیز کے ساتھ محبت ہونے کی وجہ سے اُس کے متعلقات کے ساتھ محبت ہونے کے موقع پر کہتے ہیں

کان تک آنا / پہنچنا / پہنچ جانا: [ا رمحاورہ] آواز کا سنا جانا۔ خبر کا سُنا جانا۔

کان تک نہ ہلانا: [ا رمحاورہ] عذر نہ کرنا۔ مان لینا

کان تلے کی چھوڑنا: [ا رمحاورہ] بھید کی بات کہنا (۲، طنز کرنا (۳) ناگوار بات کہنا۔ جھوٹی بات کہنا۔ گپ اڑانا یا ہانکنا۔

کان جُھکانا: [ا رمحاورہ] دھیان دینا۔ بات سننے کو متوجہ ہونا۔ حکم مان لینا۔

کان جُھکنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "کان جُھکانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کان جھنّانا: [ا رمحاورہ] کسی سخت آواز کا کانوں کو ناگوار اور گراں گزرنا۔

کان چاٹ جانا / لینا: [ا رمحاورہ] بہت بک بک کرنا۔

کان چھدنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "کان بندھنا"

کان چھدوانا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "کان بندھوانا"

کان چھوڑنا / چھوڑ دینا: [ا رمحاورہ] بچوں کی سزا اُستاد کے حکم پر موقوف کر دینا۔

کان چھی جانا: مصدر مرکب) کان کے سوراخ کا چر جانا

کان چھیدنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "کان بیندھنا"

کان دبا کر چلا جانا / چل جانا: [ا رمحاورہ] کوئی سخت بات سن کر چپکے سے چلے جانا۔

کان دَبا لینا: [ا رمحاورہ] کوئی بات سن کر خاموش ہوجانا (۲، غریب بن جانا

کان دَبانا: [ا رمحاورہ] کانوں پر زور سے ہاتھ رکھنا کہ آواز سُنائی نہ دے (۲، دَبنا۔ خوف کرنا:

کان دبائے ہوئے: [ا رصفت] چپ چاپ

کان دکھانا: [ا رمحاورہ] کان کی میل نکالنے والے سے کان صاف کرانا معالج سے کان کا امتحان کرانا

کان دھر / رکھ کر / کے سُننا: [ا رمحاورہ] غور سے سننا۔ دھیان کرنا۔ سُننے کی قابلیت رکھنا۔

کان رکھنا / لگانا: [ا رمحاورہ] توجہ دے کر سُننا (۲، خیال رکھنا

کان سے سُننا: [ا رمحاورہ] توجہ سے سُننا۔

کان سے لگانا: [ا رمحاورہ] سُننے کے واسطے کسی چیز کو کان کے قریب کرلینا۔

کان سے لگنا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "کان سے لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کان سے نکلنا: [ا رمحاورہ] کنایۃً سُنی ہوئی بات بھول جانا۔

کان کا پردہ: [ا را مذ] کان کے اندر کی باریک سوراخ دار جھلی جو نہایت باریک اور نازک ہوتی ہے۔

کان کا پردہ پھٹ جانا: [ا رمحاورہ] شور و غل کے باعث کانوں کو اس قدر صدمہ پہنچنا کہ سماعت میں فرق آجائے۔

کان کا تنکا: [ا را مذ] وہ تنکا جو عورتیں کان چھیدنے کے بعد کان میں ڈال لیتی ہیں تاکہ سوراخ بند نہ ہو۔

کان کاٹنا / کترنا: [ا رمحاورہ] کان تراشنا (۲، مات کرنا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ فوقیت رکھنا (۳، دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

کان / کانوں کا کچا: [ا رصفت] وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک پر اعتبار کرے۔ ضعیف الاعتقاد۔

کان کا میل: [ا را مذ] وہ غلاظت اور کثافت جو کان کے اندر جمع ہوجاتی ہے۔

کان کا میل نکلوانا: [ا رمحاورہ] (۱) کان صاف کرانا (۲)، سماعت کا علاج کرانا

کان کٹے پڑنا: [ا رمحاورہ] کانوں کا کسی بوجھ کو برداشت نہ کرنا۔

کان کرنا: [ا رمحاورہ] غور سے سننا۔ توجہ سے سُننا۔

کان کرولنی: [ا رامث ف] کانوں سے میل نکالنے والی آلہ۔

کان کھانا: [ا رمحاورہ] بکواس سے دماغ پریشان کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ شور و غل کرنا۔ تکلیف دینا۔

کان کھجانے کی فرصت نہیں: [ا رمحاورہ] ذرا فرصت نہیں۔ بالکل فرصت نہیں

کان کھڑے رکھنا: [ا رمحاورہ] کان اونچے کرنا۔ ہوشیار رہنا

کان کھڑے کرنا: [ا رمحاورہ] ا۔ کان اُونچے کرنا۔ چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ بدکنا۔

کان کھڑے ہونا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "کان کھڑے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کان کھل جانا / کھُلنا: [ا رمحاورہ] چوکنا ہونا۔ عبرت ہونا۔ ہوشیار ہونا۔

کان کھلوا دینا: [ا رمحاورہ] دیکھیے "کان کھولنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کان کھلے رکھنا : [ا ر محاورہ] ہوشیار رہنا۔ چوکنا رہنا۔

کان کھول دینا : [ا ر محاورہ] جتا دینا۔ آگاہ کرنا۔ ہوشیار کر دینا

کان کھول کے : [ا ر متعلق فعل] غفلت دُور کر کے۔ ہوشیار ہو کے۔

کان کھولنا : [ا ر محاورہ] کوئی بات سُننے کے لئے کانوں کا متوجہ کرنا۔ (۲) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ نصیحت کرنا۔

کان کی ٹھینٹھیاں نکلوانا : [ا ر محاورہ] کان کا میل صاف کرانا۔ بہرے پن کا علاج کرانا۔

کان کی لو : [ا ر امث] بناگوش۔ کچیا

کان کی مچھلی : [ا ر امث] کان کا ایک زیور جو مچھلی سے مشابہ ہوتا ہے

کان کے پتے : [ا ر امذ] کانوں کا ایک زیور

کان کے پردے اُڑا دینا : [ا ر محاورہ] شور و غل سے کانوں کو ایسا صدمہ پہنچانا کہ سماعت میں فرق آجائے۔

کان کے پردے پھاڑنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "کان کے پردے اڑا دینا"

کان کے پردے پھٹنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "کان کے پردے پھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کان کے پردے پھوٹے جاتے ہیں : [ا ر محاورہ] شور و غل کی وجہ سے سماعت میں فرق آنا۔

کان کے راستے سے : [ا ر متعلق فعل] باتیں سُنا کر۔

کان کے کیڑے کھا جانا : [ا ر محاورہ] کنایۃً بکواس کرنا۔ بہت باتیں کرنا

کان گنگ ہونا : [ا ر محاورہ] کان بہرا ہونا۔ کان کا سائیں سائیں کرنا

کان گنہگار ہیں : [ا ر محاورہ] میں نے صرف سُنا ہے۔ جھوٹ سچ کا ذمہ دار نہیں۔

کان گوشی : [ا ر امث] گوشمالی

کان گونج جانا : [ا ر محاورہ] کان میں کسی بات کا بھر جانا

کان گونگے ہونا : [ا ر محاورہ] کان بہرے ہونا

کان گئے : [ا ر محاورہ] کان بیکار ہو گئے

کان لگا کر سننا : [ا ر محاورہ] غور یا توجہ سے سننا

کان لگانا : [ا ر محاورہ] متوجہ ہونا۔ غور سے سُننا۔ پوشیدہ سُننا

کان لگنا : [ا ر محاورہ] (۱) کان پک جانا۔ کان کے پیچھے زخم ہو جانا (۲) منہ چڑھنا (۳) کانا پھوسی کرنا۔ سرگوشی کرنا (۴) متوجہ ہونا

کان لگے رہنا : [ا ر محاورہ] سُننے کے لئے متوجہ رہنا۔

کان لگے ہونا : [ا ر محاورہ] دھیان ہونا۔ خیال ہونا۔ توجہ ہونا

کان لینا : [ا ر محاورہ] گوشمالی کرنا۔

کان مانوس ہونا : [ا ر محاورہ] کان آشنا ہونا۔ سُنا ہوا ہونا

کان مروڑنا / ملنا : [ا ر محاورہ] (۱) کان کھینچنا۔ گوشمالی کرنا۔ دھمکانا (۲) سارنگی یا ستار کی کھونٹی کسنا (۳)، اعتراف عجز کرنا۔

کان میلیا : [ا ر صف] کان صاف کرنے والا۔

کان / کانوں میں اُنگلی دینا / رکھنا : [ا ر محاورہ] ارادۃً نہ سُننا۔ ڈراؤنی آواز سے بچنے کے لئے کان میں اُنگلیاں دینا۔

کان میں بات ڈال دینا : [ا ر محاورہ] آگاہ کر دینا۔

کان میں بات کہنا / کرنا : [ا ر محاورہ] کوئی خفیہ یا راز کی بات کہنا۔ آہستہ سے بات کرنا۔ سرگوشی کرنا۔

کان میں بات مارنا : [ا ر محاورہ] بات سُن کر ٹال جانا۔ سُنی ان سُنی کرنا

کان میں بول مارنا : [ا ر محاورہ] سُنی اَن سُنی کر دینا۔

کان میں بھنک پڑنا : [ا ر محاورہ] افواہ سُنائی دینا

کان میں پارا بھرنا : [ا ر محاورہ] گونگا بہرہ کر دینا

کان میں پڑا رہنا : [ا ر محاورہ] کوئی بات یاد رہنا۔ آگاہی رہنا۔

کان میں پڑنا : [ا ر محاورہ] سننے میں آنا۔ گوش زد ہونا۔

کان میں پھونکنا : [ا ر محاورہ] (۱) کان میں کہنا (۲)، بدگوئی کرنا (۳)، بدگمان کرنا۔ بددل کرنا (۴)، کسی کی تعریف کر کے اسے پھسلانا۔ بہکا دینا (۵) کسی کے متعلق کوئی بُری بات دوسرے کے دل میں بٹھا دینا۔

کان میں تیل ڈال کر سو رہنا / بیٹھنا / بیٹھے ہونا : [ا ر محاورہ] بے خبر ہونا۔ بے پروا ہونا

کان میں تیل ڈال لینا / ڈالنا : [ا ر محاورہ] اپنے آپ کو بے خبر اور بہرا بنا دینا (۲)، خاموشی اختیار کر لینا۔ کچھ نہ سننا۔ بے پرواہ بن جانا

کان میں ٹھینٹھیاں ہونا : [ا ر محاورہ] کان میں بہت سا میل جما ہونا

کان میں جھنجی کوڑی ڈالنا : [ا ر محاورہ] غلام بنانا۔ غلام ہونے کی نشانی کا ساقطیع کرنا۔ فرمانبردار بنانا۔

کان میں ڈال دینا / ڈالنا : [ا ر محاورہ] سنا دینا۔ کہہ دینا۔ آگاہ کر دینا گوش گزار کر دینا۔

کان میں ڈھول بجانا : [ا ر محاورہ] کان کے پاس چلانا۔ بہت زور سے کہنا۔

کان میں رکھنا : [ا ر محاورہ] یاد رکھنا۔ خیال رکھنا

کان میں روئی دے کے بیٹھنا : [ا ر محاورہ] (۱) بے خبر ہونا۔ غافل ہونا بے فکر ہونا (۲) کسی کی بات نہ سننا۔

کان میں روئی دینا : [ا ر محاورہ] محض بے خبر۔ غافل۔ بے سُدھ اور بے پروا بن جانا۔

کان میں روئی رکھنا : [ا ر محاورہ] (۱) بہتے ہوئے کان میں تیل یا دوا ڈال کر روئی دینا۔ (۲)، عطر کا پھویا رکھنا۔

کان میں قلم رکھنا : [ا ر محاورہ] لکھنے کے لئے کان میں قلم لگا لینا۔

کان میں کچھ کہہ دینا : [ا ر محاورہ] چپکے سے کہنا۔ پوشیدہ یا خفیہ طور سے کہہ دینا۔

کان میں کوڑی پہننا : [ا ر محاورہ] غلامی کا حلقہ پہننا

کان میں کوڑی ڈالنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "کان میں کوڑی پہننا"، جس کا یہ متعدی ہے۔

کان میں کو نکالنا : [ا ر محاورہ] کہہ دینا۔ سُنا دینا

کان میں کھٹکنا : [ا ر محاورہ] کان کو بُرا یا ناگوار لگنا۔

کان میں کہنا : [ا ر محاورہ] چپکے سے کہنا۔

کان نہ پھڑکانا / پھڑپھڑانا / کھڑکھڑانا / ہلانا : [ا ر محاورہ] (۱) چپ ہو جانا۔ چوں نہ کرنا (۲)، جانور کا ہل جانا۔ سدھ جانا۔ شرارت نہ کرنا۔

کان نہ دھرنا / لگانا ؛[ا۔ محاورہ] توجہ نہ دینا۔ غور نہ کرنا

کان ہونا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) کپڑے یا چارپائی میں ٹیڑھ ہونا (۲) نصیحت حاصل ہونا۔ خبردار ہونا (۳) ہوش آنا۔ عقل آنا۔ دھیان ہونا۔

کانا ؛[ا۔ صف] (۱) ایک آنکھ کا۔ یک چشم (۲) داغی پھل۔ کرم خوردہ پھل (۳) ٹیڑھا (۴) پانسے کا ایک نقطہ (۵) بمعنی کان مرکبات کے شروع میں ہوتا ہے۔

کانا باتی ؛[ا۔ امث] کان میں بات کہنا جب کسی بچے کو ہنسانا مقصود ہو۔

کانا پردہ ؛[ا۔ امذ] ناقص پردہ [افعال کرنا]

کانا پھوسی ؛[ا۔ امث] چپکے چپکے باتیں کرنا

کانا تعویذ دھونفر ؛[ا۔ مثل] نہایت مفلس جس کے پاس کوئی سامان نہ ہو۔

کانا کھدرا ؛[ا۔ صف] ناقص چیز یا ایسا پھل جس میں سوراخ ہو گئے ہوں۔

کانا گوشی ؛[ا۔ امث] دیکھئے ”کان گوشی“

کانپ ؛[ا۔ امث] (۱) پتنگ یا کنکوے کی پتلی قوس نما تیلی (۲) مچھیری کے تار جن پر کپڑا منڈھا جاتا ہے (۳) سؤر یا ہاتھی کا کلا دانت (۴) بہت عمدہ سفید چونا (۵) کانپنا کا امر

کانپ اٹھنا / جانا ؛[ا۔ محاورہ] خوف سے لرز جانا۔ تھرا جانا۔ بدن میں کپکپی پیدا ہونا

کانپ چھٹنا ؛[ا۔ محاورہ ق] کپکپی آنا۔ لرزہ طاری ہونا

کانپنا ؛[ا۔ مص] تھرتھرانا۔ لرزنا۔ خوف کھانا

کانپنی ؛[ا۔ امث ق] کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ لرزش

کانٹا ؛[ا۔ امذ] (۱) خار۔ سول۔ کنڈا (۲) ترازو (۳) ترازو کے دستے کی سوئی (۴) مچھلی پکڑنے کا نوک دار کانٹا (۵) کنوئیں میں گرا ہوا ڈول نکالنے کا اوزار (۶) پنجے کی شکل کی چیز جو پھل یا گوشت کھانے کے کام آتا ہے (۷) مچھلی کا خار (۸) آنکڑا (۹) وہ کل جس کے کھینچنے سے ریل گاڑی دوسری پٹڑی پر چلی جاتی ہے (۱۰) ہک (۱۱) پرندوں کا ایک مہلک مرض جس میں دم کے پاس پھنسی نکلتی ہے (۱۲) خلش۔ کھٹکا (۱۳) وہ چوبی پنجہ جس سے زمیندار لوگ گھاس وغیرہ اکٹھی کرتے ہیں (۱۴) شراب کا مہلک نشہ۔ نہایت تیز اور تند شراب (۱۵) گھنٹے یا گھڑی کی سوئی (۱۶) علم حساب میں جمع۔ تفریق۔ تقسیم کا نشان (۱۷) زبان کا کھردرا پن (۱۸) قوام کا تار (۱۹) روک ٹوک (۲۰) دشمن (۲۱) مہمیز۔ جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں (۲۲) سیہہ کا کانٹا (۲۳) پرندوں کے پاؤں کا خار (۲۴) صف۔ نہایت دبلا۔ پتلا۔ لاغر (۲۵) نہایت ناگوار طبع (۲۶) وہ حلقہ جس میں لوہے کی سلاخ لٹکا کر جھاڑ یا فانوس لٹکاتے ہیں (۲۷) پھل توڑنے کا آنکڑا (۲۸) وہ ہک جس میں عورتیں مرکیاں اٹکاتی ہیں (۲۹) گوشت کا ٹکڑا جو طیور کی دم پر ہوتا ہے (۳۰) ایذا پہنچانے والا فتنہ پرداز۔

کانٹا الجھنا ؛[ا۔ محاورہ] کپڑے وغیرہ میں کانٹا اٹکنا

کانٹا بدلنا ؛[ا۔ محاورہ] ریل کے کانٹے کو ایک طرف سے دوسری طرف کر دینا۔

کانٹا پڑنا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) پرندوں کو کانٹے کی بیماری ہونا (۲) زبان کا پیاس کی وجہ سے کھردرا ہونا (۳) کنوئیں سے ڈول وغیرہ نکالنے کے لئے کانٹا ڈالا جانا۔

کانٹا چبھنا ؛[ا۔ محاورہ] پھانس لگنا۔ خار لگنا۔

کانٹا چبھونا ؛[ا۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ خلش دینا

کانٹا داغنا ؛[ا۔ محاورہ] کانٹا کو کاٹ کر لوہے سے جلانا۔

کانٹا دیکھنا ؛[ا۔ محاورہ] چاشنی کا قوام دیکھنا۔

کانٹا ڈالنا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) کنوئیں سے کوئی چیز نکالنے کے لیے کانٹا ڈالنا (۲) مچھلی پکڑنے کے لئے کانٹا پانی میں ڈالنا

کانٹا سا ؛[ا۔ صف] (۱) خار کی طرح (۲) دبلا پتلا

کانٹا سا کھٹکنا ؛[ا۔ محاورہ] ناگوار گزرنا۔ برا لگنا۔ ناگوار خاطر ہونا

کانٹا سا نکل جانا ؛[ا۔ محاورہ] بآسانی تکلیف سے نجات پانا۔

کانٹا سا ہونا ؛[ا۔ محاورہ] بہت لاغر ہونا۔ دبلا ہونا

کانٹا کر دینا ؛[ا۔ محاورہ] دبلا کر دینا

کانٹا کر لینا ؛[ا۔ محاورہ] ضرب یا تقسیم کا عمل صحت کرنا۔

کانٹا کرنا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) دبلا کرنا۔ کمزور کرنا (۲) کبوتر کا سر دم کی طرف کھینچنا (۳) ضرب یا تقسیم کا عمل صحت کرنا۔

کانٹا کھانا ؛[ا۔ محاورہ] مچھلی کا کانٹے میں پھنسنا

کانٹا کھٹکنا ؛[ا۔ محاورہ] دیکھئے ”کانٹا سا کھٹکنا“

کانٹا کھلنا ؛[ا۔ محاورہ] پنجرے کے کانٹے کا سیدھا ہو جانا تاکہ پنجرہ گر پڑے۔

کانٹا گڑنا ؛[ا۔ محاورہ] دیکھئے ”کانٹا چبھنا“

کانٹا لگانا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) مچھلی کے لئے دریا میں کانٹا ڈالنا (۲) کانٹا چبھونا۔ (۳) گھوڑے کو مہمیز لگانا۔

کانٹا لگنا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) کانٹا چبھنا (۲) پرندے کو کانٹے کا مرض ہونا (۳) مویشی کا خشک کھیتی کھا کر مر جانا (۴) شراب کا مہلک نشہ ہونا (۵) ناگوار معلوم ہونا۔

کانٹا مارنا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) سیہہ کا خار سے زخمی کرنا (۲) مچھلی کا اپنے پروں سے صدمہ پہنچانا (۳) مرغوں کا لڑتے ہوئے ایک دوسرے کو خار مارنا (۴) کم وزن تولنا (۵) سؤر کا دانت مار کر زخمی کرنا۔

کانٹا نکالنا ؛[ا۔ محاورہ] تکلیف یا مصیبت سے بچانا۔ خلش مٹانا۔

کانٹا نکل جانا / نکلنا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) رنج سے نجات پانا (۲) تکلیف دور ہونا (۳) پرندوں کو کانٹے کا مرض ہونا

کانٹا نہ لگے ؛[ا۔ کلمہ دعا] کوئی تکلیف نہ پہنچے۔

کانٹا ہو جانا ؛[ا۔ محاورہ] سوکھ کے لاغر ہو جانا۔ بہت دبلا ہو جانا۔

کانٹوں ؛[ا۔ امذ] دیکھئے ”کانٹا“، جس کی جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

کانٹوں بھرا ؛[ا۔ صف] بہت تکلیف دہ

کانٹوں پر بسر کرنا ؛[ا۔ محاورہ] کمال ایذا برداشت کرنا۔ بہت تکلیف اٹھانا۔

کانٹوں پر / میں کھینچنا ؛[ا۔ محاورہ] (۱) سزا دینا (۲) تکلیف دینا۔ ایذا دینا

کانٹوں پر / میں گھسیٹنا ؛[ا۔ محاورہ] شرمندہ کرنا کوئی بہت تعریف کرے تو کہتے ہیں۔

کانٹوں پر لٹانا ؛[ا۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ ایذا دینا۔

کانٹوں پر لوٹنا ؛[ا۔ محاورہ] بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا۔ آتش حسد میں جلنا۔

کانٹوں میں الجھنا ؛[ا۔ محاورہ] جھگڑے میں پھنسنا۔

کانٹوں میں تُل کر بکنا / کانٹے میں تلنا : [ا ر محاورہ] نہایت گراں بکنا۔ مہنگا ہونا۔

کانٹوں میں گرنا : [ا ر محاورہ] (۱) مصیبت میں پڑنا (۲) آتشک میں مبتلا ہونا۔

کانٹوں میں گھرنا : [ا ر محاورہ] جھگڑوں میں مبتلا ہونا۔

کانٹی : [ا ر امث] کانٹا کی تصغیر (۱) تولنے کا چھوٹا کانٹا (۲) چھوٹا ہک (۳) سانپ پکڑنے کی لکڑی (۴) خراب روئی جو دھنکنے میں نہ آئے۔ (۵) مجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی بیڑی (۶) وہ لنگر جو لڑکے ڈور میں باندھ کر لڑاتے ہیں۔

کانٹی جانا / کھانا : [ا ر محاورہ] گر جانا۔ قید ہونا۔ باغی ہونا۔

کانٹی لڑانا : [ا ر محاورہ] لنگر ڈور میں باندھ کر لڑانا

کانٹے : [ا ر امذ] دیکھیے "کانٹا"، جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

کانٹے بچھانا : [ا ر محاورہ] راستے میں کانٹے پھینکنا۔ ایذا رسانی کا کام کرنا۔

کانٹے بونا : [ا ر محاورہ] اپنے یا کسی کے حق میں برا کرنا۔ برائی کرنا۔ بدی کرنا۔

کانٹے بوئے ببول کے تو آم کہاں سے ہوں : [ا ر مثل] برے کام کیے ہوں تو نتیجہ اچھا نہیں ہوگا۔

کانٹے بھرے ہونا : [ا ر محاورہ] تکلیف دہ ہونا۔ ایذا رساں ہونا

کانٹے پر کی اوس / بھنبیری : [ا ر امث] بیکار چیز۔ ناپائیدار چیز۔

کانٹے پڑنا : [ا ر محاورہ] پیاس کی وجہ سے حلق خشک ہونا۔

کانٹے کھڑے کرنا : [ا ر محاورہ] کھیت کی حفاظت کے لئے چاروں طرف خاردار باڑ لگانا۔

کانٹے کی تول : [ا ر امث] بالکل ٹھیک۔ نہ کم نہ زیادہ

کانٹے کی طرح سکھانا : [ا ر امث] بہت پتلا دبلا کرنا

کانٹے کی طرح سوکھنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "کانٹے کی طرح سکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کانٹے کی طرح نظر میں کھٹکنا : [ا ر محاورہ] کمال ناگوار گزرنا۔ کسی چیز کا دیکھنا ناگوار ہونا۔

کانٹے لگی اوس ہے : [ا ر مثل] بہت ناپائیدار ہے۔

کانٹے میں تلنا : [ا ر محاورہ] بہت بیش قیمت ہونا۔ مہنگا ہونا۔

کانٹے میں لگانا : [ا ر محاورہ] مچھلی پکڑنے کے کانٹے میں چارا لگانا۔

کانٹے میں لگنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "کانٹے میں لگانا" جس کا یہ لازم ہے

کانجی : [ھ امث] (۱) ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں رائی زیرہ وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں۔ (۲) گاجروں کے اچار کا پانی (۳) چاول کی پیچ۔

کانجی ہاؤس : [ا ر امذ] قید خانے کا مکان (۲) حوالات نگرانی (۳) سرکاری مکان جہاں لاوارث یا آوارہ مویشی بھیج دیے جاتے ہیں۔ انگریزی لفظ catching house کا بگاڑ

کانچ : [ا ر امث] (۱) شیشہ۔ کچا شیشہ (۲) ایک قسم کی بیماری جس میں پاخانہ پھرتے وقت مقعد باہر نکل آتی ہے۔

کانچ نکال دینا : [ا ر محاورہ] بہت مارنا۔ مار مار کر کچومر نکال دینا۔

کانچ نکل جانا : [ا ر محاورہ] (۱) برداشت نہ ہو سکنا (۲) سخت صدمہ گزرنا (۳) دیوالا نکلنا۔

کانچ نکلنا : [ا ر محاورہ] (۱) کمزوری کی وجہ سے پاخانہ پھرتے وقت مقعد باہر نکل آنا (۲) خسارہ اٹھانا (۳) عاجز ہونا (۴) صدمہ برداشت کرنا۔

کانچو : [ا ر امذ] (۱) وہ شخص جس کو کانچ نکلنے کا مرض ہو (۲) لوطی۔ گانڈو

کانچی : [ا ر امث ق] شادی کی ایک رسم

کانڈ : [ھ امث] دیوار۔ پشتہ۔

کانڈا : [ا ر مذ ق] نیشکر (۲) پیاز کسی پودے کی گانٹھ دار جڑ

کانڈو : [ا ر امذ ق] نیشکر۔ چینی (۲) بھڑ بھونجا

کاندھا : [ھ امذ] کندھا۔ شانہ۔ دوش۔ مونڈھا۔

کاندھا بدلنا : [ا ر محاورہ] (۱) کسی بوجھ کو ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر کرنا (۲) کہاروں کا پالکی کو ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر رکھنا (۳) ایک آدمی کی جگہ دوسرے کا جنازے کو اٹھانا۔

کاندھا دینا : [ا ر محاورہ] جنازے کو کندھا دینا۔ سہارا دینا۔

کاندھوں : [ا ر امذ] دیکھیے "کاندھا"، جس کی یہ جمع ہے۔

کاندھوں کے فرشتے : [ا ر امذ] کراماً کاتبین

کاندھی دے جانا : [ا ر محاورہ] بہانا کرنا۔ ٹال جانا۔ پہلو تہی کرنا (۲) گھوڑے کا گردن جھکا کر اور پشتک مار کر سوار کو گرا دینا۔

کاندھے : [ا ر امذ] دیکھیے "کاندھا"، جس کی جمع اور مغیرہ صورت ہے

کاندھے پر سوار ہونا : [ا ر محاورہ] (۱) بہت کا شانوں پر اٹھایا جانا (۲) چھوٹے بچے کا کاندھے پر اٹھایا جانا۔

کانڈ : [ھ امذ] حصہ۔ ٹکڑا۔ باب۔ فصل (۲) ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک

کانڈا : [ھ امذ] ایک قسم کی جڑ جو پیاز سے مشابہ ہوتی ہے۔

کانڈل : [ھ امذ] سرسوں کا ساگ

کانڈلی : [ھ امث] خرفہ

کانڑا : [ھ امذ] دیکھیے "کانا" (۲) ایک راگ جو رات کو گاتے ہیں (۳) ایک قسم کا پتنگ۔

کانڑا / کانڑی : [ھ صف] شوخ اور شریر

کانڑا مجھے بھائے نہیں کانڑا بن سہائے نہیں : [ا ر مثل] ایک شخص سے نفرت بھی کرنا اور اس کے بغیر صبر بھی نہ آ سکنا۔

کانڑی : [ھ صف] دیکھیے "کانڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کانڑے کی ایک رگ سوا ہوتی ہے : [ا ر مثل] کانے آدمی میں شرارت زیادہ ہوتی ہے

کانڑے کے بیاہ کو سو سو جوکھوں : [ا ر مثل] عیب دار کے لئے ہر جگہ مشکل ہوتی ہے۔

کانس : [ا ر امث] دیکھیے "کارنس"

کانس : [ھ امث] (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جو اکثر مزروعہ زمین میں ہوتی ہے (۲) کانسی (۳) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔

کانس میں پڑنا اپھنسا : [ا رمحاورہ] (۱) دھوکا کھانا (۲) سوچ میں پڑنا
کانس میں پڑنا : [ارمحاورہ] (۱) دھوکا کھانا (۲) غور و فکر میں رہنا (۳) جان جوکھوں میں ڈالنا۔
کانسا : [ارامذ] دیکھئے "کانسی"
کانسٹیبل : [انگ امذ] constable پولیس کا سپاہی
کانسٹی ٹیوشن : [انگ امذ] constitution ساخت، بناوٹ وجود (۲) دستور، قوانین (۳) نظام، اصول
کانسی : [ارامث] پیتل سے مشابہ ایک مرکب دھات جس سے برتن اور گھنٹیاں بناتے ہیں
کانشنس : [انگ امذ] conscience ضمیر وجدان سیم وہ انسانی قوت جو انسان کو بھلائی کی طرف متوجہ کرے۔
کانفرنس : [انگ امث] conference مجلس شوریٰ مشاورت
کانفیڈنشل : [انگ صف] confidential رازداری کا۔ خفیہ
کانکڑا : [ھ امذ] (۱) گندم۔ بلبل (۲) ف۔ مشعل کی بتی
کانکھ : [ھ امث] بغل۔ پہلو۔ کنارہ
کانکھنا : [ھ مص] (۱) گلا صاف کرنے کے لئے آواز نکالنا۔ (۲) کراہنا۔ آہیں بھرنا۔ پاخانے جانے یا بوجھ اٹھانے کے وقت یہ آواز نکلتی ہے۔
کانگرس : [انگ امث] congress مجلس۔ سبھا۔ نمائندوں کی انجمن پارٹی۔ جماعت۔
کانگڑی : [ھ امث] مٹی کی انگیٹھی جس کے اوپر تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے۔ کشمیریوں میں اس کا استعمال عام ہے
کانور : [ھ امذ] ایک قسم کا آنکھ کا مرض جس میں زردی چھا جاتی ہے (۲) امث ایک لکڑی جس کے دونوں کناروں پر ٹوکریاں رکھ کر گنگا کے پانی کے برتن رکھتے ہیں۔ بہنگی۔
کانورا : [ھ صف] حواس باختہ۔ بے اوسان۔ بدحواس۔ گھبرایا ہوا۔
کانون : [ف امذ] انگیٹھی۔ آگ ڈالنے کا پیالہ
کانونِ آخر : [ف امذ] ایک رومی مہینے کا نام جو جنوری میں ہوتا ہے
کانونِ اوّل : [ف امذ] ایک رومی مہینے کا نام جو دسمبر میں ہوتا ہے۔
کانوں : [ارامذ] دیکھئے "کانا" جس کی یہ جمع ہے (۲) دیکھئے "کان" جس کی یہ جمع ہے۔
کانوں پر ہاتھ دھرنا / رکھنا : [ارمحاورہ] صاف انکار کر دینا۔ مکر جانا (۲) نماز یا اذان کے وقت کانوں پر ہاتھ رکھنا (۳) نفرت کرنا۔
کانوں پڑی بات : [ارامث] سنی سنائی بات
کانوں تک جانا : [ارمحاورہ] سننا۔ سن پڑنا
کانوں تک رہنا : [ارمحاورہ] بات سن کے کسی سے نہ کہنا۔
کانوں سے سننا : [ارمحاورہ] خود سننا۔ اپنے کانوں سے سننا۔
کانوں کان خبر نہ ہونا : [ارمحاورہ] بالکل خبر نہ ہونا۔ معلوم نہ ہونا
کانوں کی لویں پھرنا : [ارمحاورہ] نزع کی حالت ہونا۔
کانوں میں انگلیاں دینا : [ارمحاورہ] کسی کی آواز نہ سننا۔ توجہ نہ کرنا۔
کانوں میں رس پڑنا : [ارمحاورہ] کانوں کا رسیلی یا سریلی آواز سے لطف اندوز ہونا۔
کانووکیشن : [انگ امذ] convocation جلسہ تقسیم اسناد
کانوینٹ : [انگ امذ] convent عیسائی اہل خانقاہ۔ عیسائی خانقاہ۔ عیسائی مدرسہ
کانی : [ھ صف] دیکھئے "کانا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کانی اپنا ٹینٹ نہ دیکھے اور کی پھلّی نہارے : [ھ مثل] عیب دار کو اپنا بڑا عیب نظر نہیں آتا دوسرے کے چھوٹے عیب پر اعتراض کرتا ہے۔
کانی کو کانا پیارا، رانی کو رانا پیارا : [ارمثل] ہر ایک کو اپنی چیز پسند ہوتی ہے۔
کانی کو کون سراہے کانی کا باوا / میاں : [ارمثل] اپنی بری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔
کانی : [ف صف] کان کی چیز۔ معدنی
کانے چوٹ کنونڈرے بھینٹ : [ارمثل] جس بات کا ڈر ہو وہ پیش آجاتی ہے جس سے ملاقات نہ کرنا چاہو وہ مل جاتا ہے۔
کانے کو منہ پر کانا نہیں کہتے : [ارمثل] عیب والے کا عیب منہ پر نہیں کہتے۔
کاو : [ف امث] کھودنا (۲) تلاش تفتیش (۳) امتحان
کاوکاو : [ف امث] (۱) کوشش (۲) تفتیش (۳) زخم کو ناخن سے چھیلنا اور کھجانا (۴) کھوج۔ تلاش۔ کرید
کاوا : [ارامذ] گھوڑے کو اس طرح چکر دینا کہ اس کے قدموں کے نشانوں سے زمین پر ایک دائرہ پیدا ہو جائے۔ چوگان
کاوا دینا : [ارمحاورہ] گھوڑے کو حلقہ باندھ کر چکر دینا
کاواک : [ف صف] خالی۔ کھوکھلا (ا ر) (۲) بے ڈول
کاوش : [ف امث] کھودنا۔ کھوج لگانا (۲) خلش (۳) کرید (۴) تلاش تجسس جستجو (۵) (ار) بیر و دشمنی۔ حسد۔ جلن
کاول : [ارامث ق] گشت
کاول : [ارصف ق] گشت کرنے والا
کاوی : [ف امث] (۱) کھودنا (۲) تلاش کرنا۔ تفتیش کرنا۔ مرکبات کے آخر میں آکر اسم کیفیت کے معنی پیدا کر دیتا ہے۔
کاؤنٹ : [انگ امذ] count امیر، نواب
کاہ : [ف امث] کٹی ہوئی سوکھی گھاس
کاہ رُبا : [ف امث] ایک قسم کا گوند جس کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اسے کپڑے یا چمڑے پر رگڑ کر گھاس کے تنکے کے سامنے لائیں تو وہ اسے مقناطیس کی طرح اٹھا لیتا ہے۔
کاہ کشاں : [ف امث] بہت چھوٹے ستاروں کی قطار یا سڑک جو آسمان پر رات کے وقت نظر آتی ہے۔
کاہ گِل : [ف امث] پلستر کرنے کی بھس ملی ہوئی مٹی
کاہش : [ف امث] (۱) گھٹاؤ۔ کمی۔ گھٹاؤ۔ اتار۔ تنزل۔ نقصان (۲) دبلاپن۔ لاغری (۳) تشویش۔ اندیشہ۔ فکر (۴) تکلیف۔ مصیبت

کاہش اُٹھانا : [ا ر محاورہ] تکلیف برداشت کرنا۔
کاہش اٹھنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کاہش اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کاہش جان : [ف ا ر ف] وہ صدمہ جو جان پر ہو۔
کاہِل : [ع صف] سست۔ مجہول۔ آرام طلب۔ کام چور۔
کاہِل الوجود / وجود / مزاج : [ع صف] سست آدمی۔ مجہول آدمی آرام طلب شخص۔
کاہلا : [ا ر صف] سست۔ تھکا ہوا (۲) بیمار
کاہلا / کاہل پن : [ا ر امذ] دیکھئے "کاہلی"
کاہلانہ : [ف ا ر متعلق فعل] سستی سے۔ آہستہ سے۔
کاہلی : [ف ا ر امث] دیکھئے "کاہل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کاہن : [ع امذ] جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا۔ غیب گو
کاہنہ : [ع امث] دیکھئے "کاہن" جس کی یہ تانیث ہے۔
کاہو : [ف امذ] ایک قسم کا ساگ اور اس کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے۔
کاہی : [ا ر امذ] ہلکا سبز رنگ (۲) کیس جو ایک قسم کی چھپکلی بھی ہے۔
کاہے : [ا ر حرف استفہام] کیوں۔ کس لئے۔
کاہے سے / کاہے کو : [ا ر حرف استفہام] کس وجہ سے۔ کیوں۔ کس لئے
کاہے کا : [ا ر حرف استفہام] کس چیز کا۔
کاہے کی : [ا ر حرف استفہام] کس چیز کی۔
کاہے کے واسطے : [ا ر حرف استفہام] کس واسطے۔
کاہیدگی : [ف امث] دیکھئے "کاہیدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کاہیدہ : [ف صف] گھٹا ہوا دبلا۔ لاغر
کاپھل : [ھ امذ] ایک دوا جو کسی درخت کی چھال سے تیار کی جاتی ہے (۲) ایک خاردار پودا جس کا پھل اور پتے دوا میں استعمال ہوتے ہیں۔
کائد : [ع صف] مکار۔ فریبی۔
کائن : [ع صف] ہونے والا۔ موجود
کائنات : [ع امث] موجودات۔ دنیا۔ حقیقت۔ حیثیت (۲) سرمایہ۔ پونجی (۳) خلق اللہ۔
کاؤنٹر : [انگ امذ] counter تختہ۔ روپیہ گننے کی میز
کاؤں کاؤں : [ا ر امث] (۱) کوے کی مسلسل آواز (۲) شور و غل
کائی : [ا ر امث] وہ سبزی جو اکثر بند پانی کے اوپر یا برسات میں دیواروں پر جم جاتی ہے۔ ایک قسم کی پھپھوندی (۲) گہرا سبزی مائل رنگ
کائی سی پھٹ جانا : [ا ر محاورہ] بادلوں کی سی طرح الگ الگ ہو جانا۔ منتشر ہونا۔
کائی لگنا : [ا ر محاورہ] پانی یا کسی اور چیز پہ سبزی جم جانا۔
کائی ہو جانا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کائی لگنا"
کائیاں : [ا ر صف] نہایت چالاک۔ ہوشیار۔ خرانٹ۔ تجربہ کار (۲) فریبی دغاباز (۳) بخیل۔ کنجوس۔
کائیاں پن : [ا ر امذ] دیکھئے "کائیاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کائیں کائیں : [ھ امث] کوے کی آواز (۲) شور و غل (افعال: کرنا۔ ہونا۔ مچانا)

کایا : [ھ امث] جسم۔ شکل۔ صورت۔ ماہیت
کایا بڑی کہ مایا : [ا ر مثل] جان سے بہتر مال نہیں۔
کایا پلٹ : [ا ر صف مذ، مث] قالب بدلنے والا۔ بھیس بدلنے والا۔ (۲) بہروپیا (۳) وہ دوا جس کے ذریعے سے بوڑھا جوان ہو جائے۔
کایا کلپ : [ھ امذ] دواؤں کے ذریعے جوانی حاصل کرنا، کایا پلٹ (افعال: کرنا۔ ہونا)
کایتھ / کایستھ : [ھ امذ] ایک ہندو ذات کا نام جس کا کام نوشت و خواند اور منشی گری ہے۔
کایتھ کی کھوپڑی : [ا ر امث] کنایۃً دغاباز، چالاک آدمی

ک ۔ ب

کب : [ھ امذ] بھاٹ۔ شاعر۔ کوی
کب : [حرف استفہام] ظرف زماں جو محل استفہام میں آتا ہے (۱) کس وقت کس دن۔ کس زمانے میں (۲) کیونکر۔ کس طرح (۳) کہاں۔ کس جگہ
کب بابا مرے کب بیل بٹے : [ا ر مثل] کسی بات کا بہت انتظار کرنا ہو تو کہتے ہیں۔
کب تک / تلک : [ا ر مثل] کس وقت تک۔ کس زمانے تک
کب تھوکتے ہیں : [ا ر محاورہ] بالکل خیال نہیں کرتے۔ کبھی توجہ نہیں دیتے۔ کوئی پروا نہیں کرتے۔ بالکل خاطر میں نہیں لاتے۔
کب سے : [ا ر متعلق فعل] کس وقت سے۔ کس زمانہ سے (۲) بہت دیر سے بہت مدت سے۔
کب کا : [ا ر متعلق فعل] کس زمانے کا۔ کس وقت کا۔ کس مدت کا (۲) بہت دیر کا۔ بڑی مدت کا
کب کب : [ا ر متعلق فعل] کس کس وقت۔ کون کون سے دن (۲) کبھی کبھار بھولے بھٹکے۔
کُب : [ا ر امذ] ٹیڑھ۔ کجی۔ خم۔ جھکاؤ (۲) انسان کی پیٹھ کی کجی (۳) اونٹ یا سانڈ وغیرہ کا اوپر کا ابھرا ہوا مقام (۴) دیوار کا پھول کر ٹیڑھا ہونا۔
کُب نکلنا : [ا ر محاورہ] پیٹھ کا کبڑا ہو جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔ پشت خم ہو جانا۔
کباب : [ع ف امذ] سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بھنا ہوا قیمہ یا گوشت کے ٹکڑے (۲) گھی وغیرہ میں تلی ہوئی قیمے کی ٹکیاں (۳) کنایۃً جلا ہوا۔ بھنا ہوا
کباب بھوننا : [ا ر محاورہ] کباب تیار کرنا۔ کباب سیخ پر لگانا
کباب چینی : [ف امث] ایک قسم کی دوا جو سیاہ مرچ سے مشابہ ہوتی ہے۔
کباب حسینی : [ع ف امذ] ایک قسم کا کباب۔
کباب دارائی : [ع ف امذ] ایک قسم کا کباب
کباب شامی : [ع ف امذ] دیکھئے "شامی کباب"
کباب کا آنسو : [ا ر امذ] وہ پانی جو سیخ کے کباب سے پکتے وقت ٹپکتا ہے۔
کباب کرنا : [ا ر محاورہ] کباب بنانا۔ کباب بھوننا (۲) بھوننا۔ جلانا (۳) رنج پہنچانا۔ رشک دلانا (۴) غصہ دلانا (۵) دکھ دینا

کباب لگانا: [ا، محاورہ] کباب بھوننا یا تیار کرنا

کباب لگنا: [ا، محاورہ] دیکھیے "کباب لگانا"۔ جس کا یہ لازم ہے۔

کباب ہونا: [ا، محاورہ] دیکھیے "کباب کرنا"۔ جس کا یہ لازم ہے۔

کبابہ: [ف امذ] سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے گول گول بیج جو دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔ کباب چینی۔

کبابی: [ف امذ] کباب بنا کر بیچنے والا۔ کباب فروش (۲ صف) کباب کرنے کے لائق۔

کبابیا: [ا، لکھنو] دیکھیے "کبابی مبرا"

کبادہ: [ف امذ] نرم کمان۔ مشق کرنے کی کمزور کمان

کبار: [ع صف] دیکھیے "کبیر" جس کی یہ جمع ہے۔

کباڑ: [ھ امذ] کاٹھ کباڑ۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب۔ ٹوٹا پھوٹا

کباڑ خانہ: [ھ ف امذ] ٹوٹے پھوٹے سامان کا کمرا یا دکان

کباڑی / کباڑیا: [ا صف] ٹوٹا پھوٹا سامان بیچنے والا۔ نیلام کا لایا ہوا مال فروخت کرنے والا۔

کباڑی کی چھان / چھپر کے اوپر پھوس نہیں: [ا، مثل] اپنی خبر گیری کی طرف توجہ نہیں ہوتی

کبائر: [ع امذ] دیکھیے "کبیرہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) بڑے گناہ

کبت: [ھ امذ] شعر۔ ایک قسم کی ہندی نظم [افعال: کہنا]

کبت بھاٹ کے کھیتی جاٹ کی / کبت سوہے بھاٹ سے کھیتی سوہے جاٹ سے: [ھ مثل] ہر شخص اپنا خاندانی پیشہ اچھی طرح کر سکتا ہے۔

کبتائی: [ھ صف] کبت بنانا۔ شاعری۔ نظم نگاری (افعال: کرنا۔ بنانا)

کبج / کبجا: [ھ صف ق] کبڑا۔

کبد / کبدہ: [ع امذ] جگر۔ کلیجا

کبدھی: [ھ صف] احمق۔ بے سمجھ۔ بے وقوف

کبدی: [ع صف] جگر کا۔ جگر کے متعلق۔ جگری

کبڈی: [ا، امث] ایک کھیل کا نام جس میں دو گروہ بناتے ہیں اور درمیان میں ایک حد ہوتی ہے۔ جس میں سے ایک گروہ کا لڑکا دوسرے گروہ کے کسی لڑکے کو چھوتا ہے۔ اگر چھو کر اپنی طرف واپس آ جائے تو جیت جاتا ہے۔ [افعال: کھیلنا]

کبڈی کھیلتے پھرنا: [ا، محاورہ] آوارہ، مارا مارا پھرنا۔ پریشان پھرنا

کبر: [ع امذ] بڑائی۔ شان (۲) امیری (۳) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔

کبر و نخوت: [ع امذ] غرور

کبر: [ع امذ] پیری۔ بڑھاپا۔

کبر سن / کبر سنی: [ع امذ] بڑھاپا۔ عمر کی زیادتی۔

کبرا: [ھ صف] دھبے والا۔ دھاری والا۔ رنگ برنگی۔ ۲۔ میلا۔ خاکستری اردو میں چتکبرا کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

کبریٰ: [ع صف] دیکھیے "اکبر" جس کی یہ تانیث ہے (۲) بہت بڑی۔ بہت بزرگ۔ بزرگ تر عورت۔

کبریا: [ع امذ] خدا تعالےٰ کی صفت (۲) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی

کبریائی: [ع ف امث] دیکھیے کبریا جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کبریت: [ع امث] گندھک

کبریت احمر: [ع امث] سرخ گندھک۔ ۲۔ (صف) معدوم۔ عنقا۔ کم یاب

کبریت احمر کا اثر رکھنا: [ا، محاورہ] بہت کم یاب ہونا۔ نہ ملنا

کبڑا: [ھ صف] وہ جس کی پیٹھ ٹیڑھی / آگے کو جھکی ہوئی ہو۔ گوزہ پشت۔ کبج

کبڑاپن: [ھ صف] خمیدگی کمر

کبڑن: [ھ امث] سبزی ترکاری بیچنے والی عورت

کبڑی: [ھ صف] وہ عورت جس کی پیٹھ خمیدہ ہو۔ ۲۔ (امث) ٹیڑھی چھڑی

کبڑے: [ھ صف] (۱) کبڑا کی جمع۔ ۲۔ بجائے کبڑا صف مغیرہ

کبڑے کی لات: [ھ مثل] ہر کام میں بے حقیقت

کبڑیا: [ھ امذ] ترکاری فروش۔ سبزی فروش

کبیسہ: [ع امذ] دیکھیے "لوند"

کبک: [ف امذ] (۱) چکور۔ (۲) ایک قسم کا بڑا تیتر جس کے سر اور پنجے سرخ ہوتے ہیں۔ اس کی چال سے معشوق کی چال کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

کبک دری: [ف امذ] ایک قسم کا بڑا چکور جو کوہستانوں میں پایا جاتا ہے۔

کبک رفتار: [ف صف] چکور کی طرح چلنے والا۔ چکور کی چال۔ ۲۔ معشوق

کبل: [ھ صف ق] سخت۔ دشوار

کبوتر: [ف امذ] ایک پرندہ جو بہت سے مختلف رنگوں کا ہوتا ہے اسے لوگ اڑانے کے لئے پالتے ہیں۔ پرانے زمانے میں جب ڈاک کا موجودہ نظام نہ تھا لوگ اس جانور کے ذریعے خطوط ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے تھے۔

کبوتر اٹھا دینا / اڑا دینا / اڑانا: [ا، محاورہ] کبوتروں کو پرواز میں لانا۔ کبوتر بازی کرنا

کبوتر باز: [ف امذ] کبوتر اڑانے والا۔ کبوتر رکھنے کا شوقین

کبوتر بازی کی چھتری: [ف امث] وہ چھتری جو کبوتروں کے بیٹھنے کے لئے گھر پر لگاتے ہیں۔

کبوتر بازی: [ف امث] کبوتر رکھنا اور اڑانا۔ کبوتر رکھنے کا کھیل۔

کبوتر با کبوتر، باز با باز: [ا، مثل] ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔

کبوتر بند کرنا: [ا، محاورہ] کبوتروں کو کابکوں میں ڈال کر تختہ لگا دینا۔

کبوتر پر پا: [ف امذ] ایک قسم کا کبوتر جس کے پاؤں پر پر ہوتے ہیں۔

کبوتر حرم: [ف امذ] خانہ کعبہ کے کبوتر جن کا شکار ممنوع ہے۔

کبوتر خانہ: [ف امذ] وہ مکان۔ دڑبا۔ کابک جس میں کبوتر رکھے جائیں۔

کبوتر خانہ ہے: [ا، محاورہ] ایک آتا ہے ایک جاتا ہے۔ حفاظت نہیں ہو سکتی۔ انتظام کی جگہ نہیں۔

کبوتر خانے کا سا حال ہے ایک آتا ہے ایک جاتا ہے: [ا، مثل] وہاں کہتے ہیں جہاں بہت سے نوکر ہوں۔

کبوتر کا پھول: [ا، امذ] ناگ پھنی (دیکھیے) پودے کا پھول

کبوتر کا جھاڑ: [ا، امذ] ناگ پھنی کا پودا

کبوتر کی جڑ: [ا، امث] اس پودے کی جڑ جو ادویات میں مستعمل ہے۔

کبوتر کا گونجنا: [ا ر محاورہ] کبوتر کا مست ہو کر بولنا
کبوتر کھولنا: [ا ر محاورہ] کبوتر وقت معینہ پر اڑا دینا
کبوتر کی طرح لوٹنا: [ا ر محاورہ] بہت تڑپنا۔
کبوتر لڑانا: [ا ر محاورہ] کبوتر بازی کرنا۔ کبوتروں کو اڑنے کا مقابلہ کرنا جس کے کبوتر زیادہ دیر تک ہوا میں رہیں وہ جیت جاتا ہے۔
کبوتر مارنا: [ا ر محاورہ] کبوتر پکڑنا
کبوتری: [ا ر امث] (۱) کبوتر کی مادہ۔ ۲۔ ناچنے والی دہقان عورت (۳)، خوبصورت حسین عورت۔
کبود: [ف امذ] (۱) نیلا رنگ (۲) آسمانی رنگ (۳) صف نیلا۔ نیلگوں
کبود پشت: [ف امث] آسمان
کبود چشم: [ف صف] نیلی آنکھوں والا
کبودی: [ف صف] نیلا۔ آسمانی
کبودی چشم: [ف صف] نیلی آنکھوں والا
کبھو / کبھوں: [ہ متعلق فعل] "کبھی" کی قدیم صورت
کبھو نہ کبھو گھبو پھولا: [ہ مثل] اس کے متعلق کہتے ہیں جس سے کوئی نیک کام عرصہ کے بعد ہو۔
کبھی: [ہ متعلق فعل] کب ہی کا مخفف ہے (۱) کسی وقت۔ کسی گھڑی۔ ۲۔ شاذ و نادر۔ گاہے گاہے۔ بھولے چوکے۔ ۳۔ اتفاق سے۔ اتفاقاً ۔ ۴۔ کسی زمانے میں، سابق میں۔ ۵۔ ہرگز۔ زنہار ۶۔ بالکل قطعی۔ ۷۔ دوم ۔ گھڑی میں۔ ان معنوں میں مکرر آتا ہے جیسے کبھی کچھ کبھی کچھ ہے۔ ۸۔ استفہام انکاری ہے۔
کبھی ایسا ہے کبھی ویسا ہے: [ا ر مثل] انقلاب زمانہ ہے
کبھی تولہ کبھی ماشہ: [ا ر مثل] جس کی حالت بدلتی رہے اس کے متعلق کہتے ہیں
کبھی تو ہمارے بھی کوئی تھے: [ا ر مثل] کسی زمانے میں ہم سے بھی میل جول تھا مگر اب ترک ملاقات ہے۔
کبھی رات بڑی کبھی دن: [ا ر مثل] زمانہ ہمیشہ ایک حال پر نہیں رہتا
کبھی رنج کبھی گنج: [ا ر مثل] کبھی تکلیف ہے اور کبھی عیش و آرام
کبھی زمین پر کبھی آسمان پر: [ا ر مثل] بے حد غصے کے موقع پر کہتے ہیں
کبھی کا: [ا ر صف] مدت کا۔ عرصہ کا۔
کبھی کا دن بڑا کبھی کی رات / کبھی کے دن بڑے کبھی کی راتیں: [ا ر مثل] دیکھئے "کبھی رات بڑی کبھی دن"
کبھی کبھار / کبھی کبھی: [ا ر متعلق فعل] گاہے بگاہے۔ بہت کم شاذ و نادر
کبھی گونڈے کے اس پار کبھی اس پار: [ا ر مثل] سخت سستی اور کاہلی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔
کبھی کی پرتیت مرن کی ریت: [ا ر مثل] دوستی میں جان دینی پڑتی ہے
کبھی کے: [ا ر متعلق فعل] کب کے
کبھی گاڑی ناؤ میں کبھی ناؤ گاڑی میں: [ا ر مثل] انقلاب ہوا ہی کرتا ہے کبھی ایسا کبھی ویسا۔
کبھی گھی گھنا کبھی مٹھی بھر چنا: [ا ر مثل] کبھی عیش کبھی تکلیف۔ کبھی امیر کبھی غریب زمانے کا انقلاب ہے۔

کبھی گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں: [ا ر مثل] کبھی زمانہ موافق بھی ہوتا ہے۔
کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر: [ا ر مثل] دیکھئے "کبھی گاڑی ناؤ میں الخ"
کبھی نہ دیکھا اسو رے۔ بوریا اور سپنے آئی کھاٹ: [ا ر مثل] نودولت کے متعلق کہتے ہیں۔
کبھی نہ دیکھی چدر چدری: [ا ر مثل] ڈینگ مارنے والی عورت کے متعلق کہتے ہیں
کبھی نہ کبھی بیر گوگئی تلسنڈوں میں جا پڑی: [ا ر مثل] کبھی نہ کبھی امید پوری ہونے کو تھی وہ بھی ناامیدی سے بدل گئی۔
کبیدگی: [ف امث] رنجیدگی
کبیدہ: [ف صف] رنجیدہ۔ آزردہ۔ یہ دونوں لفظ ہندوستان کی اختراع ہیں۔
کبیدہ خاطر: [ف صف] رنجیدہ
کبیر: [ع صف] (۱) بڑا بزرگ (۲) جوان (۳) دائیں کا (۴) شریف آدمی۔ سردار (۵) ایک مشہور ہندی شاعر/ بھگت
کبیر پنتھ: [ہ امذ] وہ مذہب جو کبیر نے نکالا تھا۔ اس میں وحدانیت کی تعلیم تھی۔
کبیر پنتھی: [ہ امذ صف] کبیر کے چلائے ہوئے مذہب کا پیرو
کبیرہ: [ع صف۔ مث] دیکھئے "کبیر" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا اعادہ بھی کرتی ہے

ک۔پ

کپ: [ہ امذ] کانپنا۔ لرزہ
کپ: [انگ امذ] cup (۱) پیالہ (پیالے کی شکل کا وہ تحفہ جو کھیلوں وغیرہ میں جیتنے پر دیا جاتا ہے
کپ: [ہ امذ] (۱) بھوس کا ڈھیر جو گنبد کی طرح بنا دیتے ہیں (۲)، گڑھا۔ کنواں۔ (۳)، اناج کا ذخیرہ
کپّا: [ہ امذ] چمڑے کا پھولا ہوا برتن۔ جس میں گھی یا تیل رکھتے ہیں۔ اس کا منہ چھوٹا ہوتا ہے (۲ صف) سوجا ہوا۔ پھولا ہوا (۳)، موٹا۔ فربہ۔ کوئیں کی شکل کا۔
کپّا ایسا پھولا بیٹھنا: [ا ر محاورہ] غصے میں بھرا ہونا سوجا پھولا بیٹھا ہونا۔
کپّا سا ہو جانا: [ا ر محاورہ] نہایت موٹا اور فربہ ہو جانا پھول جانا۔ سوج جانا
کپّا لڑھنا: [ا ر محاورہ] کسی امیر۔ نواب۔ بادشاہ۔ راجا کا مر جانا۔
کپّا ہو جانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کپّا سا ہو جانا"
کپّی: [ا ر امث] دیکھئے "کپّا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
کپّے کی طرح منہ پھلا لینا: [ا ر محاورہ] غصہ سے منہ پھلا لینا
کپاٹ: [ہ امذ] ۱۔ دروازہ۔ ۲۔ کھٹکا۔ ۳۔ دروازے کا دلا
کپار: [ہ امذ] دیکھئے "کپال"
کپاری / کپالی: [ہ امث] (۱) کھوپڑی (۲)، بنگال میں ایک قوم جو اناج بیچتی ہے۔
کپاری / کپالی: [ہ امث] رسی جو گھوڑے کو قابو میں رکھنے کے لئے منہ پر باندھ دیتے ہیں پنجابی دھبتی،
کپاس: [ہ امث] بغیر صاف کی ہوئی روئی۔ ایسی روئی جس میں بنولے بھی ہوں (۲)، روئی کا پودا

کپاس جس جگہ جائے گی اونٹی جائے گی: [ا ر مثل] مزدور کو ہر جگہ بوجھ اٹھانا پڑے گا۔

کپاسی: [ا ر صف] کپاس سے منسوب۔ ہلکا زرد رنگ

کپال: [س ا مث] (۱) کھوپڑی۔ کاسۂ سر (۲)، ماتھا۔ پیشانی (۳)، قسمت۔ نصیب۔ بھاگ (۴)، شیو جی کا لقب۔

کپال کریا: [ھ ا مث] ہندوؤں کی ایک رسم جس میں جب لاش جل چکے تو بیٹا اس کی کھوپڑی کو بانس سے پھوڑ دیتا ہے۔ [افعال: کرنا]

کپتان: [ا ر امذ] انگریزی لفظ captain کا مورد) فوج کا افسر۔ جہاز یا پولیس کا افسر۔ صوبیدار۔ رسالدار

کپٹ: [س ا مث] (۱) دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ چھل۔ کھوٹ (۲)، بغض۔ عداوت دشمنی (۳)، کینہ۔ نفاق۔ کدورت [افعال: رکھنا۔ رہنا]

کپٹی: [س صف امذ] دغا باز۔ فریبی۔ مکار۔ کینہ ور۔ حاسد۔ دشمن۔ بیری بدخواہ۔ منافق۔ کدورت رکھنے والا۔

کپٹی کی پریت۔ مرن کی ریت: [ا ر مثل] کینہ ور کی دوستی میں ہمیشہ خطرہ ہی خطرہ ہوتا ہے۔

کپچہ: [ا ر امث ق] صدری

کپڑدھ: [ھ صف] بے وقوف۔ جاہل احمق

کپڑ: [ھ امذ] "کپڑا" کا مخفف جو مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔

کپڑ پھول / دھول: [ا ر امذ] ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ کریب (۲ ق) ساڑھی کا ایک خاص قسم کا کپڑا جس پر سنہرے اور روپہلے پھول بنے ہوتے ہیں۔

کپڑ چھن / چھان: [ا ر امذ] کپڑے کا چھنا ہوا باریک اور میدہ سا چھنا ہوا۔

کپڑ کوٹ: [ا ر امذ] ڈیرا۔ خیمہ۔ تنبو

کپڑ گند: [ا ر امث] کپڑے کے جلنے کی بو

کپڑا: [ھ امذ] پارچہ۔ بستر (۲)، لباس۔ پوشاک۔ جامہ

کپڑا اُتارنا: [ا ر محاورہ] کپڑے کو جسم سے جدا کرنا۔

کپڑا اوڑھنا: [ا ر محاورہ] کپڑے سے اپنے آپ یا جسم کو ڈھانپنا۔ کپڑا اوپر لینا (۲)، عورت کا دوپٹا سر پر ڈالنا۔

کپڑا بُننا: [ا ر مص مرکب] کپڑا تیار کرنا۔ تانا بانا تیار کر کے کپڑا بنانا۔

کپڑا پہننا: [ا ر محاورہ] لباس پہننا۔ کپڑے سے بدن ڈھانپنا۔

کپڑا پہنئے جگ بھاتا۔ کھانا کھائیے من بھاتا: [ا ر مثل] لباس عام پسند کا پہننا چاہیے اور خوراک اپنی پسند کی کھانی چاہیے۔

کپڑا چل جانا: [ا ر محاورہ] کپڑے کا پھٹ جانا۔ کپڑے کا مسک جانا۔

کپڑا لتا: [ا ر امذ] (ع) دیکھیے "کپڑا"

کپڑا لینا: [ا ر محاورہ] حیض والی عورت کا لتا استعمال کرنا۔

کپڑا نکل جانا: [ا ر محاورہ] کپڑا پھٹ جانا۔

کپڑا نہ لتا مستی ملے البتہ: [ا ر مثل] مفلسی میں زیب و زینت کی ہوس وہ بھی بیکا۔ دوسرا بہ روزن

کپڑ ڈی / کپڑ وٹی: [ھ ا مث] کپڑے پر مٹی لگا کر کسی برتن پر لپیٹنا۔ گل حکمت (۲)، کپڑ چھن [افعال: کرنا]

کپڑوں سے ہونا / کپڑوں کا آنا: [ا ر محاورہ] حیض سے ہونا۔ ایام آنا میلے سر ہونا۔

کپڑوں میں نہ سمانا: [ا ر محاورہ] خوشی کے مارے از حد پھول جانا

کپڑھ: [ھ صف] ان پڑھ

کپڑے آنا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "کپڑوں سے ہونا"

کپڑے اُتارنا: [ا ر محاورہ] لباس بدلنا (۲)، کپڑے چھین لینا (۳)، ننگا کرنا (۴)، بے عزت کرنا۔ عیب لگانا (۵)، ننگا ہونا

کپڑے بدلنا: [ا ر محاورہ] لباس تبدیل کرنا

کپڑے بدلوانا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "کپڑے بدلنا" جس کا متعدی ہے۔

کپڑے بسانا: [ا ر محاورہ] لباس میں خوشبو لگانا۔ عطر لگانا۔

کپڑے پہنانا: [ا ر محاورہ] لباس پہنانا

کپڑے پہننا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "کپڑے پہنانا" جس کا یہ لازم ہے

کپڑے پہنوانا: [ا ر محاورہ] دیکھیے "کپڑے پہنانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے

کپڑے پھاڑنا: [ا ر محاورہ] (۱)، لباس پھاڑنا (۲)، کنایۃً پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

کپڑے پھاڑ کے نکل جانا: [ا ر محاورہ] کنایۃً "دیوانہ ہو کے نکل جانا"

کپڑے چُسنا: [ا ر محاورہ] لباس میں جکڑے پڑنا۔

کپڑے چیکٹ ہونا: [ا ر محاورہ] کپڑے گندے ہونا

کپڑے چھڑانا مشکل ہونا: [ا ر محاورہ] رہائی پانا مشکل ہونا۔

کپڑے رنگنا: [ا ر محاورہ] (۱)، کپڑوں کو رنگ چڑھانا (۲)، فقیروں کا رنگا ہوا لباس اختیار کرنا۔ جوگی بننا۔

کپڑے قطع کرنا: [ا ر مص مرکب] کپڑے کاٹنا۔ کتر بیونت کرنا سینے کے لئے۔ لباس تیار کرنے کے لئے۔

کپڑے قطع ہونا: [ا ر مص مرکب] دیکھیے "کپڑے قطع کرنا"، جس کا یہ لازم ہے۔

کپڑے گوہ کر دینا: [ا ر محاورہ] کپڑوں کو بہت میلا کر دینا۔

کپڑھ: [ھ صف] ان پڑھ

کپکپانا: [ا ر مص] تھرتھرانا۔ لرزنا۔ لرزہ براندام ہونا۔

کپکپاہٹ / کپکپی: [ھ ا مث] (۱)، لرزہ۔ تھرتھری (۲)، گھبراہٹ (عام طور پر کپکپی مستعمل ہے)

کپکپی چھوٹنا / لگنا: [ا ر محاورہ] کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔ خوف یا جاڑے کے بخار کے باعث کانپنا۔

کپل: [ا ر صف ق] تیز۔ سخت

کپلا: [س ا مث] بھوری گائے

کپنے لگنا: [ا ر محاورہ عامیانہ] کانپنے لگنا

کپوت: [ھ امذ] نالائق بیٹا۔ برا اور بدچلن لڑکا۔

کپوت مرا بھلا: [ھ مقولہ] نالائق بیٹے کا مرنا بہتر ہے۔

کپور: [ھ امذ] دیکھیے "کافور"

کپور کچری: [ھ ا مث] ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔ جو دوا میں کام آتی ہے گوشت گلاتی ہے۔

کپورا: [ھ امذ] خصیہ۔ بیضہ۔ خصوصاً بکرے یا مینڈھے کا۔

کپوری : [ہ اِمذ] ایک قسم کا پان (۲) ایک رنگ (۳) کافور۔
کپول : [ار امذ ق] گال
کپولی : [ار اسث ق] مستک۔ ماتھا
کپّی : [ہ اسث] چھوٹا کُپّا (۲) چھوٹی سی چرمی شیشی (۳) بارود رکھنے کا ظرف

ک۔ت

کِت : [ہ متعلق فعل] کدھر۔ کس طرف۔ کہاں
کَتّا : [ہ امذ] ایک قسم کی تلوار جو آگے سے چوڑی اور دوہری دھار کی ہوتی ہے۔
کِتّا : [ہ صفت] دیکھیے "کتنا"
کُتّا : [ار امذ] ایک۔ کلب۔ مشہور جانور (۲) ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں سے چمٹ جاتی ہے۔ (۳) غلام (۴) بندوق کا گھوڑا (۵) رہٹ کا کھٹکا جو چکر کو واپس پھرنے سے روکتا ہے (۶) گھڑی کا ایک پُرزہ (۷) کنایۃً کمینہ یا جی ذلیل (۸) عدالت کا چپڑاسی (۹) تجارتی نشان (۱۰) لالچی
کُتّا بھی دُم ہلاکر بیٹھتا ہے : [ار مثل] گھر کی صفائی جب جانور پسند کرتے ہیں تو انسان کو صفائی کا سب سے زیادہ خیال رکھنا چاہیے۔
کُتا دیکھے گا نہ بھونکے گا : [ار مثل] نہ لالچی کو مال کی خبر ہو گی نہ نقصان پہنچائے گا۔
کُتا راج / چوک بٹھایا چکّی چاٹنے آیا : [ار مثل] کمینہ شخص اعلیٰ رتبہ پر پہنچ کر بھی اپنی خصلت نہیں چھوڑتا۔
کُتّا گھاس : [ار اسث] ایک قسم کی گھاس جو بہ سبب اپنے خاروں کے چمٹ جاتی ہے
کِتاب : [ع اسث] نوشتہ۔ نامہ (۲) پوتھی۔ گرنتھ (۳) جلد۔ نسخہ (۴) رسالہ (۵) دار۔ بہی۔ رجسٹر۔ بیاض
کتاب آسمانی / الٰہی : [عف اسث] وہ کتاب جو کسی پیغمبر کے وسیلے سے بطور احکام خدائے تعالیٰ کی طرف سے نازل ہو قرآن شریف۔ توریت۔ انجیل۔ زبور
کتاب بِیں : [عف صفت] کتاب پڑھنے والا۔
کتاب بِینی : [عف اسث] دیکھیے "کتاب بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کتاب پر چڑھانا : [ار محاورہ] رجسٹر میں درج کرنا۔ بہی میں لکھنا۔ کھاتے میں اتارنا۔
کتاب پوش : [عف امذ] گردپوش
کتاب چلنا : [ار محاورہ] کتاب کا پڑھا جانا۔
کتاب حوالہ : [ع اسث بترکیب فارسی] حوالے کی کتاب۔ ایسی کتاب جس سے تصنیف و تالیف میں مدد لی جاتی ہے، مثلاً لغت انگریزی کا ہیں
کتاب خانہ : [عف۔ امذ] دیکھیے "کتب خانہ"
کتاب خواں : [عف صفت] (۱) کتاب پڑھنے والا (۲) شہدائے کربلا کا حال نثر میں پڑھنے والا۔ ذاکر
کتاب خوانی : [عف اسث] دیکھیے "کتاب خواں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کتاب دیکھنا : [ار محاورہ] کتاب پڑھنا
کتاب رُو : [عف صفت] کتابی یا لمبے چہرے والا
کتاب فروش : [عف صفت] کتاب بیچنے والا
کتاب فروشی : [عف اسث] دیکھیے "کتاب فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کتاب کا کیڑا : [ار امذ] (۱) ایک کیڑا جو کتابوں کو کھا جاتا ہے ۲۔ وہ شخص جو ہر وقت کتاب خوانی کرتا رہے۔
کتاب کہنا : [ار محاورہ] کتاب تصنیف کرنا۔
کتاب مجید / مقدس / ہُدیٰ : [ع اسث] قرآن مجید۔
کتاب و سُنّت : [ع اسث] قرآن مجید اور حدیث رسول صلعم
کِتابت : [ع اسث] لکھائی۔ کاپی نویسی [افعال : کرنا۔ ہونا] محرری خوش نویسی۔ تحریر (۲) نامہ۔ خط۔ ان معنوں میں خط و کتابت کی ترکیب میں آتا ہے
کتابہ : [ع امذ] (۱) وہ عبارت جو لوحِ قبر یا مسجد پہ کندہ کر کے لگائی جاتی ہے (۲) وہ نظم یا نثر جو کسی کی تعریف میں بطور تاریخ پلینٹ طاق پر لکھتے ہیں۔
کتابی : [ع امذ] اہلِ کتاب سوائے مسلمانوں کے۔ ۲۔ صفت۔ لکھا ہوا۔ قابلِ وثوق۔ ۳۔ لمبا۔ لمبوترا۔ کتاب کی شکل کا
کتابی آدمی : [ع صفت] کتاب کا کیڑا
کتابی چور : [ار امذ] تصنیف کا چور۔ جو پرانی تصنیفوں میں تصرف کر کے اپنے نام سے جاری کرے۔
کتابی چہرہ / رُخ / رُو : [عف امذ] لمبا چہرہ
کتابی علم : [ع امذ] وہ علم جو کتاب پڑھنے سے حاصل ہوا ہو مگر تجربہ نہ ہو
کتابی کافر : [ع امذ] اہل کتاب سوائے مسلمانوں کے۔
کتابیات : [ع اسث] کسی خاص بحث کے متعلق کتابوں کی فہرست
کتارا : [ہ امذ] ایک قسم کا پتلا گنا جس سے رس نکال کر گڑ وغیرہ بناتے ہیں کماد پونڈا (۲) مہندی یا الی کا پھل (۳) کتارہ۔ خنجر (۴) قطار
کتاف : [ع امذ] رسی جس سے پیچھے کی طرف ہاتھ باندھتے ہیں (۲) بیڑی۔ ہتھکڑی۔
کتان : [ف امذ] ایک قسم کا کپڑا جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بہت باریک ہوتا ہے یہاں تک چاندی کی روشنی سے پھٹ جانے کا مبالغہ کرتے ہیں (۲) السی۔ السی کی مصنوعات۔
کتان : [ہ امذ] چاقو۔ خنجر۔
کتانا : [ہ مصدر] کاتنا کا متعدی
کتائی : [ہ اسث] کاتنے کا عمل (۲) کاتنے کی اجرت
کُتُب : [ہ امذ] دیکھیے "کتاب" جس کی یہ جمع ہے۔
کتب خانہ : [عف امذ] (۱) وہ جگہ جہاں کتابیں جمع ہوں رہیں (۲) کتابوں کی دکان (۳) لائبریری
کتب سماوی : [ع امذ] الہامی کتابیں۔ مقدس کتابیں۔
کتب فروش : [ع ف امذ] وہ شخص جو کتابیں بیچے۔
کتب فروشی : [ف اسث] دیکھیے "کتب فروش" جس کا یہ اسم کیفیت

کُتبَہ : [ع اند] دیکھئے "کتابہ" اب عام طور پر کتبہ استعمال ہوتا ہے۔

کَتخُدا : [ف اند] دیکھئے "کدخدا"

کَتخُدائی : [ف امث] شادی بیاہ خصوصاً لڑکے کا۔ لڑکی کے لئے کار خیر مستعمل ہے۔

کَترَ : [ہ امث] کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو تراشنے سے نکلتے ہیں (۲) صفہ موبافت۔ سر بند (۳) کتّل

کَترَبیونت : [ہ امث] کاٹ چھانٹ تراشش۔ خراش۔ قطع برید۔ توڑ جوڑ چال کاٹ پھانس (۳) فکر۔ سوچ (۴) کمی بیشی (۵) کفایت شعاری (۶) حساب میں سے کاٹ لینا۔ منہائی۔ وضع (۷)، سود اسلف میں خورد برد۔ غبن۔ تغلب۔

کَترَبیونت سے : [ا رمتعلق فعل] کفایت شعاری سے

کَترجانا / دبناا کترنا : [ا رمحاورہ] قینچی سے کاٹنا۔ تراشنا۔ چھانٹنا۔

کَترَ : [ہ امث] دیکھئے سرا

کَترَ : [ہ امث] گوشہ دار ٹکڑہ

کَترانا : [ا رمص] گھوم کر جانا۔ ٹیڑھا چلنا۔ راستے سے بچ کر نکلنا۔ راستہ کاٹ کر جانا (۲)، ساتھ سے بھاگنا۔ راہ میں موافقت نہ کرنا۔ راہ سے جدا ہوجانا (۳)، بیگانگی اختیار کرنا (۵)، جلدی سے سمٹ کر نکل جانا۔ ایک راہ چھوڑ کر دوسری راہ جانا (۶)، بچنا۔ کنارہ کرنا۔

کَترَن : [ہ امث، کتری ہوئی دھجی۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ چھانٹن۔

کُترَن : [ہ امث] دانتوں سے کتری ہوئی چیز۔

کَترَنا : [ا رمص] کاٹنا۔ چھانٹنا۔ تراشنا۔ بیونتنا (۲)، چوہے کا کسی چیز کو دانتوں سے کاٹنا (۳)، طوطے کا چونچ سے کسی چیز کو کاٹنا (۴)، بیچ میں سے روپیہ رکھ لینا۔

کُترَنا : [ا رمص] دانتوں سے کاٹنا۔ خورد برد کرنا۔ بیچ میں سے رکھ لینا۔ بچا لینا۔

کَترَنی : [ا ر امث] کترنے والی۔ قینچی۔ مقراض (۲)، انسان کی زبان۔ (افعال : چلنا۔ چلانا)

کَترَنی سی چلنا : [ا رمحاورہ] جلدی جلدی باتیں کرنا۔

کَترُو : [ہ اند] کاٹنے والا

کَتروَاں : [ا رصف] اریب واں۔ آڑا۔ ترچھا۔

کَتروَاں چال : [ا رامث] ٹیڑھی چال (۲)۔ خرام ناز

کَتروَانا : [ا رمص] قطع کرانا۔ چھنٹوانا۔ ترشوانا۔ بالوں کا قینچی سے کٹوانا

کَتروَائی : [ا رامث] قطع کرانے کی اجرت

کَتِف : [ع اند] مونڈھا۔ شانہ

کُتَک : [ف اند] سونٹا۔ ڈنڈا۔ موسل

کُتکا : [ہ اند] بھنگ گھونٹنے کا ڈنڈا

کَتَّل : [ہ اند] پتھر کا دھار دار ٹکڑا۔ پتھر کی کرچ (۲)، کتر۔ مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔ ٹھیکری (۳)، اینٹ یا پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔

کَتَّل ترا : [ہ اند] ٹھیکری اس طرح پھینکنا کہ پانی پہ تیرتی ہوئی نکل جائے۔

کَتَّل کا بگھار : [ہ اند] کڑکڑاتے گھی میں پتھر کے ٹکڑے ڈال کر اس سے پنئے لوگ دال بگھارتے ہیں۔ تاکہ سوندھی جائے۔

کَتَیلا : [ہ اند] پھاٹک۔ ٹکڑا۔ (افعال : کرنا۔ ہونا)

کَتم : [ع اند] پردہ۔ حجاب

کِتمان : [ع اند] چھپانا۔ پوشیدگی۔

کَتنا : [ا رمصدر] دیکھئے "کاتنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کُتنا : [ا رمصدر] اندازہ ہونا۔ تخمینہ ہونا۔

کِتنا : [ا رمتعلق فعل] کس قدر۔ کس تعداد میں (۲)، نہایت۔ بہت (۳)، کہاں تک۔ کس درجہ تک (۴)، چاہے جس قدر

کِتنا ایک : [ا رمتعلق فعل] کس قدر۔ کما حقہ

کِتنا بعد کو پہنچتے ہوا ہیں : [ا رمحاورہ] بہت بیوقوف ہو ایں

کِتنوں کا : [ا رمتعلق فعل] بہت لوگوں کا۔

کَتنی : [ا رامث] دیکھئے کتنا جس کی یہ تانیث ہے۔ (۲)، وہ ظرف جس میں کاتنے کا سامان رکھا ہو۔

کتنے پانی میں ہے : [ا رمحاورہ] کتنا حوصلہ ہے۔ کتنا دلیر ہے۔ کہاں تک دستگاہ ہے۔

کتنے میں : [ا رمحاورہ] کتنا حوصلہ / حیثیت / ظرف ہے۔

کَتوال : [ہ اند] "کوتوال" کا مخفف

کَتوانا : [ا رمص] روئی سے سوت تیار کرانا۔ چرخہ چلوانا۔ کسی سے سوت کاتنے کا کام لینا۔

کَتّوں کو دودھ پہ بچھے نہ دودل : [ا رمثل] عورتیں جسے کوئی چیز دینے کو دل نہ چاہے اور وہ ضد کرے تو کہتی ہیں۔

کُتوہَل : [ہ اند] کوئی پرلطف بات / کھیل / تماشا / جلسہ / ناچ رنگ (۲)، کوئی حیران کر دینے والی چیز (۳)، شوق۔ خواہش (۴) جوش۔ ولولہ۔

کَتھّہ / کَتھّا : [ہ اند] ایک پودے کا ست جو سرخی دینے کے لئے پانوں میں لگایا جاتا ہے۔ اصل کھیر کا ست ہے مگر مصنوعی طور پر جامن وغیرہ اور دیگر درختوں سے بھی تیار ہوتا ہے جو گھٹیا ہے۔ کھیر سار

کَتھا : [س امث] قصہ۔ کہانی (۲)، ہندوؤں کے مشاہیر کے بیان جو برہمن سنایا کرتے ہیں (۳)، بات چیت۔ گفتگو (۴)، بحث و مباحثہ

کَتھا باچنا / باپخنا : [ا رمحاورہ] ہندوؤں میں مشاہیر کے حالات بیان کرنا۔ مقدس کتابوں کا وعظ کہنا۔

کَتھا بٹھانا : [ا رمحاورہ] برہمن کو کتھا باچنے کے لئے مقرر کرنا۔

کَتھا بکھاننا : [ا رمحاورہ] (۱)، کتھا باچنا (۲)، طول طویل ذکر چھیڑنا

کَتھا سمپورن کرنا : [ا رمحاورہ] مذہبی کتاب پڑھ کر / سنا کر ختم کرنا۔

کَتھا سمپورن ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کتھا سمپورن کرنا" جس کا یہ لازم ہے

کُتھرا : [ہ اند] بسرانده (۲)، گندگی۔ ناپاکی

کُتھری : [ہ امث] چیتھڑے لگا ہوا کپڑا۔ گدڑی (۲)، بستره

کَتھکن : [ہ صف] شیخی مارنے والا۔ شیخی خورہ (۲)، شیخی مارنے کا فعل

کَتھنا : [ہ مص] (۱)، کہنا۔ بتانا۔ بیان / ذکر کرنا (۲)، شعر کہنا (۳)، ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا۔

کِتّی : [ا۔ امث] چھوٹی تلوار
کُتّی : [ا۔ امث] دیکھیے "کُتا" جس کی یہ تانیث ہے
کُتّے : [ا۔ امذ] دیکھیے "کُتا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
کُتّے تیرا منہ نہیں تیرے سائیں کا منہ ہے : [ا۔ مثل] (۲۰) جب کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی وجہ سے معاف کرتے ہیں تو کہتے ہیں
کُتّے چھُڑوانا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کُتّے چھوڑنا" جس کا یہ متعدی ہے
کُتّے چھوڑنا : [ا۔ محاورہ] شکار پر کتوں کو دوڑانا تاکہ وہ شکار کو پکڑ لیں یا جھنجھوڑیں (۲) پرانے زمانے پر مجرموں پر بھی کتے چھوڑے جاتے تھے
کُتّے چھوٹنا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کُتّے چھوڑنا" جس کا یہ لازم ہے
کُتّے خصّی : [ا۔ امذ] ذلیل کام۔ بے عزتی کا کام۔ جھگڑے کا کام۔ فضول کام۔ آوارہ گردی [افعال: کرنا۔ ہونا]
کُتّے خصّی میں کون پڑے : [ا۔ محاورہ] جھگڑے سے بچنے کے موقع پر بولتے ہیں
کُتّے سے منہ چٹانا : [ا۔ محاورہ] (۱) کُتا اپنے مالک کا منہ پیار سے چاٹ لیتا ہے۔ شرابی جب شراب کے نشے میں بے ہوش ہو کر کہیں بازار نالی وغیرہ میں پڑا ہو تو کتا منہ چاٹ لیتا ہے۔
کُتّے کا بچہ : [ا۔ صف] گالی کے طور پر مستعمل ہے۔ حرامزادہ
کُتّے کا بھونکنا : [ا۔ مص مرکب] کتے کا بھوں بھوں کرنا۔
کُتّے کا بھیجا / مغز کھایا ہے : [ا۔ مثل] بہت بکواس کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
کُتّے کا رونا : [ا۔ مص مرکب] کُتّے کا ایک خاص انداز سے مسلسل بولنا جسے عورتیں منحوس سمجھتی ہیں۔
کُتّے کا کاٹا : [ا۔ امذ] وہ شخص جسے پاگل کتے نے کاٹا ہو۔ سگ گزیدہ۔
کُتّے کا کُتا بیری : [ا۔ مثل] ایک پیشے والے آپس میں دشمن ہوتے ہیں ہم جنس ہی دشمنی کرتے ہیں۔
کُتّے کا کفن : [ا۔ امذ] ردی کپڑا
کُتّے کو کھیر نہیں پچتی / گھی ہضم نہیں ہوتا : [ا۔ مثل] کمینے کو سمائی نہیں ہوتی۔ کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا۔
کُتّے کو ویں سُکر گھن آئے : [ا۔ مثل] بہت زیادہ گندگی ہے۔ بہت بُرا یا گندہ ہے جس سے نجس سے نجس کو بھی نفرت ہے
کُتّے کو مسجد سے کیا کام : [ا۔ مثل] بُرے آدمی کو نیک کاموں سے کیا واسطہ۔ بُرا نیک کام کبھی نہیں کرتا۔
کُتّے کو موت آئے تو مسجد میں جائے : [ا۔ مثل] جو خواہ مخواہ جان جوکھوں میں ڈالے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جب کسی پر کوئی مصیبت آنے والی ہوتی ہے تو وہ خطرے کی طرف بھاگتا ہے۔
کُتّے کی دُم : [ا۔ صف] کج فہم۔ کج طبع۔ جسے باوجود فہمائش کے سمجھ نہ آئے۔
کُتّے کی دُم کو بارہ برس نلکی میں رکھا پھر بھی ٹیڑھی کی ٹیڑھی رہی / کُتّے کی دُم موٹے پر بھی ٹیڑھی : [ا۔ مثل] طبیعت کی کجی یا شرارت کسی صورت نہیں جاتی

کُتّے کی سی پسلی پھڑکی : [ا۔ مثل] جب کوئی شخص کسی کھانے پینے کی چیز میں بغیر بلائے حاضر ہو جائے تو کہتے ہیں۔ بن بلائے مہمان کو کہتے ہیں۔
کُتّے کی سی ہڑک اُٹھنا : [ا۔ محاورہ] شوق چرانا۔ کسی بات کا دفعتہً خیال آنا۔
کُتّے کی موت آتی ہے تو مسجد کو بھاگتا ہے : [ا۔ مثل] دیکھیے "کُتّے کو موت آئے تو مسجد میں جائے"
کُتّے کی موت مارنا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کُتّے کی موت مرنا" جس کا یہ متعدی ہے
کُتّے کی موت مرنا : [ا۔ محاورہ] ذلت اور خواری سے مرنا۔ خراب حالت میں مرنا۔ حرام موت مرنا۔
کُتّے کی نیند : [ا۔ محاورہ] ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو سویا ہوا ذرا سی آہٹ سے اُٹھ بیٹھے۔ [افعال: سونا]
کُتّے کی ہڑک : [ا۔ امث] ایک مہلک بیماری جو کتوں کو ہو جاتی ہے اور وہ مر جاتے ہیں۔
کُتّے کے بھونکنے سے ہاتھی نہیں ڈرتا : [ا۔ مثل] ذلیل اور کمینے آدمی کی دھمکی سے شریف پروا نہیں کرتے۔
کُتّے کے پاؤں جا اور بلی کے پاؤں آ : [ا۔ مثل] تیز جا اور تیز آ۔ جلد جا کر واپس آ۔
کُتّے گھسیٹنا : [ا۔ محاورہ] (۱) ذلیل کام کرنا۔ کمین پن کرنا (۲) زندگی کھینا۔ دن کو ساتھ سُلانا
کُتّے لوٹنا : [ا۔ محاورہ] ویران ہونا۔ اُجاڑ ہونا۔
کُتّے مار / نا مار : [ا۔ صف] کتوں کو مارنے والا
کُتیا : [ا۔ امث] (۱) دیکھیے "کُتا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) ذلیل چیز (۳) فاحشہ عورت۔
کُتیا چوروں مل گئی تو پہرا دیوے کون / تو مدت آوے کون : [ا۔ مثل] جب محافظ ہی نقصان پہنچائے تو بچاؤ کیسے ہو
کُتیا کا پِلا : [ا۔ امذ] (عو) کنایۃً حرامزادہ
کُتیا کے چھنالے میں پکڑا جانا : [ا۔ محاورہ] دوسرے کے جرم میں پکڑا جانا۔ مفت میں بدنام ہونا۔
کُتیرا : [ف۔ امذ] لوہا یا دیگر دھاتیں کترنے کی قینچی
کُتیرہ : [ف۔ امذ] ایک قسم کا گوند

ک۔ ٹ

کَٹ : [ہ۔ امذ] (۱) کٹی کا کاٹنا (۲) دانت سے کٹکنے کی آواز (۳) انگوٹھے کے ناخن کو اوپر کے دانت سے بجانے کی آواز
کُٹ بدیا : [ہ۔ امث] مار پیٹ۔ زدوکوب۔ گوشمالی
کَٹ کرنا : [ہ۔ مص مرکب] (۱) دانتوں سے ٹکڑے کاٹنا (۲) دانتوں سے ناخن بجانا (۳) دوستی ترک کرنا۔
کَٹ ہونا : [ا۔ مص مرکب] دیکھیے "کَٹ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کَٹ : [انگ۔ امذ] (CUT) تراش۔ قطع۔ وضع

کَٹ: [ہ اند] کٹنا مصدر سے صیغہ امر (۱) ایک قسم کا سیاہ رنگ جس سے چھینٹ چھاپتے ہیں (۲) کمر، صلب

کَٹ جانا: [ہ محاورہ] (۱) دو ٹکڑے ہو جانا۔ ترش جانا (۲) زخم لگ جانا۔ خراش آ جانا۔ ٹوٹ جانا (۳) پانی کے زور سے مٹی بہہ جانا (۵) شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا (۶) گزر جانا۔ بسر ہو جانا (۷) ساتھ سے جدا ہونا (۸) مارا جانا (۹) گاڑی سے مال نکل جانا (۱۰) ریل کے ڈبوں کا ٹرین سے جدا کر دیا جانا (۱۱) مسافت / فاصلہ طے ہونا (۱۲) رنگ پھیکا پڑنا۔ ہلکا پڑنا (۱۳) وضع ہونا۔ منہا ہونا (۱۴) فصل کاٹ جانا (۱۵) راستہ جدا ہونا (۱۶) خارج ہونا۔ قلم زد ہونا (۱۷) ذبح ہونا۔ قتل ہونا (۱۸) پتنگ کی ڈور کا ٹوٹ جانا۔ (۱۹) ناک کے ساتھ۔ بے عزت ہونا۔ رسوا ہونا۔

کَٹ حُجّت: [ا ر صف] خواہ مخواہ حجت کرنے والا

کَٹ حُجّتی: [ا ر امث] دیکھئے "کٹ حجت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کَٹ رہنا: [ا ر محاورہ] راہ میں جدا ہونا۔ ساتھ چھوڑ دینا۔

کَٹ کَٹ جانا: [ا ر محاورہ] نہایت شرمندہ ہونا۔

کَٹ کَٹ کے لڑنا: [ا ر محاورہ] جان پر کھیل کے لڑنا

کَٹ کَٹ کے مرنا: [ا ر محاورہ] باہم لڑ کر مرنا۔

کَٹ کھنا: [ا ر صف] کاٹ کھانے والا۔ چوٹ کرنے والا۔ منہ مارنے والا

کَٹ کھنی: [ا ر صف مث] دیکھئے "کٹ کھنا" جس کی یہ تانیث ہے

کَٹ کھنے: [ا ر اند] (۱) الجھن (۲) مکاری (۳) نمونہ۔ خاکہ (۴) وہ حروف جو استاد لکھنا سکھانے کی غرض سے تختی پر روشنائی کے بغیر لکھ دیتا ہے یا نقطے لگا کر لکھ دیتا ہے تاکہ شاگرد ان پر قلم پھیر کر لکھ سکے۔

کَٹ گھر: [ا ر اند] دیکھئے "کٹہرا"

کَٹ مَرنا: [ا ر محاورہ] آپس میں لڑنا۔ باہم لڑ کر مرنا۔

کَٹ مُتنا: [ا ر صف] موٹا تازہ۔ بے فکرا۔ تندرست

کَٹ مُتنی: [ا ر صف مث] دیکھئے "کٹ متنا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کَٹ مُتنی پن: [ا ر اند] دیکھئے "کٹ متنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کَٹ مُلّا / کٹھ مُلّا: [ا ر صف] ناخواندہ۔ کند۔ نافہم

کُٹا: [ا ر اند] پر کٹا ہوا کبوتر۔ پر اکھاڑا ہوا کبوتر

کُٹا دینا: [ا ر محاورہ] پر کٹے ہوئے کبوتر کو اس غرض سے جنبش دینا کہ اسے دیکھ کر دوسرے کبوتر آئیں۔

کَٹّا: [ا ر صف] (۱) نہایت مضبوط۔ پکا (۲) دہتا کے ساتھ) موٹا تازہ (۳) موٹی بڑی جوں (۴) (پنجابی) (ا اند) بھینس کا نر بچہ

کَٹا: [ا ر صف] کٹا ہوا (مرکبات میں مستعمل ہے)

کَٹا جانا: [ا ر محاورہ] شرمندہ ہونا۔ خفیف ہونا۔

کَٹا چھنی: [ا ر امث] (۱) لڑائی جھگڑائی۔ مارپیٹ۔ کشت و خون (۲) دشمنی۔ عداوت۔

کَٹا چھنی ہونا: [ا ر محاورہ] بہت دشمنی ہونا

کَٹا کرنا: [ا ر محاورہ] قتل عام کرنا

کَٹار: [ا ر امث د مذ] (۱) ایک تیز دھار چوڑا خنجر، جسے کمر میں باندھتے ہیں (افعال: بھونکنا۔ مارنا) (۲) ایک درندہ جو نیولے سے مشابہ ہوتا ہے

کَٹار: [ہ۔ اند] چھوٹا گھوڑا۔ شریر ٹٹو۔

کَٹارا: [ہ۔ اند] ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

کَٹاری: [ا ر امث] (۱) "کٹار" کی تصغیر (۲) وہ ٹیڑھے نشان جو ریشمی گلبدن یا مشروع وغیرہ پر بنے ہیں۔

کَٹاری دار: [ا ر صف] آڑی دھاریوں کا (اصولاً ترکیب غلط ہے)

کَٹاری کی کوڑی: [ا ر امث] وہ موٹی نوک جو کٹاری کے سرے پر ہوتی ہے

کَٹاریا: [ا ر اند] ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں آڑی دھاریاں ہوتی ہیں۔

کَٹانا: [ا ر مص] دیکھئے "کاٹنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کَٹاؤ: [ا ر اند] (۱) تراش خراش (۲) کاٹنا۔ کٹائی (۳) زخم (۴) گلکاری

کَٹاؤ کرنا: [ا ر محاورہ] کاٹ لینا۔ زخم ڈالنا

کَٹاؤں پڑنا / لگنا: [ا ر محاورہ] خلاف مرضی دوسرے کے صرف میں آنا۔

کَٹاؤں ڈالنا: [ا ر محاورہ] زہر مار کرنا۔ نگلنا۔ ٹھونسنا۔

کَٹائی: [ا ر امث] (۱) کٹنا۔ کٹنے کا عمل (۲) کاٹنے کی اجرت (۳) فصل کاٹنے کا موسم

کَٹائی کرنا: [ا ر محاورہ] فصل کاٹنا

کُٹائی: [ا ر امث] (۱) کوٹنے کا عمل (۲) کوٹنے کی اجرت

کَٹ پیس: [انگ اند] cutpiece کپڑے کے تھانوں کے بچے ہوئے ٹکڑے جن سے لباس تیار نہیں ہو سکتے۔ بیکار کپڑے کے ٹکڑے۔

کٹی کٹی باتیں: [ا ر امث] جلی کٹی۔ طعن و طنز کی باتیں

کٹی کہنا: [ا ر محاورہ] ناگوار بات کہنا۔

کَٹّر: [ا ر صف] (۱) سنگ دل۔ بے درد۔ بے مروت (۲) کاٹ کھانے والا (گھوڑا)

کَٹڑا: [ہ۔ اند] (۱) زمین کا چھوٹا سا آباد قطعہ (۲) منڈی۔ قلعہ کی منڈی (۳) شہر کا قرب و جوار

کُٹر کُٹر: [ا ر اصوت مث] کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز

کَٹڑی: [ہ امث] دریا کے کنارے کی زمین

کَٹڑا: [ا ر اند] (۱) بھینس کا نر بچہ (۲) کاٹھ کا کنڈا

کَٹڑی: [ا ر امث] بھینس کا مادہ بچہ

کَٹک: [ہ۔ اند] بڑا لشکر

کٹکٹانا: [ا ر مص] دانتوں کو آپس میں رگڑنا۔ دانت پیسنا

کٹکٹی: [ا ر امث] (۱) دانت پیسنے کا عمل (۲) تکلیف، رنج

کَٹ کَنا: [ا ر صف] دیکھئے "کٹ کھنا"

کَٹ کِنا / کٹ کینا: [ہ اند] اجارہ۔ پٹا

کَٹ کِنا دینا: [ا ر محاورہ] اجارہ دینا

کَٹ کِنے دار: [ا ر صف] اجارہ دار۔ شکمی کاشت کار (اصولاً ترکیب غلط ہے)

کُٹکی: [ا ر امث] (۱) ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے (۲) ایک قسم کا اناج (۳) ڈانس۔ بڑا مچھر (۴) دانتوں سے ڈورے کا کاٹنا (۵) دانتوں سے ڈورے پر لگایا ہوا نشان (افعال: دینا۔ لگانا۔ لگنا)

کَٹ گلاس: [انگ اند] cut glass منقش گلاس۔ عمدہ اور مضبوط شیشہ۔

کٹل : [ار۔صف] دیکھئے "کٹر"

کٹ لس : [ار۔امذ] (انگریزی cutlet کا بگاڑ) گوشت کا بھنا ہوا یا اُبلا ہوا ٹکڑا۔

کٹم، کٹمب : [ہ۔امذ] کنبہ۔ گھرانا۔ خاندان۔ رشتہ دار۔

کٹمبی : [ہ۔امذ] کنبہ۔ گھرانا۔ خاندان رکھنے والا

کٹن کٹنٹ : [ہ۔امث۔عو] مار پیٹ۔ سزا

کٹنا : [ار۔مص] "کاٹنا" کا لازم (۱) تراشا جانا۔ قلم ہونا (۲) قتل ہونا۔ (۳) زخم یا نشان پڑنا (۴) دور ہونا۔ الگ ہونا۔ جاتا رہنا۔ (۵) پانی کے زور سے زمین کا بہہ جانا (۶) شرمندہ ہونا۔ ذلیل ہونا (۷) ساتھ سے جدا ہونا بچھڑنا (۸) گزرنا۔ وقت بسر ہونا (۹) بٹے ہونا۔ انجام کو پہنچنا (۱۰) چلتی گاڑی میں چوری ہو جانا (۱۱) ریل گاڑی کا ڈبہ جدا کیا جانا (۱۲) رنگ کا ہلکا پھیکا ہونا (۱۳) بے جا صرف ہونا (۱۴) وضع ہونا۔ منہا ہونا (۱۵) فصل کاٹی جانا (۱۶) رستہ بھٹنا۔ راہ جدا ہونا (۱۷) برف، شدت سے پڑنا۔ (۱۸) کترانا۔ راستہ سے الگ ہو کر چلنا۔ بچ کر نکلنا (۱۹) حسد کرنا۔ تنہا کرنا (۲۰) پتنگ یا کنکوے کی ڈور دوسرے پتنگ کی ڈور سے رگڑ کھا کر ٹوٹنا (۲۱) قلم زد ہونا (۲۲) نکلنا

کٹنا مرنا : [ار۔محاورہ] بات پر آکے اپنا نقصان کرنا

کٹنا : [ار۔مص] دیکھئے "کوٹنا" جس کا یہ لازم ہے

کٹنا : [ا۔صف] بھڑوا۔ فاسق۔ دیوث

کٹناپا : [ار۔امذ] بھڑواپن۔ دیوثی۔ قلتبانی (افعال: کرنا)

کٹناپی : [ار۔امث] دیکھئے "کٹناپا"

کٹنی : [ار۔صف۔امث] (۱) دوتی۔ عورتوں کو ورغلانے والی عورت۔ نائکہ (۲) عیار۔ چالاک۔

کٹواں : [ار۔صف] (۱) وہ بیاج جو ماہوار کم یا زیادہ کر کے لیا جائے (۲) کٹا ہوا پانی جو نالی کے ذریعہ پہنچتا ہے (۳) تراشا ہوا۔ کٹا ہوا۔

کٹوانا : [ار۔مص] دیکھئے "کاٹنا" جس کا یہ متعدی ہے

کٹوانا : [ار۔مص] دیکھئے "کوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کٹوائی : [ار۔حاصل مصدر۔مث] کاٹنے کی اُجرت

کٹوتی : [ار۔امث] (۱) منہائی۔ مجرائی۔ منہا کاٹنا (۲) کٹائی۔ تراشش

کٹورا : [ار۔امذ] (۱) تانبے، پیتل یا کسی اور دھات کا پیالہ (۲) آباد۔ خوب بسا ہوا (۳) پورا کھلا ہوا۔

کٹورا بجانا : [ار۔محاورہ] مجمع میں سقوں کا پانی پلانے کے لئے کٹورا کھنکھنانا

کٹورا بجنا، کھنکنا : [ار۔محاورہ] (۱) "کٹورا بجانا" کا لازم (۲) کنایۃً رونق ہونا۔ چہل پہل ہونا۔ گرم بازاری ہونا۔

کٹورا پھرانا، دوڑانا : [ار۔محاورہ] چور کا نام معلوم کرنے کے لئے کٹورے پر ناموں کی پرچیاں ڈال کر اور مشتبہ لوگوں کے نام سے کسی عمل یا منتر کے زور سے کٹورے کو پھرانا

کٹورا پھرنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "کٹورا پھرانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کٹورا چلانا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "کٹورا پھرنا"

کٹوراسی آنکھیں : [ار۔امث] بڑی اور خوبصورت آنکھیں

کٹوردان : [ار۔امذ] ڈھکنے والا برتن جس میں روٹی وغیرہ رکھتے ہیں (ترکیب غلط ہے)

کٹوری : [ار۔امث] (۱) "کٹورا" کی تصغیر (۲) انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں (۳) پیتل کے ورق کی گول گہرائی والی ٹکیاں (۴) گول آنکھ کی تشبیہ (۵) کھلا ہوا چھوٹا پھول۔ (۶) تلوار کی موٹھ کا وہ حصہ یا پھول جو قبضہ کے سرے پر ہوتا ہے (۷) جھنڈے کے اوپر کی کلغی یا طلائی قرص

کٹول : [س۔امذ] (۱) ایک درخت کا نام (۲) صف: رذیل۔ چنڈال

کٹھ : [ار۔امذ] کاٹھ کا مخفف جو مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل ہے نیز دیکھئے "کٹ"

کٹھ پتلی : [ار۔امث] (۱) لکڑی کا ایک کھلونا (۲) پتلی عورت (۳) بے اختیار اور بے بس شخص۔

کٹھ پتلی کا ناچ : [ار۔امذ] پتلیوں کا تماشا جو تاروں کے ذریعے ہاتھ کے اشارہ سے کیا جاتا ہے۔ یہ تماشا رات کو کیا جاتا ہے

کٹھ پھوڑا : [ار۔امذ] ایک پرندہ، جس کی چونچ بہت لمبی اور نوکدار ہوتی ہے جس سے درخت میں سوراخ کر کے اپنا گھر بناتا ہے۔ ہُدہُد۔

کٹھ گلاب : [ار۔امذ] چین کا گلاب، جس میں خوشبو نہیں ہوتی۔

کٹھنا : [ہ۔صف] کاٹ کھانے والا۔

کٹہرا : [ار۔امذ] (۱) لوہے یا لکڑی کا جنگلا جو حفاظت کے لئے مکان کے چاروں طرف یا حد بندی کے لئے زمین پر لگا دیتے ہیں (۲) درندوں کے رکھنے کا پنجرہ

کٹھنی : [ہ۔صف۔مث] دیکھئے "کٹھنا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کٹھا : [ہ۔امذ] (۱) پانچ بہر ہاتھ کا پیمانہ (۲) ایک درخت کا نام (۳) زمین کا ایک پیمانہ جو بیگھے کا بیسواں حصہ ہوتا ہے۔

کٹھار، کٹھیار : [ہ۔امذ] غلے کا گودام

کٹھالی : [ار۔امث] (۱) سونا چاندی وغیرہ پگھلانے کی پیالی (۲) وہ پتھر کا گڑھا جس میں دھات کوٹتے ہیں۔

کٹھالی کرنا : [ار۔محاورہ] (۱) سونے چاندی وغیرہ کو کٹھالی میں پگھلانا۔ (۲) مردہ کو جلانا (۳) کھوکھلا کرنا۔ گڑھا ڈالنا (۴) پیٹنا۔ زدوکوب کرنا۔

کٹھریا : [ار۔امث] کٹیا۔ جھونپڑی

کٹھڑا : [ار۔امذ] (۱) لکڑی کی ناند (۲) کٹہرا (۳) منڈی۔ چھوٹا بازار۔ محلہ

کٹھل : [ار۔امذ] ایک پھل کا نام اور اس کا درخت

کٹھلا : [ار۔امذ] (۱) کوٹھی کی تصغیر (۲) اناج کا گودام۔ بھتی (۳) چوڑیاں پکانے کی بھٹی (۴) کان کی ہڈی

کٹھلا چڑھانا : [ار۔محاورہ] چونا بھٹی میں رکھ کر آگ دینا۔

کٹھلا : [ار۔امذ] (۱) گلے کا ایک زیور جو بچے پہنتے ہیں (۲) وہ شخص جو ہر دم کسی کے ساتھ رہے (۳) کنایۃً عاشق و معشوق

کٹھوتی : [ہ۔امث] کاٹھ کا بڑا برتن

کٹھور : [ہ۔صف] سخت۔ کڑا۔ سنگ دل۔ بے رحم۔ ظالم

کٹھن، کٹھن : [ہ۔صف] سخت۔ دشوار۔ مشکل۔

کٹھنائی : [ہ۔امث] دیکھئے "کٹھن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کٹھور پَن :[ہ۔امذ] دیکھئے "کٹھور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کٹھولنا :[ار۔امذ۔ق] پھندا
کُٹھیا :[ار۔امث] غلہ رکھنے کا مٹی کا بڑا ظرف۔
کُٹھا :[ہ۔صف] (۱) سخت۔کڑا (۲) [امذ] بھینس کا مادہ بچہ (۳) ایک قسم کا بادام جس کا چھلکا سخت ہوتا ہے (۴) ایک قسم کا گیہوں
کُٹی :[ار۔امث] (۱) درویشوں کی جھونپڑی (۲) مڑھی۔ سمادھ (۳) باریک کٹا ہوا چارا۔
کُٹّی :[ار۔امث] (۱) باریک کٹا ہوا چارا (۲) پانی میں گلایا ہوا کاغذ جس کے پٹھوں سے قلمدان وغیرہ بناتے ہیں (۳) پر کٹا ہوا کبوتر (۴) (بچوں کی زبان) خاتمہ۔
کُٹی چھٹی :[ار۔امث] عداوت۔ دشمنی۔ روک ٹوک نوک جھونک
کٹے پر نمک چھڑکنا :[ار۔محاورہ] تکلیف میں تکلیف دینا۔ تکلیف بڑھانا
کٹے لگنا :[ار۔محاورہ] خلاف مرضی دوسرے کے صرف میں آنا
کٹیا :[ار۔امث] (۱) بھینس کا بچہ مادہ۔ (۲) لکڑی یا مٹی کا چھوٹا برتن (۳) دودھ کا برتن (۴) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۵) چھوٹا ٹب۔
کٹیا :[ہ۔امث] (۱) بھٹ کٹیا (۲) موٹی گھاس جو بنجر زمینوں میں اُگتی ہے (۳) [صف] کاٹنے والا (۴) بوچڑ۔ قصاب
کٹیت :[ار۔صف] لڑنے کٹنے والا
کٹیلا :[ار۔صف] (۱) خاردار۔ نوک دار (۲) دل میں کھبنے والا۔ دل رُبا (۳) زہریلا (۴) تیز۔ آبدار (۵) چالاک۔ بہادر
کٹیلی آنکھ :[ار۔امث] دل میں کھب جانے والی آنکھ۔ شوخی بھری آنکھ

ک۔ث

کثافت :[ع۔امث] (۱) گاڑھا پن۔ گھنا پن (۲) میلا پن۔ غلاظت۔
کثافت پیما :[انگ امذ] کثافت ناپنے کا آلہ
کثرت :[ع امث] (۱) زیادتی۔ افراط۔ بہتات (۲) مجازاً انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ (۳) دنیاوی تعلقات
کثرت رائے :[ع امث۔ بترکیب فارسی] لوگوں کی رائے کا کسی امر کی طرف زیادہ ہونا۔
کثیر :[ع صف] بہت زیادہ۔ افراط سے۔ بے شمار
کثیر الاضلاع :[ع صف] بہت سے ضلعوں کی شکل (اقلیدس)
کثیر الاولاد :[ع صف] جس کے بہت سی اولاد ہو۔
کثیر التعلق :[ع صف] کثرت سے تعلق رکھنے والا۔
کثیر العیال :[ع صف] کثیر الاولاد۔ بڑے کنبے والا
کثیر المعانی المعنی :[ع صف] وہ لفظ جس کے بہت سے معنی ہوں
کثیر المقاصد :[ع صف] وہ جس میں بہت سے مقاصد شامل ہوں۔ انگریزی لفظ multipurpose کا ترجمہ
کثیر النوال :[ع صف] بہت مہربانیاں کرنے والا۔
کثیر الوقوع :[ع صف] کثرت سے واقع ہونے والا
کثیف :[ع صف] (۱) دبیز۔ غلیظ۔ گاڑھا (۲) گندا۔ میلا۔ ناپاک
کثیف الطبع :[ع صف] میلا آدمی۔ گندا آدمی۔ وہ شخص جو ناپاک ہے گندی طبیعت والا

ک۔ج

کج :[ف صف] ٹیڑھا۔ خم۔ نادرست۔ ترچھا۔ بد
کج اخلاق :[فع صف] بداخلاق۔ بدمزاج۔ اکھڑ۔ روکھا طوطا چشم۔
کج اخلاقی :[فع امث] دیکھئے "کج اخلاق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کج ادا :[ف صف] بدخلق۔ بے مروت۔ بے وفا۔ اکھڑ۔ روکھا۔
کج ادائی :[ف امث] دیکھئے "کج ادا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کج باز :[ف صف] بدمعاملہ۔ منف۔
کج بازی :[ف امث] دیکھئے "کج باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کج بحث :[فع صف] وہ شخص جو الٹی بحث کرے۔ اُلٹی سیدھی باتیں کرنے والا
کج بحثی :[فع امث] نامعقول گفتگو۔ فضول تکرار۔ اُلٹی سیدھی بحث۔
کج بصیرت :[فع صف] (۱) کج فہم۔ الٹی سمجھ والا (۲) حاسد۔ بدنظر
کج پڑنا :[ار محاورہ] ترچھا گرنا
کج چشم :[ف۔صف] بھینگا
کج چشمی :[ف۔امث] بھینگا پن
کج خلق :[فع صف] بدمزاج۔ اکھڑ۔ بے مروت۔ بداخلاق۔ بدخو۔ بدسرشت
کج خلقی :[فع امث] دیکھئے "کج خلق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کج دار و مریز :[ف مثل] (پانی کے بھرے ہوئے گلاس یا پیالے کو ٹیڑھا رکھ اور گرنے نہ دے) ناقابل عمل احکام کے موقع پہ کہا جاتا ہے۔
کج رائے :[ف صف] وہ جس کی رائے اور تدبیر درست نہ ہو۔
کج رفتار/رَو :[فع صف] ٹیڑھی رفتار۔ ٹیڑھی چال چلنے والا
کج رفتاری/روی :[فع امث] دیکھئے "کج رفتار/رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کج سرشت/طبع/مزاج :[ف۔صف] بدخو۔ بدطینت۔ بداخلاق۔
کج سرشتی/طبعی/مزاجی :[ف امث] دیکھئے "کج سرشت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کج فہم :[ف صف] (۱) الٹی رائے کا۔ خود رائے کا۔ (۲) [امث] ناسمجھی، غلط فہمی
کج فہمی :[ف امث] دیکھئے "کج فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کج کلاہ :[ف صف] ٹیڑھی ٹوپی والا۔ شاہان ایران کا لقب (۲) بانکا ترچھا معشوق
کج کلاہی :[ف امث] دیکھئے "کج کلاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کج مج بیان/زبان :[ف صف] وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو (۲) وہ شخص جو صاف نہ بول سکے۔

کج مدار : [ف صف] ٹیڑھی چال چلنے والا

کج مریز : [ف صف] انکار در پردہ اقرار کرنے والا۔

کج نظر : [ف صف] ٹیڑھی نظر والا۔

کج نظری : [ف امث] دیکھئے "کج نظر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کج نہاد : [ف صف] دیکھئے "کج سرشت" وغیرہ"

کجا : [ف متعلق فعل] ("کدام جا" کا مخفف) کہاں۔ کس جگہ (۲) نفی کے واسطے بھی آتا ہے۔

کُجا : [ار امذ] دیکھئے "کوزہ" جس کا یہ بگاڑ ہے

کُجات : [ھ صف] کمینی ذات کا۔ نیچ قوم کا (۲) غیر ذات کا۔

کجاوہ : [ف امذ] اونٹ کی کاٹھی

کجتا : [ار صف ق] غمگین

کجرا : [ھ امذ] کاجل

کجری : [ھ امث] گیت کی ایک خاص قسم جو عموماً ہولی میں گاتے ہیں۔

کجک : [ف امذ] ہاتھی کا آنکس

کجکول / کچکول : [ف امذ] بھیک کی جھولی۔ کشکول۔ کچکول۔ بھیک کا ٹھیکرا۔ زنبیل (۲) مجازاً وہ بیاض جس میں منتخب اشعار یا مضامین درج ہوں

کجلا : [ھ امذ] کاجل کی تصغیر

کجلا گھلانا : [ھ محاورہ] آنکھوں میں کاجل یا سُرمہ لگانا

کجلانا : [ار مص] (۱) آگ کا بجھ جانا (۲) سانولا پڑ جانا۔ دھندلانا۔ سیاہی پر آ جانا۔ تیرہ و تار ہونا۔

کجلوٹی : [ھ امث] کاجل کی ڈبیا۔ سرمہ دانی

کجلی بن : [ھ امذ] ایک جنگل کا نام جس کے ہاتھی مشہور ہیں۔

کجی : [ف امث] دیکھئے "کج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کجی نکالنا : [ار محاورہ] درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔

کجی : [ھ امث] دیکھئے "کجا" جس کی یہ تصغیر

کجی دینا : [ھ محاورہ] روغن قاز ملنا۔ خوشامد کرنا۔

ک۔چ

کچ : [ھ صف] دیکھئے "کچا" جس کا یہ مخفف ہے۔

کچ بچ : [ھ امذ] چھوٹے چھوٹے بچے۔ لڑکے بالے

کچ پیندیا : [ھ صف] (۱) بودا۔ کمزور (۲) اوچھا (۳) غیر مستقل مزاج

کچ دلا : [ھ صف] بودے دل کا آدمی۔ بزدل۔ وہ شخص جو مشکل کام میں ہمت ہار جائے

کچ دلی : [ھ امث] دیکھئے "کچ دلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کچ دھات : [ھ صف] کچی دھات۔ دھات اور دیگر چیزوں کا مرکب۔

کچ لوندا : [ھ امذ] کچے آٹے کا پیڑا۔ کچا آٹا

کچ لہو : [ھ امذ] پیپ ملا ہوا خون۔ پھوڑے کا کچا مواد

کچ : [ھ امث] (۱) چوچی۔ چھاتی۔ پستان۔ بھٹن (۲) سر پستان۔ بھٹنی

کچا : [ھ صف] خام۔ ناپختہ (۲) بودا (۳) نرم۔ ملائم (۴) ان پکا (۵) وہ بچہ جو پیدا ہونے کے معمولی اوقات سے پہلے پیدا ہو جائے (۶) ناتجربہ کار (۷) اُدھ گلا (۸) پھوڑا جس کا مواد پکا نہ ہو (۹) وہ رنگ جسے قیام نہ ہو (۱۰) غیر خالص۔ جیسے کچی چاندی (۱۱) وہ پیمانہ جو حال کے رواج سے کم ہو جیسے کچا سیر۔ کچا من (۱۲) غیر سرکاری کاغذ (۱۳) ناقابل اعتبار (۱۴) نامکمل سودا (۱۵) وہ خط جو ابتدائی حالت میں ہو (۱۶) بزدل۔ ڈرپوک۔

کچا بچہ : [ار امذ] ادھورا بچہ

کچا پکا : [ار صف] (۱) نیم پختہ۔ کچھ کچا کچھ پکا (۲) وہ تعمیر جس میں کہیں چونے اور کہیں گارے کی چنائی ہو (۳) بے ٹھکانے۔ مذبذب (افعال: کرنا۔ ہونا)

کچا پن / پنا : [ار امذ] خامی۔ ناپختگی۔ ناتجربہ کاری

کچا پیسا : [ار امذ] ہندوستان کا قدیم سکہ

کچا تاگا : [ار امذ] (۱) وہ دھاگا جس کو بل نہ دیا گیا ہو (۲) نازک چیز

کچا تخمینہ : [ار امذ] سرسری اندازہ۔ ناقص اندازہ

کچا جانا : [ار محاورہ] اسقاط حمل ہونا ادھورا بچہ پیدا ہونا

کچا جن : [ار امذ] کسی بات کے پیچھے پڑنے والا۔ جاہل مطلق۔

کچا چٹھا : [ار امذ] صحیح صحیح حال۔ کل کیفیت (افعال: کہنا۔ سنانا)

کچا حال : [ار امذ] صحیح صحیح حال

کچا خط : [ار امذ] وہ تحریر جس میں پختگی نہ آئی ہو۔ جس کی مشق نہ ہوئی ہو

کچا دل : [ار امذ] نرم دل

کچا دودھ : [ار امذ] وہ دودھ جس کو جوش نہ دیا گیا ہو

کچا دودھ پینا : [ار محاورہ] طبیعت میں خامی ہونا۔

کچا دودھ سب نے پیا ہے : [ار مثل] اس جگہ بولتے ہیں جہاں کہنا ہو کہ بھول چوک انسان سے ہو ہی جاتی ہے۔

کچا ساتھ / کنبہ : [ار امذ] جس کے ساتھ ننھے ننھے بال بچے ہوں

کچا سڑی : [ار صف] بے وقوف۔ احمق۔ پاگل۔

کچا سودا : [ار امذ] ناقص۔ خبط یا جنون

کچا سونا : [ار امذ] بغیر صاف کیا ہوا سونا۔

کچا شیر پینا : [ار محاورہ] دیکھئے "کچا دودھ پینا"

کچا کاغذ : [ار امذ] وہ کاغذ یا دستاویز جس پر سرکاری مہر نہ لگائی گئی ہو۔

کچا کرنا : [ار محاورہ] ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا (۲) کچی سلائی کرنا (۳) دل توڑنا۔ ہمت توڑنا۔

کچا کوڑھ : [ار امذ] (۱) کھجلی۔ آتشک (۲) دریا کا ڈھلوان کنارا (۳) دریا برآمد زمین۔

کچا کھا جانا : [ار محاورہ] نہایت خفگی کے موقع پر بولتے ہیں کہ کچا ہی کھا جاؤں گا

کچا لوہا : [ار صف] نرم دل۔ موم کی ناک

کچا ہونا : [ار محاورہ] (۱) ہمت ہارنا۔ شرمندہ ہونا (۲) کھسیانا ہونا (۳) ناتجربہ کار ہونا (۴) کچی سلائی ہونا (۵) کمزور ہونا۔

کچاٹ : [ار امث ق] جھگڑا۔ فساد۔ بدمزگی

کچالو : [ھ امذ] ایک قسم کی ترکاری جو اروی کی قسم سے ہے اور نمک مرچ کھٹا وغیرہ ڈال کر کھاتے ہیں۔

کچاہند / کچاند : [ھ امث] تلی ہوئی چیز کے کچا رہ جانے کی بو۔

کچائی: [ا ر امث] دیکھئے "کچاپن"
کچ پچ: [ا ر امف] (۱) کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز (۲) کیچڑ ۔ دلدل
کچڑا: [ھ امذ] کچا پھل ۔ کچا خربوزہ ۔ کپاس کا ڈوڈا ۔
کچڑ کچڑ: [ھ صف] (۱) مٹی میں لت پت کیچڑ میں لتھڑا ہوا (۲) بھیگا ہوا (۳) دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز (افعال: ہونا)
کچر کچر: [ھ امث] (۱) کچے پھل یا آدھ کچا گوشت کھانے کی آواز (افعال: کرنا ۔ ہونا) (۲) بک بک ۔ بکواس
کچر گھان: [ھ امذ] (۱) کچڑ پچر (۲) بچوں کی کثرت
کچری: [ھ امث] ایک خوبصورت پھل کا نام
کچریاں بیچنا: [ا ر محاورہ] بہت سے آدمیوں کا مل کر باتیں کرنا ۔ شور مچانا ۔ غل مچانا ۔
کچڑ آنا: [ھ مص] آنکھوں میں کیچڑ آنا
کچ کچ: [ھ امث] بک بک ۔ تکرار ۔ بحث
کچکچانا: [ا ر مص ق] عاجز آنا ۔
کچکچانا: [ھ مص] (۱) غصے سے دانت پیسنا ۔ زور سے دانت پیس کر کوئی کام کرنا (۲) بالوں کا ایک دم نکل آنا (۳) زمین سے کیڑوں کا بکثرت نکل آنا (۴) کسی روئیدگی کا زمین سے کثرت سے نکلنا ۔
کچکچاہٹ: [ھ امث] کچکچانا کا حاصل مصدر ۔ دانتوں کے پیسنے کی حالت ۔ زور سے دانت پیسنا ۔
کچکچی: [ھ امث] دیکھئے "کچکچاہٹ" (افعال: باندھنا)
کچکڑ: [ھ امذ] کچھوے یا وہیل مچھلی کی ہڈی ۔
کچ کھانا: [ا ر محاورہ ق] دق ہونا ۔ پریشان ہونا ۔
کچلا: [ھ امذ] ایک زہریلا پھل ۔ ایک زہریلی دوا ۔
کچلا جانا: [ا ر مص مرکب] پس جانا ۔ مسلا جانا (۲) پامال ہونا (۳) مارا جانا ۔ پٹیا جانا
کچلا کر دینا: [ا ر محاورہ] پیس دینا ۔ پامال کر دینا ۔ ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے ۔ قیمہ کر دینا ۔
کچلا نکالنا: [ا ر محاورہ] ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے ۔
کچل جانا: [ا ر مص مرکب] پس جانا ۔ کسی وزنی چیز کے نیچے دب جانا ۔ زیر بار ہونا
کچل دینا: [ا ر مص مرکب] مسل دینا ۔ پیس دینا ۔ موٹا موٹا پیس دینا ۔ روند دینا ۔
کچل ڈالنا: [ا ر مص مرکب] پیس ڈالنا ۔ مسل دینا ۔ روندنا ۔ پامال کر دینا
کچلنا: [ا ر مص] (۱) مسلنا ۔ ملنا ۔ روندنا (۲) کسی چیز سے رگڑ کے صدمہ پہنچانا یم ہوب کرنا ۔ خوب مارنا پیٹنا ۔
کچلوانا: [ا ر مص] دیکھئے "کچلنا" جس کا متعدی المتعدی ہے ۔
کچلی: [ا ر امث] نوک دار دانت جو اگلے دانتوں کے متصل ہوتا ہے ۔
کچلی والا جانور: [ا ر امث] وہ جانور جو کچلیوں سے گوشت نوچتے ہیں ۔ شیر ۔ چیتا وغیرہ
کچلی: [ا ر امث ق] کینچلی
کچلیاں پھولنا: [ا ر محاورہ] کچلیاں نکلنے کی جگہ متورم ہونا ۔
کچلیاں نکلنا: [ا ر محاورہ] کچلیاں ظاہر ہونا یا نمودار ہونا ۔
کچن: [ا ر امذ ق] زر ۔ طلا ۔

کچنار / کچنال: [ھ امث] ایک درخت اور اس کے پھول جو سبزی کی طرح پکا کر کھائے جاتے ہیں ۔
کچو: [ھ امذ] کچالو کی طرح کا ایک پھل ۔
کچواٹ: [ا ر امث ق] نفرت
کچوانا: [ا ر مص ق] جی متلانا ۔ نفرت کرنا ۔ رنج کرنا ۔ بیزار ہونا ۔ دق ہونا ۔ پہلو تہی کرنا ۔
کچوانسی: [ھ امث] بسوانسی کا بیسواں حصہ ۔ $\frac{1}{20}$ قریب $\frac{1}{4}$ ۶۵ مربع انچ ۔
کچور: [ھ امذ] ہلدی کی قسم کا ایک پودا اور اس کی جڑ جو دواؤں میں کام آتی ہے ۔
کچوری: [ھ امث] ماش کی دال پڑی ہوئی پوری
کچوری بھرنا: [ا ر محاورہ] پیسی ہوئی دال پوری وغیرہ میں بھرنا ۔
کچوری کے سے گال: [ا ر امذ] پھولے پھولے گال
کچوری مل: [ھ امذ] مذاقاً موٹا ہندو
کچوکا: [ا ر امذ] (۱) کوئی نوک دار چیز جسم میں چبھونے کا صدمہ (۲) ضرب (۳) طعنہ ۔
کچوکا لگانا: [ا ر محاورہ] (۱) کوئی نوکدار چیز چبھونا (۲) طعنہ دینا ۔
کچومر: [ھ امذ] ایک قسم کا اچار جس میں کیریاں وغیرہ کتر کر ڈالتے ہیں ۔
کچومر کر دینا: [ا ر محاورہ] (۱) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ ہلاکت کے قریب پہنچا دینا ۔
کچومر کر ڈالنا / نکالنا: [ا ر محاورہ] (۱) خوب کچلنا ۔ بھرکس نکالنا ۔ خوب پیٹنا (۲) توڑ پھوڑ کر حیثیت بگاڑ دینا (۳) کنایۃً تباہ کر دینا ۔
کچومر نکلنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کچومر کر ڈالنا / نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
کچونا: [ھ مص] چبھونا ۔ بھونکنا ۔ گھونپنا ۔
کچوہ: [ھ صف] "ہرا" کی تاکید کے ساتھ آتا ہے ۔ جیسے "ہرا کچوہ" یعنی بہت ہرا
کچھ: [ھ امذ] (۱) بغل ۔ پہلو (۲) دیوار کا کونا (۳) جوتہ (۴) کچھوا ۔ سنگ پشت (۵) سکھوں کا جانگیا (۶) عورت کا اندام نہانی ۔
کچھ مچھ: [ھ امذ] کچھوے اور مچھلیاں ۔ آبی جانور ۔
کچھ: [ا ر صف] (۱) ذرا ۔ کسی قدر ۔ تھوڑا (۲) استفہام کے لئے کیا ؟ کہیں کوئی ؟ (۳) کثرت کے لئے بہت کچھ ۔ بہت زیادہ (۴) بطور انکار نہیں ۔ بالکل ۔ مطلق (۵) (جب مکرر آتا ہے) حالت کا جلد جلد بدلنا ظاہر کرتا ہے (۶) کسی مہلک چیز کے اشارے کے لئے جہاں فقرہ دلالت کرے کچھ کھا کر مر گیا ۔
کچھ آج سے نہیں: [ا ر محاورہ] قدیم سے ہے ۔ ہمیشہ سے ہے
کچھ آنسو پچھ گئے: [ا ر محاورہ] کسی قدر تسلی ہو گئی ۔ کسی قدر صبر آ گیا ۔
کچھ اپنی خبر ہے: [ا ر محاورہ] اپنی حالت کی بھی کچھ اطلاع ہے ۔
کچھ اتنا / ایسا فرق نہیں: [ا ر محاورہ] زیادہ فرق نہیں ۔
کچھ اجارہ ہے: [ا ر محاورہ] قابو نہیں ۔ کچھ دعویٰ نہیں ۔
کچھ اصل ہے: [ا ر محاورہ] بے حقیقت ہے ۔
کچھ اوپر: [ا ر محاورہ] کسی قدر زیادہ ۔
کچھ اور: [ا ر صف] (۱) اور بھی زیادہ (۲) دوسری بات (۳) تازہ ۔ جدید ۔ نئی ۔

کچھ اَور بات ہے : [ا۔ محاورہ] معاملہ کچھ اور ہے۔ نا انصافی کی بات ہے۔ شک کے لئے بولا جاتا ہے۔
کچھ اور عالم ہو گیا ہے : [ا۔ محاورہ] حالت اور کیفیت بدل گئی ہے۔
کچھ اور گانا : [ا۔ محاورہ] خلاف واقع بیان کرنا۔ بحث سے الگ کر بات کہنا
کچھ اور ہوا لگنا : [ا۔ محاورہ] دوسرا خیال ہونا۔ دُوسری دُھن ہونا۔
کچھ ایسا نہیں : [ا۔ محاورہ] جیسا خیال ہے ویسا نہیں۔
کچھ ایک : [ا۔ صفت] تھوڑا سا۔ کسی قدر
کچھ بات بھی : [ا۔ محاورہ] سوال کے لئے کس لئے۔ کیوں۔
کچھ بات نہیں : [ا۔ محاورہ] معمولی بات ہے
کچھ بات ہے : [ا۔ محاورہ] بالکل بے اصل بے بنیاد ہے۔
کچھ بڑھ کے : [ا۔ صفت] زیادہ
کچھ بسنت کی بھی خبر ہے : [ا۔ مثل] دنیا کے حالات کی بھی خبر ہے۔ دنیا سے بھی واقف ہو۔
کچھ بُنیاد ہے : [ا۔ محاورہ] (۱) کوئی اصل اور حقیقت نہیں۔ کیا اصل ہے؟ (۲) نہایت مفلس اور عاجز ہے۔
کچھ پروا نہیں : [ا۔ محاورہ] کیا ڈر ہے۔ کچھ مضائقہ نہیں۔
کچھ پڑا پایا ہے : [ا۔ مثل] جب کسی آدمی کو بغیر کسی ظاہری سبب کے خوش دیکھتے ہیں تو بولتے ہیں۔
کچھ تم سمجھے اور کچھ ہم سمجھے : [ا۔ مثل] کسی امر کا تم کو خیال ہوا اور کسی بات کا ہم کو اس لئے ہم تم برابر ہیں۔
کچھ تو : [ا۔ محاورہ] تھوڑا بہت۔ کسی قدر۔ کوئی چیز۔
کچھ تو خربوزہ میٹھا اور کچھ اُوپر سے ملا قند : [ا۔ مثل] جب کسی میں کوئی صفت پہلے سے ہو اور اس میں کوئی دوسری شامل ہو جائے تو اس موقع پر کہتے ہیں۔
کچھ تو دیکھا ہے : [ا۔ محاورہ] ضرور کوئی بات دیکھی ہے۔
کچھ تو میٹھا ہے : [ا۔ محاورہ] ضرور کچھ غرض ہے۔
کچھ تو ہے : [ا۔ محاورہ] کوئی خاص وجہ ہے۔ کوئی راز ہے۔
کچھ ٹھکانا ہے : [ا۔ محاورہ] کثرت اور عظمت کے موقع پر بولتے ہیں۔
کچھ چلی : [ا۔ محاورہ] کچھ زور چلا
کچھ حقیقت نہیں : [ا۔ محاورہ] بے وقعت ہے۔ بے حقیقت ہے۔
کچھ خبر ہے : [ا۔ محاورہ] کچھ حال معلوم ہے
کچھ خرچ نہیں ہوتا : [ا۔ محاورہ] کچھ نقصان نہیں ہوتا۔
کچھ خیر ہے : [ا۔ محاورہ] حیرت اور تعجب کی جگہ کہتے ہیں۔
کچھ دال میں کالا (کالا) ہے : [ا۔ مثل] کوئی معاملہ ہے کوئی راز ہے۔ کوئی مشتبہ امر ضرور ہے۔
کچھ دِلائیے / دِلوائیے : [ا۔ محاورہ] تھوڑا بہت ضرور دیجئے۔
کچھ دُور نہیں : [ا۔ محاورہ] بعید نہیں۔ ممکن ہے ہو سکتا ہے۔ شاید ایسا ہی ہو۔
کچھ دیا ہی آگے آگیا : [ا۔ محاورہ] خیر خیرات کام آ گئی۔ ناگہانی مصیبت سے بچ جانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

کچھ دیکھ کر : [ا۔ محاورہ] (۱) کچھ نقص پا کر (۲) سمجھ بوجھ کر (۳) طمع سے لالچ سے۔
کچھ ڈر نہیں : [ا۔ محاورہ] (۱) اندیشہ نہ کرو۔ دہشت نہ کھاؤ۔ خوف نہ کھاؤ کوئی فکر نہیں (۲) کیا پروا ہے بدلہ لے کر چھوڑیں گے۔
کچھ راہ آنا : [ا۔ محاورہ] نیم راضی ہونا۔ کچھ ڈھب پر چڑھنا۔
کچھ زبان سے نکالنا : [ا۔ محاورہ] عذر کرنا۔ حجت کرنا۔
کچھ زبان سے نکلنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "کچھ زبان سے نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کچھ سمجھ کر : [ا۔ متعلق فعل] کسی مصلحت سے
کچھ سُنا چاہتے ہو : [ا۔ محاورہ] گالیاں سُننے کو جی چاہتا ہے۔
کچھ سُنے گا : [ا۔ محاورہ] کچھ بُرا بھلا سننا چاہتا ہے ... سُنے گا۔
کچھ سونا کھوٹا، کچھ سُنار کھوٹا : [ا۔ مثل] (۱) ہر طرح نقصان (۲) استاد اور شاگرد دونوں نکمے (۳) بگاڑ دونوں طرف سے ہوتا ہے۔
کچھ سے کچھ کرنا : [ا۔ محاورہ] اچھے سے بُرا اور بُرے سے اچھا کرنا حالت بدلنا۔
کچھ سے / کا کچھ ہو جانا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "کچھ سے کچھ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کچھ کا کچھ : [ا۔ محاورہ] غلط سلط۔ اصل کے بالکل خلاف
کچھ کا کچھ سمجھنا : [ا۔ محاورہ] الٹا سمجھنا
کچھ کا کچھ کہنا : [ا۔ محاورہ] اصل کے خلاف کہنا۔ امید کے خلاف کہنا
کچھ کا کچھ ہونا : [ا۔ محاورہ] انقلاب ہونا۔ حالت دگرگوں ہونا۔
کچھ کام نہیں : [ا۔ محاورہ] کچھ واسطہ نہیں۔ کچھ تعلق نہیں
کچھ کام ہو جانا : [ا۔ محاورہ] (۱) کچھ تعلق پیدا ہو جانا۔ ضرورت پیش آنا (۲) کوئی عہدہ مل جانا
کچھ کان میں پھونکنا : [ا۔ محاورہ] (۱) کچھ بُرائی کرنا (۲) کوئی منتر یا جادو پڑھ کر کان میں پھونکنا (۳) کانا پھوسی کرنا
کچھ کچھ : [ا۔ صفت] کسی قدر۔ تھوڑا سا۔ تھوڑا بہت۔ لگ بھگ۔ قدرے۔ قلیل
کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتا / پڑتی : [ا۔ محاورہ] عاجز ہونے کے موقع پر کہتے ہیں کہ کیا کریں کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔
کچھ کر دینا : [ا۔ محاورہ] (۱) جادو کر دینا (۲) کوئی کام کر کے دکھا دینا۔
کچھ کر لینا : [ا۔ محاورہ] (۱) نیکی کرنا۔ ثواب کا کام کرنا (۲) نقصان پہنچانا۔ بدلہ لینا۔
کچھ کم : [ا۔ صفت] کسی تعداد میں کوئی کمی ہونا۔
کچھ کھا جانا / لینا : [ا۔ محاورہ] زہر کھا لینا۔ کوئی مہلک دوا کھا کر خودکشی کر لینا
کچھ کھا کے سو رہنا : [ا۔ محاورہ] زہر کھا کر سو جانا۔ خودکشی کر لینا۔
کچھ کہہ بیٹھنا : [ا۔ محاورہ] (۱) کوئی ناگوار بات کہہ دینا (۲) گالی دے بیٹھنا۔
کچھ کہنا : [ا۔ محاورہ] (۱) کوئی راز کہنا۔ کسی بات کا پتہ دینا (۲) نالائق بات کہنا
کچھ کھو کے سیکھنا : [ا۔ محاورہ] (۱) نقصان سے تجربہ حاصل کرنا (۲) ٹھوکریں کھا کر سیدھا ہونا۔
کچھ کھیل نہیں : [ا۔ محاورہ] آسان کام نہیں۔

کچھ گرہ میں بھی ہے: [ار محاورہ] کوئی رقم بھی پاس ہے۔

کچھ گوشۂ مسلے کچھ کمان جھکے: [ار مثل] صلح کے لئے طرفین کی طرف سے نرمی چاہئے۔ کچھ تم نرم ہو کچھ وہ تب بات بنے۔

کچھ گیہوں گیلے کچھ جندرے ڈھیلے: [ار مثل] بہانہ کرنے والی عورت کی نسبت کہا جاتا ہے۔

کچھ لوہا کھوٹا کچھ لوہار: [ار محاورہ] کچھ اس کی خطا کچھ اس کی خطا۔ خطا سے خالی کوئی نہیں۔

کچھ لے رہنا: [ار محاورہ] کچھ حاصل کرنا۔ کچھ فائدہ اٹھانا۔

کچھ ملا دینا: [ار محاورہ] زہر ملا دینا۔ کوئی مہلک چیز کھانے وغیرہ میں ملا دینا۔

کچھ منہ سے سننا: [ار محاورہ] کسی کی زبان سے برا بھلا سننا

کچھ منہ سے نکالنا: [ار محاورہ] زبان سے کچھ کہنا۔ زبان سے برا بھلا کہنا۔

کچھ منہ سے نکلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "کچھ منہ سے نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کچھ نہ اکھاڑنا: [ار محاورہ] ذرا نقصان نہ پہنچانا۔ قابو نہ چل سکنا۔

کچھ نہ پوچھو / پوچھئے: [ار محاورہ] (۱) کہنے کے قابل نہیں (۲) بہت قابل تعریف ہے

کچھ نہ چلنا: [ار محاورہ] کچھ پیش نہ جانا۔ مکر و فریب کا اثر نہ ہونا۔

کچھ نہ چلی: [ار محاورہ] زور نہ چلا۔ قابو نہ چلا۔

کچھ نہ کچھ: [ار محاورہ] کسی نہ کسی قدر۔ تھوڑا بہت۔ کوئی نہ کوئی چیز۔

کچھ نہ کچھ ہو رہنا: [ار محاورہ] تھوڑی بہت کامیابی ہونا۔

کچھ نہ کہنا: [ار محاورہ] طرح دے جانا۔ خاموش رہنا۔

کچھ نہ کیا: [ار محاورہ] کوئی بڑا کام نہیں کیا۔

کچھ نہ نکلا: [ار محاورہ] بالکل خراب نکلا۔ بالکل ناکارہ نکلا۔

کچھ نہ ہوا: [ار محاورہ] کوئی نتیجہ نہ نکلا۔

کچھ نہیں: [ار محاورہ] (۱) خراب ہے۔ نکما ہے۔ ناکارہ ہے (۲) کوئی بات نہیں۔ کوئی معاملہ نہیں۔

کچھ نہیں آتا ہے: [ار محاورہ] کچھ نہیں جانتا۔ جاہل ہے۔

کچھ نہیں چلتا: [ار محاورہ] کچھ بس نہیں چلتا۔ قابو اور اختیار سے باہر ہے

کچھ نہیں رہا: [ار محاورہ] (۱) کوئی چیز باقی نہیں بچی۔ دم نہیں رہا (۲) بالکل تباہ و برباد ہو گیا (۳) بچنے کی امید نہیں (۴) طاقت جاتی رہی

کچھ نہیں کیا: [ار محاورہ] (۱) کوئی بھلائی نہیں کی (۲) کوئی کام کی بات نہیں کی (۳) برا کیا اچھا نہیں کیا

کچھ نہیں گیا: [ار محاورہ] کچھ نقصان نہیں ہوا

کچھ نہیں ہو سکتا: [ار محاورہ] کچھ نہیں کیا جا سکتا (۲) کوئی تدبیر کارگر نہیں ہو سکتی۔

کچھ ہو: [ار محاورہ] کچھ پروا نہیں۔ بہر حال نیک ہو یا بد

کچھ ہو جانا / رہنا: [ار محاورہ] (۱) جن یا بھوت وغیرہ کا اثر ہو جانا (۲) کسی لائق ہو جانا۔ کوئی کمائی حاصل کر لینا۔ کچھ فیصلہ ہو جانا۔ کسی قدر کم ہو جانا۔

کچھ ہے: [ار محاورہ] کوئی بات ہے۔ کوئی برائی ہے۔ کھوٹ ہے۔

کچھ ہی کرو: [ار محاورہ] جو چاہو سو کرو۔ جو مرضی آئے سو کرو۔

کچھ ہی کہو: [ار محاورہ] ذرا نہیں سنتا۔ کہا نہیں مانتا۔ جو چاہو کہو۔ ذرا پروا نہیں۔

کچھ ہی ہو: [ار محاورہ] دیکھئے "کچھ ہو" جس کی یہ تاکید ہے۔

کچھ یہیں: [ار محاورہ] کسی قابل نہیں۔ کسی شمار میں نہیں۔

کچھ یوں ہی سا: [ار صف] کچھ تھوڑا سا۔ قلیل

کچھا: [ھ اند] وہ پاجامہ جس کے پائنچے چھوٹے اور گھٹنے سے اوپر ہوتے ہیں

کچھار: [ھ اند] (۱) دریا کا کنارا (۲) دریا کے قریب کی زمین۔ ترائی جہاں شیر رہتا ہے۔

کچھارنا: [ار محاورہ] شیر کا غرانا۔

کچھنا: [ھ اند] دیکھئے "کچھا"

کچھنی: [ھ امث] دیکھئے "کچھنا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

کچھنیا: [ھ امث] دیکھئے "کچھنی" جس کی یہ تصغیر ہے۔

کچھو: [ار صف ق] کچھ۔

کچھوا: [ھ اند] سنگ پشت۔ ایک دریائی جانور۔

کچھواہا: [ھ اند] راجپوتوں کی ایک گوت جو رام چندر جی کے بیٹے کش کی اولاد ہے۔

کچھوٹی: [ھ امث] لنگوٹی۔ کچھ

کچھوی: [ھ امث] دیکھئے "کچھوا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کچھی: [ھ صف] کچھ کے علاقے کا گھوڑا جس کی کمر بیچ میں سے جھکی ہوتی ہے۔

کچھیانا: [ھ اند] وہ کھیت جس میں ساگ اور ترکاریاں بوئی ہوئی ہوں۔

کچہری: [ار امث] اجلاس۔ عدالت۔ انصاف گاہ۔

کچہری برخاست کرنا: [ار مص مرکب] عدالت بند کرنا۔ تعطیل کرنا۔ چھٹی کرنا

کچہری برخاست ہونا: [ار مص مرکب] دیکھئے "کچہری برخاست کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کچہری چڑھنا: [ار محاورہ] عدالت تک جانا۔ عدالت میں مقدمہ لے جانا۔ نالش کرنا۔

کچہری کرنا: [ار محاورہ] عدالت میں بیٹھ کر مقدمات طے کرنا۔ اجلاس کرنا۔

کچہری کے کتے: [ار اند] عدالت کے رشوت لینے والے ملازم۔

کچہری گرم ہونا: [ار محاورہ] غل غپاڑہ ہونا۔ کچہری میں اہل فریاد کا ہجوم ہونا اور ان کی داد فریاد سنی جانا

کچہری لگانا: [ار محاورہ] اجلاس کرنا۔ بہت شور کرنا۔ غل غپاڑا کرنا (۳) آدمیوں کا ہجوم ہونا۔

کچہری لگنا: [ار محاورہ] دیکھئے "کچہری لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کچی: [ار صف] دیکھئے "کچا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کچی آسامی: [ار امث] (۱) غیر موروثی زمیندار (۲) چند روزہ۔ عارضی جگہ۔ عارضی نوکری۔

کچی اینٹ: [ار امث] وہ اینٹ جو پکائی نہ گئی ہو۔

کچی بال: [ار امث] گیہوں کا سبز خوشہ جس میں دانہ پیدا نہ ہوا ہو۔

کچی بولی: [ار امث] دیہاتی بولی۔

کچی بہی : [ا ر امث] وہ بہی جس میں رقم کے زیادہ یا کم کرنے اور غلطی درست کرنے کا اختیار ہو۔

کچی پیشی : [ا ر امث] اپیل کی پہلی شنوائی جس میں اپیل کے قابل سماعت ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔

کچی ترکاری : [ا ر امث] سبز ترکاری۔ ہری ترکاری۔

کچی تول : [ا ر امث] کچے باٹوں کے موافق وزن۔ وہ تول جو معیاری پیمانے کی بجائے کم پیمانے سے کیا جائے۔

کچی ٹوٹنا : [ا ر محاورہ] کم عمری میں ازالہ بکر ہونا

کچی چاندی : [ا ر۔ امث] وہ چاندی جو کھری ہو۔

کچی چینی / کھانڈ : [ا ر۔ امث] وہ شکر جو صاف نہ کی گئی۔

کچی ذلیل : [ا ر امث] کمزور۔ ذلیل۔

کچی رسوئی : [ہ امث] (۱) وہ روٹی جسے چوکے سے باہر نہ کھا سکیں (۲) گھی کے بغیر روٹی

کچی رسید : [ا ر امث] مشروط صداقت نامہ : جو چند روز کے لئے باقاعدہ صداقت نامۂ زر کا قائم مقام ہوتا ہے۔ انگریزی لفظ کا ترجمہ۔

کچی رینڈی دسترخوان کا ضرر : [ا ر مثل] نادان اور ناتجربہ کار کی صحبت میں بدنامی اور افشائے راز کا اندیشہ ہوتا ہے۔ طفل نوخیز سے احتراز کرنا چاہیئے۔

کچی زبان : [ا امث] دیہاتی بولی۔

کچی سڑک : [ا ر امث] وہ سڑک جس پر کنکر یا روڑی وغیرہ نہ بچھائی گئی ہو۔

کچی سلائی : [ا ر امث] ٹنگیانا۔ لنگر ڈالنا

کچی عقل : [ا ر امث] ناقص عقل۔

کچی عمر : [ا ر امث] ناسمجھی کی عمر۔ ناتجربہ کاری کی عمر۔

کچی کرنا : [ا ر محاورہ] کوتاہی کرنا۔

کچی کلی : [ا ر امث] (۱) منہ بند کلی (۲) باکرہ۔ دوشیزہ۔ نابالغہ

کچی کلی توڑنا : [ا ر محاورہ] نابالغ کے ساتھ ہم بستری کرنا۔

کچی کلی ٹوٹنا : [ا ر محاورہ] (۱) دیکھئے "کچی کلی توڑنا" (۲) چھوٹی عمر میں مرجانا

کچی گولیاں کھیلنا : [ا ر محاورہ] (۱) مٹی کی گولیوں سے کھیلنا جو جلد ٹوٹ جاتی ہیں (۲) نادان ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔

کچی گھڑی : [ا ر امث] تھوڑی دیر۔

کچی لکڑی : [ا ر امث] کم عمر لڑکا یا لڑکی جو صحبت اور تعلیم کا اثر جلد قبول کرے۔

کچی لکڑی جدھر موڑو مڑ جاتی ہے : [ا ر مثل] بچپن میں جس طرح چاہو بچے کی تربیت کر سکتے ہو۔

کچی لکڑی کو سیدھا کرنا : [ا ر محاورہ] کم عمر بچے کو تعلیم دینا۔

کچی مدت : [ہ امث] میعاد باقی۔ ابھی میعاد باقی ہو کر پورا سود لگایا جائے۔

کچی مچھلی / کی پچھلی : [ا ر امث] ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی بدمزاج کھانے کے وقت پکی ہوئی چیز میں برابر نقص نکالے جائے۔

کچی نیند : [ا ر امث] وہ نیند جو ابھی پوری نہ ہو۔

کچے بچے : [ا ر امذ] آل اولاد۔ اولاد کی کثرت

کچے پکے دن : [ا ر امذ] (۱) حمل کا زمانہ جو چھٹے اور پانچویں مہینے تک ہوتا ہے (۲) برسات کا آخری زمانہ۔

کچے دن : [ا ر امذ] عورتوں کے حمل کا زمانہ جو آٹھ مہینے تک ہوتا ہے۔

کچے دھاگے میں بندھنا : [ا ر محاورہ] مطیع و فرمانبردار ہونا۔

کچے گھڑے پانی بھرنا : [ا ر محاورہ] (۱) سخت مصیبت جھیلنا (۲) کسی کی اطاعت اور فرمانبرداری کی وجہ سے غلامی کرنا۔

کچے گھڑے کی پینا : [ا ر محاورہ] نادانی سے کوئی فعل کرنا

کچے گھڑے کی چڑھنا : [ا ر محاورہ] نشے سے مست ہونا۔ بہکنا۔ دیوانہ ہونا۔

کچیا : [ہ امث] کان کی لَو

کچیا جانا : [ا ر محاورہ] ہمت ٹوٹ جانا

کچیانا : [ا ر مص] کچا ہونا۔ دل چھوڑ دینا۔ ہمت ٹوٹ جانا (۲) شرما جانا۔ جھینپ جانا (۳) شگوفہ نکلنے کے آثار ظاہر ہونا (۴) کسی خاص وجہ کے بغیر سستی کرنا۔

کچیانَد : [ہ امث] دیکھئے "کچاہند"

کچیل : [ہ صف] میل کا تابع جیسے میل کچیل

کچیلا : [ہ صف] میلا کا تابع جیسے میلا کچیلا

ک۔ح

کحال : [ع امذ] آنکھوں کا علاج کرنے والا۔ آنکھوں میں سرمہ لگانے والا آنکھوں کا حکیم۔ معالج چشم (۲) وہ شخص جس کا پیشہ لوگوں کی آنکھوں میں سرمہ لگانا ہو۔

کحل : [ع امذ] سرمہ۔ انجن

کحل الجواہر : [ع امذ] وہ سرمہ جس میں آنکھوں کی تقویت کے لئے مروارید ناسفتہ اور دوسرے جواہر ڈالے جاتے ہیں۔

کحیل : [ع صف] وہ آنکھ جس میں سرمہ لگا ہوا ہو۔

ک۔د

کد : [ا ر متعلق فعل] کب (ق)

کد : [ع امث] (۱) سختی۔ تکلیف (۲) جد و جہد۔ سرگرمی۔ سعی۔ کوشش (۳) ضد۔ اصرار۔ ہٹ۔

کد و کاوش : [ف امث] تلاش۔ جستجو۔ چھان بین۔ سعی

کد ہونا : [ا ر محاورہ] ضد ہونا۔ اصرار ہونا

کد : [ف امذ] گھر۔ بیت۔ مکان۔ خانہ

کدبانو : [ف امث] (۱) گھروالی۔ دلہن۔ بیوی۔ بیگم (۲) سلیقہ والی عورت۔ سگھڑ عورت۔ مالکہ۔

کدخدا / کتخدا: [ف امذ] صاحب خانہ۔ گھر والا۔ دولہا۔ نوشہ۔ خاوند
کدخدائی / کتخدائی: [ف امث] نکاح۔ ازدواج۔ بیاہ۔
کدارا: [ھ امذ] کلیان ٹھاٹھ کا ایک راگ جو عموماً چاندنی رات میں گایا جاتا ہے۔
کدال: [ھ امث] زمین کھودنے کا ایک نوکدار اوزار
کدال بجنا: [ار محاورہ] کدال سے کسی عمارت کا ڈھایا جانا۔
کدال سے فصد کھلواؤ: [ار محاورہ] جب کوئی شخص بعید از عقل باتیں کرتا ہے تو اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ تم پر پاگل پن کا اثر ہے۔ نشتر کی بجائے کدال سے فصد کھلواؤ۔ عقل کے ناخن لو۔
کدالی: [ھ امث] دیکھئے "کدال"، جس کی یہ تصغیر ہے۔
کدام: [ف کلمہ استفہام] کون۔ کون سا۔
کدانا: [ار مص] اڑانا۔ اچھلوانا۔ چھلانگ لگوانا۔ کسی سے کودنے کا کام لینا۔
کدائی: [ھ امث] (۱) گھوڑوں سے چھلانگیں لگوانے کا عمل (۲) انعام جو کودنے کے لئے دیا جاتا ہے۔
کدر: [ع امث] کدورت۔ گدلا پن
کدر: [ع صف] (۱) میلا۔ مکدر (۲) تیرہ
کدر: [ار متعلق فعل ق] کدھر
کدر: [ھ امذ] ذلیل کمینے لوگ
کدرنا: [ار مص ق] (۱) ڈرنا (۲) مٹنا۔ فنا ہونا (۳) بیزار ہونا
کدرنہار: [ار صف ق] فنا ہونے والی۔
کدکڑے / کدکے: [ار امذ] چھلانگیں۔ چوکڑیاں (افعال: لگانا۔ مارنا)
کدکنا: [ار مص] اچھلنا۔ کودنا۔ پھاندنا۔ چوکڑیاں بھرنا
کدکنی: [ار امث ق] مکر و فریب۔
کدلی: [س امث] (۱) ایک پھل۔ کیلا (۲) جھنڈا (۳) ایک قسم کا ہرن۔
کدم: [ھ امذ] (۱) ایک سایہ دار درخت جس پر کرشن جی نہاتی ہوئی گوپیوں کے کپڑے لے کر چڑھ گئے تھے (۲) ایک قسم کی گھاس۔
کدن: [ار امث ق] طرف
کدو: [ف امذ] (۱) ایک ترکاری۔ گھیا (اردو میں بتشدید دال بھی مستعمل ہے) (۲) کوزۂ شراب، شراب کی بوتل یا صراحی کنایۃً بچوں کا سر اس معنی میں بتشدید دال بولتے ہیں۔ طنزاً عضو تناسل جیسے تیرے ہاتھ کدو آ گیا ہے۔
کدو دانہ: [ف امذ] (۱) پیٹ کے ایک قسم کے کیڑے (۲) ایک بیماری جس میں تمام جسم پر تخم کدو سے مشابہ پھنسیاں نکل آتی ہیں۔
کدوکش: [ف امذ] کدو وغیرہ کو رگڑ کر باریک کرنے کا آلہ۔
کدوانا: [ار مص] دیکھئے "کدانا"، جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
کدورت: [ع امث] (۱) گدلا پن۔ غبار (۲) دل کا ملال۔ رنجش۔ کینہ
کدورت آنا: [ار محاورہ] دل پر میل آنا۔ رنج آنا
کدورت رکھنا: [ار محاورہ] کینہ رکھنا۔ کپٹ رکھنا

کدہ: [ف امذ] جگہ۔ مقام۔ خانہ۔ گھر۔ جو مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا۔
کدھاں لک: [ار متعلق فعل ق] کہاں تک۔ کب تک
کدھر: [ار متعلق فعل] (۱) کہاں۔ کس جگہ۔ کس طرف (۲) کس طرف چلے۔
کدھر آیا کدھر گیا: [ار محاورہ] (۱) آنے جانے کی کچھ بھی خبر نہ ہوئی (۲) غفلت اور بے خبری کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے۔
کدھر جاؤں کیا کروں: [ار محاورہ] کوئی تدبیر سمجھ میں نہیں آتی۔ مجبوری اور بے کسی کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔
کدھر سے: [ار متعلق فعل] کس جانب سے۔ کس مقام سے۔ کس جگہ سے۔
کدھر سے چاند نکلا / کدھر بھول پڑے / کدھر آ نکلے: [ار محاورہ] جب کوئی دوست یا عزیز مدت کے بعد ملے تو حیرت اور مسرت سے کہتے ہیں کہ کہاں سے آ گئے۔
کدھن: [ار امث ق] طرف
کدھیں: [ار متعلق فعل] کبھی۔ کہیں۔

ک۔ڈ

کڈھب: [ھ صف] (۱) بے ڈھب۔ بے موقع (۲) برا۔ زبوں۔ بے ربط
کڈھنگ / کڈھنگا: [ھ صف] بے ڈھنگا۔ وحشی۔ بد اخلاق
کڈھیلر / کڈھیلڑا: [ھ امذ] سوتیلا بیٹا۔ پچھلگو بیٹا۔ فرزند زن

ک۔ذ

کذا: [ع متعلق فعل] اس طرح۔ اس طرح۔ ویسا۔ اس کی مانند
کذاب: [ع اسم مبالغہ] بہت جھوٹ بولنے والا۔
کذب: [ع امذ] جھوٹ۔ دروغ۔

ک۔ر

کر: [س امذ] (۱) ہاتھ (۲) ہاتھی کی سونڈ (۳ مث) چنگی کا محصول۔ خراج۔ مال گزاری (۴) ٹیکس (۵) جرمانہ۔ تاوان۔ جزیہ (۶) چھٹی۔ بیگار۔
کر: [ف صف] (۱) بہرہ۔ جس کو سنائی نہ دے (۲ مذ) زور۔ طاقت۔ قوت توانائی (۳) شان و شوکت
کر و فر: [ف امذ] شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ ٹھاٹ باٹ۔ زور توانائی
کر: [ار متعلق فعل] (۱) ماضی کے بعد آ کر یہ ظاہر کرتا ہے کہ پہلا فعل پہلے ہوا اور دوسرا بعد میں (۲) رعایت سے۔ لحاظ سے (۳) "کرنا" مصدر سے امر
کر بیٹھنا: [ار محاورہ] کوئی بات بے سوچے سمجھے اختیار کر لینا۔ جلدی میں غلطی سے کوئی فعل کر ڈالنا۔

کر تو ڈر، نہ کر تو بھی ڈر / کر تو کر، نہیں تو خدا کے غضب سے ڈر } [ار۔ مثل] جب کسی بے گناہ پر کوئی الزام ہو، تو کہتے ہیں یعنی خدا سے ہر وقت پناہ مانگنا چاہیئے۔

کرتے دھرتے بن نہیں آتی / پڑتی : [ار۔ محاورہ] کچھ کام نہیں ہوسکتا کچھ کرتے بن نہیں پڑتا۔

کرتے کی سب بڑائی ہے : [ار۔ مثل] عمل کرنے ہی سے کامیابی ہوتی ہے۔

کر جانا : [ار۔ مصدر] کر لینا۔ کوئی کام ختم کرنا۔

کر چکنا : [ار۔ مصدر] کوئی کام مکمل کرنا

کر دکھانا : [ار۔ مص مرکب] عمل کر کے دکھانا

کر دھر لینا : [ار۔ محاورہ] انتظام کر لینا

کر دیکھنا : [ار۔ محاورہ] آزما کر دیکھ لینا۔ تجربہ کرنا

کر رکھنا : [ار۔ محاورہ] بس میں لانا۔

کر سیوا کھا میوہ : [ار۔ مثل] خدمت ہی سے آرام ملتا ہے۔

کر کر / کر کے : [ار۔ متعلق فعل] کوئی کام کرنے کے بعد

کر گزرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ضد پر جما رہنا۔ ہٹ سے باز نہ آنا (۲) کوئی مشکل کام کر کے چھوڑنا

کر لینا : [ار۔ محاورہ] (۱) بیوی بنا لینا۔ زوجیت میں لانا (۲) ملازمت کرنا۔ نوکری کرنا (۳) کرنا۔

کر : [ار۔ امث] (۱) محصول چنگی (۲) خراج۔ مال گزاری۔ ٹیکس (۳) تاوان۔ جرمانہ (۴) وہ کام جس کا کرنا لازم ہو جائے۔ معمول

کر باندھنا : [ار۔ محاورہ] ہمیشہ کے لئے کوئی معمول بنانا

کر بندھ جانا / بندھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "کر باندھنا" جس کا یہ لازم ہے

کرا : [ار۔ حرف اضافت۔ ق] کا

کرّات : [ع۔ صف] کرّت کی جمع (اردو میں "مرات" کے ساتھ مستعمل ہے) بار۔ بار

کرّات و مرّات : [ار۔ م فعل] بار بار۔ متعدد بار۔

کرات : [ع۔ امذ] دیکھئے "کرہ" جس کی یہ جمع ہے۔

کرار : [ہ۔ امذ] دیکھئے "کراڑ"

کرّار : [ع۔ صفت] بار بار حملہ کرنے والا۔ بھگا دینے والا (حضرت علیؓ کا لقب)

کرّار بے فرار / غیر فرار : [عف۔ صف] حملہ کرنے والا اور ڈٹا رہنے والا (حضرت علیؓ کا لقب)

کرارا : [ار۔ صف] (۱) سخت۔ کڑا (۲) پژمردہ کی ضد (۳) تگڑا۔ زور آور (۴) کرکرا۔ خستہ (۵) گراں۔ مہنگا (۶) وہ سکہ جس کے حروف و نشانات برقرار ہوں (۷) ایک قسم کی شیرینی (۸) کنایتہ دلیر۔ جری۔ مزیدار

کراراپن : [ار۔ امذ] دیکھئے "کرارا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کراری : [ار۔ صف مث] دیکھئے "کرارا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کراری بات : [ار۔ امث] پائیدار بات۔ مضبوط بات۔

کرارے دم : [ار۔ صف] تازہ دم۔ تر و تازہ۔ استقلال کے ساتھ مضبوطی کے ساتھ۔

کراڑ : [ہ۔ امذ] دکاندار۔ غلہ فروش۔ خردہ فروش۔

کراڑا : [ہ۔ امذ] دریا کا کھڑا اور بلند کنارا۔ دریا کے کنارے کا ٹیلا۔

کراسہ : [ع امذ] کتاب کا جزو۔ چھوٹی غیر مجلد کتاب۔ کاپی

کرام : [ع۔ صف] دیکھئے "کریم" جس کی یہ جمع ہے۔

کراکری : [انگ امث] crockery مٹی یا چینی کے برتن۔

کراماً کاتبین : [ع امذ] (لفظی معنی بزرگ لکھنے والے) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق وہ فرشتے جو اعمال نیک و بد قلم بند کرنے کے لئے ہر شخص کے ساتھ رہتے ہیں۔

کرامات : [ع امث] (۱) دیکھئے "کرامت" جس کی یہ جمع ہے (۲) اردو میں بطور واحد حسب ذیل معانی میں مستعمل ہے۔ (۱) حیرت انگیز بات جو کسی ولی سے ظاہر ہو۔ (۲) بڑی چیز۔ سرمایہ۔ دولت۔ (۳) عمدگی۔ خوبی۔ بڑائی۔ (۴) کرشمہ تعجب انگیز بات۔ (۵) شرم گاہ (۶) بادشاہوں اور بزرگوں سے خطاب کرنے کا کلمہ۔

کرامات دکھانا : [ار۔ محاورہ] خوبی دکھانا۔ جوہر دکھانا۔

کرامات دیکھنا : [ار۔ محاورہ] خوبی دیکھنا۔

کرامات والا : [ار۔ صف] جس سے کرامتیں ظاہر ہوں۔ صاحب تصرف

کراماتی : [ع۔ صف] کرامت والا۔ صاحب کرشمہ۔ کرامت سے منسوب۔

کرامت : [ع۔ امث] (۱) نوازش۔ بزرگی (۲) وہ حیرت انگیز بات جو ولی سے صادر ہو۔ (۳) عنایت بخشش (۴) خوبی عمدگی (۵) خرق عادت

کرامت دکھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) عجیب کام کرنا۔ خرق عادت دکھانا (۲) بزرگی دکھانا

کرامت رکھنا : [ار۔ محاورہ] خوبی ہونا۔ خرق عادت پائی جانا۔ صاحب کرامت ہونا۔

کرامت نامہ : [عف۔ امذ] بزرگ کا خط۔ عنایت نامہ

کران : [ف۔ امذ] کنارا۔ انتہا۔ حد۔

کرانا : [ار۔ مص] دیکھئے "کرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کرانا : [ار۔ امذ] (۱) مسالے کی مختلف قسمیں۔ کریانہ (۲) سوپ یا کسی اور چیز میں رکھ کر کوڑا کرکٹ صاف کرنا (۳) ایک جنس کی چیز دوسری چیز سے الگ کرنا۔

کرانت : [ف۔ امذ] ایک پیمانہ جس کا وزن آٹھ جو کے برابر ہے۔

کرانت : [ہ۔ امث] (۱) سبقت لے جانا۔ آگے بڑھنا (۲) کسی جرم فلکی کا زوال پر ہونا۔ (۳) راس کی کرہ منطقۃ البروج (۴) منطقہ حارہ

کرانچنا : [ہ۔ مص] کراہنا۔

کرانچی : [ہ۔ امث] سامان لادنے کی گاڑی

کرانہ : [ف۔ امذ] کنارا۔ ساحل

کرانی : [ار۔ امذ] (کرسچین کا بگاڑ) (۱) عیسائی (۲) انگریزی دفتر کا کلرک۔

کراہ : [ار۔ امث] وہ آواز جو کسی درد یا تکلیف کے سبب نکلے۔

کراہ / کراہی : [ار۔ امذ امث] دیکھئے "کڑاہ / کڑاہی" جو زیادہ مستعمل ہے۔

کراہ : [ہ۔ امذ] خراب راستہ۔ ٹیڑھا راستہ۔ غلط راستہ۔

کراہت : [ع امث] نفرت۔ بیزاری۔ گھن

کراہتہً : [ع۔ متعلق فعل] کراہت سے۔ بیزاری سے۔

کراہنا: [ار۔ مص] ہائے ہائے کرنا۔ دکھ یا درد سے آہ آہ کرنا۔ دردناک آواز نکالنا۔

کراہیت: [ار۔ امث] دیکھئے "کراہت"، جو صحیح ہے۔

کراؤ: [ہ۔ امذ] ایک قسم کا چھوٹا مٹر۔

کراؤ: [ہ۔ امذ] (۱) رانڈ کو گھر میں ڈال لینا (۲) رنڈی کا کسی کو شوہر بنا لینا۔ (افعال، کرنا)

کرائی: [ار۔ امث۔ ق] کورا پن۔ صفائی

کرایہ: [ف۔ امذ] کسی چیز کے استعمال کرنے کا معاوضہ۔ اُجرت بھاڑا۔ مزدوری

کرایہ اُگاہنا: [ار۔ محاورہ] بھاڑا وصول کرنا

کرایہ پر چلانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بھاڑے پر دینا (۲) کسی عورت کی خرچی کھانا

کرایہ پر کو دینا: [ار۔ محاورہ] بھاڑے پر دینا۔

کرایہ پر لینا: [ار۔ محاورہ] کوئی چیز مقرر رقم ادا کرکے استعمال میں لانا۔

کرایہ چڑھ جانا: [ار۔ محاورہ] کرایہ ادا نہ ہونا۔

کرایہ دار: [ف۔ صف] کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ کے مکان یا دکان میں رہنے والا۔

کرایہ دار اُترنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی مکان میں کرایہ دار آکر رہنا (۲) رنڈی کا حاملہ ہونا۔

کرایہ داری: [ف۔ امث] دیکھئے "کرایہ دار"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے

کرایہ کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بھاڑا مقرر کرنا (۲) بھاڑے پر لینا۔

کرایہ کا / کی: [ار۔ صف] وہ چیز جو کرایہ پر دی جائے۔

کرایہ / کرائے لینا: [ار۔ محاورہ] کرایہ پر لینا۔

کرایہ نامہ: [ف۔ امذ] وہ تحریر یا دستاویز جو کرایہ دار مالک کو لکھ کر دیتا ہے جس میں ادائے کرایہ اور استعمال وغیرہ کی شرائط درج ہوتی ہیں۔

کرب: [ع۔ امذ] اضطراب۔ بے چینی۔ سخت تکلیف۔ غم۔ رنج

کرب انگیز: [عف۔ صف] دکھ دینے والا۔ تکلیف بڑھانے والا۔

کرب انگیزی: [عف امث] دیکھئے "کرب انگیز"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کرب ناک: [عف۔ صف] جس میں دکھ اور تکلیف پائی جائے۔ دردناک

کرب ناکی: [عف امث] دیکھئے "کرب ناک"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کربت: [ع۔ امث] دیکھئے "کرب"

کربرا: [ار۔ صف] جس میں سیاہ اور سفید رنگ ملا ہوا ہو۔ چتکبرا۔

کربری: [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "کربرا"، جس کی یہ تانیث ہے۔

کربلا: [ع امث] (۱) وہ مقام جہاں امام حسینؓ شہید ہوئے (۲) وہ جگہ جہاں تعزیے دفن کیے جاتے ہیں۔ (۳) کنایتہً: وہ مقام جہاں پانی نہ ملے (۴) تکلیف کا مقام (۵) قحط۔ کمی (۶) شہیدوں کا مدفن۔

کربلائی: [ع۔ صف] "کربلا" سے منسوب

کربی: [ہ امث] جوار یا باجرے کے پودے کا ڈنٹھل جو مویشیوں کو چارے کے طور پر کھلاتے ہیں۔

کرپا: [ہ۔ امث] مہربانی۔ عنایت۔ نوازش

کرپز / کرپز: [ف۔ ار۔ صف] مکار۔ حیلہ گر۔ عیار۔

کرپزی / کرپزی: [ف۔ ار۔ امث] دیکھئے "کرپز / کرپز"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کرت: [ہ۔ صف] بے موسم۔ خلاف موسم۔

کرت: [ع۔ امث] نوبت۔ باری۔

کرتا: [ہ۔ ار۔ امذ] دیکھئے "کرتہ"

کرتا: [ار۔ صف] (۱) کرنے والا (۲) خاوند۔ شوہر

کرتا اُستاد ہے: [ار۔ مثل] کرنے ہی سے ماہر بنتا ہے۔

کرتا دھرتا: [ار۔ صف] (۱) کرنے والا۔ فاعل (۲) خالق۔ مالک۔ مختار۔ (۳) تجربہ کار۔ واقف کار (۴) ناظم اعلیٰ۔

کرتار: [ہ۔ صف] مالک۔ خالق۔ کنایتہً خدا

کرتب: [ار۔ امذ] (۱) کام۔ ہنر (۲) چالاکی۔ ہوشیاری (۳) شعبدہ بازی بازی گری (۴) مشق۔ مہارت (۵) سپاہ گری کا ہنر۔

کرتب دکھانا: [ار۔ محاورہ] کمال دکھانا۔ سپاہ گری کا ہنر دکھانا

کرتب / کرتے کی بدیا ہے: [ار۔ مثل] ہر کام مشق ہی سے ہوتا ہے۔

کرتبی / کرتبیا: [ار۔ صف] چالاک۔ شعبدہ باز۔ ہنر دکھانے والا۔

کرتنی: [ار۔ امث] بغیر آستینوں کا چھوٹا کرتہ جو عورتیں پہنتی ہیں۔

کرتوت: [ار۔ امذ] (بطور جمع مستعمل ہے) بُرے کام۔ ناشائستہ حرکات (۲) جادو۔ ٹونا

کرتہ: [ت۔ امذ] قمیص۔ بغیر کفوں کی قمیص۔ شلوکا۔

کرتھی: [ہ امث] ایک قسم کا اناج جس کے دانے خشخاش کی طرح چھوٹے ہوتے ہیں۔

کرتی: [ار۔ امث] (۱) آستینوں کے بغیر کرتہ جو اونچا ہوتا ہے اور عورتیں اسے انگیا کے اوپر پہنتی ہیں (۲) وردی کا کوٹ جیسے لال کرتی کی پلٹن۔ (۳) بانات کی چھوٹی میص جسے کہار پہنتے ہیں۔

کرجگ: [ہ امذ] (۱) زمانہ حال (۲) دار العمل۔ کام کرنے کا زمانہ

کرچ: [ہ امث] ایک قسم کی لمبی تلوار

کرچ: [ہ امث] ریزہ۔ ذرہ۔ ٹکڑا۔

کرچ جھاڑنا: [ار۔ محاورہ] پرندے کا پر جھاڑنا۔

کرچھا: [ہ امذ] لوہے کا ایک ڈنڈی والا ظرف جس میں گھی داغتے ہیں۔

کرچھل: [ہ امث] دیکھئے "کرچھا"

کرچھلی: [ہ امث] (۱) دیکھئے "کرچھل"، جس کی یہ تصغیر ہے (۲) کم قیمت یا نرم لوہے کی تلوار۔

کرچھی: [ہ امث] دیکھئے "کرچھا"، جس کی یہ تصغیر ہے۔

کرچی: [ہ امث] دیکھئے "کرچ"، جس کی یہ تصغیر ہے۔

کرخت: [ت۔ صف] سخت۔ کڑا

کرختگی / کرختی: [ت امث] دیکھئے "کرخت"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کردا: [ہ امذ] ہرشا۔ بدلوائی (۲) کٹوتی / دھڑا۔

کردار: [ف امذ] طرز۔ طریق۔ قاعدہ (۲) شغل۔ کام (۳) چلن۔ عصمت عادت (۴) اشخاص قصہ۔

کردار نگاری: [ف۔ امث] سیرت نگاری۔ اشخاص قصہ کے احوال و اطوار کا بیان۔

کردگار: [ف امذ] خالق۔ خدا تعالیٰ۔

کَرۡدَنی : [ف صف] (۱) کرنے کے لائق (۲، اِداو) کوئی عمل

کردئی خویش آمدنی پیش : [ف مثل] برے کام کا بُرا نتیجہ جیسا کیا تھا ویسا پایا۔

کردورا : [ا ر امذ ق] وہ دوا جس سے لنگوٹی باندھی جائے۔

کَرۡدَہ : [ف صف مفعول] کیا ہوا۔ عمل میں لایا ہوا۔

کردہ پشیمان نہ کردہ ارمان : [ف مثل] اس فعل کی نسبت کہتے ہیں جس کا عمل کرنے والا پچھتائے اور نہ کرنے والا ارمان کرے۔

کَرۡدَھنی : [ھ امث] ایک قسم کی زنجیر جسے ہندو بچے کمر میں باندھتے ہیں۔

کَرۡڑ کَرۡڑ : [ھ امث] کسی چیز کے چٹخنے کی آواز

کَرۡڑی : [ا ر صف ق] سخت

کرساں کا پٹی : [ا ر امذ] عورتوں کا زیور جو کمر کے گرد پہنا جاتا ہے۔

کرستان / کرسٹان : [ا ر امذ] انگریزی لفظ کا بگاڑ ہے عیسائی۔

کرسٹل : [انگ امذ] crystal بلور۔ بلوری نما

کرسکسی : [ا ر متعلق فعل] کر سکے گا

کرسمس ٹری : [انگ امذ] christmas tree شجر عید۔ سرو کی شاخ جسے بطور کرسمس کمروں میں رکھا جاتا ہے اور اس میں موم بتیاں، مٹھائی اور تحائف لگا دیئے جاتے ہیں۔

کرسمس (ڈے) [انگ امذ] christmas day عیسائیوں کا بڑا دن۔ حضرت عیسیٰ کی پیدائش کا دن ۲۵ دسمبر۔ عید نصاریٰ۔

کرسمس کارڈ [انگ امذ] وہ کارڈ یا تہنیت نامہ جو عیسائی بڑے دن کے موقع پر بطور تحفہ بھیجتے ہیں۔ christmas card

کُرۡسی : [ھ امث] (۱) گوبر (۲) اُپلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چورا

کُرۡسی : [ع امث] (۱) چوکی (۲) تخت۔ مسند۔ گدی (۳) عمارت کی تہ کی اونچائی (۴) زینہ۔ درجہ (۵) تخت الٰہی کا مقام (۶) پیڑھی۔ پشت۔ خاندان (۷) مجازاً۔ اقتدار، حکومت۔

کرسی دینا : [ا ر محاورہ] (۱) بیٹھنے کے لیے کرسی پیش کرنا (۲) عزت دینا۔ عزت کرنا۔ تعظیم کرنا (۳) آؤ بھگت کرنا (۴) عمارت کو سطح زمین سے اونچا کر کے بنانا

کرسی زر : [ف امث] (۱) کنایۃً سورج (۲) بادشاہ کے جلوس کی کرسی

کرسی کا احمق : [ا ر صف] "کرسی" اودھ کے ایک قصبہ کا نام ہے۔ جہاں کے لوگ بہت بیوقوف سمجھے جاتے ہیں۔ بہت بیوقوف۔ بڑا الو۔ پاگل۔ مسخرہ

کرسی نامہ : [ف امذ] سلسلہ خاندان۔ نسب نامہ۔ شجرۂ نسب۔

کرسی نشین : [ف صف] (۱) دربار میں بیٹھنے والا (۲) ذی نشین۔ (۳) مرتبہ حاصل کرنے والا۔ کامیابی حاصل کرنے والا۔ (افعال : کرنا۔ ہونا)

کرسی نشینی : [ف امث] دیکھئے "کرسی نشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کَرِشۡمہ : [ف امذ] (۱) آنکھ کی جھپکی۔ ناز۔ غمزہ۔ عشوہ (۲) انوکھی بات۔ حیرت انگیز بات (۳) کرامات۔ اعجاز (۴) علامت۔ نشان (۵) چال۔ عیاری۔ [افعال : دیکھنا، دکھانا وغیرہ]

کِرِشۡن : [س امذ] (۱) وشنو کے آٹھویں اوتار کنھیا کا لقب (۲) صف سیاہ فام آدمی۔

کرشن پچش / پکھ : [س امذ] چاند کے آخری دن جن میں اندھیرا ہوتا ہے چاند کے گھٹنے کے دن۔

کرشن جٹا : [ھ امث] بال چھڑ۔ خوشبودار جڑ۔

کرشن لیلا : [س امذ] کرشن جی کے کھیل تماشے جو ڈرامے کی صورت میں پیش کیے جاتے ہیں۔

کَرَفۡس : [ع امث] خراسانی اجوائن

کرفیو : [انگ امذ] curfew خانہ بندی کا حکم جس میں وقت مقرر کے اندر کوئی شخص اپنے گھر سے باہر نہیں نکل سکتا۔

کَرَک : [ھ امذ] دُکھ۔ درد۔ ٹیس۔

کَرۡک : [س امذ] (۱) کیکڑا (۲) برج سرطان (۳) سفید گھوڑا۔

کرکٹ : [ھ امذ] گھاس پھوس۔ خس و خاشاک (عام طور پر کوڑا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

کرکٹ : [انگ امذ] cricket گیند بلے کا کھیل۔

کرکٹی : [ا ر امث ق] کوڑا کرکٹ۔ گھاس پھوس۔

کرکچ : [ھ امذ] سمندری نمک

کرکر : [ھ صوت امث] وہ آواز جو ریت یا شیشہ وغیرہ کو دانتوں سے دبانے سے پیدا ہوتی ہے۔

کرکرا : [ھ صف] خاک آمیز۔ ریتلا۔

کرکراپن : [ھ امذ] دیکھئے "کرکرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کرکرا کر دینا : [ا ر محاورہ] خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا۔

کرکراہٹ : [ھ امث] دیکھئے "کرکراپن"

کُرۡکُرا : [ھ صف] خستہ۔ بھربھرا۔ کرارا

کرکرانا : [ھ امذ] بگاڑنا۔ بدمزہ کرنا۔ بھنگ ڈالنا۔

کرکراہٹ : [ا ر صوت مث] دانت سے سخت چیز چبانے کی آواز

کُرۡکُری : [ھ امث] (۱) ایک بیماری کا نام جس میں گھوڑے کا پیشاب بند ہو جاتا ہے (۲) ہیضہ، مروڑ (۳ صف) دیکھئے "کرکرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کرکری اٹھنا : [ا ر محاورہ] (۱) پیٹ میں درد ہونا (۲) گھوڑے کا پیشاب بند ہو جانا (۳) شامت آنا۔

کرکری ہڈی : [ا ر امث] ملائم اور خستہ ہڈی جو چبائی جا سکے۔

کرکری : [ھ امث] دیکھئے "کرکرا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) ہیٹی۔ ذلت۔ خواری (۳) ایک قسم کا ریشمی تر ترا کپڑا۔

کرکری خانہ : [ا ر امذ] پرانا سامان رکھنے کا کمرا۔

کرکنا : [ھ امث] درد اٹھنا۔ ٹیس کرنا۔

کرکولنا : [ھ مص] کسی چیز کے اندر ردی حصہ کو نکال کر دینا۔

کرگا : [ا ر امذ] (۱) فارسی "کارگاہ" کا بگاڑ۔ جلاہوں کے کپڑا بننے کی جگہ (۲) کھڈی۔

کرگا چھوڑ تماشے جائے ناحق چوٹ جلاہا کھائے : [ا ر مثل] جب کوئی شخص دوسروں کی ریس کر کے اپنا کام چھوڑ دیتا ہے تو نقصان اٹھاتا ہے۔

کَرۡگَدَن : [ف امذ] ایک جانور جس کی کھال کی ڈھالیں بنتی ہیں۔ گینڈا۔

کرگس : [ف امذ] گدھ
کرم : [ع امذ] (۱) بزرگی (۲) ہمت ۔ بلند مردی (۳) بخشش ۔ دان ادہ پن (۴) عنایت ۔ مہربانی ۔
کرم بخشی : [ص امث] مہربانی ۔ عنایت ۔
کرم پرور / فرما / گستر : [ع ف صت] مہربانی کرنے والا ۔ مہربان ۔
کرم پروری / فرمائی / گستری : [ص امث] مہربانی ۔ عنایت
کرم پیشہ : [ص صت] سخی ۔ جوانمرد
کرم پیشگی : [ص امث] دیکھئے "کرم پیشہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
کرم فرمانا : [ا رص مرکب] (۱) تشریف لانا (۲) مہربانی کرنا ۔
کرم کرنا : [ا رص مرکب] مہربانی کرنا (۲) فضل کرنا ۔ رحم کرنا (۳) تشریف لانا ۔
کرم : [ف امذ] کیڑا ۔
کرم پیلہ : [ف امذ] ریشم کا کیڑا ۔
کرم خوردہ : [ف صت] گھن لگا ہوا ۔ پرانا ۔ بوسیدہ
کرم شب افروز / شب تاب / شب چراغ : [ف امذ] جگنو ۔
کرم : [ھ امذ] قسمت ۔ نصیب
کرم بھوگ : [ھ امذ] پہلے جنم کے کئے ہوئے کاموں کا پھل ۔ بھلائی برائی کا نتیجہ ۔
کرم پھوٹنا : [ا رمحاورہ] (۱) بدنصیب ہونا (۲) رانڈ ہونا (۳) بری جگہ شادی ہونا ۔
کرم پھوڑ : [ھ صت] بدنصیب ۔ بد اقبال
کرم ٹھوکنا : [ھ محاورہ] قسمت کو رونا ۔
کرم کی ریکھا نہیں مٹتی : [ھ مثل] تقدیر کا لکھا نہیں مٹتا ۔
کرم میں لکھا ہونا : [ا رمحاورہ] تقدیر میں لکھا ہونا ۔ نوشتۂ تقدیر ہونا ۔
کرم ناسے کے کہار : [ا رامذ] وہ شخص جو ہر ایک کا کام کرے ۔ (ہندوستان کا ایک چھوٹا سا دریا)
کرما : [س امذ] (۱) کام (۲) نوکری (۳) فرض (۴) چال چلن (۵) مذہبی رسم (۶) ذات کے فرائض (۷) مفعول (۸) قسمت ۔ نصیبہ (افعال ہونا ، کرنا)
کرم چاری : [ھ صت] کارکن ۔
کرم اللہ وجہہٗ : [ع کلمہ دعا] (اللہ اس کے چہرے کو بزرگی دے) حضرت علیؓ کے نام بعد لکھا جاتا ہے ۔
کرم کرم : [ھ امث] بھربھری یا کرکری چیز چبانے کی آواز ۔
کرم کلا : [ا رامذ] ایک قسم کی گوبھی جس میں پھول نہیں ہوتا ۔
کرمک : [ف امذ] دیکھئے "کرم" جس کی یہ تصغیر ہے ۔
کرمک شب افروز / شب تاب / شب چراغ : [ف امذ] جگنو
کرمل : [ھ امذ] کانوں کے نیچے کا ورم ۔
کرموں کو رونا : [ا رمحاورہ] قسمت کو رونا ۔
کرمی : [ا رامث ق] سبب ۔
کرمی : [ھ امذ] پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک ذات
کرن : [س امذ] (۱) کان ۔ گوش (۲) مثلث کا قاعدہ ۔

کرن پھول : [ھ امذ] کان کا زیور ۔ گوشوارہ
کرن : [ھ امث] (۱) سورج یا چاند کی شعاع (۲) سنہری یا روپہلی گوٹے کا تار ۔
کرن کا پھیرا : [ھ امذ] صبح کا وقت ۔ نور کا تڑکا ۔
کرنا : [ا رص] (۱) شرمانا ۔ شرمندہ ہونا (۲) خنجر یا چھری وغیرہ کی دھار گر جانا ۔
کرنا : [ا رص] (۱) بنانا ۔ عمل میں لانا (۲) انتظام کرنا ۔ بندوبست کرنا (۳) بیوہ کا کسی سے شادی کر لینا (۴) بیوی بنانا (۵) جادو کرنا ۔ قتل کرنا (۶) کاروبار کرنا (۷) مجامعت کرنا (۸) ذبح کرنا (۹) شروع کرنا (۱۰) حل کرنا (۱۱) ٹھہرانا ۔ طے کرنا (۱۲) رکھنا ۔ ڈالنا ۔ بھرنا (۱۳) جلانا ۔ روشن کرنا (۱۴) ہلانا ۔ جھلنا (۱۵) ادا کرنا ۔ بجا لانا (۱۶) استعمال میں لانا (۱۷) اثر کرنا (۱۸) تیار کرنا (۱۹) شروع کرنا (۲۰) انجام دینا (۲۱) مقدمہ سننا (۲۲) اجلاس کرنا (۲۳) پکانا ۔ رینڈھنا
کرنا خدا کا کیا ہوتا ہے : [ا رمحاورہ] کیا واقعہ پیش آتا ہے ۔ عجیب واقعہ پیش آتا ہے ۔
کرنا دھرنا : [ا رمحاورہ] انتظام کرنا ۔ بندوبست کرنا ۔
کرنا : [ف امث] نفیری ۔ بگل
کرنتا : [ا رصت ق] کرنے والا ۔
کرنٹ : [انگ امذ] current رَو ۔ لہر ۔ (خاص طور پر بجلی کی)
کرنٹا : [ا رامذ] تحقیراً کرسٹان ۔ عیسائی ۔
کرنجا : [ا رصت] نیلی آنکھ والا ۔ کیرا
کرنجوا : [ا رامذ] (۱) ایک درخت اور اسی کا خاکی پھل (۲) خاکی رنگ (۳) آتش بازی
کرنجی : [ا رصت] دیکھئے "کرنجا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) نیلگوں ۔ نیلی ۔
کرنجی : [ا رمحاورہ ق] ایک قسم کا ہونا ۔
کرنڈ : [ا رامذ] لاکھ اور ریت ملا ہوا پتھر جو ہتھیار تیز کرنے کے کام آتا ہے ۔
کرنڈی : [ا رامث] سر کی چادر ۔ کچے ریشم کی بنی ہوئی لنگی ۔
کرنسی : [انگ امث] currency سکۂ رائج الوقت ۔ روپیہ ۔ پیسہ ۔ نقدی ۔
کرنسی آفس : [انگ امذ] currency office نوٹوں کا روپیہ بدلنے کا محکمہ ۔
کرنسی نوٹ : [انگ امذ] currency note کاغذی سکہ ۔ زر کاغذی
کرنک : [ا رصت ق] سوکھا ۔ کرارا ۔
کرنل / کرنیل : [انگ امذ] colonel سردار فوج ۔ رجمنٹ کا اعلیٰ افسر ۔ فوج کا عہدیدار
کرنی : [ا رامث] (۱) کام ۔ فعل (۲) معماروں کا ایک اوزار جس سے گارا چونا بچھاتے ہیں ۔

کَرْوَا : [ھ امذ] مٹی کا ٹونٹی والا برتن۔ لوٹا۔ چھوٹا گھڑا۔

کَرْوا چَوتھ : [ھ امث] ہندوؤں کا ایک تہوار جو کاتک کی چوتھی تاریخ کو ہوتا ہے۔

کَرْوانا : [ا رمص] دیکھئے "کرنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کَرُّوبی : [ع امذ] (۱) فرشتہ (۲) مقرب فرشتہ۔

کَروَٹ : [ا رامث] پہلو۔ ایک طرف (۲) جانب۔ رُخ۔ بل (۳) طور، ڈھنگ، طریق (۴) انقلاب۔

کَروَٹ بدلانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کروٹ بدلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کَروَٹ بدلنا : [ا رمحاورہ] (۱) ایک پہلو سے دوسرا پہلو بدلنا (۲) انقلاب ہوجانا (۳) مخالف سے جا ملنا۔

کَروَٹ بدلوانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کروٹ بدلنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کَروَٹ کَروَٹ جنت نصیب کرے ۔ [ا رمحاورہ] خدائے تعالٰی مغفرت کرے۔

کَروَٹ پر سونا : [ا رمحاورہ] کسی ایک پہلو پر سونا۔

کَروَٹ پھرنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کروٹ پھیرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کَروَٹ پھیرنا : [ا رمحاورہ] ایک کروٹ سے دوسری کروٹ لینا۔

کَروَٹ لوانا : [ا رمحاورہ] ایک کروٹ سے دوسری کروٹ بدلوانا۔

کَروَٹ لینا : [ا رمحاورہ] (۱) اس پہلو سے اُس پہلو ہو جانا (۲) کنایۃً منہ پھیر لینا (۳) انقلاب ہونا۔

کَروَٹ نہ لینا : [ا رمحاورہ] (۱) خبر نہ ہونا (۲) واپس نہ پھرنا (۳) سفر سے واپس آنے کا ارادہ نہ کرنا۔

کَروَٹوں میں رات کاٹنا : [ا رمحاورہ] بیقراری میں رات بسر کرنا۔

کَروَٹوں میں رات کٹنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کروٹوں میں رات کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کَروَٹیں لینا / بدلنا : [ا رمحاورہ] بستر پر بیقرار رہنا۔ بے چینی سے بار بار پہلو بدلنا۔ آرام سے نہ سونا۔

کَرُودھ : [س امذ] غصہ۔ خفگی۔ طیش۔ غضب۔ عتاب۔

کَرُودھی : [س صف] غصہ والا۔ غصیل

کَرورا بتانا : [ا رمحاورہ] ترجیح دینا۔

کَروڑ : [ا راسم عدد] (۱) سو لاکھ (۲) کثیر۔ بہت

کَروڑپتی : [ھ صف] ایک کروڑ کا مالک۔ دولت مند۔ سیٹھ۔

کَروڑ روپے کی ایک بات : [ا رصف مث] بیش بہا بات۔ قیمتی بات۔

کَروڑ کی ایک : [ا رصف] نہایت تجربے کی بات۔ نہایت پکی بات۔

کَروڑگیری : [ا رصف] محکمہ چونگی

کَروڑوں : [ا رصف] (۱) کروڑ کی جمع (۲) بے شمار۔

کُروزَر : [انگ امذ] (cruiser) بحر گرد۔ جنگی جہاز۔ جنگی جہاز جو سمندر کا گشت کرتا پھرے۔

کَروشیا : [ا رامذ] دھاگے کی جالی بننے کا آلہ جو آر کی طرح ہوتا ہے۔

کَرولنا : [ا رمص] کھرچنا۔ اندر سے نکالنا۔

کَرَوندا : [ا رامذ] (۱) کرونداسرخ اور سفید رنگ کا ایک ترش پھل (۲) کان کے پاس کی گلٹی یا غدود۔

کَروہ : [ف امذ] کوس۔ تین یا چار ہزار گز کا فاصلہ۔

کُرَوی : [ع صف] کرہ سے منسوب۔ گول۔ مدور۔

کُرَہ : [ع امذ] گیند۔ گولا۔ ہر گول چیز۔

کُرۂ آب : [ف امذ] وہ پانی جس نے کرہ زمین کو گھیر رکھا ہے۔

کُرۂ آتش / نار : [عف امذ] (۱) قدیم خیال کے مطابق آگ کا کُرہ جو ہوا کے کرّہ کے بعد زمین کے گرد چھایا ہوا تھا۔

کُرۂ ارض / زمین : [عف امذ] تمام زمین جو گیند کی شکل کی ہے۔

کُرۂ باد / ہوا : [عف امذ] وہ ہوا جو کوسوں تک زمین کے چاروں طرف چھائی ہوئی ہے۔

کَرْہاً : [ع متعلق فعل] ناگواری سے۔ مجبوراً۔

کُرّی : [ا رصف] کرکری۔ خستہ۔ بھربھری۔

کرے ایک پکڑے جائیں سب : [ا رمثل] ایک شخص کی برائی سے تمام قوم بدنام ہوجاتی ہے۔

کرے ڈاڑھی والا پکڑا جائے مونچھوں والا : [ا رمثل] قصور کسی کا ہو اور الزام کسی پر آئے۔

کِریا : [ھ امث] (۱) کفن دفن (۲) مذہبی رسوم (۳) قسم۔ حلف

کِریا بگاڑنا / خراب کرنا : [ا رمحاورہ] مٹی پلید کرنا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔

کِریا کرم : [ھ امذ] مُردے کو کفنانا۔ جلانے کی مذہبی رسوم

کِریا کھانا : [ا رمحاورہ] قسم کھانا۔

کُریال : [ھ امث] (۱) جانوروں کا اپنے بازوؤں کو کھجانا اور سہلانا (۲) امن۔ آرام۔

کُریال میں آنا : [ا رمحاورہ] پرندوں کا خوش ہوکر اپنے بازوؤں کو جھڑ جھڑانا۔

کُریال میں ڈھیلا / غلّہ لگانا : [ا رمحاورہ] عین حصول مقصود میں خلل ڈالنا۔ رنگ میں بھنگ ڈالنا۔

کُریال میں ڈھیلا / غلّہ لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کُریال میں ڈھیلا / غلّہ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کُریال میں غلّہ مارنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کُریال میں ڈھیلا / غلّہ لگانا"

کریپ : [انگ امث] crepe کا بگاڑ (۲) ایک قسم کا انگریزی ریشمی کپڑا۔

کُریت : [ھ امذ] بُری رسم۔ بدمعاملگی۔

کریٹ : [انگ امذ] crate لکڑی کا معمولی بکس یا صندوق جس میں کوئی چیز بند کر کے بھیجی جائے۔

کُرید : [ا رامث] چھان بین۔ جستجو۔ کاوش۔

کُرید کرنا : [ا رمص مرکب] چھان بین کرنا۔

کُرید کُرید کر پوچھنا : [ا رمحاورہ] ہر پہلو سے دریافت کرنا۔

کُرید میں رہنا : [ا رمحاورہ] کسی کی برائی کی تلاش میں رہنا۔ ٹوہ میں رہنا۔

کُریدنا : [ا رمص] (۱) کھودنا۔ کسی چیز کی تلاش کرنا (۲) کھرچنا (۳) نکالنا۔ کھود کر باہر نکلنا (۴) دانتوں میں خلال کرنا (۵) آگ کو

تلے اوپر کرنا (۶)، ہنڈی کی چندی کرنا (۷)، ہر بات کی تفتیش کرنا (۸)، راز کی تلاش کرنا (۹)، پرندوں کا پنجے سے زمین کریدنا۔

کریدنی : [ا اسم آلہ] (۱) کھرچنے کا آلہ (۲) تنور یا چولہے کی آگ اُلٹ پلٹ کرنے کا آلہ (۳) کان کھجانے کا آلہ (۴)، خلال (۵) کھٹکا (۶)، خلش (۷) کھوج۔ تجسس۔

کری : [ار۔ حرف اضافت ق] کی

کرے : [ار۔ حرف اضافت۔ ق] کے

کرے دار : [ار۔ امذ ق] ایک بیل کا نام

کریڈٹ : [انگ امذ] credit نیک نامی۔ شہرت۔ ساکھ پت۔ اعتبار۔ بھرم۔ عزت۔ وقعت۔ سرسہرا (۲)، قرض اُدھار۔

کریر : [ار امذ] ایک کانٹوں والا پودا جس کے پتے نہیں ہوتے۔

کریز : [ف امث] پرندوں کے پُر پرانے پر گرانا (۲) پرندوں کے پَر جھاڑنے کی کیفیت۔

کریز چھوڑنا : [ار محاورہ] پرندوں کو پنجرے میں چھوڑنا تاکہ پُرانے پَر جھاڑ کر نئے پَر نکالیں۔

کریز سے پاک ہونا / نکلنا : [ار محاورہ] پُرانے پَر جھاڑ کر نئے پَر نکالنا

کریز کرنا : [ار محاورہ] پرندوں کا پُرانے پَر جھاڑ کر نئے نکالنا۔

کریز کھانا : [ار محاورہ] پرندے کا پَر گرانے کے لئے پرواز نہ کرنا۔

کریز میں آنا : [ار محاورہ] پرندوں کا پَر جھاڑنے لگنا۔

کریز میں غلہ مارنا : [ار محاورہ] عیش میں خلل کرنا۔

کریز : [انگ امث] grease کی شکن یا خط۔ سلوٹ

کُڑی کُڑی / کُڑی کُڑی : [ار صوت مث] مرغیوں کو ہنکانے کی آواز۔

کریل : [ھ امذ] ایک خاردار جھاڑی جس کا کانٹا بہت زہریلا اور تیز ہوتا ہے۔

کریلا : [ار امذ] ایک قسم کی کڑوی ترکاری

کریلا اور نیم چڑھا : [ار مثل] کریلا پہلے ہی تلخ تھا۔ نیم پر چڑھ کر اور تلخ ہو گیا۔ خرابی میں اور خرابی پیدا ہو گئی۔

کریلا دھار : [ار امذ] چوٹی کی ایک خاص وضع (۲)، ایک قسم کی آتش بازی۔

کریلنا : [ار مص] کھودنا۔ نکالنا۔ تہ و بالا کرنا۔

کریم : [انگ امث] cream ملائی۔ بالائی (۲)، چہرے پر ملنے کی خوشبودار چیز۔

کریم : [ع صف] بخشنے والا۔ سخی۔ فیاض (۲) بامروّت جوانمرد (۳)، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

کریم النفس : [ع صف] نیک دل۔ مہربان۔ بزرگ۔ سخی۔

کریم النفسی : [ع امث] دیکھئے "کریم النفس"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کریم رول : [انگ امث] ایک قسم کی انگریزی مٹھائی جس میں مکھن بھرا ہوتا ہے

کریمانہ : [ع صف] سخی کی مانند۔

کریمی : [ع امث] دیکھئے "کریم"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کرین : [انگ امث] crane وزن اٹھانے کا بڑا آلہ۔

کریہہ : [ع صف] مکروہ۔ قابلِ نفرت۔ بدشکل

کریہہ الصوت : [ع صف] بُری آواز۔ ناگوار آواز والا۔

کریہہ منظر / المنظر : [ع صف] بدصورت۔ بدشکل۔ بدنما۔

ک ۔ ڑ

کرڑ : [ھ امث] (۱) ایک دانہ جو کُسم کے درخت کا بیج ہے (۲)، گاڑی یا چھکڑے کا اُلٹ جانا۔

کِرڑ : [ار امذ] دیکھئے "کیرڑا"، جس کا یہ مخفف ہے۔

کرڑ کھانا : [ار محاورہ] گاڑی کا ایک پہلو پر اُلٹ جانا۔

کرڑ کھایا : [ار صف] کپڑوں کا ... (۳) حقارتاً چیچک زدہ۔

کڑا : [ھ امذ] (۱) سخت۔ کرخت (۲)، بے رحم (۳) مضبوط۔ زورآور (۴) بدمزاج (۵) کٹھن۔ دشوار (۶) بہادر۔ دلیر (۷)، دھات کا حلقہ یا کندا (۸)، وہ عمارت جس میں چونے پتھر اور اینٹوں کے سوا لکڑی کا کام نہ ہو (۹) صف) گراں۔ مہنگا۔

کڑا پڑنا : [ار محاورہ] (۱) سخت ہو جانا (۲)، کنڈی چڑھنا۔ بند ہونا۔

کڑا پن : [ار امذ] (۱) سختی۔ کرختگی (۲) بہادری (۳)، تندی

کڑا پیادہ : [ار امذ] دیکھئے "قاضی کا پیادہ"

کڑا تاؤ : [ار امذ] غصہ کا جوش۔ سخت جوش

کڑا جواب : [ار امذ] سخت جواب

کڑا دن : [ار امذ] منحوس دن

کڑا سماں : [ار امذ] (۱) گرانی۔ کال۔ قحط کا زمانہ (۲)، بُرا زمانہ۔ افلاس کے دن

کڑا کرنا : [ار محاورہ] (۱) سخت کرنا (۲)، بھاؤ چڑھانا (۳) مضبوط کرنا (۴) جکڑنا کسنا (۵)، سختی جھیلنا (۶)، ہمت بڑھنا

کڑا کوس : [ار امذ] دو میل سے زیادہ کا فاصلہ

کڑا لگانا : [ار محاورہ] لداؤ کی چھت ڈالنا۔ لداؤ کا مکان بنوانا۔

کڑا منہ اکا : [ار محاورہ] سخت زبانی کرنا۔

کڑا مول : [ار امذ] مہنگا۔ زیادہ قیمت والا۔

کڑا ہونا : [ار محاورہ] دیکھئے "کڑا کرنا"، جس کا یہ لازم ہے۔

کڑایا : [ار امث ق] حلہ

کڑاڑا : [ھ امذ] (۱) دیکھئے "کراڑا" دریا کا کنارا (۲)، ق بڑھ۔

کڑاکا : [ھ امذ] (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲)، فاقہ (۳)، سختی۔ شدت۔

کڑاکا بیتنا : [ار محاورہ] (۱) سختی گزرنا (۲)، فاقہ ہونا۔

کڑاکا گزرنا : [ار محاورہ] فاقہ ہونا۔ بھوکا رہنا۔

کڑاکڑ : [ار امذ] کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا بجنے کی متواتر آواز۔

کڑاکڑی : [ار صف ق] سخت

کڑاکے کا جاڑا : [ار امذ] سخت سردی جس میں دانت بجتے ہیں۔

کڑاکے کا فاقہ : [ار امذ] سخت فاقہ۔

کڑاوا : [ار امذ ق] بے پَر کی بات

کڑاہ / کڑاہا : [ھ امذ] بڑی کڑاہی (۲)، لوہے کا بڑا برتن۔

کڑاہی : [ہ اسمٔ] (۱) چھوٹا کڑھاؤ۔ لوہے کا ظرف (۲) پکوان تلی ہوئی چیز (۳) شیرینی کی نیاز۔

کڑاہی باندھنا : [ا۔ محاورہ] جادو کے زور سے کڑاہی کو گرم نہ ہونے دینا۔

کڑاہی چڑھانا : [ا۔ محاورہ] (۱) کڑاہی کا کسی چیز کو تلنے کے لئے رکھنا (۲) شادی کے کھانے یا ضیافت کا سامان کرنا (۳) پکوان تلنا۔

کڑاہی چڑھنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "کڑاہی چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کڑاہی کرنا : [ا۔ محاورہ] نذر و نیاز کے لئے کچھ پکانا۔

کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا : [ا۔ محاورہ] (۱) جلتے ہوئے تیل میں ہاتھ ڈال کر سچا یا جھوٹا ہونے کا امتحان کرنا (۲) سخت قسم کھانا (۳) قسم کھا کر انکار کرنا۔

کڑب : [ا۔ اسم ق] شکم۔ پیٹ

کڑبڑا : [ہ صفت] (۱) ابلق۔ چتکبرا (۲) وہ شخص جس کی ڈاڑھی میں سیاہ اور سفید بال ہوں۔ ادھیڑ عمر

کڑبڑ کڑبڑ : [ا۔ صوت مث] (۱) ڈھول یا تاشے کی آواز۔ دوڑتے گھوڑے کے سموں کی آواز۔

کڑبڑی : [ہ اسم ث] دیکھئے "کڑبڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کڑبی : [ہ اسم ث] جوار باجرا اور چری وغیرہ کا ملا جلا چارا۔

کڑتی : [ا۔ اسم ق] (۱) وہ برتن جس میں جانوروں کو پانی پلایا جاتا ہے (۲) عورتوں کا کرتا جو بغیر آستینوں کے ہوتا ہے۔

کڑ دینا : [ا۔ محاورہ] ناز نخرے دکھانا۔

کڑڑی : [ا۔ اسم ث ق] غصے کی۔ (نظریات)

کڑک : [ا۔ اسم ث] (۱) بجلی کی آواز۔ سخت اور مہیب آواز (۲) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۳) گھوڑے کی سرپٹ چال (۴) پٹے بازی کا وہ ہاتھ جو حریف کے سیدھے پاؤں کی بائیں جانب لگے (۵) کمان کے جھکنے کی آواز۔

کڑک بانکا : [ا۔ صفت] بانکا۔ ترچھا جوان۔ کڑیل جوان (۲) وہ آدمی جس کی آواز سے لوگ ڈر جائیں۔

کڑک بجلی : [ا۔ اسم ث] توڑے دار بندوق۔ وہ بندوق جس کی آواز نہایت مہیب ہو (۲) کڑاکے کی آواز والی عورت۔ رعب داب والی عورت۔

کڑک دوڑنا : [ا۔ محاورہ] سرپٹ دوڑنا۔ بھریہ جانا۔

کڑک کر : [ا۔ متعلق فعل] کڑاکے کی آواز سے۔ سخت آواز سے۔

کڑک ناتھ : [ا۔ اسم ذ] ایک قسم کا مرغ جس کا تمام جسم سیاہ ہوتا ہے۔

کڑک : [ا۔ اسم ث] (۱) وہ مرغی جو انڈے دینے سے رک گئی ہو (۲) صفت خالی۔ کورا تہی (۳) مرغی کی آواز (۴) وہ مرغی جو انڈے سینے کے لئے تیار ہو۔

کڑک بولنا : [ا۔ محاورہ] کچھ نہ چلنا۔

کڑک ہونا : [ا۔ محاورہ] مرغی کا انڈے دینے سے باز رہنا۔

کڑکا : [ہ اسم ذ] (۱) کڑاکا۔ بجلی کا شور۔ آوازہ (۲) رجز۔ میدان میں دل بڑھانے والے اشعار یا گیت (۳) وہ آواز جو نقیب بادشاہ کی سواری کے آگے لگاتے ہیں (۴) رزم نامہ۔ بہادری کے گیت (۵) فن کنارہ۔

کڑ کڑ : [ا۔ اسم ث] (۱) کسی چیز سخت کے ٹوٹنے کی آواز (۲) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز (۳) انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

کڑکڑ چبانا : [ا۔ محاورہ] دانتوں سے کسی چیز کو اس طرح چبانا کہ آواز نکلے۔

کڑکڑ : [ا۔ اسم ث] مرغیوں کو بلانے یا بھگانے کی آواز

کڑکڑ بولنا : [ا۔ محاورہ] کسی چیز کا چباتے وقت آواز دینا۔

کڑکڑ : [ا۔ اسم ث] دانتوں کے باہم رگڑنے کی آواز۔

کڑکڑا : [ا۔ صفت] سخت۔ مضبوط۔

کڑکڑاتا : [ا۔ صفت] شدت کا سخت۔ زور کا۔

کڑکڑ کے آواز نکالنا / دم مارنا : [ا۔ محاورہ] زور سے حقہ کا دم لگانا۔

کڑکڑانا : [ا۔ مص] (۱) گھی یا میل کے بگھارنے کی آواز۔ بگھارنا۔ داغ دینا (۲) آگ پر گھی یا تیل کا گرم کرنا (۳) دانتوں کا آپس میں رگڑ کھا کر آواز دینا۔ (۴) شکایت کرنا۔

کڑکڑانا : [ا۔ مص] دانتوں کا باہم رگڑ کھا کر آواز دینا۔

کڑکڑاتا : [ا۔ مص] (۱) غصہ کرنا (۲) بڑبڑانا (۳) جلنا۔ حسد کرنا (۴) برا بھلا کہنا۔

کڑکنا : [ا۔ مص] (۱) گرجنا۔ بجلی کی آواز پیدا ہونا (۲) چیخ کر بولنا (۳) باجے یا نوبت کا زور سے بجنا (۴) تیزی کے ساتھ روانہ ہونا۔

کڑکنا : [ا۔ مص] تڑکنا۔ چٹکنا۔ تڑخنا (۲) موتی میں بال آنا۔ موتی کا ٹوٹ جانا (۳) چرمر ہونا (۴) شکن پڑ جانا جیسے کاغذ میں۔

کڑکو : [ا۔ اسم ث] بدمزاج عورت (۲) بے ہودہ عورت۔

کڑکی : [ا۔ اسم ث] غوطہ

کڑکی : [ا۔ اسم ث] وہ چیز جس سے لڑکے چھوٹے چھوٹے پرندے پکڑتے ہیں

کڑکیت : [ا۔ اسم ذ] (۱) نقیب (۲) وہ شخص جو میدان جنگ کے اندر رزمیہ نظم یا نثر بہادروں کو جوش دلانے کے لئے پڑھتا ہے۔

کڑلی : [ا۔ اسم ث ق] چھلی۔

کڑلنگا : [ا۔ اسم ذ] (۱) سخت کلام۔ سخت گو (۲) قوی۔ توانا۔

کڑوا : [ا۔ صفت] (۱) تلخ۔ نیم کے مزے کا (۲) تیز۔ تند (۳) کھاری۔ نمکین (۴) بدمزاج۔ غصیل (۵) سخت۔ اکھڑ۔

کڑوا پانی : [ا۔ اسم ذ] وہ کھانا جو مردے کو دفن کرنے کے بعد دوست یا رشتہ دار کی طرف سے آتا ہے۔

کڑواپن : [ا۔ اسم ذ] بدمزاجی۔ تلخی۔ تندی

کڑوا تمباکو : [ا۔ اسم ذ] پینے کا تیز تمباکو

کڑوا تیل : [ا۔ اسم ذ] سرسوں کا تیل۔ روغن تلخ

کڑوا دل کرنا : [ا۔ محاورہ] سختی جھیلنا۔ ہمت باندھنا۔ ناگوار بات کی برداشت نہ کرنا۔

کڑوا دھواں : [ا۔ اسم ذ] حقے کا تیز دھواں۔

کڑوا زہر : [ا۔ اسم ذ] نہایت تلخ۔ بہت کڑوا زہر کی مانند

کڑوا کریلا : [ا۔ اسم ذ] نہایت بدمزاج۔

کڑوا کریلا نیم چڑھا : [ا۔ مثل] دیکھئے "کریلا اور نیم چڑھا"

کڑوا کڑوا تھو تھو میٹھا میٹھا ہپ ہپ : [ا۔ مثل] بری چیز چھوڑ دینا اور اچھی لے لینا۔

کڑوا کسیلا : [ا۔ اسم ذ] تلخ ناگوار طبع۔

کڑوا لگنا : [ارمحاورہ] (۱) تلخ معلوم ہونا (۲) ناگوار ہونا۔ بُرا معلوم ہونا۔
کڑوا ہونا : [ارمحاورہ] (۱) کسی چیز کا تلخ اور بدمزہ ہونا (۲) خفا ہونا۔ بگڑنا۔
کڑوانا : [ارمص] (۱) کڑوا ہونا۔ تلخ ہونا (۲) بگڑنا۔ خفا ہونا۔
کڑواہٹ : [ارامذ] تلخی۔ تیزی۔
کڑوی : [ارامث] دیکھئے "کڑوا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کڑوی بات : [ارامث] بُری بات۔ ناگوار بات۔
کڑوی روٹی / کھچڑی : [ارامث] وہ پکا ہوا کھانا جو مُردے کے گھر والوں کو دوسرے عزیز تین دن تک بھیجتے ہیں۔
کڑوی نگاہ : [ارامث] غصّے کی نظر۔
کڑوے کسیلے دن : [ارامذ] (۱) سختی کے دن۔ مصیبت کے دن (۲) بیماری کا زمانہ۔ بیماریوں کا زمانہ (۳) حمل کا آٹھواں مہینہ۔
کڑوے گھونٹ : [ارامذ] مشکل اور ناگوار بات۔ کٹھن کام۔ کارِ سخت
کڑوے نیم کا طوطا / توتا : [ارامذ] ذہین طوطا
کڑوڑ : [اراعدد] سو لاکھ۔
کڑوڑا : [ارامذ] حاکمِ اعلیٰ۔ وہ افسر جو اور افسروں پر افسر ہو۔ حاکموں کا حاکم
کڑھاپا : [ارامذ] تکلیف۔ خفگی (۲ق) بسیار خوری۔ پیٹو پن
کڑھانا : [ارمص] (۱) رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا۔ رنج دینا (۲) رنج دلانا (۳) افسوس دلانا (۴) جان بوجھ کر ناراض کرنا۔
کڑھاوا : [ارامذ] (۱) کشیدہ۔ کام دار۔ زری دوز (۲) جوش دیا ہوا دودھ (۳) کھچا ہوا۔ مقطر کیا ہوا۔
کڑھاؤ : [ارامذ] دیکھئے "کڑاہ / کڑاہا"
کڑھن : [ارامث] رنج۔ کوفت۔
کڑھنا : [ارمص] (۱) نکلنا۔ باہر آنا (۲) کھنچنا (۳) زردوزی اور کشیدہ کاری ہونا (۴) دودھ کا اُبلنا۔
کڑھنا : [ارمص] (۱) رنج کرنا۔ افسوس کرنا (۲) ہمدردی کرنا۔ دل سوزی کرنا
کڑھوانا : [ارمص] دیکھئے "کاڑھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
کڑھوائی : [ارامث] کاڑھنے کی اُجرت۔
کڑھی : [ارامث] ایک قسم کا سالن جو دہی بیسن اور مصالحے ملا کر پکایا جاتا ہے۔
کڑھی کا سا اُبال : [ارامذ] مجازاً جلد فرو ہو جانے والا غصّہ یا ارادہ۔
کڑھی میں کوئلا : [ارمثل] اچھی بات میں کچھ نقص ہونا۔
کڑی : [ارامث] (۱) مرغیوں کو ہنکانے کی آواز (۲) (پنجابی) لڑکی
کڑی : [ارصف] (۱) "کڑا" کی تانیث (۲) کرخت۔ سخت۔ شدید (۲) مضبوط مستحکم (۳) ناگوار طبع (۴) تیز۔ تند (۵) سختی اُٹھانے والی (۶) مشکل کٹھن۔ دشوار۔ بھاری (۷) غضبناک (۸) شہتیر۔ چھت کا تیر (۹) جریب کا باریک اور پتلا حصّہ (۱۰) حلقہ آہنی (۱۱) چاندی یا سونے کا باریک اور پتلا حلقہ (۱۲) سختی۔ رنج۔ دُکھ (۱۳) ہندی نظم کا بند (۱۴) پاؤں کا ایک زیور (۱۵) بکری، بھیڑ کے سینہ کی ہڈی (۱۶) کوئی کاٹنے والی چیز جیسے تلوار وغیرہ (۱۷) مہنگا غلہ یا جنس۔
کڑی آنا : [ارمحاورہ] مصیبت آنا۔

کڑی آنچ : [ارامث] تیز آنچ۔
کڑی آنکھ : [ارامث] غصّے کی نظر۔ قہر کی نظر۔ (افعال: پڑنا۔ ڈالنا)
کڑی آواز : [ارامث] کرخت آواز
کڑی اُٹھانا : [ارمحاورہ] سختی برداشت کرنا۔ سخت بات سننا
کڑی بات : [ارامث] ناگوار اور سخت بات۔
کڑی بُو : [ارامث] تیز بُو
کڑی بولی : [ارامث] سخت زبان۔ تلخ گفتگو۔
کڑی بھوک : [ارامث] تیز بھوک
کڑی پڑنا : [ارمحاورہ] مصیبت پڑنا
کڑی تلوار : [ارامث] وہ تلوار جس کے لوہے میں لچک نہ ہو۔ سخت لوہے کی تلوار۔
کڑی ٹھوکر : [ارامث] بڑی لغزش۔ سخت غلطی
کڑی جھیلنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "کڑی اٹھانا"
کڑی چوٹ : [ارامث] سخت صدمہ، ضرب شدید۔
کڑی دُھوپ : [ارامث] سخت دھوپ۔ شدت کی دھوپ۔ (افعال: پڑنا)
کڑی ڈالنا : [ارمحاورہ] مصیبت ڈالنا۔
کڑی راہ : [ارامث] سخت راہ۔ کٹھن راستہ
کڑی رُت ہونا : [ارمحاورہ] خراب موسم ہونا۔ نقصان دہ موسم ہونا۔
کڑی سُنانا : [ارمحاورہ] سخت باتیں کہنا
کڑی کہہ بیٹھنا / کہنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "کڑی سُنانا"
کڑی سُننا : [ارمحاورہ] دیکھئے "کڑی سُنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کڑی سہنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "کڑی اُٹھانا"
کڑی شراب : [ارامث] سخت شراب۔ تیز شراب
کڑی قید : [ارامث] سخت قید۔ تکلیف دہ قید۔
کڑی کا بولنا : [ارمحاورہ] شہتیر کا چٹکنا یا آواز دینا۔
کڑی کرنا : [ارمحاورہ] سختی کرنا۔
کڑی کمان : [ارامث] سخت کمان جس کو بہت زور سے کھینچنا پڑے۔
کڑی کمان کا تیر : [ارامذ] کنایۃً نہایت تیز رفتار۔
کڑی کمائی کا پیسہ : [ارامذ] سخت محنت سے حاصل کی ہوئی رقم۔
کڑی گات : [ارامث] سخت سینہ
کڑی مُشکل : [ارامث] بڑی مشکل۔ سخت مشکل۔
کڑی مصیبت : [ارامث] سخت مصیبت۔ سخت تکلیف
کڑی منزل : [ارامث] کٹھن راستہ۔ سخت منزل
کڑی نگاہ / نظر : [ارامث] غصّے کی نظر۔ خفگی کی نظر
کڑے تیور : [ارامذ] غصّے کے تیور
کڑے دن : [ارامذ] مصیبت کے دن۔
کڑے روزے : [ارامذ] سخت روزے، وہ روزے جن میں دن بڑا ہو۔
کڑیل : [ارصف] (۱) کڑا۔ سخت (۲) طاقت ور (۳امذ) آگ کا بڑا جھیکرا۔
کڑیل جوان : [ارامذ] قد آور جوان۔ پہلوان آدمی۔

ک ، ز

کزلک : [ف امث] تیز چھری

ک ، ژ

کژ : [ف صف] دیکھئے "کج"۔
کژدم : [ف امذ] بچھو عقرب ۔

ک ، س

کس : [ف امذ] آدمی ۔ شخص ۔ لوگ (۲) کوئی
کس مپرسی : [ف امث] ایسی حالت جس میں کوئی پرسان حال نہ ہو
کس میا میز : [ف صف] کسی سے نہ ملنے والا ۔
کس نمے پرسد کہ بھیا کون ہو، ڈھائی ہو یا تین ہو یا پون ہو : [ار مثل] مفلس آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے (اس مثل کا پہلا مصرع زیادہ استعمال ہوتا ہے)
کس نہ گوید کہ دوغ من ترش است : [ف مثل] کوئی اپنی چیز کو برا نہیں کہتا ۔
کس وکو : [ف امذ] یار دوست
کس وناکس : [ف امذ] ادنیٰ اعلیٰ ، خاص و عام ۔ ہر شخص
کس : [ار امذ] طاقت ۔ بل ۔ زور ۔ (۲) امتحان ۔ آزمائش ۔ چاشنی (۳) تلوار کی خمیدگی (۴) مضبوطی (۵) حقیقت (۶) پہاڑی بارش کا پانی بہنے والا نالا (۷) تاؤ جیسے سونے کا کس ۔ گھی کا کس (۸) کسی رنگ دار چیز کا عرق (۹) اصل حقیقت (۱۰) کساؤ کا مخفف ۔
کس بل : [ار امذ] دم خم ۔ زور طاقت ۔ قوت (افعال نکالنا ۔ نکلنا) (۲) کمان کا جھک جانا اور پھر اپنی اصلی حالت پر آجانا ۔
کس بھرا : [ار صف] وہ شخص جو لوہے ۔ پیتل یا تانبے وغیرہ کے برتن بناتا ہے ۔
کس دم : [ار امذ] دیکھئے "کس بل"
کس دیکھنا : [ار محاورہ] سونے کو کسوٹی پر لگانا ۔ سونے کو تپانا ۔
کس : [ار کلمہ استفہام] کون ۔ کدام ۔
کس امید پر : [ار متعلق فعل] کس آسرے پر ۔ فضول ۔ رائیگاں ۔
کس بات پر : [ار متعلق فعل] کس بھروسے پر ۔ کس خوبی پر ۔ کس چیز پر ۔
کس بات پہ بھولا ہے : [ار مثل] کس گھمنڈ میں ہے ۔ کس خیال میں ہے
کس باغ کا بتھوا ہے / کس باغ / کھیت کی مولی ہے : [ار مثل] بے حقیقت ہے ۔ بے قدر ہے ۔
کس برتے پر تتا پانی : [ار مثل] کس بات پر شیخی ۔ کس بات پر یہ دعویٰ بے وجہ گھمنڈ ۔ بے وجہ غرور ۔
کس بلا کا ہے : [ار محاورہ] کس غضب کا ہے ۔ تعریف کے موقع پر بولتے ہیں
کس بلا کو پیچھے لگا لیا ہے : [ار مثل] جب کسی ضدی سے پالا پڑے تو کہتے ہیں ۔
کس پتھر سے سر پھوڑیں : [ار مثل] کس سے فریاد کریں ۔
کس پر پھولے ہو : [ار مثل] کس بات پر غرور ہے ۔ کون سا وسیلہ ہے ۔
کس توڑے پر : [ار محاورہ] کس توقع پر ۔ کس بھروسے پر ۔
کس تکلف کا : [ار محاورہ] کس شان کا ۔ کس انداز کا ۔
کس جانور کا نام ہے : [ار محاورہ] بے حقیقت چیز ہے ۔
کس جنم کے کالے تل چابے ہیں : [ار محاورہ] کس زمانے سے اطاعت اور فرمانبرداری کا بیڑا اٹھایا ہے ۔
کس جوبن سے : [ار محاورہ] کس شان سے ۔
کس چکی کا پیسا کھایا ہے : [ار محاورہ] زیادہ موٹے آدمی کی نسبت کہتے ہیں ۔
کس حساب میں ہے / ہو : [ار محاورہ] کون پوچھتا ہے ۔ کس گنتی میں ہے
کس خدا نے بتایا / لکھا : [ار محاورہ] بے موقع اور بے عقلی کی بات کی نسبت کہتے ہیں ۔
کس خیال میں ہے : [ار محاورہ] کیا سوچتا ہے ۔ کیوں نہیں سمجھتا ۔ کیوں بے خبر ہے ۔
کس درد کی دوا ہے : [ار محاورہ] کس کام کا ہے ۔ تجھ سے کیا امید ہے کیا کام آئے گا ۔
کس دل سے : [ار محاورہ] کس برتے پر ۔ کس ہمت پر ۔ کس ہمت پر ۔
کس دن کو / کے لئے اٹھا رکھا ہے : [ار محاورہ] کب کے لئے ملتوی کیا ہے ۔ اب کیوں نہیں کرتے
کس زبان سے : [ار محاورہ] جو شخص کہہ کر مکر جائے اس کی نسبت کہتے ہیں ۔ پہلے کیوں ایسا کہا تھا ۔
کس زبان سے بیان ہو : [ار محاورہ] زبان اس کے بیان سے قاصر ہے ۔
کس زبان سے تعریف ہو : [ار محاورہ] زبان تعریف سے قاصر ہے ۔
کس زبان سے شکر ادا ہو : [ار محاورہ] زبان شکر ادا کرنے سے قاصر ہے ۔
کس شخص کا منہ دیکھ کے اٹھا ہوں : [ار محاورہ] جب کسی آدمی کو کوئی سخت زحمت پیش آتی ہے تو یہ فقرہ کہتا ہے کہ صبح کو کس منحوس کا منہ دیکھا تھا کہ یہ تکلیف ہوئی
کس شمار / قطار / گنتی میں ہے : [ار محاورہ] کون پوچھتا ہے ۔ کوئی نہیں جانتا ۔ کچھ قدر و منزلت نہیں ۔
کس طرح : [ار متعلق فعل] کیونکر ۔ کیسے ۔ کس سبب سے ۔
کس طرح کا : [ار متعلق فعل] کیسا ۔ کس وضع کا ۔ کس ڈھنگ کا ۔
کس قدر : [ار متعلق فعل] (۱) کتنا (۲) نہایت ۔ حد سے زیادہ ۔
کس قیامت کا / کی / کے : [ار صف] بس بلا سے ۔ کس غضب کا ۔
کس کا : [ار متعلق فعل] کس شخص کا ۔ کون سے آدمی کا ۔ کنایۃً ناچیز ۔

کس کا سر لائیں / لاؤں : [ا ر محاورہ] (۱) کسی شخص کی مدد چاہنے کے لئے کہتے ہیں. کوئی ہو تو یہ کام سرانجام ہو سکے (۲)، بعض اوقات کسی کہا تو ن سے تنگ آ کر کہتے ہیں.

کس کافر کو اعتبار آئے گا : [ا ر محاورہ] کسی کو اعتبار نہیں آئے گا.

کس کام آئے گا : [ا ر محاورہ] فضول ہے. بیکار ہے.

کس کام کا / کی / کے : [ا ر صف] نکما / نکمی. بیکار، ناکارہ.

کس کام کو نکلا تھا کیسا کر آیا : [ا ر محاورہ] جب غلطی سے کوئی آدمی اصل مقصود کو بھول کر کوئی اور بے حقیقت کام کرے تو کہتا ہے.

کس کا منہ ہے : [ا ر محاورہ] کس کی طاقت ہے. کس کی جرأت ہے.

کس کان سے سنوں : [ا ر محاورہ] یہ بات ناگوار ہے.

کس کتاب میں لکھا ہے : [ا ر محاورہ] کس قانون کے مطابق ہے دستور کے خلاف ہے

کس کس دکھ کو روئیں : [ا ر محاورہ] کون کون سی مصیبت بیان کریں.

کس کو : [ا ر متعلق فعل] کس شخص کو. کسے

کس کی بکری کون ڈالے گھاس : [ا ر مثل] دوسرے کی چیز کو کوئی نہیں سنبھالتا. سب اپنی اپنی چیز کی رکھوالی کرتے ہیں.

کس کی بلا : [ا ر متعلق فعل] نفی کے لئے آتا ہے. کوئی نہیں.

کس کی بنی رہی ہے : [ا ر محاورہ] عروج و اقتدار ہمیشہ قائم نہیں رہتے.

کس کی رہی کس کی رہ جائے : [ا ر محاورہ] دل کی امنگ نکالنے کے موقع پر کہتے ہیں.

کس کی سنتا ہے : [ا ر محاورہ] کسی کی بات نہیں مانتا. ضدی ہے

کس کی گور کون دھواں کرے : [ا ر محاورہ] غیر کا کام کوئی نہیں کرتا.

کس کی ماں کا ہے : [ا ر محاورہ] کسی کے قول و اقرار کا اعتبار نہیں

کس کی ماں کو ماں کہیں : [ا ر مثل] غریب اور یتیم بچے کی نسبت کہتے ہیں.

کس کے کان میں فرشتے نے نہیں پھونکا ہے : [ا ر مثل] مغرور کی نسبت کہتے ہیں.

کس لئے : [ا ر کلمہ استفہام] کس واسطے. کیوں. کس سبب سے. کس وجہ سے.

کس / کون سے مرض کی دوا ہے : [ا ر محاورہ] بالکل نکما اور بے فائدہ ہے.

کس منہ سے : [ا ر متعلق فعل] (۱) کس دلیل سے. کس وجہ سے (۲) کس حوصلے سے (۳) کس ثبوت (۴) کس خوبی پر. کس مرتبہ پر. کس حیثیت پر.

کس منہ سے کوسوں : [ا ر محاورہ] کون سی زبان سے بددعا دوں. کون سے منہ سے برا کہوں. کیا کہہ کر کوسوں.

کس نے کہا تھا : [ا ر محاورہ] کوئی غلط کام کرنے پر بطور اعتراض کہتے ہیں کہ کس نے صلاح دی تھی.

کس نیند سلایا : [ا ر محاورہ] کیسا بے خبر کر دیا.

کس نیند سوتا ہے / سویا ہے : [ا ر محاورہ] بہت بے خبر ہے. غافل ہے.

کس وقت : [ا ر متعلق فعل] کب

کس ہوا میں ہے : [ا ر محاورہ] کیا سمجھے ہوئے ہے.

کُس : [ف امث] عورت کی شرمگاہ. اندام نہانی. عورت کی پیشاب کرنے کی جگہ.

کَسا : [ا ر صف] (۱) کم وزن. اترتا ہوا تول (۲) کھنچا ہوا (۳) تنگ چست (۴) ایک قسم کا اناج.

کسا جانا : [ا ر محاورہ] کھانے کا بدمزہ ہو جانا. کساد ہو جانا.

کسا کسایا : [ا ر صف] (۱) کھنچا کھنچایا (۲)، تیار (۳)، زین ڈالا ہوا تیار گھوڑا. (۴) گاڑی میں جوتا ہوا گھوڑا.

کسا ہوا : [ا ر صف] (۱) کھنچا ہوا. تنا ہوا (۲) چست (۳) کم تلا ہوا.

کَسّا : [ھ امذ] (۱) کیکر کی چھال جس سے چمڑا رنگتے ہیں (۲) کیکر کی چھال سے بنائی ہوئی شراب. ٹھرا.

کَسّا : [ھ امذ] پھاوڑا. کدال.

کَساد : [ع امث] جنس کا نہ بکنا. عدم خریداری اشیاء. مندا ہونا.

کساد بازاری : [ع ف امث] بازار میں خرید و فروخت کا نہ ہونا. مندا ہونا.

کسانا : [ا ر مص ق] کراہنا.

کساری : [ا ر امث] ایک قسم کی دال جو ارہر سے مشابہ ہوتی ہے.

کسالا : [ا ر امذ] (۱) تکلیف. درد. دکھ. محنت. مشقت (۲) سستی. کاہلی. (افعال: کرنا. کھینچنا.)

کسالت : [ع امث] سستی. کاہلی. آلکس.

کساسی : [ا ر امث. عو] تکلیف.

کِسان : [ھ امذ] کاشتکار. کھیتی باڑی کرنے والا. مزارع.

کَسانا : [ا ر مص] (۱) امتحان کرانا. پرکھوانا. کسوٹی پر لگوانا (۲) تنوانا. کھنچوانا (۳) تلوار کو موڑ کر آزمائش کرنا (۴) بٹیروں کو لڑانے کے لئے باہم کشتی کرا کے دیکھنا (۵) مشکل کاموں میں آدمی کا امتحان کرانا.

کساوٹ : [ھ امث] (۱) دیکھئے "کساؤ" (۲) کمر باندھنے کا انداز

کساؤ : [ھ امذ] (۱) کھچاوٹ. تناؤ (۲) تنگی. چستی (۳) بدمزگی. کسیلا پن. وہ کیفیت جو تانبے یا پیتل کے برتن میں کسی ترش چیز کے رکھنے سے ہوتی ہے (۴) کچے پھل کی بدمزگی.

کَسب : [ع امذ] (۱) حاصل کرنا (۲) پیشہ. دھندا. کام (۳) ہنر. فن (۴) (۱) وہ کمائی جو عورت بدکاری سے حاصل کرے [افعال: کرنا]

کسب کمانا : [ا ر محاورہ] بدکاری سے آمدنی حاصل کرنا. پیشہ کرنا.

کسب کمال کن کہ عزیز جہاں شوی : [ف مقولہ] کسی ہنر میں کمال حاصل کر تاکہ تو دنیا میں ہر دلعزیز ہو.

کِسبت : [ا ر امث] (۱) چمڑے کا وہ تھیلا جس میں حجام اور جراح اپنے اوزار رکھتے ہیں. (۲) چمڑے کا ٹکڑا اکثر اپنے بائیں چوتڑ پر بطور حفاظت باندھتے ہیں.

کسبت نامہ : [ا ر امذ] وہ کتاب جس میں جراحوں، حجاموں اور ان کے پیشے کا حال درج ہو.

کسبی : [ع صف] (۱) کسب سے متعلق. وہ کمال یا ہنر جو اپنی کوشش سے حاصل کیا جائے (۲) ف: پیشہ ور. ہنرمند (۳) (ا ر امث) فاحشہ. بازاری عورت. رنڈی.

کستورا : [ا ر امذ] (۱) ایک قسم کا ہرن جس سے مشک نافہ حاصل ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی سینگ دار مچھلی (۳) ایک نہایت خوش آواز پرندہ (۴) بابیل کا لعاب جو نہایت مقوی ہوتا ہے.

کَسْتُورِی: [ا ر امث] مُشک نافہ (۲) ایک خوش آواز پرندہ کا نام۔ (۳) مجازاً ہر قیمتی چیز

کَسْٹَرڈ: [انگ امذ] custard دودھ انڈے اور چینی کی انگریزی فیرنی۔

کَسْٹَم: [انگ امذ] custom محصول درآمد۔ محصول چُنگی۔ بکری لگان (۲) رسم و رواج۔ دستور۔

کَسْٹوڈِیَن: [انگ امذ] Custodian محافظ۔ نگران۔ رکھوالا۔

کَسْر: [ع امث] شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ (۲) ٹکڑا۔ حصّہ۔ جزو (۳) زیر کی حرکت کسرہ (۴) علم حساب میں اکائی کا ایک حصّہ یا کئی حصّے۔

کَسْرِ اَعْشَارِیَہ: [ع امث بترکیب فارسی] وہ کسر یا عدد جو دس کا کوئی حصّہ ہو۔ اُس کی نشانی "." ہے

کَسْرِ اَعْشَارِیَہ مُتَوالی: [ع امث بترکیب فارسی] وہ کسر اعشاریہ جس میں کچھ حصّے بار بار آتے ہیں۔ انکے پہلے اور آخری ہندسے پر نقطہ لگا دیتے ہیں۔

کَسْرِ شَان: [ع امث بترکیب فارسی] وہ بات جس سے کسی کی عزت و آبرو میں فرق آئے۔ بے قدری

کَسْرِ عَام: [ع امث بترکیب فارسی] وہ کسر جن کا نسب نما عام ہو۔

کَسْرِ غَیر واجب: [ع امث بترکیب فارسی] وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے بڑا یا برابر ہو۔ جیسے $\frac{۴}{۳}$ یا $\frac{۲}{۲}$

کَسْرِ مُرَکَّب: [ع امث بترکیب فارسی] وہ رقم جس میں کسر کے ساتھ صحیح عدد بھی ہو۔ مثلاً $۱\frac{۱}{۲}$

کَسْرِ مُضَاف: [ع امث بترکیب فارسی] وہ کسر جس میں کسر کی کسر ہو۔ مثلاً $\frac{۱}{۲}$ کا $\frac{۳}{۴}$

کَسْرِ مُفْرَد: [ع امث بترکیب فارسی] سادی کسر۔ وہ کسر جس کا شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہو۔

کَسْرِ مُلْتَف: [ع امث بترکیب فارسی] وہ کسر جس میں شمار کنندہ یا نسب نما یا دونوں میں کوئی عدد مرکب یا کسر مضاف ہو۔

کَسْرِ نَفْس: [ع امث بترکیب فارسی] نفس کا توڑنا۔

کَسْرِ نَفْسی: [عف امث] اپنے آپ کو کم رتبہ ظاہر کرنا۔ عاجزی۔ انکسار

کَسْرِ واجِب: [ع امث بترکیب فارسی] وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو۔ مثلاً $\frac{۲}{۳}$

کَسَر: [ا ر امث] کمی۔ نقص (افعال: رکھنا۔ رہنا۔ ہونا) (۲) بچوں کی بدہضمی پیٹ کا خلل (۳) نقصان۔ گھاٹا

کَسَر اُٹھا رکھنا: [ا ر محاورہ] کمی باقی رکھنا (عموماً نفی میں مستعمل ہے)

کَسَر باقی نہ رکھنا: [ا ر محاورہ] کوئی بات باقی نہ چھوڑنا۔ ذرا کوتاہی نہ کرنا۔ کمی نہ کرنا۔

کَسَر باقی نہ رہنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کسر باقی نہ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کَسَر بھرنا / پوری کرنا: [ا ر محاورہ] خسارہ بھرنا۔ نقصان پورا کرنا۔ کمی پوری کرنا۔

کَسَر پڑنا: [ا ر محاورہ] کمی واقع ہونا۔

کَسَر دینا: [ا ر محاورہ] خسارہ دینا۔ نقصان دینا۔

کَسَر رَہ جانا / رہنا: [ا ر محاورہ] کمی رہ جانا۔ کوتاہی رہ جانا۔ نقص رہنا (۲) گھاٹا رہنا۔ خسارہ ہونا۔

کَسَر کرنا: [ا ر ص مرکب] کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ کافی نہ ہونا۔

کَسَر کھانا: [ا ر محاورہ] نقصان اٹھانا۔ گھاٹا کھانا۔

کَسَر نکال دینا / نکالنا: [ا ر محاورہ] (۱) کمی پوری کرنا (۲) بدلہ لینا۔ انتقام لینا

کَسَر نکلنا / نکل جانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کسر نکال دینا / نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کَسْر و اِنکِسار: [ا ر امذ] دیکھئے "انکسار"

کَسَر ہونا: [ا ر محاورہ] کمی ہونا (۲) خسارہ ہونا۔ بچے کو بدہضمی ہونا۔ کوتاہی ہونا

کَسَرات: [ا ر امث] وہ روپیہ یا رقمیں جو کاٹ کر بجٹ میں ڈالی جاتی ہیں (۲) کمی۔

کَسْرَت: [ا ر امث] ورزش (۲) مشق۔ مہارت (افعال: کرنا)

کَسْرَتی: [ا ر صف] کسرت یا ورزش کیا ہوا۔ کسرت کرنے والا۔ ورزشی

کَسْرَہ: [ع امذ] زیر۔ زیر کی حرکت

کِسْریٰ: [ع امذ] نوشیرواں عادل (۲) شاہان عجم کے ہر بادشاہ کا لقب۔

کَسَک: [ا ر امث] ہلکا درد۔ ٹیس

کَسَک آنا: [ا ر محاورہ] ضرب پہنچنا۔ صدمہ پہنچنا یا ہونا۔ جھٹکا لگنا۔

کَسَک اُٹھنا: [ا ر محاورہ] ٹیس آنا یا ہونا۔ درد ہونا۔

کَسَک مٹانا / نکالنا: [ا ر محاورہ] تکلیف دُور کرنا (۲) خواہش نفسانی کو پورا کرنا۔

کَسْکُٹ: [ھ امذ] کسی قسم کی ملی جلی دھات۔ کانسی۔ بھرت

کَسَکْنا: [ا ر مص] درد کرنا۔ دکھنا (۲) ٹیس مارنا۔ کم کم درد ہونا۔

کَسْگَر: [ا ر امذ] مٹی کے برتن بنانے والا۔ کمہار۔ کوزہ گر۔

کَسْگَرَن: [ا ر امث] دیکھئے "کسگر" جس کی یہ تانیث ہے۔

کَسَل: [ع امذ] سستی۔ کاہلی (۲) تھکان۔ تھکاوٹ (۳) علالت۔ کمزوری۔

کَسَل مَنْد: [عف صف] علیل۔ بیمار (۲) سُست۔

کَسَل مَنْدی: [عف امث] دیکھئے "کسل مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

کَسَل ناک: [عف صف] دیکھئے "کسل مند" (۲) بزدل

کَسَل: [ھ امذ] دیکھئے "کشل"

کُسُم / کُسُمبھ: [ھ امذ] کڑ کا پھول جس سے شہاب نکلتا اور سرخ کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

کُسُم کا آزار: [ا ر امذ] متواتر حیض آنے کا مرض [افعال: ہونا]

کَسْمَسانا: [ا ر مص] بل کھانا۔ انگڑائی لینا۔ پہلو بدلنا۔ ہلنا (۲) گھبرانا۔ بیقرار ہونا۔ تنگ ہونا۔ بے چین ہونا (۳) درد کے سبب اینٹھنا (۴) قابو سے نکلنے کی کوشش کرنا۔

کَسْمَساہَٹ: [ا ر امث] بے آرامی۔ بے چینی۔ اضطراب

کَسَن: [ھ امذ] درد تکلیف (۲) ضرر۔ زخم

کَسْنا: [ھ امذ] پٹاری کا غلاف (۲) بستر بند (۳) پلنگ کسنے کی ڈوری (۴) خوان پوش (۵) چھینکا

کَسْنا: [ا ر مص] کھینچنا۔ جکڑنا۔ تاننا (۲) مضبوط اور تنگ کر کے باندھنا۔ (۳) تلوار کو خمیدہ کرنا (۴) ستانا۔ تنگ کرنا (۵) کسوٹی پر لگانا۔ کھرا

کھوٹا پرکھنا (۷)، آزمائش کرنا۔ جانچنا (۸)، بٹیروں کا باہم لڑانا (۸) بندوق بھرنا (۹) دام بڑھانا (۱۰) کم تولنا (۱۱) مارنا۔ پھینکنا (۱۲)، تنگ پکڑنا (۱۳) پکاتے وقت پانی یا چھینٹا دے کر گھی اور گوشت کو خوب بھوننا (۱۴)، دو تختوں کے درمیان کوئی چیز رکھ کر دبانا (۱۵)، کسی شخص کو ایسا پھانس لینا کہ وہ ہل نہ سکے (۱۶)، لٹے کبوتر کا اپنے سر کو کھینچ کر دُم تک لے جانا۔ (۱۷)، آوازے کسنا (۱۸)، گھوڑے وغیرہ کی پیٹھ پر زین باندھنا (۱۹)، جھکنا (۲۰)، مثلث کپڑا جس کو عورتیں مہندی لگانے کے بعد ہاتھ یا پاؤں میں باندھ لیتی ہیں۔

کَسنا لے ؛ [ا ر امذق] ایک قسم کے پرندے

کسنڈ ؛ [ا ر امذق] سیسا

کُسَنگ ؛ [ا ر امذ] بُرا ساتھ۔ بُری صحبت

کسنی ؛ [ھ امث] کاشت کاری۔ کسانوں کا پیشہ۔

کَسْوانا ؛ [ا رمع] دیکھئے "کَسنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کُسْوانا ؛ [ا رمع] دیکھئے "کوسنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کَسْوائی ؛ [ا ر امث] کسنے کی اُجرت

کِسْوَت ؛ [ع امث] لباس۔ پوشاک (۲)، دیکھئے "کسبت"

کَسَوٹی ؛ [ا ر امث] وہ پتھر جس پر سونے کا کس دیکھتے ہیں (۲)، پرکھ۔ جانچ۔ امتحان

کسوٹی پر چڑھانا / رکھنا / لگانا / کسنا ؛ [ا ر محاورہ] کسوٹی پر گھس کر سونے چاندی کا کھرا کھوٹا پرکھنا (۲) آزمانا۔ جانچنا۔

کسوٹی چڑھنا ؛ [ا ر محاورہ] جانچ میں کھرا ثابت ہونا۔

کِشْوَر ؛ [ع امث] دیکھئے "کِسر" جس کی یہ جمع ہے مع مرکبات

کُسُوف ؛ [ع امذ] سورج گرہن

کُسُوم ؛ [ھ امذ] دیکھئے "کُسم"

کَسْوَن ؛ [ا ر صف] کنجی آنکھ کا گھوڑا۔ بھینگا۔ کج نظر (۲) چابک سوار

کُسُونجی ؛ [ھ امث] ایک درخت کا نام

کَسّی ؛ [ھ امث] چھوٹا پھاوڑا۔ بیلچہ (۲)، دو قدم کے برابر فاصلے کا ایک پیمانہ۔

کَسی کَسائی ؛ [ا ر صف مث] دیکھئے "کسا کسایا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کِسی ؛ [ا ر کلمہ استفہام] کوئی چیز۔ کوئی بات۔ کوئی (۲)، نامعلوم الاسم (۳) فلاں شخص معلوم (۴) وہ شخص جس کا نام نہ لیں۔ قرینے سے اس کی طرف اشارہ کریں۔ شعرا کبھی رقیب کبھی عاشق اور کبھی معشوق کی طرف کسی سے اشارہ کرتے ہیں۔

کسی بات سے ہاتھ اُٹھانا ؛ [ا ر محاورہ] کسی بات یا کام کو چھوڑ دینا۔ کسی چیز یا بات سے باز رہنا۔ دست بردار ہونا۔ نا امید ہونا۔ مایوس ہونا۔ ترک کر دینا۔

کسی بات کے لالے پڑنا ؛ [ا ر محاورہ] کسی بات کا دشوار ہونا (۲) کسی بات کا بہت خواہش مند ہونا مگر اسے پورا نہ کر سکنا (۳)، مایوسی ہونا۔ نا اُمیدی ہونا۔

کسی پہلو ؛ [ا ر متعلق فعل] کسی ڈھب۔ کسی طریقے سے۔ کسی طرح سے۔

کسی سے ساتی کسی سے بدھائی ؛ [ا ر مثل] جھوٹی خاطر داری۔ ہر ایک سے وعدہ وعید۔

کسی طرح ؛ [ا ر متعلق فعل] کسی طور۔ کسی عنوان۔ دیکھئے "کسی پہلو"

کسی قابل نہ رکھنا ؛ [ا ر محاورہ] مفلس کر دینا۔ بیکار کر دینا۔

کسی قدر ؛ [ا ر متعلق فعل] ذرا سا۔ کچھ تھوڑا سا۔ قلیل (۲)، بہت کچھ۔ بہت سا۔

کسی کا ؛ [ا ر متعلق فعل] کسی شخص کا (۲)، شخص معلوم کا (۳)، مجازاً معشوق دلربا کا۔ (۴) دوسرے کا (۵)، اپنا۔ اپنی ذات کا۔

کسی کا دیا نہیں کھاتا ؛ [ا ر مثل] کسی کا محتاج نہیں۔ دست نگر نہیں۔

کسی کا کچھ نہیں جاتا ؛ [ا ر مثل] کسی کا کچھ نقصان نہیں ہوتا۔

کسی کا کچھ بس نہیں چلتا ؛ [ا ر محاورہ] کسی کی پیش نہیں جاتی۔ قابو اور اختیار سے باہر ہے۔

کسی کا کیا ہے ؛ [ا ر محاورہ] کسی کا کیا اجارہ ہے۔

کسی کا گھر جلے اور کوئی تاپے ؛ [ا ر مثل] کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے۔ ایک کی مصیبت اور دوسرے کی خوشی

کسی کام کا نہ ہونا ؛ [ا ر محاورہ] محض نکما اور بے کار ہونا۔

کسی کا مُنہ چلے کسی کا ہاتھ / کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان ؛ [ا ر مثل] بدزبانی کا نتیجہ مار کھانا ہے۔

کسی کروٹ کل / چین نہ آنا ؛ [ا ر محاورہ] کسی پہلو آرام نہ ہونا۔ کسی طور قرار نہ آنا۔

کسی کو آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا ؛ [ا ر محاورہ] نہایت بے پروائی کا اظہار کرنا (۲)، نہایت شرم والا ہونا۔ (۳)، مغرور ہونا۔

کسی کو اپنا کر رکھو یا کسی کے ہو رہو ؛ [ا ر مقولہ] یا تو خود کسی کی متابعت اختیار کر لو یا اپنا مطیع و فرمانبردار بنا لو۔

کسی کو بینگن بائے، کسی کو بینگن پچ ؛ [ا ر مثل] کوئی چیز کسی کے لئے فائدہ مند اور کسی کے لئے نقصان دہ۔

کسی کو رونا ؛ [ا ر محاورہ] کسی کی موت کے رنج میں آنسو بہانا۔

کسی کو کسی کی خبر نہیں ؛ [ا ر محاورہ] بے ہوشی کا عالم ہے۔ غفلت کا عالم ہے۔

کسی کو کیا ؛ [ا ر محاورہ] کسی کا کیا نقصان ہوتا ہے۔

کسی کو کیا پڑی ہے ؛ [ا ر محاورہ] کسی کو کیا غرض ہے۔

کسی کی آگ میں پڑنا / گرنا ؛ [ا ر محاورہ] دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا

کسی کی آئی مجھ کو آجائے ؛ [ا ر کلمہ دعا] دوسرے کی موت مجھے آجائے۔ نہایت غصہ یا تکلیف کی حالت میں اپنے آپ کو بد دعا دینے کا فقرہ۔

کسی کی روح پیاسی تھی ؛ [ا ر مثل] جب پانی کا بھرا ہوا گھڑا یا مٹکا خود بخود ٹوٹ جائے تو یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں۔

کسی کی نہیں سُنتا ؛ [ا ر محاورہ] کسی کی بات نہیں مانتا۔ بے پروا ہے۔

کسی کے کٹے میں گھی گھڑے، کسی کے کٹے میں پتھر پڑے ؛ [ا ر مثل] ایک ہی کام اگر دولت مند یا قسمت والا کرے تو اس سے نیک نام ہو جاتا ہے وہی کام دوسرا بدقسمت غریب کرے تو اس پر انگلیاں اُٹھتی ہیں۔

کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا ؛ [ا ر محاورہ] کسی سے سروکار اور غرض نہ ہونا۔

کسی لائق ہونا: [ا ر محاورہ] کسی قابل ہونا کسی ہنر میں قابل ہونا۔
کسی مرض کی دوا نہیں: [ا ر محاورہ] بے کار ہے۔ بے فائدہ ہے۔
کسی نہ کسی: [ا ر متعلق فعل] کوئی نہ کوئی۔ ایک نہ ایک
کسی نہ کسی دن: [ا ر متعلق فعل] ایک نہ ایک دن۔ کسی روز
کسی نہ کسی طرح: [ا ر متعلق فعل] جس طرح بھی ہو سکا۔ بُرے بھلے حال سے
دقت سے۔ مشکل سے۔
کسی نے پیا دودھ کسی نے پیا پانی / سب کو ایک رین گنوانی: [ا ر مثل] امیر اور غریب، بُرے یا بھلے سب کی گزر جاتی ہے۔
کسی نے کیا کیا: [ا ر محاورہ] کسی نے کیا کر لیا۔ طنزاً کہا جاتا ہے۔
کسی نے منہ آرسی میں دیکھا کسی نے آئینہ میں: [ا ر مثل] ایک ہی
بات کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔
کسی وقت کام آئے گا: [ا ر محاورہ] ضرورت کے وقت کام آئے گا۔
کسے: [ا ر کلمہ استفہام] کس کو۔ کس شخص کو۔
کسے کہتے ہیں: [ا ر محاورہ] کیا وقعت رکھتا ہے۔ کیا چیز ہے۔ بے وقعت ہے۔
کسے: [ف امذ] کوئی آدمی۔ کوئی شخص۔
کسے باشد: [ف متعلق فعل] کوئی آدمی ہو۔
کسیا جانا / کسیانا: [ا ر مص] کسیلا ہو جانا۔ کساؤ آ جانا۔
کسیرا: [ا ر امذ] ٹھٹھیرا دھات کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔
کسیرن: [ا ر امث] دیکھئے "کسیرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کسیرو / کسیر: [ھ امذ] ایک قسم کی گھاس جس کو سردیوں میں فرش پر بچھا
لیتے ہیں اور اس کی جڑ کو بھون کو کھاتے ہیں۔
کسیرہٹا: [ا ر امذ] کسیروں کا بازار۔ وہ بازار جس میں دھات کے برتن بکتے ہیں
کسیس: [ھ امذ] ایک قسم کی پھٹکڑی جو لوہے اور گندھک کے پھونکنے
سے تیار کی جاتی ہے۔
کسیلا: [ا ر صف] کساؤ دار۔ بد مزہ۔ ترش جو زبان اور حلق
کو پکڑے۔
کسیلاپن: [ا ر امذ] دیکھئے "کسیلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ک۔ ش

کش: [ف لاحقہ فاعلی] ف مصدر کشیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد
آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھینچنے والا برداشت کرنے والا
کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً محنت کش (۲) (امذ) حقہ کا ایک گھونٹ۔
(افعال، کھینچنا۔ لینا۔ لگانا)
کُش: [ف لاحقہ فاعلی] فارسی "کُشتن" مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے
بعد آکر اُسے فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور مارنے والا کے معنی دیتا ہے
مثلاً جراثیم کش
کُشا: [ف لاحقہ فاعلی] کشودن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر
اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھولنے والا کے معنی دیتا ہے۔
مثلاً دل کُشا۔

کُشاد: [ف امث] فراخی (۲) کامیابی۔ فتح (۳) خوشی (۴) حل
کُشاد نامہ: [ف امذ] معافی کا بادشاہی فرمان۔
کُشادگی: [ف امث] فراخی۔ وسعت۔ چوڑائی۔ پھیلاوٹ۔
کُشادہ: [ف صف] کھلا ہوا۔ وا (۲) فراخ۔ لمبا چوڑا۔ پھیلا ہوا۔
کُشادہ ابرو: [ف صف] وہ شخص جس کی بھوؤں کے بیچ جگہ زیادہ کھلی ہو۔
کُشادہ پیشانی / جبیں: [ف صف] چوڑے ماتھے والا۔ ہنس مکھ۔
خوش اخلاق۔
کُشادہ دل: [ف صف] سخی۔ فیاض۔ عالی حوصلہ۔ فراخ دل
کُشادہ رُو: [ف صف] دیکھئے "کشادہ پیشانی"۔
کُشادہ رُوئی: [ف امث] دیکھئے "کشادہ رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کُشادہ کُشادہ: [ف صف] دُور دُور۔ فرق فرق سے۔
کُشادہ کف: [ف صف] کنایۃً جواں مرد۔ سخی۔
کشّاف: [ع صف] نہایت کھولنے والا۔ بالکل پردہ اُٹھا دینے والا (۲) ایک تفسیر کا نام
کشاکش: [ف امث] کھینچا تانی (۲) دھکم دھکا (۳) تکرار۔ جھڑپ (۴) چھینا جھپٹی
کشاں: [ف صف] کھینچتے ہوئے۔
کشاں کشاں: [ف متعلق فعل] کھینچتے ہوئے۔ بالجبر (افعال: لانا)
کشاورز: [ف امذ] کسان کھیتی کرنے والا۔ دہقان۔ مزارع۔
کشاورزی: [ف امث] دیکھئے "کشاورز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کُشائش: [ف امث] فراخی۔ کشادگی وسعت۔
کشت: [س امذ] دیکھئے "کشٹ"
کشت کی صحنک: [ا ر امث] ایک منت جس میں عورتیں مراد مل جانے پر
قورمہ وغیرہ پکا کر حضرت فاطمہؓ کی نیاز یا فاتحہ دلاتی ہیں۔
کِشت: [ف امث] کھیتی۔ زراعت۔ بویا ہوا کھیت (۲) شطرنج کے
بادشاہ کا ایسے خانہ میں ہونا کہ اگر اس کی جگہ کوئی اور مہرہ ہوتا تو مارا جاتا
کِشت زار: [ف امذ] کھیتی۔ ہرا بھرا کھیت
کِشت زعفران: [ف امذ] زعفران کا کھیت۔ ہنسی کا محل۔ ہنسی کا مقام۔
کِشت کار: [ف صف] کھیتی کرنے والا۔ کسان۔ مزارع۔ دہقان
کِشت کاری: [ف امث] دیکھئے "کشت کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کُشت: [ف امث] قتل۔ خونریزی
کُشت و خون: [ف امذ] خونریزی۔ مار کٹائی۔ جنگ و جدال
کِشت کھانا: [ا ر محاورہ ق] کرکری ہونا۔ شکست ہونا۔ مات ہونا
کُشتگان: [ف امذ] دیکھئے "کُشتہ" جس کی یہ جمع ہے۔
کُشتم کُشتا: [ا ر امذ] گتھم گتھا [افعال کرنا: ہونا]
کُشتم کُشتی: [ا ر امث] دیکھئے "کُشتم کُشتا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کُشتنی: [ف صف] گردن مارنے کے قابل۔ گردن زدنی۔
کُشتہ: [ف صف] مقتول۔ ذبح کیا ہوا (۲) (مذ) لاش۔ جسم مردہ (۳)
عاشق (۴) مفتون (۵) ماری ہوئی دھات (افعال: کرنا۔ ہونا)
کُشتوں کے پُشتے لگ جانا / ہو جانا: [ا ر محاورہ] لاشوں کا ڈھیر لگ
جانا۔ بہت خون خرابہ ہونا۔
کُشتوں کا کھیت: [ا ر امذ] وہ مقام جہاں مقتولوں کی لاشیں پڑی ہوں۔

کُشتوں کے کھیت پڑنا : [ا رمحاورہ] مقتولوں کی لاشوں کا انبار ہونا۔
کَشتی : [ف امث] ناؤ۔ بیڑی۔ سفینہ۔ ڈونگا (۲)، ایک قسم کی پیالی (۳) اس سینی۔ طباخوان (۴) کاسۂ گدائی (۵)، سر میں تیل ڈالنے کی پیالی۔
کَشتیٔ بادہ/مے : [ف امث] شراب کا پیالہ جس کی شکل کشتی کی مانند ہوتی ہے۔
کَشتی بان : [ف امذ] ملاح۔ مانجھی
کَشتی بانی : [ف امث] ملاحی۔ ملاح کا پیشہ۔
کُشتی : [ف امث] زور آزمائی۔ دو پہلوانوں کا باہم گتھم گتھا ہونا۔
کُشتی باز : [ف صف] کشتی لڑنے والا۔
کُشتی بازی : [ف امث] دیکھیے "کشتی باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کُشتی برابر رہنا : [ا رمحاورہ] ایک دوسرے پر غالب نہ آنا۔ ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا
کُشتی بڑھنا : [ا رمحاورہ] کشتی جیتنا۔
کُشتی پڑنا : [ا رمحاورہ] اتفاقاً کشتی ہو جانا
کُشتی جیتنا : [ا رمحاورہ] کشتی میں غالب آنا۔
کُشتی دلانا : [ا رمحاورہ] کشتی کی مشق کے لیے شاگرد کو بھیجانا
کُشتی کرنا : [ا رمحاورہ] زور آزمائی کرنا۔ لڑنا جھگڑنا (۲) ورزش کرنا۔ پہلوانی کرنا
کُشتی گیر : [ف صف] دیکھیے "کشتی باز"
کُشتی گیری : [ف امث] دیکھیے "کشتی بازی"
کُشتی لڑنا : [ا رمحاورہ] زور آزمائی کرنا۔ باہم گتھ جانا۔
کُشتی مارنا : [ا رمحاورہ] دے پٹکنا۔ دے مارنا۔
کُشتی ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "کشتی کرنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
کَشٹ : [س امذ] دکھ۔ سختی (۲)، دقت (۳) تنگی۔ مصیبت۔ تکلیف عذاب (افعال اٹھانا وغیرہ)
کُشتا : [ا رامذ] ایک قسم کا چھوٹا زرد رنگ کا آڑو۔ زرد آلو۔
کَشش : [ف امث] کشیدگی۔ کھنچاؤ۔ جذب (۲)، دلربائی۔ ناز و کرشمہ (۳) رجحان۔ رغبت (۴)، (ار) دیر۔ توقف (۵) مصیبت۔ سختی (۶) شکر رنجی۔ انقباض (۷) حرفوں کی کشش جیسے ک کی کشش گ کی کشش وغیرہ (۸) دیر۔ وقفہ
کَششِ اِتصال : [فع امث] علم طبیعیات میں اجسام کے پاس پاس کے اجزا کو آپس میں ملا کر رکھنے کی قوت۔
کَششِ انابیبِ شعری : [فع امث] وہ قوت جس کے ذریعے مائعات اپنی سطح ہموار سے اوپر چڑھ جاتے ہیں۔
کَششِ ثقل : [فع امث] وہ کشش جس سے اجسام زمین کے مرکز کی طرف مائل ہوتے ہیں
کَششِ زمین : [فع امث] زمین کی کشش جو ہر ایک شے کو مرکز زمین کی طرف مائل کرتی
کَششِ کہربائی : [فع امث] وہ قوت جس کے ذریعے سے کہربا گوند گھاس کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔
کَششِ کیمیائی : [فع امث] وہ کشش جس سے دو مختلف چیزیں مل کر ایک نئی چیز بن جاتی ہے۔
کَششِ مقناطیسی : [فع امث] مقناطیس کی وہ قوت جس سے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔

کَشف : [ع امذ] کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ پردہ اٹھانا۔ غیب کی باتوں کا اظہار انکشاف
کشفِ حجب : [ع۔ امذ بہ ترکیب فارسی] پردہ اٹھ جانا۔ معرفت حاصل کرنا
کشفِ قبور : [ع۔ امذ بہ ترکیب فارسی] صوفیوں کا وہ مرتبہ جس میں انہیں مُردے کی قبر سے اس کا حال معلوم ہو جائے۔
کشف و کرامات : [ع امث بہ ترکیب فارسی] اعجاز و تصرف۔ خرقِ عادت
کَشفی : [ف صف] دیکھیے "کشف" جس سے یہ منسوب ہے۔
کشکول : [ف امذ] دیکھیے "کچکول"
کُشَل : [س امث] عافیت۔ خیریت۔ صحت۔ تندرستی
کِش مِش : [ف امث] ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور۔
کشمش کی طرح تنکے موجود : [ا رمثل] عورتیں اس جگہ بولتی ہیں جہاں کسی کے گھرانے میں کوئی نقص ہو۔
کشمشی : [ف صف] دیکھیے "کشمش" جس سے منسوب ہے (۲) کشمش کے رنگ کا
کش مکش : [ف امث] کھینچا تانی۔ لڑائی جھگڑا۔ کشیدگی۔ رکاوٹ (۲) بھیڑ جس میں سے نکلنا مشکل ہو (۳)، دقت۔ دشواری
کش مکش میں پڑنا : [ا رمحاورہ] مخمصے میں پڑنا
کاشمیر/کشمیر : [ف امذ] پنجاب کے شمال میں ایک ریاست۔ جو اپنی سرسبزی و شادابی اور حسن مناظر سے مشہور ہے۔
کشمیرا : [ھ امذ] کشمیر کا بنا ہوا اونی کپڑا۔ پشمینہ
کاشمیری/کشمیری : [ھ صف] دیکھیے "کشمیر" جس سے منسوب ہے۔ (۲) (امذ) کشمیر کا باشندہ (۳) (امث) کشمیری زبان (۴) بھانڈوں کی ایک قسم
کُشن : [انگ امذ] cushion تکیہ۔ گدا۔ گدیلا
کِشن : [ھ امذ] کرشن جی کا مخفف
کشندہ : [ف صف] مارنے والا۔ قاتل
کشنیز : [ف امذ] دھنیا
کُشود : [ف امث] کھلنا (۲)، پھیلاؤ (۳)، خوشی سے پھیلنا (۴)، کامیابی۔ فائدہ
کشودِ کار : [ف امذ] کھلنا۔ مطلب حاصل ہونا۔ مشکل حل ہونا
کشود و بست : [ف امذ] کھلنا۔ بند ہونا۔ کنایۃً انتظام
کِشوَر : [ف امث] ولایت۔ ملک وغیرہ
کشورستان : [ف صف] بادشاہ۔ حاکم۔ ولایتوں کے مالک
کشور کشا/گیر : [ف صف] بادشاہ۔ ملک کا مالک۔ فاتح۔
کشور کشائی/گیری : [ف امث] دیکھیے "کشور کشا وغیرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کشور : [س امذ] لڑکا۔ جوان (۲) ہندوؤں کے نام کا آخری جزو (۳)، جانور کا بچہ۔
کشوری : [س امث] دیکھیے "کشور" جس کی یہ تانیث ہے
کَشید : [ف امث] کھنچاؤ۔ کشش (۲)، شکر رنجی۔ ملال۔
کشیدگی : [ف امث] کھنچاؤ۔ کشش (۲)، شکر رنجی۔ ملال

کَشِیدَہ : [ف صف] (۱) کھینچا ہوا (۲) رنجیدہ ۔ ملول (۳) دراز ۔ بلند (۴) (مذ) سوئی کا کام ۔ زر دوزی ۔ گلکاری

کَشِیدَہ خاطِر : [ف صف] رنجیدہ دل ۔ آزردہ ۔ ناراض ۔

کَشِیدَہ قامَت : [فع صف] لمبے قد کا ۔ دراز قد ۔

کَشِیدَہ کار : [ف صف] کڑھائی کا کام کرنے والا ۔ زر دوز ۔ سوئی کا کام کرنے والا

کَشِیدَہ کاری : [ف امث] سوئی کا کام ۔ کڑھائی ۔

کَشِیدَہ کاڑھنا : [ا ر محاورہ] (۱) سوئی کا کام کرنا ۔ باریک کام کرنا (۲) سستی سے کام کرنا ۔ کام میں دیر لگانا ۔

ک ع

کَعب : [ع امذ] (۱) ٹخنا ۔ پانسا ۔ نرد (۲) علم حساب میں کوئی عدد تین مرتبہ باہم ضرب کھاتا ہے تو اس کا حاصل ضرب کعب کہلاتا ہے ۔

کَعبَتَین : [ع امذ] کعب کا تثنیہ ۔ دونوں ٹخنے (۲) ہڈی کے دو مربع شش پہلو پانسے جن سے چوسر اور جوا کھیلا جاتا ہے (۳) ہر دو کعبہ یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس

کَعبَہ : [ع امذ] (۱) چار گوشوں والی چیز ۔ مربع (۲) مکہ مکرمہ ۔ اہل اسلام کے مقدس اور متبرک مقام کا نام جہاں ہر سال حج ہوتا ہے ۔ یہ عمارت چار گوشوں والی ہے ۔

کَعبَہ کی طَرَف ہاتھ اُٹھانا : [ا ر محاورہ] کعبہ کو اپنی قسم اور عہد کا گواہ ٹھہرانا ۔ کعبہ کی قسم کھانا ۔

کَعبَۂ مَقصُود : [ع امذ بترکیب فارسی] کنایۃً اصل مقصود

کَعبَہ ہو تو اس طرف مُنہ نہ کروں : [ا ر مثل] کسی جگہ سے اس قدر بیزار ہونا کہ اگر وہ مقام مقدس اور خدا کا گھر بھی ہو تو ادھر رُخ نہ کرنا نہایت بیزار ہونا ۔

ک ف

کَف : [انگ امذ] (cuff) کپڑے کی دوہری پٹی جو قمیص کی آستین کے آگے لگاتے ہیں ۔

کَف : [ع امذ] (۱) روکنا (۲) بحر کے رُکن کے ساتویں حرف کو ساقط کر دینا (۳) ہاتھ ۔ پنجہ ۔ ہتھیلی ۔

کَف : [ف امذ] (۱) تلوا ۔ پاؤں ۔ پاؤں کے پنجہ کا حصہ (۲) پنجۂ دست (۳) ہاتھ کی ہتھیلی (۴) جھاگ ۔ پھین (۵) تھوک ۔ بلغم

کَفِ آبگینہ : [ف امذ] وہ جھاگ جو شیشہ پگلانے سے اوپر آجاتا ہے ۔

کَف آنا : [ا ر محاورہ] منہ سے پھین گرنا ۔ منہ سے جھاگ نکلنا ۔

کَفِ افسوس مَلنا : [ا ر محاورہ] (۱) ہاتھ ملنا (۲) افسوس کرنا (۳) پچھتانا ۔

کَفِ بیضائے موسیٰ : [فع امذ] دیکھئے "ید بیضا"

کَفِ پا : [ف امذ] پاؤں کا تلوا ۔

کَف پائی : [ا ر امث] زنانہ سلیپر ۔ ایک قسم کی پتلی ایڑی کی جوتی ۔

کَفِ خاک : [ف امذ] مٹھی بھر خاک ۔ کنایۃً انسان

کَفِ دریا : [ف امذ] دریا کا جھاگ ۔ سمندر پھین ۔

کَفِ دَست : [ف امث] (۱) ہتھیلی (۲) برابر ۔ ہموار ۔ یکساں ۔

کَفِ دَست میدان / بیابان : [ف امذ] ویران جگہ ۔ سنسان ۔ جنگل

کَف لانا : [ا ر محاورہ] (۱) جھاگ لانا ۔ غصہ لانا (۲) بدمزاج ہونا (۳) بدی یا شرارت کرنا ۔

کَفِ لِسان : [عف امذ] زبان کو روکنا ۔ بد گوئی سے باز رہنا ۔

کَفِ مار : [ف امذ] سانپ کا جھاگ ۔

کَفِ مَرجان : [ف امث] مونگے کی شاخیں ۔ جو پنجے کی شکل کی ہوتی ہیں ۔

کَفا : [ف امث] (۱) تکلیف ۔ محنت ۔ تنگی (۲) مشکل سے ۔ دقت سے ۔

کُفّار : [ع امذ] دیکھئے "کافر" جس کی یہ جمع ہے ۔

کَفّارہ : [ع امذ] کسی خطا یا گناہ کا عوض ۔ تاوان ۔ ڈنڈ (افعال: بھرنا ۔ دینا

کَفاف : [ع امذ] روزینہ ۔ وظیفہ ۔ روزمرہ کا خرچ ۔ روٹی کپڑا

کَفالَت : [ع امث] ذمہ داری ۔ ضمانت ۔ ضامنی ۔ بار اُٹھانا ۔

کَفالَتِ خاص : [ع امث بترکیب فارسی] کسی شخص کا کسی چیز کے نہ دینے یا رکھ چھوڑنے کا اس بنا پر دعویدار ہونا کہ اس نے مذکورہ چیز پر محنت یا روپیہ صرف کیا

کَفالَت نامہ : [ع ف امذ] ضمانت کی دستاویز ۔ ضمانت نامہ

کِفایَت : [ع امث] (۱) کافی ہونا ۔ حسب ضرورت فائدہ حاصل ہونا (۲) بچت کمی ۔ صرفہ [افعال ۔ کرنا ۔ ہونا]

کِفایَت سے : [ا ر متعلق فعل] جُزرسی سے ۔ واجبی خرچ سے ۔

کِفایَت شِعار : [ع صف] کم خرچ کرنے والا ۔ جُزرس ۔ واجبی خرچ کرنے والا

کِفایَت شِعاری : [ع ف امث] دیکھئے "کفایت شعار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

کِفایَت کا : [ا ر صف] نفع کا ۔ فائدہ مند ۔ سستا ۔

کَفتار : [ف امذ] بجو ۔ چرخ ۔ ڈائن ۔

کَفچَہ : [ف امذ] (۱) چھوٹا کفگیر (۲) سانپ کا پھن

کُفر : [ع امذ] (۱) ناشکری (۲) خدا کو نہ ماننا ۔ انکار ۔ بے دینی (۳) ہٹ ۔ ضد

کُفر بَکنا : [ا ر محاورہ] بے دینی کی باتیں کرنا ۔ ملحدانہ باتیں کرنا ۔

کُفر توڑنا : [ا ر محاورہ] (۱) دین دار بنانا (۲) ضد توڑنا ۔ ہٹ توڑنا (۳) مطیع کرنا ۔ مرید کرنا ۔

کُفر ٹوٹا خدا خدا کرکے : [ا ر مثل] نہایت مشکل سے مانا یا راضی ہوا ۔

کُفر ٹوٹنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کفر توڑنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

کُفرِستان : [عف امذ] کافروں کا ملک ۔

کُفر کا فتویٰ دینا : [ا ر محاورہ] از روئے شرع کسی کو کافر قرار دینے کا حکم جاری کرنا ۔

کُفر کا کلمہ بولنا / مُنہ سے کہنا : [ا ر محاورہ] کفر بکنا ۔ بے دینی کے الفاظ زبان پر لانا

کُفر کچہری : [ا ر امث] بُری صحبت ۔ بد سنگت

کُفران : [ع امذ] ناشکری ۔ ناسپاسی

کُفرانِ نعمت : [ع امذ بترکیب فارسی] احسان فراموشی ۔ نعمت کی ناشکری ۔ نمک حرامی (افعال ۔ کرنا)

کفش : (ف اسٹ) جوتی۔ پاپوش۔
کفش بردار : (ف صف) جوتی اٹھانے والا۔ ادنیٰ۔ ادنیٰ مرتبہ کا۔
کفش برداری : (ف اسٹ) دیکھئے "کفش بردار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کفش خانہ : (ف اند) انکسار کے طور پر اپنے مکان کو کہتے ہیں۔
کفش دوز / گر : (ف صف) جوتی بنانے والا۔ موچی
کفش دوزی / گری : (ف اسٹ) دیکھئے "کفش دوز / گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کفش کن : (ف۔ اند) درگاہ کا وہ خادم یا دروازہ جہاں زائر جوتے اتارتے ہیں۔
کفش نشیں : (ف صف) جوتیوں میں بیٹھنے والا۔ ادنیٰ مرتبہ کا آدمی۔
کفک : (ف اسٹ) ہاتھ کی ہتھیلی (۲)، پاؤں کا تلوا۔
کفگیر : (ف اسم آلہ) ڈوئی۔ کفچہ۔ ڈنڈی والا بڑا چمچہ۔
کفگیرا ہو جانا : (ف اند) گھوڑے کے سم پھٹ جانا۔
کفگیرہ : (ف اند) سوراخ دار کفچہ جو حلوائیوں کے پاس ہوتا ہے۔
کفل : (ع اند) آدمی یا حیوان کے چوتڑ۔
کفن : (ع اند) وہ کپڑا جس میں مُردے کو لپیٹتے ہیں۔ مُردے کی چادر۔
کفن پھاڑ کر بولنا : (ا محاورہ) دفعتہً بول اٹھنا یا چیخ اٹھنا۔ ہیبت ناک آواز سے بول اٹھنا۔ نہایت مضطرب ہو کر بولنا۔
کفن پھاڑ کر نکل بھاگنا : (ا محاورہ) بے تاب ہو کر نکل بھاگنا۔
کفن چور : (ا اند) قبر کھود کر مردے کا کفن چرانے والا (۲)، شریر۔ بے رحم
کفن دفن : (ع اند) تجہیز و تکفین
کفن دینا : (ا محاورہ) مُردے کو کفن دینا۔ مُردے کو چادر پہنانا۔
کفن سر سے باندھنا / لپیٹنا : (ا محاورہ) جان پر کھیلنا۔ مرنے پر آمادہ ہونا۔
کفن کاٹھی کرنا : (ا محاورہ) تجہیز و تکفین کرنا۔
کفن کو کوڑی نہیں : (ا محاورہ) نہایت مفلس ہے۔ قلاش ہے۔
کفن کو لگے : (ا محاورہ) کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت کہتے ہیں۔ یعنی اگر کچھ ہو تو کفن کو لگے۔
کفن کھسوٹ : (ا اند) دیکھئے "کفن چور"
کفن کے کام آئے : (ا محاورہ) دیکھئے "کفن کو لگے"
کفن میلا نہ ہونا : (ا محاورہ) مرے ہوئے زیادہ دیر نہ ہونا (۲) تازہ معاملہ ہونا۔
کفن نصیب نہ ہو : (ا کوسنا) بے گور و کفن رہے۔
کفنانا : (ا مص متعدی) مُردے کو کفن پہنانا۔ مُردے کو نہلا دھلا کر کفن پہنانا۔
کفنی : (ف اسٹ) فقیروں کا ایک لباس جو مردے کے کفن کی طرح ہوتا ہے (۲) بے آستین کا کرتہ جو نوزائیدہ بچے کو پہناتے ہیں اور مُردے کو بھی پہنایا جاتا ہے
کفو : (ع صف) ہم جنس۔ ہم ذات۔ ہم قوم۔ ہم خاندان (۲) مانند۔ برابر (۳) اند۔ فرقہ۔ قوم۔ برادری۔
کفیاں : (ا صف ق) مست
کفیل : (ع صف) ذمہ دار۔ ضامن۔ جواب دہ (افعال: ہونا)

ک۔ک

ککھ : (ھ صف) سفید۔ بھورا (۲)، ھ، اچھا۔

کگر : (ا متعلق فعل ق) کہہ کر۔ سمجھ کر۔
کگرالی : (ھ اسٹ) ایک قسم کی گلٹی جو بغل میں ہو جاتی ہے (۲)، رال۔ پیپ۔
ککرمتا : (ھ اند) ایک قسم کی نباتات جو برسات میں اگتی ہے۔ کھمبی۔
ککروندا : (ھ اند) ایک درخت اور اس کا پھل۔
ککڑ : (ھ اند) ایک قسم کا بھربھرا تنباکو (۲)، حقے کا بڑا حصہ (۳)، لمبے نیچے کا حقہ (۴)، دبلا پتلا آدمی
ککڑ باز : (ا صف) بہت حقہ پینے والا۔
ککڑ خانہ : (ا اند) حقہ پینے کی جگہ۔ تکیہ۔ دائرہ (۲)، بری صحبت
ککڑ والا : (ا اند) بازاروں میں حقہ پلانے والا۔ مجازاً ذلیل و خوار آدمی۔
ککڑ : (ا اند) مرغا۔ طنزاً بوڑھا آدمی
ککڑوں کوں : (ا اصوت) مرغے کی اذان۔ مرغے کے بولنے کی آواز
ککڑی : (ا اسٹ) خیار۔ ایک قسم کی لمبی اور سبز ترکاری۔
ککڑی کا چور : (ا اند) ادنیٰ چور۔ چھوٹی چیزوں کا چور
ککڑی کا چور باندھا جانا : (ا محاورہ) چھوٹے قصور پر بڑی سزا ملنا۔
ککڑی کھیرا کرنا : (ا محاورہ) نہایت بے قدر سمجھ کر کوسنا۔ بات بات پر کوسنا۔
ککڑی کے چور کی گردن نہیں مارتے : (ا مثل) تھوڑی خطا پر بہت سزا نہیں دینی چاہئے۔
ککڑی : (ا اسٹ) کچے سوت کی لچھی۔ انٹی (۲)، مکئی کا بھٹا (۳)، آک کا ڈوڈا۔ (۴) مرغی
ککڑی ہو جانا : (ا محاورہ) سردی سے اینٹھ جانا (۲)، سوکھ کر دبلا ہو جانا۔
ککھوائی / ککھوالی : (ا اسٹ) دیکھئے "کگرالی"
ککیانا : (ا مص) بندر کا چلانا (۲)، چیخنا۔ چنگھاڑنا۔
ککیرا : (ا اند) ایک قسم کا پان

ک۔گ

کگار / کگر : (ا اسٹ) کنارا۔ حاشیہ۔ لب۔ حد (۲)، مکان کی کلگنی (۳)، دھار۔ باڑھ۔

ک۔ل

کل : (ا صف) دیکھئے "کالا" جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں بطور سابقہ استعمال ہوتا ہے۔
کل پوٹیا : (ا اند) ایک قسم کا کبوتر جس کا پوٹا کالا ہوتا ہے۔
کل جبھا : (ا صف) کالی زبان والا۔ منحوس (۲)، وہ شخص جس کی بددعا جلد اثر کرے۔
کل چھواں : (ا صف) سانولا۔
کل چڑا : (ا اند) ایک خوش آواز کالے رنگ کا چھوٹا سا پرندہ
کل چڑی : (ا اسٹ) دیکھئے "کل چڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کل چرسنجا : (ا اند) کالی چونچ والا کبوتر۔

کَل دُما : [ا ر امذ] (۱) سیاہ دم کا پرندہ (۲) وہ پتنگ جس کا نیچے کا حصّہ سیاہ ہو۔
کَل سرا : [ا ر صف] (۱) کالے سر کا پرندہ (۲) جوان آدمی (۳) کالے سر کا پتنگ۔
کَل سری : [ا ر امث] دیکھئے "کَل سرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کَل مُنہا / موہا : [ا ر صف] (۱) کالے منہ کا آدمی (۲) کم بخت۔ بدنصیب۔
کَل مُنہی / موہی / مُوئی : [ا ر امث] دیکھئے "کَل مُنہا / موہا" جس کی یہ تانیث ہے
کَل : [ا ر امث] مشین۔ کام کرنے کا اوزار۔
کَل بگاڑ دینا : [ا ر محاورہ] کسی آلہ کو بیکار کر دینا
کَل بگڑ جانا / بگڑنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کَل بگاڑ دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
کَل بے کَل ہونا : [ا ر محاورہ] (۱) کسی پُرزے کا جگہ سے بے جگہ ہونا۔ بے ترتیب ہونا (۲) بے آرامی ہونا۔
کَل پھیرنا : [ا ر محاورہ] کَل مروڑنا
کَل دار : [ا ر صف] (۱) کَل کے ذریعے سے بنا ہوا سکّہ یا روپیہ (۲) وہ پنجرہ جس میں چڑیوں کے پکڑنے کی کَل لگی ہوئی ہے۔
کَل دار بندوق : [ا ر امث] گھوڑے والی بندوق۔ توڑے دار بندوق۔
کَل کا : [ا ر صف] کَل کے ذریعے بنایا ہوا۔
کَل کا پتلا : [ا ر امذ] (۱) کَل کی طرح کا حرکت کرنے والا (۲) دوسرے کی مدد سے کام کرنے والا۔ دوسرے کا تابع (۳) کَل دار پتلی۔ مصنوعی انسان۔
کَل کا گھوڑا : [ا ر امذ] وہ گھوڑا جو کَل اور پُرزوں سے چلے۔
کَل کَل : [ا ر امث] جوڑ جوڑ۔ بند بند۔ انجر پنجر
کَل کَل توڑ دینا : [ا ر محاورہ] جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ بند بند ہلا دینا۔ ٹانکے توڑ دینا۔ ایک ایک عضو کو ڈھیلا کر دینا۔ بیکار کر دینا۔
کَل لگانا : [ا ر محاورہ] کسی آلے یا اوزار کو نصب کرنا۔ کسی پرندے یا چوہے کو پکڑنے کے لئے کوئی جال یا چٹکنی لگانا۔
کَل مروڑنا / موڑنا / گھمانا : [ا ر محاورہ] مشین کو چلتا کرنا۔ کَل درست کرنا (۲) خلاف کرنا۔ طبیعت کو پھیر دینا۔ برگشتہ کر دینا۔
کَل ہاتھ میں ہونا : [ا ر محاورہ] کسی پر قابو ہونا۔
کَل : [ا ر امث و مذق] ترکیب۔ حکمت (۲) فوارہ (۳) بندوق کا گھوڑا۔
کَل : [ا ر امث] آرام۔ چین۔ سکون۔ قرار۔ اطمینان
کَل آنا : [ا ر محاورہ] اطمینان ہونا۔ آرام ملنا۔ چین پڑنا
کَل بے کَل آنا : [ا ر محاورہ] (۱) بے آرام ہونا۔ ہل جانا (۲) بے ترتیب ہو جانا۔
کَل پانا : [ا ر محاورہ] آرام پانا یا اطمینان ہونا۔
کَل پڑنا : [ا ر محاورہ] اطمینان ہونا۔ آرام آنا۔
کَل سے بیٹھنا : [ا ر محاورہ] امن چین سے بیٹھنا
کَل : [ا ر امذ] (۱) گزرا ہوا دن (۲) آنے والا دن
کَل کا ذکر ہے : [ا ر محاورہ] تھوڑے عرصہ کی بات ہے۔
کَل کا لڑکا : [ا ر امذ] (۱) حال میں کا پیدا شدہ بچہ (۲) کنایۃً ناتجربہ کار۔
کَل کلاں (کو) : [ا ر متعلق فعل] پھر آئندہ زمانے میں۔

کَل کَل کرنا : [ا ر محاورہ] ہر روز کل کے وعدہ پر ٹالنا۔ لیت و لعل کرنا۔
کَل کو : [ا ر متعلق فعل] آئندہ پھر۔ زمانہ آئندہ میں۔
کَل کی بات : [ا ر امث] ابھی کا ذکر۔ حال کی بات۔ تھوڑے دنوں کا واقعہ
کَل کی خبر نہیں : [ا ر محاورہ] خدا جانے آئندہ کیا ہو۔
کَل کی کَل پر ہے / کَل کی کَل کے ہاتھ ہے : [ا ر مثل] آئندہ کی فکر ابھی نہ کرو۔
کَل کے جوگی کندھے پر جٹا : [ا ر مثل] کل کی پیدائش اور لستہ کمال کا دعویٰ۔ صرف بھیس بدلنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ جب تک زمانہ نہ گزرے فقیری نہیں آتی۔
کَل کیا ہو : [ا ر محاورہ] خدا جانے آئندہ کیا ہو۔
کُل : [ا ر امذ] گھونسا۔ مُکّا۔
کَل : [س امذ] (۱) پاسا (۲) پاسے کا دیوتا (۳) لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد (۴) چار جگوں میں سے آخری جگ جس کے ختم ہونے پر قیامت آئے گی۔
کَل جُگ : [س امذ] چوتھا جُگ۔ آخری زمانہ۔ بُرا زمانہ
کُل : [ا ر امذ ق] پھوڑا
کُل : [ا ر امذ ق] خاندان۔ گھرانہ۔ کنبہ۔ ذات
کُل اچھالنا : [ا ر محاورہ] خاندان کو بدنام کرنا
کُل بکھاننا : [ا ر محاورہ] (۱) کسی خاندان کی تعریف و توصیف کرنا (۲) کسی خاندان کا نسب نامہ پڑھنا (۳) خوشامد اور تعریف کرنا (۴) کسی کے بڑوں کو بُرا کہنا۔
کُل دھرم : [ھ امذ] خاندانی رسم و رواج۔ بڑوں کی ریت۔
کُل ونتا : [ھ صف] شریف خاندان کا۔ بڑے گھر کا۔
کُل ونتی : [ھ امث] دیکھئے "کُل ونتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کُل : [ع صف] (۱) تمام۔ سب۔ جملہ۔ پورا۔ کامل (۲) ہر۔ ہر ایک (۳) صرف۔ فقط (۴) صوفیا کی اصطلاح میں خدا تعالیٰ جو واحد مطلق ہے۔
کُلُّ جَدِیدٍ لَذِیذٌ : [ع مثل] ہر نئی چیز مزیدار ہوتی ہے۔
کُل جمع : [ع امذ] کل سرمایہ۔ میزان کل۔
کُلُّ مَمْنُوعٍ بَارِدٌ : [ع مقولہ] ہر کمٹی چیز سرد ہوتی ہے۔
کُلُّ شَیْئٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ : [ع مقولہ] ہر چیز اپنی اصل کی طرف پلٹتی ہے۔
کُلُّ طَوِیْلٍ اَحْمَقٌ : [ع مقولہ] ہر بڑے قد والا بیوقوف ہوتا ہے۔
کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ : [ع۔ آیت قرآن] ہر چیز پر فنا طاری ہو گی۔
کُل کائنات : [ع امث] (۱) تمام سرمایہ۔ کل بساط (۲) تمام دنیا
کُلُّہُم / کُلُّہُم اَجْمَعُوْن : [ع۔ صف] سب کے سب۔
کَلا : [س امث] (۱) بہت چھوٹا حصہ۔ ذرّے کا آٹھواں حصہ (۲) چاند کے قطر کا سولھواں حصہ (۳) درجہ کا ساٹھواں حصہ یعنی ایک منٹ (۴) مکر۔ فریب دھوکا۔ بہانہ (۵) شعبدہ (۶) ہنر۔ فن۔ گُن (۷) روشنی (۸) گانے کے چونسٹھ کمال (۹) نٹ کا کرتب (۱۰) کرامت۔ معجزہ
کَلا بازی : [ا ر امث] (غلط العام) ٹانگیں اوپر سر نیچے کر کے نٹ کا کرتب دکھانا (افعال: کھانا)
کَلا جنگ : [ا ر امث] کشتی کا ایک داؤ
کَلا کار : [ھ صف] (۱) فن کار۔ ہنرمند۔ صاحب کمال (۲) نٹ کھٹ شوخ (۳) فسادی۔ فریبی (۴) لُوبھی۔ مکّار

گلا : [ا، امذ] (۱) گردن (۲) گال (۳) جبڑا (۴) سُر (۵) لیمپ کا وہ پردہ جس پر بتی لگائی جاتی ہے (۶) بلند آوازی (۷) بد زبانی۔ شور و غل (۸) مکر۔ فریب۔ دھوکا (نیز دیکھئے "گلہ")

گلا توڑ : [ا، صت] بھاری کا۔ (۲) دندان شکن۔

گلا توڑنا : [ا، محاورہ] مغلوب کرنا۔

گلا پھلا : [ا، امذ] (۱) زبان درازی (۲) ظاہرداری (۳) رعب داب۔

گلا جبڑا : [ا، امذ] (۱) رخسار، گال (۲) بلند آوازی (۳) کنایۃً رعب دعاک

گلا چلے ستر بلا ٹلے : [ا، مثل] کھانے پینے سے آدمی توانا و تندرست رہتا ہے۔

گلا دبانا : [ا، محاورہ] بولنے سے روکنا

گلا کرنا : [ا، محاورہ] شور و غل کرنا۔ زبان درازی کرنا

گلا گرم ہونا : [ا، محاورہ] کچھ کھانا۔ کچھ کھانے کو مل جانا۔

کلا : [ا، صت ق] بے پروائی۔ کمال۔ سکت

کلا : [ھ، امذ] گلی۔ غرارہ

کلاب : [ع، امذ] دیکھئے "کلب" جس کی یہ جمع ہے۔

کلابتو / کلابتون [ت، امذ] چاندی یا سونے کے تار جو ریشم پر چڑھا کر بٹے جاتے ہیں۔ چاندی یا سونے کے تاروں کی ڈور۔

کلابتونی : [ت، صت] کلابتون کا بنایا ہوا

کلابہ : [ف، امذ] کچا سوت جو تکلے پہ لگا ہوا ہو۔

کلار : [ھ، امذ] شراب فروش۔ کلوار

کلارک : [انگ، امذ] دیکھئے "کلرک" جو زیادہ مشہور ہے

کلارینٹ : [انگ، امذ] clarinet ایک باجا جو منہ سے بجایا جاتا ہے۔ الغوزے سے مشابہ۔

کلاس : [انگ، امث] class درجہ، مرتبہ، پایہ، طبقہ (۲) جماعت۔ درجہ (۳) ذات۔ پات

کلاس فیلو / میٹ : [انگ، امذ] class fellow ہم سبق، ہم جماعت۔

کلاسی : [ا، امث ق] کلائی۔

کلاسیک : [انگ، صت و مذ] classic (۱) قدیم۔ اعلیٰ درجہ کا مستند (۲) ادبیات عالیہ

کلاسیکی : [ا، صت] انگریزی لفظ classical کا مورد۔ اعلیٰ درجے کا۔ مستند۔ مسلم الثبوت۔ ٹکسالی۔

کلاغ : [ف، امذ] جنگلی کوا۔

کلافر : [ا، امذ ق] لونگ۔ قرنفل

کلاک : [انگ، امذ] clock گھنٹہ۔ بڑی گھڑی

کلا گھات : [ا، امث ق] غداری۔ مکاری۔

کلال : [ھ، امذ] شراب بیچنے والا۔ مے فروش۔ کلوار

کلال خانہ : [ھ، ف، امذ] شراب کی دکان

کلال : [ف، امذ] کوزہ گر۔ کمہار۔

کلام : [ع، امذ] سخن، بات۔ گفتگو (۲) (نحو) وہ عبارت جو کلموں سے مرکب ہو۔ (۳) شعر و سخن۔ نظم (۴) (ا، منقولہ) قول (۵) ملفوظات (۶) تصنیف مضمون (۷) اعتراض۔ عذر (۸) وہ علم جس سے مذہبی عقائد کو عقلی دلیلوں سے ثابت کرتے ہیں (۹) سوال۔

کلام آجانا / آنا : [ا، محاورہ] مباحثہ ہونا۔ جھگڑا ہونا۔

کلام اٹھانا : [ا، محاورہ] قرآن کی قسم کھانا۔

کلام الٹنا : [ا، محاورہ] بات کا پہلو بدلنا۔

کلام اللہ : [ع، امذ] خدا کا کلام۔ کلامِ الٰہی۔ قرآن مجید

کلام اللہ اٹھانا : [ا، محاورہ] قرآن مجید اٹھا کر قسم کھانا

کلام الملوک ملوک الکلام : [ع، مثل] بادشاہوں کی باتیں نہایت اعلیٰ ہوتی ہیں۔

کلام اونچا کرنا : [ا، محاورہ] بات ماننا

کلام درمیان آنا : [ا، محاورہ] کسی بارے میں کچھ گفت و شنید ہونا۔

کلام دکھانا : [ا، محاورہ] نظم وغیرہ پر اصلاح لینا۔

کلام دیکھنا : [ا، محاورہ] شعر یا نظم کی اصلاح کرنا۔

کلام رکھنا : [ا، محاورہ] شبہ رکھنا۔ حجت رکھنا

کلام سرسبز ہونا : [ا، محاورہ] کلام مقبول ہونا۔

کلام کرنا : [ا، محاورہ] بولنا۔ بات چیت کرنا (۲) جھگڑنا۔ بحث کرنا (۳) شک کرنا۔

کلام کی جگہ : [ا، امث] کچھ کہنے سننے کا محل۔ اعتراض کا مقام۔

کلام گرم : [ع ف، امذ] شوخ کلام

کلام ملنا : [ا، محاورہ] کلام کا مشابہ ہونا۔

کلام منہ پر رکھنا / لانا : [ا، محاورہ] زبان سے کہنا۔

کلام مجید : [ع، امذ] دیکھئے "کلام اللہ"

کلام ناقص : [ع، امذ] (نحو) "ترکیب ناقص" مرکب جس سے سننے والے کو پورا فائدہ حاصل نہ ہو۔ مرکب غیر مفید جیسے احمد کا غلام۔ مسعود کا باپ۔ مرد عقل مند۔

کلام ہو جانا / ہونا : [ا، محاورہ] بحث ہو جانا۔ اعتراض ہو جانا۔

کلام ہے : [ا، محاورہ] اعتراض ہے۔ شبہ ہے۔ انکار ہے (۲) گفتگو ہے، بات ہے۔

کلامی : [ع، صت] دیکھئے "کلام" جس سے یہ منسوب ہے۔

کلاں : [ف، صت] بڑا۔ بزرگ (۲) لمبا۔ طویل (۳) بلند۔ اونچا (۴) وسیع۔ فراخ

کلانا : [ا، مع ق] ملانا۔ ملا جلا دینا۔

کلانا : [ا، مع] اچھکنا۔ رولنا۔ اناج صاف کرنا (۲) بدلنا

کلانا : [ا، مع ق] لڑنا۔ جھگڑا کرنا۔

کلانا : [ھ، مع] چوٹ کی وجہ سے کسی عضو کا درد کرنا (۲) سوزش ہونا (۳) جلنا

کلانج : [ا، امف] دیکھئے "قلانچ"

کلانونت : [ھ، امذ] ایک قسم کے ڈوم۔ وہ گویا جس کا خاندانی پیشہ گانا بجانا ہو۔

کلانی : [ف، امث] دیکھئے "کلاں"

کلاوہ : [ف، امذ] دیکھئے "کلابہ"

کلاہ : [ف، امذ] لمبی ٹوپی۔ تاج شاہی

کلاہ اُتارنا: [ا۔ محاورہ] ٹوپی اتارنا۔ بے عزت کرنا۔
کلاہ اچھالنا: [ا۔ محاورہ] ٹوپی اچھالنا
کلاہ تتری: [ف ا۔ مث] تاتاری ٹوپی جو اُمرا پہنتے تھے۔
کلاہ نمد: [ف ا۔ مث] نمدے کی ٹوپی جو فقیر پہنتے تھے۔
کلائی: [ھ ا۔ مث] ساعد۔ پہنچا۔ ہاتھ اور کہنی کا درمیانی حصہ (۲) (ق) قلعی۔
کلائی اتارنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کلائی پھیرنا"
کلائی اُترنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کلائی اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کلائی پنجہ: [ا۔ امذ] کلائی کرنا اور پنجہ لڑانا۔
کلائی پھیرنا: [ا۔ محاورہ] زور کر کے حریف کی کلائی کو گرفت سے ہٹا دینا۔
کلائی کا توڑا: [ا۔ امذ] سونے کی زنجیر جو کلائی میں پہنتے ہیں۔
کلائی کرنا: [ا۔ محاورہ] اپنی کلائی حریف کے ہاتھ سے چھڑا کر اس کی کلائی پر اپنا ہاتھ پہنچا دینا۔
کلائیاں مارنا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے کا پاؤں کو خاص انداز سے رکھ کر چلنا۔
کلب: [انگ ا۔ امذ] club انجمن۔ سبھا۔ بزم (۲) ڈنڈا۔ سونٹا لٹھ (۳) گاف کے کھیل وغیرہ کا ڈنڈا۔
کلب: [ع ا۔ امذ] کتا۔
کلبل: [ھ ا۔ مث] آفت۔
کلبل: [ا۔ امث] کیڑوں کا رینگنا (۲) کھلبلی (۳) بچے پلے۔
کلبلانا: [ا۔ مص] کیڑوں مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا۔ کلبل ...۔
کلبلانا: [ا۔ مص] (۱) آہستگی سے ہلنا (۲) کھجانا (۳) بیقرار ہونا۔ تڑپنا (۴) کیڑوں کا رینگنا (۵) انتڑیوں کا بولنا (۶) گدگدیاں کرنا۔
کلبلاہٹ: [ا۔ امث] کیڑوں کا رینگنا (۲) آہستگی سے حرکت کرنا۔
کلبہ: [ف ا۔ امذ] چھوٹا سا گھر۔ غریبوں کا جھونپڑا (۲) گوشہ۔ کونا۔
کلبۂ احزاں: [ف ا۔ امذ] غم کا گھر۔ ماتم کدہ۔
کلبی: [ع ا۔ صف] دنیا و مافیہا سے بے زار۔ مردم بے زار۔ نک چڑھا۔ (۲) (...)
کلبیت: [ع ا۔ امث] مردم بے زاری۔ عیش سے نفرت
کلپ: [انگ ا۔ امذ] clip کاغذوں یا بالوں کو اکٹھا رکھنے کی چٹکی۔
کلپ: [س ا۔ امذ] وید کے چھ انگوں میں کا ایک انگ۔ وید کی ایک فصل (۲) قیامت (۳) خطرہ۔ اندیشہ (۴) شک و شبہ (۵) مطلب۔ مراد (۶) دیوتاؤں کے ہزار جگ کے برابر کا زمانہ (۷) صرف و نحو گرامر۔
کلپ برچھ: [س ا۔ امذ] بہشت کا ایک درخت
کلپانا: [ھ مص] ستانا۔ دکھ دینا۔ ظلم کرنا۔ بیقرار کرنا۔ تڑپانا۔
کلپنا: [ھ مص] دیکھیے "کلپانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کلتکا: [ا۔ امذ ق] معمار
کلتن: [ا۔ صف ق] بُرا۔ بدسلیقہ۔
کلتھی: [ھ ا۔ مث] ماش
کلتا: [ھ ا۔ امذ] ایک قسم کا کھانچا۔
کل جانا: [ھ محاورہ] اکیلا جانا (۲) منتر کے ذریعے قابو کر لینا۔
کلچ: [انگ ا۔ امذ] clutch وہ آلہ جس سے مشین چلائی یا ٹھہرائی جاتی ہے

کلچا / کلچہ: [ا۔ امذ] ایک قسم کے میدے کی چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکائی جاتی ہے۔
کلچا سا: [ا۔ صف] کلچے کی مانند پھولا ہوا
کلچر: [انگ ا۔ امذ] culture ثقافت۔ تہذیب۔ ترقی (۲) زراعت۔ کاشت
کلچرل: [انگ صف] cultural تہذیبی۔ ثقافتی۔
کلچھن: [ھ ا۔ امذ] بُرا کام۔ بدکرداری
کلچھنا: [ھ صف] بدکردار۔ بدچلن
کلچی: [ا۔ امث ق] انگلیوں کا جوڑ
کلر: [ا۔ صف] (۱) بنجر۔ شور (۲) (مث) وہ زمین جس میں شوریت کے باعث کچھ پیدا نہ ہو
کلراٹھی: [ا۔ امث] کلر والی۔
کلر: [ا۔ امذ ق] چور۔ لٹیرا
کلرک: [انگ ا۔ امذ] clerk محرر۔ منشی۔ اہلمد
کلرکی: [ا۔ امث] منشی گری۔
کلرن: [ھ ا۔ مث] جونک لگانے والی عورت
کلرٹھ: [ھ صف] (۱) بے وقوف۔ جاہل (۲) مٹی کا برتن۔
کلس: [ھ ا۔ امذ] گنبد کے اُوپر کا نوکدار حصہ (۲) سنہری کلغی جو مندروں۔ مسجدوں یا گنبدوں پر لگی ہوتی ہے۔
کلسا: [ھ ا۔ امذ] تانبے یا پیتل کا تنگ منہ کا بڑا گھڑا۔ دیگچہ۔ گاگر۔
کلسٹ: [ا۔ صف ق] کالا۔ سیاہ۔
کلغا: [ا۔ امذ] ایک سرخ رنگ کا پھول۔ تاج خروس
کلغی: [ا۔ امث] پرندوں کے خوش نما پَر جو بادشاہ اپنے تاج ٹوپی یا پگڑی پر لگاتے ہیں۔ طرّہ (۲) مور یا دوسرے پرندوں کے سر کا تاج۔ پرندوں کی چوٹی
کلف: [ا۔ امذ ق] قفل
کلف: [ا۔ امذ] ایک پکا ہوا لیس دار مادہ جسے پانی میں ملا کر کپڑے کو اس میں ڈبوتے ہیں (۱) ہار (۲) وہ سیاہ دھبے جو خون کے خراب ہونے سے منہ پر آجاتے ہیں (۳) وسمہ۔ خضاب
کلفت: [ع ا۔ امث] رنج۔ تکلیف۔ مصیبت (۲) کدورت۔ رنجش۔
کلفت دُور ہونا: [ا۔ محاورہ] (۱) رنج و تکلیف جاتی رہنا (۲) کدورت کا جاتا رہنا۔
کلفہ: [ھ ا۔ امذ] دیکھیے "خرفہ"
کلک: [ف ا۔ امث] (۱) نے جو اندر سے کھوکھلی ہو (۲) قلم
کلکار مارنا: [ا۔ محاورہ ق] زور سے چلانا۔
کلکارنا: [ا۔ محاورہ] پکارنا۔ نعرہ لگانا۔ چیخنا۔
کلکاری: [ا۔ امث] چیخ۔ زور کی آواز (۲) بندر کی آواز [افعال: مارنا]
کلکانا: [ا۔ مص ق] (۱) بددعا دینا (۲) شور کرنا۔
کلکتہ دکھانا: [ا۔ محاورہ] بچے کو کھلاتے ہوئے اس کے کانوں پر ہاتھ رکھ کر اپنے سر سے اونچا کرنا۔
کلکتیا پان: [ا۔ امذ] ایک قسم کا پان جو کلکتہ کی طرف ہوتا ہے اور کڑوا ہوتا ہے
کلکٹر: [انگ ا۔ امذ] collector ضلع دار۔ ڈپٹی کمشنر (۲)

مصل۔ وصول کرنے والا۔ لگا رہنے والا۔
کلکٹری : (ا۔ امث) دیکھئے "کلکٹر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کلکل : (ا۔ امث) (۱) بک بک (۲) جھگڑا (۳) شور و غل (۴) عورتوں کا بلند آواز سے لڑنا
کلکل پٹ پٹ : (ا۔ امث) بکواس۔ جھگڑا۔ بکھیڑا
کلکل کاٹنا : (ا۔ امذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں لکیریں کھینچ کھینچ کر چھوڑ دیتے ہیں۔
کلکل کرنا : (ا۔ محاورہ) (۱) بکواس کرنا۔ باہم تکرار کرنا (۲) دماغ پریشان کرنا۔
کلکلا : (ا۔ صف) بالکل۔ پورا پورا۔ تمام کا تمام
کلکلاٹ : (ا۔ امث ق) صبر
کلکلانا : (ا۔ مص) کاٹ کھانے کو دوڑنا۔ بدمزاج اور ترش رو ہونا۔ چڑچڑا ہونا۔
کلکم : (ا۔ امذ ق) انجن
کلکنا : (ا۔ مص) (۱) کبوتر کے بچے کا پرواز میں تیزی کرنا (۲) چوپایوں کے بچوں کا میدان میں اچھلنا کودنا (۳) نگلنا۔ زہر مار کرنا۔ بے رغبتی سے کھانا۔
کلکوٹ : (ا۔ امث ق) ہوس۔ لالچ
کلکی : (ا۔ امث ق) تمباکو پینے کی نے
کلکی : (ف۔ امث) دیکھئے "کلغی"
کلما : (ا۔ امذ) مسالے دار قیمہ بھری ہوئی بکری کی انتڑی۔
کل مکھی : (ا۔ صف ق) سیاہ رو۔ کالی۔
کلمہ : (ع۔ امذ) (۱) لفظ۔ بات۔ قول (۲) وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے (۳) دین اسلام کی صداقت کا عقیدہ (۴) مجازاً خدا کا نام۔
کلمۃ الحق : (ع۔ امذ) سچی بات۔ حق کی بات۔ انصاف کی بات
کلمۃ الخیر : (ع۔ امذ) نیک بات۔ نیک صلاح
کلمۃ اللہ : (ع۔ امذ) کنایۃً حضرت عیسیٰ علیہ السلام
کلمہ بھرنا : (ا۔ محاورہ) (۱) اللہ کہنا۔ خدا کا نام لینا (۲) کسی کا بہت معتقد اور ارادت مند ہونا۔
کلمہ پڑھانا : (ا۔ محاورہ) مسلمان کرنا۔ مسلمان بنانا۔ اسلام میں لانا۔
کلمہ پڑھنا : (ا۔ محاورہ) خدا تعالیٰ کی توحید کا اقرار کرنا۔ کلمہ شہادت زبان سے نکالنا۔ مسلمان ہونا (۲) خدا کا نام لینا (۳) کسی کی اطاعت و فرمانبرداری کرنا (۴) کسی بات میں استاد یا کامل ماننا (۵) کسی کا نام یاد کرتے رہنا (۶) کسی کا عاشق ہونا
کلمہ پڑھوانا : (ا۔ محاورہ) مطیع کرنا۔ فرمانبردار کرنا۔
کلمۂ تکبیر : (ع۔ امذ بترکیب فارسی) اللہ اکبر سے مراد ہے
کلمۂ شہادت : (ع۔ امذ بترکیب فارسی) اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ اس کلمہ میں صرف خدا تعالیٰ ہی کے معبود ہونے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بندہ اور رسول ہونے پر گواہی دی جاتی ہے۔
کلمۂ طیبہ : (ع۔ امذ) پہلا کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
کلمۂ کفر : (ع۔ امذ) (۱) وہ بات جس سے دین کی مخالفت و اہانت ہو (۲) غرور و گھمنڈ کی بات
کلمہ گو : (ع ف۔ صف) (۱) مسلمان۔ دین کا کلمہ پڑھنے والا (۲) دعا گو۔ معتقد۔
کلمے کا شریک : (ا۔ امذ) مسلمان بھائی۔ دینی بھائی۔
کلمے کی انگلی : (ا۔ امث) انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔

کلن : (ا۔ امث) (۱) زخم کی ٹیس (۲) درد
کلنا : (ا۔ مص) کراہنا۔
کلنتر : (ا۔ امذ ق) (۱) دور (۲) بدسلیقہ
کلنج : (ا۔ صف) (۱) وہ گھوڑا جس کی ٹانگیں چلتے وقت آپس میں ٹکراتی ہوں (۲) گھوڑے کا ایک عیب جس میں ٹانگیں ٹکراتی ہیں (۳) ٹیڑھی ٹانگوں والا آدمی (۴) ایک قسم کا شیرازی کبوتر۔
کلند : (ت۔ امذ) پھاوڑا
کلندر : (ا۔ امذ) انگریزی لفظ calendar کا بگاڑ۔ فہرست جرائم۔ قرارداد۔ جنتری۔
کلندرا : (ھ۔ امذ) تربوز۔
کلنک : (س۔ امذ) عیب۔ الزام۔ بدنامی۔ دھبا۔ سیاہی۔ داغ۔
کلنک چڑھانا : (ا۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
کلنک کا ٹیکا : (ا۔ امذ) بدنامی کا دھبا۔ داغ۔ رسوائی۔
کلنک کا ٹیکا لگانا : (ا۔ محاورہ) عیب لگانا۔ الزام لگانا۔
کلنک کا ٹیکا لگنا : (ا۔ محاورہ) دیکھئے "کلنک کا ٹیکا لگانا" جس کا یہ لازم ہے
کلنکہ : (ا۔ امث ق) کسوٹی
کلنکی : (ا۔ صف) بدنام۔ رسوا۔ ذلیل وہ شخص جس نے گائے یا برہمن کو قتل کیا ہو۔
کلنگ : (ف۔ امذ) (۱) قاز۔ ایک آبی پرندہ (۲) لمبی ٹانگوں والا آدمی۔ (۳) اصیل مرغ۔
کلنگڑا : (ا۔ امذ ق) تربوز
کلنگڑا : (ا۔ امذ ق) موٹا۔ فربہ۔
کلنی : (ھ۔ امث) چیچڑی جو انسان کے جسم وغیرہ پر بھی چڑھ جاتی ہے۔ لیکن دوسرے جانوروں کے زیادہ ہوتی ہے اور خون چوستی ہے۔
کلو : (ا۔ صف) کالے رنگ کا آدمی۔ مؤنث کے لئے واؤ مجہول کے ساتھ۔
کلو : (انگ۔ سابقہ) (kiloo) ہزار مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
کلوگرام : (انگ۔ امذ) ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولے کے برابر وزن (KILO GRAM)
کلومیٹر : (انگ۔ امذ) kilo-meter ۵ فرلانگ یا (۱۱۰۰) گیارہ سو گز کے برابر کا فاصلہ۔
کلوواٹ : (انگ۔ امذ) kilo watt برقی طاقت کا درجہ یا پیمانہ
کلوا : (ا۔ صف) (۱) دیکھئے "کلو" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) امنا کالا کلوٹا
کلوا بیر : (ہ۔ امذ) ایک فرضی کالا موکل۔ کالا دیو (جادوگروں کی اصطلاح)
کلوار : (ہ۔ امذ) کلال۔ مے فروش
کلوارن / کلوارنی : (ہ۔ امث) دیکھئے "کلوار" جس کی یہ تانیث ہے
کلوانا : (ا۔ مص) (۱) کیلیں جڑانا (۲) منتر پڑھ کر کیلوں سے بند کرانا۔ تسخیر کرانا۔
کلوائی : (ا۔ امث) (۱) کیلنے کا عمل (۲) کیلنے کی اجرت۔
کلوٹا : (ا۔ صف) کالا۔ سیاہ
کلوٹی : (ا۔ صف۔ مث) دیکھئے "کلوٹا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کلوخ : (ف۔ امذ) مٹی کا ڈھیلا۔ کچی یا پکی اینٹ کا ٹکڑا۔

کلوخ انداز ؛ [ف۔ صف] (۱) ڈھیلے مارنے والا۔ غلیل چلانے والا (۲) امذ قلعے کے وہ سوراخ جن میں سے دشمن پر پتھر وغیرہ پھینکتے تھے۔
کلوخ انداز را پاداش سنگ است ؛ [ف۔ مثل] اینٹ کا جواب پتھر ہے خواہ مخواہ چھیڑ کرنے والے کو سزا ملنی چاہیئے
کلوخ اندازی ؛ [ف۔ امث] ڈھیلے مارنے کا فعل۔ غلیل چلانا۔
کلور ، [ہ امث] گدھے کا بچہ جو جوان ہونے کے قریب ہو۔
کلول ؛ [ار۔ امث] (۱) اُچھل کود۔ کھیل کود (۲) شوخی (۳)، دل لگی۔ تفریح (۴) چین۔ مزہ۔ عیش (افعال: کرنا)
کلول تُلنا ؛ [ار۔ محاورہ] مصیبت دُور ہونا
کلولیں کرنا ؛ [ار۔ محاورہ] جانوروں کا آپس میں چُہل کرنا یا خوشی سے اُچھلنا کودنا
کلونجی ؛ [ار۔ امث] چھوٹے چھوٹے سیاہ بیج جو اچار کے مصالحہ میں اور دوا میں استعمال ہوتے ہیں
کلونس ؛ [ار۔ امث] (۱) کالک۔ سیاہی۔ کلنک (۲)، داغ۔ دھبا (۳)، رُسوائی۔ بدنامی۔ الزام
کلونس کا ٹیکا ؛ [ار۔ امذ] دیکھیے "کلنک کا ٹیکا"
کلونس لگانا ؛ [ار۔ محاورہ] دیکھیے "کلنک چڑھانا"
کلہ ؛ [ف۔ امذ] سر۔ گال۔ جبڑا۔ نیز دیکھیے "کلا"
کلہ بہ کلہ جواب دینا ؛ [ار۔ محاورہ] برابر کا جواب دینا
کلہ بہ کلہ لڑنا ؛ [ار۔ محاورہ] برابری کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
کلہ دراز ؛ [ف صف] چلا کر بولنے والا۔ زبان دراز۔ لڑاکا۔
کلہ درازی ؛ [ف۔ امث] دیکھیے "کلہ دراز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کلہ ؛ [ف امذ] دیکھیے "کلاہ" جس کا یہ مخفف ہے۔
کلہارنا ؛ [ار مص] دال کا چھلکا جلا کر اتارنا۔
کلہاری ؛ [ھ۔ صف مث] جھگڑالو عورت۔ لڑاکی
کلہاڑا ؛ [ار۔ امذ] لکڑی چھانٹنے کا ایک آلہ۔ تبر۔
کلہاڑی ؛ [ار۔ امث] دیکھیے "کلہاڑا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
کلھڑ ؛ [ار۔ امذ] (۱) مٹی کا آب خورہ (۲)، ایک قسم کی آتش بازی (۳) صف بے ڈول آدمی۔ جاہل۔ اُجڈ۔
کلھڑا ؛ [ار۔ امذ] دیکھیے "کلھڑ" بمعنی ۱۔
کلھیا / کلیا ؛ [ار۔ امث] (۱) مٹی کا چھوٹا برتن (۲) چھوٹی ہنڈیا (۳)، وہ ظرف جس میں کتھا یا چونا رکھتے ہیں (۴)، ایک قسم کی آتش بازی
کلھیا سا ؛ [ار۔ صف] چھوٹا سا۔ بند۔ تنگ
کلھیا لگانا ؛ [ار۔ محاورہ] بھری سینگی لگانا
کلھیا میں گڑ پھوٹنا ؛ [ار۔ محاورہ] دیکھیے "کلھیا میں گڑ پھوڑنا" جس کا یہ لازم ہے
کلھیا میں گڑ پھوڑنا ؛ [ار۔ محاورہ] (۱) چھپ کر کوئی کام کرنا (۲)، ناممکن کام کرنا
کلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے ؛ [ار۔ محاورہ] راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔ برائی نہیں چھپتی۔
کلھیاں بھرنا ؛ [ار۔ محاورہ] دودھ یا شربت کی کلھیاں بھر کر دیوتا پر چڑھانا۔

کلی ؛ [ار۔ امث] (۱) بے کھلا پھول (۲)، کپڑے کا گاؤ دُم ٹکڑا جو کرتے یا قمیض کے پاینچے میں ڈالتے ہیں (۳)، ایک قسم کا حقہ جو ابتدا میں صراحی نما کلی کی صورت میں بنایا جاتا تھا (۴)، ترنج نما۔ قلمی (۵) کنایۃً باکرہ۔ کنواری (۶)، پرندوں کے نئے اور چھوٹے پر۔
کلی پوش ؛ [ار۔ صف] پرندہ کا بچہ جس کی کلی نکلی ہو (ترکیب غلط ہے)
کلی پھوٹنا ؛ [ار۔ محاورہ] (۱) پرند کے ابتدائی پر نکلنا (۲)، پھول شگفتہ ہونا۔
کلی چٹکنا ؛ [ار۔ محاورہ] کلی کھلنا۔ پھول شگفتہ ہونا
کلی دار پاجامہ / پائجامہ ؛ [ار۔ امذ] وہ پاجامہ جس میں کلیاں ڈالی جاتی ہیں۔
کلی کھلنا ؛ [ار۔ محاورہ] (۱) غنچہ شگفتہ ہونا (۲)، دل خوش ہونا۔ فرحت ہونا۔
کلی مرجھانا ؛ [ار۔ محاورہ] (۱) غنچہ پژمردہ ہونا (۲)، طبیعت بجھ جانا۔ کبیدہ ہونا۔
کلّی ؛ [ع صف] (۱) پورا۔ تمام (۲)، (منطق) جس کے مفہوم میں بہت سے افراد شامل ہوں۔ مثلاً انسان۔
کلّی ؛ [ار۔ امث] (۱) رقیق چیز منہ میں ڈال کر اُگلنا۔ غرغرہ (افعال: پڑنا۔ تھوکنا۔ کرنا) (۲)، وہ دوا جس سے غرارے کرتے ہیں۔
کلّی ؛ [ار۔ امث] (۱) کھونٹی۔ کیل (۲)، پیچ (افعال: ماننا) (۳)، کلغی۔ چوٹی
کلّے ؛ [ار امذ] دیکھیے "کلا" جس کی یہ جمع ہے۔
کلّے پائے ؛ [ار۔ امذ] بکری کا سر اور پاؤں جو پکائے جاتے ہیں۔
کلّے تلے دبا لینا ؛ [ار۔ محاورہ] (۱) چبا ڈالنا (۲)، قابو کر لینا (۳)، اپنی آواز کے آگے دوسرے کی نہ سننا۔ دوسرے کو بات نہ کرنے دینا۔
کلّے چیرنا ؛ [ار۔ محاورہ] گال چیرنا۔ گستاخی کے جواب میں کہتے ہیں۔
کلّے والی ؛ [ار۔ صف] بلند آواز عورت۔ زبان دراز عورت
کلیا ؛ [ار۔ امث] تنگ کوچہ
کلیات ؛ [ع۔ امذ] (۱) "کلی" کی جمع (۲)، مجموعہ کلام۔ تصنیفات کا مجموعہ۔ (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے)
کلیان ؛ [س۔ امذ] (۱) خیریت۔ خوشی۔ راحت (۲)، نجات۔ مکتی (۳) خوش حالی۔ خوش نصیبی۔ (افعال: ہونا)
کلیاں ؛ [ار امث] "کلی" کی جمع
کلیاں آنا ؛ [ار۔ محاورہ] (۱) غنچوں کا نمایاں ہونا (۲)، پرندوں کے نئے پر نکلنا
کلیاں پڑنا ؛ [ار محاورہ] گھیر بڑھانے کے لیے کسی لباس میں کلیاں سینا۔
کلیاں ڈالنا ؛ [ار محاورہ] دیکھیے "کلیاں پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
کلیجا ؛ [ہ۔ امذ] (۱) ایک اندرونی عضو جس میں بہت پیدا ہوتا ہے اور خون صاف ہوتا ہے۔ جگر (۲)، ہمت۔ حوصلہ۔ جرأت۔ دلیری۔ ظرف (۳)، پیارا یا عزیز شخص (۴)، عزیز چیز۔ دولت۔ پونجی (۵)، پیٹ (۶)، دل (۷)، سینہ (۸)، جھوٹ کے موقع پر (۹)، کلمۂ تنفر و اکراہ
کلیجا اچھل پڑنا ؛ [ار محاورہ] خوشی یا ڈر ہونا
کلیجا اچھلنا ؛ [ار محاورہ] خوشی سے بیتاب ہونا۔ دل دھڑکنا۔
کلیجا اڑا جانا ؛ [ار محاورہ] (۱) دل کا پریشان ہوا جانا (۲)، اوسان اڑ جانا۔
کلیجا الٹا جانا ؛ [ار محاورہ] قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا۔
کلیجا الٹ پلٹ ہونا ؛ [ار محاورہ] (۱) بہت اضطراب ہونا۔ سخت بے چینی ہونا

کلیجا اُلٹ جانا: [ا، محاورہ] (۱) دل اُلٹ جانا۔ دل کا تہ و بالا ہو جانا۔ دل اُلٹ ہو جانا (۲) متواتر قے آنے سے دَم اُلٹ جانا (۳) قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا۔
کلیجا اُلٹنا: [ا، محاورہ] (۱) دل کا بیقرار ہونا۔ جی گھبرانا۔ دہشت ہونا۔
کلیجا اُمنڈنا: [ا، محاورہ] (۱) رقت طاری ہونا۔
کلیجا اندر سے اُمڈا چلا آتا ہے: [ا، محاورہ] سخت بے چینی یا گھبراہٹ سے رونا چلا آتا ہے۔
کلیجا بانسوں / بَلّیوں اُچھلنا: [ا، محاورہ] کمال بے چینی / اضطراب ہونا
کلیجا بڑھ جانا: [ا، محاورہ] ہمت بڑھ جانا۔ خوشی سے دل باغ باغ ہو جانا
کلیجا بُھن جانا: [ا، محاورہ] دیکھئے "کلیجا بھونا" جس کا یہ لازم ہے۔
کلیجا بھونا: [ا، محاورہ] دیکھئے "کلیجا جلانا"
کلیجا بیٹھا جانا: [ا، محاورہ] دل کا خوف یا ناتوانی کی وجہ سے ڈوبا جانا۔ (۲) مضمحل ہوا جانا۔
کلیجا بیندھنا: [ا، محاورہ] طعنے مہنے کی باتوں سے دل میں زخم ڈالنا۔ بول مارنا۔
کلیجا پاش پاش ہو جانا: [ا، محاورہ] دل دکھنا / کڑھنا۔ رنج و غم ہونا دل پر صدمہ ہونا۔
کلیجا پانی کرنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "کلیجا پانی ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
کلیجا پانی ہونا: [ا، محاورہ] نہایت رحم یا ترس آنا (۲) دل کا کسی صدمے سے متاثر ہونا (۳) بہت خوفزدہ ہونا۔
کلیجا پتھر کا کر لینا: [ا، محاورہ] دل کا نہایت سخت کرنا۔
کلیجا پتھر کا ہو جانا: [ا، محاورہ] دل کا نہایت سخت ہونا۔
کلیجا پس جانا: [ا، محاورہ] کمال روحانی صدمہ ہونا۔
کلیجا پکا دینا / پکانا: [ا، محاورہ] دیکھئے "کلیجا پک جانا" جس کا یہ متعدی ہے
کلیجا پک جانا / پکنا: [ا، محاورہ] دل جلنا۔ سخت رنج ہونا (۲) دل کو صدمہ پہنچنا (۳) کسی کی رنج دینے والی باتوں سے صدمہ پہنچنا۔
کلیجا پکڑ کے رہ جانا: [ا، محاورہ] (۱) کسی صدمے کی تاب نہ لاسکنا۔ دھک ہو جانا۔ تڑپ کر رہ جانا (۲) عش عش کرنا۔ لوٹ ہونا۔ مزے میں آ کر پیٹنے لگنا۔
کلیجا پکڑ لینا: [ا، محاورہ] صدمہ یا مصیبت کی وجہ سے کلیجے پر ہاتھ رکھ لینا (۲) سخت صدمے سے بے چین ہو جانا (۳) کسی دوا کا دل پر جا کر برا اثر کرنا۔
کلیجا پکڑنا: [ا، محاورہ] کلیجے کو تھام / دبا لینا کہ زیادہ صدمہ نہ پہنچے۔
کلیجا پکڑے ہوئے: [ا، متعلق فعل] اضطراب یا بے چینی کی حالت میں۔
کلیجا پک کے پھوڑا ہونا: [ا، محاورہ] کمال صدمہ پہنچنا۔
کلیجا پکنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "چھاتی پکنا"
کلیجا پھٹا جانا: [ا، محاورہ] صدمہ / رحم / ہمدردی سے دل بیقرار یا بے چین ہونا۔
کلیجا پھٹ جانا: [ا، محاورہ] (۱) جگر کا ٹکڑے ٹکڑے یا شق ہونا (۲) دل کا پاش پاش ہونا (۳) سخت صدمہ پہنچنا (۴) عشق و محبت کا گھائل ہونا (۵) آپس میں ناراضگی یا نا اتفاق ہو جانا (۶) حسد یا رشک سے جل مرنا (۷) دھک سے رہ جانا (۸) عاشق ہو جانا۔
کلیجا پھٹنا: [ا، محاورہ] (۱) رحم آنا۔ ترس آنا (۲) کسی کی مصیبت دیکھ نہ سکنا (۳) دل پر صدمہ ہونا۔ دل بھر آنا (۴) حسد / رشک سے جلنا
کلیجا پھڑکنا: [ا، محاورہ] کلیجا بے تاب ہونا
کلیجا پھنکنا: [ا، محاورہ] کلیجا جلنا
کلیجا پھونکنا: [ا، محاورہ] کلیجا جلانا۔
کلیجا پیپ ہو جانا: [ا، محاورہ] کلیجا پک جانا۔
کلیجا پیسنا: [ا، محاورہ] روحانی صدمہ پہنچانا
کلیجا تر ہو جانا: [ا، محاورہ] دولت مند ہونا۔
کلیجا توڑ دینا: [ا، محاورہ] کلیجے کے پار ہونا۔ کلیجے پر اثر کر جانا۔
کلیجا تھام کر / کے رونا: [ا، محاورہ] بہت رونا۔ بیتابانہ رونا۔
کلیجا تھام کر / کے بیٹھ جانا: [ا، محاورہ] دل پکڑ کر مسوس کر رہ جانا۔ ضبط کرنا
کلیجا تھام کر / کے رہ جانا: [ا، محاورہ] (۱) بہت بیتاب یا بیقرار ہونا (۲) صدمے کی تاب نہ لاسکنا مگر ضبط کرنا (۳) رنج و الم کا اظہار نہ کرنا۔
کلیجا تھام لینا: [ا، محاورہ] بیتابی کی شدت سے جگر پکڑ لینا۔ سخت بے چین ہونا۔
کلیجا تھرتھرانا: [ا، محاورہ] (۱) سخت سردی لگنا (۲) سخت خوف یا وحشت ہونا
کلیجا ٹوٹا جانا: [ا، محاورہ] بھوک کے مارے بُرا حال ہونا۔
کلیجا ٹوٹنا: [ا، محاورہ] دل پر چوٹ لگنا۔
کلیجا ٹوک ٹوک ہونا: [ا، محاورہ] سخت صدمہ پہنچنا۔ دل بیتاب یا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
کلیجا ٹھنڈا رہنا: [ا، محاورہ] (۱) خوش رہنا۔ کوئی رنج نہ پہنچنا (۲) آرام اور چین سے رہنا۔
کلیجا ٹھنڈا کرنا: [ا، محاورہ] (۱) چین دینا۔ تسکین دینا (۲) کسی کو خوش کرنا۔
کلیجا ٹھنڈا ہونا: [ا، محاورہ] (۱) دل میں ٹھنڈک ہونا (۲) جی خوش ہونا (۳) طبیعت کو راحت حاصل ہونا (۴) صبر آنا۔ چین پڑنا (۵) تسلی ہونا۔
کلیجا جلانا: [ا، محاورہ] (۱) رنج دینا۔ دل جلانا (۲) کلیجے پر کسی گرم چیز کا اثر کرنا (۳) زیادہ محنت لینا (۴) آزردہ کرنا۔
کلیجا جلنا: [ا، محاورہ] (۱) رنج ہونا۔ غم کھانا (۲) آزردہ ہونا۔ کوفت ہونا (۳) کسی گرم چیز کی وجہ سے کلیجے پر اثر ہونا۔
کلیجا جلی: [ا، صف] غم زدہ
کلیجا جلی کنکّل: [ا، اسم] وہ کنکل پتنگ، جس کا درمیان کا حصہ سیاہ ہو۔ جس کے درمیان سیاہ کاغذ کی پٹی لگی ہوئی ہو۔
کلیجا چاہئے: [ا، محاورہ] ہمت چاہئے۔ حوصلہ چاہئے۔
کلیجا چُور چُور ہونا: [ا، محاورہ] دل پر کمال صدمہ ہونا۔
کلیجا چھاننا: [ا، محاورہ] طعن و تشنیع سے کمال صدمہ پہنچنا
کلیجا چھلنی کرنا: [ا، محاورہ] دیکھئے "کلیجا چھلنی ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کلیجا چھلنی ہو جانا / ہونا: [ا ر محاورہ] طعن و تشنیع سے سخت رنج پہنچنا طعن و تشنیع کی باتوں کا ناگوار گزرنا۔

کلیجا چھدنا / چھن جانا: [ا ر محاورہ] (۱) طعن و تشنیع کا ناگوار ہونا (۲) سخت مغموم ہونا (۳) غم کی تاب نہ رہنا۔

کلیجا چھیدنا: [ا ر محاورہ] دلی صدمہ پہنچانا۔ طعن و تشنیع کی باتوں سے رنج پہنچانا۔ بولی مارنا۔

کلیجا خون کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجا خون ہو جانا / ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کلیجا خون ہو جانا / ہونا: [ا ر محاورہ] صدمہ پہنچنا۔ کمال رنج یا غم ہونا

کلیجا دھڑکا دینا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجا دھڑکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کلیجا دھڑکنا: [ا ر محاورہ] سخت ڈرنا۔ دل دہل جانا۔

کلیجا دھک جانا: [ا ر محاورہ] کلیجا جلنا۔ رنج ہونا۔

کلیجا دھک دھک ہونا: [ا ر محاورہ] سخت خوف کھانا۔ ڈرنا، ڈر جانا، دل کانپنا

کلیجا دھکڑ دھکڑ ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجا دھڑکنا"

کلیجا دھک سے رہ جانا / ہو جانا: [ا ر محاورہ] خوف یا کسی حیرت انگیز بات سے جی بیٹھ جانا۔ سخت ڈرنا۔

کلیجا سالنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجا چھیدنا"

کلیجا سراہنا: [ا ر محاورہ] کسی کی عالی ہمتی کی تعریف کرنا

کلیجا سلگانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجا سلگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کلیجا سلگنا: [ا ر محاورہ] رنج ہونا۔ غم ہونا۔ دل جلنا۔

کلیجا سنبھالنا: [ا ر محاورہ] دل کو قابو میں رکھنا۔ دل کو تھامنا۔ ضبط کرنا۔

کلیجا غربال ہونا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجا چھلنی ہونا"

کلیجا کاڑھ کے دینا: [ا ر محاورہ] (۱) اچھی سے اچھی چیز دے دینا (۲) روپیہ دینا مال سپرد کرنا (۳) جان تک دریغ نہ کرنا

کلیجا کاڑھ لینا: [ا ر محاورہ] (۱) ڈائن کی طرح جگر کھا جانا (۲) فریفتہ کر لینا، موہ لینا (۳) بہترین چیز نکال لینا (۴) دوسرے کا مال مارنا۔ مال چوری کر لینا۔

کلیجا کاڑھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجا کاڑھ لینا" (۳)

کلیجا کانپنا: [ا ر محاورہ] (۱) خوف چھانا۔ ڈر لگنا (۲) سردی لگنا، کپکپی چھوٹنا۔

کلیجا کباب رہنا: [ا ر محاورہ] کوفت رہنا

کلیجا کباب ہونا: [ا ر محاورہ] کوفت ہونا۔ دل جلنا

کلیجا کٹنا: [ا ر محاورہ] ہیرے کی کنی یا کٹے ہوئے شیشے کے کھا جانے سے دل و جگر کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا یہ واقعہ نہیں۔ اس کے کھانے سے انتڑیاں کٹ جاتی ہیں جس سے موت واقع ہوتی ہے۔ دل اور جگر پر اثر نہیں ہوتا (۲) زہریلی چیز کے کھانے سے دل و جگر کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۳) زہر کھانے سے دل کی حرکت بند ہو جانا (۴) دل دکھنا، رنج پہنچنا (۵) ناگوار گزرنا۔ برا لگنا (۶) دل پر صدمہ گزرنا۔ اولاد مرجانا (۷) بیجا صرف ہونا۔ رشک ہونا۔

کلیجا کھا لینا: [ا ر محاورہ] خیال ہے کہ ڈائن کلیجا کھا جاتی ہے۔

کلیجا کھانا: [ا ر محاورہ] رنج دینا۔ ایذا دینا۔

کلیجا کھرچنا: [ا ر محاورہ] بہت بھوک لگنا۔ بھوک کی وجہ سے بے چینی ہونا۔

کلیجا کھلانا: [ا ر محاورہ] (۱) بہت خاطر مدارات کرنا (۲) مال کھلانا (۳) جان تک عزیز نہ سمجھنا۔

کلیجا گودنا: [ا ر محاورہ] طعنے دینا۔

کلیجا مسانا: [ا ر محاورہ] (۱) رنج دینا (۲) بے قرار یا بے چین کرنا

کلیجا مسوس کر / کر کے رہ جانا: [ا ر محاورہ] صدمے کو ضبط کر کے چپ ہو جانا

کلیجا ملنا: [ا ر محاورہ] صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا۔

کلیجا منہ تک / کو آنا: [ا ر محاورہ] (۱) جی گھبرانا۔ دم گھٹنا کسی رنج یا غم کی وجہ سے۔ بے قرار ہونا بے چین ہونا (۲) وحشت ہونا۔ سودا ہونا۔

کلیجا منہ سے باہر ہونا: [ا ر محاورہ] بے حد بے قراری / بے چینی ہونا۔ اضطراب ہونا۔

کلیجا نکال دینا: [ا ر محاورہ] بہت پیاری چیز دینا۔

کلیجا نکال کر رکھ دینا: [ا ر محاورہ] (۱) جان دے دینا، مرجانا (۲) کسی امر کی صداقت کے لئے بے حد کوشش کرنا۔

کلیجا نکال کر لے جانا: [ا ر محاورہ] کسی کی دولت مار لینا۔

کلیجا نکال لینا / نکالنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے کلیجا کاڑھنا۔ کاڑھ لینا

کلیجا نکل پڑنا / جانا: [ا ر محاورہ] بہت ڈر جانا۔ دم فنا ہو جانا۔

کلیجا ہاتھ بھر (بڑھ جانا) کا ہو جانا۔ یا۔ ہاتھوں بڑھ جانا: [ا ر محاورہ] حوصلہ یا ہمت زیادہ ہو جانا۔

کلیجا ہلا دینا / ہل جانا: [ا ر محاورہ] ڈر سے روحانی صدمہ پہنچنا۔ کمال خوف ہونا۔

کلیجی: [ا ر اسث] حیوانات کے کلیجے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔

کلیجے: [ا ر امذ] دیکھئے کلیجا جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

کلیجے پر پتھر رکھ لینا / رکھنا: [ا ر محاورہ] صبر کر لینا

کلیجے پر تیر یا چوٹ لگنا: [ا ر محاورہ] سخت اندرونی صدمہ پہنچنا رنج و غم ہونا۔

کلیجے پر چھری پھرنا: [ا ر محاورہ] صدمہ گزرنا

کلیجے پر سانپ لوٹنا: [ا ر محاورہ] رشک و حسد سے بے قرار ہونا / جلنا۔

کلیجے پر گھونسا لگنا: [ا ر محاورہ] اندرونی صدمہ پہنچنا

کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا: [ا ر محاورہ] اپنے دل کا سا حال دوسرے کا جاننا

کلیجے پر ہاتھ دھرنا: [ا ر محاورہ] (۱) کسی کو تسلی دینا (۲) دیکھئے "کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا"

کلیجے پر ہاتھ دھرے پھرنا: [ا ر محاورہ] بے تاب اور مضطرب پھرنا۔ دل پکڑے پھرنا۔

کلیجے سے آہ اٹھنا / دھواں نکلنا: [ا ر محاورہ] سخت رنج یا صدمہ پہنچنا۔ دل جلنا۔

کلیجے سے لگائے رکھنا: [ا ر محاورہ] نہایت عزیز کر کے رکھنا (۲) بہت احتیاط سے رکھنا چھپا کے رکھنا (۳) دم بھر جدا نہ ہونے دینا

کلیجے سے لگا لینا / لگانا: [ا ر محاورہ] فرط محبت سے گلے لگا لینا / چھاتی سے چمٹا لینا۔

کلیجے سے لگائے رہنا: [ا ر محاورہ] اپنے پاس سے جدا نہ ہونے دینا۔

کلیجے کا ٹکڑا / کی کور: [ا ر امذ] (۱) بیٹا۔ نور چشم (۲) لخت جگر۔ پارہ جگر۔

کلیجے کھائی: [ا ر اسث] (۱) ڈائن (۲) وہ جادوگرنی جو نظر کے ذریعے سے بچوں کو کھا جاتی ہے

کلیجے کی ٹھنڈک: [ا ر اسث] دل کی تسکین۔ دل کی راحت

کلیجے کے اندر پھانس لگنا: [ا ر محاورہ] اندرونی صدمہ رنج یا تکلیف پہنچنا

کلیجے کے پار ہونا : [ا ر محاورہ] ناگوار ہونا۔
کلیجے کے چھالے : [ا ر محاورہ] روحانی صدمہ
کلیجے میں آگ لگنا : [ا ر محاورہ] (۱) کوئی تیز چیز کھانے سے سینے میں جلن ہونا (۲) پیاس لگنا۔
کلیجے میں برچھی گڑنا : [ا ر محاورہ] رُوحانی ایذا یا صدمہ رہنا
کلیجے میں دھکے لگنا : [ا ر محاورہ] کمال بیقراری ہونا۔
کلیجے میں پیپ ڈالنا : [ا ر محاورہ] سخت رنج یا غم پہنچانا
کلیجے میں تیر لگانا : [ا ر محاورہ] سخت دلی صدمہ پہنچانا۔
کلیجے میں تیر لگنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجے میں تیر لگانا" جس کا یہ لازم ہے
کلیجے میں ٹھنڈک پڑنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کلیجا ٹھنڈا ہونا"
کلیجے میں چٹکیاں لینا : [ا ر محاورہ] (۱) دل جلانا (۲) طعنے مہنے کی باتوں سے دل کو صدمہ پہنچانا
کلیجے میں چھید ڈالنا : [ا ر محاورہ] بہت تکلیف دینا۔ کمال ایذا پہنچانا۔
کلیجے میں ڈال رکھنا : [ا ر محاورہ] بہت زیادہ محبت کے باعث ہر وقت پاس رکھنا۔
کلیجے میں ہاتھ ڈالنا : [ا ر محاورہ] دل میں گھر کرنا۔ مقرب اور عزیز ہونا (۲) دولت پر ہاتھ مارنا (۳) دل دکھانا۔ تکلیف دینا۔
کلیچہ : [ف اِمذ] دیکھئے "کلیجا"
کلید : [ف اِمث] چابی۔ کنجی
کلیدی : [ع صف] کلید سے منسوب (۲) اہم اختیارات کا حامل۔
کلیدِ ایمان / بہشت : [فع اِمث] کنایۃً کلمہ شہادت
کلیئر : [انگ صف] (clear) صاف۔ شفاف (۲) ظاہر۔ واضح صریح۔ ہویدا (۳) کھلا۔ بے روک (۴) بے باک۔ پاک
کلیئرنس سیل : [انگ اِمث] clearance sale دکان کا موجود مال ختم کرنے کے لئے سستے داموں فروخت۔
کلیس / کلیش : [ھ اِمذ] دُکھ۔ تکلیف (۲) جھگڑا۔ فساد
کلیسا : [یونانی اِمذ] گرجا۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ (۲) کافروں کا بت خانہ۔
کلیسائی : [یو صف] دیکھئے "کلیسا" جس سے یہ منسوب ہے۔
کلیسیا : [یو صف] دیکھئے "کلیسا"
کلینگڑا : [ا ر اِمذ ق] تربوز۔
کلیل : [ا ر اِمث] چوپایوں کا خوشی سے اچھلنا۔ کودنا (۲) کریز۔
کلیل میں غلیل لگنا : [ا ر محاورہ] خوشی کی حالت میں دفعتہً رنجش پیدا ہونا۔ رنگ میں بھنگ پڑنا
کلیل : [ف صف] کُند۔ سُست (۲) تھکا ہوا (۳) گونگا۔
کلیم : [ع صف] بات کرنے والا۔ ہم سخن (۲) حضرت موسیٰؑ کا لقب
کلیم اللہ : [ع صف] اللہ سے کلام کرنے والا۔ حضرت موسیٰؑ کا لقب
کلیم : [انگ اِمذ] (claim) حق۔ دعویٰ۔ مطالبہ (۲) استغاثہ نالش۔
کلینر : [انگ۔ صف] صاف کرنے والا (۲) لاری کے ڈرائیور کا مددگار
کلینک : [انگ اِمذ] clinic صحت گاہ۔ شفاخانہ۔

کلیہ : [ع اِمذ] کالج۔ یونیورسٹی (۳) جزیہ کی ضد۔ قاعدہ (۴) ہمگی۔ تمام پن (۵) تمام وکمال منسوب کا سب۔ قاعدہ۔ فارمولا۔
کلیہ : [ع اِمذ] گُردہ۔ ایک اندرونی عضو جسم

ک ل

کَم : [ع حرف استفہام] (۱) کتنا۔ کس قدر۔ بہت
کَم : [ع۔ اِمذ] مقدار۔ تعداد
کَم : [ف صف] تھوڑا۔ ذرا سا۔ خفیف۔ قلیل (۲) منفی۔ معدوم (۳) ادنیٰ۔ گھٹیا (۴) بد۔ بُرا۔
کم آزار : [ف صف] تھوڑی تکلیف دینے والا۔
کم آزاری : [ف اِمث] دیکھئے "کم آزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم از کم : [ف صف] کم سے کم۔ بہت کم۔ تھوڑے سے تھوڑا۔
کم اصل : [فع صف] کمینہ۔ نیچ ذات کا (۲) ذلیل۔ نالائق۔
کم اصل سے وفا نہیں : [ا ر مقولہ] کمینے سے وفاداری کی امید نہ رکھنی چاہئے۔
کم اوقات : [فع صف] کم حیثیت۔ بے وقعت۔
کم بخت : [ف صف] بدبخت۔ بدنصیب۔
کم بخت کی کھچڑی کچی، بختاور کا آٹا گیلا : [ا ر مثل] نصیبہ ور کا نقصان بھی فائدہ سے خالی نہیں ہوتا
کم بخت گئے ہاٹ، تراز و ملے نہ باٹ : [ا ر مثل] بدنصیب کاندار سے سودا لینے جائے تو ترازو اور باٹ نہیں ملتے۔ بدنصیبی کے موقع پر بولتے ہیں۔
کم بختی : [ف اِمث] بدقسمتی (۲) مصیبت (۳) شامت
کم بختی / بختیاں آنا : [ا ر محاورہ] شامت آنا۔ بُرے دن آنا۔ مصیبت پڑنا۔ آفت نازل ہونا۔
کم بختی جب آئے اونٹ چڑھے کو کُتا کاٹے : [ا ر مثل] بدنصیبی میں چاہے لاکھ احتیاط کرو۔ ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے۔
کم بختی کا مارا : [ا ر اِمذ] بدنصیبی کا مارا ہوا۔ بدنصیب۔
کم بختی کی ماری : [ا ر اِمث] دیکھئے "کم بختی کا مارا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کم بختی کے دن : [ا ر اِمذ] بُرے دن۔ ایام نحوست
کم بختی نے تو نہیں گھیرا / کم بختی تو نہیں آئی : [ا ر مثل] تمہاری شامت آگئی ہے کیا؟
کم بضاعت : [فع صف] کم حیثیت۔ ٹٹ پونجیا
کم بین : [ف صف] پست حوصلہ (۲) نابینا۔ اندھا
کم بینی : [ف اِمث] دیکھئے "کم بین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم پایہ : [ف صف] کم رتبہ۔ کمینہ
کم پڑنا : [ا ر محاورہ] جتنی ضرورت ہو اس سے کم پڑنا۔ نمٹ جانا۔
کم تر : [ف صف] مقابلتاً بہت کم۔ بہت تھوڑا (۲) نہایت ادنیٰ۔ (صیغہ تفضیل بعض ہے)
کم ترین : [ف صف] سب سے کم۔ نہایت ہی کم (۲) درخواستوں اور عرضیوں میں سائل عام طور پر اپنے آپ کو بولتے ہیں۔ (صیغہ تفضیل کل ہے)

کم توجہی: [فع امث] غفلت ۔ بے پروائی۔
کم حوصلگی: [فع امث] دیکھئے "کم حوصلہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم حوصلہ: [فع صف] کم ظرف ۔ اوچھا ۔ کم ہمت۔
کم حیثیت: [ف صف] ٹٹ پونجیا ۔ کم بضاعت ۔ کم سرمایہ ۔ تھوڑی سی پونجی والا (۲) کمینہ ۔ سفلہ ۔ ذلیل۔
کم خرچ: [ا رصف] کفایت شعار (۲) کنجوس
کم خرچ بالا نشین: [ف مثل] (۱) قیمت میں کم اور پائیداری میں زیادہ (۲) تھوڑے داموں میں بڑا کام کرنا۔
کم خوابی: [ف امث] نیند نہ آنے کا مرض
کم خور/خوراک: [ف صف] تھوڑا کھانے والا۔
کم خوری/خوراکی: [ف امث] دیکھئے "کم خور/خوراک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کم دل/دلا: [ف صف] (۱) بزدل ۔ ڈرپوک (۲) کنجوس
کم دلی: [ف امث] دیکھئے "کم دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کم ذات: [ف صف] رذیل ۔ کمینہ ۔ نیچ ذات
کم رَو: [ف صف] سست رفتار
کم رُو: [ف صف] بدصورت
کم رَوی: [ف امث] دیکھئے "کم رَو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم رُوئی: [ف امث] دیکھئے "کم رُو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم زبان: [ف صف] کم بولنے والا
کم زبانی: [ف امث] دیکھئے "کم زبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کمزور: [ف صف] (۱) ناتواں ۔ ناطاقت (۲) ہلکا
کمزور کرنا: [ا رمحاورہ] زور گھٹانا ۔ ضعیف بنانا ۔ کم طاقت بنانا
کمزور مار کھانے کی نشانی: [ا رمثل] زبردست ہمیشہ دبا رہتا ہے
کمزوری: [ف امث] دیکھئے "کمزور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم سال: [ف صف] کم عمر ۔ تھوڑی عمر کا۔
کم سخن: [ف صف] تھوڑا بولنے والا ۔ چپ ۔ کم گو۔
کم سخنی: [ف امث] دیکھئے "کم سخن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم سن: [ف صف] چھوٹی عمر کا۔
کم سننا: [ا رمحاورہ] (۱) توجہ نہ کرنا ۔ خیال میں نہ لانا (۲) اونچا سننا (۳) بہرا ہونا۔
کم سنی: [ف امث] دیکھئے "کم سن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم سواد: [عف ۔ صف] کم فہم ۔ ناقص العقل۔
کم سوجھ: [ا رصف] جس کو اچھی طرح دکھائی نہ دے۔
کم سے کم: [ا رصف] دیکھئے "کم از کم"
کم شہوت: [فع صف] جس کو کم شہوت آئے ۔ سست
کم ظرف: [فع صف] (۱) کم حوصلہ ۔ اوچھا (۲) کمینہ ۔ سفلہ۔
کم ظرفی: [فع امث] دیکھئے "کم ظرف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم عقل: [فع صف] بے وقوف ۔ نادان ۔ کم فہم ۔ مورکھ
کم عقلی: [فع امث] دیکھئے "کم عقل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم عمر: [فع صف] دیکھئے "کم سن"
کم عمری: [فع امث] دیکھئے "کم سنی"
کم عیار: [فع صف] وہ روپیہ جو کم قیمت پر چلے ۔ کھوٹا ۔ غیر عیاری
کم عیاری: [فع امث] دیکھئے "کم عیار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم فرصت: [فع صف] بہت مصروف ۔ جس کو فرصت نہ ہو۔
کم فرصتی: [فع امث] دیکھئے "کم فرصت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم فہم: [فع صف] نادان ۔ کم عقل۔
کم فہمی: [فع امث] دیکھئے "کم فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کم قدر: [فع صف] بے وقعت ۔ بے قدر۔
کم قدری: [فع امث] دیکھئے "کم قدر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم قسمت: [فع صف] کم نصیب ۔ بدقسمت
کم قسمتی: [فع امث] دیکھئے "کم قسمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم قیمت: [فع صف] سستا ۔ ارزاں ۔ کم داموں کا
کم قیمتی: [فع امث] دیکھئے "کم قیمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کم کرنا: [ا رمحاورہ] (۱) گھٹانا ۔ وضع کرنا (۲) سست کرنا (۳) مختصر کرنا (۴) اختصار کرنا۔
کم کم: [ف صف] (۱) تھوڑا تھوڑا (۲) کبھی کبھی ۔ آہستہ آہستہ ۔ رفتہ رفتہ
کم کھائے غم نہ کھائے: [ا رمثل] کم کھانے سے آدمی نہیں مرتا ۔ لیکن فکر کرنے اور غم کھانے سے آدمی تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔
کم گفتار/گو: [ف صف] کم بولنے والا۔
کم گفتاری/گوئی: [ف امث] دیکھئے "کم گو/کم گفتار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم مائیگی: [ف امث] دیکھئے "کم مایہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم مایہ: [ف صف] تھوڑی پونجی والا
کم محنت: [فع صف] کام چور ۔ محنت مشقت سے بچنے والا۔
کم نصیب: [فع صف] دیکھئے "کم بخت"
کم نصیبی: [فع امث] دیکھئے "کم بختی"
کم نظر/نگاہ: [فع صف] کوتاہ نظر ۔ وہ شخص جسے کم دکھائی دیتا ہو۔
کم نظری/نگاہی: [فع امث] دیکھئے "کم نظر/نگاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم و بیش: [ف صف] تھوڑا بہت ۔ تقریباً ۔ لگ بھگ
کم ہمت: [فع صف] کم حوصلہ ۔ بزدل ۔ ڈرپوک ۔ کام چور۔
کم ہمتی: [فع امث] دیکھئے "کم ہمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کم ہونا: [ا رمحاورہ] (۱) گھٹنا (۲) کسر رہنا ۔ تھوڑا کم ہونا۔
کمیاب: [ف صف] (۱) کم ملنے والا (۲) نادر ۔ نایاب
کمیابی: [ف امث] دیکھئے "کمیاب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کما: [ع متعلق فعل] جیسا ۔ جس قدر
کما حقہٗ: [ع متعلق فعل] جیسا اس کا حق ہے ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ موزوں۔
کما ینبغی: [ع متعلق فعل] جیسا کہ چاہئے ۔ حسب اطمینان ۔ بخوبی۔
کما بیش: [ف صف] دیکھئے "کم و بیش"

اج اکماچ : [ت امث] (۱) روٹی جو کہیں سے پتلی اور کہیں سے موٹی ہو (۲) بھاڑ، امرتی اور گول چیز (۳) لکڑی کا گول ٹکڑا جو چوب خیمہ کے اوپر ہوتا ہے۔
اچہ : [ار امث ق] ایک قسم کی روٹی۔
اد : [ع۔ امذ] مکدر۔ سبک۔
ار : [س امذ] (۱) کنوارا۔ بن بیاہا (۲) شہزادہ۔ راجا کا بیٹا (۳) بیٹا۔ پسر
اری : [س امث] دیکھئے "کمار" جس کی یہ تانیث ہے
اکھانا : [ار محاورہ] محنت مزدوری سے پیٹ پالنا۔
اکی : [ار امث ق] شال
ال : [ع امذ] (۱) پورا ہونا (۲) ہنر، گن۔ لیاقت (۳) عجیب کام۔ انوکھی بات۔ اچنبھا (۴) خوبی۔ عمدگی (۵) صنعت۔ کاریگری۔ استادی (۶) کامل۔ پورا۔ سارا۔ سب (۷) ازحد۔ نہایت۔ ازبس
ال پیدا کرنا : [ار مص مرکب] ہنر پیدا کرنا۔ خوبی پیدا کرنا۔
ال پیدا ہونا : [ار مص مرکب] دیکھئے "کمال پیدا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ال حاصل کرنا : [ار مص مرکب] کوئی فن یا ہنر بہم پہنچانا۔ لیاقت یا قابلیت حاصل کرنا۔ کسی کام میں بڑھ کر ہنر پیدا کرنا۔ مہارت حاصل کرنا۔
ال حاصل ہونا : [ار مص مرکب] دیکھئے "کمال حاصل کرنا" جس کا لازم ہے۔
ال درجہ کا : [ار صف] ازحد۔ نہایت کامل۔ پورا۔
ال دکھانا : [ار محاورہ] ہنر یا کرتب دکھانا۔ گن دکھانا۔ جوہر دکھانا (۲) کرامت دکھانا۔ کرشمہ دکھانا۔
ال رکھنا : [ار محاورہ] کسی ہنر میں کامل ہونا۔
ال کا : [ار صف] کسی بات میں بہت اچھا۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ عجیب۔
ال کا بنا ہوا : [ار صف] پرفن۔ آفت کا پرکالہ۔ عیار۔ چالاک۔ ہوشیار
ال کرنا : [ار محاورہ] (۱) حیرت انگیز کام کرنا۔ غضب کرنا (۲) مبالغہ کرنا (۳) کسی بات میں غالب آنا (۴) قابل افسوس کام کرنا۔ برا کام کرنا۔
ال کو پہنچنا : [ار محاورہ] (۱) کمال حاصل کرنا (۲) پورا ہونا۔ ختم ہونا۔
الا : [ار امذ] دوستانہ کشتی جس کا مقصد ہار جیت نہ ہو۔ پہلوانوں کی جنگ زرگری۔
الیت : [ع۔ امث] کمال۔
الینا : [ار محاورہ] (۱) دباغت کر لینا۔ چمڑے کو مل دل کر ملائم اور درست کر لینا (۲) کسی کام یا پیشہ سے روپیہ پیدا کر لینا (۳) نجاست صاف کر دینا (خاکروب کا) کوڑا کرکٹ صاف کرنا (۴) کمزور کر دینا
کمانڈ : [ار امث] انگریزی لفظ COMMAND کا مورد (۱) حکم فرمان (۲) حکومت، سرداری۔ فوج کی سرداری (۳) فوج کا کسی معین زمانہ میں اپنی جگہ سے باہر پھرنا۔ فوجی ڈیوٹی۔
کمان افسر : [ار امذ] Commander فوج کا سوار سپہ سالار۔
کمان بولنا : [ار لشکری محاورہ] جنگی خدمت کا حکم دینا۔ نوکری بتانا۔
کمان بولی جانا : [ار لشکری محاورہ] دیکھئے "کمان بولنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کمان پر جانا : [ار لشکری محاورہ] جنگی خدمت پر جانا۔ لڑائی پر جانا۔
کمان چڑھنا : [ار لشکری محاورہ] جیتنا۔ فتح کرنا۔
کمان نکلنا : [ار لشکری محاورہ] فوج کا جنگ کے واسطے نکلنا۔
کمان : [ف۔ امث] (۱) تیر پھینکنے کا آلہ۔ قوس۔ دھنک (۲) قوسی شکل جو سلاطین کے فرمانوں پر بنی ہوتی تھی (۳) خمیدہ۔ جھکا ہوا (۴) لچکیلا
کمان ابرو : [ف صف] وہ شخص جس کی بھویں کمان کی طرح خمیدہ ہوں۔
کمان اتارنا : [ف صف] کمان کا چلہ اتارنا۔ کھنچاؤ کم کرنا۔
کمان اتر جانا : [ار محاورہ] کمان اتارنا کا لازم (۲) قوت جاتی رہنا۔ اثر نہ رہنا۔
کمان باندھنا : [ار محاورہ] تیر و کمان سے مسلح ہونا۔
کمان بردار : [ف صف] کمان لے کر چلنے والا۔ تیر انداز۔ سپاہی۔
کمان پشت : [ف صف] کبڑا۔ خمیدہ کمر
کمان تاننا : [ار محاورہ] کمان کا چلہ چڑھانا۔
کمان چڑھانا : [ار محاورہ] کمان کا چلہ چڑھانا۔ کمان جھکانا۔
کمان چڑھنا : [ار محاورہ] (۱) دیکھئے "کمان کا چلہ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) دور دورہ ہونا۔ غلبہ ہونا
کمان دار : [ف صف] (۱) تیر انداز۔ سپاہی (۲) محراب دار۔ قوسی شکل کا۔
کمان رستم : [ار امث] قوس قزح
کمان زہ کرنا : [ار محاورہ] کمان پر چلہ چڑھانا
کمان ساز : [ار امث] کمانیں بنانے والا شخص۔
کمان سے نکلا تیر منہ سے نکلی بات پھر نہیں آتے : [ار مثل] بات سوچ سمجھ کر کرنی چاہئے۔ ورنہ بعد میں پچھتانا پڑتا ہے۔
کمان شیطان : [ار امث] قوس قزح
کمان فلک : [ار امذ] قوس قزح۔
کمان کا رخ کر جانا : [ار محاورہ] کمان میں کسی طرف خم آجانا۔
کمان کش : [ف صف] کمان چلانے والا۔ تیر انداز۔
کمان کشی : [ف امث] دیکھئے "کمان کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کمان کھینچنا : [ار محاورہ] کمان تاننا۔ چلانا
کمان کیانی : [ف امث] کیان خاندان سے منسوب کمان (۲) نہایت عمدہ کمان۔
کمان گار : [ف امث] ایک آلہ جس سے ۲۵۰۰ گز کے فاصلے پر پتھر پھینکتے تھے۔
کمان گر : [ف امذ] کمان بنانے والا
کمان گردوں : [ف امذ] (۱) قوس قزح (۲) برج قوس
کمان گری : [ف امث] دیکھئے "کمان گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کمان گیر : [ف امذ] بہت اچھا تیر انداز
کمان میں ہونا : [ار محاورہ] تابع ہونا۔ زیر حکم ہونا
کمان نکلنا : [ار محاورہ] قوس قزح کا نظر آنا۔
کمانا : [ار مصدر] (۱) روپیہ پیدا کرنا (۲) لوہے کو کوٹ پیٹ کر لچیلا بنانا (۳) چمڑے کو صاف اور درست کرنا (۴) حاصل کرنا (۵) زمین کو بار بار جوت کر درست کرنا (۶) ریاضت اور محنت سے جسم کو مضبوط کرنا (۷) کسب کرنا۔ خرچ کمانا۔ پیشہ کرنا (۸) ذمہ لینا۔ سر لینا (۹) جنگل کا جھنڈیاں صاف کرنا۔ غلاظت صاف کرنا (۱۰) گھٹانا۔ کم کرنا۔
کمانا دھمانا : [ار محاورہ] روپیہ پیدا کرنا۔ دولت پیدا کرنا۔

کماچہ : [ف امذ] (۱) چھوٹی کمان / غلیل (۲) وہ غلیل جس سے عورتیں روئی دھنتی ہیں (۳) کمان کی شکل کی ایک صورت جو بادشاہوں کے فرمانوں پر بنائی جاتی تھی (۴) سارنگی کا گز (۵) محرابدار چھت۔ طاقچہ (۶) فولاد کی کمانی

کمانڈ : [انگ امذ] command دیکھئے "کمان" بمعنی حکم

کمانڈر : [انگ امذ] commander سپہ سالار۔ فوج کا سردار۔

کمانڈر انچیف : [انگ امذ] commander inchief سپہ سالار اعظم۔ جنگی لاٹ۔ فوج کا سب سے بڑا سردار

کمانڈنٹ : [انگ امذ] commandant کمیدان۔ فوجی سردار۔ جنگی حاکم۔

کمانڈو : [انگ۔ امذ] commando چھاپا مار سپاہی۔

کمانہ : [ف امذ] بڑھئی کی کمان جس سے وہ برما لگاتا / چلاتا ہے۔

کمانی : [ارامث] (۱) لوہے کا خمیدہ لچکیلا حلقہ جو بگھیوں، گھڑیوں، گدیوں اور بندوق کی چاپ میں لگاتے ہیں۔ اس کے کئی نمونے ہوتے ہیں۔ عام طور پر کمان کی شکل کا تار کا پیچ دار بنا ہوا ہوتا ہے (۲) سارنگی کا گز (۳) بڑھئی کی وہ لکڑی جس سے برما لگاتے / چلاتے ہیں۔ (۴) وہ تار جو دانتوں کی چاپ میں لگے رہتے ہیں۔

کمانی نہ پہیا گاڑی جوت میرے بھیا : [ارمثل] غربت میں شیخی

کمانے کو بھیڑ کھانے کو شیر : [ارمثل] مجہول اور نکمے آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

کماؤ : [ارصف] (۱) کمانے والا۔ محنتی۔ مزدور (۲) خاوند۔ مالک۔ پتی

کماؤ آئے ڈرتا نکھٹو آئے لڑتا : [ارمثل] کمانے والا عام طور پر شریف ہوتا ہے اور لڑائی جھگڑے سے ڈرتا ہے۔

کماؤ پوت : [ارامذ] کمائی کرنے والا بیٹا۔ شریف بیٹا۔ سپوت۔

کماؤ پوت پہ کلیجے سوت (موت) : [ارمثل] کمانے والے بیٹے کو ماں بہت چاہتی ہے۔

کماؤ پوت کی دُور بلا : [ارمثل] کمانے والے بیٹے کے لئے دل سے دعا نکلتی ہے

کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا : [ارمثل] جس کی ذات سے فائدہ ہو وہ عزیز ہوتا ہے۔

کماؤ دھن : [ارامذ] (۱) بیٹا۔ پوت۔ فرزند (۲) کرائے کی گاڑی۔ بھاڑے کا ٹٹو (۳) نوچی۔ وہ لڑکی جو فاحشہ اور طوائفوں نے پالی ہوئی ہوتی ہے تاکہ جوان ہونے پر اس سے پیشہ کرا کر کمائی کھائی جائے۔

کمائی : [ارامث] (۱) آمدنی۔ پیدا۔ ماحصل۔ نفع (۲) روپیہ جو محنت سے پیدا کیا جائے (۳) مزدوری کام (۴) اولاد جو محنت سے پرورش کی جائے (افعال: کرنا۔ لٹنا)

کمائیں میاں خانخاناں اڑائیں میاں فہیم : [ارمثل] دولت کوئی کمائے اور خرچ کوئی کرے (فہیم خانخاناں کا غلام تھا اور بہت فیاض تھا)

کمبل : [ارامذ] دیکھئے "کمل" مع مرکبات ومحاورات۔

کمبھ : [س امذ] (۱) گھڑا۔ مٹکا (۲) آسمان کا ایک برج۔ برج دلو (۳) اناج کا ایک ماپ جو بیس دروں کے برابر ہوتا ہے (۴) ہاتھی کی پیشانی کی ہڈی۔ مستک (۵) ایک مذہبی کسرت (۶) ناک اور منہ بند کرکے دم روکن (۷) برتن جس میں مردے کی ہڈیاں اکٹھی کی جائیں (۸) تندوی کا یار (۹) ایک منتر جو ہتھیاروں پر پھونکتے ہیں (۱۰) ایک پودا۔

کمپ : [انگ امذ] دیکھئے "کیمپ"

کمپا : [ھ امذ] ایک لمبی لکڑی یا بانس جس پر لاسا لگا ہوا ہو۔ اس سے پرندوں کو پکڑتے ہیں۔

کمپا لگانا : [ارمحاورہ] (۱) پرندوں کو پکڑنے کے لئے کمپا رکھنا (۲) پھانسنے کی تدبیر کرنا

کمپا مارنا : [ارمحاورہ] (۱) پرندوں کو کمپے میں پھنسانا (۲) کسی کو فریب میں لانا۔ قابو میں لانا۔

کمپارٹمنٹ : [انگ امذ] compartment کمرہ۔ حجرہ۔ درجہ۔ ڈبہ

کمپاس : [انگ امث] compass قطب نما۔ قبلہ نما (۲) پرکار (۳) محیط۔ دائرہ (۴) زمین کی پیمائش کا ایک آلہ (۵) گاڑی کا چکر۔

کمپاؤنڈ : [انگ امذ] compound (۱) ملانا (۲) مرکب (۳) احاطہ جو مکان کے گرد ہو۔

کمپاؤنڈر : [انگ امذ] compounder دوا ساز۔

کمپنی : [انگ امذ] company سوداگروں کی جماعت۔ (۲) سو سپاہیوں کی ٹولی (۳) گانے بجانے والوں کی منڈلی۔ انگریز سوداگروں کی وہ جماعت جس نے ملکہ ایلزبتھ سے ۱۶۰۰ء میں یہ فرمان حاصل کیا کہ اس جماعت کے سوا کوئی دوسری جماعت ہندوستان میں تجارت نہیں کر سکتی۔

کمپنی باغ : [ارامذ] سرکاری باغ جو لوگوں کی سیر کے لئے بنا ہو۔

کمپنی راج : [ارامذ] غدر ۱۸۵۷ء سے پہلے ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت تھی۔ اس دور سے مراد ہے

کمپو : [ارامذ] کیمپ کا بگاڑ (۲) چھاؤنی۔ پڑاؤ۔

کمپو پڑنا : [ارامذ] لشکر اترنا۔ فوج کا قیام کرنا

کمپو کا بگڑا ہوا : [ارصف] سرکش۔ باغی۔ مفسد (۲) شہدا۔ لچا۔ غنڈا

کمپوز : [انگ امذ] compose ٹائپ کے حروف ملانا / جوڑنا

کمپوزنگ : [انگ امذ] composing ٹائپ کے حروف ملانا۔ جوڑنا۔ مرتب کرنا۔

کمپوزیٹر : [انگ امذ] compositor ٹائپ کے حروف ملانے والا

کمپیوٹر : (انگ۔ امذ) COMPUTER حساب کتاب کرنے کی ایک خودکار مشین۔

کمتر : [ف صف] وزن۔ مرتبہ۔ لیاقت وغیرہ میں گھٹا

کمٹھ : [س۔ امذ] (۱) کچھوا (۲) بانس **کمٹھا** : [ھ۔ امذ] بانس کی کمان

کمٹھی : [ہ۔ امث] ایک قسم کا زیور۔

کم خواب / کمخاب : [ف امذ] ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بنا جاتا ہے۔ زربفت۔

کم خوابی / کمخابی : [ف صف] کمخواب سے منسوب

کمڈا : [ہ امذ] گول کدو

کمر : [ف امث] جسم کے بیچ کا پچھلا حصہ۔ پیٹھ۔ پشت (۲) بیچ۔ وسط (۳) پیٹی۔ پٹکا۔ پرتلہ (۴) فوج کا پہلو۔ بازو۔ لشکر (۵) پہلوانوں کا ایک پیچ جو کمر یا کولہے کے ذریعے سے کیا جاتا ہے (۶) ہمت۔ ڈھارس (۷) لباس کا وہ حصہ جو کمر پر رہے (۸) مکابلی کبوتر کا ہوا میں قلابازی کھانا۔

کمر اکڑ جانا : [ا ر محاورہ] پسینہ آنے کے بعد ہوا لگ جانے سے کمر کی لچک جاتی رہنا۔
کمر اکھڑ جانا : [ا ر محاورہ] کمر کی ہڈی ٹوٹ جانا
کمر باندھنا : [ا ر محاورہ] (۱) کمر سے دوپٹا یا پٹکا وغیرہ کسنا (۲) مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا (۳) ارادہ کرنا (۴) سفر کو روانہ ہونا۔ چلنے کو تیار ہونا۔
کمر بستر سے نہ لگنا : [ا ر محاورہ] بے چینی سے وقت گزرنا۔ بے تاب ہونا۔ تڑپنا
کمر بستہ : [ف صفت] آمادہ۔ تیار (۲) ہتھیار بند۔ مسلح (۳) نوکر۔ خدمت گار
کمر بستہ ہونا : [ا ر محاورہ] آمادہ ہونا۔ تیار ہونا۔
کمر بند : [ف صفت] تیار۔ آمادہ۔ مستعد (۲) [ا مذ] ازار بند۔ کمر کو باندھنے کا دوپٹہ یا پٹکا۔
کمر بندی : [ف امث] فوج کا تیار ہونا۔ وردی اور ہتھیاروں وغیرہ سے لیس ہونا۔
کمر بیٹھنا : [ا ر محاورہ] حوصلہ پست ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔
کمر پتھرا ہو جانا : [ا ر محاورہ] کمر اکڑ جانا۔
کمر پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہونا : [ا ر محاورہ] کمر پکڑ کر اُٹھنا۔
کمر پکڑ کے چلنا : [ا ر محاورہ] کمزور ہو جانا۔ بوڑھا ہو جانا
کمر پکڑنا / تھامنا : [ا ر محاورہ] سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔
کمر پیچ : [ا ر امذ] (کہاروں کی اصطلاح) موڑ
کمر تختہ ہو جانا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کمر اکڑ جانا"
کمر تکیہ : [ف امذ] کمر کے نیچے رکھنے کا تکیہ
کمر توڑنا : [ا ر محاورہ] (۱) کم شکستہ کر دینا۔ ناامید کر دینا۔ ہمت توڑنا (۲)، عاجز کرنا۔ کمزور اور ناتواں کرنا۔
کمر ٹوٹا : [ا ر صفت] خمیدہ پشت۔ کبڑا (۲) بے ہمت۔
کمر ٹوٹنا / ٹوٹ جانا : [ا ر محاورہ] (۱) کمر شکستہ ہو جانا (۲)، مایوس ہو جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا (۳)۔ بے یار و مدد گار ہونا (۴) اولاد یا بھائی بند کا مر جانا (۵) سخت صدمہ گزرنا۔
کمر ٹھوکنا : [ا ر محاورہ] تھپکنا۔ تعریف کرنا۔ شاباش دینا۔ سراہنا۔
کمر ٹھیک ہونا : [ا ر محاورہ] لباس کا وہ حصّہ درست ہونا جو کمر پر رہتا ہے۔
کمر جھکانا : [ا ر محاورہ] کمر خم کرنا۔ خمیدہ کرنا۔
کمر جھکنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کمر جھکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کمر چست باندھنا : [ا ر محاورہ] کمر کس کر باندھنا۔ کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا۔
کمر چست ہونا : [ا ر محاورہ] تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔
کمر چلانا : [ا ر محاورہ] کمر کو حرکت دینا
کمر خالی ہونا : [ا ر محاورہ] کمر میں کچھ نہ ہونا۔
کمر دوال / دوال : [ا ر امذ] کمر باندھنے کا تسمہ۔ چمڑے کا تنگ۔
کمر روکنا : [ا ر محاورہ] کمر کے داؤ کا توڑ کرنا۔
کمر رہ جانا : [ا ر محاورہ] کمر تھک جانا۔ مفلوج ہو جانا۔ دھڑ کا بے حس و حرکت ہو جانا۔
کمر سال : [ا ر امذق] کمر میں پہننے کا زیور
کمر سے باندھنا : [ا ر محاورہ] پیدل یا سوار کا کمر سے کپڑا لپیٹنا
کمر سیدھی کرنا : [ا ر محاورہ] (۱) آرام کرنا۔ لیٹنا (۲) مجازاً کھانا کھا کر کسی قدر سو جانا

کمر سیدھی ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کمر سیدھی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کمر شکستہ : [ف صفت] بے یار و مددگار
کمر کا بل کھانا : [ا ر محاورہ] کمر لچکنا۔ چلنے میں نزاکت سے کمر کا پیچ و تاب کھانا۔
کمر کا ڈھیلا : [ا ر صفت] نامرد۔ خصی۔ ہیجڑا۔
کمر کا مضبوط : [ا ر صفت] (۱) پوری قوت باہ والا (۲)، طاقت ور۔ شہ زور۔
کمر کرنا : [ا ر محاورہ] (۱) کبوتر کا اُڑنے میں قلا بازیاں کھانا (۲)، گھوڑے کا کمر کو اس طرح اچھالنا کہ سوار کو گرنے کا اندیشہ ہو (۳) پہلوانوں کا کمر کا داؤں کرنا۔
کمر کس کر باندھنا : [ا ر محاورہ] کسی کام کے کرنے کا مصمم ارادہ کرنا
کمر کسنا : [ا ر محاورہ] (۱) تیار ہونا (۲)، پکا ارادہ کرنا (۳)، کسی کام پر مستعد ہونا۔
کمر کشائی : [ف امث] کمر کھولنا۔ پیٹی اتارنا۔ سپاہیوں کا ہتھیاروں کو اپنی کمر سے کھولنا۔
کمر کمر : [ا ر متعلق فعل] کمر تک۔ کمر کے برابر
کمر کوٹ : [ا ر امذ] کمر تک اونچی فصیل۔ چھوٹی دیوار
کمر کوٹھا : [ا ر امذ] شہتیر یا لکڑی کا وہ حصہ جو دیوار سے باہر کے رُخ نکلا کرتا ہے
کمر کوہ : [ف امث] پہاڑ کا درمیان کا حصّہ
کمر کھول کر بیٹھنا : [ا ر محاورہ] (۱) کسی کام سے فارغ ہو کر بیٹھنا (۲)، کوشش سے باز آنا (۳) پیٹی کھول دینا (۴)، خانہ نشین ہونا۔
کمر کھولنا : [ا ر محاورہ] (۱) پٹکا کھولنا۔ ہتھیار کھولنا (۲)۔ کوشش سے باز آنا (۳)، کسی کام سے فارغ ہونا (۴)، آرام لینا۔ دم لینا۔ ارادہ فسخ کرنا۔
کمر کی لچک : [ا ر امث] کمر کی جنبش۔ کمر کا بل
کمر گئی : [ا ر محاورہ] کمر ٹوٹ گئی اس وقت کہتے ہیں۔ جب صدمہ پہنچنے کا اندیشہ ہو۔
کمر لپیٹنا : [ا ر محاورہ] دوپٹہ کمر میں لپیٹنا۔
کمر لچکانا : [ا ر محاورہ] کمر مٹکانا۔ کمر کو جنبش دینا۔ بل دینا
کمر لچکنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کمر لچکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کمر لگنا : [ا ر محاورہ] (۱) چوپائے کی پیٹھ زخمی ہونا (۲)، چارپائی یا بستر پہ پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا۔
کمر لینا : [ا ر محاورہ] (۱) کمر پکڑنا (۲) کمر کا ناپ لینا
کمر مار کر چلنا : [ا ر محاورہ] گھوڑے کا بوجھ کے سبب کمر جھکا کر چلنا۔
کمر مارنا : [ا ر محاورہ] (۱) فوج کے بیچ کے حصّے پر حملہ کرنا (۲)، پہلو کے رُخ ضرب لگانا (۳) ترچھا یا آڑا وار کرنا۔
کمر میں توشہ راہ کا بھروسا : [ا ر مثل] (۱) کھانا ساتھ ہو تو منزل آسانی سے طے ہو جاتی ہے (۲)، مالدار کو سفر میں بھی تسلی ہوتی ہے۔
کمر میں چک آنا : [ا ر محاورہ] کمر میں جھٹکا لگنا۔ کمر کا جھٹکا کھانا۔ کمر میں ضرب آنا۔
کمر میں رکھنا : [ا ر محاورہ] کمر میں باندھنا
کمر میں ہاتھ ڈالنا : [ا ر محاورہ] (۱) کسی کی کمر کو تھام لینا کچھ نکال لینے کے لئے یا ہم آغوش ہونے کے لئے (۲)، جھگڑا کرنا۔ گرفتار کرنا۔
کمر ہلانا : [ا ر محاورہ] کمر کو حرکت دینا۔
کمر ہمت باندھنا : [ا ر محاورہ] ہمت باندھنا۔ مستعد ہونا۔
کمرا : [ا ر امذ] (۱) حجرہ۔ کوٹھڑی۔ خلوت خانہ (۲)، کوٹھی کا ہر درجہ (۳)، ریل یا جہاز کا درجہ

کمبرک : [ا۔ امث] انگریزی لفظ (cambric) کا بگاڑ۔ ایک قسم کا باریک کپڑا۔

کمرکھ : [ھ ا۔ امث] ایک ترش پھل جس کی قدرتی طور پر چار پھانکیں ہوتی ہیں۔

کمیری : [ف ا۔ امذ] (۱) جھک کر چلنے والا گھوڑا۔ کمزور گھوڑا (۲) ایک قسم کی جاکٹ۔ مرزئی (۳) امث۔ نیمہ۔

کمسریٹ : [انگ امذ و مث] (commissariat) سپاہیوں کا رسد رسانی کا محکمہ۔ رسد رسانی کے افسر کا دفتر۔

کمشنر : [انگ امذ] (commissioner) قسمت کا حاکم۔ کئی ضلعوں کا حاکم

کمشنری : [انگ۔ امث] (commissionary) قسمت۔ کئی ضلعوں کا حلقہ (۲) کمشنر کی کچہری (۳) کمشنر کا عہدہ۔

کمک : [ت امث] مدد۔ حمایت (۲) وہ فوج جو لڑائی میں مدد کے لئے بھیجی جائے۔

کمک پر ہونا : [ا۔ محاورہ] کسی کا مددگار رہونا۔ معاون ہونا۔

کمک دینا : [ا۔ محاورہ] سہارا دینا۔ مدد دینا۔ اعانت کرنا۔ حمایت کرنا۔

کمک کرنا : [ا۔ محاورہ] مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔

کمکا : [ا۔ امذ ق] پانی۔

کمکما : [ا۔ صف ق] کنکنا۔ نیم گرم

کمکی : [ا۔ صف] وہ فوج جو لڑائی میں مدد دے۔ مدد کرنے والا۔

کمل : [ا۔ امذ ق] کنول

کمل : [ا۔ امذ] بھیڑ بکری کے بالوں کا بنا ہوا کپڑا جو سردیوں میں جسم کو ڈھانپنے کے کام آتا ہے۔

کمل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا : [ا۔ مثل] بھیس بدلنے سے کمال پیدا نہیں ہوتا۔

کمل پوش : [ا۔ صف] کمل اوڑھنے والا۔ درویش۔ وہ سوار جو دلی کے بادشاہ محمد شاہ کے ملازم تھے اور نادر شاہ کی فوج سے مقابلہ کے دوران مارے گئے۔ (ترکیب غلط ہے)

کملا : [ھ امذ] (۱) ایک قسم کے زرد کیڑے کا نام جس کے جسم پر چمٹ جانے سے جسم پر خارش ہوتی ہے (۲) ایک قسم کی نارنگی۔

کملانا : [ا۔ مص] مرجھانا۔ طراوت نہ رہنا (۲) خشک ہونا (۳) سوکھنا۔ دبلا ہونا (۴) غمگین ہونا۔

کمل بائی / باؤ : [ھ امث] یرقان۔ ایک بیماری جس میں آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں۔

کملنا : [ا۔ مص ق] کہلانا۔

کملی : [ا۔ امث] دیکھئے "کمل" جس کی یہ تصغیر ہے۔

کملی بچھانا : [ا۔ محاورہ] سوگ یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا۔

کملی پڑنا : [ا۔ محاورہ] دیکھئے "کملی ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کملی جتنی بھیگے گی بھاری ہوگی : [ا۔ مثل] جتنا زیادہ جھگڑا بڑھاؤ گے زیر باری بڑھے گی۔

کملی ڈال کر لوٹ لینا : [ا۔ محاورہ] فریب سے لوٹ لینا۔

کملی ڈالنا : [ا۔ محاورہ] فریب دے کر لوٹنا۔

کملی کتھری کرنا : [ا۔ محاورہ] کہیں اور چلے جانے کے ارادے سے گھر کا تمام سامان باندھ لینا (۲) تمام مال اسباب چھین لینا

کملی میں مست / مگن ہونا : [ا۔ محاورہ] بے پروا ہونا۔ کسی کی پروا نہ کرنا مستغنی ہونا۔

کملیٹ : [ھ امذ] دیکھئے "کاملیت"

کمنٹری : [انگ امث] (commentary) تفسیر۔ تبصرہ۔ شرح۔

کمند : [ف امث] (۱) ایک قسم کی چرمی رسی جو کسی کی گردن یا منڈیر میں ڈال دیتے ہیں۔ اس کے ذریعے سے گلا گھونٹتے یا دیوار پر چڑھتے ہیں (۲) رسی کی سیڑھی جس سے چور مکان پر چڑھتے ہیں (۳) پھندا۔ حلقہ

کمنڈل : [ھ امذ] مٹی یا لکڑی کا پانی کا برتن جسے سادھو استعمال کرتے ہیں (۲) ٹونٹی والا برتن۔

کمنگر : [ا۔ امذ] (۱) دیکھئے "کمان گر" (۲) ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے والا۔

کمنگری : [ا۔ امث] دیکھئے "کمنگر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کمنگری رنگ : [ا۔ امذ] ایک قسم کا رنگ جو پلنگ اور سینیس کے پایوں پر کیا جاتا ہے۔

کمنوانا : [ا۔ مص] دیکھئے "کمانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

کمودنی : [ا۔ امث ق] نیلوفر

کموڈور : [انگ امذ] (commodore) بحری و ہوائی فوج کا اعلیٰ عہدہ دار جس کا درجہ سالار اعظم کے بعد ہوتا ہے۔

کمونی : [ف امث] ایک قسم کی معجون جس کا جزو اعظم زیرہ ہے۔

کمہار : [ا۔ امذ] مٹی کے برتن بنانے والا۔

کمہار پر بس نہ چلا گدھیا کے کان اینٹھے : [ا۔ مثل] زبردست سے پیش نہ گئی۔ غریب پر غصہ اتارا۔

کمہار کا آوا : [ا۔ امذ] برتن پکانے کا پژاوا۔ بھٹی (۲) کنایۃً ماں کا پیٹ۔

کمہار کا چاک : [ا۔ امذ] مٹی کا گول مسطح ٹکڑا جس پر کمہار برتن بناتا ہے۔

کمہار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا : [ا۔ مثل] جب کوئی آدمی اپنے آپ اپنی خوشی سے کوئی کام کرے اور دوسروں کے کہنے پر نہ کرے تو کہتے ہیں۔

کمہارن / کمہاری : [ا۔ امث] دیکھئے "کمہار" جس کی یہ تانیث ہے۔

کمہلانا : [ا۔ مص] دیکھئے "کملانا"

کمی : [ا۔ امث] نقصان۔ قلت۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ کوتاہی۔ کسر۔

کمی نہ کرنا : [ا۔ محاورہ] کوتاہی نہ کرنا۔ کسر نہ چھوڑنا۔ کوشش سے باز نہ رہنا۔

کمیت : [ت امث] سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا۔ تیلیا۔ سرنگ۔

کمیت : [ع امث] مقدار۔ تعداد

کمیٹی : [انگ امث] (committee) ذیلی مجلس جو کسی خاص مقصد کے لئے بنائی گئی ہو۔

کمیٹی کرنا : [ا۔ محاورہ] باہم صلاح مشورہ کرنا۔ پنچایت کرنا۔

کمیدان : [ت امذ] کپتان کا ماتحت یا نائب۔

کمیرا : [ا۔ امذ] کام کرنے والا۔ کسان کا ٹہلوا۔ نوکر۔ چاکر (۲) معاون مددگار۔

کمیری : [ا۔ امث] دیکھئے "کمیرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کمیٹرے : [ھ امذ] اینٹھن ۔ مروڑ ۔ جسم کا تشنج

کمیسار : [انگ امذ] commissar نگران ۔ محکمہ کا افسر (روس میں)۔

کمیشن : [انگ امذ] (۱) جماعت ماہرین ۔ وہ جماعت جسے کوئی خاص کام کرنے کا اختیار ہو (۲) پروانگی ۔ حکم نامہ ۔ ہدایت ۔ سند (۳) معاوضہ یا فی صدی رقم جو کسی کمیشن ایجنٹ یا آڑھتیے کو دی جائے ۔ دستوری ۔ commission

کمیشن ایجنٹ : [انگ امذ] commission agent دلال ۔ آڑھتیا ۔

کمیشن بٹھانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "کمیشن بیٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

کمیشن بیٹھنا : [ار ۔ محاورہ] کسی امر کی تحقیقات یا تصفیہ کے لئے کسی جماعت کا اجلاس ہونا ۔

کمیشن جاری کرنا : [ار محاورہ] کسی کو مقرر کرنا کہ موقع پر معاملہ کی تحقیقات کرے

کمیشنڈ : [انگ صف] (commissioned) سند یافتہ فوجی افسر ۔ کسی سرکاری جماعت کا عہدہ دار ۔ کسی علاقے یا محکمے کا اعلیٰ عہدہ دار

کمیلا : [ھ امذ] وہ جگہ جہاں قصاب گائے بکری وغیرہ ذبح کرتے ہیں ۔ (۲) ایک سُرخ رنگ کی دوا جو کھجلی والے زخم اور پیٹ کے کیڑوں کے لئے زیادہ مفید ہے ۔

کمیلا کرنا : [ار محاورہ] جانور ذبح کرنا

کمین : [ار امذ] (۱) نیچ ۔ ادنیٰ (۲) نیچ قوم کا ۔ نوکر ۔ چاکر (۳) صف ۔ اوچھا کم ظرف ۔ پاجی ۔

کمین : [ع امث] گھات ۔ دشمن یا شکار پر حملہ کرنے کے لئے چھپ کر بیٹھنا

کمین گاہ : [ع ف امث] گھات کی جگہ ۔ حملہ کرنے کے لئے پوشیدہ جگہ ۔

کمینڈ : [ھ امذ] دغا ۔ فریب ۔ دھوکا

کمینڈیا : [ھ صف] دغا باز ۔ فریبی ۔

کمینہ : [ف صف] کم رتبہ ۔ اوچھا ۔ کم ظرف ۔ پاجی ۔ نیچ ۔

کمینہ سے خدا کام نہ ڈالے : [ار مقولہ] خدا کبھی کم اصل سے واسطہ نہ ڈالے ۔

کمینہ پن : [ار امذ] دیکھئے "کمینہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

کمیون : [انگ امذ] commune پرگنہ ۔ تعلقہ ۔ علی انتظام کا چھوٹا مرکز ۔

کمیونٹی : [انگ امث] community ساجھا ۔ ملکیت ۔ مشترکہ (۲) طبقہ ۔ فرقہ ۔ گروہ (۳) بستی ۔ آبادی ۔ محلہ ۔ برادری

کمیونزم : [انگ امث] (COMMUNISM) اشتراکیت ۔

کمیونسٹ : [انگ صف] communist اشتراکی ۔

ک ۔ ن

کُن : [ف لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر کندن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھودنے والا کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے گورکن ۔

کَن : [ھ امذ] (۱) ذرہ ۔ ریزہ ۔ باریک ٹکڑا (۲) اناج کا دانہ (۳) اناج ۔ غلہ (۴) کلی ۔ شگوفہ ۔ کونپل (۵) آٹا (۶) شرارہ (۷) ہیرے کا پہلو (۸) طاقت زور (۹) اناج کا کیڑا (۱۰) [صف] چھوٹا ۔ تھوڑا (۱۱) کان کا مخفف (۱۲) جانچ ۔ پرکھ (۱۳) کونہ ۔ گوشہ (۱۴) آدھا ۔ نیم ۔

کن انکھیوں سے : [ار متعلق فعل] آنکھ کے گوشے سے تکنا اور دیکھنا ۔ اُڑتی نگاہ ۔

کن بٹائی : [ھ امث] فصل کو حصہ داروں میں حساب سے تقسیم کرنا ۔

کن بندھنا : [ار محاورہ] کانوں میں زیور کے لئے چھید پڑنا ۔

کن بیندھنا : [ار محاورہ] کانوں میں زیور ڈالنے کے لئے چھید کرنا

کن پٹی / کنپٹی : [ار امث] کان اور ماتھے کے درمیان کی جگہ ۔

کنپٹیاں پکنا : [ار محاورہ] کنپٹیوں کا اونچا نیچا ہونا ۔ تیز چلنے یا بہت دوڑنے سے ایسا ہوتا ہے ۔

کن پھٹا : [ار امذ] (۱) وہ شخص جس کے کان پھٹے ہوئے ہوں (۲) ایک قسم کے بندر جوگی جو کانوں میں بڑے بڑے چھید کر کے مُندرے ڈالتے ہیں ۔

کن پھول : [ار امذ] دیکھئے "کرن پھول" ۔

کن پھیڑ : [ار امذ] کان کے نیچے سے گلے کی حد تک کی ورم

کنٹوپ : [ار امذ] ایک قسم کی بڑی ٹوپی ۔ جس کا پچھلا حصّہ کانوں کے اُوپر آجاتا ہے ۔

کن چھدا : [ار صف] وہ شخص جس کے کان چھدے ہوئے ہوں / کانوں میں سوراخ ہوئے ہوئے ہوں ۔

کن چھیدن : [ار امذ] بچوں کے کان چھیدنے کی رسم ۔

کن دو گزار : [ف ست] تیر اندازوں کی اصطلاح ۔ تیر کو کان کے پاس لاکر چھوڑنا تاکہ تیر زیادہ طاقت اور تیزی کے ساتھ جائے

کن رس : [ار صف] (۱) راگ رنگ / باتیں سننے کا مزہ / دلچسپی (۲) وہ شخص جو گانا نہ جانتا ہو مگر موسیقی سے واقف ہو ۔

کن رسیا : [ار امذ] (۱) جسے گانا سننے کا شوق ہو (۲) بدگوئی سننے کا عادی

کن سلائی : [ار امث] ایک لمبا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے اور مشہور ہے کہ کان میں گھس جائے تو دماغ میں جا کر بہت تکلیف دیتا ہے ۔

کن سوئی : [ار امث] سننا ۔

کنسوئیاں لینا : [ار محاورہ] چھپ کر کسی کی باتیں سننا ۔ ٹوہ لینا ۔ بھید لینا ۔

کن کٹا : [ار صف] جس کے کان کٹے ہوئے ہوں ۔

کن کرنا : [ار محاورہ] جانچ کرنا ۔ پرکھ کرنا ۔ کھڑی اور پکی کھیتی / فصل میں اناج کا اندازہ لگانا ۔

کنکوت : [ار امذ] کھڑی فصل سے اناج کا اندازہ کرنے کے بعد مالک مزارع میں اناج کا حصہ لینے کا فیصلہ ۔

کن کھجورا : [ار امذ] ایک لمبا کیڑا جس کی بہت سی ٹانگیں ہوتی ہیں ہزار پایہ

کن کھجورے کے پاؤں ٹوٹیں گے : [ار مثل] بہت امیر آدمی کا کتنا نقصان ہوگا ۔

کن : [ار کلمہ استفہام] کون کی جمع ۔ مگر اُردو میں کس کی جمع استعمال ہوتا ہے (کا ۔ کو ۔ کے ۔ کی ۔ میں کے ساتھ مستعمل ہے ۔

کن آنکھوں سے دیکھوں : [ار محاورہ] دیکھا نہیں جاتا ۔

کن نے / کنے : [ار متعلق فعل] کن اشخاص نے ۔ کن لوگوں نے ۔

کُن دِنوں کی : [ا ر صف] پُرانے زمانے کی پُرانی
کُن : [ھ امذ] (۱) زخم گھاؤ (۲) کھرنڈ (۳) گھٹے
کُن : [ف لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر کردن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً کارکن۔
کُن : [ع فعل] ہو جا۔ ظاہر ہو۔
کُن فکاں : [ع فعل] ہو جا اور ہو گیا۔ کنایۃً تمام عالم۔ موجودات
کُن فیکون : [ع فعل] دیکھیے "کن فکاں"
کُنا : [ہ امذ] (۱) کنارہ۔ لب گگر۔ کوا (۲) وہ ڈور جس کو پتنگ میں اوپر نیچے چھید کر کے باندھتے ہیں (پ) تناؤن (۳) پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈور باندھتے ہیں (۴) جوتی کے پیچھے کا کنارہ (۵) کڑا یا حلقہ جو کڑاہی میں لگا ہوتا ہے۔
کُنا نکل جانا : [ا ر محاورہ] کنارہ پھٹ / ٹوٹ جانا۔
کُنا : [ھ امث] کنکا کا معرب (۲) کناگت کا مخفف۔ اسوج کے مہینے کا تاریک نصف۔ اسوج بدی
کَنار : [ا ر امذ] گھوڑے کا زکام
کَنار : [ف امذ] کنارہ۔ لب (۲) پہلو۔ طرف (۳) حاشیہ۔ سنجاف۔ گوٹ (۴) گوشہ۔ کونہ۔ کھونٹ (۵) ساحل (متعلق فعل) ایک طرف
کِنار : [ف امث] گود۔ بغل۔ پہلو (۲) سینہ۔ چھاتی (۳) جدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت۔
کِنار کھینچنا : [ا ر محاورہ] کنارہ کرنا۔ جدا ہونا۔
کِنار گرم کرنا : [ا ر محاورہ] بغل گرم کرنا۔ ساتھ سونا۔ ہم بستر ہونا۔
کِنار گرم ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "کنار گرم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کُنار : [ف امذ] بیر۔ سدر۔
کُنارا : [ف امذ] (۱) دیکھیے "کنار" (۲) فیتہ جو دوشالوں۔ چادروں اور جوڑوں پر لگایا جاتا ہے
کِنارہ : [ا ر امذ] (۱) ساحل۔ لب دریا (۲) حاشیہ۔ فیتہ جو چادروں دوشالوں اور جوڑوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے (۳) گوشہ۔ کونہ۔ کھونٹ (۴) انجام انتہا (۵) سرا (۶) جدائی۔ علیحدگی (۷) حد۔ چھوا
کنارہ کر کے بیٹھ رہنا : [ا ر محاورہ] (۱) کوئی تعلق نہ رکھنا۔ قطع تعلق کر لینا (۲) آمد و رفت چھوڑ دینا
کِنارہ کرنا : [ا ر محاورہ] (۱) الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا (۲) قطع تعلق کرنا (۳) انقطاع کرنا (۴) گوشہ نشین ہونا (۵) دستبردار ہونا۔ تارک ہونا (۶) بچنا (۷) جانا۔ چلا جانا۔ رخصت ہونا (۸) باز آنا۔
کِنارہ کش ہونا : [ا ر محاورہ] کنارہ کرنا۔
کِنارہ کشی : [ا ر امث] علیحدگی۔ جدائی۔
کِناری : [ف امث] کنارا سے منسوب۔ پتلا گوٹا جو عورتیں دوپٹوں کے کناروں پر لگاتی ہیں۔
کِناری باف : [ا ر امذ] کناری بُننے والا (اصولاً ترکیب غلط ہے)
کِنارے : [ا ر ۔ امذ] دیکھیے "کنارہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے

کِنارے آ لگنا : [ا ر محاورہ] ساحل پر آکر ٹھہرنا
کِنارے بیٹھا ہے : [ا ر محاورہ] مرنے کے قریب ہے۔
کِنارے بیٹھنا : [ا ر محاورہ] الگ بیٹھنا۔
کِنارے پر : [ا ر متعلق فعل] برلب دریا۔ ساحل پر (۲) علیحدہ۔ الگ۔
کِنارے رکھنا : [ا ر محاورہ] علیحدہ رکھنا۔
کِنارے کِنارے : [ا ر متعلق فعل] (۱) الگ الگ (۲) سڑک / راستے کے کنارے (۳) پہلو بہ
کِنارے کِنارے چلنا : [ا ر محاورہ] بچ کر چلنا۔
کِنارے لگانا : [ا ر محاورہ] (۱) کشتی یا جہاز کو ساحل پر لگا کر کھڑے کرنا۔ (۲) دریا پار اُتارنا (۳) مدد دے کر انجام کو پہنچانا۔ حد کو پہنچانا۔
کِنارے لگنا : [ا ر محاورہ] دیکھیے "کنارے لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کِنارے ہو جانا : [ا ر محاورہ] علیحدہ ہو جانا۔ بچ جانا۔ راستے سے بچ جانا۔
کَناس : [ع امذ] (۱) چوہڑا۔ بھنگی۔ خاکروب۔ مہتر (۲) پھانسی دینے والا شخص (۳) لالچی شخص۔ بخیل شخص۔ بد انسان۔
کنال : [ہ امذ] زمین کا ایک پیمانہ جو بیس مرلے کے برابر ہوتا ہے۔ اور ایک بیگھے کا چوتھا حصہ ہوتا ہے۔
کناوری : [ہ امث] تبت اور کوہ ہمالیہ کے باشندوں کی ایک زبان۔
کَنائی : [ھ امث] راستہ۔ راہ۔ گزرگاہ
کَنائی کاٹنا : [ا ر محاورہ] (۱) کسی کو دیکھ کر سیدھا راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے پر ہو جانا / چھپنا (۲) موقع پر ٹال جانا۔ پہلو تہی کرنا۔
کِنایت : [ع امث] دیکھیے "کنایہ" ۱ تا ۳
کِنایۃً / کنایتاً : [ع متعلق فعل] اشارے سے۔
کِنایہ : [ع امذ] (۱) اشارہ۔ رمز (۲) پوشیدہ بات۔ مبہم بات (۳) استعارہ۔ مجاز (۴) منشا۔ مقصد۔ مطلب (۵) الفاظ۔ وہ لفظ جن میں مطلب اختصاراً یا بغرض عدم اظہار ایک یا دو لفظوں میں ادا کیا جائے جیسے یوں۔ کیا دوں۔ کیا۔ اس طرح بھی سمجھایا۔ اُس طرح بھی سمجھایا۔
کِنایہ سے باز رکھنا : [ا ر محاورہ] اشارے سے روکنا۔
کِنایہ میں کرنا : [ا ر محاورہ] اشارے سے مطلب ظاہر کرنا۔
کُنبہ : [ھ امذ] (۱) قبیلہ۔ گھرانا۔ خاندان (۲) بال بچے۔ اہل و عیال۔ لڑکے بالے۔ آل اولاد۔
کُنبہ پرور : [ا ر صف] بال بچے اور رشتہ داروں کی خبر گیری کرنے والا (ترکیب غلط ہے)
کُنبہ پروری : [ا ر امث] دیکھیے "کنبہ پرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کُنبہ جوڑنا : [ا ر محاورہ] (۱) رشتہ داروں اور عزیزوں کو جمع کرنا (۲) بھیڑ لگانا۔ جیسے کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا۔
کُنبٹ : [ا ر امذ ق] کسان۔ کاشت کار۔ رعیت۔
کُنبٹ پنا : [ا ر امث ق] دیکھیے "کنبٹ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کُنبھ : [ھ امذ] دیکھیے "کمبھ"
کُنبی : [ا ر امذ ق] کسان۔ کاشتکار
کُنبے : [ا ر امذ] دیکھیے "کنبہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے
کُنبے کی کٹ جانا : [ا ر محاورہ] خاندان کی آبرو جاتی رہنا
کُنبے والا : [ا ر صف] کثیر الاولاد

والے کے چاروں پلّے کیچڑ میں ہیں : [ا۔ مثل] گُنبے والا ہمیشہ مصیبتوں میں پھنسا رہتا ہے۔

الے کے چاروں پلّے بھاری : [ا۔ مثل] کنبےالا و لاولد اور بڑے کنبے والے کا دل غنی رہتا ہے۔

: [ا۔ امذ] شوہر۔ خاوند۔ پیارا۔ عاشق (۲) ق۔ گوڑی۔ ولی (۳) کتھا بقصہ

ب : [ا۔ امث و مذ] جوتی۔

: [انگ امذ] (decanter) کا مخفف۔ شراب رکھنے کا شیشہ۔ قرابہ۔ مینائے شراب۔

ل : [انگ امذ] control اقتدار۔ حکومت۔ قابو۔ نگرانی (۲) روک۔ رکاوٹ۔ بندش۔

لر : [انگ صف] controller محاسب سرکاری (۲) ناظم۔ ناظر۔

یکٹ : [انگ امذ] contract معاہدہ۔ قرارنامہ۔ ٹھیکہ

یکٹر : [انگ امذ] contractor تاجر۔ ٹھیکیدار

ت : [ہ صف] بخیل۔ کنجوس۔ تنگ دل۔ خسیس

ت پنا : [ہ امث] دیکھئے "کنٹک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نٹ : [انگ امذ] contingent بالائی خرچ۔ زائد خرچ (۲) حصّہ۔ فوج کا حصّہ۔

منٹ : [انگ امذ] صدر کیمپ۔ چھاؤنی contonement

منٹ بورڈ : [انگ امذ] چھاؤنی کے علاقہ میں میونسپل کمیٹی کے طرح کام کرنے والا ادارہ۔

: [ہ امذ] (۱) گلا (۲) گلے کی وہ ہڈی جو مرد کے بالغ ہونے پر اُبھر آتی ہے گھنٹی (۳) آواز (۴) سُر (۵) حفظ۔ ازبر (۶) کنٹھا کا مخفف

بیٹھ جانا / بیٹھنا : [ا۔ محاورہ] گلا بیٹھ جانا۔ آواز بھاری ہونا (۲) مرد کے وقت اُبھری ہوئی ہڈی کا نیچے ہو جانا (۳) پیاس سے حلق خشک ہونا۔

پھوٹنا / نکلنا : [ا۔ محاورہ] سن بلوغت کو پہنچنے پر گلے کی ہڈی کا نمودار ہونا۔

سوکھ جانا : [ا۔ محاورہ] پیاس سے حلق خشک ہو جانا۔

کرنا : [ا۔ محاورہ] حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔ نوکِ زبان کرنا۔

مالا : [ا۔ امذ] ایک بیماری جس میں گلے میں گلٹیاں نکل آتی ہیں جن کو خنازیر ... لکڑی کے دانوں کی مالا۔

ا : [ہ امذ] سونے یا مونگے کے دانوں کا ہار (۲) ایک قسم کا طلائی زیور (۳) ایک قسم کا پھولوں کا ہار جس میں کلیاں گوندھی جاتی ہیں (۴) وہ ہلالی وضع کا کڑھا ہوا کپڑا جو گریبان میں لگاتے ہیں (۵) فقیروں کی تینتیس دانوں کی تسبیح۔

ا اُٹھا لینا / اُٹھانا : [ا۔ محاورہ] تسبیح کی قسم کھانا۔

ا لُنا : [ا۔ مصدر] نفرت کرنا۔ جی متلانا

ی : [ہ امث] (۱) لکڑی کے دانوں کا ہار / مالا۔ یا کسی درخت کے بیجوں کی مالا (۲) جو تیریک لوگ گلے میں باندھنے کی لڑی (۳) پرندوں کے گلے کا طوق۔

باندھنا : [ا۔ محاورہ] چیلا ہونا (۲) پارسا بن جانا (۳) گوشت کھانے یا شراب پینے سے پرہیز کرنا۔

کنٹھی دینا : [ا۔ محاورہ] چیلا بنانا

کنٹھے باز : [ف صف] (۱) کنٹھے پہننے والا فقیر (۲) مکار

کنٹھے دار : [ف صف] (۱) طرحدار۔

کنٹیا : [ہ امث] کانٹے کی تصغیر (۱) بک۔ کانٹا (۲) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۳) ایک برتن جس میں تیل رکھتے ہیں۔

کنٹیلا : [ہ صف] کانٹے دار۔ خاردار

کُنج : [ف امذ] کونہ۔ گوشہ۔

کُنج انزوا : [ف امث] گوشۂ تنہائی۔

کُنج تنہائی / خلوت : [ف امذ] کامل تنہائی

کُنج دہن : [ف امذ] گوشۂ دہن۔ منہ کا کونہ

کُنج قفس : [ف امذ] پنجرے کا گوشہ

کُنج قناعت : [ف امذ] کامل قناعت۔

کُنج لحد : [ف امذ] گوشۂ لحد۔

کُنج : [س امذ] (۱) درختوں کا جھنڈ (۲) بنگلہ (۳) گلی (۴) غار (۵) نیچے کا جبڑا (۶) ہاتھی دانت (۷) ہاتھی کا جبڑا

کنجا / کرنجا : [ہ صف] نیلی آنکھوں والا۔

کنجا بھگوان ہوتا ہے : [ہ مثل] نیلی آنکھوں والا خوش قسمت ہوتا ہے

کنجال : [ہ امذ] سبز کائی جو پانی پر جم جاتی ہے۔

کنجد : [ف امذ] ایک پودا اور اس کا بیج۔ جس کا میٹھا تیل نکلتا ہے۔ تل

کنجر : [س امذ] ہاتھی۔ بڑا ہاتھی (۲) ایک قسم کا مندر (۳) ایک قسم کا ناگ (۴) عدد (۵) پیپل کا درخت۔

کنجر : [ہ امذ] ایک خانہ بدوش قوم جو سرکیاں بنا کر بیچتی ہے اور گوہ اور سانپ تک بھی کھا جاتی ہے (۲) پ۔ رنڈیوں کا بھڑوا۔ کسبی (۳) صف کمینہ۔ ذلیل (۴) بدوضع۔ بدشکل

کنجروں کی بولی : [ا۔ امث] ناشائستہ گفتگو

کنجری : [ا۔ امث] کنجر قوم کی عورت۔ کنجرکی جورو (۲) ایک قسم کا فحش گیت (۳) پ۔ رنڈی۔ طوائف۔ کسبی۔

کنجڑا : [ہ امذ] ترکاری بیچنے والا۔ سبزی فروش

کنجڑن / کنجڑی : [ا۔ امث] دیکھئے "کنجڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کنجڑے قصائی : [ا۔ امذ] ادنیٰ درجہ کے لوگ (۲) سبزی اور گوشت بیچنے والا۔

کنجڑے کا گلّا : [ا۔ امذ] وہ صندوقچہ جس میں کنجڑا اپنے بکری کے پیسے ڈالتا ہے (۲) گڈمڈ حساب۔ بے ترتیب حساب۔

کنجڑے کی اگاڑی قصائی کی پچھاڑی : [ا۔ مثل] ترکاری اوّل وقت اچھی ملتی ہے اور گوشت آخیر وقت اچھا ملتا ہے۔

کنجشک : [ف امث] چڑیا۔ جو مکانوں میں رہتی ہے۔

کنجل : [ہ امذ] بڑا اور قوی جثّہ ہاتھی۔

کنجلک / کنجلک : [ف امذ] شکن یا چین جو کسی کپڑے میں ہو۔

کنجوس : [ا۔ صف] بخیل۔ شوم۔ تنگ دل۔ ممسک۔

کنجوس مکھی چوس : [ا۔ صف] انتہائی کنجوس۔

کنجوسی : [ا رامث] دیکھئے "کنجوس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کنجی : [ا رامث] چابی۔ تالی۔ کلید۔

کنجی ہاتھ ہونا : [ا رمحاورہ] (۱) کسی کے مزاج پر قابو ہونا (۲) خزانہ پر قابو ہونا

کنجیا : [ا رامث] وہ چھوٹا سا دانہ جو آنکھ کے پپوٹے پر نکل آتا ہے۔ گوہانجنی۔

کنچن : [ا رامذ] سونا۔ زر۔ طلا (۲) ایک قوم جو اپنی عورتوں کو نچواتی اور کسب کراتی ہے (۳) حرامی۔

کنچن بچہ : [ا رامذ] کسبی کا جنا ہوا۔ بیسوا پتر

کنچن برسنا : [ا رمحاورہ] روپیہ برسنا۔ کثرت سے آمدنی ہونا (۲) زرخیزی اور خوب پیداوار ہونا۔

کنچن نیر : [ا رامذ] صاف و شفاف پانی۔ ستھرا پانی (۲) آب زر۔

کنچنی : [ا رامث] ناچنے والی عورت (ہندو) (۱) فاحشہ۔

کنڈ : [ھ امث] جڑ۔

کند : [ف صت] کھنڈا۔ وہ چاقو چھری یا تلوار جو تیز نہ ہو (۲) سست۔ کاہل۔

کند چھری سے حلال کرنا : [ا رمحاورہ] بہت ایذا دینا۔ بہت تکلیف دینا

کند ذہن : [ف ع صت] غبی۔ بھُس۔

کند ذہنی : [ف امث] دیکھئے "کند ذہن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کندا / کندہ : [ا رف امذ] پاجامے کی سرگوشہ تریز (۲) بندوق کا پچھلا حصہ (۳) پتنگ کا ہر گوشہ (۴) کھویا۔ بھنا ہوا دودھ

کندا بھوننا / کھنا : [ا رمحاورہ] دودھ کا کھویا بنانا۔ دودھ کا ماوا بنانا

کندا چڑھانا : [ا رمحاورہ] بندوق کی نالی میں لکڑی لگانا۔

کندرات : [ا رامث ق] نفرت۔ کراہت۔

کندرانا : [ا رمص ق] نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔

کندرو : [ا رامذ] ایک قسم کی ترکاری

کندروی : [ا رامث ق] نذر و نیاز کا کھانا۔ دعوت۔ دسترخوان

کندلا : [ا رامذ] سونے کا تار۔ سونے کا ڈلا۔

کندلاکش : [ا رصت] وہ شخص جو چاندی کے ڈلے پر سونا چڑھائے (ترکیب غلط ہے)

کندلاکشی : [ا رامث] دیکھئے "کندلاکش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (ترکیب غلط ہے)

کندلاگر : [ا رصت] دیکھئے "کندلاکش"۔

کندن : [ھ امذ] خالص سونا (۲) چمکیلا (۳) بے میل۔ خالص

کندن بنا دینا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کندن بن جانا" جس کا یہ متعدی ہے

کندن بن جانا : [ا رمحاورہ] سونا بن جانا۔ صاف اور ستھرا نکل آنا۔ اکسیر بن جانا۔ کیمیا بن جانا۔

کندن سا دمکنا : [ا رمحاورہ] سونے کی طرح چمکنا۔

کندن سا رنگ : [ا رامذ] چمکتا ہوا سنہرا رنگ

کندنی : [ا رامذ] اعلیٰ درجہ کا تلیا۔

کندنی رنگ : [ا رامذ] سنہری رنگ۔

کندورا : [ف امذ] دسترخوان۔

کندوری : [ف امث] دسترخوان۔ روٹیوں پر لپیٹنے کا رومال (۲) بیوی کی صحنک (۳) ایک قسم کا جنگلی گھیا۔

کندہ : [ف صت] کھدا ہوا منقش۔

کندہ کار : [ف صت] قلم کار نقش و نگار کھودنے والا۔ ملبت کار

کندہ کاری : [ف امث] دیکھئے "کندہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کندہ کرنا : [ا رص مرکب] کھودنا۔ قلم کاری کرنا۔ نقاشی کرنا۔

کندہ : [ف امذ] موٹی لکڑی کا ٹکڑا (۲) بندوق کی لکڑی (۳) وہ لکڑی کا ٹکڑا جس پر قصائی قیمہ کوٹتے ہیں (۴) وہ لکڑی جس میں سوراخ کر کے مجرموں کا پاؤں ٹھونک دیتے ہیں (۵) دیکھئے "کندا"

کندۂ ناتراش : [ف صت] اَن گھڑی لکڑی (۲) مجازاً احمق۔ بے وقوف نالائق۔ بے تمیز۔

کندھا : [ھ امذ] شانہ۔ مونڈھا۔

کندھا بدلنا : [ا رمحاورہ] ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر بوجھ کرنا۔ ڈولی اٹھانے والوں کا مونڈھا بدلنا۔

کندھا دینا : [ا رمحاورہ] جنازے کو کندھے پر لینا (۲) مدد دینا۔ سہارا دینا۔ باری باری کندھے پر لینا۔

کندھا ڈالنا / ڈال دینا : [ا رمحاورہ] بیل کا اپنے کندھے پر سے جوا اتار دینا (۲) تھک جانا۔ ہمت ہار دینا۔

کندھا لگنا : [ا رمحاورہ] بوجھ یا رگڑ کے سبب کندھے کا زخمی ہونا۔

کندھے چڑھانا : [ا رمحاورہ] بچوں کو کندھوں پر اٹھانا۔ پہلوانوں کو کشتی جیتنے کے بعد کندھوں پر چڑھا کر لوگوں کو دکھانا۔

کندھے سے لگا لینا : [ا رمحاورہ] بچے کو کندھے سے لگانا۔ بچے کو گود میں لینے کے بعد کندھے سے لگا لینا

کندھے سے لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کندھے سے لگا لینا" جس کا یہ لازم ہے۔

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز : [ف مثل] ہر چیز اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اعلیٰ کی طرف اعلیٰ اور ادنیٰ کی طرف ادنیٰ۔

کندی : [ا رامث] لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چول گھومتی ہے۔

کندی : [ا رامث] دھلے ہوئے یا رنگے ہوئے کپڑوں کو صاف کرنے کا کام کپڑوں کی صفائی جو موگروں سے کی جائے (۲) موگری (۳) مار پیٹ۔

کندی کرنا : [ا رمحاورہ] موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا (۲) استری کرنا۔ (۳) خوب مارنا پیٹنا۔ گت بنانا۔ مار مار کر ادھ موا کرنا۔

کندی گر : [ا رصت] ریشمی اور عمدہ کپڑوں کو صاف کرنے والا۔

کنڈ : [س امذ] تالاب۔ چشمہ۔ گڑھا۔ غار۔

کنڈا : [ھ امذ] اُپلا۔ تھاپی

کنڈا ہونا : [ا رمحاورہ] خشک ہونا۔ دبلا ہونا۔

کنڈا : [ا رامذ] حلقہ۔ لوہے کا وہ حلقہ جو زنجیر میں ڈالتے ہیں۔ (۲) زنجیر۔

کنڈال : [ا رامث ق] کنڈلی۔

کنڈرگارٹن : [انگ امذ] Kindergarten چھوٹے بچوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں سے تعلیم دی جاتی ہے۔

کنڈکٹر : [انگ صف] conductor رہنما، رہبر، پیشرو (۲)، منتظم، مہتمم، داروغہ (۳)، کرایہ کی گاڑیاں چلانے والا (۴)، موصل ناقل حرارت۔

کنڈل : [ھ اند] پیاز کا موٹا چھلکا

کنڈل : [س اند] حلقہ، چکر، دائرہ (۲)، کان کا بالا (۳)، چاند سورج کا حلقہ۔

کنڈل مارنا : [ا ر محاورہ] سانپ کا جسم کو جلیبی کی شکل بنا کر بیٹھنا (۲)، چاند کا ہالہ نشیں ہونا۔ سورج کا کنڈل میں ہونا۔

کنڈلی : [ھ اند] چھوٹا سا حلقہ (۲)، دور، چکر، گھیرا (۳)، جنم پترا (۴)، سانپ کا جلیبی کی شکل بنا کر بیٹھنا۔

کنڈلی بنانا : [ا ر محاورہ] زائچہ بنانا۔ جنم پتری بنانا۔

کنڈلی مارنا : [ا ر محاورہ] چھوٹا حلقہ بنانا۔

کنڈلیاں : [ا ر امث ق] کنڈلیں۔

کنڈم : [انگ صف] condemn ناکارہ، نکما۔ رد کیا ہوا، مسترد

کنڈم کرنا : [ا ر ص مرکب] ناکارہ کرنا۔ بیکار کرنا۔

کنڈنسر : [انگ اند] condenser آلۂ تکثیف، بھاپ کے کثیف ہونے کا خانہ۔

کنڈی : [ا ر امث] (۱) ایک قسم کی ٹوکری جس میں اسباب وغیرہ لاتے ہیں۔ (۲) میوے کا ہار جو ہندوؤں کے بچے تہوار وغیرہ کو گلے میں ڈالتے ہیں۔ (۳) اُپلوں کا ہار۔

کنڈی : [ا ر امث] دروازے کی زنجیر، حلقۂ در

کنڈی دینا/لگانا : [ا ر محاورہ] زنجیر لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔

کنڈی کھٹکھٹانا/کھڑکھڑانا : [ا ر محاورہ] دروازے پر زنجیر مار کر ہلانا۔ دستک دینا

کنڈی کھولنا : [ا ر محاورہ] کواڑوں کی زنجیر کھولنا۔ کواڑ کھولنا۔ دروازہ کھولنا

کنڈی موندنا : [ا ر محاورہ] دروازہ بند کرنا

کنڈیشن : [انگ اند] condition حالت، احوال۔

کنز : [ع اند] خزانہ، مخزن، گنجینہ

کنستر : [انگ اند] canister بکس، پیپا۔

کنسرٹ : [انگ اند] concert نغمہ و سرور کا جلسہ۔

کنسورشیم : [انگ۔ اند] ادارہ، مجلس، انجمن (CONSORTIUM)

کنش : [ا ر صف ق] کنجوس، بخیل۔

کنش : [ف امث] کردار۔ افعال (نیک ہوں یا بد)

کنشت : [ف امث] (۱) آتش کدہ (۲) بت خانہ۔ یہودیوں کا عبادت خانہ کفار کا عبادت خانہ۔

کنعان : [ع اند] شام کا صوبہ فلسطین، جہاں حضرت یوسف علیہ السلام پیدا ہوئے تھے (۲) حضرت نوح کے بیٹے کا نام جو کافر تھا (۳) نمرود کا باپ۔

کنف : [ع اند] جانب، طرف، سمت، پناہ (۲)، پرندے کا بازو (۳)، کنارہ، ساحل۔

کنفرمڈ : [انگ صف] مستقل، پکا۔ (CONFIRMED)

کنفرمیشن : [انگ امث] confirmation مستقلی، استقلال، برقراری، توثیق

کنفیڈریشن : [انگ امث] confederation متحدہ ریاستیں جو اندرونی معاملات میں آزاد ہوں۔

کنک : [ا ر امث ق] کلنک، دھبا، داغ، عیب (۲) سونا، زر۔

کنک : [ھ امث] گیہوں، گندم۔

کنکالا : [ھ امث] ڈائن، جادوگرنی۔

کنکر : [ھ اند] (۱) چونے کا سخت ٹکڑا (۲) سنگریزہ۔

کنکر پتھر : [ا ر امث] کوڑا کرکٹ، واہیات (۲) تحقیراً جواہرات۔

کنکرسا : [ا ر صف] نہایت سرد، خنک، بہت ٹھنڈا۔

کنکری : [ا ر امث] ٹھیکری (۲) ڈلی، ٹکڑا۔

کنکریٹ : [انگ امث] concrete کنکر اور پتھر یا سیمنٹ کا مرکب۔

کنکریلا : [ھ صف] کنکر ملا ہوا۔ کرکرا۔

کنکریلی : [ھ صف] دیکھئے "کنکریلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کنکنا : [ھ صف] نیم گرم، شیر گرم، سہتا سہتا۔

کنکوا : [ھ اند] کاغذ کا بنا ہوا پتنگ، گڈی، کنکل (۲) ایک بوٹی۔

کنکوا اڑانا/بڑھانا : [ا ر محاورہ] پتنگ بازی کرنا۔ گڈی کو ہوا پر تاننا۔

کنکوا کاٹنا : [ا ر محاورہ] مخالف کے پتنگ کی ڈور کو اپنی ڈور کے جھٹکے اور پتنگ کے زور سے اڑا دینا۔

کنکوا لڑانا : [ا ر محاورہ] پتنگ بازی کرنا۔ پتنگوں کو باہم اڑا کر گھسوں [illegible]ٹ دینا۔

کنکوت : [ھ اند] کھڑے کھیت کا تخمینہ لگانے والا۔

کنکی : [ھ امث] چاول کا چورا۔ چاول کے ٹکڑے (۲) ق۔ کنکر۔

کنکیا : [ا ر امث] دیکھئے "کنکوا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کنکیاں : [ا ر امث ق] چاول کے ٹکڑے۔

کنگال : [ا ر صف] مفلس، محتاج، نادار، تنگ حال (۲) کال کا مارا

کنگال بانکا : [ا ر صف] فاقہ مست، مفلس شوقین۔

کنگال کر دینا : [ا ر ص مرکب] مفلس بنا دینا۔ محتاج کر دینا۔

کنگال گھر کا : [ا ر صف] غریب گھر کا۔ محتاج خاندان کا۔

کنگال ہو جانا : [ا ر محاورہ] مفلس ہو جانا۔ افلاس میں گھر جانا۔

کنگائی : [ا ر امث ق] کنگھی

کنگاش : [س امث] بخل، کنجوسی۔

کنگرو : [انگ اند] kangaroo آسٹریلیا کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ اس کے پیٹ میں ایک تھیلی ہوتی ہے، جس میں اپنے بچے کو بٹھا لیتا ہے۔

کنگرہ : [ف اند] دیکھئے "کنگورہ"

کنگری : [ا ر امث ق] زر خرید لونڈی۔ محتاج۔

کنگری : [ا ر امث] (۱) ایک قسم کی بیل (۲) کپڑوں پر لگانے کا باریک کنگرہ

کنگڑا/کھنگڑا : [ا ر صف] موٹا، فربہ۔

کنگلا : [ا ر صف] دیکھئے "کنگال" جس کی یہ تصغیر ہے۔

کنگلی : [ا ر صف] دیکھئے "کنگلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کنگن : [ا رامذ] کلائی کا ایک زیور۔ دستبند
کنگنا : [ا رامذ] وہ ڈورا جو دولہا کی کلائی پہ باندھا جاتا ہے۔
کنگنی : [ا رامث] (۱) کارنس۔ دیوار کی لگر (۲) ایک قسم کا چکنا اناج (۳) اینٹوں کا ردا جو منڈیر سے باہر نکال کر رکھتے ہیں (۴) آلتی پالتی کی نشان (۵) دندانہ دار چوڑی (۶) پگڑی کا تپکا۔
کنگورا / کنگورہ : [ا رامذ] (۱) کنگرہ (۲) کلغی جو پگڑی کے اوپر لگائی جاتی ہے (۳) سنگھاڑا۔
کنگوڑی : [ھ امث] کان کے باہر کا ابھرا ہوا حصہ (۲) کان کی لو
کنگھا : [ھ امذ] بال سلجھانے کا بڑا آلہ خصوصاً جو مرد استعمال کرتے ہیں۔ (۲) سکھوں کی کنگھی (۳) جولاہوں کا اوزار جس سے بانا ٹھوکتے ہیں۔ (اس کے ایک طرف دندانے ہوتے ہیں) (افعال: کرنا۔ ہونا)
کنگھی : [ھ امث] چھوٹا کنگھا خصوصاً جس کے دونوں طرف دندانے ہوتے ہیں (افعال: کرنا۔ ہونا) ایک درخت کا نام جس کے پھول میں کنگھی کی طرح دندانے ہوتے ہیں۔
کنگھی آئینہ / شیشہ : [ا رامذ] سنگار۔
کنگھی چوٹی میں اُلجھا رہنا / گرفتار ہونا : [ا رمحاورہ] بناؤ سنگار میں مشغول رہنا۔
کنگھی سرمہ : [ا رامذ] بناؤ سنگار
کنگھی کرنا : [ا رمحاورہ] بالوں کو کنگھی سے سنوارنا اور سلجھانا۔
کنگھی کے دندانے : [ا رامذ] کنگھی کو چھوٹا آری سے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ایک یا دونوں طرف سے کاٹتے ہیں۔ دوسری طرف یا درمیان میں بغیر کاٹے چھوڑ دیتے ہیں۔ دو شگافوں کے درمیان کے حصے کو کنگھی کا دندانہ کہتے ہیں۔
کنگھی ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کنگھی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کنگی : [ھ امث] ایک بڑا برتن جس میں اناج رکھتے ہیں۔
کنمنانا : [ا رمص] (۱) بے چین ہونا (۲) پس و پیش کرنا۔ بے قرار ہونا
کنمنانا : [ا رمص] بچے کا سوتے سوتے کروٹ بدلنا۔
کنو : [ا رامذ] سنگترے کی ایک جدید ترقی یافتہ قسم جو سنگترے سے زیادہ شیریں اور بہتر ہے۔
کنوار : [ا رامذ] (۱) ایک پودا جو اکثر دوائیوں میں کام آتا ہے (۲) بکرمی سال کا چھٹا اور فصلی سال کا پہلا مہینہ۔ اسوج
کنوار کا ساجھلا : [ا رصف] جلد دُور یا رفع ہو جانے والا۔
کنوار کا ساجھلا آیا برسا چلا : [ا رمثل] کنوار کے مہینے میں بارش بہت زور سے ہوتی ہے۔ مگر تھوڑی سی دیر ٹھہر کر آسمان صاف ہو جاتا ہے اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جسے بہت غصہ آئے اور تھوڑی دیر بعد جاتا رہے۔
کنوارا / کنوارا : [ا رصف] وہ مرد جس کی ابھی شادی نہ ہوئی ہو۔ بن بیاہا۔
کنواریت / کنوارپتا / پن / جھل / چھت / اچھل : [ا رامذ] پہلی شادی ہونے سے پہلے کا زمانہ (۲) کنوارپن۔ دوشیزگی (۲) بکارت۔ ایک جھلی جو عورت کی شرمگاہ میں ہوتی ہے، یہ جماع سے پھٹ جاتی ہے۔

کنواریت / جھل اُتارنا : [ا رمحاورہ] ازالہ بکارت کرنا۔ عورت سے پہلی دفعہ جماع کرنا۔ سر ڈھکنا۔
کنواریت / جھل اُترنا : [ا رمحاورہ] ازالہ بکارت ہونا۔ عورت سے پہلی بار جماع ہونا
کنوارپن اُتارنا : [ا رمحاورہ] غریبانہ شادی کرنا۔ نکاح کر دینا۔ دو بول پڑھانا (۲) منہ جھکوانا۔
کنواری : [ا رصف] کنوارا کی تانیث۔ بن بیاہی لڑکی۔
کنواری لڑکی کو پیٹ رکھوانا : [ا رمحاورہ] دوشیزہ کو حاملہ کر دینا (۲) افترا کرنا۔ بہتان لگانا (۳) اصل بات کو قائم کرنا۔
کنواری کو ارمان بیاہی پشیمان : [ا رمثل] جس نے کیا وہ بھی پچھتایا جس نے نہ کیا وہ بھی پچھتایا۔
کنواری کو سدا بسنت ہے : [ا رمثل] آزاد اور مجرد کے لئے ہر وقت مزہ ہے۔
کنواری کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں : [ا رمثل] کنوارپن کے زمانے میں لڑکی کا خرچ بہت کم ہوتا ہے اور شادی ہونے کے بعد اس کا خرچ بہت بڑھ جاتا ہے۔
کنواری کھائے روٹی بیاہی کھائے لوٹی : [ا رمثل] بیاہی کی قدر و منزلت زیادہ ہوتی ہے۔
کنوارے : [ا رصف] دیکھئے "کنوارا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
کنوارے کے نام کو اُٹھوانا : [ا رمحاورہ] برہمن کے کنوارے لڑکے کو کچھ دینا۔ ہندوؤں میں مرے ہوئے بچے کے نام پر برہمن / برہمنوں کے بچوں کو خیرات دینا۔
کنواسا : [ھ امذ] نواسے کا بیٹا
کنواسی : [ھ امث] کنواسا کی تانیث۔
کنواں : [ھ امذ] زمین میں گول گڑھا کھود کر اس کے گرد اندر کی طرف لکڑی کا گول چکر رکھ کر اس کے اوپر پختہ اینٹوں سے عمارت چن دیتے ہیں۔ اس کو کنواں کہتے ہیں۔
کنواں اُگاڑنا : [ا رمحاورہ] کنوئیں کی مٹی نکالنا۔ کنواں صاف کرنا۔
کنواں اندھا ہو جانا : [ا رمحاورہ] کنواں خشک ہو جانا۔ کنوئیں کی تہ کا بیٹھ جانا
کنواں بنانا : [ا رمحاورہ] کنواں تعمیر کرنا
کنواں بننا : [ا رمحاورہ] کنواں تعمیر ہونا۔
کنواں پوجنا : [ا رمص مرکب] کنوئیں کی پرستش کرنا۔ ہندوؤں کی لڑکا پیدا ہونے کے موقع پہ ایک رسم۔
کنواں ٹوٹنا : [ا رمحاورہ] کنوئیں میں پانی کم ہو جانا۔
کنواں جوتنا : [ا رمحاورہ] آبپاشی کے لئے بیلوں کے ذریعے کنوئیں سے پانی نکالنا۔ آبپاشی کرنا۔
کنواں جھانکنا : [ا رمحاورہ] (۱) کنوئیں میں جھک کر دیکھنا (۲) کنوئیں میں گر نکالا / پکڑنا
کنواں چلانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کنواں جوتنا"
کنواں چلنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کنواں چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کنواں چھوڑ دینا / چھوڑنا : [ا رمحاورہ] کنوئیں سے پانی نکالنا موقوف کر دینا۔
کنواں کھودنا : [ا رمحاورہ] (۱) دوسرے کے گرانے کو گڑھا کھودنا (۲) کسی سے بدی کرنا۔

کنواں کھودنے والا : (ا ر صف) مجازاً برائی کرنے والا
کنوائی : (ہ . امذ) کان چھیدنے والا .
کنوتی : (ا ر امث) گھوڑے کا کان (۲) گھوڑے کا کان کھڑے کرنا (۳) بالی (۴) زلفیں . ایک طرف کے بال .
کنوتیاں : (ھ امسع) کنوتی کی جمع .
کنوتیاں بدلنا / کھڑی کرنا : (ا ر محاورہ) گھوڑے کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا . چوکنا ہونا .
کنوٹھا / کنوٹھا : (ھ امذ) کرنے کے قریب کی جگہ . کونہ
کنور : (ھ امذ) (۱) ایک پھوڑا جو کنپٹی پر ہوتا ہے (۲) راجے کا بیٹا . شہزادہ (۳) بیٹا ، لڑکا .
کنوس : (انگ امذ) (CONVAS) ایک قسم کا ٹاٹ . کرمچ (۲) تصویر کا چوکھٹا جدول
کنول : (ہ امذ) (۱) ایک پودا جو پانی میں اُگتا ہے اس کے پھل کو کول ڈوڈا کہتے ہیں نیلوفر (۲) اس کا پھول گل نیلوفر . پدم . کمودنی (افعال پھولنا . کھلنا) (۳) دل (۴) سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم بتی جلا کر دریا میں خواجہ خضر کے نام پر چھوڑتے ہیں . قمقمہ (افعال چڑھنا . لگانا . گانا) ایک طرف جس میں موم بتی جلاتے ہیں . (افعال : جلانا . جلنا . روشن کرنا یا ہونا . لگنا . لگا (۶) جانور کا شانہ . پھکنا (۷) ایک بوٹی کا نام (۸) یرقان
کنول باڈ / بائے : (ا ر امذ) یرقان
کنول بردار : (ا ر صف) کنول لے کر چلنے والا
کنول بیٹھ جانا : (ا ر محاورہ) دل ڈوب جانا
کنول تازہ دیکھنا : (ا ر محاورہ) اپنے آپ کو خوش حالت میں دیکھنا
کنول تازہ کرنا : (ا ر محاورہ) دل خوش کرنا
کنول تازہ ہونا : (ا ر محاورہ) دل خوش ہونا
کنول چرن : (ہ امذ) (۱) وہ شخص جس کے پاؤں میں کنول ہو . یہ بہت خوش قسمت سمجھا جاتا ہے (۲) دیوتاؤں کا لقب (۳) صف . مبارک قدم .
کنول دہ : (ا ر امذ) وہ تالاب جس میں کنول / نیلوفر ہوں .
کنول روپی : (ا ر صف) کنول کی شکل کا
کنول کا پھول : (ا ر امذ) گل نیلوفر
کنول گٹا : (ا ر امذ) کنول کا پھل . کول ڈوڈا .
کنول کھلنا : (ا ر محاورہ) کنول کے پھول کا شگفتہ ہونا (۲) دل خوش ہونا .
کنول نین : (ا ر امذ) کنول کی طرح کی یا کٹورا سی آنکھوں والا . بڑی بڑی آنکھوں والا .
کنول ہرا ہونا : (ا ر محاورہ) دل خوش ہونا .
کنونڈہ : (ھ امذ) (۱) شرم . حیا . لاج (۲) کسی کی آنکھ سے آنکھ نہ ملانا . (۳) دھبا . داغ (۴) نقص .
کنونڈا : (ھ صف) (۱) جس نے منہ چھپایا ہو (۲) ڈرا ہوا (۳) شرمندہ (۴) ذلیل . رسوا (۵) عیبی . عیب دار (۶) احسان مند
کنونڈا بننا : (ا ر محاورہ) شرمندہ ہونا .
کنونڈا کرنا : (ا ر محاورہ) احسان مند کرنا (۲) کوئی ایسی بات کرنا جس سے دوسرا شرمندہ ہو (۳) بے عزت کرنا . بدنام کرنا (۴) دوسرے پر قابو پانا .

کنونڈی بلی چوہوں سے کان کٹوائے : (ا ر مثل) رشوت خور افسر ماتحتوں سے بھی دبتا ہے جس شخص میں کوئی عیب ہو وہ معمولی آدمی سے بھی دبتا ہے .
کنوؤں میں بانس ڈالنا / ڈلوانا : (ا ر محاورہ) سب جگہ تلاش کرنا .
کنوہ : (ہ امذ) ایک دوا جس سے شراب وغیرہ بنانے کے لئے تخمیر پیدا کرتے ہیں (۲) خمیر
کنوئی : (ہ امذ) ایک قسم کی چکنی مٹی .
کنویا : (ھ امذ) خریدار . مشتری .
کنویاں : (ھ امث) (تلفظ کُنیاں) چھوٹا کنواں .
کنویسر : (انگ امذ) ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کرنے والا canvasser
کنویسنگ : (انگ امث) ووٹ حاصل کرنے کی کوشش (افعال کرنا . ہونا) canvassing
کنویں : (ا ر امذ) دیکھئے "کنواں" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے .
کنویں بھانگ / بھنگ پڑنا : (ا ر محاورہ) سب کے سب کا بیوقوف ہو جانا / کا متوالا / پاگل ہو جانا . کنویں میں بھنگ ڈال دی جائے تو جو بھی پانی پیے متوالا ہو جاتا ہے .
کنویں پر گئے اور پیاسے آئے : (ا ر مثل) فائدہ کی جگہ سے بھی فائدہ نہ ہوا . محروم رہے .
کنویں جھانکنا : (ا ر محاورہ) دیکھئے "کنویں جھنکانا / جھنکوانا" جس کا یہ لازم ہے
کنویں جھنکانا / جھنکوانا : (ا ر محاورہ) (۱) کنویں کا پانی تہ میں دکھانا (۲) باولے کتے کے کاٹے ہوئے انسان کو سات کنوؤں پر لے جا کر پانی دکھلانا (۳) بہت تلاش کرنا . تھکا مارنا (۴) حیران و پریشان کرنا . دیوانہ پھرانا
کنویں کا بیاہ گیت گاوے میت کا : (ا ر مثل) بے موقع گفتگو فضول بات چیت .
کنویں کا لوا : (ا ر امذ) وہ سوراخ دار توا جو کنویں کی تہ میں لگاتے ہیں تاکہ پانی چھن کر آئے .
کنویں کا کبوتر : (ا ر محاورہ) جنگلی کبوتر جو کنویں کے سوراخوں میں رہتے ہیں .
کنویں کی آواز : (ا ر امث) جیسا کہو گے ویسا سنو گے .
کنویں کی تہ کا تارا : (ا ر امذ) بہت گہرے کنویں میں پانی تارے کی طرح چمکتا دکھائی دیتا
کنویں کی مٹی کنویں کو لگتی ہے / لگ گئی : (ا ر مثل) جہاں کی کمائی ہوتی ہے وہاں ہی خرچ ہو جاتی ہے جس قدر آمدنی ہوتی ہے اسی قدر خرچ ہوتا ہے .
کنویں کے پاس پیاسا آتا / جاتا ہے } (ا ر مثل) غرض مند اپنا مطلب براری
کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا } کے لئے خود اس کے پاس جاتا ہے جس سے مطلب پورا ہونے کی امید ہو (۲) کسی شے کا طالب خود اس کے پاس جاتا ہے .
کنویں میں بانس ڈالنا : (ا ر محاورہ) بہت تلاش کرنا .
کنویں میں بولنا : (ا ر محاورہ) آہستہ یا دبی آواز سے بولنا .
کنویں میں دھکیلنا : (ا ر محاورہ) لڑکی کی شادی کسی بری جگہ کر دینا (۲)
کنویں میں ڈوب مرو : (ا ر محاورہ) شرم کرو . کوئی بے عزتی کی بات کرے تو کہتے ہیں .
کنویں میں گرنا : (ا ر محاورہ) (۱) اتفاقاً کنویں میں جا پڑنا (۲) جان دینے کے لئے کنویں میں کودنا .

کُنھول : [ہ مخبر استفہامیہ] کن کی جمع الجمع۔
کُنھہ : [ع امث] (۱) مادہ۔ روح۔ عطر (۲) اصلی بات۔ بات کی باریکی، بات کی تہ (۳) حقیقت، ماہیت (۴) راز (۵) وقت (۶) تعداد (۷) قسم (۸) صورت شکل (۹) کسی چیز کی وجہ۔ طرز۔
کُنھہ : [ف امذ] دشمنی، مخالفت، کینہ۔
کُنھہ نکالنا : [ار محاورہ] دشمنی نکالنا، کینہ نکالنا۔
کُنھہ نکلنا : [ار محاورہ] دیکھیے "کُنھہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کُنھیا : [ہ امذ] وہ جو کھڑی فصل کا تخمینہ لگائے، کنکوت کرنے والا۔
کُنھیا : [ہ صف] کینہ ور۔ کپٹی
کُنھیار : [ہ صف] توجہ سے سننے والا، متوجہ، جس کی قوت سامعہ تیز ہو، تیز فہم، ہوشیار۔
کُنھائی : [ہ امث] کھڑی فصل کا تخمینہ، کنکوت۔ کنہا۔
کَنھیا : [ہ امذ] کرشن جی کا لقب (۲) خوبصورت، حسین۔
کَنھائی : [ہ امث] تال
کَنی : [ار امث] اصطلاح قصاباں، گردہ
کَنی : [ہ امث] ذرہ۔ ریزہ (۲) ہیرے وغیرہ کا نہایت چھوٹا ٹکڑا (۳) ٹوٹے ہوئے چاول (۴) چاولوں کا کچا رہ جانا۔
کَنی رہ جانا : [ار محاورہ] چاولوں کا کچا رہنا۔
کَنی : [ہ امث] (۱) فیتہ۔ حاشیہ۔ گوٹ (۲) کنارہ۔ سرا (۳) شال پر لگانے کا اونی ابریشمی کنارہ (۴) کپڑے کا ٹکڑا/دھجی جو پتنگ کے ایک کونے میں وزن برابر کرنے کو باندھتے ہیں (۵) تمباکو کے چھوٹے چھوٹے پتے جو کاٹنے کے بعد پھوٹ آتے ہیں۔
کَنی باندھنا : [ار محاورہ] پتنگ کے تار میں دھجی باندھ کر اس کے دونوں بازوؤں کو ہموزن کرنا۔
کَنی دار : [ار صف] وہ کپڑا جس کے کنارے پر کسی رنگ کی دھاری ہو۔
کَنی دبانا : [ار محاورہ] قابو میں لانا۔ بس میں کرنا۔
کَنی دینا : [ار محاورہ] (۱) عاجز ہونا، مغلوب ہونا (۲) جھینپنا۔ شرمانا (۳) ڈرنا، خائف ہونا (۴) آنکھ سامنے نہ ہو سکنا۔
کَنی سے کَنی ملا کر سینا : [ار محاورہ] کپڑے کا کنارے سے کنارہ ملا کر سینا
کَنی کاٹنا : [ار محاورہ] کترانا
کَنی کھانا/لگنا : [ار محاورہ] پتنگ کا ایک طرف جھکنا
کَنے : [ہ متعلق فعل] پاس۔ قریب۔ نزدیک (۲) قبضے میں (۳) گھر پر۔
کَنیا/کَنّیا : [س امث] (۱) چھوٹی عمر کی لڑکی جو دس برس سے کم ہو (۲) دوشیزہ/باکرہ (۳) کنواری لڑکی (۴) بیٹی، دختر (۵) ایک برج سنبلہ (۶) کئی پودوں کا نام (۷) ایک بحر/وزن
کَنیا بھاؤ : [س امذ] دوشیزگی۔ کنوارپن۔
کَنیا بھرتری : [س امذ] داماد۔
کَنیا پال : [س امذ] لڑکی کا باپ۔ ولی (۲) لونڈیاں بیچنے والا سوداگر (۳) [illegible]
کَنیا پانی گرہن : [ہ امذ] دولہا کا دلہن کا ہاتھ پکڑنا۔
کَنیا پیٹ میں ڈھونڈتی پھرے بَر : [ہ مثل] اس کے متعلق کہتی ہیں جو کسی بات کے متعلق بہت پہلے سے انتظام کرے

کَنیا دانتری : [ہ امذ] بیٹی کا دان کرنے والا یعنی باپ
کَنیا دان : [ہ امذ] بیٹی شادی میں دینا۔ لڑکی کا بیاہ کرنا (۲) جہیز (۳) وہ روپیہ جو بیٹی کے بیاہ کے لئے لوگوں سے مانگا جائے۔
کَنیا دوشک/دوش/دوشیتری : [ار محاورہ] دوشیزہ سے زنا بالجبر کرنے والا
کَنیا دوش : [ہ امذ] دوشیزہ سے زنا بالجبر۔
کَنیا شرم/کَنیا آشرم : [ہ امذ] دوشیزاؤں کے رہنے کی پناہ گاہ/آشرم
کَنیا دانی : [ہ امث] وہ بارش جو سورج کے برج سنبلہ میں ہونے کے وقت ہو۔ ماہ ستمبر کی بارش۔
کَنیا ویدن : [ہ امذ] داماد
کَنّیا : [ہ امث] کان چھیدنے کی رسم۔
کَنیانا : [ہ محاورہ] (۱) ایک طرف ہو جانا (۲) پتنگ کا کنی کھانا (۳) کسی عیب کی وجہ سے شرم و حجاب کرنا۔ جھینپنا (۴) ٹال مٹول کرنا۔
کَنیاہٹ : [ہ امث] شرمانا۔ لجانا۔ جھینپنا (۲) روٹھنا (۳) ڈر۔ رہنا (۴) شرم۔ حجاب (۵) بزدلی۔
کُنیت : [ع امث] وہ نام جو باپ ماں یا بیٹے کی طرف منسوب ہو جیسے ابوسعید، ام جمیلہ اور ابن عمر۔ یہ اظہار نسب وصف کے لئے آتا ہے۔
کَنیٹھی : [ہ امث] کان کھینچنا (کان اینٹھنا کا مخفف)
کَنیر : [ہ امذ] ایک پودا جس کے پتے لمبے اور پھول سفید و سرخ ہوتے ہیں اس کی جڑ اور چھال زہریلی ہوتی ہے۔ پتوں کے سفوف کے جوشاندہ سے پسو کھٹمل مر جاتے ہیں۔
کَنیرا : [ہ امذ] ایک قوم جو تیر بناتی ہے۔
کَنیز : [ف امث] لونڈی۔ باندی
کَنیزک : [ف امث] دیکھیے "کنیز" جس کی یہ تصغیر ہے۔
کَنیزی : [ف امث] (۱) لونڈی کی حالت۔ لونڈی ہونا (۲) ملازمت۔ نوکری (۳) کنیز کا اسم کیفیت۔
کَنیس : [ہ صف] (۱) چھوٹا۔ ماتحت (۲) مذ۔ چھوٹا بھائی۔
کَنیسہ : [ف امذ] گرجا۔ معبد یہود و نصاریٰ کا۔
کَنیف : [ع امذ] جائے ضرور۔ پاخانہ۔ بیت الخلا
کَنیکا : [ہ امث] (۱) کنیا۔ لڑکی۔ دوشیزہ (۲) ایک قسم کا ایلوا۔

ک ، و

کو : [ہ صف] (۱) کا (۲) کو (۳) کب (۴) کون۔ کوئی (۵) لئے۔ برائے واسطے (۶) طرف (۷) سے۔ میں۔ اندر۔
کو ایشور : [س امذ] ملک الشعرا
کو : [ف امذ] (۱) کوچہ۔ گلی (۲) فراخ رستہ (۳) متعلق فعل۔ کہاں (۴) کہ او کا مخفف۔ کون۔ کون سا۔
کو بہ کو : [ف متعلق فعل] دربدر۔ گلی گلی۔
کوچہ : [ف امذ] تنگ راہ۔ گلی۔
کوچہ بند : [ف صف] وہ کوچہ جس کے نکاس پر دروازہ لگا ہوا ہو۔

کُوچہ بندی : [ف امث] دیکھئے "کوچہ بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کُوچہ بہ کوچہ : [ف تف] گلی گلی۔ دربدر
کُوچہ جھنکانا : [ارمحاورہ] گلی کے بار بار پھیرے کرانا
کُوچہ خموشاں : [ف امذ] قبرستان
کُوچہ سربستہ : [ف امذ] وہ گلی جو بند ہو۔
کُوچہ گرد : [ف صت] گلیوں میں پھرنے والا۔ آوارہ۔
کُوچہ گردی : [ف امث] دیکھئے "کوچہ گرد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کُوچۂ نافذہ : [ف امذ] راستہ جو گلی میں سے گزرے۔ گلیارا۔ وہ گلی جو بند نہ ہو۔
کوّا : [ہ امذ] (۱) ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو ہند و پاکستان میں عام ہے۔ زاغ کاگ (۲) وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق میں ہوتا ہے۔
کوّا اٹھانا : [ارمحاورہ] حلق میں گوشت کا ٹکڑا جب لٹک جائے تو اُسے دبانا
کوّا پری : [ارامث] بہت سیاہ عورت
کوّا پھنسانے کی چال ہے : [ار مثل] ہوشیار آدمی کو فریب میں پھنسانے کی ترکیب ہے
کوّا ٹرٹراتا ہے دھان پکتے ہیں : [ار مثل] باوجود مخالفت کے کام ہو ہی جاتا ہے۔ دشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوتا۔
کوّا ٹھینٹھی : [ہ امث] ایک پھول دار بیل
کوّا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا : [ار مثل] کسی کی نقل کرنے سے نقصان اٹھانے پر کہتے ہیں۔ جب کوئی ادنی اور بے حیثیت آدمی، صاحب حیثیت آدمیوں کی ریس کرکے بگڑ جائے تو کہتے ہیں۔
کوّا ڈوڈی : [ہ امث] کسی ایک پودے کا نام ہے۔
کوّا کان لے گیا : [ار مثل] اس بے وقوف کے متعلق کہتے ہیں جو ہر ایک بات پر یقین کرلے۔
کوّا کُہار : [ہ امذ] کوؤں کی کائیں کائیں۔ کاگا ذل
کوّا کُہار میں پڑنا : [ار محاورہ] کائیں کائیں اور نرغے میں پھنسنا۔
کوّا ناک لے گیا، ناک کو نہیں دیکھتے۔ کوّے کے پیچھے دوڑے جاتے ہیں : [ار مثل] اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص کسی غلط بات کی پیروی کئے جائے اور اصل معاملے کی تحقیقات نہ کرے۔
کوّا ہنس کی چال سیکھتا تھا اپنی بھی چال بھول گیا : [ار مثل] دیکھئے "کوّا چلا ۔ ۔ ۔ الخ"
کُوآ : [ہ امذ] دیکھئے کنواں
کواتھ : [ہ امذ] جوشاندہ
کوار : [ہ امذ] دیکھئے کنوار مع مرکبات و محاورات
کوار جاڑے کا دوار : [ہ مثل] کوار اسوج مہینے سے جاڑا اور سردی کا موسم شروع ہو جاتا ہے۔
کوارٹر : [انگ امذ] quarter (۱) چوتھا حصہ۔ ربع (۲) ایک انگریزی وزن جو ۲۸ پونڈ کا ہوتا ہے (۳) سال کا چوتھا حصہ سہ ماہی (۴) مقام۔ جگہ۔ چھاؤنی (۵) محلہ۔ ٹولہ۔ رہنے کا مقام (۶) خاص وضع کا رہنے کا مکان۔

کوارٹر گارڈ : [انگ امث] چھاؤنی۔ فوج یا پولیس گارد کی حوالات۔ یہاں اُن سپاہیوں کو رکھا جاتا ہے جنہیں افسر قید کی سزا دیں۔ یہاں ہروقت پہرہ رہتا ہے افسروں کی سلامی لی جاتی ہے اور ڈیل والوں کی نگرانی کی جاتی ہے۔ پاس ہی میگزین اور آرمری ہوتی ہے جہاں اسلحہ رکھتے ہیں۔
کوارٹر ماسٹر : [انگ امذ] quartermaster جنگی محکمہ کا وہ افسر جو فوج کے لیے سامان مہیا کرے (۲) جہاز کا ایک عہدیدار جو پتوار پر حاضر رہتا ہے۔
کوارنا : [ہ مص] جڑ سے اکھاڑنا۔
کواڑ : [ہ امذ] (۱) لکڑی کا وہ تختہ جو دروازے میں لگا ہوا ہوتا ہے۔ [افعال : بند کرنا۔ بھیڑنا۔ کھولنا] (۲) چھاتی کا ہر ایک پہلو۔
کواڑ بند ہو جانا : [ار محاورہ] خاندان میں کسی کا نہ رہنا سب کا مرجانا۔ کوئی نہ رہنا جس کی وجہ سے گھر کے کواڑ کھلے رہیں۔
کواڑ توڑ توڑ کے کھانا : [ار محاورہ] مصیبت کے دن کاٹنا۔
کواڑ دینا : [ار محاورہ] دروازہ بند کرنا
کواڑ کھٹکھٹانا : [ار محاورہ] گھر والوں کو بلانے کے لئے دروازہ کو ہلانا۔ اور کواڑوں پر کوئی چیز مارنا۔ زنجیر در کھڑکھڑانا۔
کواڑی : [ہ امث] چھوٹا دروازہ۔ ۲۔ دیکھئے "کواڑ ۲" (۳) قبا۔ انگرکھے مرزئی وغیرہ کا وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف رہتا ہے۔
کُواسا : [ہ امذ] نواسے کا بیٹا
کُواسی : [ہ امث] نواسے کی بیٹی
کَواغذ : [ف امذ] جمع کاغذ کی کاغذات (بقاعدہ عربی جمع غلط ہے)
کَوافر : [ع امذ] جمع کافر کی۔ کفار
کَواکب : [ع امذ] جمع "کوکب" کی۔
کَواکبِ ثابتہ : [ع امذ] وہ ستارے جو ایک ہی جگہ اپنے محور پر گردش کرتے ہیں۔ یہ بذات خود سورج ہیں اور ان کے گرد دوسرے سیارے گردش کرتے ہیں
کَواکبِ سیّارہ : [ع امذ] وہ سیارے جو کسی ستارہ کے گرد حرکت کریں جس طرح زمین، مشتری، زحل وغیرہ جو سورج کے گرد حرکت کرتے ہیں۔ ان کی ایک اور قسم ہے جو سیاروں کے گرد حرکت کرتی ہے ان کو قمر/تابع/سیارہ ثانیہ کہتے ہیں۔
کَوانچ : [ہ امث] ایک درخت اور اُس کی پھلی۔ اس کے چھو جانے سے انسان کے بدن پر خارش ہو جاتی ہے۔
کَوائف : [ع امذ] کیفیت کی غلط جمع (صحیح کیفیات ہونی چاہیئے)
کوب : [ف لاحقہ فاعلی] کوفتن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کوٹنے والے کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً سینہ کوب (۲) [امث] چوٹ۔ ضرب
کوبالٹ : [انگ امذ] (cobalt) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۸½ گنا بھاری ہے
کُوبرا : [انگ امذ] ایک قسم کا سیاہ پھن دار نہایت زہریلا سانپ۔ افعی۔ (COBRA)
کُوبڑ / کُوبڑا : [ہ امذ] بڑھاپے کی وجہ سے پیٹھ کی ہڈی کا نکل آنا۔
کوپ : [س امذ] غصہ۔ جوش۔ کرودھ۔ ناراضگی

کوپڑ : [ا ر ا مذ ق] ناہموار راستہ۔
کوپن : [ا نگ ا مذ] (coupon) کاغذ کا وہ حصہ جو مثنیٰ سے علیحدہ کر لیا گیا ہو۔ پرچہ۔ رسید۔ اقرار نامہ
کوت : [ع ا مث] اندازہ، تخمینہ (۲) ملاحظہ۔ پڑتال (۳) کام (۴) مثلث تام النادیہ کا قاعدہ۔
کوتا : [ع ا مذ] اندازہ / تخمینہ کرنے والا افسر۔
کوت : [ا ر۔ ا مث] وہ لکڑی کا شکیہ / الماری جس میں بندوقیں رکھتے ہیں۔
کوت میں بندوق نہ دفتر میں نام : [ا ر مثل] بیکار ہیں۔ نوکری نہ چاکری
کوتاہ : [ف صف] چھوٹا۔ مختصر۔ تنگ۔ سکڑا ہوا۔ ٹھنگنا (۲) ار بے باق
کوتاہ اندیش : [ف صف] بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔ کم فہم
کوتاہ اندیشی : [ف امث] دیکھئے "کوتاہ اندیش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کوتاہ بین / دست : [ف صف] کم نظر۔ کم بین۔ کم فہم (۲) پست ہمت۔
کوتاہ دستی / بینی : [ف ا مث] دیکھئے "کوتاہ بین / دست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
کوتاہ فہم : [ف صف] کم فہم۔ بے عقل
کوتاہ فہمی : [ف امث] دیکھئے "کوتاہ فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کوتاہ قد : [ف صف] ٹھنگنا۔ بونا۔ پست قد۔ چھوٹے قد کا
کوتاہ قلم : [فع صف] کم لکھنے والا۔
کوتاہ قلمی : [فع امث] دیکھئے "کوتاہ قلم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کوتاہ کرنا : [ا رمص مرکب] چھوٹا کرنا۔ گھٹانا۔ مختصر کرنا (۲) طے کرنا۔ بے باق کرنا نبٹانا۔ چکانا۔ چکتا کرنا۔
کوتاہ گردن : [ف صف] چھوٹی گردن والا۔ مجازاً شریر آدمی۔
کوتاہ گردن تنگ پیشانی : [ف صف] کنایۃً شریر۔ مفسد
کوتاہ نظر : [ف صف] تنگ نظر۔ کم بین۔ کم فہم۔
کوتاہ نظری : [ف امث] دیکھئے "کوتاہ نظر" جس کا یہ کیفیت ہے۔
کوتاہ ہمت : [ف صف] پست ہمت۔ کم حوصلہ۔
کوتاہ ہمتی : [ف امث] دیکھئے "کوتاہ ہمت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کوتاہی : [ف صف] کمی۔ نقص۔ کسر (۲) تنگی۔ تنبیق
کوتاہی کرنا : [ا ر محاورہ] کمی کرنا۔ دریغ کرنا۔
کوتک : [ا ر ا مذ] کام۔ فعل۔ چھن۔ حرکت۔ گن (۲) افعال ناشائستہ بدکرداری
کوتک : [ف ا مذ] ڈنڈا۔ لاٹھی۔ عصا۔
کوتک کھانا : [ا ر محاورہ] مار کھانا۔ ڈنڈے سے کھانا
کوتک مارنا : [ا ر مص مرکب] ڈنڈا مارنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔
کوتل : [ف ا مذ] خالی گھوڑا۔ خاص گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو امیروں کی سواری کے آگے آگے آراستہ و پیراستہ ہو کر محض سجاوٹ اور دکھاوے کے لئے رہے۔ جلو کا گھوڑا۔
کوتل گارد : [ا ر ا مذ] دیکھئے "کوارٹر گارد" جس کا یہ بگاڑ ہے۔
کوتنا : [ا ر مص] اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ پرکھنا۔
کوتوال : [ف ا مذ] پولیس کا وہ عہدہ دار جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں۔
کوتوالی : [ا ر ا مث] کوتوال کا صدر مقام۔ بڑا پولیس اسٹیشن۔

کوتوالی چبوترہ : [ا ر ا مذ] وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے جھگڑے پیش ہوں۔
کوتوالی چڑھنا : [ا ر محاورہ] دنگا فساد، چوری یا فوجداری کے جرم میں کوتوالی تک جانا (۲) بدمعاشوں میں نام لکھا جانا۔
کوتوالیا : [ا ر ا مذ ق] سپاہی۔
کوتہ : [ف صف] دیکھئے "کوتاہ" جس کا یہ مخفف ہے۔
کوتھا : [ا ر متعلق فعل] کون سا۔
کوتھلا : [ہ ا مذ] تھیلا۔ تھیلی (۲) جیب۔ پاکٹ (۳) مجازاً پیٹ۔
کوتھلا بھرنا : [ا ر محاورہ] پیٹ بھرنا۔ ادھوڑی تاننا۔
کوتھمیر : [ا ر ا مذ] ہرا دھنیا۔ دھنیے کے پتے۔
کوتھی : [ا ر متعلق فعل] کون سی
کوتھی : [ا ر امث] تلوار وغیرہ کے میان کا لوہا جو بطور نشان کے لگا ہوتا ہے۔
کوتی : [ا ر ا مذ ق] بندر
کوتیا : [ا ہ صف] غلہ اور میوہ کا اندازہ کرنے والا۔
کوٹ : [ا نگ ا مذ] coat آستینوں والا فرنگی جامہ۔ آستینوں کی کرتی (۲) استرکاری۔ دو یا دو سے زیادہ تہوں کا۔
کوٹ : [ا ر ا مذ] قلعہ۔ حصار۔ گڑھ (۲) فصیل۔ شہر پناہ۔ چار دیواری (۳) احاطہ (۴) مجازاً قالب۔ جسم۔ [illegible]
کوٹ اٹھانا : [ا ر محاورہ] قلعہ تعمیر کرنا۔
کوٹاپلی : [ا ر امث ق] موگری
کوٹ ڈالنا : [ا ر محاورہ] کسی چیز سے ضرب لگانا (۲) ضرب لگا کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۳) مارنا
کوٹ کاٹ کر : [ا ر متعلق فعل] بڑے بڑے ٹکڑے کرکے۔ پیس کر (۲) بکثرت (۳) از حد۔
کوٹ کر بھرنا / کے بھر دینا : [ا ر محاورہ] اتنا بھرنا کہ ظرف میں جگہ باقی نہ رہے۔ ٹھونس کے بھرنا۔ کنایۃً کثرت کا اظہار کرنا۔
کوٹ کر موتی بھرنا : [ا ر محاورہ] چمک کے واسطے موتیوں کا چورا کرکے کسی چیز میں بھر دینا (۲) آنکھیں چمکدار ہونا (۳) دنیا کے تمام حسن کو یکجا کرنا۔
کوٹ کوٹ کر : [ا ر متعلق فعل] بھر کر۔ بکثرت
کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا : [ا ر محاورہ] کثرت سے ہونا۔
کوٹ کی دلہن : [ا ر امث] وہ دلہن جو کورٹ کر بھری جائے۔
کوٹ : [ا ر ا مذ ، انگریزی court کا بگاڑ] کچہری۔ عدالت۔ دربار (۲) معاشقہ۔ ملاقات
کوٹ کرنا : [ا ر مص مرکب] شادی سے پہلے لڑکی سے ملاقات کرنا یا معاشقہ کرنا۔
کوٹ گشتی : [ا ر ا مذ] وہ محکمہ جس کا کام شہر میں گشت کرکے لوگوں کا حال معلوم کرنا اور بدمعاشوں کا سراغ لگانا ہوتا ہے۔
کوٹا : [ا نگ ا مذ] quota حصہ۔ حصہ رسد۔
کوٹکا : [ا ر صف ق] ذلیل و خوار
کوٹلا : [ا ر ا مذ] چھوٹا قلعہ۔ گڑھی
کوٹنا : [ا ر مص] مارنا۔ پیٹنا۔ کوب کاری کرنا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کچلنا (۳) زد و کوب کرنا (۴) بجانا۔ ڈھولک بجانا

:[ھ امذ] ایک قسم کا اناج۔
) :[ھ امذ] بالاخانہ۔ اوپر کا کمرا (۲) مکان کی بڑی کوٹھڑی (۳) ذخیرہ گودام
مرا (۴) پیٹ۔ شکم۔ معدہ (۵) بچہ دان۔ رحم۔
بگڑ جانا :[ارمحاورہ] معدے کا غلیظ ہو جانا (۲) رحم یا بچہ دان میں خرابی ہونا۔
لوٹنا :[ارمحاورہ] لقب لگنا۔
لینا / لے کر بیٹھنا :[ارمحاورہ] پیشہ کمانا۔ بُرا کسب اختیار کرنا
بلے میں بیٹھنا۔
ی / کوٹھڑی :[ھ امث] حجرہ۔ کمرہ۔ درجہ
:[ھ امث] چھوٹا پکا گھر (۲) گودام۔ ذخیرہ۔ غلہ رکھنے کا ظرف (۳)
نک۔ ساہوکار یا صراف کی کوٹھی (۴) کارخانہ۔ بڑی دکان (۵) بندوق کا خانہ
ں میں بارود جا کر ٹھہرتی ہے (۶) امیروں کا مکان جو شہر سے باہر ہوتا ہے۔ بنگلہ
یلی (۷) بچہ دان۔ رحم (۸) دیوار یا ستون جو زمین میں اُتارا جائے۔
م اُتارنا :[ارمحاورہ] کنویں کی دیوار یا ستون کو نیچے سے مٹی
ال کر نیچے لے جانا
بیٹھنا / بیٹھ جانا :[ارمحاورہ] دیوار نکلنا۔ گھاٹا آنا۔ ٹاٹ اُلٹ جانا۔
پڑنا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کوٹھی ڈالنا"، جس کا یہ لازم ہے۔
ڈالنا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کوٹھی اتارنا"۔
کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا گھر بار آپ کا ہے :[ارمثل] ایسے
قع پر بولتے ہیں جہاں کوئی مطلوبہ چیز تو دینی مقصود نہ ہو مگر زبانی کہتا
ائے گھر بار آپ کا ہے۔
کرنا / کھولنا :[ارمحاورہ] سوداگری کی دُکان کھولنا۔ بینک کھولنا۔
گرانا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کوٹھی اُتارنا"۔
کھاٹ :[ارامذ] وہ کوٹھی جو دریا کے کنارے بنائی جائے
وال :[ھ صف] مہاجن۔ ساہوکار۔ صراف
ے اوپر کوٹھڑی کیا دے گی سو مڑی :[ارمثل] کنجوس سے سخاوت
ری ہونے کی اُمید نہیں ہوتی۔
ے پر بیٹھنا :[ارمحاورہ] پیشہ کمانا۔ کسب کرنا۔
ھے چڑھنا :[ارمحاورہ] مشہور ہونا۔ راز فاش ہونا
ے والا روئے چھپر والا سوئے :[ارمثل] دولت مند کی نسبت
ریب آدمی آسودہ زندگی بسر کرتا ہے۔ غریبوں کی نسبت دولت مند زیادہ
تاج اور شاکی ہوتے ہیں۔
ٹھے والیاں :[ارامث] رنڈیاں۔ کسبیاں۔ طوائفیں
:[ارامث] (لباس) (۱) کوٹ کی تصغیر (۲) طنز۔ جلی کٹی۔ ہجو۔
:[ع امذ] بہشت کی ایک نہر۔ جنت کا حوض۔
کی دھوئی زبان :[ارامث] پاک اور شستہ زبان۔
:[ارمتعلق فعل ق] کچھ۔
یں کوچھ :[ارمتعلق فعل ق] کچھ کا کچھ
:[انگ امذ] couch صوفہ۔ پلنگڑی۔ سپرنگ والی کرسی
:[انگ امث] coach شاہی گاڑی۔ سواری گاڑی۔
(۲) ریل کا ڈبا (۳) استاد۔ معلم۔

کوچبان / کوچوان :[ارست] گھوڑا گاڑی چلانے والا۔
کُوچ :[ھ امذ] جلاہوں کی تانی صاف کرنے والا برش (۲) (مث) وہ
موٹا پٹھا جو آدمی کی ایڑی کے اُوپر اور چوپایوں کے ٹخنے کے نیچے ہوتا
ہے۔ دوسرے معنوں میں بیشتر جمع میں مستعمل ہے۔
کُوچ :[ف امذ] روانگی۔ رحلت
کُوچ بہ کُوچ :[ف متعلق فعل] پے در پے جانا۔
کُوچ بول دینا :[ارمحاورہ] روانگی کا حکم دینا۔ روانہ ہونا۔
کُوچ کا دن :[ارامذ] روانگی کا دن۔ موت کا دن۔
کُوچ کا نقارہ کرنا :[ارمحاورہ] فوج کی روانگی کے وقت طبل بجانا (۲) مرجانا۔
کُوچ کا نقارہ ہونا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کوچ کا نقارہ کرنا" جس کا
یہ لازم ہے۔
کُوچ کرنا :[ارمص مرکب] روانہ ہونا۔ سفر کرنا (۲) مرنا۔ دنیا سے گزرنا۔
کُوچ مقام :[فع امذ] چلنا۔ ٹھہرنا۔
کُوچ ہونا :[ارمص مرکب] روانگی ہونا۔ مرجانا۔
کوچا :[ارامذ] کچوکا۔ کسی نوکدار چیز یا تلوار کا تھوڑا سا زخم جو آر پار نہ ہوا ہو۔
کوچا دینا / مارنا :[ارمحاورہ] (۱) نوکدار چیز چبھونا (۲) طعنہ دینا۔ طنز کرنا
چٹکی لینا۔
کوچا کریلا :[ارامذ] بچوک دبا ہوا کریلا۔ وہ چہرہ جس پر چیچک کے داغ ہوں
کُوچیا :[ارامذ] املی کی سبز پھلی جسے نمک مرچ لگا کر کھاتے ہیں۔
کوچک :[ف صف] چھوٹا۔ ننھا۔ خُرد۔
کوچنا :[ارمص] چبھونا۔ چھری یا کانٹے کی نوک سے گودنا۔ کچوکے دینا۔
کوچہ :[ف امذ] دیکھئے "کُو" کے تحت۔
کوچی :[ارامث] سفیدی کرنے کا یا سونے چاندی کا برش۔
کوچیں کاٹنا :[ارمحاورہ] ایڑی کے اوپر سے پاؤں کے پٹھے کاٹنا۔ قدم
کاٹ ڈالنا۔ لولا بنا دینا۔
کُود :[ارامث] چھلانگ۔ جست۔
کُود پڑنا :[ارمحاورہ] کسی معاملے میں بے جا دخل دینا۔
کُود پھاند :[ارامث] اُچھل کود۔ دوڑ دھوپ۔
کُودانا :[ارمص] دیکھئے "کودنا"، جس کا یہ متعدی ہے
کُودک :[ف صف] لڑکا۔ بچہ۔
کودک مزاج / منش :[ف صف] طفلانہ مزاج۔
کُودن :[ف امذ] سست رفتار۔ بارکش گھوڑا (۲) (صف) کند فہم۔ کُورکھ۔ نادان
کُودنا :[ارمص] اُچھلنا۔ پھاندنا۔ چھلانگیں مارنا (۲) نہایت خوش ہونا۔ خوشی
میں پھولا نہ سمانا (۳) گھمنڈ کرنا۔ اترانا۔
کُودنا پھاندنا :[ارمص] خوشی کے مارے چھلانگیں لگانا۔
کودوں :[ارامث] ایک قسم کا سخت غلّہ
کودوں دلانا :[ارمحاورہ] سخت کام لینا۔ کٹھن کام کرانا۔
کودوں دے کے پڑھنا :[ارمحاورہ] مفت پڑھنا۔ کم خرچ کر کے پڑھنا۔ ناقص تعلیم پانا۔
کودوں کا بھات کن بھاتوں میں } [ارمثل] دُور کے رشتہ
ممیا ساس کن ساسوں میں } کا کیا اعتبار۔

کوُبان : [ا رامث ق] قلابازیاں

کوڈ : [انگ امذ] (code) مجموعۂ قوانین (۲) اشاروں کا کلام۔ خفیہ لغت
بری اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ۔

کوَر : [انگ امذ] (cover) ڈھکنا۔ ڈھکنا۔ سرپوش۔ جلد۔ پوشش۔
غلاف (۳) کتاب کا پٹھا۔ مقوی۔ دفتی۔ سرورق۔

کور : [انگ امث] (corpse) فوج کا دستہ جو کسی کام کے لیے متعین کیا جائے۔

کوُر : [ف صف] اندھا۔

کوُرِ باطن / دل : [ف صف] کند فہم۔ کج طبع۔ دل کا اندھا۔ دل میں
کینہ رکھنے والا۔

کوُرِ باطنی : [ف امث] دیکھیے "کور باطن وغیرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کوُر بخت : [ف صف] بدبخت۔ بدقسمت۔

کوُر بختی : [ف امث] دیکھیے "کور بخت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کوُر چشم : [ف صف] کور نگاہ۔ اندھا یا ایسا جسے آنکھوں سے دکھائی نہ دے۔

کوُر چشمی : [ف امث] دیکھیے "کور چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کوُر دِہ : [ف امذ] (۱) کم آباد چھوٹا گاؤں جو مشہور نہ ہو (۲) جاہلوں کی بستی

کوُرِ مادر زاد : [ف صف] پیدائشی اندھا۔

کوُر مغز : [ف صف] بے وقوف۔ احمق

کوُر مغزی : [ف امث] دیکھیے "کور مغز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کوُر نمک : [ف صف] نمک حرام۔ ناشکرا۔ احسان فراموش۔

کوُر نمکی : [ف امث] دیکھیے "کور نمک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

کور : [ھ امث] (۱) کنارہ۔ حاشیہ۔ کنی۔ سرا (۲) سنجاف۔ مغزی (۳) گگر (۴)
انگلیوں کا جوڑ۔ کرسی (۵) ناخن کا نوکدار ٹکڑا (۶) کھال کا ٹکڑا جو ناخن کی جڑ
میں ابھر آتا ہے (۷) کماری کا بگاڑ۔ سکھ عورتوں کے نام کے ساتھ مستعمل ہے۔

کور دبنا : [ا رمحاورہ] کنی دبنا (۲) عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔

کور کسر : [ا رامث] نقص۔ عیب۔ کمی بیشی۔ برائی بھلائی۔ قصور۔ قباحت۔

کور کسر نکالنا : [ا رمحاورہ] گھاٹا پورا کرنا۔ کمی پوری کرنا۔ نقص دور کرنا
عیب دور کرنا۔

کور : [ھ امذ] لقمہ۔ نوالہ

کورا : [ا رصف] نیا۔ غیر مستعمل (۲) سادہ۔ صاف۔ بے لاگ (۳) محض
جاہل۔ احمق۔ نادان (۴) غریب۔ مفلس۔ تنگ دست (۵) بے مروت
بے وفا۔ روکھا (۶) خالص۔ بالکل۔

کورا بچ جانا / بچنا : [ا رمحاورہ] صاف بچنا۔ بال بال بچنا۔

کورا برتن : [ا رامذ] غیر مستعمل برتن۔ پانی نہ لگا برتن (۲) کنواری لڑکی
دوشیزہ لڑکی۔

کورا پنڈا : [ا رامذ] ان بیاہی عورت (۲) کنوارا۔ کنواری۔

کورا تہ درز : [ا رامذ] بالکل نیا کپڑا۔

کورا جانا : [ا رمحاورہ] خالی ہاتھ جانا۔

کورا رکھنا : [ا رمحاورہ] کچھ نہ سکھانا۔ خالی رکھنا۔ محروم رکھنا۔ وعدہ پورا نہ کرنا۔

کورا رہ جانا : [ا رمحاورہ] بالکل محروم رہ جانا۔ کچھ حاصل نہ ہونا۔ جاہل رہنا۔

کورا سر : [ا رامذ] وہ سر جس کے بال نہ مونڈے گئے ہوں۔

کورا کاغذ : [ا ر امذ] بے لکھا کاغذ۔ سادہ کاغذ

کورا نکل جانا : [ا رمحاورہ] بے داغ بچ جانا۔

کورانہ : [ف صف] اندھوں کی طرح۔

کورٹ : [انگ امث] (court) قصر شاہی۔ محل سرا (۲) کچہری۔ عدالت
دربار (۳) ٹینس کھیلنے کا میدان۔

کورٹ آف وارڈز : [انگ امث] court of wards
نابالغوں کی جائداد کے انتظام کا سررشتہ۔

کورٹ انسپکٹر : [انگ امذ] court inspector پولیس کا وہ
عہدہ دار جو سرکار کی طرف سے عدالت میں فوجداری مقدمات کی پیروی کرتا ہے۔

کورٹ شپ : [انگ امذ] courtship شادی سے قبل لڑکے لڑکی کے ازدواج

کورٹ کرنا : [ا ر محاورہ] ضبط کرنا۔ قرق کرنا۔ کسی جائداد کو کورٹ آف وارڈز کے سپرد کرنا۔

کورٹ مارشل : [انگ امذ] court marshal جنگی عدالت فوجی عدالت

کورٹ ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "کورٹ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کورڑا : [ا رامث ق] کوڑا۔

کورس : [انگ امذ] course تعلیم کا زمانہ (۲) درسی کتاب
نصاب تعلیم (۳) گھوڑ دوڑ کا میدان

کورس : [انگ امذ] chorus وہ نغمہ جو سب مل کر گائیں (۲) گانے والوں کی جماعت جو کہ جا نغمہ

کور کور : [ھ امث] کتے کو بلانے کی آواز

کورم : [انگ امذ] quorum ارکان کی وہ تعداد جن کی موجودگی
سے جلسہ کی کارروائی جائز اور مؤثر ثابت ہو سکتی ہے۔

کورنش : [ت امث] خمیدگی۔ جھکاؤ۔ تسلیم بندگی۔ آداب۔ جھک کر سلام کرنا۔

کورنش بجا لانا : [ا رمحاورہ] آداب بجالانا۔ تسلیم عرض کرنا۔ بندگی کرنا۔

کورو : [س امذ] دھرت راشٹر کے بیٹے مہابھارت کی لڑائی میں یہی پانڈوں
کے مقابلے پر تھے۔

کورو : [ھ امذ] غلے وغیرہ کی لکڑی یا جھانکڑ (۲) شہتیر۔

کوری : [ف امث] نابینائی۔ اندھاپن

کوری : [ھ صف] دیکھیے "کورا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کوری آنکھ سے دیکھنا : [ا رمحاورہ] بے حیائی سے دیکھنا۔ نڈر ہو کر دیکھنا

کورے : [ا رصف] پورے (۲) کورا کی جمع اور مغیرہ حالت۔

کورے استرے سے سر منڈوانا : [ا رمحاورہ] نہایت تکلیف دینا۔
ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا (۲) سب کچھ چھین لینا۔

کورے استرے سے سر مونڈنا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "کورے استرے سے سر منڈوانا"

کوریڈار : [انگ امذ] corridor غلام گردش۔ متعدد کمروں کے سامنے
کا راستہ (۲) کسی ملک کی مقبوضہ زمین کا وہ تنگ قطعہ جو کسی دوسرے ملک کے علاقہ میں سے گزرتا ہو۔

کوڑ : [ا رصف ق] دیوانہ۔ بے وقوف۔ گنوار۔ احمق۔ نیز "کوڑھ" دیکھیے۔

کوڑا : [ا رامذ] دیکھیے "کوڑی" جس کا یہ اسم مکبر ہے۔

کوڑا : [ا رامذ] چابک۔ تازیانہ۔ درہ (۲) تنبیہہ۔ گوشمالی۔

کوڑا پھٹکارنا : [ا رمحاورہ] کوڑا مارنا

کوڑا کرنا : [ا رمحاورہ] چابک مارنا (۲) تنبیہہ کرنا۔ گوشمالی کرنا۔ مارنا پیٹنا۔

کوڑا کھانا : [ا رمحاورہ] چابک کی مار کھانا۔

ا لگانا :[ا رمحاورہ] چابک مارنا گھوڑے کو تیز کرنا۔ سزا دینا۔ تنبیہ کرنا۔
ا لگنا :[ارمحاورہ] دیکھیے "کوڑا لگانا"، جس کا یہ لازم ہے۔
ا :[ارامذ] خس و خاشاک۔ گھاس پھوس (۲) نکمی اور خراب چیز۔
ا پھیلانا یا کرنا :[ارمحاورہ] خس و خاشاک پھیلانا۔
ا کرکٹ :[ارامذ] گھاس پھوس۔ ردی اور نکمی چیز۔
ا لگنا :[ارمحاورہ] کوڑا جمع ہونا۔
ھ :[ہ امذ] برص۔ جذام۔ ایک مرض جو فساد خون سے ہوتا ہے۔ اس میں یا تو بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں یا اعضا پر ورم ہو کر انگلیاں گرنے لگتی ہیں۔
ھ ٹپکنا / چونا :[ارمحاورہ] برص یا جذام کی شدت سے جابجا زخم ہو کر بہنے لگنا۔
ھ میں کھاج :[ارمثل] مصیبت پر مصیبت۔۔۔ آفت پر آفت
ھ :[ہ صف] بیوقوف۔ احمق۔ مورکھ۔
ھ پن / پنا :[ارامذ] بدسلیقگی۔ بدتمیزی۔ بیوقوفی۔
ھ مغز :[ارامذ] بے وقوف کند ذہن۔ ابلہ
ھ مغزی :[ارامث] دیکھیے "کوڑھ مغز"، جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ھ مغزی کی بات :[ارامث] بیوقوفی کی بات۔ حماقت کی بات۔
ھی :[ہ صف مذ] جذامی۔ مجذوم۔ کوڑھ کا مریض۔
ھی کے جوں نہیں پڑتی :[ارمثل] جو مصیبت زدہ ہے اس پر کیا آفت آئے۔
ی :[ارامث] ایک بیسی۔ بیس
ی :[ارامث] وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں۔
ی :[ارامث] ایک قسم کا چھوٹا سکہ جو پہلے زمانے میں ادنیٰ سکے کے طور پر چلتا تھا (۲) سینے کی ہڈی کے نیچے کا گڑھا جو انسان کے جسم میں ہوتا ہے۔
(۳) کٹار کی موٹی نوک (۴) مجازاً روپیہ پیسہ۔ مال۔ دولت۔ (۵) قلیل مقدار
(۶) حبہ۔ پائی۔ دمڑی۔
ا بھر :[ارصف] تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
ی پاس نہ ہونا :[ارمحاورہ] نہایت مفلس اور تنگ دست ہونا۔
ی پھرنا :[ارمحاورہ] چند آدمیوں کا متفق ہو جانا۔
ی پھیرا کرنا :[ارمحاورہ] بہت پھیرے کرنا بار بار آنا جانا
ی جنگن مگن / چھول / زغند :[ارامذ] بچوں کا ایک کھیل۔
ی خرچنا :[ارمحاورہ] تھوڑا سا خرچ کرنا
ی دانتوں سے اُٹھانا :[ارمحاورہ] بہت کنجوسی کرنا
ی دُکان مانگنا :[ارمحاورہ] بہت ذلت سے بھیک مانگنا۔
ی کا کر دینا :[ارمحاورہ] بے عزت کر دینا۔ بے وقعت کر دینا۔
ی کا مال نہیں :[ارمحاورہ] خراب مال ہے۔ خریدنے کے قابل نہیں۔
ی کا ہو جانا :[ارمحاورہ] دیکھیے "کوڑی کا کر دینا"، جس کا یہ لازم ہے۔
ی کفن کو نہ ہونا :[ارمحاورہ] نہایت محتاج اور مفلس ہونا۔
ی کوڑی :[ارمتعلق فعل] ذرا ذرا۔ حبہ حبہ۔ ایک ایک کوڑی۔
ی کوڑی ادا کرنا :[ارمحاورہ] ایک ایک حبہ چکا دینا۔ دام دام بے باق کرنا۔

کوڑی کوڑی بھر پانا :[ارمحاورہ] کل وصول ہونا۔
کوڑی کوڑی بھیک مانگنا :[ارمحاورہ] نہایت ذلت سے بھیک مانگنا
کوڑی کوڑی پر جان دینا :[ارمحاورہ] بہت کنجوس ہونا۔
کوڑی کوڑی پر دانت رکھنا :[ارمحاورہ] بہت لالچی ہونا۔
کوڑی کوڑی جوڑنا :[ارمحاورہ] تھوڑا تھوڑا روپیہ جمع کرنا۔ نہایت کفایت شعاری اور کنجوسی سے پس انداز کرنا۔
کوڑی کوڑی کا حساب :[ارامذ] چھوٹی سے چھوٹی رقم کا حساب۔ مکمل حساب۔ باقاعدہ حساب۔
کوڑی کوڑی کو تنگ ہونا :[ارمحاورہ] نہایت مفلس ہونا۔ محتاج ہونا۔
کوڑی کوڑی لینا :[ارمحاورہ] پائی پائی تک وصول کرنا۔ کل وصول کرنا۔
کوڑی کوس دوڑانا :[ارمحاورہ] بڑی محنت لینا۔ تھکا دینا۔
کوڑی کوس دوڑنا :[ارمحاورہ] دیکھیے "کوڑی کوس دوڑانا"، جس کا یہ لازم ہے۔
کوڑی کو نہ پوچھنا :[ارمحاورہ] ذرا قدر نہ کرنا۔ مفت میں کام نہ لینا (۲) نہایت حقیر اور ذلیل جاننا۔
کوڑی کی آمد نہ ہونا :[ارمحاورہ] بالکل آمدنی نہ ہونا کچھ آمدنی نہ ہونا۔
کوڑی کی بات / عزت ہو جانا :[ارمحاورہ] بات بگڑ جانا۔ کچھ عزت نہ رہنا۔ آبرو نہ رہنا۔
کوڑی کے تین تین بکنا :[ارمحاورہ] نہایت ارزاں اور سستا بکنا۔ بے قدر ہونا۔
کوڑی کے کام کا نہیں :[ارمحاورہ] محض نکما اور ناکارہ ہے۔ بالکل بے مصرف اور بیکار ہے۔
کوڑی کے مول بکنا :[ارمحاورہ] بہت سستا بکنا۔
کوڑی نہ ملنا :[ارمحاورہ] کچھ نہ ملنا۔
کوڑی نہیں پاس چلے باغ کی سیر کو :[ارمثل] کم مائیگی کی حالت میں بڑے کام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
کوڑے کر ڈالنا :[ارمحاورہ] دام کھرے کرنا۔ اونے پونے بیچ ڈالنا۔
کوڑیا :[ہ امث] چھوٹا دروازہ۔ کھڑکی کا پٹ۔ چھوٹا کواڑ۔
کوڑیا غلام :[ارامذ] بے قدر غلام۔ بے عزت غلام۔ مفت کا نوکر
کوڑیالا :[ہ امذ] ایک قسم کا سفید چتیوں والا نہایت زہریلا سانپ (۲) ایک بوٹی (۳) مالدار۔ امیر۔
کوڑیاں کرنا :[ارمحاورہ] سستے داموں فروخت کرنا۔
کوڑیوں کا جھاڑ :[ارمحاورہ] کوڑیوں کا بنا ہوا درخت۔ کوڑیوں کا بنا ہوا کھلونا۔
کوڑیوں کے مول / مولوں :[ارصف] نہایت سستا۔ بے قدر۔
کوڑیوں کے مول بکنا / چلنا :[ارمحاورہ] بہت سستا فروخت ہونا
کوڑیوں کے مول ڈالنا :[ارمحاورہ] بہت سستا بیچنا۔
کوڑیوں کے مول لینا :[ارمحاورہ] بہت سستا خریدنا۔
کوڑیوں کے مول نہ لینا :[ارمحاورہ] سستا یا مفت بھی نہ لینا۔ بہت نکما سمجھنا۔
کوژ :[ف صف] کبڑا۔ خمیدہ
کوژ پشت / کوژہ پشت :[ف صف] خمیدہ پشت۔ کبڑا
کوزہ :[ف صف] کبڑا۔ خمیدہ (۲) بد ڈھنگا (۳) قفلی (۴) مصری کے گول گول ڈلے (۵) مٹی کا برتن (۶) مٹی کا آب خورہ

کُوزہ گر :[ف اند] کمہار۔ کاسہ گر۔ کلال
کُوزہ گری :[ف امث] برتن بنانا۔ ظرف بنانا۔
کُوزۂ نبات :[ف امث] مصری کا کوزہ۔
کُوزے میں دریا بند کرنا :[ا رمحاورہ] کسی طویل مضمون کو مختصر الفاظ میں بیان کرنا۔
کُوزیاں :[ا رامث] مٹی کے چھوٹے چھوٹے آب خورے۔
کُوس :[ف اند] بڑا نقارہ۔ بڑا طبل۔ دمامہ۔
کُوس لمن الملک بجانا :[ا ر۔ محاورہ] اپنی خدائی یا حکومت کا ڈنکا بجانا۔
کُوس رحلت / رحیل :[فع اند] کوچ کا نقارہ۔
کوس :[ھ اند] راستہ کی ایک حد۔ فرسنگ۔ تین ہزار گز کی لمبائی۔ سنگ نشان جو ہر فرسنگ پہ ہوتا ہے۔ کروہ (۲)، (ا) آستین کا کف۔
کوس چڑھنا / ڈالنا :[ا رمحاورہ] آستینوں کے آگے جوڑ ڈال کے طول بڑھانا۔ کف لگانا۔
کوس کھلنا :[ا رمحاورہ] کف کا بخیہ کھل جانا۔
کوس نہ چلی بابا پیاسی :[ا رشل] کام کے شروع ہوتے ہی ہمت ہار دینا۔
کوسا :[ھ اند] دعائے بد۔ بُرا بھلا کہنا۔ (افعال : کرنا)
کوسا کاٹی / کاسی :[ھ اند] کوسنا۔ دعائے بد۔ پھٹکار۔ [افعال : کرنا۔ ہونا]
کوسا لگنا :[ا رمحاورہ] بد دعا کا اثر ہونا
کوس کوس کے کھا جانا :[ا رمحاورہ] بد دعائیں دے کر مار ڈالنا
کوسم کاٹا :[ا رامث] ایک دوسرے کو کوسنا بد دعا دینا۔
کوسنا :[ا رمص] بد دعا دینا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) پیٹنا۔ ماتم کرنا
کوسنا پیٹنا / کاٹنا :[ا رمحاورہ] بد دعا دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔
کوسنا لگ جانا :[ا رمحاورہ] بد دعا کا اثر ہونا۔
کوسنے پڑنا :[ا رمحاورہ] کوسنا دیا جانا بد دعا دیا جانا۔
کُوسنگ :[ا رصف ق] بد صحبت
کوسوں :[ا رمتعلق فعل] دُور تک۔
کوسوں بھاگنا :[ا رمحاورہ] دُور چلے جانا۔ الگ رہنا (۲) از حد نفرت کرنا۔
کوسوں پیچھے جانا :[ا رمحاورہ] بہت پیچھے رہنا۔
کوسوں تک :[ا رمتعلق فعل] دُور تک۔
کوسوں دُور :[ا رمتعلق فعل] بہت دُور۔
کوسوں دُور بھاگنا / رہنا :[ا رمحاورہ] دُور چلے جانا۔ الگ جانا۔
کوسوں دُور ہونا :[ا رمحاورہ] بہت دُور ہونا (۲) پاس تک نہ جانا۔ الگ رہنا۔ بچنا۔
کوسے جئیں ایسے مریں :[ا رمثل] دنیا کے عجیب معاملات ہیں جن کو بد دُعا دی جاتی ہے وہ جیتے رہتے ہیں اور جن کو دعا دی جاتی ہے وہ مر جاتے ہیں۔
کوش :[س اند] خزانہ۔ گنجینہ (۲) ڈکشنری۔ لغت (۳) میان۔ نیام۔
کوش :[ف امث] بغیر ایڑی کا جُوتا۔ سلیپر۔
کوش :[ف لاحقہ فاعلی] کوشیدن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کوشش کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے کم کوش۔ ستم کوش۔
کوشاں :[ف صف] کوشش کرنے والا۔

کوشش :[ف امث] دوڑ دھوپ۔ محنت۔ مشقت (افعال : کرنا۔ ہونا)
کوشک :[ف اند] قصر۔ محل۔ اونچی اور بلند عمارت۔
کوفت :[ف امث] (۱) مارنا۔ کوٹنا (۲) سونے کو لوہے پر جڑنا (۳) تکلیف (۴) رنجیدگی۔ ملال (۵) صدمہ۔ رگڑ (۶) تھکاوٹ (۷) غم۔ رنج۔
کوفت اُٹھانا :[ا رمحاورہ] مصیبت / صدمہ / تکلیف برداشت کرنا۔
کوفت اُٹھنا :[ا رمحاورہ] دیکھیے "کوفت اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کوفت پر کوفت اُٹھانا :[ا رمحاورہ] صدمہ پہ صدمہ برداشت کرنا۔
کوفت حاصل ہونا :[ا رمص مرکب] ملال ہونا۔ رنجش ہونا۔
کوفت کا کام :[ا ر اند] وہ کام جو کٹائی کر کے بنایا جاتا ہے۔
کوفت کھانا :[ا رمحاورہ] رنج کا برداشت کرنا۔ جی جلانا۔
کوفت گر :[ف اند] (۱) کوفت کا کام کرنے والا (۲) ملمع گر (۳) سونے کے حروف بنانے والا
کوفت گری :[ف امث] دیکھیے "کوفت گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کوفت گزرنا :[ا رمحاورہ] رنج اور صدمہ گزرنا۔
کوفتگی :[ف امث] مارنا۔ کوٹنا (۲) دبانا۔ رگڑنا۔ تاڑنا (۳) صدمہ۔ ضرر۔
کوفت و کوب :[ف امث] مارنا۔ کوٹنا۔
کوفتہ :[ف صف] ضرر رسیدہ۔ کوٹا ہوا (۲) قیمے کے گول یا لمبوترے کباب۔
کوفتہ بیختہ :[ف متعلق فعل] کوٹ چھان کر (۲) کوٹا اور چھانا ہوا۔
کوفتہ را نان تہی (حلوائے بے دود ست) کوفتہ است :[ف مثل] دُکھ پائے ہوئے شخص کے لیے سوکھی روٹی بھی غنیمت ہے۔
کوفتے :[ا ر اند] کوفتہ کی جمع قیمے کے گولے جن کا شوربہ بنایا جاتا ہے۔
کوک :[ف اند] کچی سلائی۔ تُرپائی۔ لمبے لمبے ٹانکے (۲) دھاگا ڈالنا۔
کوک دینا / کوکنا :[ا رمحاورہ] کچی سلائی کر دینا۔ تُرپ کر دینا۔
کوک :[انگ اند] (coke) ایک قسم کا کوئلا جو کول سے تیار کرتے ہیں۔ یہ دھواں نہیں دیتا اس کا کول سے وہی تعلق ہے جو کوئلے کا لکڑی سے۔
کوک :[س اند] (۱) کوئل (۲) سرخ راج ہنس (۳) بھیڑیا (۴) مینڈک (۵) چھپکلی (۶) جنگلی کھجور۔
کوک شاستر :[س اند] ایک کتاب مصنفہ کوک نامی پنڈت جس میں عورتوں کی اقسام اور جماع کے طریقے دیے ہوئے ہیں۔
کُوک :[ہ امث] (۱) آواز۔ صدا (۲) سُریلی آواز (۳) کوئل یا فاختہ کی آواز (۴) آوازِ بلند (۵) مور کی آواز (۶) چیخ۔ کیک۔ کلکاری (۷) شور۔ غل۔ فغان (۸) واویلا۔ آہ وزاری۔ آہ و نالہ (۹) وہ آواز جو کوک کے رات کو ملتے وقت ایک دوسرے کو مارتے ہیں (۱۰) گھڑی یا باجے وغیرہ میں چابی دینا (۱۱) پیٹنا جیسے سُوت کا۔
کُوک اُتر جانا / اُترنا :[ا رمحاورہ] گھڑی وغیرہ کو چابی کی ضرورت ہونا۔ سپرنگ کھل جانا۔
کُوک چڑھنا :[ا رمحاورہ] گھڑی وغیرہ میں چابی زیادہ لگ جانا۔ سپرنگ کا زیادہ کسا جانا۔
کُوک دینا :[ا رمحاورہ] گھڑی یا باجے میں چابی دینا (۲) آواز یا صدا دینا۔
کُوک کرنا / مارنا :[ا رمحاورہ] چیخ مارنا۔ ہانک مارنا۔ آواز لگانا۔

کوک کروں تو جگ ہنسے چپکے لاگے گھاؤ / ایسے کٹھن سنیہہ کو کے بد کروں اپاؤ : [ہ۔ شل] عشق کی تعریف ہے اگر آواز نکالوں تو لوگ ہنسیں اور خاموش رہوں تو تکلیف ہوتی ہے۔ اس کا کیا علاج کیا جائے۔

کُوکا : [ہ امذ] سکھوں کا ایک فرقہ۔ جس کا بانی رام سنگھ نے ۱۸۶۲ء میں رکھی یہ تقریر کرتے وقت بہت چیختے تھے اس لئے یہ نام پڑا۔

کُوکاہٹ : [ہ امث] چیخنا۔ چلانا۔

کوکا : [ہ امذ] (۱) چھوٹی کیل۔ پھنگ (۲) کلی (۳) سرخ کنول۔ گل نیلوفر (۴) وہ گچھا جو کیلے میں سے نکلتا ہے (۵) کانٹا۔ سول۔

کوکا بیلی : [ہ امذ] گل نیلوفر۔ سرخ کنول

کَوکَب : [ف امذ] (۱) ستارہ۔ اختر

کَوکَبہ : [ف امذ] (۱) ستارہ (۲) جماعت۔ انبوہ۔ بھیڑ (۳) ایک فولادی گولا جو لکڑی کے اوپر لگا ہوتا ہے اور بادشاہوں کے جلوس میں لے کر چلتے ہیں (۴) شاہی جلوس۔ شان و شوکت۔ سواروں کا پرا۔

کوکَر : [ہ امذ] کتا۔ سگ۔ کلب

کوکر بسیرا : [ہ امذ] تھوڑی دیر ٹھہرنا۔ تھوڑی دیر کے لئے آنا۔

کوکر بھنگرا : [ہ امذ] ایک پودا۔

کوکر چھنڈی : [ہ امث] ایک جنگلی پودا جس کے پتے موٹے ہوتے ہیں۔ جن کا لیپ دیوانے کتے کے کاٹنے کے لئے مفید ہے۔

کوکرمتا : [ہ۔ امذ] دیکھئے "ککرمتا"

کوکری : [ہ امث] "کوکر" کی تانیث۔ کتیا۔ مادہ سگ۔

کوکڑ یانا : [ہ مص] ٹھٹھرنا۔ بچھانا۔

کوکل : [ہ امذ] (۱) کویل (۲) ایک قسم کا چوہا (۳) ایک قسم کا سانپ (۴) ایک زہریلا کیڑا (۵) ایک قسم کا کماد (۶) انگارا۔ دہکتا ہوا کوئلہ۔

کوکلا : [ہ امذ] کویل

کوکلا آنکھ / نین : [ہ امذ] ایک پودا۔

کوکلا بینی : [ہ صف] کویل کی آواز والا۔ خوش آواز والا۔

کوکل تاش : [ت صف] دودھ شریک بھائی۔

کوکن : [ف امذ] (۱) آلو (۲) کچا بھنا ہوا اناج۔

کُوکنا : [ہ مص] (۱) گھڑی وغیرہ کو چابی لگانا (۲) چیخنا۔ چلانا (۳) درد کی آواز نکالنا (۴) کوئل کا بولنا (۵) فاختہ اور قمری کا کوکو کرنا (۶) مور کا چنگھاڑنا (۷) بٹیر جگانا (۸) سوت کا لپیٹنا۔

کوکنار : [ف امذ] پوست۔ پوست کا ڈوڈہ۔

کوکنی : [ہ صف] چھوٹا۔ ننھا۔ ٹھگنا (۲) ادنٰی درجے کا۔ گھٹیل۔

کوکنی بیر : [ہ امذ] جھڑبیری کے بیر۔

کوکنی کلابتو : [ہ امذ] گھٹیل کلابتوں۔

کوکنی کیلا : [ہ امذ] ایک قسم کا چھوٹا کیلا۔ چمپا کیلا۔ چنیا کیلا۔

کوکنی : [ہ امذ] ایک رنگ جو شہاب لاجورد اور پھٹکڑی سے تیار کیا جاتا ہے۔

کوکو : [ف امث] (۱) فاختہ / قمری کی آواز۔ (افعال : کرنا۔ ہونا) (۲) تلا ہوا انڈا۔

کوکو : [ہ امث] (۱) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔

کوکو پلاؤ / کوکو پلاؤ : [ہ امذ] وہ پلاؤ جس میں کباب یا سالم انڈے ڈالتے ہیں (لکھنؤ) بیضہ پلاؤ (دہلی)

کوکو : [انگ امث] (COCOA) ایک قسم کا سفوف جو ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی چائے جو اس سفوف سے بناتے ہیں۔

کوکہ : [ت امذ] (۱) رضاعی بھائی (۲) رضاعی بہن

کوکھ : [ہ امث] پیٹ ۔۔۔ [illegible]

کوکھ آباد رہے : [ا۔ دعا] بچے جیتے رہیں۔ اولاد زندہ رہے۔

کوکھ آنچ سے بھری پڑی ہے : [ا محاورہ] اولاد اور خاوند سلامت ہیں۔

کوکھ اُجڑ جانا : [ا محاورہ] (۱) اولاد کا زندہ نہ رہنا (۲) حمل گر جانا۔ حمل نہ رہنا۔

کوکھ اُجڑی : [ا صف] وہ عورت جس کی اولاد مر جائے۔

کوکھ بند : [ا صف] بانجھ عورت۔ عقیمہ۔

کوکھ بند ہو جانا : [ا محاورہ] (۱) جننے سے رہ جانا۔ حمل نہ ٹھہرنا (۲) عورت کا سن یاس کو پہنچنا۔

کوکھ پڑنا : [ا محاورہ] حاملہ ہونا۔

کوکھ جلی : [ا صف] وہ عورت جسے اولاد کے مرجانے کا صدمہ پہنچا ہو۔ جس کے بچے مرجاتے ہیں۔

کوکھ سے ٹھنڈی ہونا : [ا محاورہ] صاحب اولاد ہونا۔

کوکھ شاستر : [ہ امذ] علم غیب۔

کوکھ کا آنار / خلل : [ا امذ] (۱) اسقاط حمل (۲) بچوں کا مرجانا۔

کوکھ کی آنچ / ممتا : [ا امث] محبت مادری

کوکھ کی آنچ سہی جاتی ہے پیٹرو کی آنچ نہیں سہی جاتی : [ا مثل] اولاد کے مرنے پر صبر آجاتا ہے مگر خاوند کی موت برداشت نہیں ہوتی۔

کوکھ مانگ سے بھری پُری (ٹھنڈی) رہے : [ا دعا] (ع) اولاد اور خاوند جیتے رہیں۔

کوکھ مانگ سے ٹھنڈی رہنا : [ا محاورہ] اولاد اور خاوند کا جیتے رہنا (۲) سہاگن اور صاحب اولاد رہنا۔

کوکھ مانگ سے ٹھنڈی ہونا : [ا محاورہ] سہاگن اور صاحب اولاد ہونا۔

کوکھ میں کیڑے پڑیں : [ا۔ کوسنا۔ عو] اولاد کا غم دیکھے۔

کوکھیں : [ہ۔ امث] دیکھئے "کوکھ" جس کی یہ جمع ہے۔

کوکھیں لگ جانا / لگنا : [ا محاورہ] بھوک کے مارے کوکھوں کا اندر دھنس جانا۔ بھوکا ہونا۔

کوکئی : [ہ امث] اُودا رنگ۔ کوکنی رنگ۔ کنول کا رنگ۔

کوکی : [ا۔ امث] دودھ شریک بہن۔ "کوکہ" کی تانیث۔

کوکین : [انگ امث] ([illegible]) کوکا پودے کا مرکب جو نشہ آور دوا ہے جس کو سن کر دینے والا ہے۔ شوقین اور عیاش لوگ پان میں ڈال کر کھاتے ہیں۔

کَوَل : [ہ امذ] لقمہ۔ نوالہ (۲) کچا اناج جو گنوار ویسے ہی یا بھون کر کھاتے ہیں (۳) اناج کی مقدار جو ایک دفعہ چکی میں پیسنے کے لئے ڈالی جاتی ہے (۴) غراروں کی دوائی (۵) غرارہ (۶) ایک قسم کی مچھلی (۷) دب، کٹورا (۸) اچھے خاندان کا۔ خاندانی۔ عالی نسب۔ کشمیری پنڈتوں کی ایک گوت۔

کَوَل گراس نہ کرنا : [ا محاورہ] لقمہ تک نہ کھانا۔

کُول : [ہ امذ] (۱) ڈھلوان سطح (۲) دریا کا کنارہ۔ ساحل (۳) کنارہ۔ سرا (۴) ڈھیر انبار (۵) جھیل۔ تالاب۔ چشمہ (۶) آبپاشی کا کھال یا قدرتی نالہ جو کسی چشمے وغیرہ سے آئے اور آبپاشی کے لئے استعمال ہو۔

کول : [ف امذ] (۱) تالاب۔ حوض۔ پوکھر۔ جھیل (۲) پیالہ

کول : [انگ امذ] (coal) پتھر کا کوئلہ۔ کوئلہ۔

کول تار : [انگ امذ] coaltar قیر

کول سٹیشن : [انگ امذ] coal station وہ مقام جہاں جہاز یا ریل کا انجن کوئلہ لیتے ہیں

کول گیس : [انگ امذ] coal gas ایک ہوا جو جلانے کے کام آتی ہے۔

کول : [ھ امذ] (۱) خلیج۔ کھاڑی (۲) سوراخ۔ غار (۳) گلی۔ لمبا راستہ۔

کُول : [انگ صف] (cool) ٹھنڈا۔ سرد۔

کُولا : [ہ امذ] (۱) گود۔ بغل (۲) دروازے کے ادھر ادھر کی دیوار (۳) پہلو کی دیوار (۴) کونا۔ گوشہ۔ کھونٹ (۵) وہ اناج کی ٹوپی جو کاٹنے والے کو دی جائے (۶) ایک قسم کی نارنگی (۷) اس قدر جو دونوں بازوؤں میں آ جائے (۸) سوراخ۔ چھید۔ غار۔

کُولا/کولھا : [ہ امذ] چوتڑ۔ سرین۔ پٹھا ازار بندھنے کی جگہ۔

کُولا اُتر جانا/اترنا : [ارمحاورہ] کولہے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔

کُولا ڈنکیاں : [ارامث] ہاتھا پائی۔ دھینگا مشتی۔

کُولا کاٹنا : [ارمحاورہ] ایذا دینا۔ کچھ کر لینا۔ صدمہ پہنچانا (۲) بوٹیاں اڑانا۔

کُولا مار کر چلنا : [ارمحاورہ] چوتڑوں کو ہلا ہلا کر چلنا۔ ناز نخرے سے چلنا۔

کُولا مٹکانا : [ارمحاورہ] دیکھئے "کولا مار کر چلنا"

کُولا : [ہ امذ] (۱) کوئلہ (ماسوائے لکھنؤ کے آج کل متروک ہے) (۲) گیدڑ۔ (۳) عیار۔

کولاٹیاں : [ار۔امث ق] قلابازیاں

کولتی : [ار۔امث ق] جلتی ہوئی لکڑی۔

کولڑا : [ار۔امذ ق] کوڑا۔

کُولر : [انگ امذ] cooler ٹھنڈا کرنے کی مشین / برتن۔ خنک ساز۔

کولوں کا گُل : [ار۔امذ] چاولوں کی پیچ اور پسے ہوئے کوئلے ملا کر بنائی ہوئی ٹکیا جو جلد آگ پکڑ لیتی ہے۔

کولسا : [ار۔امذ ق] کوئلا۔

کولوں کو دغا دینا : [ارمحاورہ] موت سے بچ جانا۔

کولھو/کولُو : [ہ امذ] (۱) تیل نکالنے کا آلہ۔ یا۔ کل (۲) رس نکالنے کی کل (۳) س) وہ لکڑی جس کے گرد چکی پھرتی ہے۔

کولھو پلنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "کولھو پیلنا"، جس کا یہ لازم ہے۔

کولھو پیلنا : [ارمحاورہ] کولھو میں ڈال کر تیل نکالنا۔ کولھو چلانا۔

کولھو چلانا : [ارمحاورہ] دیکھئے "کولھو پیلنا"۔

کولھو چلنا : [ارمحاورہ] دیکھئے "کولھو چلانا" جس کا یہ لازم ہے

کولھو سے پیلنا : [ارمحاورہ] بہت ایذا دینا۔

کولھو سے نکل اتری بھٹی بیلوں جوگ : [ار۔مثل] آدمی بوڑھا ہو کر نکما ہو جاتا ہے۔

کولھو کا بیل : [ارصف] (۱) وہ جو ہر وقت کسی کام میں لگا رہے۔ نہایت محنتی (۲) ایک ہی جگہ چکر کھانے والا (۳) وہ بیل جو کولھو میں جوتا جاتا ہے (افعال: ہو جانا۔ ہونا)

کولھو کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس/میں منزل ہے : [ارمثل] مصیبت زدہ کو گھر میں آرام نہیں ملتا۔

کولھو کے بیل کی طرح پلنا : [ارمحاورہ] سخت محنت مشقت کرنا۔ کسی کام میں ہر وقت مشغول رہنا۔ بہت محنت کرنا (۳) غلاموں کی طرح کام میں لگے رہنا۔

کولھو کے بیل کی طرح رات دن پھرنا : [ارمحاورہ] بہت محنت مشقت کرنا۔ آوارہ پھرتے رہنا۔ مارے مارے پھرنا۔

کولھو میں پلوا دینا : [ارمحاورہ] کولھو میں ڈلوا کر مروا دینا۔ زمانہ قدیم کی ایک سزا تھی (۲) نہایت سخت سزا دینا۔

کولھو میں بیل ڈالنا/پیلنا : [ارمحاورہ] کولھو کے ذریعے سے تیل نکالنا (۲) سخت تکلیف دینا۔ سخت سزا دینا۔

کولھو میں ڈال کر بیل ڈالنا : [ارمحاورہ] سخت سزا دینا۔ سخت تکلیف دینا۔

کولی : [ہ امث] (۱) دیکھئے "کولا" (۲) ہندوؤں کی ایک ذات جو جلاہے کا کام کرتی ہے اور مچھلیاں پکڑتی ہے (۳) وہ سیاہی جو مہندی لگانے کے بعد حنا بستہ ہاتھوں میں نمودار ہوتی ہے۔

کَولی : [ار۔امث] گود۔ آغوش۔ دونوں بانہوں کا حلقہ۔

کولی بھر کے لے لینا/کولی بھرنا/کولی میں بھر لینا : [ارمحاورہ] دونوں ہاتھوں سے گھیر کر بیچ میں لینا۔ کھینچی بھر لینا۔ آغوش میں بھر لینا (۲) حرص کرنا۔ طمع کرنا۔

کُولی : [س۔امذ] (۱) زمین (۲) کنول

کولے : [ہ امذ] دیکھئے "کولا"۔ جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے۔

کولے ٹھنڈے کرنا/سینچنا : [ارمحاورہ] دروازے کے دونوں طرف پانی چھڑکنا کہ رد بلا ہو جو ایک ٹونکا ہے۔

کولے سے لگ کر کھڑا ہونا : [ارمحاورہ] رنج و غصہ کے باعث یا رد کے دیوار کے ساتھ یا کونے میں کھڑا ہونا۔

کولیا : [ھ امث] (۱) چھوٹا لقمہ (۲) تنگ گلی۔

کومل/کونبھل : [ھ امث] سیندھ۔ نقب (افعال: دینا۔ لگانا)۔

کومل : [س صف] (۱) نرم۔ ملائم (۲) نازک (۳) بچہ۔ نادان۔ کچا (۴) صاف چکنا (۵) لچکیلا (۶) حلیم۔ نرم مزاج (۷) خوشگوار اور مزیدار (۸) نیچا (۹) شیریں۔ فصیح۔

کوملیا : [ہ صف] نقب لگانے والا۔ نقب زن۔

کَون : [ع امذ] (۱) ہو جانا۔ وجود میں آنا۔ بناؤ (۲) دنیا۔ جہان۔ عالم موجودات ہستی (۳) حادث ہونے والی چیز۔

کَون و فساد : [ع امذ] موجود ہونا اور تباہ ہو جانا (۲) بودنی نہ بودنی (۳) مجازاً فانی دنیا۔

کَون و مکاں : [ع امذ] دنیا۔ جہان

کُون : [ف امث] گانڈ۔ مقعد۔

کُون خر : [ف صف] بے وقوف۔ احمق۔

کون : [س امذ] زاویہ (۲) ، کونا (۳) ، بربط بجانے کا گز (۴) کوئی درمیانی سمت جیسے شمال مشرق (۵) عدد چار (۶) تاروں کا ایک باجا (۷) ، تلوار کی نوک (۸) ڈنڈا ۔ لاٹھی (۹) زحل ۔ سنیچر (۱۰) مریخ ۔ منگل

کون : [ا ر حرف استفہام] (۱) غیر انسان کے لئے سا اور سی کے ساتھ مستعمل ہے (۲) انسان کے لئے بغیر سا اور سی کے استعمال ہوتا ہے (۳) کدام ۔ کو ۔ کم (۴) کیا چیز ۔ بے حقیقت ۔

کون امر : [ا ر متعلق فعل] کون سا امر

کون بات : [ا ر متعلق فعل] کون سی بات

کون بات ہے : [ا ر روزمرہ] موقع نہیں ہے ۔ بات نہیں ۔

کون بشر ہے : [ا ر روزمرہ] کون شخص ہے ۔ ہم نہیں جانتے ۔

کون پرائی آگ میں گرتا ہے : [ا ر مثل] کوئی شخص کسی کے عوض مصیبت میں نہیں پڑتا ۔ کوئی کسی کی آفت اپنے سر نہیں لیتا ۔

کون جانے : [ا ر روزمرہ] کون نہیں جانتا ۔ خدا جانے ۔

کون جانے : [ا ر روزمرہ] میں نہیں جانتا ۔

کون حقیقت : [ا ر روزمرہ] بے حقیقت ۔

کون دن تھے : [ا ر روزمرہ] کیسے اچھے دن تھے ۔ کیا اچھا زمانہ تھا ۔

کون سا : [ا ر حرف استفہام] کون ۔ کیا ۔ کس ۔ قدر ۔ کتنا ۔

کون سا درخت ہے جس کو ہوا نہیں لگی : [ا ر مثل] عیب اور تکلیف سے کوئی خالی نہیں ۔

کون سا زہر مل گیا : [ا ر روزمرہ] کیا بُرائی ہو گئی ۔

کون سنتا ہے : [ا ر روزمرہ] کوئی نہیں سنتا

کون سی : [ا ر کلمہ استفہام] دیکھئے "کون سا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

کون سی بات اُٹھا رکھی ہے : [ا ر روزمرہ] کوئی کسر باقی نہیں رہنے دی

کون سے روز : [ا ر روزمرہ] کس دن

کون سے قرآن میں لکھا ہے : [ا ر روزمرہ] کس قاعدے سے جائز ہے ۔

کون سے لعل لگے ہیں : [ا ر روزمرہ] کیا خاص بات ہے ۔

کون سے مرض کی دوا ہو : [ا ر روزمرہ] کس کام کے ہو ۔ محض نکمے ہو ۔

کون کس کی سنتا ہے : [ا ر روزمرہ] کوئی کسی کی فریاد نہیں سنتا ۔

کون کہتا ہے : [ا ر روزمرہ] کوئی نہیں کہتا ۔ میں نہیں کہتا ۔

کون کہے : [ا ر روزمرہ] بیان نہیں ہو سکتا ۔

کون مدت سے : [ا ر متعلق فعل] کتنی مدت سے ۔ کتنے زمانہ سے ۔

کون وقت ہوا : [ا ر روزمرہ] دیر ہو گئی ۔ مدت ہو گئی ۔

کون وقتوں سے : [ا ر متعلق فعل] بڑی دیر سے ۔

کون ہوتا ہے : [ا ر روزمرہ] اسے کیا واسطہ ہے ۔ وہ کیا تعلق رکھتا ہے ۔

کونا : [ا ر امذ] گوشہ ۔ زاویہ (۲) طرف ۔ جانب ۔ پہلو ۔ کولا ۔

کونا کونا جھانکنا / دیکھنا : [ا ر محاورہ] بے انتہا تلاش کرنا ۔ جستجو کرنا ۔

کونا کھدرا / کھترا : [ا ر امذ] کونہ دونا ۔ گوشہ ددشنہ ۔

کونے کی خیر منانا : [ا ر محاورہ] گھر کی بھلائی چاہنا ۔

کونے میں بیٹھ رہنا : [ا ر محاورہ] گوشہ نشین ہونا ۔

کونے میں پڑا رہنا : [ا ر محاورہ] سب سے الگ ہونا ۔

کونپل : [ہ امث] شگوفہ ۔ کلی ۔ نئی چھوٹی ملائم پتی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے ۔

کونپل پھوٹنا / نکلنا : [ا ر محاورہ] شگوفہ نکلنا ۔ نئے پتے پھوٹنا

کُونت : [ہ امث] اندازہ ۔ تخمین ۔ اٹکل ۔ تشخیص ۔ کوت ۔

کونتنا / کونتھنا : [ا ر مص] براز کے واسطے زور کرنا ۔ حالت قبض میں زور لگا کر پاخانہ نکالنا

کُونج : [ا ر امث] قاز ۔ کلنگ ۔ راج ہنس ۔ حواصل ۔ مرغابی ۔

کونج کونج ہماری کوڑی دے جا اپنی کوڑی لے جا : [ا ر مقولہ] بچوں کا ایک کھیل ۔ جب کونجوں کی قطار دیکھتے ہیں تو دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں آپس میں رگڑتے ہیں اور کہتے ہیں ۔

کونجڑی : [ا ر امث] دیکھئے "کنجڑا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

کونجڑی اپنے بیر کھٹے نہیں بتاتی : [ا ر مثل] کوئی اپنی چیز کو بُرا نہیں کہتا ۔

کُونچ : [ا ر امث] ایک زہریلا درخت اور اس کا پھل ۔

کونچ : [ا ر امذ] دیکھئے "کوچ"

کونچا : [ا ر امذ] بھڑبھونجے کا کڑچھا جس سے بالو وغیرہ نکالتے ہیں ۔

کونچا : [ا ر امذ] گھاس کا پولا

کونچنا : [ا ر مص] دیکھئے "کوچنا"

کونچی : [ا ر امث] دیکھئے "کوچی"

کوند : [ا ر امث] بجلی کی چمک ۔

کوندا : [ا ر امذ] دیکھئے "کوند"

کوندا پڑنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کوندا لگنا"

کوندا لپکنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کوندا لگنا"

کوندا لگنا : [ا ر محاورہ] بغیر گرج کے بجلی کا چمکنا

کوندا ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کوندا لگنا"

کوندنا : [ا ر مص] بجلی چمکنا

کُونڈ : [ا ر امث] ناند ۔ کپڑا رنگنے دھونے کا برتن ۔

کُونڈا : [ا ر امذ] آٹا گوندھنے کا برتن ۔ ناند ۔ پرات (۲) نذر نیاز کی شرینی ۔

کُونڈا بھرنا : [ا ر محاورہ] نذر پوری ہونے پر امام جعفر کی نیاز دلوانا ۔

کُونڈا کرنا : [ا ر محاورہ] کسی کے نام کی نیاز دلانا (۲) دو تین آدمیوں کا مل کر کسی کے ساتھ بُرا کام کرنا ۔

کُونڈا ماننا : [ا ر محاورہ] نیاز ماننا ۔

کُونڈ بارہ : [ا ر امث ق] قید بند ۔

کُونڈی : [ا ر امث] چھوٹا کونڈا جو اکثر مٹی یا پتھر کا بنا ہوتا ہے ۔ دوری ۔

کُونڈی سونٹا : [ا ر امذ] فقیروں کا چھوٹا کونڈا اور سونٹا جس سے بھنگ رگڑتے ہیں ۔

کُونڈی سونٹا بجانا : [ا ر محاورہ] بھنگ رگڑنا ۔

کُونڈی سونٹا بجنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کونڈی سونٹا بجانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

کُونڈے کے اِس پار یا اُس پار : [ا ر مثل] بہت سست اور کاہل آدمی کی نسبت بولتے ہیں ۔

کونڈیلی : [ا ر امث] چھوٹی کونڈی ۔

کونڑا ؛ [ھ صف] بے اوسان. بدحواس (۲)، کائیں کائیں سے گھبرایا ہوا۔
کونڑا جانا ؛ [ا رمحاورہ] کائیں کائیں سے گھبرا جانا. بدحواس ہو جانا.
کونڑا دینا ؛ [ا رمحاورہ] دیکھئے "کونڑا جانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
کونسل ؛ [انگ امث] council ا جماعت. مجلس. سبھا (۲)، مجلس شوریٰ۔ دیوان (۳)، ارکان مجلس.
کونسل ؛ [انگ امث] (counsel) صلاح مشورہ
کونسل کرنا ؛ [ا رمحاورہ] مل کر تدبیر سوچنا. منصوبہ گانٹھنا.
کونسلر ؛ [انگ امذ] counsillor کونسل کا رکن. مشیر. صلاح کار.
کونسلی ؛ [ارامذ] صلاح کار. کونسل کا ممبر. مشیر. وکیل. پیروکار.
کوں کوں ؛ [ھ امث] کتے کے بچے کی آواز.
کونی ؛ [ف امذ] وہ شخص جسے علت مشائخ ہو۔
کونین ؛ [ع امذ] دونوں جہان. ہر دو عالم دین و دنیا. ہر دوسرا کون کا تثنیہ
کونین ؛ [انگ امث] : (QUININE) ایک مشہور دوا جو بخار بالخصوص ملیریا وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے.
کوہ ؛ [ف امذ] پہاڑ۔ وہ سنگلاخ قطعہ جو زمین سے اونچا ہو۔
کوہ آتش فشاں ؛ [ف امذ] وہ پہاڑ جس میں گندھک کا مادہ ہونے کے باعث آگ کے شعلے نکلتے ہیں۔ جوالا مکھی.
کوہ آدم ؛ [ف امذ] لنکا کے سلسلہ کوہ کی وہ بلند چوٹی جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت آدمؑ بہشت سے یہیں اترے تھے.
کوہ البرز ؛ [ف امذ] ایران کے شمال میں ایک بلند اور مشہور پہاڑ کا نام.
کوہ بے ستوں ؛ [ف امذ] ایران کا ایک پہاڑ جس کے متعلق مشہور ہے کہ فرہاد کھود کر اس میں سے جوئے شیر لایا تھا۔
کوہ پیکر ؛ [ف صف] پہاڑ جیسے جسم والا۔ گرانڈیل. قوی جثہ
کوہ پیما ؛ [ف۔ صف] پہاڑ پر چڑھنے والا (۲)، پہاڑ پر چڑھنے کا ماہر.
کوہ ٹوٹنا ؛ [ا رمحاورہ] آفت آنا. مصیبت آنا.
کوہ جگر ؛ [ف صف] حوصلہ مند آدمی. شجاع۔ دلیر. بہادر.
کوہ جودی ؛ [ف امذ] وہ پہاڑ جس پر حضرت نوحؑ کی کشتی طوفان کے ختم ہو جانے پر ٹھہری تھی۔
کوہ رحمت ؛ [ف امذ] مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی۔
کوہ رواں ؛ [ف امذ] چلنے والا پہاڑ۔ مجازاً گھوڑا.
کوہ صفا ؛ [ف امذ] مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام.
کوہ طور ؛ [ف امذ] ملک شام کا وہ پہاڑ جس پر خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو اپنی تجلی دکھائی تھی۔
کوہ قاف ؛ [ف امذ] بحیرۂ اسود کے شمالی حصہ کا پہاڑ جسے پرانے قصے کہانیوں میں پریوں کا مسکن بتایا جاتا ہے کنایۃً ناقابل گزر مقام.
کوہ کن ؛ [ف صف] پہاڑ کھودنے والا (۲) شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب۔
کوہ کندن کاہ برآوردن ؛ [ف مثل] ایسا کام جس سے فائدہ کوئی نہ ہو اور زیادہ مشکل ہو.
کوہ کنی ؛ [ف امث] پہاڑ کھودنا۔
کوہ نور ؛ [ف امذ] ایک بہت بڑے مشہور ہیرے کا نام جو بابر کو ابراہیم لودھی سے لڑائی کے بعد ملا تھا اور آخر میں انگریزوں کے ہاتھ لگا.

کوہاڑا ؛ [ا رصف ق] (۱) مشکل (۲)، تمردہ فکر۔ اندیشہ. غم
کوہان ؛ [ف امذ] اونٹ کی پیٹھ کی بلندی۔ سانڈ یا بیل کا اونچا کندھا.
کوہچہ ؛ [ف امذ] ابھری ہوئی زمین
کوہسار ؛ [ف امذ] پہاڑ کی جگہ، پہاڑوں کا سلسلہ۔ پہاڑی ملک۔
کوہستان ؛ [ف امذ] وہ جگہ جہاں کثرت سے پہاڑ ہوں۔ پہاڑی ملک
کوہستانی ؛ [ف صف] دیکھئے "کوہستان" جس سے یہ منسوب ہے
کوہی ؛ [ف صف] دیکھئے "کوہ" جس سے یہ منسوب ہے
کوہی ؛ [ھ امث] بہری۔ ایک قسم کا شکرا جو اکثر کبوتروں کا شکار کرتا ہے۔
کویلا ؛ [ھ امذ] دیکھئے "کولا"
کویلوں پر مہر ہونا ؛ [ا رمحاورہ] بڑے بڑے اخراجات پر توجہ نہ کرنا اور ادنیٰ موقعے پر کفایت شعاری کرنا.
کویلوں کی دلالی میں منہ بھی کالا کپڑے بھی کالے ؛ [ا رمثل] جس کام میں ناحق نام بدنام ہو اس کی نسبت بولتے ہیں.
کویلوں کے مول ؛ [ا رصف] بہت سستا.
کوئی ؛ [ا رامث] دیکھئے "کنواں" جس کی یہ تصغیر ہے.
کوئی ؛ [ھ امث] ایک قسم کا شکاری پرندہ
کوئی ؛ [ا ر۔ کلمہ تنکیر] کچھ (۲)، ایک شخص بھی۔ ایک چیز بھی. ہیچ کس۔ کسے. (۳) نامعلوم شخص. فرضی شخص (۴)، (متعلق فعل) تخمیناً. "استفہام اور سوال کے لئے" (۶)، استفہام انکاری کے لئے کہیں ممکن ہے یعنی نہیں ہو سکتا (۷)، شاذ و نادر۔ اکا دکا۔ خال خال۔ ایک نہ ایک (۸)، کبھی۔ کہاں (۹)، چند (۱۰) کسی قدر، کسی طرح کا (۱۱)، بالکل (۱۲)، (صف)، ذرا چھوٹا۔ ایک۔ اک (۱۳)، رشتہ اور تعلق رکھنے والا (۱۴)، عیار۔ چالاک شریر. بدذات.
کوئی آنکھوں کا اندھا کوئی عقل کا اندھا ؛ [ا رمثل] کوئی جہالت کے سبب بیوقوف اور کوئی پڑھا لکھا بیوقوف.
کوئی آئینہ میں دیکھے کوئی آرسی ؛ [ا رمثل] بات ایک ہی ہے۔ کسی نے کسی طرح کرلی اور کسی نے کسی طرح.
کوئی آیا نہ گیا ؛ [ا رمحاورہ] جب چوری ہو جائے اور چور کا پتہ نہ چلے تب یہ بولتے ہیں.
کوئی اب بولے کوئی جب بولے / میری لکھی پتیا شپ بولے ؛ [ا رمثل] نہایت بے شرم اور بے حیا کی نسبت بولتے ہیں۔ جو بولتا ہی چلا جائے۔
کوئی اتنا نہیں ؛ [ا رمحاورہ] کسی کو اتنی توفیق نہیں.
کوئی اویر کوئی سویر ؛ [ا رمحاورہ] کوئی جلدی کوئی دیر میں۔
کوئی بات ؛ [ا رامث] لطف کی بات۔ خاص بات۔ تعجب کی بات.
کوئی بات اٹھا نہ رکھنا ؛ [ا رمحاورہ] کچھ کسر نہ رکھنا. سب تدبیریں کر لینا
کوئی بات منہ سے نکل جانا ؛ [ا رمحاورہ] کوئی بے موقع بات بے اختیار منہ سے نکل جانا.
کوئی بھی ؛ [ا رمتعلق فعل] ایک شخص بھی.
کوئی بھی ماں کے پیٹ سے لے کر نہیں نکلتا ؛ [ا رمثل] ہر شخص کو سیکھنا پڑتا ہے۔

کوئی پل : [ا ر امذ] بہت تھوڑی دیر۔

کوئی پل کا مہمان : [ا ر امذ] چند گھڑی کا مہمان۔ جلد مرنے والا۔

کوئی پوچھتا نہیں / پرسان نہیں : [ا ر محاورہ] کوئی دریافت نہیں کرتا۔

کوئی پوچھے نہ پوچھے میرا دھن سہاگن : [ا ر مثل] آپ ہی آپ اترانا کوئی دوسرا پوچھے یا نہ پوچھے۔

کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا نہیں سکتا : [ا ر مثل] کسی تدبیر سے تقدیر نہیں بدل سکتی۔

کوئی تم بھی تماشہ ہو : [ا ر محاورہ] تم بھی عجیب آدمی ہو۔

کوئی تن دکھی کوئی من دکھی دکھی سارا سنسار : [ا ر مثل] کسی کو کوئی دکھ۔ کسی کو کوئی۔ اس دنیا میں کوئی چین اور آرام سے نہیں۔

کوئی تو پوچھے گا / سنے گا : [ا ر محاورہ] کسی کو تو ضرور رحم آئے گا۔ کوئی تو دریافت کرے گا۔

کوئی تولوں بھاری کوئی مولوں بھاری / کوئی تولوں کم، کوئی مولوں کم : [ا ر مثل] ہر شخص اپنی حیثیت کے موافق عزت رکھتا ہے۔

کوئی جلے تو جلنے دو میں آپ ہی جلتا ہوں : [ا ر مثل] میں خود مصیبت میں ہوں مجھے کسی کی مصیبت سے کوئی سروکار نہیں۔

کوئی جلے کوئی مرے ان کو اپنے کام سے کام : [ا ر مثل] خود غرض آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔

کوئی چیز ہے : [ا ر محاورہ] بیکار چیز ہے۔

کوئی حاضر ہے : [ا ر محاورہ] خدمت گار کو اس طرح پکارتے ہیں۔

کوئی دم : [ا ر امذ] دیکھئے "کوئی پل"

کوئی دم کا دمامہ ہے : [ا ر مثل] زندگی بہت تھوڑی ہے

کوئی دم کا مہمان : [ا ر امذ] دیکھئے "کوئی پل کا مہمان"

کوئی دم کو : [ا ر متعلق فعل] "عن قریب"۔ تھوڑی دیر میں۔

کوئی دم میں : [ا ر متعلق فعل] "عن قریب" چند لمحوں میں۔

کوئی دم میں سرسوں پھولتی ہے : [ا ر مثل] تھوڑی دیر میں مدہوش ہو جائے گا

کوئی دم میں مرلیا باجے گی : [ا ر مثل] تھوڑی ہی دیر میں حقیقت معلوم ہو جائے گی (۲) ابھی تھوڑی دیر کے بعد سزا ملے گی۔

کوئی دن : [ا ر متعلق فعل] چند روز۔ تھوڑے دنوں کے لئے۔

کوئی دن جاتا ہے : [ا ر محاورہ] عنقریب ہے۔

کوئی دن کا اکی : [ا ر صف] چند دن کا اکی۔

کوئی دن کا مہمان : [ا ر امذ] چند روزہ۔ فانی (۲) دو چار دن رہنے والا مہمان قریب الزوال۔ مرنے کے قریب۔

کوئی دن کو : [ا ر متعلق فعل] چند روز میں۔ عنقریب۔

کوئی دن کی ہوا کھانا : [ا ر محاورہ] تھوڑے دن کی زندگی اور ہونا۔

کوئی دن کی ہوا ہونا : [ا ر محاورہ] چند دنوں کی ترقی و عروج ہے۔

کوئی دن میں : [ا ر متعلق فعل] چند دنوں میں۔ جلد۔ عنقریب۔

کوئی دن یاد کرو گے : [ا ر محاورہ] کچھ دن بعد ہماری قدر آئے گی۔ اثر کچھ روز باقی رہے گا۔

کوئی دنوں : [ا ر متعلق فعل] چند روز۔

کوئی سا : [ا ر صف] کئی میں سے ایک۔ کوئی۔

کوئی سنے نہ سنے میں تو کہتا ہوں : [ا ر مثل] ہر وقت باتیں کہنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

کوئی سی : [ا ر امث] دیکھئے "کوئی سا"، جس کی یہ تانیث ہے۔

کوئی علم کو دوست رکھتا ہے کوئی روپیہ کو : [ا ر مثل] کچھ لوگ علم کو پسند کرتے ہیں اور کچھ لوگ روپیہ جمع کرنے کو۔

کوئی کام کرے دام سے ہم دام کریں کام سے : [ا ر مثل] ہم کام کے ذریعے روپیہ کماتے ہیں اور کوئی روپیہ کے ذریعے کماتے ہیں۔

کوئی کسی کا درد بانٹ نہیں لیتا : [ا ر مثل] رنج و غم خود ہی برداشت کرنا پڑتا ہے۔

کوئی کسی کا کچھ نہیں کر سکتا : [ا ر مثل] کوئی کسی پر سختی یا ظلم نہیں کر سکتا۔

کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا : [ا ر مثل] کوئی کسی دوسرے کی مصیبت اپنے گلے نہیں لیتا۔

کوئی کسی کی قبر پر نہیں موتتا : [ا ر مثل] کوئی کسی پر کوئی احسان نہیں کرتا۔ کوئی اچھے زمانے میں کسی کو یاد نہیں کرتا۔

کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا / جائے گا / سوتا / سوئے گا : [ا ر مثل] کسی کے واسطے بے ایمانی نہیں کی جاتی۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی عزیز جھوٹی گواہی دینے کے لئے کہے تو کہتے ہیں۔

کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا : [ا ر مثل] کوئی کسی کی مصیبت یا تکلیف اپنے ذمے نہیں لیتا۔

کوئی کل سیدھی نہیں : [ا ر محاورہ] کوئی پہلو ٹھیک نہیں۔ ہر بات میں پیچ ہے۔

کوئی کل نہ بیٹھنا : [ا ر محاورہ] کسی طرح چین نہ لینا۔

کوئی کم نہ سمجھے : [ا ر روزمرہ] آپ بہت بڑے بدذات ہیں۔

کوئی کوئی : [ا ر صف] شاذو نادر۔ اکا دکا۔

کوئی کہاں سے لائے : [ا ر متعلق فعل] ناپید ہونے اور مجبوری ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

کوئی کیا جانے : [ا ر روزمرہ] کسی کو نہیں معلوم۔ مجھ کو نہیں معلوم۔

کوئی کیا کرے : [ا ر روزمرہ] مجبوری ہے۔ چارہ نہیں (۲) بے کار ہے۔

کوئی گھڑی کا مہمان : [ا ر امذ] مرنے کے قریب۔ جس کی چند گھڑی زندہ رہنے کی امید ہے۔

کوئی لے کے اوڑھے بچھائے : [ا ر محاورہ] کوئی کیا کرے کس کام کا ہے۔

کوئی مرے کوئی ملہار گائے : [ا ر مثل] جب کسی کی مصیبت پر کوئی شخص خوشی منائے اس موقع پر بولتے ہیں۔

کوئی نہ کوئی : [ا ر متعلق فعل] کوئی سا۔ یہ نہیں وہ۔ ایک نہ ایک۔

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں : [ا ر مثل] نہایت امن چین کا زمانہ ہے۔ ہر شخص بے خوف و آزاد ہے (۲) کس مپرسی کا اظہار۔

کوئی ہو : [ا ر روزمرہ] کسے باشد۔ جو چاہے۔ کسی کی خصوصیت نہیں۔

کوئی ہے : [ا ر حرف ندا] ملازم کو بلانے کی آواز (۲) کیا کوئی شخص موجود ہے۔

کوئس : [ع امذ] دیکھئے "کاسہ"، جس کی یہ جمع ہے۔

کَوِی : [س امذ] (۱) شاعر (۲) عالم و فاضل شخص
کَوِی راج : [س امذ] ملک الشعرا۔
کَوّے اُڑانی / اڑانے والی / ہنکنی : [ا رامث] وہ عورت جس کو کوّے اڑانے کا کام سپرد ہو، نہایت ادنیٰ نوکرانی۔
کَوّے اُڑ جا : [ا ر شگون] جب کوئی پردیس سے آنے کو ہو اور کوّا گھر پر آ بیٹھے تو عورتیں یہ فقرہ کہہ کر شگون لیتی ہیں۔ اگر وہ آنے والا ہوگا تو وہ اڑ جائے گا
کَوّے کوسا کریں کھیت پکا کریں : [ا ر مثل] ناحق بد دعا کا اثر نہیں ہوتا (۲) دشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوتا۔
کَوّے کوسے سے کہیں ڈھور مرتے ہیں : [ا ر مثل] کسی کی بد دعا دینے سے لوگوں کا نقصان نہیں ہوتا۔
کَوّے کھائے ہیں : [ا ر مثل] عوام کا اعتقاد ہے کہ کوّے کھانے سے انسان کی عمر بڑی ہوتی ہے اور بال سیاہ رہتے ہیں (۲) بہت بولنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
کَوّے کی دُم / گانڈ میں انار کلی : [ا ر مثل] کالے رنگ کا آدمی سُرخ لباس پہنے تو کہتے ہیں
کَوّے نے دیا ٹکڑا تو میرا گیا جھگڑا : [ا ر مثل] کسی کمینہ کے بسر اوقات کرنے پر کہتے ہیں۔
کوَیا : [ہ امذ] آنکھ کا کونا (۲) شریفہ یا کٹہل بڑھل کا خوشہ یا دانہ یا گودا (۳) وہ چیز جو بیج سے سب سے پہلے پھوٹتی ہے (۴) ریشم کے کیڑے کا خول۔
کوَیل : [ہ امذ] ایک سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ جو آم کے موسم میں ہند و پاکستان میں آجاتا ہے۔
کوَیل کے پادے کا آم : [ا ر امذ] وہ آم جس پر سفید گومڑے پڑے ہوتے ہیں لوگوں کا خیال ہے کہ یہ کویل کے پادنے سے ہو جاتے ہیں۔
کوَیل بولی اور سر بندی ڈوبی : [ا ر مثل] کوئل برسات میں آتی ہے اور اس وقت سر بندی کے ملازم موقوف ہو جاتے ہیں۔
کوَیلی / کوَیلیا : [ہ امث] کویل کی تصغیر۔
کویہ : [ف امذ] دیکھئے کوہا ۔۔۔

ک ۔ ہ

کہ : [ف حرف بیان] (۱) نیز (۲) یعنی (۳) جو (۴) یا (۵) عطف کے لئے (۶) علت کے لئے (۷) بلکہ (۸) تعریف و توصیف کے لئے (۹) ناگہ، اچانک (۱۰) نتیجہ ظاہر کرنے کے لیئے (۱۱) صلہ کے لئے (۱۲) مقابلہ کے لئے (۱۳) ربط کے لئے (۱۴) اعتراض کے لئے (۱۵) تب۔ پھر (۱۶) تاکہ
کہ تا : [ف متعلق فعل] کسی امر کا سبب ظاہر کرنے کے لئے۔
کہ خر بستہ بہ، گرچہ دزد آشناست : [ف مثل] گدھے کا باندھنا بہتر ہے گو چور دوست ہے (۲) اگرچہ اطمینان ہو احتیاط بہتر ہے۔
کہ کرد کہ نیافت : [ف مثل] جس نے کیا اُس نے پایا (۲) ہر شخص کو اپنے بُرے فعل کا نتیجہ ملتا ہے۔
کِہ : [ف صف] چھوٹا، کم رتبہ، ادنیٰ۔

کِہتَر : [ف تفضیل بعض] زیادہ چھوٹا۔
کِہتَری : [ف امث] دیکھئے "کہتر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) خُردی، صغیر سنی، نابالغی (۳) کمینگی
کِہتَرین : [ف تفضیل کل] سب سے چھوٹا، سب سے حقیر۔
کِہ و مِہ : [ف صف] چھوٹے بڑے۔
کِہین : [صف] بہت چھوٹا
کَہ : [ف امذ] کاہ کا مخفف۔
کَہرُبا : [ف امذ] ایک قسم کا زرد گوند، اگر اُسے اُون کے کپڑے سے رگڑیں تو گھاس کے تنکے اٹھا لیتا ہے۔
کَہرُبائی : [ف صف] کہربا سے منسوب (۲) برقی، مقناطیسی۔
کَہرُبائیت : [ف امث] کشش
کَہکَشاں : [ف امذ] وہ سفیدی جو آسمان پر شمالاً جنوباً شام کو نظر آتی ہے یہاں بہت سے ستارے ہیں جو دُوری کی وجہ سے نظر نہیں آتے مگر سب کی روشنی مل کر ایک رستہ سا نظر آتا ہے۔
کَہہ : [ا ر فعل] کہنا مصدر سے صیغہ امر (۲) بات کر، مُنہ سے بول۔ بیان کر گفتگو شروع کر
کہہ اُٹھنا : [ا ر محاورہ] بے سمجھے بوجھے کہہ دینا
کہہ بیٹھنا : [ا ر محاورہ] فوراً کہنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
کہہ دینا : [ا ر محاورہ] (۱) بھید کھول دینا۔ ظاہر کر دینا (۲) بتا دینا، جتا دینا (۳) بات سُنا دینا۔ عرض کر دینا (۴) سمجھا دینا۔ کان کھول دینا۔
کہہ دیں گے : [ا ر محاورہ] کسی امر کے ٹالنے یا انکار کرنے کے موقع پہ کہتے ہیں۔ پھر کسی وقت بتائیں گے، موقعہ پر بتائیں گے۔ کیا جلدی ہے۔
کہہ ڈالنا : [ا ر محاورہ] بیان کر دینا
کہہ سنانا : [ا ر محاورہ] بیان کرنا۔
کہہ سُن دینا : [ا ر محاورہ] پیغام دینا، فہمائش کرنا۔
کہہ سُن رکھنا : [ا ر محاورہ] (۱) کسی کو فہمائش کرنا (۲) وصیت کرنا۔
کہہ سُن کے : [ا ر متعلق فعل] منت کر کے۔ خوشامد کر کے۔ بات چیت کر کے
کہہ سُن لو : [ا ر محاورہ] خاطر جمع کر لو، معاملہ طے کر لو
کہہ سُن لینا : [ا ر محاورہ] بات چیت کرنا۔
کہہ کے پھر جانا : [ا ر محاورہ] وعدہ کر کے پھر جانا۔ جو بات کہی ہو اس کے مطابق نہ
کہہ کے گنہگار ہونا : [ا ر محاورہ] بے جا بات کہنا۔ بے نتیجہ بات کہنا۔
کہہ کے مُکر جانا / مکرنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے کہہ کے پھر جانا۔
کہہ گزرنا : [ا ر محاورہ] بیان کر دینا۔
کہہ مُکرنی : [ا ر امث] ایک قسم کی پہیلی۔
کہا : [ا ر فعل] کہنا کا ماضی (۲) کہنا۔ قول۔ بچن (۳) کہا ہوا کلمہ، گفتہ۔
کہا ٹالنا : [ا ر محاورہ] کہا نہ ماننا۔
کہنا چاہیئے : [ا ر روزمرہ] کہنا چاہیئے۔
کہا سُنا : [ا ر امذ] (۱) خطا۔ قصور۔ جُرم۔ تقصیر (۲) جو کچھ کسی کی نسبت منہ سے نکلا ہو یا کانوں سے سُنا ہو (۳) گلہ۔ شکوہ۔
کہا سُنا بخشنا / رکھنا / معاف کرنا : [ا ر محاورہ] کسی سے رخصت ہوتے وقت کہتے ہیں (۲) مرنے والا بھی یہ لفظ کہہ کر اپنا گناہ، قصور معاف کراتا ہے۔

...شنا بخشوانا :[ارمحاورہ] کسی سے اپنا قصور معاف کرانا
...سنی :[ارامث] لگائی بجھائی۔ اِدھر کا اُدھر کہنا۔ غیبت (۲) بحث مباحثہ
...کرنا / ماننا :[ارمحاورہ] بات ماننا کہنے پر عمل کرنا۔
...ہی :[ارامث] بات چیت۔ گفتگو۔ بحث مباحثہ
...ہونا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کہا کرنا / ماننا" جس کا یہ لازم ہے۔
...ر :[ارامذ] ہندوؤں کی ایک قوم جس کا کام پانی بھرنا۔ ڈولی یا پالکی اُٹھا کر
چلنا اور برتن مانجھنا ہے (جھیور)
...رن / کہارنی :[ارامث] کہار کی تانیث
...ری :[ارامث] (۱) کہار کی تانیث (۲) وہ عورت جو پالکی یا ڈولی اُٹھائے (۳) کہاروں کے کام کی اُجرت
...ں :[ارکلمہ استفہام] (۱) بمعنی ظرف مکان۔ کس جگہ۔ کس طرف۔ کدھر۔ کس مقام پر
کجا (۲) (استفہام انکاری) نہ۔ نہیں (۳) بُعد۔ دُوری۔ تفاوت عظیم۔ فرق عظیم
خارج از امکان یا نسبت۔
...اں بڑھیا کہاں راج کنیا / کہاں بی بی کہاں باندی :[ارمثل] اعلیٰ
کو ادنیٰ سے کیا نسبت۔ چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔
...ں پر :[ارمتعلق فعل] کس جگہ۔ کہاں۔
...ں تک / تلک :[ارمتعلق فعل] کب تک۔ کس وقت تک کتنی دیر تک۔
تابکے (۲) کتنی دُور تک۔ کس حد تک (۳) کس قیمت یا مول پر (۴) کتنا۔ کس قدر۔
...ں جاتا ہے :[ارمحاورہ] کس جگہ / کس کے پاس جاتا ہے (۲) کہاں بچ کے
جاتا ہے (۳) ضرور سزا پائے گا۔
...اں جاؤں :[ارمحاورہ] کیا علاج کروں کیا تدبیر کروں۔
...اں جاؤں چوہے کا بل نہیں ملتا :[ارمثل] سخت ناچاری ظاہر کرنے
کو کہتے ہیں کہیں بھی پناہ نہیں ملتی۔
...اں چلے :[ارروزمرہ] جب کوئی شخص مدت کے بعد یا بے موقع ملتا ہے
تو کہتے ہیں کیسے آئے۔ کس غرض سے آئے۔ کیوں آئے۔ بے وقت کہاں آئے۔
...اں چلے آتے ہو :[ارمحاورہ] (۱) تمہارے آنے کا موقع نہیں ہے (۲)
پردہ ہے۔ پردے والے بیٹھے ہیں۔
...اں راجا بھوج کہاں گنگلا / گنگوا تیلی } [ارمثل] دیکھئے
...اں رام رام کہاں ٹیں ٹیں } "کہاں بڑھیا۔۔۔ الخ
...اں سر پھوڑوں :[ارمحاورہ] کیا کروں۔ کدھر جاؤں۔ مجبوری ظاہر
کرنے کے لیے کہتے ہیں۔
...اں سو رہا :[ارمحاورہ] (۱) کہاں دیر لگائی۔ کسی شخص کی غیر حاضری میں
(۲) کیوں دیر کی۔ کیوں غفلت کی۔ کسی شخص سے خطاب کر کے بولتے ہیں۔
...اں سے آیا :[ارمحاورہ] بے وقعت ہے۔ ناچیز ہے۔
...اں سے ٹپک پڑے :[ارمحاورہ] اچانک کہاں سے آگئے۔ کدھر سے آ نکلے
...اں سے کہاں :[ارمتعلق فعل] کدھر سے کدھر (۲) بہت فاصلہ (۳) بہت دُور کا ملک کو سوں (۴) بہت
...اں کا :[ارمحاورہ۔ صفت] (۱) کس جگہ کا۔ کس مقام کا (۲) کس شہر کا۔ کس ملک کا
۔ کس طرف کا۔ کس جانب کا (۳) کس کام کا۔ کس غرض کا۔ کس مطلب کا۔
(۵) کیسا (۶) کون۔ کدھر کا۔ کس کھیت کا۔ بے وقعتی ظاہر کرنے کے لئے کہتے
ہیں (۷) از کجا (۸) کون سا (۹) کب کا۔ کس زمانے کا (۱۰) دشواری یا بے پروائی
ظاہر کرنے کے لیے۔ دو صدوں کے درمیان (۱۱) نیست و نابود ہونے کی جگہ۔

کہاں کا آنا کہاں کا جانا :[ارمحاورہ] کیسا ملنا جلنا کیسی ملاقات۔ کیا واسطہ
کہاں کا ارادہ ہے :[ارمحاورہ] کدھر جاتے / جا رہے ہو۔
کہاں کا رہا :[ارمحاورہ] بے کار ہو گیا۔
کہاں کا کہاں :[ارصفت] اپنے ٹھکانے۔ کس مقام سے (۲) بہت دُور۔ کالے کو سوں
کہاں کہاں :[ارمتعلق فعل] کسی کو دیکھ کر تعجب اور حیرت سے پوچھتے ہیں
کہاں جاتے ہو (۲) کسی کو روکنے یا ڈانٹنے کے لئے بھی کہتے ہیں (۳) کس کس جگہ
کہاں کہاں کی :[ارصفت] کس کس جگہ کی۔
کہاں کی :[ارصفت] دیکھئے "کہاں کا" ماسوائے ۱۰
کہاں کے ارادے ہیں :[ارمحاورہ] کدھر جاتے ہو۔ کہاں کا مقصد ہے۔
کہاں کی بلا تیرے پیچھے لگی :[ارمحاورہ] کوئی شئے ناگوار ہوتی ہے تو تنگ آکر
یہ کلمے کہتے ہیں۔
کہاں کے تیس مار خاں ہیں :[ارمحاورہ] کہاں کے زبردست دلاور ہیں
کہاں لا کر پھنسایا :[ارمحاورہ] کس عذاب میں ڈالا۔
کہاں مر رہا ہے :[ارمحاورہ] کہاں دیر لگائی۔ کیوں دیر لگائی۔
کہاں ہے :[ار۔ روزمرہ] (۱) کس جگہ ہے۔ نہیں ہے۔
کہاں یہ کہاں وہ :[ارمثل] ان کا کیا مقابلہ۔
کہانا :[ارمص] (۱) کہنا کا متعدی (۲) کہاوت۔ مثل۔
کہانت :[ع امث] (۱) غیب کی بات بتانا۔ فال گوئی (۲) علم۔ وہ علم جس کے
ذریعے غیب کی باتیں بتاتے ہیں۔ علم نجوم۔ جادو۔
کہانی :[ارامث] (۱) قصہ۔ افسانہ۔ داستان (۲) حال۔ احوال (۳) ذکر۔ بات
بیان (۴) فضول اور لغویات۔
کہانی آنا :[ارمحاورہ] کوئی حکایت یاد ہونا۔
کہانی جوڑنا :[ارمحاورہ] قصہ بنانا۔ افسانہ گھڑنا۔
کہانی جیسی جھوٹی نہیں بات جیسی میٹھی نہیں :[ارمثل] معمولی سی
بات ہے نہ بہت اچھی نہ بُری۔
کہانی کہنا :[ارمحاورہ] قصہ سُنانا۔ بیان کرنا۔ حال سُنانا۔ واقعات بیان کرنا۔
کہانی لکھنا :[ارمحاورہ] قصہ تحریر کرنا۔
کہانی ہے :[ارمحاورہ] افسانہ ہے۔ غلط ہے۔ جھوٹ ہے۔
کہانی یہ بڑی ہے :[ارمحاورہ] لمبا قصہ ہے طول طویل داستان ہے۔
کہاوت :[ہ امث] قول سخن۔ مقولہ۔ ضرب المثل۔ کوئی فقرہ جو زبان زد خلا
ہو اور نظیراً بولا جائے۔
کہتے سُنتے :[ارمتعلق فعل] ہوتے ہوتے۔ آہستہ آہستہ۔
کہتے سُنتے نہ بنی :[ارمحاورہ] کچھ جواب بن نہ پڑا۔
کہتے کہتے زبان دبا جانا :[ارمحاورہ] باتیں کرتے کرتے کسی بات کو ٹال جانا
کہتے کی زبان نہیں پکڑی جاتی :[ارمحاورہ] کہنے والے کو کوئی روک نہیں سکتا
کہتے کے ساتھ ہی :[ارمتعلق فعل] اسی وقت۔ فوراً ہی۔
کہتے ہیں :[ارروزمرہ] روایت کرتے ہیں۔
کہر :[ارامث] وہ بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کو دھند سی
پیدا کر دیتے ہیں۔
کہر :[ت امذ] گھوڑے کا ایک خاص رنگ۔ کمیت رنگ۔

کہرا : [ا ر امذ] دیکھئے "کہر"
کہرام : [ا ر امذ] رونا۔ واویلا۔ آہ و نالہ۔ آفت۔ قیامت۔ (افعال: پڑنا۔ ڈالنا
کرنا۔ مچنا۔ ہونا)
کہروا : [ھ امذ] کہاروں کا ناچ اور گانا جو طوائفیں بیچ کے وقت ناچتی ہیں۔
کہف : [ع امذ] غار۔ گڑھا۔ کھوہ
کہگل : [ف امث] بھوسا ملی ہوئی وہ مٹی جو دیوار اور چھت پر لیپی جاتی ہے [افعال: کرنا۔ لگانا]
کہل : [ع امذ] ادھیڑ۔ میانہ سال۔ نہ بوڑھا نہ جوان
کہل : [ع امث] کاہلی۔ سستی۔ آلکس۔
کہلا بھیجنا : [ا ر محاورہ] پیغام بھیجنا۔ بلا بھیجنا۔
کہلا لینا : [ا ر محاورہ] اقرار لینا۔
کہلانا : [ا ر مص] (۱) دوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا (۲) اقرار لینا (۳) دوسری دفعہ پڑھوانا (۴) مشہور ہونا۔ نامزد ہونا۔
کہلوانا : [ا ر مص] دیکھئے "کہلانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
کہن : [ا ر امث] کہنے کا ڈھنگ۔ طرز گفتار۔ کہاوت۔ قول۔ سچن
بات۔ مقولہ۔
کہن : [ف صف] پرانا۔ کہنہ۔ سال خوردہ
کہن سال : [ف صف] بوڑھا۔ بڈھا۔ بڑی عمر والا۔ معمر۔
کہنا : [ا ر مص] (۱) بیان کرنا۔ زبان پر لانا (۲) کھولنا۔ ظاہر کرنا (۳) اطلاع دینا
خبر کرنا (۴) نام رکھنا (۵) برا کہنا۔ گالی دینا (۶) شعر کہنا (۷) سمجھانا۔ نصیحت
کرنا (۸) تنبیہ کرنا۔ کان کھولنا (امذ) مقولہ۔ کہاوت (۱۰) ذکر۔ بیان (۱۱)
نصیحت۔ پند (۱۲) حکم۔ ارشاد۔ فرمان (۱۳) گفتگو۔ بات چیت (۱۴) جواب
دینا (۱۵) عرض (۱۶) دعا کرنا / مانگنا (۱۷) روایت بیان کرنا (۱۸) شکوہ کرنا
(۱۹) پیغام دینا۔
کہنا بجا لانا : [ا ر محاورہ] حکم ماننا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔ کہنا ماننا۔
کہنا ٹالنا : [ا ر محاورہ] حکم نہ ماننا۔ حکم ٹالنا۔
کہنا ڈالنا : [ا ر محاورہ] بات نہ ماننا۔ حکم نہ ماننا
کہنا سننا : [ا ر محاورہ] (۱) بہکانا۔ ورغلانا (۲) گالی گلوج کرنا۔ برا بھلا سنانا (۳)
دخل۔ رسائی (۴) حکم۔ اختیار (۵) بات چیت کرنا۔ بحث کرنا (۶) سفارش
کرنا (۷) بہلانا۔ پھسلانا۔
کہنا سننا چلنا : [ا ر محاورہ] دخل ہونا۔ رسائی ہونا۔
کہنا کرنا / ماننا : [ا ر محاورہ] حکم بجا لانا۔ کہنے پر چلنا۔ تعمیل ارشاد کرنا۔ بات ماننا۔
کہنا مانو لالہان : [ا ر محاورہ] نصیحت پر عمل کرو۔
کہنگی : [ف امث] پرانا پن۔ بڑھاپا۔ پیری۔ قدامت۔
کہنہ : [ف صف] پرانا۔ دیرینہ۔ سال خوردہ۔
کہنہ مشق : [ف صف] تجربہ کار۔ مشاق۔
کہنی : [ا ر امث] کلائی اور بازو کا جوڑ۔
کہنی چلانا / مارنا : [ا ر محاورہ] کہنی کی ضرب لگانا۔ کہنی سے ہٹانا۔
کہنی سے اشارہ کرنا۔
کہنی دار کرسی : [ا ر امث] بازوؤں والی کرسی۔
کہنے پر جانا / عمل کرنا : [ا ر محاورہ] کہنا ماننا۔ کسی کی ہدایت پر عمل کرنا۔ ارشاد کی تعمیل کرنا۔

کہنے سننے میں آجانا : [ا ر محاورہ] کسی کی لگائی بجھائی پر عمل کرنا۔
کہنے سے بات پرائی ہوجاتی ہے : [ا ر مثل] منہ سے نکالی ہوئی
بات پر قابو نہیں رہتا۔
کہنے سے ضد سوا ہوتی ہے : [ا ر مثل] آدمی کو جس قدر سمجھاؤ اسی قدر
وہ زیادہ ہٹ کرتا ہے۔
کہنے کو : [ا ر متعلق فعل] (۱) نام کو۔ برائے نام (۲) عیب لگانے یا لگانے کو۔
(۳) حکم کرنے کے وقت۔
کہنے کو بات رہ گئی : [ا ر مثل] وقت نکل گیا۔ شکوہ شکایت اور گلہ
باقی رہ گیا۔
کہنے کو منہ میں زبان رکھتے ہیں : [ا ر مثل] سوال کا جواب دے سکتے ہیں۔
جیسا کہو گے ویسا سنو گے (۲) برائے نام زبان ہے۔ گویائی کے قابل نہیں۔
کہنے کی بات رہ گئی : [ا ر مثل] الزام باقی رہا۔ شکایت باقی رہی۔
کہنے کی بات نہیں : [ا ر مثل] کہنے یا بیان کرنے کے قابل بات نہیں۔
کہنے کی بات ہے : [ا ر مثل] غلط ہے۔ کچھ اصلیت نہیں۔
کہنے کی باتیں ہیں : [ا ر مثل] صرف زبانی جمع خرچ ہے۔
کہنے کے واسطے : [ا ر متعلق فعل] برائے نام۔
کہنے میں : [ا ر متعلق فعل] (۱) مطیع۔ فرمانبردار (۲) قابو میں۔ بس میں۔
کہنے میں آجانا : [ا ر محاورہ] بہکانے میں آجانا۔ دھوکے میں آجانا۔ کسی
بات کا اعتبار کر لینا۔ کہے کا یقین کر لینا۔
کہنے میں ہونا : [ا ر محاورہ] اختیار میں ہونا۔ بس میں ہونا۔
کہو : [ا ر امث] کوئل کی آواز۔
کہو : [ا ر فعل] کہہ ڈال۔ بیان کر۔ بتلا۔
کہو دن کی سنے رات کی / کہو کھیت کی سنے کھلیان کی : [ا ر مثل]
سوال کچھ اور جواب کچھ۔
کہوانا : [ا ر مص] دیکھئے "کہلوانا"
کہولت : [ع امث] آغاز پیری۔ بڑھاپے کی شروعات۔
کہوں تو ماں ماری جائے نہ کہوں تو باوا کتا کھائے : [ا ر مثل] اس
موقع پر بولتے ہیں جب کسی بات کے کہنے اور نہ کہنے دونوں میں نقصان ہو۔
کہی : [ا ر امث] بات۔ کہا
کہی بدی : [ا ر امث] قول و قرار۔ باہمی عہد و پیمان
کہی سنی : [ا ر امث] لوگوں کا کہنا سننا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ دوسرے
کی سکھائی ہوئی بات۔
کہے جانا : [ا ر محاورہ] لگاتار کوئی بات کہنا۔ بار بار کہنا۔
کہے دینا : [ا ر محاورہ] کسی بات سے خبردار کر دینا۔
کہے رکھنا : [ا ر محاورہ] پہلے سے کوئی بات کہہ دینا۔ اطلاع دے دینا۔
کہے سنے سے : [ا ر متعلق فعل] سمجھانے بجھانے سے۔
کہے میں آنا : [ا ر محاورہ] دم میں آجانا۔ بہکاوے میں آنا۔
کہے میں ہونا : [ا ر محاورہ] بس میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔
کہیں : [ف صف] بہت چھوٹا۔
کہیں کیا : [ا ر روزمرہ] کیا بیان کریں۔ کیا شکایت کریں۔

کہیں کچھ کریں کچھ: [ار مثل] اُن کی بات کا اعتبار نہیں۔ کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں۔

کہیں: [ار متعلق فعل] کسی جگہ۔ جائے۔ جا۔ دوسری جگہ۔ اور جگہ (۲) کسی طرف کسی جانب (۳) شاید۔ ایسا نہ ہو۔

کہیں اور: [ار متعلق فعل] کسی اور جگہ۔ دوسری جگہ۔

کہیں اوس سے پیاس بجھتی ہے: [ار مثل] تھوڑی چیز کسی طرح کافی نہیں ہوسکتی۔

کہیں بوڑھے طوطے بھی پڑھتے ہیں: [ار مثل] زیادہ عمر کا آدمی تعلیم حاصل نہیں کرسکتا۔

کہیں پاؤں رکھتے ہیں کہیں پڑتا ہے: [ار مثل] لغو یا ضعف سے یہ حالت ہے کہ ہر قدم پر لڑکھڑاتے پھرتے ہیں۔

کہیں تل دھرنے کو جگہ نہیں: [ار مثل] بالکل جگہ نہیں۔ بہت ہجوم ہے

کہیں تھوک سے بھی ستو سنتے ہیں: [ار مثل] تھوڑے خرچ سے بڑا کام نہیں ہوسکتا۔

کہیں دائی سے پیٹ چھپتا ہے: [ار مثل] خاص لوگوں سے راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

کہیں ڈوبے بھی ترے ہیں: [ار مثل] بگڑوں کا سنورنا دشوار ہے۔

کہیں سنا ہے: [ار مثل] تعجب کی بات ہے

کہیں سے: [ار متعلق فعل] کسی جگہ سے۔ کسی مقام سے۔

کہیں سے کہیں: [ار متعلق فعل] دور دراز۔

کہیں لگ زیادہ: [ار صفت] بہت زیادہ۔

کہیں کا کہیں: [ار متعلق فعل] فرق عظیم کے موقع پر بولتے ہیں۔ کہاں کا کہاں۔

کہیں کا نہ رہنا: [ار محاورہ] کسی جگہ اور کسی موقع کے قابل نہ رہنا۔ دین و دنیا سے جانا۔ کسی کام کا نہ رہنا۔ کسی قابل نہ رہنا۔ محض نکما اور برباد۔

کہیں کا ہو رہنا: [ار محاورہ] کسی جگہ رہ پڑنا۔ جہاں جانا اُسی جگہ کا ہوجانا۔ جاکر واپس نہ آنا۔

کہیں کہیں: [ار متعلق فعل] بہت کم۔ کسی کسی جگہ۔

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا: [ار مثل] بے میل رشتہ جتانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

کہیں گرجیں کہیں برسیں: [ار مثل] ایک کا غصہ دوسرے پر نکالنا۔

کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوتا ہے: [ار مثل] اپنوں سے چھوٹنا مشکل ہے۔ رشتہ کسی طرح نہیں چھوٹتا۔ اپنوں سے اپنے نہیں چھوٹ سکتے۔

کہیں نہ کہیں: [ار متعلق فعل] کسی نہ کسی جگہ۔ ضرور کسی نہ کسی مقام پر۔

کہیں نہیں: [ار متعلق فعل] کسی جگہ نہیں۔ کسی موقع پر یا مقام پر نہیں۔ بالکل پتہ نہیں۔

کہیں ہاتھوں کی لکیریں بھی ٹلتی ہیں: [ار مثل] کہیں تقدیر بھی خطا کرتی ہے۔

ک ۔ ھ

کھاپدنا: [ار محاورہ] ضبط کرجانا۔ خاموش ہوجانا۔ برداشت کرجانا۔ جواب نہ دینا۔

کھا بیٹھنا: [ار محاورہ] رقم دبا لینا۔ وضع کرنا۔

کھاپر: [ار امث ق] ٹھیکری۔

کھاپی ڈالنا: [ار محاورہ] اُڑا دینا۔ کھا جانا۔ نگل جانا۔ چٹ کرجانا۔ اُٹھ جانا۔ صرف ہوجانا۔ تباہ کردینا۔

کھا جانا: [ار محاورہ] نگل جانا۔ ہڑپ کرجانا (۲) غبن کرنا۔ مال مارنا (۳) اُٹھ جانا۔ صرف ہوجانا (۴) تباہ کردینا۔ اجاڑ دینا (۵) کسی کو قہر و غضب کی نظر سے دیکھنا (۶) چبا ڈالنا۔

کھا ڈالنا: [ار محاورہ] صرف کرڈالنا۔

کھا کے پچھتاتا ہے نہا کے نہیں پچھتاتا: [ار مثل] نہانے سے بدن چست رہتا ہے۔ زیادہ کھانے سے طبیعت خراب ہوجاتی ہے۔

کھا کے ڈکار نہ لینا: [ار مثل] پرایا مال بالکل ہضم کرجانا۔

کھا لینا: [ار محاورہ] نوش کرنا۔ مار لینا۔ مار ڈالنا۔ ڈنک مارنا۔ ڈسنا۔ کاٹنا۔ بھنبھوڑنا۔

کھابڑ: [ار صفت] ناہموار۔ اونچا نیچا۔

کھات: [ار امث] (۱) وہ میلا جسے گڑھا کھود کر دبا رکھتے ہیں اور کچھ عرصہ بعد نکال کر کھیتوں میں ڈالتے ہیں (۲) بوسیدہ، گلی سڑی چیزیں (۳) کیمیادی مادہ جو پیداوار بڑھانے کے لئے زمین میں ڈالتے ہیں۔

کھاتا: [ار امذ] حساب کی کتاب۔ روزنامچہ۔ لیکھا بہی (۲) لین دین۔

کھاتا بہی: [ار امث] ہر اسامی کے لئے علیحدہ حساب کی کتاب

کھاتا پڑنا: [ار محاورہ] حساب کتاب یا لین دین شروع ہونا۔

کھاتا ڈالنا: [ار محاورہ] کسی سے لین دین جاری کرنا۔

کھاتا کرنا: [ار محاورہ] روزنامچے سے چھانٹ کر پکی بہی میں چڑھانا۔

کھاتا پیتا: [ار صفت] خوش حال۔ آسودہ حال۔ فارغ البال۔

کھاتی پیتی: [ار امث] دیکھئے "کھاتا پیتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کھاتک: [ار امث ق] برائی۔ دشمنی

کھاتگی: [ار امث ق] کھانا۔ خوراک۔ غذا۔

کھاتے باقی: [ار امث] بقایا باقی۔

کھاتے پڑنا: [ار محاورہ] حساب میں درج ہونا۔ روزنامچہ سے پکی بہی میں چڑھنا۔

کھاتے پیتے لاتیں مارنا: [ار محاورہ] خوش حالی میں شکایت کرنا۔ ناشکری کرنا۔

کھاٹ: [ار امث] چارپائی۔ پلنگڑی۔

کھاٹ پر پڑ کے کھانا: [ار محاورہ] بیماری پر اُٹھنا۔ بیماری پر صرف ہونا۔

کھاٹ پڑنا / سے لگ جانا: [ار محاورہ] بیمار ہوکر چارپائی پر پڑنا۔ صاحب فراش ہونا۔

کھاٹ سے اتارنا / اُتار لینا: [ار محاورہ] قریب مرگ آدمی کو چارپائی سے اُتار کر زمین پر ڈال دینا تاکہ وہ مرکر بھوت نہ بن جائے (ہندوانہ رسم)

کھاٹ کٹ جانا: [ار محاورہ] بیمار کی چارپائی کا پیشاب اور پاخانہ وغیرہ کے لئے نیچے سے کاٹا جانا۔

کھاٹ کھٹولا: [ار امذ] استر بستر۔ مال اسباب۔ بوریا بندھنا۔

کھاٹ نِکلنا : [ا ر محاورہ] جنازہ نکلنا۔ مرنا۔
کھاج : [ا ر امث] کھجلی۔ خارش (۲) جماع کی خواہش (کنایۃً)
کھاجا : [ا ر امذ] خوراک۔ غذا (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔
کھاد : [ا ر امث] دیکھئے "کھات"
کھادَر : [ا ر امث] نشیب۔ پست زمین۔ وہ جگہ جہاں سیلاب رہے۔
کھادِی : [ا ر امث] دیکھئے "کھدر"
کھار : [ا ر امذ] شور۔ کلر۔ نمک (۲) سجی۔ کاٹ کرنے والی چیز۔
کھار لگنا : [ا ر محاورہ] شور لگنا۔ کلر لگنا۔
کھارا : [ا ر صف] شور۔ نمکین۔ کڑوا (۲) (پورب) کھاس۔ لادی (۳) سرکی کی تیلیوں یا سرکنڈوں کا چوکھونٹا ٹوکرا جس پر دولہا کو پھیروں کے وقت کپڑا ڈال کر بٹھاتے ہیں۔
کھاروا : [ا ر انگ] ایک قسم کا سرخ موٹا سوتی کپڑا۔
کھاری : [ا ر امث] دیکھئے "کھارا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کھاری پَن : [ا ر امذ] کھاری ہونے کا ذائقہ۔ کھاری ہونے کی کیفیت۔
کھاری کُنواں : [ا ر امذ] وہ کنواں جس کا پانی نمکین اور بدمزہ ہو (۲) کنایۃً بے فیض دولت مند۔ بے مروت حاکم۔
کھاری کنوئیں میں ڈال دینا : [ا ر محاورہ] ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔ پھینک دینا فائدہ سے ہاتھ اٹھا لینا۔ بے فائدہ کھو دینا۔
کھاری نمک : [ا ر امذ] ایک قسم کا نمک جو کھاری پانی سے بنایا جاتا ہے اسے سمندری نمک بھی کہتے ہیں۔
کھارے : [ا ر امذ] وہ شکنیں جو عورتوں کے پیٹ پر وضع حمل کے بعد پڑ جاتی ہیں۔ (افعال: پڑنا)
کھاڑ / کھاڑو : [ا ر صف ق] بہت بوڑھا۔ فرتوت۔
کھاڑنا : [ا ر مع ق] نکالنا۔ کاڑھنا۔ جمانا
کھاڑی : [ا ر امث] خلیج۔ پانی کا وہ تنگ قطعہ جو دور تک خشکی میں چلا گیا ہو۔
کھاس : [ا ر امث] وہ جالی دار بورا جس میں اُپلے یا مٹی کے برتن گدھوں پر لادتے ہیں۔
کھاکر / کھاکھر : [ا ر امث] دستہ دار لکڑی جس میں لوہے کی زنجیریں لگاتے ہیں اور اس سے گھوڑے کو دوڑانے کا کام یا مشق کی جاتی ہے۔
کھاکسی : [ا ر امث] وہ موٹی موٹی لکیریں یا نشان جو بچہ جننے کے بعد زچہ کی رانوں اور پیٹ پر پڑ جاتے ہیں۔
کھاکل : [ا ر متعلق فعل] کب تک۔ کہاں تک۔
کھاگ : [ا ر امذ] گینڈے کا سینگ جو اکثر خنجر پیش قبض اور دستی چھڑیوں میں لگایا جاتا ہے۔
کھال : [ا ر امث] چمڑا۔ چام۔ چرم۔ دھوڑی۔ انسان کے جسم کا پوست (۲) دھونکنی (۳) پوست۔ چھلکا۔ چھال۔
کھال آپاڑنا : [ا ر محاورہ] کسی کے جسم سے کھال ادھیڑنا (۲) سزا دینا۔ بدلہ لینا
کھال اُتارنا : [ا ر محاورہ] کسی کے جسم سے پوست جدا کرنا۔ چمڑی ادھیڑنا۔ (۳) سزا دینا۔ بدلہ لینا۔
کھال اُدھڑ جانا / اُدھڑنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کھال ادھیڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کھال اُدھیڑنا : [ا ر محاورہ] کھال اتارنا۔ قمچی یا کوڑے سے مارنا۔
کھال اُڑانا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کھال ادھیڑنا"
کھال اُڑنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کھال ادھڑنا / جانا"
کھال بگڑنا : [ا ر محاورہ] شامت آنا۔ پٹنے کو جی چاہنا۔
کھال کھنچنا : [ا ر محاورہ] چمڑا ادھڑنا۔ پوست اترنا۔
کھال کھنچوانا : [ا ر محاورہ] وہ سزا جس میں زندہ مجرم کی کھال اُتروا کر اس میں بھس بھر دیا کرتے تھے (۲) دیکھئے "کھال کھنچنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
کھال کھینچنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کھال کھنچنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
کھال کی جوتیاں بنا کر پہننا : [ا ر محاورہ] انتہائی سخت سزا دینا بہت ذلیل کرنا۔
کھال میں مست ہونا : [ا ر محاورہ] اپنے حال میں خوش ہونا۔ مگن ہونا۔
کھالا : [ا ر امذ] وہ نیچی زمین جس میں بہت سے ندی نالے ہوں (۲) گڑھا۔ غار (۳) ندی۔ نالے (۴) زمین سیراب کرنے کی نالی۔
کھالنا : [ا ر مص ق] کراہنا۔
کھالی : [ا ر امث] "کھالا" کی تصغیر
کھام : [ا ر امذ ق] ستون
کھان : [ا ر امث] کان۔ معدن۔
کھان : [ا ر امذ ق] کھانا۔
کھان پان : [ا ر امذ] کھانا پانی۔
کھانا : [ا ر امذ] خوراک۔ طعام۔ بھوجن (۲) دعوت۔ ضیافت۔ مہمانی۔
کھانا پانی حرام کر لینا : [ا ر محاورہ] کچھ نہ کھانا
کھانا بڑھانا / زیادہ کرنا : [ا ر محاورہ] کھانا ختم کرنا۔ دسترخوان اٹھانا۔
کھانا پچانا : [ا ر محاورہ] ورزش وغیرہ سے غذا ہضم کرنا
کھانا پچنا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کھانا پچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
کھانا پرایا ہے پیٹ تو پرایا نہیں : [ا ر مثل] جب کوئی شخص زیادہ کھا کر بدہضمی میں مبتلا ہو تو کہتے ہیں کہ اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ بدہضمی نہ ہو۔
کھانا پینا : [ا ر امذ] دانہ پانی۔ آب و خور (۲) خورد و نوش کا خرچ۔
کھانا پینا لہو کرنا : [ا ر محاورہ] رنج یا غصہ دلا کر کھانے پینے کو خون آلود کرنا کھایا پیا خاک میں ملانا۔ رنج دلانا۔
کھانا جوڑا : [ا ر محاورہ] وہ کھانا اور پوشاک جو دلہن کے گھر سے دولہا کو آتی ہے۔
کھانا چھاتی پر رہنا : [ا ر محاورہ] کھانا ہضم نہ ہونا۔
کھانا دانہ : [ا ر امذ] وہ دعوت جو برادری کے لوگوں کو دی جاتی ہے
کھانا دینا : [ا ر محاورہ] دعوت دینا
کھانا زہر مار کرنا : [ا ر محاورہ] غصے میں کھانا۔ جبر سے کھانا۔
کھانا کھا کر انگڑائی نہ لو نہیں تو کھایا پیا گتے کے پیٹ میں چلا جائیگا : [ا ر مثل] عورتوں کا وہم ہے۔ انگڑائی سے روکنے کے لئے کہتی ہیں۔
کھانا کھانا : [ا ر محاورہ] روٹی کھانا۔ طعام کھانا۔ غذا نوش کرنا۔
کھانا کھلانا : [ا ر محاورہ] روٹی کھلانا۔ دعوت کرنا۔ ضیافت دینا۔

ھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو / ہاتھ یہاں دھوؤ : [ا رشل] جلدی آؤ ذرا چلے آؤ۔ آنے میں دیر نہ کرو۔ جس طرح بیٹھے ہو اسی طرح چلے آؤ۔

ھانا : [ا رمص] (۱) نوش کرنا۔ نگلنا (۲)، حلق سے اتارنا۔ (۳) ہضم کرنا۔ اڑانا۔ غبن کرنا (۴) رشوت لینا (۵)، اڑانا۔ فضول خرچی کرنا (۶)، سہنا۔ برداشت کرنا (۷)، ڈسنا۔ ڈنک مارنا (۸)۔ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا (۹) گلا دینا۔ بوسیدہ کر دینا (۱۰)، تنفنا (۱۱)، برباد کرنا۔ ستیاناس کرنا (۱۲)، پریشان کرنا (۱۳)، پیٹنا۔ زدوکوب ہونا (۱۴)، برخاست کرنا (۱۵)، کھوکھلا کرنا (۱۶)، زخم دینا۔

ھانا اور غرانا : [ا رمحاورہ] بلی کی سی عادت رکھنا۔ احسان فراموشی کرنا۔ (۲) ایک کو کھانا دوسرا دھمکانا۔

ھانا پینا : [ا رمحاورہ] کھانے پینے کا خرچ برداشت کرنا

ھانا کمانا : [ا رمحاورہ] محنت مزدوری کرنا۔ روپیہ کما کر گزر اوقات کرنا۔

ھانا نوش کرنا : [ا رمص مرکب] کھانا تناول کرنا۔ کھانا کھانا۔

ھانپ : [ا رامث] قاش۔ ٹکڑا۔

ھانچ / کھانچا : [ا رامذ] مرغیوں کے بند کرنے کا اونچا ٹوکرا یا پا (۲)، چھابہ۔ خوان۔ خوانچہ (۳)، وقفہ۔ دیر۔ ڈھیل (۴)، فرق۔ تاخیر (۵)، گڑھا جو سڑک کے ساتھ نکال دیتے ہیں۔

ھانچا پڑنا : [ا رمحاورہ] تسلسل میں فرق آنا۔ وقفہ ہونا۔ ناغہ ہونا

ھانچی : [ا رامث] ٹوکری۔ ڈھکن والی ٹوکری۔

ھاندنا : [ا رمص] گڑھا کھودنا۔ ایک جگہ سے پودا اکھاڑ یا کھود کر دوسری جگہ لگانا۔

ھانڈ : [ا رامث] شکر سفید۔ چینی۔

ھانڈا : [ا رامذ] (۱) ایک قسم کی سیدھی دو رخی تلوار جس کی نوک مثلث ہوتی ہے (۲)، قصائی کا بغدا (۳)، مچھلی کا قتلہ۔

ھانڈا بجنا : [ا رمحاورہ] تلوار چلنا۔ شمشیر زنی ہونا۔ لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔

ھانڈنا : [ا رمص] ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

ھانڈے کی دھار پر چلنا : [ا رمحاورہ] خطرناک کام کرنا۔

ھانسنا : [ا رمص] کھانسی کی آواز نکالنا۔ کھوں کھوں کرنا۔ کھنکارنا۔

ھانسی : [ا رامث] سرفہ۔ سعال۔ خارش گلو۔ کھر کھر۔ کھوں کھوں۔

ھانکھو : [ا رصف] خشک۔ سوکھا۔ وہ چیز جو بہت خشک ہو گئی ہو۔

ھانکھ : [ا رامث] خندق۔ کھائی۔

ھانگ : [ا رامذ] ہاتھی یا سؤر کے باہر نکلے ہوئے دانت۔

ھانے کمانے کا ٹھیکرا : [ا رامذ] روزی کا وسیلہ (۲)، نرچی وہ لڑکی جسے کمانے کے لئے پالا ہو۔

ھانے کمانے لگنا : [ا رمحاورہ] گزر اوقات کرنے لگنا۔

ھانے کو اونٹ کمانے کو مجنوں / ھانے کو شیر کمانے کو بکری : [ا رمثل] کھانے میں سب سے زیادہ اور زبردست کمانے میں سب سے کم اور پست۔

ھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ / ھانے کو زچہ کمانے کو بچہ : [ا رمثل] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو کھانے کو تیار ہو اور کمانے سے جی چرائے۔

کھانے کو دوڑنا : [ا رمحاورہ] بدمزاجی سے پیش آنا (۲)، ڈرانا۔

کھانے کھیلنے کے دن : [ا رامذ] بے فکری کا زمانہ۔

کھانے کے دانت اور دکھانے کے اور : [ا رمثل] ظاہر کچھ باطن کچھ (۲)، نمائشی چیزیں کام نہیں دیتیں۔

کھانے کے گال نہانے کے بال چھپے نہیں رہتے : [ا رمثل] کھایا اور نہایا ہوا چھپتا نہیں کھانے سے بھی اور نہانے سے بھی ظاہر ہو جاتا ہے۔

کھاؤ : [ا رصف] (۱) بہت کھانے والا۔ پیٹو (۲) رشوت خور (۳) چٹورا (۴)، بہت خرچ کرنے والا۔

کھاؤ اڑاؤ : [ا رصف] فضول خرچ۔ تن پرور۔ چٹورا۔

کھاؤ پیت : [ا رصف] مطلب کا یار۔ مطلب کا آشنا۔ خود غرض۔

کھاؤں کھاؤں کرنا : [ا رمحاورہ] غصہ میں بھرا ہونا۔

کھائی : [ا رامث] خندق۔ گڑھا۔

کھائے بکری کی طرح سوکھے لکڑی کی طرح : [ا رمثل] بہت کھانے اور کھا کر دبلا رہنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کھائے پر کھایا وہ بھی گنوایا : [ا رمثل] زیادہ لالچی اصل سرمایہ بھی کھو بیٹھتا ہے۔

کھائے جانا : [ا رمحاورہ] اس وقت بولتے ہیں جب کسی چیز سے بے حد خوف معلوم ہوتا ہو (۲)، تقاضا کر کے ستانا۔ تنگ کرنا۔

کھائیں تو گھی سے نہیں جائیں تو جی سے : [ا رمثل] ہو تو اچھا ہو نہیں تو مجھ کو مرنا منظور ہے۔

کھائیے من بھاتا پہنئے جگ بھاتا : [ا رمثل] جس چیز کو جی چاہے کھانا چاہئے یعنی خوراک دل پسند اور پہننا رواج کے مطابق چاہئے۔

کھایا پیا اگل دینا : [ا رمحاورہ] عمر بھر کی کمائی پیش کر دینا (۲)، قے کرنا۔

کھایا پیا انگ نہ لگنا : [ا رمحاورہ] خوراک کا جزو بدن نہ ہونا۔ روز بروز دبلا اور لاغر ہو جانا۔

کھایا پیا نکالنا : [ا رمحاورہ] خوب پیٹنا (۲)، ایسی محنت لینا جس سے آدمی بے حد تھک جائے۔

کھایا ہوا اگلنا پڑا : [ا رمثل] جو رقم مار لی تھی۔ دینی پڑی۔

کھبا : [ا رصف] بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ چپ دست۔

کھبا جانا : [ا رمحاورہ] چبھا جانا۔ گڑا جانا۔

کھب جانا / کھبنا : [ا رمص] (۱)، گھسنا۔ چبھنا۔ گڑنا (۲)، پسند آنا۔ آنکھوں کو بھانا (۳)، موزوں ہونا۔ زیب دینا۔

کھبے کھبے : [ا رصف ق] خم دار۔

کھبالے : [ا رصف ق] چپ والے۔ بانکے۔ ترچھے۔

کھبی : [ا رامث] دیکھئے "کھبا"، جس کی یہ تانیث ہے۔

کھپاتا : [ا رامذ ق] بانس کی تیلی۔

کھپاچ / کھپچ : [ا رامذ] (۱) بانس کا ٹکڑا۔ پھانس (۲۔ صف) نہایت پتلا۔ دبلا آدمی۔

کھپا دینا : [ا رمحاورہ] (۱) برتنا۔ صرف کرنا (۲)، کام میں لانا (۳)، گھلانا۔ تحلیل کرنا (۴)، کام تمام کرنا (۵)، تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۶)، کھونا۔ گنوانا (۷)، ضائع کرنا۔ جذب کرنا۔ پلانا (۸)، سمانا۔ بھرنا (۹)، خفیف کرنا۔

کھپا کرنا : [ا رمحاورہ] شرمندہ ہونا۔
کھپانا : [ا رمص] دیکھیے "کھپا دینا"۔
کھپت : [ا رامث] (۱) گنجائش ۔ سمائی (۲) خرچ ۔ صرف ۔
کھپٹ : [ا رصت] بوڑھا ۔ بوڑھی ۔
کھپٹا : [ھ امذ] (۱) لکڑی یا اینٹ کا بنا ہوا ٹکڑا (۲) کچے آم کا خشک کیا ہوا ٹکڑا۔
کھپچ : [ا رامث] دیکھیے "کھپاچ"
کھپچا : [ا رامذ] لکڑی کا کف گیر
کھپچی : [ا رامث] گود ۔ بغل ۔ آغوش ۔
کھپچی : [ا رامث] (۱) بانس کا چرا ہوا ٹکڑا (۲) بانس کی تیلی یا قمچی (۳) صف پتلا ۔ دُبلا ۔
کھپچی بھرنا : [ا رمحاورہ] آغوش میں لینا ۔
کھپر : [ھ امذ] (۱) سر کی ہڈی ۔ کھوپڑی (۲) جوگیوں کا تونبے کا بنا ہوا برتن (۳) وہ طشت جس میں مجرم کا خون اکٹھا کر کے بہا دیا جاتا ہے یا دیوتا پر چڑھا دیا جاتا ہے ۔
کھپرا : [ا رامذ] (۱) ایک قسم کا کیڑا جو اناج کو لگ جاتا ہے (۲) مٹی کا ٹھیکرا (۳) چھال ۔ بکل ۔ چھلکا (۴) پھل کا چھلکا (۵) قاش ۔ پھانک (۶) وہ تیر جس کا پھل چوڑا ہو (۷) وہ مٹی کا برتن جو کھپریل کی چھت پر ڈالتے ہیں ۔
کھپری : [ا رامث] (۱) مٹی کا چھوٹا ٹھیکرا (۲) چھوٹا ٹھیکرا جس پر روٹی پکاتے ہیں ۔
کھپری مُنہ میں لگانا : [ا رمحاورہ] تہمت لگانا ۔ رسوا کرنا ۔
کھپری مُنہ میں لگنا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "کھپری منہ میں لگانا" جس کا یہ لازم ہے
کھپریل : [ا رامث] (۱) کھپروں سے چھائی ہوئی چھت (۲) وہ مکان جس کو کھپروں سے پاٹا گیا ہو ۔
کھپ کھپاٹ : [ا رامث ق] غصہ ۔ رشک ۔
کھپکھپانا : [ا رمص ق] (۱) غصّہ میں آنا ۔ رشک و حسد کرنا (۲) چھید کرنا ۔
کھپلا : [ھ امذ] کھرنڈ ۔
کھپلی : [ھ امث] دیکھیے "کھپلا"
کھپنا : [ا رمص] (۱) خرچ ہونا ۔ اٹھنا (۲) سمانا ۔ جذب ہونا (۳) فروخت ہونا ۔ بک جانا (۴) کام آنا ۔ مارا جانا (۵) گلنا ۔ تحلیل ہو جانا ۔
کھیت : [ا رامث ق] (۱) بل ۔ مکان ۔ جگہ ۔ مقام ۔
کھتا : [ا رامذ] (۱) زمین دوز گڑھا جس میں اناج دبا کر رکھا جاتا ہے (۲) برف دبانے کا گڑھا (۳) مقتولوں کو دبانے کا گڑھا (۴) ذخیرہ ۔ انبار ۔ خزانہ ۔
کھتر : [ہ ق] خاطر
کھتر : [ا رامث ق] جنگ رزم گاہ
کھترا : [ا رامذ] (۱) کونا ۔ گوشہ (۲) صفت جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں ۔ (۳) بل سوراخ ۔
کھترانی : [ا رامث] دیکھیے "کھتری" جس کی یہ تانیث ہے
کھترما : [ھ امذ] کھتریوں کی برادری
کھتری : [ھ امذ] ہندوؤں کی ایک قوم ۔ چھتری ۔ کشتری ۔

کھتونی : [ھ امث] (۱) وہ کاغذ جس پر گاؤں کی زمین کا حساب کتاب ہو (۲) نقشہ ۔ مجموعہ ۔
کھتونی عام : [ا ر ۔ امث] ایک کتاب جس میں مہیا ہے کی ہر رقم درج ہوتی ہے اور پٹواریوں کے پاس رہتی ہے ۔
کھتی : [ھ امث] دیکھیے "کھتا"، جس کی یہ تصغیر ہے ۔
کھتی بھرنا : [ا رمحاورہ] کھتی میں غلہ بھرنا
کھتی کا اناج : [ا رامذ] خراب اناج ۔
کھتی : [ا رامث] پیسہ رکھنے کی گرلک ۔ خزانہ ۔ دولت ۔
کھتے میں پڑ جانا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "کھٹائی میں پڑ جانا"
کھتیانا : [ا رمص] روزنامچے سے نکال کر کھاتے میں درج کرنا
کھٹ : [ھ امث] (۱) دو چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز (۲) کھاٹ کا مخفف، کھٹا کا مخفف ۔
کھٹ بُنا : [ا رامذ] چارپائی بننے والا ۔
کھٹ پٹ : [ا ر ۔ امذ] (۱) جلد جلد چلنے کی آواز (۲) گھوڑے کے متواتر پاؤں کی آواز (۳) متواتر ٹکرانے کی آواز (۴) فساد ۔ لڑائی جھگڑا
کھٹ پٹ کرنا : [ا رمحاورہ] لڑائی جھگڑا کرنا ۔ فساد کرنا ۔
کھٹ پٹ ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھیے "کھٹ پٹ کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
کھٹ جال : [ا رامذ] پلنگ کا بنا ہوا وہ حصہ جس کے ذریعے سے خاک چھانتے ہیں ۔
کھٹ سے : [ا ر متعلق فعل] فوراً ۔
کھٹ کھٹ : [ا رامث] دو چیزوں کے متواتر ٹکرانے کی آواز ۔
کھٹ مٹھا : [ا رصت] (۱) کھٹا میٹھا (۲) ایک پھل جو ذائقے میں کھٹا میٹھا ہوتا ہے ۔
کھٹ : [س اعدد] چھ ۔ شش
کھٹ پَر : [س صت] چھ پروں والا ۔ بھنورا
کھٹ راگ : [س امذ] (۱) وہ راگ جس میں سب راگوں کے سُر شامل ہوں (۲) بکھیڑا ۔ جھگڑا ۔ قضیہ ۔ ٹنٹا ۔ جنجال ۔ جھمیلا (۳) فضول سامان ۔
کھٹ راگ میں پڑنا : [ھ محاورہ] بکھیڑے میں پڑنا ۔ جنجال میں پھنسنا ۔
کھٹ رس : [س امذ] جس میں چھ ذائقے ہوں ۔ یعنی تلخ ۔ نمکین ۔ کسیلا ۔ کھٹا میٹھا ۔ چرپرا ۔
کھٹ کرم : [س امذ] برہمنوں کے چھ فرائض یعنی اشنان ۔ دھیان جپ ترپن ۔ پوجا ۔ گیان ۔
کھٹ : [ھ امث] (۱) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز (۲) کسی چیز کے کھٹکنے کی اور (۳) لڑکوں کے کٹی کرنے کی آواز ۔ دیکھیے کٹ ہے ۔ ترک ملاقات ۔
کھٹ بڑھئی : [ہ امث] کٹھ پھوڑا ۔ ہُدہُد ۔
کھٹ بچھڑا : [ہ ۔ صت] تندمزاج ۔ زود رنج ۔ بدمعاملہ ۔ سرکش ۔
کھٹ کھٹ : [ہ امث] دو چیزوں کے متواتر ٹکرانے یا کوٹے جانے کی آواز
کھٹا : [ہ صف] (۱) ترش (۲ مذ) ایک ترش پھل جس کا رس آلوؤں ۔ کابلی چنوں کچالوؤں وغیرہ پر ڈال کر کھاتے ہیں ۔ (۳) بڑی چارپائی جس کے پائے اونچے ہوتے ہیں ۔
کھٹا چوک / چونا : [ا رصف] نہایت کھٹا ۔

کھٹاسا : (ا۔ صف) کھٹا

کھٹاساگ : (ا۔ مذ) ایک قسم کا ساگ۔

کھٹا کھا رہنا : (ا۔ محاورہ) کسی سے منا رہنا۔ کسی سے ناراضگی ہونا۔ کسی کو نفرت کی نگاہ سے دیکھنا۔

کھٹا کھانا : (ا۔ محاورہ) گالی کھانا۔ بُری بات سُننا (۲)۔ نمک اُٹھانا (۳) خفے ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔

کھٹا مِٹھا / میٹھا : (ا۔ صف) وہ جس میں کھٹا اور میٹھا دونوں مزے ہوں۔ ترش و شیریں

کھٹا مِٹھا / میٹھا کھانا : (ا۔ محاورہ) کھٹی اور میٹھی چیز کا کھانا۔ تکلیف اور آرام دونوں صبر سے برداشت کرنا۔

کھٹا میٹھا ہونا : (ا۔ محاورہ) جی چاہنا۔ دل للچانا (۲)۔ منہ میں پانی بھر آنا۔ ناراض ہونا۔ نا چاقی ہونا

کھٹا ہو جانا / ہونا : (ا۔ محاورہ) ترش ہونا (۲)۔ اچار آمدہ جانا (۳)۔ کھانا سڑ جانا (۴)۔ دل بیزار ہو جانا۔

کھٹاپٹ : (ا۔ مذ) کھٹکار۔ اَن بن (۲)۔ کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز۔

کھٹاپٹی : (ا۔ امث) دیکھئے "کھٹاپٹ"

کھٹائی : (ا۔ مذ) کھٹائی

کھٹاس : (ا۔ امث) ترشی۔ کھٹائی (۲)۔ خفگی۔ ناراضگی۔

کھٹاس : (ا۔ مذ) بہولا۔ مشک بلاؤ۔

کھٹاک / کھٹاکا : (ا۔ مذ) کھڑاکا۔

کھٹاک سے : (ا۔ متعلق فعل) آواز کے ساتھ۔ کھڑاکے سے۔ فوراً

کھٹانا : (ا۔ مص) روکنا۔ مزاحمت کرنا۔ حائل ہونا (۲)۔ کھڑا کرنا (۳)۔ کھڑا کرنے کا موجب ہونا۔ کھڑا کرنا (۴)۔ پکا کرنا (۵)۔ کمانے کا موجب ہونا۔

کھٹاؤ : (ا۔ مذ) وہ بانس یا کھونٹا جس سے کشتی کو باندھتے ہیں۔

کھٹاہی : (ا۔ امث) (۱)۔ باندھنا (۲)۔ روکنا۔ ٹھہرانا (۳)۔ کھڑا رہنا۔ پکا رہنا۔

کھٹائی : (ا۔ امث) (۱) ترشی (۲)۔ کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانک۔ امچور (۳)۔ کھٹے یا کھٹی چیز کا پانی۔

کھٹائی کا زبان کاٹنا : (ا۔ محاورہ) سرکے یا کھٹی چیز کی ترشی کا زبان پر چڑھ جانا

کھٹائی کھانا : (ا۔ محاورہ) (۱) ترشی کھانا۔ ۲ (مذ) وہ شخص جو کھٹائی کھائے (۳)۔ مجازاً نامرد۔ ہیجڑا۔ جسے کھٹائی کی وجہ سے شہوت کم آئے / ہو (۴)۔ بھڑوا۔ قرمساق (۵)۔ بے غیرت۔ بے حیا۔ بے شرم۔

کھٹائی میں پڑنا : (ا۔ محاورہ) دیکھئے "کھٹائی میں ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کھٹائی میں ڈالنا : (ا۔ محاورہ) زیور کو صاف کرنے کے لئے کھٹے پانی میں ڈالنا۔ ۲۔ جھمیلے یا بکھیڑے میں ڈالنا۔ ۳۔ توقف کرنا۔ دیر لگانا۔ ڈھیل ڈالنا۔ تاخیر کرنا (۴)۔ ٹال مٹول کرنا۔ بہانے کرنا۔ ایسا سنار کرتے ہیں کہ جب زیور بنانے میں دیر ہو جائے اور گاہک طلب کرے تو کہتے ہیں کہ کھٹائی میں پڑا ہے / ڈالا ہوا ہے۔

کھٹائی : (ا۔ امث) کھوٹ ملاوٹ۔ ۲۔ نقص۔ ۳۔ دغابازی۔ دھوکا بازی۔ ۴۔ بیوفائی (۵)۔ بددیانتی (۶)۔ نیکی یا عصمت کا نہ ہونا۔ ۷۔ بدچلنی۔ بدمعاشی (۸)۔ دشمنی۔ رنجش۔

کھٹک : (ا۔ فمص) (۱) کھٹکنا مصدر سے صیغہ امر۔ (۲) (ا۔ مذ) خلش۔ چبھن (۳)۔ ٹیس۔ چیس (۴)۔ رنج۔ غم۔ ملال۔ گلہ۔ شکوہ۔

کھٹکتے رہنا : (ا۔ محاورہ) چبھتا رہنا۔ ۲۔ الگ رہنا۔ کنارہ کش رہنا۔ الگ تھلگ رہنا

کھٹک جانا : (ا۔ محاورہ) پھنس جانا۔ ۲۔ ناگوار ہونا۔ بُرا لگنا (۳)۔ بگڑ جانا۔ ناراض ہونا۔ لڑائی ہو جانا۔ ان بن ہو جانا (۴)۔ اچٹ جانا۔ اکھڑ جانا۔ دوستوں سے الگ ہو جانا۔

کھٹک چلنا : (ا۔ محاورہ) کنارہ کش ہونا۔ بیزار ہو چلنا۔

کھٹکا : (ا۔ مذ) آہٹ۔ نقصان۔ ضرر۔ اندیشہ۔ گمان۔ شک۔

کھٹکا : (ا۔ مذ) ۱۔ خفیف آواز جو کسی چیز کے گرنے یا دو چیزوں کے باہم ٹکرانے سے پیدا ہو۔ ۲۔ کھڑکا۔ کھٹاکا۔ ۳۔ پاؤں کی آواز۔ چاپ۔ آہٹ (۴)۔ کھٹک۔ خلش (۵)۔ وہ بانس کا ٹکڑا جو پھل دار درختوں میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کے لئے باندھ دیتے ہیں (صرف ان معنوں میں۔ افعال: باندھنا۔ بندھنا۔ لگانا۔ لگنا۔ ہلانا۔ ہلنا) (۶) چٹخنی۔ بلی (افعال: لگانا۔ لگنا) (۷) قفل کا وہ حصہ / پرزہ جو اُسے بند کر دیتا ہے (افعال: بگڑنا۔ ٹوٹنا) (۸) شریر آواز کا جھٹکا۔ آواز کی گھٹکری۔ اندیشہ۔ ڈر (۹) تردد۔ فکر۔

کھٹکا پڑ جانا : (ا۔ محاورہ) (۱) خوف یا اندیشہ ہونا (۲) ہر وقت خطرے میں جان رہنا۔

کھٹکا پڑ رہنا : (ا۔ محاورہ) (۱) اندیشہ ہونا۔

کھٹکا لگا رہنا : (ا۔ محاورہ) فکر و اندیشہ رہنا۔ ہر وقت خطرے میں جان رہنا۔

کھٹکا لگنا : (ا۔ محاورہ) اندیشہ ہونا۔ فکر ہونا۔

کھٹکا مٹانا : (ا۔ محاورہ) دیکھئے "کھٹکا مٹنا"

کھٹکا مٹنا : (ا۔ محاورہ) اندیشہ دور ہونا۔ فکر رفع ہونا۔

کھٹکا ہوا : (ا۔ صف) (۱)۔ رُکا ہوا۔ کشیدہ خاطر۔

کھٹکا ہونا : (ا۔ محاورہ) (۱)۔ آہٹ ہونا۔ ۲۔ فکر یا تردد ہونا (۳)۔ خوف یا اندیشہ ہونا۔

کھٹکار : (ا۔ امث) آواز جو مچھلی کی شست کو جنبش دینے سے ہوتی ہے۔

کھٹکارنا : (ا۔ محاورہ) مچھلی کی شست کو جنبش دینا۔

کھٹکانا : (ا۔ محاورہ) کھڑکانا۔

کھٹکنا : (ا۔ مص) (۱)۔ پرندے کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا۔ (۲)۔ چلغوزے / خربوزے / تربوز کے بیج کو دانتوں سے دبا کر گری نکالنا۔ چھلکا اتارنا (۳)۔ کسی چیز کا اگلے دانتوں سے توڑنا (۴)۔ ڈور میں ٹھنکی دینا۔

کھٹکنا : (ا۔ مص) (۱)۔ چبھنا۔ کھبنا۔ خلش ہونا (۲)۔ ٹیس مارنا۔ درد کرنا (۳)۔ بُرا لگنا۔ ناگوار گزرنا (۴)۔ بگڑنا۔ اَن بن ہونا (۵)۔ بجنا۔ کھڑکنا (۶)۔ کھٹکنا۔ بُرا معلوم ہونا (۷)۔ دبنا۔ ہچکچانا۔ بدکنا (۸)۔ بدظن ہونا (۹)۔ ہوشیار ہو جانا (۱۰)۔ اچٹنا۔ اکھڑنا (۱۱)۔ بیزار ہو جانا۔ کنارہ کش ہو جانا / ہونا (۱۲)۔ ڈرنا۔ خوف کھانا (۱۳)۔ بات۔ تردد۔ اندیشے کے ساتھ کسی بات کا دل میں گزرنا (۱۴)۔ بھلا لگنا۔ بسنا۔ کھٹنا

کھٹکھٹا : (ا۔ مذ) (۱)۔ مصدر کھٹکھٹانا سے صیغہ امر (۲)۔ جھگڑا۔ جھمیلا (۳)۔ کام۔ دھندا۔ دکانداری

کھٹکھٹانا : (ا۔ مص) کھڑکھڑانا۔ دستک دینا۔

کھٹکھٹی : (ا۔ امث) ہنسی۔ کھلکھل۔

کھٹلا : (ا۔ مذ) (۱)۔ نااتفاقی۔ اَن بن۔ جھگڑا۔ لڑائی (۲)۔ روک۔ رکاوٹ

(۴) چیزیں جو قبضے میں یا ملکیت میں ہوں (۵) مال و اسباب (۶) سامان سفر (۷) سامان خانہ داری (۸) میز کرسیاں وغیرہ (۹) ڈھیر، انبار (۱۰) بیوی بچے۔ خاندان (۱۱) گھربار، نوکر چاکر (۱۲) محنت مشقت (۱۳) کام دھندا۔ کاروبار (۱۴) مشکل کام۔ پیچیدہ امر (۱۵) معاملہ۔ مقدمہ

کھٹلے : [ا مذ] کان کے اُوپر کے سوراخ جو عورتیں بالیوں کے پہننے کے لئے چھدواتی ہیں۔

کھٹمل : [ا مذ] ایک سیاہی مائل سرخ رنگ کا کاٹنے والا کیڑا جو چارپائیوں میں رہتا ہے اور انسان کا خون جو کہ محض اُس کی خوراک ہے۔ چوستا ہے۔

کھٹنا : [ا ر معں] (۱) کمانا۔ ہونا۔ بچنا (۲) کسی آدمی یا کام کا ٹِکنا (۳) کھڑا ہونا (۴) بات پر اڑا رہنا (۵) اَڑنا۔ ٹھہرنا (۶) جاری رہنا۔

کھٹو : [ہ امذ] مزدور۔ قلی

کھٹو : [ہ صف] شرمندہ۔

کھٹوا : [ا ر صف] ترش۔ کوئی ترش پھل بالخصوص آم۔

کھٹواٹ / کھٹوٹی / کھٹوائی / اپٹوائی : [ہ امث] (۱) چارپائی پر جا کر غصے میں لیٹ رہنا (۲) بیماری کا بہانہ کرنا۔ سن ہی لے کر پڑا رہنا۔

کھٹوانا : [ا ر معں] (۱) کہیں سے کچھ دلوانا۔ کموا دینا۔

کھٹولا : [ہ امذ] چھوٹا پلنگ۔

کھٹولی : [ہ امث] دیکھئے "کھٹولا"، جس کی یہ تصغیر ہے۔

کھٹی : [ا ر مث] دیکھئے "کھٹا"، جس کی یہ تانیث ہے۔

کھٹی : [ہ صف مونث] دیکھئے "کھوٹی"

کھٹی : [ہ امث] (۱) کھرنڈ۔ پھپھ۔

کھٹی پیالی / چیز کو جی چاہنا : [ا ر محاورہ] حاملہ عورت کا ترشی کی رغبت کرنا

کھٹی مٹھی / میٹھی باتیں : [ا ر امث] ناراضگی کی باتیں۔ سخت سست بُری بھلی باتیں۔

کھٹے : [ہ صف] (۱) ترش (۲ ہ مذ) دیکھئے "کھٹا"، جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

کھٹے چنے : [ہ امذ] وہ چنے جن میں کھٹائی اور نمک مرچ پڑا ہوا ہو۔

کھٹے میٹھے دن : [ہ امذ] حمل کا زمانہ (۲) بُرے دن۔

کھٹے میٹھے کو جی چاہنا : [ا ر محاورہ] (۱) لذیذ غذا کو جی چاہنا (۲) حاملہ عورت کا کھٹائی کھانے کو دل چاہنا۔

کھٹیا : [ہ امث] کھاٹ۔ چارپائی۔ ۲۔ (عو) کنایۃً جنازہ۔

کھٹیا : [ہ امث] ریوڑی

کھٹیا پر پڑنا : [ا ر محاورہ] بیمار پڑنا۔

کھٹیا سینا : [ا ر محاورہ] بیمار پڑنا۔ صاحب فراش ہونا۔

کھٹیا نکلنا : [ا ر محاورہ] جنازہ نکلنا۔

کھٹیاں کھانا : [ا ر محاورہ] زک اٹھانا۔ شکست کھانا۔

کھٹیک : [ہ امذ] (۱) ایک ہندو قوم جو جانور رکھتی، پالتی اور بیچتی ہے (۲) ہندوؤں کی وہ قوم جو چمڑا رنگنے کا کام کرتی ہے۔

کھٹیکنی : [ہ امث] دیکھئے "کھٹیک"، جس کی یہ تانیث ہے۔

کھچ : [ا ر امذ] سرین سے ملی ہوئی ۔۔ کا گوشت (اصطلاح قصاباں)،

کھچ : [ا ر امث] (۱) چڑ۔ چھیڑ (۲) ملال۔ رنج۔ رنجیدگی۔ ناراضگی۔ خفگی۔ (افعال : پڑنا۔ نکالنا)

کھجانا : [ا ر معں] (۱) چڑانا۔ چھیڑنا (۲) ناراض کرنا۔ خفا کرنا (۳) غصہ دلانا۔ ایسی بات کہنا جو رنجش خاطر کا باعث ہو۔ یا گراں گزرے (۴) مذاقاً کوئی بات کہنا جو ناگوار معلوم ہو (۵) شرمندہ ہونا (۶) ناراض ہونا۔

کھجانا : [ا ر معں] (۱) ناخن یا انگلیوں سے آہستہ آہستہ سہلانا۔ ناخن سے گھرچنا (۲) سراہنا۔ تعریف کرنا (۳) حارشت ہونا۔ چُل ہونا۔ کھجلی ہونا۔

کھجلا : [ہ امذ] ایک قسم کا خستہ پکوان جس میں کئی پرت ہوتے ہیں۔ فینی۔

کھجلا : [ہ فعل] دیکھئے "کھجانا"، جس کا یہ صیغہ امر ہے۔

کھجلاپن : [ہ امث] کھجلاہٹ

کھجلانا : [ا ر معں] دیکھئے "کھجانا"

کھجلاہٹ : [ا ر امث] خارشت۔ خارش۔ کھجلی۔ چُل۔

کھجلی : [ہ امث] (۱) خارش۔ کھاج۔ حل۔ خارشت (۲) ایک قسم کی بیماری جس میں بدن یا تو بہت کھجلاتا ہے یا ہاتھوں کی کلائیوں وغیرہ میں پھنسیاں ہوتی ہیں۔ اول قسم کو خشک اور دوسری کو تر کہتے ہیں۔

کھجلی اُٹھنا : [ا ر محاورہ] (۱) چُل ہونا۔ خارش ہونا (۲) مار کھانے کو دل چاہنا (۳) شامت آنا (۴) شہوت کا زور ہونا۔

کھجلی ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کھجلی اُٹھنا"

کھجور : [ا ر امث] (۱) ایک بہت لمبا درخت جو گرم ریگستانوں میں ہوتا ہے۔ اس کا پھل بہت زیادہ میٹھا ہوتا ہے اس سے شکر اور شراب بناتے ہیں اس کی ایک ہی شاخ ہوتی ہے اور سرے پر چند پتے دار چھوٹی چھوٹی چھڑیاں (۲) اس درخت کا پھل۔ خرما (۳) شیرینی۔

کھجورا : [ہ صف] (۱) کھجور سے منسوب (۲) پیلے پڑا ہوا (۳) گندھا ہوا (۴ امذ) نر کھجور جس میں پھل نہیں لگتا۔

کھجور چھڑی : [ہ امث] ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر لہریئے دار نشان ہوتے ہیں جیسے کھجور کے تنے پر ہوتے ہیں۔

کھجور رس : [ہ امث] تاڑی۔ جنگلی کھجور یا تاڑ کا رس۔

کھجوری : [ہ صف مث] دیکھئے "کھجور"

کھجوری چوٹی : [ہ امث] ایک قسم کی لہردار گندھی ہوئی چوٹی۔

کھجوری دودا : [ہ امذ] دو بل کا دھاگا۔

کھجوریا : [ہ امث] دیکھئے "کھجور"، جس کی یہ تصغیر ہے

کھجڑا ہا : [ہ صف] بخیل۔ کنجوس۔

کھچ : [ا ر امث] (۱) بھیڑ کی حالت (۲) مجمع۔ بھیڑ (۳) پھلوں اور پتوں وغیرہ کا ڈھیر (۴) ضرب۔ دھماکا۔

کھچا : [ہ صف] (۱) جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ لگا ہوا (۲) گندھا ہوا (۳) اکٹھا۔ ٹھسا ہوا۔ مجمع (۴) جڑا ہوا (جواہرات سے) جواہرات کی طرح جڑاؤ۔

کھچاکھچ : [ا ر صف] (۱) خوب بھرا ہوا۔ بکثرت۔ کثرت سے (۲) مث۔ ہتھیار کے جسم پر لگنے اور گوشت میں داخل ہونے کی آواز۔

کھچاکھچ بھرنا : [ا ر محاورہ] ٹھونس ٹھانس کر بھرنا۔

کھچی :(ارصف) (۱) تنا ہوا. کسا ہوا. بگڑا ہوا (۲) کشیدہ. ناراض (۳) تیز مہنگا گراں۔

کھچ جانا :(ارمحاورہ) گراں ہو جانا. بھاؤ چڑھ جانا (۲) کشش کے سبب کسی طرف چلا جانا۔

کھچا چلا آنا :(ارمحاورہ) کشش سے چلا آنا (۲) مال کا تیزی کے ساتھ چلا آنا۔

کھچا رہنا :(ارمحاورہ) الگ اور دور دور رہنا (۲) رکا رہنا (۳) آزردہ رہنا. کشیدہ رہنا۔

کھچا کھچا :(ارصفت) کشیدہ خاطر. ناراض۔

کھچا کھچ پھرنا :(ارمحاورہ) کشمکش میں مبتلا ہونا۔

کھچاکا :(ارامث) تلوار کے جسم پر لگنے کی آواز

کھچانا :(ارمص) دیکھئے "کھینچنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کھچاوٹ :(ارامث) تناوٹ. کساوٹ (۲) کشش. جذب (۳) رکاوٹ. کشیدگی

کھچاؤ :(ارامذ) تناؤ. کساؤ. کھچاوٹ. کشیدگی. کشش. کھینچ۔

کھچائی :(ارامث) (۱) کھچاوٹ (۲) کھینچنے کی اجرت۔

کھچڑا :(ارامذ) وہ نمکین قسم کا کھانا جس میں گیہوں اور ہر قسم کی دالیں ڈال کر عشرہ محرم میں پکاتے ہیں۔

کھچڑی :(ارامث) چاول اور دال ملا کر پکایا ہوا کھانا۔ (۲) بیری کا پھول (۳) ملی جلی اشرفیاں اور روپے (۴) خفیہ صلاح مشورہ (۵) سیاہ اور سفید بال (۶) ناچ کی ایک سائی (۷) درخت کا پھول یا شگوفہ (۸) ہندوؤں کا ایک تہوار (۹) چیل جھپٹنے کے چانٹے جو چیل بننے یعنی رسی پکڑ کر بیٹھنے والے لڑکے کے سب مل کر لگاتے ہیں (۱۰) وہ چاول دال جو زچہ کے واسطے چھٹی کے روز اس کے میکے سے آتے ہیں (۱۱) صفت. خلط ملط ملا جلا۔

کھچڑی آنا :(ارمحاورہ) بیری کے درخت کو پھول آنا (۲) کسی بھی درخت کو پھول آنا (۳) چھٹی کے روز زچہ کے واسطے اس کے میکے سے کھچڑی آنا۔

کھچڑی پکانا :(ارمحاورہ) (۱) چاول اور دال ملا کر پکانا (۲) خفیہ صلاح مشورہ کرنا. سازش کرنا۔

کھچڑی پکنا :(ارمحاورہ) دیکھئے "کھچڑی پکانا" جس کا یہ لازم ہے

کھچڑی دینا :(ارمحاورہ) بلاوا دینا. ناچ گانے کی سائی دینا۔

کھچڑی داڑھی :(ارامث) وہ داڑھی جس میں کچھ سیاہ بال اور کچھ سفید بال ہوں۔

کھچڑی کھاتے پونچا اترنا :(ارمحاورہ) ناحق کی اور جھوٹی نزاکت جتانا، کمال نزاکت ہونا۔

کھچڑی کی سی حالت :(ارامث) ملی جلی کیفیت۔

کھچڑی ہو جانا :(ارمحاورہ) بالوں کا سیاہ اور سفید ہو جانا (۲) گڈمڈ ہو جانا. مل جل جانا

کھچ کھچ :(ارامث) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

کھچ کے ملنا :(ارمحاورہ) صاف دل سے نہ ملنا۔

کھچم کھچا :(ارامذ) دو یا زیادہ آدمیوں کا ایک ہی چیز کو اپنی اپنی طرف کھینچنا. کشاکشی۔

کھچنا :(ارمص) جڑنا. ملنا. لگنا (۲) چسپاں ہونا (۳) جڑا ہوا ہونا۔

کھچنا/کھنچنا :(ارمص) کسا جانا. تننا (۲) گھسنا (۳) کنارہ کش ہونا. کشیدہ ہونا (۴) عرق نکلنا (۵) عرصہ لگنا. طول پکڑنا (۶) اترنا. نقل ہونا (۷) گراں ہونا. مہنگا ہونا (۸) کشش ہونا (۹) مشکل سے گزر جانا (۱۰) کسی مال کا کسی مکان کی طرف چلا جانا (۱۱) کشش سے رجوع ہونا. کشش ہونا (۱۲) طاقت نکلنا. ست نکلنا. خارج ہونا (۱۳) رگیں کھنچنا. موت کی نشانی ہونا (۱۴) دل راغب ہونا. مائل ہونا

کھچوانا/کھنچوانا :(ارمص) دیکھئے "کھنچنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کھچوائی :(ارامث) کھینچنے یا نکالنے کی اجرت یا مزدوری۔

کھچی کھچی :(ارصفت) دیکھئے "کھچا کھچا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کھدانا :(ارامذ) وہ گڑھا جہاں سے مٹی کھودتے ہیں۔

کھدانا :(ارمص) دیکھئے "کھودنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کھدائی :(ارامث) کھودنے کا فعل (۲) کھدوانے کی اجرت (۳) کندہ کاری۔

کھدبد :(ارامث) کسی چیز کے ہانڈی میں پکنے کی آواز. اناج وغیرہ کے ابلنے کی آواز. پانی ابلنے کی آواز۔

کھدبدانا :(ارمص) ابلنا. پکنا. کھولنا۔

کھدبدرا :(ارصفت) ناہموار. وہ جس میں نشیب و فراز ہو۔

کھدبدی :(ارامث) ہل چل. فکر و اندیشہ (۲) شوق و ہوس۔

کھدبدی لگنا :(ارمحاورہ) شوق پیدا ہونا۔

کھدّر :(ارامذ) موٹا. سفید کھردرا دیسی کپڑا (۲) موٹا کھردرا۔

کھدرا :(ارصفت) کھردرا. ناہموار. اونچا نیچا (۲) وہ شخص جس کے چہرے پر چیچک کے نشان ہوں (۳) کونا. گوشہ (۴) بل. سوراخ۔

کھدبدر/کھدرکھدر :(ارامث) دیکھئے "کھدبد"

کھدڑنا :(ارمص ق) ہانکنا۔

کھدنا :(ارمص) کھودا جانا (۲) جڑ سے نکلنا (۳) نقش کیا جانا (۴) مسمار ہونا. اکھڑنا (۵) کندہ ہونا۔

کھدنی :(ارامث) کھدائی (۲) مال و دولت کی تلاش کے واسطے زمین کا کھودنا (۳) تلاش. جستجو. پوشیدہ تحقیقات۔

کھدنی کرنا :(ارمحاورہ) (۱) دولت یا مال کے لئے زمین کھودنا (۲) سرنگ کا کھوج لگانے کے لئے زمین کھودنا۔

کھدوانا :(ارمحاورہ) کھدنا کا متعدی المتعدی (۱) کندہ کرانا (۲) نقش کرانا (۳) جڑ سے نکلوانا (۴) یوں توں کرانا. زنا کروانا۔

کھدوائی :(ارامث) کھودنے کی اجرت۔

کھدیا :(ارامث) بھوک. کھانے کی خواہش. اشتہا (افعال، لگنا)

کھدیر :(ارامث) پیچھا. تعقب۔

کھدیڑنا :(ارمحاورہ) تعاقب کرنا. پیچھا کرنا. رگیدنا (۲) شکار کرنا۔

کھڈ :(ارامذ) گڑھا. غار. دو پہاڑوں کے بیچ کا میدان (۲) بوڑھا آدمی

کھڈا :(ارامذ) غار. گڑھا (۲) چاہ غبغب (۳) گھٹنے کا گڑھا (۴) دندانہ. دانتا (۵) صفت. گہرا. خمیدہ۔

کھڈکا :(ارامذ و مث) تلوار. شمشیر (۲) گینڈے کا سینگ (۳) گینڈا۔

کھڈ کا مارنا : [ا۔ محاورہ] تلوار چلانا۔ تلوار سے لڑنا۔

کھڈکی : [ہ صفت] ۱۔ تلوار سے مسلح۔ ۲۔ تلوار یا۔ ۳۔ گینڈا۔

کھڈتی : [ہ۔ پ امث] جولاہوں کا گڑھا جس میں وہ کپڑا بُننے کا کام کرتے ہیں آج کل گڑھے کی بجائے چھوٹا ڈھانچا بنایا جاتا ہے جس پہ بیٹھنے والا کرسی کی طرح بیٹھ کر کام کرتا ہے۔

کھڈّی : [ہ امث] ۱۔ چھوٹا گڑھا۔ ۲۔ دراڑ۔ سوراخ۔ ۳۔ قدمچہ۔ وہ چوکھٹا سا جس پہ بیٹھ کر پاخانہ کرتے ہیں (۴) ریخ یا دانتوں کا سوراخ (۵) جگہ جو دانت کے نکل جانے پر خالی ہو جائے (۶) سر کے بالوں کا پیشانی سے پیچھے کا حصہ جو گول منڈا ہوا ہوتا ہے۔

کھر : [ہ امذ] گھاس۔ پھوس (۲) لمبی گھاس۔ جس سے چھپر بناتے ہیں (۳) جنگلی بوٹیاں (۴) کوڑا کرکٹ۔

کھر کونپا : [ہ صفت] (۱) مجازاً سفلہ۔ رذیل۔ ۲۔ کم عقل۔ احمق۔

کھر : [ہ امذ] مویشی۔ ہرن وغیرہ کا پاؤں۔ جو چرا ہوا ہوتا ہے۔ جن جانوروں کا چرا ہوا نہیں ہوتا اُسے سُم کہتے ہیں جیسے گھوڑے گدھے کا۔

کھرا : [ہ امذ] کھُر ایڑی۔ ۲۔ پاؤں کا نشان جو زمین پر رہ جاتا ہے۔

کھر بندی : [ا۔ امث] ان مویشیوں کی نعل بندی جن کے ناخن چرے ہوئے ہوں (ترکیب غلط ہے)۔

کھر پکا : [ہ امذ] مویشیوں کی ایک بیماری جس میں اُن کے کھُر زخمی ہو جاتے ہیں۔

کھر پلٹا : [ہ امذ] ہندوستان کی ایک ناچ قوم جو بوڑھے بیلوں یا دیگر مویشیوں کے کھُر وغیرہ درست کرکے اور انہیں جوان کہہ کر بیچتے ہیں۔

کھر تار / تال : [ہ امذ] کھُروں کی آواز۔

کھر کھوج : [ہ امذ] نشان۔ سُراغ۔ پتہ۔

کھر کھوج کھونا / مٹانا : [ا۔ محاورہ] تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ نام و نشان مٹانا۔ ناس کر دینا۔

کھر : [ہ امث] کھانسی کی آواز۔

کھر کھانسی بنئے کے جائے اس کے گھر جا کر گڑ کھائے / کھر کھانسی تیری دائی کے گلے میں پھانسی [فقرہ] یہ فقرہ عورتیں بچے کو کھانسی کی تکلیف یا کھانسنے کے وقت رونے سے بہلانے کے واسطے کہتی ہیں۔ عموماً کھُر کھانسی ہی کہہ دیتی ہیں۔

کھر کھر : [ہ امث] کھانسی کی آواز

کھر کھر کرنا : [ا۔ محاورہ] کھانسنا۔

کھرّا : [ہ امذ] ۱۔ مسودہ۔ یادداشت۔ ۲۔ طومار۔ طول طویل لکھا ہوا مضمون۔ طول طویل خط (۳) کھر کھرا (۴) ایک قسم کا سخت پھوڑا۔ پاؤں کے اوپر۔ (۵) کھرنڈ۔

کھرّا : [ہ صفت] (۱) کھُردرا۔ اونچا نیچا (۲) درشت۔ سخت (۳) درشت خو۔ اکھڑ مزاج۔ بدمزاج (۴) ایک آلہ جس سے کپڑا بُنتے ہیں (۵) ایک مسالا جس سے چھاپنے کے پتھر پر سے حرف اُڑاتے ہیں۔ کھنگر (۶) پکنے کا ضد (۷) کھانسی (۸) بے فرش کا تخت یا پلنگ (۹) خراٹا (۱۰) دم گھٹنے کی آواز۔

کھرا : [ہ امذ] (۱) وہ پکی جگہ جہاں بیٹھ کر کپڑے دھوتے یا نہاتے ہیں۔ (۲) کھوج۔ سُراغ (۳) نقش پا۔

کھرا : [ہ صفت] خالص۔ بے میل۔ ۲۔ نہایت اچھا۔ نفیس۔ بہترین۔ ۳۔ اصلی جو نقلی نہ ہو (۴) صاف۔ پاک۔ بے ریا (۵) سچا۔ صادق۔ راست باز (۶) صاف گو۔ منصف مزاج (۷) خوش مزاج۔ لین دین کا صاف (۸) وہ مٹی کا ظرف جو زیادہ پک گیا ہو۔ (۹) نقد (۱۰) مقررہ جو فیصلہ کیا گیا ہو۔ پیمانہ شدہ (۱۱) جائز۔ مستحکم۔

کھرا پن : [ہ امذ] خوش معاملگی۔ دیانتداری۔ صاف گوئی۔ خوبی۔

کھرا پن بگھارنا : [ا۔ محاورہ] خوش معاملگی یا ایمانداری کی ڈینگ مارنا۔

کھرا کرنا : [ا۔ محاورہ] روپیہ یا اشرفی کا پرکھنا۔

کھرا کھوٹا : [ا۔ صفت] اچھا برا۔ برا بھلا

کھرا کھوٹا پرکھنا : [ا۔ محاورہ] برے بھلے کی آزمائش کرنا۔

کھرا کھوٹا ہونا : [ا۔ محاورہ] نیت میں فرق آنا۔ نیت بگڑنا (۲) خوبصورت عورت کو دیکھ کر بدنیتی کرنا۔

کھرا کھیل : [ہ امذ] خوش معاملگی۔ معاملے کی صفائی (۲) متعلق فعل) فوراً۔ جلد۔

کھرائند / کھرا ہند : [ہ امث] پیشاب کی بو۔ ۲۔ گھاس یا بھوسے کے جلنے کی بو۔ ۳۔ بری بو۔ ۴۔ برا مزا۔ جلی ہوئی چیز کا مزہ۔

کھرائی : [ہ امث] (۱) اچھائی۔ نیکی (۲) اصلیت (۳) سچائی (۴) وفاداری۔ اعتبار (۵) دیانت داری۔ ایمانداری (۶) صاف دلی۔ صفائی۔ کھرا پن۔ (۷) پاکیزگی (۸) راستی۔ صحت۔ درستی (۹) کہاروں کی اصطلاح میں گُرگرہ باز۔

کھرب : [س امذ] بہت بڑا عدد۔ ۲۔ (صفت) چھوٹے قد کا بونا۔ ۳۔ سوا رب

کھرپا : [ہ امذ] (۱) کھرادل (۲) کپڑے کی سیون جو بغل سے دامن تک ہوتی ہے

کھرپا : [ہ امذ] (۱) گھاس کھودنے کا آلہ۔ (۲) گھٹنے کی چپنی (۳) کنایۃً بے وقوف۔ احمق۔

کھرپا جالی : [ہ امث] گھاس کھودنے کا آلہ اور جالی جس میں گھاس باندھتے ہیں

کھرپا جالی سنبھالنا : [ا۔ محاورہ] گھاس کھودنا۔ اختیار کرنا۔ گھسیارے کا کام کرنا۔

کھرپی : [ہ امث] چھوٹا کھرپا (۲) انگیا اور پشوانے کے مونڈھوں کی تراش (۳) چمڑا تلنے کا آلہ۔

کھرپیچ : [ہ امذ] دیکھئے کھڑ پیچ

کھرتل : [ہ صفت] صاف دل۔ صاف۔ کھرا (۲ نعت) کھلے طور پر۔ آزادانہ۔ بالکل (۳) دیکھئے کھڑتل۔

کھرج : [ہ امث] ہندی موسیقی کا سب سے پہلا سُر۔ جو سب سے پست ہے۔ اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوتی اس لئے اچل یا قائم سُر کہلاتا ہے اور اسے سا بھی کہتے ہیں۔

کھرج : [ا۔ امث ق] کھجلی۔

کھرچا : [ہ امذ] دانتوں کا خلال

کھرچانی : [ہ امذ] لوہے کا وہ برتن جس میں راکھ چھانتے ہیں

کھرچن : [ہ امث] وہ چیز جو پکی ہوئی ہانڈی کے پیندے میں لگ جاتی ہے (۲) دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی (۳) مذاقاً سب سے آخری بچہ۔ پیٹ کی پونچھن (۴) (صفت) بچا کھچا۔ پس ماندہ۔

کھرچن باقی ہے : [ا۔ محاورہ] پہلا اندوختہ چلا آتا ہے۔ ابھی بہت کچھ باقی ہے۔ جائداد میں ابھی بہت کچھ ہے۔ ابھی ختم نہیں ہوئی۔

کھُرچن متھرا کی اور سب نقل : [ا رش] متھرا کی دودھ سے بنی ہوئی مٹھائیاں بہت مشہور ہیں پیڑے۔ قلاقند وغیرہ۔
کھُرچنا : [ا رمص] (۱) چھیلنا (۲) رگڑنا (۳) کریدنا (۴) مونڈنا۔
کھُرچنی : [ہ امث] کھُرچنے کا آلہ۔ کھُرپا (۲) ریشہ غلط بردانہ
کھُردرا : [ہ صف] (۱) ناہموار۔ اونچا۔ نیچا۔ دانے دار کھرکھرا (۲) درشت۔
کھُردراپن : [ہ امذ] ناہمواری۔ کھرکھراہٹ (۲) درشتی۔
کھُردری : [ہ صف] دیکھئے "کھُردرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کھُردری زبان : [ہ صف مث] سخت دانے دار زبان جیسے شیر کی۔
کھُرسا : [ار۔ امذ] خشک موسم گرما جس میں گھاس جل جاتی ہے (افعال : پڑنا)
کھُرسیلا : [ہ صف] خارش زدہ۔ کھجلی والا۔
کھُرکھُرا : [ہ صف] ناہموار۔ کھُردرا (۲) خرخرا (۳) کھرہرا۔
کھُرکھُرا : [ہ صف] دیکھئے "کھرکھرا"
کھُرکھُرانا : [ا رمحاورہ] ناہمواری یا درشتی ظاہر کرنا۔ آہستہ آہستہ مالش کرنا۔
کھُرکھُراہٹ : [ہ امث] درشتی۔ ناہمواری
کھُرکھُری : [ہ امث] دیکھئے "کھرکھرا" جس کی یہ تانیث یا تصغیر ہے۔
کھُرکُونیا : [ا رصف] سفلہ کم ظرف۔ کمینہ۔
کھَرل : [ا رامث] پتھر کا برتن جس میں دوائیں پیستے ہیں۔ یا حل کرتے ہیں۔
کھَرل کرنا : [ا رمحاورہ] (۱) پیسنا (۲) بہت باریک پیسنا۔
کھَرل ہونا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھرل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کھُرلی : [ہ امث] مویشی کے باندھنے اور کھانے کی جگہ۔ وہ ظرف جس میں مویشیوں کا چارہ ڈالتے ہیں
کھُرن : [ہ امذ] سیاہ حلقہ جو جلے پر بناتے ہیں
کھُرنجا : [ہ امذ] اینٹ یا پتھر کا فرش۔ کھڑی اینٹوں کا فرش۔
کھُرنڈ : [ہ امذ] وہ خشک چھلکا جو زخم کے اوپر جم جاتا ہے (افعال : اتارنا۔ اترنا۔ جمنا۔ بندھنا۔)
کھُرنی : [ہ امث] ایک بہت بڑا درخت جس کے پتے جامن سے مشابہ مگر قد میں چھوٹے اور پھل نیم کے پھل سے مشابہ مگر شیریں ہوتا ہے اس کی عمر بہت زیادہ ہوتی ہے اور پھل بھی بہت مدت کا ہو کر دینا شروع کرتا ہے
کھُروٹ : [ہ امذ] (۱) منڈی۔ وہ شہر جس میں منڈی ہو (۲) دامن کوہ کا گاؤں۔
کھُروچا / کھُرونچا : [ہ امذ] خراش
کھُروچنا / کھُرونچنا : [ا رمحاورہ] نوچنا
کھُروٹ / کھُرونٹا : [ہ امث امذ] دیکھئے "کھرچا"
کھَری : [ہ صف] دیکھئے "کھرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کھَری بات : [ہ امث] صاف بات۔ بے لاگ بات جس میں کسی کی طرفداری نہ ہو
کھَری بولی : [ہ امث] (۱) خالص زبان (۲) ٹکسالی زبان۔
کھَری کھَری / کھَری کھَری سُنانا / کہنا : [ا رمحاورہ] لگی لپٹی نہ رکھنا صاف صاف کہنا
کھَری مزدوری چوکھا کام : [ا رمثل] جب مزدوری جلد جلد ملے تو کام اچھا ہوتا ہے
کھَرّی : [ہ صف] (۱) کھَرّا کا مؤنث (۲) بے فرش کی چارپائی۔ جس پر بچھونا بچھا نہ ہو۔
کھُرّی آواز : [ہ امث] کرخت آواز
کھُرّی چارپائی / کھاٹ پر سو کر آئے : [ا رمحاورہ] جب کوئی بدمزاجی کی باتیں کرتا ہے تو کہتے ہیں

کھَرّی کھاٹ : [ہ امث] وہ چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو۔
کھَرے : [ا رامذ] دیکھئے "کھرا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
کھَرے آئے : [ا رمحاورہ] بڑے آئے۔
کھَرے دام : [ا رامذ] پوری قیمت۔
کھَرے رہے : [ا رمحاورہ] فائدے میں رہے۔
کھَرے سے کھوٹا لیسے کو برابر لوٹا : [ا رمثل] جو شخص نیکوں سے بدی کرے وہ نقصان میں رہتا ہے۔
کھَرے کرنا : [ا رمحاورہ] نقد وصول کرنا۔
کھَرے کھَرے : [ا رصف] نقد چکھے۔ بغیر دستوری کے
کھَریا : [ہ امث] سفید مٹی جس سے تختہ سیاہ پر لکھتے ہیں۔
کھَریا میں کوئلا : [ا رمثل] ناموزوں اور بے میل بات
کھُریا : [ہ امث] (۱) کٹوری کی شکل کا آلہ جس سے کپڑا چلتے ہیں (۲) اہل کا پیچ جس سے جنت ڈالتے ہیں (۳) چھوٹا ظرف جس میں دہی رکھتے ہیں (۴) گھٹنے کی چپنی۔
کھرہرا : [ا رامذ] لوہے کا دندانے دار آلہ جس سے گھوڑے کے بدن سے مٹی وغیرہ صاف کرتے ہیں۔ خرخرا / کھرکھرا (افعال : کرنا)
کھَڑ : [ھ امث] (۱) نیچی موٹی کا ریزہ (۲) کانچ کا ٹکڑا (۳) گھاس۔
کھَڑا : [ہ صف] سیدھا اُٹھا ہوا (۲) قائم (۳) کچا۔ ادھ گلا (۴) بچی سلائی کیا ہوا (۵) رندہ عمود (۶) بغیر کٹا ہوا کھیت (۷) نصب۔ برقرار۔
کھڑا بہشت میں گیا : [ا رمحاورہ] سیدھا جنت میں گیا۔
کھڑا پانی : [ا رامذ] وہ پانی جو بہتا نہ ہو۔ بند پانی۔
کھڑا پچھاڑیں کھانا : [ا رمحاورہ] بچے کا غصے یا ضد کے سبب اپنے آپ کو ہلکان کرنا۔ کھڑے ہو ہو کر گر پڑنا (۲) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔
کھڑا پڑا پیٹنا : [ا رمحاورہ] اٹھتے بیٹھتے ماتم کرنا۔
کھڑا پیر جانا : [ا رمحاورہ] کھڑے کھڑے تیرنا۔
کھڑا ترسنا : [ا رمحاورہ] بہت خواہش کرنا۔ للچانا کسی بات کا ہر وقت منتظر رہنا
کھڑا داؤں : [ا ر امذ] قماربازوں میں وہ داؤں جو چلتے چلتے لگایا جائے آخری داؤں۔
کھڑا دونا : [ا ر امذ] حضرت علیؑ کی نیاز جو مراد پوری ہونے پر فوراً دی جائے۔ [افعال : دینا۔]
کھڑا رکھنا : [ا رمحاورہ] استادہ اور قائم رکھنا (۲) حساب چلتا رکھنا۔ (۳) ہنڈی کو ملتوی رکھنا۔
کھڑا رہ جانا : [ا رمحاورہ] حیرت یا محویت میں کھڑا رہ جانا۔
کھڑا رہنا : [ا رمحاورہ] ٹھہرا رہنا (۲) منتظر رہنا (۳) استادہ رہنا (۴) موجود رہنا (۵) چاولوں کا نیم پختہ یا سخت رہنا۔
کھڑا زبر : [ا رامذ] عربی رسم الخط میں وہ چھوٹا الف جو کسی حرف پر ڈال دیا جاتا ہے۔
کھڑا زیر : [ا رامذ] وہ زیر جو یائے مجہول کی طرح پڑھا جائے۔

کھڑا کرکے دکھانا: (ا ر محاورہ) مانگنے کے جواب میں انگوٹھا کھڑا کرکے دکھانا. صاف انکار کرنا.

کھڑا کرنا: (ا ر محاورہ) استادہ کرنا. اٹھانا. سیدھا کرنا (۲) برپا کرنا (۳) ٹھہرانا. روکنا (۴) جاری کرنا. قائم کرنا (۵) کچی سلائی کرنا (۶) نصب کرنا. گاڑنا. (۷) کمانا. حاصل کرنا (۸) لنگر ڈالنا.

کھڑا کھیت: (ا ر امذ) سبز کھیت جو ابھی کاٹا نہ گیا ہو (۲) لمبا میدان

کھڑا کھیل: (ا ر امذ) تُرت کا معاملہ. ہاتھوں ہاتھ کا کام.

کھڑا کھنٹھ: (ا ر امذ) لمبا چہرہ.

کھڑا ہونا: (ا ر محاورہ) (۱) اٹھنا. استادہ ہونا (۲) گھوڑے کا چراغ پا ہونا (۳) برپا ہونا. بنیاد پڑنا (۴) ٹھہرنا. تھمنا (۵) گڑنا. نصیب ہونا (۶) کنایۃً لڑنے پر آمادہ ہونا (۷) حاصل ہونا. ہاتھ لگنا (۸) کسی سرکاری ادارے یعنی اسمبلی وغیرہ کے لئے بطور امیدوار کھڑا ہونا (۹) شہوت سے عضو تناسل کا کھڑا ہونا (۱۰) سلائی سے کسی لباس کی صورت تیار ہو جانا.

کھڑا اڑا: (ا ر امذ ق) ڈڑبا.

کھڑاکا: (ا ر امذ) کھٹکا. کھڑکا.

کھڑاکو: (ا ر صف ق) صحرا. گنوار

کھڑاوڑل: (ا ر امث) لکڑی کی جوتی.

کھڑبڑ: (ا ر امث) ٹاپ کی متواتر آواز. کھٹ کھٹ.

کھڑپیچ: (ا ر امذ) عیب. نقص. حجت (افعال: نکالنا)

کھڑتل: (ا ر صف) سخت. کرخت. درشت (۲) تیز. تند (۳) جھگڑالو. لڑاکا (۴) بُرا. خراب. برباد (۵) کمینہ. رذیل (۶) شریر (۷) تھکانے والا. تنگ کرنے والا (۸ مذ) کھنڈر.

کھڑک: (ھ امث) پتھریلی زمین (۲) باڑہ. بھیڑ بکریوں کے بند کرنے کا مکان.

کھڑک سے: (ا ر متعلق فعل) دیکھئے "کھٹاک" سے.

کھڑکا: (ا ر امذ) کھڑکا. آہٹ. کھٹکا (۲) دانت کریدنے کی چیز. سینک. تنکا.

کھڑکانا: (ا ر مص) کنڈی کھٹکھٹانا. زنجیر مارنا. پکارنا. بلانا (۲) جھڑکنا. دھمکانا (۳) ہوشیار کرنا (۴) آواز کرنا (۵) ڈرانا. بدکانا.

کھڑکا تنگی: (ا ر امث ق) قحط.

کھڑکنا: (ا ر مص) سوکھے پتوں کا بجنا (۲) دیگوں کا بجنا (۳) بگاڑ ہونا. لڑائی ہونا.

کھڑکھڑ: (ا ر اصوت مث) کھٹ کھٹ. کسی چیز کے ٹکرانے چلنے یا گھسنے کی آواز. ہتھیاروں کے ٹکرانے کی آواز

کھڑکھڑا: (ا ر امذ) ایک قسم کی گاڑی جس میں بگھی کے گھوڑے کو سدھاتے ہیں.

کھڑکھڑانا: (ا ر مص) کھٹکھٹانا. بجانا. کھٹ کھٹ کرنا. کنڈی بجانا (۲) دھمکانا. خبر لینا. جھڑکنا. آڑے ہاتھوں لینا.

کھڑکھڑاہٹ: (ا ر امث) سوکھے پتوں کے بجنے کی آواز (۲) دیگوں کے باہم ٹکرانے کی آواز.

کھڑکھڑیا: (ا ر امث) وہ چوکھٹا جس میں چھوٹی چھوٹی تختیاں لگی ہوتی ہیں جس کو روشنی آنے کے واسطے گاڑیوں اور کوٹھیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں (۲) ایک قسم کی پالکی (۳) دیکھئے "کھڑکھڑا".

کھڑکی: (ا ر امث) جھروکا. دریچہ. چھوٹا دروازہ. غرفہ (۲) پنجرے کا دروازہ (۳) پگڑی کے اوپر کا حصہ جو کھلا رہتا ہے.

کھڑکی دار انگرکھا: (ا ر امذ) وہ انگرکھا جو سینے پر سے کھلا ہو.

کھڑکی دار پگڑی: (ا ر امث) ماڑواڑی پگڑی. وہ پگڑی جس کے آگے موکھا سا ہوتا ہے.

کھڑگ: (ا ر امث) تیغ. تلوار. شمشیر.

کھڑگنجا: (ا ر صف) اہسے گنجا (۲) چیچک رُو (۳) نہایت بدصورت. برا اور کریہہ منظر (۴) بدحال.

کھڑگنجی: (ا ر امث) دیکھئے "کھڑگنجا" جس کی یہ تانیث ہے.

کھڑلا: (ا ر امذ) ڈڑبا. مرغی خانہ (۲) گڑھا (۳ صف) ناہموار (۴) سوراخ دار. کھڑی اینٹوں کا فرش

کھڑمنڈل: (ھ امث) جھگڑا. فساد. لڑائی.

کھڑنجا: (ا ر امذ) دیکھئے "کھرنجا"

کھڑنک: (ا ر صف) سوکھا. پاپڑ سا. کرارا. کھنگڑا.

کھڑوا: (ھ امذ) ہندو بچوں کے ہاتھ پاؤں کا زیور

کھڑی: (ا ر صف) دیکھئے "کھڑا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) کچی (۳) تیرائی جس میں سیدھے کھڑے ہو کر تیرتے ہیں.

کھڑی ایڑی: (ا ر امث) ایسی ایڑی جس میں خم نہ ہو.

کھڑی بولی: (ا ر امث) مردوں کے لب و لہجہ میں جو گفتگو کی جاتی ہے (۲) دوآبہ گنگ و جمن کے علاقے کی زبان

کھڑی پچھاڑیں کھانا: (ا ر محاورہ) دیکھئے "کھڑا پچھاڑیں کھانا".

کھڑی تیرائی: (ا ر امث) کھڑے ہو کر تیرنا.

کھڑی تڑی: (ا ر متعلق فعل) دیکھئے "کھڑے تڑے"

کھڑی چوٹ: (ا ر متعلق فعل) فوراً. اسی وقت (۲ صف) سیدھی چوٹ. (افعال: کھانا)

کھڑی سواری: (ا ر امث) ذرا دیر کے لئے کہیں جانے کی سواری

کھڑی لگانا: (ا ر محاورہ) کھڑے ہو کر تیرنا.

کھڑی مسور: (ا ر امث) ثابت مسور. سالم مسور.

کھڑی نیاز دینا: (ا ر محاورہ) مراد پوری ہونے پر فوراً نیاز دینا.

کھڑی ہنڈی: (ا ر امث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ ادا نہ ہوا ہو.

کھڑے پانی نہ پینا: (ا ر محاورہ) ذرا نہ ٹھہرنا. فوراً چلے جانا.

کھڑے پاؤں: (ا ر متعلق فعل) فوراً. اسی وقت.

کھڑے پاؤں بیٹھک دینا: (ا ر محاورہ) دیکھئے "کھڑی نیاز دینا"

کھڑے پیر کا روزہ رکھنا: (ا ر محاورہ) برابر کھڑے رہنا. بیٹھنے کا نام نہ لینا.

کھڑے تڑے: (ا ر متعلق فعل) کبھی کبھی. گاہے گاہے.

کھڑے رہ جانا: (ا ر محاورہ) محروم رہ جانا.

کھڑے سوکھا کرنا : [ا ر محاورہ] کسی کے انتظار میں دیر تک کھڑے رہنا۔
کھڑے قد : [ا ر امذ] انسان کے قد کے برابر۔
کھڑے کا کھڑا رہ جانا : [ا ر محاورہ] حیران رہ جانا۔
کھڑے کرنا : [ا ر محاورہ] نقد کرنا۔ اٹھانا۔ حاصل کرنا۔ جمع باندھنا۔
کھڑے کھڑے : [ا ر متعلق فعل] دیکھئے "کھڑے پاؤں"
کھڑے کھڑے پھرنا : [ا ر محاورہ] مضطرب پھرنا۔ بے قرار پھرنا۔ پیٹ پکڑے پھرنا۔ نہایت تلملانا۔ گھبرایا گھبرایا پھرنا۔
کھڑے کھڑے ہو جانا : [ا ر محاورہ] ذرا سی دیر کو آجانا۔ لمحہ بھر کو آجانا۔ تھوڑی دیر کو آجانا۔
کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا : [ا ر محاورہ] کھڑے کھڑے کپڑے دھلوانا۔ جلدی کی وجہ سے صبح چڑھائے بغیر کپڑے دھلوانا۔
کھڑے مسالے کا گوشت : [ا ر امذ] وہ گوشت جس میں مسالا پیس کر نہیں بلکہ صرف کاٹ کر ڈال دیا جاتا ہے۔
کھڑپیچ : [ا ر امث] خبیث زخم۔ کھرونٹ (۲) کینہ۔ دشمنی۔ بغض۔ عداوت (۳) نکتہ چینی (۴) چھیڑ چھاڑ۔ جھگڑا۔ تکرار۔ ناحق حجت۔
کھڑپیچ رکھنا : [ا ر محاورہ] کینہ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔
کھڑپیچ لگنا : [ا ر محاورہ] کھوپیچ لگنا۔
کھڑپیچ نکالنا : [ا ر محاورہ] نقص نکالنا (۲) چھیڑنا (۳) ناحق حجت کرنا۔
کھڑپیچیا : [ا ر امذ] نکتہ چیں۔ حاسد۔ عیب جو۔ دشمن۔ بیری۔
کھسات : [ا ر امث ق] کھوسٹ۔ بوڑھی عورت۔
کھساری : [ا ر امث] ایک غلہ جس کی دال بناتے ہیں۔
کھسانا [۱]: [ا ر مص] دیوار کا کوئی حصہ گرا دینا (۲) گرنا۔ بیٹھ جانا (۳) قصابوں کی اصطلاح میں بھاگ جانا
کھسانا [۲]: [ا ر مص] ایک طرف ہو جانا۔ راستہ سے ہٹ جانا۔ شرمندہ ہو جانا۔
کھساندا : [ا ر امذ ق] کندھا۔
کھس پھس : [ا ر امث] دیکھئے "کھسر پھسر"
کھسرا : [ا ر امث] چھوٹی چیچک
کھسر پھسر : [ا ر امث] کانا پھوسی۔ سرگوشی [افعال : کرنا۔ لگانا]
کھسکانا : [ا ر مص] ہٹانا۔ سرکانا۔ ٹالنا (۲) روانہ کرنا۔ چپکے سے کچھ دے دینا (۳) الگ کرنا (۴) غائب کرنا (۵) چرانا (۶) ملتوی کرنا (۷) رشوت میں کچھ دینا چھپا کر۔
کھسکا ہوا : [ا ر صف] علیحدہ۔ غائب۔ الگ وغیرہ
کھسک جانا / چلنا : [ا ر محاورہ] چپکے سے چلا جانا۔ دبک کر نکل جانا (۲) جگہ سے ہٹ جانا (۳) پھسل جانا۔
کھسکنا : [ا ر مص] سرکنا۔ ہٹنا۔ ٹلنا (۲) چپکے سے چل دینا (۳) اپنی جگہ سے ہٹنا۔ جنبش کرنا (۴) ایک طرف ہو کر بیٹھنا (۵) سُرین کے بل چلنا۔
کھس کھس : [ا ر امث] گھاس کے کاٹنے کی آواز
کھسکھسا : [ا ر صف] کرکرا
کھسکھسانا : [ا ر مص] کرکرانا۔
کھسکھساہٹ : [ا ر امث] دیکھئے "کھسکھسا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
کھسکھسی : [ا ر امث] دیکھئے "کھسکھسا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کھسلنا : [ا ر مص] پھسلنا۔ رپٹنا۔ کھسکنا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔
کھسنا : [ا ر مص] گرنا۔ تباہ ہونا۔ ڈھے جانا۔
کھسوٹا : [ا ر امذ] کشتی کا ایک داؤں جس میں حریف کو آگے گھسیٹ لیتے ہیں۔
کھسوٹنا : [ا ر مص] نوچنا۔ بال اکھاڑنا (۲) زبردستی لے لینا۔
کھسیانا : [ا ر صف] رونی صورت کا۔ رو دینے والا۔ چڑچڑا (۲) شرمندہ۔ خجل۔ نادم۔ محجوب
کھسیانا کرنا : [ا ر محاورہ] رلانا۔ شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا۔
کھسیانا ہو جانا / ہونا : [ا ر محاورہ] دیکھئے "کھسیانا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کھسیان پت : [ا ر امث ق] شرمندگی۔ ندامت
کھسیانی : [ا ر امث] دیکھئے "کھسیانا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کھسیانی بلی کھمبا نوچے : [ا ر مثل] غصے والا اور شرمندہ شخص دوسروں پر اپنی شرمندگی اور جھلاہٹ اتارتا ہے۔
کھسیانی ہنسی : [ا ر امث] وہ ہنسی جو شرمندگی اور قہر و غضب میں ہو۔
کھسیانی ہنسی ہنسنا : [ا ر محاورہ] خجالت یا اخفائے غضب کے واسطے ہنسنا۔
کھڑکا : [ا ر امذ] خاکی۔ پنجابی سپاہی جسے غدر میں وردی ملی تھی (۲) (ق) عیار۔ پرانا۔
کھکل / کھکھل : [ا ر صف] (۱) کھوکھلا۔ خالی (۲) نادار۔ مفلس
کھکھ : [ا ر صف] دیکھئے "کھکل / کھکھل"
کھکھارنا : [ا ر مص ق] کھنکھارنا۔
کھکھوڑنا : [ا ر مص] زمین کو پنجوں سے کھودنا (۲) کریدنا۔ بخوبی تلاش کرنا (۳) معلوم کرنا۔
کھکھیڑ / کھکیڑ : [ا ر امث] بے فائدہ محنت۔ سختی۔ بپتا۔ رنج [افعال : اٹھانا۔
کھگت : [ا ر امث] ایک قسم کی ہندوانہ اونچی پگڑی۔
کھل : [س امث] کھلی۔ تل یا سرسوں کا پھوگ (۲) "کھال" کا مخفف۔
کھل اُپاڑ : [ا ر صف] کھال اُدھیڑنے والا (۲) کج بحث۔
کھل کھا کھل : [ا ر محاورہ] سستا مال خریدنے والے کو چڑانے کیلئے کہتے ہیں۔
کھلا : [ا ر امذ ق] چاند کا ہالہ (۲) خرمن۔ اناج کا ڈھیر۔
کھلا : [ا ر صف] کشادہ۔ وا۔ فراخ۔ چوڑا (۲) ننگا۔ صاف (۳) بے روک آزادانہ (۴) عام مشہور (۵) ظاہر۔ علانیہ (۶) (ق) معرکہ۔ لڑائی۔
کھلا خط : [ا ر امذ] وہ خط جو ہو تو کسی خاص شخص کے نام لیکن سب لوگوں کے پڑھنے کے لئے اخبار وغیرہ میں شائع کرا دیا جائے۔ احتجاجی مراسلہ

OPEN-LETTER

کھلا دشمن : [ا ر صف] ظاہر دشمن۔
کھلا ڈلا : [ا ر صف] ظاہر۔ بے تکلف۔ بے باک (۲) دیکھئے "کھلا"
کھلا کھلا : [ا ر صف] صاف صاف۔ کھرا کھرا (۲) دور دور فاصلے سے (۳) فراخ۔ کشادہ۔
کھلا کھلا پھرنا : [ا ر محاورہ] بے روک ٹوک پھرنا۔ آزاد پھرنا
کھِلا : [ا ر صف] شگفتہ۔ خوش

کھلا بلی: [ا رامث] دیکھئے "کھبلی"
کھلا جانا: [ا رمحاورہ] خوشی سے ہنسے دینا۔
کھلار: [ا رمحاورہ] (۱) نشیبی جگہ (۲)۔ غار۔ گڑھا۔
کھلاڑ: [ا رصف مث] (۱) مردوں کے ساتھ کھیلنے والی فاحشہ عورت (۲) وہ شخص جو عیاشی اور لہو ولعب کی طرف مائل ہو۔
کھلاڑپن: [ا رامذ] اوباشی۔ شوخی۔
کھلاڑن: [ا رصف مث] دیکھئے "کھلاڑ"
کھلاڑی: [ا رصف] (۱) کھیلنے والا (۲) کرنٹی (۳) ماہرفن۔ اُستاد (۴) بیبرا (۵) مداری۔ شعبدہ باز۔ بازی گر (۶) جواری۔ قمار باز (۷) کھلنڈرا۔ کھیل کا شوقین۔
کھلاڑی کا کھیل: [ا رمذ] قدرت الٰہی کا کرشمہ۔
کھلاڑیاں: [ا رامث] اُچھل کود۔ شوخیاں۔ کلول [افعال: کرنا۔
کھلال: [ا رصف ق] تر بتر۔
کھلالا: [ا رامذ] (۱) سر پہ پانی ڈال کر نہانا [افعال: لینا] (۲) شور کرنے والی ندی یا نالہ
کھلانا: [ا رمص] (۱) دیکھئے "کھانا" جس کا یہ متعدی ہے (۲) دیکھئے "کھیلنا" جس کا متعدی ہے (۳) بچوں کو کھیل میں لگانا (۴) شگفتہ کرنا (۵) ضیافت کرنا۔ دعوت کرنا (۶) سانپ کو منتر کے زور سے خوش کرنا (۷) بھوت پریت کو سر پہ بلانا (۸) دانہ دانہ الگ کرنا (۹) مال چٹ کرانا (۱۰) بھربھرا کرنا۔
کھلانا پلانا: [ا رمحاورہ] ضیافت کرنا۔
کھلاؤ: [ا رصف] بہت کھلانے والا۔ سخی۔ دریادل۔
کھلائی: [ا رامث] (۱) بچوں کو کھلانے بہلانے کی اُجرت (۲) بچوں کو کھلانے والی عورت (۳) وہ لڑکی جو کسی کی پرورش کی ہوئی ہو (۴) کھانا۔ خوراک۔ خورش
کھلائی پلائی: [ا رامعاوضہ مث] کھانے پینے کی قیمت۔
کھلائے سونے کا نوالہ دیکھے شیر کی نظر: [ا رمثل] اولاد کو خوراک نہایت عمدہ دے مگر رعب داب ادب تہذیب کے لئے قائم رکھے۔
کھلائے کا نام نہیں رُلائے کا نام ہے: [ا رمثل] نیک کام کی کوئی داد نہیں دیتا۔ مگر بُری بات فوراً پکڑ لی جاتی ہے۔
کھلایا: [ا رصف] (۱) کسی کی گود کا پالا ہوا (۲) وہ خدمت گار جو کسی کی خدمت کرے۔
کھبلا: [ا رصف ق] بے چین۔
کھبلانا: [ا رمص] جوش آنا۔ کھولنا۔
کھبلاہٹ: [ا رامث] گھبراہٹ۔ اضطراب
کھبلی: [ا رامث] (۱) ہل چل۔ ہنگامہ۔ فتور۔ شور و شر۔ فتنہ و فساد (۲) گھبراہٹ اضطراب۔ بے قراری۔ جلدی [افعال: پڑنا۔ مچنا۔ ڈالنا۔]
کھلبندی: [ا رامث] گھوڑے کی نعل بندی اس طرح کہ نیا نعل نہ لگایا جائے بلکہ وہی کھول کر لگایا جائے۔
کھل بیٹھنا: [ا رمحاورہ] اچھی طرح آرام سے چارزانو ہو کر بیٹھنا۔
کھل پڑنا: [ا رمحاورہ] (۱) بے حجاب ہو جانا بے تکلف ہو جانا (۲) کھل کر گر پڑنا۔
کھلتا ہوا: [ا رصف] موزوں۔ صاف۔
کھل جا سم سم: [ا رامذ] جادو کے وہ لفظ جن کے بولنے سے اُنکا دروازہ کھل جاتا تھا۔ الف لیلیٰ کی کہانی میں اس کا ذکر ہے۔

کھل جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھلنا"
کھِل جانا: [ا رمحاورہ] (۱) شگفتہ ہو جانا (۲) خوش ہو جانا۔
کھلڑ: [ا رامث] (۱) بوڑھی عورت جس کے جسم پر گوشت کی جگہ کھال ہی ہو (۲) چمڑے کی کُپی
کھلڑی: [ا رامث] دیکھئے "کھال" جس کی یہ تصغیر ہے۔
کھل کر/کے: [ا رمتعلق فعل] (۱) آرام سے۔ اچھی طرح۔ آزادانہ (۲) بے تکلفانہ (۳) ظاہراً۔ اعلانیہ۔
کھل کر/کے بیٹھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھل بیٹھنا"
کھل کر/کے کہنا: [ا رمحاورہ] صاف صاف کہنا۔ اعلانیہ کہنا۔
کھل کھل: [ا رامث] ٹھٹھے یا قہقہے کی آواز
کھلکھلا پڑنا: [ا رمحاورہ] بے تاب ہو کر زور سے ہنس پڑنا
کھلکھلا کر/کے ہنسنا/کھلکھلانا: [ا رمحاورہ] قہقہہ مارنا۔ زور سے ہنسنا
کھلکھلانا: [ا رمص] انتڑیوں کا گڑگڑ بولنا۔ پیٹ بولنا۔
کھل کھیلنا: [ا رمحاورہ] بالکل آزاد ہو جانا۔ شرم حیا بالائے طاق رکھنا
کھلگا: [ا رامذ ق] بھینسا
کھلم کھلا: [ا رصف] اعلانیہ۔ بے روک ٹوک۔ آزادانہ۔
کھلنا: [ا رمص] ناگوار ہونا۔ دوبھر ہونا۔
کھِلنا: [ا رمص] (۱) کلی کا پھوٹنا۔ پھول کا شگفتہ ہونا (۲) پھول آنا (۳) خوش ہونا۔ ہنسنا (۴) زیب دینا۔ پھبنا۔ سجنا۔ نکھرنا (۵) دانہ دانہ جُدا ہونا۔ جیسے چاول کھلنا (۶) سرور ہونا جیسے نشہ کھلنا (۷) شق ہونا۔ پھٹ جانا۔ شگاف ہونا (۸) روشنی پھیلنا جیسے چاندنی کا کھلنا (۹) پارہ پارہ ہونا (۱۰) بالوں کا بکھرنا
کھُلنا: [ا رمص] (۱) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ کسی بندھی ہوئی چیز کا وا ہو جانا (۲) پھٹ جانا۔ شق ہو جانا (۳) عریاں ہونا۔ ننگا ہونا (۴) اُدھڑ جانا۔ (۵) رسی ٹوٹ جانا (۶) صاف ہونا۔ کشادہ ہونا (۷) جاری ہونا۔ جیسے لگنا (۸) بے تکلف بے حجاب ہو جانا۔ شرم اٹھ جانا۔ لحاظ جاتا رہنا (۹) ابر یا گھٹا کا ہٹ کر مطلع صاف ہو جانا۔ بادل نہ رہنا (۱۰) آزاد ہونا (۱۱) مزین ہونا۔ پھب جانا (۱۲) گرہ ٹوٹ جانا (۱۳) روک نہ رہنا۔ بے لگام ہو جانا۔
کھلنڈرا: [ا رصف] کھیل کا شوقین۔ کھیل کود میں مشغول۔
کھلنڈری: [ا رامث] دیکھئے "کھلنڈرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کھلو: [ا رصف مث] ہر وقت ہنستی رہنے والی عورت۔ کھلنڈری
کھلو باؤلی: [ا رصف] بے موقع ہنسنے والی۔ ہنسوڑ۔
کھلوانا: [ا رمص] دیکھئے "کھلانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
کھُلوانا: [ا رمص] دیکھئے "کھُلنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
کھلونا: [ا رامذ] (۱) بچوں کے کھیلنے کی چیز (۲) نازک اور دکھاوے کی چیز (۳) آسان اور سہل چیز (۴) وہ خوش مزاج اور مسخرہ جسے ہر ایک پسند کرے۔
کھلی: [ا رامث] سرسوں یا تل وغیرہ کا پھوگ جو تیل نکلنے کے بعد بچتا ہے۔
کھِلّی: [ا رامث] ہنسی۔ ٹھٹھا۔ تمسخر۔
کھلی اڑانا/کرنا: [ا رمحاورہ] تمسخر کرنا۔ مذاق کرنا۔ چھیڑنا۔ بیوقوف بنانا۔
کھلی باز: [ا رصف] مسخرا۔ ظریف۔

کھلی بازی : [ا رامث] چھیڑخانی۔ مذاق۔
کھلی ہتھیلیوں میں آڑانا / لینا : [ا رمحاورہ] مسخرو بنانا۔ ہنسی میں اڑانا۔
کھلی چٹھی : [ا ر۔امث] دیکھئے "کھلا خط"۔
کھلی کتاب : [ا رامث] دیکھئے "کھلا" جس کی پتا نہیں ہے
کھلی کتاب : [ا رامث] کنایۃً آشکارا۔ ظاہر بات جسے سب مانیں
کھلی مٹھی : [ا ر۔امث] کنایۃً سوال کرنا۔ مانگنا۔
کھلے بازار : [ا رصف] کھلم کھلا اعلانیہ۔ ڈنکے کی چوٹ، (۲) بے تکلف
(۳) آزادانہ۔ ظاہر۔
کھلے بالوں : [ا رصف] بال کھولے۔ بے حجابانہ
کھلے بندوں : [ا رصف] بے تکلف۔ اعلانیہ، کھلم کھلا۔
کھلے بندوں کہنا : [ا رمحاورہ] صاف صاف کہنا
کھلے بندھن : [ا رصف] آزاد۔ جو کسی چیز کا پابند نہ ہو۔
کھلے بھاؤ : [ا رصف] عام نرخ سے۔
کھلے خزانے : [ا رصف] اعلانیہ۔ ظاہر۔ ڈنکے کی چوٹ (کہنا۔ سنانا۔ افعال)
کھلے رستے : [ا رصف] سیدھے رستے۔
کھلے سر : [ا رصف] ننگے سر۔
کھلے کھلے : [ا رمتعلق فعل] واضح طور پر۔
کھلے موسم میں : [ا رمتعلق فعل] ایسے موسم میں جب برسات نہ ہو۔
کھلے میدان میں : [ا رمتعلق فعل] اعلانیہ۔
کھلیان : [ا رامذ] وہ جگہ جہاں غلے کا ڈھیر لگاتے ہیں۔ خرمن (۲) غلے کا انبار (۳) انبار۔ ڈھیر (۴) اناج کا گودام۔ کوٹھی۔
کھلیان کر دینا / کرنا : [ا رمحاورہ] ستیاناس کر دینا۔ تباہ کر دینا (۲) توڑ پھوڑ کر ڈھیر کر دینا۔ (۳) لاشوں کے تودے لگا دینا۔
کھلیان ہو جانا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھلیان کر دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
کھلیانا : [ا رمعں] کھال اتارنا۔ کھال ادھیڑنا۔
کھلیت : [ا رامذ] جواریا۔ قمارباز (۲) چور۔ گرہ کٹ۔
کھلیل : [ھ امذ] (۱) خوشبودار تیل۔ پھلیل (۲) گڑھا۔ جو بچے گولیاں کھیلنے کے لئے بناتے ہیں۔
کھم : [ا رامذ] کھمبا۔ ستون۔ تھونی (۲) رکن (۳) مینار (۴) لاٹھ
کھماج : [ا رامث] ایک راگنی جو کماج ٹھاٹھ کی ہے۔
کھمانا : [ا رمعں] جھکانا
کھمبا : [ا رامذ] دیکھئے "کھم"
کھمبی : [ا رامث] ایک قسم کی سفید نباتات جو اکثر برسات میں اگتی ہے اور اسے تل کر کھاتے ہیں۔ گگرمتا
کھمچ : [ھ امذ] ایک پودا جس کی پھلی کھاتے ہیں۔
کھمڈ : [ا رامذق] روزن۔ سوراخ۔
کھم کھم : [ا رامث] ڈولی کے لچکنے یا رتھ کے چلنے کی آواز۔
(۲) رتھ۔
کھن : [ا رامذ] (۱) لکڑی میں سوراخ کرنا (۲) روپیہ بجنے کی آواز۔ جھنکار گھنٹیوں کی آواز (۳) کھنڈ کا مخفف۔ منزل۔ درجہ۔ حصہ (۴) ق آسمان (۵) ق۔ معدن۔ کان (۶) جہاز کا نیچے کا حصہ۔ ہوا۔ باد۔ (۷) مذ۔ تقسیم۔ مکان یا دکان کا اندرونی حصہ (۸) لمحہ۔ لحظہ۔ چھین (۹) بدر کا دن (۱۰) چاند کا گھٹنا۔ بڑھنا۔
کھن : [ا رامث ق] منزل (۲) عاجز۔ مصیبت زدہ۔
کھنا : [ا رصف] گھسا ہوا۔ پرانا۔
کھنال : [ھ امث] چھنال۔
کھناں : [ا رصف ق] درجہ بدرجہ
کھنجری : [ہ امذ] ایک ساز جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔ اس میں دو لکڑیاں میں گھونگرو لگے ہوتے ہیں۔
کھنجن : [س امذ] ایک پرندہ جس کی دم ہلتی رہتی / حرکت کرتی رہتی ہے
کھنچاؤ : [ھ امذ] دیکھئے کھچاؤ
کھند : [ہ امذ] دیوار کا چھوٹا طاق۔
کھندانا : [ا رمعں] بھگانا۔ دوڑانا (۲) بھیجنا۔ روانہ کرنا (۳) مذ۔ وہ دانت جو تلوار یا چھری کی دھار میں پڑ جاتا ہے۔ دندانہ (۴) لکڑی یا دیوار کا چھوٹا سا سوراخ (۵) رخنہ جو کسی چیز میں پڑ جائے (۶) گڑھا جہاں سے مٹی کھودی جائے (۷) نشان جو لکڑی پر آرے سے کیا جائے۔
کھندل : [ہ امذ] وسیع میدان۔
کھندل مارنا : [ا رمحاورہ] پامال کرنا۔ روندنا۔
کھندلنا : [ا رمعں] روندنا۔ پامال کرنا۔ پاؤں میں ملنا / مسلنا۔
کھنڈ : [س امذ] ٹکڑا۔ حصہ (۲) مکان۔ ملک یا زمین کا ایک حصہ (۳) کتاب کا حصہ۔ باب۔ فصل (۴) مکان کا کمرا (۵) پہلو۔ طرف۔ جانب (۶) ضلع۔ علاقہ۔ ملک۔ ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے بندھیلکھنڈ۔ روہیلکھنڈ (۷) جواہرات میں ایک نقص (۸) ایک قسم کا گانا جو دھوبی گاتے ہیں (۹) کھانڈ کا مخفف۔
کھنڈسار / سال : [ہ امث] کھانڈ / شکر کا کارخانہ۔
کھنڈا : [ہ امذ] چاولوں کا چورا (۲) کھانڈ کا مخفف (۳) ایک قسم کی دودھاری تلوار۔
کھنڈا : [ہ صف] کند۔ جو تیز نہ ہو۔
کھنڈت : [س صف] (۱) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ (۲) بکھرا ہوا۔ منتشر (۳) رکا ہوا۔ وعدہ توڑا ہوا (۴) روکا ہوا (۵) منسوخ کیا ہوا (۶) بحث کیا ہوا۔ انکار کیا ہوا۔ رد کیا ہوا (۷) ناامید (۸) وہ جس کے ساتھ بیوفائی کی جائے (۹) (امث) خلل۔ حرج (افعال: پڑنا۔ ڈالنا۔ کرنا۔ ہو جانا)
کھنڈر : [ہ امذ] گرا ہوا مکان۔ ویران مکان (۲) ویران شہر (۳) غار کھوہ (۴) اونچی نیچی زمین۔
کھنڈرات : [ہ امذ] فارسی ترکیب سے کھنڈر کی جمع۔ جو غلط ہے۔
کھنڈری : [ہ امث] (۱) فقیروں کا لباس (۲) ایک قسم کا پشمینہ جس میں مختلف قسم کے کپڑے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔
کھنڈلا : [ہ امذ] مچھلی کا قتلہ (۲) قاش۔ پھانک (۳) زمین کا ٹکڑا۔
کھنڈلا : [ہ امذ] (۱) وہ لڑکا جس کے دودھ کے دانت ٹوٹے ہوئے ہوں (لکھنؤ)، کھونڈا (۲) ٹوٹا پھوٹا مکان۔ جھونپڑا (۳) کھنڈر۔ (۴) درخت کا سوراخ۔

کھنڈلی : [ہ امث] دیکھئے "کھنڈلا" جس کی یہ تانیث ہے
کھنڈن : [س امذ] (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) توڑنا (۳) تقسیم کرنا (۴)، کاٹنا (۵) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۶) گرانا (۷) روکنا (۸) منسوخ کرنا (۹) رد کرنا (۱۰) بھنجن۔ بھنگ (۱۱) تردید۔ تنسیخ (۱۲) بت شکنی (افعال: کرنا۔ ہونا)
کھنڈنا : [ہ مص] کھنڈن کرنا۔
کھنڈنا : [ہ مص] بکھر جانا۔ منتشر ہو جانا۔
کھنڈوی : [ا امث] ایک قسم کا سالن جو بیسن کو پکانے کے بعد جما کر برفی کی شکل میں کاٹ کر پکایا جاتا ہے۔
کھنڈی : [ہ امث] (۱) دیکھئے "کھنڈا" (کند) جس کی یہ تانیث ہے (۲) بل کھائے ہوئے سینگوں والی بھینس
کھنڈے استرے سے سر مونڈنا : [ا محاورہ] تکلیف دینا۔ لوٹنا۔ صفایا کرنا
کھنس : [ہ امث] (۱) نفرت۔ حقارت (۲) دشمنی۔ بیر۔ عداوت (۳) غصہ غم (۴) حسد۔ رشک۔
کھنسانا : [ہ مص] (۱) جلنا۔ حسد کرنا (۲) بیر کرنا۔ دشمنی کرنا (۳) رُوکھا پھیکا ہونا۔ منہ بنانا۔ تیوری چڑھانا (۴) چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
کھنساہ / کھنسی : [ہ امذ] چڑچڑا۔ لڑاکا (۲) غصے۔ ناراض (۳) حاسد کینہ ور بیری۔ دشمن
کھنک : [ا امذ] روپے اشرفی وغیرہ کے بجنے کی آواز (۲) چینی کی آواز (۳) گانے والے کی اچھی آواز (۴) آندھی۔
کھنکار : [ا امث] روپے اشرفی وغیرہ بجنے کی آواز
کھنکانا : [ا مص] روپے اشرفی وغیرہ کو بجانا اپرکھنے کے وقت آواز نکالنا۔ (۲) بجانا۔ جھنکارنا۔ کھڑکانا (۳) دیکھئے "کھنکھارنا"
کھنکتی ہوئی آواز : [ا امذ] دلفریب آواز
کھنکنا : [ا مص] بجنا۔ روپے اشرفی کا بجنا (۲) برتنوں کا ٹکرا کر آواز دینا۔ کھڑکنا (۳) شیشے چینی وغیرہ کے ٹوٹتے ہوئے برتن کی آواز۔
کھنکری : [ہ امث] ککراری۔ پوری (۲) ایک قسم کا پاپڑ۔
کھنکھ : [ہ صف] (۱) بوڑھا (۲) کمزور۔ ضعیف (۳) سوکھا ہوا۔ خشک (۴) غریب۔ مفلس (۵) کمبخت۔ بدنصیب۔ دکھیارا۔ آفت رسیدہ۔ (۶) کمینہ۔ رذیل (۷) کنجوس۔ بخیل (۸) بدمزاج۔ درشت مزاج (۹) تند خو جوشیلا (۱۰) شریر (گھوڑے کے لئے مستعمل ہے۔ (۱۱) بوڑھا ضعیف آدمی (۱۲) کمزور زمین۔ جس کی ہر فصل کے بعد سال بھر کے لئے کاشت بند کی جائے۔
کھنکا : [ہ امث] بوڑھی۔ ضعیف عورت۔
کھنکھار : [ا امذ] (۱) گلا صاف کرنے کی آواز (۲) بلغم۔ کف (۳) گلے میں بلغم کی آواز
کھنکھارنا : [ا مص] گلا صاف کرنا (۲) گلے کو صاف کرنے کے وقت آواز نکالنا (۳) کھنکھار کر آواز دینا (۴) کھنکھار کر اشارہ کرنا (۵) کھنکھار کر اپنی آمد جتانا (۶) پاخانے میں جاتے وقت کھنکھارتے ہیں تاکہ اگر کوئی شخص اندر ہو تو اپنی موجودگی کھنکھار کر جتا دے۔
کھنکھٹ : [ہ صف] (۱) سخت خشک۔ کھڑکھڑ کرنے والا (۲) سوکھا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ خشک ہوا ہوا (۳) کوئی چیز جو سخت خشک یا کھڑکھڑ کرنے والی ہو (۴) بنجر۔

کھنکھنا : [ا امذ] (۱) ٹوٹا ہوا مٹی کا برتن (۲) (مصدر) دیکھئے "کھنکنا"۔
کھنکھنانا : [ہ مص] دیکھئے "کھنکانا"
کھن کھن : [ہ امث] ناک میں رونے کی آواز۔
کھن کھن کرنا : [ا محاورہ] بیماری کے باعث بچے کا ناک میں رونا۔
کھنگا : [ہ امذ] بلغم۔ کف (۲) ہندوؤں کی ایک نیچ قوم۔
کھنگالا مُوسل : [ہ صف] بے حیا۔ چکنا گھڑا۔
کھنگالنا / کھنگال دینا / ڈالنا : [ا مص] کپڑے کا صرف پانی میں دھونا (۲) کسی برتن میں پانی ڈال کر اُسے اچھی طرح ہلانا کہ صاف ہو جائے (۳) استعمال کرنا (۴) جماع کرنا۔ زنا کرنا (۵) صاف کرنا۔ کدورت نکالنا۔ دھونا (۶) چپکے سے قتل کر دینا (۷) خوب تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔
کھنگر / کھنگڑ : [ہ۔ امذ] مٹی جلی ہوئی، جڑی ہوئی اینٹیں (۲) زیادہ جلی دھات کا میل جو پگلنے کے بعد نکلتا ہے (۳) ایک قسم کا مسالے کا پتھر جس سے چھاپے کے پتھر کو صاف کرتے ہیں (۴) (صف) دیکھئے "کھنکھر"
کھنگر لگ جانا : [ا محاورہ] دُبلا ہو جانا۔ سوکھ کر کانٹا ہو جانا۔ ہڈیاں نکل آنا
کھنگل : [ہ امذ] دیکھئے "کھنگر" (۲) دیکھئے "کھنگیل"
کھنگلنا : [ا مص] دیکھئے "کھنگالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کھنگیل : [ہ صف] دانتا۔ بڑے بڑے دانتوں والا۔
کھننا : [ہ مص] (۱) کھودنا (۲) کریدنا۔ کھرچنا۔
کھننا : [ہ مص] (۱) گھسنا (۲) لاغر ہونا۔
کھنی : [ہ امث] کھتا جس میں دھان رکھتے ہیں۔
کھنی : [ہ امث] کھرنی
کھو : [ہ امث] غار یا گڑھا جو پہاڑوں میں ہو (۲) گڑھا (۳) کھتا جس میں اناج وغیرہ رکھیں / ذخیرہ کریں۔
کھو بیٹھنا : [ا محاورہ] ضائع کر دینا۔ تباہ و برباد کر دینا۔
کھو جانا : [ا محاورہ] (۱) گم ہو جانا (۲) بدحواس ہو جانا۔ سٹ پٹا جانا۔
کھو دینا : [ا محاورہ] ضائع کر دینا۔ کہیں کا نہ رکھنا۔
کھو کر سیکھنا : [ا محاورہ] نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا۔
کھوا : [ہ امذ] مونڈھا۔ کندھا۔
کھوا : [ہ امذ] ایک مٹھائی جو دودھ سے رطوبت جلا کر بناتے ہیں۔ کھویا
کھوارا : [ہ امذ] (۱) مقررہ طریقہ (۲) رسم۔ رواج (۳) طریقہ۔ طرز (۴)، طاقت دینے والی مقوی خوراک (۵) چوکھٹا جس سے محراب کھل جائے (۶) پھانسی۔
کھوا کھیڑی : [ہ صف] فضول خرچ۔ بے احتیاط۔
کھوانا / کھوا دینا : [ا محاورہ] ضائع کر دینا "کھونا" کا متعدی۔
کھوبار : [ہ امذ] سؤروں کے رہنے کا مکان۔
کھوپ : [ہ امث] غار۔ کھوہ۔ گڑھا (۲) کونا (۳) کھنڈ (۴) لمبی سلائی لمبا بخیہ۔
کھوپ بھرنا : [ا محاورہ] لمبا بخیہ کرنا۔ لمبی سلائی کرنا۔
کھوپا / کھوپرا : [ہ امذ] (۱) ناریل کا مغز (۲) کاسۂ سر
کھوپری / کھوپڑی : [ہ امث] سر کے اوپر کا حصہ۔ چندیا (۲) سیپ

کھوپڑی چٹخنا / چٹکنا: [ا۔ محاورہ] حرارت موسمی یا مزاج سے کھوپڑی کا پھٹا جانا (۲) مردے کے جلنے کے وقت کھوپڑی کا پھٹ جانا۔

کھوپڑی چلچلانا: [ا۔ محاورہ] مار کھانے کو دل چاہنا۔

کھوپڑی کھا جانا: [ا۔ محاورہ] بک بک کے بھیجا کھا جانا۔

کھوپڑی گنجی کرنا: [ا۔ محاورہ] اس قدر مارنا کہ سر کے بال اُڑ جائیں، بہت مارنا

کھوپڑی گنجی ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کھوپڑی گنجی کرنا" جس کا یہ لازم ہے

کھوٹ: [ا۔ امث] (۱) میل۔ آمیزش (۲) چاندی سونے میں کسی گھٹیا دھات کا ملاؤ (۳) نقص۔ عیب (۴) کینہ۔ کپٹ (۵) بدی۔ بُرائی (۶) شرارت بدذاتی (۷) خطا۔ قصور (۸) نقصان۔ ضرر (۹) دغا۔ فریب (۱۰) بیوفائی ریا (۱۱) غلطی (۱۲) تجارت میں نقصان (۱۳) عو۔ کسی کے نام کی نذر نیاز مان کر بھول جانا اور اس کی یا ناپاکی کی وجہ سے خمیازہ اٹھانا (۱۴) ٹیڑھا پن۔

کھوٹ کرنا: [ا۔ محاورہ] (۱) بُرائی کرنا۔ بدی کرنا (۲) دغا کرنا۔ بیوفائی کرنا (۳) نقصان کرنا۔ ضرر پہنچانا۔

کھوٹ ملا دینا / ملانا: [ا۔ محاورہ] (۱) خالص سونے / چاندی میں ادنیٰ دھات ملا دینا (۲) نقص کرنا۔ خلل ڈالنا (۳) بُرائی کرنا

کھوٹ نکالنا: [ا۔ محاورہ] عیب نکالنا۔ نقص ظاہر کرنا۔

کھوٹا: [ا۔ صف] (۱) جو خالص نہ ہو (۲) سکہ قلب (۳) ناقص۔ نکما (۴) بے وفا ریاکار (۵) بددیانت۔ جھوٹا (۶) بدباطن (۷) شرارتی۔ بدذات۔

کھوٹا بیٹا: [ا۔ امذ] نالائق بیٹا۔

کھوٹا پن: [ا۔ امذ] کھوٹا ہونا۔

کھوٹا پیسہ: [ا۔ امذ] گھسا ہوا پیسہ جو چلنے کے قابل نہ ہو۔

کھوٹا پیسہ کھوٹا بیٹا وقت پر کام آتا ہے: [ا۔ مثل] نکمی چیز بھی ضرورت کے وقت مفید ثابت ہوتی ہے۔

کھوٹا سکہ: [ا۔ امذ] ناقص سکہ۔

کھوٹا سما: [ا۔ امذ] بُرا وقت۔ بُرا زمانہ۔ کل جگ۔

کھوٹا کام / عمل: [ا۔ امذ] ناقص کام۔ وہ کام جو مقبول نہ ہو۔

کھوٹا کھرا پرکھنا: [ا۔ محاورہ] اچھے بُرے کی تمیز کرنا۔ پرکھنا۔

کھوٹا کھرا دیکھنا: [ا۔ محاورہ] بُرے بھلے کی آزمائش کرنا۔ پرکھنا۔

کھوٹا کھرا ہونا: [ا۔ محاورہ] نیت کا ڈانواں ڈول ہونا۔

کھوٹا مال: [ا۔ امذ] ناقص مال۔

کھوٹائی: [ا۔ امث] کھوٹا ہونا

کھوٹی: [ا۔ صف] (۱) دیکھیے "کھوٹا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) قحبہ۔ بدکار۔ زانیہ

کھوٹی بات: [ا۔ امث] (۱) دھوکے کی بات (۲) بُری بات۔ ناقص بات

کھوٹی بولنا: [ا۔ محاورہ] (۱) چغلی کھانا (۲) بُری بات زبان پر لانا۔ بُرا بھلا کہنا۔ گالی دینا۔

کھوٹی جڑنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے حق میں بُرا کہنا۔

کھوٹی چال: [ا۔ امث] ناقص وضع

کھوٹی راہ چلنا: [ا۔ محاورہ] بدوضعی کرنا۔

کھوٹی سنانا: [ا۔ محاورہ] گالیاں سنانا / دینا / نکالنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

کھوٹی سننا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کھوٹی سنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کھوٹی کرنا: [ا۔ محاورہ] بُرائی کرنا۔

کھوٹی کھری سنانا: [ا۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔

کھوٹی کھری سننا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کھوٹی کھری سنانا" جس کا یہ لازم ہے

کھوٹی کہنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے حق میں بُرا کہنا۔

کھوٹی کی: [ا۔ صف] بدی کی۔

کھوٹی گھڑی: [ا۔ امث] بری گھڑی۔ بُرا وقت۔

کھوٹی ہنڈی: [ا۔ امث] جعلی ہنڈی / چیک۔

کھوٹی ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی کے حق میں بُرائی ہونا۔

کھوٹے کھرے کو پرکھنا: [ا۔ محاورہ] نیک و بد کی بابت دریافت کرنا۔

کھوٹے کھرے کو پرکھوانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کھوٹے کھرے کو پرکھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

کھوج: [ا۔ امذ] (۱) نشان۔ پتا۔ سراغ (۲) جستجو۔ تلاش (۳) قدم پر پیر (۴) خبر۔ واقفیت (۵) بیخ و بنیاد۔ نام و نشان۔

کھوج پانا: [ا۔ محاورہ] پتا لگنا۔ نشان ملنا

کھوج پڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کھوج پانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کھوج ڈھونڈنا: [ا۔ محاورہ] پتا یا سراغ لگانا۔ ٹھکانا معلوم کرنا۔ خبر لگانا۔

کھوج کرنا: [ا۔ محاورہ] جستجو یا تلاش کرنا۔

کھوج کھاج: [ا۔ محاورہ] (۱) تفتیش و دریافت (۲) بے حد کوشش (۳) رنجیدگی۔ بیزاری

کھوج کھونا: [ا۔ محاورہ] (۱) نشان مٹانا (۲) سراغ گنوا دینا (۳) ستیاناس دینا (۴) کسی کام کا نہ رکھنا۔

کھوج لگانا: [ا۔ محاورہ] (۱) پتا لگانا۔ سراغ لگانا (۲) تفتیش کرنا۔

کھوج لگنا: [ا۔ محاورہ] (۱) پاؤں کا نشان ملنا (۲) بعد جستجو کے کسی بات کا پتا چلنا۔

کھوج لینا: [ا۔ محاورہ] سراغ لگانا۔ پتا دریافت کرنا۔

کھوج مٹنا: [ا۔ صف] (عو) خانہ خراب۔ کسی کو ناراضگی میں بددعا / گالی کے طور پر کہتی ہیں۔

کھوج مٹانا: [ا۔ محاورہ] نیست و نابود کرنا۔ نشان ختم کرنا معدوم کرنا۔

کھوج مٹ جانا / مٹنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کھوج مٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کھوج ملنا: [ا۔ محاورہ] (۱) سراغ ملنا۔ پتا ملنا (۲) پاؤں کے نشان کا مل جانا۔

کھوج میں رہنا: [ا۔ محاورہ] کسی شخص میں نقص نکالنے کے درپے رہنا۔

کھوج نکالنا: [ا۔ محاورہ] پتا لگانا۔ سراغ لگانا۔

کھوج نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کھوج نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کھوج ہاتھ آنا: [ا۔ محاورہ] پتا لگنا۔ سراغ ملنا۔

کھوجڑ: [ا۔ امذ] پھوک۔

کھوجڑا: [ا۔ امذ] "کھوج" کی تصغیر۔

کھوجڑا جانا: [ا۔ محاورہ] اُجڑنا۔ ستیاناس ہو جانا۔ تباہ و برباد ہونا۔

کھوجڑا جائے: [ا۔ بددعا] تباہ ہو جائے۔ برباد ہو جائے۔ ستیاناس ہو جائے۔

کھوجڑا کرنا: [ا۔ محاورہ] ستیاناس کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔ بگاڑنا

کھوجڑا کھانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "کھوجڑا کرنا"

کھوجڑا ہونا: [ا۔ محاورہ] بگڑنا۔ ستیاناس ہونا۔

کھوجڑی پیٹی: [ا۔ صف] نگوڑی۔

کھوجڑے پیٹنا / گیا : [ا رصف] (۱) خانہ خراب۔ ستیاناس (۲) (بد دعا) مُوا۔ غارتی۔ نگوڑا۔ اُجڑا۔

کھوجک : [ہ اند] کھوجی۔

کھوجنا : [ہ مص] تلاش کرنا (۲) دریافت کرنا۔

کھوجن ہار : [ہ اند] کھوجنے والا۔

کھوجنی ہارا : [ہ اند] تلاش کرنے والا۔ دریافت کرنے والا۔

کھوجی / کھوجیا : [ا اند] پاؤں کے نشان دیکھ کر سراغ لگانے والا۔ کھوج لگانے والا۔ سُراغ رساں

کھوچھا : [ہ اند] (۱) تلچھٹ (۲) پھپھوندی جو سر کے کو لگ جائے۔

کھوچڑ : [ہ صف] ہوتے ہوتے کام کو روکنے والا۔ خلل انداز۔ رخنہ انداز۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا (۲) فسادی۔ مفسد۔ کھوٹا۔ بدسرشت بدباطن۔

کھود : [ہ امث] (۱) تلچھٹ (۲) دیکھئے خوید (۳) کھلی۔

کھود کر / کے پوچھنا : [ا رمحاورہ] خوب چھان بین کرنا۔ نہایت تفحص و تجسس کرنا۔ کسی بات کو طرح طرح کے سوالات کرکے دریافت کرنا۔

کھود ڈالنا / کھودنا : [ا رمحاورہ] (۱) زمین اکھاڑنا۔ گڑھا کرنا (۲) کھوکھلا کرنا خالی کرنا (۳) کریدنا۔ کُھرچنا (۴) کندہ کرنا۔ نقاشی کرنا۔ میناکاری کرنا۔ مہر چپراس وغیرہ میں حرف کندہ کرنا (۵) تفتیش یا تفحص کرنا (۶) گھاس درخت وغیرہ جڑ سے اکھاڑنا (۷) (اند) گالی کے اس لفظ کی نقل جو بچے ماں بہن کو دیتے

کھودنی : [ا رامث ق] تلاش۔ جستجو۔ دریافت۔ سُراغ۔

کھودی : [ا رامث ق] زیرکاشت زمین۔

کھور : [ا رامث] مویشیوں کے چارا کھانے اور پانی پینے کی ناند یا نالی (۲) غار۔ کھوہ۔ چھوٹی وادی (۳) راستہ۔ گلی (۴) چپنی۔ ڈھکنا۔ سرپوش (۵) لحاف۔ رضائی۔

کھورو : [ا راند] کھُردا۔ جانوروں کی وہ حالت جس میں وہ زمین کو اپنے کھُروں یا سُموں سے کھود کر اپنے خوش ہونے کا اظہار کرتے ہیں (۲) بدی۔ خسارہ۔ شرارت۔ جھگڑا۔ تنازع (۳) ق۔ خرابی۔ عیب۔

کھورو لانا : [ا رمحاورہ] جانور کا زمین کو کھُر سے کھودنا (۲) فساد کرنا (۳) شور کرنا

کھوڑ : [ا رامث] دیکھئے "کھور" (۲) مرے ہوئے بزرگوں کی ناراضی (۳) آسیب (۴) وہ تلک جو ہندو لوگ صندل یا سیندور سے لگاتے ہیں۔

کھوڑا : [ا رامث ق] ہتھکڑی (۲) لکڑی جو مویشی کے گلے میں باندھتے ہیں۔

کھوڑکا : [ا راند ق] سوکھا درخت۔

کھوڑل : [ہ صف] ناقص۔ عیب دار۔

کھوڑیل : [ا رصف ق] دیکھئے "کھوڑل"

کھوسا : [ا رصف] وہ شخص جس کے داڑھی اور مونچھ نہ ہو۔

کھوسٹ : [ا رصف] بوڑھا پھوس۔ پیر فرتوت۔ کہن سال۔

کھوسرا / کھوسڑا : [ا راند] پرانی اور ٹوٹی ہوئی جوتی۔

کھوسنا : [ا رمص] کسی چیز کو کسی چیز میں اڑا دینا۔ اٹکا دینا۔ الجھانا۔ بال نوچنا۔

کھوکھا : [ا راند] ہاری ہوئی ہنڈی (۲) بچہ۔ لڑکا (۳) ہلکی لکڑی کا صندوق جس میں سامان وغیرہ بند کرتے ہیں (۴) وہ دکان جو سڑکوں پر صندوق کی شکل میں بنا لیتے ہیں (۵) صف۔ کھوکھلا۔ پولا۔ خالی۔

کھوکھلا : [ا رصف] خالی۔ پولا۔ کھکل۔ بے مغز۔ تھوتھا۔

کھوکھلی : [ا رامث] دیکھئے "کھوکھلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

کھوکھیانا : [ا رمص] دیکھئے "خوخیانا"

کھوکھی : [ہ امث] ایک کیڑا جو زیادہ بارش ہونے کے بعد گیہوں اور جَو کو لگ جاتا ہے

کھول کر / کے : [ا رمتعلق فعل] ظاہر کرکے۔ واضح کرکے۔

کھول کیسہ کھا ہریسہ : [ا رمثل] روپیہ خرچ کرنے سے ہی لطف حاصل ہوتا ہے

کھولا : [ا راند ق] جھولی۔ صندوق۔

کھولا مانجا : [ا ر ...] خارپشت۔ سیہہ

کھولانا : [ا رمص] جوش دینا۔ ابالنا (۲) جلانا۔ غم دینا۔

کھولتا ہوا : [ا رصف] (۱) تپتا ہوا۔ گرم۔

کھولن : [ا رامث] جوش۔ اُبال (۲) جلن۔ سوزش (۳) زخم۔ ٹیس۔

کھولنا : [ا رمص] اُبلنا۔ پکنا۔ جوش کھانا۔ نہایت گرم ہونا (۲) دل ہی دل میں غم کھانا (۳) زخم یا پھوڑے میں جلن یا ٹیس ہونا۔

کھولنا : [ا رمص] کسی بندھی ہوئی چیز کا وا کر دینا (۲) ظاہر کرنا (۳) بھانڈا پھوڑنا (۴) چیرنا۔ پھاڑنا (۵) ادھیڑنا (۶) رہا کرنا۔ آزاد کرنا (۷) ننگا کرنا۔ عریاں کرنا (۸) سلجھانا۔ حل کرنا (۹) صاف کرنا (۱۰) حجاب دور کرنا۔ خاموشی دور کرنا (۱۱) ہم راز بنانا (۱۲) گھٹا یا بادل کا دور کرنا۔ بارش روکنا (۱۳) چھڑانا (۱۴) قید و بند سے آزاد کرنا (۱۵) کسی بندھے ہوئے جانور کی چوری کرنا (۱۶) ہتھیار کمر سے جدا کرنا (۱۷) قفل کو زنجیر سے دور کرنا۔

کھونا / کھو دینا : [ا رمص] گم کرنا۔ گنوانا (۲) بھلانا۔ بسرانا (۳) ضائع کرنا۔ برباد کرنا (۴) بے قابو کرنا (۵) بگاڑنا (۶) رفع کرنا۔ زائل کرنا۔

کھونپ : [ا رامث] ایک قسم کی لمبی لمبی سلائی۔ لمبے لمبے ٹانکے۔

کھونپ بھرنا : [ا رمحاورہ] موٹا موٹا سینا۔ تگیانا۔ شلنگے مارنا۔ تعارٹا۔ بیا

کھونٹ : [ا رامث] کونا۔ گوشہ۔ زاویہ (۲) جانب۔ طرف۔ سمت (۳) کان کا میل (۴) مُلک کا حصہ۔ قطعہ

کھونٹا : [ا راند] میخ۔ کیل (۲) کولھو کی لاٹھ (۳) چکی کا ہتھا (۴) دوست۔ مددگار

کھونٹا تکڑا ہونا : [ا رمحاورہ] مددگار بڑا آدمی ہونا۔ سہارا پختہ ہونا۔

کھونٹا سا بیٹھ جانا / گڑنا : [ا رمحاورہ] مضبوطی کے ساتھ جم کر بیٹھنا نہایت جم کر بیٹھنا۔ درست بیٹھنا۔

کھونٹی : [ا رامث] چھوٹی میخ۔ کیل (۲) سارنگی یا ستار کے کان (۳) بالوں کی جڑ۔

کھونٹی لینا : [ا رمحاورہ] چھوٹے چھوٹے بال مونڈنا۔

کھونٹی مروڑنا : [ا رمحاورہ] گوشمالی کرنا۔ سزا دینا۔ کان اینٹھنا۔

کھونٹی نہ چھوڑنا : [ا رمحاورہ] (۱) بہت صفائی سے حجامت بنانا (۲) لوٹ کھسوٹ یا کوسا

کھونٹے پر کودنا : [ا رمحاورہ] کسی حمایت پر اترانا۔ کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔

کھونٹے پر مارنا : [ا رمحاورہ] پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ جوتے کی نوک پر مارنا۔

کھونٹے سے باندھنا : [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھونٹے سے بندھنا" جس کا یہ لازم ہے

کھونٹے سے بندھنا : [ا رمحاورہ] میخ سے بندھنا (۲) پابند ہونا (۳) نکاح یا شادی ہونا۔

کھونٹے کے بل کودنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھونٹے پر کودنا"
کھونچ: [ا رامث] کپڑے وغیرہ کی وہ جگہ جو کیل وغیرہ سے اُلجھ کر پھٹ جائے (۲) بدن کا وہ حصہ جو کسی صدمہ سے پھٹ جائے (۳) چارپائی کی کان۔ (افعال: آنا، لگنا)
کھونچا: [ھ امذ] ساٹھے چھ کا پہاڑا۔
کھونچا: [ا رامذ] بڑی کھونچ۔
کھونچڑ: [ا رصت] فسادی۔ بدباطن
کھونچنا: [ا رمص] پھاڑنا۔ کھونچ لگانا۔ ٹھونسنا۔
کھونچی: [ھ امث] (۱) ایک چیز کو دوسری چیز میں ٹھونسنا (۲) اناج کا وہ حصہ جو تھوڑی بھونے کے لئے نکال دیتے ہیں (۳) مٹھی بھر چیز جو بطور چنگی یا محصول دیتے ہیں
کھوندنا: [ا رمص] پامال کرنا۔ روندنا۔ پاؤں سے ملنا یا کچلنا (۲) گھوڑے کی طرح پاؤں مارنا
کھونڈا: [ا رصت] وہ لڑکا جس کے آگے کے دو دودھ کے دانت ٹوٹے ہوئے ہوں۔ کھنڈلا
کھونڈی: [ا رامث] دیکھئے "کھونڈا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کھونسرا: [ا رامذ] دیکھئے "کھوسرا / کھوسڑا"
کھونسنا: [ا رمص] دیکھئے "کھوسنا"
کھوں کھوں: [ا رامث] کھانسی کی آواز (افعال: کرنا)
کھونکھیانا: [ا رمص] (۱) کھانسنا (۲) بندر کا غصے سے بولنا۔
کھوہ: [ا رامث] غار۔ گپھا۔
کھوؤ: [ا رصت] برباد کرنے والا۔
کھوئی: [ا رامث] (۱) گنے کا پھوگ جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے۔ بھنے ہوئے چاول یا دھان کی کھیل (۲) بوریئے کی چادر۔
کھوئے جانا: [ا رمحاورہ] حواس اڑ جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ حیران ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔
کھوے رہ جانا: [ا رمحاورہ] کندھے تھک کر بیکار ہو جانا۔
کھوے سے کھوا چھلنا: [ا رمحاورہ] اتنی زیادہ بھیڑ ہونا کہ کندھے سے کندھا ٹکرائے۔
کھوے لگنا: [ا رمحاورہ] پہلوانوں کی اصطلاح میں اکھاڑے کی زمین سے کندھا چھو جانا۔
کھویا: [ا رصت] بہت کھانے والا۔ پیٹو۔
کھویا: [ا رامذ] ناؤ چلانے والا۔ ملاح۔ مانجھی۔
کھویا: [ا رامذ] (۱) دودھ کا ماوا۔ ربڑی (۲) پکی اینٹ کا موٹا چورا۔ (۳) اینٹیں بنانے کا گارا۔
کھویا جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھوئے جانا"
کھویا کھویا رہنا: [ا رمحاورہ] کسی خیال میں محو رہنا۔ طبیعت کا بند رہنا۔
کھے: [ا رامذ] (۱) میلا گوہ۔ نجاست (۲) خاک۔ دھول۔ راکھ۔ گندگی۔
کھے کھانا: [ا رمحاورہ] (۱) جھک مارنا۔ بے ہودہ بکنا (۲) بُرا کام کرنا۔
کھیارا: [ا رصت ق] مکار۔ عیار۔ بے مروّت۔
کھیاری: [ا رامث ق] دیکھئے "کھیارا" جس کی یہ تانیث ہے۔
کھیانا: [ا رمص ق] (۱) کھسکانا۔ سرکانا (۲) گھس جانا۔ پرانا ہو جانا

کھیپ: [ا رامث] (۱) دریائی سفر (۲) بھرتی۔ بوجھ (۳) دفعہ۔ شمار۔ بار۔ مرتبہ (۴) کھوٹ (۵) بار جہاز۔ بھرتی (۶) جماعت۔ گروہ۔
کھیپ بھرنا: [ا رمحاورہ] بوجھ لادنا۔ مال بھرنا۔
کھیت: [ا رامذ] (۱) کشت۔ وہ زمین جس میں فصل وغیرہ بوئی جاتی ہے (۲) زمین۔ ملک۔ دیس۔ خطہ (۳) کارزار۔ جنگ۔ دھدل۔ جنگاہ (۴) چاندنی۔ چاند کی روشنی (۵) تلوار کا پھل (۶) گھوڑے کی پیدائش کی جگہ اور اس کی اصل نسل (۷) سانپوں کی پیدائش کی جگہ اور اصل نسل (۸) گھاٹا۔ نقصان۔
کھیت آنا: [ا رمحاورہ] کام آنا۔ مارا جانا۔ قتل ہو جانا۔ شہید ہونا۔ مقتول ہونا۔
کھیت اُٹھانا: [ا رمحاورہ] کھیت لگان پر دینا۔
کھیت بانٹ / بٹ: [ا رامث] گاؤں کی زمین کی تقسیم جو کھیتوں کے اعتبار سے ہو۔
کھیت بھر: [ا رمتعلق فعل] ایک کھیت کے فاصلے پر
کھیت پٹہ: [ھ امذ] زمین کا رہن نامہ۔ زمین کا کاغذ۔
کھیت پڑنا: [ا رمحاورہ] (۱) کسی جگہ جنگ و جدل کا واقع ہونا۔ بہت سے لوگوں کا مارا جانا۔ گھمسان پڑنا (۲) کھیت کاشت نہ ہو۔
کھیت پڑے کسنائی: [ھ مثل] بنانے کی ساری بات ہے۔
کھیت چٹھا: [ھ امذ] پیمائش والوں کی کتاب جس میں زمین کی پیمائش لکھی جاتی ہے۔ پٹواریوں کا خسرہ۔
کھیت چھوڑ جانا / چھوڑنا: [ا رمحاورہ] میدان جنگ چھوڑ جانا۔ بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔
کھیت رکھنا: [ا رمحاورہ] جیتا نہ رکھنا۔ زندہ نہ رہنے دینا۔
کھیت رہنا: [ا رمحاورہ] لڑائی میں مارا جانا۔
کھیت سبز ہونا: [ا رمحاورہ] (۱) کامیاب ہونا (۲) پھولنا۔ پھلنا۔
کھیت کاٹنا: [ا رمحاورہ] فصل کاٹنا۔ غلہ کاٹنا۔
کھیت کا لکھا پڑھا: [ا رصت] گنوار۔ دہقان۔ ہل چلانے والا۔
کھیت کرنا: [ا رمحاورہ] (۱) زراعت کا کام کرنا۔ بونا جوتنا (۲) رات کو چاند نکلنا
کھیت کمانا: [ا رمحاورہ] محنت کر کے کھیت کی زمین کو قابل کاشت کرنا یا بنانا۔
کھیت کھائے گدھا مارا جائے جلاہا: [ا رمحاورہ] قصور کوئی کرے سزا کسی کو ملے۔
کھیت کیار کرنا: [ا رمحاورہ] کھیتی باڑی کا کام کرنا۔
کھیت لہلہانا: [ا رمحاورہ] کھیت کا سرسبز و شاداب ہونا۔
کھیت نکالنا: [ا رمحاورہ] اونچی نیچی زمین کو ہموار کر کے قابل کاشت بنانا۔
کھیت نلانا / نکالنا: [ا رمحاورہ] کھیت کو خود رو گھاس سے صاف کرنا۔ گھاس پات نکال کر پودوں کی جڑوں کو گوڑتے جانا۔
کھیت ہاتھ رہنا / ہونا: [ا رمحاورہ] میدان ہاتھ رہنا۔ فتحیابی ہونا۔ پلا جیتا
کھیتی: [ا رامث] (۱) زراعت۔ غلہ۔ فصل (۲) کنایۃً آل اولاد۔
کھیتی باڑی: [ا رامث] کاشت کاری (افعال: کرنا)
کھیتی پاتی بینتی اور گھوڑے کا تنگ / اپنے ہاتھ سنواریئے چاہے لاکھوں ہوں سنگ: [ا رمثل] کھیتی کرنا، چٹھی لکھنا، ضرورت پوری کرنا اور گھوڑے کے تنگ کو درست کرنا یہ سب اپنے ہاتھ سے درست کرنا چاہیئے۔

کھیتی پھلنا: [ا رمحاورہ] کامیابی ہونا
کھیتی خصم سیتی: [ا رمثل] کام مالک کی ہی وجہ سے خوب ہوتا ہے۔ اگر مالک کسی کام میں خود توجہ نہ دے اور کام دوسروں پر چھوڑ دے تو کام خراب ہو جاتا ہے۔ بالخصوص زراعت۔
کھیتی راج رجائے کھیتی بھیک منگائے: [ا رمثل] فصل اچھی ہو تو کسان مزے اڑاتا ہے۔ فصل اچھی نہ ہو تو بھیک مانگتا ہے۔
کھیتی رکھے باڑ کو۔ باڑ رکھے کھیتی کو: [ا رمثل] ایک دوسرے کی حفاظت بادشاہ رعیت سے اور رعیت بادشاہ سے قائم رہتی ہے۔
کھیتی لگانا: [ا رمحاورہ] کاشت کاری کرنا۔ فصل بونا۔
کھیچر: [ارامث ق] شرارت۔ شوخی۔
کھید: [س امث] (۱) دُکھ۔ درد۔ تکلیف (۲) سوچ۔ فکر (۳) غم۔ ماتم۔ سوگ (۴) بیماری۔ روگ۔
کھیدا: [ھ امذ] ہاتھیوں کو پکڑنے کے لئے گھاس پھونس سے ڈھانپا ہوا گڑھا (۲) زور آور پرند۔ وہ بلبل جو بلبلوں کو مار کر نکال دے۔
کھیدنا: [ا رمص] (۱) نکالنا۔ ہانکنا (۲) ہاتھی یا شیر کا شکار کرنا۔ (۳) ستانا۔ دُکھ دینا۔
کھیر: [ارامث] دودھ میں پکے ہوئے چاول۔ ایک لذیذ کھانا۔ شیر برنج
کھیر چٹانا: [ا رمحاورہ] بچی یا بچہ کو کھانا یا پانی دینے سے پہلے کھیر کھلانا یا انگلی سے چٹانا۔
کھیر چٹائی: [ارامث] ایک رسم جو بچے کے دودھ چھڑانے پر ادا کی جاتی ہے۔
کھیر کا دلیا ہو جانا: [ا رمحاورہ] کچھ سے کچھ ہو جانا۔ قسمت الٹ جانا۔
کھیر کھلوانا: [ا رمحاورہ] دولہا اور دُلہن کو پاس بٹھا کر کھیر کھلانے کی رسم ادا کرنا۔
کھیر: [ھ امذ] ایک درخت جس سے کتھ بناتے ہیں۔
کھیرا: [ا رصف] بھورا۔ بھونسلا۔ خاکی (۲) [مذ] ایک قسم کا کبوتر۔
کھیرا: [ا رامذ] ایک قسم کی چھوٹی ککڑی۔ خیار
کھیرا ککڑی کرنا: [ا رمحاورہ] بے دردی سے کوسنا۔ کھیرے ککڑی سے بھی کم سمجھ کر کسی کا مرنا چاہنا
کھیری: [ارامث] ہاکھ کا گوشت۔ جانوروں کے تھنوں کے اوپر کا وہ گوشت جس میں دودھ بنتا ہے۔
کھیرے ککڑی کی طرح کاٹنا: [ا رمحاورہ] بے حقیقت سمجھ کر کاٹنا۔ جلد جلد کاٹنا۔
کھیرے ککڑی کی طرح کٹنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھیرے ککڑی کی طرح کاٹنا" جس کا لازم ہے۔
کھیرٹ: [ہ امث] شکاری کا شکار سے خالی ہاتھ واپس آنا۔
کھیڑا: [ہ امذ] (۱) بستی۔ چھوٹا گاؤں (۲) کئی قسم کا ملا جلا غلہ۔ اناج (۳) کسی تباہ شدہ گاؤں کے کھنڈر یا نشان
کھیڑا پتی: [ھ امذ] گاؤں کا چودھری۔ گاؤں کا مالک۔ نمبردار۔ مقدم۔ برہمن۔ پوجاری۔
کھیڑی: [ھ امث] ایک قسم کا عمدہ اور سخت لوہا۔
کھیس: [یائے مجہول] [ھ امذ] ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا جو اوڑھنے اور بچھونے کے کام آتا ہے۔

کھیس: (یائے معروف سے) (۱) نقصان جو کسی چیز کے گھسنے یا استعمال کرنے سے ہوتا ہے (۲) گائے بھینس وغیرہ کے بچہ پیدا ہونے کے چند دن بعد تک کا دودھ جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے پھٹ جاتا ہے۔
کھیسا: [ہ امذ] دیکھئے "کیسہ" (۲) تھیلی۔ کاڑھی ہوئی تھیلی جس سے بدن کا میل صاف کرتے ہیں (۳) ایک قسم کا جہاز (۴) بڑی کھیس۔
کھیسا کرنا: [ا رمحاورہ] کھیسا پھیرنا۔ بدن سے میل اُتارنا۔
کھیسیں نکالنا: [ا رمحاورہ] ہنسی میں دانت نکالنا۔
کھی کھی: [ا رصوت مث] ہنسنے کی تکرار آواز (افعال: کرنا)۔
کھیے کھیے: [ارامث] ہے ہے کا مترادف (۲) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ دانا کل کل
کھیکٹا: [ارامث ق] سختی۔ مصیبت۔ تکلیف۔
کھیل: [ھ رامث] (۱) وہ بھنا ہوا اناج جو پھوٹ گیا ہو (۲) بھنا ہوا سہاگا پھٹکڑی یا کوئی اور دھات جو آگ کی گرمی سے پھول کر خستہ ہو گئی ہو (۳) قلیل مقدار۔ تھوڑا سا۔
کھیل اُڑ کر منہ میں نہیں پڑی / گئی: [ا رمحاورہ] کچھ نہیں کھایا
کھیل بتاشوں کا مینہ: [ارامث] کوئی غیر معین زمانہ بتانے یا اوٹ پٹانگ بات کرے تو کہتے ہیں
کھیل کا دانہ: [ا رامذ] بھنے ہوئے اناج کا دانہ
کھیل کھیل کر دینا: [ا رمحاورہ] ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ ریزہ ریزہ کر دینا۔ نہایت خستہ کر دینا
کھیل کھیل ہو جانا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھیل کھیل کر دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
کھیل ہونا: [ا رمحاورہ] بھن کر کھیل کی مانند ہو جانا
کھیل: (یائے مجہول سے) [ا رامذ] بازیچہ۔ تماشا۔ کرتب (۲) دل بہلاوا۔ سیر مشغلہ۔ شغل (۳) کاریگری (۴) کام۔ کاج۔ فعل۔ دھندا (۵) چھوٹا سا چشمہ جس میں مویشیوں کو پانی پلاتے ہیں (۶) [صف] سہل۔ آسان۔
کھیل آنا: [ا رمحاورہ] کھیلنا جاننا
کھیل بگاڑنا: [ا رمحاورہ] بنا بنایا کام خراب کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔
کھیل بگڑ جانا / بگڑنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھیل بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے
کھیل بنانا: [ا رمحاورہ] (۱) کام بنانا (۲) جماع کرنا۔
کھیل بن کر بگڑ جانا: [ا رمحاورہ] کوئی کام درست ہو کر خراب ہو جانا۔
کھیل بننا: [ا رمحاورہ] کام بننا۔ کار برآری ہونا۔
کھیل بھڑ بھنڈ کر دینا: [ا رمحاورہ] کھیل خراب کر دینا۔ بنا ہوا کام خراب کرنا۔
کھیل بھنڈا / بھنگ کرنا: [ا رمحاورہ] مزے میں خلل ڈالنا۔ کام خراب کرنا۔
کھیل تماشا: [ا رامذ] تفریح کا مشغلہ (۲) آسان کام۔
کھیل جانا: [ا رمحاورہ] گزار دینا۔ کھپا دینا۔ جوکھوں یا ہلاکت میں ڈالنا۔
کھیل جاننا: [ا رمحاورہ] آسان جاننا یا سمجھنا۔ ہیچ سمجھنا۔ تماشا جاننا۔
کھیل ڈالنا: [ا رمحاورہ] کام میں لانا۔ استعمال کرنا۔
کھیل سمجھنا: [ا رمحاورہ] دیکھئے "کھیل جاننا"
کھیل کرنا: [ا رمحاورہ] (۱) کھیلنا (۲) کسی کام کو کام کی طرح نہ کرنا۔
کھیل کود: [ا رامذ] اچھل کود۔ لہو و لعب۔

کھیل کود کر گزارنا: [ا۔ محاورہ] لہو ولعب میں وقت صرف کرنا۔
کھیل کود کر/کے گزرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "کھیل کود کر گزارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
کھیل کھانا: [ا۔ محاورہ] آوارگی میں زندگی بسر کرنا۔ بدچلنی میں زندگی گزارنا۔
کھیل کھلانا: [ا۔ محاورہ] دِق کرنا۔ ستانا (۲)۔ بازی کرانا۔
کھیل کھیلنا: [ا۔ محاورہ] (۱) بازی کرنا (۲)، کوئی کام بے پروائی سے کرنا (۳) وقت کاٹنا
کھیل کے دن: [ا۔ مذ] لڑکپن کا زمانہ
کھیل نکالنا: [ا۔ محاورہ] نیا کھیل ایجاد کرنا۔
کھیل نہیں: [ا۔ محاورہ] آسان نہیں، دشوار ہے
کھیل ہاتھ لگنا: [ا۔ محاورہ] مشغلہ ہاتھ آنا۔
کھیل ہے: [ا۔ محاورہ] آسان بات ہے۔ تماشا ہے۔
کھیلا کھایا: [ا۔ صفت] تجربہ کار۔ آزمودہ کار
کھیلا مالنا: [ا۔ صفت] کھیلتا کودتا۔
کھیلنا: [ا۔ مص] (۱) بازی کرنا۔ کھیل کرنا (۲) اُچھلنا۔ کودنا (۳)۔ لہو ولعب (۴)، کام کرنا۔ کوئی کام کرنا۔ فعل کرنا (۵)، دل بہلانا (۶)، گزرنا۔ بیتنا (۷)، جوا کھیلنا۔ قمار بازی کرنا (۸)، بھوت پریت یا جن پری کے اثر سے سر ہلانا
کھیلنا کھانا: [ا۔ محاورہ] زندگی کا لطف اُٹھانا۔
کھیم کسل: [ھ۔ روزمرہ] مزاج شریف۔
کھینا: [ا۔ مص] (۱) ناؤ چلانا۔ چپو سے کشتی چلانا (۲)، برداشت کرنا۔ سہنا (۳)، آگے پر رکھنا۔ دھونی دینا (۴)، ضرورت پر کسی کے کام آنا۔
کھینچ/کھینچ: [ا۔ امث] (۱) کشش۔ کھنچاؤ (۲)، کمی۔ قلت۔ قحط۔ کال۔
کھینچ بلانا: [ا۔ محاورہ] زبردستی بلانا
کھینچ تان کر/کے: [ا۔ متعلق فعل] کوشش سے۔ زبردستی گھسیٹ گھساٹ کر
کھینچ کرنا: [ا۔ محاورہ] کمی کرنا۔ رکاوٹ کرنا۔
کھینچ کھانچ: [ا۔ متعلق فعل] دیکھئے "کھینچ تان کر/کے"
کھینچ لانا: [ا۔ محاورہ] گھسیٹ لانا۔ پکڑ لانا۔ زبردستی لے آنا۔
کھینچا تانی: [ا۔ امث] کشاکش۔ لڑائی جھگڑا۔
کھینچم کھینچ: [ا۔ متعلق فعل] دیکھئے "کھینچا تانی"
کھینچنا: [ا۔ مص] (۱) گھسیٹنا۔ تاننا۔ اینچنا (۲)، جذب کرنا۔ چوسنا۔ (۳)، عرق کرنا۔ اکڑنا (۴)، جلد جلد لکھنا (۵)، تصویر بنانا۔ عکس اتارنا (۶)، میان تلوار باہر نکالنا (۷)، باہر لانا۔ نکالنا (۸)، کمانا (۹)، لٹکانا۔ چڑھانا (۱۰)، روکنا سینتنا (۱۱)، بھرنا۔ لمبا یا ٹھنڈا سانس لینا (۱۲)، حلقہ بنانا۔ گھیرنا۔ احاطہ کرنا (۱۳)، نقش کرنا۔ کاڑھنا۔ (۱۴)، اوپر لانا۔ اوپر چڑھانا (۱۵)، جکڑنا۔ باندھنا (۱۶)، برداشت کرنا (۱۷)، گرفتار کرانا (۱۸)، مہنگا کرنا۔ گراں کرنا۔
کھیوا: [ا۔ مذ] (۱) ناؤ کا کرایہ (۲)، ناؤ۔ کشتی (۳)، دریا کے پار اُترنا (۴)، کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ (۵)، بیڑا۔
کھیوا پار کرنا/لگانا: [ا۔ محاورہ] کشتی کو کنارے پہ لگانا۔ بیڑا پار لگانا (۲)، کشتی سے نجات دینا۔
کھیوا پار ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "کھیوا پار کرنا/لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کھیوٹ: [ھ۔ امث] (۱) وہ سرکاری رجسٹر جس میں گاؤں کے مالکوں کا نام درج ہوتا ہے (۲)، مال گزاری کا حصہ۔
کھیوٹ دار: [ا۔ صفت] گاؤں کا شریک۔ شریک حصہ۔
کھیوٹ کھتونی: [ا۔ امث] گاؤں کے بندوبست کا حساب کتاب (۲)، مالکان اراضی اور ان کی زمینوں کا حساب کتاب۔
کھیوٹیا/کھیون ہار/کھیوتیا: [ھ۔ مذ] کھویا۔ کشتی بان۔ ملاح۔ مانجھی۔
کھیی: [ھ۔ امث] کسی بڑی جھاڑی یا جھڑ بیری کے وہ درخت جو باڑ لگانے اور جلانے کے کام آتے ہیں۔

ک۔ے

کئی: [ا۔ صفت] چند۔ کتنے ہی۔ دو چار۔
کئی ایک: [ا۔ صفت] چند ایک۔ چند۔ دو چار۔
کئی بار: [ا۔ متعلق فعل] چند مرتبہ۔ اکثر۔ کتنی دفعہ۔
کئی ہاتھ: [ا۔ متعلق فعل] چند ہاتھ۔ بہت سا۔
کئے کی سزا پانا: [ا۔ محاورہ] بُرے فعل کی سزا پانا۔

ک۔ی

کی: [ا۔ متعلق فعل] حرف اضافت "کا" کی تانیث۔
کی خاطر: [ا۔ متعلق فعل] کے لئے
کے: [ا۔ حرف اضافت] دیکھئے "کا" جس کی یہ جمع ہے۔
کے: [ف۔ حرف استفہام] کب (۲)، مذ۔ بادشاہ۔ حاکم۔
کے آمدی و کے پیر شدی: [ف۔ مثل] (کب آئے اور کب بڈھے ہوئے) جب کوئی جانے کے لئے جلدی کرے تو کہتے ہیں (۲)، ابھی ناتجربہ کار ہو۔
کے: [ا۔ استفہام] کتنا۔
کے بار: [ا۔ متعلق فعل] کتنی مرتبہ۔ چند مرتبہ
کے دن کے لئے: [ا۔ متعلق فعل] تھوڑے دنوں کے لئے۔ کتنے دنوں کے لئے۔
کے فاقوں میں سیکھے ہو: [ا۔ مثل] جب کوئی شخص بد زبانی کرے یا طعنے دے تو کہتے ہیں۔ یعنی تم نے یہ بات بڑی مشکل سے سیکھی ہے۔
کیا: [ا۔ حرف استفہام] (۱) چہ (۲)، آیا (۳)، خواہ۔ چاہے (۴)، کس قدر۔ کتنا (۵)، استفہام انکاری (۶)، کون۔ کدام (۷)، اظہار عظمت کے لئے (۸)، برائے نفی (۹)، برائے تحسین و آفریں (۱۰)، کراہت و نفرت کے واسطے۔ (۱۱)، کون سی بڑی بات ہے (۱۲)، کیوں۔ کس لئے (۱۳)، حیرت تعجب۔ (۱۴)، کثرت۔
کیا آسمان کے تارے ہیں: [ا۔ مثل] ایسی نایاب چیز نہیں کہ نہ مل سکے۔
کیا آگ لگاؤں: [ا۔ محاورہ] کراہت اور نفرت کے موقع پر کہتے ہیں یعنی اب کیا کروں۔
کیا آگ لینے آئے تھے: [ا۔ محاورہ] جب کوئی شخص فوراً آکر چلا جائے تو اس کی نسبت طنزاً کہتے ہیں۔
کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو: [ا۔ محاورہ] کیا صریح اور علانیہ دھوکا دیتے ہو۔

کیا آئے کیا چلے : [ا ر محاورہ] جب کوئی دوست آئے اور آتے ہی چلے جانے کا ارادہ کرے تو اس کی نسبت بولتے ہیں.

کیا اجارہ ہے : [ا ر محاورہ] قابو نہیں. دعویٰ نہیں.

کیا ادھار کی ماں مری ہے : [ا ر محاورہ] جب کوئی قرض دینے میں حیلہ حوالہ کرتا ہے تو کہتے ہیں یعنی لین دین کا دستور تو دنیا سے نہیں اٹھ گیا.

کیا اصل ہے : [ا ر محاورہ] کیا حقیقت ہے.

کیا اکھاڑ سکتا ہے : [ا ر محاورہ] کیا نقصان پہنچا سکتا ہے.

کیا امکان : [ا ر محاورہ] ممکن نہیں. اس کو یہ کام کرنے کی جرأت نہیں ہوسکتی.

کیا ان ہی کے سر ٹیکا سہرا ہے : [ا ر محاورہ] یہ کام کچھ ان ہی پہ موقوف نہیں.

کیا ایسے لعل لگے ہیں : [ا ر محاورہ] ایسی کیا خوبی ہے.

کیا بات (ہے) : [ا ر محاورہ] کیا خوب. کیا کہنے. شاباش.

کیا بات تھی : [ا ر محاورہ] کوئی بڑی بات نہ تھی.

کیا بات رہی : [ا ر محاورہ] کیا آبرو رہی.

کیا بات ہے : [ا ر محاورہ] کیا سبب ہے. کیا وجہ ہے.

کیا برا تھا : [ا ر محاورہ] بہت اچھا تھا. غنیمت تھا.

کیا برائی ہے : [ا ر محاورہ] کچھ عیب نہیں.

کیا بڑا کام ہے : [ا ر محاورہ] کچھ نہیں. آسان کام ہے.

کیا بڑی بات ہے : [ا ر محاورہ] آسان ہے. مشکل نہیں.

کیا بڑی عمر ہے : [ا ر محاورہ] جب کوئی شخص اپنی یاد یا ذکر پر آجائے تو کہتے ہیں.

کیا بساط ہے : [ا ر محاورہ] کیا ہستی ہے. کیا حیثیت ہے.

کیا بکتا ہے : [ا ر محاورہ] غلط کہتا ہے. بیہودہ کہتا ہے.

کیا بگاڑا ہے : [ا ر محاورہ] کیا نقصان کیا ہے.

کیا بگڑتا ہے : [ا ر محاورہ] کیا نقصان ہوتا ہے.

کیا بلا : [ا ر صفت] غضب کا. قیامت کا.

کیا بلا ہے / کیا ایسی بلا ہے : [ا ر محاورہ] ناچیز ہے. ہیچ ہے کوئی چیز نہیں.

کیا بنایا : [ا ر محاورہ] کیا اہم کام کیا. کیا بڑا کام کیا.

کیا بور کے لڈو ہیں : [ا ر محاورہ] کوئی نایاب چیز نہیں.

کیا بھاڑ میں جھونکیں : [ا ر محاورہ] بیکار ہے. فضول ہے.

کیا بھروسا ہے : [ا ر محاورہ] اعتبار نہیں. کچھ ٹھکانا نہیں. اطمینان کے قابل نہیں.

کیا بھیڑ کیا بھیڑ کی لات : [ا ر مثل] بے اصل شے ہے.

کیا بیل پہلے گا : [ا ر محاورہ] کیا کام آئے گا.

کیا پاؤ گے : [ا ر محاورہ] کچھ نہیں ملے گا. کچھ حاصل نہیں ہوگا.

کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے : [ا ر محاورہ] یہاں آنے میں کون سی چیز مانع ہے.

کیا پدی کیا پدی کا شوربا : [ا ر مثل] حقیر چیز کی نسبت بولتے ہیں کیا حیثیت رکھتا ہے. ناچیز ہے.

کیا پروا ہے : [ا ر محاورہ] کوئی اندیشہ نہیں کوئی ڈر نہیں.

کیا پڑی ہے : [ا ر محاورہ] کیا فکر ہے.

کیا پوچھنا (ہے) : [ا ر محاورہ] کیا کہنا. کیا بات ہے.

کیا پھولا پھرتا ہے : [ا ر محاورہ] کیوں مغرور ہے. کیوں اس قدر غافل ہے.

کیا تاب : [ا ر محاورہ] کیا مجال ہے. مجال نہیں.

کیا تعلق : [ا ر محاورہ] کوئی تعلق نہیں. کیوں. کس وجہ سے.

کیا تماشا ہے : [ا ر محاورہ] حیرت کے قابل بات ہے. انوکھی بات ہے.

کیا تمہارا خدا ہے، ہمارا خدا نہیں : [ا ر محاورہ] کوئی شخص ظلم کرے تو کہتے ہیں.

کیا تھا کیا ہوا : [ا ر محاورہ] بنا ہوا کام بگڑ گیا (۲) زمانہ الٹ پلٹ گیا.

کیا توڑ کا کرنے آئی تھیں : [ا ر محاورہ] آکر فوراً چلے جانے والی عورت کے لئے کہتی ہیں.

کیا ٹھکانا : [ا ر محاورہ] کوئی حد نہیں. کوئی انتہا نہیں.

کیا جاتا : [ا ر محاورہ] کیا نقصان ہوتا. کون سا کام بگڑ جاتا.

کیا جانی دنیا دیکھی ہے : [ا ر محاورہ] کوئی شخص خلاف عادت یا کوئی غیر معمولی اچھا کام کرے تو کہتے ہیں (طنزاً).

کیا جان رہے : [ا ر محاورہ] کیا تاب ہے. کیا مجال ہے.

کیا جان پائی ہے : [ا ر محاورہ] طاقت اور کیا مجال ہے

کیا جان رکھتا ہے : [ا ر محاورہ] کیا مجال ہے. کیا طاقت ہے.

کیا جانے / جانیئے : [ا ر محاورہ] خدا جانے. ہمیں خبر نہیں. لاعلمی کا اظہار.

کیا جائے گا : [ا ر محاورہ] کیا نقصان ہوگا.

کیا جوڑ : [ا ر محاورہ] کیا مقابلہ ہے.

کیا چاہیئے : [ا ر محاورہ] کیا ضرورت ہے. کس چیز کی ضرورت ہے (۲) کیا بات ہے. کیا کہنا. کیا پوچھنا.

کیا چلائی : [ا ر محاورہ] کیا بات ہے. کیا کہنا ہے.

کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی : [ا ر محاورہ] جب کوئی شخص کسی کام پر کاہلی کرے تو کہتے ہیں.

کیا چھاتی ہے : [ا ر محاورہ] کیا حوصلہ ہے. بڑا حوصلہ ہے.

کیا چیز ہے : [ا ر محاورہ] کیا مال ہے. بے حقیقت ہے.

کیا حال کیا : [ا ر محاورہ] کیا برتاؤ کیا.

کیا حال ہوگا : [ا ر محاورہ] کیسی گزرے گی. کیسی حالت ہوگی.

کیا حال ہے : [ا ر محاورہ] کیسی حالت ہے.

کیا حساب ہے : [ا ر محاورہ] بے شمار ہے.

کیا حقیقت ہے : [ا ر محاورہ] کچھ حقیقت نہیں. ذلیل ہے. ہیچ ہے

کیا خاک رہا : [ا ر محاورہ] کچھ نہیں رہا. کچھ نہ بچا.

کیا خاک ہے : [ا ر محاورہ] کیا چیز ہے.

کیا خبر : [ا ر محاورہ] خدا جانے. کیا معلوم. کچھ خبر نہیں.

کیا خدا ہے : [ا ر محاورہ] وہ کوئی خدا نہیں کہ اس کے حکم کی سرتابی نہ کی جاسکے

کیا خدائی ہے : [ا ر محاورہ] خدا تعالیٰ کی کیسی شان ہے.

کیا خوب : [ا ر متعلق فعل] واہ واہ کیا کہنا. سبحان اللہ.

کیا خوب آدمی تھا : [ا ر محاورہ] کسی اچھے آدمی کے مرجانے پر کہتے ہیں یعنی بہت اچھا آدمی تھا.

کیا خوب سمجھتے ہیں ؛ [ار محاورہ] بالکل نہیں سمجھتے۔
کیا خو نکالی ہے ؛ [ار محاورہ] بُری عادت سیکھی ہے۔
کیا دال بھات کا نوالہ ہے ؛ [ار مثل] کچھ آسان بات نہیں۔
کیا دخل ؛ [ار محاورہ] ممکن نہیں۔ کیا ممکن۔
کیا درجہ کر رکھا ہے ؛ [ار محاورہ] کیسی بُری گت بنا رکھی ہے۔
کیا درزی کا کوچ کیا مقام ؛ [ار مثل] نادار اور کم سامان شخص کو سفر کی تیاری نہیں کرنی پڑتی۔
کیا دل میں آئی ؛ [ار محاورہ] کیا بات ذہن میں آئی۔
کیا دم / زندگی کا بھروسا ہے ؛ [ار محاورہ] زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔
کیا دم ہے ؛ [ار محاورہ] بہت دم ہے۔ اچھی طاقت ہے۔
کیا دن تھے ؛ [ار محاورہ] کیسا اچھا زمانہ تھا۔
کیا دور ہے ؛ [ار محاورہ] کوئی تعجب نہیں۔
کیا دہاڑا کر رکھا ہے ؛ [ار محاورہ] دیکھئے "کیا درجہ کر رکھا ہے"۔
کیا دھرا ہے ؛ [ار محاورہ] دیکھئے "کیا رکھا ہے"۔
کیا دھوپ میں بال سفید کئے ہیں ؛ [ار مثل] بوڑھے اور عمر رسیدہ ہونے پر بھی کوئی تجربہ نہ ہوا۔
کیا ڈر ہے ؛ [ار محاورہ] کچھ مضائقہ نہیں۔ کیا اندیشہ ہے۔ کوئی نقصان نہیں
کیا ذکر ہے ؛ [ار محاورہ] کسی چیز کا وجود کیسا اس کا تو ذکر تک نہیں۔
کیا رکھا ہے ؛ [ار محاورہ] (۱) کچھ باقی نہیں ہے (۲) کیا خصوصیت ہے۔ کون سی انوکھی بات ہے۔ کیا خوبی ہے۔
کیا رنگ ہے / نہیں ؛ [ار محاورہ] کیسی حالت ہے۔ کیا حال ہے۔
کیا رہا ؛ [ار محاورہ] (۱) کچھ حالت باقی نہیں رہی۔ وقت نزع ہے (۲) آس ٹوٹ گئی۔ توقع جاتی رہی (۳) کچھ کسر باقی نہیں رہی (۴) پاس کچھ نہیں رہا۔ سب کچھ جاتا رہا۔
کیا زمانہ ہے ؛ [ار محاورہ] کیسا بُرا وقت ہے۔ کیا انقلاب ہے۔
کیا زندگی کا بھروسا ہے ؛ [ار محاورہ] زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔
کیا سانپ سونگھ گیا ؛ [ار محاورہ] کیوں نہیں بولتے۔
کیا سانپ کا پاؤں دیکھا ہے ؛ [ار محاورہ] جب کوئی ناممکن بات ہو تو کہتے ہیں
کیا سبب ؛ [ار محاورہ] کس وجہ سے۔ کیوں۔ کس غرض سے۔
کیا ستم ہے ؛ [ار محاورہ] اندھیر ہے۔ قہر ہے۔
کیا سمجھا تھا ؛ [ار محاورہ] شاید کچھ اور سمجھا تھا۔ جیسا مشاہدے اور تجربے میں آیا ویسا ہی سمجھا تھا۔
کیا سمجھ کر ؛ [ار متعلق فعل] عبث۔ ناحق۔ اپنی بساط اور فہم کے خلاف سمجھ کر
کیا سوجھی ؛ [ار محاورہ] کیا خیال پیدا ہوا۔ کیا مضمون بندھی ہے۔
کیا سو روپے کی پونجی کیا ایک بیٹے کی اولاد ؛ [ار مثل] سو روپے بہت تھوڑی پونجی اور ایک بیٹا کافی اولاد نہیں کسی وقت مر جائے۔
کیا سوئے راجا کا پوت کیا سوئے جوگی کا مدھوٹ ؛ [ار مثل] چین سے یا تو راجہ کا پوت سوتا ہے یا جوگی کا چیلا
کیا سے کیا ؛ [ار محاورہ] انقلاب۔ کچھ کا کچھ۔ افعال: پیدا کرنا / ہونا / ہو جانا۔

کیا شاخ نکالی ہے ؛ [ار محاورہ] (۱) کون سی انوکھی بات ظاہر کی ہے۔ کیا فخر کی بات ظاہر کی (۲) ایسی کون سی شان اور شیخی زیادہ ہو گئی ہے۔
کیا شان میں بٹا لگ جائے گا / جھنڈے پڑ جائیں گے ؛ [ار مثل] اس کو کہتے ہیں جو کسی کام کے کرنے سے عار کرے۔
کیا شک ہے ؛ [ار محاورہ] یقینی ہے
کیا شے (ہے) ؛ [ار محاورہ] (۱) عجیب چیز ہے (۲) بے وقعت ہے۔
کیا صرافے کا لگا ہے ؛ [ار محاورہ] یہ اسراف مناسب حال نہیں۔
کیا صلاح ہے ؛ [ار محاورہ] کیا مشورہ ہے۔ کس امر میں مصالحت سمجھتے ہو۔
کیا ضرورت ہے ؛ [ار محاورہ] کچھ ضرورت نہیں۔
کیا ضرورت ہے ؛ [ار محاورہ] کیوں۔ کس لئے۔
کیا طاقت ہے ؛ [ار محاورہ] دیکھئے "کیا تاب ہے"۔
کیا علاج (ہے) ؛ [ار محاورہ] کچھ چارہ نہیں۔ کوئی تدبیر نہیں۔
کیا غرض ہے ؛ [ار محاورہ] کیوں کس لئے۔
کیا غضب کیا ؛ [ار محاورہ] بڑا قہر کیا۔ بڑا ستم کیا۔
کیا غضب ہے ؛ [ار محاورہ] اندھیر ہے۔ قہر ہے۔ ستم ہے۔
کیا غم (ہے) ؛ [ار محاورہ] (۱) کچھ پروا / فکر نہیں۔ کیا اندیشہ (۲) کچھ مضائقہ / ڈر نہیں۔
کیا فائدہ ؛ [ار محاورہ] بے فائدہ ہے۔ کچھ فائدہ نہیں۔
کیا فرض ہے ؛ [ار محاورہ] کچھ ضرور نہیں۔ یہ فرض نہیں۔
کیا فوں فاں کرتے ہو ؛ [ار محاورہ] کیا دھمکاتے ہو۔
کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے ؛ [ار مثل] کیا ہم نے کچھ قصور کیا ہے ہم نے کوئی جرم نہیں کیا جو ڈریں۔
کیا قاضی گلہ کرے گا ؛ [ار مثل] کوئی طعن و تشنیع / گلہ نہیں کرے گا۔ کوئی شکوہ شکایت نہیں کرے گا۔ کوئی منہ پہ نہیں لائے گا۔
کیا قہر ہوا ؛ [ار محاورہ] اندھیر ہے۔ ستم ہے۔
کیا قیامت کی ؛ [ار محاورہ] غضب کیا۔ بڑا ستم کیا۔
کیا قیامت کی گھڑی تھی ؛ [ار محاورہ] سخت مصیبت کا وقت تھا۔
کیا قیامت ہے ؛ [ار محاورہ] کیسا ستم ہے / غضب ہے۔
کیا کابل میں گدھے نہیں ہوتے ؛ [ار مثل] بیوقوف ہر جگہ ہوتے ہیں۔
کیا کام (ہے) ؛ [ار محاورہ] (۱) کچھ کام نہیں۔ واسطہ نہیں (۲) بڑے لوگوں کے پاس کوئی جائے تو وہ پوچھتے ہیں کس مطلب کے لئے آئے ہو۔
کیا کانٹوں میں ہاتھ پڑتا ہے ؛ [ار محاورہ] کیا عیب لگتا ہے۔ کیا نقصان ہوتا ہے۔
کیا کچھ ؛ [ار متعلق فعل] کس قدر۔ کتنا۔ بہت کچھ۔
کیا کچھ سننا چاہتے ہو ؛ [ار محاورہ۔ کلمہ استفہامیہ] گالیاں سننے کو دل چاہتا ہے۔
کیا کرتا ہے / کرتے ہو ؛ [ار محاورہ] (۱) غلط کام کرتا ہے۔ بیجا کرتا ہے۔ مت کر (۲) کیا مشغلہ رکھتا ہے۔ کیا کام کرتے ہو۔
کیا کر لیا ؛ [ار محاورہ] کیا نقصان پہنچایا۔ کچھ نقصان نہ پہنچا سکا۔
کیا کروں ؛ [ار محاورہ] (۱) حیران ہوں۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا (۲) کس کام میں لاؤں بیکار ہے (۳) کس لئے کروں۔
کیا کرے ؛ [ار محاورہ] (۱) مجبور ہے (۲) کیا علاج ہے۔ کچھ نہیں ہو سکتا۔
کیا کر لے / کرے گا ؛ [ار محاورہ] کچھ نہیں کر سکتا۔ کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا

کیا کرے گا دولہ جسے دے مولا : [ا ر مثل] جسے خدا دے اُسے ملے اس میں کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔ شاہ دولہ مشہور فقیر تھے جن کا مقبرہ گجرات مغربی پاکستان میں ہے انہیں کوئی دعا کے لئے کہتا تو وہ یہ جواب دیا کرتے تھے۔

کیا کمی ہے : [ا ر محاورہ] سب کچھ ہے۔ بہت کچھ ہے۔

کیا گندہ کر سکتا ہے : [ا ر محاورہ] کچھ نہیں کر سکتا۔ کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا

کیا کوسوں : [ا ر محاورہ] نہایت غصے اور دل جل جانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

کیا کونڈوں کی ناؤ ڈوب جائے گی : [ا ر مثل] معمولی نقصان ہوگا۔

کیا کوئی آگ لگائے : [ا ر محاورہ] بالکل بے کار ہے۔

کیا کوئی شاخ نکلی ہے : [ا ر محاورہ] کیا کوئی انوکھی بات ہے۔

کیا کہا : [ا ر محاورہ] جب کوئی بے موقع اور فضول بات کہے تو کہتے ہیں۔

کیا کھل کے : [ا ر متعلق فعل] کس برتے پر۔

کیا کہتا ہے : [ا ر محاورہ] (۱) کیا بات کہتا ہے (۲) غلط بات کہتا ہے۔ (۳) کیا الزام لگاتا ہے۔

کیا کہہ کے : [ا ر متعلق فعل] کیا عذر کر کے۔ کیا کلمات تشفی کہہ کے۔

کیا کہنا (ہے) : [ا ر روزمرہ] کلمہ تحسین۔ سبحان اللہ۔ شاباش (۲) کیا بات ہے۔ کیا پوچھتا ہے (۳) طنزاً یا بطور ہجو ملیح۔

کیا کہنے ہیں : [ا ر روزمرہ] دیکھئے "کیا کہنا ہے"۔

کیا کہوں : [ا ر محاورہ] مجبور ہوں۔

کیا کہیے : [ا ر روزمرہ] بیان کے قابل نہیں۔

کیا کہیں : [ا ر محاورہ] مجبوری ہے (۲) کیا شکایت کریں۔ قابل بیان نہیں۔

کیا کہیں گے : [ا ر محاورہ] (۱) بُرا کہیں گے۔ شبہ کریں گے (۲) کچھ کا کچھ خیال کریں گے۔

کیا کیا : [ا ر متعلق فعل] کون کون سا۔ کون کون چیز (۲) بہت کچھ (۳) کس قدر (۴) کیسے کیسے۔ انواع و اقسام کے (۵) کون کون (۶) کہاں کہاں (۷) تجاہل کرنا (۸) کس کس طرح۔

کیا کیا : [ا ر محاورہ] (۱) بڑا ستم کیا۔ غضب کیا (۲) بڑے شرم کی بات ہے۔ بڑی حیرت ہے۔

کیا کیا ارادے تھے : [ا ر روزمرہ] بہت ارادے تھے حسرت نہ نکلی۔

کیا کیا ارمان رہ گئے : [ا ر روزمرہ] بہت ارمان رہ گئے۔ حسرتیں نہ نکلیں

کیا کیا ارمان ساتھ لے گیا : [ا ر روزمرہ] زندگی میں حسرتیں پوری نہ ہوئیں

کیا کیا کچھ : [ا ر متعلق فعل] کون کون سی بات / چیز (۲) بہت کچھ۔

کیا کیا گزرا / گزری : [ا ر محاورہ] کیا مصیبت یا واقعہ پیش آیا۔

کیا کیا نہ کیا : [ا ر محاورہ] سب کچھ کیا۔ کون سی بات رہ گئی۔ کون سی بات نہ کی۔ کون سی کسر اٹھا رکھی۔

کیا کیا نہ ہوا : [ا ر محاورہ] کون سی بات رہ گئی۔ کون سی رسوائی نہ ہوئی۔

کیا کیجئے : [ا ر روزمرہ] کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔

کیا گاتے ہو : [ا ر محاورہ] کیا بکواس کرتے ہو۔ کیا بکتے ہو

کیا گپ چپ کے لڈو کھائے ہیں : [ا ر مثل] خاموش کیوں ہو۔ بولتے کیوں نہیں۔

کیا گت ہو گئی : [ا ر محاورہ] کیا حالت ہو گئی۔

کیا گزری : [ا ر محاورہ] (۱) کیونکر بسر ہوئی۔ کیسی گزری (۲) کیا واقعہ پیش آیا (۳) کیا وقت پیش آئی۔

کیا گزرے گی : [ا ر محاورہ] کیا حالت ہوگی۔

کیا گل پھولا (کھلا) ہے : [ا ر مثل] کون سی عجیب / انوکھی بات ظہور میں آئی ہے (۲) کیا فتنہ برپا ہوا ہے۔ کیا خرابی نکلی ہے۔

کیا گومتی کا پانی پیا ہے : [ا ر مثل] اُس شخص سے کہتے ہیں جو زنانہ پن کرے (اہل لکھنؤ پر طنز۔ دریائے گومتی لکھنؤ کے قریب سے گزرتا ہے)

کیا گونگے کا گڑ کھایا ہے : [ا ر مثل] کیوں نہیں بولتے۔

کیا گھاس میں سانپ نہیں چلتا : [ا ر مثل] یہ ناممکن بات نہیں ہے

کیا لڑے سورما کیا لٹے انجان : [ا ر مثل] یا بہادر لڑتا ہے یا بے وقوف

کیا لعل لگے ہیں : [ا ر مثل] کون سی خوبی ہے۔

کیا لطف ہو : [ا ر محاورہ] بڑا لطف ہو۔ بہت مزہ آئے۔

کیا لگتا ہے : [ا ر محاورہ] (۱) کیا خرچ / نقصان ہوتا ہے (۲) کچھ تعجب نہیں (۳) کیا رشتہ ہے۔

کیا لوگے : [ا ر محاورہ] کیا فائدہ حاصل ہوگا۔ کیا پاؤ گے۔

کیا لے گیا شیر شاہ کیا لے گیا سلیم شاہ : [ا ر مثل] جب کوئی دولت کا غرور کرے تو کہتے ہیں۔ دولت کسی کے ساتھ نہیں جاتی۔

کیا لیا : [ا ر محاورہ] کیا فائدہ حاصل ہوا۔ کیا پایا

کیا مارا : [ا ر مثل] (۱) کچھ نہ مارا (۲) سوالیہ طور پر (۳) کون سی چیز ماری (۴) اچھا مارا۔ خوب مارا۔

کیا مال ہے : [ا ر مثل] بے حقیقت چیز ہے۔ حقیر ہے۔ کچھ حقیقت نہیں۔

کیا مجال ہے : [ا ر محاورہ] کچھ طاقت نہیں۔ کچھ حوصلہ نہیں۔ کیا حوصلہ ہے

کیا مچھلیاں ہیں جو سڑی جاتی ہیں : [ا ر مثل] کیا جلدی تھی۔ کس بات کی جلدی پڑی تھی (۲) جب کوئی جوان بیٹیوں کی شادی کرنے کے لئے کہے تو عورتیں کہا کرتی ہیں

کیا مذکور : [ا ر روزمرہ] (۱) ... یا تعریف ہو (۲) کچھ موقع نہیں۔ محل نہیں۔

کیا مزہ رہ جائے : [ا ر محاورہ] بے لطفی ہو۔ لطف نہ رہے۔

کیا مزہ ہے : [ا ر روزمرہ] عجب لطف ہو۔ بڑا مزہ ہو۔

کیا مزے کی بات ہے : [ا ر روزمرہ] کیسی پُرلطف بات ہے۔ کس قدر حیرت انگیز امر ہے۔

کیا مصیبت ہے : [ا ر روزمرہ] بڑی مشکل ہے۔

کیا معرکہ مارا : [ا ر روزمرہ] بڑی فتح حاصل کی۔

کیا معنی : [ا ر محاورہ] (۱) کیا وجہ۔ کیا سبب۔ کیا باعث۔ کیوں (۲) کیا غرض۔ کیا موقع (۳) کیا ممکن۔

کیا مقدور : [ا ر روزمرہ] کیا تاب۔ کیا مجال۔

کیا مل جائے گا : [ا ر محاورہ] کیا فائدہ ہوگا۔

کیا مکھی / بلی نے چھینک دیا : [ا ر مثل] کیوں کام نہیں کرتے۔

کیا ممکن : [ا ر روزمرہ] ناممکن ہے۔ دشوار ہے۔

کیا منہ : [ا ر محاورہ] کیا مجال۔ کیا رتبہ۔ کیا حقیقت۔

کیا منہ اور کیا مسالا : [ا ر مثل] اس کے متعلق کہتے ہیں جو ایسا کام اپنے ذمے لے جسے وہ کر نہ سکے

کیا مُنہ پر پھٹکار العنت برستی ہے ؛ [ا ر مثل] کیا بے رونق چہرہ ہے چہرے سے بُرائی ظاہر ہوتی ہے۔

کیا مُنہ دِکھاؤ گے ؛ [ا ر مثل] کیا جواب دو گے۔ کس طرح سرخرو ہو گے

کیا مُنہ دکھائیں ؛ [ا ر مثل] بڑے شرمندہ ہیں۔ سخت منفعل ہیں۔

کیا مُنہ سے پھول جھڑتے ہیں ؛ [ا ر محاورہ] کس قدر خوش بیان ہے (۲) طنزاً جب کوئی بدکلامی کرے۔

کیا مُنہ کا نوالہ ہے ؛ [ا ر مثل] کام آسان نہیں۔ بہت مشکل کام ہے۔

کیا مُنہ لے کر جاؤں ؛ [ا ر مثل] جاتے ہوئے شرم آتی ہے کس مُنہ سے جاؤں

کیا مُنہ میں پنجیری بھری ہوئی ہے ؛ [ا ر مثل] بولتے کیوں نہیں۔

کیا مُنہ میں گھنگنیاں ہیں ؛ [ا ر مثل] دیکھئے "کیا مُنہ میں پنجیری بھری ہے"

کیا مُنہ ہے ؛ [ا ر مثل] کیا حقیقت ہے۔ کیا اصل ہے۔ کیا مجال ہے کیا طاقت ہے۔

کیا موقوف ہے ؛ [ا ر روزمرہ] ان پر ہی انحصار نہیں۔ ان کی ہی یہ حالت نہیں افعال، ان پر تم پر کسی پر۔ نام وغیرہ کے ساتھ۔

کیا میں تیری پیٹھ کے پیچھے پیدا ہوئی ہوں ؛ [ا ر مثل] میں تجھ سے کمتر نہیں ہوں۔

کیا ناک لے کر بات کرتے / بولتے ہو ؛ [ا ر مثل] بات کرتے ہوئے شرم نہیں آتی۔ شرماؤ۔ کس غیرت اور شرم سے مُنہ سامنے کرتے ہو۔

کیا نشہ پیا ہے ؛ [ا ر روزمرہ] (۱) کیوں بہکی بہکی باتیں کرتے ہو۔

کیا ننگی نہائے گی کیا نچوڑے گی ؛ [ا ر مثل] مفلس کے پاس کیا دھرا ہے

کیا نہ چاہیئے ؛ [ا ر روزمرہ] (۱) کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے (۲) سب کچھ چاہیئے سب کچھ موجود ہے (۳) کام بن گیا۔ پھر کسی چیز کی ضرورت نہیں۔

کیا واسطہ ؛ [ا ر متعلق فعل] (۱) کیا تعلق۔ کیا علاقہ (۲) کیوں۔ کیا سبب۔

کیا ہاتھوں میں مہندی لگ رہی ہے ؛ [ا ر مثل] کام کیوں نہیں کرتے

کیا ہستی ہے ؛ [ا ر روزمرہ] کیا حقیقت ہے کچھ حقیقت نہیں۔ کمینہ ہے۔

کیا ہو ؛ [ا ر روزمرہ] تمہاری کیا حقیقت ہے۔ اب کیا کیا جائے

کیا ہُوا ؛ [ا ر روزمرہ] (۱) کیا حال گزرا۔ کیسی بیتی (۲) کیا کر لیا۔ کون سا نقصان ہوا۔ (۳) کیا بات / معاملہ ہے (۴) کچھ تعجب نہیں۔ کوئی انوکھی بات نہیں (۵) کیا ڈر ہے۔ کیا اندیشہ ہے (۶) کہاں گیا۔ گم ہو گیا (۷) گویا۔

کیا ہُوا تھا ؛ [ا ر روزمرہ] حواس کہاں تھے۔ عقل کیا ہوئی تھی۔ کس خیال میں تھا۔

کیا ہوتا ؛ [ا ر روزمرہ] (۱) کیا اثر ہوتا۔ کیا فائدہ ہوتا۔ کون سا کام بن جاتا (۲) کیا نقصان ہوتا۔ کیا بگڑ جاتا (۳) کیسی مصیبت ہوتی۔ کیسی بُری بنتی (۴) کیا خوب ہوتا۔ کیا اچھا ہوتا (۵) کس مرتبے پر ہوتا۔ کون شے ہوتا۔ (۶) کچھ بھی نہ ہوتا۔

کیا ہوگا ؛ [ا ر روزمرہ] (۱) کیا پیش آئے گا (۲) کیا بگڑے گا۔ کچھ نہیں ہوگا (۳) کچھ اثر نہیں ہوگا۔ کچھ فائدہ نہیں ہوگا

کیا ہو گیا ؛ [ا ر روزمرہ] (۱) افسوس۔ تعجب اور حیرت کے موقع پر بولتے ہیں۔ (۲) خبط ہو گیا۔ سودا ہو گیا۔ (۳) انقلاب عظیم ہو گیا (۴) کون سا مرض ہوا۔ (۵) کیا نقصان ہو گیا (۶) کیا فائدہ ہوا۔

کیا ہوتا ہے ؛ [ا ر روزمرہ] (۱) کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ بیکار ہے (۲) کیا نتیجہ ہو گا۔ کیا انقلاب ہوتا ہے۔

کیا ہی ؛ [ا ر متعلق فعل] کس قدر۔ عمدہ۔ مبارک۔

کیا ہی مٹھی پکڑی ہے ؛ [ا ر مثل] بہت طاقت ور ہے۔

کیا ہے ؛ [ا ر روزمرہ] (۱) کیا بات ہے۔ کیا معاملہ ہے (۲) کون سی چیز ہے (۳) کس بات کا ہے (۴) کون سی بات ہے۔ کس چیز کا نام۔ (۵) بے حقیقت ہے۔ بے وقعت ہے (۶) نہیں ہے۔ (۷) اور کیا چاہتا ہے۔ یہی ہے (۸) کیوں ہے کس واسطے ہے (۹) کیا کہتے ہو۔ کیوں بلاتے ہو۔ کیوں بلایا ہے۔ بلانے کے جواب میں کہتے ہیں۔

کیا ہیجڑے راہ مارتے ہیں / کیا ہیجڑوں نے راہ ماری ہے ؛ [ا ر مثل] کیوں آنے سے ڈرتے ہو۔

کیا یاد رکھو / کرو گے ؛ [ا ر محاورہ] مدت تک یاد کرتے رہو گے / احسان مند رہو گے۔

کیا یاد رکھیں / کریں گے ؛ [ا ر محاورہ] دیکھئے "کیا یاد رکھو / کرو گے"

کیے ؛ [ا ر اسم] دیکھئے "کیا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

کیے کا پاس ؛ [ا ر اسم] اپنے فعل کا لحاظ۔

کیے کا پھل پانا / کیے کی سزا پانا ؛ [ا ر محاورہ] بُرے اعمال کی سزا پانا

کیا ؛ [ا ر فعل] کرنا مصدر سے صیغۂ ماضی (۲) صفت کام۔ فعل۔ بُرے افعال۔

کیا آگے (سامنے) آنا ؛ [ا ر محاورہ] بُرے اعمال کی سزا ملنا۔ کیے کا پھل پانا

کیا اور کرنہ جانا / میں ہوتی تو کر دکھاتی ؛ [ا ر مثل] ہماری صلاح پر چلتے تو نقصان نہ اٹھاتے

کیا پانا ؛ [ا ر محاورہ] دیکھئے "کیا آگے آنا"

کیا دھرا اکارت جانا / ہونا ؛ [ا ر محاورہ] جو کچھ کیا تھا سب بے فائدہ ہو جانا

کیا کرنا ؛ [ا ر محاورہ] لگاتار کوئی کام کرنا۔

کیّاد ؛ [ع صف] مکار۔ عیار۔ مکر کرنے والا۔ فریبی۔

کیاری ؛ [ہ امث] (۱) کھیت یا باغ کا چھوٹا سا حصہ جس کی مینڈھ بناتے ہیں / بنی ہوتی ہے (۲) زمین کا ٹکڑا جس میں سمندری نمک یا کتھ وغیرہ بناتے ہیں (۳) تختۂ باغ۔ خیابان۔ قطعہ باغ۔

کیاست ؛ [ف امث] دانائی۔ عقل مندی۔ سمجھ۔ فہم۔ فراست۔

کیّال ؛ [ع امذ] (۱) اناج کا ایک پیمانہ (۲) تولنے والا۔ تولا۔

کیالی ؛ [ع امث] تولنے والے کی اُجرت۔

کیان ؛ [ف امذ] "کے" کی جمع یعنی بادشاہ۔ ایران کے چار بادشاہ۔ کیخسرو۔ کیکاؤس۔ کیقباد۔ کے لہراسپ۔

کیانی ؛ [ف امث] کیان سے منسوب۔

کیانگ ؛ [ہ۔ امذ] تبت کا گدھا۔ یہ گدھوں میں سب سے بڑی قسم کا ہوتا ہے اس کے کان چھوٹے ہوتے ہیں

کیبرا ؛ [انگ۔ امذ] ناچ کی ایک قسم۔ cabaret

کیبن ؛ [انگ امث] cabin کمرا۔ کوٹھڑی۔ جہاز کا کمرا۔

کیبنٹ ؛ [انگ امث] cabinet مجلس وزرا۔ کابینہ (۲)

ریڈیو وغیرہ کا صندوقچہ / خول (۳) چھوٹی الماری۔ چھوٹا کمرا۔ کوٹھڑی۔

کَیپٹَن : [انگ امذ] captain (۱) ایک فوجی عہدہ۔ کپتان۔ سردار لیڈر۔ مکھیا (۲) جہاز کا کپتان۔ جنگی جہاز کا سردار (۳) کھیلوں میں کسی فریق کا سردار / لیڈر۔

کَیپسُول : [انگ امذ] capsule (۱) دوا وغیرہ کا لمبوترا خول (۲) خول (۳) بیج کا خانہ / ڈوڈا جو پکنے پر کھل جاتا ہے۔

کَیت : [ہ امذ] (۱) مجرم کے مارنے کا تازیانہ / کوڑا (۲) کیتھ اور کیتھا۔

کَیت : [ہ امذ] (۱) دُمدار ستارہ (۲) راہو ستارہ (۳) دیکھئے کیت ۱۔

کیتک / کیتکی : [ہ امث] کیوڑے کی قسم کا ایک پھول جسے ہندو شاعر بھونرے کا معشوق خیال کرتے ہیں (۲) اس کا درخت۔

کیتلی : [انگ امث] kettle (۱) بگاڑ۔ ایک ٹونٹی دار دستے والی دیگچی جس میں پانی وغیرہ گرم کرنے اور چائے وغیرہ پکاتے ہیں۔

کیتُو : [س امذ] (۱) نشان (۲) جھنڈا۔ عَلَم (۳) کوئی عجیب مشاہدہ (۴) دُمدار ستارہ۔ جھاڑو (۵) شہاب ثاقب

کیتھ / کیتھا : [ہ امذ] (۱) ایک درخت اور اس کا پھل جو بیل سے مشابہ ہوتا ہے (۲) ایک شراب جو اسی درخت کے پھل سے تیار ہوتی ہے

کیتھانا : [ہ امذ] کائستھوں کا محلہ / کی آبادی

کیتھولک : [انگ امذ] catholic (۱) عیسائیوں کا قدیمی فرقہ۔ رومن کیتھولک

کیتھی : [ہ امث] د۔ ہندی زبان جسے کائستھ لکھتے ہیں۔

کیٹ : [ہ امذ] (۱) مَیل جو تیل کی تہ میں بیٹھ جائے (۲) حُقّے کا میل (۳) چراغ کا گُل (۴) کیڑا۔

کیجا : [ہ امذ] بچوں کی زبان میں کلیجہ۔

کیجاجان : [ہ امث] (۱) دائی۔ دایہ (۲) وہ عورت جسے مثل دایہ سمجھتے ہیں (۳) نہایت عزیز۔

کیچ / کیچڑ : [ہ امث] (۱) گارا / کیچڑ / دلدل۔ گیلی مٹی (۲) آنکھ کا میل (۳) تلچھٹ۔

کیچڑ اچھالنا : [ا رمحاورہ] کسی پر کیچڑ پھینکنا (۲) اتہام لگانا۔ بدنام کرنا۔

کیچڑ کی کوڑی دانتوں سے اُٹھانا : [ا رمحاورہ] بہت بخیل ہونا۔

کیچڑ میں پھنسنا : [ا رمحاورہ] (۱) دلدل میں پھنسنا (۲) کسی جھگڑے میں مبتلا ہونا۔

کیچڑ میں لوٹنا : [ا رمحاورہ] ۱۔ شراب کے نشے میں کیچڑ میں جا گرنا۔ (۲) بھینس کا کیچڑ میں لیٹنا

کیچڑی : [ہ امث] بہت گاڑھی (جھنگ)

کیچل / کیچلی : [ہ امث] (۱) ایک قسم کا سفید سوراخدار پوست جو سانپ کے بدن سے اترتا ہے کینچل (۲) ایک قسم کا مہین کپڑا۔

کیچلی جھاڑنا / ڈالنا / گرانا : [ا رمحاورہ] سانپ کا اپنے جسم کا پوست اتارنا

کیچوا : [ہ امذ] (۱) ایک لمبا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ اسے کانٹے میں لگا کر مچھلیاں پکڑتے ہیں (۲) ایک قسم کا کیڑا جو پیٹ میں پیدا ہوتا ہے۔

کَید : [ع امذ] (۱) دھوکا۔ دغا۔ فریب (۲) مکر

کیدار : [ہ امذ] (۱) کھیت جس میں پانی بھرا ہو یا زیر کاشت ہو (۲) کیاری (۳) پہاڑ

کیدھر : [ا رحقلق نس] دیکھئے "کدھر"

کیڈٹ : [انگ امذ] cadet فوجی کالج کا طالب علم

کیرے آملے نہیں ہوتے : [ا رمقولہ] ہر چیز عمدہ اور بکینہ شریف نہیں ہو سکتا

کیر : [ف امذ] آلہ تناسل۔ عضو تناسل۔ ذکر۔

کیر خر / خرا : [ف امذ] وہ شخص جس کا ذکر گدھے کے ذکر کے برابر ہو

کیر مگس چہ خفتہ و چہ بیدار : [ف مثل] کمزور کا ہونا نہ ہونا برابر۔

کیرتن : [ہ امذ] ذکر۔ گفتگو۔ تعریف۔ (۲) سکھوں کی قوالی جس میں گرو گرنتھ کے اشلوک گائے جاتے ہیں۔

کیرا : [ہ۔ امث] وہ جس کی آنکھ نیلی یا فاختہ کے رنگ کی ہو (۲) بھینگا

کیر الین : [انگ امث] ایک قسم کا عمدہ کپڑا۔

کیری : [ہ امث] نیلی یا فاختہ کے رنگ کی آنکھ / کرنجی آنکھ والی عورت

کیری : [ہ امث] (۱) کچا آم (۲) ایک قسم کا ظرف جس میں عطر رکھتے ہیں۔ یہ آم کے مشابہ ہوتا ہے (۳) مصنوعی پھول جو کیری کی شکل کے بناتے ہیں

کیرم بورڈ : [انگ۔ امذ] ایک تختہ جس پر قرص نما گولوں سے کھیلتے ہیں۔

کیڑا : [ہ امذ] (۱) جانوروں کی چوتھی قسم۔ رینگنے والے جانور۔ کرم۔ گھن۔ دیمک (۲) سانپ بچھو (۳) ننھا بچہ (۴) وہ کیڑا جس کی وجہ سے علت اُبنہ ہو جاتی (۵) جمع کی صورت میں جوئیں۔ کھٹمل۔

کیڑا اُچھلنا : [ا رمحاورہ] علت اُبنہ کا زور ہونا۔

کیڑا دبانا : [ا رمحاورہ] اُبنہ والے کی خواہش مٹانا۔ چل مٹانا۔

کیڑا سا : [ا رصف] چھوٹا سا۔ دُبلا پتلا۔

کیڑا سی : [ا رصف] دُبلی پتلی چھوٹی سی۔

کیڑا کلبلانا : [ا رمحاورہ] خواہش نفسانی کا زور ہونا۔ چل مٹوانے کو دل چاہنا

کیڑا لگنا : [ا رمحاورہ] (۱) ریشمی / اونی کپڑے کو کیڑے کا کھا جانا (۲) دانت میں کیڑے کا سوراخ کرنا (۳) دیمک کا چاٹ جانا (۴) گھن لگنا۔

کیڑا کھایا : [ہ صف] وہ جسے کیڑے کھا جائیں (۲) وہ جسے جوئیں پڑ جائیں (۳) اُجڈ۔ گنوار۔

کیڑوں کا گھر : [ہ امذ] وہ سوراخ جو کیڑے بنا لیتے ہیں۔

کیڑی : [ا ر۔ امث] (۱) چیونٹی (۲) جونک

کیڑی والی : [ا ر۔ امث] [illegible] نے والی۔

کیڑے بہنا : [ا ر امث] سر میں کثرت سے جوئیں ہونا۔

کیڑے پڑنا : [ا ر۔ محاورہ] سڑ جانے سے کسی چیز میں کرم پیدا ہو جانا (۲) عیب ہونا۔ نقص ہونا۔

کیڑے ڈالنا : [ا رمحاورہ] عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔

کیڑے کا چاٹ جانا : [ا رمحاورہ] کپڑے کا کپڑے کو کھا جانا۔

کیڑے مکوڑے : [ا ر امذ] چھوٹے چھوٹے کیڑے۔

کیڑیاں لگانا : [ا رمحاورہ] جونکیں لگانا۔

کیس : [انگ امذ] case معاملہ۔ وقوعہ۔ حالات۔ کیفیت (۲) مقدمہ۔ دعویٰ۔ نالش۔ عرض حال (۳) مریض جو ڈاکٹر کے زیر علاج ہو۔ بیمار کی حالت مرض (۴) ڈھکنا۔ خانہ۔ پیٹی۔ بکس (۵) ٹائپ رکھنے کا خانہ اور بکس یا فریم (۶) نظیر۔ تمثیل۔ حوالہ۔

کیس : [ہ امذ] بال۔ سر کے بال (۲) سکھوں کے لمبے لمبے بال جو بڑھے کے بال۔ کلغی۔

کیسا : [ا، متعلق فعل] (۱) کس چیز کا۔ کس قسم کا (۲) کس کام کا (۳) کیوں۔ کس لئے (۴) کس قدر۔ کتنا۔ کس درجہ۔ از حد (۵) کس ڈھنگ سے (۶) استفہام انکاری کیا ذکر (۷) کہاں کا۔ کس کا۔

کیسا علاج کرتا ہوں : [ا، محاورہ] قرار واقعی سزا دوں گا۔ مزاج درست کر دوں گا۔

کیسا کیسا : [ا، متعلق فعل] طرح طرح سے۔ ہر طرح سے۔

کیسا ہی : [ا، متعلق فعل] کتنا ہی۔ کسی قدر۔ تا مقدور۔ کسی قسم کا ہی۔ کسی طرح۔

کیسر : [ھ، امث] زعفران۔ زرد رنگ کا ایک نہایت خوشبودار پھول۔

کیسری / کیسریا : [ھ، صفت] زعفرانی۔ زعفران کے رنگ کا۔

کیسری بانا : [ھ، امذ] زعفرانی پوشاک جو دولہا کو پہناتے ہیں۔

کیسریا بانا پہننا / کرنا : [ھ، محاورہ] قدیم رسم کے مطابق زعفرانی لباس پہننا جس سے یہ مراد ہوتی تھی کہ یا جنگ فتح کر کے آئیں گے یا میدان میں مارے جائیں گے۔

کیسہ : [ف، امذ] جیب۔ پاکٹ۔ تھیلا۔

کیسہ بُر : [ف، صفت] جیب کترا۔ اُچکا۔

کیسی : [ا، متعلق فعل] دیکھئے "کیسا"، جس کی یہ تانیث ہے۔

کیسی مسجد کیسا مندر جو دیکھو وہ دل کے اندر : [ا، مثل] جو کچھ ہے دل کے اندر موجود ہے۔ خدا ہر جگہ موجود ہے۔

کیسی ہو : [ا، محاورہ] بہت بُرا ہو۔ بُرا نتیجہ ہو۔

کیسی ہی : [ا، متعلق فعل] چاہے جس طرح کی۔ جتنی

کیسے : [ا، حرف استفہام] دیکھئے "کیسا"، جس کی یہ جمع ہے۔

کیسے کیسے : [ا، متعلق فعل] کس کس طرح کے۔

کیسے ہو : [ا، محاورہ] مزاج کیسا ہے۔

کیش : [انگ، امذ] cash نقد روپیہ۔ پیسہ۔ نقدی۔ روکڑ۔

کیش بک : [انگ، امث] cash book روکڑ بہی۔ نقد کے حساب کی کتاب۔

کیش : [ف، امذ] (۱) مذہب۔ دین۔ اعتقاد (۲) عادت۔ خصلت (۳) صفت وصف۔ طور طریقہ۔ ڈھنگ۔ روش (۴) ترکش۔ تیر دان۔

کیف : [ع، امذ] (۱) نشہ۔ خمار۔ سرور (۲) حالت۔ کیفیت (۳) کیونکر۔ کیسا۔

کیف وکم : [ع، صفت] کیسا۔ کتنا۔ مقدار اور خاصیت۔

کیفیٹیریا : [انگ، امذ] وہ طعام گاہ جہاں گاہک خود ہی فروخت کی چیز نکال کر استعمال کرتا ہے۔ اپنی خدمت خود کرتا ہے۔

کیفر : [ف، امذ] پاداش۔ بدلہ۔ بُرے کام کا بدلہ۔

کیفرِ کردار : [ف، امذ] کئے کی سزا۔ عمل کی پاداش

کیفرِ کردار کو پہنچنا : [ا، محاورہ] اپنی سزا کو پہنچنا۔ کئے کی سزا پانا۔

کیفی : [ع، صفت] متوالا۔ مدہوش۔ مخمور۔ سرشار۔

کیفے : [انگ، امذ] cafe قہوہ خانہ

کیفیت : [ع، امث] (۱) حالت۔ احوال۔ حقیقت (۲) عالم۔ رنگ۔ ڈھنگ (۳) اثر۔ شرح۔ تفسیر (۴) لطف۔ بہار۔ رونق (۵) نشہ۔ سرور

کیفیت آنا : [ا، محاورہ] لطف آنا۔

کیفیت اُٹھانا : [ا، محاورہ] لطف حاصل کرنا۔ مزا حاصل کرنا۔

کیفیت اُٹھنا : [ا، محاورہ] دیکھئے "کیفیت اٹھانا"، جس کا یہ لازم ہے

کیفیت بندوبست : [ص، امث] بندوبست کی رپورٹ۔ تحقیقات مکمل ہونے کی رپورٹ۔

کیفیت بیان کرنا : [ا، محاورہ] حالت بتانا۔ حال بیان کرنا۔

کیفیت جب ہے : [ا، محاورہ] لطف جب ہے۔

کیفیت دکھانا : [ا، محاورہ] تماشا دکھانا۔ لطف دکھانا۔

کیفیت دینا : [ا، محاورہ] لطف دینا۔

کیفیت دیکھنا : [ا، محاورہ] (۱) رونق دیکھنا۔ بہار دیکھنا (۲) حالت دیکھنا۔

کیفیت رکھنا : [ا، محاورہ] بامزہ ہونا۔ [illegible]یت ہونا۔

کیفیت طلب کرنا : [ا، محاورہ] استفسار کرنا۔ پوچھنا۔ سرکاری طور پر دریافت کرنا۔

کیفیت کرنا : [ا، محاورہ] لطف دکھانا۔

کیفیت کھلنا : [ا، محاورہ] لطف ظاہر ہونا۔

کیفیت لوٹنا : [ا، محاورہ] مزہ اُڑانا۔ مزہ لوٹنا۔

کیفیت ملنا : [ا، محاورہ] مزہ ملنا۔ مزہ آنا۔

کیفیت میں رہنا : [ا، محاورہ] نشہ میں رہنا۔

کیک : [انگ، امذ] cake ایک قسم کی انگریزی مٹھائی یا روٹی جو میدہ، انڈے، میوے وغیرہ ڈال کر سانچے کے ذریعے تنور میں پکاتے ہیں۔

کیک : [ھ، امث] چیخ۔ دیوانوں کی سی چیخ (افعال: مارنا۔

کیک باڑ : [ا، امذ، ق] جانوروں کا چارا۔

کیکر : [ھ، امذ] ببول کا درخت۔ مغیلاں۔

کیکری : [ھ، امث] (۱) کیکر کی تصغیر (۲) کنگری دار سلائی۔

کیکری بنانا / کاڑھنا : [ا، محاورہ] کپڑے پر کنگری بنانا یا چین بنانا۔

کیکڑا : [ھ، امذ] (۱) ایک آبی کیڑا جو بچھو سے مشابہ ہوتا ہے۔ سرطان (۲) برج سرطان۔

کیکڑا منڈل : [ھ، امذ] خط سرطان۔

کیکنا : [ھ، مص] بندر کا چیخنا۔ چلانا۔ پکارنا۔

کیل : [ھ، امث] (۱) میخ۔ لوہے کی کھونٹی (۲) پیپ کا ڈورا جو پھوڑے پھنسی سے نکلتا ہے (۳) لمبی کتری ہوئی چھالیہ جو بند کرنے کے لئے گلوری میں لگا دیتے ہیں (۴) ایک زیور جو عورتیں ناک میں پہنتی ہیں۔ جو لونگ سے مشابہ ہوتا ہے (۵) لوہے کی کیل جو چکی میں ہوتی ہے۔ وہ آم جو درخت کے سب آموں سے چھوٹا ہو (۷) مسام (۸) مغز۔

کیل ٹھکنا : [ا، محاورہ] دیکھئے "کیل ٹھونکنا"، جس کا یہ لازم ہے۔

کیل ٹھونکنا : [ا، محاورہ] کسی سخت چیز میں کیل گاڑنا۔

کیل ڈالنا : [ا، محاورہ] (۱) کیل پر منتر پڑھ کر اس کے ذریعے سے قابو کرنا (۲) بس میں لانا (۳) سانپ کو منتر کے زور سے ڈسنے سے روکنا۔

کیل کا کھٹکا نہ ہونا : [ا، محاورہ] کسی شے کا اندیشہ نہ ہونا۔ ایسا انتظام ہونا کہ کوئی کیل تک نہ چرا سکے۔

کیل کانٹا : [ا، امذ] (۱) اوزار۔ ہتھیار۔ اسلحہ (۲) ایک قسم کا زیور (۳) بچوں کا ایک کھیل (۴) بڑا خط۔ گھسیٹواں خط۔

کیل کانٹے سے درست / لیس ہونا : [ا، محاورہ] اپنا سامان لے کر تیار ہونا۔ مسلح ہونا

کیل کانٹے سے ہوشیار رہنا :[ا رمحاورہ] اپنے سامان کی حفاظت کرنا (۲) تیار رہنا۔

کیل گاڑنا :[ارمحاورہ] کسی چیز میں کیل داخل کرنا۔

کیل گھر :[ارامذ] مذبح۔

کیل نکالنا :[ارمحاورہ] پھنسی وغیرہ کو دبا کر جمی ہوئی پیپ وغیرہ نکالنا۔ (۲) گائے بھینس وغیرہ کے بیانے پر تھنوں میں سے جما ہوا دودھ نکالنا۔ (۳) مارنا پیٹنا۔ درست کرنا۔ مارتے مارتے گوہ نکال دینا۔

کیل نکلنا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کیل نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کیلا :[ارامذ] ایک درخت اور اس کا پھل جس کی پھلی لمبی اور میٹھی ہوتی ہے۔

کیلا :[ھ امذ] کھونٹا۔ بڑی میخ (۲) گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے دانت جن کے ذریعے سے وہ گوشت کاٹتے یا شکار پکڑتے ہیں۔

کیلا جانا :[ارمص] دیکھئے "کیل ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

کیلنا :[ارمص] (۱) منتر سے سانپ کو قابو میں کرنا (۲) مکان کے کونوں میں منتر پڑھ کر کیلیں گاڑنا تاکہ وہاں آسیب کا اثر نہ ہو (۳) کیلیں جڑنا یا ٹھونکنا (۴) آنے جانے سے روک دینا (۵) قابو میں کرنا (۶) جادو یا منتر کے زور سے کسی کو بولنے سے باز رکھنا۔

کیلچی :[ھ امث] دیکھئے "کیل" جس کی یہ تصغیر ہے۔

کیلشیم :[انگ۔ امذ] calcium چونا ایک کیمیاوی عنصر۔

کیلنڈر :[انگ امذ] calendar جنتری۔ تقویم۔ نظام۔ فہرست

کیلوری :[انگ۔ امذ] دیکھئے "حرارہ"

کیلوکس :[یوامذ] غذا کا معدے میں پہلا ہضم۔

کیلی :[ھ امث] (۱) لکڑی کی کھونٹی (۲) لوہے کی لاٹھ (۳) کشتی کا ایک داؤ۔

کیلی بارا چلانا :[ارمحاورہ] کنواں چلانا۔ کنوئیں سے بیلوں کے ذریعے پانی نکالنا۔

کیلی کا کھٹکا نہ ہونا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کیل کا کھٹکا نہ ہونا"

کیلی والا / کیلیا :[ارصف] (۱) وہ شخص جو کنوئیں کے بیل جوتتا ہے (۲) چرس نکالنے والا۔

کیلے کی گود / کیل :[ارامث] کیلے کی پھلیوں کا گچھا۔

کیلیاں :[ارامث] ایک قسم کا گیت جو اکثر مالی گاتے ہیں۔

کیمپ :[انگ امذ] camp پڑاؤ۔ چھاؤنی۔ لشکرگاہ۔ فوجی ڈیرا۔ خیمہ زن ہونا۔

کیمپس :[انگ۔ امذ] campus یونیورسٹی سے متعلقہ عمارات۔

کیمپ کلرک :[انگ امذ] camp clerk وہ محرر یا منشی جو لشکرگاہ میں آمدنی و خرچ وغیرہ کا حساب لکھتا ہے (۲) وہ منشی جو افسروں کے ساتھ دورے پر جاتا ہے۔

کیمخت :[ف امذ] گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کا چمڑا جس کو دانہ دار بنا کر سبز رنگ لیتے ہیں۔

کیمرا :[انگ امذ] camera عکسی تصویر کھینچنے کا آلہ (۲) بیچ کا پوشیدہ کمرا۔

کیمبرک :[انگ امث] cambric ایک قسم کا نہایت عمدہ کپڑا۔

کیمسٹ :[انگ امذ] chemist دواساز۔ دوا فروش۔

کیمسٹری :[انگ امث] chemistry علم کیمیا۔ رسائن ودیا

کیموس :[یوامذ] (۱) وہ رقیق شے جو جگر میں غذا کے دوسرے ہضم سے پیدا ہوتی ہے۔

کیمیا :[ع امث] (۱) رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا (۲) جھانا۔ رسائن۔ اکسیر (۳) خاصیت و ماہیت اشیاء کا علم۔ کیمسٹری (۴) [ا رصف] نہایت مفید۔ تیر بہدف۔ مفید مطلب۔

کیمیا اثر :[ف صف] کیمیا کا سا اثر رکھنے والی چیز۔ فوری اثر کرنے والی چیز۔

کیمیا بنانا :[ارمحاورہ] رسائن بنانا۔ چاندی کا سونا بنانا (۲) مطلب حاصل کرنا۔ آسانی سے روزی کمانا یا حاصل کرنا۔

کیمیا بننا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کیمیا بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

کیمیا ساز / گر :[ف صف] کیمیا بنانے والا۔ زرساز (۲) چالاک۔ مکار۔

کیمیا سازی / گری :[ف امث] دیکھئے "کیمیا ساز / گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کیمیا سمجھنا :[ارمحاورہ] اکسیر جاننا۔ نہایت مفید اور حسب مراد خیال کرنا۔

کیمیاوی :[ف صف] دیکھئے "کیمیا" جس سے یہ منسوب ہے۔

کیمیائے احمر :[ع۔ امث بترکیب فارسی] سرخ گندھک جو نایاب ہے اور جس کے متعلق خیال ہے کہ اس سے تانبے کا سونا بن جاتا ہے۔

کین :[ف۔ امث] (۱) بغض۔ عداوت (۲) حسد۔ کپٹ۔

کینال :[ار۔ امث۔ ق] متاع۔ پونجی۔

کینٹ :[انگ۔ امذ] دیکھئے "کنٹونمنٹ" جس کا یہ مخفف ہے۔

کینٹب :[انگ بعت] cantab انگلینڈ کی کیمبرج یونیورسٹی سے فارغ کیمبرج کا تعلیم یافتہ

کینٹین :[انگ۔ امث] canteen چھاؤنی، کارخانہ، کالج وغیرہ میں چھوٹی سی دکان جس میں کھانے پینے کا سامان مقررہ قیمت پر ملتا ہے۔

کینچلی :[ہ۔ امث] دیکھئے "کیچل / کیچلی"

کینچلی اتارنا :[ارمحاورہ] سانپ کا اپنے جسم سے خشک پوست اتارنا۔

کینچلی بدلنا :[ارمحاورہ] (۱) کینچلی اتارنا (۲) پوشاک بدلنا (۳) حالت پلٹنا

کینچلی بھرنا :[ارمحاورہ] سانپ کے جسم پر سے پوست اترنے کا زمانہ آنا۔

کینچلی جھاڑنا / ڈالنا :[ارمحاورہ] دیکھئے "کینچلی اتارنا"

کینچلی سی اتر جانا :[ارمحاورہ] (۱) پوشاک ڈھیلی ہونے کی وجہ سے آسانی سے اتر جانا (۲) خوبصورت نکل آنا۔

کینچلی کا لپکا :[ار۔ امذ] ایک قسم کا لپکا جو کھینچنے پر سانپ کی کینچلی کی طرح لمبا ہو جاتا ہے۔

کینچلی میں آنا :[ارمحاورہ] سانپ کا کینچلی اتارنے کو ہونا جب وہ بہت بھدا اور سست ہو جاتا ہے۔

کینچوا :[ہ۔ امذ] دیکھئے "کیچوا"

کینڈا :[ہ۔ امذ] (۱) نمونہ۔ پیمانہ۔ ڈول۔ اندازہ۔ خاکہ (۲) سرسری پیمائش۔

کینڈا کرنا :[ارمحاورہ] تخمینہ لگانا۔ سرسری پیمائش کرنا۔

کینڈا لینا :[ارمحاورہ] خاکہ اتارنا۔

کینڈل :[انگ۔ امث] موم بتی۔ شمع ۔ candle power

کینڈل پاور :[انگ امث] C..... بتی کی طاقت۔ روشنی کی پیمائش کی اکائی

کینسر ؛[انگ امذ] cancer ؛سرطان کی بیماری۔ بھگندر۔ ناسور۔ ناج پھوڑا۔ کیکڑا۔ خطِ سرطان (۲) خراب عادت جو ناسور کی طرح لاعلاج ہو گئی ہو۔

کینسل ؛[انگ امث] (CANCEL) قلم زد کرنا۔ منسوخ کرنا (افعال) کرنا۔ ہونا۔

کینگل ؛[ا مذ ق] ایک قسم کا میوہ جو جڑ کی شکل میں زمین میں بڑھتا ہے۔

کینوس ؛[انگ امذ] canvas کرمچ۔ ولایتی کپڑا یا ٹاٹ۔

کینہ ؛[ف امذ] حسد۔ بغض۔ عداوت۔ کپٹ۔

کینہ پرور/توز/خواہ/ور/کش ؛[ف صف] دل میں بغض رکھنے والا۔ کینہ رکھنے والا۔ دشمنی رکھنے والا۔ حاسد۔ کپٹی۔

کینہ پروری/توزی/خواہی/وری/کشی ؛[ف امث] دیکھئے "کینہ پرور وغیرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

کینہ رکھنا ؛[ا محاورہ] عداوت رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔

کینیا ؛[ا صف] مکار۔ خود غرض۔ فریبی۔

کیواں ؛[ف امذ] (۱) زحل ستارہ (۲) مجازاً ساتواں آسمان۔

کیوٹی ؛[ہ امث] ملی ہوئی دالیں۔

کیوریٹر ؛[انگ امذ] curator (۱) منتظم۔ مہتمم۔ نگہبان۔ محافظ (۲) رکن۔ مجلس انتظامیہ۔

کیوڑا ؛[ہ امذ] ایک درخت اور اس کے پھول کا نام جس کی خوشبو نہایت عمدہ ہوتی ہے (۲) کیوڑے کا عرق۔

کیوال ؛[س صف] ایک۔ واحد۔ اکیلا۔

کیولری ؛[انگ امث] cavalry گھوڑ سوار فوج۔ سواروں کا رسالہ۔

کیوں ؛[ا متعلق فعل] کس لئے۔ کس سبب سے۔ کس خاطر۔ کس وجہ سے۔ کس باعث۔

کیوں اندھا نیوتا، کیوں دو بلائے ؛[ا مثل] اپنی بیوقوفی سے دوگنا نقصان اٹھانے کی جگہ لیتے ہیں۔ یعنی اندھے شخص کو بلاؤ گے تو ایک کے ساتھ دوسرا بھی آئے گا۔

کیوں بے/کیوں رے ؛[ا متعلق فعل] حقارتاً کیوں جی۔

کیوں جان نکلتی ہے / کیوں دم نکلتا ہے ؛[ا محاورہ] کس لئے مرا جاتا ہے۔ کس لئے گھبراتا ہے۔ تجھے کیا غرض۔ تجھے کیا مطلب۔ تجھ کو کیا پڑی ہے۔

کیوں جی ؛[ا متعلق فعل] کیوں صاحب۔

کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو ؛[ا مثل] کس لئے طنز آمیز باتیں کرتے ہو۔ کس واسطے اس قدر اتراتے ہو۔

کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو ؛[ا مثل] کس لئے شرمندہ کرتے ہو۔

کیوں کر ؛[ا متعلق فعل] کس طرح۔ کس لئے۔ کیسے۔ کس بنا پر۔

کیوں کر ہو ؛[ا متعلق فعل] کیا سامان ہو۔ کیا تدبیر ہو۔ کیسے ہو۔

کیوں کہ ؛[ا متعلق فعل] اس لئے کہ۔ اس طرح کہ۔ حرف علت۔

کیوں کے/کیونکے ؛[ا متعلق فعل] دیکھئے "کیوں کر"۔

کیوں کیسی کہی ؛[ا محاورہ] کیسی انوکھی بات کہی۔

کیوں گولر کا پیٹ پھڑواتا ہے ؛[ا مثل] کیوں پوشیدہ بات یا عیب ظاہر کراتا ہے۔

کیوں مرے جاتے ہو ؛[ا محاورہ] کیوں گھبراتے ہو۔

کیوں مغز کھاتا ہے ؛[ا محاورہ] چپ رہو۔ بکواس نہ کرو۔

کیوں نہ ہو ؛[ا کلمہ تحسین] واہ واہ۔ سبحان اللہ۔

کیوں نہیں ؛[ا کلمہ اقرار] ہاں۔ ضرور۔ واقعی۔ بلاشبہ (۲) کیا وجہ۔ کیا سبب (۳) ایسا ہی ہے۔ کون انکار کر سکتا ہے۔

کیوں ہم نہ کہتے تھے ؛[ا محاورہ] آخر وہی بات ہوئی جو ہم کہتے تھے۔

کیہاں ؛[ف امذ] زمانہ۔ وقت۔ دنیا۔

کیہل ؛[ہ امث] شدید گرمی۔ گرمی جب ہوا بند ہو۔ حبس۔

گ

گ : [ف - اند] اس کا نام گاف ہے اور مزید وضاحت کے لیے اسے کاف فارسی کہتے ہیں۔

۱ - اردو حروف تہجی کا انتیسواں اور فارسی کا چھبیسواں حرف ہے۔ دیوناگری رسم الخط میں تیسرا ویخن ہے۔

۲ - یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳ - یہ آواز عربی میں نہیں پائی جاتی۔

۴ - حساب جمل میں اسے "کاف" کی ایک شکل سمجھتے ہوئے اس کے بیس عدد لئے جاتے ہیں۔

۵ - فارسی میں یہ مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے :

ا - ج کا بدل مثلاً جیلانی اور گیلانی میں

ب - د کا بدل مثلاً آرند اور آرنگ میں

ج - غ کا بدل مثلاً عزبال اور گربال میں

د - ق کا بدل مثلاً سرقین اور سرگین میں

ہ - ک کا بدل مثلاً کیہان اور گیہان میں

گ - ا

گا : [ہ - اند] ہندی موسیقی کے تیسرے سرگندھار کا مختصر نام

گا : [ار - لاحقہ مستقبل] لاحقہ مستقبل جو عموماً مضارع کے صیغہ کے بعد آکر اسے فعل مستقبل بنا دیتا ہے۔

گابھ : [ہ - اند] گودا ، - (۲) گابھ (۳) پیڑ کا نیا پتا۔

گابھ : [ہ - اند] حمل خصوصاً جانوروں کا۔

گابھا / گابا : [ہ - اند] (۱) پیڑ کا نیا پتا (۲) درخت کا گودا (۳) شگوفہ۔ پھول کا کٹورا (۴) کچی فصل کچی بال (۵) لکڑی کا گودا (۶) درخت کے پوست کا تازہ حصہ خصوصاً کیلے کا (۷) پرانی روئی جو لحاف میں سے نکالیں۔ (۸) وہ جگہ جہاں سے درخت کی دو یا زیادہ شاخیں ہوں۔

گابھن / گابھنی : [ہ - امث] مادہ حیوان جس کے پیٹ میں بچہ ہو (۲) حاملہ عورت

گابھنی گابھ ڈالتی ہے : [ار - محاورہ] بہت زیادہ رعب ہے۔ کہتے ہیں رعب سے بعض دفعہ حاملہ کا حمل ساقط ہو جاتا ہے۔

گابھی : [ہ - امث] ناؤ یا جہاز کا ایک پردہ جو بادبان کی قسم کا ہوتا ہے۔

گات : [ہ - اند] بدن جسم (۲) عورت کی دونوں چھاتیوں کی ہیئت بھری (۳) وضع اسلوب جسم کی خوش نمائی۔

گات ابھرنا / اُمنگنا [ار - محاورہ] عورت کے بالغ ہونے پر چھاتیوں / پستانوں کا نمودار ہونا۔

گات سے ہونا : [ار - محاورہ] حاملہ ہونا۔

گاتی : [ہ - امث] دوپٹے یا چادر کو اوڑھنے کا ایک طریقہ جس میں دوپٹے یا چادر کو دونوں کندھوں کے اوپر اور نیچے سے گزار کر سامنے گانٹھ باندھ دیتے ہیں۔ آج کل یہ بھی لگا لیتی ہیں۔ (افعال : باندھنا۔ مارنا۔ لگانا)

گاتے گاتے آدمی کلاونت ہو ہی جاتا ہے [ار - مثل] کام کرتے کرتے انسان ماہر ہو جاتا ہے۔

گاٹھی : [ہ - ق] دیکھئے گانٹھ

گاج : [ہ - امث] بجلی۔ برق۔ صاعقہ۔ گرج۔ (۲) غصہ۔ قہر۔ غضب (۳) دھمک (۴) کانچ کی چوڑی (۵) کانچ۔ شیشہ۔ جھاگ۔ پھین (افعال : پڑنا۔ گرنا)

گاج گرے : [ار - بددعا] بجلی گرے۔ خدا کا قہر نازل ہو۔

گاج مارا : [ار - صف] وہ جس پر بجلی پڑے۔ بدقسمت۔ بدبخت

گاجا باجا : [ہ - اند] ڈھول تاشے۔ نقارے۔ دھوم دھام

گاجر [ہ - امث] ایک ترکاری / میٹھی جڑ۔ جسے کچی بھی کھا لیتے ہیں۔ اچار اور حلوا بنایا جاتا ہے۔

گاجر بھتہ / بھتا [ہ - امث] ایک کھانا جو گاجر اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے

گاجر مولی [ار - صف] مجازاً بے وقعت۔ بے قدر (افعال : سمجھنا)

گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دینا / کاٹنا : [اردو محاورہ] بہت سے آدمیوں کا قتل کر دینا۔

گاجنا : [ار - مص] خوش ہونا۔ گرجنا۔ رعد کی آواز۔ شیر کا دھاڑنا۔ چنگھاڑنا

گاجنی / گاچنی : [ار - امث] وہ مٹی جو لکھنے کی تختیوں پر پھیرنے کے کام آتی ہے

گاچ : [ہ - امث] ایک قسم کا بہت باریک جالی دار کپڑا۔

گاد : [ہ - امث] تلچھٹ۔ تیل کے نیچے بیٹھی ہوئی مٹی یا میل

گاد اٹھانا [ار - محاورہ] تیل کے نیچے بیٹھی ہوئی میل کو ہلا کر اس میں گھول دینا تاکہ تیل میں مل جائے۔

گاد بیٹھنا : [ار - محاورہ] میل اور مٹی وغیرہ کا تیل کی تہ میں نیچے بیٹھ جانا۔

گادا : [ہ - اند] خام جو اور گیہوں کا بھنا ہوا خوشہ / قلعہ (۲) گیہوں اور جو جو خوشہ میں پکنے کے قریب ہو گئے ہوں۔

گادنا : [ہ - مص] دبانا۔ بھینچنا۔ ٹھونسنا۔ بھرنا

گاڈر : [انگ - اند] انگریزی GIRDER — کا بگاڑ۔ لوہے کا بڑا شہتیر۔

گاڈرو / گارڑو : [ہ - اند] (۱) سانپ کا زہر بذریعہ منتر اتارنے والا۔ (۲) سانپ پالنے والا۔ مداری۔

گار : [ف لاحقہ فاعلی] اسم فاعل کا لاحقہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ جیسے خدمت گار۔ مددگار

گارا : [ہ - اند] (۱) گندھی ہوئی مٹی۔ جس سے اینٹیں بناتے بھی ہیں اور چنتے بھی پلستر کرتے ہیں۔ لیپتے ہیں۔ برتن بناتے ہیں (۲) گارھ کھرج (۳) ایک راگنی (۴) لمبی کہانی / لمبا قصہ بیان کرنا

گارا بنانا / کرنا [ار - محاورہ] مٹی میں پانی ڈال کر گوندھنا

گارا گانا : [ار - محاورہ] راگنی گانا۔ لمبی کہانی کہنا۔ لمبا قصہ بیان کرنا۔

گارد : [انگ - اند] انگریزی GUARD — کا بگاڑ (۱) سپاہیوں کا دستہ جو حفاظت یا پہرا دینے کے لیے مخصوص ہو (۲) پہرے والا۔

گارڈ : [انگ - اند] (۱) ریل گاڑی کا دوران سفر ذمہ دار افسر (۲) محافظ۔

گارڈ آف آنر : [انگ - اند] وہ فوجی دستہ جو کسی بڑی شخصیت کو سلامی دیتا ہے

گارڈ روم : [انگ - امذ] وہ کمرہ جہاں پہرا دینے والے سپاہی ٹھہرے ہوئے ہوں / رہتے ہوں -

گارڈین : [انگ امذ] GUARDIAN - سرپرست - محافظ - ولی

گارڈینیا : [انگ امذ] GARDENIA ایک جھاڑی دار پودا جس کو بنگلوں اور کوٹھیوں میں آرائش کے طور پر لگاتے ہیں -

گاڈرو / گارڑی [ہ - امذ] دیکھئے گارڑو

گارنٹی : [انگ امث] GUARANTEE - ضمانت - کفالت - ذمہ داری - یقین دہانی -

گاڑا : [ہ - امذ] (۱) بندوق کی گولی (۲) گڑھا - نشیبی زمین - چھپنے کی جگہ - کمین گاہ / خندق - راجپوتوں / راہگیروں کا انتہائی گھنا فرقہ - ایک قسم کا موٹا اور گاڑھا کپڑا -

گاڑا بٹھانا : [ار - محاورہ] گھات میں بٹھانا - تاک میں بٹھانا - کمین گاہ میں بٹھانا -

گاڑا بیٹھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے گاڑا بٹھانا جس کا یہ لازم ہے

گاڑنا : [ار - مص] (۱) ٹھونکنا (۲) دبانا - دفن کرنا (۳) آگ کو راکھ کے نیچے دبانا (۴) پودا لگانا -

گاڑھ : [ہ - امث] (۱) مشکل - آفت - مصیبت - دشواری -

گاڑھ پڑنا : [ار - محاورہ] (۱) مشکل پڑنا - مصیبت پیش آنا -

گاڑھا : [ہ - امذ] (۱) موٹا - گھنا (۲) کثیف (۳) چالاک (۴) مضبوط (۵) پکا دوست / یار (۶) گہرا (۷) بھاری موٹا (۸) بہادر - دلیر (۹) ایک قسم کا موٹا کپڑا - کھدر (۱۰) لڑائی کا مست ہاتھی -

گاڑھا پردہ (ہ - امذ) وہ پردہ جو سجاوٹ کے لیے کیا جائے -

گاڑھا پسینہ : [ہ - امذ] محنت - مشقت

گاڑھا پن : [ہ - امذ] موٹا ہونا - کثافت

گاڑھا دھوتر : [ہ - امذ] موٹا کپڑا -

گاڑھا وقت : [ہ - امذ] مشکل اور مصیبت کا زمانہ

گاڑھی : [ہ - امث] دیکھیے گاڑھا - جس کی یہ تانیث ہے -

گاڑھی چھننا : [ار - محاورہ] (۱) بھنگ کا خوب گاڑھا چھانا جانا (۲) محبت ہونا - (۳) میل جول ہونا / گہری دوستی ہونا (۴) بے تکلفی اور مذاق میں ایک دوسرے کو گالیاں دینا (۵) بھنگ پی کر خوب نشے میں ہونا -

گاڑھی دوستی : [ہ - امث] پکا یارانہ - بہت میل جول -

گاڑھی کمائی : [ہ - امث] وہ مال دولت جو بہت محنت مشقت سے حاصل کیا ہو -

گاڑھی نیند : [ہ - امث] گہری نیند

گاڑھے : [ہ - امذ] دیکھئے گاڑھا جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے -

گاڑھے بیٹھنا : [ار - محاورہ] (ٹھگوں کی اصطلاح) گھات میں بیٹھنا -

گاڑھے پسینے کا پیسہ / کی کمائی : [ار - امث] وہ کمائی جو محنت مشقت سے کی گئی ہو -

گاڑی : [ہ - امث] وہ لکڑی لوہے وغیرہ کی چیز جو پہیوں پر چلتی ہے اور اس پر سوار ہوتے اور سامان لادتے ہیں (۲) ٹرین - ریل گاڑی - موٹر گاڑی - بیل گاڑی - گھوڑا گاڑی - سائیکل وغیرہ -

گاڑی آنا : [ار - محاورہ] ریل گاڑی کا ریلوے سٹیشن پر پہنچنا -

گاڑی بان / وان : [ار - امذ] گاڑی چلانے والا - کوچوان

گاڑی بھر : [ار - صف] اتنا جس قدر گاڑی میں آ جائے / گاڑی اٹھا سکے

گاڑی بھر آشنائی نہ جَو بھر ناتا : [ار - مثل] تھوڑی سی رشتہ داری بہت زیادہ دوستی سے بہتر رہتی ہے -

گاڑی بھر راستہ : [ار - امذ] اس قدر چوڑا راستہ جس پر سے گاڑی بلا دقت گزر سکے -

گاڑی جوتنا : [ار - محاورہ] گاڑی میں گھوڑا یا بیل وغیرہ لگانا (۲) کرایہ پر گاڑی چلانا

گاڑی چلانا : [ار - محاورہ] (۱) کوچوانی کرنا - گاڑی ہانکنا (۲) کرایہ پر گاڑی دینا یا خود چلانا -

گاڑی چھوٹنا : [ار - محاورہ] ریل گاڑی کا سٹیشن سے روانہ ہونا - مسافر کے سٹیشن پر پہنچنے سے پہلے گاڑی کا چلا جانا -

گاڑی خانہ : [ار - امذ] گاڑی رکھنے / کھڑا کرنے کا مکان - بگھی خانہ (دوگلا جنس ترکیب ہے)

گاڑی دیکھ کر پاؤں پھولتے ہیں : [ار - مثل] آرام کے لیے بہانہ - جب کوئی خود ہمت نہ کرے اور دوسروں کے سہارے چلے تو کہتے ہیں -

گاڑی سا ڈیل گھل جانا : [ار دو محاورہ] موٹے آدمی کا دبلا ہو جانا -

گاڑی کاٹنا : [ار - محاورہ] ٹرین میں سے ایک ڈبا علیحدہ کر دینا - گاڑی سے مال چوری کر لینا -

گاڑی کٹنا : [اردو محاورہ] دیکھئے "گاڑی کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے -

گاڑی کھینچنا : [ار - محاورہ] کنبے کا بوجھ یا کوئی ذمہ داری اپنے سر لینا -

گاڑی لیٹ ہونا : [ار - محاورہ] ریل گاڑی / وقت مقررہ کے بعد پہنچنا یا سٹیشن سے روانہ ہونا -

گاڑی ہانکنا : [ار - محاورہ] گاڑی کے بیلوں یا گھوڑے وغیرہ کو چلانا -

گازر : [ف - امذ] دھوبی -

گازری : [ف - امث] دھوبی کا پیشہ / کام

گاف : [ہ - امذ] (۱) حرف گ کا تلفظ اور نام (۲) بکواس (۳) بیہودہ باتیں حد سے بڑھ جانا -

گالف : [انگ - امذ] — (GOLF) ایک کھیل جس میں ایک چھوٹی سی گیند کو لکڑیوں سے مار کر گڑھے میں ڈالتے ہیں -

گاگر : [ہ - امث] پانی رکھنے کا لوہے یا پیتل کا گھڑا (۲) وہ مٹی کا برتن جس میں شربت بھر کر اوپر سے سرخ کپڑا ڈال کر باندھ کر پھول یا ہار ڈال کر مزاروں پر چڑھاتے ہیں -

گال : [ہ - امذ] (۱) رخسار - (۲) گفتگو - باتیں (۳) لقمہ - گھونٹ (۴) اناج کی مٹھی جو چکی میں ڈالتے ہیں - (۵) روٹی کا ٹکڑا -

گال بجانا : [ار - محاورہ] (۱) بیہودہ بکنا (۲) شیخی مارنا (۳) منہ سے بم بم کی آواز نکالنا -

گال پچک / پٹک / پچک جانا : [ار - محاورہ] گالوں کا بیٹھ جانا - دبلا ہو جانا -

گال پر گال چڑھ جانا / تہ چڑھنا : [ار - محاورہ] گالوں کا موٹاپے سے پھول جانا - بہت موٹا تازہ ہو جانا -

گال پر گال رکھ دینا / رکھنا : [ار - محاورہ] پیار کرنا

گال پھلانا : [ار - محاورہ] (۱) گالوں میں ہوا بھر کر اونچا کرنا (۲) رنجیدہ ہونا - غصہ کرنا منہ سُجانا -

گال توڑنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گال کاٹنا"
گال چھونا : [ار۔ محاورہ] گال کو ہاتھ سے مَس کرنا۔
گال کاٹنا : [ار۔ محاورہ] رُخسار پر دانت مارنا۔ زور سے بوسہ لینا کہ گال کٹ جائے (۲) گال پر چٹکی لینا (۳) نقصان پہنچانا۔
گال سُجانا : [ار۔ محاورہ] منہ سجانا۔ رُوٹھ جانا۔ غصّے میں ہونا
گال سُوجنا : [ار۔ محاورہ] کسی کیڑے کے کاٹنے، پھنسی پھوڑا ہو جانے یا تھپّڑ لگنے سے گال کا متورم ہو جانا۔
گال سے گال جدا نہ ہونا : [ار۔ محاورہ] وصل میں ہم آغوش ہونا۔
گال مَلنا : [ار۔ محاورہ] ہاتھ کو گال پر پھیرنا۔
گال نیلے ہونا : [ار۔ محاورہ] زیادہ بوسوں کی وجہ سے گالوں/رخساروں کا نیلے ہو جانا۔
گال ہنس بول لینا : [ار۔ محاورہ] دو کے ساتھ ہنسی مذاق کی باتیں کرنا۔
گال والا جیتے مال والا ہارے : [ار۔ مقولہ] زبان دراز کے آگے بھلے مانس کی کچھ نہیں چلتی۔
گالوں : [ار۔ مث] دیکھئے "گال" جس کی یہ جمع ہے۔
گالوں میں چاول بھرنا : [ار۔ محاورہ] کوئی شخص ڈینگ/طعن و طنز کی گفتگو کرے تو کہتے ہیں۔
گالوں میں چاول بھرے ہیں چبا چبا کے باتیں کرتا ہے : [ار۔ مثل] صاحب مقدور ہے اس لیے ایسی باتیں کرتا ہے۔
گالا : [ف۔ اند] دُھنکی اور صاف کی ہوئی رُوئی کی اتنی مقدار جو ایک ہاتھ میں آجائے (۲) اناج کی مٹھی جو چکّی میں ڈالیں۔
گالی : [ار۔ امث] بدزبانی۔ دشنام
گالی اور ترکاری کھانے کے واسطے ہیں : [ار۔ مثل] اگر کوئی گالی دے اور جھگڑا نہ بڑھانا ہو تو یہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں (۲) کوئی بزدلی کی وجہ سے چُپ رہے تو طنزاً کہتے ہیں۔
گالی چڑھانا : [ار۔ محاورہ] ایسا کلمہ کہنا جس سے سسرال کا فرضی رشتہ قائم ہوتا ہو۔ جیسے بغیر رشتہ قائم ہوئے کسی کو سسر یا ساس کہنا۔
گالی دینا/سنانا : [ار۔ محاورہ] (دیکھئے گالیاں دینا)
گالی دیئے سے گونگا بولے : [ار۔ مثل] بُری بات کوئی بھی نہیں سہارتا۔
گالی سُنوانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گالی سنانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
گالی گفتار/گلوچ/والی/گلوت : [ار۔ امث] باہمی دشنام دہی یا بدزبانی (افعال : کرنا۔ ہونا)
گالی مِلنا : [ار۔ محاورہ] گالی دی جانا۔
گالی نہیں : [ار۔ روزمرہ] بُری بات نہیں۔
گالے تریں پتھر ڈوبیں : [ار۔ مثل] نیک کامیاب ہوتے ہیں بُرے ناکامیاب۔
گالے ڈوبیں گے پتھر تریں گے : [ار۔ مثل] شریف ذلیل و خوار اور کمینے کامیاب ہوں گے۔
گالیاں : [ار۔ امث] دیکھئے گالی جس کی یہ جمع ہے۔
گالیاں بَکنا : [ار۔ محاورہ] فحش باتیں کہنا۔ بدزبانی کرنا۔ دُشنام دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔

گالیاں پانا : [ار۔ محاورہ] بُرا بھلا سُننا۔
گالیاں پڑنا : [ار۔ محاورہ] گالیاں دی جانا
گالیاں دینا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے گالیاں بکنا
گالیاں سُنانا : [ار۔ محاورہ] گالیاں دینا۔
گالیاں سہانیاں : [ار۔ مثل] پیاروں یا معشوقوں کی گالیاں جو اچھی معلوم ہوتی ہیں۔
گالیاں کھانا : [ار۔ محاورہ] دشنام سننا۔ بُرا بھلا سننا
گالیاں گھڑ گھڑ کے دینا : [ار۔ محاورہ] نئی نئی گالیاں دینا۔
گالیاں مِلنا : [ار۔ محاورہ] گالیاں پڑنا
گالیوں : [ار۔ امث] دیکھئے گالی جس کی یہ جمع اور متغیرہ صورت ہے۔
گالیوں پر اُتر آنا/چھوٹنا : [ار۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنے لگنا۔ گالیاں دینے لگنا۔
گالیوں پر زبان/منہ کُھلنا : [ار۔ محاورہ] گالیاں دینا۔
گالیوں پر زبان کھولنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گالیوں پہ زباں کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
گالیوں کا جھاڑ باندھنا/گالیوں کی بوچھاڑ کرنا : [ار۔ محاورہ] لگاتار گالیاں دیئے جانا۔
گالیوں کی بھرمار : [ار۔ امث] بے حد لگاتار گالیاں۔
گالیوں کے لچھے : [ار۔ اند] دیکھئے گالیوں کی بھرمار
گام : [ف۔ اند] قدم۔ پاؤں
گام : [ہ۔ اند] (۱) گاؤں۔ دیہہ۔ (۲) شہر۔ قصبہ (۳) ضلع
گامچی : [ف۔ امث]۔ گھوڑے کے ساز کا ایک حصّہ جو گام میں لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا ٹخنا۔
گام زن : [ف۔ صف] (۱) تیز رو (قاصد) (۲) تیز رفتار (گھوڑا)
گام زن ہونا : [ار۔ محاورہ] تیز چلنا۔
گام فرسائی : [ار۔ امث] تیز چلنا۔
گان : [ف۔ صف] (۱) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے اور۔ والا۔ صاحب کے معنی دیتا ہے۔ جیسے شایگان (۲) تعیّن عدد کے لیے جیسے دوگان (۳) جب اسم یا صفت ہائے ہوز پر ختم ہو۔ تو جمع کی نشانی ہے جیسے مردگاں۔ راندگاں
گانٹھ : [ہ۔ اند] (۱) اردو مصدر گانٹھنا سے صیغہ امر (۲) [امث] گرہ۔ (۳) جوڑ۔ بند (۴) گٹھڑی (۵) اَن بن۔ ناراضگی۔ کشیدگی (۶) ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کی گرہ (۷) لکڑی کی گرہ (۸) جڑ (۹) گنّے کی گرہ (۱۰) معاہدہ۔ وعدہ (۱۱) بڑا فدود (۱۲) جیب۔ پاکٹ۔ (۱۳) بٹوا۔ (۱۴) مشکل وقت۔ (۱۵) ناف (۱۶) گٹھلی کا گودا (۱۷) وہ محدود چار خانہ جسے عورتیں لکڑی کے اڈے پر چڑھا کر طرح طرح کے کشیدے کاڑھتی ہیں (۱۸) سازش۔ اتفاق (۱۹) بیاہ۔ شادی
گانٹھ اُکھڑنا : [ار۔ محاورہ] جوڑ ہل جانا۔
گانٹھ باندھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) یاد رکھنا (۲) بیاہ کرنا
گانٹھ پڑ جانا : [ار۔ محاورہ] ان بن ہو جانا۔
گانٹھ پڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گرہ لگ جانا (۲) طلائم کھلنے کا بستہ ہو جانا

(۳) ان بن ہونا ۔ (۴) نسبت ہونا ۔

گانٹھ جُدا گھر ساجھلا کُنبہ بارہ بانٹ : [ار۔ مثل] اگر ایک گھر میں سب بھائی اکٹھے رہیں اور اپنی کمائی جدا جدا رکھیں تو جھگڑے پیدا ہو جاتے ہیں ۔

گانٹھ جوڑنا : [ار۔ محاورہ] بیاہ کرنا ۔

گانٹھ چڑھنا : [ار۔ محاورہ] نات پڑنا

گانٹھ دار : [ار۔ صفت] جس میں گرہیں ہوں (اصولاً ترکیب غلط ہے)

گانٹھ دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) گرہ دینا (۲) گانٹھنا

گانٹھ ڈالنا : [ار۔ محاورہ] کسی چیز میں گرہ ڈال دینا ۔

گانٹھ سا ہے : [ار۔ مقولہ] موٹا تازہ ہے ۔ زور آور ہے ۔

گانٹھ سرکنا : [ار۔ محاورہ] نات پڑنا ۔

گانٹھ سے جانا : [ار۔ محاورہ] روپے کا نقصان ہونا ۔ جیب سے روپیہ نکل جانا

گانٹھ کا : [ار۔ صفت] ذاتی اپنے پاس کا ۔

گانٹھ کا پُورا : [ار۔ صفت] دولت مند ۔ مالدار

گانٹھ کا پورا : [ار۔ اند] گنے / بانس کا وہ پور جس میں گرہ ہو ۔

گانٹھ کا پورا آنکھ کا اندھا / گانٹھ کا پورا مت کا ہیٹا : [ار۔ مثل] بے وقوف مالدار ۔

گانٹھ کا پیسا : [ار۔ صفت] ذاتی روپیہ ۔ اپنا روپیہ

گانٹھ کا دیدے پر پیچ میں نہ پڑے : [ار۔ مثل] ضامن ہونا اچھا نہیں نقد دیدے ۔

گانٹھ کا دینا لڑائی مول لینا ہے : [ار۔ مثل] قرض دینا جھگڑے کا باعث ہوتا ہے ۔

گانٹھ کاٹنا : [ار۔ محاورہ] جیب کترنا ۔ ٹھگنا ۔

گانٹھ کا کھونا : [ار۔ محاورہ] (۱) اپنا نقصان کرنا (۲) فضول خرچی کرنا ۔

گانٹھ کترا : [ار۔ صفت] جیب کترنے والا ۔ گٹھ کترا

گانٹھ کترنا : [ار۔ محاورہ] جیب سے چوری کرنا ۔ چرانا

گانٹھ کٹنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گانٹھ کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے

گانٹھ کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) اپنی جیب میں رکھنا (۲) غبن کرنا (۳) جمع کرنا (۴) جوڑنا (۵) سازش کرنا ۔ اتفاق کرنا ۔

گانٹھ کھولنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گرہ کھولنا (۲) کینہ دور کرنا ۔ صفائی کر لینا ۔ (۳) خوب دل کھول کر خرچ کرنا

گانٹھ گرہ : [ار۔ امث] جیب

گانٹھ گرہ کچھ نہیں : [ار۔ مقولہ] مفلس ہے

گانٹھ گرہ میں ہونا : [ار۔ محاورہ] کسی کے پاس روپیہ ہونا

گانٹھ گٹھیلا : [ار۔ اند] وہ چیز جس میں بہت گرہیں ہوں ۔

گانٹھ لینا : [ار۔ محاورہ] (۱) لے لینا ۔ قبضے میں لینا (۲) ملا لینا ۔ ہم خیال کر لینا ۔

گانٹھ میں باندھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) لے لینا ۔ قبضے میں کرنا (۲) عبرت حاصل کرنا ۔ نصیحت یاد رکھنا ۔

گانٹھ میں پیسا / پیسہ نہ رکھنا : [ار۔ محاورہ] سب خرچ کر دینا ۔

گانٹھ میں پیسا نہ رہنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گانٹھ میں پیسہ نہ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گانٹھ میں پیسا / کوڑی نہیں بانکے پور کی سیر : [ار۔ مثل] مفلس شوقین کی نسبت کہتے ہیں ۔

گانٹھ میں رکھنا : [ار۔ محاورہ] قبضے میں کرنا ۔ جیب میں ڈالنا ۔

گانٹھ میں نہ گرہ میں جوتن پور کا بھاٹا : [ار۔ مثل] مفلسی میں شوقین مزاجی ۔

گانٹھ میں ہونا : [ار۔ محاورہ] اپنے قبضے میں ہونا ۔ جیب میں ہونا ۔

گانٹھا : [ار۔ اند] بھوسہ اور اناج ۔ گرہ دار حصہ

گانٹھنا : [ار۔ مص] (۱) باندھنا (۲) جوڑنا (۳) جوتا سینا ۔ جوتے کی مرمت کرنا ۔ (۴) دانوں وغیرہ کو دھاگے میں ایک دوسرے کے برابر فاصلہ پر پرونا (۵) حریف کو قابو میں رکھنا / لانا (۶) کسی کو ساتھ ملا لینا ۔ متفق کرنا (۷) حریف کی مزکبے کسی چیز پر روکنا ۔ (۸) مضمون تیار کرنا ۔ لکھنا ۔ (۹) بُری طرح سینا ۔ (۱۰) قاعدہ ۔ سلسلہ میں جوڑنا ۔

گانجا : [ہ۔ اند] (۱) بھنگ کا پودا (۲) اس کے بیج جو حقے پر چلم میں رکھ کر پیتے ہیں

گانجنا : [ہ۔ مص] (۱) جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا (۲) ڈھیر کرنا (۳) ملانا ۔ پیٹنا (۴) بلونا ۔

گانجو : [ہ۔ اصف] وہ جو بہت گانجا پیئے ۔

گانجے کا دُم [ہ۔ اند] گانجے کا کش ۔ گانجے کا دھواں ۔

گانجے والا : [ہ۔ اند] گانجا پینے والا ۔ گانجا بیچنے والا ۔

گانڈ : [ار۔ امث] جسم کا وہ سوراخ جس سے پاخانہ خارج ہوتا ہے ۔ مقعد ۔ کون ۔ گانٹر ۔

گانڈ پونچھنا : [ار۔ محاورہ] بچے کی مقعد کو کپڑے سے پونچھنا ۔ انگریزی طریقے پر کاغذ سے صاف کرتے ہیں ۔

گانڈ پھاڑنا : [ار۔ محاورہ] ناک میں دم کرنا ۔ ستانا ۔ دق کرنا (۲) ڈرانا

گانڈ پھٹ جائے مگر چوتڑ نہ ہلے / ہٹے : [ار۔ مثل] کچھ بھی ہو مگر مستقل مزاجی میں فرق نہ آئے ۔

گانڈ پھٹ کر حوض ہو جانا : [ار۔ محاورہ] بہت ڈرنا ۔ ودالا نکل جانا ۔

گانڈ پھٹنا : [ار۔ محاورہ] کسی سے بہت ڈرنا ۔ تنگ ہونا ۔ دق ہونا

گانڈ چاٹنا : [ار۔ محاورہ] بہت خوشامد کرنا ۔

گانڈ چلنا : [ار۔ محاورہ] دست آنا ۔

گانڈ دھونا نہ آنا : [ار۔ محاورہ] (۱) بالکل بے تمیز ہونا ۔ ذرا سلیقہ نہ ہونا (۲) معمولی کام سے بھی واقفیت نہ ہونا ۔

گانڈ رگڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) سخت محنت کرنا (۲) کوئی کام مدت تک کرنا ۔ (۳) خوشامد کرنا ۔

گانڈ سے گھوڑا کھولنا / کل کترنا / اُسترے اُٹھانا : [ار۔ محاورہ] ناممکن کام کے لیے بے حد کوشش کرنا ۔

گانڈ غلامی : [ار۔ امث] بے حد محنت ۔ خوشامد (افعال : کرنا ۔ ہونا)

گانڈ کی خبر نہ رہنا : [ار۔ محاورہ] بے خبر ہو کر سونا ۔

گانڈ گردن ایک ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) محنت کرتے کرتے تھک جانا ۔ (۲) بہت موٹا ہو جانا ۔

گانڈ گلے میں آجانا : [ار۔ محاورہ] (۱) اپنے ہاتھوں آپ بلا میں پھنسنا (۲) تنگ آجانا ۔ عاجز آجانا ۔

گانڈ لنگوٹی نام فتح خاں : [ار۔ مثل] مفلسی میں شیخی۔
گانڈ مارنا : [ار۔ محاورہ] اغلام کرنا۔ بدفعلی کرنا۔
گانڈ مرانا/مروانا : [ار۔ محاورہ] اغلام کرانا۔
گانڈ مرانی : [ہ۔ صف] فاحشہ۔ بدکار عورت۔
گانڈ مراؤ : [ہ۔ اند] دیکھئے "گانڈو"
گانڈ میں گھسا جانا/گھس جانا : [ار۔ محاورہ] خوشامد کرنا۔
گانڈ میں گوہ نہیں اور کوتے مہمان : [ار۔ مثل] مفلسی میں فضول خرچی۔
گانڈ میں لنگوٹی تک نہ رہنا : [ار۔ محاورہ] سخت مفلس ہونا۔
گانڈ میں لنگوٹی نہ سر پر ٹوپی : [ار۔ مثل] نہایت مفلس۔
گانڈ نہ دھوئے سوا دھجا ہوئے : [ار۔ مثل] جادوگر۔ سفلی/کالے علم والے مقعد صاف نہیں کرتے بلکہ ہر وقت ناپاک رہتے ہیں۔
گانڈ نہ ہوتی تو اولیا ہوتے : [ار۔ مثل] جاہلوں کا خیال ہے کہ دل کے نفع نہیں ہوتی۔ کوئی کسی بات کی پیشین گوئی کرے تو کہتے ہیں۔
گانڈا : [ہ۔ اند] گنا۔ نیشکر۔
گانڈر/گانڈل : [ہ۔ امث] ایک قسم کی گھاس۔ جس کی جڑ خس کہلاتی ہے۔
گانڈو : [ہ۔ اند] وہ شخص جو گانڈ مرائے/اغلام کرائے۔ (۲) ڈرپوک۔ بزدل (۳) نامرد۔
گانڈو کا حمایتی بھی ہارا ہے : [ار۔ مثل] نامرد کا ساتھی بھی زک اٹھاتا ہے۔
گانڈو ہاتھی اپنی ہی فوج کو مارتا ہے : [ار۔ مثل] اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو مقابلے سے بھاگ جائے اور اپنے ہی ہمراہیوں کو نقصان پہنچائے۔
گانٹر : [ہ۔ امث] دیکھئے "گانڈ" مرکبات و محاورات
گانٹر الاہو کو پڑنا : [ار۔ محاورہ] بے خبر ہو کر سونا۔
گانسا : [ہ۔ اند] انگوٹھے اور انگلیوں کے درمیان کا حصہ/زاویہ
گانسنا : [ہ۔ مص] (۱) گھیر لینا۔ پھنسانا (۲) پھوڑنا۔ آر پار۔ آر پار سوراخ کرنا
گانسی : [ہ۔ امث] تیر کا لوہے کا پھل
گانکن : [ہ۔ امث] دنبل۔ پھوڑا جس کا منہ نہ ہو۔
گانو گانوں : [ار۔ اند] لکھنو۔ دیکھئے "گاؤں" جو زیادہ مشہور ہے۔
گانہ : [ف۔ صف] مرکبات میں اعداد کے ساتھ آ کر گنا کے معنی دیتا ہے جیسے دوگانہ۔ پنجگانہ۔ گونہ کا مخفف ہے۔
گانی : [ہ۔ صف] گانے والی۔
گاؤ : [ف۔ امث] دیکھئے "گائے"
گاؤ بہل : [ف ہ۔ امث] بہلی۔ بیل گاڑی (ترکیب غلط ہے)
گاؤ پچھاڑ : [ار۔ اند] کشتی کا ایک داؤ جس میں حریف کی گردن پکڑ کر مروڑ کر گرا دیتے ہیں۔ ایک طریقہ جس سے قصاب گائے کو پچھاڑتے ہیں۔
گاؤ پرواری : [ف۔ امث] گھر کا پلا ہوا بیل۔ موٹا تازہ بیل۔
گاؤ پشت : [ف۔ صف] (۱) مخروطی (۲) آسمان
گاؤ پلنگ : [ف۔ اند] زرافہ۔
گاؤ پیکر : [ف۔ صف] گائے کے بدن کا۔ (۲) فریدوں کے گرز کا نام
گاؤ تکیہ : [ار۔ اند] لمبا اور بڑا تکیہ جس کو پس پشت لگا کر بیٹھتے ہیں۔
گاؤ چرائی : [ار۔ امث] (۱) چراگاہ (۲) چرانے کی اجرت (۳) محصول جو چراگاہ سے لیں۔
گاؤ چشم : [ار۔ اند] ایک پھول جسے انگریزی میں ڈیزی کہتے ہیں۔ (۲) صف بڑی بڑی آنکھوں والا۔
گاؤ چہرہ : [ف۔ صف] جس کا چہرہ گائے کی طرح ہو۔ (۲) فریدوں کے گرز کا نام۔
گاؤ خانہ : [ف۔ اند] (۱) مویشی گھر۔ طویلہ (۲) وہ جگہ جہاں مردہ جانور کا چمڑہ اتارتے ہیں۔
گاؤ خراس : [ف اند] چکی یا کولھو کا بیل۔
گاؤ خورد ہونا : [ار۔ محاورہ] تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ ضائع ہونا۔
گاؤ دارو : [ہ۔ اند] دیکھئے "گاؤ زہرہ"
گاؤ دل : [ف۔ صف] بے وقوف احمق۔
گاؤ دم : [ف۔ صف] (۱) مخروطی (۲) مث) ترقی۔ قرنا (۳) مخروط
گاؤ دیدہ : [ف۔ صف] ایک قسم کی گول روئی جو گائے کی آنکھ کے مشابہ ہوتی ہے۔
گاؤ رنگ : [ف۔ صف] گائے کے رنگ کا۔
گاؤ زبان : [ف۔ اند] ایک مشہور دوا جس کے پتوں پر گائے کی زبان کی طرح ابھار ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا لمبوترا پراٹھا جو تنور میں پکایا جاتا ہے۔
گاؤ زر/زریں : [ف اند] سونے کا پیالہ جس کی شکل گائے کے مشابہ ہوتی ہے (۲) گاؤ سامری۔
گاؤ زمین : [ف۔ اند] ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق وہ گائے جس کے سینگ پر زمین کھڑی ہے۔ جب تھک کر وہ سینگ بدلتی ہے تو بھونچال آ جاتا ہے۔
گاؤ زور : [ف۔ صف] طاقت ور۔ سینہ زور۔ شہزور (۲) وہ شخص جو بہت طاقت ور/زور آور ہو مگر داؤ پیچ نہ جانتا ہو۔
گاؤ زوری : [ف۔ امث] دیکھئے "گاؤ زور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال: کرنا۔ ہونا)
گاؤ زوریاں دکھانا : [ار۔ محاورہ] طاقت کے کرتب دکھانا۔ طاقت آزمانا
گاؤ زہرہ : [ف۔ اند] تکون پتھر/پتھری جو گائے کے پتے میں سے نکلتی ہے اور دوا کے طور پر مستعمل ہے۔
گاؤ سار/سر : [ف۔ صف] (۱) گائے کے سر کی شکل کا (۲) فریدوں کا گرز۔
گاؤ سامری : [ف۔ اند] وہ بچھڑا جو سامری نے سونے کا بنایا تھا۔ اور حضرت جبرائیل کے پاؤں کی مٹی اس کے منہ میں ڈالی تھی جس کی وجہ/برکت سے وہ بولتا تھا۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام طور پر گئے تو اس نے بنی اسرائیل کو اس کی پوجا پر لگا دیا تھا۔
گاؤ شماری : [ف۔ امث] مویشیوں کی گنتی جو تمام دنیا میں ہر پانچ سال کے بعد ہوتی ہے۔
گاؤ عنبر : [ف۔ اند] عنبر جسے ایرانی سمندر کی گائے کا جما ہوا دودھ سمجھتے ہیں
گاؤ فلک/گردوں : [ف۔ اند] برج ثور۔ برکھ
گاؤ کشی : [ف۔ امث] گائے کو ذبح کرنا۔ گائے کا ذبیحہ
گاؤ گاہ گاہ۔ ماہی ہر ماہ۔ بجز ہر ہر بیگاہ : [ف معقولہ] طبیبوں کا

خیال ہے کہ گائے کا گوشت کبھی کبھی، مچھلی ہر ماہ ایک بار اور بکری کا گوشت روزانہ کھانا چاہیے۔

ادہ : [ف۔ امث] گائے۔

ماہی : [ف۔ امث] ایک جانور جو نصف مچھلی اور نصف بیل ہے۔ جس کے متعلق ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ زمین اس کے سینگ پر کھڑی ہے (۲) ایک مچھلی جس کے اوپر گائے ہے جس کے سینگ پر زمین کھڑی ہے۔ (ہندوؤں کے عقیدے میں)

مکھ : [ار۔ امذ] پٹا بازی میں ایک خاص طریقے پر کھڑا ہونا۔ گائے کا چہرہ جو اکثر پہاڑوں میں پانی نکلنے کی جگہ بنا دیتے ہیں۔

مکھ و دمچ : [ار۔ امذ] تلوار اور سپر لے کر دونوں ہاتھوں کو برابر اور کشادہ رکھ کر حریف کی طرف جسم دے کر دونوں ہاتھوں کو حرکت دے کر دھوکے سے حریف پر چوٹ کرنا۔

میش : [ف۔ امث] بھینس

را : [ہ۔ صف] گائے کا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے گادا گوشت مانس / گھی / مکھن)

ارا : [ف۔ مذ] گہوارہ

رُدمی : [ف۔ صف] بے وقوف۔ احمق

کھپ / گماؤ کھپ : [ہ۔ صف] (۱) دغا باز (۲ امذ)۔ غبن تغلب (افعال: کرنا۔ ہونا)

ڈکھپو : [ہ۔ صف] (۱) دغا باز۔ غبن کرنے والا (۲) خوشامدی (۳) مزہ لینے والا۔

ڈلی : [ہ۔ صف] گوالا۔ گائے چرانے والا

اہ : [ف۔ امث] (۱) جگہ۔ مکان۔ مقام (۲) وقت (۳) باری (۴) مرکبات میں جیسے شکارگاہ۔ کمین گاہ۔ گاہ (متعلق فعل) کبھی

ہ بار : [ف امذ] پارسیوں کے عقیدے کے مطابق چھ دن / زمانے جن میں خدا نے دنیا کو پیدا کیا تھا۔

اہ بگاہ / بیگاہ : [ف متعلق فعل] وقت۔ بے وقت۔ کبھی کبھی

اہ گاہ / گاہے : [ف متعلق فعل] کبھی کبھی

گاہک : [ف امذ] خریدار۔ گاہنک

گاہک اور موت کا ٹھیک پتہ نہیں کہ کب آئے / آجائے [ار مثل] دونوں کے آنے کا کوئی وقت نہیں جب چاہے آجائیں۔

گاہکی : [ف۔ امث] خریداری

گاہکی پٹنا : [ار۔ محاورہ] سودا بن جانا۔ معاملہ ہو جانا۔

گاہن : [ہ۔ امذ] (۱) ایک قسم کا سرہون جس سے ہل چلاتے وقت کھیت کی گھاس نکالتے ہیں (۲) چاول کی کاشت کی تیاری کے لیے کھیت میں پانی میں ہل چلانا۔ پنجابی: کدو کرنا۔ کدو

گاہنا : [ہ۔ مص] (۱) بالیوں کو کچل کر گیہوں نکالنا (۲) تلاش کرنا (۳) ڈھونڈنا (۴) پھرنا (۵) بجھانا۔

گاہوار : [ف۔ امذ] گہوارہ

گاہی : [ہ۔ امث] پانچ کا مجموعہ۔ پانچ

گاہے : [ف متعلق فعل] کبھی

گاہے باشد کہ کودکے ناداں۔ زغلط بر ہدف زند تیرے [ف مقولہ] بچہ غلطی سے نشانے پر تیر مار دیتا ہے۔ جب کوئی شخص اتفاقیہ صحیح بات کہہ دیتا ہے تو کہتے ہیں۔

گاہے تولہ گاہے ماشہ [ف مقولہ] متلون مزاج شخص کے متعلق کہتے ہیں جو دم بدم طبیعت بدلتا ہے۔

گاہے گاہے / ماہے [ف متعلق فعل] کبھی کبھی۔ بہت

گاؤں : [ہ۔ امذ] موضع۔ دیہہ۔ بستی۔ (س) گرام

گاؤں استھان : [ہ۔ امث] گاؤں کی آبادی کی جگہ۔ چاہے آباد ہو یا غیر آباد۔

گاؤں اور کا۔ ناؤں اور کا [ار مثل] بیگانی چیز سے اپنی شہرت۔

گاؤں باسی : [ہ امذ] گاؤں کے رہنے والا۔ دہقان۔ کسان

گاؤں باٹ / بانٹ / بٹ [ہ۔ امث] گاؤں کی تقسیم۔ گاؤں میں تعلقہ کی تقسیم۔

گاؤں بستے بھُوتنے شہر بسنے دیو۔ [ہ مثل] گاؤں میں بھُتنے بستے ہیں اور شہر میں دیوتا۔ دیہاتیوں کی شرارتوں اور جھگڑوں پر طنز ہے۔

گاؤں بھاگے پگھیا لاگے : [ہ مثل] فصل تیار ہے اور گاؤں والے غیر حاضر ہیں۔ زمینداروں کی بے پروائی پر طنز ہے۔

گاؤں تمہارا ناؤں ہمارا : [ار مثل] خرچ کسی کا شہرت کسی کی

گاؤں خرچ / خرچہ / کا اٹھاؤ : [ہ۔ امذ] وہ خرچ جو نمبردار کو مالگزاری تحصیل کرنے یا کسی اور وجہ سے گاؤں سے متعلق کرنا پڑتا ہے۔

گاؤں ڈوبا جائے سوانے کی لڑائی : [ار مثل] زمیندار معمولی جھگڑوں میں بہت سا روپیہ خرچ کر دیتے ہیں۔ اور مفید کاموں سے بے پروا رہتے ہیں۔

گاؤں کا جوگی جوگنا آن گاؤں کا سدھ : [ہ مثل] وطن میں انسان کی قدر نہیں ہوتی۔

گاؤں کی آبادی : [ار۔ امث] آبادی دیہہ (۲) گاؤں کے لوگ (۳) وہ زمین جس میں گاؤں آباد ہے اور کاشت ہوتی ہے۔

گاؤں کی بولی : [ار۔ امث] وہ بولی / زبان جو گاؤں والے بولتے ہیں۔

گاؤں کے کنور ہے منہ میں خاک پیٹ میں ڈھیلے (ردو ٹسے) گاؤں کے لوگ عموماً غریب ہوتے ہیں۔

گاؤں گیا سوتا جاگے : [ہ۔ مثل] جس طرح سوئے ہوئے کا پتہ نہیں کب جاگے اسی طرح مسافر کے واپس آنے کا کوئی پتہ نہیں۔

گاؤں گئے کی بات ہے : [ار۔ مقولہ] جب تک دیکھیں نہیں یقین نہیں آتا۔

گاؤں مرا بلا سے ہاتھی تو دیکھا : [ار مثل] ذرا سے نفع کے واسطے بہت سا نقصان برداشت کرنا۔

گاؤں میں پڑی مری اپنی اپنی سب کو پڑی : [ار مثل] مصیبت کے وقت کوئی کسی کی مدد نہیں کرتا۔ سب کو اپنی اپنی پڑی ہوتی ہے۔

گاؤں میں دھوبی کا چھیل : [ار۔ مثل] دھوبی کا لڑکا گاؤں میں بانکا ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کے کپڑے سفید۔ دُھلے ہوئے اور اُجلے ہوتے ہیں۔

گاؤں میں گھر نہ جنگل میں کھیتی : [ار۔ مثل] سخت مفلس۔

گاؤں ۔ ناؤں ۔ ٹھاؤں : [روزمرہ] اپنا پتہ بتاؤ

گاؤں والی/والا : [ہ ۔ امذ] دیکھیے "گاؤں باسی"

گاؤنٹا : [ہ ۔ امذ] دیکھیے "گاؤں خرچ"

گاؤنٹی : [ہ ۔ صف] گاؤں کی ۔

گائے : [ا ر ۔ امث] بیل کی مادہ ۔ ایک مشہور چوپایہ جو سفید ، زرد سیاہ یا ملے جلے رنگوں کا ہوتا ہے ۔ اس کا دودھ عموماً پیتے ہیں ہندو لوگ اسے بہت متبرک ، مقدس اور پاک سمجھتے ہیں ۔ یہاں تک کہ اس کے گوبر اور پیشاب سے اپنے آپ یا چیزوں اور جگہ کو پاک کرتے ہیں (۲) [صف] غریب ۔ بے زبان ۔

گائے دُوب سے سلوک کرے یا کھائے : [ہ مثل] جو آدمی کسی کا لحاظ کرے نقصان اٹھاتا ہے ۔

گائے کا دودھ سو مائے کا دودھ : [ہ ۔ مثل] گائے کا دودھ ماں کے دودھ کی طرح مفید ہے ۔

گائے کا بچھیا تلے ، بچھیا کا گائے تلے کرنا / گائے کا بھینس تلے ، بھینس کا گائے تلے کرنا } [ار ۔ محاورہ] جوڑ توڑ کرنا

گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے : [ار ۔ مثل] انسان کو اپنے اہل و عیال کی پرورش ناگوار نہیں ہوتی ۔

گائے کی طرح کانپنا : [ار ۔ محاورہ] بہت ڈرنا ۔ ڈر سے لرزنا ۔

گائے نہ آوے بچھوے لاج : [ہ ۔ مثل] اپنی اولاد چاہے کیسی بدشکل ہو بری معلوم نہیں ہوتی ۔

گائے نہ بچھی نیند آوے لیچھی : [ار ۔ مثل] مفلسی میں آدمی کو چوروں کا ڈر نہیں ہوتا اور بے فکر سوتا ہے ۔

گائے نہ ہو تو بیل دوہو : [ار ۔ مثل] جس طرح ہو گزارہ کرنا چاہیے

گائیدہ : [ف ۔ صف] وہ جس نے اپنی بکارت کھو دی ہو (۲) وہ کنواری لڑکی جس نے شادی سے پہلے زنا کرا لیا ہو ۔

گائیڈ : [انگ ۔ صف] GUIDE ۔ رہنما ۔ رہبر ۔ بدرقہ (۲) وہ کتاب جس میں مشکلات کا حل درج ہو

گائیتری : [س ۔ امث] وید کا ایک مشہور منتر جس کو دل ہی دل میں پڑھتے ہیں ۔

گایک : [س ۔ صف] یہ گویا ۔ مغنی ۔ گانے والا

گاین / گائن : [ہ ۔ صف] دیکھیے "گایک" جس کی یہ تانیث ہے ۔

گ ـــ ب

گَب : [ہ ۔ امذ] (۱) حمل ۔ گربھ (۲) [امث] گائے

گبا : [ہ ۔ امذ] (۱) ایک قسم کا روئی دار اور ملائم بچھونا

گبد : [ہ صف] بیوقوف ۔ احمق ۔ کم عقل ۔

گبدا : [ہ ۔ صف] موٹا تازہ ۔ گوشت سے بھرا ہوا ۔

گبدو : [ہ ۔ صف] موٹا تازہ آدمی

گبر : [ف ۔ امذ] آتش پرست ۔ پارسی

گبر : [ہ ۔ صف] مغرور ۔ متکبر (۲) امیر ۔ دولت مند

گبرو : [ہ ۔ صف] (۱) جوان ۔ نوخیز جس کی ڈاڑھی ابھی نہ اُگی ہو (۲ ۔ مذ) بچہ ۔ طفل (۳) دولہا ۔

گبرو جوان : [ہ ۔ امذ] نوجوان آدمی ۔ مرد جوان

گبرو جوان بڑی آن بان : [ار مثل] خوبصورت اور شکیل کی بڑی شان اور بڑے دماغ ہوتے ہیں ۔

گبروتا / گبروٹا / گبرولا / گبروندا / گبری / گبریلا : [ہ ۔ امذ] ایک سیاہ کیڑا جو گوبر کے گول ٹکڑے کاٹ کر لے جاتا ہے اور ان میں انڈے دیتا ہے

گبر گبر : [ہ ۔ امذ] وہ آواز جو نگلنے میں نکالی جاتی ہے ۔

گبرون : [ہ ۔ امذ] ایک قسم کا موٹا کپڑا جس سے قمیص بنتے ہیں ۔

گب گب : [ہ ۔ امذ] گبر گبر

گبھا : [ہ ۔ امذ] دیکھیے "گچا"

گبھانا : [ہ ۔ مص] چبھونا ۔ گھونپنا ۔ گھسیڑنا ۔ چھیدنا (۲) ایڑ لگانا ۔ آنکس لگانا

گبھرو : [ہ ۔ اصف] دیکھیے "گبرو"

گبھواسے : [ہ ۔ امذ] نوزائیدہ بچے کے بال

گبھونا : [ہ ۔ مص] دیکھیے گبھانا ۔

گبھونی : [ہ ۔ امث] وہ زمین جو گاؤں کے ارد گرد ہو ۔

گبھیلا : [ہ ۔ صف] سخت چیز ۔ سخت گریاں ۔ سخت گریوں سے مرکب جیسے پاخانے کی ۔

گبھیلے : [ہ ۔ امذ] سُدّے جو قبض کی وجہ سے انتڑیوں میں پڑ جاتے ہیں ۔

گبھین [ہ ۔ مثل] محبت جو رحم کی وجہ سے ہو ۔

گ ـــ پ

گَپ : [ہ ۔ امث] (۱) گفتگو ۔ بات چیت (۲) جھوٹی بات ۔ افواہ ۔ (۳) شیخی ۔ ڈینگ (۴) سرگزشت ۔ افسانہ ۔ داستان (۵) بکواس بک بک ۔

گپ اُڑانا : [ار ۔ محاورہ] جھوٹی خبریں مشہور کرنا ۔ بے تکی باتیں ۔ ہنسی مذاق کی باتیں کرنا ۔

گپ اُڑنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "گپ اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے

گپ زن : [ار ۔ صف] گپیں ہانکنے والا ۔ ڈینگ مارنے والا ۔

گپ شپ : [ہ ۔ امث] دل لگی کی باتیں ۔ ہنسی مذاق کی باتیں (افعال اڑانا ۔ اڑنا)

گپ مارنا / ہانکنا : [ار ۔ محاورہ] جھوٹ بولنا ۔ شیخی / ڈینگ مارنا ۔

گُپ : [ہ ۔ صف] چھپا ہوا پوشیدہ ۔ مخفی (۲) اندھا ۔

گُپ چُپ [ہ ۔ صف] (۱) دیکھیے "گُپ" (۲) متعلق فعل) چپکے سے ۔ مخفی طور پر (۳ ۔ امث) خاموشی ۔ چپ (۴) راز

گپ چپ کے لڈو / کی مٹھائی : [ہ ۔ امذ ۔ امث] ایک قسم کی مٹھائی (افعال : کھانا) اس کے متعلق کہتے ہیں جو بالکل چپ رہے ۔

گپا : [ہ ۔ امذ] دھوکا ۔ فریب (افعال : دینا ۔ کھانا)

گپا گپ : [ہ ۔ امذ] جلد جلد ۔ کھانے اور نگلنے کی آواز (۲) متعلق فعل) بافراط

بجرنت ۔ افعال دکھانا)

گپت : [ہ ۔ اند] (۱) محفوظ ۔ بچا ہوا ۔ (۲) چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ (۳) خفیہ (۴) جو نظر نہ آئے (۵) نہاں (صرف ونحو) جو بیان نہ کیا جائے، جو سمجھا جائے ۔

گپت آمدنی : [ہ ۔ امث] بالائی آمدنی ۔ وہ آمدنی جو ظاہر نہ ہو جیسے رشوت

گپت دان : [ہ ۔ اند] خیرات جو خفیہ طور پر کی جائے ۔ وہ پیسہ جو نہانے کے بعد تالاب میں ڈالا جائے ۔

گپت رہنا : [ار ۔ محاورہ] چھپ رہنا ۔ نظر نہ آنا ۔

گپت کرنا : [ہ ۔ صف] چھپانا ۔ اڑانا ۔

گپت مار : [ہ ۔ امث] وہ مار جس کا نشان نہ پہنچے ۔ (۲) طنز ۔ طعن وتشنیع ۔

گپت ہونا : [ار ۔ محاورہ] چھپنا ۔ ظاہر نہ ہونا ۔

گپتی : [ہ ۔ امث] (۱) حفاظت ۔ بچاؤ (۲) چھپانا ۔ پوشیدگی ۔ (۳) حفاظت کا ذریعہ (۴) وہ تلوار جو دستی چھتری میں پوشیدہ ہوتی ہے ۔ (۵) چھپی ہوئی تلوار ۔ (۶) پوشیدہ مال (۷) (صف) پوشیدہ ۔ (افعال : کرنا ۔ ہونا)

گپڑل : [ہ ۔ اند] (۱) بچوں کا ایک کھیل (۲) گپ چپ

گپڑ : [ہ ۔ امث] گپ

گپڑ سوتھ : [ہ ۔ امث] وہ بات جو سمجھ میں نہ آئے ۔

گپڑ سپڑ : [ہ ۔ امث] بیہودہ بات ۔ گپ شپ

گپکا : [ہ ۔ اند] (۱) وہ لقمہ جو آواز سے نگلا جائے ۔ (۲) جلد جلد نگلنا (۳) رشوت یا ڈالی جو ہضم کی جائے (۴) کسی چیز کے مارنے کی آہستہ آواز

گپکنا : [ہ ۔ مص] (۱) نگلنا ۔ جلدی جلدی کھانا ۔ (۲) پکڑنا ۔ ہوا میں جاتی گیند کو لے لینا ۔ لپکنا ۔

گپھا : [ہ ۔ اند] (۱) غار ۔ کھوہ ۔ (۲) چھپنے کی جگہ

گپھا میں بیٹھنا : [ار ۔ محاورہ] چھپ جانا ۔ دنیا سے کنارہ کش ہو جانا ۔ چلہ کشی کے لیے حجرے میں بند ہونا ۔

گپھا : [ہ ۔ اند] پھندنا جو ٹوپی یا جوتی میں لگاتے ہیں (۲) پھولوں کا گچھا ۔

گپھے : [ہ ۔ اند] سر کے سامنے کے اٹھے ہوئے بال جو عورتیں زینت کے لیے اٹھا دیتی ہیں ۔ (افعال : بنانا ۔ بننا)

گپھیدار : [ہ ۔ ف ۔ صف] جس کے اوپر بالوں یا کسی دوسری چیز کا گپھا ہو ۔ (ترکیب غلط ہے)

گپی : [ہ ۔ صف] (۱) جھوٹا ۔ فضول باتیں کرنے والا ۔ (۲) شیخی باز

گپیا : [ہ ۔ صف] گپ مارنے والا ۔ گپی

گپیں : [ہ ۔ امث] دیکھیے گپ جس کی یہ جمع ہے ۔ (افعال : مارنا ۔ ہانکنا)

گ ۔ ت

گَت : [ہ ۔ امث] حرکت ۔ حرکت کرنا ۔ جانا (۲) حالت ۔ طرز ۔ (۳) سازوں کے بجانے کی طرز (۴) سرگم جس میں ناچ یا راگ کا اندازہ ہوتا ہے (۵) ایک قسم کا ناچ (۶) مردے کے جلانے کی رسمیں (۷) چال ۔ خرام (۸) کوچ ۔ روانگی (۹) راہ راست ۔ (۱۰) خوشی ۔ فرحت (۱۱) جلوس (۱۲) سیارے کی روزانہ حرکت (۱۳) اجرام فلکی کی کمل گردش (۱۴) چال (۱۵) ڈھنگ ۔ وضع (۱۶) پہنچ دسترس (۱۷) اختتام ۔ انجام (۱۸) ذریعہ کامیابی ۔ ذریعہ (۱۹) مکتی ۔ نجات ۔ (۱۹) تناسخ ۔ اواگون (۲۰) زندگی ۔ کارنامہ بچپن ۔ جوانی بڑھاپا وغیرہ ۔ (۲۱) کارپرداز

گت بجانا : [ار ۔ محاورہ] باجے پر سرگم بجانا (۲) ساز کا ایک انداز سے بجانا ۔

گت بجنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "گت بجانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گت بنا دینا / بنانا : [ار ۔ محاورہ] وضع اختیار کرنا ۔ ڈھنگ بنانا (۲) بُرا درجہ کرنا ۔ خراب حال کرنا ۔ خوب پیٹنا ۔ مارنا (۳) ایسی وضع بنا دینا جس پر لوگ ہنسیں ۔ باجے کے سرگتے کے بول کے موافق بنانا ۔ سازوں کے بجانے کا نیا طرز نکالنا / ایجاد کرنا ۔

گت بننا : دیکھیے "گت بنا دینا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گت بھرنا / ناچنا : [ار ۔ محاورہ] راگ کے اصول کے موافق ناچنا / رقص کرنا

گت چلنا : [اردو محاورہ] گت پر ناچنا ۔

گت کا : [ہ ۔ صف] وضع کا ۔ ڈھنگ کا ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔

گت کرانا : [ار محاورہ] بُری حالت کرانا ۔

گت کر دی : [ار محاورہ] بیزا دے دی گئی یو بدو کر دی ۔ سامان مہیا کر دیا ۔

گت کرنا : [ار محاورہ] بُری حالت کرنا (۲) مارنا ۔ پیٹنا (۳) کام میں لانا (۴) کریا کرم کرنا

گت گت کرنا : [ار محاورہ] تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔

گت لے جانا : [ار ۔ محاورہ] تان لینا ۔

گت ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دیکھیے گت کرنا (۲) مکتی ہونا ۔ نجات ہونا / ملنا ۔ (۳) بک جانا ۔ (۴) خرچ ہو جانا ۔

گتّا : [ہ ۔ اند] موٹا پٹھا جس سے کتابوں کی جلدیں باندھتے ہیں ۔

گتّہ : [ہ ۔ اند] بیچنے مہیا کرنے وغیرہ کا پورا حق (۲) ٹھیکہ ۔ اجارہ ۔ (۳) آمدنی کا ٹھیکہ (۴) زمین کا ٹھیکہ ۔

گتھ جانا : [ار ۔ محاورہ] بھڑ جانا ۔ لڑ پڑنا ۔ گتھم گتھا ہو جانا ۔

گتھم گتھا : [ہ ۔ اند] خلط ملط ۔ کشتم کشتا (افعال : ہو جانا / ہونا)

گتھنا : [ار ۔ مص] (۱) لڑائی میں دو آدمیوں / جانوروں / پرندوں کا باہم لپٹ جانا ۔ بھڑنا (۲) پرویا جانا ۔ نتھی ہونا ۔ (۳) محو ہونا ۔ جذب ہونا ۔ پھنس جانا ۔

گتھوان : [ہ ۔ صف] بٹا ہوا ۔ ملا ہوا (۲) پرویا ہوا (۳) گندھا ہوا ۔

گتھوانا : [ار ۔ مص] دیکھیے گتھنا جس کا یہ متعدی المتعدی ہے ۔

گتھی : [ہ ۔ امث] الجھاؤ ۔ گرہیں جو دھاگے میں پڑ جاتی ہیں ۔ (۲) پیچ یا مشکل جو کسی معاملے میں پڑ جائے (۳) تھیلی ۔

گتھی پڑنا : [ار ۔ محاورہ] سوت کا الجھنا ۔ سوت میں گرہ پڑنا (۲) معاملے میں پیچ پڑنا (۳) الجھ جانا ۔ الجھاؤ پیدا ہونا (۴) دل میں گرہ پڑنا ۔ رنجش ہو جانا ۔

گتھی سلجھانا : [ار ۔ محاورہ] پڑی ہوئی گرہ کھولنا ۔ عقدہ حل کرنا ۔

گتھی سلجھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "گتھی سلجھانا" جس کا یہ لازم ہے

گَتی : [ہ ۔ امث] دیکھیے "گت"

گَتا : [ہ ۔ امث] سپاہیوں کی چھوٹی پگڑی (۲) بچوں کا ایک کھیل ۔ چھپچھلی۔

گَتیا : [ہ ۔ امذ] طبلہ بجانے والا ۔

گ ـ ٹ

گَٹ : [ہ ۔ امذ] (۱) فوج ۔ گروہ ۔ ہجوم ۔ غٹ ۔ گٹھا ۔ مجمع

گَٹ ۔ (GUT) : [انگ ۔ امث] تانت ۔ انتڑی ۔

گَٹ : [ہ ۔ امث] تالاب یا دریا کا کنارہ ۔

گَٹ : [ہ (۱) صوت ۔ مذ] بوتل یا صراحی سے پانی نکلنے کی آواز (۲) کسی رقیق شے کے جلد جلد پینے کی آواز

گَٹ پَٹ : [ہ ۔ امث] (۱) باہم گتھ جانا (۲) ڈھیر ۔ انبار ۔ تودہ (۳) غلط ملط ۔ بے ترتیبی ۔ الجھیڑا (۴) [متعلق فعل] گتھ کر (۵) ڈھیر ہو کر غلط ملط ہو کر ۔

گَٹ پَٹ : [ہ ۔ امذ] دیکھیے "غَٹ پٹ"

گِٹ پِٹ : [ہ ۔ امث] چونکہ انگریزی زبان میں ت کو ٹ بولتے ہیں اس لیے ہندوستانیوں نے انگریزی زبان کا نام گٹ پٹ رکھ دیا ۔

گَٹ پَٹ ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] دو چیزوں کا باہم مل جانا (۲) ہم بستر ہونا (۳) گتھ جانا ۔ لڑ جانا

گَٹ کے گَٹ [ہ ۔ متعلق فعل] گروہ کے گروہ ۔ فوجیں ۔

گَٹ گَٹ : [ہ ۔ امث] دیکھیے گٹ یعنی بوتل یا صراحی سے پانی نکلنے کی آواز

گَٹّا : [ہ ۔ امذ] ٹخنے یا کلائی کا جوڑ (۲) حقے کا وہ حصہ جو نیچے میں پھنستا ہے (۳) وہ نشان جو بہت زیادہ سجدے کرنے سے پڑ جاتا ہے (۴) الماس یا زمرد کا بڑا ٹکڑا ۔ (۵) گرہ جو کبوتر کی دم میں ہوتی ہے ۔ (۶) ڈاٹ ۔ کارک (۷) ایک قسم کی شیرینی (۸) سختی جو پاؤں کی انگلیوں پر ہو جاتی ہے ۔ ڈیل ۔ گوکھرو (۹) سخت ڈلا ۔ ڈھیلا ۔ (۱۰) گھوڑے کا پٹھا (۱۱) پرانے جوتے کا ڈھیلا ۔

گِٹّا : [ہ ۔ امذ] کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا (۲) دیسی جوتے کے قالب کا ایک حصہ ۔ موچیوں کی اصطلاح ۔ (۳) صفت ، پست قد ۔ بونا ۔

گَٹَر : [انگ ۔ امذ] (GUTTER) موری ۔ نالی ۔ بدرو ۔ پرنالہ

گُٹرغوں : [ہ ۔ امذ] غٹرغوں ۔ کبوتروں کی آواز

گِٹک / گِٹکی : [ہ ۔ امذ] (۱) بونا ۔ ٹھگنا ۔ (۲) مٹی کا چھوٹا ٹکڑا جو تمباکو کے نیچے چلم میں رکھتے ہیں ۔

گِٹک جانا : [ار ۔ محاورہ] نگل جانا

گُٹکا : [ہ ۔ امذ] (۱) دیکھیے "گٹّا" (۲) گولی ۔ گیند (۳) جادو کی گولی جس کے متعلق خیال ہے کہ اگر منہ میں رکھ لی جائے تو انسان نظر سے غائب ہو جاتا ہے یا عجیب و غریب کام کر سکتا ہے ۔ (۴) بہت چھوٹی کتاب جسے بطور تعویذ استعمال کریں (۵) رسالہ ۔ چھوٹی تقطیع کی کتاب جو جیب میں ڈال سکیں (۶) شطرنج کا مہرہ (۷) پان کا ٹکڑا (۸) ایک مصالحہ جو پان کی جگہ کھاتے ہیں ۔ (۹) ایک قسم کی شیرینی (۱۰) لقمہ (۱۱) گھونٹ (۱۲) کنکریاں جن سے بچے کھیلتے ہیں ۔

گٹکاری / گٹکری : [ہ ۔ امث] وہ پیچیدہ آواز جو گویئے گانے کے وقت گلے سے نکالتے ہیں ۔ لہراتی ہوئی آواز ۔

گٹکری : [ہ ۔ امث] روڑا ۔ اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا ۔

گٹکری لینا / نکالنا : [ار ۔ محاورہ] گاتے گاتے آواز کو لہرا دینا

گٹکنا : [ار ۔ مص] کھانا ۔ نگلنا ۔ پینا (۲) فاختہ کا گوگو کرنا ۔ کبوتر کا بولنا ۔

گٹگنانا : [ہ ۔ مصدر] مستی کی حالت میں کبوتروں کا بولنا ۔

گٹھ : [ہ ۔ امذ] (۱) گٹھنا مصدر سے صیغہ امر (۲) بڑا بقچہ (۳) [امث] گانٹھ کا روئی یا کپڑے کا بڑا بقچہ ۔

گٹھ بندھ : [ہ ۔ صف] سازش کا ۔ مل کر کیا ہوا ۔

گٹھ بندھ چوری : [ہ ۔ امث] بہت سے آدمیوں کا مل کر چوری کرنا ۔

گٹھ بندھن : [ہ ۔ امذ] ہندو دولہا دلہن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے (۲) دو آدمیوں کا ایک دل ہونا ۔

گٹھ جانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "گٹھنا"

گٹھ جوڑ : [ہ ۔ صف] ملا ہوا ۔ جڑا ہوا (۲) [امذ] دیکھیے "گٹھ بندھن" (۱) (افعال : باندھنا)

گٹھ کٹ / کٹا / کترا : [ہ ۔ امذ] جیب کترا

گٹھ کٹی : [ہ ۔ امث] گانٹھ کاٹنا

گٹھا : [ار ۔ امذ] بڑا بقچہ ۔ پشتارہ (۲) بوجھ گھاس وغیرہ کا پشتارہ (۳) پیاز یا لہسن (۴) جریب کا بیسواں حصہ یا ۱۹۹ ۔ انچ کا پیمانہ (۵) ناپنے کی زنجیر یا رسی کی گانٹھ یا تقسیم ۔ (۶) کلائی یا ٹخنے کا جوڑ (۷) گھوڑے کا پٹھا ۔

گٹھانا : [ار ۔ مص] گانٹھنا کا تعدی المتعدی (۲) سلوانا ۔ جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا ۔ پیوند لگوانا ۔

گٹھائی : [ہ ۔ امث] ایک قسم کا محصول جو زمیندار کاشتکاروں سے وصول کرتے ہیں ۔

گٹھاؤ / گٹھاوٹ / گٹھت : [ہ ۔ امذ] (۱) ملانا ۔ جوڑنا (۲) ملنے کی وجہ ۔ جوڑ (۳) بناوٹ ۔ بناوٹ ۔ تعمیر (۴) تدبیر ۔ مشورہ ۔ سازش ۔

گٹھاؤ باندھنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) تعلق پیدا کرنا (۲) انجمن بنانا (۳) مشورہ یا سازش کرنا (۴) اپنا کام نکالنا ۔

گٹھڑ : [ار ۔ امذ] بڑی گٹھڑی ۔ (۲) صفت ۔ گانٹھ دار (۳) موٹا فربہ ۔ تنومند ۔ مضبوط

گٹھڑا : [ہ ۔ امذ] گٹھڑ ۔ گٹھڑی ۔

گٹھڑی : [ار ۔ امث] چھوٹا بقچہ ۔ ایسا بقچہ جس کے اوپر باہر کے کپڑے کو گانٹھ دی گئی ہو (۲) پارسل ۔ بنڈل ۔ پیکٹ (۳) گناہوں کا بار (۴) ہاتھ پاؤں گھس کر باریک ہو جانا ۔ (۵) روپے کی تھیلی جو مالگزاری وغیرہ ادا کرنے کے لیے لائی جائے (۶) میزان (۷) رقم (۸) دولت جائیداد (۹) انجمن سبھا ۔ مجمع ۔

گٹھڑ باندھنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) چیزوں کا ایک کپڑے میں باندھنا (۲) مال جمع کرنا

گٹھڑی حلال بقچہ حرام : [ار ۔ مثل] تھوڑے میں راستبازی ۔ اور بہت میں بے ایمانی ۔

گٹھڑی کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) مال جمع کرنا ۔ جوڑنا (۲) ہاتھ پاؤں باندھ دوہرا کرنا / کر دینا (۳) حریف کو کشتی میں دوہرا کر دینا (۴) میزان کرنا ۔ جوڑنا ۔ جمع کرنا ۔

گٹھڑی مارنا : [ار ۔ محاورہ] گوٹھنا ۔ ٹھگنا ۔ مال مارنا

گٹھڑی مٹھڑی : [ہ ۔ امث] گٹھڑی ۔ (مٹھڑی تابع مہمل ہے)

گٹھل : [ہ ۔ صف] (۱) گانٹھ دار (۲) ، ڈھیلے دار (۳) ، سخت ۔ (۴) ، جما ہوا بستہ (۵) بڑی گٹھلی والا (۶) ، [مذ] بڑی گانٹھ (۷) ، بڑا ڈھیلا (۸) گومڑ آماس (۹) ، جماؤ (۱۰) ، غدود (۱۱) گُند (۱۲) ، کُند ذہن ۔

گٹھلا : [ہ ۔ اند] دیکھئے "گٹھلی" جس کا یہ اسم مکبر ہے ۔

گٹھلانا : [ہ ۔ مصدر] (۱) ، کُند ہونا (۲) ، دانتوں کا ترشی کی وجہ سے کاٹنے کے قابل نہ ہونا / رہنا ۔

گٹھلی : [ار ۔ امث] (۱) ، گانٹھ (۲) ، پھل کا سخت بیج (۳) ، غدود (۴) ، شدہ جو دستوں میں نکلتا ہے (۵) وہ گرہ جو گندھے ہوئے آٹے میں پڑجاتی ۔ ہے ۔ گلٹی (۶) ، غدود جو پھوڑے یا درد کی وجہ سے کسی جوڑ میں پڑجاتا (۷) ، آماس ۔ گومڑ (۸) ، سخت پھوڑا (۹) ، عورت کے پستانوں کی گلٹی (۱۰) ، پھوڑے کا سخت حصّہ ۔

گٹھنا : [ار ۔ مص] (۱) ، سیا جانا ۔ درخت ہونا ۔ پیوند لگنا (۲) ، شریک ہونا ۔ مل جانا (۳) ، بندھنا (۴) ، کھانا (۵) ، مصرعہ بندھنا ۔ برجستہ ہونا ۔

گٹھوا : [ہ ۔ صف] بندھا ہوا (۲) ، گانٹھ دار (۳) ، کپڑے یا روئی کی گانٹھ (۴) ، دیکھئے "گٹھ بندھن"

گٹھوانا : [ار ۔ مص] دیکھئے "گانٹھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے ۔

کٹھوانسی : [ہ ۔ امث] جریب کے گٹھے کا پانچواں حصّہ جو پانچ انچ کے برابر ہوتا ہے ۔

گٹھوائی : [ہ ۔ امث] گانٹھنے کی اُجرت ۔

گٹھوت : [ہ ۔ امث] سازش ۔ مشورہ ۔ میل جول

گٹھوت گانٹھنا : [ار ۔ محاورہ] سازش کرنا ۔ مشورہ کرنا ۔

گٹھونہ : [ہ ۔ اند] امانت جو تھیلی میں رکھی ہو ۔ تحویل

گٹھی : [ار ۔ امث] (۱) ، گرہ گانٹھ (۲) ، لہسن پیاز کی گٹھی / گانٹھ / گرہ (۳) کسی چیز کا چھوٹا بنڈل (۴) ، جوڑ بند (۵) ، گدا جو گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ پر رکھتے ہیں ۔ (۶) ، گولا ۔ گول

گٹھیا : [ار ۔ مث] (۱) ، چھوٹا بقچہ (۲) ، بوری (۳) ، ٹوکرا (۴) ، بڑی گٹھڑی جس میں غلّہ باندھتے ہیں یا رُوئی رکھتے ہیں (۵) ، دیکھئے "گٹا" (۶) ، جوڑوں کا درد ۔ وجع مفاصل ۔

گٹھیا بائی : [ہ ۔ اند] دیکھئے "گٹھیا ۶" ۔

گٹھیا کھلا بٹیا پارس : [ار ۔ مثل] عورت جب حاملہ ہو تو اس کی بڑی قدر ہوتی ہے ۔

گٹھیا کھلنا : [ار ۔ محاورہ] حاملہ ہونا ۔

گٹھیلا : [ار ۔ امث] گانٹھوں والا ۔ گرہ دار (۲) ، خوب مضبوط ۔

گٹی : [ہ ۔ امث] نیل کا ٹکڑا جو مربع کاٹا جاتا ہے (۲) ، مٹی کا ڈھیلا (۳) ، پرانے جوتے کا ڈلا (۴) ، دریا یا تالاب کا کنارہ ۔

گِٹی : [ار ۔ امث] ریل جس پر ٹھپا لگا لیا جاتا ہے (۲) ، ٹھیکری خصوصاً چلم کی جو تنا کو کے نیچے رکھی جاتی ہے ۔

گٹیا : [ہ ۔ امث] (۱) ، ٹھیکری ۔ اینٹ کا روڑا ۔ کنکر کا چھوٹا ٹکڑا (۲) ، گٹھیا گٹھی

گٹیاں : [ہ ۔ امث] کھیت ۔ آنگن ۔

گ ۔ ج

گج : [س ۔ اند] (۱) ، ہاتھی ۔ (۲) ، آٹھ اطراف کے ہاتھیوں میں سے کوئی ایک (۳) ، عدد (۴) ، ایک ناپ ۔ گز ۔ سلاخ (۶) ، مٹی کا ٹیلا جس پر مکان بنائیں

گج پال / گجپال : [ہ ۔ اند] فیلبان

گج پتی / گجپتی : [ہ ۔ اند] وہ شخص جو ہاتھی رکھے (۲) ، بادشاہ (۳) ، بہت بڑا ہاتھی (۴) ، ہاتھیوں کے گلّہ کا وہ ہاتھی جس کا دوسرے سب ہاتھی حکم مانیں ۔ (۵) ، فیلبان ۔

گج دنت / دانت : [ہ ۔ اند] ہاتھی دانت ۔

گجراج : [ہ ۔ اند] بہت بڑا ہاتھی ۔ ہاتھیوں کا سردار

گج گاہ / گجگاہ : [ہ ۔ اند] سُرا گائے کی دُم کے بالوں کے پھندنے جو ہاتھی کے چہرے کے دونوں طرف سجاوٹ کے لیے لٹکاتے ہیں ۔

گج موتی : [ہ ۔ اند] بہت بڑا موتی ۔ ہندوؤں کا خیال ہے کہ سب سے بڑا موتی ہاتھی کے سر سے نکلتا ہے ۔

گج نال / گجنال : [ہ ۔ اند] بڑی توپ یا بندوق ۔

گجا : [ہ ۔ امث] (۱) ، ہتھنی (۲) ، اند ۔ گاڑی کا ایک حصّہ (۳) ، ایک قسم کی مٹھائی ۔ خرما ۔ بالوشاہی ۔

گجال : [ہ ۔ امث] (۱) ، ایک قسم کی مچھلی (۲) ، کھونٹی جس پر کپڑے ٹانگتے ہیں ۔

گجر : [ہ ۔ اند] چار ، آٹھ یا بارہ بجے گھنٹوں کا جلد جلد بجنا ۔ (افعال : بجنا بجانا) ، (۲) ، صبح صادق کا وقت (۳) ، صبح کی نوبت (۴) ، گیہوں اور جو ۔ یا سُرخ و سپید ملے جیسے گیہوں اور جو کا مخفف ہے (۵) گاجر کا مخفف ۔

گجر بجے / دم : [ہ ۔ متعلق فعل] علی الصبح ۔ صبح سویرے ۔ تڑکے ۔

گجر بھت / بھتا : [ہ ۔ اند] ابلی ہوئی گاجریں (۲) ، گاجروں اور چاولوں سے پکا ہوا کھانا ۔

گجر بھتا بنانا : [ار ۔ محاورہ] خلط ملط کردینا ۔ اچھے بُرے کو ملا دینا ۔

گجر کا وقت : [ہ ۔ اند] صبح صادق کا وقت ۔ چار بجے صبح کا وقت

گجر وار : [ہ ۔ اند] وہ گھڑی جس میں الارم ہو ۔

گجرا : [ار ۔ اند] (۱) ، پھولوں کا زیور جو عورتیں کلائیوں میں پہنتی ہیں (۲) ، ایک قسم کا زیور ۔ سونے کی پونچی یا گلے کا ہار (۳) ، گاجر (۴) ، ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ مشروع (۵) ، مشروع کی لہریئے دار دھاریاں

گجرا ہار : [ہ ۔ اند] ایک قسم کا ہار

گجری : [ہ ۔ امث] ایک قسم کا کلائی کا زیور ۔

گجری : [ہ ۔ امث] گوجر کی تانیث

گجگجا : [ہ ۔ صف] گیلا ۔ گلگلا ۔ نرم نرم جو ناگوار ہو ۔ پیچپچا ۔

گجگجانا : [ہ ۔ مص] (۱) ، گھڑکنا (۲) ، بھنبھنانا ۔ بھن بھن کی آواز نکلنا ۔ (۳) ، اکٹھے ہونا ۔ جمع ہونا (۴) ، بہت آباد ہونا (۵) ، بہت کاروبار ہونا ۔ چہل پہل ہونا ۔ (۶) ، پیچپچا ہونا ۔ (۷) ، بیج کا پھل کے اندر آواز کرنا (۸) کلبلانا ۔ رینگنا ۔

گجنی : [ہ ۔ امث] ڈھیلا ۔ مٹی (۲) ، ملتانی مٹی جو بچے لکھنے کی تختیوں پر گیلی کرکے لگاتے ہیں ۔

گجھرا : [ہ ۔ اند] ناک کا میل ۔ یا چوہا

گجھتا : [ہ ۔ اند] ڈھیر ۔ انبار (۲) ، بہتات ۔ افراط (۳) ، خزانہ دبا ہوا ۔ دولت ، جو کہیں جمع کی ہوئی ہو ۔

گُپّا دبا بیٹھنا / مارنا : [ار - محاورہ] بے ایمانی سے مال حاصل کرنا۔ کسی کا مال دبا لینا۔

گُپتا : [ہ - صف] (۱) چھپا ہوا (۲)، پوشیدہ - خفیہ (۳) وہ جو نظر نہ آئے۔ گپت

گُتھن : [ہ - صف] گھنا - پاس پاس - گنجان

گُتھیں : [ہ - صف] (۱)، گھنا - (۲)، [متعلق فعل] پاس پاس

گُتھی : [ہ - صف - مث] دیکھئے "گُتھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

گُتھیا : [ہ - امث] دیکھئے "گرجا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

گُجّی : [ہ - امث] کن سلائی۔

گُجنی : [ہ - امث] گیہوں اور جَو ملے ہوئے

گُجنی کی روٹی : [ہ - امث] گیہوں اور جَو کے ملے ہوئے آٹے کی روٹی

گُجیا : [ہ - صف] (۱)، کرن پھول (۲)، ایک قسم کی مٹھائی (۳)، کن سلائی۔

گ - چ

گَچ : [ف - امث] ایک قسم کی سفیدی جسے چونے کے ساتھ ملا کر پلستر کرتے ہیں (۲)، پرانا پلستر جو دیواروں سے اکھڑے (۳) پرانا فرش یا چھت جس پر گچ کا پلستر ہو (۴)، اوکھل (۵)، صف - گاڑھا - سخت - ہضم نہ ہونے والا

گَچ کاری : [ف - امث] (۱)، چونے کا کام (۲)، چونے کا کام بنانا

گَچ : [ہ - امث] وہ آواز جو تلوار / چھری / چاقو کے گوشت میں گھسنے سے پیدا ہوتی ہے (۲)، کیچڑ میں چلنے کی آواز (۳)، صف - گنجان - گھنا۔

گَچ پَچ / گَچا گَچ [ہ - امث] (۱)، اژدحام (۲)، [صف] گھنا - گنجان (۳)، [متعلق فعل] کثرت سے (۴)، آس پاس - کھچا کھچ۔

گَچا گَچ : [ہ - امث] دیکھئے "گچ"

گُچّو پارہ کھیلنا : [ار - محاورہ] ناجائز لہو و لعب میں وقت گزارنا۔ عیاشی کرنا۔

گُچھا : [ہ - امذ] چند پھل یا پھول جو ایک ہی ٹہنی میں پاس پاس لگے ہوں۔ خوشہ (۲)، اناج کی بالی (۳)، چند ستارے جو ایک جگہ نکلیں - جھمکا - (۴) چند چیزوں کا اکٹھا گندھا ہونا (۵)، بہت سی چابیاں جو اکٹھی بندھی ہوئی ہوں یا ایک ہی حلقہ میں پڑی ہوئی ہوں (۶)، پھندنا - لچھا (۷)، بنڈل - پارسل - بالوں کا ڈھیر (۹)، صف - اکٹھا مجموعہ (۱۰)، گندھا ہوا - کسا ہوا (۱۱)، مضبوط تنومند (۱۲)، چست - (۱۳)، چندھا (۱۴)، خمار آلودہ

گُچھا تارا : [ہ - امذ] عقد ثریا۔

گُچّی : [ہ - امث] (۱)، گیہوں اور جَو ملے ہوئے (۲)، [صف] چندھی (۳) خمار آلود

گُچّی : [ہ - امث] (۱)، جوہڑ - گنڈ - ڈابر (۲)، سوراخ - غار - گڑھا - (۳) صف دیکھئے گچھی عدد ۳

گُچّی : [ہ - امث] (۱)، سو پانوں کا بنڈل (۲)، بچوں کے کھیلنے کا چھوٹا گڑھا۔

گُچیّا : [ہ - امث] چھوٹا سا گڑھا جس میں بچے کوڑیاں وغیرہ ڈال کر کھیلتے ہیں

گُچّی آنکھ : [ہ - امث] چھوٹی آنکھ

گُچّی پالا : [ہ - امذ] بچوں کا ایک کھیل جس میں گڑھا کھود کر کھیلتے ہیں۔

گ - د

گَدّ : [ہ - امث] تھاپنے کی آواز (۲)، زمین پر دے مارنے کی آواز

گَد بَد پَد : [ہ - امث] دیکھئے "گدا بد عدد ۱"

گَدا بَد / گَد : [ہ - امث] (۱)، اوپر تلے یا پے در پے گرنے کی آواز (۲)، لگاتار مارنے کی آواز (۳)، متعلق فعل - تواتر - لگاتار

گَدا گَد گرنا : [ار - محاورہ] اوپر تلے یا پے در پے گرنا۔

گَدّ : [ہ - صف] چالاک اور کہن سال۔

گِدّ / گِدھ : [ہ - امذ] ایک مردار خور پرندہ جو چیل سے بڑا ہوتا ہے - اس کی گردن لمبی اور بغیر بالوں کے ہوتی ہے تاکہ مردار کے بدن کے اندر چونچ ڈالنے سے نہ بھیگیں (۲)، ایک قسم کا پتنگ۔

گَدا : [ف - امذ] فقیر - بھکاری - منگتا - (۲)، [صف] غریب مفلس۔

گدا - گر تواضع کند خوئے اوست : [ف - مثل] تواضع کرنا فقیر کی عادت ہے۔ تواضع اور انکساری کے موقع پر بولتے ہیں۔

گَداگر : [ف - امذ] دیکھئے "گدا"

گَداگری : [ف - امث] دیکھئے "گداگر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گَدّا [ف - امذ] (۱)، روئی دار بستر (۲)، گدگی - گدیلا (۳)، جری کا پولا (۴)، گیہوں وغیرہ کا خوشہ جو پکنے کے قریب ہو - (۵)، ہاتھی کا چارجامہ (۶)، قیاس - (افعال: لگانا) (۷) دھوکا فریب (افعال: کھانا)

گُدّا : [ار - امذ] درخت کی موٹی شاخ - ٹہنا - [افعال : دینا] (۲)، شیرخوار بچہ (۳)، گڑیا - پتلی (۵)، بڈا موترا۔

گُداختہ : [ف - صف] پگھلا ہوا - گلا ہوا۔

گُداز : [ف - صف] پگھلانے والا - مرکبات میں جیسے دل گداز (۲)، نرم ملائم (۳)، موٹا (۴)، [مذ] پگھلنا - (۵)، نرمی - (۶)، سوز - رنج۔

گُدازی : [ف - امث] دیکھئے "گداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گَداکا : [ہ - امذ] وہ آواز جو ایک چیز کے دوسری پر گرنے سے ہوتی ہے۔ (۲)، بدن کی موٹائی یا نرمی (۳)، کنایۃً نرم بدن معشوق۔

گُدالا : [ہ - امذ] بڑی کدال جس سے مٹی کھودتے ہیں (۲)، [دکن] ہاتھی کا گدا

گُدام : [انگ - امذ] (GODOWN کا بگاڑ) ذخیرہ - وہ مکان جس میں کسی چیز کا ذخیرہ رکھیں۔

گَدائی : [ف - امث] دیکھئے "گداگری"

گَدبَدا [ہ - صف] موٹا - فربہ - جسیم

گَدبَد لکے : [ار - متعلق فعل] (۱)، خوشی سے - بسر و چشم (۲)، کھلے طور پر - آزادی سے (۳)، ضرور - یقیناً۔

گَدبَدانا : [ار - محاورہ] (۱)، رنج و غم سے بول نہ سکنا (۲)، خوش ہونا۔

گَدبَدی : [ہ - صف] دیکھئے "گدبدا" جس کی تانیث ہے۔

گَدَرْ : [ہ - امذ] گدی جس پر بیل ہانکنے والا رہٹ چلاتے وقت بیٹھتا ہے۔

گَدَر / گَدَرا : [ار - صف] ادھ پکا - ادھ کچرا (۲)، وہ پھل جو پک جانے کے قریب ہو (۳)، بھرا ہوا - موٹا - فربہ - (۴)، نرم - ملائم۔

گَدرانا : [ار - مص] نیم پختہ ہونا - پھل کا پک جانے کے قریب ہونا (۲)، جوانی کا آغاز ہونا - جوبن پر آنا۔

گَدراہٹ : [ار - امث] دیکھئے "گدرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

گدرایا : [ا ر ۔ صف] آدھا کچا ۔ آدھا پکا ۔ پکنے کے قریب
گدرایا ہوا بدن : [ا ر ۔ اند] جوانی میں بھرا ہوا بدن گوشت سے خوب بھرا ہوا جسم۔
گدڑخیل : [ا ر ۔ صف] (۱) بدصورت ۔ بھونڈی صورت (۲) پنج قوم کی عورت
گدڑی : [ا ر ۔ امث] (۱) فقیروں کا جبہ جس میں بہت سے پیوند لگے ہوتے ہیں۔ گودڑی ۔ خرقہ (۲) وہ بازار جس میں ہر قسم کی پرانی چیزیں بکتی ہوں۔
گدڑی کا لعل : [ا ر ۔ اند] (۱) غریب گھرانے میں صاحب ہنر (۲) نالائقوں میں لائق (۳) وہ ہنرمند جو اپنے کمال پر پردہ ڈالے۔
گدڑی میں لعل نہیں چھپتا : [ا ر ۔ مثل] بُروں میں اچھا نہیں چھپتا۔
گدڑی والا : [ا ر ۔ صف] پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا۔
گدڑیا : [ا ر ۔ امث] (۱) گدڑی کی تصغیر (۲) [صف] گدڑی پہننے والا (۳) گودڑ بیچنے والا (۴) خیمہ اور فرش کرایہ پر لانے والا ۔ (۵) پھٹے حال گزر کرنے والا۔
گدڑیا پیر : [ا ر ۔ اند] گدڑی پہننے والا فقیر۔
گدکا : [ا ر ۔ اند] چمڑے کا مڑا ہوا ڈنڈا ۔ گتکا
گدکڑا : [ا ر ۔ صف ۔ ق] گدلا ۔ میلا
گدگدا : [ا ر ۔ صف] (۱) نرم ملائم ۔ پلپلا ۔ (۲) موٹا ۔ فربہ۔
گدگدانا : [ا ر ۔ مص] (۱) انگلیوں سے جسم چھو کر ہنسانا (۲) ابھارنا ۔ بھڑکانا (۳) چھیڑنا ۔ مذاق کرنا (۴) شوق بڑھانا ۔ گھوڑے کے پیٹ کو پاؤں لگانا کہ جست و خیز میں آئے۔
گدگداہٹ : [ا ر ۔ امث] گدگدی کا اثر۔
گدگدائیے وہاں تک جہاں تک ہنسی آئے : [ا ر ۔ مثل] دل لگی اس حد تک اچھی ہے جہاں تک ناگوار نہ گزرے۔
گدگدی : [ا ر ۔ امث] (۱) جسم کو انگلیوں سے چھونے کے باعث ہنسی کی کیفیت (۲) جوش ۔ شوق ۔ مستی ۔ [افعال : کرنا ، ہونا]
گدگدی کرنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "گدگدانا"
گدگدی ہونا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "گدگدی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گدگدے : [ا ر ۔ اند] اُبلی ہوئی جوار ۔ گھنگھنیاں جو نرم اور ملائم ہوگئی ہوں۔
گدلا : [ا ر ۔ صف] میلا ۔ مکدر ۔ گاڑھا ۔ غلیظ ۔
گدلاپن : [ا ر ۔ اند] دیکھئے "گدلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
گدلانا : [ا ر ۔ مص] مائع شے کا مٹی ملنے کی وجہ سے غلیظ ہو جانا۔
گدلائی : [ہ ۔ امث] گدلاپن
گدما : [ہ ۔ اند] ایک قسم کا ملائم موٹا پشم دار کمبل۔
گدنا : [ا ر ۔ مص] (۱) دیکھئے "گودنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) مذ ۔ وہ نشان جو گودنے سے بدن پر پیدا ہو جاتا ہے۔
گدوانا : [ا ر ۔ مص] بدن پر بیل بوٹے بنوانا ۔
گدوائی : [ا ر ۔ امث] (۱) دیکھئے "گدوانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) گدوانے کی اُجرت
گدھ : [ہ ۔ اند] دیکھئے "گِدھ"
گدھا : [ا ر ۔ اند] (۱) ایک سفید یا خاکستری یا سیاہ رنگ کا جانور جو گھوڑے سے چھوٹا ہوتا ہے اور بوجھ لادنے یا سواری کرنے کے کام آتا ہے ۔ خر (۲) بوجھ جو گدھے پر لدا ہوا ہو ۔ بار خر ۔ (۳) صف ۔ بیوقوف ۔ احمق ۔ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔
گدھا برسات میں بھوکا مرتا ہے : [ا ر ۔ مثل] بیوقوف آدمی اپنے خیالات کی وجہ سے مصیبت میں پڑتا ہے ۔ لوگوں کا خیال ہے کہ برسات میں چونکہ گھاس بکثرت ہر جگہ سے ہرے کے کھانے میں کوئی فرق نہیں پڑتا تو اسے خیال ہوتا ہے کہ اس نے کچھ نہیں کھایا ۔ اس وہم میں وہ بیمار رہتا ہے ۔ اور لاغر ہو جاتا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مکھیوں وغیرہ کی تکلیف سے برسات میں گدھا دُبلا ہو جاتا ہے۔
گدھا پانی پیئے گھنگول کے : [ا ر ۔ مثل] گدھا بھی پانی کو صاف کر کے پیتا ہے ۔ گندے آدمی کو نصیحت کے طور پر کہتے ہیں۔
گدھاپن : [ا ر ۔ اند] بیوقوفی ۔ حماقت ۔ نادانی
گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا : [ا ر ۔ مثل] بیوقوف کو ادب دینے سے کچھ فائدہ نہیں ۔ رذیل سے شریف نہیں ہو سکتا۔
گدھا چند : [ا ر ۔ صف] بیوقوف آدمی ۔
گدھا دلدل میں پھنسنا : [ا ر ۔ محاورہ] کسی کا ایسے جھگڑے میں پھنسنا جس سے نکلنا مشکل ہو ۔
گدھا دھونے سے بچھڑا نہیں ہوتا : [ا ر ۔ مثل] کمینہ لباس سے شریف نہیں بن سکتا ۔ زیبائش سے بری چیز اچھی نہیں بن سکتی ۔
گدھا کمہار کا ان ہے : [ا ر ۔ مثل] ایک دوسرے کے ساتھ وہ معاملہ کرتا ہے جو وہ اس کے ساتھ کرتا ہے۔
گدھا کھرسا میں موٹا ہوتا ہے : [ا ر ۔ مثل] احمق مفلسی میں بھی دُبلا نہیں ہوتا جاہلوں کا خیال ہے کہ گدھا جب خشک موسم میں چرتا ہے تو سمجھتا ہے کہ اس نے تمام گھاس کھالی ۔ اس خیال سے وہ موٹا ہو جاتا ہے۔
گدھا کیا جانے زعفران کی قدر : [ا ر ۔ مثل] بیوقوف اچھی چیز کی قدر نہیں جانتا چہ داند بوزنہ لذات ادرک۔
گدھا کے کھائے کھیت نہ ہر لوکے نہ پر لوکے : [ا ر ۔ مثل] نالائق کے ساتھ سلوک کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔ ہندوؤں میں اگر گائے کھا جائے تو پُن سمجھا جاتا ہے۔
گدھا گدھی یا بہنوں : [ہ ۔ اند] لڑکوں کا ایک کھیل ۔
گدھا گرے پہاڑ سے مرغی کے ٹوٹے کان : [ا ر ۔ مثل] ناممکن بات ۔ گدھا کبھی پہاڑ سے نہیں گرتا اور مرغی کے کان ایسے نہیں ہوتے جو ٹوٹ سکیں۔
گدھا گھوڑا ایک بھاؤ / برابر / یکساں : [ا ر ۔ مثل] اچھی بری چیز کا ایک نرخ ۔ نیک و بد میں تمیز نہیں ۔ بے انصافی اور بے قدری کے موقع پر بولتے ہیں۔
گدھا گیا تو گیا رسّی بھی ساتھ لے گیا : [ا ر ۔ مثل] چیز بھی گئی اور دوسرا نقصان بھی ہو گیا ۔
گدھا لوٹن : [ا ر ۔ اند] وہ جگہ جہاں گدھوں کے لوٹنے کے نشانات ہوں ۔ جاہلوں کا خیال ہے کہ اس کے اوپر سے گزرنے سے پاؤں میں درد ہو جاتا ہے ۔ گدھا زمین پر تکان اتارنے کے لیے لوٹتا ہے وہ تکان اس آدمی کو ہو جاتی ہے جو اوپر سے گزرے۔
گدھا مرے کمہار کا دھوبن ستی ہو : [ا ر ۔ مثل] نقصان کسی کا ہو اور افسوس کوئی کرے ۔
گدھوں : [ا ر ۔ اند] دیکھئے "گدھا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے ۔ (۲) کثرت اور افراط ظاہر کرنے کو بولتے ہیں۔
گدھوں بخار چڑھنا : [ا ر ۔ محاورہ] شدت سے تپ ہونا ۔

گدھوں سیتلا نکلنا : [ار۔ محاورہ] شدت سے چیچک نکلنا

گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں : [ار۔ مثل] نادانوں سے اگر کام نکلے تو ہنرمندوں کو کون پوچھے۔

گدھوں کے ہل پھرنا / چلنا : [ار۔ محاورہ] اُجڑ جانا۔ ویران ہو جانا کسی جگہ کا ایسے ویران ہو جانا کہ وہاں گدھے چرتے پھریں۔

گدھوں کے ہل چلوانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گدھوں کے ہل پھرنا / چلنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

گدھی : [ار۔ امث] (۱) مادہ خر۔ (۲) صف) بیوقوف / احمق عورت

گدھی بھی جوانی میں بھلی لگتی ہے : [ار۔ مثل] جوانی کے زمانے میں بدشکل بھی بھلا لگتا ہے۔ جوانی میں کالا کلوٹا بھی خوبصورت لگتا ہے۔

گدھے : [ار۔ امذ] دیکھئے "گدھا" جس کی یہ جمع ہے۔

گدھے پر چڑھانا / سوار کرنا : [ار۔ محاورہ] بے عزت کرنا۔ بدنام کرنا۔

گدھے پر چڑھنا / سوار ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گدھے پر چڑھانا / سوار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔ (۲) گدھے کی سواری کرنا۔

گدھے پر کتابیں لادنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گدھے پر کتابیں لدنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گدھے پر کتابیں لدنا : [ار۔ محاورہ] (۱) بے وقوف کو علم ہونا (۲) علم سیکھنا مگر عمل نہ ہونا۔ نالائق کو اعلیٰ کام ملنا۔

گدھے کا بچہ : [ہ۔ صف] (۱) بچہ خر (۲) صف۔ بیوقوف۔ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

گدھے کا جینا تھوڑے دن بھلا : [ار۔ مثل] نالائق / مصیبت زدہ اگر مر جائے تو بہتر ہوتا ہے۔

گدھے کا کھایا نہ پاپ نہ پن : [ار۔ مثل] دیکھئے "گدھا کے کھائے کھیت۔ الخ"

گدھے کا ماس کتے کے دانت : [ار۔ مثل] گوشت خر دندان سگ کا ترجمہ ہے۔ گدھے کے گوشت کو کتا ہی کھاتا ہے۔ جب دو بُرے آدمی آپس میں لڑیں تو کہتے ہیں۔

گدھے کو آدمی بنانا : [ار۔ محاورہ] (۱) بے وقوف کو عاقل بنانا (۲) اس کے متعلق جونپور کے قاضی کا قصہ مشہور ہے۔

گدھے کو انگوری باغ کی کیا قدر : [ار۔ مثل] انگوری باغ کی بجائے پوری حلوہ، خشکہ۔ زعفران بھی استعمال ہوتا ہے) بے وقوف کو رُتبہ۔ نالائق کو اچھی چیز کی قدر نہیں ہوتی۔

گدھے کو باپ بنانا : [ار۔ محاورہ] کام نکالنے کے لیے بیوقوف کی خوشامد کرنا۔

گدھے کو حلوا کھلا کے لاتیں کھانا : [ار۔ محاورہ] بدوں کے ساتھ بھلائی کرکے نقصان اٹھانا نااہل کو سر پر چڑھا کر زحمت اٹھانا۔

گدھے کو گدھا کھجاتا ہے : [ار۔ مثل] احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔

گدھے کو نون دیا اس نے کہا میری آنکھیں دکھتی ہیں / گدھے کو دیا نمک اس نے کہا میری آنکھیں پھوٹیں / گدھے کی آنکھوں میں نون دیا اس نے کہا میری آنکھیں پھوڑیں : [ار۔ مثل] بے وقوف کے ساتھ نیکی کرو وہ سمجھتا ہے کہ بدسلوکی ہوگی

گدھے کی یاری لاتوں کی سنسناہٹ : [ار۔ مثل] بے وقوف کی دوستی میں نقصان ہوتا ہے۔

گدھے کے ہل چلوانا : [ار۔ محاورہ] کسی شہر کو غارت کروانا۔ آباد جگہ کو اُجڑوانا قلع قمع کرنا۔

گدھے کے منہ میں خشکہ : [ار۔ مثل] نااہل کو کوئی اچھی چیز دینے کے موقع پر کہتے ہیں

گدھے گدھی کا بیاہ : [ار۔ امذ] جب دھوپ میں بارش ہو تو بچے کہتے ہیں۔

گدھے والا : [ار۔ صف] وہ شخص جو کرائے کے لیے گدھے رکھتا ہے۔

گدھیا : [ار۔ امث] گدھی۔ مادہ خر۔

گدھیڑی : [ہ۔ امث] بہت / نہایت پھوہڑ عورت۔ بے تمیز اور بے سلیقہ عورت

گدّی : [ہ۔ امث] (۱) گدا۔ گدیلا۔ مسند۔ (۲) کاغذ / کپڑے کی (۳) وہ کپڑا جس کی چند تہیں کرکے زخم پر رکھ کر پٹی باندھتے ہیں (۴) وہ دوہرا کپڑا جس کے بیچ میں روئی بھری ہوتی ہے (۵) روئی دار کپڑا جو گھوڑے یا ہاتھی کی پیٹھ پر رکھتے ہیں۔ چار جامہ (۶) حیض کا لتّا (۷) تخت شاہی۔ مسند حکومت (۸) پیروں وغیرہ کی نشستگاہ (۹) کاغذ کے دس دستوں کا بنڈل (۱۰) وہ گدا جس پر ساہوکار بیٹھتے ہیں۔ (۱۱) اناج کا ڈھیر (۱۲) مسلمانوں میں ایک قوم جو دودھ گھی وغیرہ بیچتے ہیں (۱۳) ہندو پہاڑیوں کی ایک قوم جو بھیڑیں پالتے ہیں۔

گدّی پر بٹھانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گدّی پر بیٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے

گدّی پر بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] راجا یا بادشاہ ہونا (۲) کسی بزرگ کا جانشین ہونا

گدّی رکھنا : [ار۔ محاورہ] گدی عے و عل کا استعمال کرنا۔

گدّی سے اتارنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گدّی سے اُترنا" جس کا یہ متعدی ہے

گدّی سے اُترنا : [ار۔ محاورہ] بادشاہت سے معزول ہونا۔

گدّی نشین : [ہ۔ ف۔ صف] (۱) وہ جو حکومت کی گدّی پر بیٹھے / حکومت سنبھالے (۲) وہ جو مسند پر بیٹھے۔ (۳) وہ جو کسی بزرگ / گرو وغیرہ کا جانشین ہو۔ (غلط ترکیب)

گدّی نشینی : [ہ۔ ف۔ امث] دیکھئے "گدّی نشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (غلط ترکیب)

گُدّی : [ہ۔ امث] سر یا گردن کا پچھلا حصہ

گدّی بھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) دھپ لگانا۔ گدی پر تمانچہ مارنا۔

گدّی سے زبان کھینچنا : [ار۔ محاورہ] زبان کسی اوزار سے نکال لینا۔ پرانے زمانے کی ایک سزا۔

گدّی سے زبان نکالنا : [ار۔ محاورہ] گردن کے پچھلے حصے کو چیر کر اس سے زبان باہر کھینچ لینا۔ سزائے موت دینا۔

گدڑی : [ہ۔ امث] (۱) گدھی کی تصغیر (۲) دیکھئے گدھیڑی

گدیلا : [ار۔ امذ] (۱) روئی کا گدا۔ یا توشک (۲) ہاتھی پر رکھنے کی گدی

گدیہ : [ف۔ امذ] گدائی کرنا۔ بھیک مانگنا

گدیہ گر : [ف۔ صف] دیکھئے "گداگر"

گدیہ گری : [ف۔ امث] دیکھئے "گدیہ گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گ۔ ڈ

گڈ : [ہ۔ امث] ۱۔ (گاڑی کا مخفف) چھکڑا۔ گڈا۔ مال لادنے کی گاڑی۔ (۲) چند آدمیوں کا باہمی میل جول / اتفاق (۳) مجموعہ (۴) ملے جلے کاغذ۔ کاغذوں کا مجموعہ (۵) سرحد۔ حد کا نشان۔ برجی۔

گُڈ فرائی ڈے : [انگ۔اِمذ] (Good Friday) مسیحی عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰؑ کے سولی چڑھنے کا دن۔

لِدمِد دیکھئے گَڈمَڈ (دہلی) : [ہ۔صفت] (۱) ملاجلا (۲) گڑبڑ۔

گَڈمَڈ کرنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گڈمڈ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گَڈمَڈ ہونا : [ار۔محاورہ] مل جانا۔ مخلوط ہو (۲) گتھنا۔ جڑنا۔

گَڈّ : [ہ۔صفت] دیکھئے "گِڈا" یا "گَٹّا"۔

گَڈّا : [ہ۔اِمذ] بوجھ لادنے کی گاڑی۔ چھکڑا

گُڈّا : [ہ۔اِمذ] (۱) مٹی کا ڈھیلا (۲) مٹی کا ڈھیر۔ ٹیلہ (۳) برجی۔ حد کا نشان (۴) شوربے سونے غدود (۵) گٹھل (۶) جڑ کی گانٹھ (۷) کرمسا کا خوب۔

گِڈّا : [ہ۔صفت] دیکھئے "گِٹّا"۔

گُڈّا : [ہ۔اِمذ] (۱) گڑیا کا مذکر۔ کپڑے کا بنا ہوا آدمی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں (۲) بت۔ پتلہ (۳) کپڑے کا بنا جو رات کسی شخص کی نقل کا (۴) بیٹھے ٹھرتے ہیں اور ہجو کرتے ہیں۔ (۴) کپڑے کا پتلا جو رات محرمی سے مرت عورتیں بنا کر لے جاتی ہیں اور خرافت کے گیت گاتی جاتی ہیں۔

گُڈّا بنانا : [ار۔محاورہ] بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

گُڈّے گُڈّی / گُڑیا کی شادی : [ہ۔امث] لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں گڈّے اور گڑیا کی شادی کرتی ہیں۔

گُڈامی : [انگ۔امث] GO DAMN YOU کا بگاڑ جس کے معنی ہیں جاؤ تم پر لعنت ہو۔ (۱) ملعون۔ مردود۔ لعنتی۔ پاجی (۲) مشرک (۳) بیہودہ

گِڈمی بولی : [ار۔امث] (۱) انگریزی زبان۔ کرسٹانوں کی اردو۔

گِڈمی جوتا / جوتی : [ار۔امث] انگریزی جوتا / جوتی

گڈامیر / : [انگ۔صفت] (۱) مخلوط (۲) بیہودہ۔ لغو (۳) پاگل

گَڈریا : [ہ۔اِمذ] (۱) چرواہا۔ راعی۔ سبان۔ چوپان۔ گوالا (۲) بھیڑوں اور بکریوں کے ریوڑ چرانے والا۔

گَڈریا پران : [ہ۔اِمذ] گڈریوں کے قصے کہانیاں جو گڈریئے سنائیں۔

گَڈریوں کا گیت : [ہ۔اِمذ] وہ گیت جو گڈریئے گائیں۔

گُڈس : [انگ۔اِمذ] (GOODS) مال۔ اسباب۔ سامان

گُڈس ٹرین : [انگ۔امث] (GOODS TRAIN) مال گاڑی

گُڈس کلرک : [انگ۔اِمذ] (GOODS CLERK) مال گودام کا بابو۔ محرر مال

گُڈولنا : [ار۔اِمذ] تین پہیوں کی چھوٹی سی گاڑی جس سے بچے کھیلتے اور چلنا سیکھتے ہیں

گَڈھ : [ہ۔اِمذ] دیکھئے گڑھ

گڈھ جیتنا : [ار۔محاورہ] کنایتہً کوئی بڑا کام کرنا (۲) قلعہ جیتنا (۳) مصیبت سے رہائی پانا (۴) ازالہ بکر کرنا۔

گڈھ کپتان : [ہ۔اِمذ] قلعہ کا افسر۔ قلعہ کی مرمت کرانے والا

گَڈھا : [ہ۔اِمذ] دیکھئے "گڑھا"

گَڈھی : [ہ۔امث] دیکھئے "گڈھ" جس کی یہ تصغیر ہے۔

گَڈّی : [ہ۔امث] (۱) ترکاری / سبزی کا گٹھا۔ پولی۔ بنڈل (۲) کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ۔ پڑاؤں کا کاغذ۔ آتش بازی کے پڑاسے جو لپٹا ہوں (۴) سونے / چاندی کے ورقوں کی گٹھی جس میں اڑھائی سو (۲۵۰) ورق ہوتے ہیں۔ (۵) چھاپے کے پھولوں کا دونا (۶) گاڑی۔ چھکڑا۔ (۷) تاش کے پتوں کا

گُڈّی : [ہ۔امث] ایک قسم کا مربع پتنگ جس پر پچھالہ نہیں ہوتا۔ تکلی (۲) ہڈیوں کا جوڑ (۳) پرندوں کے پروں کو آپس میں اس طرح الجھا دینا کہ وہ اڑ نہ سکیں (۴) ایک قسم کا چھوٹا حقہ۔ ۵۔ گڑیا۔

گ ۔ ذ

گذار ۔ گذارِش ۔ گذارنا ۔ گذاشتنی ۔ گذاف ۔ گذر ۔ گذران
گذرانا ۔ گذرگاہ ۔ گذرنامہ ۔ گذرنا ۔ گذری ۔ گذشتنی ۔ گذشتہ

[ ] دیکھئے گ۔ز کے تحت جو صحیح ہیں۔

گ ۔ ر

گَر [ف۔صفت] (۱) گار، کا کا مخفف۔ مرکبات کے آخیر میں آکر اسم فاعل بناتا ہے۔ جیسے صورت گر۔ کاریگر۔ قلعی گر۔ زرگر۔ بعدہ (۱) کرنے والا۔ بنانے والا۔ (۲) صاحب۔ مالک۔ حد وند۔ جیسے دو گر (۳) بجائے نقد بانک جیسے لونڈے گر۔

گَر : [ف۔حرفِ۔شرط] اگر کا مخفف۔ جب

گر بد ولت برسی مست نہ گردی مردی
بادہ نوشیدن وہشیار نشستن سہل است } : [ف۔مثل] مرد وہی ہے جو دولت کے نشے میں مست نہ ہو۔ شراب پی کر ہوشیار رہنا تو آسان ہے لیکن دولت کی موجودگی میں مست نہ ہونا بہادری کا کام ہے۔

گر جان طلبی مضائقہ نیست زر می طلبی سخن دریں است : [ف۔مثل] اگر تو جان طلب کرے تو مضائقہ نہیں۔ مگر بات یہ ہے کہ تو زر طلب کرتا ہے جو دیا جانا بہت مشکل ہے۔ بخیل کو روپیہ جان سے زیادہ عزیز ہوتا ہے۔

گرچہ : [ف حرفِ۔شرط] "اگرچہ" کا مخفف

گر ضرورت بود روا باشد : [ف۔مثل] ضرورت کے وقت سب کچھ جائز ہے۔

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف : [ف۔مثل] نذر یا تحفہ پیش کرتے وقت کہتے ہیں کہ اگر قبول ہو تو کیا ہی عزت اور شرف ہے۔

گر نبودے چوب تر۔ فرماں نبردے گاؤ خر [ف۔مثل] اگر گیلی لکڑی نہ ہو تو گائے اور گدھا حکم نہ مانیں۔ جب تک کسی کا خوف اور ڈر نہ ہو کوئی کسی کی اطاعت نہیں کرتا۔

گر نہ ستانی بہ ستم می رسد : [ف۔مثل] بغیر خواہش کسی چیز کے ملنے کے لیے ہے۔

گر ہمیں مکتب است وہمیں ملا کارِ طفلاں تمام خواہد شُد : [ف۔مثل] جب بڑوں کی یہ حالت ہے تو چھوٹوں کا خدا حافظ!

گَر : [ہ۔امث] گھوڑے کے گلے کی خارش جو ایک مہلک ہے۔

گِر پڑ کر : [متعلق فعل] (۱) بمشکل تمام۔ جوں توں کرکے اُفتاں وخیزاں (۲) گر کے (۳) منت سماجت کرکے (۴) مصیبت اٹھا کر۔

گِر پڑ کے ملنا : [ار۔محاورہ] بے وقعتی سے ملنا۔

گِر پڑنا : [ار۔محاورہ] (۱) نیچے آ رہنا۔ زمین پر آ پڑنا (۲) مکان کا گر جانا۔ دیوار

کا بیٹھ جانا (۳) نہایت کمزور اور نحیف ہو جانا ۔ بیماری کے سبب مضمحل ہو جانا (۴) مائل ہو جانا (۵) سنبھلنے یا پنپنے کے قابل نہ رہنا ۔ (۶) تباہ ہو جانا ۔ برباد ہو جانا ۔

گر پڑے کی ہر گنگا : [ار ۔ مثل] مجبور ہو کر عاجزی ظاہر کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں ۔

گر جانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) نیچے گرنا (۲) بچھڑ جانا (۳) تلف ہونا ۔ برباد ہونا ۔ (۴) غریب ہونا ۔

گر کر : [ار ۔ متعلق فعل] اصل مقام سے پست ہو کر ۔ اصل قیمت سے کم کر کے ۔

گُر : [ار ۔ امذ] اصول ۔ قاعدہ ۔ طلب ۔ راز (۲) کسی کام کے کرنے کا اساس طریقہ یا قاعدہ [انگریزی میں اسے فارمولا (FORMULA) کہتے ہیں] (۳) گرو کا مخفف ۔ مرشد ۔ رہنما ۔ استاد (۴) نکتہ ۔ باریکی ۔

گُردوارہ : [ہ ۔ امذ] گرو کے رہنے کا مکان (۲) دھرم سالہ (سکھوں کا معبد)

گُرمکھی : [ھ ۔ امث] گُرو کے منہ کی زبان (۱) پنجابی زبان جو سکھ لوگ لکھتے ہیں (۲) پنجابی زبان کا وہ رسم الخط جو دیوناگری سے مشابہ ہے ۔

گَرَّا : [ار ۔ ہ ث] سُرخی مائل ۔ لاکھی رنگ ۔ گھوڑے کا رنگ ۔ کبوتر کا رنگ

گرا : [ار ۔ صف] محتاج ۔ غریب ۔ ذلیل

گرا پڑا : [ار ۔ صف] زمین پر گرا اور پڑا ہوا (۲) ذلیل و خوار ۔ کمینہ ۔ بے حقیقت

گرا پڑنا : [ار ۔ محاورہ] ٹوٹا پڑنا ۔ کسی چیز کی حد سے زیادہ رغبت کرنا ۔

گرا کا گرا : [ار ۔ صف] بہت جلد گرنے والا ۔

گرا نہیں سنبھلتا : [ار ۔ مثل] ذلت پا کر پھر وقار حاصل نہیں ہوتا ۔

گَراب : [ار ۔ امذ] کارتوس کے چھرّوں سے بڑی گولی (۲) بڑا چھرّا

گَراری : [ار ۔ امث] دھاگا یا رسّی بٹنے کا آلہ (۲) دھاگا لپیٹنے کی ریل (۳) کنوئیں کی چرخی (۴) مشینوں کا پُرزہ جو پہیّہ کی شکل کا ہوتا ہے ۔

گُراز : [ف امذ] نرسور (۲) شجاع ۔ بہادر

گراس : [ھ ۔ امذ] لقمہ ۔ نوالہ

گراس : [انگ ۔ امث] (GRASS) ہری گھاس

گراس کٹ / کٹر : [انگ امذ] (GRASS CUT or CUTTER) گھسیارا ۔ گھاس ۔ کاٹنے والا ۔ سائیس ۔

گراف : [انگ امذ] (GRAPH) خاکہ ۔ اعداد و شمار کا علامتی خاکہ ۔

گرام : [س ۔ امذ] گاؤں ۔ موضع ۔ بستی (۲) راگ کے سُروں کا مجموعہ ۔

گرام : [انگ امذ] (GRAMME) ایک مکعب سینٹی میٹر مقطر پانی کا وزن جب کامل کثافت رکھتا ہو اور خلا میں تولا جائے ۔ وزن تقریباً ایک ماشہ ۔

گرامر : [انگ ۔ امث] (GRAMMAR) صرف و نحو ۔ زبان کے قواعد ۔

گراموفون : [انگ امذ] (GRAMOPHONE) ایک آلہ جس کے ریکارڈ سے آواز نکلتی ہے ۔ فونوگراف ۔

گرامی : [ف ۔ صف] بہت بزرگ ۔ مکرم ۔ معظم ۔

گرامی قدر : [ف ۔ صف] بڑی عزت والا ۔ معزز ۔ بزرگ ۔ شریف

گرامی منش : [ف ۔ صف] بزرگ طبیعت

گرامی نامہ : [ف ۔ امذ] بڑے کا خط

گراں : [ار ۔ امذ ۔ ق] گرہن ۔

گراں : [ف ۔ صف] ثقیل ۔ وزنی ۔ بھاری ۔ بوجھل (۱) مہنگا (۳) ناگوار ۔ تکلیف دہ (۴) بیش قیمت ۔ انمول (۵) سخت ۔ درشت ۔ کڑا (۶) سست ۔ کاہل (۷) مشکل ۔ دشوار (۸) کثیر ۔

گراں بار : [ف ۔ صف] بھاری بوجھ میں لدا ہوا (۲) باردار ۔ پھل لانے والا ۔ (۳) مال دار ۔

گرانباری : [ف ۔ امث] زیر باری ۔ پریشانی ۔

گراں بہا : [ف ۔ صف] قیمتی ۔ بیش قیمت ۔

گراں بہ حکمت ارزاں بہ علت : [ف ۔ مثل] جو چیز مہنگی ہوتی ہے وہ اچھی ہوتی ہے ۔ اور جو چیز سستی ہوتی ہے ۔ اس میں کوئی نہ کوئی خرابی ہوا کرتی ہے

گراں پایہ : [ف ۔ صف] بڑا آدمی ۔ بڑے پائے کا شخص ۔ صاحب قدر و منزلت

گراں جاں : [ف ۔ صف] سخت جان والا ۔ ۲ ۔ ایسا شخص جس کو زندگی دوبھر ہو ۳ ۔ سست ۔ کاہل ۔

گراں جانی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گراں جاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

گراں خاطر : [ف ۔ صف] دوبھر ۔ اجیرن ۔ ناگوار طبع (۲) ناراض ۔ آزردہ رنجیدہ ۔ غمگین ۔

گراں خواب : [ف ۔ صف] وہ شخص جو سوئے ۔ دیر تک سوتا رہے (۲) غافل

گراں خوابی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گراں خواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

گراں سر : [ف ۔ صف] متکبر ۔ مغرور

گراں سری : [ف ۔ امث] دیکھئے "گراں سر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

گراں سرشت : [ف ۔ صف] صاحب وقار (۲) مغرور ۔ متکبر

گراں سنج : [ف ۔ صف] وزنی ۔ بیش قیمت ۔

گراں سنجی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گراں سنج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

گراں قدر : [ف ۔ صف] عالی مرتبہ ۔ صاحب اعزاز

گراں گزرنا : [ار ۔ محاورہ] ناگوار ہونا ۔ بُرا لگنا ۔ دوبھر ہونا ۔ ناپسند خاطر ہونا

گراں گوش : [ف ۔ صف] بہرا ۔ جو اونچا سنے ۔

گراں گوشی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گراں گوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

گراں گیر : [ف ۔ صف] سخت گیر ۔ جابر

گراں مایگی : [ف ۔ صف] بزرگی ۔ سرداری (۲) دولت مندی ۔

گراں مایہ : [ف ۔ صف] نفیس ۔ قیمتی ۔ (۲) بڑا آدمی جو صاحب قدر ہو

گراں ہونا : [ار ۔ محاورہ] دوبھر ہونا ۔ بھاری ہونا (۲) مہنگا ہونا ۔ بھاؤ چڑھنا ۔

گرانا : [ار ۔ مص] دیکھئے "گرنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

گرانٹ : [انگ ۔ امث] (GRANT) منظوری ۔ مالی اعانت ۔

گرانٹ ان ایڈ : [انگ ۔ امث] مالی امداد جو حکومت عموماً فلاحی اداروں کو دیتی ہے ۔

گرانڈ جیوری : [انگ امث] (GRAND JURY) وہ عدالت جس میں بارہ سے کم اور تیس سے زیادہ پنچ نہ ہوں ۔

گرانی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گراں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

گرانیٔ خاطر / طبع : [ف ۔ امث] بیزاری ۔ طبیعت کی ناگواری ۔

گراہ : [ھ ۔ امذ] مگرمچھ ۔ نہنگ ۔ گھڑیال

گراؤنڈ : [انگ ۔ امث] (GROUND) زمین (۲) میدان

گرانی : [ف ـ امث] گیرائی کا ضعف ـ پکڑ ـ گرفتاری ـ مکر قبض ـ

گربز / گربزہ : [ف ـ صف] مکار ـ حیلہ گر ـ دغاباز

گربزی / گربزپزی : [ف امث] دیکھیے "گربز گربز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ـ

گربہ : [ف ـ امث] بلی

گربہ چشم : [ف ـ صف] بلی کی سی آنکھوں والا ـ نیلی آنکھوں والا ـ

گربہ کشتن روز اول : [ف ـ مثل] رعب پہلے ہی دن بیٹھتا ہے ـ

گربۂ مسکین : [ف ـ صف] ایسا شخص جو دیکھنے میں غریب لیکن افعال میں سرپرو۔

گربھ : [س ـ امذ] حمل (۱)، کچا بچہ ـ جنین (۲)، گمان ـ غرور ـ تکبر

گربھ استھان : [س ـ امذ] رحم ـ بچہ دان ـ

گربھ پات : [س ـ امذ] استقاط حمل ـ حمل گر، ـ

گرتا : [ار ـ اسم حالیہ] گرنے والا ـ گرتا ہوا

گرتا پڑتا : [ار ـ صف ـ] افتاں خیزاں

گرتی : [ار ـ امث ـ ق] باعصمت ـ تہ مل عورت ـ

گرج : [ار ـ امث] وہ آواز جو بادلوں سے پیدا ہو ـ کوک ـ بادل (اکی کی آواز ـ (۲)، شیر کی دہاڑ (۳)، ہاتھی کی چنگھاڑ (۴)، چیخ ـ زور کی آواز ـ (۵)، گرجنا کا صیغۂ امر

گرج کر بولنا : [ار ـ محاورہ] چیخ کر بولنا ـ کڑاکے کی آواز نکالنا ـ

گرجا : [ار ـ صف] وہ موتی جس میں بال پڑا ہوا ہو ـ ناقص موتی ـ

گرجا : [پر ـ امذ] کلیسا ـ عیسائیوں کا عبادت خانہ

گرجات : [ار ـ امث ـ ق] گرج ـ

گرجنا : [ار ـ مص] (۱)، بادل کا آواز دینا (۲)، شیر کا دہاڑنا (۳)، ہاتھی کا چنگھاڑنا (۴)، شور مچانا بجنا (۵)، باجے کا زور سے بجنا (۶)، موتی میں بال پڑ جانا ـ

گرجی : [ف ـ امذ] (۱)، گرجستان کا باشندہ (۲)، ایک قوم کا نام (۳)، ایک قسم کا چھوٹا بھترہ (۴)، ایک قسم کا چھوٹا کتا (۵)، جھوکرا (۶)، جھونپڑا ـ

گرچ : [س ـ امذ] ایک قسم کی گھاس جو بیل کی طرح پھیلتی ہے ـ

گرد : [ف ـ امث] (۱)، غبار ـ راکھ ـ دھول (۲)، بے حقیقت ـ ناچیز ـ (صف)، پھرنے والا ـ چکر کھانے والا ـ سفر کرنے والا ـ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ـ آوارہ گرد ـ جہاں گرد وغیرہ ـ

گرد آفتاب [ف ـ امث] ذرّے جو سورج کی کرنوں میں چمکتے ہیں ـ

گرد آلود : [ف ـ صف] مٹی میں ملا ہوا ـ غبار آلود ـ وہ چیز جس پر گرد جمی ہوئی ہو

گرد اٹھنا : [ار ـ محاورہ] ہوا کے زور سے غبار کا زمین سے بلند ہونا ـ

گرد اڑانا : [ار ـ محاورہ] غبار اڑانا ـ خاک کرنا (۲)، تباہ کرنا ـ برباد کرنا ـ

گرد اڑنا : [ار ـ محاورہ] دیکھیے "گرد اڑانا" جس کا یہ لازم ہے ـ

گردباد : [ف ـ امث] پھرنے والی ہوا ـ ہوا جس میں غبار ملا ہوا ہو ـ بگوڑر

گرد برد : [ف ـ صف] تباہ، برباد، بے رونق [افعال ـ کرنا، ہونا]

گرد بیٹھنا : [ار ـ محاورہ] غبار کا تہ نشین ہونا ـ غبار کا نیچے جم جانا (۲)، میل جمنا (۳)، آندھی کا کم ہونا ـ

گرد پڑنا : [ار ـ محاورہ] غبار کا اڑ کر کسی کے جسم یا کپڑوں وغیرہ پر پڑنا ـ

گرد پوش : [ف ـ صف] وہ کاغذ جو کتاب کو میلا ہونے سے بچاتا ہے ـ

گرد پونچھنا : [ار ـ محاورہ] دھول صاف کرنا ـ

گرد جمنا : [ار ـ محاورہ] غبار قائم ہو جانا ـ

گرد جھاڑنا : (۱) دھول صاف کرنا (۲)، مارنا ـ مرادینا ـ

گرد جھڑنا : [ار ـ محاورہ] دیکھیے "گرد جھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے ـ

گرد چھٹنا : [ار ـ محاورہ] غبار ہلکا ہونا ـ کسی جگہ سے غبار ہٹ جانا ـ

گرد دبنا : [ار ـ محاورہ] پانی وغیرہ پڑنے سے غبار کا اڑنے کے قابل نہ رہنا ـ

گرد کرنا : [ار ـ محاورہ] بے نور کرنا ـ ماند کرنا ـ مات کرنا ـ ہرانا (۲)، کپڑے میلے کرنا

گرد کو نہ پہنچنا : [ار ـ محاورہ] پیچھے رہ جانا ـ برابری نہ کرنا یا کر سکنا ـ عاجز رہنا ـ

گرد کو نہ لگنا : [ار ـ محاورہ] دیکھیے گرد کو نہ پہنچنا ـ

گرد لپٹنا : [ار ـ محاورہ] غبار جم جانا ـ جسم پر غبار پڑ کر جم جانا ـ

گرد ناک : [ف ـ صف] دیکھیے "گرد آلود"

گرد نامہ ـ [ف ـ امذ] وہ مربع کاغذ کا ٹکڑا جس پر دعائیں لکھ کر گھر کے ستون میں یا کسی درخت کے گرد باندھتے ہیں ـ تاکہ بھاگا ہوا آدمی واپس آ جائے ـ

گرد نہ پانا نہ چھو سکنا : [ار ـ محاورہ] دیکھیے "گرد کو نہ پہنچنا"

گرد نہ نظر آنا : [ار ـ محاورہ] بھاگنے والے کا پتہ نہ ملنا ـ

گرد و غبار : [ف ـ امذ] خاک ـ دھول ـ

گرد ہونا : [ار ـ محاورہ] دیکھیے "گرد کرنا" جس کا یہ لازم ہے

گرد ہے : [ار ـ محاورہ] ہیچ ہے ـ کچھ حقیقت نہیں رکھتا ـ

گرد یتیمی : [ف ـ امث] کنایۃً آبداری اور صفائی مروارید کی ـ

گرد : [ف ـ امذ] آس پاس ـ ادھر ادھر (۲)، حلقہ ـ گھیرا (۳)، مدوّر گول (۴)، پیچھے ـ

گرد آور : [ف ـ امذ] افسر گشت کرنے والا ـ عہدے دار پٹواریوں کے حلقے یا جگل کے علاقے میں پھر کر دیکھنے والا ـ

گرد آوری : [ف ـ امث] گرداور کا عہدہ (۲)، دورہ ـ گشت (۳)، نگرانی نگہبانی ـ گشت کرنے کا حلقہ علاقہ (۴)، پٹواری یا محکمہ مال کے کسی عہدہ دار کی فصلوں کا اندراج کرنے کے لیے گشت ـ

گرداب : [ف ـ امذ] بھنور ـ پانی کا چکر ـ گھیری ـ

گرد بالش : [ف ـ امذ] گول اور چھوٹا تکیہ جو سوتے وقت رخساروں کے نیچے رکھا جاتا ہے ـ

گرد پھرنا : [ار ـ محاورہ] طواف کرنا ـ صدقے ہونا ـ

گرد پھٹکنا : [ار ـ محاورہ] قریب آنا ـ پاس آنا ـ

گرد پھٹکنے نہ دینا : [ار ـ محاورہ] قریب آنے نہ دینا ـ پاس نہ آنے دینا ـ

گرد گھما : [ار ـ صف] آوارہ گرد (۲)، مفلس ـ نامسبن

گرد نما : [ف ـ امذ] وہ آلہ جس کے ذریعے سمت معلوم کی جائے (انگریزی لفظ PERISCOPE کا ترجمہ)

گرد و پیش : [ف ـ امذ] آس پاس کا علاقہ ـ قرب و جوار ـ

گرد و نواح : [ف ـ امذ] دیکھیے "گرد و پیش"

گرد ہونا : [ار ـ محاورہ] پیچھے پڑنا ـ درپے ہونا

گُرد : [ف ـ صف] بہادر شخص ـ پہلوان ـ طاقت ور

گردا : [ار ـ امذ] گرد ـ دھول ـ غبار ـ

گرداگرد : [ف ـ متعلق فعل] چاروں طرف ـ ارد گرد

گرداں : [ف ـ صف] پھرنے والا ـ دوّار (۲)، الٹا ہوا ـ پلٹا ہوا

گَردان : [ف۔ امث] (۱) پھراؤ (۲) ترتیب کے مطابق صیغوں کا دُہرانا (۳) صیغوں کی ترتیب (۴) قرآن شریف دُہرانا (۵) اُڑانے کا کبوتر جو ہر طرف پھر کر اپنے گھر آ جاتا ہے اور سوائے اپنے گھر کے کسی اور جگہ نہیں بیٹھتا۔

گردان کرنا : [ا۔ محاورہ] صیغوں کو بالترتیب زمانہ اور واحد و جمع کے لحاظ سے پڑھنا۔

گردانا : [ا۔ مصدر جعلی] کسی مصدر کے تمام صیغوں کو کہنا (۲) دُہرانا۔ دَور کرنا (۳) ماننا۔ تسلیم کرنا (۴) ملانا۔ پھنسانا (۵) متوجہ کرنا (۶) کھلی ہوئی کتاب بند کرنا (۷) کمر میں لپیٹ لینا۔

گِردانی : [ا۔ امث] چادر یا دوپٹا جو عورتیں نماز پڑھتے وقت خاص طریقے سے لپیٹتی ہیں۔

گَرْدِش : [ف۔ امث] چکر۔ دَور۔ پھیر (۲) انقلاب۔ تغیر (۳) اِدبار۔ بدنصیبی (۴) مصیبت۔ آفت۔

گردشِ افلاک / ایّام / بخت : [ف۔ امث] دِنوں کی گردش۔ بدبختی

گردش پڑنا : [ا۔ محاورہ] اُفتاد پڑنا۔ مصیبت پڑنا۔

گَردشِ چشم : [ف۔ امث] آنکھوں کی حرکت۔ توجہ سے دیکھنا

گردشِ دَوراں / زمانہ : [ف۔ امث] زمانے کا چکّر

گَردش زَدَہ : [ف۔ صف] مصیبت کا مارا۔

گَردِش کرنا / کھانا : [ا۔ محاورہ] گھومنا۔ چکر کھانا۔ پھرنا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔

گردشِ لیل و نہار : [فع۔ امث] دن رات کا چکّر۔ آفت۔ مصیبت۔

گردش میں آنا / ہونا : [ا۔ محاورہ] چکر میں آنا۔ مصیبت میں آنا۔ مبتلا میں ہونا۔

گِردگاں : [ف۔ امذ] اخروٹ

گَردَن : [ف۔ امث] (۱) گلا۔ گلو (۲) صراحی کا اوپر کا حصّہ جہاں سے خم شروع ہوتا ہے۔

گَردن اُٹھانا : [ا۔ محاورہ] سر اٹھا کر دیکھنا۔ گردن بلند کرنا۔

گَردَن اُڑانا / اڑا دینا : [ا۔ محاورہ] قتل کرنا۔ گردن کاٹنا۔ سر قلم کرنا

گَردَن اکڑ جانا : [ا۔ محاورہ] گردن اینٹھ جانا۔ جھک جانا۔ گردن کے پٹھوں کا سخت ہو جانا۔

گَردَن اینٹھی رہنا : [ا۔ محاورہ] خفا رہنا۔ اکڑا اور کھنچا رہنا۔

گَردَن بَند : [ف۔ امذ] ایک زیور کا نام۔

گَردن پر احسان ہونا : [ا۔ محاورہ] بار احسان سے سَر جھکا ہونا۔

گردن پر بوجھ رہنا : [ا۔ محاورہ] بار اعمال ذمے ہونا۔ عذاب سر پر رہنا۔ (۲) احسان مند ہونا (۳) ناگوار ہونا (۴) سرگرانی کا موجب ہونا۔

گردن پر بوجھ لینا : [ا۔ محاورہ] اپنے سر ذمہ داری لینا (۲) ممنون احسان ہونا۔

گردن پر بوجھ ہونا : [ا۔ محاورہ] بارِ احسان میں رہنا (۲) گناہوں کے عذاب کا سر پر ہونا (۳) ناگوار خاطر ہونا (۴) گراں بار ہونا۔

گردن پر جُوا رکھنا : [ا۔ محاورہ] (۱) کوئی بھاری کام کسی کے ذمہ کرنا (۲) اطاعت کرنا (۳) کنایۃً شادی کرنا۔

گردن پر چھُری پھیرنا : [ا۔ محاورہ] ذَبح کرنا (۲) کنایۃً صریح ظلم کرنا۔

گردن پر چھُری چلنا : [ا۔ محاورہ] ذبح کیا جانا (۲) ظلم ہونا۔ حق تلفی ہونا۔

گردن پر حق رہنا : [ا۔ محاورہ] کسی کے ذمہ کسی کا حق رہنا۔

گردن پر حق ہونا : [ا۔ محاورہ] کسی کے ذمہ فرض ہونا۔

گردن پر خط کھینچنا : [ا۔ محاورہ] قتل کرنے کے لیے جلّاد کا قتل سے پہلے گردن پر نشان لگانا تاکہ تلوار نشان پر لگے۔

گردن پر خنجر چلانا : [ا۔ محاورہ] بہت ظلم کرنا۔

گردن پر خنجر چلنا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "گردن پر خنجر چلانا" جس کا یہ لازم ہے

گردن پر خوُن رہنا : [ا۔ محاورہ] کسی کے قتل کا وبال گردن پر رہنا۔

گردن پر خوُن سوار ہونا : [ا۔ محاورہ] خونی کا اپنی زندگی سے ہاتھ دھو کر کسی کے پیچھے پڑنا۔

گردن پر خون لینا : [ا۔ محاورہ] قتل کا وبال اپنے ذمہ لینا

گردن پر خون ہونا : [ا۔ محاورہ] کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ سر پر ہونا۔ قتل گناہ کا مجرم اور خون کا ذمہ دار ہونا۔

گردن پر سوار ہونا : [ا۔ محاورہ] کسی کی گردن پر چڑھنا (۲) سخت تقاضا کرنا کسی بات یا کام سے از حد تنگ اور مجبور کرنا۔

گردن پر لہو رہنا : [ا۔ محاورہ] کسی کے قتل کا وبال رہنا۔

گردن پر وبال ہونا : [ا۔ محاورہ] کسی کے ذمّہ عذاب ہونا۔ کسی گناہ کا بار جب تک کفارہ نہ ادا ہو کر کیا جائے۔ ہونا۔

گردن پکڑ کر نکال دینا : [ا۔ محاورہ] گردن میں ہاتھ ڈال کر نکال دینا، بے عزت کر کے نکال دینا۔

گردن پھنسانا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "گردن پھنسنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گردن پھنسنا : [ا۔ محاورہ] (۱) خطرے میں پڑنا۔ بلا میں گرفتار ہونا (۲) مقید ہونا۔ مجبور ہونا۔ (۳) ذمہ دار ہونا۔ جوابدہ ہونا۔

گردن پھیرنا : [ا۔ محاورہ] منحرف ہونا سرکش ہونا۔ نافرمان ہونا۔

گردن توڑ بخار : [ا۔ امذ] ایک خطرناک بخار جس میں مریض کی گردن اکڑ جاتی ہے

گردن توڑنا : [ا۔ محاورہ] گردن کی ہڈی شکستہ کر دینا (۲) مارنا۔ سزا دینا (۳) مغلوب کرنا۔

گردن تیار ہونا : [ا۔ محاورہ] گردن کا موٹا ہونا۔ فربہ ہونا۔

گردن ٹوٹ گئی : [ا۔ محاورہ] تباہ ہو گیا (۲) حوصلہ نہ رہا (۳) ضعیف ہو گیا۔

گردن ٹوٹنا : [ا۔ محاورہ] (۱) گردن کی ہڈی کا شکستہ ہونا (۲) تباہ ہونا۔

گردن جھُکا کر چلنا : [ا۔ محاورہ] نیچی گردن کر کے چلنا۔ انکسار کرنا۔

گردن جھُکانا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "گردن جھکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گردن جھُکنا : [ا۔ محاورہ] (۱) گردن خم / نیچی ہونا۔ سر جھکنا (۲) سلام کے لیے جھُکنا (۳) زیر بار احسان ہونا۔ مرہونِ منت ہونا (۴) شرمندہ ہونا (۵) مطیع ہونا (۶) عاجزی ظاہر کرنا۔ فروتنی ظاہر ہونا۔

گردن جھکوانا : [ا۔ محاورہ] دیکھیے "گردن جھُکنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

گردن چھڑانا / چھوڑانا : [ا۔ محاورہ] (۱) کسی کے ہاتھ سے اپنی گردن رہا کرانا (۲) آزاد ہونا (۳) مصیبت سے رہائی پانا / نجات پانا (۴) آزاد کرانا (۵) مصیبت سے رہائی دلانا۔

گردن حلال کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ظلم کرنا۔ حق تلفی کرنا (۲) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔

گردن خم کرنا : [ار۔ محاورہ] گردن جھکانا۔

گردن خم ہونا : [ار۔ محاورہ] گردن جھکنا۔

گردن دبانا : [ار۔ محاورہ] مغلوب کرنا۔ قابو کرنا۔

گردن دبی ہونا : [ار۔ محاورہ] ممنون احسان ہونا۔ مرہون منت ہونا۔

گردن ڈالنا : [ار۔ محاورہ] عاجزی۔ شرمندگی۔ عاجزی یا مجبوری سے گردن نیچی کرنا

گردن ڈھلکنا / ڈھلنا : [ار۔ محاورہ] منکا ڈھلنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

گردن زدنی : [ار۔ امث] مار ڈالنے کے قابل۔ واجب القتل۔

گردن زمین : [ار۔ امث] خانمانے

گردن زن : [ار۔ امذ] جلاد

گردن زنی : [ار۔ امث] دیکھئے "گردن زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

گردن سے جوا اتارنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گردن سے جوا اترنا" جس کا یہ متعدی ہے

گردن سے جوا اترنا : [ار۔ محاورہ] کسی ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔ آزاد ہونا۔ فرمانبرداری سے آزادی پانا۔

گردن سیدھی ہونا : [ار۔ محاورہ] مغرور ہونا۔

گردن شرم سے خم ہونا : [ار۔ محاورہ] شرم کی وجہ سے گردن جھکی رہنا۔

گردن فراز : [ف۔ صف] سرکش باغی (۲) متکبر۔ مغرور

گردن کا بوجھ : [ار۔ امذ] وہ بار جو کسی کے ذمہ ہو۔ احسان مندی۔ فرض یا احسان کا بار (۲) گراں۔ ناگوار۔ طبع / خاطر

گردن کا بوجھ اتارنا : [ار۔ محاورہ] ذمہ داری سے کسی کو سبکدوش کرنا۔

گردن کا بوجھ اترنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گردن کا بوجھ اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گردن کاٹنا : [ار۔ محاورہ] (۱) سر کو بدن سے جدا کرنا۔ قتل کرنا (۲) ظلم کرنا حق تلفی کرنا۔

گردن کا ڈورا : [ار۔ امذ] (۱) وہ سیاہ ڈورا جو نظر بد کے خیال سے گلے میں پہنتے ہیں۔ (۲) رگ گردن (۳) گردن کا ناپ (۴) رقاصہ یا معشوقہ کی گردن کی جنبش۔

گردن کا منکا ڈھلکنا / ڈھلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گردن ڈھلکنا / ڈھلنا"

گردن کٹنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گردن کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے

گردن کش : [ف۔ صف] دیکھئے "گردن فراز"

گردن کشی : [ف۔ امث] (۱) دیکھئے "گردن کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) بغاوت۔ نافرمانی (۳) شوخی۔ شرارت (۴) زور۔ طاقت۔ (۵) گستاخی۔

گردن کی زنجیر : [ار۔ امث] وہ زنجیر جو دیوانے کی گردن میں ڈالتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کا سونے یا چاندی کا زیور۔

گردن گاہ : [ف۔ امث] (۱) سڑک جو پہاڑ کی چوٹی پر ہو (۲) ایران میں ایک مقام جو مکہ شریف کی سڑک پر واقع ہے۔

گردن گھونٹنا : [ار۔ محاورہ] گلا گھونٹنا / دبانا۔ تاکہ سانس بند ہو جائے۔

گردن مارا جانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گردن مارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گردن مارنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گردن کاٹنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا (۲) تکلیف دینا۔ نقصان پہنچانا۔

گردن مارو گریبان میں منہ ڈالو : [ار۔ مثل] نقصان کرکے چاپلوسی کرو۔ مقدس بن کر لوگوں کو ٹھگو۔

گردن مروانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گردن مارنا" جس کا یہ متعدی ہے

گردن مروڑنا : [ار۔ مص] گردن توڑنا۔ یورپ میں پرندے کو گردن مروڑ کر مارتے تھے، ذبح نہیں کرتے (۲) خون کرنا۔ خراب کرنا۔

گردن مینا : [ار۔ امث] صراحی کی گردن۔ صراحی کا اوپر کا پتلا حصہ

گردن میں پڑنا : [ار۔ محاورہ] گردن میں پہنایا جانا

گردن میں تسبیح ڈالنا : [ار۔ محاورہ] پرہیزگار بننا۔

گردن میں ڈالنا : [ار۔ محاورہ] گردن میں پہنانا

گردن میں ہاتھ پڑنا : [ار۔ محاورہ] ہم آغوش ہونا۔

گردن میں ہاتھ دے کے نکالنا : [ار۔ محاورہ] گردن پکڑ کے نکال دینا۔ بے عزتی سے نکال دینا / نکالنا۔

گردن میں ہاتھ دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) نکالنے کے لیے گردن پکڑنا (۲) پیار کرنا محبت ظاہر کرنا۔

گردن میں ہاتھ ڈالنا : [ار۔ محاورہ] ہم آغوش ہونا۔

گردن ناپنا : [ار۔ محاورہ] درزی کا گردن کی پیمائش کرنا (۲) گردن پکڑ کے نکال دینا (۳) مار ڈالنا

گردن نیچی ڈالنا : [ار۔ محاورہ] شرم سے گردن جھکا لینا۔

گردن نیچی کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گردن نیچی ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گردن نیچی ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) گردن جھکنا (۲) شرمندہ ہونا (۳) غرور ڈھے جانا

گردن نہ اٹھانا : [ار۔ محاورہ] شرمندگی سے نگاہ سامنے نہ کرنا (۲) اف نہ کرنا (۳) دم نہ مارنا۔

گردن نہ اٹھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گردن نہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے:

گردن وہاں مارے جہاں پانی نہ ملے : [ار۔ مثل] بہت برے آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

گردن ہلانا : [ار۔ محاورہ] (۱) انکار کرنا۔ اس صورت میں گردن کو دائیں سے بائیں کو ہلاتے ہیں مگر آہستہ آہستہ (۲) کسی کو اچھا سمجھ کر تائید کرتے ہیں، گردن اوپر سے نیچے کو ہلاتے ہیں۔

گردن ہلنے لگنا : [ار۔ محاورہ] بڑھاپے کی وجہ سے گردن میں رعشہ ہو جانا۔ نہایت بوڑھا ہو جانا۔

گردنی : [ار۔ امث] (۱) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا جو گردن سے پیٹھ تک ہوتا ہے۔

گردنی دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) گردن میں ہاتھ دے کر نکال دینا (۲) گُدّی میں چانٹا لگانا۔

گردنی مارنا : [ار۔ محاورہ] گردن پر ہاتھ مارنا۔

گرداور : [ف۔ امذ] (۱) گشت۔ طلایہ۔ پولیس یا محصول کا انسپکٹر

گرداوری : [ف۔ امث] گشت کرنے والوں کا فرض / نوکری۔

گردوڑا : [امذ] چھوٹا گڑھا۔

گردُوں : [ف۔ امذ] (۱) آسمان۔ چرخ۔ فلک۔ اکاس۔ (۲) رتھ بہلی (۳) گاڑی چھکڑا۔ عرابہ (۴) چرخی۔ پہیا (۵) جرثقیل کے ایک آلہ کا نام جس سے درختوں کو جڑ سے اکھاڑتے ہیں (۶) بچوں کا گڈلنا / گڈیلنا جس سے وہ چلنا سیکھتے ہیں۔ (۷) اعلان۔ تمہ

گردُوں اساس : [فع۔ صف] دیکھئے "فلک اساس"

گردونِ اقتدار : [فع۔صف] زبردست۔صاحبِ قدرت

گردوں پر دماغ ہونا : [ار۔محاورہ] دیکھئے آسمان پر دماغ ہونا۔

گردوں پر کلاہ پھینکنا : [ار۔محاورہ] ٹوپی اچھالنا۔ خوشی سے اترانا/فخر کرنا

گردوں پناہ : [ار۔صف] وہ جو آسمان کی حفاظت میں ہو۔بادشاہوں کی صفت میں استعمال ہوتا ہے۔

گردوں پہ تھوکے اُسی پر پڑے : [ار۔مثل] دیکھئے "آسمان کا تھوکا"

گردوں تمکین : [ف۔صف] عزت یا طاقت میں آسمان کے برابر۔

گردوں رکاب/سریر : [ف۔صف] بادشاہوں کی صفت

گردوں سرشت : [ف۔صف] (۱) ناز فار (۲) متکبر۔مغرور (۳) ناموافق

گردوں کا چکر کھانا : [ار۔محاورہ] انقلابِ زمانہ ہونا۔

گردوں کا ستایا : [ار۔صف۔مذ] مصیبت زدہ۔ فلک کا ستایا۔

گردوں کی ستائی : [ار۔صف۔مث] دیکھئے "گردوں کا ستایا" جس کی یہ تانیث ہے۔

گردونِ گرداں : [ف۔امذ] چرخ دوّار۔ پھرنے والا آسمان

گردوں وقار : [فع۔صف] بڑے اختیار یا مرتبے والا۔

گردوں ہمت : [فع۔صف] بلند ہمت۔ بلند حوصلہ

گردوں : [ف۔امذ] دیکھئے گردہ جس کی یہ نہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

گردوں کا مارا بہن/کی بھتیج بہن بلی حج کو چلی : [ار۔مثل] ظالم کی پارسائی سے بھی ظلم کا اظہار ہوتا ہے۔

گردہ : [ف۔امذ] ایک قسم کا سفوف، جو مصور استعمال کرتے ہیں (۲) خاکہ

گِردہ : [ف۔امذ] (۱) کوئی گول چیز (۲) قرص۔ٹکیہ (۳) خمیری موٹی اور چھوٹی روٹی (۴) وہ گول کپڑا جو عورتیں پاندان کی تھالی میں رکھتی ہیں (۵) وہ گول کپڑا جس پر حقہ رکھتے ہیں۔ (۶) ڈھول کا خول (۷) ایک قسم کا چھوٹا گول تکیہ (۸) ایک چاندی کا سکہ جو زمانہ قدیم میں پانچ پیسے کا ہوتا تھا (۹) سر کے وہ بال جو تینوں طرف اور بیچ میں سے ماتھے تک منڈے ہوئے ہوں/ہوتے ہیں (۱۰) گول تشتری (۱۱) ڈفلی یا دائرے کا گول حلقہ جس پر کھال منڈھی ہوتی ہے (۱۲) احاطہ۔دَور (۱۳) ستار کے اوپر کا گول سلا ہوا کپڑا۔ (۱۴) دائرہ (۱۵) محیط (۱۶) سورج۔چاند وغیرہ کا قرص

گِردہ بالش [ف۔امث] چھوٹا گول تکیہ

گِردۂ چرخ : [ف۔امذ] چاند۔سورج

گِردۂ کوہ : [ف۔امذ] کردستان میں ایک پہاڑ۔

گُردہ : [ف۔امذ] وہ عضو جو حیوانات کے اندر ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف کولھے کے نزدیک ہوتے ہیں۔ان کا فعل خون میں سے یورک ایسڈ یا پیشاب کو نکال کر مثانہ میں بھیجنا ہے۔ اُن کے کمزور ہو جانے سے بڑی مہلک بیماری یا بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں (۲) ایک قسم کی چھوٹی لگام (۳) جرأت حوصلہ دلیری (۴) کلمہ تنفر جو عورتیں استعمال کرتی ہیں، جیسے تیرہ گردہ تیرا مَر (۵) دیکھئے گُردا (۶) ایک قسم کا کفگیر۔

گُردہ نما : [ف۔صف] گردہ کی شکل کا۔

گُردہ ہونا : [ار۔محاورہ] حوصلہ ہونا۔دلیری ہونا۔جرأت ہونا۔

گُردے : [ار۔امذ] دیکھئے گُردہ جس کی یہ جمع۔اور مغیرہ صورت ہے۔

گُردے کا دَرد : [ار۔امذ] ایک بیماری جس میں گردے کے اندر پتھری سی ہو جاتی ہے اور سخت درد ہوا کرتا ہے۔

گُردے کی سُوجن : [ار۔امث] ایک بیماری جس میں گُردوں پر ورم ہو جاتا ہے۔

گردھر : [س۔صف] لالچی۔حریص۔

گِردھرا : [س۔صف] لالچی۔حریص۔

گردی : [ف۔امث] مرکبات میں مستعمل ہے۔بدبختی۔بدنصیبی جیسے اشراف گردی۔بادشاہ گردی (۲) دیکھئے گرد جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گردیدہ : [ف۔صف] (۱) پھرا ہوا۔ مُڑا ہوا (۲) بدلا ہوا (۳) ناراض۔

گَرڈ : [س۔امذ] (۱) نیل کنٹھ (۲) گدھ۔کرگس (۳) ایک قسم کا بڑا بگلا۔ بڑ بگلا۔ (۴) فوج کو آراستہ کرنے کا ایک طریقہ۔

گِرَر : [ہ۔امذ] لکڑ بگڑ۔ چرخ۔ ترک۔

گُرز : [ف۔امذ] ایک ہتھیار کا نام جو اُوپر سے گول اور موٹا ہوتا ہے اور نیچے دستہ لگا ہوتا ہے۔ دشمن کے سر پر مارتے ہیں۔ ہند و پاکستان میں جیتے ہوئے پہلوان کو بجائے گرز انعام دیتے تھے۔

گرز بردار : [ف۔صف] گرز اُٹھانے والا۔

گرز گاؤ سر : [ف۔امذ] وہ گرز جس کی شکل گائے کے سر کی ہو۔فریدوں کے گرز کا نام

گرز مار : [ار۔امذ] فقیروں کا ایک فرقہ جو گرز لیے پھرتے ہیں اور اگر کوئی خیرات نہ دے تو اپنے آپ کو زخمی کر لیتے ہیں۔

گرزن/گرزین : [ف۔امذ] قدیم ایرانی بادشاہوں کا تاج۔مرصع تاج۔

گُرُس : [انگ۔امذ] (GROSS) بارہ درجن یا ایک سو چوالیس چیزوں کا مجموعہ/بنڈل

گُرُست : [ہ۔صف] دیکھئے گرہست۔

گرستی : [ہ۔امث] دیکھئے گرست جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گُرسد : [ہ۔امذ] تحفہ۔عطیہ۔پیش کش۔

گُرسل : [ہ۔امث] ایک قسم کی چھوٹی مینا۔ گرائی۔

گَرَسنا : [ہ۔مص] (۱) نگلنا۔کھانا۔ (۲) پکڑنا

گُرُسنا : [ہ۔مص ل] (۱) دَم بند کر کے رونا (۲) سسکیاں لینا۔

گُرسنگی : [ف۔امث] بھوک۔ اشتہا۔

گُرسنہ : [ف۔صف] بھوکا۔

گُرسنہ چشم : [ف۔صف] (۱) بخیل۔کنجوس (۲) کمینہ۔ندیدہ (۳) حریص (۴) قحط زدہ۔ فقیر۔گدا۔

گرسنہ چشمی : [ف۔امث] دیکھئے گرسنہ چشم جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گِرِفت : [ف۔امث] (۱) پکڑ (۲) قبضہ۔دستہ۔پکڑنے کی جگہ۔مٹھ (۳) کمبی۔گولی (۴) اعتراض۔نکتہ چینی۔حرف گیری (۵) مزاحمت۔ٹوک (۶) باز پرس مطالبہ۔(افعال: کرنا۔ہونا)

گرفت میں آنا : [ار۔محاورہ] چنگل میں آنا۔پکڑا جانا۔قابو میں آنا۔

گرفتار : [ف۔صف] (۱) پکڑا ہوا۔اسیر۔قید (۲) پھنسا ہوا۔ عاشق فریفتہ۔ (افعال: کرنا۔ہونا)

گرفتار رہنا : [ار۔محاورہ] (۱) پھنسا رہنا۔ مقیّد رہنا۔

گرفتار شدہ : [ف۔صف] گرفتار۔اسیر۔قیدی۔

گرفتاری : [ف۔ امث] پکڑ۔ مواخذہ۔ قید۔ نظربندی (۲) الجھاؤ۔ جنجال

گرفتگی : [ف۔ امث] (۱) پکڑا ہوا ہونا۔ مواخذہ (۲) انقباض۔ رکاوٹ (۳) گھٹاؤ۔ (۴) گلفت۔ تنلاہٹ۔ آواز کا بھاری پن (۵) ملول ہونا۔ بند ہونا۔

گرفتگیٔ آواز : [ف۔ امث] آواز پڑنا۔ گلا پڑنا۔

گرفتگیٔ شکم : [ف۔ امث] قبض

گرفتہ : [ف۔ صف] پکڑا ہوا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے "اجل گرفتہ"

گرفتہ خاطر / دل : [ف۔ صف] رنجیدہ خاطر۔ ملول۔ ناخوش۔

گرگ : [ف۔ امذ] بھیڑیا۔ ذئب۔

گرگ آشتی : [ف۔ امث] جھوٹی صلح۔ ظاہری صلح۔

گرگ آشنائی : [ف۔ امث] ظاہری دوستی۔ ظاہر دوستی باطن میں دشمنی۔

گرگِ باراں دیدہ : [ف۔ صف] کہتے ہیں کہ اگر بھیڑیے پر ایک دفعہ بارش ہو جائے / ایک دفعہ بارش میں بھیگ جائے تو پھر وہ بارش میں باہر نکلنے سے نہیں جھجکتا۔ مجازاً خرانٹ۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ بُرے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

گرگ بغل / بغلی : [ف۔ صف] وہ جو دوست بن کر دھوکا دے۔

گرگ زادہ : [ف۔ امذ] بھیڑیے کا بچہ۔ ابنِ شریر۔

گرگِ کُہن : [ف۔ صف] مجازاً خرانٹ۔ پرانا تجربہ کار۔ بڑا بھاری مکار ذم کا بھولے ہوئے۔

گرگا : [ہ۔ امذ] (۱) گرو کی ٹہل کرنے والا۔ چھوکرا (۲) چیلا۔ مرید۔ شاگرد (۳) کمینہ۔ نوکر۔ برتن مانجھنے / دھونے والا (۴) خدمت گار۔ ٹہلوا۔ (۵) بدکار۔ بدوضع (۶) شریر۔ شیطان (۷) گھٹنے کا جوڑ

گرگابی : [ہ۔ امث] ایک قسم کی انگریزی جوتی جو فیتوں کے بغیر ٹخنوں تک ہوتی ہے۔

گرگٹ : [ف۔ امذ] چھپکلی کی شکل کا ایک جانور جو دھوپ میں اپنا رنگ بدلتا رہتا ہے۔ شاعر اسے سورج کا عاشق سمجھتے ہیں۔ کیونکہ یہ عموماً سورج کی طرف منہ کرکے بیٹھتا ہے۔ حربا۔ کرلا۔

گرگٹ کی دوڑ بٹوڑے تک : [ار۔ مثل] بٹوڑا گندگی کا ڈھیر کو کہتے ہیں۔ ہر شخص اپنے مربی پر بھروسا کرتا ہے۔ ہر شخص اپنے ٹھکانے پر جا کر پناہ گزیں ہوتا ہے۔

گرگٹ کی طرح / کے سے رنگ بدلنا : [ار۔ محاورہ] ایک حال پر نہ رہنا (۲) انقلاب پر انقلاب ہونا۔ تغیر و تبدل ہونا (۳) نہایت متلون مزاج ہونا (۴) غصّے کے مارے لال پیلا ہونا۔ نیلی نیلی آنکھیں ہونا۔

گرگٹ کی طرح کبھی کالا کبھی لال، لال کبھی کالا : [ار۔ مثل] غصّے سے چہرے کا رنگ بدلنا۔

گرگج : [ہ۔ امذ] (۱) قلعہ۔ برج (۲) پاڑ۔ مچان (۳) شجاع۔ بہادر۔ پہلوان

گرگر : [ہ۔ امذ] (۱) بھنور۔ گرداب (۲) بلونی۔ وہ برتن جس میں دودھ بلوئیں

گرگر : [ف۔ امذ] خدا کا ایک نام (۲) تخت۔

گرگرانا : [ہ۔ مص] (۱) گرجنا (۲) قلقل کی آواز نکلنا (۳) گڑگڑانا۔ گڑگڑ کرنا

گرگری : [ہ۔ امث] (۱) پانی کا گھڑا۔ گاگر۔

گرگری : [ہ۔ امث] جاڑے کا بخار۔ تپ لرزہ

گرگوا : [ہ۔ امذ] ایک قسم کی گھاس جو بارشوں میں نیچی زمینوں میں اگتی ہے۔

گرگھا : [ہ۔ امذ] گھٹنے کا جوڑ۔

گرگی / گرگلی : [ہ۔ امث] گچھا۔ نصف پاجامہ جو گھٹنوں تک ہوتا ہے۔

گرم : [ف۔ صف] سوزاں۔ محرق۔ جلتا ہوا۔ حار۔ حرارتِ آتشی (۲) مزاج میں گرم وہ جس کا اثر گرم ہو (۳) لال۔ دہکتا ہوا (۴) سریع الحرکت۔ تیز رفتار (۵) سرگرم مستعد۔ تیار۔ مصروف۔ مشغول (۷) تند و تیز (۸) ناگوار۔ سخت۔ ناملائم (۹) خفا۔ ناراض (۱۰) شوخ۔ شرارتی چلبلا (۱۱) صفراوی۔ پت کا (۱۲) بارونق۔ پررونق (۱۳) سرخ و سفید۔ بھبوکا (۱۴) فائق۔ غالب (۱۵) پرزور۔ پرمضمون۔ پراثر (۱۶) (آہ) کے لیے تیز پراثر (۱۷) بہت زیادہ (۱۸) اختلاط رکھنے والا۔ مختلط خلا ملا (۱۹) متعلق فعل۔ جلد۔ شتاب (۲۰) خوب کھرے۔ چوکھے۔

گرم آبہ / گرمابہ : [ف۔ امذ] گرم حمام

گرم اختلاط : [ف۔ صف] گہرا دوست۔ ازحد بے تکلف۔ نہایت ربط ضبط رکھنے والا۔

گرم اختلاطی : [ف۔ امث] گہری دوستی۔ ازحد بے تکلفی۔ بہت ربط ضبط

گرم افزا : [ف۔ امث] یزدجرد کا تیسرا مہینہ۔

گرم بازاری : [ف۔ امث] بہت بکری۔ بے حد خریداری۔ کثرت خرید فروخت (۲) ہجوم خلائق۔ رونق بازار (۳) لین دین اور بیع بیوپار کی کثرت

گرم بغل کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے بغل گرم کرنا

گرم بغل ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "گرم بغل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گرم بولنا : [ار۔ محاورہ] غصّے کے ساتھ بات کرنا۔ تندخوئی سے پیش آنا۔ بدمزاجی سے جواب دینا۔

گرم پانی : [ار۔ امذ] (۱) کھولتا ہوا پانی (۲) [ب] منی۔ بیرج (نون: نکلنا، ٹکانا)

گرم پانی کرانا : [ار۔ محاورہ] نامطبوع عورت سے ... کرکے خواہش نفسانی پوری کرنا

گرم جوشی / گرمجوشی : [ف۔ امث] ربط۔ ضبط۔ تپاک۔ اختلاط۔ محبت (۲) سرگرمی۔ ولولہ۔ جوش۔ شوق (۳) کوشش۔ سعی۔

گرم جولان : [ف۔ صف] تیز دوڑنے والا۔ افعال: رہنا۔ ہونا۔

گرم خانہ : [ف۔ امذ] وہ مکان جہاں سردیوں میں نازک پودوں کو رکھیں۔ (۲) وہ مکان جہاں سردیوں کا موسم گزاریں۔

گرم خبر : [ف۔ امث] عام خبر۔ افواہ۔ دھوم

گرم خو : [ف۔ صف] تندخو۔ غضبناک

گرم خوبانِ چمن : [ف۔ امذ] پھول اور شگوفے

گرم خیز : [ف۔ صف] تیز چلنے والا۔ چالاک

گرم دستی : [ف۔ امث] تیز دستی۔

گرم دل : [ف۔ امذ] عاشق

گرم رفتار / رو : [ف۔ صف] تیز رفتار۔ تیز رَو (۲) سرگرم۔ مستعد

گرم رفتاری : [ف۔ امث] دیکھیے "گرم رفتار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گرم سرد : [ف۔ صف] تتا اور ٹھنڈا۔ حار اور بارد (۲) شیر گرم (۳) بُرا بھلا۔ نرم سخت۔ نیک و بد (۴) حوادث زمانہ (افعال: اٹھانا۔ دیکھنا۔ سہنا)

گرم سفر : [ف۔ صف] سفر میں سرگرم

گرم سیر : [ف۔ صف] وہ جس کی آب و ہوا گرم ہو (ملک)

گرم شتاب : [ف ۔ صف] جلدی کرنے والا ۔ تیزی کرنے والا ۔
گرم صحبت : [ف ۔ صف] دیکھئے "گرم اختلاط"
گرم عنان : [ف ۔ صف] تیز دوڑنے والا گھوڑا ۔
گرم فغان : [ف ۔ صف] رونے دھونے میں مصروف ۔
گرم فقرہ : [ف ۔ امذ] شوخ فقرہ ۔ مذاق ۔ افعال چست کرنا ۔ سوجھنا وغیرہ
گرم کپڑے : [ف ۔ امذ] اونی کپڑے ۔ جاڑے کے موسم کی پوشاک یا روئی دار کپڑے ۔
گرم کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) تتا کرنا ۔ کسی چیز کو آگ پر رکھ کر اس میں حرارت پیدا کرنا (۲) غصہ دلانا ۔ جوش دلانا ۔ (۳) (گھوڑا) تیز کرنا ۔ دوڑانا ۔
گرم کھاؤ : [محاورہ] ابھی لو ۔
گرم گرم : [ف ۔ صف] گرم کی تاکید ۔ بہت گرم (۲) متعلق فعل ۔ تازہ بہ تازہ ۔ نو بنو ۔ (۳) جلد جلد ۔ شتاب شتاب ۔
گرم مزاج : [ف ۔ صف] تیز مزاج ۔ تندخو ۔
گرم مزاجی : [ف ۔ امث] بد مزاجی ۔ تندخوئی
گرم مسالا / مصالحہ : [ف ۔ امذ] ایک سفوف جو زیرہ ۔ سیاہ مرچ ۔ لونگ ۔ لاچی ۔ دارچینی وغیرہ کے مجموعہ کو کوٹ کر بناتے ہیں اور سالن کو خوشبودار اور چٹ پٹا بنانے کے لیے ڈالتے ہیں (۲) (معشوق) گرما گرم ۔
گرم ملنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) چلتے چلتے ملنا ۔ رواداری کی ملاقات کرنا (۲) (متعلق فعل) تپاک اور اختلاط سے ملنا ۔
گرم نگاہ : [ف ۔ امث] (۱) غصے کی نظر (۲) صف ۔ غصے کی نگاہ والا ۔
گرم و سرد : [ف ۔ امذ] حوادث زمانہ ۔ رنج و راحت ۔
گرم و سرد اٹھانا / دیکھنا / سہنا : [ار ۔ محاورہ] مصیبت سہنا ۔ بُرا بھلا وقت دیکھنا (۲) تجربہ حاصل کرنا ۔ تجربہ کار ہونا ۔
گرم و سرد زمانہ چشیدہ : [ف ۔ صف] تجربہ کار ۔ معمر ۔ جس نے رنج راحت اٹھایا ہو ۔
گرم ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "گرم کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) رونق پکڑنا ۔ بارونق ہونا (۳) مادہ حیوان کا مستی پر آنا ۔ جماع کی خواہش کرنا اور جماع کے لیے تیار ہونا ۔
گرما : [ف ۔ امذ] (۱) گرمی کا موسم (۲) سردے سے مشابہ ایک پھل جو خاصا میٹھا ہوتا ہے یہ موسم گرما میں ہوتا ہے ۔
گرما جانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گرمانا" جس کی یہ تکمیل ہے ۔
گرما گرم : [ف ۔ صف] (۱) جلتا ہوا ۔ تتا ۔ بھاپ اٹھتا ہوا ۔ بہت گرم پراٹھا پلاؤ ۔ پھلکا ۔ حلوا ۔ سالن وغیرہ (۲) تازہ بہ تازہ ۔ نو بہ نو تُرت کا (۳) پُرجوش ۔ پُراثر (۴) رقت خیز ۔ رُلانے والا دیوانگیز وجد آور (۵) شوخ و شنگ ۔ چلبلا (۶) جوانی کا جوش بھرا ہوا ۔ (۷) لطیفہ گو ۔ بذلہ سنج (۸) چرب زبان ۔ طرار ۔ فرار (۹) متعلق فعل ۔ برجستہ ۔ تراق پڑاق ۔ تُرنت ۔ بلا تصنع ۔
گرما گرم آدمی : [ف ۔ امذ] لطیفہ گو / بذلہ سنج آدمی ۔
گرما گرم باتیں : [ف ۔ امث] شوخ باتیں
گرما گرم لطیفے : [ف ۔ امذ] برجستہ مذاق

گرما گرمی : [ف ۔ امث] شوخی ۔ تیزی ۔ جوش ۔
گرما گرمی سے : [ار ۔ متعلق فعل] بڑے تپاک سے تیزی اور جوش کے ساتھ
گرمانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) گرم ہو جانا (۲) ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔ غصے میں آنا (۳) مستانا ۔ جوش میں آنا (۴) مادہ چارپائے کا مستی میں آنا ۔ خواہش جفت کرنا اور اس کے لیے تیار ہونا (۵) برسات کے موسم میں گرمی ہونا (۶) حرارت میں بھر کر تیز دوڑنا (۷) شتاب ہونا ۔
گرماوا / گرمایہ : [ف ۔ امذ] دیکھئے "گرم آبہ / گرمابہ"
گرماہٹ : [ار ۔ امث] گرمی ۔ حرارت ۔ تپش (۲) شوخی ۔ شرارت
گرمائی : [ار ۔ امث] (۱) گرمی ۔ تپش ۔ حرارت (۲) صف ۔ گرما سے منسوب
گرمائی آنا : [ار ۔ محاورہ] جوش آنا ۔ تیزی آنا ۔ غصہ آنا (۲) گرم ہونا ۔ تاثیر
گرمائی لینا : [ار ۔ محاورہ] بیمار کا کسی دوا کے جوشاندہ کا بھپارا لینا ۔ پسینہ نکالنا ۔
گرمی : [ف ۔ امث] (۱) حرارت ۔ تپش ۔ حدت (۲) جلن ۔ سوزش ۔ آگ فرنت (۳) گرمی کا موسم ۔ گرما ۔ تابستان (۴) اختلاط ۔ گرمجوشی ۔ تپاک سرگرمی (۵) شوخی ۔ طراری چلبلاہٹ (۶) تیزی ۔ تندی (۷) غصہ ۔ ناراضی ۔ جھنجھلاہٹ (۸) شہوت ۔ خواہش نفسانی (۹) شباب ۔ جوانی ۔ اُمنگ (۱۰) آتشک کا مرض (۱۱) ولولہ ۔ جوش ۔ (۱۲) محبت ۔ الفت ۔ عشق ۔ آتش (۱۳) گرمی کے دانے اور چھوٹی چھوٹی پھنسیاں ۔ پت (۱۴) ہاتھی گھوڑے کے پیشاب میں خون (۱۵) اندرونی حرارت ۔ مزاج کی حدت (۱۶) پسینا ۔
گرمی آنا : [ار ۔ محاورہ] پسینا آنا ۔
گرمی بازار : [ف ۔ امث] رونق بازار ۔ خریداری ۔ گاہکی ۔ بکری ۔ خرید و فروخت کا زور شور ۔ شہرت ۔ موری ۔ دھوم ۔ شہرہ ۔ قدر و منزلت ۔ عزت آبرو ۔
گرمی پڑنا : [ار ۔ محاورہ] شدت کی گرمی ہونا ۔ دھوپ پڑنا
گرمی چڑھ جانا : [ار ۔ محاورہ] دماغ میں خلل آنا
گرمی چھانٹنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) مزاج کی گرمی نکالنا (۲) حرارت دفع کرنا ۔ حرارت کا دفعیہ کرنا ۔
گرمی دانے : [ار ۔ امذ] وہ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں جو گرمی ۔ برسات میں بدن پر نکل آتی ہیں ۔ پت ۔ گھمور ۔
گرمی سبزہ رنگوں سے اور گھر میں بھونی بھنگ نہیں : [ار ۔ مثل] غربت میں عیاشی کا شوق ۔
گرمی سخن : [ف ۔ امث] سخن کی خوبی ۔ شعر کی تاثیر
گرمی سے جواب دینا : [ار ۔ محاورہ] غصے سے جواب دینا ۔
گرمی کا پھونکے دینا : [ار ۔ محاورہ] بے حد گرمی ہونا ۔ کسی چیز کے شوق کا بے حد ہونا ۔
گرمی کا موسم : [ار ۔ امذ] ۔ موسم گرما ۔
گرمی کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) بدن میں گرمی حرارت بڑھا دینا ۔ طبیعت میں حدت کا زیادہ کرنا ۔ دل کو حرارت پہنچانا (۲) شوخی ۔ کرنا ۔ شرارت کرنا (۳) جوش ۔ بڑھانا ۔ ولولہ پیدا کرنا ۔
گرمی کی دوپہر : [ار ۔ امث] سخت گرم دوپہر ۔ گرمی کے موسم کی دوپہر جو بہت گرمی ہوتی ہے ۔

گرمی کے دن : [ا۔ر۔امذ] گرمی کا موسم
گرمی کے رنگ : [ا۔ر۔امذ] ایسے ہلکے رنگ جن کا گرمی میں رواج ہو مثلاً ہلکا گلابی۔ آبی۔ انگوری۔ بادامی۔ پیازی۔ خشخاشی۔ دودھیا۔ سندوری۔ علاگیری وغیرہ۔
گرمی کے کپڑے : [ا۔ر۔امذ] ٹھنڈی پوشاک۔ موسم گرما کی پوشاک۔
گرمی مضمون : [ف۔امث] مضمون کی شوخی
گرمی نکالنا : [ا۔ر۔محاورہ] جماع کی خواہش مٹانا
گرمی نکلنا : [ا۔ر۔محاورہ] آتشک کا مرض لاحق ہوجانا۔
گرمی ہونا : [ا۔ر۔محاورہ] (۱) دیکھئے "گرمی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔ (۲) خواہش جماع کا غلبہ طبیعت پر ہونا۔ مجامعت کا خواہشمند ہونا۔ (۳) آتشک ہونا۔
گرمیاں : [ا۔ر۔امث] (۱) گرمی کی جمع (۲) گرمجوشیاں۔ تپاک (۳) موسم گرما (۴) شوخی۔ شرارت (۵) ظرافت مذاق (۶) غصے جھنجلیاں
گرمیاں آنا : [ا۔ر۔محاورہ] گرمی کے موسم کا آنا۔
گرمیاں جتانا : [ا۔ر۔محاورہ] نمائشی اخلاص کرنا۔
گرمیاں کرنا : [ا۔ر۔محاورہ] (۱) شوخیاں کرنا۔ ناز نخرے کرنا (۲) مذاق کرنا (۳) تپاک ظاہر کرنا۔ محبت جتانا۔
گرمیوں : [ا۔ر۔امث] گرمی کی جمع ادحالت مغیرہ
گرمیوں کی رات/راتیں : [ا۔ر۔امث] سخت گرم رات/راتیں (۲) موسم گرما کی رات/راتیں
گرنتھ : [س۔امذ] کتاب۔ پوتھی۔ پستک (۲) سکھوں کی مقدس کتاب جس میں گرو نانک جی اور دیگر گوروؤں اور مقدس آدمیوں کی تصنیف کردہ نظمیں اور اقوال ہیں۔
گرنتھی : [ہ۔صف] کتاب کا۔ کتاب کے متعلق (۲) عالم فاضل پڑھا لکھا (۳) کتاب پڑھنے والا شخص (۴) وہ شخص جس کے پاس بہت سی کتابیں ہوں (۵) مؤلف (۶) گرنتھ پڑھنے والا شخص۔ سکھوں کا مذہبی امام۔
گرنٹ : [انگ۔امث] ایک کپڑے کا نام۔
گرنڈ : [ہ۔امذ] چکی کے ارد گرد مٹی سے بنا ہوا احاطہ جس میں پیسنے کے بعد آٹا جمع رہتا ہے۔
گرنیڈ : [انگ۔امذ] (۱) وہ ظرف جس میں ایسے کیمیاوی اجزا بھرے ہوتے ہیں جو دھماکے سے پھٹتے ہیں (۲) ایک قسم کا بم۔
گرو : [س۔امذ] غرور۔ تکبر۔ اچیماں۔ خود ستائی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
گرو : [ف۔صف] رہن۔ گروی۔ گہنے۔ بندھک۔ جاگرو۔ دھرو (۲) مطیع۔ مقید۔ گرفتار۔ مبتلا (۳) [ف] شرط۔ بازی۔ داؤں (۴) مکفول یا مرہونہ
گُرو : [س۔صف] (۱) بھاری۔ وزنی۔ بوجھل (۲) بڑا۔ لمبا۔ (اعراب) (۳) سخت بھاری (لہجہ) (۴) مشکل۔ دقت طلب (۵) اصلی (درجہ میں) اونچا (۶) بہت زیادہ سخت (۷) سنگین شدید (۸) ضروری۔ اہم (۹) قیمتی۔ عزیز (۱۰) معزز۔ عزت دار (۱۱) اصل۔ نفیس (۱۲) بہترین۔ نہایت اچھا (۱۳) طنزاً۔ بد معاش۔ لچا۔ غنڈہ۔ متفنی۔ بدذات۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔ کائیاں۔ خرانٹ ہوشیار۔ چالاک۔ گھاگ (۱۴) قابل عزت جیسے ماں باپ استاد بزرگ (۱۵) وہ استاد جو پہلا منتر سکھائے (۱۶) مذہبی رہنمائے دین۔ پیر۔ مرشد۔ اچارج۔ دھرم سکھانے والا (۱۷) استاد معلم ماہر فن۔ کامل فن۔ جگت استاد (۱۸) برہسپت یا مشتری جو دیوتاؤں کا استاد سمجھا جاتا ہے (۲۰) دانا شخص۔ عقل مند آدمی رشی۔ منی۔ (۲۱) ورون اچارج

گرو بڑا کہ چیلا : [ا۔ر۔مثل] ایک سے ایک بڑھ کر
گرو جو کہ تھا وہ تو گڑ ہوگیا۔ ولے اس کا چیلا شکر ہوگیا : [ا۔ر۔مثل] شاگرد استاد سے بڑھ گیا۔
گرو جی چیلے بہت ہوگئے۔ کہا بچہ بھوکے مریں گے آپ چلے جائیں گے : [ا۔ر۔مثل] دیکھئے باباجی چیلے۔
گرو دچھنا/دکشنا : [ہ۔امث] وہ نذرانہ جو گرو کو دیا جائے (۲) وہ جاگیر جو گرو کو دی جائے۔
گرودوارا : [ہ۔امذ] گرو کے رہنے کا مکان (۲) سکھوں کا معبد۔ دیکھئے "گردوارا"
گرو سیوا : [ہ۔امث] گرو کی خدمت۔
گرو گھنٹال : [ہ۔امذ] (۱) وہ گرو جو اپنے گلے میں گھنٹہ ڈالے ہوئے ہو (۲) وہ مہنت جس کے آگے گھنٹہ بجتا چلے۔ وہ پرستش کرنیوالا جو گھنٹہ بجائے (۲) بہت کامل استاد۔ پیر مرشد (۳) بدمعاشوں کا سرغنہ۔ بڑا چالاک اور خرانٹ
گرو گھنٹال ہے : [ا۔ر۔محاورہ] مفسد ہے۔ شرارت میں سب کا پیشرا ہے
گروپ : [انگ۔امذ] (GROUP) مجمع۔ جھنڈ (۲) کئی آدمیوں کی اکٹھی تصویر (۳) کئی چیزوں کا مجموعہ۔
گروپ فائرنگ : [انگ۔امث] (GROUP FIRING) ایسی چاند ماری جس میں بہت سی گولیوں کے قریب قریب لگنے پر نمبر دیئے جائیں۔
گروپنگ : [انگ۔امذ] چاند ماری میں بہت سے نشانے قریب قریب لگانا۔ (GROUPING)
گرونی : [ہ۔امث] حاملہ عورت۔ گابھن۔
گروہ / گروہ [ف۔امذ] (۱) جماعت۔ منڈلی۔ ٹولی۔ طائفہ (۲) جرگہ ذات (۳) قسم۔ نوع۔ ذات (۴) پرندوں کی جماعت۔ جھنڈ غول۔ پرا۔ ڈار (۵) لشکر فراہم شدہ۔ عسکر۔
گروہ بندی : [ف۔امث] گروہ بنانا۔ جماعت قائم کرنا۔
گروہہ : [ف۔امذ] بندوق کی گولی۔ غلیل کا غلہ
گروی : [ا۔ر۔صف] (۱) رہن۔ گرو۔ بندھک (۲۔ امث) مرہونہ شے وہ چیز جو رہن رکھی جائے۔
گروی پتر : [ہ۔امذ] رہن نامہ
گروی دار : [ا۔ر۔امذ] وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز گروی/رہن رکھی جائے۔
گروی دھرنا/رکھنا : [ا۔ر۔محاورہ] رہن رکھنا۔
گروی دھرنے/رکھنے والا : [ا۔ر۔صف] وہ شخص جو اپنی کوئی چیز کسی کے پاس گروی رکھے۔ راہن۔
گروی سے چھڑانا : [ا۔ر۔محاورہ] گروی چیز کو اصل رقم یا مع سود دیکر

واپس لینا۔ فک الرہن۔

گروی ضبطی :[ار۔ امث] گروی چیز کا ضبط کر لینا۔

گروی گانٹھا : [ار۔ امذ] قرض دام

گروی گانٹھا کرنا : [ار۔ محاورہ] قرض دام لینا۔

گروی نامہ : [ار۔ امذ] کسی چیز کے گروی رکھنے کی دستاویز

گروی : [ہ۔ امذ] ایک قسم کا کیڑہ جو فصلوں کو لگ جاتا ہے جس سے کھیت زرد ہو جاتے ہیں اور دانہ نہیں پڑتا۔ افعال : لگنا

گرُوی : [ہ۔ امث] (۱) حاملہ (۲) گرُد کی بیوی

گرویّا : [ہ۔ امث] چڑیا۔

گرویدگی : [ف۔ امث] فریفتگی۔ شیفتگی

گرویدہ : [ف۔ صف] فریفتہ۔ عاشق۔ شیفتہ

گرویدہ ہونا : [ار۔ مصدر مرکب] عاشق و شیدا ہونا۔ دلدادہ ہونا۔ مرنا کسی پر جان دینا (۲) سر ہونا (۳) در پے ہونا۔

گرہ : [ف۔ امث] (۱) گانٹھ۔ عقدہ۔ (۲) جیب۔ پاکٹ (۳) گز کا سولہواں حصہ۔ قریباً تین انگل کی چوڑائی (۴) ار۔ جوڑ (۵) کدورت۔ رنج (۶) غدہ۔ گلٹی (۷) بند کا آخری شعر (۸) مشکل (۹) برچھی کا وہ حصہ جس میں سنان لگی ہوتی ہے (۱۰) بانس یا گنے وغیرہ کا وہ حصہ جہاں ایک پور دوسرے پور سے ملتی ہے۔

گرہ باز : [ف۔ صف] ایک قسم کا کبوتر جو پرواز میں قلابازیاں کھائے۔

گرہ باندھنا : [ار۔ محاورہ] کسی بات کو یاد رکھنے کے لیے رومال یا پگڑی وغیرہ میں گانٹھ دینا (۲) کسی چیز کو اپنے قابو میں سنبھال کر رکھنا۔

گرہ بُر : [ف۔ صف] جیب کترا۔ وہ شخص جو لوگوں کی جیب کتر کر مال نکال لے۔

گرہ پڑنا / پڑجانا : [ار۔ محاورہ] گانٹھ پڑنا۔ الجھنا۔ (۲) دل کی محبت میں فرق آنا۔ دشمنی ہونا۔ عداوت ہونا۔

گرہِ پیشانی : [ف۔ صف] بد دماغ۔ تیوری چڑھائے ہوئے۔

گرہ ٹٹولنا : [ار۔ محاورہ] مال و دولت کی طلب ظاہر کرنا (۲) دوسرے کا مال لینے کی کوشش کرنا۔

گرہ دار : [ف۔ صف] بہت سی گانٹھوں والا گٹھیلا (۲) مشکل

گرہ دینا : [ار۔ محاورہ] گانٹھ لگانا۔ یاد رکھنا۔

گرہ ڈالنا : [ار۔ محاورہ] گتھی ڈالنا۔

گرہ سے : [ار۔ متعلق فعل] پاس سے

گرہ سے / کا جانا : [ار۔ محاورہ] اپنی جیب سے خرچ ہونا۔ ذاتی نقصان ہونا

گرہ کا بل : [ار۔ امذ] دولت اور مال کا گھمنڈ ہونا

گرہ کا کٹنا : [ار۔ محاورہ] جیب کترنا۔ کسی کی جیب سے مال چرانا

گرہ کا دیجیے پر ضامن نہ ہوجیے : [ار۔ مثل] کسی کی ضمانت نہیں دینی چاہیے بلکہ اس سے بہتر یہ ہے کہ اپنی جیب سے روپیہ دے دے۔

گرہ کا خسارہ : [ار۔ امذ] اپنا خسارہ۔ ذاتی خسارہ

گرہ کا کھلنا / کھل جانا : [ار۔ محاورہ] عقدہ وا ہونا (۲) جیب کا کترا جانا (۳) ذاتی نقصان ہونا۔

گرہ کا کھول لینا : [ار۔ محاورہ] کسی سے کچھ چھین لینا۔

گرہ کا کھونا : [ار۔ محاورہ] اپنا نقصان کرنا۔

گرہ کا کیا جاتا ہے / کیا کھل گیا : [ار۔ محاورہ] کسی کا کیا گیا

گرہ کاٹ / کٹ : [ار۔ صف] جیب کترا

گرہ کٹنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "گانٹھ کٹنا"

گرہ کرنا : [ار۔ محاورہ] کبوتر کا پلٹے کھانا۔

گرہ کُشا : [ف۔ صف] گانٹھ کھولنے والا۔ مشکل حل کرنے والا

گرہ کھلنا : [ار۔ محاورہ] عقدہ وا ہونا (۲) جیب کا کترا جانا۔ ذاتی نقصان ہونا

گرہ کھولنا : [ار۔ محاورہ] گانٹھ کھولنا۔ عقدہ وا کرنا (۲) دل کی کدورت نکال دینا۔ رنجش دُور کرنا۔

گرہ گانٹھ میں : [ار۔ متعلق فعل] کسی کے پاس

گرہ گیر : [ف۔ صف] بل کھائے ہوئے۔ مڑا ہوا۔ پیچیدہ۔

گرہ لگانا / باندھنا : [ار۔ محاورہ] مصرع پر دوسرا مصرع لگانا (۲) دل میں رنجش ڈالنا۔

گرہ لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "گرہ لگانا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے۔

گرہ موئے کمر : [ف۔ امث] ناف (کنایۃً)

گرہ میں : [ار۔ متعلق فعل] پاس۔ تحویل میں۔ قبضہ میں۔

گرہ میں باندھنا : [ار۔ محاورہ] قبضے میں کرنا (۲) یاد رکھنا۔

گرہ میں پیسا ہونا : [ار۔ محاورہ] روپیہ پاس ہونا۔ مالدار ہونا۔

گرہ میں دام ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "گرہ میں پیسا ہونا"

گرہ میں رکھنا : [ار۔ محاورہ] پاس یا موجود رکھنا۔

گرہ میں رہنا : [ار۔ محاورہ] قبضہ میں رہنا۔ پاس ہونا۔

گرہ میں زر ہونا : [ار۔ محاورہ] مال دار ہونا۔ روپیہ پاس ہونا۔

گرہ میں کچھ ہونا : [ار۔ محاورہ] مالدار ہونا۔

گرہ میں کوڑی نہیں اور بازار کی سیر : [ار۔ مثل] مفلسی میں امیرانہ وضع اختیار کرنا۔

گرہ میں مال ہونا : [ار۔ محاورہ] روپیہ پاس ہونا۔ مال دار ہونا۔

گرہ میں ہونا : [ار۔ محاورہ] پاس ہونا۔ قبضہ میں ہونا۔

گرہ نکلنا : [ار۔ محاورہ] گتھی سلجھنا۔ پیچ دُور ہونا۔ مشکل حل ہونا۔

گرَہ : [س۔ امذ] سیارہ (۲) ہندو جوتش کے موافق ان نو ستاروں کو کہتے ہیں : سورج، چاند، منگل، بدھ، برہسپت، شکر، سنیچر، راہو، کیت۔

گرَہ آنا : [ار۔ محاورہ] نحوست آنا۔ ادبار ہونا

گرَہ پتر : [ھ۔ امذ] اچھے بُرے پھلوں یا نتیجوں کا زائچہ۔ لگن کنڈلی

گرَہ دیکھنا : [ار۔ محاورہ] جنم پتری دیکھنا۔

گرہست : [ھ۔ امث] عیال داری۔ قبیل داری۔ دنیا داری۔ خاندا

گرہستن : [ھ۔ امث] (۱) زوجہ۔ بیوی (۲) سگھڑ۔ سلیقہ والی۔

گرہستی : [ھ۔ امذ] دنیادار۔ عیال دار۔ گھر والا۔

گرہلا : [ار۔ صف] گرہ دار

گرہلی : [ار۔ مث] دیکھیے "گرہلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

گرہن : [ہ ۔ اِمذ] (۱) گہن (۲) کسوف ۔ سورج پر چاند کا یا سورج کا چاند پر سایہ ہو جانا۔ اور اس طرح چاند یا سورج کا سایہ نظر آنا

گرہن لگنا : [ار ۔ محاورہ] سورج یا چاند میں اندھیرا ہونا (۲) داغ لگنا ۔ عیب لگنا۔

گرہی : [ہ ۔ امث] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

گری : [ار ۔ امث] گھاس کا انبار

گری : [ہ ۔ امث] ڈول کی رسی پھینکنے کی چرخی۔

گری : [ار ۔ امث] مغز ۔ تخم (۱) ناریل کا مغز ۲ ۔ صف ۔ گری ہوئی

گری ہوئی آواز : [ار ۔ امث] پست آواز۔

گرے پڑنا : [ار ۔ محاورہ] ٹوٹے پڑنا۔

گریا : [س ۔ امث] پیٹھ کی ہڈیوں کا مجموعہ (۲) ۔ سانپ کا مہرہ (۳) شیشے کا موتی (۴) تسبیح یا ہار کا دانہ یا موتی

گریان : [ف ۔ صف] روتا ہوا ۔ نالاں ۔

گریبان : [ف ۔ امذ] پوشاک کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے۔

گریبان پرزے ہونا : [ار ۔ محاورہ] گریباں چاک چاک ہونا۔

گریبان پکڑنا : [ار ۔ محاورہ] سخت تقاضا کرنا ۔ گریبان پکڑ کر کھینچنا۔

گریبان پھاڑنا : [ار ۔ محاورہ] گریباں چاک کرنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) کنایۃً وحشت سے کپڑے پھاڑنا دیوانہ ہونا۔

گریبان پھٹنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گریبان پھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گریباں دری : [ف ۔ امث] گریباں پھاڑنا۔

گریباں دریدہ : [ف ۔ صف] گریباں پھاڑے ہوئے

گریبانِ کوہ : [ف ۔ امذ] وہ جگہ جو پہاڑ کے درمیان ہو۔

گریبان کھینچنا : [ار ۔ محاورہ] جبراً کوئی کام لینے کیلئے گریبان پکڑ کر لے جانا

گریباں گیر : [ف ۔ صف] روکنے والا ۔ مقابلہ کرنے والا ۔ مزاحم (۲) دعویدار ۔ الزام لگانے

گریباں میں سر جھکانا : [ار ۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔

گریباں میں سر ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔

گریباں میں سر ہونا : [ار ۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔

گریباں میں منہ چھپانا : [ار ۔ محاورہ] شرمندگی کی وجہ سے سامنے نہ ہونا

گریباں میں منہ ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] نہایت شرمندہ ہونا ۔ اپنے عیب کا معترف ہونا ۔ سر جھکا کر غور کرنا۔

گریباں میں ہاتھ ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) کسی کا گریباں پکڑنا (۲) کسی چیز کا تقاضا کرنا۔

گریبان نکلنا : [ار ۔ محاورہ] گریباں پھٹنا۔

گریپ فروٹ : [انگ ۔ امذ] ترشاوا پھل

گریجویٹ : [انگ ۔ امذ] (GRADUATE) بی اے یا سند یافتہ (۲) عطار کا دوائی ماپنے کا گلاس۔

گریچوئٹی : [انگ ۔ امث] بخشش ۔ عطیہ ۔ انعام ۔ وظیفہ (GRATUITY)

گریڈ : [انگ ۔ امذ] (GRADE) درجہ ۔ مرتبہ ۔ رتبہ ۔ پایہ

گریز : [ف ۔ امث] بھاگنا ۔ فرار (۲) علیحدگی ۔ اجتناب ۔ پرہیز (۳) قصیدہ میں تمہید کے بعد اصل مقصد کی طرف متوجہ ہونا۔

گریزپا : [ف ۔ صف] بھاگنے والا ۔ بھگوڑا ۔ مفرور (۲) بے ثبات ۔ ناپائیدار (۳) وحشت زدہ (۴) غلام ۔ لونڈی جو ہمیشہ گھر سے بھاگ جایا کرے۔

گریز کرنا : [ار ۔ مص مرکب] بھاگنا فرار کرنا (۲) پرہیز کرنا (۳) متنفر ہونا۔

گریزاں : [ف ۔ صف] بھاگنے والا ۔ (۲) متنفر

گریس : [انگ ۔ امث] (GREASE) چربی ۔ چکنائی ۔ روغن (۲) ایک بیماری جو گھوڑے کے پیروں میں ہو جاتی ہے۔

گریل : [ہ ۔ امذ] (۱) وہ آدمی جو سستی کے باعث کسی جگہ پڑا رہے (۲) وہ کبوتر جو حریف کے مکان پر گر پڑے۔

گرین : (بیائے مجہول) [انگ ۔ امذ] (GRAIN) بیج ۔ تخم (۲) اناج غلہ (۳) دانہ ۔ ریزہ ۔ چھیچھڑا (۴) ڈیڑھ رتی کا ایک وزن (۵) نہایت خفیف مقدار

گرینٹ : [ہ ۔ امث] وہ لکڑی جس پر کنوئیں کی چرخی چلتی ہے۔

گرینڈ : [انگ ۔ صف] (GRAND) بڑا ۔ عظیم (۲) عالیشان ۔ خوبصورت (۳) عالی ظرف ۔ عالی حوصلہ۔

گریوان : [ار ۔ امذ ۔ ق] گریبان

گریہ : [ف ۔ امذ] رونا ۔ پیٹنا ۔ آہ و زاری

گریۂ شادی : [ف ۔ امذ] خوشی کی حالت میں رونا۔

گریۂ شبنم : [ف ۔ امذ] اوس گرنا۔

گریۂ شمع : [ف ۔ امذ] موم کے قطرے جو موم بتی جلتے وقت گرتے ہیں۔

گریۂ شیشہ : [ف ۔ امذ] شراب کا صراحی سے جام میں گرنا۔

گریہ کرنا : [ار ۔ مص مرکب] رونا ۔ پیٹنا ۔ واویلا کرنا ۔ آنسو بہانا۔

گریہ کناں : [ف ۔ صف] روتا پیٹتا ہوا۔

گریۂ مستانہ : [ف ۔ امذ] شراب کی مستی میں رونا۔

گریہ مند / ناک [ف ۔ صف] رونے والا۔

گریہ مندی / ناکی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گریہ مند / ناک" جس کا اسم کیفیت ہے۔

گریۂ مینا : [ف ۔ امذ] دیکھئے "گریۂ شیشہ"

گریہ و زاری : [ف ۔ امث] رونا ۔ پیٹنا ۔ واویلا ۔ کہرام (افعال: کرنا ۔ ہونا)

گ ۔ ڑ

گڑ : [ہ ۔ امذ] گنے کا جما ہوا رس ۔ قند سیاہ (۲) مٹھاس ۔ شیرینی میٹھا ۔ شیریں۔

گڑ انبہ : [ار ۔ امذ] گڑ کے شیرے میں پکائی ہوئی کچے آموں کی پھانکیں۔

گڑ بھرا ہنسیا کھاتے بنے نہ اگلے : [ار ۔ مثل] ہر طرح مشکل ہے نہ کر سکتے ہیں نہ چھوڑ سکتے ہیں۔

گڑ چھال : [ار ۔ امذ] گڑ اور چھال کی بنی ہوئی دیسی شراب۔

گڑ دھانی : [ار ۔ امث] بھنے ہوئے چاولوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر بنائے ہوئے مرنڈے ایک قسم کی مٹھائی۔

گڑ دیئے مرے تو زہر کیوں دیجیے : [ار ۔ مثل] گڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دو جو کام آسانی سے ہو سکے اسے مشکل سے نہیں کرنا چاہیے۔

گڑ کلھیا میں پھوٹنا ۔ [ار۔محاورہ] خفیہ مشورہ ہونا۔
گڑ کلھیا میں پھوڑنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گڑ کلھیا میں پھوٹنا" جس کا متعدی ہے۔
گڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا : [ار۔مثل] چھوٹی برائی سے بچنا اور بڑی برائی کا خیال نہ کرنا (۲) بڑوں سے ملنا چھوٹوں سے دُور رہنا۔
گڑ کھائے گا تو اندھیرے میں آئے گا : [ار۔مثل] نفع کی امید پر تکلیف بھی برداشت کرے گا۔
گڑ کی چُوٹی [ار۔مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی چیز کے نایاب ہونے سے غریب لوگ اس کی شکل تک دیکھنے کو ترسیں مگر امیر لوگ اسے خوب استعمال میں لائیں۔
گڑ لینا : [ار۔محاورہ] بوسہ لینا۔چُومنا
گڑ نہ دے تو گڑ سی بات تو کہے : [ار۔مثل] کوئی اچھا کام نہ کر سکو تو نرمی سے بول کر ہی خوش کر دو۔
گڑ ہوگا تو مکھیاں بھی آئیں گی : [ار۔مثل] دولت ہوگی تو بہتیرے یار بن جائیں گے۔
گڑا : [ار۔صف] گڑا ہوا۔دبا ہوا [۲۔ھ۔اند] بڑا پولا (۲)، ڈھیر کھلیان (۳۔فعل) گڑنا مصدر سے فعل ماضی مطلق۔
گڑا بٹائی : [ار۔امث] اناج وغیرہ کی وہ تقسیم جو اندازے سے انبار لگا کر کی جائے۔
گڑا جانا : [ار۔محاورہ] شرمندہ ہونا۔
گڑا دبا مال : [ار۔اند] وہ مال جو دفن کر دیا گیا ہو۔
گڑاکو : [ھ۔اند] گڑ ملا ہوا تمباکو۔بنایا ہوا تمباکو
گڑا گڑایا : [ار۔صف] گڑا ہوا۔دبا ہوا۔
گڑا ہونا : [ار۔محاورہ] دفن ہونا۔دبا ہونا۔
گڑبڑ : [ار۔امث] پیٹ کے بولنے کی آواز (۲)، جھمیلا۔بکھیڑا۔افراتفری بے انتظامی۔کھلبلی (۳)، گڈمڈ۔ [افعال : کرنا ، ہونا]
گڑبڑانا : [ار۔مص] گھبرانا۔پریشان ہونا
گڑبڑاہٹ : [ار۔امث] گڑبڑ۔افراتفری
گڑبڑائی : [ار۔صف۔ق] دہشت مند۔
گڑبڑ جھالا : [ار۔اند] ایمینہ اور آندھی (۲)، بدنظمی۔
گڑبڑی : [ار۔امث] کھلبلی۔افراتفری۔بدانتظامی۔اضطراب۔
گڑپ : [ار۔امث] جلدی سے کسی ملائم چیز میں گھس جانے کی آواز (۲)، جھٹ پٹ۔جلد
گڑپنکھ : [ار۔اند] بڑے پروں والا پرندہ (۲)، ڈھیلی پوشاک پہننے والا آدمی۔
گڑتی : [ار۔اند۔ق] ساتھی۔دوست۔یار
گڑ جانا : [ار۔محاورہ] دھنس جانا (۲)، دب جانا (۳)، نہایت شرمندہ ہونا (۴)، قائم ہو جانا (۵)، جم جانا۔اڑ جانا۔
گڑ دینا : [ار۔محاورہ۔ق] سپرد دینا
گڑ ڈیا : [ار۔اند] دیکھئے "گڈریا"
گڑ کوٹ : [ار۔اند۔ق] قلعہ

گڑگا : [ار۔اند۔ق] پاجامہ۔
گڑگج : [ار۔اند] قلعے کا وہ بُرج جس پر توپیں نصب کی جاتی ہیں
گڑگڑ : [ار۔امث] پیٹ کے بولنے کی آواز (۲)، حقہ پینے کی آواز۔ (افعال کرنا ، ہونا)
گڑ گڑ : [ار۔صوت۔مث] توپوں وغیرہ کی آواز
گڑگڑا : [ھ۔اند] بڑا حقہ
گڑگڑانا : [ار۔مص] گرجنا۔کڑکنا (۲)، توپوں کا لگاتار چھوٹنا۔
گڑگڑانا : [ار۔مص] عاجزی کرنا۔منت کرنا (۲)، خوشامد کرنا۔التجا کرنا
گڑگڑانا : [ار۔مص] آنتوں کا بولنا۔پیٹ کا آواز دینا۔قراقر ہونا (۲)، حقے کا بولنا۔
گڑگڑاہٹ : [ار۔امث] گرج۔کڑک (۲)، توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز۔
گڑگڑاہٹ : [ار۔امث] عاجزی۔منت سماجت خوشامد۔التجا۔
گڑگڑاہٹ : [ار۔امث] پیٹ کے بولنے کی آواز (۲)، حقے کی آواز
گڑگڑی : [ار۔امث] ایک خاص وضع کا چھوٹا سا حقہ
گڑگنجل : [ار۔اند۔ں] منفرق
گڑگودڑ : [ار۔اند] پھٹے پرانے کپڑے۔چیتھڑے۔
گڑگی : [ار۔امث۔ق] پاجامہ
گڑگے پو منڈی جھکانا : [ار۔محاورہ۔ق] فکرمند ہونا۔
گڑلام : [ار۔اند] ورم جو سر پر چوٹ لگنے سے ہو جائے۔
گڑن : [ھ۔ا۔] دلدل۔کیچڑ۔
گڑنا : [ار۔مص] دبنا (۲)، دفن ہونا (۳)، چُھبنا (۴)، جمنا۔قائم ہونا کھڑا ہونا (۵)، شرمندہ ہونا۔
گڑنٹ : [ار۔امث] دفینہ۔زمین میں گڑی ہوئی چیز۔وہ چیز جس پر منتر پڑھ کر زمین میں دفن کر دیا جائے تاکہ دشمن ہلاک ہو جائے یا کوئی مسخر ہو جائے۔
گڑنگ : [ار۔امث] شیخی۔ڈینگ۔بڑائی۔
گڑنگیا : [ار۔صف] شیخی مارنے والا۔ڈینگ مارنے والا۔
گڑوا : [ار۔اند] پانی رکھنے کا برتن۔لوٹا۔آبخورہ (۲)، سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ۔
گڑوانا : [ار۔مص] دیکھئے "گاڑنا" جس کا یہ متعدی ہے
گڑوانا : [ار۔مص] زمین کھدوانا۔زمین یا کھیت سے گھاس نکلوانا۔
گڑونے کا پان : [ار۔اند] وہ پان جو ریت میں دبا کر سفید اور پختہ کیا جاتا ہے۔
گڑولنا : [ار۔اند] ایک چھوٹی سی گاڑی جس پر بچے کو کھڑے ہو کر چلنا سکھاتے ہیں۔
گڑونا : [ار۔مص] گاڑنا۔گھسیڑنا (۲)، سوراخ کرنا۔چھیدنا۔چھونا۔
گڑھ : [ھ۔اند] قلعہ۔کوٹ۔حصار۔دمدمہ۔نیز دیکھئے "گڑھ" مع مرکبات

ڑنا : [ار۔ محاورہ] قلعہ فتح کرنا (۲) کوئی مشکل کام کرنا۔

ینا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گڑھ جیتنا"۔

تان : [ار۔ اند] دیکھئے "گڑھ کپتان"

: [ھ۔ اند] غار (۲) کھڈ۔ کھائی (۳) قبر۔ گور

بھرنا : [ار۔ محاورہ] گڑھے کو مٹی سے پُر کرنا (۲) بُری بھلی چیز سے پیٹ پُر کرنا (۳) کمی یا گھاٹا پورا کرنا۔

یت : [ار۔ امث۔ ق] تاویل۔ توجیہہ

ت : [ار۔ امث] گڑھنا۔ گڑھنے کا انداز

ی : [ھ۔ اند] ایک درخت جس پر سرخ رنگ کے پھول ہوتے ہیں اور اس کے پھولوں کا شربت بناتے ہیں۔

ا : [ار۔ مص] "ڈھالنا۔ بنانا۔ تیار کرنا" ۔ دھات کو کوٹ کر کوئی شکل دینا۔

نت : [ھ۔ امث] شکل۔ بناوٹ (۲) بات بنانا

انا : [ار۔ مص] دیکھئے "گڑھنا" جس کا یہ متعدی ہے

ی : [ار۔ مث] گڑھ کی تصغیر۔ چھوٹا قلعہ

پھاندنا : [ار۔ محاورہ] کارِ نمایاں کرنا۔

ٹوٹنا : [ار۔ محاورہ] قلعہ فتح ہونا۔

وڑنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گڑھی ٹوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے

خالی ہونا : [ار۔ محاورہ] قلعہ کا شکست کھا کر خالی ہونا۔

فتح کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) حریف سے قلعہ لے لینا (۲) کارِ نمایاں کرنا (۳) ازالۂ بکر کرنا۔

ا : [ار۔ امث] (۱) گڑھا کی تصغیر (۲) کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ (۳) وہ گڑھا جس میں برسات کا پانی جمع ہو جائے۔ نشیبی زمین۔

میں منہ دھو ڈالو/ رکھو : [ار۔ مثل] مذاق کہتے ہیں۔ جب کسی کو کسی چیز کے دینے سے انکار کرنا مقصود ہو۔

ا : [ہ۔ اند] ا۔ گاڑنے والا۔ دفن کرنے والا۔

: [ہ۔ اند] گڑھا۔ سوراخ۔ غار (۲) خندق۔ کھائی۔ کھڈ۔

: [ہ۔ امث] (۱) مجھونک۔ ہول۔ گھاؤ (۲) گھڑا۔ چھید۔ دخرا (۳) دوست۔ یار

گڑھیا : [ھ۔ اند] ایک قسم کا چھوٹا نیزہ۔

: [ہ۔ امث] لعبت۔ وہ کپڑے کی بنی ہوئی پتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی اور خانہ داری کی باتیں سیکھتی ہیں۔ (افعال: بنانا) (۲) چھوٹی گیند (۳) غریب اور حقیر سی بیوی (۴) کوٹیں کی گھرنی یا چرخی کی کھونٹی

سنوار دینا/ سنوارنا : [ار۔ محاورہ] اپنے مقدور کے مطابق بیٹی کا بیاہ کر دینا۔

(گڑیوں) کے بیاہ میں جیو کی بیل : [ار۔ مثل] چیا امی کی تمثیل کو کہتے ہیں۔ جیسا موقع ویسا خرچ۔ جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔

ڈے کی شادی : [ہ۔ امث] لڑکیوں کا کھیل جس میں ایک لڑکی کے گڈے کا دوسری لڑکی کی گڑیا سے بیاہ ہوتا ہے۔

گڑیاں : [ار۔ امث] "گڑیا" کی جمع (۲) ہندوؤں میں ساون کے آخر میں ایک روز جب لڑکے گڑیاں لے کر نکلتے ہیں وہ میلہ ہوتا ہے۔ جسے گڑیاں کہتے ہیں۔

گڑیاں کھیلنا : [ار۔ محاورہ] لڑکیوں کا کپڑے کی پتلیوں کے ساتھ کھیلنا۔ (۲) ناتجربہ کار ہونا۔

گڑیوں : [ار۔ امث] "گڑیا" کی جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

گڑیوں کا آلا : [ار۔ اند] وہ طاقچہ جہاں لڑکیاں گڑیوں کو رکھتی ہیں۔

گڑیوں کا بیاہ : [ار۔ اند] گڑیا گڈے کی شادی (۲) غریبوں کا بیاہ۔

گڑیوں کا کھیل : [ار۔ اند] (۱) لڑکیوں کا گڑیوں سے کھیلنا (۲) آسان بات۔ سہل۔

گڑیوں کا میلا/ میلہ : [ار۔ اند] ہندوؤں کے ایک میلے کا نام جو لکھنؤ میں ہوتا ہے۔ گڑیوں کو رنگین کپڑے پہن کر میلے برسے جاتے ہیں۔ پہلوانوں کی کشتیاں بھی ہوتی ہیں۔

گڑبار : [ہ۔ صفت] ڈھیٹ۔ ضدی۔ اڑیل۔ ہٹی۔ متمرد۔ دلیر۔ حوصلے والا

گڑباری : [ہ۔ امث] ضد۔ ہٹ (۲) دلیری۔ حوصلہ

گڑے مُردے اُکھاڑنا : [ار۔ محاورہ] دبی ہوئی بات کو چھیڑنا۔ پرانا فتنہ جگانا۔

گڑے مُردے اُکھڑنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گڑے مردے اکھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گ ۔ ز

گز : [ف۔ اند] (۱) لوہے کی سلاخ (۲) ایک پیمانہ جو طول گرہ یا ۳۶ انچ کا ہوتا ہے (۳) وہ آلہ جس سے سارنگی یا ستار بجاتے ہیں (۴) وہ لوہے کی سلاخ یا لکڑی جس سے بندوق صاف کرتے ہیں۔ یا ڈاٹ لگاتے ہیں (۵) ایک قسم کا بے پر اور بے پیکان کا تیر۔

گز الٰہی : [ف۔ اند] اکبری گز جو ۴۱ انچ کا ہوتا ہے۔

گز اور سکہ جاری کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) جب کوئی ملک فتح ہو تو فاتح اپنے نام کا گز اور سکہ جاری کرتا ہے (۲) شاہی رعب و داب قائم کرنا

گز اور سکہ جاری ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے گز اور سکہ جاری کرنا جس کا یہ لازم ہے

گز بنا دیا : [ار۔ محاورہ] مارتے مارتے سیدھا کر دیا۔

گز بننا/ ہونا : [ار۔ محاورہ] مارے مارے پھرنا۔

گز بھر : [ار۔ اند] ایک گز

گز بھر کا/ کی : [ار۔ صف] بہت لمبا چھوٹی چیز کے لیے جیسے زبان چھوٹا سا بڑی چیز کے مقابلہ پر جیسے گز بھر کا آدمی۔

گز بھر کی زبان : [ار۔ امث] جو لڑکی بہت باتیں کرے اس کے متعلق کہتے ہیں

گز سے گز : [ار۔ اند] مربع گز

گز کر دیا : [ار۔ محاورہ] سیدھا کر دیا۔ راستی پر لے آئے۔

گزا : [ف۔ لاحقہ۔ فاعل] فارسی مصدر گزیدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور کے معنی دیتا ہے۔ نقصان

پہنچانے والا۔ کاٹنے والا۔ ڈنک مارنے والا۔

گزار [ف۔ لاحقہ فاعلی] گزاردن سے صیغہ امر ہے جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ادا کرنے والے کے معنی دیتا ہے۔ جیسے شکر گزار۔ رسائی گزار۔

گزارش : [ف۔ امث] درخواست۔ التجا (۲) عرض۔ بیان۔ عرضداشت (۳) خبر۔ اطلاع۔ افعال : سننا۔ کرنا۔ ہونا۔

گزارش پذیر : [ف۔ صفت] جو گزارش کے لائق ہو۔

گزارش گر : [ف۔ صف] عرض کرنے والا۔

گزارش نامہ : [ف۔ اند] خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو ہے۔

گزارنا : [ار۔ مص] (۱) ادا کرنا۔ بجالانا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۳) رہا کرنا۔ (۴) مہلت دینا (۵) عمر دبسر کرنا) (۶) عرضی۔ داخل کرنا دیا (۷) (وقت۔ رات وغیرہ) کاٹنا۔ صرف کرنا (۸) گنوانا۔ ضائع (۹) نذر پیش کرنا۔ سامنے رکھنا۔

گزارہ : [ف۔ اند] (۱) راہ۔ رستہ (۲) گزر۔ نباہ۔ بسر (۳) گھاٹ۔ دریا سے اُترنے کی جگہ (۴) پُل یا کشتی سے دریا عبور کرنا (۵) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ کسی مقام سے گزرنا (۶) گنجائش۔ سمائی (۷) رسائی۔ دخل (۸) رقم جو گزر اوقات کے لیئے ملے۔ وجہ معیشت۔

گزارہ کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) بسر اوقات کرنا۔ وقت کاٹنا (۲) کفایت سے گزران کرنا (۳) نباہ کرنا۔ نبھانا (۴) آنے جانے کا اتفاق کرنا۔

گزارہ ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گزارہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گزارے : [ار۔ امذ] دیکھئے "گزارہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

گزارے کا جھونپڑا : [ار۔ امذ] وہ مکان جس میں مشکل سے گزارہ ہو۔

گزارے کی شکل / صورت نکالنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گزارے کی شکل یا صورت نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گزارے کی شکل / صورت نکلنا : [ار۔ محاورہ] کمائی کی صورت نکلنا۔ نوکری کی تدبیر ہونا۔ فکر معاش ہونا۔

گزارے کی ناؤ : [ار۔ امث] وہ کشتی جس میں بیٹھ کر مسافر پار اُتریں۔

گزاشت : [ف۔ امث] اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ اصل میں گزاشتن کی ماضی ہے۔ چھوڑی ہوئی چیز۔ مرکبات میں جیسے واگزاشت فرد گزاشت۔

گزاشتنی : [ف۔ صف] ترک کر دینے یا چھوڑ دینے کے قابل۔

گزاشتہ : [ف۔ صف] چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا

گزاف : [ف۔ اند] (بولنے میں با فتح ہے) (۱) بیہودہ گفتگو۔ بکواس جھوٹ (۲) ڈینگ۔ شیخی۔ اردو میں لاف و گزاف کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

گزٹ : [انگ۔ امذ] (GAZETTE) (۱) اخبار روزانہ جیسے سول اینڈ ملٹری گزٹ (۲) وہ گزٹ جس میں ملازمان سرکار کا تغیر و تبدل تنزل وغیرہ چھپیں جیسے پنجاب گزٹ۔ آف پاکستان۔

گزٹ ہو جانا : [ار۔ محاورہ] کسی معاملہ کا گزٹ (۲) میں چھپ جانا

گزر : [ف۔ امث] گاجر

گزر : [ف۔ امذ] (۱) پہنچ۔ رسائی (۲) آمد و رفت (۳) راستہ۔ سڑک راہ (۴) گھاٹ (۵) نباہ۔ گزران (۶) عبور۔ پار۔ جانا (۷) چارہ تدبیر (۸) امث۔ بسر اوقات۔

گزر اوقات : [ف۔ امث] دیکھئے گزر بسر

گزران : [ف۔ امث] (۱) گزارا۔ بسر اوقات [افعال : کرنا۔ ہونا] (۲) صف) گزر جانے والا۔ ناپائیدار۔

گزران دینا / گزراننا : [ار۔ مص] پیش کرنا۔

گزربان : [ف۔ صف] شہر سے باہر جانے والے راستوں کے پہرے دار

گزر بسر : [ف۔ امث] بسر اوقات

گزر جانا : [ار۔ محاورہ] چلا جانا۔ نکل جانا (۲) بیت جانا۔ تمام ہو جانا (۳) مرجانا۔ فوت ہو جانا۔

گزر عام : [ف۔ امذ] شارع عام۔ عام راستہ۔

گزر کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) جانکلنا۔ اتفاق سے چلا جانا۔ (۲) کفایت شعاری سے گزارہ کرنا۔ بسر اوقات کرنا (۳) نباہنا۔ انجام پر پہنچانا (۴) جانا۔ گزرنا۔

گزر کی صورت : [ار۔ امث] گزارے کا ذریعہ یا تدبیر۔ بسر اوقات کی تدبیر یا ذریعہ۔

گزرگاہ : [ف۔ صف] (۱) راستہ۔ راہ (۲) شارع عام

گزرگاہ عام : [ف۔ امذ] شارع عام۔ عام راستہ۔ شاہراہ۔

گزر گئی گزران کیا جھونپڑی / جھونپڑا کیا میدان : [ار۔ مثل] جب عمر کا بڑا حصّہ گزر گیا ہے تو اچھا بُرا برابر ہے۔

گزرنا : [ار۔ مص] (۱) جانا۔ نکانا (۲) بیتنا۔ منقضی ہونا (۳) مرنا۔ انتقال کرنا (۴) کٹنا۔ بسر ہونا (۵) آجانا۔ اتفاق سے کسی جگہ آنکلنا۔ چلا جانا۔ جانکلنا (۷) رخصت ہونا۔ وداع ہونا (۸) پار ہونا۔ بیچ میں سے نکل جانا۔ (۹) باز آنا (۱۰) ہو چکنا (۱۱) مل جانا۔ مشرف ہو جانا (۱۲) خبر۔ اطلاع وغیرہ پہنچنا۔ ہونا (۱۳) حد سے زیادہ ہو جانا۔ بہت بڑھ جانا (۱۴) دل / جی وغیرہ میں خیال آنا (۱۵) دل / جی وغیرہ پر تکلیف پہنچنا۔ رنج ہونا (۱۶) دن رات وغیرہ ختم ہونا۔ (۱۷) (سامنے۔ نگاہوں وغیرہ سے) سامنے آنا۔ دکھائی دینا (۱۸) (مشیت میں) مرضی ہونا (۱۹) (عمر وغیرہ) ضائع ہونا۔ رائگاں جانا (۲۰) (دریا وغیرہ سے) عبور کرنا۔ اُترنا (۲۱) گزرے ہوئے زمانے میں ہونا (۲۲) وقت تمام ہو جانا (۲۳) [زمانہ] مدت ہونا (۲۴) (معاملہ) واقعہ ہونا (۲۵) [درخواست عرضی وغیرہ] پیش ہونا (۲۶) ترک کر دینا (۲۷) رُک جانا (۲۸) تنزل ہونا (۲۹) بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا (۳۰) ختم ہونا ہو چکنا۔

گزرنامہ : [ف۔ امذ] راہداری کا پروانہ۔

گزر نہ ہونا : [ار۔ محاورہ] گزارہ نہ ہونا۔

گزر نہیں : [ار۔ محاورہ] چارہ نہیں۔

گزر ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی طرف جانکلنا (۲) اوقات بسر ہونا

گزری : [ار فعل] گزاشتن سے ماضی صیغہ واحد مونث (۱) مصیبت پیش آئی (۲) مذ ۔ شام کا بازار ۔ گزری (۳) وہ مقام جہاں کسی راہ کے ... شام کو سودا بیچنے والے آکر بیٹھ جاتے ہیں ۔

گزری جو کچھ گزری : [ار ۔ محاورہ] سخت مصیبت پیش آئی ۔ مصیبت قابل بیان نہیں ۔

گزری سو دل پر گزری : [ار ۔ محاورہ] دل میں صدمے اٹھائے زبان سے اُف تک نہ کی ۔

گزری لگانا : [ار ۔ محاورہ] شام کے وقت عارضی طور پر کسی جگہ بازار لگانا ۔

گزری لگنا / لگی ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گزری لگانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گزشت : [ف ۔ ماضی] گزشتن مصدر سے ماضی ۔ گزرا

گزشت آنچہ گزشت : [ف ۔ مثل] جو کچھ ہونا تھا ہو گیا ۔ آئندہ احتیاط رکھنا ۔ جو صدمہ ہوا جو ناقابل بیان ہے ۔

گزشتنی : [ف ۔ صف] گزرنے والا ۔ نہ ٹھہرنے والا ۔ ناپائیدار ۔

گزشتہ : [ف ۔ صف] گزرا ہوا (زمانہ) پچھلا

گزشتہ را صلوٰۃ آئندہ را احتیاط : [ف ۔ مثل] گزری باتوں کا خیال نہ کرو ۔ آئندہ کے لئے احتیاط کرو

گزک : [ف ۔ امذ] (۱) وہ چیز جو شراب کے ساتھ تبدیل ذائقہ کے لئے کھاتے ہیں ۔ نقل ۔ مزید اور چیز جو منہ صاف کرنے کے لئے کھانے کے بعد کھائی جائے (۲) میٹھی چیز جو افیون یا بھنگ کے بعد کھائی جائے (۳) گزک ۔ تل شکری (۴) ناشتہ ۔ تھوڑی سی چیز جو چکھنی

گزک دان : [ف ۔ امذ] گزک رکھنے کا برتن

گزک کرنا : [ار ۔ محاورہ] ناشتہ کرنا ۔ نقل کرنا ۔ چٹ کرنا ۔

گزک ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گزک کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گزند : [ف ۔ امث ۔ مذ] (۱) ایذا ۔ تکلیف دکھ (۲) صدمہ ۔ آفت بلا (۳) نظر بد ۔ چشم زخم (۴) ضرر ۔ نقصان ۔ خسارہ ۔ ٹوٹا (۵) رنج

گزند پہنچانا : [ار ۔ محاورہ] ضرر پہنچانا ۔ صدمہ پہنچانا ۔ نقصان پہنچانا ۔

گزند پہنچنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گزند پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گزند رساں : [ف ۔ صف] نقصان پہنچانے والا ۔ ضرر پہنچانے والا ۔

گزند ہونا : [ار ۔ محاورہ] صدمہ ہونا ۔ نقصان ہونا ۔

گزندہ : [ف ۔ صف] کاٹنے والا ۔ ڈسنے والا ۔ ڈنک مارنے والا جیسے سانپ ۔ بچھو وغیرہ

گزی : [ف ۔ امث] ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا ۔

گزی گاڑھا : [ار ۔ امذ] موٹا کپڑا ۔

گزی گاڑھا پہننا : [ار ۔ محاورہ] موٹا جھوٹا کپڑا پہن کر گزارہ کرنا ۔

گزیٹڈ افسر : [انگ ۔ امذ] وہ افسر جن کا نام سرکاری گزٹ میں چھپتا ہے ۔ یہ درجہ دوم یا اس سے اعلیٰ افسر ہوتے ہیں ۔

گزیدہ : [ف ۔ صف] ڈسا ہوا ۔ ڈنک مارا ہوا ۔ مرکبات میں جیسے مار گزیدہ

گزیدہ : [ف ۔ صف] پسند کیا ہوا ۔ انتخاب کیا ہوا ۔ چھانٹا ہوا ۔ مرکبات میں جیسے برگزیدہ

گزیر : [ف ۔ امذ] (۱) مال گزاری اکٹھی کرنے والا عہدیدار (۲) ہیڈ ۔ مہتمم (۳) کمانڈر ۔ جرنیل (۴) شجاع ۔ ہیرو ۔ پہلوان (۵) چوکیدار

گزیر : [ف ۔ امذ] (۱) علاج ۔ تدبیر ۔ چارہ (۲) بچاؤ ۔ اردو میں صرف ناگزیر کی ترکیب میں مستعمل ہے ۔

گزیں : [ف ۔ لاحقہ فاعلی] (۱) پسندیدہ ۔ دل چسپ (۲) پسند کرنے والا مرکبات میں جیسے خلوت گزیں ۔ گزیدن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور مندرجہ بالا معنی دیتا ہے ۔

گ ۔ س

گسار : [ف ۔ صف] مرکبات میں مستعمل ہے اور رفع کرنے والے کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے غم گسار (۲) کھانے والا ۔ پینے والا ۔ مےگسار

گسائیں / گسائی / گسائیں : [ہ ۔ امذ] (۱) گایوں کا مالک ۔ گئو سائیں کرشن جی کا لقب (۲) خدا ۔ ایشور (۳) سنیاسی ۔ سادھو ۔ سوامی ۔ مہنت ۔ جوگی (۴) مہنت ۔ سائیں (۵) ہندوؤں کی ایک قوم اور اس کا فرد ۔

گسائیں جی : [ہ ۔ امذ] سادھو سنتوں کو عزت کے لئے بولتے ہیں ۔

گستاخ : [ف ۔ صفت] (۱) بے ادب ۔ بے شرم (۲) شوخ ۔ شریر (۳) ناشائستہ ۔ غیر مہذب ۔

گستاخ بنا کر دینا : [ار ۔ محاورہ] اس قدر آزادی دینا کہ وہ گستاخ ہو جائے ۔

گستاخانہ : [ف ۔ صف] بے ادبانہ ۔ شوخی سے ۔ بیباکانہ (بات ۔ جواب طرز ۔ طریقہ کے ساتھ)

گستاخی : [ف ۔ امث] (۱) بے ادبی ۔ بے باکی (۲) بے شرمی ۔ بے حیائی (۳) شوخی ۔ شرارت (۴) حقارت ۔ تحقیر ۔ افعال : کرنا ۔ ہونا ۔

گستاخی معاف : [روزمرہ] جب کوئی خلاف ادب / اخلاق / تہذیب کوئی بات کہنا چاہے تو معافی کے طور پر پہلے یہ الفاظ کہتا ہے ۔ قصور معاف ۔ خطا معاف ۔

گستانگر : [ار ۔ صف] (۱) بیوقوف ۔ احمق ۔ بے شعور ۔ جاہل (۲) ناشائستہ ۔ غیر مہذب ۔

گستر : [ف ۔ صف] پھیلانے والا ۔ کسی چیز کی افراط کرنے والا مرکبات میں جیسے گرم گستر ۔ سخن گستر ۔ (فارسی مصدر گستردن سے امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے)

گسترده : [ف ۔ صف] وہ چیز جو بچھائی جائے ۔ پھیلا یا ہوا ۔

گسستہ : [ف ۔ صف] (۱) ٹوٹا ہوا ۔ شکستہ ۔ رکا ہوا

گسستہ عناں : [ف ۔ صف] (۱) بے قید ۔ کھلا (گھوڑا ۔ اونٹ) (۲) آزاد ۔ وہ آدمی جو جہاں چاہے سو کرے ۔

گسل : [ف ۔ لاحقہ فاعلی] تباہ کرنے والا ۔ توڑنے والا ۔ فارسی مصدر گسلیدن سے / جو اسم کے بعد آکر اسم فاعل بنا دیتا ہے کے معنی بنا دیتا ہے جیسے جاں گسل ۔

گسلا : [ہ ۔ امذ] بچہ جو گائے کے پیٹ میں مر گیا ہو ۔ گوسالہ کا مخفف ۔ قصابوں کی اصطلاح

گسیاں : [ہ ۔ امذ] گسائیں

گسیختہ : [ف ۔ صف ۔ مفعولی] ٹوٹا ہوا ۔ شکستہ

گسیختہ عناں : [ف۔صف] وہ گھوڑا جس کی باگ ٹوٹ گئی ہو۔ کنایتہ بے قابو۔

گ۔ش

گشت : [ف۔امث] (۱) پھرنا۔ چکر لگانا (۲) دورہ۔ چکر۔ سیر (۳) دورہ۔ رَوند۔

گشت پھرنا / کرنا / لگانا / مارنا : [ار۔محاورہ] (۱) روند پر جانا (۲) دورہ کرنا (۳) چکر لگانا۔ گھومنا۔ پھرنا۔

گشت دینا [ار۔محاورہ] پھرانا۔

گشت سلامی ؛ [ف۔امث] وہ نذرانہ جو حاکم کو دورہ کے وقت دیا جاتا ہے۔

گشت ناچنا : [ار۔محاورہ] برات کے آگے آگے کنچنیوں کا ناچنا۔

گشتہ : [ف۔صف] پھرا ہوا۔ اُلٹا ہوا۔ بدلا ہوا۔ بنا ہوا آیا ہوا۔ مرکبات میں جیسے برگشتہ۔

گشتی : [ف۔صف] (۱) پھرنے والا۔ گشت کرنے والا (۲) وہ پروانہ / چٹھی / حکم جو تمام افسروں کے پاس یکے بعد دیگرے جائے اور ہر ایک اس پر دستخط کرے۔

گشتیا : [ا۔امذ] چوکیدار (۲) روند (۳) محصول اکٹھا کرنے والا۔

گشنٹ : [ہ۔امث] سازش (افعال : کرنا۔ ہونا)

گ۔ف

گَف : [ف۔امذ] موٹا۔ گاڑھا۔ مٹھونک کر بنا ہوا۔

گفت ؛ [ف۔ماضی] گفتن مصدر سے صیغہ ماضی بمعنی کہا (۲) مث بات چیت لفظ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

گفت و شنید : [ف۔امث] کہی سنی۔ کہا سنا۔ بات چیت بحث بحثی

گفتار : [ف۔امث] (۱) گفتگو۔ بول چال (۲) صف۔ کہنے والا مرکبات میں مستعمل ہے جیسے شیریں گفتار۔ تلخ گفتار

گفتگو : [ف۔امث] (۱) بات چیت۔ بول۔ چال (۲) بیان۔ تقریر مقالہ (۳) ذکر اذکار۔ تذکرہ (افعال کرنا : ہونا)

گفتگو آنا : [ار۔محاورہ] بات چیت ہونا۔ تکرار ہونا۔

گفتگو بڑھ جانا : [ار۔محاورہ] (۱) زبانی جھگڑا ہو جانا۔ تکرار ہونا (۲) تقریر میں طوالت ہو جانا۔ دیر تک بات چیت ہونا۔

گفتگو درمیان آنا : [ار۔محاورہ] بات جیت ہونا۔

گفتنی : [ف۔صفت] کہنے کے لائق۔

گ۔گ

گگر : [ہ۔امذ] گاگرا۔ تانبے۔ پیتل یا لوہے کا گھڑا جو نیچے سے چپٹا ہے

گگرا : [ہ۔امذ] دیکھئے "گگر"

گگری / گگریا ؛ [ہ۔امذ] دیکھئے "گگر" جس کی یہ تصغیر ہے۔

گگل ؛ [س۔امذ] ایک درخت جس کا گوند خوشبودار ہوتا ہے (۲) اس کا گوند۔ گوگل ہے۔

گگن ؛ [س۔امذ] کرہ ہوا۔ ہوا (۲) آسمان۔ فلک (۳) موج۔ لہر پانی کا اچھلنا۔ تموج ۲۔صف۔ نہایت اونچا۔

گگن کھیلنا : [ار۔محاورہ] (۱) پانی کا بلند ہونا۔ پانی کا اچھلنا۔ پانی میں تموج ہونا۔

گگن کے بیچے والی مرغی : [ہ۔امث] سات سہیلیوں کا گچھا۔ پروین عقد ثریا۔

گگن ہونا : [ار۔محاورہ] بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔

گ۔ل

گل : [س۔امذ] (۱) گلا (۲) گانٹھ۔ گرہ۔ (۳) پھانسی۔ دار افعال : [دینا۔ لگانا۔ (۴) مچھلی کا کانٹا (۵) قلابہ۔ کنڈا

گل : (۱) گال کا مخفف۔ (۲) گلے کا مخفف (۳) مرکبات میں مستعمل ہے (۴) بات۔ سخن (۵) معاملہ

گلباہ گلباہی / گلبہی / گلبہیاں / گلبیاں : [ہ۔امث] گلے میں باہیں ڈال کر محبت یا پیار جتانے کی حالت / معانقہ۔

گلبہیاں / گلبہیاں ڈالنا : [ار۔محاورہ] پیار محبت جتانے کے لئے گلے میں باہیں ڈالنا۔

گلپھڑا : [ہ۔امذ] مچھلی کا جبڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے (۲) پرندے کا وہ گوشت جو چونچ کے نیچے لٹکتا رہتا ہے (۳) انسان کے منہ کے دونوں گوشے۔

گل پھیڑ : [ہ۔امذ] گلے کی کلٹی جو سُوج کر بہت تکلیف دیتی (۲) گردن کی گٹھلی

گل تکیہ : [ار۔امذ] وہ گول چھوٹا تکیہ جو گالوں کے نیچے رکھتے ہیں۔

گل تنگ ہونا : [ار۔محاورہ] بہت بے خبر ہونا۔ نہایت غافل ہونا۔ سُرت نہ ہونا۔

گلتنی : [ہ۔امث] (۱) بیلوں کے گلے کی رسی جو جوئے کے ساتھ باندھی جاتی ہے (۲) گھوڑے کا تکمہ

گل چندرا [ہ۔امذ] عطر والا وہ رومال یا کپڑا جسے گلے میں گرہ دے کر لٹکائے رکھتے ہیں (۳) گلے کا ہار۔ گلوگیر (۴) ہمزاد۔ سائے کی طرح ساتھ رہنے والا۔

گل جوٹ : [ہ۔امذ] وہ لکڑی یا رسی جو دو بیلوں کو آپس میں جُتے رہنے کے لیے ڈالتے ہیں (۲) گٹھ جوڑ۔ گلے کا ہار۔ گلوگیر۔

گلخپ : [ہ۔امذ] جھگڑا۔ تکرار۔ مباحثہ۔ ہاتھا پائی۔ باہمی تکرار جو دو شخصوں میں ہو۔ دست بگریباں۔ گلوگیر (۳) رنجش آمیز گفتگو (افعال : کرنا۔ ہونا)

گلپ ہوگیا: [ا۔ محاورہ] ہڑپ ہو جانا۔ لوٹ پڑا۔

گلگور: [ہ۔ امث] وہ حلقہ دار تسمہ جو مویشی کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

گل دینا: [ار۔ محاورہ] پھانسی دینا (۲) مجازاً کسی چیز کو کنڈی میں لگا دینا۔

گل دب کرنا: [ار۔ محاورہ] گلے سے اُتر جانا۔ کھا جانا (۲) خورد برد کر لینا۔

گل سیری: [ہ۔ امث] گلے کا ایک زیور

گل مچھے: [ہ۔ امذ] وہ بال جو ٹھوڑی منڈا کر گالوں پر رکھ لیتے ہیں۔

گِل: [ف۔ امث] گارا۔ گیلی مٹی (۲) کیچڑ۔ دلدل

گِل ارمنی: [ف۔ امث] ایک قسم کی سیاہی مائل سُرخ مٹی

گِل حکمت: [ف۔ امث] مٹی اور کپڑے سے برتن کا منہ بند کرنے کا عمل تاکہ بھاپ باہر نہ نکل پائے۔ کپڑ مٹی [افعال۔ کرنا]

گِل خُراسانی: [ف۔ امث] کھریا مٹی

گِلخورہ: [ف۔ امذ] کینچوا

گِل درگِل: [ف۔ امث] مٹی میں مل کر مٹی ہو جانا [افعال کرنا۔ ہونا]

گِل مالہ: [ف۔ امذ] ایک آلہ جس سے مٹی پیٹتے ہیں۔

گُل: [ف۔ امذ] (۱) پھول (۲) جسم کو داغنے کا نشان (۳) چراغ کی بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سرا (۴) جُوتے کی ایڑی کا چمڑا (۵) معشوق (۶) داغ دھبا (۷ ۔ ق) پھانسی (۸) حُقّے کا جلا ہوا تمباکو (۹) وہ پر جو رنگ کے خلاف مور یا کبوتر کے نکلتے ہیں (۱۰) وہ سفید دھبا جو آنکھ میں پڑ جاتا ہے (۱۱) وہ چونے کا گول نشان جو کنپٹی پر آشوب چشم میں لگاتے ہیں (۱۲) وہ نشان جو آگ میں جل جانے سے پڑ جاتا ہے (۱۳) کنایۃً زیور یا وہ چیز جس کے باعث رونق ہو۔

گُل آفتاب: [ف۔ امذ] سورج مکھی کا پھول

گُل احمر: [ف۔ امذ] سرخ پھول۔ گلاب کا پھول۔

گُل اشرفی: [ف۔ امذ] ایک قسم کا گول پھول۔ زرد رنگ کا پھول۔ گیندا

گُل افشاں: [ف۔ صف] (۱) پھول بکھیرنے والا (۲) ایک قسم کی آتش بازی پھل جھڑی (۳) خوش گفتار آدمی (۴) وہ شیشی جس میں گلاب یا شراب ڈال کر رکھتے ہیں (۵) چراغ۔ پھول جھاڑنے والا۔

گُل افشانی: [ف۔ امث] دیکھیے "گل افشاں نمبر ۱" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گُل افشانی کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) خوش بیانی سے باتیں کرنا (۲) طعن طنز کی باتیں کرنا۔

گُل انار: [ف۔ امذ] انار کا پھول (۲) سُرخ۔ لال۔ ارغوانی رنگ (۳) ایک قسم کا انار کا درخت جس میں پھل نہیں لگتا۔ صرف پھول ہی لگتے ہیں۔

گُل اندام: [ف۔ صف] پھول جیسے بدن والا۔ نازک بدن۔ کنایۃً معشوق

گُل اَوْرنگ: [ف۔ امذ] ایک اودے، سفید یا زرد رنگ کا پھول۔

گُل بار: [ف۔ صف] پھول برسانے والا۔

گُل باری: [ف۔ امث] دیکھیے "گل بار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گُل باز: [ف۔ صف] پھولوں کا کھیل۔ پھولوں سے کھیلنے والا۔

گُل بازی: [ف۔ امث] دیکھیے "گُل باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گُل بانگ: [ف۔ امث] چہچہہ۔ بُلبل کی نغمہ سرائی (۲) شادی کی دھوم دھام دھوم دھام (۳) نعرۂ جنگ (۴) خوشخبری (۵) افواہ (۶) آواز (۷) قلندروں کی آواز

گُل بدن: [ف۔ صف] نازک بدن۔ کنایۃً معشوق۔ خوبصورت (۲۔ امذ) ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا۔

گُل بدنی: [ف۔ امث] نازک بدن

گُل برگ: [ف۔ امذ] گلاب کی پتی۔ گلاب کی پنکھڑی (۲) کنایۃً نازک اندام معشوق

گُل بکاؤلی: [ف۔ امذ] سفید رنگ کا خوشبودار پھول جس کا پودا ہلدی سے مشابہ ہوتا ہے۔

گلبن: [ف۔ امذ] پھلواڑی۔

گلبُن: [ف۔ امذ] گلاب کا پودا (۲) گلاب کے پودے کی جڑ (۳) کسی درخت کا وہ حصہ جو زمین کے ساتھ لگا ہوتا ہے۔

گُل بندھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) لکڑی وغیرہ کا خوب سُلگ جانا (۲) چراغ کی بتی کا سرا اچھی طرح جل جانا۔

گُل بُو: [ف۔ امث] پھول کی خوشبو۔

گُل بُوٹا: [ار۔ امذ] پھول اور اس کا پودا (۲) بیل بوٹا (۳) کنایۃً زیب و زینت

گُل بوٹے جمانا: [ار۔ محاورہ] پھول بوٹے ترتیب سے لگانا۔

گُل بوٹے کترنا: [ار۔ محاورہ] کاغذ یا کپڑے وغیرہ کی پھول پتیاں تراشنا (۲) انوکھا کام کرنا۔ (۳) بُرا بھلا کہنا۔

گُل بے خار: [ف۔ امذ] وہ گلاب جس میں کانٹے نہ ہوں (۲) کنایۃً شراب

گُل بیگانہ: [ف۔ امذ] خود رو پھول۔ جنگلی پھول۔

گُل پاپوش / کفش: [ف۔ امذ] وہ پھول جو ابریشم یا کلابتوں سے بنا کر زنانہ جوتوں پر لگاتے ہیں۔

گُل پلاس: [ف۔ امذ] ڈھاک کا پھول جو سُرخ ہوتا ہے۔

گُل پوش: [ف۔ امذ] پھولوں سے چھپا ہوا۔ بہت پھول نکلے ہوئے (۲) پھولوں کا لباس پہنے ہوئے۔

گُل پھلانا: [ار۔ محاورہ] پھول کھلانا۔ فساد کا بیج بونا۔ لڑائی کرا دینا۔ (۲) عجب بات نکالنا۔

گُل پھولنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "گل پھلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گُل پیادہ: [ف۔ امذ] وہ گلاب جس میں خوشبو نہیں ہوتی۔ سدا گلاب۔

گُل پیرہن: [ف۔ صف] پھولوں کے سے لباس والا۔ کنایۃً "معشوق"

گُل پیرہنی: [ف۔ امث] دیکھیے "گل پیرہن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گُل تر: [ف۔ امذ] تازہ پھول (۲) خوبصورت چہرہ۔ (۳) حسین۔

گُل تراش: [ف۔ امذ] شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی۔ گلگیر

گُل تراشنا: [ار۔ محاورہ] شمع یا چراغ کی بتی کاٹنا۔ بتی کا جلا ہوا حصہ الگ کرنا۔

گُلِ تسبیح: [ف۔ امذ] (۱) تسبیح کا امام (۲) ایک قسم کا پھول جو عقیق کے پودے پر لگتا ہے۔

گُل جعفری: [ف۔ امذ] ایک قسم کا زرد پھول جو گیندے سے مشابہ ہوتا ہے

گُل جھڑنا: [ار۔ محاورہ] چراغ یا سگریٹ کی راکھ گرنا (۲) درخت سے پھولوں کا از خود گرنا۔

گُل جھڑی / جھٹی: [ا۔ امث] (۱) گنجلک۔ شکن۔ بل۔ گتھی [افعال۔ پڑنا] (۳) شکر رنجی۔ دل کی کدورت۔

گل چاندنی : [ا ۔ اند] ایک قسم کا سفید پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے گل مہتاب ۔ رات کی رانی ۔ یہ ترکیب غلط ہے ۔

گل چڑھانا : [ا ۔ محاورہ] قبر وغیرہ پر پھول ڈالنا ۔

گل چشم : [ف ۔ صف] وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی ہو ۔

گل چلا : [ا ۔ صف] وہ شخص جس کا نشانہ خطا نہ کرے ۔ تاک انداز

گل چکاں : [ف ۔ اند] ایک قسم کی آتشبازی ۔ پھل جھڑی ۔

گل چکاں : [ف ۔ اند] مہوے کا پھول ۔

گل چہرہ : [ف ۔ صف] پھول جیسے چہرہ والا ۔ (۲) معشوق

گل چھرے اڑانا : [ا ۔ محاورہ] خوب عیش کرنا ۔ مزے کرنا ۔

گل چھرے اُڑنا : [ا ۔ محاورہ] دیکھئے "گل چھرے اڑانا" جس کا یہ لازم ہے

گل چھڑی : [ا ۔ امث] پھولوں کی چھڑی ۔

گل چیں : [ف ۔ صف] پھول توڑنے والا ۔ مالی ۔ باغباں

گل چینی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گل چیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

گل خطمی / خیرو : [ف ۔ اند] ایک رنگ کا پھول جو عموماً دوا استعمال ہوتا ہے

گل خن : [ف ۔ اند] بھٹی ۔ تنور ۔ چولہا (۲) لونا کرنے ۔

گلخن افروز : [ف ۔ صف] بھٹی جلانے والا ۔

گلخنداں : [ف ۔ صف] کھلا ہوا پھول ۔

گل خندہ : [ف ۔ اند] قہقہہ ۔ ٹھٹھا ۔

گل خوردہ : [ف ۔ صف] داغ کھائے ہوئے ۔

گل دار : [ف ۔ صف] وہ چیز جس پر پھول بنے ہوں (۲) داغدار دھبے دار (۳) چتکبرا (۴) شیر کی چھوٹی قسم ۔

گل دار سبز : [ف ۔ اند] گھوڑے کا ایک رنگ جو سبزی مائل سفید ہوتا ہے اور اس پر پھول بنے ہوتے ہیں ۔

گل دام : [ف ۔ اند] پھولوں کا جال (۲) جال (۳) پنجرا

گل دان : [ف ۔ اند] پھولوں کا گلدستہ رکھنے کا برتن

گل داؤدی : [ف ۔ اند] ایک قسم کا بڑا پھول جو بہت سے رنگوں کا ہوتا ہے ۔ پودے کی شاخیں توڑ کر درمیانی شاخ پر ایک یا دو پھول رہنے دیتے ہیں ۔ پھول بڑا ہو جاتا ہے ۔

گل دستہ : [ف ۔ اند] پھولوں کا گچھا (۲) طاق یا محراب ، جہاں اذان ہو (۳) غزلوں کا رسالہ یا مجموعہ ۔

گلدستہ باندھنا : [ا ۔ محاورہ] پھول کا خاص طریقے سے سجانا ۔

گل دم : [ف ۔ اند] [illegible] ایک پرندہ جس کی دم کے نیچے سرخ [illegible]

گل دوپہری / دوپہریا : [ف ۔ اند] ایک قسم کا پھول جو گرمیوں میں دوپہر کو کھلتا ہے (۲) کنایۃً سست آدمی

گل دینا : [ا ۔ محاورہ] کوئی چیز گرم کر کے جسم پر داغ دینا (۲) ق ۔ پیشانی پہ چڑھانا ۔

گل رخ / رخسار : [ف ۔ صف] وہ شخص جس کا چہرہ یا رخسار گلاب کی طرح سرخ ہوں ۔ خوبصورت ۔ معشوق ۔

گل رعنا : [ف ۔ اند] (۱) ایک قسم کا پھول جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے (۲) کنایہ معشوق ۔

گل رنگ : [ف ۔ صف] سرخ ۔ لال ۔ ارغوانی

گل رو : [ف ۔ صف] دیکھئے "گل رخ"

گل ریز : [ف ۔ مذ] کپڑا جس پر پھول کڑھے ہوں (۲ ۔ صف) پھول بکھیرنے والا (۳ ۔ مث) آتش بازی ۔ پھلجھڑی (۴ ۔ مذ) پت جھڑ کا موسم ۔

گل ریزی : [ف ۔ امث] (۱) پھول جھڑنا (۲) خوش بیانی (۳) پھلجھڑی آتش بازی ۔

گلزار : [ف ۔ اند] چمن ۔ گلستاں ۔ پھلواری (۲) رونق (۳) آبادی ۔ (۴) ایک خط کا نام جس میں حرفوں کے اندر بیل بوٹے بناتے ہیں ۔ (۵) ایک راگ کا نام ۔

گلزار ابراہیم / خلیل : [ف ۔ اند] وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ڈالا تھا ۔ اور جو خدا کے حکم سے گلزار بن گئی تھی

گلزار قالی / قالین : [ف ۔ اند] وہ پھول بوٹے جو قالین پہ بنے ہوتے ہیں

گل زمین : [ف ۔ امث] سرسبز و شاداب قطعہ زمین ۔

گلستاں : [ف ۔ اند] باغ ۔ گلزار ۔ چمن ۔ پھلواری ۔ (۲) شیخ سعدی کی کتاب کا نام

گل سرا / سہرا : [ق] ایک زیور جو شادی شدہ عورتیں گلے میں پہنتی ہیں ۔

گل سرخ : [ف ۔ اند] (۱) گلاب کا پھول (۲) کنایۃً "آفتاب"

گل سرسبد : [ف ۔ اند] سب سے اچھا پھول ۔ وہ پھول جو ٹوکری میں سب سے اوپر رکھے ہیں (۲) کنایۃً عمدہ ۔ منتخب

گل سور : [ا ۔ اند ۔ ق] سورج مکھی کا پھول ۔

گل سوری : [ف ۔ امث] خوشبودار گلاب کی ایک قسم

گل سوسن : [ف ۔ اند] آسمانی رنگ کا ایک پھول

گل شب افروز : [ف ۔ اند] ایک قسم کا پھول جو رات کو کھلتا ہے

گل شبو : [ف ۔ امث] دیکھئے "گل شب افروز"

گل شکر : [ف ۔ اند] گلقند

گل شمع : [ف ۔ اند] شمع کی بتی جل جانے سے جو گل پیدا ہوتا ہے (۲) کنایہ شمع کی لو ۔

گلشن : [ف ۔ اند] دیکھئے "گلستاں"

گلشن آرا : [ف ۔ صف] باغ کو سجانے والا ۔ باغباں ۔ مالی

گلشن ایجاد : [ف ۔ اند] کنایۃً دنیا ۔

گلشن سرا : [ف ۔ اند] وہ مکان جو باغ میں ہو ۔

گلشن شداد : [ف ۔ اند] دیکھئے "ارم یا باغ ارم"

گلشن فروز / طراز : [ف ۔ اند] مالی ۔ باغباں ۔

گلشن قدس : [ف ۔ اند] عالم جبروت

گلشن بوٹ / لیٹ : [ا ۔ اند] ایک قسم کا جالی دار کپڑا

گل صد برگ : [ف ۔ اند] گیندے کا پھول

گل عباسی : [ف ۔ اند] ایک پھول کا نام جو سفید ، سرخ یا زرد رنگ کا ہوتا ہے

گل عذار : [ف ۔ اند] دیکھئے "گل رخ وغیرہ"

گل عصفر : [ع ۔ اند] کسم کا پھول

گل فام : [ف ۔ صف] پھول کے رنگ کا ۔ خوبصورت ۔ کنایۃً "معشوق"

گل فشاں : [ف ۔ صف] دیکھئے "گل افشاں"

گُل فشانی : [ف - امث] دیکھئے "گل افشانی"
گُل قند : [ف - امذ] ایک معجون جو قند یا شہد اور گلاب کی پتیاں ملا کر بناتے ہیں۔
گُل کاٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گُل تراشنا"
گُل کار : [ف - صف] (۱) وہ چیز جس پر بیل بوٹے بنے ہوں۔ (۲) وہ چیز جس سے پھول نکلیں۔
گُل کاری : [ف - امث] نقاشی (۲) بیل بوٹے کا کام (۳) وہ پھول بوٹے جو دیواروں وغیرہ پر بنائے جاتے ہیں
گُل کاری کرنا : [ار - محاورہ] بیل بوٹے بنانا (۲) کاریگری کرنا۔
گُل کاغذی : [ف - امذ] وہ پھول جو رنگ برنگے کاغذوں سے کتر کر بنائے جاتے ہیں۔
گُل کترنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گُل تراشنا"
گُل کدہ : [ف - امذ] باغ - پھلواڑی
گُل کرنا : [ار - محاورہ] چراغ بجھانا۔
گُل کھانا : [ار - محاورہ] حسد کرنا (۲) رشک کرنا (۳) خاص طور پر معشوق کے چھلے وغیرہ کو تپا کر عشق جتانے کے لئے اپنے جسم پر داغ دینا۔ (۴) نزلے کا پانی روکنے کے لئے کنپٹی پر داغ دیا جانا (۵) عجیب انوکھا کام کرنا۔
گُل کھلانا : [ار - محاورہ] انہونی کھلانا (۲) فساد کھڑا کرنا۔ آفت لانا (۳) کوئی عجیب وغریب کام کرنا (۴) الزام دھرنا۔ تہمت دھرنا
گُل کھلنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گل کھلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
گُل کیس : [ف - امذ] ایک پھول جو مرغ کی کلغی کے مشابہ ہوتا ہے۔
گُل گشت : [ف - امث] باغ کی سیر - سیر
گُل گُوں : [ف - صف] گلاب کے رنگ کا (۲) فرہاد کی معشوقہ شیریں کے گھوڑے کا نام (۳) عمدہ چالاک گھوڑا۔ گھوڑا
گُل گُونہ : [ف - امذ] غازہ - رنگین سفوف جسے عورتیں خوبصورتی کے لئے چہرے پر ملتی ہیں (۲) اُبٹنا۔ مازُو۔
گُل گیر : [ف - امذ] شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی۔
گُل لالہ : [ف - امذ] خشخاش کا پھول (۲) ہندوؤں کا مرگھٹ۔
گُل لگانا : [ار - محاورہ] جسم کو داغنا۔
گُل لینا : [ار - محاورہ] شمع وغیرہ کا سر کاٹنا۔
گُل معصفر : [ف - امذ] دیکھئے "گل عصفر" جو صحیح ہے۔
گُل مشکی : [ف - امذ] ایک سیاہ رنگ کا خوشبودار پھول۔
گُل مہندی : [ف - امذ] حنا کا پھول - مہندی کا پھول۔
گُل مہتاب : [ف - امذ] دیکھئے "گل چاندنی"
گُل میخ : [ف - امذ] ایک قسم کی لوہے کی میخ جس کا سرا چوڑا ہوتا ہے۔
گُلنار : [ف - امذ] ایک درخت جو انار سے مشابہ ہوتا ہے۔ اور اس کا پھول (۲) گہرا سرخ شوخ رنگ رکھنے والا۔
گُل ناشگفتہ : [ف - امذ] کلی - غنچہ (۲) کنواری لڑکی
گُل نافرماں : [ف - امذ] اودے رنگ کا ایک پھول۔

گُل نسرین : [ف - امذ] جنگلی گلاب - سیوتی
گُل نشاط : [ف - امذ] کنایۃً شراب
گُل نکالنا : [ار - محاورہ] داغنا
گُل نیلوفر : [ف - امذ] کنول۔ کمل۔
گُل وبلبل : [ف - امذ] کنایۃً عاشق اور معشوق۔
گُل ورد : [ف - امذ] گلاب۔
گُل وش : [ف - صف] پھول کی مانند کنایۃً معشوق
گُل ولالہ : [ف - امذ] معشوق لوگ (۲) طوائف - ارباب نشاط
گُل ہزارہ : [ف - امذ] ایک قسم کا بہت سی پنکھڑیوں والا پھول۔ گیندا
گُل ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گل کر" جس کا یہ لازم ہے۔
گُل یک چشم : [ف - امذ] کنایہ آلۂ تناسل۔
گلّا : [ھ - امذ] دکاندار کا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن (۲) پکا ہوا نیم کا پھل (۳) - ف) گلہ بمعنی ریوڑ یا گلہ۔
گلا : [ار - امذ] گردن - گلو - حلق - (۲) آواز - سُر (۳) گریبان قمیص وغیرہ کا - لباس وغیرہ کا - (۴) - صف) گلا ہوا خوب پکا ہوا۔ بوسیدہ - بے جان - سڑا ہوا (۵) پگھلا ہوا
گلا آنا : [ار - محاورہ] بچوں کے حلق کے کوے کا نیچے لٹک جانا (۲) گلے میں چھالے پڑ جانا یا ورم آنا۔
گلا اُٹھانا : [ار - محاورہ] بچوں کے حلق کے لٹکے ہوئے کوّے کو ہاتھ سے درست کرنا۔
گلا باندھنا : [ار - محاورہ] پیٹ کاٹ کر یا ضروری اخراجات روک کر روپیہ جمع کرنا۔
گلا بُلانا : [ار - محاورہ] گویوں کا گانے وقت آواز کو گلے میں گردش دینا۔
گلا بند ہو جانا : [ار - محاورہ] آواز منقطع ہو جانا۔
گلا بندھانا / بندھوانا : [ار - محاورہ] قرض لینا۔ مقروض ہونا۔ ذمہ دار ہونا یا اپنے آپ کو پابند کرنا (۲) نکاح پڑھا لینا۔ آزادی بیچنا۔
گلا بندھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گلا باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گلا بیٹھنا / پڑنا : [ار - محاورہ] آواز بھاری ہو جانا۔ آواز کا ٹھہرا جانا۔
گلا پکڑنا : [ار - محاورہ] گردن پکڑنا (۲) کسی کھٹی چیز سے گلے میں تکلیف ہونا (۳) تنگ کرنا۔ ستانا۔
گلا پھاڑنا / پھاڑ کر بولنا : [ار - محاورہ] چیخ کر بولنا۔ چلانا
گلا پھانسنا : [ار - محاورہ] پھندے یا جال میں پھنسانا (۲) کسی بات کا پابند ہونا۔
گلا پھرنا : [ار - محاورہ] آواز کا حسب مراد گانے میں پھرنا۔
گلا پھونا : [ار - محاورہ] گلا سوجنا۔ ورم ہونا۔ گلپھڑا نکلنا۔
گلا خشک ہونا : [ار - محاورہ] گلے میں رطوبت باقی نہ رہنا (۲) پیاس لگنا۔ (۳) چلاتے چلاتے گلا خشک ہو جانا۔
گلا دابنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گلا دبانا" (۲) بولنے سے باز رکھنا۔
گلا دبانا : [ار - محاورہ] گلا گھونٹنا - سانس روکنا (۲) بات کرنے سے روکنا۔
گلا دبایا جانا : [ار - محاورہ] زبردستی کی جانا۔ ظلم ہونا - بولنے کی رکاوٹ ہ

گلا ریتنا : [ار - محاورہ] کنایۃً "نقصان کرنا" (۲) گلا کاٹنا -

گلا کاٹ مرنا : [ار - محاورہ] خودکشی کرنا -

گلا کاٹنا : [ار - محاورہ] سر قلم کرنا - قتل کرنا (۲) حق دبانا - زبردستی کسی کا حق لینا - (۳) ظلم کرنا - سختی کرنا -

گلا کاٹی : [ار - امث] ایک قسم کا باجا جو سارنگی سے مشابہ ہوتا ہے -

گلا کٹانا / کٹوانا : [ار - محاورہ] مقتول ہونا -

گلا کٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گلا کٹانا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے -

گلا کرنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گلا اٹھانا"

گلا کھل جانا : [ار - محاورہ] بیٹھی ہوئی آواز صاف ہو جانا -

گلا کھولنا : [ار - محاورہ] گلے کا پھندا دور کرنا (۲) گلے کی آواز صاف کرنا -

گلا گھٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گلا گھونٹنا" جس کا یہ لازم ہے -

گلا گھونٹ کے سلا دینا / رکھنا : [ار - محاورہ] گلا دبا کر مار دینا -

گلا گھونٹنا : [ار - محاورہ] گلا بھینچنا - بولنے سے روکنا (۲) گلا دبانا -

گلا مسوسنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گلا گھونٹنا"

گلا ملانا : [ار - محاورہ] آواز ملانا -

گلا ہلانا : [ار - محاورہ] گٹکری لینا -

گلاب : [ف - امذ] ایک پھول (۲) گلاب کا پودا (۳) گلاب کے پھولوں کا عرق (اصل میں گل آب تھا - یعنی عرق گل)

گلاب افشاں / پاش : [ف - امذ] وہ صراحی نما برتن جس میں عرق گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں -

گلاب باڑی : [ار - امث] دیکھئے "گلال باڑی" جو صحیح ہے -

گلاب جامن : [ار - امث] (۱) ایک قسم کی بڑی جامن جس میں سے گلاب کی سی خوشبو آتی ہے (۲) ایک قسم کی مٹھائی

گلاب سے کلی کرنا : [ار - محاورہ] کسی مقدس ذکر کرنے کے لئے کہتے ہیں منہ پاک کرنا

گلاب کھنچوانا : [ار - محاورہ] گل سرخ کا عرق نکلوانا -

گلاب کھینچنا / نکالنا : [ار - محاورہ] گل سرخ کا عرق نکالنا

گلاب کی پتی / پنکھڑی : [ار - امث] کنایۃً نازک ہونٹ

گلاب کے پھول : [ار - امذ] کنایۃً نازک اور خوبصورت بچے

گلابو شتابو : [ار - امث] کاٹھ کی دو پتلیاں جن کا پتلیوں والے تماشا دکھاتے ہیں -

گلابہ / گلاوہ : [ف - امذ] گارا جس سے عمارت بناتے ہیں - گچارا

گلابی : [ف - صفت] گلاب کے رنگ کا - گہرا پیازی رنگ (۲) شراب کا گلاس - ساغر (۳) چھوٹی رنگین بوتل جس میں شراب یا گلاب رکھتے ہیں

گلابی آنکھ : [ار - امث] مخمور آنکھ - وہ آنکھ جو نشے یا رونے کی وجہ سے سرخ یا گلابی ہو گئی ہو -

گلابی اردو : [ار - امث] ایسی اردو زبان جس میں دوسری زبانوں کے الفاظ خندہ آور حد تک شامل ہوں -

گلابی پوشش : [ف - صفت] وہ شخص جو گلابی لباس زیب تن کرتا ہو -

گلابی جاڑا : [ار - امذ] ہلکا جاڑا - سردی کے ابتدائی یا آخری ایام -

گلایا : [ار - امذ] گولائی - گول ہونا

گلاس : [انگ - امذ] (GLASS) پانی پینے کا برتن - پیالہ - ساغر - ایک قسم کا آبخورہ (۲) شیشہ - کانچ (۳) آئینہ (۴) شیشے کا ایک لمبا ظرف جو لمبے پیالے کی شکل کا ہوتا ہے اور شمع یا کنول میں لگایا جاتا ہے (۵) شیشے کی ہانڈی جو شمع پر لگاتے ہیں (۶) جیبی گھڑی کا شیشہ (۷) عینک کا شیشہ -

گلاس چڑھانا : [ار - محاورہ] (۱) کثرت سے شراب یا پانی پینا (۲) شیشے کا ظرف شمع پر چڑھانا -

گلال : [ار - امذ] ایک قسم کا سرخ سفوف جو ہندو لوگ ہولی کے دنوں میں ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں - (۲) سنگھاڑے کا باریک پسا ہوا آٹا جس میں مختلف قسم کے رنگ ملاتے ہیں (افعال : اڑانا - اڑانا - ملنا)

گلال باڑی : [ار - امث] وہ ساتھی باغ جو محل سے ملحق ہو - وہ باغ جو مکان سے ملحق ہو -

گلالٹین : [ار - امث] وہ لالٹین جو قنات پر لگائی جاتی ہے -

گلالا : [ار - امذ] پھول کا زیرہ -

گلانا : [ار - مص] پگھلانا (۲) گوشت ترکاری وغیرہ کو پکا کر نرم کرنا (۳) سڑانا (۴) بیماری یا غم کا بدن کو دبلا کر دینا (۵) ضائع کرنا - (۶) بوسیدہ کرنا -

گلاوٹ : [ار - امث] گلانے کی اہلیت - تحلیل (۲) وہ جگہ جس سے گوشت گل جائے -

گلاؤ : [ھ - صفت] گلنے والا - سڑنے والا - تحلیل ہونے والا

گلائی : [ار - امث] گول ہونا - گلایا -

گلائیڈر : [انگ - امذ] (GLIDER) ایک قسم کا ہوائی جہاز جو انجن کے بغیر اڑتا ہے -

گلتھی : [ار - امذ] گرہ - گانٹھ -

گلتھی : [ار - امث] ابلے ہوئے نرم چاول (۲ - صفت) ملائم - نرم -

گلٹ : [انگ - امذ] (GILT) ملمع کا پترا یا پانی (۲) ظاہری خوبصورتی

گلٹ : [ھ - امذ] گلٹی - ورم

گلٹی : [ھ - امث] رسولی - گانٹھ - گرہ (۲) غدود (۳) گلے کے اندر کا پھوڑا -

گلڈ : [انگ - امث] (GUILD) ہم پیشہ لوگوں کی انجمن - یونین

گلڈانگ : [ار - امذ] (انگریزی لفظ (BULLDOG) کا بگاڑ - بڑے جبڑوں والا شکاری کتا - بل ڈاگ -

گلسرین : [انگ - امث] (GLYCERINE) ایک بے رنگ اور سیال شے جو چکنائی سے تیار کی جاتی ہے -

گلسیا : [ار - امث] چھوٹا گلاس جس میں دوا یا پانی پیتے ہیں -

گلکٹ : [ار - امذ] پھوڑا -

گلگل : [ف - امذ] ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا نیبو - ترنج

گلگلا : [ار - امذ] ایک قسم کا میٹھا پکوان - میٹھا پکوڑا -

گلگلا : [ار - صفت] گیلا گیلا - تر - نم دار - نرم

گلگلانا : [ار ـ مص] نرم کرنا ـ پگھلانا ـ
گلگلاہٹ : [ار ـ امث] نرمی ـ ملائمت (۲) نرم کرنے کا فعل
گلگلی : [ار ـ امث] دیکھئے "گلگلا" جس کی یہ تانیث ہے
گلگلیا : [ار ـ امث] گلگلا کی تصغیر
گل گوتھنا : [ار ـ صف] گوشت سے بھرا ہوا ـ موٹا ـ پلپلا ـ بھاری بھرکم ـ
گلم : [ھ ـ اند] وہ سختی جو پیشانی یا سر پر چوٹ لگنے سے بڑھ جاتی ہے ـ (افعال : پڑنا)
گلنا : [ار ـ مص] گھلنا (۲) پگھلنا (۳) پکنا (۴) بوسیدہ ہونا ـ سڑنا (۵) داغ لگنا ـ (۶) ضائع ہونا (۷) اجڑنا ـ ستیاناس ہونا (۸) گرنا
گلنا سڑنا : [ار ـ محاورہ] بوسیدہ ہونا ـ سڑ کے بیکار ہو جانا ـ
گلنداز : [ار ـ اند ـ ق] گولنداز
گلو : [ار ـ امث] ایک بیل جو بخار کے لیے مفید ہوتی ہے ـ
گلّو : [ھ ـ امث] گلہری ـ (۲) چھوٹی لڑکیوں کا خطاب ـ
گلو : [ف ـ اند] گلا ـ حلق ـ گردن (۲) مرکبات میں ـ آواز ـ لے ـ سُر
گلو بُریدہ : [ف ـ صف] جس کا گلا کٹا ہوا ہو ـ
گلو بستہ : [ف ـ صف] کنایۃً خاموش ـ ساکت ـ جس کا گلا بند ہو ـ
گلو بند : [ف ـ اند] گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی ٹپکا (۲) ایک زیور جو گلے میں پہنتے ہیں ـ
گلو خلاصی : [ف ـ امث] رہائی ـ چھٹکارا ـ نجات ـ
گلو سوز : [ف ـ صف] نہایت میٹھی اور لذیذ چیز کنایۃً شیریں
گلو کار : [ف ـ صف] گانے والا ـ گویا ـ
گلو گیر : [ف ـ صف] گردن پکڑنے والا ـ الزام لگانے والا (۲) وہ کسیلی چیز جو گلے کو پکڑتی ہے ـ (۳) لالچی ـ طامع (۴) دعویدار ـ دامن گیر (۵) سر ہونے والا ـ
گلوب : [انگ ـ اند] (GLOBE) گولا ـ گول چیز ـ کرہ (۲) کرۂ زمین ـ (۳) چمنی کا ایک گول ظرف جو لیمپ کے اوپر چڑھا دیتے ہیں تاکہ روشنی پھیلنے کی بجائے نیچے پڑے ـ
گلوری : [ار ـ امث] پان کا بیڑا ـ بنا ہوا پان جو ایک خاص وضع سے لپیٹتے ہیں کہ اس کے تین کونے ہو جاتے ہیں (افعال : بنانا ـ بنا ہونا ـ چبانا ـ دینا ـ کھلانا ـ کھانا ـ لگانا ـ لگنا ـ لگوانا)
گلوکوز : [انگ ـ اند] (GLUCOSE) انگور سے نکلی ہوئی شکر ـ
گلولہ : [ف ـ اند] گولی ـ گولہ ـ غلّہ ـ
گلوندا : [ھ ـ اند] مہوے کا پھول اور اس کی کل ـ
گلوندی : [ھ ـ امث] دیکھئے "گلوندا" جس کی یہ تانیث ہے ـ
گلوندی : [ار ـ امث ـ ق] کچے دودھ کی چکنائی ـ
گلّہ : [ف ـ اند] جھنڈ ـ غول ـ گروہ ـ مویشیوں کا ڈار ـ ریوڑ ـ پرا ـ
گلّہ بان : [ف ـ اند] چرواہا ـ گڈریا ـ ریوڑ والا ـ
گلّہ بانی : [ف ـ امث] دیکھئے "گلّہ بان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ـ
گلہ : [ف ـ اند] شکوہ ـ شکایت ـ اُلاہنا ـ [افعال : کرنا ـ ہونا]
گلہ ٹپکنا : [ار ـ محاورہ] شکوہ ظاہر ہونا ـ شکایت مترشح ہونا ـ
گلہ زبان پہ لانا : [ار ـ محاورہ] شکوہ کرنا ـ شکایت کرنا ـ

گلہ شکوہ : [ف ـ اند] اُلاہنا ـ شکوہ شکایت ـ
گلہ گزار : [ف ـ صف] شکوہ شکایت کرنے والا [افعال : کرنا ـ ہونا]
گلہ گزاری : [ف ـ امث] شکوہ شکایت [افعال : کرنا ـ ہونا]
گلہرا : [ار ـ اند] (۱) گلہری کا نر (۲) پان رکھنے کا ظرف ـ
گلہری : [ار ـ امث] ایک چوہے کی قسم کا جانور جس کی پیٹھ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں ـ جو اکثر درختوں پر رہتی ہے ـ (۲) انسان کے جسم کا وہ حصہ جو ران اور پیڑو کے درمیان ہوتا ہے ـ (۳) ننھا سا بچہ ـ
گلہری کا پیڑ جھٹکانا : [ار ـ مثل] ہر شخص اپنے آرام کی جگہ سمجھتا ہے ـ
گلہریا : [ھ ـ اند] وہ پتنگ جس میں دھاریاں ہوتی ہیں ـ
گلہڑ : [ھ ـ اند] گلے کا پھولا ہوا غدود ـ گلے کی ایک بیماری ـ
گلہی : [ھ ـ امث] کشتی یا جہاز کا اگلا حصّہ ـ
گلی : [ھ ـ امث] کوچہ ـ محلے کے اندر کا راستہ ـ آبادی کے اندر تنگ سڑک
گلی جھنکانا : [ار ـ محاورہ] آوارہ پھرنا ـ
گلی کوچہ : [ار ـ اند] محلہ ـ کوچہ ـ تنگ گلی ـ
گلی گلی : [ار ـ متعلق ـ فعل] کوچہ کوچہ ـ دربدر
گلی : [ف ـ صف] مٹی کا بنا ہوا ـ کچا ـ ناپائیدار
گلی گُلّی : [ار ـ امث] لکڑی کی بنی ہوئی کھیلنے کی چیز جو دونوں طرف سے نوکدار ہوتی ہے ـ (۲) گلہری ـ
گلّی ڈنڈا : [ار ـ اند] لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جو گلّی اور ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے ـ
گلّی ڈنڈا کھیلنا : [ار ـ محاورہ] (۱) گلّی ڈنڈے کا کھیل کھیلنا (۲) وقت ضائع کرنا ـ (۳) آوارہ پھرنا (۴) بے فائدہ کام کرنا ـ
گُلّی : [ھ ـ امث] (۱) مکئی کا بھٹا جس میں دانے نہ ہوں (۲) کیوڑے کا پھول ـ مہال کی وہ جگہ جس میں شہد ہوتا ہے ـ شہد کی گٹھری (۳) وہ گول لکڑی جو خول کے اندر جاتی ہے (۵) چاندی سونے کا ڈلا ـ (۶) صیقل کرنے کا آلہ (۷) چاندی یا تانبے کی سلاخ جس پر چاندی یا سونے کا رنگ چڑھاتے ہیں (۸) گھوڑے کی دُم کی ہڈی (۹) وہ حلقہ جو انگوٹھے اور کلمے کی انگلی کو ملانے سے بنے (۱۰) ایک قسم کی مینا (۱۱) ایک قسم کا کبوتر (۱۲) گولی ـ کوئی گول اور چھوٹی چیز ـ ڈھیلا (۱۳) پیچک ـ
گُلّی باندھنا : [ار ـ محاورہ] ڈلا بنانا ـ گولی بنانا (۲) طاقتور یا جوان ہونا ـ
گلّی بندھنا : [ار ـ محاورہ] پورا جوان ہونا ـ سن بلوغت کو پہنچنا (۲) شہد کا مہال میں پک جانا (۳) روپیہ پیسہ پاس ہونا ـ
گلے : [ار ـ اند] دیکھئے "گلا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے ـ
گلے باز : [ار ـ صف] اچھی آواز والا ـ خوش آواز ـ
گلے باندھنا : [ار ـ محاورہ] کسی کو زبردستی کوئی چیز دینا (۲) کسی کا زبردستی نکاح کرنا ـ
گلے بندھنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "گلے باندھنا" جس کا یہ لازم ہے ـ
گلے بندھوانا : [ار ـ محاورہ] قسمے ڈلوانا ـ سر کروانا (۲) واپس کرنا کسی چیز کو الٹا سر مارنا ـ
گلے پہ چھُری / خنجر پھیرنا / چلنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے گلے پر چھری / خنجر پھرنا / چلنا ـ

گلے پر چھری / خنجر پھیرنا / چلانا : [ار۔ محاورہ] بہت ظلم کرنا۔ حق تلفی کرنا۔ جبر کرنا۔

گلے پڑ کر / کے دینا : [ار۔ محاورہ] زبردستی دینا۔ بلا مرضی کوئی چیز دینا

گلے پڑ کر / کے سودا کرنا : [ار۔ محاورہ] زبردستی بیچنا

گلے پڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گلے پڑنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) زبردستی پیچھے ہو جانا۔ (۴) بلا خواہش نکاح ہونا (۵) بغیر مرضی کے کوئی چیز دینا۔

گلے پڑے کا سودا : [ار۔ اسذ] زبردستی کا معاملہ

گلے تک بھرنا : [ار۔ محاورہ] کسی ظرف کو پورا پورا بھرنا۔

گلے تک پانی ہونا : [ار۔ محاورہ] ڈوب جانے کے قریب ہونا۔

گلے چپکنا / ڈالنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے باندھنا"

گلے دراز : [ار۔ صف۔ ق] زبان دراز۔ چالاک (گلے دراز کا بگاڑ)

گلے سے اتارنا : [ار۔ محاورہ] حلق سے اتارنا۔ نگلنا۔ کھانا۔

گلے سے اترنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے سے اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گلے سے باندھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے سے بندھنا" جس کا یہ متعدی ہے

گلے سے بندھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے بندھنا"

گلے سے گھونٹ نہ اتارنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے گلے سے گھونٹ نہ اترنا جس کا یہ متعدی ہے۔

گلے سے گھونٹ نہ اترنا : [ار۔ محاورہ] پیا نہ جانا۔

گلے سے لپٹانا / لگانا : [ار۔ محاورہ] معانقہ کرنا۔ گلے سے چمٹانا۔ پیار کرنا۔

گلے سے لپٹنا / لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے سے لپٹانا / لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گلے سے لگنا : [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "گلے سے لپٹنا / لگنا" (۲) صفائی کر لینا۔ ملال دور کرنا۔

گلے کا تعویذ : [ار۔ اسذ] (۱) وہ تعویذ جو گلے میں ڈالتے ہیں (۲) گلے کا ہار۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔

گلے کا تعویذ بنانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے کا تعویذ بننا" جس کا یہ متعدی ہے

گلے کا تعویذ بننا : [ار۔ محاورہ] گلے کا ہار ہونا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔

گلے کا توڑا : [ار۔ اسذ] گلے میں پہننے کی سونے یا چاندی کی زنجیر۔

گلے کا جوڑا : [ار۔ اسذ] وہ لباس جو بدن میں ہو۔

گلے کا ڈھولنا : [ار۔ اسذ] (۱) دیکھئے گلے کا تعویذ (۲) ناگوار چیز۔ بوجھ (۳) ناگوار خاطر۔ چھاتی کا زخم۔ پاؤں کی بیڑی۔

گلے کا ہار : [ار۔ اسذ] موتیوں کی مالا۔ پھولوں کا بنا ہوا ہار۔ جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں۔ گلے کا ایک زیور۔ ۲۔ صف۔ وہ جو ہر وقت ساتھ رہے۔ وہ جو کسی وقت جدا نہ ہو۔ (۳) نہایت عزیز۔ پیارا (۴) اجیرن۔ ناگوار خاطر (۵) سر ہو جانے والا۔ وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے۔

گلے کا ہار بنانا : [ار۔ محاورہ] ہر وقت ساتھ رکھنا۔

گلے کا ہار بننا : [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "گلے کا ہار بنانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) کسی وقت پیچھا نہ چھوڑنا۔ (۳) اجیرن ہونا۔ ناگوار خاطر ہونا۔

گلے کا ہار رہنا : [ار۔ محاورہ] سر رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا (۲) گلوگیر رہنا۔ گریباں گیر رہنا۔

گلے کا ہار رکھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ایسا ہمدم بنانا کہ عمر بھر جدا نہ ہو۔ دم کا ساتھی بنانا۔

گلے کا ہار ہو جانا / ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) طوق گلو بن جانا۔ گلوگیر ہو جانا (۲) سر ہو جانا۔ گرد ہو جانا۔ پیچھے لگ جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا (۳) ناگوار ہونا۔ اجیرن ہونا۔ در پئے آزار ہونا۔ وبال جان ہونا۔

گلے کی رگیں پھلانا : [ار۔ محاورہ] غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔

گلے کی رگیں پھول جانا / پھولنا : [ار۔ محاورہ] گلا سوج جانا۔

گلے گلے : [ار۔ متعلق فعل] گلے تک۔

گلے گلے پانی : [ار۔ اسذ] اتنا پانی جس میں انسان گلے تک ڈوب جائے۔

گلے گیر ہونا : [ار۔ محاورہ] گریبان گیر ہونا (ترکیب غلط ہے صحیح گلوگیر ہے)

گلے لگانا : [ار۔ محاورہ] (۱) چھاتی سے لگانا (۲) زبردستی کوئی چیز کسی کے سر ڈالنا۔ منڈھنا۔

گلے لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گلے لگ لگ کر رونا : [ار۔ محاورہ] مل کر رونا (۲) درد مندی کا اظہار کرنا۔

گلے مڑھنا / منڈھنا : [ار۔ محاورہ] زبردستی کوئی چیز کسی کے سر کرنا

گلے ملنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گلے لگنا۔ ہم آغوش ہونا (۲) صفائی ہو جانا۔

گلے ملوا دینا : [ار۔ محاورہ] صلح صفائی کرا دینا۔ دو حریفوں میں صلح کرا دینا۔

گلے میں اترنا : [ار۔ محاورہ] پیٹ میں جانا۔ حلق سے اترنا۔

گلے میں اٹکنا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی ناگوار کھانے کا حلق سے نہ اترنا (۲) ناگوار ہونا (۳) گلے میں پھنسنا۔

گلے میں باہیں ڈالنا : [ار۔ محاورہ] پیار سے گلے لگانا۔ ہم آغوش کرنا

گلے میں پانی ٹپکانا : [ار۔ محاورہ] موت کے وقت گلے میں پانی چوانا۔

گلے میں پھانسی ہونا : [ار۔ محاورہ] پھانسی پانا۔

گلے میں پہنا دینا : [ار۔ محاورہ] ہار یا کوئی اور چیز گلے میں ڈالنا۔

گلے میں پہننا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے میں پہنا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

گلے میں پھنسنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے میں اٹکنا"

گلے میں تحریر ہونا : [ار۔ محاورہ] گٹکری لینا۔ گانے والوں کا تان سے پہلے بیچ در آواز نکالنا

گلے میں جان اٹکنا : [ار۔ محاورہ] نزع کا عالم ہونا۔

گلے میں ڈالنا : [ار۔ محاورہ] پیرہن یا ہار وغیرہ پہننا۔

گلے میں زنجیر ڈالنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے میں زنجیر پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گلے میں زنجیر پڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) کنایۃً بیاہ ہونا (۲) مقید ہونا۔ پابند ہونا۔

گلے میں طوق پڑنا : [ار۔ محاورہ] دیوانے کا زنجیروں سے جکڑا جانا۔

گلے میں کانٹا پڑنا : [ار۔ محاورہ] حلق خشک ہونا۔

گلے میں گرہ ہونا : [ار۔ محاورہ] آواز نہ نکلنا۔

گلے میں گھنگرو بولنا : [ار۔ محاورہ] نزع کا وقت ہونا۔

گلے میں ہاتھ پڑنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گلے میں ہاتھ ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گلے میں ہاتھ ڈالنا : [ار ـ محاورہ] گردن میں ہاتھ ڈال کر تنتا ضا کرنا
گلے میں ہڈی نہیں : [ار ـ محاورہ] اس کے متعلق کہتے ہیں جس کی آواز بہت اچھی ہو اور گانے میں ماہر ہو۔
گلے میں ہونا : [ار ـ محاورہ] پوشاک پہنے ہوئے ہونا۔
گلیا : [ار ـ اند] (۱) ریشمی کپڑے اور بانات وغیرہ رنگنے والا۔ رنگریز (۲) وہ بیل جو کام کرنا ہوا بیٹھ جائے۔ تھکا ہوا بیل (۳) کام چور حیلہ جو۔
گلیا بیل ہے : [ار ـ محاورہ] بے ہمت کاہل الوجود ہے۔
گلیارا : [ہ ـ اند] وہ کوچہ جو گزرگاہ عام ہو جس میں سے عام و خواص گزریں
گلیاری : [ہ ـ امث] بہت تنگ کوچہ۔ پگ ڈنڈی۔
گلیاں : [ہ ـ امث] گلی کی جمع۔
گلیاں جھانکنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "گلیاں جھنکانا / جھکانا" جو اس کا متعدی المتعدی ہے۔
گلیاں جھنکانا / جھکانا : [ار ـ محاورہ] آوارہ پھرانا۔ حیران و سرگرداں پھرانا
گلیاں چھاننا : [ار ـ محاورہ] کسی کی تلاش میں مارا مارا پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔
گلیانا : [ار ـ مص] (۱) گالیاں دینا (۲) دوا زبردستی گلے سے اتارنا۔ جیسے گھوڑے بیل وغیرہ دیگر جانوروں کو دوا دیتے ہیں
گلیل : [ہ ـ امث] دیکھئے "غلیل"
گلیم : [ف ـ امث] کمبل۔ کملی۔ لوئی۔ دھسّا۔ اوڑھنے کا کپڑا۔
گلیم پوش : [ف ـ اند] کملی پوش۔ کمبل پوش وہ جو کمبل اوڑھے رکھے ہے
گلیم گوش : [ف ـ اند] جس کے کان بہت بڑے بڑے ہوں۔
گلیم اگوشان : [ف ـ اند] ایک قوم جس کا ذکر پرانے قصے کہانیوں میں آتا ہے۔ ان کے کان اتنے بڑے ہوتے تھے کہ ایک کان کو بچھونے اور دوسرے کو لحاف کے طور پر استعمال کرتے تھے۔
گلیوں : [ہ ـ امث] دیکھئے "گلی" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے
گلیوں کی خاک چھاننا : [ار ـ محاورہ] مارا مارا پھرنا۔ پریشان و سرگرداں پھرنا۔

گ ـ م

گُم : [ف ـ صف] (۱) کھویا ہوا۔ مفقود (۲) گیا ہوا (۳) ضائع۔ رائیگاں (۴) پوشیدہ۔ غائب۔ غیر حاضر (۵) ناپید۔ ناپدید (۶) مفرور۔ بھاگا ہوا (۷) حیران۔ پریشان۔ حواس باختہ۔
گمراہ / گمرہ : [ار ـ صف] بھٹکنے والا۔ راستہ بھولا ہوا (۲) بد دین منحرف۔ کافر۔
گمراہی / گمرہی : [ف ـ امث] دیکھئے گمراہ / گمرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
گم رہنا : [ار ـ محاورہ] غائب رہنا۔ غیر حاضر رہنا۔ پوشیدہ رہنا۔
گم شدگی : [ف ـ امث] دیکھئے "گم شدہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
گم شدہ : [ف ـ صف] کھویا ہوا (۲) بھاگا ہوا (۳) بھولا ہوا۔ حواس باختہ (۴) تلف شدہ۔ ضائع شدہ (۵) پوشیدہ۔
گم صم : [فع ـ صف] گونگا۔ بہرا (۲) خاموش اور چپ (۳) حیران و ششدر۔

گم کردہ : [ف ـ صف] کھویا ہوا۔
گم کردہ آشیاں : [ف ـ صف] گھر بھولا ہوا (پرندہ)
گم کرنا : [ار ـ مص مرکب] چھپانا۔ ضائع کرنا (۲) کھونا۔ گنوانا۔ رائیگاں کرنا (۴) چرانا (۵) بھلانا۔
گم گشتہ : [ف ـ صف] گم شدہ۔
گمنام : [ف ـ صف] (۱) غیر مشہور۔ بے نام و نشان (۲) جس کا نام معلوم نہ ہو (۳) پوشیدہ مخفی (۴) اظہار نام کے بغیر۔ بغیر نام ان میں چٹھی۔ خط۔ درخواست۔ شکایت۔ عرضی وغیرہ کے ساتھ۔ (۵) معدوم۔ نیست و نابود۔
گمنام چٹھی یا خط بھیجنا : [ار ـ محاورہ] بغیر اپنا نام اور پتا لکھے ہوئے خط بھیجنا جس میں کسی کی شکایت ہو۔
گمنامی : [ف ـ امث] دیکھئے "گمنام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
گم ہونا : [ار ـ مص مرکب] (۱) غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا (۲) ضائع ہونا۔ جاتا رہنا (۳) بے خبر ہونا۔ کسی خیال میں محو ہونا (۴) بدحواس ہونا۔
گما : [ہ ـ امث] (۱) ایک قسم کی بڑی اور موٹی اینٹ۔ ڈبل اینٹ۔
گماشتگی : [ف ـ امث] دیکھئے "گماشتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
گماشتہ : [ف ـ صف] (۱) وہ شخص جس کے سپرد کوئی کام ہو (۲) نائب کارندہ۔ ایجنٹ۔ کارپرداز۔ مختار۔ منیب۔ وکیل۔ قائم مقام۔
گماشتہ کرنا : [ار ـ مص مرکب] نائب بنانا۔ منیجر مقرر کرنا۔ ایجنٹ مقرر کرنا۔
گماشتہ گری : [ار ـ امث] دیکھئے "گماشتگی"
گمان : [ف ـ اند] (۱) شک۔ شبہ۔ ظن۔ احتمال۔ بھرم (۲) وہم وسواس۔ خیال۔ قیاس۔ رائے (۳) غرور۔ تکبر۔
گمان اور گزرنا : [ار ـ محاورہ] شک و شبہ ہونا۔
گمان بھرا : [ار ـ صف] مغرور۔ متکبر
گمان پڑنا : [ار ـ محاورہ] شک ہونا۔
گمان غالب / قوی : [ار ـ اند] احتمال قوی۔ پکا خیال
گمان کرنا : [ار ـ مص مرکب] خیال کرنا۔ قیاس کرنا (۲) فخر کرنا۔ تکبر کرنا گھمنڈ کرنا (۳) اینٹھنا۔ بل کرنا۔ زور دکھانا۔
گمان گزرنا / ہونا : [ار ـ محاورہ] شک و شبہ گزرنا۔ شک ہونا۔ (۲) خیال ہونا۔ قیاس میں آنا۔
گمان ہے : [ار ـ محاورہ] اغلب ہے یقین ہے۔
گمانا : [ہ ـ مص] وقت گزارنا۔
گمانی : [ف ـ صف] شبہ کرنے والا۔ شک کرنے والا (۲) رشک کرنے والا۔ حاسد (۳) مغرور۔ متکبر۔
گمبھیر : [س ـ صف] گہرا۔ عمیق (۲) بڑی آواز والا (۳) عقلمند۔ دانا (۴) فہیم۔ دُور اندیش (۵) سنجیدہ۔ متین۔ (۶) متحمل۔ بردبار (۷) بھاری۔ بوجھل۔ وزنی (۸) ایک قسم کا اندرونی پھوڑا
گمت : [ہ ـ امث] ٹولی۔ گشت (۲) تفریح۔ خوش وقتی۔
گمٹا : گرا۔ گومڑا۔ [ہ ـ اند]
گمٹی : [ہ ـ امث] چھوٹا گنبد۔ مٹھ۔

گمٹی : [ار ـ امث] (DIMITY) کا بگاڑ ایک قسم کا موٹا سوتی اور بُوٹی دار کپڑا۔

گمچھا . [ہ ـ امذ] انگوچھا

گمچی : [ہ ـ امث] گھونگچی

گمر : [ار ـ امذ] غرور ـ تکبر ـ مان [افعال : کرنا ـ ہونا]

گمڑا : [ار ـ امذ] (۱) سوجن (۲) گومڑ (۳) خرشش

گمزی : [ار ـ امث] چھوٹا گنبد

گمسا : [ہ ـ صفت] گلا ہوا ـ سڑا ہوا

گمک : [ہ ـ مث] (۱) زوری یا اونچی آواز (۲) بس سازکی آواز (۳) گرج ـ کڑک بادل کی آواز (۴) وہ گونجدار آواز جو گانے والوں کے منہ سے بھاری نکلتی ہے [افعال : سننا ـ سنانا ـ ہونا] (۵) تصادم ـ صدمہ ـ بھاپ (۶) خوشبو ـ مہک ۔

گمکا : [ہ ـ امذ] بڑے منہ کا مٹی کا برتن ـ ناند ـ کُنڈ ۔

گمکیلا : [ہ ـ صفت] خوشبودار ـ مہک دار ۔

گمگٹ : [ہ ـ امث] بھاری آواز جو گانے میں گلے سے نکلتی ہے (۲) ڈھول ـ بین وغیرہ کی آواز ۔

گملا : [ہ ـ امذ] مٹی کا ظرف جس میں پودے بوتے ہیں ـ اس کا اُوپر کا حصّہ نیچے کے حصّے سے چوڑا ہوتا ہے ۔

گمنا : [ار ـ مص ـ ق] بسر کرنا ـ رہنا ـ پسند کرنا ـ دیکھنا ۔

گ ـ ن

گن . [انگ ـ امث] (GUN) توپ ـ بندوق

گن پاؤڈر : [انگ ـ امذ] (GUN POWDER) بارُود

گن کاٹن : [انگ ـ امذ] (GUN COTTON) ایک مادہ جو رُوئی اور شورے کے تیزاب سے تیار کیا جاتا ہے اور توپ میں بطور بارُود استعمال ہوتا ہے ۔

گن : [ہ ـ فعل] گننا مصدر سے صیغہ امر ۔

گن دینا / ڈالنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "گننا"

گن گن کر / کے : [ار ـ متعلق فعل] (۱) شمار کر کے (۲) ایک ایک کر کے (۳) سنبھال سنبھال کے (۴) چھانٹ چھانٹ کے (۵) چُن چُن کر کے ـ بڑی مشکل سے

گن گن کر آوے ٹوٹا پاوے : [ار ـ مثل] بہت احتیاط سے بھی نقصان ہوتا ہے ۔

گن گن کے بکھاننا : [ار ـ محاورہ] چُن چُن کے ہر ایک کو گالیاں دینا ۔

گن گن کے دن کاٹنا / گزارنا : [ار ـ محاورہ] مصیبت سے دن پُورے کرنا ۔

گن گن کے دن کٹنا / گزرنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "گن گن کے دن کاٹنا / گزارنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گن گن کے سنانا : [ار ـ محاورہ] چُن چُن کر گالیاں دینا ـ علانیہ گالیاں دینا ۔

گن گن کے قدم رکھنا : [ار ـ محاورہ] چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ـ آہستہ چلنا (۲) ناز سے خرام کرنا (۳) احتیاط سے کام کرنا (۴) سُستی سے کام کرنا ۔

گن گن کے گالیاں دینا : [ار ـ محاورہ] کنبے کے ہر فرد کا نام لے کر گالیاں دینا ۔

گن لینا : [ار ـ محاورہ] شمار کر لینا ۔

گُن : [ہ ـ امذ] (۱) وصف ـ صفت ـ جوہر (۲) تعریف ـ توصیف ـ حمد (۳) خوبی ـ عمدگی (۴) نیکی ـ بھلائی ـ اعمال نیک (۵) عادت ـ خصلت ـ سبھاؤ ـ پکا (۶) کرتوت ـ فعل ـ لچھن (۷) ہنر ـ کمال ـ فن ـ سلیقہ (۸) اثر ـ تاثیر (۹) رسّی جس سے ملاح کشتی کھینچتے ہیں (۱۰) احسان ـ مہربانی ـ عنایت (۱۱) بار ـ مرتبہ ـ مرکبات میں بھی مستعمل ہے ۔

گُن بھرے ہونا : [ار ـ محاورہ] (۱) وصف ہونا (۲) خوبیاں ہونا ـ ہنر ہونا (۳) شرارت بھری ہونا ۔

گُن سیکھ کے اوگُن سیکھے : [ار ـ مثل] نیک کاموں کے بعد بُرے کام کرتا ہے ۔

گُن کرنا : [ار ـ محاورہ] بااثر ہونا ـ مُفید ہونا ۔

گُن کلی : [ہ ـ امث] بلاول ٹھاٹھ کی ایک رگنی جو صبح کو گائی جاتی ہے ۔

گُن گانا : [ار ـ محاورہ] تعریف کرنا ـ اوصاف بیان کرنا ۔

گُن ماننا : [ار ـ محاورہ] احسان ماننا ـ ممنون ہونا ـ شکرگزار ہونا ۔

گنّا : [ہ ـ امذ] (۱) نیشکر ـ پونڈا ـ ایک پودا جس کے موٹے ڈنٹھلوں میں سے رس نکال کر گُڑ شکر بناتے ہیں اور پھر انہیں صاف کر کے یا ان کے بغیر زیادہ صفائی سے کھانڈ اور چینی بناتے ہیں ۔

گُنا : [ہ ـ امذ] چند ـ مرتبہ ـ بار ـ دوگنا ـ سہ گنا وغیرہ (مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ہے)

گنا جانا : [ار ـ مص مرکب] گنتی ہونا ـ شمار ہونا ۔

گنا دینا : [ار ـ مص مرکب] دیکھئے "گنوا دینا"

گنا گنایا : [ار ـ صفت] گنا ہوا ـ شمار شدہ ۔

گنانا : [ار ـ مص] شمار کرانا ـ گنوانا ۔

گناہ : [ف ـ امذ] بُرا کام ـ وہ کام جس سے دوسرے کو ناجائز نقصان پہنچے وہ کام جس سے انسان کو خدا کی طرف سے سزا ملے ـ عصیاں ـ پاپ اپرادھ ـ معصیت (۲) خطا ـ قصور ـ دوش (۳) جُرم ـ خلاف ورزیٔ قانون

گناہ آمرز / بخش : [ف ـ صفت] (۱) گناہ بخشنے والا ـ (۲ ـ مذ) خدا تعالیٰ

گناہ بخشنا : [ار ـ محاورہ] خطا یا قصور معاف کرنا

گناہ بخشوانا : [ار ـ محاورہ] خطا یا قصور معاف کرانا ۔

گناہِ بے لذّت : [ار ـ امذ] وہ گناہ جس کے کرنے میں کسی قسم کا فائدہ نہ ہو

گناہ دھویا جانا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "گناہ دھونا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گناہ دھونا : [ار ـ محاورہ] گناہ مٹانا ـ یا محو کرنا ۔

گناہ رکھنا : [ار ـ محاورہ] کسی پر دھرنا ـ الزام رکھنا

گناہ سر لینا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "گناہ لینا"

گناہ سمیٹنا : [ار ـ محاورہ] گناہ کا وبال سر پہ لینا ۔

گناہ سے بچنا : [ار ـ محاورہ] گناہ نہ کرنا ـ بُری باتوں سے پرہیز کرنا ۔

گناہِ صغیرہ : [ف ۔ اند] ادنیٰ گناہ ۔ وہ گناہ جسے نیکیاں کرنے سے خدا معاف کر دے گا۔

گناہِ عظیم / کبیرہ : [ف ۔ اند] بھاری گناہ / جُرم ۔ سخت گناہ ۔ وہ گناہ جس کی سزا قرآن شریف یا شرع میں مقرر ہو جیسے زنا، شراب وغیرہ۔ (۲) فعل مذہبی کا نہ ادا کرنا۔

گناہ کا وبال پڑنا : [ار ۔ محاورہ] قصور کی سزا پانا ۔ جُرم کا خمیازہ بھگتنا

گناہ کرنا : [ار ۔ مصدر مرکب] ایسا فعل کرنا جس کی مذہبًا ممانعت ہو۔

گناہ گار : [ف ۔ صفت] (۱) عاصی ۔ پاپی (۲) مجرم ۔ خطا وار (۳) بدکار

گناہ گار بنانا / کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) گناہ میں مبتلا کرنا (۲) شرمندہ کرنا ملزم بنانا ۔

گناہ گار ٹھہرانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گناہگار ٹھہرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گناہ گار ٹھہرنا : [ار ۔ محاورہ] مجرم ہونا ۔ قصوروار تجویز ہونا ۔ ملزم ہونا۔

گناہ گار ہو جانا / ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) ایسے فعل کا مرتکب ہونا جو جائز نہ ہو (۲) ملزم ہونا ۔ مجرم ہونا (۳) گرفتار بلا یا مصیبت ہونا عذاب میں پڑنا ۔

گناہگاری : [ف ۔ امث] (۱) خطا ۔ قصور ۔ جرم (۲) جُرمانہ ۔ تاوان (۳) گھاٹا ۔ خسارہ ۔ نقصان (۴) وہ تاوان جرمانہ جو عدالت کی طرف سے وصول کیا جاتا ہے ۔

گناہگاری دینا : [ار ۔ محاورہ] (۱) جرمانہ دینا (۲) تاوان بھرنا (۳) ٹوٹا بھرنا ۔ خسارہ دینا ۔ گناہگاری عطا کرنا۔

گناہ لینا : [ار ۔ محاورہ] اپنے ذمہ الزام لینا ۔ اپنی گردن پر وبال لینا۔

گناہوں کی گٹھڑی : [ار ۔ امث] بہت سے گناہوں کا بوجھ۔

گُنبد : [ف ۔ اند] (۱) مدوّر چھت جس میں آواز گونجتی ہے ۔ جو عموماً مسجد یا مقابر پر ہوتی ہے ۔ (۲) بُرج

گُنبد آبنو : [ف ۔ اند] بیضوی گنبد جو اوپر سے قبر نما ہو ۔

گنبدِ ازرق / بے در / خضرا / دولابی / فیروزہ رنگ / نیلوفری : [ف ۔ اند] آسمان ۔

گنبد کی آواز / صدا : [ف ۔ اند] گونج ۔ وہ آواز جو گنبد میں آواز دینے سے تھوڑی دیر بعد سنائی دیتی ہے ۔ آواز ہوا میں سے گزرتی ہے اگر سامنے کوئی روک ہو تو پلٹ آتی ہے ۔ چونکہ گنبد میں ہر طرف سے روک ہوتی ہے لہٰذا واپس سنائی دیتی ہے (۲) جیسی کہو ویسی سنو

گنبد کی آواز جیسے کہو ویسی سنو : [ار ۔ مثل] برابر کے آدمی سے تکلّف نہیں ہوتا

گنبد کی آواز ہے : [ار ۔ محاورہ] جیسی کہو گے ویسی ہی سنو گے ۔

گنبد گرداں / مینا / مینائی : [ف ۔ اند] کنایتاً آسمان

گنبدی : [ف ۔ اند] ایک قسم کا ایک ستون والا گول خیمہ (۲) مدوّر گول ۔ گنبد کی شکل کا ۔

گنِت : [س ۔ امث] حساب کا علم ۔ شمار ۔ مرکبات میں مستعمل جیسے گنت

گنِت بِدیا : [ھ ۔ امث] علم ہندسہ ۔ علم ریاضی ۔

گنِت کار : [ھ ۔ اند] ریاضی دان (۲) جوتشی (۳) نجومی ۔

گنتش : [ار ۔ اند ۔ ق] کنارہ ۔

گُنھوانا : [ار ۔ مص] گوندھنا کا متعدی المتعدی ہے۔

گنتی : [ہ ۔ امث] (۱) شمار ۔ تعداد ۔ اندازہ ۔ حساب (۲) حاضری (۳) جائزہ ۔ معائنہ (۴) حاضری کا رجسٹر ۔ اسم نامہ

گنتی کے : [ار ۔ متعلق فعل] تھوڑے سے ۔ چند ۔

گنتی کے دن : [ار ۔ اند] زندگی کے چند دن ۔

گنتی کیا ہے : [ار ۔ محاورہ] بے شمار ہیں ۔

گنتی گنانا / گنوانا : [ار ۔ محاورہ] برائے نام شمار کرنا ۔ خانہ پُری کر کے دکھانا ۔

گنتی لینا : [ار ۔ محاورہ] حاضری لینا ۔

گنتی میں لانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) شمار کرنا ۔ شمار میں لانا ۔ حساب میں داخل کرنا (۲) بات پوچھنا ۔ خاطر میں لانا ۔

گنتی ہونا : [ار ۔ محاورہ] شمار ہونا ۔ شامل ہونا ۔

گُنٹا : [ار ۔ اند ۔ ق] تالاب ۔

گنٹھا : [ھ ۔ اند] پیاز کی گرہ ۔

گنٹھرا : [ار ۔ اند] سرمایہ ۔ پونجی ۔ اصل ۔

گنٹھنا : [ار ۔ مصدر] سیا جانا ۔ گانٹھا جانا ۔

گنٹھی : [ھ ۔ امث] دیکھئے "گنٹھا" جس کی یہ تصغیر ہے ۔

گنٹھیا : [ار ۔ امث] جوڑوں کا درد ۔ نقرس ۔ وجع المفاصل

گنج : [ف ۔ اند] (۱) خزانہ ۔ دفینہ (۲) ذخیرہ ۔ گودام (۳) مخزن ۔ خزینہ (۴) اناج کی منڈی ۔ بازار ۔ انبار ۔ ڈھیر (۵) وہ جگہ جس میں چاقو، قینچی وغیرہ اکٹھے لگائے ہوں (۶) وہ زمین جس میں کچھ لوگوں کو آباد کیا گیا ہو ۔

گنجِ باد آور / آورد : [ف ۔ اند] چھپا ہوا خزانہ (۲) جو چیز مفت مل جائے (۳) خسرو کا چوتھا خزانہ جو اُسے کشتیوں میں جاتا ہوا مل گیا تھا ۔ (۴) باربد کا سولھواں نغمہ یا راگ ۔

گنج بارہ : [ف ۔ اند] خسرو کا آٹھواں خزانہ

گنج بان : [ف ۔ اند] خزانچی

گنج بخش : [ف ۔ اند] بہت بڑا فیاض ۔ لکھ داتا (۲) حضرت علی ہجویریؒ کا لقب ۔

گنجِ حکیم : [ف ۔ اند] کنایتاً سورہ فاتحہ

گنجِ خاکی : [ف ۔ اند] حضرت آدم اور ان کی اولاد (کنایتہً)

گنجِ خضرا : [ف ۔ اند] خسرو کا چھٹا خزانہ ۔

گنج دار : [ف ۔ اند] ایک ایرانی راگ کا نام (۲) خزانہ رکھنے والا ۔

گنجِ دیبا : [ف ۔ اند] خسرو کا تیسرا خزانہ

گنجِ دیوار بست : [ف ۔ اند] دیوار میں گڑا ہوا خزانہ ۔ دیوار میں گڑا ہوا وہ خزانہ جو حضرت موسیٰ اور حضرت خضر کو ملا تھا اور حضرت خضر نے اس دیوار کی مرمت کی تھی ۔ جس کا ذکر قرآن حکیم میں ہے ۔

گنج ڈالنا / لگانا : [ار ۔ محاورہ] اناج کی منڈی آباد کرنا (۲) انبار لگانا ۔

گنجِ رواں : [ف ۔ اند] قارون کا خزانہ جو ہر وقت زمین میں دھنستا جاتا ہے اور قیامت تک دھنستا جائے گا (۲) وہ خزانہ جس کا سلسلہ

سی سزا نہ ہو۔

گنج سوختہ : [ف۔ امذ] (۱) خسرو کا پانچواں خزانہ (۲) ایرانی موسیقی کا اٹھارواں راگ

گنج شاد آورد : [ف۔ امذ] خسرو کا ساتواں خزانہ۔

گنج شائگاں : [ف۔ امذ] بہت بڑا خزانہ یا عمدہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو (۲) خسرو کا دوسرا خزانہ۔

گنج شہیداں : [ف۔ امذ] وہ گڑھا جس میں شہیدوں کو اوپر تلے بھر کر دفن کرتے ہیں (۲) مردوں کا ڈھیر (۳) بہت سی ملی چیزوں کا انبار

گنج عروس : [ف۔ امذ] خسرو کا پہلا خزانہ

گنج فریدوں : [ف۔ امذ] ایرانی موسیقی کے ایک راگ کا نام۔

گنج قاروں : [ف۔ امذ] حضرت موسیٰ کے وقت ایک مشہور کنجوس کا خزانہ

گنج کاؤس : [ف۔ امذ] ایرانی موسیقی کا ساتواں راگ۔

گنج گاؤمیش : [ف۔ امذ] (۱) خسرو کا آٹھواں خزانہ (۲) ایرانی موسیقی کا راگ

گنج : [ار۔ امذ] ایک مرض جس میں سر کے بال جھڑتے ہیں۔

گنجا : [ار۔ صف مذ] وہ شخص جس کے سر پر بال نہ ہوں۔

گنجا مرے کھجائے کھجائے : [ار۔ مثل] غریب آدمی ساری زندگی تکلیف میں گزار دیتا ہے

گنجان : [ار۔ صف] گھنا۔ پاس پاس۔ متصل

گنجانا : [ار۔ مص] ہاتھ سے ملانا۔

گنجانی : [ار۔ امث] دیکھئے "گنجان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گنجایش : [ف۔ امث] (۱) سمائی۔ ٹھکانا۔ جگہ (۲) فائدہ۔ بچت۔ (۳) حوصلہ۔ مقدور۔

گنجائش پزیر : [ف۔ صف] سمانے کے قابل جو سما سکے۔

گنجائش رکھنا : [ار۔ محاورہ] اتنی جگہ ہونا کہ اس میں سما سکے۔

گنجائشی : [ف۔ صف] (۱) وہ جس میں گنجائش ہو (۲) وہ زمین جس میں اضافہ کیا جا سکے۔

گنجائی : [ار۔ امث] ایک کیڑے کا نام جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ ننسلائی۔

گنجرنا : [ار۔ مص] زور سے چیخنا۔ دہاڑنا۔ گرجنا۔

گنجفہ : [ف۔ امذ] ایک کھیل کا نام جس میں چھیانوے گول پتے ہوتے ہیں اور تین کھلاڑی ہوتے ہیں۔

گنجفہ ابتر ہونا : [ار۔ محاورہ] گنجفہ کے ناقص پتے حصہ میں آنا۔

گنجفہ باز : [ف۔ صف] گنجفہ کھیلنے والا۔ عیار۔ چالاک۔ فریبی

گنجفہ بازی : [ف۔ امث] دیکھئے "گنجفہ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گنجفہ بجھ جانا : [ار۔ محاورہ] کسی کی بازی میں سر نہ رہنا۔

گنجفہ کا ورق : [ار۔ امذ] گنجفہ کا پتا۔

گنجفہ کھیل جانا : [ار۔ محاورہ] گنجفہ کے وہ پتے ایک بار کھیل جانا جو سر ہوں

گنجلک : [ف۔ امث] (۱) شکن۔ سلوٹ (۲) گانٹھ۔ گرہ۔ عقدہ (۳) الجھن۔ جھگڑا (افعال: پڑنا۔ ملنا)

گنجلک کی باتیں : [ار۔ امث] پیچیدہ باتیں۔ گول گول باتیں۔

گنجور : [ف۔ امذ] دولت مند۔ امیر آدمی (صحیح "گنج ور" ہے مگر "گنجور" غلط العام ہے)

گنجھیا : [ار۔ امث] ایک قسم کا تلا ہوا سموسہ

گنجی : [ار۔ امث] (۱) دیکھئے "گنجا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) شکر قندی۔

گنجی پنہاری اور گوکھرو کا اینڈوا : [ار۔ مثل] اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔

گنجی سوتری محلوں میں ڈیرا : [ار۔ مثل] بدصورت اور کمینے کو کسی اعلیٰ درجہ پر دیکھ کر کہتے ہیں۔

گنجے کو خدا ناخن نہیں دیتا / نہ دے : [ار۔ مثل] نااہل کو خدا اختیار نہیں دیتا یا نہ دے۔

گنجیا : [ار۔ امث] کاڑی بان کے یا گھسیارے کے اوزاروں کا تھیلا۔

گنجیا : [ار۔ امث] کان کا ایک زیور۔

گنجیڑی : [ار۔ امذ] گانجا پینے والا۔

گنجیفہ : [ف۔ امذ] دیکھئے "گنجفہ"

گنجینہ : [ف۔ امذ] دیکھئے "گنج" جس سے یہ منسوب ہے۔ دفینہ۔ خزانہ۔ گودام۔

گنجینہ دار : [ف۔ صف] دیکھئے "گنج دار نمبر ۲"

گند : [ف۔ امذ] (۱) بدبو۔ عفونت۔ تعفن (۲) نجاست۔ غلاظت۔ میل (۳) کوڑا کرکٹ (۴) خراب اور نکمی چیز (۵) جھگڑا۔ بکھیڑا۔

گند پاک کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گند کاٹنا"

گند پاک ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گند کٹنا"

گند پڑنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گند ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گند ڈالنا : [ار۔ محاورہ] (۱) میلا کرنا۔ کوڑا کرکٹ پھیلانا (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا ڈالنا (۳) شرارت کرنا (۴) بدانتظامی ہونا۔

گند کاٹنا : [ار۔ محاورہ] (۱) جھگڑا پاک کرنا۔ فیصلہ کرنا (۲) مصیبت دور کرنا۔

گند کٹنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گند کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گندا : [ف۔ صف] ناپاک۔ غلیظ۔ میلا۔ بدبودار۔ نجس۔

گندا انڈا : [ھ۔ امذ] (۱) وہ انڈا جو خراب ہو گیا ہو (۲) کنایۃً۔ بدچلن اور خراب بیٹا

گندا پانی : [ار۔ امذ] (۱) میلا غلیظ پانی (۲) شراب (۳) پیشاب (۴) آنسو (۵) منی

گندا پانی نکالنا : [ار۔ محاورہ] منی خارج کرنا۔ زنا کرنا۔ جماع کرنا۔

گندا مُویہ : [ف۔ امذ] (۱) وہ زرد چھوٹے چھوٹے پر جو پرند کے بچوں کے نکلتے ہیں (۲) وہ بال جو انسان کے بچوں کے جسم پر سب سے پہلے نکلتے ہیں۔

گندانا : [ار۔ مص] گوندھنا۔

گندر : [ار۔ امذ] ایک قسم کا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے۔

گندک : [ھ۔ امث] دیکھئے "گندھک" جو صحیح ہے

گندگی : [ف۔ امث] (۱) بدبو۔ عفونت۔ بساند (۲) غلاظت۔ نجاست۔ ناپاکی

گندگی پھیلانا : [ار۔ محاورہ] (۱) بدبو پھیلانا (۲) کسی جگہ کو میلا یا گندا کرنا (۳) نامہذب گفتگو کرنا۔

گندگی پھیلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گندگی پھیلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گندلا : [ار۔ صف] دیکھئے "گدلا" جو صحیح ہے۔

گندم : [ف۔ امذ] گیہوں۔

گندم از گندم بروید جو ز جو : [ف ۔ مثل] جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

گندم اگر بہم نرسد جو نرسد بھُس غنیمت است : [ف ۔ مثل] اگر زیادہ فائدہ میسر نہ ہو تو تھوڑا ہی سہی۔ اگر گندم نہ مل سکے تو جو یا بھُس ہی سہی۔

گندم گوں : [ف ۔ صف] گندمی رنگ کا۔ سانولا۔

گندم نما : [ف ۔ صف] دھوکے باز۔ مکار۔ چالاک۔ دغاباز

گندم نما جو فروش : [ف ۔ صف] گندم دکھا کر جو بیچنے والا۔ جس کے ظاہر باطن میں فرق ہو۔ مکار۔

گندم نمائی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گندم نما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گندمی : [ف ۔ صف] گندم کے رنگ کا۔ سانولا۔

گندنا : [ف ۔ اند] ایک ترکاری کا نام جو لہسن سے مشابہ ہوتی ہے۔

گندوڑا : [ھ ۔ اند] کھانڈ کی ٹکیا جو شادیوں میں ہندو لوگ تقسیم کرتے ہیں۔

گنده : [ف ۔ صف] موٹا ۔ باریک کی ضد۔

گنده : [ف ۔ صف] ناپاک۔ نجس۔ غلیظ (۲) بدبودار (۳) بگڑا ہوا ۔ سڑا ہوا (۴) بدزبان (۵) بُرا ۔ خراب (۶) بیہودہ

گنده بروزه : [ف ۔ اند] ایک بدبودار مادہ جو تارپین کے درخت سے نکلتا ہے۔

گنده بغل : [ف ۔ صف] وہ شخص جس کی بغلوں سے بو آئے۔

گنده بہار : [ف ۔ امث] موسم برسات ۔ وہ بارش جو موسم سرما میں ہو۔

گنده دماغ : [ف ۔ اند] مغرور ۔ متکبر

گنده دہن : [ف ۔ اند] وہ شخص جس کے منہ سے بو آئے۔

گنده دہنی : [ف ۔ امث] دیکھئے "گنده دہن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گنده کرنا : [ا ۔ محاورہ] ناپاک کرنا (۲) خراب کرنا (۳) عصمت بگاڑنا۔

گنده ہونا : [ا ۔ محاورہ] دیکھئے "گنده کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گندھ : [س ۔ اند] بو (۲) بدبو (۳) سرخ صندل۔ گھسا ہوا صندل۔

گندھار : [ھ ۔ امث] ہندی موسیقی کا تیسرا سُر جس کا اختصار "گا" ہے۔

گندھاوٹ : [ھ ۔ امث] بالوں کے گوندھنے کا انداز (۲) پھولوں کا ہار بنانے کا طریقہ۔

گندھرب : [س ۔ اند] راجہ اندر کے دربار کا گویّا (۲) اچھا گانے والا قوال ۔ مُغنّی ۔ (۳) ایک پرندے کا نام (۴) خوبصورت حسینہ (۵) مزمار راگ۔

گندھرب بیاہ : [س ۔ اند] عورت اور مرد کا اپنی مرضی سے بغیر کسی رسم کے بیاہ کرنا۔

گُندھنا : [ا ۔ مص] دیکھئے "گوندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گُندھوانا : [ا ۔ مص] دیکھئے "گوندھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

گندھی : [ھ ۔ اند] عطر پھلیل بیچنے والا۔ عطار (۲) عطر ساز

گندی : [ا ۔ امث] دیکھئے "گندا" جس کی یہ تانیث ہے۔

گندی بوٹی کا گندا شوربہ : [ا ۔ مثل] بدوں کی بُری اولاد۔ بُرے کام کا بُرا نتیجہ۔

گندی روح : [ا ۔ امث] ناپاک روح ۔ پلید روح

گندی گندی باتیں کرنا : [ا ۔ محاورہ] گالیاں دینا۔ بے شرمی کی باتیں کرنا۔

گندیلا : [ھ ۔ صف] گوند والا ۔ وہ درخت جس سے گوند نکلے۔

گندیلی : [ھ ۔ امث] دیکھئے "گندیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

گنبد : [ا ۔ اند ۔ ق] بھاری پتھر۔

گنڈا : [ا ۔ اند] حلقہ ۔ چھلا ۔ کڑا ۔ چوڑی (۲) چار عدد ۔ چار کوڑیاں۔ (۳) گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا پٹہ۔ وہ بڑا ڈورا جس میں منتر پڑھ کر گرہ لگاتے جاتے ہیں۔ اور یہ بچوں کے گلے یا بازو پر جادو ٹونے کے لئے باندھتے ہیں (۵) سیاہ جو کبوتر کے بازو پر چلتے ہیں (۶) وہ طوق جو پرندوں کے گلے میں ہوتا ہے۔

گنڈا باندھنا : [ا ۔ محاورہ] افسوں پڑھتے ہوئے چند سیاہ دھاگوں کو دفع آسیب یا ازالہ مرض کے لئے گلے میں باندھنا۔

گنڈا پٹا : [ا ۔ اند] وہ ساز جو گھوڑے کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

گنڈا پہنانا : [ا ۔ محاورہ] گنڈا گلے میں ڈالنا۔

گنڈا تعویذ : [ا ۔ اند] منتر ۔ جنتر ۔ جھاڑ پھونک ۔ جادو ٹونا۔

گُنڈا : [ھ ۔ اند] لُچا ۔ شہدا ۔ بدکار ۔ اوباش ۔ بدمعاش۔

گنڈا گردی : [ھ ۔ ف ۔ امث] بدمعاشوں کا دور دورہ ۔ گُنڈوں کا راج (ترکیب غلط ہے)

گنڈاسا : [ھ ۔ اند] چارا کاٹنے کا ہتھیار (۲) لاٹھی میں لگا ہوا لوہے کا تیز ہتھیار۔

گنڈاسی : [ھ ۔ امث] دیکھئے "گنڈاسا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

گُنڈلا : [ھ ۔ اند] دائرہ ۔ حلقہ

گُنڈلی : [ھ ۔ امث] وہ دائرہ جو سانپ کے بیٹھنے سے بنتا ہے۔

گنڈلی مارنا : [ا ۔ محاورہ] سانپ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا۔

گنڈم : [ا ۔ امث ۔ ق] آفت ۔ مصیبت۔

گنڈ مالا : [ا ۔ اند ۔ ق] کنٹھ مالا۔

گنڈھیلا : [ھ ۔ اند] ایک آوارہ گرد ، در خانہ بدوش قوم۔

گنڈی : [س ۔ امث] جادو کا حلقہ (۲) مٹی کا بند جو تالاب کے گرد بناتے ہیں (۳) ۔ صف] نامرد ۔ ہیجڑا ۔ ڈرپوک۔

گنڈی : [ھ ۔ امث] دیکھئے "گنڈا" جس کی یہ تانیث ہے۔

گنڈے دار : [ھ ۔ ف ۔ صف] (۱) دھاری دار (۲) بے سلسلہ۔

گنڈیری : [ھ ۔ امث] گنے کی چھوٹی سی پوری ۔ گنے کا چھوٹا گول ٹکڑا (۲) حقے کے نیچے کی بناوٹ میں جو گرہیں لگائی جاتی ہیں۔

گنڈیری دار : [ھ ۔ ف ۔ صف] گرہوں والا حقے کا نیچا (۲) رنگ برنگ کی چیز

گنر : [انگ ۔ اند] (GUNNER) توپچی ۔ بندوقچی ۔ توپ خانے کا افسر (۲) شکاری ۔ بندوق سے شکار کھیلنے والا۔

گنگ : [ف ۔ امث] دیکھئے "گنگا" جس کا یہ مفرس ہے۔

گنگ : [ف ۔ صف] گونگا ۔ جو زبان سے بول نہ سکے۔

گنگ محل : [ف ۔ اند] اکبر بادشاہ کا وہ محل جو اس نے انسان کی طبعی زبان دریافت کرنے کے لئے بنوایا تھا ۔ ۲ ۔ گونگوں کا مسکن۔

گنگا : [س ۔ امث] ہندوستان کا ایک مشہور دریا جس کے متعلق ہندوؤں کا خیال ہے کہ اس میں نہانے سے تمام گناہ دور ہو جاتے ہیں۔ ہندو اس میں مُردوں کی راکھ اور ہڈیاں ڈالنا باعث نجات سمجھتے ہیں۔

گنگا اُتارنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گنگا پار کرنا (۲) کوئی مشکل کام کرنا۔
گنگا اُٹھانا : [ار۔ محاورہ] گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔
گنگا اَشنان/نہان : [ھ۔ اِمذ] (۱) گنگا میں نہانا (۲) ہردوار کا مشہور میلہ جہاں ہندو دریا میں نہاتے ہیں۔
گنگا بَہانا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کام سے فراغت پانا (۲) فیض جاری کرنا۔
گنگا بہنا [ار۔ محاورہ] دیکھیے "گنگا بہانا" جس کا یہ لازم ہے۔
گنگا پار کرنا : [ار۔ محاورہ] جلا وطن کرنا۔
گنگا جَل : [ھ۔ اِمذ] دریائے گنگا کا پانی جسے ہندو پاک سمجھتے ہیں۔
گنگا جَلی : [ھ۔ امث] وہ برتن جس میں گنگا کا پانی رکھتے ہیں
گنگا جلی اٹھانا : [ار۔ محاورہ] گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔
گنگا جمنی : [ار۔ صف] (۱) ملا جلا۔ دو رنگا۔ سنہرا اور روپہلا وہ چیز جس پر طلائی اور نقرئی دونوں کام ہوں۔ (۲۔ امث) کان کے ایک زیور کا نام (۳) سیاہ اور سفید رنگ اَبلق۔
گنگا دھر : [س۔ اِمذ] شِو۔ شنبھو۔ مہادیو۔
گنگا ساگر : [س۔ اِمذ] (۱) وہ جگہ جہاں گنگا سمندر سے ملتی ہے (۲) ہندوؤں کا ٹونٹی دار لوٹا۔ آفتابہ۔
گنگا کس نے کھُدائی ہے : [ار۔ مثل] (۱) جو کام بغیر تدبیر کے قدرتی طور پر ہو جائے (۲) بیوقوفی کا سوال۔
گنگا کو آنا تھا بھاگیرتھ سر جس : [ھ۔ مثل] کوئی بات ہونے والی تھی۔ کسی کو مفت میں عزت مل گئی۔
گنگا کے میلے میں جیکی رہے کو کون پوچھے : [ھ۔ مثل] بے موقع کام کی قدر نہیں ہوتی (۲) بڑوں کے مجمع میں چھوٹوں کو کوئی نہیں پوچھتا۔
گنگا گئے مُنڈ آئے سِدھ : [ھ۔ مثل] جہاں سے آدمی بغیر نقصان نہ آئے وہاں کہتے ہیں۔
گنگا لابھ ہونا : [ار۔ محاورہ] گنگا پر جا کر مرنا۔
گنگا مدار کا ساتھ : [ھ۔ اِمذ] ہندو مسلم کا اتحاد۔
گنگا میں چراغ بہانا : [ار۔ محاورہ] ہندوؤں کا منت کے طور پر دریائے گنگا میں چراغ جلا کر بہا دینا۔
گنگا نہانا : [ار۔ محاورہ] (۱) دریائے گنگا میں اشنان کرنا (۲) مشکل کام کو انجام تک پہنچانا (۳) پاک ہونا۔ گناہ دھلنا (۴) فرض سے سبکدوش ہونا (۵) بیٹی کے فرض سے فارغ ہونا (۶) ثواب کمانا۔
گنگا ہاتھ پر رکھنا : [ار۔ محاورہ] "گنگا جلی اٹھانا" ملاحظہ فرمائیں۔
گنگال : [ھ۔ اِمذ] پانی رکھنے کا بڑا برتن۔ گاگر۔
گُنگُنا : [ار۔ صف] (۱) ناک میں بولنے والا (۲) نیم گرم
گُنگُنانا : [ار۔ مص] (۱) ناک میں بولنا (۲) دھیمی آواز سے گانا۔ منہ ہی منہ میں گانا۔
گُنگُناہٹ : [ار۔ امث] دیکھیے "گنگنانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
گُنگُنی : [ار۔ صف۔ امث] دیکھیے "گنگنا" جس کی یہ تانیث ہے۔
گِننا : [ار۔ مص] (۱) گنتی کرنا۔ شمار کرنا (۲) ماننا۔ سمجھنا (۳) جانچنا۔ اندازہ کرنا۔
گُننا : [ار۔ مص] مشق کرنا۔
گنوار : [ار۔ اِمذ] (۱) گاؤں کا رہنے والا (۲) بیوقوف۔ نادان۔ ان پڑھ۔ جاہل (۳) غیر مہذب۔
گنوار پَن : [ار۔ اِمذ] دیکھیے "گنوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
گنوار کا لٹھ : [ار۔ اِمذ] (۱) دہقان کی بڑی موٹی لاٹھی (۲) ناشائستہ بے ادب (۳) بداخلاق۔ کج خُلق۔
گنوار کا ہانسا توڑے پانسا : [ار۔ مثل] احمق کا مذاق نقصان دہ ہے۔
گنوار گوں کا یار : [ار۔ مثل] خود غرض کو اپنے مطلب سے غرض ہوتی ہے
گنوارا : [ار۔ اِمذ۔ ق] گہوارہ۔
گنوارُو : [ار۔ صف] گنواروں کا سا۔ بھدا۔ بدنما۔ بدزیب۔
گنواری : [ار۔ صف] "گنوار" ملاحظہ فرمائیں جس کی یہ تانیث ہے (۲) ... کی تانیث۔
گنواری باتیں : [ار۔ امث] دہقانوں کی سی باتیں۔
گنوانا : [ار۔ مص] ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ کھونا۔
گِنوانا : [ار۔ مص] دیکھیے "گننا" جس کا یہ متعدی ہے۔
گنور دل : [ھ۔ اِمذ] گنواروں کا مجمع۔
گُنونتا : [ھ۔ صف] ہنرمند۔ دانا۔ عالم فاضل۔ سگھڑ۔ باسلیقہ
گُنونتی : [ھ۔ صف۔ مث] دیکھیے "گنونتا" جس کی یہ تانیث ہے
گُنہ : [ف۔ اِمذ] دیکھیے "گناہ" مع مرکبات جس کا یہ مخفف ہے۔
گِنی : [انگ۔ اِمذ] GUINEA سونے کا ایک سکہ جو اکیس شلنگ کا ہوتا ہے۔
گِنی بوٹی نپا شوربا : [ار۔ مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جہاں خرچ کسی سے ہوتا ہو یا جہاں ہر بات پر حساب کیا جائے۔
گُنی : [ھ۔ صف] (۱) ہُنرمند (۲) عالم فاضل (۳) ولی۔ خدا رسیدہ (۴) سانپ کا کھلاڑی سپیرا (۵) جادو ٹونا کرنے والا (۶) ماہر موسیقی
گُنیا : [ھ۔ صف] (۱) دیکھیے "گنی" (۲۔ مذ) بڑھئی کا کونیا ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے کا آلہ (۳) معزوب فیہ جس میں ضرب دیں۔
گنیش : [س۔ اِمذ] شوجی اور پاربتی کا بیٹا۔ جسے ہندو دانائی کا دیوتا اور مشکل کشا مانتے ہیں۔
گنیش چوتھ : [ھ۔ امث] ہندوؤں کا ایک تہوار جو گنیش جی کے نام پر اگس کی چوتھی تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ اس روز برت رکھنا بڑا پُن سمجھا جاتا ہے۔

گ۔و

گو : [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر گفتن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور کہنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً دعاگو (۲) صرف شرط۔ اگرچہ۔ بالفرض (۳) گیند۔
گو کہ : [ف۔ متعلق فعل] باوجود اس کے۔ باوصف اس کے
گو مگو : [ف۔ صف] ناگفتنی۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
گُو : [ھ۔ اِمذ] غلاظت۔ فضلہ۔ میلا۔ براز۔ نجاست۔
گو اچھالنا : [ار۔ محاورہ] بُری بات کو شہرت دینا۔ بدنام کرنا۔

گُو اُچھلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گُو اُچھالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گُو تھاپتے پھرنا : [ار۔ محاورہ] سودائی بنے پھرنا۔ مجنونانہ حرکتیں کرنا۔ دیوانہ وار پھرنا۔ پاگل ہو جانا۔
گُو در گُو مرغی کا گُو : [ار۔ مثل] سب سے خراب چیز کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
گُو سے نکال کر موت میں ڈالنا : [ار۔ محاورہ] بہت ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔
گُو کا پوت نوشادر : [ار۔ محاورہ] دو بُرے شخصوں کی مساوات ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
گُو کا ٹوکرا سر پہ اُٹھانا : [ار۔ محاورہ] برائی سر لینا۔
گُو کا کیڑا : [ار۔ اِمذ] وہ کیڑا جو فضلہ میں پیدا ہوتا ہے۔ مجازاً انسان کا چھوٹا بچہ۔
گُو کا کیڑا گُو ہی میں خوش رہتا ہے : [ار۔ مثل] جو شخص جیسی صحبت میں پلا ہوتا ہے۔ ویسی ہی صحبت اس کو اچھی معلوم ہوتی ہے۔
گُو کرنا : [ار۔ محاورہ] بہت میلا کرنا۔
گُو کھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) جھک مارنا۔ جھوٹ بولنا۔ بیہودہ بکنا (۲) حرام کرنا۔ بدفعلی کرنا۔
گُو مُوت کرنا : [ار۔ محاورہ] بچہ کی پرورش اور خدمت کرنا۔
گُو میں ڈھیلا ڈالیں چھینٹیں پڑیں ۔ [ار۔ مثل] ذلیل یا شریر انسان سے مقابلہ کرنا ذلت اٹھانا ہے۔
گُو میں کوڑی گرے تو دانتوں سے اٹھالے : [ار۔ مثل] بہت بخیل کی نسبت کہتے ہیں۔
گُو نہ کھا : [ار۔ محاورہ] جھک نہ مار۔ بکواس نہ کر۔ بک بک نہ کر۔ جھوٹ نہ بول۔ شیخی نہ مار
گُو نہیں چھپی چھپی : [ار۔ مثل] کسی کی تھوڑی ذلت اور خفیف رسوائی پر بولتے ہیں۔
گُو ہو جانا ۔ [ار۔ محاورہ] میلا ہو جانا
گُوآر : [ھ۔ اِمث] ایک قسم کا غلہ جو بھینسوں وغیرہ کو دودھ کی زیادتی کے لئے کھلایا جاتا ہے۔
گُوار : [ف۔ صف] لائق۔ ہضم کے لائق۔ مزاج کے موافق۔ پسندیدہ مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے خوشگوار
گُوارا : [ف۔ صف] زود ہضم۔ اچھا لگنے والا، خوش ذائقہ۔ پسندیدہ۔
گُوارا کرنا : [ار۔ محاورہ] برداشت کرنا۔ سہارنا (۲) ماننا۔ منظور کرنا۔
گُوال / گُوالا : [ار۔ اِمذ] گوجر۔ گایوں کو پالنے والا۔ دودھ بیچنے والا۔
گُوالن : [ار۔ اِمث] دیکھئے "گوال / گوالا" جس کی یہ تانیث ہے۔
گُوانا : [ار۔ مص] دیکھئے "گانا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
گُواہ : [ف۔ اِمذ] شاہد۔ ثبوت پہنچانے والا۔
گُواہ بنانا : [ار۔ محاورہ] (۱) شاہد ٹھہرانا (۲) جھوٹا گواہ بنانا۔
گُواہِ تعلیمی : [فع۔ اِمذ] سکھایا ہوا یا پڑھایا ہوا گواہ
گُواہ ٹوٹنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گواہ کا فریقِ مخالف سے مل جانا (۲) گواہ کا بیان بگڑ جانا۔
گُواہ دینا : [ار۔ محاورہ] اپنے دعوے کے ثبوت کے لئے گواہ یا شاہد پیش کرنا
گُواہ رکھنا : [ار۔ محاورہ] گواہی دینے کے لئے گواہ پیش کرنا۔
گُواہِ رویت / عینی / شاہد : [ف۔ اِمذ] وہ گواہ جس نے اپنی آنکھوں سے کوئی معاملہ دیکھا ہو۔
گُواہ سماعی / سمعی ۔ [ف۔ اِمذ] سنی سنائی بات کی گواہی دینے والا۔
گُواہ طلب کرنا : [ار۔ محاورہ] عدالت میں گواہی دینے والے کا بلایا جانا۔
گُواہ کا مل جانا : [ار۔ محاورہ] گواہ کا فریقِ ثانی سے مل جانا یا حامی ہونا۔
گُواہ کرنا : [ار۔ محاورہ] شاہد بنانا (۲) آگاہ کرنا۔ [illegible]
گُواہ لانا : [ار۔ محاورہ] کسی واقعہ کی شہادت [illegible]
گُواہِ مرقوم الحاشیہ : [مع۔ اِمذ] وہ گواہ جس نے دستاویز کے حاشیہ پر اپنی گواہی لکھی ہو۔
گُواہِ مندرجہ دستاویز : [ف۔ اِمذ] وہ گواہ جس نے دستاویز کے اندر دستخط کئے ہوں۔
گُواہی : [ف۔ اِمث] شہادت۔ گواہ کا بیان
گُواہی اُلٹی ہو جانا : [ار۔ محاورہ] شہادت کا مخالف ہو جانا۔
گُواہی دینا : [ار۔ محاورہ] شہادت دینا۔ اظہار دینا۔
گُواہی کرنا / لکھنا : [ار۔ محاورہ] کسی دستاویز پر شہادت کے طور پر اپنے دستخط کرنا۔
گُوائی : [ف۔ اِمث] (۱) گواہی (۲) گانے کی اجرت۔
گُوبر : [ھ۔ اِمذ] چوپایوں کا فضلہ۔ میلا۔
گُوبر گنیش ۔ [ھ۔ اِمذ] گوبر کا بنا ہوا گنیش (۲) نہایت بدصورت۔ بدنما۔ بے ڈول جسم (۳) موٹا۔ [illegible] کاہل (۵) احمق۔ کند ذہن۔
گُوبردھن : [ھ۔ اِمذ] (گوردھن کا بگاڑ) مویشیوں کا دیوتا (۲) دیوالی سے اگلے روز کا تہوار۔
گُوبرونڈا : [ھ۔ اِمذ] گوبریلا (۲) گوبر کرنا۔
گُوبری : [ھ۔ اِمث] گوبر ملی ہوئی پیلی مٹی جس سے لپائی کرتے ہیں
گُوبریلا : [ھ۔ اِمذ] گوبر کا کیڑا۔
گُوبند : [س۔ اِمذ] کرشن جی کا ایک لقب
گُوبھی : [ھ۔ اِمث] ایک مشہور ترکاری۔ کرم کلا
گُوپ : [س۔ اِمذ] گوجر۔ گوالا۔ گائے چرانے والا
گُوپ : [ھ۔ اِمث] (۱) سونے چاندی کے تاروں سے گندھی ہوئی [illegible] سونے کا تار (۳) سونے چاندی کی پہنچی (۴) گندھے ہوئے ریشم [illegible]
گُوپال : [س۔ اِمذ] گائیوں کو پالنے والا۔ کرشن جی کا لقب۔
گُوپال : [ف۔ اِمذ] گرز۔ لڑائی کے ایک ہتھیار کا نام۔
گُوپن / گُوپھن : [ھ۔ اِمذ] گوپیا یا فلاخن رسی کا بنا ہوا ایک آلہ جس میں [illegible] یا مٹی کی گولی رکھ کر مارتے ہیں۔

گوپی : [س ۔ امث] گوالن ۔ گوجری ۔ گائے چرانے والی (۲) دودھ بیچنے والی (۳) کرشن جی کے ساتھ بچپن سے کھیلنے والی لڑکیوں میں سے ہر ایک کا لقب ۔

گوپی ناتھ : [س ۔ امذ] گوپی کا مالک (۲) کرشن کا لقب

گوپیا : [ھ ۔ امذ] دیکھئے "گوپن / گوپھن"

گوپیا پھرانا / چلانا : [ار ۔ محاورہ] فلاخن سے پرندوں کا اڑانا ۔

گوت / گوتر : [ھ ۔ امذ] خاندان ۔ گھرانا ۔ حسب نسب (۲) قوم فرقہ ۔ قبیلہ ۔

گوتم : [س ۔ امذ] بدھ مذہب کا بانی ۔ ساکھیا منی جو کپل وستو میں پیدا ہوا تھا (۲) ایک رشی کا نام جس نے شاستر بنایا تھا

گوتھنا : [ار ۔ مص] پرونا ۔ گوندھنا ۔ سینا

گوتی : [ھ ۔ امث] ہم نسل ۔ ایک خاندان کے ۔

گوٹ : [ھ ۔ امث] حاشیہ ۔ سنجاف ۔ کنارہ ۔ کور ۔ لیس (۲) چوسر کی نرد (۳) وہ لکڑی جو تخت اور صندوقچے کے ارد گرد لگاتے ہیں ۔ (۴) دعوت (۵) گاؤں ۔ موضع (۶) جماعت ۔ گروہ (۷) تق ربافت (۸) دھاگا پیٹنے کی ریل ۔

گوٹا : [ار ۔ امذ] کناری ۔ چاندی یا سونے کی تاروں کا بافتہ ۔ پتلی لیس ۔

گوٹا کناری : [ار ۔ امث] چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے کی بنی ہوئی ہے (۲) وہ لباس جس میں گوٹا کناری لگا ہو ۔

گوٹے کا ہار : [ار ۔ امذ] ایک قسم کا ہار جو تقریبات اور شادی وغیرہ میں اہل محفل میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔

گوٹے کی تھالی : [ار ۔ امث] وہ کپڑا جس پر گوٹا ٹانک کر خاصدان کی تھالی میں بچھا دیتے ہیں ۔

گوج : [ار ۔ امث] اسرار ۔ پوشیدہ بات ۔

گوجر : [ھ ۔ امث] ایک قوم جس کا پیشہ گائے بھینس پالنا اور دودھ بیچنا ہے

گوجر : [ھ ۔ امذ] گیہوں اور جو ملا ہوا اناج ۔

گوجری / گجری : [ھ ۔ امث] گوجر کی تانیث ۔ گوالن ۔ گوجر قوم کی عورت ۔

گوجھا : [ھ ۔ امذ] جیب ۔ کیسہ ۔ پاکٹ (۲) ایک قسم کا پکوان ۔ سموسہ (۳) ایک قسم کی خاردار گھاس (۴) خفیہ ۔ چھپا ہوا ۔

گوچنا / گوچھنا : [ھ ۔ مص] کسی چیز کا ہوا کے رخ اس طرح لینا کہ زمین پر نہ گرے ۔

گوچنی : [ھ ۔ امث] گیہوں اور چنے ملا ہوا اناج ۔

گود : [ار ۔ امث] آغوش ۔ پہلو ۔ کنار ۔

گود بٹھانا : [ار ۔ محاورہ] متبنیٰ کرنا ۔ لے پالک بنانا ۔

گود بھرنا : [ار ۔ محاورہ] حاملہ عورتوں کی رسم ۔ شگون کے طور پر دوسری عورتیں حاملہ کی گود میں سات قسم کے میوے اور سات قسم کی ترکاریاں رکھتی ہیں

گود بھری : [ار ۔ امث] بچے والی ۔ صاحب اولاد ۔

گود بھری رہے : [ار ۔ حکم ۔ دعا] گود میں ہر وقت بچہ رہے ۔ اولاد زندہ سلامت رہے ۔

گود پسار کے کوسنا : [ار ۔ محاورہ] گود پھیلا کر / دامن پھیلا کر کسی کے لئے بددعا کرنا ۔

گود پسارنا / پھیلانا : [ار ۔ محاورہ] دامن پھیلانا ۔ مانگنا ۔ سوال کرنا ۔

گود پھیلنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گود پسارنا / پھیلانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گود دینا : [ار ۔ محاورہ] اپنا بچہ کسی کے حوالے کرنا ۔ کسی کا متبنیٰ بنانا ۔

گود کا : [ار ۔ امذ] دودھ پیتا ۔ شیر خوار ۔

گود کا پالا : [ار ۔ امذ] بہت پیارا

گودکڑا : [ار ۔ امذ] گود ۔ طنزاً ۔

گود کھلانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) بچے کو گود میں رکھ کر بہلانا (۲) بچے کو گود میں پالنا ۔ دودھ پلانا ۔

گود کھلائی : [ار ۔ امث] گود میں کھلائی ہوئی ۔

گود کھلایا گود میں نہیں رہتا : [ار ۔ مثل] بیوقوف بڑا ہو کر بیوقوف نہیں رہتا ۔

گودی : [ار ۔ امث] دیکھئے "گودکا" جس کی یہ تانیث ہے

گودی پالی : [ار ۔ امث] دیکھئے "گود کا پالا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

گود لینا : [ار ۔ محاورہ] متبنیٰ کرنا ۔ لے پالک بنانا ۔

گود میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا : [ار ۔ مثل] چیز پاس پڑی ہے اور تلاش کسی اور جگہ کی جاتی ہے ۔

گود میں لینا : [ار ۔ محاورہ] گود میں لینا ۔ آغوش میں لینا ۔ دونوں زانوؤں پر بٹھانا

گود : [س ۔ امذ] ہر چیز کا مغز ۔ عموماً ہڈی کا مغز ۔ گودا ۔

گود کی ہڈی : [ار ۔ امث] وہ ہڈی جس میں گود ہو ۔

گودا : [ار ۔ امذ] (۱) مغز ۔ بھیجا (۲) موٹی روٹی کا اندرونی حصہ (۳) خلاصہ کسی چیز کا بہترین حصہ ۔ ہڈی کے اندر کی نرم چیز ۔

گودا نکالنا : [ار ۔ محاورہ] ہڈی سے مغز باہر نکالنا ۔

گودام : [ار ۔ امذ] دیکھئے "گدام"

گودڑ : [ار ۔ امذ] (۱) پھٹا پرانا ۔ ناکارہ کپڑا (۲) پرانی روئی جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے (۳) کنایۃً وہ میل جو خمار کی حالت میں آنکھوں میں نمایاں ہوتا ہے ۔

گودڑ خیل : [ار ۔ امث] دیکھئے "گدڑ خیل"

گودڑ کا لال / لعل : [ار ۔ امذ] وہ شریف اور نجیب شخص جو مفلسی میں پلا ہو ۔ خوبصورت آدمی پھٹے پرانے لباس میں (۳) وہ صاحب کمال جس کا حال معلوم نہ ہو ۔ چھپا رستم ۔

گودڑ گادڑ : [ار ۔ امذ] پھٹے پرانے کپڑے ۔

گودڑ گانٹھنا : [ار ۔ محاورہ] پھٹے پرانے کپڑے میں پیوند لگانا ۔

گودڑ میں گندوڑا نکلنا : [ار ۔ محاورہ] جاہلوں میں عالم کا پیدا ہونا ۔ بُروں میں اچھا نکلنا ۔

گودنا : [ار ۔ مص] (۱) بدن میں سوئی سے سرمہ یا نیل بھرنا (۲) چبھونا ۔ چھیدنا (۳) آم یا آملہ پر سوئی یا کسی چیز سے سوراخ کرنا (۴) طعن و تشنیع کی باتوں سے کسی کا دل دکھانا (۵ ۔ مذ) جسم کے وہ نشان جو نشتر وغیرہ سے دیئے گئے ہوں (۶) ایک اوزار کا نام جس سے نے شکر کھودتے ہیں ۔

گودھ : [ار ۔ امذ] کیلوں کا پورا گچھا ۔

گودی : [ار۔ امث] (۱) گود۔ آغوش۔ کنار۔ جھولی (۲) پہلو۔ کوکھ (۳) دامن۔ آنچل (۴) بندرگاہ کا ایک حصّہ۔

گودی پھیلا پھیلا کر دعا دینا : [ار۔ محاورہ] دل سے دعا دینا۔

گودی میں بیٹھ کے داڑھی نوچے : [ار۔ مثل] بہت بے ادب ہے۔ جس سے نفع حاصل کرے اسی کی توہین کرے۔

گوڈا : [ار۔ امذ۔ ق] گھٹنا۔ زانو۔

گور : [ھ۔ امث] گوری۔ پاربتی (۲) ہندوؤں کی ایک رسم۔

گور : [ھ۔ امث] قبر۔ تربت۔ مزار (۲) دیکھیے "گورخر"

گور بنانا : [ار۔ محاورہ] قبر کھودنا۔

گور پر چونا پھیرنا : [ار۔ محاورہ] مرے ہوئے کی یاد تازہ کرنا۔ ماتم ذکر کرنا۔

گور پر رونا : [ار۔ محاورہ] قبر پر بیٹھ کر رونا (۲) کسی کی اچھی صفات یاد کرکے رونا۔

گور پرست : [ف۔ صف] قبر کی پرستش کرنے والا۔

گور پر گور نہیں ہوتی : [ار۔ مثل] ایک شخص کے قابض ہوتے ہوئے دوسرے کو دخل نہیں ہوتا۔

گور جھانک آنا : [ار۔ محاورہ] بیمار کا مرتے مرتے بچ جانا۔

گور جھکانا : [ار۔ محاورہ] مرنے کے قریب کر دینا۔

گور چشم : [ف۔ امذ] ایک قسم کا کپڑا جس میں گورخر کی آنکھ کی طرح نشان بنا ہوتا ہے۔

گورخانہ : [ف۔ امذ] مقبرہ۔ قبر (۲) غار۔ گڑھا (۳) وہ کوٹھڑی جس میں کھڑکی اور روشن دان وغیرہ نہ ہو۔

گورخر : [ف۔ امذ] جنگلی گدھا۔

گورستان : [ف۔ امذ] قبرستان۔ مردوں کے دفن ہونے کی جگہ۔

گور سے پیٹھ نہ لگنا : [ار۔ محاورہ] مرنے کے بعد بھی چین نہ پڑنا۔

گورِ غریباں : [ف۔ امذ] قبرستان کی زمین کا وہ ٹکڑا جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں۔ غریبوں کی ٹوٹی پھوٹی قبریں۔

گور کا گڑھا : [ار۔ امذ] قبر کا اندرونی حصہ۔ قبر کی اندرونی شکل۔

گور کا منہ جھانک / آنا / کر پھرنا / جھانکنا : [ار۔ محاورہ] مرتے مرتے بچنا۔ مہلک بیماری سے نجات پانا۔ سخت بیمار ہو کر اچھا ہونا۔

گور کفن : [ار۔ امذ] تجہیز و تکفین

گور کفن کرنا : [ار۔ محاورہ] مُردے کی تجہیز و تکفین کرنا۔

گورکن : [ف۔ امذ] وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنا ہو۔ قبر کھودنے والا۔

گور کنارے : [ار۔ صفت] مرنے کے قریب۔ نہایت کمزور ہونا۔ بہت بوڑھا ہونا۔

گور کھائے : [بددعا] مرے۔

گور کھُدنا : [ار۔ محاورہ] قبر کھُدنا / تیار ہونا۔

گور کھودنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "گور کھُدنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گور کے سوتے : [ار۔ امذ] مُردے۔

گور کے کنارے آلگنا : [ار۔ محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔

گور کے کنارے پہنچانا : [ار۔ محاورہ] مرنے کے قریب کر دینا۔ مار رکھنا (۲) قبر تک مُردے کو لے جانا۔

گور کے کنارے پہنچنا / جا لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے گور کنارے آلگنا۔

گور کی گود میں پلنا : [ار۔ محاورہ] سخت تکلیف یا افلاس میں پرورش پانا۔

گور کے مردے اکھاڑنا / اکھیڑنا : [ار۔ محاورہ] پُرانی باتیں یاد کرنا گزرے ہوئے لوگوں کا ذکر کرنا (۲) پرانے جھگڑے نکالنا دبی ہوئی باتوں کو ابھارنا۔

گور کے مُردے سے بدتر ہو جانا : [ار۔ محاورہ] کمال لاغر اور ضعیف ہو جانا۔

گورگاں : [ف۔ صف] (۱) عیش و عشرت کرنے والا (۲) تیمور کا لقب (۳) کسی بادشاہ کو کہہ سکتے ہیں۔

گورگڑھا : [ار۔ امذ] تجہیز و تکفین۔ کریاکرم۔ گورکفن : [افعال: کرنا۔ ہونا]

گور میں انگارے بھرنا : [ار۔ محاورہ] جلن پیدا کرنا۔

گور میں پاؤں رکھنا / لٹکا کے بیٹھنا یا لٹکانا : [ار۔ محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔ چند روز کا مہماں ہونا۔ بہت بوڑھا ہونا۔ آخر عمر ہونا۔

گور میں پاؤں لٹکتے ہیں : [ار۔ محاورہ] پیر فرتوت۔ مرنے کے نزدیک ہے۔

گور میں چھوٹے بڑے سب برابر : [ار۔ مثل] مرنے کے بعد امیر غریب سب برابر ایک جیسے ہوتے ہیں۔

گور میں دھواں اٹھنا : [ار۔ محاورہ] عذاب قبر ہونا۔

گور میں کیڑے پڑیں : [ار۔ بددعا] جسم سڑ کے قبر میں کیڑے پڑ جائیں۔

گور میں لات مار کے کھڑا ہونا : [ار۔ محاورہ] سخت بیماری سے شفا پانا۔ مر مر کر بچنا۔

گور نہ پانا / ملنا / ہونا : [ار۔ محاورہ] مر کر نام و نشان نہ رہنا۔ قبر کا نشان نہ ملنا۔

گورا : [ار۔ صف] (۱) سفید رنگ کا۔ صبیح (۲) حسین خوبصورت (۳) سُرخ جب گائے کے متعلق ہو (۴) امذ۔ فرنگی۔ انگریز (۵) ادنیٰ درجے کا فرنگی۔ انگریز سپاہی۔

گورا بدن : [ار۔ امذ] سفید رنگ کا جسم۔

گورا بھبھوکا : [ار۔ صف] نہایت سفید رنگ کا صبیح۔

گوراپن : [ار۔ امذ] سفیدی۔ صباحت۔

گورا پنڈا : [ار۔ امذ] (۱) سفید جسم۔ گورا بدن (۲) حسین خوبصورت۔

گورا چٹا : [ار۔ صف] (۱) سفید گورا (۲) خوبصورت حسین

گورا چمڑا : [ار۔ مذ] سفید چمڑا۔ حُسن نمکین۔

گورا دیہہ : [ار۔ امذ] گاؤں کے ارد گرد کی زمین۔

گورا رنگ : [ار۔ امذ] سفید رنگ۔ رنگ صبیح۔

گورا روٹھے گی تو اپنا سہاگ لے گی بھاگ تو نہ لے گی : [ار۔ مثل] مالک ناراض ہو جائے تو نوکر کہتا ہے۔

گورا شاہی : [ار۔ امذ] گوروں کے استعمال کا مضبوط عموماً بوٹ کے متعلق کہتے ہیں۔

گورا گٹا : [ار۔ صف] دیکھیے گورا چٹا۔

گورا گورا : [ار۔ صف] (۱) سفید صبیح (۲) حسین (کمترے کے ساتھ)

گورک دھندا / گورکھ دھندا : [ہ۔ امذ] ایک قفل جو بغیر چابی کے کھلتا

ہے مگر بہت مشکل ہے (۲) ایک آلہ جس میں ایک طرف سے ایک رنگ کا دھاگا نکلتا ہے دوسری طرف سے دوسرے رنگ کا (۳) جھگڑا بکھیڑا ۔ پیچیدہ معاملہ ۔ بکھیڑے کا کام (۴) رہنے کا طریقہ ۔ رہائش (۵) کئی قسم کے پیچیدہ کھلونے (۶) بھول بھلیاں ۔

گورکھ دھندا لگ رہا ہے : [ار ۔ محاورہ] پیچیدہ معاملہ درپیش ہے ۔

گورکھا : [ہ ۔ اند] گورکھ پور کا رہنے والا ۔ (۲) ایک ہندو قوم جو نیپال میں رہتی ہے ۔ نیپال کا باشندہ (۳) چھوٹے قد کا ۔ بونا ۔

گوریلا : [افریقہ ۔ اند] (GORILLA) دنیا کا سب سے بڑا بندر ۔ کھڑا ہو تو چھ فٹ کے قریب اونچا ہوتا ہے ۔ لاٹھی سے لڑتا ہے ۔ رنگ عموماً سیاہ ہوتا ہے ۔ بدن پر بال ہوتے ہیں ۔ بن مانس جنگلی انسان

گورنس : [انگ ۔ امث] (GOVERNESS) اُستانی ۔ انایین عورت ۔ چھوٹے بچوں کی نگران ۔

گورنر : [انگ ۔ اند] (۱) (GOVERNOR) صوبہ کا حاکم اعلیٰ فرماں روا (۲) مشین کا لٹو / وہ پُرزہ جس کے ذریعہ مشین کو گیس پہنچتی ہے ۔

گورنر جنرل : [انگ اند] (GOVERNOR GENERAL) حصہ ملک کا حاکم اعلیٰ ۔ والسرائے ۔ نائب السلطنت ۔

گورنری : [ار ۔ امث] گورنر کا عہدہ ۔ حکومت یا عہد ۔

گورنمنٹ : [انگ ۔ اند] (GOVERNMENT) (۱) سرکار ۔ (۲) حکومت ۔ سلطنت ۔ راج ۔ بادشاہی (۳) عملداری ۔ فرمانروائی طرزِ حکومت ۔ حکمرانی (۴) انتظام ۔ سیاست ۔

گورنمنٹ ہاؤس : [انگ ۔ اند] (GOVERN MENT- HOUSE) وہ مکان جس میں ملک کا صدر یا گورنر یا بادشاہ رہے ۔ شاہی محل ۔

گورو : [ہ ۔ اند] گائے بھینس ، چوپائے سینگوں والے جانور جو پالے جاتے ہیں ۔

گورُو : [ہ ۔ صف] دیکھئے "گرو" مع مرکبات

گوروت : [ہ ۔ اند] دو کوس کا فاصلہ ۔

گوری : [ہ ۔ صف] دیکھئے "گورا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا : [ار ۔ محاورہ] کسی چیز کی ناقدری ہونا ۔

گوریا / گوریّا : [ہ ۔ امث] (۱) چڑیا (۲ ۔ مذ) مٹی کا چھوٹا حقہ ۔

گوریلا : [انگ ۔ اند] (غیر منظم فوج کا ایک سپاہی)

گوریلا جنگ : [انگ ۔ امث] چھاپہ مار جنگ ۔ چھاپہ مار سپاہیوں کی لڑائی ۔

گوڑ : [ہ ۔ اند] ۱ ۔ زمانہ قدیم میں ایک ملک کا نام (بنگال کا وہ حصہ جو بنگ سے اڑیسہ کی حد تک تھا ۔ ۲) اس میں ایک شہر جو ایک زمانے میں بنگال کا دارالخلافہ تھا (۳) اس ملک کے باشندے ۔ (۴) برہمنوں کی دس ذاتوں میں سے ایک ۔ اس ذات کا ایک فرد ۔

گوڑ : [ہ ۔ اند] پاؤں ۔ ٹانگ ۔ پنڈلی ۔ ٹخنہ ۔ گھٹنا (۲) امث ۔ ہل چلانا ۔ زمین کھودنا ۔ کام خراب کرنا ۔

گوڑ پڑنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے پاؤں پڑنا ۔

گوڑ ٹوٹنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) ٹانگ ٹوٹنا (۲) تھکاوٹ کی وجہ سے ٹانگوں کا رہ جانا (۳) ناامید ہونا ۔ سارا جوش جاتا رہنا ۔

گوڑ دینا / گوڑ کے رکھ دینا : [ار ۔ محاورہ] (۱) خراب کر دینا ۔ پڑھا لکھا بھلا دینا

گوڑ لگنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "پاؤں پڑنا"

گوڑا : [ہ ۔ اند] (۱) راگ کا نام (۲) اڑیسہ کے ہندوؤں کی ایک ذات جو گھروں کی نجی ملازمت کرتے اور پالکیاں وغیرہ اٹھاتے ہیں ۔

گوڑنا : [ہ ۔ مص] (۱) اناج صاف کرکے بھس نکالنا (۲) ہل چلانا ۔ زمین کھوڑ کھرچنا ۔ کریدنا ۔ کھرچ کر کھوکھلا کرنا (۳) کام خراب کرنا ۔

گوڑی : [ہ ۔ امث] (۱) لے جانا ۔ لینا (۲) چوری کر لینا (۳) چور ی (۴) نفع ۔ فائدہ (۵) وہ مال جو بغیر محنت کے ہاتھ لگے (۶) لوٹ

گوڑی [س ۔ امث] (۱) گڑ کی شراب (۲) ایک راگنی ۔

گوڑی جمانا : [ار ۔ محاورہ] تلبیس جمانا ۔

گوڑی کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) کمانا (۲) فائدہ اُٹھانا ۔

گوڑی ہاتھ سے جانا : [ار ۔ محاورہ] کچھ ہاتھ نہ لگنا ۔ موقع ہاتھ سے رہنا ۔ کمائی نہ ہونا ۔

گوڑے : [ہ ۔ اند] گوڑ کی جمع ۔ گھٹنے ۔ گوڈے ۔

گوڑے پڑنا ۔ [ار ۔ محاورہ] پاؤں پڑنا ۔

گوڑے پسار دینا / پسارنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) پاؤں پھیلانا (۲) مرجانا (۳) ہمت ہار دینا ۔ جی چھوڑ دینا (۴) کاہل / سست ہو جانا ۔

گوڑے توڑنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گوڑے ٹوٹ جانا / ٹوٹنا" جو کا بنتد

گوڑے ٹوٹ جانا / ٹوٹنا : [ار ۔ محاورہ] گھٹنے ٹوٹ جانا (۲) چلتے چلتے ٹانگیں تھک جانا ۔ تھک کر چُور چُور ہو جانا ۔ (۳) ہمت نہ رہنا ۔ جی ہار جانا (۴) مایوس ہو جانا ۔ ناامید ہو جانا ۔

گوڑیت : [س ۔ اند] (۱) چوکیدار (۲) مخبر ۔

گوز ۔ [ف ۔ اند] اخروٹ ۔ گری کسی گٹھلی کی جیسے چلغوزہ جو گر چیغوزا ہو گیا ۔

گوز : [ف ۔ اند] ہوا جو آواز مقعد سے نکلے ۔ پاد ۔ ریح ۔ پھُسکی

گوز اڑانا / مارنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) پادنا (۲) بیکاری میں وقت ضائع کرنا

گوز بر گوز وضو بر وضو : [ار ۔ مثل] بڑے مکار کی نسبت بولتے ہیں ۔

گوزِ شتر : [ف ۔ صف] بے بنیاد ۔ بے وقعت ۔

گوزِ شتر زمیں کا نہ آسماں کا : [ار ۔ مثل] بے تکی بات ۔

گوزِ شتر سمجھنا : [ار ۔ محاورہ] بے وقعت خیال کرنا ۔ خیال میں نہ لانا توجہ نہ کرنا ۔ کسی بات کو یونہی اڑا دینا ۔

گوزن : [ف ۔ امث] بارہ سنگھا ۔ سانبھر ۔ پہاڑی یا جنگلی گائے ۔

گوسالہ : [ف ۔ اند] گائے کا ایک سالہ بچہ ۔ بچھڑا (۲) وہ بچھڑا جو سامری نے بنا کر حضرت موسیٰؑ کی غیر حاضری میں یہودیوں سے پُجوایا تھا ۔

گوسالۂ فلک : [ف ۔ اند] بُرج ثور ۔

گوسالۂ من پیر شد و گاؤ نہ شد : [ف ۔ مثل] بڈھے ہو گئے مگر بچپنا نہ گیا ۔

گوسائیں [ہ ۔ اند] دیکھئے "گسائیں"

گوسپند / گوسفند : [ف ۔ امث] بھیڑ ۔ دُنبہ ۔ مینڈھا ۔ بکری ۔ بکرا نر مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے ۔

گوش : [ف ۔ اند] کان ۔ سمع ۔ اُذن ۔ کرن

گوش بدر / بردر / برآواز / براہ : [ف ۔ صف] کسی بات کے سننے

کا منتظر۔ کسی خبر کا امیدوار۔ [افعال : بیٹھنا۔ رہنا۔ ہونا]

گوش بُریدہ : [ف ۔ صف] کان کٹا ہوا۔ کن کٹا۔

گوش بہ فریاد : [ف ۔ صف] فریاد سننے پر متوجہ

گوش بھرنا : [ار ۔ محاورہ] کان بھرنا۔

گوش پیچ : [ف ۔ امذ] دستار کا طرہ۔ یا دستار میں آرائش کی کوئی چیز۔

گوش توجہ : [ف ۔ امذ] کمال توجہ۔

گوش دل سے سننا : [ار ۔ محاورہ] ذوق شوق سے سننا۔

گوش رہنے لگنا : [ار ۔ محاورہ] سننے کے انتظار میں رہنا۔

گوش زد : [ف ۔ صف] وہ بات جو سنی جائے۔ مسموع (افعال : کرنا۔ ہونا)

گوش شنوا : [ف ۔ امذ] سننے والا کان جو سن کر کہا مانے جو نصیحت حاصل کرے۔

گوش کرنا : [ار ۔ محاورہ] سننا۔ توجہ کرنا۔

گوش کھولنا : [ار ۔ محاورہ] سننے کے لئے متوجہ ہونا (۲) آگاہ کرنا۔

گوش گزاری : [ف ۔ امث] اطلاع۔ خبر۔ رپورٹ۔

گوش لگے رہنا : [ار ۔ محاورہ] گوش برآواز ہونا۔ سننے کے منتظر رہنا۔

گوشمال : [ف ۔ امث] تنبیہ۔ تادیب [افعال : دینا]

گوشمالی : [ف ۔ امث] (۱) تنبیہ۔ تادیب [افعال : دینا۔ ہونا۔ (۲) مشکل کام کے لئے اُستاد کا نام لے کر کان پکڑنا۔

گوشوارہ : [ف ۔ امذ] (۱) کان کا آویزہ بالا (۲) میزان۔ خلاصہ۔ حساب۔ جوڑ (۳) نقشہ یا رجسٹر کی پیشانی (۴) بڑا موتی (۵) زر دوزی پیچ جو دستار پر باندھی جاتی ہے۔

گوش ہوش : [ف ۔ امذ] ہوشیاری۔

گوش ہوش سے سننا : [ار ۔ محاورہ] غور سے سُننا۔ نصیحت پکڑنا۔

گوشت : [ف ۔ امذ] کسی جانور کے بدن کا وہ حصّہ جو چمڑے / کھال سے نیچے اور ہڈیوں کے اردگرد ہوتا ہے۔ لحم۔ ماس (۲) گودا۔ مغز (۳) پھل کا گودا (۴) سالن۔ پکا ہوا گوشت (افعال : بنانا۔ ملنا) بیچنا پکانا۔ پکنا۔ خریدنا (دینا۔ کھانا۔ لینا کے ساتھ)

گوشت پوست : [ف ۔ امذ] تمام اعضاء

گوشتِ خر : [ف ۔ امذ] کنایۃً بے کار چیز (لفظی معنی "گدھے کا گوشت")

گوشتِ خر و دندانِ سگ : [ف ۔ مثل] جب دو بُرے شخص آپس میں لڑیں تو کہتے ہیں (۲) جب کوئی بُری چیز کسی لالچی آدمی کو مل جائے تو کہتے ہیں

گوشت خوار [ف ۔ صف] گوشت کھانے والا۔

گوشت خوار جانور : [ف ۔ امذ] درندہ جانور۔ شیر بھیڑیا وغیرہ۔

گوشت سے ناخن جدا ہونا : [ار ۔ محاورہ] دوستوں میں تفرقہ پڑنا۔ کسی امر دشوار کا واقع ہونا۔ عموماً نفی کے ساتھ مستعمل ہے۔

گوشت سے ناخن جدا کرنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گوشت سے ناخن جدا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے

گوشت کا ٹکڑا : [ف ۔ امذ] بوٹی۔

گوشت کا لوتھڑا : [ف ۔ امذ] (۱) حصّہ (۲) گوشت کا بڑا ٹکڑا (۳) موٹا اور بے وقوف آدمی۔

گوشت کھا لیتے ہیں ہڈیاں پھینک دیتے ہیں : [ار ۔ مثل]

اچھی چیز استعمال کرنی چاہیے۔

گوشت کھائے گوشت بڑھے ساگ کھائے اوجھڑی : [ار ۔ مثل] گوشت کھانے سے آدمی موٹا / فربہ ہوتا ہے اور ترکاری کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے۔ اصل مثل دیکھئے ماس کھائے۔ الخ۔

**گوشت کھائے گوشت بڑھے گھی کھائے بل ہو}
ساگ کھائے اوجھ بڑھے تو بل کہاں سے ہو}** [ار ۔ مثل] گوشت کھانے سے آدمی موٹا ہوتا ہے۔ گھی کھانے سے طاقت آتی ہے۔ سبزیاں کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے مگر طاقت نہیں آتی۔

گوشت کھائیے۔ گوشت لڑائیے گوشت ہی پر سوئیے : [ار ۔ مثل] عیاشوں کا مقولہ ہے کہ گوشت کھانا۔ جماع کرنا اور عورت کو ساتھ لے کر سونا چاہیے۔

گوشت لڑانا : [ار ۔ محاورہ] مجامعت کرنا۔

گوشت بھرا ہونا : [ار ۔ محاورہ] جانور کا پُر گوشت ہونا۔ فربہ ہونا۔ تیار ہونا۔

گوشت ناخونوں سے کبھی جدا ہوتا ہے : [ار ۔ مثل] رشتہ داروں عزیزوں سے آدمی جدا نہیں ہو سکتا۔

گوشہ : [ف ۔ امذ] کونا۔ کھونٹ۔ زاویہ (۲) طرف۔ جانب۔ سمت۔ پہلو (۳) علیحدگی۔ تنہائی۔ خلوت۔ کنارہ (۴) کمان کا سرا۔

گوشہ تنہائی : [ف ۔ امث] تنہائی کی جگہ۔ خلوت۔

گوشۂ جگر : [ف ۔ امذ] جگر کا کونا / ٹکڑا۔ کنایۃً بہت عزیز / پیارا

گوشۂ چشم : [ف ۔ امذ] آنکھ کا کویا۔

گوشہ دار : [ف ۔ امذ] کونے والا۔

گوشۂ دل : [ف ۔ امذ] دل کا کونا۔

گوشۂ دل میں جگہ دینا : [ار ۔ محاورہ] یاد رکھنا۔

گوشۂ دہن : [ف ۔ امذ] مُنہ کا کونا۔

گوشۂ زنجیر : [ف ۔ امذ] زنجیر کا حلقہ۔

گوشۂ عافیت : [ف ۔ امذ] وہ جگہ جہاں امن و امان ہو / کوئی جھگڑا نہ ہو۔

گوشہ کشادہ : [ف ۔ امذ] وہ لفافہ یا کوئی اور چیز جس کے کنارے کھلے ہوتے ہوں۔

گوشۂ کماں : [ف ۔ امذ] کمان کی نوک جس میں تانت اٹکی ہوتی ہے۔

گوشہ گیر / گزین : [ف ۔ ا ۔ صف] خلوت نشین۔ تنہائی میں رہنے والا۔ تارک الدنیا۔

گوشہ میں : [ار ۔ متعلق فعل] تنہائی میں خلوت میں۔

گوشہ میں بیٹھنا : [ار ۔ محاورہ] اعتکاف میں بیٹھنا۔ معتکف ہونا۔ دُنیا کے بکھیڑوں سے الگ ہو کر خدا کی عبادت کسی محفوظ جگہ میں کرنا۔

گوشہ نشین : [ف ۔ صف] دیکھئے "گوشہ گیر"

گوشہ نشینی : [ف ۔ امذ] دیکھئے "گوشہ نشین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گوکل : [ہ ۔ امذ] (۱) گائیوں کا ریوڑ (۲) مجالت کے ضلع متھرا میں ایک قصبہ جو کرشن جی کی جائے پیدائش ہے۔

گوکھ : [ہ ۔ امذ] ڈیوڑھی۔ چھجا۔

گوکھا : [ہ ۔ امذ] (۱) گائے کا چمڑا۔ گوکا۔ (۲) ۔ صف] بیوقوف۔ احمق۔ کودن۔

گوکھرو : [ہ ۔ امذ] (۱) کئی پودوں کا نام (۲) ایک قسم کا سہ گوشہ کانٹا جسے خسک بھی کہتے ہیں۔ جھکھڑا (۳) وہ آہنی کانٹا جو لڑائی میں بکھیرا کرتے

ہتے تاکہ دشمن یا اس کے گھوڑوں کے پاؤں زخمی ہوجائیں (۴) وہ سخت جگہ جو پاؤں پر ہو جاتی ہے (۵) کان کا ایک زیور (۶) ہاتھ کا ایک زیور۔ چوہے۔ دیتیاں۔ ککن (افعال بنانا۔ بنوانا۔ پہننا) (۶) ء کے لئے مستعمل ہے (۷) مقیش وغیرہ کا ٹکھونٹا موڑا ہوا گوٹہ جو دوپٹہ وغیرہ پر لگتا ہے [بنانا۔ بننا۔ ٹانکنا وغیرہ افعال] (۸) کانٹے جو مویشیوں کے کھروں میں گھس جائیں (۹) ایک مرض جو مویشیوں کے کھروں میں یا انسان کے تلووں میں ہوتا ہے۔

گوگا (پیر) : [ہ۔ اِمذ] خاکروبوں کا پیر۔ روایت ہے کہ یہ ایک راجہ کا لڑکا تھا جو فقیر ہوگیا اور محمود غزنوی کی آمد سے پہلے مسلمان ہوگیا تھا۔ جس کی بہت سی کرامتیں بیان ہوتی ہیں۔

گوگا بڑا کہ بھگوان : [ا ر۔ مثل] ادنیٰ اعلیٰ کی برابری نہیں کرسکتا۔

گوگا پیر کا میلہ/ کی چھڑیاں : [ہ۔ اِمذ] خاکروبوں کا میلہ جو گوگا پیر کے ساوے کے دن جمع ہوکر چھڑیاں نکالتے ہیں اور گوگا کے مزار تک لے جاتے ہیں جہاں میلہ لگتا ہے۔

گوگرد : [ف۔ اِمث] گندھک۔ کبریت

گوگردِ احمر/ سُرخ : [ف۔ اِمث] سُرخ گندھک۔ نایاب چیز

گوگل : [ہ۔ اِمذ] ایک درخت گگل نامی کے گوند کا نام ہے جو خوشبودار ہوتا ہے۔ ہندو اسے ہوا صاف کرنے کی غرض سے جلاتے ہیں۔

گوگل/ گوگلا/ گوگلی : [ہ۔ مذ۔ مث] گھونگا۔

گُول : [ہ۔ اِمث] چھوٹی نالی جس سے کھیتوں میں پانی پہنچاتے ہیں۔

گول : [ہ۔ صف] (۱) مُدوّر۔ چکردار (۲) مبہم۔ مشکوک۔ مذبذب (۳) پیچیدہ وہ جو سمجھ میں نہ آئے (۴) مٹی کا بڑا مٹکا (۵) کوئی مدوّر چیز گیند۔ کرہ۔ دائرہ (۶) مویشیوں کا غول جو دوسرے گاؤں/ علاقے کسی دریا کے کنارے یا پہاڑ کے دامن میں جہاں گھاس زیادہ ہو چرنے کے لئے جائے۔

گول آنا : [ا ر۔ محاورہ] مویشی کے ریوڑ کا دریا یا پہاڑ کی طرف سے چرائی کے بعد واپس آنا۔

گول بات : [ا ر۔ اِمث] مبہم بات۔ جو بات ٹھیک طرح سمجھ میں نہ آئے پیچیدہ بات۔

گول بدن : [ا ر۔ اِمذ] جسم جو مٹاپے کی وجہ سے گول ہو۔ بھرا ہوا بدن۔ بھرا بھرا جسم۔

گول پن : [ا ر۔ اِمث] گولائی

گول پتھل : [ہ۔ اِمذ] قطرہ۔

گول جانا : [ا ر۔ محاورہ] مویشی کے غول کا چرائی کے لئے دوسری جگہ جانا۔

گول چلا : [ا ر۔ اِمذ] گولہ انداز۔

گول رُوپ : [ہ۔ اِمذ] گول۔ گول شکل کا۔

گول سا : [ہ۔ صف] گول۔ مدوّر

گول سجھر : [ہ۔ صف] مخروط۔ مستدیر

گول شاخ : [ا ر۔ اِمذ] بھری ہوئی شاخ جو کسی جانب دبی ہوئی نہ ہو۔

گول گپا : [ا ر۔ اِمث] (۱) گول مٹول۔ موٹا تازہ (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

گول گٹا : [ا ر۔ صف] دندانے دار۔ جس کے دندانے گول ہوں۔

گول گرارہ : [ا ر۔ اِمذ] کنوئیں کا گول چرخ۔

گول گول : [ا ر۔ صف] مبہم۔ مشتبہ۔ مشکوک (۲) مُدوّر۔ گول۔

گول گول بات : [ا ر۔ اِمث] مبہم بات۔ مذبذب بات (۲) پہلودار بات۔

گول گول رکھنا : [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کا مبہم رکھنا۔

گول گول کہنا : [ا ر۔ محاورہ] صاف صاف نہ کہنا (۲) مبہم کہنا۔ ایسی بات کہنا جس میں کئی پہلو ہوسکیں۔

گول گھر : [ا ر۔ اِمذ] قید خانہ۔

گول مال : [ا ر۔ اِمذ] ملا جُلا۔ خلط ملط (۲) غبن خیانت (۳) سازش۔ آنٹ سانٹ (۴) غائب۔ الوپ۔ چوری۔ غائب غلہ (۵) مشتبہ۔ مشکوک دال میں کالا (افعال: کرنا۔ ہونا)

گول متھول : [ا ر۔ صف] دیکھئے "گول مول"

گول مرچ : [ا ر۔ اِمث] کالی مرچ

گول مُنہ : [ا ر۔ اِمذ] آفتابی چہرہ۔ چوڑا مُنہ

گول مول : [ا ر۔ اِمذ] مدوّر۔ نہایت گول (۲) موٹا تازہ اور ٹھگنا آدمی۔ (۳) موٹا بیوقوف۔

گول مول جواب : [ا ر۔ اِمذ] پیچیدہ جواب۔ مبہم جواب۔

گول مول ہو رہنا : [ا ر۔ محاورہ] خاموش ہو رہنا۔ جواب نہ دینا۔

گول ہو رہنا : [ا ر۔ محاورہ] خاموش رہنا۔ جواب نہ دے سکنا۔

گولا : [ا ر۔ اِمذ] گھیرا (۲) تاگوں کی پیچک (۳) گیند (۴) ستون کے گرد ابھرا ہوا حلقہ (۵) ایک قسم کا کبوتر (۶) پگڑی کا قالب جس پر دستار بند پگڑی باندھتے ہیں (۷) ناریل کے اندر کی گری (۸) اناج کا کوٹھا۔ اناج کی منڈی (۹) پکا کنواں جو اندر سے استرکاری کیا ہوا ہو (۱۰) گول شہتیر (۱۱۔ ق) گیدڑ (۱۲) وہ قالب جس پر ہندوستانی جو گوشیا گول ٹوپی کلف دیکر ہموار کرتے ہیں (۱۳) بڑی گولی جو توپ میں ڈالتے ہیں (۱۴) ایک قسم کی آتش بازی (۱۵) جلانے کی لکڑی کا کندہ جو چیرا نہ گیا ہو (۱۶) پتنگ کی گول لپٹی ہوئی ڈور (۱۷) کنایتہً وہ ہوا جو انسان کے پیٹ میں گھومتی ہے اور اس سے درد اُٹھتا ہے (۱۸) پکی سڑک کا درمیانی حصہ جس کو کسی قدر گول رکھتے ہیں۔

گولا اٹھانا : [ا ر۔ محاورہ] پرانی رسم کے مطابق اپنی صداقت اور جرأت کے لئے جلتے ہوئے لوہے کو ہاتھ میں پکڑنا کہ سچے ہوں گے تو اس گرم لوہے کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔ اور جھوٹے ہوئے تو جلا دے گا۔

گولا چلانا : [ا ر۔ محاورہ] گولا مارنا۔ توپ چھوڑنا (۲) کنوئیں میں کوٹھی رکھنا۔

گولا دھار برسنا : [ا ر۔ محاورہ] موسلا دھار برسنا۔ نہایت زور سے بارش ہونا۔

گولا لاٹھی : [ا ر۔ اِمث] ہاتھ پاؤں سمیٹ کر لیٹنے کی حالت۔

گولا لاٹھی کرنا : [ا ر۔ محاورہ] ہاتھ پاؤں باندھ کر گھٹنوں میں لاٹھی دے کر اُٹھانا جو ایک سزا ہے۔

گولائی : [ہ۔ اِمث] دَور۔ چکر۔

گُولر : [ا ر۔ اِمذ] ایک درخت اور اس کا پھل جو انجیر سے مشابہ ہوتا ہے (۲) کپاس۔ رُوئی کا ڈوڈا۔

گُولر کا پھول : [ا ر۔ اِمذ] نایاب۔ کمیاب۔ ناپید۔

گُڑ کا پھول پھولنا / کھلنا : [ار- محاورہ] عجیب بات ہونا۔

گُڑ کا پیٹ پھوٹنا : [ار- محاورہ] بھید کھلنا۔ راز ظاہر ہونا۔

گُڑ کا کباب : [ار- امذ] ایک قسم کا کباب جو گوشت کو جوش دے کر اور پودینہ اور سُرخ مرچ بھر کر پکاتے ہیں۔

گُڑ کا کیڑا : [ار- امذ] (۱) وہ کیڑا جو گُڑ کے اندر رہتا ہے (۲) وہ شخص جو گھر سے باہر نہ نکلا ہو۔ تنگ نظر۔ قدامت پرست۔

گُڑ گُڑکنا : [ار- محاورہ] چبا چبا کر باتیں کرنا۔ مری ہوئی آواز سے بولنا۔

گولف : [انگ- امذ] دیکھئے "گاف"

گُلک : [ار- امذ- امث] گلا۔ روزمرہ کی بکری رکھنے کا ظرف (۲) ہوائی بچہ

گولہ : [ف- امذ] گیند (۲) دھات یا مٹی کی گول شکل - (۳) کُرہ - (۴) توپ کا گولہ۔

گولہ انداز / گولنداز : [ف- صف] توپ چلانے والا- توپچی۔

گولہ اندازی / گولندازی : [ف- امث] دیکھئے "گولہ انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گولہ باری : [ار- امث] گولے پھینکنے کا عمل [افعال: کرنا- ہونا]

گولی : [ار- امث] دیکھئے "گولا" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) بندوق کی گولی (۳) افیون کی گولی (۴) دوا کی چھوٹی گولی (۵) چھوٹی گول چیز (۶) مٹی کا سبوترا مشکا جس میں غلہ اور پانی رکھتے ہیں۔ (۷) بچوں کے کھیلنے کی گولی۔

گولی بارود کہیں جائے۔ طلب لینے سے کام : [ار- مثل] کسی کا کام بنے یا بگڑے اپنے مطلب اور تنخواہ سے غرض ہے۔

گولی بچا جانا : [ار- محاورہ] کسی مشکل کام سے الگ ہو جانا۔

گولی بنانا : [ار- محاورہ] کسی چیز کو مدور شکل میں بنانا۔

گولی بیٹھ جانا : [ار- محاورہ] گولی کا کسی جگہ لگ جانا۔

گولی پر گولی لگانا : [ار- محاورہ] متواتر گولیاں مارنا۔

گولی پلانا : [ار- محاورہ] بندوق میں گولی بھرنا۔

گولی چلانا : [ار- محاورہ] گولی مارنا- بندوق میں گولی بھرنا۔ کسی کو گولی کا نشانہ بنانا۔

گولی چوکنا : [ار- محاورہ] نشانہ خطا ہونا۔

گولی دینا : [ار- محاورہ] دوا کی ٹکیہ کھلانا۔ دوا کی گولی کسی کو دینا۔

گولی ڈھالنا : [ار- محاورہ] گولی کا سانچے میں بنانا۔

گولی کا ٹپا : [ار- امذ] وہ فاصلہ جہاں تک گولی جا سکے۔

گولی کان پر سے نکل جانا : [ار- محاورہ] کسی صدمہ یا آفت سے بال بال بچ جانا۔

گولی کھانا : [ار- محاورہ] بندوق کی گولی کی چوٹ کھانا۔

گولی کے کباب : [ار- امذ] ایک قسم کے گول کباب۔

گولی لگانا : [ار- محاورہ] گولی مارنا۔

گولی لگنا : [ار- محاورہ] دیکھئے "گولی لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گولی لگے : [ار- کلمہ- بددعا] بندوق سے مارا جائے۔

گولی مارنا : [ار- محاورہ] گولی چلانا- بندوق چھوڑنا- جان سے مارنا۔

گولی مارو : [ار- کلمہ- نفرت] دور کرو- ایسے کام کا نام نہ لو۔

گولیاں : [ار- امث] دیکھئے "گولی" جس کی یہ جمع ہے (۲) اندرسا

گولیاں چلنا : [ار- محاورہ] بندوق سے گولیاں چلائی جانا۔

گولیاں کھیلتے ہیں : [ار- محاورہ] ابھی تک بچے ہیں- ناسمجھ ہیں۔

گولیاں کھیلنا : [ار- محاورہ] گولیاں کا کھیل کھیلنا (۲) بچپن کا زمانہ ہونا۔

گولیوں کا مینہ برسنا : [ار- محاورہ] لگاتار گولیاں چلنا۔

گوم : [ھ- امذ] گھوڑے کے بالوں کا پیچیدہ ہونا جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔

گوماچی : [ار- امث- ق] گھوڑے کی مکھی۔

گومڑ / گومڑا : [ھ- امذ] سوجن- ورم- آماس (۲) دنبل- پھوڑا۔

گومڑا پڑنا : [ار- محاورہ] چوٹ کے باعث سوجن کا ظاہر ہونا۔

گومڑی : [ھ- امث] دیکھئے "گومڑا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

گومکھی : [ھ- امذ] وہ تھیلی جس میں مالا ڈال کر جپتے ہیں۔

گوں : [ھ- امث] مطلب- غرض- واسطہ (۲) خواہش- ضرورت (۳) قابل- لائق- مناسب (۴) پسند

گوں کا : [ار- صف] مطلب کا- غرض کا- لالچی۔

گوں کا یار : [ار- صف] مطلب کا یار- خود غرض۔

گوں گانٹھنا / نکالنا : [ار- محاورہ] مطلب براری کرنا۔ مل جل کر کام کرنا۔ چاپلوسی کر کے مطلب نکالنا۔

گوں گانٹھیا : [ار- صف] چاپلوسی کر کے مطلب نکالنے والا۔

گوں گیر / گیرا : [ار- صف] خود غرض- مطلبی۔

گوں نکل گئی۔ آنکھ بدل گئی : [ار- مثل] مطلب نکلنے کے بعد بے پروا ہو گیا۔

گون : [انگ- امذ] (GOWN) ایک قسم کا انگریزی وضع کا ڈھیلا ڈھالا لباس- جُبہ۔

گون : [ھ- امث] خرجین- بار بردار جانور پر سامان لادنے کا تھیلا جو موٹا ٹاٹ یا موٹے کپڑے یا موٹے بالوں یا رسیوں سے بنتے ہیں۔

گوں : [ف- امذ] رنگ (۲) طرز- روش- ڈھنگ۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے نیلگوں۔

گونا : [ف- امذ] رنگ- طرح (۲) طلائی رنگ جو غلاف شمشیر اور صندوقچہ وغیرہ پر کرتے ہیں۔ (۳) طلائی روغن یا سفوف جس سے چیزوں کو سنہری بناتے ہیں

گوناگوں : [ف- صف] رنگ برنگ کا- طرح طرح کا۔

گونا : [ھ- مص] دولہا کا سسرال جا کر دلہن کو اپنے گھر لانا۔ مکلاوا۔

گونتھنا : [ھ- مص] ریشم کے تاروں کو آپس میں لپیٹنا۔ گوندھنا۔

گونج : [ار- امث] آواز کی گردش- شور- گرج- غلغلہ (۲) شیر کی آواز۔ (۳) ناک کا ایک زیور (۴) کبوتر اور قمری کی آواز (۵) کان کی بالی۔

گونج اُٹھنا : [ار- محاورہ] آواز سے بھر دینا۔ بہت شور و غل ہونا۔

گونجنا : [ار- مص] آواز کا گردش کرنا۔ شور ہونا (۲) شیر کا دہاڑنا۔ (۳) کبوتر کا مستی میں بولنا۔

گونچ : [ھ- امث] گھونگچی (۲) ایک قسم کی مچھلی۔

گونچنا : [ار- مص] دیکھئے "گوچنا"

گوند : [ار- امذ] ایک قسم کا لیس دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے۔

گوند پنجیری / مکھانے : [ار- امث] ا۔ گوند اور ساتھ کی بنی ہوئی پنجیری یا مکھانے وغیرہ جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں۔

گوند پنجیری آور ہی کھائیں زچہ رانی پڑی کراہیں : [ار- مثل] مزے

اڑائیں اور تکلیف کوئی دوسرا اٹھائے۔

گوندوانی : [ار۔امث] وہ برتن جس میں بھیگا ہوا گوند رکھا جاتا ہے۔

گوندکش : [ف۔صف] جس سے گوندوانی سے گوند نکالی جاتی ہے۔

گوندا : [ار۔امذ] (۱) بھنے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا آٹا جو پرندوں کو کھلایا جاتا ہے (۲) گلتھی۔

گوندا دکھانا : [ار۔محاورہ] بلبلوں کو باہم لڑنے کے لئے چارا دکھا کر بھڑکانا۔

گوندلا : [ھ۔صف] مدور گول (۲) ورغلانا۔ اکسانا۔ لڑوانا (۳) شہ دینا دھکانا۔

گوندنی / گوندہی : [ھ۔امث] ایک درخت اور اُس کا پھل جو نہایت لیسدار ہوتا ہے۔

گوندھ : [ار۔امث] گوندھنے کا عمل۔

گوندھنا : [ار۔مص] آٹے میں پانی ملا کر روٹی کے قابل کرنا (۲) مہندی لگانا (۳) سر کے بالوں کو باہم بننا (۴) چوٹی کرنا۔ (۵) پرونا۔ منسلک کرنا۔

گوندی : [ار۔امث] دیکھئے "گوندا" (۲۔ف) کونا۔ گوشہ۔

گوندے کی دیوار : [ار۔امث] وہ کچی دیوار جو خمیر کی ہوئی مٹی سے ردے رکھ کر بناتے ہیں۔

گونڈ : [س۔امذ] ہندوستان کے قدیم باشندے جو نیم وحشی ہیں اور بندھیا چل کے مشرق میں آباد ہیں۔

گونڈا : [ھ۔امذ] گاؤں / گاؤں کے قریب کے کھیت (۲) گاڑی کی سڑک شاہراہ (۳) وہ خیرات جو دولہن کے گھر برات پہنچنے پر کرتے ہیں۔ بکھیر۔ نثار۔

گونڈ ملار : [ار۔امث] کھماج ٹھاٹھ کی ایک راگنی۔

گونڑا : [ھ۔امذ] جہاز کا شہتیر۔

گونگا : [ار۔امذ] (۱) وہ شخص جو بول نہ سکے۔ گنگ (۲) چُپ چاپ۔ خاموش۔

گونگی : [ار۔امث] دیکھئے "گونگا" جس کی یہ تانیث ہے۔

گونگے کا اشارہ گونگا ہی سمجھے : [ار۔مثل] ہر جنس اپنی ہی جنس سے میل کھاتی ہے۔

گونگے کا خواب یا سپنا : [ار۔امذ] (۱) وہ بات جس سے آدمی واقف ہو اور زبان سے کہہ نہ سکے (۲) مبہم بات جس کا سمجھنا مشکل ہو۔

گونگے کا گڑ کھانا : [ار۔محاورہ] چپ سادھنا۔ کچھ بیان نہ کرنا۔

گونگے کا گڑ کھٹا نہ میٹھا : [ار۔مثل] وہ بات جو بیان کے قابل نہ ہو۔ ناقابل اظہار۔

گونگے کی مٹھائی : [ار۔امث] نہایت لطیف اور مزیدار چیز۔ ایسا لطف جو بیان سے باہر ہو۔

گونگے نے سپنا دیکھا من ہی مَن پچھتائے : [ار۔مثل] کسی بات کے بیان کرنے کو جی چاہے مگر بیان نہ کر سکے۔

گون مٹھون : [ھ۔امذ] مُنہ پھلا کر چپ ہو جانے والا۔

گونہ : [ف۔صف] اسلوب۔ وضع (۲) کسی قدر۔

گونہ گونہ : [ف۔صف] طرح طرح کا انواع و اقسام کا۔

گونہار : [ھ۔امذ و مث] وہ عورتیں جو دُلہن کے ساتھ میکے سے سسرال جاتی ہیں (۲) وہ لوگ جو دولہا کے ساتھ گونے کے لئے جاتے ہیں۔

گونی : [ار۔امث۔ق] پانی یا غلہ رکھنے کا بڑا برتن۔

گونیا : [ف۔امث] ایک مثلث شکل کا اوزار جس سے عمارت یا دیوار کی کجی یا راستی دریافت کرتے ہیں۔ معمار کی ڈوری۔

گوہ : [ھ۔امث] ایک جانور جو چھپکلی سے مشابہ ہوتا ہے جس کی کھال سخت مگر خوبصورت ہوتی ہے۔ نیولے سے بہت بڑا ہوتا ہے۔ اس کی دو زبانیں ہوتی ہیں۔ سوسمار

گُوہ : [ف۔امذ] دیکھئے "گو" مع مرکبات۔ فضلہ۔ نجاست۔ پلیدی۔

گوہار : [ھ۔امث] داویلا۔ فریاد۔ استغاثہ (۲) غل۔ شور (۳) ایک آدمی کا کئی آدمیوں سے مقابلہ کرنا (۴) گالی گلوچ (۵) امدادی۔

گوہار لڑنا : [ار۔محاورہ] ایک آدمی کا بہت سے آدمیوں کے ساتھ لڑنا۔

گوہاری : [ھ۔صف] ساتھی۔ مددگار (۲)۔ بہت زرخیز زمین۔

گوہان : [ھ۔امذ] گاؤں۔

گوہانجنی : [ار۔امث] آنکھ کی پھنسی جو پلک کے نیچے ہوتی ہے۔

گوہانی : [ھ۔امث] گاؤں کے آس پاس کے کھیت (۲) عمدہ زمین۔

گوہائی : [ھ۔امث] آنکھ کی پھنسی (۲) بیلوں سے روندوا کر دانے نکالنا گاہنا۔

گوہر : [ف۔امذ] موتی۔ مروارید (۲) جواہر۔ قیمتی پتھر (۳) مادہ۔ اصل۔ نسل (۴) بیٹا۔ فرزند۔

گوہر آگیں : [ف۔صف] وہ چیز جس میں موتی جڑے ہوں۔

گوہر افشاں : [ف۔صف] فیض پہنچانے والا (۲) خوش بیان۔

گوہر افشانی : [ف۔امث] دیکھئے "گوہر افشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

گوہر بار : [ف۔صف] موتی برسانے والا۔ زبان اور قلم کی صفت میں استعمال ہوتا ہے۔

گوہر بیندھنا : [ار۔محاورہ] موتی میں سوراخ کرنا۔

گوہر تاب : [ار۔امذ] (۱) موتی کی طرح چمکنے والا (۲) باریک لباس جو گرمیوں میں پہنتی ہیں۔

گوہر تر : [ف۔امذ] کنایۃً "آنسو" (۲) اچھی باتیں۔

گوہر ریز / پاش : [ف۔صف] موتی برسانے والا۔

گوہر سُفتہ : [ف۔امذ] بندھا ہوا موتی (۲) وہ بات جو مشہور ہو۔

گوہر سنج : [ف۔صف] خوش بیان۔ ۲۔ جوہری۔

گوہر شب تاب / شب چراغ : [ف۔امذ] ایک قسم کا لعل جو رات کو روشنی دیتا ہے۔

گوہر غلطاں : [ف۔امذ] اعلیٰ قسم کا موتی جو سڈول ہونے کے باعث ایک جگہ نہیں ٹھہرتا۔

گوہر فروش : [ف۔صف] موتی بیچنے والا۔

گوہر گرہ جنا : [ار۔محاورہ] موتی میں بال پڑ جانا۔

گوہر نگار : [ف۔صف] جڑاؤ۔ موتیوں سے جڑا ہوا۔

گوہری : [ف۔صف] جوہری۔ موتی والا۔ گوہر کی آب و تاب رکھنے والا۔

گوہونا : [س۔امذ] ایک قسم کا سانپ۔

گوہی : [س۔صف] گوہ سے لتھڑا ہوا۔ بہت گندہ۔ غلیظ۔

گوٹھا : [ہ۔ امذ] اُپلا۔ کنڈا۔
گوشندہ : [ف۔ صف] کہنے والا۔ کہنے والی (۱) مخبر۔ جاسوس۔
گوئی : [ہ۔ امث] ایک ہل میں جُتے ہوئے دو بیل (۲)، روئی کی وہ مقدار جو ایک بار انگلیوں سے توڑی جائے۔
گوئے : [ف۔ امذ] گیند۔
گوئے باز : [ف۔ صف] گیند کھیلنے والا۔ وہ بازی گر جو کئی گیندے کر ہوا میں پھینک کر پکڑتا ہے۔
گوئے بازی : [ف۔ امث] دیکھئے "گوئے باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
گوئے سبقت لے جانا : [ار۔ محاورہ] غالب آنا۔ بڑھ جانا۔
رشتۂ گریبان : [ف۔ امذ] گریبان کا تکمہ۔
گوتیا : [ف کلمہ تشبیہہ] گویا۔ تو کہے۔
گوئیاں : [ہ۔ امث] سہیلی
گوئیڑا : [ہ۔ امذ] گاؤں کے قریب کی زمین۔
گوئی : [ار۔ امث۔ ق] شیر کے رہنے کی جگہ۔ غار۔ کھوہ۔
گویا : [ف۔ صف] بولنے والا۔ خوش گفتار (۲)، مانند۔ مثل۔ ہو بہو (۳)، تسلیم کیا جانا (۴)، حیوان ناطق۔
گویّا : [ہ۔ امذ] گانے والا۔ مطرب۔ مغنی۔
گویائی : [ف۔ امث] نطق۔ گفتار۔ بول چال۔ بات چیت (۲)، بولنے کی طاقت۔ فصاحت۔ بلاغت۔
گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل : [ف۔ مثل] کہوں تو مشکل نہ کہوں تو مشکل۔

گ ـ ہ

گہ : [ف۔ ظرف زماں] دیکھئے "گاہ" جس کا یہ مخفف ہے (۲) کبھی
گہ : [س۔ امث] (۱) کمرے یا مکان کی بلندی (۲)، طبقہ۔ درجہ (۳)، قبضہ۔ دستہ۔ ہتھیار کے پکڑنے کی جگہ
گہ باندھنا : [ار۔ محاورہ] قبضۂ شمشیر میں تنا باندھنا۔
گہ بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] جم کر بیٹھنا (۲)، تلوار کا قبضہ جو ہاتھ میں جم جاتا ہے۔
گہ جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) گرہن میں آجانا (۲)، کسی کڑی چیز کا گھس جانا۔
گہ گیر : [ف۔ امذ] سرکش گھوڑا۔
گہر : [ہ۔ امث] کیلے کی پھلی
گہر : [ف۔ امذ] دیکھئے "گوہر" مع مرکبات
گہرا : [ار۔ صف] (۱) عمیق۔ بے تھاہ۔ ڈباؤ (۲)، نہایت تیز (۳)، شوخ گاڑھا (۴)، بھاری۔ پکا (۵)، غار۔ گڑھا۔
گہرا اخلاص : [ار۔ صف] پکی دوستی۔ بے حد محبت
گہرا پردہ : [ار۔ امذ] سخت پردہ۔ بھاری اوٹ۔ شرم و حجاب۔
گہراپا : [ار۔ امذ] گہرائی۔
گہراپن : [ار۔ امذ] گہرائی۔ گہرا ہونا۔
گہرا خیال : [ار۔ امذ] دور کا خیال
گہرا دوست : [ار۔ امذ] سچا دوست۔ بے تکلف دوست۔

گہرا رنگ : [ار۔ امذ] شوخ رنگ۔ وہ رنگ جس میں سیاہی نمودار ہو۔
گہرا زخم : [ار۔ امذ] کاری زخم۔ مہلک زخم۔
گہرا سہاگ : [ار۔ امذ] میاں بیوی میں بے حد محبت و پیار (۲)، بڑا میل جول
گہرا ہاتھ لگانا : [ار۔ محاورہ] مہلک زخم لگانا۔ زور کا ہاتھ مارنا۔
گہرا ہاتھ لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گہرا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
گہرا ہاتھ مارنا : [ار۔ محاورہ] زور کا ہاتھ مارنا (۲)، بڑا بھاری غبن کرنا۔ بڑی چوری کرنا (۳)، بہت نفع کمانا (۴)، کسی بڑے خاندان کی عورت کے ساتھ تعلق پیدا کرنا۔
گہرا یار : [ار۔ امذ] پکا دوست۔
گہرا یارانہ : [ار۔ امذ] پکی دوستی۔
گہرانا : [ار۔ مص] گہرا ہونا۔ عمیق ہونا۔
گہرانا : [ار۔ مص] بلند آواز سے بلانا۔ پکارنا۔
گہراؤ : [ار۔ امذ] دیکھئے "گہرائی"
گہرائی : [ار۔ امث] عمق۔ گہرا ہونے کی کیفیت۔
گہری : [ار۔ صف] دیکھئے "گہرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
گہری بات : [ار۔ امث] باریک خیال۔ دقیق اور مشکل خیال۔ تہہ کی بات۔
گہری چھننا : [ار۔ محاورہ] نہایت گاڑھی بھنگ چھننا (۲)، گاڑھی دوستی ہونا (۳)، از حد لڑائی ہونا۔ مناظرہ ہونا۔
گہری دوستی : [ار۔ امث] دیکھئے "گہرا یارانہ"
گہری سانس بھرنا / لینا : [ار۔ محاورہ] دیر تک سانس لئے جانا۔ حسرت اور افسوس سے سانس لینا۔
گہری گھٹنا : [ار۔ محاورہ] بھنگ کا کثرت سے رگڑا اور پیا جانا (۲)، بہت محبت ہونا۔ خاص یارانہ ہونا۔
گہری نیند سونا : [ار۔ محاورہ] بے خبر سونا (۲)، سکھ کی نیند سونا۔ آرام سے سونا۔
گہرے : [ار۔ صف] دیکھئے "گہرا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
گہرے سانس بھرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گہری سانس بھرنا"
گہرے کرنا : [ار۔ محاورہ] بہت نفع اٹھانا۔ خاطر خواہ فائدہ اٹھانا۔
گہرے ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گہرے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گہرے یار ہیں : [ار۔ محاورہ] پکے دوست ہیں۔
گہک : [ار۔ امث] (۱) خوشی کی لہر (۲)، نشے کی لہر (۳)، خوشی۔ مسرت (۴)، زور۔ تیزی۔ جوش۔
گہک کر بولنا : [ار۔ محاورہ] تیز ہو کر بولنا۔ سخت کلامی کرنا (۲)، نہایت تپاک محبت اور گرم جوشی سے گفتگو کرنا۔
گہکنا : [ار۔ مص] خوشی سے بولنا (۲)، نشے کے جوش میں ہونا (۳)، تیز ہو کر بولنا۔
گہگانا : [ار۔ مص۔ ق] گڑگڑانا۔
گہگڈا : [ہ۔ صف] گہرا۔ گنگور۔ بھاری۔
گہما گہمی : [ار۔ امذ] چہل پہل۔ گرم بازاری۔ رونق۔ دھوم دھام۔ آدمیوں کی کثرت۔

گہن : [ص۔اند] گرہن۔ چاند یا سورج پر سایہ (۱) داغ۔ عیب (۲) جلن داضال (چڑنا۔ کڑھنا)

گہن چھٹنا : [ار۔محاورہ] گرہن کا اثر کم ہونا۔ چاند یا سورج کا گرہن سے نکلنا۔

گہن سے چھوٹنا : [ار۔محاورہ] گرہن کا اثر دور ہونا۔

گہن لگنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے گہن میں

گہن میں آنا : [ار۔محاورہ] کسوف یا خسوف میں آنا (۲) آدمی یا حیوان کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا ناقص ہو جانا (۳) بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔

گہنا : [ار۔مص] گہن لگنا (۲) گرو رکھنا (۳۔مذ) زیور۔

گہنانا : [ار۔مص] گہن لگنا (۲) کسی عضو کا بدقطع ہونا (۳) کسی چیز کا زوال پذیر ہونا۔

گہنی : [ار۔اسث] وہ گائے جو چاند گرہن کے وقت پیدا ہو اور اس کے بدن میں کوئی نقص ہو۔

گہنے رکھنا : [ار۔محاورہ] گرو رکھنا۔ رہن رکھنا۔

گہنے کا تار تک باقی نہیں : [ار۔مثل] کسی قسم کا زیور باقی نہیں۔

گہوا : [ص۔اند] موچنا۔ چمٹا

گہوارہ : [ف۔اند] ہنڈولا۔ بچوں کو سلانے کا جھولا (۲) وہ چارپائی جس پر محراب نما لکڑیاں لگا کر عورتوں کا جنازہ لے جاتے ہیں۔

گہوں رنگ : [ار۔اند] گندمی رنگ

گہے : [ف۔متعلق۔فعل] دیکھئے "گاہے" جس کا [illegible] ہے۔

گہیرا : [ص۔اند] ایک چھوٹا سا زہریلا کیڑا جو مٹیالے رنگ کا ہوتا ہے وہ اکثر جنگلوں یا کھنڈروں میں بل بنا کر رہتا ہے (۲) ایک قسم کا زہریلا گرگٹ۔

گھ

گھابرا : [ص۔صف] گھبرایا ہوا۔ پریشان۔

گھابراٹ : [ار۔اسث۔ق] گھبراہٹ۔ پریشانی

گھات : [ص۔اسث] تاک۔ داؤں۔ موقع (۲) فریب۔ دھوکا (۳) ارادہ۔ مطلب (۴) کمین گاہ۔ وہ جگہ جہاں شکار یا دشمن کے انتظار میں بیٹھیں (۵) جادو۔ ٹونا۔

گھات پانا : [ار۔محاورہ] موقع پانا۔ قابو حاصل کرنا۔

گھات پر آنا/چڑھنا : [ار۔محاورہ] قابو میں آنا۔ چال میں آنا۔

گھات تاکنا : [ار۔محاورہ] موقع ڈھونڈنا۔

گھات چلانا : [ار۔محاورہ] داؤ چلانا۔ وار کرنا (۲) جادو کرنا۔

گھات چلنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گھات چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھات سوجھنا : [ار۔محاورہ] چالبازی کا کارگر ہونا۔

گھات کرنا : [ار۔محاورہ] خفیہ تدبیر کرنا۔

گھات کھیلنا : [ار۔محاورہ] دوسرے کو غافل پا کر اپنا مطلب نکالنا۔

گھات لگانا : [ار۔محاورہ] تاک میں بیٹھنا۔

گھات لگنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گھات لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھات میں آنا : [ار۔محاورہ] دم میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔ جال میں آنا۔ فریب کھانا۔

گھات میں بیٹھنا : [ار۔محاورہ] شکار یا دشمن کی تاک میں کسی جگہ چھپ کر بیٹھنا (۲) موقع ڈھونڈنا۔

گھات میں پھرنا : [ار۔محاورہ] تاک میں پھرنا۔ موقع ڈھونڈتے پھرنا۔ داؤں میں رہنا۔

گھات میں رہنا : [ار۔محاورہ] موقع تاکنا۔

گھات میں لگا ہونا : [ار۔محاورہ] گھات میں ہونا۔ تاک میں ہونا۔

گھاتا : [ص۔اسث] مول لی ہوئی چیز پر کوئی چیز لے لینا۔

گھاتک : [س۔اند] (۱) قاتل۔ خونی (۲) جانی دشمن۔ جان کا لاگو۔ لہو کا پیاسا۔

گھاتو : [ار۔صف۔ق] دغاباز۔ مکار۔ (۲) مہلک۔

گھاتوں میں آنا : [ار۔محاورہ] چالوں میں آنا۔ فریب میں آنا۔

گھاتی : [ار۔صف] موقع تکنے والا۔ داؤں میں بیٹھنے والا۔

گھاتیا : [ار۔صف] وہ شخص جو کسی کی تاک میں رہے۔ گھات میں بیٹھنے والا۔

گھاتے میں : [ار۔متعلق فعل] خریدی ہوئی چیز سے زیادہ منافع۔

گھاتیں بتانا : [ار۔محاورہ] چالیں بتانا۔ چالبازیاں سکھانا۔

گھاٹ : [ار۔اند] دریا یا تالاب سے اترنے کا مقام (۲) تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اس کا خم شروع ہوتا ہے (۳) طرف۔ جانب (۴) انگیا کا گریبان (۵) راہ۔ راستہ (۶) ناؤ کا کرایہ (۷) کمی (۸) دغا۔ (۹) دریا یا تالاب کا کپڑے دھونے کا مقام۔

گھاٹ اترنا : [ار۔محاورہ] گھاٹ کو عبور کرنا۔

گھاٹ باری/واری : [ار۔اسث] وہ محصول جو گھاٹ پر لیا جاتا ہے۔

گھاٹ کرنا : [ار۔محاورہ] کمی کرنا (۲) دغا کرنا۔ فریب کرنا۔

گھاٹ کھڑا کرنا : [ار۔محاورہ ق] بہانہ سازی کرنا۔

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا : [ار۔محاورہ] جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا (۲) تجربہ کار ہونا۔

گھاٹ مار : [ار۔صف] جو چنگی اور راہداری کا محصول نہ دے۔

گھاٹ مارنا : [ار۔محاورہ] پل کا محصول نہ دینا۔ اترائی کا محصول نہ دینا۔ محصولی مال چھپا لینا۔

گھاٹ مانجھی : [ار۔اند] وہ ملاح جو کشتیوں کے کرائے کا انتظام کرتا ہے

گھاٹ وال/گھاٹیا : [ار۔صف] وہ برہمن جو گھاٹوں پر اشنان کراتا اور ٹیکا لگاتا ہے۔

گھاٹا : [ار۔اند] کمی۔ نقصان۔ خسارہ

گھاٹا آنا : [ار۔محاورہ] نقصان ہونا۔

گھاٹا اٹھانا : [ار۔محاورہ] خسارہ برداشت کرنا۔

گھاٹا بھرنا : [ار۔محاورہ] خسارہ پورا کرنا۔ نقصان کی تلافی کرنا۔

گھاٹا پڑنا : [ار۔محاورہ] نقصان ہونا۔

گھاٹا دیکھنا : [ار۔محاورہ] خسارہ کا اندیشہ ہونا یا کرنا۔

گھاٹا ہونا : [ار۔محاورہ] خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا۔

گھاٹی : [ار۔اسث] (۱) دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ (۲) درہ کوہ (۳)

گھاڑ : [ا ر - صف ق] بہت ۔ شقیبت

گھاس : [ا ر - امث] گاہ - گیاہ (۲) چھوس - (۳) چارا (۴) ساگ پات - سبزی -

گھاس پات : [ا ر - امث] خس و خاشاک - سبزی -

گھاس پھوس : [ا ر - امث] کوڑا کرکٹ -

گھاس نہ ڈالنا : [ا ر - محاورہ] پروا نہ کرنا - بات نہ پوچھنا -

گھاس کاٹنا : [ا ر - محاورہ] گھاس کو تراشنا (۲) بے سوچے سمجھے جلد جلد پڑھنا کہ سمجھ میں نہ آسکے (۳) بے دلی سے کام کرنا - بے شعوری سے کام کرنا -

گھاس کھانا / کھا جانا : [ا ر - محاورہ] حیوانوں کا گھاس چرنا (۲) بے عقل ہو جانا - حماقت کی بات کرنا -

گھاس کھودنا : [ا ر - محاورہ] زمین سے اُگی ہوئی سبزیاں اکھاڑنا (۲) عقل و شعور کے خلاف کام کرنا - ذلیل کام کرنا -

گھاس والا : [ا ر - امذ] گھاس بیچنے والا - گھاس کاٹنے والا -

گھاگ : [ا ر - صف] پرانا - تجربہ کار آدمی

گھاگر / گھاگھر : [ھ - امث] بٹیر کی ایک قسم -

گھاگرا / گھاگھرا : [ا ر - امذ] لہنگا - پشواز (۲) ایک قسم کا کبوتر -

گھاگھرا پلٹن : [ا ر - امث] سکاٹ لینڈ کے پہاڑی گوروں کی پلٹن جو ایک قسم کا لہنگا پہنتی ہے -

گھاگھر اگھول : [ا ر - صف - ق] پریشان - بے قرار -

گھاگھس : [ا ر - امذ] ایک قسم کا دوغلا مرغا -

گھال : [ھ - امث] (۱) شرارت (۲) نقصان (۳) آفت مصیبت (۴) تباہی

گھال میل : [ا ر - صف] (۱) ملا جلا - گڈ مڈ (۲) میل ملاپ - ربط ضبط -

گھال میل رکھنا : [ا ر - محاورہ] میل ملاپ رکھنا - اتحاد رکھنا -

گھال میل کر دینا : [ا ر - محاورہ] ملا جلا دینا - گڈ مڈ کر دینا - خلط ملط کر دینا -

گھالا : [ا ر - امث - ق] آفت - صدمہ (۲) شرارت - نقصان -

گھالنا : [ا ر - مص] برباد کرنا - تباہ کرنا (۲) ڈالنا - پھینکنا -

گھام : [ا ر - امث] دھوپ - گرمی - تپش -

گھامڑ : [ا ر - صف] گرمی کی ماری ہوئی گائے (۲) بدحواس (۳) احمق (۴) سادہ لوح (۵) بدسلیقہ - پھوہڑ (۶) سست - کاہل -

گھان : [ا ر - امذ و مث] اناج یا سرسوں کی وہ مقدار جو کولہو میں یکبارگی ڈالی جائے (۲) پکوان کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں ڈالی جائے (۳) چنے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ بھونی جائے (۴) ایک دم ہاتھ آنے والی رقم

گھان اُتارنا : [ا ر - محاورہ] گھان تیار کرنا -

گھان اُترنا : [ا ر - محاورہ] دیکھیے "گھان اتارنا" جس کا یہ لازم ہے -

گھان پڑنا : [ا ر - محاورہ] دیکھیے "گھان ڈالنا" جس کا یہ لازم ہے -

گھان ڈالنا : [ا ر - محاورہ] ایک دفعہ کسی معین مقدار کا کڑاہی، چکی یا بھاڑ میں ڈالنا - (۲) کسی کام کو ہاتھ لگانا -

گھانٹ / گھانٹا : [ا ر - امث] گھنٹی -

گھانٹی : [ا ر - امث] گلا - حلق (۲) حلق کا کوا (۳) گانٹھ - کئی رنگ کے چیتھڑے جو محرم کے فقیر پاؤں میں باندھتے ہیں (۴) حلق -

گھانس : [ا ر - امث] دیکھیے "گھاس" جو فصیح ہے -

گھانی : [ا ر - امث] تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ کولہو میں پیلنے کے واسطے ڈالی جائے (۲) مٹی کا تغار (۳) گنے کا رس نکالنے کی مشین -

گھانی کرنا : [ا ر - محاورہ] کولہو چلانا - تیل نکالنا -

گھاؤ : [ا ر - امذ] گہرا زخم - جراحت (۲) نقصان - خسارہ -

گھاؤ آنا : [ا ر - محاورہ] زخمی ہونا -

گھاؤ بھرنا : [ا ر - محاورہ] زخم کا اچھا ہو کر برابر ہونا (۲) کنایۃً نقصان کی تلافی ہونا -

گھاؤ کرنا : [ا ر - محاورہ] زخم کرنا - زخم ڈالنا -

گھاؤ کھانا : [ا ر - محاورہ] زخمی ہونا -

گھاؤ گھپ : [ا ر - صف] فضول خرچ (۲) غبن کرنے والا -

گھاؤ میں نون مرچ لگانا : [ا ر - محاورہ] دکھ پر دکھ پہنچانا -

گھاتی : [ا ر - امث] دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ (۲) چھل - فریب - دھوکا - مغالطہ (۳) چولہے کی وہ جگہ جہاں روٹی سینکتے ہیں (۴) پٹے بازوں کی اصطلاح میں ایک معین ضرب جو باہم مشق میں استعمال کرتے ہیں -

گھاتی بتانا : [ا ر - محاورہ] فریب دینا - دھوکا دینا - ٹالنا (۲) حملہ بچانا -

گھاتیاں بتانا : [ا ر - محاورہ] فریب دینا - دھوکا دینا (۲) ٹالنا - حملہ بچانا -

گھائیں : [ہ - امث] طرف - جانب (۲) مددگار - ساتھی - ہمراہی - طرفدار (۳) بار - دفعہ -

گھائیں مائیں کر دینا : [ا ر - محاورہ] ادھر ادھر کر دینا - اڑا دینا - غائب کر دینا - ٹال دینا -

گھائل / گھایل : [ا ر - صف] زخمی - مجروح - (۲) عشق کا مارا - دل فگار (۳) سرخ ککڑا

گھایل کی گت گھائل جانے : [ا ر - مثل] مصیبت زدہ کی قدر مصیبت زدہ ہی جانتا ہے -

گھائل کرنا : [ا ر - محاورہ] زخمی کرنا -

گھائل ہونا : [ا ر - محاورہ] دیکھیے "گھایل کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

گھبرا جانا : [ا ر - محاورہ] بدحواس ہونا - بے قرار ہونا - پریشان ہونا -

گھبرا دینا : [ا ر - محاورہ] بدحواس کرنا - پریشان کرنا -

گھبرا کر / کے : [ا ر - متعلق فعل] مضطرب ہو کر - جلدی سے -

گھبرانا : [ا ر - مص] اوسان خطا ہونا - سٹ پٹا جانا - تلملانا - بے قرار ہونا - پریشان ہونا (۲) ڈر جانا (۳) اچاٹ ہونا - بے کیف ہونا -

گھبراہٹ : [ا ر - امث] بے قراری - اضطراب - بدحواسی - ہل چل جلدی - پریشانی -

گھبرائی ہوئی ڈومنی پھر پھر شہلے گائے : [ا ر - مثل] گھبراہٹ کے وقت عقل ٹھکانے نہیں رہتی -

گھمبیر : [ا ر - صف] گھنبیر

گھٹ : [ا ر - صف] نہایت تاریک - سخت اندھیرا -

گھپلا : [ا ر - امذ] حساب میں گڑبڑ (۲) جھگڑا (۳) شور و غل -

گھپلا پڑنا : [ا ر - محاورہ] گڑبڑ ہونا - حساب میں غلطی ہو جانا -
گھپلا ڈالنا : [ا ر - محاورہ] گڑبڑ کرنا - جھگڑا ڈالنا -
گھپنا : [ا ر - مص] گھونٹا جانا -
گھُپنا : [ا ر - مص] گھونپا جانا -
گھپونا : [ا ر - مص] دیکھئے "گھونپنا"
گھتر : [ا ر - امث - ق] صبح - فجر -
گھٹ : [ا ر - امذ] دل - من - جی (۲) کم - تھوڑا (۳) گھٹا - بادل - ابر (۴ - ق) ڈھیٹ - (۵) گھٹانا کا امر -
گھٹ بڑھ : [ا ر - امث] کمی - بیشی
گھٹ کا مال : [ا ر - امذ] ادنیٰ مال - کم قیمت مال -
گھُٹ : [ا ر - امذ - ق] گھونٹ -
گھٹا : [ا ر - امذ] ابر - بادل - کالی بدلی (۲) غبار - کدورت -
گھٹا اُٹھنا : [ا ر - محاورہ] بادلوں کا آسمان پر ظاہر ہونا - بدلی چھانا -
گھٹا اُمنڈنا : [ا ر - محاورہ] بادلوں کا گھر کر آنا - بادل گھرنا - ابر کا کثرت سے چھانا
گھٹا ٹوپ : [ا ر - امث] وہ اندھیرا جو بادلوں کی وجہ سے ہو (۲) پالکی - پینس یا گھوڑا گاڑی کا غلاف جو گرد و غبار اور بارش سے بچنے کے لئے لگاتے ہیں (۳) نہایت سیاہ -
گھٹا جھومتی آنا : [ا ر - محاورہ] گھٹا کا چاروں طرف سے گھرنا -
گھٹا جھومنا : [ا ر - محاورہ] بادل چھانا - بادلوں کا گھرنا -
گھٹا چھانا : [ا ر - محاورہ] ابر گھرنا - بادل کا آسمان پر مہیا ہونا -
گھٹا : [ا ر - امذ] نقب - سیندھ (۲) چھید - رخنہ (۳) شگاف - دراڑ (۴) وہ نشان جو سجدوں کی کثرت سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے - (۵) خاک - دھول - گرد و غبار -
گھٹا : [ا ر - صف - ق] سخت دل
گھٹانا : [ا ر - مص] کم کرنا (۲) نرخ گرانا (۳) درجہ توڑنا (۴) منہا کرنا - وضع کرنا (۵) دبلا کرنا -
گھٹاؤ : [ا ر - امذ] کمی - قلت - تخفیف (۲) دریا کا اتار
گھٹاؤ بڑھاؤ : [ا ر - امذ] کمی بیشی - ترقی تنزل
گھٹاؤ : [ا ر - امذ] گھٹن - حبس (۲) گھمس
گھٹا ہوا : [ا ر - صف] پسا ہوا - (۲) پختہ کار - تجربہ کار (۳) عیار - چالاک ہوشیار (۴) وہ سر جس کے بال اس طرح مونڈے گئے ہوں کہ سر کی چکنائی ظاہر ہو -
گھٹائی : [ا ر - امث] کسی چیز کو گھوٹ کر یکجان کر دینا (۲) گھوٹنے کی اُجرت (۳) بالوں کا ایسا مونڈا جانا کہ چکنا پن نمایاں ہو -
گھٹتی : [ا ر - امث] (۱) کمی - تخفیف (۲) زوال - تنزل - انحطاط -
گھٹتی کا پہرا : [ا ر - امذ] زوال کے دن - کمی کا زمانہ
گھٹس : [ا ر - امث] تنگ و تاریک جگہ میں دم کا گھٹ جانا -
گھُٹک : [ا ر - امذ] دلال (۲) ثالث (۳) درمیان میں پڑ کر شادی کرانے والا شخص
گھٹکنا : [ا ر - مص] ضبن کرنا (۲) نگلنا -

گھٹ گھٹ چلنا : [ا ر - محاورہ] کسی رقیق چیز کا آہستہ آہستہ چلنا -
گھُٹ گھُٹ کر / کے : [ا ر - متعلق - فعل] رک رک کر - سانس رک رک کر
گھُٹ گھُٹ کر / کے مرنا / جان دینا : [ا ر - محاورہ] تنگی اور تکلیف برداشت کر کے جان دینا - بے کسی اور کس مپرسی کی حالت میں مرنا -
گھُٹن : [ا ر - امث] ہوا بند ہونے سے ایسی گرمی کہ دم گھٹ جائے -
گھٹنا : [ا ر - مص] کم ہونا - تھوڑا ہونا (۲) اُترنا (۳) تنزل ہونا (۴) دبلا ہونا (۵) نرخ کم ہونا - بھاؤ گرنا -
گھٹنا بڑھنا : [ا ر - محاورہ] کمی زیادتی ہونا -
گھُٹنا : [ا ر - مص] پسنا - حل ہونا - کھرل ہونا (۲) یک جان ہونا (۳) پالش ہونا - ریگ مال ہونا (۴) سر منڈنا - صفایا ہونا (۵) دم گھٹنا سانس رکنا (۶) بھرنا - پُر ہونا (۷) سمانا (۸) موافقت کرنا - (۹) دوستی ہونا -
گھُٹنا : [ا ر - امذ] زانو - پنڈلی - گوڈا - ران کے بیچ کا جوڑ - ران اور پنڈلی کے درمیان کا جوڑ -
گھُٹنا : [ا ر - امذ] گھٹنوں تک پاجامہ جو جانگیے سے بڑا ہوتا ہے (۲) پاجامے کے نیچے پہننے کی پوشش -
گھٹنت : [ا ر - امث] کمی - تخفیف
گھٹنوں کے بل چلنا : [ا ر - محاورہ] زانو کے بل چلنا یا رینگنا - آہستہ آہستہ چلنا -
گھٹنوں گھٹنوں : [ا ر - متعلق - فعل] گھٹنوں تک -
گھٹنوں میں سر دے کے / کر بیٹھنا : [ا ر - محاورہ] غم یا فکر کے مارے سر جھکا کر بیٹھنا سوچ میں بیٹھنا (۲) مایوس ہو کر بیٹھنا -
گھٹنوں میں سر دے لینا : [ا ر - محاورہ] شرما جانا - شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا -
گھٹنے پیٹ کو جاتے ہیں : [ا ر - مثل] ہر شخص اپنوں کی پاسداری کرتا ہے -
گھٹنے ٹیک دینا : [ا ر - محاورہ] گھٹنے زمین پر رکھ دینا (۲) شکست تسلیم کرنا -
گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہنا : [ا ر - محاورہ] پاس سے جدا نہ ہونے دینا - جان کے ساتھ لگا کر رکھنا -
گھٹنے نیویں / ٹیڑیں گے تو پیٹ کی طرف } : [ا ر - مثل] "گھٹنے پیٹ کو جاتے ہیں" ملاحظہ ہو -
گھٹنے پیٹ ہی کو نہرتے ہیں }
گھٹنیوں چلنا : [ا ر - محاورہ] گھٹنوں کے بل چلنا - آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا -
گھٹوار : [ا ر - امذ] ملاح - کشتی بان
گھٹوانا : [ا ر - مص] حل کرانا - کھرل کرانا (۲) سر یا ڈاڑھی منڈوانا -
گھٹور : [ا ر - صف] دغا باز - بے مروت - سنگدل (۲) سستی سے کام کرنے والی نوکرانی - کام چور
گھٹی : [ا ر - امث] کمی -
گھٹی کرنا : [ا ر - محاورہ] موقع پہ کمی کرنا - دغا دینا -
گھُٹی : [ا ر - امث] وہ دوا جو نوزائیدہ بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لئے جوش دے کر پلائی جاتی ہے (۲) عادت - طبیعت - خصلت

گھٹی میں پڑنا: [ار۔ محاورہ] عادی ہونا۔ فطرت میں داخل ہونا۔
گھٹی میں پلانا: [ار۔ محاورہ] گھٹی کی جگہ پلانا بچپن سے کسی بات کا عادی کرنا۔
گھٹی میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھٹی میں پڑنا" جس کا یہ متعدی ہے
گھٹی میں ہونا: [ار۔ محاورہ] بچپن سے کسی چیز کا عادی ہونا۔ کوئی بات فطرت میں شامل ہونا۔
گھٹیل/گھٹیل: [ار۔ صف] کم قیمت۔ معمولی۔ ارزاں (۲) ادنیٰ۔ کمینہ
گھچا گھچ: [ار۔ امث] گوشت کے اندر ہتھیار کی متواتر گھسنے یا نکلنے کی آواز۔ غچا غچ۔
گھچ پچ: [ھ۔ امث] کثرت۔ بھیڑ۔ جمگھٹ (۲) بہت گنجان اور پاس پاس لکھا ہوا۔
گھچ پچ بولنا/بکنا: [ار۔ محاورہ] جلدی جلدی بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے۔
گھر: [ار۔ امذ] (۱) مکان (۲) خانہ (۳) رہنے کی جگہ (۴) سیارے کے ٹھہرنے کا مقام (۵) ٹھکانا (۶) جول۔ غلاف (۷) بھٹ۔ کھوہ بل (۸) گھونسلا۔ آشیانہ (۹) وطن۔ دیس۔ جائے پیدائش (۱۰) خاندان۔ گھرانا (۱۱) بیوی۔
گھر آباد کرنا: [ار۔ محاورہ] گھر میں بسنا۔ بیوی لانا۔ شادی کرنا۔
گھر آپڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے گھر میں جا کر ٹھہرنا۔
گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے: [ار۔ مثل] اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے۔ ہر ایک کی خاطر تواضع کی جاتی ہے۔
گھر آئے کی لاج/شرم: [ار۔ امث] گھر پر آنے کا لحاظ اور پاسداری۔
گھر آئے ناگ نہ پوجے، بانبی پوجن جائے: [ار۔ مثل] گھر آئی دولت کو چھوڑ کر دوسری جگہ تلاش کو جانے کی حماقت پر کہتے ہیں۔
گھر اجڑنا: [ار۔ محاورہ] گھر برباد ہونا۔ خانہ ویرانی ہونا (۲) گھر لٹنا (۳) میاں بیوی میں نا اتفاقی ہونا (۴) خاوند یا جورو کا مرجانا۔ رانڈ ہونا۔
گھر اُف ہو جانا: [ار۔ محاورہ] خانہ خراب ہو جانا۔ گھر کا بالکل تباہ ہو جانا۔ گھر میں کچھ نہ رہنا۔
گھر اکھڑوا کے پھنکوانا: [ار۔ محاورہ] گھر منہدم کروانا۔
گھر بار: [ار۔ امذ] گھر اور اس کے متعلقہ عمارت (۲) خانہ داری کا سامان (۳) بال بچے (۴) خاندان کنبہ (۵) شوہر۔
گھر بار بسا لینا: [ار۔ محاورہ] شادی کرنا۔
گھر بار بسنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر بار بسانا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھر بار تمہارا کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا: [ار۔ مثل] ایسے موقع پر بولتے ہیں۔ جب جھوٹی باتوں سے دل پرچانا اور مطلوبہ شے نہ دینا
گھر بار چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] مکان اور گرہستی کے سب تعلقات ترک کرنا۔ دیس چھوڑنا۔
گھر بار خالصے لگ جانا: [ار۔ محاورہ] گھر ضبط ہونا۔ گھر تباہ ہونا۔
گھر بار کا دھندا: [ار۔ امذ] خانہ داری کا کام۔
گھر بار کا/کی ہونا: [ار۔ محاورہ] شادی ہونا۔ عیال دار ہونا۔
گھر بار لٹانا: [ار۔ محاورہ] گھر تباہ کر دینا۔
گھر بار ہونا: [ار۔ محاورہ] اہل و عیال ہونا۔

گھر بارُو: [ار۔ امذ] (۱) وہ شخص جو عیال دار ہو (۲) معتمد۔ قابل اعتبار۔
گھر باری: [ار۔ صف] (۱) عیالدار رکھنے والا۔ (۲) دنیادار
گھر برباد کرنا: [ار۔ محاورہ] گھر کی دولت کو فضول خرچ کر دینا
گھر برباد ہونا: [ار۔ محاورہ] گھر تباہ ہونا۔ خانہ خراب ہونا (۲) شوہر یا بیوی کا مرجانا۔ کسی پیر پرست اور بزرگ کا مرجانا [illegible]۔
گھر بسا: [ار۔ صف] وہ شخص جو ہر وقت گھر میں بیٹھا رہے (۲) سست۔ کاہل
گھر بسانا: [ار۔ محاورہ] گھر آباد کرنا۔ شادی کرنا
گھر بسنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر بسانا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھر بسی: [ار۔ صف] زوجہ۔ بیوی۔ جورو۔
گھر بگاڑنا: [ار۔ محاورہ] گھر تباہ کرنا (۲) میاں بیوی میں نا اتفاقی کرانا۔ (۳) اغوا کرنا۔
گھر بگڑنا: [ار۔ محاورہ] میاں بیوی میں نا اتفاقی ہونا (۲) بیوی کا مرجانا۔
گھر بنا لینا: [ار۔ محاورہ] مکان تعمیر کر لینا (۲) رسائی حاصل کرنا۔
گھر بنانا: [ار۔ محاورہ] مکان بنانا۔ مکان کی تعمیر کرنا (۲) پاؤں جمانا۔ اطمینان سے بیٹھنا (۳) گھر بھرنا (۴) گھر سنوارنا (۵) گھر کا انتظام کرنا (۶) شادی کرنا گھر آباد کرنا (۷) کسی کی دولت اڑا کر اپنا گھر بنانا۔ غبن کرنا (۸) خانہ داری کا اچھا انتظام کرنا (۹) پرندوں کا گھونسلا بنانا۔
گھر بند کرنا: [ار۔ محاورہ] شطرنج کی چال میں بادشاہ یا کسی اور مہرے کو کسی خانے میں جانے سے روکنا۔ چوسر کی بازی میں گوٹ کا گھر بند کرنا۔
گھر بند ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھر بندی: [ار۔ امث] وہ لونڈی جو خانہ زاد ہو۔
گھر بول اٹھنا: [ار۔ محاورہ] رونق آجانا (۲) گھر کے آثار سے ظاہر ہونا۔
گھر بولنا: [ار۔ محاورہ] بلبل کا چہکنا۔ خوش الحان پرند کا چہچہانا۔
گھر بہ گھر: [ار۔ متعلق۔ فعل] دیکھئے "دربدر" جو صحیح ہے۔
گھر بھائیں بھائیں کرنا: [ار۔ محاورہ] گھر سے ڈر لگنا۔ گھر سنسان نظر آنا۔
گھر بھر: [ار۔ متعلق۔ فعل] گھر کے سب لوگ۔
گھر بھر کر باہر بھرے: [ار۔ کلمہ۔ دعا] قدرت اس قدر دولت دے کہ گھر میں رکھنے کی جگہ باقی نہ رہے۔
گھر بھرنا: [ار۔ محاورہ] مکان کو اسباب یا غلّے سے پُر کرنا (۲) دولت گھسیٹنا کماتا پورا کرنا (۳) لوگوں کو مکان میں جمع کرنا۔
گھر بھول جانا: [ار۔ محاورہ] بالکل بھول جانا۔ کہیں جانے کا راستہ یاد نہ رہنا۔
گھر بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] تنہائی اختیار کرنا (۲) بیکار ہونا (۳) کام کاج چھوڑنا ملازمت سے دست بردار ہونا (۴) مکان کا گر جانا۔
گھر بیٹھے: [ار۔ متعلق۔ فعل] خانہ نشینی کی حالت میں۔ گھر میں (۲) کہیں جانے کے بغیر۔ اپنے ہی مکان پر۔ (۳) بلا تردد۔ بے سعی۔ بلا کوشش۔ بے فکر۔
گھر بیٹھے آدھا بھلا: [ار۔ مثل] دیکھئے "گھر کی آدھی" الخ

گھر بیٹھے بیر دوڑانا : [ا ر۔ محاورہ] جادو کے زور سے کسی کو اپنے گھر بلانا۔ گھر میں بیٹھ کر تسخیر کا عمل کرنا (۲) زبردستی کسی کو بلانا۔

گھر بیٹھے پانا : [ار۔ محاورہ] بغیر محنت و مشقت پانا۔

گھر بیٹھی روٹی : [ار۔ امث] (۱) وظیفہ۔ پنشن۔ وہ رزق جو گھر بیٹھے مفت ملے۔

گھر بیٹھے کی تنخواہ یا نوکری : [ار۔ امث] وہ تنخواہ جو بغیر خدمت کے ملے۔

گھر بیٹھے مول لینا : [ار۔ محاورہ] گھر کے دروازے پر سودا خریدنا (۲) مفت کی ذمہ داری لینا۔ خواہ مخواہ سر لینا۔

گھر بے چراغ ہونا : [ار۔ محاورہ] گھر کا ویران ہونا (۲) والی وارث مر جانا۔ بیٹے کا مر جانا۔

گھر پتی : [ار۔ امث] ایک قسم کا محصول جو گھروں پر لگتا تھا۔ ہاؤس ٹیکس۔

گھر پر/ پہ آنا : [ار۔ محاورہ] کسی کا اپنے گھر ملاقات کے لئے تشریف لانا۔

گھر پر جانا : [ار۔ محاورہ] کسی کے گھر ملاقات کے لئے جانا۔

گھر پر گنگا آئی : [ار۔ مثل] مقصد بے مشقت حاصل ہو گیا۔

گھر پڑا رہنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گھر سے باہر جانا (۲) کسی کے گھر ہر وقت رہنا۔

گھر پڑتی : [ار۔ متعلق فعل] فی گھر۔ فی مکان۔

گھر پڑنا : [ار۔ محاورہ] عورت کا عقد شادی/ نکاح کرنا (۲) خرچ ہونا۔ سارا خرچہ ڈال کر قیمت ٹھہرانا (۳) گھر میں آنا۔ یا۔ داخل ہونا۔

گھر پکڑنا : [ار۔ محاورہ] کسی جگہ ٹھہر جانا۔ جمنا۔ قیام کرنا۔ جگہ پڑنا۔

گھر پورا کرنا : [ار۔ محاورہ] گھر کی ضرورتیں رفع کرنا (۲) اپنا نقصان پورا کرنا۔

گھر پھاندنا : [ار۔ محاورہ] بدکاری کے لئے کسی کے گھر جانا۔

گھر پھٹنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مکان میں دراڑ آنا۔ دراڑ پڑنا ناگوار ہونا۔ برا لگنا۔ (۳) دوبھر ہونا۔ بھاری ہونا (۴) گانڈ پھٹنا۔ قفرہ چرنا (۵) بچہ پیدا ہونا (۶) مصیبت پڑنا (۷) اَن بن ہونا۔ نفاق ہونا۔

گھر پھوڑنا : [ار۔ محاورہ] نقب یا سیندھ لگانا۔

گھر پھونک تماشا دیکھنا : [ار۔ محاورہ] روپیہ برباد کر کے آتشبازی چھوڑنا (۲) عیش و عشرت میں دولت ضائع کرنا۔ فضول خرچی کر کے گلچھرے اڑانا۔ (۳) اپنا نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا۔

گھر پھونک کر پڑا/ جھجڑ مارنا : [ار۔ محاورہ] بے حد بے احتیاطی کرنا۔

گھر پیچھے : [ار۔ متعلق] فی مکان۔ فی گھر۔

گھر تاکنا : [ار۔ محاورہ] گھر ڈھونڈنا (۲) سیندھ لگانے کے لئے کوئی گھر تلاش کرنا۔

گھر تباہ کرنا : [ار۔ محاورہ] گھر اجاڑنا۔ گھر برباد کرنا۔

گھر تباہ ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھے "گھر تباہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھر تجنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گھر کو چھوڑ دینا (۲) تارک الدنیا ہو جانا (۳) گھر تباہ یا برباد کر دینا۔

گھر تک پہنچا دینا/ پہنچانا : [ار۔ محاورہ] کسی کو گھر تک جا کر چھوڑ آنا۔ (۲) انجام تک پہنچانا۔ اخیر تک پہنچانا (۳) قائل کرنا۔ کوئی حجت باقی نہ رکھنا۔

گھر تک پہنچنا : [ار۔ محاورہ] کسی کے مکان تک جانا (۲) ماں بہن کی گالی دینا۔

گھر تنگ بہو جبر جنگ : [ار۔ مثل] اپنی بساط سے بڑھ کر کام کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

گھر تنگ روزی فراخ : [ار۔ مثل] روزی فراخ چاہیے گھر کی تنگی برداشت ہو سکتی ہے۔

گھر جانا رہنا : [ار۔ محاورہ] خاوند سے تعلق منقطع ہو جانا۔ طلاق مل جانا (۲) خاوند کا مر جانا۔ گھر اجڑ جانا۔

گھر جانا : [ار۔ محاورہ] اپنے مکان کو جانا (۲) گھر تباہ و برباد ہونا۔ گھر اجڑنا (۳) گھر بگڑنا۔ میاں بیوی کا قطع تعلق ہونا۔ (۴) دوستی یا تعلق نہ رہنا۔ محبت چھوٹنا۔

گھر جائی من مانی : [ار۔ مثل] اپنی خواہش کے مطابق ہر کام کرنا۔

گھر جانے کا راستہ نہ ملنا : [ار۔ محاورہ] گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔

گھر جگت : [ار۔ امث] خانگی کفایت شعاری۔ خانہ داری۔ صرفہ۔

گھر جل گیا تب چوڑیاں پہنچیں : [ار۔ مثل] سخت بیشی غرور کے متعلق کہتے ہیں۔

گھر جلے تو جلے پر چال نہ بگڑے : [ار۔ مثل] نقصان ہو تو ہو مگر وضع میں فرق نہ آئے۔

گھر جلنا : [ار۔ محاورہ] گھر میں آگ لگنا۔

گھر جلے کسی کا تاپے کوئی : [ار۔ مثل] نقصان کسی کا ہو فائدہ اور ہی کوئی اٹھائے۔

گھر جلے گنڈ تاپے : [ار۔ مثل] دیکھئے گھر جلے کسی کا تاپے کوئی۔

گھر جلے گھور/ دھواں تبادے : [ار۔ مثل] بے پروا آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو نقصان ہو بھی رہا ہو تو اس کی پروا نہیں کرتا۔

گھر جمنا : [ار۔ محاورہ] گھر کا ساز و سامان سے درست ہونا۔

گھر جنوائی : [ار۔ امذ] (۱) گھر میں رکھا ہوا داماد (۲) مث۔ داماد کو اپنے گھر رکھنا۔

گھر جنوائی رکھنا : [ار۔ محاورہ] داماد کو اپنے مکان پر رکھنا۔ بیٹی کو بیاہ کر داماد سمیت اپنے ہی گھر رکھنا۔

گھر جوت : [ار۔ امث] اپنی کھیتی۔ گھر کی کھیتی۔ ذاتی زراعت۔ خود کاشت۔

گھر جھانکنا : [ار۔ محاورہ] گھر میں قدم رکھنا۔ گھر میں تھوڑی دیر کے لئے آنا۔

گھر جھنکنی : [ار۔ امث] وہ عورت جو اپنے گھر آرام سے نہ بیٹھے بلکہ دوسرے گھروں میں ماری ماری پھرتی رہے۔

گھر چڑھ کر لڑنے کو آنا : [ار۔ محاورہ] کسی کے مکان پر آ کر لڑنا۔

گھر چلانا : [ار۔ محاورہ] گھر کا خرچ اٹھانا۔ گھر سنبھالنا۔

گھر چلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھے "گھر چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھر چھٹنا : [ار۔ محاورہ] گھر میں آمد و رفت نہ رہنا۔ تعلق نہ رہنا۔

گھر چھوٹا سمدھیانہ بڑا : [ار۔ مثل] حیثیت کم شہرہ زیادہ۔

گھر چھوڑ حظیرہ قائم : [ار۔ مثل] مکان چھوڑ کر جھونپڑا اختیار کرنا۔ نفع چھوڑ کر نقصان کی طرف دوڑنا۔

گھر چھوڑ دینا/ چھوڑنا : [ار۔ مثل] (۱) مکان میں سکونت نہ رکھنا۔ بود و باش چھوڑ دینا۔ گھر میں آمد و رفت نہ رکھنا (۲) کرایہ دار کا مکان خالی کر دینا۔

گھر چھوڑ کر نکل جانا : [ار۔ محاورہ] مکان سے نکل جانا اور کسی اور طرف چلے جانا۔

گھر چین تو باہر چین : [ار۔ مثل] گھر میں آرام ملے اور دل خوش ہو تو ہر چیز بھلی معلوم ہوتی ہے۔

گھر خاک سیاہ کر دینا/کرنا : [ار۔ محاورہ] گھر تباہ و برباد کر دینا۔

گھر خاک سیاہ ہو جانا/ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر خاک سیاہ کر دینا/کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھر خاک میں ملانا : [ار۔ محاورہ] گھر تباہ کرنا۔

گھر خالی کرنا : [ار۔ محاورہ] گھر میں سے مال و اسباب نکال دینا (۲) کرایہ دار کا مکان چھوڑ دینا۔

گھر خالی ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر خالی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھر خراب کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر خراب ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گھر خراب ہونا : [ار۔ محاورہ] گھر یا خاندان برباد/تباہ ہونا۔

گھر دار : [ار۔ صف] گھر والا۔ دنیا دار۔ بال بچے والا (ترکیب غلط ہے)

گھر داری : [ار۔ امث] دیکھئے "گھر دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (ترکیب غلط ہے)

گھر داماد : [ار۔ امذ] دیکھئے "گھر جنوائی"

گھر داماد لینا : [ار۔ محاورہ] بیٹی کو اس شرط پر بیاہنا کہ داماد سسر کے گھر رہے گا۔ ایسا عموماً وہاں ہوتا ہے کہ سسر کے اولاد نرینہ نہ ہو۔

گھر دَر : [ار۔ امذ] شوہر۔ شوہر کا گھر۔

گھر دوار : [ار۔ امذ] گھر بار۔

گھر دواری : [ار۔ امث] ایک محصول جو فی گھر یا چولھے پیچھے لیا جاتا ہے۔

گھر دور بھر و تا بھاری : [ار۔ مثل] گھر فاصلے پر اور بوجھ زیادہ ہو تو مصیبت ہو جاتا ہے۔

گھر دکھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کو مکان پر لے جا کر راستہ دکھانا تاکہ دوسری دفعہ آتا ہوا راستہ نہ بھول لے (۲) کرایہ دار کو مکان کا ملاحظہ کرانا (۳) کسی کو مکان پر جانے کے لئے مجبور کرنا۔

گھر دیکھ پانا/لینا/رکھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کے گھر بار بار جانا (۲) مکان دیکھ لینا۔ گھر سے واقف ہو جانا (۳) مانوس ہو جانا۔ ہل جانا (۴) کسی کے مکان پر اس غرض سے جانا کہ راستہ معلوم ہو جائے (۵) کرایہ دار کا مکان ملاحظہ کرنا۔

گھر ڈبونا : [ار۔ محاورہ] گھر برباد یا تباہ کرنا۔ خاندان یا کنبہ کو داغ لگانا/بدنام کرنا۔

گھر ڈوبنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر ڈبونا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھر ڈھانا : [ار۔ محاورہ] مکان گرانا۔ منہدم کرنا۔

گھر سبیل : [ار۔ امث] روپیہ جو سرکار کی طرف سے زمینداروں کو گھر بنانے کے لئے دیا جائے۔ تقاوی مکانات۔

گھر سجانا : [ار۔ مص مرکب] مکان کا فرش فروش آراستہ کرنا۔

گھر سجنا : [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "گھر سجانا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھر سر پہ اُٹھا لینا/اُٹھانا : [ار۔ محاورہ] بہت شور و غل مچانا۔ شور برپا کرنا۔

گھر سکھ تو باہر چین : [ار۔ مثل] گھر میں راحت ہے تو باہر بھی آرام ملتا ہے۔

گھر سنبھالنا : [ار۔ محاورہ] گھر کا انتظام ٹھیک طور پر کرنا۔

گھر سونا ہو جانا/ہونا : [ار۔ محاورہ] جس کی رونق تھی اس کا گھر سے چلا جانا۔ آدمیوں کا گھر سے چلا جانا۔

گھر سے : [ار۔ متعلق۔ فعل] (۱) مکان سے (۲) گرہ سے۔ اپنے پاس سے۔ (۳) اندرون خانہ سے۔ بیوی کی طرف سے (۴) وطن سے (۵) سرکار سے (ان معنوں میں بڑھنے کے ساتھ آتا ہے)

گھر سے آنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مکان سے آنا (۲) وطن سے آنا۔

گھر سے آئے ہیں سندیسا لائے ہیں : [ار۔ مثل] جس پر کچھ بیتی ہو اس سے زیادہ سرگزشت کوئی سنانا چاہے تو کہتے ہیں۔ یعنی میں زیادہ واقف ہوں۔

گھر سے اُٹھنا : [ار۔ محاورہ] گھر سے نکلنا۔

گھر سے باہر آنا : [ار۔ مص مرکب] گھر سے نکلنا۔ برآمد ہونا۔

گھر سے باہر پاؤں/قدم نکلنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گھر سے باہر جانا (۲) حد سے بڑھ جانا۔ بساط سے بڑھ کر چلنا۔

گھر سے باہر پاؤں/قدم نکالنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر سے باہر پاؤں/قدم نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گھر سے باہر کرنا : [ار۔ محاورہ] گھر سے نکالنا۔ گھر میں نہ رکھنا/رہنے دینا۔

گھر سے باہر نکالنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر سے باہر نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گھر سے باہر نکلنا : [ار۔ محاورہ] گھر سے نکلنا/برآمد ہونا۔

گھر سے باہر نہ جانا : [ار۔ محاورہ] گھر میں بیٹھے رہنا۔

گھر سے باہر نہ نکلنا : [ار۔ محاورہ] وطن نہ چھوڑنا۔ پردیس نہ جانا۔

گھر سے بن جانا/بننا : [ار۔ محاورہ] کسی امیر آدمی کی امداد سے مالدار ہو جانا۔

گھر سے بے گھر کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر سے بے گھر ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

گھر سے بے گھر ہونا : [ار۔ محاورہ] گھر سے باہر نکالا جانا۔ خانہ برباد ہونا۔ خانماں خراب ہونا۔ تباہ و برباد ہونا۔

گھر سے پاؤں نکالنا : [ار۔ محاورہ] اپنے پاس سے دینا۔ گرہ سے دینا/عطا کرنا۔ نقصان اُٹھانا۔ ٹوٹا بھرنا۔ تاوان دینا۔ ڈنڈ دینا۔

گھر سے کھویا تو آنکھیں کھلیں : [ار۔ مثل] نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل ہوتا ہے۔

گھر سے کھونا : [ار۔ محاورہ] (۱) گھر سے خرچ کرنا۔ ضائع کرنا (۲) نقصان اُٹھانا۔

گھر سے کھوئیں تو آنکھیں ہوئیں : [ار۔ مثل] دیکھئے "گھر سے کھویا تو آنکھیں کھلیں"

گھر سے لڑ کر تو نہیں چلے : [ار۔ بول۔ چال] کوئی خواہ مخواہ لڑنے کو تیار ہو تو کہتے ہیں۔

گھر سے مرتے دم نکلنا : [ار۔ محاورہ] ساری عمر گھر میں رہنا۔

گھر سے نکالنا : [ار۔ محاورہ] گھر میں نہ رہنے دینا۔

گھر سے نکلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر سے باہر چلے جانا"

گھر سے نکلوانا : [ار۔ محاورہ] کسی کو کہہ کر کسی اور کو اس کے گھر آنے جانے سے رکوا دینا (۲) اپنے گھر سے ملازم کے ذریعے کسی کو زبردستی باہر کرا دینا (۳) کسی کو کہہ کر کرایہ دار کو مکان میں نہ رہنے دینا۔

گھر سینا : [ار۔ محاورہ] (۱) ہر وقت گھر میں پڑا رہنا (۲) نکما بیٹھا رہنا۔ بیکار پڑا رہنا (۳) سست ہو جانا۔ کاہل ہو جانا۔

گھر صاف کر دینا/کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گھر کے باشندوں میں سے کسی کو زندہ نہ رہنے دینا/رکھنا۔ (۲) جھاڑو سے گھر کی صفائی کر دینا۔

گھر صاف ہو جانا/ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر صاف کر دینا/کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھر عید تو باہر بھی عید : [ار۔ مثل] دیکھئے "گھر چین تو الخ"

گھر کا : [ار - صفت] (۱) خانگی - گھر کے متعلق (۲) اپنا ذاتی - نج کا - (۳) پالتو - گھر میں پلا ہوا (۴) زرخرید (۵) اپنا - آپس کا - (۶) کنبے کا - قبیلے کا - رشتے کا -

گھر کا آدمی : [ار - اند] (۱) رشتہ دار - کنبہ کا آدمی (۲) نج کا ملازم ملازم خاص (۳) خاوند - شوہر (۴) بیوی - جورو (۵) بندہ - مملوک (۶) صف / - جان پہچان - واقف -

گھر کا آنگن ہو جانا / ہونا : [ار - محاورہ] گھر تباہ ہو جانا - خانہ ویرانی ہو جانا (۲) مذاقاً - عورت کے بچہ ہو جانا - بچے دار ہو جانا -

گھر کا آٹا کون گیلا کرے : [ار - مثل] اپنی گرہ سے کون خرچ کرے -

گھر کا اور دل کا بھید ہر ایک کے سامنے نہ کہے : [ار - مقولہ] اپنے دل / راز کی بات ہر ایک سے ظاہر نہیں کرنی چاہیے -

گھر کا اُجالا : [ار - اند] بیٹا - لڑکا - نورچشم (۲) صفت - نہایت عزیز جس سے گھر کی رونق ہو -

گھر کا باہمن : [ار - اند] خاندان کا پروہت -

گھر کا باوا آدم نرالا ہے : [ار - مثل] اس گھر کی ہر بات انوکھی ہے -

گھر کا بوجھ اُٹھانا / سنبھالنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گھر کا بوجھ اٹھنا / سنبھلنا" جس کا یہ متعدی ہے -

گھر کا بوجھ اُٹھنا / سنبھلنا : [ار - محاورہ] گھر کا انتظام ہونا - امور خانہ داری کا سرانجام ہونا - گھر کا خرچ اپنے ذمہ لینا - اخراجات خانہ کا کفیل ہونا -

گھر کا بوجھ پڑنا : [ار - محاورہ] امور خانہ داری میں گرفتار ہونا - گھر کے کام کاج میں مشغول ہونا - امور خانگی میں مبتلا ہونا -

گھر کا بہادر : [ار - اند] وہ شخص جو گھر میں شیر ہو -

گھر کا بھرا پُرا : [ار - صفت] خاندانی امیر -

گھر کا بھولا : [ار - صفت] نادان - گھر میں سب سے زیادہ بیوقوف - سیدھا سادہ

گھر کا بھیدی : [ار - اند] وہ شخص جو گھر کے حالات سے واقف ہو - ہمدم محرم - ہمراز - رازدان -

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے : [ار - مثل] رازدار کی دشمنی سخت خطرناک ہوتی ہے

گھر کا جوگی جوگنا ، آن گاؤں کا سدھ : [ار - مثل] اپنے وطن میں قدر نہیں ہوتی -

گھر کاٹ کھانے کو دوڑنا : [ار - محاورہ] گھر میں جی گھبرانا - گھر ویرانہ یا بھیانک معلوم ہونا کسی عزیز کے مرجانے یا چلے جانے پر - یا - غیر آباد اور ویران مکان کے متعلق کہتے ہیں -

گھر کاٹے کھانا : [ار - محاورہ] مکان میں جی نہ لگنا -

گھر کا چراغ : [ار - صفت] خاندان کا نام روشن کرنے والا - کنایۃً بیٹا -

گھر کا حساب : [ار - اند] نج کا حساب کتاب - خانگی لین دین (۲) اپنی مرضی کا حساب یا لیکھا -

گھر کا خرچ : [ار - اند] خانگی اخراجات -

گھر کا دھندا : [ار - اند] گھر کا کام کاج - امور خانہ داری - خانگی کاروبار

گھر کا راستہ / رستہ : [ار - اند] وہ رستہ جو کسی کے گھر کو جائے - راہ خانہ - وہ زمین جو اپنی طرف سے آمدورفت کے لئے چھوڑی گئی ہو - ذاتی سڑک یا راستہ (۲) کار سہل آسان کام -

گھر کا راستہ سمجھنا : [ار - محاورہ] آسان کام سمجھنا -

گھر کا راستہ بتانا : [ار - محاورہ] ٹالنا - بے نیل مرام رخصت کرنا -

گھر کا راستہ / رستہ بھول جانا : [ار - محاورہ] بدحواسی سے گھر کا راستہ یاد نہ رہنا - کہیں ایسا جی لگا کہ گھر جانے کا خیال بھی نہ آئے -

گھر کا راستہ لو : [ار - محاورہ] دُور ہو - چلتے پھرتے نظر آؤ - دفع ہو - چلو ہٹو - سدھارو -

گھر کا راستہ لینا : [ار - محاورہ] چلا جانا - گھر کو واپس جانا - بے نیل مرام گھر کو واپس آنا -

گھر کا کام / کاج : [ار - اند] گھر کا دھندا -

گھر کا گھر : [ار - اند] سارا کنبہ - گھر کے تمام لوگ (۲) سارا گھر - گھر بھر (۳) اثاث البیت - گھر کا سامان -

گھر کا گھروا کر دینا : [ار - محاورہ] دیکھئے "گھر کا گھروا ہو جانا" جس کا یہ متعدی ہے

گھر کا گھروا ہو جانا : [ار - محاورہ] (۱) لغوی معنی بڑے گھر کا چھوٹا گھر ہو جانا (۲) برباد ہو جانا - تباہ ہو جانا (۳) غبن یا خیانت سے گھر تباہ ہو جانا -

گھر کا مال : [ار - اند] (۱) گھر کی دولت - مال و متاع (۲) اثاث البیت - اسباب خانہ (۳) ملکیت - ملک - مقبوضہ (۴) ذاتی روپیہ - ذاتی دولت

گھر کا مالک : [ار - اند] (۱) خاوند - شوہر (۲) مالک مکان - گھر والا -

گھر کا مرد : [ار - اند] (۱) دیکھئے گھر کا مالک (۲) خاندان یا قبیلے کا آدمی (۳) وہ شخص جو گھر میں شیر ہو - گھر کا بہادر -

گھر کا نام اچھالنا / ڈبونا : [ار - محاورہ] (۱) خاندان کی عزت ڈبونا - خاندان کو بدنام کرنا / بٹا لگانا - کنبہ کو بدنام کرنا -

گھر کا نائی : [ار - اند] خاندانی نائی - قدیمی حجام -

گھر کا نہ گھاٹ کا : [ار - صفت] کہیں کا نہیں -

گھر کا ہوا نہ در کا : [ار - صفت] کہیں کا نہ رہا - نکما ہو گیا -

گھر کتی کا : [ار - صفت] گھر کا کتا ہوا - گھر کے کتے ہوئے - سُوت کا - مفت کا بن داموں -

گھر کرنا : [ار - محاورہ] جگہ نکالنا - جگہ پیدا کرنا - (۲) سمائی کرنا - گنجائش کرنا - (۳) رہ پڑنا - قیام کرنا - (۴) اثر کرنا - سرایت کرنا (۵) گھبنا - بیٹھنا - چبھنا - (۶) گھر بنانا - مسکن بنانا (۷) گھونسلا - بل / بھٹ بنانا (۸) چھید کرنا - سوراخ کرنا (۹) خاوند کے گھر میں بکنا - گھر آباد کرنا - (۱۰) گھر بسا کر رہنا - (۱۱) امور خانہ داری کو انجام دینا - کفایت شعاری سے گھر کا انتظام کرنا - (۱۲) بیاہ کرنا - نکاح کرنا - باہم عقد کرنا (۱۳) عورت کو گھر میں ڈالنا - (۱۴) چراغ بجھا دینا -

گھر کر گھر کر ستر بلا سر دھر : [ار - مثل] دنیاداری میں سیکڑوں مصیبتیں ہوتی ہیں -

گھر کھا لینا : [ار - محاورہ] کسی کو لوٹنا - تباہ و برباد کر دینا - کسی کا مال کھا جانا -

گھر کھاٹے جاتا ہے : [ار - محاورہ] دیکھئے "گھر کاٹنے کو آتا ہے"

گھر کھوج مٹا : [ار - صفت] خانہ خراب - خانہ ویران - خانماں برباد -

گھر کھوج مٹی : [ار - صفت] دیکھئے "گھر کھوج مٹا" جس کی تانیث ہے

گھر کھوج مٹے : [ار۔ بددعا] خانہ خراب ہو۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔
گھر کھود کر میدان کر دینا : [ار۔ محاورہ] گھر گرا دینا۔ منہدم کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔
گھر کھودے ایندھن بہت : [ار۔ مثل] امیر اگر غریب بھی ہو جائے تو اس کے پاس کچھ نہ کچھ ضرور ہوتا ہے۔
گھر کھو کر تماشا دیکھنا : [ار۔ محاورہ] عیش وعشرت میں مال دولت اُجاڑنا۔
گھر کھونا : [ار۔ محاورہ] گھر اجاڑنا۔ برباد کرنا (۲) خاوند سے بگاڑ کرنا۔
گھر کھیر تو باہر بھی کھیر : [ار۔ مثل] آسودہ حال کی باہر بھی خاطر ہوتی ہے۔
گھر کی : [ار۔ صفت] خانہ ساز۔ خانگی (۲) ذاتی۔ اپنی۔ نج کی (۳) آپس کی۔
گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری : [ار۔ مثل] گھر کی کم آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے۔ وطن کی آدھی روٹی پردیس کی ساری روٹی سے بہتر ہے۔
گھر کی بات : [ار۔ امث] گھر کا بھید (۲) آپس کی بات۔ آپس کا معاملہ (۳) اپنے ہاتھ کا کام۔ نہایت سہل اور آسان کام۔
گھر کی بیوی ہانڈی گھر کتوں جوگا : [ار۔ مثل] جب گھر کی بیوی ادھر ادھر پھرے تو گھر میں کتے لوٹیں گے۔
گھر کی پٹکی باسی ساگ : [ار۔ مثل] بے جا شیخی۔ بگھارنا۔ گھر میں مٹی کے برتن اور باسی ساگ کے سوا کچھ بھی نہیں اور باہر شیخی بگھاری جاتی ہے۔
گھر کی پونجی : [ار۔ امث] ذاتی سرمایہ۔ گھر کا مال ومتاع۔
گھر کی ٹہل : [ار۔ امث] خانہ داری کے کام۔
گھر کی جلی بن میں گئی بن میں لاگی آگ ۔ بن بیچارہ کیا کرے جو ہیں ہمارے بھاگ : [ار۔ مثل] بدنصیب کا کہیں ٹھکانا نہیں۔
گھر کی جورو کی چوکسی کہاں تک : [ار۔ مثل] اپنے ہی گھر میں رہنے والے شخص کی نگہبانی کرنی بڑی مشکل ہے۔
گھر کی راہ لینا : [ار۔ محاورہ] گھر کا راستہ لینا۔
گھر کی راہ نہ ملنا : [ار۔ محاورہ] ایسا بدحواس ہو جانا کہ گھر کا رستہ بھی نہ ملنا۔
گھر کی سوبھا گھر والے سے : [ار۔ مثل] مکان کی رونق صاحب خانہ سے ہوتی ہے
گھر کی طرح بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] آرام سے بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا۔ چین سے بیٹھنا۔ بلا تکلف بیٹھنا
گھر کی طرح رہنا : [ار۔ محاورہ] بے تکلفی سے بسر کرنا۔ اپنا گھر سمجھ کر رہنا۔
گھر کی عقل : [ار۔ امث] ذاتی عقل۔ اپنی سمجھ۔
گھر کی کھانڈ کرکری چوری کا گڑ میٹھا : [ار۔ مثل] حلال کی کمائی کی قدر نہیں۔ البتہ ناجائز کمائی زیادہ پسند آتی ہے۔
گھر کی کھیتی : [ار۔ امث] نج کی کھیتی باڑی۔ اپنا مال (۲) داڑھی مونچھ کے بال۔
گھر کی لونڈی / کنیز : [ار۔ امث] بے حد مطیع۔ بہت اطاعت گزار
گھر کی مرغی دال برابر : [ار۔ مثل] گھر کی اچھی چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی۔
گھر کے پاس نہ پھٹکنا : [ار۔ محاورہ] گھر کی طرف مطلق رُخ نہ کرنا۔ گھر نہ جانا۔
گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ / حلوا : [ار۔ مثل] گھر والوں کی بے قدری اور غیروں کی خاطر و مدارات۔
گھر کے تکے باسی ساگ : [ار۔ مثل] باہر شیخی مارنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
گھر کے جالے لیتے پھرنا : [ار۔ محاورہ] گھر کے کونے کونے کو جھانکتے اور ٹٹولتے پھرنا (۲) بے فائدہ کام کرنا۔
گھر کے گھر : [ار۔ امذ] گھر ہی میں۔ گھر کے اندر (۲) برابر۔ نفع میں نہ نقصان میں (۳) بہت سے گھر۔ بہت سے خاندان۔
گھر کے گھر بند ہو گئے : [ار۔ محاورہ] بہت سے گھر تباہ ہو گئے۔ (۲) بستیاں ویران ہو گئیں۔
گھر کے گھر بیٹھ گئے : [ار۔ محاورہ] بارش کی کثرت سے بہت سے مکانات گر پڑے۔
گھر کے گھر تباہ کرنا : [ار۔ محاورہ] بہت سے گھر تباہ و برباد کرنا
گھر کے گھر تباہ ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھر کے گھر تباہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھر کے گھر رہنا : [ار۔ محاورہ] نہ نفع ہونا نہ نقصان۔ برابر برابر رہنا۔
گھر کے گھر صاف ہو جانا : [ار۔ محاورہ] بہت سے خاندانوں کا تباہ ہو جانا۔
گھر کے گھر میں : [ار۔ متعلق فعل] آپس میں۔ باہمی طور پر۔
گھر کے لوگ / آدمی : [ار۔ امذ] بال بچے۔ سارا کنبہ۔
گھر کے ہوئے نہ در کے : [ار۔ مثل] نہ گھر کے قابل رہے نہ باہر کے کہیں کے نہ رہے۔
گھر گرہست : [ار۔ امث] (۱) گھر کا نظام (۲) گھر سے متعلق
گھر گرہستی : [ار۔ امث] گھر کا انتظام (۲) گھر میں رہنے والی شریف عورت خانہ نشین عورت۔
گھر گھاٹ : [ار۔ امذ] چال ڈھال۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق (۲) خو۔ خصلت۔ عادت۔ طبیعت (۳) نشان۔ پتہ۔ مقام۔ ٹھکانا۔
گھر گھاٹ معلوم ہونا : [ار۔ محاورہ] تمام باتوں کی واقفیت اور آگاہی ہونا۔ طور طریق معلوم ہونا۔ سارے بھید جاننا۔
گھر گھالنا : [ار۔ محاورہ] گھر برباد کرنا۔ لوٹنا۔ فریب سے مال مارنا۔ (۲) عاشق بنانا (۳) موہنا۔ فریفتہ کرنا۔
گھر گھر : [ار۔ متعلق فعل] خانہ بخانہ۔ ہر گھر میں۔ سب جگہ (۲) سبھی گھروں میں۔
گھر گھر پھرنا : [ار۔ محاورہ] مارا مارا پھرنا۔
گھر گھر جھانکنا : [ار۔ محاورہ] ہر گھر میں جانا۔
گھر گھر چراغ جلنا : [ار۔ محاورہ] ہر گھر میں خوشی ہونا۔ عام خوشی ہونا۔
گھر گھر عید ہے : [ار۔ محاورہ] عام خوشی ہے۔ ہر جگہ خوشی ہے۔
گھر گھر کے جالے لینا : [ار۔ محاورہ] ہر ایک کے گھر میں جانا۔ گھر گھر پھرنا۔
گھر گھر کے چولہے مٹیالے ہیں : [ار۔ مثل] سب کا ایک ہی حال ہے۔ کہیں فارغ البالی نہیں۔
گھر گھر کے مزے چکھنا : [ار۔ محاورہ] ایک گھر میں نہ رہنا۔ ملازم یا نوکر کا ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔ کنایتہً تجربہ کار ہونا۔
گھر گھر لئے پھرنا : [ار۔ محاورہ] ہر جگہ لئے پھرنا۔ دربدر لئے پھرنا۔
گھر گھر مانگتے پھرنا : [ار۔ محاورہ] دربدر بھیک مانگنا۔
گھر گھسڑو / گھسنا : [ار۔ صفت] وہ مرد جو ہر وقت عورتوں میں بیٹھا رہے۔
گھر گھوڑا نخاس میں مول : [ار۔ مثل] بے دکھائے کسی چیز کی تعریف

کرنا ۔ جو چیز پاس نہیں ۔ اس کا مول تول کرنا ۔

گھر گھیرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) گھر کا محاصرہ کرنا ۔ (۲) بار بار آنا ۔

گھر گھسنی : [ار ۔ صفت] خانہ خراب ۔ رانڈ ۔ بیوہ

گھر گیا : [ار ۔ صفت] اُجڑا ۔ نگوڑا ۔ خانہ خراب ۔

گھر لٹانا : [ار ۔ محاورہ] بے جا داد و دہش کرنا (۲) بہت فضول خرچی کرنا ۔

گھر لُٹ جانا : [ار ۔ محاورہ] مکان میں چوری ہونا (۲) کسی کی موت سے گھر کا تباہ ہونا ۔

گھر لگا ہونا : [ار ۔ محاورہ] گھر کا ملحق ہونا ۔

گھر لینا : [ار ۔ محاورہ] مکان مول یا کرایہ پر لینا ۔

گھر معمور ہونا : [ار ۔ محاورہ] گھر آباد ہونا ۔

گھر موسنا : [ار ۔ محاورہ] گھر لُوٹنا ۔ گھر میں صفایا کرنا ۔

گھر میں : [ار متعلق فعل] کنایۃً زوجہ ۔ بیوی

گھر میں آگ لگانا : [ار ۔ محاورہ] گھر کو تباہ کرنا ۔ نیست و نابود کرنا ۔

گھر میں آگ لگنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گھر میں آگ لگانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

گھر میں آنا : [ار ۔ محاورہ] مکان میں داخل ہونا (۲) کسی سیارے کا برج میں داخل ہونا (۳) اپنے ہاتھ لگنا ۔ اپنی ذات کو فائدہ پہنچنا ۔

گھر میں آئی جوئے ٹیڑھی پگڑی سیدھی ہوئے : [ار ۔ مثل] بیاہ ہوتے ہی ساری شیخی نکل جاتی ہے ۔ بانکپن جاتا رہتا ہے ۔

گھر میں اُتارنا : [ار ۔ محاورہ] گھر میں جگہ دینا ۔ گھر میں رکھنا ۔

گھر میں اناج نہیں مُلک کا کریں راج : [ار ۔ مثل] پاس کچھ نہیں شیخی بڑی ۔

گھر میں بلی باگھ : [ار ۔ مثل] معمولی آدمی بھی گھر میں بڑا بہادر ہوتا ہے ۔

گھر میں بھونی بھانگ نہیں : [ار ۔ مثل] گھر میں کچھ نہیں ۔

گھر میں بھونی بھانگ نہیں اور باہر نیوتے سات : [ار ۔ مثل] مفلس قلاش ہوتے ہوئے بھی بڑی شیخی بگھارتے ہیں ۔

گھر کی بی بی لکھو اونار ۔ باہر میاں تھانیدار : [ار ۔ مثل] گھر میں بی بی دلی بن کر کوٹیں باہر میاں حکومت جتا کر کوٹیں ۔ (۲) گھر میں غربت اور میاں شیخی خورے ۔

گھر میں بیٹھ رہنا : [ار ۔ محاورہ] گوشہ نشین ہو جانا ۔

گھر میں بیٹھے شکار کرنا / کھیلنا : [ار ۔ محاورہ] گھر بیٹھے مال مارنا (۲) گھر کے اندر ہی لوگوں کو ٹھگنا (۳) گھر کے اندر مزے اڑانا ۔

گھر میں پاؤں رکھنا : [ار ۔ محاورہ] مکان میں داخل ہونا ۔

گھر میں پڑنا : [ار ۔ محاورہ] کسی عورت کا خود خاوند کر لینا (۲) مدخولہ ہو کر رہنا ۔

گھر میں پچیس چوہے اور باہر پچیس پاتھے : [ار ۔ مثل] مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں ۔

گھر میں جورو کا نام بہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے : [ار ۔ مثل] اپنی عزت اپنے منہ سے نہیں ہوتی ۔

گھر میں جو شہد ملے تو کاہے کو بن میں جائیں : [ار ۔ مثل] اگر بغیر محنت مشقت کے روزی ملے تو دھوڑ دھوپ کی ضرورت نہیں ۔

گھر میں چراغ نہیں باہر مشعل : [ار ۔ مثل] غریب جب دکھاوے کے لئے خرچ کرے تو کہتے ہیں ۔

گھر میں چوہے ڈنڈ کرتے / قلابازیاں کھاتے / لوٹتے ہیں : [ار ۔ مثل] اس قدر مفلس ہے کہ گھر کے چوہے تک بھوک سے نڈھال ہیں ۔

گھر میں خاک اُڑانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گھر میں خاک اڑنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

گھر میں خاک اُڑنا : [ار ۔ محاورہ] سخت مفلس ہونا ۔

گھر میں خرچ نہیں ڈیوڑھی پہ مجرا / ناچ : [ار ۔ مثل] مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں ۔

گھر میں دوا ، ہائے ہم مرے : [ار ۔ مثل] بیوقوف آدمی کے متعلق کہتے ہیں جس کے پاس چیز موجود ہو مگر وہ اسکا استعمال نہ جانتا ہو ۔

گھر میں دھان نہ پان بی بی کو بڑا گمان : [ار ۔ مثل] مفلسی میں غرور کرنے اور شیخی بگھارنے والے کو کہتے ہیں ۔

گھر میں دیا نہ باتی منڈو پھرے اِتراتی : [ار ۔ مثل] دیکھئے "گھر میں دھان نہ پان"

گھر میں دیا تو مسجد میں دیا : [ار ۔ مثل] پہلے گھر والوں سے سلوک ہونا چاہیے پھر باہر والوں سے اول خویش بعد درویش ۔

گھر میں دیکھو پھکنی نہ چھاج باہر میاں تیر انداز : [ار ۔ مثل] غریب شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں ۔

گھر میں ڈالنا : [ار ۔ متعلق] زوجہ کی طرح رکھنا ۔ بیاہتا بیوی کے علاوہ دوسری عورت کو بیوی بنا لینا ۔

گھر میں رہے نہ تیرتھ گئے مونڈ منڈا کر جوگی بھئے : [مثل] مکار سادھوؤں کے متعلق کہتے ہیں ۔

گھر میں رہے نہ تیرتھ گئے مونڈ منڈا کر فضیحت بھئے : [ہ ۔ مثل] مفت میں بدنامی اُٹھائی ۔

گھر میں سُوت نہ کپاس جُلاہے سے لٹھم لٹھا : [ار ۔ مثل] دیکھئے "سُوت نہ کپاس"

گھر میں شیر باہر بھیڑ : [ار ۔ مثل] اس شخص کے متعلق کہتے ہیں ۔ جو گھر والوں پر بے جا رعب جما [illegible] باہر والوں سے دب جائے ۔

گھر میں قدم جانا : [ار ۔ [illegible]] مکان میں داخل ہونا ۔

گھر میں کودنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گھر میں پھاندنا"

گھر میں کھانے کو نہیں اٹاری پر دُھراں : [ار ۔ مثل] شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں ۔

گھر نہیں گڑ باہر شکر : [ار ۔ مثل] گھر والوں کی نسبت باہر والوں سے اچھا سلوک کرتا ہے ۔

گھر میں گھر اچھا نہیں ہوتا : [ار ۔ مثل] گھر کے اندر دوسرا گھر بنانا منحوس سمجھا جاتا ہے ۔

گھر میں گھر لڑائی کا ڈر : [ار ۔ مثل] اگر ایک گھر میں دوسرا گھر بنا دیا جائے تو ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہتا ہے ۔

گھر میں نہ سمانا : [ار ۔ محاورہ] گھر میں نہ آ سکنا ۔ مکان کا گنجائش سے کم ہو جانا ۔

گھر نہ ہوا کوئی ویرانہ ہوا : [ار ۔ مثل] گھر کی وقعت ویرانے کے برابر کر دی ۔

گھر نہ بار میاں محلہ دار : [ار ۔ مثل] بیجا شیخی مارنے والا ۔

گھر نہ بَر : [ار ۔ مثل] اکیلی عورت کو کہتے ہیں ۔

گھر نہ ہونا : [ار ـ محاورہ] خانہ داری کا انتظام نہ ہونا۔

گھر نہیں اناج ملک کا کریں راج / گھر میں نہیں بُوریا مانگے موتی چور۔ / گھر میں تاگا البیلا مانگے پاگا / گھر میں نہیں دانے (اماں / بڑھیا) بی بی چلے بھنانے / گھر میں پُن نہ بلایا۔ مانگے ایکھ بلایا۔ : [ار ـ مثل] مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔

گھر واس : [ہ ـ امذ] رہنے کی جگہ۔ مکان

گھر والا : [ار ـ امذ] صاحب خانہ۔ مالک مکان (۲) خاوند ـ شوہر ـ میاں۔

گھر والی : [ار ـ امث] گھر کی مالکہ۔ ۲ ـ بیوی ـ جورو۔

گھر والے کا ایک گھر گھرے کے سو گھر : [ار ـ مثل] آزاد اور فقیر جہاں پڑگیا وہیں گھر ہے (۲) بے ننگ و نام بدمعاش کو روکنا مشکل ہے۔

گھر ویران کرنا : [ار ـ مص مرکب] (۱) گھر اُجاڑنا ـ گھر تباہ کرنا / برباد کرنا ـ گھر کے تمام آدمی مار دینا۔

گھر ویران ہونا : [ار ـ مص مرکب] دیکھئے "گھر ویران کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

گھر ہو آؤ : [ار ـ محاورہ] یہ کام / معاملہ تمہاری خواہش کے مطابق نہیں ہوگا۔

گھر ہونا : [ار ـ محاورہ] (۱) موافقت ہونا ـ نباہ ہونا ـ میاں بیوی کا سلوک ہونا۔ (۲) اپنا مکان ہونا (۳) گرہستی ہی ہونا ـ خانہ داری ہونا (۴) گنجائش ہونا ـ سمائی ہونا (۵) جمنا ـ قیام ہونا (۶) جگہ ہونا ـ جا ہونا (۷) چھید ہونا ـ سوراخ ہونا۔

گھر ہی میں بید مرے کیسے : [ار ـ مثل] جب انتظام ہو سکتا تھا تو پھر نقصان کیوں ہوا۔

گھر بار کے پوت بھٹار کے : [ار ـ مثل] عیاش آدمی کے متعلق کہتے ہیں جس کی اولاد رنڈیوں کے ہاں ہوتی ہے ـ گھر بار کوئی نہیں ہوتا۔

گھِر : [ہ ـ امذ] گھرنا مصدر سے صیغہ امر

گھِر آنا : [ار ـ محاورہ] چھا جانا ـ ہجوم کر آنا ـ ہجوم کر لینا۔

گھِر جانا : [ار ـ محاورہ] (۱) محصور ہو جانا (۲) دشمن کی فوج کے قلعہ میں آ جانا / پھنس جانا (۳) رنج و الم میں مبتلا ہونا۔

گھِر کر آنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "گھِر آنا"

گھِرنا : [ار ـ محاورہ] (۱) دیکھئے "گھیرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) دیکھئے "گھِر جانا"

گھرّا : [ہ ـ امذ] وہ آواز جو حالت نزع میں گلے سے نکلتی ہے ـ گھونگرو بولنا۔ (۲) ایک قسم کا ضماد جو آشوب چشم کے لئے لگاتے ہیں (۳) موت کی تکلیف ـ گھر گھر کی آواز۔

گھرّانا : [ہ ـ امذ] (۱) دیکھئے غرّانا (۲) دیکھئے گھر گھر

گھرّا لگنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے گھرّا چلنا (۱) ـ دیکھئے گھرّا (۲) لگنا۔

گھرّا چلنا : [ار ـ محاورہ] (۱) حالت نزاع ہونا ـ گھونگرو بولنا ـ (۲) جانکنی کا وقت ہونا۔

گھرّا لگانا : [ار ـ محاورہ] آشوب چشم میں آنکھوں میں گھرّا لگانا ـ ضماد کرنا دوا کا لیپ کرنا۔

گھرامی : [ہ ـ امذ] چھپر بند

گھرانا : [ہ ـ امذ] خاندان ـ گھر ـ دودمان (۲) کنبہ ـ قبیلہ (۳) سلسلہ نسب ـ پشت (۴) نسل ـ اولاد۔

گھرّانا : [ہ ـ مص] غرّانا

گھرائی : [ہ ـ امث] وہ جرمانہ اور خرچ خوراک جو مویشی کے پھاٹک میں دینے پر لی جاتی ہے۔

گھر بالا : [ہ ـ امذ] سائیس

گھرڑ : [ہ ـ امذ] چنے یا موٹھ جو مویشی کو بطور چارا دیتے ہیں۔

گھُرک : [ہ ـ امر] "گھرکنا" مصدر سے صیغہ امر۔

گھُرک بیٹھنا : [ار ـ محاورہ] گھرکی دینا۔

گھُرکنا : [ار ـ مص] ڈانٹنا ـ ڈپٹنا ـ دبانا ـ تنبیہ کے لئے سخت آواز سے بولنا ـ جھڑکنا ـ سرزنش کرنا ـ دھمکانا ـ جھڑکی دینا ـ دھتکارنا۔

گھُرکی / گھُڑکی : [ہ ـ امث] جھڑکی ـ دھمکی ـ ڈانٹ ـ ڈپٹ

گھُرکی جھڑکی : [ہ ـ امث] دیکھئے "گھرکی"

گھُرکی دینا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "گھرکنا"

گھُرکی کھانا / سُننا : [ار ـ محاورہ] گھُرکی برداشت کرنا۔

گھُرکا : [ہ ـ امذ] لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لکڑی زمین میں گاڑتے ہیں اور دوسری اس کے اوپر رکھتے ہیں اور اوپر والی لکڑی کے دونوں سروں پر لڑکے بیٹھتے اور اُسے گول چکر میں گھماتے ہیں ـ وہ آلہ جس پر یہ کھیل کھیلا جاتا ہے۔

گھر گھٹ : [ہ ـ امذ] ایک قسم کی مچھلی

گھر گھر : [ہ ـ امث] وہ کرخت آواز جو چکی ـ مشین یا گاڑی کے چلنے سے نکلتی ہے۔

گھر گھراہٹ : [ہ ـ امث] گھر گھر کی آواز ـ گھر گھر۔

گھر گھرا : [ہ ـ امذ] ایک قسم کا جھینگر (۲) ایک قسم کا پھوڑا (۳) کنٹھ پھوڑے کی ایک قسم۔

گھر گھرانا : [ہ ـ مص] غرّانا

گھِرنا : [ار ـ مص] (۱) محصور ہونا ـ بند ہو... (۲) محبوس ... چھانا (۳) رنج و الم میں مبتلا ہونا۔

گھرنائی / گھرنئی : [ہ ـ امث] ایک قسم کی ناؤ جو گھڑوں سے بناتے ہیں ـ کھٹ گھڑا ناؤ۔

گھِرنی : [ہ ـ امث] چرخی ـ گھمانے کا آلہ ـ چیلی (۲) رسی بٹنے کی کل (۳) سر کا چکر ـ دوران سر (۴) ایک آبی پرندہ (۵) لوٹن کبوتر۔

گھِرنی کھانا : [ار ـ محاورہ] گھومنا ـ چکر کھانا ـ لوٹنی لینا۔

گھرنیوں کی چوٹ : [ہ ـ امث] چرخیوں کا سلسلہ ـ بوجھ کو اوپر کھینچنے کے لئے چرخیوں سے بہت سہولت ہوتی ہے ـ ایک چرخی سے نصف طاقت سے اوپر بوجھ کھینچا جاتا ہے ـ دو چرخیوں سے چوتھا حصہ طاقت سے علی ھذا القیاس۔

گھروا : [ہ ـ امذ] چھوٹا گھر ـ جھونپڑا۔

گھروالا / گھروایا : [ہ ـ امذ] دیکھئے "گھروا"

گھروندا : [ہ ـ امذ] مٹی کا چھوٹا گھر جو لڑکیاں گڑیاں کھیلنے کے لئے بناتی ہیں۔ (۲) صفت ـ کنایۃً ناپائیدار ـ بے وقعت

گھُری : [ہ۔ امث] ایڑی۔
گھریا : [ہ۔ امث] مٹی کی کلھیا جس میں چاندی سونا گلاتے ہیں۔ کٹھالی
گھریا : [ہ۔ امث] نرغہ۔
گھریا میں گھرنا : [ار۔ محاورہ] نرغے میں پھنسنا
گھریلو : [ہ۔ صف] گھر کا۔ گھر سے متعلق / منسوب۔ خانگی (۲) گھر کا بنا ہوا۔ خانہ ساز (۳) گھر کا پلا ہوا (طائر خصوصاً کبوتر)
گھڑ : [ہ۔ فعل] گھڑنا مصدر سے صیغہ امر۔
گھڑ دینا / گھڑنا : [ار۔ محاورہ] بنا دینا۔
گھُڑ : [ہ۔ امذ] گھوڑا کا مخفف۔ جو مرکبات میں مستعمل ہے۔
گھڑ بہل / بہلی : [ہ۔ امث] ایک قسم کا رتھ جس کو گھوڑے کھینچتے تھے۔
گھڑ چڑھا : [ہ۔ صف] گھوڑے پر سوار (۲) عمدہ سواری کرنے والا۔ گھوڑے پر خوب بیٹھنے والا۔ (۳) مذ۔ سوار۔ پکا سوار۔ (۴) ایک قسم کا سوانگ جس میں سوانگ کرنے والا اپنی کمر سے گھوڑے کا ڈھانچا اس طرح باندھ لیتا ہے کہ گویا گھوڑے پر چڑھا ہوا ہے۔
گھڑ چڑھی : [ہ۔ صف۔ مث] ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولہا گھوڑے پر سوار ہو کر دلھن کے گھر جاتا ہے۔ (۲) ایک قسم کی چھوٹی توپ جسے گھوڑے پر سوار ہو کر چلاتے ہیں (۳) وہ چھوٹی توپ جسے گھوڑے پر رکھ کر ہر جگہ آسانی سے لے جا سکتے ہیں۔ شتر بازی۔ تفنگ اسپی (۴) رسالہ۔ سواروں کی فوج۔
گھڑ دَوڑ : [ہ۔ امث] گھوڑوں کا شرط بد کر دوڑانا (۲) وہ میدان جہاں گھوڑوں کی دوڑ ہو۔
گھڑ دوڑ کا گھوڑا : [ہ۔ امذ] وہ گھوڑا جسے گھڑ دوڑ میں دوڑاتے ہیں۔
گھڑ سار / سال / سالا : [ہ۔ امذ] اصطبل۔
گھڑ منہا : [ہ۔ صف] وہ شخص جس کا منہ گھوڑے کے منہ سے مشابہت رکھتا ہو۔ لمبے منہ کا آدمی۔
گھڑ نال : [ہ۔ امث] توپ۔ رہکلا۔ وہ توپ جسے گھوڑے پر لے جائیں
گھڑا : [ہ۔ امذ] پانی رکھنے کا مٹی کا تنگ منہ کا برتن۔ مٹکا۔ سبوچہ۔ (افعال: بھرنا۔ بھروانا۔ اٹھانا۔ اٹھنا۔ اٹھوانا۔ بنانا۔ بننا۔ بنوانا بیچنا۔ توڑنا۔ ٹوٹنا۔ خریدنا۔ لے جانا۔ لانا وغیرہ)
گھڑا : [ہ۔ امذ] دیکھئے گھر۳ بمعنی ایک قسم کا ضماد جسے آنکھوں پر لگاتے ہیں
گھڑانا : [ار۔ مص] دیکھئے "گھڑنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
گھڑاون : [ہ۔ امث] گھڑنے کی اجرت۔
گھڑائی : [ہ۔ امث] (۱) گھڑنے کی اجرت (۲) ساخت۔ گھڑت۔ بناوٹ۔
گھڑت : [ہ۔ امث] ساخت۔ بناوٹ (۲) بنائی ہوئی بات۔ جھوٹی بات۔
گھڑچ : [ہ۔ امث] موسیقی کے ساز کی گھوڑی۔
گھڑسنا : [ہ۔ مص] بل پیچ دینا۔ مروڑنا (۲) بل کھانا
گھڑ گھڑ / گھڑگھڑاہٹ : [ہ۔ امث] چکی مشین یا گاڑی وغیرہ کی آواز۔ گھر گھر
گھڑ گھڑانا : [ہ۔ مص] گھڑگھڑ کی آواز پیدا کرنا۔
گھڑنا : [ار۔ مص] بنانا۔ تراشنا۔ درست کرنا۔ زیور وغیرہ بنانا (۲) مارنا۔ زدوکوب کرنا پیٹنا (۳) جھوٹی بات بنانا۔

گھڑوانا : [ار۔ مص] دیکھئے "گھڑنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
گھڑوں پانی پڑ جانا : [ار۔ محاورہ] بہت شرمندہ ہونا۔
گھڑونچا : [ہ۔ امذ] لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھے جاتے ہیں۔
گھڑونچی : [ہ۔ امث] دیکھئے "گھڑونچا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
گھڑی : [ہ۔ امث] ۲۴ منٹ کا وقفہ۔ گھنٹہ کا ⅖ اور دن رات کا ساٹھواں عصہ (۲) وقت۔ سماں۔ زمانہ (۳) ساعت (۴) لمحہ۔ لحظہ۔ تھوڑا سا وقفہ (۵) وقت بتانے کا آلہ جس کی کئی قسمیں ہیں جیسے جیبی گھڑی۔ کلائی پر باندھنے کی گھڑی۔ ٹائم پیس۔ کلاک۔ دھوپ گھڑی۔ آبی گھڑی ریت کی گھڑی وغیرہ وغیرہ۔
گھڑی بجنا : [ار۔ محاورہ] گھڑی کا وقفہ پورے ہونے پر گھڑیال بجنا۔
گھڑی بنانا : [ار۔ محاورہ] گھڑی درست کرنا۔ گھڑی کی مرمت کرنا۔
گھڑی بننا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھڑی بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھڑی بنوانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھڑی بننا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
گھڑی بھاری ہونا : [ار۔ محاورہ] وقت گزارنا دوبھر ہونا۔ گھڑی کا زمانہ گزرنا شاق ہونا۔
گھڑی بھر : [ار۔ متعلق فعل] ایک گھڑی۔ ایک ساعت۔ لمحہ بھر۔ لحظہ بھر۔ ذرا یکدم
گھڑی بھر دن آنا : [ار۔ محاورہ] تھوڑا سا دن چڑھنا۔ دن گھڑی بھر آنا۔
گھڑی بھر کی بے شرمی سارے دن کا آرام : [ار۔ مثل] بے شرم کچھ نہ کچھ حاصل کر ہی لیتا ہے۔ عموماً زمینوں کے متعلق کہا جاتا ہے۔
گھڑی بھر میں : [ار۔ متعلق فعل] دم بھر میں۔ ایک لمحہ میں۔ آناً فاناً۔ فوراً جلدی۔ ابھی۔
گھڑی پر گھڑی : [ار۔ متعلق فعل] ہر وقت
گھڑی پل کی آس نہیں کرے کال کی بات : [ہ۔ مثل] دم بھر کا بھروسا نہیں۔ کل کی بات کرتا ہے۔
گھڑی پہاڑ ہونا : [ار۔ محاورہ] گھڑی کا گزرنا نہایت شاق ہونا۔
گھڑی تولہ گھڑی ماشہ : [ار۔ مثل] دم بدم طبیعت بدلنے والا۔ غیر مستقل مزاج۔
گھڑی ٹلنا : [ار۔ محاورہ] وقت گزرنا۔ ساعت گزرنا۔
گھڑی ٹھیک / درست کرنا : [ار۔ مص مرکب] گھڑی کا وقت درست کرنا۔
گھڑی ٹھیک / درست ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھڑی ٹھیک / درست کرنا" جس کا یہ لازم
گھڑی دو گھڑی : [ار۔ متعلق فعل] تھوڑی دیر۔
گھڑی ساز : [ار۔ صف] گھڑی کی درستی / مرمت کرنے والا۔
گھڑی ساعت پر ہونا : [ار۔ محاورہ] جاں بلب ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔
گھڑی ساعت کا مہمان : [ار۔ صف] کوئی دم کا مہمان۔ جاں بلب۔
گھڑی ساعت کا نقشہ ہونا : [ار۔ محاورہ] کوئی دم کا مہمان ہونا جاں بلب
گھڑی صاف کرنا : [ار۔ محاورہ] گھڑی کے پرزوں سے میل صاف کرنا اور تیل وغیرہ
گھڑی صاف ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھڑی صاف کرنا" جس کا یہ لازم ہے
گھڑی کو چابی دینا / کوکنا : [ار۔ محاورہ] گھڑی کا۔ اسپرنگ۔ کوکنا۔
گھڑی کوکی جانا : [ار۔ محاورہ] گھڑی کو چابی لگنا۔

گھڑی گھڑی : [ا ر - متعلق فعل] دمبدم - لحظہ بلحظہ (۱) پے درپے - بار بار
گھڑی ملانا : [ا ر - محاورہ] گھڑی کا وقت صحیح کرنا۔
گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت : [ا ر - مثل] ذرا سی بات میں خوش ذرا سی بات میں ناراض۔
گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ : [ا ر - مثل] دیکھئے گھڑی تولہ گھڑی ماشہ
گھڑی میں گاؤں / گھر جلے تو گھڑی کا / بھدرا : [ا ر - مثل] مصیبت یکدم آتی ہے۔ خوشی کی گھڑی بہت دیر میں آتی ہے۔ یہ نجومیوں پر طنز ہے (۲) ایک آفت نے تو تمام کر دیا آئندہ کی آفتوں کو کس طرح جھٹلاؤ گے۔
گھڑی میں گھڑیال / گھڑیاول ہے : [ا ر - مثل] دم بھر میں کچھ سے کچھ ہے۔ ہندوؤں میں مردے کو گھڑیال بجاتے ہوئے لے جاتے ہیں مطلب یہ ہے کہ مرتے دیر نہیں لگتی۔ زمانے کے انقلاب سے ڈرنا اور مصیبتوں سے پناہ مانگنی چاہیے۔
گھڑی : [ہ - صفت] (۱) تر کیا ہوا (۲) چین - پلیٹ - جو کپڑے میں تہ کر کے اور اس تہ پر سلائی کر کے ڈالے جاتے ہیں۔
گھڑے : [ا ر - امذ] دیکھئے "گھڑا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
گھڑے سے گھڑا نہیں بھرا جاتا : [ا ر - مثل] دیکھئے "قبر پہ قبر نہیں بنتی"۔
گھڑے لنڈھانا : [ا ر - محاورہ] گھڑوں کا پانی بہانا (۲) کسی کو شرمندہ کرنا۔
گھڑیا : [ا ر - امث] دیکھئے "گھڑا" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) کٹھالی جس میں سنار سونا چاندی پگھلاتے ہیں (۳) شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا چھتا - چھال (۴) رحم - بچہ دان۔
گھڑیا : [ا ر - امث] دیکھئے "گھوڑی" جس کی یہ تصغیر ہے۔
گھڑیال : [ا ر - امذ] کانسی کی وہ تھالی سی جسے موگری سے بجاتے ہیں۔ گھنٹہ (۲) مگرمچھ - نہنگ۔
گھڑیال کا کٹورا : [ا ر - امذ] ایک کٹورا جس کی پیندی میں سوراخ ہوتا ہے اُسے پانی میں چھوڑ دیتے ہیں۔ کٹورا اور سوراخ اس اندازہ سے بنائے جاتے ہیں کہ کٹورا ایک گھنٹہ میں پانی سے بھر کر ڈوب جاتا ہے۔
گھڑیال گننا : [ا ر - محاورہ] انتظار کرنا۔ کسی کے انتظار میں وقت کا حساب کرنا۔
گھڑیالی : [ا ر - امذ] گھڑیال بجانے والا۔
گھس : [ا ر - امث] دیکھئے "گھاس" جس کا یہ مخفف ہے اور مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
گھس کھدا : [ا ر - امذ] گھاس کھودنے والا۔ گھسیارا - کنایۃً "بیوقوف" ناکارہ۔
گھس : [ا ر - فعل] "گھسنا" مصدر سے صیغۂ امر
گھس پس کے اترے / پرانا ہو : [ا ر - کلمہ دعا] لباس سزاوار اور مبارک ہونے کی دعا۔ لباس یا کپڑا استعمال کرنا نصیب ہو۔
گھس جانا : [ا ر - مص] رگڑا جانا - رگڑ کھا کر پس جانا۔
گھس ڈالنا : [ا ر - محاورہ] رگڑ ڈالنا۔

گھس کر / کے لگانے کو نہیں : [ا ر - محاورہ] ذرا نہیں مطلق نہیں۔ ذرا نہیں بچا۔ سب صرف ہو گیا۔
گھس گھس : [ا ر - امث] گھسنے کا عمل خاص طور پر قلم کے لئے مستعمل ہے
گھس گھس کر / کے چلنا : [ا ر - محاورہ] لباس یا جوتی وغیرہ کا دیر تک چلنا۔ مضبوط ہونا۔
گھس گھس کرنا : [ا ر - محاورہ] کانا پھوسی کرنا۔
گھس : [ا ر - فعل] گھسنا مصدر سے امر کا صیغہ۔
گھس آنا : [ا ر - محاورہ] زبردستی یا بغیر اجازت اندر چلے آنا۔
گھس بیٹھنا : [ا ر - محاورہ] چھپ جانا (۲) پاس پاس بیٹھنا۔
گھس پڑنا : [ا ر - محاورہ] بے کھٹکے کسی کے مکان میں داخل ہونا۔
گھس پل جانا : [ا ر - محاورہ] زبردستی وہاں گھس جانا جہاں جگہ نہ ہو۔
گھس پل کر / کے : [ا ر - متعلق فعل] زبردستی داخل ہو کر۔
گھس پیٹھ : [ا ر - امث] پہنچ - دخل - رسائی۔
گھس پیٹھ کر / کے : [ا ر - متعلق فعل] یارانہ گانٹھ کر۔ راہ و رسم پیدا کر کے۔ (۲) اندر پہنچ کر۔ کوشش کر کے۔ زبردستی۔ کسی نہ کسی طرح۔
گھس پیٹھیا : [ا ر - صف] غیر کی حدود میں زبردستی یا چوری چھپے داخل ہونے والا۔ مداخلت کار۔
گھس کر بیٹھنا : [ا ر - محاورہ] پاس مل کر بیٹھنا۔
گھس مس : [ا ر - امث] دیکھئے "گھسر پھسر"
گھسّا : [ا ر - امذ] رگڑ - رگڑا - (۲) گھوڑے کو بگھی وغیرہ میں جوتنے کے لئے سدھانے کی لکڑی۔
گھسّا دینا : [ا ر - محاورہ] رگڑا دینا - رگیدنا۔
گھسّا لگنا : [ا ر - محاورہ] رگڑا لگنا - رگڑ آنا۔
گھسّا میری : [ا ر - امذ] بچوں کا ایک کھیل جسمیں ڈور ڈال کر گھستے ہیں۔
گھسا : [ہ - صف] جنا ہوا - نطفہ - تخم۔
گھسا : [ا ر - صف] گھسا ہوا - پرانا - کہنہ - فرسودہ
گھسانا : [ا ر - مص] دیکھئے "گھسنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
گھساوٹ / گھسائی : [ا ر - امث] دیکھئے "گھساؤ"
گھساؤ : [ا ر - امذ] رگڑ - فرسودگی۔
گھسٹ آنا / گھسٹنا : [ا ر - مص] کھچنا - کھچ کر آنا (۲) زمین سے رگڑا ہوا چلنا۔
گھسٹے گھسٹے پھرنا : [ا ر - محاورہ] مارے مارے پھرنا - کھنچے کھنچے پھرنا - دربدر پھرنا۔
گھسر پھسر : [ا ر - امث] دیکھئے گھسر پھسر۔
گھسٹنا : [ا ر - مص] دیکھئے "گھسیٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھستم گھسّا : [ا ر - امذ] ایک کا دوسرے کو رگڑنا (۲) ایک پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑنا۔
گھسن : [ا ر - امث] رگڑ۔
گھسن پٹی : [ا ر - امث] مار کٹائی - زد و کوب - [افعال : دینا]
گھسنا : [ا ر - مص] (۱) رگڑ کھانا - رگڑ لگنا (۲) پرانا ہونا - فرسودہ ہونا (۳) وزن میں کم ہونا (۴) رگڑنا، پیسنا - حل کرنا۔

گھسنا : [ار - مص] اندر جانا - داخل ہونا (۲) دخل دینا - مداخلت کرنا - (۳) بیچ پڑنا -
گھسوانا : [ار - مص] دیکھیے "گھسنا" جس کا یہ متعدی ہے -
گھسوانا : [ار - مص] دیکھیے "گھسنا" جس کا یہ متعدی ہے -
گھسی : [ار - صف - مث] دیکھیے "گھسا" جس کی یہ تانیث ہے -
گھسے : [ار - اند] دیکھیے "گھسا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے -
گھسے دینا : [ار - محاورہ] رگڑنا (۲) پتنگ کی ایک ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑنا -
گھسیارا : [ار - اند] گھاس کھودنے والا (۲) گھاس بیچنے والا -
گھسیارن / گھسیاری : [ار - امث] دیکھیے "گھسیارا" جس کی یہ تانیث ہے -
گھسیانا : [ار - مص] گھسیٹنا - کھینچ کر لے جانا -
گھسیٹ : [ار - امث] وہ نشان جو کسی چیز کے زمین پر گھسٹنے سے پڑ جائے -
گھسیٹ دینا : [ار - محاورہ] جلدی سے لکھ دینا -
گھسیٹا : [ار - اند] ایک قسم کی گاڑی جس سے گھوڑے کو بگھی کھینچنے کی مشق کرتے ہیں -
گھسیٹا گھسائی : [ار - مث] کھینچا تانی - کھینچا کھینچی -
گھسیٹن : [ار - امث] گھسٹنے کا وہ نشان جو کسی چیز کے زمین پر کھینچنے سے پڑ جائے -
گھسیٹنا : [ار - مص] کھینچنا - زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا -
گھسیڑا : [ار - اند - ق] (۱) خراش (۲) جلدی جلدی لکھنا (۳) پکڑوا بلانا -
گھسیڑنا : [ار - مص] اندر داخل کرنا - (۲) ٹھونسنا (۳) ایک چیز کا دوسری چیز میں زور سے داخل کرنا -
گھکوار : [ھ - اند] دیکھیے "گھی کوار" جو زیادہ مشہور ہے -
گھگرا : [ھ - اند] لہنگا -
گھگری / گھگریا : [ھ - اند] دیکھیے "گھگرا" جس کی یہ تصغیر ہے -
گھگو : [ھ - اند] الّو - چغد - بیوقوف (۲) مٹی کا ایک کھلونا جو پھونکنے سے بجتا ہے (۳) دخانی کارخانوں کے انجن کی آواز
گھگی : [ار - امث] فاختہ -
گھگی : [ار - امث] ہچکی - بیحد خوف کی حالت (۲) یکایک ڈر جانے سے منہ سے گھی گھی کی آواز نکلنا - (۳) روتے ہوئے سانس رک کر آنے کی آواز -
گھگی بندھ جانا : [ار - محاورہ] روتے روتے سانس بند ہو جانا - ہچکی بندھ جانا - ڈر کے مارے بول نہ سکنا -
گھگیانا : [ار مص] گھگی بندھ جانا - عاجزی کرنا - منت سماجت کرنا -
گھل : [ار - فعل] گھلنا مصدر کا صیغہ امر
گھل جانا : [ار - محاورہ] (۱) پگھل جانا (۲) نرم ہو جانا - گداز ہو جانا - پتلا ہو جانا (۳) پانی ہو جانا - رقیق ہو جانا (۴) تھک جانا - مضمحل ہو جانا - (۵) دبلا ہو جانا - لاغر ہونا (۶) پتلا پڑ جانا -
گھل کر بیٹھنا : [ار - محاورہ] گھل مل کر بیٹھنا
گھل گھل کر / کے : [ار متعلق فعل] تحلیل ہو کر - دبلا ہو کر

گھل گھل کر آخر / تمام ہونا : [ار - محاورہ] تحلیل ہو ہو کر مرنا - دبلا اور لاغر مرنا - عشق کی وجہ سے گھل گھل کر جان دینا -
گھل گھل کر کانٹا ہو جانا : [ار - محاورہ] بہت دبلا ہو جانا - سوکھ کر کانٹا ہو جانا -
گھل گھل کر / کے مرنا : [ار - محاورہ] غم یا بیماری میں تحلیل ہو کر جان دینا -
گھل مل جانا . [ار - محاورہ] ایک ہو جانا - ایکجان ہونا .
گھل مل کر / کے : [ار متعلق فعل] میل جول سے - بے تکلفی سے - محبت سے -
گھلا : [ار - صف] گھلا ہوا -
گھلا جانا : [ار - محاورہ] دبلا ہوا جانا -
گھلا ڈلا : [ار - صف] صاف - واضح - بے تکلف -
گھلا ملا : [ار - صف] بے تکلف - خوب ملا ہوا - حل کیا ہوا -
گھلانا : [ار - مص] دیکھیے "گھلنا" جس کا یہ متعدی ہے -
گھلاوٹ : [ار - امث] نرمی - گدازپن (۲) پلپلاہٹ - وہ زیبائش جو اچھی طرح کاجل لگانے سے ہو -
گھلاوٹ کی آنکھ : [ار - مث] مائل کرنے والی نظر - محبت کی نگاہ -
گھلا ہوا : [ار - صف] پگھلا ہوا - گداز - پلپلا ملائم -
گھلنا : [ار - مص] پگھلنا - رقیق ہونا (۲) گداز ہونا - نرم ہونا - ملائم ہونا (۳) دبلا ہونا - لاغر ہونا (۴) حل ہونا - حل ہو کر اچھی طرح مل جانا (۵) سرمہ یا کاجل اچھی طرح لگنا -
گھلنا ملنا : [ار - محاورہ] بے تکلف ہو جانا - خوب مل جانا -
گھلوانا : [ار - مص] دیکھیے "گھولنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے -
گھلو مٹھو ہو جانا : [ار - محاورہ] جلد مل جل جانا - ارتباط پیدا کر لینا -
گھلی ہوئی : [ار - صف] دیکھیے "گھلا ہوا" جس کی یہ تانیث ہے
گھم : [ار - اند - ق] آسمان
گھماگھم : [ار - امث] دیکھیے "گھماگھمی" (۲) وہ آواز جو کنوئیں میں ڈول کے حرکت کرنے سے پیدا ہوتی ہے -
گھماگھمی : [ار - امث] چہل پہل - رونق - آبادی - دھوم دھام - آدمیوں کی کثرت -
گھمام : [ار - اند - ق] گھمسان -
گھماں / گھماؤں : [ار - اند] ایکڑ - دو بیگھے -
گھمانا : [ار - مص] دیکھیے "گھومنا" جس کا یہ متعدی ہے - (۲) چرانا -
گھماؤ : [ار - اند] پھیر - چکر (۲) زمین کا وہ رقبہ جو بیلوں سے ایک دن میں جوتا جائے -
گھمبیر : [ھ - صف] دیکھیے "گمبھیر"
گھمو : [ھ - اند] ایک پودے کا نام - ایک کیڑے کا نام -
گھمر گھمر : [ار - امث - صوت ؟] چکی چلنے کی آواز -
گھمڑیاں لینا : [ار - محاورہ] چکر کھانا - گرد پھیرنا -
گھمس : [ار - امث] حبس - گرمی میں ہوا کا بند ہو جانا -
گھمسان : [ار - امث] لڑائی - رن - جنگ (۲) قتل و خون (۳) مقتولوں کا ڈھیر (۴) انبوہ - کثرت - (۵) تباہی - بربادی (۶) زیر و زبر - اوپر تلے -
گھمسان پڑنا : [ار - محاورہ] کشت و خون ہونا -

گھمسان کا رن پڑنا : [ار۔ محاورہ] کشتوں کے پشتے لگ جانا۔ جان توڑ کر لڑنا۔
گھمسان کرنا : [ار۔ محاورہ] خونریزی کرنا (۲) جان توڑ کر لڑنا۔
گھمسان کی : [ار۔ صف] بڑے معرکہ کی۔
گھمسان کی لڑائی : [ار۔ امث] انبوہ کی لڑائی۔ جنگ مغلوبہ
گھمسان ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھمسان کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھمسی : [ار۔ امث] دیکھئے "گھمس"
گھمکا : [ار۔ امذ] دیکھئے "گھمس"
گھم گھم : [ار۔ مث] گول بات۔ مبہم بات
گھم اگھم : [ار۔ صوت۔ مث] کہاروں کی آواز۔ جو وہ ڈولی لے جاتے ہوئے دم بھرنے کے لئے نکالتے ہیں۔
گھملا : [ار۔ امذ] دیکھئے "گملا"
گھمنڈ : [ار۔ امذ] تکبر۔ غرور۔ (۲) نمود خود بینی (۳) شیخی (۴) بادلوں کا ہجوم (۵) قوت اور حمایت پر بھروسا (۶) آسرا اور اُمید۔
گھمنڈ پر آنا : [ار۔ محاورہ] شیخی کرنا۔
گھمنڈ کرنا : [ار۔ محاورہ] تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ ناز کرنا۔ فخر کرنا۔
گھمنڈ نکال دینا : [ار۔ محاورہ] بل نکال دینا۔ تکبر دور کر دینا۔ غرور دور کر دینا۔
گھمنڈ نکل جانا : [ار۔ محاورہ] "گھمنڈ نکال دینا" ملاحظہ فرمائیں جس کا یہ لازم ہے۔
گھمنڈ ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھمنڈ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھمنڈنا : [ار۔ مص] بادل یا دھواں گھرنا۔
گھمنڈی : [ار۔ صف] مغرور۔ متکبر۔ شیخی خورہ۔ خود پسند۔
گھمنی : [ار۔ امث] سر کا گھومنا۔
گھموری : [ہ۔ امث] سخت گرمی۔
گھمیر / گھمیری : [ہ۔ امث] چکر۔ دوران سر۔ درد سر۔
گھن : [س۔ امذ] (۱) ابر۔ بادل۔ گھٹا (۲) بڑا ہتھوڑا (۳) ابرک (۴) ایک خوشبودار گھاس (۵) فراخی۔ وسعت (۶) مضبوطی۔ استحکام (۷) بلغم۔ کھنکھار (۸) گھنٹہ۔ گھڑیال (۹) ایک قسم کا ناچ۔ بڑی رقم۔ (۱۰) جسم۔ بدن (۱) ۔ صف] موٹا۔ دبیز۔ گاڑھا (۱۲) سخت۔ کڑا۔ مضبوط (۱۳) بہت زیادہ۔ کثیر (۱۴) نیک مبارک (۱۵) گنجان۔ گھنا (۱۶) مستقل دائمی (۱۷) پُر۔ بھرا ہوا۔
گھن پڑنا : [ار۔ محاورہ] ہتھوڑے کی چوٹ لوہے پر پڑنا (۲) کوئی دلی صدمہ پہنچنا
گھن چکر : [ار۔ امذ] بہت چکر کھانے والا۔ بہت گردش کرنے والا (۲) آوارہ گرد (۳) بیوقوف (۴) آتشبازی جو لوگ دینے سے گھومتی ہے (۵) سورج مکھی کا پھول (۶۔ ق) آسمان۔
گھن چکر میں آنا : [ار۔ محاورہ] مصیبت میں پھنسنا۔ گردش میں آنا (۲) گھبرا جانا۔ سٹپٹانا۔
گھن دار : [ار۔ صف] پاس پاس۔ گنجان۔ گھنا۔
گھن سیام / شیام : [ہ۔ امذ] کالی گھٹا (۲) شری کرشن جی کا لقب (۳ صف) سیاہ فام۔ کالے رنگ کا۔
گھن کا : [ار۔ صف] شاخ در شاخ (۲) گنجان۔

گھن کا سکہ : [ار۔ امذ] سکہ رائج الوقت۔
گھن کی چوٹ : [ار۔ امث] سخت چوٹ۔ ضرب شدید
گھن کے روپے : [ار۔ امذ] وہ روپے جو سکہ رائج ہوں۔
گھن گرج : [ار۔ امث] بجلی کی کڑک۔ زور کی کڑک (۲۔ صف) زور کا پُر شور۔ مہیب (۳) وزنی۔ بھاری۔
گھنگھور / گھنگور : [ہ۔ صف] گہرا بادل۔ ڈراؤنی کالی گھٹا۔
گھن مارنا : [ار۔ محاورہ] ضرب لگانا (۲) بڑی رقم مارنا۔
گھن : [ہ۔ امث] نفرت۔ کراہت (۲) متلی۔ اُلٹی۔
گھن آنا : [ار۔ محاورہ] کراہت کرنا۔ نفرت پیدا ہونا۔
گھن کرنا : [ار۔ محاورہ] کراہت کرنا۔ نفرت کرنا۔
گھن کھانا : [ار۔ محاورہ] نفرت کرنا۔ کراہت کرنا۔
گھن : [ار۔ امذ] لکڑی کو یا غلے کو کھانے والا کیڑا۔ (۲) کنایۃً "پرانا مرض" (۳) غم۔ فکر۔
گھن جھڑنا : [ار۔ محاورہ] لکڑی کا برادہ ہو ہو کر جھڑنا۔
گھن لگنا : [ار۔ محاورہ] غلے یا لکڑی میں گھن پیدا ہونا (۲) کنایۃً غم۔ فکر یا کوئی جان کا روگ لگ جانا۔
گھنا : [س۔ صف] گنجان۔ چیزوں کا پاس پاس ہونا کہ بیچ میں کسی دوسری چیز کی گنجائش نہ ہو۔
گھنا : [ار۔ صف] گھنا ہوا۔ جیسے گھن لگ گیا ہو۔
گھنا : [ار۔ صف] بات کو سمجھ کر نادان بننے والا (۲) کپٹی۔ کینہ ور۔
گھناؤنا / گھنونا : [ار۔ صف] نفرت انگیز [افعال : کرنا]
گھناؤنی / گھنونی : [ار۔ صف] دیکھئے "گھناؤنا / گھنونا" جس کی یہ تانیث ہے۔
گھنٹ : [س۔ امذ] وہ گھنٹہ جو ہاتھی کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔
گھنٹا / گھنٹہ : [ار۔ امذ] (۱) گھڑیال (۲) گھنٹی (۳) وقت بتانے کا بڑا آلہ کلاک (۴) ساٹھ منٹ کا وقفہ۔
گھنٹا / گھنٹہ بجانا : [ار۔ محاورہ] (۱) گھڑیال بجانا (۲) کلاک کا آواز دینا۔
گھنٹا / گھنٹہ بجنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھنٹہ بجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھنٹا / گھنٹہ گھر : [ار۔ امذ] وہ اونچا مینار جس پر بڑا گھنٹہ یا کلاک لگایا جاتا ہے۔
گھنٹہ / گھنٹہ ہلانا : [ار۔ محاورہ] ہندوؤں کا گھنٹی ہلا کر پوجا کرنا (۲) وقت گزاری کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔
گھنٹالی : [ہ۔ امث] چھوٹی گھنٹی
گھنٹی : [ار۔ امث] چھوٹا گھڑیال (۲) پیتل یا کانسی کی چھوٹی سی ٹکیا۔
گھنٹے مورچھل سے اُٹھانا : [ار۔ محاورہ] بوڑھے آدمی کے جنازے کو بڑی دھوم دھام اور باجے گاجے کے ساتھ مرگھٹ میں لے جانا۔ (ہندوؤں کی رسم)
گھنچ : [ہ۔ امذ] گردن۔ گلا (۲) نرخرہ حلق۔
گھنڈی : [ہ۔ امث] گریبان کو بند کرنے کے لئے کپڑے یا دھاگے کا گول بٹن (۲) دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ (۳) گرہ (۴) کدورت (۵) رکاوٹ۔ انقباض۔

گھنڈی کھولنا : [ار۔محاورہ] گرہ کھولنا۔بٹن کھولنا (۲) شکایت دور کرنا۔
گھنڈی لگانا : [ار۔محاورہ] بند باندھنا۔بٹن لگانا (۲) گھنڈی ٹانکنا۔
گھنگچی : [ھ۔امث] رتی۔ایک قسم کے سرخ دانے جن کا منہ سیاہ ہوتا ہے
گھنگرالے : [ار۔صف] گھنگر والے۔بل کھائے ہوئے۔
گھنگرو : [ار۔امذ] ایک قسم کا بجنے والا زیور (۲) گلے کی آواز جو جان کنی کے وقت نکلتی ہے (۳) بچوں کے پاؤں کا زیور (۴) چنے کا ڈھوڈا (۵) سنی کا پھل جس میں بیج ہوتا ہے۔
گھنگرو باندھنا : [ار۔محاورہ] (۱) ناچنے کے لئے تیار ہونا (۲) ناچنے میں شاگرد ہونا۔
گھنگرو بجنا [ار۔مص مرکب] گھنگرو کا آواز دینا۔
گھنگرو بند بھائی : [ار۔امذ] کنچن بچہ۔ناچنے گانے والے ایک دوسرے کو کہتے ہیں۔
گھنگرو بولنا : [ار۔محاورہ] (۱) گھنگرو بجنا (۲) جان کنی کے وقت خاص آواز نکلنا۔موت کے قریب ہونا۔
گھنگرو سالدا ہونا : [ار۔محاورہ] سر سے پیر تک لدا ہونا۔کثرت سے ہونا۔
گھنگرو لگنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گھنگرو بولنا"
گھنگرو ہونا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گھنگرو سالدا ہونا"
گھنگریا : [ار۔امث] ایک چھوٹا لہنگا جو بچے پہنتے ہیں۔
گھنگنی : [ار۔امث] ابالا ہوا غلہ۔
گھنگنیاں مُنہ میں بھر کر بیٹھنا : [ار۔محاورہ] خاموشی اختیار کرنا۔ چپ سادھنا۔
گھنگھنانا : [ار۔مص] پہیے یا چرخی کا تیزی سے چلتے ہوئے آواز دینا۔
گھنگھولنا : [ار۔مص] کسی رقیق چیز میں ہاتھ ڈال کر ملانا۔گدلا کرنا (۲) گھولنا (۳) الٹ پلٹ کرنا (۴) (نشتر) چبھونا
گھُننا : [ار۔مص] گھُن لگ جانا۔خراب ہو جانا۔
گھنوری : [ار۔صف۔ق] غارت گر
گھنی : [ار۔مث] دیکھئے "گھنا" جس کی یہ تانیث ہے۔
گھنی چھاؤں : [ار۔مث] گنجان سایہ
گھُنی : [ار۔امث] دیکھئے "گھُنا" جس کی یہ تانیث ہے۔
گھُنی سادھنا : [ار۔محاورہ] چپ سادھنا۔مکاری کرنا۔
گھُنی مُسمسی : [ار۔امث] کپٹ رکھنے والی
گھنیانا : [ار۔مص] دیکھئے "گھن آنا"
گھنیائی : [ار۔امث] وہ چیز جس سے نفرت آئے۔
گھنیرا : [ار۔صف] بہت گھنا۔
گھنیری : [ار۔صف۔مث] دیکھئے "گھنیرا" جس کی یہ تانیث ہے۔
گھوآ : [ار۔امذ] ایک کیڑے کا نام جو پانی کے کنارے رہتا ہے۔ (۲) سرکنڈے کے اوپر کا پھول جو روئی کے مانند ہوتا ہے۔
گھوٹ : [ار۔امذ] گھوٹنے کا فعل۔پالش
گھوٹا : [ار۔امذ] کاغذ گھوٹنے کا مہرہ۔صاف یا چمکیلا بنانے کا اوزار استرے سے سر یا ڈاڑھی کی صفائی۔

گھوٹنا : [ار۔مص] رگڑنا۔حل کرنا۔باریک کرنا (۲) مہرے سے صفائی کرنا۔ (۳) رٹنا۔بار بار پڑھنا۔اچھی طرح ذہن نشین کرنا۔
گھُور : [ار۔امذ۔صف] غلاظت۔میل۔چرک (۲) خوفناک۔بھیانک ڈراؤنا (۳) نظربازی۔غصے کی نظر۔
گھُورا : [ھ۔امث] چرپایوں کے رہنے کی سایہ دار جگہ۔
گھُورا : [ار۔امذ] وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے۔کھتّا (۲) گوبر کا ڈھیر (۳) اُپلوں کا انبار (۴) مَیلا۔چرک۔گوہ (۵) کوڑا۔
گھوراگھاری۔ [ار۔امث] نظربازی۔ایک دوسرے کو محبت کی نظر سے دیکھنا
گھُور گھار : [ار۔امث] دیکھئے "گھوراگھاری"
گھُور گھُور کر/کے دیکھنا : [ار۔محاورہ] تیز نظر سے دیکھنا۔
گھُورم گھارا : [ار۔امذ] دیکھئے "گھوراگھاری"
گھُورچی : [ار۔امث] تاگے کی گرہ۔الجھن۔
گھُورنا۔ [ار۔مص] ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔غور سے دیکھنا (۲) خفگی کی نظر سے دیکھنا۔دیدار بازی کرنا۔محبت کی نظر سے دیکھنا۔آنکھیں لڑانا۔
گھُوری : [ار۔صف] مَیلا۔کچیلا۔گندہ۔غلیظ
گھوڑا : [ار۔امذ] ایک سواری کا چوپایہ جس کے سم مدّور ہوتے ہیں۔دُم اور ایال لمبی ہوتی ہے۔سواری اور باربرداری کے کام آتا ہے۔قد میں گدھے سے بڑا مگر کان گدھے سے چھوٹے ہوتے ہیں اسپ۔مرکب۔توسن۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔۳۔بندوق کا کتا۔چٹخنی۔
گھوڑا اُتارنا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کو دریا کے پار اُتارنا یا لے جانا۔
گھوڑا اُٹھانا۔ [ار۔محاورہ] گھوڑے کو دوڑانا۔گھوڑا بھگانا۔
گھوڑا اُڑانا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔
گھوڑا اَڑنا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کا اپنی جگہ سے نہ ہٹنا۔سرکشی کرنا۔
گھوڑا اُکھڑنا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کا قدم برابر نہ پڑنا۔چال سے اُکھڑ جانا۔
گھوڑا اُلانگنا : [ار۔محاورہ] نئے گھوڑے پر پہلی بار سواری کرنا۔
گھوڑا اُلٹنا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کا روگردان ہونا۔واپس مُڑنا
گھوڑا بڑھانا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گھوڑا اُٹھانا"
گھوڑا بڑھ جانا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کا سبقت لے جانا۔
گھوڑا بھر جانا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کا بند بند تھک جانا۔
گھوڑا پالانا : [ار۔محاورہ] گھوڑے پر کاٹھی یا زین رکھنا۔
گھوڑا پاٹے پر چڑھانا : [ار۔محاورہ] بندوق کے کُتّے کو پٹاخے پر زور ڈالنے کے لئے اٹھانا۔
گھوڑا پھیرنا : [ار۔محاورہ] (۱) گھوڑے کو سدھانا (۲) گھوڑے کو واپس کرنا
گھوڑا پھینکنا : [ار۔محاورہ] کسی کے پیچھے گھوڑا دوڑانا۔
گھوڑا جمنا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کا کودنے کے واسطے رُک جانا۔
گھوڑا چراغ پا ہونا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔
گھوڑا چڑھانا : [ار۔محاورہ] بندوق کے کُتّے کو اوپر اُٹھانا۔
گھوڑا چمکانا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کو تیز چلانا۔
گھوڑا چھوڑنا : [ار۔محاورہ] گھوڑے کو گھوڑی پر چڑھانا (۲) گھوڑا دوڑانا۔

(۳)، گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑنا (۴)، گاڑی میں جتے ہوئے گھوڑے گاڑی سے نکالنا (۵) گھوڑے کو چرنے کے لئے کھلا چھوڑنا۔

گھوڑا چھیڑنا : [ار۔ محاورہ] گھوڑا تیز چلانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

گھوڑا داغ ہونا : [ار۔ محاورہ] مجازاً سواروں کے زمرے میں ذکر ہونا۔

گھوڑا دانے گھاس سے آشنائی کرے تو کھائے گا کیا : [ار۔ مثل] دیکھئے "گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے ..... الخ"

گھوڑا دوڑانا : [ار۔ محاورہ] گھوڑا بھگانا۔ گھوڑا سرپٹ چھوڑنا۔

گھوڑا دینا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "گھوڑا چھوڑنا عل"

گھوڑا ڈالنا : [ار۔ محاورہ] گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا (۲)، گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا (۳)، گھوڑا کسی چیز کے پیچھے دوڑانا۔

گھوڑا ران کے نیچے ہونا : [ار۔ محاورہ] گھوڑے کی سواری ہونا۔

گھوڑا کسنا : [ار۔ محاورہ] گھوڑا سواری کے لئے تیار کرنا۔

گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے : [ار۔ مثل] ہر جگہ مروت سے کام نہیں چلتا۔ کوئی شخص اپنے نفع کی پروا نہ کرے تو گذارہ نہیں ہو سکتا۔

گھوڑا گھڑسال ہی میں قیمت پاتا ہے۔ : [ار۔ مثل] ہر چیز اپنے مقام پر قدر پاتی ہے۔

گھوڑا مارنا : [ار۔ محاورہ] گھوڑا دوڑانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

گھوڑا ملا تو کوڑا بھی مل جائے گا : [ار۔ مثل] بڑا کام ہو جائے تو چھوٹے کی کیا فکر وہ بھی ہو جائے گا۔

گھوڑا نکالنا . [ار۔ محاورہ] گھوڑے کو گاڑی کے لئے سدھانا۔ گھوڑے کو سواری کے قابل بنانا (۲)، گھوڑے کو آگے لے جانا (۳)، گھوڑا بڑھانا۔ (۴)، محرم میں شیعوں کا دُلدل کا جلوس نکالنا۔

گھوڑوں کو گھر کتنی دُور : [ار۔ مثل] گھوڑوں کے آگے فاصلہ اور مسافت کوئی چیز نہیں (۲)، کام کرنے والے آدمی کے لئے سب کچھ آسان ہے۔

گھوڑی : [ار۔ امث] دیکھئے "گھوڑا" جس کی یہ تانیث ہے (۲)، سوہان بنانے کا آلہ (۳)، وہ لکڑی جو تارکش کوٹھے کے تار تنے رہنے کے لئے تار کے نیچے کھڑی کر دیتے ہیں (۴)، کپڑا ڈالنے کی چوبی تپائی (۵)، بچوں کے ایک کھیل کا نام (۶)، اس میں جس کی چڈھی لیں اسے گھوڑی کہتے ہیں (۷)، بانس کی چیری ہوئی لکڑی جو ختنہ کے وقت نائی بچہ کے عضو تناسل پر چڑھا دیتا ہے۔

گھوڑی چڑھانا : [ار۔ محاورہ] ختنے کی رسم ادا کرنا (۲)، برات چڑھانا۔ (۳)، نائی کا ختنہ کرتے وقت بانس کی گھوڑی بچے کے عضو تناسل پر چڑھانا۔

گھوڑی چڑھنا : [ار۔ محاورہ] (۱)، تندرست ہو کر کسی مقدس جگہ پر شکریہ ادا کرنے کے لئے جانا (۲)، ختنہ کی رسم ادا ہونا (۳)، دولہا بن کر دولہن کے مکان پر جانا۔

گھوڑے بیچ کر سونا : [ار۔ محاورہ] پاؤں پھیلا کر سونا۔ بے فکری سے سونا۔

گھوڑے جوڑے کی خیر : [ار۔ کلمہ۔ دعا] میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا سلامت رہے۔

گھوڑے دوڑانا : [ار۔ محاورہ] پوری کوشش کرنا۔

گھوڑے سوار : [ار۔ اِمذ] اسپ سوار۔ گھڑچڑھا (۲)، جلد باز

گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات / گھوڑے کو تنگ آدمی کو ہنگ / گھوڑے کو ٹاٹنگ مرد کو بانگ : [ار۔ مثل] نادان کو مار پیٹ اور عقل مند کو اشارہ کافی ہے۔

گھوڑے کی شادی کرنا : [ار۔ محاورہ] گھوڑا بیچنا

گھوڑے کی دُم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھی اُڑائے گی : [ار۔ مثل] ہر شخص اپنی ترقی سے خود ہی فائدہ اٹھاتا ہے۔ اوروں کے کام نہیں آتا۔

گھوڑے گھوڑے لڑیں موچی کا زین ٹوٹے : [ار۔ مثل] کرے کوئی بھرے کوئی۔ زبردستوں کے جھگڑے میں کمزور ناحق نقصان اٹھاتا ہے۔

گھوڑے گئے گدھوں کا راج آیا : [ار۔ مثل] شریف گئے اور بیوقوف ان کی جگہ قائم ہوئے۔

گھوڑیاں : [ار۔ امث] شادی کے گیت جو عورتیں شادی بیاہ میں گاتی ہیں۔

گھوس : [ہ۔ امذ] ایک قسم کا بڑا چوہا (۲)، رشوت۔

گھوس دان : [ہ۔ ف۔ امذ] چوہے پکڑنے کا پنجرہ (ترکیب غلط ہے)

گھوُست : [ھ۔ امذ] اُلو۔ چھوٹا اُلو

گھوسلا : [ھ۔ امذ] مرہٹوں کی ایک ذات۔

گھوُسم گھوسا : [ار۔ امذ] مکا بازی۔ مارکٹائی۔ زدوکوب۔

گھوُسن : [ھ۔ امث] دیکھئے "گھوسی" جس کی یہ تانیث ہے۔

گھوُسی : [ھ۔ امذ] مسلمان گوالا۔ گائے بھینس رکھنے والا۔ دودھ بیچنے والا۔

گھوش : [س۔ امذ] شور۔ ڈھول کی آواز۔ چنگھاڑ۔ دھاڑ (۳)، زبان (۴)، گواروں کے رہنے کا مقام (۵)، گوالوں کی ذات۔

گھوُکنا : [ھ۔ مص] سبق کا بار بار پڑھا جانا۔ رٹنا۔ یاد کرنا۔

گھوُگس : [ار۔ امث] فصیل۔ بُرج۔

گھوُگی : [ھ۔ امث] جیب۔ کیسہ۔ فاختہ۔ گھگی۔

گھوُل : [ار۔ فعل] گھولنا۔ مصدر کا صیغہ امر

گھول کے پلانا : [ار۔ محاورہ] (۱)، تعویذ گھول کے پلانا (۲)، کسی کو بآسانی اور جلد کچھ سکھا دینا۔

گھول کر/کے پی جانا : [ار۔ محاورہ] (۱)، کسی کو ہیچ اور بے وقعت سمجھ کر نیست و نابود کر دینا۔

گھول گھال کر/کے [ار۔ متعلق فعل] گھول کر۔ پانی میں حل کر کے۔

گھول میل : [ار۔ امذ] دیکھئے "گھال میل"

گھولا : [ار۔ امذ] پانی میں حل کی ہوئی افیون (۲۔ مث) ایک قسم کی مچھلی

گھولم گھالا : [ار۔ امذ] (۱)، مشکل میں پھنسنا (۲)، گھولی ہوئی افیون۔

گھولنا : [ار۔ مص] پانی یا کسی رقیق چیز میں حل کرنا۔ (۲)، چوسنا۔

گھولوا : [ار۔ امذ] پانی میں حل کی ہوئی افیون (۲)، کسی دوا کا عرق (۳)، شوربا۔ پتیچ۔ دلیا۔ (۵) بار بار کسی بات کا ذکر۔

گھولوا پڑنا : [ار۔ محاورہ] کسی کام میں دقت پیش آنا۔

گھولوا گھولنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گھول کر پتلا کرنا (۲)، افیون کو پانی میں

حل کرنا (۳) کسی معاملہ کو دیر لگانا۔ ڈھیل کرنا۔
گھُوم : [ار۔ امذ] چکر (۲) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک ستون کے گرد چکر کھاتے ہیں۔
گھُوم جانا : [ار۔محاورہ] چوری جانا۔
گھُوم گھام : [ار۔امث] آوارہ گردی (۲) وہ راستہ جس میں پیچ ہو۔
گھُومانا : [ار۔مص] دیکھئے "گھُمانا"
گھومتا گھامتا : [ار۔صف] پھرتا پھراتا۔
گھُومتی گھامتی : [ار۔امث] دیکھئے "گھومتا گھامتا" جس کی یہ تانیث ہے۔
گھُومنا : [ار۔مص] پھرنا۔ چکر لگانا (۲) چکر آنا (۳) مارا مارا پھرنا۔ (۴) واپس ہونا۔
گھُومنا گھامنا : [ار۔محاورہ] چکر لگانا۔ دورہ کرنا۔
گھُومنی : [ار۔امث] دوران سر۔
گھُونا : [ار۔صف] دیکھئے "گھُنا"
گھُونپنا : [ار۔مص] بُری طرح سینا (۲) گھسیڑنا۔
گھُونٹ : [ار۔امذ] پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اترے۔ جرعہ۔ چسکی (۲) حقے کا دم۔ کش۔
گھونٹ اُتارنا : [ار۔محاورہ] گھونٹ حلق سے نیچے لے جانا۔
گھونٹ بھرنا : [ار۔محاورہ] جرعہ پینا۔ حقے کا دم لگانا۔
گھُونٹ پی کر/کے رہ جانا : [ار۔محاورہ] غصّہ ضبط کرنا۔
گھُونٹ پینا : [ار۔محاورہ] جرعہ پینا۔ رقیق چیز پینا (۲) حقے کا دم لگانا۔
گھُونٹ گھونٹ پینا : [ار۔محاورہ] ایک ایک گھونٹ کرکے پینا۔ آہستہ آہستہ پینا۔
گھونٹ گھونٹ کرکے اُتارنا/پینا : [ار۔محاورہ] تھوڑا تھوڑا کرکے پینا۔
گھونٹ گھونٹ کر/کے رکھنا : [ار۔محاورہ] مجبور کرکے رکھنا۔ مجبور کرنا۔
گھونٹ گھونٹ کر مارنا : [ار۔محاورہ] رنج دے دے کر مارنا۔ جلا جلا کر مارنا (۲) اندرونی مار دینا۔
گھُونٹ لگانا/لینا : [ار۔محاورہ] حقے کا دم لگانا (۲) پانی کا گھونٹ لینا۔
گھُونٹنا : [ار۔مص] گھوٹنا۔ حل کرنا۔ رگڑنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر ملائم یا نرم کرنا (۳) کسی چیز کو اوکھلی یا کسی اور ظرف میں ڈال گھسنا (۴) باربار رٹنا۔
گھُونٹنا : [ار۔مص] گلا دبانا۔ دم روکنا۔
گھونٹوانا : [ار۔مص] (۱) گھونٹنا کا متعدی المتعدی (۲) اُسترے سے اس طرح بال منڈوانا کہ کھونٹی کا نشان باقی نہ رہے۔
گھُونٹی : [ار۔امث] دیکھئے "گھُٹی"
گھُونس : [ار۔امث] دیکھئے "گھُوس"
گھونسا : [ار۔امذ] مُکّا۔ مشت (۲) چوٹ۔ ضرب (۳) کنایۃً صدمہ [افعال۔ لگانا۔ لگنا۔ جڑنا۔ چلانا۔ مارنا]
گھونسلا : [ار۔امذ] پرندوں کا گھر۔ آشیانہ۔ (۲) کنایۃً چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ (افعال: بنانا۔ بننا)
گھونسلا نوچنا : [ار۔محاورہ] گھر برباد کرنا۔

گھونسم گھاسا : [ار۔امذ] دیکھئے "گھوسم گھوسا"
گھونسوں کا کیا اُدھار : [ار۔مثل] جرم کی سزا میں دیر نہیں ہونی چاہیے۔
گھونسوں لڑنا : [ار۔محاورہ] مکوں سے لڑنا۔
گھونسیا : [ار۔امذ] رشوت خوار۔ کھاؤ یار
گھونگا : [ار۔امذ] ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول جو ہڈی کی مانند ہوتا ہے
گھونگٹ/گھونگھٹ : [ار۔امذ] بُرقع۔ نقاب۔ پردہ۔ چادر کا منہ پر پڑا ہوا پلّا (۲) روک۔ حجاب۔ دروازے کی اندرونی دیوار (۳) شرم، حیا۔
گھونگٹ اُٹھانا : [ار۔محاورہ] پردہ دُور کرنا۔ بے حجاب کرنا۔
گھونگٹ اُٹھنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گھونگٹ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
گھونگٹ اُلٹنا : [ار۔محاورہ] دلہن کا بے حجاب ہونا۔ نقاب ہٹا دینا۔
گھونگٹ کا چراغ دان : [ار۔امذ] ایک قسم کا چراغ دان جس میں روشنی ایک طرف پڑتی ہے۔
گھونگھٹ کاڑھنا : [ار۔محاورہ] گھونگٹ نکالنا۔
گھونگٹ کرنا : [ار۔محاورہ] (۱) پردہ کرنا (۲) شرم کرنا۔ لحاظ کرنا (۳) گھوڑے کا اپنی گردن کو پیچھے کی طرف موڑنا (۴) فوج کا پسپا ہونا۔
گھونگٹ کھانا : [ار۔محاورہ] بھاگنے کے لئے فوج کا میدان جنگ سے منہ پھیرنا۔ شکست کھانا۔
گھونگٹ کھولنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "گھونگٹ اُٹھانا"
گھونگٹ کی دیوار : [ار۔امث] پردے کی دیوار۔ مکان کے دروازے کے سامنے کی اندرونی دیوار۔
گھونگٹ لینا : [ار۔محاورہ] مُنہ چھپانا۔ نقاب ڈالنا۔
گھونگٹ نکالنا : [ار۔محاورہ] دوپٹے کے کنارے کو کھینچ کر منہ پر لانا۔
گھونگٹ والی : [ار۔امث] برقع پوش۔ باحیا (۲) دلہن۔
گھونگر : [ار۔امذ] بالوں کا قدرتی پیچ و خم۔
گھونگر والے/گھونگریالے بال : [ار۔امذ] پیچ در پیچ بال۔ مڑے ہوئے بال
گھونگرو : [ار۔امذ] دیکھئے "گھنگرو" مع مرکبات۔
گھونگھی : [ار۔امث] (۱) گھونگا کی تصغیر (۲) مٹی کا پکایا ہوا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا جس کو کھپریل میں رخنہ بندی کے لئے رکھتے ہیں (۳) ایک کیڑے کا نام۔
گھونگنی : [ار۔امث] دیکھئے "گھنگنی" مع مرکبات
گھوئیاں : [ار۔امث] ایک قسم کی ترکاری۔ اروی۔
گھی : [ار۔امذ] پگھلایا اور صاف کیا ہوا مکھن۔ روغن زرد (۲۔صف) نرم۔ ملائم۔
گھی اُٹھانا : [ار۔محاورہ] گھی جذب کرنا۔
گھی چُپیڑنا [ار۔مص مرکب] گھی لگانا۔
گھی داغ کرنا : [ار۔محاورہ] گھی کا تڑکا لگانا۔ گھی کڑکڑانا۔
گھی سنوارے سالن کو بڑی بہو کا نام : [ار۔مثل] کام کوئی کرے نام کسی کا ہو۔
گھی کا کُپا لُنڈھنا : [ار۔محاورہ] کسی بڑے رئیس کا مرجانا

گھی کڑکڑانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گھی داغ کرنا"
گھی کہاں گیا کھچڑی میں : [ار ۔ مثل] جب مال اپنے ہی عزیزوں پر خرچ ہو تو کہتے ہیں ۔
گھی کھچڑی : [ار ۔ صف] کنایۃً "گہرے دوست" ہم نوالہ ۔ ہم پیالہ ۔
گھی کھچڑی لانا : [ار ۔ محاورہ] چھٹی کی رسم میں ننھیال کا گھی اور کھچڑی لانا ۔
گھی کھچڑی ہونا : [ار ۔ محاورہ] شیر و شکر ہونا ۔ گھل مل جانا
گھی کے چراغ جلانا : [ار ۔ محاورہ] خوشی حاصل ہونا ۔ مراد پوری ہونا ۔
گھی کے چراغ جلنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "گھی کے چراغ جلانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں : [ار ۔ محاورہ] بہت گھی پڑا ہوا ہے چیز نہایت لذیذ اور ذائقہ دار ہے ۔
گھی کے کپّے سے جا لگنا : [ار ۔ محاورہ] کسی مالدار کے پاس رسائی ہو جانا ۔
گھی گر پڑا مجھے روکھی ہی بھاتی ہے : [ار ۔ مثل] اپنی شرم چھپانے کے موقع پر بولتے ہیں ۔
گھی نکالنا : [ار ۔ محاورہ] مکھن سے گھی حاصل کرنا ۔
گھی والا : [ار ۔ صف] روغن فروش
گھی والی : [ار ۔ امث] دیکھئے "گھی والا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
گھیا : [ار ۔ امذ] ایک قسم کی ترکاری ۔ کدو ۔
گھیا توری / ترئی : [ار ۔ امث] ایک قسم کی لمبی اور سیاہ توری ۔
گھیا کدو : [ار ۔ امذ] ایک قسم کا لمبا کدو ۔
گھیا کش : [ار ۔ امذ] دیکھئے "کدو کش"
گھیاں : [ار ۔ امث] دیکھئے "گھوئیاں"
گھینپنا : [ار ۔ مص] خوب ملانا ۔ آمیز کرنا ۔
گھینٹلا : [ار ۔ امذ] لمبی نوک کا بھدا جوتا ۔
گھیر : [ار ۔ امذ] محیط ۔ دَور ۔ چکر ۔ گھماؤ (۲) حلقہ ۔ دائرہ ۔ احاطہ (۳) گرداگرد ۔
گھیر دار : [ار ۔ صف] فراخ ۔ کشادہ ۔ دُوردار ۔ ڈھیلا ڈھالا ۔
گھیر گھار : [ار ۔ امذ] لباس کی چوڑائی اور ڈھیلا پن (۲) مٹ ۔ روک ٹوک (۳) محاصرہ ۔
گھیر گھار کر : [ار ۔ متعلق] چاروں طرف سے سمیٹ کر ۔ ہر طرف سے اکٹھا کر کے ۔
گھیر گھار کرنا : [ار ۔ محاورہ] محاصرہ کرنا (۲) روک ٹوک کرنا (۳) مجبور کرنا ۔
گھیرا : [ار ۔ امذ] حلقہ ۔ گردہ ۔ چکر ۔ دائرہ ۔ احاطہ (۲) کور ۔ کنارہ (۳) محاصرہ (۴) بے بُنا پلنگ ۔ کنایۃً جنجال ۔
گھیرا ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] چاروں طرف سے گھیر لینا ۔ محاصرہ کر لینا ۔
گھیرنا : [ار ۔ مص] (۱) چار دیواری بنانا ۔ باڑ لگانا (۲) احاطہ کرنا ۔ محاصرہ کرنا (۳) پکڑنا ۔ جکڑنا (۴) راہ روکنا ۔ (۵) مجبور کرنا ۔ پیچھے پڑنا ۔
گھیرنی : [ار ۔ امث] چرخہ چلانے کا ہتھا ۔
گھیری : [ار ۔ امث ۔ ق] سر کا چکرانا ۔ غش ۔

گھیکوار : [ار ۔ امذ] ایک قسم کا پودا جس کے لمبے لمبے پتے ہوتے ہیں اور درمیان میں لیس دار مادہ ہوتا ہے ۔ (پنجابی) کوار گندل ۔
گھیگا پلانا : [ار ۔ محاورہ ق] مکر کرنا ۔ پھسلانا
گھینٹ : [ار ۔ امذ] گلا ۔ حلق ۔
گھینٹا : [ھ ۔ امذ] سُؤر کا بچہ
گھینٹی : [ھ ۔ امث] دیکھئے "گھینٹا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
گھینگا : [ھ ۔ امذ] گلا پھولنے کی بیماری ۔ گلھڑ
گھیو : [ار ۔ امذ ۔ ق] گھی ۔
گھیوَر : [ار ۔ امذ] ایک قسم کی مٹھائی جو مَیدے اور گھی کی آمیزش سے تل کر بنائی جاتی ہے ۔
گھیورا : [ھ ۔ امذ] ایک قسم کا چھوٹا کھیرا ۔

گ ۔ و

گئو : [س ۔ امث] گائے ۔
گئو پال : [ھ ۔ صف] دیکھئے "گوپال"
گئو دان : [ھ ۔ امذ] گائے کی خیرات ۔
گئو دنتی : [ھ ۔ امث] ایک قسم کا پتھر جس کا کشتہ بخار میں مفید ہوتا ہے ، اسے ہڑتال گئو دنتی بھی کہتے ہیں ۔
گئو رس : [ھ ۔ امذ] دودھ (۲) دہی (۳) چھاچھ ۔ لسی ۔
گئو سالا / شالا : [ھ ۔ امذ] گایوں کے رہنے کی جگہ ۔
گئو گھاٹ : [ھ ۔ امث] دریا یا تالاب کا وہ مقام جو مویشیوں کے پانی پینے کے لئے بنایا جاتا ہے ۔
گئو مکھی : [ھ ۔ امث] بانات وغیرہ کی وہ تھیلی جس میں ہندو لوگ مالا ڈال کر جپتے ہیں (۲) ہمالہ پہاڑ کی ایک کھوہ جہاں سے گنگا نکلتی ہے ۔
گئو ہتیا / ہتھیا : [ھ ۔ امث] گائے کے ذبح کرنے یا مارنے کا گناہ ۔ گاؤ کشی ۔
گئی : [ار ۔ صف] چلی گئی ۔ گزری ہوئی (۲) مث ۔ درگزر ۔ تغافل ۔
گئی اور آئی : [ار ۔ امث] دیکھئے "گیا اور آیا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
گئی بُو بُو دار کی اور رہی کھال کی کھال : [ار ۔ مثل] عزت اور دولت کھو کر جیسے تھے ویسے کے ویسے رہے ۔
گئی بیتی : [ار ۔ صف ۔ مث] دیکھئے "گیا بیتا" جس کی تانیث ہے ۔
گئی کرنا : [ار ۔ محاورہ] درگزر کرنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ جان کر ٹالنا (۲) کمی کرنا کوتاہی کرنا (۳) صبر کرنا ۔ سہارنا ۔ برداشت کرنا (۴) غفلت کرنا ۔ چوکنا
گئی گزری : [ار ۔ صف] ناچیز ۔ حقیر ۔ بے وقعت (۲) بھولی ہوئی ۔ پرانی ۔
گئے : [ار ۔ فعل] جانا مصدر سے ماضی کا صیغہ ۔ گیا کی جمع ۔
گئے بیچارے روزے رہے ایک کم تیس : [ار ۔ مثل] جب پہلا روزہ رکھ لیا تو باقی کے بھی رکھے برابر سمجھو (۲) جب ایک مشکل کام کا کوئی حصہ کر لیا تو وہ آسان نظر آنے گا ۔

گئے تھے روزے بخشوانے نماز گلے پڑ گئی / گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑ گئے : [ار- مثل] ایک کام سے عذر کیا دوسرا اور سپرد ہو گیا۔ الٹے لینے کے دینے پڑ گئے۔

گئے درجے : [ار- متعلق فعل] آخر کار۔ کم سے کم۔

گئے گزرے : [ار- صف] بدتر۔ ناکارہ۔ بیکار۔ بے وقعت

گئے وقت میں : [ار- متعلق فعل] اس بُرے وقت میں۔ اس بداقبالی کے زمانہ میں۔

گ-ی

گی : [ار- لاحقہ مستقبل] دیکھئے "گا" جس کی یہ تانیث ہے۔

گی : [ف- لاحقہ- اسم کیفیت] ایک لاحقہ جو ہائے مختفی پر ختم ہونے والے اسم صفت کی ہائے مختفی دور کرنے کے بعد بڑھانے سے اُسے اسم کیفیت بنا دیتا ہے۔ مثلاً کشیدہ سے کشیدگی، سنجیدہ سے سنجیدگی۔

گے : [ار- لاحقہ مستقبل] دیکھئے "گا" جس کی یہ جمع ہے۔

گیا : [ار- صف] رفتہ۔ سابقہ۔ گزشتہ (۲) چلا گیا (۳) گزر گیا (۴) تباہ ہوا۔ برباد ہوا

گیا اور آیا : [ار- صف] فوراً واپسی کے موقع پر کہتے ہیں۔ یعنی جانے کے بعد فوراً واپس آیا۔

گیا بیتا : [ار- صف] گزرا ہوا۔ پچھلا (۲) نکما۔ ناقابل اعتبار۔

گیا گزرا : [ار- صف] گزرا ہوا۔ رفتہ (۲) معدوم۔ مفقود (۳) ناکارہ۔ نکما۔ بیکار (۴) خراب۔ بُرا (۵) کم حوصلہ۔ بزدل (۶) نہایت کمزور۔ ناتواں (۷) بے حیثیت۔ ناچیز۔ بے قدر (۸) بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ (۹) نالائق۔ بدچلن (۱۰) مفلس۔ غریب۔ قلاش (۱۱) ناقابل وصول (۱۲) تباہ شدہ (۱۳) ماضی، کسی کام کا نہ رہا۔

گیا گزرا ہوا : [ار- صف] دیکھئے "گیا گزرا"

گیا گزرا ہونا : [ار- محاورہ] بیکار ہونا (۲) ناطاقت ہونا (۳) رقم ڈوب جانا۔

گیا گزرایا : [ار- صف] گزرا اور بیتا ہوا۔ جو گزر چکا ہو۔

گیا وقت : [ار- متعلق فعل] وہ وقت جو گزر گیا ہو۔

گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا : [ار- مثل] گزرا ہوا زمانہ دوبارہ نہیں مل سکتا۔

گیابھ : [ھ- امذ] حیوان کا حمل۔ گابھ۔

گیابھ ڈالنا : [ار- محاورہ] حمل گرانا (۲) خوف کے مارے وقت سے پہلے بچہ جن دینا (۳) بے حد ڈرنا۔

گیابھن : [ھ- امث] دیکھئے "گابھن"

گیارہ : [ار- عدد] دس اور ایک

گیارھواں : [ار- صف] ترتیبی۔ ترتیب میں دس کے بعد کا درجہ

گیارھویں : [ار- صف- ترتیبی] (۱) دیکھئے "گیارھواں" جس کی تانیث ہے (۲) چاند کے ہر مہینے کی گیارھویں تاریخ جس کو شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز دلائی جاتی ہے۔

گیاست : [ار- امث- ق] گیان پن۔

گیان : [س- امذ] علم۔ دانش (۲) عقل- فہم (۳) علم الٰہی۔ علم معرفت۔ عرفان۔

گیان چرچا : [ھ- امذ] علمی یا مذہبی ذکر اذکار۔ علمی یا مذہبی مباحثہ۔

گیان چوسر : [ھ- امث] ایک قسم کی چوسر جو کاغذ پر چھپی ہوتی ہے اور پانچ یا سات کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے۔

گیان دوڑانا : [ھ- محاورہ] بہت سوچ بچار کرنا۔

گیانی/گیان وان : [ھ- صف] خداشناس۔ عالم۔ فاضل۔

گیاہ : [ف- امث] ہری گھاس (۲) خشک گھاس۔ کاہ۔

گیبرڈین : [انگ- امذ] (GABARDINE) ایک سوتی یا ریشمی کپڑا جس میں اون کی آمیزش ہوتی ہے۔ جس سے کوٹ پتلون بنتے ہیں

گیپا : [ت- امذ] ایک قسم کا پلاؤ۔

گیپائی : [ت- صف] گیپا بیچنے والا۔ پلاؤ بیچنے والا۔

گیت : [ار- امذ] راگ۔ بھجن۔ سرود

گیت گانا : [ار- محاورہ] کنایۃً تعریف کرنا۔

گیتا : [ھ- امث] ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں کرشن جی کے اس وعظ کو پیش کیا گیا ہے جو انہوں نے ارجن کو سمجھانے کے لئے کیا تھا۔ (۲) مقدس نظم۔

گیتی : [ف- امث] دنیا۔ عالم۔ جہان۔ زمانہ۔ سنسار۔ جگ

گیتی آرا : [ف- صف] جہان کو آراستہ کرنے والا۔ نہایت خوبصورت۔ کنایۃً "بادشاہ" (۲) بصرہ کا ایک خوبصورت پھول جس کی خوشبو اس کے سوکھ جانے کے بعد بھی کستوری کی طرح رہتی ہے۔

گیتی آفرین : [ف- صف] جہان کو پیدا کرنے والا۔ خدا تعالیٰ

گیتی افروز : [ف- صف] دنیا کو روشن کرنے والا۔ کنایۃً آفتاب

گیتی بان : [ف- صف] دنیا کا محافظ۔ دنیا کا بادشاہ۔

گیتی پژوہ : [ف- صف] دنیادار (۲) دنیا کا طالب کنایۃً بادشاہ

گیتی پناہ : [ف- امذ] بادشاہ۔

گیتی نورد : [ف- صف] دنیا میں پھرنے والا۔

گیٹ : [انگ امذ] (GATE) پھاٹک۔ بڑا دروازہ

گیٹ اپ : [انگ- امث] (GET-UP) انداز۔ وضع طرز کتاب کی لکھائی۔ چھپائی وغیرہ (۲) ظاہری حسن۔

گیٹس : [ار- امذ] انگریزی لفظ (GARTER) کا بگاڑ (۱) موٹے کپڑے یا چمڑے کی پٹی جسے سوار لوگ پنڈلیوں پر ٹخنوں سے کس لیتے ہیں (۲) ربڑ یا سوت کا فیتہ جو موزوں پر چڑھا لیا جاتا ہے تاکہ وہ نیچے نہ گریں

گیج : [انگ- امذ] (GAUGE) ناپ۔ پیمائش۔ گنجائش۔

گیدرا : [ھ- صف] احمق۔ بیوقوف۔ سادہ لوح (۲) بھدا۔ بدنما۔

گیدڑ : [ار- امذ] ایک جنگلی جانور جو کتے سے ذرا چھوٹا اور لومڑی سے ذرا بڑا ہوتا ہے۔ (۲) کنایۃً بزدل۔

گیدڑ اوروں کو شگون بتائے آپ کتوں سے پھڑوائے / گیدڑ دوسروں کو شگون بتلائے آپ اپنی گردن کتوں سے تڑوائے

(ار۔ مثل) اپنی مصیبت کی خبر نہیں دوسروں کا شگون دیکھتے پھرتے ہیں۔

گیدڑ بولنا : [ار۔ محاورہ] (۱) گیدڑوں کا بھونکنا (۲) بدشگونی کی علامت ظاہر ہونا (۳) اجڑنا ۔ ویران ہونا ۔ غیرآباد ہونا ۔

گیدڑ بھبکی : [ار۔ امث] دکھاوے کا ڈر اور اوپری دھمکی ۔ گھُرکی (۲) خالی خولی دھمکی ۔

گیدڑ بھبکی دکھانا : [ار۔ محاورہ] جھوٹ موٹ ڈرانا

گیدڑ کی جمعداری اٹکی ہوئی ہے : [ار۔ مثل] زبردستی کی حکومت ہے

گیدڑ کی شامت / کمبختی آتی ہے / آئے تو گاؤں کی طرف بھاگتا ہے / بھاگے : [ار۔ مثل] جب دن بُرے آتے ہیں تو بُری ہی سوجھتی ہے ۔

گیدڑ کی مہمانی : [ار۔ امث] عبث بے فائدہ کام ۔

گیدڑ کے کہنے سے بیر نہیں پکتے : [ار۔ مثل] کام حسب مراد نہیں ہوتے۔

گیدڑنی / گیدڑی : [ار۔ امث] دیکھئے گیدڑ جس کی یہ تانیث ہے ۔

گیدڑی دوڑ گئی : [ار۔ محاورہ] (۱) خوف پیدا ہو گیا (۲) پوشیدہ بات پھیل گئی ۔

گیدھنا : [ہ۔ مصدر] چسکا پڑ جانا ۔ حریص ہو جانا ۔

گیدی : [ف۔ صف] (۱) بے غیرت ۔ بے حمیت (۲) بھڑوا ۔ دیوث (۳) مخنث ۔ ہیجڑا ۔ نامرد (۴) بزدل ۔ کم حوصلہ (۵) احمق ۔ نادان ۔ بیوقوف (۶) بے تمیز (۷) لالچی (۸) گید یعنی چیل سے منسوب لوگوں کا خیال ہے کہ چیل چھ ماہ نر اور چھ ماہ مادہ رہتی ہے ۔

گیدی خر : [ف۔ اند] بہت بڑا بے وقوف (۲) نہایت بے غیرت ۔

گیر : [ف۔ لاحقہ۔ فاعل] گرفتن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پکڑنے والا کے معنی دیتا ہے ۔ مثلاً عالم گیر ۔ دل گیر ۔

گیراج : [انگ ۔ اند] (۱) موٹر خانہ (۲) گودام ۔ garage

گیرو دار : [ف۔ امث] (۱) پکڑ ۔ دھکڑ (۲) جنگ و جدل ۔ لڑائی (۳) حکومت ۔ حکمرانی (۴) شان و شکوہ ۔ تزک و احتشام ۔

گیرائی : [ف۔ امث] (۱) پکڑ ۔ گرفتگی (۲) محکمہ ٹھگی (۳) محکمہ کار خاص خفیہ پولیس (۴) وسعت ۔ (۵) کشش ۔

گیرُو : [ہ۔ اند] ایک قسم کی سرخ مٹی جس سے جوگیوں کے کپڑے رنگے جاتے ہیں ۔ گِل ارمنی ۔

گیروا : [ہ۔ صف] گیرو کے رنگ کا ۔ جوگیا ۔ وہ جسے گیرو میں رنگا ہو ۔

گیروی : [ہ۔ امث] (۱) دیکھئے "گیروا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) ایک قسم کا سرخ کیڑا جو اناج کو لگ جاتا ہے ۔

گیری / گیڑی : [ہ۔ امث] وہ لکڑی جس سے لڑکے کھیلتے ہیں ۔ ایک لکیر کھینچ دیتے ہیں اور دوسرے شخص چوٹ لگا کر لکیر سے پار کرتا ہے اور جیت لیتا ہے ۔

گیڑیاں : [ہ۔ امث] دیکھئے گیڑی جس کی یہ جمع ہے ۔

گیڑیاں کھیلنا : [ہ۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "گیڑی" اس کا کھیل کھیلنا (۲) نادان ہونا ۔ بے وقوف ہونا ۔ بے ہنر ہونا ۔

گیسُو : [ف ۔ اند] عورتوں کے لمبے بال جو سر کے دونوں طرف ہوتے ہیں ۔ کاکل لٹ

گیسو بُریدہ : [ف۔ صف] ایک گالی ۔ بے حیا ۔ فاحشہ ۔

گیسو چھٹنا : [ار۔ محاورہ] بالوں کا بکھر کر شانے پر لہرانا ۔

گیسو دار : [ف۔ صف] گیسوؤں والا ۔ مجازاً پیرزادہ

گیسو دراز : [ف۔ صف] وہ جس کے گیسو بہت لمبے ہوں

گیسو کترنا : [ار۔ محاورہ] بالوں کا کاٹنا ۔

گیسو کھل جانا / کھلنا : [ار۔ محاورہ] بالوں کا بکھرنا ۔

گیسوؤں والا : [ف۔ صف] معشوق ۔

گیسوئے شمع : [ف ۔ اند] کنایۃً موم بتی کا دھواں ۔

گیگلا : [ہ۔ صف] سادہ لوح ۔ بھولا ۔ احمق ۔

گیگلا پن : [ہ۔ اند] سادہ لوحی ۔ بھولا پن ۔ حماقت ۔

گیگلی : [ہ۔ امث] دیکھئے "گیگلا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) پھوہڑ ۔ بلّی

گیل : [ہ۔ امث] (۱) راستہ ۔ راہ ۔ باٹ ۔ پگ ڈنڈی (۲) کیلے کی پھلیوں یا کھجوروں کا گچھا (۳) متعلق فعل ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔ سنگ (افعال ؛ جانا کرنا ۔ لینا)

گیل لگے پھرنا : [ار۔ محاورہ] ساتھ ساتھ رہنا ۔ ہمراہ رہنا (۲) پیچھے پیچھے پھرنا (۳) درپے ہونا ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔

گیل : [ار۔ امث] گیلاپن ۔ نمی ۔ سیل

گیل سیل : [ہ۔ امث] دیکھئے "گیل"

گیلا : [ار۔ صف] نم ۔ تر ۔ بھیگا ہوا (افعال ؛ کرنا ۔ ہونا)

گیلا پن : [ار۔ اند] گیلا ہونا ۔

گیلا سیلا : [ار۔ صف] سیل کی وجہ سے نم / تر

گیلری : [انگ۔ امث] (GALLERY) گرجے / مکان / تھیٹر وغیرہ میں بیٹھنے کی اونچی جگہ (۲) تصویر خانہ ۔ نگار خانہ ۔

گیلڑ : [ہ۔ اند] (۱) پہلے خاوند کا وہ لڑکا (بچہ) جسے عورت اپنے ساتھ دوسرے خاوند کے گھر لائی ہو ۔ ربیب

گیلن : [انگ ۔ اند] (GALLON) رقیق چیز ناپنے کا آلہ جو ۴ کوارٹر اور دو سیر دس چھٹانک کے برابر ہوتا ہے

گیلی : [ہ۔ امث] دیکھئے گیلا جس کی یہ تانیث ہے ۔

گیلی لکڑی سیدھی ہو سکتی ہے : [ار۔ مثل] بچے کی تربیت ہو سکتی ہے ۔

گیلے : [ہ۔ اند] دیکھئے "گیلا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے ۔

گیلے سوکھے دونوں جلتے ہیں / گیلی سوکھی سب جلتی ہے : [ار۔ مثل] سخت اندھیر / ناانصافی ہے ۔

گین : [ف ۔ صف] آگین کا مخفف ہے جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے صفت بنا دیتا ہے ۔ اور بھرا ہوا کے معنی دیتا ہے جیسے غمگین ۔ اندوہگین ۔ (۲) والا ۔ صاحب جیسے شرمگین ۔

گینا : [ہ۔ اند] چھوٹے قد کا بیل ۔ (۲) جھاڑی ۔

گینت / گینتی : [ہ۔ امث] زمین کھودنے کا ایک نوکدار اوزار ۔ کدالی ۔ کسی ۔

گینج : [ہ ۔ اِمذ] ایک قسم کا کھانا جو محرم میں پکتا ہے ۔ کِھچڑا

گینجنا : [ہ ۔ مص] ہاتھ سے مَل ڈالنا ۔ مَل کے خراب کر دینا ۔

گیند : [ہ ۔ اِمذ] احمق ۔ پُچ ۔

گیند : [ار ۔ اِمث] لکھنؤ اور پنجاب میں مذکر ۔ چمڑے ۔ کپڑے یا ربڑ کا گولا ۔ جس سے کھیلتے ہیں ۔ گوئے (۲) ٹوپیوں کے رکھنے یا پگڑی باندھنے کا قالب (۳) جلانے کی گیند جیسے میدان جنگ یا دیوالی میں روشن کرتے ہیں (۴) جوان عورت کی سخت اور گول چھاتیاں (افعال : اچھالنا ۔ اچھلنا ۔ پھینکنا ۔ کھلانا ۔ کھیلنا)

گیند بلّا : [ہ ۔ اِمذ] کئی ایک کھیل جو گیند اور بلّے سے کھیلے جاتے ہیں ۔ ہاکی ۔ کرکٹ ۔ ٹینس ۔ پولو وغیرہ ۔

گیند ترّی : [ہ ۔ اِمث] بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک دوسرے کو گیند مارتے ہیں

گیند دھڑکا : [ہ ۔ اِمذ] گیند کا کھیل ۔ ایک کا دوسرے کی طرف گیند پھینکنا ۔

گیندا : [ہ ۔ اِمذ] ایک پودا جس کا پھول زرد ، نارنجی اور سرخ ہوتا ہے اس کا پھول صد برگ کہلاتا ہے ۔

گیندا کھیلنا : [ار ۔ محاورہ] گیندے کے پھولوں کو ایک دوسرے کی طرف پھینکنا ۔ لڑکے لڑکیوں کا ایک کھیل

گیندوا : [ہ ۔ اِمذ] تکیہ ۔ سرہانہ (۲) کیڑا جو پیٹ میں پیدا ہو جاتا ہے ۔

گیندئی : [ہ ۔ صف] گیندے کے رنگ کا زرد

گینڈا : [ہ ۔ اِمذ] ایک سیاہ رنگ کا چوپایہ جو بڑے بھینسے کے برابر ہوتا ہے اس کے ماتھے میں ایک سینگ ہوتا ہے اس کی کھال سخت اور موٹی ہوتی ہے ۔ جس سے سپر (ڈھال) اور چھڑیاں بنتے ہیں ۔

گینڈے کی ڈھال اور بجلی کی تلوار : [ار ۔ مثل] دونوں بہت اچھی ہوتی ہیں ۔ تلوار بنانے والے تلوار کے لوہے کو بجلی سے گرم کر کے بناتے ہیں

گینگ : [انگ ۔ اِمذ] (GANG) گروہ ۔ جماعت ۔ جتھا ۔ ٹولی ۔

گینگٹا : [ہ ۔ اِمذ] کیکڑا ۔

گینی : [ہ ۔ اِمث] چھوٹے قد کی گائے ۔ موٹی تازی گائے (۲) ایک قسم کی چھوٹی گاڑی جسے گینے بیل کھینچتے ہیں ۔

گیہاں : [ف ۔ اِمذ] (۱) جہاں (۲) زمانہ ۔ روزگار ۔

گیہان خدیو : [ف ۔ اِمذ] جہاں کا بادشاہ ۔

گیہواں : [ہ ۔ صف] گیہوں کے رنگ کا ۔ گندمی ۔

گیہوں : [ہ ۔ اِمذ] ایک مشہور غلہ جو انسانی خوراک میں سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے ۔ جس سے روٹیاں پکتی ہیں ۔ اس کی فصل اپریل میں پک کر تیار ہوتی ہے ۔ گندم

گیہوں دے کر گاجریں کھانا : [ار ۔ مثل] عمدہ چیزیں دے کر ادنیٰ لینا جو بیوقوفی ہے ۔

گیہوں کی بال نہیں دیکھی : [ار ۔ مثل] ابھی ناتجربہ کار ہے ۔ گھر کی چار دیواری سے باہر نہیں نکلے ۔

گیہوں کی روٹی کو فولاد کا پیٹ چاہیے : [ار ۔ مثل] نعمت کما کر پچانے کو بہت بڑا حوصلہ چاہیے ۔ یہ اس وقت کی ضرب المثل ہے جب گیہوں صرف امیر آدمی کھاتے تھے اور غریب دوسرے سستے اناج استعمال کرتے تھے ۔

گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے / گیا : [ار ۔ مثل] زبردست کے ساتھ کمزور بھی مارا گیا ۔

گیہوں کے کھیت میں کرنجوا اُگا : [ار ۔ مثل]
۱ ۔ اچھے کی اولاد بری ہوئی ۔
(۲) بھلائی کی بجائے برائی پلّے پڑی ۔

~~~~~~
~~~~~~

ل

ل : [ع . اند] اس کا نام لام ہے
(۱) اردو حروف تہجی کا تیسواں اور فارسی کا ستائیسواں حرف ہے۔ عربی حروف تہجی کی ترتیب ابتث کا تیئسواں اور ترتیب ابجد کا بارھواں حرف ہے۔ دیوناگری رسم الخط کا اٹھائیسواں وینجن ہے۔
(۲) یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرف علت کے ساتھ مل کر آواز دیتا ہے۔
(۳) عربی تقسیم کے مطابق شمسی حروف میں شامل ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آجائے تو وہ لام ساقط ہو جائے گا اور اصل لام کو مشدد کر دے گا مثلاً اَللّطیف۔
(۴) حساب جمل میں اس کے تیس عدد مقرر ہیں۔
(۵) اردو میں تعدیہ کی تاکید کے لئے آتا ہے مثلاً دکھانا سے دِکھلانا۔
(۶) اردو حروف کے آخر میں آکر اسم کیفیت کے معنی پیدا کر دیتا ہے مثلاً بول۔ چال وغیرہ میں۔
(۷) اردو ہندی الفاظ میں نسبت کے لئے بھی آتا ہے مثلاً بوجھل۔ اڑیل وغیرہ میں۔
(۸) عربی میں کلمہ کے شروع میں آکر "لئے" کے معنی دیتا ہے مثلاً لِلّٰہ میں۔
(۹) ہندی میں اکثر "ر" کے بدل کے طور پر آتا ہے مثلاً بجلی۔ بجری وغیرہ میں لیکن بعض اوقات ب۔ پ۔ ت۔ ث۔ ج۔ چ۔ د۔ ڈ۔ ڑ۔ س۔ ک۔ گ۔ م۔ ن۔ و۔ ی سے بھی بدل جاتا ہے۔
(۱۰) فارسی میں مندرجہ ذیل حرف کا بدل ہے:۔
ا۔ د کا بدل مثلاً دغ اور لغ میں۔
ب۔ ر کا بدل مثلاً چنار اور چنال میں۔
ج۔ س کا بدل مثلاً سچ اور لچ میں۔
د۔ ش کا بدل مثلاً اسپغوش اور اسپغول میں۔
ہ۔ ن کا بدل مثلاً نیلوفر اور لیلوفر میں۔
و۔ ہ کا بدل مثلاً چاہ اور چال میں۔
ز۔ ی کا بدل مثلاً نائے اور نال میں۔

ل ۔ ا

لآلی : [ع ۔ اند] دیکھئے "لؤلؤ" جس کی یہ جمع ہے۔
لآلی فرآمد : [ع ۔ اند ۔ بترکیب فارسی] دُرہائے یتیم ۔ وہ موتی جو اکیلے سیپی میں پیدا ہوتے ہوں۔
لا : [ار ۔ فعل] (۱) آ۔ (ان معنوں میں اب متروک ہے) (۲) لاکر مثلاً لا اُتارنا بمعنی لاکر اُتارنا۔

لَا : [ع ۔ حرف نفی] نہیں ۔ نہ ۔ بغیر۔
لااُبالی : [ع ۔ صفت] بے فکر ۔ بے پروا (۲) لامذہب ۔ رند مشرب (۳) شوخ ۔ بے شرم ۔
لااُبالی پن : [ار ۔ اند] دیکھئے "لااُبالی" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
لااُبالی کارخانہ : [صفت ۔ اند] نہایت بدانتظامی ۔
لااُحصِی : [ع ۔ مقولہ] میں احاطہ نہیں کر سکتا ۔ اشارہ ہے ۔ مندرجہ ذیل حدیث نبوی کی طرف **لَا اُحصِی ثناءً علیکَ انت کما اَثنیتَ علیٰ نفسک** یعنی میں تیری صفات شمار نہیں کر سکتا ۔ تجھ میں وہ سب صفات موجود ہیں جو تو نے خود اپنی نسبت بیان کی ہیں ۔
لاادری : [ع ۔ کلمہ انکار] لا اعلم ۔ مجھے معلوم نہیں ۔
لاادریا : [ع ۔ صفت] متشکک ۔ وہ شخص جس کو خدا کے وجود اور ہر چیز کے بارے میں شبہ ہو ۔
لاادریّت : [ع ۔ امث] متشککین کا نظریہ کہ ہم خدا اور کسی چیز کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے ۔
لا اِلٰہ : [ع ۔ متعلق فعل] لا الٰہ الا اللہ کا مخفف (۲) (ار) معاذ اللہ ۔ توبہ ہے ۔
لَا اِلٰہ اِلَّا اللہ محمد رسول اللہ : [ع ۔ کلمہ طیبہ] کلمہ طیبہ ۔ خدا کے سوا کوئی پرستش کے قابل نہیں اور محمد صلعم اس کے رسول ہیں ۔ یہ کلمہ مسلمان کے ایمان کی بنیاد ہے ۔
لا باس بہ ! [ع ۔ متعلق فعل] کچھ مضائقہ نہیں ۔
لابُد : [ع ۔ متعلق فعل] (۱) بے شک ۔ یقیناً ۔ قطعی (۲) مجبوراً
لابُدی : [ع ۔ صفت] لازمی ۔ ضروری ۔ یقینی ۔
لاپتا : [ار ۔ صفت] بے پتا ۔ وہ جس کا پتا نہ ہو ۔ گم ۔ غائب (غلط ہے ۔ صحیح "بے پتا" ہے)
لاپروا : [عف ۔ صفت] بے پروا (غلط ہے ۔ صحیح "بے پروا" ہے)
لاپروائی : [عف ۔ امث] بے پروائی ۔ غفلت (۲) بے خوفی ۔ (غلط ہے ۔ صحیح "بے پروائی" ہے)
لاتُحصٰی ولاتُعَد : [ع ۔ صفت] بے حساب ۔ بے شمار ۔ ان گنت ۔ لاتعداد ۔
لاتعداد : [ع ۔ صفت] بے حساب ۔ بے شمار ۔
لاثانی : [ع ۔ صفت] بے مثل ۔ بے نظیر ۔ یگانہ ۔ فرد ۔
لاجُرعہ : [ع ۔ صفت] بغیر گھونٹ کے (ایک ہی سانس میں پی جانا)
لاجرم : [ع ۔ متعلق] (۱) بے شک ۔ یقیناً (۲) مجبوراً ۔
لاجواب : [ع ۔ صفت] (۱) خاموش ۔ چپ (۲) بے نظیر ۔ بے مثل (۳) عاجز ۔ قائل ۔ مغلوب (۴) جس کا جواب نہ ہو ۔
لاجواب کر دینا : [ار ۔ محاورہ] جواب نہ بننے دینا ۔ تھکا دینا ۔ بند کر دینا

لاچار: [ار۔ صف] (۱) ناچار۔ لاعلاج (۲) محتاج۔ غریب۔ مفلس (۳) بے بس۔ مجبور۔ (۴) ہار کر۔ مجبور ہو کر۔ (صحیح "ناچار" ہے) [افعال: کرنا۔ ہونا]

لاچاری: [ار۔ امث] دیکھئے "لاچار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ (غلط ہے صحیح "ناچاری" ہے)

لاچاری پربت سے بھاری: [ع۔ مثل] درماندگی پہاڑ سے بھی زیادہ بھاری ہے۔

لاحاصل: [ع۔ صف] بے فائدہ۔ فضول۔ نکما۔ بیکار۔

لاحل: [ع۔ صف] جو حل نہ ہو سکے۔ مشکل۔ دشوار۔ کٹھن۔

لاحول: [ع۔ کلمہ نفرت] لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا مخفف (۲) شیطان کو بھگانے کے واسطے بولتے ہیں۔

لاحول بھیجنا: [ار۔ محاورہ] لعنت بھیجنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔

لاحول پڑھنا: [ار۔ محاورہ] شیطان یا بھوت پریت کے بھگانے کے لئے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھنا۔ (۲) لعنت بھیجنا۔

لاحول ولا قوۃ: [ع۔ کلمہ۔ اظہار نفرت] اظہار نفرت اور بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم: [ع۔ کلمہ پناہ] کسی کو کوئی قدرت و طاقت حاصل نہیں لیکن خدا تعالیٰ بزرگ و برتر کو سب کچھ حاصل ہے۔

لاخراج: [ع۔ صف] وہ زمین جس پر سرکاری محصول نہ ہو۔ معافی۔ وہ زمین جس کا مالیہ نہ دینا پڑے۔

لاخراج دار: [عف۔ صف] وہ زمین دار جس کو سرکاری محصول ادا نہ کرنا پڑے۔

لادعویٰ: [ع۔ صف۔ امذ] دست برداری۔ (۲) خطی۔ بے تعلق ہونے کی سند۔

لادعویٰ دینا/لکھنا: [ار۔ محاورہ] کسی حق یا دعوے کو چھوڑ دینا۔

لادوا: [ع۔ صف] جس کی دوا نہ ہو سکے۔ جس کا علاج نہ ہو سکے۔

لاریب: [ع۔ متعلق فعل] بلاشبہ۔ بے شک۔ یقیناً

لازوال: [ع۔ صف] جس کو زوال نہ ہو۔ غیر فانی۔ ازلی۔ قدیم۔

لاسخن: [عف۔ صف] (۱) خاموش۔ بے زبان (۲) (مذ) بدزبانی۔ گستاخی۔

لاسخن کہنا/نکالنا: [ار۔ محاورہ] برا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا

لاسلکی: [ع۔ امث] بے تار برقی پیغام رسانی۔ (WIRELESS)

لاشریک: [، ۔ صف] جس کا کوئی شریک نہ ہو۔ خدا۔

لاشے: [ع۔ صف] ہیچ۔ بے وقعت۔ معدوم۔

لاطائل: [ع۔ صف] بے سود۔ بے فائدہ۔ فضول۔ بیکار۔

لاعلاج: [ع۔ صف] (۱) لادوا۔ (۲) ناچار۔

لاعلم: [ع۔ صف] بے خبر۔ ناواقف۔ انجان۔

لاعلمی: [عف۔ امث] دیکھئے "لاعلم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لافانی: [ع۔ صف] جس کو فنا نہ ہو۔ ہمیشہ رہنے والا۔

لافتیٰ الا علیؑ۔ لاسیف الا ذوالفقار: [ع۔ مقولہ] حضرت علیؑ کے سوا کوئی بہادر نہیں اور ذوالفقار کے سوا کوئی تلوار نہیں۔

لاکلام: [ع۔ صف] (۱) وہ بات جس میں کوئی جائے گفتگو نہ ہو۔ (۲) (متعلق فعل) بے شک۔ یقیناً۔

لاکلامی: [عف۔ امث] (۱) چپ رہنا۔ خاموشی (۲) (صف) یقینی۔ بے شبہ۔

لامتناہی: [ع۔ صف] لامحدود۔ بے حد۔ بے انتہا۔

لامحال/محالہ: [ع۔ متعلق فعل] یقیناً۔ ضرور۔

لامذہب/دین: [ع۔ صف] جس کا کوئی مذہب نہ ہو۔ بے دین۔ دہریہ۔

لامذہبیت/دینیت: [ع۔ امذ] دیکھئے "لامذہب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) مذہب سے کوئی تعلق نہ ہونا (انگریزی لفظ SECULARISM کا ترجمہ)

لامرکزیت: [ع۔ امث] (۱) جس کا مرکز نہ ہو (۲) مرکزی حکومت کو توڑنا (۳) بنکاری کی ایک اصطلاح۔

لامشاحہ/مناقشہ فی اصطلاح: [ع۔ مقولہ] محاورہ/اصطلاح میں کوئی جھگڑا یا ترمیم نہیں ہوتی۔

لامکان: [ع۔ امذ] وہ مقام جس کی کوئی تشخیص نہ ہو۔ عالم قدس جس کی طرف اور جگہ معین نہیں۔

لامکان پرواز/سیر: [ع۔ ف۔ صف] عالم بالا تک پہنچنے والا۔ مراد نبی صلعم

لامکانی: [ع۔ صف] دیکھئے "لامکان" جس کی یہ تانیث ہے۔

لانسلم: [ع۔ کلمہ انکار] ہم نہیں مانتے۔

لاوارث: [ع۔ صف] وہ مال یا شخص جس کا وارث کوئی نہ ہو۔ وہ چیز جس کا کوئی حقدار نہ ہو۔

لاوارثی: [ع۔ صف۔ مث] وہ شے جس کا کوئی حقدار نہ ہو۔

لاوارثی چٹھی/خط: [ار۔ امذ و مث] وہ خط جو مکتوب الیہ کا پتہ نہ چلنے کی وجہ سے کہیں نہ جا سکے۔

لاوارثی مال: [ار۔ امذ] وہ مال جس کا مالک یا حقدار کوئی نہ ہو۔

لاولد: [ع۔ صف] بے اولاد۔ جس کے کوئی اولاد نہ ہو۔

لاونعم: [ع۔ متعلق فعل] نہیں ہاں۔ آرے بلے۔

لایجوز: [ع۔ صف] جائز نہیں۔ ناجائز۔

لایحصیٰ: [ع۔ صف] بے شمار۔ بے حد۔

لایزال: [ع۔ صف] ہمیشہ رہنے والا۔ جسے زوال نہ ہو۔ بے زوال۔ کنایۃً خدا تعالیٰ۔

لایعقل: [ع۔ صف] بے وقوف۔ نادان۔ بے عقل۔

لایعلم: [ع۔ صف] جاہل۔ بے علم۔

لایعنی: [ع۔ صف] بے معنی۔ لغو۔ بے ہودہ۔ فضول۔ لاحاصل۔

لایموت: [ع۔ صف] (۱) نہ مرنے والا۔ غیر فانی (۲) وہ خوراک جو زندگی قائم رکھنے کے لئے کافی ہو۔

لاینبغی: [ع۔ صف] نامناسب۔ جو لائق نہ ہو۔

لاینحل: [ع۔ صف] وہ جو حل نہ ہو سکے۔ مشکل۔

لاینفک: [ع۔ صف] جدا نہ ہونے والا۔

لا: [انگ۔ امذ] (LAW) قانون۔ ضابطہ۔ قاعدہ۔

لاب: [ار۔ امذ۔ ق] فائدہ۔

لابہ: [ف۔ امذ] (۱) درخواست۔ خواہش (۲) دعا (۳) طنز۔ (۴) مذاق (۵) خوشامد۔

لابہ گر: [ف۔ صف] چاپلوسی کرنے والا۔ خوشامدی۔

لا بہ گری: [ف - امث] دیکھئے "لابہ گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لابھ: [س - امذ] (۱) فائدہ۔ نفع (۲) حصول۔ تحصیل (۳) بالائی آمدنی۔ رشوت۔ (۴) نجوم کا گیارھواں گھر (۵) لالچ۔ طمع۔ حرص۔ لوبھ۔

لابی: [انگ - امث] (LOBBY) (۱) پارلیمنٹ یا اسمبلی کا شاکمرہ جہاں ممبر حضرات ملاقاتیوں سے ملتے ہیں (۲) پارلیمنٹ، اسمبلی یا ہوٹل۔

لات: [ع - امذ] زمانہ جاہلیت میں عربوں کا ایک دیوتا جس کی پرستش ہوتی تھی (۲) چاندی کی دیوی (۳) [ع - فاعل] ستو پلانے والا۔

لات: [ار - امث] پاؤں کی ضرب۔ ٹھوکر (۲) لت۔ لگد۔

لات جانا: [ار - محاورہ] گائے بھینس وغیرہ کا دودھ دھوتے وقت لاتیں مارنا۔

لات چلانا: [ار - محاورہ] "لات مارنا" ملاحظہ فرمائیں۔

لات دینا: [ار - محاورہ] دیکھئے "لات مارنا"

لات کا آدمی بات سے نہیں مانتا: [ار - مثل] شریر اور سرکش آدمی سختی کیے بغیر درست نہیں ہوتا۔

لات مار کر کھڑا ہونا: [ار - محاورہ] بچہ جن کر تندرستی کے ساتھ اٹھنا۔ جننے سے بخیریت فراغت پانا۔

لات مارنا: [ار - محاورہ] (۱) پاؤں کی ٹھوکر مارنا۔ ٹھکرانا (۲) ترک کرنا۔ دست بردار ہونا (۳) بہت بیزار ہونا۔

لات مکی: [ار - امث] لات گھونسے کی لڑائی - زدوکوب۔

لاتوں کے آدمی / بھوت / دیو باتوں سے نہیں مانتے: [ار - مثل] شریر سختی کیے بغیر باز نہیں آتا۔

لاتیں چلانا: [ار - محاورہ] (۱) لاتوں سے مارنا۔ ٹھوکریں لگانا (۲) دولتیاں مارنا۔

لاتیں چلنا: [ار - محاورہ] ایک دوسرے کو لاتیں مارنا۔

لاتیں کھانا: [ار - محاورہ] لاتوں سے مار کھانا۔

لاتیں لگانا / مارنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "لاتیں چلانا"

لاٹ: [ار - امث] بہت اونچا ستون۔ مینار۔ لاٹھ (۲) لو۔ شعلہ۔

لاٹ: [ار - امذ] (۱) مالک۔ آقا (۲) امیر (۳) برطانیہ کا اعزازی خطاب - (۴) گورنر (۵) حاکم صوبہ۔ (انگریزی لفظ LORD کا بگاڑ۔)

لاٹ پادری: [ار - امذ] بڑا پادری - سب سے بڑا پادری۔

لاٹ: [انگ - امذ] (LOT) چیزوں کا انبار - ڈھیر۔ تھوک۔

لاٹ بندی: [ار - امث] چیزوں کے الگ الگ انبار لگانا۔

لاٹری: [انگ - امث] LOTTERY - ایک قسم کی قرعہ اندازی۔ جوئے کی ایک قسم۔

لاٹنا: [ار - مص - ق] ذلیل کرنا۔

لاٹھ: [ھ - امث] (۱) عظیم ستون۔ کھمبا (۲) کولہو کی موٹی اور لمبی لکڑی (۳) موسل۔ دستہ۔ موگری (۴) چرخی کی سب سے لمبی اور اونچی بیچ کی کھونٹی۔

لاٹھی: [ھ - امث] عصا۔ جریب۔ ہاتھ کی لکڑی۔

لاٹھی پاٹھی: [ھ - امث] مارپیٹ۔ زدوکوب۔

لاٹھی پونگا: [ھ - امث] لاٹھی اور سونٹا۔ لٹھ اور بانس۔ لٹھم لٹھا۔ مارپیٹ۔ زدوکوب۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

لاٹھی ٹوٹے نہ بانس پھوٹے: [ار - مثل] اس طرح کام لینا کہ کسی کا نقصان نہ ہو۔ نرمی سے کام لینا۔

لاٹھی ٹیک کے چلنا: [ار - محاورہ] لاٹھی کے سہارے چلنا۔

لاٹھی کے ہاتھ مال گزاری بیباق: [ار - مثل] سختی کرنے سے قرض کی جلد وصولی ہو جاتی ہے۔

لاٹھی لٹھول: [ھ - امث] جوتی پیزار - مارپیٹ - زدوکوب۔

لاٹھی مارے / مارنے سے پانی جدا نہیں ہوتا: [ار - مثل] رشتہ داروں یا بھائی بندوں میں بہکانے سکھانے سے فرق نہیں پڑ سکتا۔

لاٹھی ہاتھ کی، بھائی ساتھ کا: [ار - مثل] مدد وہی اچھی ہوتی ہے جو موقع پر کام آئے۔ بھروسا اسی پر ہو سکتا ہے جو ساتھ ہو۔

لاج: [انگ - امث] (LODGE) مکان۔ منزل۔ عمارت۔

لاج: [ھ - امث] (۱) شرم۔ حیا۔ غیرت (۲) عزت۔ آبرو۔

لاج آنا: [ار - محاورہ] شرم آنا۔

لاج رکھنا: [ار - محاورہ] آبرو بگڑنے نہ دینا۔ عزت بچانا۔ شرم رکھنا۔

لاج سے مرنا: [ار - محاورہ] بہت زیادہ شرمسار ہونا۔ شرم کے مارے زمین میں گڑا جانا۔

لاج کرنا: [ار مص مرکب] شرم کرنا۔

لاج کھانا: [ار - محاورہ] شرم کھانا یا آنا۔

لاج کھونا / گنوانا: [ار - محاورہ] بے حیا ہو جانا۔ بے شرم ہو جانا۔

لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری: [ار - مثل] عزت اور شرم کے مارے بدلحاظی نہ کرنا اور نقصان اٹھا جانا۔

لاج لجانا: [ار - محاورہ] شرمانا۔

لاج لگنا: [ار - محاورہ] شرم لگنا۔

لاجنا: [ار - مص - ق] شرمانا۔

لاجونتی: [ھ - صف] (۱) حیادار۔ [illegible] پاک دامن (۲) (امث) چھوئی موئی کا پودا۔

لاجالوجی: [ار - امث] خوشامد۔ للو پتو۔

لاجورد: [ف - امذ] گہرے نیلے رنگ کا ایک چمکدار پتھر۔ گہرا نیلا رنگ۔

لاجوردی: [ف - صف] لاجورد کے رنگ کا۔

لاجوں مرنا: [ار - محاورہ] شرم آنا۔ شرم کے مارے زمین میں گڑ جانا۔

لاچا: [پنجابی - امذ] ریشمی تہبند۔

لاچین: [ت - امذ] شاہین شکاری۔

لاحق: [ع - صف] ملا ہوا۔ پیوستہ۔ وابستہ۔ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔

لاحق ہونا: [ار - محاورہ] ملنا۔ چمٹنا۔ پٹنا۔ وابستہ ہونا (۲) کوئی بیماری لگنا۔

لاحقہ: [ع - صف] دیکھئے "لاحق" جس کی یہ تانیث ہے (۲) (امذ) وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ کے آخر میں آکر اس کے معنوں میں کوئی اضافہ کرے جیسے نامہ بر۔ دلبر وغیرہ میں "بر"

لاد: [ار - امث] بار۔ بوجھ۔ لدا ہوا بوجھ۔

لَاد پھاند : [ار۔امث] اسباب باندھنا اور بار کرنا۔
لَاد چلنا : [ار۔محاورہ] کوچ کرنا۔ بوریا بستر سمیٹ کر رخصت ہونا۔
لَاد دے لدا دے لدانے والا ساتھ دے : [ار۔مثل] چیز بھی دے اس کو لدوا بھی دے۔ اور ایک آدمی بھی دے جو جاکر اتروا بھی دے۔ ہر طرح کا بوجھ دوسرے پر ڈالنے والا۔
لَادْنَا : [ار۔مص] بار کرنا۔ بوجھ رکھنا۔ اسباب بھرنا۔ بہت سا بوجھ رکھ دینا۔
لَادُو : [ار۔صف] وہ جانور جس پر بوجھ لادتے ہیں۔ بوجھ لادنے کے قابل۔
لَادی : [ار۔امث] (۱) بوجھ۔ بھار۔ بوجھا (۲) دھوبیوں کی گٹھڑی۔
لادے لادے پھرنا : [ار۔محاورہ] بوجھل چیز لئے لئے پھرنا۔
لَادِیا : [ار۔امذ] باربردار۔ بوجھ لادکر لے جانے والا۔ بوجھ لادکر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا۔
لَاڈ : [ار۔امذ] پیار۔ ناز۔ اخلاص۔ محبت۔
لَاڈ پیار : [ار۔امذ] پیار۔ اخلاص۔
لَاڈ لڈانا : [ار۔محاورہ] چاؤ چوچلے میں پرورش کرنا۔ ناز و نعمت سے پالنا۔
لاڈا/لادا : [ھ۔امذ] (۱) نیل کا کچا پودا (۲) ایک سوانگ کا نام
لَاڈا : [ار۔صف] (۱) پیارا۔ معشوق (۲) ناز و نعمت سے پالا ہوا۔ (۳) (مذ) عاشق (۴) دولہا۔
لاڈا لاڈی : [ار۔صف] عاشق و معشوق۔ دولہا دُلہن۔
لاڈلا : [ار۔صف] پیارا۔ معشوق۔ ناز و نعمت سے پالا ہوا۔
لاڈلا پوت کٹورے موت : [ار۔مثل] زیادہ لاڈ سے اولاد بدتمیز اور گستاخ ہوجاتی ہے۔
لاڈلی : [ار۔امث] دیکھئے "لاڈلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
لاڈو : [ار۔صف۔مث] (۱) لاڈلی (۲) دلہن۔ عروس۔
لَاڈو لاڈ میں سر کھاڈ میں : [ار۔مثل] لاڈلی اولاد کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔
لَار : [ھ۔امث] قطار۔ صف۔ پرا۔ اونٹوں کی قطار۔
لَارا : [ھ۔امث] حیلہ۔ بہانہ۔
لارا چارا/لارا لیری : [ھ۔امذ۔مث] حیلہ بہانہ۔ ٹال مٹول۔
لارا لیری کا یار کبھی نہ اُترے پار : [ار۔مثل] حیلے بہانے والا ہمیشہ ناکام رہتا ہے اس سے مطلب براری نہیں ہوسکتی۔
لَارْوَا : [انگ۔امذ] (LARVA) کیڑے کے انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت۔ جھانجھا۔ پہلی روپ۔
لاری : [انگ۔امث] (LORRY) ایک قسم کی موٹر گاڑی۔
لَاڑھا : [ھ۔صف] شوقین۔ مشتاق۔ شیدا۔ مانوس۔
لَاڑھیا : [ھ۔صف] (۱) بُری چیز کی تعریف کرکے اسے بکوا دینے والا۔ دلال (۲) مکار۔ فریبی۔ دغا باز۔
لاڑھیا پَن : [ھ۔امذ] دیکھئے "لاڑھیا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لَازِب : [ع۔صف] چپکنے والا۔
لَازِم : [ع۔صف] (۱) چمٹا ہوا۔ وابستہ۔ ملحق (۲) ضرور۔ واجب۔ فرض۔ (۳) صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر ختم ہوجائے اور مفعول کو نہ چاہے۔ (۴) ذمہ۔ تعلق۔
لَازِم آنا : [ار۔محاورہ] ضروری ہونا۔ یقینی نتیجہ نکلنا۔
لَازِم پڑنا : [ار۔محاورہ] ضروری ہونا۔ کسی کام پر مجبور ہونا۔
لَازِم و ملزوم : [ع۔صف] ایک دوسرے کے متعلق۔ ایک دوسرے سے وابستہ۔ ایک دوسرے کے لئے واجب۔ ضروری۔
لَازِمَہ : [ع۔امذ] جوڑ۔ میل۔ سامان۔ ضروری اسباب۔
لَازِمی : [ع۔صف] ضروری۔ واجب۔
لَاسَا : [ار۔امذ] (۱) ایک لیس دار مادہ جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ نشاستہ گوند۔ جس سے چڑیاں پکڑتے ہیں۔ (۲) چسکا۔ عادت۔ (۳) جھگڑا۔
لَاسَا لگانا : [ار۔محاورہ] (۱) پرندے پکڑنے کے لئے کسی چیز پر چیپ دار مادہ لگانا (۲) دو شخصوں کو لڑوانا۔ جھگڑا لگا دینا (۳) پھنسانا۔ چپکانا۔
لَاسَا لگنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "لاسا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
لَاسا ہوجانا : [ار۔محاورہ] چپک جانا۔
لاسے پر لگانا : [ار۔محاورہ] (۱) مانوس کرنا۔ پلانا۔ گرویدہ بنانا۔ یار بنانا۔ (۲) جال میں پھنسانا۔
لَاسے پر لگ جانا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "لاسے پر لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
لَاش : [ت۔امث] مردہ جسم۔ نعش۔ میت۔ جنازہ۔
لَاش پٹی : [ار۔امث] موت کی اطلاع یا رپورٹ۔
لَاش پڑنا : [ار۔محاورہ] مارا جانا۔ ہلاک ہونا۔ مُردہ ہوکر گرنا۔
لَاش ڈالنا : [ار۔محاورہ] قتل کرنا۔ مار کر ڈھیر کرنا۔
لَاش گلیوں میں کھنچوانا : [ار۔محاورہ] لاش کی بے عزتی کرنا۔
لاشعاعیں : [ار۔امث] وہ (ایکس) قسم کی شعاعیں جو ٹھوس اجسام میں سے گزر جاتی ہیں اور ان کی مدد سے اجسام کے اندر کی تصویر لی جاتی ہے انگریزی لفظ X - RAYS کا ترجمہ۔
لاشوں کے پُشتے لگنا : [ار۔محاورہ] لاشوں کے ڈھیر لگ جانا۔
لَاشَہ : [ف۔امذ] (۱) مُردہ جسم (۲) لاغر۔ دُبلا۔
لَاطِینی/لاتینی : [ا۔مث] (۱) قدیم رومہ کی زبان۔ رُومی زبان (۲) رُومہ سے منسوب انگریزی لفظ LATIN کا معرب
لَاغَر : [ف۔صف] دُبلا۔ پتلا۔ نزار۔
لَاغَرِی : [ف۔امث] دیکھئے "لاغر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
لَاف : [ف۔امث] شیخی۔ بڑائی۔ ڈینگ۔ خودستائی۔
لَاف زَن : [ف۔صف] شیخی باز۔ ڈینگ مارنے والا۔ بڑبولا۔
لاف زنی : [ف۔امث] دیکھئے "لاف زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ [افعال: کرنا]
لاف و گزاف : [ف۔امث] بیہودہ سرائی۔ شیخی۔ تعلی۔

لاکٹ : [انگ - اند] (LOCKET) (۱) گھنڈی - تکمہ - بک - تعویذ (۲) گلے میں پہننے کا ایک زیور -

لاکھ : [ار - اعدد وصف] سو ہزار کی تعداد - لکھ (۲) بہت - بے حد - بہتیرے - بہت سے - ہرچند (۳) ایک قسم کا گوند جو لاکھ کے کیڑے سے پیدا ہوتا ہے - جسے پگھلا کر مہر لگائی جاتی ہے -

لاکھ بات کی ایک بات : [ار - امث] مختصر - پُرمغز بات -

لاکھ باتیں : [ار - امث] مختلف قسم کی باتیں -

لاکھ بسوے : [ار - متعلق فعل] ضرور - یقیناً - بلاشبہ -

لاکھ پر بھاری : [ار - صف] بہادر - غالب جس کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا - لاثانی - بے نظیر -

لاکھ پردوں میں چھید کرنا : [ار - محاورہ] عورت کا آوارہ ہونا -

لاکھ جان سے قربان جانا / ہونا : [ار - محاورہ] بہت محبت کے اظہار کے لئے کہتے ہیں -

لاکھ جی سے : [ار - متعلق فعل] ہزار جان سے - شوق سے - دل سے -

لاکھ دو لاکھ میں ایک : [ار - صف] منتخب - چُنا ہُوا -

لاکھ سر کا ہو جانا : [ار - محاورہ] (۱) ہٹ کرنا - ضد کرنا - کسی کے کہنے کو خیال میں نہ لانا - ڈھیٹ ہو جانا - (۲) سربرآوردہ ہونا - زبردست ہونا -

لاکھ کا گھر خاک کر دینا : [ار - محاورہ] (۱) تمام دولت و عزت برباد کر دینا (۲) بنا بنایا کام خراب کر دینا -

لاکھ کا گھر خاک ہو جانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "لاکھ کا گھر خاک کر دینا" جس کا یہ لازم ہے -

لاکھ کا گھر لٹانا : [ار - محاورہ] دیکھئے "لاکھ کا گھر خاک کر دینا -"

لاکھ کو خاک سمجھنا : [ار - محاورہ] بہت دیانتدار ہونا -

لاکھ کوئی کہے : [ار - روزمرہ] کوئی کچھ کہے - ہرچند کوئی کہے -

لاکھ لاکھ : [ار - صف] بہت زیادہ - بے حد -

لاکھ لاکھ بناؤ دینا : [ار - محاورہ] بہت زیب و زینت دینا - بہت بھلا لگنا -

لاکھ لاکھ کوس : [ار - اند] دور دور -

لاکھ من کا احسان : [ار - اند] بہت بڑا احسان -

لاکھ من کا ہونا : [ار - محاورہ] (۱) بہت بھاری اور بوجھل ہونا (۲) صاحب عزت و وقار ہونا (۳) بھاری بھرکم ہونا -

لاکھ میں : [ار - متعلق فعل] ہزاروں میں - لاکھوں میں - سیکڑوں میں - بہتیروں کے سامنے (۲) ضرور - یقیناً

لاکھ میں ایک : [ار - صف] منتخب - چُنا ہوا - چھٹا ہوا

لاکھ میں کہنا : [ار - محاورہ] علی الاعلان کہنا - واضح طور پر کہنا -

لاکھ ہاتھی لٹ گیا پھر سوا لاکھ ٹکے کا ہے : [ار - مثل] امیر کتنا ہی غریب ہو جائے پھر بھی اس کی قدر اور عزت باقی رہتی ہے -

لاکھا : [ھ - اند] (۱) لاکھ کا سرخ رنگ جسے عورتیں خوبصورتی بڑھانے کے لئے اپنے ہونٹوں پر لگاتی ہیں (۲) ہونٹوں پر لگانے کی سُرخی - (۳) لاکھی رنگ کا گھوڑا (۴) ایک قسم کا جنگلی مُرغ -

لاکھا جمانا / لگانا : [ار - محاورہ] پان کی سرخی ہونٹوں پر خشک ہونے دینا

لاکھواں : [ار - صف] لاکھ سے نسبت رکھنے والا -

لاکھوری : [ار - صف] (۱) لاکھ کے رنگ کا (۲) لکھوری ملاحظہ فرمائیں -

لاکھوں : [ار - صف] دیکھئے "لاکھ" جس کی یہ جمع ہے -

لاکھوں پر بند نہ ہونا : [ار - محاورہ] (۱) عورت کا آوارہ ہونا (۲) بہت سے لوگوں کے مقابلے میں عاجز نہ ہونا -

لاکھوں پر بھاری ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "لاکھ پر بھاری"

لاکھوں کوس : [ار - اند] دیکھئے "لاکھ لاکھ کوس"

لاکھوں گھڑے پانی پڑنا : [ار - محاورہ] بہت شرمندہ ہونا -

لاکھی : [ار - صف] (۱) لاکھ کے رنگ کا سُرخ (۲) گھوڑے کا ایک رنگ (۳) لاکھ کا بنا ہوا -

لاکھی طباق : [ار - اند] لُک کا طباق -

لاگ : [ار - امث] (۱) تعلق - علاقہ - نسبت (۲) انس - محبت - لگن (۳) مزہ - چسکا (۴) شوق - رغبت (۵) عداوت - دشمنی (۶) کرتب - شعبدہ - طلسم (۷) جادو - ٹونا - منتر (۸) دوا دارو (۹) سہارا - مدد -

لاگ باندھنا : [ار - محاورہ] دشمنی پیدا کرنا -

لاگ پر : [ار - متعلق فعل] مقابلہ پر - چوٹ پر -

لاگ پیدا کرنا : [ار - محاورہ] (۱) دشمنی پیدا کرنا (۲) تعلق پیدا کرنا -

لاگ دار : [ار - صف] (۱) رشتہ دار - ناطہ دار (۲) بہنوئی - بہن کا خاوند - (۳) دوست - یار - آشنا - (ترکیب غلط ہے)

لاگ ڈانٹ : [ار - امث] اَن بَن - عداوت - بُغض - حسد -

لاگ رکھنا : [ار - محاورہ] (۱) دشمنی رکھنا - عداوت رکھنا (۲) تعلق رکھنا -

لاگ سے : [ار - متعلق فعل] مدد سے - سہارے سے -

لاگ کھلانا : [ار - محاورہ] (۱) کوئی جادو کی ہوئی چیز کھلانا (۲) جادو کرنا (۳) کشتہ کھلانا -

لاگ لپیٹ : [ار - امث] (۱) طرف ... ی - پاسداری - حمایت - (۲) دغا - مکر فریب -

لاگ لگنا : [ار - محاورہ] (۱) عشق ہونا - لگن ہونا (۲) شوق ہونا - امنگ ہونا - نیا رشتہ نکلنا (۳) ٹیکس لگنا -

لاگ لگی تب لاج کہاں : [ار - مثل] عشق کی لاگ لگ جائے تو شرم نہیں رہتی -

لاگت : [ار - امث] (۱) اصل خرچ - صرف (۲) قیمت - مول - بھاؤ - خرچ -

لاگت آنا / بیٹھنا / لگنا : [ار - محاورہ] خرچ ہونا -

لاگن : [ار - صف] دیکھئے "لاگو"

لاگو : [ار - صف] (۱) درپے (۲) یار - دوست - آشنا - (۳) خواہش مند - چاہنے والا (۴) ساتھی - خبرگیر (۵) طرف دار - (۶) خریدار - گاہک (۷) دشمن (۸) وہ چیز جس کا اطلاق ہو - عائد ہونے والی چیز - [افعال : ہونا]

لاگوٹ : [ار - امث - ق] محبت - پیار

لَال : [ت ۔صف] گونگا۔ بہرا۔

لال : [ار۔صف] (۱) سُرخ ۔ احمر۔ سوہا (۲) دہکتا ہوا۔ انگارا سا۔ (۳) گونگا (۴) خشمناک ۔ غصّے میں بھرا ہوا۔ (۵) ایک قسم کا بیش قیمت پتھر۔ لعل (۶) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ (۷) پیارا۔ لاڈلا۔ ناز پروردہ (۸) قیمتی (۹) بالک ۔ لڑکا۔ (۱۰) بیٹا۔فرزند۔

لال اُگلنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ سے موتی جھڑنا (۲) عجیب باتیں کرنا (۳) گالیاں دینا۔

لال اِملی : [ار۔امث] وہ املی جس کے پھل کا گودا سرخ ہوتا ہے۔

لَال اَنگارا : [ار۔اند صف] (۱) آگ کے انگارے کی طرح سرخ ۔ نہایت سرخ و (۲) (صف) غصہ میں بھرا ہوا۔ غضبناک۔

لَال بُجھکّڑ : [ار۔صف] پہلے درجے کا بیوقوف۔

لَال بُخار : [ار۔ اند] متعدی بخار جس میں جسم پر سرخ دانے نکل آتے ہیں۔

لَال بھبوکا : [ار۔صف] سُرخ ۔ تر و تازہ ۔ نہایت سرخ۔ سرخ چہرہ جو غصہ کی وجہ سے ہو۔

لال بیگ : [ار۔اند] (۱) خاک روبوں کا پیشوا (۲) ایک پر دار کیڑا۔

لال بیگی / بیگیا : [ار۔ اند] لال بیگ کا معتقد ۔ خاکروب مہتر۔ بھنگی۔

لال پانی : [ار۔اند] (۱) حیض کا خون (۲) سرخ رنگ کی شراب۔

لال پری : [ار۔امث] (۱) کنایۃً شراب۔ سرخ رنگ کی شراب (۲) سرخ رنگ کی پوشاک پہننے والی (۳) اندر سبھا کے قصے کی ایک پری۔

لال پری کی بیٹھک : [ار۔امث] ایک قسم کی نیاز جو عورتیں بالوں سے زمین جھاڑ کر دیتی ہیں تاکہ شوہر اور اولاد زندہ رہے۔

لال پڑ جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) سرخ ہو جانا۔ (۲) غضبناک ہو جانا (۳) پک جانا۔

لَال پُڑیا : [ار۔ امث] سرخ پُڑیا جس میں عورتیں مہندی رکھتی ہیں

لَال پَلکا : [ار۔ اند] ایک قسم کا سرخ رنگ کا کبوتر جس کا پوٹا، دُم اور بازو سفید ہوتے ہیں۔

لال پیارا تو اس کا خیال بھی پیارا : [ار۔مثل] جو من بھا جائے اس کی ہر بات پسند آجاتی ہے۔

لال پیلا ہونا : [ار۔محاورہ] نہایت خفا ہونا۔ غصہ میں بھرنا۔

لال پیلی آنکھیں / دیدے کرنا / نکالنا : [ار۔ محاورہ] غصہ کی نگاہ سے دیکھنا۔ ناراض ہونا۔

لال خاں کا لکڑا : [ار۔اند] مجرم کو سزا دینے کا ایک بڑا بھاری شہتیر جو بیچ میں سے سُرخ اور سوراخ دار ہوتا ہے۔ اس میں مجرم کے پاؤں رکھ کر دونوں ٹکڑوں کو ملا دیتے ہیں۔

لال خاں کے لکڑے سے باندھنا : [ار۔ محاورہ] بہت سزا دینا۔

لال ڈورے : [ار۔اند] (۱) سُرخ تار (۲) سُرخ تاگے۔ وہ سُرخ رگیں جو آنکھوں میں دکھائی دیتی ہیں۔

لال رکابی : [ار۔امث] حضرت فاطمہؓ کی نیاز۔ صحنک۔

لال سوداگر : [ار۔ اند] کم مایہ سوداگر جو ادھر مال لے اور اُدھر جھٹ تھوڑے منافع پر بیچ دے۔ ٹٹ پونجیا۔

لال سی جان : [ار۔امث] چھوٹی سی جان ۔ پیاری جان۔

لَال قند : [ار۔ اند] ایک سُرخ کیڑے کا نام۔

لَال کتاب : [ار۔امث] (۱) وہ کتاب جس میں جاہلوں کے نزدیک تمام باتوں کا جواب حسب مرضی یا حسب سوال مل جاتے (۲) بندوبست کی کتاب پٹواریوں یا قانون دانوں کی سرکاری کتاب۔

لَال کُرتی : [ار۔ امث] (۱) گوروں کی پلٹن جو سرخ وردی پہنتی تھی (۲) وہ مقام جہاں گوروں کی فوج رہتی تھی۔

لال کرنا : [ار۔محاورہ] (۱) مالا مال کر دینا (۲) لوہے کو آگ میں ڈال کر سرخ کرنا۔ (۳) سُرخ کرنا۔

لال گودڑ میں نہیں چھپتا : [ار۔مثل] اچھی چیز چھپائے نہیں چھپتی۔

لَال گولا : [ار۔اند] ایک قسم کی سُرخ ریتلی زمین۔

لَال لنگوٹ والا : [ار۔صف] (۱) ہنومان جی کا لقب (۲) مذاقاً بندر کو بھی کہتے ہیں۔

لال مرچ : [ار۔امث] سُرخ مرچ ۔ فلفل دراز

لال ہونا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "لال کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لالا : [ف ۔ اند] (۱) غلام۔ وہ شخص جو ہمیشہ بزرگوں کی خدمت کرے (۲) روشن۔ تابندہ (۳) (صف) درخشاں ۔ چمکنے والا۔

لالا / لالہ : [ھ۔ اند] جناب ۔ صاحب۔ معزز ۔ ہندوؤں کا خطاب (۲) بنیا ۔ ساہوکار۔ مہاجن (۳) والد کا خطاب ۔ آبا ۔ باوا (۴) عزیز۔ پیارا (۵) خسر۔ سُسر۔

لالا شاہی : [ار۔اند۔ لکھنؤ] پینے کا تمباکو جو قند سیاہ میں بناتے ہیں۔

لالٹین : [ار۔امث] شیشے کی قندیل۔ فانوس جس میں شیشے لگے ہوں (انگریزی لفظ LANTERN کا مورد)

لالچ : [ار۔ اند] حرص۔طمع۔

لالچ بُری بلا ہے : [ار۔مثل] حرص سے بڑھ کر کوئی آفت نہیں۔

لالچ خورا : [ار۔صف] لالچی۔ حرص اور طمع کرنے والا۔

لالچ خوری : [ار۔امث] دیکھئے "لالچ خورا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لالچ دینا : [ار۔محاورہ] طمع دینا۔ لوبھ دینا۔ پھسلانا ۔ ترغیب دینا۔

لالچ کرنا : [ار۔مص مرکب] حرص کرنا۔ طمع کرنا۔

لالچ میں آنا : [ار۔محاورہ] دم میں آنا۔ طمع میں پھنسنا۔

لالچی : [ار۔صف] حریص۔ لوبھی ۔ طامع۔

لالچی بندہ : [ار۔اند] کنایۃً خود غرض۔ مطلبی۔ لوبھی۔

لالڑی : [ار۔امث] چھوٹا لال۔ یاقوت۔ تامڑا۔

لَالَن : [ار۔ اند۔ق] معشوق۔ محبوب۔

لالوں کا لال : [ار۔صف] (۱) سُرخ و سفید رنگ و روغن والا (۲) بہت پیارا۔ لاڈلا۔

لالوں لال : [ا۔صفت] نہایت شوخ سرخ۔ سُرخ وشاداب۔

لالہ : [ف۔اِمذ] (۱) ایک قسم کے سرخ پھول کا نام جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے۔ خشخاش کا پھول (۲) (لکھنؤ) شمع جو مشاعرے میں شعرا کے سامنے رکھی جاتی تھی (۳) (صفت) دیکھئے "لالا"

لالہ رُخ / رُخسار / رو / عِذار : [ف۔صفت] (۱) سُرخ چہرے والا (۲) کنایتہً معشوق۔ دلبر۔

لالہ زار : [ف۔اِمذ] (۱) وہ کھیت جس میں لالے کے پھول کثرت سے ہوں (۲) کنایتہً باغ۔ گلزار۔ چمن۔

لالۂ طُور : [ف۔اِمذ] کنایتہً آتشِ طور۔

لالۂ عباسی : [ف۔اِمذ] گلِ عباسی۔

لالہ فام / گوں : [ف۔صفت] لال۔ سُرخ۔ سُرخ رنگ کا۔

لالہ / لالا : [ھ۔اِمذ] دیکھئے "لالا" (اس کا املا "لالا" صحیح ہے مگر مروج "لالہ" ہے۔)

لالہ بھائی : [ھ۔اِمذ] (۱) ہر ہندو اور ہر ایک رئیس کو کہتے ہیں۔ (۲) ذی عزت۔ شریف آدمی۔ بھلا مانس (۳) طنزاً کفایت شعار۔ جِلن والا۔ (۴) تحقیراً کمزور۔ بودا وغیرہ۔

لالہ باعتبار عینک : [ار۔مثل] جب کوئی شخص دوسرے کے بھروسے پر رہتا ہو اور خود کچھ نہ کرتا ہو۔ اس کی نسبت بولتے ہیں۔

لالہ جی : [ھ۔اِمذ] بنیوں کو تعظیماً کہتے ہیں۔

لالی : [ار۔امث] (۱) سُرخی (۲) عزت۔ آبرو۔ سرخروئی (۳) عزیزہ۔ بہن (۴) (ق) لالچ۔

لالے : [ار۔اِمذ] (۱) آرزو۔ اشتیاق۔ تمنا۔ ارمان۔ (۲) کسی چیز سے ناامید ہونا۔

لالے پڑنا : [ار۔محاورہ] (۱) کمال آرزو ہونا۔ ارمان ہونا (۲) نہایت امید ہونا۔ (۳) مصیبت میں پھنسنا (۴) دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔

لالے ہونا : [ار۔محاورہ] مشکل ہو جانا۔ کسی امر کا مشکل ہونا۔

لام : [ار۔اِمذ] (۱) فوج یا پلٹن کا مجموعہ۔ بریگیڈ۔ فوج کا دستہ (۲) جنگ۔ (فرانسیسی لفظ LARME کا مورد)

لام باندھنا : [ار۔محاورہ] چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا۔ لڑائی کا سامان کرنا۔

لام بندھنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "لام باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لام : [ع۔اِمذ] حرف "ل" کا نام (۲) (ف۔صفت) خمیدہ ٹیڑھا (۳) تشبیہاً زلف۔

لام کاف : [ع۔اِمذ] (لاف گزاف کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے) گالی گفتار۔ بُرا بھلا۔ واہی تباہی۔

لام کاف بکنا : [ار۔محاورہ] گالی گلوچ کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ فحش بکنا۔

لاما : [س۔اِمذ] تبت کے بدھ پیشواؤں کا لقب۔

لامال : [ار۔امث۔ق] قطار۔

لامِش : [ع۔صفت] چھونے والا۔

لامِسہ : [ع۔امث] (۱) چھونے یا مس کرنے والی قوت جس سے انسان کو نرمی، سختی، گرمی، سردی کا احساس ہوتا ہے۔ (۲) "لامس" کی تانیث۔

لامِع : [ع۔صفت] چمکنے والا۔ روشن۔ درخشاں۔

لان : [انگ۔اِمذ] (LAWN) گھاس کا قطعہ۔ سبزہ زار۔

لانا : [ار۔مص] (۱) لے آنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لانا (۲) حاضر کرنا۔ پیش کرنا۔ سامنے کرنا (۳) اٹھانا۔ برپا کرنا (۴) مول لینا۔ خریدنا (۵) ملانا (۶) برداشت کرنا (۷) دکھانا (۸) پیدا کرنا (۹) آنے دینا (۱۰) لے کر پیدا ہونا (۱۱) شامل کرنا (۱۲) جھگڑا اکھڑا کرنا (۱۳) پکڑنا۔ رنگ لانا (۱۴) کٹنا پا کرنا۔

لانا بندی : [ہ۔امث] معاملہ۔ مالگزاری۔ ہلوں کے مطابق لگان۔

لانبا : [ار۔صفت] لمبا۔ طویل۔ دراز۔

لانبی : [ار۔امث] دیکھئے "لانبا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لانچ : [انگ۔اِمذ] (LAUNCH) پٹرول اور بھاپ سے چلنے والی بڑی کشتی۔

لانڈا : [ار۔صفت۔ق] لنڈورا۔

لانڈری : [انگ۔امث] (LAUNDRY) کپڑے دھونے کا کارخانہ۔ دھوبی کی دُکان۔

لانڈگا : [ار۔اِمذ۔ق] بھیڑیا۔

لانک : [ار۔امث] کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر۔ کھلیان۔ خرمن۔ نیل کی وہ سبز شاخیں اور پتیاں جن سے نیل کا رنگ بناتے ہیں۔

لانگ : [ار۔امث] دھوتی کا وہ حصہ جو آگے لٹکتا رہتا ہے۔ جس کو پیچھے کی طرف اُڑس لیتے ہیں۔

لانگا تیر : [ھ۔امث] قطار۔ (ہ ن) پرا۔ ڈار۔ سلسلہ۔

لانگن : [ھ۔امث] الانگن کا مخفف جیسے پھاند۔ چھلانگ۔

لانگنا / لانگھنا : [ار۔مص] (۱) پھاندنا۔ چھلانگ مارنا۔ اچھلنا۔ کودنا (۲) عبور کرنا۔ اوپر سے گزر جانا (۳) گھوڑے پر پہلے پہل سواری کرنا۔

لانی : [ار۔صفت۔ق] رنگیلا۔

لاوا : [انگ۔اِمذ] (LAVA) (۱) آتش فشاں پہاڑ سے نکلنے والی سیال چیز یا سیال مادہ (۲) (ار۔اِمذ) دیکھئے "لایا"

لاوک : [ار۔اِمذ۔ق] (۱) خمیر اٹھانے کا کونڈا (۲) سُرمہ۔

لاون : [ھ۔اِمذ] سالن۔ ترکاری وغیرہ۔

لاہ : [ھ۔امث] کونپل کا پتا جب بڑا لیکن مضبوط نہ ہو۔

لاہن : [ھ۔اِمذ] شراب کا خمیر جو بیر، پیپل اور بڑ کے درختوں کی چھال سے اٹھایا جاتا ہے۔

لاہوت : [ع۔اِمذ] عالم ذات الٰہی جس میں سالک کو فنافی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔

لاہوتی : [ع۔صفت] دیکھئے "لاہوت" جس سے یہ منسوب ہے۔

لاہور : [ہ۔اِمذ] پاک پنجاب کا دارالحکومت۔

لاہوری : [ار۔صفت] (۱) لاہور سے منسوب (۲) (مذ) لاہور کا باشندہ۔ (۳) ایک پھوڑے کا نام۔ کاربنکل۔

لاہوری نمک : [ار۔اِمذ] وہ نمک جو پنجاب میں نمک کی کان سے نکلتا ہے۔

لاہوریا: [ار۔ اند] ایک قسم کا کبوتر۔

لاہی: [ار۔ امث] (۱) ایک قسم کا پودا (۲) ایک قسم کی سرسوں (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۴) وہ سرخ رنگ جس میں سیاہی غالب ہو۔

لائبریری: [انگ۔ امث] (LIBRARY) کتب خانہ۔ کتاب گھر۔ دارالمطالعہ۔

لائبریرین: [انگ۔ اند] (LIBRARIAN) کتب خانہ کا ناظم۔ محافظ کتب خانہ۔

لائٹ: [انگ۔ امث] (LIGHT) روشنی۔

لائٹ ہاؤس: [انگ۔ اند] (LIGHT HOUSE) مینار جس پر جہازوں کی رہنمائی کے لئے روشنی کی جاتی ہے۔ روشنی کا مینار۔

لائیٹر: [انگ۔ اند] (LIGHTER) سگریٹ سلگانے کی مشین جس میں پٹرول ڈال کر سگریٹ سلگاتے ہیں۔

لائحہ: [ع۔ اند] (۱) کوئی چمکیلی چیز (۲) کوئی واضح چیز (۳) ثبوت۔ (۴) فہرست (۵) پروگرام۔ منصوبہ۔

لائحۂ عمل: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] دستورالعمل۔ نصب العین۔ پروگرام۔

لائسنس: [انگ۔ اند] (LICENCE) اجازت نامہ۔ پرمٹ۔

لائسنس دار: [ار۔ صف] جسے کوئی چیز رکھنے کی اجازت ہو (ترکیب غلط ہے)

لائف: [انگ۔ امث] LIFE (۱) زندگی۔ حیات (۲) سوانح عمری۔

لائف انشورنس: [انگ۔ اند] LIFE INSURANCE زندگی کا بیمہ۔

لائف بوٹ: [انگ۔ امث] (LIFE BOAT) بچاؤ کی کشتی۔ وہ کشتی جو جہازوں میں بچاؤ کے وقت استعمال کے لئے رکھتے ہیں۔

لائق: [ع۔ صف] (۱) قابل۔ مناسب۔ زیبا۔ موزوں۔ واجب (۲) روا۔ جائز۔ (۳) بجا۔ درست (۴) (ار) کافی۔ مکتفی۔ وافی (۵) ہنرمند (۶) گنی۔ ذی جوہر۔ مستعد۔ اہل۔ دانا۔ ہوشیار۔

لائق فائق: [ار۔ صف] لیاقت میں فوقیت رکھنے والا۔ بڑا لائق۔

لائق مند: [عف۔ صف] لائق (غلط ترکیب ہے۔ غلط العوام)

لائقہ: [ع۔ صف۔ امث] دیکھئے "لائق" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔

لائقی: [عف۔ امث] لیاقت۔

لائم: [ع۔ صف] ملامت کرنے والا۔

لائمہ: [ع۔ صف۔ مث] دیکھئے "لائم" جس کی یہ تانیث ہے۔

لائن: [انگ۔ امث] (LINE) خط (۲) ریل کی لوہے کی پٹری (۳) قطار۔ (۴) وضع۔ طرز۔ انداز۔

لائن کلیئر: [انگ۔ اند] (LINE CLEAR) ریل کی سڑک کے صاف اور آمد و رفت کے قابل ہونے کی سند۔

لاؤ: [ار۔ اند] (۱) چرس کھینچنے کی رسی۔ موٹا رسا (۲) اس قدر زمین جو ایک دن میں ایک چرس کے ساتھ بھری جائے (۳) مانگ۔ طلب (۴) قرض جو بے ضمانت لیا جائے (۵) خوشامد۔

لاؤ لپیٹ کی باتیں: [ار۔ امث] گول گول باتیں۔ [افعال: کرنا]

لاؤ لشکر: [ار۔ اند] فوجی بھیڑ بھاڑ اور اس کے ہمراہی۔ ہجوم۔

لاؤڈ سپیکر: [انگ۔ اند] (LOUD SPEAKER) آلۂ مکبر الصوت۔ ایک آلہ جو برقی قوت کے ذریعے آواز کو اونچا کرتا ہے۔

لاؤنا: [ار۔ مص۔ ق] لگانا۔

لاؤں: [ار۔ محاورہ] لے آؤں ("لانے" کی تاکید کیلئے)

لاؤنج: [انگ۔ اند] LOUNGE (۱) سیرگاہ (۲) انتظارگاہ۔ نشست گاہ۔

لاؤنی: [ار۔ امث] (۱) فصل کاٹنے کی مزدوری (۲) خراج مالگزاری۔ معاملہ [افعال: کرنا] (۳) ایک قسم کے گیت۔

لائی: [ار۔ امث] (۱) فصل کا کاٹنا (۲) خودرو چاول (۳) بھنا ہوا اناج (۴) ایک قسم کی مٹھائی۔

لائی لوجی: [ار۔ امث] خوشامد۔

لاتے: [ف۔ امث] (۱) شراب وغیرہ کی تلچھٹ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

ل ۔ ب

لَب: [ف۔ اند] (۱) ہونٹ (۲) کنارہ (۳) طرف۔ جانب (۴) ساحل (۵) حاشیہ۔ دَور۔ کنی (۶) منڈیر (۷) (ار) تھوک۔ لعاب دہن (۸) (مث) ہونٹوں کے اوپر کے بال۔ مونچھیں (۹) عورت کے مقام مخصوص کے دونوں کنارے۔

لبِ آب: [ف۔ اند] دریا۔ ندی۔ حوض وغیرہ کا کنارا۔

لبِ بام: [ف۔ اند] کوٹھے کی چھت کا کنارہ۔ منڈیر۔

لَب بند ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) شیرینی سے ہونٹوں کا چپک جانا (۲) منہ بند ہونا۔ خاموش ہونا۔

لَب بندھنا: [ار۔ محاورہ] شیرینی سے ہونٹ چپک جانا۔

لَب بہ لَب: [ف۔ صف] (۱) لب سے لب ملائے ہوئے۔ (۲) مقابلہ کرنے والا۔

لَب پر آنا: [ار۔ محاورہ] زبان پر آنا۔ کچھ کہا جانا۔

لَب پر آہ ہونا: [ار۔ محاورہ] زبان پر آہ و زاری ہونا، شکوہ ہونا، ظلم کی شکایت ہونا۔

لب پر دم ہونا: [ار۔ محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔

لَب پر رکھا ہونا: [ار۔ محاورہ] پہلے سے کچھ کہنے کو تیار ہونا۔

لَب پر لانا: [ار۔ محاورہ] تذکرہ کرنا۔ کچھ کہنا۔

لَب پر مُہر کرنا/لگانا: [ار۔ محاورہ] خاموش ہو جانا۔

لَب تر کرنا: [ار۔ محاورہ] تھوڑا سا پانی پینا۔

لَب تشنگی: [ف۔ امث] دیکھئے "لب تشنہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لَب تشنہ: [ف۔ صف] (۱) پیاسا (۲) آرزومند۔

لَبِ تقریر: [ف۔ اند] کنایۃً تقریر۔

لَبِ تیغ: [ف۔ اند] کنایۃً تلوار کی دھار۔

لَبِ جام: [ف۔ اند] پیالے کا کنارہ۔

لَبِ جُو: [ف۔ اند] ندی کا کنارہ۔

لَبْ چَبانا : [ار۔ محاورہ] حسرت و افسوس کرنا۔ کنایتہً

لَبْ چوسنا : [ار۔ محاورہ] ہونٹوں کو دانتوں میں دبا کر چوسنا۔

لَبْ خا : [ف۔ صفت] (۱) ہونٹوں کو کاٹنے والا۔ کنایتہً خفا۔ چڑچڑا۔ (۲) نازک مزاج (۳) عالی دماغ۔

لَبْ خشک ہونا : [ار۔ محاورہ] پیاس کا غلبہ ہونا۔ کنایتہً بے حد تعریف کرنا۔

لَبْ دریا : [ف۔ اسم] دریا کا کنارہ۔ ساحل۔

لَبْ دوز : [ف۔ صفت] لب بند کرنے والا، کنایتہً بہت میٹھی چیز کے لیے مستعمل ہے

لَبْ دیوار : [ف۔ اسم] دیوار کا اوپر کا سرا، کنارہ۔

لَبْ ریز : [ف۔ صفت] بھرا ہوا۔ پُر۔ لبالب۔ کناروں سے اوپر تک بھرا ہوا [افعال: کرنا۔ ہونا]

لَبْ ریزی : [ف۔ امث] بھرا ہوا ہونا۔ بہتات۔ کثرت۔

لَبْ سڑک : [ار۔ اسم] سڑک کا کنارہ۔ (غلط ترکیب ہے)

لَبْ سوفار : [ف۔ اسم] تیر کی نوک۔

لَبْ سے لگانا : [ار۔ محاورہ] پان یا شراب وغیرہ کسی قدر پینا۔

لَبْ سینا : [ار۔ محاورہ] (۱) بولنے نہ دینا (۲) خاموشی اختیار کرنا۔

لَبْ شیریں : [ف۔ اسم] (۱) میٹھے ہونٹ (۲) کنایتہً معشوق کے ہونٹ (۳) کنایتہً شیریں زبانی۔

لَبْ فرش : [ف۔ اسم] فرش کا کنارہ۔

لَبْ فریاد : [ف۔ اسم] فریاد۔ [افعال: کھولنا۔ وا کرنا]

لَبْ کھلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "لب کھولنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لَبْ کھولنا : [ار۔ محاورہ] بات کرنا۔ بولنا۔

لَبْ گور پہنچانا : [ار۔ محاورہ] موت کے قریب کرنا۔

لَبْ گور پہنچنا / ہونا : [ار۔ محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔ قبر کے کنارے پہنچنا۔

لَبْ گویا : [ف۔ اسم] بولنے والا لب۔

لَبْ لعل / لعلیں : [ف۔ اسم] سُرخ ہونٹ۔ کنایتہً معشوق کا ہونٹ۔

لَبْ لگانا : [ار۔ محاورہ] تھوک لگانا۔ لعاب دہن لگانا۔

لَبْ معشوق : [فع۔ اسم] کنایتہً حُقّہ۔

لَبْ معشوق ہونا : [ار۔ محاورہ] تیر کا سوفار تک نشانے کے اندر پہنچ جانا۔

لَبْ نان : [ف۔ اسم] روٹی کا کنارہ۔

لَبْ نوشیں : [ف۔ اسم] دیکھیے "لب شیریں"

لَبْ و لہجہ : [ف۔ اسم] تلفظ۔ طرز کلام۔ طرز گفتگو۔ الفاظ کے بولنے کا انداز۔

لَبْ ہلانا : [ار۔ محاورہ] (۱) کچھ کہنا (۲) شکوہ کرنا۔ گلا کرنا (۳) عذر کرنا۔

لَبْ ہلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "لب ہلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

لُبّ : [ع۔ اسم] عطر۔ نچوڑ۔ خلاصہ۔ ست۔ مغز۔

لُبِّ لباب : [ع۔ اسم] خلاصے کا خلاصہ۔ عطر کا عطر۔ ست کا ست۔ خالص۔ ماحصل۔ اصل مطلب۔

لُباب : [ع۔ اسم] مغز۔ نچوڑ۔

لَبادہ : [ف۔ اسم] روئی دار چغہ۔ جُبّہ۔ فرغل۔

لَباڑ / لَباڑی : [ار۔ صفت] جھوٹا۔ گپی۔ بددیانت۔

لِباس : [ع۔ اسم] (۱) پوشاک۔ جامہ۔ کپڑے (۲) رُوپ۔ شکل۔ بھیس۔

لَبالَب : [ف۔ صفت] لبریز۔ بھرا ہوا۔ کناروں تک بھرا ہوا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]۔

لِبد : [ار۔ اسم۔ ق] منہ۔

لَبدا : [ار۔ صفت۔ ق] (۱) موٹا۔ بے ڈول (۲) ڈنڈا۔

لُبدا : [ار۔ صفت۔ ق] فریفتہ۔

لبدانا : [ار۔ مص۔ ق] ڈنڈے لگانا۔

لُبدانا : [ار۔ مص۔ ق] گرویدہ کرنا۔ فریفتہ کرنا۔

لُبدان ہار : [ار۔ صفت۔ ق] فریفتہ کرنے والا۔

لَبدڑی : [ھ۔ امث] پتلا گندھا ہوا آٹا۔ پتلا گارا۔

لَبدھڑ : [ھ۔ صفت] گاڑھا۔ غلیظ۔

لُبدی : [ھ۔ امث] (۱) گدی۔ پیڑی (۲) کسی پسی ہوئی گیلی چیز کی گولی گنے کا گودا۔

لِبرٹی : [انگ۔ امث] (LIBERTY) آزادی۔ حریت۔

لِبرل : [انگ۔ صفت] (LIBERAL) آزاد خیال۔ خود مختار مطلق العنان۔ سب کا بھلا چاہنے والا۔ جمہوری اور معاشرتی اصلاحات کا حامی۔ خیر خواہ۔ خلاّق۔

لِبرل ازم : [انگ۔ امث] (LIBERALISM) آزاد خیال۔ جمہوری اور معاشرتی اصلاحات کی موافقت کا نظریہ۔

لَبڑ : [ھ۔ صفت] جھوٹا۔ بیہودہ۔

لَبڑ چپائی کرنا : [ار۔ محاورہ] خوشامد کرنا۔

لَبڑ خندا : [ار۔ اسم] بیہودہ گو۔ جھوٹا۔ پاپی۔

لَبڑ خندی : [ار۔ امث] دیکھیے "لبڑ خندا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لَبڑ دھول دھول : [ار۔ امث] (۱) شور۔ ہنگامہ (۲) بے ایمانی بدانتظامی، بدعملی۔

لَبڑ سَبڑ : [ار۔ امث] بدسلیقگی۔ پھوہڑپن۔ بے ہودگی۔

لَبڑا : [ھ۔ صفت] (۱) جھوٹا (۲) وہ شخص جو بائیں ہاتھ سے کام کرے وہ شخص جو کھانے پینے کی چیزوں کا حریص ہو۔

لَبڑو : [ھ۔ صفت] جھوٹی۔ بے ہودہ۔ بکواسن۔ باتونی چرب زبان۔

لَبڑی : [ھ۔ امث] دیکھیے "لبڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لَبلَب : [ھ۔ صفت] بیوقوف۔ کم عقل۔

لَبلَبا : [ھ۔ صفت] لیس دار۔ چپکنے والا۔

لَبلَباہٹ : [ھ۔ امث] دیکھیے "لبلبا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

لَبلَبی : [ھ۔ امث] (۱) لبلبا کی تانیث (۲) بندوق اور پستول

پرزہ جس کے دبانے سے گھوڑا گرتا ہے۔

لَبلُوس: [ہ۔ صفت] بیوقوف۔ بے حیا۔ ننگا۔

لَبَن: [ع۔ اِمذ] دودھ۔

لَبنِی: [ہ۔ امث] مٹی کی چھوٹی سی ٹھلیا جس میں تاڑ یا کھجور کا دودھ یا عرق جمع کرتے ہیں۔

لُبُوب: [ع۔ امذ] دیکھئے "لُب" جس کی یہ جمع ہے۔

لبوں پر جان آنا / دم آنا: [ار۔ محاورہ] جان کنی کا وقت آنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

لبوں پر جان / دم اٹکنا: [ار۔ محاورہ] مرنے کے قریب ہونا۔

لبوں پر جان / دم ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) جان کنی ہونا۔ (۲) بہت عاجز ہونا۔

لبوں پر ہونا / آنا: [ار۔ محاورہ] انتہا کو پہنچنا۔ کنارے پہنچنا۔

لبوں تک آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) نزع کی حالت ہونا۔ گلا شکوہ زبان پر لانا۔

لُبھانا: [ار۔ مص] (۱) لالچ دینا۔ للچانا (۲) مائل کرنا۔ عاشق بنانا (۳) پھسلانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔

لُبھاوَ: [ار۔ امذ] (۱) لالچ۔ ترغیب (۲) رونگا، کوئی چیز جو سودے کے بعد مفت دی جائے۔

لبھیڑا: [ار۔ امذ] ایک قسم کا سوڑا۔

لبی: [ار۔ امث] گنے کا ابلا ہوا رس۔

لبے آجانا: [ار۔ محاورہ] تالو میں ورم آنا۔

لَبِیب: [ع۔ صفت] عقلمند۔ دانا۔

لَبیڈا: [ار۔ امذ] لکڑی کا ڈنڈا جو عصا سے چھوٹا ہوتا ہے۔

لبیرا: [ار۔ امذ] دھجی۔ چیتھڑا۔ لیر۔

لبیری: [ار۔ امث] دیکھئے "لبیرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لَبَّیک: [ع۔ امذ۔ امث] حاضر ہوں۔ موجود ہوں۔ جی۔ حاجی لوگ مقامِ عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں (افعال: کہنا)

لبیں: [ار۔ امث] وہ بال جو ہونٹوں کے اُوپر مونچھوں کے ہوتے ہیں۔

لبیں لینا: [ار۔ محاورہ] مونچھیں کترنا یا مونڈنا۔

ل ۔ پ

لَپ: [ہ۔ امث] وہ مقدار جو دونوں ملی ہوئی ہتھیلیوں میں آجائے۔ مٹھی بھر مقدار۔

لَپ بھر: [ہ۔ صفت] مٹھی بھر۔

لَپ کاڑھ کے: [ہ۔ متعلق فعل] مٹھی بھر کم کر کے۔

لَپّا: [ہ۔ امذ] تھپڑ۔ چانٹا۔ ایک قسم کا رنگ جو تلوار کے چرمی غلاف پر کستے ہیں۔

لَپاڈُگی / لپاڈُکی: [ہ۔ امث] گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی۔

لپا ہونا: [ار۔ محاورہ] بھرا ہونا۔ بتھڑا ہونا

لَپاٹَن: [ہ۔ امث] دیکھئے "لپاٹی" جس کی یہ تانیث ہے۔

لَپاٹی / لپاٹیا / لپاٹیا: [ہ۔ صفت] جھوٹا۔ دروغ گو۔ گپی۔

لپاک جھپاک: [ار۔ امث] دیکھئے "لپک جھپک"

لَپالَپ: [ہ۔ متعلق فعل] جلدی جلدی۔ جھٹ پٹ۔ فوراً۔

لِپانا: [ار۔ مص] پلستر کرانا۔

لِپائی: [ار۔ امث] کہگل۔ پلستر۔ ستر کاری۔ پتائی [افعال: کرنا۔ کرانا۔ ہونا]

لپائی پتائی: [ار۔ محاورہ] پلستر ہونا۔ پوتا پھرنا۔ ستر کاری ہونا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

لَپَٹ: [ہ۔ امث] (۱) لپک۔ شعلہ۔ لَو۔ آنچ۔ بھبک۔ گرمی۔ لاٹ۔ جوت۔ جوالہ (۲) ہوا کا جھونکا یا لہر (۳) خوشبو جو ہوا کے ساتھ آئے مہک۔ باس۔ سوگندھ (۴) گرم ہوا۔ لُو۔ بادِ سموم۔

لَپَٹ آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) جھونکا آنا۔ (۲) خوشبو کی لہر آنا۔

لَپَٹ چلنا: [ار۔ محاورہ] گرم ہوا چلنا۔ لُو چلنا۔

لَپَٹ دینا: [ار۔ محاورہ] خوشبو دینا۔ مہک دینا۔

لَپَٹ لگ جانا یا لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) لُو لگنا (۲) آگ کی گرمی پہنچنا۔ شعلہ کا جلا دینا۔

لِپَٹ: [ار۔ فعل] "لپٹنا" مصدر سے صیغہ امر۔

لپٹ پڑنا: [ار۔ محاورہ] گتھ جانا۔

لِپَٹ جانا: [ار۔ محاورہ] جوشِ محبت میں گلے سے لگ جانا۔

لِپَٹ کر: [ار۔ متعلق فعل] ہم بغل ہو کر۔

لِپَٹ کر رونا: [ار۔ محاورہ] ہم بغل ہو کر رونا۔

لِپَٹ کر سونا: [ار۔ محاورہ] ہم آغوش ہونا۔ سونا۔

لَپٹا: [ار۔ امذ] (۱) موٹے موٹے آٹے کا حلوا (۲) پتلا شیرہ۔ راب۔ غیر منجمد گڑ جو تمباکو میں ڈالتے ہیں (۳) ایک قسم کی گھاس (۴) رشتہ۔ ناطہ۔ قرابت۔

لِپٹا جانا: [ار۔ محاورہ] زبردستی کسی سے چمٹا جانا۔

لِپٹا لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) چمٹا لینا (۲) کٹے ہوئے پتنگ کی ڈور کو اڑتے ہوئے پتنگ سے اُلجھا لینا۔

لِپٹانا: [ار۔ محاورہ] (۱) چمٹانا۔ بدن سے لگانا (۲) جوشِ محبت میں چھاتی سے لگانا۔ گلے لگانا۔ پیار کرنا (۳) حساس کرنا (۴) اُلجھانا۔ چڑھانا (۵) ساتھ لگانا۔ ملانا (۶) چپکانا (۷) پیچھے لگانا۔ سر کرنا۔ بھڑانا (۸) کسی مقدمہ میں پھنسانا (۹) کسی علت میں پھنسانا۔ آلودہ کرنا (۱۰) کشتی کرانا۔ لڑانا (۱۱) لپیٹنا۔ پیچک بنانا۔ (۱۲) مصروف کرنا۔ مشغول کرنا (۱۳) ملفوف کرنا (۱۴) کنکوا الجھانا۔ دیکھئے "لپٹا لینا" (۱۵) شادی کرانا۔

لِپَٹنا: [ار۔ مص] (۱) دیکھئے "لپٹانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) عاشق ہونا۔ مفتون ہونا۔ فریفتہ ہونا (۳) آشنائی ہونا۔ دوستی ہونا (۴) بل کھانا۔ پیچ کھانا (۵) نہ ہونا (۶) ساتھ ہونا۔ ہمراہ ہونا (۷) مصیبت یا آفت میں پھنسنا (۸) کسی بات پر اصرار کرنا۔

لِپٹنت : [ہ۔ امث] ہم آغوشی۔ بغلگیری۔ زور آزمائی۔

لِپٹی : [ہ ۔ امث] آٹے میں شکر ملا کر پکایا ہوا کھانا۔ موٹے آٹے کا پتلا حلوا۔ کوئی لیسدار میٹھی خوراک۔

لَپ جھَپ : [ہ ۔ امث] (۱) تیزی۔ پھرتی۔ جلدی (۲) چالاکی۔ عیاری (۳) ہاتھ کی چالاکی۔ دُزدی (۴) تُند رفتاری۔ تیز رفتاری (۵) (صفت) تیز۔ چالاک۔ ہشیار (۶) فوراً۔ جلد۔ شتاب۔

لپ جھپ چال : [ہ۔ امث] تیز بے ڈھنگی چال۔

لِپ جھپنی : [ہ ۔ امث] (۱) خوشامد کرنے والی عورت (۲) بیہودہ گو۔

لپری : [ہ ۔ امث] دیکھئے "لپڑی"

لپڑ : [ہ ۔ امث] دیکھئے "لپٹ"

لَپڑ شَپڑ : [ہ ۔ امث] (۱) ایسی بات جو سمجھ میں نہ آسکے (۲) جلدی جلدی بولنا۔ گپڑ شپڑ (۳) خلط ملط۔ گڈمڈ (۴) ٹال مٹول۔ حیلے حوالے (۵) گھبراہٹ کا کام (۶) بے ڈھنگا پن۔

لَپَڑ لَپَڑ : [ہ ۔ امث] (۱) بے ڈھنگے پن سے کھانے پینے کی آواز (۲) بیہودہ باتیں۔ بکواس کرنا۔ ہرزہ گوئی کرنا۔

لِپتر : [ہ ۔ اند] تھپڑ۔ چانٹا۔ (افعال ، جڑنا۔ دینا۔ لگانا۔ لگنا۔ مارنا)

لپڑی : [ہ ۔ امث] (۱) پھٹا پرانا۔ پگڑی۔ صافہ (۲) کپڑا جامہ۔

لُپڑی : [ہ ۔ امث] (۱) روغنی آٹے کی گولی جس سے نوزائیدہ بچے کا بدن صاف کرتے ہیں (۲) پلٹس۔ لیپ۔ ضماد (۳) میدے وغیرہ کی پوٹلی جس سے سکور کرتے ہیں (۴) سر کی پگڑی یا پھینٹا۔ ٹوپی۔

لُپڑی باندھنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) پلٹس باندھنا۔ ضماد کرنا (۲) پھینٹی باندھنا۔

لَپسی : [ہ ۔ امث] (۱) گیہوں کے آٹے کا کم گھی کا پتلا حلوا۔ ریرا (۲) بہت بوڑھا آدمی۔ پیر فرتوت۔

لَپک : [ار۔ فعل] (۱) لپکنا مصدر سے صیغہ امر (۲) (امث) جھپٹ کود۔ چھلانگ (۳) چمک روشنی۔ کوند (بجلی کی) (۴) شعلہ۔ لَو۔ لپٹ (۵) دھڑک۔ جنبش (۶) تڑپ (۷) ٹیس۔ سوزش (۸) لچک۔ اُچھلنے دبنے ، مڑنے وغیرہ کی قوت۔

لپک جانا : [ار۔ محاورہ] دوڑ جانا۔ جھپٹ جانا۔

لپک جھپک : [ار۔ امث] (۱) چستی۔ پھرتی۔ چالاکی (۲) جلد بازی جلد۔

لپک جھپک سے : [ار۔ متعلق فعل] پھرتی سے۔ چالاکی سے۔

لپک کر : [ار۔ متعلق فعل] دَوڑ کر۔ جھپٹ کر۔ جلدی سے۔

لپک کر آنا : [ار۔ محاورہ] دوڑ کر آنا۔ جلدی آنا۔

لپک لینا : [ار ۔ محاورہ] (۱) جھپٹ کر لینا۔ چھین لینا (۲) اُچھلتی ہوئی چیز کو ہاتھوں پر لینا۔ اُچک لینا۔

لَپکا : [ار ۔ امر] لپکانا مصدر سے صیغہ امر (۲) (امث) عادت۔ خو۔ لت (۳) بُری عادت خوئے بد (۴) چاٹ۔ مزہ۔ چسکا (۵) چھلانگ۔ کُود (۶) چھینا جھپٹی۔ جھپٹ (۷) بدمعاش۔ شہدا۔

لپکا پڑنا : [ار۔ محاورہ] بُری عادت پڑنا۔ لت پڑنا۔ چسکا پڑنا۔ مزہ پڑنا۔

لَپکا چھٹنا : [ار۔ محاورہ] عادت جاتی رہنا۔

لَپکا لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لپکا پڑنا"

لَپکا ہونا : [ار۔ محاورہ] کسی بُرے کام کی عادت ہو جانا۔ چسکا پڑ جانا۔ عادی ہو جانا۔

لَپکانا : [ار۔ مص] (۱) دوڑانا۔ بھگانا۔ جھپٹانا (۲) کُتّے کو شکار پر دوڑانا۔ (۳) ہاتھ جلدی سے آگے کرنا۔ پھیلانا۔ بڑھانا۔

لَپکنا : [ار۔ مصدر] (۱) دوڑنا۔ جلد چلنا۔ جھپٹنا (۲) چھین لینا (۳) آنچ کا تیز ہونا۔ شعلہ کا بھڑکنا (۴) دیکھئے "لپک لینا" (۵) ٹیس پڑنا۔ تپکنا۔ (۶) بجلی کوندنا۔ چمکنا (۷) اچھلنا۔ بھڑکنا۔ دھڑکنا (۸) چھلانگ مارنا۔ چوکڑی بھرنا۔ پھلانگنا (۹) کسی چیز کے لینے کو دوڑنا۔ بھاگ جانا (۱۰) چلا جانا۔ تیزی سے جانا۔ (۱۱) حملہ کرنا۔ حربہ کرنا۔

لَپکی : [ار۔ امث] (۱) لمبا ٹانکا۔ کچی سلائی۔ شلنگا (۲) گوٹ۔ کنارہ۔

لَپکی بھرنا / مارنا : [ار۔ محاورہ] لمبا ٹانکا بھرنا۔ کچی سلائی کرنا۔

لَپ لَپ : [ہ۔ امث] (۱) کُتّے کے کھانے / پینے کی آواز (۲) زبان سے چاٹنے یا پوپلے منہ سے بغیر چبائے نگلنے کی آواز (۳) دل کی دھڑکن جو خوف سے ہو (۴) (متعلق فعل) جلد جلد۔ چپ چپ۔

لَپ لَپ کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) پوپلوں کی طرح کھانا۔ ہپ ہپ کرنا۔ (۲) بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔

لَپ لَپ کھانا : [ار۔ محاورہ] (۱) جلدی جلدی اور کتے کی طرح کھانا۔ (۲) کچھ چبانا اور کچھ نہ کھانا۔

لُپ لُپ : [ہ۔ امث] کسی ملائم چیز کے بند ہونے اور کھلنے کی آواز۔ مقعد کے بند ہونے اور کھلنے کی آواز۔ (۲) دیکھئے "لپ لپ" مع تا مہ۔

لُپ لُپ کرنا : [ار۔ محاورہ] سکڑنا اور کھلنا۔ ڈر کے مارے مقعد سکڑنا۔ (۲) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دھڑکنا۔

لُپلپانا : [ار۔ مص] ڈر کے مارے مقعد کا بند ہونا اور کھلنا۔

لِپو : [ہ۔ امث] پگڑی۔

لپوڑیا : [ہ۔ اند] خوشامدی۔ منت کر کے کام نکالنے والا۔

لپیٹے میں آجانا : [ار۔ محاورہ] مشکل میں پھنس جانا۔ فریب میں آجانا۔

لپیٹ : [ار۔ امث] (۱) (امث) پیچ۔ بل۔ تہ (۲) پوشش۔ غلاف۔ بندھن (۳) دور۔ محیط۔ گردا۔ گھیرا (۴) مکر۔ فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ چھل (۵) پیچ دار یا ذو معنی بات۔ (۶) الجھیڑا۔ جنجال۔ الجھاؤ۔ (۷) مصیبت۔ بپتا۔ آفت (۸) جھپٹ (۹) ضمن۔ شمول۔

لپیٹ / جھپیٹ / نپیٹ : [ہ۔ امث] فند۔ فریب۔ داؤ۔ پیچ۔

لپیٹ کی باتیں : [ار۔ امث] چالاکی اور فریب کی باتیں۔

لپیٹ لپاٹ کر : [ار۔ متعلق فعل] تہ کر کے۔ باندھ کے۔

لپیٹ لینا : [ار۔ محاورہ] (۱) تہ کر لینا۔ پیچیدہ کر لینا (۲) لگا لینا (۳) الجھا لینا۔ پھنسا لینا (۴) جرم میں شریک کر لینا۔

لپیٹ میں آجانا : [ار۔ محاورہ] پھنس جانا۔ مصیبت میں شامل ہو جانا۔

لپیٹَن : [ار۔ اِمذ] (۱) لپیٹنے کا کپڑا۔ بیٹھن۔ پیچ (۲) وہ گول لکڑی جس پر کپڑا لپیٹتے ہیں (۳) چرخ۔ بیلن۔ جس پر جلاہے کپڑا لپیٹتے ہیں (۴) روئی کے بیلن کا آہنی پیچ۔

لپیٹنا : [ار۔ مص] (۱) تہ کرنا۔ سمیٹنا (۲) باندھنا۔ کسنا (۳) لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا (۴) گرفتار کرنا۔ مبتلا کرنا (۵) عاشق بنانا۔ مائل کرنا (۶) الجھانا پھانسنا شامل کرنا (۷) کسی کپڑے میں پوشیدہ کرنا۔ ڈھانپنا۔ ڈھانکنا (۸) الزام میں شامل کرنا۔ الزام دینا (۹) آمادہ کرنا۔ راضی کرنا (۱۰) پیچ میں لانا۔ فریب میں لانا۔

لپیٹواں : [ار۔ صف] (۱) شامل۔ ملا ہوا (۲) پیچیدہ۔ ملفوف (۳) در پردہ۔ پوشیدہ (۴) پیچ دار۔ بل دار۔ خمیدہ (۵) (تعف) دھوکے سے۔ فریب سے۔ (۶) (مف) سونے کی چوڑی جس پر چاندی کا تار لپٹا ہوا ہو۔

لپیٹواں بات : [ار۔ امث] چال کی بات۔ گول مول بات۔ فریب کی بات۔

لپیٹن یاد ہونا : [ار۔ محاورہ] فریب کی باتیں یاد ہونا۔ مکر و فریب کی باتوں میں مشق ہونا۔

ل ۔ ت

لَٹ : [ہ۔ امث] لات کا مخفف (۲) مرکبات میں مستعمل ہے۔

لَت : [ہ۔ امث] (۱) عادت۔ خو۔ خصلت (۲) بُری عادت (۳) آمیزش۔ آلودگی (۴) چسکا۔ چسکا۔ علت (۵) (صف) ملا جلا۔ گڈمڈ۔

لَٹ پَت / لتھ پتھ : [ار۔ صف] (۱) بھرا۔ آلودہ۔ شور بور (۲) خراب حال / خستہ حال۔ صاحبِ فراش۔

لَت پَتا : [ار۔ صف] تباہ۔ خستہ حال۔ خراب حال۔

لَٹ پَٹ کر دینا / کرنا : [ار۔ محاورہ] آلودہ کر دینا۔ بھر دینا۔ شور بور کرنا۔

لَٹ پَٹ ہو جانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لت پت کر دینا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لَت پڑنا : [ار۔ محاورہ] عادت پڑنا۔

لَت پیچھے لگانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لت پیچھے لگنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

لَت پیچھے لگنا : [ار۔ محاورہ] خوگر ہونا۔ کسی بات کی عادت کر لینا۔

لت خور / خوار : [ار۔ صف] (۱) لاتیں کھانے والا۔ ذلیل۔ کمینہ (۲) (مف) غلام۔ بندہ۔ بردہ (۳) دہلیز۔ آستانہ (۴) لکھنؤ۔ تختہ جو دروازے کی دہلیز کے نیچے رکھتے ہیں (۵) دری قالین وغیرہ جو باورچی خانہ میں بچھاتے ہیں۔ (زیادہ تر خورا استعمال ہوتا ہے)

لَت ڈالنا : [ار۔ محاورہ] بری عادت کا خوگر ہونا۔

لَت رَوندن : [ار۔ امث] پائمالی۔

لَٹ کرنا : [ار۔ محاورہ] کوئی چیز / پالی / گھی وغیرہ میں اتنا بھگونا کہ باہم مل جائے۔

لَت گُندن : [ار۔ اِمذ] بُرا سلوک۔ بے عزتی۔

لَت کوب : [ار۔ صف] لاتیں مارنے والا۔ (صحیح لگد کوب ہے)

جس کا یہ بیگانہ ہے۔

لَت کھانا : [ار۔ محاورہ] دولتی کھانا۔ مار کھانا۔

لَت گھت : [ار۔ امث] عادتیں۔ خصلتیں۔

لَت لگنا : [ار۔ محاورہ] لت پڑنا۔ عادت ہونا۔

لَت مَرا : [ار۔ صف] دیکھئے لت خور / خوار۔

لَت مردن / مردنی کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) پامال کرنا۔ روندنا (۲) دولتیاں ملنا۔

لَت مردن میں پڑنا : [ار۔ محاورہ] پامال ہونا۔ بے عزت ہونا۔

لَت ہو جانا / ہونا : [ار۔ محاورہ] عادت ہونا۔ چسکا پڑنا۔ گڈمڈ ہونا۔ مل جانا (دو چیزوں کا)

لَتّا : [ار۔ اِمذ] (۱) کپڑے کا ٹکڑا۔ چیتھڑا (۲) پارچہ۔ کپڑا۔

لَتا : [س امث] (۱) بیل۔ انگور کی بیل۔ بیل کی لٹکتی ہوئی شاخ (۲) کئی پودوں اور بیلوں کا نام۔ (۳) لمبی اور پتلی عورت۔

لَتا پتا : [ہ۔ اِمذ] مال اسباب۔ اثاثہ۔ استر بستر۔

لَتا پتا : [ہ۔ صف] دُبلا پتلا۔ زار و نزار۔

لَتاڑ : [ار۔ امث] لتاڑنا مصدر سے صیغہ امر (۲) (امث) لعنت ملامت۔ سرزنش۔ فضیحت۔ ڈانٹ ڈپٹ (۳) تکلیف۔ مصیبت۔ عذاب۔ آفت۔ دِقت (۴) کام کی زیادتی۔ کثرت کار (۵) دوڑ دھوپ۔ بھاگ دوڑ (۶) پھٹکار۔ دھتکار (۷) دباؤ (۸) محنت۔ مشقت۔ تھکاوٹ (۹) پائمالی۔ روندن۔

لَتاڑ میں آنا : [ار۔ محاورہ] گردش میں آنا۔ مصیبت یا بلا میں گرفتار ہونا۔

لَتاڑ میں رہنا : [ار۔ محاورہ] زیر مشق رہنا۔ زیر استعمال رہنا۔

لَتاڑنا : [ار۔ مص] (۱) لاتیں مارنا۔ روندنا۔ پامال کرنا (۲) سرزنش کرنا / ملامت کرنا (۳) ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا۔ فضیحت کرنا (۴) پھٹکار دینا۔ دھتکارنا (۵) چشم نمائی کرنا (۶) دھمکانا۔ دھمکی دینا۔ (۷) دبانا۔ چاپی کرنا۔

لَتپتا : [ہ۔ صف] مزہ دار۔ لطیف۔ چٹ پٹا (کھانا)

لَتّر : [ہ۔ امث] پُرانا جوتا۔

لُترا : [ہ۔ صف] (۱) نکالا ہوا۔ بدر کیا ہوا۔ دفع کیا ہوا (۲) چغلخور۔ غماز۔ اِدھر کی اُدھر لگانے والا (۳) خوشامدی۔ چاپلوس (۴) طوطا چشم۔ بے وفا۔ بے مروت (۵) بکواسی۔ بکّی۔

لُترایا / لُتراپن : [ہ۔ اِمذ] (۱) چغلخوری۔ غمازی (۲) نندا۔ غیبت۔ (۳) شرارت۔

لَترہ : [ف۔ صف] (۱) پرانا۔ پھٹا ہوا (۲) بہت موٹا یا کاہل آدمی۔

لُتری : [ہ۔ امث] وہ عورت جو اِدھر کی باتیں اُدھر لگاتے۔ چغلخور عورت۔

لُتری کان کُتری : [ار۔ مقولہ] اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جو ادھر کی باتیں اُدھر جا لگاتے کہ وہ اس قابل ہے کہ اس کے کان کاٹ دیئے جائیں۔

لَتری : [ف۔ امث] (۱) ایک قسم کی دال (۲) پرانی جوتی۔

لتو: [ہ۔ صف] لاتیں مارنے والا۔ (گھوڑے وغیرہ کے متعلق کہتے ہیں۔)
لتہ: [ف۔ اِمذ] دیکھئے "لتا"۔
لتہ حیض: [ع۔ اِمذ] وہ چیتھڑا جو عورتیں ایام حیض میں لنگوٹی کی طرح باندھ لیتی ہیں۔
لتہاؤ: [ہ۔ اِمذ] (۱) لاتیں مارنا (۲) ایک دوسرے کو لاتیں مارنا۔
لتھو: [انگ۔ اِمذ] دیکھئے "لیتھوگرافی"۔
لتھڑ: [ہ۔ اِمث] (۱) آمیزش۔ آلودگی (۲) (صف) بھرا ہوا۔ آلودہ۔ ملوث شور بور (۳) خراب حال۔ خستہ حال۔
لتھ پتھ: [ہ۔ صف] دیکھئے "لت پت"۔
لتھ پتھ کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لتھ پتھ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
لتھ پتھ ہونا: [ار۔ محاورہ] آلودہ ہونا۔ بھرنا۔ ملوث ہونا۔ شور بور ہونا۔ آمیز ہونا۔ مخلوط ہونا۔
لتھاڑنا / لتھارنا: [ار۔ مص] دیکھئے "لتھڑنا / لتھڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
لتھڑ پتھڑ: [ار۔ صف] (۱) صف) بھرا ہوا۔ آلودہ۔ ملوث (۲) میلا۔ گندہ (۳) لتھڑا ہوا۔ تر بتر (۴) جو مٹاپے کے باعث چلنے سے عاجز ہو۔
لتھڑنا / لتھڑنا: [ار۔ مص] دیکھئے "لتھ پتھ ہونا"۔
لتی: [ہ۔ صف] (۱) منسوب بہ لات۔ مرکبات میں جیسے دولتی (۲) (مث) تیرنے میں لاتیں چلانے کی حرکت (۲) لٹو کی ڈوری (۳) وہ کپڑا جو بانس کی چھڑ پر کبوتروں کو بلانے کے لئے لگایا جاتا ہے۔ (۴) موباف۔ سربند۔ چوٹی بند (۵) وہ لمبی دھجی جو کنکوے کے پچھالے میں باندھتے ہیں (۶) پگڑی۔ دستار۔
لتی کرنا: [ار۔ محاورہ] لاتیں مارنا۔ بھاگ جانا۔
لتے: [ہ۔ اِمذ] دیکھئے "لتا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
لتے کا سانپ بن جانا: [ار۔ محاورہ] بے حد مبالغہ ہونا۔
لتے لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) کپڑے اتارنا یا چھیننا (۲) دھجیاں اڑانا۔ پرخچے اڑانا (۳) خبر لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا (۴) سرزنش کرنا (۵) تنگ کرنا۔ عاجز کرنا (۶) نصیحت کرنا۔ ذلیل کرنا۔
لتیانا: [ار۔ محاورہ] لاتیں مارنا۔
لتیا پیچ: [ہ۔ اِمذ] آپس کی لڑائی۔
لتیت: [ہ۔ اِمذ] لاتیں مارنے والا گھوڑا یا بیل۔

ل ۔ ٹ

لٹ: [ہ۔ اِمث] (۱) بالوں کا لڑ۔ چند بال جن کو عورتیں گوندھتی ہیں۔ جٹا۔ (۲) رسی۔ ڈوری۔ لڑ۔ رسی کی وہ لڑی جس کو دوسری لڑیوں سے ملا کر موٹا کرتے ہیں / موٹی رسی بناتے ہیں (۳) الجھیڑا۔ مشکل۔ (۴) مینڈک کا بچہ (۵) لاٹ کا مخفف۔ وہ دھوئیں کا سلسلہ جو مسلسل دھاری کی شکل میں نکلے۔
لٹ بھیر: [ہ۔ امث] (۱) اسباب۔ سامان (۲) دنیا کے کام دھندے ضرورتیں اور تعلقات۔

لٹ پٹ / پٹا: [ہ۔ صف] (۱) الجھا ہوا۔ پیچ در پیچ (۲) آڑا ترچھا۔ بے ترتیبی سے لپٹا یا تہ کیا ہوا (۳) جھومتا ہوا۔ کھلا ہوا (۴) بانکا رنگیلا۔ البیلا۔ چھبیلا (۵) متوالا۔ سرمست (۶) ڈگمگاتا ہوا۔ لڑکھڑاتا ہوا (۷) ہکلا۔ توتلا (۸) خوش مزاج۔ خوش طبع (۹) چٹخارے دار۔ چٹ پٹا (۱۰) گھلا ملا۔ گاڑھا (۱۱) (مذ) (صرف لٹ پٹا کی صورت میں) قلیہ جس میں شوربا ہو۔
لٹ پٹانا: [ار۔ مص] نقصان کرنا۔ ہلانا۔ لڑکھڑانا۔
لٹ پٹی پگڑی / دستار: [ار۔ امث] ٹیڑھی بندھی ہوئی پگڑی۔ بے قرینہ بندھی ہوئی پگڑی۔
لٹ پٹے دن: [ار۔ امذ] مصیبت کے دن۔ آفت کے دن۔ [افعال: کاٹنا۔ کٹنا]
لٹ ڈھلائی: [ار۔ امث] وہ نیگ جو دولہا کی بہن کو لٹ دھلانے پر چھٹی کی تقریب میں دیا جاتا ہے۔
لٹ دھونا: [ار۔ محاورہ] (۱) بالوں کو پانی سے صاف کرنا (۲) شادی اور جننے کی رسم جس میں دودھ سے لٹ دھوئی جاتی ہے۔
لٹ کترنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بالوں کو قینچی سے کترنا۔ (۲) بانجھ عورت کا کسی کم سن بچے کے بال کتر کر کھانا تاکہ اولاد ہو (ٹوٹکا)
لٹا دھاری: [ہ۔ صف] لمبے بالوں کا فقیر۔ جٹا دھاری۔ جوگی۔
لٹا پٹا: [ار۔ صف] لٹا ہوا۔ تباہ حال۔ برباد۔
لٹا ہاتھی بٹورا سا: [۔ مثل] امرا کے پاس تباہی میں بھی بہت کچھ ہوتا ہے۔
لٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا: [ار۔ مثل] گیا گزرا امیر بھی غریب سے بہتر ہے۔
لٹال دینا: [ار۔ مص] دیکھئے "لٹانا" جو فصیح ہے۔
لٹانا: [ار۔ مص] (۱) پسارنا۔ پھیلانا۔ فرش یا چارپائی پر ڈالنا (۲) بچے کو سلانا۔ (۳) قبر میں ڈالنا (۴) پچھاڑنا۔ چت گرانا۔
لٹانا: [ار۔ مص] (۱) اڑانا۔ روپیہ برباد کرنا (۲) غارت کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔
لٹاؤ: [ار۔ صف] فضول خرچ۔ اڑاؤ۔ کھاؤ۔
لٹائی: [ار۔ امث] پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی چھوٹی چرخی۔
لٹ پٹانا: [ار۔ محاورہ۔ ق] ہکلانا۔ لکنت کرنا۔
لٹر: [ار۔ صف] بد وضع۔ بیہودہ مرد۔
لٹریچر: [انگ۔ امذ] (LITERATURE) ادب۔ علم ادب۔ انشاپردازی۔
لٹس: [ار۔ امث] لوٹ کھسوٹ۔ لوٹ مار۔ [افعال: پڑنا۔ مچانا]
لٹک: [ار۔ امث] (۱) آویزش۔ لٹکاؤ (۲) ناز و انداز (۳) چلنے، بولنے یا گانے کا انداز (۴) لہر۔ موج۔ ترنگ (۵) جن وپری کا اثر۔ سایہ۔ بھوت پریت (۶) دیوانگی / جنون کا اثر (۷) لت۔ عادت (۸) لاپروائی (۹) عشق۔ محبت (۱۰) پردہ۔ جھالر۔ [افعال: ہونا]

لٹک آنا: [ار۔ محاورہ] آویزاں ہو کر کسی جگہ آجانا۔

لٹک جاتی رہنا: [ار۔ محاورہ] بانکپن جاتا رہنا۔ ناز و انداز نہ رہنا۔

لٹک جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "لٹکنا" (۲) دیکھئے "لٹک جاتی رہنا"

لٹک چال: [ار۔ امث] مستانہ چال۔ جھومتی ہوئی چال۔ ناز و ادا کی چال۔

لٹک چلی جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) امید قائم ہونا (۲) عادت سے نہ چھوٹنا۔

لٹک کر چلنا: [ار۔ محاورہ] ناز و ادا سے چلنا۔ ناز و نخرے سے قدم اٹھانا جھوم کر چلنا۔ مستانہ انداز سے چلنا۔

لٹک کی چال: [ار۔ امث] ناز و ادا کی چال۔

لٹک میں آنا: [ار۔ محاورہ] موج میں آنا۔ ترنگ میں آنا۔ ترنگ آنا۔

لٹک نہ جانا: [ار۔ محاورہ] ناز و ادا قائم رہنا۔ آن بان رہنا۔

لٹکا: [ار۔ امذ] (۱) کسی کو اپنے سے الجھا لینے کا منتر۔ موہنی منتر۔ عمل حُب (۲) جادو۔ منتر۔ سحر۔ ٹونا (۳) شعبدہ۔ کرتب۔ عجیب بات (۴) چٹکلا۔ گُن۔ ہنر (۵) داؤں۔ پیچ۔ گھات (۶) طور۔ طریقہ۔ جتن تدبیر (۷) شوق۔ شغل۔ دل بہلاوا۔ مشغلہ۔ کھیل۔ دھندا (۸) مکر۔ فریب۔ چھل۔ پھند (۹) تیر بہدف دوا۔ اکسیر۔ چلتا ہوا نسخہ (۱۰) ہاتھ کی چالاکی۔ چلتر۔ عیاری (۱۱) (صفت) وہ جو لٹک رہا ہو۔ (۱۲) لٹکنا مصدر سے صیغہ ماضی (۱۳) لٹکانا مصدر سے صیغہ امر۔

لٹکا چل جانا: [ار۔ محاورہ] منتر یا جادو کا کارگر ہونا۔

لٹکا دینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لٹکانا"

لٹکا رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) آویزاں رکھنا (۲) حیلہ حوالہ کر کے امیدوار رکھنا اور مایوس نہ ہونے دینا (۳) کسی کام کی تکمیل نہ کرنا۔ تکمیل میں تاخیر کرنا (۴) حکیم ڈاکٹر وغیرہ کا کسی بیمار کو ارادتاً اچھا نہ ہونے دینا۔

لٹکا رہنا: [ار۔ محاورہ] آویزاں رہنا۔

لٹکا سیکھنا: [ار۔ محاورہ] داؤ۔ طور/طریقہ سیکھنا۔

لٹکا ہاتھ آنا: [ار۔ محاورہ] آسان تدبیر سوجھنا۔

لٹکا ہاتھ لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لٹکا ہاتھ آنا"

لٹکا یاد ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) منتر یا جادو کی مہارت ہونا (۲) آسان تدبیر معلوم ہونا۔

لٹکانا: [ار۔ مص ۲] (۱) آویزاں کرنا۔ معلق کرنا۔ ٹانگنا (۲) پھانسی دینا۔ سُولی چڑھانا (۳) اٹکائے رکھنا۔ تاخیر کرنا۔ تعویق میں ڈالنا۔ (۴) اُمید میں رکھنا۔ انتظار میں رکھنا (۵) کھڑا رکھنا۔ مقدمہ کا التوا رکھنا۔ طوالت دینا۔

لٹکن: [ار۔ امذ] (۱) لٹکنا (۲) کوئی چیز جو لٹک رہی ہو (۳) ناک کا ایک زیور۔ جھمکا (۴) گھنٹے کا پنڈولم۔ شاقول (۵) لٹکنے والا لیمپ۔ (۶) وہ گھنگرو جو شیشے کے جھاڑ میں لٹکایا جاتا ہے (۷) وہ آنکڑا جس میں گھنٹہ لٹکتے ہیں (۸) ایک بیل کا نام جس سے زرد رنگ نکلتا ہے (۹) جھالر۔ فانوس۔ قلمیں۔ آویزے (۱۰) جھولا (۱۱) تھا لینے کا لنگر۔ (۱۲) گھڑونچی (۱۳) ایک پرندہ جو پنجوں سے الٹا لٹکتا ہے۔

لٹکنا: [ار۔ مص ۲] (۱) دیکھئے "لٹکانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) رُکنا۔ اٹکنا (۳) مدتوں بیمار رہنا (۴) آگے نہ بڑھنا۔ پیچھے رہنا۔ (۵) لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا (۶) آفتاب کا غروب کے قریب ہونا (۷) منتظر رہنا راہ تکنا (۸) جھولنا۔

لٹکو: [ار۔ صف ۔ مث] وہ عورت جس کی چال میں لٹک موجود ہو۔

لٹکوا: [ار۔ امذ] دیکھئے "لٹکن"

لٹکوانا: [ار۔ مص ۲] دیکھئے "لٹکنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

لٹکی ہوئی چال: [ار۔ امث] مستانہ چال۔ معشوقانہ چال۔

لٹکے: [ار۔ امذ] دیکھئے "لٹکا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

لٹکے آنا: [ار۔ محاورہ] قریب آنا۔ چالیں یاد آنا۔

لٹکے بتانا: [ار۔ محاورہ] ترکیبیں یاد ہونا۔

لٹکے یاد ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لٹکا یاد ہونا"

لُٹنا: [ار۔ مص ۱] (۱) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۲) لوٹ جانا (۳) کچھ باقی نہ رہنا صفایا ہونا (۴) چوری ہونا (۵) مال غارت ہونا۔ خرید فروخت میں نقصان اٹھانا (۶) گھر اجڑنا یا ویران ہونا۔

لٹنا: [ار۔ مص ۱] دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ کمزور ہونا۔

لٹو: [ہ۔ امذ] (۱) ایک کھلونا جسے ہاتھ سے یا دھاگا لپیٹ کر پھراتے ہیں تو دیر تک پھرتا رہتا ہے (۲) سیدھ معلوم کرنے کا آلہ۔ شاقول (۳) گول بنی ہوئی چیز (۴) گول لکڑی کے ٹکڑے جو کرسیوں وغیرہ میں خوبصورتی کے لئے لگتے ہیں (۵) دروازے کا گول دستہ (۶) انجنوں کا ایک پُرزہ (۷) (صفت) مجازاً شیفتہ۔ فریفتہ۔

مرلٹو پٹو: [ہ۔ امذ] مال و اسباب۔

لٹودار: [ار۔ صف] گول۔

لٹودار پگڑی: [ار۔ امث] گول پگڑی۔

لٹو سلار و جمع ہو رہے ہیں: [ار۔ مثل] تمام ہم نشین بے توقیر و بے اعتبار ہیں۔

لٹو ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) محو ہونا۔ مستغرق ہونا۔ (۳) چکرانا۔ چکر کھانا۔ پھرکی بننا۔

لٹوا: [ہ۔ امذ] دیکھئے "لٹو"

لُٹوانا: [ار۔ مص ۲] دیکھئے "لُٹنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔ (۲) غارت کرانا۔ تباہ کرانا (۳) برباد کروانا۔ ویران کروانا (۴) نقصان کروانا (۵) مہنگا سودا کروانا (۶) خرچ کرانا۔

لٹورا: [ہ۔ امذ] (۱) لٹ۔ جٹا (۲) جُونڈا۔ سر (۳) ایک شکاری پرندہ جو فاختہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

لٹوروں: [ہ۔ امذ] دیکھئے "لٹورا" جس کی یہ جمع ہے۔

لٹوروں والی: [ار۔ امث] (۱) لٹوں والی عورت (۲) ڈائن۔ چڑیل۔ بھتنی (۳) ساحرہ۔ جادوگرنی۔

لٹوری: [ہ۔ امث] (۱) چھوٹی لٹ (۲) سر کی ایک پوشاک (۳) لٹورا پرندے کی مادہ۔

لٹورے: [ہ۔ امذ] دیکھئے "لٹورا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

لٹورے اپاٹنا: [ار۔ محاورہ] سر ہونا۔ پیچھے پڑ جانا۔

لٹورے اترونا: [ار۔ محاورہ] بچے کے بال اتروانا / کٹوانا۔

مُونڈن کرانا ۔

لٹورے کھولے پھرنا: [ار ۔ محاورہ] ننگے سر پھرنا ۔ بال کھولے پھرنا، جو بدتمیزی سمجھی جاتی ہے ۔

لٹورے ڈالنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) سر مونڈنا / مونڈ ڈالنا ۔ چُنڈا مُونڈنا ۔ (۲) بال نوچ لینا ۔

لٹوریا: [ہ ۔ امث] (۱) چھوٹی لٹ (۲) [امذ] لٹوں والا جوگی ۔ گیسو دار ۔

لٹوریوں والی: [ار ۔ امث] دیکھئے "لٹوروں والی" ۔

لَٹھ: [ہ ۔ امذ] (۱) لکڑی ۔ سونٹا ۔ عصا ۔ لاٹھی (۲) مجازاً درشت کلام (۳) چرخے کی لاٹھ ۔

لَٹھ باز: [ہ ۔ ف ۔ صف] لاٹھی سے لڑنے والا ۔ لاٹھی باندھنے والا ۔

لَٹھ بازی: [ہ ۔ ف ۔ امث] دیکھئے "لٹھ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

لَٹھ بند: [ہ ۔ ف ۔ صف] لاٹھی باندھنے والا ۔

لٹھ سا مار دینا: [ار ۔ محاورہ] نہایت درشت جواب دینا ۔ گنواروں کی طرح بات چیت کرنا ۔

لٹھ مار: [ار ۔ امذ] وہ کسان جو آبپاشی کے لئے بند باندھے ۔

لٹھا: [ہ ۔ امذ] (۱) ایک سفید دبیز کپڑا (۲) شہتیر ۔ سلیپر ۔ لکڑی کا چوڑا ٹکڑا ۔

لَٹھر: [ہ ۔ صف] سُست ۔ کاہل ۔

لٹھ مُونگر: [ہ ۔ صف] زور آور ۔ کم فہم ۔

لَٹھیا: [ہ ۔ امث] لاٹھی کی تصغیر ۔ چھوٹی لاٹھی ۔ چھڑی ۔ ہاتھ کی لکڑی ۔

لَٹھیا ٹیکنا: [ار ۔ محاورہ] لٹھیا کے سہارے چلنا ۔

لَٹھیانا: [ار ۔ مص] لاٹھیوں سے خبر لینا ۔ پیٹنا ۔

لَٹھیت: [ہ ۔ امذ] (۱) لاٹھیوں سے مارنے والا ۔ لٹھ باز (۲) (صفت) سینہ زور شہ زور (۳) ضدی ۔ ہٹی ۔

لَٹھیت لڑکا: [ہ ۔ صف] ڈھیٹ یا ضدی لڑکا ۔

لَٹی: [ہ ۔ امث] (۱) فاحشہ ۔ رنڈی ۔ طوائف ۔ بیسوا ۔ کسبی ۔ (۲) محصول ۔ ٹیکس ۔

لِٹی: [ہ ۔ امث] چھوٹی روٹی جو کوئلوں پر پکائی جاتے ۔

لٹی کا: [ہ ۔ صف] بدچلن عورت کا دبچہ، حرامی ۔ حرامزادہ ۔

لُٹیا: [ہ ۔ امث] (۱) دیکھئے "لوٹا" جس کی یہ تصغیر ہے ۔ چھوٹا لوٹا (۲) پیتل کا چھوٹا پانی پینے کا ظرف ۔

لُٹیا ڈبونا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "لُٹیا ڈوب جانا / ڈوبنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

لُٹیا ڈوب جانا / ڈُوبنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) لٹیا کا پانی میں غرق ہو جانا ۔ پانی بھرنے کا ظرف کنوئیں میں گر پڑنا (۲) تباہ ہونا ۔ برباد ہونا (۳) ناکامیاب ہونا (۴) عزت جانا ۔ آبرو جانا ۔ بے عزت ہونا (۵) نقصان اٹھانا ۔ گھاٹا بھرنا ۔ دِوالہ نکالنا (۶) ہمت ہارنا ۔ جی چھوڑنا ۔

لُٹیا ڈوبی اسے ہرداس ۔ گھوڑی دانہ کھائے نہ گھاس: [ہ ۔ مقولہ] کام بالکل بگڑ گیا اب سدھرنے کی اُمید نہیں ۔

لُٹیرُو: [ہ ۔ امذ] (۱) لُٹیرا (۲) فضول خرچ ۔

ل ۔ ث

لِثات: [ع ۔ امذ] دیکھئے "لِثہ" جس کی یہ جمع ہے ۔

لِثہ: [ع ۔ امذ] مسوڑا ۔

ل ۔ ج

لَج: [ہ ۔ امث] "لاج" کا مخفف ۔

لجا: [ہ ۔ امث] شرم ۔ حیا ۔ لاج ۔

لجاجت: [ع ۔ امث] (۱) بھوک سے تڑپنا (۲) خوشامد ۔ منت (۳) عاجزی ۔

لجادھر: [ہ ۔ صف] شرمیلا ۔

لجالو: [ہ ۔ صف] (۱) شرمیلا ۔ حیادار (۲) پودہ لاجونتی ۔

لجام: [ع ۔ مص ۔ امذ] دیکھئے "لگام" جس کا یہ مُعرّب ہے

لجانا: [ار ۔ مص] (۱) شرمانا ۔ شرمندہ ہونا ۔ خجل ہونا ۔ جھینپنا (۲) شرمندہ کرنا (۳) شرمیلا ۔ حیادار ۔

لجاؤ: [ار ۔ صف] شرمیلا ۔ شرمگیں ۔ حیادار (۲) غیرت مند ۔ غیرت والا ۔

لجلاج: [ہ ۔ امذ] شطرنج کے موجد ۔ (۲) شطرنج کا اُستاد (۳) صاف شدہ سیماب ۔

لَجلَجا: [ہ ۔ صف] (۱) رگلگلا ۔ پلپلا (۲) لچکدار ۔ نرم ۔ ملائم (۳) لیس دار چپچپا ۔ لسلسا ۔ پلپلا ۔

لَجلَجانا: [ار ۔ مص] نرم ہونا ۔

لَجلَجی: [ہ ۔ امث] دیکھئے "لجلجا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

لُجّہ: [ع ۔ امذ] پانی کی گہری جگہ ۔ منجدھار (۲) دریا ندی (۳) بہت پانی ۔ (۴) گہرا غار جو پانی سے بھرا ہوا ہو ۔

لُجّہ آفت: [ہ ۔ ف ۔ امذ] سخت مصیبت ۔

لجیلا: [ہ ۔ صف] شرمیلا ۔ باحیا ۔ حیادار ۔

ل ۔ چ

لُچ: [ف ۔ صف] لُوچ کا مخفف (۱) ننگا ۔ عُریاں ۔ برہنہ (۲) بدچلن ۔ بدوضع بداطوار (۳) بدکار ۔ بدمعاش ۔

لُچ بہادر: [ف ۔ امذ] بدمعاش ۔ شہدا ۔

لُچپن / لُچپنا: [ار ۔ امذ] دیکھئے "لُچاپن"

لُچا: [ف ۔ صف] (۱) بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے باک (۲) اوباش ۔ بدمعاش ۔ بدوضع (۳) شریر ۔ فتنہ انگیز ۔ فسادی ۔ جھگڑالو (۴) اُچکا ۔ ٹھگ ۔ اٹھائی گیرا (۵) قمار باز ۔ جواری (۶) عیبی ۔ عیب دار (۷) (مذ) حُقّہ ۔

لُچاپن: [ار ۔ امذ] (۱) بے حیائی ۔ بے غیرتی ۔ بے شرمی (۲) بدچلنی ۔ بدراہی (۳) بدکاری ۔ بدمعاشی (۴) فساد ۔ شرارت (۵) اُچکاپن ۔

لُچا گُنڈا: [ار ۔ صف] دیکھئے "لُچا" ۔

لچانا: [ار ۔ مص ۔] جھکانا ۔ ٹیڑھا کرنا ۔ لچکانا (۲) کمزور کرنا ۔ مغلوب کرنا ۔

لچر :[ہ ۔صف] (۱) بیہودہ ۔ لغو ۔ مہمل ۔ پوچ (۲) بے وقوف ۔ احمق ۔ اناڑی (۳) بے تکی ۔ بے معنی ۔ بے ربط (بات) (۴) کمزور ۔ وہ جس میں زور نہ ہو ۔

لچر آدمی :[ہ ۔ امذ] بیہودہ شخص ۔ بے وقوف آدمی ۔

لچر بات/حرکت :[ہ ۔ امث] بے تکی بات ۔ بیہودہ بات ۔ بیہودہ حرکت ۔

لچک :[ار ۔ امث] (۱) وہ قوت جس سے اجسام جھک کر اپنی اصلیت/اصلی حالت پر آجائیں (۲) جھکاؤ ۔ خمیدگی (۳) کسی چیز کا نزاکت سے جھک جانا (۴) جھٹکا ۔ ہچکولا ۔ ضرب (۵) ملائمت ۔ نرمی ۔

لچک آجانا :[ار ۔ محاورہ] جھٹکا آجانا ۔ چک آجانا ۔

لچک جانا :[ار ۔ محاورہ] (۱) بل کھانا ۔ مڑ جانا ۔ لرز جانا ۔ کانپ جانا ۔

لچک دار :[ار ۔ صف] (۱) وہ جس میں لچک ہو (۲) لرزاں ۔ جُنباں ۔

لچکا :[ار ۔ امذ] (۱) جھٹکا ۔ ضرب ۔ ہچکولا (۲) چک ۔ موچ (۳) ایک قسم کا پتلا گوٹا ۔

لچکا کھانا :[ار ۔ محاورہ] لچک جانا ۔

لچکانا :[ار مص] نرم چیز کو ہلانا یا جُھکانا ۔

لچکنا :[ار ۔ مص] (۱) نرم شے کا جُھک کر اپنی جگہ آجانا (۲) مڑنا ۔ بل کھانا (۳) نزاکت سے بل کھانا ۔

لچکے :[ار ۔ امذ] دیکھئے " لچکا " جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے ۔

لچکے کھانا :[ار ۔ محاورہ] دیکھئے " لچکا کھانا "

لچکے کی تیلی :[ار ۔ امث] کناروں پر دونوں طرف برابر سیا ہوا لچکا ۔

لچلچ :[ہ ۔ امث] لچکنے کی آواز

لچلچا :[ہ ۔ صف] لعابدار (سالن) ایسا سالن جس میں نہ شوربہ ہو اور نہ ہی خشک ہو صرف گھی سے تر ہو ۔

لچلچانا :[ار ۔ محاورہ] (۱) لیس دار ہونا ۔ لعاب دار ہونا ۔ رلسلسانا ۔ (۲) لچکدار ہونا ۔

لچنا/ لچ جانا :[ار ۔ مص] (۱) جُھکنا ۔ خمیدہ ہونا ۔ ٹیڑھا ہونا (۲) فروتنی کرنا ۔ متواضع ہونا ۔

لچھا :[ہ ۔ امذ] (۱) سوت / ریشم کی انٹی (۲) ریشم یا دھاگوں کا بنا ہوا حلقہ جو اکثر بچوں کے ہاتھ میں ڈالتے ہیں (۳) پاؤں اور ہاتھوں کا ایک زیور جس میں بہت سے تار یا زنجیریں ہوتی ہیں (۴) گلے کا ایک زیور جو گلے کے ساتھ چمٹا رہتا ہے (۵) بہت باریک کتری ہوئی چیز جیسے ادرک یا پیاز (۶) مسلسل لپٹے ہوئے تار / دھاگے ۔ ڈور (۷) ایک قسم کی مٹھائی جس میں مثل ریشم کھانڈ کے باریک تار ہوتے ہیں جنہیں ریشم کے لچھے کہتے ہیں (۸) مسلسل چیز ۔ پیچیدہ چیز ۔ ڈورے (۹) گٹکری ۔ آواز کی پیچیدگی (۱۰) الجھی ہوئی ڈور (۱۱) مسلسل تقریر یا نغمہ (۱۲) جو چیز مسلسل با افراط نکلے جیسے آلوؤں کے لچھے (۱۳) متواتر ضرب جو ایک ہی تلوار سے لگائیں ۔

لچھا باندھنا :[ار ۔ محاورہ] دیکھئے " لچھا بندھنا " جس کا یہ متعدی ہے ۔

لچھا بندھنا :[ار ۔ محاورہ] مسلسل کہنا ۔

لچھمن :[ہ ۔ امذ] دیکھئے لکشمن ۔

لچھمی :[ہ ۔ امث] (۱) دھن ۔ دولت ۔ مال ۔ زر ۔ ثروت (۲) دولت کی دیوی ۔

لچھمی بن آدر کون کرے :[ار ۔ مثل] (۱) دولت کے بغیر کوئی نہیں پوچھتا (۲) بیوی کے بغیر کوئی خاطر داری نہیں کرتا ۔

لچھمی گھر میں آنا/اترنا :[ار محاورہ] دولت کا گھر میں آنا (۲) کسی صاحب اقبال کا گھر میں آنا (۳) خود صاحب اقبال ہونا (۴) مبارک قدم بہو کا گھر میں آنا (۵) بیٹی کا پیدا ہونا ۔

لچھمی نارائن کرنا :[ار ۔ محاورہ] کھانا شروع کرنا ۔ ہندو بجائے بسم اللہ کرنا کے کہتے ہیں ۔

لچھن :[ہ ۔ امذ] (۱) نشان ۔ علامت ۔ انداز ۔ آثار (۲) چال ڈھال طور طریق ۔ رنگ ڈھنگ (۳) افعال ۔ کرتوت ۔ قول ۔ فعل کام ۔ کردار (۴) حال ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ وضع (۵) عادت خصلت ۔ سیرت کردار (۶) اعمال ۔ کرم ۔ کرپا ۔

لچھن پکڑنا :[ار ۔ محاورہ] (۱) بُری عادت سیکھنا (۲) بد وضع طریقہ اختیار کرنا

لچھن جھڑ جانا/ جھڑنا :[ار ۔ محاورہ] (۱) بُرے دن آنا ۔ ادبار آنا ۔ بد اقبالی ہونا (۲) بے قدر ہونا نظروں سے گرنا (۳) بگڑنا ۔ ابتر / خراب ہونا ۔ زوال پذیر ہونا (۴) چہرے کی رونق جاتی رہنا ۔ چہرے پر تازگی نہ رہنا ۔ رنگ و روپ جاتے رہنا ۔ بدصورت ہو جانا ۔

لچھن سے چھڑ پڑنا/جانا :[ار ۔ محاورہ] (۱) بے رونق ہو جانا ۔ تر و تازگی جاتی رہنا ۔ رنگ روپ نہ رہنا (۲) (صف) دوسری صورت میں توقیر گھٹ جانا ۔ پہلی سی بات نہ رہنا ۔

لچھن سیکھنا :[ار ۔ محاورہ] دیکھئے " لچھن پکڑنا "

لچھنا :[ہ ۔ امذ] ایک قسم کا اناج ۔

لچھی :[ہ ۔ امث] (۱) چھاچھ اور پانی ملنا (۲) پنجابی زبان کا ایک گانا (۳) " لچھا " کی تصغیر

لچھے دار :[ار ۔ صف] (۱) پیچیدہ ۔ پیچ دار ۔ پیچ در پیچ (۲) مسلسل ۔ سلسلہ وار ۔ متواتر (۳) مزیدار ۔ پر لطف ۔ دلچسپ ۔

لچھے دار آواز :[ار ۔ امث] مسلسل آواز ۔ جو کہیں رُکے نہیں ۔

لچھے دار باتیں :[ار ۔ امث] پیچدار باتیں (۲) مسلسل باتیں ۔ مزہ دار باتیں ۔

لچھے سے :[ار ۔ صف] نرم ۔ ملائم ۔ لچھوں کی مانند ۔

لچھے کا ازار بند :[ار ۔ امذ] ایک قسم کا ازار بند ۔

لپھیانا :[ار ۔ مص] دھاگے ڈور وغیرہ کا لپٹنا ۔ ریل پر لپیٹنا ۔ چرخی پر لپیٹنا ۔

لچئی :[ہ ۔ امث] میدے کی ملائم اور نرم پوری ۔

لچی :[ار ۔ صف] دیکھئے " لچا " جس کی یہ تانیث ہے ۔

لچیلا :[ار ۔ صف] (۱) لوچدار ۔ لیسدار (۲) نرم ۔ ملائم ۔ نازک ۔

ل - ح

لحاظ :[ع ۔ امذ] (۱) نظر ۔ نگاہ (۲) ادب ۔ حفظ مراتب (۳) شرم ۔ حیا ۔ (۴) مروت ۔ ملاحظہ (۵) خیال ۔ دھیان (۶) پرہیز ۔ اجتناب ۔ (۷) توجہ ۔ (۸) غیرت ۔ حمیت ۔

لحاظ آنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مروت آنا ۔ (۲) شرم آنا ۔

لحاظ اُٹھا دینا : [ار۔ محاورہ] بے شرم ہو جانا ۔ بے غیرت ہو جانا ۔

لحاظ اُٹھ جانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لحاظ اٹھا دینا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لحاظ توڑنا : [ار۔ محاورہ] حجاب برقرار نہ رہنے دینا ۔

لحاظ ٹوٹنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لحاظ توڑنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لحاظ رکھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) دھیان رکھنا ۔ خیال رکھنا (۲) پرہیز رکھنا یا کرنا ۔ شرم کرنا (۳) ادب کا خیال رکھنا ۔

لحاظ رہنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لحاظ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لحاظ کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ادب کرنا ۔ پاس کرنا (۲) شرم کرنا ۔ حیا کرنا (۳) مروت سے پیش آنا (۴) خیال کرنا ۔

لحاظ کھونا / کھو دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) مروت و ادب قائم نہ رہنے دینا ۔ (۲) شرم نہ رہنے دینا ۔

لحاظ کی آنکھ جہاز سے بھاری : [ار۔ مثل] خجالت نہیں اٹھائی جاتی ۔

لحاظ والا : [ار۔ صفت] (۱) شرم و حیا والا (۲) بامروت ۔

لحاظ والی : [ار۔ امث] دیکھئے "لحاظ والا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

لحاظ ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لحاظ کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لحاف : [ع ۔ اَمذ] (۱) رضائی جس میں بہت روئی ہو ۔ ایک قسم کی بڑی رضائی (۲) اصطلاح "کیمیا" وہ دوا جو کشتہ کرتے وقت کسی دوا کے اوپر رکھی جائے (۳) مجازاً بیوی ۔ [افعال: اوڑھنا ۔ لینا ۔ کرنا]

لَحَد : [ع ۔ امث] قبر ۔ مزار ۔ تربت ۔ گور ۔ قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مردے کو رکھا جاتا ہے ۔

لحد سے اٹھنا : [ار۔ محاورہ] قیامت کے دن مُردے کا زندہ ہو کر قبر سے نکلنا ۔

لحد میں اتارنا : [ار۔ محاورہ] قبر میں اتارنا ۔ مردے کو دفن کرنا ۔

لحد میں اُترنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لحد میں اتارنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لحد میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں : [ار۔ مثل] دیکھئے "قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں" ۔

لحد میں تین دن بھاری : [ار۔ مثل] دیکھئے "قبر میں تین دن بھاری" ۔

لَحظَہ : [ع ۔ اَمذ] پل ۔ لمحہ ۔ پلک جھپکنے کا عرصہ ۔

لحظہ بھر : [ع ۔ متعلق فعل] دم بھر ۔ دم کے دم میں ۔ لمحے کے واسطے ۔

لحظہ بہ لحظہ : [ع ۔ متعلق فعل] (۱) دم بدم ۔ ساعت بساعت ۔ لمحہ بہ لمحہ (۲) ہر گھڑی ۔ ہر دم ۔

لَحْم : [ع ۔ اَمذ] گوشت ۔ ماس ۔

لحمیہ : [ع ۔ اَمذ] دیکھئے "پروٹین" جس کا یہ ترجمہ ہے ۔

لَحن : [ع ۔ اَمذ] (۱) آواز (۲) سُریلی آواز ۔ خوش آوازی ۔ خوش خوانی ۔

لحنِ داؤدی : [ع ۔ اَمذ ۔ بترکیب فارسی] حضرت داؤد کی آواز جو سریلے پن کے لئے مشہور ہے (۲) کنایۃً سریلی آواز ۔ بہت اچھی آواز ۔

لُحُوق : [ع ۔ اَمذ] دو یا زیادہ چیزوں کا مل جانا ۔ آمیزش ۔

لُحُوم : [ع ۔ اَمذ] دیکھئے "لحم" جس کی یہ جمع ہے ۔

لَحِیم : [ع ۔ صفت] فربہ ۔ موٹا ۔

لَحِیم شَحِیم : [ع ۔ صفت] موٹا تازہ ۔ فربہ اندام ۔ توانا ۔

لَحیَہ : [ع ۔ امث] ڈاڑھی ۔

ل ۔ خ

لَخ : [ار۔ اَمذ ۔ ق] لقا کبوتر ۔

لَخت : [ف ۔ اَمذ] (۱) ٹکڑا ۔ پارہ ۔ حصّہ ۔ (۲) لوہے کا گرز ۔ (۳) کنایۃً تھوڑا ۔ اندک

لختِ جگر : [ف ۔ اَمذ] جگر کا ٹکڑا ۔ (۲) اولاد ۔ بیٹی ۔ بیٹا ۔

لختِ جگر کھانا : [ار۔ محاورہ] ایذا برداشت کرنا ۔

لخت لخت / لختہ لختہ : [ف ۔ صفت] ٹکڑا ٹکڑا ۔

لَختَہ : [ف ۔ اَمذ] منجمد خون کا لوتھڑا ۔ ٹکڑا ۔

لَخ لَخ : [ف ۔ صفت] (۱) لاغر ۔ دبلا پتلا (۲) بھوک (۳) (امث) وہ آواز جو حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے ۔

لَخ لَخ کرنا : [ار۔ محاورہ] پرندوں کا گرمی اور پیاس کی شدت سے گلے سے آواز نکالنا ۔ انسان کے لئے بھی مستعمل ہے ۔

لَخلَخانا : [ار۔ مص] بھوک پیاس سے تڑپنا ۔ بھوک سے نڈھال ہو جانا ۔

لَخلَخہ : [ف ۔ اَمذ] خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویت دماغ کیلئے مریض کو سنگھاتے ہیں ۔

ل ۔ د

لَدا پَھندا : [ہ ۔ صفت] اچھی طرح لدا ہوا ۔ بہت بھرا ہوا ۔ بوجھ میں دبا ہوا ۔ اسباب ساتھ لئے ہوتے ۔

لَدالَد : [ار۔ امث] (۱) اونچائی سے کسی چیز کے گرنے کی آواز ۔ درختوں سے پھلوں کے گرنے کی آواز (۲) کنوئیں میں گرنے کی آواز (۳) لگاتار پے در پے (افعال: گرنا)

لَدانا : [ار۔ مص] بار کرانا ۔ بوجھ دھروانا ۔ اسباب لدوانا ۔

لَدلَدا : [ار۔ اَمذ] بوجھ ۔ بار ۔ اسباب ۔

لَدا ہے : [ار۔ محاورہ] (۱) کنایۃً بیوقوف (۲) مُبتلا ۔

لداؤ : [ار۔ اَمذ] بوجھ ۔ بھار ۔ لادنے کا اسباب ۔

لداؤ کی چھت : [ار۔ امث] وہ چھت جو صرف چونے سے ڈاٹ لگا کر بنا دیں ۔ بغیر کڑیوں کے چھت ۔

لَد جانا / لَدنا : [ار۔ مص] (۱) بوجھ رکھا جانا (۲) بھر جانا ۔ پُر ہو جانا ۔ (۳) چلا جانا ۔ گزر جانا (۴) مر جانا ۔ انتقال کر جانا (۵) درخت پر بہت سا پھل ہونا ۔

لَدُنی : [ع ۔ اَمذ] خدا داد ۔ وہ علم جو سیکھنے کے بغیر وحی یا الہام

وغیرہ کے ذریعہ حاصل ہو۔

لَدّو: [ار۔ صف] (۱) بوجھ اٹھانے کے قابل۔ بار برداری کے لائق (۲) وہ حیوان جو بار برداری کے کام آئے۔

لَدّو کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بار برداری کے قابل بنانا (۲) سواری کے قابل نہ رکھنا۔

لَدْوَا: [ہ۔ امذ] جھانکڑ جو کچی دیوار پر چھت کی بجائے رکھتے ہیں۔

لَدْوَانا: [ار۔ مص] دیکھئے "لادنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

لَدْوَائی: [ار۔ امث] لادنے کی اجرت۔

لَدَھڑ: [ہ۔ صف] موٹا اور بدوضع کاغذ یا کپڑا (۲) بھاری اور بھدا۔ (۳) کند ذہن۔

لدی پھندی: [ہ۔ صف] دیکھئے "لدا پھندا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ل ۔ ڈ

لَڈّو: [ار۔ امذ] (۱) ڈھیلا۔ ڈلا۔ کلوخ (۲) بیسن یا مونگ کے آٹے کی گول مٹھائی (۳) کنایۃً نفع۔ فائدہ۔

لَڈّو بانٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) خوشی کی تقریب میں مٹھائی تقسیم کرنا۔ خوشی منانا (۲) مَنّت یا نذر کے طور پر مٹھائی تقسیم کرنا۔

لَڈّو باندھنا/بنانا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کو گول شکل کا بنانا۔

لَڈّو بٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "لڈو بانٹنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) نفع ہونا۔ فائدہ ہونا۔

لَڈّو کھلانا: [ار۔ محاورہ] (۱) مٹھائی کھلانا۔ منہ میٹھا کرنا (۲) رشوت دینا۔ مُنہ بھر دینا۔ ضیافت کرنا۔

لَڈّو مِلنا: [ار۔ محاورہ] فائدہ ہونا۔ کچھ ہاتھ لگنا۔ کسی طرح کا فائدہ ہونا۔

لَڈّو کہے سے مُنہ میٹھا نہیں ہوتا: [ار۔ مثل] چاپلوسی اور خالی خولی باتوں سے مطلب براری نہیں ہوتی۔ بغیر لیے دیئے کچھ کام نہیں چلتا۔

لُڈّی: [پ۔ امث] ایک قسم کا پنجابی مردانہ ناچ۔

ل ۔ ذ

لَذّات/لذائذ: [ع۔ امث] دیکھئے "لذت" جس کی یہ جمع ہے

لذائذِ نفسانی: [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] حظ پرستی۔ نفس کی خوشی۔ شہوت پرستی۔

لَذّت: [ع۔ امث] مزہ۔ ذائقہ۔ سواد۔ حظ۔

لَذّت آشنا: [عف۔ صف] لذت حاصل کرنے والا۔ لذت کا خوگر۔

لذت اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] مزہ لینا۔ لطف حاصل کرنا۔ حظ اٹھانا۔ ذائقہ لینا۔

لَذّت اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لذت اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

لذت پرست/پسند: [عف۔ صف] لذت کا عاشق۔

لذت پرستی/پسندی: [عف۔ امث] دیکھئے "لذت پرست/لذت پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لَذّت چکھنا: [ار۔ محاورہ] مزہ چکھنا۔

لذّت دینا: [ار۔ محاورہ] مزہ دینا۔

لَذّت مِلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لذت دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

لذّتیت: [ع۔ امث] لذت پرستی۔

لَذِیذ: [ع۔ صف] (۱) خوش ذائقہ۔ مزہ دار (۲) خوشگوار۔ پُرلطف (۳) عزیز۔ پیارا۔

ل ۔ ر

لُر: [ار۔ امذ] ایک قسم کا گز جس سے زمین ناپی جاتی ہے۔ اس کی لمبائی ساڑھے چار فُٹ سے ساڑھے چھ فٹ تک ہوتی ہے۔

لُر: [ف۔ صف] احمق۔ اجہل۔ بے تمیز۔

لُرپن/پنا: [ار۔ امذ] حماقت۔ بے تمیزی۔ بیوقوفی۔

لرز اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] خوف سے کانپ جانا۔

لَرز جانا: [ار۔ محاورہ] تھرّا جانا۔ کانپ اُٹھنا۔ ڈر جانا۔

لَرزاں [مذ۔ صف] لرزنے والا۔ ہلنے والا۔

لَرزانا: [ار۔ مص۔ متعلق] کپکپا دینا۔ تھرّا دینا۔

لَرزِش: [ف۔ امث] رعشہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔

لَرزنا: [ار۔ مص۔ لازم] کانپنا۔ تھرّانا۔ ڈرنا (۲) ہلنا۔ جنبش کرنا۔

لَرزَہ: [ف۔ امذ] تھرتھراہٹ۔ لرزش۔ رعشہ۔ کپکپاہٹ۔

لَرزَہ آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کانپنا۔ خوف آنا (۲) بھونچال آنا۔

لَرزَہ براندام: [ف۔ صف] وہ جس پر کپکپی طاری ہو۔ کانپنے والا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

لَرزَہ چڑھنا: [ار۔ محاورہ] کپکپی چڑھنا۔ تھرتھر کانپنا (بیماری سے) کنایۃً خوف سے۔

لرزے سے بخار آنا: [ار۔ مص۔ مرکب] لرزے کے ساتھ بخار آنا۔

ل ۔ ڑ

لَڑ: [ار۔ امث] (۱) لڑی۔ ہار۔ سلسلہ (۲) ڈور یا رسّی کا بل۔ (۳) قطار (۴) (صف) پلہ۔ کنارہ۔ دامن (۵) گرہ۔ گانٹھ (۶) وسیلہ۔ تعلق۔ رشتہ۔

لَڑ بندھنا: [ار۔ محاورہ] واسطہ ہونا۔ تعلق ہونا۔

لَڑ بندی: [ار۔ امث۔ ف] فہرست۔

لَڑ بیٹھنا/پڑنا: [ار۔ محاورہ] خوامخواہ لڑنے لگنا۔

لَڑ جانا: [ار۔ محاورہ] ٹکرا جانا۔ مقابل ہو جانا۔

لَڑ لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) وسیلہ پیدا کرنا۔ تعلق پیدا کرنا (۲) بیاہنا۔ شادی کرنا۔

لَڑ مَرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) لڑ کر مر جانا (۲) تکرار کرنا۔ جھگڑنا۔

لَڑ مِلانا: [ار۔ محاورہ] تعلق پیدا کرنا۔ سلسلہ پیدا کرنا۔

لَڑ مِلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لڑ ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

لَڑ میں رہنا: [ار۔ محاورہ] (1) کسی کا طرفدار بنا رہنا۔ ساتھ دینا (2) جیب میں ہونا۔ پلے ہونا۔

لَڑا: [ار۔ اِمذ] لڑی۔ سلک۔

لَڑا بھِڑا ہوا: [ار۔ صفت] لڑائی میں مشّاق۔

لَڑا مرتا ہے: [ار۔ محاورہ] لڑ کر جان دیئے جاتا ہے۔ جھگڑالو ہے۔

لَڑاک / لَڑاکا / لَڑاکو: [ار۔ صفت] (1) جنگجو جھگڑالو (2) شریر (3) بدخو۔ بدمزاج۔ ترش رُو۔

لَڑاکا کے چار کان: [ار۔ مثل] جس عورت کو لڑائی کا چسکا ہو وہ لڑائی کے لئے کوئی نہ کوئی بہانہ تلاش کر لیتی ہے۔

لَڑانا: [ار۔ مص] (1) لڑائی کرانا۔ جنگ کرانا۔ کُشتی کرانا۔ بھڑانا۔ فساد کرانا (2) دو چیزوں کو باہم ٹکرانا۔

لَڑاؤ: [ار۔ اِمذ] لڑنے کے قابل۔ ڈور جو ایک مرتبہ کنکوا لڑانے کے قابل ہو۔ (صفت) لڑنے کے قابل۔

لَڑائی: [ار۔ امث] (1) جنگ۔ رزم۔ معرکہ۔ جھگڑا۔ فساد۔ مارپیٹ (2) مقابلہ۔ سامنا (3) شیخی (4) عداوت۔ خفگی۔ ان بن۔

لڑائی باندھنا: [ار۔ محاورہ] جنگ کی ٹھہرانا۔ دشمنی کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔

لڑائی بڑھانا: [ار۔ محاورہ] جنگ کو طول دینا۔ جھگڑا بڑھانا

لڑائی بڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لڑائی بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

لڑائی بگڑنا: [ار۔ محاورہ] شکست ہونا۔

لڑائی بھڑائی: [ار۔ امث] دنگا فساد۔ جنگ و جدل۔

لڑائی پر اُتر آنا: [ار۔ محاورہ] لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہونا۔

لڑائی پر اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] جنگ پر آمادہ ہونا۔

لڑائی پر جانا: [ار۔ محاورہ] لام پر جانا۔ میدان جنگ میں جانا۔

لڑائی پڑنا: [ار۔ محاورہ] جھگڑا ہونا۔ فساد ہو جانا۔

لڑائی تُل جانا: [ار۔ محاورہ] لڑائی ٹھن جانا۔ جنگ کا موقع قریب آنا۔

لڑائی ٹھن جانا: [ار۔ محاورہ] لڑائی ٹھہر جانا۔ لڑائی کا یقینی ہونا۔

لڑائی چھڑنا: [ار۔ محاورہ] جنگ شروع ہونا۔

لڑائی ڈالنا: [ار۔ محاورہ] دو شخصوں کو لڑا دینا۔ باہم لڑائی شروع کرنا۔

لڑائی کا پیچھا بھاری ہونا: [ار۔ مثل] لڑائی کا زور آخر میں ہوتا ہے۔

لڑائی کا گھر: [ار۔ اِمذ] فساد کی جڑ۔ فتنہ پرداز۔ فسادی۔

لڑائی کا گھر ہنسی روگ کا گھر کھانسی: [ار۔ مثل] لڑائی کی ابتدا ہنسی مذاق سے ہوتی ہے اور بیماری کا آغاز کھانسی سے۔

لڑائی کا گیت: [ار۔ اِمذ] وہ گیت جو میدانِ جنگ میں گائے جاتے ہیں۔ رجزیہ نغمہ۔

لڑائی کا میدان / کھیت: [ار۔ اِمذ] وہ جگہ جہاں لڑائی ہو۔ میدان جنگ۔

لڑائی کرنا: [ار۔ محاورہ] جھگڑا کرنا۔ جھگڑنا۔

لڑائی کی پوٹ: [ار۔ امث] کنایۃً جھگڑالو۔

لڑائی لڑنا: [ار۔ محاورہ] جنگ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

لڑائی مارنا / مار لینا: [ار۔ محاورہ] میدان فتح کر لینا۔ دشمن کو شکست دینا۔

لڑائی مول لینا: [ار۔ محاورہ] خوامخواہ جھگڑے میں پڑنا۔ چھیڑخانی کرنا۔

لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے / مٹھائی نہیں بٹتی: [ار۔ مثل] لڑائی خوشی کی جگہ نہیں۔ لڑائی کوئی آسان کام نہیں۔ لڑائی میں مارپیٹ کی شکایت نہیں ہونی چاہئے۔

لڑائی باندھنا: [ار۔ محاورہ] لڑائی کا سلسلہ جاری رکھنا۔

لڑائی وڑائی: [ار۔ امث] دیکھئے "لڑائی" ("وڑائی" تابع مہمل ہے)

لڑائی ہونا: [ار۔ محاورہ] (1) جھگڑا ہونا۔ تنازعہ ہونا (2) جنگ ہونا۔

لَڑ بَڑا: [ار۔ صفت] دیکھئے "لبلبا"

لَڑ بَڑانا: [ار۔ مص] (1) زبان میں لکنت ہونا۔ ہکلا کر بولنا (2) لڑکھڑانا ڈگمگانا۔

لَڑَت: [ھ۔ امث] جنگ کرنے کا انداز۔ کشتی۔ لڑائی۔

لڑتوں کے پیچھے بھاگتوں کے آگے: [ار۔ مثل] بہت ڈرپوک۔ بزدل آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

لَڑتی میں پڑنا: [ار۔ محاورہ ق] مغالطہ میں پڑنا۔

لَڑ جانا: [ار۔ محاورہ] (1) مقابل ہونا۔ ٹکرا جانا۔ لڑنا (2) (ق) اطاعت قبول کرنا۔ ہتھیار ڈال دینا۔

لَڑکا: [ار۔ اِمذ] (1) طفل۔ کودک۔ چھوکرا۔ کمسن (2) بیٹا۔ پسر۔ کنایۃً ناتجربہ کار۔ نادان۔

لڑکا بالا: [ار۔ اِمذ] بال بچہ۔ عیال و اطفال۔

لڑکا بننا: [ار۔ محاورہ] نادانی کی بات کرنا۔ بیوقوفی کی حرکت کرنا۔

لڑکا بے دودھ پالنا: [ار۔ محاورہ] کسی نہ کسی سہارے پر رکھنا۔ ٹالنا۔ امید پوری نہ ہونے دینا۔

لڑکا جنے بیوی اور پٹی باندھیں میاں: [ار۔ مثل] تکلیف کوئی اٹھائے بہانے کوئی بنائے۔ تکلیف کسی کو ہو فائدہ کوئی اٹھائے۔

لڑکا روے بالوں کو نائی روے منڈائی کو: [ار۔ مثل] ہر شخص اپنا اپنا دُکھڑا روتا ہے۔

لڑکا گود لینا: [ار۔ محاورہ] کسی لڑکے کو متبنیٰ بنانا۔

لَڑکائی: [ار۔ امث] دیکھئے "لڑکپن"

لَڑکپن / لڑکپنا: [ار۔ اِمذ] (1) بچپن۔ طفولیت (2) کم سنی کا زمانہ (3) چھچھوراپن۔ اوچھاپن۔

لڑکپن کا کھیلنا: [ار۔ محاورہ] کم عمری کا زمانہ ہونا۔ کم عمر ہونا۔

لڑکپن کی باتیں: [ار۔ امث] ناسمجھی کی باتیں۔ نادانی کی باتیں۔

لڑکوری: [ار۔ امث] صاحب اولاد عورت۔

لڑکوں کا باوا / بابا ہے: [ار۔ مثل] لڑکوں سے بھی زیادہ شریر ہے۔ بہت زیادہ حرامزادہ ہے۔

لڑکوں کا کھیل: [ار۔ اِمذ] (1) بچوں کا کھیل۔ (2) بچوں کا دل بہلاوا (3)

آسان کام۔ مہمل بات۔

لڑکوں کا کھیل چڑیوں کا مَرن : [ار۔مثل] ناسمجھ کے آگے جان کی کچھ قدر نہیں۔

لڑکوں کا گھروندا : [ار۔امذ] کنایۃً بے ثبات چیز۔

لڑکوں میں کھیلنا : [ار۔محاورہ] لڑکوں کے ساتھ کھیلنا۔

لَڑکی : [ار۔امث] (۱) چھوکری۔ کنیا۔ بیٹی۔ دختر (۲) دوشیزہ۔ کم عمر۔ نادان۔ ناسمجھ۔ ناتجربہ کار۔

لَڑکی والا : [ار۔امذ] لڑکی کا باپ۔ دلہن کا باپ۔

لَڑکے بالے : [ار۔امذ] دیکھئے "لڑکا بالا" جس کی یہ جمع ہے۔

لَڑکے والا : [ار۔امذ] لڑکے کا باپ۔ دُلہا کا باپ۔

لَڑکے کو منہ لگاؤ تو ڈاڑھی کھسوٹے : [ار۔مثل] کمینہ مُنہ لگانے سے سر چڑھتا ہے۔

لڑکے کے پاؤں پالنے میں پہچانے جاتے ہیں : [ار۔مثل] ہونہار کا پتہ شروع میں ہی چل جاتا ہے۔ کام کا انجام شروع سے ہی معلوم ہو جاتا ہے۔

لُڑَکنا : [ار۔مص] دیکھئے "لڑھکنا"

لَڑکھڑانا : [ار۔مص] (۱) ڈگمگانا۔ پاؤں کانپنا (۲) لرزنا۔ تھرانا (۳) ہلنا (۴) بے راہ ہونا۔ بہکنا۔ نیت بگڑنا۔ ایمان میں فرق آنا۔

لَڑنا : [ار۔مص] (۱) جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔ بھڑنا۔ مقابلہ کرنا (۲) باہم ٹکرانا (۳) باہم ضد کرنا (۴) زور آزمائی کرنا۔ کُشتی کرنا (۵) مطابق ہو جانا (ایک کے شعر کا دوسرے کے شعر سے) (۶) نصیبہ جاگ جانا۔ قسمت لڑنا (۷) کاٹنا۔ ڈسنا۔

لڑنا بھڑنا / جھگڑنا : [ار۔محاورہ] آپس میں جھگڑا فساد کرنا۔ بحث و تکرار کرنا۔

لُڑنا : [ار۔مص۔ق] (۱) چِٹ جانا۔ چڑھنا (۲) لڑھکنا۔

لِٹرنا : [ار۔مص۔ق] (۱) کسی چیز کا زمین سے رگڑتے ہوئے چلنا (۲) زمین پر لوٹنا۔

لَڑَنْت : [ار۔امث] پہلوانی۔ کشتی۔ زور آزمائی۔ جنگ۔

لَڑَنتیا : [ار۔صف] لڑنے والا۔ پہلوان۔

لڑنے مرنے کو تیار : [ار۔صف] جان دینے پر آمادہ۔

لڑوانا : [ار۔مص] دیکھئے "لڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

لُڑھانا : [ار۔مص] (۱) پھسلانا (۲) لڑھکانا (۳) بہانا۔ گرانا۔ (۴) مار گرانا۔ مار کر گرا دینا۔

لُڑھکانا : [ار۔مص] گھوماتا ہوا پھینکنا۔ کسی چیز کو گھمانا۔

لُڑھکنا : [ار۔مص] (۱) پھسلنا۔ لڑھکنی کھانا۔ ڈگمگانا (۲) لیٹنا۔ پڑنا۔ سونا (۳) مرنا۔ انتقال کرنا۔

لُڑھکنی : [ار۔امث] لوٹنی۔ لوٹ۔ لڑھکنے کا فعل۔

لُڑھکنی کھانا : [ار۔محاورہ] قلابازی کھانا۔ لوٹنی کھانا۔

لُڑھنا : [ار۔مص] (۱) لڑھکنا۔ پھسلنا (۲) بہنا۔ گرنا (۳) بندوق یا توپ کا نشانہ بننا (۴) مرجانا۔

لُڑھی : [ار۔امث] ایک قسم کی بیل گاڑی۔

لُڑھیانا : [ار۔مص] سیون کی کور دبانا۔ تُرپچی کرنا۔ کنارہ دبا کر سینا۔

لَڑی : [ار۔امث] (۱) ہار۔ موتیوں کی مالا۔ لڑ (۲) جھڑی۔ سلسلہ۔ تسلسل۔

لڑے فوج نام سرکار کا : [ار۔مثل] چھوٹوں کا کام بڑوں کا نام۔ کام کسی کا نام کسی کا۔

لَڑیانا : [ار۔مص] لگیانا۔

ل ۔ ز

لَزِج : [ع۔صف] لعابدار۔ لس دار۔ لیس دار۔ چیپ دار۔

لَزُوجَت : [ع۔امث] لیس۔ چیپ۔ لعاب۔

لَزُوق : [ع۔امذ] چپکنا۔ چسپاں ہونا۔ چسپیدگی۔

لَزُوم : [ع۔امذ] لازم ہونا۔ واجب ہونا۔ ضرور۔

لزومِ مالا یلزم : [ع۔امذ] غیر ضروری چیز کو ضروری قرار دینا۔

ل ۔ س

لَس : [ار۔امذ] لیس۔ چیپ۔ لعاب۔

لَس تَگّا : [ار۔امذ] تعلق۔ واسطہ۔ سبب۔

لَس دار : [ار۔صف] لعاب دار۔ چیپ دار۔

لِسان : [ع۔امث] زبان۔ بولی۔ بھاشا۔

لِسانُ العَصْر : [ع۔صف] (۱) اپنے وقت کا فصیح الکلام (۲) اکبر الہ آبادیؒ کا لقب۔

لِسانُ الغَیْب : [ع۔صف] (۱) غیب کی زبان (۲) حافظ شیرازیؒ کا لقب۔

لَسّان : [ع۔مبالغہ] (۱) بہت بولنے والا۔ بکّی (۲) خوش گفتار۔ شیریں زبان (۳) چرب زبان۔ چکنی چپڑی باتیں بنانے والا۔

لَسّانی : [ع۔صف] دیکھئے "لسان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لِسانیات : [ع۔امث] زبان کی ابتدا و ارتقا اور اس کی تشکیل کے قانون کا علم۔ زبان کی تاریخ کا علم۔ زبانوں کا تقابلی مطالعہ۔

لِسْٹ : [انگ۔امث] (LIST) فہرست۔

لسرکا : [ار۔امذ] تھوڑا سا تعلق۔ واسطہ۔ سروکار۔

لَسْتَڑی : [ار۔امث۔ق] رَسّی۔

لَسْلَسا : [ار۔صف] لعابدار۔ لیسدار۔ چیپ دار۔

لَسْلَساتا : [ار۔صف] سرسبز۔ تر و تازہ۔

لَسْلَسانا : [ار۔مص] چیپ چپانا۔

لَسَن : [ار۔امذ] (۱) لہسن۔ ثوم (۲) وہ سرخ یا سیاہ داغ جو جسم پر ہو جاتا ہے۔ جو خوش قسمتی کی علامت تصور کی جاتی ہے۔

لِسْنا : [ار۔مص] (۱) آلودہ ہونا۔ لتھڑنا (۲) چسپاں ہونا (۳) ٹھیک بیٹھنا۔

لسوڑا: [ار۔ اند] ایک نہایت چیپ دار پھل ۔

لسی: [ار۔ امث] (۱) پانی ملا ہوا دودھ (۲) دہی اور پانی کا مرکب چھاچھ ۔

ل ۔ ش

لش: [ار۔ امث] کتے کو کسی پر چھپٹانے کا اشارہ کرنے کی آواز ۔ ہوچھ ہوچھ

لش پش / لشت پشت / لشی پشی ہونا: [ار۔ محاورہ] تھک کر چور ہونا ۔ نہایت مضمحل ہونا ۔

لشتر: [ار۔ صف] ناکارہ ۔ سُست ۔

لشتم پشتم / لشٹم پشٹم: [ار۔ صف] بُری بھلی طرح جوں توں کر کے بمشکل ۔

لشکارنا: [ار۔ مص] کتے کو شکار پر چھپٹانے کے لئے لش لش کرنا ۔

لشکر: [ف۔ اند] فوج ۔ سپاہ (۲) بھیڑ بھاڑ ۔ ہجوم ۔ چھاؤنی ۔ کیمپ ۔

لشکر آرا: [ف۔ صف] لشکر آراستہ کرنے والا ۔ لشکر تیار کرنے والا ۔

لشکر اُترنا: [ار۔ محاورہ] فوج کا کہیں منزل کرنا ۔

لشکر اکٹھا کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) فوج اکٹھی کرنا ۔ سپاہ فراہم کرنا (۲) بہت سے آدمی جمع کرنا ۔ بھیڑ لگانا ۔

لشکر اُمڈنا: [ار۔ محاورہ] فوج کا چڑھائی کر کے آنا ۔

لشکر پڑنا: [ار۔ محاورہ] فوج کا کہیں ٹھہرنا ۔

لشکر ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] فوج کا غنیم کے مارنے یا مال لوٹنے کیلئے دفعتہً حملہ کرنا ۔

لشکر جمانا: [ار۔ محاورہ] فوج کو ترتیب دینا ۔

لشکر چڑھانا: [ار۔ محاورہ] حملہ کرنے کے لئے فوج لانا ۔

لشکر شکن: [ار۔ صف] بہادر آدمی ۔ دلیر ۔ شجاع ۔

لشکر کا بیڑا: [ار۔ اند] فوجی بیڑا ۔

لشکر کا لشکر: [ار۔ اند] بڑا ہجوم ۔ انبوہ ۔

لشکر کٹنا: [ار۔ محاورہ] فوج قتل ہونا ۔

لشکر کشی: [ف۔ امث] حملہ ۔ دھاوا ۔ چڑھائی ۔

لشکر کی اگاڑی آندھی کی پچھاڑی: [ار۔ مثل] لشکر کا سامنا اور آندھی کا اخیر دونوں بھاری یا نقصان دہ ہوتے ہیں ۔

لشکر کی بولی / لشکری بولی: [ار۔ امث] لشکر کی زبان ۔ لشکری بولی ۔ وہ بولی جس میں بھانت بھانت کی زبانیں مل گئی ہوں ۔ ملی جلی زبان ۔

لشکر گاہ: [ف۔ امث] کیمپ ۔ چھاؤنی ۔ سپاہ کا پڑاؤ ۔

لشکر گرنا: [ار۔ محاورہ] فوج کا حملہ کرنا ۔

لشکر میں اونٹ بدنام: [ار۔ مثل] دیکھئے "شہر میں اونٹ بدنام"۔

لشکر والا: [ار۔ اند] بادشاہ ۔ راجا

لشکری: [ف۔ اند] سپاہی ۔ فوجی ۔ لشکر سے متعلق ۔

ل ۔ ط

لطافت: [ع۔ امث] (۱) عمدگی ۔ خوبی (۲) نرمی ۔ ملائمت (۳) پاکیزگی ۔ صفائی (۴) نزاکت (۵) خوبصورتی (۶) مزہ ۔ ذائقہ ۔ لذت ۔ (۷) باریکی ۔ نکتہ (۸) فصاحت ۔

لطائف: [ع۔ اند] دیکھئے "لطیفہ" جس کی یہ جمع ہے ۔

لطائف الحیل: [ع۔ اند] حیلے ، بہانے جو دوسروں کو ناگوار نہ گزریں ۔ عمدہ بہانے ۔

لطائف ستہ: [ف۔ اند] وہ چھ لطیفے جو سالکوں کو حاصل کرنا ضروری ہیں ۔ لطیفہ نفس یعنی ناف کے مقام سے لفظ اللہ نکالنا ۔ (۲) لطیفہ قلب جس کا محل دل ہے (۳) لطیفہ روح جس کا مقام سینہ میں داہنی طرف ہے (۴) لطیفہ سر اس کا محل فم معدہ ہے (۵) لطیفہ خفی اس کا محل پیشانی ہے (۶) لطیفہ اخفیٰ اس کا محل کاسہ سر ہے ۔

لطائف غیبی: [صف۔ اند] غیب کی نیکیاں ۔ وہ نیکیاں اور مہربانیاں جو محض خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوں ۔

لطف: [ع۔ اند] (۱) عنایت ۔ مہربانی (۲) خوبی ۔ عمدگی (۳) نرمی ۔ ملائمت ۔ (۴) لذت ۔ مزہ ۔ حلاوت (۵) خوش طبعی ۔

لطف اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] مزہ حاصل کرنا ۔

لطف اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لطف اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لطف تب تھا: [ار۔ روزمرہ] بہار اس وقت ہوتی ۔ مزہ اس وقت ملتا ۔

لطف جانا: [ار۔ محاورہ] بدمزگی ہونا ۔ بے لطفی ہونا ۔

لطف دینا: [ار۔ محاورہ] مزہ دینا ۔ بہار دینا ۔

لطف رکھنا: [ار۔ محاورہ] لطیف ہونا ۔

لطف فرمانا / کرنا: [ار۔ محاورہ] مہربانی کرنا ۔

لطف ملنا: [ار۔ محاورہ] مزہ حاصل ہونا ۔

لطف یہ ہے: [ار۔ روزمرہ] خوبی یہ ہے ۔

لطفی: [ع۔ صف] لے پالک ۔ متبنّیٰ ۔

لطمہ: [ع۔ اند] (۱) تھپیڑا (۲) طمانچہ ۔ تھپڑ ۔ مُکّا ۔ [افعال ، کھانا]

لطیف: [ع۔ صف] (۱) نرم ۔ ملائم ۔ ہلکا ۔ سبک ۔ نازک (۲) صاف ۔ شفاف (۳) پاکیزہ ۔ ستھرا (۴) لذیذ ۔ مزے دار ۔ خوب ۔ عمدہ ۔ (۵) پاک ۔ مقدس ۔

لطیف الطبع / المزاج: [ع۔ صف] زندہ دل ۔ خوش طبع ۔ رحم دل ۔ سلیم ۔

لطیفہ: [ع۔ اند] (۱) اچھی چیز (۲) چٹکلا ۔ دلچسپ بات ۔ شگوفہ (۳) انوکھا عجیب (۴) [صف ۔ مث] لطیف کی تانیث اور جمع کا افادہ کرتی ہے ۔

لطیفہ اخفیٰ / خفی / روح / سر / قلب / نفس: [ع ۔ ف ۔ اند] دیکھئے "لطائف ستہ"۔

لطیفہ باز: [عف ۔ صف] دیکھئے "لطیفہ گو"

لطیفہ بازی: [عف ۔ امث] دیکھئے "لطیفہ گوئی"۔

لطیفہ چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] کوئی انوکھی بات کہنا ۔ شگوفہ چھوڑنا ۔

لطیفہ طراز / گو: [عف ۔ صف] ظریف ۔ خوش مزاج ۔ بذلہ سنج ۔

چٹکلے بیان کرنے والا۔

لطیفہ طرازی/گوئی : [عف۔ امث] دیکھئے "لطیفہ طراز/گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ل ۔ ع

لُعاب : [ع۔ امذ] (۱) تھوک۔ آب دہن۔ کف۔ رال (۲) لیس۔ چیپ۔

لُعاب دار : [عف۔ صف] لیس دار۔ چیپ دار۔

لِعَان : [ع۔ امذ] (۱) ایک دوسرے کو لعنت کرنا (۲) اصطلاح فقہ میں شوہر کا اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگانا اور پھر حاکم شریعت کے سامنے اپنے سچے ہونے کی چار مرتبہ قسم کھانا اور پانچویں مرتبہ یہ کہنا کہ اگر میں جھوٹ بولوں تو مجھ پر خدا کی لعنت ہو اور پھر اسی طرح چار مرتبہ عورت اپنی قسم کھائے۔ جس عورت سے لعان کے بعد تفریق ہو اس سے ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہو جاتا ہے۔

لَعّان : [ع۔ صف۔ اسم مبالغہ] بہت لعنت بھیجنے والا۔

لَعْب/لَعِب : [ع۔ امذ] کھیل کود۔ دل بہلاوا۔ سیر تماشا۔

لُعْبَت : [ع۔ امث] (۱) گڑیا۔ کھلونا۔ پتلی (۲) بُت۔ مورت۔

لُعبتِ چین : [عف۔ امث] (۱) چینی کی گڑیا (۲) کنایۃً معشوق

لَعْل : [ع۔ امذ] (۱) سرخ رنگ کا ہیرا جواہر (۲) کنایۃً معشوق کے ہونٹ۔

لعل آبدار : [ع۔ ف۔ امذ] (۱) چمکدار لعل۔ (۲) کنایۃً معشوق کے ہونٹ۔

لعل اُکھاڑنا/توڑنا/چھڑا لینا : [ار۔ محاورہ] شان گھٹانا نقصان کرنا

لعل اُگلنا : [ار۔ محاورہ] (۱) منہ سے پھول جھڑنا۔ خوش کلام ہونا۔ (۲) بدزبانی کرنا گالی بکنا۔

لَعلِ بدخشاں/بدخشانی : [ع۔ ف۔ امذ] بدخشاں کا لعل۔ عمدہ لعل۔

لَعلِ پیکانی : [عف۔ امذ] پیکان تیر کی شکل کا ترشا ہوا لعل جو عورتیں بُندے کی طرح کان میں پہنتی ہیں۔

لَعل جَڑے ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لعل لگے ہونا"

لَعلِ رُمّانی : [عف۔ امذ] سُرخ رنگ کا لعل۔

لَعلِ سفید : [عف۔ امذ] ایک قسم کا سفید رنگ کا لعل جو نایاب ہے۔

لَعلِ شَب چراغ : [عف۔ امذ] رات کو چراغ کی طرح چمکنے والا لعل۔

لَعل کا چھلا : [ار۔ امذ] لعل سے بنایا ہوا چھلا۔

لَعل گوں : [عف۔ صف] لعل کے رنگ کا۔ سُرخ۔

لَعل لب : [عف۔ صف] سُرخ لب۔ سُرخ ہونٹ۔

لَعل لگانا : [ار۔ محاورہ] بہار بڑھا دینا۔ شان بڑھا دینا۔

لَعل لگنا : [ار۔ محاورہ] قیمتی ہو جانا۔ انمول ہونا۔ انوکھا پن ہونا۔ ممتاز ہونا۔ عالی مرتبہ ہونا۔

لَعل لگے ہونا : [ار۔ محاورہ] ممتاز ہونا۔ انوکھا ہونا۔

لَعلِ ناسُفتہ : [عف۔ امذ] (۱) بن چھدا لعل۔ وہ لعل جس میں سوراخ نہ ہو۔ (۲) کنایۃً دل کش اور تازہ کلام۔

لَعلیں : [عف۔ صف] دیکھئے "لعل" جس سے یہ منسوب ہے۔

لَعْن : [ع۔ امث] لعنت۔ ملامت۔ نفرین۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ جھڑکی۔ سرزنش۔

لَعن طَعن : [ع۔ امث] لعنت ملامت۔ سرزنش۔ جھڑکی۔

لَعْنَت : [ع۔ امث] پھٹکار۔ نفرین۔ سخت سُست۔ بُرا بھلا۔ سرزنش۔ جھڑکی۔

لَعْنَةُ اللّٰہِ عَلَی الْکَاذِبِین : [ع۔ مقولہ] یہ آیت قرآنی ہے جس کے معنی ہیں جھوٹوں پر خدا کی لعنت۔

لَعنت برسنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ہر شخص کا لعنت کرنا (۲) بے رونقی ہونا۔

لَعنت بر پیچ : [ف۔ روزمرہ] صاف صاف کسی پر لعنت بھیجنے کی بجائے گول مول لفظوں میں لعنت بھیجنا۔

لَعنت بکارِ شیطان : [عف۔ روزمرہ] کسی کام سے بیزاری ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

لَعْنَت بھیجنا : [ار۔ محاورہ] (۱) بُرا بھلا کہنا۔ نفرین کرنا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۳) بددعا دینا۔ کوسنا۔

لَعنت بھیجو نام نہ لو : [ار۔ مثل] ذکر نہ کرو۔ جانے دو۔

لَعنت کا طوق : [ار۔ امذ] رسوائی۔ ذلّت۔

لَعنت کا مارا : [ار۔ صف] مردود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔

لعنت کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) بُرا کہنا (۲) لعنت کا خواستگار ہونا۔ بیزاری کا خواستگار ہونا۔

لَعنت کی بوچھاڑ : [ار۔ امث] مسلسل لعنت۔

لعنت ملامت : [ع۔ امث] بُرا بھلا۔ سخت سُست [افعال: کرنا۔ ہونا]

لَعنَتی : [ف۔ صف] مردود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔

لَعنَتی طوق پہننا : [ار۔ محاورہ] رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔

لَعنَتی مارا : [ار۔ صف] دیکھئے "لعنت کا مارا"

لَعُوق : [ع۔ امذ] چاٹنے کی لیس دار دوا۔ چٹنی۔

لَعِین : [ع۔ صف] ملعون۔ مردود۔ لعنتی۔ بدبخت۔

ل ۔ غ

لُغات : [ع۔ امذ] (۱) دیکھئے "لُغت" جس کی یہ جمع ہے (۲)، (ار) ڈکشنری

لَغام : [ف۔ امث] دیکھئے "لگام" جو صحیح ہے۔

لِغایَت : [ع۔ متعلق فعل] آخر تک۔ انجام تک۔

لُغَت : [ع۔ امذ] (۱) بولی۔ زبان۔ لفظ (۲) (امث) فرہنگ۔ ڈکشنری وہ کتاب جس میں الفاظ اور ان کے معنی درج کئے گئے ہوں (۳) وہ لفظ جو لغت میں شامل ہوں۔

لُغت تراش : [عف۔ صف] لسّان۔ لفاظ۔ لغت گھڑنے یا بنانے والا۔

لُغت تراشی : [عف۔ امث] دیکھئے "لغت تراش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لُغت جھاڑنا: [ار۔ محاورہ] علمیت جتانا۔ غیر معروف اور مشکل الفاظ بولنا۔
لُغت چھانٹنا: [ار۔ محاورہ] نہایت مشکل اور ناموزوں الفاظ کا استعمال کر کے علمیت کا اظہار کرنا۔
لُغت داں: [ف۔ صف] لغت جاننے والا۔
لُغت دانی: [ف۔ امث] دیکھئے "لغت داں"
لُغت گھڑنا/تراشنا: [ار۔ محاورہ] اپنی طرف سے لفظ بنانا۔
لُغز: [ع۔ امث] معما۔ بجھارت۔ پہیلی
لَغزِش: [ف۔ امث] (۱) پھسلن۔ پھسلاہٹ (۲) لرزش۔ جنبش۔ کپکپی (۳) خطا۔ سہو۔ غلطی۔ بھول چوک۔ گمراہی۔ ضلالت
لَغزش آنا: [ار۔ محاورہ] پھسلنا۔ بہکنا۔ لڑکھڑانا۔ استقلال میں فرق آنا۔ گمراہ ہونا۔ بیان میں فرق آنا۔
لَغزش کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) گمراہ ہونا۔ بہکنا (۲) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا (۳) کانپنا (۴) بھول چوک کرنا۔
لَغزش کھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) ڈگمگانا۔ پھسلنا۔ (۲) بہکنا۔ گمراہ ہونا۔
لَغو: [ع۔ صف] (۱) بیہودہ۔ واہیات۔ نامعقول۔ مُہمل۔ بے معنی۔ بے کار۔ بے فائدہ (۲) بکواس۔ زٹل۔ جھک۔ لایعنی بات۔
لَغو بکنا: [ار۔ محاورہ] بیہودہ بکنا۔ واہیات باتیں زبان پر لانا۔ بے معنی باتیں کہنا۔
لُغوی: [ع۔ صف] (۱) دیکھئے "لغت" جس سے یہ منسوب ہے (۲) ماہر لغت۔
لَغویات: [ع۔ امث] دیکھئے "لَغویت" جس کی یہ جمع ہے۔
لَغویت: [ع۔ امث] بیہودگی۔

ل۔ف

لَفّ: [ع۔ صف] لپٹا ہوا۔ تہ کیا ہوا۔ شامل۔ منسلک۔
لَفّ و نشر: [ع۔ امذ] لغوی معنی لپیٹنا اور پھیلانا۔ علم بیان کی اصطلاح میں وہ صنعت جس میں اول چند چیزوں کا ذکر کریں پھر چند اور چیزیں بیان کریں جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں مگر اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے ہو جائے۔
لَفّاظ: [ع۔ امبالغہ] (۱) خوش گو۔ خوش بیان۔ شیریں زبان۔ (۲) مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا۔
لَفّاظی: [ع۔ امث] دیکھئے "لَفّاظ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
لِفافہ: [ع۔ امذ] (۱) وہ چیز جو کسی پر لپیٹی جائے۔ وہ کاغذ کا غلاف جس میں خط وغیرہ بند کیا جائے (۲) بناوٹ۔ دکھاوا۔ ظاہری سامان۔ دھوکا۔ قلعی۔ ملمع (۴) جلد ٹوٹ جانے والی چیز (۵) بھید۔ راز۔ [افعال: ہونا]
لِفافہ بنانا: [ار۔ محاورہ] ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا۔ دھوکا دینا۔
لفافہ سربمہر: [عف۔ امذ] وہ لفافہ جو مہر لگا کر بند کر دیا گیا ہو۔
لِفافہ کرنا: [ار۔ محاورہ] پکھاوا کرنا۔ ہلکا سا خول یا ملمع چڑھانا۔
لفافہ کھل جانا: [ار۔ محاورہ] چٹھی کے مضمون کا معلوم ہو جانا۔ بھید فاش ہو جانا۔ فریب کھل جانا۔
لِفافیا: [ار۔ صف] وہ جوتی یا زیور جو کمزور اور بودا ہو۔
لِفٹ: [انگ۔ امذ] (LIFT) وہ مشین جس کے ذریعے لوگ ایک منزل سے دوسری منزل تک جاتے ہیں۔
لَفٹنٹ: [ار۔ امذ] (انگریزی LIEUTENANT کا بگاڑ) (۱) نائب حاکم (۲) کپتان کے ماتحت۔ ایک فوجی افسر۔ بحری جہاز کا افسر (۳) طنزاً بڑا حاکم۔
لَفظ: [ع۔ امذ] کلمہ۔ شبد۔ بات۔ لغت۔
لَفظ بہ لَفظ: [عف۔ صف] حرف بہ حرف۔ ایک ایک لفظ۔ ہو بہو۔ تفصیل وار۔
لَفظ ٹپکنا: [ار۔ محاورہ] زبان سے لفظ کا بے اختیار نکلنا۔
لَفظ ٹوٹ ٹوٹ کر نکلنا: [ار۔ محاورہ] اس طرح کسی لفظ کا منہ سے نکلنا کہ ہر حرف الگ ہو جائے (۲) مشکل سے نکلنا۔
لَفظ نکلنا: [ار۔ محاورہ] لفظ زبان سے ادا ہونا۔
لَفظاً: [ع۔ متعلق فعل] لفظ کے اعتبار سے۔
لَفظی: [ع۔ صف] اصلی۔ حقیقی۔ لغوی۔ باتوں کی۔ الفاظ کی۔
لَفظی ترجمہ: [ع۔ امذ] لفظ بہ لفظ ترجمہ۔
لَفظی معنیٰ: [ع۔ امذ] لغوی معنی۔
لَفَنگ/لفنگا: [ار۔ صف] لُچّا۔ شُہدا۔ غُنڈا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بے غیرت۔ شیخی باز۔

ل۔ق

لَق: [ف۔ صف] صاف۔ جس میں بال نہ ہوں۔
لَق و دَق: [ف۔ صف] صاف۔ چٹیل۔ جہاں سبزہ اور گھاس اور درخت وغیرہ نہ ہوں۔ ویرانہ۔ بنجر۔
لِقا: [ع۔ امث] (۱) دیدار۔ ملاقات (۲) چہرہ۔ صورت۔ شکل۔
لَقا: [ار۔ امذ] ایک قسم کا کبوتر جو اکثر اپنی گردن دُم کے ساتھ لگائے رکھتا ہے۔
لُقا: [ار۔ صف] داستان امیر حمزہ میں طلسم ہوشربا کا مشہور کردار۔ جو جادوگروں کا بادشاہ اور خدا کہلاتا تھا۔
لُقّا: [ار۔ صف] لچا۔ شہدا۔ بدمعاش۔
لَقات: [ار۔ صف] نہایت دُبلا (فارسی "لکات" کا بگاڑ)
لَقَب: [ع۔ امذ] وہ نام جو کسی خاص مدح یا ذم کے سبب پڑ گیا ہو۔
لُقَطہ/لُقطہ: [ع۔ امث] راستہ سے اٹھائی چیز۔ گری پڑی چیز۔
لَقلَق: [ع۔ امذ] فارسی "لک لک" کا بگاڑ۔ سارس۔
لَقلَقہ: [ع۔ امذ] (۱) سارس کی آواز (۲) کنایتہً ہر کرخت آواز۔ رعب داب۔ (۳) لب و لہجہ۔ خوش بیانی۔ قوت بیان۔
لُقمان: [ع۔ امذ] ایک مشہور حکیم جن کا ذکر قرآن میں بھی آیا ہے۔ مجازاً

بڑا دانا۔ عقلمند۔ تجربہ کار آدمی۔

لقمان کو حکمت سکھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) عقلمند کو تدبیر بتانا۔ (۲) فضول کام کرنا۔

لقمان کے پاس دوا نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] لا علاج ہونا۔

لُقمہ: [ع۔ امذ] نوالہ۔ کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ منہ میں ڈالی جائے۔

لقمۂ اجل ہونا: [ار۔ محاورہ] مر جانا۔

لقمہ پھنسنا: [ار۔ محاورہ] (۱) حلق میں نوالہ اٹکنا۔ (۲) کھانا نہ کھایا جانا۔

لقمۂ تر: [عف۔ امذ] اچھی غذا۔ عمدہ اور لذیذ غذا۔

لقمۂ حرام: [عف۔ امذ] حرام کی آمدنی۔ حرام کا مال۔

لقمہ حلق سے نہ اترنا: [ار۔ محاورہ] بہت ناگوار ہونا۔

لقمۂ چرب: [ف۔ امذ] لذیذ غذا۔

لقمۂ خشک: [ف۔ امذ] خشک روٹی۔

لقمہ دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) نوالہ دینا (۲) دوسرے کی بات میں بولنا (۳) کسی کو قرآن شریف پڑھتے وقت بھول چوک بتانا (۴) توپ میں گولہ بارود ڈالنا (۵) رشوت دینا۔

لقمہ کر جانا: [ار۔ محاورہ] نگل جانا۔ چٹ کر جانا۔ اڑا جانا۔

لقمہ کھانا: [ار۔ محاورہ] حافظ کا پڑھتے پڑھتے چوک جانا۔ بھول جانا۔

لُقَندَرا: [ار۔ صف] بدمعاش۔ لُچا۔ شہدا۔ بدچلن۔

لقندراپن: [ار۔ امذ] دیکھئے "لقندرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لقندری: [ار۔ امث] دیکھئے "لقندرا" جس کی یہ تانیث ہے

لَقوَہ: [ع۔ امذ] ایک مرض جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور چہرہ پھر جاتا ہے۔

لقوہ مار جانا / ہو جانا: [ار۔ محاورہ] لقوے کا مرض ہونا۔ منہ پھر جانا۔

لُقّہ: [ار۔ صف] دیکھئے "لُقا"

ل ۔ ک

لُک: [ف۔ امذ] (۱) روغن۔ وارنش۔ جلا (۲) لو۔ شعلہ۔ لوکا۔

لکاتہ: [ار۔ امث] بے حیا اور فاحشہ عورت۔

لُکان: [ار۔ امذ] کشتی میں ایک داؤ کا نام۔

لُکانا: [ار۔ مص] چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

لُکّی / لکٹھی: [ار۔ امث] (۱) ادھ جلی لکڑی۔ جس سے آگ کریدتے ہیں۔ (۲) آگ لگاؤ۔ لڑائی کرا دینے والی عورت۔

لکچر: [انگ۔ امذ] (LECTURE) درس۔ سبق (۲) وعظ (۳) تقریر۔ زبانی مضمون۔ اُپدیش۔

لکچرار: [انگ۔ صف] (LECTURER) واعظ۔ درس دینے والا۔ تقریر کرنے والا۔ مقرر۔ کالج کا اُستاد۔

لَگَد: [ف۔ امث] لات۔ ٹھوکر۔ دولتی

لگدزن: [ف۔ صف] لاتیں مارنے والا۔

لگدکوب: [ف۔ امذ] (۱) لات مارنا (۲) ضرب۔

لگدکوبی: [ف۔ امث] لاتیں مارنا۔ دولتیاں چلانا۔

لکدے: [ار۔ متعلق فعل] فوراً۔

لکڑ: [ار۔ امذ] شہتیر۔ بڑی لکڑی۔ لٹھا۔

لکڑ بگھا: [ار۔ امذ] بھیڑیے کی قسم کا ایک جانور۔

لکڑ توڑ: [ار۔ صف] سخت۔ ثقیل۔

لکڑ ہارا: [ار۔ امذ] لکڑیاں بیچنے والا۔ لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا۔

لکڑی: [ار۔ امث] (۱) ہیزم۔ کاٹھ۔ چوب (۲) چھڑی۔ ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی۔ لاٹھی۔ عصا۔ سونٹا (۳) سہارا۔ مدد۔ آسرا (۴) پٹا۔ چوب بازی۔ (۵) کنایۃً سخت کڑا۔

لکڑی پکڑانا: [ار۔ محاورہ] سہارا دینا۔ مدد دینا۔

لکڑی پھینکنا: [ار۔ محاورہ] چوب بازی کرنا۔ پٹا پھینکنا۔

لکڑی کے بل بندریا ناچے: [ار۔ مثل] (۱) ہر شخص اپنے حمایتی کے بل پر کودتا ہے۔ (۲) ڈر کے مارے سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

لکڑی لے کر سیدھا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] لکڑی سے مارنے کو آمادہ ہونا۔

لکڑی ہاتھ میں پکڑا دینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لکڑی پکڑانا"۔

لکڑیاں / لکڑی چلنا: [ار۔ محاورہ] لاٹھیوں سے لڑائی ہونا۔

لکڑیاں دینا: [ار۔ محاورہ] مُردے کو جلانا۔ کریا کرم کرنا۔

لکڑیاں / لکڑی کھانا: [ار۔ محاورہ] لاٹھیوں سے مار کھانا۔ لکڑیوں سے پٹنا۔

لکشمن: [س۔ امذ] راجا رام چندر کے چھوٹے بھائی کا نام جس نے بن باس میں اس کا ساتھ دے کر وفاداری کا ثبوت دیا۔

لکشمی: [س۔ امث] دیکھئے "لچھمی"

لک لکاٹ: [ار۔ امث۔ ق] چمک۔ رونق۔

لکلکانا: [ار۔ مص۔ ق] پیاس یا گرمی سے بے دم ہو جانا۔

لکلکایا: [ار۔ امذ۔ ق] لخلخہ

لک لک کرنا: [ار۔ مص۔ ق] چمکنا۔

لک لکنا: [ار۔ مص۔ ق] چمکنا۔

لکنا: [ار۔ مص] پوشیدہ ہونا۔ چھپنا۔ مخفی ہونا۔

لُکنت: [ع۔ امث] ہکلاپن۔ رک رک کر بولنے کی حالت [افعال: پڑنا]

لکنجن: [ہ۔ امذ] وہ سرمہ جس کی نسبت یہ خیال ہے کہ اس کے لگانے سے آدمی دوسروں کو نظر نہیں آتا۔

لکہ: [ف۔ امذ] ٹکڑا۔ پارچہ (عام طور پر ابر اور دھوئیں کیلئے مستعمل ہے)

لکھ: [ہ۔ امذ] لاکھ کا مخفف (جو عموماً مرکبات میں مستعمل ہے)

لکھ بخش / داتا: [ار۔ صف] نہایت سخی۔

لکھ پتی: [ار۔ صف] وہ شخص جس کے پاس لاکھ روپیہ ہو۔ بڑی حیثیت کا مالک۔

لکھ پیڑا: [ار۔ امث] وہ جگہ جس میں بہت سے پیڑ/درخت ہوں۔

لکھ لُٹ: [ار۔ صف] بڑا فضول خرچ۔

لکھ دینا: [ار۔ محاورہ] تحریر کر دینا۔ نوشتہ کر دینا۔ بیع نامہ لکھ دینا۔ نوشتہ تقدیر کر دینا۔ موت اور زندگی کا وقت مقرر کر دینا۔

لکھ رکھنا: [ار۔ محاورہ] یاد رکھنا۔ یقینی سمجھنا۔

لکھ لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) کتابت کرنا (۲) رجسٹر میں درج کرنا (۳) نوٹ کر لینا۔ (۴) کسی زمرے میں شامل کر لینا۔

لکھا: [ار۔ امذ] نوشتہ۔ لکھا ہوا۔ قضا۔ بھاگ۔ تقدیر۔

لکھا آگے آنا: [ار۔ محاورہ] قسمت کا لکھا ہوا پیش آنا۔

لکھا پڑھا: [ار۔ صف] تعلیم یافتہ۔ خواندہ۔

لکھا پڑھی: [ار۔ امث] تحریر۔ نوشتہ۔

لکھا پورا کرنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت برداشت کرنا۔ بُرے دن کاٹنا۔

لکھا پورا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "لکھا پورا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لکھا جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) تحریر کیا جانا (۲) کسی زمرے میں شامل کیا جانا (۳) نوشتہ تقدیر ہونا (۴) طے شدہ ہونا۔ رجسٹر میں درج ہونا۔

لکھا ہے: [ار۔ روزمرہ] روایت ہے۔ تحریر ہے۔

لکھاڑا: [ہ۔ صف] لکھنے والا۔ مصنف۔

لکھاڑی / لکھاڑیا: [ہ۔ صف] دیکھیے "لکھاڑا"

لکھانا: [ار۔ مص] لکھوانا۔ تحریر کرانا۔ تحریری اقرار نامہ لینا۔ مشق کرانا۔ کسی کی قیمت معین کرنا۔

لکھائی: [ار۔ امث] (۱) لکھنے کی اجرت (۲) تحریر۔ لکھنے کا کام۔

لکھت: [ار۔ امث] (۱) تحریر۔ نوشتہ (۲) اقرار (۳) دستاویز۔

لکھت پڑھت ہونا: [ار۔ محاورہ] تحریری عہد و پیمان ہونا۔ باہمی دستاویز لکھی جانا۔

لکھمی: [س۔ امث] دیکھیے "لچھمی"

لکھن: [ار۔ امث۔ ق] چال۔ رویہ۔

لکھنا: [ار۔ مص۔ ق] دیکھنا۔

لکھنا: [ار۔ مص] تحریر کرنا۔ لکھائی کرنا (۲) کتابت کرنا۔ کسی کی قسمت میں مقرر کرنا۔

لکھنا پڑھنا: [ار۔ محاورہ] نوشت و خواند۔ لکھائی پڑھائی۔

لکھند: [ار۔ امث۔ ق] قلابازی۔

لکھنی / لیکھنی: [ار۔ امث] قلم۔ کلک۔

لکھوات: [ار۔ امث۔ ق] تحریر۔

لکھوانا: [ار۔ مص] دیکھیے "لکھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

لکھوٹ: [ار۔ امذ] لوکاٹ۔

لکھوٹا: [ار۔ امذ] (۱) سُرخی جو عورتیں ہونٹوں پر لگاتی ہیں (۲) لاکھ کی مُہر جو پارسلوں یا لفافوں پر لگاتے ہیں۔

لکھوری: [ار۔ امث] (۱) ایک قسم کی چھوٹی اینٹ (۲) ایک قسم کی چھوٹی بھیڑ۔

لکھوکھا: [ار۔ اعدد] لاکھ کی جمع۔ لاکھوں۔

لکھی: [ار۔ صف] لکھی ہوئی۔ مُعَیّن۔ مقرر۔ قضا و قدر سے معین۔

لکھے کو رونا: [ار۔ محاورہ] قسمت کو کوسنا۔ قسمت کا شاکی ہونا۔

لکھے مُوسیٰ پڑھے خدا: [ار۔ مثل] ایسی تحریر جو کسی سے پڑھی نہ جا سکے۔

لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل: [ار۔ مثل] عالمانہ وضع رکھنے والا جاہل جسے لکھنا پڑھنا تو آتا نہ ہو مگر فضیلت کا دعویٰ دار ہو۔

لکھیرا: [ار۔ امذ] لاکھ کا کام کرنے والا۔ لاکھ کی چیزیں بنانے والا۔

لکیر: [ار۔ امث] (۱) خط۔ لائن۔ سلسلہ۔ قطار۔ سطر (۲) پرانا دستور۔ رسم قدیم۔

لکیر پر چلنا: [ار۔ محاورہ] پرانے طریقہ کے مطابق چلنا۔ پرانی رسموں کا پابند رہنا۔

لکیر پیٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) فضول اور بے سود کام کرنا (۲) افسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا (۳) پرانی رسم کا پابند ہونا۔

لکیر پیٹے چلے جانا: [ار۔ محاورہ] بے سمجھے بوجھے پرانے طریقوں پر عمل کرنا۔

لکیر کا فقیر: [ار۔ امذ] (۱) پُرانی روش کا دلدادہ۔ وہ شخص جو اپنی عقل سے کام نہ لے (۲) کسی شے پر فریفتہ۔

لکیر کا فقیر بننا: [ار۔ محاورہ] پُرانی بات پر قائم رہنا۔

لکیر کھینچنا: [ار۔ محاورہ] (۱) خط کھینچنا۔ رول کرنا (۲) نشان لگانا (۳) حد باندھنا (۴) قلم پھیرنا۔ مٹانا (۵) توبہ کرنا۔ کان پکڑنا۔ عہد کرنا۔ (ان معنوں میں زمین پر ناک سے لکیریں کھینچنا مستعمل ہے)

لکیرنا: [ار۔ مص] (۱) لکیر یا خط کھینچنا (۲) سنتر سے محدود کرنا (۳) ڈول یا خاکہ بنانا۔

لکیریا خربوزہ: [ار۔ امذ] وہ خربوزہ جس پر سیاہ خطوط ہوتے ہیں۔

لکیریں کھینچنا: [ار۔ محاورہ] بُرا اور بد خط لکھنا۔

ل ۔ گ

لگ: [ہ۔ حرف ظرف] قریب۔ پاس۔ تک۔ (مرکبات میں مستعمل ہے) (۲) لگنا کا ماضی۔

لگ بھگ: [ار۔ متعلق فعل] قریب قریب۔ ملتا جلتا۔ مشابہ۔

لگ بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] قریب ہو کر بیٹھنا۔ مل کے بیٹھنا۔

لگ جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کی آئی ہوئی آفت یا مصیبت کا کسی اور پر آجانا (۲) الزام آجانا (۳) اثر کر جانا (۴) متعدی مرض کا ایک کو ہو کر دوسرے کو ہو جانا (۵) بھر جانا۔ جیسے کپڑے میں مٹی لگ گئی (۶) چوٹ آجانا (۷) مائل ہونا۔ رجوع ہو جانا (۸) شروع ہو جانا (۹) کپڑے وغیرہ کو کھا جانا (۱۰) چھو جانا (۱۱) چبھ جانا (۱۲) عادت ہو جانا (۱۳) داغ لگنا۔

لگ چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ساتھ ہو لینا۔ ہمراہ چلنا۔ پاس ہو کر چلنا۔ مل کر چلنا (۲) دوستی بڑھانا۔ یار بنانا۔ محبت جتانا (۳) لپٹنا۔ چمٹنا۔

لگ لپٹ کر کے: [ار۔ متعلق فعل] کوشش کر کے۔ محنت کر کے۔

لگ نہ لگنے دینا: [ار۔ محاورہ] پاس نہ پھٹکنے دینا۔ الگ تھلگ رکھنا۔ اخلاص نہ ہونے دینا۔

لگّا: [ھ۔ اند] (۱) لانبا بانس (۲) ٹیڑھی لکڑی جو لانبی لکڑی میں باندھتے ہیں اور درختوں سے پھل وغیرہ توڑنے کا اس سے کام لیتے ہیں (۳) لمبا بانس جس میں پتلی پتلی لکڑیاں باندھ کر پتنگ لوٹنے کا کام لیتے ہیں (۴) ناؤ کھینے کا بانس (۵) پیار۔ محبت (۶) مناسبت تعلق (۷) برابری۔ ہمسری (۸) ڈھنگ۔ ڈول (۱۰) شروع۔ آغاز۔

لگّا سگّا: [ھ۔ اند] میل جول۔ واقفیت۔ رسائی۔

لگّا کھانا: [ار۔ محاورہ] برابر کا ہونا۔ ہم پلہ ہونا۔ نسبت رکھنا۔ مطابقت ہونا۔

لگّا لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) ابتدا کرنا۔ پہل کرنا۔ شروع کرنا (۲) آشنائی کا الزام لگانا (۳) آشنائی کرنا (۴) تعلق ہونا۔

لگّا لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لگا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

لگّا نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] کچھ مناسبت نہ ہونا۔ بہت فرق ہونا۔

لگّا ہونا: [ار۔ محاورہ] تعلق ہونا۔ آشنائی ہونا۔

لگا: [ار۔ صفت] (۱) ملا ہوا۔ ساتھ (۲) چسپاں۔ پیوستہ۔ (۳) گلا سڑا۔

لگا آنا: [ار۔ محاورہ] بدگوئی کرنا۔ چغلی کھانا۔

لگا بندھا: [ار۔ صفت] (۱) مطیع۔ فرمانبردار (۲) مقرر کیا ہوا۔ معین (۳) قدیمی آشنا (۴) متعلق۔ وابستہ (۵) قیدی۔ پابند۔ گرفتار۔

لگا بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مارنا۔ وار کرنا (۲) محبت کرنا (۳) مل کے بیٹھنا۔

لگا تار: [ار۔ صفت] متواتر۔ پے در پے۔

لگا تو تیر نہیں تو تکا: [ار۔ مثل] آدمی کو ہر کام کرنے کے لئے ہمت نہیں ہارنا چاہئے۔

لگا چلنا: [ار۔ محاورہ] لگانا شروع کرنا۔ مارنا شروع کرنا۔

لگا دینا: [ار۔ محاورہ] چسپاں کر دینا۔ شامل کر دینا۔

لگا/ لگائے رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بچا رکھنا۔ اٹھا رکھنا (۲) امیدوار رکھنا۔ مشغول رکھنا (۳) پاس سے جدا نہ ہونے دینا (۴) اپنی طرف مائل کر لینا (۵) مسلسل کوئی کام کئے جانا۔

لگا رہنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ساتھ رہنا۔ پیچھے رہنا۔ چمٹا رہنا۔ پٹا رہنا (۲) مصروف رہنا۔ جاری رہنا (۳) جما رہنا۔ مستقل رہنا (۴) چھپ رہنا۔

لگا سو بھگا: [ار۔ مثل] جو کام شروع ہوا وہ انتہا کو پہنچا۔ زمانے کو گزرتے دیر نہیں لگتی۔

لگا لانا: [ار۔ محاورہ] بھگا کر لے آنا۔ بہانے سے لے آنا۔ دم دلاسا دے کر لے آنا۔

لگا لپا رہنا: [ار۔ محاورہ] کسی کام میں بہت مشغول رہنا۔

لگا لگایا: [ار۔ صفت] (۱) بنا بنایا۔ جڑا جڑایا۔ جما جمایا۔ (۲) صرف شدہ (۳) آراستہ۔ درست۔

لگا لے جانا/ چلنا: [ار۔ محاورہ] دم دلاسا دے کر ساتھ لے جانا پھسلا کے لے جانا۔ مائل کر کے لے جانا۔

لگا لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) ساتھ کر لینا (۲) یار بنا لینا۔ راغب کر لینا۔ (۳) مشغول کر لینا۔ اپنی طرف متوجہ کر لینا (۴) اپنے مطلب کا بنا لینا (۵) شروع کر لینا (۶) گن لینا۔ گنتی میں شامل کر لینا (۷) مجرا کر دینا۔ محسوب کر لینا (۸) حساب کا سوال حل کر لینا۔

لگا مارنا: [ار۔ محاورہ] عیب دھرنا۔ تہمت لگانا۔ بدنام کرنا۔

لگا ہوا: [ار۔ صفت] (۱) ملا ہوا۔ پاس (۲) مصروف۔ مشغول (۳) آشنا۔ یار (۴) وابستہ۔ متعلق (۵) عادی۔ خوگر (۶) سدھایا ہوا۔ ہلا ہوا (۷) داغی۔ داغ دار۔

لگام: [ف۔ امث] (۱) گھوڑے کے منہ میں دینے کا دہانہ۔ لوہے کا بنا ہوا گھوڑے کے منہ میں دینے کا آلہ (۲) باگ۔ عنان۔

لگام اتارنا: [ار۔ محاورہ] گھوڑے کے منہ سے لگام نکال لینا۔

لگام چبانا: [ار۔ محاورہ] گھوڑے کا دہانے کو چبانا۔

لگام چڑھانا/ دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھانا۔ (۲) روکنا تھامنا۔ قابو کرنا۔ چپ کرنا۔

لگام چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] آزادی ہونا۔

لگام چھوڑ دینا: [ار۔ محاورہ] آزاد کر دینا۔ روک ٹوک ختم کر دینا

لگام کھینچنا: [ار۔ محاورہ] احتیاط کرنا۔

لگام لئے پھرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کو پکڑنے کے لئے رسی لئے پھرنا تلاش کرنا۔

لگان: [ار۔ اند] (۱) معاملہ۔ خراج زمین۔ باج۔ کر سرکاری محصول (۲) زر آمدنی جو زمین سے حاصل ہو۔

لگانا: [ار۔ مص] (۱) چھونا۔ جوڑنا۔ ملانا۔ پیوست کرنا۔ ٹانکنا۔ سینا۔ (۲) شامل کرنا۔ ساتھ جوڑنا (۳) بونا (۴) اکسانا۔ ابھارنا (۵) چغلی کھانا (۶) سجانا۔ ترتیب سے رکھنا (۷) مشغول رکھنا۔ مصروف رکھنا۔ (۸) سدھانا۔ ہلانا (۹) پھنسانا۔ الجھانا۔ (۱۰) تہمت دھرنا۔ عیب لگانا (۱۱) مقرر کرنا (۱۲) قیمت لینا (۱۳) محسوب کرنا (۱۴) مول تجویز کرنا (۱۵) داؤں پر رکھنا۔ بازی پر رکھنا (۱۶) مارنا۔ ضرب لگانا۔ (۱۷) پان بنانا (۱۸) کسی سواری، گھوڑا، پالکی وغیرہ کو سوار ہونے کے لئے قریب لا کر کھڑا کرنا (۱۹) گائے، بھینس، بکری وغیرہ کا دودھ دوہنا (۲۰) کسی چیز کو کسی چیز سے نسبت دینا۔ (۲۱) دوستی پیدا کرنا۔

لگانا بجھانا: [ار۔ محاورہ] لڑائی جھگڑا کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔

لگانے میں آنا: [ار۔ محاورہ] لگائی بجھائی کا اثر لینا۔ بہکانے میں آنا۔

لگانے والا: [ار۔ صفت۔ مذ] چغل خور۔ غیبت کرنے والا۔

لگا ہوا: [ار۔ صفت] دیکھئے "لگا"

لگاوٹ: [ار۔ امث] (۱) لگاؤ۔ تعلق۔ علاقہ۔ میلان۔ میل ملاپ (۲) سازش (۳) دوستی۔ بہانہ۔ آشنائی (۴) ناز۔ نخرہ (۵) چرب زبانی۔

لگاوٹ باز : [ا ر ۔ صف] لگاوٹ کرنے میں مشّاق
لگاوٹ بازی : [ا ر ۔ امث] دیکھئے "لگاوٹ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
لگاوٹ دکھانا : [ا ر ۔ محاورہ] توجہ ظاہر کرنا ۔ دوستی کا دم بھرنا ۔
لگاوٹ کرنا : [ا ر ۔ محاورہ] محبت جتانا ۔ آشنائی جتانا ۔ محبت ظاہر کرنا ۔ عشوہ کرنا ۔ ناز نخرہ کرنا ۔
لگاوٹ کی باتیں : [ا ر ۔ امث] (۱) دوسرے کے دل میں محبت پیدا کرنے والی باتیں (۲) پھسلانے والی باتیں
لگاوٹ کی گالی : [ا ر ۔ امث] وہ گالی جو ناز یا نخرے سے دی جائے ۔
لگاوٹ ہونا : [ا ر ۔ محاورہ] بناوٹی محبت کا اظہار رہنا ۔
لگاون : [ا ر ۔ امذ] سالن ۔
لگاؤ : [ا ر ۔ امذ] (۱) تعلق ۔ علاقہ ۔ نسبت (۲) واسطہ ۔ دخل ۔ راہ پانی (۳) میل ملاپ ۔ راہ و رسم ۔ محبت پیار (۴) رشتہ ناطہ ۔ یگانگی (۵) مناسبت جوڑ ۔ ہمسری (۶) آمیزش ۔ لاگ (۷) شرکت (۸) رجحان میلان طبع (۹) ایما ۔ اشارہ ۔
لگائی : [ا ر ۔ امث] (۱) عورت ۔ بیوی (۲) آشنا عورت ۔ مدخولہ ۔
لگائی بجھائی : [ا ر ۔ امث] چغلی ۔ چُگلی ۔ غمازی ۔ تہمت بہتان الزام ۔ [افعال : کرنا]
لگائی لُتری : [ا ر ۔ امث] ایک کی برائی دوسرے سے کہنا ۔ لگائی بجھائی ۔
لگت : [ا ر ۔ متعلق فعل ۔ ق] فوراً ۔ اسی وقت ۔
لگا تگت : [ا ر ۔ متعلق فعل ۔ ق] فوراً ۔ اسی وقت ۔ لگاتار ۔ مسلسل ۔
لگتا : [ا ر ۔ صفت] (۱) متعلق ۔ (۲) ملتا جلتا ۔ چبھتا ہوا ۔ جلتا ہوا ۔ ناگوار ۔
لگتا ہوا : [ا ر ۔ صفت] (۱) چھوتا ہوا ۔ ملتا ہوا ۔ متشابہ (۲) چبھنے یا کھٹکنے والا ۔ کاٹ کرنے والا ۔ زخم ڈالنے والا (۳) جو قیاس پر ناگوار ۔
لگتا ہے : [ا ر ۔ متعلق فعل] قیاس سے معلوم ہوتا ہے ۔ دکھائی دیتا ہے ۔
لگتی : [ا ر ۔ صفت ۔ مث] دیکھئے "لگتا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
لگتی کہنا : [ا ر ۔ محاورہ] چبھتی بات کہنا ۔ مؤثر بات کہنا ۔ پسندیدہ بات کہنا ۔
لگتی لگاتی بات : [ا ر ۔ امث] (۱) وہ بات جو کسی موقع پر چسپاں یا قرین قیاس ہو (۲) چبھتی ہوئی بات ۔
لگتے ہاتھ : [ا ر ۔ متعلق فعل] دیکھئے "لگے ہاتھ"
لگدی : [ا ر ۔ امث] کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی ۔ [افعال : بنانا]
لگڑ : [ا ر ۔ امذ] ایک قسم کا باز ۔ شِکرا ۔
لگڑا : [ا ر ۔ امذ] چیتھڑا ۔ پھٹا پرانا کپڑا ۔
لگڑ بھگڑ / بھگا : [ا ر ۔ امذ] چرخ ۔ بھیڑیئے کی قسم کا ایک جانور ۔
لگڑنا : [ا ر ۔ مص ۔ ق] رگڑنا ۔
لگگی : [ا ر ۔ امث] لمبی لکڑی جس کا سرا ٹیڑھا ہوتا ہے اور یہ درختوں سے پھل توڑنے کے کام آتی ہے ۔

لگ لگ : [ف ۔ امذ] دیکھئے "لق لق"
لگن : [ف ۔ امذ] (۱) طشت ۔ طاس ۔ بہلت شب چلچی (۲) شمعدان ۔ آلدان ۔
لگن : [ا ر ۔ امث] (۱) تعلق ۔ نسبت (۲) دُھن ۔ خیال ۔ چاہت خواہش ۔ محبت ۔ عشق (۲) (ہند) گھڑی ۔ ساعت ۔ وقت ۔ سماں ۔ مہورت (۳) پیغام شادی ۔ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر (۴) آفتاب کے برج حمل میں تحویل کرنے کی ساعت ۔
لگن بُری آنا : [ا ر ۔ محاورہ] بُری گھڑی آنا ۔ بُری ساعت آنا ۔
لگن دھرنا : [ا ر ۔ محاورہ] شادی کی تاریخ مقرر کرنا ۔
لگن کُنڈلی : [ھ ۔ امث] جنم پتری ۔ زائچہ ۔
لگن لگنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) محبت ہونا ۔ عشق ہونا (۲) دل لگنا ۔ خیال لگنا ۔ خیال بندھنا ۔ دھیان لگنا ۔
لگنا : [ا ر ۔ مص ۔ ل] (۱) چسپاں ہونا ۔ ملنا ۔ جڑنا (۲) بسنا ۔ ٹکنا (۳) شامل ہونا ۔ متصل ہونا (۴) جمنا ۔ قائم ہونا (۵) اُگنا ۔ پیدا ہونا (۶) کھڑا ہونا ۔ نصب ہونا (۷) چوٹ آنا ۔ ضرب پہنچنا (۸) کھانا (۹) محسوس ہونا ۔ مس ہونا (۱۰) برابر ہونا ۔ مقابل ہونا (۱۱) شروع ہونا ۔ آغاز ہونا (۱۲) باہم آشنائی ہونا (۱۳) مؤثر ہونا ۔ کارگر ہونا (۱۴) جلنا ۔ سُلگنا ۔ مشتعل ہونا (۱۵) ہضم ہونا ۔ رنگ لگنا (۱۶) ہم بستر ہونا ۔ جماع کرنا (۱۷) سرہونا ۔ پیچھے پڑنا (۱۸) سجایا جانا ۔ ترتیب سے رکھا جانا (۱۹) مشغول ہونا ۔ مصروف ہونا (۲۰) ذمہ پڑنا ۔ سر پڑنا (۲۱) گھسنا ۔ چُبھنا (۲۲) تیر دھار پر رکھا جانا (۲۳) کنارے پر پہنچنا (۲۴) خرچ ہونا ۔ صرف ہونا (۲۵) بازی پر لگانا ۔ داؤں پر رکھنا (۲۶) استعمال میں لانا ۔ جڑا جانا (۲۷) جڑا جانا ۔ مرصع کیا جانا (۲۸) پکنا (۲۹) چھو جانا (۳۰) بند ہونا (۳۱) نقصان پہنچنا (۳۲) پھولوں کا آکر آنا (۳۳) پیاس معلوم ہونا (۳۴) برتنوں کا ترتیب سے رکھا جانا (۳۵) ضرب پڑنا (۳۶) رشتہ ہونا ۔ رشتہ دار ہونا (۳۷) پھنسنا ۔ محبت میں مبتلا ہونا (۳۸) دھیان ہونا (۳۹) فکر ہونا (۴۰) اثر ہونا (۴۱) جل جانا (۴۲) داغ لگ جانا (۴۳) ذائقہ معلوم ہونا (۴۴) اثر پیدا کرنا (۴۵) سوزش پیدا کرنا (۴۶) قائم ہونا ۔ قریب ہونا (۴۷) لاگو ہونا (۴۸) لنگڑانا (۴۹) مشابہ ہونا (۵۰) تشخیص کیا جانا (۵۱) عائد ہونا (۵۲) قیمت قرار پانا (۵۳) بیٹھ جانا (۵۴) الزام لگنا (۵۵) گائے بھینس یا بکری کا دودھ دوہنے دینا (۵۶) موزوں ہونا ۔ پھبنا (۵۷) تاک میں ہونا (۵۸) بجھنا (۵۹) پان بننا (۶۰) جوتے کا کاٹنا ۔
لگنٹ : [ھ ۔ امث] مجامعت ۔ جماع ۔
لگنت بِدّیا : [ھ ۔ امث] وہ علم جس میں جماع کے طریق اور ڈھنگ بتائے گئے ہوں ۔
لگنی : [ا ر ۔ امث] دیکھئے "لگن" جس کی یہ تصغیر ہے ۔
لگنی بیماری : [ا ر ۔ امث] وہ بیماری جو ایک شخص سے دوسرے کو لگے چھوت کی بیماری ۔
لگو / لگوبندھو : [ا ر ۔ صف] یار ۔ دوست ۔ آشنا ۔
لگوا / لگوارا : [ا ر ۔ صف] (۱) یار ۔ آشنا (۲) مطلبی ۔ خودغرض ۔ مطلب کا یار ۔

لگوانا : [ار ـ مص] دیکھئے " لگانا " جس کا یہ متعدی المتعدی ہے ۔
لگور : [ار ـ صف] (۱) حملہ کرنے والا ۔ چوٹ کرنے والا (۲) یار ۔ آشنا ۔
لگی : [ار ـ امث] (۱) مچھلی پکڑنے کی لچک دار چھڑی ۔ بنسی کی لمبی چھڑی ۔ (۲) لمبی ڈنڈی ۔ لیر ۔ ناؤ ٹھہرانے کا لمبا بانس ۔ (۳) پھل توڑنے کی لمبی چھڑی ۔
لگی لگی : [ار ـ امث] آشنائی ۔ خفیہ میل جول ۔
لگی : [ار ـ امث] (۱) خواہش ۔ آرزو ۔ عشق ۔ لگن (۲) بھوک ۔ اشتہا (۳) کسی چیز کی انتہائی آرزو ۔
لگی بجھانا : [ار ـ محاورہ] خواہش پوری کرنا ۔ آرزو پوری کرنا ۔ غصہ فرو کرنا ۔ فساد مٹانا ۔ کھانا دینا ۔ بھوک مٹانا ۔
لگی بجھنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے " لگی بجھانا " جس کا یہ لازم ہے ۔
لگی بُری ہوتی ہے : [ار ـ مثل] عشق بُری بلا ہے ۔ محبت میں بُرا بھلا کچھ نہیں سوجھتا ۔
لگی بندھی : [ار ـ صف] دیکھئے " لگا بندھا " جس کی یہ تانیث ہے ۔
لگی تو روزی نہیں تو روزہ : [ار ـ مثل] انتہائی مفلسی کو کہتے ہیں ۔
لگی کہنا : [ار ـ محاورہ] طرفداری کی بات کہنا ۔ موافق کہنا ۔ خوشامد کرنا ۔
لگی لپٹی : [ار ـ امث] کسی کے موافق کہنا ۔ طرفداری کرنا ۔
لگی لپٹی رکھنا : [ار ـ محاورہ] رعایت کرنا ۔ طرف داری کرنا ۔ صاف نہ کہنا ۔ گول بات کہنا ۔
لگی لگائی : [ار ـ صف] لگی ہوئی ۔ طے شدہ ۔ مقررہ ۔
لگی میں اور لگانا : [ار ـ محاورہ] مصیبت میں اور اضافہ کرنا ۔
لگی نہ رکھنا : [ار ـ محاورہ] (۱) لاگ لپیٹ نہ رکھنا ۔ پاس نہ کرنا ۔ کسر نہ رکھنا رو رعایت نہ کرنا (۲) قطع تعلق کرنا ۔ بگاڑ لینا ۔
لگی نہ رہنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے " لگی نہ رکھنا " جس کا یہ لازم ہے ۔
لگی ہونا : [ار ـ محاورہ] (۱) دُھن ہونا ۔ محبت ہونا (۲) آشنائی ہونا ۔ ناجائز تعلق ہونا ۔
لگی ہوئی : [ار ـ امث] لتھڑی ۔ برتن سے لگی ہوئی ۔
لگی ہوئی بات : [ار ـ امث] منگنی ۔ نسبت ۔
لگے : [ار ـ متعلق فعل] قریب ۔ پاس ۔ نزدیک ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔
لگے اُنگلی پکڑتے پونچا پکڑنے : [ار ـ مثل] تھوڑا سا سہارا پاکر قدم آگے جانا ۔ ادنیٰ سہارا پاکر سر چڑھنا ۔
لگے بندھے : [ار ـ صف ـ ق] علاقہ دار ۔ متعلقین
لگے جانا : [ار ـ محاورہ] (۱) ساتھ ساتھ جانا ۔ پیچھے پیچھے چلا جانا (۲) چین نہ لینے دینا ۔
لگے دَم مٹے غم : [ار ـ مقولہ] نشہ پینے سے غم دور ہو جاتا ہے ۔ (نشہ بازوں کا مقولہ ہے)
لگے رہنا : [ار ـ محاورہ] ساتھ رہنا ۔ ہمراہ رہنا ۔
لگے لگے : [ار ـ متعلق فعل] (۱) پاس پاس ۔ قریب قریب ۔ پہلو بہ پہلو (۲) ایک کلمہ جس سے بندروں کو ہنکاتے ہیں ۔
لگے ہاتھ / ہاتھوں : [ار ـ متعلق فعل] (۱) ساتھ کے ساتھ ۔ اسی وقت (۲) اسی سلسلے میں ۔
لگ ٹیگ : [ار ـ متعلق فعل ـ ق] جوں ہی فوراً ۔

ل ـ ل

لَل : [ار ـ صف] لال کا مخفف ۔ جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔
لَل آنک : [ار ـ امذ] سُرخ چشم کبوتر
لَل پرا : [ار ـ امذ] (۱) ایک پر دار سُرخ رنگ کا کیڑا جو اکثر گندے مقامات پر پایا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا کنکوا جس کے دونوں کنّے سُرخ کاغذ کے ہوتے ہیں ۔
لَل پٹکا : [ار ـ امذ] ایک قسم کا کبوتر جس کی پلکیں سرخ ہوتی ہیں ۔
لَل پونٹا : [ار ـ امذ] وہ کبوتر جس کا پوٹا سرخ ہوتا ہے ۔
لَل دُما : [ار ـ امذ] وہ کنکوا جس کی دُم سُرخ کاغذ کی ہوتی ہے ۔
لَل سرا : [ار ـ امذ] وہ کنکوا جس کا سَر سُرخ رنگ کے کاغذ کا ہوتا ہے ۔
لَلا : [ار ـ امذ] (۱) بچہ ۔ طفل ۔ لڑکا (۲) بیٹا ۔ پوت (۳) کرشن جی کا لقب (۴) (صف) پیارا ۔ لاڈلا (۵) نادان ۔ کم سن ۔ نو عمر (۶) احمق ۔ بیوقوف ۔ گاؤدی
لَلاٹ : [س ـ امذ] (۱) ماتھا ۔ پیشانی (۲) بھاگ ۔ نصیب ۔ قسمت ۔
لِلاَکثرِ حُکمُ الکُل : [ع ـ مقولہ] اکثر کے لئے کل کا حکم لگایا جاتا ہے ۔
لِلائن : [ار ـ امث] دیکھئے " لالا " معنی ۱ جس کی یہ تانیث ہے ۔
لَلِت : [ار ـ صف] (۱) مرغوب ۔ پسند خاطر (۲) خوبصورت ۔ حسین ۔ شوخ ۔ چنچل ۔ چلبلی (۳) ولولہ ۔ شوق ۔ عشق ۔ جذبہ محبت (۵) بھیروں ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے ۔
لَلچانا : [ار ـ مص] (۱) لالچ کرنا ۔ لوبھ کرنا ۔ حرص کرنا (۲) آرزو کرنا ۔ تمنا کرنا (۳) مائل ہونا (۴) طمع دینا ۔ لبھانا ۔
لَلچاہٹ : [ار ـ امث] (۱) لالچ ۔ طمع ۔ حرص (۲) خواہش ۔ آرزو ۔
لَلَک : [ار ـ امث] امنگ ۔ شوق (۲) جوش ۔ ولولہ (۳) لالچ ۔ لوبھ ۔ طمع ۔ حرص (۴) خیال ۔ دُھن ۔ لو (۵) لہر ۔ موج ۔
لَلکار : [ار ـ امث] (۱) نعرہ ۔ سخت آواز (۲) ہانک ۔ پکار (۳) ڈپٹ دھمکی ۔ جھڑکی ۔ رُعب کی آواز ۔
لَلکار بتانا : [ار ـ محاورہ] للکار کے کہنا ۔ ڈانٹنا ۔
لَلکارنا : [ار ـ مص] (۱) نعرہ مارنا ۔ آواز لگانا (۲) پکارنا ۔ ہانک لگانا (۳) دھمکانا ۔ دُھتکارنا ۔ کڑک کر بولنا ۔
لَلکی : [ار ـ صف] لہری ۔ موجی ۔ شوقین ۔ حریص ۔ لالچی ۔ ضدی ۔
لَلّو : [ار ـ امث] (۱) زبان ۔ جیبھ (۲) بول ۔ بول چال ۔ گفتگو (۳) چٹورپن ۔ چاٹ ۔
لَلّو پتّو : [ار ـ امث] خوشامد درآمد ۔ چاپلوسی ۔ سخن سازی ۔ چکنی چپڑی باتیں ۔ [افعال ، کرنا]
لَلّو میں سانپ ڈسے : [ار ـ کلمہ بددعا] جھوٹ بولنے والی کی جیبھ میں سانپ ڈسے ۔

ونہ رہنا: [ار۔ محاورہ] بن بولے نہ رہنا۔ زبان تالو سے نہ لگنا۔

للہ: [ع۔ متعلق فعل] خدا کے لئے۔ برائے خدا۔ خدا کے نام پر۔

للہ الحمد: [ع۔ کلمہ] (۱) سب تعریف خدا کے لئے ہے (۲) خدا کا شکر ہے۔

للہ الحمد والمنۃ: [کلمہ ندا] خدا کا شکر و احسان ہے۔

للہ فی اللہ: [ع۔ متعلق فعل] خدا کی راہ میں۔ اللہ کے واسطے۔

للہی: [ع۔ صفت] خدا کے لئے جو ذاتی غرض یا مطلب کے لئے نہ ہو۔

للہیت: [ع۔ امث] للہی کام کیفیت۔ خلوص۔ بے غرضی۔

[illegible]ی: [ار۔ امث] دیکھئے "للو" جس کی یہ تانیث ہے۔

یانا: [ار۔ مص] منت سماجت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

ل گھوڑی: [ار۔ امث] دیکھئے "نیلی گھوڑی" جو صحیح ہے۔

ل ۔ م

لم: [ار۔ امث] لمبا کا مخفف اور مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

لمبوترا: [ار۔ صفت] بہت لانبا۔ ایسا لانبا جو بدنما ہو۔

لمبوتری: [ار۔ صفت] دیکھئے "لمبوترا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لم پرا: [ار۔ صفت] لمبے پروں والا۔

لم تڑنگا: [ار۔ صفت] دراز قد۔ قدآور۔

لم ٹنگا / ٹنگو: [ار۔ صفت] (۱) بڑی بڑی ٹانگوں والا (۲) لم ڈھینگ۔ کلنگ۔

لم چونچا: [ار۔ صفت] وہ پرندہ جس کی چونچ لمبی ہو۔

لم چھڑ / چھڑا: [ار۔ صفت] لمبا۔ قدآور۔ طویل القامت۔

لم چھڑی: [ار۔ صفت۔ مث] دیکھئے "لم چھڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لم دراز: [ار۔ امث] ایک قسم کا سفید کپڑا جس کا عرض بڑا ہوتا ہے۔

لم ڈگو: [ار۔ صفت] دراز قد آدمی۔ بدقوارہ۔

لم ڈور: [ار۔ صفت] لمبی ڈور۔ تنکار کی ڈور۔

لم ڈور لڑانا: [ار۔ محاورہ] پتنگوں کو خوب بڑھا کر لڑانا۔

لم ڈور لڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "لم ڈور لڑانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) بہت میل جول ہونا۔

لم ڈھینگ / ڈھینک: [ار۔ اذ] (۱) لمبی ٹانگوں والا ایک آبی پرندہ۔ کلنگ (۲) کنایۃً بیوقوف۔ احمق۔

لم کنا: [ار۔ صفت] لمبے لمبے کانوں والا۔ خرگوش

لم کنی: [ار۔ صفت۔ امث] دیکھئے "لم کنا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لم گردنا: [ار۔ صفت] لمبی گردن والا۔

لَم: [ع۔ حرف نفی] نہ۔ نہیں۔

لَم یَزَل: [ع۔ صفت] ازلی۔ ہمیشہ رہنے والا۔ غیرفانی۔ جس کو زوال نہ ہو۔

لَم یَزَلی: [ع۔ صفت] غیرفانی۔

لِم: [ع۔ امث] (۱) اصلیت۔ کنہ۔ بات کی تہ (۲) باعث۔ سبب۔ وجہ۔ (۳) بہتان۔ الزام۔ تہمت۔

لم دھرنا / رکھنا / لگانا: [ار۔ محاورہ] تہمت رکھنا۔ الزام لگانا۔ عیب لگانا۔

لمبا: [ار۔ صفت] (۱) دراز۔ طویل۔ بلند۔ اونچا۔ طویل القامت (۲) بہت۔ کثیر۔ زیادہ۔

لمبا بننا: [ار۔ محاورہ] رخصت ہونا۔ چل دینا۔ بھاگ جانا۔

لمبا چوڑا: [ار۔ صفت] فراخ۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ وسیع۔ طویل و عریض۔

لمبا چوڑا کام: [ار۔ اذ] بہت بڑا کام۔ جس کام میں طوالت ہو۔

لمبا دفتر: [ار۔ اذ] طویل مضمون۔

لمبا سفر کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دور کا سفر کرنا (۲) دنیا سے کوچ کرنا۔ مرجانا۔

لمبا کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دراز کرنا۔ طول میں بڑھانا (۲) روانہ کرنا۔ رخصت کرنا۔ برخاست کرنا۔

لمبا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لمبا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لمبارڑا: [ار۔ اذ۔ ق] بنجاروں کی قسم کی ایک قوم۔

لمبان: [ار۔ اذ و مث] درازی۔ لمبائی۔ طول۔ طوالت۔

لمبان چوڑان: [ار۔ اذ و مث] لمبائی چوڑائی۔ طول و عرض۔

لمبانا: [ار۔ مص] لمبا کرنا۔

لمباو: [ار۔ اذ] دیکھئے "لمبان"

لمبائی: [ار۔ امث] درازی۔ طوالت۔ طول۔

لمبائی چوڑائی: [ار۔ امث] دیکھئے "لمبان چوڑان"

لمبر: [ار۔ اذ] دیکھئے "نمبر" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

لمبر آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) نوبت آنا۔ باری آنا (۲) امتحان میں نمبر پانا۔

لمبر پر قائم کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) یک طرفہ خارج شدہ مقدمہ یا درخواست کا بحال کرنا (۲) باری پر قائم کرنا۔

لمبر پر قائم ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لمبر پر قائم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لمبر چڑھانا: [ار۔ محاورہ] امتحان میں ملنے والے نمبروں کو رجسٹر میں درج کرنا (۲) درجہ میں ترقی دینا۔

لمبر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لمبر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

لمبردار: [ار۔ اذ] گاؤں کا چودھری۔ سرکاری لگان وصول کرکے داخل خزانہ کرانے والا۔

لمبرداری: [ار۔ امث] لمبردار کا عہدہ یا کام۔

لمبر دینا: [ار۔ محاورہ] امتحان کے پرچے میں نمبر درج کرنا۔

لمبر سے خارج ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) فہرست سے نام خارج ہونا (۲) داخل دفتر ہونا۔

لمبروار: [ار۔ صفت] باری باری۔ سلسلہ وار۔ درجہ بدرجہ۔

لمبری: [ار۔ صفت] (۱) نمبر کے مطابق۔ نمبر کا۔ نمبروار (۲) نشان لگا ہوا (۳) سرکار کی طرف سے مقرر کیا ہوا پیمانہ (۴) پولیس کے رجسٹر میں درج شدہ بدمعاش۔

لمبری دعویٰ / مقدمہ / نالش: [ار۔ اذ و مث] دعویٰ عام۔ نالش عام۔

لمبڑا: [ار۔ اذ] (۱) معمول سے زیادہ لمبا (۲) لمبا اور بیوقوف آدمی۔

لمبو: [ار۔ صفت] لمبا۔ دراز قد۔ لانبا۔ طویل القامت۔

لمبی: [ار۔ صفت۔ مث] دیکھئے "لمبا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لمبی تان کر سونا: [ار۔ محاورہ] اطمینان سے سونا۔ غفلت سے سونا۔

لمبی تاننا: [ار۔ محاورہ] (۱) بے فکری سے سو جانا (۲) دور کا سفر کرنا۔ مدت

ٹک اپنے ملک سے دور رہنا (۳) مرجانا۔ سفرِ آخرت اختیار کرنا۔
لمبی چوڑی ہانکنا ؛ [ار ۔ محاورہ] (۱) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا (۲) لمبی داستان سنانا۔
لمبی داستان ؛ [ار ۔ امث] طول طویل کہانی۔
لمبی سانس بھرنا / لینا ؛ [ار ۔ محاورہ] دیر تک سانس لینا۔ آہِ سرد کھینچنا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ مرنے کا وقت ہونا۔
لمبے ہو ؛ [ار ۔ محاورہ] چل دور ہو۔ ہوا کھاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔
لمبیاں لینا ؛ [ار ۔ محاورہ] (۱) تیز چلنا (۲) مبالغہ کرنا (۳) اترانا۔ ڈینگ مارنا۔
لیمپ ؛ [انگ ۔ امذ] (LAMP) مغربی طرز کا چراغ جس پر شیشے کی چمنی لگی ہو۔
لیمپٹ ؛ [ار ۔ امذ] بند آنچ جس کا شعلہ دھات کو پگھلا دیتا ہے۔
لمحہ ؛ [ع ۔ امذ] پلک جھپکنے کا وقفہ۔ بہت تھوڑا وقت۔ کوندا۔ بجلی کی چمک۔
لمحہ بھر ؛ [ار ۔ متعلق فعل] تھوڑی دیر۔ پل بھر۔
لمحے لمحے میں ؛ [ار ۔ متعلق فعل] ہر گھڑی۔
لمس ؛ [ع ۔ امذ] کسی چیز کو ہاتھ لگانا۔ چھونا۔ مس کرنا۔ چھو کر معلوم کرنے کی قوت۔
لمعان ؛ [ع ۔ صفت] چمکنے والا۔ چمکیلا۔
لمعہ ؛ [ع ۔ امذ] (۱) چمک۔ روشنی۔ نور (۲) شعاع۔ کرن۔
لمکنا ؛ [ار ۔ مص ل] (۱) لٹکنا (۲) چپٹنا۔ ڈولنا۔ لٹک کر رہ جانا۔ لمبا ڈگ بھرنا۔
لمن الملک ؛ [ع ۔ کلمہ استفہام] (۱) کس کا ملک ہے۔ (قرآن حکیم میں آیا ہے کہ قیامت کے دن خدا تعالیٰ پوچھیں گے بتاؤ آج کس کی حکومت اور سلطنت ہے (۲) بے جا ناز و فخر۔
لمیٹڈ ؛ [انگ ۔ صفت] (LIMITED) شرکت محدود۔ وہ کمپنی جس کے حصہ داروں کی ذمہ داری محدود ہوتی ہے۔

ل ۔ ن

لن ؛ [ع ۔ حرفِ نفی] نہ۔ مت۔ ہرگز۔
لن ترانی ؛ [ع ۔ امث] (تو مجھے کبھی نہیں دیکھ سکے گا) خود ستائی۔ انانیت۔ شیخی۔ ڈینگ۔
لن ترانی کرنا / کی لینا ؛ [ار ۔ محاورہ] شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ مسلن کی لینا۔
لن ترانیاں ہانکنا ؛ [ار ۔ محاورہ] شیخی بگھارنا۔
لُنا ؛ [ار ۔ مص ۔ ق] کاٹنا (فصل کاٹنا)
لنبا / لنبان / لنبائی ؛ [ار ۔ امذ ۔ مث] دیکھیے "لمبا / لمبان / لمبائی" مع مرکبات۔
لنبوٹ ؛ [ار ۔ امث] لمبی کشتی
لنٹل ؛ [انگ ۔ امذ] (LINTEL) چھت ۔ بے ڈاٹ کی چھت [ایک اندازِ تعمیر جس میں ڈاٹ کی جگہ سریا اور سیمنٹ سے کام لیتے ہیں]۔
لنٹرن ؛ [انگ ۔ امث] دیکھیے "لالٹین" جو زیادہ مشہور ہے۔
لنج ؛ [ف ۔ صفت] ہاتھ پاؤں سے معذور۔ لنگڑا لولا۔

لنج منج ؛ [ف ۔ صفت] لنگڑا۔ لنجا۔
لنجا ؛ [ار ۔ صفت] ہاتھ پاؤں سے معذور۔ لنگڑا لولا۔
لنجھاڑا / لنجھیڑا ؛ [ار ۔ امذ] دنیا کے بکھیڑے۔ دنیاوی تعلقات۔
لنچ ؛ [انگ ۔ امذ] (LUNCH) دوپہر کا کھانا۔ حاضری۔ چاشت کا کھانا۔
لنڈا پھندا ؛ [ار ۔ صفت] دیکھیے "للا پھندا"۔
لنڈی پھندی ؛ [ار ۔ صفت ۔ مث] دیکھیے "لنڈا پھندا" جس کی یہ تانیث ہے۔
لنڈ ؛ [ھ ۔ امذ] (۱) بے سر کا دھڑ۔ سر کٹا ہوا دھڑ (۲) وہ انسان جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں (۳) بے بال و پر پرندہ (۴) کٹا ہوا بے پتوں کا۔ بے شاخوں کا درخت۔
لنڈ منڈ ؛ [ار ۔ صفت] (۱) وہ شخص جس کا سر، داڑھی، مونچھیں منڈی ہوئی ہوں (۲) بن پتوں اور شاخوں کا درخت (۳) مفلس۔ تنگ دست۔ (۴) بے دست و پا انسان (۵) بے بال و پر پرندہ۔
لنڈا ؛ [ار ۔ صفت] (۱) دم بریدہ۔ لنڈورا۔ دُم کٹا (۲) وہ درخت جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں (۳) بے کس۔ بے بس۔ بے یار و مددگار وہ شخص جس کا کوئی ساتھی نہ ہو۔
لنڈ کری / کڑی ؛ [ار ۔ امث] لڑھکنی۔ قلابازی۔
لنڈ کری / کڑیاں کھانا ؛ [ار ۔ محاورہ] قلابازی کھانا۔ گر گر لوٹ پوٹ ہو جانا۔
لنڈورا ؛ [ار ۔ صفت] (۱) لنڈا۔ دُم کٹا (۲) بے یار و مددگار۔ بے بس۔
لنڈوری ؛ [ار ۔ امث] دیکھیے "لنڈورا" جس کی یہ تانیث ہے۔
لنڈوری فاختہ ؛ [ار ۔ امث] وہ عورت جس کا کوئی سہارا نہ ہو۔ بے کس۔
لنڈھانا ؛ [ار ۔ مص] اونڈھانا۔ بہانا۔ کسی رقیق چیز کو برتن میں سے زمین پر گرانا۔
لنڈھکنا ؛ [ار ۔ مص] غلطاں ہونا۔ گر جانا۔ مر جانا۔
لنڈھنا ؛ [ار ۔ مص] دیکھیے "لنڈھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
لنڈی ؛ [ار ۔ امث] دیکھیے "لنڈا" جس کی یہ تانیث ہے۔
لنز ؛ [انگ ۔ امذ] (LENS) عینک کا شیشہ۔ عدسہ۔ دوربین یا خرد بین کا شیشہ۔
لنک ؛ [ھ ۔ امذ] (۱) انبار۔ ڈھیر (۲) زمانہ۔ مدت۔
لنک لگنا ؛ [ار ۔ محاورہ] انبار لگنا۔ ڈھیر ہونا۔
لنکا ؛ [ھ ۔ امث] جزیرہ سیلون جہاں راون رہتا تھا۔
لنکا میں جو چھوٹا سو باون گز کا ؛ [ار ۔ مثل] چھوٹے سے بڑے تک سب بُری عادتوں میں مبتلا ہیں۔
لنکارا ؛ [ھ ۔ امث] مکار عورت۔ عیار عورت۔
لنگ ؛ [ف ۔ صفت] (۱) لنگڑا لولا۔ اپاہج (۲) لنگڑا پن۔ پاؤں کا نقص۔
لنگ کرنا ؛ [ار ۔ مص مرکب] لنگڑا کر چلنا۔ لنگڑانا۔
لنگ ؛ [ھ ۔ امذ] (۱) قطار۔ صف۔ سلسلہ (۲) طرف۔ جانب۔ سمت۔ سرا۔ کنارا۔ (۳) دیوار۔ قنات۔ اوٹ۔ پردہ۔ (۴) دھوتی کا لڑ یا پلّا۔
لنگ ؛ [س ۔ امذ] آلۂ تناسل۔
لُنگ ؛ [ف ۔ امذ] (۱) گھٹنوں تک تہ بند۔ دھوتی۔ لنگوٹی (۲) آلۂ تناسل۔

لنگاڑا / لنگاڑا : [ا ر ۔ صفت] (۱) بے حیا ۔ بے شرم ۔ ڈھیٹ (۲) لُچا ۔ بدمعاش ۔ شہدا (۳) شریر ۔ بدمعاش (۴) فسادی ۔

لنگاڑا / لنگاڑا پن : [ا ر ۔ اسم] (۱) بے شرمی ۔ بے حیائی ۔ ڈھٹائی ۔ لُچا پن (۲) شرارت ۔ بدمعاشی ۔

لنگر : [ف ۔ اسم] (۱) جہاز یا قافلہ کا ٹھہراؤ ۔ لوہے کی زنجیر یا رسا جو کشتی ٹھہرانے کے لئے کسی بھاری چیز سے کنارے پر باندھ رکھتے ہیں (۲) خیرات خانہ ۔ وہ جگہ جہاں فقیروں کو روزانہ کھانا تقسیم ہو (۳) بڑے آدمیوں کا باورچی خانہ (۵) خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسا (۶) پہلوانوں کا لنگوٹ (۷) وہ تکے کے نیچے کا حصہ کر کے جھنڈا (۸) بوجھ ۔ بار ۔ وزن (۹) گھنٹے کا لٹکن ۔ پنڈولم

لنگر اُٹھانا : [ا ر ۔ محاورہ] کشتی یا جہاز کا رسا کھول کر آگے چلانا ۔ جہاز روانہ کرنا ۔

لنگر اُٹھنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "لنگر اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لنگر اکھاڑنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "لنگر اکھڑنا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

لنگر اکھڑنا : [ا ر ۔ محاورہ] جنبش میں آنا ۔ بھاری چیز کا ہلکا ہو جانا ۔

لنگر بانٹنا : [ا ر ۔ محاورہ] روزانہ کھانا تقسیم کرنا ۔ سدا برت لگانا ۔

لنگر باندھنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) پہلوانوں کا لنگوٹ باندھنا (۲) کنایۃً مجامعت سے پرہیز کرنا ۔

لنگر بٹنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "لنگر بانٹنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لنگر پڑنا : [ا ر ۔ محاورہ] جہاز کا لنگر ڈالے ہونا ۔

لنگر توڑنا : [ا ر ۔ محاورہ] قوی کو مغلوب کرنا ۔

لنگر جاری کرنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) خیرات تقسیم کرنا (۲) سدا برت جاری کرنا ۔

لنگر خانہ : [ا ر ۔ اسم] خیرات خانہ ۔ باورچی خانہ ۔ فقیروں کو روزانہ کھانا تقسیم ہونے کا مقام ۔

لنگر دار : [ف ۔ صفت] (۱) سنگین ۔ وزنی (۲) وہ دریا جس کا پانی بہاں نہ ہو ۔

لنگر ڈالنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) جہاز یا کشتی ٹھہرانا ۔ قیام کرنا (۲) بوجھ ڈالنا (۳) بھاری زنجیر مجرم کے پاؤں میں ڈالنا (۴) کام کا اپنا بار کسی پر ڈال کر وہ دوسرا کام نہ کر سکے (۵) دور دور بخیہ کرنا ۔

لنگر سنبھالنا : [ا ر ۔ محاورہ] بوجھ برداشت کرنا ۔

لنگر سنبھلنا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "لنگر سنبھالنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لنگر شمشیر : [ف ۔ اسم] تلوار کا وزن ۔

لنگر کا بوجھ : [ا ر ۔ اسم] بہت وزنی ۔

لنگر کا ٹکڑا : [ا ر ۔ اسم] خیرات کا کھانا ۔ بھیک ۔

لنگر کا کھانا : [ا ر ۔ اسم] خیرات کا کھانا ۔ وہ کھانا یا خیرات جو فقیروں کو ملتا ہے ۔

لنگر کرنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) جہاز یا کشتی ٹھہرانا (۲) جہاز یا کشتی ٹھہرنا ۔

لنگر گاہ : [ا ر ۔ اسم] بندرگاہ ۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ ۔

لنگر لنگوٹ : [ا ر ۔ اسم] پہلوانوں کا لنگوٹ ۔

لنگر لنگوٹ باندھنا / کسنا : [ا ر ۔ محاورہ] پہلوان کا کشتی کرنے کو تیار ہونا ۔

لنگر لنگوٹا دینا / آگے رکھنا : [ا ر ۔ محاورہ] کسی پہلوان کی شاگردی اختیار کرنا ۔

لنگریانا : [ا ر ۔ محاورہ] بوجھ کا دبا کر ڈالنا ۔

لنگر ہونا : [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "لنگر کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لنگرا : [ف ۔ صفت] بے حیا ۔ بے شرم ۔ ڈھیٹ ۔ بے غیرت ۔ بھانڈ لنگا ۔ اوباش ۔ بدچلن ۔

لنگری : [ف ۔ صفت] (۱) لنگر سے منسوب (۲) (اسم) ایک قسم کا بڑا طشت (۳) (صفت) پان رکھنے کی چھوٹی گہری تھالی (۴) وہ تھالی جس میں لنگر کا کھانا بانٹتے ہیں ۔

لنگڑ : [ا ر ۔ اسم] وہ پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا جسے بچے ڈورے میں باندھ کر آپس میں لڑاتے ہیں اس کو لنگڑ پیچ کہتے ہیں ۔

لنگڑا : [ا ر ۔ صفت] (۱) ایک ٹانگ سے معذور (۲) کمزور ۔ بودا (۳) ایک مشہور قسم کا آم جو بہت لذیذ اور شیریں ہوتا ہے ۔

لنگڑا کر چلنا : [ا ر ۔ محاورہ] پاؤں برابر نہ پڑنا ۔

لنگڑانا : [ا ر ۔ مص] لنگ کرنا ۔ پورا پاؤں ٹھیک کر نہ چلنا ۔

لنگڑا پن : [ا ر ۔ صفت] دیکھئے "لنگڑا"

لنگڑی : [ا ر ۔ صفت ۔ مث] دیکھئے "لنگڑا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

لنگڑی کا درد : [ا ر ۔ اسم] دیکھئے "عرق النسا"

لنگڑی کنو آسمان پر گھونسلا : [ا ر ۔ مثل] اپنی لیاقت سے بڑھ کر کام کرنا ۔

لنگ لاٹ : [ا ر ۔ اسم] (LONG CLOTH کا بگاڑ) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس کا عرض بڑا ہوتا ہے ۔

لنگوا فرینکا : [انگ ۔ اسم] (۱) وہ مخلوط زبان جو مختلف قوموں میں اظہار خیالات کا ذریعہ ہو (۲) بین الاقوامی زبان (LINGUA FRANCA)

لنگوٹ : [ا ر ۔ اسم] (۱) کم عرض کپڑا جسے پہلوان یا فقیر پہنتے ہیں ۔

لنگوٹ بند : [ا ر ۔ صفت] (۱) لنگوٹ باندھنے والا (۲) مجرد (۳) کمینہ ۔

لنگوٹ دار : [ا ر ۔ صفت] وہ پلنگ جس کے بیچ کی طرف رنگین نقش یا اس کا غذ لگا ہوا ہو ۔

لنگوٹ کا سچا : [ا ر ۔ صفت] وہ شخص جو غیر عورت سے پرہیز کرے ۔ زنا سے بچا رہنے والا ۔ پارسا ۔ پرہیزگار ۔

لنگوٹ کھولنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) مجامعت کرنا (۲) زنا کرنا ۔

لنگوٹا : [ا ر ۔ اسم] دیکھئے "لنگوٹ"

لنگوٹی : [ا ر ۔ اسم] چھوٹا تہ بند ۔ کپڑے کا وہ چھوٹا ٹکڑا جس کا ایک سرا سرین میں سے نکال کر کمر میں باندھتے ہیں ۔

لنگوٹی باندھنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) مفلس ہو جانا (۲) دنیاوی لذتوں کو ترک کر دینا ۔

لنگوٹی باندھے پھرنا : [ا ر ۔ محاورہ] (۱) نہایت غریبی کے باعث ننگا پھرنا (۲) بچہ ہونا ۔

لنگوٹی بندھوا دینا، [ار۔ محاورہ] بالکل مفلس/قلاش بنا دینا۔ سب کچھ لوٹ لینا۔

لنگوٹی کھلنا: [ار۔ محاورہ] کنایۃً پردے کی دیوار گر جانا۔ پردہ فاش ہونا۔

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا، [ار۔ محاورہ] تنگدستی میں مزے اڑانا۔ مفلسی میں عیش کرنا۔

لنگوٹی میں مست: [ار۔ صف] افلاس میں خوش۔ بے فکرا۔

لنگوٹے کا ڈھیلا: [ار۔ صف] عیاش۔ زانی۔

لنگوٹے کا سچا، [ار۔ صف] دیکھئے "لنگوٹ کا سچا"

لنگوٹیا: [ار۔ صف] (۱) لنگوٹ بندھا (۲) ساتھ کھیلا ہوا۔ بچپن کا یار۔ پرانا اور گہرا دوست (۳) ایک قسم کا پتنگ۔

لنگوٹیا یار: [ار۔ اند] پرانا دوست۔

لنگوچا: [ھ۔ اند] بھیڑ بکری کی آنت جس میں قیمہ بھر کر تلتے ہیں۔

لنگور: [ھ۔ اند] (۱) ایک قسم کا بندر جس کا منہ کالا اور دُم لمبی ہوتی ہے (۲) تحقیر و استہزاء کے طور پر مستعمل ہے۔

لنگوری: [ھ۔ امث] (۱) چوری کا مال برآمد کرانے میں امداد (۲) چور پکڑنے کا انعام (۳) گھوڑے کی ایک چال۔

لنگھانا، [ار۔ مص] پار اُتارنا۔ ندی یا دریا سے پار کرنا۔

لنگھن، [س۔ اند] (۱) کود پھاند۔ چھلانگ (۲) پار اُترنا۔ عبور کرنا (۳) روزہ۔ فاقہ۔

لنگھنا، [ار۔ مص] پار ہونا۔ عبور کرنا۔ الانگھنا۔ پھلانگنا۔ چھلانگ لگانا۔

لنگی: [ھ۔ امث] پیشاب۔ بول۔ موت۔

لُنگی، [ار۔ امث] (۱) تہ بند۔ دھوتی (۲) سر سے باندھنے کی رنگین دھاری دار پگڑی۔

لُنیا: [ھ۔ اند] ایک قوم جس کا پیشہ کنواں کھودنا ہے اور دیوار بنانا ہے۔

لُنیاں پُنیاں ہو کے دوڑنا: [ار۔ محاورہ] خوشی میں بے تابانہ دوڑنا۔ خوشی سے دوڑ کر جانا۔

ل - و

لَو، [ار۔ امث] (۱) شعلہ۔ لپٹ۔ بھبوکا۔ لاٹ (۲) دھیان۔ توجہ۔ خیال۔ یکسوئی (۳) آس۔ امید۔ توقع (۴) شوق۔ محبت۔ (۵) کان کی جڑ۔ کان کے نیچے کے رُخ کی نوک۔ کپیا۔

لَو آنا، [ار۔ محاورہ] شعلہ بلند ہونا۔

لَو اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] لاٹ نکلنا۔ شعلہ بلند ہونا۔

لَو بھڑکنا، [ار۔ محاورہ] چراغ میں تیل ختم ہو جانے پر شعلہ بھڑک اُٹھنا۔

لَو ٹپک پڑنا، [ار۔ محاورہ] چراغ میں زیادہ تیل ہونے کی وجہ سے جلتے ہوئے تیل کا گرنا۔

لَو دینا، [ار۔ محاورہ] شعلہ نکلنا۔

لَو لگانا، [ار۔ محاورہ] (۱) تصور باندھنا۔ خیال باندھنا۔ توجہ دینا۔ رجوع ہونا۔ ہر وقت دھیان لگانا (۲) عشق کرنا۔ دل لگانا۔ عاشق ہونا (۳) خواہش کرنا۔ آرزومند ہونا۔

لَو لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لو لگانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) شعلہ لگنا۔ لپٹ لگنا (۳) دھیان جمنا۔ یکسوئی ہونا (۴) خدا کی یاد میں مشغول ہونا (۵) بہت اشتیاق ہونا (۶) کسی کے نام کی رَٹ ہونا۔ کسی کی یاد ہر وقت رہنا۔ (۷) آس بندھنا۔ آسرا ہونا۔

لَو: [ع۔ حرف شرط] اگر۔

لَو فَرضاً: [ع۔ متعلق فعل] اگر ہم نے فرض کیا۔ فرض کرو۔ مان لو۔

لَولاکَ: [ع۔ تلمیح] لولاک لما خلقت الافلاک۔ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے یعنی اگر تیری (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) ذات نہ ہوتی تو میں آسمانوں اور زمینوں کو پیدا نہ کرتا۔

لو (واو مجہول سے)، [ار۔ متعلق فعل] (۱) پکڑو۔ سنبھالو (۲) کلمۂ تعجب واہ کیا خوب (۳) زائد برائے تحسین کلام۔

لو اور تماشا دیکھو: [ار۔ بول چال] حیرت انگیز بات ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

لو اور سنو، [ار۔ بول چال] دیکھئے "لو اور تماشا دیکھو"

لو جی/صاحب، [ار۔ بول چال] تعجب اور حیرت کے موقع پر کہتے ہیں۔

لُو: [ار۔ امث] وہ گرم ہوا جو موسم گرما میں چلتی ہے۔ سموم۔

لُو چلنا، [ار۔ محاورہ] گرم ہوا چلنا۔

لُو کا مارا آم: [ار۔ صف] (۱) وہ آم جس کو لُو نے خشک کر دیا ہو (۲) کنایۃً دُبلا جھُریاں پڑا ہوا چہرہ یا جسم۔

لُو لگنا: [ار۔ محاورہ] گرم ہوا کا اثر کرنا۔ گرم ہوا لگ جانا یا گرم ہوا سے بیمار ہو جانا۔

لَوا: [ار۔ اند] بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ جو اکثر جھاڑیوں میں رہتا ہے۔

لِوَاء، [ع۔ اند] عَلَم۔ جھنڈا۔ فوج کا نشان۔

لَواحِق، [ع۔ اند] (۱) لاحق اور لاحقہ کی جمع (۲) متعلقین۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ نوکر چاکر۔

لَواحِقین، [ع۔ اند] دیکھئے "لواحق" جس کی یہ جمع الجمع ہے۔ (ثقہ حضرات استعمال نہیں کرتے۔)

لَوارا: [ھ۔ اند] گاؤ سالہ۔ بچھڑا۔ گائے کا بچہ۔

لَوازِم، [ع۔ اند] دیکھئے "لازم/لازمہ" جس کی یہ جمع ہے۔ (۲) ضروری چیزیں۔

لَوازِمات، [ع۔ اند] دیکھئے "لازم" جس کی یہ جمع الجمع ہے۔ (اور قابل پرہیز ہے)

لَوازِمہ: [ع۔ اند] دیکھئے "لازم" جس کی یہ جمع ہے (یہ جمع صحیح نہیں)

لَواطَت: [ع۔ امث] اغلام۔ لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنا۔

لوا لانا : [ار - محاورہ] جاکر اپنے ساتھ لانا ۔
لوا لے جانا : [ار - محاورہ] ساتھ لے جانا ۔ اٹھوا لے جانا ۔
لَوامِع : [ع - اند] دیکھئے " لامع " جس کی یہ جمع ہے ۔
لَوّامَہ : [ع - اسم مبالغہ] (۱) سخت ملامت کرنے والا (۲) نفس کی ایک قسم جو انسان کو بدی کے ارتکاب پر ملامت کرتی ہے ۔
لوانا : [ار - مص] دیکھئے " لینا " جس کا یہ متعدی المتعدی ہے (۲) خرید کروا دینا ۔ مول لے دینا (۳) اٹھوانا ۔ بدلوانا ۔
لَوائِح : [ع - اند] دیکھئے " لائحہ " جس کی یہ جمع ہے ۔
لَوائِم : [ع - اند] دیکھئے " لائمہ " جس کی یہ تانیث ہے ۔
لُوبان : [ع - اند] ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے ۔
لوبھ : [ہ - اند] لالچ ۔ طمع ۔ حرص ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
لوبھی : [ہ - صفت] لالچی ۔ حریص ۔ طامع ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔
لوبیا : [ہ - اند] ماش کی قسم کا ایک پودا جس کی کچی کلیوں اور دانوں کو پکا کر کھاتے ہیں ۔
لوپ : [ہ - صفت] (۱) مخفی ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا (۲) نیست و نابود ۔ معدوم ۔
لوپنا : [ار - مص - ق] بہلانا ۔
لوتھ : [ہ - امث] لاش ۔ مردہ جسم ۔
لوتھ پڑنا : [ار - محاورہ] مردہ ہو کر گرنا ۔
لوتھ پوتھ : [ہ - صفت] تھک کر چور ۔ لاش کی طرح ۔
لوتھ ڈالنا : [ار - محاورہ] مار کر گرا دینا ۔ مردہ کر دینا ۔ جان نکالنا ۔ لاش ڈال دینا ۔
لوتھڑا : [ہ - اند] گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو ۔ پارچہ ۔ منجمد خون کا ٹکڑا ۔
لوٹ (بہ واو مجہول) : [ہ - امث] (۱) لڑھکنی ۔ غلیدگی (۲) کروٹ ۔ پہلو (۳) [صفت] عاشق ۔ مفتون ۔ فریفتہ (۴) وہ جگہ جو پرندوں کے لوٹنے کے لئے بنائی جاتی ہے (۵) پہلوانوں کی کشتی کا اکھاڑہ (۶) انگریزی نوٹ کا بگاڑ ۔
لوٹ پوٹ : [ار - صفت] لڑھکتا ہوا ۔ لوٹنیاں کھاتا ہوا (۲) عاشق ۔ مفتون ۔ بے قرار ۔ بے چین (۳) اوپر تلے ۔ الٹ پلٹ ۔
لوٹ پوٹ / پیٹ کر / کے اٹھ کھڑا ہونا : [ار - محاورہ] بیمار ہو کر اچھا ہو جانا ۔
لوٹ پوٹ ہو جانا / ہونا : [ار - محاورہ] (۱) لڑھکنیاں کھانے لگنا ۔ (۲) صاحب فراش ہونا (۳) تڑپ جانا ۔ پھڑک جانا (۴) فریفتہ ہو جانا ۔ (۵) اچانک مر جانا ۔
لوٹ جانا / ہو جانا / ہونا : [ار - محاورہ] (۱) لڑھکنیاں کھانے لگنا ۔ زمین پر لوٹنے لگنا (۲) غش آجانا (۳) مر جانا (۴) عاشق ہو جانا (۵) بے قرار ہو جانا (۶) تڑپ جانا (۷) مکر جانا ۔ انکار کر جانا ۔ پھر جانا ۔ برگشتہ ہو جانا (۸) ازحد خوش ہونا ۔ بہت پسند کرنا (۹) للچانا ۔ ریجھنا ۔ (۱۰) قربان ہونا تصدق ہونا ۔ صدقے ہونا ۔

لوٹ لگانا / مارنا : [ار - محاورہ] (۱) لڑھکنا (۲) کسی چیز کیلئے مچلنا (۳) لیٹ جانا ۔
لُوٹ : [ار - امث] (۱) دوسرے کی ملکیت پر ناجائز قبضہ ۔ زبردستی قبضہ ۔ غارت گری ۔ تاراج ۔ چھینا جھپٹی (۲) ظلم ۔ اندھیر (۳) موج ۔ لہر ۔
لوٹ پر کمر باندھنا : [ار - محاورہ] لوٹ مار کو پیشہ اختیار کرنا ۔
لوٹ پر گرنا : [ار - محاورہ] مال غنیمت پر گرنا ۔
لوٹ پڑنا / مچنا : [ار - محاورہ] لوٹ مار ہونا ۔ غارت گری ہونا ۔ ظلم ہونا ۔ اندھیر مچنا ۔
لُوٹ ڈالنا / مچانا : [ار - محاورہ] زبردستی کرنا ۔ غارت گری کرنا ۔ کھلم کھلا مال مارنا ۔
لُوٹ کا مال : [ار - اند] (۱) مال غنیمت (۲) چوری کا مال (۳) ناجائز حاصل کیا ہوا مال یا سامان (۴) مفت کا مال (۵) نہایت سستا مال ۔
لُوٹ کھانا : [ار - محاورہ] کسی کا مال ہضم کر جانا ۔
لُوٹ کھسوٹ / مار : [ار - امث] غارت گری ۔ ڈاکہ ۔ قزاقی ۔ رہزنی ۔
لُوٹ کے موسل بھی بھلے : [ار - مثل] مفت میں ادنیٰ چیز بھی مل جائے تو غنیمت ہے ۔
لُوٹ لاتے کوٹ کھاتے : [ار - مثل] مفت کا مال حاصل کیا اور مزے اڑاتے ۔
لُوٹ لینا : [ار - محاورہ] (۱) مال چھین لینا (۲) موہ لینا ۔ عاشق کر لینا ۔ (۳) بہت داد و تحسین حاصل کرنا (۴) چوری کر لینا ۔ مال مار لینا ۔ (۵) تباہ و برباد کر دینا ۔
لُوٹ میں پڑنا : [ار - محاورہ] (۱) لٹ جانا (۲) لوٹ میں حصہ لینا ۔
لُوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے : [ار - مثل] مفت میں جو بھی مل جائے وہ ہی اچھا ہے ۔
لوٹا (بہ واو مجہول) : [ار - اند] ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن ۔ آفتابہ ۔ بڑی لٹیا ۔
لوٹا اٹھانا / رکھنا : [ار - محاورہ] ادنیٰ درجہ کی نوکری کرنا ۔
لوٹا چوکی پر نہ رکھواؤں : [ار - مثل] اظہار نفرت کے لئے کہتے ہیں ۔
لوٹا سجی : [ار - امث] ایک قسم کی سفید یا گلابی رنگ کی کھار ۔
لُوٹا لُوٹ : [ہ - امث] (۱) لوٹ مار ۔ قزاقی ۔ رہزنی ۔ غارت گری ۔ (۲) اندھیر ۔ ظلم ۔
لَوٹانا : [ار - مص] (۱) واپس کرنا ۔ پھیرنا (۲) اوپر تلے کرنا ۔ نیچے کا اوپر اور اوپر کا نیچے کرنا ۔
لَوٹتا پھرنا : [ار - محاورہ] تڑپتا پھرنا ۔ زمین پر لڑھکتا پھرنا ۔
لَوٹتیوں کو : [ار - متعلق فعل] واپسی پر ۔
لوٹم لاٹ : [ار - امث] ایک دوسرے کو لوٹنا ۔
لوٹن : [ار - صفت] لوٹنے والا ۔ پھڑکنے والا ۔ تڑپنے والا ۔ قلابازیاں کھانے والا ۔
لوٹن کبوتر : [ار - اند] ایک قسم کا کبوتر جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑ دینے سے وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے جیسا بازیاں کھانے والا کبوتر اس کی دو قسمیں ہیں (۱) قلمی جو ذرا سی ٹھیس لگنے پر لوٹنے لگتا ہے جو ہاتھ میں لینے سے لوٹنے لگتا ہے ۔

لَوٹنا : [ار ۔ معل] واپس ہونا ۔ پلٹنا ۔ رخ بدلنا

لوٹنا (بہ واو مجہول) : [ار ۔ معل] (۱) لوٹنیاں کھانا ۔ زمین پر تڑپنا (۲) مچلنا ۔ بچے کا ضد کرنا (۳) پھڑکنا ۔ بے قرار ہونا ۔ تلملانا (۴) عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا (۵) پاؤں پر گر پڑنا (۶) وجد میں آنا ۔ رقص کرنا (۷) لوٹ پوٹ ہونا (۸) الحد پسند کرنا ۔

لُوٹنا : [ار ۔ معل] (۱) لوٹ کھسوٹ کرنا (۲) غارت کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ زبردستی چھین لینا (۳) عاشق کرنا ۔ شیدا کرنا (۴) مال مارنا ۔ غبن کرنا (۵) حاصل کرنا (مزہ یا لطف کے لئے)

لوٹنی (بہ واو مجہول) : [ار ۔ امث] (۱) قلا بازی ۔ لوٹ کھنی (۲) صاف جواب ۔ بالکل انکار ۔

لوٹنی لینا : [ار ۔ محاورہ] بالکل انکار کرنا ۔ صاف مکر جانا ۔ بے ایمانی کرنا

لوٹنے کی جا ہے : [ار ۔ محاورہ] بڑا لطف ہے ۔ عجب کیفیت ہے ۔ رشک کا موقع ہے ۔ دل چسپ مقام ہے ۔ قربان ہونے کی جگہ ہے

لوٹنیاں کھانا : [ار ۔ محاورہ] قلا بازیاں کھانا ۔ بے قرار ہونا ۔ پھڑکنا ۔

لَوٹھا : [ار ۔ صف] جوان ۔ ہٹا کٹا ۔ موٹا تازہ

لوٹھی : [ار ۔ صف ۔ امث] دیکھئے "لوٹھا" جس کی یہ تانیث ہے

لوٹے ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] نہانا ۔ غسل کرنا ۔ نہا کر پاک ہونا ۔

لوٹے میں نمک ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] عہد کرنا ۔ قسم یا عہد کرنا ۔ پکا اتفاق کرنا (جب لوگ کسی معاملے پر اتفاق یا عہد کرتے ہیں تو پانی سے بھرے ہوئے لوٹے میں ایک کنکری نمک ڈال دیتے ہیں کہ اس عہد کو توڑنے والا نمک کی طرح گھل جائے)

لوث : [ع ۔ امذ] (۱) آلودگی ۔ ملاوٹ (۲) آلودگی (۳) داغ ۔ دھبا ۔ عیب ۔

لوثِ دُنیا : [عف ۔ امث] دنیا کی محبت ۔

لوچ : [ار ۔ امذ] (۱) لچک ۔ لیس (۲) نرمی ۔ ملائمت ۔ نزاکت ۔ لچک ۔

لوچ دار : [ار ۔ صف] لیس دار ۔ ملائم ۔ نازک ۔ لچکدار ۔

لوچ دینا : [ار ۔ محاورہ] آٹے کو گوندھنے کے بعد پانی دے کر مکیاں لگانا تاکہ آٹے میں لیس پیدا ہو جائے ۔

لوچا : [ھ ۔ صف] ڈھیلا ۔ نامرد ۔ بودا ۔

لوچن : [س ۔ امذ] آنکھ ۔ دیدہ ۔ چشم ۔

لَوح : [ع ۔ امث] (۱) لکھنے کی تختی (۲) کتاب کا پہلا صفحہ جس پر کتاب کا نام وغیرہ لکھا ہوتا ہے (۳) کنایۃً لوح محفوظ ۔

لَوح پا : [ع ۔ ف ۔ امث] وہ کاٹھ کا ٹکڑا جس پر جولاہے کپڑا بنتے وقت پاؤں رکھتے ہیں اور ہلاتے جاتے ہیں ۔

لَوحِ پیشانی / جبیں : [ع ۔ ف ۔ امث] پیشانی ۔ ماتھا ۔

لَوحِ تُربَت : [عف ۔ امث] قبر کے سرہانے کا پتھر جس پر مُردے کا نام وغیرہ لکھ کر لگا دیتے ہیں ۔

لَوحِ دِل : [عف ۔ امث] دل ۔

لَوحِ زَبَرجَد : [عف ۔ امث] کنایۃً توریت جو قرآن شریف سے منسوخ ہو گئی ۔

لَوحِ سادہ / پاک : [عف ۔ امث] وہ تختی جس پر کچھ لکھا نہ گیا ہو ۔

لوحِ سیمیں : [عف ۔ امث] (۱) چاندی کی تختی (۲) کنایۃً معشوق کا پیٹ اور پیشانی ۔

لوحِ طِلِسم : [عف ۔ امث] (۱) ایک تختی جس کے متعلق مشہور ہے کہ بانیٔ طلسم اس طلسم کے توڑنے کا طریقہ لکھ کر طلسم کے درمیان رکھ دیتے تھے (۲) بارش کی حقیقت بتانے والی تختی جو زمین کر دیا کرتے ہیں ۔

لَوحِ قبر / مرقد / مزار : [عف ۔ امث] دیکھئے "لوحِ تربت" ۔

لوحِ محفوظ : [ع ۔ امث ۔ بترکیب فارسی] وہ تختی جس پر اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ہونے والی ہر بات لکھ دی ہے ۔ کنایۃً علم الٰہی ۔

لَوحِ مَشق / تعلیم : [عف ۔ امث] تختۂ مشق ۔ وہ تختی جس پر بچے مشق کرتے ہیں ۔ وہ چیز جو کثرت سے استعمال میں آ گئی ہو ۔

لَوحِ نا خواندہ : [عف ۔ صف] ان پڑھ ۔ جاہل ۔

لَوحِ ناخواندہ : [ع ۔ ف ۔ امث] (۱) کنایۃً لوح محفوظ (۲) علم لدنی (۳) غیر مروج کتاب

لَوح نویس : [عف ۔ امذ] کتابوں کے سرورق بنانے والا ۔ نقاش ۔ مصور ۔

لَوح نویسی : [عف ۔ امث] دیکھئے "لوح نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

لَوح و قلم : [عف ۔ امذ] (۱) تختی اور خامہ ۔ خدا کے احکام کی تختی اور قلم (۲) مجازاً قضا و قدر

لَوحَشَ اللہ : [ع ۔ کلمۂ تحسین] "لا اوحش اللہ" کا مخفف ۔ تعظیم و استحسان کے موقع پر بولتے ہیں ۔

لودہ / لودھا : [ھ ۔ امذ] کاشتکاری کرنے والا ایک نو مسلم فرقہ ۔

لودھ / لودھرا : [ھ ۔ امذ] ایک قسم کی بوٹی جو رنگنے کے کام آتی ہے ۔ لودھ درخت کی چھال جو دوا کے طور پر مستعمل ہے ۔

لوڈ : [انگ ۔ امذ] (LOAD) بوجھ ۔ بار ۔ وزن ۔ (افعال آگے)

لوڈو : [انگ ۔ امذ] (LUDO) ایک قسم کا کھیل جس میں پانسا استعمال ہوتا ہے

لَوذ : [ع ۔ امث] پناہ ۔ پناہ گیری ۔

لوذعی : [ع ۔ صف] (۱) حاضر عقل مند ۔ دانا ۔ زود فہم (۲) تیز گفتار ۔ فصیح

لورا : [ھ ۔ امذ] آوارہ مرد

لوری : [ھ ۔ امث] دیکھئے "لورا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

لوری : [ار ۔ امث] ہلکی آواز کے سریلے گیت جو عورتیں بچوں کو سلانے یا بہلانے کے لئے آہستہ آہستہ گاتی ہیں ۔

لوری دینا : [ار ۔ محاورہ] بچے کو سلانے یا بہلانے کے لئے گیت گانا ۔

لوریاں سنانا / دینا : [ار ۔ محاورہ] بچے کو سلانے کے لئے گیت گانا ۔

لوڑ / لوڑھ : [پنجابی ۔ امث] ضرورت ۔ خواہش ۔ حاجت ۔ چاہ ۔

لَوڑا : [ھ ۔ امذ] آلۂ تناسل ۔

لوڑنا : [ار ۔ معل ۔ ق] طلب کرنا ۔ چاہنا ۔ تلاش کرنا ۔

لوڑھنا : [ار ۔ معل] کپاس سے بیج علیحدہ کرنا ۔

لوڑھی : [ھ ۔ امث] ہندوؤں کا ایک تہوار جو ماہ پوس کی انتیس تاریخ کو منایا جاتا ہے اور کالی دیوی کے نام پر تمام رات لکڑیاں جلاتے اور گیت گاتے ہیں ۔

لوٹیا پشت : [ار۔ اند۔ ق] گاؤ تکیہ۔
لوٹ سجنا : [ار۔ مص۔ ق] لازم ہونا۔ فرض ہونا۔
لَوز : [ع۔ اند] (۱) بادام (۲) ایک خشتی وضع کی تراشی ہوئی مٹھائی۔
لَوزات کی گوٹ : [ار۔ امث] ایک قسم کی گوٹ جو محرف تراش کر رضائی پاجامے وغیرہ میں لگاتے ہیں۔
لَوزِیات : [ع۔ امث] دیکھئے "لوز" جس کی یہ جمع ہے (۲) بادام کا حلوا۔
لَوزِینہ : [ف۔ اند] بادام کا حلوا (۲) ایک قسم کی مٹھائی جس میں بادام ڈالتے ہیں۔
لُوس : [ھ۔ امث] داغ کی بو۔ جلن کی بو۔ سالن وغیرہ جل جانے کی بو۔
لُوس نکلنا : [ار۔ محاورہ] سالن وغیرہ میں داغ لگ جانا۔
لُوط [ع۔ اند] ایک مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ ان کی قوم میں لواطت کا رواج تھا۔
لُوطی : [ع۔ اند] لوط پیغمبر کی قوم (۲) بانکا۔ رند (۳) غلام باز
لوفر : [انگ۔ اند] (LOAFER) آوارہ۔ کھلنڈرا۔ وقت ضائع کرنے والا۔
لوک . [س۔ اند] جہان۔ عالم۔ دنیا۔ جو چودہ یا سات لوک بتائے جاتے ہیں جن میں سے تین لوک بہت مشہور ہیں یعنی سورلوک، عالم ارواح۔ مرتولوک یعنی دنیا۔ پاتال لوک یعنی تحت الثریٰ۔
لوک آچار / بیوہار : [ھ۔ اند] ملکی رسوم۔ ملک کا دستور۔
لوک پال . [س۔ صف] جہاں پناہ۔ بادشاہ۔ راجا
لوک سبھا . [ہ۔ امث] (۱) قومی اسمبلی۔ ایوان زیریں (۲) مجلس دستور ساز کا ایوان زیریں۔
لوک کہانی . [ھ۔ امث] عوامی کہانی وہ قصے کہانیاں جو عوام میں مروّج ہیں۔ (انگریزی لفظ FOLK STORY کا ترجمہ)
لوک گیت : [ھ۔ اند] عوام کے گیت۔ عوامی گیت۔ وہ گیت یا گانے جو عوام میں مروج ہیں اور زیادہ تر دیہات میں گائے جاتے ہیں۔ (انگریزی FOLK SONG) کا ترجمہ۔
لوک ناتھ . [س۔ اند] (۱) بادشاہ۔ راجا (۲) شیوجی۔ مہادیو برہما۔ وشنو۔
لوک ناچ [ھ۔ اند] عوام کے قدیم ناچ جو کسی رسم یا تیوہار سے تعلق رکھتے ہیں (انگریزی لفظ FOLK DANCE کا ترجمہ)
لُوکا : [ھ۔ اند] (۱) لاٹ۔ لَو۔ لپٹ آگ کا شعلہ (۲) جلتی ہوئی لکڑی
لوکا لگانا : [ار۔ محاورہ] (۱) آگ لگانا۔ جھلسانا۔ جلانا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۳) چغلی کھانا (۴) کسی کو شرمندہ کرنا (۵) ناس کرنا۔ خراب کرنا
لوکا لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لوکا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
لوکاٹ : [ھ۔ اند] ایک کھٹمٹھا زرد رنگ کا مشہور میوہ
لوکارِتھم : [ع۔ اند] ایک قسم کا حساب جو حساب کے پھیلاؤ کو بہت مختصر کر دیتا ہے۔
لوکڑا : [ھ۔ اند] لڑکا۔ طفل۔ وہ لڑکا جو کسی مندر میں کسی دیوی کی خدمت پر مامور ہو۔
لوکل : [انگ۔ صف] (LOCAL) مقامی کسی خاص مقام سے متعلق۔

لوکل سیلف گورنمنٹ : [انگ۔ امث] (LOCAL SELF GOVERNMENT) مقامی حکومت خود اختیاری۔ ڈسٹرکٹ بورڈ وغیرہ۔
لوکنا . [ار۔ مص] بجلی چمکنا۔
لوکھڑی . [ھ۔ امث] لومڑی
لوکی . [ھ۔ امث] کدو۔ لمبا گھیا
لوگ . [ار۔ اند] بنی نوع انسان۔ بہت سے آدمی۔ اشخاص خلقت
لوگ باگ . [ار۔ اند] عوام۔ عام لوگ۔
لوگ لگائی . [ھ۔ اند] زن و مرد۔ مرد عورت
لوگ ہنسائی [ھ۔ امث] رسوائی۔ بدنامی۔ جگت ہنسائی۔
لول (بہ واو مجہول) : [ف۔ صف] (۱) بے شرم۔ بے حیا (۲) مست، بے حیائی۔ بے شرمی (۳) لوٹنے کی تو تی
لولا (بہ واو مجہول) [ھ۔ اند] (۱) گھنٹیوں کے اندر کا لٹکن (۲) کان کا ایک زیور
لُولا [ھ۔ صف] وہ جس کے ہاتھ پیر نہ ہوں۔ پیروں سے اپاہج۔ ہاتھ سے ٹنڈا اور لنگڑا۔
لولاسن [ھ۔ امث] پھولوں کی چھڑیاں جو سالیاں دولہا کو اس روز مارتی ہیں جب وہ پہلی بار زنانہ مکان میں جاتا ہے۔
لُولُو [ع۔ اند] موتی۔ گوہر۔ مروارید
لُولُو [ھ۔ اند] (۱) بچوں کو ڈرانے کی مہیب آواز۔ مجازاً جن۔ بھوت (۲) (صف) احمق۔ بیوقوف [استعمال سابا]
لولی [ف۔ امث] (۱) کنچنی رنڈی ناچنے گانے والی۔ ڈومنی (۲) (صف) لول سے منسوب
لُولی فلک / گردوں / چرخ [ف۔ امث] زہرہ۔ ایک مشہور ستارہ
لُولین . [ھ۔ صف] محو مستغرق۔ کسی خیال میں ڈوبا ہوا۔
لومڑی [ھ۔ امث] روباہ۔ بلی کے قد کے برابر ایک جنگلی جانور (۲) کنایۃً عیار۔ مکار۔ فریبی۔
لومڑی کے شکار کو جائیے تو شیر کا سامان کر لیجئے : [ار۔ مثل] معمولی سے کام کے لئے بھی کافی انتظام
لَومَہ [ع۔ امث] ملامت۔ رسوائی۔
لَون : [ع۔ اند] (۱) رنگ (۲) چہرے کی رنگت۔ زردی۔ سرخی۔ سفیدی۔
لون : [ھ۔ اند] نمک۔ کھار۔ نون۔
لون چھڑکنا [ار۔ محاورہ] زخم پر نمک چھڑکنا۔ تکلیف بڑھانا۔
لُون مرچ آنکھوں میں بھرنا [ار۔ محاورہ] تکلیف دینا۔ اندھا کرنا۔
لون مرچ لگانا [ار۔ محاورہ] بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ حاشیہ چڑھانا۔
لُون مرچ لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لون مرچ لگانا" جس کا یہ لازم ہے
لونا . [ھ۔ صف] (۱) سلونا۔ نمکین (۲) کھاری۔ شور۔ کڑوا (۳) (امذ) وہ کھار جو دیواروں یا زمین میں پیدا ہوتا ہے۔
لُونار : [ھ۔ اند] (۱) شور لگی زمین۔ وہ زمین جس میں کھار ہو (۲) وہ جگہ جہاں نمک بنایا جاتا ہے۔
لُونٹ [ار۔ امث۔ ق] لومڑی
لُونبَڑ [ھ۔ صف] (۱) لمبا طویل القامت (۲) احمق۔ بیوقوف۔
لونجی [ار۔ امث] کچے آموں کی پھانکوں کا اچار
لَوند : [ھ۔ اند] وہ مہینہ جو ہر تیسرے برس قمری سنہ میں بڑھایا جاتا ہے تاکہ

قمری اور شمسی سنہ برابر ہو جائیں (۲) فضول ۔ زیادہ ۔ فالتو ۔ زائد ۔

لَونْد : [ھ ۔ امذ] (۱) ڈلا ۔ ڈھیلا (۲) گندھی ہوئی مٹی (۳) گگری (۴) مٹی یا گارے کی وہ مقدار جو دونوں ہاتھوں میں اٹھائی جاسکے ۔

لَونڈا : [ھ ۔ امذ] (۱) لڑکا ۔ چھوکرا ۔ وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو (۲) بیٹا ۔ (۳) غلام (۴) کام کاج کرنے والا لڑکا (۵) یار ۔ مفعول ۔ بدفعلی کرانے والا لڑکا (۶) کنایۃً نادان اور ناتجربہ کار (۷) سفلہ ۔ چھچھورا ۔

لَونڈاپن : [ھ ۔ امذ] چھچھوراپن ۔ سفلہ پن ۔ لڑکپن ۔ چھچھورا ۔

لَونڈر : [انگ ۔ امذ] (LAVENDER) (۱) ایک خوشبودار گھاس ۔ (۲) ایک قسم کا انگریزی عطر ۔

لَونڈوں کھدیری/کھیری : [ھ ۔ امث] زن بد ۔ وہ عورت جو نوجوانوں کی تلاش میں رہے ۔

لَونڈوں ہائی : [ھ ۔ صف ۔ مث] لڑکوں سے رغبت رکھنے والی عورت لڑکوں سے محبت رکھنے والی عورت ۔

لَونڈھائی : [ار ۔ صف ۔ مث] لونڈوں سے متعلق ۔ بچوں کی سی ۔ بچوں سے محبت رکھنے والی عورت ۔

لَونڈھایا : [ار ۔ صف ۔ مذ] بچوں کا سا ۔ وہ شخص جو بچوں سے محبت رکھتا ہو ۔

لَونڈھایا کارخانہ : [ار ۔ امذ] بچوں کا سا کھیل ۔ وہ کام جس میں ابتری اور بدنظمی پائی جائے ۔

لَونڈی : [ار ۔ امث] (۱) کنیز ۔ باندی (۲) خدمت کرنے والی عورت ۔ خادمہ ۔ (۳) احسان مند (۴) مطیع ۔ فرمانبردار ۔

لَونڈی اوروں کے پیر دھوتے اپنے پیر دھوتی لجاتے : [ار ۔ مثل] اوروں کا کام کرنا مگر اپنے کام سے شرمانا ۔

لَونڈی بچہ : [ار ۔ امذ] وہ شخص جو لونڈی کے پیٹ سے ہو ۔

لَونڈی کا جنا : [ار ۔ امذ] دیکھئے "لونڈی بچہ"

لَونڈی کو لونڈی کہا رو دی / بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی : [ار ۔ مثل] شریف کا حوصلہ زیادہ ہوتا ہے رذیل کا بہت کم ۔

لَونڈی کی جنی : [ار ۔ امث] دیکھئے "لونڈی کا جنا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

لَونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس : [ار ۔ مثل] نوکروں اور خادموں کو خوش رکھنے سے آقا بھی خوش رہتا ہے ۔

لَونڈی ہو کر کمانا بیوی ہو کر کھانا : [ار ۔ مثل] محنت سے شرم نہ کرنے والا امیرانہ زندگی بسر کرتا ہے ۔

لَونڈے باز : [ار ۔ صف] اغلام کرنے والا ۔

لَونڈے بازی : [ار ۔ امث] اغلام ۔ لواطت ۔

لَونڈے لاڑیے : [ار ۔ امذ] ناتجربہ کار بچے ۔

لَونڈے لپاڑیے : [ار ۔ امذ] گپی چھوکرے ۔

لَونڈیا : [ار ۔ امث] لونڈی کی تصغیر ۔ چھوکری ۔ لڑکی ۔ بیٹی ۔

لَونگ : [ار ۔ امث] (۱) ایک خوشبودار درخت کی کلی جو نہایت تیز اور خوشبودار ہوتی ہے ۔ قرنفل (۲) ناک کا ایک زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے ۔

لَونگ چڑے / لَونچڑے : [ار ۔ امذ] ایک طرح کے بیسن ملے کباب ۔ بیسن کی پھلکیاں ۔

لُونی : [ار ۔ امث] دیکھئے "لونا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

لُونی جھڑنا : [ار ۔ محاورہ] دیوار سے شور جھڑنا ۔ گرنا ۔

لُونی لگنا : [ار ۔ محاورہ] دیوار کو شور لگ جانا ۔

لُونیا : [ار ۔ امذ] (۱) ایک قسم کا ساگ جو نمکین اور ترش ہوتا ہے (۲) نمک بنانے والا (۳) نمک فروش ۔ نمک کا سوداگر ۔

لوہ : [ار ۔ امذ] لوہا ۔ آہن ۔

لوہ چون : [ار ۔ امذ] لوہے کا چورا ۔ برادۂ آہن ۔

لوہ سار : [ار ۔ امث] لوہے کی دکان ۔

لوہا : [ار ۔ امذ] (۱) ایک سخت دھات کا نام جو بہت مضبوط ہوتی ہے اور بہت سی چیزیں بنانے کے کام آتی ہے ۔ آہن (۲) کنایۃً مضبوط سخت ۔ بھاری (۳) تلوار ۔

لوہا بجانا : [ار ۔ محاورہ] تیغ زنی کرنا ۔ تلواروں سے لڑنا ۔

لوہا برسنا : [ار ۔ محاورہ] تلوار چلنا کشت و خون ہونا ۔ جنگ ہونا

لوہا تیز ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دھار ہو جانا (۲) قابو چلنا ۔ زور چلنا (۳) خفا ہونا بگڑنا ۔ غالب ہونا (۴) گرمی ہونا ۔

لوہا جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے : [ار ۔ مثل] اپنے معاملہ کو فریقین ہی اچھی طرح جانتے ہیں دوسرے کو کیا خبر ۔

لوہا دینا/کرنا : [ار ۔ محاورہ] استری گرم کرکے کپڑے پر پھیرنا تاکہ شکن دور ہو جائیں ۔

لوہا لاٹ / لاٹھ : [ار ۔ صف] (۱) بہت مضبوط ۔ سخت (۲) مستحکم (۳) مشکل قافیہ اور ردیف کے اشعار ۔

لوہا لاٹھ ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] نہایت سخت اور مضبوط ہو جانا ۔

لوہا لوٹ جانا / لوٹنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) تلوار کا ٹیڑھا پڑنا (۲) وار خالی جانا (۳) تلوار کا دوہرا ہو کر کچھ کاٹ نہ کرنا (۴) کام بگڑ جانا ۔ قسمت خراب ہو جانا ۔

لوہا مان جانا / ماننا : [ار ۔ محاورہ] (۱) کسی کی دلیری ۔ شجاعت یا سنگدلی یا استادی کا قائل ہونا (۲) کسی کو اپنے سے بڑا ماننا (۳) مرعوب ہونا ۔

لوہار : [ار ۔ صف] لوہے کی چیزیں بنانے والا ۔ آہن گر ۔

لوہار خانہ : [ار ۔ امذ] وہ جگہ جہاں بہت سے لوہار کام کرتے ہوں ۔

لوہار خانے میں سوئیاں بیچنا : [ار ۔ محاورہ] الٹا کام کرنا ۔ بے قدری کرنا ۔ بیوقوفی کا کام کرنا ۔

لوہارن / لوہارنی / لوہاری : [ار ۔ امث] دیکھئے "لوہار" جس کی یہ تانیث ہے ۔

لوہڑی : [ہ ۔ امث] دیکھئے "لوڑھی"

لوہو : [ار ۔ امذ] دیکھئے "لہو" جس کی یہ قدیم صورت ہے ۔

لوہے ٹھنڈے ہو گئے : [ار ۔ محاورہ] حوصلے پست ہو گئے ۔ امنگ جاتی رہی ۔

لوہے کا پانی : [ار ۔ امذ] تلوار کی آب ۔

لوہے کا دل : [ار ۔ امذ] نڈر ۔ سخت دل ۔

لوہے کا کوٹنا : [ار ۔ محاورہ] لوہے پر ہتھوڑے سے ضرب لگانا ۔

لوہے کی چھاتی : [ار۔ امث] (۱) سخت دل۔ عالی ظرفی۔
لوہے کی چھاتی کر لینا : [ار۔ محاورہ] پتھر کا جگر کر لینا۔ دل سخت کر لینا (۲) مصیبت جھیلنے کا خوگر ہو جانا۔
لوہے کے چنوں سے پلنا : [ار۔ محاورہ] مصیبت کی حالت میں زندگی بسر کرنا۔
لوہے کے چنے : [ار۔ امذ] سخت اور مشکل کام۔
لوہے کے چنے چبانا : [ار۔ محاورہ] سخت اور مشکل کام کرنا۔
لوہے کے چنے چبوانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لوہے کے چنے چبانا" جس کا یہ متعدی ہے۔ واللہ
لوہے کے گھاٹ اُتارنا : [ار۔ محاورہ] (۱) قتل کرنا (۲) ناامید کرنا۔ مایوس کرنا۔
لوہے لگے : [ار۔ محاورہ] مشکلیں پیش آئیں۔ تکلیفیں اٹھائیں۔
لوہے میں ڈوبا ہونا : [ار۔ محاورہ] پوری طرح مسلح ہونا
لوہیا : [ار۔ صف] لوہے کی چیزیں بیچنے والا۔
لوئر : [انگ۔ صف] LOWER (۱) چھوٹا۔ ادنیٰ۔ کمتر (۲) ماتحت (۳) ابتدائی۔
لوئی : [ار۔ امث] (۱) اونی چادر (۲) گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا (۳) عزت کا لباس۔
لوے : [ار۔ متعلق فعل] قریب۔ نزدیک۔ پاس۔
لوے لگنا : [ار۔ محاورہ] (۱) پاس آنا۔ قریب آنا (۲) یقین ہونا۔ اعتبار ہونا۔
لویں پھرنا : [ار۔ محاورہ] نزع کی حالت میں کان کی لویں پھر جانا۔

ل ۔ ہ

لِہار : [ار۔ امذ۔ ق] نشہ۔ لہر۔
لُہار : [ار۔ امذ] دیکھئے "لوہار" مع مرکبات۔
لِہاڑا : [ار۔ صف] لین دین کا کھوٹا۔ لیکر نہ دینے والا۔
لَہاس : [ہ۔ امذ] (۱) موٹا رسا۔ جہاز کا رسا (۲) بڑا ٹوکرا۔
لَہاسی : [ہ۔ امث] کشتی کھینچنے کی چھوٹی رسّی۔
لُہان : [ار۔ صف] خون آلودہ۔ لہو سے لتھڑا ہوا۔ (لہو کے ساتھ مستعمل ہے جیسے لہولہان)
لَہاو : [ہ۔ امذ] چوچلے۔ نخرے [افعال: کرنا]
لَہبَر : [ہ۔ امذ] (۱) لبادہ۔ جُبّہ۔ چغہ (۲) ایک قسم کا لمبی گردن والا طوطا۔ (۳) چھڑ۔ نیزہ۔ علم۔ جھنڈا۔ نشان۔
لَہٹنا : [ار۔ مص] طبیعت کا مائل ہونا۔
لَہجَہ : [ع۔ امذ] (۱) الفاظ کی آواز۔ تلفظ کلام (۲) زبان۔ محاورہ۔ بول چال۔ (۳) طرز کلام (۴) انداز گفتگو (۵) لَے۔ سُر۔
لہجہ اُتارنا : [ار۔ محاورہ] لہجہ کی نقل کرنا۔
لہچون : [ہ۔ امذ] دیکھئے "لوہ چون"
لِہٰذا : [ع۔ متعلق فعل] اسی واسطے۔ اسی لئے۔ پس۔ الحاصل۔ الغرض۔
لَہر : [ار۔ امث] (۱) پانی کی موج۔ تلاطم۔ جوار بھاٹا (۲) امنگ۔ ترنگ (۳) وجد۔ حال (۴) واہمہ۔ خیال (۵) دیوانگی۔ سودا۔ خبط۔ جنون (۶) کسی مرض یا زہر وغیرہ کا دورہ (۷) سوزش۔ جلن۔ تیزی۔ ٹیس۔ چبک (۸) خواہش جماع۔ خرمستی (۹) کشیدہ کی دھاری۔ بیل (۱۰) ہرے پودوں کی جنبش لہلہاہٹ (۱۱) دھیان۔ کسی کی یاد یا خیال کا دل میں آنا۔
لہر آنا : [ار۔ محاورہ] (۱) موج آنا۔ تلاطم ہونا (۲) تصور باندھنا۔ خیال آنا (۳) شوق پیدا ہونا (۴) زہر کے اثر سے پیچ و تاب کھانا۔
لہر اُٹھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) موج کا اونچا ہونا۔ ترنگ آنا (۲) جوش اٹھنا۔ شوق پیدا ہونا (۳) ارادہ ہونا۔ خیال پیدا ہونا (۴) ٹیس اٹھنا۔
لہر بہر : [ار۔ امث] خوشحالی۔ خوش اقبالی۔ آسودگی۔ چہل پہل۔ کسی چیز کی افراط۔ [افعال: ہونا]
لہر چڑھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) پانی کا زور پر ہونا (۲) زہر کا اثر کرنا۔
لہر چھوٹنا : [ار۔ محاورہ] مستی چھوٹنا۔ جماع کو جی چاہنا۔
لہر لینا : [ار۔ محاورہ] سانپ یا کتے کے کاٹے کا زہر کے اثر سے اعضا کو ہلانا۔
لَہرا : [ار۔ امذ] (۱) چلتی ہوئی لے۔ طبیعت میں لہر پیدا کرنے والی آواز یا سُر۔ سارنگی کی ایک گت (۲) سُر۔ آواز۔ لَے۔ ترانہ۔ نغمہ۔ (۳) کنایۃً جوتیاں مارنا۔ تڑاتڑ مارنا۔
لہرا اُڑانا : [ار۔ محاورہ] (۱) تان اڑانا۔ سُر نکالنا (۲) متواتر جوتیاں لگانا۔
لہرا بجانا : [ار۔ محاورہ] سارنگی بجانا۔ جوش انگیز سُر نکالنا۔
لہرا لگانا : [ار۔ محاورہ] اکسانا۔ آمادہ کرنا۔
لہرا لینا : [ار۔ محاورہ] (۱) آڑے ہاتھوں لینا (۲) ذلیل کرنا۔ (۳) مزے لینا۔ لطف اٹھانا۔
لہرانا : [ار۔ مص] (۱) موج مارنا۔ پانی کا لہریں لینا (۲) لہلہانا۔ ہلنا۔ جنبش کرنا (۳) اڑنا۔ (۴) فراٹے بھرنا (۵) للچانا۔ مائل ہونا۔ (۶) سانپ کا چلنا۔
لَہری : [ار۔ صف] (۱) ترنگی۔ ۔ ۔ بے پروا۔ دل چلا۔ خودسر۔ زندہ دل۔ ظریف۔ ٹھٹھول۔ خوش مزاج　۔ ۔ ۔ عالو۔
لَہریا : [ار۔ صف] (۱) لہردار۔ دھاری دار (۲) (مذ) ایک قسم کا کپڑا جس میں آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں۔
لہریں گننا : [ار۔ محاورہ] وقت ضائع کرنا۔ بیکار رہنا۔ تضیع اوقات کرنا۔
لہریں لینا : [ار۔ محاورہ] (۱) لہرانا۔ جھومنا۔ ہلنا (۲) دریا کا موجیں مارنا۔
لَہسَن : [ار۔ امذ] پیاز سے مشابہ ایک ترکاری جو ہنڈیا میں بطور مصالحہ استعمال ہوتی ہے۔
لَہسُنیا : [ار۔ صف] لہسن کے رنگ سے مشابہ۔ ایک بیش قیمت جواہر۔
لَہک : [ار۔ امث] (۱) شعلہ۔ لاٹ (۲) لہلہاہٹ۔ بہار۔ جوبن (۳) چمک (۴) خوشبو جو ہوا کے ساتھ پھیلے۔
لہک کر بولنا : [ار۔ محاورہ] زور سے بولنا۔ بیباکانہ بولنا۔
لہک لہک کر / کے : [ار۔ متعلق فعل] جھوم جھوم کر۔ خوش ہو کر۔ اُمنگ کے ساتھ۔
لَہکارنا : [ار۔ مص] چمکارنا۔ تھپکی دینا۔ اُکسانا (گھوڑے وغیرہ کو)۔

لہکانا : [ار۔مص ۱] (۱) بھڑکانا۔ اکسانا۔ ابھارنا (۲) آگ سلگانا۔ آگ دہکانا (۳) چمکانا۔ اُجلوانا۔ صیقل کرانا (۴) آواز لگوانا (۵) کسی پرندکو بُلوانا۔

لہکنا : [ار۔مص ل] (۱) چہکنا۔ چہچہانا۔ نغمہ سرا ہونا (۲) بھڑکنا۔ جلنا۔ دہکنا۔ مشتعل ہونا۔ (آگ کا) (۳) لہلہانا۔ لہرانا (۴) چمکنا۔ روشن ہونا۔

لہلوٹ .[ار۔صف] (۱) بےقرار۔ بےتاب (۲) وہ شخص جو دوسروں کی چیزوں کو دیکھ کر بیقرار ہوجاتے اور اُسے ہر ممکن طریقے سے حاصل کرنا چاہتے۔

لہلہا : [ار۔صف] تروتازہ۔ شاداب۔

لہلہاتا : [ار۔صف] ہرابھرا۔ تروتازہ۔ لچکتا ہوا۔ جنبش کرتا ہوا۔

لہلہانا : [ار۔مص ل] (۱) جھومنا۔ ہواسے ہلنا (سرسبز کھیت وغیرہ) (۲) تروتازہ ہونا۔ پھولنا۔ پھلنا۔

لہلہاہٹ :[ار۔امث] (۱) کھیت کے ہوا سے ہلنے کی کیفیت (۲) سرسبزی۔ شادابی۔

لہن : [ار۔اند] وہ اجزا جنہیں خمیر کرکے شراب کھینچتے ہیں۔

لہنا : [ھ۔اند] (۱) قسمت۔ نصیب۔ حاصل (۲) نفع۔ فائدہ۔

لہنا بہنا : [ھ۔اند] (۱) قسمت کا ساجھا (۲) حاصل حصول (۳) نصیب۔

لہنگا : [ھ۔اند] عورتوں کا غرارہ۔ گھگرا۔

لہنگا پہننا : [ار۔محاورہ] (۱) زنانہ لباس پہننا (۲) عورت کا بھیس بدلنا۔ (۳) کنایۃً چوڑیاں پہننا۔ عورت بن جانا۔

لہو / لُہو : [ار۔امذ] (۱) خون۔ دم۔ ایک خلط (۲) اپنایگانہ۔ ایک باپ داداکی اولاد (۳) کنایۃً بہت سُرخ۔

لہو آنا : [ار۔محاورہ] (۱) خون کے دست آنا (۲) خون نکلنا۔

لہو اترنا : [ار۔محاورہ] خون جمع ہوجانا۔ غصّے کی وجہ سے آنکھیں سُرخ ہوجانا۔ سخت غصہ آنا۔

لہو اُگلنا : [ار۔محاورہ] خون تھوکنا۔

لہو اُونٹنا : [ار۔محاورہ] غم وغصہ کے سبب خون جوش میں آنا۔

لہو برسنا : [ار۔محاورہ] (۱) خونریزی ہونا۔ غصّے کی حالت میں آنکھیں سرخ ہوجانا۔

لہو بگڑنا : [ار۔محاورہ] (۱) خون میں فساد آجانا (۲) کوڑھ ہوجانا (۳) آتشک ہوجانا

لہو بن کے دوڑنا : [ار۔محاورہ] رگ وپے میں سرایت کرجانا۔

لہو بولنا : [ار۔محاورہ] قتل کا ثبوت ہونا۔ خون کا ثبوت ہونا۔

لہو بہانا : [ار۔محاورہ] خون نکالنا۔ جان سے مارڈالنا۔ قتل کرنا۔ جان دینا۔ ہلاک ہونا۔ قتل وخونریزی کرنا۔

لہو بھرا : [ار۔صف] خون میں آلودہ۔

لہو بھری : [ار۔امث] دیکھئے "لہو بھرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

لہو پانی / پسینہ ایک کرنا : [ار۔محاورہ] (۱) کسی کام میں سخت محنت کرنا (۲) بے حد رنج اٹھانا۔ اپنے آپ کو بے حد تکلیف دینا (۳) ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ غصہ کرنا (۴) کسی کو سخت تکلیف دینا۔

لہو پانی / پسینہ ایک ہونا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "لہو پانی / پسینہ ایک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لہو پانی کرنا : [ار۔محاورہ] (۱) رنج وغصہ میں مبتلا کرنا (۲) بہت رنج اٹھانا (۳) بہت محنت مشقت کرنا۔

لہو پانی ہونا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "لہو پانی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

لہو پی کر / کے رہ جانا : [ار۔محاورہ] ضبط کرنا۔ غصہ روکنا جی ہی جی میں جلنا۔

لہو پی لینا : [ار۔محاورہ] قتل کرنا۔

لہو پینا . [ار۔محاورہ] (۱) خون پینا۔ خون چوسنا (۲) تکلیف دینا۔ نہایت دق کرنا (۳) قتل کرنا۔ جان لینا۔

لہو پیتو : [ار۔صف۔ق] لہو پینے والا۔

لہو پیتے [ار۔کلمہ قسم] کسی کو قسم دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ اگر ایسا کرے تو میرا لہو پیتے۔

لہو ترنگ [ار۔اند] ایسا نغمہ جس میں خون دل شامل ہو۔

لہو تھوکنا :[ار۔محاورہ] (۱) خون کی قے کرنا۔ پھیپھڑے میں زخم کی وجہ سے منہ سے لہو آنے لگنا (۲) تپ دق کا مریض ہونا۔

لہو ٹپکنا . [ار۔محاورہ] (۱) لہو گرنا۔ لہو بہنا (۲) نہایت سرخ وسفید ہو (۳) جلدی امراض کے سبب جسم سے خون بہنا۔ کوڑھ ہوجانا۔ (۴) غصّے سے آنکھیں سرخ ہوجانا۔

لہو جوش کھانا . [ار۔محاورہ] خون کا جوش میں آنا۔

لہو چاٹنا :[ار۔محاورہ] (۱) لہو کا مزہ لینا (۲) تلوار یا خنجر وغیرہ سے قتل کرنا۔

لہو چٹانا [ار۔محاورہ] دیکھئے "لہو چاٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

لہو چڑھنا . [ار۔محاورہ] قاتل کی حرکات سے قتل کا اثر ظاہر ہونا۔

لہو چونا . [ار۔محاورہ] دیکھئے "لہو ٹپکنا"

لہو چھوٹنا . [ار۔محاورہ] خون کا دھبہ دور ہونا۔

لہو خشک ہوجانا / ہونا ، [ار۔محاورہ] (۱) خون سوکھ جانا (۲) غم یا خوف سے جسم میں خون نہ رہنا (۳) خون کی حرکت بند ہوجانا (۴) سخت صدمہ اٹھانا۔

لہو دینا : [ار۔محاورہ] (۱) خون نکلنا۔ فصد کھولتے وقت رگ سے خون نکلنا (۲) لہو گرا

لہو رُلانا :[ار۔محاورہ] دیکھئے "لہو رونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

لہو رونا :[ار۔محاورہ] (۱) آنکھوں سے آنسوؤں کے بجائے خون نکلنا (۲) بہت رونا۔

لہو سر پہ پکارنا . [ار۔محاورہ] قاتل کا ایسی حرکتیں کرنا جس سے قتل ثابت ہوجائے۔

لہو سفید ہوجانا / ہونا . [ار۔محاورہ] محبت نہ رہنا۔ مروت رہنا۔ رحم نہ رہنا۔

لہو سوکھ جانا / سوکھنا . [ار۔محاورہ] دیکھئے "لہو خشک ہوجانا"

لہو سیروں بڑھ جانا :[ار۔محاورہ] کسی خوشی کے سبب لہو بڑھ جانا۔

لہو کا بگاڑ : [ار۔اند] خون کا فساد۔

لہو کا پکارنا :[ار۔محاورہ] دیکھئے "لہو سر پہ پکارنا"

لہو کا پیاسا .[ار۔صف] جانی دشمن۔ جان کا لاگو۔

لہو کا جوش : [ار۔اند] مامتا۔ مادری محبت۔ پدری محبت ایک خون ہونے کی محبت۔

لہو کا گھونٹ پی کے رہ جانا : [ار۔محاورہ] غم وغصہ ضبط کرنا۔

لہو کا مینہ برسنا: [ار - محاورہ] کثرت سے خونریزی ہونا ۔

لہو کا ہلکا: [ار - اند] (۱) لطیف اور صاف خون والا - وہ شخص جس کا خون جلد اثر کرے یا قبول کرے (۲) نہایت نرم دل (۳) وہ شخص جو کسی کا صدمہ یا خون دیکھ کر غش کھا جاتے ۔

لہو کٹنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "لہو آنا"

لہو کرنا: [ار - محاورہ] (۱) خون میں ڈبونا (۲) دکھ دینا - عیش تلخ کرنا ۔

لہو کم ہونا: [ار - محاورہ] لاغر اور خشک ہونا ۔

لہو کی چھینٹ تک کہیں نہیں: [ار - محاورہ] چہرہ پر سُرخی کا نشان تک نہیں - رنگت سفید ہو گئی ہے ۔

لہو کی دھار چھوٹنا: [ار - محاورہ] لہو کا دھار باندھ کر نکلنا ۔

لہو کی قسم دینا: [ار - محاورہ] لہو کا واسطہ دے کر قسم لینا ۔

لہو کی ندیاں بہانا: [ار - محاورہ] بہت خونریزی کرنا ۔

لہو کی ندیاں بہہ جانا: [ار - محاورہ] دیکھئے "لہو کی ندیاں بہانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لہو کے گھونٹ: [ار - اند] رنج و صدمہ کا ضبط و تحمل ۔

لہو کے (سے) گھونٹ پینا [ار - محاورہ] غم کھانا - سخت تکلیف یا صدمہ اٹھانا برداشت کرنا - غصہ ضبط کرنا ۔

لہو کے گھونٹ گھونٹنا: [ار - محاورہ] سخت مصیبت برداشت کرنا - غصہ ضبط کرنا ۔

لہو گرانا: [ار - محاورہ] خون بہانا ۔

لہو گرنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "لہو گرانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا / شامل ہونا / ملنا: [ار - محاورہ] (۱) ذرا سا کام کر کے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا (۲) کسی کی صحبت میں مل جانا - دوسرے کی وضع اختیار کرنا ۔

لہو لہان: [ار - صفت] خون میں لتھڑا - خون آلود - خون سے بھرا ہوا زخمی - [افعال: کرنا - ہونا]

لہو لینا / نکالنا: [ار - محاورہ] خون لینا - فصد کھولنا - فصد کھلوانا ۔

لہو ملنا: [ار - محاورہ] میل جول ہونا - بہت اتحاد ہونا ۔

لہو منہ سے ڈالنا: [ار - محاورہ] خون کی قے کرنا ۔

لہو موتنا: [ار - محاورہ] پیشاب کے راستے خون آنا - خون کا پیشاب کرنا ۔

لہو میں لال ہونا: [ار - محاورہ] قتل ہونا - شہید ہونا ۔

لہو میں نہانا: [ار - محاورہ] بہت زخمی ہونا

لہو میں ہاتھ رنگنا: [ار - محاورہ] (۱) قتل کرنا - ذبح کرنا (۲) کسی کے خون سے اپنے ہاتھ رنگین کرنا ۔

لہو نکلنا: [ار - محاورہ] زخم وغیرہ سے خون خارج ہونا ۔

لہو ہلکا ہونا: [ار - محاورہ] صدمہ برداشت نہ کر سکنا ۔

لَہو: [ع - اند] کھیل - بازی ۔

لَہو و لعب: [ع - اند - بترکیب فارسی] کھیل کود - سیر تماشا - عیش و نشاط - تفریح - ہنسی مذاق ۔

لہوا: [ار - اند - ق] لوہا - تلوار ۔

لہو اچھالنا / چبانا: [ار - محاورہ] بہادری دکھانا ۔

لہوار: [ار - اند - ق] لوہار ۔

لہینڈی: [ار - امث] ڈکری کے ذریعے نیچی جگہ سے اونچی جگہ کھیت وغیرہ میں پانی دینا یا پہنچانا ۔

ل - ی

لئی: [ار - امث] دیکھئے "لیہی / لیئی"

لئی: [ار - صفت - ق] بہت ۔

لئے: [ار - متعلق فعل] واسطے - اس غرض سے ۔

لئے بیٹھنا: [ار - محاورہ] ضد کرنا ۔

لئے پڑا ہونا: [ار - محاورہ] (۱) ساتھ لئے ہوئے ہونا (۲) بیماری میں مبتلا ہو کر صاحب فراش ہونا ۔

لئے پھرنا: [ار - محاورہ] (۱) بار بار ذکر کرنا - بار بار کہنا (۲) ساتھ لے کر پھرنا ۔

لئے جانا: [ار - محاورہ] کسی کو ساتھ لے کر کہیں جانا ۔

لئے رہنا: [ار - محاورہ] خود داری دکھانا ۔

لئے مرنا: [ار - محاورہ] الزام دینا ۔

لئے ہونا: [ار - محاورہ] خود داری قائم رکھنا ۔

لئیق: [ار - صفت] لائق - قابل ۔

لئیم: [ع - صفت] وہ کنجوس جو نہ خود کھائے اور نہ دوسرے کو کھانے دے - کمینہ - سفلہ ۔

لئیم الطبع: [ع - صفت] وہ شخص جس کی طبیعت میں کنجوسی اور فسق ہو ۔

ل - ے

لے: [ار - امث] (۱) سُر - آواز - آہنگ - لحن - لہجہ (۲) شوق - آرزو - تمنا (۳) دھن - رٹ (۴) تسلسل - سلسلہ (۵) گانے کی رفتار جس کا تعین تال سے ہوتا ہے ۔

لے بڑھنا / پڑنا: [ار - محاورہ] عادت پڑ جانا - چسکا پڑ جانا ۔

لے بھول جانا: [ار - محاورہ] عادت بھول جانا ۔

لے چھانا: [ار - محاورہ] آواز کا گونج جانا - کسی مقام میں کیفیت طاری ہونا ۔

لے لگنا: [ار - محاورہ] ہر وقت ایک ہی چیز کا خیال رہنا ۔

لے لینا: [ار - محاورہ] گانا شروع کرنا - الاپنا ۔

لے میں ڈوبی ہوئی آواز: [ار - امث] وہ آواز جو اصول موسیقی کے مطابق ہو ۔

لے (بہ واو مجہول): [ار - فعل] لینا مصدر سے امر کا صیغہ (۱) پکڑ - گرفت کر (۲) سنبھال - قابو کر (۳) (حرف ندا و حیرت) سن - جان - متوجہ ہو - آگاہ ہو - دیکھ (۴) (متعلق فعل) لے کر - ساتھ لے کر (مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے - جیسے لے بھاگنا - لے آنا ۔

لے آنا: [ار - محاورہ] کوئی چیز اٹھا لانا (۲) جا کر کسی کو ہمراہ لانا (۳) باہر

لانا (۴) دوسرے مقام سے لانا ۔
لے اڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) لے کر بھاگ جانا (۲) بھڑکا دینا ۔ تیز کرنا (۳) نشے میں ہونا ۔ نشے میں ہوش و حواس کھو دینا (۴) مزے دار بنا دینا ۔ مزہ دوبالا کر دینا (۵) رونق بڑھا دینا (۶) لے جانا ۔ پہنچا دینا ۔ (۷) نقل اڑا لینا (۸) طرز حاصل کر لینا (۹) بات کا بتنگڑ بنانا ۔
لے بھاگنا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی چیز کو لے کر فرار ہو جانا ۔ لے کر چل دینا (۲) بھگا کر لے جانا (۳) کسی کی طرز اڑا لینا ۔
لے بھاگو / بھگو : [ار۔ صف] وہ شخص جس نے بغیر استاد کے کام اختیار کر لیا ہو ۔ طفیلیا ۔ عطائی ۔
لے بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) لے ڈوبنا ۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ و برباد کر دینا (۲) اپنے ساتھ گرانا (۳) کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا ۔
لے پالک : [ار۔ صف] گود لیا ہوا ۔ لے کر پالا ہوا ۔
لے پڑنا : [ار۔ محاورہ] ساتھ لے کر لیٹ جانا ۔ ساتھ لے کر گر پڑنا ۔
لے جانا : [ار۔ محاورہ] کسی چیز کو اپنے ساتھ لے کر چلے جانا ۔
لے چلنا : [ار۔ محاورہ] ساتھ لے کر چلنا ۔
لے دوڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ساتھ لے کر دوڑنا (۲) بے موقع اور بے ڈھنگے طریقے سے بیان کرنا ۔
لے دے : [ار۔ امث] (۱) لینا دینا (۲) کبھی لینا کبھی دینا (۳) دوڑ دھوپ جدوجہد ۔ کوشش ۔ (۴) سرزنش ۔ لعنت ۔ ملامت ۔
لے دے کر / کے : [ار۔ متعلق فعل] بڑی محنت اور کوشش سے ۔ بمشکل بے باق کر کے ۔ دے دلا کر ۔ کاٹ کوٹ کے ۔ بانٹ بونٹ کے ۔ صرف ۔ فقط ۔ کلہم ۔
لے دے کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) خوب کوشش کرنا (۲) جدوجہد کرنا ۔ (۳) سرزنش کرنا ۔ لعنت ملامت کرنا ۔ ڈانٹنا (۴) مار پیٹ کرنا ۔
لے دے ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لے دے کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
لے دینا : [ار۔ محاورہ] دلوا دینا ۔ خرید دینا ۔ مول لے دینا ۔
لے ڈالنا : [ار۔ محاورہ] (۱) شامل کر لینا (۲) عاجز کر دینا ۔ بُرا حال کر دینا (۳) آڑے ہاتھوں لینا ۔
لے ڈوبنا : [ار۔ محاورہ] اپنے ساتھ دوسرے کو بھی ڈبو دینا ۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا ۔
لے رکھنا : [ار۔ محاورہ] جمع کرنا ۔ بہم کرنا ۔
لے رہنا : [ار۔ محاورہ] حاصل کر لینا ۔
لے کر / کے : [ار۔ متعلق فعل] ابتدا کر کے ۔
لے کر / کے بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] بیان کرنا ۔
لے کر / کے چاٹنا : [ار۔ محاورہ] بیکار ہونا (کسی چیز کا)
لے کر / کے گرنا : [ار۔ محاورہ] ساتھ لے کر گرنا ۔
لے لوٹ : [ار۔ صف] قرض لے کر نہ دینے والا ۔ نادہند ۔ لے کر مکر جانے والا ۔
لے لے کرنا : [ار۔ محاورہ] اکسانا ۔ ہمت دلانا ۔ اشتعال دلانا ۔
لے لے ہونا : [ار۔ محاورہ] اعتراضات ہونا ۔

لے لینا : [ار۔ محاورہ] (۱) چھین لینا ۔ مار لینا ۔ دبا لینا (۲) خرید لینا ۔ اپنا کر لینا (۳) سنبھال لینا ۔ قابو کر لینا (۴) واپس کر لینا ۔ پھیر لینا (۵) جا پہنچنا منزل طے کر لینا (۶) جا لینا ۔ پکڑ لینا (۷) بہم پہنچانا ۔
لے مرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) لے ڈوبنا ۔ لے بیٹھنا ۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا (۲) الزام دھرنا ۔ چوری لگانا (۳) دبا لینا ۔ مار لینا (۴) حاصل کر لینا ۔ کما لینا ۔
لے نکلنا : [ار۔ محاورہ] حاصل کرنا ۔
لیا جانا [ار۔ محاورہ] تعاقب کر کے پکڑا جانا ۔
لیا دیا : [ار۔ اند] اعمال کا نتیجہ ۔ کرنی کا پھل ۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو ۔
لیا دیا رہنا : [ار۔ محاورہ] کم آمیز ہونا ۔ بے تکلف نہ ہونا ۔
لیا دیا آگے آجانا ۔ [ار۔ محاورہ] نیکی بدی کا نتیجہ ملنا ۔ کرنی کا پھل ملنا ۔
لیا گیا ۔ [ار۔ محاورہ] ذلیل ہوا ۔ رسوا ہوا ۔ شرمندہ ہوا ۔
لیا ہی نہیں جاتا : [ار۔ محاورہ] قابو میں نہیں آتا ۔ سنبھالے نہیں سنبھلتا ۔
لیا پونجیا [ار۔ امث] پونجی ۔
لیاقت : [ع ۔ امث] (۱) قابلیت (۲) وصف ۔ جوہر ۔ خوبی ۔ عمدگی (۳) دانائی ۔ ہوشیاری (۴) کسی چیز کے حاصل کرنے کا مادہ (۵) شائستگی تمیز (۶) حوصلہ (۷) ظرف ۔ مقدور ۔
لَیالی : [ع ۔ امث] دیکھئے "لیل" جس کی یہ جمع ہے ۔
لِئام ۔ [ع ۔ صف] دیکھئے "لئیم" جس کی یہ جمع ہے ۔
لَیاں : [ھ ۔ امث] کھیلیں ۔
لیانہارا [ار۔ صف ق] لانے والا ۔
لیبارٹری [انگ ۔ امث] (LABORATORY) وہ کمرا جہاں سائنس کے تجربات کئے جاتے ہیں ۔ معمل ۔
لیبر : [ھ ۔ اند] منہ کا چیپ دار لعاب ۔
لیبر : [انگ ۔ امث] (LABOUR) مشقت ۔
لیبڑ : [ھ ۔ اند] آنکھ کا میل ۔
لیبل [انگ ۔ اند] (LABEL) کاغذ کپڑے یا دھات کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اس کا نام، نوعیت اور مالک کا پتا نشان وغیرہ بتلانے کے لئے لگایا جاتا ہے
لیپ (بہ واو مجہول) ۔ [ار۔ اند] ضماد ۔ پلستر ۔ وہ دوا جو پانی یا روغن میں ملا کر کسی جگہ لگائی جائے ۔ کہگل ۔ لپائی [افعال : لگنا ۔ لگانا]
لیپ پوت : [ار۔ امث] لپائی ۔ کہگل ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
لپا پوتا : [ار۔ اند] (۱) پلستر کیا ہوا (۲) بنا بنایا ۔ کیا کرایا ۔
لیپا پوتی کرنا [ار۔ محاورہ] (۱) بات بنانا ۔ بہلنے بنانا ۔ پردہ پوشی کرنا ۔
لیپ پوت برابر کرنا ۔ [ار۔ محاورہ] عیب چھپا دینا ۔ پردہ پوشی کرنا ۔
لیپ چیپ [ار۔ اند] کوئی چیز کسی کے سر منڈھنا ۔ کسی کے ذمے کرنا
لیپ کا سال : [ار۔ اند] وہ سال جو چار پر تقسیم ہو جاتا ہے ۔ فروری

کے انتیس۲۹ دن ہوتے ہیں۔

لیپن (بہ واوِ مجہول) : [ار۔امث۔ق] لیپ۔

لیپنا : [ار۔مص] (۱) پوتنا۔ کہگل کرنا۔ سفیدی کرنا۔ گوبری پھیرنا۔ پلستر کرنا۔ (۲) کنایتہً چھپانا۔ مخفی کرنا۔

لیپنا پوتنا : [ار۔مص] کہگل کرنا۔ پلستر کرنا۔

لیپنے کا نہ پوتنے کا : [ار۔صف] کسی کام کا نہیں۔ نکما اور بیکار۔

لیتا بھولے نہ دیتا : [ار۔مثل] نقد سودے میں کوئی نہیں بھولتا۔

لَیت : [ع۔حرف تمنا] کاشش۔ کاش کہ۔ کسی غیر ممکن الحصول چیز کے لیے کہتے ہیں۔

لَیت و لَعَل : [ع۔امذ] ٹال مٹول۔ آج کل۔ بہانہ۔ عذر۔ حیلہ۔ حوالہ۔ وعدہ وعید (عربی میں صحیح "لَیتَ و لَعَلَّ" ہے)

لیترا / لیتڑا : [ار۔امذ] پرانا اور ٹوٹا ہوا جوتا۔

لیتڑے پڑنا : [ار۔محاورہ] جوتیاں پڑنا۔ ذلیل ہونا۔

لیتڑے لگانا / مارنا : [ار۔محاورہ] جوتیاں مارنا۔ ذلیل کرنا۔

لیتھ : [انگ۔امث] (LATHE) خرادنے کی مشین۔

لیتھڑا : [ھ۔امذ] چیتھڑا۔ پھٹا ہوا کپڑا۔

لیتھو / لیتھوگرافی : [انگ۔امث] (LITHOGRAPHY) طباعت کا وہ طریقہ جس میں پہلے کاغذ پر لکھ کر پتھر یا دھات کی پلیٹ پر اتار کر چھپائی کرتے ہیں۔

لیٹ : [انگ۔صف] (LATE) (۱) دیر سے آنے والا (۲) (متعلق فعل) دیر سے۔ بے وقت۔ وقت کے بعد۔

لَیٹر : [انگ۔امذ] (LETTER) خط۔ چٹھی۔

لَیٹر بکس : [انگ۔امذ] (LETTER BOX) خطوں کا صندوق۔ ڈاک خانے کا سُرخ ڈبہ جس میں چٹھیاں ڈالتے ہیں۔

لیٹنا : [ار۔مص] (۱) سیدھا ہو کر پڑنا (۲) آرام کرنا۔ سونا (۳) پاؤں پڑنا (۴) خوشامد کرنا۔ عجز کرنا (۵) ہار ماننا۔ مغلوب ہونا۔ (۶) زمین پر گر جانا۔

لیٹنا پوٹنا : [ار۔محاورہ] لیٹ کر کروٹیں لینا۔ سونا۔ آرام کرنا۔

لیج / لیجو : [ھ۔امث] رَسّی جسے ڈول وغیرہ کے ساتھ باندھ کر کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں۔

لَیجَر : [انگ۔امذ] (LEDGER) روزنامچہ۔ بہی کھاتہ۔ روزانہ حساب کی کتاب۔

لیجسلیٹو اسمبلی : [انگ۔امث] (LEGISLATIVE ASSEMBLY) صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز۔

لیجسلیٹو کونسل : [انگ۔امث] (LEGISLATIVE COUNCLE) صوبے یا ملک کی مجلس قانون ساز جس میں خاص طبقوں کے نمائندے شامل ہوں۔

لَیچھی : [ھ۔امث] (۱) وہ چیز جو پان کی گلوری کا عرق نکالنے کے بعد رہ جاتی ہے (۲) کنایتہً نرم اور نکمی چیز۔

لَیچَڑ : [ھ۔صف] (۱) کنجوس۔ بخیل (۲) بدمعاملہ۔ لے کر نہ دینے والا۔

لیچڑ پَن : [ار۔امذ] دیکھیے "لیچڑ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

لیچی : [ھ۔امث] ایک کُھردرے چھلکے والا تخم اور سُرخی مائل شیریں پھل۔

لید : [ھ۔امث] گھوڑے۔ گدھے یا ہاتھی کا فضلہ یا گوبر۔ [افعال: کرنا]

لَیدر : [انگ۔امذ] (LEATHER) چمڑا۔ کمایا ہوا چمڑا۔

لیڈر : [انگ۔امذ] (LEADER) (۱) رہنما۔ سربراہ۔ سرکردہ۔ سردار۔ قائد۔ (۲) ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔ ایڈیٹوریل۔

لیڈنگ آرٹیکل : [انگ۔امذ] دیکھیے "لیڈر ۲"

لیڈی (بیائے مجہول) : [انگ۔امث] (LADY) (۱) بی بی۔ بیگم (۲) معزز عورت۔ خاتون (۳) لارڈ کی بیگم۔

لیر : [ھ۔امث] دھجی۔ کترن۔ کپڑے کی لمبی اور پتلی پٹی۔ چیتھڑا۔

لیر لیر کرنا : [ار۔محاورہ] دھجیاں اڑانا۔ پرزے بکھیرنا۔ پھاڑ ڈالنا۔

لیری : [ھ۔امث] کنکوے کے پیچھے لگائی جانے والی دھجی۔

لیرے : [ھ۔امذ] دھجیاں۔ چیتھڑے۔

لیرے لگنا : [ار۔محاورہ] کپڑے پھٹ جانا۔ کپڑوں کا تار تار ہونا۔

لیریں لٹکنا : [ار۔محاورہ] پرانا ہو کر لباس کا تار تار ہو جانا۔

لیزم (بیائے مجہول) : [ف۔امث] ایک قسم کی نرم اور لچکدار کمان جس میں تانت کی جگہ لوہے کی زنجیر ہوتی ہے اور کٹوریاں لگی ہوتی ہیں پہلوانوں کی ورزش کرنے کی کمان۔ [افعال: ہلانا۔ ہلوانا]

لَیس : [ار۔صف] کمربستہ۔ مستعد۔ تیار۔ آمادہ۔ کیل کانٹے سے درست۔

لیس (بیائے مجہول) : [انگ۔امث] (LACE) فیتہ۔ جھالر۔ گوٹا کناری۔ ڈوری۔

لیس (بیائے مجہول) : [ار۔امذ] (۱) چیپ۔ چپچپاہٹ (۲) گوبر اور بھوسا ملی ہوئی مٹی جو دیواروں پر پھیری جاتی ہے (۳) ایک قسم کا تیر جس کا پیکان لمبا ہوتا ہے۔

لیس پوت : [ار۔امث] لیپنا پوتنا۔

لیسدار : [ار۔صف] چپچپا۔ چپکنے والا (ترکیب غلط ہے)

لیس دینا : [ار۔محاورہ] چپکا دینا۔ لپیٹ دینا۔

لیسنا : [ار۔مص] (۱) پلستر کرنا۔ لیپنا (۲) بھرنا۔

لیسواں : [ھ۔صف] اچھی طرح لیسا ہوا۔ گھنا۔

لیک (بیائے مجہول) : [ف۔حرف استدراک] لیکن کا مخفف۔

لیک : [ار۔امث] (۱) راہ۔ پگڈنڈی۔ (۲) وہ نشان جو گاڑی کے پہیے سے پڑتا ہے۔ چیونٹی یا سانپ کے چلنے کی لکیر (۳) وہ انعام جو دستور کے مطابق کمینوں کو دیا جاتا ہے (۴) رسم و رواج۔ پرانا دستور (۵) داغ دھبہ۔

لیک پیٹنا : [ار۔محاورہ] لکیر پیٹنا۔ پرانے رسم و رواج پر چلنا (۲) کسی بات کو بار بار دہرانا۔

لیک سے بے لیک ہونا : [ار۔محاورہ] گمراہ ہونا۔ بے راہ ہونا۔ سیدھا راستہ چھوڑ دینا۔ قدیم رسم و رواج ترک کرنا۔

لیک لیک چلنا : [ار۔ محاورہ] رستے سے چلنا (۲) پرانے رسم و رواج کا پابند ہونا۔

لیکر : [انگ۔ اند] (LACQUER) لکڑی، پیتل اور کاغذ وغیرہ پر لاکھ کی وارنش کا کام۔ کشمیری نقش کاری۔

لیکن : [ف۔ حرف استدراک] الا۔ مگر۔ پر۔ (شک دور کرنے والا)

لیکوریا : [انگ۔ اند] اختناق الرحم (LEUCORRHOEA)

لیکھ (بیائے معروف) : [ھ۔ امث] جوں کا انڈہ چھوٹی جوں (۲) دیکھئے "لیک"

لیکھ (بیائے مجہول) : [ھ۔ امث] نوشتہ تقدیر۔ قسمت کا لکھا (۲) نام لکھنا۔ دستخط۔

لیکھا : [ھ۔ اند] (۱) حساب۔ لین دین (۲) پکا حساب۔ بہی کھاتہ (۳) معاملہ۔ برتاؤ۔

لیکھا بہی : [ھ۔ امث] لین دین کی کتاب۔ حساب کتاب کی بہی۔

لیکھا جوکھا : [ھ۔ اند] دیکھئے "لیکھا"

لیکھا جوکھا / ڈیوڑھا برابر کرنا : [ار۔ محاورہ] حساب صاف کرنا۔ لین دین کا فیصلہ کرنا۔

لیکھا کرنا : [ار۔ محاورہ] گننا۔ حساب کرنا۔ لین دین کی رقم معلوم کرنا۔

لیکھنی : [ھ۔ امث] قلم۔ خامہ۔ کلک۔

لیکھے : [ھ۔ اند] (۱) دیکھئے "لیکھا" جس کی یہ جمع ہے (۲) (متعلق فعل) حساب سے۔ نرخ سے۔ بھاؤ سے۔

لیکھے والا : [ھ۔ صفت] ساہوکار۔ اکاؤنٹنٹ۔ محاسب۔

لیگ : [انگ۔ امث] (LEAGUE) جمعیت۔ مجلس۔ جماعت۔

لَیل : [ع۔ امث] رات۔ شب۔

لیل و نہار : [ع۔ اند] (۱) کنایۃً حالات یا زمانہ (۲) رات اور دن۔

لیلا : [ھ۔ امث] (۱) کھیل۔ خوشی۔ تماشا۔ (۲) بھیس۔ بہروپ۔ جلوہ گری (۳) قدرت۔ مظاہر قدرت (۴) کرشمہ۔ عجوبہ۔

لیلا رچانا : [ار۔ محاورہ] سوانگ رچانا۔ تماشا کرنا۔

لیلا دھاری : [ھ۔ صفت] ایکٹر۔ تماشا کرنے والا۔ بہروپیا۔

لیلاوتی : [ھ۔ صفت۔ امث] عیاش عورت۔ خوبصورت حسین۔

لیلنا : [ھ۔ مص] نگلنا۔

لَیْلَۃُ الْاَسْریٰ : [ع۔ امث] شب معراج۔

لَیْلَۃُ الْبَدْر : [ع۔ امث] پورن ماشی کی رات۔ پورے چاند کی رات۔ چاند کی چودھویں رات۔

لَیْلَۃُ الْقَدْر : [ع۔ امث] رمضان المبارک کی ایک رات جس میں عبادت کرنا ہزار راتوں سے بہتر ہے۔ شب قدر۔

لَیْلیٰ : [ع۔ امث] (۱) کالی۔ شب رنگ۔ سیاہ فام۔ سانولی (۲) قیس عرف مجنوں کی معشوقہ (۳) خوبصورت۔ حسین و جمیل۔

لیلیٰ را بہ چشم مجنوں باید دید : [ف۔ مثل] معشوق کو عاشق کی نظر سے دیکھنا چاہئے۔

لیلیٰ زادہ : [صف۔ اند] معشوق۔ ماہوش۔

لَیمپ : [انگ۔ اند] LAMP چراغ۔ دیا۔

لیمن : [انگ۔ اند] LEMON لیمو۔ نیبو۔ ترنج۔

لیمو : [ف۔ اند] نیبو۔ ترنج۔ ایک ترش گول پھل۔

لیمو نچوڑ : [ار۔ صفت] مفت خورا۔

لیمون : [ع۔ اند] دیکھئے "لیمو"

لیمونی : [ع۔ صفت] وہ چیز جس میں لیمو ڈالا گیا ہو۔

لیمونیڈ : [انگ۔ اند] LEMONADE لیمو کا میٹھا پانی یا شربت۔

لَین : [ار۔ ث] انگریزی لفظ LINE کا بگاڑ (۱) لکیر خط۔ جدول۔ (۲) قطار۔ صف (۳) لوہے کی پٹڑی۔ ریل کی سڑک (۴) رسی۔ ڈوری (۵) سطر (۶) چھاؤنی۔ کیمپ۔ لشکرگاہ۔

لَین ڈوری : [ار۔ امث] وہ خیمہ جو آگے جاتا ہے۔ کسی کام کے آغاز کی نشانی۔ ابتدا۔

لین کلیئر : [انگ۔ اند] دیکھئے "لائن کلیئر"۔

لِین : [ع۔ امث] نرمی۔ ساکن "و" اور "ی" کی وہ آواز جب ان سے پہلے کوئی حرف مفتوح آئے مثلاً طَور۔ شَے

لین (بیائے مجہول) (LANE) گلی۔ تنگ سڑک۔ [انگ۔ امث]

لین (بیائے مجہول) : [ھ۔ اند] لینے کا عمل۔

لین دین : [ار۔ اند] (۱) لینا دینا۔ داد و ستد (۲) حساب کتاب (۳) معاملہ۔ برتاؤ۔ بیوپار (۴) خرید و فروخت (۵) واسطہ۔ تعلق۔ سروکار۔ (۶) کاروبار۔ تجارت۔ سوداگری۔

لین دین کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) کاروباری معاملہ کرنا (۲) معاملہ کرنا۔ بیوپار کرنا (۳) خرید و فروخت کرنا۔ کاروبار کرنا۔ تجارت کرنا۔

لینا : [ار۔ مص] (۱) پکڑنا۔ گرفت کرنا (۲) حاصل کرنا۔ اخذ کرنا (۳) سنبھالنا سہارنا۔ تھامنا (۴) خریدنا (۵) قرض لینا (۶) فتح کرنا۔ جیتنا (۷) وصول کرنا (۸) اگاہنا (۹) استقبال کرنا۔ (۱۰) پیش آنا (۱۱) (ض) وہ روپیہ جو لینا ہو۔ قرضہ (۱۲) نقصان پہنچانا۔ (۱۳) منظور کرنا۔ (۱۴) سونگھنا۔ (۱۵) (جان کے ساتھ) مار ڈالنا۔ (۱۶) بدلہ لینا (۱۷) انتخاب کرنا۔ (۱۸) سیکھنا۔ طرز اڑانا (۱۹) کاٹنا۔ (۲۰) جذب کرنا۔

لینا ایک نہ دینا دو : [ار۔ محاورہ] حاصل نہ حصول۔ فائدہ نہ غرض فضول۔ کسی سے نہ ایک لیں گے نہ دو دینے پڑیں گے۔

لینا دینا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "لین دین"

لینا لوانا : [ار۔ اند] قابل وصول قرضہ۔

لینا لینا : [ار۔ کلمہ ندا] (۱) بھاگتے ہوئے چور وغیرہ کی نسبت کہتے ہیں۔ (۲) گرتے ہوئے کے متعلق لینا تھامنا۔

لینا نہ دینا باتوں کا مصالحہ یا جمع خرچ : [ار۔ مثل] فضول وقت ضائع کرنا۔ دینا دلانا کچھ نہیں۔

لینا نہ دینا کارسے نہ مسئلے : [ار۔ مثل] فضول۔ بیہودہ۔ بےفائدہ۔ لاحاصل۔ کچھ حاصل نہ حصول۔

لینٹ : [ع۔ امث] نرمی۔ ملائمت۔

لینڈ : [انگ۔ امث] (LAND) (۱) زمین۔ خشکی (۲) سرزمین۔ ملک۔

لینڈ لارڈ : [انگ۔ امذ] (LANDLORD) (۱) مالک زمین (۲) مالک مکان۔

لینڈ : [ھ۔ امذ] دیکھئے "لینڈی" جس کا یہ اسم کبیر ہے۔

لینڈو : [انگ۔ امث] (LANDAU) چار پہیوں کی گاڑی جس کی چھت گرائی جا سکتی ہے۔

لینڈی : [ھ۔ امث] بستہ یا خانہ۔ بساز (۲) (رند) ایک قسم کا بازاری کتا (۳) ٹدیرک۔ جدول۔

لینڈی پھولنا : [ار۔ محاورہ] مغرور ہونا۔

لینڈی تر ہونا : [ار۔ محاورہ] غرور زیادہ ہونا۔ گھمنڈ بڑھنا۔ بہت خوش ہونا۔

لینڈی جڑنا : [ار۔ محاورہ] گہری دوستی ہونا۔

لینڈی کتے کی موت مارنا : [ار۔ محاورہ] نہایت آسانی سے مار ڈالنا (۲) نہایت جلدی سے مار دینا

لینوٹائپ : [انگ۔ امذ] (LINOTYPE) (۱) مشین جس میں الفاظ کی پوری سطر بیک وقت ڈھل جاتی ہے (۲) اخباری کالم کی ایک سطر۔

لینی (بیائے مجہول) : [ھ۔ امث] وہ رسم جو بچے کو دایہ سے واپس لینے پر ادا کی جاتی ہے۔

لینے آنا : [ار۔ محاورہ] کسی کے استقبال کو آنا۔

لینے دینے میں نہ ہونا : [ار۔ محاورہ] بے تعلق ہونا۔ بے غرض ہونا۔

لینے کو بڑھنا : [ار۔ محاورہ] استقبال کے لئے آگے بڑھنا۔

لینے کو چھلنی دینے کو کانٹا : [ار۔ مثل] لیتے وقت اچھی چیز لینا اور دیتے وقت بری چیز دینا۔

لینے کے دینے پڑ جانا / پڑنا : [ار۔ محاورہ] فائدہ کی جگہ نقصان ہونا۔

لینے میں نہ دینے میں : [ار۔ صفت] نفع میں نہ نقصان میں۔ بے تعلق۔ بے غرض۔

لیو (بواو مجہول) : [ھ۔ امث] بھوسا ملی ہوئی مٹی جو پلستر یا لیپنے کے کام آتی ہے [افعال: چڑھانا۔ چلنا۔ دینا۔ لگنا]

لیوا : [ار۔ صفت۔ مذ] (۱) لینے والا۔ محصل (۲) گائے، بھینس یا بکری کا بابکہ۔ شیردان (۳) ہانڈی کے پیندے پر چڑھانے کی مٹی۔

لیوا : [ار۔ امذ۔ ق] لیس دار۔

لیوٹا / لیوٹی : [ار۔ امذ۔ مث] دیکھئے "لیوا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

لیوَر : [انگ۔ امذ] (LEVER) مشین میں لگی ہوئی دھات کی سلاخ جو وزن کو اوپر اٹھائے رکھتی ہے۔

لیوڑا : [ھ۔ امذ] دیکھئے "لیو" جس کی یہ تصغیر ہے۔

لیوَل : [انگ۔ امذ] (LEVEL) (۱) ہموار سطح (۲) معماروں کا ایک اوزار جس سے سطح کی ہمواری دیکھتے ہیں (۳) (صفت) کنایۃً مساوی۔ برابر یکساں۔ ایک سطح پر۔

لیوِی : [انگ۔ امث] (LEVY) (۱) تحصیل محصول (۲) تحصیل مالگزاری یا لگان۔ وصولی ٹیکس (۳) جنگ کے لئے فوج کی بھرتی۔

لیمی / لیئی : [ھ۔ امث] لیس دار مادہ جو میدے کو پانی میں پکا کر بناتے ہیں۔ چپکنس۔ لیپڑی۔

م

م: [ع ۔ اند] اس کا نام میم ہے۔
(۱) اردو حروف تہجی کی ترتیب میں اکتیسواں اور فارسی میں اٹھائیسواں حرف ہے۔ عربی حروف ہجا کی ترتیب ابتث میں چوبیسواں اور ترتیب ابجد میں تیرھواں حرف ہے۔ دیو ناگری کا پچیسواں وینجن ہے۔
(۲) یہ حرف صامت ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔
(۳) عربی تقسیم کے مطابق حروف قمری میں شامل ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آجائے تو لام اپنی آواز دیتا ہے جیسے الماجد۔
(۴) حساب جمل میں اس کے چالیس اعداد مقرر ہیں۔
(۵) عربی میں ماہ محرم کا اختصار ہے۔
(۶) عربی میں کسی لفظ کے شروع میں مفتوح آکر اسے اسم ظرف یا اسم مفعول بنا دیتا ہے مثلاً مجلس۔ مظلوم۔
(۷) عربی میں کسی لفظ کے شروع میں مضموم آئے تو اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے مثلاً محافظ۔
(۸) فارسی میں دہن معشوق کی علامت ہے۔
(۹) تقویم میں "اتوار" کی علامت ہے۔
(۱۰) فارسی میں میم مفتوح نہی کے لئے آتا ہے۔
(۱۱) فارسی میں اسمائے اعداد کے بعد آکر ان کو صفت ترتیبی بنا دیتا ہے مثلاً دوم۔
(۱۲) فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کے بدل کے طور پر آتا ہے۔
ا۔ حرف ب کا بدل مثلاً غشرب اور غشرم میں۔
ب۔ حرف پ کا بدل مثلاً سپاروغ اور سماروغ میں۔
ج۔ حرف خ کا بدل مثلاً برخ اور برم میں۔
د۔ حرف غ کا بدل مثلاً پیغانہ اور پیمانہ میں۔
ہ۔ حرف ف کا بدل مثلاً نخیر اور مخیر میں۔
ن۔ حرف ن کا بدل مثلاً کبین اور کمیم میں

م ۔ ا

ما: [ہ ۔ امث] ماں کا مخفف۔
ما: [ف ۔ ضمیر] ہم
ما: [ع ۔ حرف نفی] (۱) نہیں۔ نہ۔ مت (۲) (اسم موصول) جو کہ۔ جو کچھ۔ ہر کچھ۔ کوئی چیز (۳) (کلمہ استفہام) کیا۔ کیا چیز (۴) کون۔ کدام (۵) کیوں۔ کیونکر۔ کیسے۔
ما بخیر شما بسلامت: [ف ۔ مقولہ] ہم خیریت سے تم سلامتی سے (۲) ہم الگ تم الگ۔ ہمیں تم سے کچھ غرض نہیں۔
مابدولت: [ف ۔ روزمرہ] بادشاہ خود اپنے لئے یا دوسرے/ماتحت و رعایا بادشاہ کے لئے کہتے ہیں۔

مابعد: [ع ۔ صف] جو کچھ بعد میں آئے۔ پچھلا۔ پیچھے آنے والا۔ پیچھے کا۔
مابعد الطبیعیات: [ع ۔ امث] فوق الفطرت۔ الٰہیات۔
مابعد الطبیعی: [ع ۔ صف] مابعد الطبیعیات سے منسوب
مابقا/ مابقی: [ع ۔ صف] (۱) باقی۔ بقایا۔ بچا ہوا (۲) اُلش۔ جھوٹا۔ پس خوردہ۔
مابہ الاحتیاج: [ع ۔ اند] جن چیزوں کی ضرورت پڑے۔ جن کی حاجت ہو۔
مابہ الامتیاز: [ع ۔ اند] وہ چیز یا سبب جس سے امتیاز ہو سکے۔ باعث امتیاز۔ نشانِ امتیاز۔
مابہ النزاع: [ع ۔ اند] وہ بات جس پر جھگڑا اٹھا ہو۔ باعث خصومت جھگڑے کی بنا۔
مابین: [ع ۔ متعلق فعل] (۱) درمیان میں۔ وسط میں۔ بیچ میں (۲) اثنا میں (۳) (صف) درمیانی۔ وسطی۔ بیچ کا (۴) (مذ) درمیان۔ وسط۔ دوران
مابین تحقیقات: [ع ۔ متعلق فعل] تحقیقات کے دوران میں۔
مابین فریقین: [ع ۔ متعلق فعل] دو فریقوں/گروہوں کے درمیان
ماتحت: [ع ۔ صف] (۱) زیر حکم۔ تابع فرمان (۲) (مذ) نائب۔ مددگار۔ معاون۔ وہ ملازم جو زیر حکم کام کرے [افعال: رکھنا۔ ہونا]
ماتقدم: [ع ۔ صفت] اوّل کا۔ پہلے کا۔ جو پہلے گزرے۔ مذکورہ بالا۔
ماجرا: [ع ۔ اند] جو چیز کہ جاری ہو۔ جو کچھ کہ گزر گیا ہو (۲) سرگزشت۔ احوال بیتی (۳) حادثہ۔ واقعہ۔ واردات (۴) حالت۔ درجہ۔ کیفیت (۵) حال احوال خیر خبر۔ ذکر اذکار۔ (افعال: پوچھنا۔ سننا۔ کہنا)
ماچہ سرائیم و طنبورۂ ما چہ سراید: [ف ۔ مثل] ہم کیا گاتے ہیں اور ہمارا تنبورہ/ہمارے ساز کیا گاتے ہیں۔ بے تکی باتوں کے متعلق کہتے ہیں۔
ماحاصل: [ع ۔ اند] جو چیز پیدا ہوئی ہو۔ حاصل ہوئی ہو۔ جو نتیجہ نکلا ہو۔
ماحصل: [ع ۔ اند] (۱) جو کچھ کہ حاصل ہو۔ حاصل شدہ (۲) نتیجہ۔ حصول۔ (۳) پھل۔ ثمرہ (۴) نفع۔ فائدہ (۵) پیداوار۔ پیدا (۶) اناج۔ غلہ جنس (۷) نتیجہ۔ خلاصہ۔
ماحضر: [ع ۔ اند] جو کچھ حاضر یا موجود ہو (۲) کھانا جو موجود ہو۔ دال دلیا۔ بے تکلف کھانا۔
ماحول: [ع ۔ اند] گرد و پیش۔
مادام: [ع ۔ متعلق فعل] (۱) ہمیشہ۔ مدام (۲) جب تک۔ جب کہ۔
مادام الحیات/ العمر: [ع ۔ متعلق فعل] تمام عمر۔ عمر بھر۔ تازیست۔
مادرچہ خیالیم و فلک درچہ خیال: [ف ۔ مقولہ] ہم کس خیال میں ہیں اور آسمان کس خیال میں ہے۔ جب کوئی بات خلاف اُمید ہو تو کہتے ہیں۔
مارا ازیں گیاہ ضعیف ایں گماں نہ بُود: [ف ۔ مثل] (مجھے اس کمزور گھاس سے یہ اُمید نہ تھی) جب کوئی کمزور شخص ایسا کام کرے جو اس کی ہمت سے زیادہ ہو تو کہتے ہیں۔

مارا بہ سخت جانی خود ایں گماں نبود ؛[ف ۔ مثل] کیا معلوم تھا کہ میں اس قدر سخت جان ہوں ۔

ماراچہ ازیں قصہ کہ گاو آمد و خر رفت ؛[ف ۔ مثل] کسی کے آنے جانے پر بے پروائی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں ۔

مازاد ؛[ع ۔ امذ] جو زیادہ ہو ۔

ماز لطف تو کردیم غضب راچہ علاج ؛[ف ۔ مثل] ہم آپ کی عنایت سے درگزرے لیکن غصے کو کیا کریں ۔

ماسبق ؛[ع ۔ صف] جو پہلے گزر چکا ہو ۔ سابقہ ۔ اول الذکر ۔ گزشتہ ۔ گزرا ہوا ۔

ماسلف ؛[ع ۔ صف] گزرا ہوا ۔ گزشتہ ۔ بیتا ہُوا ۔

ماسوا ؛[ع ۔ حرف استثنا] اُس کے علاوہ ۔ جو کچھ کہ ہوا ہو ۔ بجز ۔ علاوہ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں خدائے تعالیٰ کے سوا ہر چیز (۳) معشوق مجازی ۔

ماسوا اللہ ؛[ع ۔ امذ] خدا کے سوا ۔ دُنیا ۔ کائنات ۔ تصوف کی اصطلاح

ماشاءَ اللہ ؛[ع ۔ متعلق فعل] (۱) جو خدا چاہے (۲) واہ واہ ، سبحان اللہ کیا کہنا (۳) چشم بد دور ۔

ماصدق ؛[ع ۔ امذ] (۱) وہ جو کہ درست ہو ۔ (۲) مضمون ۔ معنی ۔

مافات ؛[ع ۔ امذ] جو فوت ہوا ۔ جو گزر گیا ۔

مافوق ؛[ع ۔ صف] (۱) جو اُوپر ہو ۔ جو فوقیت رکھتا ہو ۔ اعلیٰ ۔ ممتاز (۲) اُونچا ۔ بلند بالا (۳) فائق (۴) برتر ۔ بزرگ تر ۔ معظم

مافوق الطبیعت ؛[ع ۔ صف] دیکھئے مابعد الطبیعیات ۔

مافوق الفطرت ؛[ع ۔ صف] عقل و فہم سے بالاتر ۔ انتہائی حیرت انگیز ۔

مافی الضمیر ؛[ع ۔ امذ] جو کچھ دل میں ہو ۔ دل کی بات ۔

مافیہا ؛[ع ۔ امذ] جو کچھ اس میں ہے ۔ جو کچھ دنیا میں ہے ۔ جو کچھ آسمان اور زمین کے درمیان ہے ۔

ماقبل ؛[ع ۔ صف] جو پہلے ہو ۔ پہلے کا

ماقبل الذکر ؛[ع ۔ امذ] جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو ۔ مذکورہ بالا ۔

ماقلّ و دلّ ؛[ع ۔ امذ] تھوڑا جس کے معنی زیادہ ہوں ۔

مالاکلام ؛[ع ۔ امذ] جس میں کلام / شبہ / اعتراض کی گنجائش نہ ہو ۔

مالایُطاق ؛[ع ۔ امذ] طاقت سے بڑھ کر کام ۔ وہ کام جو کسی کی قدرت یا طاقت سے باہر ہو ۔

مالایَنحل ؛[ع ۔ صف] جو حل نہ ہو سکے ۔ اَدق ۔ ناقابلِ فہم ۔ ناقابلِ حل ۔

مالہٗ و ماعلیہ ؛[ع ۔ امذ] کسی معاملے کا اچھا اور بُرا پہلو ۔

ماضی ؛[ع ۔ صف] جو گزر گیا ہو ۔ گزشتہ ۔ جو ہو گیا ہو / ہو چکا ہو ۔

ماوجب ؛[ع ۔ صف] (۱) جو واجب ہو (۲) (مذ) سلام ۔ دُعا ۔

ماوراء ؛[ع ۔ صف] جو بالاتر ہو ۔

مایتحلّل ؛[ع ۔ صف] جو گھل کر غائب ہو گیا ہو ۔ جب ایک چیز دوسری میں حل ہو کر معدوم ہو چکی ہو ۔

مایحتاج ؛[ع ۔ امذ] جس چیز کی انسان کو ضرورت ہو ۔ ضروریات ۔

مایُرید ؛[ع ۔ صف] (۱) جو کچھ خدا چاہتا ہے (۲) (مذ) خدا کی مرضی ۔ مشیت خداوندی ۔

مایُعرف ؛[ع ۔ صف] (۱) جو معلوم ہو (۲) (مذ) کُل ۔ کل شے مقبوضہ ۔

مایُقرأ ؛[ع ۔ صف] وہ تحریر جسے انسان پڑھ سکے ۔ جو پڑھا جائے ۔

ماینطق عن الھویٰ ؛[قرآنی آیت] نہیں بولتے اپنی مرضی سے ۔ یہ قرآن شریف کی سورۃ نجم کی آیت ہے جس میں پیغمبر صلعم کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے بلکہ جو کچھ کہتے ہیں وہ خدا کا حکم ہوتا ہے ۔

مآب ؛[ع ۔ امذ] واپسی کی جگہ ۔ جائے بازگشت ۔ وہ جگہ جہاں انسان یا کوئی چیز واپس آجائے ۔ وہ جگہ جس میں کوئی چیز ہو ۔ مقررہ جگہ ۔ اردو میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے عزت مآب ۔ رسالت مآب ۔

مآت ؛[ع ۔ امذ] مائۃ کی جمع ۔ کئی سو ۔ صدہا ۔

مآثر ؛[ع ۔ امذ] (۱) ماثرہ کی جمع ۔ اچھے آثار ۔ اچھے کام ۔ اچھی خصوصیتیں (۲) حدیث میں تاریخیں (۳) نشانیاں ۔ یادگاریں ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے ظفر مآثر ۔

مآثرت / مآثرہ ؛[ع ۔ امث] نیک نشان ۔ اچھا کام ۔

مآخذ ؛[ع ۔ امذ] دیکھئے ماخذ جس کی یہ جمع ہے ۔

مآرب ؛[ع ۔ امث] مآربہ کی جمع ۔ ضروری چیزیں ۔ ضروریات ۔

مآل ؛[ع ۔ امذ] (۱) جائے بازگشت ۔ واپس آنے کی جگہ ۔ مرجع (۲) انجام ۔ اخیر ۔ خاتمہ ۔ نتیجہ (۳) مرکبات میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے خیر مآل ۔

مآل اندیش ؛[عف ۔ صف] ہر بات کے نتیجہ کو سوچنے والا ۔ دُور اندیش ۔

مآل اندیشی ؛[عف ۔ امث] دیکھئے "مآل اندیش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مآل کار ؛[عف ۔ متعلق فعل] آخر کو ۔ انجام کار ۔

مآل کار ؛[عف ۔ امذ] (۱) نتیجہ (۲) کرنی کا پھل ۔ نتیجۂ کار ۔

مابُون ؛[ع ۔ امذ] وہ شخص جسے اغلام کرانے کی عادت / علت اُبنہ ہو (۲) ایسا قابلِ الزام (۳) نامرد ۔ زنانہ (۴) مشتبہ ۔

ماپ ؛[ہ ۔ امذ] (۱) پیمائش ۔ ناپ (۲) پیمانہ (۳) جانچ ۔ اندازہ ۔ (۴) لمبائی چوڑائی کا تخمینہ (۵) جریب کشی ۔ رقبہ بندی ۔ (۶) (فعل) ماپنا مصدر سے صیغہ امر ۔

ماپ تول ؛[ہ ۔ امث] عرض و طول کی پیمائش (۲) جانچ پڑتال ۔

ماپ کا پورا ؛[ہ ۔ صف] آدمی یا گھوڑا جو فوج یا پولیس کے قانون کے مطابق فوج میں / پولیس میں بھرتی کیا جا سکے ۔

ماپ لینا ؛[ار ۔ محاورہ] پیمائش کرنا (۲) جانچنا ۔ اندازہ کرنا ۔

ماپا ؛[ار ۔ صف] (۱) جس کی پیمائش کی گئی ہو ۔ (۲) پیمائش کرنے والا ۔

ماپا شوربا اور گنی ڈلیاں ؛[ار ۔ محاورہ] کھانے پینے کی چیزوں کی کمی (۲) کفایت شعاری ۔ خست ۔

ماپنا ؛[ار ۔ مص] پیمائش کرنا ۔ جانچنا ۔ اندازہ کرنا ۔

ماپنے والا ؛[ار ۔ صف] پیمائش کنندہ ۔

ماپھل ؛[ہ ۔ امذ] مازو پھل ۔

ماپی ؛[ہ ۔ صف] متوالی

مات ؛[ع ۔ امث] (۱) شکست ۔ ہار ۔ ہزیمت (۲) شطرنج یا بیت بازی میں ہار (۳) (صف) عاجز ۔ ہارا ہوا ۔ مقابلے سے عاجز (۴) بے رنگ ۔ بے رونق ۔

مات ؛[ہ ۔ امث] (۱) ماتا ۔ ماں (۲) ماترا کا مخفف (۳) ماٹ / ماٹھ کا معرب ۔

مائۃ : [ع - امذ] ایک سو - یکصد -
مات پتا : [ہ - امذ] ماں باپ - والدین -
مات دینا : [ار - محاورہ] (۱) ہرانا - شکست دینا - مغلوب کرنا - زک دینا (۲) نیچا دکھانا - شرمندہ کرنا - مجحل کرنا (۳) شطرنج یا بیت بازی میں ہرانا -
مات کرنا : [ار - محاورہ] (۱) دیکھئے "مات دینا" (۲) کسی کام میں سبقت لے جانا - (۳) بے رنگ یا بے رونق کر دینا -
مات کھانا : [ار - محاورہ] شطرنج یا بیت بازی میں ہار جانا - بازی ہار جانا -
مات کی بھاجی : [ہ - امث] دیکھئے "ماٹ کی بھاجی"
مات ہو جانا / ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مات کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
ماتا : [ہ - امث] (۱) ماں (۲) بڑی عورت کو عزت سے خطاب کرتے ہیں (۳) چیچک - سیتلا (۴) (صف) مدہوش - مست (۵) بھرا ہوا - بھرپور (۶) شگفتہ - شاداب (۷) کامل - پورا (۸) بالغ - جوان -
ماتا پتا : [ہ - امذ] ماں باپ - والدین (۲) بزرگ - آقا - مالک - مائی باپ -
ماتا پوجنا : [ار - محاورہ] سیتلا کی پوجا کرنا -
ماتا سیتلا کے دن : [ہ - امذ] زمانہ جب چیچک کا بہت زور ہو -
ماتر لنک : [ہ - صف] قافیہ پیما - تُک بند -
ماترا : [ہ - امث] (۱) ماپ پیمائش (۲) تھوڑی سی چیز (۳) ذرہ (۴) عنصر - لمحہ - لحظہ (۵) جزو - حصہ (۶) دوا کی خوراک (۷) وہ وقت جو چھوٹی حرکت کے بولنے میں لگے (۸) اعراب کا نشان (۹) ناگری الفاظ کا اوپر کا حصہ - (۱۰) مال و متاع - جائیداد - دولت (۱۱) شیشہ (۱۲) زیور - گہنا (۱۳) مادہ -
ماترا لگانا : [ار - محاورہ] اعراب دینا - حروف علت کو حروف صحیح کے ساتھ ملا کر آواز پیدا کرنا -
ماتم : [ع - امذ] (۱) مرنے کا غم (۲) گریہ و زاری (۳) سوگ - سیاپا - شیون (۴) سینہ زنی - سینہ کوبی (۵) شیعوں کا امام حسین کی عزا داری میں سینہ پیٹنے کا فعل (۶) آفت - مصیبت - بپتا - (۷) غم - رنج - الم - ملال - اندوہ - کہرام (۸) عورتوں کا سوگ یا سیاپے کے لئے اجتماع -
ماتم پرسی : [ع - ف - امث] ورثائے میت کی ہمدردی - تعزیت پرسا - [افعال : کرنا - ہونا]
ماتم پڑنا : [ار - محاورہ] کسی کی موت پر کہرام مچنا / ہونا -
ماتم خانہ / سرا / کدہ : [عف - امذ] وہ گھر جس میں کوئی موت ہو گئی ہو - سوگ / غمی کا گھر -
ماتم دار : [ع - ف - صف] ماتمی - سوگی - سوگوار - جس کے گھر میں کوئی موت ہو جائے -
ماتم داری : [عف - امث] (۱) سوگ - غم - سیاپا (۲) گریہ زاری - آہ و نالہ - (۳) اندوہ - غم و الم - کہرام -
ماتم دیدہ / زدہ : [عف - صف] ماتمی - سوگوار
ماتم کرنا : [ار - محاورہ] غم کرنا - رنج کرنا - سوگ کرنا - مُردے کو رونا - سینہ پیٹنا - امام حسین کی عزاداری میں سینہ پیٹنا / کوبی کرنا -
ماتم نشین : [عف - صف] وہ جس کے گھر میں ماتم ہو / موت واقع ہوئی ہو اور لوگ پرسے کے واسطے اس کے پاس آئیں - سوگوار -

ماتم ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "ماتم کرنا" جس کا یہ لازم ہے
ماتمی : [ع - صف] (۱) ماتم کے متعلق - ماتم سے تعلق رکھنے والا (۲) ماتم کرنے والا - سوگوار -
ماتمی باجا : [ار - امذ] وہ باجا جو سوگ / ماتم کے وقت بجتا ہے -
ماتمی پوشاک : [ار - امث] سیاہ یا نیلے رنگ کا لباس جو رنج و غم کی حالت میں پہنا جاتا ہے -
ماتمی جامہ / کپڑے / لباس : [ار - امذ] دیکھئے "ماتمی پوشاک" -
ماتھا : [ار - امذ] سر کا وہ حصہ جو بالوں سے نیچے اور بھوؤں کے اوپر ہے - پیشانی - جبین - ناصیہ - جبہہ (۲) جہاز یا ناؤ کا اگلا حصہ (۳) ذمہ داری -
ماتھا بھڑکنا : [ار - محاورہ] پیشانی جلنا / گرم ہونا (۲) سر درد ہونا -
ماتھا پچّی کرنا : [ار - محاورہ] (۱) سر مارنا - دیر تک سمجھانا (۲) محنت مشقت کرنا - بے حد کوشش کرنا - طنزاً بے پروائی سے سلام کرنا -
ماتھا پیٹنا : [ار - محاورہ] ماتم کرنا - سر پیٹنا (۲) افسوس کرنا - پچھتانا -
ماتھا پیٹن کرنا : [ار - محاورہ] ظاہرداری کا سلام کرنا -
ماتھا پھٹی : [ار - صف] وہ عورت جس کا ماتھا چپٹا اور بھدا ہو -
ماتھا ٹیکانا : [ار - محاورہ] سر جھکانا - ڈنڈوت کرنا - آداب بجا لانا -
ماتھا ٹھنکنا : [ار - محاورہ] کسی بات - فعل یا کام کا بُرا انجام آثار سے معلوم ہو جانا - خیال بد گزرنا -
ماتھا ٹیکنا : [ار - محاورہ] سجدہ کرنا -
ماتھا رگڑنا : [ار - محاورہ] (۱) خوشامد کرنا - عاجزی کرنا (۲) عاجزی سجدے پر سجدہ کرنا (۳) جبیں سائی کرنا - ناصیہ فرسائی کرنا - جبہہ سائی کرنا - پیشانی گھسنا -
ماتھا کوٹنا : [ار - محاورہ] (۱) سر پیٹنا (۲) افسوس کرنا - عورتیں افسوس کرنے یا پچھتانے کے موقع پر کرتی ہیں
ماتھا گودنا : [ار - محاورہ] قیدی یا غلام کے ماتھے پر سوئی سے گود کر نیل بھرنا
ماتھا مارنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "سر مارنا"
ماتھی : [ہ - امث] ماتھا -
ماتھی لینا : [ار - محاورہ] برابر کرنا - ہموار کرنا -
ماتھے : [ہ - امذ] دیکھئے "ماتھا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے -
ماتھے بیتنا : [ار - محاورہ] کسی کے سر جانا - مصیبت آنا - آفت آنا -
ماتھے پر افشاں چُننا : [ار - محاورہ] پیشانی پر سنہری ستارے جانا عورتیں خوبصورتی کے لئے ایسا کرتی ہیں -
ماتھے پر الف کھینچنا : [ار - محاورہ] فقیر ہو جانا - آزاد ہو جانا -
ماتھے پر بل پڑنا : [ار - محاورہ] غصے ہونا - ناراض ہونا - چیں بر جبیں ہونا
ماتھے پر پسینا ہونا : [ار - محاورہ] تکلیف یا غم کی وجہ سے ماتھے پر پسینا آ جانا -
ماتھے پر ٹیکا ہونا : [ار - محاورہ] کسی امر کا کسی پر منحصر ہونا -
ماتھے پر چڑھنا : [ار - محاورہ] سر چڑھنا -
ماتھے پر شکن پڑنا / ہونا : [ار - محاورہ] غصہ یا رنج کی وجہ سے پیشانی پر بل پڑنا -

ماتھے پر صندل لگانا/ملنا: [ار۔ محاورہ] دردِ سر کے لئے صندل/چندن رگڑ کر پیشانی پر لگانا۔
ماتھے ٹیکا ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کا فخر ہونا۔ سرخاب کا پر ہونا۔
ماتھے جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) گر پڑنا۔ سر لگنا۔ تھپنا (۲) نقصان ہونا۔
ماتھے چاند ٹھوڑی تارا: [ار۔ مثل] خوبصورتی کے لیے عورتیں کہتی ہیں یعنی پیشانی چاند کی طرح اور ٹھوڑی ستارے کی طرح چمک دار اور خوبصورت ہے/روشن ہے۔
ماتھے رولی چاول چڑھانا: [ار۔ محاورہ] تلک لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔ شادی کرنا۔
ماتھے رولی چاول چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ماتھے رولی چاول چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ماتھے کا الف: [ار۔ اِمذ] الف آزاد کا۔
ماتھے کا ٹیکا ہے: [ار۔ اِمذ] ہر وقت سامنے ہے۔ کسی وقت ٹلتا نہیں۔
ماتھے کا گھٹاو: [ار۔ اِمذ] وہ نشان جو سجدہ کثرت سے کرنے سے نمازیوں کے ماتھے پر پڑ جاتا ہے۔
ماتھے کا منڈاتا بیل کا کھسنا: [ار۔ محاورہ] سر منڈاتے ہی اولے پڑنا۔
ماتھے گھٹری مدھری چال آج نہ پہنچیں پہنچیں کال: [ار۔ مثل] مزے مزے سے کام کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
ماتھے گولی لگنا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کے ہونے سے پہلے اُس کی بُری علامتیں دکھائی دے جانا۔
ماتھے مارنا: [ار۔ محاورہ] واپس کرنا۔ لوٹانا۔ خفا ہو کر واپس کرنا۔
ماتھے مڑھنا: [ار۔ محاورہ] ذمہ کرنا
ماتھے ہونا: [ار۔ محاورہ] ذمہ ہونا
ماٹ: [ہ۔ اِمذ] (۱) بڑا مٹکا۔ خم (۲) نیل کا حوض۔
ماٹ بگڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) نیل کا مٹکا/حوض خراب ہو جانا (۲) کنایتہً افواہ اُڑنا غلط خبر مشہور ہونا (۳) کسی راجا کا مر جانا۔
ماٹ کا ماٹ بگڑنا: [ار۔ محاورہ] آوے کا آوا خراب ہو جانا۔ سب کا ایک ہی حال ہونا۔ سب کی عقل جاتی رہنا۔ کل خاندان/محلہ/گاؤں/قصبے کا ہر ملن ہو جانا۔
ماٹ کی بھاجی: [ہ۔ اِمث] ایک قسم کی ترکاری جو ہمیشہ سبز رہتی ہے۔
ماٹھ: [ہ۔ صف] (۱) بھٹی (۲) دیکھئے "ماٹ" (۳) دیکھئے مٹھ
ماٹھو: [ہ۔ اِمذ] (۱) بندر۔ بوزنہ۔ میمون (۲) مسخرا آدمی۔ ظریف۔ بھانڈ (۳) کم عقل۔ بے وقوف آدمی۔ بھولا آدمی۔
ماٹی: [ہ۔ اِمث] (۱) مٹی۔ گرد۔ غبار۔ خاک۔ دُھول (۲) زمین۔ دھرتی۔
ماٹی پھانکنا/پھکنا: [ار۔ محاورہ] حسد کرنا۔ جلنا۔ دشمنی کرنا۔ بیر کرنا۔
ماٹی میں رُلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مرنا۔ دفن ہونا۔ خاک میں ملنا (۲) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ ویران ہونا۔
ماثور/ماثورہ: [ع۔ صف] (۱) وہ جو حدیث سے معلوم ہو جیسے ادعیہ ماثورہ (۲) نقل کیا ہوا۔
ماجِد: [ع۔ صف] بزرگ۔ بزرگوار۔ قابلِ احترام۔ جیسے والد ماجد۔
ماجِدہ: [ع۔ صف] ماجد کی تانیث۔ بزرگ۔ معظمہ۔ قابلِ تعظیم یا قابلِ احترام جیسے والدہ ماجدہ۔
ماجنا: [ہ۔ اِمذ] عزت آبرو۔ وقار۔
ماجو/ماجو پھل: [ہ۔ اِمذ] ایک درخت کا پھل۔ مازُو۔ مائیں۔
ماجوج: [سریانی۔ اِمذ] ایک قوم جس کے متعلق خیال ہے کہ قیامت کے نزدیک خروج کرے گی۔ اس کو روکنے کے لئے ذُوالقرنین نے دیوار بنائی تھی۔ دیکھئے یاجوج ماجوج۔
ماجُور: [ع۔ صف] اَجر دیا گیا۔ ثواب دیا گیا۔
ماجوم: [ہ۔ اِمث] (۱) معجون کا معرب (۲) ایک مٹھائی جو بھنگ شامل کر کے بناتے ہیں۔
ماجھ: [ہ۔ صف] (۱) درمیانی۔ بیچ کا (۲) (اِمذ) درمیان۔ بیچ (۳) (متعلق فعل) درمیان میں۔
ماجھدار: [ہ ف۔ اِمث] (۱) منجدھار (۲) (متعلق فعل) دریا کے درمیان میں۔
ماجھی: [ہ۔ اِمذ] ملّاح۔ کشتی چلانے والا۔
ماچا: [ہ۔ اِمذ] (۱) بڑا پلنگ۔ اونچی اور بڑی چارپائی (۲) مچان۔ وہ اونچی جگہ جہاں بیٹھ کر پرندوں کو اڑاتے/شیر وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
ماچا توڑ: [ہ۔ صف] (۱) وہ جو ہر وقت چارپائی پر پڑا رہے۔ سست۔ کاہل جو پلنگ سے نہ اُٹھے (۲) راجپوت سپاہیوں کی ایک قسم جو ہر وقت بھنگ کے نشہ میں پڑے رہتے تھے۔ مگر میدانِ جنگ میں بڑی بہادری دکھاتے تھے۔
ماچا خر: [ہ۔ صف] بے وقوف۔ احمق
ماچھ/ماچھی: [ہ۔ اِمذ۔ مث] مچھلی۔
ماچھی: [ہ۔ اِمث] مکھی
ماچی: [ہ۔ اِمث] (۱) چھوٹی چارپائی۔ پلنگڑی (۲) وہ جالی دار تھیلا جو گاڑی کے پیچھے اسباب رکھنے کے لئے ہوتا ہے (۳) ایک قسم کا بیلوں کا جُوا جو دو لکڑیوں سے بنا ہوتا ہے (۴) میڑا۔ بھینگا (۵) پیڑھی (۶) گاڑی کا صندوق۔ گاڑی کے پیچھے کی جگہ جس پر نوکر یا بچہ بیٹھتا ہے (۷) (دکنی) مکھی۔
ماحی: [ع۔ صف] محو کرنے والا۔ نیست و نابود کرنے والا۔
ماخذ: [ع۔ اِمذ] (۱) وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے (۲) منبع۔ نکاس۔ چشمہ (۳) اصل۔ بنیاد۔ جڑ (۴) مادہ۔ دھاتو۔ مبدا۔
ماخوذ: [ع۔ صف] (۱) مبتلا۔ پھنسا ہوا (۲) گرفتار۔ پکڑا ہوا (۳) لیا گیا۔ حاصل کیا گیا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
ماخولیا: [یو۔ اِمذ] مالیخولیا کا مخفف۔
مادام: [ار۔ اِمث] انگریزی MADAM کا مورّد خاتون۔ بیگم۔
مادح: [ف۔ صف] تعریف یا مدح کرنے والا۔
مادر: [ف۔ اِمث] ماں۔ والدہ۔ اماں
مادر بہ خطا: [ف۔ اِمث] گالی جس کی ماں نے خطا/زنا کیا ہو۔ حرامی۔ حرام کا۔ ولد الزنا
مادر پدر آزاد: [ف۔ صف] مکمل آزاد۔ ہر قسم کی مذہبی اور اخلاقی پابندی سے آزاد
مادر پدر ہونا: [ار۔ محاورہ] ایک دوسرے کو گالیاں دینا۔
مادر چود: [ف۔ اِمذ] گالی۔ جس نے اپنی ماں کے ساتھ زنا کیا ہو۔

مادرِ حق: [ف - امذ] وہ حق جو کسی جگہ پیدا ہونے کی وجہ سے حاصل ہوا ہو۔
مادر/خواہر خواہی کرنا: [ار - محاورہ] ماں بہن کی گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔
مادرِ رضاعی: [فع - امث] دودھ پلانے والی۔ جس عورت کا دودھ پیا ہو۔
مادرِ روزگار: [ف - امث] قدرت۔ دنیا۔ خلقت۔
مادر زاد اندھا/نابینا: [ف - صف] وہ شخص جو اندھا پیدا ہوا ہو۔ جنم کا اندھا۔ کورِ مادر زاد۔
مادرِ علاتی: [ف - امث] سوتیلی ماں۔
مادرِ گیتی: [ف - امث] زمین۔ گیتی کا استعارہ مادر سے کرتے ہیں۔
مادرانہ: [ف - صف] ماں کی طرف منسوب۔ ماں کا۔
مادری: [ف - صف] (۱) دیکھئے "مادرانہ" (۲) پیدائشی۔ فطرتی (۳) [ھ - مث] ماپ - پیمائش (۴) مثال - نمونہ۔
مادری زبان: [ف - امث] وہ زبان جو انسان اپنی ماں سے سیکھے۔ ذاتی زبان۔ اپنی بولی۔
مادگی: [ف - امث] نسوانی خاصیت۔ تانیث۔ مؤنث ہونے کی حالت
مادہ: [ف - امث] (۱) عورت ذات۔ زن۔ مؤنث۔ جانوروں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
مادّہ: [ع - امذ] اصل۔ جس سے کوئی چیز بنائی جائے (۲) ماخذ۔ دھاتو۔ جڑ۔ منبع۔ مخرج۔ مصدر (۳) بات سمجھنے کی قوت۔ عقل۔ سمجھ۔ دماغ۔ مغز۔ فہم۔ تمیز۔ بدھی (۴) جسم۔ وجود (۵) پیپ۔ مواد (۶) استعداد۔ لیاقت قابلیت۔ صلاحیت۔
مادہ پرست: [صف] مادے کو سب کچھ سمجھنے والا۔ دہریہ۔ خدا کا منکر۔
مادّہ ہونا: [ار - محاورہ] (۱) استعداد یا لیاقت ہونا (۲) کسی چیز کی اصلیت/جڑ ہونا۔
مادّی: [ع - صف] (۱) منسوب بہ مادّہ (۲) اصلی۔ جبلی۔ ذاتی۔ قدرتی۔ خلقی۔ طبعی۔
مادیات: [ع - امث] (۱) دیکھئے "مادیت" جس کی یہ جمع ہے (۲) مادی چیزیں۔ مخلوقات۔
مادیان: [ف - امث] (۱) گھوڑی (۲) گدھی۔
مادیت: [ع - امث] (۱) جسمانیت۔ جسمیت (۲) مادہ ہونا۔
مادین: [ف - امث] مادہ۔ مؤنث (۲) ہر حیوان اور پرند کی مادہ۔
ماڈرن: [انگ - صف] (MODERN) جدید۔ آجکل کا
ماڈل: [انگ - امذ] دیکھئے "موڈل"۔
ماذنہ: [ع - امذ] مینار
ماذون: [ع - مفعول] اجازت دیا گیا۔
مار: [ہ - امث] (۱) مارنا مصدر سے صیغہ امر (۲) (امث) چوٹ۔ ضرب۔ زدو کوب۔ گوشمالی (۳) صدمہ۔ دھکا۔ آسیب (۴) عذاب۔ مصیبت دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ رنج۔ کوفت (۵) تنگی۔ مفلسی (۶) نقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ گھاٹا (۷) غصب۔ حق تلفی۔ خیانت (۸) لوٹ۔ غارت۔ دستبرد (۹) سزا۔ تعزیر (۱۰) غضب الٰہی۔ وبال (۱۱) کثرت۔ بہتات۔ افراط (۱۲) علاج۔ دفیعہ۔ مصلح۔ بدرقہ (۱۳) لالچ۔ طمع (۱۴) فریب۔ دھوکا چال (۱۵) توڑ۔ زد (۱۶) کوشش۔ سعی (۱۷) کاروبار۔ کام کاج (۱۸) صرف۔ خرچ (۱۹) لعنت۔ دھتکار۔ پھٹکار۔ بددعا (۲۰) دھمکی۔ ڈراوا تہدید۔ تخفیف (۲۱) ہلاک کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے مردمار (۲۲) پوتنی مٹی (۲۳) چکنی مٹی جس میں دھان/چاول کی فصل پیدا ہوتی ہے۔
مار: [ف - امذ] سانپ۔ ناگ۔ افعی۔ کیڑا۔ سرپ۔
مار: [س - صف] (۱) مارنے والا (۲) (مذ) موت۔ وبا (۳) مارنا۔ قتل کرنا (۴) رکاوٹ۔ روک (۵) عشق۔ کام دیو (۶) بدھ مذہب میں شیطان جو موت کا دیوتا سمجھا جاتا ہے۔ (۷) کھٹوہڑ۔
مارِ آستین: [ف - صف] وہ شخص جو دوست بن کر دشمنی کرے۔
مار بر گنج: [ف - مثل] خزانے پر سانپ۔ اس کنجوس کے متعلق کہتے ہیں جو مال جمع کرے اور نہ خود کھائے نہ کسی کو کھانے دے۔
مار بھگانا: [ار - محاورہ] مار کر بھگا دینا۔ شکست دینا۔ پَدانا۔ ہرانا
مار بیٹھنا: [ار - محاورہ] (۱) بے سوچے سمجھے مارنا۔ یکایک مارنا (۲) پیٹ دینا گت بنا دینا۔ لکڑی سے پیٹ دینا (۳) کسی کا مال دبا بیٹھنا۔ غصب کر لینا۔
مار پٹائی: [ار - امث] مار پیٹ۔
مار پٹنا: [ار - محاورہ] زدوکوب ہونا۔ مارا جانا۔
مار پڑنا: [ار - محاورہ] مار پیٹ ہونا۔ زدوکوب ہونا (۲) خدا کا غضب ٹوٹنا۔ آفت آنا۔ صبر پڑنا۔
مار پڑے: [ار - کوسنا] (۱) خدا کا غضب ٹوٹے/عذاب نازل ہو (۲) زدوکوب ہو۔
مار پیٹ: [ار - امث] زدوکوب۔ مار کٹائی۔ لڑائی جھگڑا۔
مار پیٹ کے: [ار - متعلق فعل] دقت سے۔ مشکل سے۔
مار پیچ: [ار - امذ] (۱) سانپ کی سی لہر (۲) سیاہ ریشم کا گچھا جو جھنڈے کے سرے پر لگاتے ہیں (۳) کئی سانپوں کی مانند باہم پیچیدہ تصویر (۴) راہِ پُرپیچ۔ پیچدار راستہ (۵) ٹیڑھا راستہ۔ کنایۃً دھوکا۔ فریب۔ چالاکی۔
مار پیچ کی باتیں: [ار - امث] فریب کی باتیں۔
مار پیچ کی راہ: [ار - امث] ٹیڑھا راستہ۔ ہیر پھیر کی راہ۔
مار پیچھے پکار: [ہ - مثل] بے ضرورت کام۔
مار پیچھے سنوار ہوا ہی کرتی ہے: [ار - کہاوت] (۱) ذلت کے بعد عزت (۲) لڑائی کے بعد صلح
مار چلنا: [ار - محاورہ] مارنا شروع کرنا۔
مار خور: [ف - امذ] ایک قسم کا جنگلی بکرا۔
مار دلوانا: [ار - محاورہ] پٹوانا۔ زدوکوب کرانا۔
مار دو زبان: [ف - صف] کنایۃً منافق آدمی۔
مار دھاڑ: [ار - امث] (۱) زدوکوب۔ مار پیٹ (۲) لڑائی۔ جنگ و جدل (۳) ڈانٹ ڈپٹ (۴) زجر و توبیخ۔
[افعال: کرنا۔ ہونا]
مار دینا: [ار - محاورہ] قتل کر دینا۔ ہلاک کر دینا (۲) مار پیٹ کرنا۔ مار بیٹھنا۔ دست درازی کر بیٹھنا (۳) شکست دینا۔ ہرا دینا۔
مار ڈالنا: [ار - محاورہ] ہلاک کر دینا۔ قتل کر دینا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

(۲) عاشق بنالینا۔ موہ لینا۔ فریفتہ کرلینا (۳) بیتاب کردینا۔ بھڑکا دینا۔ (۴) ہنساتے ہنساتے لوٹا دینا

مَار ذبح کرنا: [ار۔ محاورہ] کام تمام کرنا۔ قتل و غارت کرنا۔ مار ڈالنا۔ جیتانہ چھوڑنا۔

مَار رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "مار ڈالنا" نمبر ۱ تا ۳ (۲) دوسرے کے مال پر ناجائز قبضہ کرنا۔ دبالینا (۳) غائب کردینا۔ نابود کردینا۔

مار رہنا: [ار۔ محاورہ] افسردہ رہنا۔ بہتات ہونا۔

مار سے بھاگنا: [ار۔ محاورہ] پٹنے کے خوف سے چل دینا۔ پٹنے سے ڈرنا۔

مار سے بھوت (بھی) بھاگتا ہے: [ار۔ مثل] مار کے آگے سب سرکشی اور شرارت دُور ہو جاتی ہے۔

مَارِ ضحّاک: [ف۔ اند] اُن دو سانپوں میں سے ایک جو روایتاً شیطان کے بوسہ دینے سے ضحاک کے مونڈھوں پر پیدا ہو گئے تھے اور ان کو روزانہ دو آدمیوں کا مغز کھلوایا جاتا تھا۔

مار کُٹائی: [ار۔ امث] مار پیٹ۔ زد و کوب۔ مار دھاڑ۔

مار کُٹیا: [ار۔ اند] جھگڑالو۔ لڑاکا۔

مار کرنا: [ار۔ محاورہ] حملہ کرنا۔ توپ یا بندوق وغیرہ کا مؤثر ہونا۔

مار کر بھُرا کر دینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مار کے بھُرا الخ"

مار کھاتا جائے اور کہے ذرا مارو تو سہی: [ار۔ مثل] بزدل خصوصاً بنیا ایسا کیا کرتا ہے۔

مار کھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) پٹنا۔ سزا پانا۔ ضرب کھانا (۲) فریب یا دغابازی سے کمانا (۳) ہار جانا۔ شکست کھانا۔

مار کھانا مسجد میں سو رہنا: [ار۔ محاورہ] لوٹ مار میں زندگی بسر کرنا۔

مار کھانے کی باتیں: [ار۔ امث] سزا کے قابل باتیں/ اقوال و افعال

مار کھانے کی نشانی: [ار۔ صف] کمزور جس میں طاقت نہ ہو۔

مار کھلوانا: [ار۔ محاورہ] پٹوانا۔

مار کے / کر: [ار۔ متعلق فعل] ضرب لگا کے۔ زد و کوب کر کے۔ (۲) بہت کثرت سے

مار کے آگے بھوت بھاگتا ہے / بھاگے / نلچے: [ار۔ مثل] دیکھئے "مار سے بھوت بھاگتا ہے"

مار کے آلو بنا دینا: [ار۔ محاورہ] اتنا مارنا کہ بدن پر نشان پڑ جائیں۔

مار کے بچھا دینا / تباہ کر دینا / بھُرا کر دینا / ستیاناس کر دینا / لٹا دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) بہت مارنا (۲) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔

مار کے بھگا دینا / بھگانا: [ار۔ محاورہ] اتنا مارنا کہ دوسرا / مار کھانے والا بھاگ جائے۔

مار گرانا: [ار۔ محاورہ] مار کر گرا دینا۔

مار گزیدہ: [ف۔ صف] سانپ کا کاٹا ہوا / ڈسا ہوا۔

مار گسیاں / گسایاں تیری آس: [ہ۔ مثل] نوکر مالک کو اور بیوی خاوند کو کہتی ہے کہ جتنا چاہے مارے میں تو صرف تیرے ہی بھروسے / سہارے پر ہوں۔

مَارِ گنج: [ف۔ اند] وہ سانپ جو خزانے کا نگہبان ہوتا ہے۔ پرانے جاہلوں کا خیال تھا کہ خزانہ دفن کر کے اس پر طلسم کا سانپ بٹھا دیا کرتے تھے (۲) کنجوس۔ سخت بخیل مالدار۔

مار گیسو: [ف۔ اند] معشوق کی لٹ۔ گیسو کو مار سے استعارہ کرتے ہیں۔

مار لات سے لوٹا پھٹ جائے: [ار۔ مثل] اور جاہ کی کام میں لا۔

مار لانا: [ار۔ محاورہ] (۱) شکار کر لانا۔ مار کے لے آنا (۲) غصب کر لینا۔ دھوکا دے کر لینا (۳) چرا لینا۔ لوٹ کھسوٹ کے لے آنا۔

مار لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) دبالینا۔ غصب کر لینا (۲) لوٹ لینا۔ تباہ کر دینا (۳) غبن کرنا۔ اُڑا لینا۔ ناجائز طور پر لے لینا (۴) پیٹ لینا۔ تھپڑ لگا لینا (۵) فتح کر لینا۔ جیتنا۔ مغلوب کر لینا (۶) قابو کر لینا۔ مطیع کر لینا (۷) کبوتر پکڑ لینا (۸) ٹھوڑ رکھنا۔ شرط بدنا۔

مار مار: [ار۔ امث] جھکائے جانے کا شور۔

مار مار دھول اُڑا دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) بہت مارنا (۲) (متعلق فعل) مار کر۔ دبا کر۔ ناچار کر کے

مار مار رکھنا: [ار۔ محاورہ] ناچار صبر اختیار کرنا۔ چپ ہو رہنا۔

مار مار کر / کے بھُرکس نکال دینا: [ار۔ محاورہ] بہت مارنا۔

مار مار کر / کے ستی کرنا: [ار۔ محاورہ] زبردستی کام کرانا۔

مار مار کر / کے سیدھا کرنا: [ار۔ محاورہ] پیٹ پیٹ کر درست بنانا۔

مَار مَار کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیٹنے کا حکم دینا (۲) جنگ و جدل پر اُکسانا (۳) سرزنش کرنا۔ زجر و توبیخ کرنا۔ تاکید کرنا (۴) نہایت کوشش کرنا۔ خوب جد و جہد کرنا (۵) بہت محنت مشقت کرنا (۶) نہایت جلدی کرنا۔ شتابی کرنا (۷) مار پیٹ کرنا (۸) دھتکارنا۔ دُور دفع کرنا۔ پھٹکارنا۔

مار مار کئے جانا: [ار۔ محاورہ] کوشش کئے جانا۔ کوشش میں کسر نہ رکھنا۔

مار مار کئے جاؤ فتح داد الٰہی ہے / فتح شکست خدا کے ہاتھ ہے: [ار۔ مثل] کوشش کرنی چاہیے نتیجہ چاہے کچھ ہو اس کی پروا نہیں کرنی چاہیے۔

مَار مارنا: [ار۔ محاورہ] پیٹنا۔ زد و کوب کرنا

مَار مَار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مار مار کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) بڑا تقاضا و تاکید ہونا۔

مَار مرنا: [ار۔ محاورہ] دوسرے کو قتل کر کے اپنے آپ خود بھی ہلاک ہو جانا۔ خودکشی کرنا۔

مارنے سے بچانے والا بڑا ہے: [ار۔ مثل] جب دشمن نقصان پہنچانے کی کوشش کر چکے اور نقصان نہ پہنچے تو کہتے ہیں۔

مار میں جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) ڈوبنا۔ ضائع ہونا۔ جاتے رہنا (۲) لٹ جانا۔ غارت ہونا۔ تاراج ہونا (۳) بٹے کھاتے پڑنا۔ وصول نہ ہونا۔

مَار ہٹانا: [ار۔ محاورہ] مار کر بھگا دینا۔ شکست دینا۔

مار ہونا: [ار۔ محاورہ] لڑائی ہونا۔

مَارَا: [ار۔ ا۔ مذ] (۱) بارانی زمین۔ پ (میرا) (۲) کشتہ۔ مقتول۔ قتل شدہ۔ (۳) ذبح شدہ۔ مذبوح (۴) تباہ شدہ۔ برباد شدہ (۵) ستایا ہوا۔ دکھی۔ تکلیف رسیدہ (۶) مارا ہوا۔ زدہ۔

مَارا پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) قتل ہو جانا۔ تباہ ہو جانا / ہونا۔ برباد ہونا (۲) گھاٹے

میں رہنا۔ نقصان کی وجہ سے جان پر صدمہ ہونا۔

مارا جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) جان سے جانا۔ قتل ہونا۔ ہلاک ہونا (۲) ڈوبنا۔ ضائع ہونا۔ روپیہ کا وصول نہ ہونا۔ تلف ہونا (۳) ضرورت ماری جانا۔ کنایۃً غائب ہو جانا۔

مارا لہر نہ لے / پانی نہ مانگے: [ار۔ مثل] سانپ کا کاٹا جس سے فوراً مر جاتے۔

مارا مار: [ار۔ امث] (۱) کثرت۔ بہتات۔ افراط۔ زیادتی۔ افزونی (۲) کوشش سعی۔ دوڑ دھوپ۔ تگاپو (۳) زد و کوب۔ مار دھاڑ۔ مار مار۔ جوتی پیزار (۴) ہل چل۔ افراتفری۔ بھاگڑ (۵) محنت۔ جانفشانی (۶) کشاکش۔ کشمکش (۷) گتھم گتھا (۸) جماع کے وقت عورت و مرد دونوں کا زور زور سے ہلنا (۹) (متعلق فعل) پے در پے۔

مارا مار کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بہت کوشش کرنا (۲) زیادہ محنت کرنا۔ جانفشانی کرنا (۳) جلدی کرنا۔

مارا مار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مارا مار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مارا مارا پھرنا: [ار۔ محاورہ] آوارہ پھرنا۔ خراب و خستہ پھرنا۔ دربدر پھرنا۔ ٹھوکریں کھانا۔ بھٹکتے پھرنا۔

مارا ہوا: [ار۔ صف] کشتہ

مارتا: [ار۔ صف] مارنے والا۔ ضرب لگانے والا۔ زد و کوب کرتا ہوا۔

مارتے خاں: [ار۔ اند] (۱) زبردست۔ زور آور (۲) ظالم۔ سفاک (۳) بہادر۔ دلیر۔

مارتے خاں سے بہت ڈرتے ہیں: [ار۔ مثل] زبردست سے بہت خوف کھاتے ہیں۔

مارتے کا ہاتھ پکڑا جاتا ہے کہتے کی زبان / منہ نہیں پکڑا جاتا: [ار۔ مثل] بدزبان کی زبان نہیں روکی جاسکتی۔

مارتے کے پیچھے بھاگتے کے آگے: [ار۔ مثل] بزدل کے متعلق کہتے ہیں۔

مارتے مارتے بھرکس / کچلا / گٹھڑی کر دینا: [ار۔ محاورہ] بہت مارنا۔ بُری طرح پیٹنا۔

مارتول: [ہ۔ اند] ہتھوڑا۔ موگرا۔

مارٹ: [انگ۔ اند] (MART) (۱) نیلام گھر (۲) منڈی۔ تجارتی مرکز۔

مارٹر: [انگ۔ امث] (MORTAR) (۱) ہاون کھل یا ہاون (۲) ایک قسم کی چھوٹی توپ

مارجن: [انگ۔ اند] (MARGIN) (۱) حاشیہ (۲) آخری حد (۳) کچھ زائد رقم جو کمی بیشی پوری کرنے کو رکھی جائے۔

مارچ: [انگ۔ اند] (MARCH) (۱) سال عیسوی کا تیسرا مہینہ (۲) کوچ۔ روانگی۔ باقاعدہ قدم۔

مارچ پاسٹ: [انگ۔ اند] (MARCH PAST) فوجی سلامی

مارشل لاء: [انگ۔ اند] (MARTIAL LAW) فوجی قانون۔ جنگی قانون۔

مارفیا: [انگ۔ اند] (MORPHIA) افیون کا ست۔

مارک: [انگ۔ اند] (MARK) علامت۔ نشانی۔ ناخواندہ آدمی کے دستخط کی جگہ نشانی۔ امتحان کے سوالات کے نمبر۔ داغ۔ دھبّا۔ معیار سے بلند (افعال: کرنا)

مارکا: [ار۔ اند] (۱) علامت۔ پہچان۔ نشانی (۲) سلطنت کی علامت (۳) کارخانہ کی مصنوعات کی علامت۔

مارکسزم: [انگ۔ صف] (MARXISM) مشہور جرمن اشتمالی کارل مارکس کا عقیدہ۔

مارکسی: [ار۔ صف] اشتمالی نظریات کو ماننے والا۔ کارل مارکس کے نظریات کا حامل۔

مارکسیت: [ار۔ صف] دیکھئے "مارکسزم"

مارکیٹ: [انگ۔ اند] (MARKET) بازار۔ منڈی

مارگ: [س۔ اند] (۱) راستہ۔ راہ۔ باٹ (۲) طرح۔ طور (۳) زہر کا اتار (۴) چارہ۔

مارنا: [ار۔ مص] (۱) پیٹنا (۲) ضرب لگانا (۳) حملہ کرنا (۴) سزا دینا۔ ڈانٹنا (۵) لگانا۔ جڑنا (۶) قتل کرنا۔ ہلاک کرنا (۷) فنا کرنا (۸) برباد کرنا (۱۰) فتح کرنا۔ جیتنا۔ بازی لینا (۱۱) کشتی جیتنا (۱۲) حریف کی زد پیٹنا (۱۳) دھتکارنا (۱۴) اڑانا۔ نکالنا (۱۵) دوسرے کا کبوتر پکڑنا (۱۶) طبع کرنا (۱۷) دسے مارنا (۱۸) پچھاڑنا (۱۹) مغلوب کرنا (۲۰) بندوق یا تیر چلانا (۲۱) بکرا یا مرغ ذبح کرنا (۲۲) کوئی دھات وغیرہ کشتہ کرنا۔ (۲۳) بھوک پیاس برداشت کرنا (۲۴) چاقو کی دھار کند کرنا (۲۵) لوٹنا۔ مال چھین لینا۔ (۲۶) روکنا۔ مانع آنا۔ سدِ راہ ہونا (۲۷) دبانا۔ کم کرنا۔ رفع کرنا (۲۸) (تیزی) کم کرنا۔ (۲۹) (کسی چیز کا کسی چیز کو) زور توڑنا۔ اثر کم کرنا (۳۰) (آہ) نکالنا۔ بھرنا۔ (۳۱) (نعرہ) زور سے آواز نکالنا۔ بے بولنا (۳۲) (دل) پژمردہ کر دینا (۳۳) (نشتر خنجر وغیرہ) بھونکنا۔ گھسیڑنا (۳۴) (سر) پٹخنا۔ ٹکرانا۔ رگڑنا۔ گھسنا۔ نیز دیکھئے سر کے تحت (۳۵) (ڈنک) ڈسنا۔ کاٹنا (۳۶) (لنگر) ڈالنا۔ بھاری کرنا (۳۷) (غصہ) روکنا۔ ضبط کرنا (۳۸) (دم سانس وغیرہ) نکالنا۔ سر کرنا (۳۹) (جال) بچھانا۔ پھیلانا (۴۰) (مٹھیاں) دبانا۔ بھرنا۔ (۴۱) (تجارت) کھو دینا۔ مندا کرنا (۴۲) (بات) چھپانا۔ دبانا (۴۳) (سکہ) ٹھپا لگانا۔ نقش اُبھارنا۔ چھاپ لگانا (۴۴) (شکار) پکڑنا۔ صید کرنا (۴۵) (قلم) پھیلنا۔ کاٹنا۔ مٹانا۔ (۴۶) (آنکھ) اشارہ کرنا۔ پھڑکانا۔ جنبش دینا (۴۷) (ڈنڈی) جھونک دینا۔ جھکانا۔ (۴۸) (شوق شہوت وغیرہ) بجھانا۔ فرو کرنا۔ (۴۹) (کور) ریتنا۔ گھسنا۔ (۵۰) (مال) کھانا۔ نگلنا۔ (۵۱) (ہتھے) خوب کھانا (۵۲) (سوئی ٹانکا وغیرہ) سینا۔ دوخت کرنا (۵۳) (جان) بیحد کوشش کرنا (۵۴) (جان سے) قتل کر دینا (۵۵) (بغل میں) دبانا۔ لینا۔ سنبھالنا (۵۶) (گانڈ) اغلام کرنا (۵۷) (گھنٹہ طبل وغیرہ) بجانا (۵۸) (ہاتھ) دیکھئے ہاتھ کے تحت میں (۵۹) (جھٹکا) دینا۔ لگانا (۶۰) (پودوں درختوں کو) مرجھا دینا (۶۱) (حرف) کھرچنا۔ چھیلنا (۶۲) (شتی ٹرینگ وغیرہ) کرنا۔ عمل میں لانا۔ لگانا۔ (۶۳) (غوطہ) پانی کے اندر جانا (۶۴) (نفس کو) خواہشوں کو روکنا۔ ضبط کرنا (۶۵) رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا (۶۶) تھکانا۔ مغلوب کرنا (۶۷) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۶۸) ام کے ساتھ تکمیل فعل کے لئے جیسے تھکا مارنا۔ ستا مارنا (۶۹) فریفتہ کرنا۔ شیفتہ کرنا۔ موہ لینا (۷۰) ستانا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔

علاوہ مندرجہ بالا کے دیگر محاورات کے لئے اصل الفاظ کے تحت دیکھئے۔

مارنے والے سے جلانے والا بڑا ہے: [ار۔ مثل] دیکھئے "مارنے سے جلانے الخ۔

ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ: [ار۔ مثل] بے جوڑ اور بے محل بات پر کہتے ہیں۔

مارے: [ار۔ متعلق فعل] (۱) باعث۔ وجہ۔ سبب۔ خاطر۔ سے۔ واسطے

کارن (۲) مضارع - صیغہ واحد غائب و حاضر (۳) (صف) مارے ہوئے مرکبات میں جیسے شامت مارے - مصیبت مارے -

مارے آپ لگاوے تاپ : [ار - مثل] آپ کرے اور دوسرے کے سر تھوپے

مارے اور رونے نہ دے : [ار - مثل] زبردست کے متعلق کہتے ہیں جو ذیادہ بھی نہیں سنتا -

مارے باندھے : [ار - متعلق فعل] زبردستی - مجبوراً

مارے باندھے کا سودا : [ار - اند] مجبوری کا معاملہ

مارے جوتیوں کے سر پر ایک بال نہ رکھنا : [ار - محاورہ] انتہائی غصہ ظاہر کرنا -

مارے سپاہی نام تلوار کا / سردار کا - کٹے ہاتھ نام تلوار کا : [ار - مثل] کام کوئی کرے اور نام کسی کا ہو -

مار سے پیدا یا اچھا : [ار - مثل] دھمکی سے کام نکال لینا چاہیئے -

مارے نہ چوہی نام فتح خاں : [ار - مثل] مفت میں بہادر مشہور ہو گئے اسکے متعلق کہتے ہیں جسے کوئی ایسی چیز مل جائے جس کا وہ اہل نہ ہو -

مارے نہ کوٹے دل ہی دل میں گھونٹے : [ار - مثل] ہر وقت کسی کے دل کو دکھاتا ہے

مارے ہنسی کے (پیٹ پکڑ کر) لوٹ جانا : [ار - محاورہ] ہنسی کی شدت سے بیتاب ہو جانا -

ماڑیا : [ہ - صفت] دُبلا - ضعیف -

مازو : [ف - اند] ماجُو

ماس : [ہ - اند] (۱) گوشت - لحم - (۲) سالن - قلیہ -

ماس آدھاری : [ہ - صف] گوشت خور - ماس کھانے والا -

ماس بنا سب ساگ / گھاس رسوئی : [ار - مثل] گوشت کے بغیر کھانا بدمزہ ہوتا ہے - باقی گھاس ہی گھاس رہ جاتا ہے -

ماس سب کوئی کھاتا ہے - ہڈا / ہڈی گلے میں کوئی نہیں باندھتا : [ہ - مثل] لائق سے سب محبت کرتے ہیں نالائق کو کوئی نہیں پوچھتا -

ماس کھائے ماس بڑھے اَن کھاتے اوجھڑی : [ہ - مثل] گوشت کھانے سے بدن پر گوشت زیادہ ہوتا ہے - اناج کھانے سے صرف پیٹ ہی بڑھتا ہے -

ماس کھائے ماس بڑھے گھی کھائے بل ہو - ساگ کھاتے اوجھ بڑھے ڈبنا کہاں سے ہو : [ہ - مثل] گوشت کھانے سے گوشت بڑھتا ہے گھی کھانے سے طاقت آتی ہے - ساگ کھانے سے صرف پیٹ بڑھتا ہے مگر طاقت نہیں بڑھتی -

ماس نوچنا : [ار - محاورہ] (۱) بوٹیاں کاٹنا - بھنبھوڑنا - گوشت اتارنا (۲) کسی کو دق کر کے روپیہ لینا - کمائے کو مانگنا -

ماست : [ف - اند] دوغ - چھاچھ

ماسٹر : [انگ - اند] (MASTER) (۱) اُستاد - معلم - پانڈہ (۲) مالک - سرکار (۳) بچہ - لڑکا -

ماسِکہ : [ع - اند] (۱) وہ قوت جو غذا کو ہضم کرتی ہے (۲) بیضوی شکل کا مرکز -

ماش : [ہ - اند] (۱) ایک پودا پھلی دار جس کا بیج بطور دال استعمال ہوتا ہے (۲) اس پودے کا بیج - اُڑد (۳) جادو کرنا - (۴) ایک قسم کی پھنسیاں -

ماش کا پتلا : [ار - اند] کنایۃً گورا چٹا - خوبصورت (۲) عورتیں صدقہ اتارنے کے لئے ماش کا پتلا بنا کر چوراہے میں رکھ دیتی ہیں -

ماش مارنا : [ار - محاورہ] اُڑدوں پر منتر پڑھ کر کسی پر پھینکنا یا کسی کو مارنا جادو کرنا - ٹونا کرنا -

ماشا : [ہ - اند] بنگالی بابو - مسٹر - حضرت - صاحب (مہاشہ کا بگاڑ) (۲) پھرکی - ریل - گٹی - وہ پھرکی جس پر دبکنے کے لئے تار پیٹتے ہیں (۳) دیکھئے ماش ملا -

ماشوری : [ہ - اند] ایک پرندہ -

ماشہ : [ہ - اند] (۱) ایک وزن جو آٹھ رتی کا ہوتا ہے اور ایک تولے کا بارھواں حصہ (۲) دلالوں کی اصطلاح میں چونی - چار آنے (۳) کیل - کوکا - پریگ (۴) تار کی بندش جس سے ٹوٹے ہوئے چینی کے برتنوں کو جوڑتے ہیں -

ماشہ بھر : [ار - صف] (۱) ایک ماشہ کی مقدار (۲) تھوڑا سا - ذرا سا -

ماشہ تولہ ہونا : [ار - محاورہ] ایک حالت پر نہ رہنا - بہت نازک مزاج ہونا - متلون مزاج ہونا -

ماشی : [ہ - امث] (۱) شہد - (۲) مچھلی (۳) اُڑد جیسے سیاہ رنگ کا -

ماضی : [ع - صف] (۱) گزرا ہوا - گزشتہ (۲) (مث) گزشتہ زمانہ (۳) مصدر کا وہ صیغہ جس سے گزشتہ زمانہ ظاہر ہو -

ماضی احتمالی : [عف - امث] وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانے میں فعل کے صادر ہونے کا احتمال پایا جائے جیسے کھایا ہوگا -

ماضی استمراری : [عف - امث] وہ ماضی جس سے زمانہ گزشتہ میں فعل کا تواتر مفہوم ہو جیسے کھاتا تھا - کھا رہا تھا -

ماضی بعید : [عف - امث] وہ ماضی جس سے دُور کا زمانہ گزشتہ سمجھا جائے جیسے کھایا تھا -

ماضی تمنائی یا شرطی : [عف - امث] و ... س کے پہلے تمنا یا شرط کا ... ہو جیسے کاش کھایا جاتا - یا اگر کھاتا -

ماضی شکیہ : [عف - امث] دیکھئے "ماضی احتمالی"

ماضی قریب : [عف - امث] وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے کھایا ہے -

ماضی مطلق : [عف - امث] وہ ماضی جس سے مطلق گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے کھایا -

ماضی معطوفہ : [عف - امث] وہ ماضی جس میں کسی بات یا کام کا بار بار ہونا ظاہر ہو بذریعہ حرف عطف

ماضی ناتمام : [عف - امث] دیکھئے "ماضی استمراری"

ماضیہ : [عف - صف] بیتا ہوا - گزرا ہوا - گزشتہ - پیشتر کا -

ماغ : [ف - اند] ایک قسم کا کبوتر -

ماقوتی : [ف - امث] ایک قسم کا حلوہ -

ماکڑا : [ہ - صفت] مکڑی کی طرح دُبلا پتلا -

ماکشک : [س - اند] شہد - ایک معدنی مادہ جو شہد کی شکل کا ہوتا ہے -

ماکشی : [ہ - امث] مکھی -

ماکول : [ع - صف] (۱) کھایا گیا (۲) (مذ) کھانے کی چیز - غذا - خوراک

مَاکُولات :[ع-امذ] کھانے کے لائق چیزیں۔
ماکھڑا :[ھ-صف] بے وقوف۔احمق۔جاہل۔
ماکھن :[ھ-امذ] (۱) مکھن (۲) روغن۔تیل (۳) گاڑھا پکا ہوا دودھ
ماکھو :[ھ-امذ] جلاہے کی نال
ماکھو :[ھ-امث] شہرت۔افواہ۔چرچا۔
ماکھو دوڑ جانا / دوڑنا :[ار-محاورہ] چرچا ہونا۔افواہ ہونا۔شہرت ہونا کسی بات کا لوگوں کے منہ پڑ جانا / چڑھ جانا۔
مَاکھی :[ھ-امث] مکھی۔
مَاکیاں :[ف-امث] مُرغی۔
مَاگ :[ھ-امذ] سڑک۔راستہ۔راہ۔رگھ
مَاگدھ :[س-امذ] (۱) مگدھ کے صُوبہ یا اس کے متعلق (۲) مگدھ کا باشندہ۔ (۳) ہندوستان کی ایک قوم جو ویش اور چھتریوں کی اولاد ہے۔ (۴) بھاٹ۔کرکیت (۵) اس قوم کا ایک فرد۔
مَاگدھی :[س-امث] (۱) مگدھ کی زبان (۲) سفید کھانڈ۔چینی (۳) ایک قسم کی چنبیلی (۴) لمبی مرچ (۵) سویا۔سونف۔زیرہ۔
مَاگھ :[ہ-امذ] بکرمی سال کا دسواں مہینہ۔
ماگھ کا جاڑا جیٹھ کی دھوپ :[ہ-مثل] دونوں ہی سخت ہوتے ہیں۔
ماگھ کا جاڑا جیٹھ کی دھوپ۔ بڑے کشٹ سے اوپجے اوکھ / اُوکھ :[ہ-مثل] ماگھ میں سخت سردی اور جیٹھ میں سخت گرمی کی وجہ سے نیشکر بڑی مشکل سے اُگتا اور بڑھتا ہے۔

ماگھ ننگے / ننگی بیساکھ بھوکے / بھوکی :[ہ مثل] سدا مفلس ہمیشہ محتاج۔
ماگھات :[ھ-امث] وہ زمین جس میں ماگھ کے مہینے میں ہل جوتا / چلایا گیا ہو۔
ماگھات کی فصل :[ھ-امث] وہ فصل جو ماگھ کے مہینے میں بوئی جائے۔
مَاگھی :[ہ-امث] ایک قسم کی ترکاری۔
مَال :[ہ-امث] (۱) وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرنے کے لئے لگی ہوتی ہے (۲) مالا۔ہار (۳) کوئیں کا موٹا رسہ (۴) وہ رسہ یا چمڑا جو کلوں میں پٹیوں کو چلانے کے لئے لگایا جاتا ہے۔آجکل ۳ - ۴ کی جگہ لوہے کے بنے ہوتے چین۔زنجیر نے لے لی ہے (۵) وِشن جی کا لقب (۶) ایک قوم اور اس کا فرد۔
مال :[انگ-امث] MALL ۔ٹھنڈی سڑک۔دی کے ساتھ مستعمل ہے
مال :[ف-صف] (۱) ملنے والا۔رگڑنے والا۔پونچھنے والا۔مرکبات میں جیسے گوشمال۔رومال (۲) مالیدن مصدر سے صیغہ امر جو اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔
مال :[ع-امذ] (۱) اسباب۔جائیداد۔سامان (۲) دولت۔دھن۔مایہ۔ (۳) سوداگری کی چیزیں (۴) خاص ملکیت جس میں دوسرے کا تصرف نہ ہو (۵) بیش قیمت چیز۔قیمتی شے (۶) جانور۔گائے بھینس۔مویشی۔عرب میں اُونٹ (۷) جنس۔چیز۔اشیا (۸) مالگزاری۔لگان (۹) خزانہ۔خراج (۱۱) پیداوار۔زراعت آمدنی (۱۲) نفیس کھانا۔عمدہ طعام (۱۳) اصل حقیقت۔ہستی (۱۴) ڈاک کی تھیلی۔بیگ (۱۵) وہ عدد جو کسی اور عدد کو آپس میں ایک دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے (۱۶) لاٹری کا انعام۔وہ چیز جس پر چٹھی پڑے (۱۷) نیل جو بکتا ہے۔دانے دار نیل کی گاد جو پانی خشک ہونے پر رہ جاتی ہے (۱۸) خوبصورت اور نوعمر نوچی۔حسین عورت (۱۹) خوبصورت لڑکا (۲۰) بہت اونٹ۔بھیڑ۔بکری وغیرہ ہونا۔
مَال آنا :[ار-محاورہ] (۱) سوداگری کا مال دوسری جگہ سے لایا جانا (۲) خوبصورت نوچی کا کسی طوائف کے پاس یا بازار میں آنا۔
مَال اُڑانا :[ار-محاورہ] (۱) لذیذ اور نفیس چیزیں کھانا (۲) روپیہ خورد بُرد کرنا (۳) خیانت کرنا (۴) فضول خرچی کرنا۔
مال اُڑ جانا :[ار-محاورہ] روپیہ یا دولت خرچ ہو جانا۔روپیہ برباد ہو جانا۔
مَالُ المَال :[ع-امذ] جذر کا جذر۔کسی عدد کی چوتھی قوت جیسے ۱۶ - ۲ کا۔
مَال اَموات :[ع-امذ] مُردوں کا مال۔لاوارث مال
مال بازیافتہ :[عف-امذ] وہ مال جو ملزم / چور سے واپس ملے / برآمد ہو۔
مال برآمد :[عف-امذ] (۱) تجارت کا مال جو ملک سے باہر بھیجا جائے تجارتی مال۔سوداگری کا مال (۲) مال بازیافتہ۔وہ مال جو چوری ہو جانے کے بعد ملزم سے ملے۔
مال برآمد۔درآمد کی وصول باقی :[ار-امث] باہر جانے اور سے آنے والے مال کا بقایا۔
مال برآمدہ :[عف-امذ] دیکھئے "مال برآمد"
مال بے نشکے :[ہ-امذ] وہ مال جو رَہن نہ ہو۔غیر مرہونہ۔آزاد۔
مال پچنا :[ار-محاورہ] کسی کا مال ہضم کیا جانا۔کسی کی دولت ہضم ہونا۔مال کا قبضے میں آجانا
مال پر زکوٰۃ ہے :[ار-مثل] آمدنی پر ہی خرچ ہوتا ہے۔
مال پرست :[عف-صف] وہ شخص جو ہر وقت مال حاصل کرنے کی فکر میں ہو۔بندۂ سیم و زر
مال پڑا پانا :[ار-محاورہ] بے محنت و مشقت کوئی چیز ہاتھ آنا۔
مَال تال / ٹال :[ار-امذ] روپیہ پیسہ۔مال و متاع۔

مال چکھنا :[ار-محاورہ] کسی کا روپیہ اپنے کھانے پینے میں خرچ کرنا۔
مَال چیرنا :[ار-محاورہ] غبن کرنا۔مال ہضم کرنا۔غصب کرنا۔
مَال حرام :[ار-امذ] (۱) ناجائز مال۔بُری کمائی۔چوری کا مال۔ (۲) رشوت سے حاصل کیا ہوا مال۔حرام کی کمائی (۳) زنا کے ذریعہ کمایا ہوا مال۔خرچی (۴) وہ مال جو شرعاً ناجائز ہو۔
مال حرام بُود بجائے حرام رفت :[ف-مثل] اس وقت بولتے ہیں جب حرام کا کمایا ہوا مال ضائع ہو جائے۔
مَال حصہ داری :[عف-امث] حصہ داروں کا سرمایہ۔ساجھے کی پونجی۔

شراکت کا مال۔

مال حوالے کرنا: [ار۔ محاورہ] مال کسی کو دیدینا / دینا۔ مال کا امانت کے طور پر کسی کے پاس رکھنا۔

مال حوالے ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مال حوالے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مال خانہ: [عف۔ امذ] (۱) وہ مکان جس میں مال رکھیں (۲) گودام۔ ذخیرہ کوٹھی (۲) خزانہ (۳) جنس رکھنے کا مکان (۴) اسلحہ خانہ۔

مال دار / مالدار: [عف۔ صف] دولتمند۔ صاحب جائیداد۔ تونگر۔ امیر۔

مالدار امانت: [عف۔ امذ] امین۔ جس کے پاس مال امانت رکھا جائے۔

مالداری: [عف۔ امث] دیکھئے "مال دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مال دھنی: [ع۔ ہ۔ امذ] مالک۔

مال دیدینا: [ار۔ محاورہ] مال کسی دوسرے کے حوالے کرنا۔

مال ڈھالنا: [ار۔ محاورہ] سستا مال بیچ ڈالنا۔ یہ محاورہ تنہا استعمال نہیں ہوتا۔

مالزادہ: [عف۔ امذ] حرام کا بچہ۔ رنڈی کا بیٹا۔ بھڑوا۔ قرمساق۔

مالزادی: [عف۔ امث] زن فاحشہ۔ قحبہ (۲) دلالہ۔ کٹنی۔ نائکہ (۳) ایک گالی۔

مال سائر: [عف۔ امذ] مالگزاری کے علاوہ دیگر محاصل۔ جیسے چونگی سڑک۔ مدرسہ وغیرہ کا محصول۔

مال سستے پر ڈھالنا: [ار۔ محاورہ] سستا مال بیچ دینا / بیچنا۔

مال سمجھنا: [ار۔ محاورہ] باوقعت سمجھنا۔

مال شراکت: [عف۔ امذ] ساجھے کی پونجی۔ شرکت کا مال۔

مال صرف کرنا: [ار۔ مع کرنا] مال خرچ کرنا۔ روپیہ پیسہ استعمال کرنا۔

مال صرف ہونا: [ار۔ مع کرنا] دیکھئے "مال صرف کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مال ضامن: [عف۔ امذ] نقدی کی ضمانت دینے والا وہ شخص جو کسی دوسرے شخص کی یہ ضمانت دے کہ اگر دوسرا شخص غیر حاضر ہوجائے گا تو میں اس قدر مال / رقم سرکار میں داخل کروں گا۔

مال ضامنی: [عف۔ امث] مال کی ضمانت

مال ضامنی داخل کرنا: [ار۔ محاورہ] سرکاری خزانے میں ضمانت کا روپیہ داخل کرنا۔ ضمانت کی رقم ادا کرنا۔

مال ضامنی دینا: [ار۔ محاورہ] ضمانت بھرنا۔

مال ضبطی: [عف۔ امذ] قرق کیا ہوا مال۔

مال طیب: [عف۔ امذ] حلال کی کمائی۔ اچھا مال۔ پاکیزہ مال۔

مال عرب پیش عرب: [ار۔ مثل] اپنا مال اپنے قبضہ میں اچھا / محفوظ ہوتا ہے۔

مال غنیمت: [عف۔ امذ] (۱) دشمن کا مال جو لڑائی میں ہاتھ آئے (۲) لوٹ کا مال (۳) مفت کا مال۔

مال غیر منقولہ: [عف۔ امذ] وہ مال جو اپنی جگہ سے سرک نہ سکے جیسے زمین مکان وغیرہ۔

مال فرود: [عف۔ امذ] (۱) مال اترنے کی جگہ۔ منڈی (۲) اتارنے کا مال۔ مودی خانہ کا مال۔ کوٹھے یا دوکان کا مال۔

مال کا بندوبست: [ع۔ ف۔ امذ] خرچ کا انتظام۔ بندوبست پیداوار کا انصرام۔ مالگزاری کی تجویز۔

مال کاٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چلتی گاڑی میں سے مال نکالنا / چرانا (۲) بہت سا مال خرچ کردینا۔

مال کاسد: [ع۔ ار۔ امذ] وہ مال جس کی بازار میں مانگ نہ ہو اور کم قیمت پر بیچا جائے۔

مال کا منہ کرتا ہے جان کا منہ نہیں کرتا: [ار۔ مقولہ] بخیل کی نسبت کہتے ہیں کہ مال کے مقابلے میں جان کی پروا نہیں کرتا۔

مال کٹنا: [ار۔ محاورہ] مال کا چوری جانا۔ مال کا کثرت سے بکنا۔

مال کنگنی: [ہ۔ امث] ایک درخت۔ اس کے بیج جن کا تیل نکالا جاتا ہے اور ادویہ میں استعمال ہوتا ہے۔

مال کھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) مال چکھنا (۲) معشوق کا عاشق کی دولت پر عیش و عشرت کرنا۔

مال کھلانا: [ار۔ محاورہ] (۱) اچھے اچھے کھانے کھلانا۔ (۲) معشوق / مطلوب پر رقم خرچ کر ڈالنا۔

مال کھینچنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مال کمانا۔ مال جمع کرنا (۲) دھوکے فریب سے کسی دوسرے کا مال اپنے قبضے میں کرنا / اینٹھنا

مال کیا ہے: [ار۔ مقولہ] کیا شے ہے۔ کچھ حقیقت نہیں۔ کیا مال ہے۔

مال کی جوکھوں: [ار۔ امث] مال کا نقصان

مال کی خاطر پہاڑ اٹھاتے ہیں: [ار۔ مثل] مال کے لئے مشکل سے مشکل کام کا ذمہ لیتے ہیں۔

مال کی رسید: [ار۔ امث] بلٹی۔ جو ریلوے والے کسی کا مال بک کرنے پر مالک کو دیتے ہیں۔

مال گاڑنا: [ار۔ محاورہ] دولت دفن کرنا۔

مال گاڑی: [ار۔ امث] وہ گاڑی جس　　جاتا ہے۔ خصوصاً ریل کی۔

مال گزار: [عف۔ امذ] وہ شخص جو سرکار کو زمین کا لگان ادا کرے۔

مال گزاری: [عف۔ امث] دیکھئے "مال گزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال: ادا کرنا۔ تجویز کرنا / ہونا) وصول کرنا / ہونا۔

مال گلتا ہے: [ار۔ محاورہ] مال کثرت سے صرف ہوتا ہے۔

مال گننا: [ار۔ محاورہ] وقعت سمجھنا۔ خیال میں لانا۔ باوقعت خیال کرنا۔

مال لاوارث: [ع۔ امذ] وہ مال جس کا کوئی دعویدار نہ ہو۔ خالصہ۔

مال لئے سرکار کا مرزا کھیلیں پھاگ: [ار۔ مثل] پرائے مال پر عیش منانا۔ دوسرے کا مال برباد کرکے مزے اڑانا۔

مال مارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) غبن کرنا۔ تصرف بیجا کرنا (۲) لوٹ لینا۔ سرقہ کرنا (۳) کسی کو فریب دے کر اس کا مال حاصل کرلینا (۴) بے محنت و مشقت مال حاصل کرنا۔

مال مارو: [ار۔ صف] خائن۔ غاصب۔ غبن کرنے والا۔

مال متاع: [ع۔ امذ] دولت۔ اسباب۔

مال مجرم: [ع۔ امذ] چور۔ مال کا ملزم۔

مال محمولہ: [ع۔ امذ] وہ مال جو جہاز کشتی یا گاڑی وغیرہ میں لاد کر ایک

جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جا رہا ہو۔

مال مَردم خور: [عف - صف] (۱) دوسرے لوگوں کا مال ہضم کرنے والا (۲) وہ جو قرضہ لے کر ادا نہ کرے۔

مال مست: [عف - اند] دولت کے نشے میں مخمور۔ دولت پر مغرور۔

مال مستی: [عف - امث] دیکھئے "مال مست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مال مسروقہ: [ع - اند] چوری شدہ مال۔ وہ مال جو چوری ہو جائے۔

مال مفت: [عف - اند] محنت یا کوشش کے بغیر حاصل کیا ہوا مال۔ بِن داموں مِلا ہوا مال۔

مال مفت دلِ بے رحم: [ار - مثل] اس محل پر بولتے ہیں جب پرایا مال بے دریغ خرچ کیا جائے۔

مال مقروقہ: [ع - اند] قرق شدہ مال۔ ضبط شدہ مال۔

مال منقولہ: [ع - اند] وہ مال یا جائیداد جس کی جگہ تبدیل ہو سکے۔

مال مُوذی نصیب غازی: [ف - مثل] بخیل کا مال کسی کو مِل جانے پر بولتے ہیں۔

مال نکال دینا: [ار - محاورہ] گھر یا اپنے پاس سے مال نکال کر بہ مجبوری دینا۔

مال والا / ور: [ع - اند] دیکھئے "مالدار"

مال والا ہارے گال والا جیتے: [ار - مثل] مالدار کی نسبت وہ شخص عدالت میں مقدمہ جیت جاتا ہے جو اپنا مدعا صحیح صحیح کہہ کر فیصلہ کنندہ کو اپنا حق واضح کر سکے / جس کا اصول قول فعل اچھا ہو۔ آج کل عدالتوں میں جس کا وکیل زیادہ بول سکتا ہو اور عدالت کو صحیح قانون کا حوالہ پیش کر سکے وہ جیت جاتا ہے بہ نسبت اس کے جو صرف دولت ہی خرچ کرے مگر وہ خود یا اس کا وکیل ہوشیار نہ ہوں یا کم گو ہوں۔

مال و متاع: [ع - اند] دیکھئے "مال متاع"

مالا: [ہ - امث / اند] (۱) ہار۔ سونے / موتی کا ہار (۲) عقد۔ حمائل۔ گلوبند۔ سِلک (۳) بدھی۔ گجرا۔ پھولوں کا ہار (۴) ہندوؤں کی تسبیح۔ سُمرن (۵) وہ نشان جو تلوار کے دونوں طرف ہوتا ہے (۶) ایک درخت جس کے سرخ پھول بشکل مرجان ہوتے ہیں اور ان کے ہار بنا کر پہنتے ہیں (۷) گل تسبیح - (۸ - س) الفاظ کی فہرست یا مجموعہ۔ ڈکشنری۔ لغت۔ کوش۔ (۹) کتاب (۱۰) کمیت (۱۱) ناریل۔

مالا پھل: [ہ - اند] ایک درخت کا پھل جس کے بیج کی مالا بنتی ہے اور اس کا پودا۔

مالا پھیرنا / جپنا: [ار - محاورہ] تسبیح کرنا / پڑھنا۔ سمرن کرنا / جپنا۔

مالا مال: [ار - صف] مال و دولت سے بھرپور۔ مالدار (افعال: کرنا۔ ہونا)

مالپوا / مالپوڑا: [ہ - اند] ایک قسم کی روغنی روٹی۔ گُلگُلا

مالتی: [س - امث] (۱) کلی۔ شگوفہ (۲) دوشیزہ۔ کنواری لڑکی۔ نوجوان عورت (۳) چاندنی (۴) رات (۵) کئی پودوں کا نام چنبیلی یاسمن وغیرہ کئی ایک وزنوں / بحروں کا نام۔

مالتی بسنت: [ہ - اند] ایک سفوف جو تپ دق میں دیتے ہیں جس میں سونے کے ورق ڈالے جاتے ہیں۔

مالتی پھل: [ہ - اند] جائفل۔

مالتی لتا: [ہ - امث] ایک بیل۔

مالتی مالا: [ہ - امث] (۱) چنبیلی کے پھولوں کا ہار (۲) ایک وزن یا بحر (۳) لغت / کوش کا نام۔

مالٹا: [انگ - اند] (MALTA) سنگترے کی قسم کا اس سے ذرا بڑا ایک ترش سا پھل جو پاکستان میں بکثرت ہے۔

مالدا: [ہ - اند] ہند پاکستان کا ایک مشہور خوشبودار اور اعلیٰ قسم کا آم۔

مالسری: [ہ - امث] (۱) ایک خوشبودار پھولوں والا درخت (۲) سری راگ کی پانچویں راگنی جو اگھن پوس میں گائی جاتی ہے۔

مالش: [ف - امث] (۱) ملنا۔ رگڑنا (۲) متلی۔ جی کا متلانا۔ نیشان (۳) صیقل۔ جلا (۴) کھریرا پھیرنا / کرنا (۵) کسی چیز کو جسم پر مل کر جذب کرنا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

مالک: [ع - اند] (۱) کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا (۲) آقا۔ صاحب۔ خداوند خدا تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ۔ رب۔ ایشور۔ سائیں۔ کرتار (۳) شوہر۔ خاوند۔ پتی۔ خصم۔ میاں۔ سوامی (۵) سردار۔ حاکم۔ افسر۔ عامل (۶) ایک فرشتہ کا نام جو دوزخ کا متصرف ہے۔ دوزخ کا دربان (۷) وہ سوداگر جس نے حضرت یوسف کو خریدا تھا (۸) (صف) قابض۔ (۹) صاحب اختیار۔ خود مختار۔ اختیار والا (۱۰) دیکھئے امام مالک (۱۱) ہار بنانے والا اور پھول بیچنے والا (۱۲) مصور۔ رنگ ساز۔

مالکِ اراضی / زمین: [ع - اند] جائیداد والا۔ جاگیردار۔ ٹھاکر

مالک الملک: [ع - اند] (۱) ملک کا مالک۔ بادشاہ۔ راجا۔ شہنشاہ والیٔ ملک (۲) خدا تعالیٰ۔

مالک بننا: [ار - محاورہ] (۱) کوئی چیز خریدنا (۲) قبضے میں لینا

مالکِ حقیقی: [ع - اند] (۱) اصلی مالک۔ خدا تعالیٰ۔

مالکِ خود کاشت: [ع - ف - اند] وہ مالک جو اپنی زمین آپ بوتا ہو۔

مالکِ دیہہ / دہ: [عف - اند] گاؤں کی زمین یا اس کے کسی حصہ کا مالک۔

مالک زندہ مال میراث: [ار - مثل] بدمعاش روبرو ہی لوٹ کر کھائے جاتا ہے۔

مالکِ علی الاطلاق: [ع - اند] (۱) مالک مطلق۔ ہر کام کا مالک۔ (۲) خدا تعالیٰ۔

مالک کرنا: [ار - محاورہ] مالک بنانا۔ قبضہ دینا۔ قابض کرنا۔ ذی اختیار بنانا۔

مالکِ مکان: [عف - اند] گھر کا مالک۔ صاحبِ خانہ۔

مالک ہونا: [ار - محاورہ] (۱) وارث ہونا۔ صاحبِ ملک ہونا۔ والی ہونا (۲) مختار ہونا۔ مجاز ہونا (۳) سرپرست ہونا۔ مربی ہونا۔

مالکانہ: [عف - صف] دیکھئے "مالک" جس سے یہ منسوب ہے۔

مالکا: [س - اند] (۱) پھولوں کا ہار۔ مالا (۲) قطار۔ سلسلہ (۳) گروہ۔ مجمع (۴) دوہری چنبیلی (۶) ایک قسم کی شراب (۷) محل۔ قصر۔

مالکونس: [ہ - اند] بھیروں ٹھاٹھ کا ایک راگ جو رات کو گایا جاتا ہے۔

مالکھم : [ہ - امذ] نیشکر کے بیلنے کا کھمبا۔
مالکی / مالکیہ : [ع - امذ] اہل سنت کا وہ طبقہ جو فقہ میں امام مالکؒ کا مقلد ہے۔
مالن / مالنی : [ہ - امذ] مالی کی بیوی - پھول بیچنے والی عورت۔
مالوف : [ع - صف] (۱) مانوس خوگر - ملوی (۲) انیس - عزیز - پیارا (۳) معمولی رسمی (۴) وطن اپنا وطن - پیارا وطن - زاد بوم - جنم بھوم۔
مالی : [ہ - امذ] ایک قوم جو باغبانی کا پیشہ کرتی ہے - اس کا فرد۔
مالی : [ع - صف] (۱) مال سے منسوب (۲) مالگزاری سے منسوب - عدالت مال سے منسوب۔
مالی پیشکار : [صف - امذ] مالگزاری کا حساب کرنے والا - واصلباقی نویس محرر مالگزاری۔
مالیات : [ع - امث] مالی امور - خزانہ۔
مالیت : [ع - امث] (۱) جمع - پونجی - سرمایہ (۲) دولت - دھن (۳) مول قیمت (۴) قدر منزلت - موقعت (۵) مال پن (۶) مول - اصل (۷) تشخیص - قیمت - جانچ۔
مالیت جانچنا : [ار - محاورہ] قیمت کی تشخیص کرنا - مول لگانا - تخمینہ کرنا۔
مالیخولیا : [یو - امذ] میلنکولیا کا معرب خلل دماغ - خفقان - سودا - خیال خام - جنون۔
مالیدہ : [ف - صف] (۱) ملا ہوا - رگڑا ہوا (۲) ایک قسم کا اونی کپڑا جو مل کر نرم کیا ہوا ہو (۳) ملیدہ - چورما - روٹی کے ٹکڑوں کو چورا چورا کر کے اسمیں کھانڈ اور گھی ملانے سے جو چیز تیار ہوتی ہے۔
مالیہ : [ع - امذ] (۱) مالیت (۲) مالگزاری (۳) خراج۔
مام : [ہ - امذ] (۱) قدرت - استطاعت - مقدرت - مقدور - بساط - مایہ (۲) بوتہ - طاقت - حوصلہ - حمایت۔
ماما / ماماں : [ہ - امذ] دیکھئے "ماموں"
ماما / مام : [ف - امث] والدہ - ماں - ماتا - ان معنوں میں انگریزی زبان میں بھی ماما ہی کہتے ہیں (۲) بڑھیا - بڑھیا عورت (۳) کھانا پکانے والی عورت (۴) باورچن (۵) خادمہ - ملازمہ - دائی - مسلمانوں میں وہ عورت جو گھر کا کام کاج کرے (۶) اصیل - کنیز - لونڈی۔
ماما : [ف - امث] لونڈی - باندی - کنیز - نوکرانی۔
ماما پختریاں / پچھتریاں : [ف - امث] "ماما کے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں (۲) بے مشقت ہاتھ آتی ہوئی روٹیاں - مفت کی روٹیاں (۳) وہ روٹیاں جو خادمہ عورت امیروں کے گھروں سے اپنے بچوں کو بھیجتی ہیں - / چرا کر لے جاتی ہیں۔
ماما پختریاں کھانا : [ار - محاورہ] ناز و نعمت میں پلنا - مفت کا مال اڑانا۔
ماما حوا : [ف - امث] اماں حوا - حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی۔
ماماگری / گیری : [ف - امث] عورت کی کھانا پکانے کی ملازمت - باورچی گیری - خدمت گاری کا پیشہ - [افعال : کرنا - ہونا]
مامائی : [ف - امث] دایہ گری - ماماگری۔
مامتا : [ہ - امث] "ماں کی محبت - الفت مادرانہ (۲) الفت - شفقت - پیار۔

مامتا ٹھنڈی رہنا : [ار - محاورہ] ماں کا بچے کی اچھی باتیں دیکھ کر خوش رہنا۔
مامتا ہونا : [ار - محاورہ] محبت ہونا۔
مامن : [ع - امذ] امن کی جگہ - پناہ کی جگہ - جائے امن - ٹھکانا۔
ماماناف : [ف - امث] دائی - دایہ۔
مامنافی : [ف - امث] مامائی - دایہ گری - دائی کا پیشہ۔
ماموں : [ار - امذ] دیکھئے ماموں بمعنی ماں کا بھائی۔
مامور : [ع - صف] (۱) حکم کیا گیا - اجازت کیا گیا (۲) مقرر - معین - [افعال : کرنا - ہونا]
مامول : [ع - صف] امید کیا گیا - وہ چیز جس کی امید ہو۔
ماموں : [ار - امذ] (۱) ماں کا بھائی (۲) چاند - سانپ - چوہا - عورتیں رات کو ان کا نام نہیں لیتیں (۳) [ع - صف] امن کیا گیا - محفوظ - بے خوف۔
ماموں اللہ بخش : [ار - امذ] عورتوں کا ایک فرضی جن - جس کے نام کی نذر نیاز دیتی ہیں۔
ماموں کے کان میں انٹی / انٹیاں / بالیاں - بھانجا اینڈا اینڈا پھرے : [ار - مثل] اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے رشتہ داروں کی دولت اور ثروت پر فخر کرے۔
ماموں منہ میں کاموں : [ار - مثل] سخت مفلس ہے - کاموں ایک سرخ رنگ کا غبار ہے جو پکے ہوئے چاولوں پر آ جاتا ہے - نیز چاولوں کی باریک بھوسی کو بھی کاموں کہتے ہیں۔
مامیراں : [ف - امذ] دیکھئے میرا
ماں : [ار - امث] وہ عورت جس نے جنا ہو - ماتا - والدہ - مادر - والدہ کو پکارنے کا لفظ۔
ماں ایلی باپ تیلی پوت شاخ زعفران : [ار - مثل] کمینے شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں - جب کوئی ادنٰے فخر خاندان ہو جائے تب کہتے ہیں۔
ماں باپ : [ار - امذ] والدین - ماتا پتا
ماں باپ کا لاڈلا : [ہ - امذ] (۱) وہ لڑکا جسے والدین نے ناز و نعمت میں پالا ہو (۲) دُلارا (۳) والدین کا بگاڑا ہوا۔
ماں باپ جیتے حرام کا نہیں کہلاتا : [ار - مثل] وہ کہتے ہیں جو اپنے حقوق ثابت کرنا چاہتے ہوں۔
ماں باپ کو برا کہوانا : [ار - محاورہ] بزرگوں کو پٹوانا
ماں بہن کرنا : [ار - محاورہ] ماں اور بہن کی گالی دینا۔
ماں بھٹیاری باپ فتح خان بیٹا تیر انداز / ماں بھٹیاری (بیٹا تیر انداز) پوت فتح خان : [ار - مثل] مجہول النسب مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔
ماں بیٹوں / بیٹیوں میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بیر پڑا : [ار - مثل] اپنوں میں لڑائی - لڑنا نہیں سمجھنا چاہیے۔
ماں بیٹی (گانے والی) دھی ڈومنی - باپ پوت براتی : [ار - مثل] غریبوں کی شادی کے متعلق کہتے ہیں۔
ماں بیٹی میں پیڑا (فلاں) غائب : [ار - مثل] اپنوں ہی میں

کوئی چیز گم ہوجانا۔

ماں پسنہاری اچھی/بھلی۔ باپ ہفت ہزاری کچھ نہیں : [ار۔مثل] باپ سے ماں کی محبت بہت زیادہ ہوتی ہے۔

ماں پسنہاری پُوت چھیلا۔ چوتڑ پر باندھے بُور کا تھیلا : [ار۔مثل] غریب کا بیٹا بانکپن کرے تو کہتے ہیں۔

ماں پنہاری باپ کنجر بیٹا مرزا سنجر : [ار۔مثل] مجہول النسب مغرور آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

ماں پہ پُوت پِتا پہ گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا : [ار۔مثل] اولاد اپنے والدین پر ہوتی ہے۔

ماں تیلن باپ پٹھان بیٹا شاخ زعفران : [ار۔مثل] دیکھئے "ماں ایلی باپ تیلی الخ"۔

ماں ٹینی باپ کلنگ بیٹے نکلے رنگ برنگ : [ار۔مثل] دوغلی اور بداطوار اولاد یا نالائق خاندان کے متعلق کہتے ہیں۔

ماں جائی : [- امث] بہن جو ماں کے پیٹ سے ہو۔

ماں جایا : [- اند] بھائی جو ماں کے بطن سے ہو۔

ماں جنا : [- اند] بھائی جو ماں کے بطن/پیٹ سے ہو۔

ماں چاہے بیٹی کو بیٹی چاہے موئے ڈھینگ کو : [ار۔مثل] جتنی محبت ماں کو بیٹی سے ہوتی ہے اتنی محبت بیٹی کو ماں سے نہیں ہوتی۔ شادی ہوجانے کے بعد بیٹی کو اپنے خاوند سے زیادہ محبت ہو جاتی ہے۔

ماں چھوڑ موسی سے ٹھٹھا : [ہ۔مثل] عو۔ کوئی چھوٹا بدتمیزی کرے تو کہتی ہیں

ماں چیل باپ کوّا : [ہ۔مثل] دوغلا۔ کم اصل۔

ماں دھوبن پوت بزاز : [ار۔مثل] دیکھئے "ماں بھٹیاری الخ"۔

ماں ڈائن ہو تو کیا بچوں ہی کو کھائے گی : [ار۔مثل] اپنوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچانا چاہے غیروں سے کیسا ہی سلوک کرے۔

ماں روئے تلوار کے گھاؤ سے باپ روئے تیر کے گھاؤ سے : [ار۔مثل] نالائق اور بدچلن اولاد کے متعلق کہتے ہیں۔

ماں سارنگی باپ تنبور : [ار۔مثل] میراثی۔ ڈومنی کا بچہ۔ کلاونت کی اولاد۔

ماں سے سوا چاہے سو (پھاپھا) کٹنی (کہلائے) : [ار۔مثل] والدہ سے محبت جتانا خالی از علت نہیں ہوتا۔

ماں سے لے کر کون آیا ہے : [ار۔مثل] سب سکھانے ہی سیکھتے ہیں۔

ماں فقیرنی پوت فتح خاں : [ار۔مثل] دیکھئے "ماں بھٹیاری، الخ"

ماں کا پُوت ساس کا جنوائی : [ار۔مثل] جو شخص والدین کا مطیع اور فرمانبردار ہوگا وہ ساس کا بھی ادب کرے گا۔

ماں کا پیٹ۔ کمہار کا آوا کوئی کالا کوئی گورا/کوئی گورا کوئی کالا رے : [ار۔مثل] وہاں بولتے ہیں جہاں ایک ہی ماں کے بچے بعض خوبصورت ہوں اور بعض بدصورت ہوں۔

ماں کا دُودھ : [ار۔اند] (۱) وہ دودھ جو ماں اپنے بچے کو اپنے پستانوں سے پلائے۔ شیرِ مادر (۲) (صف) مفید۔ مزاج کے مطابق (۳) حلال۔ مباح۔ جائز [افعال: بنا لینا۔ ہونا]

ماں کے پیٹ سے لے کر نکلنا : [ار۔محاورہ] سیکھا سکھایا پیدا ہونا۔ بغیر سیکھے کچھ حاصل ہونا۔

ماں کا مان بھلا : [ار۔مثل] ماں اولاد کا فخر کرے تو بھلا ہے۔

ماں کھیت میں پُوت جنیت میں : [ار۔پہیلی] زعفران یا کسمب

ماں کے پیٹ سے کوئی سیکھ کر نہیں نکلا ہے/لے کر نہیں آتا : [ار۔مثل] سیکھا سکھایا کوئی پیدا نہیں ہوتا۔ کم شوق کو ترغیب دلانے کے لئے کہتے ہیں۔

ماں مارے اور ماں ہی پکارے/پُچکارے : [ار۔مثل] اپنا کتنی ہی سختی کرے پھر اپنا ہی ہے۔ اپنے کی سختی بُری نہیں معلوم ہوتی۔

ماں مرگئی پیاسی/بیٹے/پُوت کا نام جمنا : [ہ۔مثل] والدین غریب تھے اولاد دولت مند ہوگئی۔

ماں مرے بغیر کفن بیٹے/دِھی کا نام پُھچی : [ار۔مثل] گپتی کی نسبت کہتے ہیں

ماں مرے موسی جئے : [ہ۔مقولہ] ماں مرجائے تو باپ عموماً سالی سے شادی کرلیتا ہے اور وہ بہن کے بچوں کو محبت سے پالتی ہے۔

ماں نارنگی باپ گولا۔ بیٹا روشن الدولہ : [ار۔مثل] دیکھئے "ماں بھٹیاری الخ"۔

ماں نہ ماں کا جایا سبھی لوگ پرایا : [ار۔مثل] اجنبی مقام پر بولتے ہیں جہاں کوئی بھی واقفکار نہ ہو۔

مان : [ہ۔اند] ماننا مصدر سے صیغہ امر (۱) (مذ) اپنے متعلق اچھی رائے غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ نخوت۔ کبر۔ ابھیمان۔ غرّہ (۲) مزاج دماغ (۳) فخر۔ ناز بیجا۔ تمکنت (۴) ناز۔ نخرہ۔ غمزہ۔ چوچلا (۵) ارمان۔ چاؤ۔ شوق۔ تمنا۔ آرزو (۶) عشقیہ باتیں۔ محبت کی باتیں۔ رس کی باتیں (۷) خاطر تواضع۔ مدارات۔ آؤ بھگت (۸) عزت وقار۔

مان بھری : [ہ۔صف۔مث] (۱) آرزومند۔ مشتاق۔ پُرارمان۔ اشتیاق مند (۲) متکبر۔ مغرور۔ مدمغ۔ مزاج دار۔

مان پان : [ہ۔اند] عزت آبرو۔

مان تان : [ہ۔اند] دیکھئے "مان"

مان جانا : [ار۔محاورہ] (۱) منظور کرلینا۔ تسلیم کرلینا (۲) راضی ہوجانا۔ اقرار کرلینا (۳) استادی کا قائل ہوجانا/ہونا۔ اعتراف کرنا۔

مان دان : [ہ۔اند] (عو) کسی رسم پر عمل کرنا۔

مان ڈھینا : [ار۔محاورہ] گھمنڈ جاتا رہنا۔ غرور نہ رہنا۔

مان رکھنا : [ار۔محاورہ] (۱) بات رکھنا۔ بت رکھنا۔ عزت رکھنا (۲) خاطر تواضع کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا (۳) تمنا پوری کرنا۔ مُراد برلانا (۴) کسی کا کہنا مان لینا۔ بات ماننا۔

مان رہنا : [ار۔محاورہ] (۱) عزت رہنا۔ بات رہنا (۲) ماتحت رہنا۔ تابع رہنا۔

مان کا آنکھ گیان ہے : [ہ۔مثل] علم سے اعتقاد و یقین پیدا ہوتا ہے۔

مان کا بیڑا سمان ہے / مان کا پان بھی بہت ہے : [ار - مثل] تھوڑا جو عزت کے ساتھ ملے بہت ہے۔

مان کا پان ہیرا سمان : [ہ - مثل] عزت سے ملی ہوئی تھوڑی چیز بھی ہیرے کے برابر ہے۔

مان کا ماہُر اور اَپمان کا لَڈو : [ہ - مثل] عزت کا زہر بے عزتی کے لڈو سے بہتر ہے۔

مان کا ہونا : [ار - محاورہ] اختیار کا ہونا۔ قابو کا ہونا۔

مَان گُمان : [ہ - اند] گھمنڈ۔ غرور۔ کبر۔ تمکنت۔

مَان گون : [ہ - اند] (۱) چاؤ چوچلا۔ نازبرداری۔ ناز و نیاز۔ (۲) عزت۔ قدر و منزلت

مَان گون رکھنا : [ار - محاورہ] (۱) ارمان پورا کرنا۔ دل رکھنا۔ خواہش / مراد بر لانا (۲) ناز اٹھانا۔ نازبرداری کرنا (۳) عزیمت رکھنا۔ بات رکھنا۔

مَان گون والی : [ہ - صفت] (۱) عزت والی۔ آن بان والی (۲) ناز نخرے والی۔ چاؤ چوچلے والی۔

مَان لینا : [ار - محاورہ] (۱) منظور کرنا (۲) دیکھئے مان جانا ۱ - ۲

مَان مَر جانا : [ار - محاورہ] (۱) تکبر نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتے رہنا۔ (۲) دل مر جانا۔ امنگ نہ رہنا (۳) عاجز ہونا (۴) جو امر باعث فخر تھا اس کا نہ رہنا۔

مَان مُہت : [ہ - اند] (۱) مان گمان (۲) ناز نخرہ۔ ناز و غمزہ (۳) چاؤ چوچلا۔ لاڈ چاؤ (۴) آن تان (۵) ناز بے جا۔ غمزہ ناز یبا (۶) قدر و منزلت۔ تعظیم و تکریم۔

مَان مُہت والی : [ہ - صفت - مث] (۱) غرور تمکنت والی (۲) ناز نخرے والی۔ آن تان والی۔ چاؤ چوچلے والی۔ لاڈ چاؤ والی۔

مان نہ مان میں تیرا مہمان : [ار - مثل] بغیر کہے کسی کی بات میں دخل دینا۔ بلا بلائے کسی کی کارروائی میں شریک ہونا۔ زبردستی کسی کی کارروائی میں شریک ہونا۔ زبردستی کسی کے گھر جا بیٹھنا / جانا۔

مان نہ مان میں دولہا کی چچی / تائی : [ار - مثل] عو - اس کیلئے کہتی ہیں جو اپنے کسی فائدہ کے لئے تعلق ظاہر کرے۔

مان وان : [ہ - صفت] صاحب عزت۔ معزز۔ مفتخر۔

مانو تو ایشر / دیو۔ نہیں تو پتھر / مانو تو دیو نا نہیں تو پتھر / مانو تو دیو نہیں بھیت کا لیو : [ہ - مثل] اعتقاد ہی سے کسی کی عزت اور حرمت ہوتی ہے۔

مانے نہ مانے میں بھی نوشہ کی خالہ : [ار - مثل] عو خواہ مخواہ تعلق پیدا / رشتہ جتانے والی کو کہتی ہیں / جتلانے کے موقع پر کہتی ہیں۔

مَانا : [ہ - مص] سمانا۔ کسی چیز میں آجانا۔

مَانا : [ف - صفت] (۱) مانند۔ مشابہ۔ برابر (۲) (متعلق فعل) یقیناً (۳) فوراً۔ یک لخت (۴) (مذ) ژند میں خدا کا نام (۵) ماننا مصدر کا ماضی منظور کیا۔ فرض کیا

ماتم مچانا / ڈالنا : [ار - محاورہ] رونا۔ پیٹنا۔ شور مچانا۔ واویلا کرنا

مَانِت : [ہ - امث] مطابقت۔ مشابہت

مَانت / مانتا : [ہ - امث] (۱) اطاعت۔ فرمانبرداری (۲) ایمان۔ دھرم (۳) وعدہ۔ عہد۔ (۴) مَنّت جو خود بخود مانی جائے (۵) تجویز۔ تدبیر۔ ارادہ (۶) قبولیت ماننا۔

مانج : [ہ - امث] دلدلی زمین۔ کچھار۔ ترائی۔

مَانج : [ہ - ار] مانجنا مصدر سے صیغہ امر۔

مَانجا : [ہ - فعل] (۱) مانجنا مصدر سے ماضی (۲) دیکھئے مانجھا۔

مَانجنا : [ہ - مص] (۱) برتن صاف کرنا۔ جانا۔ جلا کرنا (۲) سونتنا۔ بٹی ہوئی ڈور یا دھاگے کو ترکپڑے سے صاف کرنا (۳) کسی کام میں مشق کرنا۔

مَانجنا مُونجنا : [ہ - مص] اس میں مونجنا تابع فعل ہے (۱) دیکھئے "مانجنا"

مَانجھ : [ہ - امث] (۱) وسط۔ بیچ۔ درمیان (۲) ایک راگنی (۳) ایک قسم کا شعر (۴) (صفت) درمیانی۔ وسطی (۵) تف۔ میں۔ اندر۔

مانجھا : [ہ - اند] (۱) دیکھئے مانج بمعنی دلدلی زمین (۲) درخت کا تنا (۳) وہ مصالحہ جو پتنگ اڑانے کی ڈور پر ملتے ہیں۔ چاولوں کی لئی میں کٹا اور کپڑ چھان کیا ہوا شیشہ اور رنگ ملا کر بناتے ہیں [افعال: سُوتنا] (۴) وہ دعوت جو دولہا کی طرف سے شادی سے پہلے دی جاتی ہے۔ (۵) وہ زرد پوشاک جو دولہن کو مایوں میں پہنائی جاتی ہے۔ مایوں کا وہ جوڑا [افعال: پہننا۔ پہنانا] (۶) دولہا دولہن کا شادی سے پہلے گوشے میں بیٹھ جانا۔

مَانجھت : [ہ - امث] (۱) صفائی۔ چمک۔ پالش (۲) شان و شوکت۔ حشمت۔ شکوہ و شان۔

مانجھن : [ہ - امث] ملاح کی بیوی۔ کشتی چلانے والی عورت۔

مَانجھی : [ہ - اند] ملاح۔ کشتی چلانے والا۔ ناؤ خدا۔

مَانجھے بیٹھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مانجھا" ۶

مَانجھے کا جوڑا : [ہ - اند] دیکھئے "مانجھا" ۵

مَانجی : [ہ - امث] وہ گھڑونچی کی قسم کا آلہ جو کُسم کا رنگ ٹپکانے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

ماند : [ہ - صفت] (۱) جس کی آب و تاب / چمک جاتی رہے۔ بے آب و تاب۔ بے رونق۔ غیر مُجلا۔ غیر مُصفا (۲) مدھم۔ اترا ہوا رنگ (۳) (مث) مدھم رنگ (۴) بھٹ۔ غار۔ کھوہ (۵) گوبر کا ڈھیر۔ سوکھا ہوا گوبر جسے اپلوں کی طرح جلاتے ہیں۔

مَاند : [ف - ماضی] ماندن مصدر بمعنی تھکنا۔ رہنا کا صیغہ ماضی (امث) سکونت۔ قیام۔

ماند پڑ جانا / پڑنا : [ار - محاورہ] آب و تاب نہ رہنا۔ مدھم پڑ جانا۔ پھیکا پڑ جانا۔

مَاند کرنا : [ار - محاورہ] آب و تاب کھونا۔ بدرنگ یا بدرُوپ کر دینا۔ بے رونق کرنا۔ چمک دمک زائل کرنا۔

ماند مال : [ہ - اند] وہ مال جس کی چمک دمک ماند پڑ گئی ہو۔

ماندو بود : [ف - امث] رہنے سہنے کا طریقہ۔ طرز بود و باش۔

ماند ہو جانا / ہونا : [ار - محاورہ] (۱) آب و تاب کا نہ رہنا۔ مدھم پڑ جانا (۲) رنگ کا پھیکا پڑ جانا۔ رنگ اتر جانا / ہلکا ہو جانا۔

مَاندہ : [ف - صفت] (۱) بیمار۔ علیل۔ روگی۔ مریض (۲) تھکا ہوا۔

تھکا ماندہ کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

ماندگی : [ف۔امث] (۱) بیماری۔ علالت۔ مرض۔ آزار۔ روگ (۲) تھکان۔ کسل۔ سُستی۔

ماندہ : [ف۔صف] (۱) تھکا ہوا۔ خستہ۔ بیمار (۲) بچا ہُوا۔ پیچھے رہا ہوا۔ مرکبات میں جیسے باقی ماندہ۔ درماندہ۔

ماندیہ : [س۔امذ] (۱) سُستی۔ کاہلی۔ کسل (۲) بیوقوفی۔ کند ذہنی۔ (۳) بے ہوشی۔ غشی (۴) کمزوری۔ نقاہت (۵) بیماری۔ مرض (۶) خرابی۔ کمی۔

مانڈ : [ہ۔امذ] (۱) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی۔ پیچ۔ مانڈی (۲) کلف۔ اہار۔ ماوا (۳) ایک قسم کا مارواڑی گیت۔

مانڈا : [ہ۔امذ] (۱) ایک قسم کی پتلی روٹی جو میدے میں گھی ملا کر پکائی جاتی ہے (۲) سفید جالا جو آنکھ پر آجاتا ہے۔

مانڈل : [ہ۔امث] آہنی حلقہ۔ جو پانی کے چرس پر لگا ہوتا ہے۔

مانڈنا / مانڈھنا : [ہ۔مص] (۱) ملنا۔ مسلنا۔ روندنا۔ کچلنا۔ پامال کرنا (۲) گوندھنا۔ساندھنا۔ سوندنا (۳) (کھیل وغیرہ) بنانا۔ چلتا کرنا (۴) (چٹھی وغیرہ) لکھنا۔ تحریر کرنا (۵) ٹھاننا۔ ارادہ کرنا۔ عزم بالجزم کرنا (۶) کلف لگانا۔

مانڈی : [ہ۔امث] (۱) پیچ (۲) کلف۔ ماوا۔

مانس / مانُس : [ہ۔امذ] آدمی۔ اِنسان۔ اردو میں صرف بھلا مانس، بن مانس، مرد مانس میں مستعمل ہے۔

مانس کیسے ہاتھ پاؤں مانس کی سی کایا۔ چار مہینے برکھا بیتی چھپر کیوں نہیں چھایا : [ار۔مثل] یہ وہ دوہرا ہے جو بیّے نے بندر سے کہہ کر اپنا گھونسلا برباد کرایا تھا۔ دیکھیے "سیکھ نہ دیجیے باندرا" الخ

مانع : [ع۔صفت] (۱) منع کرنے والا۔ روکنے والا (۲) (مذ) خداتعالیٰ کا نام دیکھیے اَل کے تحت (۳) روک۔ ممانعت۔ اٹکاؤ۔

مانع آنا : [ار۔محاورہ] روکنا۔ مزاحم ہونا۔

مانک : [ہ۔امذ] موتی۔ گوہر۔ رتن۔ ایک قسم کا ماتھے کا زیور جس پر موتی جڑے ہوتے ہیں۔ ٹیکا۔

مانگ : [ار۔امث] (۱) گاہکی۔ خریداری (۲) ضرورت۔ طلب (۳) لاؤ۔ لاؤ کی پکار (۴) وہ لڑکی جس کی نسبت ہوگئی / ہوچکی ہو (۵) منگیتر۔ شوہر۔ خاوند (۶) سر کے بالوں کی درمیانی لکیر (۷) مانگنا مصدر سے صیغہ امر۔

مانگ آنا : [ار۔محاورہ] مانگا جانا۔ خریداری ہونا۔

مانگ اُجڑنا : [ار۔محاورہ] بیوہ ہو جانا۔ رانڈ ہو جانا۔ خاوند / شوہر کا مر جانا۔

مانگ بنانا : [ار۔محاورہ] دیکھیے "مانگ نکالنا"

مانگ بھرنا : [ار۔محاورہ] (۱) مانگ میں سیندور لگانا / بھرنا (۲) شادی کر دینا۔

مانگ بھری : [ار۔امث] (۱) سُہاگن (۲) جُورو۔ بیوی۔ (۳) (صف) عزیزہ۔ پیاری۔

مانگ پٹی : [ار۔امث] سر کے بالوں کی درستی۔ کنگھی چوٹی۔

مانگ پٹی میں لگا رہنا : [ار۔محاورہ] ہر وقت بناؤ سنگار میں لگا رہنا / مشغول رہنا۔

مانگ پھاڑنا : [ار۔محاورہ] مانگ نکالنا۔

مانگ تانگ / چانچ چانگ کر : [ہ۔متعلق فعل] اِدھر اُدھر سے لے کر۔ قرض دام سے۔

مانگ تانگ کر کھانا : [ار۔محاورہ] بھیک پر گزارہ کرنا۔ گدائی کر کے کھانا

مانگ جلی : [ہ۔امث] بیوہ۔ رانڈ۔

مانگ چِرنا : [ار۔محاورہ] ازالہ بکر ہونا۔ سر ڈھکا جانا۔ چیر اُٹھنا۔ مینڈھی کھلنا۔ طوائفوں کی اصطلاح۔

مانگ چیرنا : [ار۔محاورہ] دیکھیے "مانگ نکالنا"

مانگ دینا : [ار۔محاورہ] (۱) ایک سے لے کر دوسرے کو دے دینا قرض لے دینا (۲) لڑکے یا لڑکی کی نسبت ٹھہرانا۔

مانگ سنوارنا : [ار۔محاورہ] پٹیاں جمانا۔ بالوں کو درست کرنا۔

مانگ سے ٹھنڈی رہے : [ار۔دعا] خاوند اور اولاد زندہ رہے سہاگن بنی رہے اور صاحبِ اولاد ہو۔

مانگ کھلنا : [ار۔محاورہ] (۱) منگیتر لڑکے / لڑکی کے مر جانے سے رشتہ نہ رہنا (۲) بیاہی عورت کا مر جانا۔

مانگ کیا مانگتا ہے : [ار۔محاورہ] امیر یا بادشاہ کسی پر مہربان ہو کر کہتے ہیں۔

مانگ لینا : [ار۔مص] عاریتہً / مستعار / ادھار لینا۔

مانگ میں سیندور بھرنا : [ار۔محاورہ] ہندو عورتوں کا ایک سنگار۔ سہاگن ہونا۔

مانگ نکالنا : [ار۔محاورہ] سر کے بالوں کو کنگھی سے دائیں بائیں کر کے بیچ میں ایک سیدھی لکیر بنانا / پیدا کرنا۔

مانگ ہونا : [ار۔محاورہ] ضرورت ہونا۔ طلب ہونا۔

مانگا : [ار۔صف] (صف) طلب کیا ہوا۔ مستعار لیا ہوا۔ مطلوبہ۔

مانگا تانگا : [ار۔صف مفعولی] عاریتاً لیا ہُوا۔

مانگن گئے سو مر گئے اور مریں جو مانگن جائیں۔ وہ نر پہلے ہی مرے جو ہوتے کر دیں نائیں : [ار۔مثل] برہمنوں کا مقولہ جو مانگتے ہیں مانگن جائیں وہ بے عزت ہوتے ہیں مگر جو ہوتے سوتے نہ دیں وہ زیادہ بے عزت ہیں۔

مانگنا : [ار۔مص] (۱) درخواست کرنا۔ چاہنا۔ طلب کرنا (۲) نسبت کی درخواست کرنا۔ سگائی چاہنا (۳) دعا۔ التجا کرنا (۴) ادھار چاہنا۔ قرض طلب کرنا۔ (۵) تقاضا کرنا۔

مانگنی : [ہ۔امث] نسبت کی درخواست۔ سگائی چاہنا۔

مانگے : [ہ۔صف] ادھار۔ مستعار۔

مانگے بھیک پوچھے گاؤں کی جمع : [ار۔مثل] دیکھیے "مانگیں بھیک اور پوچھیں گاؤں کی جمع"

مانگے پر تانگا اور بڑھیا کی برات : [ار۔مثل] اس سے مانگنا جس نے پہلے مانگا ہوا ہو۔ بڑھیا کی برات کے برابر ہے۔ جب کوئی

شخص ایک چیز مانگ کر لایا ہو اور دوسرا اس سے مانگے تو کہتے ہیں۔
مانگے تانگے / چانچے: [ار۔ متعلق فعل] عاریتہ لے کر۔ قرض لے کر۔
مانگے تانگے کے کپڑے باز آئے کار: [ار۔ مثل] دوسروں کی امداد پر اظہار شیخی۔
مانگے تانگے کا / کی: [ار۔ صفت۔ مذ] مانگا ہوا۔ مانگی ہوئی (۲) مستعار لیا ہوا / لی ہوئی۔
مانگے تانگے کام چلے تو بیاہ کرے بلا / بیزار کیوں کرے: [ار۔ مثل] اگر آسانی سے کام ہو جائے تو محنت کی کیا ضرورت ہے۔
مانگے دینا: [ار۔ محاورہ] مستعار دینا۔ عاریتہ دینا۔ قرض دینا۔ ادھار دینا۔
مانگے کی منگنی اور گھر یا کاسنگار: [ار۔ مثل] اس وقت کہتے ہیں جب کوئی پرائی چیز مانگ کر استعمال کرے اور اس پر اترائے۔
مانگے میں تانگا: [صفت] خود تو مانگیں اور دوسروں کو دیں۔
مانگیں بھیک پوچھیں گاؤں کی جمع: [ار۔ مثل] حالت ذلیل اور حوصلہ بڑا۔
مانگیں ہر، دیں بہیڑا: [ار۔ مثل] سوال دیگر جواب دیگر۔ ایک کچھ کہے دوسرا کچھ۔
مانند: [ف۔ صفت] مثل۔ نظیر۔ مشابہ (۲) ہو بہو۔ بعینہ۔
مانو: [ار۔ امث] بلی کو پیار سے کہتے ہیں۔
مانو: [س۔ صفت۔ مذ] (۱) انسان / منو کی اولاد (۲) انسان کا انسانی (۳) انسان۔ آدمی (۴) لڑکا۔ طفل۔ نوجوان آدمی (۵) حقارتہً چھوٹا آدمی (۶) سولہ لڑ / لڑی کا ہار (۷) انسانوں کا گروہ۔ آدمیوں کا مجمع۔
مانوس: [ع۔ صفت] (۱) ہلا ملا۔ ہلا ہوا۔ شیر و شکر (۲) انس کردہ۔ مالوف (۳) مائل۔ راغب۔ خوگر (۴) پسند۔ مرغوب۔
مانوس ہو جانا: [ار۔ محاورہ] مل جل جانا۔
مانی: [ف۔ اند] ایک مشہور ایرانی مصور کا نام جس کا مرقع "ارژنگ" تھا اس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا اور مصوری کو اپنا معجزہ بتاتا تھا۔
مانیٹر: [انگ۔ اند] (MONITOR) مدرسے میں مدرس کا خلیفہ۔
ماوا: [ار۔ اند] (۱) اصل۔ جوہر۔ مادہ (۲) بہتا ہوا دودھ۔ کھویا (۳) مانڈی۔ کلف۔ کانجی (۴) سامان۔ مصالح (۵) سرشت۔ خمیر (۶) دودھ۔ نشاستہ (۷) عطاروں کی اصطلاح میں صندل کا عطر (۸) انڈے کی زردی۔
ماوس: [ہ۔ امث] آماوس کا مخفف۔
ماول: [ع۔ صفت] تاویل کیا گیا۔ ظاہری معنوں سے پھیرا گیا۔
ماوی: [ع۔ امث] جائے پناہ۔ ٹھکانا۔ گھر۔
ماوی: [ع۔ صفت] مائی۔ آبی۔
ماہ: [ف۔ اند] (۱) چاند۔ قمر۔ چندرماں۔ ماہتاب (۲) مہینہ۔ ایک ہلال کے دیکھنے سے دوسرے ہلال کے دیکھنے تک کی مدت (۳) ہر شمسی مہینہ کے بارھویں دن کا نام (۴) چاند کے موکل کا نام (۵) کوئی کام جو بارھویں تاریخ کو کیا جائے (۶) معشوق (۷) پہلوی) شہر۔ ملک۔
ماہ آب: [ف۔ اند] اکتوبر کا مہینہ۔
ماہ برگو ملان: [ف۔ اند] باربد کے دسویں نغمہ کا نام۔
ماہ بماہ: [ف۔ متعلق فعل] ہر مہینے۔ ماہوار۔ ایک مہینے سے دوسرے مہینے تک۔
ماہ پار / پارہ: [ف۔ صفت] چاند کا ٹکڑا۔ خوبصورت۔ حسین (۲) معشوق۔ محبوب۔ دلدار۔
ماہ پرست: [ف۔ اند] چاند کی پرستش کرنے والا (۲) مجازاً عاشق (۳) چکور
ماہ پیکر: [ف۔ صفت] وہ جس کا چہرہ چاند کی مانند خوبصورت ہو۔ معشوق کی تعریف۔
ماہتاب: [ف۔ اند] (۱) چاند کی روشنی۔ چاندنی (۲) چاند (۳) ایک قسم کی آتشبازی (۴) گنجفہ کا وزیر۔
ماہتاب دینا: [ار۔ محاورہ] توپ کے فیتلے میں آگ دینا۔
ماہ تاباں: [ف۔ اند] چمکنے والا چاند۔ معشوق کی تعریف میں کہتے ہیں۔
ماہتابی: [ف۔ امث] (۱) وہ چیز جس پر چاندنی پڑے (۲) ایک قسم کی آتشبازی (۳) ایک قسم کا تربوز (۴) چبوترہ (۵) ایک قسم کا کپڑا جس پر اجرام فلکی کی سنہری یا روپہلی شکلیں بنی ہوتی ہیں (۶) کمرا یا چبوترہ جس پر بیٹھ کر چاندنی کی بہار دیکھیں۔
ماہ جبیں: [ف۔ صفت] وہ جس کی پیشانی چاند کی مانند خوبصورت ہو۔ معشوق کی تعریف۔
ماہ چہاردہ: [ف۔ اند] چودھویں رات کا چاند۔
ماہ چہار ہفتہ: [ف۔ اند] چاند جو ۲۸ دن کے بعد نظر نہیں آتا۔ (۲) کوئی معدوم شے۔
ماہ چہر: [ف۔ اند] دیکھئے "ماہ پیکر"
ماہ خانگی: [ف۔ امث] کنایۃً بیوی۔ معشوقہ۔
ماہ در عقرب: [ف۔ اند] چاند کا برج عقرب میں آنا۔ اس زمانے میں کوئی اچھا کام شروع نہیں کرتے۔
ماہ دو ہفتہ: [ف۔ اند] دیکھئے "ماہ چاردہ"
ماہ رخ / رو: [ف۔ صفت] (۱) دیکھئے ماہ پیکر (۲) (مذ) سفید رنگ کے کبوتر۔ شیرازی کبوتر۔
ماہ روزہ: [ف۔ اند] رمضان کا مہینہ۔
ماہ سیام: [ف۔ اند] چاند جو مقنع نے شہر نخشب کے قریب کنوئیں سے ہر شب چار مہینے تک نکالا تھا۔
ماہ سی روزہ / منشبہ: [ف۔ اند] کوئی مفقود چیز۔
ماہ سیما / طلعت: [ف۔ صفت] دیکھئے "ماہ پیکر"
ماہ شمسی: [ف۔ اند] شمسی سال کا مہینہ۔
ماہ صیام: [ف۔ اند] روزوں کا مہینہ۔ رمضان المبارک کا مہینہ۔
ماہ عزا: [ف ع۔ اند] ماتم و غم کا مہینہ۔ کنایۃً "ماہ محرم" شیعہ حضرات کے نزدیک
ماہ قمری: [ف۔ اند] دیکھئے "ماہ ۲"
ماہ کامل: [ف۔ اند] پورا چاند۔ بدر
ماہ کنعان / مصر: [ف۔ اند] حضرت یوسف۔
ماہ لقا: [ف۔ صفت] دیکھئے "ماہ پیکر"
ماہ مقنع / نخشب: [ف۔ اند] دیکھئے "ماہ سیام"
ماہ منیر: [ف۔ اند] چمکنے والا چاند (۲) معشوق۔

ماہ میں لنگوٹے: [ار۔مثل] بے وقت اور بے موسم کوئی چیز میسر نہیں ہوتی۔
ماہِ نو: [ف۔اند] مہینے کا پہلا چاند۔ ہلال۔
ماہِ نیم ماہ: [ف۔اند] دیکھئے "ماہ دو ہفتہ"
ماہوار: [ف۔صف] (۱) ہر مہینے۔ ماہ بماہ (۲) (مذ) مشاہرہ۔ تنخواہ۔
ماہواری: [ہ۔امث] (۱) ماہانہ جو ہر مہینے کے بعد ملے (۲) (مث) تنخواہ یا وظیفہ جو ہر مہینے کے بعد دیا جاتے (۳) (مذ) وہ ملازم جو ماہ بماہ تنخواہ لیں (۴) حیض۔
ماہ وسال: [ف متعلق فعل] ہمیشہ۔ مدام۔
ماہ وش: [ف۔صف] (۱) چاند سا حسین۔ خوبصورت (۲) مجازاً معشوق۔ محبوب۔
ماہ و ماہی تک زلزلہ پڑ جانا: [ار۔محاورہ] بے حد شور و غلغلہ ہونا۔ مہیب آواز آنا۔
ماہ ہی ماہ نہیں اگلے ماہ: [ار۔مثل] آم کا پھل اگر وقت پر نہ ہو تو پھر اگلے سال ہوگا۔
ماہی: [ف۔صف] (۱) منسوب بہ ماہ۔ قمری (۲) (مث) دیکھئے علیحدہ ماہی بمعنی مچھلی۔
ماہِ یک ہفتہ: [ف۔اند] ایک ہفتہ کا چاند۔ نصف چاند۔
ماہا: [س۔امث] گائے
ماہانہ: [ع۔صف] دیکھئے ماہواری ع۱، ع۲
ماہرُخی: [ف۔اند] ایک قسم کا پتھر جو ادویہ میں مستعمل ہے۔
ماہد: [ع۔صفت] (۱) جو پھیلاتا ہے (۲) خدا کا ایک نام۔
ماہر: [ع۔صف] (۱) تیز فہم۔ زیرک (۲) لائق فائق (۳) ہنرمند صاحب شعور (۴) کامل فن۔ کسی کام میں استاد (۶) واقف۔ آگاہ۔ تجربہ کار۔ اُستاد۔
ماہُر: [ھ۔اند] سم۔ زہر۔
ماہُو: [ف۔امث] کنسلائی۔
ماہو: [ف۔اند] (۱) سجاوٹ کی کوئی چیز۔ زیور (۲) اونٹوں کو مارنے کی لاٹھی (۳) سیستان کے بادشاہوں کا لقب۔
ماہُون: [ہ۔اند] ایک کیڑا جو کپاس کو کھا جاتا ہے۔
ماہی: [ف۔امث] (۱) مچھلی (۲) وہ مچھلی جس کی نسبت ہندوؤں کا خیال ہے کہ اس کی پشت پر زمین ہے (۳) ایک آسمانی بُرج۔ حوت۔ (۴) دیکھئے "ماہ" کے تحت۔
ماہیِ بے آب: [ف۔امث] (۱) وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکال لی جائے (۲) (صف) بہت بیتاب۔
ماہی پروری: [ف۔امث] مچھلیوں کی پرورش۔ ایک محکمہ جس کا کام مچھلی کی پرورش کو فروغ دینا ہے۔
ماہی پُشت: [ف۔صف] (۱) قبہ دار۔ محدب (۲) جو بیچ میں سے اونچا اور کناروں پر سے نیچا ہو۔ (۳) بڑا ٹیلا (۴) ایک قسم کا کار چوب جو مچھلی کی پیٹھ سے مشابہ ہوتا ہے۔
ماہی پُشت کا جال: [ف۔اند] دیکھئے "ماہی پشت ع۴"

ماہی توا: [ف۔اند] ایک قسم کا گہرا توا جس میں مچھلی کباب تلے جاتے ہیں۔
ماہی خوار: [ف۔صف] (۱) مچھلی کھانے والا (۲) (مذ) بگلا۔ بوتیمار۔
ماہی دان: [ف۔اند] وہ تالاب جس میں مچھلیاں پلتے ہیں۔
ماہی دندان: [ف۔اند] ایک قسم کی مچھلی کا دانت جس سے تلواروں کے قبضے بناتے ہیں۔
ماہی زریں: [ف۔امث] ریت کی مچھلی۔ سقنقور۔ ریگ ماہی۔
ماہی زیر زمین: [ف۔امث] (۱) دیکھئے ماہی ع۲ (۲) دیکھئے ماہی زریں
ماہی سپہر: [ف۔امث] بُرج حوت۔
ماہی فروش: [ف۔صف] مچھلی بیچنے والا۔
ماہی گیر: [ف۔اند] مچھلی پکڑنے والا۔ مچھوا۔ ماچھی۔ مچھیرا۔
ماہی ماہی را خورد۔ ماہی گیر ہر دو را خورد: [ار۔مثل] ایک سے ایک بڑھ کر زبردست ہوتا ہے۔
ماہی مراتب: [ف۔اند] اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے ہیں۔
ماہیا: [پنجابی۔اند] (۱) پیارا۔ محبوب۔ معشوق (۲) پنجابی لوک گیت کی ایک صنف جس میں عورت اپنے معشوق سے خطاب کرتی ہے۔
ماہیات: [ع۔امث] دیکھئے "ماہیت" جس کی یہ جمع ہے۔
ماہیانہ: [ف۔صف۔مذ] مشاہرہ۔ تنخواہ۔ ماہوار۔
ماہیّت: [ع۔امث] (۱) اصل۔ مادہ۔ جوہر۔ مغز (۲) حقیقت۔ کیفیت۔ خصوصیت (۳) حقیقتِ حال۔
ماء: [ع۔اند] (۱) پانی۔ آب۔ جل (۲) عرق۔
ماءُ الجُبن: [ع۔اند] وہ پانی جو دودھ کو پھاڑنے کے بعد رہ جاتا ہے
ماءُ الحیات: [ع۔اند] (۱) آب حیات (۲) کیمیاگروں کی اصطلاح میں وہ دوا جو کشتہ کو زندہ کر کے اسے اپنی اصلی حالت پہ لے آتی ہے۔
ماءُ الشباب: [ع۔اند] وہ آب و تاب جو جوان کے چہرے پر ہوتی ہے۔
ماءُ الشعیر: [ع۔اند] جَو کا پانی۔ جو آش۔ آش جو۔
ماءُ اللحم: [ع۔اند] گوشت کا عرق جو کشید کر کے نکالا جاتا ہے۔
ماءُ الورد: [ع۔اند] گلاب کا پانی / عرق۔
ماءِ معین: [ع۔اند] جاری پانی۔ صاف اور پاک پانی۔
مائت: [ع۔صف] (۱) مرنے والا (۲) بند۔
مائۃ: [ع۔اند] سو۔ صد
مائدہ: [ع۔اند] دسترخوان یا میز جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔
مائر: [ع۔صف] وہ جو دوسرے ملکوں سے غلہ خرید کر لائے چاہے وہ فروخت کی غرض سے ہو یا خود استعمال کرنے کے لئے۔
مائس: [ع۔صف] (۱) جو غرور سے چلے (۲) جو شانے ہلا کر چلے (۳) اکڑ کر چلنے والا شخص (۴) شانے ہلا کر چلنے والا شخص۔
مائع: [ع۔اند] رقیق چیز جو پانی کی طرح ہو۔ جیسے دودھ۔ تیل وغیرہ۔
مائع پیما: [عف۔اند آلہ] رقیق چیزوں کی پیمائش کا آلہ۔ HYDROMETER کا ترجمہ۔

ئل: [ع۔صف] (۱) راغب۔ متوجہ (۲) میلان رکھنے والا۔ مشتاق۔ عاشق (۳) جھکا ہوا۔ خمیدہ (۴) ڈھلوان (۵) تھوڑا سا۔ جیسے سُرخ سیاہی مائل۔

ئل کرنا: [ار۔مع کس] راغب کرنا۔ متوجہ کرنا۔

ئل ہونا: [ار۔مص ل] دیکھئے "مائل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ؤف: [ع۔صف] وہ جس کو صدمہ پہنچا ہو (عضو کے لئے مستعمل ہے) بے حس۔

ؤف ہو جانا: [ار۔محاورہ] بے حس ہو جانا۔

ئی: [ع۔امث] آبی۔ پانی سے منسوب۔ جس کا تعلق پانی سے ہو۔

ئی: [ہ۔امث] والدہ۔ ماں۔ مادر۔ اماں۔ ماتا۔ ضعیف۔ بڑھیا۔

ئی باپ: [ہ۔اند] والدین۔ ماتاپتا۔ مادر۔ پدر۔ خداوند نعمت۔ پالن ہار۔ سرپرست۔ ولی نعمت۔ حاکم۔ سردار۔ آقا۔

ئی کا پوت: [ار۔اند] ماں کا بیٹا۔ ماں کا لاڈلا۔ ناز کا پلا ہوا۔

ئی کا لال: [ار۔اند] اپنی ماں کا پیارا بیٹا۔ ماں کا لاڈلا بیٹا (۲) بہادر۔ سورما۔

ئیات: [ار۔امث] وہ چیزیں جو پانی کی طرح رقیق ہوں۔

ئیک: [انگ۔اند] (MIKE) دیکھئے "مائیکروفون" جس کا یہ مخفف ہے۔

ئیکروسکوپ: [انگ۔اند] MICROSCOPE خُردبین۔ ایک آلہ جس سے چھوٹی سے چھوٹی چیزیں دیکھی جاسکتی ہیں

ئیکروفون: [انگ۔اند] MICROPHONE۔ آلہ مکبر الصوت۔ آواز کو بلند کرنے کا آلہ۔

مائیں: [ہ۔امث] ایک پھل جو مازو سے مشابہ ہوتا ہے اور دواؤں میں مستعمل ہے۔ فرانس کے درخت کا پھل مائیں کلاں اور جھاؤ کا پھل مائیں خرد کہلاتا ہے۔

مائینس: [انگ۔امث] MINUS۔ منفی کی نشانی۔ منفی۔ کمی۔

مائیاں: [ہ۔امث] ماں کی جمع۔ غریب عورتیں۔ خادمائیں (۲) شادی کی ایک رسم جس میں دولہا اور دولہن کو شادی سے کچھ روز پہلے زرد کپڑے پہنا کر اندر بٹھا دیتے ہیں۔ (افعال: بیٹھنا۔ بٹھانا)

مایا: [س۔امث] (۱) خدا کی قدرت۔ ایشور کی شکتی (۲) ظہور قدرت۔ نیچر (۳) رحم۔ دیا۔ کرپا (۴) پیار محبت (۵) دھوکا۔ فریب (۶) دھن۔ دولت زر (۷) عجیب۔ نادر (۸) رونق۔ بہار۔ کیفیت (۹) کرامت۔ کرشمہ (۱۰) روح۔ جان۔ آتما۔ پران (۱۱) سامان۔ دستگاہ (۱۲) دنیا۔ مخلوق خلقت۔

مایا پتر: [ہ۔اند] (۱) دولت مند۔ مال دار۔ زردار۔ دھنی (۲) لالچی۔ حریص۔ لوبھی۔

مایا پتی: [ہ۔اند] ایشور۔ پرمیشور۔ خدائے تعالیٰ۔

مایا جال: [ہ۔اند] دولت کا چکر۔ حرص۔ لالچ۔ لوبھ

مایا روپی: [ہ۔امث] فریبی۔ پُرفریب۔ دھوکے کی ٹٹی

مایا کو مایا ملے کر کر لمبے ہاتھ۔ تلسی داس غریب کی کوئی نہ پوچھے بات: [ار۔مثل] دولت مند ہی کو دولت ملتی ہے۔ امیر سے امیر اچھی طرح ملتے ہیں مگر غریب کی کوئی پروا نہیں کرتا۔

مایا کے ہیں تین نام پرسو۔ پرسا۔ پرسرام: [ار۔مثل] جوں جوں انسان کے پاس دولت زیادہ ہوتی جاتی ہے اس کی عزت بڑھتی جاتی ہے۔

مایوس: [ع۔صف] (۱) ناامید۔ نراس۔ بے آس (۲) ناکام۔ نامراد۔ بے نیل مرام (۳) دل شکستہ۔

مایوس کرنا: [ار۔مص م] ناامید کرنا۔ ناکام کرنا۔ نراس کرنا۔ دل توڑنا۔

مایوس ہونا: [ار۔مص ل] دیکھئے "مایوس کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مایوسی: [ار۔امث] دیکھئے "مایوس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مایہ: [ف۔امث] (۱) پونجی۔ جمع۔ سرمایہ (۲) اصل راس المال (۳) مادہ جوہر دستگاہ۔ سامان مال دولت۔

مایہ دار: [ف۔اند] دولت مند۔ مال دار۔ دھن والا

مایۂ ناز: [ف۔اند] (۱) فخر و ناز کا سبب (۲) معشوق۔

م۔ب

مُباح: [ع۔صف] (۱) جائز۔ روا۔ حلال۔ شریعت کے موافق۔ مسنون۔ درست۔ (۲) پاک۔ پوتر۔ شُدھ (۳) مذبوح۔ ذبیحہ۔ ذبح کیا گیا۔ (افعال: رکھنا۔ کرنا۔ ہونا)

مَباحث: [ع۔اند] دیکھئے "بحث" جس کی یہ جمع ہے

مُباحثہ: [ع۔اند] (۱) بحث۔ مناظرہ۔ تکرار۔

مُباحیت: [ع۔امث] مُباح یا جائز ہونا۔

مَباد/مَبادا: [ف۔مذا] خدا نہ کرے۔ ایسا نہ ہو۔ خدانخواستہ دُور پار۔ کبھی۔ کہیں۔ اتفاقاً۔ شاید۔

مُبادِر: [ع۔صف] (۱) جلدی کرنے والا۔ تیزی کرنے والا (۲) گزشتہ سابق (۳) جرأت یا دلیری کرنے والا۔

مُبادرت: [ع۔امث] دیکھئے "مُبادِر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مُبادلہ: [ع۔اند] بدلہ۔ معاوضہ۔ عوض۔ ادل بدل۔ پلٹا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

مَبادی: [ع۔اند] دیکھئے "مبدا" جس کی یہ جمع ہے۔

مُبادی: [ع۔صف] شروع کرنے والا۔ جو شروع سے ہو جو شروع کرے۔

مَبادی آداب: [ع۔صف] ابتدائی یا ضروری آداب و اطوار۔

مبادی الحساب: [ع۔امث] حساب کا ابتدائی حصہ۔ مبتدیوں کے لئے حساب کی ابتدائی کتاب۔

مَبادیِ العُلوم: [ع۔امث] شروع کی باتیں جن پر علم کا جاننا منحصر ہو۔

مَبادیِ عالیہ: [ع۔اند] فرشتے اور عقول عشرہ۔

مُباذرت: [ع۔امث] لٹانا۔ کھونا۔ پھینکنا۔

مُبار: [ف۔اند] پکوان۔ گلگلے۔ پوڑے۔ گلمہ

مُبارِز: [ع۔صف] لڑائی کے لئے تیار۔ مقابلہ پر چڑھ کر لڑنے والا

جنگجو - منچلا - لڑاکا - جنگی بہادر -

مُبارزت : [ع - امث] (۱) لڑائی کے واسطے صف سے باہر آنا - (۲) لڑائی - جنگ -

مُبارزت / مبارزطلبی [ع - امث] لڑائی کے لیے اپنے حریف یا مقابل کو طلب کرنا جس کا زمانہ قدیم کی جنگوں / لڑائیوں میں عام رواج تھا -

مُبارَک : [ع - صف] (۱) برکت دیا گیا - باعث برکت (۲) خوش قسمت خوش نصیب (۳) نیک - سعید - شبھ (۴) (امث) تہنیت - مژدہ - خوش خبری (۵) طنزاً منحوس (۶) (ندا) جب کسی کے گھر لڑکا پیدا ہو یا شادی ہو یا کوئی اور خوشی کا موقع ہو تو کہتے ہیں -

مُبارک دَم : [عف - صف] جس کا دَم بابرکت ہو - متبرک آدمی -

مُبارک سلامت : [ع - امث] ایک دوسرے کو شادی یا خوشی کی مبارکباد دینا -

مُبارک سلامت ہونا : [ار - محاورہ] ایک دوسرے کو دونوں طرف سے مبارک بادی دی جانا -

مُبارک فال : [ع - صف] جس سے نیک شگون ظاہر ہو -

مُبارک قدم : [ع - صف] جس کا آنا باعثِ برکت ہو -

مُبارک نہاد : [عفوصف] جس کا مزاج / طبیعت نیک ہو -

مُبارک ہو : [ار - کلمہ دعا] خدا نیک کرے - راس آئے -

مُبارک باد : [عف - امث] (۱) تہنیت - خوشخبری - مژدہ (۲) بدھائی - شادیانہ - بدھاوا (۳) دعائے خیر - کلیان - آشیرباد (۴) (ندا) مبارک ہو - نیک ہو - سعید ہو - خدا برکت دے (افعال : دینا - کہنا)

مُبارکبادی : [ار - امث] دیکھیے "مبارک باد" ۱ [افعال - دینا - کہنا]

مبارکبادی گانا : [ار - محاورہ] شادی کے گیت گانا - بدھائی گانا - شادیانہ گانا -

مُبارکت : [ع - امث] خدا کا انسان کو برکت دینا -

مُبارکی : [عفوامث] (۱) مبارک باد - تہنیت (۲) نیکی - سعادت (۳) دعائے خیر (۴) ایک بیماری جس سے نیند بہت آتی ہے (۵) دانے جو تپ محرقہ کے دوران / اختتام پہ نکلتے ہیں -

مُباشَرت : [ع - امث] (۱) جماع - صحبت - ہم بستری - مجامعت - [افعال : کرنا - ہونا] اردو میں صرف ان معنوں میں استعمال ہوتا ہے (۲) (ع) شروع کرنا - ابتدا کرنا (۳) خوشخبری دینا (۴) انتظام کرنا -

مُباف : [ف - اند] دیکھیے "مُوباف" جس کا یہ مخفف ہے -

مَبالِغ : [ع - اند] مبلغ کی جمع - اموال -

مُبالغہ : [ع - اند] (۱) حد سے بڑھ کر تعریف یا بڑائی کرنا (۲) زیادہ گوئی حد سے بڑھ کر بولنا - [افعال : کرنا - ہونا]

مُبالغہ کرنا : [ار - محاورہ] کسی بات کو بہت زیادہ بڑھا چڑھا کر کرنا -

مَبانی : [ع - اند] مبنی کی جمع - مکانات - عمارتیں - بنیادیں -

مُباہات : [ع - امث] (۱) فخر - بڑائی - شیخی (۲) شان و شوکت (۳) شیخی کرنا - فخر کرنا -

مُباہلہ : [ع - اند] ایک دوسرے کے حق میں بد دعا کرنا - ایک دوسرے کو بُرا کہنا - نفرین کرنا (۲) اصطلاح شریعت میں کسی تنازعہ پر تصفیہ پر نہ پہنچتے ہوئے یہ بد دعا کرنا کہ جو جھوٹا ہو وہ برباد ہو -

مُبتَدا : [ع - اند] (۱) آغاز - شروع - پہل - اوّل - ابتدا (۲) اصطلاح علم نحو میں جملہ اسمیہ کا پہلا جزو جس کے متعلق کوئی خبر دی جائے -

مُبتدا و خبر : [ع - امث - بترکیب عطف] جملہ اسمیہ کے دونوں جزو یعنی جس کے متعلق کچھ کہا جائے اور جو کچھ کہا جائے -

مُبتدا و خبر ندارد : [ف - مقولہ] وہ بات جس کا سر پیر نہ ہو - لغو اور بیہودہ بات -

مُبتدَع : [ع - اند] نئی ایجاد - وہ کام جو دین میں نیا نکالا گیا ہو -

مُبتدِع : [ع - صف] دین میں نئی بات نکالنے والا - بدعت کرنے والا - بدعتی -

مُبتدی : [ع - اند] ابتدا کرنے والا - نو آموز - شروع کرنے والا -

مُبتذَل : [ع - صف] ذلیل - حقیر - رذیل - سفلہ - کمینہ - بے قدر - خفیف -

مُبتسِم : [ع - صف] کھلنے والا - ہنسنے والا -

مُبتلا : [ع - صف] (۱) پکڑا ہوا - گرفتار - ماخوذ (۲) پھنسا ہوا - الجھا ہوا - لپٹا ہوا - گھرا ہوا (۳) بلا یا آفت میں پڑا ہوا (۴) مشغول - معروف (۵) فریفتہ - عاشق - شیدا - مفتون - دلدادہ - لٹو -

مُبتلا کرنا : [ار - محاورہ] فریفتہ کرنا - عاشق کر لینا - پھنسا لینا

مُبتلا ہونا : [ار - محاورہ] دیکھیے "مبتلا کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) پھنسنا - گھرنا

مَبحَث : [ع - اند] بحث - معاملہ (۲) بحث یا تفتیش کا کام -

مَبدَأ : [ع - اند] (۱) شروع ہونے کی جگہ - ظاہر ہونے کی جگہ (۲) آغاز - شروع - ابتدا (۳) اصل - بنیاد (۴) چشمہ -

مَبدءِ فیاض : [ع - اند] فیض کا سرچشمہ - مراد خدائے تعالیٰ -

مبدءِ فیض : [ع - اند] دیکھیے "مبداء فیاض" -

مُبدِع : [ع - صف] آپ ہی آپ کسی نئی چیز کا پیدا کرنے والا بے مادہ بنانے والا - خدا تعالیٰ -

مُبدِء : [ع - صف - فاعل] شروع کرنے والا - پیدا کرنے والا -

مُبدَل : [ع - صف] بدلا ہوا - پلٹا ہوا - تبدیل شدہ - متغیر -

مُبدی : [ع - صف] ابتدا کرنے والا - دنیا بنانے والا -

مُبذِّر : [ع - صف] فضول خرچ - بیجا خرچ کرنے والا -

مَبذول : [ع - صف] (۱) خرچ کیا گیا (۲) لگایا گیا - منعطف -

مُبَرّا : [ع - صف] پاک - بے عیب - بری - صاف - منزہ (۲) بیزار -

مُبَرَّد : [ع - صف] سرد کیا ہوا - ٹھنڈا کیا ہوا -

مُبَرِّد : [ع - صف] سرد کرنے والا -

مُبَرِّدات : [ع - صف] دیکھیے "مُبَرِّدہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) سرد کرنے والی چیزیں -

مُبَرِّدہ : [ع - صف - مث] دیکھیے "مبرد" جس کی یہ تانیث ہے -

مَبرَز : [ع - اند] پاخانہ نکلنے کی جگہ - مقعد - دُبر

مُبرَم : [ع - صف] مضبوط - استوار - مستحکم - ضروری - نہ ٹلنے والی -

مُبَرُور : [ع ـ صف] (۱) نیکی کیا گیا ـ پاک ـ مقدس ـ گناہوں سے بری (۲) مقبول ـ قبول کیا گیا ـ

مَبرُوص : [ع ـ صف] برص کا مریض ـ پھلبہری کا مریض ـ

مُبَرہَن : [ع ـ صف] دلیل سے ثابت کیا ہوا ـ ثابت ـ مضبوط ـ

مَبسُوط : [ع ـ صف] پھیلا ہوا ـ کشادہ ـ فراخ ـ

مُبَشَّر : [ع ـ صف] جس کی خوشخبری دی گئی ہو ـ

مُبَشِّر : [ع ـ صف] بشارت دینے والا ـ خوشخبری سنانے والا ـ

مُبَشِّرات : [ع ـ امث] بارش لانے والی ہوائیں (۲) خوشخبری دینے والیاں ـ

مُبصِر : [ع ـ صف] دیکھنے والا ـ بینا (۲) پرکھنے والا ـ صراف (۳) مُشیر ـ صلاح کار ـ

مُبطِل : [ع ـ صف] باطل کرنے والا ـ

مَبطُون : [ع ـ صف] جو شخص پیٹ کی بیماری میں مبتلا ہو ـ

مَبعُوث : [ع ـ صف] اٹھایا گیا ـ بھیجا گیا ـ پیدا کیا گیا ـ

مبعوث ہونا : [ار ـ محاورہ] نبی کا بھیجا جانا ـ

مَبغُوض : [ع ـ صف] بغض کیا گیا ـ دشمن رکھا گیا ـ قابل نفرت ـ

مَبلَغ : [ع ـ صف] (۱) روپیہ کی رقم ـ تعداد زر (۲) کل ـ تمام ـ کمال ـ

مَبلَغ : [ع ـ امذ] حد ـ نہایت ـ کمال ـ

مُبَلِّغ : [ع ـ صف] پہنچانے والا ـ تبلیغ کرنے والا ـ

مبنا / مَبنیٰ : [ع ـ امذ] بنیاد ـ عمارت ـ

مَبنِی : [ع ـ صف] بنیاد رکھا ہوا ـ بنیاد رکھنے کی جگہ ـ جس پر کسی چیز کی بنا ہو ـ علم صرف میں وہ کلمہ جس کے آخری حرف میں کسی حال سے تبدیلی نہ ہو ـ

مبنی ہونا : [ار ـ محاورہ] کسی بات کا کسی بات پر منحصر ہونا ـ موقوف ہونا ـ

مُبہَم : [ع ـ صف] مشکوک ـ وہ بات جس کا مطلب صاف نہ ہو ـ گول مول بات ـ

مَبہُوت : [ع ـ صف] (۱) حیران ـ متحیر ـ ہکا بکا (۲) دیوانہ ـ باؤلا (۳) نشہ میں چور ـ مخمور ـ مدہوش ـ

مُبہی : [ع ـ امذ] قوت باہ بڑھانے والا ـ شہوت زیادہ کرنے والا ـ

مُبَیَّضہ : [ع ـ صف] سفید کیا گیا ـ صاف اور خوشخط لکھا ہوا مسودہ ـ

مَبِیع : [ع ـ صف] خرید کی ہوئی چیز ـ بکا ہوا مال ـ

مُبِین : [ع ـ صف] ظاہر ـ صاف ـ کھلا ہوا ـ آشکارا ـ صریح ـ روشن ـ

مُبَیَّن : [ع ـ صف] (۱) ظاہر کیا گیا ـ بیان کیا گیا (۲) بیان کیا ہوا (۳) نحو میں وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر میں واقع ہو ـ

مبینہ : [ع ـ صف] بیان کیا گیا ـ کہا گیا ـ انگریزی ALLEGED کا ترجمہ

م ـ پ

مَپان : [ھ ـ امث] ناپ ـ نپان ـ پیمائش ـ پیمانہ

مَپانا : [ھ ـ امذ] پیمانہ ـ ناپنے کی چیز (۲) (مص) ناپنا ـ پیمائش کرنا ـ

مَپائی : [ار ـ امث] اندازہ ـ پیمائش

مَپت : [ھ ـ امث] پیمائش ـ ناپ ـ

مپنا : [ھ ـ مص] پیمائش ہونا ـ اندازہ کیا جانا

مپوانا : [ھ ـ مص] ناپ کرانا ـ پیمائش کرانا

م ـ ت

مَت : [ار ـ کلمہ نفی] نہ ـ نہیں ـ

مت پوچھو : [ار ـ محاورہ] قابل بیان نہیں ـ کراہت اور نفرت دونوں موقعوں پر آتا ہے (۲) ایسا اچھا ہے کہ قابل بیان نہیں (۳) ایسی سخت مصیبت ہے کہ کہنے کے لائق نہیں ـ

مت کر ساس برائی تیرے بھی آگے جائی : [ار ـ مثل] ساس جیسا اپنی بہو سے کرے گی ویسا ہی اس کی بیٹی کے ساتھ ہوگا ـ

مَت : [ھ ـ امث] (۱) سمجھ ـ بوجھ ـ عقل ـ دانش ـ فہم ـ ادراک ـ دانائی (۲) رائے ـ نصیحت (۳) عادت (۴) (مذ) مذہب ـ ملت ـ دھرم ـ عقیدہ ـ

مت الٹنا / الٹی ہونا : [ار ـ محاورہ] عقل جاتی رہنا ـ

مت بدلنا : [ار ـ محاورہ] سمجھ کا کچھ سے کچھ ہو جانا ـ طرز بدلنا ـ

مت پلٹنا : [ار ـ محاورہ] رائے بدل جانا ـ سمجھ الٹی ہو جانا ـ

مت پھرنا : [ار ـ محاورہ] رائے تبدیل ہونا ـ سمجھ الٹی ہونا ـ

مت پھیرنا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "مت پھرنا" جس کا یہ متعدی ہے ـ

مت دینا : [ار ـ محاورہ] نصیحت کرنا ـ عقل کی بات بتانا ـ رائے دینا ـ

مت کھو جانا : [ار ـ محاورہ] عقل زائل ہو جانا ـ

مت کھو دینا : [ار ـ محاورہ] دیکھئے "مت کھو جانا" جس کا یہ متعدی ہے ـ

مت مار دینا : [ار ـ محاورہ] عقل زائل کر دینا ـ

مت ماری پڑنا / جانا : [ار ـ محاورہ] عقل جاتی رہنا ـ بیوقوف بننا ـ

مت ہونا : [ار ـ محاورہ] سمجھ ہونا ـ عقل ہونا ـ

مَتا : [ار ـ امث ـ ق] مجال ـ طاقت (۲) مشورہ ـ رائے ـ

مُتا : [ار ـ صف ـ ق] مست ـ

مُتابعت : [ع ـ صف] پیروی ـ فرمانبرداری ـ اطاعت ـ

مُتاثِّر : [ع ـ صف] کارگر ـ اثر پذیر ـ دل پر اثر کرنے والا ـ رقت انگیز ـ

مُتاخِّر : [ع ـ صف] پیچھے آنے والا ـ آخیر زمانہ والا ـ

مُتادِّب : [ع ـ صف] ادب پایا ہوا ـ مہذب ـ شائستہ

مُتاذّی : [ع ـ صف] تکلیف پانے والا ـ

مُتالا : [ار ـ امذ ـ ق] مال ـ متاع ـ

مُتاس : [ھ ـ امث] پیشاب کرنے کی حاجت ـ

مُتاسا : [ھ ـ صف مذ] وہ شخص جسے پیشاب کرنے کی حاجت ہو ـ

مُتاسی : [ھ ـ صف ـ مث] دیکھئے "متاسا" جس کی یہ تانیث ہے ـ

مُتاسِّف : [ع ـ صف] افسوس کرنے والا ـ

مَتَاع : [ع۔ اند مث] پونجی۔ اثاثہ۔ تجارت کا سامان
مَتاعِ نیک از ہر دُکان کہ باشد : [ف۔ مثل] ہنر اور خوبی کی بات جہاں کہیں سے ملے پسند ہے۔
مَتاعِ غرور : [ع۔ امث] کنایۃً دنیا۔ جہان۔
مُتاعی : [عف۔ امث] وہ عورت جس سے متعہ کیا گیا ہو۔ مقررہ مدت کے لئے نکاحی ہوئی عورت۔
مُتَاَلِّم : [ع۔ صف] الم پایا ہوا۔ جسے رنج پہنچا ہو۔ رنجیدہ۔ دُکھیا
مُتالی : [اد۔ امث] (۱) وہ جگہ جو گھوڑے کے پیشاب کے لئے ہو (۲) گھاس جس پر گھوڑے نے پیشاب کیا ہو۔
مُتَاَمِّل : [ع۔ صف۔ مذ] تأمل کرنے والا۔ سوچنے والا
مُتانا : [ار۔ مص] (۱) بچّہ کو پیشاب کرانا (۲) (اند) جسم میں پیشاب رہنے کی عیلی۔
مَتانَت : [ع۔ امث] (۱) مضبوطی۔ اُستواری۔ پختگی۔ سنجیدگی (۲) تہذیب (۳) خیالات کی آراستگی اور درستی۔ زبان کا بیہودہ الفاظ اور خیالات سے پاک ہونا۔
مُتانی : [۔ امث] دیکھئے "متالی"
مُتَاَہِّل : [ع۔ صف] اہلیہ کرنے والا۔ بیاہا۔ شادی شدہ۔ بیوی بچوں والا
مُتَبادِر : [ع۔ صف] (۱) جلدی کر کے آگے بڑھ جانے والا (۲) جلد ذہن میں آنے والا (۳) جلد نکلنے والا۔
مُتَبادِل : [ع۔ صف] بدلنے والا۔ باری سے آنے یا کام کرنے والا۔
مُتَبادَلَہ : [ع۔ صف] (۱) وہ جو بدلے (۲) (اصطلاح اقلیدس) دو خطوط متوازی پر جب تیسرا خط آکر گرے تو اس خط کے دونوں طرف کے داخلی زاویے متبادلہ کہلاتے ہیں بشرطیکہ متصلہ نہ ہوں۔
مُتَبایِن : [ع۔ صف] (۱) ان میل۔ باہم مختلف۔ باہم الگ الگ۔ دو ایسے مخالف جو ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں۔ متناقض (۲) علم حساب۔ وہ عدد جس کے اجزائے ضربی نہ ہوسکیں۔
مُتَبَحِّر : [ع۔ صف] بہت بڑا عالم فاضل۔ علم کا دریا۔ فاضل اجل۔
مُتَبَدِّل : [ع۔ صف] کسی چیز کا معاوضہ لینے والا۔ تبدیل کرنے والا۔ بدلنے والا۔
مُتَبَدَّل : [ع۔ صف] تبدیل شدہ۔
مُتَبَرَّک : [ع۔ صف] (۱) برکت والا۔ مقدس۔ پاک۔ صاف۔ پوتر (۲) معزز۔ بزرگ۔ قابل تعظیم۔
مُتَبَرَّکہ : [ع۔ صف۔ مث] برکت والی چیز۔ پاک چیز۔
مُتَبَسِّم : [ع۔ صف] (۱) مسکرانے والا (۲) شگفتہ۔ کِھلا ہوا۔
مُتَّبِع : [ع۔ صف] پیروی کرنے والا۔ پیچھے چلنے والا۔
مُتَبَنّیٰ : [ع۔ اند] فرزندی میں لیا ہوا۔ گود لیا ہوا۔ لے پالک۔ (افعال: کرنا)
مَتْبُوع : [ع۔ صف] سردار۔ پیشوا۔ پیروی کیا گیا۔
مُتَجانِس : [ع۔ صف] ہم جنس ہونے والا۔

مُتَجاوِز : [ع۔ صف] اپنی حد سے بڑھنے والا۔
مُتَجَسِّس : [ع۔ صف] تلاش کرنے والا۔ جستجو کرنے والا ڈھونڈھنے والا۔
مُتَجَلّی : [ع۔ صف] چمک دار۔ روشن۔ آشکارا۔
مُتَحارِب : [ع۔ صف] آپس میں جنگ کرنے والا۔
مُتَحَجِّر : [ع۔ صف] (۱) ورم یا پھوڑا جو سخت پتھر کی مانند ہو جائے (۲) جو چیز پتھر کی مانند ہو جائے۔
مُتَّحِد : [ع۔ صف] اتحاد رکھنے والا۔ متفق۔ ملا ہوا۔ شامل۔
مُتَّحِدُ البطن : [ع۔ صف] ایک پیٹ کا۔ حقیقی۔
مُتَّحِدُ المفہوم : [ع۔ صف] وہ جس کا مطلب ایک ہو۔
مُتَحَرِّک : [ع۔ صف] (۱) حرکت کرنے والا۔ جاری (۲) نحو میں وہ حرف جس پر حرکت ہو۔
مُتْحَف : [ع۔ اند] عجائب خانہ۔
مُتَحَقِّق : [ع۔ صف] (بکسر قاف اول مشدد) صحیح اور درست کرنے والا کسی خبر کا۔
مُتَحَقَّق : [ع۔ صف] (بفتح قاف اول مشدد) ثابت کیا ہوا۔ تحقیق درست۔ صحیح خبر۔
مُتَحَکِّم : [ع۔ صف] حکومت کرنے والا۔ شہنشاہ۔
مُتَحَلّی : [ع۔ صف] آراستہ ہونے والا۔ زیور پہننے والا۔
مُتَحَمِّل : [ع۔ صف] بُردبار۔ مستقل مزاج۔ برداشت کرنے والا۔
مُتَحَیِّر : [ع۔ صف] حیرت زدہ۔ حیران۔ حواس باختہ۔ ہکّا بکّا۔ متعجب۔
مُتَحَیِّرَہ : [ع۔ اند۔ اصطلاح علم ہیئت] ذیل کے پانچ ستارے خمسہ متحیرہ کہلاتے ہیں (۱) عطارد (۲) زہرہ (۳) مریخ (۴) مشتری (۵) زحل۔ یہ ستارے کبھی کبھی اپنی معمولی رفتار سے پیچھے کی طرف رجعت کرتے ہیں اور پھر اپنی معمولی رفتار پر چلنے لگتے ہیں۔ اس وجہ سے متحیرہ نام ہوا۔
مُتَخاصِم : [ع۔ صف] باہم خصومت کرنے والا جھگڑالو۔ مدعی۔ دشمن
مُتَخالِف : [ع۔ صف] باہم مخالفت کرنے والا۔ ایک دوسرے کا مخالف۔
مُتَخَصِّص : [ع۔ صف] خصوصیت رکھنے والا (۲) کسی فن کا ماہر خصوصی Specialist
مُتَخَلْخِل : [ع۔ صف] (۱) اندر سے خالی۔ پولا (۲) ڈھیلا ڈھالا۔
مُتَخَلِّص : [ع۔ صف] تخلص رکھنے والا۔
مُتَخَلِّل : [ع۔ صف] خلل ڈالنے والا۔
مُتَخَیَّل : [ع۔ صف] خیال کیا گیا۔ خیال میں لایا ہوا۔
مُتَخَیَّلَہ : [ع۔ صف] خیال کیا گیا۔ جہاں خیال پیدا ہو یعنی دماغ۔
مُتَخَیِّلَہ : [ع۔ صف] خیال میں لانے کی قوت۔ سوچنے کی قوت، ایک دماغی قوت جس سے انسان غیر حاضر چیزوں کا نقش دل میں لاتا ہے۔ وہم۔ خیال۔ قیاس۔
مُتَدارِک : [ع۔ صف] کھوئی ہوئی چیز کو پانے والا۔ عروض میں ایک بحر کا نام جو بعد میں ایجاد ہو کر پہلی بحروں میں شامل کی گئی ہے۔

مُتَداوَل : [ع - صف] ہاتھوں میں پھری ہوئی چیز - دست بہ دست پہنچی ہوئی چیز - مروج -
مُتَداوَلَہ : [ع - صف - مث] عام متداول کی تانیث جو جس کا افادہ بھی کرتی ہے
مُتَدَیِّن : [ع - صف] (۱) دین دار - ایمان دار - دیانت دار - مومن (۲) امین - امانتدار - معاملہ اور بات کا سچا اور پورا
مُتَذَبذِب : [ع - صف] تذبذب میں پڑنے والا - تردد میں پڑنے والا - لٹکا ہوا -
مُتَذَکَّرَہ : [ع - صف] ذکر کیا گیا - مذکورہ -
مُتَذَکَّرَہ بالا : [عف - صف] جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہو - مرقومہ بالا -
مُتَّر : [ھ - اند] (۱) وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جاتے - سرگروہ - سرغنہ (۲) دوست - آشنا -
مُتَرادِف : [ع - صف] ہم ردیف - دو ایسے لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں -
مِترائی : [ھ - امث] دوستی - یارانہ -
مُتَرَتِّب : [ع - صف] ترتیب دینے والا -
مُتَرَتَّب : [ع - صف] ترتیب دیا گیا - درست کیا گیا -
مُتَرجِم : [ع - صف] ترجمہ کرنے والا -
مُتَرجَم : [ع - صف] ترجمہ کیا ہوا -
مُتَرَدِّد : [ع - صف] تردد کرنے والا - فکرمند - پس و پیش کرنے والا - سوچ میں پڑ جانے والا (۲) پریشان - مضطرب -
مَتَرس از بلائے کہ شب درمیان ست : [ف - مثل] اس مصیبت کی فکر میں پریشان نہیں ہونا چاہیے جو ابھی آئی نہیں ہے -
مُتَرَسِّل : [ع - صف] خط لکھنے والا -
مُتَرَش : [ف - صف] ڈاڑھی منڈانے والا - تراش سے (عربی وزن پر یہ لفظ وضع کیا گیا ہے جو غلط ہے)
مُتَرَشِّح : [ع - صف] ترشح کرنے والا - ٹپکنے والا -
مُتَرَشَّح : [ع - صف] ٹپکا ہوا - ظاہر -
مُتَرَصِّد : [ع - صف] امیدوار - امید رکھنے والا - گھات لگنے والا -
مُتَرَقَّب : [ع - صف] انتظار کیا گیا - امید کیا گیا -
مُتَرَقِّب : [ع - صف] انتظار کرنے والا - منتظر - امیدوار -
مُتَرَقَّبَہ : [ع - صف] انتظار کیا ہوا - امید کی ہوئی چیز -
مُترنا : [ار - مص - ق] آسیب اتارنا - بھوت پریت اتارنا
مُتَرَنِّم : [ع - صف] گانے والا -
مَتروک : [ع - صف] ترک کیا ہوا - چھوڑا ہوا -
مَتروکات : [ع - امث] چھوڑی ہوئی چیزیں -
مَتروکَہ : [ع - صف] ترک کی ہوئی - چھوڑی ہوئی
مُتَزاید : [ع - صف] زاید ہونے والا - زیادہ ہونے والا - بڑھنے والا -
مُتَزَلزِل : [ع - صف] کانپنے والا - ڈگمگانے والا - جنبش کرنے والا -

مُتَساوی : [ع - صف] ایک دوسرے کے مساوی - برابر -
مُتَسَلِّط : [ع - صف] غالب ہونے والا - قبضہ کرنے والا -
مُتَسَلّی : [ع - صف] خوش اور بے غم -
مُتَشابِہ : [ع - صف] (۱) مشابہ ہونے والا - مانند - ہمشکل - ہم صورت - یکساں (۲) مشتبہ - مشکوک - جس کے بارے میں کچھ شبہ ہو - (۳) (مذ) بھول چوک - شبہ -
مُتَشابہ لگنا : [ار - محاورہ] شبہ میں پڑنا - بھول میں پڑنا - چوکنا - یہ محاورہ خاص کر قرآن شریف کے لئے ہے کیونکہ بعض آیات کے مختلف موقعوں پر آ جانے سے حافظ لوگ کہیں سے کہیں پڑھ جاتے ہیں -
مُتَشابِہات : [ع - امث] آیتیں جن کے حقیقی معنی سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا - جیسے ایک سے زیادہ معنی ہو سکتے ہیں -
مُتَشاعِر : [ع - صف] جو شاعر نہ ہو مگر اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے -
مُتَشَدِّد : [ع - صف] سختی کرنے والا -
مُتَشَرِّع : [ع - صف] پابند شریعت - پارسا - پرہیزگار - پکا دین دار -
مُتَشَکِّر : [ع - صف] شکر گزار - شکر ادا کرنے والا
مُتَشَکِّک : [ع - صف] شبہ کرنے والا - شک کرنے والا -
مُتَشَکِّل : [ع - صف] شکل اختیار کرنے والا - صورت قبول کرنے والا -
مُتَشَکّی : [ع - صف] (۱) شکایت کرنے والا (۲) جھگڑنے والا (۳) شک میں پڑنے والا -
مُتَصادِم : [ع - صف] ٹکرا جانے والا -
مُتَصاعِد : [ع - صف] صعود کرنے والا - اوپر چڑھنے والا -
مُتَصَدِّع : [ع - صف] دردسر دینے والا - تکلیف دینے والا -
مُتَصَدّی : [ع - صف] (۱) دیوان - محاسب - جمع خرچ نویس - (۲) محرر - کاتب - منشی - نائب - گماشتہ (۳) منتظم - انتظام کرنے والا - (۴) ذمہ دار - کفیل -
مُتَصَرِّف : [ع - صف] قبضہ کرنے والا - قابض
مُتَصَرَّفَہ : [ع - صف] وہ چیز جو تصرف میں آ گئی ہو -
مُتَّصِف : [ع - صف] صفت رکھنے والا - جس کے ساتھ کوئی وصف لگا ہو -
مُتَّصِل : [ع - صف] اتصال رکھنے والا - پاس - قریب - نزدیک - لگا ہوا - برابر ملنے والا - لگاتار - پے در پے - متواتر -
مُتَصَنِّع : [ع - صف] تصنع کرنے والا - بناوٹ کرنے والا -
مُتَصَوِّر : [ع - صف] تصور کرنے والا - دل میں نقشہ بنا لینے والا -
مُتَصَوَّر : [ع - صف] تصور میں لایا ہوا - خیال کیا گیا - سوچا ہوا -
مُتَصَوِّف : [ع - صف] (۱) صوفی بننے والا - (۲) اہل تصوف -
مُتَضاد : [ع - صف] برعکس - خلاف - الٹا -
مُتَضَرِّع : [ع - صف] زاری کرنے والا - گڑگڑانے والا -
مُتَضَمَّن : [ع - صف] داخل کیا ہوا - شامل کیا ہوا -
مُتَضَمِّن : [ع - صف] اپنے پیٹ میں لینے والا - داخل - شامل - مشتمل

مُتَظَلِّم: [ع ۔ صف] دادخواہ ۔ فریادی۔
مُتَعَارِض: [ع ۔ صف] ایک دوسرے کے سامنے آنے والے۔ ایک دوسرے کے خلاف۔
مُتَعَارِف: [ع ۔ صف] معروف ۔ مشہور ۔ آپس میں جان پہچان والے۔
مُتَعَارِفہ: [ع ۔ صف ۔ مث] دیکھئے "متعارف" جس کی یہ تانیث ہے اور افادۂ جمع کرتی ہے۔
مُتَعَاقِب: [ع ۔ صف] تعاقب کرنے والا ۔ پیچھے آنے والا ۔ بعد میں۔
مُتَعَاقِد: [ع ۔ صف] آپس میں عہد و پیمان کرنے والا۔
مُتَعَال: [ع ۔ صف] (۱) اصل میں تعالیٰ سے اسم فاعل تھا ۔ عالی ۔ بلند ۔ برتر (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام۔
مُتَعَالی: [ع ۔ صف] دیکھئے "مُتعال"
مُتَعَجِّب: [ع ۔ صف] تعجب کرنے والا ۔ حیران ۔ متحیر ۔ دنگ ۔ ششدر۔
مُتَعَدِّد: [ع ۔ صف] (۱) گنے ہوئے ۔ چند ۔ تھوڑے (۲) بہت ۔ کئی ۔ بہتیرے (۳) مختلف ۔ جدا جدا ۔ مُتفرق۔
مُتَعَدِّی: [ع ۔ صف] (۱) حد سے بڑھنے والا (۲) طب میں وہ مرض جو ایک سے دوسرے کو لگے (۳) نحو میں وہ فعل جو مفعول کو چاہے۔
مُتَعَذِّر: [ع ۔ صف] دشوار ۔ مشکل ۔ محال کے قریب۔
مُتَعَرِّض: [ع ۔ صف] روکنے والا ۔ آگے آنے والا۔
مُتَعَسِّر: [ع ۔ صف] دشوار ۔ مشکل ۔ امکان کے قریب۔
مُتَعَصِّب: [ع ۔ صف] تعصب کرنے والا ۔ دین کی پچ کرنے والا ۔ جانبدار۔
مُتَعَفِّف: [ع ۔ صف] متقی ۔ پارسا ۔ عفت والا۔
مُتَعَفِّن: [ع ۔ صف] سڑا ہوا ۔ بدبودار ۔ بسا ہوا۔
مُتَعَلِّق: [ع ۔ صف] (۱) تعلق رکھنے والا ۔ لگاؤ رکھنے والا (۲) رشتہ دار ۔ قرابتی ۔ چسپاں (۳) شامل ۔ منسلک ۔ ماتحت ۔ تابع۔
مُتَعَلِّق کرنا: [ا ۔ محاورہ] (۱) ملانا ۔ لگانا ۔ ملحق کرنا ۔ شامل کرنا (۲) جوڑنا ۔ چسپاں کرنا ۔ ساتھ لگانا (۳) سپرد کرنا ۔ سونپنا۔
مُتَعَلِّقات: [ع ۔ اند] وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز سے وابستہ ہوں۔
مُتَعَلِّقِین: [ع ۔ صف] گھر کے لوگ ۔ بال بچے ۔ نوکر چاکر۔
مُتَعَلِّم: [ع ۔ صف] تعلیم پانے والا ۔ طالب علم ۔ شاگرد۔
مُتْعَہ: [ع ۔ اند] شیعہ مذہب میں کچھ مدت کے لئے عورت سے نکاح کر لینا ۔ میعادی نکاح۔
مُتَعَہِّد: [ع ۔ صف] (۱) عہد کرنے والا (۲) جس سے عہد کیا گیا ہو (۳) ذمہ دار ۔ کام میں مشغول (۴) ہم عصر ۔ ایک زمانہ کے (۵) ٹھیکہ دار۔
مُتَعَیَّن: [ع ۔ صف] تعین کیا ہوا ۔ مقرر کیا ہوا ۔ کسی کام پر لگایا ہوا ۔ [افعال: کرنا]
مُتَعَیَّنَہ: [ع ۔ صف ۔ مث] دیکھئے "متعین" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
مُتَغَائِر: [ع ۔ صف] الگ ۔ جدا۔
مُتَغَزِّل: [ع ۔ صف] غزل کہنے والا ۔ غزل گو۔
مُتَغَیَّر: [ع ۔ صف] بدلا ہوا ۔ تبدیل شدہ ۔ پلٹا ہوا۔
مُتَغَیِّر: [ع ۔ صف] بدلنے والا ۔ تبدیل ہونے والا ۔ غیر مستقل
مُتَفَاوَت: [ع ۔ صف] فرق کیا گیا ۔ دور کیا ہوا۔
مُتَفَاوِت: [ع ۔ صف] فرق رکھنے والا ۔ ایک دوسرے سے دور ہونے والا۔
مُتَفَتِّش: [ع ۔ صف] ڈھونڈنے والا ۔ تفتیش کرنے والا
مُتَفَحِّص: [ع ۔ صف] کھوج لگانے والا ۔ تلاش کرنے والا۔
مُتَفَرِّد: [ع ۔ صف] تنہا ۔ یگانہ۔
مُتَفَرِّع: [ع ۔ صف] کسی چیز سے اُس کی شاخ کی طرح نکلنے والا۔
مُتَفَرِّق: [ع ۔ صف] جدا جدا ۔ الگ الگ ۔ پراگندہ ۔ منتشر۔
مُتَّفِق: [ع ۔ صف] (۱) اتفاق کرنے والا ۔ ملا ہوا ۔ شامل ۔ لگا ہوا (۲) رضامند ۔ موافق (۳) ہم خیال ۔ ہم رائے ۔ ہم صلاح ۔ ہم مشورہ۔
مُتَّفِقُ الرّائے: [ع ۔ صف] ہم رائے ۔ ہم خیال ۔ ہم مشورہ
مُتَّفِقُ اللّفظ: [ع ۔ صف] ایک زبان ہو کر ۔ ایک دل ہو کر۔
مُتَّفِق ہونا: [ا ۔ محاورہ] ایک زبان ہو کر ۔ یک جان ہو کر۔
مُتَّفَق: [ع ۔ صف] اتفاق کیا ہوا۔
مُتَّفَق علیہ: [ع ۔ اند] جس پر اتفاق کیا گیا ہو ۔ سب کی مرضی کے مطابق۔
مُتَّفِقہ: [ع ۔ صف] دیکھئے "مُتّفق" جس کی یہ تانیث ہے اور افادہ جمع کرتی ہے۔
مُتَفَکِّر: [ع ۔ صف] فکرمند ۔ رنجیدہ ۔ مغموم ۔ اداس۔
مُتَفَنِّن: [ع ۔ صف] مختلف فن جاننے والا۔
مُتَفَنِّی: [ع ۔ صف] (۲) مکّار ۔ فریبی ۔ دغاباز ۔ ترکیب نندہ۔
مُتَقَابِل: [ع ۔ صف] مقابلہ کرنے والا ۔ حریف (۲) آمنے سامنے۔
مُتَقَارِب: [ع ۔ صف] ایک دوسرے کے نزدیک (۲) ایک بحر کا نام۔
مُتَقَاضِی: [ع ۔ صف] تقاضا کرنے والا ۔ مانگنے والا ۔ طلب کرنے والا۔
مُتَقَاطِع: [ع ۔ صف] ایک دوسرے کو کاٹنے والا۔
مُتَقَاطِر: [ع ۔ صف] قطرہ قطرہ ٹپکنے والا۔
مُتَقَاعِد: [ع ۔ صف] (۱) بیٹھنے والا (۲) ملازمت سے سبکدوش ہو کر گھر بیٹھنے والا (۳) سبک دوش۔
مُتَقَدِّم: [ع ۔ صف] آگے بڑھنے والا ۔ پہلے زمانہ کا۔
مُتَّقِی: [ع ۔ صف] پرہیزگار ۔ گناہوں سے بچنے والا ۔ خلاف شرع کاموں سے پرہیز کرنے والا۔

مُتَکَبِّر : [ع - صف] (۱) تکبر کرنے والا - مغرور - گھمنڈی - خود پسند (۲) کمال بزرگی والا - بزرگ منشی - خدا تعالیٰ کا صفاتی نام -
مُتَکَفِّل : [ع - صف] کفالت کرنے والا - کفیل - ضامن - ذمہ دار -
مُتَکَلِّف : [ع - صف] تکلف کرنے والا (۲) کوشش کرنے والا -
مُتَکَلِّم : [ع - صف] (۱) کلام کرنے والا - بات کرنے والا (۲) علم کلام جاننے والا -
مُتَّکی : [ع - صف] بھروسا کرنے والا - تکیہ کرنے والا -
مُتَلاشی : [ف - صف] (غلط العوام) تلاش کرنے والا - جستجو کرنے والا (عربی وزن پر غلط لفظ ہے)
مُتَلاطِم : [ع - صف] تلاطم برپا کرنے والا - تھپیڑے مارنے والا -
مِتلانا : [ار - مص] قے کرنے کو جی چاہنا -
مُتَلَذِّذ : [ع - صف] لذت اٹھانے والا - مزہ چکھنے والا -
مُتَلَوِّن : [ع - صف] غیر مستقل مزاج - رنگ برنگ ہونے والا -
متلون مزاج : [ع - صف] غیر مستقل مزاج - گھڑی گھڑی بدلنے والا -
مَتلی : [ار - امث] جی متلانا - اُبکائی آنا - [افعال : ہونا]
مُتَمادی : [ع - صف] لمبا - دراز - طویل -
مُتَمَتِّع : [ع - صف] فائدہ اٹھانے والا - نفع حاصل کرنے والا -
مُتَمَثِّل : [ع - صف] ہم مثل - مانند -
مُتَمَدِّن : [ع - صف] بسنے والا - مہذب -
مُتَمَرِّد : [ع - صف] نافرمان - سرکش - باغی - پھرا ہوا -
مُتَمَسِّک : [ع - صف] چنگل مارنے والا - پکڑنے والا - ماننے والا -
مُتَمَکِّن : [ع - صف] جگہ پکڑنے والا - قرار پکڑنے والا - جاگزین - قائم -
مُتَمَلِّق : [ع - صف] تملق کرنے والا - خوشامدی - ہاں میں ہاں ملانے والا -
مُتَمِّم : [ع - صف] تمام کرنے والا - پورا کرنے والا -
مُتَمَنّی : [ع - صف] تمنا کرنے والا - آرزو رکھنے والا -
مُتَمَوِّج : [ع - صف] موجیں مارنے والا - لہریں مارنے والا -
مُتَمَوِّل : [ع - صف] دولت مند - مالدار - امیر
مُتَمَیِّز : [ع - صف] جدا ہونے والا -
مَتن : [ع - اند] (۱) کتاب کی اصل عبارت - کتاب - کپڑے یا سڑک کے بیچ کا حصہ (۲) درمیان - وسط - درمیانی (۳) پشت (۴) مضبوط -
مَتنا : [ار - اند] (۱) گنے کی ایک قسم (۲) (مص) مشورہ کرنا - صلاح کرنا - اتفاق کرنا - متفق ہونا -
مَتنا : [ار - مص - ق] متصنا -

مُتَّشنا : [ار - صف] وہ بچہ جسے بستر پر پیشاب کر دینے کی عادت ہو -
مُتَنازَع : [ع - صف] جھگڑا کیا گیا - وہ چیز جس پر جھگڑا ہو -
مُتَنازَع فیہ : [ع - صف] وہ جس پر جھگڑا ہو -
مُتَنازَعہ : [ع - صف] جس چیز کی بابت جھگڑا ہو -
مُتَناسِب : [ع - صف] تناسب رکھنے والا - باہم نسبت رکھنے والا -
مُتَناقِص : [ع - صف] نقص رکھنے والا - ناقص - ناتمام -
مُتَناقِض : [ع - صف] نقیض رکھنے والا - مخالف - برعکس - الٹا - خلاف -
مُتَناہی : [ع - صف] انتہا کو پہنچنے والا -
مُتَنَبِّہ : [ع - صف] تنبیہ کیا گیا - خبردار - آگاہ - ہوشیار - چوکس -
مُتَنَبِّہ کرنا : [ار - مص - مرکب] آگاہ کرنا - جتانا - خبردار کرنا - ہوشیار کرنا -
مُتَنَبّی : [ع - صف] نبوت کا دعویٰ کرنے والا - جھوٹا نبی -
مُتَنجَن : [ف - اند] ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں نیبو کی ترشی بھی ڈالی جاتی ہے -
مُتَنَزِّہ : [ع - صف] عیب سے دور رہنے والا -
مُتَنَفِّر : [ع - صف] نفرت کرنے والا - بیزار - کراہت کرنے والا -
مُتَنَفِّس : [ع - صف] (۱) سانس لینے والا - جاندار (۲) انسان - آدمی -
مَتَنگ : [ار - اند - ق] ہاتھی -
مَتنی : [ع - صف] دیکھئے "متن" جس سے یہ منسوب ہے -
مُتنی : [ھ - امث] پیشاب کرنے کا عضو -
مُتَواتِر : [ع - صف] ایک کے بعد ایک - یکے بعد دیگرے - لگاتار - مسلسل -
مُتَوارِث : [ع - صف] باہم میراث پانے والا -
مُتَوارِث اَمراض : [ار - اند] ایسی بیماریاں جو بچوں کو والدین سے ورثہ میں ملیں (انگریزی لفظ HEREDITARY DI... کا ترجمہ)
مُتَوارِد : [ع - صف] باہم جگہ اترنے والا - ایک دوسرے کے بعد آنے والا -
مُتَوازی : [ع - صف] (۱) ایک دوسرے سے برابر فاصلہ پر آنے والا (۲) علم اقلیدس میں جو خطوط ایک سطح میں ہوں اُن کو دونوں طرف خواہ کتنا ہی بڑھائیں وہ آپس میں نہ ملیں - انگریزی میں PARALLEL LINES (۳) برابر - مقابل -
مُتَواضِع : [ع - صف] تواضع کرنے والا - خاطر و مدارات کرنے والا - عاجزی کرنے والا -
مَتوال : [ار - صف - ق] متوالا -
مَتوالا : [ار - صف] (۱) مست - مدہوش - نشہ میں چور - مخمور - مدھ ماتا (۲) مجازاً مغرور - گھمنڈی (۳) وہ بڑا گول پتھر جو قلعہ کی دیوار پر سے دشمن کو دفع کرنے کے واسطے لڑھکاتے ہیں -
متوالا ہونا : [ار - مص - مرکب] مست ہونا - مدہوش ہونا - نشہ میں چور ہونا -
مَتوالی : [ھ - امث] دیکھئے "متوالا" جس کی یہ تانیث ہے -
مُتَوالی : [ع - صف] (۱) پے در پے - لگاتار (۲) وہ عدد جو بار بار آتے -
مُتَوالیُ الحَرَکات : [ع - صف] وہ (لفظ) جس کے تین حروف متحرک ہوں -

مُتَوَجِّہ: [ع۔صف] (۱) توجہ کرنے والا۔ دھیان دینے والا۔ راغب (۲) مخاطب (۳) مہربان۔ نظرِ عنایت رکھنے والا۔
مُتَوَجِّہ کرنا: [ار۔مص مرکب] مخاطب کرانا۔ توجہ دلانا۔
مُتَوَجِّہ ہونا: [ار۔مص مرکب] دیکھئے "متوجہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُتَوَحِّش: [ع۔صف] (۱) وحشت میں ڈالنے والا (۲) وحشت میں پڑنے والا۔ غیر مانوس (۳) نفرت کرنے والا۔
مُتَوَرِّع: [ع۔صف] پارسا۔ پرہیز گار۔ عابد۔ زاہد۔
مُتَوَرِّم: [ع۔صف] سوجنے والا۔ ورم کرنے والا۔
مُتوڑا: [ار۔صف۔مذ] وہ شخص جو سوتے میں پیشاب کر دے۔
مُتوڑی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے "متوڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُتَوَسِّط: [ع۔صف] اوسط درجہ کا۔ درمیانی۔ بیچ کا۔ معمولی۔ رسمی۔
مُتَوَسِّطُ الحَال: [ع۔صف] وہ جس کی حالت اوسط درجہ کی ہو۔
مُتَوَسِّل: [ع۔صف] (۱) وسیلہ ڈھونڈنے والا۔ وسیلہ بنانے والا۔ نزدیکی چاہنے والا۔ سبب تلاش کرنے والا (۲) وسیلہ ہونے والا۔
مُتَوَطِّن: [ع۔صف] اصلی باشندہ۔
مُتَوَفّٰی: [ع۔صف] وفات پایا ہوا۔ جہان سے گزرا ہوا۔
مُتَوَقِّع: [ع۔صف] توقع رکھنے والا۔ صابر۔ بھروسا کرنے والا۔
مُتَوَقَّع: [ع۔صف] جس کی امید رکھی گئی ہو۔
مُتَوَقِّف: [ع۔صف] توقف کرنے والا۔ دیر لگانے والا۔
مُتَوَکِّل: [ع۔صف] توکل کرنے والا۔ بھروسہ کرنے والا۔
مُتَوَکِّلاً عَلَی اللّٰہ: [ع۔مقولہ] اللہ پر توکل کر کے۔ خدا پر بھروسا کر کے۔
مُتَوَکِّلَانَہ: [عف۔صہ ن] خدا کے بھروسے پر۔
مُتَوَلِّد: [ع۔صف] پیدا ہونے والا۔
مُتَوَلِّی: [ع۔اند] انتظام کرنے والا۔
مُتُون: [ع۔اند] دیکھئے "متن" جس کی یہ جمع ہے۔
مُتَوَہِّم: [ع۔صف] وہم کرنے والا۔ وسواسی۔
مَتھا: [ہ۔اند] ماتھا۔ جبیں۔ پیشانی۔
مَتھا کھٹول: [ہ۔اند] معمولی صاحب ملامت۔
مُتَہَاوِن: [ع۔صف] سستی کرنے والا۔
مَتھانی: [ہ۔امث] وہ لکڑی جس سے دودھ بلوتے ہیں۔ مدھانی۔
مُتھری: [ہ۔امث] وہ جگہ جو اصطبل میں گھوڑوں کے پیشاب کے لئے بناتے ہیں۔
مُتَّہَم: [ع۔صف] جس پر تہمت لگائی جائے۔
مُتَّہِم: [ع۔صف] تہمت لگانے والا۔
مُتَّہَم کرنا: [ار۔مص مرکب] الزام لگانا۔
مُتَّہَم ہونا: [ار۔مص مرکب] دیکھئے "متہم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَتھُن: [س۔اند] آسمان کا تیسرا برج جو جوزا بھی کہلاتا ہے۔
مَتھنا: [ار۔مص] (۱) ہلانا۔ بلونا۔ چکر دینا (۲) مکھن نکالنے کے لئے دہی کو بلونا (۳) دل میں کسی بات کو بار بار سوچنا۔ (۴) تفتیش کرنا۔
مَتھنی: [ہ۔امث] دودھ بلونے کا آلہ۔ مدھانی۔
مَتی: [ار۔صف۔ق] مست
مِتی: [ہ۔امث] (۱) تاریخ (۲) سود (۳) دستوری کمیشن۔
مِتی پکنا: [ار۔محاورہ] روپیہ ادا کرنے کی تاریخ کا پورا ہونا ہنڈی کی میعاد کا ختم ہونا۔
مِتی چڑھانا: [ار۔محاورہ] تاریخ ڈالنا۔ تاریخ لکھنا۔
مِتی کاٹا: [ہ۔اند] وہ حساب جس کے مطابق ہنڈی پر سود لیتے ہیں۔ (۲) کٹوتی۔ چھوٹ۔
مِتی کاٹنا: [ار۔محاورہ] سود یا کمیشن کی رقم وضع کرنا۔
مِتی وار: [ہ۔صف] تاریخ والا۔
مَتیا: [ار۔صف۔ق] مست۔
مَتیرا: [ہ۔اند] ایک قسم کا چھوٹا تربوز (۲) تربوز۔
مُتَیَقَّن: [ع۔صف] یقین کیا گیا۔ وہ امر جس کا یقین ہو۔ یقینی۔
مُتَیَقِّن: [ع۔صف] یقین کرنے والا۔
مَتین: [ع۔صف] مضبوط۔ استوار۔ محکم (۲) سنجیدہ۔ مستقل۔

م ۔ ٹ

مَٹ: [ار۔اند۔ق] مکان۔
مُٹا: [ار۔صف۔ق] موٹا
مُٹا: [ار۔اند۔ق] چوگان۔
مُٹاپا: [ار۔صف] موٹاپن۔ فربہی۔ جسامت۔
مُٹاپا چڑھنا: [ار۔محاورہ] بیماری آنا۔ فربہ ہونا۔ جسم کا پھول جانا۔
مِٹانا: [ار۔مص] (۱) معدوم کرنا۔ نابود کرنا۔ زائل کرنا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) کھرچنا۔ چھیـ (۴) منسوخ کرنا۔ رد کرنا
مِٹا ہوا: [ار۔صف] محو کیا ہوا۔ اڑا ہوا۔
مُٹائی: [ار۔امث] موٹاپن۔ فربہی۔
مُٹ بھیڑ / مٹھ بھیڑ: [ار۔امث] (۱) مقابلہ۔ آمنا سامنا۔ دوبدو ہونا (۲) گتھ جانا (۳) اتفاقیہ ملاقات۔
مِٹ جانا: [ار۔محاورہ] (۱) تباہ و برباد ہو جانا بے نشان ہو جانا (۲) عاشق ہونا (۳) محو ہونا (۴) زائل ہو جانا۔
مِٹ گیا: [ع۔صف] اجڑا۔ خانہ خراب ہوا۔
مَٹَر: [ار۔اند] ایک قسم کا غلہ جس کے دانے گول ہوتے ہیں۔ اس کے دانے ترکاری کے طور پر پکا کر کھاتے ہیں۔
مَٹر پکانا: [ار۔محاورہ] پریشان ہونا۔ دقت میں پڑنا۔
مٹر گشت: [ار۔اند] سیر۔ ہوا خوری۔ آوارہ گردی [افعال: کرنا]
مٹر مٹر: [ار۔صف] چھوٹے بچوں کے جلد جلد کام کرنے اور

جلد جلد دیکھنے کے لئے مستعمل ہے۔
مَٹَری: [ار۔ امث] چھوٹا مٹر
مَٹَر مِلا چنا: [ار۔ اند] وہ چنے جس میں مٹر ملے ہوں۔
مَٹَک: [ار۔ امث] (۱) ناز نخرہ۔ چوچلا (۲) نخرے کی چال نازکی رفتار۔
مَٹَک چال: [ار۔ امث] ناز و نخرہ کی چال۔
مَٹَک چَٹَک: [ار۔ امث] (۱) تیزی طراری۔ شوخی (۲) باتیں کرنے میں سر اور اعضا کو خاص انداز سے حرکت دینا۔
مَٹکار: [ار۔ اند] خم۔ بڑا گھڑا
مَٹکانا: [ار۔ مص] (۱) گھمانا۔ پھرانا۔ گردش دینا۔ چمکانا جیسے آنکھیں مٹکانا (۲) ہلانا۔ نچانا جیسے ہاتھ مٹکانا (۳) کسی کے ساتھ مسخر آمیز حرکتیں کرنا۔
مُٹکلا: [ار۔ صف۔ ق] موٹا (تحقیرا)
مَٹکنا: [ار۔ مص] (۱) نخرہ کرنا۔ ناز دکھانا (۲) ہاتھوں کو نچانا۔ (۳) زنانہ حرکتیں کرنا۔
مَٹکنا: [ار۔ اند] چھوٹا مٹکا
مُٹکنا: [ار۔ صف] میانہ قد اور خوبصورت۔
مَٹکو: [ار۔ صف] ناز نخرہ کرنے والی اور مٹک مٹک کر چلنے والی عورت۔
مٹکی: [ار۔ امث] (۱) چھوٹا مٹکا۔ ٹھلیا (۲) شراب کا گھڑا (۳) دہی جمانے کا برتن۔
مُٹکینا: [ار۔ اند] آب خورہ۔ کوزہ۔
مُٹَل / مُٹلا: [ار۔ صف] موٹے جسم کا۔ بہت موٹا۔ بھدا۔
مَٹَن: [انگ۔ اند] MUTTON بھیڑ یا بکری کا گوشت۔
مَٹَن چاپ: [انگ۔ اند] (MUTTON CHAP) انگریزی طرز کے پسندے جو بھینے کے گوشت سے تیار کئے جاتے ہیں۔
مِٹنا: [ار۔ مص] (۱) ناپید ہونا۔ معدوم ہونا (۲) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۳) پھیلا جانا (۴) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۵) منسوخ ہونا (۶) مجازاً کسی کام میں بہت محنت و مشقت کرنا۔
مِٹوانا: [ار۔ مص] (۱) برباد کرانا۔ نابود کرانا (۲) چھلوانا۔
مَٹھ: [ار۔ اند] (۱) مندر۔ بت خانہ۔ بت کدہ (۲) خانقاہ۔ دھرم سالہ (۳) ہندو فقیروں کی جھونپڑی۔ کٹی (۴) پاٹ شالا۔ مذہبی مدرسہ (۵) نیل کا حوض۔
مَٹھ دَھاری: [ھ۔ اند] مہنت۔ جوگی۔ بیراگی۔
مَٹھ مارا جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ ستیاناس ہو جانا (۲) نیل کا حوض خراب ہو جانا۔
مِٹھ: [ھ۔ صف] میٹھا کا مخفف۔ شیریں۔
مِٹھ بولا / بولنا: [ار۔ صف] میٹھی میٹھی باتیں کرنیوالا۔ شیریں کلام۔
مِٹھلونا: [ار۔ صف] کم نمک کا۔ پھیکا۔ میٹھا جس میں کچھ میٹھا پن ہو

مُٹھ: [ھ۔ اند] دیکھئے "موٹھ" جس کا یہ مخفف ہے۔
مَٹھا: [ار۔ اند] دہی جو مسکہ نکل جانے کے بعد بچ رہتا ہے۔
مَٹھا: [ار۔ صف] سست۔ کاہل۔ ڈھیلا (۲) گھوڑا جو آہستہ چلے (۳) کند ذہن۔ غبی۔ موٹی سمجھ کا۔
مَٹھاپَن: [ار۔ اند] سستی۔ کند ذہن ہونا۔
مُٹھا: [ار۔ اند] (۱) مٹھی۔ لپ (۲) بنڈل۔ گڈا۔ کاغذوں کا پشتارہ (۳) قبضہ۔ دستہ۔ مٹھ۔ ہل کا وہ حصہ جس جگہ سے اسے پکڑتے ہیں (۴) لکڑی کا وہ اوزار جسے تانت پر مار کر روئی دھنتے ہیں۔
مَٹھار مَٹھار کر / کے باتیں کرنا: [ار۔ محاورہ] مزے لے لے کر باتیں کرنا۔ تمکنت سے بولنا۔
مَٹھارنا: [ار۔ مص] (۱) گول کرنا۔ مدور بنانا (۲) لس پیدا کرنا۔ آٹے کو لوچ دینا۔ تگی دینا (۳) مزے لے لے کر باتیں کرنا۔ باتیں بنانا۔ باتیں بگھارنا (۴) پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔ فراخ کرنا (۵) مفصل بیان کرنا شرح کرنا۔ تفسیر کرنا۔
مِٹھاس: [ار۔ امث] شیرینی۔ حلاوت۔ مٹھائی۔ رس۔
مِٹھائی: [ار۔ امث] شیرینی۔ لڈو۔ پیڑا۔ جلیبی۔
مِٹھائی بٹنا: [ار۔ محاورہ] شیرینی تقسیم ہونا۔ نعمت پانا۔ فائدہ ہونا۔
مِٹھائی چڑھانا: [ار۔ محاورہ] قبروں اور مزاروں پر مٹھائی نذر کرنا۔
مِٹھائی چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مٹھائی چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مِٹھائی سے منہ بھر دینا: [ار۔ محاورہ] کنایۃً دل خوش کر دینا۔
مِٹھڑی: [ھ۔ امث] میٹھی نمار تا ہوئی ختہ ٹکیاں
مِٹھڑیاں: [ھ۔ امث] دودھ پینے ۔ پلیاں۔
مِٹھو: [ھ۔ اند] (۱) طوطا (۲) شیریں کلام۔ خوش گفتار۔ پیاری پیاری باتیں کرنے والا۔ بچہ (۳) بچوں کا پیار۔ بوسہ۔
مَٹھور: [ہ۔ امث] خم دراز۔ کولی۔
مَٹھوس: [ہ۔ صف] دل کی دل میں رکھنے والا۔
مَٹھوسا: [ھ۔ اند] وہ شخص جو رنج و فکر کے باعث خاموش رہے اور کسی سے بات نہ کرے۔ وہ آدمی جو کسی سے اپنے دل کی بات نہ کرے۔
مَٹھوساپن: [ھ۔ اند] دیکھئے "مٹھوسا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُٹھولا: [ار۔ اند] جلق۔ مشت زنی۔ ہتھ رسی۔
مُٹھولے لگانا: [ار۔ محاورہ] جلق لگانا۔
مِٹھی: [ھ۔ امث] بچوں کا پیار۔ [افعال: لینا]
مُٹھی: [ار۔ امث] (۱) مشت۔ قبضہ۔ چنگل (۲) تکی (۳) ایک مشت کے برابر مقدار۔ لپ بھر (۴) گرفت۔ پکڑ (۵) بند ہاتھ کی مقدار جو ناپنے میں آتی ہے (۶) مالش (۷) وہ مٹھی بھر غلہ جو خیرات کے لئے نکالتے ہیں۔
مُٹھی باندھنا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ کا پنجہ بند کرنا۔

مُٹھی بھر: [ار۔ امث] لپ بھر۔ ایک مشت۔ مقدار کے برابر
مُٹھی بھر کی جان: [ار۔ امث] (عو) بچوں کے لئے مستعمل ہے بتھوڑی سی جان
مُٹھی / مُٹھیاں بھرنا: [ار۔ محاورہ] پاؤں دبانا۔ بدن کی مالش کرنا۔
مُٹھی کھلی ہونا: [ار۔ محاورہ] کنایتہً سوال کرنا۔
مُٹھی گرم کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) رشوت دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔ کسی کے ہاتھ میں نقدی دینا (۲) ناجائز فائدہ اٹھانا۔
مُٹھی مُٹھی: [ار۔ متعلق فعل] مٹھی بھر۔ لپ بھر۔
مُٹھی ملنا: [ار۔ محاورہ] رشوت پہنچنا۔
مُٹھی میں: [ار۔ متعلق فعل] قبضہ میں۔ قابو میں
مُٹھی میں دل لینا: [ار۔ محاورہ] قابو میں کرنا۔
مُٹھی میں دھرا ہونا: [ار۔ محاورہ] پاس موجود ہونا۔
مُٹھی میں دینا: [ار۔ محاورہ] کسی کے ہاتھ میں دینا
مُٹھی میں طاق ہونا: [ار۔ محاورہ] استخارہ میں قاعدہ ہے اگر طاق ہو تو کام کی اجازت ہوتی ہے۔
مُٹھی میں ہوا بند کرنا: [ار۔ محاورہ] ناممکن کام کرنے کا خیال یا ارادہ کرنا۔
مُٹھی میں ہونا: [ار۔ محاورہ] قابو میں ہونا۔ قبضہ میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔
مُٹھیا: [ھ۔ امث] (۱) ہل کی موٹھ (۲) کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے۔ (۳) موٹھ۔ قبضہ (۴) گٹھری پنی (۵) ایک قسم کا زیور جو گول سا ہوتا ہے اور اس میں تعویز رکھ کر باندھ دیتے ہیں۔
مٹھیا قلم: [ھ۔ امذ] چھوٹا قلم جو مٹھی سے چھوٹا ہوتا ہے
مٹھیانا: [ار۔ مص] (۱) ہاتھ میں پکڑنا بٹیر کا موٹھ کرنا (۲) قبضہ میں لانا۔ مٹھی میں لینا۔ ہتھیانا (۳) جلق لگانا۔
مٹھیوں: [ار۔ صف] کثرت کے اظہار کے لئے آتا ہے۔
مِٹّی / مَٹّی: [ھ۔ امث] (۱) زمین۔ دھرتی (۲) گیلی مٹی۔ کیچڑ (۳) خاک۔ دھول (۴) دنیا۔ سنسار۔ کرہ زمین (۵) ریت۔ ریگ (۶) راکھ۔ خاکستر۔ (۷) خمیر۔ سرشت۔ مادہ۔
مٹی اٹھنا: [ار۔ محاورہ] مرنا۔ فوت ہونا۔
مٹی اڑانا: [ار۔ محاورہ] خاک اڑانا۔ بار بار آنا جانا۔
مٹی برباد کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کو رسوائے عام کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا۔ بدنام کرنا
مٹی پانا: [ار۔ محاورہ] دفن ہونا۔
مٹی پر کرنا: [ار۔ محاورہ] میت کا قبر میں دفن ہونا۔ جھگڑے یا تنازعہ کا ختم ہونا۔
مٹی پکڑنا: [ار۔ محاورہ] جگہ پکڑنا۔ جم جانا۔ مقام کرنا۔
مٹی پکڑے، سونا ہوتا ہے: [ار۔ مثل] ایسا صاحب اقبال ہے کہ مٹی پر بھی ہاتھ ڈالتا ہے تو وہ سونا ہو جاتی ہے
مٹی پلید کرنا: [ار۔ محاورہ] ذلیل و رسوا کرنا۔ بُرا حال کرنا۔ درگت بنانا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔

مٹی پلید / خراب / خوار ہونا: [ار۔ محاورہ] ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ برباد ہونا۔ دکھ میں ہونا۔
مٹی تھوپنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز پر مٹی لگانا۔ پلستر کرنا۔
مٹی ٹھکانے لگانا: [ار۔ محاورہ] اچھی طرح کفن دفن کرنا۔
مٹی ٹھکانے لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مٹی ٹھکانے لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مٹی خراب رہنا: [ار۔ محاورہ] پریشان رہنا۔ سرگرداں رہنا۔
مٹی خراب کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مردے کی اچھی طرح تجہیز و تکفین نہ کرنا (۲) رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا (۳) ستانا (۴) بیوقوف بنانا۔ ہنسی اڑانا (۵) ستیاناس کرنا۔ بگاڑنا۔ بے سود لوں کام کرنا
مٹی خراب ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مٹی خراب کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مٹی خرابہ: [ار۔ امذ] (۱) بربادی۔ تباہی۔ خرابی (۲) بے عزتی۔ ذلت۔
مٹی دلوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مٹی دینا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مٹی دینا: [ار۔ محاورہ] قبر میں دفن کرنا۔ دفنانا۔ دفن کرتے ہوئے مٹی ڈالنا۔ میت کو قبر میں اتارنے کے بعد حاضرین کا قبر پہ تھوڑی تھوڑی مٹی ڈالنا
مٹی ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی جگہ خاک ڈالنا (۲) کسی چیز کو چھپانا۔ پردہ پوشی کرنا (۳) لعنت بھیجنا۔ ٹالنا۔ معاف کرنا۔ درگزر کرنا۔
مٹی ڈلوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مٹی ڈالنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مٹی ڈھونا: [ار۔ محاورہ] (۱) مٹی اٹھانے کی مزدوری کرنا۔ قلی کا کام کرنا۔ (۲) سخت مصیبت اٹھانا۔ بے نفع کا کام کرنا۔
مٹی ڈھے جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بدن قابو میں نہ رہنا۔ جسم کا گوشت مر جانا۔ جسم کی سکت جاتے رہنا (۲) مرنے کے دن قریب آجانا۔
مٹی سوارت کرنا: [ار۔ محاورہ] مٹی ٹھکانے لگانا۔
مٹی سونگھنا: [ار۔ محاورہ] پنڈول پہ پانی ڈال کر خوشبو کے واسطے سونگھتے ہیں۔
مٹی سے مٹی مل جانا: [ار۔ محاورہ] میت کا دفن ہو جانا۔ پیوند خاک ہو جانا۔
مٹی عزیز کرنا: [ار۔ محاورہ] مٹی ٹھکانے لگانا۔ مردے کے دفن میں شریک ہونا۔ مردے کو اپنے ہاتھوں سے دفن کرنا۔ گاڑنا۔
مٹی عزیز ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مٹی عزیز کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مٹی کا پتلا: [ار۔ امذ] خاکی جسم۔ مجازاً انسان۔
مٹی کا پنجر: [ار۔ امذ] خاکی قالب۔ خاکی جسم
مٹی کا تھوا: [ار۔ صف] بھدا۔ کم عقل۔ ناسمجھ۔
مٹی کا تیل: [ار۔ امذ] ایک قسم کا بدبودار تیل جو زمین سے نکلتا ہے اور لیمپ وغیرہ میں جلایا جاتا ہے۔

مٹی کا عطر : [ار۔ اند] ایک قسم کا عطر جس کا جزو اعظم ملتانی یا ہنڈول مٹی ہوتی ہے۔

مٹی کا کھینچ لانا : [ار۔ محاورہ] قضا کا اس جگہ لے آنا جہاں کی موت ہو۔

مٹی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں : [ار۔ مثل] ادنیٰ چیز بھی دیکھ بھال کر لینی چاہیئے۔ معمولی کام بھی سمجھ بوجھ سے کرنا چاہیئے۔

مٹی کا مادھو : [ار۔ اند] بیوقوف۔

مٹی کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) خاک میں ملانا۔ مٹی کی طرح بے قدر کر دینا۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا (۲) مٹی کے رنگ کا کر دینا (۳) بے لطف کر دینا۔ کھانا ٹھنڈا کر دینا۔

مٹی کی ٹکیاں : [ار۔ امث] ہنڈول کی وہ ٹکیاں جو عورتیں حمل کے دوران کھاتی ہیں۔

مٹی کی مورت : [ار۔ امث] مٹی کا بنا ہوا پتلا۔

مٹی کے برابر : [ار۔ صف] نہایت بے عزت۔ کمال بے وقعت

مٹی کے مول : [ار۔ صف] نہایت سستا۔ کوڑیوں کے مول [افعال آنا، بیچنا]

مٹی لے ڈالنا : [ار۔ محاورہ] بار بار آنا جانا۔

مٹی مانگنا : [ار۔ محاورہ] لوگوں سے اپنے دفن کی تمنا کرنا۔

مٹی میں اٹرنا : [ار۔ محاورہ] مٹی میں سننا۔ خاک میں اٹرنا۔

مٹی میں رنگنا : [ار۔ محاورہ] ملتانی مٹی میں رنگنا۔

مٹی میں سننا : [ار۔ محاورہ] کثرت سے مٹی میں بھرنا۔

مٹی میں لوٹنا : [ار۔ محاورہ] خاک پر لوٹنا۔

مٹی میں مٹی ملانا : [ار۔ محاورہ] دفن کرنا۔ مٹانا۔ ناپید کرنا۔

مٹی میں مٹی ملنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "مٹی میں مٹی ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

مٹی میں ملانا : [ار۔ محاورہ] (۱) خاک میں ملانا۔ مٹانا۔ ناپید کرنا۔ بے نشان کرنا۔ دابنا۔ دفن کرنا (۲) بے مزہ کرنا۔ ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ گنوانا۔

مٹی میں مل جانا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "مٹی میں ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

مٹی ہو جانا / ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "مٹی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مٹیا : [ھ۔ امث] مٹی کا چھوٹا برتن جس میں دودھ وغیرہ رکھتے ہیں۔

مٹیا : [ھ۔ صف] مٹی کے رنگ کا (۲) چکنی مٹی کی زمین۔

مٹیا پھوس : [ار۔ صف] نہایت بوڑھا اور ناتواں جس کی مٹی یعنی جسم پھوس کی طرح ہو گیا ہو۔

مٹیار : [ھ۔ امث] (۱) وہ زمین جس میں ریت نہ ہو بلکہ اعلیٰ درجہ کی ہو (۲) گدلا۔ مکدر۔

مٹیا سانپ : [ار۔ اند] بھورے رنگ کا سانپ جس پر کالی چتیاں ہوتی ہیں۔

مٹیا محل : [ار۔ صف] (۱) چکنی مٹی کا بنا ہوا محل (۲) دہلی کے ایک محلہ کا نام۔

مٹیال : [ھ۔ اند] وہ گڑھا جس سے مٹی کھود دی جائے۔

مٹیالا : [ار۔ صف] (۱) مٹی کا بنا ہوا (۲) کئی رنگ کا۔ بھورا (۳) مٹی میں بھرا ہوا۔ مٹی میں لتھڑا ہوا۔

مٹیا میل کرنا : [ار۔ محاورہ] تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

مٹیانا : [ار۔ مص] (۱) سن کر ٹال جانا۔ تکرار نہ کرنا۔ چپ سادھ رہنا (۲) درگزر کرنا (۳) چراغ گل کرنا۔ مٹی سے ملنا (۴) مٹی مل کر صاف کرنا (۵) مٹی کا پلستر کرنا (۶) مٹی ہو جانا (۷) ہموار ہو جانا۔

م۔ث

مُثاب : [ع۔ صف] ثواب دیا گیا۔ اجر کے لائق۔ ثواب کے قابل۔

مثال : [ع۔ امث] (۱) نظیر۔ مثل۔ مانند (۲) تصویر۔ صورت۔ نمونہ۔ تمثال (۳) کہانی۔ حکایت (۴) کہاوت۔ بیان۔

مثال دینا : [ار۔ محاورہ] تشبیہ دینا۔ مشابہت دینا۔ ظاہر کرنا۔ نظیر دینا

مثالب : [ع۔ اند] دیکھیے "مثلب" جس کی یہ جمع ہے۔

مثالی : [ع۔ صف] نمونے کا۔

مثانہ : [ع۔ اند] جسم کے اندر پیشاب کی تھیلی۔

مُثبَت : [ع۔ صف] (۱) ثابت کیا گیا۔ قائم کیا گیا۔ ساکن کیا گیا (۲) جو نفی نہ ہو۔ جس میں فعل کا ہونا پایا جائے (۳) تعمیری۔

مُثبِت : [ع۔ صف] ثابت کرنے والا۔ تصدیق کرنے والا۔ منظور کرنے والا (۲) اقراری۔ اثباتی (۳) مدلل۔

مثبتہ : [ع۔ صف] (۱) ثابت شدہ۔ مقرر شدہ (۲) تصدیق کیا ہوا (۳) لکھا ہوا۔ مہر لگا ہوا۔ اسٹامپ لگا ہوا۔ نشان لگا ہوا۔

مثبتہ اسٹام : [ار۔ انگ۔ اند] وہ کاغذ جس پر اسٹام لگایا گیا ہو۔ مہر کیا گیا۔

مثقال : [ع۔ اند] (۱) ساڑھے چار ماشہ کا وزن (۲) سونے کا ایک سکہ جو عرب میں رائج ہے۔

مَثَل : [ع۔ امث] (۱) کہاوت۔ مثال (۲) کہانی۔ داستان۔

مثل ہونا : [ار۔ محاورہ] مشہور ہونا۔

مِثل : [ع۔ صف] (۱) مانند۔ موافق۔ جیسا۔ ملتا ہوا۔ ہم شکل۔ یکساں۔ نظیر۔ ویسا ہی (۲) قسم وار کاغذات کا مجموعہ جن کا تعلق کسی مقدمہ یا خاص معاملہ سے ہو۔

مثل مرتب کرنا : [ار۔ محاورہ] مقدمے کے کاغذات ترتیب وار مرتب کرنا۔

مثل مرتب ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "مثل مرتب کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مثلاً : [ع۔ صف] جیسے۔ جس طرح۔ گویا۔

مثلاً : [ع۔ صف۔ ق] مثل۔ کہاوت۔

مَثلَب : [ع۔اند] (۱) عیب (۲) عیب کی جگہ۔
مُثَلَّث : [ع۔اند] (۱) سہ گوشہ۔ تکون۔ وہ سطح جو تین خطوط مستقیم سے گھری ہوئی ہو (۲) تین ضلعوں کی شکل (۳) وہ نظم جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں (۴) وہ علم جس میں مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کی جاتی ہے (۴) زاویوں کی پیمائش کا علم (۵) علم عروض کے ایک وزن کا علمیا نام
(۶) ایک قسم کا تعویذ جس میں سہ در سہ خانے ہوتے ہیں۔
مُثَلَّث حَادَّۃُ الزَّاوِیَہ : [ع۔اند] وہ مثلث جس کا زاویہ قائمہ سے کم ہو
مُثَلَّث قَائمۃُ الزَّاوِیَہ : [ع۔اند] وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو!
مُثَلَّث مُتَسَاوِیُ الاَضلَاع : [ع۔اند] وہ مثلث جس کے سب ضلعے آپس میں برابر ہوں۔
مُثَلَّث مُتَسَاوِی السَّاقَین : [ع۔اند] وہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں۔
مُثَلَّث مُنفَرِجَۃُ الزَّاوِیَہ : [ع۔اند] وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔
مُثَلَّثی : [ع۔صف] دیکھئے "مثلث" جس سے یہ منسوب ہے۔
مُثلَہ : [ع۔صف] جس کے کان اور ناک کاٹ دیئے جائیں۔
مَثلے : [ار۔متعلق فعل۔ق] مثلاً۔ بمعنی۔
مُثمِر : [ع۔صف] (۱) ثمردار۔ پھل دار (۲) فائدہ دینے والا۔ نتیجہ بخش۔
مُثَمَّن : [ع۔صف] (۱) ہشت پہلو (۲) (مذ) آٹھ ضلعوں کی شکل (۳) (مث) وہ بحر جس میں آٹھ رکن ہوں (۴) وہ بند جس میں آٹھ مصرعے ہوں۔
مَثمُور : [ع۔مفعول] (۱) بہت۔ افراط (دولت) (۲) بے انتہا۔ لاتعداد (لوگ)۔
مَثنَاۃ / مُثنات : [ع۔امث] (۱) شکن۔ دوہرا۔ دوگنا۔ شکن والا (۲) ہئیت (۳) گانا (۴) یہودیوں کی ایک کتاب۔ توریت کے علاوہ۔
مَثنَاۃ تَحتَانی : [ع۔امث] وہ حرف جس کے نیچے دو نقطے ہوں۔ جو حرف "ی" ہے۔
مَثنَوِی : [ع۔امث] (۱) دو دو والا (۲) نظم کی ایک قسم جس میں کوئی مسلسل بات بیان کی جاتی ہے۔ اس میں ہر شعر کا قافیہ جدا لیکن ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور اشعار کی تعداد مقرر نہیں ہوتی۔
مُثَنّٰے : [ع۔صف] (۱) دو دو۔ جس پر دو اعراب ہوں (۲)۔ مذ۔ نقل۔ نقل مطابق اصل (۳) پرت۔
مُثَنّٰی : [ع۔صف] دوہرا پرت۔ نقل کیا ہوا۔ دوگنا۔
مُثَنّٰے بِہٖ : [ع۔صف] جس سے نقل کیا گیا ہو۔

م۔ج

مُجَاب : [ع۔امفعول] (۱) جواب دیا گیا (۲) منظور کیا گیا۔
مُجَابُ الدَّعوَات : [ع۔اند] وہ شخص جس کی دعائیں قبول کی گئی ہوں
مُجَادِل : [ع۔ا۔فاعل] لڑنے والا۔ جھگڑنے والا۔
مُجَادَلَہ : [ع۔اند] (۱) لڑائی جنگ۔ پیکار۔ خونریزی جھگڑا۔ تنشا۔ تغبیہ یکیدا (۳) دشمنی۔ خصومت۔ نزاع (۲) بحث تکرار۔
مَجَاذِیب : [ع۔اند] دیکھئے "مجذوب" جس کی یہ جمع ہے۔
مَجَاز : [ع۔صف] (۱) وہ جس کی اصلیت نہ ہو۔ حقیقت کے برخلاف۔
(۲) (مذ) وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنوں کے علاوہ اور معنوں میں استعمال ہو (۳) اختیار دیا گیا (۴) جائز۔
مَجَازاً : [ع۔متعلق فعل] فرضاً۔ مُراداً (۲) حسب قانون۔ قانوناً ازروئے شروع۔
مجاز سماعت : [ع۔صف] سننے یا منظور کرنے کا اختیار۔
مجازِ مُرسل : [ع۔اند] علم بیان میں۔ صنعت بیانیہ سے مراد ہے جس میں سبب سے مسبب کل سے جزو۔ لازم سے ملزوم۔ ذکر سے صاحب ذکر اور ظرف سے مظروف مراد لئے جا سکتے ہیں۔
مَجَازِی : [ع۔صف] (۱) غیر اصلی۔ غیر حقیقی (۲) فرض کیا ہوا۔ فرضی مرادی (۳) نقلی۔ جعلی۔ مصنوعی۔
مَجَال : [ع۔امث] قدرت۔ طاقت۔ بساط۔ حوصلہ۔ مقدور۔ تاب بس۔ قابو۔
مَجَال رکھنا : [ار۔محاورہ] کسی بات کی تاب طاقت رکھنا۔ قدرت رکھنا۔
مَجَال ہونا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "مجال رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَجَالِس : [ع۔امث] دیکھئے "مجلس" جس کی یہ جمع ہے۔
مُجَالَسَت : [ع۔امث] مل کر بیٹھنا۔ ہم نشینی۔ ہم صحبت ہونا۔
مَجَامِر : [ع۔اند] "مجمر" کی جمع۔
مَجَامِع : [ع۔اند] (۱) دیکھئے "مجمع" جس کی یہ جمع ہے (۲) جماع کرنے والا۔
مُجَامَعَت : [ع۔امث] جماع۔ ہم بستری۔ مباشرت۔ صحبت۔ بھوگ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مُجَانَسَت : [ع۔امث] ہم جنس ہونا۔ ہم جنسیت۔ ہم قومی۔
مَجَانِق / مَجَانِیق : [ع۔امث] دیکھئے "منجنیق" جس کی یہ جمع ہے۔
مَجَانِین : [ع۔اند] دیکھئے "مجنون" جس کی یہ جمع ہے۔
مُجَاوِر : [ع۔ا۔فاعل] (۱) قریب کا۔ نزدیکی (۲) وہ جو مسجد میں رہے۔ (۳) وہ شخص جو کسی خانقاہ یا مزار درگاہ میں رہے اور وہاں جھاڑو وغیرہ دے اور خدمت کرے۔ خادم (۴) پڑوسی۔ ہمسایہ۔
مُجَاوِرانِ فلک : [ع۔اند] (۱) سات ستارے (۲) ستارے۔
مُجَاوَرَت : [ع۔امث] (۱) ہمسائگی۔ قرب (۲) بے تکلفی (۳) مسجد میں بطور مجاور رہنا۔
مُجَاوِری : [ع۔امث] مجاور کا عہدہ۔ مجاور کا حق۔ مجاور کا اسم کیفیت۔
مُجَاوِز : [ع۔ا۔فاعل] (۱) حد سے بڑھنے والا (۲) (صرف و نحو) (لازم)۔
مُجَاہِد : [ع۔ا۔فاعل] کوشش کرنے والا۔ کافروں سے جہاد کرنے والا۔
مُجَاہَدَہ : [ع۔اند] (۱) ریاضت۔ نفس کشی۔ جانفشانی (۲) جہاد۔

کافروں سے لڑائی کی کوشش کرنا۔
مجاہیل: [ع ۔ اند] دیکھئے "مجہول" جس کی یہ جمع ہے۔
مَجْبُور: [ع ۔ مفعول] (۱) ناچار ۔ بے بس ۔ تنگ ۔ دق (۲) متعلق فعل) مجبوراً [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مَجْبُوراً: [ع ۔ متعلق فعل] مجبور ہو کر ۔ بے اختیاری کی حالت میں ۔ تنگ آکر۔
مَجْبُوری: [ع ۔ امث] دیکھئے "مجبور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُجْتَبےٰ: [ع ۔ ا ۔ مفعول] (۱) چُنا ہوا ۔ چیدہ ۔ برگزیدہ (۲) پیغمبر صلعم کا لقب۔
مُجْتَمَع: [ع ۔ ا ۔ مفعول] اکٹھا کیا گیا ۔ جمع کیا گیا۔
مُجْتَمِع: [ع ۔ ا ۔ فاعل] اکٹھا ہونے والا۔
مُجْتَمَعاً: [ع ۔ متعلق فعل] مجموعی حالت میں۔
مُجْتَنَب: [ع ۔ مفعول] جس سے اجتناب کیا جائے۔
مُجْتَنِب: [ع ۔ فاعل] اجتناب کرنے والا ۔ پرہیز کرنے والا۔ دُور رہنے والا۔
مُجْتَہِد: [ع ۔ فاعل] (۱) کوشش کرنے والا ۔ جد و جہد کرنے والا (۲) راہ صواب پیدا کرنے والا ۔ نئی راہ/بدعت راستہ نکالنے والا (۳) منکروں سے جہاد کرنے والا (۴) اجتہاد کرنے والا ۔ کتاب اور سنت سے مذہبی مسائل نکالنے والا (۵) جو دلیل کے ساتھ ایک بات کا قائل ہو ۔ (۶) (مذ) شیعوں کا فقیہ/امام پیشوائے مذہب۔
مُجْتَہِدانہ: [ع ۔ ا ۔ متعلق فعل] مجتہدوں کے طریقے پر۔
مَجْحَر: [ع ۔ اند] چھپنے کی جگہ ۔ پناہ گاہ۔
مَجْد: [ع ۔ اند] (۱) بزرگی ۔ عظمت ۔ بڑائی ۔ شان (۲) وہ عزت جو بزرگوں کی وجہ سے ہو (۳) ایک قبیلے کی جَدّہ کا نام۔
مُجْدا: [ع ۔ اند] ایک قسم کی مٹی جس میں چکنی مٹی اور ریت ملی ہوئی ہوتی ہے۔
مُجَدَّد: [ع ۔ ا ۔ مفعول] (۱) از سرِ نو پیدا کیا گیا ۔ تجدید کیا گیا (۲) نیا ۔ جدید (۳) مرمت کیا گیا۔
مُجَدِّد: [ع ۔ ا ۔ فاعل] تجدید کرنے والا ۔ پُرانے کو نیا کرنے والا ۔ از سرِ نو کوئی کام کرنے والا۔
مُجَدَّداً: [ع ۔ متعلق فعل] از سرِ نو۔
مُجَدِّدِ الفِ ثانی: [ع ۔ اند] دوسرے ہزار برس کا مُجدِّد ۔ شیخ احمد سرہندی کا لقب۔
مُجَدِّدِ وَقت: [ع ۔ صفت] وہ ولی کامل جو سو برس کے بعد پیدا ہو۔
مُجَدَّر: [ع ۔ صفت] چیچک زدہ۔
مَجْذُوب: [ع ۔ مفعول] (۱) جذب کیا گیا ۔ کھینچا گیا (۲) محبت خدا میں کھینچا گیا ۔ خدا کی محبت میں غرق ۔ صاحب جذبہ (۳) مست ۔ بیہوش ۔ بے خبر (۴) سِڑی ۔ پاگل ۔ دیوانہ (۵) فقیروں کی ایک قسم جو ننگے رہتے ہیں اور بے سر و پا باتیں کرتے ہیں اور عوام انہیں ولی سمجھتے ہیں۔

مَجْذُوب کی بڑ: [ار ۔ امث] بے معنی باتیں ۔ بے سر و پا باتیں ۔ عوام کا خیال ہے کہ مجذوب جو بکواس کرتے ہیں اس میں سائل کی بات کا جواب ہوتا ہے۔
مَجْذُور: [ع ۔ ا ۔ مفعول] مربع ۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو فی نفسہٖ ضرب دینے سے پیدا ہو ۔ وہ عدد جذر کہلاتا ہے۔
مَجْذُوم: [ع ۔ ا ۔ مفعول] کوڑھی ۔ جذامی ۔ وہ جسے جذام ہو گیا ہو۔
مَجْرا: [ع ۔ اند] (۱) جاری ہونے کی جگہ (۲) دریا کا راستہ (۳) نہر ۔ نالی ۔ بَدْرَرَو۔
مَجْرائے آب: [ع ۔ اند] پانی جاری ہونے کی جگہ ۔ نہر ۔ نالی (۲) پیشاب کا راستہ۔
مُجْرا: [ع ۔ مفعول] (۱) جاری کیا گیا ۔ رواں کیا گیا (۲) حساب میں لیا گیا (۳) کٹوتی ۔ منہائی (۴) ادب سے سلام کرنا (۵) ناچنے گانے والوں کا محفل میں بیٹھ کر گانا ۔ رقص و سرود ۔ صرف صبح یا شام کا ناچ (۶) مرثیہ جو رُباعی/غزل/قصیدہ یا قطعہ کی طرز پر کہا جاتا ہے (۷) بادشاہوں/امرا کا سلام (۸) باریابی ۔ ملازمت (۹) ناچ یا گانے کا معاوضہ (۱۰) ناچ یا گانے کا بلاوا۔
مُجرا پانا: [ار ۔ محاورہ] روپیہ وصول پانا ۔ بھر پانا (۲) روپیہ بہی میں درج ہونا/حساب میں شامل ہونا (۳) باریابی پانا۔
مُجراطلبی: [ع ۔ امث] دعوے بالمقابل ۔ اُلٹا دعویٰ ۔ باز دعویٰ۔
مُجرا دینا: [ار ۔ محاورہ] حساب میں لگا دینا ۔ وضع کر دینا ۔ حساب میں محسوب کر دینا ۔ کاٹ دینا۔
مُجرا عرض کرنا: [ار ۔ محاورہ] سلام کرنا۔
مُجرا کرنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) محسوب کرنا ۔ حساب میں لگانا (۲) وضع کرنا ۔ منہا کرنا ۔ کاٹ دینا (۳) آداب بجالانا ۔ باادب سلام کرنا (۴) ناچنا ۔ گانا ۔ محفل میں ناچ کرنا۔
مُجراگاہ: [عف ۔ امث] بادشاہوں کے دربار میں وہ جگہ جہاں لوگ کھڑے ہو کر مجرا عرض کرتے تھے۔
مُجرا لینا: [ار ۔ محاورہ] کاٹ لینا ۔ حساب میں لگا لینا۔
مُجرا ہونا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مجرا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُجرائی: [ع ۔ اند] (۱) مُجرا بجالانے والا ۔ سلام کرنے والا (۲) منصبدار ۔ درباری ۔ وہ لوگ جو صرف مجرا/سلام کرنے کی تنخواہ پاتے تھے (۳) مرثیہ کا سلام پڑھنے والا (۴) وہ شاعر جو سلام نظم میں کہے ۔ مرثیہ گو (۵) منہائی ۔ کٹوتی۔
مُجْرَئی: [ع ۔ اند] دیکھئے "مجرائی" ۱ تا ۳ (۲) ناچنے اور گانے والا۔
مُجرے کو خم ہونا: [ار ۔ محاورہ] سلام کرنے کیلئے جُھکنا/سلام کرنا۔
مُجَرَّب: [ع ۔ صفت مفعولی] (۱) تجربہ کیا گیا ۔ آزمایا گیا ۔ آزمودہ (۲) کارگر ۔ مؤثر ۔ تیر بہدف۔
مُجَرِّب: [ع ۔ صفت ۔ فاعلی] آزمانے والا ۔ تجربہ کرنے والا۔
مُجَرَّبات: [ع ۔ اند] (۱) تجربہ کی ہوئی دوائیں ۔ آزمائے ہوئے نسخے (۲) وہ کتاب یا بیاض جس میں یہ دوائیاں اور نسخے درج ہوں۔

جیسے مجربات بوعلی سینا - مجربات سیوطی۔
مُجَرَّد : [ع۔صف۔مفعولی] (۱) اکیلا۔تنہا (۲) بن بیاہا۔ ناکتخدا (۳) بے زن و فرزند آزاد (۳) وہ شخص جو دنیا سے الگ ہوگیا ہو (۴) تارک الدنیا (۵) وہ شے جو مادہ سے پاک ہو۔
مُجَرَّداً : [ع۔ نف] (۱) اکیلا۔تنہا (۲) صرف
مُجَرَّدات : [ع۔اند] (۱) غیر مادی چیزیں (۲) فرشتے۔ ارواح۔
مُجَرَّد رہنا : [ار۔محاورہ] شادی نہ کرنا / عورت کے بغیر رہنا۔
مُجَرَّد سب سے اعلیٰ جس کے سُسر نہ سالا۔ لڑکا نہ بالا / مجرد سب سے اعلیٰ ہے نہ سُسرا ہے نہ سالا ہے : [ار۔مثل] بن بیاہا آدمی بہت اچھا ہوتا ہے۔ آزاد ہوتا ہے اور دنیا کے دھندوں سے بچا رہتا ہے۔
مُجْرِم : [ع۔ اند] (۱) جرم کرنے والا۔ قصور کرنے والا۔ خطاوار قصوروار۔ گنہگار۔ (۲) (قانون) وہ شخص جسے جرم ثابت ہونے پر عدالت سے سزا ملے۔ اس سے پہلے یہ ملزم کہلاتا ہے۔
مُجْرِم اشتہاری : [ع۔ اند] وہ مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار ہو چکا ہو۔
مجرم ٹھہرانا / قرار دینا : [ار۔محاورہ] قانون کی رو سے کسی کو قصوروار ثابت کرنا۔
مُجْرِم عادی : [ع۔اند] وہ مجرم جسے بار بار جرم کرنے کی عادت پڑ گئی ہو۔
مُجْرِم فراری : [ع۔ اند] بھاگا ہوا مجرم۔ (قانون)
مُجْرِم ہونا : [ار۔محاورہ] جرم کرنا۔ قصوروار ہونا۔ خطاوار ہونا۔
مجرمانہ حملہ : [عف۔اند] وہ حملہ جو کسی عورت پر زنا کی نیت سے کیا جائے۔
مَجْرُوح : [ع۔صف] زخمی۔ گھائل۔ چوٹ کھایا ہوا۔ وہ جس کے زخم لگا ہو۔
مُجْرَئی : [ار۔صف] (۱) وہ ناچنے والا جو بیٹھ کر گاتے۔ (۲) سلام کرنے والا۔
مجسٹریٹ : [انگ۔اند] (MAGISTRATE) حاکم فوجداری۔
مجسٹریٹی : [ار۔امث] مجسٹریٹ کا عہدہ (۲) اختیار حکومت۔
مُجَسَّم : [ع۔صف] (۱) جسم دار۔ وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق ہو۔ مسطح (۲) سر سے پاؤں تک۔ سراپا۔
مُجَسَّمَہ : [ع۔ اند] بُت۔
مُجَسَّمَہ ساز : [عف۔صف] مٹی اور پتھر کے بُت بنانے والا۔
مُجَسَّمَہ سازی : [عف۔ امث] دیکھئے "مجسمہ ساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مَجْعُول : [ع۔صف۔مفعولی] بنایا گیا۔ بنایا ہوا۔ جعلی۔
مُجَلّا : [ع۔صف] جلا کیا ہوا۔ چمکایا ہوا۔ صاف کیا ہوا۔
مُجَلَّد : [ع۔صف] جلد بندھا ہوا۔ جلد بندی کیا ہوا۔
مَجْلِس : [ع۔امث] (۱) بیٹھنے کی جگہ۔ انجمن۔ بزم۔ جلسہ۔ مجمع۔ سبھا۔ وہ جگہ جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو (۲) شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع۔
مَجْلِسِ انتظامیہ / منتظمہ : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] انتظام کرنے والی جماعت۔
مجلس برہم ہونا : [ار۔ محاورہ] صف بندی میں فرق آنا۔ مجلس کا انتظام خراب ہونا۔
مجلس پٹوانا : [ار۔محاورہ] مجلس میں تہلکہ ڈالنا۔
مجلس حیران : [ار۔امث] ایک نہایت عمدہ مسی کا نام جو عورتیں ہونٹوں پر ملتی ہیں۔
مجلس خانہ : [عف۔ اند] (۱) وہ مکان جو مجلس کے لئے مخصوص ہو (۲) حضرت امام حسینؓ کے ماتم کی مجلسیں ہونے کا مکان (۳) دیوان عام۔ دربار۔
مجلسِ شوریٰ : [ع۔امث۔ بترکیب فارسی] مشورہ کرنے والی مجلس۔ مجلس مشاورت۔
مجلسِ عاملہ : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] منتخب ارکان کی مجلس جو عملی طور پر مجلس کی کارکردگی کی ذمہ دار ہوتی ہے (انگریزی WORKING COMMITTEE)
مجلسِ قائمہ : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] مستقل کمیٹی جو مقرر کرنیوالوں کی مرضی تک قائم رہے (STANDING COMMITTEE)
مجلس کرنا : [ار۔محاورہ] (۱) جلسہ کرنا (۲) حضرت امام حسینؓ کے ماتم کا جلسہ کرنا (۳) مرثیہ خوانی کرنا۔
مجلس کی رونق : [ار۔صف] کنایۃً مسخرہ۔
مجلس گرم ہونا : [ار۔محاورہ] مجلس میں رونق ہونا۔ گرما گرم بحث ہونا۔ باتیں ہونا۔
مجلسِ مضامین : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] وہ مجلس جس میں اجلاس عام میں پیش کی جانے والی تجویزوں پر بحث کی جاتی ہے (SUBJECT COMMITTEE)
مجلسِ نظما : [ع۔امث۔بترکیب فارسی] منتظموں کی جماعت (انگریزی لفظ BOARD OF DIRECTORS کا ترجمہ)
مَجْلِسی : [ع۔ اند] مجلس سے متعلق۔ اہل مجلس۔ وہ شخص جو شریک جلسہ ہو۔
مُجَلَّہ : [ع۔ اند] رسالہ۔ میگزین۔
مُجَلِّی : [ع۔صف] روشن کرنے والا۔ صاف کرنے والا۔ جلا دینے والا۔
مُجْمَر : [ع۔اند] وہ برتن جس میں خوشبودار چیزیں جلاتے ہیں۔ عودان۔
مَجْمَع : [ع۔اند] (۱) مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ جلسہ (۲) ہجوم۔ بھیڑ۔ انبوہ۔
مجمعِ اخلاق : [ع۔صف] اچھے اوصاف کا مجموعہ۔
مجمعُ البحرین : [ع۔ اند] وہ جگہ جہاں سمندر یا دو دریا ملتے ہوں۔ دو دریاؤں کا ملاپ۔
مجمعُ الجزائر : [ع۔ اند] بہت سے جزیروں کا مجموعہ۔ اکٹھے جزیرے۔
مجمع خلاف قانون : [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] قانون کے خلاف لوگوں کا اکٹھا ہونا۔ خلاف قانون ہنگامہ۔ مجمع ناجائز۔

مجمعِ عام: [ع - اند] عام لوگوں کا ہجوم یا بھیڑ۔
مُجمعہ: [ار - اند] بڑا طباق - سینی۔
مُجمَل: [ع - صف] اجمال کیا گیا - مختصر - خلاصہ - اختصار۔
مُجمَل حساب: [ع - اند] وہ حساب جو تفصیل کے ساتھ نہ ہو حساب کا گوشوارہ - سرسری حساب۔
مُجمَلاً: [ع - متعلق فعل] اجمال کے طور پر - مختصر طور پر - فی الجملہ۔
مجموع: [ع - صف] (۱) جمع کیا گیا (۲) کُل۔
مجموعہ: [ع - صف] (۱) جمع کیا ہوا - اکٹھا کیا ہوا - جوڑ (۲) (ار - اند) ذخیرہ - خزانہ - مخزن - کلیات (۳) پشتارہ - بنڈل - گٹھا (۴) وہ عطر جس میں کئی عطر ہوں۔
مجموعۂ قوانین: [ع - اند - بترکیب فارسی] قانون کا ذخیرہ - وہ کتاب جس میں متعدد قوانین اکٹھے کئے گئے ہوں۔
مجموعۂ کلام: [ع - اند - بترکیب فارسی] کلام کا ذخیرہ - وہ کتاب جس میں کسی شاعر کی منظومات اکٹھی درج کی گئی ہوں۔
مجموعی: [ع - صف] تمام - یکجا طور پر - اکٹھا۔
مجنٹھ: [ار - امث] دیکھئے "مجیٹھ"۔
مجنون: [ع - صف] (۱) دیوانہ - پاگل - سڑی - سودائی - خبطی - باؤلا (۲) قیس عامری کا لقب جو لیلیٰ کا عاشق تھا (۳) عاشق - شیدا - مفتون - فریفتہ (۴) نہایت دُبلا پتلا اور کمزور آدمی۔
مجنونِ دَوری: [ع - صف] وہ جو ہمیشہ پاگل نہ رہے - کبھی کبھی پاگل ہونے والا۔
مجنون کر دینا: [ار - محاورہ] دیوانہ بنا دینا - پاگل کر دینا - خبطی کر دینا۔
مجنوں کو لیلیٰ کا کتا بھی پیارا: [ار - مثل] جس سے محبت ہو اس کی ہر چیز اچھی لگتی ہے۔
مجنونیت: [ع - امث] دیوانگی - پاگل پن۔
مُجَوَّز: [ع - صف] تجویز کیا گیا - جائز کیا گیا۔
مُجَوِّز: [ع - صف] (۱) تجویز کرنے والا - رائے دینے والا (۲) روا اور جائز رکھنے والا۔
مُجَوَّزہ: [ع - صف] تجویز کیا ہوا - مقررہ - معینہ۔
مجوس: [ع - اند] دیکھئے "مجوسی" جس کی یہ جمع ہے۔
مجوسا: [ار - اند] لکڑی جو چھت کے نیچے کھڑی کرتے ہیں۔
مجوسی: [ع - اند] آتش پرست - زردشت کا پیرو - چاند سورج کی پوجا کرنے والا۔
مُجَوَّف: [ع - صف] جوف کیا گیا - اندر سے خالی - کھوکھلا - پولا - تھوتھا۔
مجہلہ: [ع - اند] (۱) کوئی چیز جو بے وقوفی، غفلت یا جہالت ظاہر کرے (۲) جھمیلہ - جھگڑا - ٹنٹا۔
مجہول: [ع - صف] (۱) نامعلوم - غیر معلوم (۲) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو (۳) سست - کاہل - آرام طلب - نکما - نکھٹو (۴) جبر و مقابلہ میں نامعلوم رقم۔
مجہول النسب: [ع - صف] وہ شخص جس کی اصل و نسل کا پتہ نہ ہو۔
مُجھ: [ار - کلمہ ضمیر واحد متکلم] ایک کلمہ ہے جو اپنے نفس پر اطلاق کیا جاتا ہے جیسے مجھ کو - "میں" کی مفعولی حالت۔
مجھ سے: [ار - متعلق فعل] (۱) میری ذات سے (۲) مجھ جیسے۔
مجھ کو: [ار - ضمیر واحد متکلم حالت مفعولی] مجھے - میری ذات کو۔
مجھ کو پیٹے: [ار - کلمہ قسم] میرا ماتم کرے۔
مجھ میں آیا: [ار - محاورہ] میں ذمہ دار ہوں - میں ضامن ہوں۔
مجھار: [ار - صف - ق] بیچ میں - درمیان۔
مجھلا: [ار - اند] جھگڑا - بکھیڑا - جھمیلا۔
مجھولا: [ار - صف] (۱) بیچ کا - درمیانی - وسطی (۲) (ار - مث) بڑا دیگچہ - مجھولی دیگ۔
مجھولی: [ار - امث] (۱) دیکھئے "مجھولا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) ایک قسم کی چھوٹی بیل۔
مجھی: [ار - کلمہ ضمیر] مجھ ہی کا مخفف۔
مجھے: [ار - کلمہ ضمیر] مجھ کو - میری ذات کو۔
مجھے اور نہ تجھے ٹھور: [ار - مثل] مجھے تیرے بغیر اور تجھے میرے بغیر چین نہیں۔
مجھے منہ نہ دکھا: [ار - محاورہ] مجھ کو اپنی شکل نہ دکھلا - میرے سامنے مت آ۔
مجھیلا: [ار - مذ] جھگڑا - قضیہ - لڑائی [افعال: پڑنا - ڈالنا]
مُجیب: [ع - صف] (۱) جواب دینے والا (۲) قبول کرنے والا (۳) خدا تعالیٰ کا نام۔
مجیب الدعوات: [ع - صف] دعائیں قبول کرنے والا - کنایۃً اللہ تعالیٰ۔
مجیٹھ: [ار - امث] ایک قسم کی سرخ لکڑی جس کے رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔
مجید: [ع - صف] بزرگ - بزرگوار - گرامی - اسمائے باری تعالیٰ کا ایک نام۔
مجیر: [ع - صف] دست گیر - پناہ دینے والا۔
مجیرا: [ار - اند] پیتل کی بنی ہوئی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لئے دونوں ہاتھوں میں لے کر بجاتے ہیں۔

م - چ

مچ: [ار - امث] (۱) بھول - چوک (۲) جہالت (۳) بے توجہی (۴) نیند کا خمار (۵) سونے کا ٹکڑا جو رکھنے کے لئے بطور نمونہ دیا جائے (۶) الاؤ۔
مچا: [ار - اند] گوشت کا بڑا ٹکڑا - لوتھڑا۔

مچاپچ : [ار-صف] (۱) کھچا کھچ - بھرپور - لبریز - لبالب (۲) (مث) چارپائی کے چوں چوں کرنے کی آواز -

مچان : [ار-امث] (۱) ٹانڈ - وہ تختہ یا لکڑیاں جو دیواروں میں اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے اونچی جگہ لگا دیتے ہیں (۲) درخت پر وہ جگہ جو شیر کے شکار کے لیے بناتے ہیں (۳) باغ اور کھیت میں وہ اونچی جگہ جو پھلوں یا فصل کی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے -

مَچانا : [ار-مص] (۱) رچانا - عمل میں لانا - برپا کرنا (۲) گاڑی میں جوتنا -

مُچانا : [ار-مص] بند کرانا -

مچرانا : [ار-مص] خوراک کو الٹ پلٹ کرنا - بغیر بھوک کے کھانا -

مُچَرَّب : [ار-صف] (غلط العوام) چرب کیا گیا - چربی والا - (غلط ترکیب)

مچروس : [ھ-امذ] (۱) ایک جانور کا نام جس کی دُم بڑی ہوتی ہے (۲) ایک دوا کا نام -

مچک : [ار-امث] لچک - لرزش

مچکا : [ار-امذ] (۱) سستاپن - ارزانی (۲) فرق - تفاوت - وقفہ - ڈھیل [افعال : پڑنا - کھانا]

مچکانا : [ار-مص] لچکانا - ہلانا - جنبش دینا - جھکانا -

مچکانا : [ار-مص] آنکھ مارنا - جھپکانا - پلک مارنا - آنکھ کا موندنا اور کھولنا -

مچکنا : [ار-مص] (۱) لرزنا - تھرتھرانا - کانپنا (۲) چارپائی کا چوں چوں کرنا -

مچلا : [ار-صف] گھنا - ڈھیٹ - ضدی - ہٹیلا - مکرا -

مچلاپن : [ار-امذ] دیکھیے "مچلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

مچلانا : [ار-مص] (۱) ٹالنا - ٹال مٹول کرنا - بہانہ کرنا (۲) ضد کرنا - ہٹ کرنا - اڑ جانا - اصرار کرنا -

مچلانا : [ار-مص] متلانا - مالش کرنا - سفے کرنا - اُبکائی کرنا -

مچلائی : [ار-امث] مچلنا - ضد پر آجانا - اَڑ جانا -

مُچلکہ : [ت-امذ] (۱) عہد نامہ - قول و قرار (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد نامہ جو مجرم کی طرف سے ہوتا ہے -

مُچلکہ دینا : [ار-محاورہ] کوئی فعل نہ کرنے کا تحریری عہد نامہ لکھ کر حاکم کو دینا -

مُچلکہ لکھنا / لکھوانا : [ار-محاورہ] کسی بات کو نہ کرنے کا تحریری عہد لینا -

مُچلکہ لینا : [ار-محاورہ] کسی امر کے نہ کرنے کا تحریری اقرار نامہ لینا -

مچلکہ نکلنا : [ار-محاورہ] مچلکہ لینے کا حکم صادر ہونا -

مچلنا : [ار-مص] (۱) ضد پر آنا - ہٹ کرنا - اصرار کرنا - ڈھٹائی کرنا - بپھرنا (۲) ٹال مٹول کرنا - تجاہل عارفانہ کرنا (۳) رونا - بلکنا (۴) کسی چیز کے نہ دینے کی ہٹ کرنا -

مچلی : [ار-امث-ق] مچھلی -

مچلی : [ار-امث] دیکھیے "مچلا" جس کی یہ تانیث ہے -

مچمچانا : [ار-مص] گرمانا - کپکپانا - شہوت یا منی کے جوش میں آنا -

مچمچاہٹ : [ار-امث] دیکھیے "مچمچانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) چارپائی کا چوں چوں کرنا -

مَچنا : [ار-مص] (۱) رچنا - بننا (۲) عمل میں آنا -

مُچنا : [ار-مص] بند ہونا - مُندنا -

مچنگڑ : [ار-امذ] بڑی روٹی - ہاتھی کی روٹی -

مَچوانا : [ار-مص] عمل کرانا - جیسے غل مچوانا -

مُچوانا : [ار-مص] بند کرانا - مندوانا

مچھ : [ار-امذ] بڑی مچھلی -

مچھّر : [ار-امذ] ایک چھوٹا سا پردار کیڑا جو اپنے ڈنک کے ذریعے آدمی اور جانور کا خون چوستا ہے -

مچھّر کی جھول : [ار-امث] نہایت کم قیمت اور ادنیٰ درجے کی چیز - حقیر چیز -

مچھّر کی جھول کا چور : [ار-امذ] چھوٹی موٹی چیزیں چرانے والا - اُچکا - اٹھائی گیرا -

مچھراند : [ار-امث] مچھلی کی بو -

مچھرنگا : [ار-امذ] ایک قسم کا آبی پرندہ جو اکثر مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے - رام چڑیا -

مچھلہارا : [ار-امذ-ق] مچھیرا -

مچھلی : [ار-امث] (۱) ماہی - مچھی (۲) انسان کے بازو کا گوشت جو کسی قدر ابھرا ہوتا ہے (۳) ساق حیوانات کا گوشت (۴) مچھلی کی شکل کا کان میں پہننے کا زیور (۵) ناک میں پہننے کا زیور (۶) مچھلی کی شکل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے زیورات میں لگاتے ہیں (۷) بچوں کا ایک کھیل جس میں مچھلی کی شکل کا ایک کھلونا بالوں میں لگاتے ہیں اور نچاتے ہیں (۸) رانوں کا گوشت جو رانوں کے جوڑ میں ہوتا ہے -

مچھلی پکڑنا : [ار-محاورہ] مچھلی کا شکار کرنا - مچھلی پکڑنے کے لیے ڈوری لگانا -

مچھلی پکڑنے کا کانٹا : [ار-امذ] مچھلی کا شکار کرنے کی بنسی -

مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی : [ار-مثل] بیٹی کی شادی کے متعلق کہتے ہیں یعنی اتنی جلدی کیا ہے جب کہیں اچھا بر ملے گا کر دیں گے -

مچھلی کا بجرا : [ار-امذ] مچھلی کی شکل کی چھوٹی کشتی -

مچھلی کا تیل : [ار-امذ] ایک خاص قسم کی مچھلی کے کلیجے کا تیل جو سل اور دِق میں مفید ہے -

مچھلی کا چارا : [ار-امذ] وہ چیز جسے کانٹے میں لگا کر مچھلی کا شکار کرتے ہیں -

مچھلی کا کانٹا : [ار-امذ] (۱) ایک قسم کی سلائی جو چادر یا کھیس پر کرتے ہیں (۲) استخوان ماہی - مچھلی کی ہڈیاں پسلیاں -

مچھلی کا کھانا : [ار-امذ] ایک قسم کی نیاز جس میں عورتیں پکے ہوئے چاولوں کے طباق پر مچھلی کے کباب رکھ کر حضرت سلیمان

کی نیاز دلواتی ہیں اور کھاتی ہیں۔

مچھلی کی طرح تڑپنا : [ار - محاورہ] بہت بے چین ہونا - از حد بے قرار ہونا۔

مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے : [ار - مثل] اپنے آبائی کام سے ہر شخص واقف ہوتا ہے۔

مچھلی مارکیٹ : [ار - انگ - امث] وہ جگہ جہاں بہت شور و غل ہو۔

مچھلی والا : [ار - صف] ماہی گیر - مچھلی بیچنے والا۔

مچھلیاں پڑنا : [ار - محاورہ] ورزش کے باعث رانوں اور بازوؤں کا گوشت ابھر آنا۔

مچھلیاں سڑی جانا : [ار - محاورہ] لڑکیوں کا شادی کے قابل ہو جانا - لڑکی کا بے بیاہ کے رہنا۔

مچھندر : [ار - صف] (۱) بڑی بڑی مونچھوں والا (۲) چوہا - موش (۳) مسخرہ - بے ہودہ آدمی - بدوضع - یاوہ گو - دیوث -

مچھوا : [ار - اند] ماہی گیر - مچھلیاں پکڑنے والا - مچھلیاں بیچنے والا -

مچھی : [ار - امث] (۱) مچھلی (۲) بوسہ -

مچھی بھون : [ار - اند] راجاؤں یا امیروں کے محل کا وہ تالاب جس میں چھوٹی چھوٹی مچھلیاں خوبصورتی کے لئے چھوڑتے ہیں۔

مچھی مچھول : [ار - اند] بوسہ بازی -

مچھے : [ار - امث - ق] مونچھ -

مچھیاں لینا : [ار - محاورہ] بوسے لینا -

مچھیرا : [ار - اند] مچھلیاں پکڑنے والا - ماہی گیر -

مچھیل : [ار - صف] بڑی بڑی مونچھوں والا -

م - ح

محابا : [ع - اند] لحاظ - مروت - پاس داری - صلح اعانت (۲) فروگذاشت (۳) ڈر - خوف (۴) احتیاط -

محاذ : [ع - اند] مقابلہ کی جگہ - میدان (۲) سامنے - مقابل - روبرو -

محاذ جنگ : [عف - اند] لڑائی کا میدان -

محاذ قائم کرنا : [ار - محاورہ] کسی کے خلاف مقابلے کا ساز و سامان قائم کرنا - دشمن ہونا -

محاذات : [ع - اند] آمنا سامنا - مقابلہ -

محاذی : [ع - صف] مقابل - سامنے - روبرو - برابر - برابر ہونے والا -

محارب : [ع - صف] لڑنے والا - جنگ کرنے والا -

محاربہ : [ع - اند] لڑائی - جنگ - معرکہ - مجادلہ -

محارم : [ع - اند] دیکھئے "محرم" جس کی یہ جمع ہے -

محاریب : [ع - امث] دیکھئے "محراب" جس کی یہ جمع ہے -

محاسب : [ع - اند] علم حساب سے واقف - حساب دان - حساب کرنے / پڑتال کرنے والا -

محاسب اعلیٰ : [ع - اند] حساب کی جانچ پڑتال کرنے والوں کا سب سے بڑا افسر (انگریزی لفظ AUDITOR GENERAL کا ترجمہ)

محاسب دہ : [ار - اند] گاؤں کا حساب رکھنے والا پٹواری -

محاسبہ : [ع - اند] (۱) حساب - شمار - پڑتال (۲) حساب کے متعلق پوچھ گچھ -

محاسبہ کرنا : [ار مص مرکب] حساب طلب کرنا روپیہ کی پوچھ گچھ کرنا - مطالبہ کرنا -

محاسبہ لینا : [ار مص مرکب] حساب لینا - پرسش کرنا -

محاسن : [ع - صف] (۱) اچھائیاں - خوبیاں - بھلائیاں - نیکیاں - (۲) ڈاڑھی - مونچھیں -

محاصر : [ع - صف] محاصرہ کرنے والا - گھیرنے والا -

محاصرہ : [ع - اند] گھیرا ڈالنا - چاروں طرف سے بند کر دینا - راہ بندی - قلعہ بندی - احصار -

محاصرہ اٹھانا : [ار - محاورہ] ناکہ بندی چھوڑ دینا - گھیرا ہٹا لینا -

محاصرہ کرنا : [ار مص مرکب] چاروں طرف سے گھیر لینا -

محاصرہ میں آجانا : [ار مص مرکب] چاروں طرف سے گھر جانا - قلعہ بند ہو جانا -

محاصرہ ہونا : [ار مص مرکب] دیکھئے "محاصرہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

محاصل : [ع - اند] (۱) محصول کی جمع - پیداوار کا محصول - خراج (۲) حاصل آمدنی (۳) نفع - پھل - نتیجہ - فائدہ -

محاصل خام : [عف - اند] غیر مستقل آمدنی جس میں مالگزاری بھی شامل ہو -

محاصل دہ : [عف - اند] گاؤں کی آمدنی - مالگزاری زرلگان - زر معاملہ -

محاضر : [ع - صف] وہ جو سامنے کھڑا ہو -

محاضرات : [ع - اند] (۱) معلومات (۲) یاد رکھی ہوئی باتیں یا چیزیں - گزری ہوئی کہانیاں بیان کرنا - بمعنی علم تاریخ -

محاضرہ : [ع - امث] (۱) کسی کے مقابلہ میں پیش ہونا (۲) قاضی کے روبرو کسی پر کوئی دعویٰ کرنا یا الزام لگانا (۳) بادشاہ کی گستاخی کرنا - (۴) صوفیوں کے طریقہ میں خدا کی یاد کا ایک درجہ (۵) سوال و جواب (۶) دوڑ میں برابری کرنا -

محاط : [ع - صف مذ] (۱) گھیرا گیا - احاطہ کیا گیا (۲) سمجھا گیا (۳) مشہور -

محافظ : [ع - صف] (۱) حفاظت کرنے والا - نگران - پاسبان - چوکیدار (۲) ولی - سرپرست - مربی -

محافظ حقیقی : [ع - اند] اصلی حفاظت کرنے والا - خدا تعالیٰ -

محافظ خانہ : [ع - اند] وہ دفتر جس میں فیصلہ شدہ مسلیں رکھی جاتی ہیں -

محافظ دفتر : [ع - اند] محافظ خانے کا نگران - ریکارڈ کیپر - نگران دفتر -

محافظ محبس : [ع - اند] داروغہ زندان - جیل خانے کا داروغہ -

محافظت : [ع - امث] (۱) حفاظت - رکھوالی (۲) پاسبانی - چوکیداری (۳) اہتمام - سرپرستی -

محافل : [ع - امث] دیکھئے "محفل" جس کی یہ جمع ہے -

محافہ : [ف - اند] پردہ دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں - فنس -

عربی مُحقّہ کا معرّب۔

مُحاق: [ع۔ اند] (۱) چاند کا گھٹنا (۲) چاند کے گھٹنے کے دن جو پندرھویں تاریخ سے شروع ہوتے ہیں (۳) وہ دن جن میں چاند نظر نہیں آتا۔

مُحاق میں آنا: [ار۔ محاورہ] چاند کا گھٹنا شروع ہونا۔

مُحاکات: [ع۔ اند] (۱) باہم حکایت کرنا۔ آپس میں بات چیت کرنا۔ ایک دوسرے کو بتانا (۲) ایک دوسرے سے ملنا۔ مشابہ ہونا (۳) نقل کرنا۔ کسی کے اقوال و افعال کی نقل کرنا (۴) کسی منظر یا کیفیت کی نقلی تصویر۔

مُحاکَمہ: [ع۔ اند] (۱) قاضی کے پاس جانا۔ کسی فیصلے کے لئے حاکم کے پاس جانا (۲) انصاف طلبی۔ دعویٰ (۳) منصف بن کر جھگڑے کا فیصلہ کرنا۔

مَحال: [ع۔ اند] (۱) مَحَل کی جمع۔ اردو میں منفرد استعمال ہوتا ہے (۱) وہ جائیداد غیر منقولہ یا اراضی جس میں بہت سی پتیاں ہوں اور جس پر مالگزاری علیحدہ تشخیص ہو (۲) محکمہ (۳) (ار) شہد کی مکھیوں کا چھتہ (ان معنوں میں صرف ہندوپاکستان میں مستعمل ہے اور ایجاد ہے)

مَحال آبکاری: [ع۔ اند] شراب کا محکمہ۔

مَحال حضور: [ع۔ اند] ایسا محال جس کے مالک کو براہِ راست مالگزاری خزانہ صدر میں داخل کرنے کی اجازت ہو۔

مُحال: [ع۔ صف] (۱) مشکل۔ دشوار۔ کٹھن (۲) ناممکن۔ غیر ممکن۔ ان ہونی۔

مُحالِ مُطلق: [ع۔ صف] قطعاً ناممکن۔

مَحامِد: [ع۔ اند] دیکھئے "محمدت" جس کی یہ جمع ہے۔ تعریفیں۔

مُحاورت: [ع۔ اند] جواب دینا۔

مُحاوَرہ: [ع۔ اند] (۱) وہ کلمہ / کلام جسے اہل زبان نے لغوی معنی کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص معنی کے لئے مخصوص کر دیا ہو (۲) بول۔ چال۔ بات چیت۔ باہمی گفتگو (۳) عادت۔ مشق۔ پکا۔ مہارت۔

مُحاورہ پڑنا: [ار۔ محاورہ] روزمرہ پڑنا۔ مشق ہو جانا۔ سبھاؤ پڑ جانا۔ عادت ہو جانا۔

مُحاورہ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) عادت ڈالنا۔ مشق کرنا (۲) مہارت پیدا کرنا۔

مُحاورے: [ع۔ اند] دیکھئے "محاورہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

مُحاورے میں گفتگو کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی خاص قوم کی طرح باتیں کرنا۔ اس کی زبان بولنا۔

مُحِبّ: [ع۔ صف] (۱) محبت کرنے والا (۲) دوست۔ یار۔ مُشفق۔ شفیق۔

مُحِبّ الوطن / وطن: [ع۔ صف] وہ جسے اپنے وطن سے محبت ہو۔ وطن دوست۔

مُحِبّ الوطنی: [ع۔ امث] وطن کی محبت۔ حُبِّ وطن

مَحَبّت: [ع۔ امث] بضم غلط ہے (۱) پیار۔ اُلفت۔ چاہ۔ لاڈ پریم۔ پریت۔ موہ۔ پییت۔ مہر۔ اُنس۔ حُب (۲) دوستی۔ آشنائی۔ یارانہ۔ اخلاص۔ ملاپ۔ یاری۔ رسم (۳) عشق۔ لگن (آنگ۔ لی) سینہ (۴) شہر مدینہ۔

محبت آمیز: [ع۔ صف] محبت بھرا۔ پُر محبت۔ الفت آمیز۔ پیار سے ملا ہوا۔

محبت آنا / آجانا: [ار۔ محاورہ] پیار آنا۔ پیار کرنے کو جی چاہنا۔

محبت اُچھلنا: [ار۔ محاورہ] محبت کا جوش مارنا۔ پیار کا ولولہ۔

محبت بڑھانا: [ار۔ محاورہ] دوستی زیادہ کرنا۔ آپس میں اخلاص بڑھانا۔ پیار محبت زیادہ کرنا۔

محبت بڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "محبت بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

محبت پیدا ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی کے دل میں کسی کیلئے محبت کا آغاز ہونا۔

محبت جتانا: [ار۔ محاورہ] اظہار محبت کرنا۔ الفت ظاہر کرنا۔

مَحبّت دل لگی نہیں: [ار۔ مقولہ] عشق آسان نہیں۔

محبتِ دلی / قلبی: [ع۔ امث] بے حد محبت۔ سچا عشق۔

محبت رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چاہنا۔ پیار کرنا (۲) دوستی رکھنا۔

محبت کا بھوکا: [ار۔ صف] وہ شخص جو یہ چاہے کہ اس کے دوست اس سے محبت رکھیں۔ الفت کا خواہش مند۔

محبت کا دم بھرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) عاشق ہونا۔ اظہار عشق کرنا (۲) کسی کی دوستی اور محبت کا دعویٰ کرنا۔

محبت کا دم مارنا: [ار۔ محاورہ] الفت یا عاشقی کا دعویٰ کرنا۔

محبت کا مزہ: [ار۔ اند] پیار کا لطف۔

محبت کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] (۱) چاہنا۔ پیار کرنا (۲) عاشق ہونا۔

محبتِ کُل: [ع۔ امث] سب سے یکساں محبت کرنے کا مرتبہ۔

محبت کی نظر / نگاہ: [ع۔ امث] نظر التفات۔ الفت۔ پیار سے دیکھنا۔ پیار کی نظر۔ توجہ۔

محبت کے مارے سدا گور کنارے: [ار۔ مقولہ] عاشق ہمیشہ تکلیف میں رہتے ہیں۔

محبت نامہ: [ع۔ اند] چٹھی / خط جو کسی دوست یا عزیز کیطرف سے آئے

مَحبَس: [ع۔ اند] قیدخانہ۔ جیل

محبسِ دیوانی: [ع۔ اند] وہ قیدخانہ جس میں ان لوگوں کو رکھتے ہیں جو قرضہ ادا نہیں کر سکتے۔

مَحبُوب: [ع۔ صف] (۱) معشوق۔ دلدار۔ منظورِ نظر۔ دلپسند چہیتا (۲) پیارا۔ عزیز۔ مُحِب۔ دوست۔

محبوبِ الٰہی / سُبحانی: [ع۔ اند] (۱) خدا کا پیارا (۲) نظام الدین اولیا کا لقب۔

محبوبِ خدا / کبریا: [ع۔ اند] پیغمبر صلعم کا لقب۔

محبُوبہ: [ع۔ امث] (۱) محبوب کی تانیث (۲) معشوقہ (۳) حسین عورت۔ شہر مدینہ۔

محبوبی / محبُوبیّت: [ع۔ امث] معشوق ہونا۔

مَحبُوس: [ع۔ صف] (۱) وہ جو / جسے قید کیا گیا ہو / جائے (۲) قیدی

اسیر۔ مُقیّد

محبوس خانہ : [عف ۔ اند] قیدخانہ ۔ زندان

مُحتاج : [ع ۔ صف] (۱) حاجتمند ۔ ضرورت مند ۔ آرزومند ۔ خواہشمند (۲) غریب ۔ مُفلس (۳) طلبگار ۔ خواہاں (۴) فقیر ۔ بھکاری ۔ منگتا ۔ گداگر (۵) ہاتھ ۔ پاؤں یا آنکھوں سے معذور ۔ وہ شخص جس کے کسی عضو میں نقص ہو (۶) دست نگر ۔ دوسرے کا ہاتھ تکنے والا (۷) پابند ۔ وابستہ ۔ منحصر ۔ موقوف ۔

مُحتاج الیہ : [ع ۔ اند] وہ شخص جس کا کوئی دست نگر ہو ۔

مُحتاج خانہ : [عف ۔ اند] وہ مکان جہاں غریب ، مفلس اور نادار لوگ پرورش پائیں ۔ غریب خانہ ۔

محتاج کرنا : [ا ۔ عمل مرکب] غریب کرنا ۔ مفلس کرنا ۔ کسی عضو سے بیکار کر دینا ۔

مُحتاج نکلنا : [ا ۔ محاورہ] منحصر ہونا ۔ موقوف ہونا ۔

مُحتاج ہونا : [ا ۔ عمل مرکب] (۱) حاجت مند ہونا (۲) غریب ہونا (۳) دست نگر ہونا (۴) اپاہج ہونا (۵) پابند ہونا ۔ وابستہ ہونا ۔

مُحتاجگی / محتاجی : [عف ۔ امث] (۱) حاجت ۔ احتیاج ۔ ضرورت (۲) ناچاری ۔ مجبوری (۳) مُفلسی ۔ غربت ۔ غریبی ۔ تنگ دستی (۴) دست نگری ۔ دوسرے کا ہاتھ تکنا ۔

مُحتاط : [ع ۔ صف] احتیاط رکھنے والا ۔ وہ جو بہت احتیاط رکھے ۔ ہوشیار ۔

مُحتال : [ع ۔ صف] (۱) دغاباز ۔ دھوکے باز ۔ فریبی ۔ مکار ۔ حیلہ گر (قانون) وہ جو کسی کے مطالبے کے لئے ذمہ داری اپنے ذمہ لے ۔

مُحتال الیہ : [ع ۔ اند] وہ شخص جس پر کسی مطالبے یا قرضہ کی ذمہ داری عائد کی گئی ہو ۔

مُحتالہ : [ع ۔ امث] مکار / دغاباز عورت ۔ دلالہ ۔ کٹنی ۔ فاحشہ ۔

مُحتجب : [ع ۔ صف] پوشیدہ ۔ پنہاں

مُحتذر : [ع ۔ صف] محتاط ۔ ہوشیار ۔

مُحترز : [ع ۔ صف] محتاط ۔ ہوشیار ۔ پرہیز کرنے والا ۔ اپنے آپ کو بچانے والا ۔

مُحترف : [ع ۔ صف] اہل حرفہ ۔ پیشہ ور ۔

مُحترفہ : [ع ۔ اند] پیشہ ور لوگ ۔ کاریگر (۲) محصول جو اہل حرفہ پر لگایا جائے ۔

مُحترق : [ع ۔ صف] جسے آگ لگی ہو ۔ جلا ہوا ۔

مُحترم : [ع ۔ صف] عزت کیا گیا ۔ معزز ۔ بزرگ ۔ قابل احترام ۔

مُحترمہ : [ع ۔ صف] دیکھیے " محترم " جس کی یہ تانیث ہے ۔

مُحتسب : [ع ۔ اند] حساب لینے والا ۔ وہ حاکم جو خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرے ۔ کوتوال جو اوزان اور پیمانوں کی پڑتال کرے اور خلاف شرع باتوں کو روکے ۔

محتسب را درون خانہ چہ کار : [ف ۔ مثل] کسی کو دوسرے کے گھر کے معاملات میں دخل دینے کا اختیار نہیں ۔

محتسب گر مے خورد معذور دارد مست را : [ف ۔ مثل] اگر کوئی شخص خود برا کام کرے تو دوسرے شخص کو ایسا ہی برا کام کرنے پر گرفت نہیں کرتا ۔

مُحتسبی : [عف ۔ امث] دیکھیے " محتسب " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مُحتشم : [ع ۔ اند] (۱) صاحب خدم و حشم ۔ احتشام والا ۔ جاہ و جلال والا (۲) امیر ۔ دولتمند ۔ رئیس ۔ نواب ۔ بہت سے نوکروں اور متعلقین کا مالک ۔

مُحتشی : [ع ۔ صف] بھرا ہوا ۔ لبالب ۔

مُحتکر : [ع ۔ صف] وہ غلہ فروش جو غلے کو گرانی کی خاطر بند رکھے ۔ ذخیرہ اندوز ۔

مُحتلم : [ع ۔ صف] وہ جسے احتلام ہو جائے ۔ وہ جو سن بلوغت کو پہنچ جائے ۔

مُحتمَل : [ع ۔ صف مفعولی] (۱) گمان کیا گیا ۔ شبہ کیا گیا ۔ مشتبہ (۲) برداشت کرنے والا ۔ صبر کرنے والا (۳) قابل سماعت ۔ روا ۔ جائز ۔

مُحتمِل : [ع ۔ صف ۔ فاعلی] (۱) بوجھ اٹھانے والا (۲) جو ذمہ داری لے (۳) قیدی کو خرید نے والا (۴) صابر (۵) جس کی امید ہو ۔ ممکن ۔

مُحتمل الضدین : [ع ۔ صف] جس کے دو متضاد معنی ہوں ۔

مُحتملات : [ع ۔ اند] شبہات ۔

مُحتوی : [ع ۔ صف ۔ فاعلی] گھیر لینے والا ۔ احاطہ کرنے والا ۔

مُحجّر : [ع ۔ صف] جالی دار ۔

مَحجوب : [ع ۔ صف مفعولی] (۱) پردے میں چھپا ہوا ۔ مخفی (۲) وہ جو کسی کی میراث پانے سے محروم ہو (۳) وہ جو پیدائشی اندھا ہو ۔ (۴) وہ جسے داخل ہونے کی ممانعت ہو (۵) شرمندہ ۔ منفعل ۔

مُحدّب : [ع ۔ صف مفعولی] قبہ دار ۔ گنبد نما ۔ بیچ میں ابھرا ہوا ۔

مُحدّب شیشہ : [ع ۔ اند] ایک قسم کا گول بیچ میں سے ابھرا ہوا شیشہ جس میں سے چیزیں بڑی معلوم ہوتی ہیں / نظر آتی ہیں ۔ اگر اسے سورج کے سامنے کیا جائے تو سورج کی کرنیں اس میں سے گزر کر ایک مرکز پر جمع ہوتی ہیں اور اگر وہاں کوئی نازک چیز رکھی جائے / رکھی ہوئی ہو تو فوراً جل اٹھتی ہے ۔

مُحدّث : [ع ۔ اند] حدیث کا علم جاننے والا ۔

مُحدِث : [ع ۔ صف فاعلی] (۱) نیا پیدا کرنے والا (۲) نئی بات نکالنے والا ۔

مُحدَث : [ع ۔ صف مفعولی] (۱) نیا پیدا کیا ہوا ۔ بدعت (۲) ٹوٹا ہوا (۳) وضو ٹوٹا ہوا ۔

مَحدود : [ع ۔ صف مفعولی] (۱) رکا ہوا ۔ حد کیا گیا (۲) گھرا ہوا (۳) جدا کیا ہوا ۔ ختم کیا ہوا (۴) محصور ۔ مقید (۵) مقررہ ۔ معینہ ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]

مَحذوف : [ع ۔ صف مفعولی] (۱) حذف کیا گیا ۔ گرایا گیا ۔ نکالا گیا ۔ علیحدہ کیا گیا ۔ الگ کیا گیا (۲) (عروض) وہ رکن جس کے سبب خفیف یا دو حرف گرا دیئے جائیں ۔

مِحراب : [ع ۔ امث] (۱) وہ قوس نما جگہ جہاں مسجد میں امام کھڑا ہو کر نماز پڑھاتا ہے (۲) مسجد میں وہ کمان دار جگہ جو قبلہ رخ بنی ہوتی ہے (۳) ڈاٹ ۔ گول دروازہ (۴) کمرے میں سب سے اونچی بیٹھنے کی جگہ ۔ وہ جگہ جہاں بادشاہ یا بڑے آدمی بیٹھتے ہیں (۵) شاہی

خلوت گاہ - خلوت خانہ - حجرہ۔
محراب تیغ: [ع - امث] شمشیر کا ٹیڑھا پھل۔
محراب جمشید: [ع - امذ] دیکھئے "جام جم"
محرابدار: [عف - صف] قوس نما - کمان کی مانند۔
محراب سُنانا: [ار - محاورہ] پورا قرآن مجید سنانا۔
محراب گاہ/گہ: [عف - امث] مسجد میں سجدہ کرنے کی جگہ۔
محرابی: [ع - صف] (۱) محرابدار (۲) محراب کی شکل میں کٹی ہوئی (داڑھی) (۳) مسجد (۴) ایک قسم کی شمشیر۔
مُحَرَّر: [ع - صف مفعولی] لکھا ہوا - تحریر شدہ۔
مُحَرِّر: [ع - امذ] لکھنے والا - کاتب - نویسندہ - تحریر کنندہ - منشی۔
مُحَرَّرہ: [ع - صف] لکھا ہوا - تحریر شدہ۔
مُحَرِّری: [ع - امث] دیکھئے "مُحَرِّر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُحَرَّف: [ع - صف مفعولی] (۱) پھیرا گیا - تحریف کیا گیا (۲) ٹیڑھا - کج (۳) الٹا کیا گیا (۴) بدلا گیا (۵) خراب کیا گیا۔
مُحَرِّف: [ع - امذ] تحریف کرنیوالا - بدلنے والا - وہ جو مذہب کو اپنے مفاد کا ذریعہ بنائے۔
مُحْرِق: [ع - صف فاعل] جلا دینے والا۔
مُحرِقہ: [ع - صف - مث] (۱) جلا دینے والی (۲) (تپ) ایک قسم کا بخار جو ایک خاص میعاد تک رہتا ہے۔ پہلے اس کا کوئی علاج نہ تھا مگر آج کل قابل علاج ہے۔ اگر مہلک ثابت نہ ہو تو میعاد پوری ہونے کے بعد خود بخود اتر جاتا ہے۔
مُحَرِّک: [ع - امذ] (۱) حرکت دینے والا - ہلانے والا (۲) اُبھارنے والا - اکسانے والا - شہ دینے والا (۳) وہ جو اعراب لگائے۔
مُحْرِم: [ع - صف] احرام باندھنے والا۔
مَحرَم: [ع - صف] (۱) حرام - ممنوع (۲) راز دار - ہمراز (۳) جان پہچان والا - واقف - رُوشناس (۴) (امذ) وہ شخص جس سے پردہ جائز نہ ہو جیسے خاوند (۵) وہ شخص جس سے نکاح جائز نہ ہو جیسے باپ بھائی (۶) خاوند شوہر (۷) (مث) انگیا کی کٹوری (۸) انگیا - سینہ بند۔
محرم اسرار/راز: [ع - صف] راز دار - ہمراز - واقف حال۔
محرم کار: [عف - صف] کسی کام سے واقف - ماہر - تجربہ کار۔ عورتیں بغیر اضافت بولتی ہیں۔
محرم کرتی: [ار - امث] انگیا - کرتی
محرم کرنا: [ار - محاورہ] راز دار بنانا۔
محرم ہونا: [ار - محاورہ] دیکھئے "محرم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُحَرَّم: [ع - صف مفعولی] (۱) حرام کیا گیا - ممنوع (۲) قمری سال کا پہلا مہینہ - اس مہینے کی دسویں تاریخ کو حضرت امام حسینؑ کی شہادت ہوئی تھی اس لئے اہل تشیع اسے ماتم میں گزارتے ہیں (۳) کنایۃً غم کا زمانہ (۴) خانہ کعبہ کی چار دیواری (حرم)
محرم آرہا ہے: [ار - مقولہ] غم میں مبتلا ہے۔
محرم کا سپاہی: [ار - امذ] وہ لڑکا جسے عورتیں محرم میں سبز کپڑے پہناتی ہیں۔ جن عورتوں کے لڑکے مرجاتے ہوں وہ منت مانتی ہیں کہ اگر ان کا بچہ زندہ رہا تو وہ اُسے محرم کا سپاہی بنائیں گی۔
محرم کا مسالہ: [ار - امذ] ایک قسم کا مسالہ جس میں بھنا ہوا ناریل اور دھنیا شامل ہوتا ہے اسے محرم میں بجائے پان کے کھاتے ہیں۔
محرم کی پیدائش: [ار - صف] وہ شخص جو ہمیشہ غمگین رہتا ہو۔
محرمات: [ع - امذ - مث] (۱) ممنوع اشیاء (۲) ایک قسم کا ریشمی یا سوتی کپڑا جس پر سرخ دھاریاں ہوتی ہیں (۳) سلمے ستارے وغیرہ سے مرصع کپڑا (۴) پشمینے کی ایک قسم۔
مَحْرُوث: [ع - صف مفعولی] جس پر ہل چلایا گیا ہو (کھیت یا زمین)
محرور: [ع - صف مفعولی] (۱) گرم (۲) گرم مزاج (۳) وہ جسے غلامی سے آزادی دی گئی ہو (۴) مست پر شہوت۔
محرور المزاج: [ع - صف] گرم مزاج - گرم طبیعت۔
محروس: [ع - صف] (۱) محفوظ - حفاظت کیا گیا (۲) زیر نگرانی - زیر حفاظت۔
محروسہ: [ع - صف - مث] "محروس" کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے۔
محروف: [ع - امذ] اُلٹ کیا ہوا۔
محروق: [ع - امذ] جلا ہوا۔
محروقہ: [ع - صف] (۱) جلا ہوا (۲) (امذ) ایندھن۔
محروم: [ع - صف] (۱) رد کیا گیا - باز رکھا گیا (۲) ممنوعہ - منع کیا گیا - حرام کیا گیا (۳) بے نصیب - مایوس - ناکام - ناامید۔
محروم الارث: [ع - صف] وہ جو وراثت سے خارج کیا گیا ہو۔
محروم پھرنا/چلنا: [ار - محاورہ] مایوس ہو کر واپس جانا۔
محروم رکھنا: [ار - محاورہ] (۱) باز رکھنا - روک رکھنا (۲) مایوس رکھنا - ناامید رکھنا/کر دینا۔
محروم رہنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "محروم رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
محروم کرنا: [ار - محاورہ] (۱) حق مارنا/مار لینا - حق نہ دینا (۲) کسی کام سے روکنا۔
محروم ہونا: [ار - محاورہ] دیکھئے "محروم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
محرومی/محرومیّت: [ع - امث] (۱) ناامیدی - ناکامی - مایوسی (۲) بدنصیبی - بدطالعی۔
محزون: [ع - صف مفعولی] غمگین - رنجیدہ - مغموم۔
محسن: [ع - امذ] (۱) احسان کرنے والا - بھلائی کرنے والا - سلوک کرنے والا (۲) سخی - فیاض (۳) مددگار - معاون - سرپرست - مربی۔
محسن کش: [ع - صف] احسان کرنے والے کے ساتھ برائی کرنے والا۔
محسن کشی: [ع - امث] دیکھئے "محسن کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
محسنات: [ع - امث] (۱) نیکیاں - خوبیاں - بھلائیاں (۲) سلوک - احسانات (۳) خوبصورت اور نیک عورتیں۔
محسنی: [ع - صف] دیکھئے "محسن" جس سے یہ منسوب ہے۔
محسوب: [ع - صف مفعولی] (۱) شمار کیا گیا - گنا گیا - حساب کیا گیا (۲) حساب میں لگایا گیا - مجرا دیا گیا - (افعال: کرنا - ہونا)

مَحْسُود : [ع - صف مفعول] (۱) حسد کیا گیا - رشک کیا گیا (۲) (مذ) پٹھانوں کی وزیری قوم کی ایک شاخ -

مَحْسُوس : [ع - صف مفعول] (۱) وہ شے جو کسی حس کے ذریعہ سے معلوم ہو - (۲) ظاہر - آشکارا - معلوم (۳) پہچانا گیا - [افعال : کرنا - ہونا]

مَحْسُوسَہ : [ع - اند] وہ چیز جو محسوس ہو سکے - (عربی میں محسوس کی تانیث ہے -)

مَحْشَر / مَحْشِر : [ع - اند] وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں (۲) مجازاً قیامت کا دن - حشر - پرلو (۳) ہنگامہ -

مَحْشَر آرا : [ع - صف] لوگوں کو قیامت کے دن اکٹھا کرنے والا - مجازاً خدا تعالےٰ -

مَحْشَر بپا کرنا : [ار - محاورہ] خدا کا قیامت کے دن لوگوں کو حساب کے لئے اکٹھا کرنا - قیامت برپا کرنا -

مَحْشَر بپا ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "محشر بپا کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

مَحْشَر پناہ : [عف - صف] وہ جو قیامت کے دن پناہ دے -

مَحْشَر تک : [ار - متعلق فعل] ہمیشہ - قیامت تک - ہمیشہ کیلئے -

مَحْشَر خرام / قد : [ع - صف] جس کا چلنا یا قد محشر بپا کرے کنایتہً معشوق - محبوب -

مَحْشَر زا : [ع - صف] محشر برپا کرنے والا -

مَحْشَر کی چال : [ار - امث] قیامت کی چال - وہ چال جس سے ہنگامہ برپا ہو - کنایتہً معشوق کی چال -

مَحْشَر میں گواہی دینا : [ار - محاورہ] قیامت کے روز برخلاف شہادت دینا - مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ لوگوں کے برخلاف ہر چیز قیامت کے دن شہادت دیگی

مَحْشَرِی : [ع - اند] وہ لوگ جو محشر کے دن جمع ہوں گے -

مَحْشُور : [ع - اند] جو قیامت کے میدان میں اٹھایا جائیگا - حشر کیا گیا -

مُحَشّیٰ : [ع - صف مفعول] حاشیہ چڑھایا ہوا - شرح لکھی ہوئی -

مُحَشّی : [ع - ار - صف] وہ جو کپڑے پر جھالر یا لیس لگاتے ہیں - حاشیہ لکھنے والا -

مُحَصِّل : [ع - اند] وصول کرنے والا - محصول وصول کرنے والا - ٹیکس اگاہنے والا - تحصیل کا سپاہی - تحصیلدار -

مُحَصِّلانَہ : [عف - اند] محصل کی فیس -

مُحَصِّلی : [ع - اند] "محصِّل" کا کام یا عہدہ -

مُحْصَن : [ع - اند] (۱) جسکی حفاظت کی جائے - جسے بچایا جائے (۲) پاکدامن - نیک پارسا (۳) شادی شدہ - بیاہتا (۴) جس کے گرد دیوار بنائی جائے -

مُحْصِن : [ع - اند] (۱) بچانے والا - حفاظت کرنے والا (۲) پارسا - پاکدامن (۳) وہ جو کسی چیز کے گرداگرد دیوار بنائے / حفاظت کرے - محافظ - داروغہ

مُحْصَنَہ : [ع - امث] زن پارسا -

مَحْصُور : [ع - صف] گھیرا ہوا - روکا ہوا - مقید - قلعہ بند - [افعال : کرنا - ہونا]

مَحْصُول : [ع - مفعول] (۱) اکٹھا کیا گیا - حاصل کیا گیا (۲) ٹیکس - لگان ڈنڈ (۳) حاصل - خراج - مالگزاری (۴) کرایہ - اُجرت (۵) آمدنی -

مَحْصُول چُنگی : [ار - اند] وہ محصول جو میونسپل کمیٹیاں کسی شہر کی حدود میں نئی اشیا باہر سے لے جانے پر وصول کرتی ہیں -

مَحْصُول ڈاک : [ار - اند] ڈاک کی آمدنی - ڈاک کا محصول - ہلواسٹیج - ڈاک خرچ -

مَحْصُول سائر : [ع - اند] مختلف قسم کے محصول -

محصول لگانا : [ار - محاورہ] ٹیکس عاید کرنا

محصول لگنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "محصول لگانا" جس کا یہ لازم ہے -

محصول مال برآمد : [عف - اند] باہر جانے والے مال کا محصول یا ٹیکس -

مَحْصُولَہ : [ع - امث] دیکھئے "محصول" جس کی یہ تانیث ہے -

مَحْصُولی : [ع - امث] وہ زمین جس کی مالگزاری سرکار کو ادا کی جاتی ہے (۲) قابل محصول شے (۳) بیرنگ -

مَحْض : [ع - صف] (۱) خالص - نرا (۲) (متعلق فعل) صرف - فقط (۳) تمام بالکل - سراسر -

مَحْض بیوقوفی : [عف - امث] سراسر حماقت -

مَحْضَر : [ع - امث] (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) وہ کاغذ جس پر قاضی / مجسٹریٹ کی مہر لگی ہو (۳) نوشتہ جس پر بہت سے آدمی دستخط کریں یا مہر لگائیں اور کسی حاکم کے پاس بھیجیں -

محضر خانہ : [عف - اند] لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ - عدالت - تھانہ وغیرہ -

محضر کرنا : [ار - محاورہ] محضر۳ - بھیجنا -

محضر نامہ : [عف - اند] (۱) محضر۳ (۲) نوشتہ - عرض حال - عرضداشت - [افعال : بھیجنا - دستخط کرنا - مُہر لگانا - پیش کرنا وغیرہ]

مَحْظُوظ : [ع - مفعول] حظ یافتہ - مسرور - خوش -

مَحْفِل : [ع - امث] مجلس - جلسہ - آدمیوں کا مجمع - انجمن - سبھا -

محفل برخاست کرنا : [ار - مص مرکب] جلسہ ختم کرنا

محفل برخاست ہونا : [ار - مص مرکب] جلسہ ختم ہونا -

محفل برہم کرنا : [ار - مص مرکب] محفل کو بدمزہ کر دینا - محفل خراب کرنا -

محفل برہم ہونا : [ار - مص مرکب] محفل کا بدمزہ ہو جانا - لوگوں کا چلا جانا - محفل خراب ہو جانا -

محفل بگاڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "محفل برہم کرنا"

محفل بگڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "محفل برہم ہونا"

محفل پر چھانا : [ار - محاورہ] اہل محفل پر رعب جما لینا / رنگ جمانا -

محفل جمانا : [ار - محاورہ] جلسہ لگانا / منعقد کرنا -

محفل جمنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "محفل جمانا" جس کا یہ لازم ہے -

محفل درہم برہم کرنا : [ار - مص مرکب] دیکھئے "محفل برہم کرنا"

محفل درہم برہم ہونا : [ار - مص مرکب] دیکھئے "محفل برہم ہونا"

محفل رقص و سرود : [عف - امث] ناچنے اور گانے کا جلسہ / کی مجلس -

محفل سرد پڑنا : [ار - محاورہ] محفل کا بے رونق ہو جانا -

محفل عروسی : [ع - امث] شادی کی مجلس -

محفل کرنا : [ار - محاورہ] پیغمبر صلعم کا ذکر خیر کرنے کے لئے لوگوں کو

بُلانا / جمع کرنا (۲) رقص و سرود کے لیے لوگوں کو اکٹھا کرنا۔ ناچ دیکھنا ناچ کی مجلس کرنا۔

محفل گرم رکھنا: [ار۔ محاورہ] محفل کو بارونق رکھنا۔

محفل گونج اٹھنا: [ار۔ محاورہ] مجلس میں بہت تعریف ہونا۔

مَحْفُوظ: [ع۔ مفعول] (۱) حفاظت کیا گیا۔ بچایا گیا (۲) صحیح۔ سلامت۔ مصئون مامون (۳) یاد۔ حفظ۔ [افعال: رکھنا۔ رہنا۔ ہونا]

محفوظ رکھے: [ار۔ کلمہ دعا] امن میں رکھے۔ بچائے۔ سلامت رکھے۔

مَحْفُوظَہ: [ع۔ صف] "محفوظ" کی تانیث۔

مَحْق: [ع۔ اند] (۱) مٹانا۔ منسوخ کرنا۔ محو کرنا (۲) جلانا۔

مُحِق: [ع۔ اند۔ فاعل] (۱) سچ بولنے والا (۲) درست کام کرنے والا۔ انصاف کرنے والا (۳) یقینی طور پر جاننے والا (۴) حقدار (۵) مقرر کرنے والا قائم کرنے والا۔

مُحَقَّر: [ع۔ مفعول] (۱) حقیر سمجھا گیا۔ ذلیل کیا گیا (۲) حقیر ذلیل۔ کمینہ۔

مُحَقَّق: [ع۔ فاعل] (۱) تحقیق کیا گیا۔ یقین کیا گیا۔ تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا (۲) گاڑھا بُنا ہوا کپڑا (۳) فیصل شدہ۔ یقینی (۴) درست۔ صحیح۔ پاکیزہ (زبان یا گفتگو) (۵) (مذ) ایک قسم کا خط۔

مُحَقِّق: [ع۔ فاعل] (۱) تحقیق کرنے والا۔ جو کسی بات کو ثبوت سے ثابت کرے (۲) فلسفہ دان۔ فلاسفر (۳) صوفیوں کی اصطلاح میں وہ جو درجہ حقیقت کو پہنچ گیا ہو۔

مُحَقِّقانَہ: [ع۔ صف] از روئے تحقیق و صداقت۔

مِحَک: [ع۔ اند] (۱) کسوٹی۔ وہ پتھر جس پر سونے کو گھس کر دیکھتے ہیں۔ (۲) پرکھ۔ آزمائش۔ جانچ۔

محک زر ایمان: [ع۔ اند و مث] حجر اسود۔

محک زریں: [ع۔ اند و مث] کسوٹی۔ حجر اسود۔

مُحْکَم: [ع۔ صف مفعول] پکا۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پائیدار۔ مستقل۔

مُحْکَمات: [ع۔ امث] کلامِ الٰہی کی وہ آیتیں جو صریح ہوں۔ جن کے ایک سے زیادہ معنی نہ ہوں۔

مَحْکَمَہ: [ع۔ اند] (۱) حکم کرنے کی جگہ (۲) عدالت۔ کچہری۔ دربار (۳) صیغہ سررشتہ۔ ڈیپارٹمنٹ۔

مُحْکَمی: [ع۔ اند] مضبوطی۔ پائیداری۔ استحکام (محکم کا اسم کیفیت)

مَحْکُوک: [ع۔ مفعول] (۱) چھیلا گیا۔ محو کیا گیا (۲) (مذ) نگینہ جس پر کچھ کندہ ہو۔

مَحْکُوم: [ع۔ مفعول] (۱) حکم دیا گیا (۲) ماتحت۔ تابع۔ زیر فرمان (۳) رعایا۔ رعیت (۴) نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔

مَحْکُومَہ: [ع۔ صف۔ مث] دیکھیے "محکوم" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَحَل: [ع۔ اند] (۱) اترنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ جگہ۔ (۲) بڑا مکان۔ بادشاہوں / امیروں کا مکان۔ قصر۔ ایوان (۳) موقع۔ وقت (۴) رانی۔ ملکہ۔ بیگم۔ بیوی۔

محل آیا جی محل آیا۔ سر مونڈی دو لونڈیاں۔ اسباب آیا جی اسباب آیا۔ گلا ٹوٹی دو ہانڈیاں: [ار۔ مثل] دھوم دھام یہ کچھ اور دیا کچھ بھی نہیں۔

مَحَل اٹھانا: [ار۔ محاورہ] عالیشان مکان بنانا۔

مَحَل بنانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بیوی بنانا۔ شادی کرنا (۲) محل کی تعمیر کرنا

مَحَل بنوانا: [ار۔ محاورہ] محل تعمیر کرانا۔

مَحَل پانا: [ار۔ محاورہ] موقع پانا۔

مَحَل چنوانا: [ار۔ محاورہ] محل بنوانا۔

مَحَل خاص: [ع۔ اند] سب بیگموں میں سے افضل۔ بڑی بیگم چہیتی بیگم۔ بڑی رانی۔

مَحَل خانہ: [عف۔ اند] رئیسوں کا مکان۔

مَحَل خطر: [عف۔ اند] خطرے کا موقع۔ خطرے کی جگہ۔

محلاتی سازشیں: [ار۔ امث] وہ سازشیں یا منصوبے جو اندرون خانہ تیار ہوں (بالعموم حصول اقتدار کے لیے مستعمل ہے)

محلدار: [عف۔ اند] شاہی زمانے کا ایک عہدہ دار جو شاہی محل کا انتظام اور حفاظت کرتا تھا۔

محلدارنی: [ار۔ امث] وہ عورت جو محل کا انتظام کرتی اور تمام ملازمان محل کی افسر ہوتی تھی۔ محافظ محل۔

مَحَلسرا: [عف۔ اند] (۱) محل۔ حرم سرا۔

مَحَل کی بولی / زبان: [ار۔ امث] وہ زبان جو بیگمیں بولتی تھیں۔

مَحَل نظر: [ع۔ صف] (۱) جائے تامل۔ مقام فکر (۲) جائے اعتراض۔

محلی: [ع۔ اند] (۱) خواجہ سرا جو حرم سرا میں رہتا اور خدمت نظارت پر ممتاز ہوتا تھا (۲) (صف) محل کے متعلق۔

مُحَلِّل: [ع۔ صف] گھلا دینے والا۔ تحلیل کرنے والا۔

مَحْلُول: [ع۔ صف مفعول] حل کیا ہوا۔ گھلا ہوا۔

مَحَلَّہ: [ع۔ اند] (۱) شہر یا قصبے کا ایک حصہ۔ آبادی کا علیحدہ حصہ۔ پورہ ٹولہ گلی۔ کوچہ (۲) اترنے کی جگہ۔ منزل۔ فرودگاہ۔ کیمپ (۳) محلے کے لوگ (۴) (ف) فوج کا ملاحظہ۔

مَحَلّہ آباد کرنا: [ار۔ مص مرکب] دیکھیے "محلہ آباد ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

مَحَلّہ آباد ہونا: [ار۔ مص مرکب] شہر یا قصبے میں نئی آبادی ہونا۔ نیا محلہ بننا۔

مَحَلّہ اُجڑنا: [ار۔ مص مرکب] کسی محلے کا غیر آباد ہو جانا۔

مَحَلّہ خموشاں: [ع۔ ف۔ اند] کنایۃً قبرستان۔

مَحَلّہ دار: [عف۔ اند] (۱) محلہ کا چودھری۔ میر محلہ (۲) مالک مکان (۳) خاکروب۔ بھنگی۔ مہتر۔

مَحَلّہ داری: [عف۔ امث] محلہ میں رہنے کا فعل۔ محلہ دار ہونا۔

محلہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) فوج کا ملاحظہ کرنا (۲) بھنگیوں کی اصطلاح میں محلہ میں جا کر صفائی کا کام سرانجام دینا۔

مَحَلّہ کمانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "محلہ دیکھنا"۔

مَحَلّے: [ع۔ اند] دیکھیے "محلّہ" جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ صورت ہے۔

محلے میں آئی برات پڑوسن کو لگی گھبراہٹ : [ار- مثل] وہاں کہتے ہیں جب کوئی غیر زیادہ خیر خواہی جتاتے ۔

مُحَلّٰی : [ع - مفعول] (۱) کپڑے پہنایا گیا - ملبوس کیا گیا (۲) میٹھا - شیریں (۳) (فاعل مُحَلّی) وہ جو تلوار کے قبضے یا نیام کو سجاتے (۴) میٹھا کرنے والا ۔

مُحَمَّد : [ع - مفعول] (۱) تعریف کیا گیا - سراہا گیا (۲) پیغمبر آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم کا نام جو مکہ معظمہ میں خاندان قریش میں پیدا ہوئے ۔

مَحْمَدَت : [ع - امث] تعریف - ستائش ۔

مُحَمَّدی : [ع - امث] حضرت محمدؐ سے نسبت رکھنے والا - حضرت محمدؐ کا پیرو - مسلمان ۔

مُحَمَّدیہ : [ع - اند] کئی ایک فرقوں کا نام ۔

مَحْمِل : [ع - اند] کجاوہ - ایک قسم کی ڈولی جو اونٹ پر باندھتے ہیں ۔ (افعال : باندھنا - بندھنا - کسنا)

مَحْمِل کَش : [ع - صف] محمل اٹھانے والا / والے ۔

مَحْمِل نشین : [ع - صف] محمل میں بیٹھنے والا ۔

مَحْمُود : [ع - صف] تعریف کیا گیا - سراہا گیا - پیغمبر صلعم ۔

محمود کے رہے مسعود کے انڈے دے : [ار- مثل] آرام کسی سے پائے فائدہ کسی کو پہنچائے ۔

مَحْمُودی : [ع - امث] (۱) ایک قسم کی باریک ململ (۲) (مذ) عرب کا ایک نقرئی سکہ جو ۲/۱ آنے کے برابر ہوتا ہے (۳) افغانوں کی ایک قوم ۔

مَحْمُول : [ع - مفعول] (۱) لادا گیا - اٹھایا گیا (۲) قیاس - گمان یا ظن کیا گیا (۳) وہ جو موضوع کے مقابل واقع ہوتی ہے ۔

مَحْمُول عَلَیہ : [ع - صف] جس پر قیاس کیا جائے ۔

مَحْمُولہ : [ع - صف] دیکھئے "محمول (۱) - (۲)"

مِحَن : [ع - اند] (۱) محنت کی جمع - (۲) بلائیں - تکلیفیں ۔

مِحْنَت : [ع - امث] (۱) مشقت - ریاضت (۲) کوشش - سرگرمی - تندہی - جانفشانی (۳) رنج - تکلیف - دکھ (۴) مزدوری - کام کاج - دستکاری (۵) اُجرت کار - مزدوری - روزینہ - کام کی اُجرت ۔

محنت آباد : [عف - صف] (۱) مصیبتوں یا تکلیفوں سے بھرا ہوا (۲) (مذ) مصیبتوں اور تکلیفوں کی جگہ ۔

محنت اُٹھانا : [ار- محاورہ] (۱) تکلیف برداشت کرنا - دکھ سہنا (۲) جان مارنا - کوشش کرنا ۔

محنت آرام کی کنجی ہے : [ار- مقولہ] جو شخص محنت کرے گا وہ آرام سے رہے گا ۔

محنت اکارت (برباد) جانا : [ار- مص مرکب] کیا کرایا خراب ہو جانا - محنت رائیگاں جانا ۔

محنت برباد کرنا : [ار- مص مرکب] محنت کا کچھ صلہ نہ ملنا ۔

محنت برباد گناہ لازم : [ار- مقولہ] محنت اکارت گئی اُلٹا الزام آیا ۔

محنت ٹھکانے لگنا : [ار- محاورہ] کوشش کا صلہ ملنا - کسی کام میں کوشش کر کے کامیاب ہونا ۔

مِحْنَت شاقہ : [ع - امث] سخت محنت / جانفشانی - کارِ دشوار سعیٔ بلیغ ۔

محنت کر کے مر غا مرے بچے کھائے بلائی : [ار- مثل] مشقت سے مال کوئی جمع کرے اور اڑائے کوئی ۔

محنت کرنا : [ار- مص مرکب] (۱) کوشش کرنا - سعی کرنا (۲) مزدوری کرنا - کام کرنا (۳) قلبہ رانی کرنا - ہل چلانا - کاشت کرنا (۴) کوئی دستکاری کا کام کرنا ۔

مِحْنَت کَش : [عف - صف] (۱) جفاکش - محنتی (۲) مزدور ۔

محنت کشی : [عف - امث] دیکھئے "محنت کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

محنت کو راحت ہے : [ار- مقولہ] بغیر محنت ترقی نہیں ہوتی ۔

محنت مزدوری : [ار- امث] مزدوری - اُجرت - محنت کا کام - کاروبار - کام کاج ۔

محنت مشقت : [ار- امث] سخت محنت کا کام - مزدوری ۔

محنت نہ ملنا : [ار- محاورہ] (۱) کام نہ ملنا (۲) مزدوری نہ ملنا ۔

محنت وصول ہونا : [ار- محاورہ] محنت کا صلہ ملنا ۔

مَحْنَتی : [ع - صف] (۱) محنت کرنے والا - جفاکش (۲) مزدور - قلی ۔

محنتی آدمی : [عف - اند] (۱) مزدور - قلی (۲) وہ جو دستکاری کا کام کرے ۔

مَحْو : [ع - صف] زائل - دور - گم - معدوم - مٹا ہوا - فنا (۲) فریفتہ - عاشق (۳) چھپا ہوا - مٹایا ہوا - کھرچا ہوا - [افعال : کر دینا - کرنا - ہو جانا - ہونا]

مِحْوَر : [ع - اند] دُھرا جس پر پہیا گردش کرتا ہے - کیلی ۔

مِحْوَرِ زمین : [ع - ف - اند] قطبین کے درمیان وہ فرضی خط جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے ۔

محوری طاقتیں : [ع - ار - امث] - جنگ عظیم میں نازی جرمنی اور فسطائی اٹلی کے اتحاد کا نام (انگریزی لفظ AXIS POWERS) کا ترجمہ ۔

مُحَوَّل / مُحَوَّلہ : [ع - صف] (۱) حوالے کیا گیا - سپرد کیا گیا (۲) حوالہ دیا گیا ۔

مُحَوَّلہ حاشیہ : [عف - اند] جس کا حوالہ حاشیے پر دیا گیا ہو ۔

مَحْوِیَّت : [ع - امث] خیال میں گم - غرق ہونا - استغراق ۔

مُحْیِی : [ع - صف] مخلوق کو حیات بخشنے والا - زندہ کرنے والا - (۲) خدا تعالیٰ کا نام ۔

مُحْیِی الدّین : [ع - صف] (۱) دین کو زندہ کرنے والا (۲) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب (۳) شہنشاہ اورنگ زیبؒ کا نام ۔

مُحَیِّر : [ع - صف] حیران کرنے والا - تعجب میں ڈالنے والا ۔

مُحَیِّرُ العُقُول : [ع - صف] عقلوں کو حیرانی میں ڈالنے والا - عجیب و غریب - نادر ۔

مُحِیط : [ع - صف] (۱) احاطہ کرنے والا - گھیرنے والا (۲) ار - اند - دائرہ کا گول خط (۳) گردہ - دورہ - احاطہ - چکر - گھیرا ۔

مُحیط ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) احاطہ کرنا۔ گھیر لینا (۲) حاوی ہو جانا (۳) غالب ہو جانا (۴) چھا جانا۔

مُحیل: [ع۔ صف] فریبی۔ مکار۔ حیلہ گیر۔

م۔خ

مُخ: [ع۔ اند] مغز سر۔ گودا۔

مُخابَرہ: [ع۔ اند] خبر رسانی۔ باہم خبریں پہنچانا۔

مَخادِم: [ع۔ اند] دیکھئے "مخدوم" جس کی یہ جمع ہے۔

مَخارِج: [ع۔ اند] دیکھئے "مخرج" جس کی یہ جمع ہے

مَخازِن: [ع۔ اند] دیکھئے "مخزن" جس کی یہ جمع ہے۔

مُخاصِم: [ع۔ اند] دشمنی کرنے والا۔ خصومت رکھنے والا۔

مُخاصِمانہ: [عف۔ صف] دشمنی سے۔

مُخاصَمت: [ع۔ امث] دشمنی۔ مخالفت۔ لاگ۔ بیر۔

مُخاطِب: [ع۔ صف فاعلی] خطاب کرنے والا۔ بات کرنے والا۔ بولنے والا۔

مُخاطَب: [ع۔ صف مفعولی] (۱) وہ شخص جس سے بات کہی جائے (۲) متوجہ۔

مُخاطَبت: [ع۔ امث] کلام۔ بات۔ خطاب۔ ایک دوسرے کو مخاطب کرنا۔

مُخاطَبہ: [ع۔ اند] دیکھئے "مخاطبت"۔

مُخاطَرہ: [ع۔ اند] (۱) خطرہ۔ ڈر۔ خوف۔ اندیشہ (۲) وہ بات جو ذہن میں آجائے (۳) خطرے میں پڑنا۔ اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔

مَخافَت: [ع۔ امث] جائے خوف۔ خطرہ۔ اندیشہ۔

مُخالَطت: [ع۔ امث] (۱) میل جول۔ اختلاط۔ دوستی (۲) ایک دوسرے سے باتیں کرنا۔

مُخالِف: [ع۔ صف] (۱) برخلاف۔ الٹا۔ برعکس (۲) خلاف کرنے والا (۳) دشمن۔ عدو۔

مُخالِف ہونا: [ار۔ مص مرکب] (۱) برخلاف ہونا (۲) باغی ہونا۔ (۳) برعکس ہونا۔

مُخالَفت: [ع۔ امث] (۱) دشمنی۔ عداوت (۲) اختلاف۔ ایک دوسرے کے خلاف کرنا (۳) ضد۔ ہٹ (۴) کشیدگی۔ مغائرت [افعال: کرنا۔ ہونا]

مُخْبِر: [ع۔ اند] (۱) خبر دینے والا (۲) جاسوس۔ خفیہ پولیس۔ رپورٹر۔

مُخبِر صادق: [ع۔ اند] کنایۃً پیغمبر صلعم۔

مُخبِری: [ع۔ امث] جاسوسی۔ خفیہ خبریں دینا۔

مَخبُوط: [ع۔ صف مفعولی] (۱) پاگل۔ خبطی۔ دیوانہ۔ مجنوں۔ بدحواس۔

مَخبُوط الحَواس: [ع۔ صف] دیکھئے "مخبوط"۔

مُختار: [ع۔ صف مفعولی] (۱) اختیار دیا گیا۔ منتخب کیا گیا۔ بااختیار۔ مجاز۔ (۲) آزاد (۳) سرپرست۔ سربراہ کار (۵) ایجنٹ۔ گماشتہ۔ مُنیب۔ (۶) ایک قسم کا وکیل (۷) کنایۃً حضور صلعم۔

مُختارِ حق: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] پیغمبر صلعم۔

مُختارِ خاص: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] وہ شخص جس کے سپرد کوئی خاص کام کیا گیا ہو

مُختارِ ریاست: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] کسی ریاست۔ جائیداد / جاگیر کا منتظم

مُختارِ عام: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] وہ شخص جس کے نام مختار نامہ عام ہو۔ امور عامہ کا مختار۔

مُختارِ عدالت: [ع۔ اند] کچہری کا مختار۔ پبلک اٹارنی۔

مُختارِ کار: [عف۔ اند] کام کرنے کا مجاز۔ سربراہ کار۔

مُختارِ کاری: [ع۔ امث] دیکھئے "مختار کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مُختار کرنا: [ار۔ محاورہ] اختیارات دینا۔ مختار مقرر کرنا۔

مُختارِ کل / مُطلق: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] جسے پورا پورا اختیار ہو۔ مدار المہام۔

مُختار نامہ: [عف۔ اند] وہ تحریر جس کی رُو سے کسی شخص کو مختار بنایا گیا ہو۔

مُختار نامۂ خاص: [ع۔ اند] کسی خاص کام کے لئے اختیار دینے کی تحریر۔

مُختار نامہ عام: [ع۔ اند] عام امور کی نسبت اختیارات دینے کی تحریر۔

مُختار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مختار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مُختاری: [ع۔ امث] سربراہی۔ مختار کا پیشہ / کام۔

مُختاری کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مختار کا کام کرنا (۲) انتظام کرنا (۳) مختار کا پیشہ کرنا۔

مُختال: [ع۔ صف] (۱) مغرور۔ متکبر۔ جو اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھے۔

مُختَتَم: [ع۔ صف] ختم کیا گیا۔

مُختَتِم: [ع۔ صف فاعلی] ختم کرنے والا۔

مُختَرَع: [ع۔ صف مفعولی] (۱) ایجاد کیا گیا۔ وہ چیز جو ایجاد کی جائے۔ وہ لفظ جو گھڑا جائے (۲) (امث) ایجاد۔ دریافت۔

مُختَرِع: [ع۔ صف فاعلی] موجد۔ بانی۔ ایجاد کرنے والا۔

مُختَص: [ع۔ صف مفعولی] (۱) خاص کیا گیا (۲) خاص۔ بنح کا منتخب۔ چُنا گیا۔

مُختَصَر: [ع۔ صف مفعولی] (۱) خلاصہ کیا گیا۔ اختصار کیا گیا (۲) خلاصہ۔ انتخاب۔ چھوٹا۔

مُختَصَراً: [ع۔ متعلق فعل] اختصار کے ساتھ۔ خلاصۃً

مُختَصَر (سی) بات: [ع۔ امث] وہ بات جس میں طوالت نہ ہو۔

مُختَصَر طور پر: [ار۔ متعلق فعل] بالاختصار۔ قصہ کوتاہ۔

مُختَصَر کرنا: [ار۔ مص مرکب] (۱) خلاصہ کرنا۔ اختصار کرنا۔ (۲) گھٹانا۔ کم کرنا۔

مُختَصَر نویس: [عف۔ صف] دیکھئے "اختصار نویس"۔

مُختَصَر نویسی: [عف۔ امث] دیکھئے "اختصار نویسی"۔

مُختفی : [ع ۔ صف ۔ فاعلی] (۱) چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ خفیہ (۲) وہ ہائے ہوز جو پڑھی نہیں جاتی محض حرکت کے اظہار کے لئے ہوتی ہے ۔
مُختَل : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] بگڑا ہوا ۔ درہم برہم
مُختلُ الحواس : [ع ۔ صف] حواس باختہ ۔ مخبوط الحواس ۔
مُختلَط : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] ملا ہوا ۔ گڈمڈ ۔
مُختلِط : [ع ۔ صف ۔ فاعلی] (۱) اختلاط کرنے والا (۲) نامعلوم ۔ غیر مشہور ۔ گمنام (شجرہ نسب) (۳) گڈمڈ (کاروبار)
مُختلِف : [ع ۔ صف ۔ فاعلی] (۱) جُدا ۔ جو یکساں نہ ہو ۔ علیحدہ (۲) قسم قسم کا ۔ طرح طرح کا ۔
مُختلِفُ الاَضلاع : [ع ۔ صف] جس کے اضلاع یا پہلو ایک جیسے نہ ہوں (مثلث / چوکور)
مُختلِف الطّبائع : [ع ۔ صف] قسم قسم کی طبیعتوں کے ۔
مُختلِف العقائد : [ع ۔ صف] جُدا جُدا عقیدوں کے ۔
مُختلِف اوقات میں : [ا ۔ متعلق فعل] علیحدہ علیحدہ وقتوں پر ۔
مُختلَف فیہ : [ع ۔ صف] (۱) وہ جس پر اتفاق نہ ہو ۔ وہ جس کے متعلق مختلف رائیں ہوں ۔
مَختُوم : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] (۱) مہر شدہ ۔ دستخط کیا گیا (۲) بند کیا گیا ۔ مُقفل
مَختُون : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] ختنہ کیا گیا ۔
مُخدَّر : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] پردے میں رکھا ہوا ۔ برقع پوش ۔ چھپا ہوا ۔
مُخدِّر : [ع ۔ صف ۔ فاعلی] (۱) سُن کر دینے والا ۔ بے حس و حرکت کر دینے والا (۲) خواب آور ۔ نیند لانے والا ۔
مُخدَّرات : [ع ۔ امث] پردہ نشین عورتیں ۔ نیک بخت / پارسا عورتیں (۲) مُخدَّر کی جمع ۔
مُخدِّرات : [ع ۔ امث] (۱) دیکھئے "مُخدِّر" جس کی یہ جمع ہے (۲) سُن کر دینے والی دوائیں ۔ خواب آور دوائیں ۔
مُخدَّرات مُقدّسہ : [ع ۔ امث] اسرار الٰہی ۔
مَخدُوش : [ا ۔ صف ۔ مفعولی] پُرخطر ۔ وسوسہ کیا ہوا ۔ خدشہ سے اسم مفعول اہل ہند کی اختراع ہے اور غلط ہے ۔
مَخدُوم : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] (۱) خدمت کیا گیا (۲) قابل تعظیم (۳) آقا ۔ مالک (۴) مسلمان پیر ۔
مَخدُومہ : [ع ۔ صف] دیکھئے "مخدوم" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مخدومی / مخدومیّت : [ع ۔ امث] دیکھئے "مخدوم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَخذُول : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] ذلیل ، خوار ۔ ذلیل کیا گیا ۔
مِخراج : [ع ۔ اند] خارج کرنے کا آلہ
مُخرِّب : [ع ۔ صف ۔ فاعلی] خراب کرنے والا ۔ ویران کرنے والا ۔
مُخرَّب : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] خراب شدہ ۔ بگڑا ہوا ۔
مَخرَج : [ع ۔ اند] (۱) نکلنے کی جگہ ۔ منبع ۔ مصدر (۲) اصل ۔ جز ۔ مادہ ۔
مُخرِج : [ع ۔ صف] باہر نکالنے والا ۔

مَخرُوط : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] (۱) گاؤدُم ۔ گاجر کی شکل کا (۲) چھیلا گیا تراشا گیا (۳) گاؤدم چیز ۔ مجرّد ول (۴) چوپہل مینار ۔
مَخرُوطی : [ع ۔ صف] گاجر کی شکل کا ۔ گاؤدُم ۔
مَخزَن : [ع ۔ اند] (۱) جمع کرنے کی جگہ ۔ خزانہ ۔ ذخیرہ ۔ گدام / گودام (۲) رسالہ ۔ میگزین ۔
مَخزنُ الاَسرار : [ع ۔ اند] وہ جسے بہت سے راز معلوم ہوں ۔
مخزن العلوم : [ع ۔ اند] ایک قسم کی کتاب جس میں مختلف علوم کا تذکرہ ہو ۔
مخزوم : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] (۱) جس کی ناک چھدی ہوئی ہو ۔ نتھو (۲) (بنو) ایک قبیلے کے جد اعلیٰ کا نام ۔
مَخزُون : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] خزانہ میں رکھا گیا ۔ خزانہ کی چیز ۔ شامل خزانہ ۔
مَخزُونہ : [ع ۔ صف ۔ مث] خزانہ میں رکھی ہوئی چیز ۔ گڑی ہوئی چیز ۔ دفینہ ۔
مَخصُوص : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] (۱) خاص کیا گیا (۲) نامزد کیا گیا ۔
مخصوص کرنا : [ا ۔ مص ۔ مرکب] (۱) خاص کرنا (۲) نامزد کرنا ۔
مُخَضَّب : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] خضاب کیا گیا ۔ رنگا گیا ۔ (اردو میں ڈاڑھی کے متعلق استعمال ہوتا ہے)
مُخضِّب : [ع ۔ اند] خضاب کرنے والا ۔ رنگنے والا ۔
مُخضَر : [ع ۔ مفعول] (۱) سبز ۔ سرسبز (۲) مبارک ۔ بابرکت ۔
مُخضرَم : [ع ۔ مفعول] (۱) لونڈی کا بچہ جسے اپنا باپ معلوم نہ ہو (۲) جس نے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانے دیکھے ہوں ۔
مِخطاط : [ع ۔ اند] (۱) وہ رُول یا مسطر جس سے لکیریں کھینچیں (۲) تختی جس پر لکھیں یا تصویریں بنائیں ۔
مُخطّط : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] (۱) دھاری دار ۔ لکیروں والا (۲) (ع) خوبصورت ۔ حسین (۳) سبزہ آغاز ۔ جس کی مسیں بھیگ رہی ہوں ۔
مَخطُوب : [ع ۔ مفعول] منسوب ۔ وعدہ کیا گیا ۔
مَخطُوبہ : [ع ۔ امث] منگیتر ۔ وہ عورت جس کی منگنی ہو چکی ہو ۔
مَخطُور : [ع ۔ مفعول] (۱) وہ جس میں خطرہ ہو ۔ خطرناک ۔ خوفناک ۔ (۲) خیال کیا گیا ۔ سوچا گیا ۔
مَخطُورات : [ع ۔ اند] دل کے خطرے ۔ دلی خیالات ۔
مَخطُوط : [ع ۔ مفعول] دھاری دار ۔ لکیروں والا ۔ جھری دار ۔
مَخطُوطہ : [ع ۔ اند] قلمی نسخہ ۔ غیر مطبوعہ ۔
مُخطی : [ع ۔ اند] وہ جو غلطی سے خطا کرے ۔ جس سے بے ارادہ خطا ہو جائے ۔
مُخفّف : [ع ۔ مفعول] (۱) تخفیف کیا گیا ۔ گھٹایا گیا ۔ کم کیا گیا (۲) اختصار کیا گیا (۳) وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف گھٹایا جائے ۔ (۴) وہ حرف صحیح جس پر بجائے ملنے کے چھوٹا اعراب دیا جائے یا تشدید رفع کی جائے ۔
مُخفّفہ : [ع ۔ امث] دیکھئے "مُخفّف" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مَخفی : [ع ۔ مفعول] چھپا ہوا ۔ خفیہ ۔ پوشیدہ ۔

مخفی رکھنا / کرنا: [ا۔ مص مرکب] چھپانا۔ خفیہ رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا / ڈھانپنا۔

مخفی رہنا: [ا۔ مص مرکب] خفیہ رہنا۔

مخفی نہ رہے: [ا۔ متعلق فعل] پوشیدہ نہ رہے۔ واضح ہو۔ معلوم ہو۔

مُخِل: [ع۔ امذ] (۱) خلل ڈالنے والا۔ حارج (۲) مُفسِد۔ فتنہ پرداز۔ (۳) (ع) جو اپنا وعدہ پورا نہ کرے۔

مُخِل ہونا: [ا۔ مص مرکب] حارج ہونا۔ خلل انداز ہونا۔

مُخَلّا: [ع۔ مفعول] عربی میں اصل لفظ مخلّیٰ تھا۔ فارسیوں نے یہ شکل اختیار کر لی ہے۔ دیکھیے "مُخَلّیٰ"

مُخَلخَل: [ع۔ امذ] وہ جگہ جہاں خلخال پہنی جائے۔ ٹخنہ۔

مُخَلَّد: [ع۔ صف مفعولی] (۱) ہمیشہ۔ دائمی (۲) وہ جو بڑھاپے میں بھی کام کے لائق ہو۔

مُخلِص: [ع۔ صف فاعلی] (۱) خالص۔ سچا۔ باوفا (۲) (مذ) سچا دوست۔ یارِ صادق

مُخلِصانہ: [ع۔ متعلق فعل] سچے دل سے۔

مَخلَصی: [ع۔ امث] رہائی۔ آزادی۔ چھٹکارا۔ نجات۔ خلاصی۔ [افعال: دلانا۔ دینا۔ ہونا]

مُخَلَّط: [ع۔ صف مفعولی] اچھی طرح ملا ہوا۔

مُخَلَّع: [ع۔ صف مفعولی] خلعت دیا گیا۔ خلعت پہنایا گیا۔

مَخلُوط: [ع۔ صف مفعولی] ملا ہوا۔ ملا جلا۔ گڈ مڈ

مَخلُوطُ النَّسل: [ع۔ صف] وہ شخص جو ایک نسل سے نہ ہو۔ دوغلا۔

مَخلُوق: [ع۔ صف مفعولی] (۱) پیدا کیا گیا۔ پیدا کیا ہوا (۲) (مث) دنیا۔ کائنات۔ خلقت۔

مَخلُوقِیَّت: [ع۔ امث] پیدا کیے جانے کی حالت۔

مُخَلّیٰ / مُخَلّے: [ع۔ صف مفعولی] (۱) خالی کیا گیا (۲) آزاد یا رہا کیا گیا۔

مُخَلّے بالطَّبع: [ع۔ صف] (۱) بے تکلف آزاد (۲) وہ جسے اس کی طبیعت پر آزاد چھوڑ دیا جائے۔

مُخَمَّر: [ع۔ صف مفعولی] (۱) خمیر کیا گیا۔ گوندھا گیا (۲) خمیر یا فطرت میں شامل۔

مُخَمِّر: [ع۔ صف فاعلی] خمیر کرنے والا۔

مُخَمَّس: [ع۔ صف مفعولی] (۱) پانچ ضلعوں والی شکل۔ پنج گوشہ (۲) (مذ) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو۔

مُخَمَّسہ: [ع۔ امذ] ماں۔ بہن یا دادے کے متعلق تقسیم جائیداد کا ایک مسئلہ جس پر پانچ صحابہ حضرت علی۔ حضرت عثمانؓ۔ ابن مسعود۔ زید اور ابن عباس رضی اللہ عنہم میں اختلاف تھا۔

مُخمَصَہ: [ع۔ امذ] (۱) جھمیلا۔ جھگڑا۔ بکھیڑا (۲) غم جس سے دل مضطرب ہو (۳) بھوک۔ پیٹ کا خالی ہونا۔

مخمصے میں پڑنا: [ا۔ محاورہ] عذاب میں مبتلا ہونا۔ جھگڑے میں پھنسنا۔

مخمصے میں ہونا: [ا۔ مص مرکب] جھگڑے میں مبتلا ہونا۔

مَخمَل: [ع۔ امث] (عربی میں مُخمَل ہے) بعض شعرا نے مذکر بھی باندھا ہے۔ (۱) ایک قسم کا کپڑا جس کی ایک طرف نہایت ملائم اور روئیں دار ہوتی ہے (۲) (گل) ایک پھول جو چولائی کے پودے پر لگتا ہے۔ (۳) (صفت) ملائم۔ نرم۔

مخمل دو خوابہ: [ع۔ امث] وہ مخمل جس کی دونوں طرفیں روئیں دار ہوتی ہیں۔

مخمل سا: [ا۔ صف] بہت نرم۔ بہت ملائم

مخملی / مخملیں: [ع۔ ف۔ صف] مخمل کا۔ مخمل سا۔ مخمل کی طرح کا۔

مَخمُور: [ع۔ صف مفعولی] مست۔ نشے میں چور۔ مدہوش۔ متوالا [افعال۔ رہنا۔ کرنا۔ کر دینا۔ ہو جانا۔ ہونا]

مُخَنَّث: [ع۔ صف مفعولی] ہیجڑا۔ زنخا۔ نامرد۔

مخنث کرنا: [ا۔ محاورہ] ہیجڑا بنانا۔ خصیے نکال دینا۔

مخنث ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "مخنث کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مَخنُوق: [ع۔ صف مفعولی] گلا گھونٹا ہوا۔ گلا سوجا ہوا۔

مُخَوَّف: [ع۔ صف مفعول] ڈرا ہوا۔ خوف زدہ۔

مُخَوِّف: [ع۔ صف فاعلی] (۱) خوف دلانے والا۔ ڈرانے والا۔ (۲) خوفناک۔ خطرناک۔

مَخَول: [ا۔ امث] مذاق۔ ٹھٹھا۔ چھیڑ۔ ہنسی ٹھٹھا۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]

مَخولیا: [ا۔ امذ] (۱) مسخرا۔ ظریف (۲) وحشی۔ خبطی۔ گھبرایا ہوا۔ (آدمی) (۲ معنوں میں مالیخولیا کا مخفف ہے)

مُخیانا: [ا۔ مص] (۱) مارنا۔ پیٹنا (۲) مطیع بنانا۔ قابو میں لانا۔

مُخَیَّر: [ع۔ صف مفعولی] اختیار دیا گیا (۲) بے پروا۔

مُخَیِّر: [ع۔ صف فاعلی] (۱) اختیار دینے والا (۲) خیرات کرنیوالا۔ نیکی کرنے والا۔ (۳) سخی۔ فیاض۔

مُخَیَّر بازار: [ع۔ امذ] کسی چیز کی فروخت اس شرط پر کہ اگر خریدار چاہے تو مقررہ وقت کے اندر چیز واپس کر دے۔

مُخَیَّل: [ع۔ صف مفعولی] خیال کیا گیا۔ سوچا گیا۔

مُخَیِّلہ: [ع۔ امذ] خیال کی قوت۔ قوت خیالی۔

م۔د

مَدّ: [ع۔ امذ] (۱) کشش۔ چڑھاؤ۔ جوار۔ سمندر کے پانی کا چڑھاؤ۔ جو چاند کی کشش کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جس طرف چاند جاتا ہے اسی طرف پانی کا چڑھاؤ ہوتا ہے (۲) الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت (~) ان معنوں میں مؤنث بھی استعمال ہوتا ہے (۳) (مث) وہ لبا خط جسے کھینچ کر نیچے حساب لکھنا شروع کرتے ہیں (۴) عرض میں وہ خط جسے کھینچ کر نیچے مضمون لکھنا شروع کرتے ہیں (۵) وہ لکیر جو ہر مضمون ختم ہونے پر دوسرا مضمون شروع کرنے سے پہلے بناتے ہیں (۶) عنوان۔ سرنامہ۔ سُرخی (۷) محکمہ۔ دفتر۔ نوکری کا صیغہ۔ صیغۂ ملازمت (۸) اندراج (۹) خانہ (۱۰) باب۔ فصل (۱۱) رقم۔

مَدّ: [ع۔ مصدر] (۱) پھیلنا (۲) لمبا کرنا۔

مَد: [ھ۔ صف] (۱) بدبودار جس میں تیل یا چربی کی بو ہو۔

مَد: [س۔ اِمذ] (۱) کوئی نشہ آور شے۔ شراب مے۔ دارو (۲) نشہ۔ خمار مستی۔ مدہوشی۔ کیف۔ سرشاری (۳) دیوانگی۔ جنون۔ سودا (۴) شہوت۔ مستی۔ جوش۔ جذبہ۔ ولولہ (۵) خواہش۔ شوق۔ عشق (۶) مشک (۷) خوشی۔ انبساط۔ فرحت۔ آنند (۸) تکبر۔ غرور۔ مان۔ گرب (۹) منی۔ نطفہ (۱۰) شہد۔ انگبین (۱۱) پانی جو مستی کی حالت میں پستانوں سے ٹپکے (۱۲) پانی جو درختوں سے ٹپکے (۱۳) پانی جو مست ہاتھی کی کنپٹی سے ٹپکے (۱۴) ندی۔ دریا۔ بحر (۱۵) کوئی خوبصورت چیز (۱۶) ساتواں نکشتر

مُد: [ع۔ اِمذ] خشک چیزوں کا ایک پیمانہ جو وزن میں دو رطل ہوتا ہے۔

مُد: [س۔ اِمث] (۱) بیوی (۲) خوشی۔ فرحت۔ انبساط۔ آنند (۳) نشہ۔ خمار۔ مستی۔

مَدِّ امانت: [ع۔ اِمث] (۱) رقم امانت (۲) حساب امانت (۳) بصیغۂ امانت۔

مَد بھرا: [ھ۔ صف] مست۔ نشیلا۔

مَد بھرے نَین: [ہ۔ اِمث] مست آنکھیں۔ نشیلی آنکھیں۔

مَدپتی: [ہ۔ اِمذ] کرشن جی / اِندر۔

مَد پر آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مستی پر آنا (۲) مست ہونا (۳) جوان ہونا۔ جوبن پر آنا۔

مَدِّ سُرمہ: [ع۔ اِمث] سرمے کا خط جو آنکھوں میں کھینچا جاتا ہے۔ تحریرِ سُرمہ۔

مُدّ ظِلّکُم / ظِلّہٗ / العالی: [ع۔ دعا] خدا اس کا / تمہارا سایہ لمبا کرے۔ بزرگوں کے القاب

مَدِّ فاضِل: [ع۔ اِمث] (۱) فضول اور بیکار چیز (۲) وہ مد جو بیکار ہو۔

مَد کھینچنا: [ار۔ محاورہ] خط کھینچنا۔

مَد کی ماتی: [ھ۔ صف۔ مث] (۱) مخمور۔ بدمست۔ نشیلی (۲) پُرشہوت۔ شہوت سے بھری ہوئی۔

مَدماتا: [ہ۔ صف۔ مذ] (۱) پُرشہوت۔ مست (۲) مخمور۔ سرشار (۳) جوبن پر۔ بہار پر (۴) پُرشوق۔ خواہشمند۔ عاشق (۵) مغرور۔ متکبر۔ خودبین۔ ابھیانی۔

مَدماتی: [ہ۔ صف۔ مث] دیکھئے "مدماتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَدِّ مُقابِل: [ع۔ صف] (۱) برابر کا دعویٰ دار۔ مخالف۔ حریف۔ رقیب (۲) برابر کی چوٹ۔ برابر کا جوڑ (۳) برابر کا خط۔ جمع اور خرچ کی مد جو ایک دوسرے کے محاذی ہوتی ہے (۴) دو سوداگروں کا باہمی کھاتا۔

مَدِّ نَظَر: [ع۔ اِمث] (۱) وہ چیز جو نظروں کے سامنے ہو۔ پیشِ نظر و نگاہ (۲) قصد۔ ارادہ۔ مقصودِ دلی (۳) منظورِ نظر۔ محبوب۔ وہ چیز جو آنکھوں میں کھُبی ہوتی ہو۔

مَدِّ نگاہ: [ع۔ اِمث] دیکھئے مدِّ نظر۔

مَدّ و جزر: [عف۔ اِمذ] سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ۔ اتار چڑھاؤ۔

مَدّا: [ھ۔ صف] کم قیمت۔ ارزاں۔

مَدّا پڑنا: [ار۔ محاورہ] کساد بازاری ہونا۔

مَدّاح: [ع۔ صف] تعریف کرنے والا۔ ثناخوان

مَدّاحی: [عف۔ اِمث] دیکھئے "مداح" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَداخِل: [ع۔ اِمذ] دیکھئے "مدخل" جس کی یہ جمع ہے۔

مَداخِل مخارج: [ع۔ اِمذ] آمدنی و خرچ۔ روپیہ کی درآمد برآمد۔ (مدخل و مخرج کی جمع)

مُداخَلَت: [ع۔ اِمث] (۱) دخل۔ دست اندازی۔ مزاحمت۔ تعرض (۲) قبضہ۔ قابو۔ تصرف۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

مُداخَلَتِ بے جا: [عف۔ اِمث] کسی کے مکان یا زمین پر بغیر مالک کی اجازت کے جرم کرنے یا کسی کو بے عزت کرنے یا رنج دینے کے لئے داخل ہونا (قانون)

مِداد: [ع۔ اِمث] روشنائی۔ دوات کی سیاہی۔

مِداد پاک کُن: [عف۔ اِمذ] حروف مٹانے کی چیز۔ ربڑ وغیرہ۔

مَدار: [ار۔ اِمذ] آک کا پودا۔ ایک خودرو پودا جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں سے روئی کی مانند ریشے نکلتے ہیں۔

مدار کا ٹِڈّا: [ار۔ اِمذ] آک پر بیٹھنے والا سبز رنگ کا کیڑا جس کے پر سرخ ہوتے ہیں۔

مدار کی بُڑھیا: [ار۔ اِمث] آک کے ڈوڈے میں سے نکلے ہوئے روئیں جو ہوا میں اڑتے ہیں۔

مَدار: [ع۔ اِمذ] (۱) گردش کی جگہ۔ دَور کرنے کی چول۔ دھری۔ کیلی (۲) منحصر کیا گیا۔ موقوف کیا گیا جس پر کوئی بات ٹھہری ہو۔ انحصار (۳) دور۔ دائرہ۔ (۴) قرار۔ ٹھہراؤ۔ قیام (۵) ستارے کا دورہ کرنے کا مقام۔ قطب

مَدار: [ار۔ اِمذ] (۱) ایک فقیر کا نام جس کا مزار مکھن پور میں ہے (۲) عورتوں کی زبان میں ماہ جمادی الاولیٰ۔

مَدارُ المَہام: [ع۔ صف] وہ شخص جس پر امورِ سلطنت کا دارومدار ہو۔ وزیراعظم۔

مَدارِ کار: [عف۔ اِمذ] کام کا انحصار۔ موقوف علیہ۔

مدار کا چاند: [ار۔ اِمذ] عورتوں کی زبان میں جمادی الاولیٰ کا مہینہ۔

مدار کی انکھیاں: [ار۔ اِمث] سونے چاندی کی آنکھوں کی شبیہ جو عورتیں منّت پوری ہونے پر شاہ مدار کے مزار پر چڑھاتی ہیں۔

مَدارا / مدارات: [ع۔ اِمذ اِمث] خاطر تواضع۔ آؤ بھگت۔ اچھی طرح پیش آنا۔

مدارج: [ع۔ اِمذ] مدرج کی جمع۔ درجے۔ رُتبے۔ مناصب۔

مَدارِس: [ع۔ اِمذ] دیکھئے "مدرسہ" جس کی یہ جمع ہے۔

مَداری: [ار۔ اِمذ] (۱) شعبدہ باز۔ ہاتھ کی چالاکی سے کھیل تماشے کرنے والا (۲) بھان متی۔ نٹ۔ بازی گر۔ بندر، ریچھ اور سانپ کا تماشا کرنے والا۔

مَداریا: [ار۔ اِمذ] (۱) حضرت شاہ مدار کے سلسلہ کا پیرو (۲) ایک قسم کا چھوٹا حقہ۔

مُدافِع: [ع۔ صف مفعولی] جو روکا جائے۔ جس کی مخالفت کی جائے۔

مُدافِع : [ع۔صف فاعلی] دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا۔
مُدافعَت : [ع۔امث] (۱) دفع کرنا۔ دفعہ کرنا (۲) روکنا۔ روک۔ (۳) تردید۔
مُدام : [ع۔صف مفعولی] (۱) ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔ دائم۔ متواتر۔ (۲) شراب۔ مے۔
مُدامی : [عف۔امث] دیکھئے "مُدام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُداوا : [ف۔امذ] دیکھئے "مداوات" جس کا یہ مخفف ہے۔
مُداوات : [ع۔امث] علاج معالجہ (۱) [illegible] (۲) تدبیر۔ چارہ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مَداوَشتی : [ہ۔امث] وہ عورت [illegible]۔
مُداوَمت : [ع۔امث] ہمیشگی۔ دوام۔ ثبات۔ قیام۔
مُداہَنَت : [ع۔امث] (۱) جھوٹ۔ چرب زبانی (۲) خوشامد (۳) جو دل میں ہو اس کے برخلاف ظاہر کرنا (۴) سستی کرنا۔
مَدائح : [ع۔امذ] دیکھئے "مدیحہ" جس کی یہ جمع ہے۔
مُدایَنَت : [ع۔امث] قرضہ کا لین دین۔
مُدبِر : [ع۔صف] (۱) واپس آنے یا جانے والا۔ جو پیٹھ پھیرے (۲) وہ جسے اس کے نصیبے نے پیٹھ دکھائی ہو۔ بدبخت۔ بدنصیب واژوں بخت۔
مُدَبَّر : [ع۔صف مفعولی] (۱) اچھی طرح کیا ہوا۔ قابلیت سے انصرام کیا ہوا (۲) وہ دوا جس کی اصلاح اور درستی کی گئی ہو۔
مُدَبِّر : [ع۔صف] (۱) تدبیر کرنے والا (۲) عقلمند۔ دانشمند (۳) مشیر۔ صلاح کار (۴) (۵) منتظم۔ وزیر۔ گورنر۔ ڈائریکٹر۔
مُدبِری : [ع۔امث] بدبختی۔ کم بختی۔ بدنصیبی۔
مُدَبِّری : [ع۔امث] (۱) انتظام۔ اِنصرام (۲) مدبر کا عہدہ۔
مُدّت / مُدّۃ : [ع۔امث] عرصہ دراز۔ عرصہ۔ دیر (۲) وقت۔ زمانہ (۳) میعاد۔ مہلت (۴) وقفہ۔ ڈھیل (۵) قرن۔ جُگ
مُدّۃُ العُمر : [ع۔متعلق فعل] تمام عمر۔ عمر بھر۔ تابہ زیست۔
مُدّت / مُدّۃ پنج روزہ : [ع۔امث] قلیل مدت۔
مُدّت عِدّت : [ع۔امث] دیکھئے "عِدّت"
مُدّت کا : [ار۔صف] دیر کا۔ پرانا۔
مُدّت گزرنا : [ار۔محاورہ] زمانہ گزرنا۔ میعاد گزرنا
مُدّتِ مَدید : [ع۔امث] عرصۂ بعید یا دراز۔ بہت دیر۔
مُدَّثِّر : [ع۔صف] (۱) وہ جس نے کمبل / لحاف لپیٹا ہوا ہو (۲) قرآن شریف کی ایک سورت۔
مَدح : [ع۔امث] (۱) تعریف۔ توصیف۔ ثنا۔ مدحت۔ ستائش۔ (۲) وہ نظم جس میں کسی کی تعریف ہو۔
مَدح خوان / سرا : [عف۔صف] تعریف کرنے والا۔ ثناخوان۔
مَدح خوانی / سرائی : [عف۔امث] (۱) تعریف گوئی (۲) توصیف خوانی۔
مَدح کرنا : [ار۔مص مرکب] تعریف کرنا۔
مِدحَت : [ع۔امث] دیکھئے "مدح ۱"

مِدحت سرا / طراز : [عف۔صف] تعریف کرنے والا۔ گن گانے والا۔
مِدحت سرائی / طرازی : [عف۔امث] دیکھئے "مدحت سرا طراز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مَدخَل : [ع۔امذ] (۱) داخل ہونے کی جگہ۔ دروازہ۔ پھاٹک۔ ڈیوڑھی (۲) داخل ہونے کا وقت (۳) آمدنی۔ محاصل۔ مالیہ۔
مُدخَل : [ع۔صف مفعولی] (۱) داخل کیا گیا۔ وہ جو داخل کیا جائے (۲) داخل دفتر کیا گیا۔
مُدخِل : [ع۔صف فاعلی] داخل کرنے والا۔ داخل ہونے والا۔
مَدخَلہ : [ع۔صف۔مث] دیکھئے "مَدخَل" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَدخَن / مَدخَنہ : [ع۔امذ۔مث] وہ جگہ جہاں سے دھواں نکل رہا ہو۔ چمنی۔ دودکش۔
مَدخُول : [ع۔صف مفعولی] داخل کیا گیا۔
مَدخُولہ : [ع۔صف] وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو۔ وہ عورت جس سے صحبت کی جائے۔
مَدَد : [ع۔امث] (۱) امداد۔ اعانت۔ کمک۔ حمایت (۲) رسد۔ خوراک (۳) وہ فوج جو امداد کے لئے بھیجی جائے (۴) وہ روپیہ جو کسی کو امداد کے طور پر دیا جائے (۵) راج۔ مزدور (۶) مدد کرنے والا شخص۔ (۷) مزدوری۔ اجرت۔
مددالجَیش : [ع۔امث] فوج کی اِمداد۔ مدد جو فوج بھیج کر کی جائے۔
مَدَدِ اللّٰہ : [عف۔کلمہ سلام] آزاد فقیروں کے سلام کا جواب۔
مَدَد بانٹنا : [ار۔محاورہ] راج مزدوروں کو ان کی مزدوری بانٹنا / تقسیم کرنا۔ اجرت دینا۔
مَدَد پہنچانا : [ار۔محاورہ] رسد پہنچانا۔
مَدَد خرچ : [ار۔امث] (۱) وہ رقم جو خرچ کرنے کے لئے بطور امداد دی جائے (۲) خرچ میں مدد کرنا (۳) پیشگی روپیہ۔ تقاوی۔
مَدَد دینا : [ار۔مص مرکب] کمک پہنچانا۔ اعانت کرنا۔ دستگیری کرنا۔
مَدَد کرنا : [ار۔مص مرکب] (۱) امداد کرنا۔ اعانت کرنا (۲) دفع کرنا۔ (براز یا مواد کا)
مَدَدگار : [عف۔صف] مدد کرنے والا۔ حمایتی۔ معاون۔
مَدَد لگانا : [ار۔محاورہ] مزدوروں معماروں کو تعمیر کے کام پر مقرر کرنا / تعنیات کرنا۔
مَدَد لگنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "مدد لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مدد مُحَرِّر : [عف۔امذ] نائب محرر۔ اسسٹنٹ محرر۔ وہ شخص جو کار تحریر میں اپنے آفیسر یا سینئر کی اِمداد کرے۔
مَدَدِ مُعاش : [ع۔امث] (۱) کھانے پینے کا سہارا۔ پرورش کا وسیلہ (۲) پنشن۔ وظیفہ (۳) وہ جاگیر جو کسی خاص مصرف کے لئے وقف کر دی جائے (۴) وہ جاگیر جو کسی کو بادشاہ کی طرف سے ملے۔
مدد ہونا : [ار۔محاورہ] امداد ہونا۔ سہارا ہونا۔

مَدِر :[س ۔ اِمذ] ایک پودا جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۔ اس کے پھول سُرخ ہوتے ہیں ۔ خیار

مُدِرّ :[ع ۔ صف فاعلی] وہ دوا جو اِدرار کرے / جس سے اِدرار ہو ۔ پیشاب ۔ پستانوں میں دودھ اور خونِ حیض کو جاری کرنے والی ۔

مُدِر :[س ۔ اِمذ] (۱) بادل (۲) عاشق (۳) عیاش ۔

مُدرا :[س ۔ امث] (۱) مُہر ۔ چھاپ (۲) مُہر دار ۔ انگوٹھی ۔ خاتم (۳) انگوٹھی ۔ چھلّا (۴) مہر کا نشان (۵) سِکہ (۶) تمغہ ۔ ایک قسم کا بالا (۸) پوجا میں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈالنے کا طریقہ (۹) کالر ۔ پٹا (۱۰) پروانہ راہداری جس پر مہر ہو (۱۱) آنکھوں کو کھولنا اور بند کرنا (۱۲) قفل ۔ تالا ۔ کھٹکا (۱۳) انگلیوں پر گننا (۱۴) بھنا ہوا اناج جو بعض رسومات میں استعمال ہوتا ہے (۱۵) ایک قسم کا ناچ (۱۶) چیزوں کو درست نام سے پکارنا ۔

مَدِرا :[س ۔ امث] (۱) شراب (۲) کوئی نشہ آور چیز (۳) ممولا ۔ چھانپو (۴) ایک بحر یا وزن ۔

مُدِرّات :[ع ۔ صف فاعلی] اِدرار کرنے والی دوائیں ۔

مِدرار :[ع ۔ اِمذ] (بنو) ایک قبیلہ ۔

مُدَرِّس : [ع ۔ صف فاعلی] (۱) پڑھانے والا ۔ درس دینے والا (۲) (مذ) استاد ۔ معلم ۔ پروفیسر ۔

مَدرَسہ :[ع ۔ اِمذ] پڑھانے کی جگہ ۔ مکتب ۔ سکول ۔ دبستان ۔ پاٹ شالہ ۔

مدرسہ چھوڑنا : [ار ۔ محاورہ] سکول جانا بند کر دینا ۔ تعلیم ترک کر دینا ۔

مدرسہ سے اُٹھنا :[ار ۔ محاورہ] دیکھئے " مدرسہ چھوڑنا "

مدرسہ کی اینٹ :[ار ۔ امث] کنایۃً وہ متعلم / طالب علم جو مدت تک مدرسہ میں رہے ۔ ایک ایک جماعت میں کئی کئی سال رہے اور ترقی نہ کرے ۔

مُدَرِّسی :[ع ۔ امث] دیکھئے " مدرِّس " جس کا یہ اسم کیفیت ہے (معلمی)

مُدرِک :[ع ۔ صف] (۱) سمجھنے والا (۲) دانا ۔ عقیل ۔ فہیم ۔ ذہین ۔

مُدرِکہ :[ع ۔ اِمذ] وہ قوت جس سے انسان اشیا کی حقیقت دریافت کر سکے (۲) ذہن ۔ عقل ۔ ذکا ۔

مَدروس :[ع ۔ صف] پھٹا پُرانا ۔ بے رونق ۔ غائب ۔

مُدری :[ھ ۔ امث] دیکھئے " مُدرا "

مَدَریا :[ار ۔ ا ۔ اِمذ] مٹی کا حقّہ

مُدَّعا :[ع ۔ اِمذ] (۱) مقصد ۔ مراد ۔ طلب ۔ غرض ۔ خواہش ۔ مرضی (۲) وہ چیز جس پر دعویٰ تھا ۔ مال ۔ مال مسروقہ ۔ ملکیت (۳) مطلوبہ ۔ وہ عورت جس کی خواہش ہو ۔

مُدعا بر آنا :[ار ۔ محاورہ] مطلب پورا ہونا ۔

مُدَّعا بِہا :[ع ۔ صف] وہ چیز جس کے لئے دعویٰ کیا گیا ہو ۔

مُدَّعا پکڑنا : [ار ۔ محاورہ] چوری پکڑنا ۔ چوری نکالنا ۔ مال مسروقہ برآمد کرنا ۔

مدعا پورا / حاصل ہونا :[ار ۔ مص مرکب] مراد پوری ہونا ۔ مقصد بر آنا ۔

مُدَّعا عَلَیہ :[ع ۔ اِمذ و مث] وہ شخص جس پر دعویٰ کیا جائے ۔

مُدَّعا علیہ ترتیبی :[ع ۔ اِمذ] وہ شخص جو بہ غرض ترتیب مقدمہ مدعا علیہ کیا گیا ہو جس کے مقابلے میں کوئی دادرسی مطلوب نہ ہو ۔

مُدعا علیہ گرداننا :[ار ۔ مص مرکب] ملزم ٹھہرانا ۔ مجرم قرار دینا الزام دھرنا ۔

مُدعا نکلنا :[ار ۔ محاورہ] چوری کا مال برآمد ہونا ۔ مال مسروقہ پکڑا جانا ۔

مُدعا ہونا :[ار ۔ مص مرکب] مقصد ہونا ۔ مطلب ہونا ۔ مراد ہونا ۔

مَدعُو :[ع ۔ صف] دعوت دیا گیا ۔ بلایا گیا ۔

مُدَّعی :[ع ۔ اِمذ] دعویٰ کرنے والا ۔ نالشی ۔ دعویدار ۔ مستغیث ۔ سائل ۔ (۲) رقیب ۔ حریف ۔ غیر ۔

مُدعی سُست گواہ چُست : [ار ۔ مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب خود صاحبِ غرض تو سستی برتے اور حمایتی جوش و سرگرمی کا اظہار کریں ۔

مُدعی مدعا علیہ ناؤ میں شاہد تیرتے جائیں :[ار ۔ مثل] اپنے حمایتی اور مدد دینے والوں کی بے قدری کے موقع پر بولتے ہیں ۔

مُدعی ہونا :[ار ۔ محاورہ] نالشی ہونا ۔ دعویدار ہونا

مُدَّعِیہ :[ع ۔ امث] دعویٰ کرنے والی عورت ۔ مستغیثہ ۔

مُدغَم :[ع ۔ صف مفعول] (۱) ایک جنس کے دو حروف جو باہم ادغام کئے گئے ہوں مثلاً بَتّر (۲) ملا ہوا ۔ شامل [افعال : کرنا ۔ ہونا]

مُدغِم :[ع ۔ صف فاعلی] دو حرفوں کو ملانے والا (۲) شامل کرنے والا ۔

مَدفَن :[ع ۔ اِمذ] دفن ہونے کی جگہ ۔ وہ جگہ یا گڑھا جس میں مردہ دفن کیا جائے ۔ قبر ۔ گور ۔ مزار ۔ مقبرہ ۔

مَدفُوع :[ع ۔ صف] دفع کیا گیا ۔

مَدفُون :[ع ۔ صف] دفن کیا ہوا ۔ گاڑا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔

مُدَقِّق :[ع ۔ صف] (۱) دقیقہ رس ۔ باریک بین جو دلیل کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے ۔ باریک باتیں پیدا کرنے والا (۲) وہ چیز جو بڑی تحقیقات کے بعد ثابت ہو گئی ہو ۔

مَدقُوق :[ع ۔ صف] دِق کا مریض ۔

مَدَک :[ھ ۔ امث] ایک نشہ آور چیز جو تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر پیتے ہیں ۔

مَدَک باز :[ھ ۔ صف] مدک پینے والا ۔ مدک کا نشہ کرنے والا ۔ (ترکیب غلط ہے)

مُدگ :[س ۔ اِمذ] (۱) ایک قسم کی دال ۔ مونگ (۲) ڈھکنا ۔ چپنی ۔ سرپوش (۳) ایک بحری پرندہ (۴) ہتھوڑا ۔ موسل ۔ گرز ۔ (۵) ایک موتیا (۶) ایک مچھلی (۷) ایک ناگ ۔

مُدل :[س ۔ اِمذ] (۱) سرمایہ ۔ پونجی (۲) اصل زر (۳) اصل سرمایہ (۴) ذخیرہ

مُدَلَّل : [ع ۔ صف مفعول] دلیل سے ثابت کیا ہوا ۔ معقول۔ ٹھیک۔ درست ۔

مَدلُول : [ع ۔ صف مفعول] (۱) بتلایا گیا ۔ دلالت کیا گیا (۲) ہدایت کیا گیا ۔

مُدَمِّغ : [ار ۔ صف] دماغ دار ۔ متکبر ۔ مغرور ۔ گھمنڈی (اردو میں عربی طریقہ پر اسم فاعل بنایا گیا ہے جو غلط ہے)

مَدَن : [ا ۔ ہ ۔ امذ] (۱) خواہش کرنے کا فعل (۲) محبت ۔ عشق ۔ جوشِ جوانی ۔ شہوت (۳) شہد کی مکھی (۴) موسم بہار (۵) ہم بغل ہونے کا ایک طریقہ (۶) کئی پودوں کا نام ۔

مدن بان : [ہ ۔ امذ] (۱) محبت کا تیر (۲) بیلے کی قسم کا ایک پھول ۔

مدن گور : [ہ ۔ امث] ایک قسم کا خوش آواز طوطی ۔

مَدَن مَد : [ار ۔ امث ۔ ق] جوانی کی مستی

مُدُن : [ع ۔ امذ] دیکھئے "مدینہ" جس کی یہ جمع ہے ۔

مَدنایک : [ار ۔ امذ ۔ ق] سردار ۔

مَدَنی : [ع ۔ صف] (۱) مدینہ کا شہری ۔ مدینہ کا باشندہ (۲) مدینہ سے متعلق و منسوب ۔

مَدَنِی الطَّبع : [ع ۔ صف] فطرۃً اپنے ساتھیوں سے مل جل کر رہنے والا ۔ آبادی پسند ۔

مَدَنیت : [ع ۔ امث] شہری پن ۔

مُدّو : [ہ ۔ امذ] (۱) کوہان ۔ اونٹ یا اونٹنی کی پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ ۔ (۲) وہ زخم جو گھوڑے کے دوش پر ہو ۔

مدو آنا / پکنا / لگنا : [ار ۔ محاورہ] گھوڑے کے کندھے پر زخم آنا ۔

مَدّو شاہی پیسہ : [ہ ۔ امذ] ایک قسم کا موٹا پیسہ جس کا چلن اب ختم ہو گیا ہے ۔

مُدَوَّر : [ع ۔ صف] دائرہ نما ۔ گول ۔

مُدَوِّن : [ع ۔ صف] ترتیب دینے والا ۔ جمع کرنے والا ۔

مُدَوَّن : [ع ۔ صف] جمع کیا ہوا ۔ ترتیب دیا ہوا ۔

مَدّہ : [ع ۔ امث] (۱) دیکھئے "مد" (۲) وہ حروف جو اپنے سے پہلے حرف کی حرکت کو کھینچتے ہیں یعنی "ا" "و" اور "ی"

مَدھ : [ار ۔ امذ] (۱) شہد ۔ پھولوں کا رس (۲) شراب ۔ کوئی نشہ آور چیز (۳) غرور تکبر (۴) موسم بہار (۵) عنفوانِ شباب (۶) مستی (۷) وہ رطوبت جو درختوں سے ٹپکتی ہے (۸) (صف) درمیان ۔ وسط ۔ بیچ ۔

مَدھ پر آنا : [ار ۔ محاورہ] جوان ہونا ۔ پھل کا پکنے کو تیار ہونا ۔

مَدھ مات : [ہ ۔ امث] ایک راگنی کا نام ۔

مَدھ ماتا : [ہ ۔ صف ۔ مذ] نشہ میں مست ۔

مَدُھر : [س ۔ صف] (۱) شیریں ۔ میٹھا ۔ مزیدار (۲) سریلا (۳) دل پسند پیارا ۔ مرغوب (۴) خراماں ۔ مٹک چال ۔ معشوقانہ رفتار (۵) دھیما نرم ۔ ملائم ۔ متوسط درجہ کا ۔

مَدُھر بانی : [ہ ۔ امث] شیریں کلامی ۔ میٹھا بول ۔

مَدُھر بولنا : [ار ۔ مص مرکب] شیریں کلامی سے پیش آنا ۔

مَدھرا : [ہ ۔ صف] متوسط ۔ درمیانی ۔

مَدُھری : [ہ ۔ صف] میٹھی ۔ دل پسند ۔ مرغوب

مَدّھم : [ار ۔ صف] (۱) آہستہ ۔ دھیما (۲) میانہ ۔ اچھا نہ برا ۔ متوسط (۳) نیچا ۔ کم (۴) ہلکا ۔ خفیف (۵) بے آب ۔ پھیکا ۔ ماند ۔ گھٹا ہوا ۔ (۶) گویوں کی اصطلاح میں سات سروں میں سے ایک سُر کا نام جسکو ما بھی کہتے ہیں

مدھم بیچنا : [ار ۔ محاورہ] سستا کر دینا ۔ ارزاں کر دینا ۔ قیمت سے گرا کر فروخت کرنا ۔

مدھم ٹھاٹھ : [ار ۔ امذ] ستار کا وہ ٹھاٹھ جو مدھم سروں پر قائم کیا جائے ۔

مَدھم سُر : [ار ۔ امذ] سرگم کا چوتھا سُر جو گندھار سے ایک درجہ بلند اور اس کا مخرج معدہ ہے ۔ دھیما سُر ۔ اس کا مخفف ما ہے ۔

مَدّھم کرنا : [ار ۔ مص مرکب] کم کرنا ۔ گھٹانا (۲) دھیما کرنا ۔ آہستہ کرنا ۔ (۳) پھیکا اور بے روپ کرنا ۔

مَدّھم ہونا : [ار ۔ مص مرکب] دیکھئے "مدھم کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مَدھو : [س ۔ امذ] (۱) شہد (۲) شراب (۳) موسم بہار (۴) دودھ (۵) پانی ۔ جل (۶) میٹھا ۔ شیریں (۷) ایک قسم کا درخت ۔

مدھو ماکھی : [س ۔ امث] شہد کی مکھی ۔

مدھوکر : [ار ۔ امذ ۔ ق] بھونرا ۔

مدھیا / مدھیہ : [ار ۔ صف] وسطی ۔ درمیانی ۔

مَدہوش : [ف ۔ صف] بدمست ۔ متوالا ۔ حیران ۔ متحیر ۔ ہکا بکا ۔

مَدہوشی : [ف ۔ امث] دیکھئے "مدہوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مَدِیح : [ع ۔ امث] تعریف ۔ توصیف ۔ ثنا ۔ ستائش ۔

مَدیحہ : [ع ۔ امث] ایک تعریف ۔

مَدِید : [ع ۔ صف] (۱) لمبا ۔ طول ۔ طویل ۔ دراز (۲) (امث) علم عروض میں ایک بحر کا نام ۔

مُدِیر : [ع ۔ امذ] (۱) دور دینے والا ۔ گھمانے والا (۲) اخبار کا مہتمم ۔ اڈیٹر ۔ مرتب

مدیرا : [ار ۔ امث] (۱) ایک قسم کی شراب (۲) ایک قسم کی مرغابی ۔

مَدِینَہ : [ع ۔ امذ] (۱) شہر ۔ بلدہ ۔ نگری (۲) عرب کے مشہور اور مقدس شہر کا نام جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مرقد مبارک ہے ۔

مَدِینَۃُ السَّلام : [ع ۔ امذ] بغداد کا لقب ۔

مَدِینَۃُ العِلم : [ع ۔ امذ] حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ۔

مَدیُون : [ع ۔ امذ] قرض دار ۔ مقروض ۔

م ۔ ڈ

مُڈاسا : [ہ ۔ امذ] پگڑی ۔ دستار ۔ صافہ ۔

مِڈل : [انگ ۔ صف] (MIDDLE) وسط ۔ درمیانہ درجہ ۔ درمیان ۔

مِڈل چی: [ار۔ کلمہ حقارت] وہ شخص جس نے محض مڈل کا امتحان پاس کیا ہو۔

مِڈل سکول: [انگ۔ امذ] (MIDDLE SCHOOL) اَوسط درجہ کی تعلیم کا مدرسہ۔ میٹرک سے نچلے درجہ کی تعلیم کا سکول۔ آٹھویں جماعت تک کا سکول۔

مِڈوائف: [انگ۔ امث] (MID WIFE) دائی۔ جنائی۔ قابلہ۔

مُڈھ: [ہ۔ امذ] (۱) کسی چیز کا نچلا حصّہ۔ جڑ۔ بنیاد (۲) بوڑھا آدمی (۳) سرغنہ۔ سردار۔ چودھری۔ سرگروہ۔

مَڈھا: [ہ۔ امذ] پتنگ کا سرا۔

مُڈھ بھیڑ/مڈبھیڑ: [ہ۔ امث] دیکھئے "مٹھ بھیڑ"

م - ذ

مَذاق: [ع۔ امذ] (۱) چکھنے کی جگہ۔ چکھنا (۲) چاٹ۔ مزہ۔ لذت۔ سواد۔ چسکا (۳) قوت ذائقہ (۴) باہمی اختلاط۔ آپس کی چہل (۵) رغبت۔ میلان۔ رجحان (۶) سلیقہ۔ مادہ (۷) ہنسی۔ دل لگی۔ ٹھٹھا۔ ظرافت۔ تمسخر۔ کھلی۔

مَذاق اُڑانا: [ار۔ محاورہ] ہنسی کرنا۔ تمسخر کرنا۔

مَذاقِ سُخن: [عف۔ صف] شعر و شاعری کا سلیقہ۔

مَذاق سے: [ار۔ متعلق فعل] ظرافت سے۔ چھیڑ سے۔ ہنسی سے۔

مَذاق کا آدمی: [ار۔ امذ] ظریف۔ خوش طبع۔ زندہ دِل۔

مَذاقاً: [عف۔ متعلق فعل] ہنسی سے۔ ظرافت سے۔ دل لگی کے طور پر

مَذاقِیہ: [ار۔ صف] (۱) ہنسی کے طور پر۔ دل لگی باز۔ ظریف (۲) مذاق سے منسوب۔

مُذاکَرہ: [ع۔ امذ] باہم ذکر کرنا۔ مباحثہ۔

مَذاہِب: [ع۔ امذ] (۱) دیکھئے "مذہب" جس کی یہ جمع ہے (۲) راستے۔ طریقے۔ پنتھ (۳) ملتیں۔

مَذبَح: [ع۔ امذ] ذبح کرنے کی جگہ

مُذَبذَب: [ع۔ صف] دھکڑ پکڑ کرنے والا۔ وہ جس کا ارادہ مصمم نہ ہو۔ (۲) مشتبہ (۳) ایک خیال پر قائم نہ رہنے والا۔

مَذبُوح: [ع۔ امذ] (۱) ذبح کیا گیا (۲) مقتول۔

مُذَکِّر: [ع۔ صف فاعلی] یاد دلانے والا۔ نصیحت کرنے والا۔

مُذَکَّر: [ع۔ صف مفعولی] (۱) نر۔ مرد (۲) یاد دلایا ہوا۔ نصیحت کیا ہوا۔

مَذکُور: [ع۔ صف مفعولی] (۱) ذکر کیا گیا (۲) ذکر۔ گفتگو۔ بات (۳) افواہ۔ چرچا۔ شہرت۔

مذکور آنا: [ار۔ محاورہ] ذکر ہونا

مذکور نکالنا: [ار۔ محاورہ] ذکر چھیڑنا

مذکور نکلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مذکور نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مَذکورہ: [ع۔ صف] ذکر کیا گیا۔ جس کا ذکر ہو چکا ہو۔

مَذکورہ بالا: [عف۔ صف] وہ جس کا ذکر اوپر کی عبارت میں کیا گیا ہو۔

مَذکُوری: [ار۔ امذ] (۱) وہ بلا تنخواہ چپڑاسی جو مالگزاری وصول کرنے پر تعینات ہو اور جسے رقم طلبانہ سے اجرت دی جاتی ہو (۲) سمنوں وغیرہ کی تعمیل کرانے والا چپڑاسی۔

مُذِل: [ع۔ صف۔ امذ] (۱) ذلیل کرنے والا (۲) خدا تعالیٰ کا نام۔

مَذَلّت: [ع۔ امث] ذلت۔ رسوائی۔ ہجو۔ بدنامی۔ خواری۔ بے عزتی۔

مَذَمّت: [ع۔ امث] بُرائی۔ ہجو۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

مَذمُوم: [ع۔ صف ۔] (۱) بُرا۔ خراب۔ قبیح (۲) وہ جس کی برائی کی جائے۔

مَذمُومہ: [ع۔ صف۔ مث] دیکھئے "مذموم" جس کی یہ تانیث ہے اور افادہ جمع کرتی ہے۔

مُذنِب: [ع۔ صف] گنہگار۔ گناہ کرنے والا۔

مُذَہَّب: [ع۔ صف] سونا چڑھی ہوئی چیز۔ سونے کا ملمع کی ہوئی چیز۔

مَذہَب: [ع۔ امذ] (۱) راستہ۔ طریقہ (۲) ایمان۔ دھرم۔ عقیدہ۔ (۳) ملت۔ مشرب (۴) راستے۔

مَذہَب بَدلنا: [ار۔ محاورہ] دوسرا مذہب اختیار کرنا۔ دوسرے پنتھ میں آنا۔

مَذہَب پھیلانا: [ار۔ محاورہ] دین کی اشاعت کرنا۔ دین کو ترقی دینا۔

مذہبِ منصور: [ع۔ امذ] مختلف اقوال میں سے راجح۔

مذہب میں ملانا: [ار۔ محاورہ] دین میں شامل کرنا۔

مَذہَبی: [ع۔ صف] دیکھئے "مذہب" جس سے یہ منسوب ہے۔

مَذہَبی سِکھ: [ار۔ امذ] چوہڑا جو سکھ ہو گیا ہو۔

مذہبیت: [ع۔ امث] (۱) مذہبی تعلق۔ مذہب سے متعلق ہونے کی کیفیت (۲) مذہب۔

مَذِی: [ع۔ امث] وہ پتلا مادہ جو شہوت کے غلبے سے نکلتا ہے۔ یہ منی سے پتلا ہوتا ہے اور انزال سے پہلے خارج ہوتا ہے

م - ر

مرا: [ف۔ ضمیر] میرا۔ مجھکو۔

مرا بخیر تو امید نیست بد مرساں: [ف۔ مقولہ] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جس سے نقصان کا اندیشہ ہو اور نفع کی امید نہ ہو۔

مَرا: [ہ۔ امذ] (۱) مردہ۔ نعش (۲) بدبخت شخص۔ کھوٹی دھات۔

مِرا: [ہ۔ کلمہ ضمیر] میرا کا مخفف۔

مِرا مردہ دیکھو: [ار۔ کلمہ قسم] (عو) قسم کی جگہ مستعمل ہے۔

مرایار/مرے یار :[ار۔کلمۂ خطاب] بے تکلف دوست کیلئے مستعمل ہے۔
مِرآت/مِرآۃ [ع۔امذ] آئینہ۔آرسی۔منہ دیکھنے کا شیشہ۔
مَراتِب :[ع۔امذ] دیکھئے "مرتبہ" جس کی یہ جمع ہے۔
مراتب تمہیدی :[ع۔امذ] ابتدائی امور۔ابتدائی باتیں۔
مراتب طے کرنا :[ار۔محاورہ] مدارج طے کرنا۔دریافت طلب امور کا فیصلہ کرنا۔مرحلوں اور درجوں کا تصفیہ کرنا۔
مَراثی :[ع۔امذ] دیکھئے "مرثیہ" جس کی یہ جمع ہے۔
مر آجانا :[ار۔محاورہ] بیتاب ہوا جانا۔
مَراجِع :[ع۔امذ] دیکھئے "مرجع" جس کی یہ جمع ہے۔
مُراجعت/مراجعہ :[ع۔امث] واپسی۔واپس ہونا۔لوٹنا۔رجوع۔(افعال :کرنا۔ہونا)
مراجعہ :[ع۔امذ] دیکھئے "مراجعت"
مَراحِل :[ع۔امذ] دیکھئے "مرحلہ" جس کی یہ جمع ہے۔
مَراحِم :[ع۔امذ] دیکھئے "مرحمت" جس کی یہ جمع ہے۔
مراحم خسروانہ :[عف۔امذ] شاہی عنایتیں۔شاہی عطیات۔
مُراد :[ع۔امث] (١) حاجت۔خواہش۔طلب۔مقصد۔غرض۔تمنا۔آرزو۔(٢) منت۔نذر۔بھینٹ (٣) مفہوم۔منشا۔
مُراد بر آنا/لانا :[ار۔محاورہ] مقصد پورا ہونا۔مقصد پورا کرنا۔
مراد پانا :[ار۔محاورہ] (١) مطلب بر آنا۔آرزو پوری ہونا۔مقصد میں کامیاب ہونا۔
مُراد پر آنا :[ار۔محاورہ] (١) کام کے لائق ہونا۔کسی چیز کا (٢) بالغ ہونا۔شباب آنا۔
مُراد پر ہونا :[ار۔محاورہ] پھلوں اور پھولوں کا قابل استعمال ہو جانا
مُراد پوری کرنا :[ار۔مصدر مرکب] مقصد پورا کرنا۔کام نکالنا۔
مُراد پوری ہونا :[ار۔مص مرکب] دیکھئے "مراد پوری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُراد حاصل ہونا :[ار۔مص مرکب] غرض پوری ہونا۔کام بننا۔تمنا پوری ہونا۔
مُراد دِکھلانا :[ار۔محاورہ] تمنائے دلی پوری کرنا۔
مُراد دینا :[ار۔محاورہ] غرض پوری کرنا۔مراد پوری کرنا۔
مُراد کو پہنچنا :[ار۔محاورہ] مقصد میں کامیاب ہونا۔خواہش کا پورا ہونا۔
مُراد لینا :[ار۔محاورہ] نتیجہ نکالنا۔معنی نکالنا۔قیاس کرنا۔
مُراد/مرادیں مانگنا :[ار۔محاورہ] دل کے مقصد پورے ہونے کی دعا مانگنا۔
مُراد ماننا :[ار۔محاورہ] منت ماننا۔منت کرنا۔نذر دینا۔
مُراد مِلنا :[ار۔محاورہ] دل کا مقصد پورا ہونا۔
مُراد مَند :[عف۔صف] خواہش مند۔آرزو مند۔محتاج۔
مُرادِف :[ع۔امذ] (١) کسی کے پیچھے بیٹھنے یا سوار ہونے والا (٢) ہم معنی

مُرادوں کے دِن :[ار۔امذ] ایام جوانی۔شباب کا زمانہ۔بہار کے دن۔
مُرادی :[ع۔صف] (١) منشا کے مطابق۔مراد کے موافق۔(٢) فرضی۔اصطلاحی۔
مُرار :[ہ۔امث] بانسری۔
مُراری :[س۔امذ] (١) مُر اسُر کا دشمن (٢) کرشن جی کا لقب۔
مُراسَلت :[ع۔امث] (١) باہمی خط و کتابت۔ایک دوسرے کو چٹھیاں لکھنا (٢) اطلاع۔طلبی۔سمن۔
مُراسَلہ :[ع۔امذ] چٹھی۔خط۔نامہ
مراسلہ تقرّر :[ع۔امذ۔بترکیب فارسی] ملازمت کا پروانہ۔انگریزی لفظ APPOINTMENT LETTER
مَراسِم :[ع۔امذ] دیکھئے "مرسوم" جس کی یہ جمع ہے۔
مُراعات :[ع۔امث] (١) جانوروں کا باہم مل کر چرنا (٢) نگاہ رکھنا۔کنکھیوں سے دیکھنا (٣) اصطلاحاً رعایت۔سلوک۔مروت۔لحاظ۔توجہ۔
مُراعات النظیر :[ع۔امث] علم بدیع کی ایک صنعت۔کئی چیزیں جن میں باہم مناسبت ہو ایک جگہ جمع کرتے ہیں۔رعایت لفظی۔
مُراغبت :[ع۔امث] رغبت۔آرزو۔خواہش۔
مُرافعہ :[ع۔امذ] اپیل۔نگرانی۔ایک حاکم کے فیصلہ پر مطمئن نہ ہو کر اس سے بڑے حاکم کے پاس دادخواہی کرنا۔
مُرافعہ آخر :[ع۔امذ۔بترکیب فارسی] وہ اپیل جس کے بعد اور اپیل نہ ہو۔
مُرافعہ اولیٰ :[ع۔امذ۔بترکیب فارسی] پہلی اپیل۔
مُرافعہ کرنا :[ار۔محاورہ] اپیل کرنا۔
مُرافِق :[ع۔امذ] رفاقت کرنے والا۔ہم راہ۔
مُرافقت :[ع۔امث] باہمی میل جول۔ہم نشینی۔اتحاد باہمی۔
مِراق :[ع۔امذ] ایک قسم کا مالیخولیا۔سودا۔جنون۔
مُراقِب :[ع۔صف] مراقبہ کرنے والا۔
مُراقبہ :[ع۔امذ] غور۔تصور۔سوچ بچار۔گردن جھکا کر فکر کرنا۔سب چیزیں چھوڑ کر خدا کا دھیان کرنا۔
مِراقی :[ع۔صف] وہ جو مراق میں مبتلا ہو۔
مَراکِب :[ع۔امذ] دیکھئے "مرکب" جس کی جمع ہے۔
مَرام :[ع۔امذ] مراد۔مطلب۔مقصد۔
مَرانا :[ار۔مص] کون دینا۔اغلام کروانا۔
مُراہِق :[ع۔صف] بلوغ کو پہنچنے والا لڑکا۔بالغ ہونے کے قریب۔
مُراہقت :[ع۔امث] مراہق ہونا۔
مَراہِم :[ع۔امذ] دیکھئے "مرہم" جس کی جمع ہے۔
مراؤ/مرائی :[ار۔امذ] ترکاری بونے یا بیچنے والا۔کنجڑا۔کاچھا۔رائیں۔
مَرایا :[ع۔امذ] (١) مرآۃ کی جمع (٢) علم مناظر کی ایک شاخ۔

مُرَبّا : [ع۔ امذ] وہ پھل وغیرہ جن کو کھانڈ کے قوام میں پکا کر رکھا گیا ہو

مُرَبّا ڈالنا : [ار۔ محاورہ] مُرَبّا کرنا۔

مُرَبَّع : [ع۔ امذ] (۱) وہ سطح جس کے چاروں ضلعے باہم برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہیں (۲) وہ چیز جس کے طول و عرض برابر ہوں (۳) ایک قسم کی نشست۔

مُرَبَّع بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] چار زانو بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

مربع نشیں : [عف۔ صف] چار زانو بیٹھنے والا۔

مَربُوط : [ع۔ صف] ربط کیا گیا۔ بندھا ہوا۔ لگا ہوا۔ وابستہ۔

مَربُھکّا : [ھ۔ صف] (۱) وہ جو کھانے سے کبھی سیر نہ ہو۔ پیٹو (۲) کنگال

مُرَبّی : [ع۔ امذ] پرورش کرنے والا۔ تربیت کرنے والا۔ سرپرست پشت پناہ۔ حامی۔

مُرَبّی بنانا : [ار۔ محاورہ] سرپرست بنانا یا قرار دینا۔ حامی بنانا پشت پناہ ٹھہرانا۔

مُرَبّی بننا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مربی بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

مربی بیار و مُربا بخور : [ف۔ مثل] کا میابی اسی صورت میں ہوتی ہے جب کوئی مربی ہو۔

مربی ہو جانا : [ار۔ محاورہ] سرپرست بننا۔ پشت پناہ ہونا۔

مَر پٹ کر / کے : [ار۔ متعلق فعل] نہایت کوشش سے۔ بڑی محنت سے۔ بڑی مشکل سے۔ سخت مشقت کے ساتھ۔

مَرتا : [ار۔ صف] نیم جان۔ جان بہ لب۔ قریب ہلاکت۔

مَرتا کیا نہ کرتا : [ار۔ مثل] جس کی جان پر آ بنتی ہے وہ سب کچھ کر گزرتا ہے۔

مَرتا ہے : [ار۔ محاورہ] بڑا شوقین ہے۔ جان دیتا ہے۔ عاشق ہے۔

مُرتاض : [ع۔ صف] ریاضت کرنے والا۔ علم و ہنر میں یا تصوف میں مشقت اٹھانیوالا۔

مُرَتَّب : [ع۔ صف] (۱) ترتیب کیا گیا۔ قرینے سے لگایا گیا (۲) تیار۔ مکمل (۳) اکٹھا کیا گیا۔ تالیف کیا گیا [افعال: کرنا۔ ہونا]

مُرَتِّب : [ع۔ صف] ترتیب دینے والا۔

مَرتَبان : [ار۔ امذ] اچار چٹنی رکھنے کے لئے چینی یا مٹی کا بڑا برتن جس پر روغن کیا گیا ہو۔

مَرتَبَت : [ع۔ امث] مرتبہ۔ رتبہ۔ درجہ۔

مَرتَبَہ : [ع۔ امذ] (۱) درجہ۔ منصب۔ عہدہ (۲) بار۔ دفعہ۔

مُرتَد : [ع۔ امذ] اسلام سے پھرا ہوا۔ منحرف۔ مردود۔ ملحد۔ ملعون۔

مرتد ہو جانا : [ار۔ مص مرکب] دین سے پھر جانا۔ کافر ہو جانا۔

مُرتَسِم : [ع۔ صف] نشان کیا گیا۔ مہر لگایا گیا۔

مُرتَشی : [ع۔ صف] رشوت لینے والا۔ رشوت خور۔

مُرتَضَوی : [ع۔ صف] مرتضیٰ سے منسوب۔

مُرتَضیٰ : [ع۔ صف مفعولی] (۱) چنا گیا۔ منتخب کیا گیا (۲) پسندیدہ۔ مقبول۔ (۳) حضرت علی کا لقب۔

مُرتَعِش : [ع۔ صف فاعلی] (۱) کانپنے والا۔ لرزاں (۲) رعشے والا۔

مُرتَفَع : [ع۔ صف مفعولی] (۱) اٹھایا گیا (۲) رفع کیا گیا۔ دُور کیا گیا (۳) بلند۔ اونچا۔

مُرتَفِع : [ع۔ صف فاعلی] اونچا۔ بلند ہونے والا۔

مِرتَک : [س۔ امذ] مردہ۔ نعش۔ لاش۔

مِرتکا / مِرتکا : [ھ۔ امث] مٹی۔ خاک۔ تازہ مٹی۔ چکنی مٹی۔ خوشبودار مٹی۔

مُرتَکِب : [ع۔ صف فاعلی] (۱) کسی فعل کا کرنے والا۔ ارتکاب کرنے والا (۲) پسند کرنے والا۔ (۳) مجرم۔ قصوروار۔ گنہگار۔

مُرتکب ہونا : [ار۔ مص مرکب] کرنا۔

مُرتَل : [ھ۔ صف] مرتیلیا۔ مریل

مِرتو : [ھ۔ امذ] موت۔ اَجل۔ قضا

مُرتَہَن : [ع۔ صف مفعولی] رہن رکھا گیا۔ گروی رکھا گیا

مُرتَہِن : [ع۔ صف فاعلی] گرو رکھنے والا۔ رہن رکھنے والا۔

مرتیل / مرتیلیا : [ہ۔ صف] مریل۔ دُبلا۔ لاغر۔ کمزور

مَرَٹ : [ھ۔ صف] ضدی۔ ہٹی۔ ہٹیلا۔

مَرثیہ : [ع۔ امذ] وہ نظم یا اشعار جن میں کسی شخص کی وفات یا شہادت کا حال اور ان مصیبتوں کا ذکر ہو۔ خصوصاً شہدائے کربلا کا یہ نظم۔ مسدس۔ مسمط یا ترجیع بند یا ترکیب بند کے طور پر ہونی چاہیئے۔

مرثیہ پڑھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مرثیہ خوانی کرنا۔ نوحہ پڑھنا (۲) ماتم کرنا۔ مُردے کے اوصاف بیان کرنا۔ رونا پیٹنا۔

مَرثیہ خوان : [عف۔ صف] (۱) مرثیہ پڑھنے والا (۲) وہ شخص جو مجلس عزا میں جا کر مرثیے پڑھتا ہے۔

مرثیہ خوانی : [عف۔ امث] دیکھئے "مرثیہ خوان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مرثیہ کہنا : [ار۔ محاورہ] کسی شخص کی وفات کی یا یادگار میں نظم لکھنا۔

مَرَج : [ع۔ امذ] خرابی۔ تباہی۔ بربادی۔ بے آرامی۔ بے چینی۔ جب ہرج کے ساتھ بولا جائے تو "ر" ساکن ہو جاتی ہے۔

مَرجان : [ف۔ امذ] دیکھئے "مونگا"

مَرجانی : [ف۔ صف] مرجان سے منسوب۔ مونگے کی۔

مُرَجَّح : [ع۔ صف مفعولی] (۱) ترجیح دیا گیا (۲) فائق۔ افضل۔ غالب۔

مُرَجِّح : [ف۔ صف فاعل] ترجیح دینے والا۔

مُرَجَّز : [ع۔ صف مفعولی] نثر کی ایک قسم جس میں دو فقروں کے کلمات باہم ہم وزن ہوں اور قافیہ رکھتے ہوں۔

مَرجِع : [ع۔ امذ] (۱) واپس آنے کی جگہ / جانے۔ جائے بازگشت (۲) ملجا ماوا۔ ٹھکانہ۔ مامن۔ جائے پناہ (۳) وہ نام جس کی نمائندگی ضمیر کرتا ہے۔

مرجع خلائق / عام : [ع۔ امذ] تمام خلقت کا ٹھکانا۔ وہ شخص / وہ جگہ جہاں سب رجوع ہوں۔

مَرجَعِیَّت : [ع۔ امث] مرکزیت۔

مَرجُوع : [ع۔ ا۔ مفعول] (۱) رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا (۲) عدالت میں پیش کیا گیا۔

مَرجُوعَہ : [ع - صف] (۱) دیکھئے "مرجوعات" (۲) (مذ) رجوع - لوگوں کا آنا -

مَرجُوعَہ کم ہو جانا / ہونا : [ار - محاورہ] لوگوں کا آنا کم ہونا -

مُرجھانا : [ار - محاورہ] (۱) کملانا سبزے / پھولوں کا پژمردہ ہونا (۲) خشک ہونا سوکھنا (۳) غمگین ہونا - اداس ہونا - کڑھنا (۴) دُبلا ہونا - لاغر ہونا - (۵) افسردہ کرنا - مغموم کر دینا -

مرجمہ : [ع - اِمذ] دیکھئے "مُرجیہ"

مُرجِی : [عف - صف - فاعل] جو وعدہ کر کے ٹال مٹول کرے - فرقہ مرجیہ کا ایک فرد (۲) ایک قبیلے کا نام -

مَرجِیا : [ار - صف] جو مر کر بچا ہو - سست - کاہل -

مَرجِیونی : [ار - صف - مث] بہت لاغر - کمزور -

مُرجِیَہ : [ع - اِمذ] ایک فرقہ جس کا عقیدہ ہے کہ نجات کے لئے ایمان کافی ہے نماز روزے کی ضرورت نہیں -

مِرچ : [ہ - امث] ایک ہندوستانی پودا جس کا پھل عام طور پر سرخ / اگر زرد - سیاہ اور قدرے سفید بھی ہوتا ہے - اس کا مزہ بہت تیز ہے - اکثر مصالحہ : سالن میں ڈالا جاتا ہے - توہم پرست لوگ جن بھوت کو نکالنے کے لئے اس کی دھونی دیتے ہیں -

مَرچا / مَرچانی / مرچائی : [ہ - مذ - مث] دیکھئے مرچ -

مُرچا : [ہ - اِمذ] مورچہ کی مہندی -

مُرچا بندی : [ہ - امث] مورچہ بندی -

مُرچاہا : [ہ - صف] زنگ آلودہ

مُرچِڑا : [ہ - صف] (۱) ضدی - ہٹیلا (۲) ایک قسم کا فقیر جو اپنا سر زخمی کر کے بھیک مانگتا ہے -

مُرچِڑا پن : [ہ - اِمذ] ضد - ہٹیلا پن - سرزوری -

مرچِڑا پن دکھانا / کرنا : [ار - محاورہ] ضد کرنا - ہٹ کرنا -

مَرچینٹ : [انگ - اِمذ] سوداگر - تاجر MERCHANT

مُرچنگ : [ہ - امث] ایک قسم کا باجا جس کے چھوٹے سروں کو دانتوں کے درمیان رکھ کر انگلیوں سے بجاتے ہیں -

مُرچھانا : [ار - مص] غش آنا -

مِرچیا جن : [ہ - اِمذ] چھوٹا اور پست قد جن -

مِرچیں : [ہ - امث] دیکھئے "مرچ" جس کی یہ جمع ہے -

مِرچیں آنکھوں میں بھر لینا / بھرنا : [ار - محاورہ] آنکھوں میں مرچیں ڈال لینا تاکہ نیند نہ آئے -

مِرچیں سی آنکھوں میں لگ اُٹھنا / جانا / لگنا : [ار - محاورہ] کسی بات کا ناگوار گزرنا - بُرا معلوم ہونا - بُرا لگنا - رشک سے جل جانا -

مَرحَبا : [ع - ندا] (۱) شاباش - آفرین - کیا کہنا - واہ واہ سبحان اللہ (۲) خوش آمدید -

مَرحَلَہ : [ع - اِمذ] (۱) دن بھر کا سفر - منزل - بارہ میل / کوس کی مسافت (۲) سفر کی جگہ / وقت - منزل یا کوچ کی جگہ (۳) وہ جگہ جہاں مسافر سفر کے بعد قیام کریں (۴) قلعے کے گرد ایک قسم کی عمارت جس میں بیٹھ کر جنگ کرتے ہیں (۵) بڑی مسافت (۶) قصے کہانیوں کی کتابوں میں وہ طلسم جس کے فتح کرنے پر طلسم کا فتح کرنا منحصر ہوتا ہے - (۷) اہم کام - مشکل معاملہ (۸) درجہ - مرتبہ -

مَرحَلہ دار : [ع - ف - اِمذ] وہ چوکیدار جو دو پڑاؤں کے درمیان کے راستہ کا محافظ ہو -

مَرحَلَہ طلسمی : [ع - اِمذ] دیکھئے "مرحلہ ۶"

مَرحَلہ طے کرنا : [ار - محاورہ] (۱) منزل پوری کرنا (۲) درجہ طے کرنا (۳) اہم کام کرنا - مشکل کام نبٹانا - مشکل معاملہ حل کرنا -

مَرحَمَت : [ع - امث] مہربانی - عنایت - الطاف - کرم - کرپا - دیا نوازش - [افعال : کرنا - ہونا -]

مَرحَمَت نامہ : [عف - اِمذ] بڑے کا خط چھوٹے کے نام - عنایت نامہ - [افعال : صادر ہونا - شرف صدور لانا وغیرہ]

مَرحُوم : [ع - صف - مفعولی] (۱) رحمت کیا گیا - بخشا گیا - مغفور - جنتی - (۲) آنجہانی - متوفی - فوت شدہ - مرا ہوا مسلمان (۳) کوئی چیز جو ضائع ہو گئی ہو -

مَرحُومَہ : [ع - صف - مث] دیکھئے "مرحُوم" جس کی یہ تانیث ہے -

مُرَخَّص : [ع - صف مفعولی] رخصت کیا گیا - روانہ کیا گیا - اجازت دیا گیا -

مُرَخَّص ہونا : [ار - مع - مرکب] رخصت ہونا - روانہ ہونا - چلا جانا - جانا -

مُرَخَّم : [ع - صف مفعولی] (۱) نرم کیا گیا (۲) وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو -

مَرد : [ف - اِمذ] (۱) نر - مذکر (۲) آدمی - بشر - شخص - آدم زاد - متنفس - منش - منکھ - مانس (۳) خاوند - شوہر (۴) قوم - ذات - برن (۵) (صف) بہادر - شجاع (۶) شریف - خاندانی - عالی خاندان (۷) لائق -

مَرد آدمی : [ف - اِمذ] (۱) شریف آدمی - بھلا مانس - (۲) (مذ) دوسرے کو خطاب کرتے ہیں -

مَرد آزما / افگن : [ف - صف] (۱) قوی - شہ زور (۲) فاتح - غالب - زبردست -

مرد آخر بین مبارک بندہ ایست : [ف - مقولہ] عاقبت اندیش آدمی بہت بہتر ہے

مرد آسا : [ف - صف] مرد کی طرح -

مَرد باز : [ف - صف] فاحشہ / زانیہ / مستانی -

مرد بازی : [ف - امث] عورت کا مرد سے زنا کرانا -

مرد باید کہ ہراساں نہ شود مشکلے نیست کہ آساں نہ شود : [ف - مثل] آدمی کو ہمت نہیں ہارنی چاہیئے ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے -

مردِ بچہ : [صف] دلیر - بہادر - مرد کا بچہ -

مرد بننا : [ار - محاورہ] حوصلہ کرنا - جرأت کرنا -

مِردپن : [ار - اِمذ] آدمیت - انسانیت - مرد کی خاصیت -

مَردِ تازہ ولایت : [ف - اِمذ] (۱) وہ شخص جو حال میں ولایت سے آیا ہو (۲) کنایۃً وحشی - وہ شخص جو ہم وطنوں سے وحشت کرے اور اپنے آپ کو مغرب زدہ ثابت کرنے کی کوشش کرے -

مَرد چوں پیر شود حرص جواں می گردد : [ف - مقولہ] بڑھاپے میں حرص زیادہ ہوتی ہے -

ق : [ف۔ امذ] ولی۔ عارف۔ پارسا۔

خدا : [ف۔ امذ] (۱) ولی عارف۔ پارسا (۲) شریف آدمی۔ بزرگ شخص (۳)
حسن کلام کے واسطے (بطنز) (۴) کسی کو باتیں کرتے ہوئے خطاب کرتے ہیں۔

روغن : [ف۔ امذ] منی۔ نطفہ

شناس : [ف۔ صف] دیکھئے "مردم شناس"

شناسی : [ف۔ امث] دیکھئے "مردم شناسی"

ورت راضی تو کیا کرے گا قاضی : [ف۔ مقولہ] دیکھئے
"میاں بیوی الخ"

نیب : [ع۔ امذ] ایک غیبی ہستی جو زمین کے گرد چکر لگاتی ہے۔

کار آمد / کاری : [ف۔ امذ] وہ شخص جو کاموں کو اچھی
رح انجام دے۔

اد کھایا نہ کھائیے مرد کا لایا کھائیے : [مقولہ] عورتوں کے
ے نصیحت ہے کہ مرد کے سامنے کھانا نہ چاہیئے۔ جو کچھ وہ لے
ئے کھانا چاہیئے

کا کیا ہے ایک جوتی پہنی ایک اُتاری : [ار۔ مقولہ] مرد جب
چاہے عورت کو طلاق دیدے۔

کا نام مرد سے بہتر ہے : [ار۔ مقولہ] آدمی کے نام
ا رعب بہت ہوتا ہے۔

کا نوکر مرے برس بھر میں رنڈی کا نوکر مرے چھ
ے میں : [ار۔ مقولہ] عورت ملازم سے بہت کام لیتی ہے۔

کا نہانا عورت کا کھانا برابر ہے : [ار۔ مقولہ] دونوں ان
اموں میں جلدی کرتے ہیں۔

و گرد ضرور ہے : [ار۔ مقولہ] مرد کو محنت کرنی پڑتی ہے۔

ہشیاری لازم ہے : [ار۔ مقولہ] انسان کو چوکنا رہنا چاہئے

ی بات : [ار۔ امث] معقول بات۔ باوزن بات۔ صحیح بات۔

ی بات اور گاڑی کا پہیا آگے کو چلتے ہیں : [ار۔ مثل]
شریف کا اقرار پختہ ہوتا ہے۔ شریف جو وعدہ کرتا ہے ا‍سے
ضرور پورا کرتا ہے۔

ی ذات / صورت : [ار۔ امث] مرد کی جنس۔ مرد۔

ی صورت نہ دیکھنا : [ار۔ محاورہ] عورت کا مرد سے ہم بستری
نہ کرنا / مرد کے پاس تک نہ جانا۔

ی موت نامرد کے ہاتھ : [ار۔ مقولہ] کبھی کمزور بھی
طاقت ور کو مار لیتا ہے۔

مانس : [ار۔ امذ] مرد کی ذات۔ مرد

مانس گھر ہی بھلے : [ار۔ مقولہ] شریف آدمی وہی ہے جو گھر
ہی میں رہے، آوارہ اور بدچلن نہ ہو۔

مسلمان : [ار۔ امذ] مسلمان۔

مرے نام کو نامرد مرے نان کو : [ار۔ مثل] شریف اور
بہادر لوگ عزت اور شہرت کے لئے جان تک دے دیتے ہیں
لیکن ذلیل آدمی روٹی کے لئے ذلیل و خوار ہوتے ہیں۔

معقول : [ار۔ امذ] بھلا مانس۔ شریف۔ مُہذّب۔ شائستہ۔
ذہن فہم۔ سمجھ دار۔ دانا۔ زیرک۔

مَردِ مَیدان : [ار۔ صف] (۱) بہادر۔ دلیر۔ جری۔ سورما (۲) ماہر

مَرد و زن : [ف۔ امذ] مرد عورت۔ عام لوگ۔

مرد ہونا : [ار۔ محاورہ] بہادر ہونا۔ دلیر ہونا۔

مُرداد : [ف۔ امذ] پانچواں ایرانی شمسی مہینہ جو انگریزی مہینہ اگست اور
ہندی مہینہ بھادوں سے ملتا ہے۔

مُردار : [ف۔ صف] (۱) اپنی موت سے مرا ہوا (۲) ناپاک۔ نجس۔ حرام (۳)
مُردہ بے جان (۴) کلمہ حقارت جو ناراضگی کی وجہ سے کہا جاتا ہے (۵)
نالائق۔ فاحشہ۔ نابکار۔

مُردار پڑ جانا : [ار۔ محاورہ] بے جان ہو جانا

مُردار خوار : [ف۔ صف] مُردہ جانوروں کو کھانے والا۔ گدھ۔
چیل۔ کوّا وغیرہ۔

مُردار سَنگ : [ف۔ امذ] ایک دوا کا نام جو پتھر کی مانند ہوتی ہے۔

مردار مال : [ف۔ امذ] حرام مال۔ ناجائز دولت۔ خلاف شرع
حاصل کیا ہوا مال۔

مُردار ہڈی پر اڑنا : [ار۔ محاورہ] حرام مال پر تکرار کرنا۔

مُردار ہونا : [ار۔ محاورہ] حرام ہونا۔ ناجائز ہونا۔ ذبح کے
قابل نہ رہنا۔

مُرداری : [ار۔ امث] چھپکلی۔

مَردا مَردی : [ار۔ امث] زبردستی۔

مَردان : [ف۔ امذ] دیکھئے "مرد" جس کی یہ جمع ہے۔

مَردانِ خدا : [ف۔ امذ] خدا کے خاص بندے (۲) بہادر لوگ۔

مَردانگی : [ف۔ امث] مردمی۔ بہادری۔ دلیری۔ جوانمردی۔

مَردانہ : [ف۔ صف] (۱) دیکھئے "مرد" جس سے یہ منسوب ہے (۲) دلیری سے۔
جرأت سے (۳) مکان کا وہ حصہ جہاں مرد بیٹھتے ہیں۔

مَردانہ بھیس : [ار۔ امذ] مردوں کا سا لباس۔ مرد کا روپ۔

مَردانہ جوڑا : [ار۔ امذ] مردوں کے پہننے کا لباس۔

مَردانہ چال : [ار۔ امث] مردوں کی سی چال۔

مَردانہ کام : [ار۔ امذ] ہمت اور بہادری کا کام۔

مَردانہ مکان : [ار۔ امذ] وہ مکان جس میں مرد رہتے ہیں۔ مردانہ بیٹھک۔

مَردانہ وار : [ار۔ صف] مردوں کی طرح۔ بہادروں کی مانند۔

مَردانہ ہونا : [ار۔ محاورہ] گھر کی عورتوں کا پردے میں چلا جانا۔

مَردانی : [ار۔ صف۔ مث] وہ عورت جو اپنے آپ کو مردوں کی طرح بنائے
مردوں کی طرح کام کرنے والی عورت۔

مَردانی صحنک : [ار۔ امث] وہ صحنک جس کو مرد کھاتے ہیں۔

مردانے آدمی : [ار۔ امذ] بہادر لوگ۔ شجاع لوگ۔

مَردانے کپڑے : [ار۔ امذ] مردوں کے پہننے کا لباس۔

مُرَدَّد : [ع۔ صف مفعولی] تردید کیا گیا۔ رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا۔

مُرَدِّد : [ع۔ صف فاعلی] تردید کرنے والا۔ پھیرنے والا۔

مُرَدَّف : [ع۔ صف] وہ جس میں ردیف پائی جائے سوار کے پیچھے بیٹھنے والا۔

مَردَک : [ف۔ امذ] مرد کی تصغیر۔ حقیر اور ذلیل آدمی۔

مُرْدَگاں: [ف۔ اند] دیکھئے "مُردہ" جس کی یہ جمع ہے۔
مَرْدُم: [ف۔ اند] (۱) مرد۔ آدمی۔ انسان۔ لوگ۔ واحد اور جمع دونوں صورتوں میں استعمال ہوتا ہے (۲) آنکھ کی پُتلی۔
مَرْدُم آبی: [ف۔ اند] دریائی آدمی۔ وہ سمندری جانور جن کی شکل انسان کی سی ہوتی ہے۔
مَرْدُم آزار: [ف۔ صف] لوگوں کو ستانے والا۔ ظالم۔ بے رحم۔
مَرْدُم آزاری: [ف۔ امث] دیکھئے "مَردُم آزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مَرْدُم آمیز: [ف۔ صف] خلیق۔ متواضع۔ ملنسار۔
مَرْدُم بازار: [ف۔ اند] بازاری لوگ۔ آوارہ
مَرْدُمِ چشم: [ف۔ اند] آنکھ کی پُتلی
مردم خوار/خور: [ف۔ صف] (۱) وہ جو آدمیوں کو کھاتے۔ انسانوں کو کھا جانے والا آدمی یا جانور (۲) بے رحم۔ ظالم۔ سفاک
مردم خواری/خوری: [ف۔ امث] دیکھئے "مَردُم خوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مَرْدُم خیز: [ف۔ صف] وہ جگہ جہاں قابل اور بہادر لوگ پیدا ہوں۔
مَرْدُم خیزی: [ف۔ امث] دیکھئے "مردم خیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مَرْدُم دَر: [ف۔ صف] آدمیوں کو پھاڑ کھانے والا درندہ۔
مَرْدُمِ دیدہ: [ف۔ اند] دیکھئے "مردم چشم"
مَرْدُم زاد: [ف۔ اند] آدمی۔ آدم زاد۔
مَرْدُم شُماری: [ف۔ امث] آدمیوں کی گنتی۔
مَرْدُم شناس: [ف۔ صف] وہ شخص جو آدمیوں کی اہلیت اور قابلیت کو جانچ لے۔
مَرْدُم شناسی: [ف۔ امث] دیکھئے "مردم شناس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مَرْدُمِ قالِب/قالِبِن: [ف۔ صف] (۱) انسان کی شکل جو قالین پر بنی ہوتی ہے۔ (۲) بے مصرف آدمی۔
مَرْدُم کُش: [ف۔ صف] انسان کو قتل کرنے والا۔
مَرْدُم کُشی: [ف۔ امث] دیکھئے "مردم کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مَرْدُم گیا/گیاہ: [ف۔ امث] (۱) ایک قسم کی چینی گھاس جس کی جڑ انسان کی شکل کی سی ہوتی ہے۔ اس کے پتے آفتاب کے مقابل رہتے ہیں۔ مشہور ہے کہ اس کا اکھاڑنے والا فوراً مر جاتا ہے (۲) تزک جہانگیری میں بمعنی حنظل آیا ہے۔
مَرْدُم ماہی: [ف۔ امث] ایک قسم کی مچھلی جس کا دھڑ انسان کا سا ہوتا ہے۔ جل پری۔
مَرْدُمَک: [ف۔ امث] دیکھئے "مردم چشم"
مَرْدُمَک پھرنا: [ار۔ محاورہ] آنکھ کی پتلی کا پھرنا۔
مَرْدُمی: [ف۔ امث] (۱) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری (۲) انسانیت مروت۔ خلق۔ رعایت۔
مِرْدَنگ: [ار۔ امث] (۱) ایک قسم کی ڈھولک جو طبلہ کی طرح ایک طرف سے بجائی جاتی ہے (۲) شیشے کا فانوس جسے شمع روشن کر کے اس کے اوپر رکھ دیا جاتا ہے۔
مِرْدَنگی: [ار۔ صف] مردنگ بجانے والا۔
مُرْدَنی: [ف۔ امث] (۱) موت کے آثار۔ علامت مرگ۔ جو چہرہ پر خون خشک ہونے سے پائی جاتی ہے (۲) مرنا (۳) قضا۔ موت۔
مُرْدَنی پھرنا: [ار۔ محاورہ] موت کے آثار ظاہر ہونا۔ چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا
مُرْدَنی چھا جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مردنی پھرنا"
مُرْدَنی میں جانا: [ار۔ محاورہ] مردہ کی تجہیز و تکفین میں جانا۔
مَرْدُوا: [ار۔ اند] دیکھئے "مرد" جس کی یہ تصغیر ہے۔ بیگانہ مرد۔
مَرْدُود: [ع۔ صف] (۱) رد کیا گیا۔ راندہ ہوا۔ بے عزت کیا گیا۔ ملعون نابکار (۲) نالائق۔ بدنصیب۔ نکما۔
مَرْدُودُالشّہادَۃ: [ع۔ اند] وہ شخص جس کی گواہی ناقابل قبول ہو۔
مَرْدُود ہونا: [ار۔ محاورہ] نکالا جانا۔ باہر کیا جانا۔ ملعون ہونا۔
مُردوں سے شرط باندھ کر سونا: [ار۔ محاورہ] غیر معمولی دیر تک سونا۔ بہت غافل سونا
مُردوں کو اوندھا ڈال رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مُردوں کی فاتحہ درود نہ کرنا (۲) شب برات کا تہوار نہ کرنا۔
مُردوں کی ہڈیاں اُکھاڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مرے ہوئے لوگوں کی باتیں نکالنا (۲) مُردوں کو برائی کے ساتھ یاد کرنا (۳) اساتذہ سلف کے کلام پر نکتہ چینی کرنا (۴) اگلے لوگوں کی پیروی کرنا۔ پرانے مضامین باندھنا۔
مُردوں کی ہڈیاں بچھوڑنا: [ار۔ محاورہ] بزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنا۔
مُرْدَہ: [ف۔ صف] (۱) بے جان۔ بے روح۔ مرا ہوا (۲) مجازاً کمزور۔ ناتواں۔ نحیف۔ لاغر۔ دُبلا (۳) بہت بوڑھا۔ نہایت عمر رسیدہ (۴) مرجھایا ہوا۔ افسردہ (۵) لاش۔ میت۔ جنازہ۔
مُردہ اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] تجہیز و تکفین کرنا۔ میت کی رسمیں ادا کرنا۔ جنازہ اٹھانا۔
مُردہ اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مُردہ اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُردہ باد: [ف۔ نعو] مر جائے۔ تباہ ہو جائے۔ (اظہار نفرت کیلئے مستعمل ہے)
مُردہ بَدَستِ زندہ: [ف۔ مثل] (۱) مردہ زندہ کے ہاتھ میں۔ جب آدمی مر جائے تو زندوں کے سپرد ہوتا ہے جو چاہیں سلوک کریں (۲) بے بس۔ مجبور۔
مُردہ بنانا: [ار۔ محاورہ] مارنا۔ بے جان کرنا۔
مُردہ بَننا/بَن جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مردہ بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُردہ بھاری کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مردہ بھاری ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مُردہ بھاری ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) میت بھاری ہونا (۲) ناتواں ہو کر بھی زور آور پر غالب ہونا۔ (۳) گنہگار رہنا۔
مُردہ پسند/پرست: [ف۔ صف] مرنے کے بعد قدر کرنے والا۔

مُردہ جلانا :[ار۔مص۔کب] میت کو پھونکنا۔میت کو داغ دینا۔ ہندوؤں کی رسم۔
مُردہ خراب کرنا :[ار۔محاورہ] مُردہ رسوا کرنا۔مردہ کی مٹی پلید کرنا۔
مُردہ خراب ہونا :[ار۔محاورہ] دیکھئے " مُردہ خراب کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُردہ خوار :[ف۔صف] (۱) مردہ کھانے والا (۲) غیبت کرنے والا۔
مُردَہ دِل :[ف۔صف] (۱) اداس۔آزردہ۔رنجیدہ۔دلگیر۔مغموم (۲) سُست کاہل (۳) کم ہمت (۴) بے ذوق۔
مُردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں جائے اپنے حلوے مانڈے سے کام :[ار۔مثل] خود غرض کو اپنے مطلب سے کام خواہ کوئی مرے یا جیے۔
مُردہ دیکھنا :[ار۔محاورہ] مرا ہوا دیکھنا۔جنازہ دیکھنا۔
مُردہ زندہ ہونا :[ار۔محاورہ] بہت خوش بیان ہونا۔
مُردہ سا پڑا رہنا :[ار۔محاورہ] سُست پڑا رہنا۔
مُردہ سَنگ :[ف۔اند] دیکھئے " مردار سنگ "
مُردَہ شُو :[ف۔اند] مردہ نہلانے والا۔غسّال
مُردہ شُو کے حوالے :[ار۔کلمہ۔بددعا] مرجائے۔موت آجائے۔
مُردہ شُو لے جائے :[ار۔کلمہ بددعا] میت نہلانے والا اٹھالے جائے۔
مُردہ شُوئی :[ار۔امث] دیکھئے " مردہ شُو " جس کی یہ تانیث ہے۔
مُردَہ صَد سالہ :[ف۔اند] کنایۃً بہت کمزور۔لاغر
مُردہ کر دینا/کر ڈالنا :[ار۔محاورہ] مرنے کے قریب پہنچا دینا۔بہت کمزور کر دینا (۲) مار ڈالنا۔ذبح کر دینا۔
مُردہ نکلنا :[ار۔محاورہ] جنازے کا گزرنا۔میت کا جانا
مِردَھا :[ار۔اند] (۱) گاؤں کا حاکم۔چوبداروں کا سردار۔قاصدوں کا افسر (۲) افغانوں کا ایک قبیلہ ("میردہ" کا بگاڑ)
مَردِی :[ف۔امث] (۱) مردانگی۔بہادری (۲) آدمیت۔انسانیت۔ (۳) قوت باہ۔رجولیت۔
مُردے اُٹھنا :[ار۔محاورہ] مردوں کا زندہ ہوجانا۔
مُردے اُچھل پڑنا :[ار۔محاورہ] مُردے کا زندہ ہو کر بیتاب ہونا۔
مُردے پر تین دن بھاری :[ار۔مثل] مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق مُردہ پر پہلے تین دن بہت سخت ہوتے ہیں۔حساب کتاب کے دن۔
مُردے پر جیسے سو من مٹی ویسے ہزار من :[ار۔مثل] جب مصیبت ہے تو جیسی تھوڑی ویسی بہت۔
مُردے پر رونا :[ار۔محاورہ] مُردے کا ماتم کرنا۔
مُردے جِلانا :[ار۔محاورہ] مُردے زندہ کرنا
مُردے جی اُٹھنا :[ار۔محاورہ] مُردے کا زندہ ہوجانا۔
مُردے سے بدتر :[ار۔صف] بہت ضعیف اور کمزور۔
مُردے کا مال :[ار۔اند] (۱) مال متروکہ (۲) لاوارث مال (۳) بہت سستا مال۔
مُردے کو بیٹھ کر روتے ہیں روزی کو کھڑے ہو کر :[ار۔مثل] روزی کا غم مردے کے غم سے بھی زیادہ ہوتا ہے
مُردے کی نیند سونا :[ار۔محاورہ] بہت غافل سونا۔
مُردے میں جان آنا :[ار۔محاورہ] (۱) کمزور کا طاقتور ہوجانا (۲) سُست کا مستعد ہوجانا۔
مَر رہنا :[ار۔محاورہ] (۱) مرجانا۔موت آجانا (۲) مجازاً کام میں دیر لگنا یا لگانا۔جہاں جانا وہیں بیٹھ رہنا (۳) بے خبر رہنا۔
مَرز :[ف۔اند] (۱) زمین۔قابل کاشت زمین (۲) حد۔سرحد۔
مَرزبان :[ف۔اند] (۱) زمین دار۔حاکم زمین (۲) سرحد کا افسر۔سرحدی صوبہ کا گورنر۔صوبے دار۔حاکم (۳) شاہ۔شہزادہ۔آتش پرستوں کا سردار
مَرز بُوم :[ف۔امث] (۱) پیدائش کی جگہ (۲) ملک کی حدود (۳) مملکت۔سلطنت۔
مِرزا :[ف۔اند] میرزا کا مخفف (۱) امیرزادہ۔شہزادہ (۲) مغلوں کا لقب مغل زادہ (۳) خاندان تیموریہ کے شہزادوں کا لقب۔
مرزا پھویا :[ار۔صف] نہایت نازک اندام آدمی۔لاغر۔دُبلا۔پتلا۔ آرام طلب۔تن آسان آدمی۔
مرزا چھیلا :[ار۔صف] چھیل چھبیلا۔رنگیلا۔سجیلا۔
مرزا مَنِش :[ف۔صف] نازک مزاج۔نازک طبیعت۔
مرزا منشی :[ف۔امث] دیکھئے " مرزا منش " جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مرزا مہین :[ار۔صف] کمال نازک بدن۔دُبلا پتلا۔
مِرزائی :[ف۔امث] (۱) بزرگی۔شہزادگی۔حکومت کی بُو۔تکبر۔غرور (۲) حکومت۔سرداری (۳) صدری۔کمری۔واسکٹ۔نیم آستین (۵) مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو۔
مرزائی کرنا :[ار۔محاورہ] تکبر کرنا۔غرور کرنا
مرزائی کی بُو :[ار۔امث] حکومت کا نشہ۔سلطنت کا گھمنڈ۔
مرزائیت :[ار۔صف] مرزا غلام احمد قادیانی کو ماننے کا مذہب۔
مرزن جوش/گوش :[ف۔امث] ایک خوشبودار گھاس۔چوہا کنّی۔
مَرزُوق :[ع۔صف] رزق دیا گیا۔
مِرزَئی :[ف۔امث] مرزائی کا مخفف۔پوری یا آدھی آستین کی کمری۔
مُرسَل :[ع۔اند] (۱) ارسال کیا گیا۔بھیجا ہوا۔رسول۔پیغمبر (۲) حدیث کی ایک قسم جس کے آخر سند میں تابعی کے بعد کوئی راوی مذکور نہ ہو۔
مُرسَلٌ اِلَیہ :[ع۔اند] جس کی طرف بھیجا جائے۔
مُرسِل :[ع۔اند] ارسال کرنے والا۔بھیجنے والا۔خط بھیجنے والا۔
مُرسَلَہ :[ع۔صف] دیکھئے " مُرسَل " جس کی یہ تانیث ہے۔
مُرسَلہ بَند :[ع۔اند] ہار کا گنڈا۔
مَرسُوب :[ع۔صف] تہہ میں بیٹھا ہوا۔تلچھٹ۔
مَرسُول/مَرسُولہ :[ع۔صف] بھیجا ہوا۔فرستادہ (عربی قواعد کے لحاظ سے غلط ہے)

مَرسُوم : [ع۔صف مفعولی] (۱) رسم ڈالا گیا۔ قاعدہ باندھا گیا (۲) نشان کیا گیا۔ (۳) تنخواہ۔ وظیفہ۔ مشاہرہ۔

مُرشِد : [ع۔امذ] "ہدایت کرنے والا۔ سیدھی راہ دکھانے والا۔ رہنما۔ ہادی۔ پیر (۲) (ار) اُستاد۔ چالاک۔ عیار۔ ہوشیار۔ شریر۔ فریبی۔ دغاباز۔ پاکھنڈی۔ گرو گھنٹال۔

مُرشِد زادہ : [ف۔امذ] پیر کا بیٹا (۲) بادشاہ کا رشتہ دار۔

مُرشِدی : [ع۔امث] مرشد کا منصب۔ راہ راست دکھانا۔

مَرصَد : [ع۔امث] (۱) امیدگاہ۔ گھات (۲) رصد گاہ۔

مُرَصَّع : [ع۔صف] "جڑاو۔ موتی یا جواہرات جڑا ہوا (۲) آراستہ (۳) وہ نثر یا نظم جس میں ہر لفظ کے مقابلہ میں دوسرا لفظ اُسی وزن یا قافیہ کا ہو (۴) خوش بیانی سے آراستہ۔

مُرَصَّع رَقَم : [عف۔صف] نہایت خوبصورت لکھنے والا۔ اچھا لکھنے والا کاتب۔

مُرَصَّع سَاز / کَار : [عف۔صف] نگینے یا جواہرات جڑنے والا۔ جڑیا۔

مُرَصَّع سَازی / کَاری : [عف۔امث] دیکھیے "مرصع ساز / کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مُرَصَّع نِگَار : [عف۔صف] بہت خوش قلم۔ نہایت خوشخط لکھنے والا۔

مَرصُوص : [ع۔صف] بہت مضبوط کیا ہوا۔ رانگ پلایا ہوا۔ سیسہ پلایا ہوا۔

مَرصُوصَہ : [ع۔صف۔مث] دیکھیے "مرصوص" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَرَض : [ع۔امذ] بیماری۔ دُکھ۔ روگ۔ آزار (۲) لت۔ عادت۔

مَرَض اُٹھ کھڑا ہونا : [ار۔محاورہ] بیماری پیدا ہونا۔

مَرَضِ اَصلی : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] وہ مرض جو خود پیدا ہو اور کسی دوسرے مرض کا تابع نہ ہو۔

مَرَضُ الموت : [ع۔امذ] وہ مرض جس میں مبتلا ہو کر آدمی مر جاتے۔

مَرَض بِگڑنا : [ار۔محاورہ] بیماری کا خراب صورت اختیار کر لینا۔ مرض کا خطرناک حالت میں داخل ہونا۔ بیماری بڑھ جانا۔

مَرَضِ حَاد : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] شدید بیماری۔

مَرَض خَانہ : [عف۔امذ] بیماری کا گھر۔ بیماروں کے رہنے کا مکان۔

مَرَض عَارِض ہونا : [ار۔محاورہ] بیماری پیچھے لگ جانا۔ مرض لاحق ہونا۔

مَرَض کا طوطا پالنا : [ار۔محاورہ] بکھیڑے میں پڑنا

مَرَض کی دوا ہونا : [ار۔محاورہ] کسی مصرف کا ہونا۔ کسی کام کا ہونا۔

مَرَض لاحِق ہونا : [ار۔محاورہ] بیماری ہونا۔

مَرَضِ لاحِقَہ : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] موجودہ بیماری۔

مَرَضِ لا دوا : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] وہ بیماری جس کا علاج نہ ہو۔ مجازاً عشق کو بھی کہتے ہیں۔

مَرَضِ مُتَعَدِّی : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے۔ چھوت کی بیماری۔

مَرَضِ مُزمِن : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] پرانی بیماری

مَرَضِ مَقَامی : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] وہ بیماری جو کسی خاص مقام سے مخصوص ہو۔

مَرَض مَورُوثی : [ع۔امذ۔ فارسی ترکیب] وہ بیماری جس کا اثر والدین سے اولاد کو منتقل ہو۔

مَرَض مُہلِک : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] ہلاک کرنے والا مرض وہ بیماری جس میں جان کا اندیشہ ہو۔

مَرضا / مَرضیٰ : [ع۔امذ] "مریض" کی جمع۔

مُرضِعَہ : [ع۔صف] بچے کو دودھ پلانے والی عورت دائی۔ انّا۔

مَرضی : [ع۔امث] "پسندیدگی۔ پسند رہنا۔ خوشنودی۔ اقرار منظوری (۲) اجازت (۳) خواہش۔

مَرضی پٹنا / ملنا : [ار۔محاورہ] اتفاق رائے ہونا۔

مَرضی ملے کا سودا : [ار۔امذ] رضامندی کا معاملہ ہے۔ رضامندی پر موقوف ہے۔

مَرضیٔ مولیٰ از ہمہ اولیٰ : [ف۔مقولہ] مالک کی رضا سب سے بہتر ہے۔

مَرضی میں آنا : [ار۔محاورہ] پسند ہونا۔ رائے میں ہونا۔ رائے کے موافق ہونا۔

مَرطُوب : [ع۔صف] گیلا۔ بھیگا ہوا۔ سیلا۔

مَرطُوبِیَّت : [ع۔امث] تری۔

مَرعُوب : [ع۔صف] رعب میں آیا ہوا۔ ڈرا ہوا ڈرنے والا۔

مَرعِی : [ع۔صف] (۱) رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا (۲) حاکم کیا گیا۔ حکومت کیا گیا۔

مَرغ : [ف۔امذ] ہری گھاس۔ سبزہ۔

مَرغ زار : [ف۔امذ] سبزہ زار۔ چراگاہ۔

مُرغ : [ف۔امذ] "پرند۔ اڑنے والا جانور (۲) مُرغا۔ خروس۔

مُرغِ آتش بار / زن : [ف۔امذ] ایک قسم کی آتشبازی۔

مُرغِ آتش خوار : [ف۔صف] چکور۔ کبک۔

مُرغِ اَنداز : [ف۔صف] وہ لقمہ جس کو بغیر چبائے نگل جائیں۔

مُرغِ بادنما : [ف۔امذ] "ٹین کا بنا ہوا وہ مرغ جو ہوا کا رُخ بتاتا ہے (۲) کنایۃً طاقت ور کا حامی۔ ابن الوقت۔ بے اصول۔

مُرغ باز : [ف۔صف] مرغ پالنے اور لڑانے والا۔

مُرغ بازی : [ف۔امث] مرغ لڑانا۔

مُرغِ بام : [ف۔امذ] (۱) بلبل (۲) فاختہ۔ قمری۔

مُرغِ بسم اللہ : [فع۔امذ] مرغ کی صورت میں لکھی ہوئی بسم اللہ۔

مُرغِ چمن : [ف۔امذ] (۱) بلبل۔ عندلیب (۲) وہ پرندہ جس کی آواز سریلی ہو۔

مُرغِ حق گو / زِیرک / شب آویز : [ف۔امذ] ایک پرندہ جو رات کو الٹا لٹک کر حق حق کی سی آواز نکالتا رہتا ہے۔

مُرغِ خانگی : [ف - اند] گھر کا پلا ہوا مرغ - پالتو مُرغ -

مُرغِ دست آموز : [ف - اند] ہاتھ پر ہلایا ہوا پرندہ جو چھوٹنے کے بعد پھر ہاتھ پر آ بیٹھے -

مُرغِ زنگین تاج / زرّیں : [ف - اند] تیتر اور مور سے ملتا ہوا مرغی کے برابر سبز رنگ کا ایک پرند جس کے پر چمکیلے اور سر پر کلغی ہوتی ہے - ایک قسم کا جنگلی مُرغ -

مُرغِ روز : [ف - اند] کنایتہً سورج -

مُرغِ زر : [ف - اند] (۱) کنایتہً سورج (۲) سونے کا پیالہ جس کی شکل مرغ کی سی ہو -

مُرغِ زرّیں بننا : [ار - محاورہ] زرق برق لباس پہننا - بہت آراستہ پیراستہ ہونا -

مُرغِ سبز وار : [ف - اند] ایک قسم کی مرغی جس کے حلق کے نیچے سرخ رنگ کا گوشت ہوتا ہے - اس کے پر مختلف رنگ کے ہوتے ہیں اور ملے ہوتے ہوتے ہیں -

مُرغِ سحر / صبح : [ف - اند] (۱) وہ مرغ جو صبح کے وقت اذان دیتا ہے (۲) صبح کے وقت چہچہانے والے پرندے -

مُرغِ سحر / صبح خواں : [ف - اند] دیکھئے "مرغ سحر وغیرہ"

مُرغِ سِدرہ : [ف - اند] بیری پر رہنے والا پرندہ - مراد حضرت جبریل امین علیہ السلام -

مُرغِ سُلیمان : [ف - اند] ایک تاج دار خوبصورت پرندہ جو حضرت سلیمان کا قاصد بن کر ملکہ بلقیس کے پاس گیا تھا - ہُدہُد -

مُرغِ شانہ سر : [ف - اند] ہُدہُد -

مُرغِ شب آہنگ / خیز / خواں : [ف - اند] رات کو گانے والا بلبل - مرغا -

مُرغِ طرب : [ف - اند] (۱) بلبل (۲) گویّا - مغنّی -

مُرغِ عیسیٰ / مسیحا : [ف - اند] وہ پرند جسے حضرت عیسیٰ نے مٹی کا بنا کر دم پھونکا تھا - چمگادڑ -

مُرغِ فلک / عرش : [ف - اند] کنایتہً حضرت جبریل علیہ السلام -

مُرغِ قبلہ نما : [ف - اند] وہ مرغ یا پرندے کی شکل جو قبلہ نما کے آلے کے اندر قبلہ کی سمت ظاہر کرنے کے لئے بنائی جاتی ہے - قبلہ نما کی سوئی -

مُرغ کی ایک ہی ٹانگ : [ار - مثل] اپنی بات کی رٹ - اپنے جھوٹے قول کی پیچ -

مُرغِ مجنوں : [ف - اند] وہ پرند جس نے مجنوں کے سر پر گھونسلا بنایا تھا -

مُرغِ مصلّیٰ : [ف - اند] وہ جو ظاہر میں نمازی باطن میں مکار ہو -

مُرغِ نامہ آور : [ف - اند] (۱) قاصد - پیک - (۲) ہُدہُد (۳) خط لانے والا کبوتر -

مُرغِ نامہ بر : [ف - اند] وہ کبوتر جس کے گلے میں چٹھی باندھ کر بھیجیں

مُرغِ نو گرفتار : [ف - اند] وہ پرند جو نیا پکڑا گیا ہو -

مُرغِ ہمایوں فال : [ف - اند] مبارک شگون والا طائر - ہُما -

مُرغا : [ار - اند] مُرغی کا نر - خروس -

مُرغا بنانا : [ار - محاورہ] ٹانگوں کے نیچے سے ہاتھ نکال کر کان پکڑنے پر مجبور کرنا -

مرغا نہ ہوگا تو کیا اذان نہ ہوگی / مرغا بانگ نہ دے گا تو کیا صبح نہ ہوگی : [ار - مثل] کوئی کام کسی کی ذات خاص پر موقوف نہیں رہتا - رہتی دنیا تک کام ہوتے ہی رہیں گے -

مُرغا ہضم بکری پر دَم : [ار - مثل] چھوٹی چیز لے کر بڑی چیز پر نظر -

مُرغابی : [ف - اند] ایک آبی پرندہ -

مُرغان : [ف - اند] دیکھئے "مُرغ" جس کی یہ جمع ہے -

مُرغانِ اُولی الاجنحہ : [عف - اند] بازو رکھنے والے پرندے کنایتہً فرشتے -

مُرغانِ سِدرہ : [ف - اند] کنایتہً فرشتے -

مُرغّن : [ف - صف] بہت سا گھی پڑا ہوا (عربی قاعدہ کے مطابق بنایا گیا ہے جو غلط ہے -)

مَرغوب : [ع - صف] (۱) رغبت کیا گیا - پسندیدہ - دل پسند - قابل رغبت - من بھاتا (۲) دل کش - دل رُبا - محبوب - پیارا - (۳) خوبصورت - مزہ دار - لذیذ [افعال : آنا - ہونا]

مَرغوبُ الطّبع : [ع - صف] دل کو پسند آنے والا - جو جی کو بھائے -

مَرغوبات : [ع - امث] (۱) دیکھئے "مرغوب" جس کی یہ جمع ہے (۲) پسندیدہ چیزیں -

مَرغول / مرغولہ : [ف - صف] (۱) پیچ دار - پیچیدہ - خم دار - ٹیڑھا - گھنگھریالا - بل کھائے ہوئے - مڑا ہوا (۲) مُدوّر ' یا کنگرے دار - محراب (۳) مدور بنا ہوا گھر (۴) پیچیدہ آواز -

مَرغُولنا : [ار - مص - ق] چہچہانا -

مَرغُولی : [ار - امث - ق] (۱) خوشی (۲) پرندوں کا چہچہانا -

مُرغوں کی پالی : [ار - امث] مُرغوں کی لڑائی (۲) وہ جگہ جہاں مرغے لڑائے جائیں -

مُرغوں کی پالی بندھنا : [ار - محاورہ] مرغوں کا اکھاڑا جمنا - مرغوں کی لڑائی ہونا -

مُرغوں کی سی لڑائی ہے : [ار - محاورہ] بے لاگ ہے - کوئی مطلب نہیں -

مُرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ : [ار - مثل] انسان ہر وقت اپنے مطلب کی ہی سوچتا ہے - جیسا خیال ہوتا ہے ویسے خواب نظر آتے ہیں -

مُرغی : [ار - امث] دیکھئے "مرغا" جس کی یہ تانیث ہے -

مُرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو مزہ نہ آیا : [ار - مثل] ایک شخص نے دوسرے کے لئے بے حد کوشش کی مگر اس نے قدر نہ کی -

مُرغی انڈے کی بحث: [ار۔امث] فضول تکرار۔ بے کار حجت۔ بے نتیجہ گفتگو۔

مُرغی بٹھانا: [ار۔محاورہ] مُرغی کو انڈے سینے کے لئے بٹھانا۔

مُرغی کا: [ار۔اند] مرغی کا جنا (گالی کے طور پر کہتے ہیں۔)

مُرغی کا گوہ: [ار۔اند] ناکارہ شے۔ نکما آدمی۔

مُرغی کو تکلے کا گھاؤ / داغ بہت ہے: [ار۔مثل] غریب کو تھوڑا نقصان بھی بہت ہے۔

مُرغی کی اذان / بانگ: [ار۔امث] وہ اذان جو خلافِ فطرت مرغی دے بیٹھے تو لوگ اسے منحوس خیال کر کے ذبح کر ڈالتے ہیں۔

مُرغی کی اذان / بانگ کون سنتا ہے: [ار۔مثل] عورت کی بات کا کیا اعتبار۔

مُرغی ہیجر: [ار۔اند] مرغیوں کا سوداگر۔ مُرغیاں پالنے والا۔

مُرغی والا: [ار۔اند] (۱) مُرغی کا (۲) مرغیاں بیچنے والا۔

مَرفا: [ف۔اند] ایک قسم کا تاشا۔ ڈھول۔ طبل۔ (ع) بندگاد۔

مَرفَق: [ع۔امث] کہنی۔

مَرفُوع: [ع۔صف] (۱) رفع کیا گیا۔ اٹھایا گیا۔ بلند کیا گیا (۲) علم صرف میں وہ حرف جس پر پیش ہو (۳) وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے۔

مَرفُوعُ القَلَم: [ع۔اند] وہ شخص جس کا جرم قابل بازپرس نہ ہو معذور۔ پاگل۔ دیوانہ۔ مخبوط الحواس۔

مرفہ: [ع۔صف] آسودہ۔ خوش حال۔ پیٹ بھرا۔ فارغ البال۔

مُرفہ الحال: [ع۔صف] خوش حال۔ آسودہ۔ دولت مند۔

مَرقَد: [ع۔اند] (۱) سونے کی جگہ۔ آرام گاہ۔ خواب گاہ (۲) تُربت قبر۔ گور۔ مزار۔

مُرقّع: [ع۔اند] (۱) مرمت شدہ۔ جس میں پیوند لگے ہوں۔ فقیروں کی گدڑی (۲) تصویروں کی کتاب (۳) قطعات رکھنے کی کتاب (۴) لفظی تصویر۔ خاکہ (۵) کنایۃً لاجواب۔

مُرقّع اُتارنا: [ار۔محاورہ] تصویر بنانا۔

مُرقّع اُتروانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "مرقع اتارنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

مُرقّع اُلٹ جانا: [ار۔محاورہ] دنیا درہم برہم ہونا۔

مُرقّع بن جانا: [ار۔محاورہ] حیران ہونا۔ تصویر بن جانا۔

مُرقّع درہم برہم ہونا: [ار۔محاورہ] جو لوگ ایک جگہ جمع ہوں ان کا پریشان ہونا۔ تتر بتر ہونا۔

مُرقّع کھینچنا: [ار۔محاورہ] تصویر کھینچنا۔

مَرقُوم: [ع۔صف] لکھا ہوا۔ لکھا گیا۔

مَرقُومُ الحاشیہ: [ع۔صف] حاشیہ پر لکھا ہوا۔

مَرقُومُ الذَّیل: [ع۔صف] نیچے لکھا ہوا۔

مَرقُوم کرنا: [ار۔مصو۔مرکب] لکھنا۔

مَرقُوم ہونا: [ار۔مص۔مرکب] دیکھئے "مرقوم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مَرقُومہ: [ع۔صف۔مث] مرقوم کی تانیث۔ اردو میں بطور مذکر بھی مستعمل ہے۔

مَرقُومہ بالا: [ع۔صف] اوپر لکھا ہوا۔

مُرکانا: [ار۔مص] موڑنا۔ موڑنا۔ بل دینا۔

مَرکَب: [ع۔اند] (۱) وہ شے جس پر سوار ہوں۔ سواری (۲) مجازاً گھوڑا۔

مَرکَبِ چوبیں: [عف۔اند] تابوت (کنایۃً)

مُرکّب: [ع۔صف] (۱) ترکیب دیا ہوا۔ ملا ہوا۔ ملایا ہوا۔ مخلوط (۲) دوات کی سیاہی (۳) وہ کلام جس میں ایک سے زیادہ کلمات ہوں۔

مُرکّبِ تام: [ع۔اند] وہ مرکب کلام جس کے سننے سے پورا فائدہ ہو۔

مُرکّب کرنا: [ار۔مص۔مرکب] کئی چیزوں کو ملانا۔

مُرکّبات: [ع۔اند] دیکھئے "مرکب" جس کی یہ جمع ہے۔

مُرکّباتِ ناقصہ: [ع۔اند۔بترکیب فارسی] وہ مرکب کلام جس سے سننے والے کو پورا فائدہ حاصل نہ ہو اور وہ ہمیشہ جزو جملہ ہوتا ہے جس کی مشہور قسمیں مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) مرکب اضافی جو مضاف اور مضاف الیہ سے مل کر بنے۔

(۲) مرکب توصیفی جو صفت اور موصوف سے مل کر بنے۔

(۳) مرکب عددی جو دو عددوں سے مل کر بنے یا جو عدد اور معدود سے مل کر بنے۔

(۴) مرکب عطفی، جو معطوف اور معطوف علیہ سے مل کر بنے۔

(۵) مرکب ظرفی، جو ظرف اور مظروف سے مل کر بنے۔

(۶) مرکب امتزاجی، وہ مرکب جس میں دو اسم یا لفظ مل کر ایک ہی اسم بن جائیں۔

(۷) بدل و مبدل منہ۔ دو لفظ کلام میں اس طرح استعمال کئے جائیں کہ ایک مقصود بالذات اور دوسرے سے کوئی غرض نہ ہو۔

(۸) عطف بیان جو بیان اور مبین سے مل کر بنے۔

(۹) تابع مہمل، وہ بے معنی زائد لفظ جو کسی با معنی لفظ کے ساتھ سے لگاتے ہیں مثلاً پیچ وچ۔

(۱۰) تابع موضوع، وہ با معنی لفظ جو کسی دوسرے با معنی لفظ کے ساتھ لے آتے ہیں مثلاً بھلا چنگا۔

(۱۱) مرکب تاکیدی، جو تاکید اور موکد سے مل کر بنے۔

(۱۲) مرکب تمیزی، جو تمیز اور ممیز سے مل کر بنے

(۱۳) مُرکّب اشاری، جو اشارہ اور مشار الیہ سے مل کر بنے۔

مر کر / کے: [ار۔متعلق فعل] (۱) بہ مشکل تمام۔ نہایت دشواری سے (۲) مرنے کے قریب پہنچ کر۔

مر کر / کے بچنا: [ار۔محاورہ] مر کے بچنا۔ مرتے مرتے بچنا۔ ہلاکت کے قریب پہنچ کر بچنا۔ دوبارہ زندگی پانا۔

مَرکر / کے جینا : [ار ۔ محاورہ] ناممکن کام ہونا

مَرکر / کے چھوٹنا : [ار ۔ محاورہ] جان دے کر خلاصی پانا ۔ موت کے بعد چھٹکارا پانا ۔

مَرکر / کے رہ جانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) مرجانا (۲) آنے میں دیر لگانا ۔

مَرکَز : [ع ۔ اند] (۱) کسی چیز کو کھڑا کرنے کی جگہ (۲) کسی چیز کا درمیانی حصہ ۔ عین وسط ۔ درمیان ۔ قلب (۳) دائرے کے بیچ کا وہ نقطہ جس سے اس کے محیط تک جتنے خط کھینچے جائیں سب آپس میں برابر ہوں (۴) وہ آڑی لکیر جو کاف یا گاف پر کھینچی جائے (۵) دورہ کرنے کی جگہ ۔ مدار ۔ دھری ۔ کیلی ۔ وہ نقطہ جس پر کوئی چیز گھومے یا گردش کرے (۶) مرکزی حکومت ۔

مَرکَزِ ثِقَل : [فع ۔ اند] کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر رکھنے سے اس جسم کے تمام اجزا برابر تلے رہیں اور جسم گرنے نہ پائے ۔

مَرکَزِ چَرخ : [ع ۔ اند ۔ بترکیب فارسی] آسمان کا مرکز ۔ زمین ، قدیم لوگوں کا خیال تھا کہ تمام عالم کا مرکز زمین ہے اور آسمان زمین کے گرد گردش کرتا ہے ۔

مَرکَزِ خاک : [عف ۔ اند] زمین کا بیچوں بیچ ۔ کرہ ارض کا مرکز ۔

مَرکَزِ خورشید : [عف ۔ اند] سورج کا مرکز ۔ چوتھا آسمان ۔

مَرکَزِ دَولت : [عف ۔ اند] دارالسلطنت ۔ پایہ تخت ۔ راجدھانی ۔

مَرکَزِ زمین : [عف ۔ اند] دیکھیے "مرکزِ خاک"

مَرکَزہ : [ار ۔ اند] مرکزی شعبہ جس کے گرد اور چیزیں جمع ہوتی ہیں ۔ (انگریزی لفظ NUCLEUS کا ترجمہ)

مُرکَنا : [ار ۔ مص] بل کھانا ۔ مڑنا ۔ موچ آنا ۔ ٹوٹنا ۔

مَرکنٹائل : [انگ ۔ صف] (MERCANTILE) تجارتی ۔ تاجرانہ کاروبار کے متعلق ۔

مَرکُوز : [ع ۔ صف] (۱) گڑا ہوا ۔ محکم کیا ہوا (۲) مجازاً منظور کیا گیا ۔ پسند کیا گیا ۔ دل نشین (۳) ایک نقطہ پر جمع کیا گیا ۔

مَرکُوزِ خاطر : [عف ۔ اند] دل میں بیٹھا ہوا ۔ دل نشین

مَرکُوز کرنا : [ار ۔ مص مرکب] ایک نقطہ پر جمع کرنا

مَرکُوز ہونا : [ار ۔ مص مرکب] دیکھیے "مرکوز کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مَرکھپنا : [ار ۔ مص] مرکر تمام ہوجانا ۔ خاک میں مل جانا ۔

مَرکھنا : [ار ۔ صف] سینگ مارنے والا جانور ۔ شریر ۔

مَرکھنی : [ار ۔ امث] دیکھیے "مرکھنا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

مُرکی : [ار ۔ امث] (۱) کان کا ایک زیور ۔ چھوٹی سی بالی (۲) گلے سے آواز کو نکالنے کا ایک خاص انداز (اصطلاح موسیقی)

مَرگ : [ف ۔ امث] موت ۔ قضا ۔ اجل

مَرگِ آسان : [ف ۔ امث] وہ موت جو آسانی سے واقع ہو ۔ جلدی سے دم نکل جائے ۔

مَرگِ اِتفاقی : [ف ۔ امث] وہ موت جو اچانک آجائے ۔ ناگہانی موت ۔

مَرگِ انبوہ جشنے دارد : [ف ۔ مثل] عام قسم کی مصیبت ایک قسم کا جلسہ بن جاتی ہے ۔ عام مصیبت کا رنج نہیں ہوتا ۔

مَرگ پیچ : [ف ۔ اند] پگڑی کا ایک خاص قسم کا پیچ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس پیچ کا باندھنے والا مرنے پر تیار ہے ۔

مَرگِ تازہ : [ف ۔ امث] نیا حادثہ (مجازاً) نیا عشق ۔

مَرگِ جوانانہ : [ف ۔ امث] جوانی کی موت ۔

مَرگِ طبعی : [ف ۔ امث] قدرتی موت ۔ وہ موت جو پوری عمر پر پہنچ کر آئے ۔

مَرگِ مفاجات : [ف ۔ امث] ناگہانی موت ۔ بے وقت کی موت

مَرگِ ناگہاں / ناگہانی : [ف ۔ امث] وہ موت جو اچانک آجائے

مَرگِ نو : [ف ۔ امث] (۱) تازہ موت (۲) عشق

مَرگِ نوجوانی : [ف ۔ امث] دیکھیے "مرگ جوانانہ"

مَرگِ نو مبارک باد : [ف ۔ مقولہ] اس وقت بولتے ہیں جب کوئی تازہ حادثہ پیش آئے ۔

مِرگ : [ہ ۔ اند] (۱) ہرن ۔ آہو ۔ چکارا (۲) چوپایہ ۔ حیوان ۔

مِرگ چھالا : [ہ ۔ اند] ہرن کی بالوں سمیت کھال جس پر بیٹھ کر درویش لوگ عبادت کرتے ہیں ۔

مِرگ شالا : [ہ ۔ اند] ہرنوں کے رہنے کی جگہ ۔

مِرگ کی آنکھ : [ار ۔ امث] ہرن کی طرح بڑی بڑی اور خوبصورت آنکھیں ۔

مِرگ کی سی آنکھیں چیتے کی سی کمر : [ار ۔ مقولہ] خوبصورت عورت کی نسبت کہتے ہیں ۔

مِرگ مارنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) ہرن کا شکار کرنا (۲) ایک رسم جس میں لڑکا پیدا ہونے پر باپ زچہ کی چارپائی پر کھڑے ہوکر چھت میں تیر مارتا ہے ۔

مِرگ مَدھ : [ہ ۔ امث] کستوری ۔ مشک نافہ ۔

مِرگ نَین / نَینی : [ہ ۔ امث] (۱) ہرن کی آنکھ (۲) ہرن جیسی آنکھوں والی ۔

مِرگان : [ار ۔ اند ۔ ق] مرگ چھالا ۔

مِرگانگ : [ہ ۔ اند] دھات وغیرہ کا کشتہ ۔

مِرگج : [ہ ۔ اند] ایک جواہر کا نام ۔

مَرگل : [ہ ۔ اند] تلی ہوئی مچھلی ۔ تلی ہوئی مچھلی کے ٹکڑے ۔

مَرگھٹ : [ہ ۔ اند] مسان ۔ شمشان ۔ ہندوؤں کے مردے جلانے کی جگہ ۔

مَرگھٹ کا بھتنا : [ہ ۔ اند] مسان کا آسیب ۔ پریت ۔ سایہ ۔ ہم زاد ۔

مِرگی : [ہ ۔ امث] ایک مرض جس میں آدمی اچانک زمین پر گر کر بے ہوش ہوجاتا ہے ۔ ہاتھ پیر ٹیڑھے ہوجاتے ہیں اور منہ سے جھاگ نکلنا شروع ہوجاتا ہے ۔ [افعال : آنا ۔ اٹھنا]

مِرگیا : [ہ ۔ صف] وہ شخص جس کو مرگی کا مرض ہو ۔

مَرگیا مردود جس کا فاتحہ نہ درود : [ار ۔ مثل] نکمے آدمی

کی موت پر بولتے ہیں ۔

مُرلی : [ھ ۔ امث] بانسری ۔ نے ۔ الغوزہ ۔

مُرلی دھر : [ھ ۔ امذ] (۱) کرشن جی کا لقب ۔ بانسری بجانے والا

مُرلی دُھن : [ھ ۔ امث] بانسری کی سُریلی آواز ۔

مُرَلیا : [ھ ۔ امث] چھوٹی مُرلی ۔ چھوٹی بانسری ۔

مُرَلیا باجنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) مرلی کا بجنا (۲) دست آنا ۔

مَرَم : [س ۔ امذ] (۱) بدن کا کوئی نازک مقام ۔ نازک عضو (۲) کسی چیز کا اندرونی حصّہ ۔ دل ۔ اندر ۔ باطن (۳) جوڑ (۴) کوئی چیز جو خفیہ رکھی جائے ۔ راز ۔ بھید (۵) علم ۔ دانش ۔ گیان (۶) مطلب مقصد ۔ غرض ۔ مُدّعا ۔

مُرَم : [ھ ۔ امث] کنکریلی مٹی (۲) بھُربھری چٹان (۳) کوٹے ہوئے ریزے ۔

مَرَمّت : [ع ۔ امث] (۱) درستی ۔ اصلاح ۔ ٹوٹی ہوئی چیز کو ٹھیک کرنا ۔ ترمیم ۔ پھٹے ہوئے کپڑے کی درستی (۲) سزا ۔ گوشمالی ۔ مارپیٹ ۔

مَرَمّت طلب : [ع ۔ صف] درستی کے قابل ۔ ٹھیک ہونے کے لائق ۔

مَرَمّت کرانا : [ا ہص مرکب] درست کرانا ۔

مَرَمّت کرنا : [ا ہص مرکب] درستی کرنا ۔ اصلاح کرنا ۔ ٹھیک کرنا ۔ (۲) مارنا پیٹنا ۔ گوشمالی کرنا ۔ گت بنانا ۔

مَرَمّت ہونا : [ار ۔ ہص لازم] دیکھئے "مرمت کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مَرمِٹا : [ار ۔ صف] جو فنا اور بے نشان ہو گیا ہو ۔ (۲) عاشق ۔

مَر مِٹنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) قتل ہونا (۲) کمال مشقت برداشت کرنا (۳) فنا ہو جانا ۔ تباہ ہو جانا (۴) عاشق ہو جانا ۔

مَرمَد : [ع ۔ امذ] وہ شخص جس کی آنکھیں دُکھتی ہوں ۔

مَرمَر : [یو ۔ امذ] ایک سفید اور نیلگوں پتھر ۔

مرمریں / مرمریلا : [ف ۔ صف] مرمر کی مانند ۔

مُرمُر : [ار ۔ امث] بھُنے ہوئے چاول چباتے وقت جو آواز نکلتی ہے ۔

مُرمُرا : [ار ۔ امذ] بھُنے ہوئے چاول جن کو چباتے وقت مُرمُر کی آواز نکلتی ہے ۔

مَر مَر بُڑھیا گیت گاوے بھولے لوگ تماشے آویں : [ار ۔ مثل] ایک آدمی کے بہت مشکل سے کوئی کام کرنے پر دوسروں کے ہنسنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

مَر مَر جانا : [ار ۔ مص] مرجانے کی تاکید ہے ۔ بہت مشقت اٹھانا ۔

مَر مَر کر / کے : [ار ۔ متعلق فعل] بڑی مشکل سے ۔ بہت محنت برداشت کر کے ۔

مَر مَر کر / کے بچنا : [ار ۔ محاورہ] مرنے کے قریب پہنچ کر جان بچ جانا ۔ مرضِ مہلک سے صحت پانا ۔

مَر مَر کر / کے جینا : [ار ۔ محاورہ] مشکل سے جان بر ہونا مہلک مرض سے نجات پانا ۔

مَر مَر کر / کے چلنا : [ار ۔ محاورہ] نئے جنم سے پیدا ہونا ۔ خطرناک بیماری سے نجات پانا ۔

مَر مَر کر / کے دن گزارنا : [ار ۔ محاورہ] بڑی مشکل سے زندگی کاٹنا ۔

مُرمُروں کا تھیلا : [ار ۔ امذ] (۱) مرمروں کی بوری (۲) موٹا فربہ آدمی ۔ تن و توش والا آدمی ۔

مُرمُرے کا گوکھرو : [ار ۔ امذ] ایک قسم کا پتلا اور مڑا ہوا گوٹا ۔

مُرَمَّم : [ع ۔ امذ] ترمیم کیا ہوا ۔ اصلاح شدہ ۔ ٹھیک کیا ہوا درست کیا ہوا ۔

مُرَمَّمہ : [ع ۔ صف ۔ مث] دیکھئے "مرمّم" جس کی یہ تانیث ہے ۔

مَرموز : [ع ۔ صف] رمزیہ ۔

مَرَن : [ار ۔ امذ] (۱) قضا ۔ موت ۔ مرگ ۔ اَجل (۲) مرنے کا وقت ۔ وقتِ مرگ ۔ (۳) جان دینا ۔ مرجانا ۔

مَرَن بَرَت : [ھ ۔ امذ] وہ فاقہ جسے کرتے کرتے آدمی مرجائے ۔

مَرنا : [ار مص] (۱) فوت ہونا ۔ انتقال کرنا ۔ وفات پانا ۔ دم نکلنا ۔ دنیا سے گزرنا ۔ چل بسنا (۲) جان جوکھوں میں ڈالنا ۔ ہلاک ہونا ۔ جان دینا ۔ جان سے گزرنا (۳) عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ لٹو ہونا (۴) کمال محنت کرنا ۔ ازحد مشقت کرنا ۔ لہو پانی ایک کرنا ۔ کشٹ کرنا (۵) پسند ہونا ۔ مرغوب ہونا ۔ بھانا (۶) کوشش کرنا ۔ سعی کرنا ۔ ہاتھ پاؤں مارنا (۷) مُرجھانا ۔ کملانا ۔ پژمردہ ہونا ۔ سوکھ جانا (۸) طاقت نہ رہنا ۔ سکت نہ رہنا ۔ سوکھ کر خراب ہو جانا جیسے چونا مرنا (۹) ڈوبنا ۔ وصول نہ ہونا ۔ بٹے کھاتے میں لکھا جانا مثلاً اسامی مرنا (۱۰) ٹوٹا آنا ۔ خسارہ بیٹھنا ۔ نقصان ہونا (۱۱) قماربازوں کی اصطلاح میں ہارنا ۔ جیسے بازی مرنا (۱۲) دھات وغیرہ کا کشتہ ہونا ۔ جیسے پارہ مرنا (۱۳) تباہ ہونا ۔ برباد ہونا (۱۴) سونا ۔ نیند لینا ۔ آنکھ جھپکانا ۔ (۱۵) نہایت شرمندہ ہونا (۱۶) نہایت بیزاری اور خفگی ظاہر کرنے کے لئے بھی آتا ہے ۔ جیسے جاؤ مرو ۔

مَرنا بھرنا : [ار ۔ محاورہ] مصیبت جھیلنا ۔

مَرنا جینا : [ار ۔ امذ] موت زندگی ۔ شادی ۔ غمی ۔

مَرنا جینا لگ رہا ہے : [ار ۔ مثل ۔] موت اور زندگی کا سلسلہ جاری ہے ۔

مرنا مٹنا : [ار ۔ محاورہ] تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔

مرنج و مرنجاں : [ف ۔ صف] وہ شخص جو ہر حالت میں خوش رہے ۔

مُرنڈا : [ھ ۔ امذ] بھنے ہوئے گیہوں وغیرہ جن میں گڑ اور گھی ملا کر لڈو بناتے ہیں (۲) وہ بچہ جو انڈے میں جان پڑنے سے پہلے مرجائے (۳) (صف) چُرمُر ۔ سوکھا ہوا ۔

مُرنڈا بنا دینا / کرنا : [ار ۔ محاورہ] توڑ مروڑ کر گٹھڑی بنا دینا ۔

(۲) بھونا (۳) شیدا کرنا۔ فریفتہ کرنا۔

مُرنڈا بننا / ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مرنڈا بنا دینا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مُرنڈوں / مُرنڈے کی رسم : [ار۔ امث] جب بچہ پانچ مہینے کا ہو کر مٹھیاں بند کرنے لگتا ہے تو نانی کے گھر سے مرنڈا آتا ہے اور رشتہ داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

مرنے تک کی فرصت نہیں : [ار۔ مقولہ] دم بھر کی فرصت نہیں۔ سخت مصروفیت ہے۔

مرنے جائیں ملار گائیں : [ار۔ مثل] آزاد طبع اور بے پروا کی نسبت بولتے ہیں کہ مصیبت آ رہی ہے مگر خوش ہیں ذرا پروا نہیں۔

مَرنے جوگا : [ار۔ صف] مٹ جانے کے قابل۔ مرنے کے لائق۔

مَرنے جوگی : [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "مرنے جوگا" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَرنے کو : [ار۔ متعلق فعل] مرنے کے لئے۔ جان دینے کیلئے۔ ہلاک ہونے کے واسطے۔

مرنے کو بیٹھا ہے : [ار۔ محاورہ] موت کے قریب ہے۔ بہت بوڑھا ہو گیا ہے۔ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے۔

مَرنے کو چلے کفن کا ٹوٹا : [ار۔ مثل] بہانہ بنانے والے شخص کی بابت بولتے ہیں کہ مرنے کا تو ڈھونگ ہے مگر کفن میسر نہ ہونے کا بہانہ کر رہا ہے۔

مَرنے کے نام سے موت آنا : [ار۔ محاورہ] موت سے بہت ڈرنا۔

مَرنے لگنا : [ار۔ محاورہ] مرنے کے قریب ہونا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

مَرنے والا : [ار۔ صف] (۱) مرنے کا ارادہ کرنے والا (۲) وہ شخص جو مر گیا ہو۔ مرحوم (۳) عاشق۔ شیدا (۴) بہادر۔ شجاع۔ دل چلا۔ جان پر کھیلنے والا۔

مَرنے والی : [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "مرنے والا" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَروا : [ھ۔ امذ] (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) ایک خوشبودار پودا۔

مِروا : [ھ۔ امذ] چھوٹی کھٹیا۔

مُروا : [ھ۔ امذ] وہ لکڑی جو دیوار پر رکھ کر اس کے اوپر مٹی کے کھپرے رکھتے ہیں۔

مَروارید : [ف۔ امذ] موتی۔ گوہر۔ دُر

مروارید ناسفتہ : [ف۔ امذ] ان بندھا موتی۔ وہ چھوٹے چھوٹے موتی جو دواؤں میں پڑتے ہیں۔

مَروانا : [ار۔ معں] (۱) ہلاک کرانا۔ قتل کرانا (۲) اغلام کرانا۔ (۳) جماع کرانا۔

مُروّت : [ع۔ امث] (۱) مردانگی۔ بہادری۔ جوانمردی (۲) پاس لحاظ۔ رعایت (۳) اخلاق۔ خلق۔ بھل منسائی۔ انسانیت (۴) سخاوت۔ فیاضی۔ توفیق۔ [افعال : برتنا۔ توڑنا۔ کرنا۔ ہونا۔]

مروتنا : [ار۔ مص۔ ق] اکڑ کر چلنا۔ ناز سے چلنا۔

مُروّج : [ع۔ صف] (۱) رواج دیا گیا۔ رائج کیا گیا۔ چلایا گیا۔ جاری (۲) رسمی۔ معمولی۔ مستعمل۔

مُروِّج : [ع۔ صف] رواج دینے والا۔ رائج کرنے والا۔

مَرُوج : [ھ۔ امذ۔ مث] سہاگ پڑے کی خوشبودار چیز میں جو دلہن کی مانگ میں بھرتے ہیں۔

مِروَحہ : [ع۔ امذ] دستی پنکھا

مِروحہ جنباں : [ع۔ ف۔ صف] پنکھا ہلانے والا۔

مِروحہ جنبانی : [صف۔ امث] دیکھئے "مروحہ جنباں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مُرور : [ع۔ امذ] گزرنا۔ چلا جانا۔ پورا ہونا۔

مَروڑ : [ھ۔ امث] (۱) پیچ۔ خم۔ بل۔ زور۔ تمکنت۔ نخوست (۲) اینٹھن۔ تشنج (۵) موڑ توڑ۔ پیٹ کا بل۔ قراقر۔ پیچش۔

مَروڑ اٹھنا : [ار۔ محاورہ] پیچش ہونا۔

مروڑ باز : [ار۔ صف] اکڑ باز

مروڑ پھلی : [ار۔ مث] ایک قسم کی پھلی جو پیچش کی دوا میں کام آتی ہے۔

مروڑ پھینکنا : [ار۔ محاورہ] موڑ توڑ کر پھینک دینا۔

مروڑ تروڑ : [ار۔ امث] ہاتھ پاؤں کج کرنا۔ کپڑا مروڑنا۔ زبان کج کرنا۔

مروڑ دینا / ڈالنا : [ار۔ محاورہ] موڑ دینا۔ پھیر دینا۔

مروڑ کی بات : [ار۔ امث] (۱) پیچ پیچ کی بات (۲) اکڑ کی بات۔ اینٹھ کی بات (۳) طعن و طنز کی بات۔

مروڑ لینا : [ار۔ محاورہ] نچوڑنا۔ مسوسنا۔

مروڑ میں رہنا : [ار۔ محاورہ] اکڑ میں رہنا۔ گھمنڈ میں رہنا۔

مروڑ میں مرا جانا : [ار۔ محاورہ] سخت غصے میں پیچ و تاب کھانا۔

مَروڑا : [ھ۔ امذ] (۱) پیچش۔ اینٹھن (۲) وہ درد جو پاخانہ آتے وقت ہوتا ہے۔

مروڑ اٹھنا : [ار۔ محاورہ] پیٹ میں پیچ و تاب ہونا۔ قراقر ہونا۔

مروڑنا : [ار۔ مص] (۱) بل دینا۔ پھیرنا (۲) اینٹھنا۔ (۳) دبوچنا۔ دبانا۔ (۴) نچوڑنا۔ جیسے بخار نے بچے کو دو ہی دن میں مروڑ دیا ہے (۵) توڑنا۔ کھانا۔ جیسے مفت کی روٹیاں کھانا۔

مَروڑی : [ھ۔ امث] (۱) وہ آٹا جسے روٹی پکاتے میں بتیوں کی صورت میں ہاتھ سے چھڑاتے جاتے ہیں (۲) بدن کی میل کی بتیاں (۳) پیچ۔

مَروڑی دے کر دھونا : [ار۔ محاورہ] بل دے کر دھونا۔

مروڑی دے کر سینا : [ار۔ محاورہ] موڑ دے کر سینا۔ بل دے کر سینا۔

مروڑی دینا : [ار۔ محاورہ] بل دینا۔ مروڑنا۔

مروڑی کھانا : [ار۔ محاورہ] بل کھانا۔ اینٹھنا۔ اکڑنا۔

مروڑے اٹھنا : [ار۔ محاورہ] پیچ اٹھنا۔ پیچ سے درد ہونا۔

مروڑے کے درد کھانا : [ار۔ محاورہ] دردزہ ہونا۔

مروڑے مروڑے : [ار۔ امذ] بدن کا میل جو بتی کی صورت

میں نکلتا ہے

مروڑیاں کھانا : [ار ۔ محاورہ] پیچ و تاب کھانا

مَروق : [ع ۔ صف] صاف کیا ہوا ۔ مُصَفّا ۔ مقطر خالص ۔

مَروِنا : [ار ۔ مص ۔ ق] گشت کرنا ۔ آوارہ پھرنا ۔

مَروَہ : [ع ۔ امذ] مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام ۔

مَروِی : [ع ۔ صف] روایت کیا گیا ۔ بیان کیا گیا ۔

مَرَّۃ : [ع ۔ صف] ایک بار ۔ ایک وقفہ ۔

مرہٹا : [ھ ۔ امذ] ایک قوم جو مہاراشٹر کی رہنے والی ہے ۔

مرہٹی : [ھ ۔ صف] دیکھئے " مرہٹہ " جس سے یہ منسوب ہے (۲) مرہٹی زبان (۳) ایک قسم کے گیت (۴) بدعملی ۔ ابتری ۔ بدنظمی ۔

مرہٹی گھس گھس : [ار ۔ امث] بہت ابتری ۔ بہت بدانتظامی

مَرہَم : [ع ۔ امذ] وہ گاڑھی ، نرم اور چکنی دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے ۔ مجازاً کسی قسم کے زخم کا علاج

مرہم پٹی کرنا : [ار ۔ محاورہ] زخم کا علاج کرنا ۔ زخمی کا علاج معالجہ کرنا

مرہم دان : [ف ۔ امذ] مرہم رکھنے کا ڈبا ۔

مرہم رکھنا : [ار ۔ محاورہ] زخم پر مرہم لگانا ۔

مرہم زنگار : [ف ۔ امذ] ایک خاص قسم کا مرہم جو سبز رنگ کا ہوتا ہے ۔

مرہم کی بتی : [ار ۔ امث] وہ بتی جو مرہم میں لت کرکے زخم بھرنے کے لیے رکھی جاتی ہے ۔

مرہم لگانا : [ار ۔ محاورہ] زخم پر مرہم چپڑنا ۔ مرہم کا لیپ کرنا ۔

مرہم نہ : [ف ۔ صف] مرہم لگانے والا ۔

مُرہن : [ھ ۔ امث] تمباکو کا چورا ۔ سوکھا اور کٹا ہوا تمباکو ۔

مَرہُون : [ع ۔ امذ] رہن کیا گیا ۔ گرو رکھا گیا ۔

مرہون منت : [ع ۔ صف] احسان مند ۔ ممنون ۔ شکر گزار ۔

مرہونہ : [ع ۔ صف ۔ مث] دیکھئے " مرہون " جس کی یہ تانیث ہے

مَرئی : [ع ۔ صف] دیکھی گئی ۔ جو چیز دیکھنے میں آئے ۔ جس کو دیکھ سکیں ۔

مرئیات : [ع ۔ صف] دیکھئے " مرئی " جس کی یہ جمع ہے ۔

مَری : [ھ ۔ امث] (۱) وبا ۔ مرض عام ، جیسے ہیضہ ، طاعون (۲) وبائے حیوانات (۳) مُردہ شے ۔ ہاری گئی ۔

مری بھیڑ خواجہ خضر کے نام : [ار ۔ مثل] اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص کھوٹی ، ہوئی یا ناقص شے کو اللہ کے نام پر خیرات کرکے مفت ثواب کمانا چاہیئے ۔

مری پڑنا : [ار ۔ محاورہ] وبا پھیلنا ۔ کسی عام مرض کا پھوٹ پڑنا ۔

مری چولی : [ار ۔ صف] بہت کم رفتار ۔ سُست (۲) کنجوس ۔

مری ریلا : [ھ ۔ صف] مرنے جوگا ۔ مرنے کے قابل ۔

مری مٹی کی نشانی : [ار ۔ مثل] مردے کی یادگار ۔ اولاد ۔

مری : [ار ۔ کلمہ ضمیر اضافی] " میری " کا مخفف ۔

مری جان : [ار ۔ کلمہ محبت] میری جان ۔ جان من ۔ عزیز من ۔ معشوق کو یا اس کو جو بہت عزیز ہو ، اس کلمہ سے خطاب کرتے ہیں ۔

مُرّی : [ع ۔ امث] نرم نلی ۔ نرخرہ ، کی نلی ۔ گلے سے معدہ تک کی نالی ۔

مُرّی : [ھ ۔ امث] گرہ ۔ پھندا ۔ مروڑی ۔

مَرے : [ار ۔ صف] مرے ہوئے ۔ فوت شدہ ۔ مرا کی جمع ۔

مرے بیٹھنا : [ار ۔ محاورہ] آمادہ ہونا

مرے پر سو دُرّے : [ار ۔ مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور دوسری مصیبت بھی آ جائے ۔

مرے پیچھے : [ار ۔ متعلق فعل] مرنے کے بعد ۔

مرے تو شہید مارے تو غازی : [ار ۔ مقولہ] ہر حالت میں مسلمان کے لئے اچھائی ہے ۔

مرے جانا : [ار ۔ محاورہ] بے قرار ہونا ۔ جلدی کرنا

مرے کو ماریں شاہ مدار : [ار ۔ مثل] مصیبت زدہ ہو اور ایذا پہنچانا

مرے مُردے اکھاڑنا : [ار ۔ محاورہ] اگلی پچھلی باتوں کو چھیڑنا

مرے ہوئے ہونا : [ار ۔ محاورہ] فریفتہ ہونا

مرے : [ار ۔ ضمیر] " میرے " کا مخفف ۔

مَرّیخ : [ع ۔ امذ] ایک ستارے کا نام جو علم نجوم کے اعتبار سے ساتویں آسمان پر ہے ۔ اسے منحوس سمجھا جاتا ہے ۔

مُرید : [ع ۔ امذ] (۱) خواہش مند ۔ مشتاق (۲) ارادہ کرنے یا رکھنے والا (۳) مطیع ۔ فرمانبردار ۔ معتقد (۴) دینی شاگرد ۔ چیلا ۔ بالکا

[افعال : کرنا ۔ ہونا] ۔

مُریدی : [ع ۔ امث] دیکھئے " مرید " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مَرِیض : [ع ۔ صف] بیمار ۔ علیل ۔ روگی ۔

مَرِیضہ : [ع ۔ امث] دیکھئے " مریض " جس کی یہ تانیث ہے ۔

مَریل : [ار ۔ صف] نہایت دُبلا پتلا ۔ لاغر ۔ کمزور ۔ ناتواں ۔

مَریَم : [ع ۔ صف] (۱) کنواری ۔ دوشیزہ ۔ کنیا (۲) پارسا ۔ باعصمت ۔ پاک دامن (۳) حضرت عیسٰی کی والدہ ماجدہ کا نام ۔

مریم کا پنجہ : [ار ۔ امذ] ایک قسم کی خوشبودار گھاس جو پنجے کی شکل سے مشابہ ہوتی ہے ۔ کہتے ہیں دردِ زہ کے وقت حضرت مریم نے اسی پر ہاتھ رکھا تھا ۔ اس سبب سے یہ شکل ہوگئی ۔

مَرِینو : [ا ۔ امذ] ایک قسم کا اونی کپڑا جو مرینو بھیڑ کی اون سے بنایا جاتا ہے (انگریزی لفظ MERINO سے ماخوذ)

م ۔ ڑ

مُڑ آنا : [ار ۔ محاورہ] لوٹ آنا ۔ واپس آنا ۔ پلٹ آنا ۔

مُڑ جانا : [ار ۔ محاورہ] واپس جانا ۔ لوٹ جانا ۔ پلٹ جانا ۔ ٹیڑھا ہونا ۔

مُڑ کر / کے کروٹ نہ لینا : [ار ۔ محاورہ] توجہ نہ کرنا ۔ کچھ خبر نہ لینا ۔

مُڑ کر / کے نہ دیکھنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) منہ موڑ کر نہ دیکھنا ۔ دوبارہ نہ دیکھنا (۲) رخ نہ کرنا ۔ بات نہ پوچھنا ۔

مُڑ مُڑ کر / کے دیکھنا : [ار ۔ محاورہ] پھر پھر کر دیکھنا ۔ کسی عزیز کو بار بار دیکھنا ۔

مُڑپ : [ار۔امذ۔ق] سواہ۔
مُڑک : [ار۔امث] (۱) اینٹھ۔ پھیر۔ بل۔ کجی۔ مروڑ (۲) گُر۔ قاعدہ کُلیہ۔ (۳) سازباز۔ داؤں۔ گھات۔ توڑجوڑ۔
مُڑکنا : [ار۔مص] ٹوٹنا۔ چٹکنا۔ چٹ چٹ ٹوٹنا۔ جیسے چوڑیاں مُڑکنا۔
مُڑنا : [ار۔مص] (۱) لوٹنا۔ واپس ہونا۔ پلٹنا (۲) بل کھانا۔ خم کھانا۔
مڑو : [ار۔امذ۔ق] تالاب
مَڑوا : [ھ۔امذ] ایک قسم کا غلہ
مُڑوانا : [ار۔مص] دیکھئے "مُڑنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مَڑھنا : [ار۔مص] کھال چڑھانا۔ منڈھنا۔ پوشش کرنا۔
مَڑھوانا : [ار۔مص] دیکھئے "مڑھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مَڑھی : [ھ۔امث] (۱) جھونپڑی (۲) چھوٹا مندر (۳) سادھ۔
مڑی : [ار۔امث۔ق] باغ کی کیاری۔ کھیت۔

م۔ز

مَزا : [ف۔امذ] دیکھئے "مزہ" جو صحیح ہے۔
مِزاج : [ع۔امذ] (۱) طبیعت۔ سرشت۔ خمیر (۲) گُن۔ خاصیت۔ اثر۔ خاصہ (۳) عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ (۴) مادہ۔ جوہر۔ حقیقت۔ اصلیت (۵) تکبر۔ غرور۔ دماغ۔ کبر (۶) دل۔ ناز نخرہ۔
مزاج آشنا : [عف۔صف] طبیعت شناس۔ مزاج پہچاننے والا۔
مزاج آگ کرنا : [ار۔محاورہ] طبیعت میں زیادہ گرمی پیدا کرنا۔ بہت تیزی پیدا کردینا۔ غصہ دلانا۔
مزاج آگ ہونا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "مزاج آگ کرنا" جس کا یہ لازم ہے
مزاج آنا : [ار۔محاورہ] طبیعت کا مائل ہونا
مزاج اٹھانا : [ار۔محاورہ] بدمزاجی برداشت کرنا۔ نازبرداری کرنا۔
مزاج اٹھنا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "مزاج اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مزاج اچھا : [ار۔کلمہ مزاج پرسی] طبیعت تو درست ہے۔
مزاج اچھا تو ہے : [ار۔کلمہ مزاج پرسی] (۱) طبیعت درست ہے؟ (۲) خیر خیریت دریافت کرنے کے لئے بولا جاتا ہے (۳) کسی کے چہرے پر اداسی کے اظہار پر بھی بولتے ہیں۔
مزاج اصلاح پر آنا : [ار۔محاورہ] (۱) بدمزاجی کم کرنا یا ہونا (۲) مرض میں افاقہ ہونا۔ اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔
مزاج اعتدال پر ہونا : [ار۔محاورہ] طبیعت میں زیادہ تیزی یا گرمی کا نہ ہونا۔ مزاج ٹھیک حالت پہ ہونا۔ مزاج درست ہونا۔
مزاج ایک حال پر رہنا : [ار۔محاورہ] طبیعت کا ایک حالت پہ قائم رہنا۔
مزاج ایک ہونا : [ار۔محاورہ] خاصیت یکساں ہونا۔ طبیعتوں کا موافق ہونا۔

مزاج بحال ہونا : [ار۔محاورہ] بیماری کے بعد طبیعت کا اصلی حالت کی طرف آنا
مزاج بدلا ہونا : [ار۔محاورہ] طبیعت کا رنگ کچھ کا کچھ ہونا۔
مزاج بد ہونا : [ار۔مص۔مرکب] مزاج بُرا ہونا۔ بدمزاج ہونا۔
مزاج برہم کرنا : [ار۔مص۔مرکب] ناراض کردینا۔ غصہ دلا دینا۔
مزاج برہم ہونا : [ار۔مص۔مرکب] دیکھئے "مزاج برہم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مزاج بگاڑنا : [ار۔محاورہ] عادت خراب کر دینا۔ طبیعت میں غصہ اور تیزی پیدا کردینا۔
مزاج بنا دینا : [ار۔محاورہ] (۱) طبیعت کی اصلاح کردینا (۲) خاصیت پیدا کردینا۔
مزاج بننا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "مزاج بنا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
مزاج بہکنا : [ار۔محاورہ] دیوانہ ہونا۔ خلل دماغ ہونا۔
مزاج بہلنا : [ار۔محاورہ] طبیعت بہلنا۔
مزاج بے مزہ ہونا : [ار۔محاورہ] بیمار ہونا۔ علیل ہونا۔
مزاج پانا : [ار۔محاورہ] (۱) توجہ پانا۔ رُخ پانا (۲) رنگ طبیعت معلوم کرنا
مزاج پچھوانا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "مزاج پوچھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مزاج پرسی کرنا : [ار۔محاورہ] طبیعت کا حال پوچھنا۔ خیریت معلوم کرنا۔
مزاج پوچھنا : [ار۔محاورہ] مزاج دریافت کرنا۔ طبیعت کا حال دریافت کرنا۔
مزاج پہچاننا : [ار۔محاورہ] مزاج شناسی کرنا۔ عادات سے واقف ہونا۔
مزاج پھرنا : [ار۔محاورہ] باؤلا ہو جانا۔ دیوانہ ہونا۔
مزاج پھڑک جانا : [ار۔محاورہ] طبیعت خوش ہو جانا۔
مزاج پھیرنا : [ار۔محاورہ] طبیعت دوسری طرف متوجہ کرنا۔ طبیعت ہٹانا۔ طبیعت برگشتہ ہونا۔
مزاج پیٹی : [ار۔صف۔مث] بددماغ۔ مغرور گھمنڈی عورت۔ نک چڑھی۔
مزاج پیدا کرنا : [ار۔محاورہ] کیفیت و خاصیت پیدا کرنا۔
مزاج تولے ماشے ہونا : [ار۔محاورہ] بہت نازک مزاج ہونا۔ ذرا ذرا میں طبیعت بدلتی رہنا۔
مزاج تیز ہونا : [ار۔محاورہ] غصہ ور ہونا۔
مزاج ٹیڑھا ہونا : [ار۔محاورہ] نازک مزاج ہونا۔
مزاج چل جانا : [ار۔محاورہ] دماغ خراب ہو جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔
مزاج چوتھے فلک پر ہونا : [ار۔محاورہ] بہت مغرور ہونا۔
مزاج چھپنا : [ار۔محاورہ] طبیعت کا حال ظاہر نہ ہونا۔
مزاج خانقاہی : [عف۔امذ] بے عملی کا رجحان۔
مزاج خفا ہونا : [ار۔محاورہ] ناراض ہونا۔ غصہ آنا۔
مزاج دار : [عف۔صف] مغرور۔ متکبر۔ خودپسند۔ نازک طبع۔
مزاج داں : [عف۔صف] طبیعت سے واقف۔ مزاج سے آگاہ
مزاج درست رکھنا : [ار۔محاورہ] طبیعت ٹھیک حال پر رکھنا۔
مزاج درست کرنا : [ار۔محاورہ] طبیعت کا ٹھیک حال پر لانا۔ طبیعت کی اصلاح کرنا۔
مزاج درست ہونا : [ار۔محاورہ] دیکھئے "مزاج درست کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مزاج دیکھنا : [ار۔محاورہ] طبیعت کو دیکھنا کہ خوش ہے یا ناخوش۔

مزاج راہ پر آنا: [ار۔ محاورہ] طبیعت درست ہونا۔ طبیعت کا اصلاح پر آنا۔

مزاج رنگین ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت میں شوخی ہونا۔

مزاج ساتویں آسمان پر ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت مغرور ہونا۔ بڑا گھمنڈ کرنا۔

مزاج سامان میں نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] مزاج درست نہ ہونا۔ طبیعت قابو میں نہ ہونا۔

مزاج سرد ہونا: [ار۔ محاورہ] مزاج کی خاصیت سرد ہونا۔ مزاج میں برودت ہونا۔

مزاج سودائی ہونا: [ار۔ محاورہ] مزاج میں باؤلا پن ہونا۔

مزاج سے موافق آنا: [ار۔ محاورہ] طبیعت کو مفید ہونا۔

مزاج شاد ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت کا خوش ہونا۔

مزاج شریف / عالی / مبارک / معلّٰی: [ار۔ کلمہ مزاج پرسی] آپ کی طبیعت کیسی ہے

مزاج شناس: [عف۔ صف] دیکھیے "مزاج آشنا"

مزاج شناسی: [عف۔ امث] دیکھیے "مزاج شناس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مزاج عالی نہ توشک نہ نہالی: [ار۔ مثل] غریبی میں امیرانہ مزاج رکھنے والے پر طنزاً بولا جاتا ہے۔

مزاج عرش پر ہونا: [ار۔ محاورہ] نہایت مغرور ہونا۔

مزاج عرش سے پرے ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت مغرور ہونا۔

مزاج قابو میں نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت کا بے اختیار ہونا۔

مزاج قائم نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت میں استقلال نہ ہونا۔

مزاج قوی ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت قوت۔ مضبوط ہونا۔

مزاج کا تیز: [ار۔ صف] غصہ ور۔

مزاج کا نقشہ بگڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کا ناگوار گزرنا۔

مزاج کبھی تولہ کبھی ماشہ: [ار۔ مقولہ] غیر مستقل مزاج۔ نازک مزاج۔

مزاج کرنا: [ار۔ محاورہ] غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ تکبر کرنا۔

مزاج کلفت ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت ناخوش ہونا۔

مزاج کو آگ کرنا: [ار۔ محاورہ] مزاج کو تیز کرنا۔

مزاج کھوٹا ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت کا دغاباز ہونا۔

مزاج کی افتاد: [ار۔ امث] طرز طبیعت۔ طبیعت کا رنگ ڈھنگ۔

مزاج کی لینا: [ار۔ محاورہ] ڈینگ مارنا۔ شیخی مارنا۔

مزاج کے مارے: [ار۔ متعلق فعل] غرور کے سبب۔ تکبر کے باعث۔ گھمنڈ سے۔

مزاج کے مارے مرجانا: [ار۔ محاورہ] بہت غرور کرنا۔

مزاج لڑ جانا: [ار۔ محاورہ] دو شخصوں کے مزاج کا موافق ہونا۔

مزاج مل جانا / ملنا: [ار۔ محاورہ] طبیعت کا ایک دوسرے کے موافق ہونا۔

مزاج میں آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) طبیعت میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا۔ (۲) اترانا۔ غرور کرنا۔ نخوت کرنا۔

مزاج میں خودی سمانا: [ار۔ محاورہ] طبیعت میں خود پسندی آجانا۔

مزاج میں دخل / درخور ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی کے مزاج میں رسائی ہونا۔ کسی کی طبیعت پر قابو ہونا۔

مزاج نازک ہونا: [ار۔ محاورہ] نازک مزاج ہونا۔ ذرا سی بات کو بھی برا محسوس کرنا۔

مزاج ناساز ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت علیل ہونا۔ مزاج میں کچھ برہمی ہونا۔

مزاج نہ پایا جانا: [ار۔ محاورہ] مزاج نہ ملنا۔ نہایت مغرور ہونا۔ بہت اترانا۔ غرور کے سبب کسی کی طرف توجہ نہ کرنا۔

مزاج نہ ملنا: [ار۔ محاورہ] غرور کے سبب کسی کی طرف توجہ نہ کرنا۔

مزاج والا: [ار۔ اند] مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔

مزاج والی: [ار۔ امث] دیکھیے "مزاج والا" جس کی یہ تانیث ہے۔

مزاج ہاتھ سے جاتا رہنا: [ار۔ محاورہ] طبیعت بے قابو ہونا۔

مزاج ہوا پر ہونا: [ار۔ محاورہ] بہت مغرور ہونا۔

مزاج ہونا: [ار۔ محاورہ] مغرور ہونا۔

مزاج یک سو ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت اطمینان پر ہونا۔ طبیعت پریشان نہ ہونا۔

مزاجاً: [ع۔ متعلق فعل] طبیعت کی رو سے۔ بالخاصیت۔ خاصیت کے اعتبار سے۔

مزاجن / مزاجو: [ار۔ صف] مغرور عورت۔ خود پسند عورت۔

مزاجی: [ع۔ صف] دیکھیے "مزاج" جس سے یہ منسوب ہے۔

مزاح: [ع۔ امث] خوش طبعی۔ مذاق۔ ہنسی (افعال: کرنا۔ ہونا)

مزاحف: [ع۔ اند] (۱) گری ہوئی چیز۔ اپنی اصل سے دور شئے (۲) علم عروض میں وہ رکن جو سالم نہ رہا ہو بلکہ اس میں کچھ تغیر آگیا ہو۔

مزاحفات: [ع۔ صف] وہ بحور جن میں زحاف واقع ہوا ہو۔

مزاحم: [ع۔ صف] مزاحمت کرنے والا۔ روکنے والا۔ حائل (افعال: ہونا)

مزاحمت: [ع۔ امث] روک۔ ممانعت۔ تعرض۔

مزاحمت بے جا: [عف۔ امث] قانون کے خلاف روک ٹوک (افعال: کرنا۔ ہونا)

مزار: [ع۔ اند] (۱) زیارت کرنے کی جگہ (۲) درگاہ۔ آستانہ۔ مقبرہ۔ قبر۔ تربت۔ گور۔

مزار ہلا دینا: [ار۔ محاورہ] ایسا فعل کرنا جس سے صاحب مزار پر اثر ہو۔

مزار ہل جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "مزار ہلا دینا" جس کا یہ لازم ہے۔

مزارع: [ع۔ اند] کھیتی کرنے والا۔ کسان۔ کاشتکار۔

مزارع تابع مرضی مالک: [عف۔ اند] وہ کاشت کار جسے مالک جب چاہے نکال دے۔

مزارع چھپر بند: [ار۔ اند] وہ کاشت کار جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو۔

مزارع خود کاشت: [عف۔ اند] وہ کاشتکار جو خود بونے جوتنے کا کام کرتا ہو۔

مزارع: [ع۔ اند] "مزرع" کی جمع۔

مزامیر: [ع۔ اند] دیکھیے "مزمار" جس کی جمع ہے۔

مُزاوَجَت : [ع - امث] لڑنا ہونا - بیاہ شادی۔
مُزاوَلَت : [ع - امث] کسی کام کو ہمیشہ کرنا - بدمعاشی۔
مِزائل : [انگ - امث] (MISSILE) ہلاکت مورتوں کی طاقت سے پرواز کرنے والے خوفناک جنگی ہتھیار جنہیں ہزاروں میل دور مقررہ مقام پر گرایا جا سکتا ہے۔
مَزبَلہ : [ع - امذ] وہ جگہ جہاں نجاست اور کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں۔
مَزبُور : [ع - امذ] لکھا ہوا (۲) مذکورہ بالا۔
مُزجات : [ع - صف] تھوڑا - ناچیز - ادنیٰ۔
مُزخرَف : [ع - امث] بناوٹ کی بات - وہ جھوٹی بات جو سچ کی طرح آراستہ کی گئی ہو - بیہودہ بات۔
مُزد : [ف - امث] مزدوری - اُجرت - طلب تنخواہ - صلہ - بدلہ۔
مُزدلفہ : [ع - امذ] منیٰ اور عرفات کے درمیان ایک مقام جہاں حاجی لوگ عرفات سے واپسی پر ۹ اور ۱۰ ذوالحجہ کی رات کو قیام کرتے ہیں۔
مَزدُور : [ف - امذ] مزدوری کرنے والا - اجرت پر کام کرنے والا - بوجھ اٹھانے والا - محنتی۔ (اصل میں مزدوَر تھا)
مزدورِ خوش دل کند کار بیش : [ف - مثل] اچھی اجرت پانے والا مزدور زیادہ کام کرتا ہے۔
مَزدُوری : [ف - امث] اجرت - کام کا معاوضہ - محنت کا صلہ - مشقت - محنتانہ۔
مَزدُوری پر جانا : [ار - محاورہ] محنت پر جانا - کام پر جانا۔
مَزدوری کرنا : [ار - محاورہ] محنت مشقت کا کام کرنا۔
مَزدوری لنڈوری : [ار - مثل] مزدوری کو قیام نہیں ہوتا - کبھی ملی کبھی نہ ملی۔
مَزرَع / مَزرَعہ : [ع - امذ - مث] کھیتی - کھیت - کشت۔
مَزرعِ آخرت : [ع - امث - ترکیب فارسی] (۱) عاقبت کی کھیتی - نیکی - بھلائی (۲) دنیا۔
مَزرُوع : [ع - صف] بویا گیا - کھیت میں بوئی گئی چیز۔
مَزرُوعہ : [ع - صف] (۱) بویا ہوا - کاشت کیا ہوا (۲) بویا ہوا کھیت
مُزَعفَر : [ع - امذ] (۱) زعفرانی - زرد (۲) زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ۔
مَزعُوم : [ع - صف] گمان کیا ہوا - زعم کیا ہوا۔
مَزعُومہ : [ع - صف - مث] دیکھئے "مزعوم" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَزکُوم : [ع - صف] جس کو زکام ہو۔
مُزکّیٰ : [ع - صف] پاک کیا گیا - زکوٰۃ دیا گیا - ذبح کیا گیا۔
مُزکّی : [ع - صف] پاک کرنے والا (۲) زکوٰۃ دینے والا - ذبح کرنے والا۔
مَزَلّت : [ع - امث] پھسلنے کی جگہ۔
مُزَلَّف : [ع - صف] زلفوں سے گھرا ہوا - زلف والا - معشوق۔
مِزمار : [ع - امث] نے - بانسری - ساز - باجہ۔
مُزَمِّل : [ع - صف] کپڑوں میں لپٹا ہوا (۲) قرآن شریف کی ایک سورت۔
مُزمِن : [ع - صف] پرانا - کہنہ۔
مُزمِنہ : [ع - امث] دیکھئے "مزمن" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَزمُومہ : [ع - امث] مناجات - نغمہ۔
مِزَمّہ : [ع - امذ] (۱) اونٹ کی مہار - اونٹ کی نکیل (۲) گھوڑے کی باگ۔

(۳) وہ رسی کا حلقہ جو گھوڑے کی پچھاڑی کے ساتھ بندھا ہوتا ہے تاکہ گھوڑا آگے نہ بڑھ سکے۔
مزہ لے لینا : [ار - محاورہ] خبر لینا - تنگ کرنا - ٹھیک بنانا - آڑے ہاتھوں لینا۔
مُزَوِّر : [ع - صف] (۱) جھوٹا - فریبی - مکار (۲) بدمعاش - بدچلن - لچا - شہدا (۳) ریاست کرنے والا۔
مُزوَّر : [ار - امذ - ق] مزدور کا بگاڑ۔
مُزوَری : [ار - امث - ق] مزدوری کا بگاڑ۔
مَزہ : [ف - امذ] (۱) لذت - سواد - ذائقہ (۲) چسکا - چاٹ (۳) لطف - حظ - رس - بہار (۴) عیش - عشرت - خوشی (۵) جوبن - شباب (۶) لت - عادت - وصف (۷) سیر - تماشا (۸) حالت - کیفیت - گت - درجہ (۹) سزا - جزا۔
مزہ آنا / آجانا : [ار - محاورہ] لذت حاصل ہونا - لطف آنا۔
مزہ اُتر جانا : [ار - محاورہ] بے مزہ ہو جانا - بے لطف ہونا۔
مزہ اُٹھانا : [ار - محاورہ] (۱) لطف حاصل کرنا - حظ اٹھانا (۲) تکلیف برداشت کرنا (۳) طنزاً بُرے کام کی سزا پانا - رنج اٹھانا۔
مزہ اُٹھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مزہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مزہ اُڑانا : [ار - محاورہ] (۱) عیش اڑانا - لطف حاصل کرنا (۲) بہار لوٹنا - جوبن لوٹنا۔
مزہ بھولنا / مزے بھولنا : [ار - محاورہ] ذائقہ یاد نہ رہنا۔
مزہ پانا : [ار - محاورہ] (۱) لطف حاصل کرنا - حظ اٹھانا - لذت پانا - (۲) کئے کی سزا پانا۔
مزہ پڑنا : [ار - محاورہ] عادت پڑنا - چاٹ پڑنا۔
مزہ تو یہ ہے : [ار - محاورہ] لطف اس بات میں ہے۔
مزہ ٹپکنا : [ار - محاورہ] لطف کا نمایاں ہونا۔
مزہ جانا : [ار - محاورہ] لطف جاتا رہنا۔
مزہ جب ہے : [ار - روزمرہ] لطف جب ہے۔
مزہ چکھانا : [ار - محاورہ] (۱) ذائقہ چکھانا (۲) سزا دینا۔
مزہ چکھ لینا : [ار - محاورہ] نتیجہ بھگتنا۔
مزہ چکھنا : [ار - محاورہ] (۱) لذت پانا (۲) خمیازہ بھگتنا - رنج اٹھانا۔
مزہ دکھانا : [ار - محاورہ] (۱) لطف چکھانا - بہار دکھانا (۲) طنزاً بھی مستعمل ہے، سزا دینا۔
مزہ دیکھنا : [ار - محاورہ] (۱) ذائقہ معلوم کرنا - تماشا دیکھنا (۲) سزا پانا۔
مزہ دینا : [ار - محاورہ] لطف دینا - ذائقہ بخشنا - لذت دینا۔
مزہ زہر ہونا : [ار - محاورہ] ذائقہ تلخ ہونا۔
مزہ فراموش ہونا : [ار - محاورہ] لطف بھول جانا۔
مزہ کرکرا کرنا : [ار - محاورہ] مزہ کھنڈت کرنا - رنگ میں بھنگ ڈالنا - بے لطف کرنا۔
مزہ کرکرا ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مزہ کرکرا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مزہ کرنا / مزے کرنا : [ار - محاورہ] انوکھی بات کرنا - تماشے کی بات کرنا - تماشا دکھانا - عیش کرنا۔
مزہ کھلنا : [ار - محاورہ] ناگوار گزرنا۔

مزہ چکھنا: [ار۔ محاورہ] لطف حاصل کرنا۔
مزہ کٹ جانا: [ار۔ محاورہ] لطف جاتا رہنا۔
مزہ لگا ہونا: [ار۔ محاورہ] چسکا ہونا۔
مزہ لگ جانا: [ار۔ محاورہ] چسکا پڑ جانا۔
مزہ / مزے لوٹنا: [ار۔ محاورہ] عیش منانا۔ لطف حاصل کرنا۔ بہار لوٹنا۔ جوبن لوٹنا۔
مزہ / مزے لینا: [ار۔ محاورہ] لطف حاصل کرنا۔ ذائقہ چکھنا۔
مزہ ملنا: [ار۔ محاورہ] (۱) لذت آنا (۲) سزا پانا۔ کار بد کا عوض پانا۔
مزہ نکلنا: [ار۔ محاورہ] نتیجہ یا فائدہ حاصل ہونا۔
مزہ نہ بھولنا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کا لطف یاد رکھنا۔
مزہ ہونا: [ار۔ محاورہ] لطف ہونا۔ سیر ہونا۔
مزہ ہے: [ار۔ محاورہ] عشق ہے۔ بڑا لطف ہے۔ عجیب کیفیت ہے۔
مزے اڑانا: [ار۔ محاورہ] عیش کرنا۔
مزے دار: [ار۔ صف] لذیذ۔ پر لطف (صحیح "مزہ دار" ہے)
مزے داری: [ار۔ امث] دیکھیے "مزے دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (صحیح مزہ داری)
مزے سے گزرنا: [ار۔ محاورہ] آرام سے بسر ہونا۔
مزے کا: [ار۔ صف] پُر لطف۔ با مزہ۔
مزے کرنا: [ار۔ محاورہ] لطف اٹھانا۔ عیش کرنا۔ خوش فعلیاں کرنا۔
مزے کی بات: [ار۔ امث] ہنسی کی بات۔ تماشے کی بات۔
مزے کے مارے: [ار۔ متعلق فعل] لذت کے سبب۔ لطف کے باعث۔
مزے میں: [ار۔ متعلق فعل] لطف کے ساتھ۔
مزے میں آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) خوشی میں آنا۔ چاؤ میں آنا۔ (۲) ناز کرنا۔ اترانا۔
مزے میں گزرنا: [ار۔ محاورہ] عیش و آرام میں بسر ہونا۔
مزے ہیں: [ار۔ محاورہ] لطف ہے۔ سیق آئی ہے۔
مزیب: [ف۔ صف] زیبا۔ سجا ہوا (فارسی "زیب" سے بقاعدہ عربی غلط لفظ)
مزید: [ع۔ اند] (۱) اضافہ۔ زیادتی۔ افزونی۔ بیشی۔ بڑھوتری (۲) زیادہ (۳) روی کے بعد آنے والا حرف۔
مزید برآں: [ع ف۔ متعلق فعل] اس کے علاوہ۔ اس سے بڑھ کر۔
مزید علیہ: [ع۔ صف] زیادہ کیا گیا۔ بڑھایا گیا۔ مثلاً صبح سے صبح گاہ۔
مزید فیہ: [ع۔ صف] زیادہ۔ فالتو۔ زائد
مزید کرنا: [ار۔ محاورہ] دسترخوان بڑھانا۔
مزید مال / مزیدی مال: [ع۔ اند] وہ شے جو استعمال ہو کر بطور زائد پڑی ہو (۲) بیستا مال۔
مزید: [ع۔ صف] سخت۔ سخت دل
مزیل: [ع۔ اند] مٹانے والا۔ کسی چیز کے آثار دور کرنے والا۔
مزین: [ع۔ صف] زینت دیا گیا۔ سجایا ہوا۔ آراستہ۔ مکلف۔

م ژ

مژدہ: [ف۔ اند] خوشخبری۔ بشارت۔ مبارکباد۔ تہنیت۔
مژدہ باد: [ف۔ کلمہ دعا] مبارک ہو۔ خوش خبری ہو۔
مژدہ باد اے مرگ عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے: [ار۔ مثل] جس سے امداد کی توقع تھی وہ خود مصیبت میں گرفتار ہے۔
مژدہ پہنچانا: [ار۔ محاورہ] خوش خبری دینا۔ بشارت دینا۔
مژدہ رساں: [ف۔ صف] خوش خبری پہنچانے والا۔
مژدہ سنانا: [ار۔ محاورہ] خوش خبری لا کر دینا۔
مژگان: [ف۔ امث] دیکھیے "مژہ" جس کی یہ جمع ہے۔
مژہ: [ف۔ امث] پلک

م س

مس: [ع۔ اند] (۱) چھونا۔ چھونے کا عمل۔ لمس (۲) لگاؤ۔ رغبت۔ رجحان۔
مس کرنا: [ار۔ مص مرکب] (۱) چھونا۔ ہاتھ لگانا (۲) چھوانا۔ کسی چیز کو چھوانا۔
مس ہونا: [ار۔ مص مرکب] رغبت ہونا۔ رجحان ہونا۔ میل ہونا۔
مس: [ار۔ امث] مونچھوں کا رُواں۔ سبزہ آغاز (جمع میں مستعمل ہے)
مس: [ف۔ اند] تانبا۔ ایک دھات جس کے برتن وغیرہ بناتے ہیں۔
مس خام: [ف۔ اند] کچا تانبا۔ وہ تانبا جو کان سے نکالنے کے بعد صاف نہ کیا گیا ہو۔
مس گر: [ف۔ صف] تانبے کے برتن بنانے والا۔ ٹھٹھیرا۔
مس گری: [ف۔ امث] مس گر کا پیشہ یا کام۔
مس لاطل: [فع۔ اند] بالکل صاف اور خالص تانبا۔
مس: [ھ۔ امث] (۱) سیاہی۔ روشنائی (۲) (ھ) بہانہ۔ حیلہ۔ عذر۔
مس: [انگ۔ امث] (MISS) (۱) کنواری لڑکی۔ دوشیزہ (۲) بھول چوک۔ سہو (۳) نہ مل سکنا (۴) نہ پکڑ سکنا۔
مس کرنا: [انگ۔ ار۔ مص مرکب] بھول چوک کرنا۔ چھوڑنا۔ غلطی سے چھوڑنا۔ چھوٹ جانا۔
مس ہونا: [انگ ار۔ مص مرکب] چوک جانا۔ سہو ہو جانا۔ چھوٹ جانا (ثقہ حضرات پرہیز کرتے ہیں)
مس: [ھ۔ امث] فی ہل وہ اناج جو ششماہی بڑھئی اور لوہار وغیرہ کو ہل کے حساب سے دیتے ہیں۔
مسا: [ھ۔ اند] (۱) گوشت کا سیاہ دانہ جو بدن پر پڑ جاتا ہے۔ بڑا تل۔ خال (۲) زائد گوشت جو بواسیر کے سبب مقعد میں پیدا ہو جاتا ہے (۳) بندوق کی مکھی۔ (۴) گھنڈی۔ ابھرا ہوا دانہ جو گھڑی کے ڈھکنے یا ڈبیوں پر ہوتا ہے۔
مساء: [ع۔ امث] شام۔ سانجھ۔
مسا: [ھ۔ اند] ملا جلا اناج۔ موٹا اناج۔ سستا اناج۔ غریبوں کے کھانے کا اناج۔
مساکتیا: [ھ۔ اند] موٹا جھوٹا اناج۔
مسابقت: [ع۔ امث] باہم سبقت لے جانا۔ سبقت۔
مساج: [انگ۔ اند] جسم کو ہاتھوں سے ملنا تاکہ اعصاب کو تقویت پہنچے۔ مالش۔
مساجد: [ع۔ امث] دیکھیے "مسجد" جس کی یہ جمع ہے۔

مَسَّاح : [ع۔ صف] پیمائش کرنے والا۔ ناپنے والا۔
مَساحت : [ع۔ امث] زمین کی پیمائش۔
مَسَاس : [ع۔ امذ] ۱۔ چھونا۔ ہاتھ پھیرنا۔ ہاتھ سے ملنا ۲۔ عورت کے کسی حصہ جسم کو ہاتھ سے ملنا۔
مُساعِد : [ع۔ امذ] یاور۔ معاون۔ موافق۔ مددگار۔
مُساعَدت : [ع۔ امث] یاری۔ مدد۔ اعانت۔
مَساعی : [ع۔ امث] دیکھئے "مسعات" جس کی یہ جمع ہے
مَساعیِ جمیلہ : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] اچھی کوششیں۔ نیک کوششیں۔
مَسافت : [ع۔ امث] ۱۔ دُوری۔ فاصلہ۔ عرصہ سفر ۲۔ سفر کی تکان۔
مَسافت اُٹھانا : [ار۔ محاورہ] سفر کی تکان برداشت کرنا۔
مَسافت پڑنا : [ار۔ محاورہ] فاصلہ پڑنا۔
مَسافت طے کرنا : [ار۔ محاورہ] راستہ کاٹنا۔ فاصلہ طے کرنا
مَسافت طے ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مسافت طے کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُسافِر : [ع۔ امذ] سفر کرنے والا۔ راہ گیر۔ پردیسی۔
مُسافِر خانہ : [عف۔ امذ] مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان۔ سرائے کنایۃً دُنیا۔
مُسافِر گاڑی : [ار۔ امث] وہ ریل گاڑی جس میں مسافر سوار ہوتے ہیں۔
مُسافِران : [ف۔ امذ] دیکھئے "مسافر" جس کی یہ جمع ہے۔
مُسافِرانِ عَدم : [ف۔ امذ] عدم کا سفر کرنے والے۔ مُردہ لوگ
مُسافِرانہ : [عف۔ صف] مسافر کی طرح۔ پردیسیوں کی مانند۔
مُسافَرت : [ع۔ امث] ۱۔ سفر۔ سیاحی ۲۔ پردیس۔
مُسافِری : [عف۔ امث] سیاحی۔ سفر۔ پردیس
مَساکر کے : [ار۔ متعلق فعل] بہت تھوڑا۔ بمشکل تمام۔ دقت سے۔
مَساکِن : [ع۔ امذ] دیکھئے "مسکن" جس کی یہ جمع ہے۔
مَساکین : [ع۔ امذ] دیکھئے "مسکین" جس کی یہ جمع ہے۔
مسالا : [ار۔ امذ] ۱۔ سامان۔ ہر چیز کی تیاری کی ضروریات جیسے نمک۔ مرچ لہسن پیاز۔ سالن کا مسالا ہے ۲۔ گوٹا کناری ۳۔ وہ مرکب جو پان میں ڈالتے ہیں ۴۔ چونا۔ سُرخی وغیرہ جو عمارتوں کی تعمیر کے کام آتا ہے ۵۔ وہ کتابیں جن سے تالیف میں مدد مل سکے ۶۔ وہ مرکب جس میں بھنا ہوا ناریل اور دھنیا شامل ہوتا ہے اور اسے محرم میں پان کی جگہ کھاتے ہیں ۷۔ ایک مرکب جس سے بال صاف کرتے اور دھوتے ہیں۔ ہر چیز کی تیاری کے لوازم اور ضروریات۔
مَسالا بنانا : [ار۔ [illegible]] مسالا مرکب کرنا۔ مسالا تیار کرنا۔
مسالا ٹانکنا : [ار۔ مصدر] گوٹا کناری وغیرہ لگانا۔
مسالا ڈالنا : [ار۔ محاورہ] کھانے میں گرم مصالحہ وغیرہ ڈالنا
مَسالِک : [ع۔ امذ] "مسلک" کی جمع۔
مسالمہ : [ف۔ امذ] ۱۔ وہ مجلس جس میں سلام پڑھے جائیں ۲۔ باہم سلام پڑھنا خاص طور پر شہدائے کربلا کی یاد میں سلام پیش کرنا [illegible]
مسالے [illegible] : [ار۔ صف] وہ چیز جس میں مسالا پڑا ہو۔ چٹپٹی۔
مسالے [illegible] : [ار۔ امذ] ایک قسم کا مرکب تیل۔
مسالے کی سِل : [ار۔ امث] مسالا پیسنے کی سل۔

مَسالے کی شاعری : [ار۔ امث] چٹپٹی شاعری۔
مَسامّ : [ع۔ امذ] جسم کے وہ سوراخ جن میں سے پسینہ نکلتا ہے (مَسم کی جمع [illegible])
مُسامحت : [ع۔ امث] ۱۔ چشم پوشی کرنا۔ کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا ۲۔ سستی کاہلی ۳۔ کسی سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔
مسامرت : [ع۔ امث] قصہ کہنا۔ کہانی کہنا۔
مَسامَسا کر : [ار۔ متعلق فعل ق] کھینچ تان کے۔ بڑی مشکل سے۔
مَسان : [ہ۔ امذ] ۱۔ مرگھٹ۔ وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مُردے جلائے جاتے ہیں۔ شمشان ۲۔ بچوں کی ایک بیماری جس میں بچہ سوکھتا جاتا ہے ۳۔ سفلی عمل جس سے خبیث رُوح کو قابو میں کرتے ہیں۔ منتر جنتر۔ ۴۔ خبیث بھوت۔
مَسانڈ : [ار۔ امذ۔ ق] خیال۔
مَسانی : [ہ۔ امث] ۱۔ چھوٹی چیچک۔ کھسرا ۲۔ سیتلا دیوی کی بہن کا نام۔
مَسانیا : [ہ۔ امذ] ۱۔ بھوت پریت اتارنے والا۔ سیانا ۲۔ مُردے کی راکھ اٹھانے والا۔ خاکروب۔
مَساوات : [ع۔ امث] ۱۔ برابری۔ ہمسری ۲۔ باہم برابر کرنا۔ حالت کا برابر کرنا۔ ۳۔ نامعلوم مقدار کی قیمت معلوم کرنے کا قاعدہ (الجبرا)
مَساوات حل کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مساوات نکالنا"
مَساوات درجۂ اوّل : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] وہ مساوات جس میں نامعلوم [illegible] درجہ اول کی ہو۔
مساوات درجہ دوم : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] وہ مساوات جس میں نامعلوم مقدار دوسرے درجہ کی ہو۔
مساوات درجہ سوم : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] وہ مساوات جس میں نامعلوم مقدار تیسرے درجہ کی ہو۔
مَساوات ذاتی : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] وہ مساوات جس میں حرف مجہول کی کوئی سی قیمت ہو۔ ہر حالت میں مساوات کی طرفین برابر رہتی ہیں۔
مَساوات شرطی : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] وہ مساوات کہ اس میں جب تک حرف مجہول کی کوئی خاص قیمت مقرر نہ کریں۔ مساوات کی شرط برابر نہ ہو۔
مساوات کا درجہ : [ار۔ امذ] وہ درجہ جو مساوات کے عدد مجہول کی قوت پر منحصر ہو۔ اگر عدد مجہول کا قوت نما ۲ ہے تو درجہ دوم کی مساوات ہوگی اگر ۳ ہے تو درجہ سوم کی مساوات ہوگی۔
مساوات کی تحویل : [ار۔ امث] ایک مساوات کی بجائے اسی قیمت کی دوسری مساوات سے بدل دینا۔
مَساوات نکالنا : [ار۔ محاورہ] مساوات کی نامعلوم مقدار کی قیمت دریافت کرنا۔
مُساوی : [ع۔ صف] برابر۔ یکساں۔
مُساویُ الاضلاع : [ع۔ امث] وہ شکل جس کے سب ضلعے برابر ہوں۔
مُساہلت : [ع۔ امث] تساہل کرنا۔ سستی کرنا۔
مُساہمت : [ع۔ امث] شرکت۔ ساجھا۔ قرعہ اندازی۔
مَسانید : [ع۔ امذ] دیکھئے "مسند" جس کی یہ جمع ہے۔

مُسَبَّب : [ع - صف مفعول] سبب بنایا گیا - باعث - وجہ ۔

مُسَبِّب : [ع - صف فاعل] سبب پیدا کرنے والا ۔

مُسَبِّبُ الْاَسْبَاب : [ع - صف] سبب پیدا کرنے والا ۔

مُسَبِّبِ حَقِیْقِی : [ف - صف] کنایۃً اللہ تعالیٰ ۔

مُسَبِّح : [ع - صف] سبحان اللہ کہنے والا - اللہ تعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرنے والا ۔

مُسَبِّحَانِ مَلاءِ اَعْلٰی : [ف - اند] کنایۃً فرشتے ۔

مُسَبِّحَہ : [ع - امث] انگشت شہادت - کلمہ کی انگلی ۔

مُسَبَّع : [ع - اند] سات حصے کیا گیا - سات پہلوؤں والی چیز یا شکل - سات مصرعوں کا بند ۔

مَسْبُوق : [ع - صف مفعول] (۱) گزشتہ - سابق - گزرا ہوا (۲) اصطلاح فقہ میں وہ شخص جس کی نماز کی کوئی رکعت جاتی رہی ہو یعنی امام کے ایک یا دو رکعت پڑھنے کے بعد نماز میں ملنے والا ۔

مَسْبُوقُ الذِّکْر : [ع - صف] جس کا ذکر پہلے آ چکا ہو ۔

مَسْت : [ف - صف] (۱) متوالا - نشہ میں چور - مخمور (۲) پُر شہوت - جوانی سے بھرا ہوا (۳) بےخود - مدہوش (۴) مجذوب - مجنوں (۵) خوش - مسرور (۶) بے پروا (۷) مغرور - متکبر ۔

مَسْت آوَاز : [ف - امث] وہ آواز جو سننے والے میں سرور کی سی کیفیت پیدا کر دے ۔

مَسْتِ اَلَسْت / اَزَل / اَزَلی : [ف ع صف] شخص جو روز ازل سے مست ہو - کامل مست ۔

مَسْت اَلَمَسْت : [ار - صف] دیکھئے "مست الست" وغیرہ جس کا یہ بگاڑ ہے ۔

مَسْت بُوک : [ار - اند] مستی میں بھرا ہوا بکرا ۔

مَسْت مَوْلا : [ار - اند] بے پروا آدمی - آزاد طبع ۔

مَسْت مَہِیْنَہ : [ار - اند] پھاگن کا مہینہ - ہولی کا مہینہ جو مستی کے مشاغل کے لئے مخصوص ہے ۔

مَسْت ہَاتھِی : [ار - اند] وہ ہاتھی جو مستی کی وجہ سے دیوانہ ہو ۔

مَسْت ہو جَانَا : [ار - مص مرکب] (۱) متوالا ہو جانا - نشہ میں چور ہو جانا (۲) بیہوش ہونا (۳) اترانا - گھمنڈ کرنا - مغرور ہونا (۴) شہوت میں بھرنا - مدمہ پر آنا - (۵) جوانی میں بھرنا - جوش میں آنا (۶) بہت خوش ہونا - (۷) دیوانہ ہونا - مجنوں ہونا - مجذوب ہونا ۔

مُسْتَاجِر : [ع - اند] ٹھیکیدار - اجارہ لینے والا - زمیندار - کاشت کار ۔

مُسْتَاجِرِی : [ف - امث] ٹھیکہ داری - اجارہ داری ۔

مُسْتَاصَل : [ع - صف] جڑ سے اکھڑا ہوا - برباد - تباہ ۔

مُسْتَاصِل : [ع - اند] جڑ سے اکھاڑنے والا ۔

مُسْتَامِن : [ع - اند] پناہ مانگنے والا - امن چاہنے والا ۔

مَسْتَان : [ار - اند] مجذوب - دیوانہ - مجنوں (مست کا بگاڑ)

مَسْتَان شَاہ : [ار - اند] مست فقیر - گدائے مجذوب ۔

مَسْتَانَا : [ار - مص] مستی پر آنا - مدمہ پر آنا - گرما جانا ۔

مُسْتَانِس : [ع - صف] الفت رکھنے والا - خوگر - آرام پانے والا ۔

مُسْتَاْنِفَہ : [ع - صف] (۱) پہل کرنے والا (۲) جدا - علیحدہ (۳) اصطلاح نحو - وہ جملہ جس کو سابقہ جملے سے معناً تو ربط ہو مگر لفظاً کچھ تعلق نہ ہو ۔

مَسْتَانَہ : [ف - صف] مست کی طرح - متوالے کی طرح ۔

مَسْتَانَہ چَال : [ف - امث] متوالے کی سی لڑکھڑاتی چال - جھومتی چال ۔

مَسْتَانِی : [ار - صف مث] دیکھئے "مست" جس کی یہ تانیث ہے ۔

مُسْتَاہِل : [ع - اند] لائق - سزاوار ۔

مُسْتَبِد : [ع - صف] (۱) اکیلے کام کرنے والا (۲) خود مختار - مطلق العنان (۳) جابر ۔

مُسْتَبِدَّانَہ : [ع - صف] خود مختارانہ - مطلق العنان ۔

مُسْتَبْدَل : [ع - صف مفعول] بدل کیا گیا - بدل جا گیا ۔

مُسْتَبْدِل : [ع - صف فاعل] بدل کرنے والا - بدل چاہنے والا ۔

مُسْتَبْشِر : [ع - صف] خوش خبری چاہنے والا - خوش ہونے والا ۔

مُسْتَبْصِر : [ع - صف] بینائی چاہنے والا - جس کا دل بینا ہو ۔

مُسْتَبْعَد : [ع - صف مفعول] (۱) دور - بعید (۲) دور از قیاس - دشوار ۔

مُسْتَبْعِد : [ع - صف فاعل] دوری چاہنے والا ۔

مُسْتَتِر : [ع - صف] چھپنے والا - پوشیدہ ۔

مُسْتَثْنٰی : [ع - صف] (۱) استثنا کیا گیا - الگ کیا گیا - چھانٹا گیا (۲) چھٹا ہوا - ماسوا - الا - مگر - بجز (۳) وہ شخص یا چیز جسے علیحدہ کر دیا گیا ہو (۴) اصطلاح نحو میں وہ اسم جو حرف استثنا کے بعد واقع ہوا ہو - [افعال : کرنا - ہونا] ۔

مُسْتَثْنٰی مِنْہُ : [ع - صف] وہ شخص یا چیز جس میں سے مستثنیٰ کو الگ کر دیا گیا ہو ۔

مُسْتَجَاب : [ع - صف] جواب دیا گیا - مجازاً قبول کیا گیا - مانا گیا ۔

مُسْتَجَابُ الدَّعْوَات : [ع - امث - بترکیب فارسی] جس کی دعا قبول ہو - جس کی دعا درگاہ الٰہی میں شرف قبولیت پائے ۔

مُسْتَجْمَع : [ع - صف] (۱) جمع کیا گیا (۲) (مذ) جمع ہونے کی جگہ ۔

مُسْتَجْمِع : [ع - اند] جمع کرنے والا ۔

مُسْتَجْمِعُ الصِّفَات : [ع - صف] وہ جس میں تمام خوبیاں جمع ہوں ۔

مُسْتَجِیْب : [ع - صف] جواب دینے والا - دعا قبول کرنے والا ۔

مُسْتَجِیْبُ الدَّعْوَات : [ع - صف] دعائیں قبول کرنے والا - خدا تعالیٰ ۔

مُسْتَحَاضَہ : [ع - صف] وہ عورت جسے معمول سے زیادہ عرصہ تک خون آئے ۔

مُسْتَحَب : [ع - صف] (۱) محبت کیا گیا - پسند کیا گیا - پسندیدہ (۲) [- اند] فقہ کی اصطلاح میں عبادات میں سے وہ فعل جسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرما کر خود کیا اور اس کا ثواب بیان فرمایا - جس کا کرنا ثواب ہو اور نہ کرنا گناہ

مُسْتَحْسَن : [ع - صف] نیک - پسندیدہ - خوب - بہتر ۔

مُسْتَحْضَر : [ع - صف] یاد رکھا ہوا - وہ بات جو یاد ہو ۔

مُسْتَحِق : [ع - صف] (۱) حق دار - حق رکھنے والا - دعوے دار (۲) لائق - قابل - سزاوار (۳) درویش - مفلس - مسکین - نادار ۔

مُسْتَحْکَم : [ع - صف] پکا - مضبوط - سخت - قائم رہنے والا ۔

مُستَحِیل: [ع۔ صف] (۱) بدلا ہوا۔ ایک حال سے دوسرے حال میں پہنچا ہوا (۲) ناممکن محال (۳) بہت بوجھل بد مزہ۔
مُستَخرَج: [ع۔ صف] نکالا ہوا۔ خارج کیا ہوا۔
مُستَخرِج: [ع۔ صف فاعل] خارج کرنے والا۔ نکالنے والا۔
مُستَخلَص: [ع۔ صف] چھڑایا گیا۔ خلاص کیا گیا۔
مُستَدعی: [ع۔ صف] استدعا کرنے والا۔ چاہنے والا۔ خواہش مند کسی بات کو چاہنے والا۔ ملتجی۔ درخواست کرنے والا۔
مُستَدیر: [ع۔ صف] گول۔ مدوّر۔
مُستَراح: [ع۔ امذ] فراغت کی جگہ۔ پاخانہ۔
مُستَرحِم: [ع۔ صف] رحم چاہنے والا۔
مُستَرخی: [ع۔ صف] سست۔ ڈھیلا۔
مُستَرَد: [ع۔ صف] رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا۔
مُستَرشِد: [ع۔ صف] ہدایت طلب کرنے والا۔ سیدھی راہ کا خواہاں۔ مرید۔
مُستَرضی: [ع۔ صف] رضا چاہنے والا۔ خوشنودی چاہنے والا۔
مِستری: [ا۔ امذ] (۱) اہل حرفہ کا افسر۔ کاریگروں کا استاد (۲) کسی پیشہ کا کاریگر خصوصاً لوہار۔ بڑھئی۔
مُستَزاد: [ع۔ صف] (۱) بڑھایا گیا۔ زیادہ کیا گیا۔ افزوں (۲) عروض میں وہ غزل جس کے ہر مصرع یا شعر کے بعد ایسا زائد ٹکڑا لگا ہوا ہو جو اسی مصرع کے رکن اول اور رکن آخر کے برابر ہو۔
مُستَسقی: [ع۔ صف] (۱) وہ جو پانی طلب کرے (۲) وہ شخص جسے جلندر کی بیماری ہو۔
مُستَشار: [ع۔ صف] وہ جس سے مشورہ کیا جائے۔
مُستَشرِق: [ع۔ صف] وہ فرنگی جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو۔
مُستَشہِد: [ع۔ صف] گواہی چاہنے والا۔ شہادت طلب کرنے والا۔
مُستَشیر: [ع۔ صف] مشورہ کرنے والا۔
مُستَشفیٰ: [ع۔ امذ] شفاخانہ۔ ہسپتال۔
مُستَضیئ: [ع۔ صف] روشنی چاہنے والا۔ روشنی قبول کرنے والا۔
مُستَطاب: [ع۔ صف] (۱) خوشگوار۔ اچھا۔ عمدہ۔ خوب (۲) مبارک۔ خجستہ۔ سعید۔ نیک۔
مُستَطیع: [ع۔ صف] استطاعت رکھنے والا۔ صاحب مقدور۔
مُستَطیل: [ع۔ امذ] (۱) طویل۔ لمبا (۲) وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویے قائمہ ہوں اور مقابل کے ضلعے برابر ہوں یا جس کا طول عرض سے بڑا ہو۔
مُستَظہِر: [ع۔ صف] (۱) مدد چاہنے والا۔ امداد کا خواہاں (۲) [illegible] چاہنے والا۔
مُستَعار: [ع۔ صف] مانگا ہوا۔ ادھار لیا ہوا۔ [افعال: دینا۔ لینا]
مُستَعارلہٗ: [ع۔ امذ] (۱) وہ چیز جو کسی کیلئے مستعار لی جائے (۲) استعارہ کا وہ رکن جو مشبّہ کی جگہ ہو۔
مُستَعارمِنہٗ: [ع۔ امذ] (۱) جس سے کچھ ادھار لیا جائے (۲) استعارہ کا وہ رکن جو مشبّہ بہ کی جگہ ہو۔
مُستَعان: [ع۔ صف] (۱) مدد طلب کیا گیا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔
مُستَعجِل: [ع۔ صف] (۱) تعجیل کرنے والا۔ جلدی کرنے والا۔ جلد باز (۲) عارضی۔
مُستَعجِلانہ: [عف۔ صف] جلد بازانہ۔
مُستَعِد: [ع۔ صف] (۱) آمادہ۔ تیار۔ موجود۔ کمربستہ (۲) چست۔ چالاک۔ ہوشیار۔ طرار (۳) سعادت چاہنے والا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مُستَعِدی: [عف۔ امث] دیکھئے "مستعد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مُستَغفَر: [ع۔ صف مفعول] عذر چاہا گیا۔ عذر چاہا ہوا۔
مُستَغفِر: [ع۔ صف فاعل] عذر چاہنے والا۔
مُستَعفی: [ع۔ صف] استعفا دینے والا۔ معافی چاہنے والا۔
مُستَعمَر: [ع۔ صف] آبادی۔ کالونی۔ آبادی چاہا ہوا۔
مُستَعمِر: [ع۔ صف] آبادی چاہنے والا۔ آبادکار۔ نوآبادکار۔
مُستَعمَرہ: [ع۔ امث] نوآبادی۔ کالونی۔
مُستَعمَل: [ع۔ صف] عمل میں لایا ہوا۔ کام میں لایا ہوا [افعال: ہونا]
مُستَعین: [ع۔ صف] مدد چاہنے والا۔ امداد طلب کرنے والا۔
مُستَغرِب: [ع۔ صف] وہ مشرقی جو مغربی علوم کا ماہر ہو۔
مُستَغاث: [ع۔ امذ] وہ جس سے فریاد کی جائے۔
مُستَغرَق: [ع۔ صف] (۱) غرق شدہ۔ ڈوبا ہوا (۲) نہایت مصروف۔
مُستَغرِق: [ع۔ صف فاعل] غرق ہونے والا۔ ڈوبنے والا۔
مُستَغفِر: [ع۔ صف] استغفار کرنے والا۔ گناہوں کی معافی مانگنے والا۔
مُستَغنی: [ع۔ صف] (۱) آزاد۔ بری۔ بے پروا (۲) دولت مند۔ مالدار آسودہ حال۔ فارغ البال۔ مطمئن۔
مُستَغیث: [ع۔ صف۔ مذ] (۱) استغاثہ کرنے والا۔ دادخواہ (۲) مدعی۔ دعویٰ دار۔
مُستَغیث اِلیہ: [ع۔ صف] جس پر دعویٰ کیا گیا ہو۔ مدعا علیہ۔
مُستَغیثہ: [ع۔ صف۔ مث] دیکھئے "مستغیث" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُستَفاد: [ع۔ صف] فائدہ حاصل کیا ہوا۔ جو چیز فائدہ میں حاصل ہو۔
مُستَفاض: [ع۔ صف] فیض چاہا ہوا۔
مُستَفتی: [ع۔ صف] فتویٰ طلب کرنے والا۔ کسی معاملہ میں شرعی حکم چاہنے والا۔
مُستَفسِر: [ع۔ صف] استفسار کرنے والا۔ پوچھنے والا۔ تحقیق کرنے والا۔
مُستَفید: [ع۔ صف] فائدہ چاہنے والا۔ فائدہ طلب کرنے والا۔ فائدہ اٹھانے والا۔
مُستَفیض: [ع۔ صف] فیض چاہنے والا۔ فیض کا خواہاں۔ فائدہ اٹھانے والا۔
مُستَقبِل: [ع۔ صف] آگے آنے والا۔ آئندہ۔ وہ فعل جو آنے والے زمانہ سے تعلق رکھے۔
مُستَقَر: [ع۔ امذ] ٹھہرنے کی جگہ۔ جائے قرار۔ ٹھکانا۔
مُستَقِل: [ع۔ صف] مضبوط۔ مستحکم۔ اٹل۔ برقرار۔ پائدار۔ پکا۔ قائم۔ ہمیشہ۔ عام۔
مستقل اسامی: [عف امث] مستقل جگہ۔ پکی اسامی۔ پائدار نوکری۔
مُستقل جگہ: [ع۔ف۔ امث] دیکھئے "مستقل اسامی"
مُستقل رہنا: [ا۔ر۔ محاورہ] قائم رہنا۔ برقرار رہنا۔ جمارہنا۔
مُستقل مزاج: [عا صف] وہ جس کے مزاج میں استقلال ہو۔ ثابت قدم۔
مُستقل ہونا: [ا۔ر۔ مرکب] (۱) پکا ہونا۔ پائدار ہونا (۲) قائم ہونا۔ برقرار رہنا (۳) ملازمت پر پکا ہونا۔
مُستقلی: [عف۔ امث] کسی عہدے پر پکا ملازم کیا جانا۔ انگریزی لفظ CONFIRMATION کا ترجمہ مضبوطی۔ مستحکمی (۲) مستقل کا اسم کیفیت۔
مُستَقیم: [ع۔ صف] سیدھا۔ راست۔ درست۔ مضبوط۔
مَستک: [س امث] (۱) ہاتھی کا ماتھا (۲) ماتھا۔ پیشانی۔

مُسْتَکْبِر: [ع - صف] متکبر، مغرور، گھمنڈی۔
مُسْتَکْرِہ: [ع - صف] مکروہ جاننے والا۔ بُرا جاننے والا۔ ناخوش۔
مُسْتَکْفِی: [ع - صف] کفایت چاہنے والا۔
مُسْتَلِذ: [ع - صف] لذت پانے والا۔
مُسْتَلَذّات: [ع - صف] مرغوب چیزیں۔ وہ چیزیں جن سے لذت حاصل ہو۔
مُسْتَلْزِم: [ع - صف] کوئی کام اپنے اوپر لازم کرنے والا۔
مُسْتَلْزِمِ سزا: [ع - صف] قابل سزا۔
مُسْتَمِد: [ع - صف] امداد چاہنے والا۔
مُسْتَمِر: [ع - صف] ہمیشہ رہنے والا۔ دائم، مضبوط پائدار، مستقل۔ پیوستہ۔
مُسْتَمِع: [ع - صف] سُننے والا۔
مُسْتَمَنْد: [ف - صف] غمگین (۲) (مجازاً) حاجت مند، ضرورت والا۔
مُسْتَنْبَط: [ع - صف] اخذ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھانا گیا۔
مُسْتَنْبِط: [ع صف فاعلی] اخذ کرنے والا۔ چُننے والا۔ چھانٹنے والا۔ باہر نکالنے والا
مُسْتَنَد: [ع - صف] سند پایا ہوا، تصدیق کیا ہوا۔ مصدقہ۔ قابل اعتماد۔ معتبر۔
مُسْتَنْصَر: [ع - صف] مدد طلب کیا گیا۔ مدد مانگا ہوا۔
مُسْتَنْصِر: [ع - صف] مدد طلب کرنے وال[illegible] ملنے وال[illegible]
مُسْتَنِیر: [ع - صف] روشنی طلب کرنے والا۔ روشن۔
مُسْتَوْجِب: [ع - صف] واجب کرنے والا۔ لازم ہونے والا۔ لائق۔ قابل۔
مُسْتَوْدَع: [ع - صف] (۱) امانت رکھا ہوا۔ امانت رکھی ہوئی چیز۔ (۲) امانت گاہ۔ مخزن۔
مُسْتَوْدِع: [ع - صف] امانت کا نگران۔
مَسْتُور: [ع - صف] چُھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
مَسْتُورات: [ع - اسٹ] دیکھئے "مستورہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) پردہ دار عورتیں۔
مَسْتُورہ: [ع صف مث] دیکھئے "مستور" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُسْتَوْفِی: [ع - اند] پورا لینے والا۔ مجازاً محاسب اعلیٰ جو اپنے ماتحتوں کے حساب کی جانچ پڑتال کرے۔
مَسْتُول: [ار - اند] جہاز یا کشتی کا ستون۔
مُسْتَوْلِی: [ع - صف] غالب۔ زور آور، چھانے والا۔ قابو پانے والا۔
مَسْتُول کے گھوڑے: [ار - صف] احمق۔ بے وقوف۔
مُسْتَوِی: [ع - صف] برابر۔ ہموار۔
مُسْتَہام: [ع - صف] سرگشتہ۔ حیران۔ پریشان۔
مُسْتَہِین: [ع - صف] کسی کو حقیر سمجھنے والا۔
مَسْتی: [ف - امث] (۱) نشہ۔ خمار، کیف۔ مدہ (۲) مدہوشی۔ بے ہوشی۔ بدمستی۔ متوالا پن (۳) رغبت جماع۔ جوش شہوت۔ باہ۔ چُل۔ خواہش نفسانی۔ وہ حالت یا کیفیت جو پرندوں یا دوسرے حیوانات کی ہیجان شہوت کے وقت ہوتی ہے جیسے مور، کبوتر، شیر، ہاتھی کی مستی۔ وہ پانی جو جوش شہوت میں حیوانات کے کان، گردن یا آنکھ کے قریب سے ٹپکتا ہے (۴) حیوانات کی منی (۵) وہ پانی جو بعض درختوں سے ٹپکتا ہے۔ جیسے نیم کی مستی (۶) خوشی کی حرکتیں (۷) غرور۔ تکبر۔ (۸) سلاجیت۔ پہاڑوں کی مستی)

مَسْتی آنا: [ار محاورہ] شہوت میں بھرنا۔ گرم ہونا۔
مَسْتی اُٹھنا: [ار - محاورہ] مجامعت کو جی چاہنا۔ جماع کی خواہش ہونا۔
مَسْتی ٹپکنا: [ار - محاورہ] (۱) منی کا رس رس کر گرنا (۲) درختوں سے بدبودار پانی کا چونا (۳) نشیلا پن پایا جانا (۴) حرکات و سکنات سے جوش جوانی یا جوش شہوت کا ظاہر ہونا۔
مَسْتی جھاڑنا: [ار - محاورہ] (۱) شہوت بجھانا (۲) نشہ دور کرنا (۳) شرارت نکالنا۔
مَسْتی جھڑنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "مستی جھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَسْتی چڑھنا: [ار - محاورہ] متوالا ہونا۔ نشہ میں ہونا۔ مستی میں بھرنا۔ شہوت کا جوش پر ہونا۔
مَسْتی چھانا: [ار محاورہ] نشہ میں ہونا۔ بے ہوش ہونا۔
مَسْتی چھوٹنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "مستی اٹھنا"
مَسْتی کا عالم: [ار - اند] نشہ کی حالت
مَسْتی کرنا: [ار - محاورہ] خوش فعلیاں کرنا۔
مَسْتی میں آنا: [ار محاورہ] مدہوش ہونا
مَسْتی میں بھرنا: [ار - محاورہ] شہوت کا زور ہونا
مَسْتی نکالنا: [ار - محاورہ] (۱) منی نکالنا (۲) شرارت دور کرنا (۳) ٹھیک بنانا
مَسْتی نکلنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "مستی نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَسْتی ہونا: [ار - محاورہ] دیکھئے "مستی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَسْٹ: [س - امث] خاموشی۔ سکوت۔
مَسْٹ مارنا: [ار - محاورہ] سوتا بن جانا۔
مِسْٹَر: [انگ - اند] (MISTER) تعظیمی خطاب جو مردوں کے نام سے پہلے آتا ہے۔
مِسْٹرس: [انگ - امث] (MISTRESS) عورت کے واسطے جو نام سے پہلے آتا ہے۔
مُسْٹَنڈا / مُشْٹَنڈا: [ار - صف] موٹا تازہ آدمی۔ ہٹا کٹا۔
مُسْٹَنڈی / مُشْٹَنڈی: [ار - صف مث] دیکھئے "مسٹنڈا وغیرہ" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَسْجِد: [ع - امث] سجدہ کرنے کی جگہ۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ مسلمانوں کا عبادت خانہ۔
مَسْجِدِ اَقصیٰ: [ع - امث] (۱) دور کی مسجد (۲) بیت المقدس، وہ مسجد جو حضرت سلیمان نے بنوائی تھی۔
مَسْجِد ٹھنڈی کرنا: [ار - محاورہ] مسجد ڈھانا۔ مسجد شہید کرنا۔
مَسْجِدِ جامع: [ع - امث] وہ مسجد جہاں جمعہ کی نماز ہوتی ہے۔
مَسْجِدِ حَرام: [ع - امث] قابل حرمت مسجد۔ کنایۃً خانہ کعبہ۔
مسجد ڈھا کر امام باڑا بنانا: [ار - محاورہ] فرض کام کو چھوڑ کر سنت و مستحب پر آرہنا۔
مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی: [ار - مثل] اصل چیز جاتی رہی صرف نشانی رہ گئی۔
مَسْجِد شہید کرنا: [ار - محاورہ] مسجد کا منہدم کرنا۔ مسجد گرانا۔
مَسْجِد کا مُلّانا: [ار - اند] وہ ملا جس کی گزر بسر مسجد کی روٹیوں پر ہو۔

مسجد میں اینٹ اُلٹ کر رکھنا: [ار - محاورہ] مسلمان عورتوں کا عقیدہ ہے کہ اگر کوئی جھوٹا آدمی مسجد میں اینٹ اوندھی کر کے رکھ دے تو وہ برباد ہو جاتا ہے یعنی اگر جھوٹ بولیں تو اپنا تختہ الٹ جائے۔

مسجد میں چراغ جلانا: [ار - محاورہ] (۱) منت پوری ہونے پر مسجد کے طاق میں چراغ روشن کرنا (۲) روشنی کی غرض سے مسجد میں چراغ روشن کرنا۔

مسجد میں چونا لگانا: [ار - محاورہ] سخت قسم کھانا۔ مسلمان عورتوں کا عقیدہ ہے کہ اگر جھوٹا آدمی مسجد میں جا کر آنکھوں میں چونا لگائے تو اندھا ہو جاتا ہے۔

مسجدِ نبوی: [ع - امث] وہ مسجد جو مدینہ منورہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مقدس کے قریب ہے۔

مُسَجَّع: [ع - صف] قافیے دار عبارت۔ وہ مضمون جس میں قافیہ کا اہتمام ہو۔

مُسَجَّل: [ع - اند] (۱) وہ کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مہر ثبت ہو (۲) درست۔ صحیح۔ رجسٹری شدہ انگریزی لفظ REGISTERED کا ترجمہ۔

مُسَجِّل: [ع - صف - فاعل] رجسٹرار۔ رجسٹری کرنے والا۔

مَسجُود: [ع - صف] سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں۔

مَسجُون: [ع - صف] قیدی۔

مَسح: [ع - اند] (۱) پونچھنا۔ چھونا۔ ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) وضو یا غسل میں ہاتھ کسی عضو پر پھیرنا۔ وضو میں سر پر ہاتھ پھیرنا۔

مَسحُور: [ع - صف] جس پر سحر کیا گیا ہو۔ جس پر جادو کیا جائے۔

مَسحُوق: [ع - صف] پسا ہوا۔ گھسا ہوا۔

مَسحی: [ع - صف] جس پر مسح جائز ہو۔ "چمڑے کا موزہ وغیرہ"

مَسخ: [ع - صف] اچھی صورت بدل کر بری صورت ہو جانا۔ [افعال: کرنا - ہونا]

مُسَخَّر: [ع - صف] تسخیر کیا گیا۔ تابع کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔

مَسخَرگی: [ف - امث] دیکھئے "مسخرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَسخَرَہ: [عف - اند] ٹھٹھے باز۔ مذاقیہ۔ ہنسوڑ۔

مَسخَرَہ بازی: [عف - امث] مسخرہ پن۔

مَسخَرہ پن: [ف - امث] دیکھئے "مسخرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَسخَری: [ار - امث] دیکھئے "مسخرہ" جس کی یہ تانیث ہے۔

مسخری کرنا: [ار - محاورہ] مذاق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔

مسخری میں اڑا ڈالنا: [ار - محاورہ] کسی بات کا مذاق میں ٹال جانا۔

مُسَدَّس: [ع - اند] علم ہندسہ میں چھ ضلعوں کی شکل جس کے سب ضلعے اور زاویئے برابر ہوں (۲) نظم کی وہ قسم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں۔

مَسدُود: [ع - صف] (۱) بند کیا گیا۔ روکا گیا (۲) بند۔ رکا ہوا۔

مَسَرَّت: [ع - امث] خوشی۔ شادمانی۔ انبساط۔ آنند۔

مُسرِف: [ع - صف] فضول خرچ۔ بہت خرچ کرنے والا۔ کھاؤ اڑاؤ۔

مَسرُور: [ع - صف] خوش۔ شادمان۔

مَسرُوق: [ع - صف] چوری کیا گیا۔ چرایا گیا۔

مَسرُوقَہ: [ع - صف - مث] دیکھئے "مسروق" جس کی یہ تانیث ہے۔

مِسِز: [انگ - اند] (MISSIS) بیگم۔ منکوحہ عورت۔

مُسَطَّح: [ع - صف] پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ چوڑا۔ کھلا۔

مِسطَر: [ع - اند] (۱) وہ کاغذ جس پر سطریں کھینچنے کے لئے ڈورے لگاتے ہیں (۲) وہ کاغذ جس پر موٹی موٹی سیاہ لکیریں کھنچی ہوتی ہیں اور اس پر دوسرا کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں (۳) وہ خاص قسم کا کاغذ جس پر پتھر کی چھپائی کے لئے خاص سیاہی سے کاتب لکھتے ہیں (۴) سطریں کھینچنے کا آلہ۔ پیمانہ۔

مسطر بنانا: [ار - محاورہ] مسطر تیار کرنا۔

مسطر کرنا / کھینچنا: [ار - محاورہ] لکیریں کھینچنا۔ ایک دوسرے کے محاذ میں خط کھینچنا۔

مَسطُور: [ع - صف] سطر کیا گیا۔ سطر بندی کیا گیا۔ لکھا گیا۔

مَسعَات: [ع - امث] کوشش۔ جدوجہد۔

مَسعُود: [ع - صف] (۱) سعید۔ نیک۔ مبارک (۲) خوش نصیب۔ بختاور۔

مَسقَط: [ع - اند] (۱) گرنے کی جگہ (۲) خلیج فارس کا ایک ساحلی شہر۔

مَسقَطُ الرَّاس: [ع - اند] پیدا ہونے کی جگہ۔ جنم پیدائش۔ مولد۔ وطن۔ جنم بھومی۔

مُسَقَّف: [ع - صف] چھت ڈالا گیا۔ پاٹا گیا۔ چھت دار [افعال: کرنا - ہونا]

مِسک: [ع - اند] دیکھئے "مُشک" جس کا یہ معرب ہے۔

مَسک: [ار - امث] (۱) کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا (۲) دھچکا۔ دباؤ۔

مسک جانا: [ار - محاورہ] کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا۔

مسک لینا: [ار - محاورہ] چھین لینا۔ فریب سے لینا۔

مُسکا: [ار - اند] وہ چھینکا جو چوپایوں کے منہ پر باندھ دیتے ہیں کہ وہ کسی چیز کو منہ میں نہ ڈال سکیں۔

مُسکا مُسکی: [ار - امث] دبانا۔ بھینچنا۔

مَسکانا: [ار - مص] (۱) کپڑے کو ایسا پھاڑنا کہ تانے کے تار الگ نہ ہوں (۲) ناچنے والے کا اپنے بدن کو لچکانا۔

مُسکانا: [ار - مص] ٹوٹنا۔ چٹ چٹ ہو جانا۔ جیسے چوڑیاں مسکا گئیں۔

مُسکاونا: [ار - مص - ق] مسکرانا۔

مُسکِت: [ع - صف] چپ کرانے والا۔ خاموش کرانے والا۔

مَسکَٹ: [انگ - امث] (MUSKET) بندوق۔ تفنگ۔

مُسکانا: [ار - مص - ق] مسکرانا۔

مُسکِر: [ع - امث] نشہ پیدا کرنے والی چیز۔ مستی لانے والی چیز۔ نشہ آور۔

مُسکرانا: [ار - مص] تبسم کرنا۔ ہونٹوں ہی ہونٹوں میں ہنسنا۔

مُسکراہٹ: [ار - امث] تبسم۔ دبی دبی ہنسی۔

مَسکَن: [ع - اند] رہنے کی جگہ۔ رہنے کا مقام۔ گھر۔ مکان۔ ٹھکانا۔

مُسکِن: [ع - صف] تسکین دینے والا۔ تسکین بخش۔

مَسکنا: [ار - مص] (۱) پھٹنا (۲) کپڑے کا ذرا سا پھٹنا (۲) بات کا جواب دینا۔ عذر کرنا (۳) دبانا۔ بھینچنا (۴) اپنی جگہ سے ہلنا۔ جنبش کرنا۔

مَسکَنَت: [ع - امث] (۱) مسکینی۔ غریبی۔ مفلسی (۲) عاجزی۔

مِسکوٹ: [ار - اند] صلاح مشورہ (۲) رمث خفیہ سازش (انگریزی لفظ MESS COURT کا بگاڑ)۔ [افعال: کرنا - ہونا]

مَسکورا: [ار - اند] مسوڑھا۔

مَسکوڑا: [ار - اند] کروٹ کا دھچکا۔ جیسے ایک ہی مسکوڑے میں مرغی نکل گئی۔ [افعال: لینا - مارنا]

مَشکوک : [ع ۔ صف] شک لگا ہوا ۔ شبہ کیا ہوا ۔ سرکاری چھاپ کا ۔
مَسکُون : [ع ۔ صف] (۱) سکونت کیا گیا ۔ آباد (۲) رہنے کے قابل ۔
مَسکہ : [ف ۔ اند] (۱) مکھن ۔ تازہ نکلا ہوا گھی جو تپایا نہ گیا ہو (۲) کیمیا کی اصطلاح میں پارا جو دواؤں سے منجمد کیا گیا ہو ۔
مسکہ لگانا : [ار ۔ محاورہ] خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا ۔
مِسکین : [ع ۔ صف] غریب ۔ مفلس ۔ کنگال ۔ نادار (۲) عاجز ۔ ناتواں ۔ بے چارہ (۳) حلیم ۔ بُردبار (۴) اصطلاح فقہ میں وہ شخص جس کے پاس کوئی مال نہ ہو ۔
مِسکین صُورت : [ع ۔ امث] وہ جس کی صورت پر مسکینی اور غربت برستی ہو (۲) طنزاً شریر ۔
مِسکین طبع : [ع ۔ صف] غریب طبیعت ۔ حلیم ۔ بُردبار ۔ وہ جس کی طبیعت میں شرارت نہ ہو ۔
مِسکینی : [ع ۔ امث] دیکھئے "مسکین" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَسل ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] کچل ڈالنا ۔ روند ڈالنا ۔
مَسل کر : [ار ۔ متعلق فعل] پیس پسا کر ۔ توڑ مروڑ کر ۔
مَسل کے دینا : [ار ۔ محاورہ] پیس ڈالنا ۔ مل ڈالنا ۔
مِسل : [ار ۔ امث] مقدمے کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں ۔ مقدمہ ۔ نیز دیکھئے "مثل"
مِسلا : [ار ۔ اند ق] مثل ۔ کہاوت ۔
مُسلّح : [ع ۔ صف] ہتھیار بند ۔ ہتھیار لگائے ہوئے ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مَسلَخ : [ع ۔ اند] (۱) جانوروں کو ذبح کرنے کی جگہ ۔ کمیلا (۲) کھال کھینچنے کا مقام
مُسَلسَل : [ع ۔ صف] سلسلہ وار ۔ لگاتار ۔ متواتر ۔ پے در پے ۔
مُسَلَّط : [ع ۔ صف] (۱) مغلوب کیا گیا ۔ فتح کیا گیا (۲) مقتدر کیا گیا [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مُسَلِّط : [ع ۔ صف فاعلی] قبضہ کرنے والا ۔ تسلط کرنے والا ۔ غالب ۔ طاقت ور ۔
مَسلَک : [ع ۔ اند] (۱) راہ ۔ راستہ (۲) طریقہ ۔ قاعدہ ۔ دستور ۔
مُسلِم : [ع ۔ صف] اسلام رکھنے والا ۔ اسلام کا پیرو ۔ مسلمان
مُسَلَّم : [ع ۔ صف] (۱) پورا ۔ کامل ۔ ثابت ۔ سارا ۔ سب (۲) تسلیم کیا گیا ۔ مانا گیا (۳) درست ۔ بجا ۔ ٹھیک ۔ بے شک (۴) ضرور ۔ واجب ۔ فرض ۔
مُسَلَّمُ الثُّبُوت : [ع ۔ صف] جو ثبوت کا محتاج نہ ہو ۔ مانا ہوا ۔
مُسَلمان : [ف ۔ اند] "مُسلِم" ملاحظہ فرمائیں جس کا یہ مفرس ہے ۔
مُسلمان کرنا : [ار ۔ محاورہ] غیر مذہب کے کسی شخص کو اسلام میں داخل کرنا ۔
مُسلمان ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مسلمان کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مُسلمان در گور مسلمانی در کتاب : [ف ۔ مثل] مسلمان مر گئے اور اسلام کتابوں میں لکھا رہ گیا ۔ سچے مسلمانوں کے نہ ہونے پر بطور افسوس ۔
مُسلمانی : [ار ۔ امث] دیکھئے "مسلمان" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مُسلمانی : [ف ۔ امث] (۱) اسلام ۔ (۲) (ار) بچوں کا آلہ تناسل (۳) ختنہ ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا] (۴) مسلمان عورت ۔

مُسلمانی آبادانی : [ار ۔ مثل] مسلمانی باعث برکت ہے ۔
مُسلمانی اور آنا کانی : [ار ۔ مثل] اپنے ہم جنس سے کج خلقی کرنا
مُسلِمہ : [ع ۔ صف] مسلمان عورت ۔
مُسَلَّمہ : [ع ۔ صف] مانی ہوئی باتیں ۔ تسلیم شدہ امور ۔
مَسلنا : [ار ۔ مص] (۱) کچلنا ۔ بہت دبانا (۲) آٹا گوندھنا ۔
مَسلُوب : [ع ۔ صف] سلب کیا گیا ۔ چھین لیا گیا ۔ مٹایا ہوا ۔
مَسلُوبُ الاِختیار : [ع ۔ صف] جس کے اختیارات چھین لئے گئے ہوں ۔
مَسلُوبُ الحَواس / العَقل : [ع ۔ صف] (۱) وہ جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں (۲) دیوانہ ۔ پاگل ۔ سڑی ۔ سودائی ۔
مَسلُوک : [ع ۔ صف] جاری کیا گیا ۔ سلوک کیا ہوا ۔ احسان کیا گیا

مَسلُول : [ع ۔ صف] (۱) وہ جسے سل کی بیماری ہو (۲) کھینچا ہوا ۔
مِسلی : [ار ۔ صف] وہ جس کی مسل بنی ہوئی ہو ۔ سزا یافتہ ۔
مُسمّاۃ : [ع ۔ امث] وہ لفظ یا خطاب جو عورت کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے ۔
مِسمار : [ع ۔ امث] (۱) میخ ۔ کھونٹی ۔ کیلی ۔ کیل (۲) (ف) گرایا ہوا [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مِسمَع : [ع ۔ اند] سننے کا آلہ ۔
مِسمَعُ الصَّدر : [ع ۔ اند] وہ آلہ جس کے دونوں سرے ڈاکٹر اپنے کانوں میں لگاتا ہے اور دوسرا آخری سرا مریض کے سینہ یا پشت پر رکھتا ہے ۔ صدر بین ۔ (انگریزی STETHO SCOPE)
مِسمریزم : [انگ ۔ صف] (MESMERISM) ۔ ایک علم جس میں تصور یا خیال کا اثر دوسرے کے دل پر ڈال کر پوشیدہ اور آئندہ حالات پوچھے جاتے ہیں ۔
مُسمُسی : [ار ۔ صف] دیکھنے میں غریب مسکین صورت ۔
مُسمُسی صورت : [ار ۔ امث] غریب صورت ۔ دیکھنے میں بھولی مگر شریر ۔
مُسَمَّط : [ع ۔ صف] (۱) پروئی ہوئی چیز ۔ موتیوں کی لڑیوں میں پرویا ہو ۔ موتیوں کی لڑی (۲) وہ شعر جس میں کئی ایک جگہ قافیہ ہو ۔ (۳) وہ نظم جس میں تین سے لے کر دس مصرعے تک ہوں ۔
مُسَمَّن : [ع ۔ صف] موٹا ۔ فربہ ۔
مُسَمِّن : [ع ۔ صف فاعلی] فربہ کرنے والا ۔
مَسمُوع : [ع ۔ صف] سنا گیا ۔ قبول کیا گیا ۔
مَسمُوم : [ع ۔ صف] (۱) زہر دیا گیا ۔ وہ جس نے زہر کھالیا ہو (۲) زہریلا ۔
مُسَمّیٰ : [ع ۔ صف] موسوم کیا گیا ۔ نام رکھا گیا ۔
مُسِن : [ع ۔ صف] (۱) سن رسیدہ ۔ عمر رسیدہ ۔ بوڑھا (۲) پرانا ۔ کہنہ (۳) تجربہ کار ۔ دانا ۔
مَسنا : [ار ۔ مص] (۱) کٹنا ۔ پسنا (۲) چُر مُر ہونا ۔
مُسنا : [ار ۔ مص] کٹنا ۔ لُوٹا جانا ۔
مَسنَد : [ع ۔ امث] بیٹھنے کی جگہ ۔ تکیہ گاہ ۔
مَسنَد آرا : [ف ۔ صف] مسند کو زینت دینے والا ۔ مسند نشین
مَسنَد کا گدھا : [ار ۔ اند] بے وقوف امیر ۔

مسند لگانا : [ار۔ محاورہ] مسند بچھانا ۔
مسند لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مسند لگانا" جس کا یہ لازم ہے
مسند نشین : [عف۔ صف] مسند پر بیٹھنے والا ۔ بادشاہ ۔
مسند نشین ہونا : [ار۔ مص مرکب] مسند پر بیٹھنا ۔ بادشاہ ہونا ۔
مسند نشینی : [عف۔ امث] تخت نشینی ۔
مُسنَد : [ع ۔ امذ] (۱) دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا (۲) سہارا دیا گیا (۳) نحو کی اصطلاح میں جو کچھ کسی کے متعلق کہا جائے ۔
مُسنَد اِلیہ : [ع ۔ امذ] اصطلاح نحو ۔ جس کے متعلق کچھ کہا جائے ۔
مَسنون : [ع ۔ صف] سنت کی گئی ۔ وہ کام جس کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود کیا ہو ۔
مسنونہ : [ع ۔ صف مث] دیکھئے "مسنون" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مِسواک : [ع ۔ امث] داتن ۔ دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مُسوانا : [ار۔ مص] چوری کرنا ۔
مُسَوَّدَہ : [ع ۔ امذ] (۱) وہ تحریر جو سرسری طور پر لکھی جائے اور جسے صاف و صحیح کرنے کی ضرورت ہو ۔ قلمی مضمون ۔ غیر مطبوعہ تحریر ۔ (۲) منصوبہ ۔ مدعا ۔ مطلب ۔
مُسوّدہ گانٹھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مضمون بنانا (۲) ارادہ بنانا ۔ منصوبہ تیار کرنا ۔
مَسُور : [ار۔ امث] ایک قسم کا غلہ جس کی دال بناتے ہیں ۔
مسوڑا / مسوڑھا : [ار۔ امذ] دانتوں کے اوپر کا گوشت ۔
مَسوس : [ھ ۔ امث] مروڑ ۔
مَسوسا : [ھ ۔ امذ] (۱) پچھتاوا ۔ ندامت ۔ پشیمانی (۲) نقصان جو چپکے سے برداشت کیا جائے (۳) دباؤ ۔ بوجھ ۔ زور (۴) جوش جس کو دبایا جائے ۔
مسوسا دے دے رہنا : [ار۔ محاورہ] صبر سے برداشت کرنا ۔ شکایت زبان پر نہ لانا ۔
مَسوسنا : [ار۔ مص] (۱) بل دینا ۔ مروڑنا ۔ نچوڑنا (۲) پچھتانا ۔ افسوس کرنا دل میں رنج کرنا ۔ کڑھنا ۔ صدمہ کے باعث دل پر ہاتھ رکھنا جبراً صبر کو گوارا کرنا ۔
مَسول : [ار متعلق فعل ۔ ق] مجھ سے
مَسہری : [ار۔ امث] چھپرکھٹ ۔ ایک قسم کا پردہ دار پلنگ جو مکھیوں مچھروں سے محفوظ ہو کر سونے کے لئے بنایا جاتا ہے ۔
مُسہِل : [ع ۔ صف] (۱) اسہال لانے والا ۔ دست آور ۔ وہ دوا جس سے دست آئیں (۲) (مذ) جلاب [افعال : دینا ۔ لینا]
مَسئَلہ : [ع ۔ امذ] (۱) سوال ۔ پوچھی ہوئی بات (۲) (ار) دینی بات ۔ دینی قانون ۔
مسئلہ کھل جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) مسئلہ حل ہونا (۲) بات صاف ہو جانا ۔ معاملہ کی پیچیدگی دور ہو جانا ۔
مَسئُول : [ع ۔ صف] سوال کیا گیا ۔ مانگا گیا ۔ ذمہ دار ۔ جواب ۔
مسئول الیہ : [ع ۔ صف] جس سے سوال کیا جائے جس سے مسئلہ دریافت کیا جائے ۔
مَسئُولہ : [ع ۔ امث] دیکھئے "مسئول" جس کی یہ تانیث ہے ۔

مسی : [س ۔ امث] سیاہی ۔ روشنائی ۔
مِسی : [ف ۔ صف] تانبے کا ۔ تانبے کا بنا ہوا ۔ "مس" سے منسوب ۔
مِسّی : [ار۔ امث] موٹے جھوٹے اناج کی ۔ چنے موٹھ وغیرہ کی روٹی ۔ دال دلیا ۔
مسی کُشی / کُسی : [ار۔ امث] موٹے جھوٹے اناج کی روٹی ۔
مِسّی : [ف ۔ امث] (۱) ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار استعمال کرتی ہیں (۲) طوائفوں کی اصطلاح میں ایک تقریب ۔ شادی ۔ اس دن سے کسبیاں مسی ملنا شروع کر دیتی ہیں ۔ بڑا جشن ہوتا ہے ۔ جو شخص رقم کا کفیل ہوتا ہے وہ باکرہ نوچی کا ازالۂ بکارت کرتا ہے ۔
مسی اُدھڑنا / چھوٹنا : [ار۔ محاورہ] دانتوں پر مسی کا نہ رہنا ۔
مسی سُرمہ / کاجل : [ار۔ امذ] عورتوں کا سنگار جس میں مسی اور سرمہ شامل ہوتے ہیں ۔
مسی کاجل کرنا : [ار۔ محاورہ] سنگار کرنا ۔ آنکھوں میں سرمہ لگانا ۔ بناؤ سنگار کرنا ۔
مسی کرنا : [ار۔ محاورہ] نوچی کے ازالہ بکارت کی تقریب کرنا ۔
مسی کی اُنگلی : [ار۔ امث] وہ انگلی جو بیچ کی انگلی کے بعد اور چھنگلیا سے پہلے ہے ۔
مسی کی دھڑی : [ار۔ امث] مسی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں ۔
مسی کی لکیر : [ار۔ امث] وہ سیاہ خط جو مسی لگانے سے دانتوں کے درمیان ظاہر ہوتا ہے ۔
مسی لگانا / ملنا : [ار۔ محاورہ] دانتوں اور ہونٹوں پر مسی ملنا ۔
مسی ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مسی کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مَسیت : [ار۔ امث] گنواروں کی زبان میں "مسجد" کا بگڑا ہوا لفظ ۔
مَسیح / مَسیحا : [ع ۔ امذ] حضرت عیسیٰ کا لقب جو بطور معجزہ مردے کو زندہ کر دیتے تھے ۔
مَسیحا دَم / نَفَس : [ع ۔ ف ۔ امذ] وہ جس کی پھونک میں اعجاز مسیحا ہو یعنی مردوں کو زندہ کرنے والا ۔
مسیحا دمی / نفسی : [عف ۔ امث] دیکھئے "مسیحا دم / نفس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَسیحائی : [عف ۔ امث] حضرت عیسیٰ کے معجزے والی طاقت ۔ حیات بخشی ۔
مسیحائی چلنا : [ار۔ محاورہ] مسیحائی کارگر ہونا ۔
مسیحائی دکھانا / کرنا : [ار۔ محاورہ] زندہ کرنا ۔ حیات بخشنا ۔ اعجاز دکھانا (۲) مرتے کو بچانا ۔ جان بلب بیمار کو تندرست کرنا ۔
مسیحائی کا دم بھرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مسیحائی کا قائل ہونا (۲) مسیحائی کا دعویٰ کرنا ۔
مسیحائی کرنا : [ار۔ محاورہ] اعجاز دکھانا ۔ زندہ کرنا ۔ مرتے کو بچانا بیمار کو تندرست کرنا ۔
مَسیحی : [ع ۔ امث] حضرت عیسیٰ سے منسوب ۔ عیسائی ۔ نصرانی ۔
مَسیر : [ع ۔ امذ] (۱) سیر کرنے کا مقام (۲) جانا ۔ چلنا ۔ سیر کرنا ۔
مسیں بھیگنا : [ار۔ محاورہ] سبزہ آغاز ہونا ۔ مونچھوں کا رواں نکلنا ۔
مَسینا : [ار۔ امذ] موٹا جھوٹا اناج ۔ غریبوں کے کھانے کا غلہ ۔

م ـ ش

مُشابِہ : [ع صف] مانند۔ مثل نظیر۔ ہم شکل۔ مطابق۔ یکساں ۔
مُشابِہَت : [ع۔ امث] (۱) مطابقت۔ موافقت (۲) شکل۔ شبیہ۔ تشبیہ
مُشابِہَت پائی جانا : [ار۔ محاورہ] مطابقت ہونا۔ موافقت ہونا۔ ایک دوسرے سے ملنا ۔
مُشابِہَت رکھنا : [ار۔ محاورہ] مطابقت رکھنا۔ مانند ہونا ۔
مُشابِہَت ہونا : [ار۔ محاورہ] ایک دوسرے سے ملنا ۔
مُشاتَمَت : [ع ۔ امث] ایک دوسرے کو گالیاں دینا گالی گلوچ
مُشاجَرَہ : [ع ۔ اند] مخالفت ۔ منازعت ۔
مُشار : [ع ۔ صف] اشارہ کیا گیا ۔ بتایا گیا ۔ جتایا گیا
مُشارٌ اِلَیہ ۔ [ع ۔ صف] جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو ۔ جس کا اوپر اشارہ ہو چکا ہو ۔
مَشارِب : [ع ۔ اند] دیکھئے "مشرب" جس کی یہ جمع ہے ۔
مَشارِق : [ع ۔ اند] دیکھئے "مشرق" جس کی یہ جمع ہے
مُشارَکَت : [ع ۔ امث] باہم شرکت کرنا ۔ حصہ داری ۔
مُشاوِرے : [ار ۔ اند ق] (۱) مشورے ۔
مَشاطگی : [ف ۔ امث] مشاطہ کا کام ۔ بنانا سنوارنا ۔
مَشاطہ : [ع ۔ امث] (۱) وہ عورت جو عورتوں کو بناؤ سنگھار کرائے (۲) وہ عورت جو شادی کرائے ۔
مُشاعَرَہ ۔ [ع اند] شاعروں کا ایک جگہ جمع ہو کر شعر پڑھنا ۔ باہم شعر پڑھنا ۔ بزمِ شعر خوانی ۔
مُشاعرہ اُکھڑ جانا : [ار ۔ محاورہ] شعر و سخن کا جلسہ درہم برہم ہونا ۔
مُشاعرہ پڑھنا : [ار ۔ محاورہ] مشاعرے میں شعر خوانی کرنا ۔
مُشاعرہ جمنا : [ار ۔ محاورہ] شعر و سخن کی محفل قائم ہونا ۔ مشاعرہ کا رنگ پر آنا ۔
مَشاغِل : [ع ۔ اند] دیکھئے "مشغلہ" جس کی یہ جمع ہے ۔
مُشافَہَہ : [ع ۔ اند] آمنے سامنے ۔ روبرو ۔ منہ درمنہ ۔
مَشّاق : [ع ۔ مبالغہ] نہایت مشق رکھنے والا ۔ بہت مہارت رکھنے والا ۔
مَشّاقی : [عف ۔ امث] دیکھئے "مشاق" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مُشاکِل : [ع ۔ صف] (۱) ہم شکل ۔ مانند (۲) (مث) عروض کی ایک بحر ۔
مُشاکَلَت : [ع ۔ امث] ہم شکلی ۔
مَشام : [ع ۔ اند] دیکھئے "مَشَم" جس کی یہ جمع ہے (۲) (ار ۔ اند) قوت شامہ کی جگہ دماغ ۔
مَشامِ جاں : [عف ۔ اند] کنایۃً دماغ ۔
مُشاوَرَت : [ع ۔ امث] آپس میں مل کر مشورہ کرنا ۔ باہم صلاح کرنا ۔
مُشاہَدَہ : [ع ۔ اند] (۱) دیکھنا ۔ دید ۔ معائنہ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں نورِ الٰہی کا نظارہ ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مُشاہَرَہ : [ع ۔ اند] ماہوار تنخواہ ۔ طلب ۔ وظیفہ ۔
مَشاہِیر : [ع ۔ اند] دیکھئے "مشہور" جس کی یہ جمع ہے ۔
مَشائخ : [ع ۔ اند] دیکھئے "شیخ" جس کی یہ جمع ہے ۔

مَشّائی : [ع ۔ صف] وہ حکیم یا فلسفی جو حقائق اشیا کو دلیل سے دریافت کرنے کا قائل ہو (لفظی معنی چلنے والا) ۔
مَشّائِیَّت : [ع ۔ امث] دلیل سے حقیقت اشیا کو معلوم کرنے کا طریقہ ۔ یا مسلک
مُشایَعَت : [ع ۔ امث] (۱) رخصت کرنے کیلئے چند قدم ساتھ جانا (۲) پیروی تعظیم
مُشَبَّک : [ع ۔ صف] جالی دار وہ شے جس میں سوراخ ہوں ۔
مُشَبَّہ : [ع ۔ صف] تشبیہ دیا گیا ۔ مثال دیا گیا ۔ نظیر دیا گیا ۔ وہ چیز جسے کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے ۔
مُشَبَّہ بِہٖ : [ع ۔ صف] وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے ۔
مُشت : [ف ۔ اند] (۱) مکا ۔ گھونسا ۔ ڈک (۲) کنایۃً (امث) مٹھی ۔ تھوڑی چیز ۔
مُشتِ اُستخواں : [ف ۔ امث] (۱) مٹھی بھر ہڈیاں (۲) کنایۃً لاغر ۔ بہت دُبلا پتلا ۔
مُشتِ پَر : [ار ۔ امث فعل] تھوڑے سے پر (۲) کنایۃً ذرا سی جان پرندوں کے لئے مستعمل ہے ۔
مُشتِ خاک : [ف امث] مٹھی بھر خاک ۔ کنایۃً ۔ انسان ۔
مُشت زَن : [ف ۔ صف] مکے سے لڑنے والا (۲) کشتی لڑنے والا پہلوان (۳) BOXER جلق لگانے والا ۔
مُشت زَنی : [ف ۔ امث] دیکھئے "مُشت زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مُشتِ غُبار ۔ [ف ۔ امث] (۱) مٹھی بھر دھول (۲) مردہ انسان کی خاک ۔
مُشتِ گِل ۔ [ف ۔ امث] دیکھئے "مشت خاک"
مُشت مال / مالی ۔ [ف ۔ امث] مالش جو پہلوان بدن سخت بنانے کے لئے کراتے ہیں ۔ مالش جو حمام میں نہانے والے کراتے ہیں ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مُشتاق ۔ [ع ۔ صف] آرزومند ۔ شائق ۔ خواہاں ۔ طالب ۔ خواہشمند (۲) منتظر ۔ انتظار کرنے والا ۔
مُشتاقانہ ۔ [ف ۔ صف] آرزومندانہ ۔ مشتاق کے مانند ۔
مُشتَبَہ : [ع ۔ صف] مشکوک ۔ جس میں شبہ ہو ۔ شبہ والا ۔
مُشتَّت : [ع ۔ صف] پراگندہ ۔ پریشان ۔ متردد ۔
مُشتَرَک : [ع ۔ صف] شریک کیا گیا ۔ شرکت کیا ہوا ۔ وہ لفظ جس کے کئی معنی ہوں ۔
مُشتَرِک ۔ [ع ۔ صف] شرکت کرنے والا ۔ شریک ۔
مُشتَرَکاً : [ع متعلق فعل] شرکت میں ۔ ساجھے میں ۔
مُشتَرَکہ : [ع ۔ صف] شرکت کیا ہوا ۔ ساجھے کا ۔ شرکت کا ۔
مُشتَری : [ع ۔ صف] (۱) خریدار ۔ مول لینے والا (۲) (مث) ایک ستارے کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے اور سعد اکبر سمجھا جاتا ہے (۳) (مذ) کیمیاگروں کی اصطلاح میں رانگ کی قلعی (۴) اگر تاریخوں میں زہرہ کے ساتھ مشتری کا لفظ آئے تو اس کے معنی دولہا ہوں گے ۔
مُشتَری بیعِ مَشروط : [ع ۔ صف] شرط پر چیز خریدنے والا ۔
مشتری ہوشیار باش : [ف ۔ مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب خریدار کو سودا دیکھ بھال کر لینا ہے اور نقصان اٹھائے ۔

مُشتَعِل : [ع ۔ صف] بھڑکتا ہوا ۔ شعلے مارنے والا
مُشتَغِل : [ع ۔ صف] (۱) مشغول ہونے والا ۔ معروف (۲) روگردانی کرنے والا ۔
مُشتَق : [ع ۔ صف] نکلا ہوا ۔ وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا جائے ۔ وہ صیغہ جو مصدر سے بنا ہو
مُشتَکِی : [ع ۔ صف] شکایت کرنے والا ۔
مُشتَمِل : [ع ۔ صف] شامل ہونے والا ۔ شامل ۔ شریک ۔
مُشتَہَر : [ع ۔ صف] شہرت دیا گیا ۔ مشہور کیا گیا [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مُشتَہِر : [ع ۔ صف] شہرت دینے والا اشتہار دینے والا ۔
مُشتَہی : [ع ۔ صف] خواہش کرنے والا آرزو کرنے والا (۲) اشتہا پیدا کرنے والا ۔ بھوک لگنے والا (ان معنوں میں غلط ہے)
مُشتے کہ بعد از جنگ یاد آید بر کلۂ خود باید زد : [ف ۔ مثل] لڑائی کے بعد گھونسا مارنا یاد آئے تو اپنے ہی منہ پر مارنا چاہیے ۔ موقع کے بعد یاد آنے سے سوائے پچھتاوے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔
مُشتے نمونہ از خروارے : [ف ۔ مثل] ڈھیر میں سے تھوڑی سی چیز سے کل کی اصلیت معلوم ہو جاتی ہے ۔
مَشٹ : [ہ ۔ امث] دیکھیے "مُسٹ" مع مرکبات ۔
مِشٹان : [ار ۔ امث] لذیذ مٹھائی ۔ لذیذ کھانا
مُشَجَّر : [ع ۔ امذ] درختوں کی شکل نقش کی ہوئی شے ۔
مَشحُون : [ع ۔ صف] بھرا گیا ۔
مُشخ : [ار ۔ امث ۔ ق] مُشک ۔
مُشَخَّص : [ع ۔ صف] (۱) تشخیص کیا گیا ۔ تجویز کیا گیا (۲) معین ۔ مقرر ۔
مُشَخِّص : [ع ۔ صف] تشخیص کرنے والا ۔ تجویز کرنے والا ۔
مُشَخَّصہ : [ع ۔ امث] دیکھیے "مشخص" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مُشَدَّد : [ع ۔ صف] (۱) تشدید کیا گیا ۔ وہ حرف جس پر تشدید ہو (۲) باندھا گیا ۔ مضبوط کیا گیا ۔
مِشر : [س ۔ صف] ملا جلا ۔ گڈمڈ ۔ مخلوط (۲) شریف ۔ معزز ۔ عزت دار ۔ (۳) حکیم ۔ طبیب ۔ وید (۴) برہمنوں کا لقب (۵) رسوئی کرنے والا ۔ برہمن ۔ پانی پلانے والا ۔
مِشرانی : [س ۔ امث] دیکھیے "مشر" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مَشرَب : [ع ۔ امذ] (۱) پانی پینے کی جگہ ۔ چشمہ ۔ جھیل (۲) دین ۔ مذہب ۔ ملت (۳) طور طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ ۔
مُشَرَّح : [ع ۔ صف] تشریح کیا گیا ۔ تفصیل کیا گیا ۔ صاف ۔ مفصل ۔
مُشَرَّف : [ع ۔ صف] شرف دیا گیا ۔ عزت بخشا گیا ۔ معزز [افعال : کرنا ۔ ہونا]
مُشرِف : [ع ۔ صف] (۱) بلند جگہ ۔ اونچا مقام (۲) بلند ہونے والا ۔ اونچائی پر چڑھنے والا (۳) نگران ۔ خبردار (۴) صدر محرر ۔ میر منشی (۵) خزانہ کا عہدہ دار ۔
مَشرِق : [ع ۔ صف] پورب ۔ سورج نکلنے کی سمت ۔ سورج نکلنے کی جگہ ۔ پورب ۔
مَشرِقی : [ف ۔ صف] (۱) دیکھیے "مشرق" جس سے یہ منسوب ہے (۲) اہل یورپ کے نزدیک ایشیائی ۔
مَشرِقَین : [ع ۔ امذ] دیکھیے "مشرق" جس کی یہ تثنیہ ہے ۔ مشرق و مغرب ۔
مَشرِقیہ : [ع ۔ صف ۔ مث] دیکھیے "مشرقی" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ بھی کرتی ہے ۔
مُشرِک : [ع ۔ صف] شرک کرنے والا ۔ وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی اور شریک بنائے ۔ بت پرست ۔
مُشرِکہ : [ع ۔ صف] دیکھیے "مشرک" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مَشرُوب : [ع ۔ صف] (۱) پیا ہوا (۲) پینے کی چیز ۔
مَشرُوح : [ع ۔ صف] کھول کر بیان کیا گیا ۔
مَشرُوحاً : [ع ۔ متعلق فعل] تشریح کے ساتھ ۔ مفصل ۔
مَشرُوط : [ع ۔ صف] شرط کیا گیا ۔ کسی شرط پر موقوف ۔
مَشرُوع : [ع ۔ صف] (۱) شرع کے موافق ۔ جائز کیا گیا (۲) ایک قسم کا کپڑا جو ریشم اور روئی کے سوت کو ملا کر بنایا جاتا تھا ۔
مَشرُوعیت : [ع ۔ امث] شرع کی رو سے جائز ہونا ۔ شرعی جواز
مُشعِر : [ع ۔ صف] خبر دینے والا ۔ اطلاع دینے والا ۔ جتلانے والا ۔ ظاہر کرنے والا ۔
مَشعَر : [ع ۔ امذ] قربانی دینے کی جگہ ۔
مَشعَرُالحَرام : [ع ۔ امث] مکہ کے قریب وہ مقام جہاں حج کے موقع پر قربانی دی جاتی اور سر منڈائے جاتے ہیں ۔
مَشعَل : [ع ۔ امث] (۱) روشنی کی جگہ ۔ چراغدان (۲) بہت موٹی بتی ۔
مَشعَل بَردار : [ع ف ۔ صف] مشعل اٹھانے والا ۔ مشعل روشن کرنے والا
مَشعَل جلانا : [ار ۔ محاورہ] مشعل روشن کرنا ۔
مَشعَل دکھانا : [ار ۔ محاورہ] کنایتہً رہنمائی کرنا ۔
مَشعَلِ راہ : [ع ف ۔ امث] (۱) وہ مشعل جس سے راستہ دیکھتے ہیں (۲) کنایتہً رہبر ۔ رہنما ۔
مَشعَل کی بُو دماغ میں سمائی ہے : [ار ۔ مثل] غریبی میں امیری کی سوجھتی ہے ۔
مَشعَل کے نیچے سے نکلا ہوا ہے : [ار ۔ مثل] زنانوں کے ساتھ ناچا ہوا ہے ۔
مَشعَل لے کر ڈھونڈھنا : [ار ۔ محاورہ] بہت تلاش کرنا ۔
مَشعَلچی : [ف ۔ امذ] مشعل اٹھانے والا ۔ مشعل دکھانے والا
مَشعَلچی آپ ہی اندھا ہے : [ار ۔ مثل] راہ نما آپ ہی بے راہ ہے ۔
مَشعَلہ : [ع ۔ امذ] چراغدان ۔ شمع دان ۔
مَشغَلہ : [ع ۔ امذ] (۱) شغل ۔ کام ۔ تفریح (۲) کھیل تماشا (۳) ہنسی مذاق ۔
مَشغَلۂ سُلطانی : [ع ۔ امذ] کنایتہً وہ صندوقچہ جو بادشاہ کی سواری کے ساتھ رہتا تھا تاکہ فریادی اس میں اپنی درخواستیں ڈال سکیں ۔
مَشغَلہ ہاتھ آنا : [ار ۔ محاورہ] دل بہلانے کی چیز یا بات مل جانا

جھلسی اٹھانے کا موقع ملنا ۔

مَشْغُول : [ع ۔ صف] شغل میں لگا ہوا ۔ مصروف ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]

مَشْغُولا : [ار ۔ اند ۔ ق] شغل ۔ (مشغلہ کا بگاڑ)

مَشْغُولی : [عف ۔ امث] مصروفیت ۔ مشغولیت ۔

مَشْغُولِیَّت : [ع ۔ امث] دیکھیے "مشغول" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مُشْفِق : [ع ۔ اند] شفقت کرنے والا ۔ مہربان ۔ شفیق ۔

مُشْفِقانَہ : [عف ۔ صف] ہمدردانہ ۔ دوستانہ ۔

مَشْق : [ع ۔ امث] (۱) مہارت (۲) بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا (۳) تختی جس کی مشق کی ہو ۔

مَشْق بڑھانا : [ار ۔ محاورہ] کسی کام میں مہارت پیدا کرنا ۔

مَشْق بڑھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "مشق بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مَشْق چڑھنا / چڑھی ہونا : [ار ۔ محاورہ] کمال مہارت ہونا ۔

مَشْق رکھنا : [ار ۔ محاورہ] مشاق ہونا ۔ ماہر ہونا ۔

مَشْق رہنا : [ار ۔ محاورہ] مہارت رہنا ۔

مَشْق زوروں پر چڑھنا : [ار ۔ محاورہ] بہت مشاق ہونا ۔

مَشْقِ سخن : [عف ۔ امث] شعر و سخن کی مہارت ۔

مَشْق کرنا : [ار ۔ مص مرکب] مہارت پیدا کرنا ۔ بار بار کسی کام کو کرنا ۔

مَشْق ہونا : [ار ۔ مص مرکب] دیکھیے "مشق کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُشْقاب : [ف ۔ اند] اُتھلا برتن ۔ پلیٹ ۔ رکابی

مَشَقَّت : [ع ۔ امث] (۱) محنت ۔ ریاضت (۲) کام کاج ۔ مزدوری ۔ (۳) دکھ ۔ تکلیف [افعال : کرنا ۔ ہونا]

مَشَقَّت اُٹھانا : [ار ۔ محاورہ] دکھ اٹھانا ۔ تکلیف اٹھانا ۔

مَشَقَّت اُٹھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "مشقت اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مَشْقی : [ف ۔ صف] (۱) مشق کیا ہوا ۔ منجھا ہوا (۲) (مث) مشق کرنے کی وصلی ۔ تحریر کی مشق کرنے کا موٹا کاغذ ۔

مَشْک : [ف ۔ امث] پانی بھرنے کی کھال ۔ وہ سلی ہوئی کھال جس میں پانی بھرا جاتا ہے ۔

مَشْک اٹھانا : [ار ۔ محاورہ] سقے کا کام کرنا ۔

مَشْک چھوڑنا : [ار ۔ محاورہ] چھڑکاؤ کرنا ۔ پانی ڈالنا ۔

مَشْک سے دریاؤں کی : [ار ۔ امث] بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچے کو پیٹھ پر لاد کر یہ فقرہ کہتے ہیں ۔ جب کوئی بچہ پانی مانگتا ہے تو کہتے ہیں اوک بناؤ جب وہ اوک بناتا ہے تو مشک بنا ہوا بچہ اس کی اوک میں تھوک دیتا ہے ۔

مُشْک : [ف ۔ اند] (۱) وہ خوشبودار سیاہ رنگ کا مادہ جو نیپال ۔ تبت ۔ تاتار ۔ خطا اور ختن میں ایک قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے ۔ کستوری (۲) شعراً زلف معشوق کی سیاہی کو مُشک سے تشبیہ دیتے ہیں (۳) کالا سیاہ ۔

مُشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید : [ف ۔ مثل] مُشک وہ ہے جو خود خوشبو دے نہ کہ عطار کہے ۔ اچھی چیز خود ہی اپنی خوبی ظاہر کر دیتی ہے ، تعریف کرنے کی ضرورت نہیں ۔

مُشکبار : [ف ۔ صف] نہایت معطر ۔

مُشک بلاؤ : [ار ۔ اند] ایک قسم کا جنگلی بلا جس سے خوشبو آتی ہے ۔

مُشک بو / بیز : [ف ۔ صف] خوشبودار ، معطر ۔ معنبر ۔ مشک میں بسا ہوا ۔

مُشک بید : [ف ۔ اند] ایک قسم کا بید جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے ۔

مُشک چھڑکنا : [ار ۔ محاورہ] زخم کو ایسا تازہ کرنا کہ پھر بھر نہ سکے ۔

مُشک فام : [ف ۔ صف] مشک کے رنگ کا ۔ سیاہ ۔ کالا ۔

مُشک فشاں : [ف ۔ صف] معطر کرنے والا ۔

مُشکِ ناب : [ف ۔ اند] خالص مشک ۔

مُشک نافہ : [ف ۔ اند] ہرن کے پیٹ کی وہ تھیلی جس میں مشک ہوتی ہے ۔

مُشَکَّل : [ع ۔ صف] مجسم کیا گیا ۔ شکل دی گئی ۔

مُشْکِل : [ع ۔ صف] (۱) دشوار ۔ کٹھن ۔ سخت (۲) پیچیدہ ۔ الجھا ہوا ۔ دقیق (۳) (امث) سختی ۔ دشواری ۔ مصیبت ۔ دقت

مُشکل آ پڑنا : [ار ۔ محاورہ] مصیبت پڑنا ۔ دشواری کا دفعۃً آموجود ہونا ۔

مُشکل آسان کرنا : [ار ۔ محاورہ] دشواری دور کرنا ۔ سختی رفع کرنا ۔ مصیبت دور کرنا ۔ اڑی نکالنا ۔ عذاب سے چھڑانا ۔ جان کنی سے نجات دلانا ۔

مُشکل آسان ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "مشکل آسان کرنا" جس کا یہ لازم ہے

مُشکل آنا : [ار ۔ محاورہ] مصیبت آنا ۔

مُشکل بننا / پڑنا : [ار ۔ محاورہ] دقت پیش آنا ۔ مصیبت پڑنا ۔

مُشکل پسند : [عف ۔ صف] دقت پسند ۔ نظم و نثر میں مشکل الفاظ استعمال کرنے والا ۔

مُشکل پسندی : [عف ۔ امث] دیکھیے "مشکل پسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مُشکل حل کرنا : [ار ۔ محاورہ] مصیبت دور کرنا ۔

مُشکل حل ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "مشکل حل کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُشکل راستہ : [عف ۔ اند] کٹھن راہ ۔ وہ راہ جس میں سفر کرنے سے تکلیف ہو ۔

مُشکل سے : [ار ۔ متعلق فعل] دقت سے ۔ جوں توں کرکے ۔

مُشکل سے مُشکل : [ار ۔ صف] بہت مشکل ۔ کمال پیچیدہ ۔

مُشکل سے نکلنا : [ار ۔ محاورہ] مصیبت سے چھٹکارا پانا ۔

مُشکل کٹ جانا : [ار ۔ محاورہ] مصیبت دور ہو جانا ۔

مُشکل کر دینا : [ار ۔ محاورہ] دشوار کر دینا ۔

مُشکل کُشا : [ف ۔ صف] مشکل حل کرنے والا ۔ مصیبت دور کرنے والا مشکل آسان کرنے والا ۔ کنایۃً حضرت علیؓ (شیعوں کا خیال)

مُشکل کُشا کا کھڑا دونا : [ار ۔ اند] حضرت علیؓ کی نیاز جو مشکل دور ہونے کے بعد دی جاتی ہے ۔

مُشکل کُشائی : [ف ۔ امث] دیکھیے "مُشکل کشا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مُشکل کُشائی کرنا : [ار ۔ محاورہ] کسی کام کو آسان بنانا ۔ آفت سے نجات دلانا ۔

مُشکل کی بات : [ار ۔ امث] دقت طلب بات ۔ پیچیدہ معاملہ ۔

مُشکل میں پڑنا : [ار. محاورہ] آفت میں پھنسنا۔ بلا میں گرفتار ہونا

مُشکل میں کام آنا : [ار. محاورہ] مصیبت میں مدد دینا

مُشکل ہونا : [ار. مص مرکب] دشوار ہونا۔ دوبھر ہونا۔

مُشکلوں سے : [ار. متعلق فعل] دقت سے۔ دشواری سے

مُشکلے نیست کہ آساں نہ شود۔ مرد باید کہ ہراساں نہ شود :
[ف. مقولہ] کوئی ایسی مشکل نہیں جو آسان نہ ہو جائے۔ آدمی کو ناامید نہ ہونا چاہیئے۔

مُشکلیں پڑنا : [ار. محاورہ] مصیبتیں پڑنا۔ دقتیں پیش آنا۔

مشکو (ے) : [ف. اند] (۱) بُت خانہ (۲) بادشاہوں کی حرم سرا (۳) شیریں خسرو کا خلوت خانہ (۴) باغیچہ (۵) امرا و رؤسا کا دولت خانہ۔

مشکوٰۃ : [ع. امث] (۱) چراغدان۔ فانوس (۲) حدیث رسولؐ کی مشہور کتاب۔

مَشکُور : [ع. صف] پسندیدہ۔ شکر کیا ہوا (۲) (ار) ممنون (اس معنی میں غلط ہے)

مشکوری : [ف. امث ق] شکرگزاری (اس معنی میں غلط ہے)

مَشکُوک : [ع. صف] شک کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔

مُشکی : [ف. صف] مُشک کے رنگ کا کالا۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

مَشکیزہ : [ف. امت] چھوٹی مشک۔

مشکیں چھوٹنا : [ار. محاورہ] پانی سے دست آنا۔

مُشکیں (یائے مجہول سے) : [ار. امث] دونوں بازو۔ دونوں شانے۔

مشکیں باندھنا : [ار. محاورہ] شانوں کو پُشت کی جانب ملا کر جکڑنا۔

مُشکیں بندھنا : [ار. محاورہ] دیکھئے "مشکیں باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مُشکیں کسنا : [ار. محاورہ] دیکھئے "مشکیں باندھنا"

مُشکیں (بہ یائے معروف) : [ف. صف] مشک کی مانند سیاہ کالا (۲) مشک کی خوشبو کا۔ (مشکیں بہ کسرۂ م بھی صحیح ہے)

مَشلُول : [ع. صف] جس کے ہاتھ پیر بے حس ہو گئے ہوں۔ اپاہج۔

مَشَم : [ع. امث] قوت شامہ کی جگہ۔ دماغ۔

مِشمِش : [ع. اند] زرد آلو۔ خوبانی۔

مُشَمَّع : [ع. صف] (۱) موم جامہ (۲) کیمیاگروں کی اصطلاح میں گندھک وغیرہ کا موم کی طرح نرم ہو جانا۔

مَشمُول : [ع. صف] شامل کیا گیا۔ شریک کیا گیا۔ ملایا گیا۔

مَشمُولہ : [ع. صف] دیکھئے "مشمول" جس کی یہ تانیث ہے اور افادۂ جمع کرتی ہے۔

مَشمُوم : [ع. صف] (۱) سونگھا گیا (۲) وہ چیز جو سونگھی جائے (۳) خوشبو میں بسی ہوئی۔ معطر۔

مِشَن : [انگ. اند] (MISSION) (۱) رسالت۔ پیغمبری (۲) پادریوں کے رہنے کی جگہ (۳) تبلیغی جماعت (۴) سفارت۔ وفد کمیشن (۵) پیغام۔ مقصد۔ تبلیغ۔

مِشنَری : [انگ. صف] (MISSIONARY) (۱) تبلیغی ادارے (۲) تبلیغی جماعت کا رکن۔ مبلغ۔

مَشوَرَت / مُشوَرَت : [ع. امث] صلاح۔ مشورہ۔ باہمی تجویز۔ (۲) سازش۔

مَشوَرہ / مُشوَرہ : [ف. اند] صلاح۔ باہمی تجویز

مشورہ دینا : [ار. محاورہ] صلاح دینا

مشورہ رہنا : [ار. محاورہ] کسی سے وقتاً فوقتاً صلاح ہونا

مشورہ کرنا : [ار. محاورہ] صلاح کرنا۔

مشورہ لینا : [ار. محاورہ] رائے لینا۔ صلاح لینا۔ تدبیر پوچھنا۔ تجویز دریافت کرنا۔

مشورہ ہونا : [ار. محاورہ] دیکھئے "مشورہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مُشَوَّش : [ع. صف] پریشان۔ مضطرب۔ حیران۔

مُشَوِّش : [ع. صف] پریشان کرنے والا۔ حیران کرنے والا

مَشوِی : [ع. صف] بُھنا ہوا۔ بریاں

مَشہَد : [ع. اند] (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) شہید ہونے کی جگہ۔ شہادت گاہ

مَشہُود : [ع. صف] حاضر کیا گیا۔ موجود۔ ظاہر۔ ثابت کیا گیا۔

مَشہُور : [ع. صف] شہرت کیا گیا۔ نامور۔ معروف۔

مَشہُور کرنا : [ار. محاورہ] شہرت دینا۔

مشہور و معروف : [ع. عف. صف] نامی جسے سب جانتے ہوں۔

مشہور ہونا : [ار. محاورہ] دیکھئے "مشہور کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مشہور ہے : [ار. محاورہ] افواہ ہے۔ زبان زد خلق ہے۔

مُشہی : [ع. صف] اشتہا پیدا کرنے والا۔ بھوک لگانے والا۔

مَشی : [ع. اند] پیادہ پا چلنا۔

مَشِیَّت : [ع. امث] (۱) خواہش۔ مرضی۔ ارادہ (۲) قسمت۔ تقدیر۔

مَشِیَّتِ ایزدی : [ع. ف. امث] تقدیر الٰہی۔ خدا کی مرضی۔

مَشِیَّت میں گزرنا : [ار. محاورہ] خدا کی مرضی ہونا۔

مَشِیخَت : [ع. امث] (۱) بزرگی (۲) شیخی۔ غرور۔ گھمنڈ۔

مَشِیخَت پناہ : [عف. صف] بزرگ (۲) شیخی بگھارنے والا

مَشِیخَت کرکری ہونا : [ار. محاورہ] غرور نکل جانا

مَشِیخَت مآب : [ع. اند] ڈینگ مارنے والا۔ شیخی خورا۔ غرور سے بھرا ہوا۔

مُشِیر : [ع. اند] (۱) مشورہ دینے والا۔ صلاح کار۔ تدبیر بتانے والا۔ رائے دینے والا۔ (۲) کارپرداز۔ دیوان۔ مصاحب۔

مُشِیرُ الدَّولہ : [ع. اند] شاہی خطاب جو بڑے بڑے امرا اور وزرا کو دیا جاتا ہے۔ سلطنت کا صلاح کار۔

مُشِیرِ خاص : [ع. اند] مصاحب خاص۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔ خاص صلاح کار۔ دیوان خاص۔

مُشِیرِ مال : [ع. اند] وزیر مال۔ وہ شخص جو محکمہ مال کا افسر ہو۔

مُشِیرانِ سلطنت : [عت. اند] اراکین حکومت۔

مَشِیشا : [ار. اند. ق] ایک پرندے کا نام۔

مُتشیَن : [ع۔صف] غلط العوام۔ شان دار۔ رعب والا۔ خوبصورت۔ وجیہہ تمکنت والا۔
مَشِین : [انگ۔امث] (MACHINE) کل۔ آلہ۔ پُرزہ۔
مَشِین گن : [انگ۔امث] (MACHINE GUN) ایک قسم کی توپ جس سے بہت سی گولیاں بیک وقت جلدی جلدی چلتی ہیں۔
مَشِینری : [انگ۔امث] (MACHINERY) کل کے پرزے کل پُرزے۔ کلیں۔ مشینیں (۲) کل کی ساخت۔ فنی تدبیریں جن سے فنکار کام لے۔

م۔ص

مَص : [ع صف] چوسنا
مُصَاب : [ع۔صف] مصیبت زدہ۔ دکھیارا
مُصَابَرَت : [ع۔صف] صبر کرنا۔ صبر۔
مَصَابِیح : [ع۔امث] دیکھئے "مصباح" جس کی یہ جمع ہے۔
مُصَاحِب : [ع۔صف] ساتھی۔ ہم صحبت۔ ہم نشین۔ خاص دوست۔ ندیم۔
مُصَاحَبَت : [ع۔امث] ہم نشینی۔ ساتھ رہنا۔ پاس اٹھنا بیٹھنا۔
مُصَاحِبَہ : [ع۔امث] دیکھئے "مصاحب" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَصَاحِف : [ع۔اند] دیکھئے "مصحف" جس کی یہ جمع ہے
مَصَادِر : [ع۔اند] دیکھئے "مصدر" جس کی یہ جمع ہے نکلنے کے مقامات۔
مُصَادَرَت : [ع۔امث] تاوان۔ ڈنڈ۔ واپسی۔
مُصَادَقَت : [ع۔امث] باہمی دلی دوستی۔
مُصَادَمَت : [ع۔امث] صدمہ پہنچانا۔ ٹکرانا۔ تصادم۔ ٹکراؤ۔
مُصَارِع : [ع۔صف] کشتی گیر۔ ہاتھا پائی کرنے والا
مُصَارَعَت : [ع۔امث] دنگل۔ کشتی۔
مَصَارِف : [ع۔اند] دیکھئے "مصرف" جس کی یہ جمع ہے۔
مَصَاف : [ع۔امث] مصف کی جمع (۱) صف باندھنے کا مقام۔ لڑائی کا میدان (۲) لڑائی۔ جنگ۔
مُصَافَات : [ع۔امث] دوستی۔ اخلاص۔
مُصَافَحَہ : [ع۔اند] ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانے کا عمل۔
مُصَافحہ کرنا : [ا۔مص مرکب] ملتے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔
مَصَافی : [ع۔صف] دیکھئے "مصاف" جس سے یہ منسوب ہے۔
مَصَالِح : [ع۔امث] (۱) مصلحت کی جمع (۲) دیکھئے مسالا۔
مُصَالحَت : [ع۔امث] میل ملاپ۔ آپس میں صلح کرنا۔
[افعال : کرنا۔ ہونا]
مصالحہ : [ع۔اند] دیکھئے "مسالا"
مُصانات : [ع۔امث] رنج اٹھانا۔
مُصَاوَلہ : [ع۔اند] لڑائی کے لئے حملہ کرنا۔ حملہ۔
مُصَاہَرَت : [ع۔امث] سمدھیانا۔ خسر بنانا۔ داماد بنانا۔

مَصَائِب : [ع۔امث] دیکھئے "مصیبت" جس کی یہ جمع ہے۔
مَصَائِب ٹوٹنا : [ار۔محاورہ] مصیبتیں نازل ہونا۔ آفتیں آنا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔
مِصْبَاح : [ع۔اند] (۱) چراغ (۲) صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ۔
مُصَبِّر : [ع۔اند] مشہور کڑوی دوا۔ ایلوا۔
مُصَحِّح : [ع۔صف] درست کرنے والا۔ صحت کرنے والا۔
مُصَحَّف : [ع۔صف مفعولی] تصحیف شدہ۔ وہ حرف جس کے نقطے بدل دیئے گئے ہوں
مُصْحَف : [ع۔اند] وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ مراد قرآن شریف
مُصحف اٹھانا : [ار۔محاورہ] قرآن شریف کی قسم کھانا۔
مُصحف بغلی [ف۔اند] چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف
مُصحف مجید/مقدس/ناطق : [ف۔اند] تعظیم سے قرآن پاک کو کہتے ہیں
مَصحُوب [ع۔اند] ساتھ۔ ہمراہ۔ ساتھ کیا گیا۔ صحبت یافتہ
مِصْدَاق : [ع۔اند] (۱) وہ شے جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو (۲) ثبوتِ صداقت (۳) آلہ تصدیق۔ گواہی۔ شہادت۔ بات کی سچائی کا مجازاً ثبوت۔
مَصْدَر : [ع۔اند] (۱) صادر ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ۔ منبع۔ سرچشمہ۔ جڑ بنیاد (۲) پھرنا۔ پھر آنے کی جگہ (۳) (ف) سبب۔ باعث (۴) نحو میں وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں۔ اردو میں مصدر کے آخر میں نا آتا ہے اور اس میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا۔ جیسے آنا۔ لانا۔
مصدر اصلی : [ع۔اند۔ بترکیب فارسی] وہ مصدر جسے اہل زبان نے مصدر ہی کے لئے وضع کیا ہو جیسے لونا۔ کہنا۔ جانا وغیرہ۔
مَصْدَرِ جعلی/وضعی : [ع۔اند۔ بترکیب فارسی] وہ مصدر جن میں دوسری زبانوں کے الفاظ پر علامت مصدر بڑھا کر مصدر بنا لیا گیا ہو۔ جیسے کھنا ناگرمانا۔
مَصْدَرِ لازم : [ع۔اند۔ بترکیب فارسی] وہ مصدر جو صرف فاعل کو ہی چاہے جیسے دوڑنا وغیرہ۔
مَصْدَرِ مُتعدّی : [ع۔اند۔ بترکیب فارسی] وہ مصدر جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے جیسے کھانا وغیرہ۔
مَصْدَرِی : [ف۔صف] دیکھئے "مصدر" جس سے یہ منسوب ہے (۲) اصل۔ بنیاد۔
مُصَدَّق : [ع۔صف] تصدیق کیا گیا۔ آزمائش کیا گیا۔ تجربہ کیا گیا۔
مُصَدِّق : [ع۔صف] تصدیق کرنے والا۔ سچائی کی گواہی دینے والا۔ ثابت کرنے والا۔
مُصَدِّقہ : [ع۔صف] دیکھئے "مصدّق" جس کی یہ تانیث ہے اور جمع کا افادہ کرتی ہے۔
مَصْدُور/مصدورہ : [ع۔صف] صادر کیا گیا۔
مِصْر : [ع۔اند] (۱) شہر۔ نگری (۲) ایک مشہور ملک کا نام جو افریقہ میں ہے۔
مِصر کا بازار : [ار۔اند] وہ بازار جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو قافلہ والوں نے فروخت کیا تھا۔

مُصِر: [ع۔صف] اصرار کرنے والا۔ کسی چیز پر اڑ جانے والا۔
مُصَرَّح: [ع۔صف] تصریح کیا گیا۔ تفصیل کیا گیا۔
مُصَرِّح: [ع۔صف] صراحت کرنے والا۔ تفصیل کرنے والا۔
مِصْرَع: [ع۔اند] (۱) ایک کواڑ۔ ایک پٹ (۲) آدھا شعر۔ نصف بیت
مِصْرَعِ بَرجستہ: [عف۔اند] وہ مصرع جو بے ساختہ موزوں ہو جائے۔
مِصْرَعِ پیچیدہ: [عف۔اند] وہ مصرع جس کا مضمون مشکل اور دقیق ہو۔
مِصْرَعِ تر: [عف۔اند] شگفتہ اور عمدہ مصرع۔
مِصْرَع دو لخت ہونا: [ار۔محاورہ] شعر کے دونوں مصرعوں میں ربط نہ ہونا۔
مِصْرَعِ طَرح: [عف۔اند] وہ مصرع جو بحر اور ردیف و قافیہ بتلانے کے لیے بطور نمونہ دیا جاتے۔
مِصْرَع طَرح کرنا: [ار۔محاورہ] طرح کے لیے مصرع تجویز کرنا۔
مِصْرَع طَرح ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "مصرع طرح کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مِصْرَعِ قَدّ: [عف۔اند] قد کا استعارہ مصرع سے کرتے ہیں۔
مِصْرَع لڑنا: [ار۔محاورہ] ایک شاعر کے مصرع سے دوسرے شاعر کا مصرع مطابق ہونا۔
مِصْرَع لگانا: [ار۔محاورہ] ایک مصرع پہ دوسرا مصرع لگا کر شعر پورا کرنا۔
مَصْرِف: [ع۔اند] (۱) خرچ کرنے کی جگہ۔ خرچ کرنے کا موقع۔ (۲) مطلب۔ کام۔ غرض۔
مُصْرِف: [ع۔صف] خرچ کرنے والا۔ صرف کرنے والا۔
مَصْرُوع: [ع۔اند] وہ جسے مرگی کی بیماری ہو۔ مرگی کا مریض۔
مَصْرُوف: [ع۔صف] (۱) صرف کیا گیا۔ پھیرا گیا (۲) مشغول۔ کام میں لگا ہوا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا۔ رہنا۔)
مِصْرِی: [ع۔صف۔مث] دیکھئے "مصر" جس سے یہ منسوب (۲) مصر کا رہنے والا (۳) شکاری چاقو (۴) ایک قسم کی تلوار (۵) شیرہ۔ راب (۶) (اُس) دانہ دار قند۔ قند کی ڈلیاں۔
مِصْرِی کا کوزہ: [ار۔اند] مصری کا بنا ہوا گول ڈلا۔
مِصْرِی کِھلانا: [ار۔محاورہ] (۱) قتل کرنا (۲) نسبت کرنا۔ منگنی کی رسم ادا کرنا۔
مِصْرِی کی ڈلی: [ار۔امث] (۱) مصری کا ٹکڑا (۲) نہایت شیریں۔
مصطبہ: [ع۔اند] شراب خانہ۔ مے خانہ (۲) ٹھڑا۔ بلند جگہ۔
مُصْطَفَوِی: [ع۔صف] دیکھئے "مصطفیٰ" جس سے یہ منسوب ہے۔
مُصْطَفیٰ: [ع۔صف] چنا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ۔ مقبول۔ (۲) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب۔
مُصْطَکی / مُصْطَگی: [ع۔امث] ایک قسم کا زرد گوند جو پستے کے درخت سے نکلتا ہے۔
مُصْطَلَح: [ع۔صف] اصطلاح کیا ہوا۔ اصطلاح۔ وہ لفظ جس کے خاص معنی مقرر ہوں۔
مُصْطَلَحات: [ع۔امث] مصطلح کی جمع۔
مُصَغَّر: [ع۔صف] (۱) چھوٹا کیا گیا (۲) وہ اسم جس میں چھوٹا پن پایا جائے۔
مَصَفّ: [ع۔ظرف] صف باندھنے کی جگہ۔
مُصَفّا: [ع۔صف] پاک۔ صاف۔ نتھرا ہوا۔
مُصَفّی: [ع۔صف] صاف کرنے والا۔
مُصَفّیِ خون: [ع۔اند] خون صاف کرنے والا۔
مِصْقَل / مِصْقَلہ: [ع۔اند] صیقل کرنے کا آلہ۔ چمک دار بنانے کا اوزار۔
مُصَلّا / مُصَلّیٰ: [ع۔اند] (۱) نماز پڑھنے کی جگہ۔ عبادت گاہ۔ مسجد (۲) جا نماز۔ بوریا۔ دری۔ (صف)۔ (۳) شیراز کی مشہور عیدگاہ جو ایک پُر فضا میدان میں واقع ہے۔
مُصْلِح: [ع۔صف] (۱) اصلاح کرنے والا۔ درست کرنے والا۔ نیکی کی طرف لانے والا۔ عیوب دور کرنے والا (۲) اصطلاح طب میں ضرر سے بچانے والا۔
مَصْلَحَت: [ع۔امث] نیک صلاح۔ اچھا مشورہ۔ مناسب تجویز (۲) خوبی۔ بھلائی (۳) مشورہ۔ صلاح (۴) حکمت۔ پالیسی۔
مَصْلَحَت اندیش / سنج: [عف۔صف] مناسب اور معقول بات سوچنے والا۔
مَصْلَحَتِ ایزدی: [ع۔صف] خدا کی حکمت۔ خدا کی مرضی۔
مَصْلَحَت خواہ: [ع۔ف۔صف] خیر خواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔
مَصْلَحَت دید: [عف۔صف] نیک بات سوچنا۔ بھلائی۔ بہتری۔
مصلحت دیکھنا: [ار۔محاورہ] خوبی دیکھنا۔ بھلائی دیکھنا۔
مَصْلَحَت کار: [عف۔صف] (۱) نیک کام کرنے والا (۲) جو معاملات میں ماہر ہو۔
مصلحتِ مُلکی: [ع۔امث۔بترکیب فارسی] معاملات سلطنت کے مطابق تدبیر۔ رموز مملکت۔ راج نیتی۔
مَصْلَحَتِ وقت: [ع۔امث۔بترکیب فارسی] وقت کے مناسب۔
مَصْلَحَتاً: [ع۔متعلق فعل] بھلائی کی بنیاد پر۔ بطور مصلحت۔
مَصْلُوب: [ع۔صف] صلیب پر چڑھایا گیا۔ سولی دیا گیا۔
مُصَلّی: [ع۔صف] (۱) صلوٰۃ ادا کرنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ نمازی۔ (۲) (ار) نومسلم۔ خاک روب۔
مُصَمِّت: [ع۔صف] (۱) خاموش (۲) حرف علت۔
مُصَمَّم: [ع۔صف] پکّا۔ مضبوط۔ مستحکم۔
مُصَمَّم ارادہ: [عف۔اند] پکّا ارادہ۔ عزم بالجزم۔
مُصَنِّف: [ع۔اند] تصنیف کرنے والا۔ اپنے دل سے کوئی بات بنانے والا۔
مُصَنِّفہ: [ع۔امث] دیکھئے "مُصَنِّف" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُصَنَّفہ: [ع۔صف] تصنیف کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔ تصنیف
مَصْنُوع: [ع۔صف] صنعت کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔ مخلوق۔
مصنوعات: [ع۔اند] دیکھئے "مصنوع" جس کی یہ جمع ہے۔ بنائی ہوئی اشیا۔

مُصْنُوعی :[ع ۔صف] بنایا ہوا ۔ جو قدرتی نہ ہو ۔ بناوٹی ۔ نقلی ۔ جعلی ۔
مُصَوِّتْ :[ع ۔ اند] حرف صحیح ۔
مُصَوَّرْ :[ع ۔صف ۔ تصویر بنایا گیا ۔ بالتصویر
مُصَوِّرْ :[ع ۔صف] (۱) تصویر بنانے والا ۔ نقاش ۔ آرٹسٹ ۔ (۲) رنگ بھرنے والا ۔ بیل بوٹے بنانے والا (۳) خدا تعالےٰ کا ایک صفاتی نام ۔
مُصَوِّرِی :[ع ۔ امث] دیکھئے "مصوّر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَصْئُون :[ع ۔صف] محفوظ ۔ نگہبانی کیا گیا ۔
مَصْئُونَہ :[ع ۔صف] دیکھئے "مصئون" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مُصِیب :[ع ۔صف] بات کی تہ کو پہنچنے والا ۔ ٹھیک کہنے والا ۔
مُصِیبَت :[ع ۔ امث] (۱) رنج ۔ دکھ ۔ تکلیف (۲) حادثہ ۔ صدمہ (۳) نحوست بداقبالی ۔ ادبار (۴) دقت ۔ مشکل ۔ دشواری ۔
مُصِیبَت اُٹھانا :[ار ۔ محاورہ] دکھ جھیلنا ۔ تکلیف برداشت کرنا ۔
مُصیبت اُٹھنا :[ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مصیبت اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے
مُصِیبَت بن جانا :[ار محاورہ] جان کا عذاب ہو جانا ۔ دوبھر ہو جانا ۔
مُصیبت بھرنا / بُھگتنا :[ار ۔ محاورہ] تکلیف اٹھانا ۔ دُکھ جھیلنا ۔
مُصِیبَت پڑنا :[ار ۔ محاورہ] آفت آنا ۔ بپتا پڑنا ۔
مُصِیبَت پیٹنا :[ار ۔ محاورہ] دکھ جھوگنا ۔ تکلیف اٹھانا ۔
مُصیبت جھیلنا :[ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مصیبت پیٹنا"
مُصِیبَت خانہ :[عف ۔ اند] ماتم خانہ ۔
مُصیبت دیکھنا :[ار ۔ محاورہ] مصیبت پیش آنا ۔ تکلیف سہنا ۔
مُصیبت زدہ :[عف ۔صف] مصیبت کا مارا ہوا ۔ بدبخت ۔ تباہ حال ۔
مُصِیبَت سے جان چھوٹنا :[ار ۔ محاورہ] تکلیف سے نجات پانا ۔
مُصِیبَت کا پہاڑ :[ار ۔ اند] بہت بڑی مصیبت ۔
مُصِیبت کاٹنا :[ار ۔ محاورہ] مصیبت برداشت کرنا ۔ تکلیف برداشت کرنا ۔
مُصِیبَت کا مارا :[ار ۔ اند] دیکھئے "مصیبت زدہ"
مُصیبت کٹ جانا :[ار ۔ محاورہ] دُکھ کا زمانہ بسر ہو جانا ۔
مُصیبت کدہ :[عف ۔ اند] مصیبت کا گھر ۔ تکلیف کا مقام ۔
مصیبت کے دن بھرنا :[ار ۔ محاورہ] مصیبت کے دن کاٹنا ۔ تکلیف کا زمانہ گزارنا ۔
مُصِیبَت کے دن ٹالنا :[ار ۔ محاورہ] دکھ کی مدت بسر کرنا ۔
مُصیبت کے دن کاٹنا :[ار ۔ محاورہ] تکلیف کا زمانہ بسر کرنا ۔
مُصیبت مارا :[ار ۔ صف] مصیبت زدہ ۔
مصیبت ماری :[ار ۔ امث] دیکھئے "مصیبت مارا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مصیبت مول لینا :[ار ۔ محاورہ] خوامخواہ کوئی جھگڑا اپنے سر لینا ۔
مصیبت میں پڑنا :[ار ۔ محاورہ] آفت یا جھگڑے میں مبتلا ہونا
مصیبت ناک :[عف ۔ صف] مصیبت میں مبتلا کرنے والا ۔
مصیبتِ ناگہانی :[عف ۔ امث] وہ صدمہ یا حادثہ جو اچانک پیش آجائے ۔ بلائے ناگہانی ۔
مُصَیْقَل :[ع ۔صف] روشن کیا گیا ۔ زنگ وغیرہ سے صاف کیا گیا ۔

م ۔ ض

مَضَار :[ع ۔ اند] دیکھئے "مضرت" جس کی یہ جمع ہے ۔
مُضَارَبَت :[ع ۔ امث] (۱) نفع میں شریک بنا کر کسی کو تجارت کے لیے مال دینا (۲) تلوار مارنا ۔
مُضَارِع :[ع ۔ اند] (۱) مشابہ ۔ مانند (۲) اصطلاح قواعد زبان میں وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں معنے پائے جائیں ۔
مُضَاعَف :[ع ۔صف] (۱) دگنا ۔ دونا ۔ دوچند (۲) اصطلاح علم صرف میں وہ کلمہ جس میں ایک جنس کے دو حرف آئیں
مُضَاف :[ع ۔ صف] (۱) جڑا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ پیوستہ ۔ نتھی کیا ہوا ۔ منسلک ۔ شامل (۲) منسوب ۔ متعلق (۳) علم نحو میں وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جاتا ہے جیسے امجد کی کتاب میں کتاب (۴) اضافہ کیا گیا ۔ زیادہ بڑھا ۔
مُضَاف الیہ :[ع ۔ اند] وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے ۔ مالک ۔
مُضَافَات :[ع ۔ صف] دیکھئے "مضاف" جس کی یہ جمع ہے (۲) قرب وجوار ۔ اردگرد ۔ اطراف وجوانب ۔ مضافات ۔ شہر کے آس پاس کے قصبے ۔
مُضَافَاتِ شہر :[عف ۔ اند] شہر کے آس پاس کی آبادی گاؤں یا قصبے ۔
مَضَامِین :[ع ۔ اند] (۱) دیکھئے "مضمون" جس کی یہ جمع ہے ۔ (۲) مطالب ۔ معانی
مُضَایَقَہ :[ع ۔ اند] تنگی ۔ دشواری ۔ ایک دوسرے کو تنگ کرنا (۲) حرج ۔ قباحت (۳) ڈر ۔ خوف ۔ پروا ۔ (بکسر چہارم زبانوں پر ہے)
مَضْبُوط :[ع ۔ صف] ضبط کیا گیا ۔ قبضہ کیا گیا (۲) پکا ۔ پائدار ۔ دیرپا ۔ (۳) شہ زور ۔ قوی ۔ طاقت والا ۔ توانا ۔ تندرست ۔
مَضْبُوط رہنا :[ار ۔ محاورہ] مستقل رہنا ۔ جما رہنا ۔ ثابت قدم رہنا ۔
مَضبوط کرنا :[ار عمل مرکب] پکا کرنا ۔ جمانا ۔ آمادہ کرنا ۔
مَضبوط ہونا :[ار عمل مرکب] دیکھئے "مضبوط کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مَضْبُوطی :[ار ۔ امث] دیکھئے "مضبوط" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَضْحَک :[ع ۔ اند] ہنسی کا مقام ۔ وہ چیز جس پر لوگ ہنسیں ۔
مُضْحِک :[ع ۔ صف] ہنسانے والا ۔
مُضْحِکَات :[ع ۔ اند] ہنسانے والی باتیں ۔ لطیفے ۔
مَضْحَکَہ :[ع ۔ اند] (۱) ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ تمسخر (۲) وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں ۔ مسخرہ ۔
مَضْحَکَہ اُڑانا / کرنا :[ار ۔ محاورہ] ہنسنا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ مسخرا بنانا ۔

مَضحکہ خیز: [عف ۔ صف] خندہ آور ۔ مذاق میں ڈالنے والی بات ۔ ہنسی لانے والی بات ۔
مَضحکہ خیزی: [عف ۔ امث] دیکھئے "مضحکہ خیز" جس کا اسم کیفیت ہے ۔
مَضحکہ ہونا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مضحکہ اڑانا/کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مُضِر: [ع ۔ صف] ضرر پہنچانے والا ۔ نقصان رساں ۔ [افعال: ہونا]
مِضراب: [ع ۔ امث] ستار بجانے کا چھلا ۔ زخمہ
مُضِرّات: [ع ۔ اند و مث] نقصان پہنچانے والی چیزیں ۔ مُضر کی جمع ۔
مَضَرّت: [ع ۔ امث] ضرر ۔ نقصان ۔ زیاں ۔
مَضَرّت رساں: [عف ۔ صف] نقصان پہنچانے والا ۔ زیاں کار ۔
مَضَرّت رسانی: [عف ۔ امث] دیکھئے "مضرت رساں" جس کا اسم کیفیت ہے ۔
مَضرُوب: [ع ۔ صف] (۱) ضرب کھایا ہوا ۔ چوٹ لگا ہوا ۔ وہ شخص جسے چوٹ آئی ہو (۲) اصطلاح حساب میں وہ عدد جس کو ضرب دی جائے ۔ ڈھالا ہوا سکہ ۔
مضروب فیہ: [ع ۔ صف] وہ عدد جس سے ضرب دی جائے ۔
مُضطَر: [ع ۔ صف] (۱) ضرر رسیدہ ۔ تکلیف میں مبتلا ۔ مجازاً بے بس ۔ بے اختیار (۲) بے تاب ۔ بے قرار ۔ بے چین ۔ پریشان
مُضطَرِب: [ع ۔ صف] بے چین ۔ بے قرار ۔
مُضطرب الحال: [ع ۔ صف] پریشان حال ۔ گھبرایا ہوا ۔
مُضطَرّانہ: [ع ۔ متعلق فعل] بے قراری سے ۔ بے چینی سے ۔
مُضعِف: [ع ۔ صف] (۱) ضعیف کرنے والا (۲) دگنا کرنے والا ۔
مُضغَہ: [ع ۔ اند] (۱) لوتھڑا ۔ گوشت کا ٹکڑا (۲) وہ جنین جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو (۳) لقمہ ۔ نوالہ ۔
مُضغۂ گوشت: [عف ۔ اند] (۱) گوشت کا لوتھڑا (۲) نکما اور بیکار آدمی ۔
مُضِل: [ع ۔ صف] گمراہ کرنے والا ۔ بہکانے والا ۔
مُضِلّت: [ع ۔ امث] گمراہی ۔
مِضمار: [ع ۔ اند] (۱) میدان ۔ ہموار اور وسیع زمین (۲) میدان جنگ (۳) وہ جگہ جہاں گھوڑا دوڑتے ہیں ۔
مُضمَحِل: [ع ۔ صف] (۱) محو ہونے والا ۔ گم ہونے والا (۲) کم زور ۔ دبلا پتلا ۔ ناتواں ۔ لاغر (۳) اداس ۔ دل گیر ۔ [افعال: کرنا ۔ ہونا ۔]
مُضمَر: [ع ۔ صف] پوشیدہ ۔ مخفی ۔ دل میں رکھا گیا ۔ [افعال: ہونا]
مَضمَضَہ: [ع ۔ امث] کلی منہ میں پھرانا ۔ کلی [افعال: کرنا]
مُضمَّن: [ع ۔ صف] شامل کیا گیا ۔
مَضمُوم: [ع ۔ صف] وہ حرف جس پر پیش ہو ۔ ضمہ دیا گیا ۔
مَضمُون: [ع ۔ اند] (۱) ضمن میں لیا ہوا ۔ درمیان میں ڈالی ہوئی چیز (۲) مطلب معنی ۔ بیان (۳) جواب مضمون ۔ انشا ۔ اداریہ (۴) بات ۔ سخن ۔ وہ عبارت یا تحریر جو کسی خاص بحث پر لکھی جائے ۔
مَضمون آفریں: [عف ۔ صف] نئی بات پیدا کرنے والا ۔
مَضمون آفرینی: [عف ۔ امث] دیکھئے "مضمون آفریں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مَضمون باندھنا: [ار ۔ محاورہ] کسی مضمون کو شعر میں نظم کرنا
مضمون بٹھانا: [ار ۔ محاورہ] مضمون کو عبارت میں ٹھیک موقع پر جگہ دینا
مضمون بندھنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مضمون باندھنا" جس کا یہ لازم ہے
مضمون پست ہونا: [ار ۔ محاورہ] مطلب گھٹیا ہونا ۔
مَضمون ٹپکنا: [ار ۔ محاورہ] مضمون ظاہر ہونا ۔
مضمون چرانا: [ار ۔ محاورہ] کسی دوسرے کا مضمون اپنے نام سے شائع کرنا ۔
مَضمون چھن جانا: [ار ۔ محاورہ] کسی مضمون کا صاف اور محقق ہو جانا ۔
مَضمون دور ہونا: [ار ۔ محاورہ] مضمون بلند ہونا ۔
مَضمون ڈھلنا: [ار ۔ محاورہ] مضمون کا اچھی عبارت میں لکھا جانا ۔
مَضمون روشن ہونا: [ار ۔ محاورہ] مضمون صاف ہونا ۔
مَضمون سُست ہونا: [ار ۔ محاورہ] مضمون بے لطف اور بے مزہ ہونا ۔
مَضمون سُلجھنا: [ار ۔ محاورہ] بات کی پیچیدگی دور ہونا ۔
مَضمون سُوجھنا: [ار ۔ محاورہ] مضمون خیال میں آنا ۔
مَضمون کھپنا: [ار ۔ محاورہ] مضمون صادق آجانا ۔
مَضمون کی بندش: [ار ۔ امث] مضمون کی بناوٹ ۔
مَضمون گانٹھنا: [ار ۔ محاورہ] مطلب حاصل کرنا ۔
مَضمون گنٹھنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مضمون گانٹھنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مَضمون گڑھنا/گھڑنا: [ار ۔ محاورہ] تہمت لگانا ۔
مَضمون لڑنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) مضمون کا حسب منشا سوجھنا (۲) کسی کے مضمون سے مضمون کا مطابق ہونا ۔
مَضمون مبتذل ہونا: [ار ۔ محاورہ] مضمون کا اپنے رُتبے سے گرا ہونا ۔
مَضمون نکالنا: [ار ۔ محاورہ] مقصد سمجھنا ۔ تہ کی بات نکالنا ۔
مَضمون نگار/نویس: [عف ۔ صف] مضمون لکھنے والا ۔ انشا پرداز ۔
مَضمون نگاری/نویسی: [عف ۔ امث] دیکھئے "مضمون نگار/نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَضمون واحد ہونا: [ار ۔ محاورہ] (۱) مطلب ایک ہونا (۲) ایک غرض میں دو شخصوں کا شامل ہونا ۔
مَضمون ہاتھ آنا/لگنا: [ار ۔ محاورہ] نئی بات کا خیال میں آنا ۔ مضمون سوجھنا ۔
مَضیٰ: [ع ۔ صف] گزرا ہوا ۔ گزر گیا ۔ بیت گیا ۔
مضیٰ ما مضیٰ [ع ۔ مقولہ] جو ہوا سو ہوا ۔ گزرا سو گزرا ۔

م ۔ ط

مَطابِخ: [ع ۔ اند] دیکھئے "مطبخ" جس کی یہ جمع ہے ۔
مَطابِع: [ع ۔ اند] دیکھئے "مطبع" جس کی یہ جمع ہے ۔
مُطابِق: [ع ۔ صف] (۱) موافق ۔ برابر ۔ یکساں ۔ مانند (۲) موجب ۔ حسب مناسب ۔ [افعال: کرنا ۔ ہونا]
مُطابَقت: [ع ۔ امث] موافقت ۔ مشابہت ۔ برابری ۔
مَطار: [ع ۔ اند] اڑنے کی جگہ ۔ ہوائی اڈا ۔

مُطَارَحَہ : [ع - اند] مشورہ - بحث - گفتگو -
مُطَاع : [ع - صف] اطاعت کیا گیا - سردار - بزرگ - مربی - وہ شخص جس کی اطاعت کی جاتے -
مَطَاعِن : [ع - اند] دیکھئے "مطعن" جس کی یہ جمع ہے -
مَطَاف : [ع - اند] طواف کرنے کی جگہ -
مَطَالِب : [ع - اند] دیکھئے "مطلب" جس کی یہ جمع ہے -
مُطَالَبہ : [ع - اند] (۱) دعویٰ - نالش (۲) اپنا حق چاہنا - درخواست مانگنا - تقاضا - [افعال : کرنا - ہونا]
مَطَالِع : [ع - اند] دیکھئے "مطلع" جس کی یہ جمع ہے -
مُطَالَعَہ : [ع - اند] (۱) غور - توجہ - دھیان - کسی چیز کو اس سے واقفیت حاصل کرنے کی غرض سے دیکھنا (۲) کتب بینی -
مُطَالعہ دیکھنا : [ار - محاورہ] طالب علم کا سبق پڑھنے سے پیشتر سبق کو غور سے پڑھنا -
مُطَالعہ کرنا : [ار - محاورہ] کتاب پڑھنا - آگے سبق نکالنا -
مُطَاوَعَت : [ع - امث] اطاعت کرنا - فرمانبرداری -
مُطَایَبہ : [ع - اند] خوش طبعی - مہذب تفریح مزاح -
مَطَب : [ع - اند] مکان جہاں بیٹھ کر طبیب مریضوں کو دوا دے -
مطب سرد ہونا : [ار - محاورہ] مطب میں رونق نہ ہونا - مریض کم آنا -
مَطَب کرنا : [ار - محاورہ] طبابت کرنا - علاج معالجہ کا پیشہ کرنا -
مَطَب گرم ہونا : [ار - محاورہ] مطب میں رونق ہونا - مریضوں کی زیادتی ہونا -
مَطْبَخ : [ع - اند] باورچی خانہ - کھانا پکانے کی جگہ -
مَطْبَخِی : [ع - صف] باورچی - کھانا پکانے والا -
مَطْبَع : [ع - اند] طبع کرنے کی جگہ - چھاپنے کی جگہ - چھاپہ خانہ -
مَطْبُوخ : [ع - صف] (۱) آگ پر پکائی ہوئی - پکی ہوئی (۲) (ار - مذ) جوشاندہ -
مَطْبُوع : [ع - صف] (۱) طبع کیا ہوا - چھپا ہوا (۲) پسندیدہ - مرغوب پسند کیا گیا - دل پسند -
مَطْبُوعَہ : [ع - امث] دیکھئے "مطبوع" جس کی یہ تانیث ہے - اردو میں بطور مذکر بھی مستعمل ہے -
مِطْحَن : [ع - امث] چکی - پیسنے کا آلہ -
مَطْحُول : [ع - صف] تلی کا مریض -
مَطَر : [ع - اند] بارش - باراں -
مُطَرَّا : [ع - صف] تازہ - شاداب - آب دار - مصفا -
مِطْرَاق : [ع - اند] (۱) ہتھوڑی (۲) نظیر - مثل -
مُطْرِب : [ع - اند] (۱) خوش کرنے والا (۲) گویا - قوال - گانے والا -
مُطْرِبَہ : [ع - امث] دیکھئے "مطرب" جس کی یہ تانیث ہے -
مَطْرُوح : [ع - صف] (۱) حقیر - ناپسندیدہ (۲) نکالا ہوا - پھینکا ہوا -
مَطْرُود : [ع - صف] (۱) دھتکارا ہوا - نکالا گیا - راندہ - مردود - بھیجا ہوا (۲) شہر بدر کیا ہوا -
مُطْعِم : [ع - صف] کھلانے والا (کھانا)
مَطْعَن : [ع - اند] طعن - طعنہ -
مَطْعُون : [ع - صف] طعنہ دیا گیا - عیب نکالا گیا - بدنام - رسوا -
مَطْعُونِ خَلَائِق : [ع - صف - بترکیب فارسی] رسوائے عالم - دنیا بھر کا بدنام وہ شخص جس سے خلقت نفرت کرے -
مُطَلّا : [ع - صف] طلا کیا گیا - سنہرا - زریں - طلائی (عربی میں یہ لفظ نہیں ملتا -)
مَطْلَب : [ع - اند] (۱) مقصد - غرض - منشا - خواہش (۲) مفہوم - مضمون
مَطلب اٹکنا : [ار - محاورہ] غرض اٹکنا - خواہش پوری نہ ہونا -
مَطلب اُلٹا دینا : [ار - محاورہ] مضمون کچھ کا کچھ کر دینا - مفہوم بدل دینا -
مَطلب اُلٹ جانا : [ار - محاورہ] مطلب کچھ کا کچھ ہو جانا -
مطلب الٹ دینا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مطلب الٹا دینا"
مَطلب بَرآری : [ع ف - امث] حصول مدعا - حاجت روائی - کام نکالنا -
مَطلب برآری کرنا : [ار - مع مرکب] مقصد پورا کرنا - حاجت روائی کرنا -
مَطلب برآری ہونا : [ار - مع مرکب] دیکھئے "مطلب برآری کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
مَطلب بَر آنا : [ار - مع مرکب] مقصد پورا ہونا - مراد حاصل ہونا -
مَطلب پَر آنا : [ار - محاورہ] تمہید کے بعد اپنا مدعا یا منشا بیان کرنا -
مَطلب پَر لانا : [ار - محاورہ] مطلب پورا کرنے کے لیے آمادہ کرنا -
مَطلب پُورا کرنا : [ار - محاورہ] مراد بر لانا - مقصد میں کامیاب ہونا -
مَطلب پُورا ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مطلب پورا کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
مَطلب چبا جانا : [ار - محاورہ] صاف صاف مطلب ظاہر نہ ہونا -
مَطلب چلنا : [ار - محاورہ] (۱) مطلب سمجھ میں آنا (۲) کار برآری ہونا -
مَطلب حَل کرنا : [ار - محاورہ] بات صاف کرنا - مطلب سمجھانا -
مَطلب حَل ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مطلب حل کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
مَطلب خبط ہونا : [ار - محاورہ] بات بے معنی ہونا - تقریر یا تحریر کا بے معنی ہونا -
مَطلب رکھنا : [ار - محاورہ] غرض رکھنا - واسطہ رکھنا -
مَطلب سَعدی دِیگر است : [ف - مثل] سعدی کا مطلب دوسرا ہے - یعنی ظاہر یوں ہے مگر دلی مقصد اور ہے -
مَطلب سے گرنا : [ار - محاورہ] کسی خاص غرض سے کسی کی طرف مائل ہونا -
مَطلب سے مطلب ہونا : [ار - محاورہ] اپنے کام سے کام ہونا - اپنے کام سے غرض رکھنا -
مَطلب فوت کرنا : [ار - محاورہ] غرض نہ حاصل ہونے دینا -
مطلب فوت ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مطلب فوت کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
مطلب کا آشنا/یار : [ار - صف] خود غرض - مطلبی -
مَطلب کو پہنچانا : [ار - محاورہ] کام بنا دینا - کامیاب کر دینا -
مَطلب کو پہنچنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مطلب کو پہنچانا" جس

کا یہ لازم ہے۔

مَطلب کُھل جانا: [ار۔ محاورہ] غرض ظاہر ہو جانا۔

مَطلب کہنا: [ار۔ محاورہ] غرض بیان کرنا

مَطلب کی: [ار۔ صف] غرض کی۔ جس میں مطلب پایا جائے۔

مَطلب کی بات: [ار۔ امث] (۱) کارآمد بات (۲) کنایۃً وصل۔

مطلب کی (بات) سنانا: [ار۔ محاورہ] اپنی غرض کی بات کہنا۔

مطلب کی (بات) سُننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مطلب کی (بات) سنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

مطلب کی سُوجھنا: [ار۔ محاورہ] غرض کی بات خیال میں آنا۔ اپنے فائدے کی بات سوچنا۔

مَطلب کی گھات چلنا: [ار۔ محاورہ] اپنا فائدہ دیکھنا۔ اپنے فائدہ کو مدنظر رکھنا۔

مَطلب کے واسطے گدھے کو باپ بناتے ہیں: [ار۔ مثل] غرض نکالنے کے لئے ادنیٰ کی بھی خوشامد کرتے ہیں۔

مَطلب نِکال رکھنا: [ار۔ محاورہ] سبق پڑھنے سے پہلے کتاب پر غور کر کے مطلب سمجھ لینا۔

مَطلب نکال لینا: [ار۔ محاورہ] غرض حاصل کر لینا۔

مطلب نکالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بات سمجھنا (۲) غرض پوری کرنا۔

مطلب نکلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) غرض حاصل ہونا (۲) مفہوم واضح ہو جانا۔

مَطلب ہو جانا: [ار۔ محاورہ] کام بن جانا۔ کامیاب ہو جانا۔

مَطلبی / مَطلَبِیا: [ار۔ صف] خود غرض۔

مَطلَع: [ع۔ اند] (۱) طلوع ہونے کی جگہ۔ چاند یا سورج نکلنے کی جگہ (۲) غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔

مَطلَع صاف کرنا: [ار۔ محاورہ] گرد و غبار صاف کرنا۔

مَطلَع صاف ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) آسمان کا ابر و غبار سے صاف ہونا (۲) کسی جگہ ایک آدمی بھی نہ ہونا (۳) دشمنوں سے مقام خالی ہونا۔ روک ٹوک نہ ہونا۔ کنایۃً ڈاڑھی مونچھ کا نہ ہونا۔ ابھی سبزہ آغاز نہ ہونا۔

مَطلَعِ صُبح: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] افق کا وہ مقام جہاں سورج کی روشنی پہلے پہل ظاہر ہوتی ہے۔

مُطلَع: [ع۔ صف] اطلاع دیا گیا۔ واقف۔ خبردار۔ آگاہ۔

[افعال: کرنا۔ ہونا]

مُطلَق: [ع۔ صف] (۱) آزاد۔ بے قید (۲) بالکل۔ قطعی جیسے آزاد مطلق (۳) قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا پڑے یا چاہیے (۴) نفی کی تاکید کے لئے۔

مُطلَق الرِّجلَین: [ع۔ صف] وہ گھوڑا جس کے پاؤں کا رنگ بدن کے رنگ سے مختلف ہو۔

مُطلَق العِنان: [ع۔ صف] (۱) بے لگام۔ جس کی لگام چھوٹ گئی ہو (۲) آزاد۔ خودسر۔

مُطلَق العِنانی: [عف۔ امث] دیکھئے "مطلق العنان" جس کا یہ لازم ہے۔

مطلق الیدَین: [ع۔ صف] وہ گھوڑا جس کے اگلے دونوں پیر سفید ہوں۔

مطلق الیسار: ع۔ صف] وہ گھوڑا جس کے پچھلے دونوں پیر سفید ہوں۔

مطلق الیمین: [ع۔ صف] وہ گھوڑا جس کے دونوں دائیں پاؤں سفید ہوں۔

مطلقاً: [ع۔ متعلق فعل] بالکل۔ قطعی۔ اصلاً۔

مُطَلَّقہ: [ع۔ صف] طلاق دی ہوئی عورت۔ وہ عورت جسے خاوند نے چھوڑ دیا ہو۔

مَطلُوب: [ع۔ اند] طلب کیا گیا۔ مانگا گیا۔ خواہش کیا گیا۔

مَطمَح: [ع۔ اند] (۱) نظر پڑنے کی جگہ (۲) مقصود۔

مَطمَحِ نَظر: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] مرکز نگاہ۔ مقصد اصلی۔

مَطمُوس: [ع۔ صف] مٹایا گیا۔ مٹا ہوا۔

مُطمَئِن: [ع۔ صف] اطمینان پانے والا۔ جمع خاطر رکھنے والا بے فکر۔ آسودہ۔

مُطَوِّعہ: [ع۔ صف] (۱) وہ مسلمان جو جہاد سے مستثنیٰ ہو مگر اپنی خوشی سے جہاد کرے (۲) رضاکار۔

مُطَوِّف: [ع۔ صف] طواف کرنے والا۔

مُطَوَّق: [ع۔ صف] طوق پڑا ہوا۔ قید کیا گیا۔

مُطَوَّل: [ع۔ صف] لمبا۔ دراز۔ طویل۔

مَطہَر: [ع۔ اند] طہارت کی جگہ۔

مُطَہَّر: [ع۔ صف] (مفعولی) پاک صاف۔ مبرا۔ معصوم۔

مُطَہِّر: [ع۔ صف] (فاعلی) پاک کرنے والا۔

مُطَہَّرہ / مُطَہِّرہ: [ع۔ امث] دیکھئے "مُطَہَّر / مُطَہِّر" جس کی یہ تانیث ہے۔

مُطَیَّب: [ع۔ صف (مفعولی)] خوشبو دیا گیا۔ خوشبو میں بسایا گیا۔ پاک کیا گیا۔

مُطَیِّب: [ع۔ صف فاعلی] خوشبو دینے والا۔ خوشبودار۔ معطر۔ پاک ہونے والا۔

مَطِیر: [ع۔ صف] برسنے والا۔ بارش کرنے والا۔

مُطِیع: [ع۔ صف] اطاعت کرنے والا۔ فرمانبردار۔ تابع۔ حکم بردار۔

[افعال: کرنا۔ ہونا۔ بنانا۔ رہنا]

م ۔ ظ

مَظالِم: [ع۔ اند] دیکھئے "مظلمہ" جس کی جمع ہے۔

مَظاہِر: [ع۔ اند] دیکھئے "مَظہَر" جس کی یہ جمع ہے۔

مُظاہِر: [ع۔ صف] (۱) مظاہرہ کرنے والا (۲) کسی کو مدد دینے والا۔

مُظاہَرہ: [ع۔ اند] (۱) مدد دینا۔ کسی خاص امر میں اظہار تائید کے لئے جمع ہونا اور جمع ہو کر گشت کرنا۔ کسی بات کی مخالفت یا موافقت کے لئے جوش اور جذبات کا اظہار (۲) اظہار۔ نمائش (انگریزی لفظ DEMONSTRATION کا ترجمہ)

مظرُوف : [ع۔صف] برتن میں رکھی ہوئی چیز۔

مُظفّر : [ع۔صف] فتح دیا ہوا۔ فتح مند۔ فتح یاب

مُظلِم : [ع۔صف] (۱) تاریک۔ سیاہ (۲) مخفی۔ پوشیدہ۔

مَظلَمہ : [ع۔اند] ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا۔

مَظلِمہ : [ع۔اند] دادخواہی۔ وبال۔

مُظلِمہ : [ع۔اند] تاریک۔ اندھیر۔

مَظلُوم : [ع۔صف] ظلم کیا گیا۔ ستم رسیدہ۔ ستایا ہوا۔ ستم زدہ۔

مَظلُومہ : [ع۔صف۔مث] دیکھیے "مظلوم" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَظلُومی / مَظلُومیّت : [عف۔امث] دیکھیے "مظلوم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَظنُون : [ع۔صف] ظن کیا گیا۔ مشتبہ۔ مشکوک۔

مَظِنّہ : [ع۔اند] (۱) گمان کرنے کا موقع۔ شبہ کرنے کی جگہ (۲) گمان۔ خیال۔ قیاس۔

مَظہَر : [ع۔اند] (۱) ظاہر ہونے کی جگہ۔ جائے ظہور (۲) تماشا گاہ۔ اسٹیج۔ اکھاڑا۔ تماشا دکھانے کا چبوترہ (۳) ظہور۔ اظہار۔

مُظہَر : [ع۔صف] ظاہر کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔

مُظہِر : [ع۔صف] بیان کرنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔ گواہ۔ شاہد۔ مخبر۔ جاسوس۔ خبر رساں۔

مُظہَرہ : [ع۔صف] دیکھیے "مُظہَر" جس کی یہ تانیث ہے۔

مُظہِرہ : [ع۔صف] دیکھیے "مظہر" جس کی یہ تانیث ہے۔

م - ع

مَع : [ع۔متعلق فعل] ساتھ۔ ہمراہ۔ سمیت۔ سنگ۔

مَعَ الحَدیث / القِصّہ : [ع۔متعلق فعل] القصہ۔ الغرض۔ الحاصل۔

مَعَ الخَیر : [ع۔صف] خیریت سے۔ سلامتی سے۔ بخیر و عافیت۔

مَعَ ہٰذا : [ع۔متعلق فعل] علاوہ بریں۔ باوجود اس کے۔ ساتھ اس کے۔

مَعاً : [ع۔متعلق فعل] (۱) ایک ساتھ۔ ساتھ مل کر (۲) فی الفور۔ فوراً۔ اسی وقت۔ دفعتہً۔ ایک ہی وقت۔ ایک ہی دفعہ۔

مِعا : [ع۔امث] (۱) آنت۔ آنتڑی (۲) اوپر سے نیچے کو بہنے والی ندی۔

مَعابِد : [ع۔اند] دیکھیے "معبد" جس کی یہ جمع ہے۔

مَعابِر : [ع۔اند] دیکھیے "معبر" جس کی یہ جمع ہے۔

مُعاتَب : [ع۔صف] عتاب کیا گیا۔ وہ جس پر خفگی ہو۔

مُعاتِب : [ع۔صف] عتاب کرنے والا۔ خفا ہونے والا۔ سرزنش کرنے والا۔

مُعاتَبت : [ع۔امث] (۱) عتاب کرنا۔ غصہ کرنا (۲) سرزنش۔ غصہ۔

معاجم : [ع۔اند] دیکھیے "معجم" جس کی یہ جمع ہے۔

مَعاجِین : [ع۔امث] دیکھیے "معجون" جس کی یہ جمع ہے۔

مَعاد : [ع۔اند] (۱) واپس جانے کی جگہ۔ پلٹنے کا مقام (۲) آخرت۔ قیامت۔

مُعادِل : [ع۔صف] برابر۔ مساوی۔ انصاف کے ساتھ

مُعادَلت : [ع۔امث] برابری۔ مساوات۔ انصاف۔ نیاؤ

مَعادِن : [ع۔امث] دیکھیے "معدن" جس کی یہ جمع ہے۔

مَعاذ : [ع۔امث] بچاؤ کی جگہ۔ جائے پناہ۔

مَعاذَ اللّٰہ : [ار۔کلمہ استغفار] (۱) خدا کی پناہ۔ اللہ محفوظ رکھے (۲) کسی کام یا فعل کی کثرت ظاہر کرنے کے لئے (۳) توبہ توبہ (۴) خدا نہ کرے۔

مَعاذِیر : [ع۔امث] دیکھیے "معذرت" جس کی یہ جمع ہے۔

مَعارِج : [ع۔امث] دیکھیے "معراج" جس کی یہ جمع ہے۔

مُعارِض : [ع۔صف] (۱) معترض۔ جھگڑا کرنے والا۔ مخالف۔ (۲) مدعی۔ حریف۔

مُعارَضہ : [ع۔اند] (۱) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ مناقشہ (۲) اعتراض

مَعارِف : [ع۔اند] دیکھیے "معرفت" جس کی یہ جمع ہے۔

مَعارِک : [ع۔اند] دیکھیے "معرکہ" جس کی یہ جمع ہے۔

مُعارَکت / مُعارَکہ : [ع۔امث۔مذ] لڑائی۔ جنگ۔

مَعاش : [ع۔امث] (۱) رزق۔ خوراک۔ روزی (۲) وہ شے جس سے بسر اوقات کی جائے (۳) جائے پناہ۔ جاگیر۔

مَعاش دار : [ع ف۔صف] جاگیردار۔

مُعاشَرت : [ع۔امث] (۱) مل جل کر زندگی بسر کرنا (۲) کسی کے ساتھ عیش کرنا (۳) طرز زندگی۔

مُعاشَرتی : [ع۔امث] دیکھیے "معاشرت" جس سے یہ منسوب ہے۔

مُعاشَرہ : [ع۔اند] سماج۔ سوسائٹی۔ جماعتی زندگی جس میں ہر فرد کو رہنے سہنے، اپنی ترقی و بہبود کے لئے دوسروں سے واسطہ پڑتا ہے۔

مَعاشی / معاشیاتی : [ع۔صف] روزی اور بسر اوقات کے متعلق۔ انگریزی لفظ ECONOMIC کا ترجمہ۔ (اقتصادی)

مَعاشِیات : [ع۔امث] اقتصادیات کا وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔ (انگریزی لفظ ECONOMICS کا ترجمہ)

مَعاشیات دان : [عف۔صف] علم معاشیات کا ماہر۔ (انگریزی لفظ ECONOMIST کا ترجمہ)

مَعاشیات دانی : [ع۔ف۔امث] دیکھیے "معاشیات دان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَعاشیق : [ع۔اند] دیکھیے "معشوق" جس کی یہ جمع ہے۔

مُعاصِر : [ع۔صف] ہمعصر۔ ہم زمانہ۔ ہم عہد۔

مُعاصِرانہ : [ع۔ف۔صف] دیکھیے "معاصر" جس سے یہ منسوب ہے۔

مُعاصَرت : [ع۔امث] دیکھیے "معاصر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَعاصی : [ع۔اند] دیکھیے "معصیت" جس کی یہ جمع ہے۔

مُعاطَفت : [ع۔امث] مہربانی۔ الطاف۔ عنایت۔

مُعاف : [ع۔صف] بخشا گیا۔ عفو کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔ بری۔ آزاد۔

(۲) درگزر ۔ عفو ۔

مُعاف رکھنا : [ار ۔ محاورہ] باز رکھنا ۔ درگزر کرنا ۔

مُعاف کرنا : [ار ۔ مص ۔ مرکب] بخشنا ۔ درگزر کرنا ۔ عفو کرنا ۔ چھوڑنا ۔

مُعاف کرو : [ار ۔ کلمہ ۔ روزمرہ] جاؤ ۔ رخصت ہو ۔ سدھارو (فقیر کی صدا کے جواب میں کہتے ہیں)

مُعافی : [ع ۔ امث] (۱) بخشش ۔ رہائی ۔ خلاصی ۔ نجات ۔ عفو ۔ مغفرت (۲) وہ زمین جس کا لگان سرکار سے معاف ہو ۔

مُعافی اِستمراری / دائمی : [ع ۔ امث] دوامی جاگیر ۔ وہ زمین جو ہمیشہ کے واسطے معافی کے طور پر دے دی جائے ۔

مُعافی چاہنا : [ار ۔ محاورہ] معذرت کرنا ۔ عذر خواہی کرنا ۔

مُعافی زمین حیات : [ع ۔ امث] وہ زمین جو کسی کو زندگی بھر کے لیے بلا لگان عطا کی جائے ۔

مُعافی دار : [عف ۔ صف] عطا ہوئی زمین کا مالک ۔ جاگیردار ۔

مُعافی داری : [عف ۔ امث] دیکھیے "معافی دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مُعافی کا پروانہ : [ار ۔ امذ] معافی کی سند ۔

مُعافی مانگنا : [ار ۔ محاورہ] عذر معذرت کرنا ۔ قصور سے درگزر کرنے کی درخواست کرنا ۔

مُعافی نامہ : [عف ۔ امذ] معافی کی درخواست ۔ معافی کی تحریر

مُعاقَب : [ع ۔ صف ۔ مفعولی] عذاب دیا ہوا ۔ سزا دیا ہوا ۔

مُعاقِب : [ع ۔ صف ۔ فاعلی] سزا دینے والا ۔ عذاب دینے والا ۔

مُعاقَبت : [ع ۔ امث] (۱) سزا ۔ ڈنڈ ۔ سیاست (۲) عقوبت ۔ عذاب ۔

مُعاقِد : [ع ۔ صف] (۱) عہد و پیمان کرنے والا (۲) نکاح کرنے والا

مُعاقَدت : [ع ۔ امث] باہم عہد و پیمان ۔ مناکحت ۔

مُعالِج : [ع ۔ امذ] علاج معالجہ کرنے والا ۔ حکیم ۔ طبیب ۔ وید ۔ ڈاکٹر

مُعالَجہ : [ع ۔ امذ] علاج ۔ دوا ۔ دارو ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]

مَعالِم : [ع ۔ امذ] دیکھیے "مَعلَم" جس کی یہ جمع ہے ۔

مَعالی : [ع ۔ امذ] دیکھیے "مَعلیٰ" جس کی یہ جمع ہے ۔

مُعامَلت : [ع ۔ امث] (۱) لین دین ۔ بیوپار ۔ کاروبار (۲) کوئی بات (۳) باہم فیصلہ کرنا ۔ قول و قرار (۴) برتاؤ ۔ سلوک [افعال : کرنا ۔ ہونا]

مُعامَلہ : [ع ۔ امذ] (۱) کام کاج ۔ کاروبار ۔ دھندا ۔ باہم مل کر کوئی کام کرنا (۲) لین دین ۔ خرید و فروخت ۔ بنج ۔ بیوپار ۔ (۳) واقعہ ۔ وہ بات جو عمل میں آئے (۴) قول و قرار (۵) بات ۔ جھگڑا ۔ قضیہ (۶) خاص بات ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ سابقہ ۔ برتاؤ (۷) مال گزاری ۔ لگان ۔ محاصل ۔

مُعامَلہ ادا کرنا : [ار ۔ محاورہ] مال گزاری دینا ۔

مُعامَلہ باندھنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) ان باتوں کو نظم کرنا جو خیالی نہ ہوں بلکہ عمل میں آئی ہوئی ہوں (۲) عاشق و معشوق کے نجی واقعات نظم کرنا ۔

مُعامَلہ بن نا : [ار ۔ محاورہ] کام درست کرنا ۔ سودا چکانا مطلب حاصل کرنا ۔

مُعامَلہ بند : [ع ۔ عف ۔ صف] عاشق و معشوق کے نجی واقعات کو نظم کرنے والا شاعر ۔

مُعامَلہ بندھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "معاملہ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُعامَلہ بندی : [عف ۔ امث] معاملات عشق کو نظم کرنے کا فعل ۔

مُعامَلہ بننا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "معاملہ بنانا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُعامَلہ پڑنا : [ار ۔ محاورہ] کام پڑنا ۔ تعلق ہونا ۔ واسطہ ہونا ۔

مُعامَلہ پکا کرنا : [ار ۔ محاورہ] بات طے کرنا ۔ قطعی فیصلہ کرنا ۔ سودا پختہ کرنا ۔

مُعامَلہ پکا ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "معاملہ پکا کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُعامَلہ پیش کرنا : [ار ۔ محاورہ] فیصلہ کے لئے کسی کے پاس معاملہ لے جانا ۔

مُعامَلہ پیش ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "معاملہ پیش کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُعامَلہ داں / شناس / فہم : [عف ۔ صف] تجربہ کار ۔ بات کی تہ تک پہنچنے والا ۔

مُعامَلہ دانی / شناسی / فہمی : [عف ۔ امث] دیکھیے "معاملہ داں / شناس / فہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مُعامَلہ سنگین : [عف ۔ امذ] اہم بات ۔ سخت معاملہ ۔

مُعامَلہ کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) بات چیت کرنا ۔ کسی امر کی نسبت طے کرنا ۔ (۲) لین دین کرنا ۔ سودا کرنا ۔ خرید و فروخت کرنا (۳) فیصلہ کرنا (۴) عہد و پیمان کرنا ۔ مل جل کر کام کرنا ۔

مُعامَلہ کھٹائی میں پڑنا : [ار ۔ محاورہ] بات طے ہونے میں دیر ہونا ۔

مُعامَلہ ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "معاملہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُعاملے کا سچا / کھرا : [ار ۔ صف] لین دین میں ایماندار ۔ بات کا پورا ۔

مُعاملے کا کھوٹا : [ار ۔ صف] بے ایمان ۔ دغاباز ۔ خائن ۔

مُعانِد : [ع ۔ امذ] عناد کرنے والا ۔ دشمن ۔ مخالف ۔ عدو ۔

مُعانَدت : [ع ۔ امث] دشمنی ۔ عداوت ۔ جھگڑا ۔ ٹنٹا ۔

مُعانِق : [ع ۔ صف] گلے ملنے والا ۔ بغل گیر ہونے والا ۔

مُعانَقہ : [ع ۔ امذ] (۱) بغل گیری ۔ گلے ملنا (۲) ایک قرآنی اصطلاح ۔

مَعانی : [ع ۔ امث] (۱) دیکھیے "معنیٰ" جس کی یہ جمع ہے (۲) وہ علم جس سے الفاظ کا صحیح موقع استعمال اور معنوں کا درست و موزوں ہونا معلوم ہوتا ہے ۔

مُعاوِد : [ع ۔ صف] پھر آنے والا ۔ پلٹنے والا ۔ واپس آنے والا ۔

مُعاوَدت : [ع ۔ امث] بازگشت ۔ واپسی ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]

مُعاوَضت : [ع ۔ امث] بدلہ ۔ پلٹا ۔ تاوان ۔ عوضانہ ۔

مُعاوَضہ : [ع ۔ امذ] (۱) بدلہ ۔ پلٹا ۔ عوض (۲) اجرت ۔ حق محنت (۳) تاوان ۔ ہرجہ [افعال : دینا ۔ دلانا ۔ پانا ۔ ادا کرنا / ہونا]

مُعاوِن : [ع ۔ امذ] اعانت کرنے والا ۔ مددگار ۔ دست گیر ۔

مُعاوَنت : [ع ۔ امث] مدد ۔ حمایت ۔ امداد ۔ سہارا ۔ تائید

مُعاہِد : [ع ۔ امذ] عہد و پیمان کرنے والا ۔ قول و قرار کرنے والا ۔

مُعاہَدہ : [ع ۔ امذ] باہم قول و قرار ۔ عہد نامہ ۔

مُعاہَدۂ ساقط النّفاذ : [ع ۔ امذ] ناجائز قرار نامہ ۔ وہ معاہدہ جو

جاری نہ ہو سکے۔
مُعاہدۂ مُمکن الاِنفساخ: [ع۔ اند] ٹوٹ سکنے والا معاہدہ۔
مَعائِب: [ع۔ اند] دیکھئے "مَعیب" جس کی یہ جمع ہے۔
مَعایِش: [ع۔ امث] دیکھئے "معیشت" جس کی یہ جمع ہے
مُعایَنہ: [ع۔ اند] ملاحظہ۔ جانچ۔ پڑتال۔ مطالعہ۔ مشاہدہ۔ سامنے دیکھنا۔ اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
معایِیر: [ع۔ اند] دیکھئے "معیار" جس کی یہ جمع ہے۔
مَعبَد/مَعبَدہ: [ع۔ اند] عبادت گاہ۔ جائے پرستش۔
مَعبَر: [ع۔ اند] عبور کرنے کی جگہ۔ گھاٹ۔ پل۔
مِعبَر: [ع۔ امث] عبور کرنے کا آلہ۔ کشتی وغیرہ
مُعَبَّر: [ع۔ صف۔ مفعولی] تعبیر کیا گیا۔ جس کی تعبیر بتائی گئی ہو۔
مُعَبِّر: [ع۔ صف۔ فاعلی] تعبیر بتانے والا۔
مَعبُود: [ع۔ اند] عبادت کیا گیا۔ جس کی عبادت کی جائے۔ اللہ تعالیٰ۔
مُعتاد: [ع۔ صف] (۱) عادی۔ خوگر (۲) [ا۔ اند] مقدار خوراک۔ خوراک کا اندازہ۔
مُعتَبَر: [ع۔ صف] (۱) اعتبار کیا گیا۔ قابل اعتبار (۲) ٹھیک۔ درست۔
مُعتَبَر جاننا: [ار۔ محاورہ] قابل اعتبار سمجھنا۔ صحیح سمجھنا۔
مُعتَبَری: [عف۔ امث] دیکھئے "معتبر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُعتَد: [ع۔ صف] گنا گیا۔ شمار کیا گیا۔
مُعتَدبہ: [ع۔ صف] (۱) معتبر۔ قابل اعتماد (۲) معقول۔ بہت سا (۳) تعداد یا مقدار میں زیادہ۔
مُعتَدِل: [ع۔ صف] اعتدال والا۔ درمیانی درجہ کا۔ متوسط۔ مدھم۔ موافق۔
مُعتَدِلُ المِزاج: [ع۔ صف] جس کے مزاج میں سردی گرمی وغیرہ اوسط درجہ کی ہو۔
مُعتَدِل ہونا: [ار۔ محاورہ] اوسط درجے پر ہونا۔ موافق ہونا۔
مُعتَرِض: [ع۔ اند] اعتراض کرنے والا۔ روک ٹوک کرنے والا۔
مُعتَرِض ہونا: [ار۔ محاورہ] اعتراض کرنا۔ روکنا۔ سدراہ ہونا۔ مزاحمت کرنا۔
معترضہ: [ع۔ امث] دیکھئے "جملہ معترضہ"۔
مُعتَرِف: [ع۔ اند] اعتراف کرنے والا۔ اقرار کرنے والا۔ اقبالی۔ اقراری۔
مُعتَرِف ہونا: [ار مص مرکب] اقبال کرنا۔ اقرار کرنا۔ مان لینا۔
مُعتَزِل: [ع۔ صف] جدا ہونے والا۔ اختلاف کرنے والا۔
مُعتَزِلہ: [ع۔ اند] مسلمانوں کا ایک فرقہ جو عقلیت پسند کہلاتا ہے۔ ان کے نزدیک قرآن مخلوق ہے۔ ان کا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید عقلاً معلوم ہو سکتی ہے۔ اس لئے "وحی" کے بغیر ہی اہل عقل و حکمت توحید پر ایمان لا سکتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو منزہ صفات خیال کرتے ہیں یعنی خدا میں متضاد صفات نہیں ہو سکتیں۔ مامون الرشید کے عہد میں یہ سرکاری مذہب بن گیا تھا۔
مُعتَزِلی: [ع۔ صف] فرقہ معتزلہ کا پیرو۔
مُعتَصِم: [ع۔ اند] (۱) بھروسہ رکھنے والا۔ سہارا پکڑنے والا۔ توکل کرنے والا۔ (۲) خدا کا بندہ۔ عباسی خاندان کا ایک خلیفہ۔
مُعتَضِد: [ع۔ اند] مدد لینے والا۔ انصاف چاہنے والا۔ ایک عباسی خلیفہ
مُعتَقِد: [ع۔ اند] اعتقاد رکھنے والا۔ [افعال: ہونا]
مُعتَقَدہ: [ع۔ اند] عقیدہ۔ اعتقاد۔
مُعتَکِف: [ع۔ اند] (۱) ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف بیٹھنے والا (۲) گوشہ نشین۔
مُعتَل: [ع۔ اند] (۱) بیمار۔ کمزور (۲) اصطلاح علم صرف میں وہ فعل یا اسم جس میں حرف علت ہو۔
مُعتَمَد: [ع صف] (۱) اعتبار کیا گیا۔ بھروسا کیا گیا۔ قابل اعتبار (۲) سیکرٹری
مُعتَمَدِ اَعلیٰ [ع۔ صف] انتظامیہ میں گورنر کے بعد کا عہدہ۔ چیف سیکرٹری CHIEF SECRETARY
مُعتَمَدٌ عَلَیہ: [ع۔ صف] جس پر اعتبار کیا جائے۔ اعتباری آدمی۔ معتبر۔ بھروسے کا۔
مُعتَمِد: [ع۔ صف] اعتماد کرنے والا۔ بھروسہ کرنے والا۔ ایک عباسی خلیفہ۔
مَعتُوب: [عف۔ صف] وہ جس پر عتاب کیا جائے۔ یہ لفظ عتاب سے بنایا گیا ہے۔ عربی میں یہ لفظ نہیں ہے۔
مُعجَب: [ع۔ صف] مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔
مُتَعَجِّب: [ع۔ صف] حیرانی میں ڈالا ہوا۔ حیران۔ پریشان۔
مُعجِب: [ع۔ صف] حیرت میں ڈالنے والا۔ تعجب میں ڈالنے والا۔
مِعجَر: [ع۔ امث] اوڑھنی۔ چادر۔
مُعجِز: [ع۔ صف] عاجز کرنے والا۔ طاقت بشری سے باہر۔
مُعجِز بیان: [ع۔ صف] ترکیب فارسی] کمال فصاحت و بلاغت سے تقریر کرنے والا۔ بڑا خوش بیان۔
مُعجِز بیانی: [ع۔ امث] دیکھئے "معجز بیان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُعجِز رقم: [ع۔ ف۔ صف] جس کی تحریر کا دوسرے مقابلہ نہ کر سکیں۔
مُعجِز نگار: [عف۔ صف] بے مثل مضمون لکھنے والا۔
مُعجِز نگاری: [عف۔ امث] دیکھئے "معجز نگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُعجِز نما: [عف۔ صف] معجزہ دکھانے والا۔
مُعجِز نمائی: [عف۔ امث] دیکھئے "معجز نما" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُعجِزہ: [ع۔ اند] (۱) وہ کام جو انسانی طاقت سے باہر ہو (۲) وہ حیرت انگیز بات جو نبی سے ظاہر ہو۔
مُعجِزہ دکھانا: [ار۔ محاورہ] نبی یا پیغمبر کا وہ بات کر دکھانا جو انسانی طاقت سے باہر ہو۔
مُعجِزہ کرنا: [ار۔ محاورہ] قوت انسانی سے باہر بات کرنا۔
مُعَجَّل: [ع۔ صف] فوراً۔ جلد۔ ہاتھوں ہاتھ۔ بے مہلت۔
مُتَعَجِّل: [ع۔ صف] جلدی کرنے والا۔ جلدباز۔

مُعْجَم : [ع - صف] (۱) نقطہ والا حرف (۲) کتابِ لغت - لُغت - ڈکشنری -
مُعْجَم : [ع - صف] وہ لفظ جو عربی ہو مگر عجمی اپنے روزمرہ میں استعمال کرتے ہوں -
مُعْجَمَہ : [ع - صف] دیکھئے "مُعْجَم" جس کی یہ تانیث ہے - نقطہ دار -
مُعْجَمَہ : [ع - صف] دیکھئے "مُعْجَم" جس کی یہ تانیث ہے -
مَعْجُون : [ع - امث] (۱) گوندھا ہوا (۲) کوئی مرکب پسی ہوئی دوا جو شہد یا قند کے قوام میں گوندھ کر بنائی جائے (۳) ملی ہوئی - آمیختہ (۴) قوام جو کھانڈ اور بھنگ سے تیار کیا جاتا ہے -
مَعْدَل : [ع - امذ] پھرنے کی جگہ - واپسی کی جگہ -
مُعَدِّل : [ع - صف] (۱) برابر کرنے والا - ٹھیک کرنے والا -
مُعَدِّلُ النَّہار : [ع - امذ] آسمان پر وہ فرضی دائرہ جو خطِ استوا کے محاذات میں ہے - آفتاب جب اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں -
مَعْدِلَت : [ع - امث] عدل - انصاف -
مَعْدِن : [ع - امذ] کان - کھان - وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں، کوئلہ وغیرہ نکالیں -
مَعْدِنی : [ع - صف] دیکھئے "معدن" جس سے یہ منسوب ہے -
مَعْدِنیات : [ع - امث] وہ چیزیں جو کان سے نکلیں - دھاتیں -
مَعْدُود : [ع - صف] (۱) گِنا گیا - شمار کیا گیا (۲) چند - گنتی کے - تھوڑے -
مَعْدُودے چند : [عف - صف] گنتی کے - بہت تھوڑی تعداد میں -
مَعْدُول / مَعْدُولہ : [ع - صف] وہ حرف جو لکھنے میں تو آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے - یہ بات واؤ کے لئے مخصوص ہے - جیسے خود - خویش - وغیرہ -
مَعْدُوم : [ع - صف] مٹایا گیا - نیست کیا گیا - فنا کیا گیا - نابود - ناپید - [افعال : کرنا - ہونا]
مَعْدُومی : [عف - امث] دیکھئے "معدوم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
مِعْدَہ : [ع - امذ] پیٹ کے اندر وہ تھیلی جس میں کھانا رہتا اور ہضم ہوتا ہے -
مُعَذَّب : [ع - صف مفعولی] عذاب دیا گیا - عذاب کیا گیا -
مُعَذِّب : [ع - صف فاعلی] عذاب دینے والا -
مَعْذِرَت : [ع - امث] عذر - حیلہ - بہانہ
مَعْذُور : [ع - صف] (۱) عذر کیا گیا - بہانہ کیا گیا - مجبور ناچار (۲) اپاہج -
مَعْذُور رکھنا : [ار - محاورہ] معاف رکھنا - قابلِ عذر سمجھنا -
مَعْذُوری : [عف - امث] دیکھئے "معذور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
مُعَرّا / مُعَرّیٰ : [ع - صف] (۱) ننگا - برہنہ - خالی - سادہ (۲) وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو - بلا ترجمہ قرآن شریف (۴) پاک صاف (۵) آزاد - کھلا (۶) سادہ نثر (۷) وہ نظم جس میں قافیہ نہ ہو -
مِعْرَاج : [ع - امث] (۱) سیڑھی - زینہ - اوپر چڑھنے کی چیز (۲) درجہ اعلیٰ - بلند رتبہ - وہ درجہ جس سے زیادہ تصور میں نہ آسکے (۳) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آسمان پر جانا اور تجلیاتِ الٰہی کا نظارہ کرنا -

مِعْرَاج کی رات : [ار - امث] رجب کی ستائیسویں رات جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معراج کو تشریف لے گئے تھے -
مِعْرَاج مل جانا / ہو جانا : [ار - محاورہ] انتہائی ترقی کا مرتبہ حاصل ہونا -
مُعَرَّب : [ع - صف] وہ لفظ جسے عربی بنا لیا گیا ہو اور دراصل وہ لفظ دوسری زبان کا ہو -
مُعْرَب : [ع - صف] اعراب لگایا گیا - جس لفظ کا آخر بدلتا رہے -
مَعْرِض : [ع - امذ] ظاہر ہونے کی جگہ (۲) دوران -
مُعْرِض : [ع - صف] رُوگردانی کرنے والا - منہ پھیرنے والا -
مُعَرَّف : [ع - صف] (۱) تعریف کیا گیا (۲) نشان کیا گیا -
مُعَرِّف : [ع - صف] (۱) تعریف کرنے والا - مداح (۲) وہ شخص جو دربار میں ہر درباری کو اس کے درجے اور نمبر پر بٹھاتا ہے (۳) وہ شخص جو کسی کو بادشاہ کے سامنے پیش کر کے اس کا حال بیان کرتا ہے (۴) پہچاننے والا -
مَعْرِفَت : [ع - امث] (۱) شناخت - پہچان (۲) علمِ الٰہی - قانونِ قدرت یا فطرتی اشیاء کی واقفیت (۳) خداشناسی - (۴) ذریعہ - سبب - وسیلہ -
مَعْرِفَہ : [ع - امذ] وہ اسم جو ایک معین شے کے لئے وضع کیا گیا ہو -
مُعَرِّق : [ع - صف] پسینہ لانے والی دوا -
مَعْرَکہ : [ع - امذ] (۱) میدان جنگ - لڑائی کا میدان (۲) مقابلہ جھگڑا - (۳) بھیڑ - ہنگامہ - دھوم دھام -
مَعْرَکہ آرا : [عف - صف] (۱) صف آرا - جنگ آور - (۲) زبردست - پُرزور - [افعال . ہونا]
مَعْرَکہ آرائی : [عف - امث] دیکھئے "معرکہ آرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
مَعْرَکۃُ الآرا : [ع - صف] (۱) وہ جس میں رائے کا اختلاف پایا جائے (۲) اختلاف رائے کا مقام - اختلافی -
مَعْرَکہ پڑنا : [ار - محاورہ] لڑائی ہونا - جنگ ہونا -
مَعْرَکہ جھیلنا : [ار - محاورہ] لڑائی کرنا - مقابلہ کرنا -
مَعْرَکہ جیتنا : [ار - محاورہ] مقابلہ میں فتح حاصل کرنا - لڑائی میں غالب آنا -
مَعْرَکہ سر کرنا : [ار - محاورہ] مقابلے میں فتح حاصل کرنا -
مَعْرَکہ سر ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "معرکہ سر کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
مَعْرَکہ کا : [ار - صف] مشکل - دشوار - بھاری - دھوم دھام کا -
مَعْرَکہ گاہ : [عف - امث] لڑائی کی جگہ - میدان جنگ -
مَعْرَکہ گرم ہونا : [ار - محاورہ] لڑائی کا زوروں پہ ہونا - سخت ہنگامہ پڑنا -
مَعْرَکہ گزرنا : [ار - محاورہ] جھگڑا ہونا - مقابلہ ہونا -
مَعْرَکہ گیر : [عف - صف] (۱) لڑائی کرنے والا - کشتی گیر (۲) بازی گر -
مَعْرَکہ مارنا : [ار - محاورہ] مقابلے میں کامیابی حاصل کرنا -
مَعْرَکہ ہونا : [ار - محاورہ] ہنگامہ ہونا - لڑائی ہونا - مقابلہ ہونا -
مَعْرُوض : [ع - صف] (۱) عرض کیا گیا - پیش کیا گیا (۲) (مث) التماس - عرض - گزارش - درخواست -
مَعْرُوضَہ : [ع - امذ و مث] (۱) عرضی - عریضہ - گزارش (۲) معروض کی تانیث

مُعَروضی: [ع۔ صف] خارجی۔ واقعی۔ انگریزی لفظ OBJECTIVE کا ترجمہ
مَعروضیت: [ع۔ امث] "اصطلاحِ فلسفہ" یہ نظریہ کہ خارجی اشیا کا علم مقدم اور حقیقی ہے (انگریزی لفظ OBJECTIVISM کا ترجمہ)
مَعرُوف: [ع۔ صف] (۱) مشہور۔ معلوم۔ ظاہر۔ الم نشرح (۲) نیکی۔ نیک بات (۳) علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو جیسے ناصر نے کریم سے کہا (۴) وہ واو جس کے پہلے پیش ہو اور خوب کھینچ کر پڑھا جائے۔ جیسے نُور، حُور (۵) وہ "ی" جس کے پہلے کسرہ ہو اور خوب کھینچ کر پڑھی جائے۔ جیسے وزیر۔ نظیر (۶) وہ حدیث جس کی روایت مخالف اس حدیث کے ہو جسے ثقات نے روایت کیا ہو۔
مُعِزّ: [ع۔ صف] عزت دینے والا خدا تعالیٰ۔ ایک عباسی اور ایک فاطمی خلیفہ۔
مُعزِّ الیہ: [ع۔ صف] دیکھیے "معزی الیہ" جو صحیح ہے
مُعزَّز: [ع۔ صف] عزت دار با وقعت۔ بزرگ بڑا۔ بڑا شریف
مَعزُول: [ع۔ صف] موقوف کیا گیا۔ نوکری سے برطرف کیا گیا تخت یا گدی سے اتارا گیا۔ بے کار کیا ہوا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مَعزُولی: [ع ف۔ امث] دیکھیے "معزول" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مَعزِی: [ع۔ صف] منسوب
مَعزِی الیہ: [ع۔ صف] جس سے منسوب ہو۔ منسوب الیہ
مُعَسکَر: [ع۔ امذ] لشکر اترنے کی جگہ۔ لشکرگاہ۔ چھاؤنی۔ کیمپ
مَعشَر: [ع۔ امذ] (۱) عزیزوں کا گروہ (۲) سوسائٹی (۳) گروہ
مُعَشَّر: [ع۔ صف] دس سے منسوب (۲) دس پہلوؤں کی شکل (۳) نظم کی ایک قسم۔
مَعشُوق: [ع۔ امذ] جس پر کوئی عاشق ہو۔ محبوب۔ پیارا۔ دلبر دلربا
مَعشُوقانہ: [عف۔ صف] (۱) دیکھیے "معشوق" جس سے یہ منسوب ہے (۲) دلفریب۔ دلکش۔
مَعشُوقانہ انداز: [عف۔ صف] دل لبھانے والی ادائیں
معشوق پن / پنا: [ا ر۔ امذ] دلربائی۔ معشوق ہونے کی کیفیت
معشُوقہ: [ع۔ امث] دیکھیے "معشوق" جس کی یہ تانیث ہے
معشُوقی: [عف۔ امث] (۱) دلفریبی۔ دلبری۔ دلربائی۔ محبوبیت (۲) دوستی۔ محبت۔
معشُوقیت: [ع امث] دیکھیے "معشوقی"
مُعَصفَر: [ع۔ صف] کسم سے رنگا ہوا
مُعَصفَری: [ع ف۔ صف] زرد سرخ۔
مَعصُوم: [ع۔ صف] (۱) بے گناہ۔ بے قصور۔ پاک دامن (۲) نمنّھ کمسن بچہ (۳) بھولا۔ سیدھا سادہ۔
مَعصُومی: [ع ف۔ امث] دیکھیے "معصوم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مَعصُومیت: [عف۔ امث] دیکھیے "معصومی"
مَعصِیَت: [ع۔ امث] (۱) گناہ۔ قصور۔ خطا پاپ۔ (۲) نافرمانی۔ انحراف
مُعطَّر: [ع۔ صف] خوشبودار۔ خوشبو میں بسا ہوا۔

مُعَطَّل: [ع صف] (۱) بے کار۔ کام سے خالی (۲) سست۔ کاہل۔ ڈھیلا (۳) نکما (۴) کچھ دنوں کے لیے بیکار (۵) بنجر۔ غیر مزروعہ۔ افتادہ زمین
مُعَطَّل ڈال رکھنا: [ا ر۔ محاورہ] بیکار رکھنا۔ کسی کام میں نہ لانا
مُعَطَّل کرنا: [ا ر۔ محاورہ] کچھ عرصہ کے لیے کام سے ہٹا دینا۔
مُعَطَّل ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "معطل کرنا" جس کا یہ لازم ہے
مُعَطَّلی: [عف۔ امث] دیکھیے "معطل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مَعطُوف: [ع صف] (۱) پھیرا گیا پلٹا ہوا۔ موڑا ہوا۔ جھکایا گیا (۲) [نحو] نحو میں وہ کلمہ جو حرفِ عطف کے بعد واقع ہو
مَعطُوف عَلَیہ: [ع۔ صف] وہ کلمہ یا کلام جو حرفِ عطف سے پہلے واقع ہو
مُعطِی: [ع۔ صف] (۱) عطا کرنے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام۔
مُعطیٰ لَہٗ: [ع صف] وہ جس کے لیے کچھ عطا کیا گیا ہو۔
مُعَظَّم: [ع۔ صف] بزرگی دیا گیا۔ بزرگ۔ بڑا شریف واجب التعظیم۔
مُعَظَّمہ: [ع۔ امث] دیکھیے "معظم" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُعَقَّد: [ع۔ صف] پیچیدہ۔
مَعقُول: [ع۔ صف] (۱) عقل دیا گیا عقل میں لایا گیا (۲) قرینِ عقل۔ پسندیدہ عقل (۳) مناسب۔ واجب۔ ٹھیک۔ بجا۔ درست (۴) اچھا بھلا۔ پسندیدہ (۵) مہذب۔ فہمیدہ شائستہ (۶) قابل۔ لائق (۷) حسبِ اطمینان خاطر خواہ (۸) موزوں۔ زیبا۔ شایان۔ جچتا ہوا (۹) کافی (۱۰) قائل۔ ماننے والا (۱۱) مقابلے سے عاجز۔ بند۔ لاجواب (۱۲) وہ جو حواسِ پنجگانہ سے محسوس نہ ہو (۱۳) طنزاً کیا خوب (۱۴) فلسفہ۔ منطق۔
مَعقُول آدمی: [عف۔ امذ] مہذب۔ شائستہ انسان۔ سمجھ دار آدمی۔
مَعقُول تنخواہ: [عف۔ امذ] کافی تنخواہ۔ اچھا مشاہرہ
مَعقُول کرنا: [ا ر۔ محاورہ] قائل کرنا۔ لاجواب کرنا۔ عاجز کرنا
معقول می شوند چو معزول می شوند: [ف۔ مثل] جب لوگ اپنے عہدے سے ہٹا دیے جاتے ہیں تو انہیں عقل آجاتی ہے۔
مَعقُولات: [ع۔ امث] (۱) معقول کی جمع (۲) حکمت و فلسفہ و منطق کی کتابیں۔
مَعقُولی: [ع۔ صف] منطقی۔ فلسفی۔
معقولیت: [ع۔ امث] انسانیت۔ سمجھ۔ بوجھ۔ پسندیدگی۔ مناسبت۔
مَعکُوس: [ع۔ صف] الٹا۔ اوندھا۔ ٹیڑھا۔
مُعَلَّق: [ع۔ صف] لٹکا ہوا۔ آویزاں۔ لٹکایا ہوا۔
مُعَلَّقہ: [ع۔ صف۔ مث] (۱) معلق کی تانیث (۲) وہ عورت جس کو شوہر نہ طلاق دے اور نہ اس سے تعلق قائم رکھے۔
مَعلَم: [ع۔ امذ] علامت۔ نشانی (۲) دنیا۔ جہان (مجازاً)
مُعَلِّم: [ع۔ امذ] (۱) علم سکھانے والا۔ استاد۔ مدرس۔ ادیب۔ گرو (۲) ملاح (۳) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں وہ شخص جو حج وغیرہ میں لوگوں کو دعائیں پڑھاتا ہے۔
مُعَلِّمُ الملکوت: [ع۔ امذ] فرشتوں کا استاد شیطان جس کی نسبت

مشہور ہے کہ وہ مردود ہونے سے قبل فرشتوں کو تعلیم دیتا تھا۔

مُعَلِّمِ اَوّل : [عف - امذ] حکیم ارسطو کا لقب جس نے سب سے پہلے علم حکمت کو تحریر میں لانے کا کام کیا تھا۔

مُعَلِّمِ ثانی : [عف - امذ] ابو نصر فارابی کا لقب جس نے ارسطو کی کتب حکمت کا عربی میں ترجمہ کرکے تعلیم دینا شروع کیا۔

مُعَلِّمِ ثالِث : [عف - امذ] شیخ بو علی سینا کا لقب جس نے فارابی کے بعد سو کتابیں تصنیف کی تھیں۔ (فلسفہ)۔

مُعَلِّم گری / گیری : [عف - امث] بچوں کو پڑھانے کا پیشہ

مُعَلِّمَہ : [ع - امث] دیکھیے "معلم" جس کی یہ تانیث ہے۔

مُعَلِّمی : [عف - امث] دیکھیے "معلم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مُعْلِن : [ع - صف] اعلان کرنے والا

مُعْلِنَہ : [ع - امث] دیکھیے "معلن" جس کی یہ تانیث ہے

مَعْلُول : [ع - صف] (۱) علت بنایا گیا۔ وہ شے جس کا کوئی باعث یا سبب ہو۔ وہ چیز جسے علت یا اسباب سے ثابت کریں (۲) نتیجہ۔ پھل۔ ثمرہ

مَعْلُوم : [ع - صف] (۱) جانا گیا۔ تمیز کیا گیا (۲) ظاہر۔ روشن۔ واضح۔ نمودار (۳) مشہور۔ معروف (۴) ناممکن۔ دشوار۔ جیسے۔ ان تک رسائی معلوم۔

مَعْلُوم دینا : [ار - محاورہ] نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ سوجھنا۔

مَعْلُوم کرنا : [ار - محاورہ] دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔ پتا چلانا (۲) سمجھنا جاننا۔ خیال میں لانا (۳) پہچاننا۔ تمیز کرنا (۴) تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ جانچنا۔ امتحان کرنا۔

مَعْلُوم ہونا : [ار - محاورہ] ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا (۲) دکھائی دینا۔ نظر آنا۔ سوجھنا (۳) تمیز ہونا۔ شناخت ہونا۔ پہچان میں آنا (۴) محسوس ہونا (۵) خیال میں آنا۔ خیال گزرنا (۶) سزا ملنا (۷) دقت پیش آنا۔ خبر پڑنا۔ قدر عافیت کھلنا۔

معلومات : [ع امث] معلومہ کی جمع۔ واقفیت۔ تجربہ۔ علمی یافت محسوسات۔ علم۔

مَعْلُومَہ : [ع - صف] جانی گئی۔ جس کا حال پہلے سے معلوم ہو

مَعَالی : [ع - صف] بلندی۔ بزرگی۔

مُعَلّیٰ : [ع - صف] بلند کیا گیا۔ عالی۔ اونچا۔ بزرگ۔ معظم

مُعَلّیٰ اَلقاب : [ع - صف] بڑے القاب والا۔ عالی رتبہ۔ عالی جاہ۔

مُعَمّا : [ع امذ] (۱) مخفی۔ پوشیدہ۔ مبہم (۲) پہیلی۔ چیستان۔ وہ بات جو بطور رمز بیان کی جائے (۳) پیچیدہ بات۔ الجھا ہوا مسئلہ

مُعَمّا حل کرنا : [ار - محاورہ] (۱) پہیلی بوجھنا۔ چیستاں سمجھنا (۲) پیچیدہ یا مشکل بات سلجھانا۔

مُعَمّا کھلنا : [ار - محاورہ] پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا۔ راز افشا ہونا

مِعْمار : [ع - صف] عمارت بنانے والا۔ راج۔ مستری۔

مِعْماری : [ع - امث] دیکھیے "معمار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مُعَمَّر : [ع - صف] عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ بڑی عمر کا۔ کہن سال۔

مَعْمَل : [ع - امذ] عمل کرنے کی جگہ۔ تجربہ گاہ۔ انگریزی LABORATORY کا ترجمہ۔

مَعْمُور : [ع - صف] بھرا ہوا۔ لبریز (۲) آباد۔ بسا ہوا (۳) بند۔ مقفل۔

مَعْمُور کرنا : [ار - محاورہ] بھرنا (۲) آباد کرنا۔ بسانا (۳) بند کرنا۔ بھیڑنا۔

مَعْمُورَہ : [ع - امذ] آبادی۔ بستی (۲) مزروعہ زمین۔ کاشت شدہ زمین۔

مَعْمُوری : [عف - امث] دیکھیے "معمور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَعْمُول : [ع - صف] (۱) عمل کیا گیا (۲) وہ شخص جس پر عمل کیا گیا ہو (۳) وہ بات جو روزمرہ کی جائے (۴) رواج۔ دستور۔ قاعدہ۔ سررشتہ۔

مَعْمُول باندھنا : [ار - محاورہ] دستور مقرر کرنا۔ رویہ اختیار کرنا۔ قاعدہ باندھنا۔

مَعْمُول بموجب : [عف - متعلق فعل] قاعدے کے مطابق۔ دستور کے موافق۔

مَعْمُول بندھنا : [ار - محاورہ] دیکھیے "معمول باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مَعْمُول پڑنا : [ار - محاورہ] کسی کام کے کرنے کی عادت ہو جانا۔ روز کی عادت ہونا

مَعْمُول سے : [ار - متعلق فعل] معمول کے موافق۔ حسب دستور۔

مَعْمُول سے ہونا : [ار - محاورہ] حیض سے ہونا

مَعْمُول کے دِن : [ار - امذ] حیض کے دن۔ ایام ماہواری

مَعْمُول کے دِن ٹل جانا : [ار - محاورہ] (۱) حیض کا زمانہ ٹل جانا۔ حیض نہ آنا (۲) کنایتہً پیٹ رہ جانا۔ پیٹ رہ جانے کی علامت ظاہر ہونا۔

مَعْمُولَہ : [ع - صف] (۱) معمول کی تانیث (۲) وہ وظیفہ جو نزکسب سے حاصل کیا جائے

مَعْمُولی : [عف - صف] مقررہ۔ رسمی۔ مروجہ۔ حسب عادت۔

مَعْمُولی بات : [ار - امث] رسمی بات۔ ادنیٰ بات۔

مَعْمُولی کارروائی : [ار - امث] کارروائی جو بطور رسم ہوتی ہے۔ ضابطے کی کارروائی۔ رسمی کارروائی۔

مُعَنْبَر : [ع - صف] عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا۔ معطر۔ خوشبودار۔

مُعَنْوَن : [ع - صف] (۱) عنوان کیا گیا (۲) دیباچہ کیا گیا (۳) نامزد کیا گیا۔ کسی کے نام منسوب کیا گیا۔

مَعْنَوی : [ع - صف] (۱) معنی سے منسوب (۲) اصلی۔ ذاتی۔ حقیقی۔ (۳) اندرونی۔ باطنی۔

معنوی فرزند / اولاد : [عف - امذ] روحانی اولاد۔ کنایۃً مرید، شاگرد، پیرو یا معتقد۔

مَعْنَوِیَّت : [ع - امث] دیکھیے "معنوی" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

معنیٰ / مَعْنی : [ع - امذ] (۱) مقصد۔ ارادہ۔ مدعا۔ مطلب۔ منشا۔ مراد (۲) سبب۔ وجہ۔ باعث (۳) اصلیت۔ ماہیت۔ حقیقت (۴) معنی کی اردو جمع۔

مَعنی اُلٹ دینا : [ار - محاورہ] مطلب بدل دینا۔ مطلب کچھ کا کچھ کر دینا۔

مَعنی بیان کرنا : [ار - محاورہ] مطلب سمجھانا۔ ترجمہ کرنا۔

مَعنی بیگانہ : [عف امذ] وہ تازہ مضمون جو پہلے کسی نے نہ باندھا ہو۔

معنی پرور: [عف۔ صف] معنی پیدا کرنے والا۔ ماہر انشا پرداز۔
معنی پیچیدہ: [عف۔ صف] وہ مطلب جو بغیر غور و خوض کے سمجھ میں نہ آسکے۔
[illegible] خیز: [عف۔ صف] پُر معنی۔
[illegible] دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) معنی لکھنا۔ معنی بیان کرنا (۲) دلالت کرنا۔ جتانا
[illegible] رکھنا: [ار۔ محاورہ] مطلب رکھنا۔ ظاہر کرنا۔
[illegible]: [ار۔ متعلق فعل] اشارے سے۔ مطلب سے۔ وجہ سے۔
[illegible] کُھلنا: [ار۔ محاورہ] مطلب ظاہر ہونا۔
[illegible]: [ار۔ امذ] معنی اور مطلب۔
معنی مطلب: [ار۔ امذ] مطلب اور مقصود۔
معنیً / معناً: [ع۔ متعلق فعل] معنی کے اعتبار سے
مُعوذتان / مُعوذتین: [ع۔ امث] قرآن مجید کی آخری دو سورتیں یعنی سورہ الفلق اور سورہ الناس۔
مَعونت: [ع۔ امث] مدد۔ مدد کرنا
مَعہود: [ع۔ صف] (۱) عہد کیا گیا۔ بیان کیا گیا (۲) مشہور (۳) [illegible] پرانا۔ قدیم (۵) مشہور و معروف۔ نامی۔ نامور۔
مَعہودِ خارجی: [ع۔ امذ۔ بترکیب فارسی] وہ نکرہ جو کسی خاص وجہ سے ذاتِ مُعیّن پر دلالت کرے جیسے "خلیل سے حضرت ابراہیم علیہ السلام مراد لینا
مَعہودِ ذہنی: [ع۔ امذ۔ بترکیب فارسی] وہ اسم [illegible] جو ذہن [illegible] مخاطب میں معیّن ہو۔
مِعیار: [ع۔ امث] (۱) کسوٹی کھرا کھوٹا جانچنے کا [illegible] [illegible] کرنے کا آلہ (۳) اندازہ۔ پیمانہ۔ قاعدہ [illegible] پرکھ۔ جانچ۔
معیار بندی: [عف۔ امث] درجہ بدرجہ [illegible] انگریزی لفظ STANDARDIZATION کا ترجمہ)
معیاری بنانا: [ار۔ محاورہ] اعلیٰ درجہ کی بنانا (انگریزی [illegible] STANDARDIZE کا ترجمہ)
مَعِیب: [ع۔ امذ] عیب دار۔ نقص والا۔
مَعِیّت: [ع۔ امث] ساتھ۔ ہمراہی
مَعِیشت: [ع۔ امث] (۱) زندگی۔ زندگانی۔ زیست۔ حیات (۲) [illegible] (۳) روزگار۔ روزی۔
مَعِیشتِ عملی: [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] علم معاشیات کی وہ قسم جو عمل میں آئے۔ (انگریزی لفظ APPLIED ECONOMICS کا ترجمہ)
مُعِین: [ع۔ صف] (۱) اعانت کرنے والا۔ مددگار۔ معاون (۲) خدا کا نام
مُعَیّن: [ع۔ صف] (۱) معتبر کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ مقررہ۔ معہود [illegible] (۲) علم ہندسہ میں وہ شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں مگر زاویے قائمے نہ ہوں۔
مُعَیّن کرنا: [ار۔ مص مرکب] مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔
مُعَیّن ہونا: [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "معیّن کرنا" جس کا یہ لازم ہے

مُعَیّنہ: [ع۔ امث] دیکھئے "معیّن" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَعیُوب: [ع۔ صف] عیب دار (۲) بُرا۔ نکما (۳) قابل شرم۔ باعث ندامت۔

م - غ

مُغ: [ف۔ امذ] (۱) آتش پرست۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ گبر۔ مجوس (۲) کلال۔ مے فروش۔ کلار۔
مُغ بچہ: [ف۔ امذ] (۱) آتش پرست کا لڑکا (۲) کلال کا لڑکا (۳) خوبصورت لڑکا (۴) جھنگیوں کی اصطلاح میں بھنگ کا بیج۔
مَغارِب: [ع۔ امث] مغرب کی جمع
مَغازی: [ع۔ امذ] مغزی کی جمع۔ جنگی حالات۔ غازیوں کے اوصاف
مَغاک: [ف۔ امذ] غار۔ گڑھا۔ پہاڑ کی کھوہ۔
مُغالطہ: [ع۔ امذ] (۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ مکر۔ دم۔ جھانسا (۲) بھول چوک۔
مَغالطہ دینا: [ار۔ محاورہ] فریب دینا۔ غلطی میں ڈالنا۔ گمراہ کرنا۔
مغالطہ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] غلطی ڈالنا۔ شبہ ڈالنا۔
مُغائر / مغایر: [ع۔ صف] مخالف۔ ناموافق۔ غیر۔
مُغایرت: [ع۔ امث] غیریت۔ اجنبیت۔ ناموافقت۔ بیگانگی
مُغتنم: [ع۔ صف] غنیمت سمجھا گیا۔ غنیمت۔
مُغتنمہ: [ع۔ امث] دیکھئے "مغتنم" جس کی یہ تانیث ہے۔
مغرب: [ع۔ امث] (۱) سورج غروب ہونے کی جگہ۔ پچھم (۲) [illegible] غروب آفتاب کے عین بعد پڑھی جاتی ہے۔
مغرب سے آفتاب نکلنا: [ار۔ محاورہ] قیامت کی علامت ظاہر ہونا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے قریب آفتاب مغرب سے طلوع ہوگا۔
مغرب کی نماز: [ار۔ امث] وہ نماز جو عین سورج غروب ہونے کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
مغربی: [ع۔ صف] یورپی۔ مغرب کا۔ پچھم کا۔
مغربیت: [ع۔ امث] یورپ کے انداز و اطوار۔
مُغرَق: [ع۔ صف] (۱) پانی میں ڈوبا ہوا (۲) جگمگاتا ہوا (۳) سونے چاندی میں لپا ہوا۔
مُغرِق: [ع۔ صف] (۱) ڈوبا ہوا (۲) اغراق کیا ہوا۔ مبالغہ کیا ہوا۔
مغرور: [ع۔ صف] متکبر۔ خودپرست۔ گھمنڈی۔
مغرور ہونا: [ار۔ محاورہ] غرور کرنا۔ اترانا۔ شیخی میں آنا لغوی معنی فریب خوردہ
مغروری: [عف۔ امث] دیکھئے "مغرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مغز: [ف۔ امذ] (۱) دماغ۔ بھیجا (۲) گری۔ گودا۔ کسی چیز کا اندرونی حصہ (۳) [illegible] عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ فراست (۴) جڑ۔ انجام۔ اصل (۵) تکبر۔ غرور۔ دماغ۔
مغز اُڑا جانا: [ار۔ محاورہ] دماغ پریشان ہونا۔

مغز اڑانا: [ار - محاورہ] دماغ پریشان کرنا۔

مغز اڑنا / اڑجانا: [ار - محاورہ] دیکھیے "مغز اڑاجانا"

مغز استخوان: [عف - امذ] ہڈی کا گودا۔

مغز بھنانا: [ار - محاورہ] دماغ چکرانا۔ تیز خوشبو یا بدبو سے دماغ پریشان ہونا۔

مغز پاش پاش کرنا: [ار - معں مرکب] مغز ٹکڑے ٹکڑے کرنا

مغز پاش پاش ہونا: [ار - معں مرکب] دیکھیے "مغز پاش پاش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مغز پچی کرنا: [ار - محاورہ] دیر تک دماغ لڑانا۔ دیر تک سمجھانا۔ بک بک کرنا۔ سر مارنا۔ بحث و تکرار کرنا۔

مغز پچی ہونا: [ار - محاورہ] دیکھیے "مغز پچی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مغز پلپلا کر دینا: [ار - محاورہ] مارتے مارتے سر پولا کر دینا۔ سر پر بہت دھپیں رسید کر دینا۔

مغز پھرنا: [ار - محاورہ] خلل دماغ ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

مغز تر ہونا: [ار - محاورہ] بات کرنا۔ بولنا۔ گویائی کی قوت ہونا۔

مغز جان تازہ ہونا: [ار - محاورہ] بہت تفریح ہونا۔

مغز چاٹنا: [ار - محاورہ] دماغ کھانا۔ بک بک کرکے دوسروں کا دماغ خالی کر دینا۔ جان کھانا۔ باتوں سے دق کرنا۔

مغز چٹ: [ار - صف] بکی۔ بکواسی۔ فضول باتوں سے دوسرے کا دماغ پریشان کرنے والا۔

مغز چٹی: [ار - امث] بکواس۔ بک بک۔ جھک جھک۔

مغز چل جانا: [ار - محاورہ] (۱) دیوانہ ہوجانا (۲) مغرور ہوجانا۔

مغز خالی کرنا: [ار - محاورہ] کسی کو دیر تک سمجھاتے جانا۔ سر مارنا۔

مغز خالی ہونا: [ار - محاورہ] دیکھیے "مغز خالی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مغز دار: [عف - صف] (۱) گودے دار (۲) چرب اور فصیح۔

مغز روشن: [ار - امث] کنایۃً نسوار۔

مغز زنی کرنا: [ار - معں مرکب] سر کھپانا۔ دماغ لڑانا۔

مغز سخن: [عف - امذ] بات کی تہ۔ کلام کی حقیقت۔

مغز سے اتارنا: [ار - محاورہ] مغز سے نہایت عمدہ بات نکالنا۔

مغز سے دماغ خالی ہونا: [ار - محاورہ] کم عقل ہونا۔ بیوقوف ہونا۔

مغز سے کیڑے جھاڑنا: [ار - محاورہ] مغرور کا غرور نکالنا۔ سر پر جوتے مارنا۔

مغز سے نکالنا: [ار - محاورہ] دیکھیے "مغز سے اتارنا"

مغز کا: [ار - صف] اچھے دماغ کا۔ سمجھدار۔ عالی دماغ۔

مغز کو چڑھنا: [ار - محاورہ] (۱) نشہ کا دماغ پر اثر ہونا (۲) اترا جانا۔ مغرور ہونا (۳) پاگل ہوجانا۔

مغز کھا جانا / کھانا: [ار - محاورہ] بک بک سے دماغ چاٹ جانا۔ غل مچانا۔ شور کرنا۔

مغز کھپانا: [ار - محاورہ] سمجھانے کی کوشش کرنا۔

مغز کے کیڑے اڑانا: [ار - محاورہ] بکواس کرکے دماغ پریشان کرنا۔

مغز کے کیڑے اڑجانا: [ار - محاورہ] دیکھیے "مغز کے کیڑے اڑانا" جس کا یہ لازم ہے

مغز کے کیڑے جھاڑنا: [ار - محاورہ] سزا دینا۔ مزاج درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔ غرور مٹا دینا۔

مغز کے کیڑے جھڑنا: [ار - محاورہ] دیکھیے "مغز کے کیڑے جھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مغز کی کیل نکل جانا: [ار - محاورہ] جوش جوانی کم ہوجانا۔ شہوت فرو ہونا۔ ولولۂ شباب جاتا رہنا۔

مغز کی کیل نکلنا: [ار - محاورہ] غرور ختم ہونا۔ گھمنڈ مٹ جانا۔

مغز مارنا: [ار - محاورہ] کوشش کرنا۔ سر کھپانا

مغز میں کیڑا ہونا: [ار - محاورہ] بڑا خبطی ہونا۔ نہایت باتونی ہونا۔

مغزی: [ف - امث] (۱) پتلی گوٹ۔ کور (۲) ایک قسم کا سفید حلوا جس میں پستہ اور بادام ڈال کر ٹکیاں بناتے ہیں۔

مغسول: [ع - صف] غسل دیا گیا۔ دھویا ہوا۔

مغشوش: [ع - صف] (۱) کھوٹا (۲) دغاباز۔ دھوکے باز۔ ریاکار۔ بے وفا۔

مغصوب: [ع - صف - مفعولی] غصب کیا ہوا۔ چھینا ہوا۔

مغضوب: [ع - صف] زیر عتاب۔ جس پر غصہ ہو۔

مغفر: [ع - امذ] (۱) لوہے کی جالی جو خود کے اندر پہنی جاتی ہے (۲) خود۔ لوہے کا ٹوپ جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔

مغفرت: [ع - امث] بخشش۔ نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ خلاصی۔

مغفور: [ع - صف] مغفرت کیا گیا۔ بخشا گیا۔ جنتی۔ بہشتی۔

مغل: [ف - امذ] تاتاریوں کا ایک قبیلہ۔ منگولی۔

مغل بے مغل تیرے سر پر کولھو: [ار - مثل] بے تکی بات۔

مغل پٹھان: [ار - امذ] ایک کھیل جو خانے کھینچ کر سولہ کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔

مغل پٹھان لڑنا: [ار - محاورہ] (۱) زبردست دشمنوں میں جنگ ہونا (۲) پکتی ہوئی ہنڈیا میں کھدبد ہونا۔

مغلا: [ف - امذ] دیکھیے "مغل" جس کی یہ تصغیر ہے۔

مغلانی: [ار - امث] (۱) مغل کی تانیث (۲) درزن۔ کپڑے سینے والی عورت خاص کر اس عورت کو کہتے ہیں جو خواتین مغلیہ کے خاص وضع اور تراش کے کپڑے سیا کرتی تھی (۳) محل سراؤں میں رہنے والی خادمہ۔ ملازمہ۔ ماما

مغلائی: [ف - صف] مغلوں کی طرز۔ مغلوں کی طرز و روش کی چیز۔

مغلظ: [ع - صف] (۱) گاڑھا۔ موٹا۔ سخت (۲) گندہ۔ ناپاک۔

مغلظ: [ع - صف] گاڑھا کرنے والا۔

مغلظات: [ع - امث] فحش گالیاں۔ فحش باتیں [افعال: بکنا۔ سنانا]

مغلق: [ع - صف] (۱) بند کیا گیا۔ بند کیا ہوا۔ مقفل۔ (۲) دقیق۔ مشکل۔ دوراز فہم۔

مغلم: [ع - صف] اغلام کرنے والا۔ لوطی۔ لونڈے باز۔

مغلوب: [ع - صف] (۱) غلبہ کیا گیا۔ ہارا ہوا۔ مفتوح۔ شکست خوردہ (۲) دبا ہوا۔ عاجز۔ زیر [افعال: کرنا۔ ہونا]

مَغلُوبُ الحَال : [ع - ف - صف] مجذوب ۔
مَغلُوبُ الغَضَب : [ع - صف] وہ جو جلد غصے میں آجائے ۔ تیز مزاج ۔ تندمزاج ۔
مَغلُوبِیَّت : [ع - امث] دیکھئے "مغلوب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَغلُوط : [ع - صف] غلط کیا گیا ۔
مَغلُوق : [ع - صف مفعولی] دروازہ بند کیا گیا ۔
مَغلُول : [ع - صف] جس کی گردن میں طوق ڈالا گیا ہو ۔
مُغلَئی : [ف - امث] دیکھئے "مغل" جس سے یہ منسوب ہے ۔
مُغلَئی پھوڑا : [ار - اند] ایک قسم کا پھوڑا ۔ خطرناک اورنگ زیبی پھوڑا ۔
مُغلَئی ٹوپی : [ار - امث] ایک قسم کی گوشہ دار ٹوپی ۔
مُغلَئی ہاڑ : [ار - امث] زبردست ہڈی ۔ چوڑی چکلی ہڈی ۔
مُغلی : [ف - صف] (۱) دیکھئے "مغل" جس سے یہ منسوب ہے (۲) (امث) پسلی کا خلل ۔ ایک قسم کی بیماری جو بچوں کو ہوتی ہے ۔
مُغلی بیماری : [ار - امث] بچوں کا وہ مرض جس میں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں ۔
مُغلِیہ : [ف - صف] مغل خاندان سے منسوب ۔
مُغَمّ : [ار - صف - ق] مغموم ۔
مَغمُوم : [ع - صف] غمگین ۔ رنجیدہ ۔ ملول ۔ دلگیر ۔ آزردہ ۔ غم زدہ ۔ اداس فکرمند ۔ پریشان ۔
مُغنِی : [ع - صف] (۱) بے نیاز کر دینے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام
مُغَنِّی : [ع - صف] گانے والا ۔ گویا ۔ ڈوم ۔ میراثی
مُغَنِّیَہ : [ع - صف - مث] دیکھئے "مُغَنِّی" جس کی یہ تانیث ہے
مُغوَل : [ع - اند] دیکھئے "مغل"
مُغوِی : [ع - صف] گمراہ کرنے والا ۔ اغوا کرنے والا ۔
مُغوِیہ : [ع - صف - مث] (۱) "مغوی" کی تانیث
مَغوِیہ : [ع - صف - مث] اغوا شدہ ۔ وہ عورت جسے اغوا کیا گیا ہو ۔
مُغیلان : [ع - اند] اُم غیلان کا مخفف ۔ کانٹے دار پیڑ کیکر ۔ ببول ۔

م - ف

مَفَاتِح : [ع - امث] دیکھئے "مفتاح" جس کی یہ جمع ہے
مُفَاجَات : [ع - صف] اچانک ۔ یکایک ۔ ناگہاں آنے والی ۔
مُفَاخَرَت : [ع - امث] بڑائی ۔ شیخی ۔ لاف زنی ۔ ڈینگ ۔ فخر ۔ ناز ۔ گھمنڈ
مَفَاد : [ع - اند] (۱) فائدہ ۔ نفع (۲) فائدہ کی جگہ (۲) فائدہ دیا گیا (بضم میم)
مَفَاد پَرَست : [ع ف - صف] مطلبی ۔ خود غرض ۔ اپنے فائدہ سے کام رکھنے والا ۔
مَفَاد پَرَستی : [ع ف - امث] دیکھئے "مفاد پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مُفَارَقَت : [ع - امث] جدائی ۔ فرقت ۔ علیحدگی
مَفَاسِد : [ع - امث] دیکھئے "مفسدہ" جس کی یہ جمع ہے ۔
مَفَاصِل : [ع - امث] دیکھئے "مفصل" جس کی یہ جمع ہے
مُفَاصَلَہ : [ع - اند] باہمی فرق ۔ دوری ۔ مسافت (۲) وقفہ ۔ دیر ۔ عرصہ ۔
مَفَالِیج : [ع - صف] دیکھئے "مفلوج" جس کی یہ جمع ہے ۔
مَفَالِیس : [ع - صف] دیکھئے "مفلس" جس کی یہ جمع ہے ۔
مُفَاوَضَت : [ع - امث] سپرد کرنا ۔ ایک دوسرے کو سونپنا ۔
مُفَاوَضَہ : [ع - اند] (۱) دیکھئے "مفاوضت" (۲) وہ خط جو بڑے کی طرف سے چھوٹے کو لکھا جائے ۔
مُفت : [ف - صف] (۱) بلاقیمت ۔ بن داموں ۔ بے عوض (۲) ناحق ۔ بے فائدہ لاحاصل (۳) ضائع ۔ اکارت ۔ رائگاں (۴) بلاسبب ۔ بے وجہ ۔ بے قصور (۵) بے محنت ۔ بلا مشقت ۔
مُفت آنا : [ار - محاورہ] بلاقیمت حاصل ہونا ۔ بن داموں مل جانا ۔
مُفت بَر : [ف - صف] (۱) بلاقیمت لے جانے والا ۔ مفت خورا (۲) لٹیرا ۔
مُفت بَری : [ف - امث] دیکھئے "مفت بر" جس کا اسم کیفیت ہے ۔
مُفت بہا دینا : [ار - محاورہ] قیمتی چیز سستی بیچ ڈالنا ۔
مُفت بھی نہ پوچھنا : [ار - محاورہ] نہایت بے قدری کرنا ۔
مُفت جان جانا : [ار - محاورہ] ناحق مارا جانا ۔
مُفت خدا / مَولیٰ : [ف - صف] خدا واسطے ۔ بیکار ۔
مُفت خور / خورا : [ف - صف] بلا اُجرت و محنت کھانے والا ۔
مُفت خوری : [ف - امث] دیکھئے "مفت خورا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مُفت دینا : [ار - محاورہ] بے قیمت دینا ۔
مُفت راچہ گُفت : [ف - مقولہ] جو چیز مفت ملے اس میں کیا کلام
مُفت سِتاں : [ف - صف] مفت لے جانے والا
مُفت سِتانی : [ف - امث] دیکھئے "مُفت ستاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مُفت کا : [ار - صف] بے فائدہ ۔ خوامخواہ ۔
مُفت کا دردِ سر : [ار - اند] بے فائدہ تکلیف ۔
مُفت کا شکار ہے : [ار - محاورہ] بے مشقت حاصل ہو جانے والی چیز ہے ۔
مُفت کَرَم داشتن : [ف - مثل] خوامخواہ احسان جتانا ۔
مُفت کی : [ار - صف - مث] دیکھئے "مفت کا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مُفت کی ٹھائیں ٹھائیں : [ار - امث] بے کار جھگڑا ۔
مُفت کی شراب : [ار - امث] بے داموں چیز ۔ بلاقیمت مال
مُفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے : [ار - مثل] مفت کی چیز حاصل کرنے میں باشرع آدمی بھی جائز و ناجائز کا خیال نہیں کرتا ۔
مُفت گنہگار کرنا : [ار - محاورہ] خوامخواہ جھگڑے میں پھنسا دینا ۔
مُفت میں : [ار - صف] (۱) بے قیمت ۔ بلا اجرت ۔ یونہی ۔ بن داموں (۲) ناحق ۔ بلاسبب (۳) بیکار میں (۴) ضائع ۔ اکارت ۔
مُفت ہاتھ لگنا : [ار - محاورہ] بلا داموں حاصل ہونا ۔ بغیر محنت و مشقت کے ملنا ۔
مِفتَاح : [ع - امث] کنجی ۔ چابی ۔ تالی ۔
مُفتَتِح : [ع - صف] (۱) فتح کرنے والا ۔ جیتنے والا ۔ فاتح (۲) کھولنے والا ۔

وہ دوا جو سُدّے خارج کرے۔

مُفَتِّحَات: [ع۔ امث] وہ دوائیں جو پتھری، سدے کو گھلا دیتی ہیں۔

مُفتَخِر: [ع۔ صف] فخر کرنے والا۔ شیخی باز۔ ڈینگیا۔ لاف زن۔

مُفتَخِر کرنا/فرمانا: [ار۔ محاورہ] فخر عطا کرنا۔ عزت بخشنا۔

مُفتَرَض: [ع۔ صف] فرض کیا گیا۔

مُفتَرَضات [ع۔ اند و مث] وہ چیزیں جو فرض کی گئی ہوں۔

مُفتَرِی: [ع۔ صف] (۱) افترا پرداز۔ الزام رکھنے والا۔ بہتان لگانے والا۔ (۲) شریر۔ مفسد۔ دغاباز۔ فریبی

مُفَتِّش: [ع۔ صف] تفتیش کرنے والا۔ دریافت کرنے والا۔

مُفتَقِر: [ع۔ صف] فقیر۔ کنگال۔ غریب۔ محتاج

مَفتُوح: [ع۔ صف] (۱) کھولا گیا (۲) فتح کیا گیا۔ جیتا گیا (۳) وہ حرف جس پر زبر ہو۔

مَفتُوحَہ: [ع۔ صف۔ مث] دیکھیے "مفتوح" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَفتُون: [ع۔ صف] (۱) فتنے میں ڈالا ہوا (۲) مبتلا۔ شیدا۔ فریفتہ۔ عاشق [افعال: کرنا۔ ہونا]

مُفتی: [ع۔ اند] فتویٰ دینے والا۔ حاکم شرع۔ فقیہہ

مُفتیٰ بہٖ: [ع۔ صفت مفعولی] جس سے فتویٰ دیا جائے۔ مدار فتویٰ۔

مُفتَخَر: [ع۔ اند] قابل فخر۔ جس پر فخر کیا جا سکے۔ مایۂ ناز۔

مُفتَخِر: [ع۔ صف] فخر کا باعث۔ معزز۔

مُفَخَّم: [ع۔ صف] بزرگ رکھا گیا۔ بزرگ

مَفَر: [ع۔ اند و مث] (۱) بھاگنے کی جگہ۔ جائے فرار (۲) چارہ کار۔

مُفَرِّح: [ع۔ صف] (۱) فرحت دینے والا۔ خوش کرنے والا۔ فرحت بخش (۲) اصطلاح طب میں وہ دوا جو طبیعت کو فرحت دے

مُفَرِّحِ قلب: [ع۔ ف۔ صف] وہ دوا جو دل کو فرحت دے۔

مُفَرِّحَات: [ع۔ صف] دل کو فرحت دینے والی چیزیں۔

مُفرَد: [ع۔ صف] (۱) تنہا۔ اکیلا۔ علیحدہ (۲) واحد۔ ایک (۳) غیر مرکب (۴) یگانہ۔ یکتا۔

مُفرَدَات: [ع۔ صف] دیکھیے "مفردہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) مفرد ادویہ جو مرکب نہ ہوں (۳) حروف تہجی جب الگ الگ لکھے جائیں (۴) وہ کتاب جس میں مفرد دواؤں کا حال درج ہو۔ امام راغب اصفہانی کی تفسیر قرآن کا نام۔

مُفرَدَہ: [ع۔ صف] دیکھیے "مفرد" جس کی یہ تانیث ہے۔

مُفَرَّس: [ع۔ صف مفعولی] غیر زبان کا لفظ جو فارسی بنا لیا گیا ہو۔

مُفرِط: [ع۔ صف] بہت زیادہ۔ افراط سے۔ کثرت سے۔

مَفرُور: [ف۔ صف] بھاگا ہوا۔ فراری۔ رُوپوش۔ وہ شخص جو کوئی جرم کر کے بھاگ جائے۔

مَفرُوری: [عف۔ امث] دیکھیے "مفرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَفرُوش: [ع۔ صف] بچھایا گیا۔

مَفرُوض: [ع۔ صف] فرض کیا گیا۔ مانا گیا۔ قیاسی۔

مَفرُوضہ: [ع۔ صف] فرض کیا ہوا۔ قیاسی۔

مَفرُوق: [ع۔ صف] (۱) فرق کیا گیا۔ جدا کیا گیا (۲) وہ عدد جسے کسی عدد میں سے تفریق کیا گیا ہو۔

مَفرُوق مِنہٗ: [ع۔ صف] وہ عدد جس میں سے کوئی عدد تفریق کیا گیا ہو۔

مُفسِد: [ع۔ صف] (۱) فساد کرنے والا۔ خرابی ڈالنے والا۔ جھگڑالو (۲) باغی۔ بغاوت کرنے والا (۳) لوگوں کو آپس میں لڑانے والا۔

مُفسِدانَہ: [عف۔ صف] مفسدین کی مانند۔ فسادیوں کی طرح۔ فتنہ پردازوں کی طرح۔ باغیانہ۔

مَفسَدَہ: [ع۔ اند] تباہی۔ فساد۔ جھگڑا۔ غدر۔ بلوا۔ ہنگامہ۔

مَفسَدَہ اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] جھگڑا کھڑا کرنا۔ فساد برپا کرنا۔

مَفسَدَہ برپا کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "مفسدہ اٹھانا"

مَفسَدَہ پَرداز: [عف۔ صف] فسادی۔ جھگڑالو۔ فتنہ انگیز۔

مَفسَدَہ پَردازی: [ع۔ ف۔ امث] دیکھیے "مفسدہ پرداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مُفَسِّر: [ع۔ صف] تفسیر کرنے والا۔ شارح، مسلمانوں کی اصطلاح میں کلام مجید کے معنی اور مطلب بیان کرنے والا۔

مَفصِل: [ع۔ اند] بدن کا جوڑ۔ اعضا کا جوڑ۔

مُفَصَّل: [ع۔ صف] تفصیل کیا گیا۔ صاف۔ واضح۔ کھول کر بیان کیا گیا۔

مُفَصَّلات: [ع۔ اند] شہر کے ارد گرد کے قصبات اور دیہات۔

مُفَصَّلَہ: [ع۔ صف] دیکھیے "مُفَصَّل" جس کی یہ تانیث ہے۔

مُفَصَّلَہ ذَیل: [ع۔ صف] وہ چیزیں جن کی تفصیل نیچے لکھی گئی ہو

مُفطِر: [ع۔ صف] روزہ توڑنے والا۔ روزہ کھولنے والا۔

مَفعُول: [ع۔ صف] (۱) فعل کیا گیا۔ وہ اسم جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو (۲) برا کام کرانے والا۔ اغلام کرانے والا۔

مَفعُول بِہٖ: [ع۔ اند] وہ مفعول جس پر فاعل کا کوئی کام واقع ہوا ہو۔

مَفعُولِ ثانی: [ع۔ اند] فعل کا دوسرا مفعول جیسے کریم نے پنسل سے کاغذ پر لکھا۔ اس میں کاغذ مفعول ثانی ہے۔

مَفعُول فِیہ: [ع۔ اند] وہ مفعول جو وقوع فعل کے مکان یا زمانے پر دلالت کرے۔

مَفعُول لَہٗ: [ع۔ اند] وہ جو فاعل کے کام کرنے کا سبب ہو۔

مَفعُول مالَم یُسَمَّ فاعِلُہٗ: [ع۔ اند] وہ مفعول جو فاعل کا قائم مقام ہو۔

مَفعُولِ مُطلَق: [ع۔ اند] وہ حاصل مصدر جو بطور مفعول کے فعل کے ساتھ مذکور ہو۔

مَفعُول مَعَہٗ: [ع۔ اند] وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہ کا شریک حال ہو۔

مَفعُول مِنہ: [ع۔ اند] وہ مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے۔

مَفقُود: [ع۔ صف] کھویا ہوا۔ غائب۔ ناپید۔ ندارد۔

مَفقُودُ الخَبَر: [ع۔ اند] وہ شخص جس کی کچھ خبر نہ ہو۔ بے پتہ۔

مَفقُود ہونا: [ار۔ محاورہ] غائب ہونا۔ بے پتہ ہونا۔ ناپید ہونا۔

مُفَکِّر: [ع۔ صف] فکر کرنے والا۔ سوچنے والا۔

مَفلَر: [انگ۔ اند] (MUFFLER) (۱) گلوبند۔ گلوپوش (۲) کوئی چیز جس سے آواز دب جائے۔

مُفلِس: [ع۔ صف] غریب۔ کنگال۔ محتاج۔ نادار۔ فقیر۔ بے زر۔

مُفلِس بنا دینا: [ار۔ محاورہ] غریب کر دینا۔ محتاج کر دینا۔

مُفلِس سے سوال حرام ہے: [ار۔ مثل] غریب کو تکلیف دینا ناجائز ہے۔

مُفلِس کا مال :[ار-اند] سستا مال۔ ارزاں سامان۔
مُفلِس بیگ :[ار-اند] ننگا۔ بھوکا۔ نہایت محتاج۔ کنگلا۔
مُفلِسی :[ف-امث] دیکھئے "مُفلس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُفلِسی آنا :[ار-محاورہ] غریبی آنا۔ محتاج ہونا۔
مُفلِسی چھانا :[ار-محاورہ] ناداری میں گرفتار ہونا۔ غریبی میں مُبتلا ہونا۔
مُفلِسی میں آٹا گیلا :[ار-مثل] ناداری میں لازمی خرچ کی صورت نکل آنا۔ تکلیف میں تکلیف۔ محتاجی میں نقصان ہوجانا۔
مُفلِسی میں شوق نبا ہنا :[ار-محاورہ] غربت میں فضول خرچی کا حوصلہ کرنا و بنگوٹی میں پھاگ کھیلنا۔
مَفلُوج : [ع-صف] وہ شخص جسے فالج کی بیماری ہو۔ فالج کا مارا ہوا۔ فالج کا مریض۔
مَفلُوک :[ع-صف] مفلس۔ تباہ حال۔ خستہ حال۔
مَفلُوکُ الحَال : [عف-صف] تباہ حال۔ خستہ حال۔
مُفَوَّض : [ع-صف] سپرد کیا ہوا۔ سونپا ہوا۔ امانت رکھا ہوا۔ (INCHARGE)
مُفَوِّض :[ع-صف] سپرد کرنے والا۔ سونپنے والا۔
مُفَوَّضَہ :[ع-امث] دیکھئے "مفوَّض" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُفَوِّضَہ .[ع-امث] دیکھئے "مفوِّض" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَفہُوم : [ع-صف] (۱) سمجھا گیا۔ جو سمجھ میں آئے (۲) (ار-اند) منشا۔ ارادہ۔
مَفہوم ہونا :[ار-مرکب] سمجھا جانا۔ خیال میں آنا۔ معلوم ہونا۔
مُفِید :[ع-صف] فائدہ مند۔ سودمند۔ فائدہ دینے والا۔
مُفید پڑنا :[ار-محاورہ] کارآمد ہونا۔ موافق آنا۔
مُفید ہونا :[ار-محاورہ] دیکھئے "مفید پڑنا"۔
مُفِیض :[ع-صف] فیض پہنچانے والا۔ فائدہ رساں۔

م - ق

مَقَابِر :[ع-اند] دیکھئے "مقبرہ" جس کی یہ جمع ہے۔
مُقَابِل : [ع-صف] (۱) سامنے والا۔ روبرو (۲) دشمن۔ مخالف۔ حریف (۳) برابر۔ مساوی (۴) نظیر۔ مثل۔ مانند۔ مطابق۔
مُقَابِل ہونا :[ار-محاورہ] لڑنے کو سامنے کھڑا ہوجانا۔ آمنا سامنا ہونا۔ بھڑ جانا (۲) گستاخی سے پیش آنا۔
مُقَابَلَہ :[ع-اند] (۱) آمنا سامنا۔ مٹھ بھیڑ (۲) برابری۔ ہمسری (۳) مخالفت۔ ضد۔ اختلاف (۴) پڑتال۔ جانچ (۵) جنگ۔ جدل۔ لڑائی (۶) بحث۔ تکرار۔ اصطلاح نجوم میں ایک ستارے کی دوسرے ستارے کی طرف ایک سو اسی درجے کے فاصلے سے نظر۔ ایک ستارے کا دوسرے ستارے کے سامنے ہونا۔
مُقَابَلَہ بدنا :[ار-محاورہ] شرط باندھ کر مقابلہ کرنا۔
مُقَابَلَہ کرنا :[ار-محاورہ] مطابقت کرنا (۲) لڑائی کرنا۔ جنگ کرنا۔
(۳) بحث کرنا۔ تکرار کرنا (۴) سامنے آنا۔ برابری کرنا (۵) گستاخی کرنا۔ (۶) جانچ پڑتال کرنا (۷) مخالفت کرنا۔ ضد کرنا (۸) دھڑا باندھنا۔
مُقَابِلے پر آنا :[ار-محاورہ] فوج کا لڑنے کے لئے سامنے آنا۔ (۲) لڑنے کو کھڑا ہونا۔ سامنے آنا (۳) مزاحم ہونا۔ سدراہ ہونا۔ معترض ہونا۔
مُقَابِلے پر کھڑا ہونا :[ار-محاورہ] (۱) الیکشن میں کسی امیدوار ممبر کے ساتھ مقابلہ کرنا (۲) لڑائی پر آمادہ ہونا۔
مُقَابَہ : [ار-اند] مقوی سے بنایا ہوا (۱) سنگاردان۔ آرائش کا صندوقچہ۔ (۲) پان دان۔
مُقَاتِل .[ع-صف] کسی کے ساتھ لڑنے والا۔ مقابلہ پر قتل کرنے والا۔
مُقَاتَلَہ :[ع-اند] قتل۔ کشت و خون۔ خون ریزی۔
مَقَادِیر .[ع-امث] دیکھئے "مقدار" جس کی یہ جمع ہے۔
مَقَادِیرِ اَبعَاد .[ع-امث] طول، عرض اور گہرائی کی مقداریں۔
مَقَادِیرِ غیر مُتَمَاثِلَہ .[ع-امث] جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں جن کے حروف مختلف ہوں۔
مَقَادِیرِ مُتَمَاثِلَہ :[ع-امث] جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں۔
مَقَادِیرِ مَجہُولَہ :[ع-امث] غیر معلوم مقداریں۔
مَقَادِیرِ مَعلُومَہ :[ع-امث] وہ مقداریں جو معلوم ہوں
مُقَارَبَت .[ع-امث] (۱) قریب آنا۔ قرب۔ قربت۔ نزدیکی (۲) صحبت۔ ہم بستری۔
مُقَارِن :[ع-صف] (۱) نزدیک۔ قریب (۲) درمیان۔ اثنا۔ دوران۔
مُقَارَنَت . [ع-امث] قرین ہونا۔ نزدیک ہونا۔ پاس ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
مَقَاصِد :[ع-اند] دیکھئے "مقصد" جس کی یہ جمع ہے۔
مَقَاطِع :[ع-اند] "مقطع" کی جمع۔
مُقَاطِع : [ع-اند] کاٹنے والا۔ قطع کرنے والا۔ کسی چیز کو اجارے اور ٹھیکے پر لینے والا۔
مُقَاطَعَہ :[ع-اند] کاٹنا۔ تعلق نہ رکھنا۔ علیحدہ علیحدہ کرنا۔
مُقَاطَعَۂ جُوعی :[ع-اند] بھوک ہڑتال۔
مَقَال :[ع-امث] گفتگو۔ بات چیت۔ کلام۔
مَقَالَہ :[ع-اند] (۱) کہی ہوئی بات۔ قول۔ مقولہ (۲) تحریر (۳) اقلیدس کا ہر حصہ جس میں اقلیدس کے دعوے اور ان کے ثبوت اور شکلیں درج ہوں۔ (۴) کتاب کا باب۔ حصہ۔ فصل۔
مَقَالَۂ اِفتِتَاحِیَہ : [ع-اند] اداریہ۔ مدیر کا تبصرہ۔ شروع کا مضمون۔
مَقَام :[ع-اند] (۱) ٹھہرنے کی جگہ۔ مکان۔ مسکن۔ ٹھکانا۔ گھر (۲) منزل۔ اترنے کی جگہ۔ پڑاؤ (۳) محل۔ موقع۔ وقت۔ (۴) تصوف کی اصطلاح۔
مُقَام :[ع-اند] (۱) موسیقی میں پردۂ سرود (۲) کھڑا کیا ہوا۔

کھڑے ہونے کی جگہ۔
مَقامِ اِبراہیم : [ع - اند] بیت اللہ میں اس پتھر کا نام جس پر حضرت ابراہیمؑ نے نماز ادا کی۔
مَقام بولنا : [ار - محاورہ] ٹھہرنے کا حکم دینا۔
مَقام دینا : [ار - محاورہ] (۱) تعزیت کو جانا۔ ماتم پُرسی کے لئے کسی کے گھر جانا۔ (۲) گھوڑے کو آرام دینا۔
مَقام کرنا : [ار - محاورہ] ٹھہرنا۔ اترنا۔
مَقامِ گفتگو : [عف - اند] محل اعتراض۔ شک و شبہ کی گنجائش۔
مَقامِ محمُود : [ع - اند] (۱) پسندیدہ درجہ (۲) خوبیوں کا سب سے اعلیٰ درجہ۔ (۳) اس مقام کا نام جہاں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شب معراج کو پہنچے تھے۔ یا قیامت میں فائز ہوں گے۔
مَقامِ مُصَلّیٰ : [ع - اند] دیکھئے "مقام ابراہیم"
مَقامِ مُعَیَّن : [ع - اند] مقرر جگہ۔ خاص جگہ۔
مَقامِ ہُو : [عف - اند] سناٹے کی جگہ۔
مَقام ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مقام کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَقامات : [ع - اند] (۱) دیکھئے "مقام" جس کی یہ جمع ہے۔ (۲) احکام۔
مُقامات : [ع - اند] (۱) قواعد (۲) علم موسیقی کے بارہ پردے۔
مُقامِر : [ع - اند] قمار باز۔ جواری۔
مُقامَرَت : [ع - امث] قُمار بازی۔ جوا بازی۔
مقامری : [عف - امث] دیکھئے "مقامرت"
مُقامی : [ع - اند] دیکھئے "مقام" جس سے یہ منسوب ہے (۲) ٹھہرا ہوا۔ ساکن۔ قائم (۳) کسی خاص جگہ سے متعلق (۳) لوکل۔
مقامی رنگ : [ع - ف - اند] کسی خاص مقام کا انداز۔ وہ انداز جو کسی خاص علاقے یا جگہ سے منسوب ہو۔
مُقاوَمَت : [ع - امث] مقابلہ۔ برابری۔
مَقاہِیر : [ع - صف] دیکھئے "مقہور" جس کی یہ جمع ہے۔
مَقبَرَہ : [ع - اند] قبر کی جگہ۔ روضہ۔ درگاہ۔ مزار۔ گور۔ مرقد۔ وہ عمارت جو قبر پر بنائی جائے۔
مُقبِل : [ع - صف] (۱) حق کا فرمان قبول کرنے والا (۲) اقبال مند۔ دولت مند۔ صاحب اقبال۔ بھاگ وان (۳) روبرو ہونے والا۔
مُقبَل : [ع - صف] قبول کیا گیا۔ روبرو کیا گیا۔ منہ چڑھا۔ عزت دار۔
مَقبُوض : [ع - صف] قبضہ کیا گیا۔ قبضہ میں لیا گیا۔ پکڑا گیا۔
مَقبُوضَہ : [ع - صف] دیکھئے "مقبوض" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَقبُول : [ع - صف] قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔ پسندیدہ۔ برگزیدہ۔ پیارا۔ محبوب [افعال : ہونا]
مَقبُولِ بارگاہ : [عف - صف] خدا کا پیارا۔ محبوب الٰہی۔
مَقبُولِیَّت : [ع - امث] دیکھئے "مقبول" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُقتَبِس : [ع - صف] اقتباس کرنے والا۔ روشنی لینے والا۔ دُوسرے شخص سے فائدہ اٹھانے والا۔

مُقتَبَس : [ع - صف] اقتباس کیا گیا۔ فائدہ اٹھایا گیا۔
مُقتَدا : [ع - اند] پیروی کیا گیا۔ وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں پیشوا۔ رہ نما۔
مُقتَدِر : [ع - صف] اقتدار رکھنے والا۔ طاقتور۔ قوی۔ زور آور۔ معزز
مُقتَدی : [ع - اند] (۱) پیروی کرنے والا۔ پیرو (۲) امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا۔
مُقتَضا : [ع - صف] (۱) تقاضا کیا گیا (۲) مجازاً مطلب۔ مراد۔ چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ موقع۔ مناسبت۔ مصلحت۔
مُقتَضائے اِنصاف : [ع - صف] انصاف کی رُو سے۔ انصاف کے متعلق۔
مُقتَضائے وقت : [ع - صف] مناسب وقت۔ حسب تقاضائے وقت۔ مصلحت وقت کے مطابق۔
مُقتَضَب : [ع - صف] (۱) کاٹا گیا۔ نکالا گیا (۲) عروض کی ایک بحر۔
مُقتَضی : [ع - صف] تقاضا کرنے والا۔ خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔
مَقتَل : [ع - اند] قتل کرنے کی جگہ۔ مذبح۔ سلخ۔ کمیلا۔
مَقتُول : [ع - صف] (۱) قتل کیا گیا۔ مارا گیا (۲) مجازاً عاشق۔ فریفتہ۔
مِقدار : [ع - امث] (۱) اندازہ۔ شمار۔ وزن۔ تول (۲) جسامت۔ ڈیل ڈول (۳) تعداد۔ رقم (۴) مجموعہ۔ میزان۔ جوڑ۔ حاصل (۵) پھیلاؤ۔ وسعت۔
مِقدارِ مُشتَبَہ : [ع - امث] جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی دہنی طرف جمع کی علامت ہو۔
مِقدارِ مجہول : [ع - امث] جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی قیمت معلوم نہ ہو۔
مِقدارِ مُرَکَّب : [ع - امث] وہ مقدار جس کے کئی اجزاء ہوں اور ہر جزو کی دہنی طرف جمع یا نفی کی علامت ہو۔
مِقدارِ معرُوف : [ع - امث] وہ رقم جو معلوم ہو۔ رقم معلومہ۔
مِقدارِ مُقَرَّرَہ : [ع - امث] مقرر کی ہوئی مقدار۔ تجویز کی ہوئی رقم۔
مِقدارِ مَنفِیَہ : [ع - امث] (جبر و مقابلہ) وہ مقدار جس کی دہنی طرف نفی کی علامت ہو۔
مُقَدَّر : [ع - صف] (۱) پہلے سے لکھا گیا۔ اندازہ کیا گیا۔ تقدیر کیا گیا (۲) وہ لفظ جو عبارت میں نہ ہو مگر اس کے معنی لئے جائیں۔ محذوف (۳) قسمت کا لکھا۔ تقدیر۔ نصیب۔ قسمت۔ سرنوشت۔
مُقَدَّر آزمانا : [ار - محاورہ] قسمت کی آزمائش کرنا۔ نصیبے کا امتحان کرنا۔
مُقَدَّر آزمائی : [عف - امث] دیکھئے "مقدر آزمانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُقَدَّر بدلنا : [ار - محاورہ] تقدیر کا بدل جانا۔ حالات دوسرے ہو جانا۔
مُقَدَّر برگشتہ ہونا : [ار - محاورہ] قسمت بگڑنا۔ تقدیر خلاف ہونا۔
مُقَدَّر پر پتھر پڑنا : [ار - محاورہ] تقدیر بگڑ جانا۔
مُقَدَّر پلٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مقدر برگشتہ ہونا"
مُقَدَّر پھوٹنا : [ار - محاورہ] تقدیر بگڑنا۔
مُقَدَّر پھوڑنا : [ار - محاورہ] تقدیر آزمائی کرنا۔

مُقدّر جاگنا : [ار۔ محاورہ] دن پھرنا ۔ اقبال کا زمانہ آنا ۔ اچھے دن آنا ۔
مُقدّر چمکنا : [ار۔ محاورہ] تقدیر جاگنا ۔ بھلے دن آنا ۔ قسمت یاور ہونا ۔
مُقدّر ڈھیلوں سے پھوڑنا : [ار۔ محاورہ] کنایتہً بدقسمتی ۔
مُقدّر راستے پر آنا : [ار۔ محاورہ] قسمت سیدھی ہوجانا ۔ اقبال کے دن آنا ۔
مُقدّر سامنے آنا : [ار۔ محاورہ] قسمت موافق ہونا ۔ طالع یاور ہونا ۔
مُقدّر سو جانا : [ار۔ محاورہ] تقدیر سو جانا ۔ قسمت برگشتہ ہونا ۔
مُقدّر سے زور نہیں چلتا ۔ [ار۔ مثل] تقدیر کے سامنے تدبیر کارگر نہیں ہوتی جو قسمت میں ہے ہو کر رہے گا ۔
مُقدّر سیدھا ہونا : [ار۔ محاورہ] قسمت موافق ہونا ۔
مُقدّر کا پیچ : [ار۔ اند] تقدیر کا پھیر ۔ مقدر کا چکر ۔
مُقدّر کا چکر ۔ [ار۔ اند] قسمت کی گردش
مُقدّر کا چکر کھانا : [ار۔ محاورہ] مقدر کا برگشتہ ہونا ۔
مُقدّر کا دکھانا : [ار۔ محاورہ] مقدر سے پیش آنا (کسی امر کا) ۔
مُقدّر کا کروٹ لینا : [ار۔ محاورہ] قسمت کا پلٹا کھانا ۔ مقدر کا یاور ہونا ۔
مُقدّر کا لکھا : [ار۔ اند] نوشتۂ تقدیر ۔
مُقدّر کا لکھا نہیں ملتا : [ار۔ اند] نوشتۂ تقدیر ضرور ہو کر رہتا ہے
مُقدّر کا ہیٹا [ار۔ صف ۔ مذ] بدقسمت ۔ بدنصیب ۔
مُقدّر کی ہیٹی : [ار ۔ صف ۔ مث] دیکھئے "مقدر کا ہیٹا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مُقدّر کے آگے کسی کی نہیں چلتی : [ار مثل] نوشتۂ تقدیر کے خلاف کسی کا زور نہیں چلتا ۔
مُقدّر لڑنا : [ار۔ محاورہ] اقبال یاور ہونا ۔
مُقدّر میں لکھا ہونا : [ار۔ محاورہ] نوشتۂ تقدیر ہونا ۔
مُقدّر میں جو ہے ملتا ہے ۔ [ار۔ مثل] جو کچھ قسمت میں ہونا ہے وہ ضرور مل جاتا ہے ۔
مُقدّر میں ہونا : [ار۔ محاورہ] تقدیر میں ہونا ۔
مَقدِرَت : [ع ۔ امث] قدرت ۔ طاقت ۔ قوّت (۲) بساط ۔ حیثیت ۔
مَقدِس : [ع ۔ اند] پاک جگہ
مُقدّس : [ع ۔ صف] (۱) پاک کیا گیا (۲) پاک ۔ معصوم ۔ بے گناہ (۳) بزرگ ۔ پارسا ۔ فرشتہ خصلت ۔
مُقدّس کتاب : [ع ۔ امث] پاک کتاب ۔ آسمانی کتاب ۔ جیسے توریت ۔ زبور ۔ انجیل ۔ قرآن مجید ۔
مُقدّسہ : [ع ۔ اند] (۱) پاک جیسے مقامات مقدسہ (۲) (مث) پاک عورت ۔
مَقدَم : [ع ۔ اند] (۱) آمد ۔ ورود ۔ تشریف آوری ۔ قدم رنجہ فرمائی ۔ رونق افروزی (۲) وہ جگہ جہاں سے کوئی آئے (۳) پاؤں رکھنے کی جگہ
مُقدِّم : [ع ۔ صف] (۱) بڑھ کر آگے جانے والا ۔ بہادر (۲) پیش کرنے والا (۳) خدا تعالیٰ کا ایک نام ۔

مُقدَّم : [ع ۔ صف] (۱) پیش کیا گیا ۔ آگے کیا گیا (۲) پہلا ۔ اگلا ۔ گزشتہ سابقہ ۔ قدیم (۳) اعلیٰ ۔ اونچا ۔ معزز ۔ برتر ۔ بزرگ (۴) واجب فرض ۔ ضروری ۔ لازم ۔ مناسب (۵) آگے کا حصہ (۶) گاؤں کا نمبردار ۔ چودھری ۔ سرکردہ (۷) زمین داروں میں ایک عزت کا لقب (۸) (حساب) پہلی رقم (۹) قصابوں کی اصطلاح میں ران کا وہ حصہ جو پیڈے سے ملحق ہے (۱۰) منطق میں شرط کا پہلا جز ۔ قضیہ (۱۱) نجوم کی اصطلاح میں قمر کی چھبیسویں منزل ۔
مُقدّم جاننا / سمجھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کام کا سب سے اوّل خیال رکھنا ۔ ترجیح دینا (۲) اچھا سمجھنا ۔ واجب جاننا ۔ لازم قرار دینا ۔
مُقدّم ہونا : [ار۔ محاورہ] پہلے ہونا ۔ کسی کام کا زیادہ ضروری ہونا (۲) برتر ہونا ۔
مُقدّمہ : [ع ۔ صف ۔ مذ] (۱) آگے چلنے والا ۔ آگے جانے والا (۲) فوج کا وہ حصہ یا دستہ جو آگے بھیج دیا جائے ۔ ہراول دستہ ۔ (۳) دیباچہ ۔ تمہید
مُقدّمۃ الجیش : [ع ۔ اند] وہ لشکر جو آگے بھیج دیا جائے ۔ ہراول فوج (۲) پیش خیمہ (۳) فوج کا افسر اعلیٰ ۔ سپہ سالار ۔
مُقدّمہ : [ع ۔ اند] (۱) نالش ۔ دعویٰ ۔ استغاثہ (۲) حادثہ ۔ وقوعہ ۔ واردات ۔ واقعہ (۳) معاملہ ۔ موقع (۴) بات ۔ مسئلہ (۵) منطق کی اصطلاح ۔
مُقدّمہ اُٹھانا ۔ [ار محاورہ] جھگڑا کھڑا کرنا
مُقدّمہ اُٹھنا ۔ [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مقدمہ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مُقدّمہ باز ۔ [عف ۔ صف] وہ شخص جس کو مقدمے لڑنے کا بہت شوق ہو
مُقدّمہ بازی : [عف ۔ امث] دیکھئے "مقدمہ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مُقدّمہ بنانا [ار۔ محاورہ] جھوٹا دعویٰ تیار کرنا
مُقدّمہ جتانا [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مقدمہ جیتنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
مُقدّمہ جیتنا : [ار۔ محاورہ] عدالت میں دعوے میں کامیاب ہونا ۔
مُقدّمہ داخل دفتر کرنا [ار۔ محاورہ] مقدمہ کی کارروائی بند کر دینا ۔
مُقدّمہ داخل دفتر ہونا ۔ [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مقدمہ داخل دفتر کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مُقدّمہ قابل دست اندازی پولیس ۔ [عف ۔ اند] وہ مقدمہ جس میں پولیس افسر بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکے
مُقدّمہ کھڑا کرنا : [ار۔ محاورہ] جھگڑا اٹھانا ۔ فساد پیدا کرنا ۔
مُقدّمہ کھڑا ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مقدمہ کھڑا کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مُقدّمہ لڑنا : [ار۔ محاورہ] نالش کرنا ۔ دعویٰ پیش کرنا ۔
مُقدّمہ مرتب کرنا ۔ [ار۔ محاورہ] مقدمہ کو ترتیب دینا ۔
مُقدّمہ ہارنا : [ار۔ محاورہ] مقدمہ میں ناکام ہونا ۔
مُقدّمی : [عف ۔ صف] مقدم کا پیشہ ۔ نمبرداری کا عہدہ (۲) مقدم کے حقوق (۳) مقدم سے متعلق ۔

مَقدُور: [ف ۔ امذ] (۱) قسمت ۔ طاقت ۔ قوت ۔ زور ۔ بل ۔ بشکتی ۔ بوتا ۔ (۲) حوصلہ ۔ تاب ۔ مجال (۳) حیثیت ۔ بساط ۔ گنجائش ۔ قابلیت ۔ سمائی (۴) بس ۔ قابو ۔ دسترس ۔ اختیار (۵) رسائی ۔ پہنچ ۔ وسیلہ ۔ ذریعہ ۔ سہارا (۶) جرأت ۔ دلیری (۷) دولت ۔ ثروت ۔ مایہ ۔

مَقدُور بھر / تک: [ار ۔ متعلق فعل] جہاں تک ممکن ہو ۔ حد بھر طاقت کے مطابق ۔

مَقدُور چلنا: [ار ۔ محاورہ] بس چلنا ۔ قابو چلنا ۔ زور چلنا ۔

مَقدُور رکھنا: [ار ۔ محاورہ] قسمت رکھنا ۔ حوصلہ رکھنا ۔ جرأت رکھنا ۔ دولت مند ہونا ۔

مَقدُور سے باہر پاؤں رکھنا: [ار ۔ محاورہ] حیثیت سے بڑھ کر چلنا ۔ اپنی حد سے آگے بڑھنا ۔

مَقدُور کی بات: [ار ۔ امث] روپے کا کھیل ۔ دولت کی بات ۔

مقدور والا: [ار ۔ صف] صاحب دولت ۔ امیر ۔ پیسے والا ۔

مقدور ہونا: [ار ۔ محاورہ] (۱) حوصلہ ہونا ۔ تاب ہونا ۔ مجال ہونا (۲) قابو ہونا ۔ بساط ہونا ۔ حیثیت ہونا (۳) مال و دولت ہونا (۴) زور ہونا ۔ طاقت ہونا ۔ سمائی ہونا

مَقَرّ: [ع ۔ امذ] ٹھہرنے کی جگہ ۔ قیام گاہ ۔

مُقِرّ: [ع ۔ صف] اقرار کرنے والا ۔ تسلیم کرنے والا ۔

مُقِر ہونا: [ار ۔ مص مرکب] اقرار کرنا ۔ ماننا ۔ تسلیم کرنا

مِقراض: [ع ۔ امث] قینچی ۔ کترنی ۔

مِقراض کی طرح زبان چلنا: [ار ۔ محاورہ] بہت تیزی سے بولنا ۔ جلدی جلدی باتیں کرنا ۔

مقراضہ: [ع ۔ امذ] (۱) ایک قسم کا تیر جس کا پھل قینچی کی طرح دو شاخہ ہوتا ہے (۲) گلگیر ۔ گل تراش (۳) ایک قسم کا حلوا ۔

مُقَرَّب: [ع ۔ صف] (۱) قریب کیا گیا ۔ بزرگ دیا گیا (۲) [ار ۔ امذ] وہ شخص جسے قربت حاصل ہو ۔ مصاحب ۔ خاص دوست ۔ ہمراز ۔ منہ چڑھا ۔

مُقَرَّبِ بارگاہ: [عف ۔ امذ] وہ شخص جسے دربار میں آنے کی اجازت حاصل ہو ۔ بادشاہ کے پاس رہنے والا ۔ معزز درباری ۔

مُقَرَّر: [ع ۔ صف] (۱) قرار دیا گیا ۔ ٹھہرایا گیا (۲) چکایا گیا (۳) تعینات ۔ مامور ۔ معین (۴) عہد کیا گیا (۵) بلاشبہ ۔ یقیناً ۔ ضرور ۔

مُقَرَّر کرنا: [ار ۔ مص مرکب] (۱) ٹھہرانا ۔ معین کرنا (۲) نوکر رکھنا ۔ جگہ دینا (۳) قیمت چکانا (۴) لگانا ۔ تجویز کرنا ۔

مُقَرَّر ہونا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مقرر کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُقَرِّر: [ع ۔ صف] تقریر کرنے والا ۔ لکچرار ۔

مُقَرَّرہ: [ع ۔ صف] قرار دیا گیا ۔ ٹھہرایا گیا ۔ تجویز کیا گیا ۔ مجوزہ ۔ معینہ ۔ حسب دستور ۔

مُقَرِّرہ: [ع ۔ صف] دیکھئے "مقرر" جس کی یہ تانیث ہے ۔

مُقَرَّری: [عف ۔ امث] (۱) تقرر (۲) لگان (۳) تنخواہ ۔ طلب ۔ وظیفہ ۔

مُقَرَّض: [ع ۔ صف] کاٹا ہوا ۔ قینچی سے کاٹا ہوا ۔

مُقَرنَس: [ع ۔ صف] (۱) بلند (۲) گول (۳) [ار ۔ امذ] بلند گنبد والی عمارت جس پر چکر دار سیڑھیوں سے چڑھتے ہیں اور اس میں تصویر لگی ہوتی ہیں (۴) ایک قسم کی پگڑی ۔

مَقرُوض: [ع ۔ صف] وہ جس پر کسی کا قرض آتا ہو ۔ قرض دار ۔ [افعال: کرنا ۔ ہونا]

مَقرُوق: [ار ۔ صف] قرق کیا گیا ۔ ضبط کیا گیا (عربی قاعدہ پر غلط طور پر قرق سے بنایا گیا ۔

مَقرُون: [ع ۔ صف] (۱) نزدیک کیا گیا ۔ پاس ۔ قریب (۲) وہ عدد جس کے ساتھ اس کا معدود بھی آئے ۔

مُقسِط: [ع ۔ صف] (۱) عادل ۔ منصف (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام ۔

مَقسُوم: [ع ۔ صف] (۱) تقسیم کیا گیا ۔ بانٹا گیا (۲) [ار ۔ امذ] علم حساب میں وہ عدد جسے تقسیم کیا گیا ہو (۳) حصہ ۔ جزو ۔ نصیب ۔ تقدیر ۔ بخت ۔ مقدر ۔

مَقسُوم پر پتھر پڑنا: [ار ۔ محاورہ] قسمت پھوٹنا ۔ تقدیر بگڑنا ۔

مَقسُوم جاگنا: [ار ۔ محاورہ] نصیبہ یاور ہونا ۔ دن پھرنا ۔ اچھے دن آنا ۔

مَقسُوم عَلَیہ: [ع ۔ صف] وہ عدد جس پر کوئی عدد تقسیم کیا جائے ۔

مَقسُوم عَلَیہ اعظم: [ع ۔ صف] وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا پورا تقسیم کر دے ۔ عاد اعظم ۔

مَقسُوم کا اترنا: [ار ۔ محاورہ] جو چیز قسمت میں ہو اس کا ملنا ۔

مَقسُوم کا لکھا: [ار ۔ امذ] نوشتہ تقدیر ۔ سرنوشت ۔

مُقَشَّر: [ع ۔ صف مفعول] چھلکا اتارا ہوا ۔ پوست دور کیا ہوا ۔

مَقصَد: [ع ۔ امذ] (۱) قصد کرنے کی جگہ ۔ وہ جگہ جہاں کا ارادہ ہو (۲) مطلب ۔ مدعا ۔ مراد ۔ نیت ۔ ارادہ ۔ منشا ۔

مَقصد بر آنا: [ار ۔ محاورہ] مراد پوری ہونا ۔ مطلب حاصل ہونا ۔

مَقصد کھلنا: [ار ۔ محاورہ] مقصد ظاہر ہونا ۔ منشا ظاہر ہونا ۔

مَقصد ملنا: [ار ۔ محاورہ] مطلب حاصل ہونا ۔

مَقصدوَر: [عف ۔ صف] خوش نصیب ۔ کامیاب ۔

مُقَصِّر: [ع ۔ صف] (۱) قصور کرنے والا ۔ کوتاہی کرنے والا (۲) کم رہنے والا ۔

مُقَصَّر: [ع ۔ صف] کم کیا گیا ۔ تقصیر کیا گیا ۔

مَقصُود: [ع ۔ صف] (۱) قصد کیا گیا ۔ ارادہ کیا گیا (۲) مجازاً مطلب ۔ مراد ۔ غرض ۔ مدعا ۔

مَقصُود بالذّات: [ع ۔ صف] وہ چیز جو اصلی مقصود ہو ۔ بذات خود مقصود ہو

مَقصُودِ کُن فَکاں: [ع ۔ امذ ۔ بترکیب فارسی] کنایۃً ذات گرامی ۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔

مَقصُور: [ع ۔ صف] کم کیا گیا ۔ چھوٹا کیا گیا ۔

مَقصُورہ: [ع ۔ صف] (۱) مقصور کی تانیث (۲) مسجد میں امام کے کھڑا ہونے کی جگہ ۔

مُقَطَّر: [ع ۔ صف] ٹپکایا ہوا ۔ قطرہ قطرہ کرکے ٹپکایا ہو اور صاف کیا ہوا ۔

مَقطَع: [ع ۔ امذ] (۱) غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو (۲) کاٹنے کی جگہ ۔ کسی چیز کے ختم ہونے کی جگہ ۔

مُقطَع کا بند : [ار۔ اند] (۱) نظم کا آخری بند جس میں شاعر کا تخلص ہو (۲) وہ خاص بات جس کا کہنا یا لکھنا اصل مقصود ہو (۳) وہ فقرہ یہ کلام جو بار بار زبان پر لایا جائے۔

مُقَطَّع : [ع۔ صفت] (۱) تراشا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ تراش خراش سے آراستہ کیا ہوا (۲) مہذب۔ شائستہ۔ سنجیدہ (۳) قابل اعتبار۔ معتمد۔

مُقَطَّع بننا : [ار۔ محاورہ] سنجیدہ بننا۔ مہذب بننا۔

مُقَطَّع ڈاڑھی : [ار۔ امث] شرع کے مطابق تراشی ہوئی ڈاڑھی۔

مُقَطَّع صُورت : [ار۔ امث] مہذب شکل۔

مُقَطَّعَات : [ع۔ اند] (۱) کپڑے کے ٹکڑے۔ کتر بیں۔ ریشمی کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (۲) بحر رجز کے اشعار۔ سبک وزن اشعار (۳) قرآن میں الگ الگ آنے والے حروف۔

مَقطُوع : [ع۔ صفت] (۱) کاٹا گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا (۲) قافلہ سے چھوٹا ہوا۔

مَقعَد : [ع۔ امث] بیٹھنے کی جگہ۔ ڈبر۔ کُون۔

مُقَعَّر : [ع۔ صفت] (۱) گہرا۔ عمیق (۲) گڑھا۔

مُقَفَّل : [ع۔ صفت] قفل لگا ہوا۔ تالا پڑا ہوا۔ [افعال : کرنا۔ ہونا]

مُقَفّیٰ : [ع۔ صفت] قافیہ کیا گیا۔ قافیہ دار۔

مُقل : [ع۔ اند] ایک قسم کا گوند۔ گوگل۔

مُقَلِّب : [ع۔ صفت] پھیرنے والا۔ بدلنے والا۔ پلٹنے والا۔

مُقَلِّبُ القُلُوب : [ع۔ صفت] دلوں کو پھیرنے والا۔ خدا تعالیٰ۔

مُقَلِّد : [ع۔ صفت] (۱) تقلید کرنے والا۔ پیرو۔ مرید۔ معتقد (۲) نقال۔ مسخرہ (۳) وہ مسلمان جو چاروں اماموں میں سے کسی ایک کی پیروی کرتا ہو۔

مَقلُوب : [ع۔ صفت] (۱) پلٹا گیا۔ الٹا گیا (۲) علم بیان کی ایک صنعت کا نام جس کی عبارت الٹی سیدھی جس طرح بھی پڑھی جائے وہی رہے۔

مَقلُوبِ بَعض : [ع۔ صفت] وہ صنعت مقلوب جس میں کہیں کے حرف کہیں لاکر عبارت موزوں کریں۔

مَقلُوبِ کُل : [ع۔ صفت] وہ صنعت مقلوب جس میں حروف کی تبدیلی بالترتیب ہو۔

مَقلُوبِ مُستَوی : [ع۔ صفت] وہ صنعت مقلوب جس میں پورے لفظ یا کلام کو الٹ کر پڑھیں تو بھی عبارت وہی رہے۔

مِقناطِیس : [ع۔ اند] ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے (۲) جاذب۔ دلکش۔

مِقناطِیسی : [ع۔ امث] مقناطیس سے منسوب (۲) پُرکشش۔

مِقناطِیسِیّت : [ع۔ امث] مقناطیسی کشش (۲) کشش۔ دل کشی۔

مِقنانا : [ار۔ مص جعلی] مقناطیسی خاصیت پیدا کرنا۔ مقناطیسی اثر ڈالنا۔ (انگریزی لفظ MAGNETIZE کا ترجمہ)

مِقناؤ : [ار۔ اند] مقناطیسی خاصیت پیدا کرنے کا عمل۔ مقناطیسی عمل۔ (انگریزی لفظ MAGNETIZATION کا ترجمہ)

مِقنَعہ / مِقنَع : [ع۔ اند] (۱) وہ باریک کپڑا جو دلہن کے سہرے کے نیچے باندھا جاتا ہے (۲) باریک چادر جو عورتیں پردے کے لئے چہرے پر ڈال لیتی ہیں۔ نقاب۔

مُقَنِّن : [ع۔ صفت] قانون بنانے والا۔ قانون جاننے والا۔

مُقَنِّنَہ : [ع۔ صفت] قانون بنانے والی۔ قانون ساز اسمبلی LAGISLATIVE

مِقوَد : [ع۔ امث] (۱) دھاگا۔ ڈوری۔ رسی (۲) جہاز کا رسا۔ کشتی کی رسی

مُقَوَّس : [ع۔ صفت] کمان کی طرح خم کھائے ہوئے۔

مَقُوقَس : [ع۔ اند] (۱) مصر کے ایک بادشاہ کا نام جس کے پاس فتح مکہ کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سفیر بھیجا تھا (۲) ایک کلغی دار پرندہ۔

مَقُولَہ : [ع۔ اند] بات۔ کہاوت۔ قول۔ بچن۔ ضرب المثل۔

مُقَوِّم : [ع۔ صفت] قیمت مقرر کرنے والا۔ راست اور سیدھا رکھنے والا۔

مُقَوّی : [ع۔ صفت] قوت دینے والا۔ طاقت بخشنے والا۔

مُقَوّیٰ : [ع۔ اند] (۱) قوی کیا گیا۔ مضبوط کیا گیا (۲) پٹھا۔ دفتی (۳) دفتی کا بنا ہوا بکس جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔

مَقہُور : [ع۔ صفت] قہر کیا گیا۔ جس پر غصہ ہو۔

مُقَیِّی : [ع۔ صفت] قے لانے والی (دوا)

مِقیاس : [ع۔ اند] وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں۔

مِقیاسُ الحَرارَت : [ع۔ اند] وہ آلہ جس سے گرمی کا اندازہ کریں۔ تھرمامیٹر۔

مِقیاسُ اللَّبَن : [ع۔ اند] دودھ جانچنے کا آلہ۔

مِقیاسُ الماء : [ع۔ اند] وہ آلہ جس سے پانی کے اتار چڑھاؤ کا اندازہ کیا جاتا ہے (انگریزی لفظ HYDROMETER کا ترجمہ)

مِقیاسُ المَطَر : [ع۔ اند] بارش ناپنے کا آلہ (RAIN GAUGE کا ترجمہ)

مِقیاسُ المَوسِم / الہَوا : [ع۔ اند] وہ آلہ جس سے ہوا کا دباؤ اور موسم کے تغیر و تبدل کا پتہ چلتا ہے۔ (انگریزی لفظ BAROMETER کا ترجمہ)

مُقِیت : [ع۔ صفت] روزی دینے والا۔ قوت بخشنے والا (خدا تعالیٰ)

مُقَیَّد : [ع۔ صفت] قید کیا گیا۔ قیدی۔ اسیر۔ پابند۔

مُقَیش / مُقَیَّش : [ار۔ اند و مث] سونے چاندی کے تار۔ سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا جیسے زری۔ بادلہ۔ اطلس۔ تمامی۔ تاش۔

مُقَیشی : [ار۔ صفت] دیکھئے۔ مقیش۔ جس سے یہ منسوب ہے۔

مُقَیشی ڈاڑھی : [ار۔ امث] زردی مائل سفید ڈاڑھی۔ خوبصورت سفید براق ڈاڑھی۔

مُقَیشی گوکھرو : [ار۔ اند] ایک قسم کا گوکھرو جو تاروں کو موڑ کر بنایا جاتا ہے۔

مُقِیم : [ع۔ صفت] (۱) قیام کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ فروکش ہونے والا (۲) وہ شخص جو کسانوں، باغبانوں کی سبزی، پھل، پھول بطور آڑھت نیلام کرتا ہے۔

مُقِیم ہونا : [ار۔ مص مرکب] قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔ رہنا۔ بسنا۔ اُترنا۔

م ۔ ک

مُک : [ہ ۔ اِمذ] دیکھئے " مکا " جس کا یہ مخفف ہے ۔
مُکّا : [ہ ۔ امث] بڑی جوار ۔ مکئی ۔
مُکّا : [ہ ۔ اِمذ] گھونسا ۔ مشت ۔ ڈک ۔ بند مُٹھی جس سے ضرب لگائی جائے ۔
مُکّا چلانا : [ار ۔ محاورہ] مُکّے سے مارنا ۔
مُکّا چلنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے " مُکّا چلانا " جس کا یہ لازم ہے ۔
مُکّا لگانا : [ار ۔ محاورہ] گھونسا مارنا ۔ ڈک جڑنا
مُکّا لگنا : [ار ۔ محاورہ](۱) دیکھئے " مُکّا لگانا " جس کا یہ لازم ہے ۔ (۲) اچانک صدمہ پہنچنا ۔
مُکّا مارنا : [ار ۔ محاورہ](۱) مُکّے سے مارنا (۲) دل پر صدمہ پہنچانا
مُکّا : [ار ۔ اِمذ ۔ ق] گونگا ۔
مُکابَرہ : [ع ۔ اِمذ] بڑائی جتانا ۔ شیخی ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ سینہ زوری (۲) جھگڑا ۔ قضیہ ۔ لڑائی (۳) مُقابلہ ۔ مجادلہ (۴) خواہ مخواہ جیتنے کے لئے بحث ۔
مُکاتَب : [ع ۔ صف] وہ غلام جس سے کچھ معاوضہ لے کر آزاد کیا جائے ۔
مَکاتِب : [ع ۔ اِمذ] دیکھئے " مکتب " جس کی یہ جمع ہے ۔
مکاتبات : [ع ۔ اِمذ] دیکھئے " مکاتبہ " جس کی یہ جمع ہے ۔
مُکاتَبَت : [ع ۔ امث] (۱) باہم خط و کتابت ۔ مراسلت (۲) غلام سے اس کی قیمت لے کر آزاد کرنا
مُکاتَبَہ : [ع ۔ اِمذ] (۱) نامہ ۔ خط ۔ چٹھی (۲) باہم خط و کتابت کرنا ۔
مَکاتِیب : [ع ۔ اِمذ] دیکھئے " مکتوب " جس کی یہ جمع ہے ۔
مکّار : [ع ۔ صف] مکر کرنے والا ۔ فریبی ۔ دغاباز ۔ عیار ۔
مَکارِم : [ع ۔ اِمذ] دیکھئے " مکرمت " جس کی یہ جمع ہے ۔
مکارِہ : [ع ۔ امث] دیکھئے " مکروہ " جس کی یہ جمع ہے ۔
مکّارَہ : [ع ۔ صف] دیکھئے " مکار " جس کی یہ تانیث ہے ۔
مکّارِی : [ع ۔ امث] دیکھئے " مکار " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَکاسِب : [ع ۔ اِمذ] دیکھئے " کسب " جس کی یہ جمع ہے ۔
مُکاشَفَت : [ع ۔ امث] بھید کھولنا ۔ انکشاف راز کرنا ۔ اظہار ۔ افشا ۔ امورِ غیبی کا انکشاف ۔
مُکاشفہ : [ع ۔ اِمذ] دیکھئے " مکاشفت "
مُکافات : [ع ۔ امث](۱) عوض ۔ بدلہ ۔ تاوان (۲) پاداش ۔ سزا ۔ انتقام ۔
مُکافات کو پہنچنا : [ار ۔ محاورہ] کئے کی سزا ملنا ۔
مُکالَمہ : [ع ۔ اِمذ] گفتگو ۔ زبانی سوال و جواب ۔
مَکان : [ع ۔ اِمذ] رہنے کی جگہ ۔ گھر ۔ مسکن ۔
مکان بدلنا : [ار ۔ محاورہ] گھر تبدیل کرنا ۔ ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہونا ۔
مکان بیٹھنا / بیٹھ جانا : [ار ۔ محاورہ] مکان گر جانا ۔
مکان دار : [عف ۔ صف] مالک مکان ۔ گھر والا ۔
مکان داری : [عف ۔ امث] دیکھئے " مکان دار " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مکان دیکھنا : [ار ۔ محاورہ] خریدنے یا کرائے پر لینے کے لئے گھر کا معائنہ کرنا ۔ مکان تلاش کرنا ۔
مکان دینا : [ار ۔ محاورہ] گھر کرائے پر دینا ۔ گھر فروخت کرنا (۲) اُتارنا ۔ ٹھہرانا ۔
مکان روشن ہونا : [ار ۔ محاورہ] مکان وسیع ہونا ۔ مکان میں اندھیرا نہ ہونا ۔ مکان میں رونق ہونا ۔
مَکانِ ضرور : [عف ۔ اِمذ] بیت الخلا ۔ پاخانہ ۔
مَکان لینا : [ار ۔ محاورہ] گھر کرائے پر لینا ۔ گھر مانگے لینا ۔ گھر مول لینا ۔
مَکانِ ہُو : [عف ۔ اِمذ] سناٹے کی جگہ ۔
مَکائِد : [ع ۔ اِمذ] دیکھئے " مکیدہ " جس کی یہ جمع ہے ۔
مُکَبِّر : [ع ۔ صف](۱) تکبیر کہنے والا ۔ اللہ اکبر کہنے والا (۲) بلند کرنے والا ۔
مکبّر الصوت : [ع ۔ اِمذ] آواز کو بلند کرنے والا ۔ لاؤڈ سپیکر ۔
مُکت / مُکتی : [ہ ۔ اِمذ] نجات ۔ بخشش ۔ چھٹکارا ۔ مغفرت ۔ رہائی (۲) چھوٹا ہوا ۔ رہا ۔ آزاد (۳) گناہ کی سزا سے بچا ہوا ۔ نجات پایا ہوا ۔ [افعال : پانا ۔ ہونا]
مُکتا : [س ۔ صف] آزاد ۔ کھلا ۔
مَکتَب : [ع ۔ اِمذ] لکھنے پڑھنے کی جگہ ۔ مدرسہ ۔ درسگاہ ۔ ابتدائی مدرسہ ۔
مکتب پڑھانا : [ار ۔ محاورہ] مکتب میں تعلیم دینا ۔ بچوں کو پڑھانا ۔
مکتب خانہ / گاہ : [عف ۔ اِمذ / مث] مدرسہ ۔ سکول (مکتب کے ساتھ خانہ اور گاہ فضول اور زائد ہے)
مکتبِ خیال / فکر : [ع ۔ اِمذ ۔ بترکیب فارسی] کسی خاص خیال یا نظریہ کے لوگوں کا گروہ (انگریزی لفظ : SCHOOL OF THOUGHT کا ترجمہ)
مکتب ہونا : [ار ۔ محاورہ] بچوں کو مکتب میں داخل کرنے کی رسم منانا ۔
مَکتَبَہ : [ع ۔ اِمذ] (۱) دفتر (۲) کتب خانہ ۔
مُکتَسِب : [ع ۔ صف] اکتساب کرنے والا ۔ حاصل کرنے والا ۔ فائدہ اٹھانے والا ۔
مُکتَسِبَہ : [ع ۔ امث] دیکھئے " مکتسب " جس کی یہ تانیث ہے ۔
مُکتَفِی : [ع ۔ صف] کافی ۔ پورا ۔ وافی ۔
مَکتُوب : [ع ۔ اِمذ] (۱) لکھا گیا ۔ لکھا ہوا (۲) خط ۔ نامہ ۔ چٹھی ۔
مکتوب اِلیہ : [ع ۔ اِمذ] جس کے نام خط لکھا جائے ۔
مکتوبی : [ع ۔ صف] وہ حرف جو لکھا جائے لیکن پڑھا نہ جائے ۔
مکتوم : [ع ۔ صف] چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔
مکتی : [ہ ۔ اِمذ] دیکھئے " مکت "
مکتی فوج : [ار ۔ امث] عیسائیوں کی ایک جماعت جس کا کام لوگوں میں مذہبی بیداری پیدا کرنا اور عیسائیت کی ترغیب دینا ہے (SALVATION ARMY کا ترجمہ)
مُکُٹ : [ار ۔ اِمذ] مور کا سا تاج ۔
مکٹ مال : [ار ۔ اِمذ ۔ ق] موتی کا ہار ۔
مکتا : [ہ ۔ امث] پوجا کرنے کی ریشمی دھوتی ۔
مُکث : [ع ۔ اِمذ] دیر ۔ توقف ۔ وقفہ ۔ ٹھہراؤ ۔ التجا ۔ انتظار ۔ سہل انگاری ۔
مُکحُل : [ع ۔ امث] سرمہ دانی ۔
مِکحَل : [ع ۔ امث] سرمہ لگانے کی سلائی ۔
مُکحَل : [ع ۔ صف] جس نے سرمہ لگایا ہو ۔ سرمہ لگا ہوا ۔
مَکحُول : [ع ۔ صف] سرمہ لگی ہوئی آنکھ ۔ سرمہ لگا ہوا ۔
مُکَدَّر : [ع ۔ صف](۱) کدورت آمیز ۔ گدلا ۔ میلا (۲) ملول ۔ ناراض ۔ رنجیدہ ۔ غمگین ۔

مُکَذِّب: [ع۔ صف] جھٹلانے والا۔ جھوٹا بنانے والا۔
مَکَر: [س۔ امذ] آسمان کے دسویں برج کا نام۔ جدی۔
مکر چکر / منڈل: [س۔ اند] خط جدی۔
مَکْر: [ع۔ اند] (۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ چھل۔ حیلہ۔ بہانہ (۲) بہروپ۔ بھیس۔ (۳) جھوٹ۔ خلاف توقع بات (۴) ریا۔ نفاق۔ دورنگی۔ (۵) چالاکی۔ عیاری۔ چال۔ ہوشیاری۔
مکر چاندنی: [ار۔ امث] پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہونے کا دھوکا دیتی ہے۔
مکر چکر: [ار۔ امث] دھوکا دھڑی۔ چھل ہٹا۔ دغا فریب۔ حیلہ بہانہ۔
مکر چکر کی کہانی آدھا تیل آدھا پانی۔ [ار۔ مثل] فریب کی باتیں جن میں آدھا سچ اور آدھا جھوٹ ہوتا ہے۔
مکر کرنا / گانٹھنا: [ار۔ محاورہ] دھوکہ دینا۔ فریب دینا۔
مُکرانا: [ار۔ مس] جھٹلانا۔ سچے کو جھوٹا بنانا۔
مُکْرِب: [ع۔ صف] دُکھ دینے والا۔
مُکر جانا: [ار۔ محاورہ] انکار کر جانا۔ قول سے پھر جانا۔ منکر ہونا۔
مُکَرَّر: [ع۔ صف] دوبارہ۔ پھر۔ دوسری دفعہ۔ بار دیگر۔
مکرر سہ کرر: [ع فصف] دوبارہ۔ بار بار۔ کئی مرتبہ (یہ غلط لفظ ہے)
مُکَرَّم: [ع۔ صف] عزت دیا گیا۔ بزرگ۔ محترم۔ معظم۔ معزز۔
مَکْرُمَت: [ع۔ امث] بزرگی۔ مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ عظمت۔
مُکَرنا: [ار۔ مس] (۱) اپنے قول سے پھرنا۔ اقرار سے انکار کرنا (۲) مال مار لینا۔ بے ایمانی کرنا۔
مُکَرنی: [ھ۔ امث] ایک قسم کی چار مصرعوں کی پہیلی جس میں پہلے کسی چیز کا اشارہ کرکے پھر اس سے منکر ہو کر مضمون کو کسی دوسری طرف منسوب کر دیتے ہیں۔ اس کے موجد امیر خسرو ہیں۔
مَکْرُوہ: [ع۔ صف] (۱) کراہت کیا گیا۔ نفرت انگیز۔ گھناؤنا۔ بھونڈا۔ بدنما۔ ناپسند۔ نامرغوب (۲) (ار۔ اند) قابل کراہت چیز (۳) فقہ کی اصطلاح میں ناجائز چیز، وہ بات جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہو۔
مکروہ تحریمہ / تحریمی: [ع۔ اند۔ ترکیب فارسی] بالکل ناجائز۔ وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو۔
مکروہِ تنزیہی: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] وہ مکروہ جو حلال کے قریب ہو۔
مَکْرُوہات: [ع۔ اند] دیکھئے "مکروہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) نفرت انگیز چیزیں (۳) واہیات۔ بیہودہ کام۔ دنیوی جھگڑے قضیے۔
مُکْرَہ: [ع۔ صف] سخ۔ سختی۔ مکروہ۔
مکر یائی: [ار۔ صف] مکار۔
مکری: [ار۔ صف۔ ق] مکار۔
مُکری: [ھ۔ امث] دیکھئے "مکرنی"
مکڑ / مکڑا: [ھ۔ اند] بڑی مکڑی۔ نر مکڑی۔
مکڑا: [ار۔ اند۔ ق] مکھڑا۔

مکڑانا: [ار۔ مص] اکڑ کر چلنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔ تکبر کرنا۔
مکڑائی: [ار۔ امث] سرتابی۔ سرکشی۔
مکڑنا: [ار۔ مث] اکڑنا۔ اینٹھنا۔ کھنچنا۔
مکڑی: [ھ۔ امث] دیکھئے "مکڑ" جس کی یہ تانیث ہے۔ ایک قسم کا کیڑا جو اپنے لعاب سے جالا تنتا ہے۔
مکڑی کا جالا: [ار۔ اند] (۱) مکڑی کا بنا ہوا تانا بانا۔ تار عنکبوت (۲) مجازاً بہت کمزور۔
مکڑی کی طرح جھاڑ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] عیب گننا۔ بُرا بھلا کہنا۔
مِکسچر: [انگ۔ صف] MIXTURE (۱) آمیزش (۲) دواؤں کا سیال مرکب۔
مُکَسَّر: [ع۔ صف] (۱) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ (۲) مربع۔ مکعب (۳) عرض طول اور موٹائی کا حاصل ضرب۔
مکسوبہ: [ع۔ صف] حاصل کیا گیا۔ حاصل کیا ہوا۔
مکسور: [ع۔ صف] زیر دیا ہوا حرف۔ وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو
مکسورہ: [ع۔ صف] دیکھئے "مکسور" جس کی یہ تانیث ہے۔
مکشوف: [ع۔ صف] کھولا گیا۔ واضح۔ ظاہر۔
مُکَعَّب: [ع۔ صف] (۱) چار گوشہ کیا گیا (۲) وہ جس کی لمبائی چوڑائی گہرائی برابر ہو (۳) وہ عدد جو کسی عدد کو تین دفعہ آپس میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔
مکفوف: [ع۔ صف] (۱) پیراہن پہنا ہوا (۲) عروض میں سات حرفوں کا لفظ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو
مکفوف البصر: [ع۔ صف] اندھا۔ نابینا۔
مکفول: [ع۔ صف] (۱) کفالت میں دیا گیا۔ ضمانت میں محفوظ کیا گیا رکھا گیا۔ گرو رکھا گیا [افعال: کرنا۔ ہونا]
مُکلاوا: [ھ۔ اند] (۱) ہندوؤں میں شادی کے بعد دولہا کا دولہن کو پہلی بار گھر لے جانا (۲) ہندوؤں میں شادی کے بعد دولہن کا سسرال سے میکے یا میکے سے سسرال جانا۔
مُکَلَّف: [ع۔ صف] (۱) پُر تکلف۔ مزین۔ سجا ہوا۔ بھڑکیلا (۲) تکلیف دیا گیا (۳) عاقل۔ بالغ۔
مُکَلِّف: [ع۔ صف] (۱) تکلیف دینے والا (۲) بلانے والا۔ تقریب میں شریک ہونے کی دعوت دینے والا۔
مُکَلَّل: [ع۔ صف] (۱) سر پہ تاج رکھا گیا۔ تاجدار (۲) چمکایا گیا۔ چمک دار بھڑکیلا۔ جگمگاتا (۳) مرصع۔ جڑاؤ۔ آراستہ۔
مکمکانا: [ار۔ مص۔ ق] مہکانا۔ معطر کرنا۔
مکمکنا: [ار۔ مص۔ ق] دیکھئے "مکمکانا" جس کا یہ لازم ہے
مُکَمَّل: [ع۔ صف] کامل کیا گیا۔ پورا کیا گیا۔ تمام۔ کامل۔ کل۔ پورا۔
مَکْمَن: [ع۔ امث] گھات۔ کمین گاہ۔
مُکْنَت: [ع۔ امث] قدرت۔ طاقت۔ توانائی۔ تونگری۔
مکند: [س۔ اند] (۱) وشنو بھگوان (۲) ایک قسم کا گوند (۳)

پارا۔ سیماب۔ جواہر۔

مَکنُون: [ع۔ صف] پوشیدہ۔ چھُپا ہوا۔ سربستہ۔

مَکنُونِ خاطر: [صف۔ امث] دل کی پوشیدہ بات۔ دلی راز

مَکو: [ھ۔ امث] ایک بوٹی جو کئی امراض میں کام آتی ہے۔ عنب الثعلب۔

مَکوڑا: [ھ۔ امذ] بڑا کیڑا۔ بڑا چیونٹا۔

مَکوکَب: [ع۔ صف] وہ چیز جس پر سنہری چاند تارے بنے ہوئے ہوں (۲) روشن۔

مَکول: [ھ۔ امث] چاک۔ کھریا مٹی۔

مُکوِّن: [ع۔ صف] پیدا کرنے والا۔

مُکوَّن: [ع۔ صف] پیدا کیا گیا۔ ہست کیا ہوا۔

مَکہ: [ع۔ امذ] عرب کا وہ مشہور عالم شہر جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی تھی اور جہاں خانہ کعبہ ہے۔

مُکھ: [س۔ امذ] مُنہ۔ چہرہ۔

مکھ بند: [ھ۔ امذ] گھوڑوں کے ایک مرض کا نام جس میں تلے اوپر کے جبڑے بیٹھ کر منہ بند ہو جاتا ہے

مُکھ پان: [ھ۔ امذ] پان وغیرہ کی شکل کا ٹکڑا جسے خوبصورتی کے لئے قفل پر چابی لگانے کی جگہ لگا دیتے ہیں۔

مُکھ تال: [ھ۔ امث] انترا۔ استھانی۔ وہ آواز جو گویے مُنہ سے نکالتے ہیں

مکھ مشتری: [ھ۔ امذ] مدار المہام۔ وزیر اعلیٰ۔ صف مذ

مکھ میں رام بغل میں چھری: [ھ۔ مثل] ظاہر میں نیک باطن میں بد۔

مَکھا: [ھ۔ امذ] بڑی مکھی۔ نیلے رنگ کی بڑی مکھی۔

مَکھانا: [ھ۔ امذ] (۱) کنول کا بیج جو بھون کر کھایا جاتا ہے (۲) مٹھائی کی ایک قسم۔

مُکھڑا: [ھ۔ امذ] (۱) پیارا منہ۔ پیارا چہرہ (۲) گیت کا پہلا شعر۔

مکھڑا تلووں کو نہ پہنچے: [ار۔ مثل] انسان کے گورے رنگ کی تعریف میں کہتے ہیں۔

مَکھن: [ھ۔ امذ] کچا تازہ گھی۔ مسکہ

مکھن لگانا: [ار۔ محاورہ] کنایۃً خوشامد کرنا۔

مکھن نکالنا: [ار۔ محاورہ] دہی یا کچے دودھ کو بلو کر مکھن نکالنا۔

مَکھنا: [ھ۔ امذ] (۱) بے دانت کا ہاتھی (۲) ایک بڑا ہاتھی جو جھوم کر چلتا ہے۔

مکھنا دیو: [ھ۔ امذ] بے سینگوں کا بڑا دیو۔

مکھنا ہاتھی: [ھ۔ امذ] دیکھئے "مکھنا" معنی نمبر ۱۔

مُکھنڈ: [ار۔ صف۔ ق] عقل مند

مکھنیا: [ھ۔ امذ] مکھن بیچنے والا۔

مکھوت: [ار۔ امذ۔ ق] کھٹمل

مکھی: [ھ۔ امذ] ایک کبوتر جس کے ایک یا دو دو پر سفید ہوتے ہیں۔

مَکھی: [ار۔ امث] (۱) مگس (۲) بندوق کا وہ اُبھرا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں۔

مکھی اُڑانا / سی اڑا دینا: [ار۔ محاورہ] کنایۃً اُچٹتا ہوا سلام کر دینا۔

مکھی پر مکھی مارنا: [ار۔ محاورہ] بے سمجھے نقل کرنا۔ ہو بہو نقل کر دینا۔

مکھی چھپی کی خدمت: [ار۔ امث] مکھیاں اڑانے اور پاؤں دبانے کی خدمت۔

مکھی چوس: [ار۔ صف] کنجوس۔ ایسا کنجوس کہ اگر سالن میں مکھی گر جائے تو اسے بھی چوس کر پھینکے۔

مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا: [ار۔ مثل] چھوٹی باتوں میں دیانتداری جتانا اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا۔

مکھی کی طرح نکال دینا: [ار۔ محاورہ] بالکل واسطہ نہ رکھنا۔ دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا۔

مکھی مار: [ار۔ صف] (۱) وہ شخص جو مکھی کو مار دے۔ وہ شخص جس سے بہت کراہت آئے (۲) بے سمجھے جوں کی توں نقل کرنے والا (۳) ایک کیڑا جو مکھیاں مار کر کھاتا ہے۔

مکھی مار بڑا چمار: [ار۔ مثل] غریبوں کو ستانے والا نہایت کمینہ ہوتا ہے

مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دیتا: [ار۔ مثل] بڑے صاحب غیرت ہیں۔ بہت بد دماغ اور نازک مزاج ہیں۔ کسی کا احسان نہیں اٹھاتے۔

مکھی نگلنا: [ار۔ محاورہ] عذاب مول لینا۔ جان بوجھ کر مصیبت میں پھنس جانا۔

مکھی ہانکنا: [ار۔ محاورہ] مکھی دور کرنا۔ مکھیاں جھلنا۔

مکھیاں اُڑانا: [ار۔ محاورہ] (۱) مکھیاں دور کرنا۔ (۲) خوشامد سے مکھیاں جھلنا (۳) بیکار رہنا۔ خالی رہنا (۴) مرض آتشک میں مبتلا ہونا۔

مکھیاں اُڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مکھیاں اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

مکھیاں بھنکنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا (۲) سرد بازاری ہونا (۳) کریہہ منظر ہونا۔ گھناؤنا ہونا۔

مکھیاں جھلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مکھیاں ہٹانا۔ چنور کرنا (۲) بے شغل رہنا۔ (۳) سرد بازاری ہونا۔

مکھیاں مارنا: [ار۔ محاورہ] کنایۃً بیکار رہنا۔ بے شغل رہنا۔

مکھیوں کا چھتا: [ار۔ امذ] مکھیوں کا ہجوم۔ مکھیوں کا جھنڈ۔ شہد کا چھتہ۔

مکھیوں کے چھتے کو چھیڑنا: [ار۔ محاورہ] بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا۔ شریر کو چھیڑنا۔

مُکھیا: [ھ۔ امذ] سرگروہ۔ سرغنہ۔ سردار۔ چودھری۔

مکھیر: [ھ۔ امذ] شہد۔ انگبین۔

مَکی: [ھ۔ امث] ایک قسم کا غلہ۔ جوار۔

مَکی: [ع۔ صف] (۱) مکہ کا رہنے والا۔ مکہ کا (۲) مکہ سے منسوب و متعلق۔

مُکی: [ھ۔ امث] (۱) ہتھیلی پر بندھی ہوئی انگلیاں۔ مُٹھی۔ مشت۔ ڈک۔ (۲) مکی سے پاؤں دبانا۔

مکی دینا: [ار۔ محاورہ] آٹا گوندھنا۔

مکی لات: [ار۔ امث] مار پیٹ۔

مکی لگانا: [ار۔ محاورہ] آرام و راحت کی غرض سے پاؤں پر مکی مارنا۔

مٹھیاں مارنا۔

مِکیال :[ع۔امذ] ناپنے کا آلہ۔ غلہ ناپنے کا پیمانہ۔

مُکیانا :[ار۔مص] مکی لگانا۔ مکی مارنا

مَکیدَہ :[ع۔امذ] بداندیشی۔ بدخواہی۔ مکر۔ فریب۔

مَکِین :[ع۔امذ] مکان دار۔ مکان میں رہنے والا۔ صاحب خانہ۔

مَکِین ہونا :[ار۔مص۔ل] رہنا۔ بسنا۔ آباد ہونا۔ ٹھہرنا۔

مَکینِکس :[انگ۔امذ] (MECHANICS) کلوں کا علم۔ علم جر ثقیل۔

مِکینیکل انجینئر :[انگ۔امذ] (MECHANICAL ENGINEER) مشین کے علم کا ماہر۔ علم جر ثقیل کی پوری پوری واقفیت رکھنے والا۔

مِکینیکل ورکس :[انگ۔امذ] (MECHANICAL WORKS) وہ کارخانہ جہاں کلوں کا کام ہوتا ہے۔

م ۔ گ

مَگ :[ھ۔امذ] (۱) راہ۔ راستہ۔ باٹ (۲) انتظار (۳) وہ کبوتر جو جنگلی کبوتروں کی مادہ کو اپنے ساتھ اڑا کر گھر لے آئے (۴) (انگ) بڑا گلاس۔

مَگ دیکھنا :[ار۔محاورہ] راہ دیکھنا انتظار کرنا۔ منتظر رہنا۔

مُگد :[ھ۔امذ] ایک قسم کے لڈو جو اکثر ہندوؤں میں مرنے پر تقسیم کیے جاتے ہیں۔

مُگدَر :[ھ۔امذ] وہ بھاری لکڑی جو ورزش کے لیے ہاتھ سے اٹھاتے ہیں جس کے عین درمیان میں موٹھ لگی ہوتی ہے۔

مُگدر اٹھانا :[ار۔محاورہ] مگدر اٹھا کر زور بازو آزمانا۔

مگدر پھرانا/ہلانا :[ار۔محاورہ] مگدروں کی جوڑی گھمانا۔

مِگڈمبر :[ھ۔امذ] لکڑی کا وہ مکان جو ہاتھیوں پر کسا جاتا تھا اور جس میں شاہان اودھ سفر کرتے تھے (۲) ایک قسم کا بہت اونچا خیمہ (۳) کاغذ کی ایک آرائشی چیز جو ساچق کی رسم میں جلوس کے آگے آگے لے کر چلتے ہیں۔

مَگَر :[ھ۔امذ] (۱) مگرمچھ۔ گھڑیال۔ نہنگ۔ ناکو۔ شیر آبی (۲) کان کے ایک زیور کا نام جو مگر کی شکل کا ہوتا ہے۔

مَگَر :[ف۔حرف استدراک] (۱) لیکن۔ پر۔ بجز۔ الا۔ ماسوا (۲) شاید (۳) پھر۔ بااین ہمہ۔

مَگَرا :[ھ۔صف] (۱) گھنا۔ مکار۔ وہ شخص جو غرور کے سبب کسی کی نہ سنے (۲) کام چور۔ سست۔ کاہل (۳) مغرور۔ متکبر۔ خود پسند۔ (۴) ڈھیٹھ۔ ہٹیلا (۵) سرکش۔ باغی۔ کج بحث۔

مَگرا پن :[ار۔امث] دیکھیے "مگرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَگرانا :[ار۔مص] (۱) غرور کرنا (۲) سرکشی کرنا (۳) غافل ہونا۔ (۴) ضد کرنا۔

مَگرائی :[ار۔امذ] (۱) غرور۔ تکبر (۲) کاہلی سستی (۳) مکاری (۴) ڈھٹائی (۵) غفلت (۶) ضد (۷) سرکشی (۸) گھناپن۔

مَگرمچھ :[ار۔امذ] گھڑیال۔ نہنگ۔

مگرمچھ کے آنسو :[ار۔امذ] جھوٹ موٹ کے آنسو۔ تسمیہ

مَگرِی :[ار۔امث] چھپر کا وہ حصہ جو سب سے اوپر اور ماہی پشت ہوتا ہے

مَگَس :[ف۔امث] مکھی۔ شہد کی مکھی۔

مَگَس راں :[ف۔صف] مکھیاں جھلنے والا۔ مورچھل جھلنے والا۔ خادم۔

مَگَس رانی :[ف۔امث] دیکھیے "مگس راں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مَگَس کی قے :[ار۔امث] شہد۔ انگبیں

مَگَسی :[ف۔صف] (۱) مکھی کے رنگ کا۔ سیاہی مائل (۲) وہ گھوڑا جس کے تمام بدن کے بال سفید یا سارے جسم پر سرخی کی چھینٹیں ہوں اور دم اور ایال یک رنگ (۳) بھنکتا ہوا۔ مگس سے منسوب۔

مَگَن :[س۔صف] (۱) ڈوبا ہوا۔ غرق۔ مستغرق (۲) آنند۔ خوش۔ مسرور (۳) بے خود مست

مُگنا :[ار۔مص۔ل] فرسودہ ہونا بوسیدہ ہونا۔

مَگنتا :[س۔امث] خوشی۔ شادمانی۔ مسرت۔ انبساط۔

مُگُھد :[ھ۔امذ] ایک قسم کا کبوتر جو اپنے ساتھ دوسرے کبوتروں کو لے آتا ہے

مُگھم :[ار۔صف] (۱) مبہم سے بنا ہوا (۲) گول مول بات (۳) جواریوں کی اصطلاح میں برابر برابر۔ نہ ہار نہ جیت۔

مگھم رہنا :[ار۔محاورہ] (۱) جواریوں کی اصطلاح میں نہ ہارنا نہ جیتنا۔ برابر رہنا (۲) عزت بچی رہنا۔ راز فاش نہ ہونا۔

مگھم میں :[ار۔متعلق فعل] رمز میں۔ اشارے میں۔ کنائے میں۔

مگھم میں کہنا :[ار۔محاورہ] گول مول بات کہنا۔ کنائے میں بات کرنا۔

م ۔ ل

مَل :[ھ۔امذ] (۱) فضلہ۔ پاخانہ۔ غلاظت۔ میلا (۲) تلچھٹ (۳) جھاگ میل جو اوپر آجاتے (۴) دھاتوں کا میل۔ زنگار (۵) گناہ۔ عصیاں (۶) گندی چیزیں جو بدن سے نکلتی ہیں (۷) پہلوان۔ کشتی گیر۔ (۸) مداری بازی گر (۹) پینے کا برتن۔ پیالہ (۱۰) گال۔ کنپٹی۔ (۱۱) بنیوں کا ایک خطاب (۱۲) بقالوں کا خطاب (۱۳) (صف) (۱) بہتر۔ اعلیٰ (۲) بہادر۔ شجاع۔ سورما۔

مِل :[انگ۔امث] (MILL) (۱) چکی (۲) آٹے، کپڑے، کاغذ وغیرہ کی کل۔

مُل :[ف۔امث] (۱) شراب۔ مے۔ دارو۔ بادہ (۲) (ھ) مگر۔

مَلا :[ع۔صف] (۱) پُری (۲) ظاہر۔ واضح۔ آشکار

مَلاء :[ع۔امذ] (۱) گروہ (۲) شریف لوگ۔

مَلاءِ اَعلیٰ :[ع۔امذ] فرشتے۔

مُلّا :[ع۔صف] (۱) بھرا ہوا۔ بسیار (۲) نہایت عمدہ لکھنے والا (۳) عالم فاضل (۴) مسجد میں نماز پڑھانے والا۔ بچوں کو پڑھانے والا (۵) طنز تنگ نظر مذہبی رہنما۔ ظاہر پرست۔

مُلّا کی ڈاڑھی تبرک ہی میں گئی :[ار۔مثل] بے فائدہ

فضول ہونے پر بولتے ہیں۔

مُلّا کی دَوڑ مسجد تک :[ار-مثل] ہر شخص کی کوشش اس کے حوصلے اور مقدور تک ہوتی ہے۔ جہاں تک آدمی کی دسترس ہو اُس سے آگے نہیں جا سکتا۔

مُلّا کی ماری حلال :[ار-مثل] بڑے آدمیوں کا بُرا کام بھی درست اور جائز سمجھا جاتا ہے۔

مُلاگری :[عف-امث] مدرسی۔ معلمی۔

مُلّا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہو گی :[ار-مثل] کوئی کام کسی کے بغیر رکا نہیں رہتا۔

مُلابَسَت :[ع-امث] مشابہت۔ تعلق۔

مِلاپ :[ار-امذ] (۱) میل جول۔ اتفاق (۲) صلح صفائی۔ باہم رضامندی۔ (۳) موافقت۔ سنجوگ (۴) ملاقات۔ وصل وصال (۵) محبت۔ دوستی۔ ربط و ضبط (۶) سازوں کی ہم آوازی۔

مِلاپ دار :[ار-صف] واقف کار۔ ملاقاتی۔

مِلاپ رکھنا :[ار-محاورہ] میل جول رکھنا۔ اتفاق کے ساتھ بسر کرنا

مِلاپ کرانا :[ار-مص-مرکب] صلح کرانا۔ صفائی کرانا۔ تصفیہ کرانا۔

مِلاپ کرنا :[ار-مص-مرکب] صلح کرنا۔ باہم تصفیہ کرنا۔

مِلاپ ہونا :[ار-مص-مرکب] دیکھیے "مِلاپ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مِلاپی :[ار-صف] ملاقاتی۔

مِلاجُلا :[ار-صف] مخلوط۔ گڈمڈ۔

مِلاجُلا رہنا :[ار-محاورہ] مل جل کر بسر کرنا۔ سلوک سے رہنا۔

مَلّاح :[ع-امذ] کشتی بان۔ ناؤ چلانے والا۔ کھویا۔ ناخدا۔

مَلّاح در چین ست کشتی در فرنگ :[ف-مثل] دو شخصوں یا دو چیزوں کے درمیان فاصلہ ہونے پر بولتے ہیں۔

مَلّاح کا لنگوٹا ہی بھیگتا ہے :[ار-مثل] غریب کا زیادہ نقصان نہیں ہوتا۔

مَلاحَت :[ع-امث] نمکین ہونا۔ شور ہونا (خوبصورتی) سانولا رنگ۔

مَلاحِد/ملاحدہ :[ع-امذ] دیکھیے "مُلحِد" جس کی یہ جمع ہے۔

مُلاحَظَہ :[ع-امذ] (۱) معائنہ۔ مشاہدہ۔ دیکھنا (۲) غور۔ توجہ (۳) (ار) لحاظ۔ مروت (۴) سامنے۔ پیش۔

مُلاحَظَہ سے گزرنا :[ار-محاورہ] نظر سے گزرنا۔ دیکھنے میں آنا۔

مُلاحظہ شُد :[عف-صف] دیکھا گیا۔ دیکھ لیا گیا۔

مُلاحظہ فرمانا :[ار-محاورہ] ملاحظہ کرنا۔ دیکھنا (بڑے یا بزرگ کیلئے)

مُلاحظہ کا :[ار-صف] لحاظ کا۔ بامروت۔

مُلاحَظَہ کرنا :[ار-محاورہ] (۱) دیکھنا۔ معائنہ کرنا (۲) لحاظ کرنا۔ طرف داری کرنا۔ (۳) پڑتال کرنا۔ جانچنا (۴) مطالعہ کرنا۔

مُلاحَظَہ میں آنا :[ار-محاورہ] (۱) نظر سے گزرنا۔ کسی حاکم یا افسر کی نظر سے گزرنا (۲) لحاظ میں آنا۔

مُلاحَظَہ میں ہونا :[ار-محاورہ] کاغذات کا کسی حاکم یا افسر کے زیر نظر ہونا۔

مُلاحظہ والا :[ار-صف] رسوخ والا۔ سفارش والا۔

مُلاحظہ ہونا :[ار-محاورہ] دیکھیے "ملاحظہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مُلاحظہ کی جگہ ملاحظہ ہے :[ار-مثل] مروت والے سے مروت کی جاتی ہے۔

مَلّاحَن/مَلّاحِنی :[ار-امث] دیکھیے "ملاح" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَلّاحی :[ع-امث] دیکھیے "مَلّاح" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَلاحی/ملاحیاں سنانا :[ار-محاورہ] آوازے کسنا۔ گول گول طعنے تشنے دینا۔

مَلاحی کی مَلاحی اور بانس کے بانس کھائے :[ار-مثل] ایک نقصان کی جگہ بہت سے نقصان اٹھانے پر بولتے ہیں۔

مَلاحی گالیاں :[ار-امث] وہ گالیاں جو کسی کا بے نام لئے دی جائیں۔

مَلّاحی ہاتھ :[ار-امذ] تیرنے کا ایک خاص طریقہ جس میں لمبے لمبے ہاتھ مار کر دریا کا راستہ طے کیا جاتا ہے۔

مَلا دَلا ہُوا :[ار-صف] مسلا ہوا۔ کام میں لایا ہوا۔ مستعمل۔

مَلاذ :[ع-امذ] بچاؤ کی جگہ۔ جائے پناہ۔

مُلافا :[ار-مذ-ق] ملاحظہ کا بگاڑ۔

مَلار/مَلہار :[ھ-امذ] وہ گیت یا راگ جو برسات کے موسم میں گائے جاتے ہیں۔

مَلار/ملاریں گانا :[ار-محاورہ] (۱) برسات کے گیت گانا (۲) خوشی منانا۔ آنند کرنا۔

مُلازِم :[ع-امذ] پاس رہنے والا (مجازاً) نوکر۔ خادم۔

مُلازِم خاص :[عف-امذ] اپنا خاص نوکر۔ نج کا نوکر۔

مُلازِم سرکار :[عف-امذ] حکومت کا ملازم۔ سرکاری نوکر۔

مُلازِم کرنا :[ار-محاورہ] نوکر رکھنا۔

مُلازِم مُتعہّد :[ع-امذ] وہ ملازم جس کو خاص شرائط اور عہد پر عہدہ ملا ہو۔

مُلازِم ہونا :[ار-محاورہ] دیکھیے "ملازم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مُلازَمَت :[ع-امث] (۱) کسی کے پاس ہمیشہ رہنا (۲) خدمت۔ نوکری ٹہل سیوا (۳) بڑے کی ملاقات۔

مُلازمت اختیار کرنا :[ار-محاورہ] (۱) نوکر ہونا۔ نوکری قبول کرنا (۲) بڑے کی خدمت کرنا۔

مُلازمت پیشہ :[عف-صف] وہ شخص جس کا پیشہ نوکری ہو۔

مُلازمت حاصل کرنا :[ار-محاورہ] (۱) کسی امیر کی خدمت میں حاضر ہونا۔ کسی بڑے سے ملاقات کرنا۔ باریاب ہونا (۲) نوکری لینا۔ کوئی خدمت اپنے ذمہ لینا۔

مُلاطَفَت :[ع-امث] نیکی۔ بھلائی۔ الطاف۔ مہربانی۔ عنایت۔

مُلاطَفَہ :[ع-امذ] (۱) دیکھیے "ملاطفت" (۲) مراسلہ۔ چٹھی۔ رقعہ (۳) باہم جڑے ہوئے خطوط کا مجموعہ۔

مَلاعِب :[ع-امذ] (۱) ملعب کی جمع (۱) ہنسی مذاق (۲) کھیلنے کی جگہیں۔

مُلاعَبَت :[ع-امث] کھیل کود۔ ہنسی مذاق۔

مَلاعِن :[ع-امذ] ملعنہ کی جمع۔ وہ چیزیں جو قابل لعنت ہوں۔

مُلاعَنَت :[ع-امث] ایک دوسرے پر لعنت کرنا (بالخصوص میاں بیوی کا)

مَلاعِین / مَلاعِنہ : [ع - اند] دیکھیے "ملعون" جس کی یہ جمع ہے۔
مُلاقات : [ع - امث] (۱) ایک دوسرے سے ملنا۔ میل ملاپ۔ آنا جانا (۲) ہم نشینی باہمی محبت (۳) واقفیت۔ صاحب سلامت۔ جان پہچان (۴) بات چیت ملنا جلنا (۵) مباشرت۔ ہم بستری۔
مُلاقات بازدید : [صف - امث] کسی ہم رُتبہ شخص سے اپنے مکان پر مل لینے کے بعد اس کے گھر جا کر ملاقات کرنا۔ جوابی یا دوسری ملاقات
مُلاقات پیدا کرنا : [ار - محاورہ] میل ملاپ قائم کرنا۔ ربط ضبط حاصل کرنا۔ شناسائی بہم پہنچانا۔ دوستی کی بنیاد رکھنا
ملاقات رکھنا : [ار - محاورہ] صاحب سلامت رکھنا۔ میل جول رکھنا (۲) ملتے رہنا۔
ملاقات رہنا : [ار - محاورہ] ملاقات کے مراتب کا برتاؤ باہم ہوتا رہنا۔
مُلاقات کرنا : [ار - محاورہ] (۱) ملنا (۲) دوستی کرنا۔
مُلاقات کروانا : [ار - محاورہ] (۱) ملانا۔ شناسائی کرانا۔ ہم صحبت کرانا (۲) زن و مرد کو باہم ملوانا۔
مُلاقات ہونا : [ار - محاورہ] راہ و رسم ہونا۔
مُلاقاتی : [ع - اند] ملنے والا۔ یار۔ دوست۔ آشنا۔
مُلاقی : [ع - اند] ملاقات کرنے والا۔ ملنے والا۔
مُلاقی ہونا : [ار مص مرکب] ملنا۔ ملاقات کرنا
مُلاگیری : [ار - اند] (۱) صندل کے رنگ سے مشابہ ایک رنگ (۲) صفت اس رنگ میں رنگا ہوا۔
مُلاکمہ : [ع - اند] ایک دوسرے کو گھونسے مارنا۔ مُکا بازی۔ انگریزی BOXING کا ترجمہ۔
مَلال : [ع - اند] (۱) رنج۔ غم۔ تکلیف (۲) زحمت۔
مَلال آنا : [ار - محاورہ] رنج ہونا۔ دل میں کدورت آنا۔ افسوس ہونا۔
مَلال جانا : [ار - محاورہ] دل سے رنج دور ہونا
مَلال کھینچنا / اُٹھانا : [ار - محاورہ] زحمت برداشت کرنا۔ مصیبت اُٹھانا رنج برداشت کرنا۔
مَلال لینا : [ار - محاورہ] رنج و غم برداشت کرنا۔
مَلالت : [ع - امث] رنج۔ افسوس۔ اداسی۔
مِلا لینا : [ار - محاورہ] (۱) شریک کر لینا۔ شامل کر لینا (۲) اپنی طرف کر لینا۔ گانٹھ لینا (۳) آمیز کر لینا۔ مرکب کر لینا (۴) مقابلہ کرنا۔ پڑتال کرنا۔
مَلامت : [ع - امث] ڈانٹ ڈپٹ۔ سرزنش۔ لعن طعن۔ جھڑکی (افعال: کرنا۔ ہونا)
مَلامتی : [ع - صف] (۱) بدنصیب۔ لعنتی۔ مردود (۲) (اِ مذ) فقیروں کا ایک گروہ اور اس کا فرد جو چھپ کر عبادت کرتے ہیں اور بظاہر احکام شرع کی پابندی نہیں کرتے۔
ملامتیہ : [ع - صف] دیکھیے ملامتی ۲
مِلان : [ار - اند] (۱) مقابلہ۔ تقابل (۲) اتفاق۔ اتحاد (۳) فیصلہ (۴) میزان۔
مِلانا : [ار - مص] (۱) مقابلہ کرنا (۲) مطابق کرنا (۳) موازنہ کرنا (۴) آمیز کرنا۔ مرکب کرنا (۵) شناسائی کرانا۔ ملاقات کرانا (۶) شامل کرنا۔ ملوث کرنا (۷) رازدار بنانا۔ گانٹھنا (۸) گھڑی وغیرہ کو دوسری گھڑی وغیرہ کے وقت کے مطابق کرنا (۹) سازوں یا سُروں کو ہم آہنگ کرنا (۱۰) گڈمڈ کرنا (۱۱) ٹکرانا۔ بھڑانا (۱۲) میل کرانا۔ اتحاد کرانا۔
مُلّانا : [ار - اند] (۱) مُلّا کی تصغیر (۲) مسجد کی روٹیاں کھانے والا سیدھا سادہ آدمی (۳) معلّم۔
مِلان ہار : [ار - صف - ن] ملانے والا۔
مُلانی : [ار - امث] دیکھیے "مُلّانا" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُلّانے کھِلانا : [ار - محاورہ] مُلّانوں کی ضیافت کرنا۔ مسکینوں کو کھانا کھلانا
مِلاوا : [ار - اند فی] میل۔ ملاپ۔
مِلاوٹ : [ار - امث] (۱) میل جول (۲) آمیزش۔ کھوٹ (۳) سازش۔
مَلاہی : [ع - اند] لہو کی جمع الجمع۔ کھیل کود۔ یادِ خدا سے غافل کرنے والی چیزیں۔
مَلائک، مَلائکہ : [ع - اند] مَلَک کی جمع فرشتے۔
مُلائم : [ع - صف] (۱) مناسب۔ موافق (۲) نرم (۳) بُردبار۔ حلیم (۴) پتلا۔ دُبلا۔
مُلائم کرنا : [ار - محاورہ] (۱) دھیما کرنا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا (۲) نرم کرنا۔
مُلائم ہونا : [ار - محاورہ] دیکھیے "ملائم کرنا" جس کا یہ لازم ہے
مُلائمت : [ع - امث] دیکھیے "ملائم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مِلاو : [ار - اند] دیکھیے "ملاوٹ"
ملائی : [ار - امث] (۱) دودھ یا دہی کے اوپر کی پپڑی۔ بالائی۔ سرشیر (۲) مالش۔ ملنا (۳) مالش کی اُجرت۔
مَلائی پڑنا : [ار - محاورہ] دودھ یا دہی پر پپڑی جمنا۔
مَلائیاں اُڑانا / چٹ کرنا / کھانا : [ار - محاورہ] (۱) تر مال کھانا۔ مزے کرنا (۲) دوسرے کا مال کھانا۔ دوسرے کے مال سے نفع حاصل کرنا۔
مِل بانٹ کر / کے : [ار متعلق فعل] اتفاق کے ساتھ۔ نفع میں شریک ہو کر۔
مَلبا : [ار - اند] (۱) گرے ہوئے مکان کی اینٹ مٹی وغیرہ (۲) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک
مَلبا خرچ : [ار - اند] وہ رقم جو نمبردار کاشتکاروں سے لگان کے علاوہ افسروں کی خاطر تواضع کے لئے وصول کرتا ہے
مُلَبَّب : [ف صف - غلط العوام] لبریز۔ بھرا ہوا (فارسی لب سے عربی قاعدہ کے مطابق اسم مفعول بنایا گیا ہے جو اصولاً غلط ہے
مُلَبَّس : [ع - صف - مفعولی] (۱) پہنایا گیا۔ پوشیدہ۔ عیب چھپایا ہوا (۲) مُریّہ۔
مُلَبِّس : [ع - صف فاعلی] پوشیدہ کرنے والا۔ مکر و عیب چھپانے والا۔
مِلبَن : [ع - اند] اینٹ بنانے کا سانچا۔ قالب۔
مُلَبِّن : [ع - صف فاعلی] اینٹ بنانے والا۔ پتھیرا۔
مُلبِن / مُلبِنہ : [ع - صف فاعلی] دودھ دینے والی (بکری وغیرہ)
مَلبَنہ : [ع - اند] دودھ کا ذخیرہ۔ دودھ کا کارخانہ۔ انگریزی DAIRYFARM کا ترجمہ۔

مَلبوس: [ع - امذ] پہنا ہوا - پہننے کی چیز - کپڑے وغیرہ لباس - پوشاک

مَلبُوسَہ: [ع - امث] دیکھئے "ملبوس" جس کی یہ تانیث ہے (اردو میں بطور صفت مذکر کے لئے بھی مستعمل ہے)

مِل بَیٹھنا: [ار - محاورہ] محبت سے یک جا ہو کر بیٹھنا - ہم صحبت ہونا -

مِلت: [ار - صف - مث] گھسی ہوئی - فرسودہ (سکہ)

مِلَت: [ار - امث] ملاپ راہ و رسم - میل جول - ملنساری - (افعال: رکھنا)

مِلَّت: [ع - امث] (۱) دین مذہب شریعت (۲) قوم - فرقہ -

مِلّتِ بیضا: [ع - امث] کنایۃً مسلمان قوم -

مِلا: [ار - صف مذ] گھسا ہوا (سکہ)

مِلتا جُلتا: [ار - صف] مشابہ - مانند مثل

مُلتان: [ار - امذ] پاک پنجاب کا مشہور شہر جو گرد، گرما، گدا اور گورستان کے لئے مشہور ہے -

مُلتانی: [ار - صف] (۱) ملتان سے منسوب (۲) زرد رنگ کی چکنی مٹی جو لڑکے لکھنے کی تختیوں پر پھیرتے ہیں (۳) ٹوڈی ٹھاٹھ کی ایک راگنی -

مُلتَبِس: [ع - صف] پوشیدہ - ملایا ہوا - اشتباہ کیا گیا -

مُلتَجی: [ع - صف] التجا کرنے والا - درخواست کرنے والا - منت سماجت کرنے والا -

مُلتَزَم: [ع - صف] (۱) لازم کیا ہوا (۲) (امذ) بیت اللہ میں رکن یمانی کے قریب ایک مقام جہاں کی جانے والی دعا مستجاب ہوتی ہے

مُلتَزِم: [ع - صف فاعل] التزام کرنے والے - اپنے پر لازم کرنے والا -

مُلتَصِق: [ع - صف] ملا ہوا - لگا ہوا -

مُلتَفِت: [ع - صف] التفات کرنے والا متوجہ ہونے والا -

مُلتَمِس: [ع - امذ] التماس کرنے والا - عرض کرنے والا -

مُلتَوی: [ع - صف] (۱) التوا کرنے والا - دیر کرنے والا (۲) توقف کرنے والا -

مُلتَوی رکھنا / کرنا: [ار - محاورہ] ڈھیل میں ڈالنا - روکنا - ٹھہرا - ہٹانا کچھ عرصہ کے لئے موقوف رکھنا -

مُلتوی رہنا / ہونا: [- محاورہ] دیکھئے "ملتوی رکھنا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

مِلتی جُلتی: [ار - صف - مث] دیکھئے "ملتا جلتا" جس کی یہ تانیث ہے -

مُلتَہِب: [ع - صف] بھڑکانے والا

مُلتَہَب: [ع - صف] شعلہ زن - بھڑکتا ہوا

مَلٹ: [ھ - امذ] موٹا کاغذ - کتاب کا پٹھا - خیمے کی میخ ٹھونکنے کی موگری -

مِلٹری: [انگ - صف] MILITARY فوج -

مِلٹری پولیس: [انگ - امث] (MILITARY POLICE) فوجی پولیس -

مُلٹھی: [ار - امث] گھونگچی کے درخت کی جڑ - اصل السوس - ایک مشہور دوا جو کھانسی کے لئے مفید ہے عموماً پان میں ڈال کر کھاتے ہیں -

مَلجا: [ع - امذ] جائے پناہ - پناہ ملنے کی جگہ - وہ مقام جہاں جا کر آدمی اپنی جان بچالے -

مِل جانا: [ار - محاورہ] (۱) جُڑ جانا - پیوستہ ہو جانا (۲) صلح و صفائی ہو جانا -

(۳) شامل ہونا - شریک ہونا (۴) دوچار ہونا - ملاقات ہونا (۵) حاصل ہونا - وصول ہو جانا -

مِل جُل کر / کے: [ار متعلق فعل] متفق ہو کر - اکٹھے ہو کر - سلوک سے - اتحاد کے ساتھ - اتفاق کے ساتھ -

مِل جل کر / کے رہنا: [ار - محاورہ] میل ملاپ اور موافقت سے بسر کرنا -

مِل چلنا: [ار - محاورہ] کسی سے ملاقات کی رسم پیدا کرنا -

مَلیچھ: [ار - صف] (۱) پلید - میلا - ناپاک - غلیظ - اگھوری - ناپاک قوم (۲) جنگلی آدمی - وحشی آدمی (۳) کافر - بے دین -

مِلح: [ع - امذ] نمک - نون - کھار - شورہ -

مُلحِد: [ع - امذ] فاسق - کافر - بے دین - راہ حق سے پھرا ہوا -

مُلحِدَہ: [ع - امث] دیکھئے "ملحد" جس کی یہ تانیث ہے -

مُلحَق: [ع - صف] جڑا ہوا - لگا ہوا - ملا ہوا - پیوستہ - منسلک

مُلحِق: [ع - صف] جڑنے والا - ملنے والا -

مُلحَق کرنا: [ار - مصدر مرکب] شامل کرنا - ملانا - داخل کرنا - الحاق کرنا -

مُلحَق ہونا: [ار - مصدر مرکب] دیکھئے "ملحق کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

مُلحَقات: [ع - امذ] وہ چیزیں جو بعد کو ملا دی گئی ہوں -

مُلحَقَہ: [ع - صف - مث] دیکھئے "ملحق" جس کی یہ تانیث ہے -

مَلحُوظ: [ع - صف] لحاظ کیا گیا - خیال کیا گیا - [افعال: رکھنا - رہنا]

مَلحُوظِ خاطر: [ع ف - صف] دلی خیال - دلی توجہ - خیال رکھنا -

مَلخ: [ف - امث] ٹڈی -

مُلَخَّص: [ع - صف] (۱) خلاصہ کیا گیا - پاک کیا گیا - خالص - پاک (۲) خلاصہ کیا گیا - مختصر -

مُلَذِّذ: [ع - صف] لذت دینے والا - مزہ دار -

مُلرُّملر: [ھ - امث] (۱) حسرت ، افسوس ظاہر کرنے کے لئے مستعمل ہے (۲) عاجزی سے - غریبی اور مسکینی سے ۔ ۔ ہے پن سے -

مُلزَم: [ع صف] الزام لگایا گیا - مجرم - گنہگار - قصوروار -

مُلزَمَہ: [ع - صف مث] دیکھئے "ملزم" جس کی یہ تانیث ہے

مَلزُوم: [ع - امذ] لازم کیا گیا - جو جدا نہ ہو سکے - متعلق - شریک حال -

مُلصَق: [ع - امذ] ملا ہوا - متصل - پیوستہ -

مُلَطِّف: [ع - امث] (۱) پتلا کرنے والی دوا - رقیق کرنے والی دوا - ملین کرنے والی

مَلعَب: [ع - امذ] کھیل کی جگہ -

مَلعَنَہ: [ع - امث] (۱) پامال راستہ - پلیدی (۲) لعنت کا سبب -

مَلعُون: [ع - صف] لعنت کیا گیا - مردود - لعین - نکالا ہوا -

مَلغُوبا: [ف - امذ] (۱) آلائش - آلودگی - جسم کے اندر کی آلائش - انتڑیاں - اوجھڑی - مواد - پیپ (۲) کوڑا کرکٹ (۳) مرکب - مخلوط (۴) ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا انبار -

مَلفُوظ: [ع - صف] (۱) پڑھا گیا - جو پڑھنے میں آئے (۲) منہ سے بولی ہوئی بات (۳) وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کے حالات ان کی زبانی لکھے گئے ہوں -

ملفوظی: [ع - صف] وہ حرف جو پڑھنے اور بولنے میں آئے -

مَلفُوف: [ع - امذ] لپٹا ہوا - لفافہ میں بند - سربند - بند -

مُلَقَّب : [ع - صف] (١) لقب دیا گیا (٢) معروف - نام زد -

مُلَقَّط : [ع - صف] دست پناہ - چمٹا -

مَلَک : [ع - اِمذ] فرشتہ -

مَلَکُ الْمَوت : [ع - اِمذ] موت کا فرشتہ - عزرائیل - جان نکالنے والا -

مَلَکُ الْمَوت کا گھر دیکھ لینا : [ار - محاورہ] لگاتار موتیں ہو جانا -

مَلَک خصلت / سیرت / نہاد : [ف - صف] فرشتے کی سی عادت والا - معصوم - نیک - بے گناہ -

مَلِک : [ع - اِمذ] (١) بادشاہ - سلطان - فرماں روا - شہریار (٢) ایک خطاب جو اکثر مسلمان قوموں میں رائج ہے -

مَلِکُ التُّجّار : [ع - صف] بہت بڑا تاجر -

مَلِکُ الشُّعَرا : [ع - اِمذ] شاعروں کا بادشاہ - بہت بڑا شاعر - راج کوی - وہ خطاب جو بادشاہ کی طرف سے اعلیٰ درجے کے شاعر کو دیا جائے

مَلِکُ العَرش : [ع - اِمذ] عرش کا بادشاہ -

مَلِک زادہ : [عف - صف] شاہ زادہ - بادشاہ کا لڑکا -

مِلک : [ع - اِمث] (١) ملکیت - زمین داری - جاگیر - معافی - جائداد (٢) مال - اسباب (٣) حق - حقیت -

مِلکِ یمین : [ع - اِمث] لونڈی - غلام

مُلک : [ھ - اِمث - ق] متلی - قے (٢) شبہ - وسواس

مُلک : [ع - اِمذ] (١) دیس - ولایت - کشور - اقلیم (٢) سلطنت - راج - بادشاہت - علاقہ - عملداری - قلمرو (٣) احاطہ - پرگنہ - صوبہ (٤) شہر - نگر (٥) خلقت - لوگ -

مُلک بدر کرنا : [ار - محاورہ] جلا وطن کرنا -

مُلکِ بقا : [ف - اِمذ] ہمیشہ رہنے والا ملک - عاقبت - اگلا جہان -

مُلکِ خدا : [ع - اِمذ] دنیا - جہان - کائنات -

مُلکِ خدا تنگ نیست پائے گدا لنگ نیست : [ف - مثل] خدا کا ملک تنگ نہیں اور فقیر کا پاؤں لنگڑا نہیں - کسی خاص مقام پر موقوف نہیں ہر جگہ کوشش کرنے کا وقت ہے -

مُلکِ خموشاں : [ع - ف - اِمذ] قبرستان (کنایۃً)

مُلک داری : [عف - صف] حکومت - سلطنت -

مُلک رانی : [عف - اِمث] ملک کا انتظام کرنا - سیاست -

مُلک ستانی / گیری : [عف - صف] ملک لینا - جیت - فتح - تسخیر - فتح یابی -

مُلک سے خارج کرنا : [ار - مع - فع] دیس نکالا دینا - بن باس دینا - جلا وطن کرنا - شہر بدر کرنا -

مُلکِ عدم : [ع - اِمذ - بترکیب فارسی] وہ عالم جس میں مرنے کے بعد روح رہتی ہے - موت کے بعد کا عالم -

مَلَکات : [ع - اِمذ و مث] مَلَکہ کی جمع (٢) سیرتیں - عادتیں -

مَلَکاتِ رَدیّہ : [ع - اِمذ - بترکیب فارسی] (١) بری عادتیں (٢) وہ آٹھ بری عادتیں جو اخلاق کی کتابوں میں بہ تفصیل لکھی گئی ہیں - حسد - بخل - بغض - حرص - کذب - غضب - کبر - بے حیائی -

مَلَکاتِ فاضلہ : [ع - اِمذ - بترکیب فارسی] نیک عادتیں - عمدہ خصلتیں وہ چار خصلتیں جو اخلاق کی کتابوں میں بہ تفصیل سے درج ہیں - حکمت - شجاعت - عفت - عدالت -

مَلکانا : [ار - مص] (١) بنا بنا کر بولنا (٢) (ار - اِمذ) ایک نومسلم قوم -

مُلکَٹ : [ھ - اِمث] انگیا کی کٹوری جس میں چھاتی رہتی ہے -

مِل کر چلنا : [ار - مع - فع] شریک ہو کر چلنا -

مِل کر / کے رہنا : [ار - مع - فع] میل جول سے رہنا - شامل شریک رہنا

مِل کر / کے دغا کرنا : [ار - مع - فع] دوست بن کر دغا دینا -

مِل کر / کے مارنا : [ار - مع - فع] سازش کر کے نقصان پہنچانا - دوستی کے پردے میں نقصان کرنا -

مَلکنا : [ار - مص] اترانا - مٹکنا -

مَلَکوت : [ع - اِمذ] (١) بادشاہی - سلطنت - حکومت - حکمرانی (٢) فرشتوں کا عالم - فرشتوں کے رہنے کا مقام (٣) فرشتے - ملائکہ (٤) صوفیوں کی اصطلاح میں عالم ارواح -

مَلَکوتی : [ع - صف] فرشتوں جیسی (ملکوت سے منسوب)

مَلَکوتی صفات : [ع - صف] فرشتوں جیسی خصلتوں والا - نیک عادتیں -

ملکوں ملکوں شہرہ ہونا : [ار - محاورہ] دور دور تک شہرت ہونا -

مَلَکہ : [ع - اِمذ] مشق - مہارت - لیاقت - قابلیت - استعداد - ہنر - تجربہ - استادی - فہم - ادراک

ملکہ حاصل ہونا : [ار - محاورہ] مہارت ہونا - خوب مشق ہونا - نہایت تجربہ کار ہونا -

ملکہ ہونا : [ار - محاورہ] کسی بات کا کمال ہونا - مہارت ہونا -

مَلِکہ : [ع - اِمث] (١) مَلِک کی تانیث - قیصرہ - سلطانہ - بیگم - حکمران خاتون (٢) شہزادی - بادشاہ زادی (٣) مہال کی سب سے بڑی مکھی جس کے ساتھ اور مکھیاں بطور خدمت گار رہتی ہیں -

ملکہ مسور : [ار - اِمث] بڑی قسم کی مسور -

مِلکی : [ع - اِمذ] جاگیردار - ملک والا - زمین دار -

مِلکی کیا جانے پرائے دل کی : [ار - مثل] یعنی ملکی لوگ خودغرض ہوتے ہیں، دوسروں کی تکلیف کا خیال نہیں رکھتے -

مِلکی نہ کہے دل کی : [ار - مثل] زمین دار دل کا بھید نہیں دیتا -

مُلکی : [ع - صف] (١) ملک کا - ملک والا - ملک سے تعلق رکھنے والا - (٢) قومی - وطن کا -

مِلکیّت : [ع - اِمث] دیکھئے " مِلک "

مَلگَجا : [ار - صف] میلا - مٹی کے رنگ کا - غبار آلود - کچھ میلا کچھ اُجلا -

مَلگَجاپن : [ار - اِمذ] دیکھئے " ملگجا " جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

مَلگَجی : [ار - صف - مث] دیکھئے " ملگجا " جس کی یہ تانیث ہے -

مِل گئے کی بات : [ار - مقولہ] (١) اتفاقیہ امر ہے (٢) اگر مل گئے تو ملاقات ہے ورنہ کچھ نہیں -

ملگی : [ار - اِمذ - ق] (١) دکان (٢) خیرات نامہ -

مَلَل : [ع - اِمذ] اندوہ - غم - تنگی -

مِلَل : [ع - اِمذ] دیکھئے " ملت " جس کی یہ جمع ہے -

مَلْہَم : [ار - امث - ق] مرہم ۔
مَلْماس : [ھ - اند] نحس مہینہ ۔ منحوس مہینہ ۔ وہ مہینہ جس میں ہندو خوشی کی رسمیں نہیں کرتے ۔ لوند کا مہینہ ۔
مُلَمْچی : [ار - اند] دیکھئے " ملمع ساز " جو صحیح ہے ۔
مَلْمَس : [ع - اند] (۱) بدن کا اوپر کا حصّہ ۔ جلد ۔ بدن (۲) چھونے کی جگہ ۔ ہاتھ پھیرنے کی جگہ ۔
مُلَمَّع : [ع - صف] (۱) روشن ۔ براق ۔ چمکتا ہوا ۔ درخشاں (۲) گلٹ کیا ہوا ۔ سونا چاندی چڑھایا ہوا (۳) (۱) اند) جھول جھلٹ ۔ سونے چاندی کا ورق پتر یا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا ہو ۔ ہو (۴) نقلی (۵) نرا دکھاوا ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ بناوٹ (۶) اصطلاح عروض میں ایک زبان کی نظم جس میں دوسری زبان کا ایک مصرع ایک یا زیادہ شعر ملا دیتے جاتیں ۔
مُلَمَّع پھرنا / چڑھنا : [ار - محاورہ] ملمع کا رنگ کسی چیز پر دینا ۔ گلٹ ہونا ۔
مُلَمَّع ساز / گر : [عف - صف] ملمع کرنے والا ۔ سونا چاندی چڑھانے والا ۔
ملمع سازی / گری : [عف - امث] ملمع ساز / گر " کا اسم کیفیت ۔
ملمع کار : [عف - صف] (۱) جس کا ظاہر کچھ باطن کچھ ہو (۲) ملمع کرنے والا ۔
ملمع کاری : [عف - امث] ملمع کار کا اسم کیفیت ہے ۔
ملمع کرنا : [ار - مص مرکب] (۱) گلٹ کرنا ۔ سونا یا چاندی چڑھانا (۲) چمکانا ۔ آب دینا ۔ جلا کرنا (۳) ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا ۔
مُلَمَّع کھل جانا : [ار - محاورہ] نمائشی کارروائی کا حال کھل جانا ۔ اصلیت معلوم ہو جانا ۔
مَلْمَل : [ار - امث] ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا جو گرمیوں میں پہنتے ہیں ۔
مَلْمَلا : [ار - صف] (۱) نمکین ۔ کھاری (۲) غمگین ۔ دلگیر ۔ اداس ۔
مَلْمَلانا : [ار - مص] پچھتانا ۔ افسوس کرنا ۔ تڑپنا ۔ لوٹنا ۔
مَلْمَلاہَٹ : [ار - امث] دیکھئے " ململا " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَلْمَلاہَٹ آنا : [ار - محاورہ] افسوس ہونا ۔ پچھتانا ۔
مَل مَل کر رونا : [ار - محاورہ] گلے لگ لگ کر رونا ۔
مَل مَل کر / کے دھونا : [ار - محاورہ] کسی چیز کو خوب ہاتھ کے رگڑے دے کر دھونا ۔
مِلَن : [ار - امث] ملاقات ۔ ملنا ۔ میل جول ۔
مِلَنْسار : [ار - صف] ہر ایک سے ملنے والا ۔ خلیق ۔ خوش اخلاق ۔
مِلَنْساری : [ار - امث] دیکھئے " ملنسار " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مِلَنْہار : [ار - صف - ق] ملنے والا ۔
مَلْنا : [ار - مص] (۱) رگڑنا ۔ مسلنا (۲) مالش کرنا (۳) لیپ کرنا (۴) مانجھنا (۵) کھریرا کرنا ۔ ہاتھ پھیرنا ۔ جیسے گھوڑا ملنا (۶) مروڑنا ۔ اینٹھنا ایبٹھنا جیسے کان ملنا ۔
مَلْنا دَلنا : [ار - مص] مسلنا ۔ مالش کرنا ۔ کسی چیز کو ہاتھ کا دباؤ دے کر رگڑنا ۔
مِلْنا : [ار - مص] (۱) پیوستہ ہونا ۔ ملحق ہونا ۔ چسپاں ہونا ۔ ایک ذات ہونا (۲) مرکب ہونا ۔ دو چیزوں کا یکی ہونا (۳) گڈمڈ ہونا ۔ خلط ملط ہونا (۴) ملاقات ہونا ۔ سامنا ہونا ۔ اکٹھا ہونا (۵) حاصل ہونا ۔ ہاتھ میں آنا ۔ میسر ہونا ۔ ہاتھ لگنا (۶) فائدہ ہونا (۷) گلے ملنا ۔ بغلگیر ہونا (۸) وصل ہونا ۔ ہم بستر ہونا (۹) سازش کرنا (۱۰) شامل ہونا (۱۱) مطابق ہونا ۔ مشابہ ہونا (۱۲) قابو میں آنا (۱۳) عطا ہونا ۔ عنایت ہونا (۱۴) متفق الرائے ہونا ۔ رائے میں شریک ہونا ۔ (۱۵) ربط و ضبط ہونا ۔ راہ و رسم رکھنا ۔ دوستی پیدا کرنا ۔ یارانہ گانٹھنا (۱۶) مس ہونا ۔ چھو جانا (ار - اند) میل جول راہ و رسم (۱۷) گنجفہ کے پتوں کا مل جانا (۱۸) رخصت کے وقت معانقہ کرنا (۱۹) کسی کام کا موقع ملنا (۲۰) دکھائی دینا ۔
مِلنا جُلنا : [ار - مص] میل ملاپ ۔ راہ و رسم ۔ ملاقات ۔
مَلَنگ : [ار - اند] (۱) بیخود ۔ آپے سے باہر ۔ بے ہوش (۲) مجرد آدمی (۳) موٹا تازہ آدمی (۴) شاہ مدار کے مرید (۵) ناپابند شریعت فقیر ۔
مِلْنی : [ار - امث] (۱) ملاقات ۔ درشن ۔ (۲) استقبال ۔ پیشوائی (۳) ایک رسم جس میں شادی کے بعد سمدھی مع دیگر عزیز واقارب ایک دوسرے سے ملتے ہیں ۔ ملاوا (۴) وہ روپیہ جو دلہن والے دولہا والوں کو ملتے وقت دیتے ہیں ۔
ملنے جلنے کو آنا : [ار - محاورہ] ملاقات کو آنا ۔ استقبال کو آنا ۔
ملنے کو جانا : [ار - محاورہ] ملاقات کو جانا ۔ استقبال کو جانا
مِلّو / مَلّھو : [ھ - اند] ریچھ ۔ بھالو (۲) بندر
مَلّو : [ھ - اند] وہ پرندہ جس کے ہاتھ پاؤں باندھ کر جال میں ڈال دیتے ہیں تاکہ اور پرند آکر جال میں پھنس جائیں ۔
مَلْوانا : [ار - مص] (۱) مالش کروانا (۲) صاف کروانا (۳) پائمال کرانا ۔
مِلْوانا : [ار - مص] (۱) آمیز کرانا ۔ شریک کرانا (۲) ملاقات کرانا ۔ صلح کرانا ۔
مَلْوائی : [ھ - امث] دیکھئے " ملوانا " جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔ (۲) ملوانے کی اجرت ۔
مُلَوَّث : [ع - اند] (۱) لتھڑا ہوا ۔ آلودہ ۔ بھرا ہوا (۲) ناپاک ۔ نجس ۔ پلید (۳) گنہگار ۔ قصوروار ۔
مَلُوک : [ار - صف] (۱) حسین عورت ۔ شکیل ۔ نازک ۔ اچھا (۲) (ار - اند) ایک قسم کا کیڑا ۔
مُلُوک : [ع - اند] دیکھئے " ملک " جس کی یہ جمع ہے ۔
مُلُوکانہ : [عف - صف] شاہانہ ۔ خسروانہ ۔ قیصرانہ ۔
مُلُوکیت : [ع - امث] شہنشاہی ۔
مَلُول : [ع - اند] اداس ۔ رنجیدہ ۔ غمگین ۔
مَلُولا : [ار - اند] غم ۔ ملال ۔ حسرت ۔ ارمان ۔ رنج ۔ افسوس ۔ پچھتاوا ۔
مَلُولے آنا : [ار - محاورہ] رنج ہونا ۔ پچھتاوا ہونا ۔
مَلُولے بھرے ہونا : [ار - محاورہ] بہت سے ارمان ہونا ۔
مَلُولے ہونا : [ار - محاورہ] غم ہونا ۔ ارمان ہونا ۔ حسرتیں ہونا ۔
مُلَوَّن : [ع - اند] (۱) رنگا ہوا (۲) رنگ برنگ کا ۔ گوناگوں ۔ بوقلموں
مِلَونی : [ھ - امث] ملاوٹ ۔ آمیزش ۔ کھوٹ ۔
ملہٹی : [ار - امث] دیکھئے " ملٹھی " ۔
مُلْہَم : [ع - اند] الہام کیا گیا ۔ وہ شخص جس کے دل میں غیب سے

مُلہِم : [ع۔صف] الہام کرنے والا۔ دل میں کوئی بات ڈالنے والا۔
مُلہِمِ غیب : [ع۔صف] غیب کی خبر دینے والا۔
مِلّی : [ع۔صف] مِلّت سے منسُوب۔ قومی۔
مِلّیہ : [ع۔صف مث] مِلّی کی تانیث۔
مَلِیّا : [ار۔امث] مٹی یا لکڑی کی ہنڈیا جیسا ایک چھوٹا برتن۔
مَلیامیٹ ۔ [ار۔صف] پامال۔ روندا ہوا۔ تباہ و برباد۔ ناپید۔ نیست و نابود۔ ستیاناس۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]
مِلی بھگت : [ار۔امذ] سازش۔ باہمی مشورہ۔ [افعال ہونا]
مِلی جُلی ۔ [صف۔مث] دیکھئے "ملاجلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَلے پنج : [ار۔صف] چابک سواروں کی اصطلاح میں آٹھ برس سے زیادہ عمر کا گھوڑا۔
مَلیچ / ملیچھ : [ار۔امذ] دیکھئے "مَلِچھ"
مَلیح : [ع۔صف] (۱) نمکین۔ سلونا (۲) خوبصورت۔ سانولا۔
مَلیدہ : [ار۔امذ] مالیدہ کا مخفف (۱) ایک قسم کا ملائم پشمینہ جو مل کر نرم کیا جاتا ہے۔ (۲) چورما، روٹی کو چورہ کر کے اس میں گھی اور شکر ملاتے ہیں (۳) کنایۃً ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے بعد مل ڈالی ہو۔
ملیریا ۔ [انگ۔امذ] (MALARIA) موسمی بخار جو مچھروں سے ہوتا ہے۔
ملیشیا ۔ [انگ۔امث] (MALITIA) (۱) رضاکار فوج (۲) ایک سیاہی مائل کپڑا۔
ملیکش : [ار۔امذ] دیکھئے "ملیچھ"
مِلی میٹر : [انگ۔امذ] (MILLIMETRE) علم مساحت میں ایک پیمانہ جو میٹر کا ہزارواں حصہ ہے۔
مُلیّن : [ع۔امذ] ملائم کرنے والا۔ نرم کرنے والا قبض دور کرنے والا۔
مَلین : [ع۔صف] میلا۔ ناپاک۔ گندہ۔ غلیظ (۲) سست۔ اداس۔ غمگین۔ (۳) مکدر۔ منغّض۔
مِلین : [انگ۔امذ] (MILLION) دس لاکھ
مَلینہ ۔ [ار۔امذ] دیکھئے "مرینہ" ایک کپڑا۔

م ۔ م

مَم : [ار۔امذ] (۱) دودھ پیتے بچے کی زبان میں پانی (۲) عورت کی چھاتی۔ چوچی۔
مَمات : [ع۔امث] موت۔ مرگ۔ مرنا۔
مُماثِل : [ع۔امذ] (۱) مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ نظیر۔ برابر۔
مُماثلت : [ع۔امذ] مشابہت۔ مانند ہونا۔
مُمارست : [ع۔امث] مشق۔ تجربہ۔
مُماس : [ع۔صف] (۱) مس کرنے والا۔ چھونے والا (۲) اقلیدس میں وہ خط جو دوسرے خط کو چھوتا ہوا گزرے (۳) وہ نقطہ جہاں کوئی چیز چھوئے۔
مَماکھی : [ھ۔امث] شہد کی مکھی۔
مُمالک : [ع۔امذ] مملکت کی جمع۔ بہت سے ملک۔ مقامات۔

مُمالکِ غیر : [ع۔امذ] وہ ملک جو اپنی سلطنت سے باہر ہوں
مُمالکِ غیر آئین : [ع۔امذ۔ بترکیب فارسی] وہ ملک جن میں قانون کی پابندی نہ ہو۔
مُمالکِ محرُوسہ : [ع۔امذ] وہ ملک جو کسی حکومت کے تابع ہوں۔
مُمالکِ مفوّضہ : [ع۔امذ] سپرد کئے ہوئے ملک۔ وہ ملک جو ایک بادشاہ دوسرے بادشاہ کو حوالے کر دے۔
مَمالیک : [ع۔امذ] "مملوک" کی جمع۔
مُمانعت : [ع۔امث] روک۔ بندش۔ مناہی۔ منع کرنا
مُمانی : [ار۔امث] دیکھئے "ماموں" جس کی یہ تانیث ہے۔
ممبر ۔ [انگ۔امذ] (MEMBER) (۱) رکن مجلس۔ کمیٹی کا رکن (۲) عضو جوڑ۔ بند (۳) حصہ دار۔ پتی دار۔ شریک
ممبر شپ : [انگ۔امث] (MEMBERSHIP) رکنیت۔ ممبری
مَمتا : [س۔امث] (۱) خودی۔ انانیت (۲) کسی چیز سے محبت اس وجہ سے کہ اپنی ہے (۳) ملکیت کا خیال (۴) خود غرضی (۵) انس۔ محبت (۶) تکبر۔ غرور (۷) شخصیت (۸) لالچ۔ حرص (۹) وہ محبت جو ماں کو اولاد سے ہوتی ہے
مُمتاز : [ع۔صف] (۱) امتیاز دیا گیا۔ انتخاب کیا گیا۔ چنا گیا (۲) عزت دیا گیا۔ معزز (۳) اعلیٰ۔ افضل۔ سرفراز۔ برتر۔ برگزیدہ۔ عالی رتبہ (۵) نامور۔ مشہور (۶) شریف۔ ذی شان۔
مُمتاز فرمانا / کرنا : [ار۔محاورہ] عزت بخشنا۔ مرتبہ بڑھانا معزز کرنا۔
مُمتاز ہونا [ار۔محاورہ] دیکھئے "ممتاز کرنا وغیرہ" جس کا یہ لازم ہے۔
مُمتحَن [ع۔امذ] امتحان دینے والا۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔
مُمتحِن [ع۔امذ] امتحان لینے والا۔ پڑتال کرنے والا۔ جانچنے والا۔
مُمتد : [ع۔صف] دراز۔ طویل۔
مُمتدّ ۔ [ع۔صف] پھیلایا گیا۔ طویل کیا گیا۔ دراز کیا گیا۔
مُمتلی ۔ [ع۔صف] بھرا ہوا۔ لبریز۔ معمور۔ اٹا ہوا۔
مُمتنِع ۔ [ع۔امذ] باز رکھا گیا۔ روکا گیا
مُمتنِع ۔ [ع۔صف] روکنے والا۔ باز رکھنے والا۔
مُمتنِع الجواب : [ع۔صف] جس کا جواب نہ ہو۔
مُمٹی ۔ [ھ۔امث] دیکھئے "گمٹی"
مُمثّل : [ع۔امذ] اداکار۔ ایکٹر۔
مُمجّد : [ع۔امذ] بزرگی دیا گیا۔ بزرگ۔
مُمِد : [ع۔صف] مدد کرنے والا۔ مددگار۔ معاون۔ ساتھی۔
مَمدُوح : [ع۔امذ] تعریف کیا گیا۔ جس کی تعریف کی جائے۔
مَمدُوحہ : [ع۔امث] دیکھئے "ممدوح" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَمدُود : [ع۔صف] (۱) بڑھایا گیا۔ لمبا کیا گیا۔ پھیلایا گیا (۲) مد دیا گیا۔
ممدودہ : [ع۔صف] دیکھئے "ممدود" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَمَر : [ع۔امث] گزرنے کی جگہ۔ راہ گزر۔ راستہ۔ راہ۔
مَمریز : [ار۔امث] لوہے کی دندانہ دار پھرکی جو سواروں کے بوٹ کی ایڑی میں چابک کا کام دیتی ہے (یہ لفظ مہمیز کا بگاڑ ہے)

مُمزُوج : [ع۔ اند] ملایا ہوا۔ آمیختہ۔
مُمسِک : [ع۔ اند] (۱) پکڑنے والا۔ روکنے والا (۲) کنجوس۔ بخیل۔ شوم (۳) امساک بڑھانے والا۔
مَمسُوس : [ع۔ صف] چھُوا ہوا۔
مُمکِن : [ع۔ اند] (۱) جو ہو سکے۔ ہونے کے قابل۔ قابلِ امکان (۲) آسان۔ سہل (۳) مجال۔ مقدور۔ طاقت (۴) منطق میں وہ شے جو معرض زوال وفساد میں ہو۔ جس کا وجود کسی دوسرے کا محتاج ہو۔
مُمکِنُ الحُصُول : [ع۔ صف] وہ چیز جو حاصل ہونے کے قابل ہو۔
مُمکِنُ الوُقُوع : [ع۔ صف] ہونے والی بات۔ جس کے واقع ہونے کا امکان ہو۔
مُمکِنات : [ع۔ اند] ممکن کی جمع۔ وجود۔ مخلوق۔
مُمِلّ : [ع۔ صف] ملول کرنے والا۔
مَملَکَت : [ع۔ امث] سلطنت۔ بادشاہت۔ حکومت۔
مَملُو : [ع۔ اند] بھرا ہوا۔ لبریز۔
مَملُوک : [ع۔ اند] (۱) وہ جس پر قبضہ کیا جائے۔ مقبوضہ (۲) غلام۔ بندہ۔
مَملُوکہ : [ع۔ صف] دیکھیے "مملوک" جس کی یہ تانیث ہے۔
مملوکہ ومقبوضہ : [ع۔ صف۔ بترکیب فارسی] خریدا اور قبضہ کیا ہوا۔
مَمنُوع : [ع۔ صف] (۱) منع کیا گیا۔ روکا گیا (۲) ناجائز۔ ناروا۔ خلاف شرع۔ خلاف قانون۔
مَمنُون : [ع۔ اند] احسان کیا گیا۔ وہ جس پر احسان کیا گیا ہو۔ احسان مند۔ شکرگزار۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مَمنُونِیَّت : [عف۔ امث] احسان مندی۔
مُموریَل / میموریل : [انگ۔ اند] (MEMORIAL) (۱) یادگاری (۲) عرض داشت
مُمولا : [ار۔ اند] ایک چھوٹا پرند جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔
مَمولے چُننا : [ار۔ محاورہ] بہت خاطر تواضع کرنا۔ مارے خاطر کے بچھے جانا۔ سر آنکھوں پر بٹھانا۔
مَمّی : [انگ۔ امث] (MUMMY) (۱) لاش جو مسالہ لگا کر محفوظ رکھی جائے۔ حنوط شدہ (۲) بچے ماں کو کہتے ہیں۔
مَمیا خُسر / سُسر : [ار۔ اند] خاوند یا بیوی کا ماموں۔
مَمیا ساس : [ار۔ امث] خاوند یا بیوی کی ممانی
مِمیانا : [ار۔ مص] بکری کا بولنا۔ میں میں کرنا۔
مُمِیت : [ع۔ اند] (۱) مارنے والا (۲) خداتعالیٰ کا نام۔
مَمیرا (بہ یائے معروف) : [ار۔ اند] ایک گٹھیلی جڑ جو ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے اور آنکھ کی بینائی کے لئے نہایت مفید ہوتی ہے۔ مامیران کا بگاڑ۔
مَمیرا (بہ یائے مجہول) : [ار۔ اند] ماموں کا بیٹا۔
مَمیری : [ار۔ امث] ماموں کی بیٹی۔
مُمَیَّز : [ع۔ صف] تمیز کیا گیا۔ پہچانا گیا۔
مُمَیِّز : [ع۔ صف] تمیز کرنے والا۔ بھلے بُرے کو پہچاننے والا۔
مُمَیِّزہ : [ع۔ صف۔ مث] دیکھیے "ممیز" جس کی یہ تانیث ہے۔

م۔ن

مَن : [ار۔ اند] (۱) دل۔ خاطر۔ قلب۔ جی۔ ضمیر (۲) چالیس سیر کا وزن۔ (۴) کنوئیں کی منڈیر (۵) قیمتی پتھر۔ سانپ کا مُہرا
مَن اَٹکا تن جھٹکا : [ار۔ مثل] دل لگتے ہی بدن سوکھ گیا۔
مَن اَٹکنا : [ار۔ محاورہ] دل آنا۔ عاشق ہونا۔ محبت ہونا۔
مَن اُکتانا : [ار۔ محاورہ] جی سیر ہو جانا۔ گھبرانا۔ بے زار ہونا۔
مَن اُگلنا : [ار۔ محاورہ] سانپ کا اپنے مُہرے کو منہ سے نکالنا۔
مَن اُلجھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "من اٹکنا"
مَن امراؤ کرم دَلِدَّری : [ار۔ مثل] دل میں امیرانہ حوصلے ہیں مگر قسمت خراب ہے۔
مَن بَسنا : [ار۔ محاورہ] دل میں سمانا۔ دل میں جگہ کر لینا۔
مَن بھایا : [ار۔ صف۔ مذ] مرغوب خاطر۔ دل پسند۔
مَن بھاتا کھائیے جگ بھاتا پہنیے : [ار۔ مثل] کھانا اپنی پسند کا کھائیے اور لباس عام پسند کا پہننا چاہیئے۔
مَن بھاری کرنا : [ار۔ محاورہ] کڑھنا۔ اُداس ہونا۔ غمگین ہونا۔
مَن بھاؤنا / بھاون / بھایا : [ار۔ صف۔ مذ] دیکھیے "مَن بھاتا"
مَن بھائے مُنڈیا ہلائے / مَن چاہے مُنڈیا ہلائے : [ار۔ مثل] دل تو چاہتا ہے مگر بظاہر انکار ہے۔ اوپری دل سے انکار۔
مَن بھر : [ار۔ صف] (۱) ایک من وزن۔ چالیس سیر کے برابر وزن (۲) خاطر خواہ۔ دل کے موافق۔ جی بھر کر۔
مَن بھر جانا / بھرنا : [ار۔ محاورہ] طبیعت سیر ہونا۔
مَن بھر کا سَر ہلاتے ہیں پیسہ بھر کی زبان نہیں ہلائی جاتی : [ار۔ مثل] مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ جو سر ہلا کر جواب دے۔
مَن پھٹ جانا : [ار۔ محاورہ] دل بیزار ہو جانا۔ نفرت ہو جانا۔
مَن چلا : [ار۔ صف] بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ سورما۔ نڈر۔ بے خوف۔
مَن چلتا ہے ٹٹو نہیں : [ار۔ مثل] حوصلہ بڑا ہے۔ مقدور کچھ نہیں۔
مَن چلنا : [ار۔ محاورہ] (۱) دل چاہنا۔ کسی کی طرف دل کا رغبت کرنا۔ (۲) دل قابو میں نہ رہنا۔ دیوانہ ہونا۔
مَن چنگا تو کٹھوتی میں گنگا : [ار۔ مثل] اگر دل درست اور اعتقاد کامل ہے تو سب جگہ خدا ہے۔
مَن چھوڑنا : [ار۔ محاورہ] سانپ کا من نکال کر رکھ دینا۔
مَن رَنجَن : [ار۔ صف] خوش گوار۔ دل کو خوش کرنے والا۔
مَن سانچا تو سب سانچا : [ار۔ مثل] اعتقاد ٹھیک ہوتا ہے تو سب ٹھیک ہوتا ہے۔
مَن سَمجھوتی : [ار۔ امث] اطمینان خاطر۔ دل کا سمجھ لینا۔
مَن کا چیتا : [ار۔ اند] دل کی چاہت۔ دل کی خواہش۔
مَن کا مَیلا / کھوٹا : [ار۔ اند] بد باطن۔ کینہ ور۔ ریاکار۔
مَن کچا کرنا : [ار۔ محاورہ] ہمت ہارنا۔ دل توڑنا۔
مَن کرنا : [ار۔ محاورہ] دل چاہنا۔ جی چاہنا۔ خواہش کرنا۔

مَن کھٹا ہونا: [ار۔ محاورہ] طبیعت بیزار ہونا۔ جی بُرا ہونا۔
مَن کھرا کھوٹا ہونا: [ار۔ محاورہ] ایامِ حمل میں عورت کا جی ہر ایک چیز کھانے کو چاہنا۔
مَن کی ماری: [ار۔ امث] مُردہ دل۔ افسردہ دل۔
مَن کی مَن میں رہنا: [ار۔ محاورہ] دل کی حسرت دل میں ہی رہ جانا۔ ارمان پورا نہ ہونا۔
مَن کی موج: [ار۔ امث] دل کی لہر۔ دل کی ترنگ۔
مَن کے چیتے ہونا: [ار۔ محاورہ] مراد پوری ہونا۔
مَن کے لڈو پھوڑنا: [ار۔ محاورہ] خیالی پلاؤ پکانا۔ دل ہی دل میں خوش ہونا۔
مَن کے ہارے ہار ہے مَن کے جیتے جیت: [ار۔ مثل] دل چھوڑ دینے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ حوصلے سے ہی کچھ کام بنتا ہے۔
مَن لبھانا: [ار۔ محاورہ] دل کو فریفتہ کرنا۔ دل کو مائل کرنا
مَن للچانا: [ار۔ محاورہ] جی چاہنا۔ دل کا خواہش کرنا
مَن لینا: [ار۔ محاورہ] دل لینا۔ عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ منشا دریافت کرنا۔
مَن مار رہنا: [ار۔ محاورہ] دل کی خواہش اختیار کرنا۔ دل مسوس کر رہنا۔
مَن مار کے بیٹھ رہنا: [ار۔ محاورہ] جی مار کے بیٹھ رہنا۔ صبر کر کے بیٹھنا۔ مایوس ہو کر بیٹھ جانا۔
مَن مارنا: [ار۔ محاورہ] صبر اختیار کرنا۔ دل کی خواہش دبانا۔
مَن مانا: [ار۔ صف۔ مذ] خاطر خواہ۔ حسبِ منشا۔
مَن مانتا: [ار۔ محاورہ] خاطر خواہ۔ دل کے موافق۔
مَن مانی: [ار۔ صف۔ امث] دیکھئے "من مانا" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَن مانی گھر جانی: [ار۔ مثل] بے جا ضد پر کہتے ہیں۔
مَن مانی مراد پانا: [ار۔ محاورہ] خاطر خواہ آرزو پوری ہونا۔
مَن مانے: [ار۔ اند] دیکھئے "من مانا" جس کی یہ مغیرہ حالت ہے۔
مَن مست: [ار۔ اند] زندہ دل۔ خوش طبع۔ ظریف۔
مَن ملنا: [ار۔ محاورہ] دل ملنا۔ دل کا موافق ہونا۔
مَن مَن بھر کے پاؤں: [ار۔ اند] پاؤں کا سوج کر بھاری ہو جانا۔ بہت زیادہ تکان سے پاؤں کا بھاری ہو جانا۔
مَن موجی: [ار۔ صف] خود مختار۔ آزاد طبع۔ زندہ دل۔
مَن موہن: [ار۔ صف] دل کو موہ لینے والا۔ دلربا۔ معشوق۔
مَن میٹنا: [ار۔ محاورہ] قربان کرنا۔ صدقے کرنا۔
مَن میلا کرنا: [ار۔ محاورہ] اداس ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
مَن میں چھٹانک: [ار۔ صف] بہت میں سے تھوڑا۔ کافی میں سے تھوڑی چیز۔
مَن میں شیخ فرید، بغل میں اینٹ: [ار۔ مثل] ظاہر کچھ باطن کچھ
مَن ہارنا: [ار۔ محاورہ] ہمت ہارنا۔
مَن ہر: [ار۔ صف۔ ق] دل چھین لینے والا۔ من موہن۔ معشوق۔
مَن ہرن: [ار۔ صف] دل چرانے والا۔ محبوب۔ معشوق۔
مَن ہرنا: [ار۔ محاورہ] دل چرانا۔ دل چھیننا۔

مَن: [ع۔ کلمہ ضمیر] وہ شخص۔ کوئی شخص۔ جو شخص۔ جس نے۔
من جرّب المجرّب حلّت بہ الندامہ: [ع۔ مقولہ] جو آزمائے ہوئے کو آزماتا ہے اسے ندامت ہوتی ہے۔
مَنّ: [ع۔ اند] (۱) احسان۔ منت (۲) ضرر۔ نقصان۔ کمی (۳) ایک شیریں رطوبت جو درختوں کے پتوں پر جم جاتی ہے۔
مَنّ و سلویٰ: [ع۔ اند] میٹھی رطوبت اور شیریں۔ وہ کھانا جو حضرت موسیٰ کے لشکر بنی اسرائیل پر جب کہ وہ بھوک سے مر رہے تھے، شام کے ایک پُرخار میدان میں اُترا۔ میٹھی رطوبت درختوں پر جم جاتی اور چھوٹے چھوٹے پرندے جنگل میں آجاتے تو وہ مار لیتے اور بھون کر کھاتے تھے
مَن: [ف۔ ضمیر کلمہ واحد متکلم] نسبت کے لئے میں۔
من آنم کہ من دانم: [ف۔ مثل] میں جیسا ہوں خود ہی جانتا ہوں۔ حقیقت میں اپنی عاجزی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
من ترا حاجی بگویم تو مرا ملا بگو: [ف۔ مثل] میں تجھے حاجی کہتا ہوں تو مجھے ملا کہہ۔ یہ موقع [illegible] میں جب دو آدمی ایک دوسرے کی تعریف کرنے لگیں
من چہ می سرایم و طنبورہ من چہ می سراید: [ف۔ مثل] [illegible] ہوں اور طنبورہ کیا گا رہا ہے۔ [illegible] وقت کہتے ہیں [illegible] شخص کا بیان اس کی تحریر کے خلاف ہو۔ دیکھئے "ما چہ می سرائیم و طنبورہ ما چہ می سراید"
من خوب می شناسم پیران پارسا را: [ف۔ مثل] میں پارسا پیروں کو خوب جانتا ہوں۔ یعنی میں مکار آدمیوں سے اچھی طرح واقف ہوں۔
مَن درچہ خیالم و فلک درچہ خیال: [ف۔ مثل] اس موقع پر بولتے ہیں، جب کوئی امر منصوبے کے خلاف واقع ہو۔
من نہ کردم شما حذر بکنید: [ف۔ مثل] میں نے نہیں کیا تم پرہیز کرو۔ خود تکلیف اٹھا کر دوسروں کو نصیحت کرنا۔
مِن: [ع۔ حرفِ جار] (۱) میں سے۔ پر۔ اُوپر کا (۲) ماسوا۔ بہ سبب۔ بمقابلہ اس کے (۳) مانند۔ مشابہ (۴) ساتھ۔ مع۔
من ابتدا: [ع۔ متعلق فعل] بغیر مضاف الیہ کے مستعمل نہیں۔ شروع سے لے کر۔
منَ اللہ: [ع۔ متعلق فعل] اللہ کی طرف سے۔ غیب سے۔
من اوّلہ الیٰ آخرہ: [ع۔ مقولہ] اول سے لے کر آخیر تک۔ از سرتا پا
من بعد: [ع۔ متعلق فعل] بعد سے۔ پس ازاں۔ بعد ازاں۔ آگے کو پھر کر (۲) فوراً۔ جلدی۔ ابھی۔ فی الفور۔
من جانبِ اللہ: [ع۔ اند] (۱) خدا کی طرف سے۔ غیب سے (۲) خود بخود آپ ہی آپ۔
منجملہ: [ع۔ متعلق فعل] سب میں سے۔ تمام میں سے۔ کل میں سے۔
من حیث الاخلاق: [ع۔ متعلق فعل] مجموعی حیثیت سے۔ اخلاق کے اعتبار سے۔
من حیث الخدمت: [ع۔ متعلق فعل] فرضِ منصبی کے اعتبار سے۔
من حیث المجموع: [ع۔ س۔ متعلق فعل] بحیثیت مجموعی۔
من ذالک: [ع۔ متعلق فعل] اصطلاح اہل دفتر میں خرچ کے لئے مستعمل ہے۔

مِنْ کُلِّ وُجُوہ : [ع متعلق فعل] ہر صورت سے۔ بہر حال۔ بہر صورت۔

مِن کُلِّ وَجہ : [ع۔ متعلق فعل] ہر طرح۔ ہر حالت سے۔ ہر وجہ سے۔ بہر حال۔

مِن وَجہ : [ع۔ متعلق فعل] ایک وجہ سے۔ ایک صورت سے۔

مِن وَعَن : [ع۔ متعلق] (۱) حرف بحرف۔ مفصل۔ تفصیل وار (۲) ہو بہو۔

مِنْہُ : [ع۔ متعلق فعل] اس کا۔ اس سے۔

مِنْہُم : [ع۔ متعلق فعل] (۱) منہ کی جمع (۲) اسی زمرے میں مخالفین کے زمرے میں۔

مُن : [س۔ اند] جوگی۔ سادھو۔ زاہد۔ مرتاض۔

مُن : [ار۔ اند۔ ق] منہ۔

مَنا : [ار۔ اند۔ ق] منع کا بگاڑ۔

مِنا / مِنٰی : [ع۔ اند] مکہ کے قریب ایک مقام جہاں حاجی لوگ قربانیاں کرتے اور سر منڈاتے ہیں۔

مُنّا : [ھ۔ اند] پیارے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں۔ لاڈلا۔ پیارا۔ ننھا۔

مناب : [ع۔ اند] کھڑے ہونے کی جگہ۔ قائم مقام ہونا۔

مَنابِر : [ع۔ اند] منبر کی جمع۔

منابع : [ع۔ اند] منبع کی جمع۔

مَنات : [ع۔ اند] عرب کے ایک مشہور بُت کا نام

مُناجَات : [ع۔ امث] (۱) سرگوشی۔ کانا پھوسی (۲) دعا۔ عرض۔ التجا (۳) وہ نظم جس میں خدا کی تعریف اور اپنی عاجزی کا اظہار کر کے دعا مانگی جائے۔

مُناجاتی : [ار۔ صف] مناجات کرنے والا۔

مُناد : [ع۔ اند] ندا کرنے والا۔ پکارنے والا۔

مُنادَمَت : [ع۔ امث] ہم نشینی۔ مصاحبت۔

مُنادیٰ : [ع۔ اند] پکارا گیا۔ بلایا گیا وہ جس کو پکاریں۔

مُنادِی : [ع۔ اند] (۱) پکارنے والا۔ اعلان کرنے والا۔ ڈھنڈورچی (۲) (مث) ڈھول کی آواز جو اس غرض سے ہو کہ لوگ آگاہ ہو جائیں (۳) وعظ۔ دین کی تلقین۔

مُنادی پھرنا / ہونا : [ار۔ محاورہ] منادی ہونا۔ اعلان ہونا۔ ڈونڈی پٹنا۔

مُنادی پھیرنا / کرنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منادی پھرنا / ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

منادِیل : [ع۔ امث] "مندیل" کی جمع۔

مَنارِ / مَنارَہ : [ع۔ اند] (۱) نور کی جگہ (۲) چراغدان۔ لالٹین (۳) اونچا ستون۔ لاٹھ۔ پیل پایہ۔ کھم۔ بلند ستون جو مسجد کے پہلو میں بنائے جاتے ہیں۔ اذان دینے کی جگہ۔

مُنازَعَت : [ع۔ امث] جھگڑا۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ تکرار

مُتنازَع فِیہ : [ع۔ اند] وہ امر جس کے لئے جھگڑا ہو۔

مَنازِل : [ع۔ امث] "منزل" کی جمع۔ اترنے کی جگہیں۔ مقامات۔ مکانات۔

مَنازِلِ قمر : [ع۔ امث] چاند جس راستے پر زمین کے گرد چکر لگاتا ہے اُسے اٹھائیس حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

مُناسِب : [ع۔ صف] (۱) نسبت رکھنے والا۔ موزوں۔ لائق۔ زیبا۔ شایاں۔ (۲) ٹھیک۔ درست۔ معقول۔ بہتر (۳) لازم۔ جائز۔ روا۔

مُناسَبَت : [ع۔ صف] دیکھئے "مناسب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مُناسَخَہ : [ع۔ اند] فقہ اسلامی کا ایک قاعدہ جس کی رو سے ورثا کے حصے مقرر کئے جاتے ہیں۔

مَناسِک : [ع۔ اند] مَنْسَک کی جمع۔ دیکھئے منسک۔

مَناصِب : [ع۔ اند] "منصب" کی جمع۔ دیکھئے "منصب"

مُناصَحَت : [ع۔ امث] دل سے نصیحت کرنا۔ سمجھانا۔

مُناصَفَت / مُناصَفَہ : [ع۔ اند] برابر کے دو حصے۔ نصفا نصفی کرنا۔

مَناط : [ع۔ اند] مقصد (۲) بنیاد۔

مَناطِ دعویٰ : [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] دعوے کی بنیاد۔ بنائے دعویٰ۔

مَناظِر : [ع۔ اند] "منظر" کی جمع۔ دیکھئے "منظر"

مُناظِر : [ع۔ اند] مناظرہ کرنے والا۔ بحث کرنے والا۔

مُناظِرانَہ : [عف۔ صف] تکرار سے۔ بحث سے۔

مُناظَرَہ : [ع۔ اند] (۱) بحث۔ مباحثہ۔ تکرار (۲) وہ علم جس میں بحث کرنے کے قوانین درج ہوں (۳) کسی چیز کی حقیقت و ماہیت کے واسطے باہم فکر کرنا۔

مُناظَمَہ : [ع۔ اند] آپس میں نظمیں پڑھنا۔

مُنافات : [ع۔ امث] ایک دوسرے کے ضد ہونا۔ ایک دوسرے کی نفی کرنا۔

مَنافِذ : [ع۔ اند] منفذ کی جمع دیکھئے "منفذ"

مُنافِر : [ع۔ اند] نفرت کرنے والا۔

مُنافَرَت : [ع۔ امث] نفرت۔ گھن۔ پرہیز۔

مُنافَسَت : [ع۔ امث] ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ معارضہ۔ برابری۔ حسد

مَنافِع : [ع۔ اند] منفعت کی جمع۔ (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے)

مَنافِع باقی / زائد : [عف۔ اند] فالتو فائدے۔

مَنافِع خام : [عف۔ اند] کل رقم یا آمدنی جس میں اصل رقم اور نفع شامل ہو۔

مَنافِع عمومیہ : [عف۔ اند] عوام کے فائدے۔

مَنافِع مستمرہ : [ع۔ ف۔ اند] وہ فائدے جو ہمیشہ جاری رہیں۔

مُنافِع : [ع۔ صف] نفع دینے والا۔

مُنافَعَہ : [ع۔ اند] نفع یابی۔ فائدہ۔

مُنافِق : [ع۔ اند] نفاق رکھنے والا۔ ریاکار۔ وہ شخص جس کے دل میں کچھ ہو اور زبان پر کچھ۔ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔ شریعت اسلامیہ میں وہ مسلمان جو بظاہر مسلمان مگر دل سے کافر ہو۔

مُنافَقَت : [ع۔ امث] باطن کا ظاہر کے خلاف ہونا۔ ریاکاری مکاری۔ ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی۔

مُنافِی : [ع۔ صف] نفی کرنے والا۔ خلاف۔ ضد۔

مَناقِب : [ع۔ اند] منقبت کی جمع۔ (۱) تعریفیں۔ خوبیاں۔ اچھائیاں۔ اوصاف (۲) اہلبیت اور اصحاب کبار کی مدح۔

مُناقَشَہ : [ع۔ اند] جھگڑا۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ نزاع۔

مُناقِض: [ع۔ اند] توڑنے والا۔ مخالف۔ ناموافق۔
مُناقضہ: [ع۔ اند] ایک دوسرے کی بات کو توڑنا۔ بحث۔ مباحثہ۔ جھگڑا
مُناکحت: [ع۔ امث] نکاح کرنا۔ عقد کرنا۔
مَنال: [ع۔ اند] جاگیر۔ جائداد۔ مال واسباب۔ دھن دولت۔
مَنال: [ار۔ اند] ہمالیہ کا چکور جس کا رنگ سبز لاجوردی اور سر پر کلغی ہوتی ہے۔
مَنّان: [ع۔ اند] بہت احسان کرنے والا۔ نہایت نیکی کرنے والا۔ خدا تعالیٰ کا نام۔
مَنانا: [ار۔ مص ل] (۱) روٹھے ہوئے کو راضی کرنا۔ رضامند کرنا (۲) رچانا (۲) منت ماننا۔ دعا کرنا۔
مَناہی: [ع۔ اند] منہی کی جمع (۱) منع کی ہوئی چیزیں۔ ناجائز باتیں۔ خلاف شرع کام (۲) روک ٹوک۔ ممانعت۔ (و ار)
مُنبَت: [ع۔ اند] (۱) اگایا ہوا (۲) ابھرا ہوا۔ وہ نقش جو اپنی سطح سے اوپر اٹھا ہو۔
مُنبَت کاری: [عف۔ اند] بیل بوٹے کا کام جو لکڑی وغیرہ پر کیا جاتے۔
مِنبَر: [ع۔ اند] وہ بلند مقام جس پر کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر امام جمعہ یا عیدین کو خطبہ پڑھتا ہے۔ وعظ کہنے کا مقام۔ تقریر کرنے کی جگہ۔ وہ لکڑی کا زینہ جس پر بیٹھ کر مرثیہ پڑھتے ہیں۔
منبر کو بنائے مسجد کو ڈھائے [ار۔ مثل] چھوٹی باتوں سے پرہیز اور بڑی ممنوعہ باتوں پر دلیر۔
مُنبَسِط: [ع۔ اند] پھیلنے والا۔ مجازاً خوش۔ مسرور۔
مَنبَع: [ع۔ اند] (۱) پانی کے نکلنے کی جگہ۔ پانی جاری ہونے کا مقام۔ چشمہ سوتا (۲) پانی کا خزانہ (۳) نکلنے کی جگہ۔
مِنّت: [ع۔ امث] (۱) عاجزی۔ خوشامد۔ چاپلوسی (۲) احسان۔ بھلائی۔ سلوک (۳) شکریہ۔ شکرگزاری۔
مِنّت اٹھانا: [ار۔ محاورہ] احسان لینا۔
مِنّت پذیر: [عف۔ صف] احسان مند۔ احسان ماننے والا۔
منت خوشامد/سماجت: [عف۔ امث] عاجزی۔ خوشامد
مِنّت دار: [عف۔ اند] احسان مند۔ ممنون (۲) عاجزی کرنے والا۔
مِنّت دار کرنا: [ار۔ محاورہ] احسان مند کرنا۔ ممنون کرنا۔
مِنّت دار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منت دار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مِنّت داری: [عف۔ امث] دیکھئے "منت دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مِنّت شناس: [عف۔ صف] احسان مند۔
مِنّت کرنا: [ار۔ محاورہ] عاجزی کرنا۔ انکسار کرنا۔ التجا کرنا۔ خوشامد کرنا۔
مِنّت کش: [عف۔ صف] احسان مند۔ احسان اٹھانے والا۔ (افعال: ہونا)
مِنّت کشی: [عف۔ امث] دیکھئے "منت کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مِنّت کھینچنا: [ار۔ محاورہ] احسان اٹھانا۔
مِنّت گزار: [عف۔ صف] شکرگزار۔

مِنّت لینا: [ار۔ محاورہ] احسان برداشت کرنا۔
منت: [ار۔ اند] تعداد۔ شمار
مَنّت: [ار۔ امث] نیت۔ نذر۔ عہد۔ نیاز۔ بھینٹ۔
مَنّت آنا: [ار۔ محاورہ] منت پوری ہونا۔ مراد حاصل ہونا۔
مَنّت اتارنا: [ار۔ محاورہ] مراد پوری ہونے پر نذر و نیاز کرنا۔
مَنّت اترنا: [ار۔ محاورہ] "منت اتارنا" کا لازم۔
مَنّت بڑھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بھینٹ دینا۔ عہد کو پورا کرنا۔ ماننا کو ادا کرنا۔ کسی بزرگ کے نام پر کچھ دینے یا کسی کام کے کرنے کا وعدہ کیا ہوا پورا کرنا (۲) مراد پوری ہونے پر گنڈا۔ طوق۔ بیڑی وغیرہ اتارنا۔
مَنّت بڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منت بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَنّت پوری ہونا: [ار۔ محاورہ] مانگی ہوئی مراد حاصل ہونا۔
مَنّت چڑھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منت بڑھانا"۔
مَنّت کا چراغ / کی شمع: [ار۔ امث] (رعو) مراد پوری ہونے پر عورتیں مسجد میں چراغ جلاتی ہیں اور جب تک خود نہ بجھ جائے اُس کا گل ہونا بُرا خیال کرتی ہیں۔
مَنّت کا چھلا اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] عورتیں چاندی کا چھلا دھو کر اٹھاتی اور منت پوری ہونے پر اُس کو فروخت کرکے نذر و نیاز کرتی ہیں۔
مَنّت کا طوق / بیڑی / ہنسلی: [ار۔ اند و مث] کسی پیر یا دیوتا کے نام کا طوق۔ بیڑی یا ہنسلی وغیرہ جو بچے کے گلے میں میعاد مقررہ تک ڈالی جاتی ہے۔
مَنّت کا گنڈا: [ار۔ اند] وہ گنڈا جو بطور منت کے پہناتے ہیں۔
منت کی چوٹی / کے بال [ار۔ امث و مذ] وہ بال یا چوٹی جو کسی بزرگ یا دیوتا کے نام پر بچے کے سر پر مقررہ مدت تک رکھی جائے۔
مَنّت مانگنا: [ار۔ محاورہ] کسی کی نذر و نیاز کرکے مراد چاہنا۔
مَنّت ماننا: [ار۔ محاورہ] نذر ماننا۔
مَنتا: [ار۔ ق] منت۔
مُنتَج: [ع۔ صف] نتیجہ دیا ہوا۔ نتیجہ۔
مُنتِج: [ع۔ صف] نتیجہ دینے والا۔ ثمرہ بخشنے والا۔
مُنتَخَب: [ع۔ اند] (۱) انتخاب کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھانٹا گیا۔ پسندیدہ۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ چنا ہوا۔ برگزیدہ (۲) نایاب۔ عجیب۔ یکتا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مُنتَخَبِ روزگار: [ف۔ صف] بے مثل۔ لاجواب۔
مَنتر: [س۔ اند] (۱) جادو۔ ٹونا۔ سحر۔ افسوں (۲) وید کا کوئی حصہ۔
منتر پڑھنا: [ار۔ محاورہ] عمل پڑھنا۔ افسوں خوانی کرنا۔
منتر پھونکنا: [ار۔ محاورہ] جادو پڑھ کر دم کرنا۔
منتر جنتر: [ار۔ اند] جادو۔ ٹونا۔ جھاڑ پھونک۔
منتر چلانا: [ار۔ محاورہ] جادو کرنا۔ ٹونا کرنا۔
منتر چلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منتر چلانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) جادو کا کارگر ہونا۔
منتر دینا: [ار۔ محاورہ] تلقین کرنا۔ مرید کو دینی ہدایت کرنا۔ چیلا بنانا۔ مرید کرنا۔

مَنتر مارنا: [ار - محاورہ] جادو چلانا - ٹونا کرنا -
مَنتر کاری: [ار - اند - ق] کاروباری وزیر -
مَنتری: [س - اند] (۱) ہدایت کرنے والا - ہادی - راہبر - پیرو مرشد (۲) صلاح کار - وزیر - مشیر (۳) جادوگر - ساحر - فسوں ساز -
مُنتَزِع: [ف - اند] کسی چیز میں سے کھینچ کر نکالنے والا -
مُنتَسِب: [ع - اند] نسبت رکھنے والا - لگاؤ رکھنے والا -
مُنتَشِر: [ع - اند] (۱) بکھرنے والا - پھیلنے والا - پراگندہ ہونے والا (۲) متفرق - تتر بتر (۳) حیران - پریشان - [افعال: کرنا - ہونا]
مُنتَصِف: [ع - صف] آدھا - نصف -
مُنتَظِر: [ع - اند] انتظار کرنے والا - راہ تکنے والا - امیدوار -
مُنتَظَر: [ع - اند] جس کا انتظار کیا جائے - وہ چیز جس کا انتظار ہو -
مُنتَظِرِ حکم: [ع - اند] حکم کا انتظار کرنے والا - نہایت فرمانبردار -
مُنتَظِر رکھنا: [ار - محاورہ] انتظار میں رکھنا - امیدوار بنانا - راہ دکھانا -
مُنتَظِر رہنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "منتظر رکھنا" جس کا یہ لازم ہے -
مُنتَظِری: [ع - امث] انتظار -
مُنتَظِم: [ع - اند] (۱) انتظام کرنے والا - اہتمام کرنے والا - ناظم - (۲) کفایت شعار - جز رس -
مُنتَظَم: [ع - صف] کام کا تمام ہونا یا درست ہونا -
مُنتَفِع: [ع - اند] نفع حاصل کرنے والا - فائدہ اٹھانے والا -
مُنتَفی: [ع - صف] فنا ہونے والا - نیست ہونے والا -
مُنتَقِل: [ع - اند] (۱) مکان بدلنے والا - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا - (۲) (صف) ایک جگہ سے دوسری جگہ کیا گیا -
مُنتَقَلٌ اِلَیہ: [ع - اند] وہ شخص جس کے نام کوئی شے منتقل کی جائے -
مُنتَقِل کرنا: [ار - مرکب] بدلنا - تبدیل کرنا - ایک کے نام سے دوسرے کے نام پر کرنا -
مُنتَقِل ہونا: [ار - مرکب] دیکھئے "منتقل کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
مُنتَقِم: [ع - صف] بدلہ لینے والا - انتقام لینے والا - عوض لینے والا - خدا تعالیٰ کا نام -
مُنتَقِمِ حقیقی: [عف - اند] حقیقی سزا دینے والا - "خدا تعالیٰ"
مُنتَقِمِ مجازی: [عف - اند] ظاہرا بدلہ دینے والا - حاکم - بادشاہ -
مُنتَہا: [ع - صف] (۱) انتہا کیا گیا - انتہا کو پہنچا ہو - ابھی تو پہنچا ہوا (۲) پورا کامل - تمام - مکمل (۳) نتیجہ - انجام - ثمرہ - پھل - حاصل -
مُنتَہی: [ع - صف] وہ شخص جو علم کی تحصیل پوری کر چکا ہو - انتہا کو پہنچنے والا -
مِنتی: [ار - امث] عاجزی (منتی کا بگاڑ)
مِنَٹ: [انگ - اند] MINUTE گھنٹے کا ساٹھواں حصہ - ساٹھ سیکنڈ کا وقفہ - پل -
مِنٹ: [انگ - امث] سکہ ڈھالنے کی جگہ - (MINT)
مَنثُور: [ع - صف] (۱) بکھرا ہوا - ان بندھا موتی - درناسفتہ (۲) پھیلا ہوا - منتشر (۳) نثری -

مَنج: [ار - صف - ق] بے نور -
مَنجا: [ھ - اند] (۱) پلنگ - چارپائی (۲) (صف) رگڑا ہوا - صاف کیا ہوا (۳) تجربہ کار -
مَن جانا: [ار - محاورہ] راضی ہو جانا -
مَنجدھار: [ار - امث] سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار (۲) (صف) مصیبت - عین مصیبت کی جگہ -
مُنجَذِب: [ع - صف] جذب ہونے والا -
مُنجَر: [ع - اند] کھینچا ہوا -
مَنجلاب: [ف - اند] (۱) گندہ پانی ڈلنے کی جگہ (۲) گندہ پانی -
مُنجَلی: [ع - اند] روشن - ظاہر - آشکار -
مُنَجِّم: [ع - اند] ستاروں کا علم جاننے والا - نجومی - جوتشی - اختر شناس -
مُنجَمِد: [ع - اند] سردی سے جما ہوا - بستہ - ٹھوس - [افعال: ہونا]
مَنجَن: [ار - اند] دانتوں کے صاف کرنے کا سفوف -
مَنجنا: [ار - مص] (۱) رگڑ کر صاف ہونا - اُجلا ہونا (۲) صیقل ہونا (۳) شائستہ ہونا (۴) تجربہ کار ہونا
مَنجَنیق: [ع - امث] (۱) پتھر پھینکنے کا آلہ - گوپیا - (۲) توپ -
مَنجھ: [ار - صف] بیچ - وسط - درمیان -
مَنجھدھار: [ار - امث] دیکھئے "منجدھار"
مَنجھدھار میں پڑنا: [ار - محاورہ] دریا کے بیچ میں پھنسنا -
مَنجھا: [ار - اند] لکڑی کا تختہ - چوکی - چرخے کا درمیانی حصہ جس کے اوپر مال رہتی ہے - اٹیرن کے بیچ کی لکڑی (۲) پلنگ - چارپائی -
مَنجھا ڈالنا: [ار - محاورہ] کسی کام کو توقف میں ڈالنا -
مَنجھار: [ار - صف - ق] درمیان -
مَنجھانا: [ار - مص] کیچڑ اور دلدل کی راہ کو طے کرنا -
مَنجھلا: [ار - صف] درمیان کا - بیچ کا -
منجھلا روزہ: [ار - اند] رمضان شریف کا چودھواں روزہ
منجھلی: [ار - صف] دیکھئے "منجھلا" جس کی یہ تانیث ہے -
مَنجھنا: [ار - صف] دیکھئے "منجنا"
منجھو: [ار - صف] منجھلا - درمیانی -
منجھولا: [ار - صف] (۱) بڑا نہ چھوٹا - درمیانہ - متوسط (۲) (مذ) اوسط درجہ کا - دیگچہ (جاندار چیز کے لئے مستعمل نہیں ہے)
مَنجھولی: [ار - امث] (۱) ایک قسم کی چھوٹی بہلی (۲) وہ چیز جو میانہ اور متوسط ہو -
منجھے: [ار - کر - ضمیر - ق] مجھے -
مَنجھیلا: [ار - اند] جھگڑا - اختلاف - پیچیدگی -
منجھیلا پڑنا: [ار - محاورہ] ڈھیل پڑنا - وقفہ ہونا - دیر لگنا -
منجھیلا ڈالنا: [ار - محاورہ] دیکھئے "منجھا ڈالنا"
منجھیلی: [ار - امث] (۱) دوپہر (۲) مجازاً سنسان - چپ چاپ -
منجھیلی رات: [ار - امث] سنسان رات - ڈراؤنی رات -
مَنجیرا: [ار - اند] پیتل کی دو تھالیاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہے -
مُنحَرِف: [ع - اند] (۱) پھرنے والا (۲) خم کھایا ہوا - ترچھا - ٹیڑھا (۳) باغی - سرکش - غدار -

مُنحصِر : [ع - اند] (۱) گھیر لینے والا (۲) موقوف - مشروط - متعلق - وابستہ -
مُنحصَر عَلَیہ : [ع - اند] جس پر موقوف ہو -
مُنحَنی : [ع - اند] (۱) جھکا ہوا - خمیدہ - ٹیڑھا (۲) دُبلا - لاغر - کمزور -
مَنحُوس : [ع - اند] بدبخت - بدنصیب (۲) بُرا (۳) مکروہ - گھناؤنا -
مَنخَر / مَنخَز : [ع - اند] نتھنا - ناک کا سوراخ -
مُنخَنِقَہ : [ع - صف - مث] وہ جانور جو گلا گھٹنے سے مرا ہو -
مَند : [ار - صف - ق] مست
مَند : [ف - لاحقہ] لاحقہ صفت نسبت جو کسی اسم کے بعد آکر اسے صفت بنا دیتا ہے اور والا صاحب کے معنی دیتا ہے - مثلاً دانش مند - احسان مند
مَندا : [ار - صف] (۱) سستا (۲) کم - ہلکا - دھیما - مدھم -
مَندا بیچنا : [ار - محاورہ] سستا بیچنا - ارزاں فروخت کرنا -
مَندا پڑ جانا / پڑنا : [ار - محاورہ] دھیما ہونا - سستا ہونا - ڈھیلا ہونا - ماند ہونا - مدھم ہونا -
مَندا کرنا : [ار - مص مرکب] سستا کرنا - ارزاں کرنا -
مَندا لگانا : [ار - محاورہ] کم قیمت پر بیچنا - سستا بیچنا -
مَندا ہونا : [ار - مص مرکب] (۱) دیکھئے " مندا کرنا " جس کا یہ لازم ہے -
مُندا : [ار - اند - ق] گلا - ریوڑ
مَندر : [ار - اند] (۱) گھر - مکان - محل (۲) شوالا - معبد - پرستش گھر -
مُندرا : [ھ - اند] (۱) جوگیوں کے کان کا کنڈل (۲) کان کا ایک زیور -
مَندرازی : [ار - اند] ایک قسم کا پان جو مدراس کی طرف سے آتا ہے -
مُندَرِج : [ع - صف] درج ہونے والا - لکھا ہوا -
مُندَرَجہ : [ع - صف] درج ہونے والا - درج کیا گیا -
مُندرجہ بالا : [عف - صف] اوپر لکھا ہوا -
مُندَرِس : [ع - اند] (۱) مٹا ہوا - کاٹا ہوا - پھٹا ہوا (۲) خارج کیا ہوا (۳) گھسا ہوا -
مُندَری : [ھ - امث] (۱) دیکھئے " مُندرا " جس کی یہ تصغیر ہے - (۲) انگلی میں پہننے کا چھلا
مُندریا : [ھ - امث] دیکھئے " مندری " جس کی یہ تصغیر ہے -
مُندَفِع : [ع - صف] دفع ہونے والا - دور ہونے والا -
مَندَل : [ھ - امث] ڈھول پکھاوج - طبلہ - دھونسا (۲) چرخے کے بیچ کی لکڑی جس پر بل پھرتی ہے (۳) وہ دائرہ جو عمل پڑھنے والے اپنے گرد بطور حفاظت بنا لیتے ہیں (۴) چشمہ - منبع - سوتا -
مَندلا : [ھ - اند] درخت کا وہ حصہ جو جڑ سے لے کر شاخ تک ہوتا ہے -
مُندَمِل : [ع - اند] بھرنے والا زخم -
مُندنا : [ار - مص] (۱) بند ہونا - مچنا (۲) بھڑنا جیسے دروازہ مندنا (۳) غائب ہونا - چھپنا -
مَندُوب : [ع - اند] (۱) نمائندہ - ممبر جو کام کے لئے بنایا گیا ہو (۲) جسے حالت غم میں پکارا جائے -
مَندھر : [ار - اند - ق] مندر - مکان -
مندھر : [ار - اند - ق] دیکھئے " مندھر "
مَندی : [ھ - امث] کساد بازاری - مال کا کم نکلنا - ہلکی - دھیمی - کم بخت -

مِندیل : [ع - صف] (۱) للائی پگڑی - لنگی - سنہری دستار (۲) تولیہ رومال - انگوچھا (۳) کمرکا - پٹکا - پیٹی -
مُنڈ : [ار - اند] (۱) سر - کھوپڑی (۲) ایک راشش (۳) سرکردہ - سردار - سرغنہ - استاد (۴) درخت جس کے پتے گر گئے ہوں (۵) شوخ - بے حیا
مُنڈ جانا : [ار - محاورہ] لٹ جانا -
مُنڈ چرا / چڑھا : [ار - صف] (۱) ضدی (۲) فقیروں کا ایک گروہ جو سر اور ہاتھ زخمی کر کے بھیک مانگتے ہیں -
مُنڈ چڑھاپن : [ار - صف] ضد - ہٹیلاپن -
مَنڈا : [ھ - اند] (۱) بنگال کی ایک مشہور مٹھائی (۲) ایک قسم کی چپاتی (۳) آنکھ کی جھلی -
مُنڈا : [ار - صف] (۱) منڈا ہوا سر - وہ آدمی جس کا سر منڈا ہوا ہو (۲) درخت جس کی شاخیں نہ ہوں (۳) جانور جس کے سینگ نہ ہوں - (۴) مینار - گنبد - مندر - گرجا جس پر کلس نہ ہو (۵) ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی (۶) [ار - اند] لڑکا - بچہ (۷) پتنگ کا سرا
مُنڈاسا : [ھ - اند] پگڑی - عمامہ - دستار -
مُنڈاسا باندھنا : [ار - محاورہ] پگڑی باندھنا (۲) سر چڑھنا
مُنڈاسا پھرانا : [ار - محاورہ - ق] برہم ہونا - بے مروتی کرنا
مُنڈاسا کسنا : [ار - محاورہ] دیکھئے " منڈاسا باندھنا "
مُنڈان : [ار - مث - ق] (۱) موجودات - ظاہر شدہ (۲) دنیا - جہان -
مُنڈانا : [ار - مص] (۱) استرا پھرانا - بال صاف کرانا (۲) ڈاڑھی صاف کرانا -
مُنڈائی : [ار - امث] دیکھئے " منڈانا " جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) منڈانے کی اجرت -
مَنڈپ : [س - اند] (۱) وہ جگہ جس کو بیاہ وغیرہ کیلئے آراستہ کریں (۲) مندر - دیر - معبد -
مَنڈف : [ار - اند - ق] شامیانہ -
مُنڈک : [س - اند] نائی - حجام -
مَنڈکِڑی : [ھ - امث] گھٹنوں میں سر دے کر بیٹھنے کا طریقہ [افعال : مارنا]
مَنڈل : [س - اند] (۱) گھیرا - دائرہ - چکر (۲) گول خیمہ یا تنبو (۳) احاطہ - صوبہ - ضلع - پرگنہ (۴) نمبردار - گاؤں کا پٹواری (۵) گردش -
مَنڈل باندھنا : [ار - محاورہ] (۱) جھرمٹ کرنا - حلقہ باندھنا (۲) اندھیرا چھانا -
مَنڈلاتے مَنڈلاتے پھرنا : [ار - محاورہ] ڈانواں ڈول پھرنا - ادھر ادھر مارے مارے پھرنا - اردگرد چکر کھانا -
مَنڈلانا : [ار - مص] (۱) چکر لگانا - گھومنا - حلقہ باندھنا (۲) گول دائروں میں اڑنا (۳) بادل کا گھر آنا -
مَنڈلی : [ھ - امث] (۱) ٹولی گروہ - جتھا - جماعت (۲) وہ غلہ جس پہ بیل چلائے جاتے ہیں -
مُنڈلی : [ھ - صف] وہ عورت جس کے سر کے بال منڈے ہوتے ہوں -
مُنڈن / مونڈن : [ھ - اند] (۱) سر کا منڈایا جانا (۲) بچے کے بالوں کا پہلی دفعہ منڈایا جانا اور اس سلسلہ کی رسم

مُنڈنا : [ار۔ مص ل] حجامت بننا۔ بال منڈے جانا (۲) چوری ہونا۔ لُٹنا۔ (۳) دھوکے میں آکر نقصان اٹھانا۔

مَنڈنا : [ار۔ مص۔ ق] ہٹانا۔

مُنڈو : [ھ۔ صف] (۱) وہ عورت جس کا سر مونڈا گیا ہو (۲) بدبخت عورت (۳) وہ عورت جس کا خاوند مرگیا ہو۔ رانڈ۔ بیوہ۔

مَنڈوا : [ھ۔ اند] (۱) ایک ادنیٰ قسم کا غلہ (۲) تھیٹر۔ تماشاگاہ۔ پنڈال۔

مُنڈوانا : [ار۔ مص ل] (۱) بال صاف کرانا (۲) چوری کرانا۔ لٹوانا۔ ٹھگوانا (۳) دھوکے سے خرچ کرانا۔

مَنڈوکا : [ھ۔ صف] حرامی بچہ۔

مَنڈھا : [ھ۔ اند] (۱) وہ سائبان جو ہندوؤں میں شادی کے روز بطور رسم تانا جاتا ہے اور جس کے نیچے دلہا دلہن کے پھیرے ہوتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کے گیت جو دلہن کی رخصتی کے وقت گائے جاتے ہیں۔

مَنڈھا جانا : [ار۔ محاورہ] کسی کام میں پورے طور سے مصروف ہونا۔

مَنڈھا چھانا : [ار۔ محاورہ] شادی کا سائبان تنا جانا۔

مَنڈھا چھوانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منڈھا چھانا"

مَنڈھنا : [ار۔ مص ل] (۱) پوشش ہونا / کرنا۔ کپڑا، کاغذ، چمڑا چڑھانا مڑھنا۔ چھاپنا۔ ڈھانپنا۔ ڈھانکنا (۲) تہمت لگانا۔ سر کرنا۔ گلے مڑھنا (۳) رچنا۔ بننا۔ مچنا۔

مَنڈھوانا : [ار۔ مص] دیکھئے "منڈھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

مَنڈھوائی : [ار۔ امث] منڈھنے کی اجرت۔ پوشش کرائی کی مزدوری۔

مَنڈھی / منڈھیا : [ار۔ امث] (۱) جھونپڑی۔ مڑھی۔ کٹیا (۲) جوگیوں کے رہنے کا چھوٹا گنبد۔ سائبان۔

مَنڈی : [ار۔ امث] تجارت گاہ۔ بازار۔ پاٹ۔ بڑا بازار۔ تھوک فروشی کی جگہ۔

مَنڈی لگانا : [ار۔ محاورہ] منڈی قائم کرنا۔ بازار لگانا

مَنڈی لگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منڈی لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

مُنڈی : [ھ۔ امث] دیکھئے "مُنڈا" جس کی یہ تصغیر ہے۔ سر کھوپڑی۔

مُنڈی تولنا : [ار۔ محاورہ ق] غرور سے سر اونچا کرنا۔

مُنڈیا : [ھ۔ امث] دیکھئے "مونڈ" جس کی یہ تصغیر ہے۔

مُنڈیا مروڑ کے پڑ رہنا : [ار۔ محاورہ] چپ چاپ خاموش بیٹھے رہنا۔

مَنڈیانا : [ار۔ مص] کلف لگانا۔ مانڈی لگانا۔ مانڈنا۔ چاول کی پیچ یا نشاستہ وغیرہ سے کپڑے یا کاغذ کو سخت بنانا۔

مَنڈیٹ : [انگ۔ اند] (MANDATE) (۱) حاکم عدالت کا حکم۔ ہدایت۔ (۲) حق وکالت۔ انجمن اقوام کی طرف سے کسی ریاست کو کسی ملک پر حکومت کرنے کا عارضی اختیار (۳) (قانون) معاہدہ جس کی رو سے کوئی شخص بلا معاوضہ کسی خدمت کے انجام دینے کا اقرار کرے

مُنڈیر : [ار۔ امث] (۱) دیوار کا اوپر کا حصہ جو ڈھلوان ہوتا ہے (۲) پشتہ۔ مینڈھ۔

مُنڈیر باندھنا : [ار۔ محاورہ] پشتہ باندھنا۔ ذرا سی دیوار اٹھا کر حد بناتا۔

مُنڈیری : [ار۔ امث] دیکھئے "منڈیر" جس کی یہ تصغیر ہے۔

مُنڈینا : [ار۔ صف۔ ق] شوخی۔ بے حیائی۔

منرا : [ار۔ اند۔ ق] دل۔

مَنزِل : [ع۔ امث] (۱) اترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام۔ سرائے۔ ٹھکانہ۔ مسافر خانہ۔ پڑاؤ (۲) ایک دن کا سفر۔ مرحلہ (۳) گھر۔ مکان۔ مسکن (۴) مکان کا ایک درجہ (۵) چاند کا نصر (۶) قرآن مجید کے سات حصوں میں سے ایک حصہ۔

مَنزِل اُٹھانا : [ار۔ محاورہ] مکان بنانا۔

مَنزِلِ اوّل : [ع۔ امث] پہلی منزل۔ مجازاً موت۔ قبر۔

مَنزِل بہ منزِل : [عف متعلق فعل] پڑاؤ پہ پڑاؤ۔ ایک ایک پڑاؤ۔

مَنزِل بھاری کرنا : [ار۔ محاورہ] منزل کٹھن کرنا۔ سفر مشکل کرنا۔

مَنزِل بھاری ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منزل بھاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مَنزِل پر پہنچانا : [ار۔ محاورہ] اصل مقام پر پہنچانا۔

مَنزِل دراز ہونا : [ار۔ محاورہ] معمولی مسافت کا لمبا معلوم ہونا۔

مَنزِل دینا : [ار۔ محاورہ] جنازے کو راستے میں ذرا سی دیر کے لئے رکھ دینا۔ مردے کو آرام دینا۔

مَنزِل طے کرنا : [ار۔ محاورہ] مسافت طے کرنا۔

مَنزِل طے ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منزل طے کرنا" جس کا یہ لازم ہے

مَنزِل کاٹنا : [ار۔ محاورہ] راستہ طے کرنا۔

مَنزِل کٹنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منزل کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے

مَنزِل کٹھن ہونا : [ار۔ مص مرکب] منزل کڑی ہونا۔ راستہ کا دشوار ہونا۔

مَنزِل کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) ایک پڑاؤ کا راستہ چلنا (۲) کچھ چل کر ٹھہر جانا۔

مَنزِل کڑی ہونا : [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "منزل کٹھن ہونا"

مَنزِل کھوٹی کرنا : [ار۔ محاورہ] منزل سے پہلے کسی مقام پر ٹھہر جانا تاکہ دیر ہو جائے۔

مَنزِل کھوٹی ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منزل کھوٹی کرنا" جس کا یہ لازم ہے

مَنزِل ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منزل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مَنزِل گاہ : [عف۔ اند] اترنے کی جگہ۔ قیام کرنے کی جگہ۔ ("گاہ" زائد ہے)

مَنزِل مارنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مسافت طے کرنا۔ سفر ختم کرنا۔ (۲) مشکل حل کرنا۔

مَنزِلِ مقصد / مقصود : [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] وہ جگہ جہاں پہنچنا مقصود ہو۔

مَنزِلِ مقصود کو پہنچنا : [ار۔ محاورہ] کنایۃً ٹھکانے پر پہنچنا۔ مراد حاصل ہونا۔

مَنزِل نرم ہونا : [ار۔ محاورہ] منزل کا طے کرنا آسان ہونا۔

مَنزِلِ ہستی : [عف۔ امث] کنایۃً عمر۔ زندگی۔

مُنْزَل / مُنَزَّل: [ع-اند] نیچے اتارا گیا۔ نازل کیا گیا۔
مُنْزِل: [ع-صف] نیچے اتارنے والا۔ انزال ہونے والا۔
مُنْزِل ہونا: [ار-محاورہ] انزال ہونا۔ منی نکلنا۔ جھڑنا۔
مَنْزِلَت: [ع-امث] (۱) توقیر۔ قدر۔ عزت۔ اعزاز۔ وقعت (۲) درجہ۔ مرتبہ۔
مَنْزِلَہ: [ع-صف] درجے کا۔ کھنڈ والا جیسے دو منزلہ۔
مُنْزَوی: [ع-صف] گوشہ نشین۔ خلوت گزیں۔ گوشہ گیر۔
مُنَزَّہ: [ع-اند] عیبوں سے بری۔ پاک۔ مبرا۔
مِنْس: [ار-اند-ق] خاوند۔
مَنْسا: [ہ-امث] خواہش۔ مراد۔ مطلب۔ مقصد۔ چاہ۔ منشا۔
مَنْسا پورن کرنا: [ار-معل مرکب] مراد برلانا۔ آرزو پوری کرنا۔
مَنْسا دیوی: [ہ-امث] ایک دیوی جو ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق انسان کو سانپ کے زہر سے بچاتی ہے۔
مِنِسْٹَر: [انگ-اند] (MINISTER) وزیر۔ دیوان۔ مدارالمہام۔
مُنْسَرِح: [ع-اند] (۱) رواں۔ آسان کیا گیا (۲) عروض کی ایک بحر۔
مَنْسَک: [ع-اند] (۱) عبادت گاہ۔ (۲) مکہ معظمہ میں وہ جگہ جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں۔ طریقۂ عبادت۔
مُنْسَلِک: [ع-اند] پرویا ہوا۔ نتھی کیا ہوا۔ شامل۔ مشمولہ۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مَنْسُوب: [ع-اند] (۱) نسبت کیا گیا۔ متعلق کیا ہوا (۱) جس سے نسبت یعنی منگنی ہو۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مَنْسُوبہ: [ع-صف] دیکھئے "منسوب" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَنْسُوج: [ع-اند] بنا ہوا۔
مَنْسُوخ: [ع-صف] رد کیا ہوا۔ نابود کیا گیا۔ ترک کیا گیا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مَنْسُوخی: [عف-صف] دیکھئے "منسوخ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مَنُش: [ہ-اند] (۱) آدمی۔ مرد۔ شخص (۲) خاوند۔ شوہر۔ پتی۔ گھر والا۔
مَنِش: [ف-امث] طبیعت۔ عادت۔ خو۔ خصلت۔
مَنْشا: [ع-اند] (۱) پیدا ہونے کی جگہ (۲) مجازاً سبب۔ باعث۔ وجہ (۳) ارادہ۔ مطلب۔ مقصد۔ مراد۔ منصوبہ۔ عندیہ۔
مُنْشَآت: [ع-اند] مسودہ۔ عبارتیں۔ تصنیفات۔
مِنْشار: [ع-اند] (۱) لکڑی چیرنے کا آلہ۔ آرہ (۲) اناج علیحدہ کرنے کا آلہ جس کے ایک طرف دستہ اور دوسری طرف بڑا سا کنگھا ہوتا ہے۔
مُنْشَرِح: [ع-اند] کھلنے والا۔
مُنْشَرَح: [ع-اند] (۱) کھلا ہوا۔ عیاں۔ ظاہر۔ آشکار (۲) خوش۔ بشاش۔
مُنْشَعِب: [ع-اند] پھیلا ہوا۔ پراگندہ۔ منتشر۔ شاخ در شاخ۔
مَنْشُور: [ع-اند] (۱) تتر بتر۔ بکھرا ہوا (۲) شاہی فرمان۔ پروانہ (۳) جماعتی اعلان (۴) سہ پہلو شیشہ جس میں سے شعاعیں گزر کر پھیل جاتی ہیں۔ (انگریزی لفظ MANIFESTO کا ترجمہ)
مَنْشُورِ مُثَلَّثی: [ع-امث] تکونا شیشہ جس میں سے شعاعیں گزر کر مختلف رنگوں میں تقسیم ہو کر پھیل جاتی ہیں۔
مُنْشی: [ع-اند] (۱) پیدا کرنے والا۔ آغاز کرنے والا (۲) لکھنے والا۔ محرر۔ متصدی۔ نویسندہ (۳) مضمون نگار۔ خوش قلم۔ خوش تحریر۔
مُنْشیِ چرخ / فلک: [عف-امث] عطارد ستارہ۔
مُنْشی خانہ: [عف-اند] (۱) فارسی دفتر۔ اردو دفتر (۲) ڈاک بنگلوں کے ساتھ ایک چھوٹا سا مکان جس میں افسروں کے منشی ٹھہرتے ہیں۔
مُنْشی گری: [عف-صف] دیکھئے "منشی" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُنَشّی: [ع-اند] نشہ لانے والی چیز (فارسی "نشہ" سے عربی قاعدہ کے مطابق بنایا گیا ہے۔ جو غلط ہے)
مُنْشیانہ: [عف-صف] (۱) منشیوں کا سا (۲) منشی کا سا۔
مَنْصَب: [ع-اند] (۱) رتبہ۔ عہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ (۲) کام۔ خدمت (۳) حوصلہ۔ مجال۔ طاقت۔ یہ لفظ عام طور پر صاد کے زیر سے بولا جاتا ہے۔
منصب دار: [عف-صف] عہدے دار۔ عامل۔ حاکم (۲) نسلاً بعد نسلٍ وظیفہ پانے والا۔
منصبی: [ع-صف] دیکھئے "منصب" جس سے یہ منسوب ہے۔
مُنْصَرِف: [ع-اند] پھر جانے والا۔ ایک حال سے دوسرے حال میں لوٹ جانے والا باغی۔ منحرف (۲) اصطلاح صرف و نحو میں وہ جس کی گردان ہو سکے۔
مُنْصَرِم: [ع-اند] منتظم۔ انتظام کرنے والا۔ مہتمم۔ سربراہ۔ مینیجر۔ منیم۔
مُنْصِف: [ع-اند] انصاف کرنے والا۔ عامل (۲) دیوانی ایک عہدیدار۔
منصف مزاج: [عف-اند] انصاف پسند۔ کھرا۔ دو ٹوک بات کہنے والا۔ کسی کی لگی لپٹی نہ رکھنے والا۔
منصفانہ: [عف-صف] از روئے انصاف۔ عدل کے اعتبار سے۔ دو ٹوک۔ ٹھیک ٹھیک۔
منصفی: [عف-امث] دیکھئے "منصف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
منصفی شرط ہے: [ار-محاورہ] انصاف کرنا چاہئے۔
منصوب: [ع-اند] (۱) کھڑا۔ سیدھا۔ قائم۔ کھڑا کیا گیا (۲) وہ حرف جس پر زبر ہو۔ مفتوح۔
منصوبہ: [ع-اند] (۱) کھڑی ہوئی چیز (۲) تجویز۔ تدبیر۔ توڑ جوڑ۔ حکمت دانائی (۳) ارادہ۔ مقصد۔ منشا۔ عندیہ۔
منصوبہ باز: [عف-صف] ارادے گانٹھنے والا۔ سوچنے والا۔ دور اندیش۔ مدبر۔
منصوبہ باندھنا: [ار-محاورہ] ارادہ کرنا۔ ٹھاننا۔ کسی بات کو دل میں پختہ کرنا۔
منصوبہ بنانا: [ار-محاورہ] دیکھئے "منصوبہ باندھنا"
منصوبہ بندی: [عف-امث] تجویز کرنا۔ تدبیر کرنا۔ خاکہ یا نقشہ بنانا۔ طریق عمل تجویز کرنا (انگ PLANNING)
منصوبہ کرنا: [ار-محاورہ] دل میں کسی ارادہ کو ٹھان لینا۔
مَنْصُور: [ع-اند] نصرت دیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ مظفر۔ فتح مند۔

(۲) ایک ولی کا نام۔

مَنصُوص : [ع۔ امذ] (۱) تحقیق کیا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا (۲) قرآن شریف کی وہ آیت جو قابل تاویل نہ ہو (۳) وہ حدیث جو کامل طور سے ثابت ہو گئی ہو۔

مَنَصَّہ : [ع۔ امذ] ظاہر ہونے کی جگہ۔ جلوہ گاہ۔ وہ تخت یا چوکی جس پر دلہن کو بٹھا کر جلوہ کراتے ہیں۔ حجلۂ عروسی جسے خوب سجایا جائے۔

منصۂ شہود : [ع۔ ف۔ امذ] وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے۔

مُنضَبِط : [ع۔ صف] پیوستہ۔ ضبط میں آنے یا لانے والا۔ مضبوط۔

مُنضِج : [ع۔ امذ] پکا دینے والی دوا۔ وہ دوا جو مواد کو پکا کر قابل اخراج کرے۔ خلط کو پکانے والی دوا۔

مُنضَم : [ع۔ امذ] ملایا گیا۔ ملایا ہوا۔ شامل۔ پیوستہ۔

مُنطَبِع : [ع۔ امذ] چھپنے والا۔ منقوش ہونے والا۔

مُنطَبِق : [ع۔ امذ] برابر۔ موافق۔ اوپر تلے ٹھیک آنے والا۔

مُنطَفی : [ع۔ امذ] بجھنے والا۔ بجھا ہوا۔

مَنطِق : [ع۔ امث] (۱) نطق۔ گویائی۔ گفتگو۔ بات چیت۔ فصاحت۔ خوش کلامی۔ (۲) تلفظ۔ لہجہ (۳) ٹھیک طور سے سوچنے کا علم۔ وہ علم جو عقلی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق کر دیتا ہے۔

مَنطِق بگھارنا/چھانٹنا : [ار۔ محاورہ] تقریر چھانٹنا۔ حجت کرنا۔ باتیں بنانا۔ چُناں چُنیں کرنا۔ دلیل کرنا۔

مِنطَقَہ : [ع۔ امذ] (۱) کمر میں باندھنے کا پٹکا (۲) وہ فرضی خط جو زمین کے چاروں طرف کھنچا ہوا ہے۔ دائرہ۔ حلقہ۔

مِنطَقَۃُ البُرُوج : [ع۔ امذ] راس چکر۔ وہ بڑا دائرہ جس پر آسمانی بارہ برج واقع ہیں۔

مِنطَقۂ بارِدہ : [ع۔ امذ] وہ خطۂ زمین جہاں تمام سال سخت سردی اور برف جمی رہتی ہے۔

مِنطَقۂ باردہ جنوبی : [ع۔ امذ] قطب جنوبی کے گرد کا خط جہاں سارا سال نہایت سردی اور برف جمی رہتی ہے۔

مِنطَقۂ باردہ شمالی : [ع۔ امذ] قطب شمالی کے گرد کا خط جہاں سارا سال برف جمی رہتی ہے اور سخت سردی رہتی ہے۔

مِنطَقۂ حارہ/محرقہ : [ع۔ امذ] خط استوا کے قریب کا وہ خط جہاں سورج کی شعاعیں عموداً پڑنے سے نہایت گرمی رہتی ہے۔

مِنطَقۂ مُعتَدِلہ : [ع۔ امذ] زمین کا وہ خطہ جہاں گرمی اور سردی برابر رہتی ہے۔

مِنطَقۂ مُعتَدِلہ جنوبی : [ع۔ امذ] وہ خطہ جو خط جدی سے دائرہ قطب جنوبی تک واقع ہے۔ اس میں ½ حصہ افریقہ کا، ½ حصہ جنوبی امریکہ کا، ۵٪ حصہ آسٹریلیا کا ہے۔

مِنطَقۂ مُعتَدِلہ شمالی : [ع۔ امذ] وہ خط جو خط سرطان سے دائرہ قطب شمالی تک پھیلا ہوا ہے۔ اس منطقہ میں قریباً تمام یورپ اور ¾ حصہ ایشیا کا اور ⅚ حصہ شمالی امریکہ کا واقع ہے۔

مَنطِقی/منطقیا : [ار۔ صف] علم منطق جاننے والا۔

مَنطُوق : [ع۔ امذ] (۱) بولا گیا (۲) کلام۔ سخن۔ بات چیت (۳) مضمون۔ معنی۔

مَنطَوِی : [ع۔ امذ] لپٹا ہوا۔ ملفوف۔ پیچیدہ۔

مَنظَر : [ع۔ امذ] (۱) جائے نظر۔ آنکھ۔ نظر (۲) نظارہ۔ سیرگاہ۔ تماشا گاہ (۳) چہرہ۔ صورت۔ شکل (۴) حدنظر۔ حد نگاہ (۵) دریچہ۔ کھڑکی۔ روزن۔ سوراخ (۶) اونچی عمارت۔ لاٹھ۔ مینار۔

مَنظَرِ چشم : [ع۔ ف۔ امث] آنکھ کی پتلی۔

مَنظَرِ عام : [عف۔ امذ] کھلی جگہ۔ گزرگاہ عام۔ شاہ راہ عام۔

مُنَظَّم : [ع۔ امذ] (۱) دھاگے میں پرویا ہوا (۲) موزوں کلام (۳) وہ چیز جو انتظام کے ساتھ ہو۔

مَنظُور : [ع۔ صف] (۱) دیکھا گیا۔ نظر کیا گیا (۲) پسندیدہ۔ مقبول۔ مانا گیا

مَنظُورِ خاطر : [عف۔ صف] دل پسند۔ مقبول۔ پسندیدہ۔

مَنظُورِ خدا : [عف۔ امذ] مرضی مولا۔ مشیت ایزدی۔ جو خدا کو پسند ہو۔

مَنظُور کرنا : [ار۔ محاورہ] ماننا۔ تسلیم کرنا۔ اجازت دینا۔

مَنظُورِ نظر : [ع۔ صف۔ بترکیب فارسی] (۱) نظر کو پسند۔ مرغوب (۲) عزیز پیارا (۳) بیٹا (۴) محبوب (۵) جس پر کسی کی نظر عنایت ہو۔

منظورِ نظر ہونا : [ار۔ محاورہ] دل کو بھانا۔ دل میں کھبنا۔ نظر پر چڑھنا۔

مَنظُوری : [عف۔ امث] پسند۔ اجازت۔ قبولیت۔

مَنظُوری کی اسامی : [ار۔ امث] وہ ملازمت جس کی حکومت سے منظوری ہوئی ہو اور اس میں پنشن کا حق بھی ہو۔

مَنظُوم : [ع۔ صف مفعول] (۱) نظم کیا گیا۔ اشعار میں لایا گیا (۲) پرویا گیا منسلک کیا گیا۔

مَنظُومَہ : [ع۔ صف۔ مث] دیکھئے "منظوم" جس کی یہ تانیث ہے۔

مَنع : [ع۔ امذ] (۱) باز رکھنا۔ روکنا (۲) (صف) ناجائز۔ نادرست نامناسب۔

مَنع کرنا : [ار۔ مص مرکب] ہٹانا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔

مُنعَدِم : [ع۔ صف] نابود ہونے والا۔ فنا ہونے والا۔ ناپید ہونے والا

مُنعَطِف : [ع۔ صف] مڑنے والا۔ پلٹنے والا۔ پھرنے والا۔

مُنعَطِف کرنا : [ار۔ مص مرکب] موڑنا۔ پھیرنا (عموماً توجہ کے لئے استعمال ہوتا ہے)

مُنعَطِف ہونا : [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "منعطف کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

مُنعَقِد : [ع۔ صف] (۱) بندھنے والا۔ کنایتہً مقرر ہونے والا۔ ٹھہرنے والا۔

مُنعَقِد ہونا : [ار۔ محاورہ] قرار پانا۔ ٹھہرنا۔ قائم ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ ہونا۔

مُنعَکِس : [ع۔ صف] (۱) عکس قبول کرنے والا (۲) شعاع جو لوٹ کر آئی ہو (۳) اُلٹا۔ اوندھا۔ سرنگوں۔

مُنعِم : [ع۔ صف] (۱) نعمت دینے والا (۲) دولت مند۔ تونگر۔ غنی۔

مُنغَّص : [ع۔ صف] مکدر۔ رنجیدہ۔ افسردہ۔ ناراض۔

مَنفَذ : [ع۔ امذ] (۱) گزرنے کی جگہ۔ راستہ (۲) سوراخ۔ مسام۔ رخنہ۔ روزن۔

مُنفَرِج : [ع۔ صف] کشادہ۔ وسیع۔ کھلا۔
مُنفَرِجَہ : [ع۔ صف۔ مث] (۱) دیکھیے "منفرج" جس کی یہ تانیث ہے (۲) قائمہ سے بڑا زاویہ۔
مُنفَرِح : [ع۔ صف] خوش۔ شاد
مُنفَرِد : [ع۔ صف] اکیلا۔ تنہا۔ یکتا۔ یگانہ۔ واحد۔
مُنفَصِل : [ع۔ صف] (۱) جُدا ہونے والا۔ علیحدہ ہونے والا (۲) فیصل ہونے والا۔ فیصلہ شدہ۔
مُنفَصِلہ : [ع۔ صف۔ مث] دیکھیے "منفصل" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَنفَعَت : [ع۔ امث] نفع۔ سود۔ فائدہ۔ حاصل۔
مُنفَعِل : [ع۔ صف] (۱) اثر قبول کرنے والا (۲) نادم۔ شرمندہ۔
مُنفِق : [ع۔ صف] خرچ کرنے والا۔ کسی کو روٹی کپڑا وغیرہ دینے والا۔
مُنفَک : [ع۔ صف] الگ کیا ہوا۔ علیحدہ کیا گیا۔ جدا کیا گیا۔
مَنفی : [ع۔ صف] (۱) نفی کیا گیا (۲) تفریق کیا گیا۔ منہا کیا گیا۔ (۳) خارج کیا گیا (۴) جُدا کیا گیا (۵) (صرف و نحو) وہ جس سے کسی کام کا نہ ہونا پایا جائے (۶) تخریبی۔
مِنقا : [ع۔ امذ] دیکھیے "منقیٰ"
مُنقاد : [ع۔ صف مفعول] تابع۔ مطیع زیرحکم۔ فرمانبردار۔
مِنقار : [ع۔ امث] چونچ۔
مِنقار زیرِ پر رہنا/ہونا : [ار۔ محاورہ] خاموش رہنا۔ دبکے رہنا۔
مِنقاش : [ع۔ امذ] موچنا۔ سانسی۔ نقش کرنے کا آلہ۔ کانٹا نکالنے اور بال اکھاڑنے کا آلہ۔
مِنقَب : [ع۔ امذ] ایک اوزار جس سے پیٹ کا پانی نکالتے ہیں۔
مَنقَبَت : [ع۔ امث] (۱) کوئی چیز جس پر انسان فخر کرے یا جو اسے ممتاز بنائے (۲) تعریف۔ توصیف۔ صفت۔ ثنا (خصوصاً اہلِ بیتؑ اور صحابہؓ کی)
مُنقَبِض : [ع۔ صف فاعل] (۱) کھنچا ہوا (۲) کس کر بندھا ہوا (۳) سمٹا ہوا۔ سکڑا ہوا (۴) (طبیعت یا مزاج کے لیے) ناراض۔ مکدر افسردہ۔ ناخوش۔
مُنَقّح : [ع۔ صف مفعول] (۱) ظاہر کیا گیا۔ صاف کیا گیا۔ پاک کیا گیا۔ (۲) کم زدہ۔ الفاظ یا شعروں سے صاف کیا گیا۔
مُنقَرِض : [ع۔ صف] کاٹا گیا۔ کترا ہوا۔ گزرا ہوا۔ بُریدہ
مُنقَسَم : [ع۔ صف مفعول] تقسیم کیا گیا۔ بانٹا ہوا۔
مُنقَسِم : [ع۔ صف فاعل] تقسیم ہونے والا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مُنَقّش : [ع۔ صف۔ مفعول] (۱) نقش کیا گیا۔ کھودا گیا۔ نقش و نگار کیا گیا (۲) بیل بوٹے دار۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]
مُنقَضِب : [ع۔ صف فاعل] (۱) کاٹا گیا۔ جدا کیا گیا (۲) جو اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔
مَنقَصَت : [ع۔ امث] (۱) کمی۔ گھاٹا۔ نقصان (۲) عیب۔ نقص۔
مُنقَضَب : [ع۔ امث] عروض کی ایک بحر کا نام۔
مُنقَضی : [ع۔ صف فاعل] (۱) گزرنے والا (۲) گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ [افعال: ہونا]

مُنقَطِع : [ع۔ صف فاعل] (۱) قطع ہونے والا۔ کاٹا گیا (۲) اختتام کو پہنچا ہوا (۳) فیصل شدہ۔ تصفیہ شدہ۔
مُنقَطِع کرنا : [ار۔ محاورہ] کاٹنا۔ قطع کرنا۔ جُدا کرنا۔ اختتام کو پہنچانا فیصلہ کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ توڑنا۔
مُنقَطِع ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "منقطع کرنا" جس کا یہ لازم ہے
مِنقَل : [ع۔ امذ] انگیٹھی۔
مُنقَلِب : [ع۔ صف۔ فاعل] (۱) الٹنے والا۔ گردش کھانے والا۔ لوٹنے والا۔ پھر جانے والا (۲) اوندھا
مُنقَلِبات : [ع۔ امذ] وہ بُرج جن کے طالع میں کام درست اور راس نہیں آتا۔ یہ چار بُرج ہیں۔ حمل۔ سرطان۔ جدی اور میزان (۲) مُنقلبہ کی جمع۔
مُنقَلِبَہ : [ع۔ صف۔ مث] دیکھیے "منقلب" جس کی یہ تانیث ہے
مَنقُوش : [ع۔ مفعول] (۱) نقش کیا گیا۔ نقش و نگار کیا گیا (۲) کندہ کیا گیا۔ کھدا ہوا۔ کندہ کیا ہوا
مَنقُوط : [ع۔ صف۔ مفعول] نقطہ دیا گیا۔ نقطہ والا۔ نقطہ دار۔
مَنقُوطَہ : [ع۔ صف] دیکھیے "منقوط" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَنقُول : [ع۔ مفعول] (۱) نقل کیا گیا (۲) بیان کیا گیا۔ ذکر کیا گیا (۳) اتارا گیا۔ لکھا گیا (۴) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا (۵) (مث) وہ علم جس میں صرف ان باتوں سے بحث ہو جو دوسروں نے بیان کی ہیں
مَنقُول عنہ : [ع۔ امذ] وہ کتاب یا تحریر جس سے نقل کی گئی ہو۔
مَنقُولہ : [ع۔ صف۔ مث] (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل مال۔ قابل انتقال (۲) منقول کی تانیث۔
مَنقُولہ جائیداد : [ع۔ صف۔ مث] وہ جائیداد یا مال جس کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جا سکے۔
مَنقُول ہے : [روزمرہ] روایت ہے۔
مُنَقّیٰ : [ع۔ مفعول] (۱) صاف کیا گیا۔ مُصفّا (۲) بیج نکالا ہوا (امذ) خشک انگور اصل میں مویز منقیٰ تھا۔ یعنی صاف کیا ہوا مویز۔ اس جگہ اب صرف منقیٰ استعمال ہوتا ہے۔
مُنَقّی : [ع۔ فاعل] صاف کرنے والا۔
مَنکا : [ہ۔ امذ] (۱) سونے یا چاندی کا دانہ۔ کانچ۔ عقیق۔ نگینہ۔ یا کسی پتھر کا دانہ (۲) تسبیح یا مالا کا دانہ (۳) وہ مہرے جن کو فقرا گلے میں ڈالے رہتے ہیں/رکھتے ہیں (۴) مالا۔ تسبیح۔ سمرن (۵) گردن کی ہڈی یا مہرہ (۶) مہرہ پشت ریڑھ کی ہڈی کا اوپر کا حصہ۔
مَنکا پھیرنا : [ار۔ محاورہ] مالا پھیرنا۔ تسبیح پھیرنا۔
مَنکا توڑنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "منکا ٹوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مَنکا ٹوٹنا : [ار۔ محاورہ] گردن کی ہڈی ٹوٹ جانا/ٹوٹنا۔
مَنکا ٹَھنکا : [ار۔ امذ] دیکھیے "منکا ۲۔۳۔۴" ٹھنکا تابع مہمل ہے۔
مَنکا ڈھل جانا/ڈھلکنا/ڈھلنا : [ار۔ محاورہ] مرنے کے وقت گردن کا خم کھا جانا۔ گردن کا قابو میں نہ رہنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ علامت مرگ کا ظاہر ہونا۔

مُنکَدِر: [ع - ا - فاعل] (۱) جلدی کرنے والا - تیز رفتار (۲) تیزی سے چلنے والا (۳) ڈوبتا ہوا (ستارہ) گرتا ہوا (ستارہ) - (۴) تیرہ - دُھندلا - گدلا -

مُنکَر: [ع - مفعول] (۱) انکار کیا گیا (۲) مکروہ - خراب ناشائستہ - نامشروع (۳) (مذ) ایک فرشتہ جو نکیر کے ساتھ مل کر قبر میں سوال کرے گا -

مُنکِر: [ع - فاعل] (۱) انکار کرنے والا - مکرنے والا - نہ ماننے والا (۲) خدا کا انکار کرنے والا - کافر - بے دین - ملحد - دہریہ -

مُنکر پاک ہونا: [ار - محاورہ] صاف انکار کرنا -

مُنکر کرا دینا: [ار - محاورہ] انکار کرا دینا - مکرا دینا -

مُنکرِ نعمت: [عف - صف] ناشکرا - ناشکرگزار -

مُنکَر نکیر: [ع - اند] دو فرشتے جو قبر میں سوال کریں گے

مُنکِر ہونا: [ار - محاورہ] انکار کرنا - نہ ماننا - مکرنا -

مُنکَسِر: [ع - فاعلی] (۱) شکستہ - ٹوٹا ہوا (۲) عاجز - مسکین (۳) انکسار کرنے والا - متواضع -

مُنکَسِرُالمِزاج / منکسر مزاج: [ع - صف] وہ شخص جسکی طبیعت میں انکسار ہو -

مُنکَشِف: [ع - صف] (۱) کھلنے والا - کھلا ہوا (۲) ظاہر - آشکار

مِنکنا: [ہ - مص] (۱) چوکتا ہونا (۲) عذر کرنا -

مَنکُوب: [ع - صف] خراب - بدحال - مفلس -

مَنکُوحہ: [ع - صف] (نکاحی) عورت - نکاح کی ہوئی بیوی - زوجہ - جورو - استری -

مَنکُوس: [ع - صف] اوندھا - سرنگوں -

مُنکھ: [ہ - اند] دیکھئے "مُنکش"

مَنگا: [ہ - امر] منگانا مصدر سے صیغہ امر -

مَنگا بھیجنا: [ار - محاورہ] منگوانا - بھیج دینا -

مَنگا بیٹھنا: [ار - محاورہ] کوئی چیز غلطی سے منگوانا -

مَنگا دینا: [ار - محاورہ] کسی کو کوئی چیز منگوا کر دینا -

مَنگا لینا: [ار - محاورہ] منگوانا - کوئی چیز طلب کرنا

مَنگانا: [ار - مص] کوئی چیز کسی جگہ سے طلب کرنا - منگوانا

مَنگائی مِستی لے آیا مٹی: [ار - مثل] بے وقوف کی نسبت بولتے ہیں -

مَنگتا: [ہ - صف] بھیک مانگنے والا - بھکاری - گدا - فقیر -

مَنگتی: [ہ - صف] (۱) دیکھئے "منگتا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) مانگنا (۳) درخواست -

مَنگتی لگانا: [ار - محاورہ] (۱) تقاضا کرکے مانگنا (۲) تحصیل مال کا کام کرنا -

مَنگٹ: [ہ - امث - ار - ق] (۱) کلائی (۲) تخنہ (۳) گھوڑے کے سم اور ٹخنے کے درمیان کا حصہ - گامچی -

مَنگٹ بند: [ہ - اند] دیکھئے "منگٹ"

مَنگٹی: [ہ - امث] (۱) پہنچی - کلائی کا ایک زیور -

مَنگٹیکا: [ہ - اند] (۱) دیکھئے "منگٹی" (۲) مانگ اور ٹیکا کا مخفف -

مَنگچھی / مُنگچھی: [ہ - امث] مونگ کی پھلوری - مونگ کی دال کی تلی ہوئی بڑیاں -

مَنگسِر: [ہ - اند] ہندی آٹھواں مہینہ - مگھر - اگھن -

مَنگَل: [س - اند] (۱) خوشی - شادمانی - مسرت - آنند (۲) خوشی کا گیت - (۳) خوشی - طالعی - مبارک - شبھ - نیک (۴) ایک سیارہ - مریخ - یہ لڑائی کا دیوتا سمجھا جاتا ہے (۵) ہفتہ کا دوسرا دن جو پیر کے دن کے بعد آتا ہے (۶) فال نیک - (۷) عا - تعویذ - تیوہار - اچھا موقع - کوئی چیز جو مبارک ہو (۷) پرنی - اچھی رسم (۸) اچھا کام (۹) ادیان کی راجدھانی (۱۰) اگنی (۱۱) ہندی سلم میں عدد آٹھ (۱۲) صحت - تندرستی (۱۳) سلامتی (۱۴) رونق - چہل پہل - آبادی - جشن (۱۵) خبرداری - چوکسی - ہشیاری -

منگل کوٹی: [ار - اند] ایک قسم کا قالین جو منگل کوٹ میں بنا تھا

مَنگل گانا: [ہ - اند] (۱) دیکھئے منگل نمبر ۲ (۲) خوشی منانا - خوشی کرنا -

مَنگل ہونا: [ار - محاورہ] خوش ہونا - چہل پہل ہونا - جشن ہونا - (اردو میں جنگل میں منگل ہونا کی ترکیب سے آتا ہے)

مَنگلا: [ہ - امث] (۱) سفید یا نیلی پھول والی گھاس (۲) ایک قسم کی کرنج (۳) اِملی (۴) باعصمت بیوی (۵) اُما کا لقب

مَنگلاچار: [ہ - امث] خوشی - تہنیت - مبارکباد -

مَنگلامکھی: [ہ - امث] ارباب نشاط -

مَنگلی: [ہ - صف] (۱) خوش - شاد (۲) منگل ستارے کے نیچے پیدا ہوا ہوا (۳) فتح مند - فتحیاب - کامیاب (۴) تند - غصیل - غصہ ور -

مَنگنا: [ہ - مص] دیکھئے "مانگنا"

مَنگنی: [ار - امث] (۱) شادی سے پہلے کی ایک رسم جس میں مرد کو عورت سے اور عورت کو مرد سے منسوب کرتے ہیں - نسبت (افعال: کرنا - ہونا) (۲) کسی سودے کے ساتھ کوئی چیز بلاقیمت طلب کرنا (۳) کسی چیز کا عاریتاً منگانا -

مَنگنی کی چادر تانے پچاس کی آدر: [ار - مثل] کم ظرف کی نسبت بولتے ہیں -

مَنگنی نہ ٹنگنی گڑیا کا بیاہ: [ار - مثل] وہاں کہتے ہیں جہاں شادی کا بڑا آرام ہی آرام ہو -

منگوا لینا: [ار - محاورہ] کسی جگہ سے کوئی چیز طلب کرنا -

منگوانا: [ار - محاورہ] مانگنا کا متعدی - کسی کے ذریعہ کوئی چیز طلب کرنا -

منگوچی / منگوچھی: [ہ - امث] دیکھئے "منگچھی / منگچھی"

منگورا: [ہ - اند] بیسن کی پھلوری / پھلکی -

منگوری / منگوڑی: [ہ - امث] ماش کی پھلوری / پھلکی -

مَنگُوس: [ہ - اند] نیولا -

مَنگولا: [ہ - اند] چھوٹا سا پھندنا -

مَنگھٹا: [ہ - اند] کنوئیں کی منڈھ -

منگیتر: [ار - صف] وہ لڑکا یا لڑکی جس کی منگنی کی گئی ہو / ہو چکی ہو -

مَنَم: [ف - ضمیر واحد متکلم] (۱) میں ہوں (۲) (امث) خودستائی - شیخی -

مِن مِن: [ہ - متعلق فعل] (۱) آہستگی سے - سہج سہج - ڈھیلے ڈھیلے - ڈھیل سے سستی سے (۲) (صف) وہ جو آہستہ سے یا ناک میں بولے -

مِن مِن کرنا: [ار - محاورہ] آہستہ آہستہ کام کرنا - سستی سے کام

کرنا (۲) ناک میں بولنا۔
مِنمنا / مِن منا: [ار۔ صف] وہ جو ناک میں بات کرتا ہو/ بولتا ہو۔
مِن مِنا کر بات کرنا: [ار۔ محاورہ] ناک میں بولنا۔
مُنمُنا: [ہ۔ امذ] (۱) ایک قسم کا چھوٹا اور کالے رنگ کا دانہ جو گیہوں کے ساتھ اُگتا ہے اور گیہوں میں مل جاتے تو آٹے کو کڑوا کر دیتا ہے (۲) چھوٹا سا۔ ننھا سا۔
مُنمُنا سا: [ہ۔ صف] چھوٹا سا۔ بہت حقیر۔ پستہ قد۔
مِنمِنانا: [ہ۔ ار۔ مص] (۱) ناک میں بولنا۔ صاف نہ بولنا (۲) بڑبڑانا۔
مِنمِنی: [ہ۔ امث] دیکھئے "منمنا" جس کی یہ تانیث ہے۔
مِنمِنی آواز: [ہ۔ امث] وہ آواز جو ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔
مُنمُنی: [ہ۔ امث] دیکھئے "مُنمُنا" جس کی یہ تانیث ہے۔
مِنَن: [ع۔ امث] دیکھئے "مِنّت" جس کی یہ جمع ہے۔
مَننا: [ہ۔ ار۔ مص] دیکھئے "ماننا" جس کا یہ مخفف ہے۔
مَنّو: [ہ۔ امذ] بندر۔
مَنوا: [ہ۔ امذ] من بمعنی دل کی تصغیر۔
مَنوا: [ہ۔ امذ] (۱) دیکھئے "منو" بمعنی بندر جس کی یہ تصغیر ہے (۲) ایک قسم کی روئی۔
مَنوا: [ار۔ فعل] منوانا مصدر سے صیغہ امر۔
مَنوا دینا: [ار۔ محاورہ] اقبال کرا دینا۔ قبولوا دینا۔ کسی کے سامنے تسلیم یا اقرار کرانا۔
مَنوا کے چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] اپنی بات تسلیم کرا کے راضی ہونا۔ اس وقت تک نہ جانے دینا جب تک مان نہ لے۔
مِنوال: [ع۔ امذ] (۱) وہ لکڑی جس پر جولاہا کپڑا بُن کر لپیٹتا جاتا ہے (۲) طرز۔ طور۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ وضع۔ دستور۔ رسم۔
مَنوانا: [ہ۔ ار۔ مص] تسلیم کرانا۔ اقبال کرانا۔ اقرار کرا لینا۔
مَنوتی: [ار۔ امث] (۱) تسلی۔ تشفی (۲) ضمانت (۳) رسیدہ (۴) تسلیم قبولیت۔ رضامندی (۵) وہ نقدی جو ساہوکار سود سے زیادہ لے۔
مَنوتی دار: [ہ۔ ار۔ امذ] (۱) ضامن (۲) وہ شخص جو سرکاری مالگزاری کا ذمہ دار ہو۔
مِنُوچہر: [ف۔ صف] (۱) آسمان جیسے چہرے والا (۲) اعلیٰ درجے کا۔ بہشت رُو۔ خوبصورت۔
مُنَوَّر: [ع۔ مفعول] (۱) روشنی دیا گیا۔ نور دیا گیا۔ (۲) روشن۔ تاباں۔ چمکیلا۔
مَنورتھ: [ہ۔ امذ] من کا رتھ۔ مقصد۔ مدعا۔ مراد۔ خواہش۔
منورتھ شدہ / سپھل ہوں: [ہ۔ کلمہ دعا] مراد بر آئے۔ مقصد پورا ہو۔
مُنَوِّم: [ع۔ صف فاعل] نیند لانے والا۔
مُنَوَّن: [ع۔ صف مفعولی] تنوین دیا گیا۔ وہ حرف جس پر تنوین یعنی دو زبر۔ دو پیش یا دو زیر ہوں۔
مَنوہر: [ہ۔ صف] (۱) خوبصورت۔ حسین۔ دلپسند۔ دل پذیر۔
مَنوی: [ع۔ صف] منی بمعنی نطفہ سے منسوب۔
مَنویہ: [ع۔ صف] "منوی" کی تانیث۔
مُنہ / مُنھ: [ہ۔ امذ] (۱) کسی چیز کا وہ سوراخ جس سے کوئی دوسری چیز اندر جاتے یا پہنچائی جاتے (۲) جانوروں / جانداروں کے بدن کا وہ سوراخ جس سے وہ کھاتے پیتے ہیں۔ دہن۔ فم۔ دہانہ (۳) چھید۔ روزن۔ سوراخ (۴) راہ۔ راستہ۔ گزر۔ نکاس (۵) دریچہ۔ کھڑکی (۶) دروازہ۔ در (۷) موری۔ موکھا (۸) چہرہ۔ عارض۔ رخسار۔ مکھ (۹) صورت۔ شکل (۱۰) پھوڑے یا زخم کا سوراخ (۱۱) پاس۔ لحاظ۔ ملاحظہ۔ طرفداری (۱۲) توجہ۔ التفات (۱۳) عزت۔ حرمت (۱۴) تاب۔ مجال۔ طاقت۔ حوصلہ۔ لیاقت (۱۵) لالچ۔ طمع۔ خواہش (۱۶) زبان (۱۷) بات۔ قول (۱۸) کلمہ۔ کلام (۱۹) لیاقت۔ قابلیت۔ ہنر۔ جوہر۔ خوبی (۲۰) نوک۔ سنان۔ اَنی (۲۱) باڑھ۔ دھار (۲۲) مجازاً آبلہ (۲۳) دہن۔ لب۔ ہونٹ (۲۴) آغاز۔ شروع۔ دیباچہ۔ عنوان (۲۵) طرف۔ جانب۔ سمت۔ رُخ (۲۶) بکارت۔ دوشیزگی۔ کنوارپن (۲۷) سامنے۔ رُوبرو (پر کے ساتھ) (۲۸) سبب۔ باعث۔ وجہ۔ لئے (سے کے ساتھ)
مُنہ آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ میں چھالے پڑ جانا۔ منہ میں زخم ہونا (۲) آوازے کسنا۔ طعنہ مارنا۔ طنز کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ طعن تشنیع کرنا۔
مُنہ اپنا سا لے کر پھر جانا: [ار۔ محاورہ] شرمندہ ہو کر چلا جانا۔ ندامت اٹھا کر جانا (اپنا سا منہ زیادہ فصیح ہے)
مُنہ اُتر جانا / اُترنا: [ار۔ محاورہ] چہرہ بے رونق ہو جانا۔ چہرہ دُبلا پڑ جانا۔ چہرے کا رنگ روپ جاتے رہنا (۲) آثار۔ رنج و ملال چہرے سے ظاہر ہونا۔
مُنہ اِتنا سا نکل آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چہرہ لاغر یا دُبلا ہو جانا۔ مُنہ اُتر جانا۔ رنگ و روغن چہرے پر نہ رہنا۔
مُنہ اُٹھا کر جانا: [ار۔ محاورہ] راستہ دیکھ کر نہ چلنا۔ شتر بے مہار کی طرح چلنا۔ بے خبر ہو کر چلنا۔ بے پروائی سے چلنا۔
مُنہ اُٹھا کر کہنا: [ار۔ محاورہ] بے سوچے سمجھے کہنا۔ یونہی اٹھا کر کہہ دینا۔
مُنہ اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] کسی طرف جانا۔ کسی طرف رُخ کرنا۔ کسی سمت کو روانہ ہونا۔
مُنہ اُٹھا کر / کے: [ار۔ متعلق فعل] بید ھڑک۔ اندھا دھند۔ بے سوچے سمجھے۔ بے پروائی سے۔ بے تحاشا۔ بے غور و تامل۔
مُنہ اُٹھائے جانا: [ار۔ محاورہ] بے سوچے سمجھے یا بے تامل جانا۔ راستہ دیکھ بھال کر نہ چلنا۔ شتر بے مہار کی طرح جانا۔
مُنہ اُٹھائے چلے جانا: [ار۔ محاورہ] بے دھڑک چلے آنا۔ دیکھے بھالے بغیر چلے جانا۔
مُنہ اُٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] بے سوچے سمجھے کسی طرف کا رخ ہو جانا۔
مُنہ اَندھیرے / اُجالے: [ار۔ متعلق فعل] سویرے سویرے۔ تڑکے تڑکے۔ دن نکلے
مُنہ اُجلا ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) چہرے کا رنگ نکھرنا (۲) عزت رہ جانا۔ رُوسیاہی سے بچ جانا (۳) سُرخروئی ہونا۔ بات رہ جانا۔
مُنہ اُجیالا ہونا: [ار۔ محاورہ] عو۔ دیکھئے "منہ اُجلا ہونا"
مُنہ اُداس ہونا: [ار۔ محاورہ] چہرے سے اداسی ظاہر ہونا۔
مُنہ اِدھر کو کرنا: [ار۔ محاورہ] رُخ اس جانب کرنا۔ اس طرف متوجہ ہونا۔
مُنہ اِس قابل ہونا: [ار۔ محاورہ] اتنی لیاقت ہونا۔

اَشکِ ندامت سے دھونا: [ار-محاورہ] بہت نادم ہونا۔
اَشکوں سے دھونا: [ار-محاورہ] بہت زیادہ رونا۔
اندھیرے: [ار-متعلق فعل] دیکھئے "مُنہ اُٹھے"
اوندھا کر لیٹنا: [ار-محاورہ] رنج افسوس میں پڑا رہنا۔ اٹوانٹی کھٹوانٹی لے کر پڑا رہنا۔ ناراض ہو کر الگ پڑا رہنا۔
بانا: [ار-محاورہ] (۱) منہ کھولنا۔ منہ پھاڑنا۔ جماہی لینا (۲) اپنی بے وقوفی پر ہنسنا۔ خجالت کی ہنسی ہنسنا۔ (۳) مرجانا۔ چل بسنا (۴) کسی کو مہربان اور شفیق پانا۔ موقع دیکھنا۔
باندھ کے بیٹھنا: [ار-محاورہ] چُپ ہو رہنا۔ خاموش ہونا۔ نہ بولنا۔
باندھنا: [ار-محاورہ] (۱) منہ پر کپڑا باندھنا/باندھ دینا۔ مسلمان مُردے کا منہ مر جانے کے بعد باندھ دیتے ہیں (۲) برتن کے منہ پر کپڑا باندھ دینا۔ (۳) کسی کو شور مچانے سے روکنے کے لئے کپڑا منہ پر باندھ دینا (۴) مجازاً مُنہ کیلنا۔ خاموش کرنا۔ چپ کرانا۔
باندھے ہوئے بیٹھنا: [ار-محاورہ] فلقے سے ہونا۔
بخشنا: [ار-محاورہ] طاقت دینا۔ کسی قسم کی کلام/ بات کرنے کی قوت دینا
بدورنا: [ار-محاورہ] منہ بگاڑنا۔
بُرا بنانا/ بُرا سا بنانا: [ار-محاورہ] تیوری چڑھانا۔ صورت سے ناراضگی ظاہر کرنا۔
بسورنا: [ار محاورہ] رونے کی صورت بنانا
بگاڑ دینا: [ار-محاورہ] (۱) چہرہ بگاڑ دینا۔ مار مار کر چہرے کو زخمی کرنا (۲) منہ کا ذائقہ خراب کر دینا (۳) ذلت دینا۔
بگاڑنا: [ار-محاورہ] (۱) دیکھئے "منہ بگاڑ دینا" (۲) دیکھئے "منہ بنانا (۳) تیوری چڑھانا۔ چہرے سے غصہ ظاہر کرنا (۴) منہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا۔
بگڑا ہوا بنانا: [ار-محاورہ] منہ سے غصہ یا قہر و غضب ظاہر کرنا۔
بگڑتے ہیں: [ار-محاورہ] سزا ملتی ہے۔
بگڑ جانا/ بگڑنا: [ار-محاورہ] (۱) چہرے کی ہیئت بدل جانا۔ صورت کا درست نہ رہنا۔ منہ ٹیڑھا یا کج ہو جانا۔ چہرے میں نقص آجانا (۲) منہ بدمزہ ہو جانا (۳) تیوری چڑھ جانا۔ غصہ آجانا (۴) سزا ملنا (۵) ذلیل ہونا۔ حواس بگڑ جانا۔
بن جانا/ بننا: [ار-محاورہ] تیوری چڑھنا۔ خفگی ہونا۔ ناراضگی ہونا۔ خاطر میں نہ آنا ناپسند ہونا (۲) منہ ٹیڑھا ہونا۔ صورت بگڑنا۔
بنا کر بیٹھنا/ بنائے بیٹھنا: [ار-محاورہ] بگڑ بیٹھنا۔ ناراض ہو جانا۔ مُنہ سُجا کر بیٹھنا۔
بنا لینا: [ار-محاورہ] خفا ہونا۔ چیں بجبیں ہونا۔ ناراض ہو جانا۔
بنانا: [ار-محاورہ] (۱) چہرے کی بُری صورت بنانا۔ چہرے کو بدنما کرنا۔ چہرے کی حالت بدلنا (۲) تیوری چڑھانا۔ مُنہ سُجانا۔ خفگی کا اظہار کرنا۔ ناراض ہونا (۳) کسی بد ذائقہ چیز کے پیتے ہوئے مُنہ کی شکل بگاڑنا/ بگڑجانا (۴) تھپڑ طمانچہ وغیرہ سے منہ زخمی کرنا۔
بناؤ: [ار-محاورہ] ہوش میں آؤ۔ ہوش کی دوا کرو۔
بند: [ار-صفت] (۱) لب بستہ۔ دہن بستہ (۲) خاموش چپ (۳) کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔

مُنہ بند کر دینا: [ار-محاورہ] چپ کرا دینا۔ بولنے سے روکنا۔
مُنہ بند کر لینا: [ار-محاورہ] (۱) منہ پر ہاتھ یا کپڑا رکھ لینا (۲) خاموش ہو جانا۔
مُنہ بند کرنا: [ار-محاورہ] (۱) دیکھئے "منہ بند کر دینا" (۲) منہ بند کر لینا (۳) منہ کیلنا۔ جادو کے زور سے منہ/ زبان بند کر دینا (۴) رشوت دینا۔ رشوت دے کر اپنے خلاف بولنے سے بند کر دینا۔
مُنہ بند/ بندھی کلی: [ار-امث] (۱) شگوفہ۔ بن کھلا پھول (۲) کنواری۔ باکرہ۔
مُنہ بند ہو جانا/ ہونا: [ار-محاورہ] (۱) خاموش ہونا۔ بات نہ کر سکنا (۲) کسی کی بدی یا چغلی سے رُکنا (۳) زخم بھرنا۔ زخم کا سوراخ بند ہونا۔
مُنہ بندھے: [ار-امذ] جَین مت کے درویش جو منہ پر کپڑا باندھ لیتے ہیں تاکہ کوئی جاندار مُنہ میں پڑ کر نہ مر جائے۔
مُنہ بنوا رکھو/ بنوا لو/ بنواؤ: [ار-محاورہ] اس بات کے قابل تو ہو جاؤ۔ اُمید نہ رکھو۔ یہ خیال چھوڑ دو۔
مُنہ بنوانا: [ار-محاورہ] لیاقت پیدا کرنا۔ کسی کام کے لائق و سزاوار ہونا۔
مُنہ بولا: [ار-صفت] منہ سے کہا ہوا۔ زبان سے بنایا ہوا۔ زبان سے پکارا ہوا۔ جیسے مُنہ بولا بھائی، بیٹا، باپ وغیرہم۔ (افعال: بنانا)
مُنہ بولتی: [ار-صفت] منہ سے بولنے والی۔ گویا (عمدہ تصویر کی صفت میں کہتے ہیں)
مُنہ بولی: [ار-امث] دیکھئے "منہ بولا" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُنہ بھر آنا/ بھر آنا: [ار-محاورہ] مُنہ میں پانی یا رطوبت آنا۔ متلی ہونا۔
مُنہ بھرائی: [ار-امث] کنایۃً رشوت۔ (افعال: دینا)
مُنہ بھر دینا: [ار-محاورہ] (۱) مُنہ میں کوئی چیز ڈال دینا (۲) رشوت دینا۔
مُنہ بھر کے/ کر: [ار-متعلق فعل] (۱) لبالب۔ لب ریز (۲) بخوبی خاطر خواہ (۳) نہایت۔ بھرپور۔
مُنہ بھر کے/ کر کوسنا: [ار-محاورہ] بے دردی سے کوسنا۔ بے دھڑک کوسنا۔
مُنہ بھر کے کہنا: [ار-محاورہ] صاف صاف کہنا۔ بے دریغ کہنا۔
مُنہ بھر کے گالی/ گالیاں دینا: [ار-محاورہ] فحش بکنا۔ سخت اور شرمناک گالیاں دینا۔
مُنہ بھرنا: [ار-محاورہ] (۱) مُنہ میں لقمہ دینا۔ مُنہ پُر کرنا (۲) اتنا دینا کہ سائل پھر نہ مانگے (۳) چُپ کرانا (۴) رشوت دینا (۵) تھوڑا سا کھانا پینا۔
مُنہ بھری: [ار-امث] رشوت (افعال: دینا)
مُنہ بھڑاک: [ار-صفت] مُنہ کے بل۔ اوندھا۔ (افعال: گرنا)
مُنہ پانا: [ار-محاورہ] (۱) توجہ پانا۔ رُخ پانا (۲) رضامندی معلوم کرنا۔ (۳) خوش پانا۔ راضی پانا۔
مُنہ پاؤں پر رگڑنا: [ار-محاورہ] منت سماجت کرنا۔
مُنہ پر: [ار-متعلق فعل] (۱) ہونٹوں پہ۔ چہرے پہ۔ زبان پر (۲) سامنے۔ روبرو (۳) زد پر۔ ظاہر میں۔
مُنہ پر آنا: [ار-محاورہ] (۱) ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ (۲) مقابلے پر آنا (۳) زد پر آنا۔

مُنہ پر آئی بات: [ار۔ امث] زبان پر آئی ہوئی بات۔
مُنہ پر آئی (ہوئی) نہیں رُکتی: [ار۔ مثل] ذہن میں آئی ہوئی بات کہنی ہی پڑتی ہے۔
مُنہ پر بات لانا: [ار۔ محاورہ] بھید کھولنا۔ راز ظاہر کرنا۔
مُنہ پر بحالی ہونا: [ار۔ محاورہ] چہرہ پر رونق ہونا۔
مُنہ پر برسنا: [ار۔ محاورہ] صورت سے ظاہر ہونا۔ چہرہ سے عیاں ہونا۔
مُنہ پر بسنت پھولنا / کِھلنا: [ار۔ محاورہ] چہرہ زرد پڑ جانا خوف طاری ہونا۔
مُنہ پر پانی پھر جانا: [ار۔ محاورہ] چہرہ پر رونق اور تازگی آجانا۔
مُنہ پر پلّہ رکھ کے رونا: [ار۔ محاورہ] مُنہ ڈھانپ کے رونا۔
مُنہ پر پُوت پیچھے حرامی: [ار۔ مثل] سامنے تعریف اور پیچھے بدگوئی۔
مُنہ پر پھٹکار برسنا: [ار۔ محاورہ] چہرہ بے رونق ہونا
مُنہ پر پھینک مارنا: [ار۔ محاورہ] خفگی سے کوئی چیز واپس کرنا۔ مُنہ پر مارنا۔
مُنہ پر تھوک دینا: [ار۔ محاورہ] ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ مُنہ پر عیب صاف کہہ دینا۔
مُنہ پر ٹھیکری رکھ لینا: [ار۔ محاورہ] لحاظ نہ کرنا۔ بے مروتی کرنا۔
مُنہ پر جانا۔ [ار۔ محاورہ] لحاظ کرنا۔ خیال کرنا۔ مروت کرنا۔
مُنہ پر جوگنی ہونا: [ار۔ محاورہ] چہرے سے بدشگونی ظاہر ہونا۔
مُنہ پر چرچا کرنا: [ار۔ محاورہ] روبرو کہنا۔ سامنے بیان کرنا۔
مُنہ پر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سامنے آنا مقابلہ کرنا (۲) مُنہ لگنا۔ گستاخ ہونا۔
مُنہ پر چھوپا دینا: [ار۔ محاورہ] چُپ ہو جانا
مُنہ پر خاک اُڑنا: [ار۔ محاورہ] چہرہ بے رونق ہونا۔ چہرہ سے پریشانی ظاہر ہونا۔
مُنہ پر خاک مَلی ہے: [ار۔ مثل] دولت چھپا کر مفلسی ظاہر کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
مُنہ پر دامن رکھ کے رونا: [ار۔ محاورہ] مُنہ ڈھانپ کر رونا۔
مُنہ پر دانہ نہ رکھنا: [ار۔ محاورہ] ذرا نہ کھانا۔ ایک دانہ تک نہ کھانا۔ بالکل نہ کھانا۔
مُنہ پر رکھ دینا / رکھنا۔ [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کا عیب اس کے سامنے کہنا (۲) کوئی چیز چکھنا۔
مُنہ پر رونق آجانا: [ار۔ محاورہ] چہرہ بشاش ہونا۔
مُنہ پر زردی پھر جانا۔ [ار۔ محاورہ] چہرہ زرد ہو جانا۔ مُنہ فق ہو جانا
مُنہ پر زردی پھیرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مُنہ پر زردی پھر جانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مُنہ پر زردی کھنڈ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "مُنہ پر زردی پھر جانا"۔
مُنہ پر سب کچھ، دل میں خاک نہیں: [ار۔ مثل] ظاہر داری کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

مُنہ پر سخن آنا: [ار۔ محاورہ] زبان پر بات آنا۔
مُنہ پر سُرخی ہونا: [ار۔ محاورہ] بشاش ہونا۔ صحت مند ہونا۔
مُنہ پر سیدھی پھیرنا: [ار۔ محاورہ۔ ق] صاف گوئی سے کام لینا۔
مُنہ پر شفق پھولنا: [ار۔ محاورہ] خوشی کے مارے مُنہ سُرخ ہو جانا
مُنہ پر صاف صاف کہنا: [ار۔ محاورہ] لگی لپٹی نہ رکھنا۔ صاف گوئی سے کام لینا۔
مُنہ پر صفائی نہ رہنا۔ [ار۔ محاورہ] منہ صاف نہ رہنا۔
مُنہ پر فاختہ اُڑ جانا: [ار۔ محاورہ] چہرہ پر ہوائیاں اُڑنا۔ پریشانی ظاہر ہونا۔
مُنہ پر قفل لگ جانا: [ار۔ محاورہ] مُنہ بند ہو جانا۔ خاموشی چھا جانا۔
مُنہ پر قفل لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ پر قفل لگ جانا" جس کا یہ متعدی ہے۔
مُنہ پر کچھ، پیٹھ پر کچھ / مُنہ پر اور پیٹھ پیچھے اور / مُنہ پر کچھ دل میں کچھ: [ار۔ مثل] ظاہر اور باطن میں فرق ہونا۔ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔
مُنہ پر کچھ نہ بولنا / کہنا: [ار۔ محاورہ] سامنے خاموش رہنا۔
مُنہ پر کوسنا: [ار۔ محاورہ] سامنے بُرا کہنا۔
مُنہ پر کہہ بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] رُوبرو کہہ دینا۔ سامنے کہہ دینا۔
مُنہ پر کہنا۔ [ار۔ محاورہ] رُوبرو کہنا۔ سامنے بیان کرنا۔
منہ پر کہنا خوشامد ہے: [ار۔ مثل] ہم جو تعریف آپ کے سامنے کر رہے ہیں خوشامد نہیں کیونکہ ہم پیٹھ پیچھے بھی تعریف کرتے ہیں۔
مُنہ پر کی سو مونچھ کا بال: [ار۔ مثل] مرد وہی ہے جو بلا لحاظ سچی بات کہے
مُنہ پر کھانا: [ار۔ محاورہ] سامنے زخم کھانا۔ بہادری سے مقابلہ کرنا۔
مُنہ پر کھری کھری کہنا: [ار۔ محاورہ] کسی کی بُرائی اس کے سامنے بیان کرنا
مُنہ پر کی ساری باتیں ہیں: [ار۔ مثل] سب ظاہر داری کی باتیں ہیں۔
مُنہ پر لانا۔ [ار۔ محاورہ] زبان سے کہنا۔ بیان کرنا۔
مُنہ پر لکھا ہونا۔ [ار۔ محاورہ] کوئی ظاہری خاص نشانی ہونا۔
مُنہ پر لگا لے جانا: [ار۔ محاورہ] کسی خطرناک چیز کے سامنے کر دینا
مُنہ پر مارنا: [ار۔ محاورہ] کسی نکمی چیز کو خفگی سے واپس کرنا۔
مُنہ پر مُردنی پھرنا / چھانا: [ار۔ محاورہ] موت کی علامتیں ظاہر ہونا۔
مُنہ پر مُنہ رکھنا: [ار۔ محاورہ] گال پر گال رکھنا۔ پیار کرنا۔
مُنہ پر مہتاب چھُٹنا: [ار۔ محاورہ] خوف یا شرم کے مارے چہرہ سفید پڑ جانا۔
مُنہ پر مُہر کرنا / لگانا: [ار۔ محاورہ] خاموش کرنا۔ مُنہ بند کرنا۔
مُنہ پر مُہر لگی ہونا: [ار۔ محاورہ] منہ بند ہونا۔ خاموش ہونا۔
مُنہ پر مُہر ہو جانا: [ار۔ محاورہ] سکوت طاری ہو جانا۔
مُنہ پر میٹھا ہونا۔ [ار۔ محاورہ] سامنے شیریں کلام اور مدارات [illegible]

کھوٹ نہ ہونا۔
مُنہ پر ناک نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] بے شرم ہونا بے حیا ہونا۔ عزت کا خیال نہ ہونا۔
مُنہ پر نمک ہونا: [ار۔ محاورہ] چہرہ پر ملاحت کی وجہ سے خوبصورتی ہونا۔
مُنہ پر نور آنا: [ار۔ محاورہ] چہرہ پر رونق آنا
مُنہ پر نور نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] چہرہ پر رونق نہ ہونا۔
مُنہ پر نہ تھوکنا: [ار۔ محاورہ] نظرِ حقارت سے دیکھنا۔ بے وقعت سمجھنا۔
مُنہ پر نہ رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چکھنا تک نہ۔ بدمزگی کے باعث کسی چیز کو مُنہ تک نہ لے جانا (۲) سامنے نہ کہنا۔
مُنہ پر ہاتھ پھیرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بدلہ اور انتقام لینے کا اشارہ کرنا جتانا (۲) کوئی متبرک کلمہ زبان سے کہنے کے بعد برکت کے لئے مُنہ پر ہاتھ پھیرنا۔
مُنہ پر ہاتھ رکھنا: [ار۔ محاورہ] بولنے سے روکنا۔ مُنہ بند کرنا۔
مُنہ پر ہنسنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے سامنے اس کا مذاق اڑانا۔
مُنہ پر ہوائی / ہوائیاں اُڑنا / پھر جانا / چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہونا۔
مُنہ پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) حوصلہ ہونا۔ جرأت ہونا (۲) مشہور ہونا۔ (۳) کھانے میں آنا۔
مُنہ پڑی: [ار۔ صف] مشہور اور زبان زد عام (بات)
مُنہ پسار کر رہ جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) حیران اور ہکا بکا رہ جانا (۲) کسی چیز کی آرزو میں مُنہ پھاڑ کر رہ جانا۔
مُنہ پسارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) حیران ہونا (۲) لالچ کرنا۔ لوبھ کرنا۔
مُنہ پکڑنا: [ار۔ محاورہ] مُنہ بند کرنا۔ بولنے سے روکنا۔
مُنہ پونچھنا: [ار۔ محاورہ] مُنہ صاف کرنا۔ رومال وغیرہ سے
مُنہ پھاڑ کر کہنا: [ار۔ محاورہ] چلا کر کہنا
مُنہ پھاڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ کھولنا۔ بولنا (۲) منہ بنانا۔ منہ چڑانا (۳) اپنی بیوقوفی پر ہنسنا (۴) زبان درازی کرنا۔
مُنہ پھٹ: [ار۔ صف] زبان دراز۔ بدزبان۔ منہ زور موقع بے موقع بولنے والا۔
منہ پھرا لینا / پھرانا: [ار۔ محاورہ] مُنہ دوسری طرف کر لینا۔ بے رُخی کرنا۔ صورت سے بیزار ہونا۔
مُنہ پھر جانا / پھرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) لقوہ میں مبتلا ہونا۔ مُنہ ٹیڑھا ہو جانا (۲) رُخ پھر جانا۔ دوسری طرف دھیان لگ جانا (۳) سامنے نہ ٹھہر سکنا۔ شکست کھانا (۴) توجہ نہ رہنا۔ خیال بٹ جانا (۵) جی بھر جانا۔ اُکتا جانا (۶) پہلو بدلنا۔
مُنہ پھُلانا: [ار۔ محاورہ] ناراض ہونا خفا ہونا۔ مُنہ سُجانا۔
مُنہ پھوڑ کر کہنا: [ار۔ محاورہ] بے حیائی سے کہنا۔ دلیری سے کہنا۔
مُنہ پھوڑ کر مانگنا: [ار۔ محاورہ] بے حیا بن کر مانگنا۔
مُنہ پھُولنا: [ار۔ محاورہ] آزردہ ہونا۔ برہم ہونا۔ خفا ہونا (خلافِ طبع بات سے)

مُنہ پھیر دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ موڑ دینا (۲) طبیعت سیر کر دینا (۳) پسپا کرنا۔ مغلوب کرنا۔
مُنہ پھیر کر / کے چلنا: [ار۔ محاورہ] بیزاری اور نفرت ظاہر کرنا
مُنہ پھیر کر / کے سونا: [ار۔ محاورہ] دوسری طرف کروٹ لے کر سونا۔
مُنہ پھیر کر / کے کہنا: [ار۔ محاورہ] ناز و ادا سے کوئی بات مُنہ دوسری طرف کر کے کہنا۔
مُنہ پھیر کر / کے نہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] مطلق پروا نہ کرنا۔
مُنہ پھیر کر / کے ہنسنا: [ار۔ محاورہ] مُنہ چھپا کر ہنسنا۔ پردہ میں ہنسنا
مُنہ پھیر لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) روگردانی کرنا (۲) بے مروتی کرنا۔ بے اعتنائی کرنا۔
مُنہ پھیرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) روگرداں ہونا۔ مُنہ دوسری طرف کر لینا (۲) بے مروتی کرنا بے وفائی کرنا (۳) بیزار ہونا۔ ناراض ہونا (۴) شرم کرنا۔ حیا کرنا
منہ پھیلانا: [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ کھولنا (۲) زیادہ مانگنا۔ لالچ کرنا (۳) مول بڑھانا زیادہ قیمت مانگنا (۴) ہکا بکا رہ جانا۔
مُنہ پھیلائے بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ کھولے بیٹھنا (۲) منتظر رہنا (۳) مانگنے اور لینے کے لئے تیار رہنا۔
مُنہ پیٹ کر نیلا کرنا: [ار۔ محاورہ] منہ اتنا پیٹنا کہ نیلا ہو جائے
مُنہ پیٹنا: [ار۔ محاورہ] رنج و غم یا غصے میں اپنے منہ پر تھپڑ مارنا۔ رنج و غم کرنا۔ ماتم کرنا۔
مُنہ پیلا پڑ جانا: [ار۔ محاورہ] منہ پر زردی چھا جانا۔
مُنہ تک آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) لب تک آنا۔ ہونٹوں تک آنا۔ زبان تک آنا۔ کہا جانا (۲) لبالب بھرنا۔ کناروں تک آنا۔ لبریز ہونا۔
مُنہ تک بھرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہا منہ بھرنا۔ گلے تک آنا۔ لبالب بھرنا (۲) پُر ہونا۔ معمور ہونا۔ اَٹنا۔
مُنہ تک جگر آنا: [ار۔ محاورہ] کلیجا منہ کو آنا۔ دل گھبرانا۔ دم اُلٹنا۔
مُنہ تکتے کے رہ جانا: [ار۔ محاورہ] حیر[illegible] خاموش رہ جانا۔
مُنہ تکنا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ کی طرف دیکھنا [illegible] کی طرف دیکھنا۔ نظر کرنا (۲) حیران رہ جانا۔ ششدر ہو جانا (۳) جواب کا منتظر رہنا۔ (۴) حسرت و یاس کی نگاہوں سے دیکھنا۔ ارمان بھری نگاہوں سے دیکھنا (۵) لاجواب ہونا / ہو جانا۔ جواب نہ بن پڑنا (۶) تعجب سے دیکھنا (۷) کسی چیز کا انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔
مُنہ تلخ ہو جانا / ہونا: [ار۔ محاورہ] منہ کا مزا خراب ہو جانا۔ منہ کڑوا ہو جانا۔
مُنہ تمتما جانا / تمتمانا: [ار۔ محاورہ] گرمی یا غصہ کی وجہ سے چہرے کا سرخ ہو جانا۔
مُنہ تنگ کرنا: [ار۔ محاورہ] نہ بولنا۔
مُنہ توپا: [ھ۔ اند] رشوت۔ منہ بھرائی۔
مُنہ تو دیکھو / دیکھئے: [ار۔ محاورہ] حوصلہ تو دیکھو۔ پہلے اس لائق تو ہو جاؤ۔ ذرا قابلیت تو پیدا کرو یا کر لیجئے (۲) تمہاری کیا حقیقت ہے / کیا مجال ہے / کیا تاب ہے یا کیا طاقت ہے (۳) تجھ سے اور یہ کام۔ دعویٰ یا ارادہ۔
مُنہ توڑ کے جواب دینا: [ار۔ محاورہ] صاف جواب دے دینا۔ بے باکانہ جواب دے دینا۔

مُنہ توڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ میں ضرب لگانا (۲) لاجواب کرنا ۔ شرمندہ کرنا ۔

مُنہ تھتھانا: [ار۔ محاورہ] آزردگی یا ناراضگی ظاہر کرنے کے لئے نیچے کے ہونٹ کا لٹکا لینا ۔ مُنہ پھیلانا ۔ منہ سُجانا ۔

مُنہ تھکا جانا: [ار۔ محاورہ] کچھ کہنے سے منہ کو درد ہونے لگنا ۔ مُنہ دکھا جانا ۔

مُنہ ٹوٹ جانا/ ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] منہ میں چوٹ آنا ۔

مُنہ ٹوٹ جائے: [ار۔ کلمہ بدعا] منہ میں چوٹ آئے ۔

مُنہ ٹھٹانا: [ار۔ محاورہ] منہ پر طمانچے یا تھپڑ مارنا ۔

منہ ٹیڑھا کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ ٹیڑھا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے ۔

مُنہ ٹیڑھا ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ پھر جانا ۔ منہ خمیدہ ہونا (۲) تیوری چڑھنا ۔ تیوری پر بل پڑنا ۔ خفگی کی صورت بننا ۔

مُنہ جوڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کھسر پھسر کرنا ۔ کانا پھوسی کرنا (۲) بدگوئی کرنا ۔ غیبت کرنا (۳) گلہ شکوہ کرنا ۔ طعنہ مہنا دینا ۔

مُنہ جھٹال کر کھڑے ہو جانا: [ار۔ محاورہ] تھوڑا سا کھا کر چلا جانا ۔

مُنہ جھٹالنا/ جھٹا لینا: [ار۔ محاورہ] تھوڑا سا کھانا ۔ برائے نام کھانا ۔

منہ جھٹک جانا/ جھٹکنا: [ار۔ محاورہ] مُنہ اُتر جانا ۔ چہرہ دُبلا ہو جانا ۔ مَلول یا اداس ہو جانا ۔

مُنہ جُھٹلانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ جھٹانا"

منہ جھلسنا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ کو جلانا ۔ منہ کو آگ لگانا ۔ شیر کو شکار کرنے/ مارنے کے بعد اس کے منہ کو آگ لگاتے ہیں تاکہ مونچھوں کے بال جل جائیں جن کے متعلق خیال ہے کہ وہ مہلک قسم کا زہر ہے (۲) لعنت بھیجنا ۔ تبرا بھیجنا (۳) کچھ نہ دینا (۴) رشوت دینا (۵) قرضہ ادا کرنا ۔ دے دلا کر فارغ کرنا ۔

مُنہ جھوٹا کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ جھٹلانا"

مُنہ چاٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیار کرنا ۔ بوسہ لینا ۔ (۲) خوشامد کرنا ۔ نازبرداری کرنا (۳) کتے کا منہ کو زبان لگانا (۴) کسی کا منہ اپنی زبان سے صاف کرنا ۔

مُنہ چاہیئے: [ار۔ محاورہ] ہمت چاہیئے ۔ حوصلہ چاہیئے ۔ دل گردہ چاہیئے ۔

مُنہ چٹوّل: [ار۔ امث] (۱) چوما چاٹی ۔ بوسہ بازی (۲) بک بک ۔ بکواس ۔

مُنہ چرانا: [ار۔ محاورہ] صورت نہ دکھانا ۔ صورت دکھانے سے گریز کرنا ۔

مُنہ چرخا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] منہ پھر جانا ۔

مُنہ چڑانا/ چڑھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) دانتوں کو کھول کر کسی کو چھیڑنا ۔ کسی کو منہ کی نقل و حرکت سے کھجانا (۲) منہ بگاڑ کر چھیڑنا (۳) جھوٹی تقلید کر کے بدنام کرنا ۔ مضحکہ اڑانا ۔

مُنہ چڑھا: [ار۔ صفت] سر چڑھا (۲) گستاخ ۔ بے ادب (۳) ضدی ۔

مُنہ چڑھانا: [ار۔ محاورہ] (۱) عزت دینا ۔ گستاخ کرنا ۔ سر چڑھانا (۲) مقرب بنانا ۔ مصاحب بنانا ۔ منہ لگانا (۳) منہ بگاڑنا ۔ منہ سُجانا (۴) منہ بنانا ۔ ناک چڑھانا ۔ تیوری چڑھانا ۔ ناپسند کرنا ۔

مُنہ چڑھے ہوئے ہونا: [ار۔ محاورہ] غصے میں ہونا ۔ ناراض ہونا ۔

مُنہ چڑھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "منہ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔ (۲) ملنے پر آنا ۔ چہرے پر نمایاں ہونا (۳) زبان پر چڑھنا ۔ زبان زدِ خاص و عام ہونا (۴) سر ہونا ۔ درپے ہونا ۔ پیچھے پڑنا ۔ گرد ہونا (۵) مقابل ہونا ۔ حجت کرنا ۔ مقابلے میں آنا ۔ سامنے ہونا ۔ مقابلہ کرنا (۶) ہمسری کا دعوی کرنا ۔ برابری کرنا ۔

مُنہ چکنا پیٹ خالی: [ار۔ مثل] ظاہر میں درست باطن میں خستہ و خراب

مُنہ چلانا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ کو حرکت دینا (۲) کھانا چبانا (۳) منہ ڈالنا گھوڑے کا کاٹنا منہ سے پکڑنا (۴) بدزبانی کرنا ۔ گالیاں دینا ۔

مُنہ چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "منہ چلانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) چپ نہ رہنا ۔ بک بک کئے جانا ۔ زبان درازی کرنا ۔

مُنہ چلے ستر بلا ٹلے: [ار۔ مثل] انسان یا حیوان میں ساری طاقت کھانے پینے سے ہی ہوتی ہے ۔

مُنہ چنگ: [ار۔ امذ] ایک باجا جو منہ سے بجایا جاتا ہے ۔

مُنہ چور: [ار۔ صفت] (۱) وہ جو شرم کی وجہ سے کسی کے سامنے منہ نہ کرے ۔ شرمسار (۲) لوگوں سے ملنے سے پرہیز کرنے والا ۔ کم نظرا ۔ نظر چور ۔

مُنہ چوری: [ار۔ امث] دیکھئے "منہ چور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مُنہ چومتے ہی گال کاٹا: [ار۔ مثل] ابتدا ہی میں نقصان پہنچایا ۔

منہ چوم کے چھوڑ دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) ذلیل و شرمندہ کر کے چھوڑ دینا کام نکال کر الگ کرنا (۲) حقیر جاننا ۔

مُنہ چوم لینا: [ار۔ محاورہ] بوسہ لے لینا ۔ کسی کے منہ سے کوئی بات اپنے مطلب کی سن کر خوش ہونا ۔

مُنہ چومنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بوسہ لینا ۔ پیار لینا (۲) تعریف کرنا ۔ داد دینا ۔

منہ چھپا کر بھاگنا: [ار۔ محاورہ] روپوش ہونا ۔ مفرور ہونا ۔

مُنہ چھپانا: [ار۔ محاورہ] (۱) چہرہ اوٹ میں کرنا ۔ چہرہ سامنے نہ کرنا (۲) پردہ کرنا نقاب ڈالنا ۔ سامنے آنا (۳) چھپ جانا ۔ چھپنا (۴) شرم سے سامنے نہ آنا ۔ (۵) روپوش ہونا ۔ مفرور ہونا (۶) شرمندہ ہونا ۔ شرمسار ہونا ۔ خجل ہونا (۷) کنارہ کش ہونا ۔ کنارہ کرنا (۸) آنکھ چرانا ۔ نظر بچانا ۔

مُنہ چھٹ: [ار۔ صفت] (۱) دیکھئے "مُنہ پھٹ" (۲) بہت ۔ وافر ۔ منوں کھانے پینے کی چیزوں کے متعلق کہا جاتا ہے ۔

مُنہ چھوانا: [ار۔ محاورہ] (۱) اوپرے دل سے کہنا ۔ برائے نام کہنا (۲) جھوٹی خاطر کرنا ۔ جھوٹ موٹ کی تواضع کرنا ۔ ظاہرداری برتنا ۔

مُنہ چھوائی: [ار۔ امث] دیکھئے "مُنہ چھوانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

مُنہ چھونا: [ار۔ محاورہ] (۱) برائے نام کہنا ۔ اوپرے دل سے کہنا ۔ ظاہر طور پر کہنا (۲) ذرا بات کرنا ۔ ذرا بولنا ۔

مُنہ چھیتنا: [ار۔ محاورہ] تھپڑ مارنا ۔ منہ کو تمانچوں سے زخمی کرنا ۔

مُنہ چپڑا کر دینا: [ار۔ محاورہ] سخت تمانچے کلے پہ مارنا

مُنہ خام کرنا: [ار۔ محاورہ] مُنہ بند کرنا ۔ کسی چیز یا برتن کا منہ آٹے یا مٹی سے بند کرنا ۔ کسی ظرف میں کوئی چیز پھونکنے کے لئے ڈال کر اس کا منہ مٹی وغیرہ سے بند کرتے ہیں/ کپڑوٹی کرنا ۔

مُنہ خام ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ خام کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُنہ خدا کی طرف ہونا: [ار۔ محاورہ] خدا پر بھروسا ہونا ۔

مُنہ خراب کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ خراب ہونا" جس کا یہ متعدی ہے

مُنہ خراب ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ بگڑنا۔ بدزبانی ہونا۔ زبان گندی ہونا (۲) منہ بدمزہ ہونا۔

مُنہ خُشک ہونا : [ار۔ محاورہ] (۱) منہ سوکھ جانا۔ مُنہ میں رطوبت کم ہونا / رہ جانا (۲) خوف چھاجانا۔ مُنہ فق ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ گھبراہٹ ہونا (۳) یاوہ گوئی کرنا اور اس وجہ سے منہ سوکھ جانا۔

مُنہ در مُنہ : [ار۔ متعلق فعل] رُوبرُو۔ سامنے۔ رُو در رُو۔ بالمواجہہ۔

مُنہ در مُنہ کر دینا : [ار۔ محاورہ] سامنے کر دینا۔ رُوبرُو کر دینا۔

مُنہ در مُنہ کہنا : [ار۔ محاورہ] روبرو کہنا۔ سامنے کہنا۔ مُنہ پر کہنا۔

مُنہ دِکھا سکنا : [ار۔ محاورہ] سامنے آنے کے قابل ہونا۔ رُوبرو آسکنا۔

مُنہ دِکھا نہ سکنا : [ار۔ محاورہ] شرمندہ ہونا۔ شرم سے سامنے نہ آسکنا۔

مُنہ دِکھانا / دِکھلانا : [ار۔ محاورہ] (۱) صورت دکھانا۔ مُنہ سامنے لانا (۲) ملاقات کرنا۔ ملنا (۳) سامنے لانا۔ پیش کرنا (۴) سامنے آنا۔ رُوبرُو آنا۔

مُنہ دکھانا مشکل ہوگیا ہے / منہ دکھانے کی جگہ باقی نہیں رہی : [ار۔ محاورہ] نہایت شرمندگی / ندامت کی وجہ سے سامنے نہیں جاسکتا۔

مُنہ دکھانے کی صورت نہ رہنا : [ار۔ مثل۔ محاورہ] پاس جانے یا سامنے آنے کا موقع نہ رہنا۔ شرمندگی حاصل ہونا۔

مُنہ دکھانے کے قابل نہ رکھنا : [ار۔ محاورہ] کوئی ایسا بُرا کام کرنا کہ بزرگوں یا لوگوں کے سامنے جاتے ہوئے شرم آئے۔ شرمندگی / خجالت کی وجہ سے کسی سے ملنے کے قابل نہ رکھنا۔ ناک کٹوا دینا۔ ذلیل و رُسوا کر دینا۔

مُنہ دکھانے کے قابل نہ رہنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ دکھانے کے قابل نہ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

منہ دِکھائی / دِکھلائی : [ار۔ امث] رُونمائی۔ وہ نقدی یا زیور وغیرہ جو کسی نئی دلہن کا مُنہ دیکھ کر اُسے بطور نذرانہ دیتے ہیں جو سسرال کے رشتہ داروں کی طرف سے دی جاتی ہے۔

مُنہ دِکھائی دینا : [ار۔ محاورہ] کسی چمکدار چیز (شیشہ، پانی، آئینہ وغیرہ) میں اپنا عکس نظر آنا۔

مُنہ دُکھنا : [ار۔ محاورہ] بات کہتے ہوئے منہ کو تکلیف محسوس ہونا۔ کم گو ہونا۔ بات کرنے میں تکلیف ہونا۔

مُنہ دُھلانا : [ار۔ محاورہ] کسی آدمی کے منہ دھونے کے لئے منہ دھوتے وقت پانی ڈالنا۔

مُنہ دُھواں ہو جانا : [ار۔ محاورہ] مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا۔

مُنہ دھو آؤ / ڈالو / رکھو : [ار۔ محاورہ] اس کام کی توقع نہ رکھو۔ مُنہ بنوا رکھو۔ تم اس کام کے قابل نہیں ہو۔

مُنہ دھونا : [ار۔ محاورہ] (۱) پانی سے چہرہ صاف کرنا (۲) مُنہ دھلانا (۳) منہ صاف کرنا۔

مُنہ دھووے روزی کھووے : [ار۔ مقولہ] رندوں بے نمازوں کا مقولہ ہے۔

مُنہ دے کر بات کرنا : [ار۔ محاورہ] متوجہ ہو کر بات چیت کرنا۔

مُنہ دیکھ : [ار۔ محاورہ] لیاقت پیدا کر۔ لیاقت بہم پہنچا (اپنا کے ساتھ مستعمل۔)

مُنہ دیکھا : [ار۔ صف] منہ دیکھنے والا۔ حلقہ بگوش۔ فرمانبردار۔ مطیع۔ حکم بردار۔

مُنہ دیکھا کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) حیرت سے چہرہ تکنا۔ صورت تکا کرنا (۲) کسی بات کا منتظر رہنا۔

مُنہ دیکھتا / دیکھتے رہ جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ تکتا رہ جانا۔ ناامید ہو جانا (۲) حیران اور ششدر رہ جانا۔

مُنہ دیکھتے رہنا : [ار۔ محاورہ] رعب میں آکر کچھ کہہ نہ سکنا۔

مُنہ دیکھ رہنا : [ار۔ محاورہ] حیران رہنا۔ مُتحیر رہنا۔

مُنہ دیکھ کر اُٹھنا : [ار۔ محاورہ] صبح صبح کسی کا مُنہ دیکھ کر اُٹھنا۔ خواب سے بیدار ہوتے ہی کسی پر نظر پڑنا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اگر کسی خوش نصیب کی شکل صبح اٹھ کر دیکھی جائے تو دن بھر خوشی سے بسر ہوتا ہے اور اگر بخیل سامنے آجائے تو رنج و غم میں دن تمام ہو جاتا ہے۔

مُنہ دیکھ کر بات کرنا : [ار۔ محاورہ] منہ دیکھی باتیں کرنا۔ خوشامد کی باتیں کرنا / کہنا۔

مُنہ دیکھ کر / کے رہ جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) حیران ہو جانا۔ متحیر ہو جانا (۲) لاجواب ہو کر رہ جانا۔ جواب نہ بن پڑنا (۳) مایوس ہو کر رہ جانا۔ ناامید ہو جانا۔ منہ تکتا رہ جانا۔

مُنہ دیکھ کے بیڑا، چوتڑ دیکھ کے پیڑھا : [ار۔ مثل] ہر ایک کے ساتھ تہذیب سے پیش آنا چاہیئے۔ مرتبے کے مطابق سلوک۔

مُنہ دیکھ کے تھپڑ لگایا جاتا ہے : [ار۔ مثل] ہر ایک سے حیثیت کے مطابق برتاؤ کیا جاتا ہے۔

مُنہ دیکھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) صورت دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا (۲) آئینے میں اپنی شکل دیکھنا (۳) صبح اُٹھ کر کسی کے چہرے کی طرف تکنا (۴) حیرت سے مُنہ تکنا۔ حیران رہ جانا (۵) حسرت سے چہرے کی طرف نظر کرنا۔ تعجب سے دیکھنا۔ (۶) حوصلہ دیکھنا۔ لیاقت دیکھنا (۷) منتظر جواب / سخن رہنا۔ جواب سننے کا انتظار کرنا (۸) امیدوار رہنا۔ دعا کی قبولیت کا منتظر رہنا (۹) نااُمیدی سے مُنہ تکنا (۱۰) طنزاً لیاقت حاصل کرنا۔ حوصلہ پیدا کرنا۔ منہ بنوانا۔ (۱۱) تماشا دیکھنا اور کچھ کام نہ کرنا (۱۲) تابع ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔ (۱۳) (نفی کے ساتھ) دیکھنا۔ پانا۔

مُنہ دیکھنے لگنا : [ار۔ محاورہ] حیران ہو کر مُنہ تکنا۔

مُنہ دیکھو : [ار۔ محاورہ] (۱) ذرا ان کی قابلیت / لیاقت پر نظر کرو (۲) کیسا حوصلہ ہے کیا تاب ہے۔ کیا مقدور ہے۔

مُنہ دیکھی : [ار۔ صف] (۱) مُنہ پر کی۔ سامنے کی (۲) لحاظ کی۔ رعایت کی۔ طرفداری کی (۳) خوشامدی عورت۔

منہ دیکھی سب کہتے ہیں خدا لگتی کوئی نہیں کہتا : [ار۔ مثل] سب خوشامد کی باتیں کرتے ہیں سچی بات کوئی نہیں کہتا / کرتا۔

مُنہ دیکھی کہنا : [ار۔ محاورہ] طرف داری کی بات کہنا۔

مُنہ دیکھے کا : [ار۔ صف] ظاہری۔ اوپرا۔ دکھاوے کا۔ سامنے کا۔

مُنہ دیکھے کی : [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "منہ دیکھی"

مُنہ دیکھے کی اُلفت / پریت / چاہ / محبت : [ار۔ امث] ظاہر / دکھاوے کی / جھوٹی محبت۔

مُنہ دیکھے کی باتیں : [ار۔ امث] اوپری / ظاہری / دکھاوے کی باتیں۔

مُنہ دیکھے کی تعریف : [ار۔ امث] کسی کے سامنے اس کی تعریف جو درست نہ ہو۔ خوشامدانہ تعریف۔

مُنہ دیکھے کی سی : [ار۔ صف] نمائشی ۔ ظاہر داری کی ۔
مُنہ دینا : [ار۔ محاورہ] (۱) کسی جانور کا کسی برتن میں منہ ڈالنا ۔ کھانے کے واسطے جانور کا منہ ڈالنا ۔ چارا کھانا ۔ پانی پینا (۲) اقرار کرنا ۔ عہد کرنا ۔ (۳) متوجہ ہونا التفات کرنا ۔ دھیان دینا ۔
مُنہ ڈالنا : [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھیے " مُنہ دینا (۱)" (۲) مُرغ کا لڑنا (۳) مُنہ کسی چیز میں داخل کرنا ۔ مُنہ سے کوئی چیز پکڑنا ۔
مُنہ ڈھانپ / ڈھانک کر رونا : [ار۔ محاورہ] مُنہ پر رومال، کپڑا یا دوپٹا رکھ کر رونا ۔ بہت گریہ و بُکا کرنا ۔
مُنہ ڈھانپنا : [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ پر کپڑا ڈالنا (۲) شرم سے مُنہ چھپا لینا (۳) گریہ و بُکا کرنا ۔ نوحہ کرنا ۔ رونا ۔
مُنہ ڈھانکنا / ڈھکنا : [ار۔ مص مرکب] منہ ڈھانپنا ۔
مُنہ ڈھک ڈھک کر رونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے " منہ ڈھانپ ڈھانپ الخ"
مُنہ ذرا سا نکل آنا : [ار۔ محاورہ] چہرہ لاغر ہو جانا ۔ ڈر یا خوف سے چہرہ دُبلا ہو جانا ۔
مُنہ رکھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) پاس رکھنا ۔ لحاظ رکھنا (۲) توجہ رکھنا ۔ رُخ رکھنا (۳) میل جول رکھنا ۔
مُنہ روشن ہونا : [ار۔ محاورہ] منہ پر رونق ہونا ۔
منہ رہتے ناک سے پانی پئیں : [ار۔ مثل] فضول اور اُلٹی باتیں کرتے ہیں ۔
مُنہ زبانی : [ار۔ صف] (۱) زبانی ۔ بلا تحریر ۔ بلا لکھے (۲) حفظ ۔ نوکِ زبان (۳) باہم زبانی گفتگو ۔
مُنہ زرد ہو جانا / ہونا : [ار۔ محاورہ] ڈر جانا ۔ اُداسی چھا جانا ۔
مُنہ زور : [ار۔ صف] (۱) منہ پھٹ ۔ دریدہ دہن ۔ بدزبان (۲) بکواسی ۔ بکّی ۔ بہت باتیں کرنے والا (۳) سرکش ۔ شریر ۔ بدلگام ۔ لگام کو نہ ماننے والا (گھوڑا)
مُنہ زوری : [ار۔ امث] دیکھیے " منہ زور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال ۔ کرنا ۔ ہونا)
مُنہ زہر ہو جانا : [ار۔ محاورہ] منہ کڑوا ہو جانا ۔ منہ تلخ ہو جانا ۔
مُنہ سامنے نہ کرنا : [ار۔ محاورہ] حجاب یا شرم سے سامنے نہ آنا ۔
مُنہ سامنے نہ ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے " منہ سامنے نہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے
مُنہ سُت جانا : [ار۔ محاورہ] چہرے / مُنہ کا دُبلا ہو جانا ۔
مُنہ سُجانا : [ار۔ محاورہ] (۱) منہ پھلانا ۔ اداس ہونا (۲) غصہ میں ہونا ۔ ناراض ہونا (۳) تھپیڑوں سے منہ لال کرنا ۔
مُنہ سُرخ ہو جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) غضبناک ہونا ۔ غصّے کے سبب منہ کا لال ہو جانا (۲) جوشِ شباب یا نشے سے مُنہ لال ہونا ۔ منہ تمتما جانا ۔
مُنہ سَڑے : [ار۔ بد دُعا] منہ زخمی ہو ۔
مُنہ سفید بُرّا ہو جانا : [ار۔ محاورہ] چہرہ فق ہو جانا ۔ رنگ اڑ جانا ۔
مُنہ سُکڑ جانا : [ار۔ محاورہ] چہرے پر جُھرّیاں پڑ جانا ۔
مُنہ سکوڑنا / سکیڑنا : [ار۔ محاورہ] منہ بنانا ۔ ناک بھوں چڑھانا ۔ ناراضگی ظاہر کرنا ۔ ترشرو ہونا ۔ چیں بجبیں ہونا ۔
مُنہ سلونا کرنا : [ار۔ محاورہ] نمکین چیز کھانا خصوصاً شیرینی کے بعد ۔
مُنہ سنبھالنا : [ار۔ محاورہ] (۱) زبان کو قابو کرنا ۔ زبان روکنا ۔ زبان کو لگام دینا ۔ (۲) سوچ سمجھ کر بات کرنا ۔

مُنہ سُوجا رہنا : [ار۔ محاورہ] غصّہ یا بد مزاجی سے منہ پھولا رہنا ۔
مُنہ سوکھ جانا / سُوکھنا : [ار۔ محاورہ] منہ خشک ہو جانا ۔
مُنہ سونگھنا : [ار۔ محاورہ] شرابی کے مُنہ کے پاس ناک لے جا کر دیکھنا کہ آیا شراب کی بُو آتی ہے کہ نہیں ۔
مُنہ سُوئی پیٹ کوٹھی : [ار۔ مثل] منہ ذرا سا اور پیٹ بڑا ۔ مُنہ دُبلا اور کھانے والا بہت زیادہ ۔ آمدنی کم خرچ زیادہ ۔
مُنہ سے : [ار۔ متعلق فعل] زبان سے ۔ خاطر سے ۔ رعایت سے ۔ پاسداری سے
مُنہ سے آواز نکالنا : [ار۔ محاورہ] زبان سے کچھ کہنا ۔
منہ سے آواز نکلنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے " منہ سے آواز نکالنا" جس کا یہ لازم ہے
مُنہ سے آواز نہ نکلنا : [ار۔ محاورہ] بات نہ ہو سکنا ۔ ڈر کے مارے گھگھی بندھ جانا ۔
مُنہ سے آہ نہ کرنا : [ار۔ محاورہ] شکوہ شکایت زبان پر نہ لانا ۔
مُنہ سیا جانا : [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ بند کیا جانا ۔ خاموش کیا جانا (۲) بات کرنے کی اجازت نہ ہونا (۳) چُپ رہ جانا (۴) منہ سے بات نہ نکلنا ۔
مُنہ سے اقرار لینا : [ار۔ محاورہ] وعدہ لینا ۔ اقبال کرانا ۔
مُنہ سیاہ کرنا : [ار۔ محاورہ] (۱) منہ پر سیاہی ملنا (۲) بدنام کرنا ۔ کلنک کا ٹیکا لگانا (۳) خضاب لگانا ۔
مُنہ سیاہ ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے " منہ سیاہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
منہ سے بات اُچکنا / چھیننا / لپکنا / لے لینا / لینا : [ار۔ محاورہ] جس بات کے کہنے کا دوسرا ارادہ کرے اس سے پہلے خود کہہ دینا ۔ کسی کے دل کی بات اس کے کہنے سے پہلے کہہ دینا ۔ جی کی سی کہہ دینا ۔
مُنہ سے بات سُننا : [ار۔ محاورہ] کسی سے کوئی بات کہنا ۔
مُنہ سے بات نکالنا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے " منہ سے بات نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے
مُنہ سے بات نکلنا : [ار۔ محاورہ] کچھ کہہ سکنا ۔ کچھ بولنا ۔ کوئی بات کہہ جانا ۔
مُنہ سے بات نکلی ہوا میں پھری : [ار۔ مثل] بات کہنے کے بعد مشہور ہو جاتی ہے
مُنہ سے بات نہ نکالنا : [ار۔ محاورہ] کچھ نہ کہنا ۔
مُنہ سے بات نہ نکلنا : [ار۔ محاورہ] ڈر یا غصّے کے مارے بات نہ کر سکنا / بول نہ سکنا
مُنہ سے باتیں نکالنا : [ار۔ محاورہ] (۱) بد دعا دینا ۔ کوسنا (۲) کسی کے متعلق کوئی بات کہنا ۔
مُنہ سے بس کرنا : [ار۔ محاورہ] زبان سے انکار کرنا ۔ کافی سمجھنا ۔
مُنہ سے بولنا : [ار۔ محاورہ] (۱) بات کرنا ۔ گفتگو کرنا (۲) جواب دینا ۔
مُنہ سے بولو سر سے کھیلو : [ار۔ مثل] اسے کہتے ہیں جو چپ بیٹھا ہے اور باتیں نہ کرے
منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے : [ار۔ مثل] بات ہی نہیں کرتا ۔ بولتا ہی نہیں ۔ مبہوت ہے ۔
منہ سے بھاپ نکالنا : [ار۔ محاورہ] (۱) بات کرنا ۔ بولنا (۲) اُف کرنا ۔ شکایت کرنا (نفی کے ساتھ)
منہ سے پوری بات کہنا : [ار۔ محاورہ] زبان سے پورا مضمون ادا کرنا ۔
مُنہ سے پھوٹنا : [ار۔ محاورہ] بولنا ۔ کچھ کہنا ۔ جواب دینا ۔
منہ سے پھول (سے) جھڑنا : [ار۔ محاورہ] (۱) خوش گفتار ہونا ۔ فصیح ہونا ۔ شیریں کلام ہونا (۲) طنزاً بدزبان ہونا ۔

مُنہ سے (تو) پھوٹو: [ار۔ محاورہ] کچھ تو بولو۔ کچھ تو کہو۔ سرگزشت تو بیان کرو۔ زبان سے جواب دو۔

مُنہ سے تو کہو: [ار۔ محاورہ] زبان تو ہلاؤ۔ بات کہو۔ بیان کرو۔

مُنہ سے چھین لینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مُنہ سے بات اُچکنا"

مُنہ سے دودھ (ٹپکتا ہے) کی بُو آتی ہے: [ار۔ مثل] نادان اور ناتجربہ کار ہے۔

مُنہ سے دودھ ٹپکنا: [ار۔ محاورہ] نادان ہونا۔

مُنہ سے دودھ کی بُو آنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "منہ سے دودھ ٹپکنا"

مُنہ سیدھا رکھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) چہرے کا رُخ سامنے کی طرف رکھنا (۲) گھوڑے وغیرہ کا مُنہ رستے کی طرف رکھنا۔

مُنہ سیدھا کر دینا: [ار۔ محاورہ] خوب مارنا

مُنہ سی دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) تھیلی وغیرہ کا مُنہ سی کر بند کر دینا (۲) خاموش کر دینا (۳) رشوت دے دینا۔

مُنہ سے رال ٹپکی پڑتی ہے: [ار۔ مثل] بہت لالچی آدمی ہے۔

مُنہ سے رال ٹپکی پڑنا / ٹپکنا: [ار۔ محاورہ] لالچ سے منہ میں پانی بھر آنا۔ نہایت جی للچانا۔ ازحد خواہش ہونا۔

مُنہ سے رنگ اُڑ جانا: [ار۔ محاورہ] منہ فق ہو جانا۔

مُنہ سے سُنا چاہتے ہو: [ار۔ محاورہ] گالیاں کھانے / سننے کو دل چاہتا ہے۔ بُرا بھلا سننا چاہتے ہو۔

مُنہ سے سُننا: [ار۔ محاورہ] (۱) سننا۔ زبان سے سننا۔

مُنہ سے سیاہی دھو جانا: [ار۔ محاورہ] بدنامی مٹ جانا۔

مُنہ سے شرمندہ ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی شخص سے شرمندہ ہونا۔ کسی سے شرم آنا۔

مُنہ سے فرمانا: [ار۔ محاورہ] کہنا۔ زبان سے کہنا۔

مُنہ سے کچھ کہنا: [ار۔ محاورہ] زبان سے کچھ کہنا۔ کچھ بولنا۔

مُنہ سے کچھ سے کچھ نکلنا: [ار۔ محاورہ] کہنا کچھ چاہنا اور زبان سے کچھ نکلنا۔

مُنہ سے کلیجا نکل پڑنا: [ار۔ محاورہ] گھبرا کر دم نکلنا / نکل جانا۔ دم الٹ جانا۔ دل گھبرا جانا۔ جی اکتا جانا۔

مُنہ سے کہہ اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] بے اختیاری میں بات منہ سے نکل جانا۔

مُنہ سے کہہ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] زبان سے کہنا۔ کہنا۔

مُنہ سے کہنا: [ار۔ محاورہ] خود کہنا۔ اپنی زبان سے کہنا۔

مُنہ سے کیا پھول جھڑتے ہیں: [ار۔ محاورہ] (۱) کیا پسندیدہ باتیں کرتے ہیں (۲) طنزاً نازیبا باتوں کے متعلق بھی کہتے ہیں۔

مُنہ سے لام کاف مت نکالو: [ار۔ مثل] (لام اور کاف ملاف اور گزاف کے پہلے حروف ہیں) (۱) بیہودہ بکواس مت کرو۔ بدزبانی نہ کرو (۲) خاموش رہو۔

مُنہ سے لعل اُگلنا: [ار۔ محاورہ] فصاحت سے گفتگو کرنا۔ خوش کلام یا خوش گفتار ہونا۔

مُنہ سے لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کوئی ظرف پینے کے لئے اپنے ہونٹوں سے لگانا۔ لب آشنا کرنا (۲) دوسرے کے منہ سے کوئی ظرف لگانا / لگا دینا۔ کوئی بجانے کا ساز منہ سے لگانا۔

مُنہ سے لگنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ہونٹوں سے لگنا۔ لب آشنا ہونا۔

مُنہ سے لے لینا / لینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مُنہ سے اُچکنا"

مُنہ سی لینا: [ار۔ محاورہ] چپ کر رہنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔

مُنہ سے مُنہ لگانا: [ار۔ محاورہ] پیار کرنا۔

مُنہ سے مُنہ ملانا: [ار۔ محاورہ] (۱) اپنا منہ دوسرے کے منہ سے ملا دینا (۲) گستاخانہ بات چیت کرنا (۳) ہمکلام ہونا۔ باتوں میں برابری کرنا (۴) بوسہ بازی کرنا۔ بوس و کنار کرنا۔ چوما چاٹی کرنا۔

مُنہ سے موتی اُگلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ سے لعل اگلنا"

منہ سے مہابا ہے: [ار۔ مثل] خاطر سے خاطر اور محبت سے محبت ہے (۲) اگر مالک خیال رکھے تو کام درست ہوتا ہے۔ مالک کی موجودگی نوکر کے دل میں ڈر پیدا کرتی ہے۔

مُنہ سے نام نکالنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا تذکرہ کرنا۔ دعوے کرنا۔

منہ سینا: [ار۔ محاورہ] چپ کرنا۔ خاموش کرنا (۲) خاموش ہو جانا / ہونا۔ چپ رہنا (۳) رشوت دینا۔ منہ بھرائی دینا۔ کچھ دے کر اپنے خلاف کچھ کہنے سے روک دینا۔

مُنہ سے نکالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کہنا۔ تذکرہ کرنا۔ بولنا۔ زبان پر لانا (۲) جو بات دل میں ہو اُسے کہنا۔ خفیہ بات کا ذکر کرنا (۳) کسی بات کا سہو سے ذکر کرنا (۴) دعوے کرنا (۵) کچھ / بُرا بھلا کہنا۔

منہ سے نکل جانا / نکلنا: [ار۔ محاورہ] بے اختیار کوئی بات کہی جانا۔ بے ساختہ زبان سے کچھ نکلنا / نکل جانا۔

منہ سے نکلی پرائی ہوئی (بات) / منہ سے نکلی کوٹھوں چڑھی: [ار۔ مثل] راز منہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتا ہے۔ راز کی بات کسی سے نہیں کہنی چاہئے۔

مُنہ سے نیک و بد نکالنا: [ار۔ محاورہ] کسی کو بُرا بھلا کہنا۔

مُنہ سے ہاں نہیں کرنا: [ار۔ محاورہ] اقرار یا انکار کرنا۔

مُنہ شکر سے بھر دینا: [ار۔ محاورہ] خوشخبری سنانے کے عوض منہ میٹھا کرنا۔

مُنہ صاف رکھنا: [ار۔ محاورہ] دانتوں وغیرہ کو میل سے صاف کرنا۔ مسواک کرنا۔

مُنہ صاف کرنا: [ار۔ محاورہ] دانتوں وغیرہ سے میل صاف کر دینا۔ کلّی وغیرہ کرنا۔

مُنہ صاف ہونا: [ار۔ محاورہ] دانتوں کا میل صاف ہونا۔ کلّی ہونا۔

مُنہ فق ہو جانا / ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) چہرے کا رنگ زرد یا سفید ہونا منہ پر ہوائیاں اڑنے لگنا (۲) بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا (۳) رعب میں آ جانا۔ رعب چھا جانا (۴) ڈر جانا۔ خوف کھانا۔ خائف ہو جانا (۵) حیران رہ جانا۔ ششدر رہ جانا / ہو جانا۔

مُنہ قبلہ کی طرف پھر جانا: [ار۔ محاورہ] مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ دیندار آدمی کا منہ مرتے وقت قبلے کی طرف خود بخود ہو جاتا ہے۔

مُنہ قبلہ کی طرف کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ قبلہ کی طرف ہونا" جس کا یہ متعدی ہے

مُنہ قبلہ کی طرف ہونا: [ار۔ محاورہ] مسلمانوں کا نماز کے لیے قبلہ رُو ہونا۔

مُنہ کا چھوٹا / پھوہڑ: [ار۔ صفت] بدزبان۔ منہ پھٹ۔ منہ چھٹ۔

مُنہ کا تھوبڑا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] پٹ جانا دیکھئے
مُنہ کا رنگ اُڑ جانا / فق ہو جانا: [ار۔ محاورہ] منہ فق ہو جانا۔
مُنہ کا روغن اُتر جانا: [ار۔ محاورہ] منہ کی رونق یا سُرخی جاتی رہنا۔
مُنہ کا سچّا: [ار۔ صف] صادق القول۔ وعدے کا پکّا۔
مُنہ کا سخت: [ار۔ صف] منہ زور گھوڑا جو لگام کے اشارے کی پروا نہ کرے۔
مُنہ کا کچّا: [ار۔ صف] (۱) وہ جس کی بات قابل اعتبار نہ ہو (۲) وہ جو لگام کا جھٹکا نہ سہار سکے (گھوڑا) (۳) اصیل مُرغ۔
مُنہ کا کڑا: [ار۔ صف] (۱) منہ کا سخت (۲) منہ زور (۳) مضبوط دھارکا۔
مُنہ کا کہا ہونا: [ار۔ محاورہ] منہ سے نکلی ہوئی بات کا ہو جانا۔ کہے کے مطابق ہونا۔
مُنہ کالا: [ار۔ صف] (۱) بدنام۔ رسوا (۲) بدافعال۔ بدکردار (۳) (بددعا) خدا غارت کرے۔ خدا کھوئے (۴) (مذ) بدنامی۔ رسوائی۔
مُنہ کالا بخت / جات اُجالا: [ار۔ مثل] شریفوں کے بداعمال
مُنہ کالا کر: [ار۔ محاورہ] جا دفان ہو۔ منہ نہ دکھلا۔ رستہ لے۔
مُنہ کالا کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ کو سیاہی لگانا (۲) بدنام کرنا رسوا کرنا (۳) زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا (۴) تشہیر کرنا۔ منہ کالا کرکے گدھے پر چڑھا کر بازاروں میں پھراتے ہیں (۵) کسی طرف کو نکل جانا۔ دُور ہونا۔ دفان ہونا (۶) خضاب لگانا۔
مُنہ کالا ہو: [بددعا] بدنام ہو۔ رسوا ہو
مُنہ کالا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ کالا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
منہ کا میٹھا: [ار۔ صف] (۱) زبان کا میٹھا۔ شیریں بیان۔ خوش گفتار (۲) چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ ظاہرا اچھا مگر دل میں کھوٹا / کھوٹ رکھنے والا۔
مُنہ کا میٹھا پیٹ کا کھوٹا: [ار۔ مثل] ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔
مُنہ کان سے ملا کر باتیں کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بہرے سے باتیں کرنا (۲) آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔ خفیہ باتیں کرنا۔
منہ کا نوالہ: [ار۔ اسم] (۱) لقمہ (۲) وہ کام جو نہایت سہل اور آسان ہو۔
مُنہ کا نوالہ تو نہیں ہے: [ار۔ مثل] آسان کام تو نہیں ہے۔
مُنہ کا نوالہ سمجھنا: [ار۔ محاورہ] آسان سمجھنا۔
مُنہ کا نوالہ ہو جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ میں چلا جانا۔ مُنہ میں سما جانا۔ لقمہ ہو جانا (۲) سہل ہو جانا۔ آسان ہو جانا۔
مُنہ کا نور اُڑ جانا: [ار۔ محاورہ] چہرے کی رونق اور آب و تاب جاتی رہنا۔ چہرے کی سرخی اڑ جانا۔ بے رونق ہو جانا۔
منہ کُپّے کی طرح پھولنا: [ار۔ محاورہ] بہت خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ مُنہ سُوجنا۔
مُنہ کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) سوراخ کرنا۔ چھید کرنا (۲) پھوڑے یا زخم میں سوراخ ہو جانا۔ پھوٹنا (۳) کسی طرف چلے جانا۔ کسی طرف جانے کا ارادہ کرنا (۴) رُخ کرنا۔ منہ سامنے کرنا۔ منہ دکھانا (۵) لحاظ کرنا۔ پاس کرنا (۶) سامنا کرنا (۷) مقابلہ کرنا۔ لالچ کرنا۔ لوبھ کرنا۔
مُنہ کس کا ہے: [ار۔ محاورہ] کس کا حوصلہ ہے۔ کس کی مجال ہے کسی کا حوصلہ نہیں۔
مُنہ کسیلا ہونا: [ار۔ محاورہ] منہ کڑوا ہونا۔

مُنہ کشادہ ہونا: [ار۔ محاورہ] منہ کھل جانا۔ منہ چوڑا ہونا۔
مُنہ کلنا: [ار۔ محاورہ] زبان بند ہونا۔ کسی کے خلاف کہنے سے رکنا
مُنہ کو آگ لگانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کوسنا (۲) میل ملاپ ترک کرنا۔ ملنا چھوڑ دینا۔
مُنہ کو باندھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کپڑے وغیرہ سے منہ کی بندش کرنا۔ منہ کو ڈھانکنا (۲) کسی برتن کا منہ کپڑے سے باندھ دینا (۳) منہ کو کیلنا۔ زبان کو بند کرنا
مُنہ کو بنانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ بنانا"
مُنہ کو بند کرنا: [ار۔ محاورہ] زبان روکنا۔ بولنے سے روکنا۔ بولنے سے باز رکھنا۔
مُنہ کو بنوانا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کے لئے لیاقت پیدا کرنا۔ اپنے آپ کو کسی دعوے کے قابل بنانا۔ اپنے آپ کو کسی کام کے لائق اور سزاوار کرنا
منہ کو بھبھوت مل لینا: [ار۔ محاورہ] فقیر ہو جانا۔ سادھو بن جانا
مُنہ کو پھیر لینا: [ار۔ محاورہ] منہ دوسری طرف کر لینا۔ روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا (۲) انکار کرنا
مُنہ کو جگر آنا: [ار۔ محاورہ] دم اُلٹنا۔ جی گھبرانا۔ ضبط نہ ہو سکنا۔
مُنہ کو جوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ جوڑنا"
مُنہ کو جھلسا لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ کو آگ لگانا"
مُنہ کو خون لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ کو لہو لگنا"
مُنہ کو دکھا نہ سکنا: [ار۔ محاورہ] منہ سامنے نہ کر سکنا۔ سامنے جاتے ہوئے شرم آنا
مُنہ کو زہر لگ جانا: [ار۔ محاورہ] زہر کھانے کی عادت ہو جانا
مُنہ کو سات توؤں کی کالک لگ جانا: [ار۔ محاورہ] سخت بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔
مُنہ کو سنبھالنا: [ار۔ محاورہ] زبان کو خلاف تہذیب باتوں سے روکنا۔ بدزبانی سے باز آنا۔ سنجیدہ باتیں کرنا
مُنہ کو قفل دینا / لگا دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) منہ کو بند کرنا۔ منہ کو مہر لگانا / لگا دینا (۲) خاموشی اختیار کرنا۔ سکوت اختیار کرنا۔
مُنہ کو قفل لگنا: [ار۔ محاورہ] خاموش ہو جانا۔
مُنہ کو کالک لگانا: [ار۔ محاورہ] رسوا کرنا۔ بدنام کرنا (۲) منہ کو سیاہی ملنا۔
مُنہ کو کالک لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "منہ کو کالک لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُنہ کو کالک ملنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مُنہ کالا کرنا (۲) شرمندہ کرنا۔ خجل کرنا۔
مُنہ کو کلیجا آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) غم و غصہ کا ضبط نہ ہو سکنا (۲) دم گھبرانا۔ دم اُلٹنا (۳) اُلٹی آنا۔ دل کا بیزار ہونا۔
مُنہ کو لگام دو: [ار۔ محاورہ] بدزبانی مت کرو۔ زبان سنبھال کر بولو
مُنہ کو لگام نہیں: [ار۔ مثل] چپ نہیں رہتا۔ بے سوچے سمجھے جا بیجا بول اٹھتا ہے۔
مُنہ کو لگام ہونا: [ار۔ محاورہ] خاموش ہونا۔
مُنہ کو لگا ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا چسکا ہونا۔ کسی چیز کی عادت ہونا۔
مُنہ کو لگنا: [ار۔ محاورہ] چسکا پڑنا۔ چاٹ لگنا۔ خوش مزہ لگنا۔ زبان کو ناگوار نہ ہونا۔

مُنہ کو لُو کا لگے : [بد دعا] تباہ ہو ۔ برباد ہو ۔
مُنہ کو لہو لگ جانا / لگنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) خون کی چاٹ لگنا (۲) گوشت کھانے کا چسکا پڑنا (۳) شکار کا مزہ پڑنا ۔ مال مفت کھانے کا شوق ہونا (۴) کسی جانور یا درندے کا کسی حیوان کو کھانے کی چاٹ لگنا ۔
مُنہ کو مزہ لگا دینا : [ار ۔ محاورہ] زبان کو چاٹ / چسکا ڈال دینا ۔ چٹورا بنا دینا
مُنہ کو موڑنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "منہ موڑنا"
مُنہ کہاں ہے : [ار ۔ محاورہ] کیا مجال ہے ۔ کیا تاب ہے ۔ کیا طاقت ہے ۔
مُنہ کھائے آنکھ لجائے : [ار ۔ مثل] محسن کے آگے آنکھ سامنے نہیں ہو سکتی احسانمندی عاجزی کا سبب ہوتی ہے
مُنہ کھلا رہنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دہن کشادہ رہنا ۔ چہرہ بے نقاب رہنا
مُنہ کھل جانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دہن کشادہ ہو جانا ۔ بدزبانی کی عادت پڑ جانا گستاخ ہو جانا ۔ بدکلامی کی عادت پڑ جانا (۳) گونج کھل جانا ۔ چھلے وغیرہ کی چھال کھل جانا (۴) ازالہ بکر ہو جانا (۵) چہرہ بے نقاب ہونا ۔
مُنہ کھلنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "منہ کھل جانا" (۲) بیان کرنے یا کہنے پر آمادہ ہونا ۔
مُنہ کھلوانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) مُنہ فراخ کرانا ۔ دہن کشادہ کرانا (۲) بولنے پر مجبور کرنا ۔ زبان کھلوانا (۳) گستاخ کر دینا بے ادب بنانا ۔ بدزبانی کی عادت ڈالنا (۴) زبان سے کہلوانا ۔ سوال کرانا (۵) ازالہ بکارت کرانا (۶) بے نقاب کرانا گونج کھلوانا (۷) چھلے وغیرہ کی چھال کھلوانا ۔
مُنہ کھول کر رہ جانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) کچھ کہتے کہتے خاموش ہو جانا ۔ کچھ کہنے کیلئے منہ کھولنا مگر پھر چپ رہنا ۔ بات کرتے کرتے چپ ہو جانا (۲) منتظر رہ جانا ۔ مشتاق رہ جانا ۔ مایوس ہو جانا
مُنہ کھولنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "منہ کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے (۲) دیکھئے "مُنہ کھلوانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مُنہ کی آنا : [ار ۔ محاورہ] سامنے لعن طعن کرنا ۔ منہ پر کہنا ۔
منہ کی اوٹ کرنا : [ار ۔ محاورہ] پردہ کرنے کے لئے کوئی چیز منہ کے آگے کرنا منہ کو آگ یا دھوپ کی گرمی سے بچانے کیلئے منہ کے آگے کوئی چیز لانا / کرنا ۔
منہ کیا ہے : [ار ۔ محاورہ] کیا مجال ہے ۔ کیا حوصلہ ہے ۔ کیا طاقت ہے ۔
منہ کی بات چھین لینا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "منہ سے بات اُچکنا"
مُنہ کی بات : [ار ۔ امث] کہی ہوئی بات ۔ مُنہ سے نکلی ہوئی بات ۔
مُنہ کے بل / بھل آنا / گرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) اوندھے مُنہ گرنا (۲) اوج سے پستی کی طرف آنا ۔ تنزل ہونا (۳) ذلت اٹھانا ۔ ذلیل ہونا ۔
مُنہ کے ٹکڑے اُڑا دینا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "منہ کے ٹکڑے اُڑ جانا" جس کا یہ متعدی ہے ۔
مُنہ کے ٹکڑے اُڑ جانا : [ار ۔ محاورہ] پان میں زیادہ چونا ہونے کی وجہ سے منہ کٹ جانا ۔
مُنہ کی ٹکیا : [ار ۔ امث] چہرہ ۔
مُنہ کی پچی : [ار ۔ صفت] وہ جس کا مُنہ نہ پھرے (تلوار)
مُنہ کی کھانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) منہ پر چوٹ کھانا ۔ چہرے پر ضرب کھانا ۔ یہ محاورہ پٹنے بازوں سے لیا گیا ہے (۲) منہ کے بل گرنا ۔ اوندھے مُنہ گرنا ۔
(۳) تھپڑ کھانا ۔ تمانچا کھانا (۴) مار کھانا ۔ پٹنا ۔ سزا پانا (۵) زک اٹھانا ۔ زک پانا (۶) خفت اٹھانا ۔ شرمندہ ہونا (۷) رسوائی اٹھانا ۔ بدنامی اٹھانا / لینا سر لینا (۸) دھوکا یا فریب کھانا ۔ جُل میں آنا (۹) جس بات کا دعویٰ ہو اس میں عہدہ بر آنہ ہونا ۔ چوک جانا (۱۰) شکست کھانا ۔ ہار جانا (۱۱) نقصان اٹھانا ۔ (۱۲) اپنے منہ سے آپ قائل ہونا ۔
مُنہ کی کھلانا / کھلوانا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "منہ کی کھانا" جس کا یہ متعدی اور متعدی المتعدی ہے ۔
مُنہ کی گالی : [ار ۔ امث] کسی کی زبان کی گالی
مُنہ کی گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی : [ار ۔ مثل] جب کوئی شخص جان بوجھ کر بے حیائی یا بے شرمی اختیار کرتا ہے تو اس کے متعلق کہتے ہیں ۔
مُنہ کی لوئی اُتر جانا / اُترنا : [ار ۔ محاورہ] شرم و حیا کا جاتے رہنا ۔ بے شرم ہو جانا ۔
مُنہ کی مانگی موت : [ار ۔ امث] دیکھئے "منہ مانگی موت"
منہ کی مکھی نہ اڑا سکنا : [ار ۔ محاورہ] نہایت کمزور ہونا ۔ بے بس ہونا ۔
منہ کی میٹھی ہاتھ کی جھوٹی : [ار ۔ مثل] میٹھی باتیں تو کرتی ہے مگر دینے دلانے کو کچھ نہیں ۔
منہ گڑھیا میں دھو رکھو : [ار ۔ مثل] جب کوئی چیز دینے سے انکار مقصود ہو تو مذاقاً کہتے ہیں ۔
مُنہ لال کر دینا / کرنا : [ار ۔ محاورہ] منہ پر تھپڑ مار کر منہ لال کر دینا ۔ پان یا سُرخی سے منہ سرخ کرنا ۔
مُنہ لال ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "منہ لال کر دینا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) نشہ ۔ خوشی یا جوش شباب سے چہرہ سرخ ہونا (۳) غصہ یا طیش سے چہرہ سُرخ ہونا (۴) کامیاب ہونا ۔ نامور ہونا ۔
منہ لپیٹ کر پڑ رہنا / پڑنا : [ار ۔ محاورہ] غم و افسوس سے مُنہ پر کپڑا ڈال کر لیٹ رہنا ۔ غمگین ہو کر لیٹ رہنا / جانا ۔
مُنہ کو لپیٹ لینا : [ار ۔ محاورہ] چہرے پر کپڑا ڈال لینا ۔ منہ چھپا لینا ۔
مُنہ لپیٹنا : [ار ۔ محاورہ] بوجہ رنج یا یونہی چہرے کو کپڑے سے چھپا لینا ۔
مُنہ لٹکانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دیکھئے "منہ پھلانا" (۲) منہ کو شرمندگی سے جھکانا (۳) کوئی دوا مل کر منہ کو رطوبت ٹپکنے کے لئے نیچے کی طرف کرنا ۔
مُنہ لگا : [ار ۔ صفت] سر چڑھا ۔
مُنہ لگانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) ہونٹوں سے چھوانا / مس کرنا ۔ منہ کے قریب لانا (۲) گستاخ بنانا ۔ ڈھیٹ بنانا ۔ سر چڑھانا (۳) مصاحب بنانا ۔ یار بنانا کسی کی طرف توجہ کرنا ۔ التفات کرنا (۵) کسی کھانے پینے کے برتن کو ہونٹ لگانا (۶) مُنہ سے جھوٹا کرنا ۔ جوٹھا (۷) حمایت کرنا (۸) خاطر میں لانا ۔ خیال دھیان میں لانا ۔
مُنہ لگائی ڈومنی بال بچے سمیت آئی / مُنہ لگائی ڈومنی کنبہ لائی ساتھ / منہ لگائی ڈومنی گاوے تال بےتال : [ار ۔ مثل] جب کوئی شخص ذرا سا منہ لگانے سے سر پر چڑھ جائے تو کہتے ہیں ۔
مُنہ لگنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دیکھئے منہ لگانا معنی نمبر ۱ "(۲) حجت کرنا تکرار کرنا (۳) چسکا پڑنا ۔ [illegible] ، سلام ہونا ۔ ہم سخن ہونا (۵) برابری کرنا ۔ مقابلہ کرنا (۶) مزہ پڑنا ۔ چاٹ لگنا ۔

مُنہ لے کے آنا: [ار۔ محاورہ] صورت دکھانا۔
مُنہ لے کے رہ گیا: [ار۔ محاورہ] شرمندہ ہوگیا۔
مُنہ مارا / ماری: [ار۔ صف۔ مذ۔ مث] عو۔ اس کے متعلق کہتی ہیں جو لذیذ چیزوں کے کھانے پینے سے پرہیز کرے۔
مُنہ مارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کاٹنا۔ چکتا بھرنا (۲) ڈسنا۔ ڈنک مارنا (۳) شکاری کتے کا صید پر دانت مارنا / شکار کو مُنہ سے پکڑنا (۴) گھوڑے کا کاٹ کھانے کو مُنہ چلانا۔ (۵) لڑنے والے پرندوں کا ایک دوسرے کو چونچ مارنا۔ مُرغ یا بٹیر کا آپس میں لڑنا (۶) مُنہ سینا۔ ٹانکے لگا کر کسی چیز کا منہ بند کرنا / کر دینا (۷) خاموش کر دینا۔ لاجواب کر دینا۔ بند کر دینا (۸) کھانے سے روکنا یا رکنا (۹) جلد جلد کھانا۔ جانوروں کا دانہ گھاس کھانا۔ (۱۰) طعنہ زنی کرنا۔ آوازے کسنا (۱۱) رشوت دینا (۱۲) دھار مارنا۔ نوک یا دھار کو رگڑنا۔ کُند کر دینا (۱۳) منہ کیل دینا۔ کاٹنے کے قابل نہ رکھنا زہر دُور کر دینا (۱۴) کبوتر کو پرواز کے لیے وقت مقررہ کسی طرف بھیجنا (۱۵) ذائقہ چکھنا۔
مُنہ مانگا: [ار۔ صف] حسب خواہش۔ جیسا منہ سے کہا ہو۔
مُنہ مانگا بَر پایا: [ار۔ مثل] دل کی خواہش تھی وہ پوری ہوئی۔
مُنہ مانگنا: [ار۔ محاورہ] فریاد کرنا۔
مُنہ مانگی مُراد: [ار۔ امث] دلی مراد۔ دلی خواہش۔ وہ چیز جو طلب کے موافق ملی ہو۔
مُنہ مانگی مراد ملے: [ار۔ مقولہ] فقیروں کی دعا۔ حسب خواہش کام ہو جائے۔
مُنہ مانگی مراد نہیں ملتی: [ار۔ مقولہ] اپنا چاہا نہیں ہوتا خدا کا چاہا ہوتا ہے۔
مُنہ مانگی مَوت: [ار۔ امث] خود منہ سے مانگی ہوئی موت۔
منہ مانگی مَوت تو ملتی ہی نہیں / نہیں ملتی: [ار۔ مثل] (۱) خواہش کے مطابق کام نہیں ہوتا۔ جو خدا چاہے وہی ہوتا ہے (۲) کسی چیز کی قیمت چکاتے وقت بیچنے والے کے اصرار پر خریدار کہتا ہے۔
مُنہ مانگے دام نہیں ملتے: [ار۔ مثل] جو دوکاندار مانگے وہ خریدار نہیں دیتا۔
مُنہ مڑ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "منہ موڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُنہ مسکوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "منہ سکوڑنا"
مُنہ مسل ڈالنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی کے منہ کو ہاتھ سے رگڑنا (۲) دندان شکن جواب دینا۔
مُنہ ملاحظہ: [ار۔ امذ] لحاظ۔ پاسداری۔
مُنہ مِلانا: [ار۔ محاورہ] (۱) اپنے منہ کا دوسرے کے منہ سے مقابلہ کرنا (۲) ہمسری کرنا۔ برابری کرنا۔
مُنہ موڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) روگردان ہونا۔ منہ ہٹانا۔ روگردانی کرنا (۲) کنارہ کشی کرنا۔ کسی کے شریک حال نہ ہونا (۳) (سے کے ساتھ) سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا۔ باغی ہونا (۴) پرہیز کرنا۔ باز رہنا (۵) شکست کھانا۔ ہارنا۔ پسپا ہونا (۶) انکار کرنا۔ کہا نہ ماننا (۷) ٹالنا۔ بے مروتی کرنا۔ (۸) بیوفائی کرنا۔ دغا دینا (۹) چشم پوشی کرنا۔ اغماض کرنا۔ آنکھ چرانا۔ (۱۰) دھار کا خم کھانا۔ دھار مڑنا (۱۱) (کا کے ساتھ) شکست دینا۔ پسپا کرنا (۱۲) (طرف کے ساتھ) متوجہ ہونا۔ التفات کرنا (۱۳) (سے کے ساتھ) رُخ نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا (۱۴) دست بردار ہونا۔
مُنہ میٹھا کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مٹھائی یا شیرینی کھلانا۔ مٹھائی یا شیرینی کھانا (۲) عنایت فرمانا۔ کچھ دینا۔ بخشنا (۳) نذرانہ دینا۔ رشوت دینا (۴) پاس ہونے یا مقدمہ جیتنے کی خوشی میں دوستوں کو مٹھائی کھلانا (۵) منگنی کرنا۔ سگائی کرنا۔
منہ میٹھا ہونا: [ار۔ محاورہ] (۱) دیکھیے "منہ میٹھا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔ دھار دار آلہ کی دھار کند ہونا۔
منہ میں آنا: [ار۔ محاورہ] زبان سے نکلنا۔ زبان پہ آنا۔
مُنہ میں آیا سو بَک / کہہ دیا: [ار۔ مثل] بے سوچے سمجھے بات کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
منہ میں بولنا / بات کرنا: [ار۔ محاورہ] اس طرح بولنا کہ دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے۔ آہستہ بولنا۔
منہ میں پان پھیکا ہونا: [ار۔ محاورہ] صبح ہونا۔ تڑکا ہونا۔
مُنہ میں پانی بھر آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی عمدہ چیز کی خواہش یا ترشی کے خیال سے منہ میں لعاب پیدا ہو جانا (۲) جی للچانا۔ نہایت خواہش ہونا۔
مُنہ میں پانی ٹپکانا / چوانا: [ار۔ محاورہ] مرتے وقت مُنہ میں پانی ڈالنا۔
مُنہ میں پڑنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کھانے میں آنا۔ منہ میں جانا (۲) کسی بات کا مشہور ہو جانا۔
مُنہ میں پڑھنا: [ار۔ محاورہ] چپکے چپکے پڑھنا۔ اتنا آہستہ پڑھنا کہ دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے۔
مُنہ میں تِنکا لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) دانتوں میں تنکا دبانا جو عاجزی کی علامت ہے (۲) عاجزی کرنا۔ منت کرنا۔ گڑگڑانا۔
مُنہ میں تھوک بلونا: [ار۔ محاورہ] بیہودہ اور بے معنی باتیں کرنا۔
مُنہ میں تھوک لپٹے جانا: [ار۔ محاورہ] خشکی کے باعث مُنہ میں پپڑیاں بندھ جانا۔ مُنہ سے بات نہ نکلنا۔ اوسان خطا ہونا۔
مُنہ میں تھوکنا: [ار۔ محاورہ] بُرا بھلا کہنا
مُنہ میں جو آئے کہنا: [ار۔ محاورہ] بے دھڑک بک دینا۔ بے سوچے سمجھے بک دینا۔
مُنہ میں خاک: [ار۔ کلمہ بددعا] (۱) گستاخانہ کلام کے جواب میں کہتے ہیں (۲) کسی کی نسبت بُرا چاہنے والے کی بات پر کہتے ہیں (۳) انکار کے وقت کہتے ہیں۔
مُنہ میں خاک بھرنا: [ار۔ محاورہ] بدی کا کلمہ کہنے سے روکنا۔
مُنہ میں دانت ہونا: [ار۔ محاورہ] حوصلہ ہونا۔
مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت: [ار۔ مثل] بہت بوڑھے کی نسبت کہتے ہیں۔
مُنہ میں دانہ جانا: [ار۔ محاورہ] کچھ تھوڑا سا کھانا۔
مُنہ میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] کھانا کھانا
مُنہ میں روٹی سر پہ جُوتی: [ار۔ مثل] کمال بے غیرتی کے ساتھ روٹی دینے کے لیے کہتے ہیں۔

مُنہ میں زبان حلال ہے: [ا ر۔مثل] مُنہ میں زبان سچ اور حق کہنے کیلئے ہے۔
مُنہ میں زبان رکھنا: [ا ر۔محاورہ] بولنے کی طاقت رکھنا۔
مُنہ میں زبان لینا: [ا ر۔محاورہ] مساس کرنا۔
مُنہ میں زبان نہ ہونا: [ا ر۔محاورہ] بول نہ سکنا۔ خاموش ہونا۔ گونگا ہونا۔
مُنہ میں زبان ہونا: [ا ر۔محاورہ] بولنے کے قابل ہونا۔ جواب دینے کی طاقت ہونا۔
مُنہ میں صابون گھلا ہونا: [ا ر۔محاورہ] مُنہ پھیکا یا بدمزہ ہونا۔
مُنہ میں قفل لگ جانا: [ا ر۔محاورہ] خاموش ہوجانا۔ کچھ نہ بولنا۔
مُنہ میں کالک لگ جانا: [ا ر۔محاورہ] ذلت ہونا۔ رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔
مُنہ میں کے دانت ہیں: [ا ر۔مثل] کیا مجال ہے۔ کیا طاقت ہے۔
مُنہ میں گالی ہونا: [ا ر۔محاورہ] زبان پر گالی ہونا۔ گالیاں دینے کا عادی ہونا۔
مُنہ میں گنگنانا: [ا ر۔مص مرکب] آہستہ آہستہ گانا۔
مُنہ میں گھنگھنیاں بھر لینا / بھر کر بیٹھنا: [ا ر۔محاورہ] چُپ رہنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔
مُنہ میں گھنگھنیاں بھری ہونا: [ا ر۔محاورہ] چُپ لگ جانا۔
مُنہ میں گھی شکر: [ا ر۔مثل] کوئی خوشی کی بات سُنائے تو کہتے ہیں۔
مُنہ میں لگ جانا: [ا ر۔محاورہ] خاموشی ہونا۔
مُنہ میں لگام نہ ہونا: [ا ر۔محاورہ] زبان دراز ہونا۔
مُنہ میں لوکا دینا: [ا ر۔محاورہ] مُنہ جُھلسنا۔ کوئی بیہودہ بات کہے تو کہتے ہیں۔
مُنہ میں لینا: [ا ر۔محاورہ] مُنہ کے اندر کوئی چیز رکھ لینا۔
مُنہ میں مارنا: [ا ر۔محاورہ] دیکھئے "مُنہ پر مارنا"
مُنہ میں مُوتنا: [ا ر۔محاورہ] ذلیل کرنا۔ خفیف کرنا۔
مُنہ میں مُہر لگانا: [ا ر۔محاورہ] خاموش کر دینا۔
مُنہ میں مُہر لگنا: [ا ر۔محاورہ] دیکھئے "مُنہ میں مُہر لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُنہ میں نام پھرنا: [ا ر۔محاورہ] کسی کا نام دل میں بار بار آنا اور زبان پر نہ آنا۔
مُنہنال: [ا ر۔امث] وہ ٹونٹی جو حقے کی نے کے آگے لگی ہوتی اور جسے منہ میں لے کر کش لگاتے ہیں۔
مُنہ نپوڑنا: [ا ر۔محاورہ] (۱) دانت نکالنا۔ بیوقوفوں کی طرح ہنسنا۔ (۲) مُنہ بنانا۔ جواب نہ بن پڑنا۔
مُنہ نکالنا: [ا ر۔محاورہ] پردے سے یا گھر سے سر باہر نکالنا۔
مُنہ نکل آنا: [ا ر۔محاورہ] چہرہ کمزوری سے بالکل پچک جانا۔ لاغر ہوجانا۔
مُنہ نکلی کوٹھوں چڑھی: [ا ر۔مثل] کسی بات کا کہتے ہی مشہور ہوجانا۔
مُنہ نوچ لینا: [ا ر۔محاورہ] چہرہ ناخنوں سے کھرچ ڈالنا۔ کنایۃً کسی بیہودہ بات کہنے پر لڑنے لگنا۔

مُنہ نہ پڑنا: [ا ر۔محاورہ] حوصلہ نہ ہونا۔ کہنے کی جرأت نہ ہونا۔
مُنہ نہ دکھانا: [ا ر۔محاورہ] شرم کے باعث روپوش ہوجانا۔
مُنہ نہ دیکھنا: [ا ر۔محاورہ] صورت سے بیزار ہوجانا۔ ازحد بیزار ہوجانا۔
مُنہ نہ کھلواؤ: [ا ر۔محاورہ] زبان نہ کھلواؤ۔ رہنے دو۔ بس چپ رہو ورنہ کچا چٹھا کھول کے رکھ دیا جائے گا۔
مُنہ نہیں: [ا ر۔مثل] حوصلہ نہیں۔ جرأت نہیں۔
مُنہ ہاتھ دھونا: [ا ر۔محاورہ] پانی سے منہ اور ہاتھ کو صاف کرنا۔
مُنہ ہونا: [ا ر۔محاورہ] (۱) چھید ہونا۔ سوراخ ہونا (۲) پاس ہونا۔ لحاظ ہونا (۳) حوصلہ ہونا۔ مجال ہونا۔ تاب و طاقت ہونا۔
مُنہ ہے: [ا ر۔مثل] پاس ہے۔ شرم ہے۔ لحاظ ہے۔ مروت ہے (۲) طنزاً مجال نہیں۔ طاقت نہیں۔
مُنہ ہی منہ مارے اور توبہ توبہ پکارے: [ا ر۔مثل] اپنا الزام مظلوم کے سر تھوپے۔ خود ہی سزا دے اور خود ہی پناہ مانگے۔
مُنہ ہی منہ میں: [ا ر۔متعلق فعل] چپکے چپکے۔ ہونٹوں ہونٹوں میں۔
مُنہ ہی مُنہ میں سُنانا: [ا ر۔محاورہ] چپکے چپکے بُرا بھلا کہنا۔
مُنہ ہی مُنہ میں کہنا: [ا ر۔محاورہ] چپکے چپکے کہنا۔ اس طرح آہستہ آہستہ بولنا کہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔
مُنہا: [ا ر۔امذ۔ق] طعن۔
مُنہا مُنہ: [ا ر۔متعلق فعل] لبالب۔ بھرپور۔ لبریز
مُنہا مُنہ بھرنا: [ا ر۔محاورہ] لبالب بھرنا۔ لبریز کر دینا۔
مُنہا مُنہ مارنا: [ا ر۔محاورہ] منہ مارنا۔ منہ پر ضرب لگانا۔ کسی کو اس کے منہ پر بُرا بھلا کہنا۔ کسی۔ کسی پر ڈال کر کہنا۔
مُنہا مُنہی: [ا ر۔امث] لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد۔
مِنہا: [ع۔امذ] تفریق۔ نفی۔ منفی۔ مجرا۔ وضع [افعال: کرنا۔ ہونا]
مِنہاج: [ع۔امذ] کھلی سڑک۔ شاہراہ۔ شارع عام (۲) طریقہ۔ روش
مِنہار: [ا ر۔امذ] چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا۔
مِنہارَن / مِنہاری: [ا ر۔امث] دیکھئے "منہار" جس کی یہ تانیث ہے۔
مِنہائی: [ع۔امث] گھٹاؤ۔ تفریق۔ نفی۔
مِنہائی دار: [عف۔صف] قابل لگان زمین رکھنے والا۔
مُنہَدِم: [ع۔امذ] گرا ہوا۔ مسمار۔ خراب۔ برباد۔ ویران۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
مِنہدی: [ا ر۔امث] (۱) ایک قسم کا پودا جس کی پتیاں پیس کر لگانے سے سُرخی آجاتی ہے (۲) شادی سے پہلے ایک رسم کا نام جس میں دولہا کے گھر سے دلہن کے گھر مہندی کے ساتھ سنگار کی اور چیزیں بھیجی جاتی ہیں (۳) محرم کی ساتویں کو رنگین کاغذ سے مڑھ کر ایک ڈھانچا بناتے ہیں اور حضرت قاسمؑ کی مہندی کے نام سے امام باڑوں میں لے جاتے ہیں (۴) وہ نظمیں جو شادی یا محرم کے مہندی کے موقعوں پر پڑھی جاتی ہیں۔
مِنہدی بنانا: [ا ر۔محاورہ] ہاتھ پاؤں میں لگانے کے لیے منہدی تیار کرنا۔
مِنہدی بندھوانا: [ا ر۔محاورہ] منہدی لگوانا۔

مِنہدی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے : [ار - مثل] آتے کیوں نہیں بہانے بناتے ہو۔

مِنہدی جانا : [ار - محاورہ] دولہا کے گھر سے دلہن کے گھر مِنہدی جانا

مِنہدی چھڑانا : [ار - محاورہ] ہاتھ پاؤں میں سے لگائی ہوئی منہدی دھونا۔

مِنہدی چھوٹنا / چھٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "منہدی چھڑانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) کوئی نقصان ہونا۔

مِنہدی رچانا : [ار - محاورہ] منہدی لگانا - ہاتھ پاؤں میں منہدی ملنا۔

مِنہدی رچنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "منہدی رچانا" جس کا یہ لازم ہے۔

مِنہدی کا چور : [ار - اند] ہاتھ پاؤں کی ذراسی جلد جو کہیں کہیں منہدی نہ لگنے سے ظاہر ہو

مِنہدی کی ٹٹی : [ار - امث] منہدی کے پودوں کی قطار

مِنہدی کی مچھلی : [ار - امث] دیکھئے "منہدی کا چور"

مِنہدی گوندھنا : [ار - مصدر مرکب] پسی ہوئی منہدی کو خوب حل کرنا۔

مِنہدی لگانا : [ار - محاورہ] منہدی سے ہاتھ پاؤں کو سرخ کرنا۔

مِنہدی لگنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "منہدی لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

مِنہدی ملنا : [ار - محاورہ] ہاتھ پیروں میں منہدی لگانا۔

مُنہزِم : [ع - اند] شکست کھانے والا - پیٹھ دکھانے والا - لڑائی سے بھاگنے والا۔

مُنہضِم : [ع - اند] ہضم ہونے والا - پچنے والا۔

مُنہمِک : [ع - اند] کسی کام میں بہت مصروف۔

مَنہور : [ار - اند - ق] مور۔

مَنہی : [ع - اند] منع کی گئی - ممانعت کی گئی - روکی گئی۔

مَنہیات : [ع - اند] دیکھئے "منہی" جس کی یہ جمع ہے۔

مَنہیاتِ شرعی : [ع - اند] وہ باتیں جن کا کرنا شریعت کی رو سے منع ہو۔

مَنی : [ع - امث] وہ سفید لیس دار رطوبت جو عضو تناسل سے بوقت انزال نکلتی ہے - دعات۔

مَنی : [ت - امث] غرور - تکبر - خود بینی - نخوت - خودی۔

مَنی : [انگ - اند] MONEY روپیہ - نقدی۔

مَنی آرڈر : [انگ - اند] MONEY ORDER روپیہ جو ڈاک کے ذریعہ بھیجا جاتا ہے۔

مَنی آرڈر فارم : [انگ - اند] MONEY ORDER FORM وہ کاغذ جس کی خانہ پُری کر کے روپیہ بھیجنے کے لئے ڈاک خانے میں دیتے ہیں۔

مَنی بیگ : [انگ - اند] MONEY BAG نقدی رکھنے کا بٹوا۔

مُنی : [س - اند] زاہد - رشی - مرتاض۔

مُنّی : [ار - امث] (۱) چھوٹی بچی (۲) چھوٹی چیز۔

منے : [ار - متعلق فعل ق] میں - درمیان۔

مُنیا : [ھ - امث] لال کی مادہ - پدڑی۔

مُنیا بول جانا : [ار - محاورہ] اچھا شگون ہونا - نیک فال ہونا۔

مُنیب : [ع - اند] (۱) آقا - مالک - مربی - سرپرست (۲) رجوع کرنا والا - توبہ کرنے والا (۳) جس کے تحت نائب ہوں - میر منشی - منـ

مَنیجر : [انگ - اند] MANAGER منتظم - مہتمم

مُنیر : [ع - صف] روشن - چمکدار - روشنی دینے والا۔

منیم : [ار - اند] (منیب کا بگڑا ہوا) محاسب - محرر حساب رکھنے والا

م - و

مُو : [ھ - امث] (۱) جوانی - شباب - جوبن (۲) مرضی - خواہش - خوشی۔

مُو پر آنا : [ار - محاورہ] (۱) جوانی بھرنا - جوبن پر آنا (۲) پختہ ہونا۔

مُو : [ف - اند] بال - کیس۔

مُوباف : [ف - اند] وہ دھجی، پٹی یا فیتہ جو عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں - چوٹی باندھنے کا کپڑا - پراندا۔

مُوباف ڈالنا : [ار - محاورہ] چوٹی میں موباف ڈال کر گوندھنا۔

مُو بمُو : [ف - صف] بال بال - ذرا ذرا - حرف بحرف - سب کا سب - کل۔

مُو پریشان : [ف - صف] بال بکھرے ہوئے - جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں۔

مُو تراش : [ف - اند] بال کاٹنے والا - اُسترہ۔

مُو شگاف : [ف - صف] باریک بین - نکتہ رس - بال کی کھال کھینچنے والا۔

مُو شگافی : [ف - امث] دیکھئے "موشگاف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مُو قلم : [ف - اند] مصوروں کا باریک بُرش - بالوں کا قلم۔

مُو کشاں : [ف - صف] سر کے بال کھینچتے ہوئے۔

مُوئے : [ف - اند] دیکھئے "مو" جس کی یہ اضافی حالت ہے

مُوئے آتش دیدہ : [ف - اند] آگ دکھایا ہوا بال۔

مُوئے زہار : [ف - اند] وہ بال جو زیر ناف ہوتے ہیں - وہ بال جو اندام نہانی یا عضو تناسل کے گرد ہوتے ہیں۔

مُوئے کمر : [ف - اند] پتلی کمر (کمر کو بال سے تشبیہ دی گئی ہے)

مُوئے مبارک : [ف - اند] کسی بزرگ کے مقدس بال - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ریش مبارک کے بالوں کے واسطے مخصوص ہے۔

مُو : [ار - اند - ق] منہ۔

مَوا : [ار - اند] ایک درخت کا نام جس کے پھلوں کو کھاتے، بیجوں کا تیل اور پھولوں کی شراب بناتے ہیں۔

مُوا : [ار - صف] (۱) مُردہ - بے جان (۲) نگوڑا - نامراد - خانہ خراب (۳) مرگیا - فوت ہوگیا۔

مُوا بادل : [ف - اند] ابر مردہ - اسفنج۔

مُوا جاتا ہے : [ار - محاورہ] (۱) مرا جاتا ہے - دم نکلا جاتا ہے (۲) مٹا جاتا ہے - فریفتہ ہوا جاتا ہے۔

مُوا ہوا : [ار - صف] (۱) فریفتہ (۲) مرا ہوا - مردہ۔

مَواثیق : [ع - اند] دیکھئے "میثاق" جس کی یہ جمع ہے۔

مَواج : [ع - صف] موجیں مارنے والا - لہریں مارنے والا - طوفان خیز - تند و تیز۔

مَواجب : [ع - اند] (۱) دیکھئے "موجب" جس کی یہ جمع ہے (۱) تنخواہ - مشاہرہ (۲) اجرت۔

مَواجہہ : [ع - اند] روبرو - سامنے - مقابل۔

مَواجید : [ع - اند] دیکھئے "وجد" جس کی یہ جمع ہے۔

مُواخات: [ع۔ امث] بھائی چارہ۔ بھائی بندی
مُواخِذ: [ع۔ صف] پکڑنے والا۔ گرفت کرنے والا۔ جواب طلب کرنے والا۔
مُواخَذہ: [ع۔ امذ] (۱) جواب طلبی۔ گرفت۔ بازپرس (۲) بدلہ۔ عوض مکافات۔
مُواخَذہ دار: [عف صف] جواب دہ۔ ذمہ دار۔
مُواخذے سے بری کرنا: [ار۔ محاورہ] جواب طلبی یا بازپرس سے نجات دلانا۔
مُواخذے سے چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] مواخذے سے نجات پانا۔
مواخذہ کرنا: [ار۔ مع کہم] جواب طلبی کرنا۔ بازپرس کرنا۔ پکڑنا۔
مَوَاد: [ع۔ امذ] (۱) دیکھئے "مادہ" جس کی جمع ہے (۲) پیپ۔ رطوبت۔ (۳) سامان۔ اشیاء۔ (۴) دلائل۔
مَوادآنا: [ار۔ محاورہ] پیپ نکلنا۔
موادِفاسد: [ع۔ امذ۔ بترکیب فارسی] خراب مادہ۔
مُوازَنَہ: [ع۔ امذ] برابری۔ ہم وزنی۔ ہم وزن ہونا۔ اندازہ کرنا۔
موازنہ رقبہ بندی: [عف۔ امذ] ایسی فہرست یا نقشہ جس سے رقبہ بندی کا اندازہ معلوم ہوتا ہے۔
مُوازی: [ع۔ امذ] (۱) برابر۔ مقابل۔ مجازی (۲) ہم قیمت (۳) تخمیناً۔ قیاساً۔ (۴) یہ لفظ اکثر ٹکوں، آنوں، بیگھوں وغیرہ کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے جیسے موازی چار آنے۔ موازی دو بیگھہ۔
مُواسات: [ع۔ امث] غم خواری۔ مدد۔ صلح۔ درگزر۔ یاری
مَواشی: [ع۔ امذ] ماشیہ کی جمع (۱) بہت تیز چلنے والا (۲) چوپائے۔ بیل گائے گھوڑا۔ گدھا۔ بھینس۔ بھیڑ۔ بکری۔ اونٹ وغیرہ۔
مُواصلات: [ع۔ امذ] ذرائع حمل و نقل۔ حرکت۔ انگریزی لفظ MEANS OF COMMUNICATION کا ترجمہ۔
مُواصَلَت: [ع۔ امث] ملاقات۔ وصل۔ ملنا۔ پیوستگی۔
مَواضِع: [ع۔ امذ] موضع ملاحظہ ہو جس کی یہ جمع ہے۔
مُواظَبَت: [ع۔ امث] کام پر کھڑا ہونا۔
مَواطِن: [ع۔ امذ] دیکھئے "موطن" جس کی یہ جمع ہے۔
مُواظَبَت: [ع۔ امث] ایک کام ہمیشہ کئے جانا۔ کام میں لگا رہنا۔
مَواعِظ: [ع۔ امث] دیکھئے "موعظت" جس کی یہ جمع ہے۔
مَواعید: [ع۔ امذ] دیکھئے "میعاد" جس کی یہ جمع ہے۔
مُوافِق: [ع۔ امذ] (۱) مطابق۔ یکساں۔ برابر کا۔ ہم شکل۔ ٹھیک۔ مشابہ (۲) لائق۔ سزاوار (۳) موافقت کرنے والا۔
موافق آنا: [ار۔ محاورہ] طبیعت ملنا۔ مزاج کے موافق آنا۔ مناسب حال ہونا۔
مُوافَقَت: [ع۔ امث] مطابقت۔ برابری۔ ساتھ۔ اتفاق۔ دوستی۔ رسائی۔ [افعال: کرنا۔ آنا۔ ہونا۔ رکھنا۔ کھانا]
مَواقِع: [ع۔ امذ] دیکھئے "موقع" جس کی یہ جمع ہے۔
مَواقِف: [ع۔ امذ] دیکھئے "موقف" جس کی یہ جمع ہے۔
مَواکِب: [ع۔ امذ] دیکھئے "موکب" جس کی یہ جمع ہے۔
مُواکَلَت: [ع۔ امث] باہم مل کر کھانا کھانا۔
مُوالات: [ع۔ امث] باہمی اتحاد۔ آپس کی دوستی۔

مُوالَفَت: [ع۔ امث] کسی کے ساتھ الفت کرنا۔
مَوالی: [ع۔ امذ] دیکھئے "مولیٰ" جس کی یہ جمع ہے۔
مَوالید: [ع۔ امذ] دیکھئے "مولود" جس کی یہ جمع ہے۔
مَوالیدِ ثلاثہ / سہ گانہ: [فع۔ امذ] تین قسم کی مخلوق۔ نباتات۔ جمادات۔ حیوانات۔
مُوانَسَت: [ع۔ امث] (۱) باہمی انس رکھنا (۲) انس۔ محبت۔
مَوانِع: [ع۔ امذ] دیکھئے "مانع" جس کی یہ جمع ہے۔
مَواہِب: [ع۔ امث] دیکھئے "موہبت" جس کی یہ جمع ہے۔
مُواہَبَت: [ع۔ امث] سخاوت۔ فیاضی۔ خیر خیرات بخشش۔ عطا۔
مُوبَد / مُوبِد: [ف۔ امذ] (۱) آتش پرستوں کا مُلّا (۲) حکیم۔ فلاسفر۔ دانشمند۔
مُوپ: [ار۔ امذ۔ ق] ساز و سامان۔
مُوپلا: [ار۔ امذ] جنوبی ہند میں ایک مسلمان قوم جو عرب نسل سے ہے اور مالابار میں ہے۔
مُوت: [ار۔ امذ] (۱) پیشاب (۲) منی۔ نطفہ (۳) لڑکا۔ اولاد۔
مُوت آنا: [ار۔ محاورہ] پیشاب کی حاجت ہونا۔
مُوت اٹکنا: [ار۔ محاورہ] پیشاب بند ہونا۔
مُوت پاتر: [ار۔ امذ] پیشاب کرنے کا برتن۔
مُوت دینا / مارنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیشاب نکل جانا (۲) ڈر جانا۔
مُوت سے نکال کر گوہ میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] ذلیل سے ذلیل تر کرنا۔
مُوت کا برتن: [ار۔ امذ] دیکھئے "موت پاتر"
مُوت کا چلو ہاتھ میں دینا: [ار۔ محاورہ] بھلائی کے عوض برائی کرنا۔ نیکی کے بدلے میں بدی کرنا۔ کسی کی ساری خدمت خاک میں ملا دینا۔
مُوت کی دھار پہ مارنا: [ار۔ محاورہ] ذلیل اور ہیچ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ کچھ قدر و قیمت نہ جاننا۔
مُوت کے ریلے میں بہا دینا: [ار۔ محاورہ] (۱) بے قدری سے ضائع کر دینا (۲) عیاشی اور زناکاری میں روپیہ برباد کرنا۔
مُوت لگنا: [ار۔ محاورہ] پیشاب کی حاجت ہونا۔
مُوت نِکلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) پیشاب خارج ہونا (۲) بہت ڈرنا۔ بے حد خوف کھانا۔
مَوت: [ع۔ امث] (۱) اجل۔ مرگ۔ قضا۔ وفات۔ انتقال (۲) خرابی۔ شامت (۳) تباہی۔ بربادی (۴) نیستی۔ نابودی۔ زوال۔
مَوت آجانا: [ار۔ محاورہ] (۱) مر جانا (۲) دیر لگانا۔
مَوت آنا: [ار۔ محاورہ] (۱) مرنا۔ قضا آنا (۲) ناگوار گزرنا۔ کسی کام کا شاق گزرنا۔ دم نکلنا (۳) شامت آنا۔ خرابی آنا۔ آفت آنا۔
مَوت آنکھوں میں / کے آگے پھرنا: [ار۔ محاورہ] مرنے کا دھیان پیش نظر ہونا۔
مَوت اور گاہک کا کوئی اعتبار نہیں: [ار۔ مثل] مرنے کے لئے ہر وقت تیار رہنا چاہئے۔ معلوم نہیں کس وقت آجائے۔ یہی حال گاہک کا ہے۔ لہٰذا دوکاندار کو بھی ہر وقت دکان پر موجود رہنا چاہئے۔
مَوت بھلی کہ جان کندنی: [ار۔ مثل] نزع کی تکلیف سے موت بہتر ہے روز روز کی مصیبت سے ایک دفعہ کا مر جانا ہی اچھا ہے۔

مَوت پَتر: [ع ھ - اند] وصیت نامہ۔
مَوت پَڑنا: [ار - محاورہ] دم نکلنا۔ دشوار معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا۔ گھبرا جانا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔
مَوت چاہنا: [ار - محاورہ] (۱) مرنے کی آرزو کرنا۔ موت قبول کرنا (۲) شامت چاہنا۔
موت ذبح ہونا: [ار - محاورہ] کہتے ہیں قیامت کے دن موت کو مینڈھے کی شکل میں ذبح کیا جائے گا۔
موت سر پر سوار / کھیلتی / کھڑی ہے۔ [ار - مثل] موت بالکل قریب ہے مرنے کا وقت آگیا ہے۔
مَوت کا بازار گرم / تیز ہونا: [ار - محاورہ] کثرت سے موتیں واقع ہونا
مَوت کا پسینہ آنا: [ار - محاورہ] حالت نزع میں ٹھنڈا پسینہ آنا۔ موت کی تکلیف سے پسینہ آنا۔
مَوت کا پیام: [ار - اند] مَوت کا وقت۔ بُلاوا۔
مَوت کا ڈھلکا: [ار - اند] موت کے قریب آنکھوں سے پانی بہنا۔ نیل ڈھلنا۔
مَوت کا سامان: [ار - اند] کمال مصیبت کی جگہ بولتے ہیں۔
مَوت کا سامنا: [ار - اند] ہلاکت کا مقابلہ۔ قضا کا روبرو ہونا۔
مَوت کا سر پر سوار ہونا، [ار - محاورہ] (۱) موت قریب آنا (۲) شامت آنا۔
مَوت کا طمانچہ / تمانچا: [ار - اند] موت کا تھپڑ۔ موت کا صدمہ۔
موت کا فرشتہ: [ار - اند] (۱) ملک الموت۔ عزرآئیل (۲) جانی دشمن۔
مَوت کا کھانا، [ار - اند] وہ کھانا جو میت ہو جانے پر لوگوں کو کھلایا جاتا ہے۔
مَوت کا گھیرنا: [ار - محاورہ] مرنے کا سامان ہونا۔
مَوت کا مَرض: [ار - اند] وہ بیماری جس میں مبتلا ہو کر آدمی مرے۔
مَوت کا ہنسنا، [ار - اند] قضا کا کسی کے غرور اور بیہودہ افعال پر تمسخر کرنا کہ مرنے کو بیٹھا ہے اور ایسے کاموں میں مبتلا ہے۔
مَوت کو پکڑا تو بخار پر راضی ہوا / مَوت کو پکڑا تو زحمت قبول کی / مَوت کو پکڑے تو تپ کو راضی ہو، [ار - مثل] جب آدمی بڑی مصیبت میں گرفتار ہوتا ہے تو تھوڑی مصیبت کو غنیمت سمجھتا ہے۔ مشکل کام پر مجبور کریں گے تو آسان کام پر راضی ہو جائے گا۔
مَوت کی گھڑی: [ار - امث] مرنے کا وقت۔
مَوت کی گھڑی سر پر کھڑی: [ار - مثل] موت ہر وقت قریب ہے۔
مَوت کی ہچکی آنا، [ار - محاورہ] جان کندنی کے وقت ہچکیاں آنا۔
مَوت کے دن پُورے کرنا، [ار - محاورہ] زندگی کا زمانہ بسر کرنا۔ بڑی تکلیف و مصیبت میں بسر ہونا۔ بے مزگی سے عمر گزرنا۔
مَوت کے کنارے: [ار - اند] مرنے کے قریب۔
مَوت کے گھاٹ اُتارنا: [ار - محاورہ] مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔
مَوت کے مُنہ جانا: [ار - محاورہ] خطرے میں پڑنا۔
مَوت کے نزدیک آنا: [ار - محاورہ] موت کے آثار نمودار ہونا۔
مَوت لائی ہے، [ار - محاورہ] شامت لے کر آئی ہے۔ موت نے بلایا ہے۔
مَوت مانگنا، [ار - محاورہ] رنج یا تکلیف کی وجہ سے اپنی مَوت کا خواہاں ہونا۔
مَوت نظر آنا، [ار - محاورہ] مصیبت کے سامان دکھائی دینا۔ سخت مشکل نظر آنا۔

مَوت نے گھر دیکھ لیا ہے۔ موت گھر دیکھ گئی ہے، [ار - مثل] آفت اور مصیبت نے گھر کا راستہ دیکھ لیا ہے۔ اب وہ بار بار آئے گی۔
مَوت ہونا: [ار - محاورہ] (۱) میت ہونا (۲) خرابی ہونا۔ مصیبت ہونا۔
مَوت ہے: [ار - محاورہ] آفت ہے۔ مصیبت ہے۔ بڑی دشواری ہے۔
موتاری: [ار - اند - ق] جوگیوں کا عصا
مُؤتمر: [ع - امث] مجلس شوریٰ۔ کانفرنس۔
مؤتمن: [ع - صفت] امانت دار۔ وہ شخص جو کسی کے مال میں خیانت نہ کرے۔
مُوتنا۔ [ار - مص] پیشاب کرنا۔
موتھا: [ار - اند] ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ میں سے دانے نکلتے ہیں
موترا / موتھرا: [ھ - اند] گھوڑے کا ایک مرض جس میں پاؤں کے غدود میں پانی بھر جاتا ہے اور جانور تنگ کرنے لگتا ہے۔
مَوتیٰ: [ع - اند] (۱) "میّت" کی جمع (۲) مُردے۔ مُردگان۔
موتی: [ار - اند] (۱) گوہر۔ دُر۔ مروارید۔ لُولُو (۲) (صفت) صاف۔ شفاف۔ آب دار۔
موتی اُگلنا: [ار - محاورہ] (۱) موتی منہ سے باہر نکالنا (۲) شیریں کلامی کرنا
موتی برسانا: [ار - محاورہ] موتی لٹانا۔ گہرباری کرنا۔
موتی برسنا [ار - محاورہ] دیکھئے "موتی برسانا" جس کا یہ لازم ہے
موتی بندھنا: [ار - محاورہ] موتی میں سوراخ ہونا۔
موتی پاک / پاگ: [ار - اند] ایک قسم کی مٹھائی۔
موتی پرونا۔ [ار - محاورہ] (۱) موتیوں کی لڑی بنانا (۲) دل آویز باتیں کرنا (۳) نہایت خوشخط لکھنا (۴) عمدہ مضمون لکھنا (۵) لگاتار رونا
موتی ٹھنڈے ہونا: [ار - محاورہ] (۱) موتی ٹوٹ جانا (۲) صبح ہوتے وقت موتی ٹھنڈے معلوم ہونے لگتے ہیں اس لئے یہ صبح ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔
موتی جھرا: [ار - امث] ایک بیماری جو عام طور پر بچوں کو ہوتی ہے جس میں جسم پر باریک باریک دانے نکل آتے ہیں۔ کھرا۔
موتی چگانا: [ار - محاورہ] دیکھئے "موتی چگنا" جس کا یہ متعدی ہے
موتی چگنا۔ [ار - محاورہ] موتی کھانا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ ہنس موتی کھاتا ہے کنایۃً دولت مند ہونا۔
موتی چُور: [ار - صفت] (۱) چمکیلا۔ موتیوں کے چورے کی طرح چمک دار۔ (۲) آنکھوں کی تعریف میں مستعمل ہے۔ چمکدار۔ آب دار (۳) ایک قسم کی مٹھائی جس میں گول قسم کی ٹکیاں ہوتی ہیں (۴) ایک قسم کے کابلی کبوتروں کی چمک دار آنکھیں۔
موتی چُور کا لڈو: [ار - اند] ایک قسم کا لڈو جس کے موتی کے برابر دانے ہوتے ہیں۔
موتی چور کی زنجیر: [ار - امث] ایک قسم کی خاص زنجیر۔
موتی چھیدنا: [ار - محاورہ] (۱) موتی میں سوراخ کرنا (۲) کنایۃً ازالہ بکارت کرنا۔
موتی خاک میں رولنا: [ار - محاورہ] اچھی چیز کی بے قدری کرنا۔
موتی رول دینا: [ار - محاورہ] بہت سے موتی رول دینا۔ مال دار کر دینا۔
موتی رولنا: [ار - محاورہ] (۱) موتیوں کو سمیٹ کر جمع کرنا (۲) خوب روپیہ کمانا۔ دولت گھسیٹنا۔ مفت کا مال اڑانا۔

موتی زبان سے جھڑنا : [ار ۔ محاورہ] فصاحت اور خوش بیانی سے بولنا ۔ بات کرنا ۔
موتی سی آبرو : [ار ۔ امث] وہ آبرو جو بے عیب ہو ۔
موتی سی آبرو پہ پانی پھر جانا : [ار ۔ محاورہ] بے آبرو کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ عزت دار آدمی کا بے عزت ہونا ۔
موتی سے مانگ بھرنا : [ار ۔ محاورہ] مانگ کے بالوں میں موتی پرونا ۔
موتی کا ٹھنڈا ہونا : [ار ۔ محاورہ] موتی ٹوٹ جانے یا خراب ہو جانے کے لئے مستعمل ہے ۔
موتی کا چونا : [ار ۔ امذ] جلے ہوئے موتیوں کا سفوف جسے امیر لوگ بطور چونے کے پان میں استعمال کرتے ہیں ۔
موتی کوٹ کوٹ کر بھرنا : [ار ۔ محاورہ] نہایت خوبصورت بنانا ۔
موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں : [ار ۔ محاورہ] نہایت چمک دار اور خوبصورت آنکھیں ہیں ۔
موتی کی آب : [ار ۔ امث] موتی کی چمک ۔
موتی کی سی آب : [ار ۔ امث] کنایۃً آبرو بڑی نازک چیز ہے ۔
موتی کی سی آب اتر جانا : [ار ۔ محاورہ] عزت جاتی رہنا ۔
موتی کی سی آبرو : [ار ۔ امث] اعلیٰ درجہ کی آبرو ۔
موتی کی سیپی : [ار ۔ امث] وہ سیپی جس میں موتی پیدا ہوتا ہے ۔
موتی کی لڑی : [ار ۔ امث] (۱) موتی کی مالا ۔ موتی کا ہار ۔ سلک مروارید (۲) کنایۃً چمک دار دانتوں کی قطار ۔
موتی کے ساتھ تولنا : [ار ۔ محاورہ] موتی کے ہم وزن اور ہم پلہ سمجھنا ۔ بڑی قدر اور عزت کرنا ۔
موتی گرجنا : [ار ۔ محاورہ] موتی کا تڑکنا ۔
موتی محل : [ار ۔ امذ] (۱) موتیوں کا بنا ہوا محل (۲) ایک خوبصورت محل جو لال قلعہ دہلی میں سنگ سرخ اور سنگ مرمر کا بنا ہوا ہے ۔
موتی مسجد : [ار ۔ امث] سنگ مرمر کی خوبصورت مسجد ۔
موتیوں سے مانگ بھرنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "موتی سے مانگ بھرنا"
موتیوں سے منہ بھرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) خوش گفتاری یا خوش خبری کے انعام میں منہ موتیوں سے بھر دینا ۔ یہ اگلے بادشاہوں کا دستور تھا (۲) مالا مال کر دینا ۔ بخشش سے نہال کر دینا ۔
موتیوں کا جھالا : [ار ۔ امذ] کان کا ایک زیور جس میں موتی کثرت سے ہوتے ہیں ۔
موتیوں کا زیور : [ار ۔ امذ] وہ گہنا جس میں سچے موتی بکثرت یا مختصر طور پر ہوں ۔
موتیوں کا گری مالا : [ار ۔ امذ] موتیوں کا ہار جو گردن میں پہنا جاتا ہے ۔
موتیوں کا مینہ برسنا : [ار ۔ محاورہ] موتیوں کی افراط
موتیوں کا نوالہ : [ار ۔ امذ] تر مال ۔ نہایت عمدہ غذا ۔
موتیوں کا ہار : [ار ۔ امذ] دیکھئے "موتیوں کا مالا"
موتیوں میں تولنا : [ار ۔ محاورہ] موتیوں کا ہم وزن سمجھنا ۔ نہایت آبرو دار جاننا ۔

موتیوں میں لدنا : [ار ۔ محاورہ] موتیوں کا زیور کثرت سے پہنے ہونا ۔
موتیا : [ار ۔ صف] (۱) موتی کی مانند (۲) [ار ۔ امذ و مث] چنبیلی کی ایک عمدہ قسم (۳) ایک قسم کی چیچک جس میں بڑی بڑی سرخ پھنسیاں نکل آتی ہیں (۴) ہلکا زرد رنگ ۔
موتیا بند : [ار ۔ امذ] آنکھ میں پانی اتر آنے کا مرض جس سے بینائی جاتی رہتی ہے ۔
موتیا پاک / پاگ : [ار ۔ امث] ایک قسم کی مٹھائی ۔
موتیا دانت : [ار ۔ امذ] نہایت خوبصورت اور چمکیلے دانت ۔
موٹ : [ار ۔ امث ۔ ق] رتی ۔
موٹ : [ار ۔ امث] (۱) ایک غلہ ۔ موٹھ (۲) گٹھڑی ۔ پوٹلی ۔ بستہ ۔ بقچی (۳) چرس ۔ چمڑے کا بڑا ڈول
موٹا : [ہ ۔ صف] (۱) لحیم و شحیم ۔ فربہ ۔ تنومند ۔ تیار (۲) گاڑھا ۔ دبیز (۳) ادنیٰ درجے کا (۴) سخت ناگوار ۔ فحش (۵) مضبوط ۔ قوی ۔ کڑا (۶) جلی خفی کا نقیض ۔
موٹا اناج : [ار ۔ امذ] جوار ۔ باجرا ۔ مکا وغیرہ ۔ غریبوں کے کھانے کا سستا اناج ۔
موٹاپن : [ار ۔ امذ] فربہی ۔ تنومندی ۔
موٹا تازہ : [ار ۔ صف] تندرست ۔ توانا ۔ تیار ۔
موٹا جھوٹا : [ار ۔ امذ] ادنیٰ قسم کا گھٹیا ۔
موٹا جھوٹا پہننا : [ار ۔ محاورہ] غریبانہ گزارا کرنا ۔
موٹا جھوٹا کھانا : [ار ۔ امذ] غریبوں کا سا کھانا کھانا
موٹا دکھائی دینا : [ار ۔ محاورہ] کم نظر آنا ۔ صاف نہ دکھائی دینا ۔
موٹا دیدہ ہونا : [ار ۔ محاورہ] نڈر ہونا ۔ بے خوف ہونا ۔
موٹا سا طوفان : [ار ۔ امذ] بڑا بھاری الزام ۔ بہتان عظیم ۔
موٹا کپڑا : [ار ۔ امذ] گندہ لباس
موٹا قلم : [ار ۔ امذ] (۱) جلی خط ۔ بڑے بڑے حرف (۲) جلی قلم ۔ وہ قلم جس سے موٹے حرف لکھے جائیں ۔
موٹا کام : [ار ۔ امذ] وہ کام جو باریک نہ ہو ۔ وہ کام جس میں زیادہ غور و فکر اور عقل کی ضرورت نہ ہو ۔
موٹر : [انگ ۔ امث] (MOTOR) چار پہیا گاڑی جو پٹرول سے چلتی ہے ۔ کار ۔ مشین
موٹھ : [ہ ۔ امث] ایک قسم کا غلہ جو ماش مشابہ مگر رنگ سبز ہوتا ہے ۔
مُوٹھ : [ہ ۔ امث] (۱) دستہ ۔ قبضہ ۔ گرفت (۲) مٹھی ۔ مشت (۳) جادو ۔ سحر ۔ ٹونا ۔
مُوٹھ چلانا : [ار ۔ محاورہ] جادو کرنا ۔ منتر پھونکنا ۔
مُوٹھ کرنا : [ار ۔ محاورہ] بٹیروں کو مٹھی میں رکھ کر تیار کرنا اور سدھانا ۔
مُوٹھ مارنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) کبوتر کو مٹھی سے پکڑ لینا (۲) مٹھی بھر لینا (۳) جادو چلانا ۔ منتر کرنا (۴) جلق لگانا ۔ مشت زنی کرنا ۔
مُوٹھرا : [ار ۔ امذ] ایک قسم کا موٹا دھاری دار کپڑا ۔ نقرئی یا طلائی کام جو تلوار یا کٹار پر بنا ہوتا ہے ۔
موٹھی : [ار ۔ امث ۔ ق] مٹھی
موٹی : [ار ۔ امث] دیکھئے "موٹا" جس کی یہ تانیث ہے ۔

موٹی آواز: [ار۔امث] بھدی آواز۔ بھاری آواز

موٹی اسامی: [ار امث] دولت مند آدمی۔ مالدار۔

موٹی بات/سی بات: [ار امث] بدھی بات۔ صاف بات۔ عام فہم۔ صریح

موٹی سمجھ: [ار۔امث] جھدی سمجھ

موٹی گالی: [ار۔امث] فحش گالی۔ سخت گالی۔

مُؤَثِّر: [ع۔امذ] تاثیر کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔ کارگر۔

مُوَثَّق: [ع۔امذ] پکا۔ مضبوط۔

موج: [ع۔امث] (۱) لہر۔ ترنگ۔ تلاطم (۲) امنگ۔ جوش۔ ولولہ۔ طبیعت کی خوشی (۳) خیال۔ وہم (۴) کثرت۔ افراط۔ بہتات۔ فراغ۔

مَوج آنا: [ار۔محاورہ] (۱) لہر آنا۔ ترنگ اٹھنا (۲) شادابی اور سرسبزی ہونا۔ (۳) خیال آجانا۔ دھن بندھنا۔

مَوج اُمنڈنا [ار۔محاورہ] (۱) لہر کا زور سے اٹھنا (۲) دل میں جوش و ولولہ پیدا ہونا۔

مَوج بوریا/حصیر: [عف۔امث] وہ خطوط اور نشانات جو بوریے یا چٹائی کی بناوٹ میں بُنے ہوتے ہیں۔

مَوج پر ہونا: [ار۔محاورہ] زوروں پہ ہونا

مَوجِ تبسّم: [ع۔امث بترکیب فارسی] وہ لکیر سی جو مسکراتے وقت ہونٹوں پر نمودار ہوتی ہے۔

مَوج خیز: [عف۔صف] لہریں مارنے والا۔ طوفان اٹھانے والا۔

مَوج دار: [عف۔صف] موج رکھنے والا۔

مَوجِ ریگ: [عف۔امث] لہر کی سی شکلیں جو ہوا چلنے سے ریت میں پیدا ہو جاتی ہیں۔

مَوج زن: [عف۔صف] ٹھاٹھیں مارنے والا

مَوجِ سبزہ: [عف۔مث] سبزے کے ہولے حرکت کو موج سے استعارہ کرتے ہیں۔

مَوجِ سراب: [عف۔صف] دیکھئے "موج ریگ"

مَوج کرنا: [ار۔محاورہ] مزے اڑانا۔ عیش و آرام کرنا۔

مَوج مارنا/موجیں مارنا: [ار۔محاورہ] (۱) لہرانا۔ لہریں مارنا (۲) عیش و عشرت کرنا (۳) زور سے بہنا۔

مَوج میں آنا: [ار۔محاورہ] (۱) ترنگ میں آنا۔ لہر میں آنا (۲) مزے میں آنا۔

موج میں ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "موج میں آنا"

مَوجِ نسیم: [عف۔امث] ہوا کا جھونکا۔

مُوجِب: [ع امذ] (۱) واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا (۲) فرض۔ واجب (۳) سبب۔ باعث۔ وجہ۔ علت (۴) موافق۔ حسب لائق۔

مُوجِبَہ: [ع۔صف] (۱) اقراری۔ اثباتی۔ مثبت (۲) ضروری چیز۔

مُوجِد: [ع۔صف] ایجاد کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔ بانی۔

مُوجَز: [ع۔صف] (۱) مختصر (۲) خلاصہ۔ انتخاب۔ اختصار۔

مُؤَجَّل: [ع۔صف] مہلت دیا گیا۔ فرصت دیا ہوا۔ کسی وقت پر موقوف رکھا گیا۔

مَوجُود: [ع صف] (۱) وجود کیا گیا (۲) حاضر۔ سامنے۔ روبرو (۳) اب اس وقت (۴) تیار۔ مہیا۔ مستعد (۵) قائم۔ برقرار (۶) حاصل۔ دستیاب (۷) پاس۔

مَوجُود رہنا: [ار۔محاورہ] پاس رہنا۔ حاضر رہنا۔ سامنے رہنا۔ برقرار رہنا

مَوجُود فی الخارِج: [ع۔صف] جو خارج میں موجود ہو۔ خیالی نہ ہو

موجود کرنا: [ار۔محاورہ] (۱) حاضر کرنا۔ روبرو کرنا۔ پیش کرنا (۲) پیدا کرنا (۳) فراہم کرنا۔ مہیا کرنا۔ بہم پہنچانا (۴) آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا۔

مَوجُودات: [ع۔امث] دیکھئے "موجود" جس کی یہ جمع ہے

مَوجُوداتِ خارجی: [عف۔امث] وہ چیزیں جو محض ذہن میں نہیں بلکہ خارجی طور پر موجود ہیں۔

مَوجُودات لینا: [ار۔محاورہ] حاضری لینا۔ شمار کرنا۔ معائنہ کرنا۔ پڑتال کرنا۔ حساب لینا۔ جائزہ لینا۔ مال واثاثہ دیکھنا بھالنا۔

مَوجُودگی: [ف۔امث] حاضری۔ حضوری

موجودگی میں: [ار۔صف] روبرو۔ سامنے۔

مَوجُودَہ: [ع۔صف] حال کا۔ اب کا۔ حاضر۔ اس وقت کا۔

مُوَجَّہ [ع۔صف] (۱) پسندیدہ۔ مرغوب۔ خوب۔ عمدہ (۲) قابل (۳) معقول۔ مدلل۔ وجہ کے ساتھ۔

موجہ۔ [ع۔امذ] دیکھئے "موج"

مَوجی۔ [ار۔صف] لہری۔ آزاد طبع۔ ظریف۔

مَوجی بندہ: [ار۔صف] آزاد طبع آدمی۔ دل کا بادشاہ۔ خوش مزاج۔

موجی جیوڑا: [ار۔صف] آزاد منش۔ دل کی خوشی کا تابع۔ خوش رہنے والا۔

مَوجیں اُڑانا: [ار۔محاورہ] پانی کی لہر اڑانا۔

مَوجیں دِکھانا: [ار۔محاورہ] زور دکھانا۔ جوش اور ولولہ ظاہر کرنا۔

مَوجیں کرنا: [ار۔محاورہ] خوشیاں منانا۔ مزے اڑانا۔ عیش کرنا۔

مَوجیں مارنا: [ار۔محاورہ] زور سے بہنا۔ دیکھئے "موج مارنا"

موچ: [ار۔امث] (۱) لچک۔ لچک مچک (۲) بے موقع پڑ جانے سے بدن کا کوئی جوڑ مڑ جانا (زیادہ تر پاؤں کے لئے بولا جاتا ہے) [افعال: نکالنا۔ نکلنا۔ آنا۔ پڑنا]

مُوچا: [ار۔امذ] (۱) کیلے کا درخت (۲) کونپل۔

موچرس: [ار۔امث] سیمل کے درخت کا گوند جو بطور دوا مستعمل ہے

موچری: [ار۔امث] جوتا وغیرہ۔

موچن: [ہ۔امث] دیکھئے "موچی" جس کی یہ تانیث ہے۔

موچنا: [ار۔امذ] بال اکھاڑنے والا آلہ۔ بال چننے کا اوزار۔

مُوچھ/مونچھ: [ار۔امث] ہونٹوں کے اوپر کے بال۔

موچھ کا بال: [ار۔امذ] (۱) صاف۔ کھرا۔ سچا آدمی۔ منہ پہ کہہ دینے والا (۲) نہایت مقرب اور بارسوخ۔ ناک کا بال۔

مُوچھ مروڑا: [ار۔صف] موچھوں پہ تاؤ دینے والا۔ بہادری جتانے والا۔

مُوچھ مروڑا روٹی توڑا: [ار۔مثل] اس موقع پہ کہتے ہیں جب کوئی مفت کی روٹی کھائے اور بہت شیخی بگھارتا پھرے۔

مُوچھ مُنڈ/مُنڈا:[ا ر۔صف] جس کی مونچھیں مُنڈی ہوئی ہوں۔
مُوچھ نیچی کرنا:[ار۔محاورہ] ہار ماننا۔ شکست تسلیم کرنا۔
مُوچھا کڑا:[ار۔امذ] بڑی بڑی مونچھوں والا۔
مُوچھان:[ار۔امث۔ق] مونچھیں۔
مُوچھندر:[ھ۔صف] (۱) بڑی بڑی مونچھوں والا (۲) بد وضع۔ یا وہ گو۔
مُوچھوں پر تاؤ دینا:[ار۔محاورہ] (۱) مونچھوں کو تاؤ دینا (۲) مونچھوں کے بالوں کو بل دینا (۳) غصّے سے مونچھوں کو مروڑنا (۴) غرور سے مونچھوں کو بل دینا۔
مُوچھوں سے چنگاریاں نکلنا۔[ار۔محاورہ] نہایت غصیل ہونا۔ بہت غضبناک ہونا
مُوچھوں کا کونڈا۔[ار۔امذ] وہ نیاز جو عورتیں لڑکوں کی مسیں بھیگنے پر دلاتی ہیں۔
مُوچھیل:[ھ۔صف] دیکھیے "موچھندر"
مُوچھیں اکھڑوا دینا۔[ار۔محاورہ] سزا کے طور پر مجرم کی مونچھیں چنوا دینا۔
مُوچھیں چڑھانا:[ار۔محاورہ] مونچھوں کو بل دے کر اوپر اٹھا دینا۔
مُوچھیں مُنڈوانا:[ار۔محاورہ] (۱) مونچھوں پر استرا پھروانا (۲) اپنی غلطی ماننا۔ ہار تسلیم کرنا۔ جوش میں آ کر کہتے ہیں کہ اگر ایسا نہ ہو تو مونچھیں منڈوا دوں گا
مُوچھیں نیچی کر لینا۔[ار۔محاورہ] زبردست کے سامنے اکڑ کو چھوڑ دینا
موچی۔[ار۔صف] چمڑا سینے والا۔ چرم دوز۔ جوتی بنانے والا
موچی کے موچی رہے:[ار۔مثل] کوئی ترقی نہیں کی
موچی موچی لڑیں سرکار کا زین ٹوٹے:[ار۔مثل] لڑے کوئی اور نقصان کسی کا ہو
مُوَحّد [ع۔صف] (۱) خدا کو ایک ماننے والا (۲) پکا مسلمان۔ سچا مسلمان
مُوَحّدانہ۔[ع۔صف] موحدوں کی طرح۔ خدا کو ایک ماننے والے کی مانند۔
مُوَحّش:[ع۔صف] وحشت میں ڈالنے والا۔ غمگین کرنے والا۔ فکرمند بنانے والا
مُؤَخّر:[ع۔صف] آخر کیا گیا۔ پچھلا آخری۔ اخیرکا۔
مُؤَخّر الذِکر۔[ع۔صف] جس کا ذکر بعد میں آئے۔
مُؤَدَّب۔[ع۔صف] ادب سکھایا گیا۔ شائستہ۔ مہذب۔ تہذیب یافتہ
مُؤَدِّب:[ع۔صف] ادب سکھانے والا۔ اتالیق۔ استاد۔
مُؤَدِّبانہ:[ع۔ف۔صف] ادب سے۔ تہذیب سے۔ شائستگی سے۔
مُوَدَّت:[ع۔امث] پیار۔ محبت۔ دوستی۔
مودھو:[ار۔صف] احمق۔ بیوقوف۔ سیدھا سادہ۔ مورکھ نادان۔
مودی:[س۔امذ] (۱) اناج کا سوداگر۔ غلہ بیچنے والا۔ بقال (۲) وہ بنیا جس کی دکان سے ادھار کا لین دین ہو (۳) سامان رسد کا داروغہ۔
مودی پنا کرنا:[ار۔محاورہ] کنجوسی کرنا۔
مودی خانہ:[ھ۔ف۔امذ] گودام گھر۔ ذخیرہ رہنے کی جگہ۔ اناج وغیرہ رکھنے کا کمرا۔
مُوڈ:[انگ۔صف] (MOOD) کیفیت مزاج۔ رنگ۔ حالت۔
موڈرن/ماڈرن:[انگ۔صف] (MODREN) جدید۔ زمانہ حال کا نئی نئی روشنی کا۔

موڈریٹ/ماڈریٹ:[انگ۔صف] (MODERATE) اعتدال پسند میانہ رو۔
مُوڈل/ماڈل۔[انگ۔امذ] (MODEL) (۱) چھوٹا مجسمہ (۲) نمونے کا ڈھانچا (۳) عمارت کی ساخت کا ڈھانچا (۴) نمونہ جس کی نقلیں کی جائیں (۵) قابل تقلید (۶) مثالی نمونہ۔
مُؤَذِّن:[ع۔صف] اذان دینے والا۔
مُوذی:[ع۔امذ] (۱) ایذا دینے والا۔ تکلیف پہنچانے والا۔ ستانے والا۔ آزار دہندہ۔ (۲) جابر۔ ظالم (۳) شریر۔ بدذات (۴) مجازاً بخیل۔ کنجوس۔
مُوذی پن/پنا:[ع۔ار۔امذ] (۱) ایذا رسانی۔ تکلیف دہی (۲) شرارت شوخی (۳) بخل۔ کنجوسی۔
مُوذی کا چنگل:[ار۔امذ] زبردست کا پنجہ۔ ظالم کی گرفت۔
مُوذی کا مال:[ار۔امذ] ظالم کا مال۔ کنجوس کا مال۔
مُوذی کا مال نکلے پھوٹ کر کھال:[ار۔مثل] (۱) ظلم سے حاصل کیا ہوا مال کسی کو ہضم نہیں ہو سکتا (۲) کنجوس کا مال کسی کو پھل نہیں سکتا۔
مُوذی کو مار چھوڑ کر مارتیے:[ار۔مثل] ایذا دینے والے کو ہر حالت میں مار ڈالنا چاہیے۔
مَور:[ھ۔امذ] (۱) آم کا پھول۔ بور (۲) تاج کلغی (۳) کلی۔ شگوفہ۔
مَور آنا:[ار۔محاورہ] آم کے درخت میں شگوفے آنا۔ بور آنا۔
مور (بہ واو مجہول):[ار۔مذ] طاؤس۔ ایک خوبصورت رنگین پروں والا پرندہ۔
مور پنکھی۔[ار۔امث] (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو مور کی شکل کی بنی ہوتی ہے (۲) مور کے پروں کا پنکھا (۳) ایک قسم کی پنکھیا جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند گول ہو جاتی ہے (۴) ایک گھاس کا نام (۵) ایک ناچ کا نام
مور چال۔[ار۔امث] (۱) ایک قسم کی ورزش جس میں ہاتھ زمین پر رکھ اور پاؤں اوپر کر کے چلتے ہیں (۲) مور کا ناچ (۳) ایک قسم کا ناچ۔ (۴) کھائی خندق
مور چنگ:[ار۔امذ] ایک ساز۔
مور چھل:[ار۔امذ] موروں کے پروں کا چنور۔ [افعال: کرنا۔ جھلنا۔ ہلانا]
مور کا چنگھاڑنا/کوکنا۔[ار۔محاورہ] مور کا بولنا۔
مور کا ناچنا:[ار۔محاورہ] مستی میں آکر مور کا ناچنا
مور کی چال:[ار۔امث] مستانہ چال۔
مور کی سی گردن:[ار۔امث] صراحی دار گردن۔ خوبصورت اور لمبی گردن۔
مور مکٹ:[ار۔امذ] مور کی کلغی۔
مور ناچتا ہے جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے رو دیتا ہے:[ار۔مثل] خوبصورت آدمی کے لئے ذرا سا عیب بھی بُرا معلوم ہوتا ہے۔
مُور:[ف۔امث۔مذ] چیونٹی۔
مور بال دار:[ف۔امث] پروں والی چیونٹی۔
مور و ملخ:[ف۔امث] (۱) چیونٹی اور ٹڈی دل (۲) بے شمار۔ ان گنت
مورال:[انگ۔امذ] (MORALE) حوصلہ۔ ہمت
مُورت:[ار۔امث] صورت۔ بت۔ پتھر یا دھات کی بنی ہوئی شبیہ۔ پتلی۔

مُورتی: [ار ۔ امث] بت ۔ صنم ۔ پتلی ۔
مُورتی پوجن: [ار ۔ امث] بت پرستی ۔ بتوں کی پوجا ۔
مُورِث: [ع ۔ امذ] وارث کرنے والا ۔ وہ شخص جس سے ورثہ یا ترکہ ملے ۔ وصیت کرنے والا (۲) باعث ۔ سبب ۔
مُورِثِ اعلیٰ: [ع ۔ امذ ۔ بترکیب فارسی] سب سے بڑا مورث ۔ سب سے بڑا مربی یا بزرگ جس سے ورثہ ملا ہو ۔ جد اعلیٰ ۔ وہ پہلا شخص جس کا ورثہ اس کی اولاد میں آئے ۔
مُورِثِ فاسد: [ع ۔ امذ ۔ بترکیب فارسی] نانا
مورچا: [ار ۔ امذ] وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھودتے ہیں ۔ خندق ۔ کھائی (۲) وہ خندق جو لڑائی کے لئے کھودتے ہیں (۳) وہ فوج جو مورچے پر لڑائی کیلئے ہو ۔
مورچا اٹھنا: [ار ۔ محاورہ] لڑنے والی فوج کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۔
مورچا الٹنا: [ار ۔ محاورہ] مورچے کی فوج کا تتر بتر ہو جانا ۔
مورچا باندھنا / بندی کرنا: [ار ۔ محاورہ] خندق کھودنا ۔ لڑائی کے لئے دھس تیار کرنا ۔
مورچا بندھنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مورچا باندھنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مورچا توڑنا: [ار ۔ محاورہ] مورچے کو درہم برہم کرنا ۔ مورچا قائم نہ رہنے دینا ۔
مورچا ٹوٹنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مورچا توڑنا" جس کا یہ لازم ہے ۔
مورچا جیتنا: [ار ۔ محاورہ] دشمن کے مورچے پر قبضہ کر لینا ۔
مورچا لینا / مارنا: [ار ۔ محاورہ] دشمن سے مورچہ لینا ۔ فتح کرنا ۔
مورچہ: [ف ۔ امذ] (۱) زنگ ۔ زنگار ۔ پھپھوندی (۲) چیونٹی ۔ کیڑا ۔ (مور کی تصغیر)
مورچہ دوڑنا: [ار ۔ محاورہ] زنگ لگنا ۔ پھپھوندی لگنا ۔
مورچہ لگنا: [ار ۔ محاورہ] زنگ لگنا ۔
مُورچھا: [ار ۔ امث] بیہوشی ۔ غشی ۔ بیخودی ۔
مورچھا کھانا / آنا: [ار ۔ محاورہ] بیہوش ہونا ۔ غش آنا ۔ ہوش نہ رہنا غشی طاری ہونا ۔
مُورچھا گت: [ار ۔ امث] بیہوشی کی حالت ۔ حالت بیخودی ۔
مُورچھت: [ار ۔ صف] بیہوش ۔ بے سدھ ۔
مورچے پر جانا: [ار ۔ محاورہ] لڑائی پر روانہ ہونا ۔ دشمن کے مقابلہ کے لئے جانا ۔
مورچے پر رکھنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) نشانے پر رکھنا ۔ نشانہ بنانا (۲) مقابلے پر رکھنا ۔ سامنے رکھنا (۳) مہلک جگہ بھیجنا ۔
مورچے کا کھا جانا: [ار ۔ محاورہ] زنگ لگ کر کوئی چیز خراب ہو جانا ۔
مُوَرِّخ: [ع ۔ امذ] تاریخ لکھنے والا ۔ تاریخ نگار ۔
مُوَرِّخانہ: [عف ۔ صف] تاریخ لکھنے والوں کی طرح ۔
مُوَرَّخہ: [ع ۔ صف] تاریخ دیا گیا ۔ لکھا ہوا ۔ مرقومہ ۔
مُوَرَّد: [ار ۔ صف] غیر زبان کا وہ لفظ جو اردو بنا لیا گیا ہو (اردو والوں نے عربی وزن پر اسم مفعول بنا لیا ہے)
مَورِد: [ع ۔ امذ] اترنے ، پہنچنے ، آنے ، ٹھہرنے کی جگہ ۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی گزرے (۲) تالاب ۔ جوہڑ ۔ چشمہ ۔ آدمیوں اور حیوانوں کے پانی پینے کی جگہ ۔
مَورِدِ عنایت / لطف / کرم: [ع ۔ امذ] وہ شخص جس پر عنایت یا لطف کیا جائے ۔
مُورک: [ار ۔ امذ ۔ ق] مورکھ ۔ نادان
مُورَکھ: [ھ ۔ صف] احمق ۔ بیوقوف ۔ گھامڑ ۔ نادان ۔ ناواقف ۔ جاہل ۔
مُورکھ پن: [ھ ۔ مذ ۔] دیکھئے "مورکھ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مُورکھ کی ساری رین چاتر کی ایک گھڑی: [ار ۔ مثل] بیوقوف جس کام کو رات بھر نہیں کر سکتا عقلمند اسے ذرا سی دیر میں کر لیتا ہے ۔
مورنی: [ار ۔ امث] دیکھئے "مور" جس کی یہ تانیث ہے ۔
مَورُوث: [ع ۔ امذ] وارث کیا گیا ۔ ورثہ میں ملا ہوا ۔
مَورُوثی: [ع ۔ صف] جدی ۔ پشتی ۔ باپ دادا کا
موری: [ار ۔ امث] نالی ۔ بدررو ۔ پانی کے نکاس کا راستہ (۲) منہ ۔ دہانہ ۔ سوراخ (۳) آستین کا ہاتھ کی طرف کا سرا (۴) پائجامے کا پائنچہ ۔
موری پر جانا: [ار ۔ محاورہ] پیشاب کرنے جانا ۔
موری چھوٹنا: [ار ۔ محاورہ] پیٹ چلنا ۔ دست آنا ۔
موری کا کیڑا: [ار ۔ امذ] وہ بچہ جو پیدا ہوتے ہی مر جائے ۔
موری کا کیڑا موری میں خوش رہتا ہے: [ار ۔ مثل] جو گندگی میں پلا بڑھا ہو وہ گندگی ہی میں خوش رہتا ہے ۔
موری کی اینٹ چوبارے چڑھی: [ار ۔ مثل] کمینے کو اعلیٰ رتبہ ملا ۔
موری میں پتھر ڈالو گے تو چھینٹیں اڑیں گی: [ار ۔ مثل] یعنی گندے معاملہ میں پڑو گے تو بدنامی ہوگی ۔
موڑ: [ار ۔ امذ ۔ ق] دولہا کا تاج ۔
موڑ: [ار ۔ امث] گھماؤ ۔ وہ جگہ جہاں سے راستہ مڑے ۔ راہ کی کجی یا پھیر ۔ پھیر ۔ چکر ۔ پھیر ۔ خم ۔
موڑ توڑ: [ار ۔ امذ] چکر ۔ پیچ ۔ خم
موڑ دینا: [ار ۔ محاورہ] (۱) پھیر دینا ۔ واپس کرنا (۲) جھکا دینا (۳) ہٹا دینا ۔ ایک طرف سے دوسری طرف رخ پھیر دینا ۔
موڑ کا آزار: [ار ۔ امذ] بواسیر کا مرض ۔
موڑ کھانا: [ار ۔ محاورہ] مڑ جانا ۔ واپس ہو جانا ۔ شکست کھانا ۔
موڑنا: [ار ۔ مص] (۱) پھیرنا ۔ گھمانا ۔ چکر دینا (۲) بل دینا (۳) واپس کرنا ۔ لوٹانا ۔ (۴) الٹا پھیرنا ۔ واپس لانا (۵) رخ بدلنا ۔
مُوڑھ: [ھ ۔ صف] بیوقوف ۔ نادان ۔ جاہل ۔
مُوڑھا: [ھ ۔ امذ] سرکنڈے کی بنی ہوئی کرسی ۔
مَوز: [ع ۔ امذ] کیلے کی پھلی ۔ کیلا ۔
مَوزُوں: [ع ۔ صف] (۱) اچھا ہوا ۔ تلا ہوا ۔ زیبا ۔ پھبتا ہوا ۔ لائق ۔ مناسب ۔ واجب ۔ ٹھیک ۔ درست (۲) وہ شعر جس کی بحر وغیرہ بالکل درست ہو (۳) پسندیدہ ۔ مقبول ۔
مَوزُوں طبع: [عف ۔ صف] وہ شخص جس کی طبیعت موزوں ہو ۔ جو شخص شعر کہہ سکتا ہو اگرچہ شاعر نہ ہو ۔

موزوں طبعی: [عف۔امث] دیکھئے "موزوں طبع" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

موزوں کرنا: [ار۔محاورہ] (۱) شعر کو وزن اور بحر سے درست کرنا (۲) ٹھیک اور درست کرنا۔

موزوں ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "موزوں کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

موزونی: [ع۔ف امث] دیکھئے "موزوں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

موزونیت: [ع۔صف] پسندیدگی۔سنجیدگی۔زیبائش۔پھبن۔

موزہ: [ف۔امذ] (۱) جراب چمڑے کی جراب (۲) بوٹ۔انگریزی جوتا۔

موزہ ساز: [ف۔صف] چمڑے کی جرابیں بنانے والا۔جوتے بنانے والا۔

موزہ گیر: [ف۔امذ] وہ گھوڑا جو اپنے سوار کی ٹانگ کو کاٹے یا موزے کو منہ مارے۔

موزے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ / موزے کا گھاؤ میاں جانے یا پاؤں: [ار۔مثل] اپنی تکلیف انسان آپ ہی خوب جانتا ہے۔دوسرا اندرونی معاملات کو نہیں جان سکتا۔

موسل: [ھ۔امذ] چوہا۔

موسا کنی: [ھ۔امث] ایک قسم کی خوشبودار گھاس جس کے پتے چوہے کے کان کے مشابہ ہوتے ہیں۔

موسا گابھ: [ھ۔امذ] نطفہ آہو جو مادہ کے پیٹ میں نہ ٹھہرے۔

موسا: [ھ۔امذ] ماں کی بہن کا خاوند۔خالو۔

موسائی: [ع۔امذ] حضرت موسیٰ کا پیرو۔موسیٰ سے منسوب

موس کے کھا جانا: [ار۔محاورہ] کسی کا مال دغا فریب سے کھا جانا۔ٹھگ کر

موس کے کنگ کر دینا: [ار۔محاورہ] لوٹ کر فقیر بنا دینا۔دغا کر کے محتاج کر دینا

مؤسس: [ع۔صف] بنیاد رکھنے والا۔بانی۔

مؤسسہ: [ع۔امذ] وہ ادارہ جو کسی خاص مقصد یا فلاحی مقصد کے لئے قائم کیا گیا ہو۔وہ سرمایہ جو کسی خاص مقصد کے لیے وقف کیا گیا ہو۔(انگریزی FOUNDATION کا ترجمہ)

موسل: [ھ۔امذ] اناج کوٹنے کا آلہ۔سونٹا۔

موسل کریں جہاں سینگ نہ سمائے: [ار۔مثل] کنایۃً کمال مبالغہ کرنا۔

موسلا: [ھ۔امذ] (۱) "موسل" ملاحظہ ہو جس کی تصغیر ہے (۲) چھڑی۔قمچی (۳) جریب عصا (۴) پچکاری کی ڈنڈی (۵) جڑ۔

موسلا دھار: [ھ۔صف] وہ مینہ جو دیر تک زور سے برسے۔زور کی بارش۔

موسلا دھار برسنا/پڑنا: [ار۔محاورہ] بہت زور سے بارش ہونا۔

موسلاں سو ڈھول بجانا: [ار۔مص۔ق] بہت زیادہ خوشی منانا۔

موسلوں ڈھول بجانا: [ار۔محاورہ] پکار پکار کر کسی بات کی تشہیر کرتے پھرنا۔زور شور سے اعلان کرنا۔

موسلوں سے چھڑنا: [ار۔محاورہ] (۱) اناج کو اوکھلی میں صاف کرنا (۲) مجازاً کثرت سے ہونا۔

موسلی: [ھ۔امث] (۱) اصل۔جڑ (۲) موسل کی تصغیر۔

موسم: [ع۔امذ] وقت۔سماں۔موقع۔دن۔زمانہ۔

موسم بہار: [ع۔امذ] (۱) بہار کا موسم۔پھاگن۔مارچ کا مہینہ (۲) عروج کا زمانہ۔

موسم خزاں: [عف۔امذ] (۱) پت جھڑ۔خریف (۲) کنایۃً زوال کا زمانہ۔

موسم گل: [عف۔امذ] بہار کا موسم۔

موسم ہونا: [ار۔محاورہ] کسی فصل کا اپنے وقت معینہ پر سال کے اندر ہونا۔

موسمی: [ع۔صف] موسم کا۔رت کا۔وقت کا۔موقع کا۔

موسمیات: [ع۔امث] موسم اور آب و ہوا سے متعلق شعبہ علم۔انگریزی METEOROLOGY کا ترجمہ

موسمیاتی: [عف۔صف] "موسمیات" سے منسوب

موسنا: [ار۔مص] لوٹ لینا۔ٹھگ لینا۔دغا فریب سے روپیہ کھا لینا۔

موسوم: [ع۔امذ] (۱) نام رکھا گیا (۲) مخاطب (۳) نشان دیا گیا۔نقش کیا گیا۔

موسوی: [ع۔صف] دیکھئے "موسیٰ" جس سے یہ منسوب ہے۔

موسی: [ھ۔امث] ماں کی بہن۔

موسیٰ: [ع۔امذ] حضرت موسیٰ جو ایک مشہور پیغمبر تھے۔جن کا لقب کلیم اللہ تھا

موسیرا: [ار۔امذ] خالہ زاد بھائی۔ماں کی بہن کا بیٹا۔

موسیقار: [ف۔امذ] (۱) ایک پرندہ کا نام جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں جن میں سے طرح طرح کی راگنیاں اور چنگاریاں نکلتی ہیں ققنس بھی اس کو کہتے ہیں (۲) ایک باجے کا نام (۳) گانے والا۔گویا (۴) گانے کے فن کا ماہر۔

موسیقی: [ع۔امث] گانے بجانے کا علم۔راگ کا علم۔

موسیو: [ار۔امذ] (فرانسیسی MONSIEUR سے بنا ہوا) جناب۔مسٹر۔

موش: [ف۔امذ] چوہا۔

موش دشتی/صحرائی: [ار۔امذ] جنگلی چوہا۔

موشح: [ع۔امذ] زیور سے آراستہ کیا گیا۔مزین۔سجایا گیا۔

موشک: [ف۔امذ] (۱) چھوٹا سا چوہا۔چوہیا (۲) چھچھوندر۔

موشک پراں: [ف۔امذ] چمگادڑ۔شپر۔

موشک دوانی: [ف۔امذ] (۱) ایک آتشبازی۔چھچھوندر (۲) فتنہ انگیزی۔

موشک/موش کور: [ف۔امذ] چھچھوندر۔

موش گیر: [ف۔امذ] ایک شکاری پرند۔جو چوہے پکڑ کر کھا جاتا ہے۔

موشن: [انگ۔امث] (۱) MOTION حرکت و جنبش (۲) تحریک۔تجویز۔

موشی: [ف۔صف] جنگلی چوہے کے رنگ کا گھوڑا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

موصل: [ع۔امذ] (۱) پہنچانے والا۔لے جانے والا (۲) جس میں سے برقی رو گزر سکے۔

موصوف: [ع۔امذ] تعریف کیا گیا۔ممدوح۔وہ جس کی تعریف کی جائے۔

موصول: [ع۔امذ] (۱) ملا ہوا۔ملایا گیا (۲) صرف و نحو میں وہ اسم ناتمام جو اکیلا کسی جملہ میں معنی نہیں دیتا۔

موصی: [ع۔امذ] وصیت کرنے والا۔

موصیٰ: [ع۔امذ] وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔

موصیٰ بہ: [ع۔امث] وہ شے جس کے دینے کی وصیت کی گئی ہو۔

موصیٰ لہٗ: [ع۔امذ] وہ شخص جس کے حق میں وصیت کی گئی ہو۔

موصیہ: [ع۔امث] دیکھئے "موصی" جس کی یہ تانیث ہے۔

موضح: [ع۔صف] واضح کرنے والا۔روشن کرنے والا۔

موضِع/موضَع: [ع۔امذ] گاؤں۔جگہ۔مکان۔ٹھکانا (ض کی زیر اور زبر دونوں مستعمل ہیں۔اردو میں زبر ہی ہے۔)

مَوضَع وار: [عف۔امذ] گاؤں گاؤں۔ گاؤں کی ترتیب سے (۲) نمبروار۔
مَوضُوع: [ع۔امذ] (۱) وضع کیا گیا۔ رکھا گیا (۲) مدعا۔ مضمون (۳) علم منطق میں مبتدا جو خبر کے مقابل میں ہو (۴) معنی یا لفظ (۵) اصل شے جس کے متعلق کسی شے میں بحث کریں۔
مَوضُوع لَہٗ: [ع۔امذ] مقصود۔ جس سے کسی علم میں بحث کریں۔
مَوضُوعی: [ع۔صت] نفس کا خیالی۔ داخلی۔ انگریزی SUBJECTIVE
مَوطِن: [ع۔امذ] وطن۔ اپنا دیس۔ زادبوم۔ جنم بھوم
مَوعِدَت: [ع۔امث] عہد۔ پیمان۔ وعدہ۔ اقرار۔
مَوعِظَت: [ع۔امث] پند۔ نصیحت۔
مَوعُود: [ع۔امذ] (۱) وعدہ کیا گیا۔ اقرار کیا گیا (۲) وہ شے جس کا اقرار کیا گیا ہو۔
مَوفُور: [ع۔صت] (۱) وافر کیا گیا۔ زیادہ کیا گیا (۲) بہت۔ بہ افراط۔ بکثرت بے انتہا (۳) پورا۔ مکمل۔
مُؤَقَّت: [ع۔امذ] خاص طور پر ٹھہرایا گیا۔ زمانے کے ساتھ معین کیا گیا۔ کسی خاص وقت پر ٹھہرایا گیا۔
مُؤَقَّتُ الشُّیُوع: [ع۔امذ] ٹھیک وقت پر شائع ہونے والا۔
مُوَقَّر: [ع۔امذ] (۱) وقعت دیا گیا۔ توقیر کیا گیا۔ (۲) عزت دار۔ معزز۔ حرمت والا۔
مَوقَع: [ع۔امذ] وہ جگہ جہاں کوئی چیز واقع ہو جائے۔ وقوع۔ محل وقوع۔ (۲) خاص وقت۔ خاص مقام۔ مناسب وقت۔
مَوقَع بہ مَوقَع: [ع۔متعلق فعل] جگہ جگہ۔ وقت وقت پر۔
مَوقَع بننا / ملنا: [ار۔محاورہ] موقع حاصل ہو جانا۔ مہلت ملنا۔
مَوقَع پر: [ع۔متعلق فعل] خاص وقت پر۔ عین وقت پر۔ مناسب جگہ پر۔
مَوقَع پکڑنا: [ار۔محاورہ] وقت سے فائدہ اٹھانا۔ موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔
مَوقَع تکنا / دیکھنا: [ار۔محاورہ] وقت کا منتظر رہنا۔ داؤں گھات میں لگا رہنا۔ مناسب وقت کی فکر میں رہنا۔
مَوقَع جانے دینا: [ار۔محاورہ] وقت پر فائدہ نہ اٹھانا۔ موقع کھو دینا۔
مَوقَع دینا: [ار۔محاورہ] مہلت دینا۔
مَوقَع سے: [ع۔متعلق فعل] وقت کے موافق۔ وقت دیکھ کر۔ وقت سے۔
مَوقَع شرط ہے: [ار۔متعلق فعل] اگر وقت مل جائے۔
مَوقَع کو نہ جانے دینا: [ار۔محاورہ] وقت پر کام کرنا۔
مَوقَع کی: [ار۔متعلق فعل] لائق۔ مناسب۔ حسب منشا۔
مَوقَع نکل جانا: [ار۔محاورہ] وقت ہاتھ سے نکل جانا۔ موقع ہاتھ سے چلا جانا۔
مَوقَع واردات: [ع۔امذ۔ ترکیب فارسی] وہ جگہ جہاں کوئی جرم واقع ہو۔
مَوقَع ہاتھ سے دینا: [ار۔محاورہ] موقع کھو دینا۔ موقع جانے دینا۔
مَوقَع ہاتھ لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "موقع بننا / ملنا"
مَوقِف: [ع۔امذ] (۱) کھڑے ہونے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام (۲) حجاز میں ایک مقام جو مکے سے سات کوس پر ہے اور جس کو عرفات بھی کہتے ہیں (۳) نقطہ نظر (کنایۃً)

مَوقُوف: [ع۔امذ] (۱) ٹھہرایا گیا۔ کھڑا کیا گیا۔ برخاست کیا گیا۔ نوکری سے علیحدہ کیا گیا (۳) منسوخ کیا گیا۔ روکا گیا (۴) ملتوی کیا گیا (۵) انحصار کیا گیا۔ (۶) خدا کے نام پر چھوڑا گیا۔ وقف کیا گیا۔ عام کر دیا گیا (۷) وہ حرف جو خود اور اس کا ماقبل متحرک نہ ہو (۸) وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ صحابہ تک پہنچے
مَوقُوف اِلَیہ: [ع۔امذ] وہ شخص جس کے لئے وقف کیا گیا ہو۔
مَوقُوف رکھنا: [ار۔محاورہ] کسی پر منحصر کرنا۔ ملتوی کرنا
مَوقُوف عَلَیہ: [ع۔امذ] وہ شخص جس پر کسی کام کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو۔ ثالث۔
مَوقُوف کرنا: [ار۔مص مرکب] برخاست کرنا۔ نوکری سے علیحدہ کرنا (۲) ملتوی رکھنا (۳) کسی پر منحصر کرنا۔
موقوف ہونا: [ار۔مص مرکب] دیکھئے "موقوف کرنا" جس کا یہ لازم ہے
مَوقُوفی: [عف۔امث] (۱) برطرفی۔ برخاستگی۔ معزولی (۲) التوا۔ توقف۔ ڈھیل
موقوفی میں آنا / آجانا: [ار۔محاورہ] موقوف ہونا۔ برطرف ہونا۔
مُوک: [ار۔امذ۔ق] مکہ۔ مُنہ۔
موکا [ار۔امذ۔ق] گونگا۔ خاموش۔ چپ
مَوکِب: [ع۔امذ] (۱) لشکر۔ فوج۔ سپاہ (۲) ۔۔۔ ال کی سپاہ پیدل ہو یا سوار (۳) سواری کا جلو
مَوکِبی: [عف۔صف] جلو کا۔ وہ سوار دل میں ہمراہ ہو
مُؤَکَّد: [ع۔امذ] تاکید کیا گیا
مُؤَکِّد: [ع۔امذ] تاکید کرنے والا
مُؤَکَّل: [ع۔امذ] (۱) وہ شخص جسے کوئی کام سپرد ہو (۲) امانتدار۔ ذمہ دار۔ محافظ۔ (۳) وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو۔
مُؤَکِّل: [ع۔امذ] وہ شخص جو وکیل مقرر کرے۔ وکیل کرنے والا۔ کام سپرد کرنے والا۔ اپنا کام وکیل کو دینے والا۔
مُؤَکِّلہ: [ع۔امث] دیکھئے "موکل" جس کی یہ تانیث ہے۔
موکلا: [ار۔صت] (۱) کھلا ہوا۔ کشادہ (۲) کافی وافی (۳) آزاد (۴) ایک پودا (۵) ایک گھاس
موکو: [ھ۔کلمہ ضمیر مفعولی] مجھ کو۔ مجھے
موکو نہ تو کو لے بھاڑ میں جھونکو: [ار۔مثل] نہ میرے کام کا نہ تمہارے کام کا۔ ایسی چیز کا کیا کرنا ہے دور کرو۔
موکھا: [ھ۔امذ] سوراخ۔ روشن دان۔ جھروکہ۔
موگرا: [ار۔امذ] (۱) دوہرا۔ موتیا۔ بڑا بیلا (۲) بڑی موگری (۳) کپڑوں کا وہ حصہ جو گول گھنڈی کی طرح ہوتا ہے (۴) ایک قسم کا چاول۔ (۵) بندوق کا گز۔
موگری: [ار۔امث] کوٹنے کا آلہ۔
مُوگرے: [ار۔امذ] مولی کے بیجوں کی پھلیاں جو ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہیں۔
مُول [ار۔امذ] (۱) جڑ۔ اصل۔ بنیاد (۲) پونجی۔ سرمایہ۔ زر اصل (۳) نسل۔
مُول سے بیاج پیارا ہوتا ہے: [ار۔مثل] (۱) مال سے زیادہ اس کی آمدنی بھلی ہوتی ہے (۲) بیٹے سے پوتے پوتی زیادہ عزیز ہوتے ہیں۔

مول : [ار - امذ] (۱) قیمت - دام (۲) بھاؤ - نرخ -
مول بڑھانا : [ار - محاورہ] قیمت یا نرخ زیادہ کرنا -
مول بڑھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مول بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے -
مول بنانا : [ار - محاورہ] قیمت طے کرنا - سودا کرنا -
مول بَنِنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مول بنانا" جس کا یہ لازم ہے -
مُول پُوچھنا : [ار - محاورہ] قیمت دریافت کرنا -
مُول توڑنا : [ار - محاورہ] قیمت گھٹانا - نرخ کم کرنا -
مول تول : [ار - امذ] قیمت کا تعین - سودا -
مول ٹوٹ جانا : [ار - محاورہ] قیمت گھٹ جانا -
مول ٹھہرانا / چکانا : [ار - محاورہ] قیمت چکانا - نرخ مقرر کرنا -
مول چڑھانا : [ار - محاورہ] نرخ بڑھانا - قیمت زیادہ کرنا -
مول چڑھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مول چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے -
مول دینا : [ار - محاورہ] قیمت دینا - بیچنا - فروخت کرنا - دام لے کر دینا -
مول گھٹانا : [ار - محاورہ] قیمت کم کرنا
مول گھٹنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مول گھٹانا" جس کا یہ لازم ہے -
مول لگانا : [ار - محاورہ] قیمت مقرر کرنا - قیمت ٹھہرانا - دام لگانا -
مول لگنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مول لگانا" جس کا یہ لازم ہے -
مول لے کر چھوڑ دینا / چھوڑنا : [ار - محاورہ] خرید کر آزاد کر دینا - غلام بنا کر چھوڑ دینا - غلامی میں نہ رکھنا - بہت ادنیٰ سمجھنا -
مول لے لینا : [ار - محاورہ] (۱) کمال احسان کرنا (کنایتہً) (۲) غلام بنانا - خریدنا -
مول لینا : [ار - محاورہ] کسی چیز کو خریدنا (۲) اپنے سر جھگڑا لینا - غلام بنانا -
مول نہ رکھنا : [ار - محاورہ] نہایت بیش قیمت ہونا -
مول ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مول کرنا" جس کا یہ لازم ہے -
مَولا / مَولٰی : [ع - امذ] (۱) آقا - مالک - صاحب - والی - سردار (۲) خدا تعالیٰ (۳) بادشاہ - سلطان - شہنشاہ (۴) آزاد کیا ہوا - غلام (۵) مددگار - معاون دوست - شریک - ساتھی - یار - (۶) ہمسایہ - پڑوسی (۷) حضرت - جناب
مَولا بخش : [عف - امذ] (۱) خدا کا دیا ہوا - بخشش الٰہی (۲) شہنشاہ اکبر کے وقت ایک بڑا جوتا جو مجرموں کی سزا کے لئے بنایا تھا (۳) مسلمانوں میں ایک نام (۴) (ار) استاد کا ڈنڈا -
مولا بھلا کرے گا : [ار - کلمہ دعا] اللہ نیک اجر دے گا -
مَولا دَولا : [ار - صف] (۱) بھولا بھالا - بے پروا (۲) بڑا سخی -
مَولا علی : [ع - امذ] حضرت علیؓ -
مَولانا / مولٰینا : [ع - امذ] علما کا اعزازی خطاب - بعض جگہ مولانا سے مراد مولانا جلال الدین رومی بھی ہے - لفظی معنی ہمارا آقا -
مولانا بالفضل اولٰینا : [ع - صف] صاحب علم و فضل - سردار -
مولا ہاتھ بڑائیاں جس چاہے تس دے : [ار - مثل] تمام عزتیں اور رتبے خدا کے قبضہ قدرت میں ہیں جسے چاہے دے -
مولا : [ار - امذ - ق] کونا - گوشہ -
مَولائی : [عف - امث] سرداری - امیری - امارت

مَولِد : [ع - امذ] پیدا ہونے کی جگہ - جائے ولادت - وطن -
مُوَلَّد : [ع - صف] (۱) وہ عجمی جس نے عرب میں پرورش پائی ہو (۲) عجمی لفظ جس کو عرب نے اپنے کلام میں استعمال کیا ہو (۳) دوغلا - دونسلا -
مولڈ : [انگ - صف] (MOULD) کسی خاص شکل میں ڈھالنا
مولڈر : [انگ - صف] (MOULDER) سانچے بنانے والا - ڈھالنے والا -
مولڑ : [ھ - امذ] مول لیا ہوا - زر خرید غلام
مَولسری : [ھ - امث] (۱) ایک درخت کے پھول جو خوشبودار ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے سے پھول کڑھے ہوتے ہیں -
مُؤَلَّف : [ع - امذ] تالیف کیا گیا - ترتیب دیا گیا -
مُؤَلِّف : [ع - امذ] تالیف کرنے والا - جمع کرنے والا - مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب بنانے والا -
مُؤَلَّفہ : [ع - صف] جمع کی ہوئی - تالیف کی ہوئی کتاب -
مُؤَلِّفہ : [ع - امث] دیکھئے "مُؤَلِّف" جس کی یہ تانیث ہے -
مُؤلِم : [ع - امث] درد دینے والا - الم دینے والا -
مولی : [ار - امذ - ق] دیوانہ - سڑی - بدمزاج -
مَولنا : [ھ - مص] آم کے درخت میں پھول آنا - بور آنا -
مَولُود : [ع - امذ] (۱) جنا ہوا - بچہ (۲) پیدائش کا دن (۳) بیٹا - لڑکا - پسر (۴) وہ مجلس جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا بیان کیا جائے -
مَولُود خواں : [عف - امذ] جو مولود شریف پڑھے - وہ شخص جو پیغمبر اسلام کے حالات سنائے -
مولودِ شریف : [ع - امذ] (۱) میلاد شریف - جناب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن (۲) وہ مجلس جس میں رسول خداؐ کی پیدائش کا ذکر کیا جائے -
مَولُودِ مَسعُود : [ع - صف] خوش نصیب بچہ -
مَولُودی : [ع - ف - امذ] دیکھئے "مولود خواں"
مَولَوَن : [ار - امث] دیکھئے "مولوی" جس کی یہ تانیث ہے -
مَولَوی : [ع - امذ] (۱) شرع اسلامی کے احکام جاننے والا - عالم دین - فقیہہ (۲) پکا دین دار - پابند دین - پابند شریعت (۳) معلم - مدرس (۴) علما کا لقب -
مَولوی گری : [عف - امث] پڑھانے کا پیشہ -
مَولوِیَّت : [ع - امث] مولوی ہونا -
مُوَلَّہ : [ع - امذ] (۱) عاشق فریفتہ شیدا (۲) دیوانہ (۳) بید مجنوں -
مُولی : [ار - امث] ایک ترکاری جو ایک جڑ ہوتی ہے - کچی اور پکا کر کھاتے ہیں -
مُولی اپنے ہی پتوں بھاری : [ار - مثل] اپنا ہی گزارہ مشکل ہے دوسروں کو کیا دیں گے -
مُولی کے چور کو سُولی : [ار - مثل] چھوٹے جرم پر بڑی سزا -
مُولی گاجر کی طرح : [ار - متعلق فعل] نہایت بے قدری سے -
مولیرا : [ھ - صف] ماموں زاد - ماموں کا -
موم : [ف - امذ] (۱) وہ چکنا اور نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کرتی ہیں (۲) (صف) ملائم - نرم -

موم بَتّی : [ف ۔ امث] وہ بتی جو موم سے بنائی جاتی ہے اور روشن کی جاتی ہے ۔ شمع ۔

موم تو نہیں ہو کہ پگھل جاؤ گے : [ار ۔ مثل] ایسے نازک اور بے ہمت نہ ہو کہ ذرا سے کام سے مرجاؤ گے ۔

موم جامہ : [ف ۔ اند] وہ کپڑا جس پر موم کا روغن کیا گیا ہو ۔

موم دِل : [ف ۔ صف] رحم دل ۔ نرم دل ۔ ترس کھانے والا ۔

موم دِلی : [ف ۔ امث] دیکھئے "موم دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

موم روغن : [ف ۔ اند] ایک قسم کا روغن جو کسی خوشبودار تیل میں موم کو پگھلا کر تیار کیا جاتا ہے اور پھٹے ہوئے ہاتھ منہ میں لگایا جاتا ہے ۔

موم کا : [ار ۔ صف] موم کا بنا ہوا ۔ نہایت نرم و نازک ۔ موم کی طرح نرم ۔

موم کا کھلونا : [ار ۔ اند] ناپائدار چیز ۔

موم کا ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] کسی کا نہایت نازک ہو جانا ۔

موم کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) نرم کرنا ۔ ملائم کرنا (۲) پانی کرنا ۔ پگھلانا گلانا ۔ (۳) سنگدلی دُور کرنا ۔ رحم دل بنانا ۔ (۴) مطیع کرنا ۔ اپنی بات منوانا ۔

موم کی مچھلی : [ار ۔ امث] وہ مچھلی جسے لڑکے موم سے بنا کر پانی میں تراتے ہیں ۔

موم کی مَریم : [ار ۔ امث] کنایۃً بہت نازک عورت ۔

موم کی ناک : [ار ۔ صف] غیر مستقل مزاج ۔ وہ شخص جسے جس طرف چاہو کر لو ۔ وہ جو ہر ایک کے کہنے میں آجائے ۔

موم ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "موم کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُؤمِن : [ع ۔ اند] (۱) ایمان لانے والا ۔ ایماندار (۲) مسلمان جولاہے اور شیعے اپنے آپ کو مومن کہتے ہیں (۳) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

مُؤمِنیّت : [ع ۔ امث] مومن ہونا ۔ مطیع و فرمانبردار ہونا ۔

مومی : [ف ۔ صف] دیکھئے "موم" جس سے یہ منسوب ہے ۔

مومی چھینٹ : [ف ۔ امث] ایک قسم کی نہایت ملائم چھینٹ ۔

مومی شمع : [ف ۔ امث] موم بتی ۔ موم کی بنی ہوئی شمع ۔

مومی موتی : [ار ۔ اند] ایک قسم کا جھوٹا موتی جو موم کی لاگ سے بنایا جاتا ہے ۔

مُومیٰ : [ع ۔ اند] اشارہ کیا گیا ۔ ایما کیا گیا ۔

مُومیٰ اِلَیہ : [ع ۔ اند] وہ شخص جس کی طرف اشارہ کیا جائے ۔ مشارٌ الیہ ۔

مومیا : [ف ۔ امث] (۱) مسالا لگی اور سوکھی ہوئی لاش (۲) وہ مسالا جسے لگا کر لاش کو محفوظ کرتے ہیں ۔

مومیائی : [ف ۔ امث] ایک دوا جو موم کی طرح نرم ہوتی ہے اور زخم و ضرب کے لئے بہت مفید ہوتی ہے ۔

مومیائی نِکالنا : [ار ۔ محاورہ] سخت محنت لینا ۔ چربی نکالنا ۔ تیل نکالنا خوب پیٹنا ۔ بھرکس نکالنا ۔

مُوں : [ار ۔ اند ۔ ق] منہ ۔

مَون : [ہ ۔ امث] چپ ۔ خاموشی ۔

مون برت : [ہ ۔ اند] چپ کا روزہ ۔ خاموش رہنے کا عہد ۔

مون : [ہ ۔ امث] ایک قسم کا بڑا گھڑا ۔

مونا : [ہ ۔ اند] (۱) بڑا برتن ۔ گھڑا ۔ مٹکا (۲) ٹوکرا ۔ سانپ رکھنے کا پٹارا ۔

مونا : [ہ ۔ مص] مرنا ۔ فوت ہونا ۔

مونا رانی : [ہ ۔ امث] چپ رہنے والی عورت ۔ خاموش ملکہ ۔

مُؤَنّث : [ع ۔ صف] عورت ۔ مادہ ۔ نر کی ضد ۔

مُونج : [ار ۔ امث] سرکنڈے کی چوٹی کے ارد گرد کا چھلکا جس کو کوٹ کر رسی بناتے ہیں ۔

مُونجھ : [ار ۔ اند] گھوڑے ، گائے اور بھینس وغیرہ کا ایک مرض جس میں آنکھ کے نیچے ایک غدود ہو جاتا ہے اور پھوٹ کر سیاہ خون بہنے لگتا ہے ۔

مونچنا : [ار ۔ مص ۔ ق] میچنا ۔ بند کرنا ۔

مُونچھ : [ار ۔ اند] دیکھئے "موچھ" مع مرکبات ۔

مُوندنا : [ار ۔ مص] بند کرنا ۔ ڈھانپنا ۔ معمور کرنا ۔

مُونڈ : [ار ۔ اند] مصدر "مونڈنا" کا امر (۲) سر ۔ سیس ۔

مُونڈ کر کھانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) لوگوں کی حجامت بنا کر روزی کمانا (۲) لُوٹ کر کھانا ۔ دھوکا دے کر مال لینا ۔

مُونڈ مارنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) گردن مارنا ۔ سر کاٹنا ۔ قتل کرنا (۲) سر سے مارنا ۔ واپس کرنا ۔ پھیرنا (جیسے یہ پیالہ اس کے ہی مونڈ مارو)

مُونڈ مُنڈانا : [ار ۔ محاورہ] سر گھٹانا ۔ استرے سے سر کے بال صاف کرانا ۔

مُونڈا : [ہ ۔ صف] منڈا ہوا ۔ استرے سے صاف کیا ہوا ۔

مُونڈن : [ار ۔ اند] (۱) ایک رسم جس میں مسلمان ساتویں دن بچے کے بال منڈاتے ہیں ۔ عقیقہ (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال مُنڈائے جاتے ہیں ۔

مُونڈنا : [ار ۔ مص] (۱) بالوں کو اُسترے سے صاف کرنا (۲) چیلا بنانا (۳) دھوکا دے کر مال مارنا

مونڈھا : [ار ۔ اند] (۱) کندھا ۔ شانہ ۔ دوش (۲) سرکنڈوں اور مونج کی بنی ہوئی کرسی ۔

مونڈھوں کے فرشتے : [ار ۔ اند] کراماً کاتبین ۔ انسانی اعمال لکھنے والے فرشتے ۔

مونڈھے پر بٹھانا : [ار ۔ محاورہ] کسب کرانا ۔

مونڈھے (پر بیٹھنے) والی : [ار ۔ امث] رنڈی ۔ کسبی ۔ پیشہ کرانے والی ۔

مُونڈی : [ار ۔ صف] (۱) مُنڈی ہوئی ۔ استرے سے صاف کی ہوئی ۔ (۲) سر ۔

مُونڈی بھیڑ : [ار ۔ امث] (۱) وہ بھیڑ جس کے بال کٹے ہوتے ہوں (۲) مفلس ۔ قلاش

مُونڈی کاٹا : [ار ۔ صف] (۱) سر کٹا ۔ بن سرا (۲) واجب القتل ۔ موا (تحقیر)

مُونِس : [ع ۔ صف] اُنس رکھنے والا ۔ آرام دینے والا ۔ ساتھی ۔ دوست ۔ یار ۔

مُونِس تنہائی : [ع ف ۔ صف] تنہائی کا دوست ۔ غم بٹانے والا ۔ خلوت کا ساتھی ۔

مُون سُون : [انگ ۔ امث] (MONSOON) بارش لانے والی ہوائیں ۔

مُونگ : [ار ۔ اند] ماش کی قسم کا ایک غلہ جس کا رنگ سبز ہوتا ہے ۔ اس کی دال بناتے ہیں ۔

مُونگ پلاؤ : [ار ۔ اند] مونگ اور چاولوں کی کھچڑی ۔

مُونگ پھلی : [ار ۔ امث] ایک قسم کا میوہ جس کی پھلیوں میں سے بادام کی

طرح دانے نکلتے ہیں ۔

مُونگ چھاتی پر دَلنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھیے "چھاتی پر مونگ دلنا" ۔

مُونگ کی پھلیاں : [ار ۔ امث] غلہ کی باریک پھلیاں (مونگ کی) کنایۃً نازک اور پتلی انگلیوں کے لئے بولتے ہیں ۔

مُونگ کی دال : [ار ۔ امث] دلے ہوئے مونگ ۔

مُونگ کی دال کھانے والا : [ار ۔ امذ] (۱) (مجازاً) بنیا ۔ بقال (۲) کمزور ۔ ڈرپوک ۔

مونگ مانگتے پھرنا : [ار ۔ محاورہ] فریاد کرتے پھرنا ۔

مُونگ موٹھ میں چھوٹا بڑا کون : [ار ۔ امث] برادری میں سب برابر ہیں ۔

مُونگا : [ار ۔ امذ] مرجان ۔ شجر البحر ۔ ایک قسم کے سمندری کیڑوں کے گھر جن کی کثرت سے پورے پورے جزیرے بن جاتے ہیں ۔

مُونگچی / مُونگری / مونگوری : [ار ۔ امث] ایک قسم کا کھانا جو مونگ سے بنایا جاتا ہے ۔ مونگ کی بڑی

مُونگیا : [ار ۔ صف] سیاہی مائل سبز رنگ ۔ مونگے کا رنگ ۔

مونہہ : [ار ۔ امذ] دیکھیے "منہ"

مُونہاں : [ار ۔ امذ] گھوڑے کا ایک مرض جس سے منہ میں چھالے پڑجاتے ہیں ۔

مُونہا مُونہی ہونا : [ار ۔ محاورہ] (۱) دوبدو جھگڑا ہونا (۲) باہم آزردگی ۔ رنجش ۔

مَونی : [ار ۔ صف] (۱) چپ چاپ آدمی ۔ جوگیوں کا ایک فرقہ جو خاموش رہتا ہے (۲) نوکری ۔

مُوویز : [انگ ۔ جمع] (MOVIES) سینما ۔ بائیسکوپ ۔

موہ : [س ۔ امث] (۱) پیار ۔ محبت (۲) لاڈ ۔ ناز (۳) عشق ۔ فریفتگی (۴) خواہش لالچ ۔ لالچ (۵) جادو ۔ ٹونا ۔ منتر ۔

موہ جانا : [ار ۔ محاورہ] عاشق ہوجانا ۔ فریفتہ ہوجانا ۔

موہ روپی : [ار ۔ صف] (۱) دھوکے میں ڈالنے والا ۔ فریب دینے والا (۲) دلفریب صورت دکھا کر لبھا لینے والا ۔

موہ کرنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) لبھانا ۔ عاشق بنانا (۲) پیار کرنا ۔ محبت کرنا ۔

موہ لینا : [ار ۔ محاورہ] فریفتہ کرنا ۔ عاشق بنالینا ۔ لبھا لینا ۔

موہ میں آنا : [ار ۔ محاورہ] عشق کے بس میں ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ حیرت زدہ ہو جانا ۔ سکتے میں آجانا ۔

مُوہِب : [ع ۔ امذ] بخشنے والا ۔ دینے والا ۔ خیر خیرات کرنے والا ۔ ہبہ کرنے والا ۔

مَوہِب : [ع ۔ امث] بخشش ۔ خیرات ۔

مَوہَبَت : [ع ۔ امث] عطا ۔ بخشش ۔ نذر ۔ بھینٹ ۔ پیش کش ۔

مَوہَبَتِ عُظمیٰ : [عف ۔ امث] بہت بڑی نعمت ۔ بہت بڑی بخشش ۔

موہت : [س ۔ صف] (۱) جادو سے فریفتہ کیا ہوا ۔ عاشق ۔ شیدا ۔ (۲) بیہوش ۔ غش ۔ متحیر ۔

مُوہِم : [ع ۔ صف] وہم میں ڈالنے والا ۔

موہَن : [ھ ۔ صف] (۱) موہ لینے والا ۔ فریفتہ کرنے والا (۲) دل فریب ۔ دلربا ۔ نہایت خوبصورت (۳) کرشن جی کا لقب ۔

موہَن بھوگ : [ہ ۔ امذ] (۱) ایک قسم کی مٹھائی ۔ حلوا ۔ سیرا ۔ میٹھا (۲) (پن) کرنا (۳) ایک قسم کا آم ۔

موہن لتا : [ھ ۔ امذ] ایک قسم کا پودا جس کی بابت مشہور ہے کہ اس میں فریفتہ کرنے کی خاصیت ہے ۔

موہن مالا : [ھ ۔ امذ] ایک قسم کا گلے کا ہار ۔

موہنا : [ھ ۔ مص] (۱) فریفتہ کرنا ۔ عاشق بنانا (۲) تسخیر کرنا ۔ جادو کرنا ۔

موہنی : [س ۔ امث] (۱) موہنے والی ۔ دلربا ۔ نہایت خوبصورت عورت (۲) پیاری پیار دلانے والی (۳) دلربائی ۔ دلبری ۔ دلفریبی (۴) ساحرہ ۔ جادوگرنی ۔

مَوہُوب : [ع ۔ امذ] مرحمت کیا گیا ۔ دیا گیا ۔ بخشا گیا ۔ عنایت کیا گیا

موہُوب اِلَیہ : [ع ۔ امذ] جس کے نام ہبہ کیا گیا ہو ۔

مَوہُوم : [ع ۔ امذ] وہم کیا گیا ۔ وہمی ۔ قیاسی ۔ فرضی ۔

مَوہومی : [عف ۔ امث] دیکھیے "موہوم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

موہے : [ہ ۔ کلمۂ ضمیر] مجھے ۔ مجھ کو ۔

موہے اور نہ تجھے ٹھور : [ہ ۔ مثل] نہ مجھے تیرے بغیر اور نہ تجھے میرے بغیر چین آتا ہے

مُوئی : [ھ ۔ امث] (۱) مری ہوئی ۔ مردہ (۲) بد نصیب ۔ اجڑی ۔

موئی بچھیا بامن کو دان : [ار ۔ مثل] اس وقت کہتے ہیں جب کوئی بُری چیز خدا کے نام پر دے ۔

مُوئی جون : [ھ ۔ امث] (۱) سُست قدم ۔ کاہل وجود (۲) نہایت غریب ۔

مُوئی کیوں کہ سانس نہ آیا : [ار ۔ مثل] انسان کی زندگی سانس چلنے تک ہے جہاں سانس رکا انسان رخصت ہوا ۔

مُوئی مائی ٹوٹی سگائی : [ار ۔ مثل] جہاں ماں مری سارے تعلقات اور رشتے ختم ہوگئے ۔ بزرگوں ہی کے دم قدم سے چھوٹوں میں تعلقات قائم ہوتے ہیں ۔

مُوئی مٹی : [ھ ۔ مث] میت ۔ نعش ۔ لاش (۲) مرا ہوا ۔ مردہ ۔

مُوئی مٹی کی نشانی : [ار ۔ امث] مرے ہوئے آدمی کی یادگار ۔ مرے ہوئے عزیز کی اولاد ۔

مُوئے : [ھ ۔ صف] (۱) "موا" ملاحظہ ہو جس کی یہ جمع ہے (۲) بدنصیب ۔ کمبخت ۔ خانہ خراب (۳) مرگئے ۔

مُوئے بیل کی بڑی بڑی آنکھیں : [ار ۔ مثل] اس وقت کہتے ہیں جب کوئی کسی مرے ہوئے کی زیادہ تعریف کرے ۔

مُوئے پر تین دِن بھاری : [ار ۔ مثل] مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق مردے سے تین دن تک اعمال کی پرسش ہوتی رہتی ہے ۔

مُوئے پر سَو دُرّے : [ار ۔ مثل] مصیبت زدہ پر مصیبت ۔ مصیبت کے مارے ہوئے پر اور مصیبت ۔ مرنے کے بعد بھی سزا کے قابل ۔ مرے کو ماریں ۔

مُوئے جاں ہار : [ار ۔ کلمہ (عو)] بیزاری اور تنفر کے مقام پر کہتے ہیں ۔

مُوئے جیتے : [ار ۔ امذ] مرے ہوئے اور زندہ ۔

مُوئے جیتے اکھاڑ ڈالنا : [ار ۔ محاورہ] مرے ہوئے اور زندوں کے عیب نکالنا ۔

مُوئے شیر سے جیتی بلی بھلی : [ار ۔ مثل] زور آور مردہ سے کمزور زندہ بہتر ہے ۔

مُوئے کا کوئی نام نہیں جیتے کا سب کوئی : [ار ۔ مثل] زندہ کی سب خوشامد کرتے ہیں مردے کا کوئی نام نہیں لیتا ۔

موئے کی قبر اور جیتے کا گھر: [ار۔ مثل] مُردے کو قبر میں اور زندہ کو اپنے گھر میں آرام ملتا ہے۔ ہر شخص اپنے ہی مقام پر خوش رہتا ہے

مُوئے: [ف۔ اند] دیکھئے "مو"

مُوئیا: [ف۔ اند] سوئے کا چھوٹا ٹکڑا۔ سوت کی انٹی۔

موئیا سا پیٹ [ار۔ اند] نہایت نرم اور نازک پیٹ۔

مُؤیِّد: [ع۔ اند] تائید کرنے والا۔ مدد دینے والا قوت دینے والا۔ مددگار معاون۔ حمائتی۔

مُؤیَّد۔ [ع۔ اند] تائید کیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ حمایت کیا گیا

مَویز۔ [ع۔ اند] سوکھے ہوئے بڑے انگور۔ منقا۔

مویز منقی: [ع۔ اند] بیج نکال کر صاف کیا ہوا منقا۔

مویشی: [ار۔ اند] دیکھئے "مواشی" جس کا یہ بگاڑ ہے۔

مویشی آوارہ ہونا۔ [ار۔ محاورہ] مویشی کا اپنا ٹھکانہ چھوڑ کر ادھر اُدھر چلا جانا

مویشی خانہ [ار۔ف۔ اند] وہ جگہ جہاں ڈھور ڈنگر رکھے جائیں۔

م ۔ ہ

مہ [ف۔ اند (۱) دیکھئے "ماہ" کا یہ مخفف ہے چاند)

مہ نور می فشاند و سگ بانگ می زند۔ [ف۔ مثل] چاند نور برساتا ہے اور کتا بھونکتا رہتا ہے حاسد اور ... باتیں کرتے ہیں مگر کام کرنے والے اپنا کام کرتے رہتے ہیں۔

مہ نومی شود ماہ تمام آہستہ آہستہ۔ [ف۔ مثل] نیا چاند آہستہ آہستہ پورا ہوتا ہے۔ کمال رفتہ رفتہ حاصل ہوتا ہے۔

مِہْ [ف۔ صفت] بزرگ۔ سردار۔ بڑا۔

مَہا: [س۔ صفت] (۱) بڑا۔ بزرگ۔ اعلیٰ۔ معزز (۲) کلاں عظیم (۳) خاندانی شریف۔

مہا اَوت [س۔ صفت] نہایت بے وقوف۔

مہا برہمن: [ھ۔ اند] بڑا برہمن۔ مردوں کا کریا کرم کرنے والا۔

مہابلی۔ [ھ۔ صفت] بڑا طاقت ور۔ زبردست شہ زور

مہا بھارت [ھ۔ اند] (۱) بڑی لڑائی۔ جنگ عظیم (۲) وہ لڑائی جس میں کورو اور پانڈو کورکشیتر کے میدان میں اٹھارہ روز تک لڑتے رہے (۲) وہ کتاب جس میں کوروؤں اور پانڈوؤں کی لڑائی کا حال لکھا ہے۔

مہا بھاگ: [ھ۔ اند] (۱) بڑا خوش نصیب بلند اقبال (۲) خوش قسمتی۔

مہابیر: [ھ۔ اند] بڑا بہادر۔ ہنومان کا خطاب۔

مہاپاپ: [ھ۔ اند] بڑا بھاری گناہ۔

مہاپاپی: [ھ۔ امث] دیکھئے "مہاپاپ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

مَہا پُرش: [ھ۔ صفت] (۱) مقدس معصوم مجازاً (۲) شریر عیار۔ بدمعاش۔

مہا پرشاد: [س۔ اند] متبرک۔ بھوگ۔

مہا پرلے: [ھ۔ اند] قیامت۔ دُنیا کے فنا ہونے کا دن۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق ۴۳ ارب بیس کروڑ برس کے بعد ہوتا ہے۔

مہا پکشی: [ھ۔ اند] اُلّو۔ چغد۔ بوم

مہا پورا: [ھ۔ صفت] سب گنوں میں چالاک پانچوں عیب والا۔

مہا تَل: [ھ۔ اند] زمین کا پانچواں طبقہ۔ پانچواں پاتال۔

مہاتم: [ھ۔ اند] (۱) بڑائی۔ عظمت (۲) ثواب۔ اجر۔ نیک بدلہ۔

مہاتما: [ھ۔ اند] (۱) ولی۔ نیک آدمی (۲) اچھا۔ نیک۔ سعید۔

مہاجات۔ [ع۔ امث] باہمی ہجوگوئی

مہاجال۔ [ھ۔ اند] مچھلیوں کے پکڑنے کا بہت بڑا جال۔

مَہاجن۔ [ھ۔ اند] (۱) بڑا آدمی (۲) دولت مند۔ غنی (۳) سوداگر۔ بیوپاری (۴) ساہوکار (۵) خزانچی ہنڈی والا

مَہاجنتر [ھ۔ اند] (۱) بڑا قفل۔ بڑا تالا (۲) کلوں کا کارخانہ۔

مَہاجنی۔ [ھ۔ امث] دیکھئے "مہاجن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مَہاجنی پرچہ / چِٹھی [ھ۔ امث] ہنڈی یا ہوکا کا غد جس پر کسی کو روپیہ دینے کا حکم لکھا ہوتا ہے۔ چیک

مہادنت [ھ۔ اند] ہاتھی یا سور کا دانت۔

مہادھات [ھ۔ اند] سب دھاتوں سے اعلیٰ دھات سونا چاندی

مہادھن [ھ۔ اند] سونا۔

مہادیو [ھ۔ اند] بڑا دیوتا۔ شیو

مہاڈول۔ [ھ۔ اند] بڑا اور عمدہ ڈولا۔ ایک قسم کی پالکی۔

مَہارَاج [ھ۔ اند] بڑا راجا راجوں کا راجا۔ بادشاہ (۲) برہمنوں اور ہندوؤں کے اونچے خاندان کا خطاب۔

مَہارَاجا۔ [ھ۔ اند] بڑا راجا بادشاہ

مہاراجا دھیراج [ھ۔ اند] بہت بڑا راجا راجوں کا راجا۔ سب سے بڑا راجا۔

مہارانی۔ [ھ۔ امث] بڑے راجا کی رانی۔

مہاسبھا [ھ۔ امث] (۱) بڑی انجمن (۲) ہندوؤں کی ایک مذہبی و سیاسی انجمن کا نام (۳) کھانے کا بڑا آدمی۔

مُہاسنگھ [ھ۔ اند] (۱) گنتی کا سب سے بڑا اور اخیر درجہ (۲) ... دے کی کھوپڑی

مُہاشا [ھ۔ اند] (۱) آریہ سماجی ہندو (۲) کرشن جی کے ایک بیٹے کا نام۔

مَہاشیر [ھ۔ امث] ایک قسم کی عمدہ بڑی مچھلی

مہاکالی [ھ۔ امث] درگا دیوی۔ شیوجی کی بیوی۔

مہاکوپ [ھ۔ اند] (۱) گہرا کنواں (۲) غصہ

مہاکوڑھ [ھ۔ اند] برص کی بیماری۔ جذام

مہاکنی [ھ۔ امث] (۱) ایک درخت کی لکڑی

مہاماتر [ھ۔ اند] مہاوت۔ فیلبان

مہامانس: [ھ۔ اند] انسان کا گوشت (۲) بیٹی۔

مہامائی: [ھ۔ امث] درگا دیوی۔

مہامنتری: [ھ۔ اند] وزیراعظم۔ مدارالمہام۔

مہامنڈل۔ [ھ۔ اند] ایک قسم کا بڑا ڈولا جس پر رانیاں سوار ہوتی ہیں۔

مہانومی: [ھ۔ امث] وہ مہینہ جس میں درگاجی کی پوجا ہوتی ہے۔

مہایاترا: [ھ۔ امث] بنارس کی زیارت کے لئے جانا

مَہابَت : [ع - امث] (۱) ڈر - خوف - ہیبت - دہشت - ہول - رعب (۲) (لف) شان و شوکت - جاہ و جلال (۳) غصّہ - غضب (۴) متانت - سنجیدگی -

مَہابَت بیٹھنا : [ار - محاورہ] رعب سمانا - ڈر چھا جانا - دہشت بیٹھنا -

مُہاجِر : [ع - صف] (۱) ہجرت کرنے والا - اپنے وطن کو چھوڑنے والا (۲) وہ شخص جس نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مکّہ سے مدینہ کو ہجرت کی تھی -

مُہاجَرَت : [ع - امث] ہجرت - جدائی - مفارقت - ترکِ وطن - اپنا وطن چھوڑ کر چلا جانا -

مَہار : [ف - امث] اونٹ کی نکیل - [افعال : اٹھانا]

مَہاراشٹر : [ھ - امذ] مرہٹوں کا وطن جو کہ دکن میں ہے -

مَہارَت : [ع - امث] (۱) مشق - کسرت - ربط - عادت - سبھاؤ (۲) استعداد - دخل - لیاقت - دسترس - پہنچ - رسائی (۳) استادی - کاریگری - ہنرمندی (۴) تیز دستی چابک دستی (۵) علم و شعور - وقوف - قابلیت - واقفیت -

مہارنی : [ھ - امث] بچوں کے مل کر پہاڑے یا گنتی یاد کرنے کا طریقہ -

مُہاسا : [ھ - امذ] جوانی کی پھنسی - وہ دانے جو عہدِ شباب میں منہ پر نکل آتے ہیں -

مُہاسے نکلنا : [ار - محاورہ] جوشِ جوانی کے سبب منہ پر پھنسیاں نکل آنا -

مہال : [ھ - امث] شہد کی مکھیوں کا چھتّا

مہالِک : [ع - امث] "مُہلکہ" ملاحظہ ہو جس کی یہ جمع ہے -

مَہَام : [ع - امذ] دیکھئے "مہم" جس کی یہ جمع ہے -

مَہانا : [ار - امذ] دریا کا دہانہ (۲) وہ مقام جہاں دو دریا ملیں -

مہاوت : [ھ - امذ] دیکھئے "مہاماتر"

مَہاوَٹ : [ھ - امث] وہ بارش جو ماگھ کے مہینے میں ہوتی ہے -

مہاوٹ برسی اور ساڑھی برسی : [ار - مثل] ماگھ کے مہینے میں بارش ہونے سے فصل بہت اچھی ہوتی ہے -

مَہاور / مہاوٹر : [ھ - امذ] ایک قسم کا سرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے -

مَہبِط : [ع - امذ] اترنے کی جگہ -

مَہَنت : [س - صف] (۱) بڑا - جلیل القدر - معزز ماننے کے قابل - (۲) بڑائی - بزرگی (۳) لاڈ - پیار - ناز -

مَہتا : [ھ - امذ] سردار - زمیندار (۲) کاتب - محرر - منشی -

مَہتاب : [ف - امث] چاندنی - چاند کی روشنی (۲) چاند - قمر - ماہ - (۳) ایک قسم کی آتش بازی -

مَہتاب چھوٹنا : [ار - محاورہ] ہوائی اڑنے لگنا -

مَہتاب دُلہن : [ف - امث] کنایۃً چاند جیسی دلہن

مہتاب کا کھیت کرنا : [ار - محاورہ] چاند اور چاندنی نکلنا -

مَہتابی : [ف - امث] (۱) ایک قسم کی آتش بازی (۲) کم خواب - زربفت - تمامی - بادلہ (۳) کٹہرے دار بڑا اونچا چبوترا -

مَہتاری : [ھ - امث] ماں - والدہ - ماتا - مائی -

مُہتَدی : [ع - صف] ہدایت کرنے والا -

مُہتَدیٰ : [ع - صف] ہدایت کیا گیا -

مِہتَر : [ف - امذ] (۱) سب سے بڑا بزرگ - سردار - سرگروہ - آقا - مالک - امیر (۲) (ار) خاک روب - بھنگی - حلال خور (۳) چمار - موچی - (۵) بھٹیارا -

مِہترانی : [ف - امث] دیکھئے "مہتر" جس کی یہ تانیث ہے -

مُہتَم بالشّان : [ع - صف] اہم - ضروری -

مُہتَمِم : [ع - امذ] اہتمام کرنے والا - منتظم - سربراہ - (کار)

مُہتَمِم اخبار : [ع - امذ] اخبار کا ایڈیٹر - اخبار کا منتظم -

مُہتَمِم بندوبست : [ع - امذ] بندوبست کے محکمے کا سپرنٹنڈنٹ -

مُہتَمِم مطبع : [ع - امذ] چھاپہ خانہ کا منیجر -

مُہتَمِمی : [عف - امث] دیکھئے "مہتمم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

مَہتو : [ار - امذ] (۱) گاؤں کا نمبردار - چودھری (۲) وہ شخص جسے زمین کا مالک لگان وصول کرنے کے لئے مقرر کرے - ایجنٹ (۳) گاؤں کا چوکیدار -

مَہجُور : [ع - صف] جدا - چھوڑا گیا - فراق زدہ -

مَہجُوری : [عف - امث] دیکھئے "مہجور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

مَہد : [ع - امذ] پنگھوڑا - پالنا - گہوارہ - ہنڈولا - جھولنا (۲) بستر - بچھونا (۳) مجازاً ڈولا - محافہ - فنس - پالکی - چھپرکھٹ -

مہد سے لحد تک : [ار - متعلق فعل] بچپن سے مرتے دم تک -

مَہدِ علیا : [ع - امث] اونچے اور بڑے پردے والی بیگم - پردہ دار - علیا حضرت تعظیماً بادشاہوں یا امیروں کی بیگمات کے لئے استعمال ہوتا ہے -

مَہدی : [ع - صف] (۱) راہ نما - پیشوا - ہدایت یافتہ (۲) مسلمانوں کے بارھویں امام جن کا ظہور قربِ قیامت میں ہوگا -

مُہَذَّب : [ع - صف] تہذیب دیا گیا - تہذیب یافتہ - شائستہ - خلیق - نیک خصلت - عیبوں سے پاک -

مَہر : [ع - امذ] روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمّے عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے -

مَہر باندھنا : [ار - محاورہ] مہر کی رقم مقرر کرنا -

مَہر بخشنا : [ار - محاورہ] مہر معاف کرنا -

مہر بندھنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مہر باندھنا" جس کا یہ لازم ہے -

مَہرِ شرعی : [ع - امذ] وہ مہر جو شرعِ محمدی کے مطابق مرد کی حیثیت دیکھ کر مقرر کیا جائے -

مَہرِ فاطمہؓ : [ع - امذ] حضرت فاطمہؓ کا مہر جو چار مثقال چاندی کا تھا - جس کی قیمت تقریباً ڈیڑھ سو روپیہ ہوتی ہے - مجازاً مہرِ قلیل -

مَہرِ مِثل : [ع - امذ] وہ مہر جو عورت کے باپ کے خاندان میں مروج ہو اور دیا جائے

مَہرِ مُعَجَّل : [ع - امذ] وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے -

مہرِ مؤجّل : [ع ۔ امذ] وہ مہر جو کسی اور وقت ادا کیا جائے ۔ وہ مہر جس کی مدت مقرر ہو اور فی الفور ادائیگی ضروری نہ ہو ۔

مہر نامہ : [ع ۔ امذ] نکاح نامہ ۔ وہ کاغذ جس پر نکاح کے متعلق شہادتیں اور مہر کی مقدار لکھی جاتی ہے ۔

مِہر : [ف ۔ امث] (۱) محبت ۔ حب ۔ دوستی ۔ الفت ۔ پیار ۔ شفقت (۲) ہمدردی رحم (۳) ترس (۴) مامتا ۔ الفت مادری (۵) آفتاب ۔ سورج ۔ شمس (۶) شمسی مہینوں میں سے ساتویں مہینے کا نام جو ہندی اسوج اور انگریزی ستمبر کے مطابق ہوتا ہے (۷) ہر شمسی مہینے کی سولھویں تاریخ ۔

مہرباں : [ف ۔ صف] (۱) محبت کرنے والا ۔ رفیق ۔ شفیق (۲) توجہ کرنے والا عنایت سے پیش آنے والا (۳) دوست ۔ یار ۔

مہربان کرنا / کر دینا : [ار ۔ محاورہ] توجہ دلانا ۔ نرم دل کر دینا ۔

مہربان من : [ف ۔ امذ] میرے عنایت فرما ۔

مہربان ہونا / ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) رحم دل ہونا ۔ ترس کھانا (۲) خوش ہونا ۔ راضی ہونا ۔

مہربانی : [ف ۔ امث] دیکھئے "مہربان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔ [افعال : کرنا ۔ ہونا]

مہربانی سے پیش آنا : [ار ۔ محاورہ] اخلاق سے پیش آنا ۔ اچھا برتاؤ کرنا ۔ عنایت فرمانا ۔

مہربانی نامہ : [ف ۔ امذ] دوست کا خط ۔

مہر پرور : [ف ۔ صف] مہربان ۔

مہر جبیں / طلعت : [ف ۔ امث] حسین عورت ۔ سورج کی شکل (۲) معشوق ۔

مہر کرنا : [ار ۔ محاورہ] مہربانی کرنا ۔ فضل کرنا

مہر کی نظر : [ار ۔ امث] عنایت اور مہربانی کی نظر ۔

مہر گستر : [ف ۔ صف] کمال مہربانی کرنے والا ۔

مہر گیا / گیاہ : [ف ۔ مث] (۱) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ انسانی چہرے سے مشابہ ہوتی ہے (۲) سورج مکھی کا پھول ۔

مہر گیتی افروز : [ف ۔ امذ] آفتاب ۔ سورج ۔

مہر ورز : [ف ۔ امذ] عاشق ۔

مہر وش : [ف ۔ امذ] حسین ۔ معشوق ۔

مہر و محبت : [ف ۔ امث] محبت اور شفقت ۔

مہر ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مہر کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مہر ہے پر دودھ نہیں : [ار ۔ مثل] نری ظاہر داری ہے ۔ لینا دینا کچھ نہیں ۔

مُہر : [ف ۔ امث] (۱) چھاپ ۔ کسی چیز پر کھدا ہوا نام ۔ خاتم ۔ انگوٹھی (۳) اشرفی ۔ سونے کا سکہ ۔

مُہر اُٹھنا : [ار ۔ محاورہ] مہر کا نقش ابھرنا ۔ مہر کا نمایاں ہونا ۔

مُہر بردار : [ف ۔ صف] وہ شاہی ملازم جس کے پاس مہر خاص رہتی ہے ۔

مُہر بر لب : [ف ۔ امث] خاموشی ۔

مُہر بند : [ف ۔ صف] جس پر مہر لگا کر بند کر دیا گیا ہو ۔

مُہر توڑنا : [ار ۔ محاورہ] وہ کھوٹا جس پر مہر کی گئی ہو کسی چیز سے اکھاڑنا ۔

مُہر ٹوٹنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مہر توڑنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُہر ثبت کرنا : [ار ۔ محاورہ] مہر لگانا ۔

مُہر ثبت ہونا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مہر ثبت کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُہر حاکم : [ع ۔ امث] مُہر عدالت ۔ مہر منصفی ۔

مُہر خاص / دستی : [ف ۔ امث] انگوٹھی کی مہر جو ہر وقت اپنے قبضہ میں رہے ۔

مُہر خاموشی / سکوت : [ف ۔ امث] کنایۃً خاموشی ۔

مُہر دار : [ف ۔ صف] دیکھئے "مہر بردار" ۔

مُہر دہاں / دہن : [ف ۔ امث] دیکھئے "مہر خاموشی" ۔

مُہر سجدہ : [ع ۔ امث] وہ خاک شفا کی ٹکیہ جسے شیعہ نماز پڑھتے وقت سجدے کی جگہ رکھتے ہیں ۔

مُہر سلیمان / سلیمانی : [ف ۔ امث] حضرت سلیمان کی مہر جس پر اسم اعظم کندہ تھا ۔ اسی وجہ سے دیو ، جن ، پری وغیرہ ان کے مطیع تھے (اسرائیلی روایت)

مُہر شاہی : [ف ۔ امث] بادشاہی مُہر ۔ گورنمنٹ کی چھاپ ۔

مُہر کرنا / لگانا : [ار ۔ محاورہ] (۱) کاغذ پر چھاپ لگانا (۲) سر بند کرنا ۔ بند کرنا (۳) تصدیق کرنا ۔ گواہی دینا ۔

مُہر کروا لینا : [ار ۔ محاورہ] تصدیق کرانا ۔

مُہر کن : [ف ۔ صف] مہر کھودنے والا ۔

مُہر کھودنا : [ار ۔ محاورہ] مہر یا نگین پر کوئی چیز کندہ کرنا ۔

مُہر کھدنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "مہر کھودنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

مُہر لب : [ف ۔ امث] کنایہ "سکوت" سے ۔

مُہر نامہ : [ف ۔ امذ] وہ مہر جو اعتبار کے واسطے کاغذ کی پیشانی پر کر دیتے ہیں ۔

مُہر نبوت : [ع ۔ امث] وہ نقش نبوت جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں شانوں کے درمیان تھا ۔

مُہر نماز : [ف ۔ امث] سجدہ گاہ ۔ (شیعہ حضرات کے لئے)

مُہر وصل : [ف ۔ امث] وہ مہر جو اعتبار کے لئے جلسے کاغذوں پر مقام وصل یعنی جوڑوں پر لگا دیتے ہیں ۔

مُہر ہونا / ہو جانا : [ار ۔ محاورہ] تصدیق ہو جانا ۔

مَہرا : [ار ۔ امذ] (۱) کہار ۔ ڈولی یا پالکی اٹھانے والا (۲) کہاروں کا افسر ۔

مہرا : [ار ۔ صف] زنانہ ۔ وہ شخص جو زنانہ لباس پہنے اور زنانی بولی بولے ۔

مُہرا : [ار ۔ امذ] (۱) سامنا ۔ آگا ۔ رخ (۲) نشانہ ۔ زد

مُہرا آنا : [ار ۔ محاورہ] آوازہ کسنا ۔ طعنہ دینا ۔ چھیڑنا ۔ اشارۃً طنز کرنا ۔

مہرا : [ار ۔ صف] دہ مٹی جو پانی میں آگ کی گرمی سے پک کر قائم ہو جاتے ۔

مہرارو : [ار ۔ امث] عورت ۔ جورو ۔ بیوی ۔

مُہرانہ : [ف ۔ امذ] وہ رقم جو کاغذ پر سرکاری مُہر لگانے کے عوض لی جائے ۔

مُہرق / مہراق : [ع ۔ امذ] کاغذ کا صفحہ ۔ ریشم کا کاغذ ۔ چکنا صاف ۔

مہروان : [ار ۔ امذ ۔ ق] مہربان ۔

مُہرہ : [ف ۔ امذ] (۱) کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ (۲) شطرنج کا مہرہ ۔ گوٹ (۳) کوڑی ۔ سیپ ۔ صدف (۴) ایک قسم کا پتھر (۵) سانپ کا من (۶) گردن یا ریڑھ کی ہڈی کا ٹکڑا (۷) لوہاروں ، سناروں کا ہتھوڑا (۸) ہر وہ چیز جو کام کرنے میں اوزار کا کام دے (۹) تریاق جیسے زہر مہرہ ۔

مُہرہ باز : [ف ۔ صف] شعبدہ باز ۔ عیار ۔

مُہرہ بازی: [ف-امث] دیکھئے "مہرہ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مُہرہ کرنا: [ار-محاورہ] گھوٹا پھیرنا۔ چمکانا۔
مُہرۂ لاجورد: [ف-امذ] کنایۃً آسمان۔
مُہرہ لینا: [ار-محاورہ] کسی کام کا بیڑا اٹھانا۔
مُہرۂ مار: [ف-امذ] وہ پتھر کا ٹکڑا جس کے ذریعے سے سانپ کا زہر دفع کرتے ہیں۔ یہ مُہرہ جہاں سانپ کے کاٹنے کا زخم ہوتا ہے۔ چپک جاتا ہے اور زہر کو جذب کر لیتا ہے۔
مُہرۂ نماز: [ف-امذ] مٹی کا وہ قرص جسے بعض شیعہ نماز میں سجدے کی جگہ رکھ لیتے ہیں۔
مَہری: [ار-امث] دیکھئے "مہرا" جس کی یہ تانیث ہے۔ (کہار) (۲) خادم۔
مُہری: [ف-صف] مہر کیا ہوا۔ مہر لگا ہوا (۲) گھوٹا پھرا ہوا۔
مُہری: [ار-امث] موری۔ چھوٹا نالی (۲) بندوق کا سوراخ۔ نال (۳) آستین یا پائجامہ کا منہ۔
مُہری: [ار-اند-ق] معشوق۔
مُہرے آنا: [ار-مص مرکب] آگے آنا۔
مَہزُوم: [ع-صف] شکست دیا گیا۔ شکست پایا ہوا۔
مَہک: [ار-امث] خوشبو۔ نکہت۔
مہک آنا: [ار-محاورہ] خوش بو آنا۔ لپٹ آنا
مہک جانا: [ار-محاورہ] خوشبو میں بس جانا۔ معطر ہو جانا۔
مَہکار: [ہ-امث] دیکھئے "مہک"۔
مَہکانا: [ار-مص] خوشبو پھیلانا۔ خوشبودار کرنا۔
مَہکنا: [ار-مص] خوشبو پھیلنا۔ معطر ہونا۔ خوشبو میں بسنا۔
مَہکیلا: [ہ-صف] خوشبودار۔ مہکتا ہوا۔
مُہلَت: [ع-امث] (۱) دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ توقف (۲) فرصت۔ چھٹی تعطیل۔ [افعال: دینا۔ ملنا]
مُہلِک: [ع-اند وصف] ہلاک کرنے والا۔ مار ڈالنے والا۔ قتل کرنے والا۔ قاتل۔ ضرر رساں۔
مُہلک بیماری: [ع-امث] ہلاک کر دینے والی بیماری۔ خطرناک بیماری۔
مَہلَکہ: [ع-امذ] ہلاکت کی جگہ۔
مُہلِّل: [ع-صف] تہلیل کرنے والا۔ کلمہ طیبہ پڑھنے والا۔
مُہِم: [ع-امذ] (۱) بڑا کام۔ بھاری کام۔ معرکے کا کام۔ مشکل کام (۲) جنگ۔ لڑائی [illegible]
مُہِم جیتنا: [ار-محاورہ] مشکل کام سرانجام دینا (۲) جنگ فتح کرنا۔
مُہِم سر کرنا: [ار-محاورہ] لڑائی فتح کرنا۔ نہایت سخت اور دشوار کام کو آسان کر لینا۔ معرکہ جیتنا۔
مُہِم سر ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "مہم سر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَہِما: [ہ-امث] (۱) بڑائی۔ بزرگی۔ عظمت۔ شان و شوکت (۲) مہربانی۔ عنایت۔ مروت۔ نوازش (۳) مدح۔ تعریف و توصیف۔
[illegible] سے بولنا: [ار-محاورہ] نرمی اور مہربانی سے بات کرنا۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا۔
[illegible] کرنا: [ار-محاورہ] [illegible] تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت [illegible]۔

مَہما ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "مہما کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مُہِمّات: [ع-امذ] دیکھئے "مہم" جس کا یہ جمع ہے۔
مِہمَاز: [ف-امذ] وہ خاردار پھرکی جو سواروں کے جوتوں کی ایڑی میں گھوڑوں کو ایڑ کرنے کے لئے لگی ہوتی ہے۔ مہمیز
مہمان: [ف-امذ] (۱) جو آدمی کچھ عرصے کے لئے کسی کے یہاں آکر ٹھہرے (۲) دعوت میں آنے والا۔
مہمان اُترنا: [ار-محاورہ] بچہ پیٹ میں آنا۔ حمل ٹھہرنا۔
مہمان بلانا: [ار-محاورہ] کسی کو چند روز کے لئے اپنے ہاں بلانا۔
مہمان پروری: [ف-امث] مہمان کی آؤ بھگت کرنا۔
مہمان خانہ: [ف-امذ] مہمانوں کے ٹھہرنے کا مکان۔ مہمان سرا۔ مسافر خانہ۔
مہمان داخل: [ف-صف] بطور مہمان۔ عارضی طور پر۔
مہمان دار: [ف-صف] (۱) میزبان۔ مہمان بلانے والا (۲) وہ شخص جو مہمانوں کی آؤ بھگت پر متعین ہو۔
مہمان داری: [ف-امث] دیکھئے "مہمان دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مہمان سرا: [ف-امث] دیکھئے "مہمان خانہ"
مہمان کرنا: [ار-محاورہ] مہمان رکھنا۔ گھر بلانا۔
مہمانِ طفیلی: [ف-امذ] وہ شخص جو مہمان کے ساتھ میزبان کے گھر آئے۔
مہمان نواز: [ف-صف] مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا۔
مہمان نوازی: [ف-امث] دیکھئے "مہمان نواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مہمان ہونا: [ار-محاورہ] دیکھئے "مہمان کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
مہمانی: [ف-امث] دیکھئے "مہمان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے [افعال: کرنا۔ ہونا]
مُہمَل: [ع-امذ] (۱) چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا (۲) بیکار۔ نکما (۳) بیہودہ۔ فضول (۴) بے معنی۔ لغو۔ زائد (۵) سُست۔ مجہول۔ احدی۔ کاہل۔ (۶) وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو۔
مُہملہ: [ع-صف] دیکھئے "مہمل" جس کی یہ تانیث ہے۔
مَہمُوز: [ع-امذ] (۱) معیوب۔ عیب دار (۲) عربی کا وہ کلمہ جس کے اصلی حرفوں میں سے کوئی ایک ہمزہ ہو۔
مَہمُوم: [ع-صف] مغموم۔ غمگین۔ اندوہگین۔
مِہمیز: [ع-امذ] دیکھئے "مہماز"
مہمیز خور: [ف-صف] وہ گھوڑا جسے مہمیز کھانے کی عادت پڑ گئی ہو۔ اڑیل ٹٹو۔
مہمیز کرنا: [ار-محاورہ] ایڑ لگانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگا کر چلانا۔
مہنا: [س-امذ] طعنہ۔ تشنیع۔ سرزنش۔ اردو میں طعنہ مہنا کی ترکیب سے مستعمل ہے
مہنامت: [ہ-امث] رونا۔ پیٹنا۔ بلبلانا۔
مُہنال: [ہ-امث] وہ پیتل، چاندی یا جست کی نلی جو حقے کی نے کے آگے لگاتے ہیں۔
مَہنت: [س-امذ] (۱) جوگی۔ تکیہ دار۔ فقیروں کا سردار (۲) بہت موٹا آدمی (۳) طنزاً شرارتی آدمی۔ بگلا بھگت۔
مہنتائی: [ہ-امث] مہنت کا کام۔ تکیہ داری
مُہنَّد: [ع-صف] وہ لفظ جس کی اصل کسی دوسری زبان سے پائی جاتی ہو۔ [illegible]

اردو کے تصرف وغیرہ میں لایا گیا ہو۔ جیسے رپورٹ سے رپٹ۔
مُہَندِس : [ع - امذ] (۱) ہندسہ دان۔ علم ہندسہ کا عالم۔ اقلیدس کا ماہر۔ (۲) نجومی۔ جوتشی (۳) انجنیئر۔
مُہَندِسِ فلک : [ف - امذ] کنایۃً زحل ستارہ۔
مَہَندی : [ھ - امث] دیکھئے "مہندی"
مَہنگ : [ار - امث] گرانی۔ مہنگائی۔
مَہنگا : [ار - صف] گراں۔ قیمتی۔ زیادہ مول کا۔ [افعال : کرنا۔ ہونا]
مَہنگا سماں : [ار - امذ] گرانی کا سماں۔ قحط کال۔
مَہنگی : [ھ - امث] دیکھئے "مہنگا" جس کی یہ تانیث ہے۔
مُہنی : [ھ - امذ] دیکھئے "موہنی"
مَہُوا : [ار - امذ] ایک درخت جس کا پھل کھاتے، بیجوں کا تیل نکالتے اور پھولوں کی شراب بناتے ہیں
مَہُوا ٹپکنا : [ار - محاورہ] مہوے کے پھولوں کا درخت سے گرنا۔
مُہور : [ار - امث ق] مُہر۔
مُہُورت : [ھ - امذ] دن کا تیسواں حصّہ۔ اڑتالیس منٹ۔ مبارک گھڑی۔ شگن۔ وقت۔ موقع۔ علم نجوم کے مطابق کسی کام کے کرنے کا مبارک وقت
مُہورت دیکھنا : [ار - محاورہ] کسی کام کے لئے ستاروں کی چال کے مطابق مبارک وقت معلوم کرنا۔
مُہورت کرنا : [ار - محاورہ] کسی کام کو اچھی گھڑی دیکھ کر ہاتھ لگانا۔ ساعت سعید میں کوئی کام کرنا۔
مَہوَس : [ع - امذ] (۱) لالچی۔ حریص۔ ہوس ناک (۲) [ار - امذ] کیمیا گر۔ سونا بنانے والا۔
مَہوَسی : [ار - امث] دیکھئے "مہوس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
مَہوک : [ھ - امذ] کوئل کی قسم کا ایک پرند۔ ("مہوکھا" کا بگاڑ)
مَہُون : [ار - امذ - ق] مہینہ۔
مَہی : [س - امث] (۱) زمین - دنیا - ولایت (۲) چھاچھ۔
مُہیّا : [ع - امذ] تیار۔ آمادہ۔ لیس۔ حاضر [افعال : کرنا۔ ہونا]
مُہِیب : [ع - امذ] خوفناک۔ خطرناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔
مُہیج / مُہَیِّج : [ع - صف] اٹھانے والا۔ ہیجان خیز۔ غبار پیدا کرنے والا۔
مَہیر : [ھ - امذ] (۱) گھی کا میل (۲) چھاچھ میں اُبالے ہوئے چاول یا کوئی اور اناج
مَہیرو : [ھ - امذ] دیکھئے "مہیر"
مَہیری : [ھ - امث] (۱) چھاچھ میں پکا ہوا دلیا یا باجرہ (۲) چھاچھ۔
مہیر یال : [ار - امذ - ق] بالوں کی پلیاں۔ لٹیں۔
مَہیش : [س - امذ] بڑا دیوتا۔ شیوجی کا نام۔
مہیلا : [ھ - امذ] (۱) گھوڑوں کے لئے اُبلا ہوا دانہ جس میں گڑ بھی ملایا جاتا ہے۔ سانی۔ (۲) تشبیہاً نہایت بے مزہ کھانا۔
مِہین : [ف - صف] بزرگ۔ بڑا۔
مَہین : [ار - صف] (۱) باریک۔ پتلا۔ رقیق (۲) نازک۔ نازپروردہ۔ کومل (۳) صف] لاغر۔ ضعیف۔
مہین آواز : [ار - امث] باریک آواز۔ نرم آواز۔
مہینا : [س - امذ] ماہ۔ ماس۔ تیس یا اس کے کم و بیش کا عرصہ۔ سال کا بارھواں حصّہ (۲) تنخواہ۔ وظیفہ۔ طلب۔ مشاہرہ۔
مہینا بھاری ہونا : [ار - محاورہ] مہینہ منحوس ہونا۔
مہینا بھر : [ار - صف] تمام مہینہ۔ پورے مہینا تک۔
مہینا چڑھنا : [ار - محاورہ] کسی کے ذمّے مہینے کی تنخواہ کا واجب ہونا۔ مشاہرہ ملنا (۲) حیض کے دن ٹل جانا۔ معمول کے دن گزرنا۔
مہینا دار : [س - ف - امذ] تنخواہ کا ملازم۔ نوکر۔
مہینے سے ہونا : [ار - محاورہ] حیض سے ہونا۔ ایام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا
مہینے کے مہینے : [ار - متعلق فعل] ماہوار۔ ہر تیس دن کے بعد۔ چاند کے چاند۔
مہینڈی : [ار - امث - ق] دیکھئے "مہندی"

م ۔ ء

مَئی : [ھ - امذ] ہل جتے ہوئے کھیت کو ہموار کرنے کا طریقہ۔
مَئی : [انگ - امذ] (MAY) عیسوی سن کا پانچواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے جو ہندی مہینے بیساکھ اور جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے۔

م ۔ ی

مَے : [ف - امث] شراب۔ خمر۔ بادہ۔ دُختِ رز۔ صہبا۔ بنت العنب۔
مَے آتشیں : [ف - امث] سرخ رنگ کی شراب۔
مَے آشام : [ف - صف] شراب پینے والا۔
مَے اُڑانا : [ار - محاورہ] شراب پینا۔
مَے اُڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "مے اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
مَے انگوری : [ف - امث] انگور کی شراب۔
مے پرتگال / پرتگالی : [ف - امث] ایک قسم کی شراب جو پرتگال میں بنائی جاتی ہے۔
مَے پرست : [ف - صف] شراب کا عاشق۔ شرابی۔
مے پرستی : [ف - امث] دیکھئے "مے پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مے خانہ / کدہ : [ف - امذ] شراب خانہ۔ شراب پینے اور بکنے کی جگہ۔
مے خوار / کش / گسار / نوش : [ف - صف] شراب پینے والا۔
مے خواری / کشی / گساری / نوشی : [ف - امث] دیکھئے "مے خوار / کش / گسار / نوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مَے خوش : [ف - صف] کھٹامزہ۔ جس میں شیرینی بھی ہو (۲) انار جو کھٹ میٹھا ہو۔
مَے ڈھلنا : [ار - محاورہ] شراب کا بوتل سے نکالا جانا۔
مَے شیراز / شیرازی : [ف - امث] شراب کی ایک قسم۔ جو شیراز سے منسوب ہے
مَے طہور : [ف ع - امث] پاک شراب۔ جنت کی شراب۔
مَے فروش : [ف - صف] شراب بیچنے والا۔ کلال۔
مَے فروشی : [ف - امث] دیکھئے "مے فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
مَے کافور : [ف - امث] شراب جس میں مدت گھٹانے کے لئے کافور ملا دیتے ہیں۔

ں : [ف - صف] شراب کے رنگ کا - سرخ - لال -

ب : [ف - امث] خالص شراب -

ار - امث - ق] محبت -

ہ - امث] دیکھئے " ماں " جس کی یہ تصغیر ہے -

امر گئے یہی دھر پا کر گئے : [ار - مثل] بے سوچے سمجھے بیٹی کو
مزاج کے ساتھ بیاہ دینا -

ت : [ار - امث ق] مات - شکست -

ن : [ع - امث] دیکھئے " میمنت " اور " میمنہ " جن کی یہ جمع ہے -

ن : [ع - صف] دیکھئے " میمون " جس کی یہ جمع ہے -

ں : [ف - اند] (۱) بیچ - وسط - درمیان (۲) کمر (۳) نیام - تلوار وغیرہ
رکھنے کا خانہ -

ں بالا : [ف - صف] متوسط قد - درمیانی ڈیل کا آدمی -

تہ : [ف - امث] بیچ کی تہ -

تہی : [ف - امث] وہ بستر جس کے ابرے اور استر کے درمیان روئی کی تہ ہو -

ں دو آب : [ف - اند] دو دریاؤں کے بیچ زمین کا ٹکڑا -

ں سے باہر ہونا / نکلنا : [ار - محاورہ] (۱) تلوار کا نیام سے باہر نکلنا (۲)
غصّے کے سبب آپے سے باہر ہو جانا -

ں سے کھینچنا / لینا : [ار - محاورہ] مرنے مارنے پر تیار ہو جانا - تلوار
نیام سے باہر کر لینا -

ں میں کرنا : [ار - محاورہ] (۱) تلوار کو غلاف میں کرنا (۲) صلح کرنا - لڑائی سے باز آنا -

ں : [ار - اند] (۱) آقا - والی - وارث - خدا - مالک - سرکار -
حضور (۲) صاحبزادہ - بیٹا (۳) خاوند - شوہر - خصم (۴) جناب - جناب عالی -
(۵) یار - دوست - بھائی (۶) استاد - معلم - مدرس - پڑھانے والا - (۷)
شہزادہ - صاحب عالم - امیرزادہ (۸) پہاڑی راجاؤں کے خاندان کے لوگ -

ں آدمی : [ار - اند] بھلا مانس - نیک آدمی - شریف آدمی -

ں بھائی : [ار - اند] (۱) بڑا بھائی (۲) [ار کلمہ] محبت جو برابر والے یا
چھوٹے کو سمجھاتے وقت استعمال کرتے ہیں -

ں بیوی : [ار - اند مث] زن و شوہر - خاوند بیوی کا -

ں بیوی راضی تو کیا کرے گا قاضی : [ار - مثل] جب آپس میں اتفاق
ہو تو دوسرا کس طرح دخل در معقولات دے سکتا ہے -

ں پھریں لال گلال بیوی کے بُرے احوال : [ار - مثل] شوہر تو بنے
ٹھنے پھرتے ہیں اور گھر میں بیوی کے پاس کچھ نہیں -

ں جی : [ار - اند] استاد - معلم - مدرس - پڑھانے والا -

ں جی گیری / گری : [ار - امث] (۱) بچے پڑھانے کا پیشہ یا نوکری (۲) پیام
رسانی - قاصدی (۳) کٹناپا - دلالی -

ں صاحب : [ار - اند] (۱) حضرت سلامت - جناب عالی (۲) پیر و مرشد
قبلہ و کعبہ (۳) عابد و زاہد -

ں کماؤ ، بیوی اُڑاؤ : [ار - مثل] شوہر کما کر لاتا ہے اور بیوی فضول
خرچی میں اڑا دیتی ہے -

ں کی جوتی میاں کے سر : [ار - مثل] آدمی اپنے ہاتھوں سے کئے پر مجبور ہے -

میاں کی ڈاڑھی واہ ہی واہ میں گئی : [ار - مثل] بے فائدہ اور بے نتیجہ
خرچ کے موقع پر بولتے ہیں -

میاں کے میاں گئے بُرے بُرے سپنے آئے : [ار - مثل] نقصان
پر نقصان ہوا - مصیبت پر مصیبت آئی -

میاں گھر نہیں ، بیوی کو ڈر نہیں : [ار - مثل] ننگ و ناموس کیوں کر سلامت
رہے (۲) مالک کی غیر موجودگی میں ماتحتوں کی بے اعتدالیوں کے موقع پر بولتے ہیں

میاں نئے روند بیوی گئیں پٹ روند : [ار - مثل] خاوند گھر سے باہر نکلا
تو بیوی بھی گھر سے چل دیتی ہے - وہ عورت جو شوہر کے جانے پر گھر سے نکل کھڑی ہوتی ہے -

میاں مٹھو : [ار - اند] (۱) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا - پیار سے طوطے کو کہتے ہیں (۲) جانور - سیدھا
سادہ - بھولا بھالا - سادہ لوح (۳) اپنی تعریف آپ کرنے والا -

میاں مٹھو بنا دینا / بنانا : [ار - محاورہ] طوطے کی طرح رٹا دینا - بے سمجھے
الفاظ از بر کرا دینا -

میاں مٹھو پڑھو تو پڑھو نہیں تو پنجرا خالی کرو : [ار - مثل] کام کرنا ہے
تو کرو نہیں تو رخصت ہو -

میاں مودھو ہیں : [ار - مثل] بیوقوف - احمق -

میاں ناک کاٹنے کو پھریں بیوی کہے مجھے نتھ گھڑا دو : [ار - مثل] ایک کا
مطلب کچھ ہو اور دوسرا کچھ سمجھے - ایک دوسرے سے بیزار ہو اور دوسرا اس سے اپنی
خواہشیں پوری کرنے کا طلب گار ہو -

میانا : [ار - اند] (۱) ڈولا - پینس - پالکی - محمل (۲) گاڑی کی بلی - بانس -

میانہ : [ف - صف] (۱) بیچ - وسط - متوسط درجے کا - منجھلا (۲) وسطی - درمیانی -
(۳) [ار - اند] کیلی - دھری - مرکز -

میانہ رو : [ف - صف] متوسط چال چلنے والا - وہ جو قول و فعل میں زیادتی اختیار
کرے نہ کمی -

میانہ روی : [ف - امث] دیکھئے " میانہ رو " جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

میانہ قد : [ف - صف] متوسط قد - نہ لمبا نہ کوتاہ -

میانہ گیر : [ف - صف] اعتدال پسند - افراط و تفریط سے دور رہنے والا -

میانی : [ار - امث] دونوں پائنچوں کے بیچ کا کپڑا -

میاؤں : [ار - اصوت - مث] بلی کے بولنے کی آواز

میاؤں کو کون پکڑے گا : [ار - مثل] زبردست پر ناتوانوں کا زور نہیں چلتا -

میاونت : [ار - صف - ق] محبت والا -

میپ : [انگ - اند] (MAP) ملک یا زمین کا نقشہ -

میت : [ار - صف] دوست - ساتھی - رفیق (۲) عاشق - معشوق -

مَیّت : [ع - امث] جنازہ - مردہ - لاش - نعش - (اردو میں بفتح یائے تحتانی بولتے ہیں -

مَیّت کی نماز : [ار - امث] نماز جنازہ -

میتا : [ہ - اند] (۱) گھڑا - پیالہ (۲) دیکھئے " میت "

میتھڈ : [انگ - اند] (METHOD) طریقہ - سلیقہ - قاعدہ - ترتیب - ڈھب -

میتھی : [ہ - امث] ایک خوشبودار گھاس -

میتیخ : [ف - امث] چھینی - ٹانکی - پتھر میں شگاف کرنے کا آلہ -

میٹ : [انگ - اند] (MATE) (۱) رفیق - ساتھی - ہمراہی (۲) قلیوں کا افسر - مزدوروں کا
جمعدار (۳) باورچی کا پیش دست جو برتن صاف کرتا ہے (۴) حقہ بردار - لڑکا

پیش دست جو چلمیں بھرتا ہے (۵) مزدوروں وغیرہ کا سرگروہ۔

مَیڑ : [ار۔ امذ۔ ق] ار۔ امذ۔ ق] احاطہ۔

مِیٹر : [انگ۔ امذ] (METRE) ایک گز سوا تین انچ کا پیمانہ۔

میٹرک : [ار۔ امذ] انگریزی لفظ میٹریکولیٹ کا مورَد۔ دسویں جماعت۔

میٹرَن : [انگ۔ امث] (MATRON) شفاخانے یا مدرسے کی منتظمہ۔

مِیٹرولا جسٹ : [انگ۔ امذ] (METEROLOGIST) موسموں کے علم کا ماہر۔

میٹرولاجی : [انگ۔ صف] (METEORLOGY) علم حوادث سماوی۔ موسموں کا علم۔

مَیٹریکولیٹ : [انگ۔ صف] (MATRICULATE) دسویں جماعت پاس کیا ہوا۔

میٹریکولیشن : [انگ۔ امذ] (MATRICULATION) انگریزی کی دسویں جماعت۔

مَیٹل : [انگ۔ امذ] (METAL) (۱) دھات۔ فلز (۲) سڑک کو پکا کرنا۔

میٹنا : [ار۔ مص] برباد کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ مٹا دینا۔

میٹنگ : [انگ۔ امث] (MATTING) چٹائی۔ بوریا۔

میٹنگ : [انگ۔ امث] (MEETING) جلسہ۔ بزم۔ مجلس۔ سبھا۔ (۲) میل ملاقات۔ ملنا۔ اتصال (۳) مجمع۔ کمیٹی۔ پنچایت۔

مَیٹنی شو : [انگ۔ امذ] (MATINEE SHOW) سہ پہر کا تماشا۔ شو۔

میٹھا : [ار۔ صف] (۱) شیریں۔ مزہ دار۔ لذیذ۔ خوش ذائقہ (۲) سُست رفتار۔ ڈھیلا۔ دھیما۔ کاہل۔ کند ذہن (۳) (ار۔ امذ) شیرینی۔ مٹھاس۔ مٹھائی۔ (۵) گُڑ۔ قند (۶) حلوا (۷) نرم۔ ہلکا (۸) (امذ) ایک قسم کا شیریں لیمو (۹) بُردبار آدمی۔ وہ آدمی جسے غصہ نہ آئے (۱۰) فائدہ۔ طمع۔ لالچ (۱۱) زنانہ۔ زنخہ (۱۲) ایک قسم کا کپڑا (۱۳) ایک قسم کا زہر۔

میٹھا آدمی : [ار۔ امذ] بُردبار۔ حلیم شخص۔

میٹھا اور بھر کٹوری : [ار۔ مثل] اچھی چیز اور بہت سی۔ زیادہ ہوس کے موقع پر بولتے ہیں۔

میٹھا برس / سال : [ار۔ امذ] (عو) عمر کا اٹھارواں سال۔ چونکہ اس کو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ اس لئے بطور نیک شگون یہ نام رکھ لیا گیا ہے۔

میٹھا بولنا : [ار۔ محاورہ] شیریں کلامی سے گفتگو کرنا۔ نرمی سے بات چیت کرنا۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا۔

میٹھا پانی : [ار۔ امذ] (۱) آب شیریں۔ لیمونیڈ (۲) ولایتی شربت جس میں لیموں کا عرق اور شیرہ ملا ہوتا ہے اور کل کے ذریعہ بنا کر بوتل میں بھرا جاتا ہے۔

میٹھا پوٹیا : [ار۔ امذ] گھوڑے کی ہلکی چال جو نہ بہت تیز ہو اور نہ بہت سست

میٹھا تمباکو : [ار۔ امذ] پینے کا تمباکو جس میں گڑ زیادہ ڈالتے ہیں۔

میٹھا تیل : [ار۔ امذ] تل کا تیل۔ روغن کنجد۔

میٹھا تیلیا : [ار۔ امذ] (۱) ایک پودا جس کی جڑ زہریلی ہوتی ہے (۲) سنکھیا۔

میٹھا ٹھگ : [ار۔ امذ] میٹھی میٹھی باتیں بنا کر ٹھگنے والا۔ جھوٹا دوست۔ خوشامدی۔

میٹھا دَرد : [ار۔ امذ] ہلکا درد۔ دھیما درد۔

میٹھا زہر : [ار۔ امذ] ایک قسم کا زہر جو آہستہ آہستہ اثر کرتا ہے۔

میٹھا مُنہ : [ار۔ امذ] (۱) تلوار یا چھری کی کند دھار (۲) منہ میں کسی میٹھی چیز کا ڈالنا (۳) شگون کی رسم۔ [افعال : کرنا۔ ہونا۔ کرانا]

میٹھا میٹھا : [ار۔ صف] کم کم۔ تھوڑا تھوڑا۔ ہلکا ہلکا۔

میٹھا میٹھا ہپ کڑوا کڑوا تھو : [ار۔ مثل] اچھی اچھی چیز لے لینا۔ بُری چیز سے پرہیز کرنا۔

میٹھی : [ار۔ امث] دیکھئے "میٹھا" جس کی یہ تانیث ہے۔

میٹھی آنکھوں سے دیکھنا : [ار۔ محاورہ] محبت بھری نگاہ سے دیکھنا۔

میٹھی بات : [ار۔ امث] ملائم بات۔ نرم بات۔ دلچسپ بات۔

میٹھی باتیں کرنا / میٹھی میٹھی باتیں کرنا : [ار۔ محاورہ] نرمی سے بولنا۔ مزے کی باتیں کرنا۔

میٹھی باڑھ : [ار۔ امث] کم تیز اور کند دھار۔ موٹی دھار۔

میٹھی بولی : [ار۔ امث] ملائم اور نرم گفتگو۔ شیریں زبانی۔

میٹھی پوٹی : [ار۔ امث] دیکھئے "میٹھا پوٹیا"

میٹھی جڑی / لکڑی : [ار۔ امث] ملٹھی۔

میٹھی چتون : [ار۔ امث] پیاری پیاری نظر۔

میٹھی چھری : [ار۔ صف] وہ شخص جو بظاہر دوست ہو لیکن بباطن دشمن ہو۔

میٹھی چھری زہر میں بجھی : [ار۔ مثل] ظاہر میں نرم کلام مگر دل میں دشمنی۔

میٹھی زبان : [ار۔ امث] شیریں کلامی۔

میٹھی عید : [ار۔ امذ] عید الفطر۔

میٹھی گالی : [ار۔ امث] وہ گالی جو تلخ نہ گزرے۔ معشوق کی گالی۔

میٹھی مار : [ار۔ امث] باطنی تکلیف۔ وہ مار جس سے نشان ظاہر نہ ہو۔ (افعال : دینا،

میٹھی مُراد : [ار۔ امث] اچھی مراد

میٹھی میٹھی پھوار : [ار۔ امث] ہلکی ہلکی پھوار۔

میٹھی نظر / نگاہ / نظریں / نگاہیں : [ار۔ امث] محبت کی نظر۔ عاشقانہ نظر۔

میٹھی نیند : [ار۔ امث] خواب راحت۔ سکھ کی نیند۔

میٹھے سے مرے تو زہر کیوں دے : [ار۔ مثل] اگر نرمی سے کام نکل سکتا ہو تو سختی کیوں کرے۔

میٹھے کھٹے کو جی چاہنا : [ار۔ محاورہ] مجامعت کی رغبت ہونا۔ ہم بستری کی خواہش ہونا۔

میٹھے کے لالچ میں جھوٹا کھاتے ہیں : [ار۔ مثل] نفع کی خاطر سخت کلامی برداشت کرتے ہیں۔

میٹھے کے واسطے نہ سلونے کے واسطے : [ار۔ مثل] بغیر کسی طمع کے

میٹھے میں سلونا ملانا : [ار۔ محاورہ] بدمزگی پیدا کرنا۔

میٹھے والے : [ار۔ امذ] وہ ٹھگ جو مسافروں کو میٹھا تیلیا کھلا کر مار دیتے ہیں۔

میثاق : [ع۔ امذ] قول و قرار۔ عہد و پیمان۔ معاہدہ۔

میجر : [انگ۔ امذ] (MAJOR) ایک فوجی عہدہ جو کپتان سے اوپر اور لیفٹیننٹ کرنل سے نیچے ہوتا ہے۔

مَیجسٹی : [انگ۔ امث] (MAJESTY) (۱) شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔ دبدبہ۔ رعب داب۔ کروفر (۲) منصب شاہی۔

مَیجِک : [انگ۔ صف] (MAGIC) علم تسخیر۔ جادو۔ ٹونا۔ سحر۔

مَیجِک لینٹرن : [انگ۔ امث] (MAGIC LANTERN) جادو کی لالٹین۔

میچنا / مینچنا : [ار۔ مص] (۱) طاقت سے ملنا۔ مسلنا (۲) ملانا۔ آمیزش کرنا۔ (۳) رگڑنا۔ حفاظت کرنا (۴) گوندھنا۔

میچ : [انگ - اِمذ] (MATCH) (۱) مقابل - حریف (۲) ہمسر - ہم پلّہ (۳) مقابلہ - مقابلہ کا - (۴) جوڑا - دولہا دولہن (۵) دیاسلائی -

میچنا : [ار - مص] آنکھ بند کرنا -

میخ : [ف - اِمث] (۱) کیل (۲) کھونٹی - کھونٹا - چوب -

میخ اکھاڑنا : [ار - محاورہ] کیل نکالنا - سواروں کا ایک کرتب جس میں وہ گھوڑا دوڑاتے ہوئے گڑی میخ کو اکھاڑتے ہیں -

میخ اکھڑنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "میخ اکھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے -

میخ ٹھونکنا : [ار - محاورہ] (۱) کیل جڑنا (۲) دبانا - مغلوب کرنا (۳) ہاتھ پاؤں میں کیل ٹھونکنا - صلیب پر چڑھانا -

میخ چلانا : [ار - محاورہ] (عو) مقعد میں میخ چلانا یا کرنا -

میخ چہ : [ف - اِمذ] میخ ٹھوکنے کی موگری -

میخ دی میخ چہ نہیں دیا : [ار مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص بڑے حوصلے سے قیمتی شے دے دے لیکن لینے والا حقیر سی شے نہ ملنے پر شکایت کرے -

میخ مارنا : [ار - محاورہ] (۱) میخ ٹھونکنا - کیل گاڑنا - مغلوب کرنا - ہرانا - شکست دینا - بھانجی مارنا (۲) نقب لگانا -

مَیدان : [ف - اِمذ] (۱) صاف اور وسیع سطح زمین - چٹیل زمین - ہموار زمین (۲) مار، لڑائی - مقابلہ - جنگ (۳) جوہریوں کی اصطلاح میں جواہرات کا طول و عرض (۴) قلم کا تراشا ہوا حصّہ -

مَیدان جانا : [ار - محاورہ] پاخانے جانا - قضائے حاجت کو باہر جانا -

مَیدان جنگ / صف آرائی / کارزار : [ف - اِمذ] لڑائی کا میدان - لڑنے کی جگہ -

مَیدان جیتنا : [ار - محاورہ] جنگ فتح کرنا - معرکہ سر کرنا -

مَیدان چھوڑ کر بھاگنا / جانا : [ار - محاورہ] جگہ چھوڑنا - میدان دینا - جگہ فراخ کرنا (۲) لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ جانا -

مَیدان خالی کرنا : [ار - محاورہ] میدان سے دوڑ جانا - میدان چھوڑ جانا -

مَیدان خالی ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "میدان خالی کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

مَیدان داری : [ف - امث] لڑائی - جنگ - [افعال : کرنا - ہونا]

مَیدان دینا : [ار - محاورہ] جگہ دینا - رستہ دینا - جگہ چھوڑنا - پیچھے ہٹنا - لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگنا -

مَیدان روکنا : [ار - محاورہ] میدان پر قابض رہنا -

مَیدان رہنا : [ار - محاورہ] جنگ رہنا - معرکہ رہنا -

مَیدان سے قدم اکھڑنا : [ار - محاورہ] ہمت ہارنا -

مَیدان صاف کرنا : [ار - محاورہ] دیکھئے "میدان خالی کرنا"

مَیدان صاف ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "میدان صاف کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

مَیدان صاف ہے : [ار - اِمذ] کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں -

مَیدان کا دھنی : [ار - اِمذ] شجاع - بہادر -

مَیدان کا رُخ کرنا : [ار - محاورہ] میدان کی طرف توجّہ کرنا -

مَیدان کا رُخ ہونا : [ار - محاورہ] دیکھئے "میدان کا رخ کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

مَیدان کرنا : [ار - محاورہ] (۱) کسی جگہ یا باغ وغیرہ کو نیست و نابود کر کے زمین ہموار کرنا (۲) لڑنا - جنگ کرنا - صف آرائی کرنا - جگہ پر پیش کرنا -

مَیدان مارنا : [ار - محاورہ] لڑائی جیتنا - معرکہ میں فتح پانا -

مَیدان مانگنا : [ار - محاورہ] وسعت چاہنا -

مَیدانِ محشر : [ف - اِمذ] وہ مقام جہاں قیامت کے روز لوگ حساب کتاب کے لئے اکٹھے ہوں گے -

مَیدان میں : [ار - اِمذ] کھلی جگہ - وسیع جگہ -

مَیدان میں آنا : [ار - محاورہ] لڑنے کو سامنے آنا - مقابلے میں آنا -

مَیدان میں اُترنا : [ار - محاورہ] اکھاڑے میں آنا - لڑنے کو سامنے آنا -

مَیدان میں جھنڈا گاڑنا : [ار - محاورہ] فتح حاصل ہونا -

مَیدان ہاتھ سے جانا : [ار - محاورہ] ہار ہونا - شکست کھانا - موقع نکل جانا -

مَیدان ہاتھ میں آنا / رہنا : [ار - محاورہ] فتح پانا - لڑائی جیتنا -

مَیدان ہاتھ ہونا : [ار - محاورہ] سر سہرا ہونا - کامیاب ہونا - فتح یاب ہونا -

مَیدان ہونا : [ار - محاورہ] لڑائی ہونا - جنگ ہونا - مقابلہ ہونا -

مَیدانی : [ف - امث] (۱) میدان سے منسوب (۲) وہ لالٹین جو مکان کے صحن میں روشنی کے لئے نصب کرتے ہیں (۳) نقیب -

میدنی : [س - امث] (۱) زمین - دھرتی (۲) وہ زمین جس پر پا پیادہ چل کر مقدس مقامات کی طرف جاتے ہیں -

مَیدہ : [ف - اِمذ] نہایت باریک آٹا -

مَیدہ سا : [ف - صف] میدے کی مانند - نہایت باریک -

مَیدہ کرنا : [ار - محاورہ] باریک کرنا -

مَیدہ کی لوئی : [ار - امث] نہایت ملائم - پیٹ سے تشبیہ دیتے ہیں -

مَیدہ لکڑی : [ار - امث] ایک جڑ جو دوا کے کام آتی ہے -

مَیدہ (و) شہاب : [ف - اِمذ] خوبصورت آدمی - سرخ و سفید -

میدھ : [س - اِمذ] قربانی -

مَیڈل : [انگ - اِمذ] تمغا - (MEDAL)

مَیڈم : [انگ - امث] (MADAM) بیگم - خاتون

مَیڈیکل : [انگ - صف] (MEDICAL) دوا سے منسوب - طبی -

مَیڈیکل کالج : [انگ - اِمذ] (MEDICAL COLLEGE) وہ کالج جہاں ڈاکٹری کی اعلیٰ تعلیم دی جائے - ڈاکٹری کی اعلیٰ درسگاہ -

میڈیم : [انگ - صف] (MEDIUM) (۱) درمیانی درجہ - درمیانی منزل - اوسط (۲) لوازم زندگی (۳) ذریعہ - وسیلہ (۴) وہ باؤلر جس کی گیند نہ زیادہ تیز ہو اور نہ زیادہ ہلکی -

مَیئر : [انگ - اِمذ] (MAYOR) رئیس بلدیہ - کارپوریشن کا صدر -

میر : [ف - اِمذ] (۱) افسر - سردار - سرکردہ - سالار - چودھری - مقدم (۲) لیڈر - راہنما - پیشوائے دین (۳) سیدوں کا اعزازی لقب - (۴) شہزادہ (۵) تاش کا بادشاہ -

میرِ آب: [ف۔ امذ] آب دریا کا محافظ۔

میرِ آتش: [ف۔ امذ] داروغۂ توپ خانہ

میرِ آخور: [ف۔ امذ] داروغۂ اصطبل۔

میر بار: [ف۔ امذ] وہ شخص جو بادشاہوں اور امیروں کے دربار میں آنے کی اجازت اپنے اطمینان پر دیتا ہے۔

میرِ بحر: [ف۔ امذ] دریا کے گھاٹ کا داروغہ۔ امیرالبحر۔ میر آب۔ جہازی سپہ سالار۔ بندرگاہوں کا منتظم۔

میر بحری: [ف۔ امث] دیکھئے "میر بحر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

میر بخشی: [ف۔ امذ] تنخواہ تقسیم کرنے والا عہدہ دار۔

میر بھیڑی: [ف۔ امذ] ہیجڑوں کا ایک معلوم مورثِ اعلیٰ۔

میر بھیڑی کی کڑھائی: [ا۔ امث] وہ پکوان جسے ہیجڑے کسی کو اپنے فرقے میں شامل کرتے وقت اپنے مورثِ اعلیٰ کی نیاز دلواتے ہیں۔

میر تزک: [ف۔ امذ] فوج کا انتظام کرنے والا۔ سپہ سالار۔

میر جی: [ف۔ امذ] (۱) میراثیوں کا خطاب (۲) میر صاحب۔ سید صاحب کی جگہ بھی بولتے ہیں

میر حاج: [ف۔ امذ] حاجیوں کا سردار۔

میر دفتر: [ف۔ امذ] کسی دفتر کا افسر

میر دہ: [ف۔ امذ] (۱) قاصدوں اور چوبداروں کا سردار۔ گاؤں کا سردار۔ نمبردار۔ مقدم (۲) جریب کش۔

میر دیوان: [ف۔ امذ] سررشتہ دار۔ نائب پیشکار۔

میر سامان: [ف۔ امذ] بادشاہوں یا امیروں کے کھانے کا انتظام کرنے والا۔ مہتمم مطبخ۔ خان ساماں۔ بکاول۔

میر شکار: [ف۔ امذ] وہ ملازم شاہی جس کے متعلق شکاری جانوروں کی نگرانی ہو۔

میرِ عرب: [ف۔ امذ] کنایۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔

میر عرض: [ف۔ امذ] بادشاہی ملازم۔ جو لوگوں کی عرض معروض پیش کرے۔

میر عمارت: [ف۔ امذ] مہتمم تعمیر۔ انجنیئر۔

میر فرش: [ف۔ امذ] وہ پتھر جو فرش کو دبانے کے لئے چاروں کونوں پر رکھتے ہیں۔

میر قافلہ/کارواں: [ف۔ امذ] قافلے کا سردار۔

میرِ کلام: [ف۔ امذ] نہایت اچھا مقرر۔ جادو بیان خطیب۔

میر مجلس/محفل: [ف۔ امذ] صدر جلسہ۔ صدر نشین بزم۔ پریذیڈنٹ۔

میر محکمہ: [ف۔ امذ] سررشتے کا افسر

میرِ محلہ: [ف۔ امذ] محلے کا چودھری۔ کسی کوچے کا سردار۔

میرِ مشاعرہ: [ف۔ امذ] وہ شخص جو مشاعرے کی مجلس میں صدر قرار دیا جاتے۔

میر مطبخ: [ف۔ امذ] بادشاہی کھانا پکانے والا۔

میر منزل: [ف۔ امذ] وہ آدمی جو لشکر کے آگے آگے چل کر پڑاؤ کا انتظام کرتا ہے۔ میر منش: [ف۔ صف] نازک مزاج۔

میر منشی: [ف۔ امث] دیکھئے "میر منش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

میر مُنشی: [ف۔ امذ] سررشتہ کاتبان۔ پیشکار اعلیٰ۔ محرر۔ صدر۔

میر میدان: [ف۔ امذ] بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔

مِیرا: [ہ۔ امذ] زمین کی وہ قسم جس میں چکنی مٹی اور ریت ملی ہوتی ہے۔

میرا: [ا۔ ضمیر متکلم اضافی] اپنا۔ اپنی ذات کا۔ خود کا۔

میرا باپ سخی تھا پرائے بردے آزاد کرتا تھا: [ا۔ مثل] ہجو خوست کی نسبت بولتے ہیں۔ جو آپ تو کسی قابل نہ ہو مگر باپ دادا کے کاموں پر گھمنڈ کرتا پھرے۔

میرا بس چلے تو تجھے کچا کھا جاؤں: [ا۔ مثل] بہت غصے کی حالت میں کہتے ہیں۔

میرا بیل منطق نہیں پڑھا ہوا: [ا۔ مثل] سیدھے سادے آدمی اپنے کام سے غرض رکھتے ہیں فضول جھگڑوں میں نہیں پڑتے۔

میرا تیرا: [ا۔ کلمہ ضمیر] اجنبیت اور بیگانگی کا اظہار کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

میرا جی/دل/خوشی: [ا۔ امذ] اس موقع پر کہتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ وہ مجھ پر کیا قابو ہے۔ کیا دوسرے جو چاہوں گا کروں گا۔

میرا حلوا کھائے میرا ماتم کرے میرا مردہ دیکھے: [ا۔ کلمہ قسم (عو)] اگر میرا کہا نہ مانے تو مجھے مرا ہوا دیکھے

میرا ذمہ: [ا۔ روزمرہ] میں اس بات کا ذمہ لیتا ہوں۔

میرا سلام ہے: [ا۔ محاورہ] میں باز آیا۔ مجھے منظور نہیں۔ خدا بچائے۔

میرا شیر/بہادر/سورما: [ا۔ امذ] کبھی دل بڑھانے کے لئے اور کبھی طنزاً کہتے ہیں۔

میرا کام آپ کا نام: [ا۔ مثل] میرا مطلب حاصل ہوگا آپ کا نام ہوگا۔

میرا کیا گیا: [ا۔ روزمرہ] میرا کیا نقصان ہوا۔ میرا کیا بگڑا

میرا کیا نہ اپنا کیا: [ا۔ مثل] میرے کام کا رکھ نہ اپنے کام کا۔

میرا لہو پیئے: [ا۔ کلمہ قسم (عو)] یعنی میرے حسب منشا نہ کرے تو میرا خون کرے۔

میرا ماتم کرے: [ا۔ کلمہ قسم] دیکھئے "میرا حلوا کھائے وغیرہ"

میرا ماتھا جب ہی ٹھنکا تھا: [ا۔ امذ] مجھے اسی وقت اندیشہ ہوا تھا۔ میں پہلے ہی تاڑ گیا تھا۔

میرا مُردہ اب بھی تیرے زندہ پر بھاری ہے: [ا۔ مثل] میں مجبوری میں بھی تجھ سے بہتر کام کر سکتا ہوں۔

میرا منہ نہیں: [ا۔ محاورہ] میری زبان میں اتنی طاقت نہیں۔

میرا یار: [ا۔ امذ] دیکھئے "میرا شیر وغیرہ"

میری: [ا۔ کلمہ ضمیر] دیکھئے "میرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

میری آنکھوں سے دیکھو: [ا۔ مثل] (۱) اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی کسی اچھی بری چیز میں تمیز نہ کر سکے (۲) جس غور اور توجہ سے میں کتا ہوں یا دیکھتا ہوں اسی طرح تم بھی دیکھو۔

میری بلی اور مجھی سے میاؤں : [ار۔ مثل] میرا مطیع اور مجھ سے ہی مقابلہ کرے۔

میری بھتی کھائے : [ار۔ کلمہ قسم] (عو) دیکھئے "میرا ملوا کھائے وغیرہ"

میری پاپوش سے / پیزار سے : [ار۔ روزمرہ (عو)] میری جوتی سے۔ مجھے کچھ پروا نہیں۔

میری مہاری : [ار۔ متعلق فعل] بغیر کی اجفی کی

میری توبہ : [ار۔ کلمہ قسم] میں باز آیا۔ میں بیزار ہوں

میری جان کی قسم : [ار۔ کلمہ قسم (عو)] مجھے میری جان کی قسم جواب کچھ خرابی کی

میری جان جلی : [ار۔ بول چال] میری زندگی جلی۔ میں مرا۔ میری جان پہ آ بنی۔

میری جوتی سے : [ار۔ روزمرہ] (عو) میری بلا سے

میری جوتی میرے ہی سر : [ار۔ مثل] ہمارا ہی کھائے اور ہمیں ہی غرائے۔

میری دائی کو کوستی ہے : [ار۔ مثل] مجھ کو کوستی ہے۔

میری سنو : [ار۔ روزمرہ] میری بات یا مشورہ یا نصیحت غور سے سنو

میری سی کہنا : [ار۔ محاورہ] متکلم کی طرفداری کرنے کی جگہ کہتے ہیں

میری سی میرے آگے تیری سی تیرے آگے : [ار۔ مثل] ہر ایک کے سامنے اس کی ہاں میں ہاں ملانا یعنی ہر ایک کی طرفداری کرنا

میری طرف بھی دیکھنا : [ار۔ محاورہ] میرا بھی لحاظ کرنا۔ مجھ پر بھی نظرِ عنایت رکھنا۔

میری طرف سے : [ار۔ متعلق فعل] میری جانب سے۔ میرے نزدیک۔

میری قسمت میں بربادی ہے : [ار۔ بول چال] برباد ہونا تقدیر میں لکھا ہے۔

میری مرغی کی تین ٹانگ : [ار۔ مثل] اپنی چیز کی تعریف

میرے آگے نام نہ لو : [ار۔ روزمرہ] میں اتنا متنفر ہوں کہ نام بھی نہیں سن سکتا۔

میرے اللہ : [ار۔ روزمرہ] (عو) خدا کی مہربانی کے اظہار کے لئے بولتی ہیں

میرے پوت کی لمبی لمبی باہیں : [ار۔ مثل] اپنی چیز کو ہر کوئی سراہتا ہے۔

میرے پھول کرے : [ار۔ متعلق فعل] دیکھئے "میرا ملوا کھائے وغیرہ"

میرے دونوں میٹھے : [ار۔ روزمرہ] (۱) میرا ہر طرح فائدہ ہے (۲) مجھے دونوں عزیز ہیں

میرے ساتھ ضد ہے : [ار۔ بول چال] ہمیشہ میرے خلاف کام کرتا ہے

میرے سامنے آسکتے ہیں : [ار۔ بول چال] کیا طاقت ہے جو مجھ سے آنکھ ملاسکتے ہیں۔ کیا مجال ہے جو میرے روبرو ہوں۔

میرے لال کے سو سو یار دھنیا جلاہے اور منہیار : [ار۔ مثل] اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس کی دوستی کمینے لوگوں کے ساتھ ہو

میرے لالہ کی اُلٹی ریت ساون ماس اٹھاویں بھیت : [ار۔ مثل] الٹی مت والے کی نسبت کہتے ہیں جو بے موقع کام کرے۔

میرے منہ سے : [ار۔ متعلق فعل] میری خاطر سے۔ میرے طفیل سے میری وجہ سے

میرے منہ میں خاک : [ار۔ روزمرہ] (عو) یہ جملہ نظر نہ لگنے کے لئے کہا کرتی ہیں۔

میرے ہی سے آگ لائی نام رکھا بیسندر : [ار۔ مثل] اس شخص کی بابت استعمال کرتے ہیں جو کسی کا نام لے کر کوئی چیز حاصل کرے اور پھر اسی سے چھپائے

میرے سو راجا کے نہیں اور راجا میرا منگتا : [ار۔ مثل] شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں۔ جو اپنی کسی چیز پر گھمنڈ کرے

میراث : [ع۔ امث] ورثہ۔ ترکہ۔ وہ جائداد وغیرہ جو مرنے والے کی طرف سے حقداروں کو ملے۔

میراثن : [ار۔ امث] دیکھئے "میراثی" جس کی یہ تانیث ہے۔

میراثی : [ار۔ امذ] گویا۔ ڈوم۔ مطرب۔ مغنی۔ ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے۔

میراں : [ف۔ امذ] سرداروں کا سردار۔ بہت بڑا امیر۔ بہت بڑا بزرگ

میراں جی : [ار۔ امذ] حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اور حضرت غوث الاعظم کا لقب (۲) (عو) ربیع الآخر کا مہینہ۔

میراں جی کا چاند : [ار۔ امذ] سنہ ہجری کا چوتھا مہینہ ربیع الآخر جس میں حضرت غوث الاعظم جیلانیؒ کی نیاز ہوتی ہے۔ گیارہویں کا مہینہ۔

میرزا : [ف۔ امذ] میرزادہ کا مخفف۔ امیرزادہ۔ رئیس زادہ۔ (۲) مغلوں کا لقب

میرزا منش : [ف۔ صفت] شہزادوں کی خوبو کا آدمی۔ نازک مزاج۔

میرزا منشی : [ف۔ امث] دیکھئے "میرزا منش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

میرزائی : [ف۔ امث] (۱) شہزادگی۔ بزرگی۔ شرافت۔ عالی خاندانی۔ نجابت (۲) تکبر۔ نازک مزاجی۔ ناز۔ گھمنڈ (۳) کمری۔ صدری۔ واسکٹ۔ نیم جامہ۔ (۴) میرزا غلام احمد قادیانی کو ماننے والا۔

میروتی : [ار۔ امث۔ ق] خرامنا

میڑا : [ھ۔ امذ] جتے ہوئے کھیت کی زمین کو ہموار کرنے کا پٹہ۔ سہاگا

میڑا پھیرنا : [ار۔ محاورہ] جتے ہوئے کھیت کی زمین کو سہاگہ پھیر کر ہموار کرنا۔

میز : [ف۔ امث] (۱) لکڑی کا اونچا تختہ جس پر کھانا رکھ کر کھاتے ہیں یا پڑھنے لکھنے کا کام کرتے ہیں (۲) ضیافت۔ سامان ضیافت۔

میزبان : [ف۔ امذ] وہ شخص جس کے یہاں مہمان آئے۔ مہمان دار۔

میزبانی : [ف۔ امث] دیکھئے "میزبان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

میز لگانا : [ار۔ محاورہ] میز پر کھانا چننا۔

میزاب : [ع۔ امذ] پرنالہ۔

میزان : [ع۔ امث] (۱) ترازو (۲) تلا راس۔ آسمان کا ساتواں برج۔

میزان اعمال / عدل : [عف۔ امث] مسلمانوں کے عقیدے میں وہ میزان جس میں قیامت کے روز لوگوں کے اعمال تولے جائیں گے۔

میزان پٹنا : [ار۔ محاورہ] (۱) موافقت ہونا (۲) سودا ہونا۔ بھاؤ بننا (۳) رائے ملنا

میزان دینا / لگانا : [ار۔ محاورہ] جوڑنا۔ جمع کرنا۔ جوڑ لگانا

میزان کل : [عف۔ امث] تمام عددوں یا رقموں کا مجموعہ۔

میزان کھڑی ہونا : [ار ۔ محاورہ] میزان قائم ہونا ۔
میزان ملنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "میزان بیٹھنا"
میزانیہ : [عف ۔ امذ] بجٹ ۔ آمد و خرچ کا تخمینہ ۔
میزائل : [انگ ۔ امذ] (MISSILE) دیکھئے مزائل ۔
میس : [انگ ۔ امذ] (MESS) کھانا ۔ طعام ۔ خوراک (۲) اکٹھے کھانا کھانے والوں کی جماعت (۳) طعام گاہ ۔
مُیَسَّر : [ع ۔ امذ] (۱) آسان کیا گیا ۔ وہ چیز جو آسانی سے مل سکے (۲) دستیاب ۔ حاصل ۔ (۳) حاصل ۔ موجود ۔ [افعال : آنا ۔ کرنا ۔ ہونا]
مُیَسِّر : [ع ۔ امذ] آسان کرنے والا ۔
میسرز : [انگ ۔ کلمہ تعظیم] دیکھئے "مسٹر" جس کی یہ جمع ہے ۔
مَیسَرہ : [ع ۔ امث] بائیں طرف ۔ بائیں بازو کی فوج ۔
میش : [ف ۔ امث] بھیڑ ۔ بھیڑی ۔ گوسفند ۔ مینڈھا ۔
میش چشم : [ف ۔ صف] (۱) بھیڑ کی سی آنکھوں والا (۲) شرمیلا ۔ نیچی نظروں والا ۔
میشا : [ار ۔ امذ] بھیڑ یا بھیڑ کے بچے کا ملائم چمڑا ۔
میعاد : [ع ۔ امث] (۱) مقررہ وقت ۔ معینہ وقت (۲) وعدے کا وقت ۔
میعاد بڑھانا : [ار ۔ محاورہ] وقت یا مہلت زیادہ کرنا ۔ مقررہ مدت کو وسعت دینا ۔
میعاد بڑھنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "میعاد بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے ۔
میعاد بولنا : [ار ۔ محاورہ] عمر قید کا حکم لگانا ۔ قید کرنا ۔
میعاد غیر منقضیہ : [عف ۔ امث] وہ مقررہ مدت جو ختم نہ ہوئی ہو ۔
میعاد کاٹنا : [ار ۔ محاورہ] قید کی مدت پوری کرنا ۔
میعاد کرنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "میعاد بولنا"
میعاد گاہ : [عف ۔ امث] وعدہ گاہ ۔
میعاد گزرنا : [ار ۔ محاورہ] مدت پوری ہونا ۔ مہلت تمام ہونا ۔ وعدے کا زمانہ ختم ہونا ۔
میعاد مقررہ : [عف ۔ امث] قرار دیا ہوا زمانہ ۔ حسب معمول ۔
میعادی : [ار ۔ صف] (۱) معین وقت والا (۲) قیدی سزایاب ۔
میعادی بخار : [ار ۔ امذ] وہ بخار جو خاص مدت تک رہے ۔
میعادی ہنڈی : [ار ۔ امث] وہ ہنڈی جسے ادا کرنے کیلئے وقت مقرر ہو ۔
میغ : [ف ۔ امذ] بادل ۔ کالی گھٹا ۔
میقات : [ع ۔ امذ] (۱) وقت ۔ مقررہ مدت (۲) وہ جگہ جہاں سے مکہ جانے والے حج کا احرام باندھتے ہیں ۔
میکا : [ہ ۔ امذ] عورت کے والدین کا گھر ۔
میکا بسانا : [ار ۔ محاورہ] عورت کا سسرال چھوڑ کر ماں باپ کے گھر جا رہنا ۔
میک اپ : [انگ ۔ امذ] (MAKE - UP) چہرے کی آرائش ۔ کریم پاؤڈر ۔
میکانی / مشینی : [ار ۔ صف] مشینوں اور کلوں سے متعلق (MECHANICAL)
میکانیات : [ار ۔ امث] مشینوں اور کلوں کا علم ۔ (MECHANICS)
میکانیت : [ار ۔ امث] مشینوں اور کلوں کا علم ۔ (MECHANISM)
میکائیل : [ع ۔ امذ] وہ فرشتہ جو مخلوق کی روزی رسانی پر مقرر ہے ۔
میکے والے : [ار ۔ امذ] دلہن کے رشتہ دار ۔

میکے والیاں : [ار ۔ امث] دلہن کی رشتہ دار عورتیں ۔
میکھ : [س ۔ امذ] (۱) مینڈھا ۔ بھیڑا (۲) آسمان کے اول برج کا نام جو ستاروں کی ہیئت سے مینڈھے کی شکل کا معلوم ہوتا ہے ۔ جس آفتاب اس برج میں آتا ہے وہی نوروز کہلاتا ہے ۔ یہ ۲۲ مارچ کو ہو ایران میں موسم بہار کا آغاز اور پاک و ہند میں اختتام انہی دنو ہے ۔ برج حمل ۔
میکینک : [انگ ۔ امذ] (MECHANIC) کاریگر ۔ دستکار ۔ اہل حرفہ ۔ مشین والا ۔ مشین چلانے والا ۔ مستری ۔
میگڈمبر : [ہ ۔ امذ] ایک قسم کی بڑی عماری جو ہاتھی پر رکھی جاتی ہے (۲) قسم کا اونچا خیمہ ۔
میگزین : [انگ ۔ امذ] (MAGAZINE) (۱) خزانہ ۔ گنجینہ ۔ مخزن ۔ گودا بارود خانہ (۲) متفرق مضامین کا رسالہ ۔
میگنا کارٹا / چارٹا : [انگ ۔ امذ] (MAGNACHARTA) منشور آزا منشور اعظم ۔ ایک منشور جو ۱۲۱۵ء میں انگریزوں نے بادشاہ جان سے لیا کی رو سے انگریز قوم کو شخصی اور سیاسی آزادی ملی تھی ۔
میگنٹ : [انگ ۔ امذ] (MAGNET) (۱) مقناطیس ۔ آہن ربا (۲) دلکش چ
میگنیشیا : [انگ ۔ امذ] ایک کڑوی دوا جو مسہل میں کام آتی ہے ۔
میگھ : [س ۔ امذ] (۱) بادل ۔ بدلی ۔ ابر ۔ گھٹا (۲) مینہ ۔ بارش (۳) ایک راگ (۴) ایک راگ جو برسات کے موسم میں گایا جاتا ہے ۔
میگھ پتی : [ہ ۔ امذ] بادلوں کا برتا ۔ پانی برسانے والا دیوتا ۔
میگھ راگ : [ہ ۔ امذ] ایک ہندی راگ جو ساون بھادوں گایا جاتا ہے ۔
میگھ ناد : [ہ ۔ امذ] (۱) رعد کی سی آواز والا ۔ کڑکیلی آواز والا کڑک ۔ گرج ۔
میگھ گھام : [ہ ۔ امث] بادل کی گرمی ۔ وہ حبس جو ابر کے ہو جاتا ہے ۔
مَیل : [ع ۔ امذ] (۱) جھکاؤ ۔ خمیدگی (۲) رغبت ۔ رجحان ۔ میلان ۔ توجہ خواہش (۳) رعایت ۔ پاسداری ۔ جانب داری ۔
مَیلِ خاطر : [عف ۔ امث] دل کی رغبت ۔ التفات ۔
مَیل : [ار ۔ امث] (۱) کیچ ۔ کیچڑ ۔ چیکٹ (۲) فضلہ ۔ گاد (۳) زنگ (۴) کدورت ۔ رنج جو دل میں کسی کی طرف سے آجائے (۵) ایک سے فیلبان ہاتھی کو چلاتے ہیں ۔
مَیل آنا : [ار ۔ محاورہ] کدورت پیدا ہونا ۔ ناراضی ہونا ۔
مَیل بیٹھنا : [ار ۔ محاورہ] (۱) گرد جم جانا (۲) زنگ لگ جانا ۔ میل کا بیٹھ جانا (۳) کدورت ہونا ۔
مَیل چھانٹنا / کاٹنا : [ار ۔ محاورہ] مَیل دُور کرنا ۔ اُجلا کرنا ۔
مَیل چھٹنا / کٹنا : [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "میل چھانٹنا / ..." جس کا یہ لازم ہے ۔
مَیل خورا : [ار ۔ صف] میل چھپانے والا رنگ جیسے کالا ، خاکی وغیرہ وہ کپڑا جو کام میں آتے آتے میلا ہو گیا ہو ۔ وہ کپڑا جو نمائشی کپڑو

نیچے پہنا جاتے (۲) زین کا نمدہ ۔
مَیل کا بَیل بنانا: [ار ۔ محاورہ] بات کا بتنگڑ بنانا ۔ ذرا سی بات کو بہت بڑھا دینا ۔
مَیل کُچیل: [ار ۔ امذ] میل (کچیل تابع مہمل ہے)
مَیل کی بَتّی: [ار ۔ امث] میل کی وہ بتّی سی جو جسم کو ہاتھ سے ملنے سے بن جاتی ہے ۔
میل لانا: [ار ۔ محاورہ] کدورت لانا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ بُرا ماننا ۔
مِیل: [ع ۔ امذ] (۱) سرمہ لگانے کی سلائی ۔ میتک ۔ سلاخ (۲) منار جو کوس کی علامت ہے ۔ وہ پتھر جو فرسنگ یا کوس کے فاصلے پر کھڑا کر دیتے ہیں ۔ ستون ۔ کھم ۔ لاٹھ (۳) ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ انگریزی میں مائل ہوتا ہے (۴) بُرجوں کے اوپر کی کیل ۔ کلس ۔ مطلق کیل ۔
مِیل پیما: [عف ۔ صف] وہ آلہ جس سے میلوں کے حساب سے فاصلے کی پیمائش کی جاتی ہے ۔
میل: [انگ ۔ امث] (MAIL) ڈاک ۔ خطوط (۲) ڈاک کا تھیلا (۳) ہرکارہ ۔
میل ٹرین: [انگ ۔ امث] (MAIL TRAIN) ڈاک گاڑی ۔ وہ گاڑی جس میں خط اور چٹھیاں آتی جاتی ہیں اور بہت تیز رفتار ہوتی ہے ۔
میل کوچ: [انگ ۔ امث] ڈاک گاڑی ۔ (MAIL-COACH)
میل: [ار ۔ امذ] (۱) ایک دوسرے سے ملنا (۲) اتحاد ۔ دوستی ۔ ربط و ضبط ۔ ملاپ ۔ راہ و رسم (۳) ناطہ ۔ رشتہ داری ۔ قرابت (۴) مناسبت ۔ نسبت (۵) جوڑ ۔ ہمسری (۶) ایک چیز کی دوسری چیز میں ملاوٹ ۔
میل جول: [ار ۔ امذ] ملنا جلنا ۔ پیار ۔ اخلاص ۔ اتحاد ۔ اختلاط ۔
میل دینا: [ار ۔ محاورہ] اتفاق اور ربط و ضبط پیدا کرنا ۔
میل رکھنا: [ار ۔ محاورہ] راہ و رسم رکھنا ۔ پیار اخلاص رکھنا ۔
میل کا: [ار ۔ صف] (۱) قسم کا ۔ ڈھنگ کا ۔ جنس کا ۔ میل کا کپڑا (۲) ہمدرد ۔ ہم خیال ۔ ہم جنس ۔ ہم مذہب ۔
میل کرنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) ملانا ۔ آمیزش کرنا (۲) ملاپ کرنا ۔ اخلاص کرنا ۔
میل کھانا: [ار ۔ محاورہ] مناسب ہونا ۔ موزوں ہونا ۔ مطابق ہونا ۔
میل مِلاپ: [ار ۔ امث] دیکھئے "میل جول"
میلا: [ار ۔ امذ] (۱) انبوہ ۔ ازدحام ۔ ہجوم (۲) سیر و تماشے کے لئے لوگوں کا جمع ہونا (۳) سیر و تماشا (۴) فقرا کا جلسہ ۔ فقیروں کی پنچائت (۵) کسی زیارت گاہ پر مقررہ تاریخوں میں لوگوں کا اجتماع ۔ کسی جگہ کی خاص رُتوں میں جانوروں اور دوسری اشیاء کا فروخت کے لئے جمع ہونا ۔
میلا ٹھیلا: [ار ۔ امذ] سیر و تماشا ۔ بھیڑ بھاڑ ۔
میلا جُڑنا / کرنا / لگنا: [ار ۔ محاورہ] کسی خاص مقام پر بہت سے لوگوں کا بطور سیر و تماشا جمع ہونا ۔ بھیڑ لگنا ۔ انبوہ ہو جانا ۔ ٹھٹ لگنا ۔
میلا لگا رہنا: [ار ۔ محاورہ] مجمع ہونا ۔ ہجوم ہونا ۔
میلا لگا ہونا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "میلا لگا رہنا"
مَیلا: [ار ۔ صف] (۱) گدلا ۔ غبار آلودہ ۔ گمگند ۔ خاک ، دھول میں بھرا ہوا چکٹ ۔ ملگجا ۔ بے آب (۲) مورچہ لگا ہوا ۔ زنگ آلودہ ۔ زنگ خوردہ (۳) غلیظ ۔ کثیف ۔ نجس (۴) سفلہ ۔ کمینہ ۔ رذیل (۵) کوڑا کرکٹ ۔ (۶) بدچلن ۔ بدوضع ۔ اوباش (۶) گنہگار ۔ فاسق ۔ فاجر (۷) اچکا ۔ اٹھائی گیرا (۸) فضلہ ۔ پیشاب ۔ پاخانہ ۔ [افعال: کرنا ۔ ہونا]
مَیلا پن: [ار ۔ امذ] دیکھئے "مَیلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔
مَیلا چکٹ: [ار ۔ امذ] بہت میلا ۔ وہ کپڑا جس میں بہت میل ہونے سے چپ چپاہٹ آ گئے ۔
مَیلا سر ہونا: [ار ۔ محاورہ] حیض سے ہونا ۔
مَیلا کُچیلا: [ار ۔ محاورہ] خاک دھول میں بھرا ہوا ۔
مَیلی: [ار ۔ صف] ہم جنس ۔ ہم خیال ۔
مَیلی: [ار ۔ صف ۔ مث] دیکھئے "مَیلا" جس کی یہ تانیث ہے ۔
میلے سر سے ہونا: [ار ۔ محاورہ] حیض سے ہونا ۔ کپڑوں سے ہونا ۔
میلے کا بھائی نوشادر: [ار ۔ مثل] دونوں برابر ہیں ۔ جیسا یہ ویسا وہ ۔
میلے کپڑے: [ار ۔ امذ] پہنے ہوئے کثیف کپڑے ۔
مِیلاد: [ع ۔ امذ] پیدا ہونے کا زمانہ ۔ پیدائش کا وقت ۔ پیدائش ۔
مِیلادُ النّبی: [ع ۔ امذ] حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سعید ۔
مَیلان: [ع ۔ امذ] توجہ ۔ التفات ۔ رجحان ۔ خواہش ۔
مِیلانہ: [ار ۔ امذ] فی میل اجرت یا کرایہ ۔
میل میل: [ار ۔ امذ] ہاتھی کو چلانے کا کلمہ ۔
میلنا: [ار ۔ مف] (۱) جوڑنا ۔ ملانا ۔ شامل کرنا ۔ (۲) ڈالنا ۔ داخل کرنا ۔
میم: [انگ ۔ امث] (انگریزی لفظ میڈم کا بگاڑ) بیگم ۔ خاتون ۔
مِیم: [ع ۔ امذ] تشبیہاً (۱) دہن معشوق (۲) کنواں (۳) حرف "م" کا نام ۔
میمانسا: [س ۔ امذ] ہندو فلسفہ کا ایک شاستر ۔
میمنا: [ار ۔ امذ] بکری کا بچہ ۔
مَیمَنَت: [ع ۔ امث] (۱) برکت ۔ سعادت ۔ مبارکی ۔ خوشی ۔ کامرانی ۔ (۲) عروج ۔ اقبال مندی ۔
مَیمَنَہ: [ع ۔ امذ] دائیں طرف ۔ دائیں بازو کی فوج ۔
میمورنڈم: [انگ ۔ صف] (MEMORANDUM) (۱) یادداشت ۔ رُوداد ۔ (۲) دستاویز (۳) غیر رسمی خط ۔
میموریل: [انگ ۔ صف] (MEMORIAL) (۱) یادگار (۲) یادداشت ۔ عرضداشت (۳) روداد ۔ وقائع ۔ سوانح ۔
مَیمُون: [ع ۔ صف] (۱) مبارک ۔ خجستہ ۔ سعود ۔ محمود ۔ نیک بخت ۔ بھاگوان (۲) (ف ۔ امذ) بندر ۔ لنگور
مِیں: [ار ۔ حرف جار] اندر ۔ بیچ ۔
مَیں: [ار ۔ ضمیر متکلم] (۱) ذات ۔ خود آپ (۲) غرور ۔ تکبر ۔
میں بھردل سرکار کے میرے بھرے ستّا: [ار ۔ مثل] وہ شخص جو اوروں کا کام کرے اور اپنا دھوکہ ہو خلعہ ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں
میں بھی رانی تو بھی رانی کون ڈالے سر پہ پانی / کون بھرے پنگھٹ پہ پانی: [ار ۔ مثل] کاہلوں کی نسبت کہتے ہیں ۔

میں تھکی تو ناخوش: [ار۔ مثل] کوئی مشقت کرے اور دوسرے کو پسند نہ ہو۔

میں جانوں: [ار۔ بول چال] (۱) میں ذمہ دار ہوں (۲) مجھے گمان ہوتا ہے

میں خوش میرا خدا خوش: [ار۔ مثل] میں راضی ہوں۔ میں صدق دل سے منظور کرتا ہوں۔

میں کچھ نہیں کہتا: [ار۔ بول چال] میں شکوہ نہیں کرتا۔

میں کون تو کون: [ار۔ متعلق فعل] میرا تیرا کیا واسطہ۔ میں کیا جانوں تو کون ہے۔

میں کہاں تم کہاں: [ار۔ بول چال] ایک دوسرے سے بعد المشرقین ہے

میں کیا میری اوقات ہی کیا [ار۔ بول چال] میری کیا ہستی ہے میں بہت کم رتبہ ہوں۔

میں کی گردن / کے گلے پر چھری: [ار۔ مثل] میں بکری کی آواز ہے اور میں خودی کو بھی کہتے ہیں۔ لہٰذا معنی یہ ہوئے کہ غرور بھی ایک دن برباد ہوتا ہے۔

میں میں: [ار۔ کلمہ۔ امث] (۱) انانیت۔ خودستائی (۲) بکری کی آواز۔

میں میں تو تو: [ار۔ امث] گالی گلوچ۔ جھگڑا۔ تکرار۔

میں میں کرنا: [ار۔ محاورہ] بکری کا بولنا

میں نہ مانوں: [ار۔ بول چال] میں یقین نہ کروں۔ مجھے اعتبار نہیں۔

میں نے کیا بس ملا دیا تھا: [ار۔ مثل] میں نے کیا بُری بات کہی تھی

میں نے کیا تمہاری گدھی چرائی ہے: [ار۔ مثل] میں نے تمہارا کون سا قصور کیا ہے جو بُرا بھلا کہہ رہے ہو۔

میں نے مانا: [ار۔ متعلق فعل] تسلیم کرو۔ فرض کرو۔

میں نے معاف کیا: [ار۔ بول چال (عو)] قصور معاف کرنے پر کہتی ہیں۔

میں ہارا تم جیتے۔ [ار۔ بول چال] بحث میں عاجزی کے اظہار پر کہتے ہیں۔

میں ہوں یا خدا کی ذات ہے۔ [ار۔ مثل] تنہائی اور بے کسی کے اظہار پر کہتے ہیں۔

مین: [س۔ امذ] (۱) مچھلی (۲) آسمان کا بارھواں بُرج جس کی شکل مچھلی کی مانند ہوتی ہے برج حوت

مین میکھ [ہ امث] عیب قباحت۔ [افعال۔ نکالنا]

مینا: [ف۔ امذ] (۱) شیشہ۔ رنگ برنگ کا شیشہ (۲) ایک قسم کے پتھر کا نام۔ (۳) شراب کی بوتل۔ صراحی۔ قرابہ (۴) مرصع کاری۔ نقش و نگار۔ وہ کام جو شیشے اور چاندی سونے کے زیور اور برتن پر بناتے ہیں۔ (۵) کنایۃً شراب۔

مینا بازار: [ف۔ امذ] (۱) وہ بازار جو بادشاہ کی سیر کے لئے لگایا جائے اور اس میں طرح طرح کی چیزیں سجائی جائیں (۲) زنانہ بازار۔ وہ بازار جہاں عورتیں ہی ہر طرح کی چیزیں بیچتی ہیں اور خریدتی ہیں۔

مینا خانہ: [ف۔ امذ] شیشہ خانہ۔

مینا رنگ: [ف۔ امذ] سبز رنگ۔

مینا فام: [ف۔ صفت] مینا رنگ۔

مینا کار: [ف۔ صفت] مُرصّع ساز۔ جڑاؤ کام کرنے والا

مینا کاری: [ف۔ امث] دیکھئے "مینا کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

مینا کاری چھانٹنا: [ار۔ محاورہ] ہر چیز کی بھلائی بُرائی غور سے دیکھنا

مینا: [ار۔ امث] (۱) ایک خوش الحان پرندہ (۲) چھوٹے بچے جو پیاری پیاری باتیں کرتے ہیں۔

مینا جو "میں نا" کہے دودھ بھات نت کھائے بکری جو میں کہے الٹی کھال کھنچائے: [ار۔ مثل] عاجزی سے عزت زیادہ ہوتی ہے اور غرور سے نقصان ہوتا ہے۔

مینار [ار۔ امذ] منار۔ منارہ۔ ملاحظہ فرمائیے

مینارکا: [انگ۔ امث] (MINORCA) ایک ولایتی مرغی۔

مینائی: [ف۔ صفت] دیکھئے "مینا" جس سے یہ منسوب ہے۔

مینائے لاجورد [ف۔ امذ] کنایۃً آسمان

مینی پھل [ار۔ امذ] امرائن۔ جنگل۔ ایک نہایت کڑوا پھل۔

مینٹل۔ [انگ۔ امذ] (MANTLE) وہ ریشمی جالی دار ٹوپی سی جو گیس لیمپ پر چڑھا دی جاتی ہے اور خاکستر ہونے کے بعد تیل کی پھوار پڑنے پر جلتی ہے اور روشنی دیتی ہے۔

مینٹل پیس۔ [انگ۔ امذ] (MANTLE PIECE) تختہ آتش دان آتش دان کے اوپر کا مچان۔

مینجنا: [ار۔ مص] (۱) ملنا (۲) ملانا (۳) گوندھنا۔

مینڈنی۔ [ہ۔ امث] دیکھئے "میدنی"

مینڈھی۔ [ار۔ امث] مہندی ملاحظہ فرمائیں

مینڈ: [ہ۔ امث] ستار کا ایک پرزہ یا اس کی مسلسل آواز۔

مینڈ۔ [ہ۔ امث] (۱) کھیت کی منڈیر۔ باڑ۔ ڈول۔ پشتہ۔ حد۔ کنارہ (۲) موج لہر (۳) گھاٹ من۔ کنوئیں کی منڈیر۔

مینڈبندی [ار۔ امث] کھیت کی حد بندی۔ (اصولاً ترکیب غلط ہے)

مینڈ پڑنا: [ار۔ محاورہ] موجیں اٹھنا۔ پانی کا لہریں لینا۔

مینڈک۔ [ار۔ امذ] ایک قسم کا آبی جانور جو برسات میں پیدا ہو کر تالابوں اور جوہڑوں کے کنارے ٹرٹراتا ہے۔

مینڈک پھوڑا۔ [ار۔ امذ] ایک قسم کا پھوڑا جو پاؤں کے تلوے میں ہوتا ہے اور بہت تکلیف دیتا ہے۔

مینڈکی۔ [ار۔ امث] دیکھئے "مینڈک" جس کی یہ تانیث ہے۔

مینڈکی کی چلی مدار کو۔ [ار۔ مثل] کمینے اور نکمے آدمی نے بھی بڑا حوصلہ کیا۔

مینڈکی کو زکام ہونا: [ار۔ مثل] اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے کی بابت کہتے ہیں۔

مینڈنا: [ار۔ مص] لیتھڑنا۔ آلودہ کرنا۔ کچلنا۔

مینڈھا: [ہ۔ امذ] (۱) دنبہ۔ میش نر (۲) آسمان کا بارھواں بُرج (۳) لہر۔ موج۔ وہ لہر جو باد مخالف سے دریا میں اٹھتی ہے (۴) بھڑ جب تک ڈنک نہیں مارتی اس کو مینڈھا کہتے ہیں۔

مینڈھا اچھلنا: [ار۔ محاورہ] ہوا کی شدت سے دریا میں لہریں اٹھنا۔

مینڈھی: [ہ۔ امث] بالوں کی گندھی ہوئی لٹ۔

مینڈھے لڑانا: [ار۔ محاورہ] تماشا دیکھنے کے لئے دو مینڈھوں کی لڑائی

کرانا (۲) کنایۃ فساد کروا دینا اور خود تماشا دیکھنا۔

مینڈیاں گوندھنا: [ار۔ محاورہ] بالوں کی جدا جدا لٹیں گوندھنا۔ بالوں کی لٹیں گوندھ کر سر گوندھنا۔

مینڈیانا: [ار۔ مص] کھیت کا کنارہ بنانا۔ کھیت کی منڈیر بنانا۔

مینسل: [ہ۔ اند] سُرخ ہڑتال۔ سرخ سنکھیا۔

مینشن: [انگ۔ امث] (MANSION) (۱) بڑا مکان۔ محل۔ قصر۔ حویلی (۲) سرکاری اقامت گاہ۔

مینک: [ھ۔ امث] آنکھ کی پتلی۔

مینگنی: [ھ۔ امث] چوہے، اونٹ، بکری، خرگوش وغیرہ کا فضلہ جو گولیوں کی مانند ہوتا ہے۔

مینو [ف۔ اند] (۱) بہشت۔ فردوس۔ جنت (۲) رنگین شیشہ جو زیور پر جڑا ہوتا ہے۔ مینا۔ سبز یا لاجوردی رنگ کا نگینہ۔ نگ یا جواہر وغیرہ۔

مینوائین / اساس / سواد سرشت: [ف۔ صف] خوبصورت جنت نظیر۔

مینو۔ [انگ۔ امث] (MENU) فہرست طعام۔

مینول [انگ۔ اند] (MANUAL) (۱) رسالہ۔ دستی کتب۔ کتابچہ۔ دستور العمل (۲) مذہبی رسوم کے آداب۔

مین ہول۔ [انگ۔ اند] (MANHOLE) نالی یا بدرو کا وہ سوراخ جس میں سے آدمی گزر سکے۔

مینھہ [ار۔ امذ] دیکھئے "مینہ" بارش

مینہ آنا: [ار۔ محاورہ] بارش شروع ہونا۔

مینہ برسنا: [ار۔ محاورہ] بارش ہونا۔

مینہ پڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "مینہ برسنا"

مینہ کا جھمکا لگنا: [ار۔ محاورہ] مینہ کی جھڑی لگنا۔

مینہ کھلنا: [ار۔ محاورہ] بارش بند ہونا۔

مینہ کی آنکھ نہ لگنا / مینہ کا آنکھ نہ کھولنا [ار۔ محاورہ] برابر برستی رہنا۔ جھڑی لگنا۔

مینہ نکل جانا: [ار۔ محاورہ] بارش موقوف ہونا۔

مینجر۔ [انگ۔ اند] (MANAGER) مہتمم۔ منتظم۔

مینی فیسٹو: [انگ۔ اند] (MANIFESTO) اعلان۔ منشور۔ محضر۔

میو۔ [ھ۔ اند] مسلمان راجپوتوں کی قوم جو میوات میں آباد ہے۔

میو مُواجب جانئے جب واکا تیجا ہوئے۔ [ار۔ مثل] یہ اتنی مکار قوم ہے کہ اس کے کسی فرد کے مرجانے پر فوراً یقین نہیں کرنا چاہئے۔

میوات۔ [ار۔ اند] الور کے قریب ایک علاقہ جس میں میو لوگ آباد ہیں

میواتی: [ار۔ امث] میوات کا رہنے والا۔

میوچل: [انگ۔ صف] (MUTUAL) طرفین کا۔ جانبین کا۔ باہمی۔ آپس کا۔ ایک دوسرے کا مشترکہ۔

میوڑا۔ [ار۔ اند] ملازم (وہ نوکر جو قوم کا میواتی ہو)

میوزک: [انگ۔ صف] (MUSIC) (۱) موسیقی۔ راگ۔ نغمہ سرود (۲) علم موسیقی (۳) کوئی خوش گوار آواز۔

میوزیم [انگ۔ اند] (MUSEUM) عجائب گھر۔ عجائب خانہ۔

میوں: [ھ۔ امث] دیکھئے "میاؤں"

میوں بلائی۔ [ار۔ امث] بلی۔ بے زبان غریب

میونسپل۔ [انگ۔ صف] (MUNICIPAL) شہری نعمان

میونسپل کمشنر [انگ۔ اند] میونسپلٹی کا ممبر۔ رکن بلدیہ۔

میونسپلٹی۔ [انگ۔ امث] (MUNICIPALITY) شہری لوگوں کی جماعت جو شہر کی صفائی، پانی، روشنی وغیرہ کا انتظام کرتی ہے۔ بلدیہ۔

میوہ: [ف۔ اند] پھل۔ ثمر۔ جیسے انگور۔ انار۔ سیب۔ بادام وغیرہ۔

میوہ پل جانا: [ار۔ محاورہ] گرمی سے پھل کا نرم ہو جانا۔

میوہ جات: [ف۔ اند] "میوہ" ملاحظہ ہو جس کی یہ جمع ہے۔

میوہ چھیلنا: [ار۔ محاورہ] پھل کا چھلکا اُتارنا۔

میوہ دار: [ف۔ صف] پھل والا۔

میوہ فروش: [ف۔ صف] پھل بیچنے والا۔

میوہ فروشی: [ف۔ امث] دیکھئے "میوہ فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

میہمان: [ف۔ اند] دیکھئے "مہمان"۔

میہمانی: [ف۔ امث] دیکھئے "مہمانی"

ن

ن: [ع۔ اِمذ] اس کا نام نون ہے۔

۱۔ اُردو حُروف تہجی کی ترتیب میں بتّیسواں (۳۲) اور فارسی میں اُنتیسواں (۲۹) حَرف ہے۔

عربی حُرُوف ہجا کی ترتیب ابتث میں پچیسواں اور ترتیب ابجد میں چودھواں حرف ہے۔

دیوناگری رسم الخط کا پانچواں، دسواں، پندرھواں اور بیسواں وینجن ہے۔

۲۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علّت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

۳۔ عربی تقسیم کے مطابق حرُوف شمسی میں شامل ہے یعنی اس سے پہلے اگر 'ال' آ جائے تو لام اپنی آواز نہیں دیتا بلکہ نون کو مشدد کر دیتا ہے، مثلاً النوّر۔

۴۔ حساب جمل میں اس کے پچاس اعداد مقرر ہیں۔

۵۔ ہندی الفاظ کے آخر میں آکر ان کو حاصل مصدر بنا دیتا ہے مثلاً اُلجھن

۶۔ تانیث کی علامت بھی ہے۔ مثلاً نیل سے نیلن۔

۷۔ الف کے ساتھ آئے تو جمع بنا دیتا ہے۔ مثلاً مردان

۸۔ اُردو اور ہندی حُرُوف میں جمع بنانے کے لیے آئے تو غنّہ آتا ہے یعنی اس کی آواز ناک سے نکلتی ہے۔

۹۔ شفتی حرُوف ب۔ بھ۔ پ۔ پھ کے ساتھ کسی لفظ میں آئے تو میم کی آواز دیتا ہے۔ مثلاً منبر۔ سنبل۔ وغیرہ میں۔

۱۰۔ عربی الفاظ جن کے آخر میں نون ساکن ہو اور نون سے پہلے حرفِ علت ہو اور حرف علّت کی حرکت ماقبل کی حرکت کے موافق نہ ہو تو نون کا اعلان ہوتا ہے یعنی نوُن غنّہ نہیں ہوتا۔ مثلاً دلِ فرعون۔ اگر ماقبل کی حرکت موافق ہو تو نوُن غنّہ آئے گا۔ جیسے قارون وغیرہ۔

۱۱۔ فارسی تراکیب میں عطف و اضافت کی حالت میں نوُن غنّہ آتا ہے۔

۱۲۔ فعل اور اسم سے پہلے مفتوح آئے تو نفی کے معنی دیتا ہے۔

۱۳۔ فارسی میں مندرجہ ذیل حُرُوف کا بدل ہے۔

ا۔ حرف "د" کا بدل مثلاً گزیدہ اور گزندہ میں

ب۔ " "ل" " " نیلوفر اور نیلوفر میں

ج " م " " بام اور بان میں

د " " ہ " " مرزہ اور مرزن میں

ن - ا

نا: [ار۔ کلمہ] ۱۔ مصدر کی علامت (۲) نفی کی علامت۔ نہیں (۳) ضرور کی جگہ تاکید کے لیے آخر میں آتا ہے جیسے بچہ ہے نا (۴) نفی کی تاکید کے لیے جیسے نا بابا نہیں جاتے (۵) زائد کلام کے لیے جیسے آؤ نا۔ چلو نا (۶) استفسار کے لیے جیسے آخر کو ہے نا۔

نا: [ف۔ حرف نفی] ۱۔ نہیں۔ نہ (۲) ہوں۔ ہاں (۳) بن۔ بغیر۔ بنا۔ بِلا۔ عُموماً فارسی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

ناآزمودہ: [ف۔ صف] ۱۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ کچا (۲) ناواقف۔ ناآموزیدہ (۳) متعلق فعل۔ بغیر آزمائش۔ بِن دیکھے بھالے۔ بغیر جانے بُوجھے۔

ناآزمودہ کار: [ف۔ صف] ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ کچا۔ ناپختہ کار۔ ۲۔ ناواقف۔

ناآشنا: [ف۔ صف] ناواقف۔ انجان۔ اجنبی جس سے جان پہچان نہ ہو نامحرم (۲) بے مُروت۔ بیوفا۔ بداخلاق۔ تیز مزاج (۳) جس کا کوئی دوست نہ ہو (۴) وُہ شخص جو تیرنا نہ جانتا ہو۔

ناآشنائی: [ف۔ امث] دیکھئے "ناآشنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ناآشنائے محض: [ف۔ صف] ۱۔ بالکل ناواقف۔ نرا انجان۔

نااتفاقی: [ف۔ امث] ۱۔ پھوٹ۔ نفاق۔ رنجیدگی۔

نااُمید: [ف۔ صف] ۱۔ مایوس۔ ناکام۔ بے آس۔ نراس (افعال: کرنا۔ ہونا)

نااُمیدی: [ف۔ امث] دیکھئے "نااُمید" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ناانصاف: [ف۔ صف] ۱۔ انصاف نہ کرنے والا (۲) آسمان کی صفت میں مستعمل ہے۔

ناانصافی: [ف۔ امث] دیکھئے "ناانصاف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال: کرنا۔ ہونا)

نااہل: [ع۔ صف] نالائق۔ ناشائستہ (۲) ناموزوں۔ بے تہذیب (۳) ناقابل ہم...

نااہلی: [ف۔ امث] دیکھئے "نااہل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نابالغ: [ع۔ صف] (۱) کم سن۔ جو سِن بلوغ کو نہ پہنچا ہو۔

نابالغی: [ف۔ امث] ۱۔ دیکھئے "نابالغ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نابر: [ف۔ صف] عُذر کرنے والا۔ انکار کرنے والا۔

نابکار: [ف۔ صف] ۱۔ شریر۔ بدذات۔ بدکردار (۲) معیوب۔ بیجا۔ نازیبا۔ نامو... (۳) بیہودہ۔ کمبخت (۴) بیکار۔ نکما۔ بیفائدہ۔

نابلد: [ف۔ صف] انجان۔ ناواقف۔ ناآشنا۔

نابلدی: [ف۔ امث] دیکھئے "نابلد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نابُود: [ف۔ صف] ۱۔ نیست۔ ناپید۔ فانی۔ معدُوم۔ زوال پذیر (افعال: کرنا۔ ہونا)

نابینا: [ف۔ صف] ۱۔ اندھا۔ کور (افعال: کر دینا۔ کرنا۔ ہونا)

ناپاک: [ف۔ صف] ۱۔ پلید۔ نجس (۲) میلا۔ گندا (۳) وُہ شخص جس پر نہانا فرض ہو (افعال: کرنا۔ ہونا)

ناپاکی: [ف۔ امث] دیکھئے "ناپاک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ناپاکی اُتارنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ صحبت داری۔ انزال۔ احتلام وغیرہ کے بعد نہانا۔ ۲۔ حیض و نفاس کا غسل کرنا۔

ناپائیدار: [ف۔ صف] جو پائیدار نہ ہو۔ بے ثبات (۲) کمزور۔ بودا۔ غیر مستحکم۔

ناپائیداری: [ف۔ امث] دیکھئے "ناپائیدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ناپختہ کار: [ف۔ صف] دیکھئے "ناآموزدہ کار"۔

ناپختہ کاری: [ف۔ امث] دیکھئے "ناپختہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

ناپدید: [ف۔ صف] ۱۔ جو ظاہر نہ ہو۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوُا۔ غائب۔ مخفی۔

ناپُرسان: [ف۔ صف] ۱۔ بے پروا۔

ناپُرسانی: [ف۔ امث] دیکھئے "ناپُرسان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ناپسند: [ف۔صف] وُہ چیز جو پسند نہ ہو۔ نامرغوب لغو۔ عیب دار بے تمیز۔
ناپسند کرنا: [ار۔محاورہ] نامنظور کرنا۔ قبول نہ کرنا۔
ناپسندی: [ف۔امث] دیکھئے "ناپسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ناپسندیدگی: [ف۔امث] دیکھئے "ناپسند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ناپسندیدہ: [ف۔صف] نامرغوب۔ ناگوار۔ بار خاطر۔
ناپید: [ف۔صف] ا۔ نیست۔ معدُوم۔ فنا (۲) عنقا صفت۔ نادر الوجُود۔
ناپیدا: [ف۔صف] ا۔ جو ظاہر نہ ہو۔ چُھپا ہُوا۔ غائب۔ نیست و نابُود۔
اب ناپید استعمال ہوتا ہے (افعال: کرنا۔ ہونا)
ناپیدا کنار: [ف۔صف] جسکا کنارہ نہ دکھائی دے (دریا یا سمندر) لا محدود۔
ناپید کرنا: [ار۔محاورہ] برباد کرنا۔ کھونا۔ اُجاڑنا۔ فنا کرنا۔
ناپید ہونا: [ار۔محاورہ] ا۔ دیکھئے "ناپید کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) قحط ہونا۔ کمی ہونا۔ معدُوم ہونا۔ عنقا ہونا۔
ناتجربہ کار: [ف۔صف] دیکھئے "ناآزمُودہ کار"
ناتراش / ناتراشیدہ: [ف۔صف] ا۔ ناہموار (۲) اُجڈ۔ گنوار (۳) بے ادب گستاخ (۴) غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بدتہذیب۔
ناتراشیدہ کُندہ: [ف۔امذ] بے وقوف۔ جاہل آدمی۔
ناتربیت یافتہ: [ف۔صف] دیکھئے "ناتراشیدہ کُندہ"
ناتمام: [فع۔صف] نامکمل۔ ادھورا۔ ناقص
ناتواں: [ف۔صف] ا۔ کمزور۔ بودا۔ ناطاقت۔ لاغر۔ ضعیف۔ نحیف۔ عاجز۔ مضمحل (۲) آہ کی صفت (افعال: کرنا۔ ہونا)
ناتوانی: [ف۔امث] دیکھئے "ناتوان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ناجائز: [فع۔صف] ناروا۔ نادُرست۔ ممتنع۔ بے جا۔ خلاف شرع۔
ناجائز قرار دینا: [ار۔معاورہ] کسی بات کے کرنے سے روک دینا۔ خلافِ قانون یا شرع ہونے کا فیصلہ کرنا۔
ناجائز مال: [فع۔امذ] وُہ مال جس کا لینا قانُوناً یا شرعاً ناجائز ہو۔
ناجنس: [ف۔صف] غیر جنس۔ اَن میل۔ ناموافق (۲) کم اصل رذیل کمینہ۔ اوچھا۔ پاجی (۳) غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بے ادب۔
ناجوازی: [ف۔امث] نادرستی۔ کسی بات کا ناجائز ہونا۔
ناچار: [ف۔صف] ا۔ عاجز۔ بے بس۔ مجبُور۔ بیچارہ (۲) مُفلس۔ نادار غریب (۳) اپاہج۔ معذور (۴) نااُمید۔ مایُوس۔ نراس (۵) متعلق فعل بالضرور۔ لابُد (۶) مجبُوراً۔ مجبُور ہوکر۔ ہار کر (ناچارہ کا مخفف ہے) (افعال: کر دینا۔ کرنا۔ ہونا)
ناچاری: [ف۔امث] دیکھئے "ناچار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ناچاق: [ف۔صف] ا۔ علیل۔ بیمار۔ جو تندرُست نہ ہو (۲) لاغر۔ دُبلا۔
ناچاقی: [ف۔امث] ا۔ ملالت۔ بدمزگی (۲) ان بن۔ بگاڑ۔ رنجش۔
ناچیز: [ف۔صف] ا۔ جو کچھ نہ ہو۔ ہیچ۔ بے حقیقت۔ بے وقعت۔ نابکار (۲) نکما۔ نااہل۔ ناکارہ (۳) اَدنیٰ۔ ذلیل و خوار۔
ناحق: [ف۔صف] ا۔ بے انصافی سے۔ حق کے خلاف۔ بے جا۔ بلا سبب بے سبب۔ بے فائدہ (۳) نامناسب۔ ناواجب (افعال: کرنا۔ ہونا)
ناحق شناس: [ف۔صف] ناسپاس۔ بے وفا۔ بے انصاف ظالم۔ (غلط ترکیب)

ناحق شناسی: [ف۔امث] دیکھئے "ناحق شناس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ناحق کا: [ار۔صف] بے فائدہ۔ فضول
ناحق کو: [ا۔متعلق فعل] عبث۔ بے سبب۔ ناحق۔
ناحق کوش: [ف۔صف] ناحق بات کی کوشش کرنے والا۔
ناحق کہنا: [ار۔محاورہ] جھُوٹ بولنا۔ جھُوٹ کہنا۔ حق کے خلاف کہنا غیر منصفی کی بات کہنا۔
ناحق کی دھاندہے: [اردو فقرہ] بیفائدہ کی تگ و دو ہے۔ نکمی حرص ہے۔
ناخدا: [ف۔صف] ا۔ خُدا کو نہ ماننے والا۔ دہریہ۔ ملحد۔ کافر
ناخدا ترس: [ف۔صف] ا۔ خُدا سے نہ ڈرنیوالا۔ خُدا کا خوف نہ کرنیوالا۔ بیرحم۔ سنگدل
ناخلف: [ف۔صف] ا۔ جو باپ کے موافق نہ ہو۔ نالائق۔ نااہل (۲) بدچلن۔ بدذات بداطوار (۳) معیبی۔ عیب دار۔ یہ لفظ اولاد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
ناخلف اُٹھنا یا پیدا ہونا: [ار۔محاورہ] اولاد کا ناشائستہ یا نالائق ہونا۔
ناخلف بیٹے سے بیٹی بھلی: [ار۔مثل] بُرے لڑکے سے لڑکی بہتر۔
ناخواست: [ف۔صف] بے اختیار۔ بے طلب۔ بے تلاش۔
ناخواستہ: [ف۔صف] نہ چاہا ہُوا۔ نہ چاہنے والا۔ اُردُو میں با دلِ ناخواستہ کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔
ناخواندگی: [ف۔امث] دیکھئے "ناخواندہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ناخواندہ: [ف۔صف] ا۔ نہ پڑھا ہُوا۔ بے علم۔ اَن پڑھ۔ جاہل (۲) بغیر بُلایا ہُوا۔ بِن بُلایا (مہمان کے ساتھ)
ناخواندہ مہمان وبال جان: [ف۔مثل] بِن بُلایا مہمان میزبان کی تکلیف کا باعث ہوتا ہے۔
ناخوش: [ف۔صف] ا۔ جو خُوش یا راضی نہ ہو۔ ناراض (۲) ناشاد۔ خفا۔ بیزار۔ متنفر۔ رنجیدہ (افعال: کرنا۔ ہونا) ۳۔ بیمار۔ مریض۔
ناخوشگوار: [ف۔صف] ناپسندیدہ۔ جو بُرا معلُوم ہو (واقعہ وغیرہ کے ساتھ)
ناخوشی: [ف۔امث] دیکھئے "ناخوش" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
نادار: [ف۔صف] ا۔ غریب۔ مُفلس۔ تنگ حال۔ محتاج۔ کنگال (۲) گنجفہ میں وُہ بازی جس میں کوئی پتہ نہ آئے۔
ناداری: [ف۔امث] دیکھئے "نادار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ناداری آنا: [ار۔محاورہ] غریب یا مُفلس۔ کنگال ہو جانا۔
نادان: [ف۔صف] ناسمجھ۔ بے وقوف۔ احمق۔ جاہل۔ انجان (۲) کم سِن۔ چھوٹی عُمر کا۔
نادان بات کرے دانا قیاس کرے: [ار۔مثل] بے وقوف فضول باتیں کرتا رہتا ہے۔ عقلمند ہر ایک بات پر کھتا ہے۔
نادان بننا: [ار۔محاورہ] تجاہل عارفانہ کرنا۔ ایسے بھولے بننا کہ جیسے کچھ جانتے ہی نہیں۔
نادان پن: [ار۔صف] بیوقوفی۔ جہالت۔
نادان دوست سے دانا دُشمن بھلا: [ار۔مقولہ] عقلمند دُشمن بیوقوف دوست سے بہتر ہوتا ہے۔
نادان کی دوستی بالو کی بھیت: [ار۔مثل] بیوقوف کی دوستی کا کچھ اعتبار نہیں۔

نادان کی دوستی جی کا زیان: [ا ر. مثل] بیوقوف کی دوستی میں سراسر خطرہ ہے

نادانستگی: [ف. امث] ناواقفیت. جہالت. بے خبری. لاعلمی

نادانستہ: [ف. متعلق فعل] بے قصد. اَن جانے بھولے سے. ناواقفیت سے سہواً

نادانی: [ف. امث] دیکھئے "نادان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

نادرست: [ف. صف] جو ٹھیک نہ ہو. غلط. بیجا. نامناسب (۲) غیر مباح. ناجائز غیر مشروع (۳) جو ٹھیک نہ چلے (جیسے گھڑی) جس کی ترکیب ٹھیک نہ ہو

نادرستی: [ف. امث] ۱. دیکھئے "نادرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) جھوٹ. دروغ. نقص. عیب.

نادہند: [ف. صف] نہ دینے والا. خصوصاً قرض لیکر نہ دینے والا. مزدوری مار لینے والا

نادہندگی / نادہندی: [ف. امث] قرضہ لیکر نہ دینا ۲. بیچڑپن. لُوٹھن.

نادیدنی: [ف. امث] وُہ چیز جو قابل دیکھنے کے نہ ہو.

نادیدہ: [ف. صف] ۱. بے دیکھا. ان دیکھا. جسے دیکھا نہ ہو (۲) ندیدہ. جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو.

ناراست: [ف. صف] ٹیڑھا. کج (۲) دروغ. جھوٹ. نامناسب (۳) کھرا آدمی

ناراستی: [ف. امث] دیکھئے "ناراست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

ناراض: [ف. صف] دیکھئے "ناخوش" ۲ (افعال: کرنا. ہونا)

ناراضی: [ف. امث] دیکھئے "ناخوشی"

نارس: [ف. امث] ۱. کچا. خام (۲) شراب خام جو پینے کے قابل نہ ہو. (۳) شگفتہ کلی.

نارسا: [ف. صف] نہ پہنچنے والا (۲) بے اثر (آہ) ۳. نامراد.

نارساں: [ف. صف] وُہ جو واقع نہ ہو.

نارسائی: [ف. امث] پہنچ نہ ہونا. باریابی نہ ہونا.

نارسیدگی: [ف. امث] خاص آزمودہ کار نہ ہونا.

نارسیدہ: [ف. صف] نہ پہنچا ہوا. خام. کچا (پھل) ۲. نامکمل ۳. نابالغ.

نارَوا: [ف. صف] ناجائز. بیجا (۲) خلاف شرع. ممنوع. غیر مشروع. نالائق. نامناسب. غیر واجب. خلاف شان (۴) غیر مروج. بے رواج وُہ جس کا رواج نہ ہو (سکہ) ۵. وُہ جنس جس کا رواج نہ ہو (۶) نامقبول. ناپسند (۷) نامناسب (۸) نامراد. ناکامیاب. محروم. بے نصیب.

نارَوائی: [ف. امث] دیکھئے "نارَوا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

نازیب / نازیبا: [ف. صف] بدزیب. بدنما. بدشکل ۲. غیر موزوں نامناسب (۳) ان میل. بے میل.

ناساز: [ف. صف] ۱. ناموافق. مخالف. برعکس. برخلاف (۲) ناسازگار ناراست (۳) بیمار. علیل. بدمزہ (۴) راس نہ آنے والا. ناسازگار.

ناسازگار: [ف. صف] ۱. مخالف. ناموافق. برخلاف (۲) منحوس (۳) بدنصیب. بدبخت.

ناسازگاری: [ف. امث] دیکھئے "ناسازگار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

ناسازی: [ف. امث] دیکھئے "ناساز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

ناسازی بخت: [ف. امث] بدقسمتی

ناسازی طبیعت: [ف. امث] بیمار ہونا. بیماری

ناسپاس: [ف. صف] ناشکرگزار. ناشکرا

ناسپاسی: [ف. امث] دیکھئے "ناسپاس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

ناستودہ: [ف. صف] ناپسندیدہ. بیہودہ. نالائق.

ناسرہ: [ف. صف] غیر خالص. کھوٹا. کھوٹ ملا ہوا.

ناسزا: [ف. صف] ۱. نازیبا. نامناسب. بے جا. ناواجب (۲) سفلہ. کمینہ ۳. نالائق. بیوقوف

ناسزاوار: [ف. صف] دیکھئے "ناسزا" ۲. نامبارک. منحوس

ناسُفتہ: [ف. صف] جس میں سوراخ نہ ہو. اَن بندھا (۲) دوشیزہ. کنواری

ناسمجھ: [ف. صف] بیوقوف. احمق. نادان (۲) کند ذہن. غبی. ۳. بچہ. کم عمر. کمسن

ناسمجھ بن جانا: [ا ر. محاورہ] بے وقوف ہو جانا. بیوقوفی کی باتیں کرنا.

ناسمجھی: [ف. امث] دیکھئے "ناسمجھ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

ناسمجھی کی بات: [ا ر. امث] نادانی کی بات.

ناشاد: [ف. صف] ۱. ناخوش. رنجیدہ. دلگیر. پژمردہ (۲) کم بخت. بدنصیب. بدبخت. بدقسمت. نامراد. ۳. مصیبت زدہ. آفت رسیدہ.

ناشاد جانا: [ا ر. محاورہ] ۱. نامراد جانا. پُر ارمان جانا ۲. رنج کی حالت میں جانا.

ناشاد و نامراد: [ف. صف] بدنصیب. بدبخت.

ناشاد نامراد جائے: [ا ر. بددعا] (عو) ارمان لیکر مر جائے. بے آس اولاد مر جائے.

ناشائستگی: [ف. امث] دیکھئے "ناشائستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

ناشائستہ: [ف. صف] ۱. ناہموار. نالائق. ۲. ناموزوں. نازیبا. نامناسب.

ناشدنی: [ف. صف] ناممکن. محال (۲) بدنصیب. کمبخت. ناخلف. نالائق.

ناشکرا: [ا ر. صف] "ناسپاس" احسان فراموش.

ناشکری: [ف. امث] ۱. ناشکرگزار عورت (۲) مث. نمک حرامی. ناحق شناسی. ناسپاسی

ناشکری کرنا: [ا ر. محاورہ] ۱. احسان نہ ماننا. (۲) نمک حرامی کرنا.

ناشکیب: [ف. صف] بے صبر. بے قرار.

ناشکیبائی: [ف. امث] بے صبری. بے صبر ہونا.

ناشگفتہ: [ف. صف] نہ کھلی ہوئی (کلی) ۲. دوشیزہ. کنواری.

ناشناس: [ف. صف] نہ پہچاننے والا.

ناشنو / ناشنوا: [ف. صف] وُہ جو کسی کے حال کا پُرسان نہ ہو. نہ سُننے والا.

ناشنوائی: [ف. امث] کس مپرسی. پُرسانِ حال نہ ہونا.

ناصاف: [فع. صف] جو پاک و صاف نہ ہو.

ناصبور: [فع. صف] بے صبر. مضطر. بیقرار

ناصواب: [فع. صف] غلط. نادرست. بُری

ناطاقت: [فع. صف] کمزور. ناتوان

ناطاقتی: [فع. امث] دیکھئے "ناطاقت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

ناعاقبت اندیش: [ف. صف] بات کا انجام نہ سوچنے والا. کوتہ اندیش.

ناعاقبت اندیشی: [ف۔امث] دیکھئے "ناعاقبت اندیش" جسکا یہ اسم کیفیت ہے
نافرجام: [ف۔صف] ناعاقبت اندیش۔ بدانجام۔ بداصل۔
نافرمان / نافرمانبردار: [ف۔صف] حکم نہ ماننے والا۔ متمرد۔ سرکش۔ ایک اُودے رنگ کا پھول۔
نافرمانبرداری / نافرمانی: [ف۔امث] حکم عدولی۔ سرکشی۔ حکم نہ ماننا ۲۔ ایک رنگ۔ اُودا رنگ۔
نافرمانی کرنا: [ا۔مص مرکب] سرکشی کرنا۔ حکم عدولی کرنا۔ حکم نہ ماننا۔
نافہم: [ف۔صف] ناسمجھ۔ نادان۔ کم عقل۔ بیوقوف۔
نافہمی: [ف۔امث] دیکھئے "نافہم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ناقابل: [ف۔صف] نالائق۔ جاہل۔ ان پڑھ (۲) ناقابلیت۔ ناموافقت۔ ناموزونیت۔
ناقابل برداشت: [ف۔صف] سہارنے کے ناقابل۔ جو برداشت کے قابل نہ ہو۔
ناقابلیت: [ف۔امث] نالائقی۔ کم استعدادی۔ بے مقدوری۔
ناقبول: [فع۔صف] ناپسندیدہ۔
ناقدر / ناقدرا: [ف۔صف] جو کسی کی قدر نہ سمجھے۔ حق نہ ماننے والا۔ نالائق
ناقدری: [ف۔امث] بے قدری (۲) [صف] قدر نہ کرنے والا۔
ناکارہ: [ف۔صف] ا۔ نکما۔ جو کام کا نہ ہو۔ بیکار (۲) بُرا۔ خراب۔ نابکار۔ ۳۔ سست۔ اپاہج۔
ناکام: [ف۔صف] ا۔ محروم۔ ناکامیاب (۲) نامُراد۔ ناامید۔ مایوس (۳) ناچار مجبور۔ لاعلاج۔ ناگزیر (افعال: رہنا۔ کرنا)
ناکامی: [ف۔امث] ناامیدی۔ مایوسی (۲) ناکامیابی۔ محرومی (ناکام کا اسم کیفیت)
ناکامیاب: [ف۔صف] دیکھئے ناکام (۲) وہ جو امتحان میں فیل ہو جائے (افعال۔ رہنا۔ کرنا)
ناکامیابی: [ف۔امث] دیکھئے ناکامی (۲) امتحان میں فیل ہو جانا۔ کسی کام کا حسب مُراد نہ ہونا۔
ناکتخدا / ناکدخدا: [ف۔صف] بن بیاہا۔ کنوارا۔ کنواری۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو۔
ناکردہ: [ف۔صف] نہ کیا ہوا۔ تنہا استعمال نہیں ہوتا۔
ناکردہ جرم: [ف۔صف] بے گناہ۔ بے قصور۔ بے خطا۔
ناکردہ خوار، کردہ پشیماں: [ف۔ مثل] کسی کام کے نہ کرنے میں ذلت اور کرنے میں پشیمانی ہو تو کہتے ہیں۔
ناکردہ کار: [ف۔صف] ا۔ ناتجربہ کار۔ نا آزمودہ کار۔ ناپختہ کار (۲) کچا۔ خام ناواقف۔ اناڑی۔ انجان۔
ناکردہ گناہ: [ف۔صف] بے گناہ۔ بے قصور۔ بے خطا۔
ناکردنی: [ف۔صف] جو کرنے کے لائق نہ ہو۔
ناکرنا: [ا۔محاورہ] انکار کرنا۔
ناکرند برائی تو بھی کسی کی بھوجائی: [ا۔مثل] بدی کا نتیجہ بدی ہے۔
ناکس: [ف۔صف] ا۔ نیچ۔ کمینہ۔ سفلہ۔ پاجی (۲) نالائق۔ اُردو میں ہرکس و ناکس کی ترکیب میں آتا ہے / استعمال ہوتا ہے۔

ناکسی: [ف۔امث] دیکھئے "ناکس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ناکند: [ف۔امذ] وہ بچھڑا جس کے ابھی دودھ کے دانت ہوں۔ ۲۔ ناسمجھ نادان۔ ناتجربہ کار (۳) (کنایتہً) دوشیزہ۔ باکرہ۔
ناگاہ / ناگاہاں: [ف۔متعلق فعل] اچانک۔ یکایک۔ ناگہ
ناگزیر: [ف۔صف] ا۔ ضرور۔ لازم۔ واجب
ناگفتنی: [ف۔صف] ا۔ شرمناک۔ وہ جو کہنے کے قابل نہ ہو۔
ناگفتہ: [ف۔صف] ا۔ نہ کہی ہوئی۔ ۲۔ کہنے کے ناقابل۔
ناگفتہ بہ: [ف۔صف] ا۔ اس کا نہ کہنا بہتر ہے (۲) کنایتہً شرمناک۔
ناگنی: [ہ۔صف۔مث] ناشکری۔ احسان۔ فراموش۔ کن یا احسان نہ ماننے والی۔
ناگوار: [ف۔صف] ا۔ ناپسند۔ خلاف طبع (۲) وہ کھانا جو ہضم نہ ہو۔ ۳۔ بدمزہ (۴) مکروہ۔
ناگواری: [ف۔امث] دیکھئے "ناگوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ناگوار گزرنا / معلوم ہونا: [ا۔محاورہ] بُرا لگنا۔ اچھا نہ معلوم ہونا۔ خلاف طبع ہونا۔
ناگہ / ناگہاں: [ف۔متعلق فعل] ا۔ اچانک۔ دفعتہً۔ یکایک (۲) بے خبری میں (۳) [صف] بیوقت۔ بے موقع
ناگہانی: [ف۔صف] اتفاقی۔ اچانک۔
نالائق: [فع۔صف] ناقابل۔ سفلہ۔ کمینہ (۲) نامناسب۔ بیجا۔
نالائق پن: [ا۔امذ] دیکھئے "نالائق" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
نالائقی: [فع۔امث] دیکھئے "نالائق" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
نامانوس: [فع۔صف] دیکھئے "ناآشنا"
نامبارک: [فع۔صف] ناسزا اور منحوس۔ نامسعود
نامتناہی / نامحدود: [فع۔صف] جس کی انتہا نہ ہو۔ لاانتہا۔ بے حد۔ (۲) کنارے۔ بے تھاہ
نامحرم: [فع۔صف] ا۔ ناواقف۔ ناآشنا۔ انجان۔ غیر۔ اجنبی (۲) وہ جس سے عورت کو پردہ واجب ہو۔ (۳) وہ رشتہ دار یا شخص جس سے نکاح جائز ہو۔ درست ہو۔
نامُراد: [فع۔صف] ا۔ ناکام۔ محروم۔ ۲۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ بے نصیب۔ کمبخت۔
نامراد جانا: [ا۔محاورہ] بے مُراد پوری ہوئے مر جانا۔
نامُرادی: [ف۔امث] دیکھئے "نامُراد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نامربوط: [فع۔صف] بے ربط۔ بے میل۔ ناموزوں۔ بے جوڑ۔ بے ترتیب۔
نامرد: [ف۔صف] ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخا۔ ۲۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ بودا۔ بے حوصلہ۔ وہ جو لڑنے پر قادر نہ ہو جس کی قوت شہوانی جاتی رہے وہ جو لڑائی میں بھاگ جائے۔
نامرد زند ہمیشہ لاف مردی: [ف۔مقولہ] بزدل ہمیشہ مردانگی کی ڈینگ مارتا ہے۔
نامرد ہاتھی ہمیشہ اپنی ہی فوج کو مارے: [ا۔مثل] نالائق آدمی اپنوں ہی کو نقصان پہنچاتا ہے۔
نامرد کرنا: [ا۔محاورہ] ہیجڑا بنانا۔ مخنث بنانا۔
نامرد ہونا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "نامرد کرنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
نامردم: [ف۔صف] ناکس۔ نالائق
نامردی: [ا۔محاورہ] دیکھئے "نامرد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نامردی و مردی قدمے فاصلہ دارد : [ف. مثل] بُزدلی اور بہادری میں صرف ایک قدم کا فاصلہ ہے۔
نامُساعِد : [ع. صف] ناموافق۔ ناسزا
نامُساعَدَت : [ع. امث] ناموافقت۔ ناسزاواری
نامَسعُود : [ع. صف] نامُبارک
نامُسلِم : [ع صف] کافر۔ مشرک
نامُشَخَّص : [ع. صف] ا۔ بے تحقیق۔ غیر معین (۲) جو ایک وضع/ایک حالت پر نہ ہو۔ ۳۔ وہ جس کی پڑتال نہ کی گئی ہو۔ ۴۔ بے حیثیت۔ بے شخصیت۔ مجہول النسب
نامُطابِق : [ع صف] ناموافق۔ غیر موافق/مطابق۔ مخالف
نامَطبُوع : [ع. صف] ناگوار۔ ناپسند (۲) خلاف طبع۔
نامُعتَبَر : [ع. صف] جس کا اعتبار نہ ہو۔
نامَعقُول : [ع. صف] ناپسندیدہ (۲) جو عقل میں نہ آئے۔ بعید از عقل۔ بیوقوف
نامعقول کتے کی جھول : [ا. مثل] نالائق آدمی بہت بُرا ہوتا ہے۔
نامَعقُولِیت : [ع. امث] دیکھئے "نامعقول" جسکا یہ اسم کیفیت ہے
نامَعلُوم : [ع. صف] ا۔ بے خبر (۲) ناواقف (۳) غیر مشہور۔ غیر معروف۔ ۴۔ انجان۔ نہ جانا ہوا۔ مجہول الاسم۔ جو معلوم نہ ہو۔
نامُقِر : [ع. صف] اقرار نہ کرنے والا۔ انکاری۔ نالائم
نامُلائِم : [ع. صف] کڑا۔ سخت (۲) نامناسب۔ نازیبا
نامُمکِن : [ع. صف] نہ ہونے والی۔ ان ہونی۔ خارج از امکان۔
نامُمکِنات : [ع. صف] وہ باتیں جو ناممکن ہوں۔ ناممکنہ کی جمع۔
نامُمکِنُ الزِّراعت : [ع. صف] وہ زمین جس میں زراعت نہ ہو سکے۔
نامُمکِنُ الزَّوال : [ع. صف] جو کبھی زائل نہ ہو۔
نامناسب : [ع صف] ا۔ ناپسندیدہ۔ نامعقول۔ ۲) غیر مناسب۔ ناموزوں۔ غیر واجب (۳) بے موقع۔ بیہودہ۔
نامَنظُور : [ع. صف] انکار کیا گیا۔ ناپسند۔ نامعقول
نامنظور شدہ : [ع. صف] نامنظور ہے۔ درخواست پر لکھا جاتا ہے۔
نامنظور کرنا : [ا. مص مرکب] نہ ماننا۔ انکار کرنا۔ پسند نہ کرنا۔
نامنظوری : [ف. امث] کسی درخواست کو منظور نہ کرنا۔
نامُوافِق : [ع صف] جو موافق نہ ہو۔ خلاف۔ ناگوار (افعال: ہونا)
نامُوافَقَت : [ع. امث] اَن بن۔ شکر رنجی۔ بگاڑ۔ ۲۔ موافق نہ ہونا۔ مطابق نہ ہونا۔
نامَوزُوں : [ع صف] نازیبا۔ بے جوڑ۔ ناموافق۔ بے میل ۲۔ بے تاب۔ بے سرا (۳) وہ جو عروض و کلام پر قادر نہ ہو۔
نامِہربان : [ف. صف] ا۔ بے مہر۔ بے مروت۔ بے رحم۔ بیدرد (۲) دشمن۔ بدخواہ۔ بداندیش۔ بیری (۳) اورنگ زیب نے دارا شکوہ کو برادر نامہرباں کا خطاب دیا تھا۔
نامِہربانی : [ف. امث] بے دردی۔ بے رحمی۔ بے مروتی۔ دشمنی۔ جفا
نامُیَسَّری : [ف. امث] مفلسی۔ افلاس۔ تنگدستی
ناواجِب : [ف. صف] بیجا۔ نامناسب۔ نازیبا
ناواقِف : [ف صف] انجان۔ نامحرم (۲) جاہل۔ ناتجربہ کار
ناواقِفِیَت : [ف. امث] دیکھئے ناواقف جسکا یہ اسم کیفیت

ناوَقت : [ف صف] بے وقت۔ بے ہنگام (۲) بے موقع۔ بے محل۔
ناہَموار : [ف صف] نابرابر۔ غیر مسطح۔ نامساوی۔ اونچا نیچا (۲) ناموافق۔ نالائق۔ ناخلف۔ ناشائستہ۔ بیہودہ۔ ناہمواری دیکھئے "ناہموار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ناہَنجار : [ف. صف] بدچلن۔ بدذات۔ کمینہ۔ نالائق
نایاب : [ف. صف] ا۔ کمیاب۔ نادر۔ وہ چیز جو بہت کم میسر آئے۔ ناپید۔ نامیسر ۲۔ بیش قیمت۔ قابل قدر۔
ناب : [ف صف] ا۔ بے آمیزش۔ خالص۔ صاف۔ مرکبات میں جیسے مے ناب۔ شراب ناب (۲) پاک۔ شدھ (۳) مخلص۔ صادق۔ راسخ (۴) نالی۔ نہر ۵۔ چھڑی۔ لکیر۔ دراڑ (۶) تلوار کی نالی۔ جو تیغنے سے نوک تک ہوتی ہے۔ ۷۔ سفرن کی نال۔
ناب : [ع. اند] کاٹنے والا دانت۔ کچلی۔ ڈاڑھ۔
نابدار : [ف. صف] جس میں لکیریں/نالیاں ہوں
نابدان : [ف. اند] وہ زمین دوز موری جس سے گندہ پانی نکلے۔
نابغہ : [ع. اند] ا۔ عرب کے ایک مشہور شاعر کا نام۔ ۲۔ بہت ذہین اور فطین
نابھ : [س. اند] ایک قسم کا ٹونا۔ ٹونا (۲) شیوجی اور وشنوجی کا لقب۔
نابھ/نابھی : [س. امث] ناف
نابھارت : [ہ. امث] وہ بھوری جو گھوڑے کے زیر ناف ہو اور منحوس خیال کی جاتی ہے۔
ناپ : [ہ. امر] ناپنا مصدر سے صیغہ امر (۲) امث (پیمانہ۔ انداز۔ پیمائش۔ ماپ
ناپ بدیا [ہ. امث] علم مساحت۔
ناپ تول/جوکھ [ہ. امث] پیمائش اور تول۔
ناپ کا پورا [ا. متعلق فعل] وہ آدمی یا گھوڑا جو پولیس یا فوج کے مقررہ ناپ میں ٹھیک ہو۔
ناپنا : [ا. مص] ا۔ پیمائش کرنا۔ اندازہ کرنا۔ ۲۔ (سر) کاٹنا۔ قلم کرنا۔ ۳۔ (گردن) پکڑ کے نکال دینا (۴) (راستہ) سفر کرنا۔ آوارہ پھرنا۔ تھوڑی دیر کے لیے آنا۔
نات : [ہ. اند] ا۔ دیکھئے ناتا (۲) دیکھئے ناتہ
نات کا نہ گوت کا بانٹا مانگے پوتھ کا : [ا. اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ رشتہ داری جتائے۔
ناتا : [ہ. اند] ا۔ رشتہ۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ بھائی بندی (۲) تعلق۔ علاقہ۔ واسطہ۔ نسبت۔ میل۔ لگاؤ
ناتا توڑنا : [ا. محاورہ] تعلق نہ رکھنا۔ رشتہ داری/قرابت ختم کر لینا۔
ناتا ٹوٹنا : [ا. محاورہ] دیکھئے "ناتا توڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ناتا جوڑنا : [ا. محاورہ] رشتہ گانٹھنا۔ نیا رشتہ قائم کرنا۔
ناتا چھوٹنا : [ا. محاورہ] رشتہ داری ترک کرنا۔
ناتا نہ گوتا کھڑا ہو کر روتا : [ا. مثل] ان لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جن کا کوئی تعلق نہ ہو اور خواہ مخواہ دخل دیں۔
ناتن/ناتنی : [ہ. امث] بیٹی کی بیٹی۔ نواسی
ناتن سکھاوے نانی کو بارہ ڈیوڑھے آٹھ : [ا. مثل] ناتجربہ کار کا تجربہ کار کو سکھانا۔

ناتھ: [ھ۔ اِمذ] ۱۔ بیلوں کی ناک کی رسّی (۲) ڈورا جس سے زخم کھلا رہے۔
ناتھ: [س۔ امذ] ۱۔ مالک۔ آقا۔ ولی نعمت۔ خداوند (۲) خاوند (۳) پناہ سہارا۔ مدد
ناتھنا: [۱ ار۔ محاورہ] ۱۔ سوراخ کرنا۔ چھیدنا (۲) بیل کے نتھنے میں رسّی ڈالنا۔
(۳) قابو کرنا۔ بس میں کرنا۔ مطیع کرنا (۴) شامل کرنا۔ پھانسنا۔
ناتھی: [ہ۔ صف] جس کا کوئی مالک ہو۔ خاوند والی۔ سہاگن ۲۔ تابع۔ متعلق۔ ماتحت رعایا۔
ناتی: [ھ۔ امذ] بیٹی کا بیٹا۔ نواسہ (۲) نوالہ۔ لقمہ
ناتے: [ھ۔ امذ] دیکھئے "ناتا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
ناتے دار: [ار۔ صف] رشتہ دار
ناتے داری: [ار۔ امث] رشتہ داری۔ قرابت۔
ناتے والے: [ار۔ امذ] رشتہ دار۔ اقربا۔
ناٹ: [ھ۔ امث] ۱۔ لاٹھ۔ مینار۔ ستون (۲) شہتیر۔ کڑی۔ لٹھ (لاٹھ)
۳۔ (مذ) ناچنا۔ ناچ (۴) تماشا۔ نقل۔ بیلا (۵) کرناٹک کا ملک (۶) نٹ۔
ناٹ کا بچہ تو کلا بازی ہی کریگا: [ار۔ مثل] جو جس کام کے قابل ہے
وہی کرے گا / کرتا ہے۔
ناٹ مندر: [ھ۔ امذ] ناچنے کی جگہ۔ ناچ گھر۔
ناٹا: [ھ۔ امذ] پست قد۔ ٹھگنا۔ بونا۔ شریر۔ شرارتی (۲) نوجوان بیل جو ابھی
سدھایا نہ گیا ہو۔
ناٹاپن: [ھ۔ امذ] قد کا چھوٹا ہونا۔
ناٹا سب سے ٹانٹا: [ار۔ مثل] پست قد آدمی مضبوط یا شرارتی ہوتا ہے۔
ناٹک: [س۔ امذ] ناچنے والا شخص۔ رقاص (۲) تماشے / تماشا کرنے والا شخص
بہروپیا۔ بھان متی۔ ایکٹر (۳) کھیل۔ ڈراما۔ سنسکرت کے کھیلوں کی
دس بہترین قسموں میں سے پہلی قسم (۴) نٹ کا پیشہ (نٹ) ناچنا۔
تماشا دکھانا۔
ناٹک رچانا: [ار۔ محاورہ] سوانگ رچانا۔
ناٹک شالا: [س۔ امذ] ناچ گھر۔
ناٹکا: [س۔ امث] ۱۔ سوانگ۔ نقل (۲) سنسکرت کے دوسری قسم
کے کھیلوں میں سے پہلی قسم (۲) تماشا کرنیوالی عورت۔ ایکٹرس۔
ناٹکی: [س۔ امث] رقاصہ۔ ناچنے والی عورت۔ ۲۔ ایک قسم کا ناٹک۔
ناٹکیا: [س۔ صف] ۱۔ کھیل کے متعلق (۲) مسخرے پن کا (۳) (مذ) سوانگی بہروپیا
ناٹنا: [ھ۔ مص] دیکھئے "نٹنا"
ناٹھا: [ھ۔ صف] وہ جس کا رشتہ دار نہ ہو۔ اُردو میں نگوڑا ناٹھا کی
ترکیب سے آتا ہے / مستعمل ہے۔
ناٹھور: [ط۔ صف] جس کی کوئی جگہ نہ ہو جو اپنی موزوں جگہ پر نہ ہو۔ بے ٹھور۔ بے ٹھکانے
ناٹھنا / ناٹھ جانا: [ار۔ مص۔ قدیم] بھاگنا۔ بھاگ جانا۔
ناثر: [ع۔ امذ] نثر لکھنے والا۔ عبارت نویس۔ مضمون نگار۔
ناج: [ھ۔ امذ] اناج کا مخفف۔ اناج۔ غلہ۔ دانہ
ناج پانی: [ہ۔ امذ] گھر بھر کا کل کھانے کا سامان۔
ناج کی منڈی / ناج منڈی: [ار۔ امث] وہ جگہ جہاں غلہ فروخت ہوتا
ہے۔ گولا۔ مقام غلہ فروشی
ناج کی موج اگر برسے اسوج: [ار۔ مثل] اسوج کے مہینے میں
اگر بارش ہو جائے تو پھر غلہ کی فصل بہت زیادہ ہوتی ہے۔
ناج والا: [ھ۔ امذ] وہ بیوپاری جو غلہ تھوک بیچے۔
ناجو: [ھ۔ امث] نازپروردہ نازک عورت۔ لاڈلی بیٹی۔ پیار سے کہتے ہیں۔
غالباً نازک کا بگاڑ ہے۔
ناجی: [ع۔ صف] نجات پانے والا۔ گناہ معاف کیا ہوا۔ مغفور۔
ناچ: [ار۔ امذ] خوشی میں آ کر ناچنا کودنا۔ اظہار خوشی کا ایک طریقہ ہے۔
بچے جب کسی بات پر خوش ہوتے ہیں تو ناچنے کودنے لگ جاتے ہیں
اُسے موجودہ ناچ / رقص کی ابتدا سمجھنا چاہیئے (۲) اہل رقص کا باقاعدہ
تال اور سُر پر پاؤں مارنا۔
ناچ دکھانا: [ار۔ محاورہ] کسی کے آگے رقص کرنا۔
ناچ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] کسی کو ناچتے ہوئے دیکھنا۔ رقص کا ملاحظہ کرنا۔
ناچ راگ / رنگ / گانا: [ھ۔ امذ] ناچنا اور گانا۔ رقص و سرود (افعال: ہونا)
ناچ کود باندر مرے مال مداری کھائے: [ار۔ مثل] محنت کوئی
کرے فائدہ کوئی اٹھائے۔
ناچ گھر: [ھ۔ امذ] وہ مکان جس میں ناچ ہوتا ہو۔ تماشا گاہ۔ تھیٹر۔
ناچ نچا دینا / نچانا: [ار۔ محاورہ] حیران و پریشان کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا (۲)
ہیرا پھیری کروانا۔ دوڑ دھوپ کرانا۔ قواعد کرانا۔
ناچ نہ جانوں / جانے / سکوں / سکے / آنگن ٹیڑھا: [ار۔ مثل]
اس جگہ کہتے ہیں جہاں کوئی شخص کام نہ جانتا ہو / جانے۔ مگر حیلے
بہانے سے ٹالنا چاہے۔
ناچنا: [ار۔ مص] رقص کرنا۔ تھرکنا۔ نرت کرنا (۲) خفگی یا غصے میں تلملانا۔
بگڑنا (۳) اچھلنا۔ کودنا۔
ناچنی: [ار۔ امث] رقاصہ
ناچنے نکلی تو گھونگھٹ کیا / ناچنے نکلے تو گھونگھٹ کیا: [ار۔ مثل]
جب کسی کام کو کرنا ہے تو پھر شرم کیا۔ کسی عیب دار کام کے متعلق
کہتے ہیں۔
ناچے بامن دیکھے دھوبی: [ار۔ مثل] اُلٹا زمانہ۔
ناچے کودے توڑے تان۔ وا کا دیکھنا راکھے مان: [ار۔ مثل]
جو دنیا میں وقت ہنسی خوشی میں گزارے اس کی سب عزت کرتے ہیں۔
ناچے گا سو پاوے گا: [ار۔ مثل] جو محنت کرے گا وہ فائدہ اٹھائے گا۔
ناحیہ: [ع۔ امذ] ۱۔ ملک۔ علاقہ (۲) قطعہ زمین (۳) کنارہ۔ ساحل (۴) طرف۔ جہت
ناخس: [ع۔ صف] سُوئی کی مانند چبھنے والا۔
ناخدا: [ف۔ امذ] ۱۔ کشتی کا مالک (۲) جہاز کا کپتان۔ ملاح۔ کشتی بان۔
(ناؤ خدا کا مخفف) دیکھئے نا کے تحت۔
ناخدائی: [ف۔ امث] "ناخدا" کا کام اور منصب۔
ناخن: [ف۔ امذ] ۱۔ انگلیوں کے سروں کی ہڈی (۲) چوپاؤں کے کھر / سُم
۳۔ پرندوں اور درندوں کے پیروں کی انگلیوں کے اُوپر / سرے کی
ہڈی جس سے وہ اپنا شکار پکڑتے اور زخمی کرتے ہیں (ناخون کا مخفف
کیونکہ جسم کے اس حصّہ میں خون نہیں ہوتا)
ناخن بڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ناخن بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ناخن بڑھانا: [ا ر. محاورہ] ناخنوں کا بڑھنے دینا اور اُن کو نہ تراشنا۔
ناخن بندی: [ف۔ اث] ۱. مددمعاش۔ مدد خرچ (۲) ملازمت۔ نوکری چاکری
۳. علاقہ۔ تعلقہ۔ **ناخن بھر**: [ا ر. صف] ذرا سا۔ قلیل مقدار میں۔
ناخن پر قربان کرنا: [ا ر. محاورہ] بہت حقارت کی نظر سے دیکھنا۔
ناخن پر لکھا ہونا: [ا ر. محاورہ] خوب یاد ہونا۔
ناخن تدبیر: [ف۔ اذ] تدبیر کا ناخن سے استعارہ کرتے ہیں۔
ناخن تراش: [ف۔ اذ] وہ آلہ جس سے ناخن تراشتے ہیں۔ نہرنی۔ مہرنا۔
ناخن تراشنا: [ا رمص مرکب] ناخن تراش کیساتھ بڑھے ہوئے ناخن کو کاٹنا۔
ناخن ترشنا: [ا رمص۔ مرکب] دیکھئے "ناخن تراشنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ناخن ترشوانا: [ا رمص۔ مرکب] دیکھئے "ناخن ترشنا" جسکا یہ متعدی المتعدی ہے
ناخن چبھونا: [ا رمص مرکب] کسی کو ناخن سے زخمی کرنا۔
ناخن چھیلنا: [ا رمص۔ مرکب] دیکھئے "ناخن تراشنا"
ناخن دیکھنا: [ا ر. محاورہ] ناخن کی طرف نظر ڈالنا۔ کہتے ہیں کہ جب بہت ہنسی
آتی ہے تو اس وقت ناخن کی طرف دیکھیں تو ہنسی بند ہو جاتی ہے۔
غالباً دھیان بٹ جاتا ہے۔
ناخن زن: [ف صف] ناخن چبھونے والا کسی دُوسرے کو ناخن سے زخمی کرنیوالا
ناخن سے گوشت جدا کرنا: [ا ر. محاورہ] اپنوں کو چھوڑ دینا۔
رشتہ داروں سے جُدا / الگ ہو جانا۔
ناخن سے گوشت جُدا ہونا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "ناخن سے گوشت
جُدا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ناخن سے لکھنا: [ا ر. محاورہ] کاغذ پر ناخن سے حروف اور الفاظ بنانا۔
ناخن سے ماس جُدا نہیں ہوتا: [ا ر مثل] اپنے کسی حالت میں غیر
نہیں ہونے / ہوسکتے۔ یگانوں کا فساد / بگاڑ جلد جاتا رہتا ہے۔
ناخن شمشیر: [ف۔ اذ] تلوار کی دھار / باڑھ
ناخن کا جگر چھیلنا / کھودنا: [ا ر محاورہ] جگر پر صدمہ پہنچانا۔ ۲. اُمنگ پیدا کرنا
ناخن کو گوشت سے جُدا کرنا: [ا ر محاورہ] رشتہ داروں کو جُدا کرنا۔
اپنوں کو چھوڑنا۔
ناخن گاڑنا: [ا ر. محاورہ] ناخن کسی چیز میں داخل کرنا / چبھونا۔
ناخن گڑنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "ناخن گاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
۲. نقشہ جمنا۔ اختیار ہونا۔
ناخن گڑونا: [ا ر. محاورہ] ۱. ناخن گاڑنا (۲) رہ پڑنا۔ ۳. نہ ٹلنا۔ ۴. متاثر / رحم جمانا۔
ناخن گھسنا: [ا ر. محاورہ] حد سے زیادہ کوشش کرنا۔
ناخن گیر: [ف۔ اذ] دیکھئے "ناخن تراش"
ناخن لگانا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "ناخن چبھانا / داخل کرنا۔
ناخن لگنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "ناخن لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ناخن لینا: [ا ر. محاورہ] ۱. ناخن تراشنا ۲. گھوڑے کا ٹھوکر کھانا / لینا
(۳) (عقل کے) ہوش میں آنا۔
ناخن مارنا: [ا ر. محاورہ] ناخن گڑونا۔
ناخن میں پڑے ہیں: [ا ر مثل] ناخن کی میل کی طرح ہے۔
یعنی کوئی حقیقت نہیں ہے۔

ناخن نہیں گر گئے ہیں: [ا ر. محاورہ] ہم تندرست ہیں۔ کسی کا احسان
نہیں لینا چاہتے۔
ناخن نیلے ہونا: [ا ر. محاورہ] مرنے کی علامت ظاہر ہونا۔ زہر کے اثر
سے ناخنوں کا نیلا نیلا ہو جانا ہے۔
ناخنوں: [ف۔ اذ] دیکھئے "ناخن" جس کی یہ جمع ہے۔
ناخنوں پر لکھا ہونا: [ا ر. محاورہ] خوب یاد ہونا۔
ناخنوں میں پڑے ہونا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "ناخن میں پڑے الخ"
ناخنوں میں لکھ رکھنا: [ا ر. محاورہ] خیال رکھنا۔
ناخنوں میں ہونا: [ا ر محاورہ] چالاکیوں اور شرارتوں سے خوب واقف ہو
ناخنہ: [ف۔ اذ] ۱. مضراب۔ ستار بجانے کا مُڑا ہُوا تار (۲) آنکھ کی ایک
بیماری جس میں سفیدی مائل گوشت آنکھ کے کونے میں پیدا ہو جاتا ہے
۳. گھوڑے کی آنکھ کے سُرخ ریشے (۴) ہیرے باندھنے کا نوکدار
انگشتانہ۔
ناخنے کا گلبدن: [ا ر۔ اذ] ایک قسم کا کپڑا۔
ناخون: [ف۔ اذ] دیکھئے "ناخن" مع محاورات جو تمام کے تمام اسکے ساتھ بھی
استعمال ہوتے ہیں۔
ناخونہ: [ف۔ اذ] دیکھئے "ناخنہ"
ناد: [س۔ اذ] ۱. آواز و بناد (۲) آواز۔ صدا۔ گونج۔ شور۔ گانا۔ غنا۔ سرود۔ نوا۔
ناد: [ع۔ اذ] پُکار۔ ندا
ناد بجانا: [ا ر. محاورہ] سینگ کی پونگی بجانا۔
ناد بجنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "ناد بجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نادِ علی: [ع۔ اث] ۱. لفظی معنی علی کو بلاؤ۔ یا اُن سے مدد طلب کرو۔
۲. ایک دُعا جسے شیعہ پتھر پر لکھ کر بچوں کے گلوں میں ڈالتے ہیں۔
جسے حاجی مکہ سے لاتے ہیں۔ ۳. ایک قسم کا پتھر جس پر یہ دُعا لکھی جاتی ہے
ناد کرنا: [ا ر. محاورہ] گانا۔ شیر کا دھاڑنا
ناد ودیا: [س۔ اث] گانے کا علم۔ راگ کا علم۔
نادالا: [ھ۔ اذ] فوارہ۔ (۲) ندی۔
نادر: [ع۔ صف] ۱. کمیاب۔ کم۔ قلیل۔ تھوڑا۔ ۲. عمدہ۔ تحفہ۔ عجیب۔
۳. نایاب (۴) ایک بادشاہ کا نام۔
نادر پاٹ: [ھ۔ اذ] ایک قسم کا کپڑا جو بڑے عرض کا ہوتا ہے۔
نادر تیرے ہولوں نے مارا: [ا ر مثل] حاکم کا رُعب اور خوف زیادہ ہوتا ہے
نادر شاہی: [ف صف] متعلقہ نادر شاہ۔ ظلم کا۔ اندھیر کا (۲) [امث]
نادر شاہ کے زمانے کا سا اندھیر یا ظلم۔ نادر شاہ کی حکومت کا زمانہ۔
نادر شاہی زمانہ: [عف۔ اذ] ۱. اندھیر کا زمانہ۔ ظلم کا زمانہ۔
نادر کار: [ا ر۔ اذ] "نادرہ کار" کا مخفف (۲) وہ جس سے عجیب و غریب کام
سرزد ہوں۔ ۳. وہ جس پر عجیب و غریب کام بنا ہُوا ہو۔
نادرگردی: [عف۔ اث] دیکھئے "نادر شاہی"
نادرہ: [ع۔ صف] ۱. عجیب۔ انوکھا۔ عجوبہ (۲) مذ۔ کوئی عجیب یا نایاب چیز
۳. عجیب آدمی
نادری: [ع صف] ۱. نادر سے منسوب۔ نادر کا (۲) مث۔ ایک قسم کی

صدری (۲) گجفہ کا اِکّا (۳) نظم (نادر شاہ سے منسوب)

نادری چڑھانا: [ا۔ محاورہ] ۱. شرمناک بات دینا (۲) گجفہ کے پتّے کے برابر بیانی کرنا (۱). جب کسی فریق مخالف کے پاس پتا نہیں رہتا تو مذاق کہتے ہیں۔

نادری حکم: [ع۔ اند] نادر شاہ بادشاہ کا سا حکم۔ سخت اور جابرانہ حکم

نادلی: [ع۔ امث] دیکھئے "نادِملی" جس کا یہ مخفف ہے۔

نادِم: [ع۔ ا۔ فاعل] شرمندہ۔ خجل۔ شرمسار۔ منفعل

نادنا / ناودھنا: [ہ۔ مص] ۱. بیلوں کو جوتنا۔ جوڑنا (۲) ابتدا کرنا۔ آغاز کرنا شروع کرنا (۳) پابند کرنا۔ غلام بنانا۔

نادِیا: [ہ۔ اند] وُہ بیل جس کا کوئی عضو زیادہ ہو۔

نادیہ: [س۔ صف] دریائی۔ آبی۔ بحری۔

ناڈکا: [س۔ امث] ۱. گھڑی جو ۲۴ منٹ کی ہو۔ دِن کا ساٹھواں حِصّہ ہوتی ہے ۲. گھڑیال۔ گھنٹہ (۳) ایک ماپ جو نصف ڈنڈے کے برابر ہوتا ہے۔

نار: [ف۔ اند] "انار" کا مخفف۔ مرکبات میں جیسے گلنار

نار: [ع۔ امث] آگ۔ آتش۔ اگنی۔

نار: [ہ۔ امث] "ناری" کا مخفف۔ عورت۔ بیوی (۲) جُلاہوں کا ایک آلۂ آہنی (۳) ایک آلہ جو بیل کے جُوتے میں لگاتے ہیں۔

نارپستان: [ف۔ صف] وہ لڑکی جس کی چھاتیاں ٹھیک نہ ہوں۔

نارِخلیل: [ع۔ اند] دیکھئے "آتشِ ابراہیم"

نارِسعیر: [ع۔ امث] دوزخ کی آگ۔

نار سلکھنی کُتّب چھکاوے آپ ننلے کی کُھرچن کھاوے

[ہ۔ مثل] نیک عورت آپ بچا کھچا کھاتی ہے اور بچّے کو اچھا کِھلاتی ہے۔

نارجیل: [ف۔ اند] ناریل۔ کھوپرا۔ گری

نارد: [ف۔ اند] پِسّو جو کتّوں کو پڑ جاتے ہیں (۲) بخیل۔ کنجوس۔

نارک: [س۔ صف] ۱. دوزخ کا۔ دوزخ کے متعلق (۲) دوزخی (۳) مذ۔ دوزخ کا باشندہ (۴) دوزخ۔ نرک

نارگیر / نارکیل: [س۔ اند] ناریل

نارمل: [انگ۔ صف] ٹھیک۔ درست۔ باقاعدہ۔ معتدل

نارمل اسکول: [انگ۔ اند] اصُولِ تعلیم (اصُولِ تدریس) سِکھانے کا مدرسہ (۲) وُہ مدرسہ جس میں ابتدائی مدرسین کو اصولِ تدریس کی تعلیم دی جاتی ہے۔

نارنج: [ع۔ اند] نارنگ کا معرب۔ سنگترہ۔

نارنجی: [ع۔ صف] نارنج کے رنگ کا (۲) سُرخی مائل زرد رنگ۔

نارنگ: [ف۔ اند] ایک پودا جس کا پھل کھاتے ہیں۔ یہ بیج سے نہیں اُگتا بلکہ کھٹے یا میٹھے پر پیوند کرتے ہیں (۲) اِس کا پھل۔ سنگترہ۔ نارنگی۔

نارنگ: [س۔ امث] ۱. دیکھئے "نارنگ فارسی" (۲) برہمن ... (۳) گانڈو (۴) جاندار حیوان (۵) مرچ کے پودے کا رس

نارنگی: [ار۔ امث] ۱. چھوٹا نارنگ (۲) (۲) مجازاً عورت کے پستان۔

نارو / نارُوا: [ہ۔ اند] ایک بیماری جس میں انسان کے بدن سے تاگا نکلتا ہے۔ نہروا

ناروان / نارون: [ف۔ اند] ایک قسم کا بڑا درخت (۲) انار کا درخت۔

نارومن: [ہ۔ صف] روشن ضمیر۔

ناری: [س۔ امث] ۱. عورت۔ زن (۲) بیوی۔ استری۔ زوجہ (۳) مونث۔ مادہ ۴. دو اوزان یا بحروں کا نام۔

ناری: [ع۔ صف] "نار" سے منسوب۔ آتشی۔ دوزخی۔

ناریل: [ار۔ اند] ۱. ایک بہت اُونچا کھجور کی قسم کا درخت جو ہندوستان کے جنوبی ساحل اور جزائر شرق الہند میں ہوتا ہے۔ اس پر بڑے بڑے گول پھل لگتے ہیں جن کا چھلکا بہت سخت ہوتا ہے۔ اس کا گودا کھاتے ہیں اور تیل نکالتے ہیں (۲) اس درخت کا پھل۔ کھوپرا (۳) حُقّہ جو ناریل میں سوراخ کرکے گودا نکال کر بناتے ہیں (۴) ایک قسم کی آتش بازی (۵) (ہ) مجازاً سر (افعال۔ بیچنا۔ خریدنا)

ناریل توڑنا: [ار۔ محاورہ] ناریل کو زمین پر مار کر یا کسی چیز سے شکستہ کرنا۔ مسلمانوں میں ایک رسم جو ایامِ حمل میں برتی جاتی ہے / ادا کی جاتی ہے اور اس سے شگون لیتے ہیں۔ اگر خالی یا خراب ہو تو لڑکا ہوگا۔ اگر عمدہ اور بھرا ہُوا ہو تو لڑکی۔

ناریل چٹخنا: [ار۔ محاورہ] بھڑکنا۔ غضب ناک ہونا۔ ناراض ہونا۔

ناریل کا پانی: [ار۔ اند] وہ پانی جو ناریل کے اندر سے نکلتا ہے۔

ناریل کا تیل: [ار۔ اند] وہ تیل جو ناریل کو دبا کر نکالتے ہیں۔ کھوپرے کا تیل۔

ناریل کا دُودھ: [ار۔ اند] دیکھئے "ناریل کا پانی"

ناریل کا گُڑ: [ار۔ اند] ایک قسم کا گُڑ جو ناریل کے درخت کے رس سے بناتے ہیں۔

ناریل میں پانی نہیں جانتا۔ کھٹا کہ میٹھا: [ار۔ مثل] مشکوک بات ہے

ناریلی: [ار۔ امث] ناریل کے چھلکے کا پیالہ (۲) ناریل (۳) ناریل کے درخت کا رس۔

ناریں: [ہ۔ امث] عورتوں کا مالک۔ چندرمان (۲) امث۔ ناری کی جمع۔ عورتیں۔

ناڑ: [ہ۔ صف] ۱. زخم۔ پھوڑا (۲) گردن۔ نرخرہ (۳) نس۔ نبض۔

ناڑ کاٹنا: [ہ۔ محاورہ] گردن کاٹنا۔ قتل کرنا

ناڑ کٹنا: [ہ۔ محاورہ] دیکھئے "ناڑ کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ناڑ کٹیا: [ہ۔ صف] گردن کاٹنے والا۔

ناڑ نیچی کرنا: [ار۔ محاورہ] شرم سے گردن جھکانا۔ سر جھکانا

ناڑا: [ہ۔ اند] ۱. ازاربند۔ کچّا۔ زرد یا سُرخ رنگ کا سُوت ۲. محرم میں سبز یا اُودے رنگ کا سُوت استعمال کرتے ہیں (۴) کھونٹی۔ کَس جو پھُوٹے۔

ناڑا چھوٹ کرنا: [ہ۔ محاورہ] عو۔ پیشاب کرنا۔ مُوتنا۔

ناڑا کھلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ناڑا کھولنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ناڑا کھولنا: [ار۔ محاورہ] ازاربند کھولنا (۲) جماع کرنا۔ زنا کرنا۔

ناڑی: [ہ۔ امث] ۱. پودے کی شاخ یا ٹہنی (۲) بدن کا کوئی نالی دار عضو۔ نس۔ نبض۔ ۳. بندوق کی نال (۴) انتڑی (۵) پھوڑا یا زخم (۶) گھڑی۔ (۷) ایک قسم کی آتشبازی۔

ناڑی پتر: [ہ۔ اند] اروی

ناڑی چھوٹنا / نہ بولنا: [ہ۔ محاورہ] ۱. نبض نہ چلنا۔ نبض کا حرکت نہ کرنا۔ سکتہ ہوجانا۔ ۲. مرجانا۔ دم نکل جانا (۳) صدمہ سے سست ہوجانا۔

ناڑی دیکھنا: [ار۔ محاورہ] نبض دیکھنا۔

ناڑی سے روگ ملتا ہے: [ار۔ مثل] نبض سے مرض معلوم ہوتا ہر چیز کے لیے کوئی نہ کوئی وسیلہ مل جاتا ہے۔

نَاڑے : [ھ۔ اِمذ] ا۔ دیکھئے "ناڑا" جس کی یہ جمع اور مُغیرہ صورت ہے۔

ناڑے کا سچّا : [ھ۔ صف] حرام / زناکاری سے پرہیز کرنے والا۔ پاک دامن۔

ناڑِیا : [ھ۔ امذ] نبض شناس۔ نبّاض۔

نَاز : [ف۔ امذ] ا۔ ادا۔ نخرہ۔ غمزہ۔ معشوقوں کی پیار کی بات یا ادا (۲) پیار لاڈ۔ چوچلا۔ ۳۔ گھمنڈ۔ غرور۔ فخر (۴) بڑائی۔ عزّت۔

ناز اُٹھانا : [ا ر۔ محاورہ] نخرے اور چوچلے برداشت کرنا۔ نازبرداری کرنا۔

ناز اُٹھنا : [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناز اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ناز اُٹھوانا : [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناز اُٹھنا" جسکا یہ متعدی المتعدی ہے۔

نازبالِش : [ف۔ امذ] پہلو کا تکیہ۔ نرم تکیہ۔

ناز برآں کُن کہ خریدار تُست : [ف مقولہ] ناز اس سے کرو جو تیرا خریدار ہو ناز چاہنے والے ہی اُٹھا سکتے ہیں۔ انھیں سے ناز کرنا درست ہے

نازبردار : [ف۔ صف] ناز اُٹھانے والا۔

نازبرداری : [ف۔ امث] دیکھئے "نازبردار" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

نازپرور / پروردہ : [ف۔ صف] ناز یا لاڈ میں پلا ہُوا۔

نازپروری : [ف۔ امث] دیکھئے "نازپرور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

نازپیشہ : [ف صف] ناز یا نخرے کرنے والا۔ معشوق

ناز سے چلنا : [ا ر۔ محاورہ] انداز سے چلنا۔ خراماں خراماں چلنا۔

ناز کا پالا : [ف صف] وُہ جو لاڈ اور پیار میں پلا ہو۔ ۲۔ محبوب۔ معشوق۔ پیارا۔

ناز کرنا : [ا ر۔ محاورہ] نخرے کرنا۔ لاڈ کرنا (۲) اِترانا۔ غرور کرنا (۳) نازاں ہونا۔ فخر کرنا۔

ناز میں آنا : [ا ر۔ محاورہ] اِترانا۔ فخر کرنا۔

ناز و نعمت میں پالنا : [ا ر۔ محاورہ] لاڈ اور پیار میں نیز عُمدہ عُمدہ کھانے کھلا کر پرورش کرنا۔

ناز و نعمت میں پلنا : [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناز و نعمت میں پالنا" جسکا یہ لازم ہے۔

ناز و نیاز : [ف۔ امذ] ا۔ پیار۔ اخلاص۔ لاڈ پیار۔ چاؤ چوچلا۔ آن و انداز۔ ناز و نخرہ

ناز ہونا : [ا ر۔ محاورہ] فخر ہونا۔ گھمنڈ ہونا

نَازا : [ف۔ امذ] نائزہ کا مخرّب۔ ذکر کا سُوراخ (۲) ذکر۔ آلۂ تناسل۔

نَازاں : [ف۔ صف] ناز کرنے والا۔ فخر کرنے والا۔ مغرور

نازاں ہونا : [ا ر۔ مص مرکب] فخر کرنا۔ اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔

نازبو : [ف۔ امذ] ایک قسم کا پودا۔ سیاہ تُلسی۔ اس کے پھول اور پتّے بہت خوشبودار ہوتے ہیں۔

نَازِش : [ف۔ امث] اِتراہٹ۔ فخر۔ گھمنڈ۔ ۲۔ بے پروائی۔ بددماغی۔

نازِش اُٹھانا : [ا ر۔ محاورہ] دُوسرے کی بے پروائی / گھمنڈ کی برداشت کرنا۔

نازِش اُٹھنا : [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نازش اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے

نازِش سنج ہونا : [ا ر۔ محاورہ] فخر ہونا۔ ناز ہونا۔

نَازُک : [ف۔ صف] ا۔ پتلا۔ دُبلا۔ ہلکا۔ چھریرا (۲) لطیف۔ نفیس۔ ۳۔ نرم کومل۔ نزاکت بھرا (۴) جلد ٹوٹ جانے والا (۵) خوبصُورت۔ خوش وضع۔ بیڈول۔ سہانا (۶) کمزور۔ کم طاقت۔ بودا۔ نفیس (۷) باریک۔ دقیق۔ دِقّت طلب (۸) تیز۔ تند۔ تنک (۹) نازپروردہ ناز کا پلا ہُوا۔ (۱۰) خطرناک۔ پیچیدہ۔

نازُک ادا / انداز : [ف۔ صف] معشوقوں کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے / ہوتے ہیں۔ خوش ادا

نازُک ادائی / اندازی : [ف۔ امث] ۱۔ گانے کو نفاست سے ادا کرنا۔ سُر کا شیریں ہونا۔ خوش ادائی۔

نازُک اندام : [ف صف] چھریرے بدن کا۔ دُبلا پتلا۔ نازک جسم کا

نازُک اندامی : [ف۔ امث] دیکھئے "نازک اندام" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

نازُک بات : [ف۔ امث] لطیف بات (۲) اہم معاملہ۔ خطرناک بات۔

نازُک بدن : [ف۔ صف] (۱) دیکھئے نازک اندام (۲) معشوق (۳) ایک قسم کی بیری جس کا چھلکا باریک اور بیر فضیلت شیریں ہوتا ہے (۴) ایک قسم کا باریک کپڑا۔ ڈوریا (۵) ایک قسم کا آلو (۶) عناب۔

نازُک بدنی : [ف۔ امث] دیکھئے "نازک اندامی"

نازُک جگہ : [ف۔ امث] بدن کا وہ مقام یا عضو جس پر چوٹ لگنے سے آدمی مر جائے (۲) وہ مقام جہاں جان کا اندیشہ ہو۔

نازُک خیال : [ف صف] عُمدہ خیالات والا۔ عالی خیال۔

نازُک خیالی : [ف۔ امث] عُمدہ خیالات کا ہونا۔ نازک خیال کا اسم کیفیت

نازُک دماغ : [ف۔ امث] مغرور۔ بد تمغ۔ بد دماغ۔ بدمزاج۔ چڑچڑا۔ تنک مزاج

نازُک دماغی : [ف۔ امث] خود بینی۔ غرور۔ دماغ۔ مزاج (۲) چڑچڑاپن تنک مزاجی۔ بد دماغی (نازک دماغ کا اسم کیفیت)

نازُک زمانہ : [ف۔ امذ] بُرا وقت۔ مصیبت کا وقت۔ خطرے کا وقت۔

نازُک طبع / طبیعت : [ف۔ صف] نازک مزاج۔

نازُک طبعی : [ف۔ امث] نازک مزاجی۔

نازُک کام : [ف۔ صف] باریک کام۔ وہ کام جو پایۂ ادا نہ ہو۔

نازُک مزاج : [ف صف] ا۔ تنک مزاج۔ چڑچڑا۔ زُود رنج (۲) معشوق

نازُک مزاجی : [ف۔ امث] دیکھئے "نازک مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نازُک مسئلہ : [ف امذ] مشکل امر۔ دقیق مسئلہ۔

نازُک معاملہ : [ف۔ امذ] خطرناک معاملہ۔

نازُک وقت : [ف۔ امذ] دیکھئے "نازک زمانہ"

نازُکی : [ف۔ امث] ا۔ ملائمت۔ نرمی (۲) خوبی۔ عُمدگی (۳) تنک مزاجی۔ (۴) نفاست۔ لطافت (۵) خودپسندی۔ خود بینی ("نازک" کا اسم کیفیت)

نازِل : [ع۔ ا۔ فاعل] اُترنے والا۔ نیچے آنے والا۔ وارد ہونے والا۔ گزرنے والا

نازِل کرنا : [ا ر مص مرکب] دیکھئے نازل ہونا جس کا یہ متعدی ہے۔

نازِل ہونا : [ا ر مص مرکب] اُترنا۔ وارد ہونا۔ نیچے آنا۔ آسمان سے اُترنا۔

نازَندہ : [ف صف] ناز کرنے والا۔ فخر کرنے والا۔

نازنین : [ف۔ صف] ا۔ دلفریب۔ دلرُبا (۲) نازک اندام۔ نازک ادا۔ ۳۔ خوبصُورت۔ خوش وضع۔ ناز و ادا والے۔ فریفتہ کرنے والا۔ خوش ادا (۴) بانکی۔ البیلی۔ چھبیلی (۵) معشوق۔

نازوں : [ھ۔ امذ] دیکھئے "ناز" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

نازوں سے پالنا : [ا ر۔ محاورہ] لاڈ پیار میں پرورش کرنا۔

نازوں سے پلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "نازوں سے پالنا" جسکا یہ لازم ہے
نازوں کا پالا: [ا۔ صف] لاڈ و پیار سے پرورش کیا ہُوا۔
نازہ: [ف۔ اِمذ] دیکھئے "نانا"
نازی: [انگ۔ صف] جرمنی کی وہ جماعت اور اس کا رکن جس کا سربراہ ہٹلر تھا۔
ناس: [ع۔ امذ] اناس کا مخفف جو انس کی جمع ہے۔ لوگ۔ انسان۔ مرکبات میں جیسے عوام الناس۔
ناس: [ہ۔ امذ] ا۔ تباہی۔ بربادی۔ غارت۔ خرابی۔ نابود۔ معدوم ۲۔ ہلاس نسوار۔ پسا ہوا تمباکو۔
ناس کرنا / کھو دینا / ملا دینا / مارنا: [ا۔ مص مرکب] تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ خراب کرنا۔
ناس کی چٹکی: [ہ۔ امث] نسوار جو انگوٹھے اور ایک انگلی کے ساتھ اُٹھا کر ناک میں چڑھائی جائے۔
ناس لینا: [ا۔ محاورہ] ہلاس یا نسوار سُونگھنا، ناک میں چڑھانا۔
ناس ہو جانا: [ا۔ مص مرکب] برباد ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ فنا ہو جانا۔
ناسا: [س۔ صف] ا۔ ناک ۲۔ ایک قسم کی پھنسی جو ناک میں ہو جاتی ہے۔
ناسپال: [ف۔ امذ] ا۔ پوست انار۔ انار کا چھلکا۔ جو رنگ نکالنے کے کام آتا ہے (۲) کچا انار۔ انار خام (۳) ایک قسم کی آتشبازی
ناسپالی: [ف۔ صف] وہ رنگ جو انار کے چھلکے سے حاصل ہو (۲) انار کے چھلکے کے رنگ کا۔ زرد مائل بہ سبزی۔ نسواری
ناستِک: [س۔ صف] ا۔ وہ جو کہے کہ یہ نہیں ہے (۲) انکار کرنے والا۔ کافر۔ دہریہ۔ منکر۔ بے دین۔ بے ایمان
ناسخ: [ع۔ فاعل] ا۔ لکھنے والا۔ نقل کرنے والا (۲) مٹانے والا۔ منسوخ کرنے والا (۳) کتاب کا نقل کرنے والا۔ کاتب۔
ناسک: [ہ۔ امذ] دیوار
ناسِک: [ع۔ فاعل] خدا پرست۔ عبادت کرنے والا (۲) باعصمت۔ نیک
ناسکا: [ہس۔ صف] ناک۔ نتھنا (۲) ہاتھی کی سُونڈ۔
ناسُوت: [ع۔ امذ] ا۔ عالم اجسام۔ دُنیا۔ عالم مجاز ۲۔ شریعت ظاہری عباد
ناسُوتی: [ع۔ صف] دیکھئے "ناسُوت" جس سے یہ منسوب ہے۔
ناسُور: [ع۔ امذ] وہ زخم جو ہمیشہ رستا ہے۔ پُرانا زخم
ناسُور بھرنا: [ا۔ محاورہ] پُرانے زخم کا اچھا ہونا۔
ناسُور بہنا: [ا۔ محاورہ] ناسُور سے پیپ جاری ہونا۔
ناسُور پڑ جانا / پڑنا: [ا۔ محاورہ] ہمیشہ جاری رہنے والا زخم ہونا۔ (۲) بہت ایذا یا تکلیف پہنچنا۔
ناسُور پیدا ہونا: [ا۔ محاورہ] ہمیشہ جاری رہنے والا زخم ہو جانا۔
ناسُور جاری رہنا: [ا۔ محاورہ] زخم سے ہمیشہ پیپ بہتے رہنا۔
ناسُور ڈالنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ تکلیف دینا۔ ایذا پہنچانا (۲) زخم پہنچانا۔
ناسُور سا بہنا: [ا۔ محاورہ] بات ختم نہ ہونا۔ چلی جانا۔
ناسُور کا مُنہ: [ا۔ امذ] ناسُور کا وہ سوراخ جس سے پیپ بہتی رہے۔
ناسُور کی بتی: [ا۔ امث] ا۔ وہ دھاگا جو دوا سے تر کر کے ناسُور کے سوراخ کے اندر رکھ دیتے ہیں۔

ناسی: [ہ۔ صف] ناس کرنے والا۔
ناش: [س۔ امذ] غائب ہو جانا۔ ۲۔ فنا۔ تباہی۔ بربادی۔ موت۔ (افعال: ہونا، کرنا)
ناشپاتی: [ف۔ امث] ایک پھلدار درخت جو بیج سے پیدا نہیں ہوتا۔ اس کی جڑوں سے ننھے پودے پھوٹتے ہیں اور ان پر پیوند کیا جاتا ہے۔ پہاڑی درخت کا پھل نہایت لذیذ ہوتا ہے (۲) اس درخت کا پھل جو دیسی گول ہوتا ہے اور پہاڑی تونبے کی شکل کا گلو اور کشمیر میں بہت اچھی قسم کا ہوتا ہے۔
ناشتا: [ف۔ امذ] لفظی معنی خالی پیٹ۔ چھوٹا کا (۲) نہاری۔ صبح کا کھانا۔ چاشت۔
ناشتا چکنا: [ا۔ محاورہ] صبح کے کھانے کے بدلے کافی ہونا۔
ناشتا کرانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ناشتا کرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ناشتا کرنا: [ا۔ محاورہ] نہاری کھا جانا۔ صبح کو تھوڑا سا کھانا۔
ناشتا ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ناشتا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ناشر: [ع۔ امذ] نشر و اشاعت کرنے والا۔ پبلشر۔ کتابوں کو چھاپنے والا۔
ناشی: [ع۔ فاعل] اُگنے والا۔ پیدا ہونے والا (۲) شروع ہونے والا۔ ۳۔ ظاہر ہونے والا۔ ظاہر۔ واضح۔
ناصب: [ع۔ فاعل] کھڑا کرنے والا۔ برپا کرنیوالا۔ قائم کرنیوالا۔ نصب کرنیوالا۔ حرف پر زبر کرنیوالا۔ **ناصبی**: [ع۔ امذ] حضرت علیؓ کا مخالف مسلمان۔
ناصح: [ع۔ فاعل] نصیحت کرنیوالا۔ صلاح کار۔ پند گر۔
ناصر: [ع۔ فاعل] مدد کرنے والا۔ مددگار۔ معاون۔ حامی۔
ناصیہ: [ع۔ امذ] پیشانی کے بال (۲) ماتھا۔ پیشانی۔ جبین۔
ناصیہ داران پاک: [عف۔ امذ] ا۔ فرشتے (۲) نیک آدمی۔ پارسا۔
ناصیہ سا / فرسا: [عف۔ صف] پیشانی زمین پر رگڑنے والا۔ ۲۔ عاجز۔ بیچارہ۔ ناچیز۔
ناصیہ سائی / فرسائی: [عف۔ امث] ماتھا رگڑنا۔ جبہ سائی۔
ناطِق: [ع۔ فاعل] ا۔ بولنے والا۔ گویا (۲) صاحب عقل (۳) منطق جاننے والا (۴) قطعی۔ قرار واقعی (۵) مستحکم۔ مضبوط (۶) وہ جو دُوسرے کو عاجز اور خاموش کر دے۔
ناطِقہ: [ع صف] بولنے والا (۲) مذ بولنے کی قوت۔ طاقت گویائی۔
ناطِقہ بند کرنا: [ا۔ محاورہ] بولنا بند کر دینا۔ بولنے کی مجال نہ رہنے دینا۔ دم بند کرنا۔
ناطِقہ بند رکھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ناطقہ بند کرنا" **ناطِقہ بند ہونا**: [ا۔ محاورہ] بولنے کی جرأت نہ ہونا۔ عاجز ہونا۔
ناظِر: [ع۔ فاعل] دیکھنے والا۔ نظر کرنیوالا۔ مشاہدہ کرنے والا (۲) نگہبان۔ محافظ۔ نگرانی کرنے والا (۳ مذ) محرّروں کا افسر۔ ہیڈ محرّر (۴) میر سامان (۵) خواجہ سرا۔ محلوں کا محافظ (۶) عدالتوں کا ایک عہدہ دار جو ماتحت ملازموں کی نگرانی کرتا اور خرچ وغیرہ کا ذمہ دار ہوتا ہے۔
ناظِرہ: [ع۔ امذ] قوت ناظرہ۔ دیکھنے یا مشاہدہ کرنے کی قوت (۲) دیکھ کر پڑھنا۔ خصوصاً قرآن شریف۔
ناظرہ پڑھنا: [ا۔ محاورہ] قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا۔
ناظرہ خوانی: [عف۔ امث] دیکھئے "ناظرہ پڑھنا"

ناظرہ کرنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "ناظرہ پڑھنا"

ناظری: [ع ف. امث] ناظر کا کام یا پیشہ (۲) ملاحظہ۔ نگہبانی۔ حفاظت۔

ناظم: [ع صف] ا۔ پرونے والا۔ لڑی بنانے والا (۲) انتظام کرنے والا منتظم۔ کارکن۔ سربراہ کار۔ منصرم۔ ۳۔ نظم کہنے والا۔ شاعر۔ گوہی شعرگو۔ بیشترہ۔ سیکرٹری۔ گورنر۔ صوبیدار۔ ڈپٹی کمشنر۔

ناظورہ: [ع. صف] جس کی سب سے بڑھ کر عزت کی جائے (۲) سردار۔ افسر (۳) مالیوں کی سردار (۴) خوب صورت عورت

ناعل: [ع. فاعل] جوتا پہننے والا (۲) وہ جس کے پاس بہت سے جوتے ہوں (۲) جنگلی گدھا۔

ناعم: [ع. فاعل] ا۔ نرم۔ نازک (۲) آسان (۳) وہ جس کی طبیعت نرم ہو (۴) خوشگوار۔ ۵۔ خیبر کا ایک قلعہ۔

ناعور: [ع. اند] پانی یا ہوا کی چکی (۲) وہ رگ جس کا خون بہتا ہو (۳) چکی کا بادبان۔

ناعورہ: [ع. اند] ا۔ ناعور۔ (۲) پانی کا گھڑا، برتن

ناعول: [ف. مث] چھوٹی کوٹھری جو زینے کے نیچے بناتے ہیں۔

ناعی: [ع. ا. فاعل] اموات کی خبر دینے والا۔ (۲) مث) موت کی خبر

ناغول: [ف. اند] ا۔ سیڑھی (۲) مکان کی سیڑھیوں کے اوپر جو پردہ بناتے ہیں تاکہ بارش اندر نہ آئے۔

ناغہ: [ف صف] خالی۔ بیکار (۲) مذ) تعطیل۔ غیرحاضری

ناغہ کرنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "ناغہ ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ناغہ ہونا: [ا. محاورہ] غیرحاضری یا تعطیل ہونا۔

ناغہ نویس: [ف. اند] عہدہ دار جو ملازموں کی حاضری لیتا اور غیرحاضری درج کرتا ہے۔ **ناف:** [ف. امث] بدن پر وہ گڑھا جہاں آنول نال جڑی ہوتی ہے (۲) کنایۃً وسیلہ۔ درمیان۔ بیچ و بیچ بیچوں بیچ۔ مرکز **نافِ آسمان:** [ف. امث] آسمان کا مرکز۔ آسمان کا قطب

ناف ارض: [ف. امث] زمین کا مرکز۔ کعبہ شریف۔ مکہ شریف۔

ناف بیاباں: [ف. امث] صحرا کا درمیان وسط۔

ناف ٹال دینا: [ا. محاورہ] ناف کو اپنی جگہ سے ہٹا دینا۔

ناف ٹلنا / ٹل جانا / ڈگنا: [ا. محاورہ] ناف کا بوجھ اٹھانے یا کسی اور وجہ سے اپنی اصل جگہ سے ہٹ جانا۔

ناف خاک / زمین: [ف. امث] زمین کا وسط / درمیان / کعبہ شریف

ناف شب: [ف. امث] رات کا درمیان۔ آدھی رات۔

ناف شہر: [ف. امث] شہر کا وسط۔ مرکز شہر

ناف کا چھید / سوراخ: [ف. اند] وہ باریک سوراخ جو ناف کے بیچ میں ہوتا ہے۔

ناف ہفتہ: [ف. امث] منگل کا دن۔

نافذ: [ع. ا فاعل] ا۔ وہ جو داخل ہو۔ گزرے / نافذ کرے (۲) جاری ہونے والا۔ نافذ ہونے والا۔ لاگو

نافذ کرنا: [ا. محاورہ] جاری کرنا۔ صادر کرنا۔ لاگو کرنا۔

نافذ ہونا: [ا. محاورہ] دیکھئے "نافذ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نافذہ: [ع. صف] جاری ہونے والا۔ (نافذ کی تانیث)

نافر: [ع. ا. فاعل] ا۔ بھاگنے والا۔ فرار ہونے والا (۲) بزدل۔ بودا نفرت کرنے والا۔ گھن کھانے والا۔

نافع: [ع. صف. فاعل] ا۔ مفید۔ فائدہ مند۔ سودمند (۲) نفع دینے والا۔ ۳۔ خدا تعالیٰ کا نام (۴) پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک غلام جسے آپ نے آزاد کر دیا تھا (۵) ایک تیہ خانہ جو حضرت صلعم نے بنوایا تھا۔

نافق: [ع. صف. فاعل] ا۔ ناقابل فروخت۔ بیچے جانے کے قابل (۲) نانق

نافلہ: [ع. اند] ا۔ وہ نفل یا عبادت جو فرض نہ ہو اور جو اپنے طور پر کی جائے ۲۔ پوتوں کے بچے (۳) مال غنیمت۔

نافلہ اشراق: [ع. اند] طلوع آفتاب کے بعد کی نماز نفل۔

نافہ: [ف. اند] ایک تھیلی جو ایک خاص قسم کے ہرن کے پیٹ پر ہوتی ہے اس میں خون جم جاتا ہے جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے اسے مشک کہتے ہیں۔ ناف سے مشتق ہے۔

نافہ مشک: [ع ف. اند] دیکھئے نافہ

نافی: [ع. صف] نفی کرنے والا۔ نیست کرنے والا۔

نافیہ: [ع. صف] دیکھئے "نافی" جس کی یہ تانیث ہے۔

ناقد: [ع. صف فاعل] ا۔ پرکھنے والا (۲) جو دین دین کے معاملے میں ہوشیار ہو اچھے کو برے سے علیحدہ کرنے والا۔ ۳۔ تنقید کرنے والا۔ نکتہ چیں

ناقص: [ع صف. فاعل] ا۔ نامکمل۔ ادھورا۔ غیرمکمل (۲) عیب دار۔ عیبی کنونڈا (۳) غیر خالص۔ کھوٹا (۴) خراب۔ نکما۔ ناکارہ (۵) وہ فعل جس کا امرِ حرف علت ہو۔

ناقص العقل: [ع. صف] کم عقل۔ بیوقوف (۲) کنایۃً عورت۔

ناقص عیار: [ا. محاورہ] کم درجہ کا جو معیار کو نہ پہنچے۔ غیرمعیاری۔

ناقص کرنا: [ا. محاورہ] بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ کھوٹ ملانا۔

ناقص ہونا: [ا. محاورہ] بگڑنا۔ خراب ہونا۔ نکما ہونا ("ناقص کرنے" کا لازم)

ناقل: [ع. صف] ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا۔ نقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ ۲۔ راوی۔ روایت کرنے والا۔

ناقوس: [ع. اند] وہ سنکھ جو ہندو اپنی عبادت / پوجا پاٹ کے وقت بجاتے ہیں۔ یہ ایک قسم کے سمندری جانور کا گھر ہوتا ہے۔ کوڑی کی شکل کا مگر اس سے قد میں بہت بڑا ہوتا ہے۔
(افعال، بجانا، بجنا۔ پھونکنا۔ پھونکنا)

ناقہ: [ع. امث] ا۔ اونٹنی۔ سانڈنی

ناک: [ا. امث] انسان اور جانوروں کا ایک عضو جس سے وہ سانس لیتے ہیں جو منہ کے اوپر اور آنکھوں کے نیچے ہوتا ہے۔ جس میں دو سوراخ ہوتے ہیں جو اندر جا کر آپس میں مل جاتے ہیں۔ ان میں سے ہوا گزر کر پھیپھڑوں میں داخل ہوتی ہے۔ ۲۔ غیرت۔ شرم۔ لحاظ۔ ۳۔ نمود کی چیز۔ چوٹی (۴) عزت آبرو۔ عظمت۔ شان۔ بزرگی (۵) زیب و زینت۔ آرائش (۶) کوئی چیز جو باعث فخر ہو (۷) مشہور یا ممتاز انسان۔ نہایت اعلیٰ چیز

ناک: [ف. صف] ا۔ بھرا ہوا۔ پُر۔ معمور۔ ۲۔ منسوب۔ ۳۔ (مذ) صاحب (۴) کلمہ نسبت اسما کے ساتھ مل کر صفت بناتا ہے جیسے افسوسناک۔ غمناک۔

ناک آنا: [ار۔ محاورہ] ناک سے آلائش گرنا۔
ناک ادھر کہ ناک اُدھر: [ار۔ مثل] ہر طرح سے ایک ہی مطلب ہے۔
ناک اُڑا دینا: [ار۔ محاورہ] ناک کاٹنا۔ بے عزت کرنا۔
ناک اُونچی ہونا: [ار۔ محاورہ] عزت بڑھنا۔ سرخروئی ہونا۔ بول بالا ہونا۔
ناک بند: [عف۔ صف] گھوڑے کی پوزی۔
ناک بند ہونا: [ار۔ محاورہ] ناک کے اندر آلائش کا جمع ہو کر سانس کو آسانی سے گزرنے نہ دینا۔ زکام کا عارضہ ہونا۔ زکام۔
ناک بہنا: [ار۔ محاورہ] زکام کی وجہ سے ناک سے لگاتار آلائش کا نکلنا۔ ریزش گرنا۔
ناک بھوں چڑھانا / سکیڑنا: [ار۔ محاورہ] تیوری چڑھانا۔ چین بر ابرو ہونا (۲) ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ خفا ہونا (۳) آزردہ ہونا۔ بیزار ہونا۔ نفرت ظاہر کرنا۔
ناک بھوں سکیڑ کر کہنا: [ار۔ محاورہ] تیوری چڑھا کر جواب دینا۔ نفرت کے ساتھ بولنا۔ حقارت سے جواب دینا۔
ناک بیٹھ جانا / بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ چوٹ کی وجہ سے ناک کا نیچے ہو جانا۔ ناک کی ہڈی ٹوٹ جانے یا گل جانے سے ایسا ہوتا ہے۔
ناک بیندھنا: [ار۔ محاورہ] زیور پہننے کے لیے ناک میں سوراخ کرنا۔
ناک پاک کرنا: [ار۔ محاورہ] ناک کی غلاظت نکال دینا۔ ناک سنکنا۔ رومال سے ناک صاف کرنا۔
ناک پچکنا / پچک جانا / پچلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "ناک بیٹھ جانا"
ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا: [ار۔ محاورہ] عورتوں یا زنخوں کی طرح سے باتیں کرنا۔ (عورتیں باتیں کرتے وقت اکثر اوقات ناک پر انگلی رکھ لیتی ہیں)
ناک پر بسیتا پھر جانا: [ار۔ محاورہ] ناک کا چپٹا ہونا۔ ناک کا بیٹھ جانا۔
ناک پر ٹکا رکھ دینا: [ار۔ محاورہ] قیمت یا اُجرت فوراً ادا کر دینا۔
ناک پر دیا بال کر آئے ہیں: [ار۔ مثل] دیر سے آئے ہیں۔ وقت پر نہیں آئے۔
ناک پر دیا جلا کر آنا: [ار۔ محاورہ] بارسُوخ اور خیرخواہ بن کر آنا۔ سُرخرو بن کر آنا۔
ناک پر پیاری کوڑی ہاں: [ار۔ مثل] بہت تنک مزاج ہیں۔
ناک پر غصہ ہونا: [ار۔ محاورہ] ذرا ذرا سی بات پہ خفا ہونا۔ بہت جلد خفا ہونا۔
ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا: [ار۔ محاورہ] کسی کا ذرا احسان نہ اُٹھانا۔ کسی کا شرمندہ احسان نہ ہونا۔ غیرت کو داغ نہ لگنے دینا۔
ناک پر کی مکھی تک نہ اُڑانا: [ار۔ محاورہ] بہت سست یا کاہل ہونا۔
ناک پکڑتے دم نکلنا: [ار۔ محاورہ] نہایت کمزور ہونا۔ نہایت لاغر ہونا۔
ناک پھُلانا: [ار۔ محاورہ] غرور یا غصّے سے ناک کو چوڑا کر لینا (یہ نتھنوں کو کھینچنے سے ہوتا ہے نہ کہ ہوا بھرنے سے۔
ناک تو کٹی پر وُہ بھی مر گئے: [ار۔ مثل] ہمارا تھوڑا نقصان ہُوا پر ان کا زیادہ نقصان ہُوا۔
ناک جھاڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "ناک سنکنا"
ناک چڑھانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ غصہ میں ناک کے نتھنوں کو اُوپر کھینچ لینا۔ ۲۔ تیوری چڑھانا۔ نتھنے پھیلانا۔ ۳۔ ناراض ہونا۔ غصّے ہونا (۴) نفرت کرنا۔ کراہت کرنا (۵) غرور سے ناپسندیدگی کا اظہار کرنا۔ نفرت کرنا۔ نفرت سے خاطر میں نہ لانا۔
ناک چڑھی رہنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ تیوری چڑھی رہنا۔ بدمزاج بنا رہنا۔ ہر وقت ناراض ہونا۔ ۲۔ نخوت یا غرور سے مزاج درست نہ رہنا۔
ناک چنے چبانا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کے کرنے میں بڑی دقت اُٹھانا۔
ناک چنے چبوانا: [ار۔ محاورہ] ناک میں دم لانا۔ ازحد دق کرنا۔ ستانا۔ عاجز کر دینا۔
ناک چوٹی پر آفت آنا: [ار۔ محاورہ] عزت آبرو پر آفت آنا۔
ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ نہایت رُسوا کرنا۔ بے عزت کرنا (۲) سخت سزا دینا۔
ناک چوٹی کاٹنا: [ار۔ محاورہ] سخت سزا دینا۔ رُسوائی کی سزا دینا۔
ناک چوٹی کا ڈر: [ار۔ محاورہ] بے عزتی کا خوف ہونا۔
ناک چوٹی کٹوانا: [ار۔ محاورہ] رُسوا نے عالم کرنا۔ سزا لئے کار بد دینا۔
ناک چوٹی میں گرفتار رہنا / ہونا: [ار۔ محاورہ] ا۔ نہایت صاحب غیرت و غرور ہونا (۲) ازحد نازک مزاج اور داغدار ہونا (۳) گھر کے دھندوں میں پھنسا رہنا۔ دنیا کے بکھیڑوں میں اُلجھا رہنا (۴) بناؤ سنگار میں لگے رہنا)
ناک چوٹی ہاتھ ہونا: [ار۔ محاورہ] عزت و آبرو کسی کے اختیار میں ہونا) (چوٹی کے بعد۔ اس کے۔ ان کے۔ تیرے۔ تمہارے کیساتھ مستعمل ہے)
ناک چھینکنا: [ار۔ محاورہ] (لکھنؤ) دیکھیے "ناک سنکنا"
ناک چھِنی جانا: [ار۔ محاورہ] نتھ وغیرہ ڈالنے کا سُوراخ بڑا ہو جانا۔ چِر جانا۔
ناک چھیدنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "ناک بیندھنا"
ناک رکھ لینا: [ار۔ محاورہ] بچا لینا۔ عزت رکھ لینا۔ بات رکھ لینا۔
ناک رکھنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ عزت رکھنا۔ لحاظ رکھنا (۲) صاحب غیرت ہونا۔ غیرت رکھنا۔
ناک رگڑنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ زمین پر ناک گھسنا (۲) نہایت منت و زاری کرنا۔ عجز و انکسار کرنا۔
ناک رگڑنے کا بچہ: [ار۔ اسم] آلہٗ آمین، بچہ۔ وُہ بچہ جو بہت دُعاؤں کے بعد پیدا ہو۔
ناک سا لے رکھنا: [ار۔ محاورہ] اپنی عزت بچانا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔
ناک سکیڑنا / سکوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "ناک چڑھانا"
ناک سنکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "ناک پاک کرنا"
ناک سے لکیریں کھینچنا: [ار۔ محاورہ] کسی بات سے توبہ کرنا۔ اپنا قصور مان کر آئندہ کے لیے توبہ کرنا۔
ناک کا بال: [ار۔ صف] نہایت عزیز اور مقرب دوست۔ منہ چڑھا آدمی۔
ناک کا بانسا: [ار۔ اسم] دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی / دیوار
ناک کا بانسا پھرنا: [ار۔ محاورہ] دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا۔ جو موت کی نشانی ہے۔
ناک کا پُورا / تنکا: [ار۔ اسم] وُہ تنکا جو عورتیں ناک کے چھید میں ڈالتی ہیں / رکھتی ہیں تاکہ وُہ بند نہ ہو جائے۔
ناک کاٹ جوتوں تلے رکھنا: [ار۔ محاورہ] بے حیائی / بے شرمی کی بات / باتیں کرنا۔ بے غیرتی اختیار کرنا۔
ناک کاٹا مبارک۔ کان کاٹا مبارک: [ار۔ مثل] دیکھیے "ناک کا ٹی

مُبارک کان کاٹے سلامت!"

ناک کاٹنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ کسی تیز دھار والے آلے / یا دانتوں سے ناک تراش دینا۔ بدچلنی کی وجہ سے عورتوں کی یا دُشمنی کی وجہ سے مردوں کی ناک کاٹ دیتے ہیں (۲) بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا بدنام کرنا

ناک کا جُوا: [ا ر۔ اند] ناک کا چھڑا۔ ناک کا میل۔

ناک کان کاٹنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ نکٹا اور بُوچا بنانا (۲) دیکھئے ناک کاٹنا ۲،۳

ناک کٹنا: [ا ر۔ محاورہ] بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔

ناک کٹنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناک کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ناک کٹوانا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناک کاٹنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے

ناک کٹی: [ا ر۔ امث] ۱۔ بدنامی۔ رسوائی۔ بے عزتی (۲ صف) وُہ عورت جس کی ناک کٹی ہوئی ہو۔

ناک کٹی بازار میں میرے گھر خبر نہ کرنا: [ا ر۔ مثل] مشہور بات کو چھپانا اپنی رُسوائی اور بدنامی پر پردہ ڈالنے کی بے سُود کوشش کرنا۔

ناک کٹی بلا سے دُشمن کی بدشگونی تو ہُوئی: [ا ر۔ مثل] سفر پر جاتے وقت نکٹے کا ملنا منحوس سمجھا جاتا ہے) اپنا نقصان ہُوا تو کیا دُوسروں کا اور بھی زیادہ ہُوا۔

ناک کٹی مُبارک کان کٹے سلامت: [ا ر۔ مثل] سخت بے حیا کی نسبت کہتے ہیں کہ خواہ کتنی ہی بے عزتی ہو مگر اُسے پروا نہیں ہوتی۔

ناک کٹی ہونا: [ا ر۔ محاورہ] رسوائی / بدنامی / بے عزتی ہونا۔

ناک کٹے پر ہاتھ نہ آ ٹلے / رہتے: [ا ر۔ مثل] کچھ ہی نقصان ہو مگر مقصد نہ جائے۔ جان جائے مگر آن نہ جائے۔

ناک کی پھنگی / پُھننگی: [ا ر۔ امث] ناک کی نوک۔

ناک کی سیدھ: [ا ر۔ امث] ٹھیک سامنے۔ سیدھے خط میں۔ بخط مستقیم (افعال: جانا۔ چلنا۔ چلا جانا)

ناک کی کیل / لونگ: [ا ر۔ امث] دیکھئے "ناک کا بورا / تنکا"

ناک کے پھیرے بیان کرنا: [ا ر۔ محاورہ] بات کو طوالت سے بیان کرنا۔

ناک کے رستے نکلنا / نکل جانا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ شیخی کرکری ہو جانا۔ کسی بات کا جاتا رہنا۔ زائل ہو جانا۔

ناک کے اینٹھ سے بدتر کر ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ نہایت ذلیل کرنا۔ حقیر بنا دینا (۲) بات نہ پوچھنا۔ نظروں سے گرا دینا۔

ناک رگھسنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناک رگڑنا"

ناک گھسنی: [ا ر۔ امث] جبہ سائی (۲) منت سماجت۔ عجز نمائی۔ سجدہ

ناک مارنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناک چڑھانا"

ناک ملنا: [ا ر۔ محاورہ] کسی کے ناک کو ہاتھ / اُنگلیوں سے رگڑنا (۲) سوچتے ہُوئے اپنی ناک کو رگڑنا۔ بے عزت کرنے کے لیے دُوسرے ناک کو پکڑ کر مروڑنا۔ **ناک میں بولنا**: [ا ر۔ محاورہ] غنغنانا۔ ہر لفظ کے ساتھ نون غنہ کی آواز نکالنا۔ **ناک میں تیر دینا / کرنا** [ا ر۔ محاورہ] بہت تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ بہت ستانا

ناک میں تیر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناک میں تیر دینا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے

ناک میں جی ہونا / دم آجانا / آنا: [ا ر۔ محاورہ] بہت تنگ آنا۔ سخت دق ہونا۔

ناک میں دم آنے لگنا: [ا ر۔ محاورہ] جی گھبرانے لگنا۔ دم اُلٹنے لگنا۔

ناک میں دم کرنا / لانا: [ا ر۔ محاورہ] ستانا۔ دق کرنا۔ حیران کرنا۔

ناک میں دم ہونا: [ا ر۔ محاورہ] تنگ ہونا۔ دق ہونا۔ عاجز ہونا۔

ناک نقشہ: [ا ر۔ اند] چہرے کے خط و خال۔

ناک نہ دی جانا: [ا ر۔ محاورہ] سخت بدبُو ہونا۔ تعفن کے سبب کسی جگہ نہ جا سکنا / کسی چیز کو سُونگھ نہ سکنا۔

ناک نہ رہنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ عزت باقی نہ رہنا۔ بے عزت ہونا۔

ناک نہ کان نتھ بالیوں کا ارمان: [ا ر۔ مثل] بیوقوفی کی راہ سے بے محل ارمان ہے۔

ناک نہ ہو تو گُو کھائیں: [ا ر۔ مثل] عورتوں کی مذمت میں کہتے ہیں۔ عورتوں کو سخت بیوقوف سمجھا جاتا تھا / ہے۔

ناک والا: [ا ر۔ صف مذ] ۱۔ باعزت۔ عزت والا (۲) غیرت والا۔ نیت والا

ناک والی: [ا ر۔ صف۔ مث] دیکھئے "ناک والا" جس کی یہ تانیث ہے

ناک ہو تو نتھیا سو بھے: [ا ر۔ مثل] اصل چیز ہونی چاہیئے۔ فروعات بعد میں بھی مہیا ہو سکتے ہیں۔

ناک آؤٹ: [انگ۔ امذ] knock out مکے بازی میں حریف کو مار کر اکھاڑے سے باہر نکال دینا (افعال: کرنا۔ ہونا)

ناکا: [ا ر۔ اند] ۱۔ سڑک کا آخیر۔ راستے کی حد (۲) پہرا۔ سرا (۳) راہ راستہ (۴) گلی کُوچے کا دروازہ۔ کوچہ بندی (۵) شہر کا دروازہ (۶) چونگی کی چوکی محصول راہداری کا مقام (۷) سُوئی کا چھید جس میں دھاگا ڈالتے ہیں (۸) حد کا سرا (۹) باڑ / بند میں گزرنے کی جگہ (۱۰) پانی کے گزرنے کی جگہ (۱۱) پولیس کا چھوٹا تھانہ یا چوکی (۱۲) کسٹم یا چونگی کے کھڑے ہونے کی جگہ (۱۳) دو یا دو سے زیادہ سڑکوں کے ملنے کی جگہ (۱۴) سڑک یا درے میں داخل ہونے کی جگہ (۱۵) ایک دریائی جانور۔ مگرمچھ۔

ناکا بند کرنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ حد بندی کرنا (۲) رستہ روکنا۔ راستے پر پہرہ بٹھا دینا (۳) پانی گزرنے کی جگہ میں مٹی ڈال کر پانی کے بہاؤ کو روکنا۔

ناکا بند ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "ناکا بند کرنا" جس کا یہ لازم ہے

ناکا بندی: [ا ر۔ امث] ۱۔ حد بندی (۲) رستہ روکنا۔ رستے پر پہرہ بٹھانا۔ ۳۔ چونگی یا کسی دُوسرے محصُول کے لیے جگہ جگہ پہرہ بٹھا دینا (افعال: کرنا۔ ہونا)

ناکا دار: [ا ر۔ صف] وُہ جس میں ناکا ہو (سُوئی) ۲۔ محرر محصُول جو گزرگاہوں پر رہتا ہے۔ ۳۔ ضلعدار۔ علاقہ دار۔ تعلقہ دار۔

ناکا روکنا: [ا ر۔ محاورہ] سدِّ راہ ہونا۔ رستے پر پہرہ بٹھا دینا۔ رستہ بند کر دینا۔

ناکا سنبھالنا: [ا ر۔ محاورہ] راستہ روکنا۔ راستہ پر پہرہ ہونا۔

ناکح: [ع۔ صف فاعلی] نکاح کرنے والا۔ وُہ جس سے نکاح پڑھا جائے۔ بیاہ کرنے والا (۲) چھید کرنے والا۔

ناکو: [ھ۔ اند] ۱۔ مگرمچھ۔ گھڑیال۔ نہنگ (۲) صف) ناک والا۔ جس کے ناک

ناکے: [ا ر۔ اند] دیکھئے "ناکا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

ناکے دار: [ا ر۔ صف] دیکھئے "ناکا دار"

ناکے میں سے / کو سنبھالنا: [ا ر۔ محاورہ] عو۔ سُوئی کے سُوراخ

۲. دِق کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا (۳) مجبور کرنا۔ پیدا کرنا۔ درست کرنا۔

ناگ : [س۔ امذ] ۱۔ سانپ (۲) کالا سانپ۔ پھن دار سیاہ سانپ (۳) ہندو چوہڑوں کی ایک ذات (۴) ظالم آدمی (۵) انسان کے بدن کی پانچ ہواؤں میں سے ایک جو ڈکار کے ذریعہ منہ سے نکلتی ہے (۶) ہاتھی (۷) کسی قسم کی بہترین چیز (۸) بادل (۹) کسی پودے کا نام (۱۰) وہ دونوں بھونریاں جو گھوڑے کی ایال کی جڑ میں ہوں۔ ایسا گھوڑا بہت ہی منحوس خیال کیا جاتا ہے (۱۱) ایک قوم ہندوؤں کی۔

ناگ بیل : [ھ۔ امث] پان کی بیل (کیونکہ خیال ہے کہ سانپ اس کے نیچے [illegible]

ناگ پھنی : [ھ۔ امث] ۱۔ تھوہر کی ایک قسم (۲) ایک پہاڑی بوٹی۔

ناگ دَنت : [ھ۔ امذ] ہاتھی دانت

ناگ دَون : [ھ۔ امذ] ایک پودا جس کے متعلق خیال ہے کہ اس کی لکڑی گھر میں رکھنے سے سانپ گھر میں نہیں آتا۔

ناگ کِھلانا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ناگ کھیلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ناگ کھیلنا : [ار۔ محاورہ] جان جوکھوں کا کام ہونا۔ مہلک کام ہونا۔ (۲) کوئی مشکل یا نازک کام ہونا۔

ناگا : [ھ۔ امذ] ناگا کا مخفف (۲) ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو ننگے رہتے ہیں اس فرقہ کا ایک فرد (۳) ایک قوم جو آسام کے پہاڑوں میں رہتی ہے اور ننگی رہتی ہے۔

ناگر : [س صفت] قصبہ۔ شہر کے متعلق (۲) شہری۔ شہر کا رہنے والا۔ (۳) چالاک ہوشیار (۴) مذ) شہر کا باشندہ (۵) گجراتی برہمنوں کی ایک قوم۔ اس قوم کا ایک فرد۔

ناگر بیل : [ھ۔ امث] دیکھئے "ناگ بیل"

ناگر پان : [ھ۔ امذ] بہترین قسم کا پان۔ عمدہ اور بڑھیا نیز بڑا پان۔

ناگر موتھا : [ھ۔ امذ] ایک قسم کی خوشبودار گھاس (۲) اس کی جڑ۔

ناگرن : [ھ۔ امث] ناگر قوم کی عورت۔ ناگر کی بیوی۔

ناگری : [ھ۔ امث] ہندی زبان کا ایک رسم الخط جو آج کل عام طور پر استعمال ہوتا ہے اسے دیوناگری بھی کہتے ہیں (۲) شہری زبان (۳) چالاک عورت (۴) ایک پودا۔

ناگل : [ھ۔ امذ] ہل۔ قلبہ۔ (۲) جوتنے کی رسی جس سے بیل جوڑتے ہیں۔

ناگن / ناگنی [ھ۔ امث] ۱۔ ناگ کی مادہ۔ سانپن (۲) گدی کے اوپر سر کے بالوں میں ایک بھونری (۳) ناگ قوم کی عورت (۴) گھوڑے کی گردن کی بھونری جو منحوس خیال کی جاتی ہے۔ ہتھنی

ناگن ڈس جانا / ڈسنا : [ار۔ محاورہ] سانپن کا کاٹنا۔ **ناگن کا راستہ کاٹ کر نکل جانا** : [ار۔ محاورہ] سفر پر جاتے ہوئے ناگن کا سامنے سے نکل جانا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ **ناگن کا ڈسنا / سونگھنا / کاٹنا** : [ار۔ محاورہ] سانپ کا دانتوں سے کاٹ کر زہر بدن میں پہنچانا۔ **ناگورا** : [ھ۔ امذ] مارواڑ کے قریب ایک علاقہ جہاں کے بیل بہت مشہور ہیں۔ یہ بہت قدآور اور بڑے بڑے سینگوں والے ہوتے ہیں اور دیکھنے میں بہت ہی خوبصورت لگتے ہیں۔ **ناگوری** [ھ صفت] ناگور کا۔ ناگور سے منسوب (۲) ناگور کا بیل (۳) ایک قسم کا جوتا۔

ناگوری بیل : [ھ۔ مذ] ناگور کا بیل (۲) لمبا اور بیوقوف شخص۔

ناگوری گوند [ھ۔ امذ] ایک قسم کا کیکر کا گوند جو ناگور سے آتا ہے۔

ناگیسر / ناگیشر : [ھ۔ امث] ۱۔ ایک پودا (۲) اسکے پھول ۳۔ موسیقی کا ایک ساز۔

ناگیسری / ناگیشری : [ھ۔ صفت] ناگیسر کے رنگ کا۔ زرد

نال : [ف۔ امث] ۱۔ وہ ریشہ جو قلم سے نکلتا ہے (۲) نے۔ نرسل

نال : [ھ۔ امث] ۱۔ وہ آنت سی جو پیدائش کے وقت بچے کی ناف سے جڑی ہوئی ہوتی ہے اسے کاٹ کر دبا دیتے ہیں، ان معنوں میں مذکر بھی مستعمل ہے۔ ۲۔ بندوق یا تپنچہ کی نالی جس میں سے چلنے پر گولی نکلتی ہے (۳) گھاس وغیرہ کی ڈنڈی (۴) کنوئیں کی لمبائی۔ کوئے کی لمبائی (۵) قماربازوں میں وہ نقدی جو ہر داؤں میں نکالی جاتی ہے جسے مالک قمارخانہ لیتا ہے (۶) امذ: پتھر یا لکڑی کا آلہ جسے پہلوان اٹھاتے ہیں (۷) صفت قریب۔ پاس۔

نال اُٹھانا [ار۔ محاورہ] کسرت کرنا

نال کاٹا ہے : [ار۔ محاورہ] (ہندو) ۱۔ تو نے جنایا ہے۔ تو ہی دائی ہے ۲۔ تو میرا بڑا ہے۔

نال کاٹنا : [ار۔ مص مرکب] بچے کی پیدائش پر نال تراشنا۔

نال کٹنا : [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "نال کاٹنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نال کٹوانا : [ار۔ مص۔ مرکب] دیکھئے نال کاٹنا " جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

نال کٹائی : [ار۔ محاورہ امث] دائی کا وہ حق جو نال کاٹنے پر دیا جاتا ہے۔

نال گاڑا جانا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ نال کاٹ کر زمین میں دفن کرنا۔

نال گڑنا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے نال گاڑا جانا (۲) تعلق ہونا۔ استحقاق ہونا۔ دعویٰ ہونا۔ ۳۔ زاد بوم ہونا۔ مسکن ہونا۔

نال نکالنا : [ار۔ محاورہ] قمارخانہ کے مالک کا ہر داؤں پر مقررہ رقم لینا۔

نال نکلنا [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نال نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نالا : [ھ۔ امذ] رنگین گنڈے دار سوت (۲) [ار بند] (۳) چھوٹی ندی۔ چھوٹا دریا۔ برساتی ندی یا نہر۔

نالاں : [ف۔ صف] روتا ہوا۔ گڑگڑاتا ہوا (۲) فریادی۔ شاکی۔ واویلا کرنے والا۔ ۳۔ عاجز۔ تنگ۔

نالش : [ف۔ امث] رونا۔ گریہ زاری (۲) فریاد۔ دہائی۔ شکایت (۳) دعویٰ۔ استغاثہ۔ حاکم سے چارہ جوئی۔

نالش داغ دینا / داغنا / کرنا : [ار محاورہ] حاکم کے پاس عدالت میں دعویٰ کرنا۔ استغاثہ کرنا۔ فریاد کرنا۔

نالشا نالشی : [ار۔ امث] باہمی جھگڑے کی وجہ سے ایک دوسرے فریق پر دعویٰ دائر کرنا۔

نالشی : [ف۔ صف] دعویدار۔ مستغیث (۲) فریادی۔ شکایت کرنے والا۔ شاکی۔

نالک [ھ۔ امذ] ایک قسم کا پتیل (۲) پیتل کا برتن پرانا۔

نالکا : [ھ۔ امذ] ایک قسم کی اردی۔

نالکی : [ھ۔ امث] ایک قسم کی کھلی پالکی یا تام جھام جو امیر عورتیں استعمال کرتی تھیں۔

نالندہ : [ع۔ امذ] رونے والا۔ شور کرنے والا۔

نالہ : [ف۔ امذ] رونا۔ گریہ زاری (۲) شور۔ غل۔ فغاں۔ غم۔ فریاد۔

واویلا۔ دُہائی۔ شکایت۔ ۴۔ آہ و بکا۔

نالۂ دِل: [ف۔ امذ] آہ۔ آہِ سرد

نالۂ سرد: [ف۔ امذ] آہ سرد

نالہ سر کرنا: [ار محاورہ] نالہ کھینچا۔ آہ بھرنا

نالۂ سوزاں: [ف۔ صف] جلا دینے والی آہ

نالۂ شبگیر: [ف صف] وُہ فریاد جو رات کے پچھلے پہر کی جائے۔

نالہ کرنا: [ار مص مرکب] آہ کرنا۔ آہ و بکا کرنا۔ رونا پیٹنا گریہ وزاری کرنا۔ شور و فغاں کرنا۔

نالہ کش / فرسا: [ف صف] نالہ کرنے والا۔ رونے والا۔ گریہ وزاری کرنیوالا۔

نالہ کشی / فرسائی: [ف۔ امث] دیکھئے "نالہ کش" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔

نالہ کھینچنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نالہ کرنا"

نالہ گر: [ف۔ صف] دیکھئے "نالہ کش"

نالۂ گرم: [ف۔ امذ] بے صدرنج و غم میں رونا۔ آہ گرم۔ گریہ وزاری۔

نالۂ مرغِ سحر: [ف۔ امذ] صبح کے وقت مُرغ کی بانگ۔

نالہ نکلنا: [ار۔ محاورہ] دردناک آواز کا مُنہ سے نکل جانا۔

نالہ وشیون: [ار۔ امذ] رونا پیٹنا۔

نالی: [ار۔ امث] بدرَو۔ موری۔ پانی نکلنے کا راستہ (۲) بدن کا کوئی گول سُوراخدار حصہ۔ نس۔ نبض۔ انتڑی وغیرہ (۳) مرد کے سینے کے درمیان کا حصہ جو گہرا ہوتا ہے (۴) ڈنڑ پیلنے کا گڑھا جو پہلوان کھود لیتے ہیں۔ گھوڑے کی پیٹھ کا گڑھا (۵) وہ کھپرا جو نالی کی صُورت کا ہوتا ہے (۶) کھیت میں پانی لے جانے کا راستہ (۷) بندوق یا توپ کا وہ حصہ جہاں گولی نکلتی ہے۔

نالی بنانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ پانی نکلنے کے لیے رستہ بنانا۔ بدرَرو بنانا موری بنانا۔

نالی بننا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نالی بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نالی دار: [ار۔ صف] جس میں نالی ہو (اصُولاً ترکیب غلط ہے)

نالی کھودنا: [ار۔ محاورہ] زمین کھود کر نالی بنانا۔

نالی کے ڈنڑ: [ار۔ امذ] وُہ ڈنڑ جو نالی میں پیلے جائیں

نالی کے ڈنڑ پیلنا: [ار محاورہ] نالی کی ڈنڑوں کی کسرت کرنا (۲) بازاری عورت سے جماع کرنا۔ رنڈی بازی کرنا۔

نام: [ف۔ امذ] ۱۔ وُہ لفظ جس سے کسی چیز کو پکاریں۔ اسم۔ ناؤں۔ ذات ۲۔ لقب۔ کنیت۔ خطاب۔ عُرف۔ تخلص (۳) شہرہ۔ شہرت۔ ناموری۔ دھاک (۴) عزّت۔ حُرمت آبرُو۔ ساکھ (۵) نسل۔ اولاد۔ خاندان (۶) تہمت۔ الزام (۷) یاد۔ یادگار (۸) ذِکر۔ متعلق (۹) برائے نام (۱۰) مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے گمنام۔ بدنام۔ نیک نام۔ وغیرہ۔

نام آسمان پر ہونا: [ار۔ محاورہ] شہرہ ہونا۔ ناموری ہونا۔ نیک نامی ہونا

نام آنا: [ار۔ محاورہ] نام معلوم ہونا۔

نام آور: [ف صف] مشہُور۔ معرُوف۔ نامور

نام آوری: [ف۔ امث] دیکھئے "نام آور" جس کا یہ اِسم کیفیت ہے۔

نام اُٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] نام نہ رہنا۔ نام مِٹ جانا۔

نام اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نام اُٹھ جانا" ۲۔ نام پڑھا جانا۔ مُہر کا اُٹھنا، نام کا نقش اُبھرنا۔

نام اُچھالنا: [ار محاورہ] بُرائی کے ساتھ نام مشہُور کرنا۔ بدنامی کرنا۔ رُسوائی کرنا۔

نام اُچھل رہنا / اُچھلنا: [ار محاورہ] دیکھئے "نام اُچھالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نام اُڑ جانا: [ار محاورہ] نشان تک نہ رہنا۔ نیست و نابُود ہو جانا۔

نام بازار تک جانا: [ار محاورہ] لوگوں میں بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔

نام باقی رہنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ مرنے کے بعد ذکر ہونا۔ ۲۔ شہرت رہ جانا۔ یادگار باقی رہنا (۳) نام کے سوا کچھ نہ رہنا۔ نام ہی نام رہنا۔

نام بتانا: [ار۔ محاورہ] نام ظاہر کرنا۔ نام لینا (۲) واقفیت ظاہر کرنا۔ جتلانا

نام بدل ڈالنا: [ار۔ محاورہ] کوئی اور نام اختیار کرنا۔ شرط کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ کہ اگر ایسا نہ ہُوا تو اپنا نام بدل ڈالیں۔

نام بدنام کرنا: [ار محاورہ] رُسوا کرنا۔ عیب لگانا۔ بُرائی کیساتھ مشہُور کرنا۔ نام نکلنا

نام بدنام ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نام بدنام کرنا" جس کا یہ لازم ہے

نام بد ہونا: [ار محاورہ] بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔

نام بُرا ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ بدنام ہونا (۲) کوئی چیز خطرناک ہونا۔

نام بُردہ: [ف صف] وُہ شخص جس کا ذکر اُوپر آ چکا ہو۔ مذکورہ بالا۔ ذکر شُدہ۔

نام بڑا اور درشن تھوڑے: [ار۔ مثل] جتنا نام ہے اُتنا کام نہیں۔ نام کے موافق سامان نہیں۔

نام بڑا اُونچا کانوں سے بوُچا: [ار۔ مثل] خاندان کے نام پر دھبا ہے۔ خاندان کی بدنامی کا باعث ہے۔

نام بڑا ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی اچھی صنعت یا کام سے مشہُور ہونا۔ عالی خاندان ہونا۔

نام بڑا یا دام: [ار مثل] نیک نامی دولت سے بہتر ہے

نام بسنتی مُنہ کوئلہ: [ار۔ مثل] (پوربی) نام اچھا کام بُرے۔

نام بکنا: [ار محاورہ] نام کی [illegible] سے چیز بکنا۔ نام کی قدر ہونا۔

نام بگاڑنا: [ار محاورہ] نام بدنام کرنا (۲) نام کو اصل حالت پر نہ رکھنا۔

نام بلند بہ از بامِ بلند: [ف۔ مثل] اُونچا نام اُونچے کوٹھے سے بہتر ہے۔ نیک نامی عالی شان عمارتوں والی جائیداد اور دولت سے بہتر ہے۔

نام بنام: [ف متعلق] ایک ایک کرکے۔ ایک ایک کو۔ ہر ایک کو۔ ۲۔ اسم وار۔ نام وار

نام بھان متی جھینگی میں سر: [ار مثل] ظاہر میں شیخی کرنا اور حقیقت میں کچھ نہیں۔

نام بھُول جانا: [ار۔ محاورہ] نام یاد نہ رہنا۔

نام بھی نہ لینا: [ار۔ محاورہ] سخت نفرت کرنا۔ بہُت بیزار ہونا۔

نام بھی نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] کچھ نہ ہونا۔ کوئی چیز بھی نہ ہونا۔

نام پانا: [ار محاورہ] ناموری ہونا۔ شہرت ہونا۔ مشہُور ہونا۔ نیک نامی / یا ناموری حاصل کرنا۔

نام پر: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ نام کے لیے / واسطے۔ طفیل میں (۲) شہرت کے لیے (۳) کسی کے نام کی تعظیم کے لیے جیسے نام پر درود بھیجنا / پڑھنا (۴) کسی کے نام کی تحقیر کے لیے جیسے نام پر جوتی نہ مارنا۔

نام پر بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ بھروسا کرنا۔ متوکل رہنا (۲) خاوند کے مرنے کے بعد اس کی عزت کی وجہ سے دوسری شادی نہ کرنا۔ نام کا لحاظ کرکے کوئی ایسا کام نہ کرنا جو بے عزتی کا باعث ہو۔

نام پر پاپوش / پیزار مارنا: [ا۔ محاورہ] کسی سے نہایت متنفر یا بیزار ہونا۔

نام پر پاپوش / پیزار / جوتی نہ مارنا: [ا۔ محاورہ] کمال ناراض ہونا۔ بہت بیزار ہونا۔

نام پر جانا: [ا۔ محاورہ] نام کا لحاظ کرنا۔ نام کی رعایت کرنا۔ (عموماً اپنے کے ساتھ)

نام پر جان دینا: [ا۔ محاورہ] شہرت یا ناموری حاصل کرنے کی بیحد کوشش کرنا

نام پر حرف آنا: [ا۔ محاورہ] بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔

نام پر درود پڑھنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے نام کی عزت کرنا۔

نام پر قرعہ نکالنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نام پر قرعہ نکلنا" جسکا یہ متعدی ہے

نام پر قرعہ نکلنا: [ا۔ محاورہ] کسی خاص کام کے لیے قرعہ میں کسی کا نام نکلنا۔

نام پر کٹورا / لوٹا پھرنا: [ا۔ محاورہ] چور معلوم کرنے کے لیے دو آدمی کٹورے / لوٹے کو انگلیوں سے پکڑتے ہیں۔ اور مشتبہ اشخاص کے نام لکھ لکھ کر کٹورے یا لوٹے میں ڈالتے ہیں اور کچھ پڑھتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جب مجرم کے نام کی پرچی ڈالی جائے تو کٹورا / لوٹا پھر / گھوم جاتا ہے۔

نام پر گالیاں پڑھنا: [ا۔ محاورہ] کسی کا نام سن کر گالیاں دی جانا۔

نام پر مٹنا / مرنا: [ا۔ محاورہ] نام پر مائل / فریفتہ ہونا۔ نام پر فدا ہونا۔ شہرت چاہنا۔ نیک نامی یا ناموری حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔

نام پر ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی کے متعلق ہونا۔ نامزد ہونا۔

نام پڑ جانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی فضول نام سے مشہور ہونا۔ عرف ہو جانا۔

نام پکارنا: [ا۔ محاورہ] نام لیکر آواز دینا۔ نام سے پکارنا / بلانا۔ ۲۔ حاضری لینا۔ عدالت میں بلانا۔

نام پکڑ لینا: [ا۔ محاورہ] کسی نام کے متعلق کام کو اختیار کرنا۔ ۲۔ خواہ مخواہ نام لینا۔

نام پیدا کرنا: [ا۔ محاورہ] شہرت حاصل کرنا۔ ناموری حاصل کرنا۔ مشہور ہونا۔ ۲۔ طنزیہ بدنام ہونا۔

نام پیروں کا کھائیں مجاور: [ا۔ مثل] دوسرے کے نام سے اپنا مطلب نکالنا۔

نام پیش کرنا: [ا۔ محاورہ] کسی کام / ممبری وغیرہ کے لیے کسی کا نام لینا۔ / تجویز کرنا۔

نام پیش ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نام پیش کرنا" جسکا یہ لازم ہے۔

نام تجویز کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ نام پیش کرنا (۲) بچے کا نام رکھا جانا۔

نام تجویز ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نام تجویز کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نام تعین کرنا: [ا۔ محاورہ] نام رکھنا

نام تعین ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نام تعین کرنا" جسکا یہ لازم ہے۔

نام تک: [ا۔ متعلق فعل] نام بھی۔ صرف نام۔

نام تک سننا گوارا نہ ہونا / نام تک کا روادار نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] سخت بیزار / متنفر ہونا۔ نام لینے کی بھی کسی کو اجازت نہ ہونا۔

نام تک سے واقف نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] بالکل نہ جاننا۔ نام بھی نہ جاننا۔

نام ٹھہرا لینا: [ا۔ محاورہ] کوئی نام رکھ لینا۔ مقرر کر لینا۔

نام ٹھہرانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نام ٹھہرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

نام ٹھہرنا: [ا۔ محاورہ] نام رکھا جانا۔

نام جاری کرنا: [ا۔ محاورہ] خطبہ میں نام داخل کرنا۔

نام جاگنا: [ا۔ محاورہ] شہرت کم ہونے کے بعد پھر شہرت زیادہ ہو جانا پھر نام مشہور ہونا۔ نام زندہ ہونا۔

نام جپا کرنا / جپنا: [ا۔ محاورہ] نام جپنا۔ نام کی تسبیح کرنا / پڑھنا ۲۔ بار بار نام لینا۔

نام جو: [ف۔ صفت] ناموری چاہنے والا۔

نام جھنڈے پر چڑھانا: [ا۔ محاورہ] بدنام کرنا۔

نام جھنڈے پر چڑھنا: [ا۔ محاورہ] بدنام ہونا / ہو جانا

نام چار کو: [ا۔ متعلق فعل] عو۔ برائے نام بہت تھوڑا نام لینے کو۔

نام چڑھانا: [ا۔ محاورہ] نام رجسٹر میں درج کرنا۔ دفتر میں نام لکھنا۔

نام چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نام چڑھانا"

نام چڑھوانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نام چڑھانا" جس کا یہ متعدی ہے۔

نام چلا جانا / چلنا: [ا۔ محاورہ] نام کی یادگار رہنا۔ نام قائم ہونا۔

نام چمکنا: [ا۔ محاورہ] نیک نام ہونا۔ مشہور ہونا۔ شہرت ہونا۔

نام حاصل کرنا: [ا۔ محاورہ] شہرت حاصل کرنا۔ ناموری حاصل کرنا۔

نام حاصل ہونا: [ا۔ محاورہ] شہرت ہونا۔ مشہور ہونا۔

نام خارج کر دینا: [ا۔ محاورہ] رجسٹر یا تحریر سے نام کاٹ دینا۔ قلمزد کر دینا۔

نام خاک میں مل جانا: [ا۔ محاورہ] سخت بدنام ہونا۔ بیقدری ہونا۔ بے وقعت ہو جانا۔

نامِ خدا: [کلمہ دعا] دراصل بنامِ خدا تھا ب حذف ہو گئی۔ ۱۔ چشم بد دور۔ ماشاء اللہ جب کسی کی تعریف کرتے ہیں تو چشم زخم کے دفعیہ اور برکت کے لیے کہتے ہیں (۲) برکت کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے (۳) کیا بات ہے۔ آفرین ہے۔ شاباش ہے۔ ۴۔ طنزاً بھی کہتے ہیں۔

نام خدا کنوارا پنڈا ہے: [ا۔ محاورہ] (عو) چشم بد دور کنواری ہے۔ (عموماً ابھی کے ساتھ مستعمل ہے۔)

نام خراب کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ ۲۔ بدنام ہونا۔

نام داخل یا درج کرنا: [ا۔ محاورہ] لکھنا۔ رجسٹر وغیرہ میں تحریر کرنا۔

نام داخل یا درج ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نام داخل / درج کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نام دار: [ف۔ صفت] مشہور۔ نامی۔

نام دنیا سے اٹھ جائے: [بد دعا] (عو) مر جائے۔ فنا ہو جائے۔ برباد ہو جائے۔

نام دھرا جانا: [ا. محاورہ] نام رکھا جانا. بُرا کہا جانا.
نام دھرنا: [ا. محاورہ] نام رکھنا. تجویز کرنا. نام مقرر کرنا (۲). عیب لگانا. نکتہ چینی کرنا. بُرا کہنا (۳) نقص نکالنا. عیب چینی کرنا. حرف گیری کرنا. ۴. دوش رکھنا. الزام لگانا (۵) قیمت مانگنا. مول مانگنا. قیمت مقرر کرنا (۶) نام لینا. کسی چیز یا کسی کو منصوص کرنا.

نام دھروانا: [ا. محاورہ] بُرا کہلوانا. دوش رکھوانا.
نام دینا: [ا. محاورہ] ۱. نام رکھنا. شہرۂ آفاق مشہور کرنا.
نام ڈبونا: [ا. محاورہ] ۱. بدنام کرنا. رُسوا کرنا. ۲. اپنے آپ کو بدنام کرنا. ۳. خاندان کو بٹا لگانا. بزرگوں کا نام بدنام کرنا.
نام ڈوبنا: [ا. محاورہ] رُسوائی ہونا. بدنامی ہونا. عزت جانا / جاتے رہنا.
نام رٹنا: [ا. محاورہ] بار بار نام لینا.
نام رکھنا: [ا. محاورہ] بچے کا کوئی نام مقرر کرنا. نام تجویز یا تعین کرنا. ۲. نام دھرنا. دیکھئے "نام دھرنا" جس سے یہ زیادہ فصیح ہے.
نام رکھوانا: [ا. محاورہ] دیکھئے "نام رکھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے
نام روشن کرنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "نام روشن ہونا" جس کا یہ متعدی ہے.
نام روشن ہونا: [ا. محاورہ] نیک نام ہونا. شہرت ہونا. شہرہ ہونا. طنزاً رُسوا ہونا. بدنام ہونا.
نام روک لینا: [ا. محاورہ] ترقی وغیرہ کے لیے نام نہ بھیجنا.
نام رہ جانا / رہنا: [ا. محاورہ] نام باقی رہ جانا. نام بنا دینا. یادگار رہ جانا.
نام رہتی دُنیا تک قائم رہے: [ا. دُعا] قیامت تک شہرت رہے. ہمیشہ عزت و آبرو برقرار رہے.
نام زبان پر آنا: [ا. محاورہ] ۱. مُنہ سے کسی کا نام نکلنا. کسی کے نام کا خیال آنا.
نام زبان پر پھرنا: [ا. محاورہ] دیکھئے "نام زُبان پر آنا" کسی کا نام پوری طرح یاد نہ آنا.
نام زندہ کرنا: [ا. محاورہ] مشہور کرنا. نام روشن کرنا. یاد تازہ کرنا.
نام زندہ ہونا: [ا. محاورہ] کسی کی یاد باقی رہنا.
نام ساکھ: [۰۰ ا. مذ] شہرت اور اعتبار
نام سُننا: [ا. محاورہ] صرف نام سے ہی واقف ہونا (۲) شہرت سننا.
نام سُننے سے رونگٹے کھڑے ہونا: [ا. محاورہ] کسی سے بہت ڈرنا
نام سے: [ا. متعلق. فعل] ۱. لقب سے. خطاب سے (۲) نام لیکر. نام پر. طرف سے. ۳. نام کی بدولت نام کے طفیل (۴) نام لینے سے نام سن کر نام کے ساتھ (۵) بہانے سے حیلے سے (۶) نام نہاد. منسوب.
نام سے آشنا ہونا: [ا. محاورہ] تھوڑی / معمولی سی واقفیت ہونا.
نام سے بکنا: [ا. محاورہ] کسی چیز کی کسی کے نام سے قدر ہونا.
نام سے بھاگنا / بیزار ہونا: [ا. محاورہ] سخت متنفر ہونا. نام تک سننا گوارا نہ کرنا.
نام سے پُجنا: [ا. محاورہ] کمال اعتقاد ہونا (۲) کسی کے نام کے سبب قدر و منزلت ہونا
نام سے تپ چڑھنا: [ا. محاورہ] بہت ڈرنا سخت خائف ہونا.
نام سے جلنا: [ا. محاورہ] سخت بیزار ہونا کمال متنفر ہونا.

نام سے چڑنا: [ا. محاورہ] کسی کا نام سُن کر ناراض ہو جانا. سخت نفرت کرنا.
نام سے دَم نکلنا: [ا. محاورہ] بہت ڈرنا. بیحد خوف کھانا.
نام سے کان پکڑنا: [ا. محاورہ] اُستادی کا / کمال کا قائل ہونا.
نام سے کانپنا: [ا. محاورہ] بہت ڈرنا. کمال خائف ہونا.
نام سے کانوں پر ہاتھ دھرنا: [ا. محاورہ] بیحد نفرت کرنا. سخت بیزار ہونا.
نام سے مطلب: [ا. محاورہ] شہرت سے غرض.
نام سے نفرت ہونا: [بہت نفرت ہونا. سخت بیزار ہونا.
نام سے ننگ ہونا: [ا. محاورہ] کمال عار ہونا.
نام سے واقف ہونا: [ا. محاورہ] دیکھئے "نام سے آشنا ہونا"
نام سدھا نہ لینا: [ا. محاورہ] نام بگاڑ کر لینا.
نامش کلاں و دیہہ ویراں [ف. مثل] نام بڑا گاؤں ویراں.
نام شیش: [ہ. صف] جس کا صرف نام باقی رہ گیا ہو. مُردہ. متوفی (۲ مذ) موت وفات.
نام قلم زد کر دینا: [ا. مص مرکب] رجسٹر سے نام خارج کر دینا. تحریر سے نام اُڑا دینا
نام کا: [ا. صف] نام سے منسوب (۲) حصّہ کا (۳) برائے نام (۴) (اپنے کیسا تھا) آفت کا پرکالا. بہت چالاک.
نام کا ایک: [ا. صف] آفت کا پرکالا. بہت چالاک (۲) وعدے کا پکا (۳) ضدی عموماً اپنے کے ساتھ.
نام کا پاس: [ا. مذ] عزت کا خیال.
نام کا خط: [ا. مذ] کسی خاص شخص کی چٹھی.
نام کا چراغ جلانا / روشن کرنا: [ا. محاورہ] کسی کے نام سے قبر پر چراغ جلانا. منت کی وجہ سے / کسی بزرگ کی عزت کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں.
نام کا خُم رکھنا: [ا. محاورہ] گنجفہ بازوں کا اپنے معشوق کے نام سے پتے چھپانا
نام کاٹ دینا / کاٹنا: [ا. محاورہ] نام قلم زد کر دینا. دفتر یا تحریر سے نام خارج کر دینا.
نام کا دُشمن ہونا: [ا. محاورہ] سخت بیزار ہونا. نہایت متنفر ہونا.
نام کا سکّہ جاری ہونا / چلنا: [ا. محاورہ] کسی کے نام کا سکّہ رائج ہونا. کمال رُعب و داب ہونا.
نام کا کتا نہ پالنا: [ا. محاورہ] کمال بیزار ہونا.
نام کا وظیفہ: [ا. مذ] کسی کا نام بار بار رٹنا. کسی کی یاد ہر دم رہنا.
نام کٹنا / کٹوانا: [ا. محاورہ] ۱. دیکھئے "نام کاٹ دینا / کاٹنا" جس کا یہ متعدی ہے. ۲. پولیس یا فوج کی نوکری چھوڑ دینا. مستعفی ہو جانا.
نام کر جانا: [ا. محاورہ] شہرت حاصل کرنا. یادگار چھوڑ جانا.
نام کر دینا: [ا. محاورہ] فوقیت حاصل کرنا (۲) اُلاهنا اُتار دینا. ۳. کسی کو دے دینا (۴) مشہور کرنا. شہرت دینا (۵) حقیقت میں کچھ بھی نہ کرنا. تھوڑا کرنا.
نام کرن: [ہ. امث] ۱. ہندوؤں میں بچے کا نام رکھنے کی رسم (۲) شہرت حاصل کرنا (۳) کوئی خطاب یا لقب اختیار کرنا.
نام کرنا: [ا. محاورہ] ۱. شہرت حاصل کرنا. نام پیدا کرنا. نیک نامی

حاصل کرنا. مشہور ہونا (۲) نام رکھنا. نام تجویز کرنا (۳) دُوسرے پر تھوپنا دوسرے کا نام لگانا. کسی پر الزام رکھنا. آپ قصور کرکے دُوسرے کے ذمہ لگانا (۴) کسی کے ذمّہ ڈالنا
کسی کے لیے مخصوص کرنا.

نام کندہ کرنا: [ار. محاورہ] نام کھودنا.

نام کندہ ہونا: [ار. محاورہ] نام کھودا جانا / کھدنا

نام کو: [ار. متعلق فعل] ۱. برائے نام. کہنے کو. نام نہاد (۲) اپنے نام کا. اپنے قول کا (ان معنوں میں اپنے کے ساتھ)

نام کو آگ لگانا: [ار. محاورہ] نام نہ لینا. قریب نہ جانا.

نام کو بٹّا یا دھبّا لگانا: [ار. محاورہ] نام کو بدنام کرنا. عیب لگانا.

نام کو مرنا: [ار. محاورہ] نام کے لیے جان دیدینا.

نام کو نہ چھوڑنا: [ار. محاورہ] ۱. سب کچھ لے لینا. کچھ نہ رہنے دینا. ذرا باقی نہ رکھنا. ناپید کرنا. خاتمہ کردینا.

نام کو نہ رہنا: [ار. محاورہ] کچھ نہ رہنا. بالکل نہ رہنا. ختم ہو جانا.

نام کو نہ ملنا: [ار. محاورہ] قطعاً نہ ملنا. بالکل نہ پانا.

نام کو نہ ہونا: [ار. محاورہ] بالکل نہ ہونا. ذرا نہ ہو.

نام کو نہیں: [ار. محاورہ] بالکل نہیں

نام کھدنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نام کھودنا" جس کا یہ لازم ہے.

نام کھدوانا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نام کھودنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے

نام کھودنا: [ار. محاورہ] نگینے / پتھر / کسی دھات کے برتن / یا کسی جگہ نام کے حروف کندہ کرنا.

نام کی تسبیح پڑھنا / کرنا: [ار. محاورہ] نام لیے جانا. ہر وقت نام لینا.

نام کی چیز: [ار. امث] عو. وہ چیز جو کسی کے لیے منگوائی جائے. وہ چیز جو کسی کے لیے مخصوص کر دی جائے.

نام کی رٹ: [ار. امث] کسی کے نام کا ورد. ہر وقت کسی کو یاد کرنا.

نام کی نوبت بجانا: [ار. محاورہ] اپنے نام کو مشہور کرنا.
لفظ اپنے کے ساتھ مستعمل ہے.

نام کے لیے مرنا: [ار. محاورہ] ناموری کی بیحد کوشش کرنا. ناموری کے لیے جان دینا

نام لٹانا: [ار. محاورہ] کوئی چیز کسی کے نام پر محتاجوں کو دینا

نام لکھنا: [ار. محاورہ] فہرست یا دفتر میں نام تحریر کرنا. نام چڑھانا. نام درج کرنا / داخل کرنا.

نام لکھوانا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نام لکھنا" جس کا یہ متعدی / متعدی المتعدی ہے

نام لگانا: [ار. محاورہ] تہمت لگانا. الزام لگانا. کوئی قصور کسی کے ذمّہ لگانا.

نام لگ جانا / لگنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نام لگانا" جس کا یہ لازم ہے

نام لیئے جانا: [ار. محاورہ] بار بار نام لینا.

نام لے بیٹھنا: [ار. محاورہ] بے سوچے سمجھے کسی کا نام لینا.

نام لے دینا: [ار. محاورہ] کسی پر الزام لگانا. کسی کا نام بتانا.

نام لے کر / کے: [ار. متعلق فعل] نام سے. نام کی بدولت (۲) کسی بزرگ کے طفیل (۳) برکت کے لیے کسی بزرگ کے نام سے

نام لے کر / کے پکارنا: [ار. محاورہ] کسی کو اس کے نام سے بلانا / مخاطب کرنا.

نام لیکر مانگ کھانا: [ار. محاورہ] کسی بزرگ کے نام سے گزارہ کرنا.

نام لینا: [ار. محاورہ] ۱. نام زبان پر لانا (۲) نام رٹنا. نام کی تسبیح کرنا. ۳. نام جپنا. تعریف کرنا. گن گانا (۴) کسی کا ذکر کرنا. تذکرہ کرنا (۵) الزام دھرنا. تہمت لگانا (۶) کسی کے کمال یا بزرگی کا قائل ہونا (۷) کوئی چیز کسی کے لیے کسی کے نام سے خریدنا (۸) کسی جرم کے ملزم کا نام بتانا. کسی پر شبہ کرنا (۹) واسطہ دینا. شناخت کرانا.

نام لینے والا / نام لیوا: [ار. صف] ۱. یادگار. بیٹا. وارث (۲) یاد کرنے والا. فخر کرنے والا.

نام لیوا رہا نہ پانی دیوا: [ار. مثل] سب مرگئے کوئی باقی نہیں رہا.

نام مٹانا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نام مٹنا" جس کا یہ متعدی ہے.

نام مٹنا: [ار. محاورہ] نام جاتا رہنا. شہرت نہ رہنا. گمنام ہونا.

نامِ نامی: [ار. اند] معروف و مشہور نام. کسی کے متعلق عزت سے استعمال کرتے ہیں.

نام نکالنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نام نکلنا / نکل جانا" جس کا یہ متعدی ہے.

نام نکل جانا / نکلنا: [ار. محاورہ] شہرت ہونا. نام مشہور ہونا. ناموری حاصل ہونا (۲) بدنامی ہونا. رسوائی ہونا. ۳. کسی مقدس کتاب سے نام نکال کر رکھنا / رکھا جانا (۴) عمل کے ذریعہ سے چور کا نام ظاہر ہونا. ۵. کسی نام پر لاٹری / قرعہ وغیرہ نکلنا (۶) کسی خاص لقب سے مشہور ہو جانا.

نام نکلوانا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نام نکل جانا / نکلنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے.

نام نگریا: [ھ. صف] معمولی حیثیت کا. معمولی آدمی.

نامِ مرد بہ از ذاتِ مرد: [ف. اند] آدمی کی اچھی شہرت کی دھاک اس کی ذات سے زیادہ بہتر ہوتی ہے.

نام نمود: [ف. اند] عزت نمائش. ٹیپ ٹاپ. ظاہری ٹھاٹھ.

نام میرا گاؤں تیرا: [ار. مثل] کوئی کمائے کوئی کھائے. سب کچھ آپ ہی لے لے دوسروں کو کچھ نہ دے.

نام نوبت ہونا: [ار. محاورہ] سر سہرا ہونا.

نام نہ آنا: [ار. محاورہ] نام معلوم نہ ہونا. نام نہ جاننا. زبان سے کسی کا نام ادا نہ ہونا.

نام نہاد: [ف. صف] موسوم. نامزد یہ ترکیب ایسے ناموں سے پہلے آتی ہے جن کے نام اُن کی اصلیت کے خلاف ہوتے ہیں. برائے نام

نام نہ رکھنا: [ار. محاورہ] ۱. دعوے سے کہا جانا. اسم بامسمّٰی ہونا. اگر کوئی کام نہ کیا جائے نام بدل ڈالنا (۲) باقی نہ رکھنا. سب کچھ خرچ کر ڈالنا (۳) بالکل مٹا دینا. / نیست و نابود کر دینا.

نام نہ رکھوں: [کلمہ دعویٰ] دعوے کا کلام ہے کہ اگر فلاں کام نہ کر سکوں تو اپنا نام نہ رکھوں.

نام نہ رہنا: [ار. محاورہ] نشان تک نہ رہنا.

نام نہ گویا: [ار. محاورہ] عو) یہ میرا نام ہے کہ میرا ذکر ہے. وہ کس قطار شمار میں ہے (ضمیروں کے ساتھ اپنے اپنے موقع پر بولا جاتا ہے.

نام نہ لینا: [ار. محاورہ] ۱. نام زبان پر نہ لانا (۲) سخت بیزار ہونا. ۳. کوئی کام بالکل نہ کرنا.

نام نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ وجود نہ ہونا (۲) شہرت نہ ہونا۔

نام نہیں: [ا۔ محاورہ] ۱۔ پتہ / سراغ نہیں۔ بے نشان ہے (۲) اسم بامسمّٰی نہیں (۳) باقی / بالکل / ذرا نہیں۔ ۴۔ وجود نہیں۔ (۵) شہرت نہیں تذکرہ نہیں۔

نام نیک رفتگان ضائع مکن تا بماند نام نیکت پایدار
[ف۔ مثل] جو لوگ مر چکے اُن کے نیک ناموں کو ضائع نہ کرو / کر تاکہ تیرا نام بھی باقی رہے۔

نام نیکی سے لینا: [ا۔ محاورہ] کسی کو اچھی طرح یاد کرنا۔ اچھی باتوں کے متعلق کسی کا تذکرہ کرنا۔

نام وام [ف۔ امذ] نام۔ وام تابع مہمل ہے۔

نامور: [ف۔ صف] نام آور کا مخفف ہے۔ نامی مشہور۔

ناموری: [ف۔ امث] دیکھئے "نامور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نام و نشان باقی نہ رہنا: [ا۔ محاورہ] نیست و نابود ہو جانا۔ معدوم ہو جانا

نام و نمود: [ف۔ امذ] دیکھئے "نام نمود"

نام و ننگ: [ف۔ امذ] عزت آبرو"

نام وہی (رہے) جو خدا کہوائے: [ا۔ مثل] نیک نامی اپنے منہ میاں مٹھو بننے سے نہیں ہوتی۔

نام ہو جانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ شہرت ہو جانا۔ ناموری ہو جانا۔ ۲۔ نام پر لکھا جانا۔ کسی کے نام پر جائیداد یا جاگیر چڑھ جانا (۳) تہمت لگ جانا۔ الزام لگ جانا

نام ہونا: [ا۔ محاورہ] اسم ہونا۔ لقب ہونا (۲) شہرت ہونا۔ واہ واہ ہونا۔ ۳۔ قرار پانا۔ ٹھہرنا (۴) الزام لگنا۔ تہمت لگنا (۵) نام پر چڑھنا / لکھا جانا (۶) ذمہ پڑنا۔ سر پڑنا (۷) کوئی خطاب پڑ جانا (۸) شرکت ہونا شمولیت ہونا۔ ۹۔ ملکیت ہونا۔

نام ہی کا ہونا: [ا۔ محاورہ] صرف کہنے کہو اسطے ہی نام ہونا۔

نام ہی نام ہے: [ا۔ محاورہ] کہنے ہی کو ہے فی الحقیقت کچھ نہیں۔

نام ہے: [ا۔ محاورہ] ۱۔ شہرت ہے (۲) برائے نام ہے ۳۔ فی الحقیقت ہے۔ دراصل یہ ہے۔

ناما: [ا۔ امذ] رُوئی کا پہل۔

ناموس: [ع۔ امث] آبرو۔ لاج۔ شرم۔ جو بات موجب عزت ہو (۲) صاحب راز۔ راز پوشیدہ (۳) حضرت جبرائیل کا لقب (۴) فرشتہ۔ ملک (۵) احکام الٰہی (۶) اہل خانہ (۷) حرم سرا۔ زنانہ (۸) ننگ۔ شرم۔ غیرت۔ لاج (۹) حکیموں کے نزدیک تدبیر سیاست

ناموسِ اکبر: [ع۔ امذ] حضرت جبرائیلؑ کا لقب (۲) شریعت۔ قاعدہ۔ دستور

ناموس بگاڑنا: [ا۔ محاورہ] آبرو لینا۔ ایسا فعل کرنا جس سے آبرو پر حرف آئے۔

ناموسی: [عف۔ امث] بے عزتی۔ بدنامی۔ رسوائی۔ شرم۔ لحاظ

نامہ: [ف۔ امذ] ۱۔ خط۔ مکتوب۔ چٹھی۔ نوشتہ۔ صحیفہ (۲) کتاب۔ رسالہ۔ ۳۔ دفتر۔ طومار۔ رجسٹر (۴) بجائے نامہ اعمال (۵) مرکبات میں جیسے اقرارنامہ (۶) نانوان۔ نام لکھی ہوئی رقم۔ قرضہ (۷) کنجڑوں کی اصطلاح میں۔ فواکہ کا تیس دانوں کا ڈھیر۔

نامہ آنا: [ا۔ محاورہ] چٹھی آنا۔ خط آنا۔

نامۂ اعمال: [ع۔ امذ] اعمال نامہ وہ کاغذ جس پر منکر اور نکیر ہر ایک کے اعمال لکھتے ہیں۔

نامۂ اعمال بڑھنا: [ا۔ محاورہ] گناہوں کا زیادہ ہونا۔

نامۂ اعمال دھویا جانا: [ا۔ محاورہ] گناہوں کا اللہ کے حکم سے مٹایا جانا۔

نامۂ اعمال سیاہ ہونا: [ا۔ محاورہ] نامۂ اعمال میں بہت سے گناہوں کا لکھا جانا۔ بہت زیادہ گناہ ہونا۔

نامہ بر: [عف۔ صف] چٹھی لے جانے والا (مذ) چٹھی رساں۔ ڈاکیا۔ ہرکارہ۔ قاصد۔ پیامبر۔ پیک۔

نامہ بری: [عف۔ امث] دیکھئے "نامہ بر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

نامہ بھیجنا: [ا۔ محاورہ] خط بھیجنا۔ چٹھی لکھنا۔

نامہ چارم: [عف۔ امذ] قرآن شریف جو زبور۔ توریت اور انجیل کے بعد نازل ہوا۔

نامہ سفید: [ف۔ صف] جس کے اعمال نامہ میں کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔ مجازاً نیک۔ صالح۔

نامہ سیاہ: [ف۔ صف] جس کے اعمال نامے میں بہت کچھ لکھا ہوا ہو۔ مجازاً گنہگار۔ بداعمال۔

نامہ سیاہ ہونا: [ا۔ محاورہ] نامہ اعمال میں بہت سے گناہوں کا لکھا جانا۔

نامہ سیاہی: [ف۔ امث] گناہوں کی وجہ سے نامۂ اعمال کا سیاہ ہونا۔ گنہگاری۔ بداعمالی۔

نامۂ شوق: [ف۔ امذ] محبت آمیز خط۔

نامۂ عمل: [ف۔ امذ] نامہ اعمال۔

نامہ کھلا آنا / لانا: [ا۔ محاورہ] کسی عزیز کی موت کی خبر آنا۔ کسی عزیز کی سناؤنی آنا۔ زمانہ قدیم کے دستور کے مطابق موت کی خبر کا خط کھلا بھیجا جاتا تھا۔

نامہ نگار: [ف۔ امذ] خبر دہندہ۔ خبر نویس۔ پرچہ نویس۔ اخبار کا نامہ نگار۔ کارسپانڈنٹ۔ ۲۔ خط لکھنے والا۔

نامہ و پیام / پیغام: [ف۔ امذ] خط و کتابت۔ سلام و پیام۔

نامی: [ع۔ صف۔ فاعل] ۱۔ بڑھنے والا۔ نمو کرنے والا (۲ ف صف) مشہور معروف۔ نامور (۳) موسوم۔ نام والا۔

نامی چور: [ا۔ امذ] مشہور چور۔ بڑا بھاری چور۔

نامی چور مارا جائے نامی ڈکاندار کما کھائے: [ا۔ مثل] بدنام آدمی چاہے بُرا کام کرے یا نہ کرے الزام اسی پر لگتا ہے۔

نامے: [ف۔ متعلق فعل] نام لیکر۔ نام سے۔

نامیاتی: [ع۔ صف] عضویاتی جسم کے متعلق جسمانی معلومات (۲) وہ جس میں بڑھنے کی صلاحیت ہو۔

نامیہ: [ع۔ امث] بڑھنے / بڑھانے والی قوت۔ نمو کرنے والی قوت۔ (نامی کی تانیث)

ناں: [ھ۔ کلمہ نفی] نہیں۔ نہ۔

نان: [ف۔ امذ] ۱۔ روٹی۔ چپاتی (۲) تنور کی موٹی روٹی۔ ایک خاص قسم کی موٹی روٹی جو میدے سے بناتے ہیں (۳) قرص)

نانِ آبی: [ف۔ امذ] وہ روٹی جو پانی سے گندھے ہوئے آٹے سے بنائی جاتی۔

نانبا / نانبائی: [ف۔ امذ] روٹی پکانے کا پیشہ کرنیوالا (۲) روٹی اور شوربا بیچنے والا۔

نان پاؤ: [ف۔ امذ] ایک قسم کی خمیری روٹی جو شہر خطا میں ایجاد ہوئی تھی۔

نان پز: [ف۔ امذ] روٹی پکا کر بیچنے والا۔ نانبائی۔ بھٹیارا۔

نان پزی: [ف۔ امث] دیکھئے "نان پز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نان جَوِیں: [ف۔ امذ] لفظی معنی جَو کی روٹی (۲) روٹی، سُوکھی روٹی۔ غریبانہ روٹی۔

نانِ خُشک: [ف۔ امذ] رُوکھی روٹی۔ سُوکھی رُوٹی بغیر چُپڑی رُوٹی۔

نان خطائی: [ف۔ امث] ایک قسم کی روٹی کی شکل کی مٹھائی جو کھانڈ میدے اور گھی سے بناتے ہیں۔ بسکٹ کے برابر ہوتی ہے۔ بعض جگہ روٹی کے برابر بھی بناتے ہیں۔

نان خواہ: [ف۔ امذ] اجوائن

نان خورِش: [ف۔ امذ] سالن۔ گوشت اور پھل جو روٹی کیساتھ کھاتے ہیں

نانِ خورشید: [ف۔ امذ] ا۔ قرص خورشید

نانِ رباط: [ف۔ امذ] وُہ روٹی جو نانبائی سرائے میں ملتی ہے۔

نانِ روغنی [ف۔ امذ] ایک قسم کی روٹی جس میں گھی ڈال کر پکاتے ہیں۔

نان شِکنی [ف۔ امث] روٹی توڑنا۔ روٹی کھانا۔

نان فروش [ف صف] روٹی بیچنے والا۔

نان کے لیے مرنا: [ار۔ محاورہ] کھانے پر جان دینا۔ کھانے کو مقدم ماننا۔

نان نعمت: [ف۔ امذ] بڑی نعمت۔ لذیذ نعمت۔

نان و نفقہ: [ف۔ امذ] روٹی کپڑا۔ گھربار کا خرچ۔ بیوی بچوں کا خرچ۔ بیوی کا خرچ۔

نان و نفقہ دینا: [ار۔ محاورہ] بیوی بچوں کو روٹی دینا۔ گھربار کا خرچ ادا کرنا

نان و نمک: [ف۔ امذ] معمولی روٹی جس میں کوئی تکلف نہ ہو۔

نانا: [ار۔ امذ] ماں کا باپ۔

نانا دادا: [ار۔ امذ] آباؤ اجداد۔ خاندان کے بزرگ (۲) مجازاً۔ گرو۔ اُستاد۔

نانا کی دولت پر نواسہ / نواسا اینڈا پھرے: [ار۔ مثل] دوسرے کی دولت پر شیخی۔

نانا کے ٹکڑے کھائے دادا کا پوتا کہلاوے: [ار۔ مثل] دیکھئے "نانی کے ٹکڑے" الخ

نانبٹھ: [ہ۔ امذ] مال لاوارث۔ مُردے کا مال جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

نانبٹھ پر بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] لاوارث مال پر قابض ہونا۔

نانبٹھا: [ہ۔ صف۔] وُہ جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ جو لاوارث / بلاوارث مر جائے اُردو میں عورتیں نگوڑا کے ساتھ کہتی ہیں۔

نانْد: [ہ۔ امث] مٹی کا بڑا کونڈا۔ مٹی کا بہت بڑا برتن جس میں پہلے زمانے میں نانبائی آٹا گوندھتے اور رنگ ریز کپڑے رنگتے تھے۔ اور جانوروں / گائے بھینس کو اس میں چارا کھلاتے تھے۔ بیاہ شادیوں میں طشت کی بجائے کھانے کی دیگ کر اس میں کھانا ڈال کر خالی کرتے تھے۔

ناندھنا: [ہ۔ مص] شروع کرنا۔ آغاز کرنا (۲) کوئی بات شروع کرنا۔ بیان کرنا (۳) اختیار کرنا۔ کرنا ۔۴۔ جال بننے کا کام شروع کرنا (۵) چرخے کو گردش دینا (۶) قصّہ یا داستان شروع کرنا۔

ناندھیا / ناندیا بیل: [ہ۔ امذ] ایک نمائشی بیل جسے دربدر پھراتے ہیں اور اُسے مالک کا کہا ماننے کی تربیت دیتے ہیں۔

نانک: [ہ۔ امذ] ا۔ وُہ گھوڑا جس کی پیٹھ پر دُور تک سفیدی ہو جو نقص سمجھا جاتا ہے (۲) سکھ مذہب کا بانی اور پہلا گرو۔

نانک پنتھ: [ہ۔ امذ] گرو نانک کا ایجاد کردہ مذہب۔ سکھ مذہب۔

نانک پنتھی: [ہ۔ امث] سکھ۔ گرو نانک کا پیرو۔

نانک شاہی: [ہ۔ امذ] ا۔ فقیروں کا ایک گروہ (۲) ایک قسم کا موٹا پیسہ جو اب رائج نہیں ہے۔

نانک ننھا ہو رہو جیسے ننھی دُوب۔ پیڑ بڑے گر جائیں گے دُوب خُوب کی خُوب: [ار۔ مقولہ] انکسار بہتر ہے۔

نانکر: [ہ۔ امذ] انکار۔ نہیں (افعال: کرنا۔ ہونا)

نانگا: [ہ۔ امذ] ا۔ ننگا (۲) وہ سادھو جو ننگا رہے (۳) سادھوؤں کا ایک فرقہ جو ننگا رہتا ہے۔

نانگرنا: [ار۔ مص۔ ل] ہل چلانا۔

نانگھنا: [ہ۔ مصدر] اس چیز سے گزر جانا جو راہ گزر میں حائل ہو۔ پھاندنا۔

نانو / نانواں / نانوں [ہ۔ امذ] اسم۔ نام

نانواں: [ہ۔ امذ] قیمت۔ کسی چیز کی لگی ہوئی قیمت (۲) روپیہ جو ملنے والا ہو (۳) ریزگاری۔

نانہہ: [ہ۔ کلمہ نفی] نہ۔ نہیں۔

نانھیال: [ار۔ امذ] نانا کا گھر یا خاندان لکھنؤ میں ننھیال ہے اور مونث بولتے ہیں۔

نانہیں: [ہ۔ نفی] نہیں۔ نہ۔

نانی: [ار۔ امث] ماں کی ماں۔ نانا کی بیوی۔

نانی اماں / جان: [ہ۔ امث] پیار یا عزت سے نانی کو کہتے ہیں۔

نانی تو کواری ہی مرگئی نواسی کے ساڑھے ستره / سو سو بان: [ار۔ مثل] بان۔ شادی سے پہلے نہانے کو کہتے ہیں۔ نو دولت آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے جو ایک دم شیخی میں آجائے۔

نانی جی کا گھر: [ار۔ امذ] دیکھئے "خالہ جی کا گھر"

نانی خصم کرے دوہتا / نواسا چٹی بھرے: [ار۔ مثل] کرے کوئی خمیازہ کوئی بھرے۔

نانی کے آگے / سامنے۔ ماموں / ننھیال کی باتیں / بُرائی: [ار۔ مثل] کسی کے عزیز کی شکایت اُسکے رُو در رُو کرنا (۲) واقف کار کے سامنے ڈینگ مارنا (۳) واقف کو فریب دینے کی کوشش کرنا۔

نانی کے ٹکڑے کھاوے دادا کا پوتا کہلاوے: [ار۔ مثل] ا۔ فائدہ کہیں سے اُٹھائے اور خدمت کسی کی کرے (۲) محنت کوئی کرے ، راحت کوئی پائے۔

نانی مری نانا ٹوٹا: [ار۔ مثل] نانی کے مرنے پر انسان کی قدر ننھیال میں نہیں رہتی

نانی یاد آنا: [ار۔ محاورہ] محنت کے کام میں گھبرا جانا۔

ناو: [ف۔ امث] ا۔ دیکھئے "ناؤ" (۲) کوئی لمبی اور خلادار چیز (۳) نالی۔ ٹلکا۔ ۴۔ ناند (۵) پرنالا (۶) وُہ نالی جس میں چکی کا آٹا گرتا ہے۔

ناو دان: [ف۔ امذ] پرنالا۔ بدرَو

ناوَرد: [ف۔ امث] لڑائی۔ جنگ دجدل

ناوَک: [ف۔ امذ] ا۔ ناوہ کی تصغیر۔ تیر۔ خدنگ۔ بان۔

ناوک انداز: [ف صف] تیرانداز۔ تیر چلانے والا۔

ناوک اندازی: [ف۔ امث] دیکھیے "ناوک انداز" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
ناوک بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] تیر نشانے پر لگنا۔
ناوک زن / افگن / فگن: [ف۔ صف] تیر انداز۔ تیر چلانے والا۔
ناوک زنی / افگنی: [ف۔ امث] دیکھیے ناوک زن / افگن جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
ناوک سا تیر نکل جانا: [ار۔ محاورہ] صاف نکل جانا۔
ناول: [انگ۔ اند ومث] novel وہ مکمل قصہ جس میں زندگی کے تمام پہلو پیش کیے جائیں۔
ناول نویس / نگار: [انگ۔] ناول لکھنے والا۔
ناول نگاری: [انگ۔ ف۔ امث] ناول لکھنے کا فن۔
ناولٹ: [انگ۔ اند ومث] novelette چھوٹا ناول۔ وہ قصہ جس میں زندگی کے چند نمایاں پہلو پیش کیے جائیں۔ **ناہد**: [ع۔ امث] وہ لڑکی جس کی چھاتیاں نئی اٹھی ہوں۔
ناہر: [ہ۔ اند] شیر۔ ببر شیر۔
ناہر سانس: [ہ۔ اند] گھوڑے کا ایک مرض۔ جس میں گھوڑے کے منہ سے آواز نکلتی ہے اور سانس پھول جاتا ہے۔
ناہرو: [ہ۔ اند] ا۔ دیکھیے: نارو۔ نہروا۔ لمبا کیڑا جو پیٹ میں پڑ جاتا ہے۔
ناہید: [ف۔ اند مث] زہرہ ستارہ۔
نائب: [ع۔ اند فاعل] مددگار۔ قائم مقام (۲) مختار۔ مدار المہام۔ وکیل۔ سفیر
نائب الرئیس: [ع۔ اند] رئیس کا نائب
نائب السلطنت: [ع۔ اند] وائسرائے۔ گورنر۔ صوبیدار
نائب دیوان: [ع۔ اند] خزانچی کا نائب
نائب نقیب: [ع۔ اند] نائب اور اُس کا افسر
نائرہ: [ع۔ اند] ا۔ شعلہ۔ لپٹ۔ لو (۲) آگ۔ اگنی (۳) گرمی (۴) سوجن (۵) دشمنی نفرت۔ حقارت (۶) حروفِ قافیہ میں سے ایک جو روی کے بعد آتا ہے۔
نائژہ: [ف۔ اند] ا۔ آلہ تناسل (۲) پیشاب کی نالی۔ سوراخ ذکر (۳) سوراخ دار شاخ یا ٹہنی (۴) نل۔ نالی۔ کھد کھلا سرکنڈہ (۵) نہر
نائک: [س۔ اند] دیکھیے "نایک"
نائکا: [س۔ امث] ا۔ دیکھیے نائکہ (۲) وہ عورت جس کے پاس کئی نوچیاں ہوں۔ رنڈیوں کے گھر کی سردار
نائلون: [انگ۔ اند] ایک جدید مصنوعی مرکب جو کپڑا اور دوسری چیزیں بنانے کے کام آتا ہے۔ nylon
نائم: [ع۔ صف۔ فاعل] سونے والا۔ خفتہ۔
نائن: [حد نفی] ا۔ نہیں۔ نہ (۲) مث) نائی کی بیوی۔ نائی قوم کی عورت۔
ناؤ: [ہ۔ امث] کشتی۔ چھوٹی کشتی۔ ڈونگا۔
ناؤ چلانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ دیکھیے "ناؤ چلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ناؤ چلنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ کشتی رواں ہونا۔
ناؤ خشکی میں نہیں چلتی: [ار۔ مثل] دولت کو بغیر خرچ کیے شہرت حاصل نہیں ہو سکتی (۲) کام بے محل خلافِ دستور نہیں ہوا کرتا۔
ناؤ ڈوبنا: [ار۔ محاورہ] کشتی کا پانی میں غرق ہو جانا (۲) کام خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔
ناؤ کنارے لگانا: [ار۔ محاورہ] کشتی کنارے پر پہنچانا (۲) آسان ہونا۔
ناؤ کنارے لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "ناؤ کنارے لگانا" جس کا یہ لازم ہے

ناؤ منجدھار میں پڑنا: [ار۔ محاورہ] معاملہ کا پیچیدار ہونا۔
ناؤ میں خاک اڑانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ جھوٹا الزام یا ناحق تہمت دھرنا (۲) بہانہ ڈھونڈنا (۳) جھوٹ بولنا۔ اس محاورہ میں شیر بکری کے قصے کی طرف اشارہ ہے۔
ناؤ نوش: [ف۔ اند] دیکھیے "نائے و نوش"
نائی: [ہ۔ صفت] ا۔ جھکا ہوا خمیدہ (۲) حجام۔ مو تراش۔
نائی: [ف۔ صف] نے بجانے والا۔
نائی دائی (دھوبی) بید قصائی۔ اِن کا سُوتک کبھی نہ جائی
[ار۔ مثل] یہ چاروں ہمیشہ ناپاک رہتے ہیں۔
نائی سب کے پاؤں دھوئے اپنے دھوتے لجائے: [ار۔ مثل] جو کام اوروں کے لیے کرتا ہے اپنے لیے نہیں کرتا۔
نائی کی برات میں سبھی ٹھاکر: [ار۔ مثل] یہ وہاں بولتے ہیں جہاں سب اپنے آپ کو ایک جیسا اور باعزت سمجھتے ہوں۔ اپنی قوم میں ہر کوئی ذی عزت ہے۔
نائی نائی بال کتنے۔ ججمان جی آگے آتے ہیں: [ار۔ مثل] جب کوئی بات ظاہر ہونے والی ہو اور اس کی نسبت کوئی پوچھے تو کہتے ہیں۔
نائے / نالے: [ف۔ امث] ا۔ بانسری ۲۔ نل۔ نلکا (۳) نالی۔ نہر۔ بیت۔ بید۔
نائے نوش: [ف۔ اند] ا۔ نائے۔ بانسری۔ ساز و نغمہ سننا اور شراب پینا۔ عیش و طرب۔ عیش و نشاط۔ عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں۔
نایک: [س۔ اند] سردار۔ سرکردہ۔ مربی۔ تاج (۲) قافلہ سالار۔ نمبردار۔ میٹ۔ اوورسیئر۔ مستری۔ (۳) فوج میں ایک عہدہ جو سب سے چھوٹا افسر ہوتا ہے (۵) نامک میں آدمی۔ خاوند۔ عاشق۔ ہیرو۔ شجاع (۶) ماہرِ موسیقی بڑا گویا۔ فاص۔ گویّوں کا سردار / استاد (۷) گلے کے ہار کا سب سے بڑا ہیرا یا جواہر۔
نایکا: [س۔ امث] ا۔ نایک کی بیوی (۲) بیوی۔ معشوقہ۔ ہیروئن (۳) شریف عورت۔ دوشیزہ لڑکی۔ کنیا۔
نایَن: [ہ۔ امث] دیکھیے "نائن"

ن — ب

نِب: [انگ۔ اند] انگریزی قلم کی زبان جو عام طور پر فولاد کی ہوتی ہے۔
نَبات: [ع۔ امث] سبزہ۔ روئیدگی۔ بوٹی۔ گھاس۔ پات درخت جو زمین سے اُگے
نَبات: [ف۔ امث] مصری۔ قند
نبات چُنوانا: [ار۔ محاورہ] دولہا کو مصری کی ڈلیاں عروس کے کندھوں۔ کہنیوں۔ گھٹنوں۔ پیٹھ اور ہاتھوں پر رکھ کر بغیر ہاتھ لگائے منہ سے اٹھوانا ہے ایک رسم ہے۔ **نَباتات**: [ع۔ اند] دیکھیے "نبات" جس کی یہ جمع ہے۔
نَباتی / نباتاتی: [ع۔ صف] دیکھیے "نبات" جس سے یہ منسوب ہے
نُباح: [ع۔ امث] کتے کے رونے کی آواز۔
نَبّاش: [ع۔ صف] ا۔ کفن چور
نَبّاض: [ع۔ صف] نبض دیکھنے والا۔ نبض شناسی میں مہارت رکھنے والا۔
نَبّاضی: [عف۔ امث] نبض شناسی۔
نباہ: [ہ۔ اند] نباہنا مصدر سے صیغہ امر (۲) (مذ) کسی کام کو تکمیل پر پہنچانا۔

نبھاؤ، تکمیل۔ کمال (۳) ختم کرنا۔ اختتام۔ انجام۔ (۴) وفاداری (۵) وعدہ وفائی (۶) امن واتفاق سے رہنا۔ وقت گزارنا (۷) گزارا۔ بسر

نباہ ہونا: [ار۔ محاورہ] ا۔ گزارا دینا۔ بسر کرنا (۲) اخیر تک ساتھ رہنا۔ ۳۔ انجام تک پہنچا دینا۔

نباہ کرنا: [ار۔ محاورہ] گزارا کرنا۔ بسر کرنا۔ کسی ساتھ زندگی گزارنا۔ وفاداری کرنا۔

نباہنا: [ار۔ محاورہ] گزارنا۔ بسر کرنا۔ تکمیل تک پہنچانا۔ ختم کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ ۳۔ وفاداری کرنا۔

نباہُو: [ار۔ صف] نباہنے والا (۲) بسر کرنے والا۔ وفادار (۳) (۵ صف) مطلب کے لیے کافی (۴) دائمی پائیدار

نبائر: [ف۔ اند] نبیرہ کی جمع۔ عربی طرز پر فارسیوں نے بنائی ہے۔ جو غلط ہے۔

نبٹ: [ہ۔ اف] "نبٹنا" مصدر سے صیغہ امر۔

نبٹا دینا / نبٹانا: [ار۔ سعی] فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا (۲) بیباق کرنا۔ ادا کرنا۔

نبٹاؤ (واؤ مجہول سے): [ار۔ اند] فیصلہ۔ انفصال۔ بیباقی۔ چکتا

نبٹ جانا / نبٹنا: [ار۔ محاورہ] پورا ہونا۔ ختم ہونا۔ بیباق ہونا (۲) جھگڑا طے ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ تکرار باقی نہ رہنا۔

نبٹیرا: [ار۔ اند] نبٹاؤ۔

نبھتا: [ار۔ صف] کمبخت۔ بدبخت۔ بدنصیب (۲) نگوڑا۔ موا۔ خراب۔ برا۔

نبھتی: [ار۔ امث] دیکھئے "نبھتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

نبرد: [ف۔ اند] لڑائی۔ جنگ۔ جدل۔ حرب۔ یدھ۔ مصاف

نبرد آزما: [ف۔ صف] ا۔ جنگ آزمودہ۔ جنگی (۲) بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ دلاور

نبرد پیشہ: [ف۔ صف] ا۔ جنگ آزمودہ۔ پرانا جنگجو۔ سپاہی۔

نبرد گاہ: [ف۔ امث] میدان جنگ۔ لڑائی کا کھیت۔

نبڑ جانا / نبڑنا: [ار۔ سعی] خرچ ہونا۔ تمام ہونا۔ باقی نہ رہنا۔ انجام کو پہنچنا

نبسہ: [ہ۔ مذ] بیٹی کا بیٹا / بیٹی۔ نبیرا۔

نبض: [ع۔ امث] کلائی کی وہ رگ جو حرکت کرتی رہتی ہے۔ طبیب اس پر انگلی یا انگلیاں رکھ کر تشخیص کرتے ہیں۔ ناڑی (۲) جنبش رگ شریان کا تڑپ رہنا۔

نبض ابھرنا: [ار۔ محاورہ] نبض کی حرکت کا کم ہو کر پھر چلتی ہوئی محسوس کرنا۔

نبض انتشار میں ہونا: [ار۔ محاورہ] حالت مرض میں نبض کا خلاف قاعدہ چلنا۔

نبض بارد: [ار۔ امث] وہ نبض جس کا مقام چھونے سے سرد معلوم ہو۔ یہ حرکت کی کمی کی دلیل ہے۔

نبض بطی: [ع۔ امث] سست حرکت کرنیوالی نبض جو کمزوری کی علامت ہے۔

نبض پر ہاتھ رکھنا: [ار۔ محاورہ] نبض دیکھنا۔

نبض پہچان لینا: [ار۔ محاورہ] دریافت کرلینا۔

نبض جید الوزن / حسن الوزن: [ع۔ امث] وہ نبض جو عمر کے لحاظ سے درست ہو۔ یعنی بچپن جوانی اور بڑھاپے میں ہر عمر کے اعتبار اور مناسبت سے درست ہو۔

نبض چلنا: [ار۔ محاورہ] نبض کا حرکت کرنا۔

نبض خارج الوزن: [ع۔ امث] وہ نبض جو کسی سن یا عمر کے موافق نہ ہو۔

نبض دودی: [ع۔ امث] اس نبض کی حرکت کرم کے مشابہ ہوتی ہے۔ یہ ضعف قوت پر دلالت کرتی ہے۔

نبض دکھانا: [ار۔ محاورہ] طبیب بیمار کی نبض پر ہاتھ رکھ کر اس کی رفتار معلوم کرتا ہے۔

نبض ڈوبنا: [ار۔ محاورہ] نبض کی رفتار مفقود ہونا۔

نبض ردی الوزن: [ع۔ امث] وہ نبض جو عمر کے لحاظ سے درست نہ ہو۔

نبض ساقط ہونا: [ار۔ محاورہ] نبض کا حرکت نہ کرنا۔

نبض شاہق: [ع۔ امث] ابھری ہوئی نبض یہ زیادہ حرکت پر دلالت کرتی ہے۔

نبض صغیر: [ع۔ امث] وہ نبض جو طول، عرض اور عمق میں کم ہو۔

نبض صلب: [ع۔ امث] وہ نبض جو انگلیوں کے نیچے سخت معلوم ہوتی ہے۔ اگر دبائیں تو مشکل سے دبتی ہے۔ اس کی نبض یبوست پر دلالت کرتی ہے۔

نبض ضعیف: [ع۔ امث] کمزور نبض اس قسم کی نبض کو دیکھنے سے انگلی پر خفیف سی ضرب لگتی ہے۔ یہ ضعف قوت حیوانی پر دلالت کرتی ہے۔

نبض ضیق: [ع۔ امث] تنگ نبض۔ گھٹتی ہوئی نبض۔

نبض طویل: [ع۔ امث] نبض جو طبعی حالت سے زیادہ لمبی ہو یہ حرارت کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے۔

نبض عریض: [ع۔ امث] چوڑی نبض۔ وہ نبض جو طبعی حالات سے زیادہ چوڑی ہو۔ [ع۔ امث] وہ نبض جو طویل عریض اور عمیق ہو وہ نبض جو طول وعرض اور عمق میں اعتدال سے زیادہ ہو۔

نبض غلیظ: [ع۔ امث] موٹی نبض۔

نبض قصیر: [ع۔ امث] وہ نبض جو طبعی حالت سے چھوٹی ہو۔

نبض قوی: [ع۔ امث] زوردار نبض۔ وہ نبض جس کی حرکت انگلیوں میں زور سے محسوس ہو۔ یہ غلبہ قوت حیوانی پر دلالت کرتی ہے۔

نبض کا انتظام: [ار۔ اند] نبض کی باقاعدہ رفتار۔

نبض کی رفتار: [ار۔ امث] نبض کی حرکت کا اندازہ

نبض لین: [ع۔ امث] نرم نبض یہ انگلی کے نیچے نرم معلوم ہوتی ہے اور دبانے سے دب جاتی ہے۔ یہ غلبہ رطوبت پر دلالت کرتی ہے

نبض مباین الوزن / مجانب الوزن: [ع۔ امث] وہ نبض جو کسی دوسری عمر کی نبض کے مانند ہو جائے۔ مثلاً بچے کی بوڑھے کے یا بوڑھے کی بچے کے مانند ہو جائے

نبض متفاوت: [ع۔ امث] وقفہ دار ٹھہرنے والی نبض۔ وہ نبض جس میں دونوں حرکتوں کے درمیان وقفہ زیادہ ہوتا ہے۔

نبض متواتر: [ع۔ امث] پے درپے چلنے والی نبض۔ جس میں دونوں حرکتوں کے درمیان وقفہ کم ہوتا ہے

نبض مجاوز الوزن: [ع۔ امث] جس میں کسی کی نبض کسی قریب کی نبض کے مطابق ہو جیسے بچے کی جوان کے یا جوان کی بچے کے مانند ہو۔

نبض مختلف: [ع۔ امث] وہ نبض جس کی حالتیں بدلتی رہیں۔

نبض مستوی: [ع۔ امث] یکساں نبض۔ وہ نبض جو یکساں ایک حالت پر چلتی ہے۔

نبض مشرف: [ع۔ امث] ابھری ہوئی نبض یہ کثرت حرارت پر دلالت کرتی ہے

نبض مطرقی: [ع۔ امث] وہ نبض جو ہتھوڑے کی طرح انگلی پر دوبارہ ٹھوکر لگاتی ہے۔

نبضِ مُمتلی : [ع۔ امث] بھری ہُوئی نبض، یہ زیادتیٔ خون پر دلالت کرتی ہے۔
نبضِ منخفض : [ع۔ امث] پست نبض، دبی ہُوئی نبض۔ یہ حرارت کی کمی پر دلالت کرتی ہے۔
نبضِ منشاری : [ع۔ امث] وُہ نبض جو آری کے دندانوں کی طرح ہو۔ یہ ذات الجنب وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔
نبضِ مَوجی : [ع۔ امث] لہردار نبض۔ یہ کثرت رطوبت پر دلالت کرتی ہے۔
نبضِ نملی : [ع۔ امث] چیونٹی کی رفتار کی نبض۔ اس میں حرکت ضعیف ہوتی ہے۔
نبض نہ ملنا : [ا۔ محاورہ] نبض کی حرکت کا نہ معلوم ہونا۔
نبضِ واقع فی الواسطہ : [ع۔ امث] سکون کے وقت حرکت کرنے والی نبض۔ یہ زیادتی حرارت پر دلالت کرتی ہے۔
نبضوں : [ع۔ امث] دیکھئے "نبض" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
نبضوں کا چلنا : [ا۔ محاورہ] دونوں نبضوں کا تیزی کیساتھ حرکت کرنا۔
نبضوں کا نہ چلنا : [ا۔ محاورہ] نبضوں کی حرکت کا محسوس نہ ہونا۔
نبضیں : [ع۔ امث] دیکھئے "نبض" جس کی یہ جمع ہے۔
نبضیں چھٹنا / چھوٹنا : [ا۔ محاورہ] ۱۔ نبضوں کا ساقط ہو جانا۔ نبضوں کی حرکت کا محسوس نہ ہونا۔ نزع کا عالم ہونا۔ قریب مرگ ہونا گھبرا جانا۔ خوف زدہ ہونا / ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔
نِبَل : [ھ۔ صف] ۱۔ کمزور، بے طاقت (۲) ناقص۔ خراب۔ ۳۔ بیکس۔ بے یار و مددگار۔
نبل کو زبر۔ زبر کو صبر : [ا۔ مثل] کمزور کو زبردست ستاتا ہے۔ اور زبردست کو کمزور کا صبر تباہ کر دیتا ہے۔
نبلائی : [ھ۔ امث] کمزوری۔ بے طاقتی۔ ضعف۔
نِبَندھ : [س۔ امذ] ۱۔ باندھنا (۲) محبت اُلفت۔ لگاؤ (۳) بنانا تصنیف کرنا (۴) روک۔ بندش (۵) قبض۔ انقباض (۶) پیشاب کو روکنا (۷) ہتھکڑی بیڑی۔ زنجیر۔ بند (۸) مقررہ جائیداد۔ جاگیر (۹) تصنیف۔ تالیف۔ [ھ۔ صف] ۱۔ بندھا ہُوا۔ مقررہ (۲) لگا ہُوا۔ جُڑا ہُوا (۳) ٹھہرا ہوا۔ تصدیق کیا ہُوا
[... امث] ۱۔ خبر رسانی۔ احکام الٰہی کا پہنچانا (۲) پیغمبری۔ رسالت۔ ۳۔ پیشگوئی۔
نبوّت کرنا : [ا۔ محاورہ] پیشین گوئی کرنا
نِبَولی / نِبولی : [ھ۔ امث] نیم کا پھل۔ نمکولی
نبوی : [ع۔ امث] نبی سے منسوب۔ نبی سے نسبت رکھنے والا۔
نِبَہرا : [ا۔ امذ] وہ جگہ جہاں نیم کے درخت بکثرت ہوں۔
نِبھانا : [ا۔ مص] گزارا کرنا۔ نباہنا۔ باہم بسر کرنا۔
نِبھاؤ : [ا۔ امذ] گزارہ۔ ثابت قدمی۔
نِبھنا : [ا۔ مص] بسر ہونا۔ باہم گزرنا (۳) انجام کو پہنچنا اخیر تک رہنا۔
نبھاگا : [ھ۔ صف] بدنصیب۔ بدبخت۔
نِبَھرما : [ھ۔ صف] بے عزت۔ بے قدر (۲) ناچیز۔ نالائق۔ ناقابل
نبی : [ع۔ امذ] ۱۔ خبر رساں۔ خبر پہنچانے والا۔ احکام الٰہی پہنچانے والا (۲) پیغمبر
نبی برحق : [ع۔ امذ] سچا پیغمبر
نبی جی (بھیجو) : [... فقرہ] طوطوں کو سکھانے کا فقرہ
نبی کی مار : [ا۔ بددعا] ہو بددُعا۔ لعنت ہو۔
نبی مُرسل : [ع۔ امذ] بھیجا گیا نبی۔ مجازاً وُہ نبی جو صاحب کتاب ہو، وُہ نبی جس پر کوئی کتاب آسمانی نازل ہُوئی ہو۔
نبید : [ف۔ امث] دیکھئے "نبیذ" جو صحیح ہے۔
نبید : [ھ۔ امذ] دیکھئے "نویدن" عوض (افعال) کرنا۔ ہونا۔
نبیذ : [ع۔ امث] جو یا کھجور کی شراب جس میں نشہ نہیں ہوتا۔
نبیرہ : [ف۔ مذ] پوتا بیٹے کا بیٹا (۲) نواسہ نادر) بیٹی کا بیٹا۔ نواسا۔
نبیڑی : [ھ۔ امث] ۱۔ تکمیل (۲) نبیڑہ۔ نپٹارہ۔
نبیڑا : [ھ۔ امذ] ۱۔ نپٹارہ۔ نبیڑا (۲) تکمیل (۳) اختتام۔ انجام
نبیڑنا : [ھ۔ مص] ۱۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا (۲) بسر کرنا۔ گزارنا۔ طے کرنا۔ ...
نبیڑو : [ھ۔ مذ] ۱۔ پورا کرنے والا (۲) انجام کو پہنچانے والا (۳) نمٹانے والا

ن — پ

نپاتلا : [ھ۔ صف] مقررہ۔ محدود۔ تھوڑا ناپا جانا۔ نپا تلا ہونا۔ جگہ ...
نپا شوربا اور گنی بوٹی : [ا۔ مثل] مفلسی کی حالت کوئی ہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔
نپوتا : [ھ۔ صف] بے اولاد۔ نگوڑا۔ کمبخت۔ مردا۔ نالائق۔
نپوتری / نپوتو / نپوتی : [ھ۔ امث] ۱۔ بے اولاد عورت (۲) نگوڑی کمبخت موئی نگوڑی
نپوتی رووے پوتوں کو۔ سپوتی رووے ٹوکوں کو : [ھ۔ مثل] دنیا میں کوئی خوش نہیں۔ بے اولاد، اولاد کیلیے روتی ہے اور اولاد والی ٹکڑوں کو محتاج ہے۔
نپوتی کا منہ دیکھ لے سات اُپاس : [ھ۔ مثل] بے اولاد اس قدر منحوس ہے کہ اگر اس کا منہ صبح سویرے دیکھ لیا جائے تو سات دن کھانا نہیں ملتا۔ (یہ ہندوؤں کا وہم ہے)
نپوتے کا گھر سونا۔ مورکھ کا ہردا سونا۔ دلدری کا سب کچھ سونا : [ھ۔ مثل] بے اولاد کا گھر خالی، بیوقوف کا دل خالی۔ اور بدقسمت کا سب کچھ خالی ہوتا ہے۔
نپی تلی : [ھ۔ صف] دیکھئے "نپاتلا" جس کی یہ تانیث ہے

ن — ت

نت : [ھ۔ صف] ہمیشہ۔ مدام۔ دائم۔ ہر روز۔ ہر وقت
نت اُٹھ : [ھ۔ متعلق فعل] دیکھئے "نت"
نت نت : [ھ۔ متعلق فعل] دیکھئے "نت"
نت نئی چال چلنا : [ا۔ محاورہ] ہر روز نئی تدبیر عمل میں لانا۔
نت جیتی تیوہار کو ننگی / منڈی : [ھ۔ مثل] بخیل کے موقع پر برتے ہیں۔
نت کنواں کھودنا نت پانی پینا : [ا۔ مثل] جتنا کمانا۔ اتنا کھانا۔
نت کی بیوی پدنی اوروں کو دوش : [ا۔ مثل] ۱۔ جو اپنا الزام دوسروں پر تھوپے اس کے متعلق کہتے ہیں (۲) چڑانے والے کی بابت بولا کرتے ہیں۔

نت کی دُکھیا کرموں دوس: [ا۔ مثل] ہمیشہ کی مصیبت زدہ اور قسمت کو الزام

نتارنا: [ھ۔ مصدر] نتھارنا۔

نتائج: [ع۔ امذ] دیکھیے "نتیجہ" جس کی یہ جمع ہے

نتھ: [ھ۔ امث] ناک میں پہننے کا ایک زیور۔ یہ صرف سہاگنیں پہنتی ہیں بیواؤں کو اس کے پہننے کی اجازت نہیں (۲) سہاگ (۳) جانوروں کی ناک کی رسی۔

نتھ اُتارنا / بڑھانا: [ا۔ محاورہ] نتھ اتار کر رکھنا۔

نتھ چوڑی برقرار رہے: [ا۔ دعا] (عو) خاوند جیتا / زندہ رہے سہاگن رہے۔

نتھا ہوا: [ا۔ صفت] جس کی ناک میں رسی پڑی ہو۔ (۲) جو دوسرے کے قابو میں ہو۔

نتھار دینا / نتھارنا: [ا۔ محاورہ] پانی یا کسی مائع چیز کو صاف کرنا۔ میل دور کرنا۔

نتھر جانا / نتھرنا: [ا۔ مص] میل بیٹھ جانا / دور ہو جانا صاف ہونا۔

نتھلی: [ا۔ امث] دیکھیے نتھ جس کی یہ تصغیر ہے۔

نتھنا: [ا۔ مص] ا۔ ناک میں رسی ہونا۔ قابو میں ہونا (۳) (مذ) ناک کا سوراخ ۔ بڑی نتھ۔

نتھنوں میں تیر دینا: [ا۔ محاورہ] بہت تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ چنے چبوانا (۲) پرانے زمانے کی ایک سزا۔

نتھنوں میں تیر ڈالنا: [ا۔ محاورہ] "نتھنوں میں تیر دینا" دیکھیے

نتھنوں میں دم آجانا / آنا: [ا۔ محاورہ] تنگ آجانا۔ دق ہونا۔ مجبور ہونا۔

نتھنوں میں دم کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نتھنوں میں دم ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

نتھنوں میں دم ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نتھنوں میں دم آجانا / آنا"

نتھنی: [ھ۔ امث] ا۔ دیکھیے "نتھ" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) بیل کے ناک کی رسی (۳) تلوار کے قبضے کی کڑی۔

نتھنی اُتارنا: [ا۔ محاورہ] ازالہ بکر کرنا۔

نتھنی اُترنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بیوہ ہونا۔ خاوند مر جانا (۲) ازالہ بکر ہونا۔ بے عزت ہونا۔

نتھنے: [ھ۔ امذ] دیکھیے "نتھنا" جس کی یہ جمع ہے۔ اور نیز مغیرہ صورت ہے

نتھنے پھیلانا / چڑھانا: [ا۔ محاورہ] [illegible] پھیلا ہونا۔ ناراض ہونا۔ غصہ ہونا۔ تیوری چڑھانا۔

نتھی: [ھ۔ امث] وہ ڈورا جو کاغذ میں ڈالا جاتا ہے۔ کاغذ کاٹنے کی ڈور

نتھی ٹوٹ جانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ وہ کاغذ جو ایک ڈورے میں پروئے ہوئے ہوں، کاغذوں کا ڈورا ٹوٹ جانا۔

نتھی توڑ دینا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نتھی ٹوٹ جانا" جس کا یہ متعدی ہے۔

نتھی کرنا: [ا۔ مص۔ مرکب] کاغذوں میں ڈورا ڈال کر ایک جگہ باندھنا۔ پہلے بندھے ہوئے کاغذوں میں کوئی اور مزید کاغذ شامل کرنا (۲) کسی کے ساتھ شامل کرنا۔

نتھی ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نتھی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نتھیا: [ھ۔ امث] دیکھیے "نتھ" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) دیکھیے "نتھنی"

نتیجہ: [ع۔ صف] ا۔ نکالا گیا۔ برآمد کیا گیا (۲) (مذ) غرض مطلب (۳) ماحصل۔ حاصل (۴) خبر۔ خاتمہ انت۔ انتہا (۵) پھل۔ ثمر (۶) بدلہ سزا (۷) قصہ یا حکایت جس کا نکتہ پند و نصیحت جو قصے سے ظاہر ہو (۸) پیدائش (۹) اولاد بچہ (۱۰) (منطق) وہ قول جو صغریٰ کبریٰ کے جزوں کو ملانے سے بوسیلہ حد اوسط حاصل ہو۔ جیسے ہر چیز بدلتی ہے اور بدلنے والی چیز فانی ہے (۱۱) امتحان کا فیصلہ پاس یا فیل ہونا۔

نتیجہ اصلی: [ع۔ امذ] قدرتی ماحصل۔

نتیجہ بُرا ہونا: [ا۔ محاورہ] کیے کی سزا ملنا۔ بدلہ لینا

نتیجہ دیکھنا: [ا۔ محاورہ] کیے کی سزا پانا۔ ثمر پانا۔

نتیجہ لازمی: [ا۔ محاورہ] ضروری استدلال (۲) یقینی ماحصل

نتیجہ نکالنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "نتیجہ نکلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

نتیجہ نکلنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ماحصل نکلنا۔ لب لباب نکلنا (۲) امتحان کا فیصلہ سنایا جانا۔

ن۔ٹ

نٹ: [ھ۔ امذ] ا۔ ہندوؤں کی ایک ذات (۲) ناچنے والا آدمی۔ رسی پر چڑھ کر ناچنے والا شخص۔ بازیگر۔ شعبدہ باز (۳) ایک راگنی کا نام (۴) (صفت) دغاباز۔ مکار۔ فریبی۔ چالاک۔ شریر (۵) کئی پودوں کا نام (۶) ایک قسم کا سرکنڈا۔

نٹ بدیا: [ھ۔ امث] رسی پر چڑھ کر ناچنے کا علم۔ شعبدہ گری۔

نٹ بدیا پائی جاتے۔ جٹ بدیا نہ پائی جائے: [ا۔ مثل] جاٹ بہت چالاک ہوتا ہے۔ نٹ بھی چالاکی میں اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

نٹ کا تماشہ: [ھ۔ امذ] وہ تماشہ جو نٹ کرتے ہیں۔

نٹ کا بچہ کلابازی ہی کریگا: [ا۔ مثل] وہ جس کا پیشہ ہے وہی کام اچھی طرح کرسکتا ہے۔

نٹ کھٹ: [ھ۔ امذ] چالاک۔ شوخ (۲) شریر۔ شرارتی۔ فتنہ پرداز۔ دغاباز۔ بدمعاملہ

نٹ کھٹی: [ھ۔ امث] دیکھیے "نٹ کھٹ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) نٹ کھٹ پن (افعال: کرنا۔ ہونا)

نٹ نارائن: [ھ۔ امذ] ایک راگ یا راگنی۔

نٹڑ: [ھ۔ صف] ا۔ غریب۔ ۲۔ پرانا۔ گھسا ہوا (۳) وہ زمین جس پر بہت دفعہ کاشت ہو چکی ہو۔

نٹکن: [ھ۔ امث] انکار کرنا۔ نامنظوری

نٹنا: [ھ۔ مص] ا۔ نٹوں کا پیشہ کرنا (۲) اچھا ایکٹ کرنا (۳) انکار کرنا۔ منظور نہ کرنا (۴) نٹ کی تانیث۔

نٹنی: [ھ۔ امث] نٹ کی بیوی۔ نٹ قوم کی عورت۔

نٹنی بانس پر چڑھی تو اب گھونگھٹ کیسا: [ار۔مثل] بے پردہ ہونے پر گھونگھٹ اور عزت باقی نہیں رہتی۔
نٹوا: [ہ۔امذ] ا۔نٹ (۲) ایک اور قوم جو جامہ اور پگڑی پہن کر ناچتی ہے (۳) ادنیٰ درجے کا ناچنے والا لونڈا۔
نِٹھلا: [ھ۔صف] ا۔خالی۔بیکار۔بے شغل۔نکما (۲) مذ۔بے شغلی۔بیکاری۔خالی رہنا۔
نِٹھلا بنیا پتھر توڑے: [ار۔مثل] بیکار آدمی کچھ فضول کام کرتا ہے۔
نٹی: [س۔امث] ا۔ناچنے والی۔رقاصہ۔ایکٹرس۔طوائف۔رنڈی (۲) ایک قسم کا خوشبودار پودہ (۳) سُرخ ہڑتال۔
نَٹیا: [ہ۔امذ] ا۔چھوٹی قسم کا بیل (۲) چھوٹے قد کا آدمی (ناٹا سے)
نیٹرنا: [ھ۔مص] آنکھیں اونچی کرنا۔ڈھیلے اوپر کرنا۔ آنکھیں بند کرنا (مُردے کی)

ن ــــ ث

نثار: [ع۔امذ] ا۔بکھیرنا۔پھینکنا۔نچھاور کرنا (۲) صدقہ۔تصدق (۳) عاشق فریفتہ (۴) صدقے۔قربان۔واری (افعال: کرنا۔ہونا)
نثّار: [ع۔امذ] نثر لکھنے والا۔مصنف۔
نثر: [ع۔امث] وُہ عبارت جو نظم نہ ہو۔
نثر عاری: [ع۔امث] سادہ نثر۔
نثری: [ع۔صف] دیکھئے "نثر" جس سے یہ منسوب ہے۔

ن ــــ ج

نج: [ہ۔صف] اپنا۔خاص۔ذاتی۔گھر کا۔خانگی۔پرائیویٹ (۲) مذ۔اپنا مکان یا گھر
نج نج سے: [ار۔متعلق۔فعل] درستی سے۔ٹھیک طور پر۔
نج کا حساب: [ہ۔امذ] ذاتی حساب۔خانگی حساب۔ذاتی لین دین۔
نج کا کام: [ہ۔امذ] ذاتی کام
نج کا نوکر: [ہ۔امذ] ذاتی ملازم خاص۔
نج کی راہ: [ہ۔امث] وُہ رستہ جس پر گزرنے کا غیروں کو حق نہ ہو۔
نج کے لیے: [ار۔متعلق۔فعل] اپنے لیے اپنی ذات کے لیے۔
نجا: [س۔امث] ا۔وفادار بیوی (۲) ستی
نجابت: [ع۔امث] ا۔فیاضی۔سخاوت (۲) شرافت۔اصالت۔بزرگواری۔عالی خاندانی
نجات: [ع۔امث] ا۔مخلصی۔چھٹکارا۔رہائی۔عفو گناہ (۳) نروان مکتی۔رستگاری
نجات پانا: [ار۔محاورہ] ا۔مخلص ہونا۔چھٹکارا ہونا (۲) گناہوں کی معافی ہونا ۳۔مکتی ہونا۔نروان ہونا (۴) تکلیف مصیبت وغیرہ سے چھوٹنا/بچنا۔مرجانا۔
نجات دلانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نجات دینا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نجات دینا: [ار۔محاورہ] رہا کرنا۔بچانا۔
نجات ملنا: [ار۔محاورہ] بچ جانا۔چھٹکارا ہونا۔رہا ہونا۔
نجات ہونا: [ار۔محاورہ] چھٹکارا ہونا۔رہائی ہونا۔
نجّار: [ع۔امذ] بڑھئی۔ترکھان

نجار اکسیرا: [ا۔امذ] ادنیٰ درجے کے پیشہ ور لوگ۔
نجّاری: [عف۔امث] بڑھئی کا کام یا پیشہ
نجاری: [ہ۔امث] وُہ زمین جس میں اناج کی کاشت ہوتی ہے۔
نجاست: [ع۔امث] میلاپن۔گندگی۔پلیدی۔غلاظت۔ناپاکی (۲) بول و براز۔پاخانہ۔میلا۔کھاد۔
نجاشی: [ع۔امذ] پیغمبر صلعم کے عہد میں حبش کے بادشاہ کا لقب جو مسلمان ہوا۔ ۲۔ابوالحسن احمد۔
نجانے: [ہ۔متعلق۔فعل] ا۔نہ جانے کا مخفف (۲) میں نہیں جانتا۔معلوم نہیں کسے خبر ہو۔(۳) شاید۔اب کیا جانے استعمال ہوتا ہے۔
نُجبا: [ع۔امذ] دیکھئے "نجیب" جس کی یہ جمع ہے۔
نجت: [س۔ا۔عدد] ایک لاکھ۔دس لاکھ۔
نجدی: [ع۔صف] ا۔عرب کے علاقہ نجد سے منسوب (۲) عبدالوہاب نجدی کا پیرو۔وہابی۔
نجس: [ع۔امث] ا۔نجاست۔پلیدی۔گندگی۔
نجِس: [ع۔صف] میلا۔گندہ/گندا۔غلیظ۔ناپاک۔پلید
نجس العین: [ع۔صف] وُہ چیز جس کا ہر جزو نجس ہو جو کبھی پاک نہ ہو سکے جس کا جھوٹا پینا یا کھانا ناجائز ہو جیسے کتا کہ شراب۔
نجس پانی: [ا۔امذ] ا۔شراب (۲) منی
نجسی: [ہ۔صف] ا۔بُرا۔خراب (۲) بدنام (۳) بدقسمت۔بدنصیب۔
نجف: [ع۔امذ] اونچی زمین جہاں پانی نہ چڑھتا ہو (۲) دریا کے درمیان اونچی زمین (۳) پہاڑی۔ٹیلہ (۴) عراق کا ایک مشہور شہر جہاں حضرت علی کرم اللہ کا مزار ہے جسے تعظیماً نجف اشرف کہتے ہیں
نجم: [ع۔امذ] ا۔ستارہ۔سیارہ۔تارہ (۲) قسمت۔نصیبہ (۳) ستاروں کو دیکھ کر پیشگوئی کرنا (۴) زائچہ۔جنم پتری (۵) ستارے کا چڑھنا/طلوع ہونا۔
نجم الثاقب: [ع۔امذ] چمکیلا ستارہ۔روشن ستارہ۔
نجوم: [ع۔امذ] ا۔دیکھئے "نجم" جس کی یہ جمع ہے (۲) ستاروں کا علم۔جوتش۔
نجومی: [ع۔امذ] ا۔ماہر علم نجوم (۲) صف) ستاروں کے متعلق۔
نجھانا: [ار۔مص] غور سے دیکھنا
نجھول: [ہ۔صف] وُہ چال جس میں دھکا نہ لگے۔
نجیب: [ع۔صف] ا۔شریف۔اشراف۔بھلامانس (۲) اعلیٰ نسل کا خاندانی ۳۔بہترین نہایت اعلیٰ (۴) قابل تعریف۔قابل عزت (۵) شجاع۔بہادر ۶۔فیاض۔معتبر۔(مذ) جیل خانے کا سپاہی۔
نجیب الطرفین: [ع۔امذ] وُہ جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے صحیح النسب ہو۔

ن ــــ چ

نچا: [ار۔صف] نوچا ہوا۔
نچا کھچا: [ار۔صف] نوچا کھسوٹا ہوا۔
نچا مارنا: [ار۔محاورہ] ستانا۔دق کرنا۔ناک میں دم کرنا۔
نچان: [ار۔امذ] ا۔نشیب۔پستی۔ڈھال۔ڈھلوان (۲) نیچی زمین (۳)

۲. دادی۔

نچانا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ ناچ کرانا۔ رقص کرانا۔ گرانا۔

نچائی: [ھ۔ امث] ا۔ دیکھئے نچان (۲) کمینہ پن۔ نیچ پن۔

نچڑنا: [ا ر۔ مس] ا۔ ٹپکنا۔ تراوش ہونا (۲) قطرہ قطرہ گرنا (۳) دبنے یا بھینچنے سے پانی نکلنا۔ فشردہ ہونا (۴) دبلا ہونا۔ لاغر ہونا (۵) تر و تازگی نہ رہنا۔

نچلا: [ہ۔ صف] ا۔ خاموش۔ چپ چاپ۔ ساکت (۲) بے حرکت۔ ساکن۔ بے قرار جو ہلے نہ جلے۔

نچلا بیٹھنا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ چپ چاپ بیٹھنا۔ بے حس و حرکت ہو کر بیٹھنا۔ چپکا بیٹھنا۔

نچلاپن: [ا ر۔ اند] دیکھئے "نچلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نچلا رہنا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ چپ چاپ بیٹھنا۔ بے حس و حرکت رہنا (۲) انسانیت۔ شائستگی کے ساتھ رہنا۔ حرکات ناشائستہ نہ کرنا۔

نچنا / نچ جانا: [ا ر۔ مص] نوچا کھسوٹا جانا (۲) پھٹ جانا۔ پھٹنا۔

نچنا: [ا ر۔ مص] دیکھئے ناچنا جس کا یہ مخرب ہے یا مخفف ہے۔

نچنت: [ہ۔ اند] فارغ جسے کوئی کام نہ ہو (۲) بے فکر۔ بے پروا۔ مطمئن ہونا۔

نچنت بیٹھنا / ہو جانا / رہنا: [ا ر۔ محاورہ] بے فکر ہونا۔ فارغ البال ہونا۔ کسی بات کا فکر نہ کرنا۔

نچنت سووے ہیرو جسکے گاتے نہ گیرو: [ہ۔ مثل] غریب آدمی بے فکر ہوتا ہے۔

نچنتائی: [ہ۔ امث] فرصت۔ فارغ البالی۔ بیفکری۔ اطمینان۔

نچنیا: [ہ۔ اند] ناچنے والا لڑکا۔ ناچنا۔ نرتکا۔

نچوانا: [ا ر۔ مص] دیکھئے "ناچنا" جس کا یہ متعدی ہے

نچوڑ لینا: [ا ر۔ مص مرکب] ا۔ دبا کر یا بھینچ کر عرق نکال لینا۔ فشردہ کر لینا ۲۔ چوسنا۔ خون پینا (۳) مفلس بنا دینا۔ سب کچھ لے لینا۔ کچھ نہ چھوڑنا (۴) لاغر کر دینا ۵۔ دبا کر کوئی مائع چیز نکالنا (۶) (کپڑا) دھلے ہوئے کپڑے کو بھینچ کر اس میں سے پانی نکال کر خشک کرنا۔

نچوڑنا: [ا ر۔ مص] کسی چیز کو دبا کر عرق نکالنا۔ سونتنا۔ چوسنا۔ ایذا دینا۔ لاغر کر دینا۔ خشک کر دینا۔ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ مفلس کر دینا۔

نچھاور: [ا ر۔ اند] وہ روپیہ یا نقدی جو بطور تصدق کسی کے اوپر بکھیری جائے نثار۔ بکھیر (۲) وہ قیمت جو میت کے لیے ادا کی جائے (۳) ہدیہ جو کسی بڑے آدمی کو دیا جائے۔

نچھاور آتارنا / کرنا: [ا ر۔ محاورہ] تصدق کرنا۔ وارنا۔ سر کے اوپر سے بکھیرنا۔

نچھتر: [ہ۔ اند] دیکھئے "نکشتر" منزل قمر۔

نچھتری: [ہ۔ صف] دیکھئے "نکشتری"

نچھل: [ا ر۔ صف۔ ق] پاک۔ صاف

ن — ح

نحاس: [ع۔ اند] تانبا۔ مس

نحافت: [ع۔ امث] دبلا پن۔ لاغری (۲) کمزوری۔ ناتوانی۔

نحت: [ع۔ اند] چھلنا۔ چھلائی

نحر: [ع۔ اند] ذبح کرنا۔ قربانی جیسے یوم النحر

نحریر: [ع۔ صف] عقل مند۔ دانا۔ ماہر۔

نحس: [ع۔ صف] ا۔ منحوس۔ نامبارک۔ بدشگون۔ نامسعود (۲) کمبخت۔ بدبخت ۳۔ (اند) بدقسمتی۔ بدبختی (۴) برا شگون (۵) ستاروں کا نگن (۶) منحوس ستارا۔

نحس ستارے: [ع۔ اند] زحل اور مریخ

نحس قدم: [ع۔ صف] منحوس قدم۔ جس کا آنا منحوس ہو۔

نحسین فلک: [ع۔ اند] زحل اور مریخ۔

نحل: [ع۔ امث] ا۔ شہد کی مکھی۔

نحو: [ع۔ امث] ا۔ طور۔ طریقہ۔ طرح۔ ڈھنگ۔ راستہ (۲) علم۔ وہ علم جس سے کلموں کی ترکیب اجزائے کلام کو ٹھیک ٹھیک جوڑنا۔ کلمات کا باہمی تعلق یا لگاؤ معلوم ہو۔

نحوی: [ع۔ اند] ماہر علم نحو۔

نحویت: [ع۔ امث] نحوی کا فن۔

نحوست: [ع۔ امث] ا۔ منحوس ہونا (۲) بدشگونی (۳) بدنصیبی۔ بدطالعی۔ نامبارکی۔ دلدر

نحوست چھانا: [ا ر۔ محاورہ] برا اثر پڑنا۔ منحوس ہونا

نحیف: [ع۔ امث] ا۔ لاغر۔ دبلا۔ پتلا۔ نازک (۲) کمزور۔ ناتوان ضعیف۔

ن — خ

نخ: [ف۔ امث] ریشم کا سوت یا تاگا۔ کچا ریشم (۲) سوت۔ تاگا (۳) پتنگ کی ڈور ۴۔ ایک قسم کا قالین جس پر روئیں ہوتی ہے (۵) قطار (۶) تھوڑی سی چیزیں (۷) چند چیزیں (۸) نہایت پتلی لاکھ۔ کانچ / کانچ کی چوڑی۔

نخاس: [ع۔ اند] ا۔ غلاموں یا مویشیوں کے بیچنے کا بازار۔ غلاموں / مویشیوں کی منڈی (۲) ت، گھوڑوں کی منڈی (۳) بازار منڈی۔

نخاس پر بھیجنا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ فروخت کے لیے بازار میں بھیجنا۔ بازار دکھانا۔

نخاس چڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] ا۔ بازار میں بکنے جانا (۲) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ مشہور ہونا۔

نخاس کی گھوڑی: [ا ر۔ امث] بازار میں بکنے والی گھوڑی (۲) رنڈی۔ چھنال۔ فاحشہ۔ قحبہ

نخاس والی: [ا ر۔ امث] دیکھئے "نخاس کی گھوڑی"

نخالص: [ا ر۔ صف] خالص۔ بے میل۔

نخچیر: [ف۔ اند] شکار۔ صید۔ مارا ہوا شکار۔ شکار کیا ہوا جانور (۲) جنگلی یا صحرائی جانور۔ جانور صحرائی۔

نخچیر گاہ: [ف۔ امث] شکار گاہ۔ صید گاہ۔ رمنا۔

نخرا / نخرہ: [ف۔ اند] انداز۔ غمزہ۔ عشوہ۔ چوچلا۔ کرشمہ۔ غنج۔ دلال ۲۔ عورتوں اور معشوقوں کی حرکات خصوصاً ایسی حرکات جن میں تصنع بناوٹ حیلے اور بہانے ہوں۔

نخراباز: [ف۔ صف] ا۔ نخرے کرنیوالا۔ عشوہ گر۔ کرشمہ پرداز (۲) تنتنے والی۔ اترانے والی مغرور (عورت کے لیے)

نخرابازی: [ف۔ امث] دیکھئے "نخراباز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نخرا بگھارنا: [ا ر۔ محاورہ] حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔

نخرا تلا: [ف۔ اند] ناز و نخرہ۔ لاڈ پیار۔ چاؤ چوچلا (افعال: کرنا۔ ہونا)

نخرا کرنا / لانا: [ا ر۔ محاورہ] ناز کرنا۔ چوچلا دکھانا۔

نخرا نکالنا: [ار۔ محاورہ] لاڈ کرنا۔ پیار، اخلاص کرنا۔ لاڈ میں آنا (۲) حیلہ حوالہ کرنا۔ ۳۔ سر چڑھنا۔
نخرے: [ار۔ اند] دیکھئے "نخرا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
نخرے باز: [ار۔ ف۔ صف] دیکھئے "نخرا باز"
نخرے بازی: [ار۔ امث] دیکھئے "نخرا بازی"
نخرے پیٹی: [ار۔ صف۔ مث] ا۔ طنزاً۔ نخرے باز (۲) وُہ عورت جو اپنے غرور میں آپ مری جائے۔
نخرے میں آ جانا: [ار۔ محاورہ] مغرور ہو جانا۔
نخست: [ف۔ اند] ا۔ ابتداء۔ شروع۔ اوّل۔ ۲۔ (متعلق فعل) شروع میں۔ پہلے پہل۔ ۳۔ (صف) پہلا
نخست زاد: [ف۔ اند] ا۔ پہلا بچہ۔ بڑا بیٹا
نخستگی: [ف۔ امث] ا۔ پہلا پھل (۲) قدامت۔ پہل۔ سبقت۔ تقدیم
نخستین: [ف۔ صف] ا۔ پہلا۔ شروع کا۔ ابتدائی (۲) شروع میں۔ پہلے پہل۔
نخشب: [ف۔ اند] ا۔ ترکستان کا وُہ شہر جس کے قریب حکیم ابن مُقنّع نے کنوئیں سے ایک چاند نکالا تھا۔ دیکھئے "چاہ نخشب"
نخصمی: [ار۔ صف] وُہ جس کا خصم نہ ہو۔ عورت کو دُوسری عورت تحقیراً کہتی ہے۔
نخل: [ع۔ اند] ا۔ کھجور کا درخت (۲) ہر ایک درخت، شجر (۳) نقلی درخت۔ وُہ شجر جس پر نقلی پھُول پتے بنے ہوئے ہوں۔
نخل اُمید: [ع۔ اند] اُمید کا نخل سے استعارہ کرتے ہیں۔
نخل اُمید بار آور ہونا: [ار۔ محاورہ] ا۔ مجازاً۔ بیٹا پیدا ہونا۔
نخل ایمن: [ع۔ اند] دیکھئے نخل طور۔
نخل بند / نخل بند: [عف صف] باغبان۔ مالی (۲) موم اور کاغذوں کے درخت بنانے والا۔
نخل بند کاف و نون / نخل بند ہستی: [عف۔ اند] خُدا تعالیٰ سے مُراد ہے۔
نخل تمنا: [ع۔ اند] تمنا کا نخل سے استعارہ کرتے ہیں۔
نخل تابوت: [ع۔ اند] ایک قسم کی آرائش جو تابوت یا ارتھی پر لیجاتے ہیں۔
نخلستان: [ع۔ اند] کھجور کے درختوں کا جنگل (۲) ریگستان میں وُہ مقام جہاں بہشت سے درخت ہوں۔
نخل طور: [ع۔ اند] وُہ درخت جس پر حضرت موسیٰؑ کے لیے انوارِ حق کا ظہور ہوا۔
نخل قامت / قد: [ع۔ اند] قد کا نخل سے استعارہ کرتے ہیں۔
نخل ماتم / محرم: [ف۔ اند] دیکھئے "نخل تابوت"
نخل مریم: [ف۔ اند] وُہ خشک درخت جس کے نیچے حضرت مریمؑ بوقت زَچگی حضرت عیسیٰؑ بیٹھی تھیں اور وُہ سرسبز ہو گیا تھا۔ انجیل میں اس امر کا ذکر نہیں ہے۔
نخل مومی: [ف۔ اند] موم کا درخت
نخل ہستی: [ف۔ اند] زندگی کا درخت۔ مجازاً زندگی
نخل ہستی تباہ ہونا: [ار۔ محاورہ] مر جانا۔
نخوت: [ع۔ امث] غرور۔ گھمنڈ۔ خود بینی۔ تکبّر۔ کبر۔ ابھیمان۔ تمکنت۔ فخر۔ خودداری۔
نخوت سے بھرا ہونا: [ار۔ محاورہ] پُراز تکبّر ہونا۔ بیحد مغرور ہونا۔
نخوت کی ہوا بھرنا: [ار۔ محاورہ] بہت مغرور ہونا۔
نخود: [ف۔ اند] چنا۔ ایک مشہور غلہ جس کی دال اور بیسن بناتے ہیں۔
نخود آب: [ف۔ اند] ایک قسم کا شوربا جو گوشت اور چنے کی دال سے تیار ہوتا ہے۔
نخیل: [ع۔ اند] درخت۔ کھجور کا درخت

ن ــــ د

ندا: [ع۔ امث] آواز۔ صدا۔ پکار (۲) (حرف) وُہ حرف جو بُلانے کے لیے استعمال ہو جیسے (او۔ ہے۔ اے)
ندا آنا: [ار۔ محاورہ] آواز آنا۔ بُلایا جانا۔
ندا دینا: [ار۔ محاورہ] بلانا۔ آواز دینا۔
ندارد: [ف صف] خالی۔ کورا (۲) نہیں۔ نیست (۳) غیر موجود۔ غیر حاضر۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)
ندّاف: [ع۔ اند] دُھنیا۔ رُوئی دھنکنے والا
ندّافی: [ع۔ امث] دیکھئے "ندات" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ندامت: [ع۔ امث] انفعال۔ پشیمانی۔ شرمندگی۔ خجالت۔ خفت۔ تأسف پچھتاوا۔ افسوس۔ پچھتاوا۔
ندامت اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] شرمندگی ہونا۔ خجالت ہونا۔
ندان: [ار۔ متعلق فعل] آخر کار۔ پیچھے۔ بعد میں۔ انتہائی (اب متروک ہے)
ندانا: [ہ۔ مص] ا۔ صاف کرنا (۲) جنگل بوٹیاں کاٹنا۔ نلائی کرنا (۳) کاٹنا۔ فصل دور کرنا۔
ندائی: [ہ۔ امث] ا۔ دیکھئے "ندانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ندرت: [ع۔ امث] اکیلا ہونا۔ یکتائی (۲) کمیابی۔ نادرپن۔ انوکھاپن۔ کمی (۳) عُمدگی۔ خوبی (۴) انتہائی۔
ندرت طراز: [عف صف] عمدہ چیزوں سے سجانے والا۔
ندما: [ع۔ اند] دیکھئے "ندیم" جس کی یہ جمع ہے۔
ندولا: [ہ۔ اند] ناند کی تصغیر۔ مٹی کا ایک برتن۔ چھوٹا کونڈا۔ چھوٹی ناند۔
ندوہ: [ع۔ اند] ا۔ انجمن۔ مجلس۔ سبھا (عربی میں ندوۃ ہے)
ندھڑک: [ار۔ صف] بے خوف۔ بے خطر۔
ندی / ندیا: [ار۔ امث] چھوٹا دریا۔ نالا ہوا (۲) بہتا ہوا پانی۔ جل دھارا۔
ندی اُترنا: [ار۔ محاورہ] ندی کا پانی کم ہونا۔ طغیانی کم ہونا / جاتے رہنا۔
ندی تو کیوں گھبرائی میں تو پہلے ہی پاؤں نہیں دھرتا [ارشل] تم کیوں گھبراتے ہو میں تو پہلے ہی تمہارے پاس نہیں آتا۔
ندی چڑھنا: [ار۔ محاورہ] ندی میں پانی زیادہ آنا۔
ندی میں جانا پیاسے آنا: [ار۔ محاورہ] بدقسمتی سے ناکام رہنا۔
ندیدہ: [ف صف] ان دیکھا۔ نہ دیکھا ہوا (۲) (ار) وُہ جسے کچھ میسّر نہ ہوا ہو۔ وُہ جس نے کبھی عُمدہ کھانا نہ کھایا ہو۔ اور دُوسرے کو کھاتے گھورے۔ طالب مشتاق، خواہشمند (۳) بخیل۔ کنجوس۔ تنگ دل۔ خسیس۔ لالچی۔
ندیدی: [ار۔ صف۔ مث] دیکھئے "ندیدہ" جس کی یہ تانیث ہے۔

نَدِیم: [ع۔صف] دوست یار۔ ہمنشین۔ ساقی۔

ن ــــ ڈ

نڈر: [ہ۔صف] جو نہ ڈرے۔ بیخوف۔ (۲) دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔ جری

نڈرپن / پنا / نڈرتا / نڈرتائی: [ھ۔امث] ۱۔ بیخوفی۔ بیباکی (۲) دلیری جسارت۔

نڈری: [ہ۔صف۔مث] دیکھئے "نڈر" جس کی یہ تانیث ہے۔

نڈری آنکھیں: [ار۔امث] آنکھیں جن میں ڈر نہ ہو۔ دیدہ دلیر آنکھیں۔

نڈھال: [ہ۔صفت] تھکا ماندہ مضمحل۔ ناتوان۔ بےحس وحرکت (۲) سست۔
[افعال: رہنا۔ ہونا]

ن ــــ ذ

نَذر: [ع۔امث] اپنے اُوپر کوئی چیز واجب کرنا جیسے۔ اقرار (۲) خُدا کے نام پر کوئی چیز دینا۔ جیسے صدقہ۔ قربانی۔ بھینٹ (۳) منت۔ چڑھاوا (۴) نیاز۔ فاتحہ چراغی (۵) تحفہ۔ پیشکش جو بڑے لوگوں / بادشاہوں کی خدمت میں پیش کیا جاتے۔

نذر ائمہ: [ع۔امث] اماموں کے گزارے کے لیے جاگیر۔

نذرانہ: [صف۔امذ] وُہ چیز جو بطور پیشکش نذر دی جائے۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ بھینٹ۔

نذر کرنا: [ار۔محاورہ] تحفہ یا ہدیہ دینا۔ پیش کش کرنا۔

نذر چڑھانا: [ار۔محاورہ] قبر یا تعزیئے پر کوئی چیز بطور منت کے چڑھانا۔

نذر دکھانا / دکھلانا: [ار۔محاورہ] ہاتھ پر نقدی یا رُومال رکھ کر حاکم یا رئیس کے پیش کرنا۔ وہ ہاتھ لگا کر چھوڑ دیتے ہیں۔

نذر دینا: [ار۔محاورہ] ۱۔ تحفہ دینا۔ خصوصاً بڑے آدمی کو پیش کش کرنا (۲) فاتحہ کرنا (۳) کنایۃً۔ رشوت دینا (۳) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔

نذر کا پنجا چڑھانا: [ار۔محاورہ] منت پُوری ہونے پر علم پر پنجہ چڑھانا۔

نذر کرنا / گزارنا / گزرانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نذر دینا"

نذر ماننا: [ار۔محاورہ] منت ماننا۔ عہد کرنا کہ فلاں بات پُوری ہونے پر فلاں چیز چڑھاوا چڑھائی جائے گی۔

نذریں دینا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نذر دینا"

نذر و نیاز: [ع۔امث] فاتحہ اور ڈھیل اور شیرینی / پھل یا جنس وغیرہ جو کسی بزرگ کے نام پر دی جائے۔

نذر ہونا: [ار۔محاورہ] تحفہ دیا جانا۔ کوئی چیز دی جانا۔ پیش کش ہونا۔

نذر ہے: [ار۔محاورہ] حاضر ہے۔ موجُود ہے۔

نذریں: [ع۔امث] دیکھئے "نذر" جس کی یہ جمع ہے۔

نذریں گزرنا: [ار۔محاورہ] کسی بڑے آدمی یا بادشاہ کے سامنے نقدی اور تحفے پیش ہونا۔

نذریں ہونا: [ار۔محاورہ] منتیں مانی جانا۔

نُذور / نذورات: [ع۔امث] دیکھئے نذر جس کی یہ جمع ہے۔

نَذِیر: [ع۔امث] ۱۔ ڈرانے والا (۲) پیغمبر نبیؐ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

ن ــــ ر

نَر: [ف۔امذ] وُہ جانور یا انسان جس میں قوت رجولیت ہو۔ مرد۔ مذکر۔ پُرش۔ مادہ کا نقیض۔

نِر: [س۔صف] بجائے نِس کے اِن حرُوف سے پہلے جو عموماً حرُوفِ علت سے شروع ہوں آتا ہے۔ لبعض وقت حرُوفِ صحیح کے شروع میں / پہلے بھی آتا ہے (۱) دور۔ باہر (۲) نہیں۔ نہ (۳) بغیر (۴) کم۔

نِرادر: [مص۔صف] جس کی عزت نہ ہو۔ بےعزت (۲) جو عزت نہ کرے گستاخ۔ بدتہذیب۔

نِرادر کرنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ گستاخی سے پیش آنا۔ بےعزتی کرنا۔ ہتک کرنا (۲) نفرت کرنا۔ حقارت سے پیش آنا۔

نِراس / نراس: [س۔امذ] ۱۔ نکالنا۔ اخراج۔ نکاس (۲) کوئی لفظ یا آواز گرا دینا (۳) تقے کرنا (۴) نااُمیدی۔ مایوسی (۵) صف۔ نااُمید۔ مایُوس۔

نِراسا / نراسا: [ھ۔صف] دیکھئے "نِراس"۔

نِراس کرنا: [ار۔محاورہ] نااُمید کرنا۔

نِراس ہونا: [ار۔محاورہ] مایُوس ہونا۔

نِراسی: [ھ۔امث] نااُمیدی۔ مایُوسی۔

نِرباہ: [ھ۔امذ] دیکھئے "نباہ"

نِرباہنا: [ہ۔محاورہ] دیکھئے "باہنا"

نِربَس: [ھ۔صفت] بغیر طاقت / قوت / اختیار / اثر (۲) بیکس (۳) کمزور۔

نِربسی: [ھ۔امث] دیکھئے "نِربس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے (۲) ایک دوا کا نام جدوار (۳) ایک پودہ۔ ایک قسم کی گھاس۔

نِربَل: [ھ۔صف] بغیر طاقت۔ کمزور۔ ناتوان۔

نِربندھ: [ھ۔امذ] ۱۔ کسی بات پر زور دینا (۲) ثابت قدمی۔ استقلال۔ ۳۔ اصرار۔ ہٹ۔ ضد (۴) ارادہ۔ قد [illegible] (ھ۔صف) بغیر ہتھکڑی یا زنجیر، (۶) سبکدوش (۸) ا

نِربندھ کرنا: [ھ۔محاورہ] اِصرار کرنا۔ ضد کرنا۔

نِربَنس: [ھ۔صف] ۱۔ بلاخاندان۔ جس کا کوئی آگے پیچھے نہ ہو بےاولاد (۲) خاندان جو ختم ہو چکا ہو۔

نِربُوجھ: [ھ۔صف] جو سمجھ میں نہ آئے۔

نِربھاگی: [ھ۔صف] بدنصیب۔ بدقسمت۔

نِرجَل: [ھ۔صف] ۱۔ بغیر پانی کے خشک (۲) مذ صحرا۔

نِرجلا اکادشی: [ھ۔امذ] ہندوؤں کا ایک تیوہار جو گیارھویں شدی جیٹھ کو ہوتا ہے۔

نِردر: [ھ۔امذ] غانہ

نِردوش: [ھ۔صف] بےگناہ۔ معصُوم (افعال ٹھہرانا۔ رکھنا)

نِردھن: [ھ۔صف] مُفلس۔ نادار

نِردھن کے دھن گردھاری: [ھ مثل] غریب کا خُدا حافظ۔

نرگاؤ: [ف۔امذ] بیل

نِرگُن: [ھ۔صف] جس میں کوئی خاصیت / خوبی / ہُنر نہ ہو۔

نِرگندھ: [ھ۔ صف] جس میں بو نہ ہو۔
نِرگھن: [ھ۔ صف] ۱۔ بیرحم (۲) بے شرم۔ (۳) قابل نفرت۔
نِرلج: [ھ۔ صف] بے شرم
نِرلوبھ: [ھ۔ صف] جسے لالچ نہ ہو۔ صابر۔ قانع
نر مادہ / مادین: [ف۔ مذ۔ امث] ۱۔ مرد۔ عورت (۲) چلے کا دایاں اور بایاں (۳) کواڑ یا صندوق کا قبضہ (۴) نیشکر بیلنے کی مشین کے پیچدار لٹھے۔
نِرمل / نِرملا: [ھ۔ صف] بے داغ (۲) خالص (۳) صاف۔ شفاف ۴۔ روشن ۵۔ بغیر بادلوں کے
نرمیش: [ف۔ اند] مینڈھا۔ دُنبہ
نِروان: [ھ۔ اند] مکتی۔ نجات
نِرواہ: [ھ۔ اند] ۱۔ انتظام۔ نباہ (افعال: کرنا۔ ہونا)
نِروچن: [ھ۔ اند] ضرب المثل۔ مقولہ
نرلش: [ھ۔ صف] جس کا کوئی مالک نہ ہو۔
نِرا: [ھ۔ صف] خالص۔ بے میل۔ صاف۔ نرمل (۲) اکیلا۔ واحد (۳) سادہ۔ خالی (۴) (تف) صرف۔ فقط۔ محض (۵) پورا۔ بالکل۔ سراسر
نِرا ابلیس کی گانٹھ ہے: [ار۔ محاورہ] ازحد شرارتی ہے۔
نِرا جون پور کا قاضی ہے: [ار۔ محاورہ] بڑا بیوقوف ہے۔
نِرا عقل کا دشمن ہے: [ار۔ محاورہ] سخت احمق ہے۔
نِرا کاٹھ کا اُلو ہے: [ار۔ محاورہ] بڑا بے وقوف ہے۔
نِرالا: [ہ۔ صف] جُدا۔ علیحدہ۔ نیارا (۲) انوکھا۔ نادر۔ عجیب (۳) نئی وضع کا۔ نئی روشنی کا (۴) سب سے الگ۔ سب سے جُدا (۵) خالص۔ بے میل۔
نِرالاپن: [ہ۔ اند] دیکھئے "نرالا" جس کا اسم کیفیت ہے۔
نِرانا: [ہ۔ مص] خودرو گھاس یا پودے نکالنا۔ نِرائی کرنا / نلائی کرنا / نکائی کرنا (۲) فصل کاٹنا۔ درو کرنا۔
نِرائی: [ہ۔ امث] نکائی۔ خودرو گھاس کو فصل سے نکالنا۔ نلائی۔
نِرت: [ہ۔ امث] رقص۔ ناچ۔
نِرخ: [ف۔ اند] بھاؤ۔ شرح (۲) دَر۔ قیمت۔ مول۔
نرخ بڑھانا: [ار۔ محاورہ] بھاؤ زیادہ کرنا۔
نرخ بڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نرخ بڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نرخ بندی: [ار۔ امث] قیمت کا فیصلہ۔ تصفیۂ قیمت۔ قیمت مقرر کرنا۔ قیمت کا تعین۔
نرخ توڑنا: [ار۔ محاورہ] بھاؤ گھٹانا
نرخ تیز ہونا: [ار۔ محاورہ] بھاؤ بڑھ جانا۔
نرخ چڑھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نرخ بڑھانا"
نرخ چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نرخ چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نرخ داروغہ: [ار۔ اند] وہ شخص جو بھاؤ مقرر کرے
نرخ گھٹانا: [ار۔ مص۔ مرکب] بھاؤ کم کرنا۔
نرخ گھٹنا: [ار۔ مص۔ مرکب] بھاؤ کم ہونا۔
نرخ مقرر کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] بھاؤ نکالنا۔ قیمت مقرر کرنا۔
نرخ مقرر ہونا: [ار۔ مص۔ مرکب] دیکھئے نرخ مقرر کرنا جس کا یہ لازم ہے۔
نرخ نامہ: [ف۔ اند] بازار کے نرخ کی فہرست جو ہفتہ وار افسروں کو بھیجی جاتی ہے۔

نرخرا: [ہ۔ اند] گلے کی نالی۔ حلقوم۔ ٹینٹوا (اصل نرگھرا ہے)
نرخرا بولنا: [ار۔ محاورہ] مرتے وقت حلق سے آواز نکلنا۔ گھرّا لگنا۔
نرد: [ف۔ امث] ۱۔ چوسر کی گوٹ (افعال: اٹھانا۔ اٹھنا۔ پٹنا۔ پیٹنا۔ چلنا۔ مارنا۔ مرنا) (۲) چوسر کا کھیل۔
نردبان: [ف۔ مذ۔ مث] سیڑھی۔ زینہ۔
نرس: [انگ۔ امث] nurse دایہ۔ دودھ پلانے والی (۲) وہ عورت جس کا پیشہ بیماروں کی خدمت ہو۔
نرسری: [انگ۔ مث] پودا۔ پنیری۔ چھوٹے پودوں کا ذخیرہ
نرسری سکول: [انگ۔ اند] چھوٹے بچوں کا مدرسہ
نرسل: [ہ۔ اند] ایک قسم کا پودا جس کے درمیان میں سرکنڈے کی شکل کی گرہ بیچ میں سے خالی اور سخت شاخ نکلتی ہے۔ اس سے حقّوں کے نیچے اور پتوں سے چٹائیاں بنتی ہیں (۲) نرل۔ نرکل۔ وہ شاخ جو پودے کے بیچ میں سے نکلتی ہے۔ یہ حقیقت میں اس پودے کی شاخِ گل ہوتی ہے۔
نرسنگا / نرسنگھا: [ہ۔ اند] ایک قسم کا بجانے کا بینگ۔ قرنا۔ دھوتو۔ بگل۔ تُرئی صُور۔ ترہی۔ ناقوس۔
نرسنگیا: [ہ۔ اند] نرسنگا بجانے والا شخص۔
نرسوں: [ہ۔ اند] پرسوں سے پہلے کا دن۔ پرسوں کے بعد کا دن (۲) آج سے چار دن پہلے یا چار دن بعد کا دن۔
نرغا / نرغہ: [ف۔ اند] آدمیوں کا حلقہ جو شکار کو ایک جگہ جہاں شکاری بیٹھا ہو گھیر کر لانے کے لیے بنایا جائے (۲) بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ ٹھٹ۔ (۳) مشکل۔ دقت۔ دشواری (۴) مصیبت۔ آفت۔
نرغا کرنا: [ار۔ مص۔ مرکب] دیکھئے "نرغا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نرغا ہونا: [ار۔ مص۔ مرکب] غنیموں سے گھرنا۔ احاطہ ہونا۔ محصور ہونا۔ چاروں جانب سے چڑھائی ہونا (۲) ہجوم ہونا۔ ہنگامہ ہونا۔
نرغے: [ف۔ اند] دیکھئے "نرغا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
نرغے میں آجانا: [ار۔ محاورہ] مبتلائے آفت ہو جانا۔ مصیبت میں گھر جانا۔ آفت میں پھنس جانا۔
نرغے میں جان ہونا: [ار۔ محاورہ] مصیبت میں پھنسنا۔ جان عذاب میں ہونا۔
نرغے میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] محصور کرنا گھیرنا۔ پھانسنا۔ چاروں طرف سے گھیرے میں ڈالنا
نرک: [س۔ اند] ہندوؤں کا دوزخ۔
نرک ہو میں ٹھیلا ٹھیلی: [ہ۔ مثل] فضول باتوں میں کوشش۔
نرکٹ: [ہ۔ اند] نرکل
نرکس: [ہ۔ اند] حلقوم۔ ٹینٹوا۔ حلق کی نالی۔
نرکل: [ہ۔ اند] لکھنؤ دیکھئے "نرسل"
نرکھنا: [ہ۔ مص] ۱۔ دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) ملاحظہ کرنا۔ معائنہ کرنا
نرکھی: [ہ۔ صف] ۱۔ دیکھنے والا (۲) ملاحظہ کنندہ
نرگس: [ف۔ امث] ایک پودا جس کے پتے گھاس کی مانند مگر ذرا چوڑے ہوتے ہیں۔ موسم سرما میں بیچ میں سے ایک شاخ نکلتی ہے۔ جس پر سفید اور نہایت خوبصورت پھول نکلتے ہیں جن کے درمیان پتوں کا زرد

پیالہ سا ہوتا ہے (۲) اس پودے کا پھول۔ اسے آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ (۳) (مجازاً) معشوق کی مست آنکھ۔ چشمِ معشوق۔

نرگسِ بیمار / جادو / رنجور: [ف۔ امث] معشوق کی آنکھ سے استعارہ کرتے ہیں۔ مست آنکھ۔

نرگسِ شہلا: [ف۔ امث] وہ نرگس جس کا پیالہ سیاہ ہو۔ سفید نرگس جو جوالی بہ سیاہی ہو۔

نرگسِ طناز / فتان: [ف۔ امث] معشوق کی آنکھ سے استعارہ کرتے ہیں۔ ناز کرنے والی / فتنہ انگیز نرگس یعنی آنکھ۔

نرگسِ مخمور: [ف۔ امث] نشیلی آنکھ۔ متوالی آنکھ

نرگسِ نیم خواب: [ف۔ امث] وہ آنکھ جو معشوقانہ انداز سے کھلی ہوئی ہو۔

نرگستان: [ف۔ اند] وہ مقام جہاں نرگس کے بہت سے پودے ہوں۔

نرگسی: [ف۔ صف] ۱۔ نرگس سے نسبت رکھنے والا۔ نرگس سے مشابہ (۲) مث ایک قسم کا کپڑا جس پر نرگس کے سے پھول بنے ہوتے ہیں (۳) ایک قسم کا کھانا (۴) فساد اعصاب کا مریض انگریزی NEUROTIC کا ترجمہ خود پسند۔

نرگسی پلاؤ: [ف۔ اند] وہ پلاؤ جس میں اُبلے ہوئے انڈوں کو کوفتوں میں پکا کر درمیان میں دو کر کے رکھ دیتے ہیں۔

نرگسی چشم / آنکھ: [ف۔ صف] وہ جس کی آنکھ نرگس سے مشابہ ہو (۲) بڑی آنکھ

نرگسی کباب: [ف۔ اند] وہ کباب جو بیضہ مُرغ کا پوست دُور کر کے قیمے کے ساتھ لپیٹ کر بنا لیتے ہیں۔

نرگسیت: [ا۔ امث] اعصابی خلل۔ خود پسندی narcissism ترجمہ۔

نرم: [ف۔ صف] ۱۔ جو ہاتھ کو ملائم معلوم ہو۔ ملائم۔ کومل (۲) گدگدا (۳) پلپلا (۴) لوچدار (۵) نازک (۶) سبک۔ ہلکا۔ لطیف (۷) سہل۔ آسان (۸) متحمل۔ حلیم۔ بُردبار (۹) سُست۔ کاہل (۱۰) دھیما۔ مدھم (۱۱) ڈھیلا (۱۲) متدل سستا (بھاؤ وغیرہ) (۱۳) زود ہضم (خوراک) (۱۴) سُست (بازار) (۱۵) نا پختہ۔ گھسا ہوا (سکہ) (۱۶) متعلق فعل نرمی سے۔ بُردباری سے۔

نرم آواز: [ف۔ امث] ملائم اور باریک آواز

نرم باتیں: [ف۔ امث] میٹھی میٹھی باتیں۔ پیار کی باتیں۔

نرم چارا: [ار۔ اند] ملائم خوراک۔ لطیف غذا۔ زود ہضم غذا۔

نرم چوب را کرم سے خورد: [ف مثل] بھلے مانس کو سب لُوٹتے ہیں۔

نرم خو: [ف۔ صف] دھیمے مزاج کا۔ نیک مزاج۔

نرم خوئی: [ف۔ امث] دیکھئے "نرم خو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نرم دل: [ف۔ صف] رحم دل۔

نرم رو: [ف۔ صف] ۱۔ دھیما (۲) آہستہ اور سوچ سمجھ کر کام کرنے والا۔

نرم روی: [ف۔ امث] دیکھئے "نرم رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نرم زبان: [ف۔ صف] ملائم اور آہستہ باتیں کرنے والا۔

نرم کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ملائم کرنا۔ دھیما کرنا (۲) غصہ دھیما کرنا (۳) شیشے میں اُتارنا۔

نرم کوس: [ف۔ اند] کوس سے کچھ کم فاصلہ

نرم گرم: [ف۔ صف] ۱۔ سخت سُست۔ بُرا بھلا (۲) گرم و سرد زمانہ۔ اختلاف زمانہ۔

نرم گرم اٹھانا / سہنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ بُری بھلی بات کی برداشت کرنا۔ سخت سُست سہنا۔ تجربہ کار ہونا۔

نرم لگام: [ف۔ صف] جو لگام کے ذرا سے اشارے کو ماننے (گھوڑا)

نرم نرم: [ف۔ صف] بہت نرم

نرما: [ف۔ اند] ۱۔ سنبل کا درخت۔ اس کا پھول سُرخ ہوتا ہے اور پھل میں سے نہایت نرم روئی نکلتی ہے (۲) ایک قسم کا کپڑا جس کے متعلق خیال ہے کہ یہ اس روئی سے بنایا جاتا ہے (۳) ایک بڑھیا اور عمدہ قسم کی روئی جو امریکہ سے ایشیائی ملکوں میں درآمد ہوئی۔ آج کل ہند و پاکستان میں بہت زیادہ تعداد میں پیدا ہو کر دیگر ممالک کو برآمد ہو رہی ہے۔

نرمانا: [ار۔ مس جبلی] نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ دھیما کرنا۔

نرمازمی: [ف۔ امث] کسی معاملہ میں آہستگی۔

نرماہٹ / نرمائی: [ف۔ امث] ملائمت۔ نرمی۔

نرمہ (گوش): [ف۔ اند] کان کی لو۔ بناگوش۔

نرمی: [ف۔ امث] ۱۔ ملائمت (۲) نزاکت (۳) گدگداپن (۴) پلپلاپن (۵) لوچ (۶) ہلکاپن۔ لطافت (۷) سہولت۔ آسانی (۸) تحمل۔ بُردباری۔ برداشت (۹) دھیماپن (۱۰) آہستگی (۱۱) مہربانی۔ شفقت (۱۲) خوشامد۔ چاپلوسی (۱۳) کمی۔ تخفیف۔

نرمیت: [ف۔ امث] عربی طرز پر بنایا گیا ہے۔ ۱۔ نرمی۔ ملائمت (غلط لفظ ہے)

نرگن: [س صف] وہ جس میں جوش یا غصہ نہ ہو۔ ۲ (مذ) ایشور کا ایک نام۔

نروارنا / نروانا: [ھ۔ مص] کھولنا۔ سُلجھانا۔

نروان: [ہ۔ اند] نجات۔ فنا فی اللہ کا مقام۔

نروپ: [س صف] ۱۔ جس کی کوئی شکل نہ ہو (۲) بدشکل۔ بدنما (۳) بغیر جسم۔ ۴۔ (مذ) وہ جس کی کوئی شکل نہ ہو۔ ایشور کا ایک نام۔

نروگ / نروگا / نروگت / نروگی: [ھ۔ صف] ۱۔ بیماری سے بچا ہوا یا محفوظ۔ تندرست۔ باصحت (۲) خوش۔ مسرور (۳) متعلق فعل) اچھا بھلا (۴) (مذ) تندرست بیماری سے بچاؤ۔ تندرست آدمی۔

نروگی پن: [ھ۔ اند] بیماری سے تندرستی۔ صحت۔

نرہ: [ف۔ صف] ۱۔ مذکر (۲) مردانہ۔ مردوا (۳) اکھڑ۔ بھدا (۴) بدشکل۔ بھدا۔ ۵۔ گندہ۔ ۶۔ غلیظ (۷) مذ۔ آلہ تناسل (۸) درخت کا تنا (۹) نیفہ (۱۰) لہر۔ موج (۱۱) جالی کا گھر (۱۲) ہیجڑا۔ مخنث۔

نری: [ف۔ امث] ۱۔ بکری یا بھیڑ کا ہوا چمڑا۔

نریا: [ھ۔ اند] ۱۔ کھپریل۔

نریش: [ہ۔ اند] بادشاہ۔

نریکھنا / نریکھنا: [ھ۔ مص] ۱۔ دیکھنا۔ تکنا (۲) ملاحظہ کرنا۔ معائنہ کرنا۔ اُمید رکھنا۔ آس رکھنا۔

نرینہ: [ف صف] دیکھئے "نر" جس سے یہ منسوب ہے۔

ن ـــ ڑ

نرڑ: [ھ۔ اند] ایک قسم کا نرسل (۲) ایک قوم جو چوڑیاں بناتی ہے۔

نرڑا: [ھ۔ اند] گاجر کے اندر کا سخت حصّہ۔

نڑھڑا: [ھ۔ امذ] ۱۔ زفرا

نڑھڑی: [ھ۔ امث] دیکھئے "نڑھڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

نڑی: [ھ۔ امث] ۱۔ ایک قسم کی آتشبازی (۲) حقّے کی نے (۳) ایک آبی پرندہ جو اکثر مچھلیاں اور دریائی / آبی کیڑے کھاتا ہے، اس کا گوشت سخت بودار ہوتا ہے۔

ن — ز

نَز: [ع۔ صف م] ۱۔ چست۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ ہلکا (۲) ہوشیار۔ ذہین۔ پرمذاق۔ ۳۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ دوڑ کر جانے والا (۴) پھوٹنے والا (پانی) ۵ (مذ) چست چالاک آدمی (۶) شترمرغ (۷) چشمہ۔ سوتا (۸) زمین جس سے چشمہ پھوٹے۔

نِزاد: [ف۔ صف] دیکھئے "نژاد"۔

نِزار: [ف صف م] ۱۔ دُبلا۔ پتلا۔ لاغر (۲) کمزور۔ ناتواں ضعیف۔ نحیف۔ ۳۔ مفلس۔ قلاش

نِزاری: [ف۔ امث] ۱۔ دیکھئے "نزار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

نِزاع: [ع۔ امث م] ۱۔ جھگڑا۔ فساد۔ تکرار۔ تنازعہ (۲) بیر۔ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت۔

نِزاع پڑنا: [ار محاورہ] جھگڑا ہونا۔ عداوت ہونا۔

نِزاع لفظی: [ع۔ امذ] زبانی جھگڑا یا تکرار۔

نِزاعیں: [ع۔ امث] دیکھئے "نزاع" جس کی یہ جمع ہے۔

نِزاعیں پڑنا: [ار۔ محاورہ] جھگڑے ہونا۔ فسادات ہونا۔

نَزاکت: [ف۔ امث] (غلط العام) ۱۔ نازک پن (۲) ناز و ادا۔ آن و ادا ۳۔ ناز کی خوش اسلوبی اظہار نازک مزاجی (۴) باریکی۔ خوبی۔ لطف نفاست (۵) نازک مزاجی (۶) کمزوری۔ ناتوانی (۷) ہلکا پن۔ سبکی۔ سُبک رَوی

نَزاہت: [ع۔ امث] ۱۔ بُری باتوں سے دُوری (۲) عیب سے پاک ہونا۔ ۳۔ پاکیزگی۔ پاکی۔

نَزد: [ف متعلق فعل] ۱۔ قریب۔ پاس۔ نزدیک (۲) آگے۔ پیش۔

نزدات / نزداد: [ہ امث] ۱۔ ناکافی۔ بقایا (۲) بقایہ۔ مطالبہ (۳) حوالگی۔ سپردگی۔

نَزدِیک: [ار۔ محاورہ] قریب ۲۔ آگے۔ پیش (۳) مانتے ہیں۔ سمجھتے ہیں۔

نزدیک آ پہنچنا: [ار محاورہ] قریب آجانا۔

نزدیک آجانا / آنا: [ار۔ محاورہ] قریب آنا۔

نزدیک بیں: [ار صف] وہ جو صرف نزدیک / قریب کی چیزیں دیکھ سکے۔

نزدیک پھٹکنا: [ار۔ محاورہ] قریب آنا۔ پاس آنا۔

نزدیک جانا: [ار۔ محاورہ] پاس جانا۔ قریب جانا (۲) مباشرت کرنا۔ جماع کرنا۔ ہم بستر ہونا۔

نزدیک ہونا: [ار۔ محاورہ] قریب ہونا۔

نزدیکی [ف۔ امث] ۱۔ پاس۔ قرب۔ قربت (۲) جماع۔ مباشرت۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

نَزع: [ع۔ امث] جان کنی۔ جان کندنی۔ دم ٹوٹنا۔ جان کھنچنا۔

نزع کی حالت ہونا: [ار۔ محاورہ] جان بلب ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

نَزلہ: [ع۔ امذ] زکام۔ ایک مرض کا نام جس کی وجہ سے ناک میں پانی پیدا ہو کر حلق میں گرتا ہے۔ اور سوزش پیدا کرتا ہے بعض وقت گلا بند ہو جاتا ہے۔

نزلہ بر عضو ضعیف می ریزد: [ف۔ مثل] مصیبت ہمیشہ کمزور پر آتی ہے۔

نزلہ بند: [عف۔ امذ] ۱۔ وہ گول پھاہا جو نزلہ کو روکنے کے لیے کنپٹیوں پر لگایا جاتا ہے (۲) قرص زرّیں جو معشوق خوبصورتی کے لیے کنپٹیوں پر چسپاں کرتے ہیں۔

نزلہ گرنا: [ار۔ محاورہ] آب نزلہ کا کسی عضو پر یا بالوں وغیرہ پر اثر کرنا (۲) معطل یا بیکار ہونا (۳) کسی پر آفت آنا۔ شامت آنا۔ غضب نازل ہونا۔

نُزول: [ع۔ امذ] ۱۔ اترنا۔ نازل ہونا (۲) فروکش ہونا۔ وُرُود (۳) قرآن شریف یا وحی کا نزول ہونا (۴) آنکھ کی ایک بیماری جس سے آنکھ کی بینائی کم ہو جاتی ہے (۵) وہ پانی جو آنکھ میں آجاتا ہے (۶) فتق۔ فوطوں کے بڑھ جانے کی بیماری (۷) وہ پانی جو فوطوں میں پڑ جاتا ہے (۸) سرکاری زمین۔ میونسپلٹی کی زمین (۹) ضبط شدہ زمین (۱۰) لشکر شاہی کا فروکش ہونا (۱۱) وُرُودِ لشکر۔

نزول آب: [ع۔ امذ] ۱۔ پانی اُترنا۔ دیکھئے ۴، ۶، ۷

نزول اجلال / اقبال: [ع۔ امذ] بادشاہ کا آنا۔

نزول وحی: [ع۔ امذ] وحی کا آنا۔

نزول کرنا: [ار۔ محاورہ] آشوب چشم میں مبتلا کرنا۔

نُزولی: [ع۔ صف] ۱۔ سرکاری (جیسے نزول کا) ۲) وہ جو ضبط ہو جائے (۳) نازل ہونے کی (زمین) ۳۔ [امث] ضبط شدہ زمین (۴) مکان جس میں بغیر اجازت اُتر جائے (۵) بغیر اجازت کسی مکان میں اُترنا (۶) نزول کا بگاڑ۔

نُزہَت: [ع۔ امث] ۱۔ دُور ہونا۔ فاصلہ (۲) پاکیزگی۔ بے عیب ہونا۔ تر و تازگی ۳۔ خوش حالی۔ فرحت۔ انبساط۔ خوشی۔ خُرّمی۔ سُرور (۴) عیش و نشاط۔ حظِ نفسانی۔

نزہت افزا: [عف صف] خوشبو زیادہ کرنے والا۔ شاداب کرنے والا۔ فرحت بخش

نزہت نما: [ع صف] خوشبو سے ملا ہوا۔ خوشبودار۔ مہکا ہوا۔ فرحت بخش

نزہت خاطر: [ع۔ امث] خوشدلی۔ دل بہلاوا۔ انبساطِ دل۔

نزہت کدہ / گاہ: [ع۔ امذ و مث] تر و تازہ و سبز جگہ۔ پاکیزہ مقام ۲۔ تماشا گاہ۔ سیرگاہ۔

نَزِیل: [ع صف] جو کسی جگہ نازل ہو۔ اُترنے والا (۲) مجازاً مسافر۔ پردیسی۔ مہمان

ن — ژ

نِژاد: [ف۔ امث] اصل نسل۔ حسب و نسب خاندان (۲) تخم۔ نطفہ۔

نژادہ: [ع صف] اچھے خاندان کا۔ شریف۔ نجیب۔

نژند: [ف صف] ۱۔ بدلا ہوا (غم یا عمر کی وجہ سے) ۲۔ مغموم۔ غمگین۔ اُداس۔ ۳۔ ناراض۔ غصے۔ خفا (۴) خوفناک۔ ڈراؤنا (۵) پست۔ نیچا (۶) ذلیل و خوار

ن — س

نَس: [ہ۔ امث] رگ۔ پٹھے۔ عرق۔ بدن کی وہ نالی جس میں خون چلتا ہے (۲) پٹھا۔ عصب (۳) ریشہ (۴) عضو۔ آلۂ تناسل۔

نِس: [س۔ حرف نفی] ۱. نہیں۔ نی۔ بغیر۔ بلے (۲) (حرف جار) باہر۔ دور۔ پرے

نِش / نِسا: [ہ۔ امث] رات۔ شب۔ رین

نِس باسر: [ہ۔ متعلق فعل] رات دن۔ شب و روز۔ ہر وقت۔ ہمیشہ۔ لگاتار۔

نس پھڑک جانا / پھڑنا: (۱) پٹھا یا رگ چڑھنا۔ رگ پر صدمہ پہنچنا۔ (۲) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

نِسچرا / نِسچری: [ہ۔ امذ۔ مث] دیکھئے نِساچر و نِساچری۔

نِسچرائی: [ہ۔ امث] رات کو باہر پھرنا۔ شب روی۔ شب گردی۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

نس دار: [ہ۔ ف۔ صف] بہت رگوں والا۔ رگدار۔ ریشہ دار (ترکیب غلط)

نِسدِن: [ہ۔ متعلق فعل] دیکھئے "نِس باسر"

نِسدِن کھانا کام کرن کو آسکتا نا: [ہ۔ مثل] بہت کھانیوالا مگر کام چور۔

نِس کِٹّا: [ہ۔ صف] خواجہ سرا۔ ہیجڑا۔ زنخا۔ زنانہ

نس مرنا: [ار۔ محاورہ] نس یا پٹھے کا کمزور ہو جانا۔

نسا: [س۔ امث] ناک۔

نساجال: [ہ۔ امذ] وُہ جگہ جہاں بہت سی رگیں ہوں۔ رگوں کا جال (۲) بڑا جال۔ ۲. مکڑی کا جال (۴) مکر و فریب۔ توڑ جوڑ (افعال۔ پھیلا رکھنا۔ پھیلانا)

نِساچر: [ہ۔ صف] وہ جو رات کو پھرے۔ شب رَو۔ شب گرد (۲) (مذ) وُہ جانور جو رات کو نکلے (۳) چور۔ راہزن۔ سارق۔ قزاق (۴) بھوت پریت۔ جن۔ دیو۔ راکشش۔

نِساچری: [ہ۔ امث] چڑیل۔ ڈائن۔ بھتنی۔ پچھل پائی۔

نَسّاب: [ع۔ صفت] علم نسب کا جاننے والا۔

نَسّاج: [ع۔ امذ] ۱. جُلاہا (۲) مجازاً دروغ گو۔ جھوٹا۔ سخن ساز

نِسار: [س۔ صف] ۱. کمزور۔ ضعیف (۲) پھیکا۔ بدمزا / مزہ (۳) نالائق۔ بیوقت ۴. شیخی خورا۔ بے وجود۔ ناپائیدار۔ فانی۔

نِسارنا: [ہ۔ مص] نکال دینا۔ باہر کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹا دینا۔

نساس / نِساسا: [ہ۔ امذ] ۱. سانس باہر نکالنا (۲) سانس لینا۔ تنفس۔ دم کشی ۳. سانس (۴) آہ۔

نِسانا: [ہ۔ مص] ۱. ہلاک کرنا (۲) تلف کرنا۔ مٹانا۔ برباد کرنا (۳) خراب کرنا۔ ضائع کرنا (۴) خرچ کرنا۔ اڑانا (۵) گم ہونا۔ کھو یا جانا (۶) برباد ہونا ہلاک ہونا۔ مرنا۔

نِساون: [ہ۔ صف] ہلاک کرنے والا۔ تباہ کرنے والا ۲. (مذ) ہلاک کرنا۔ تباہ کرنا۔

نِساء: [ع۔ امث] اِمراءۃ کی جمع مگر خلاف قیاس (۱) عورتیں بیویاں۔ اِستریاں۔ ناریاں۔

نسائی / نِسائیہ: [ع۔ امث] عورتوں کے متعلق۔ عورتوں کا / کی

نسائم: [ع۔ امث] دیکھئے "نسیم" جس کی یہ جمع ہے۔

نِساوَر: [ع۔ امذ] ایک قسم کا کبوتر جس کا رنگ سبز اور دو شہپر سفید ہوتے ہیں

نَسَب: [ع۔ امذ] اصل نسل۔ نژاد سلسلہ خاندان۔ باپ کی طرف سے نسبت۔

نَسَب مِلنا: [ار۔ محاورہ] شجرہ ملنا مختلف اشخاص کا ایک ہی شخص کی اولاد ہونا۔

نَسَب نامہ: [عف۔ امذ] شجرہ نسب۔ کرسی نامہ

نَسَب نُما: [ع۔ امذ] کسر کے نیچے کا ہندسہ۔ وُہ عدد جس سے معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے حصے برابر کیے گئے ہیں۔

نِسبَت: [ع۔ امث] ۱. کسی چیز کی طرف منسوب ہونا (۲) لگاؤ۔ علاقہ۔ تعلق واسطہ۔ مناسبت۔ مشابہت۔ مطابقت (۳) منگنی۔ سگائی (۴) پیغام شادی۔ نکاح کا پیغام (۵) نسب۔ حسب نسب (۶) حوالہ۔ نظیر (۷) بابت۔ ۸. متعلق فعل تفضیل بعض کے لیے جیسے اسکی نسبت یہ اچھا ہے (۹) مقابلہ میں لحاظ۔

نِسبت آنا: [ار۔ محاورہ] شادی کا پیغام آنا۔

نِسبت اضافی: [ع۔ امث] دیکھئے "اضافی"

نِسبت بھیجنا: [ار۔ محاورہ] منگنی کا پیغام دینا۔

نِسبت تناسب: [ع۔ امذ] ار بعہ متناسبہ

نِسبت ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] منگنی ہونا۔ سگائی ہونا۔

نِسبت دینا: [ار۔ محاورہ] تشبیہ دینا۔ نظیر دینا۔

نِسبت رکھنا: [ار۔ محاورہ] تعلق رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔

نِسبت کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱. منگنی کرنا۔ سگائی کرنا۔ ۲. کسی چیز کی طرف منسوب کرنا۔

نِسبت ناتا: [ار۔ امذ] رشتہ داری۔ شادی بیاہ (افعال: ٹھہرنا۔ ہونا)

نِسبت نامہ: [ع۔ امذ] نسب نامہ۔

نِسبت ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱. تعلق ہونا۔ علاقہ ہونا (۲) مناسبت ہونا۔ مشابہت ہونا (۳) منگنی ہونا۔ سگائی ہونا۔

نِسبتی: [ع۔ صف] ۱. رشتہ دار۔ قرابتی (۲) نسبت رکھنے والا۔

نِسبتی بھائی: [ار۔ امذ] ۱. بہنوئی۔ دُولہا بھائی (۲) سالا۔ بیوی کا بھائی۔ جورو کا بھائی۔

نِسبی: [ع۔ صف] ۱. نسب سے منسوب۔ خاندانی۔

نَست: [س۔ امذ] ۱. ناک (۲) نسوار

نِستارا: [ہ۔ امذ] ۱. گزرنا۔ عبور کرنا (۲) خلاصی۔ رہائی۔ چھٹکارا ۳. گناہوں کی معافی۔ نجات۔ مکتی (۴) برکت (۵) قرض کی ادائیگی (۶) بدلہ۔ عوض۔ فیصلہ

نِستارا کرنا: [ار۔ مص مرکب] رہائی دلانا۔ رہا کرنا۔ آزاد کرانا (۲) آواگون کے سلسلے سے آزادی دینا۔ ۳. قرض ادا کرنا (۴) بدلہ دینا۔

نِستارنا: [ہ۔ مص] دیکھئے "نِستارا کرنا"

نَستَرن: [ف۔ امث] ایک قسم کا پودا جس کے پھول نہایت خوشبودار اور سفید ہوتے ہیں۔ یہ گلاب کی ایک قسم ہے۔ سیوتی (۲) اس کا پھول۔

نَستَعلیق: [ع۔ امذ] وہ خط جس میں حروف کی پوری گولائی اور دائرے ہوں۔ یہ دو خطوں نسخ اور تعلیق سے ملا کر بنایا گیا اس لیے نسخ اور تعلیق کا مخفف ہے۔ متین۔ شائستہ۔

نستعلیق بول چال / گفتگو: [ہ۔ امث] فصیح و بلیغ گفتگو۔ شستہ کلام

نستعلیق گو: [ع۔ ف۔ امذ] خوش بیان۔ خوش گفتار۔ فصیح۔

نستلک: [س۔ امذ] مویشی کی ناک جس میں رسّی ڈالتے ہیں۔

نستوک: [ہ۔ امذ] نیبڑا۔ چکوتا۔ بینسد (۲) تف۔ تمام کلیم۔ بالکل۔ پورے طور سے۔

نَسج: [ع۔ امذ] کپڑا بُننا

نَسخ: [ع۔ امذ] ۱. تردید۔ تنسیخ۔ بطلان۔ تنسیخ (۲) کسی چیز کو اس سے بہتر چیز بنا کر رد کر دینا (۳) نقل۔ تحریر کی نقل۔ کتابت۔ کاپی (۴) عربی کا ایک مشہور قدیمی طرز۔ جو خواجہ عمادالدین کی ایجاد ہے۔

نُسَخ: [ع۔ امذ] ۱. نُسخہ کی جمع۔ کتابیں

نسخ کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ لکھنا (۲) منسُوخ کرنا (۳) نامنظور کرنا۔
نسخ ولنیان: [ع۔ اند] اصطلاح شریعت۔ کسی پہلے حکم کو منسوخ کر کے دُوسرا اس کی جگہ مقرر کرنا۔
نُسخہ: [ع۔ اند] ۱۔ وُہ چیز جو لکھی ہُوئی ہو۔ کاپی۔ مکتوب۔ کتابت (۲) کتاب۔ جلد۔ رسالہ (۳) کاغذ کا وُہ پرچہ/ پُرزہ۔ جس پر طبیب دوائیں اور ترکیب استعمال لکھ کر دیتا ہے (۴) ترکیب ڈھنگ (۵) چٹکلا۔ لٹکا۔
نُسخہ باندھنا: [ار۔ محاورہ] نسخے پر لکھی ہُوئی دوائیوں کی پُڑیاں باندھنا
نُسخہ بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نسخہ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نُسخہ لکھا جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نسخہ لکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نُسخہ لکھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نسخہ لکھنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
نُسخہ لکھنا: [ار۔ محاورہ] پرچہ پر دوائیں اور اِن کی مقدار و ترکیب استعمال لکھنا۔
نُسخہ لکھوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نسخہ لکھانا"
نُسخہ نویس: [عف۔ اند] ۱۔ نسخہ لکھنے والا۔
نُسخہ نویسی: [عف۔ امث] دیکھئے "نسخہ نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
نَسر: [ع۔ اند] ۱۔ گدھ۔ عقاب۔
نَسرِ طائر: [ع۔ اند] ۱۔ ایک قدیم شمالی صُورت کوکب کا نام (۲) اُڑتا ہُوا گدھ/عقاب
نَسرِ واقع: [ع۔ اند] ۱۔ ایک قدیم جنوبی صُورت کوکب کا نام۔
نَسرین: [ع۔ اند] دیکھئے نسرِ طائر و نسرِ واقع"
نَسرِن: [ف۔ اند] ایک قسم کا سفید گلاب کا پودہ۔ سیوتی (۲) اس کا پھُول۔
نَسَق: [ع۔ اند] قاعدہ۔ دستور۔ رَوِش (۲) ترتیب۔ انتظام۔ بندوبست۔
نَسقچی: [عف۔ صف] ۱۔ انتظام کرنے والا (۲) مذ۔ صاحبِ دیوان (۳) جلّاد
نَسقچی باشی: [ف۔ اند] صاحب اعلیٰ۔
نَسل: [ع۔ امث] آل اولاد۔ بال بچے۔ خاندان (۳) اصل تخم (۴) قبیلہ۔ قوم۔
نسلِ انسانی: [ع۔ امث] انسان کی اولاد۔ اِنسان۔
نسل بڑھانا [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نسل بڑھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نسل بڑھنا: [ار۔ محاورہ] اولاد کا زیادہ ہونا۔ بود بڑھنا۔
نسل پدری: [ع۔ ف۔ امث] باپ کا خاندان۔
نسل دار: [عف صف] اچھی نسل کا۔ اصل۔
نسل مادری: [عف۔ امث] ماں کا خاندان۔ ننھیال
نسلاً بعد نسلٍ۔ [ع متعلق فعل] پشت بہ پشت۔
نسنا: [ھ۔ مص] ۱۔ غائب ہونا۔ (۲) بھاگنا۔ چمپت ہونا۔ فرار ہونا۔
نسناس: [ع۔ اند] ۱۔ بن مانس۔ ایک قسم کا بندر۔ ایک قسم کا خیالی جانور جو اِنسان سے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ایک آنکھ۔ ایک ہاتھ اور ایک ٹانگ ہوتی ہے اور پھُدک پھُدک کر چلتا ہے۔ ۲۔ ایک قسم کا شیطان۔
نَسوار: [مص امث] ناس۔ ہلاس۔ پسا ہُوا تمباکو۔
نِسواں: [ار۔ امث] دیکھئے "نِساء" جس کی یہ جمع ہے۔ عورتیں۔ بیویاں۔ مستورات)
نِسوانی: [ع۔ صف] عورتوں سے منسُوب۔
نسوت: [ہ۔ صف] ۱۔ خالص ۲۔ صاف۔ نِتھرا ہُوا۔ نرل۔ (۳) نرا نرالا (۴) پتلا شوربا۔ ۵۔ ایک قسم کا پودا جس کی جڑ جلاب دینے کے کام آتی ہے

نسوڑھیا: [ہ۔ صف] منحوس
نِسی: [ہ۔ مث] پھال۔ پھار۔ پرس
نسیا: [ار۔ مذ] پھیا' پیسہ (قصابوں کی اصطلاح)
نسیاً منسیا: [ع۔ صف] بھولا ہوا۔ فراموش۔ از یاد رفتہ۔
نِسیان: [ع۔ اند] بھُول۔ فراموشی۔ سہو۔ چوک
نِسیٹھ: [ھ۔ صف] منحُوس۔
نسیلا: [ھ۔ ف صف] نسدار۔ ریشے والا/ دار
نَسیم: [ع۔ امث] دھیمی دھیمی خوشبودار ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔ مطلق ہوا
نسیمِ سحر/ سحری: [ع۔ امث] صبح کی ٹھنڈی ہوا۔
نِسینی: [ھ۔ امث] سیڑھی۔
نسیہ: [ع۔ اند] تاخیر۔ دیر۔ توقع (۲) اُدھار۔ قرض (۳) اُدھار بیچنا۔ ۴۔ وقت جو قرض کی ادائیگی کے لیے دیا جائے۔ دیر کرنا ۵۔ بھُول ہُوئی چیز۔ بے وقعت چیز۔ بے فائدہ چیز۔ وُہ چیز جو بے فائدہ سمجھ کر پھینک دی جائے۔

ن ـــ ش

نشا: [ع۔ اند] ۱۔ دیکھئے "نشہ" مع مرکبات (۲) پیدا کرنا۔ نئے سرے سے پیدا کرنا (۳) دُنیا۔ جہان۔
نشا خاطر: [ار صف] دیکھئے "نشاطِ خاطر" جس کا یہ مخفف ہے۔
نشابل: [س۔ اند] مفصلہ ذیل بروج کا مجموعی نام۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ قوس۔ اور جدی۔
نشأت/ نشأۃ: [ع۔ امث] ۱۔ اُگنا (۲) ظاہر ہونا۔ پھُوٹنا۔ پیدا ہونا (۳) دُنیا۔ جہان
نشأتِ ثانیہ/ نشأۃ الثانیہ: [ع۔ امث] حیاتِ نو۔ نئی زندگی۔ دوبارہ عروج renaissance کا ترجمہ۔
نشاتین۔ [ع۔ امث] ۱۔ دونوں جہان۔ دُنیا و آخرت۔
نشاد: [س۔ اند] ۱۔ برہمن مرد اور شودر عورت کا بیٹا (۲) ہندوستان کی اصل اور قدیم اقوام سے کوئی ایک مثلاً بھیل۔ کول۔ دراوڑ۔ گونڈ وغیرہ۔ ۳۔ ان قوموں کا ایک فرد ۴۔ ساتواں سُر نکھاد۔
نشاستہ: [ف صف] ۱۔ جمایا ہُوا۔ بیٹھا ہُوا (۲) مذ۔ گیہوں کا گودا۔ مغزِ گندم (۳) کلف۔ آہار۔ فالودہ۔ مانڈی۔ پیچ [افعال۔ جمانا وغیرہ]
نشاط: [ع۔ اند] ۱۔ خوشی۔ مسرت۔ شادمانی۔ انبساط۔ خرمی۔ فرحت (۲) عیش۔ طرب۔ مزا۔ لطف۔ حظ (۳) اُمنگ۔
نشاط افزا/ انگیز: [عف صف] خوشی زیادہ کرنے والا۔ خوشی پیدا کرنے والا۔
نشاط افزائی/ انگیزی: [عف امث] دیکھئے "نشاط افزا/ انگیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نشاط پرست: [عف صف] خوش رہنے والا۔ عیش پسند۔
نشاط پرستی: [عف۔ امث] دیکھئے "نشاط پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نشاطِ خاطر: [عف۔ امث] دیکھئے "دِل کی تسلی۔ دلجمعی۔ خاطر جمعی۔ اطمینان۔ قناعت (افعال۔ کرنا۔ رہنا۔ ہونا)

نَشاط کار: [ع ف - اند] کام کرنے کی خوشی۔ کام کرنے کی اُمنگ۔
نَشّاف: [ع - صف] جاذب۔ جذب کرنے والا۔
نِشان: [ف صف] ا۔ بٹھانے والا۔ مقرر کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔ نشان کرنے والا۔ کم کرنے والا۔ مرکبات کے اخیر میں آتا ہے جیسے جلالت نشان۔ (۲) مذ۔ آثار۔ علامت۔ ۳۔ کھوج۔ سُراغ (۴) پتا۔ نام و نشان (۵) نقش۔ ٹھپا۔ چھاپا (۶) وُہ لکیر وغیرہ جو اَن پڑھ دستخط کی جگہ کاغذ پر بناتے ہیں۔ (۷) یادگار۔ نشان۔ یادگاری (۸) اثر (۹) داغ دھبا (۱۰) کارخانوں کی مہر ٹریڈ مارک۔ چھاپ (۱۱) بادشاہ کا فرمان۔ شہزادے کا حکم (۱۲) جھنڈا علم (۱۳) وُہ انگوٹھی یا چھلا جو دُولہا کو دُلھن والے پہناتے ہیں (۱۴) پتہ/ پتا سرنامہ۔ ۱۵۔ نقش جو چلنے پر زمین پر پڑ جاتے۔ کھُرا۔ کھوج (۱۶) یادگار۔ نشانی (۱۷) تمغہ (۱۸) کسی فرقہ یا جماعت کی علامت (۱۹) زخم یا پھوڑے کا داغ جو جسم پر رہ جائے (۲۰) خاصیت۔ خصوصیت (۲۱) سُراغ (۲۲) ٹھکانا/ رہنے کا مقام (۲۳) ہدف۔ نشانہ (۲۴) ف۔ نیسب حصّہ۔ بخرہ۔
نِشان اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشان اُٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نِشان اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] جھنڈا اُٹھنا یا نکلنا۔
نِشان باقی نہ چھوڑنا / رکھنا: [ار۔ محاورہ] نیست و نابود کرنا۔ یادگار باقی نہ رہنے دینا۔ برباد کرنا۔
نِشان باقی نہ رہنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشان باقی نہ چھوڑنا / رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نِشان بردار: [ف۔ صف] علم بردار۔ جھنڈا اُٹھانے والا۔
نِشان برداری: [ف۔ امث] علم برداری۔
نِشان بنانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ علامات بنانا۔ دستخط کی جگہ لکیر وغیرہ بنانا۔
نِشان بننا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشان بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نِشان پا: [ف۔ امذ] پاؤں کا نشان۔ کھُرا۔ کھوج۔
نِشان پانا: [ار۔ محاورہ] پتا پانا۔ سُراغ پانا۔
نِشان پر سہرا چڑھانا: [ار۔ محاورہ] منّت پُوری ہونے پر جھنڈے پر سہرا لٹکانا۔
نِشان پر سہرا چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشان پر سہرا چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نِشان پڑ جانا / پڑنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ دھبا پڑنا (۲) چوٹ کی علامت باقی رہنا (۳) نقش بن جانا۔
نِشان چڑھانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ منگنی کے رمز دُولہن کو چھلا وغیرہ پہنانا۔
نِشانچی / نشلبچی: [ف۔ امذ] ا۔ علم بردار (۲) صحیح نشانہ لگانے والا۔ قادر انداز
نِشان دِہی: [ف۔ امث] پتا یا ٹھکانا بتانا (افعال: کرنا۔ ہونا)
نِشان دینا: [ار۔ محاورہ] ا۔ پتا دینا۔ سُراغ لگانا (۲) صحیح کرنا۔ تصدیق کرنا (۳) کوئی علامت بنانا یا کرنا۔
نِشان ڈالنا: [ار۔ محاورہ] کوئی علامت بنانا (۲) دھبا لگانا۔ ۳۔ مہر لگانا۔ نقش بنانا
نِشان رہ جانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ علامت / یادگار باقی رہنا (۲) دھبا رہ جانا
نِشان سے گزر جانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ ناموری حاصل کرنے کی خواہش نہ رہنا
نِشان کرنا: [ار۔ محاورہ] دھبا ڈالنا (۲) کوئی علامت بنانا (۳) صحیح کرنا۔

صادر کرنا۔
نِشان گاڑنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ جھنڈا گاڑنا۔
نِشان مِٹانا: [ار محاورہ] دیکھیے "نشان مٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نِشان مِٹنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ علامت مٹنا (۲) دھبا مٹنا (۳) مجازاً نام و نشان نہ رہنا۔
نِشان مِلنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ سُراغ ملنا۔ کھوج ملنا۔
نِشان نہ رکھنا: [ار۔ محاورہ] تباہ / برباد کرنا۔ نیست و نابود کر دینا۔
نِشان نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] پتا نہ ہونا۔
نِشان ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشان کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نِشانات: [ف۔ امذ] دیکھیے "نشان" جس کی یہ جمع ہے۔ بقاعدہ عربی ہے اور غلط ہے۔
نَشانہ / نِشانہ: [ف۔ امذ] ا۔ وُہ علامت جو تیر یا گولی مارنے کے پہلے بناتیں۔ ہدف۔ شست۔ زد (۲) ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ مقام۔ نازل ہونے کی جگہ۔
نشانہ اُڑا دینا / اُڑانا: [ار۔ محاورہ] تیر یا گولی وغیرہ کا نشانہ پر مارنا / لگانا
نشانہ اُڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشانہ اُڑا دینا / اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نشانہ انداز: [ف۔ صف] صحیح "نشانہ لگانے والا"
نشانہ اندازی: [ف۔ امث] دیکھیے "نشانہ انداز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نشانہ باندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے نشانہ بندھنا جس کا یہ متعدی ہے۔ نشانہ تاکنا۔
نشانہ بندھنا: [ار۔ محاورہ] شکار یا مشق کرنے کے وقت ہتھیار کا آنکھ کے اس طرح سامنے ہونا کہ تیر / یا گولی ٹھیک طور سے ٹھکانے پر جا لگے۔
نشانہ بنانا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشانہ بننا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نشانہ بننا: [ار۔ محاورہ] گولی یا تیر وغیرہ مارنے کی جگہ بننا (۲) گولی یا تیر لگنا (۳) کنایتاً ہدف ملامت ہونا۔
نشانہ بچنا: [ار۔ محاورہ] نشانہ خطا کرنا۔
نشانہ بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] تیر یا گولی وغیرہ کا صحیح ٹھکانے پر جا لگنا۔
نشانہ پَٹ پڑنا: [ار محاورہ] تیر / گولی وغیرہ کا ٹھیک جگہ پر نہ لگنا۔
نشانہ / نشانے پر بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] تیر / گولی وغیرہ کا ٹھیک اس جگہ لگنا جہاں کا نشانہ لیا گیا تھا (۲) مقصد پر آنا۔
نشانہ / نشانے پر پڑنا / پہنچنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشانہ پر بیٹھنا"
نشانہ تاکنا / جوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشانہ باندھنا"
نشانہ چُوکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نشانہ خطا ہونا"
نشانہ خطا کرنا: [ار محاورہ] دیکھیے "نشانہ خطا ہونا" جسکا یہ متعدی ہے۔
نشانہ خطا ہونا: [ار۔ محاورہ] تیر / گولی وغیرہ کا نشانہ پر نہ لگنا۔
نشانہ خالی نہ جانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ وار خالی نہ جانا۔ شست پہ لگنا۔
نشانہ کرنا / لگانا / مارنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ تیر وغیرہ کا شست باندھ کر نشانہ پر مارنا (۲) شکار کرنا (۳) چاندماری کرنا۔
نشانہ ہونا: [ار۔ محاورہ] ا۔ دیکھیے "نشان ہونا۔" (۲) تیر وغیرہ سے مارا جانا۔ ۳۔ آماجگاہ بننا۔ شکار ہونا۔
نشانہ ہُچ جانا: [ار۔ محاورہ] نشانہ خطا کر جانا۔

نِشانی: [ف۔امث] ۱۔ وُہ چیز جو کوئی کِسی کو بطور یادگار دے۔ یادگار۔ ۲۔ وہ کاغذ وغیرہ یا کوئی دُوسری چیز جو کتاب میں اِس صفحہ پر رکھتے ہیں۔ جہاں سے پڑھنا چھوڑیں۔ بک مارک (۳) وُہ نشان جو کپڑے یا کسی چیز پر بنا دیتے ہیں (۴) وُہ گرہ جو رُومال وغیرہ میں اس وجہ سے دیتے ہیں۔ کہ اُسے دیکھ کر کوئی کام یاد آجائے (۵) وُہ نشان جو حساب کے کاغذ پر لگاتے ہیں (۶) دھوبی کا نشان (۷) وُہ انگوٹھی جو ساچق کے روز دلہا والے دولھن کو اور دولھن والے دُولہا کو پہناتے ہیں (۸) وُہ چیز جو تصدیق کے واسطے کسی کے ہمراہ کریں (۹) شناخت۔ علامت (۱۰) آل اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔ نسل (۱۱) وہ مختلف چیزیں جو پہلے سفر کے بعد دُولھن کی طرف سے خاص خاص اعزا کو تقسیم کی جاتی ہے (۱۲) ناخواندہ اشخاص / شخص کا نشان دستخط۔

نِشانی بھیجنا: [ار۔محاورہ] کوئی چیز بطور یادگار یا تصدیق بھیجنا۔

نِشانی پاس رکھنا: [ار۔محاورہ] کوئی چیز بطور یادگار اپنے پاس رکھنا۔

نِشانی دینا: [ار۔محاورہ] کوئی چیز بطور یادگار عطا کرنا۔

نِشانی رکھنا: [ار۔محاورہ] کوئی چیز یادداشت کے لیے کتاب میں رکھنا۔

نشانی کا چھلا: [ار۔اند] وُہ چھلا جو بطور یادگار کسی کو دیں۔

نشانی کرنا: [ار۔محاورہ] ناخواندہ شخص کا دستخط کی جگہ / بجائے لکیر یا نشانی بنانا۔

نِشانے: [ار۔اند] دیکھئے "نشانہ جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

نِشتَر: [ف۔امث] (۱) پھوڑوں وغیرہ کو چیرنے کا خمدار تیز دھار کا چاقو۔

نشتَر چبھونا: [ار۔محاورہ] ۱۔ نشتر کو بدن میں داخل کرنا (۲) ایذا دینا

نشتر دینا: [ار۔محاورہ] ۱۔ نشتر لگانا۔

نِشتر زَن: [ف۔صف] فصّاد۔ فصد کھولنے والا۔ نشتر لگانے والا۔

نشتر زنی: [ف۔امث] نشتر لگانے کا فعل۔

نشتر کھانا: [ار۔محاورہ] مجازاً تکلیف اُٹھانا۔ صدمہ اُٹھانا۔

نشتر لگانا: [ار۔محاورہ] کسی عضو میں نشتر چبھونا۔

نِشتر مارنا: [ار۔محاورہ] نشتر کو بیساختہ چبھو دینا۔

نشٹ: [س۔امث] تباہی۔ بربادی (۲) صفت مفعول) کھویا ہُوا گمشدہ ۳۔ جو نظر نہ آئے۔ پنہاں (۴) تباہ۔ برباد (۵) ضائع شدہ۔ (۶) بدمعاش۔

نشٹ کرنا: [ار۔معں مرکب] ۱۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۲) مارنا۔ فنا کرنا (۳) ضائع کرنا۔ خرچ کرنا۔

نشٹ ہونا: [معں۔مرکب] دیکھئے "نشٹ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نِشٹا: [س۔امث] بدچلن عورت۔ زانیہ۔ فاحشہ۔

نِشچا: [ھ۔اند] دیکھئے "نِشچی"

نِشچِت: [س۔صف مفعول] معلوم کیا ہُوا۔ دریافت کیا ہُوا۔ تحقیق کیا ہُوا (۲) فیصلہ شدہ (۳) مقرر کیا ہُوا (۴) فیصلہ کیا ہُوا (۵ مذ) یقین (۷) فیصلہ۔ نتیجہ (۸) متعلق فعل) یقینی طور پر

نِشچت کرنا [ار۔محاورہ] تحقیق کرنا۔ دریافت کرنا۔

نشچنت [س۔صف] دیکھئے "نِچنت" بے فکر۔ بے پروا۔ جسے کوئی کام نہ ہو۔

نِشچی / نِشچے: [س۔اند] تفتیش۔ دریافت۔ تحقیقات (۲) فیصلہ۔ تشخیص (۳) علم درست یا یقینی علم (۴) رائے۔ پکی یا مستقل رائے۔ ۵۔ یقینی یا درست نتیجہ (۶) یقینی۔ بیقین (۷) اعتقاد۔ ایمان۔ اعتماد ۸۔ ارادہ۔ منشا۔ مراد (۹) (صف) یقینی (۱۰) اصلی (۱۱) متعلق فعل یقیناً یقینی طور پر (۱۲) حقیقت میں۔

نِشچے آنا / رہنا: [ار۔محاورہ] کسی بات کا یقین ہونا۔

نشچے پڑنا: [ار محاورہ] یقین ہو جانا۔ صاف ہو جانا۔

نِشچے کرکے: [ار متعلق فعل] یقیناً

نشچے کرنا: [ار محاورہ] ۱ یقین کرنا (۲) معلوم کرنا۔ دریافت کرنا (۳) فیصلہ کرنا۔ (۴) ثابت کرنا۔ تصدیق کرنا (۵) ختم کرنا (۶) اطمینان کرنا۔ اپنی تسلی کرنا (۷) ارادہ کرنا۔ قصد کرنا (۸) ذمہ لینا۔ ضمانت دینا۔

نَشر: [ع۔اند] ۱۔ پھیلانا (۲) خبر مشہور کرنا۔ منادی کرنا (۳) بکھیرنا (۴) مُردوں کو زندہ کرنا (۵) مُردوں کا زندہ ہونا (۶) مجازاً زندگی (۷) اشاعت پھیلاؤ (۸) وسعت۔ کشادگی۔ فراخی (۹) پراگندگی۔ انتشار۔ ۱۰۔ طوالت۔ درازی (۱۱) اجرا۔ بہاؤ (۱۲) خوشبو۔

نَشر: [ع صف] پراگندہ۔ پریشان۔ آوارہ۔ پھیلایا۔

نشر کرنا [ار۔محاورہ] ۱۔ بدنام۔ رُسوا کرنا۔ شہرت خراب کرنا (۲) ریڈیو کے ذریعہ شائع کرنا۔

نشر ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نشر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نشریات: [ع۔امث] ۱۔ "نشریہ" کی جمع۔ براڈکاسٹنگ۔

نشریہ: [ع۔اند] وہ بات جو ریڈیو سے شائع ہو۔

نِشَست: [ف۔امث] ۱۔ بیٹھنا۔ بیٹھک (۲) صُحبت۔ مجالست۔ ہمنشینی (۳) حالت۔ انداز۔ ٹھاٹھ (۴) اجلاس (۵) پیوستگی۔ جوڑ (۶) بیٹھنے کی جگہ (۷) کُرسی (۸) پارے کا بیٹھ جانا۔

نِشست برخاست: [ف۔امث] اُٹھنا بیٹھنا۔ آداب مجلس (افعال رہنا ہونا)

نشست پانا: [ار۔محاورہ] ٹھیک بیٹھنا۔

نشست ٹھہرانا: [ار۔محاورہ] نشست قرار دینا۔

نشست گاہ: [ف۔امث] بیٹھنے کی جگہ۔ دیوان خانہ۔ بیٹھک۔

نِشَستَہ: [ف صف] بیٹھا ہُوا۔

نِشَنگ: [س۔اند] میل۔ جوڑ۔ پیوستگی (۲) ترکش۔

نِشَنگی: [س۔صف] تیرانداز۔

نشو: [ع۔اند] اُگنا۔ پیدا ہونا (۲) پیداوار (۳) بڑھنا (۴) بالیدگی رُوئیدگی۔

نشوونما: [ع۔اند۔مث] اُگنا اور بڑھنا۔ پرورش پانا (۲) شادابی سرسبزی۔ رونق۔ ترقی۔ ظہور۔ (افعال، پانا۔ ہونا)

نُشُور: [ع۔اند] مُردوں کا قیامت کے دِن زندہ ہونا (۲) مُردوں کا زندہ ہونا۔ مُردوں کا زندہ کرنا۔ (۳) حشر۔ قیامت

نشہ: [ف۔اند] ۱۔ سرور۔ خمار۔ کیف شراب۔ بیہوشی۔ مدہوشی۔

سکر۔ وُہ کیفیت جو نشہ آور اشیا کے استعمال سے ہوتی ہے۔ (۲) جوش۔ ولولہ۔ ترنگ (۳) غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ تکبّر۔
(عربی "نشوہ" کا مفرس۔

نشہ آنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ سرور ہونا۔ نشہ چڑھنا (۲) لطف آنا۔
نشہ اُتارنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ اُترنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نشہ اُترنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ خمار جاتا رہنا۔ سرور کم ہونا (۲) ہوش میں آنا۔ غفلت سے نکلنا (۳) غرور ٹوٹنا۔
نشہ اُس نے پیا، خمار تمہیں چڑھا: [ا ر۔ مثل] کسی امیر آدمی کے رشتہ دار فخر کریں تو کہتے ہیں۔
نشہ باز: [ف۔ صف] نشہ آور چیزوں کا استعمال کرنے والا۔ شرابی۔ افیونی۔ بھنگی۔ مدکی۔ چنڈو باز وغیرہ۔
نشہ بودا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ایسا نشہ ہونا جس میں ہمت یا حرارت نہ رہے۔
نشہ پانی: [ا ر۔ امذ] نشہ آور چیزوں کا استعمال۔ نشے کی چیز کھانا پینا۔ عام طور پر بھنگ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
نشہ پانی کرانا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ پانی کرنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نشہ پانی کرنا: [ا ر۔ محاورہ] نشے کی چیزیں کھانا پینا (۲) رشوت لینا۔ کھا پی لینا۔
نشہ پیدا کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ پیدا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نشہ پیدا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] نشے کی چیزیں کھانے سے مستی کی حالت ہونا۔
نشہ جمانا: [ا ر۔ محاورہ] نشہ گانٹھنا۔ سرور گانٹھنا۔ نشے کی چیز کھانا پینا۔ خمار حاصل کرنا۔
نشہ جمنا: [ا ر۔ محاورہ] نشہ حاصل ہونا۔ نشے کا پیدا ہونا۔
نشہ جوان ہونا: [ا ر۔ محاورہ] نشے کا تیزی پر آنا۔
نشۂ جوانی: [ا ر۔ امذ] جوانی کا جوش۔
نشہ چھانا / چڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] سرور ہونا۔ بیہوشی چھا جانا۔ خوب نشہ ہونا۔ نشے کی کیفیت طاری ہونا۔ متوالا ہونا۔ مستی چھانا۔
نشۂ دولت: [ف۔ امذ] دولت کا غرور
نشہ رہنا: [ا ر۔ محاورہ] مستی قائم رہنا۔ سرور رہنا۔
نشۂ شباب: [ف۔ امذ] جوانی کا جوش (افعال۔ سے مست ہونا)
نشہ کرکرا کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ کرکرا ہونا" جس کا یہ متعدی ہے
نشہ کرکرا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] رنگ میں بھنگ ہونا۔ عیش میں خلل آنا۔ مزے میں کھنڈت پڑنا۔
نشہ کرنا: [ا ر۔ محاورہ] نشہ پیدا کرنا۔ مدہوش یا مست کرنا۔
نشہ گانٹھنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ جمانا"
نشہ لانا: [ا ر۔ محاورہ] سرور پیدا کرنا۔
نشہ مٹی کر دینا / کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ مٹی ہو جانا / ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔
نشہ مٹی ہو جانا / ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ کرکرا ہونا"
نشۂ مردانگی: [ف۔ امث] بہادری کا جوش / غرور
نشۂ مے: [ع۔ امذ] شراب کا نشہ
نشہ ہرن کر دینا / کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ ہرن ہو جانا / ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

نشہ ہرن ہو جانا / ہونا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ نشہ کافور ہو جانا۔ نشہ جاتا رہنا۔ ۲۔ ہوش و حواس کا پراگندہ رہنا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہونا (۳) بیہوشی اور غفلت سے ہوش میں آنا۔ غفلت دُور ہونا۔ ہوش آ جانا (کسی صدمے وغیرہ کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے (۴) گھمنڈ دُور ہونا۔ غرور جاتا رہنا۔
نشہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) خمار ہونا بدمست ہونا۔ متوالا ہونا۔ مدہوش ہونا۔ سرور گھٹنا۔
نشے: [ع۔ امذ] دیکھئے "نشہ" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
نشے سے بہکنا: [ا ر۔ محاورہ] بدمست ہو کر بیہودہ باتیں کرنا۔ مغرور ہونا۔
نشے کا اُتار: [ا ر۔ امذ] نشے کا کم ہونا۔ خمار کا جاتا رہنا۔
نشے کا چُور کر دینا / کرنا: [بیحد نشہ ہونا۔ بہت بدمست ہو جانا۔
نشے کا ڈورا / کے ڈورے: [ا ر۔ امذ] سُرخ لکیریں جو خمار سے آنکھوں میں ظاہر ہوتی ہیں۔
نشے کی ترنگ / لہر: [ا ر۔ امث] نشے کا جوش۔
نشے کے ڈورے چھُوٹنا: [ا ر۔ محاورہ] خمار سے آنکھوں میں سُرخی کی لکیریں آ جانا / سُرخی آ جانا۔
نشے میں بہکنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشے سے بہکنا"
نشے میں چُور کرنا: [ا ر۔ محاورہ] بیحد نشہ کرنا۔ بہت بدمست کرنا۔ مخمور اور سرشار کرنا۔
نشے میں چُور ہونا / ڈوبنا / غرق ہونا / غلطاں ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نشے میں چُور کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نشیب: [ف۔ امذ] پست یا نیچی زمین۔ وہ زمین جہاں پانی کھڑا رہے (۲) پستی۔ نچان۔
نشیب و فراز: [ف۔ امذ] ۱۔ اُونچ نیچ۔ اُتار چڑھاؤ۔ نیک و بد۔ فائدہ۔ نقصان۔ ترقی تنزل۔
نشیب و فراز دیکھنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ مختلف حالتوں میں سے گزرنا۔ زندگی کی مختلف حالتوں کا ملاحظہ کرنا۔ ۲۔ خُوب غور و فکر کرنا۔ اُونچ نیچ اچھا بُرا سوچنا۔
نشید: [ع۔ امذ] ۱۔ نغمہ۔ سُر کے الاپ (۲) وُہ اشعار جو لوگ باری باری پڑھتے ہیں
نشید خوان: [ع۔ صف] نغمہ سنج / سرا
نشیلا: [ا ر۔ صف] نشے میں بھرا ہوا۔ سرشار۔ مست۔ متوالا۔ مخمور (نشے سے لیا گیا ہے۔ فارسی میں مستعمل نہیں صرف اہل ہند کی اختراع ہے)
نشیلی: [ا ر۔ صف] دیکھئے "نشیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔
نشیلی آنکھیں: [ف۔ امث] مست آنکھیں خمار آلود آنکھیں۔
نشیمن: [ف۔ امذ] آرام کی جگہ۔ خلوت کی جگہ (۲) مکان۔ حویلی۔ محل۔ مسکن (۳) پرندوں کا گھونسلا۔ آشیانہ
نشیمن کرنا: [ا ر۔ محاورہ] گھونسلا بنانا۔ پرندوں کا رات کو بیٹھنا۔
نشیمن گاہ: [ف۔ امث] آرام گاہ۔ خلوت خانہ
نشین: [لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر نشستن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بیٹھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً گوشہ نشین۔

ن ــــ ص

نَصّ : [ع۔ امذ] ۱۔ ظاہر کرنا۔ دکھانا۔ آشکارا کرنا۔ بلند کرنا (۲) وُہ چیز جو ظاہر اور صریح ہو (۳) چھان بین۔ تحقیقات (۴) بلندی۔ اظہار۔ ظاہر۔ آشکار (۵) قرآن شریف کی وُہ آیت جس کے معنے صاف اور صریح ہوں۔

نصِ قرآنی : [ع۔ امذ] دیکھئے "نص ۵"

نصِ ناطق : [ع۔ امث] قطعی حکم۔ ایسا کلام جس میں شک و شبہ نہ ہو۔

نِصاب : [ع۔ امث] ۱۔ زر۔ سرمایہ۔ پونجی (۲) اتنا مال جس میں زکوٰۃ واجب ہو (۳) جڑ۔ بنیاد (۴) جانچ۔ تول۔ معیار۔ کسوٹی (۵) ترازو کی موٹھ (۶) چاقو کا دستہ۔ تلوار کا قبضہ (۷) پڑھائی کا کورس۔ گنجینۂ تعلیم (۸) درجہ۔ مرتبہ۔ رُتبہ (۹) قسمت نصیب۔

نِصابِ تعلیم : [ع۔ امذ] پڑھائی کا کورس۔ وُہ کتابیں یا مضامین جو کسی درجۂ تعلیم کے لیے مقرر ہوں syllabus کا ترجمہ۔

نَصارٰی : [ع۔ امذ] ۱۔ قصبہ ناصرہ جہاں حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے تھے سے منسوب۔ نصران کی جمع۔ حضرت عیسیٰؑ کے پیرو۔ عیسائی۔

نَصائح : [ع۔ امث و مذ] دیکھئے "نصیحت" جس کی یہ جمع ہے۔

نَصب : [ع۔ امذ] ۱۔ کھڑا کرنا۔ برپا کرنا۔ قائم کرنا۔ لگانا۔ گاڑنا (۲) زبر۔ فتح۔ زبر دینا / لگانا (۳) عداوت۔ دُشمنی۔

نُصبُ العین : [ع۔ امذ] اصل منشا۔ مقصد۔ اصلی۔ مدِنظر۔ منظورِ خاطر۔

نصب کرنا : [ار۔ مص مرکب] کھڑا کرنا۔ گاڑنا۔ برپا کرنا۔ قائم کرنا۔ لگانا۔

نصب ہونا : [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "نصب کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نَصر : [ع۔ امث] ۱۔ فتح۔ ظفر (۲) یاری۔ مدد۔ حمایت۔ کمک۔

نَصرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتحٌ قَرِیب : [ع۔ محاورہ] اللہ کی طرف سے مدد اور فتح قریب ہے۔ قرآن شریف کی ایک آیت ہے جو رُخصت کے وقت مسافر سے کہتے ہیں۔

نَصران : [ع۔ صف] نصرانی کی جمع

نَصرانی : [ع۔ امذ] ۱۔ عیسائی۔ حضرت عیسیٰؑ کا پیرو (ناصرہ سے جو کنعان میں ایک قریہ ہے جہاں حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے تھے۔)

نَصرانیّت : [ع۔ امث] عیسائی مذہب۔

نَصرانیہ : [ع۔ امث] دیکھئے "نصرانی" جس کی یہ تانیث ہے۔

نُصرت : [ع۔ امث] فتح۔ ظفر۔ جیت (۲) مدد / یاری۔ حمایت۔ کمک

نُصرت اثر : [ع۔ صف] فتح کا نشان رکھنے والا۔ لشکر کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے۔

نِصف : [ع۔ صف] آدھا۔ نیم۔ ½

نِصفُ النّہار : [ع۔ امذ] دن کا نصف۔ دوپہر

نصف دائرہ : [ع۔ امذ] دائرے کا نصف جس میں قطر دائرے کو دو ٹکڑوں میں برابر تقسیم کرتا ہے۔

نصف بیت : [ع۔ امث] وُہ زمین جس پر نصف مالگذاری ادا کی جائے۔

نِصف قُطر : [ع۔ امذ] آدھا قطر۔ قطر کی کل لمبائی میں سے آدھی۔

نصف کرنا : [ار۔ مص مرکب] آدھوں آدھ کرنا۔

نصف ہونا : [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "نصف کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نِصفا نصف / نِصفی : [ار۔ صف] آدھا بٹا ہوا۔ آدھوں آدھ۔

نَصَفت : [ع۔ امث] ۱۔ انصاف۔ معدلت۔ عدل۔ نیاؤ۔ داد۔

نَصَفت نشان : [ع۔ صف] انصاف کرنے والا۔ منصف۔

نَصُوح : [ع۔ امذ] ۱۔ خالص۔ صاف (۲) پکی توبہ۔ جس کے بعد گناہ نہ کرے

نَصُوحا کی توبہ : [ار۔ امث] ایسی توبہ جو پکی ہو۔

نُصُوص : [ع۔ امذ] دیکھئے "نص" جس کی یہ جمع ہے۔

نَصِیب : [ع۔ امذ] ۱۔ حصّہ۔ بخرہ (۲) قسمت۔ تقدیر۔ کرم۔ بھاگ۔ مقدر۔ طالع (۳) حاصل۔ میسّر (۴) مُبارک (۵) بجائے بدنصیبی (۶) جس کے مقدر میں کوئی بات ہو۔ ان معنوں میں مرکبات ہیں۔ جیسے حرماں نصیب۔ خوش نصیب (۷) اردو میں بھی مستعمل ہے جیسے ہمارے نصیب۔

نصیبِ اعدا : [ع کلمۂ دُعا] دُشمنوں کو نصیب ہو۔ جب کسی عزیز کی بیماری یا کسی مصیبت کا ذکر کرتے ہیں تو کہتے ہیں یعنی دُشمن کو میسّر ہو۔

نصیب بگڑنا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ شامت آنا۔ قسمت پھوٹنا۔ اقبال کا گردش میں آنا۔

نصیب پانا : [ار۔ محاورہ] قسمت پلٹا۔ قسمت ہونا۔

نصیب پلٹنا : [ار۔ محاورہ] خوش قسمتی کا بدقسمتی سے بدل جانا۔ انقلاب ہونا

نصیب پھرنا : [ار۔ محاورہ] قسمت جاگنا۔

نصیب پھوٹ جانا / پھوٹنا : [ار۔ محاورہ] قسمت بگڑنا۔

نصیب ٹیڑھا ہونا : [ار۔ محاورہ] بد اقبال ہونا۔

نصیب جاگنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نصیب جگانا" جس کا یہ لازم ہے

نصیب جگانا : [ار۔ محاورہ] ۱۔ کوشش کرکے اقبال کا زمانہ لانا۔

نصیب چمکنا / چونکنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نصیبا جاگنا"

نصیب خُفتہ : [ع۔ امذ] ۱۔ سویا ہُوا نصیب۔ بدقسمتی (۲) صف۔ [بلا اضافت] بدبخت۔ بدنصیب۔

نصیب دُشمناں : [ع کلمۂ دُعا] دیکھئے "نصیب اعدا"۔

نصیب دکھانا : [ار۔ محاورہ] قسمت کی وجہ سے ہونا۔

نصیب راہ پر آنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نصیبا جاگنا"

نصیب زوروں پر آنا : [ار۔ محاورہ] بخت یا قسمت یاور ہونا۔ خوش نصیبی کا زمانہ ہونا۔

نصیب ساتھ رہنا : [ار۔ محاورہ] بدقسمتی ہونا۔ بخت کا دھوکا دینا۔

نصیب سو جانا / سونا : [ار۔ محاورہ] بدبختی کا زمانہ ہونا۔

نصیب سے : [ار۔ متعلق فعل] قسمت سے۔ خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں کے لیے بولا جاتا ہے۔

نصیب سیدھا ہونا : [ار۔ محاورہ] قسمت یاور ہونا۔

نصیب کا بُرائی کر جانا : [ار۔ محاورہ] قسمت کا مخالف ہونا۔

نصیب کا تارا / ستارا : [ار۔ امذ] قسمت۔ نصیب

نصیب کا تارا / ستارہ چمکنا: [ا ر۔ محاورہ] نصیب پھرنا۔ قسمت یاور ہونا۔
نصیب کا لکھا: [ا ر۔ امذ] نوشتۂ تقدیر۔ قسمت کا لکھا۔ بدقسمتی اور بدنصیبی کے موقع پر بولتے ہیں۔
نصیب کہاں لے جانا: [ا ر۔ محاورہ] قسمت کا کہیں لے جانا۔ قسمت کی وجہ سے کہیں جانا۔
نصیب کرنا: [ا ر۔ محاورہ] دینا۔ بہم پہنچانا۔ عنایت کرنا۔ عطا کرنا۔
نصیب کو رونا: [ا ر۔ محاورہ] بدقسمتی کی شکایت کرنا۔
نصیب کھل جانا / کھلنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نصیب پھرنا"
نصیب کی شامت: [ا ر۔ امث] بدقسمتی۔ گردش۔ تقدیر۔ بدنصیبی۔
نصیب کی قسم کھانا: [ا ر۔ محاورہ] کسی کی خوش نصیبی کا حلف اٹھانا۔
نصیب کیا دکھاتا ہے: [ا ر۔ محاورہ] کیا پیش آتا ہے۔
نصیب لڑانا: [ا ر۔ محاورہ] قسمت یا تقدیر آزمائی کرنا۔ کسی بات کے لیے کوشش کرنا۔
نصیب لڑنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ اقبال یا بخت یاور ہونا۔ اقبال مند ہونا (۲) شادی ہونا (عموماً کہاں کے ساتھ)
نصیب ملنا: [ا ر۔ محاورہ] نصیب ہونا۔ قسمت ہونا۔ خدا کی طرف سے قسمت میں ہونا۔
نصیب میں لکھا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] قسمت میں ہونا۔ نوشتۂ تقدیر ہونا۔
نصیب نہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] میسر نہ ہونا۔ بہم نہ ہونا۔
نصیب ور: [عف۔ صف] خوش قسمت۔ خوش اقبال
نصیب ہو چکا: [ا ر۔ محاورہ] نصیب نہیں ہوسکتا۔ ناممکن ہے۔ ممکن نہیں۔
نصیب ہونا: [ا ر۔ محاورہ] میسر ہونا۔ حاصل ہونا۔ ملنا۔
نصیب یاور ہونا: [ا ر۔ محاورہ] خوش قسمتی ہونا۔
نصیبا: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "نصیب ۲"
نصیبا الٹنا: [ا ر۔ محاورہ] قسمت کا پلٹا کھانا۔ بدقسمتی کا زمانہ آنا۔
نصیبا پھر جانا / پھرنا / جاگنا / چمکنا / سکندر ہونا: [ا ر محاورہ] قسمت پھر جانا۔ اقبال بخت / طالع ور ہونا۔ اچھے دن آنا۔
نصیبا چمک رہا ہے: [ا ر۔ محاورہ] مقصد حسب دل خواہ حاصل ہونے والا ہے۔
نصیبا سو جانا: [ا ر۔ محاورہ] بدبختی آنا۔ برے دن آنا۔ بدقسمتی کا زمانہ آنا۔
نصیبا سیدھا ہونا: [ا ر۔ محاورہ] نصیبا جاگنا۔
نصیبا کھل جانا / کھلنا: [ا ر۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے "نصیبا سیدھا ہونا۔
۲۔ شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔"
نصیبا لڑنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نصیبا پھرنا" وغیرہ۔
نصیبوں: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "نصیب" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے
نصیبوں پر پتھر پڑنا: [ا ر۔ محاورہ] بدنصیب ہونا۔ مصیبت پڑنا۔
نصیبوں جلا: [ا ر۔ صف۔ مذ] بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔
نصیبوں جلی: [ا ر۔ صف۔ مث] دیکھئے "نصیبوں جلا" جس کی یہ تانیث ہے
نصیبوں سے: [ا ر۔ متعلق۔ فعل] قسمت سے نصیب سے۔
نصیبوں کا تارا چمکنا: [ا ر۔ محاورہ] خوش قسمتی کا زمانہ آنا۔
نصیبوں کا لکھا: [ا ر۔ امذ] قسمت کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔
نصیبوں کو دعا دو: [ا ر۔ محاورہ] قسمت کا شکر کرو۔ تقدیر کا حق گاؤ / مانو
نصیبوں کو رونا / کوسنا: [ا ر۔ محاورہ] بدقسمتی کی شکایت کرنا۔ تقدیر پر رونا۔
نصیبوں کو روتے گا: [ا ر محاورہ] اپنی قسمت پر افسوس کرے گا۔
نصیبوں کی خوبی: [ا ر۔ امث] طنزاً۔ بدقسمتی۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔
نصیبوں کی شامت: [ا ر۔ امث] قسمت کی برائی۔
نصیبوں کی گرہ کھلنا: [ا ر۔ محاورہ] قسمت میں ہونا۔
نصیبوں کے بلبلا پکائی کھیر ہو گیا دلیا: [ا ر۔ مثل] قسمت کی بدنصیبی کیا کچھ اور ہو گیا کچھ۔
نصیبوں میں ہونا: [ا ر۔ محاورہ] قسمت میں ہونا
نصیبہ: [ع۔ امذ] دیکھئے "نصیبا" جو اس کا بگاڑ ہے۔
نصیبی: [ع۔ امث] نصیب قسمت۔ مرکبات میں جیسے خوش نصیبی (۲) صف) نصیب کا۔
نصیبے: [ع۔ امذ] دیکھئے۔ "نصیبا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
نصیبے کا پھیر: [ا ر۔ امذ] قسمت کی گردش۔
نصیبے کا حاتم / دھنی / سکندر: [ا ر صف] بیحد خوش قسمت۔ خوش اقبال۔ خوش نصیب۔
نصیبے کا یاوری کرنا: [ا ر۔ محاورہ] قسمت کا یاوری کرنا۔ خوش قسمتی ہونا۔
نصیبے میں: [ا ر متعلق۔ فعل] قسمت میں۔ مقسوم میں۔
نصیبے ور / نصیبہ ور: [ا ر عف صف] اقبال مند۔ صاحب نصیب۔ خوش قسمت۔ صحیح "نصیبہ ور" ہے۔
نَصِیحَت: [ع۔ امث] اچھی صلاح۔ نیک مشورہ۔ پند (۲) تنبیہہ گوشمالی۔ فہمائش۔ عبرت۔
نصیحت آمیز: [عف۔ صف] وہ بات جس میں نیک صلاح / مشورہ شامل ہو (۲) وہ کھیل تماشہ / کہانی جس میں عبرت دلانیوالی بات ہو۔
نصیحت بہ لقمان آموختن: [ف۔ مثل] واقف آدمی کو کوئی بات بتلانا۔
نصیحت پانا: [ا ر محاورہ] پند حاصل کرنا۔ عبرت ہونا۔ متنبہ ہونا۔ (۲) سزا ملنا۔ پاداش ملنا۔
نصیحت پر چلنا / عمل کرنا: [ا ر۔ مص مرکب] دوسرے کے مشورے کے مطابق کام کرنا۔
نصیحت پذیر: [عف۔ صف] نصیحت پر عمل کرنے والا۔
نصیحت دینا: [ا ر مص مرکب] سمجھانا۔ بھلی بات کہنا۔ نیک صلاح دینا۔ ۲۔ سزا دینا۔
نصیحت قبول کرنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "نصیحت پر چلنا"
نصیحت کرنا: [ا ر۔ مص مرکب] دیکھئے "نصیحت دینا"
نصیحت گر / گزار / گو: [عف صف] نصیحت کرنے والا۔
نصیحت گری / گزاری / گوئی: [عف۔ امث] دیکھئے "نصیحت گر / گزار / گر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نصیحت نامہ: [عف۔ امذ] وہ تحریر جس میں نصیحت ہو۔
نصیحت ہونا: [ا ر۔ محاورہ] پند کا موثر ہونا۔ بھلائی کی بات حاصل ہونا۔ عبرت ہونا۔
نصیر: [ع۔ صف] مددکرنیوالا۔ مددگار۔ معاون (۲) مذ۔ دوست۔ یار۔ ۳۔ خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

ن - ض

نَضَارَت: [ع۔ امث] ۱۔ تازگی۔ سرسبزی (۲) آبداری۔ چمک دمک۔

۲. خوبصورتی۔ حسن

نُضج: [ع۔ اند] ۱۔ میوے کا پکنا۔ پختگی (۲) مادے کا پکنا (۳) گوشت وغیرہ کا پکنا یا تیار ہونا۔ ۴ (طب) خلط فاسد کا غلیظ یا رقیق ہو کر نکلنا۔

نَضیج: [ع۔ صف] ۱۔ پکا ہوا۔ پختہ (جیسے میوہ) اچھی طرح پکا ہوا (گوشت مراد) ۲۔ نرم گداز

نضیج الرائے: [ع۔ صف] پختہ رائے۔

نَضیر: [ع۔ صف] ۱۔ آب دار۔ تازہ (۲) زر۔ سونا

ن — ط

نِطع: [ع۔ اند] چمڑے کا دسترخوان جو کپڑے کے دسترخوان کے نیچے بچھاتے ہیں۔ ۲۔ چمڑے کا ٹکڑا جس پر کھیلیں / کام کریں / یا مجرم کو قتل کریں۔ اصلاً چمڑے کا بچھونا۔

نُطفہ: [ع۔ اند] منی۔ دیرج (۲) آب صاف شفاف (۳) اولاد۔ ذ: ابیدہ جزا۔ سمندر۔

نُطفہ بنت العنب: [ع۔ اند] حرامزادہ جس کا نطفہ شراب کے نشے کی حالت میں ٹھہرا ہو۔

نطفہ بے تحقیق: [ع۔ اند] حرمزادہ۔ حرامی۔ ولد الزنا۔ جس کے متعلق یہ نہ پتا ہو کہ کس کے نطفے سے ہے (۲) فتنہ پرداز۔ بدذات۔ شریر۔ شرارتی۔

نُطفہ ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] حمل رہنا / ہونا۔ پیٹ میں بچہ ہونا

نُطفہ حرام: [ع۔ اند] دیکھئے " نطفہ بے تحقیق"

نُطفہ قرار پانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے " نطفہ ٹھہرنا"

نُطق: [ع۔ اند] بولنے کی طاقت۔ گویائی (۲) بات۔ گفت گو۔

نِطاق: [ع۔ اند] (کمر کا پٹکا)

نَطول: [ع۔ اند] دواؤں کا گرم پانی ڈالنا۔ دواؤں کے پانی کا تریڑا۔

ن — ظ

نَظارت: [ع۔ امث] کسی چیز کو دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا۔ نظر کرنا (۲) محافظت۔ نگرانی۔ نگہبانی (۳) ناظر کا عہدہ۔ ناظر کا کام (۴) ناظر کا دفتر۔

نَظّارگی: [عف۔ امث] دیکھنا۔ دید بازی۔ نظارہ بازی (۲) صف۔ دیکھنے والا۔ نظارہ کرنے والا۔ نظر ڈالنے والا۔ نظر باز۔ تماشائی۔

نَظّارہ: [ع۔ اند] ۱۔ دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) نظر بازی۔ گھورا۔ گھوری۔ دید بازی عاشق کا معشوق کو دیکھنا (۳) وُہ چیز جو دیکھی جائے۔ منظر (۴) تماشہ۔ تماشہ بسر (۵) نظر۔ نگاہ۔ چتون۔ چت۔

نظارہ باز: [عف۔ صف] نظر بازی کرنے والا۔ تاڑنے والا۔

نظارہ بازی: [عف۔ امث] دیکھئے " نظارہ باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

نظارہ پسند / سنج / فریب: [ف۔ صف] نظر کو لبھانے والا۔

نظارہ کرنا: [ار مص مرکب] دیکھنا

نظارہ مارنا: [ار۔ محاورہ] دیکھنا۔ گھورنا۔ تاکنا۔ جھانکنا

نَظافت: [ع۔ امث] پاکیزگی۔ صفائی۔

نِظام: [ع۔ اند] موتیوں کی لڑی (۲) جڑ۔ بنیاد (۳) سلسلہ۔ ترتیب (۴) بندوبست۔ انتظام (۵) آراستگی (۶) نواب دکن کا موروثی خطاب ۷۔ طریقہ۔ روش (۸) صلاح کار (۹) ترتیب۔

نظام الاوقات: [ع۔ اند] پروگرام

نظامِ بطلیموس: [ع۔ اند۔ بہ ترکیب فارسی] حکیم بطلیموس کا نظام جس میں زمین کو مرکز قرار دیا گیا۔ اور اس کے گرد سورج، چاند، ستارے سب کو گردش کرتے مانا گیا ہے۔

نظامِ شمسی: [ع۔ اند] سورج اور دوسرے سیاروں کی گردش کا نظام۔ سورج کے گرد سیاروں کی گردش کا طریقہ۔

نظامت: [ع۔ اند] دیکھئے " ناظم " کا عہدہ یا کام۔ directorate کا ترجمہ۔

نظامی: [ف۔ صف] سلسلہ نظامیہ کا مرید

نظامیہ: [ع۔ امث] بغداد کی قدیم یونیورسٹی (۲) جنگی فوج (۳) تصوف کا ایک سلسلہ جو حضرت نظام الدین اولیاء سے منسوب ہے۔

نظائر: [ع۔ اند] دیکھئے " نظیر" جس کی یہ جمع ہے۔

نَظَر: [ع۔ امث] بغور دیکھنا (۲) نگاہ۔ آنکھ (۳) بصارت (۴) غور۔ تامل (۵) نگرانی۔ دیکھ بھال (۶) تمیز۔ شناخت۔ جانچ۔ پرکھ (۷) توجہ۔ مہربانی (۸) معائنہ (۹) اندازہ۔ تخمینہ (۱۰) آیت۔ توقع (۱۱) بھوت پریت کا اثر۔ آسیب۔

نظر آنا / دکھائی دینا: [ار۔ محاورہ] سوجھنا (۲) دھیان میں آنا

نظر اتارنا: [ار۔ محاورہ] صدقہ دینا کسی عمل یا منتر سے بری نظر کا اثر دور کرنا۔

نظر اٹھانا: [ار۔ محاورہ] نگاہ اٹھانا۔ اوپر دیکھنا آنکھ اونچی کرنا۔

نظر اٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] اتفاقاً نگاہ پڑ جانا۔ اتفاقاً دیکھ لینا۔

نظر اٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے " نظر اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر التفات: [ع۔ امث] ۱۔ توجہ۔ (۲) مہربانی۔

نظر اللہ پر رکھنا / ہونا: [ار۔ محاورہ] خدا پر بھروسا رکھنا۔ مایوس نہ ہونا۔

نظر انداز کرنا: [ار مص مرکب] ۱۔ توجہ نہ کرنا (۲) ناپسند کرنا (۳) نامنظور کرنا۔ ۴۔ نگاہ سے گرانا۔

نظر انداز ہونا: [ار۔ مص مرکب] دیکھئے " نظر انداز کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر اندازی: [عف۔ امث] جانچ (۲) چشم پوشی

نظر باز: [عف۔ صف] نیک و بد پہچاننے والا۔ تاڑ لینے والا۔ بھانپ لینے والا (۲) حسن پرست۔

نظر بازی: [عف۔ امث] گھورا گھوری۔ تاک جھانک۔

نظر باندھنا: [ار۔ محاورہ] نظر بندی کرنا۔ شعبدہ بازی۔

نظر بچا جانا / بچانا: [ار۔ محاورہ] آنکھ چرانا۔ کترانا۔ بچ کر نکل جانا۔ ۲۔ ٹالنا۔

نظر بد: [عف۔ امث] بری نظر (۲) بری نظر کا اثر۔

نظر بدلنا: [ار۔ محاورہ] سلوک میں فرق آنا۔ ۲۔ ارادہ بدلنا۔ نیت بدلنا۔

نظر بڑھنا: [ار۔ محاورہ] نگاہ کی قوت زیادہ ہونا۔ بصیرت زیادہ ہونا۔

نظر بند: [عف۔ امث] وُہ شخص جسے عدالت میں مقدمہ چلائے اور سزا دیئے بغیر قید میں رکھا جائے یا اس کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی جائے۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)

نظر بندی: [ف۔ امث] دیکھئے " نظر بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

نظر بھر کر دیکھنا: [ا۔ر۔ محاورہ] خوب غور سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا۔

نظر پتھر میں تاثیر کرتی ہے: [ا۔ر۔ مثل] نظر بد کا اثر پتھر سی سخت چیز پر بھی ہوتا ہے۔

نظر پتھرا جانا: [ا۔ر۔ محاورہ] بینائی جاتی رہنا۔ مرنے وقت آنکھوں کا بے نور ہو جانا۔ نگاہ کا ایک ہی جگہ ٹھہر جانا۔

نظر / نظروں پر چڑھنا: [ا۔ر۔ محاورہ] دِل کو بھانا۔ پسند آنا۔ وقعت پانا (۲) ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ دُشمنی کی نظر سے دیکھا جانا (۳) جچنا۔ اندازہ کیا جانا نگاہ میں ٹھہرنا (۴) نظر لگ جانا۔

نظر پڑ جانا / پڑنا: [ا۔ر۔ محاورہ] دکھائی دینا۔ دھیان میں آجانا (۲) اتفاقاً نظر آنا (۳) کسی چیز پر نگاہ جانا (۴) کسی چیز کو نظرِ خواہش سے دیکھنا۔

نظر پھرنا / پھر جانا: [ا۔ر۔ محاورہ] ناراض ہو جانا۔ بے مُروّت ہو جانا۔

نظر پھسلنا: [ا۔ر۔ محاورہ] نگاہ نہ ٹھہرنا۔ کسی چیز کا نہایت صاف اور شفاف ہونا۔

نظر پھیر لینا: [ا۔ر۔ محاورہ] ہر طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر نگاہ دوڑانا۔

نظر پھینکنا: [ا۔ر۔ محاورہ] نگاہ ڈالنا۔ دیکھنا۔

نظر پیدا کرنا: [ا۔ر۔ محاورہ] جانچ کی صلاحیت حاصل کرنا۔ قابلیت پیدا کرنا۔ ملکہ حاصل کرنا۔

نظر تاڑ لینا: [ا۔ر۔ محاورہ] انداز نگاہ سے سمجھ لینا۔

نظر تیز پڑنا: [ا۔ر۔ محاورہ] غصہ کی نگاہ پڑنا۔ غصہ سے دیکھا جانا۔

نظر ٹھہرنا: [ا۔ر۔ محاورہ] نظر جمنا (بیشتر نفی کے ساتھ مستعمل ہے)

نظرِ ثانی: [ف۔ امث] دوبارہ دیکھنا۔ ترمیم یا تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا۔

نظرِ ثانی کرنا: [ا۔ر۔ مص مرکب] پڑتال کرنا۔ پھر دیکھنا (۲) ترمیم و تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا۔

نظر جانا: [ا۔ر۔ محاورہ] ا۔ نگاہ کی رسائی ہونا۔

نظر جلانا: [ا۔ر۔ محاورہ] نظر بد کا دفیعہ۔ کپڑے کو نوے کی سیاہی مل کر اور تیل میں بھگو کر بیمار کے سامنے جلاتے ہیں۔

نظر جلنا: [ا۔ر۔ محاورہ] دیکھیے "نظر جلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر جمانا: [ا۔ر۔ محاورہ] نگاہ کا کسی پر ٹھہرانا۔ نگاہ کا کسی پر قائم کرنا۔

نظر جمنا: [ا۔ر۔ محاورہ] دیکھیے "نظر جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر جھاڑنا: [ا۔ر۔ محاورہ] افسوں اور دُعا پڑھ کر دفع نظر بد کی تدبیر کرنا۔

نظر جھڑنا: [ا۔ر۔ محاورہ] دیکھیے "نظر جھاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر جھپکنا: [ا۔ر۔ محاورہ] کسی چمکدار چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا چندھیا جانا۔

نظر چار سُو ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] چاروں طرف نگاہ رکھنا۔ ہوشیار رہنا۔ چوکنا ہونا۔

نظر چرانا: [ا۔ر۔ محاورہ] نظر بچانا۔ کترانا۔ نظر ملا کر نہ دیکھنا (۲) کام سے پہلو تہی کرنا۔

نظر چڑھنا: [ا۔ر۔ محاورہ] ا۔ نگاہ میں جچنا۔ قدر پانا (۲) پرکھا جانا (۳) پسند آنا۔ دل کو بھانا (۴) نظر بد لگنا (۵) معزز ہونا۔ وقعت پانا (۶) حقیر ہونا

نظر خدا پر ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] مایوسی کا عالم ہونا۔

نظر خیرہ ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] روشن اور چمکیلی چیز دیکھ کر نظر چندھیا جانا۔ (۲) آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا۔

نظر دُرست ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] تیور اچھے ہونا۔

نظر دو چار ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] نگاہ کا نگاہ کے سامنے ہونا۔

نظر دوڑانا: [ا۔ر۔ محاورہ] تلاش کرنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا (۲) غور کرنا۔ دیکھنا۔ جائزہ لینا۔

نظر دوڑنا: [ا۔ر۔ محاورہ] دیکھیے "نظر دوڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر ڈالنا: [ا۔ر۔ محاورہ] نگاہ کرنا۔ دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔ سرسری نظر سے دیکھنا۔

نظر رکھنا: [ا۔ر۔ محاورہ] توجہ رکھنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ عاشقانہ نگاہ ڈالنا (۲) خبر رکھنا۔ نگرانی کرنا (۳) ارادہ رکھنا۔ نیت رکھنا (۴) شناخت رکھنا۔ تمیز رکھنا (۵) امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔

نظر سے: [ا۔ر۔ متعلق فعل] لحاظ کر کے۔ خیال کر کے۔

نظر سے اُتارنا / نظروں سے اُتارنا / گرانا: [ا۔ر۔ محاورہ] ذلیل و حقیر کر دینا۔ بے عزت کرنا۔

نظر سے اُترنا / نظروں سے اُترنا / گرنا: [ا۔ر۔ محاورہ] دیکھیے "نظر سے اُتارنا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے۔

نظر سے اوجھل ہونا / نظروں سے اوجھل ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] پاس سے الگ ہونا۔ سامنے سے ہٹنا۔

نظر سے پہچاننا / نظروں سے پہچاننا: [ا۔ر۔ محاورہ] دیکھ کر تاڑ لینا۔

نظر سے ٹپکنا: [ا۔ر۔ محاورہ] نگاہ سے ظاہر ہونا۔ تیور سے ظاہر ہونا۔

نظر / نظروں سے دُور کرنا: [ا۔ر۔ محاورہ] نظر سے اوجھل کر دینا۔

نظر / نظروں سے دُور ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] دیکھیے "نظر / نظروں سے دُور کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر سے گزرنا: [ا۔ر۔ محاورہ] تجربہ ہونا۔ دیکھا جانا۔

نظر سے نظر دو چار ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] آنکھ سے آنکھ ملنا۔ باہم ملاقات ہونا۔

نظر سے نظر ملنا: [ا۔ر۔ محاورہ] رُو برُو ہونا۔ آنکھیں چار ہونا۔ آنکھ سے آنکھ ملنا۔

نظر سے نکل جانا / نکلنا: [ا۔ر۔ محاورہ] ا۔ دیکھنے میں آنا۔ آنکھوں کے سامنے سے گزرنا (۲) نظر سے غائب ہونا۔

نظر سیدھی ہونا: [ا۔ر۔ محاورہ] مہربانی کی نظر ہونا۔

نظرِ غلط انداز: [ف۔ صف] معشوق کی وہ نظر جو عاشقوں کو دھوکا دے ایسی نگاہ سے دیکھنا کہ معلوم نہ ہو سکے کہ دیکھ رہا ہے۔

نظر فریب: [ف۔ صف] نظر کو لبھانے والا۔

نظر کا اندیشہ: [ا۔ر۔ اند] نظر کا ڈر۔ نظر لگ جانے کا خوف۔

نظر کا تعویذ: [ا۔ر۔ اند] وہ تعویذ جو دفع نظر کے لیے لکھتے ہیں۔

نظر کا ٹوٹکا: [ا۔ر۔ اند] دستور ہے جب کوئی نظر بد کے اثر سے بیمار ہو جاتا ہے تو نظر لگانے والے کی پلکیں لے کر آگ میں جلاتے ہیں۔ اس ٹوٹکے سے نظر کا اثر دفع ہو جاتا ہے۔

نظر کا کام کرنا: [ا۔ر۔ محاورہ] جس چیز میں جو دیکھنا مقصود ہو اُس کا نظر آنا۔

نظر کا کھا جانا / اثر کر جانا: [ا۔ر۔ محاورہ] نظر بد کا کام کر جانا۔

چشم بد سے ضرر پہنچنا۔

نظر کا نظر سے دو چار ہونا: [ا ر۔ محاورہ] آنکھ کا آنکھ سے ملنا۔

نظر کردہ / یافتہ: [ف۔ صف] منظورِ نظر

نظر کرنا / ڈالنا: [ا ر۔ محاورہ] اشارہ کرنا۔ توجہ کرنا۔ نگاہ کرنا۔ ۲۔ لالچ کرنا

نظر کش: [ف۔ صف] لبھانے والا۔

نظر کے سامنے رکھنا: [ا ر۔ محاورہ] اپنے رُوبرُو رکھنا سامنے سے ہٹنے نہ دینا۔

نظر کیمیا اثر: [ف۔ امث] وُہ نظر جو فیض پہنچانے والی ہو۔

نظر گاہ: [ف۔ امث] سیر گاہ۔ تماشا گاہ۔

نظر گُزر: [ف۔ امث] چشم بد کا اثر۔ وُہ چیز جو نظر کا اثر بد دُور کرنے کے لیے الگ کر دیتے ہیں۔ [افعال: ہونا۔ کرنا]

نظر گزر کا: [ا ر۔ صف] وُہ چیز جو نظر لگ جانے کے خوف سے تھوڑی سی کسی کو دی جاتے یا زمین پر گرا دی جائے۔

نظر گزر کا ٹیکا: [ا ر۔ امذ] عورتیں بچوں کے ماتھے پر دفع نظر بد کے لیے کاجل کا ٹیکا لگا دیتی ہیں۔

نظر گڑنا: [ا ر۔ محاورہ] نظر کا کسی جگہ جمنا۔

نظر لڑانا: [ا ر۔ محاورہ] آنکھ کا آنکھ کے مقابل کرنا۔

نظر لڑنا / لڑ جانا: [ا ر۔ محاورہ] ایک کی نگاہ کا دُوسرے کی نگاہ سے دو چار ہونا۔

نظر لگا: [ا ر۔ صف] وُہ چیز یا شخص جس پر نظر بد کا اثر ہُوا ہو۔

نظر لگانا: [ا ر۔ محاورہ] بُری نظر کا اثر کرنا۔

نظر لگنا / لگ جانا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نظر لگانا" جس کا یہ لازم ہے

نظر مارنا: [ا ر۔ محاورہ] آنکھ مارنا۔ اشارہ کرنا۔

نظر ملانا: [ا ر۔ محاورہ] آنکھ سامنے کرنا۔

نظر ملنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "آنکھ ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر میں: [ا ر۔ متعلق فعل] نگاہ میں۔ آنکھ میں (۲) رُوبرو۔ سامنے۔ دھیان میں خیال میں (۳) شناخت میں۔ تمیز میں (۴) دیکھنے میں۔

نظر میں آنا: [ا ر۔ محاورہ] معلوم ہونا۔ سُجھائی دینا (۲) دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا۔ ۳۔ ٹوک میں آنا۔ نظر بد کا اثر ہونا۔

نظر / نظروں میں بھانپنا: [ا ر۔ محاورہ] نظر میں تاڑ لینا۔

نظر / نظروں میں پھرنا: [ا ر۔ محاورہ] با وقعت ہونا۔ باعزت ہونا۔

نظر / نظروں میں پھرنا / پھر جانا: [ا ر۔ محاورہ] تصوّر میں آ جانا۔ آنکھوں کے سامنے دکھائی دینا۔

نظر / نظروں میں تاڑ لینا: [ا ر۔ محاورہ] نگاہ سے بھانپ لینا۔

نظر / نظروں میں تلنا: [ا ر۔ محاورہ] دھیان میں ہونا۔ نگاہ سے جانچا جانا۔

نظر / نظروں میں تولنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نظر / نظروں میں تلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

نظر / نظروں میں ٹھہرنا: [ا ر۔ محاورہ] کسی چیز کا نگاہ میں جچنا۔

نظر / نظروں میں جانچ لینا: [ا ر۔ محاورہ] اندازہ کر لینا۔

نظر / نظروں میں جچنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھئے "نظر / نظروں میں جانچ لینا" جس کا یہ لازم ہے۔

نظر / نظروں میں جمنا: [ا ر۔ محاورہ] نگاہ میں باوقعت ہونا۔

نظر / نظروں میں جہان اندھیر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کنایۃً بہت زیادہ غم اور مصیبت۔

نظر / نظروں میں چبھنا: [ا ر۔ محاورہ] بُرا معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔

نظر / نظروں میں چڑھنا: [ا ر۔ محاورہ] نگاہ کو بیش قیمت یا عالی رُتبہ معلوم ہونا۔ بہت پسند آنا۔

نظر / نظروں میں حقیر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دِل سے اُتر جانا۔ قدر کھو بیٹھنا بے وقعت ہونا۔

نظر / نظروں میں خار ہونا: [ا ر۔ محاورہ] بُرا لگنا۔ ناگوار ہونا۔

نظر / نظروں میں رکھنا: [ا ر۔ محاورہ] دھیان میں رکھنا۔ زیرِ نگرانی رکھنا۔

نظر / نظروں میں رہنا: [ا ر۔ محاورہ] کسی کا کسی کے سامنے رہنا کسی کے خیال میں رہنا۔

نظر / نظروں میں سُبک ہونا: [ا ر۔ محاورہ] بے وقعت ہونا۔

نظر / نظروں میں سمانا: [ا ر۔ محاورہ] پیارا لگنا۔ مقبول ہونا۔ صاحب وقعت

نظر / نظروں میں ضعف آنا: [ا ر۔ محاورہ] نگاہ کا کمزور ہو جانا

نظر / نظروں میں کھُبنا: [ا ر۔ محاورہ] اچھا لگنا۔ پسند آنا

نظر / نظروں میں کھٹکنا: [ا ر۔ محاورہ] بُرا معلوم ہونا۔ ناگوار ہونا ناقابلِ برداشت ہونا۔

نظر / نظروں میں ہونا: [ا ر۔ محاورہ] خیال میں ہونا۔ دھیان میں ہونا

نظر نہ آنا: [ا ر۔ محاورہ] دکھائی نہ دینا۔ ناپید ہونا۔

نظر نہ ہونا: [ا ر۔ محاورہ] توجہ نہ ہونا۔ پروا نہ ہونا۔

نظر نہیں آتا: [ا ر۔ روزمرہ] سجھائی نہیں دیتا۔ اُمید نہیں۔

نظر والا: [ا ر۔ صف] وہ شخص جس کو نظر لگی ہو (۲) اہلِ نظر۔

نظر ہایا: [ا ر۔ صف] وہ شخص جس کی نظر سے لوگوں کو نقصان پہنچے۔ ۲۔ بدیدہ

نظر ہائی: [ا ر۔ صف مث] دیکھئے "نظر ہایا" جس کی یہ تانیث ہے۔

نظر ہو جانا: [ا ر۔ محاورہ] نظر لگ جانا۔ چشم بد کا اثر ہونا (۲) جن و پری کا سایہ ہونا۔ توجہ ہونا۔

نظر ہونا: [ا ر۔ محاورہ] شناخت ہونا۔ تمیز ہونا۔ پرکھ ہونا۔ جانچ ہونا۔ چشم بد کا اثر ہونا (۲) علمِ نجوم میں ایک ستارے کا دُوسرے ستارے پر اثر انداز ہونا۔ (۴) توقع ہونا۔ آسرا ہونا۔

نظرا جانا / نظرایا جانا: [ا ر۔ محاورہ] چشم بد کا اثر ہونا۔ نظر لگ جانا۔

نظرائی دینا: [ا ر۔ محاورہ] دکھائی دینا۔ نظر آنا۔

نظروں میں غائب ہونا: [ا ر۔ محاورہ] آنکھوں کے سامنے سے کسی چیز کا جاتا رہنا۔ دیکھتے ہی دیکھتے کسی چیز کا گم ہو جانا۔

نظروں میں غبار / چھا جانا: [ا ر۔ محاورہ] دُھندلا نظر آنا۔

نظروں میں لگنا: [ا ر۔ محاورہ] نظروں میں چڑھنا۔

نظروں نظروں میں: [ا ر۔ متعلق فعل] نگاہوں کے سامنے۔ آنکھوں میں۔

نظروں نظروں میں کھائے جانا: [ا ر۔ محاورہ] آنکھوں سے غصہ اور خفگی کا اظہار کرنا۔ لال پیلی آنکھیں دکھانا (۲) معشوق کا اس طرح دیکھنا کہ عاشق پر خاص اثر ہو۔

نظری: [ع۔صف] ۱۔ وہ چیز جو منظور ہو (۲) بدیہی کا مقابل (۳) پامال۔ بے وقعت۔ نظر سے گرا ہوا (۴) ناحق (۵) خیالی۔ قیاسی (۶) وہ علم جس میں موجودات کے تصور سے بحث کی جاتی ہے۔
نظرے: [ف] ایک نگاہ۔
نظرے خوش گزرے: [ف۔صف] جلدی سے گزر جانے والی نگاہ۔ اڑتی ہوئی نظر۔
نظریات: [ع۔اند] مسائل فکری۔ اصول۔ قاعدے۔ خیالات۔
نظریاتی: [ع۔صف] دیکھئے "نظریات" جس سے یہ منسوب ہے۔
نظریں چرا کر دیکھنا: [ار۔محاورہ] نگاہ بچا کر دیکھنا۔ چھپ چھپ کر دیکھنا کنکھیوں سے دیکھنا۔
نظریہ: [ع۔اند] وہ مسئلہ جس میں نظر و فکر سے کام لیا جائے۔ تھیوری۔ اصول۔
نظریۂ ارتقاء: [ع۔اند۔ ترکیب فارسی] ڈارون کا نظریہ کہ جاندار چیزوں کو کسی نے موجودہ شکل میں خلق نہیں کیا ہے۔ بلکہ ہر شے بقائے اصلح اور انتخاب کے اصول کے تحت بدلتی اور ترقی کرتی رہتی ہے۔
نظریۂ اضافیت: [ع۔اند۔ ترکیب فارسی] آئن سٹائن کا نظریہ کہ زمان و مکان مطلق حقیقت نہیں ہیں۔ بلکہ اضافی حیثیت رکھتے ہیں۔
نظم: [ع۔امث] لڑی۔ سلک (۲) موزوں۔ کلام۔ شعر (۳ مذ) بندوبست۔ انتظام۔
نظم آزاد: [عف۔اند] نظم کی وہ قسم جس میں مصرعے چھوٹے بڑے ہوتے ہیں اور قافیہ نہیں ہوتا۔
نظم سنج / گستر: [ف۔صف] شاعر
نظم سنجی / گستری: [ف۔امث] دیکھئے "نظم سنج" وغیرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نظم کرنا: [ار۔محاورہ] منظوم کرنا۔ موزوں اشعار میں لکھنا۔
نظم معریٰ: [ع۔امث] ایسی نظم جس میں قافیے نہ ہوں۔
نظم و نسق: [ف۔اند] بندوبست۔ انتظام۔ حکومت کا قاعدہ۔
نظم ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نظم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نظیر: [ع۔صف] مانند۔ مثل (۲) نمونہ۔ مثال۔ تمثیل۔
نظیر دینا: [ار۔محاورہ] حوالہ دینا۔ مثال پیش کرنا۔
نظیف: [ع۔صف] پاکیزہ۔ پاک۔ حلال۔

ن — ع

نعت: [ع۔امث] مدح۔ ثناء۔ تعریف و توصیف (۲) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف میں مدحیہ اشعار۔
نعتیہ: [ع۔صف] دیکھئے "نعت" جس سے یہ منسوب ہے۔
نعتیہ کلام: [ع۔اند] حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف میں کہے ہوئے اشعار۔
نعرہ: [ع۔اند] للکار۔ بلند آواز۔ شور (۲) آہ و بکا۔ شور و شین۔
نعرہ زن: [عف۔صف] للکارنے والا۔ نعرہ مارنے والا۔ فریاد کرنے والا۔
نعرہ زنی: [عف۔صف] دیکھئے "نعرہ زن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نعرہ کرنا: [ار۔مص مرکب] للکارنا۔ زور کی آواز نکالنا۔ پکارنا (۲) فریاد کرنا۔ شور کرنا
نعرہ کھینچنا: [ار۔محاورہ] نعرہ مارنا۔
نعرہ لگانا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نعرہ مارنا"۔

نعرہ مارنا: [ار۔محاورہ] ۱۔ للکارنا۔ زور کی آواز نکالنا۔ پکارنا (۲) فریاد کرنا۔ شور مچانا
نعش: [ع۔امث] تابوت۔ ارتھی۔ (۲) لاش۔ میت۔
نعش اٹھانا: [ار۔محاورہ] میت لے کر جانا جنازہ اٹھانا۔
نعش اٹھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نعش اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نعش کی تشہیر کرنا: [ار۔محاورہ] نعش کی بطور سزا تشہیر کرنا۔
نعل: [ع۔امث] جوتا۔ کفش۔ پاپوش (۲) گھوڑے کے سُم میں لگنے کا آہنی حلقہ (۳) لوہا جو جوتی کی ایڑی میں مضبوطی کے واسطے لگاتے ہیں (۴) خراج۔ نذرانہ جو حاکم یا رئیس کو دیا جائے۔
نعل باندھنا: [ار۔محاورہ] گھوڑوں کے سموں میں آہنی حلقے جڑنا۔
نعل بندھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نعل باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نعل بند: [عف۔صف] نعل باندھنے والا۔
نعل بندی: [عف۔امث] دیکھئے "نعل بند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نعل بہا: [عف۔اند] وہ خراج یا ٹیکس جو کمزور حکومت زبردست حکمران کو ادا کرے۔
نعل چوبی: [ف۔اند] لکڑی کی کھڑاؤں۔
نعل در آتش: [ف۔صف] بیقرار۔ مضطرب۔ گھبرایا ہوا۔ بے چین۔
نعل لگانا: [ار۔محاورہ] لوہے کا حلقہ جوتی کی ایڑی یا چوپاؤں کے سُم میں لگانا۔
نعل لگنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نعل لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نعلین: [ع۔امث] "نعل کا تثنیہ" جوتی کا جوڑا۔ دونوں جوتیاں۔
نعلین تحت العین: [ع۔مقولہ] جوتوں کو اپنی نگاہ کے سامنے رکھنا چاہیئے تاکہ کوئی چرا نہ لے۔
نعم / نعما: [ع۔امث] دیکھئے "نعمت" جس کی یہ جمع ہے۔
نعم البدل: [ع۔اند] اچھا بدلہ۔ نیک عوض۔ **نعمت:** [ع۔امث] مال و دولت۔ ثروت (۲) بخشش۔ عطیہ (۳) لذیذ چیز
نعمت پروردہ: [عف۔صف] نازوں پالا ہوا۔ عیش و آرام میں پرورش پایا ہوا۔
نعمت خانہ: [عف۔اند] وہ مکان جہاں امراء کھانا کھاتے ہیں (۳) وہ لکڑی کی جالی دار الماری جس میں کھانا رکھتے ہیں۔
نعمت عظمیٰ: [عف۔امث] بڑی نعمت۔
نعمت غیر مترقبہ: [عف۔امث] وہ نعمت جس کے ملنے کا سان گمان نہ ہو۔
نعمت کدہ: [عف۔اند] نعمت کا گھر۔ کنایتہً بہشت۔
نعمت کی بان کا کلیجا: [ار۔اند] کوئی عمدہ چیز۔
نعناع / نعنع: [ع۔اند] پودینہ۔
نعوذ: [ع۔کلمہ پناہ] ہم پناہ مانگتے ہیں۔
نعوذ باللہ: [ع۔کلمہ پناہ] ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں۔ خدا کی پناہ۔ خدا بچائے۔ خدا محفوظ رکھے۔ اللہ امان میں رکھے۔
نعوظ: [ع۔اند] شہوت۔ عضو تناسل کا کھڑا ہونا۔ ایستادگی۔ انتشار۔
نعیم: [ع۔اند] ۱۔ نیکی (۲) نعمت۔ مال (۳) پہنچ۔ رسائی (۴) لاڈ۔ پیار۔ ناز (۵) انعام میں ملی ہوئی چیز (۶) صاحب نعمت۔ نعمت والا۔

ن ــــ غ

نغز: [ف۔صف] خوب۔ عمدہ۔ اچھا۔ اعلیٰ۔ افضل۔ فائق
نغزک: [عف۔اند] خوب عمدہ اچھی چیز۔
نغزک گوئی: [عف۔امث] عمدہ اسلوب بیان۔
نغمات/نغم [ع۔اند] دیکھئے "نغمہ" جس کی یہ جمع ہے۔
نغمگی: [عف۔امث] نغمے کی کیفیت۔ نغمہ پن۔
نغمہ: [ع۔اند] راگ۔ گیت۔ ترانہ۔ سُریلی آواز۔ ترنم۔
نغمہ پرداز/ریز/سنج/زن/طراز/سر/کار: [عف۔صف] اچھا گانے والا۔ اچھا شعر کہنے والا۔
نغمہ پردازی/ریزی/سنجی/زنی/طرازی/سرائی: [عف۔امث] دیکھئے "نغمہ پرداز" وغیرہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نغمہ تر: [عف۔اند] دلچسپ گانا۔ عمدہ گانا۔

ن ــــ ف

نفاخ: [ع۔صف] پھونک مارنے والا۔ پھیلانے والا (۲) ریح پیدا کرنیوالا۔ پیٹ میں ہوا کرنے والا۔ بادی
نفاختا: [ار۔صف۔عو] منافق۔ مکار۔ چالباز دوغلا۔
نفاختی: [ار۔صف۔مث] بے وقعت۔ ذلیل۔ حقیر۔ تھوڑی چیز۔
نفاذ: [ع۔اند] جاری ہونا۔ صدور۔ ایک چیز کا دوسری سے نکلنا۔ عائد ہونا۔ لاگو ہونا۔
نفاس: [ع۔اند] وُہ خون جو عورت کو بچہ جننے کے چالیس (۴۰) روز بعد تک ٹپکتا رہے۔
نفاست: [ع۔امث] خوبی۔ عمدگی۔ لطافت۔ صفائی۔ پاکیزگی۔
نفاق: [ع۔اند] پھوٹ۔ ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی (۲) بگاڑ۔ نا اتفاقی
نفاق پڑنا: [ار۔محاورہ] پھوٹ پڑنا۔ آپس میں بگاڑ ہونا۔
نفاق ڈالنا: [ار۔محاورہ] پھوٹ ڈالنا۔
نفاق رکھنا۔ [ار۔محاورہ] کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا۔ کپٹ رکھنا
نفاقیا: [ار۔صف] دوغلا۔ منافق۔ نفاختا۔
نفائس: [ع۔اند] دیکھئے "نفیسہ" جس کی یہ جمع ہے۔
نفت: [ف۔اند] مٹی کا تیل۔
نفت انداز: [عف۔صف] گولہ انداز۔
نفتیا: [ار۔اند] ایک قسم کا کبوتر جس کا رنگ نیلا اور پر سفید ہوتے ہیں۔
نفخ: [ع۔امث] پھونکنا (۲) ہوا سے بھرنا (۳) پھونکنا۔
نفخ صور: [عف۔اند] وُہ صور جو قیامت کے روز حضرت اسرافیل بجائیں گے اسکی آواز
نفر: [ف۔اند] تین سے دس تک آدمیوں کا گروہ (۲) نوکر ملازم۔ ادنیٰ خادم۔ ۳۔ کام کرنے والا (۴) مزدور (۵) ایک آدمی (۶) سائیس
نفرا: [ار۔اند] نہایت ذلیل نوکر، کمین، ادنیٰ آدمی۔

نفرائی: [ار۔امث۔ق] نوکری۔ خدمت گاری۔
نفرت: [ع۔امث] گھن۔ کراہت (۲) بیزاری۔ تنفر (۳) ناپسندیدگی۔ ناگواری
نفرت آنا: [ار۔محاورہ] کراہت معلوم ہونا۔
نفرت انگیز: [عف۔صف] نفرت بڑھانے والا۔ نفرت دینے والا۔
نفرت رکھنا: [ار۔محاورہ] گھن کرنا۔ کسی چیز سے متنفر کرنا۔
نفرت زدہ: [عف۔صف] وُہ شخص جس سے لوگ نفرت کریں۔
نفرت کرنا/کھانا: [ار۔محاورہ] کراہت محسوس کرنا (۲) حقارت کی نظر سے دیکھنا۔
نفرت کلی: [عف۔امث] سخت نفرت۔ قطعی نفرت۔
نفرت ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نفرت کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نفری: [ار۔امث] روزانہ مزدوری۔ اُجرت (۲) ایک آدمی کا ایک دن کا کام۔ (۳) فی آدمی (۴) تعداد۔
نفری میں نخرا کیا: [ار۔مثل] واجبی حق دینے میں احسان نہیں ہوتا۔
نفرین: [ع۔امث] ملامت۔ پھٹکار۔ لعنت۔
نفرین اٹھانا: [ار۔محاورہ] لعنت ملامت برداشت کرنا۔
نفرین اُٹھنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نفرین اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے
نفرین کرنا: [ار۔مص] لعنت کرنا۔ پھٹکار کرنا۔
نفرین ہونا: [ار۔مص] دیکھئے "نفرین کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نفس: [ع۔اند] سانس۔ تنفس (۲) گھڑی۔ ساعت۔ دقیقہ
نفس بازپس/بازپسیں/واپسیں: [عف۔اند] حالتِ نزع میں آخری سانس جو جا کر نہ آئے۔
نفس تنگ: [عف۔اند] جو سانس دشواری سے آئے
نفس سرد: [عف۔اند] آہ سرد۔ ٹھنڈی سانس۔
نفس شماری: [عف۔امث] حالت نزع۔ جب سانس گنے جائیں
نفس گرم: [عف۔اند] گرم آہ۔ جلے دل کی فریاد۔
نفس: [ع۔اند] جان روح (۲) ذات۔ وجود۔ ہستی (۳) حقیقت اصلیت (۴) اصل شے۔ ہست (۵) لب لباب (۶) (ار) عضو تناسل (۷) خواہش نفسانی۔
نفس الامر: [ع۔اند] اصل مدعا۔ واقعی بات۔ درحقیقت
نفس الامری: [ع۔صف] دیکھئے "نفس الامر" جس سے یہ منسوب ہے۔
نفس امارہ: [عف۔اند] بہت حکم کرنے والا۔ انسان کی وُہ خواہش جو برائی کی طرف مائل کرے۔
نفس بہیمی: [عف۔اند] چوپایوں کی جان۔ حیوانی خواہش۔ وُہ خواہش جو حیوانوں کو بُری عادتوں کی طرف زبردستی کھینچتی ہے۔
نفس پرست/پرور: [عف۔صف] شہوت پرست۔ عیاش۔
نفس پرستی/پروری: [عف۔امث] دیکھئے "نفس پرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نفس رُبا: [عف۔صف] وہ کلام جس کا تلفظ سہل ہو جسکا پڑھنا آسان ہو۔
نفس کش: [عف۔صف] نفسانی خواہش کو کچلنے والا (۲) زاہد۔ پرہیزگار۔
نفس کشتہ ہونا: [ار۔محاورہ] نفسانی خواہش نہ رہنا۔

نفس کُشی: [عف۔ امث] دیکھئے "نفس کُش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نفس لوّامہ: [ع۔صف] گناہ سرزد ہونے کے بعد اپنے آپ کو لعنت ملامت کرنے والا نفس۔
نفس مارنا: [ار۔ محاورہ] دُنیاوی خواہشوں کو کُچلنا۔ دل کو مارنا۔ طبیعت پر قابو پانا۔
نفس مطلب، مضمون: [عف۔ اذ] اصل مُدّعا۔ منشاء۔
نفس مطمئنہ: [ع۔ اذ] حکم الٰہی پر چلنے والا۔ نفس جو بُری عادتوں سے پاک صاف ہو۔
نفس ناطقہ: [ع۔ اذ] ۱۔ بولنے والی انسانی رُوح (۲) وُہ شخص جو کسی دُوسرے کی ناک کا بال بنا ہو۔
نفس نفیس: [ع۔ اذ] ۱۔ خدا کی ذات پاک (۲) ذات خاص۔ خود ذات
نفسا نفسی: [ار۔ صف] خود غرضی۔
نفسانی: [ع۔ صف] دیکھئے "نفس" جس سے یہ منسوب ہے۔
نفسانیت: [ع۔ امث] خود غرضی۔ غرُور۔ نخوت۔
نفسی: [ع۔ صف] دیکھئے "نفس" جس سے یہ منسوب ہے۔
نفسی نفسی: [ع۔ امث] اپنی اپنی ذات کی خود غرضی [افعال، پڑنا]
نفسی نفسی کا دن: [ار۔ اذ] روز قیامت۔
نفسیات: [ع۔ اذ] نفس سے متعلق باتیں (۲) علم النفس
psychology
نفسیاتی: [ف۔ صف] تحت الشعُور سے متعلق۔ نفسیات سے منسُوب۔
نفسیاتی جنگ: [عف۔ اذ] دیکھئے "سرد جنگ"۔
نفط: [ع۔ اذ] دیکھئے "نفت" جس کا یہ معرب ہے۔
نفسیاتی تجزیہ: [ع۔ اذ] انسان کے ذہنی محرکات اور اعمال کی جانچ پڑتال۔
نفع: [ع۔ اذ] فائدہ۔ حاصل۔ نتیجہ۔ پھل۔ ثمرہ (۲) منافع۔ سُود۔
نفع اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] فائدہ حاصل کرنا۔
نفع دیکھنا: [ار۔ محاورہ] فائدہ دیکھنا۔
نفع رساں: [عف۔ صف] فائدہ پہنچانے والا۔
نفع رسانی: [عف۔ امث] دیکھئے "نفع رساں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نفع نقصان: [عف۔ اذ] بُرائی۔ بھلائی۔ بُرا بھلا (۲) علم الحساب کا ایک قاعدہ۔ تجارت میں نفع اور نقصان معلوم کیا جانا۔
نفقہ: [ع۔ اذ] بال بچوں کا خرچ۔ گزارہ۔ کفالت۔ بیوی کے روٹی کپڑے کا خرچ جو خاوند کے ذمے ہوتا ہے۔
نفل: [ع۔ اذ] وُہ عبادت جو فرض نہ ہو۔ وُہ نماز جو فرض، واجب اور سُنّت کے علاوہ پڑھی جائے۔ زائد عبادت جو شکرانے کے طور پر ادا کیجائے۔
نفلی: [ع۔ صف] دیکھئے "نفل" جس سے یہ منسُوب ہے۔
نفوذ: [ع۔ اذ] سرائت کرنا۔ اندر گھسنا (۲) گزرنا۔ جاری ہونا۔ اثر کرنا۔ [افعال، کرنا۔ ہونا]
نفور: [ع۔ صف] نفرت کرنے والا (۲) بھاگنے والا
نفوس: [ع۔ اذ] دیکھئے "نفس" بمعنی جان جس کی یہ جمع ہے۔
نفوس قدسیہ: [عف۔ اذ] پاک رُوحیں (۲) بزرگان دین (۳) پیغمبر اور فرشتے (۴) نیک مخلوق۔ نیک لوگ۔ نیک ہستیاں۔
نفی: [ع۔ امث] اثبات کی ضد۔ کسی چیز کے وجُود سے انکار کرنا۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]

نفی میں جواب دینا: [ار۔ محاورہ] انکار کرنا۔ نامنظور کرنا۔ نہیں کرنا۔
نفیر: [ع۔ صف] نفرت کرنے والا۔ متنفّر (۲) وُہ لوگ جو کسی کام کے لیے آگے آگے جائیں (۳) ف۔ امث) آواز جو سونے کی حالت میں نکلتی ہے (۴) نفیری۔ شہنائی۔ تُرئی (۵) نالہ۔ فریاد۔ چیخ پکار۔ واویلا۔
نفیرچی: [ف۔ صف] نفیری بجانے والا
نفیری: [ف۔ امث] شہنائی۔ ترئی۔ الغوزہ۔
نفیس: [ع۔ صف] عمدہ۔ اعلیٰ (۲) قیمتی۔ بیش قیمت (۳) لطیف۔ پاکیزہ۔ پاک صاف
نفیسہ: [ع۔ صف۔ مث] دیکھئے "نفیس" جس کی یہ تانیث ہے۔
نفیسی: [ار۔ امث] کلائی کا ایک زیور۔

ن ـــــ ق

نقّاب: [ع۔ اذ] نقب لگانے والا۔ سُرنگ کھودنے والا۔ سُوراخ کرنے والا۔
نقاب: [ع۔ اذ] گھونگھٹ۔ برقع۔ چہرے پر ڈالنے کا پردہ۔
نقاب اُٹھانا / اُلٹنا / کھولنا: [ار۔ محاورہ] پردہ ہٹانا۔ مُنہ سے پردہ سرکانا
نقاب پوش: [عف۔ صف] وُہ شخص جو مُنہ پر پردہ ڈالے ہوئے ہے۔
نقاب چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] مُنہ پر پردہ ڈال لینا۔ چہرہ چھپالینا۔
نقاب دار: [عف۔ صف] پردہ پوش۔ نقاب پہننے والا۔
نقاب ڈالنا: [ار۔ محاورہ] چہرے کو پردے سے ڈھانپ لینا۔
نقّاد: [ع۔ صف] پرکھنے والا۔ کھوٹا کھرا دیکھنے والا (۲) اچھائی بُرائی ظاہر کرنے والا (۳) تنقید اور تبصرہ کرنے والا۔
نقارچی: [ف۔ اذ] نقارہ بجانے والا۔ نوبت بجانے والا۔
نقارخانہ: [ف۔ اذ] نوبت بجانے کی جگہ۔ نوبت خانہ۔
نقارخانے میں طوطی کی آواز کون سُنتا ہے: [ار۔ مثل] بہت شور وغل میں کمزور آواز کوئی نہیں سُن سکتا (۲) بڑے لوگوں کی رائے کے مقابلہ میں چھوٹوں کی آواز اَن سُنی ہو کر رہ جاتی ہے۔
نقارہ: [ف۔ اذ] نوبت۔ طبل
نقارہ بجاتے پھرنا: [ار۔ محاورہ] مُنادی کرتے پھرنا۔ مشتہر کرتے پھرنا۔
نقارہ بجا کے: [ار۔ متعلق فعل] کھُلم کھُلّا۔ علانیہ۔
نقارہ پر چوب پڑنا: [ار۔ محاورہ] نقارہ چوب سے بجاتے ہیں۔ نقارہ بجنا۔
نقارہ ہو جانا: [ار۔ محاورہ] پھُول جانا۔ اپھر جانا۔
نقارے باج دمامے باج گئے: [ار۔ مثل] بڑی دھوم اور شہرت ہوئی۔ دھوم مچ گئی۔
نقارے کی چوٹ: [ار۔ امث] کھُلے بندوں۔ علانیہ
نقّاش: [ع۔ صف] نقش بنانے والا۔ رنگ ساز۔ نقش و نگار بنانے والا۔ مُصوّر
نقاشِ ازل: [ع۔ اذ] کنایۃً خدا۔
نقّاشی: [ع۔ امث] دیکھئے "نقاش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نقاط: [ع۔ اذ] دیکھئے "نقطہ" جس کی یہ جمع ہے۔
نقّال: [ع۔ اذ] بھانڈ۔ نقلیں کرنے والا۔ مسخرا۔ بہروپیا۔
نقالی: [ار۔ امث] دیکھئے "نقال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نَقاہَت: [ع۔ امث] ضعف۔ کمزوری۔ ناتوانی۔ ناطاقتی۔
نَقائِض: [ع۔ امذ] دیکھئے "نقیض" جس کی یہ جمع ہے۔
نَقب: [ع۔ امث] سیندھ۔ سُرنگ۔ شگاف۔ دیوار میں بڑا سوراخ۔
نَقب زن / افگن: [عف۔ امذ] سیندھ لگانے والا۔ سُرنگ کھودنے والا۔ سُرنگ لگانیوالا
نَقب زنی / افگنی: [عف۔ امث] دیکھئے "نقب زن / افگن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
نَقب لگانا: [ار۔ محاورہ] دیوار یا فصیل میں سوراخ کرنا۔ سیندھ لگانا۔ دیوار شق کرنا۔
نَقد: [ع۔ امث] (۱) ادا کرنا (۲) سکہ کا کھرا کھوٹا پرکھنا (۳) سونے یا چاندی کا سکہ (۴) وُہ رقم جو فوراً ادا کی جائے (۵) پونجی۔ سرمایہ۔
نَقدِ جان / دِل: [ع۔ امذ] جان اور دل جو سب سے بڑی دولت ہیں۔
نَقدِ دَم: [ع۔ صف] اکیلا۔ مجرّد۔ تن تنہا [افعال : رہنا۔ ہونا]
نقد را بہ نسیہ گزاشتن کارِ خردمنداں نیست: [ف۔ مقولہ] آئندہ نفع کی اُمید پر موجودہ نفع کو چھوڑنا خلافِ عقل ہے۔
نقدمال: [ع۔ امذ] نعمت۔ تر مال۔ عمدہ مال۔
نقدنامہ: [عف۔ امث] نقد ادائیگی کا سرٹیفکیٹ۔
نقد و تبصرہ: [ع۔ امذ] کسی کتاب کی بُرائی بھلائی کو پرکھنا۔ اور اسکے متعلق رائے دینا
نقد و جنس: [ع۔ امذ] دھن دولت۔ مال اسباب۔ روپیہ پیسہ۔
نقدِ وقت: [ع۔ امذ] سرِ دست۔ ابھی۔ اِسی وقت
نقدا نقد: [ار۔ متعلق فعل] ہاتھوں ہاتھ۔ دست بدست۔ ایک ہاتھ لینا، دُوسرے ہاتھ دینا۔ اُسی وقت ادا کرنا۔ فوراً قیمت دینا۔ اُدھار نہ کرنا۔
نقدہٗ حُرٌ منتہ: [ع۔ مقولہ] نقد دینے میں بڑی عزت ہے۔
نقدی: [ار۔ امث] روپیہ۔ مال و زر۔ دولت رقم۔
نقدی بنانا: [ار۔ محاورہ] نقد رقم حاصل کرنا۔ روپیہ پیدا کرنا۔
نقرِس: [ع۔ امذ] ایک قسم کا گنٹھیا (۲) وُہ درد جو پاؤں کے انگوٹھے میں ہوتا ہے۔ پاؤں کے انگوٹھے کا گنٹھیا۔
نُقرہ: [ع۔ امذ] چاندی (۲) ہر وُہ چیز جو سفید ہو (۳) (ار) سفید گھوڑا جس کی آنکھیں بھوری ہوں
نُقرۂ خام / سیم: [عف۔ امذ] خالص چاندی۔
نُقرہ خِنگ: [ع۔ امذ] نقرہ گھوڑا۔ سفید گھوڑا۔
نُقرئی: [ع۔ امث] دیکھئے "نقرہ" جس سے یہ منسوب ہے۔
نَقش: [ع۔ امذ] نگار۔ صُورت۔ شبیہہ۔ مُورت۔ مُورتی۔ تصویر (۲) پھول بوٹوں کا کام۔ گل کاری۔ بیل بوٹے۔ کندکاری (۳) چھاپ۔ مُہر۔ ٹھپا (۴) نرد کی بازی میں جیت کا داؤں۔ ایک قسم کا جُوا (۵) تعویذ (۶) نشان۔ کھوج علامت (۷) خیال۔ تصوّر (۸) تاثیر۔ اثر (۹) جادُو۔ ٹونا۔ افسون۔ منتر (۱۰) لکھا ہُوا۔ منقوش۔ کھدا ہُوا۔
نقشِ آب / برآب: [عف۔ امذ] فانی۔ جلد مٹ جانیوالا۔ بے ثبات۔ باطل۔
نقش اُبھرنا: [ار۔ محاورہ] نقش کا سطح سے اُونچا ہو جانا۔
نقش اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] کسی تحریر کے حروف اسطرح مٹانا کہ دھبّا نہ پڑے۔

نقشِ اوّل: [عف۔ امذ] مسودہ۔ پہلی تحریر۔
نقشِ باطل: [عف۔ امذ] نقش جو مٹا دینے کے قابل ہو۔ فانی۔ مٹ جانے والا
نقش بٹھانا: [ار۔ محاورہ] رُعب جمانا۔ رسُوخ پیدا کرنا۔ سکہ بٹھانا۔
نقش بر / بہ دیوار: [عف صف] حیران۔ متعجب۔ متحیّر۔ حیرت زدہ۔ ہکا بکا۔ بے حس و حرکت
نقش بند: [عف۔ امذ] نقاش۔ مصوّر (۲) نقش کیا ہُوا۔
نقش بندی: [عف۔ امث] دیکھئے "نقش بند" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
نقش بندیہ: [عف۔ امث] صُوفیائے کرام کا ایک سلسلہ جو حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند سے چلا ہے۔
نقش بھرنا: [ار۔ محاورہ] تعویذ کے خانوں کو پُر کرنا۔
نقش بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] اثر ہو جانا۔ قائم ہو جانا (۲) کسی کے دل میں کسی کی جگہ ہو جانا (۳) نشان بن جانا۔
نقشِ پا / قدم: [ع۔ امذ] پاؤں کا نشان۔ سُراغ۔ کھوج۔
نقش پرداز: [عف۔ امذ] مصوّر۔ نقاش۔
نقش پردازی: [عف۔ امث] دیکھئے "نقش پرداز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے۔
نقشِ تسخیر: [ع۔ امذ] وہ تعویذ جس سے محبوب قابو میں آ جائے۔
نقشِ ثانی: [عف۔ امذ] دُوسرا نقش جو پہلے نقش یا تحریر سے بہتر ہوتا ہے
نقش جمانا: [ار۔ محاورہ] رُعب بٹھانا۔ متاثر کرنا۔ رسُوخ پیدا کرنا۔
نقش جمنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نقش جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقشِ حُب: [ع۔ امذ] بہ ترکیب فارسی۔ محبت کا تعویذ۔
نقشِ حیرت: [عف] حیرانی کی تصویر۔ کنایۃً حیران۔ مبہوت
نقش دل کرنا: [ار۔ محاورہ] دل پہ کندہ کرنا۔ دل میں جمالینا۔ خوب یاد رکھنا۔
نقش دِل ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نقش دِل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقشِ دیوار: [عف۔ امذ] حیران و سراسیمہ
نقشِ دیوار بن جانا / ہو جانا: [ار۔ محاورہ] بے حس و حرکت ہو جانا۔ سکتے کے عالم میں ہو جانا۔
نقشِ سُویدا: [ع۔ امذ بترکیب فارسی] وُہ سیاہ داغ جو دل میں ہوتا ہے۔
نقش طراز / گر: [عف۔ امذ] نقاش۔ مصوّر
نقش طرازی / گری: [عف۔ امث] نقاشی۔ مصوّری۔
نقشِ قدم پر چلنا: [ار۔ محاورہ] کسی کی پُوری پُوری تقلید کرنا۔
نقش کالحجر: [ع۔ امذ] پتھر کی لکیر۔ پتھر کے نشان کی مانند۔ نہ مٹنے والا۔ مستقل۔ [افعال : ہو جانا۔ ہونا]
نقش کرنا: [ار۔ مص مرکب] نقش کھودنا۔ چھاپنا۔ جمانا۔
نقش کندہ کرنا: [ار۔ مص مرکب] نقش کھودنا۔
نقش کھینچنا: [ار۔ محاورہ] نقشہ کھینچنا۔
نقش کی چال: [ار۔ امث] وہ ترتیب جس سے نقش یا تعویذ کے خانے پُر کرتے ہیں۔
نقش گھولنا: [ار۔ محاورہ] تعویذ کو پانی یا کسی مشروب میں دھونا۔
نقش لکھنا: [ار۔ محاورہ] عامل کا تعویذ لکھنا۔
نقش مٹانا: [ار۔ محاورہ] کسی قسم کے نشانوں کو خواہ وُہ تحریر سے متعلق

ہوں۔ یا تصویر سے دھوڈالنا یا بگاڑ دینا۔
نقش مٹنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقش مٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقش مُراد: [ع۔ اذ۔ بہ ترکیب فارسی] مُراد کا نقش سے کرنا۔
نقش ونگار: [عف۔ اذ] بیل بوٹے۔ پھُول پتّی
نقش ہو جانا: [ا ر۔ محاورہ] یقین ہو جانا۔
نقش ہونا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقشاں چُننا: [ا ر۔ محاورہ ق] عیب گیری کرنا۔
نَقشَہ: [ع۔ اذ] تصویر شبیہہ۔ رُوپ۔ صُورت۔ شکل۔ چہرہ۔ حُلیہ (۲) ساخت۔ بناوٹ (۳) طرز۔ سج دھج۔ وضع قطع (۴) نمونہ۔ مثال۔ خاکہ۔ چربہ (۵) عمارت یا اور کسی چیز کی صورت جو لبطور خاکہ تیار کی جائے (۶) سانچا۔ قالب۔ ڈھانچہ (۸) حالت۔ کیفیت۔ عالم (۹) بُرا حال (۱۰) فہرست۔ فرد (۱۱) چالان۔ مال کی خانہ پُری (۱۲) شطرنج کی چال۔
نقشہ آنکھوں کے سامنے ہونا: [ا ر۔ محاورہ] کسی چیز کی کیفیت عالم تصوّر میں پیش نظر ہونا۔
نقشہ اُتارنا / بنانا: [ا ر۔ محاورہ] تصویر کھینچنا۔ فوٹو لینا۔ خاکہ بنانا۔
نقشہ اُترنا / بننا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقشہ اُتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقشہ اُڑانا: [ا ر۔ محاورہ] چربہ اُتارنا۔ طرز کی نقل کرنا۔
نقشہ اُڑنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقشہ اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقشہ بدلنا / بدل جانا: [ا ر۔ محاورہ] حالت یا شکل کا متغیر ہو جانا۔
نقشہ بگاڑنا: [ا ر۔ محاورہ] صُورت بگاڑنا۔ حال سے بے حال کر دینا۔
نقشہ بگڑنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقشہ بگاڑنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقشہ بن کر بگڑ جانا: [ا ر۔ محاورہ] حالت سنبھل کر خراب ہو جانا۔
نقشہ پیدائش واموات: [ا ر۔ اذ] وُہ رجسٹر جس میں کسی علاقہ کی پیدائش و اموات درج کی جاتی ہے۔
نَقشہ پیما: [ا ر۔ اذ] ہر نقشے کے نیچے ایک پیمانہ دیا جاتا ہے کہ ایک انچ اتنے میلوں کے برابر ہے اسے نقشہ پیما کہتے ہیں۔ انگریزی لفظ چارٹو میٹر chartometer کا ترجمہ۔
نقشہ تیز ہونا: [ا ر۔ محاورہ] قبال یاور ہونا۔ دَور دَورہ ہونا۔
نقشہ جمانا / جما لینا: [ا ر۔ محاورہ] کسی بات کی بنیاد ڈالنا (۲) ڈھب لگانا (۳) اعتبار جمانا۔ رسُوخ حاصل کرنا (۴) تصوّر جمانا (۵) تدبیر کرنا۔
نقشہ جم کر اکھڑ جانا: [ا ر۔ محاورہ] اثر پیدا ہو کر مٹ جانا۔
نقشہ جمنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقشہ جمانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقشہ حدود ولبست: [ا ر۔ اذ] وُہ نقشہ جس میں کھیتوں کی حد بندی درج ہو۔ پیمائش دیہہ کی فہرست۔
نقشہ کھنچ جانا: [ا ر۔ محاورہ] صُورت آنکھوں کے سامنے آجانا۔
نقشہ میں رنگ بھرنا: [ا ر۔ محاورہ] خاکہ میں رنگ بھرنا۔
نقشہ نکالنا: [ا ر۔ محاورہ] الزام لگا کے بدنام کرنا۔
نقشہ نکلنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقشہ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقشہ نویس: [عف صف] نقشہ بنانے والا۔ مصوّر۔ (۲) عدالتوں میں ایک عہدے کا نام۔

نقشی / نقشیں: [ف۔ صف] منقش جس پر نقش بنے ہوں۔
نَقص: [ع۔ اذ] کم کرنا۔ کم ہونا (۲) کمی۔ کوتاہی۔ کسر (۳) عیب۔ بُرائی۔ کھوٹ
نقص نکالنا: [ا ر۔ محاورہ] عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا۔
نقص نکلنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقص نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نُقصان: [ا ر۔ محاورہ] کمی۔ کوتاہی۔ قباحت۔ حرج۔ ضرر۔ خسارہ۔ گھاٹا۔
نقصان اُٹھانا: [ا ر۔ محاورہ] خسارہ برداشت کرنا۔
نقصان بھرنا: [ا ر۔ محاورہ] گھاٹا دینا۔ خسارہ پُورا کرنا
نقصان پہنچانا: [ا ر۔ محاورہ] ایذا دینا۔ ضرر پہنچانا۔
نقصان پہنچنا: [ا ر۔ محاورہ] دیکھیے "نقصان پہنچانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نقصان رساں: [عف صف] نقصان پہنچانے والا
نقصان رسانی: [عف۔ امث] دیکھیے "نقصان رساں" جس کا اسم کیفیت ہے۔
نقصان کرنا: [ا ر مص مرکب] کام بگاڑنا۔ حرج کرنا۔ فائدہ سے باز رکھنا (۲) تکلیف دینا۔ بگاڑ کرنا۔ ضرر پہنچانا (۳) ضائع کرنا۔ کھونا۔ خراب کرنا۔
نقصان مایہ و شماتت ہمسایہ: [ف۔ مثل] اپنے نقصان اور دُوسرے کی لعنت ملامت کے احتمال پر بولتے ہیں۔
نقصان ہونا: [ا ر مص مرکب] دیکھیے "نقصان کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نَقض: [ع۔ اذ] ٹوٹ پھُوٹ۔ توڑنا پھوڑنا۔ بگاڑنا۔
نقض امن: [ع۔ اذ بترکیب فارسی] جھگڑا فساد۔ امن شکنی
نقض عہد: [ع۔ اذ بترکیب فارسی] وعدہ خلافی۔ عہد شکنی۔
نُقطہ: [ع۔ اذ] دیکھیے "نُقطَہ" جس کی یہ جمع ہے۔
نُقطَہ: [ع۔ اذ] ا۔ صفر (۲) شک ظاہر کرنے کے لیے نقطہ دے دیا کرتے ہیں (۳) انتخاب کے لیے (۴) دائرے کا وسط جس سے دائرہ تک خط کھینچے جائیں۔ (۵) نشان۔ جس پر نشانہ لگاتے ہیں۔
نُقطۂ اشتعال: [ع۔ اذ۔ بترکیب فارسی] گرمی اور کھولاؤ کا وُہ درجہ جس پر آگ بھڑک اُٹھے۔
نُقطۂ انتخاب: [ع۔ اذ۔ بترکیب فارسی] وُہ نقطہ جو کسی کتاب کے حاشیہ پر یا کسی عبارت یا شعر پر اظہار پسندیدگی کے طور پر لگایا جاتا ہے۔
نُقطۂ جاسُوس: [ع۔ اذ بترکیب فارسی] وُہ نقطہ جو عامل تعویز میں مقصد معلوم کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔
نُقطہ دینا: [ا ر۔ محاورہ] کسی حرف پر نقطہ بنانا۔
نُقطۂ سہو: [ع۔ اذ۔ بترکیب فارسی] وُہ نقطہ جو بے نقط حرف پہ بھُول کر لگا دیں۔
نُقطۂ شک: [ع۔ اذ۔ بترکیب فارسی] وُہ نقطہ جو کسی مشکوک لفظ یا مضمون کے مقابل حاشیہ پر لگا دیں (۲) جہان ظاہری۔
نُقطۂ عروج: [ع۔ اذ۔ بترکیب فارسی] انتہا۔ کمال۔
نُقطہ گاہ: [ع۔ امث] ا۔ دائرہ کا مرکز (۲) مکہ مکرمہ، جسے مرکز زمین کہا جاتا ہے۔
نُقطہ لگانا: [ا ر۔ محاورہ] عیب لگانا دھبّا لگانا۔
نُقطۂ مقابل: [ع۔ اذ۔ بترکیب فارسی] ا۔ ہم سر۔ مثل (۲) حریف۔
نُقطۂ موہوم: [ع۔ اذ۔ بترکیب فارسی] ا۔ فرضی نقطہ (۲) وُہ باریک نقطہ جو نظر نہ آئے (۳) جو ہر فرد۔ جز ولا یتجزیٰ

نُقطۂ نظر / نگاہ: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] مرکزِ نگاہ۔ انداز نظر۔ انداز فکر۔ دیکھنے یا سوچنے کا انداز یا ڈھنگ۔
نُقطۂ نوکِ گریز: [عف۔ اند] وُہ سیاہی (روشنائی) کی بُوند جو قلم کی نوک سے کاغذ پر ٹپک پڑے۔
نُقطۂ تہ دائرہ: [عف۔ اند] ۱۔ مرکز زمین (۲) کنایۃً محمد صلی اللہ علیہ وسلم
نَقل: [ع۔ امث] ۱۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۲) مثنّی۔ چربہ (۳) نمونہ۔ نظیر ۴۔ روایت۔ کہانی (۵) رُوپ۔ سوانگ (۶) ایک حرف کی حرکت دُوسرے کو دینا۔
نقل اُتارنا / اُڑانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کسی تحریر کو دُوسری جگہ لکھنا (۲) کسی کی صورت سے اپنی صورت مشابہ کرنا (۳) طرز اُڑانا (۴) سوانگ بھرنا۔
نقل اُترنا / اُڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نقل اُتارنا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے۔
نقل النقل / بہ نقل در نقل: [ع۔ امث] نقل کی نقل۔
نقل خواب: [عف۔ امث] خواب کی باتیں۔ پُرانی باتیں۔
نقل را چہ عقل: [ف۔ مثل] نقل کرنے کے لیے زیادہ عقل کی ضرورت نہیں۔
نقل کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی لکھی ہُوئی چیز کو بالکل اُسی شکل میں دُوسری چیز پر اُتارنا (۲) سوانگ بھرنا۔ رُوپ بھرنا (۳) بیان کرنا۔ حکایت کرنا (۴) ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا (۵) دُوسروں کی شکل اور انداز کی شکل بنانا۔
نقلِ کفر کفر نہ باشد: [ف۔ مثل] کسی کے کفر کا ذکر کرنے سے انسان کافر نہیں ہو جاتا۔
نقل لینا: [ار۔ محاورہ] نقل حاصل کرنا۔
نقل مکان: [ع۔ اند۔ بترکیب فارسی] ایک مقام سے دُوسری جگہ جانا۔ مکان تبدیل کرنا۔
نقل نویس: [عف۔ صف] عدالتوں کے فیصلے اور دستاویزوں کی نقل کرنے والا۔
نقل نویسی: [عف۔ امث] دیکھئے "نقل نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نقل و حمل: [عف۔ اند] اُٹھانا اور لے جانا (۲) باربرداری اُٹھانے اور لیجانے کا کام
نقل ہے: [ار۔ روزمرّہ] کہتے ہیں۔ منقول ہے۔ روایت ہے (۲) روایتی سماعی
نُقل: [ف۔ اند] وُہ چیز جو کسی نشہ آور چیز کے بعد تبدیل ذائقہ کے لیے کھائیں۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔
نُقل فروش: [ف۔ صف] نُقل بیچنے والا
نُقل کرنا: [ار۔ محاورہ] ناشتہ کرنا۔ نقل کی طرح کھانا۔
نُقل ماتم: [ف۔ اند] وُہ نقل جو مجلس یا موت میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔
نَقلِ مجلس / محفل: [ف۔ اند] مسخرہ جس کی ذات سے محفل کی تفریح ہو
نَقلی: [ار۔ صف] جھوٹا۔ مصنوعی۔ جعلی۔ کھوٹا (۲) ظریف۔
نَقلی: [ار۔ اند۔ ق] نقال
نَقلیا: [ار۔ صف] نقال۔ بھانڈ۔
نقلیں کرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے افعال و حرکات کی نقل کرنا۔
نُقود: [ع۔ امث] دیکھئے "نقد" جس کی یہ جمع ہے۔
نُقوش: [ع۔ اند] دیکھئے "نقش" جس کی یہ جمع ہے۔
نَقوع: [ع۔ اند] بھیگی ہُوئی دوا یا میوہ (۲) بھیگی ہُوئی دوا کا پانی۔
نَقی: [ع۔ صف] پاک۔ صاف۔ خالص (۲) دسویں امام حضرت علی بن محمد کا لقب۔

نَقیب: [ع۔ اند] بزرگوں کے خاندان اور ذاتی حالات سے واقفیت رکھنے والا (۲) تشہیر کرنے والا۔ خبر دینے والا۔ پیش خیمہ (۳) مدح خوان (۴) بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے چلنے اور آواز لگانے والا۔ دربار یا ضیافت میں آنے والوں کی خبر پہنچانے والا۔ ہرکارہ۔ چوبدار۔
نَقیض: [ع۔ صف] مخالف۔ اُلٹا۔ برعکس۔ ضد (۲) عداوت۔
نَقیہہ: [ع۔ صف] ناتوان۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناطاقت۔

ن ۔۔۔ ک

نک: [ار۔ امث] ناک کا مخفف جو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
نک بال: [ار۔ اند] ناک کا بال
نک بہنا: [ار۔ صف] جس کی ناک بہتی رہے۔
نک بیسر [ھ۔ امث] ناک کے ایک زیور کا نام۔ بلاق
نکتوڑا: [ار۔ اند] نازنخرہ (۲) نخوت غرور (۳) طنز آمیز بات۔
نک توڑے اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] نازنخرے برداشت کرنا۔ ناز اُٹھانا۔
نک توڑے توڑنا / کرنا: [ار۔ محاورہ] نازونخرے کرنا۔
نک چڑھا [ار۔ صف] بددماغ۔ مزاج دار۔ مغرور
نک چڑھی: [ار۔ امث] نک چڑھا کی تانیث
نک چھکنی: [ار۔ امث] ایک بُوٹی جس کو سُونگھنے سے چھینکیں آتی ہیں
نک دم: [ار۔ اند] ناک میں دم۔ حیران۔ پریشان۔
نک سک سے دُرست: [ار۔ صف] ہر طرح سے بے عیب (۲) خوبصورت اور موزون ناک نقشہ۔
نک کٹا / نکٹا: [ار۔ اند] کٹی ہوئی ناک والا (۲) بے عزت۔
نک کٹی / نکٹی: [ار۔ امث] دیکھئے "نک کٹا / نکٹا" جس کی یہ تانیث ہے
نک کٹی ہونا: [ار محاورہ] بے عزتی ہونا تحقیر ہونا۔ بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا
نک گھسی: [ار۔ امث] ناک رگڑنا۔ منت سماجت عاجزی۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]
نکّ: [ار۔ اند۔ ق] ناخن (۲) وضع قطع
نکّا [ار۔ اند] کوڑی۔ چھوٹا سکہ۔ خرمہرہ (۲) دانہ۔ پانسہ
نکّا: [ار۔ اند] چھوٹا خرد۔ ننھا (۲) مختصر۔ کم (۳) ناقص (۴) نازک۔ باریک۔ ۵۔ ناتمام۔ ادھورا (۶) ٹھنگنا
نکّا: [ار اند] نوک دار چیز کی نوک (۲) نکیلا۔ تیکھا۔ ایک قسم کا گیڑی کا کھیل۔
نکّا ٹوپی: [ار۔ امث] اُونچی ٹوپی۔ وُہ ٹوپی جس کو اُونچا کر کے سر پر رکھیں۔
نکّا لگانا: [ار۔ محاورہ] گیڑی مارنا (۲) زک پہنچانا (۳) ضرب لگانا (۴) صدمہ پہنچانا۔
نکات: [ار۔ صف] خراب۔ نکما۔ بیکار۔
نکات: [ع۔ اند] دیکھئے "نکتہ" جس کی یہ جمع ہے۔ (۲) باریکیاں (۳) بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے۔
نکاح: [ع۔ اند] مجامعت۔ مباشرت (۲) عقد۔ بیاہ۔ شادی۔
نکاح باندھنا: [ار۔ محاورہ] نکاح پڑھانا۔ بیاہ کرنا۔
نکاح بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نکاح باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نکاح پڑھا جانا : [ار۔ محاورہ] نکاح ہونا۔ بیاہ ہونا۔
نکاح پڑھانا / کرنا : [ار۔ محاورہ] شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ قاضی کا عورت اور مرد کو رشتہ ازدواج میں منسلک کرنا۔
نکاح پڑھنا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نکاح پڑھانا" جس کا یہ لازم ہے
نکاح پڑھائی : [ار۔ امعاوضہ] نکاح پڑھانے کی اُجرت۔
نکاحِ ثانی : [ع۔ امذ] دُوسری شادی۔
نکاح کرنا : [ار۔ مص مرکب] شادی کرنا۔
نکاح کی سی شرطیں کرنا : [ار۔ محاورہ] کٹ حجتی کرنا۔
نکاحِ مُتعہ : [ع۔ امذ] عارضی نکاح۔ وقتی نکاح
نکاحِ مؤقت : [ع۔ امذ] وُہ نکاح جو کسی خاص مدت کے لیے کیا جائے۔ نکاحِ متعہ۔
نکاح نامہ : [عف۔ امذ] وُہ کاغذ جس پر شادی کی تفصیلات درج ہوں۔
نکاح ہونا : [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "نکاح کرنا" جس کا یہ لازم ہے
نکاحی : [ف۔ امث] نکاح کر کے لائی ہوئی ہے۔ منکوحہ۔
نکاحی بیاہی : [ار۔ امث] وہ عورت جسے رسم نکاح ادا کر کے گھر لایا جائے عورت جو دُھوم سے بیاہ کر لائی ہوئی عورت
نکاحی نہ بیاہی نہرو مہرو کہاں سے آئی : [ار۔ مثل] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو خواہ مخواہ رشتہ دار بن بیٹھے۔
نکارہ : [ار۔ امذ۔ ق] چھٹکارا۔
نکارا : [ار۔ صف۔ ق] ناکارہ کا بگاڑ۔
نکارنا : [ار۔ مص۔ ق] نکالنا۔
نکاس : [ار۔ امذ] اصل۔ بنا۔ جڑ (۲) آغاز۔ شروع (۳) منبع۔ سوت۔ مبدأ۔ (۴) نسل۔ خاندان (۵) صدور۔ ظہور (۶) اخراج۔ برآمد۔
نکاسی : [ار۔ امث] تحصیل۔ پیداوار (۲) فائدہ۔ منافع (۳) بکری۔ مال کی فروخت (۴) روانگی۔ برآمد (۵) چُنگی۔ محصول۔ راہداری (۶) سرحد۔
نَکال : [ع۔ امذ] عذاب۔ سزا۔ رنج و دُکھ۔ عقوبت۔
نکال بیٹھنا : [ار۔ محاورہ] کہہ گزرنا۔ بے خیالی میں کچھ دینا۔
نکال پیٹھال کے دِن : [ار۔ امذ] فصل کی تبدیلی کا زمانہ۔
نکال دینا : [ار۔ محاورہ] باہر کر دینا۔ موقوف کر دینا۔ کوئی چیز گھر سے علیحدہ کر دینا۔ خارج کرنا۔ دُور کرنا۔
نکال لانا : [ار۔ محاورہ] بھگا کر لے آنا۔ اغوا کر کے لے آنا۔ چرا لانا۔
نکال لے جانا : [ہد۔ محاورہ] نجات دلانا (۲) باہر لے جانا (۳) چُرا لے جانا۔ (۴) عورت کو بھگا لے جانا۔
نکال لینا : [ار۔ محاورہ] سوال وغیرہ حل کر لینا (۲) چُرا لینا (۳) کوئی چیز کسی جگہ سے برآمد کرنا۔ پہیلی نکالنا۔
نکالا : [ار۔ امث۔ ق] پچھیک۔
نکالا : [ار۔ امذ] شہر بدر (۲) اِخراج
نکالا ملنا : [ار۔ محاورہ] شہر بدر کیا جانا۔ جلاوطن کیا جانا۔
نکالنا : [ار۔ مص] باہر کرنا۔ خارج کرنا (۲) علیحدہ کرنا۔ جُدا کرنا۔ چھانٹنا۔ منتخب کرنا (۳) وضع کرنا۔ تفریق کرنا (۴) ایجاد کرنا۔ دِل سے کوئی بات پیدا کرنا۔ کسی چیز کو رواج دینا (۵) حل کرنا۔ سلجھانا (۶) کاڑھنا۔ (۷) بیل بوٹے نکالنا (۸) سدھارنا۔ گھوڑے کو سواری یا دوڑ کے قابل بنانا۔ (۹) موقوف کرنا۔ جواب دے دینا۔ برطرف کر دینا (۱۰) اُبھرلانا۔ باہر لانا۔ (۱۱) ظاہر کرنا۔ برآمد کرنا (۱۲) شروع کرنا (۱۳) بدلہ لینا (۱۴) درخت اُگانا (۱۵) شروع کرنا۔
نِکانا : [ار۔ مص] نلانا۔ نلائی کرنا۔ کھیتوں اور کیاریوں سے خود رو گھاس پھوس اُکھاڑنا۔
نِکائی : [ار۔ امث] نلائی
نکبت : [ع۔ امث] افلاس۔ بدحالی۔
نک پڑی : [ار۔ امث۔ ق] نتھنا۔
نُکتہ : [ع۔ امذ] باریکی۔ نُکتہ کی بات۔ باریک بات (۲) لطیفہ۔ چٹکلا (۳) رخنہ۔ عیب (۴) وہ چمڑا جو گھوڑے کے منہ پر رہتا ہے۔
نکتہ باقی نہ چھوڑنا : [ار۔ محاورہ] کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا۔
نُکتہ بیں : [عف۔ صف] نازک خیال۔
نُکتہ بینی : [عف۔ امث] دیکھئے "نکتہ بیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نُکتہ پرور / پرداز / سنج / شناس : [عف۔ صف] خوش گفتار۔ سخن شناس۔ عقل مند۔ ہوشیار
نُکتہ پروری / پردازی / سنجی / شناسی : [عف۔ امث] دیکھئے "نکتہ پرور / پرداز وغیرہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نُکتہ چیں : [عف۔ صف] عیب ڈھونڈنے والا۔
نُکتہ چینی : [عف۔ امث] دیکھئے "نکتہ چیں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نُکتہ خفی : [عف۔ امذ] چھپا ہُوا بھید۔
نُکتہ داں : [عف۔ صف] باریک بات سمجھنے اور جاننے والا۔ دقیقہ رس۔
نُکتہ رس : [عف۔ صف] تیز فہم۔ زیرک۔ ذکی۔
نُکتہ رسی : [عف۔ امث] دیکھئے "نکتہ رس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نُکتہ کی بات : [ار۔ امث] باریک اور معنی خیز بات۔ نکتہ کی بات۔
نُکتہ گیر : [عف۔ صف] عیب جو۔ نکتہ چیں۔
نُکتہ گیری : [عف۔ امث] دیکھئے "نکتہ گیر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نُکتہ نواز : [عف۔ صف] لطیف بات کی قدر کرنے والا۔
نُکتہ نوازی : [عف۔ امث] دیکھئے "نکتہ نواز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نکتی : [ار۔ امث] ایک قسم کی مٹھائی جو بیسن سے موتیوں کے برابر بنائی جاتی ہے۔
نُکتے نکالنا : [ار۔ محاورہ] عیب نکالنا۔
نکتی پلاؤ : [ار۔ امذ] وُہ پلاؤ جس میں چنے کی ٹکیاں پڑی ہُوئی ہوں۔
نکٹا : [ار۔ امذ] دیکھئے "نک کٹا" (۲) سیاہ رنگ کی مُرغابی (۳) کوڑی سے جو کھیلتے ہیں ایک قسم کا گانا۔
نکٹا بوُچا سب سے اُونچا : [ار۔ مثل] مفلس مگر شیخی خورا۔
نکٹا جئے بُرے احوال : [ار۔ مثل] بدنام اور رسوا آدمی کی زندگی تلخی سے بسر ہوتی ہے۔
نکٹائی : [انگ۔ امث] necktie مغربی وضع کی پٹی جو گلے میں

قمیص کے کالر پر باندھی جاتی ہے۔
نکٹورا: [ار۔امذ۔ق] غمزہ۔ نخرہ
نکٹی: [ار۔امث] دیکھئے "نکٹا" جس کی یہ تانیث ہے (۲) بلی
نکٹی کا جنا: [ار۔امذ] کمینہ۔ بداصل۔ ذلیل۔ رذیل۔
نکٹے کا کھائے اوچھے کا نہ کھائے: [ار۔مثل] بے حیا کا احسان اُٹھانا اتنا بُرا نہیں جتنا کم ظرف کا احسان اُٹھانا۔
نکٹے کی ناک بھی نہ کٹے: [ار۔بول چال] (بہت کند ہتھیار کی نسبت کہتے ہیں)
نکٹے کی ناک کٹی سوا گز اور بڑھی [ار۔مثل] بے عزت آدمی ذلت کو بھی فخر سمجھتا ہے
نکث: [ع۔امذ] رسی کا بل۔ کھوسنا۔ توڑنا (عہد کا)
نکرہ: [ع۔امذ] ناشناسی۔ وُہ اسم جو غیر مُعیّن چیز کے بدلے آئے۔
نکڑ: [ار۔امث] نوک کی تصغیر۔ سرا۔ نوک۔ اخیر۔ انتہا (۲) کونہ۔ گوشہ۔ موڑ۔
نکس: [ع۔امذ] مرض کا عود کر آنا۔ پھر بیمار ہو جانا۔
نکسنا: [ار۔مص] نکلنا۔
نکسیر: [ار۔امث] ناک سے خُون بہنا۔ ایک مرض۔
نکسیر تو بھی نہیں پھُوٹی: [ار۔مثل] ذرا سی تکلیف بھی نہیں ہُوئی
نکسیر پھوٹنا: [ار۔محاورہ] ناک سے خُون آنا۔
نکل: [انگ۔امذ] nickel ایک قسم کی سفید دھات جس کی ملمع دُوسری دھاتوں کے سامان پر کی جاتی ہے۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]
(۲) نکلنا مصدر سے صیغہ امر۔
نکل آنا: [ار۔محاورہ] باہر آنا۔ ظاہر ہونا (۲) پیدا ہونا۔ (۳) زمین سے باہر آنا۔ پھُوٹنا۔
نکل بھاگنا: [ار۔محاورہ] چل دینا۔ فرار ہو جانا (۲) قابو سے چلا جانا (۳) بچ کر چلا جانا۔
نکل پڑنا: [ار۔محاورہ] ظاہر ہو جانا۔ سامنے آجانا (۲) باہر آجانا (۳) گر جانا کھل پڑنا (۴) ٹپک پڑنا (۵) اُگل دینا۔
نکلتے بیٹھتے دن: [ار۔امذ] فصل کی تبدیلی کا زمانہ۔
نکل جانا: [ار۔محاورہ] چلا جانا۔ بھاگ جانا (۲) دُور ہو جانا (۳) جاتا رہنا۔ زائل ہو جانا (۴) سبقت لے جانا۔ آگے بڑھ جانا (۵) کپڑے کا پھٹ جانا (۶) رفاقت ترک کر دینا (۷) قبضہ سے چلا جانا (۸) وعدہ خلافی کرنا۔ قول سے پھر جانا (۹) نجات پانا (۱۰) آگے چلا جانا (۱۱) انکار کرنا۔
نکل چلنا: [ار۔محاورہ] اپنی حد اور بساط سے آگے بڑھ جانا (۲) اترانا۔ مغرور ہونا۔ گستاخ ہو جانا۔ بیباک ہو جانا۔
نکل کھڑا ہونا: [ار۔محاورہ] چل دینا۔ رخصت ہونا۔ باہر جانا۔ سفر پر روانہ ہونا۔
نکلنا: [ار۔مص] اُگنا۔ پھُوٹنا۔ اُوپر آنا (۲) سیر کے بدلے برآمد ہونا (۳) بہنا۔ جاری ہونا (۴) پیدا ہونا۔ جنم لینا (۵) طلوع ہونا۔ ظاہر ہونا (۶) ثابت ہونا۔ سبقت لینا (۸) چلا جانا۔ بھاگنا۔ فرار ہونا (۹) خارج ہونا۔ باہر ہونا (۱۰) زائد ہونا (۱۱) ایجاد ہونا (۱۲) پھٹ جانا (۱۳) حاصل ہونا (۱۴) کسی کے ذمے کوئی رقم فاضل نکلنا (۱۵) باہر آنا (۱۶) اُبھرنا (۱۷) دُور ہونا (۱۸) واضح ہونا۔ سمجھ میں آنا (۱۹) ترجیح رکھنا (۲۰) سے لیا جانا (۲۱) کسی کام کا وقت جاتا رہنا۔

نکلنا بیٹھنا: [ار۔محاورہ] آمد و رفت رکھنا۔
نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں: [ار۔مثل] بات مُنہ سے نکلے تو مشہور ہو جاتی ہے۔
نکلے ہُوئے دانت پھر نہیں بیٹھتے: [ار۔مثل] جو بھید کھُل جائے وُہ پھر نہیں چھُپتا۔
نکلیس: [انگ۔امذ] necklace کنٹھا۔ مالا۔ گلوبند۔ چمپاکلی۔
نکما: [ار۔صف] بے کار۔ ناکارہ۔ بے مصرف (۲) خالی۔ مُعطّل (۳) بُرا۔ خراب (۴) ناچیز۔ حقیر (افعال: کرنا۔ ہونا)
نکو: [ار۔ق] نہیں۔
نکو: [ار۔صف] بدنام۔ رسوا۔ (۲) ملعون (۳) بڑی ناک والا۔ لمبی ناک والا۔
نکو بنانا: [ار۔محاورہ] بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
نکو بننا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "نکو بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نکو [ف۔صف] "نیکو" ملاحظہ ہو جس کا یہ مخفف ہے۔
نکوکار: [ف۔مذ] اچھے افعال کا مالک۔
نکوکاری: [ف۔امث] دیکھئے "نکوکار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نکونام: [ف۔صف] نیک نام۔ اچھی شہرت والا۔
نکوا: [ار۔امذ] سُوئی کا ناکا (۲) ترازو کی ڈنڈی کا سُوراخ۔
نکوٹین: [انگ۔امث] nicotine تمباکو کا زہر۔
نکو محضر: [ف۔صف] نیک خصلت۔
نکوہش: [ف۔امث] ملامت۔ سرزنش۔ دھمکی۔ پھٹکار۔
نکوہیدہ: [ف۔صف مفعولی] ملامت کیا گیا۔ بُرا۔ خراب۔ مذموم۔
نکوئی: [ف۔امث] نیکی۔ راستی
نکوئی کُن و در آب انداز: [ف۔مثل] کسی کے ساتھ نیکی کرکے اُمید احسان مندی نہ رکھنا۔
نکہت: [ع۔امث] خُوشبُو۔ مہک۔
نکھ: [ار۔امذ] ناخن (۲) ایک خوشبودار جڑی (۳) کچا ابریشم
نکھ سکھ سے درست: [ار۔صف] دیکھئے "نک سک سے درست"۔
نکھ سے سکھ تک: [ار۔متعلق فعل] ایڑی سے چوٹی تک۔ تمام و کمال۔
نکھاد: [ار۔امذ] ایک بلند اور اُونچا سُر۔ ہندی موسیقی کا ساتواں سُر جس کا اختصار "نی" ہے۔
نکھار: [ار۔امذ] صفائی۔ اُجلاپن (۲) زیب و زینت۔ آرائش۔ خوبصُورتی۔
نکھارنا: [ار۔مص] میل صاف کرنا۔ میل کاٹنا۔ اُجلا کرنا۔
نکھت: [ہ۔امذ] ہر مہینے کے پندرہ روز جن سے بارش کا حساب کرتے ہیں۔
نکھتر: [ہ۔صف] ناچیز (۲) بدمزہ۔ ناقص۔ **نکھٹوچی**: [ار۔امث۔ق] شرمندگی
نکھٹو: [ار۔صف] ناکارہ۔ نکما (۲) وُہ شخص جو کچھ نہ کمائے (۲) سُست آدمی (۴) احمق۔ بے وقوف (۵) مُفلس۔ تنگ دست۔
نکھٹو کی جورو سدا ننگی: [ار۔مثل] کاہل اور بیکار کے گھر ہمیشہ مُفلسی رہتی ہے
نکھد: [ار۔صف] بہت ہی بُرا۔ نکما
نکھرا: [ار۔صف] دیکھئے "نکھرا ہُوا"
نکھرا ہُوا: [ار۔صف] صاف ستھرا۔ پاکیزہ (۲) جوبن پر آیا ہُوا۔ آراستہ۔

نکھرنا: [ار۔ مص] صاف ہونا۔ اُجلا ہونا۔ میل کٹنا (۲) چمکنا (۳) رونق آنا۔ (۴) بننا۔ سنورنا۔ سنگار۔

نکھری: [ار۔ امث] دیکھئے "نکھرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

نکھری بزم / محفل / صحبت: [ار۔ امث] صاف ستھری اور آراستہ محفل۔

نکھنڈ: [ار۔ صف] آدھا۔ نصف (۲) ٹھیک۔ عین

نکھنڈ آدھی رات ہے: [ار۔ امث] ٹھیک آدھی رات ہے۔

نکھور: [ار۔ امث۔ تی] تلخی

نکھوڑا: [ار۔ صف] بے مروت۔

نکی: [ار۔ امث] ناک میں بولنے والا (۲) جوئے کی کوڑی۔ جوئے کا ایک داؤ

نکیے دار ٹوپی: [ار۔ امث] دو پلی ٹوپی جس میں آگے کی طرف نوک نکلی ہوئی ہو۔

نکیر: [ع۔ امذ] قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ (۲) اعتراض۔ انکار عذاب

نکیر کرنا: [ار۔ مص مرکب] روکنا۔ ٹوکنا۔

نکیرین: [ع۔ امذ] قبر میں سوال و جواب کرنے والے دو فرشتے۔

نکیل: [ار۔ امث] اُونٹ کی مہار۔ اُونٹ کے ناک کی رسی۔

نکیل ہاتھ میں ہونا: [ار۔ محاورہ] قابو میں ہونا۔ قبضہ میں ہونا (۲) لگام ہاتھ میں ہونا۔

نکیلا: [ار۔ صف] نوکدار۔ گاؤدم۔ مخروطی (۲) بانکا طرح دار۔

نکیلا پن: [ار۔ امث] دیکھئے "نکیلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نکیلی: [ار۔ امث] دیکھئے "نکیلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ن ۔ گ

نگ: [ار۔ امذ] نگینہ قیمتی پتھر یا شیشہ جو زیور میں جڑا جاتا ہے (۱) عدد،

نگ جڑنا: [ار۔ محاورہ] انگوٹھی میں نگینہ بٹھانا۔

نگ کی چوڑیاں: [ار۔ امث] ایک قسم کی چوڑیاں جن میں چھوٹے چھوٹے نگ جڑے ہوتے ہیں۔

نگار: [ف۔ امذ] تصویر (۲) بت۔ مورتی (۳) خوبصورت۔ معشوق۔ محبوب۔ (۴) وہ شکل جو عورتیں اپنے ہاتھ پر مہندی سے بناتی ہیں۔ بیل بوٹے (۵) زیبائش۔ آرائش۔ زینت (۶) فارسی مصدر نگاشتن / نگاریدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لکھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً افسانہ نگار

نگار ارمنی: [ف۔ امث] فرہاد کی معشوقہ شیریں مراد

نگار بندی: [ف۔ امث] حنا بندی۔ مہندی لگانا۔ مہندی سے نقش بنانا۔

نگار خانہ: [ف۔ امذ] تصویر خانہ۔ تصویروں کا مکان۔ نقاشی کیا ہوا گھر (۲) بت خانہ۔ نگارستان (۳) فلم سٹوڈیو۔

نگارستان: [ف۔ امذ] دیکھئے "نگار خانہ"

نگارش: [ف۔ امث] تحریر۔ لکھا ہوا۔ نوشت

نگاریں: [ف۔ امذ] مہندی لگا ہوا۔ منقش۔ آراستہ (۲) معشوق۔

نگالی: [ار۔ امث] حقے کی نے کا وہ ٹکڑا جس میں جنال لگاتے ہیں۔

(۲) پنجرہ بنانے کی نے (۳) چھوٹا پیچوان۔

نگاہ: [ف۔ امث] نظر۔ چتون (۲) تیور۔ بصارت (۳) آنکھ (۴) شناخت۔ پرکھ۔ مداخلت (۵) توجہ۔ عنایت۔ مہربانی (۶) نظارہ (۷) نگرانی۔ رکھوالی۔ چوکسی۔ نظر بندی (۸) امید۔ بھروسہ۔ خیال۔ توقع۔

نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] خیال میں نہ لانا۔ معذور ہونا۔ بات نہ پوچھنا۔ بے رخی کرنا۔

نگاہ اُونچی ہونا: [ار۔ محاورہ] بلند خیال ہونا۔ عالی حوصلہ ہونا۔ نگاہ بلند ہونا۔

نگاہ ایک سی ہونا: [ار۔ محاورہ] سب کو ایک نظر سے دیکھنا۔ ہر ایک سے برابر کا سلوک کرنا۔

نگاہ بان / نگہبان: [ف۔ صف] چوکیدار۔ محافظ۔

نگاہ بانی / نگہبانی: [ف۔ امث] دیکھئے "نگاہ بان" وغیرہ۔ جس کا یہ اسم کیفیت ہے (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

نگاہ بد کرنا: [ار۔ محاورہ] بری نظر سے دیکھنا۔

نگاہ بدلنا: [ار۔ محاورہ] ناخوش ہونا۔ بے توجہ ہونا۔

نگاہ بدلی ہونا: [ار۔ محاورہ] خفگی ہونا۔

نگاہ بلند ہونا: [ار۔ محاورہ] عالی خیال اور عالی حوصلہ ہونا۔

نگاہ بھر کے دیکھنا: [ار۔ محاورہ] غور سے دیکھنا۔ جی بھر کر دیکھنا

نگاہ پر چڑھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھ کر جانچنا۔ تصور میں رکھنا (۲) با وقعت رکھنا۔

نگاہ پر چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نگاہ پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نگاہ پرورش: [ف۔ صف] مہربانی اور عنایت کی نگاہ۔

نگاہ پڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھا جانا۔ دیکھنے میں آنا۔

نگاہ / نگاہیں پلٹنا: [ار۔ محاورہ] بے پروا ہو جانا۔ توجہ نہ دینا

نگاہ پہچاننا: [ار۔ محاورہ] تیور جانچنا۔ صورت دیکھ کر مزاج کی کیفیت معلوم کرنا۔

نگاہ پھرنا: [ار۔ محاورہ] توجہ نہ رہنا۔ التفات نہ رہنا (۲) اِدھر اُدھر نظر ڈالنا۔ گرد و پیش دیکھنا

نگاہ / نگاہیں پھسلنا: [ار۔ محاورہ] زیادہ صاف چیز پر نظر نہ ٹھہرنا۔

نگاہ پھیر جانا: [ار۔ محاورہ] کسی پر نگاہ ڈال لینا۔

نگاہ پھیر لینا / پھیرنا: [ار۔ محاورہ] توجہ ہٹا لینا۔ کسی چیز سے رو گردانی کرنا۔

نگاہ ترچھی کرنا: [ار۔ محاورہ] آنکھوں سے غصہ ظاہر کرنا۔

نگاہ ترچھی ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نگاہ ترچھی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نگاہ ٹیڑھی ہونا: [ار۔ محاورہ] ناخوش ہونا۔ خفا ہونا۔

نگاہ جانا: [ار۔ محاورہ] نظر کا کسی طرف اُٹھ جانا۔

نگاہ جھپکنا: [ار۔ محاورہ] نظر جھپکنا۔

نگاہ / نگاہیں چار کرنا: [ار۔ محاورہ] آمنا سامنا کرنا۔

نگاہ / نگاہیں چار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نگاہ / نگاہیں چار کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نگاہ چرانا: [ار۔ محاورہ] نظر سامنے نہ کرنا۔ آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔

نگاہ چڑھنا: [ار۔ محاورہ] پسند آنا۔ نظر میں سمانا۔

نگاہ حسرت آلود: [ف۔ امث] حسرت بھری نگاہ۔

نگاہ دار / نگہدار: [ف۔ صف] نگہبان۔ محافظ۔

نگاہ داری / نگہداری: [ف۔ امث] دیکھئے "نگاہ دار / نگہدار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نگاہ داشت / نگہداشت: [ف۔ صف] حفاظت۔ نگرانی۔ چوکسی۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]

نگاہ دوڑانا: [ار۔ محاورہ] آنکھوں سے تلاش کرنا۔ خیال کرنا۔

نگاہ دوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نگاہ دوڑانا"

نگاہ دیکھنا: [ار۔ محاورہ] تیور سے خیالات کا اندازہ کرنا۔ نظروں سے مزاج کی کیفیت معلوم کرنا۔

نگاہ ڈالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھنا

نگاہ رکھنا: [ار۔ محاورہ] نظر رکھنا۔ توجہ رکھنا۔ ۲۔ خیال رکھنا۔ دیکھنا۔ نگرانی کرنا (۳) پرکھنے کی صلاحیت ہونا۔

نگاہ روبرو: [ار۔ کلمہ ندا] نقیب جب بادشاہ کے سامنے کسی شخص کو پیش کیا کرتے تھے تو "نگاہ روبرو" کہا کرتے تھے۔ یعنی نظر سامنے رکھو

نگاہ سے اُتارنا / گرانا: [ار۔ محاورہ] بے وقعت خیال کرنا۔ نظروں سے گرانا۔

نگاہ سے اُترنا / گرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے نگاہ سے اُتارنا / گرانا جس کا یہ لازم ہے۔

نگاہِ شوق: [ف۔ امث] شوق بھری نگاہ۔

نگاہِ غلط انداز: [ف۔ امث] اُچٹتی ہوئی نگاہ۔ ایسی نظر سے دیکھنا کہ تعین نہ ہو کہ کس طرف دیکھا جا رہا ہے۔ وہ نظر جو بے ارادہ پڑ جائے۔

نگاہ کا ڈھونڈنا: [ار۔ محاورہ] کسی منظر کو دیکھنے کا مشتاق ہونا۔

نگاہ کا کام: [ار۔ محاورہ] نظر پہنچنا۔ اثر کر جانا۔

نگاہ کا مارا: [ار۔ اند] عاشق۔ چاہنے والا۔

نگاہِ کج: [ف۔ امث] ترچھی نگاہ۔ غصہ کی نظر۔

نگاہِ کرم: [ف۔ امث] مہربانی کی نظر

نگاہ کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھنا سوچنا۔ خیال کرنا (۲) جانچنا پرکھنا (۳) توجہ رکھنا۔

نگاہِ گرم: [ف۔ امث] تیز نگاہ۔ غصہ کی نظر۔

نگاہ لڑانا: [ار۔ محاورہ] آنکھیں لڑانا۔ نظر بازی کرنا۔ آنکھ سے آنکھ ملانا۔

نگاہ لڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نگاہ لڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نگاہ / نگاہیں ملانا: [ار۔ محاورہ] آنکھیں چار کرنا۔ مقابل آنا۔ روبرو کرنا۔

نگاہ / نگاہیں ملنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نگاہ ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نگاہ میلی ہونا: [ار۔ محاورہ] کدورت آجانا۔ رنجش آجانا۔

نگاہ / نگاہوں میں: [ار۔ متعلق فعل] نظر میں۔ خیال میں۔

نگاہ میں آنا: [ار۔ محاورہ] جچنا۔ اندازہ ہونا۔

نگاہ / نگاہوں میں پھرنا: [ار۔ محاورہ] دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا یا آنا۔

نگاہ میں جچنا: [ار۔ محاورہ] پسند آنا۔

نگاہ / نگاہوں میں خار ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھنا ناگوار ہونا۔

نگاہ میں ذلیل / حقیر: [ار۔ صف] لوگوں کے خیال میں بے وقعت شخص۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]

نگاہ میں رکھنا: [ار۔ محاورہ] خیال میں رکھنا۔ نگہبانی کرنا۔ متوجہ رہنا۔

نگاہ میں سُبک ہو جانا / ہونا: [ار۔ محاورہ] بے وقعت اور بیقدر ہونا۔

نگاہ / نگاہوں میں سمانا: [ار۔ محاورہ] پسند آنا / ہونا۔

نگاہ / نگاہوں میں کھُبنا: [ار۔ محاورہ] نظر میں مرغوب ہونا۔ پسند ہونا

نگاہ میں ہونا: [ار۔ محاورہ] دھیان میں ہونا۔ خیال رہنا۔

نگاہِ ناز: [ف۔ امث] ناز و انداز کی نظر۔ معشوقانہ نگاہ۔

نگاہ نہ ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کی چمک کے باعث اس پر نظر نہ جمنا۔

نگاہ نہ ملانا: [ار۔ محاورہ] متوجہ نہ ہونا۔

نگاہ نیچی کرنا: [ار۔ محاورہ] شرم و حیا سے آنکھ نیچی کرنا۔

نگاہ نیچی ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نگاہ نیچی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نگاہِ واپسیں: [ف۔ امث] مرتے وقت کی نگاہ جو آخری وقت ڈالی جائے۔

نگاہوں میں باتیں کرنا: [ار۔ محاورہ] آنکھ کے اشارے سے مطلب کی بات سمجھانا۔

نگاہوں میں باتیں ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نگاہوں میں باتیں کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نگاہوں میں تولنا: [ار۔ محاورہ] دیکھ کر مزاج کی کیفیت معلوم کرنا۔ نگاہوں سے منشاء دریافت کرنا۔

نگاہوں میں ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] پسند آنا۔

نگاہوں میں کہنا: [ار۔ محاورہ] آنکھ کے اشارے سے دلی مدعا ظاہر کرنا۔ آنکھ کے اشارے سے بات سمجھانا۔

نگاہوں میں ہلکا: [ار۔ صف] نگاہوں میں حقیر (افعال۔ کرنا۔ ہونا)

نگر: [ف۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر نگریستن سے صیغۂ امر جو اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بناتا اور دیکھنے والا کے معنی دیتا ہے

نگر: [ار۔ اند] شہر۔ قصبہ۔ بلدہ۔

نگری: [ار۔ امث] دیکھئے "نگر" جس کی یہ تصغیر ہے۔

نگران: [ف۔ صف] دیکھنے والا۔ نگہبان۔

نگرانی: [ف۔ امث] دیکھئے "نگران" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نگھرگھٹ: [ار۔ صف۔ ق] بے فکر۔

نگلا: [ار۔ اند] چھوٹی بستی۔ گاؤں کی آبادی کا ایک حصہ۔

نگلانا: [ار۔ مص] دیکھئے "نگلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

نگلنا: [ار۔ مص] حلق سے نیچے اُتارنا (۲) کھانا (۳) غبن کرنا۔

نگم: [س۔ صف] آسمانی کتاب (۲) پاک۔ مقدس (۳) عارف۔ ولی۔

نگندا: [ار۔ اند] ایک مصنفی خون بوٹی۔

نگندنا: [ار۔ مص] لحاف یا کسی روئی دار کپڑے میں ڈورے ڈالنا۔

نگندہ: [ف۔ اند] بخیہ (۲) رضائی یا لحاف میں دور دور ڈورے ڈالنا۔ ہر ایک ٹانکہ نگندہ۔

نگندے ڈالنا: [ار۔ محاورہ] روئی دار کپڑے میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا۔

نگوڑا: [ار۔ صف] جس کے گھٹنے یا پاؤں نہ ہوں (۲) نکما۔ ناکارہ (۳) منحوس نامراد۔ اُجڑا ہوا۔ محتاج۔ اکیلا

نگوڑا ناٹھا: [ار۔ صف۔ مذ] لاوارث۔ بے اولاد۔ وہ شخص جس کے کوئی آگے پیچھے نہ ہو۔

نگوڑی: [ار۔ امث] دیکھئے "نگوڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔

نگوڑی ناٹھی: [ار. امث] دیکھئے "نگوڑا ناٹھا" جس کی یہ تصغیر ہے۔

نگوں: [ف. صف] خمیدہ (۲) اوندھا۔ اُلٹا۔

نگوں بخت: [ف. صف] بدنصیب۔ بدقسمت۔

نگوں سار: [ف. صف] اوندھا (۲) شرم سے سر جھکائے ہوئے۔

نگوں ہمت: [ف. صف] کم حوصلہ۔ بزدل۔

نگہ: [ف. امث] دیکھئے "نگاہ" جس کا یہ مخفف ہے۔

مع مرکبات و محاورات۔

نگہت: [ف. امث] دیکھئے "نکہت"۔ جو صحیح ہے۔

نگھرا: [ھ. صف] بے گھر۔ خانہ بدوش۔ بے خانماں۔

نگھر گھٹ: [ار. صف. ق] شوخ چشم۔

نگیائی: [ار. صف. ق] بے احتیاط (۲) دل کا بودا (۳) بے عقل۔

نگیں: [ف. اند] نگینہ۔ نگ۔ جواہر۔

نگینہ: [ف. اند] نگ۔ جواہر۔ قیمتی پتھر

نگینہ جڑنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نگ جڑنا"

نگینہ ساز: [ف. صف] جواہرات تراشنے والا۔

نگینہ سازی: [ف. امث] نگینہ ساز کا کام یا پیشہ

نگینہ کی چوڑیاں: [ار. امث] دیکھئے "نگ کی چوڑیاں"

ن ـ ل

نل: [ار. اند] موٹی نلی (۲) اندر سے کھوکھلی۔ گول اور لمبی چیز (۳) نال (۴) بانس کا لوا (۵) نرکل سرکنڈا۔

نل کنواں: [ار. اند] وہ کنواں جس سے نل کے ذریعے پانی نکالا جائے۔ tubewell کا ترجمہ۔ ٹیوب ویل۔

نل کھونچا: [ار. اند] سرشیں لگا کر چڑیاں پکڑنے کی بڑی چھڑ۔

نلا: [ھ. اند] پیشاب کی نالی (۲) ناف کی مانند ایک پٹھا (۳) پاؤں کی ہڈی (۴) ق، نل۔

نلا ٹل جانا: [ار. محاورہ] نلے کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔ ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

نلانا: [ار. مص] کھیت سے گھاس پھوس صاف کرنا

نلاہٹ: [ار. امث] نیلاپن۔ نیلی رنگت

نلائی: [ار. امث] کھیت سے گھاس پھوس نکالنے کی اُجرت (۲) نلانے کا کام

نلبا / نلوا: [ار. اند. ق] حلقوم

نلجا: [ھ. صف] بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔

نلجی: [ھ. صفت] دیکھئے "نلجا" جس کی یہ تانیث ہے۔

نلکا: [ار. اند] چھوٹا نل۔ پانی کا چھوٹا نل۔ ہینڈ پمپ۔

نلوا: [ھ. اند] ۱. نل کی تصغیر (۲) چھوٹا سائل (۳) کاغذ وغیرہ رکھنے کے لیے ٹین یا دھات کا نل۔

نلوانا: [ار. مص] گھاس پھوس سے کھیت کی صفائی کرانا۔

نلوائی: [ھ. محاورہ. امث] نلوانے کی اُجرت۔

نلوہ (واو مجہول): [ھ. صف] بے لوث۔ خالص۔ صاف (۲) کھرے کھرے۔ سنت بین نفع (۳) بے مشقت (۵) وہ کام جو بے اعانت اور بلا شرکت غیرے کیا جائے (۶) وہ روپیہ جو بلا محنت مل جائے۔

نلوہ الگ ہو جانا: [ار. محاورہ] کورا بچ جانا۔ بغیر کسی گزند کے نکل جانا۔

نلوہ چلا جانا: [ار. محاورہ] صاف چلا جانا۔ بے لاگ چلا جانا۔

نلی: [ھ. امث] نَے۔ نال۔ پنڈلی کی ہڈی (۲) جولاہے کی نالی (۳) بندوق کی نالی۔ ۴. نرکل جو اندر سے خالی ہو۔

نلیا: [ھ. صف] چڑی مار۔ صیاد (۲) ھ. مث. نال کی تصغیر۔

ن ـ م

نم: [ف. اند. صف] گیلاپن۔ رطوبت۔ سیل۔ تری (۲) تر۔ گیلا۔ مرطوب (۳) طراوت

نم خوردہ / دیدہ / رسیدہ: [ف. صف] بسلا ہوا۔ مرطوب۔

نم گیرہ: [ف. صف] دیکھئے نم ناک

نم گیر: [ف. صف] نمی جذب کرنے والا۔

نم گیرہ: [ف. صف] وہ کپڑا جو اوس کی نمی جذب کرنے کے لیے پلنگ پر چھت گیری کی طرح ڈال لیتے ہیں۔ مجازاً شامیانہ۔ سائبان۔

نم ناک: [ف. صف] تر۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ مرطوب۔

نم: [ار. امث. ق] ندی۔ نہر۔

نما: [ف. صف] نمودن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے۔ اور دکھانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے قبلہ نما۔

نماز: [ف. امث] بندگی۔ پرستش (۲) نیاز۔ عاجزی۔ انکسار (۳) اہل اسلام کی عبادت۔

نماز آنا: [ار. محاورہ] نماز کی ترکیب معلوم ہونا۔ نماز پڑھنے کا سلیقہ ہونا۔

نماز ادا کرنا: [ار. محاورہ] نماز پڑھنا

نماز ادا ہونا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نماز ادا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نماز استسقاء: [ف. امث] وہ نماز جس میں بارش کے واسطے دعا کی جاتی ہے۔

نماز باجماعت: [ف. امث] وہ نماز جو جماعت کے ساتھ پڑھی جائے

نماز پر کھڑا ہونا: [ار. محاورہ] نماز ادا کرنے کے لیے کھڑا ہونا۔ ہندی کا نماز پڑھنا۔

نماز پنج گانہ: [ف. امث] پانچوں وقت کی نماز

نماز پیشیں: [ف. امث] ظہر کی نماز

نماز توڑنا: [ار. محاورہ] نماز پڑھتے پڑھتے کوئی ایسا فعل کرنا جس سے نماز ٹوٹ جائے۔

نماز جانا: [ار. محاورہ] نماز کا قضا ہونا۔ بروقت نماز ادا نہ کر سکنا۔

نماز جماعت: [ف. امث] وہ نماز جو جماعت کے ساتھ پڑھی جائے۔

نماز جنازہ: [ف. امث] وہ نماز جو مرے کی لاش پر کھڑے ہی کھڑے پڑھتے ہیں۔

نماز چاشت: [ف. امث] وہ نماز جو طلوع آفتاب کے کچھ دیر بعد پڑھی جاتی ہے۔

نماز خسوف: [ف. امث] وہ نماز جو چاند گرہن کے وقت پڑھتے ہیں۔

نماز شام: [ف. امث] مغرب کی نماز جو غروب آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔

نماز شکر: [ف. امث] شکرانے کی نماز۔

نماز ظہر: [ف. امث] وہ نماز جو دوپہر ڈھلے پڑھی جاتی ہے۔

نماز عشاء: [ف. امث] وہ نماز جو مغرب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔ رات کی نماز۔

نمازِ عصر: [ف۔ امث] وُہ نماز جو تیسرے پہر غروب سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ عید: [ف۔ امث] وُہ نماز جو عید کے دن عید گاہ میں پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ فجر: [ف۔ امث] صبح کی نماز جو سورج طلوع ہونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ قصر: [ف۔ امث] وُہ مختصر نماز جو حالتِ سفر میں کم کرکے پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ قضا: [ف۔ امث] وُہ نماز جو قضا ہوگئی ہو جو بروقت نہ پڑھی گئی ہو۔
نمازِ قضا کرنا: [ار۔ محاورہ] وقت معینہ پر نماز نہ پڑھنا۔
نمازِ کسوف: [ف۔ امث] وُہ نماز جو سورج کے گہن کے وقت پڑھی جاتی ہے۔
نماز کو چھڑانے گئے روزے گلے پڑ گئے: [ار۔ مثل] ایک کام سے پیچھا چھڑانے کی کوشش کی دوسری مہم ذمے پڑ گئی۔
نماز گزار: [ف۔ صف] نماز ادا کرنے والا (۲) پابند نماز۔
نمازِ وتر: [ف۔ امث] عشاء کے ساتھ جو تین رکعت نماز پڑھی جاتی ہے۔
نمازِ وحشت: [ف۔ صف] وُہ نماز جو کسی شخص کی موت کے بعد پہلی رات کو پڑھی جاتی ہے۔
نمازی: [ف۔ صف] نماز پڑھنے والا۔ نماز کا پابند۔
نمازی کا ٹکا: [ار۔ اِمذ] بدی کا بدلہ۔ فعل بد کی سزا۔ وُہ بات جس کی سزا کسی نہ کسی موقع پر مل کر رہے۔
نمازی کپڑے: [ف۔ اِمذ] پاک لباس۔ وُہ کپڑے جن سے نماز پڑھی جا سکے۔
نماشام: [ار۔ متعلق فعل۔ ق] سرِ شام
نمّام: [ع۔ صف] چغل خور۔ اِدھر اُدھر کی کہنے والا۔ لترا۔
نمانا: [ہ۔ ق] جھکانا [۲ صف] سادہ۔ مسکین۔ عاجز۔
نمائش: [ف۔ امث] دکھاوا۔ نمود (۲) ظہور (۳) زرعی پیداوار۔ مصنوعات یا دوسری مفید اور دلچسپ چیز کو کسی خاص جگہ پر لوگوں کو دکھانا۔
نمائش گاہ: [ف۔ امث] وُہ جگہ جہاں نمائش منعقد ہو۔ میلہ۔ تماشا گاہ
نمائشی: [ف۔ صف] دکھانے کا۔ ظاہر میں اچھا۔ ظاہری۔
نمائندگی: [ف۔ امث] دیکھئے "نمائندہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نمائندہ: [ف۔ امث] دکھانے والا۔ قائم مقام۔ ترجمان۔
نمایاں: [ف صف] ظاہر۔ عیاں۔ علانیہ۔ آشکارا (۲) مشہور۔ نامور (۳) نکلا ہُوا۔ اُبھرا ہُوا۔
نمبر: [انگ۔ اِمذ] number تعداد (۲) درجہ (۳) باری۔ نوبت۔
نمبر بڑھ جانا: [ار۔ محاورہ] سبقت لے جانا۔
نمبر چھیننا: [ار۔ محاورہ] ایک دوسرے پر سبقت لے جانا۔
نمبردار: [ار۔ صف] وُہ شخص جو گاؤں یا اِس کے کسی حصّہ کی سرکاری مال گزاری وصول کرکے سرکاری خزانہ میں داخل کراتا ہے۔
نمبر دینا: [ار۔ محاورہ] امتحان میں ممتحن کا مقررّہ نمبروں میں سے نمبر دینا۔ پرکھنا۔ معیار مقرر کرنا۔
نمبر ڈالنا: [ار۔ محاورہ] نمبر کے پہلے نشان ڈالنا۔
نمبر لگانا: [ار۔ محاورہ] ترتیب سے نمبر کے نشان لگانا۔
نمبر لگنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نمبر لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نمبری: [ار۔ صف] نمبر سے نسبت رکھنے والا۔ (۲) مشہور بدنام جیسے نمبری بدمعاش
نمبری نالش: [ار۔ امث] باقاعدہ نالش۔ عدالت مال کی نالش۔

نمٹانا: [ار۔ مص] نبھانا۔ چکانا۔ بیباق کرنا (۲) ختم کر دینا۔
نمٹا ہُوا: [ار۔ صف] نبھگتا ہُوا (۲) تجربہ کار۔ سیلانی۔ جہاں دیدہ۔
نمٹنا: [ار۔ مص] دیکھئے "نمٹانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نمچھا: [ار۔ صف] جس کی مونچھیں نہ ہوں۔
نمد: [ف۔ اِمذ] اُون یا پشم کا بستر۔ ملائم بالوں کا بستر۔ نمدہ
نمد پوش: [ف۔ صف] وُہ شخص جو پوستین یا پٹو کا لباس پہنے ہو۔ درویش۔
نمد پوشی: [ف۔ امث] دیکھئے "نمد پوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نمد زین: [ف۔ اِمذ] وُہ نمدہ جو گھوڑے کی زین کے نیچے ڈالتے ہیں۔
نمدہ: [ف۔ اِمذ] وُہ اُونی کپڑا جو بھیڑ بکری کے بالوں سے بناتے ہیں۔ (۲) اُونی کپڑا جو گھوڑے کی زین کے نیچے ڈالتے ہوں
نمدہ بندھ جانا: [ار۔ محاورہ] دیوالیا نکل جانا۔ مفلس ہو جانا۔
نمدہ بندھوانا: [ار۔ محاورہ] دیوالیہ نکال دینا۔ قلاش اور مفلس کر دینا۔
نمرود: [ع۔ اِمذ] ایک بادشاہ جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا، مگر آگ بحکم خدا گلزار بن گئی۔
نمستے: [ھ۔ اِمذ] بندگی۔ آداب۔ تسلیم
نمسکار: [ھ۔ اِمذ] آداب۔ تسلیم۔ بندگی [افعال۔ کرنا۔ ہونا]
نمش: [ف۔ اِمذ] دودھ کا جھاگ جس میں مصری ملا کر کھاتے ہیں۔
نمش: [ع۔ اِمذ] ایک مرض جس میں جلد یا کھال پر دھبے یا چھیپ پڑ جاتے ہیں
نمط: [ع۔ اِمذ] روش۔ وضع قطع۔ ڈھنگ۔ مثل۔ مانند۔
نمک: [ف۔ اِمذ] نون (۲) کھاری پن (۳) سانولا پن (۴) ملاحت۔ بانکپن۔ (۵) روزی۔ روزینہ۔ تنخواہ (۶) سلونی چیز کا ذائقہ (۷) شوخی کلام کا لطف۔
نمک افشاں: [ف۔ صف] نمک چھڑکنے والا۔ تکلیف دینے والا۔ دُکھ دینے والا
نمک افشانی: [ف۔ امث] دیکھئے "نمک افشاں" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
نمک آلود: [ف۔ صف] وُہ چیز جسکو نمک میں غلطان کیا ہو۔
نمک بر جراحت ہونا: [ار۔ محاورہ] زخم پر نمک چھڑکنا۔ زیادہ اذیت پہنچانا
نمک بند: [ف۔ صف] وُہ زخم جس پر نمک ڈال کر بند کر دیا گیا ہو۔
نمک پاش: [ف۔ صف] نمک چھڑکنے والا۔ دُکھ دینے والا۔ تکلیف دینے والا
نمک پاشی: [ف۔ امث] دیکھئے "نمک پاش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نمک پاشی کرنا: [ار۔ محاورہ] نمک چھڑکنا (۲) ستانا۔ تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔
نمک پرودر: [ف۔ صف] دیکھئے "نمک آلود"
نمک پرورد: [ف۔ صف] خانہ زاد۔ نمک خوار۔ ملازم۔ خادم۔
نمک پلکوں سے چننا: [ار۔ محاورہ] عورتوں کا خیال ہے کہ جس قدر نمک دُنیا میں بے فائدہ گرایا اُسی قدر عاقبت میں آنکھوں سے اُٹھانا پڑیگا۔
نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا: [ار۔ محاورہ] نمک حرامی کی سزا ملنا۔
نمک چش: [ف۔ صف] نمک چکھنے والا۔
نمک چشی: [ف۔ امث] نمک چکھنا۔ پہلے پہل بچہ کو نمک چکھانے کی رسم
نمک چکھانا: [ار۔ محاورہ] کھانا چکھانا۔ کھانے میں نمک کی کمی بیشی معلوم کرانا۔
نمک چکھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نمک چکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نمک چھڑکنا: [ار۔ محاورہ] ستانا۔ تکلیف میں اضافہ کرنا۔ کسی کھانے پر نمک ڈالنا۔
نمک حرام: [ف۔ صف] وُہ شخص جو اپنے محسن سے بُرائی کرے۔

نمک حرامی: [ف۔ امث] دیکھئے "نمک حرام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نمک حلال: [ف۔ صف] احسان مند۔ شکرگزار۔ حق شناس۔
نمک حلالی: [ف۔ امث] دیکھئے "نمک حلال" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نمک حلالی کرنا: [ار۔ مص مرکب] اپنے مالک کی خیرخواہی اور ہمدردی کرنا۔
نمک خوار: [ف۔ صف] غلام۔ خانہ زاد۔ ملازم۔ نوکر
نمک خواری: [ف۔ امث] دیکھئے "نمک خوار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
نمک خوردن: [ف۔ مصدر] محسن کشی کرنا۔
نمک دان / دانی: [ف۔ ار۔ مث] نمک رکھنے کا برتن۔
نمک زار / سار: [ف۔ امذ] نمک پیدا کرنے کی جگہ
نمک زہر کر دینا: [ار۔ محاورہ] بہت سا نمک ڈال دینا
نمک زہر ہو جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نمک زہر کر دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
نمک سنگ: [ف۔ امذ] ایک قسم کا نمک
نمک سود: [ف۔ صف] وہ چیز جس میں نمک چھڑکا گیا ہو۔
نمک تیز ہونا: [ار۔ محاورہ] کھانے میں نمک تیز ہونا۔
نمک کا اثر: [ار۔ امذ] وہ اثر جو کسی کی دی ہوئی روزی کھانے سے ہو۔
نمک کا پاس: [ار۔ امذ] کسی کی دی ہوئی روزی کھانے کا لحاظ
نمک کا حق ادا کرنا [ار۔ محاورہ] وفاداری کرنا۔ نمک حلالی کرنا۔ مالک کی خیرخواہی کرنا۔
نمک کا سہارا: [ار۔ امذ] تھوڑا سا سہارا رزق کا تھوڑا آسرا۔
نمک کھاکے نمک دان توڑنا [ار۔ محاورہ] احسان فراموشی کرنا۔
نمک کھانا۔ [ار۔ محاورہ] کسی کی نوکری کرنا۔ کسی کی دی ہوئی روٹی کھانا۔
نمک کی قسم: [ار۔ امث] وفاداری ظاہر کرنے کو نمک کی قسم کھاتے ہیں۔
نمک کی کنکری کا سہارا: [ار۔ امذ] تھوڑے سے رزق کا آسرا۔ تھوڑا سا سہارا۔
نمک کی کنکری حرام ہونا: [ار۔ محاورہ] بالکل فاقے سے ہونا۔
نمک کی مار پڑنا: [ار۔ محاورہ] نمک حرامی کی سزا ملنا
نمک مرچ چھڑکنا: [ار۔ محاورہ] بہت دکھ دینا۔ کمال ایذا دینا۔
نمک مرچ لگانا: [ار۔ محاورہ] مسالے دار بنانا۔ خوش ذائقہ بنانا۔ (۲) مبالغہ کرنا۔ بات بڑھاکر بیان کرنا (۳) بھڑکانا۔ اکسانا۔
نمکولی: [ھ۔ امث] نیم کے درخت کا پھل۔
نمکین: [ف۔ صف] سلونا۔ نمکدار (۲) سانولا۔ گندمی رنگ (۳) چرپرا ۴۔ کھاری۔
نمکینی: [ف۔ امث] سلونا پن۔ نمکین کا اسم کیفیت۔
نمگیرہ: [ار۔ صف] نم ناک۔
نمل: [ع۔ امث] چیونٹی۔
نمن: [ار۔ امث۔ ق] مانند۔
نمو: [ع۔ امث] بالیدگی۔ روئیدگی۔ بڑھنے پھولنے کی قوت۔
نمود: [ف۔ امث] علامت۔ نشان (۲) رونق (۳) ظاہر خوبی (۴) ظاہر ہونا (۵) نمائش۔ بھڑک۔ دھوم دھام (۶) ظہور۔ بالیدگی (۷) شان و شوکت۔ کروفر (۸) نظارہ۔ درشن (۹) دیدار۔ جلوہ۔ تجلی (۱۰) شہرت۔ ناموری ۱۱۔ صورت۔ ہیئت۔

نمودِ بے بود: [ف۔ امث] ناپائیدار دکھاوا۔
نمود کرنا: [ار۔ محاورہ] ظاہر داری کرنا۔ دھوم دھام کرنا۔ نمائش کرنا۔ ایسی بات کرنا۔ جس سے لوگوں میں شہرت ہو۔ شہرت حاصل کرنا۔
نمود کھونا: [ار۔ محاورہ] غرور توڑنا۔ شیخی کرکری کرنا۔
نمود ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نمود کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نمودار: [ف۔ صف] عیاں۔ ظاہر۔ آشکار۔ افعال: کرنا۔ ہونا
نموداری۔ [ف۔ امث] سرداری۔ سربراہی۔
نمودی: [ار۔ صف] نمود والا۔ نامی گرامی (۲) ظاہر ٹھاٹھ کا دلدادہ۔
نمودیا: [ار۔ صف] دولت کی شان دکھانے والا۔ دکھاوا کرنے والا۔ شیخی خورا۔
نمودیں باندھنا: [ار۔ محاورہ] کسی کی بے جا تعریف کرنا۔
نمونہ: [ف۔ امذ] وہ چیز جو دکھانے کے لیے آئے (۲) نظیر۔ مثل۔ تمثیل (۳) نقشہ۔ نقل۔ قالب۔ سانچہ۔ ڈول۔
نمونیا۔ [انگ۔ امذ] pneumonia وہ مرض جس سے پھیپھڑے خراب ہو جاتے ہیں۔
نموہا: [ار۔ صف] کم گو۔ کم سخن۔ چپ۔ خاموش (۲) غریب۔ مسکین۔
نموہی: [ار۔ امث] "نموہا" ملاحظہ ہو جس کی یہ تانیث ہے۔
نمی: [ف۔ امث] نم (۲) تری۔ گیلا پن۔ رطوبت۔
نمیقہ [ع۔ امذ] خط۔ نوشتہ۔ تحریر۔

ن — ن

نن: [انگ۔ امث] دنیا چھوڑ دینے والی عورت۔ راہبہ۔ وہ عورت جو اپنی زندگی عبادت و ریاضت کے لیے وقف کر دیتی ہے۔
ننا: [ار۔ صف] چھوٹا ٹھنگنا (۲) بچہ۔ ناسمجھ۔
ننا بچہ / چھنوا: [ار۔ صف۔ امذ] کنایتہً۔ ناتجربہ کار۔ بھولا۔ سیدھا۔
ننا بننا۔ [ار۔ محاورہ] انجان بننا ناواقف بننا
ننا بھولا: [ار۔ صف] نادان۔ کم عقل
ننا سا: [ارصف] چھوٹا سا۔ نہایت چھوٹا۔ چھوٹا اور موزوں۔
ننا جوڑا [ارصف] بچوں کے لیے مستعمل ہے۔
ننا سا منہ گز بھر کی زبان: [ار۔ مثل] چھوٹا منہ بڑی بات۔
ننا سا کلیجا: [ار۔ امذ] چھوٹا سا کلیجا۔ بچے کا دل۔
ننا کاتنا: [ار۔ محاورہ] باریک سوت کاتنا (۲) بیحد کفایت چاہنا۔ (۳) تنگ دل اور کنجوس ہونا۔
ننا منا: [ار۔ صف] بہت چھوٹا سا۔
ننانوا / ننانوال: [ھ۔ صف] وہ جس کا نام لینا منحوس ہو (۲) ہیضہ۔ (۳) منہ کا چھالا۔
ننانوے: [ار۔ عدد] ایک کم سو (۹۹)
ننانوے کا پھیر: [ار۔ امذ] دولت جمع کرنے کا لالچ۔ دولت بڑھانے کی فکر۔
ننانوے کے پھیر میں آجانا / پڑنا: [ار۔ محاورہ] روپیہ جمع کرنے کی فکر میں پڑنا۔

نِنادِیں: [ہ صف] وُہ چیز جس کا نام لینا بُرا خیال کریں۔
نَن پَن: [ار۔صف۔ ق] ننھا پن
نَنَد: [ہ۔امث] خاوند کی بہن۔
نِنْدا: [ہ۔امث] الزام۔ تشہیر (۲) تنبیہ (۳) گالی۔ دُشنام (۴) بے عزتی (۵) نفرت۔ حقارت۔
نِنْدوسا: [ہ۔صف] نیند سے بھرا ہُوا۔ خواب آلُودہ
نِندوسی / نندوئی: [ہ۔امذ] نند کا خاوند۔
نَندولا: [ار۔امذ] دیکھئے "نانڈ" جس کی یہ تصغیر ہے
نِنْدِیا: [ہ۔امث] نیند کی تصغیر
نِنْسار / نِنْسال: [ہ امث] ننھیال
نَنگ: [ف۔امذ] لحاظ۔ شرم۔ حیا (۲) ذِلّت۔ بدنامی۔
نَنگِ آدمی: [ف۔صف] بنی نوعِ اِنسان کے لیے شرم کا باعث۔
نَنگ آنا: [ار۔محاورہ] شرم آنا۔ غیرت آنا۔
نَنگِ خاندان: [ف۔صف] خاندان کو بدنام کرنے والا۔ خاندان کو بٹّہ لگانے والا۔
نَنگِ خلائق: [ف۔صف] خلقت کی ذلّت کا باعث۔
نَنگ رکھنا: [ار۔محاورہ] عیب سمجھنا۔ عار رکھنا۔
نَنگ رہنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ننگ رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نَنگِ قوم: [ف۔صف] قوم کو بدنام کرنے والا۔ جس کا وجُود قوم کے لیے باعث بدنامی ہو۔
نَنگ و نام: [ف۔امث] عزّت اور شہرت۔
نَنگ و ناموس: [ف۔امث] لحاظ و شرم (۲) عزّت و آبرُو۔
نَنگ و ناموس کو خیرباد کہنا: [ار۔محاورہ] عزّت کھو دینا۔
نَنگ و ناموس میں رخنہ ڈالنا: [ار۔محاورہ] عزّت میں فرق ڈالنا۔ بے عزت کرنا
نَنگ ہونا: [ار محاورہ] عار ہونا۔ غیرت ہونا۔
نَنگ: [ار۔صف] ننگا۔ برہنہ۔ عُریاں (۲) لُچّا۔ شہدا۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ (۳) قلّاش۔ مفلس
نَنگ دَھڑنگ / نَنگ سَنگ: [ار۔صف] بالکل ننگا (۲) مُفلس قلّاش۔
نَنگا: [ار۔صف] ا۔ برہنہ۔ عُریاں (۲) لُچّا۔ شہدا۔ بے حیا۔ بے غیرت (۳) قلّاش۔ مُفلس
نَنگا بُوچا / بچا: [ار۔صف] مُفلس۔ قلاش
نَنگا بوچا سب سے اُونچا: [ار۔مثل] مجرد اور بے سرمایہ بالکل بے فکر ہوتا ہے۔
نَنگا بھُوکا: [ار۔صف] جس کے پاس نہ پہننے کو کپڑا ہو نہ کھانے کو روٹی۔
نَنگا پھرنا: [ار۔محاورہ] برہنہ پھرنا۔ عُریاں پھرنا۔
نَنگا جھوری: [ار۔صف] بالکل ننگا کرکے تلاشی لینا۔
نَنگا دھڑنگا: [ار۔صف] دیکھئے "ننگ دھڑنگ"۔
نَنگا ساٹھ روپے کماتے تیس پیسے کھائے: [ار۔مثل] جس کے بیوی بچے نہ ہوں وُہ بہت کم خرچ کرتا ہے۔
نَنگا سب سے چنگا: [ار۔مثل] بے حیا کو کسی کا لحاظ نہیں ہوتا۔
نَنگا کر دینا: [ار۔محاورہ] برہنہ کر دینا۔ کپڑے اُتار لینا (۲) لُوٹ لینا (۳) زیور اُتار لینا (۴) کچھ نہ چھوڑنا۔
نَنگا کھڑا اُجاڑ میں ہے کوئی کپڑے لے: [ار۔مثل] غریب اور مفلس سے کوئی کیا لے گا۔
نَنگا کھلا: [ار۔صف] بالکل ننگا۔
نَنگا لُچّا: [ار۔صف] مفلس بدمعاش۔
نَنگا مادر زاد: [ار۔صف] ایسا ننگا جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہُوا ہو۔ بالکل ننگا۔
نَنگانا: [ار۔مص۔ ق] خُوب لُوٹنا

نَنگائی: [ار۔امث] عُریانی۔
نَنگوں کا شہر / کی بستی: [ار۔امذ] کنایۃً وُہ بستی جہاں کوئی قانون نہ ہو
ننگوں کو بھُوکوں نے لُوٹ لیا: [ار۔مثل] بدمعاشوں نے بدمعاشوں کے ساتھ بدسلوکی کی۔
نَنگی: [ار۔صف] دیکھئے "ننگا" جس کی یہ تانیث ہے۔
نَنگی تلوار: [ار۔امث] میان سے نکلی ہُوئی تلوار (۲) صاف گو آدمی ۳۔ بیخوف
ننگی ناچنا: [ار محاورہ] عورت ہو کر لچا پن کرنا۔
ننگی نہائے گی کیا نچوڑے گی کیا: [ار۔مثل] مُفلس اگر حوصلے والا بھی ہو تو کیا خرچ کرے گا۔
ننگے پاؤں ننگے سر: [ار۔مثل] حیران و پریشان گھبرایا ہُوا۔ مصیبت زدہ۔
ننگے پاؤں ہونا: [ار محاورہ] غصّے میں ہونا۔
نَنگیانا: [ار۔مص] چھین لینا۔ ہڑپ کر لینا۔
نَنْھا: [ار۔صف] دیکھئے "ننا" مع مُرکّبات و محاورات۔
نَنھّی: [ار۔صف۔مث] دیکھئے "ننھا" جس کی یہ تانیث ہے۔
نَنھّی کا: [ار۔امذ] ننھی عورت کا جنا ہُوا۔ (۲) بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔ بھولا بھالا۔ سادہ۔
نَنھیا: [ار صفت] "نانا؛ و نانی" ملاحظہ فرمائیں جس سے یہ منسُوب ہے۔
نَنھیا ساس: [ار۔امث] زوجہ یا شوہر کی نانی۔
نَنھیا سسر: [ار۔امذ] زوجہ یا شوہر کا نانا۔
نَنھیال: [ار۔امث] نانا کا گھر۔ نانا کا خاندان۔
نِنیانا: [ار مص] منت کرنا۔ عاجزی کرنا

ن ــــ و

نَو: [ار۔صف] آٹھ اور ایک۔ ایک کم دس
نواں: [ار۔ عدد ترتیبی] ترتیب میں آٹھ کے بعد کا درجہ۔
نونری: [ہ۔امث] ایک قسم کا جوا جو بانسوں میں کھیلا جاتا ہے۔
نو تیرہ بائیس بتا دینا: [ار۔محاورہ] ٹال مٹول کرنا حیلے حوالے کرنا لیت و لعل کرنا۔
نوٹنکی: [ہ۔امث] ایک قسم کا ناچ تماشا جس میں اکثر ہندُو قِصّے گا کر

واقعات کا چربہ اُتار اجاتا ہے۔

نَورَتَن: [ھ۔امث] نو جواہر (۱) لعل (۲) موتی (۳) پکھراج (۴) زمرد (۵) مونگا۔ (۶) لاجورد (۷) نیلم (۸) ہیرا (۹) یاقوت (۱۰) بازو کے ایک قسم کے جڑاؤ زیور کا نام (۱۱) نو دانشمند۔

نو سو: [ار۔مرکب عددی] نو سیکڑے۔ (۲) بہت بہت سے۔ بے انتہا۔

نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔ [ار۔مثل] ساری عمر گناہ کر کے آخر میں پارسا بن بیٹھے۔ بہت سے گناہ کر کے توبہ کی طرف مائل ہونا۔

نوکَنی: [ار۔امث] ایک کھیل جس میں زمین پر چند خانے بنا کر ۹ ٹھیکریں یا کوڑیوں سے کھیلتے ہیں۔

نوگِرَہ: [ار۔امذ] زائچہ میں نو ستاروں کی گردش۔ اُن کا اثر اور نام۔

نوگرہی: [ار۔امث] ہاتھوں کا ایک زیور۔ پہنچی جس میں نو نگ یا جواہرات جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ نوگری۔

نولکھا: [ار۔صف] نو لاکھ کا نہایت قیمتی۔

نولکھا ہار: [ار۔امذ] نو لاکھ کا نہایت قیمتی ہار۔

نولکھا ہار پہنانا [ار۔محاورہ] نہال کر دینا۔ مالا مال کر دینا۔

نَوماسا: [ار۔امذ] ایک رسم جو حمل کے نویں مہینے ادا کی جاتی ہے۔

نو نقد نہ تیرہ اُدھار: [ار۔مثل] قرض کے تیرہ سے نقد نو اچھے۔ جو سردست مل جائے وہ بہتر ہے۔

نَونَگا: [ھ۔امذ] بازوؤں کا ایک زیور جس میں نو نگینے جڑے ہوتے ہیں۔

نو نیزے پانی چڑھانا: [ار۔محاورہ] طوالت دینا۔ لڑائی جھگڑے میں طول دینا۔

نَوِیں: [ار۔صف۔ترتیبی امث] نویں تاریخ کسی مہینے کی۔

نَو: [ف۔صف] نیا۔ جدید۔ تازہ۔ ابھی کا۔

نو آباد: [ف۔صف] حال ہی میں بسایا ہوا۔ تازہ آباد کیا ہوا۔ (۲) وہ زمین جس میں پہلی دفعہ ہل چلایا گیا ہو۔

نو آباد کار: [ف۔صف] کسی نئی آباد جگہ پر نیا نیا آباد ہونے والا۔

نو آبادی: [ف۔امث] نیا آباد کیا ہوا علاقہ۔ کالونی۔

نو آموز: [ف۔صف] جس نے ابھی سیکھنا شروع کیا ہو (۲) ناتجربہ کار۔ بندی

نو آیین: [ف۔صف] زیبا۔ آراستہ (۲) نئی بات (۳) وہ شخص جو نئی بات نکالے

نو ایجاد: [ف۔صف] نیا ایجاد کیا ہوا۔ حال میں ایجاد کیا ہوا۔

نوبادہ: [ف۔امذ] عموماً ہر چیز نئی اور تازہ خصوصاً میوہ (۲) نیا پودا۔

نوبَردہ: [ف۔امذ] نیا خریدا ہوا غلام۔

نو بہ نو: [ف۔متعلق فعل] تازہ بہ تازہ۔ ابھی کا۔

نوبہار: [ف۔صف] موسم بہار کا شروع (۲) موسم بہار۔ وہ چیز جس پر نئی رونق ہو۔

نَوپیدا: [ف۔صف] جو چیز ابھی پیدا ہوئی ہو۔

نوتوڑ: [ف۔ہ۔امث] وہ اراضی جو حال میں قابل کاشت کی گئی ہو۔ (ترکیب غلط ہے)

نَوجَوان: [ف۔صف] جس کی جوانی کا ابھی آغاز ہوا ہو۔ نوخیز۔ نوعمر۔ گبرو

نوجوانی: [ف۔امث] دیکھئے "نوجوان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نوچندی: [ار۔امث] چاند کی پہلی جمعرات (ترکیب غلط ہے)

نَوخاستَہ: [ف۔صف] نوجوان (۲) تازہ اُگا ہوا۔ (۳) ناتجربہ کار۔

نوخَط: [ف۔صف] جس کے نیا نیا خط آیا ہو۔ سبزہ آغاز۔

نوخیز: [ف۔صف] نوجوان (۲) تازہ اُگا ہوا (۳) ناتجربہ کار

نوخیزی: [ف۔امث] دیکھئے "نوخیز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نودَولَت / دولت دار: [ف۔صف] وہ شخص جس کو مفلسی کے بعد دولت ملی ہو۔ جو خاندانی طور پر امیر نہ ہو۔

نَورَس: [ف۔صف] نیا پھل۔ تازہ میوہ (۲) نوخیز نوجوان۔

نَوروز: [ف۔امذ] نیا دن۔ نیا روز۔ وہ دن جس سے نیا سال شروع ہوتا ہے۔ کنایۃً خوشی کا دن۔

نَوسِکھ / سِکھیا: [ف۔صف] نو آموز۔ نیا سیکھنے والا۔

نَوشاہ / نوشہ: [ف۔امذ] نوجوان۔ بادشاہ (۲) دولہا۔ بنّا

نوعروسانِ چمن: [ف۔امذ] تازہ کلیاں۔ تازہ پھول۔

نوعُمر: [ف۔امذ] نوجوان۔ نابالغ۔ کم سن۔

نوعُمری: [ف۔امث] دیکھئے "نوعمر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نوگرفتار: [ف۔صف] تازہ گرفتار۔ ناتربیت یافتہ۔ نیا پکڑا ہوا۔ (۲) نیا عاشق۔

نَومُسلِم: [ف۔صف] نیا مسلمان۔ وہ شخص جس نے کسی دوسرے مذہب سے حال ہی میں اسلام قبول کیا ہو۔

نَومَشق: [ف۔صف] نو آموز۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔

نونہال: [ف۔امذ] درخت کا نیا پودا۔ کنایۃً کم عمر بچے۔

نونیاز: [ف۔صف] طفل۔ نومشق۔ کنایۃً نیا عاشق

نو وارد: [ف۔صف] اجنبی۔ مسافر۔ تازہ وارد۔

نَوا: [ف۔امث] آواز۔ صدا (۲) کوک۔ چہچہا (۳) سُر۔ راگ۔ نغمہ (۴) موسیقی کے بارہ مقامات میں سے ایک مقام (۵) ساز و سامان (۶) روزی۔ خوراک (۷) تونگری۔ خوش حالی۔ (۸) سامان۔ توشہ۔

نواپرداز / زن / ساز / سنج / گر: [ف۔صف] مطرب۔ گانے والا۔ خوش آواز۔

نوا: [ار۔صف۔ن] نیا

نوّا: [ھ۔امذ] نائی۔

نَوّاب: [ع۔امذ] نیابت کرنے والا۔ شہر یا علاقے کا حاکم۔ سردار۔ صوبہ دار۔ ناظم۔ عہدِ مغلیہ کا ایک خطاب۔

نَواب بننا: [ار۔محاورہ] نواب کا خطاب ملنا (۲) کسی علاقے کا حاکم ہو جانا۔ مغرور ہو جانا۔ اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا۔

نَواب بے مُلک: [ار۔امذ] وہ جو امیری کی شیخی مارے اور پاس کچھ نہ ہو۔

نواب زادہ: [عف۔امذ] نواب کا بیٹا۔

نواب زادی: [ار۔امث] دیکھئے "نواب زادہ" جس کی یہ تانیث ہے۔

نوّابی: [عف۔امث] دیکھئے "نواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نوابی ٹھاٹھ / کارخانہ: [ار۔امذ] امیری کا روبار۔ رئیسانہ ساز و سامان

نوّابی کرنا: [ار۔محاورہ] امیرانہ طور سے رہنا۔ نوابوں کی طرح بسر کرنا۔

نواح: [عف۔ اند] مضافات۔ اردگرد کا علاقہ۔ قرب و جوار۔
نواحی: [ع۔ اند] دیکھیے "ناحیہ" جس کی یہ جمع ہے۔
نوادر: [ع۔ اند] "نادرہ" ملاحظہ ہو۔ جس کی یہ جمع ہے۔
نوار: [ار۔ امث۔ ق] مخالفت
نوار: [ف۔ امث] نواڑ۔ وُہ موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے۔
نوارنا: [ار۔ مص] آوارہ پھرنا (۲) سیر کرنا (۳) سفر کرنا۔
نواڑ: [ار۔ امث] دیکھیے "نوار"۔
نواڑا: [ار۔ اند] بجرا۔ سیر کرنے کی چھوٹی کشتی۔
نواڑا کھیلنا: [ار۔ محاورہ] نواڑے میں سوار ہو کر دریا کی سیر کرنا۔
نواڑی: [ار صف] نوار کا بنا ہُوا (۲) مذ۔ چھوٹا بجرا۔ (۳) ایک قسم کی چنبیلی۔
نواز: [ف صف] فارسی مصدر نواختن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سرفراز کرنیوالا اور بجانیوالا کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً بندہ نواز نغمے نواز
نوازش: [ف۔ امث] مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔
نوازش خسروانہ: [ف۔ امث] بادشاہوں کی مہربانی یا شفقت۔
نوازش کرنا: [ار مص کمپ] عنایت کرنا۔ مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ پرورش کرنا۔
نوازش نامہ: [ف۔ اند] عنایت نامہ۔ مہربانی نامہ۔
نوازش ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نوازش کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نوازشات: [ف۔ اند و مث] دیکھیے "نوازش" جس کی یہ بقاعدہ عربی غلط جمع ہے۔
نوازنا: [ار۔ مص جبلی] مہربانی کرنا۔ عنایت کرنا۔
نوازندہ: [ف۔ صف] بجانے والا۔ سرفراز کرنے والا۔
نواس: [س۔ اند] رہنا۔ رات گزرنا (۲) رہنے کی جگہ۔ مکان۔ گھر (۳) شب باشی کا مقام۔
نواسہ/نواسا: [ف۔ اند] بیٹی کا بیٹا۔
نواسی: [ف۔ امث] دیکھیے "نواسہ" جس کی یہ تانیث ہے۔
نواسی: [ار۔ اعدد] ایک کم نوّے۔ (۸۹)
نواسیر: [ع۔ امث] دیکھیے "ناسور" جس کی یہ جمع۔ وُہ ناسور جو مقعد میں ہو جاتا ہے۔
نواصب: [ع۔ اند] مسلمانوں کا ایک فرقہ۔ جو حضرت علیؓ کو نہیں مانتا۔ (۲) خارجی (۳) ناصبی کی جمع۔
نوافذ: [ع۔ اند] وُہ اعضا جن کے ذریعے کوئی احساس ہو جیسے مُنہ، کان، ناک
نوافل: [ع۔ اند] دیکھیے "نافلہ" جس کی یہ جمع ہے
نوال: [ع۔ امث] مہربانی۔ احسان بخشش (۲) طریقہ۔
نوالہ: [ف۔ اند] لقمہ (۲) تھوڑی چیز۔ لقمے برابر چیز
نوالہ اُگلنا: [ار۔ محاورہ] منہ سے لقمہ نکال دینا۔
نوالہ توڑنا: [ار۔ محاورہ] کھانے کے لیے ٹکڑے توڑنا۔ کھانا کھانا (۲) کسی کے رحم و کرم پر زندگی بسر کرنا۔
نوالہ حلق میں پھنسنا: [ار۔ محاورہ] گلے میں لقمہ اٹک جانا۔
نوالہ کرنا: [ار۔ محاورہ] کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔
نوالہ نگلنا: [ار۔ محاورہ] نوالہ کا حلق کے نیچے اُتارا جانا۔

نوالہ توڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کی ابتدا کرنا۔
نوالہ ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نوالہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے
نوالے مارنا: [ار۔ محاورہ] کھانا نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔
نواں: [ار۔ عدد ترتیبی] ترتیب میں آٹھ کے بعد کا درجہ۔
نواں: [ار۔ اند۔ ق] نشیب۔ ڈھلان
نواں نوتی: [ار۔ صف] تازہ۔ بالکل تازہ۔
نوانا: [ار۔ مص] جھکانا۔ نیچا کرنا۔
نوانیچہ: [ار متعلق فعل۔ ق] نیچے کی طرف۔
نواہی: [ع۔ اند] دیکھیے "نہی" جس کی یہ جمع ہے۔
نوائب: [ع۔ اند] دیکھیے "نائبہ" جس کی یہ جمع ہے۔
نوبائیں چھونا: [ار۔ محاورہ] ایک رسم جس میں عروس کی پہلی رخصتی کے وقت مشاطہ عروس کے ہر عضو پر مصری کی ڈھلیاں رکھتی ہیں، اور دُولہا اپنے منہ سے اٹھاتا ہے۔
نوبت: [ع۔ امث] باری۔ دفعہ (۲) مہلت۔ فرصت۔ حالت کیفیت۔ گت درجہ
نوبت آنا: [ار۔ محاورہ] باری آنا۔ کسی کام کے ہونے کا وقت آنا
نوبت بجنا: [ار۔ محاورہ] نقارہ بجنا۔ شادیانہ بجنا۔ خوشی ہونا (۲) بیاہ رچنا۔
نوبت بنوبت: [ف۔ متعلق فعل] باری باری سے۔ یکے بعد دیگرے۔
نوبت بہ اینجا رسید: [ف۔ شق] یہاں تک نوبت پہنچی۔
نوبت پانا: [ار۔ محاورہ] زمانہ شاہی میں عزت پانے کا ایک قرینہ۔
نوبت پہنچنا: [ار۔ محاورہ] باری آنا۔ حالت کو پہنچنا۔
نوبت جھڑنا: [ار۔ محاورہ] نوبت بجنا **نوبت خانہ** [عف۔ اند] نقار خانہ۔ وُہ مکان جہاں نوبت بجے۔ **نوبت رکھنا**: [ار۔ محاورہ] مکان کے دروازے پر نقارے بجوانا۔
نوبت زن: [ف۔ صف] نقارچی۔
نوبت صبح: [ع۔ امث۔ بترکیب فارسی] وُہ نقارہ جو صبح کو بجاتے ہیں۔
نوبت طلبی: [عف۔ امث] عدالت میں پیش ہونے کی اجازت کی درخواست۔
نوبت کا دھونسا: [ار۔ اند] نوبت بجانے کا بڑا نقارہ۔
نوبت کو پہنچنا: [ار۔ محاورہ] حالت کو پہنچنا۔ گت ہونا۔
نوبت کی ٹکور: [ار۔ امث] نوبت یا ڈنکے کی آواز۔
نوبت گاہ: [ف۔ امث] دیکھیے "نوبت خانہ"
نوبت گزرنا: [ار۔ محاورہ] موقع جاتا رہنا۔
نوبت نشان: [عف۔ اند] نقارہ اور جھنڈا، یہ دونوں عزت کے نشان سمجھے جاتے ہیں۔
نوبت نواز: [ف۔ صف] نوبت بجانے والا۔ نقارچی۔
نوبت ہونا: [ار۔ محاورہ] باری ہونا (۲) حالت ہونا (۳) نقارہ بجنا۔
نوبتی: [ف۔ صف] باری کا (۲) چوکیدار (۳) نقارچی (۴) کوتل گھوڑا۔ ۵۔ بڑا خیمہ (۶) شاہی دربان۔
نوبل: [انگ۔ صف] noble شریف (۲) عالی خاندان (۳) امیر۔ رئیس۔
نوبل پرائز: [انگ۔ اند] nobel prize سویڈن کے کیمیادان ڈاکٹر نوبل کے وصیت کردہ انعامات۔ جو کسی شعبہ علم و فن میں اعلیٰ کارکردگی

پرو پیٹے جاتے ہیں۔

نَوتا: [ا ر۔ اند] نیوتا۔ وُہ نقدی جو بیاہ شادی میں صاحب خانہ کو بطور رسم دی جاتی ہے (۲) بلاوا۔ طلبی۔

نَوتنا: [ھ۔ مص] نیوتا دینا۔ بلانا

نوٹ: [انگ۔ اند] note کاغذی سکہ (۲) تمسک۔ دستاویز۔ سند (۳) یادداشت (۴) پرچہ۔ چٹھہ۔ حاشیہ جو کسی کتاب پر لکھا جائے تعبیر

نوٹ بُک: [انگ۔ امث] note book وہ چھوٹی کتاب جس میں یادداشت لکھیں۔

نوٹ پیپر: [انگ۔ امث] note paper چٹھی لکھنے کا کاغذ۔

نوٹ جاری کرنا: [ار۔ محاورہ] حکومت کی طرف سے نوٹوں کا اجراء کرنا۔

نوٹ جاری ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نوٹ جاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نوٹ کرنا: [ار۔ محاورہ] یادداشت لکھنا (۲) خاص طور پر خیال رکھنا۔

نوٹ لکھانا: [ار۔ محاورہ] یادداشت لکھوانا (۲) اُستاد کا کسی اہم مسئلہ یا عبارت کو تحریر کرانا۔

نوٹ لکھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نوٹ لکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نوٹ لینا: [ار۔ محاورہ] یادداشت لکھ لینا۔

نوٹ ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نوٹ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نوٹری: [انگ۔ اند] notary ناظر۔ رجسٹرار

نوٹری پبلک: [انگ۔ اند] notarypublic حکومت کی طرف سے وُہ مقرر کردہ شخص جو دستاویزات کی تصدیق کرتا ہے۔

نوٹس: [انگ۔ اند] notice اطلاع۔ یادداشت (۲) عدالت کی طرف سے جاری شدہ اطلاع نامہ۔

نوٹس بورڈ: [انگ۔ اند] notice board وُہ تختہ جس پر اطلاع نامہ رکھا جائے

نوٹس جاری کرنا: [ار۔ محاورہ] سرکاری ادارہ کی طرف سے اطلاع نامہ جاری کرنا

نوٹس جاری ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نوٹس جاری کرنا" جس کا یہ لازم ہے

نوٹس لینا: [ار۔ محاورہ] توجہ دینا۔

نوٹنکی: [ھ۔ اند] ایک قسم کا ناچ۔ ڈراما۔ ناٹک۔

نوٹیشن: [انگ۔ اند] notation راگ یا اعداد کو علامات سے ظاہر کرنا۔

نوج: [ار۔ کلمہ پناہ] خُدا نہ کرے۔ خدانخواستہ (۲) نہ۔ نہیں۔
نعُوذُ بِاللّٰہ کا بگاڑ۔

نوج دور/ دور پار: [ار۔ کلمہ پناہ] خُدا نہ کرے ایسا ہو۔

نوچ: [ھ۔ امث] خراش۔ **نوچ کھانا** [ھ ار۔ محاورہ] ناخنوں سے بوٹیاں توڑلینا۔ بہت تنگ کرنا۔ ایذا دینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

نوچ کھسوٹ: [ار۔ امث] لوٹ مار۔ غارتگری (۲) مال کی زبردستی وصولی

نوچ ناچ: [ار۔ امث] لوٹنا۔ پریشان کرنا۔

نوچ نوچ کر کھانا: [ار۔ محاورہ ہمص۔ مرکب] پنجوں یا ناخنوں سے گوشت جُدا کرکے کھانا۔

نوچا ناچی: [ار۔ امث] چھینا جھپٹی۔

نوچنا: [ار۔ مص] ناخن مارنا۔ پنجہ مارنا۔ کھرچنا۔ چٹکی لینا (۲) بال کھینچ لینا۔ بال اکھاڑ لینا (۳) دانت سے کھسوٹنا (۴) لوٹ لینا (۵) شاخ سے پتیاں توڑنا (۶) پھاڑ کھانا (۷) شکاری پرند کا چونچ یا ناخنوں سے گوشت اکھاڑنا۔ ۸۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

نوچنا کھسوٹنا: [ار۔ محاورہ] چنگل مارنا۔ پنجہ مارنا (۲) چھینا جھپٹی کرنا۔ لوٹنا مارنا۔

نوچی: [ار۔ امث] نوجوان لڑکی جس سے طوائفیں پیشہ کراتی ہیں۔

نوح: [ع۔ اند] تسکین دینے والا (۲) ایک نبی کا نام۔

نوحؑ کا طوفان: [ار۔ اند] وُہ طوفان جو حضرت نوحؑ کے وقت آیا تھا۔

نوحؑ کی کشتی: [ار۔ امث] وُہ کشتی جو حضرت نوحؑ نے طوفان آب سے محفوظ رہنے کے لیے تیار کی تھی (۲) نجات کا ذریعہ۔

نَوحَہ: [ع۔ اند] رونا گریہ۔ آہ و زاری۔ پیٹنا (۲) ماتم کرنا۔ لاش پر چلّا کر رونا۔

نوحہ خواں / گر: [عف۔ صف] ماتم کرنے والا مُردے کے حالات بیان کرکے رونے اور رُلانے والا۔

نوحہ خوانی / گری: [عف۔ امث] دیکھئے "نوحہ خواں / گر" جس کا اسم کیفیت ہے۔

نَوحہ کرنا: [ار۔ مص مرکب] رونا۔ پیٹنا۔ گریہ زاری کرنا۔ آہ و زاری کرنا۔

نَود: [ف۔ صف] نوّے۔ دس کم سو۔

نودھا: [ھ۔ اند] نیا پودا۔

نُور: [ع۔ اند] روشنی۔ تجلّی۔ اُجالا۔ چمک (۲) رونق۔ رُوپ (۳) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام (۴) صوفیوں کی اصطلاح میں خُدا کا ایک صفاتی نام۔

نُور آجانا: [ار۔ محاورہ] روشنی پیدا ہو جانا (۲) رونق آجانا۔

نُور آگیں: [ف۔ صف] پُرنور۔ نور سے بھرا ہُوا۔ روشن۔

نُور اُڑ جانا: [ار۔ محاورہ] رونق جاتی رہنا۔ بے رونق ہونا۔

نُور افزا: [عف۔ صف] روشنی بڑھانے والا۔

نُور افشاں / پاش: [عف۔ صف] روشنی چھڑکنے والا۔ منوّر کرنے والا۔

نور افشانی / پاشی: [عف۔ امث] دیکھئے "نُور افشاں / پاش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

نُور العین / نُورِ عین: [ع۔ف۔ اند] مجازاً بیٹا (۲) آنکھوں کی روشنی۔

نُورِ الٰہی: [ع۔ اند] خُدا کا نُور۔

نُورانی: [ع۔ صف] منوّر۔

نورانی چہرہ: [عف۔ اند] وُہ چہرہ جس پر نُور برستا ہو۔ مقدّس بزرگ کے واسطے مستعمل ہے۔

نُورِ ایمان: [ع۔ اند] وُہ نُور جو ہر ایماندار کے چہرے اور دل میں ہوتا ہے۔

نُورباف: [ف۔ اند] جُولاہا۔ کپڑا بُننے والا۔

نُوربافی: [ف۔ امث] دیکھئے "نُورباف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ (۲) ایک قسم کا کپڑا۔

نُور بخش: [ف۔ صف] روشنی دینے والا۔

نُور برسنا: [ار۔ محاورہ] روشنی کا نمایاں ہونا۔ چہرے پر رونق ہونا۔

نُورِ بصر: [ف۔ اند] آنکھوں کی روشنی (۲) دیکھئے "نُورِ نظر"

نُورِ چشم: [ع۔ف۔ اند] دیکھئے "نُورِ نظر"

نُور چھانا: [ار۔ محاورہ] ہر طرف نُور ہی نُور ہونا۔

نُور چھٹکنا: [ار۔ محاورہ] روشنی پھیلنا۔

نُور چھلکنا: [ار۔ محاورہ] چمکنا۔ روشنی پھیلانا۔

نُورچھَننا: [ار. محاورہ] پردے یا درختوں کے پتوں یا بادلوں سے روشنی کا تھوڑا تھوڑا کر کے باہر آنا۔ سوراخ دار شے سے روشنی نکلنا۔

نُورِ دیدہ: [عف. صف] دیکھئے "نُورِ نظر"

نُور ظہُور کا وقت: [ار. اند] صبح کا وقت۔ تڑکا۔ صبح صادق کا وقت۔

نُورٌ علیٰ نُور: [ع. صف] نُور پر نُور (۲) ایک سے ایک بڑھ کر (طنزاً) (۳) بہتر۔ اعلیٰ۔ (۴) سُبحان اللہ۔ صلّی علیٰ۔

نُور کا: [ار. صف] چمکیلا۔ حسین (۲) بہت عمدہ۔ پاکیزہ۔

نُور کا پُتلا: [ار. صف] حسین۔ خُوبصورت۔ نورانی صورت

نُور کا تڑکا: [ار. اند] صبح صادق۔ پَو پھٹنے کا سماں

نُور کا دریا: [ار. صف] سراپا نور۔ مجسّم نُور

نُور کا گلا / نُورانی گلا: [ار. اند] نہایت رسیلی اور سُریلی آواز

نُور کا مُنہ: [ار. اند] روشنی کی کثرت

نُور کی آواز: [ار. صف] شیریں آواز

نُور کی باتیں: [ار. امث] میٹھی میٹھی باتیں۔ شیریں گفتگو

نُور کی بزم: [ار. امث] حسینوں کا مجمع

نُور کی تانیں: [ار. امث] سُریلی تانیں

نُور کی چادر: [ار. امث] روشنی کی کثرت۔ روشنی کا اکٹھا ایک جگہ پر پڑنا

نُور کے بول: [ار. امث] دل لُبھانے والی باتیں

نُور کے سانچے میں ڈھلنا: [ار. محاورہ] خُوبصورت اور حسین ہونا۔ سراپا نُور ہونا

نُور محلی: [ار. اند] ایک قسم کا کھانا۔

نُورِ نظر: [عف. اند] ا۔ آنکھوں کی روشنی (۲) کنایۃً بیٹا۔

نُورا: [ار. اند] بال اُڑانے کا سفوف جو چونے اور ہڑتال کا مُرکب ہوتا ہے۔

نُورا لگانا: [ار. محاورہ] بال اُڑانے کا پوڈر لگانا (۲) کسی کو فریب دے کر نقصان کرنا "صحیح نُورہ" ہے

نُورا لگنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نُورا لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نُورانا: [ار. مص ق] روشن کرنا۔

نُورُت: [ع. ار. امث. ق] موسم بہار

نُورہ: [ع. اند] دیکھئے "نُورا"

نُوری: [ار. امث ق] چونا

نُوری: [ع. صف] دیکھئے "نُور" جس سے یہ منسُوب ہے۔

نوڑنا: [ار مص. ق] جھکنا **نوڑھانا**: [ار مص] جھکانا

نوزدہ: [ف. صف] انیس

نوسادر: [ار. اند] دیکھئے "نوشادر" جو صحیح ہے۔

نوسَرباز: [ار. صف] دھوکے باز

نوش: [ف. اند] خوشگوار چیز (۲) آبِ حیات۔ امرت (۳) شہد (۴) تریاق نوشیدن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آ کر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پینے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے بادہ نوش وغیرہ۔

نوشِ جان کرنا: [ار محاورہ] کھانا کھانا۔

نوشِ جان ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "نوش جان کرنا" جس کا یہ لازم ہے

نوش خند: [ف. اند] خندہ شیریں۔ زہر خند کا مُتقابل

نوش کرنا: [ار محاورہ] کھانا پینا۔

نوش کے بعد نیش وزنیش: [ف. مثل] خوشی کے بعد رنج ہوتا ہے۔

نوشادر: [ف. اند] ایک سفید رنگ کی دوا جو ایک قسم کا نمک ہے اور ہاضم طعام ہے

نوشا نوش: [ف. صف] پے در پے پینا۔

نوِشت: [ف. امث] تحریر۔ لکھائی۔ کتابت۔

نوِشت و خواند: [ف. امث] لکھنا پڑھنا۔ لکھائی پڑھائی

نوِشتہ: [ف. صف] لکھا ہوا۔ (۲) [اند] تحریری سند۔ دستاویز (۳) تقدیر

نوِشتۂ تقدیر: [ع. اند] قسمت کا لکھا۔ نصیبہ (۲) اٹل بات۔

نوشتہ دینا: [ار. محاورہ] تحریری سند دینا۔

نوشتۂ دیوار: [ع. اند] غیبی وعید۔ خدا کی طرف سے تنبیہ (۲) واضح بات۔ سامنے کی بات

نوشتہ لینا: [ار. محاورہ] تحریری اقرار لینا۔

نوشتہ ہونا / ہو جانا: [ار. محاورہ] اقرار نامہ لکھا جانا۔

نوشو: [ار. اند. ق] نوشہ۔ دولہا۔

نوشین: [ف. صف] شیریں۔ میٹھا۔ خوش ذائقہ

نوطاس برن: [ار. امث ق] سہ پہر شب۔

نوع: [ع. امث] وہ کل جس میں یکساں حقیقت کے افراد شامل ہوں جنس (۲) وضع۔ طور۔ ڈھنگ (۳) ذات (۴) شکل صورت۔

نوعِ انسان: [ع. ا.] بنی آدم۔ نسل انسان۔

نوعیّت: [ع. امث] قسم (۲) خصوصیت

نوک: [ف. امث] کسی چیز کا باریک سرا۔ اَنی (۲) چونچ منقار (۳) ڈنک (۴) آن ادا انداز (۵) بانکپن وضعداری (۶) شیخی۔ ڈینگ۔ (۷) عزت۔ آبرو (۸) چھیڑ چھاڑ (۹) نیش زنی (۱۰) کونہ۔ زاویہ۔

نوک اڑنا: [ار محاورہ] اَنی کا چُبھنا۔

نوک بان: [ار. امث] جُوتی کی خوبصورتی اور بناوٹ وغیرہ۔

نوک پلک: [ار. امث] آنکھ ناک کی موزونیت۔ خوبصورتی (۲) کاتب کے حروف کی موزونیت۔

نوک پلک پانا: [ار محاورہ] دیکھنے میں موزوں، خوبصورت اور دیدہ زیب ہونا۔

نوک پلک سے درست: [ار. صف] ہر طرح سے عمدہ (۲) موزوں [افعال: کرنا۔ ہونا]

نوک جھوک: [ار. امث] لعن طعن کی باتیں۔ تکرار [افعال: کرنا۔ ہونا]

نوک چوک: [ار. امث] چھیڑ چھاڑ۔ اشارہ۔ کنایہ۔ شوخی۔ شرارت۔

نوک دار: [ف. صف] نوک رکھنے والی چیز۔

نوک دُم بھاگنا: [ار محاورہ] بے تحاشا بھاگنا۔ دُم دبا کر بھاگنا۔

نوک رکھ لینا: [ار محاورہ] آبرو بچا لینا۔ عزت رکھ لینا۔

نوک رہ جانا / رہنا: [ار. محاورہ] آبرو بچ جانا۔ عزت یا بات رہ جانا۔

نوکِ زبان: [ف. امث] زبان کی نوک۔ زبان کا سرا۔

نوک زبان کرنا: [ار محاورہ] حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔

نوکِ زبان ہونا: [ار محاورہ] دیکھئے "نوک زبان کرنا" جس کا یہ لازم ہے

نوکِ قلم پر آنا: [ار. محاورہ] لکھا جانا۔ تحریر ہونا۔

نوک کا: [ار. اند] وضع کا۔ آن بان کا۔ بانک پن کا۔

نوک کی باتیں: [ار. امث] لعن طعن کی باتیں۔

نوک کی لینا: [ار. محاورہ] ڈینگ مارنا (۲) قابل فخر یا بڑھ کر کام کرنا.
(۳) و مقصد ادھی نباہنا.
نوک نشتر ہونا: [ار. محاورہ] نشتر کی طرح چُبھنا (۲) سخت تکلیف دہ ہونا.
نوکا: [س. امث] کشتی. بجرا. چھوٹا جہاز
نوکا جھوکی: [ار. امث] چھیڑ چھاڑ. طعن وتشنیع. شوخی شرارت.
نوکر: [ف. امذ] ملازم. خدمت گار. خادم.
نوکر چاکر: [ف. امذ] مُلازمان
نوکر شاہی: [ار. امث] دفتروں میں اہل کاروں اور کلرکوں کا راج.
نوکر کے آگے چاکر / چاکر کے آگے نوکر: [ار مثل] جو مُلازم اپنا کام دوسروں پر ڈالے اُس پر یہ بولتے ہیں.
نوکر کے آگے پیش کار، چار یار چاروں بیکار [ار مثل] اِس موقع پر بولتے ہیں جب کسی امر کی بد انتظامی دُور کرنے کے لیے نوکر رکھے جائیں لیکن بد انتظامی پہلے سے بھی زیادہ ابتری اور خرابی پھیل جائے.
نوکر رکھنا: [ار. محاورہ] مُلازم رکھنا. پیش خدمت بنانا.
نوکر ہونا: [ار. محاورہ] مشاہرہ کے عوض کسی کی کارندائی کے تابع ہو جانا.
نوکرانی: [ار. امث] دیکھئے "نوکر" جس کی یہ تانیث ہے.
نوکری: [ف. امث] دیکھئے "نوکر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
نوکری ارنڈ کی جڑ ہے: [ار مثل] نوکری پر بھروسا نہیں کرنا چاہیئے. ناپائیدار ہوتی ہے.
نوکری بانٹنا: [ار. محاورہ] خدمت مقرر کرنا. کام پر تعینات کرنا.
(۲) تنخواہ تقسیم کرنا.
نوکری بجانا: [ار. محاورہ] خدمت انجام دینا.
نوکری برطرف، روزی ہر طرف: [ار مثل] انسان کو ملازمت سے موقوف ہونے پر پریشان نہیں ہونا چاہیئے. رزق اللہ کے ہاتھ ہے.
نوکری بڑی کیمیا ہے: [ار مثل] یعنی کیمیا تو بن جانے پر فائدہ دیتی ہے. لیکن نوکری سوتے جاگتے ہر وقت فائدہ دیتی ہے. نوکری بڑی فائدہ مند چیز ہے.
نوکری پیشہ: [ف. صف] وُہ شخص جس کا پیشہ ملازمت ہو. نوکری کر کے کھانے والا.
نوکری چھوٹ جانا: [ار محاورہ] مُلازمت سے برطرف ہونا.
نوکری خالہ جی کا گھر نہیں: [ار مثل] نوکری آسان کام نہیں
نوکری دینا: [ار. محاورہ] ملازم رکھنا (۲) کار متعلقہ بجالانا.
نوکری سے اُتارنا: [ار. محاورہ] برطرف کرنا.
نوکری سے لگ جانا: [ار. محاورہ] ملازمت پانا.
نوکری کرنا: [ار. محاورہ] ملازمت کرنا.
نوکری کی جڑ زبان پر ہے: [ار مثل] نوکری کا کوئی اعتبار نہیں. مالک جب چاہے برطرفی کا حکم دے دے.
نوکری لگ جانا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نوکری سے لگ جانا"
نوکھنڈ: [ار. امث. ق] دُنیا
نوکیں کرنا: [ار. محاورہ] چشمک کرنا.

نوگرہی: [ھ. امذ] ہاتھوں کا ایک زیور
نوگزی: [ار. امذ. ق] ڈیرہ خیمہ
نَول: [ع. امذ] کرایہ. عطا. بخشش
نَول: [ار. صف ق] بے مثل. نادر. نیا. نوعمر.
نولاسی: [ار. صف] نازک تازہ. نرم
نوم: [ع. صف] نیند. خواب.
نومبر: [انگ. امث] november انگریزی سال کا گیارھواں حصّہ.
نومی: [ھ. امث] ہندی مہینے کی نویں تاریخ.
نومید: [ف. صف] مایوس. نااُمید.
نومیدانہ: [ف. متعلق فعل] مایوسی سے.
نومیدی: [ف. امث] دیکھئے "نومید" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.
نُون: [ھ. امذ] نمک (۲) (ع امذ) "ن" کا نام
نون پانی ٹھیک ہونا: [ار محاورہ] ذائقہ درست ہونا.
نون تیل: [ار. امذ] کنایۃً ضروریاتِ زندگی. کھانے پینے کی چیزیں.
نُون غنّہ: [ع. امذ] وُہ نُون جو ناک میں بولا جائے اور صاف نہ پڑھا جائے.
نُون قطنی: [ع. امذ] وُہ چھوٹا نون جو عربی میں ساکن یا مشدد حرُوف سے پہلے تنوین والے حرف پر لکھا جاتا ہے.
نُون معلنہ: [ع. امث. ار. امذ] وُہ نون جو ظاہر کر کے پڑھا یا بولا جاتا ہے.
نُونا: [ھ. صف] مٹی جو کھار کے سبب دیواروں سے جھڑنے لگتی ہے.
نونچی: [ھ. صف] کھار
نونی: [ھ. امث] بچوں کا عضوِ تناسل.
نونی: [ھ. امذ] کچا گھی. مکھن. سکہ (۲) کھار. شور.
نونیا: [ھ صف] نمک بنانے والا (۲ مذ) ایک قسم کا ساگ.
نوی: [ف. صف] نئی. تازہ.
نویاں: [ار. صف ق] دیکھئے "نئی" جس کی یہ جمع ہے
نوید: [ف. امث] خوشخبری. مُژدہ. بشارت (۲) کسی تقریب میں شرکت کرنے کا پیغام.
نویدن: [ھ. امذ] سپاس نامہ. نوٹس. درخواست. اعلان.
نویس: [ف. لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر نوشتن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لکھنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً خوش نویس.
نویسندہ: [ف. صف] لکھنے والا. محرّر
نویلا: [ھ. صف] نیا. تازہ. جدید (۲) انوکھا. البیلا. بانکا (۳) عجیب. نرالا ممتاز. مرکبات میں بطور لاحقہ جیسے نیا نویلا.
نویلی: [ھ. امث] دیکھئے "نویلا" جس کی یہ تانیث ہے.
نوین: [ف. صف] نئی. تازہ. جدید.
نویں: [ھ. عدد ترتیبی] دیکھئے "نواں" جس کی یہ تانیث ہے. (۲) کسی ماہ کی نویں تاریخ.

ن ــــ ہ

نُہ: [ف. امذ] نَو. آٹھ اور ایک کا مجموعہ

نہ گہر: [ف۔ امذ] نو جواہرات یعنی لعل، یاقوت، فیروزہ، الماس، زمرد، عقیق مرجان، نیلم، گاؤ ہیدک

نہ: [ف۔ حرفِ نفی] نہیں۔ نا۔ متضد حرفِ انکار۔

نہ آؤ نہ تاؤ: [ار۔ متعلق فعل] بغیر سوچے سمجھے کام کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا: [ار۔ صف] کسی طرف شامل نہیں (۲) بیکار کسی کام کا نہیں۔

نہ اِلّا الّذی نہ اُلّا الّذی: [ار۔ صف] ناکارہ۔ بیکار۔

نہ ایک ہنستا بھلا نہ ایک روتا: [ار۔ مثل] تنہائی کسی حالت میں اچھی نہیں۔

نہ اپنی خوشی آئے نہ اپنی خوشی چلے: [ار۔ مثل] دوسروں کی پابندی ہے

نہ اینٹ ڈالیے نہ چھینٹ کھائیے: [ار۔ مثل] نہ برا کہو نہ برا سنو۔

نہ بچنا: [ار۔ محاورہ] محفوظ نہ رہنا۔ جان بر نہ ہونا۔

نہ بچے نہ کُتّا کھائے: [ار۔ مثل] نہ زیادہ ہوگا نہ ضائع ہوگا۔

نہ بننا: [ار۔ محاورہ] نہ ہو سکنا۔ ممکن نہ ہونا (۲) سلوک نہ ہونا۔

نہ بولا جانا: [ار۔ محاورہ] ناتوانی کی وجہ سے بات کرنے کی طاقت نہ رہنا۔

نہ بولی نہ بولی، بولی تو پتھر کھینچ مارا: [ار۔ مثل] مغرور اور بد مزاج عورت کی نسبت بولتے ہیں۔

نہ پانا: [ار۔ محاورہ] کسی کی ہمسری نہ کرنا۔

نہ پانی کے اُوپر نہ پانی کے نیچے: [ار۔ مثل] اوندھی سمجھ والے کی نسبت کہتے ہیں۔

نہ پائے رفتن نہ روئے ماندن / نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن: [ف۔ مثل] مجبوری ظاہر کرنے کے لیے یعنی کسی طرح بات نہیں بنتی

نہ پوچھنا: [ار۔ محاورہ] پروا نہ کرنا۔ بے قدری کرنا۔

نہ پوچھو: [ار۔ روزمرہ] بیان سے باہر ہے۔ قابلِ بیان نہیں

نہ جاڑے دھوپ، نہ گرمی چھاؤں: [ار۔ مثل] بیکار رہے۔

نہ جانے: [ار۔ متعلق فعل] معلوم نہیں۔ میں نہیں جانتا (۲) شاید کی جگہ۔

نہ جلنی نہ ڈھول بجتا: [ار۔ مثل] نالائق لڑکے کی نسبت کہتے ہیں۔

نہ جینے کی خوشی نہ مرنے کا غم: [ار۔ مثل] کسی قسم کی اُمنگ باقی نہیں۔

نہ چڑھے گا نہ گرے گا: [ار۔ مثل] ایسا کام کیوں کریں جس میں نقصان کا احتمال ہو۔

نہ خدا کا دیدار نہ محمدؐ کی شفاعت: [ار۔ مثل] کنایتہً دینداری کا تذکرہ نہ ہونا۔

نہ دیکھ سکنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے فروغ کو دیکھ کر کڑھنا۔ حسد کرنا۔

نہ رہا جانا: [ار۔ محاورہ] چین نہ ہونا۔ صبر نہ ہونا۔ برداشت نہ ہونا۔

نہ رہے مان نہ رہے منی آخر دنیا فانی: [ار۔ مثل] نہ آدمی کا غرور رہتا ہے نہ فخر ایک دن سب فنا ہو جاتے ہیں۔

نہ رہے بانس نہ بجے بانسری: [ار۔ مثل] جب جھگڑنے والی چیز ہی نہ رہے گی تو جھگڑا کیسا۔

نہ زر۔ بل نہ بانھ بل: [ار۔ مثل] نہ بدن میں قوت نہ دولت کا سہارا۔

نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے: [ار۔ مثل] اس طرح کام نکلے کہ کسی کو نقصان نہ پہنچے۔

نہ ساون سوکھے نہ بھادوں ہرے: [ار۔ مثل] متوکل ہر وقت یکساں ہیں

نہ سہی: [ار۔ متعلق فعل] کوئی مضائقہ نہیں۔

نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال: [ف۔ مقولہ] عاشق کے دل میں صبر نہیں ہوتا اور چھلنی میں پانی نہیں رہتا۔

نہ کار سے نہ مشغلے: [ار۔ مثل] بیکار نکما۔

نہ کتا دیکھے نہ بھونکے: [ار۔ مثل] دشمن کے سامنے نہ جائیں گے اور نہ اُس سے کچھ سنیں گے۔

نہ گاتے کے ہتھ نہ گیابیں گے بھانڈ: [ار۔ مثل] نہ پاس کچھ ہے نہ اسکے رکھنے کا سامان۔

نہ گندی گلی جائے نہ کتا کاٹے: [ار۔ مثل] نہ بُروں کے پاس جائے نہ بدنامی اٹھائے۔

نہ گوہ میں اینٹ / ڈھیلا ڈالو نہ چھینٹے پڑیں: [ار۔ مثل] نہ بُروں کے منہ لگو نہ گالیاں سنو۔

نہ لینا نہ دینا: [ار۔ محاورہ] کچھ حاصل نہ حصول۔

نہ مارے مرے نہ کاٹے کٹے: [ار۔ مثل] جو مصیبت کسی طرح دور نہ ہو

نہ معلوم: [ار۔ متعلق فعل] خدا جانے۔

نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے: [ار۔ مثل] وہ شخص جو بالکل خاموش ہو۔ اس کی نسبت کہتے ہیں۔

نہ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت: [ار۔ مثل] نہایت بوڑھے آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

نہ میں دوں نہ خدا دے: [ار۔ مثل] اس کی نسبت کہتے ہیں جو خود فائدہ دے اور نہ کسی دوسرے سے فائدہ پہنچنے دے۔

نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری: [ار۔ مثل] نہ دوسروں پر الزام لگاؤ نہ دوسرے تم پر الزام دھریں گے۔

نہ نام لیوا نہ پانی دیوا: [ار۔ مثل] اکیلی جان۔ وہ شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو

نہ نگلے اُگلتی ہے نہ نگلے: [ار۔ مثل] ہر طرح مصیبت ہے۔

نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی: [ار۔ مثل] نہ اتنا زیادہ سامان ہوگا نہ یہ کام ہو سکے گا۔ سخت شرطوں کی وجہ سے کام کا نہ ہو سکنا۔

نہ ہڑ بڑ نہ کھڑ کھڑ: [ار۔ مقولہ] کوئی جھگڑا بکھیڑا نہیں۔

نہ ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے: [ار۔ مثل] کچھ خرچ نہ کرنا پڑے اور فائدہ خوب ہو۔

نہ ہو / نہو: [ار۔ مقولہ] شبہ اور احتمال ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔

نہ ہوا پر نہ ہوا: [ار۔ مقولہ] کسی طور سے نہ ہوا۔

نہہ: [ار۔ امذ۔ ق] ناخن

نہات: [ار۔ صف۔ ق] نہایت

نہاٹنا / نھاٹنا: [ار۔ مص۔ ق] بھاگنا۔ خفا ہونا۔

نہا جانا: [ار۔ محاورہ] ڈوب جانا۔ تربتر ہو جانا۔ بھیگ جانا۔

نہاد: [ف۔ صف] سرشت۔ خلقت۔ طینت۔ طبیعت۔ مرکبات میں جیسے نیک نہاد۔

نُہاد: [ع۔ امذ] روز۔ دن۔ یوم۔ صبح سے شام تک (۲) نصف)

صبح سے کچھ نہ کھائے ہوئے (۳) تھوڑا سا کھانا۔ ناشتہ۔
نہار توڑنا: [ا۔ محاورہ] ناشتہ کرنا۔ صبح کو کچھ کھا کھانا۔
نہار رہنا: [ا۔ محاورہ] صبح سے بغیر کچھ کھائے رہنا۔
نہار منہ: [ا۔ اند] وُہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔
نہار منہ نام نہ لینا: [ا۔ محاورہ] بے کھائے نام نہ لینا۔ منحوس آدمی کی طرف اشارہ۔
نہارنا: [ا۔ مص] غور سے دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) خیال رکھنا (۳) حفاظت کرنا (۴) مخبری کرنا
نہاری: [ف۔ امث] نہار۔ تھوڑا سا کھانا جو صبح کے وقت کھاتے ہیں۔ ناشتہ (۲) ایک قسم کا شوربا اور سالن (۳) گھوڑے کو صبح کے وقت کھلانے کا مالیدہ۔
نہاری کھانا: [ا۔ محاورہ] صبح کا ناشتہ کرنا۔
نہاری والا: [ف۔ صف] نہاری بیچنے والا۔
نہاسنا / نہاسنا: [ا۔ مص۔ ق] بھاگنا۔
نہال: [ف۔ اند] تازہ لگایا ہوا پودا (۲) توشک۔ بستر۔ گدا (۳) شکار۔ صید۔ (۴) مالا مال۔ خوش حال۔ کامیاب۔ بے فکر۔ خوش و خرم۔
[افعال: کرنا / کردینا۔ ہونا۔ ہو جانا]
نہالچہ: [ف۔ اند] نیچے کا بستر
نہالی: [ف۔ امث] توشک۔ غالیچہ (۲) لحاف۔ رضائی۔
نہاں: [ف۔ صف] چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔
نہاں خانہ: [ف۔ اند] پوشیدہ گھر۔ تہ خانہ۔
نہاں رکھنا: [ا۔ محاورہ] پوشیدہ رکھنا۔ چھپا رکھنا۔
نہان: [ھ۔ اند] غسل۔ اشنان
نہان کا میلا: [ا۔ اند] وُہ مجمع جو نہانے کے لیے دریا کے کنارے ہو۔
نہانا: [ا۔ مص] غسل کرنا۔ جسم کو پانی سے دھونا۔
نہانا دھونا: [ا۔ مص] غسل کرنا۔
نہانا: [ا۔ اند] دُودھ دوہتے وقت گائے، بھینس وغیرہ کی ٹانگیں باندھنے کا رسّا۔
نہانی: [ف۔ صف] دیکھئے "نہاں" بمعنی پوشیدہ جس سے یہ منسوب ہے۔
نہانی: [ھ۔ امث] نہانے کی ضرورت۔ اِحتلام
نہانی ہونا: [ا۔ محاورہ] نہانے کی حاجت ہونا۔ احتلام ہونا۔ کپڑے آنا۔
نہانی: [ا۔ امث] وُہ اوزار جس پر لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں۔
نہانے کی حاجت ہونا: [ا۔ محاورہ] احتلام یا جماع کی وجہ سے نہانے کی ضرورت ہونا۔
نہایت: [ع۔ امث] حد۔ انتہا۔ انجام۔ آخر (۲) بے انتہا۔ بہت۔ بکثرت۔
نہایت نہ رکھنا: [ا۔ محاورہ] انتہا نہ رکھنا۔ بیحد ہونا۔
نہتا / نہتھا: [ا۔ صف] جس کے پاس ہتھیار نہ ہو۔ خالی ہاتھ۔ غیر مسلح۔
نُہٹا: [ا۔ اند] ناخن کا نشان۔ کھجانے سے جو نشان پڑ جاتا ہے۔
نُہنی: [ا۔ امث] ناخن گیر۔ ناخن کاٹنے کا آلہ۔
نہٹے مارنا: [ا۔ محاورہ] ناخن سے کسی چیز پر نشان ڈالنا۔ خراش ڈالنا۔

نَہب: [ع۔ اند] لُوٹ۔ غارت۔ غلبیت۔
نہج: [ع۔ امث] روشن اور کشادہ راستہ (۲) طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ قاعدہ۔
نہد شاخ پُر میوہ بر زمین: [ف۔ مثل] عاجزی و انکساری میں مستعمل ہے (میوہ دار شاخ جھک جاتی ہے۔)
نَہر: [ع۔ امث] دریائی شاخ۔ آب جو۔ پانی کی بڑی نال جو آب پاشی کے لیے کھودتے ہیں۔
نہر بندی: [ع ف۔ امث] نہر کا پانی بند کر دینا۔ لوگوں کو نہر سے پانی نہ لینے دینا۔
نہر توڑنا: [ا۔ محاورہ] نہر کا کنارہ توڑ کر پانی ضائع کر دینا۔
نہر کاٹنا: [ا۔ محاورہ] دریا سے نہر نکالنا۔ دریا سے شاخ نکالنا۔
نہرنا: [ا۔ اند] ناخن کاٹنے کا اوزار۔
نہرنی: [ھ۔ امث] دیکھئے "نہرنا" جس کی یہ تصغیر ہے۔
نہروا: [ا۔ اند] ایک بیماری جس میں ایک گول دھاگا سا بدن سے نکلتا ہے۔
نہری: [ع۔ صف] دیکھئے "نہر" جس سے یہ منسوب ہے۔
نہڑانا: [ا۔ مص] خمیدہ کرنا۔ کج کرنا۔ کسی چیز کو جھکانا۔
نہڑنا: [ا۔ مص] جھکنا۔ خمیدہ ہونا (تعظیم یا رکوع یا کسی کام کے لیے)
نہضت: [ع۔ اند] اُٹھنا۔ رخصت ہونا۔ کوچ۔ روانگی۔ رُخصت۔
[افعال: کرنا۔ ہونا]
نہفتگی: [ف۔ امث] دیکھئے "نہفتہ" جس کا یہ اِسم کیفیت ہے۔
نہفتہ: [ف۔ صف] پوشیدہ۔ خفیہ۔ مخفی۔ چھپا ہوا۔
نہلا: [ف۔ اند] تاش یا گنجفہ کا وُہ پتا جس پر نو نشان بنے ہوتے ہیں۔
نہلانا: [ا۔ مص] غسل دینا۔ ڈبو دینا۔ مُردے کو غسل دینا۔
نہلانا دُھلانا: [ا۔ مص] اچھی طرح غسل کروانا۔
نہلائی: [ا۔ امث] غسل کرائی (۲) نہلانے کی اُجرت۔
نہلسٹ: [انگ۔ اند] جو کسی بے قانون
سلطنت کو تباہ کرنا چاہے۔ مذہب اخلاق کا منکر
نہلوانا: [ا۔ مص] نہلانا۔
نہم: [ف۔ صف] نواں۔ نویں چیز۔ نواں درجہ
نہن پن: [ا۔ اند۔ ق] بچپن۔
نہنگ: [ف۔ اند] مگرمچھ۔ گھڑیال
نہنگِ اجل: [ف۔ اند] موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔
نہنگِ اجل کا شکار ہونا: [ا۔ محاورہ] مر جانا۔ موت کی نذر ہو جانا۔
نہنگ: [ھ۔ اند] سکھوں کا ایک فرقہ جو بہت اونچی پگڑی باندھتا ہے اور زرد کپڑے پہنتا ہے (۲) ننگا۔ برہنہ۔ آزاد۔ لاپروا (۳) بے حیا بے شرم۔
نہنگ ہے: [ا۔ بول چال] تن تنہا ہے۔ کچھ نہیں رکھتا۔ بے سروسامان ہے
نہنواد: [ا۔ اند۔ ق] بچہ۔ ننھا۔
نہنوادگی: [ا۔ امث۔ ق] بچپن۔
نہو: [ا۔ اند۔ ق] ناخن۔
نہوت: [ھ۔ امث] ناچاری۔ مفلسی۔ تنگی۔ تنگدستی۔ غریبی۔
نہورا / نہوڑا: [ھ۔ اند] منت۔ خوشامد (۲) احسان رکھنا۔

نہورا ماننا: [ار. محاورہ] احسان ماننا. ممنون ہونا. شکرگذار ہونا
نہوسی: [ار. فعل. ق] نہ ہوگا.
نہی: [ع. امث] روک. ممانعت. منع کرنا (۲) وُہ حکم جو کسی کو کوئی کام نہ کرنے کے واسطے دیں.
نہی عن المنکر: [ع. امذ] ان چیزوں سے روکنا جن کی شرعاً ممانعت ہو.
نہیب: [ع. امذ] ڈر. خوف. ہیبت (۲) لوٹ مار. مال غنیمت. لوٹ مار کا مال.
نہیچ: [ار. حرف نفی. ق] نہیں.
نہیں: [ار. کلمہ نفی] انکار (۲) حرف شرط. ورنہ. وگرنہ
نہیں تو. [ار. متعلق فعل] ورنہ کے معنی کا فائدہ دیتا ہے. وگرنہ.
نہیں سہی: [ار. متعلق فعل] کیا مضائقہ ہے. کیا ڈر ہے. کچھ پروا نہیں.
نہیں کرنا: [ار. محاورہ] انکار کرنا. نہ کرنا. نفی میں جواب دینا.
نہیں معلوم: [ار. متعلق فعل] کسی امر کا علم نہ ہونے پر کہتے ہیں.
نہیں نہیں: [ار. حرف نفی] ہرگز نہیں. بالکل نہیں. نہیں کی تاکید.
نہیں نہیں کرنا: [ار. محاورہ] متواتر انکار کرنا. بار بار انکار کرنا.
نہیں نہیں ہونا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نہیں نہیں کرنا" جس کا یہ لازم ہے.
نہیں ہونا: [ار. محاورہ] انکار ہونا.

ن ـــ و

نئی: [ار. صف] دیکھئے "نیا" جس کی یہ تانیث ہے.
نئی اوستھا: [ار. امث] نوعمری کم سنی. نابالغی
نئی بات: [ار. امث] انوکھی بات. عجیب بات [افعال: کرنا ہونا]
نئی بات کہنا: [ار. محاورہ] لطیفہ کہنا. انوکھی بات کہہ دینا.
نئی بات نکالنا: [ار. محاورہ] انوکھی بات پیدا کرنا. جدّت طرازی کرنا. (۲) انوکھی وضع اختیار کرنا.
نئی پود: [ار. امث] نئی وضع اختیار کرنے والا نوجوان طبقہ. ۲. نئی نسل.
نئی جوانی: [ار. امث] جوانی کی ابتدا. آغاز شباب.
نئی جوانی اور مانجھا ڈھیلا: [ار. مثل] جوانی میں کم ہمتی اور ناتوانی.
نئی جوتی پہننا: [ار. محاورہ] نئی شادی کرنا.
نئی جوگن کاٹھ کی مُندری: [ار. مثل] نئے نئے شوقین کی ہر بات اور چیز نرالی ہوتی ہے.
نئی چال چلنا: [ار. محاورہ] شرارت کی بات کرنا (۲) نئی رسم پیدا کرنا.
نئی چیز: [ار. امث] نیا گیت. نئی بات. جدید چیز. نئے شعر
نئی دُنیا: [ار. امث] مجازاً امریکا جو ۱۴۹۲ء میں دریافت ہُوا (۲) نئی آبادی. نیا عالم انوکھی کیفیت.
نئی دُنیا دیکھنا: [ار. محاورہ] نئی نئی باتیں دیکھنا. نئے حالات میں سے گزرنا.
نئی رُوح پھونکنا: [ار. محاورہ] نیا شوق اور نئی اُمنگیں پیدا کرنا. جوش و خروش پیدا کر دینا.
نئی روشنی: [ار. امث] نئی تہذیب. جدید طرز تمدن. زمانہ حال کی شائستگی نئے علوم و فنون. نئی ایجادات اور ان کا تجربہ.
نئی سوجھی: [ار. روزمرہ] انوکھی بات سوجھی.
نئی سیر: [ار. امث] نیا لطف. نیا تماشا.
نئی شاخ لگانا: [ار. محاورہ] نیا رشتہ جوڑنا. نیا پیوند لگانا. نیا تعلق پیدا کرنا.
نئی شاخ لگنا: [ار. محاورہ] دیکھئے "نئی شاخ لگانا" جس کا یہ لازم ہے.
نئی کہانی گڑ سے میٹھی: [ار. مثل] نئی بات زیادہ دل پسند ہوتی ہے
نئی کہی: [ار. روزمرہ] انوکھی بات کہی.
نئی کھیپ: [ار. امث] نیا مال (۲) نوخیز نوجوان
نئی نائن بانس کی نہرنی: [ار. مثل] نئے شوقین کی ہر بات نرالی
نئی نویلی. [ار. صف] چند روز کی بیاہی دُولہن (۲) انوکھی. نرالی. جدید. جداگانہ.
نئی ہوئی: [ار. روزمرہ] انوکھی اور انہونی بات ہوئی.
نئے: [ار. صف] دیکھئے "نیا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے.
نئے پنج. [ار. امذ] جوان گھوڑا وہ گھوڑا جس کو پانچواں سال شروع ہو
نئے رنگ دکھانا: [ار. محاورہ] نئی نئی باتیں ظاہر کرنا قسم قسم کے رُوپ دکھانا
نئے سر/سرے سے: [ار. متعلق فعل] از سرِ نو. نئے شروع سے. پھر سے. دوبارہ
نئے سرے جنم پانا: [ار. محاورہ] دوبارہ زندگی پانا. بیماری یا سخت خطرے سے جان بر ہونا مرتے مرتے بچنا.
نئے سوانگ لانا: [ار. محاورہ] نئے نئے رُوپ بدل کر سامنے آنا. نئی نئی شکلوں میں ظاہر ہونا.
نئے نواب آسمان پر دماغ. [ار. مثل] نیا دولت مند مغرور ہوتا ہے.
نئے نو دام پرانے چھ دام: [ار. مثل] نئی چیز کی عموماً زیادہ قدر و قیمت ہوتی ہے.

ن ـــ ی

نی: [ار. لاحقہ تانیث] الفاظ کے آخر میں ملحق ہو کر تانیث اسم کا فائدہ دیتا ہے جیسے اُونٹنی. ٹھٹنی.
نی: [ار. حرف عطف. ق] اور.
نے: [ف. امث] نرکل (۲) بانسری (۳) حقہ کی نگالی / نلی، حُقہ.
نے سوار: [ف. صف] وُہ کم سن لڑکے جو لکڑی یا بانس کو گھوڑا قرار دیکر اس پر سوار ہو کر بھاگیں.
نیستان. [ف. امذ] وُہ جنگل جہاں نرکل یا سرکنڈے کے درخت بکثرت ہوں.
نے شکر / نیشکر: [ار. امذ] گنّا. پونڈا.
نے نواز: [ف. صف] بانسری بجانے والا.
نے و نوش: [ف. امذ] عیش و طرب. بزم نشاط. جہاں نغمہ و شراب کا اہتمام ہو.
نے: [ف. حرف نفی] نہیں. نہ.
نے غم دُزد، نے غم کالا: [ف. مثل] کسی بات کی پروا نہ ہونا. دُنیا کے سرد و گرم سے قطعاً بے خبر ہے.
نے. [علامت فاعل] فعل متعدی میں فاعل کے بعد استعمال ہوتا ہے جیسے میں نے کھانا کھایا. اُس نے خط پڑھا.

نِیا: [ف - اِمذ] دادا۔ نانا۔ ماموں
نَیا: [ا ر۔ صف] جدید۔ تازہ (۲) انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔ طرفہ (۳) اجنبی۔ انجان۔ (۴) ابھی کا۔
نیا بانکا ناڑکی تلوار: [ار۔ مثل] نئے حوصلے والے کی سب باتیں نئی ہوتی ہیں۔ کم ظرف
نیا بگڑا: [ار۔ صف] وُہ جس نے حال ہی میں اپنی وضع تبدیل کی ہو۔ نیا تماشبین۔
نیا پان کھانا: [ار۔ محاورہ] نئی ترکاری۔ پھل یا غلہ کھانا۔ موسم کی چیز پہلے پہل کھانا۔
نیا پرانا ہونا: [ار۔ محاورہ] ثبات نہ رہنا۔ کسی کو آئے ہوئے زیادہ گزر جانا۔ ۲۔ نئے پن کی خوشی اور لذت ماند پڑ جانا۔
نیا پھل: [ار۔ اِمذ] تازہ پھل جو درخت سے پہلے پہل اُترا ہو۔
نیا پھل دانت تلے دشمن پاؤں تلے: [ار۔ مثل] پھل کھاتے وقت عورتیں یہ فقرہ زبان پر لاتی ہیں۔
نیا پھل کرنا: [ار۔ محاورہ] موسم میں کوئی پھل پہلے پہل کھانا۔
نیا حکیم دیوے افیم: [ار۔ مثل] کم عقل سے نقصان ہی پہنچتا ہے۔ نیم حکیم خطرہ جان۔
نیا خریدار: [ف۔ صف] نیا گاہک۔ تازہ خریدار۔
نیا دانہ نیا پانی: [ار۔ اِمذ] مسافرت کے واسطے مستعمل ہے۔ کہ ہر روز نئے مقام پر نئی غذا میسر آتی ہے۔
نیا ڈھنگ: [ار۔ اِمذ] نیا طریقہ۔
نیا راگ لانا: [ار۔ محاورہ] تازہ جھگڑا کھڑا کرنا۔ نیا فتنہ اُٹھانا۔ (۲) کوئی انوکھی اور عجیب بات پیدا کرنا۔
نیا رنگ دکھانا: [ار۔ محاورہ] عجیب عالم دکھانا۔ غیر معمولی طرزِ عمل دکھانا۔
نیا رنگ لانا: [ار۔ محاورہ] کسی انوکھی اور عجیب بات کا ظہور پذیر ہونا۔ نئی بات ہونا (۲) نیا فساد پیدا کرنا۔
نیا روپ: [ار۔ اِمذ] نئی شکل۔ نیا بھیس۔
نیا شگوفہ چھوڑنا: [ار۔ محاورہ] فساد پیدا کرنا۔
نیا شگوفہ کھلانا: [ار۔ محاورہ] عجیب وغریب امر کا ظاہر کرنا۔ کوئی انوکھی بات پیدا کرنا۔
نیا شگوفہ کھلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نیا شگوفہ کھلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیا فتنہ اُٹھانا: [ار۔ محاورہ] نیا جھگڑا اُٹھانا۔ تازہ قیامت برپا کرنا۔
نیا فتنہ اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نیا فتنہ اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیا فقرہ: [ار۔ اِمذ] نئی باتیں۔
نیا کام: [ار۔ اِمذ] انوکھا کام۔ جدید کام۔
نیا کرنا: [ار۔ محاورہ] نئی سبزی۔ پھل یا غلہ کھانا۔ موسم کی چیز پہلے پہل کھانا۔
نیا گل پھوٹنا: [ار۔ محاورہ] عجیب وغریب بات ہونا۔
نیا گل کترنا: [ار۔ محاورہ] عجیب وغریب فعل کرنا۔
نیا گل کھلانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نیا شگوفہ کھلانا"
نیا گل کھلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نیا گل کھلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیا مسلمان قصائی کی دکان: [ار۔ مثل] جب کوئی نیا مسلمان بنتا ہے تو ظواہر میں زیادہ کٹّر ہوتا ہے۔
نیا مُلّا مسجد کو دوڑ دوڑ جائے: [ار۔ مثل] جب کوئی نئی بات سیکھتا ہے تو ہر وقت اُسی کو کہتا اور جتاتا رہتا ہے۔
نیا نو دن پرانا سو دن: [ار۔ مثل] نئی چیز کی بھڑک چند ہی دن رہتی ہے اور پرانی چیز مدت تک رہتی ہے (۲) نئے کی بجائے پرانا قابل اعتماد ہوتا ہے۔
نیا نوکر شیر کا شکار کھیلتا ہے / نیا نوکر ہرن مارتا ہے / نیا نوکر ہرن کے سینگ چیرتا ہے: [ار۔ مثل] نیا ملازم اپنے رسوخ کے واسطے چند روز خوب ہی محنت کر کے دکھاتا ہے۔
نیا نویلا: [ار۔ صف] ناتجربہ کار (۲) نوخیز۔ نوعمر (۳) بانکا ترچھا جوان۔ انوکھا آدمی۔
نیا نیا راج، ڈھب ڈھب باج: [ار۔ مثل] نئی نئی حکومت اچھا انتظام کرتی ہے
نَیا ہونا: [ار۔ محاورہ] ناواقف ہونا۔ اجنبی ہونا۔
نِیابَت: [ع۔ اِمث] قائم مقامی۔ سفارت نائب ہونا (۲) منیمی۔ ایجنسی۔
نِیار: [ار۔ اِمذ] چوپایوں کا چارہ۔ گھاس پات۔
نیارا: [ار۔ صف] جدا گانہ۔ نرالا۔ مختلف۔ انوکھا (۲) منتخب۔ چھانٹا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔ (۳) علاوہ۔ بجز۔ ماسوا۔
نیاری: [ار۔ صف۔ ت] الگ۔ گوشہ گیر (۲) عجیب نادر۔
نیاریا: [ار۔ اِمذ] سناروں کی دکان کے کوڑا کرکٹ سے سونے چاندی کے ذرّے نکالنے والا (۲) چھان بین کرنے والا۔ بڑا چالاک اور ہوشیار آدمی۔
نیارپن: [ار۔ اِمث] عیاری۔ مکاری وغیرہ۔
نِیاز: [ف۔ اِمث] حاجت۔ احتیاج۔ آرزو۔ تمنا (۲) میل۔ خواہش۔ اظہارِ محبت (۳) انکسار۔ عاجزی۔ مسکینی (۴) پرشاد۔ تبرک۔ تحفۂ درویشاں (۵) نذر۔ بھینٹ (۶) چڑھاوا (۷) منت۔ التجا (۸) ملاقات۔ واقفیت روشناسی۔ جان پہچان۔
نیاز پیدا کرنا: [ار۔ محاورہ] راہ و رسم پیدا کرنا۔
نیاز حاصل کرنا: [ار۔ محاورہ] ملاقات کرنا ۔ بزرگوں کی ملاقات کرنا۔ ۲۔ واقفیت بہم پہنچانا۔
نیاز حاصل ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نیاز حاصل کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیاز دلانا / دلوانا: [ار۔ محاورہ] فاتحہ دلانا۔
نیاز دینا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "نیاز دلانا" وغیرہ جس کا یہ متعدی ہے
نیاز کرنا: [ار۔ محاورہ] نیاز دلانا۔ فاتحہ دلوانا۔ کسی بزرگ کے نام کا کھانا کرنا (۲) نذر کرنا۔ بھینٹ کرنا۔ نذر چڑھانا۔ نذر پکڑنا۔ قربان کرنا۔ صدقہ کرنا۔ نثار کرنا / دینا۔ حوالے کرنا۔
نیاز کیش: [ف صف] عاجزی جس کی عادت ہو۔ اظہار انکسار کا کلمہ۔
نیاز کیشی: [ف۔ اِمث] دیکھئے "نیاز کیش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیاز مند: [ف۔ صف] حاجت والا۔ خواہش والا۔ محتاج۔ (۲) تواضع و فروتنی کرنے والا (۳) عاجزی اور انکساری کا اظہار۔
نیاز مندی: [ف۔ اِمث] دیکھئے "نیاز مند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیاز نامہ: [ف۔ صف] انکساری اور عاجزی سے اپنی تحریر کو کہتے ہیں۔
نیازا: [ف۔ اِمذ] ڈنڈی۔ عضوِ تناسل (نائزہ کا بگاڑ)
نیازی: [ف۔ اِمذ] عرض کرنے والا۔ درخواست کرنے والا (۲) عاشق

دوست۔ محبوب (۳) پٹھانوں کا ایک قبیلہ

نیاگان: [ف۔ اند] بزرگ۔ والدین۔ اجداد "نیا" کی جمع۔

نیام: [ف۔اند] تلوار۔ خنجر وغیرہ کا میان۔

نیام سے تلوار لینا: [ار۔ محاورہ] غلاف سے تلوار نکالنا۔

نیام کرنا: [ار۔ محاورہ] تلوار کر غلاف میں رکھنا۔

نیانا: [ار۔ اند] پچھاند۔ وُہ رسّی جو دُودھ دوہتے وقت گائے بھینس کی ٹانگوں میں باندھتے ہیں

نیایش: [ف۔ امث] تعریف۔ دُعا۔ آفریں (۲) عاجزی۔ گریہ وزاری

نیائک: [س۔ صف] منطقی۔ معقولی

نیاؤ: [ھ۔اند] انصاف۔ عدل فیصلہ۔ تصفیہ

نیاؤ چکانا: [ار۔ محاورہ] انصاف کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا اچکانا۔

نیاؤ سبھا: [ھ۔ امث] عدالت۔ کچہری

نیاؤ کرنا: [ار۔ فعل مرکب] انصاف کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ فیصلہ کرنا

نیائے: [س۔اند] علم منطق۔ علم مناظرہ۔ علم دلیل (۲) طریقہ قاعدہ۔ اصول ۳۔ انصاف۔ سچائی۔ قانون (۴) فیصلہ۔ ثبوت۔

نیائے شاستر: [ھ۔ اند] ہندوؤں کی ایک مذہبی منطقی کتاب کا نام۔

نیب: [ھ۔ امث] ایک تلخ پتوں والا درخت نیم۔

نیبو: [ار۔ اند] ایک ترش پھل اور اُس کے پودے کا نام۔ لیموں۔

نیبو نچوڑ: [ار۔ صف] نیبو نچوڑنے والا (۲) بن بلایا مہمان طفیلی مفت خورہ

نیپالی: [ار۔ صف] نیپال کا رہنے والا (۲) چنبیلی کی ایک قسم (۳) لال سنکھیا۔

نیت: [ار۔ اند۔ ق] اخلاق۔ نیک چلنی (۲) پیش بینی (۳) رہنمائی۔

نیّت: [ع امث] دِلی ارادہ دِلی منشا۔ اصل مقصد (۲) مرضی۔ خواہش منصوبہ۔ عہد (۳) خیال۔ دھیان۔

نیّت باندھنا / کرنا: [ار۔ محاورہ] ارادہ کرنا۔ منصوبہ باندھنا (۲) احرام باندھنا۔ اَللّٰہُ اَکبَر کہہ کر نماز شروع کرنا۔

نیّت بخیر ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی کارِ خیر کا دِلی ارادہ ہونا۔ کوئی کام کرتے کرنے دِل میں بُرا خیال نہ ہونا۔ اچھی نیّت سے کوئی کام کرنا۔

نیّت بد کرنا: [ار۔ محاورہ] بُرائی کا ارادہ کرنا۔

نیّت بد ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیّت بد کرنا" جس کا یہ لازم ہے

نیّت بدل جانا / پلٹ جانا: [ار محاورہ] ارادہ بدل جانا۔ عہد سے پھر جانا۔ نیت بد ہو جانا۔

نیّت برگشتہ کرنا: [ار۔ محاورہ] نیت بدل دینا۔ نیت میں بُرا خیال لانا۔

نیّت برگشتہ ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیت برگشتہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیّت بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیت باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیّت بھٹکنا: [ار۔ محاورہ] نیت کا ڈانواں ڈول ہونا۔ طبیعت کا قائم نہ رہنا۔ ایمان متزلزل ہونا۔

نیّت بھر جانا: [ار۔ محاورہ] دِل بھر جانا۔ طبیعت سیر ہو جانا۔

نیّت بھری رکھنا: [ار۔ محاورہ] نیّت ڈانواں ڈول نہ کرنا۔ ایمان متزلزل نہ ہونے دینا

نیّت بھری رہنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیّت بھری رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیّت پھرنا: [ار۔ محاورہ] طبیعت بدل جانا۔ ارادہ بدل جانا۔

نیّت ثابت رکھنا: [ار۔ محاورہ] اپنے ارادے پر مستقل اور وعدہ پر قائم رہنا۔ ایمان رکھنا۔

نیّت ثابت رہنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیت ثابت رکھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیّت جانا: [ار۔ محاورہ] طبیعت کا مائل ہونا۔

نیّت دَوڑانا: [ار۔ محاورہ] دِل کو کسی طرف راغب کرنا۔

نیّت دوڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیت دوڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیّت ڈانواں ڈول کرنا: [ار۔ محاورہ] بدنیتی کرنا۔

نیّت ڈانواں ڈول ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیت ڈانواں ڈول کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیّت سیر کرنا: [ار۔ محاورہ] نیّت بھر دینا۔

نیّت سیر ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیت سیر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیّت شب بخیر / حرام: [ار۔ مثل] رات کے ارادے کی کچھ سند نہیں۔

نیّت کرنا: [ار۔ محاورہ] ارادہ کرنا۔ دِل میں ٹھاننا۔

نیّت لگی رہنا: [ار۔ محاورہ] خیال رہنا۔ دھیان رہنا۔

نیّت لگی ہونا: [ار۔ محاورہ] خیال لگا ہونا

نیّت میں خلل ہونا [ار۔ محاورہ] بدنیت ہونا۔

نیّت میں فرق آنا: [ار۔ محاورہ] نیت بگڑنا۔ ناجائز طریقے سے فائدہ اُٹھانے کو طبیعت چاہنا۔

نیّت ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیت کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیتا: [س۔اند] رہنما۔ لیڈر۔ آقا۔

نیتر: [س۔ اند۔ ق] نہیں تو۔ ورنہ۔

نیتی: [ہ۔ امث] مدھانی یا متھنی گھمانے کی رسّی۔

نیٹ: [انگ۔ اند] net جال

نیٹ: [؟ اند] ٹھیک صاف سیدھا (۲) [ار۔ اند] استقلال۔ ہمت

نیٹو: [انگ صف] native دیسی۔ ملکی باشندہ۔

نیچ: [ھ۔ صف] کمینہ۔ رذیل سفلہ

نیچ اُونچ: [ھ۔ امث] اُونچا نیچا۔ بُرائی بھلائی۔ نیکی بدی۔ نشیب و فراز۔

نیچ پن: [ھ۔ صف] گھٹیا پن۔ اوچھی حرکت۔

نیچ ذات / قوم: [ار۔ امث] ادنیٰ قوم کے لوگ۔ کمینے۔

نیچ نہ چھوڑے نیچائی، نیم نہ چھوڑے تتائی: [ار۔ مثل] کوئی شے اپنی اصل کو نہیں چھوڑ سکتی۔

نیچا: [ار۔ صف] نشیب۔ عمیق۔ گہرا۔ اوچھا (۲) کم ادنیٰ۔ (۳) مدھم۔ دھیما۔

نیچا اُونچا: [ار۔ اند] نشیب و فراز۔ اُتار چڑھاؤ۔

نیچا اُونچا دیکھنا: [ار۔ محاورہ] نشیب و فراز دیکھنا۔ اُتار چڑھاؤ دیکھنا۔

نیچا پڑنا: [ار۔ محاورہ] مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا۔ مطیع ہونا (۲) دبنا۔ اُبھار کم ہونا۔ پٹخنا۔ گرنا۔

نیچا دکھانا: [ار۔ محاورہ] مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

نیچا دیکھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "نیچا دکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

نیچا سُر: [ار۔ اند] مدھم سُر

نیچر: [بہ یائے مجہول] [انگ۔ امث] nature فطرت۔ خلقت۔

پیدائش (۲) دُنیائے عالم موجودات (۳) قُدرت۔ قانونِ قُدرت۔
نیچرل: [انگ۔ صف] **natural** قدرتی۔ فطرتی۔
نیچری: [ا۔ صف] نیچر کا ماننے والا۔ قانونِ قُدرت کو ماننے والا۔ مگر خُدا کا مُنکر۔
نیچنا: [ا۔ مص۔ ق] جھاڑنا۔
نیچہ: [ف۔ امذ] حُقّہ کی نَے۔ حُقّہ کی نلیاں (۲) عرق کھینچنے کی نلیاں۔ نَے کا تصغیر۔
نیچہ لیسانا: [ا۔ محاورہ] نیچے میں عرق کیوڑہ یا کوئی اور خوش بُودار عرق ڈالتے ہیں اور نیچے کے سُوراخ روئی سے بند کر دیتے ہیں)۔
نیچہ بند: [ف۔ امذ] نیچہ باندھنے والا۔ حُقّہ کے نیچے بنانے والا۔
نیچہ بندی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیچہ بند" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
نیچہ تازہ کرنا: [ا۔ محاورہ] نیچہ میں تازہ پانی ڈالنا۔
نیچی: [ا۔ صف۔ مث] دیکھئے "نیچا" جس کی یہ تانیث ہے۔
نیچی آواز: [ا۔ امث] اُونچی آواز کی ضد۔ دھیمی آواز
نیچی چولی کا انگرکھا: [ا۔ امذ] وہ انگرکھا جس کی پٹی نیچی ہو۔
نیچی نظر: [ا۔ امث] شرم و حیا سے نیچے کی ہُوئی نگاہ۔ وہ نظر یا نگاہ جو نیچے کی طرف مائل ہو۔
نیچی نظر کرنا: [ا۔ محاورہ] شرم و حیا سے آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا۔ کسی سے دَبنا۔ شرمسار ہونا۔
نیچی نظر ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "نیچی نظر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا: [ا۔ محاورہ] نظریں چُرا کے دیکھنا۔ شرمائی ہوئی نگاہوں سے دیکھنا۔
نیچے: [ا۔ صف] نشیب میں پستی میں (۲) ماتحت۔ زیرِ فرمان۔ نائب۔ مددگار (۳) مدھم۔ دھیما۔ کم۔ گھٹیا۔ ادنیٰ۔
نیچے اُوپر: [ا۔ متعلق فعل] اُوپر تلے۔ ایک پر ایک۔ ایک نیچے ایک اُوپر اُلٹ پلٹ۔ [تعل پتقل]
نیچے اُوپر کرنا: [ا۔ محاورہ] تہ و بالا کرنا۔ اُوپر نیچے کرنا۔
نیچے اُوپر ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "نیچے اُوپر کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیچے سے: [ا۔ متعلق فعل] تلے سے بُنیاد سے۔
نیچے سے اُوپر تک: [ا۔ متعلق فعل] سَر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔
نیچے کا پاٹ بھاری ہے: [ا۔ امذ] جورو زبردست اور غالب ہے۔
نیچے کا دھڑ: [ا۔ امذ] جسم کا زیریں حصّہ۔
نیچے کی سانس نیچے اُوپر کی اُوپر رہ جانا: [ا۔ مثل] ہکّا بکّا رہ جانا۔ حیران اور دم بخود رہ جانا۔
نیچے لانا: [ا۔ محاورہ] پہلوانوں کی اصطلاح میں قابو کر لینا۔ کُشتی میں دبا لینا۔ پچھاڑنا۔ چت کرنا۔ **نیخواہ** [ا۔ صف۔ ق] نیک خواہ کا بگاڑ
نیخواہی: [ا۔ امث۔ ق] نیک خواہی
نیر: [ا۔ امذ۔ ق] غسلِ صحت
نیر: [س۔ امذ] پانی۔ جل (۲) دریا۔ سمندر (۳) آنسو
نیر بہانا: [ا۔ محاورہ] آنسو بہانا۔ رونا۔ برسنا۔
نیّر: [ع۔ امذ] نہایت روشن۔ چمکیلا۔
نیّرِ اصغر: [ع۔ امذ] چاند۔
نیّرِ اعظم: [ع۔ امذ] آفتاب۔ سُورج

نیّرین: [ع۔ امذ] "نیّر" کا تثنیہ۔ کنایۃً چاند اور سُورج۔
نیرا: [ا۔ صف۔ ق] بدمعاش (۲) مٹھے ایسی بندھی جو طُلوعِ آفتاب سے قبل کی ہو۔

نیرنگ: [ف۔ امذ] مکر۔ فریب (۲) شعبدہ۔ جادُو (۳) چالاکی۔
نیرنگِ زمانہ: [ف۔ امذ] زمانہ کا شعبدہ۔ زمانہ کی افسوں گری (۲) انقلابِ روزگار۔
نیرنگ ساز / گر: [ف۔ صف] شعبدہ باز۔ بازی گر۔ دغاباز۔
نیرنگِ عشق: [ف۔ امذ] عشق کی عجیب باتیں ہیں۔
نیرنگی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیرنگ" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
نیرو: [ف۔ امث] قوت۔ طاقت (۲) زور آزمائی۔
نیڑا: [ا۔ صف۔ ق] نزدیک۔
نیڑنا: [ا۔ مص۔ ق] ختم ہونا۔
نیڑے: [ا۔ صف۔ ق] نزدیک۔ پاس۔
نیز: [ف۔ حرفِ عطف] دیگر۔ اور بھی
نیزہ: [ف۔ امذ] برچھی۔ بھالا۔ قلم (۲) کلک۔ نَے۔ ایک قسم کا نرسل جس سے قلم بناتے ہیں۔ قلم کی چھڑ۔
نیزہ باز: [ف۔ صف] نیزہ چلانے والا۔ نیزے کے کرتب جاننے والا۔
نیزہ بازی [ف۔ امث] دیکھئے "نیزہ باز" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔
نیزہ بردار: [ف۔ صف] نیزہ اُٹھانے والا۔
نیزہ خطّی: [ف۔ صف] عمدہ نیزہ۔
نیزہ دار: [ف۔ صف] نیزہ باز۔
نیزہ ہلانا: [ا۔ محاورہ] برچھا یا بَلم کا پھرانا۔
نیزہ کھانا: [ا۔ محاورہ] نیزہ کی چوٹ کھانا۔
نیزوں اُڑانا: [ا۔ محاورہ] گھوڑے یا ہرن کی تیز رفتار۔
نیزوں پانی چڑھ جانا: [ا۔ محاورہ] طغیانی آنا۔ لڑائی بڑھ جانا۔
نیزے کے ہاتھ کرنا: [ا۔ محاورہ] نیزے کے وار کرنا۔
نیسان: [ف۔ امذ] قدیم شام کا ساتواں مہینہ اور اس کی بارش۔
نیست: [ف۔ امذ] خالی (۲) عدم۔ نابُود۔ معدُوم۔ فنا (افعال: کرنا۔ ہونا)
نیست و نابُود: [ف۔ امذ] بیخ و بُنیاد سے تباہ۔ بالکل فنا (افعال: کرنا۔ ہونا)
نیستاں: [ف۔ امذ] سرکنڈوں کا کھیت۔ بانسوں کا جنگل۔
نیستی: [ف۔ امث] ہستی کا مقابل۔ ناپید ہونا۔ فنا۔ عدم (۲) نحوست۔ بدنصیبی۔ بداقبالی (۳) تنگدستی۔ مُفلسی۔ ناداری۔ بدحالی۔ (۴) بطلان۔
نیستی چھانا: [ا۔ محاورہ] نحوست چھانا۔
نیستی کا مارا: [ا۔ امذ] بدنصیب۔ بداقبال۔ منحوس۔
نیستی میں برخورداری: [ا۔ مثل] مُفلسی میں اولاد پیدا ہونا جو خرچ کا باعث ہے۔
نیش: [ف۔ امذ] نوک کی تیزی۔ نوک۔ انی (۲) ڈنک۔ خار۔ کانٹا (۳) کانٹے کی نوک (۴) زہر (افعال: مارنا)
نیش زن: [ف۔ صف] ڈنک مارنے والا (۲) بُرائی کرنے والا۔
نیش زنی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیش زن" جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

نیش عقرب: [ف۔امذ] بچھو کا ڈنک کنایۃً دشمنوں کی شرارت۔
نیش عقرب نہ از پئے کین است مقتضائے طبیعتش این است: [ف۔مثل] اُس شخص کی نسبت مستعمل ہے جس کی فطرت میں شرارت بھری ہو۔
نیشتر: [ف۔امذ] نشتر۔ زخم کھولنے کا اوزار۔
نیشتر لگانا: [ار۔محاورہ] نشتر مارنا (۲) نوک چبھونا (۳) صدمہ پہنچانا۔
نیشن: [انگ۔امث] nation قوم۔ وطن
نیشنل: [انگ۔صف] national قومی۔ وطنی۔
نیشنل اِزم: [انگ۔امذ] nationalism قوم پرستی۔ وطن پرستی
نیشنل اسمبلی: [انگ۔امث] national assembly قومی مجلس۔ مجلس قانون ساز۔
نیشنلسٹ: [انگ۔امث] nationalist قوم پرست۔ وطن پرست۔
نیشنلٹی: [انگ۔امث] nationality قومیت۔ وطنیت۔
نیفہ: [ف۔امذ] پاجامے کے گھیرے کا وہ حصہ جس میں ازاربند ڈالتے ہیں۔ (۲) حاشیہ جو کپڑے کو دوہرا کر کے سی دیتے ہیں۔
نیفہ میں اُڑسنا: [ار۔محاورہ] نقدی یا کسی چیز کا نیفہ میں رکھ کر لپیٹ لینا۔
نیک: [ف۔صف] بھلا۔ اچھا۔ عُمدہ (۲) سعید۔ پرہیزگار۔ عابد۔ پاک دامن ۴۔ رحم دل (۵) شریف۔ مُہذب۔ بھلامانس۔ نیک چلن۔
نیک اَختر: [ف۔صف] نیک بخت۔ سعید مُبارک۔
نیک اَنجام: [ف۔صف] وہ جس کا انجام نیک ہو اچھا ہو۔
نیک اندر بد، بد اندر نیک: [ار۔مثل] اچھے کے ہاں بُرا اور بُرے کے ہاں اچھا کی جگہ بولتے ہیں۔
نیک اندیش: [ف۔صف] بھلائی سوچنے والا نیک نیت
نیک بخت: [ف۔صف] خوش نصیب۔ اقبال مند۔ نصیبے والا (۲) بھلامانس۔ بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ۔
نیک بختی: [ف۔امث] دیکھئے "نیک بخت" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیک بختی آنا: [ار۔محاورہ] شامت آنا۔ کم بختی کی جگہ طنزاً
نیک چلن: [ف۔صف] وہ شخص جس کا رویّہ اچھا ہو۔
نیک چلنی: [ف۔امث] دیکھئے "نیک چلن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیک خصلت: [ف۔صف] پاک سیرت۔ خوش اطوار۔
نیک خواہ: [ف۔صف] اچھائی اور بہتری چاہنے والا۔ وفادار نمک حلال
نیک دِل: [ف۔صف] اچھی نیت رکھنے والا۔
نیک دِلی: [ف۔صف] دیکھئے "نیک دِل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیک ذات: [ف۔صف] نیک نہاد
نیک راہ: [ف۔صف] اچھی وضع۔ اچھی روش
نیک راہ پر لگانا: [ار۔محاورہ] اچھی وضع سکھانا۔ اچھی روش سکھانا۔
نیک روز: [ف۔صف] اچھے دن۔ خوش نصیب۔
نیک زندگی: [ف۔امث] دین داری کی زندگی

نیک ساعت: [ف۔امث] اچھی گھڑی آنا۔ اقبال کا وقت آنا۔
نیک سرشت: [ف۔صف] نیک طینت۔ خوش خصال۔
نیک صلاح کا کیا کہنا: [ار۔مثل] نیک کام فوراً کر دینا چاہیئے
نیک فال: [ف۔صف] اچھا شگون، نیک شگون۔
نیک فرجام: [ف۔صف] نیک انجام
نیک قدم: [ف۔امذ] مبارک قدم جس کا آنا مبارک ہو۔
نیک کمائی: [ف۔امث] اچھی اور حلال کی کمائی۔
نیک گھڑی آنا: [ار۔محاورہ] اچھی ساعت آنا۔
نیک محضر: [ف۔صف] وہ شخص جو دوسروں کو ہمیشہ غائب و حاضر نیکی سے یاد کرے۔
نیک مَرد: [ف۔صف] بھلامانس۔ بھلا آدمی۔ پارسا۔ پرہیزگار۔
نیک مزاج: [ف۔صف] اچھی طبیعت اور مزاج والا۔
نیک مزاجی: [ف۔امث] دیکھئے "نیک مزاج" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
نیک مَنش: [ف۔صف] دیکھئے "نیک خصلت"
نیک مَنظر: [ف۔امذ] خوبصورت۔ حسین۔
نیک نام: [ف۔صف] وہ شخص جس کا نام نیکی کے ساتھ مشہور ہو۔
نیک نامی: [ف۔امث] دیکھئے "نیک نام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
نیک نفس / نہاد: [ف۔صف] پاک طینت۔ نیک مزاج۔
نیک نیّت: [ف۔صف] اچھے ارادے کا
نیک نیّتی: [ف۔امث] دیکھئے "نیک نیت۔"
نیک و بد: [ف۔صف] بُرا بھلا (۲) بُرائی بھلائی۔
نیکا: [ار۔صف ق] خوب۔ اچھا
نیکر: [انگ۔امث] knicker جانگیا۔ گھٹنوں سے اُوپر تک کا پاجامہ۔
نیکو: [ف۔صف] اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔
نیکو خصال: [ف۔صف] دیکھئے "نیک خصلت۔"
نیکو سیَر / سیرت: [ف۔صف] نیک سیرت۔ اچھی خصلت والا۔
نیکو شمائل: [ف۔صف] نیک خصلت۔ نیکوکار۔
نیکوکار: [ف۔صف] اچھے کام کرنے والا۔ خوش اطوار۔
نیکو معاملہ: [ف۔صف] راست باز۔ خوش معاملہ۔
نیکو نہاد: [ف۔صف] نیک نفس۔
نیکوئی: [ف۔امث] نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ عمدگی۔
نیکھا: [ار۔صف۔ق] نیک (۲) روشن۔ صاف۔ چمکدار۔ نکھرا ہوا۔
نیکی: [ار۔صف۔ق] خوب اچھی (۲) مث ناگہ (۳) ناچنے والی۔
نیکی: [ف۔امث] بھلائی۔ خوبی۔ عمدگی (۲) کارِخیر۔ احسان۔
نیکی آترے: [ار۔کلمہ دُعا] خفا ہونے کا فقرہ۔ دُعا، بد کی بجائے۔
نیکی اور پُوچھ پُوچھ: [ار۔مثل] نیک کام کرنے میں صلاح مشورہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔
نیکی بَدی: [ف۔امث] بھلائی بُرائی۔ دُکھ سُکھ۔ نفع و نقصان۔
نیکی بدی کے فرشتے: [ار۔امذ] وہ فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں
نیکی بدی کے واسطے رکھنا: [ار۔محاورہ] وقت بے وقت کے لیے

پکھ پس انداز کرنا۔
نیکی برباد گناہ لازم: [ا ر - مثل] جہاں نیکی کرنے کے عوض اُلٹی بُرائی حاصل ہو۔
نیکی کا زمانہ نہیں: [ا ر - مثل] اس زمانہ میں نیکی کی کوئی قدر نہیں۔
نیکی کا فرشتہ: [ا ر - اند] وُہ فرشتہ جو اچھے اعمال لکھتا ہے۔
نیکی کر کنوئیں / دریا میں ڈال: [ا ر - مثل] نیکی کرکے بھول جانا۔ احسان کرکے بھلا دینا۔ اچھے بدلے کی اُمید نہ رکھنا۔
نیکی کرنا: [ا ر - محاورہ] احسان کرنا۔ اچھا سلوک کرنا۔
نیکی کرو خدا سے چاہو: [ا ر - مثل] کسی سے اچھا سلوک اس نیت سے کرنا چاہیئے کہ اجر خدا دیگا۔
نیکی کن و درآب انداز: [ف - مثل] نیکی کرکے بھول جانا چاہیئے۔
نیکی کی جڑ سدا ہری: [ا ر - مثل] نیکی کبھی ضائع نہیں ہوتی۔
نیکی نیک راہ، بدی بد راہ: [ا ر - مثل] ہر ایک کو اپنے اچھے بُرے کی جزا اور سزا ضرور ملے گی۔
نیگ: [ھ - اند] حصّہ۔ بخرہ۔ (۲) نذر۔ بھینٹ (۳) بیاہ شادی میں رشتہ داروں کو شگون کے طور پر یا خدمت گاروں کو بطور انعام دی جانے والی رقم۔
نیگ جوگ: [ھ - اند] وُہ انعام جو شادی کی تقریب پر رشتہ داروں اور خادموں کو دیا جاتا ہے۔
ـگ جوگی: [ا ر - صف] شادی بیاہ کی تقریبوں میں انعام کے حقدار اور مستحق لوگ
ـگ دینا: [ا ر - محاورہ] شادی بیاہ میں خدمت گاروں کو حق الخدمت اور رشتہ داروں کو بطور شگون کچھ نقدی دینا۔
ـ لگانا: [ا ر - محاورہ] اچھے کام پر لگانا۔ خوشی کے موقع پر خرچ کرنا۔ (۲) تمام خرچ کر ڈالنا۔ برباد کردینا۔ ضائع کردینا ہے۔
ـ لگنا: [ا ر - محاورہ] دیکھئے "نیگ لگانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ـگ لینا: [ا ر - محاورہ] تقریبات کے موقع پر رشتہ داروں یا خدمتی لوگوں کا اپنا اپنا حق لینا۔
نیگرو: [انگ - اند] negro زنگی۔ حبشی۔ سیاہ فام۔
نَیل: [ع - اند] حصول پانا۔ دست رس۔
نیلِ مَرام: [ع - اند] حصول مقصد۔ مقصد پانا۔ مقصد پورا ہونا۔
نِیل: [ف - اند] نیلا رنگ (۲) وسمہ (۳) مصر کا ایک مشہور دریا۔ (۴) چوٹ کا نشان۔
نیل بڑی: [ا ر - اند] گھٹیا نیل۔
نیل بگڑنا: [ا ر - محاورہ] نیل کا ماٹ بگڑنا۔ نیل کا مٹ پھٹ کر خراب ہو جانا۔ (۲) کم بختی آنا۔ شامت آنا۔ عام خرابی پھیلنا (۳) جھوٹی باتیں بنانا۔ غلط افواہیں اُڑانا (۴) پاگل ہو جانا۔ عقل نہ رہنا (۵) بھاری نقصان ہونا۔
نیل پڑ جانا / پڑنا: [ا ر - محاورہ] چوٹ کے صدمہ سے جسم پر نیلا داغ پڑ جانا۔
نیل جلانا: [ا ر - محاورہ] بارش کا زور کم کرنے کے لیے جاہل لوگ تلوار پر نیل رکھ کر جلاتے ہیں۔

نیل ڈھلنا: [ا ر - محاورہ] مرتے وقت آنکھوں سے آنسو نکلنا۔ مَوت کے آثار پیدا ہونا (۲) بے حیا اور بے شرم ہو جانا (نیر ڈھلنا کا بگاڑ)
نیل کا ٹیکا: [ا ر - اند] نیل یا سیاہی کا نشان جو بچوں کے ماتھے پر نظر بد سے بچنے کے لیے بنا دیتے ہیں (۲) بدنامی کا داغ۔ روسیاہی۔
نیل کا ماٹ بگڑنا: [ا ر - محاورہ] کنایۃً جھوٹی خبر مشہور ہونا۔
نیل کنٹھ: [ا ر - اند] ایک رنگین پرندہ جس کی گردن اور پَر نیلے ہوتے ہیں۔
نیل کنٹھی: [ا ر - امث] ایک بوٹی جس کا رنگ نیلاہٹ پر ہوتا ہے۔
نیل کی سلائی / سلائیاں پھیرنا: [ا ر - محاورہ] اندھا کرنا۔
نیل کی کوٹھی: [ا ر - امث] نیل بنانے کا کارخانہ۔
نیل گاؤ / گائے: [ا ر - امث] ہرن کی قسم کا چھوٹی گائے کے برابر ایک جنگلی چوپایہ۔
نیل گر: [ف - صف] نیل بنانے والا۔ نیل کا کام کرنے والا۔
نیل گوں: [ف - صف] نیلے رنگ کا۔ آسمانی رنگ کا۔
نیل گھونٹنا: [ا ر - محاورہ] نیل کو باریک کرنا۔ نیل پانی میں ڈال کر گھولنا (۲) لڑائی ڈلوانا۔ کہرام مچوانا۔
نیلا: [ف - صف] نیلے رنگ کا۔ نیل گوں۔ آبی۔ آسمانی۔ کبود (۲) ایک کبوتر۔
نیلا پڑ جانا: [ا ر - محاورہ] نیلے رنگ کا ہو جانا۔ کالا پڑ جانا۔
نیلا پیلا: [ف - صف] زرد اور نیلا۔ زرد اور نیل گوں [افعال، ہونا]
نیلا تاگا: [ا ر - اند] نیلا دھاگا نظر کے لیے بازو میں باندھنا۔
نیلا تھوتھا: [ا ر - اند] توتیائے سبز۔ ایک دوا کا نام جو تانبے سے تیار کی جاتی ہے۔
نیلا ڈورا باندھنا / نیلا گنڈا پہننا: [ا ر - محاورہ] نظرِ بد سے بچنے کے لیے نیلے رنگ کا ڈورا باندھنا۔
نیلا کرنا: [ا ر - محاورہ] نیلا رنگ دینا (۲) حد سے زیادہ مارنا۔ اتنا مارنا کہ بدن پر نیل پڑ جائے۔
نیلا گودنا: [ا ر - محاورہ] سوئیوں سے ہاتھ پاؤں گود کر اُن میں نیل بھرنا۔
نیلا ہونا: [ا ر - محاورہ] دیکھئے "نیلا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیلاب: [ا ر - اند - ق] دریا۔
نیلا جا: [ا ر - اند - ق] بے شرم۔ بے حیا۔
نیلام: [ا ر - اند] بولی بول کر بیچنا۔ بولیوں کے ذریعے قیمت بڑھائے جانا۔
نیلام پر چڑھنا: [ا ر - محاورہ] نیلام کیا جانا۔ نیلام کرکے بیچ دینا۔
نیلامچی: [ت - صف] نیلام کرنے والا۔
نیلام کا مال: [ا ر - اند] کم قیمت مال۔ ناقص اور حقیر چیز۔
نیلام کرنا: [ا ر - محاورہ] بولی بول کر بیچنا۔
نیلام گھر: [ا ر - اند] وُہ مقام جہاں بولی دیکر چیزیں فروخت ہوتی ہیں۔
نیلام ہونا: [ا ر - محاورہ] دیکھئے "نیلام کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیلامی: [ا ر - صف] دیکھئے "نیلام" جس سے یہ منسوب ہے۔
نیلاہٹ: [ا ر - صف] نیلاپن۔ نیلی جھلک
نیلک: [ا ر - اند - ق] نیل دار کپڑا۔ بوٹے دار جامہ۔

نیلم: [ف۔ اند] نیلے رنگ کا قیمتی پتھر۔
نیلم پری: [ار۔ امث] ایک فرضی پری، جس کا باس نیلا ہو۔
نیلوفر: [ف۔ اند] ایک قسم کے نیلے پھول کا نام جو پانی میں پیدا ہوتا اور دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔
نیلوفری: [ف۔ صف] نیلوفر کے رنگ کی۔ نیلگوں۔
نیلی: [ف۔ صف] نیلے رنگ کی چیز۔ نیلگوں۔ آبی۔ آسمانی۔ (نیلا کی تانیث)
نیلی پیلی آنکھیں کرنا: [ار۔ محاورہ] بے حد غضب ناک ہونا۔ بہت غصّہ کرنا۔
نیلی فام: [ف۔ صف] نیلے رنگ کا نیلگوں آسمان۔
نیم: [ار۔ اند] ایک چھتنار درخت جس کے پتّے اور رس بہت کڑوے ہوتے ہیں۔
نیم: [ار۔ محاورہ] اتقا۔ مذہبی پابندی۔
نیم کی ٹہنی ہلانا: [ار۔ محاورہ] مرض آتشک میں مبتلا ہونے پر کہتے ہیں کہ مریض نیم کی ٹہنی سے یا ہلا کر مکھیاں اُڑاتا رہتا ہے۔
نیم کی نبولی: [ار۔ امث] نم کرلی۔ نیم کا پھل۔
نیم: [ف۔ صف] ا۔ نصف۔ آدھا (۲) تھوڑا
نیم آستین: [ف۔ امث] ایک قسم کا کُرتہ جس کی آستین چھوٹی ہوتی ہے
نیم اشارہ: [ف۔ اند] مبہم اشارہ۔
نیم باز: [ف۔ صف] آدھا کھلا۔ آدھا بند۔
نیم بازی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیم باز" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیم برش / بِرِشت: [ف۔ صف] آدھا پکا آدھا کچا۔
نیم بسمل: [ف۔ صف] آدھا ذبح کیا ہُوا۔ گھائل۔ مجروح۔ ادھ موا۔
نیم پُختاب: [ف۔ صف] آدھا پٹا ہوا۔
نیم تاج: [ف۔ اند] ایک قسم کا تاج جو دیبا سے بناتے اور جواہرات سے مرصّع کرکے عروس کے سر پر رکھتے ہیں۔
نیم تسلیم: [ف۔ امث] سلام کے واسطے خم ہو کر ہاتھ نات تک لیجانا۔
نیم تہ: [ف۔ صف] حرف شناسی۔ کچھ یونہی سا پڑھا ہُوا۔ جسے پوری تعلیم نہ دی گئی ہو۔
نیم جان: [ف۔ صف] ادھ موا۔ نیم مُردہ کنایۃً عاشق
نیم جانی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیم جان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیم جوش: [ف۔ صف] آدھا جوش دیا ہوا۔ ہلکا اُبلا ہُوا۔ آدھا پکا ہوا۔
نیمچہ: [ف۔ اند] چھوٹی تلوار۔
نیمچہ تولنا: [ار محاورہ] نیمچہ مارنے کا ارادہ کرنا۔
نیمچہ کھانا: [ار۔ محاورہ] نیمچہ کی چوٹ کھانا۔
نیمچہ کھینچنا: [ار۔ محاورہ] مارنے کے لیے تازیانہ اُٹھانا۔
نیمچہ نکالنا: [ار۔ محاورہ] تلوار نیام سے باہر نکالنا۔
نیم حکیم: [ف۔ اند] ناتجربہ کار حکیم۔ ان پڑھ اور عطائی حکیم۔
نیم حکیم خطرہ جان، نیم مُلّا خطرہ ایمان: [ار۔ مثل] ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا خطرہ لگا رہتا ہے۔
نیم خواب: [ف۔ صف] کچی نیند میں۔ جاگنے اور سونے کی سی کیفیت میں۔ ادھ سویا

نیم خوابی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیم خواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیم خوردہ: [ف۔ صف] جھوٹا۔ کچھ کھا کر بچایا ہُوا۔
نیم خیز: [ف۔ صف] ایک قسم کی تعظیم جو نیم کھڑے ہو کر دی جاتی ہے۔
نیم دستی: [ف۔ امث] اُمراء اور وزراء کی مسند۔
نیم راضی: [ف صف] آدھا رضامند
نیم رخ: [ف۔ صف] ایک رُخی تصویر۔
نیم رضا: [ف۔ صف] کسی قدر رضامندی۔
نیم رس: [ف۔ صف] جو ابھی پک کر پوری تیار نہ ہوئی ہو۔ نیم پختہ۔
نیم رنگ: [ف۔ صف] وہ جس کا رنگ اُڑ گیا ہو۔ ہلکا رنگ۔
نیم روز: [ف۔ صف] دوپہر
نیم سفت: [ف۔ صف] ناتمام۔ آدھا بندھا ہُوا۔
نیم سوختہ: [ف۔ امث] آدھا جلا ہُوا۔
نیم سیر: [ف۔ صف] آدھا پیٹ بھرا ہُوا۔
نیم شب: [ف۔ امث] آدھی رات۔
نیم شبی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیم شب" جس سے یہ منسوب ہے۔
نیم کا تنکا: [ار۔ اند] وہ تنکا جو عورتیں کان، ناک کے سوراخ میں اس غرض سے ڈالتی ہیں کہ سوراخ بند نہ ہو۔
نیم کار: [ف۔ صف] وہ شخص جو دُوسروں کے اوزاروں سے کام کرے اور کچھ مزدوری اوزاروں کے مالک کو دے دے۔
نیم کش: [ف۔ صف] آدھا کھینچا ہُوا۔ آدھا اندر آدھا باہر۔
نیم کشتہ: [ف۔ صف] گھائل۔ زخمی۔
نیم کشی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیم کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیم گرم: [ف۔ صف] وہ چیز جو پوری طرح گرم نہ ہو۔ تھوڑا گرم۔
نیم گیسو کترنا: [ار۔ محاورہ] خوبصورتی کے لیے گیسو کترنا۔
نیم مست: [ف۔ صف] آدھا مست۔ وہ مست جو باخبر ہو۔
نیم مُلّا: [ف۔ صف] ناقص العلم۔ تھوڑا پڑھا ہُوا مولوی۔
نیم نگاہ: [ف۔ صف] کنکھیوں سے دیکھنا۔
نیم نگاہی: [ف۔ امث] دیکھئے "نیم نگاہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
نیم وا: [ف۔ صف] آدھا کھلا۔
نیمن: [ار۔ صف] مضبوط۔ گٹھیلا۔ زور آور۔ قوی (۲) دیرپا۔ مستحکم۔ پختہ۔ پکا ۳۔ بھاری۔ ٹھوس۔
نیمہ: [ف صف] آدھا۔ نصف (۲) ایک قسم کا اونچا پائجامہ (۳) جانب طرف (۴)، بُرقع (۵) زنانہ استعمال کا اندرونی لباس۔ محرم۔
نیمہ آستین: [ف۔ امث] ایک قسم کا کُرتہ جس کی آستین آدھی ہوتی ہے۔
نیمی: [ھ۔ اند] ایماندار۔ پاک دامن پرہیزگار۔ پارسا (۲) پابند وقت پابند قاعدہ (۳) دیانت دار (۴) خُدا ترس۔ صاف باطن۔
نیں: [ق] نہیں۔
نین: [ھ۔ اند] آنکھ۔ چشم (۲) نظر۔ نگاہ
نین سُکھ: [ھ۔ اند] ایک قسم کا عمدہ باریک کپڑا۔ ململ (۲) ایک قسم کا پھول (۳) لغوی معنی۔ نگاہوں کے لیے آرام۔

نین گنوانا: [ا ر ۔ محاورہ] اندھا ہونا (۲) محتاج ہونا۔
نین مٹکا: [ا صف] بات بات پر رو دینے والا۔ زود رنج۔
نین مٹکنی: [ا ر ۔ امث] دیکھئے "نین مٹکا" جس کی یہ تانیث ہے۔
نیند: [ہ ۔ امث] خواب۔ سونے کی کیفیت۔ جاگنے کی ضد۔
نیند آجانا: [ا ر ۔ محاورہ] آنکھ لگ جانا۔ سو جانا۔
نیند آنا: [ا ر ۔ محاورہ] سونے کی خواہش ہونا۔
نیند اُچاٹ ہو جانا: [ا ر ۔ محاورہ] نیند اُڑ جانا۔ نیند جاتی رہنا۔
نیند اُچٹ / اُڑ جانا: [ا ر ۔ محاورہ] نیند نہ آنا۔ نیند کا جاتے رہنا۔ آنکھ کھل جانا۔
نیند اُڑانا: [ا ر ۔ محاورہ] نیند نہ آنے دینا۔
نیند اُڑنا: [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "نیند اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیند اُمڈنا: [ا ر ۔ محاورہ] شدّت سے نیند آنا۔
نیند بھر جانا: [ا ر ۔ محاورہ] سونے کی خواہش باقی نہ رہنا۔
نیند بھر کر / کے سونا: [ا ر ۔ محاورہ] پوری نیند سونا۔ بے فکری سے ہونا۔
نیند بھری آنکھیں: [ا ر ۔ امث] وُہ آنکھیں جن میں نیند کا خمار ہو۔
نیند بھری ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] آنکھوں میں نیند کا خمار ہونا
نیند پڑنا: [ا ر ۔ محاورہ] نیند آنا۔ سو جانا۔
نیند جانا: [ا ر ۔ محاورہ] نیند نہ آنا۔ نیند اُڑ جانا۔
نیند حرام کرنا: [ا ر ۔ محاورہ] سوتے میں تنگ کرنا۔ سونے نہ دینا۔ سوتے سے جگا دینا
نیند حرام ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] دیکھئے "نیند حرام کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
نیند کافور ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] نیند اُڑ جانا۔
نیند کا ماتا: [ا ر ۔ صف] نیند سے بھرا ہوا۔ خواب آلود۔
نیند کھو دینا / کھونا: [ا ر ۔ محاورہ] سونے نہ دینا۔ نیند اُڑا دینا۔
نیند کی جھپکی: [ا ر ۔ امث] غنودگی۔ ذرا سی دیر آنکھ جھپکنا۔
نیند کے مارے بُرا حال ہونا: [ا ر ۔ محاورہ] شدت سے نیند آنا۔
نیند میں خلل / فتور آنا: [ا ر ۔ مص مرکب] نیند بھر کر سونے نہ پانا۔
نیندڑیاں: [ا ر ۔ مث] نیند کی تصغیر
نیندو: [ا ر ۔ صف] بہت سونے والا۔
نینو: [ا ر ۔ امذ] ایک قسم کا سُوتی باریک کپڑا جس پر آنکھ کی مانند تارے تارے ہوتے ہیں۔
نیو / نینو: [ا ر ۔ امث] بُنیاد۔ دیوار کی جڑ۔ بنا۔
نیو جمانا: [ا ر ۔ محاورہ] مضبوط کرنا۔
نیو ڈالنا: [ا ر ۔ محاورہ] کسی مکان کی بنیاد رکھنا (۲) کسی بات کی تمہید اُٹھانا (۳) شروع کرنا

نیو سے بیٹھنا: [ا ر ۔ محاورہ] کسی تعمیر کا جڑ یا بُنیاد سے بیٹھ جانا۔
نیو فیشن: [انگ ۔ امذ] new fashion نئی وضع۔ نئی طرز
نیو کھودنا: [ا ر ۔ محاورہ] بُنیاد کھودنا۔ جڑ کھودنا۔
نیورا: [ہ ۔ امذ] پُرسکون۔ سنجیدہ۔ مطمئن۔
نیو تا س کھونا: [ا ر ۔ محاورہ] جڑ سے کھودنا۔ برباد کرنا۔ ستیاناس
نیوتا: [ہ ۔ امذ] شادی بیاہ میں نقدی وغیرہ دینے لینے کی رسم۔
(افعال : دینا۔ بھیجنا)
نیوتنا: [ہ ۔ مص] بلاوا بھیجنا۔ دعوت دینا۔
نیوز: [انگ ۔ امث] news خبر۔ اخبار
نیوز ایڈیٹر: [انگ ۔ امذ] news editor اخبار میں خبروں کا نگران اعلیٰ
نیوز ایجنٹ: [انگ ۔ امذ] news agent اخبار فروش (۲) خبر رساں۔
نیوز ایجنسی: [انگ ۔ امذ] news agency محکمہ اطلاعات۔ اطلاع رسانی۔ محکمہ خبر رسانی
نیوز پرنٹ: [انگ ۔ امذ] news print اخبار چھاپنے کا معمولی کاغذ
نیوز پیپر: [انگ ۔ امذ] news paper اخبار۔
نیوز لیٹر: [انگ ۔ امذ] news letter خبر نامہ۔ اخباری مراسلہ، جس میں خبریں یا خبروں پر تبصرہ درج ہو۔
نیوش: [ف ۔ لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر "نیوشیدن" سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سننے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً حق نیوش۔
نیوشندہ: [ف ۔ صف] سننے والا۔

نیوگ: [ہ ۔ امذ] ہندوؤں میں اولاد حاصل کرنے کے لیے کسی شوہر کے علاوہ کسی اور سے نطفہ حاصل کرنا۔
نیوگ کی اولاد: [ا ر ۔ امذ] حرامی۔ حرام زادہ۔
نیولا: [ہ ۔ امذ] چوہے کی قسم کا ایک جانور جو سانپ کا دشمن ہے۔
نیولی / نیوَلی: [ہ ۔ امث] روپیہ رکھنے کی لمبی سی تھیلی۔
نیوی: [انگ ۔ امث] navy بحری فوج۔ جنگی جہازوں کا بیڑا۔
نیہہ: [ہ ۔ امذ] پیار محبت۔ عشق۔
نیہہ لگانا: [ا ر ۔ محاورہ] آنکھ لگانا۔ عشق لڑانا۔ محبت کرنا۔
نیہی: [ہ ۔ صف] محبت کرنے والا۔

و

واو: [ع۔ اند] عربی اور فارسی میں اس کا نام وَاوْ اور اردو میں واؤ ہے۔

۱۔ اردو حروفِ تہجی کا تینتیسواں اور فارسی کا تیسواں حرف ہے۔ عربی حروفِ ہجا کی ترتیب ابتث میں چھبیسواں اور ترتیب ابجد میں اس کا چھٹا نمبر ہے۔ دیوناگری رسم الخط میں انیسواں حرف ہے۔

۲۔ واو اگر ساکن ہو اور کسی دوسرے حرف ماقبل کو متحرک کرے تو حرفِ علت ہے مثلاً دو۔ سو۔ کھو وغیرہ ہیں۔ اگر یہ متحرک یا موقوف اور کسی دوسرے حرف ماقبل کو متحرک نہ کرے تو حرف صحیح ہے مثلاً وا۔ ہوَہ۔ کاوْ۔ دیو وغیرہم ہیں۔

۳۔ واو چار قسم کا ہوتا ہے یعنی معروف، مجہول، معدولہ اور لین۔

ا۔ واو معروف وہ ہے جس سے پہلے ضمہ ہو اور خوب واضح کر کے پڑھا جائے مثلاً طُور۔ نُور وغیرہ میں۔

ب۔ واو مجہول وہ ہے جس سے پہلے ضمہ تو ہو مگر واضح طور پر نہ پڑھا جائے مثلاً گوشت۔ دوست وغیرہ میں۔

ج۔ واو معدولہ وہ واو ہے جو لکھنے میں تو آتا ہے مگر پڑھنے میں نہیں آتا پڑھنے میں اس کے حرف ماقبل کی حرکت آتی ہے مثلاً خود۔ خواب۔ خویش وغیرہ میں کہ ان کا تلفظ خُد۔ خاب اور خیش ہے۔

د۔ واو لین وہ واو ہے جس کے حرف ماقبل پر فتحہ ہو اور آواز کو نرم اور ترچھی کر کے تلفظ کیا جاتا ہے مثلاً قوم۔ شوق وغیرہ میں۔

۴۔ عربی تقسیم کے مطابق حروف قمری میں شامل ہے یعنی اس سے پہلے اگر "ال" آئے تو اپنی آواز دے گا جیسے الواحد میں۔

۵۔ اردو میں واو معروف بعض جگہ فاعلیت کا افادہ کرتا ہے مثلاً بھگو وغیرہ میں، بعض جگہ مفعولیت کا مثلاً پالو وغیرہ میں اور کبھی نسبت کے لئے آتا ہے مثلاً ہندو وغیرہ میں۔

۶۔ واو مجہول اردو اور ہندی اسما کے آخر میں تانیث کا افادہ کرتا ہے مثلاً کلو وغیرہ میں۔ حالت ندا اور امر میں کسی اسم کے آخر میں آکر جمع کا افادہ کرتا ہے مثلاً دوستو! ساتھیو۔ اٹھو وغیرہ میں۔

۷۔ عربی اور فارسی میں عطف کے لئے آتا ہے۔ عربی میں ہمیشہ واو عطف مفتوح ہوتا ہے جیسے کَ ھُوَ۔ فارسی میں مجہول صورت میں استعمال ہوتا ہے اور اپنے ماقبل کو متحرک کر دیتا ہے مثلاً دِل وجاں۔ کبھی فارسی میں مفتوح بھی آ جاتا ہے مگر نظم میں واو عطف مفتوح کو خلافِ فصاحت خیال کیا جاتا ہے۔ اردو اور ہندی الفاظ کے ساتھ واو عطف کا استعمال معیوب ہے۔

۸۔ حساب جمل میں اس کے چھ عدد لئے جاتے ہیں۔

۹۔ عربی کلمہ قسم ہے مثلاً وَاللہ وغیرہ میں۔

۱۰۔ بعض الفاظ میں زاید بھی آتا ہے مثلاً دلے۔ ولیکن۔ ولیک میں۔

۱۱۔ سنسکرت اور ہندی الفاظ میں "ب" کا بدل ہے مثلاً ویلا اور بیلا میں۔ فارسی میں مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے:۔

ا:۔ ب کا بدل مثلاً نبشت اور نوشت میں۔

ب:۔ پ کا بدل مثلاً پام اور وام میں۔

ج:۔ د کا بدل مثلاً بید اور بیو میں۔

د:۔ س کا بدل مثلاً پاتس اور پاتو میں۔

ہ:۔ غ کا بدل مثلاً کاغند اور کاوند میں۔

و:۔ ف کا بدل مثلاً فام اور وام میں۔

و ۔ ا

وَا: [ع۔ حرف ندبہ] ہائے۔ افسوس۔

وا: [ف۔ صف] (۱) کھلا ہوا۔ کشادہ۔ جدا۔ الگ۔ پھیلا ہوا (۲) (ار متعلق فعل) دوبارہ۔ دوسری دفعہ۔ پھر۔ پیچھے۔ بعد۔ [افعال:۔ کرنا۔ ہونا]

وَابَستگاں: [ف۔ اند] دیکھئے "وابستہ" جس کی یہ جمع ہے۔

وَابَستگی: [ف۔ امث] تعلق۔ سروکار۔ واسطہ۔ لگاؤ۔

وابَستہ: [ف۔ صف] (۱) بندھا ہوا (۲) متعلق (۳) رشتے دار۔ عزیز۔ (۴) ملازم۔ نوکر۔

وَاپَس: [ف۔ صف] (۱) پیچھے (۲) بعد میں (۳) لوٹایا ہوا۔ مسترد کیا ہوا۔ نامنظور کیا ہوا۔ (۴) لوٹا ہوا۔ الٹا پھرا ہوا (۵) پھر۔ دوبارہ (افعال: کرنا۔ ہونا)

وَاپس آنا: [ار۔ محاورہ] پلٹ آنا۔ پھرنا۔ لوٹ آنا۔

وَاپس دینا: [ار۔ محاورہ] پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ واپس کر دینا۔

واپس لینا: [ار۔ محاورہ] پھیر لینا۔ واپس کر لینا۔ دوبارہ لے لینا۔

واپس ملنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا پلٹ کر ملنا۔

واپسی: [ف۔ امث] دیکھئے "واپس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وَاپسیں: [ف۔ صف] آخر کا۔ دم واپسیں۔ بمعنی۔ حالت نزع۔

واچھڑے/واچھڑ: [ار۔ روزمرہ] عورتیں آپس میں ایک دوسری کو کہتی ہیں۔

وَاحَسرَتا: [ف۔ کلمہ حسرت] افسوس۔ حیف۔

وَادِید: [ف۔ امث] بازدید۔ پھر کر دیکھنا۔ لوٹ کر دیکھنا۔

وَارَستگی: [ف۔ امث] دیکھئے "وارستہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وَارَستہ: [ف۔ اند] آزاد۔ فارغ البال۔

وَارَستہ طبع/مزاج: [ف۔ صف] آزاد طبع۔ بے پروا۔

وَارَفتگی: [ف۔ امث] دیکھئے "وَارَفتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وَارَفتہ: [ف۔ صف] (۱) جو اپنے آپ سے باہر ہو۔ بے خود۔ (۲) شیفتہ۔ عاشق۔

وَارفتۂ مزاج: [ف - صف] جس کا مزاج اس کے قابو میں نہ ہو - بے خود - بے خبر
واسوخت: [ف - امذ] وہ نظم جس میں معشوق کے جور و ستم اور اپنے رنج و الم کا حال بیان کر کے عشق اور معشوق سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔
واسوختگی: [ف - امث] دیکھئے "واسوختہ"
واسوختہ: [ف - صف] جلا ہوا۔
وَاشُد: [ف - امث] گرفتگی دور ہونا - بے تکلفی ہو جانا
واشدگی: [ف - امث] دیکھئے "واشد"
وَاشگاف: [ف - صف] کھلا - ظاہر کسی بات کو واشگاف بیان کرنا۔
وَاگزار: [ف - صف] چھوڑ دینا - [افعال: کرنا - ہونا]
وَاگُزاشت: [ف - امث] دیکھئے "واگزاشتہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
وَاگُزاشتہ: [ف - صف] (۱) چھوڑا ہوا (۲) واپس دیا ہوا (۳) رہا کیا ہوا۔
وَامَاندگاں: [ف - صف] دیکھئے "واماندہ" جس کی یہ جمع ہے۔
وَامَاندگی: [ف - امث] دیکھئے "واماندہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
وَامَاندہ: [ف - صف] (۱) جو تھک کر پیچھے رہ گیا ہو - جو تھک کر بیٹھ گیا ہو (۲) باقی بچا ہوا - پس ماندہ (۳) عاجز - ہیچ
وامصیبتا: [ع - کلمہ افسوس] کسی حادثہ کے لئے مستعمل ہے۔
واویلا: [ع - امذ] (۱) ماتم - رونا پیٹنا (۲) دہائی - فریاد (۳) افسوس حیف [افعال: کرنا - ہونا]
وَاٹ: [انگ - امذ] (WATT) برقی قوت کا پیمانہ۔
واٹر: [انگ - امذ] (WATER) پانی - جل - آب۔
وَاٹر پروف: [انگ - صف] (WATER PROOF) جس پر پانی اثر نہ کرے۔
وَاٹر پولو: [انگ - امذ] (WATER POLO) ایک کھیل جو تیراک کھیلتے ہیں۔
وَاٹر سپلائی: [انگ - امذ] (WATER SUPPLY) پینے کا پانی فراہم کرنے کا انتظام - آب رسانی۔
وَاٹر کلر: [انگ - امذ] (WATER COLOUR) پانی کا رنگ جو تیل کے بجائے پانی میں حل کیا جاتا ہے (۲) آب رنگ تصویر (۳) آب رنگ مصوری۔
وَاٹر مارک: [انگ - امذ] (WATER MARK) کاغذ کے اندرونی نشان / جن میں بنانے والے کا نام لکھا ہوتا ہے۔
وَاثِق: [ع - صف] مضبوط - پکا - مستحکم - پختہ - مستقل۔
وَاجِب: [ع - صف] (۱) ضروری - لازم - مناسب - ٹھیک - لائق - سزاوار - قابل (۲) جو اپنے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو - خدا تعالیٰ - (۳) ہمیشہ - دائم (۴) (فقہ میں) وہ رکن دین جس کو بغیر عذر ادا نہ کرنے والا گنہگار ہو (۵) علم ریاضی میں وہ کسر جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو (۶) تنخواہ - مشاہرہ - ماہانہ - ماہوار۔
وَاجِب آنا: [ار - محاورہ] (۱) لازم آنا - ضروری ہونا (۲) ذمے نکلنا۔
وَاجِبُ الاِتّباع: [ع - صف] جس کی پیروی ضروری ہو۔
وَاجِبُ الاَدا: [ع - صف] جس کا ادا کرنا ضروری ہو - ایسی رقم جو کسی کے ذمے نکلتی ہو۔
وَاجِبُ الاِذعان: [ع - صف] (۱) وہ جس کی تعمیل ضروری ہو (۲) قابل یقین۔
وَاجِبُ الاِظہار: [ع - صف] جس کا بیان کرنا یا ظاہر کرنا ضروری ہو۔
وَاجِبُ التّسلیم: [ع - صف] جس کا ماننا ضروری ہو۔
وَاجِبُ التّعزیر: [ع - صف] قابل سزا - وہ فعل جو جرم کی حد میں یا قانون کی زد میں آئے - جس پر قانون کی گرفت لاگو ہو۔
وَاجِبُ التّعظیم: [ع - صف] تعظیم کرنے کے لائق - بزرگ - محترم۔
وَاجِبُ التّعمیل: [ع - صف] وہ جس کی تعمیل ضروری ہو۔
وَاجِبُ الرّحم: [ع - صف] ترس کھانے یا رحم کرنے کے لائق۔
وَاجِبُ الرّعایت: [ع - صف] رعایت کے لائق - رعایت کا مستحق۔
وَاجِبُ الطّلب: [ع - صف] جس کا طلب کرنا یا وصول کرنا ضروری ہو۔
وَاجِبُ العَرض: [ع - صف] (۱) جس کا بیان کرنا ضروری ہو (۲) عرضی دعویٰ - تحریری معروضہ (۳) (مذ) وہ شرائط جو قانونی بندوبست کے خاتمے پر مالکوں اور کاشتکاروں کے درمیان کاشت وغیرہ کے بارے میں لکھی جاتیں۔
وَاجِبُ القتل: [ع - صف] قتل کرنے لائق - گردن زدنی۔
وَاجِبُ الوُجود: [ع - صف] جس کی ذات اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ ہو - اللہ تعالیٰ۔
وَاجِبُ الوصول: [ع - صف] جس کا وصول کرنا ضروری ہو۔
وَاجِب جاننا / سمجھنا: [ار - محاورہ] لازم سمجھنا - ضروری جاننا - فرض سمجھنا - لازم قرار دینا۔
وَاجِب ہونا: [ار - محاورہ] ضروری ہونا - ذمے سمجھنا یا نکلنا۔
وَاجِبات: [ع - امذ] (۱) دیکھئے "واجب" جس کی یہ جمع ہے (۲) ضروری چیزیں۔
واجبی: [ف - صف] (۱) درست - معقول (۲) ٹھیک - ضروری (۳) روزینہ - وظیفہ (۴) معمولی
واجبی بات: [ف - امث] ٹھیک بات - درست بات۔
واجبی سا: [ف - متعلق فعل] تھوڑا سا - ذرا سا - قلیل (مقدار میں)
وَاجِد: [ع - صف] (۱) وجود دینے والا (۲) پالنے والا (۳) بات نکالنے والا - (۴) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
وَاحِد: [ع - صف] (۱) ایک - مفرد - فرد (۲) یگانہ - یکتا - اکیلا (۳) نرالا - تنہا - صرف محض - فقط (۴) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام
وَاحِدُ العَین: [ع - صف] ایک آنکھ کا - یک چشم - کانا۔
وَاحِدِ حقیقی: [ع - صف] اصلی یکتا - خدا تعالیٰ۔
وَاحِد شاہد: [ع - صف] (۱) واقف - باخبر (۲) جاننے والا - [افعال: ہونا]
وَاحِدِیّت: [ع - امث] دیکھئے "واحد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
وَادِی: [ع - امث] (۱) نیچی زمین - گھاٹی (۲) دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین (۳) نالہ یا دریا کے سیلابی پانی کی گزرگاہ (۴) (مذ) جنگل - صحرا - بیابان۔
وَادِیِ ایمن: [ع ف - امذ] وہ جنگل جہاں حضرت موسیٰؑ اپنی بیوی کو دردِ زہ میں چھوڑ کر آگ کی تلاش میں نکلے تو ایک درخت پر خدا کی تجلی نظر آئی - یہ مقام کعبے کی بائیں جانب تھا اس لئے وادی ایمن مشہور ہوا۔
وَادِیِ خموشاں: [ع ف - امذ] قبرستان - گورستان۔
وَادِیِ مجنوں: [ع ف - امذ] وہ صحرا جس میں قیس مجنوں عشق میں چلا رہتا تھا۔
وَادِیِ مقصود: [ع ف - امذ] منزل مقصود۔
وَادِی نورد: [ع ف - صف] صحرا نورد - دیوانہ پاگل۔
وادی: [س - صف] (۱) بولتا ہوا - ناطق (۲) کسی مقدمے کا وہ شخص جس پر ملک کا قیام ہو اور اس کا غیر ملک [illegible]
وَار: [ار - امذ] (۱) حملہ - چوٹ - ضرب - مار (۲) الزام - بہتان (۳) بہت بھیڑیا وندی (۴) زخم - گھاؤ (۵) باری - داؤں (۶) موقع - گھات - (۷) دن۔

روز (۸) ڈھیر۔ مقدار (۹) صدقہ۔ نچھاور (۱۰) دریا کا قریبی کنارہ۔ (۱۱) (متعلق فعل) اِس طرف۔ اِدھر۔

وَار بچانا: [ار۔ محاورہ] حملہ روکنا۔ ضرب روکنا۔

وَار بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] (۱) بھرپور ہاتھ پڑنا (۲) کاری چوٹ آنا۔ ضرب لگنا۔

وَار پار: [ار۔ متعلق فعل] اِدھر سے اُدھر تک۔ آرپار۔ تیر یا برچھا وغیرہ کا۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

وَار پھیر: [ار۔ اند] وہ روپیہ پیسہ جو دولہا اور دلہن کے سر سے وار کر تقسیم کر دیا جائے۔ صدقہ۔ نچھاور۔

وَار چلنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ضرب یا چوٹ لگنا (۲) موقع ہاتھ آنا۔ داؤں پڑ جانا۔

وارخالی جانا: [ار۔ محاورہ] ضرب نہ لگنا۔

وَارخالی دینا: [ار۔ محاورہ] ضرب اپنے اوپر نہ پڑنے دینا چوٹ بچانا۔ وار ٹلنا۔

وَار رُکنا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "وار روکنا" جس کا یہ لازم ہے۔

وار روکنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے حربے کو ڈھال یا کسی عضو پر روکنا۔ چوٹ نہ آنے دینا۔

وَار کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) ضرب لگانا۔ چوٹ مارنا۔ حملہ کرنا (۲) چال چلنا۔ چوٹ کرنا۔

وَار لگانا: [ار۔ محاورہ] ضرب لگانا۔

وَار لینا: [ار۔ محاورہ] (۱) اپنی باری لینا (۲) دم لینا۔ ٹھہرنا۔

وارِ مرداں خالی نہ باشد: [ف۔ مقولہ] مردوں کا وار خالی نہیں جاتا۔

وَار ملنا: [ار۔ محاورہ] (۱) موقع ملنا۔ باری آنا (۲) فرصت نصیب ہونا۔

وَار: [ف۔ لاحقہ] (۱) بوجھ (۲) وقت۔ باری (۳) (صف) صاحب۔ رکھنے والا۔ پانے والا (۴) بھرا ہوا۔ جیسے امیدوار۔ قصوروار (۵) لائق۔ مناسب۔ موزوں۔ جیسے سزاوار۔ شاہوار (۶) مثل۔ مانند۔ جیسے ذرہ وار حساب وار۔ (۷) بموجب۔ موافق جیسے ماہوار (۸) کلمہ نسبت جیسے بزرگوار۔

وارا: [ار۔ اند] (۱) بچت۔ کفایت (۲) فائدہ۔ نفع (۳) (بیماری سے) افاقہ (۴) صدقہ۔ قربانی۔ نذر (۵) (صف) سستا

وارابندی: [ار۔ امث] محکمہ نہر کی اصطلاح میں کاشتکاروں کو پانی ملنے کی باری جس میں پوراؤ در مکمل ہوتا ہے۔ باری مقرر کرنا۔

وارا نیارا: [ار۔ اند] (۱) قطعی فیصلہ۔ دوٹوک فیصلہ (۲) خلاصی۔ نجات۔ (۳) کنایۃً خاتمہ۔

وارے نیارے: [ار۔ اند] (۱) دولت (۲) نفع (۳) کمائی۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

وَارِث: [ع۔ اند] (۱) مُردے کے مال کا جائز حق دار (۲) خاوند۔ شوہر (۳) مددگار۔ حامی۔ حمایتی (ان معنوں میں "والی" کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

وَارِثِ بعید: [ع۔ اند] دور کا وارث۔

وَارِثِ تاج وتخت: [عف۔ اند] سلطنت کا وارث۔ ولی عہد۔

وَارِثِ تاج ونگیں: [عف۔ اند] دیکھیے "وارث تاج وتخت"

وَارِثِ شرطی: [عف۔ اند] ایسا وارث جس کے لئے میراث پانے کی کوئی خاص شرط ہو۔ کسی شرط پر میراث پانے والا۔

وَارِثِ صُلبی: [عف۔ اند] جسے نسلی وارث ہونے کی وجہ سے میراث کا حق پہنچتا ہو۔

وارثی: [ع۔ اند] (۱) صوفیا کا ایک گروہ جو حضرت وارث علی شاہ صاحب دیوا شریف کا پیرو ہے (۲) (صف) اس گروہ سے متعلق۔

وَارِد: [ع۔ صف] (۱) آنے والا۔ پہنچنے والا (۲) موجود۔ [افعال: ہونا]

وَارِد وصادر: [ع۔ ف۔ اند] (۱) مہمان (۲) مسافر (۳) آنے جانے والا۔

وَارِدَات: [ع۔ امث] واردہ کی جمع (۱) وہ حال جو آدمی پر گزرے۔ بیتی ہوئی پیش آئی ہوئی۔ حال احوال۔ حالات (۲) سانحہ۔ حادثہ۔ واقعہ۔ وقوعہ (۳) (ار۔ اند) دنگا فساد۔ ہنگامہ۔ لڑائی جھگڑا (اردو میں واحد مستعمل ہے)

وَارداتِ خفیف: [عف۔ امث] معمولی قسم کا جھگڑا یا وقوعہ۔

وَارداتِ سنگین: [عف۔ امث] سخت قسم کا جھگڑا یا وقوعہ۔

وَارڈ: [انگ۔ اند] (WARD) (۱) میونسپلٹی یا کارپوریشن کی علاقہ بندی کے مطابق شہر کا ایک علاقہ یا حلقہ (۲) وہ نابالغ جس کی ذات یا جائداد یا دونوں کے لئے عدالت سے کوئی منتظم مقرر ہو (۳) ہسپتال میں مقررہ کمرہ۔

وَارڈن (WARDEN) (۱) چوکیدار۔ پاسبان۔ سنتری (۲) نگران حاکم۔

وَارَن: [ھ۔ اند] صدقہ۔ نچھاور۔ بھینٹ۔ نیاز۔ نذر۔ قربانی۔

وارن پھیرن: [ھ۔ امث] صدقہ۔ وہ نقدی جو نچھاور کی جائے۔

وارنا: [ار۔ مص] صدقے کرنا۔ نچھاور کرنا۔ قربان کرنا۔ بھینٹ دینا۔

وَارنٹ: [انگ۔ اند] (WARRANT) (۱) گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ (۲) طلب نامہ۔ حکم نامہ۔

وَارنٹ تلاشی: [ار۔ انگ۔ اند] تلاشی لینے کا تحریری حکم نامہ۔

وارنٹ جاری کرنا: [مص۔ مرکب] کسی کی گرفتاری کا تحریری حکم نامہ دینا۔

وَارنٹ رہائی: [انگ۔ ار۔ اند] کسی کی رہائی کا تحریری حکم نامہ۔

وارنٹ گرفتاری: [انگ۔ ار۔ اند] گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ۔

وَارنش: [انگ۔ اند] (VARNISH) (۱) رال ملا ہوا گاڑھا سیال مادہ جسے فرنیچر وغیرہ چمکانے کے لئے استعمال کرتے ہیں (۲) روغن چمک۔ ملمع۔ قلعی۔

وَارننگ: [انگ۔ امث] (WARNING) تنبیہہ۔ انتباہ۔

وَاری: [ار۔ امث] (عورتوں کا تکیہ کلام) صدقے۔ قربان۔ تصدق۔ نثار [افعال: جانا۔ کرنا۔ ہونا]

واری ہوکر مرجاؤں: [ار۔ کلمہ خوشامد] تم پر سے قربان ہو جاؤں۔

وَاڑ: [ار۔ امث] (۱) احاطہ۔ وہ جگہ جس کے گرد باڑھ لگی ہو۔ (۲) مقام رہنے کی جگہ۔

وَاڑا: [ار۔ اند] (۱) محلہ۔ ٹولہ۔ کوچہ۔ گلی (۲) علاقہ۔ ملک۔ سلطنت۔ (۳) (ق) گنے کا اوپر کا حصہ جو پھیلا ہوتا ہے۔

وَاڑی: [ار۔ امث] باغ۔ چمن۔ باڑی۔

واژگوں / وَاژوُں: [ف۔ صف] (۱) اوندھا۔ الٹا (۲) منحوس۔ نامبارک۔ برگشتہ۔

وَاژوں بخت: [ف۔ اند] بدنصیب۔ بدبخت۔

وَاسِطہ: [ع۔ اند] (۱) درمیانی چیز یا شخص۔ ایلچی۔ ثالث۔ بچولیا۔ بیچ کا۔ قاصد (۲) ربط۔ لگاؤ۔ تعلق۔ نسبت (۳) کام۔ سروکار۔ غرض۔ مطلب (۴)

سبب۔ باعث۔ وجہ (۵) وسیلہ۔ ذریعہ (۶) طفیل۔ صدقہ (۷) دوستی۔ آشنائی۔ رشتہ داری۔ محبت۔

واسطۂ العقد : [ع۔ اند] (۱) وہ بیش قیمت اور بڑا موتی جو موتیوں کی لڑی کے وسط میں پرویا جاتا ہے (۲) تسبیح کا امام (۳) درمیانی شخص۔

واسطہ پڑنا : [ار۔ محاورہ] کام پڑنا۔ سروکار ہونا۔

واسطہ پیدا کرنا : [ار۔ محاورہ] وسیلہ ڈھونڈ لینا۔ ذریعہ پیدا کرنا۔

واسطہ دار : [عف۔ صف] رشتہ دار (۲) کسی قسم کا تعلق رکھنے والا۔

واسطہ دینا : [ار۔ محاورہ] بیچ میں ڈالنا۔ کسی کے نام کی دہائی دینا۔

واسطہ ڈالنا : [ار۔ محاورہ] پالا ڈالنا۔ کام ڈالنا۔

واسطہ رکھنا : [ار۔ محاورہ] تعلق رکھنا۔ علاقہ رکھنا۔ غرض رکھنا۔

واسطہ ہونا : [ار۔ محاورہ] لگاؤ ہونا۔ تعلق ہونا۔

واسطی : [ع۔ صف] (۱) عراق کے شہر واسط سے تعلق رکھنے والا (۲) کلک کا۔ ایک قسم کا عمدہ قلم جو واسط سے آتا ہے۔

واسطی الاصل : [ع۔ اند] (۱) اعلیٰ درجہ کا قلم۔ کلک (۲) واسط سے تعلق رکھنے والا۔

واسطے : [ار۔ اند] دیکھیے "واسطہ" جس کی یہ جمع ہے اور مغیرہ حالت ہے۔

واسکٹ : [انگ۔ امث] (WAIST COAT) بے آستینوں کی فتوحی انگریزی وضع کا انگرکھا۔

واسع : [ع۔ صف] پھیلنے والا۔ وسیع۔ خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

واشر : [انگ۔ اند] (WASHER) وہ چھلا جو ڈھبری کے ساتھ کس دیتے ہیں۔

واصف : [ع۔ صف] تعریف کرنے والا۔ وصف یا خوبیاں بیان کرنے والا۔

واصل : [ع۔ صف] (۱) ملنے والا (۲) ملا ہوا۔ جڑا ہوا (۲) حاصل ہونے والا۔ قابل وصول۔

واصل باقی : [عف۔ اند] وہ حساب جس سے یہ معلوم کیا جا سکے کہ کل واجب رقم میں سے کتنی وصول ہو گئی اور کتنی باقی ہے۔

واصل باقی نویس : [عف۔ اند] تحصیل کا وہ عہدہ دار جس کے پاس واصل باقی کا رجسٹر ہوتا ہے۔

واصل باقی کرنا : [ار۔ محاورہ] حساب بتانا۔ میزان نکال کر بتانا کہ کل واجب رقم میں سے کتنی رقم وصول ہو گی اور کتنی باقی ہے۔

واصل بحق ہونا : [ار۔ محاورہ] خدا سے جا ملنا۔ مر جانا۔ فوت ہو جانا۔

واصلات : [ع۔ امث] واصلہ کی جمع۔ کل وصول شدہ محاصل کی میزان۔ وصول شدہ رقم کی میزان۔

واصلہ : [ع۔ صف۔ مث] دیکھیے "واصل" جس کی یہ تانیث ہے۔

واضح : [ع۔ صف] (۱) ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا (۲) مفصل۔ شرح کے ساتھ (۳) صاف جس کے پڑھنے میں کوئی دقت نہ ہو (۴) جلی قلم سے لکھا ہوا (افعال: کرنا، ہونا)

واضح رہے : [ار۔ بول چال] جان لو۔ سمجھ لو۔ پوشیدہ نہ رہے۔

واضح لکھنا : [ار۔ محاورہ] (۱) جلی قلم سے لکھنا (۲) صاف لکھنا۔ ایسا لکھنا جو پڑھا جا سکے۔

واضح ہو : [ار۔ فقرہ] معلوم ہو۔ جاننا چاہیے۔

واضع : [ع۔ صف] بنانے والا۔ وضع کرنے والا۔ رکھنے والا۔

واضع قانون : [ع۔ اند] قانون بنانے والا۔

واعظ : [ع۔ صف] وعظ کہنے والا۔ نصیحت کرنے والا۔

وافر : [ع۔ صف] (۱) بہت کثرت سے۔ افراط سے (۲) علم عروض میں ایک بحر کا نام۔

وافی : [ع۔ صف] (۱) پورا۔ کمل (۲) بہت سارا۔ خاطر خواہ (۳) پُرخلوص۔ مخلص۔

واقع : [ع۔ صف] ہونے والا۔ پیش آنے والا۔

واقع میں : [ار۔ متعلق فعل] حقیقت میں۔ اصل میں۔

واقع ہونا : [ار۔ مص کب] پیش آنا۔ نمودار ہونا۔ برپا ہونا۔ بروئے کار آنا۔

واقعات : [ع۔ اند] دیکھیے "واقعہ" جس کی یہ جمع ہے۔

واقعاتِ غیر مشتبہ : [ع۔ اند] ایسے واقعات جن کے متعلق شبہ نہ کیا جا سکے۔ ثابت شدہ واقعات۔

واقعاتِ نفس الامری : [عف۔ اند] ایسی باتیں جو سچ مچ ہو رہی ہوں اور ان میں بناوٹ نہ ہو۔

واقعہ : [ع۔ صف] (۱) حادثہ۔ وقوعہ۔ سانحہ۔ واردات (۲) خبر (۳) حال۔ ماجرا۔ سرگزشت۔ جگ بیتی۔ آپ بیتی (۴) لڑائی۔ جنگ۔ مڈبھیڑ (۵) موت۔ انتقال۔ وفات (۶) سختی۔ آفت۔

واقعہ دید : [عف۔ صف] وہ جس نے حادثے، وقوعے، سامنے دیکھے ہوں۔ تجربہ کار آدمی۔ جنگ آزمودہ۔

واقعہ کرنا : [ار۔ محاورہ] واردات کرنا۔

واقعہ نویس : [عف۔ صف] خبریں لکھنے والا۔ حکومت کو حالاتِ حاضرہ سے باخبر رکھنے والا۔

واقعہ نویسی : [عف۔ امث] دیکھیے "واقعہ نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

واقعہ ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھیے "واقعہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

واقعی : [ع۔ فہ۔ صف] (۱) درست۔ ٹھیک۔ سچ مچ (۲) (متعلق فعل) دراصل۔ حقیقت میں۔

واقف : [ع۔ صف] شناسا۔ جان پہچان والا (۲) جاننے والا۔ آگاہ۔ مطلع (۳) ماہر۔ تجربہ کار۔ چابک دست۔

واقف الحال / حال : [عف۔ اند] ہم راز۔ راز داں۔ حال جاننے والا۔

واقف کار : [عف۔ صف] (۱) کام جاننے والا۔ تجربہ کار۔ جس کو کسی چیز سے آگاہی ہو (۲) شناسا۔ جان پہچان والا۔

واقف کاری : [عف۔ امث] دیکھیے "واقف کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

واقفیت : [ع۔ امث] دیکھیے "واقف" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

واقفیت پیدا کرنا : [ار۔ مص کب] جان پہچان بڑھانا (۲) علم یا تجربہ حاصل کرنا۔ دسترس حاصل کرنا۔

واک آوٹ : [انگ۔ اند] احتجاج کے طور پر اُٹھ کر چلے جانا۔ (WALKOUT)

واگن : [ار۔ امث۔ ق] (۱) شیرنی (۲) جھگڑالو عورت۔

وال : [ار۔ صف] دیکھیے "والا" جس کا یہ مخفف ہے۔

وَالا: [ف۔ صفت] مرکبات میں مختلف معنوں میں آتا ہے (۱) اسم کے بعد آئے تو کبھی بیچنے والا، کام کرنے والا، پیشہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے برف والا، دودھ والا، ٹھیلے والا اور کبھی مالک کے معنی جیسے ناؤ والا۔ گھروالا (۲) مصدر کے ساتھ آئے تو مصدر کا الف "ے" سے بدل جاتا ہے اور مرکب فاعل کے معنی دیتا ہے جیسے پڑھنے والا۔ کرنے والا (۳) کبھی اسم کے ساتھ آکر صفت بناتا ہے۔ جیسے گنجائش والا (۴) کبھی نسبت کے معنی دیتا ہے جیسے لاہور والا۔

وَالا: [ف۔ صفت] (۱) بلند، اونچا۔ عالی (۲) ذی عزت۔ بزرگ۔

وَالاجاہ/شان/قدر/گہر: [ف۔ صفت] بلند مرتبے والا۔ بڑی شان والا۔ بلند عہدے والا۔ بڑے گھرانے کا۔ عالی خاندان۔

وَالا نامہ: [ف۔ اِمذ] بلند مرتبہ آدمی کا خط۔ بزرگ کا خط۔

وَالا نژاد: [ف۔ اِمذ] اونچے گھرانے والا۔

وَالا نگاہ: [ف۔ اِمذ] بلند نظر رکھنے والا۔ عالی خیال۔

وَالا ہمّت: [ف۔ صفت] بلند ہمّت۔ حوصلہ مند۔

وَالائی: [ف۔ امث] بزرگی۔ بزرگواری۔ بلند پایگی

والّا/والّانہ [ع۔ متعلق فعل] اور نہیں تو۔ ورنہ نہیں تو۔

وَالا فلا: [ع۔ متعلق فعل] وگرنہ خیر کی جگہ مستعمل ہے۔

وَالِد: [ع۔ اِمذ] باپ۔ اَبا۔ پدر۔ پتا۔

وَالِد بزرگوار/ماجِد: [صف۔ اِمذ] قابل احترام باپ۔

وَالِدہ: [ع۔ امث] ماں۔ اَمّاں۔ مادر۔ ماتا۔

وَالِدَین: [ع۔ اِمذ] ماں باپ۔ مادر و پدر۔

وَال رَیس: [انگ۔ اِمذ] (VULRESS) قطب شمالی کا ایک جانور جس کے دانت بہت لمبے ہوتے ہیں۔ گاؤ دریائی۔

وَالسّلام: [ع۔ کلمہ سلام] اور سلام پہنچے۔

وَالنٹیر: [انگ۔ اِمذ] (VOLUNTEER) وہ شخص جو اپنی خوشی یا رضا سے بلا تنخواہ کوئی خدمت انجام دینے کا ذمہ لے۔ رضاکار۔

وَالنٹیر کور: [انگ۔ امث] (VOLUNTEER CORPS) رضاکاروں کی پلٹن یا رسالہ۔

وَاللہ: [ع۔ کلمہ قسم] (۱) خدا کی قسم (۲) بے شک۔ یقیناً (۳) سچ مچ۔

وَاللہُ اَعلَم: [ع۔ متعلق فعل] خدا زیادہ جانتا ہے۔

وَاللہُ اَعلَم بِالصَّواب: [ع۔ اِمذ] خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ خدا کو خوب معلوم ہے۔

وَاللہ بِاللہ: [ع۔ کلمہ قسم] دوہری قسم۔

وَالِہ: [ع۔ صفت] شیدا۔ فریفتہ۔ مفتون۔ عاشق۔

وَالہ و شیدا: [ع۔ صفت] حد سے زیادہ شیفتہ۔ بہت زیادہ فریفتہ۔

وَالِہانہ: [ع۔ صفت] شیفتگی کے انداز سے۔ عاشقانہ انداز سے۔

وَالی: [ع۔ اِمذ] (۱) مالک۔ آقا۔ سردار۔ حاکم۔ بادشاہ (۲) دوست۔ رشتہ دار۔ حامی۔ مددگار (۳) مربی۔ سرپرست (۴) محافظ۔ نگہبان۔ (۵) گورنر۔ صوبے دار۔ حاکم صوبہ۔

وَالیِ مُلک: [ع۔ اِمذ] ملک کا حکمران۔ بادشاہ۔

وَالی وارث: [ع۔ صفت] (۱) حامی۔ مددگار (۲) پشت پناہ۔ سرپرست۔

وَام: [ف۔ اِمذ] قرض۔ اُدھار۔

وَامِق: [ع۔ اِمذ] عرب کی مشہور معشوقہ عذرا کے عاشق کا نام۔

وَان: [ار۔ لاحقہ] رکھنے والا۔ والا صاحب۔ مالک جیسے بھاگوان۔ کوچوان۔

وَاں: [ار۔ لاحقہ] (۱) اعداد کے بعد نسبت ظاہر کرنے کے لئے جیسے پانچواں۔ آٹھواں (۲) وہاں کا مخفف۔

وانر: [ار۔ اِمذ۔ ق] بندر۔

وَانی: [س۔ امث] (۱) آواز۔ صدا (۲) بول۔ زبان۔ گفتگو۔ (۳) تعریف۔ ستائش۔

واوَین: [ع۔ اِمذ] دو واؤ جو کسی لفظ یا عبارت کو خاص کرنے یا روایت لفظی کے اظہار کے لئے آتے ہیں (" ") INVERTED COMMAS کا ترجمہ۔

وَاوَچر: [انگ۔ اِمذ] (VOUCHER) بیجک۔ فرد حساب (۲) تصدیق ادائی رسید۔

وَاہ: [ف۔ کلمہ تحسین] (۱) ماشاء اللہ۔ سبحان اللہ۔ آفرین۔ شاباش۔ مرحبا۔ کیا بات ہے (۳) بے شک (۴) طنزاً کیا خوب۔ چہ خوش (۵) حیرت و تعجب۔ ارے کیسے (۶) افسوس، ہائے (۷) کسی کام سے انکار کیوں

واہ پیر علیا پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا: [ار۔ مثل] بنا بنایا کام بگڑ گیا اس وقت کہتے ہیں جب کسی کی بد دعا سے بنا بنایا کام خراب ہو جائے۔

واہ رے: [ار۔ کلمہ تعجب] تعجب۔ تعریف۔ طنز۔ نفرت اور اظہار افسوس کا کلمہ۔

واہ رے میں: [ار۔ کلمہ تحسین] اپنے کسی فعل پر فخر کرنا۔ میرا کیا کہنا۔ میں بھی بڑی چیز ہوں۔ میری کیا بات ہے۔

واہ کرنا: [ار۔ محاورہ] تعریف کرنا۔

وَاہ کیا بات ہے: [ار۔ کلمہ تعجب] واہ کیا کہنا۔ طنز اور توصیف کے موقع پر بولتے ہیں۔

واہ میاں کالے کیا رنگ نکالے: [ار۔ مثل] کسی کا مکر و فریب ظاہر ہونے پر کہتے ہیں۔

وَاہ وا/واہ واہ: [ار۔ کلمہ تحسین] (۱) شاباش۔ مرحبا (۲) حیرت و تعجب اور طنز کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔

وَاہ وَاہ کرنا: [ار۔ محاورہ] تعریف کرنا۔ داد دینا۔ سراہنا۔

وَاہ وَاہ گرگٹ کا بچہ تا ناشاہ: [ار۔ مثل] ادنیٰ یا معمولی آدمی کے نخرے دکھانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

وَاہ واہ مچنا/ہونا: [ار۔ محاورہ] تعریفیں ہونا۔ نام ہونا۔ دھوم مچنا۔

وَاہ وَاہ میاں بانکے۔ تیرے گلے میں سو سو ٹانکے: [ار۔ مثل] اس غریب شخص پر طنز کرتے ہیں جو غریبی میں بھی چھیلا بننے کی کوشش کرے۔

وَاہِب: [ع۔ صفت] بخشنے والا۔ دینے والا۔ ہبہ کرنے والا۔ خدا تعالیٰ کا نام۔

وَاہِبُ الحَاجَات: [ع۔ صفت] حاجتیں پوری کرنے والا۔ مراد خدا تعالیٰ۔

وَاہِب العطایا: [ع۔ صفت] عطیہ دینے والا۔

واہب بے منّت: [ع۔ صفت] بغیر احسان جتائے دینے والا

وَاہمہ: [ع۔ امذ] قوت تصور۔ وہ قوت جس سے ایسی باریکیاں اور جزئیات معلوم ہوتی ہیں۔ جن کا تعلق محسوسات سے ہے۔

وَاہمہ خلاق ہے: [ار۔ مقولہ] بچی جھوٹی۔ دیکھی ان دیکھی اور سب طرح کے نقوش لاکر سامنے کھڑے کر دینا۔

وَاہی: [ع۔ صف] (۱) بے ہودہ۔ لغو۔ بے مغز۔ فضول (۲) آوارہ۔ ناکارہ۔ گمراہ (۳) بودا۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ ناطاقت (۴) سست۔ کاہل۔

وَاہی تباہی: [عف۔ صف] (۱) فضول۔ لغو۔ بے ہودہ۔ نکما (۲) آوارہ۔ دربدر (۳) خستہ حال۔ پریشان حال (۴) لچا۔ بدمعاش۔ لفنگا۔

واہی تباہی بکنا: [ار۔ محاورہ] بے ہودہ باتیں کرنا۔ گالیاں دینا۔ فضول باتیں کرنا۔

واہی تباہی پھرنا: [ار۔ محاورہ] آوارہ پھرنا۔ خراب۔ خستہ اور پریشان حال پھرنا۔

واہی سمجھنا: [ار۔ محاورہ] لغو جاننا۔

واہی ہوجانا: [ار۔ محاورہ] (۱) بگڑ جانا۔ آوارگی اختیار کرلینا۔ سرگرداں پھرنا (۲) پاگل ہوجانا۔

واہیات: [ع۔ صف] دیکھیے "واہی" جس کی یہ جمع ہے۔

وَاہیات بکنا: [ار۔ محاورہ] بیہودہ بات کہنا۔

وَاہیات ہونا: [ار۔ محاورہ] فضول ہونا۔ خراب ہونا۔

وَائٹ پیپر: [انگ۔ امذ] (WHITE PAPER) دیکھیے "قرطاس ابیض"

وائر: [انگ۔ امذ] (WIRE) تار۔ تار برقی۔

وائرلیس: [انگ۔ امث] (WIRELESS) (۱) بے تار کا لاسلکی (۲) لاسلکی پیام (۳) لاسلکی پیام وصول کرنے اور بھیجنے کی مشین۔

وَائس: [انگ۔ صف] (VICE) کسی کی جگہ پر کام کرنے والا۔ قائم مقام۔ نائب۔

وائس پریزیڈنٹ: [انگ۔ امذ] (VICE-PRESIDENT) نائب صدر۔

وائس چانسلر: [انگ۔ امذ] (VICE-CHANCELLOR) یونیورسٹی کا سب سے بڑا عہدہ دار۔ نائب امیر جامعہ۔ چانسلر کا نائب۔

وائسرائے: [انگ۔ امذ] (VICEROY) بادشاہ کا نائب۔ نائب السلطنت۔

وائل: [انگ۔ امذ] (VOILE) ایک قسم کا نیم شفاف سوتی یا ریشمی کپڑا۔

وَائلن: [انگ۔ امذ] (VIOLIN) ایک قسم کا ساز۔

وَائن: [انگ۔ امث] (WINE) شراب۔

وائے: [ع۔ کلمہ تاسف] کلمہ افسوس جو اظہار مصیبت یا رنج و الم کے موقع پر زبان پر آتا ہے۔

وائے بر حال: [ار۔ کلمہ تاسف] حالت پر افسوس۔

وائے تقدیر/قسمت/نصیب: [عف۔ کلمہ تاسف] ہائے قسمت۔ ہائے مقدر۔ قسمت کا گلہ کرنے کے لئے مستعمل ہے۔

و۔ب

وَبَا: [ع۔ امث] وہ بیماری جو ہوا کے خراب ہوجانے سے پھیلتی ہے۔ متعدی بیماری۔ مرگ عام جیسے طاعون، ہیضہ وغیرہ۔

وَبا آنا/پھیلنا: [ار۔ محاورہ] متعدی بیماری کا عام ہونا۔

وَبَال: [ع۔ امذ] (۱) بوجھ۔ بار (۲) عذاب۔ آفت۔ مصیبت۔ بپتا۔ (۳) (صف) جو ناگوار معلوم ہو۔

وَبال پڑنا: [ار۔ محاورہ] ظلم کا بدلہ ملنا۔ قہر الٰہی نازل ہونا۔

وَبال جان/دوش: [عف۔ صف] عذاب جان۔ دوبھر۔ اجیرن۔ سخت ناگوار۔

وَبال سا ٹال دینا: [ار۔ محاورہ] دوبھر سمجھ کر ٹال دینا۔

وَبال سمیٹنا/سر لینا: [ار۔ محاورہ] ناپسند ذمہ داری اپنے اوپر لے لینا۔ عذاب مول لینا۔

وَبال لگنا: [ار۔ محاورہ] جھگڑا پیچھے پڑنا۔

وَبال ہونا: [ار۔ محاورہ] بوجھ بن جانا۔ اجیرن ہونا۔ دوبھر ہونا۔ ناگوار ہونا۔

وَبائیات: [ع۔ امذ] وباؤں کی تحقیق اور روک تھام کا علم (انگریزی لفظ EPIDEMIOLOGY کا ترجمہ)

و۔ت

وَتِد/وَتَد: [ع۔ امذ] (۱) کھونٹی۔ کھونٹا۔ میخ (۲) لاٹھی۔ ڈنڈا۔ (۳) علم عروض میں سہ حرفی لفظ۔

وَتَر: [ع۔ امذ] (۱) مثلث قائم الزاویہ کا سب سے بڑا ضلع (۲) مثلث کے کسی زاویے کا سامنے کا ضلع (۳) وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے (۴) وہ خط جو دائرے کے کسی حصے کو گھیرے اور دائرے کے قطر سے چھوٹا ہو (۵) کمان کا چلّہ۔

وِتر: [ع۔ امذ] (۱) وہ تین رکعتیں جو عشا کی نماز میں پڑھی جاتی ہیں۔ (۲) (صف) تنہا۔ طاق عدد۔

وِتر کے آگے سجدہ نہیں: [ار۔ مثل] کسی چیز یا فعل کے حد سے تجاوز ہونے کے لئے مستعمل ہے۔

وِتنا: [ار۔ معن] اتنا۔

وِتنی: [ار۔ امث] دیکھیے "وتنا" جس کی یہ تانیث ہے۔

وَتیرہ: [ع۔ امذ] عادت۔ دستور۔ شیوہ۔ روش۔ طریقہ۔

و۔ٹ

وَٹ: [ہ۔ امذ] (۱) حصہ۔ ٹکڑا۔ بخرا۔ تقسیم (۲) (ہن۔ امث) کھیت کی منڈیر۔

وِٹامن: [انگ۔ امذ] (VITAMIN) وہ کیمیائی اجزا جو انسانی غذا میں موجود ہیں۔ بیماریوں کو روکتے اور بدن کو طاقت دیتے ہیں۔ حیاتین۔

و - ث

وَثاق :[ع - اند] (۱) پٹی - بند (۲) معاہدہ کرنا - عہد کرنا (۳) ٹھہرانا - مقرر کرنا - اقرار کرنا

وَثاقت :[ع - امث] پختگی - مضبوطی

وَثائِق :[ع - اند] دیکھئے "وَثیقہ" جس کی یہ جمع ہے -

وَثَن :[ع - اند] پتھر یا کسی اور چیز کا بُت -

وَثَنی :[ع - صف] (۱) بُت پرست (۲) وثن سے منسوب -

وُثوق :[ع - اند] (۱) مضبوطی - پختگی (۲) بھروسا - اعتماد - اعتبار -

وَثیقہ :[ع - اند] (۱) مُعاہدہ - عہد و پیمان - (۲) اقرار نامہ - (۳) تمسک - بونڈ - دستاویز (۴) پرامیسری نوٹ - پرونوٹ - (۵) مضبوطی - استحکام -

وَثیقہ دار :[عف - صف] جو پرونوٹ کا مالک ہو جس کے پاس پرونوٹ ہو - جس کے حق میں وثیقہ لکھا ہوا ہو -

وَثیقۂ سَرکار :[ع - اند] سرکاری کاغذ -

وَثیقۂ ضَمانَت :[ع - اند] ضمانت نامہ - ضمانتی بانڈ -

وَثیقہ نویس :[عف - صف] وہ شخص جس کو حکومت کی طرف سے وثیقے لکھنے کا لائسنس ملا ہوا ہو -

و - ج

وَجاہَت :[ع - امث] (۱) خوبصورتی - چہرے کی رونق - چہرے کا رعب (۲) عزت - احترام (۳) حکومت - دبدبہ -

وَجَب :[ع - امث] بالشت - ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے انگوٹھے تک کا پھیلاؤ - نو انچ کی لمبائی -

وَجد :[ع - اند] (۱) بے خودی کی حالت - حال - جذبہ (۲) بے اندازہ خوشی - صوفیوں کی اصطلاح میں وہ حالت بے خودی جو بعض اشخاص کو سماع سے ہوتی ہے -

وَجد کرنا :[ار - محاورہ] بے خود ہو کر جھومنا -

وَجد میں آنا :[ار - محاورہ] مست ہو جانا - حال طاری ہو جانا -

وَجد میں لانا :[ار - محاورہ] کسی کو خوش الحانی اور خوش کرداری سے ایسا خوش کرنا کہ وہ وجد کرنے لگے -

وَجد ہونا :[ار - محاورہ] دیکھئے "وجد کرنا" جس کا یہ لازم ہے -

وِجدان :[ع - اند] (۱) جاننا - دریافت کرنا - جاننے اور دریافت کرنے کی قوت (۲) ذکاوت -

وَجَع :[ع - اند] درد - ٹیس -

وَجَعُ الاَسنان :[ع - اند] دانتوں کا درد

وَجَعُ الظَّہر :[ع - اند] پیٹھ کا درد -

وَجَعُ القَلب :[ع - اند] دل کا درد -

وَجَعُ المَفاصِل :[ع - اند] جوڑوں کا درد -

وُجوب :[ع - اند] واجب ہونا - لازم ہونا - ضروری ہونا -

وُجود :[ع - اند] (۱) زندگی - ہستی (۲) جسم - بدن (۳) ذات (۴) پیدائش - ظہور (۵) مادہ - جوہر -

وُجود پانا / پکڑنا :[ار - محاورہ] (۱) پیدا ہونا (۲) کوئی شکل اختیار کرنا -

وُجود میں لانا :[ار - محاورہ] (۱) پیدا کرنا (۲) بنانا - ایجاد کرنا - اختراع کرنا -

وُجودی :[ع - صف] شہودی کا مقابل - وحدۃ الوجود کا قائل -

وُجوہ :[ع - اند و مث] دیکھئے "وجہ" جس کی یہ جمع ہے -

وُجوہات :[ع - اند و مث] دیکھئے "وجہ" جس کی یہ جمع الجمع ہے -

وَجہ :[ع - امث] چہرہ - صورت - شکل (۲) سبب - کارن - باعث (۳) دلیل (۴) جانب - طرف - رخ (۵) طریقہ - طرز - طور - ڈھنگ (۶) ذریعہ (۷) نقدی - زر و مال -

وَجہِ تحریک :[ع - امث - بترکیب فارسی] عمل پر آمادگی کا سبب - ترغیب کا باعث -

وَجہِ تَسمیہ :[ع - امث بترکیب فارسی] نام رکھنے کا سبب -

وَجہِ ثبوت :[ع امث بترکیب فارسی] ثبوت کی دلیل - شہادت - گواہی - گواہوں کی پیشی -

وَجہِ ثبوت کامل :[ع - امث - بترکیب فارسی] قطعی ثبوت -

وَجہِ ثبوت واقعات :[ع - امث - بترکیب فارسی] وہ ثبوت جو واقعات اور حالات سے فراہم ہو -

وَجہِ حَسَن :[ع - امث - بترکیب فارسی] اچھا انداز - مناسب طریقہ -

وَجہِ حلال کا ٹکڑا :[ار - اند] حلال کی کمائی - ایمانداری کی آمدنی -

وَجہِ قوی :[ع - امث - بترکیب فارسی] مضبوط دلیل یا سبب -

وَجہِ کافی :[ع - امث - بترکیب فارسی] پورا پورا ثبوت - کامل ثبوت -

وجہ کھلنا :[ار - محاورہ] سبب نمایاں ہونا -

وَجہِ معاش / معیشت / قوت / گزران :[عف - امث] گزارے کا ذریعہ - پیٹ بھرنے کا وسیلہ -

وَجہِ مُقَرَّری :[ع - امث - بترکیب فارسی] مقررہ الاؤنس - معینہ گزارہ یا روزینہ -

وَجہِ مَعقول :[ع - امث - بترکیب فارسی] ٹھیک اور درست وجہ -

وَجہِ مُوَجَّہ :[ع - امث - بترکیب فارسی] مضبوط دلیل - پختہ ثبوت -

وَجہِ نالش :[عف - امث] نالش کرنے کا سبب -

وَجیہہ :[ع - صف] (۱) خوش وضع - خوبصورت (۲) صاحب جاہ - (۳) موزوں - زیبا -

و - چ

وِچار :[س - اند] (۱) غور و فکر - دھیان - سوچ بچار - (۲) تمیز - سمجھ - عقل -

وچار دھارا :[ھ - اند] (۱) خیالات کی رو (۲) رجحان طبع - ذہنی میلان -

وچارنا :[ار - مص - ق] سوچنا -

وَچَن :[س - اند] قول - عہد - پیمان - قرار - بچن -

و - ح

وحدانی : [ع۔ صف] (۱) دیکھئے "واحد" جس سے یہ منسوب ہے (۲) وہ طرز حکومت جس میں تمام اختیارات مرکز کو حاصل ہوتے ہیں۔ وفاقی کی ضد۔

وَحدانیّت : [ع۔ امث] دیکھئے "واحد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ ایک ہونا۔ یکتائی

وَحدَت : [ع۔ امث] اکیلا پن۔

وحدت الشہود : [ع۔ امث] اصطلاح تصوف۔ دُنیا کی ہر چیز جو پیش نظر ہے اُسی یعنی اللہ تعالیٰ کا پرتو ہے یعنی ہمہ از اوست۔

وَحدَت الوجود : [عف۔ امذ] صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو خدا تعالیٰ کا وجود ماننا اور ماسوا کے وجود کو محض اعتباری سمجھنا۔

وَحدَہٗ : [ع۔ صف] وہ اکیلا ہے۔ تنہا ہے۔

وحدہٗ لاشریک لہٗ : [ع۔ مقولہ] خدا ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

وُحُوش : [ع۔ امذ] جنگلی جانور۔ "وحشی" کی جمع۔

وُحُوش و طیور : [ع۔ امذ] جنگلی چوپائے اور پرند۔

وَحشَت : [ع۔ امث] (۱) گھبراہٹ (۲) سودا۔ خفقان۔ دیوانگی۔ جنون۔ (۳) حیوانیت (۴) بدک۔ بھڑک۔ نامانوس ہونا۔ نفرت (۵) آوارگی۔ (۶) اداسی (۷) خوف۔ ڈر۔ ہیبت۔

وَحشَت اَثَر : [عف۔ صف] جس سے وحشت پیدا ہو۔ جو دل میں وحشت پیدا کرے۔

وَحشَت اُچھلنا : [ار۔ محاورہ] سودا ہونا۔ خفقان ہونا۔ جنون کا زور ہونا۔ جوش جنون ہونا۔

وَحشَت انگیز : [عف۔ صف] وحشت پیدا کرنے والا۔ ڈراؤنا۔ ہولناک۔ بھیانک۔ خوفناک۔

وَحشَت برسنا : [ار۔ محاورہ] (۱) اداسی چھانا (۲) ویرانی چھانا۔ جنون کا اثر نمایاں ہونا۔

وَحشَت خیز : [عف۔ صف] وحشت بڑھانے والا۔ وحشت پیدا کرنے والا۔ مہیب۔

وَحشَت زدہ : [عف۔ صف] (۱) حواس باختہ۔ گھبرایا ہوا (۲) خبطی جنونی (۳) اداس۔

وَحشَت کرنا : [ار۔ محاورہ] جانوروں کی طرح بھڑکنا۔ دور بھاگنا۔

وَحشَت کی لینا : [ار۔ محاورہ] وحشت کی باتیں کرنا۔

وَحشَت ناک : [عف۔ صف] خوفناک۔ بھیانک۔ گھبرا دینے والی۔

وَحشَت ہونا : [ار۔ محاورہ] دیکھئے "وحشت کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

وَحشی : [ع۔ صف] (۱) جسے انسانوں سے وحشت ہوتی ہو۔ غیر مانوس۔ بھڑکنے والا۔ صحرائی۔ جنگلی (۲) غیر مہذب۔ ناتراشیدہ۔ اجڈ۔

وَحشی طبیعت / مزاج : [عف۔ صف] وہ شخص جو تنہائی پسند ہو اور آدمیوں سے بھاگتا ہو۔

وُحُوش : [ع۔ امذ] دیکھئے "وحش" جس کی یہ جمع ہے۔

وَحی : [ع۔ امث] (۱) خدائی پیغام۔ خدا کے وہ احکام یا پیغام جو نبیوں پر اترتے تھے (۲) کتاب الٰہی۔

وَحی آنا / اترنا / نازل ہونا : [ار۔ محاورہ] خدا کے مقرب فرشتے جبرائیل کا نبیوں کے پاس خدا کے احکام لے کر آنا۔

وَحیِ مُنَزَّل : [عف۔ امث] قرآن مجید۔

وَحید : [ع۔ صف] یگانہ۔ یکتا۔ لاثانی۔ اللہ تعالیٰ کی صفت۔

وَحیدُ العَصر / زماں : [ع۔ صف] یگانۂ زمانہ۔ جس کا اپنے زمانہ میں کوئی ثانی نہ ہو۔

و - د

وِداد : [ع۔ امث] دوستی۔ الفت۔ چاہت۔ انس۔

وِداع : [ع۔ امث] (۱) رخصت۔ روانگی (۲) دلہن کی رخصتی کی رسم یا تقریب۔

وِداعی : [ع۔ صف] دیکھئے "وِداع" جس سے یہ منسوب ہے۔

وَدائع : [ع۔ امذ] دیکھئے "وَدیعت" جس کی یہ جمع ہے۔

وِدوان : [س۔ صف۔ مذ] عالم۔ عقلمند۔ عالی دماغ۔ ذہین۔

وَدُود : [ع۔ صف] دوست۔ چاہنے والا۔ شفیق۔ نیک بندوں کو دوست رکھنے والا۔ خدا تعالیٰ کا نام۔

وِدھوا : [ھ۔ امث] بیوہ۔ رانڈ۔

وِدیا : [س۔ امث] (۱) علم۔ فن۔ ہنر۔ سائنس۔ فلسفہ (۲) درگا دیوی کا نام

ودیش : [س۔ صف] بدیسی۔ غیر ملکی۔

وَدِیعَت : [ع۔ امث] امانت۔ سپردگی۔

وَدِیعَت ایزدی : [ع۔ امث] خدا کی امانت (زندگی۔ جان یا صلاحیت)

و - ڈ

وڈیرا : [سندھی۔ امذ] بڑا زمین دار۔ جاگیردار۔

و - ر

وَر : [س۔ صف] غالب۔ برتر۔ فائق۔

وَر رہنا : [ار۔ محاورہ] زبر رہنا۔ جیت جانا۔ بازی لے جانا۔

وَر ہونا : [ار۔ محاورہ] برتر یا فائق ہونا۔

وَر : [ف۔ صف] (۱) آور کا مخفف۔ والا۔ صاحب۔ خداوند۔ رکھنے والا۔ قبضے میں رکھنے والا (۲) (حرف ربط) اگر کا مخفف۔

وَرا / وری : [ع۔ متعلق فعل] (۱) پیچھے۔ پرے (۲) دوسری جانب۔ پس پشت دوسری طرف۔ پیچھے کے رخ (سوا) سوا۔ ماسوا (۴) امذ۔ دُنیا۔ مخلوقات۔

ورا الورا : [ع۔ صف] پیچھے سے پیچھے۔ دُور سے دور۔ پرے سے پرے۔

وِراثَت : [ع۔ امث] ورثہ۔ میراث۔ ترکہ۔

وِراثَت نامہ : [عف۔ امذ] کسی کے وارث ہونے کی تحریر یا سند۔

وِراثَۃً : [ع۔ متعلق فعل] بطور ترکہ۔

وِراثَۃً پہنچنا : [ار۔ محاورہ] وارث ہونے کی وجہ سے ملنا۔

وَرّاق : [ع۔ صف] (۱) محرر (۲) دولت مند (۳) ورق ساز۔ جلد ساز۔ کاغذی۔

وَرائٹی: [انگ۔ امث] (VARIETY) تنوع۔ گوناگونی۔ قسم قسم کا ہونا۔
ورائٹی شو: [انگ۔ امذ] (VARIETY SHOW) ایسا تماشا جس میں ناچ گانے کے علاوہ ورزشی کرتب بھی دکھاتے جائیں۔ رنگارنگ پروگرام۔
وُرثاء: [ع۔ امذ] دیکھئے "وارث" جس کی یہ جمع ہے۔
وِرثہ: [ع۔ امذ] مرنے والے کا مال۔ ترکہ۔ میراث۔
ورثہ پانا: [ار۔ محاورہ] ترکہ بطور حق ملنا۔
ورثہ دار: [عف۔ صف] وارث۔ ترکہ پانے والا۔
ورثے میں آنا: [ار۔ محاورہ] ترکے میں آنا۔ مرنے والے کا حق پہنچنا۔
وَرد: [ع۔ امذ] گلاب کا پھول۔
وِرد: [ع۔ امذ] (۱) وہ کام جو روز بلاناغہ کیا جائے۔ معمول (۲) وظیفہ (۳) قرآن شریف کی بار بار تلاوت۔
وِرد رکھنا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کو بلاناغہ کرنا۔
وِردِ زبان: [عف۔ امذ] زبان پر چڑھا ہوا۔ ازبر۔
وردِ زبان کرنا: [ار۔ محاورہ] زبان پر چڑھانا۔ ازبر کرنا۔ یاد کرنا۔
وردِ زبان ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "وردِ زبان کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
وِرد کرنا: [ار۔ محاورہ] (۱) معمول باندھنا۔ عادت ڈالنا (۲) یاد کرنا۔ ازبر کرنا۔
وِرد ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ورد کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
وَردی: [ار۔ امث] (۱) فوجی لباس۔ یونیفارم (۲) ڈریس۔ پریڈ پر بجایا جانے والا فوجی بگل (۳) وہ باجا جو فوجی بارکوں میں رات کے دس بجے سو جانے اور صبح چار بجے جاگنے کے لئے بجتا ہے۔
وَردی بجانا: [ار۔ محاورہ] فوجی کیمپ یا شاہی محل پر مقررہ اوقات میں نوبت یا بگل بجانا۔
وَردی بجنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "وردی بجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
وَردی بولنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کسی واقعے کی خبر دینا۔ رپورٹ کرنا (۲) مخبروں کا کوئی خاص خبر دینا۔
وَردی میجر: [ار۔ انگ۔ امذ] فوج کو احکام سنانے اور نوکری تقسیم کرنے والا افسر۔
وَرزِش: [ف۔ امث] کسرت۔ ریاضت [افعال: کرنا۔ ہونا]
وَرزِشی: [ف۔ صف] دیکھئے "ورزش" جس سے یہ منسوب ہے۔
وَرسا: [ار۔ امذ۔ ق] سپاہیوں کی قواعد۔
وَرطہ: [ع۔ امذ] (۱) ہلاکت کا مقام۔ ایسی زمین جہاں راستہ نہ ہو (۲) مجازاً پانی کا چکر۔ بھنور۔ گرداب۔ بھول بھلیاں۔
وَرَع: [ع۔ امث] پرہیزگاری۔
وَرغلانا: [ار۔ مص جعلی] (۱) بہکانا۔ بھڑکانا (۲) اغوا کرنا (۳) دھوکا دینا۔ ٹھگنا۔
وَرَق: [ع۔ امذ] (۱) کاغذ کا ٹکڑا یا پرچہ (۲) درخت کا پتا (۳) پھول کی پتی (۴) چاندی یا سونے کا باریک کوٹا ہوا ٹکڑا (۵) باریک اور چوڑی تراشی ہوئی کوئی چیز (۶) تاش کا پتا۔

وَرق اتارنا: [ار۔ محاورہ] کسی چیز کا پتلا اور باریک تراشا کاٹنا (۲) کمزور کرنا
وَرق اترنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ورق اتارنا" جس کا یہ لازم ہے۔
وَرق الٹنا/پلٹنا: [ار۔ محاورہ] (۱) کاغذ کا ورق ایک رُخ سے دوسرے رُخ کرنا (۲) کنایۃً نیا دور شروع کرنا۔ تبدیلی کرنا۔
وَرقُ الخیال: [ع۔ امذ] کنایۃً بھنگ۔
وَرق بکھر جانا: [ار۔ محاورہ] (۱) کتاب کے اوراق کا پریشان ہو جانا۔ (۲) کنایۃً پھوٹ پڑنا۔ تتر بتر ہونا۔ برباد ہونا۔
وَرق توڑ دینا: [ار۔ محاورہ] ورق کو تہ کر دینا۔
وَرق داغ: [عف۔ امذ] وہ ہندسہ جو صفحوں کے شمار کے لئے لکھتے ہیں۔
وَرق ساز: [عف۔ صف] چاندی یا سونے کے ورق کوٹنے کا کام کرنے والا۔
وَرق سیاہ کرنا: [ار۔ محاورہ] مسودہ کرنا۔ بہت کچھ لکھنا۔
وَرقِ کائنات: [عف۔ امذ] دنیا۔ عالم۔
وَرق کے ورق سیاہ کرنا: [ار۔ محاورہ] بہت کچھ لکھنا۔
وَرق گردانی: [عف۔ امث] کتاب کے ورق الٹنا [افعال: کرنا۔ ہونا]
وَرقِ گل: [عف۔ امذ] پھولوں کی پتی۔ پنکھڑی۔
وَرق لپیٹنا: [ار۔ محاورہ] پان کی گلوری پر سونے یا چاندی کے ورق منڈھنا
وَرقہ: [ار۔ امذ] (۱) کتاب کا ورق (۲) پتا (ثقہ لوگ استعمال نہیں کرتے)
ورقہ سند خرچ: [ار۔ امذ] تصدیق ادائی رسید۔ فرد حساب۔
وَرقی: [ع۔ صف] دیکھئے "ورق" جس سے یہ منسوب ہے۔
وَرک: [ع۔ امذ] چوتڑ۔ کولہا۔ سرین۔
وَرک شاپ: [انگ۔ صف] (WORK-SHOP) کارخانہ
ورکنگ کمیٹی: [انگ۔ امث] (WORKING COMMITTEE) مجلس عاملہ۔
وَرلا: [ہ۔ صف] ادھر کا۔ اس کنارے کا۔ اس رخ کا۔
وَرَم: [ع۔ امذ] بیماری یا چوٹ سے جسم کے کسی حصے کا پھول جانا۔ سوجن [افعال: کر جانا/کرنا۔ ہونا۔ آنا]
ورم اتار جانا/دینا: [ار۔ محاورہ] سوجن کم کر دینا۔ سوجن جاتی رہنا۔
ورم اتر جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ورم اتار دینا" جس کا یہ لازم ہے۔
وَرم جاتا رہنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ورم اتر جانا"
وَرن: [س۔ امذ] (۱) رنگ (۲) نسل (۳) لباس (۴) صورت (۵) قسم۔
ورنکیولر/ورنیکولر: [انگ۔ صف] (VERNACULAR) (۱) دیسی۔ ملکی۔ مقامی (۲) (امث) دیسی زبان
وَرنہ: [ف۔ صف شرط] نہیں تو۔ پھر۔ وگرنہ۔
وُرُود: [ع۔ امذ] اترنا۔ اندر آنا۔ وارد ہونا۔ پہنچنا۔
وُرود پانا: [ار۔ محاورہ] پہنچنا۔
وِرودھ: [س۔ امذ] (۱) مخالفت۔ مزاحمت۔ رکاوٹ (۲) دشمنی۔ عداوت۔ جھگڑا۔ جنگ (۳) احتجاج۔
ورودھی: [س۔ صف] دیکھئے "ورودھ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
وَرے: [ار۔ متعلق فعل] (۱) ادھر۔ اس طرف (۲) پاس۔ نزدیک۔ قریب۔
رِلیاں: [ار۔ امث] اکثر "رنگ رلیاں" [illegible]
وَرید: [ع۔ امث] (۱) گردن کی موٹی رگ۔ [illegible]

و ۔ ز

وَزَارَت: [ع ۔ امث] (۱) وزیر کا عہدہ ۔ مدارالمہامی (۲) وزیر کا کام ۔ (۳) وزیر کا دفتر ۔

وِزِٹر / وِزیٹر: [انگ ۔ امذ] (VISITOR) وہ شخص جو معائنے یا ملاقات کے لئے آتے ۔ ملاقاتی ۔

وِزِٹرز بُک: [انگ ۔ امث] (VISITOR'S BOOK) وہ کتاب یا رجسٹر جس میں آنے والوں یا معائنہ کرنے والوں کے دستخط لئے جاتے ہیں ۔

وِزِٹنگ کارڈ: [انگ ۔ امذ] (VISITING CARD) وہ کارڈ جس پر ملاقات کرنے والوں کا نام درج ہوتا ہے ۔ ملاقات نامہ ۔ پرچہ ملاقات ۔

وُزَرَا: [ع ۔ امذ] دیکھئے "وزیر" جس کی یہ جمع ہے ۔

وَزن: [ع ۔ امذ] (۱) تول ۔ جانچ ۔ اندازہ (۲) عزت ۔ قدر ۔ وقعت (۳) بوجھ ۔ بار (۴) مقدار ۔ پیمانہ (۵) علم عروض میں شعر کی بحر (۶) سنجیدگی ۔ متانت ۔

وَزن دار: [عف ۔ صف] (۱) بھاری (۲) با وقعت ۔

وزن رکھنا: [ار ۔ محاورہ] (۱) بھاری ہونا (۲) با وقعت ہونا (۳) وزن کرنا ۔ تولنا ۔ جانچنا (۴) ۔ لفظ کی دوسرے لفظ سے مطابقت کرنا ۔ حرکات و سکنات میں شعر کے متحرک اور ساکن حروف کو ارکان سے ملانا ۔

وَزن کش: [عف ۔ صف] تولا ۔ وزن کرنے والا ۔

وَزن کشی: [عف ۔ امث] دیکھئے "وزن کش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

وزن کرنا: [ار ۔ مص مرکب] تولنا ۔ جانچنا ۔

وزن ہونا: [ار ۔ مص مرکب] دیکھئے "وزن کرنا" جس کا یہ لازم ہے ۔

وَزنَہ: [ار ۔ امذ] لوہے یا پتھر کی بنی ہوئی وہ چیز جو کاغذ کو دبانے کیلئے اس پر رکھی جاتی ہے (پیپر ویٹ PAPER-WEIGHT)

وَزنی: [ف ۔ صف] (۱) بھاری ۔ بوجھل (۲) سنجیدہ ٹھوس (۳) باوقعت ۔

وَزِیر: [ع ۔ امذ] (۱) دیوان ۔ مدارالمہام ۔ منتری (۲) شطرنج کا ایک مہرہ

وزیرِ اعظم: [ع ۔ امذ] مرکزی حکومت کا سب سے بڑا وزیر ۔ پردھان منتری ۔

وزیرِ اعلیٰ: [ع ۔ امذ] صوبائی حکومت کا سب سے بڑا وزیر ۔ چیف منسٹر

وَزیری: [ف ۔ امذ] (۱) وزیر کا عہدہ (۲) ایک قسم کا انجیر ۔

وزیرے چنیں شہریارے چناں: [ف ۔ مثل] جیسے وزیر ویسے بادشاہ ۔ افسر اور ماتحت دونوں نا لائق ۔

و ۔ س

وِسَادَہ: [ع ۔ امذ] تکیہ ۔ مسند ۔

وِسادہ نشین: [عف ۔ صف] مسند نشین ۔

وَسارا: [ار ۔ امذ ۔ ق] چھپر ۔ سائبان ۔ اسارا ۔

وَساطت: [ع ۔ امث] وسیلہ ۔ واسطہ ۔ ذریعہ ۔

وَساوِس: [ع ۔ امذ] دیکھئے "وسواس" جس کی یہ جمع ہے ۔

وَسائد: [ع ۔ امذ] دیکھئے "وسادہ" جس کی یہ جمع ہے ۔

وَسائط: [ع ۔ امذ] دیکھئے "واسطہ" جس کی یہ جمع ہے ۔

وَسائل: [ع ۔ امذ] دیکھئے "وسیلہ" جس کی یہ جمع ہے ۔

وَسْط: [ع ۔ امذ] بیچ (۱) درمیان ۔ قلب ۔ مرکز ۔ وہ چیز جو جسامت یا درجے میں درمیانہ ہو (۲) کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ جو اسے برابر کے دو حصوں میں تقسیم کر دے ۔

وسطانی: [ع ۔ صف] (۱) درمیانی (۲) مڈل کی جماعتیں ۔

وَسْطی: [ف ۔ صف] بیچ کا ۔ درمیان کا ۔ درمیانی ۔

وُسْطیٰ: [ع ۔ صف] (۱) "اوسط" کا مؤنث ۔ میانہ (۲) درمیانی انگلی ۔

وُسْع: [ع ۔ امث] چوڑائی ۔ پھیلاؤ ۔ فراخی (۲) دسترس ۔ توانائی ۔

وُسْعَت: [ع ۔ امث] (۱) گنجائش ۔ سمائی (۲) چوڑائی ۔ کشادگی ۔ پھیلاؤ ۔

وُسعتِ اخلاق: [ع ۔ امث] ہر ایک سے خاطرداری سے پیش آنا ۔

وُسعت دینا: [ار ۔ محاورہ] بڑھانا ۔ زیادہ کرنا ۔ فراخ کرنا ۔

وِسْکی: [انگ ۔ امث] (WHISKY) ایک قسم کی شراب ۔

وِسْل: [انگ ۔ امث] (WHISTLE) سیٹی (افعال: دینا ۔ بجانا)

وَسْمَہ: [ع ۔ امذ] نیل کے پتے جن سے خضاب تیار کیا جاتا ہے ۔

وسمہ کرنا / لگانا: [ار ۔ محاورہ] بالوں کو خضاب سے رنگنا ۔

وسمہ ہونا / لگنا: [ار ۔ محاورہ] دیکھئے "وسمہ کرنا" وغیرہ جس کا یہ لازم ہے ۔

وَسْوَاس: [ع ۔ امذ] (۱) بُرا خیال جو دل میں آئے (۲) وہم ۔ وسوسہ (۳) اندیشہ ۔ ڈر ۔ خوف (۴) شبہ ۔ گمان ۔

وَسْواس لانا: [ار ۔ محاورہ] وہم کرنا ۔ بُرا خیال باندھنا ۔

وَسْواسی: [ع ۔ صف] وہمی ۔ شکی ۔ شبہ کرنے والا (۲) جو رکے یا ہچکچاہٹ پیدا کرے ۔

وَسْوَسَہ: [ع ۔ امذ] دیکھئے "وسواس"

وَسِیْع: [ع ۔ صف] فراخ ۔ چوڑا ۔ کشادہ ۔ دور تک پھیلا ہوا ۔

وَسیعُ الفضا: [ع ۔ صف] وہ جگہ جس کا صحن بہت لمبا چوڑا ہو ۔ کھلی جگہ

وَسیعُ القلب: [ع ۔ صف] تنگ دل کی ضد ۔ فراخ دل ۔

وَسیعُ النظر: [ع ۔ ف ۔ صف] جس کی نظر وسیع ہو ۔ بلند خیال ۔

وَسیعُ النظری: [عف ۔ امث] دیکھئے "وسیع النظر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے ۔

وَسِیلَہ: [ع ۔ امذ] (۱) ذریعہ ۔ واسطہ ۔ سبب (۲) سہارا ۔ آسرا (۳) حمایت ۔ مدد (۴) دستگیری ۔

وَسیلہ پیدا کرنا: [ار ۔ مص مرکب] ذریعہ پیدا کرنا ۔ کسی کو حمایتی یا مددگار بنانا ۔

وَسِیم: [ع ۔ صف] خوبصورت ۔ خوش وضع ۔

و ۔ ش

وَش: [ف ۔ حرف تشبیہ] مانند ۔ مثل ۔ نظیر ۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے پری وش وغیرہ ۔

وُشاق: [ف ۔ امذ] خدمتگار ۔ غلام لڑکا ۔

وِشال :[س-صف] عظیم - وسیع و عریض -
وشنو :[س-امذ] (۱) ہندوؤں کے تین بڑے دیوتاؤں میں سے ایک جو مخلوق کی پرورش کرتا ہے (۲) وشنو کو پوجنے والا فرقہ -
وِشْوَاش :[س-امذ] (۱) بھروسا - اعتماد (۲) یقین -
وِشْوَاشی : [س-صف] دیکھیے " وشواش " جس سے یہ منسوب ہے -

و - ص

وَصَّاف :[ع-صف] بہت تعریف کرنے والا -
وِصَال : [ع-امذ] صحبت - ہم بستری (۲) ملنا - ملاپ - ملاقات (۳) انسان کا خدا سے جا ملنا - مرجانا - انتقال کر جانا (۴) اصطلاح تصوف - وحدت میں فنا ہونا -
وَصَایَا :[ع-امذ] دیکھیے " وصیت " جس کی یہ جمع ہے -
وَصَایَت :[ع-امث] نابالغ کی سرپرستی -
وَصْف :[ع-امذ] خوبی - اچھائی - عمدگی - تعریف (۲) گن - صفت - اچھی خاصیت (۳) کمال - ہنر - جوہر - سلیقہ (۴) پہچان - شناخت -
وَصْف رَکھنا :[ار-محاورہ] خوبی رکھنا - صفت رکھنا -
وَصْفی :[ع-صف] صفاتی - توصیفی - تعریفی ("وصف" سے منسوب) -
وَصْل :[ع-امذ] ملاقات - معشوق سے ملنا - ہجر کی ضد -
وصلت :[ع-امث] وصل - معشوق سے ملاقات - (اب متروک ہے)
وَصْلچہ :[ف-امذ] کاغذ کا ٹکڑا (۲) کپڑے کی دھجی (۳) ریشہ -
وَصْلی :[ع-امث] خوشنویسوں کے مشق کرنے کا دوہرا کاغذ -
وَصلی سیاہ کرنا :[ار-محاورہ] وصلی پر اتنا لکھنا کہ زیادہ لکھنے یا مشق کرنے کی گنجائش نہ رہے -
وُصُول :[ع-امذ] جو مل گیا ہو - جو حاصل ہو گیا ہو (۲) پہنچنا کسی کے پاس -
وُصُولِ باقی : [ع-امذ] وہ روپیہ جو وصول نہ ہوا ہو - اس رقم کا وصول کرنا جو واجب الادا ہو -
وُصول پانا / کرنا :[ار-محاورہ] رقم مل جانا - لینا -
وُصول کُنندہ :[عف-امذ] وصول کرنے والا - پانے والا -
وُصُولی :[عف-امث] (۱) قابلِ وصول - یافتنی (۲) حصول - وصول ہونا -
وَصِی : [ع-امذ] وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو (۲) وصیت پر عمل کرنے والا - سربراہ کار منصرم -
وَصِیَّت :[ع-امث] سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا نہ کرنا - آخری نصیحت - [افعال، کرنا - ہونا]
وَصِیَّت نامہ :[عف-امذ] تحریری وصیت -
وَصِیَّہ :[ع-امث] وہ عورت جسے وصیت کے سلسلے میں عملی کارروائی کا اختیار دیا گیا ہو - وہ خاتون جس کے حق میں وصیت کی گئی ہو -

و - ض

وَضَاحَت :[ع-امث] واضح کرنا - تفصیل کے ساتھ بیان کرنا - تشریح کرنا -
وَضْع :[ع-امث] (۱) شکل - صورت - حلیہ (۲) ظاہری حالت - حال (۳) طور طریق - رنگ ڈھنگ - طرز - چال ڈھال - چلن (۴) بناوٹ - ساخت ترکیب (۵) مجرا - منہا - کاٹنا - تفریق کرنا -
وَضع بَدَلنا :[ار-محاورہ] طرز بدلنا - حالت بدلنا - عادت اور ڈھنگ میں فرق آنا - وضع تراشنا - نئی وضع اختیار کرنا - نئی وضع ایجاد کرنا -
وَضع چھوڑنا :[ار-محاورہ] وضع کو ترک کرنا -
وَضعِ حَمل :[عف-امذ] بچہ پیدا ہونا -
وَضع دَار :[عف-صف] (۱) وضع نباہنے والا - اپنے طور طریقے پر قائم رہنے والا پابند وضع (۲) اچھی وضع کا - سجیلا - بانکا - طرح دار -
وَضع داری :[عف-امث] دیکھیے " وضع دار " جس کا یہ اسم کیفیت ہے -
وَضعِ قانون : [ع-امذ] قانون بنانا - قانون سازی کرنا -
وَضع قطع :[ع-امث] شکل و صورت -
وَضع کرنا :[ار-محاورہ] (۱) مجرا کرنا - منہا کرنا - کاٹنا - نکالنا (۲) ایجاد کرنا (۳) حساب میں لکھ لینا (۴) اختراع کرنا -
وَضع ملنا :[ار-محاورہ] انداز ملنا - طرز ملنا -
وَضع میں فرق آنا :[ار-محاورہ] انداز اور طرز میں فرق آنا -
وَضع نِباہنا :[ار-محاورہ] انداز اور طرز میں فرق نہ آنے دینا -
وَضع نستعلیق ہونا :[ار-محاورہ] انداز میں تہذیب اور شائستگی ہونا -
وَضع ہونا :[ار-محاورہ] دیکھیے " وضع کرنا " جس کا یہ لازم ہے -
وُضو :[ع-امذ] نماز کیلئے جسم کے خاص خاص اعضا کو پانی سے دھونا -
وُضو آنا :[ار-محاورہ] وضو کا سلیقہ ہونا -
وُضو تازہ کرنا :[ار-محاورہ] باوضو ہوتے ہوئے بھی دوبارہ وضو کرنا -
وُضو توڑنا : [ار-محاورہ] (۱) وضو ناپاک کرنا (۲) زہد و تقویٰ نہ رہنے دینا - ترک کر دینا -
وُضو ٹوٹنا : [ار-محاورہ] (۱) وضو جاتا رہنا - طہارت قائم نہ رہنا (۲) کنایتہً نیت میں فرق آنا -
وُضو ٹھنڈا کرنا / ڈھیلا کرنا :[ار-محاورہ] ہمت پست کرنا - نیت بدل دینا -
وُضو ٹھنڈا ہونا / ڈھیلا ہونا : [ار-محاورہ] دیکھیے " وضو ٹھنڈا / ڈھیلا کرنا " جس کا یہ لازم ہے -
وُضُوح : [ع-امذ] (۱) وضاحت - صفائی (۲) ثبوت - گواہی - (۳) اظہار - ظہور -
وُضو شکست کرنا :[ار-محاورہ] ہمت پست کر دینا -
وُضو شکست ہونا : [ار-محاورہ] دیکھیے " وضو شکست کرنا " جس کا یہ لازم ہے -
وُضو کرنا :[ار-محاورہ] نماز کے واسطے منہ، ہاتھ، پاؤں وغیرہ دھونا -
وُضو ہونا :[ار-محاورہ] دیکھیے " وضو کرنا " جس کا یہ لازم ہے -
وَضِیع :[ع-صف] کمینہ - نیچ - فرومایہ -
وَضیع و شریف :[ع-صف] ادنیٰ اور اعلیٰ - کمینہ اور شریف -
وَضِیعَہ :[ع-صف-مث] دیکھیے " وضیع " جس کی یہ تانیث ہے -
وَضِیمَہ :[ع-امذ] ماتمی ضیافت - غمی کا کھانا (ولیمہ کی ضد)

و - ط

وَطَن: [ع - اند] (۱) پیدا ہونے اور رہنے کی جگہ (۲) دیس - اپنا ملک - جنم بھومی۔
وَطَن اِختیار کرنا: [ار - مص مرکب] (۱) کسی ملک کا شہری بننا (۲) اپنے شہر کو چھوڑ کر کسی اور شہر میں مُستقِل طور پر رہنے لگنا۔
وَطَن آوارہ: [ع - صف] خانماں برباد۔
وَطَن چھُٹنا: [ار - محاورہ] غریب الوطن ہونا۔
وَطَن سے نِکل جانا: [ار - محاورہ] غریب الوطن ہونا۔
وَطَن مالوف: [عف - اند] پیارا وطن - وہ جگہ جہاں کے رہنے کی عادت ہو۔
وَطَنی: [ع - صف] (۱) ہم وطن - ایک دیس کا (۲) وطن سے منسوب۔
وَطی: [ع - امث] (۱) عورت سے صحبت کرنا - جماع کرنا (۲) پائمال کرنا - روندنا۔

و - ظ

وَظائِف: [ع - اند] دیکھیے "وَظیفہ" جس کی یہ جمع ہے۔
وَظیفہ: [ع - اند] (۱) روزینہ - پنشن - تنخواہ - درماہہ (۲) وہ رقم جو نادار طالب علم کو اس کے اخراجات کیلئے دی جائے (۳) احسن خدمات کے صلہ میں عطا کی ہوئی جاگیر (۴) کوئی دُعا جو روزانہ پڑھی جائے (۵) کسی بات کی رٹ (۶) وہ کام جو روزانہ پابندی سے کیا جائے۔
وظیفہ بجانا: [ار - محاورہ] (تحقیراً) وظیفہ پڑھنا۔
وظیفہ خوار: [ع - ف] (۱) وظیفہ لینے والا (۲) پنشن پانے والا۔
وظیفہ خواری: [عف - امث] دیکھیے "وظیفہ خوار" جس کا اسم کیفیت۔
وظیفہ کرنا: [ار - محاورہ] وظیفہ پڑھنا۔

و - ع

وعاظ: [ع - اند] دیکھیے "واعظ" جس کی یہ جمع ہے۔
وَعْدَہ: [ع - اند] (۱) اقرار - قول و قرار - عہد پیمان (۲) ملاقات کا تعین (۳) رقم کی ادائیگی کے لیے ایک مُدّت مقرر کرنا (۵) مرنے کا دن - موت کا وقت۔
وَعْدَہ آجانا / آپہنچنا: [ار - محاورہ] موت کا وقت آجانا - زندگی ختم ہونا۔
وَعدہ آنا: [ار - محاورہ] ایفائے عہد کا وقت آنا۔
وَعدہ اِیفا کرنا: [ار - محاورہ] وعدہ پورا کرنا - قول پورا کرنا۔
وَعدہ برابر آنا / ہونا: [ار - محاورہ] زندگی کی گھڑیاں پوری ہونا۔ موت آنا۔
وَعدہ پر جینا: [ار - محاورہ] ایفائے عہد کی امید پر زندہ رہنا۔
وَعْدَہ پر قائم رہنا: [ار - محاورہ] قول پر قائم رہنا - جو کہنا اس پر قائم رہنا۔
وَعدہ ٹالنا: [ار - محاورہ] حیلہ حوالہ کرنا - لیت و لعل کرنا - وعدہ پورا کرنے سے بچنا۔
وَعْدَہ ٹلنا: [ار - محاورہ] دیکھیے "وعدہ ٹالنا" جس کا یہ لازم ہے۔
وَعدہ ٹھہرنا: [ار - محاورہ] قول و قرار ہونا۔
وَعدہ خِلاف / شِکن: [عف - صف] وہ شخص جو اپنے وعدہ کا پورا نہ ہو - جو وعدہ سے پھر جائے۔
وَعدہ خِلافی / شِکنی: [عف - امث] دیکھیے "وعدہ خلاف/شکن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
وَعدہ زبان تک آنا: [ار - محاورہ] زبان سے قول و قرار کرنا۔
وعدہ سے دم زیادہ نہ کم: [ار - مقولہ] موت کا وقت ٹالے نہیں ٹلتا۔
وعدہ شب درمیان: [عف - صف] اگلے دن کا وعدہ - کل کا وعدہ۔
وعدہ فراموش: [عف - صف] اقرار کو بھول جانے والا - وعدہ یاد نہ رکھنے والا۔
وعدہ فراموشی: [عف - امث] دیکھیے "وعدہ فراموش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
وَعْدَہ کرنا: [ار - مص مرکب] اقرار کرنا - قول دینا - زبان دینا - عہد کرنا۔
وَعدہ کی پختگی: [ار - امث] وعدہ کی مضبوطی اور استحکام۔
وَعْدَہ لینا: [ار - محاورہ] قول لینا - عہد لینا۔
وَعْدَہ وَعید: [عف - اند] لیت و لعل - ٹال مٹول - حیلہ حوالہ - [افعال: کرنا - ہونا]
وَعدہ وفا: [عف صف] بات کا پُورا - قول کا سچا - [افعال: کرنا - ہونا]
وعدے پر جینا: [ار - محاورہ] وعدہ پورا ہونے کی توقع رکھنا۔
وَعدے پر رہنا: [ار - محاورہ] قول نباہنا - وعدے سے نہ پھرنا - عہد پر قائم رہنا۔
وَعدے سے دم زیادہ نہ کم: [ار - اند] موت کا وقت مقرر ہے ٹالے نہیں ٹلتا
وَعْظ: [ع - اند] مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے - مذہبی تقریر - مذہبی باتوں کا بیان - [افعال کہنا - کرنا]۔
وَعَلَیکُمُ السَّلام: [ع - اند] السلام علیکم کا جواب - اور تم پر بھی سلامتی ہو۔
وَعِید: [ع - اند] (۱) سزا دینے کی دھمکی (۲) سزا دینے کا وعدہ۔
وَعْدَہ وعید کا فرق: [ار - اند] وعید بدی اور شر کے لئے اور وعدہ نیکی اور خیر کے لئے مستعمل ہے۔

و - غ

وَغا: [ع - امث] (۱) لڑائی - جنگ (۲) ہنگامہ - شور و غل - دنگا فساد۔
وَغَیرَہ: [ع - اند] اور بھی - اور اس کے سوا - (صحیح تلفظ وَغَیرُہ) مؤنث کے لئے وغیرہا - دو کیلئے "وغیرہما" اور زیادہ کے لئے "وغیرہم"

و - ف

وَفا: [ع - امث] (۱) نباہ - ساتھ دینا (۲) خیر خواہی - نمک حلالی - وابستگی عقیدت مندی (۳) تعمیل - تکمیل۔

وَفا بیگانہ: [عف۔ صف] بے وفا۔ جو وعدہ پورا کرنے کا عادی نہ ہو۔

وَفا پَرَست: [عف۔ صف] وفادار۔ باوفا۔ نباہنے والا۔ مخلص۔

وفاپرستی: [عف۔ امث] دیکھئے "وفاپرست" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وَفاپیشہ: [عف۔ صف] جو سب کے ساتھ وفا کرے۔ جو ہمیشہ وفادار رہے۔

وَفادار: [عف۔ صف] وفا کرنے والا۔ نباہنے والا۔ باوفا۔

وَفادارِی: [عف۔ امث] دیکھئے "وفادار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وَفاشِعار: [عف۔ صف] نباہنے والا۔ وفا کرنے والا۔ جس کا شعار وفا کرنا ہو۔

وَفاشِعاری: [عف۔ امث] دیکھئے "وفاشعار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وفاکیش: [عف۔ صف] دیکھئے "وفاشعار"

وفاکیشی: [عف۔ امث] دیکھئے "وفاشعاری"

وَفات: [ع۔ امث] موت۔ انتقال۔

وَفات پانا: [ار۔ محاورہ] مرجانا۔ انتقال کرجانا۔

وَفات شریف: [ع۔ امث] کسی بزرگ یا واجب التعظیم شخصیت کا انتقال (۲) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال۔

وَفات کرنا: [ار۔ محاورہ] مرجانا۔

وِفاق: [ع۔ امذ] اتحاد۔ اتفاق (۲) کئی ریاستوں یا صوبوں کا مل کر ایک حکومت بنانا۔ (فیڈریشن FEDERATION)

وِفاقی: [ع۔ صف] دیکھئے "وفاق" جس سے یہ منسوب ہے۔

وَفد: [ع۔ امذ] نمائندوں کی جماعت (۲) چند اشخاص کا کوئی پیغام لے کر کسی افسر یا حاکم کے پاس جانا۔ (ڈیپوٹیشن - DEPUTATION)

وَفق: [ع۔ امذ] موافقت۔ مطابقت۔

وُفود: [ع۔ امذ] دیکھئے "وفد" جس کی یہ جمع ہے

وُفور: [ع۔ امذ] افراط۔ بہتات۔ زیادتی کثرت۔

وَفیات: [ع۔ امذ] (۱) وفاتیں (۲) مجازاً وفات پانے والے۔

و - ق

وَقّاد: [ع۔ صف] نہایت روشن۔ بہت چمکیلا۔

وَقار: [ع۔ امذ] بھاری بھرکم پن۔ متانت۔ سنجیدگی۔ بردباری (۲) قدر منزلت۔ جاہ و جلال۔

وَقائع: [ع۔ امث] جنگ۔ حملہ۔ دھاوا۔

وَقائِع: [ع۔ امذ] دیکھئے "واقعہ" جس کی یہ جمع ہے (۲) حوادث۔ حالات۔

وَقائع نگار/نویس: [عف۔ امذ] اخبار نویس۔ نامہ نگار۔

وَقائع نگاری/نویسی: [عف۔ امث] دیکھئے "وقائع نگار/نویس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وَقت: [ع۔ امذ] (۱) گھڑی۔ ساعت۔ دم۔ عرصہ۔ مدت۔ میعاد۔ وقفہ (۲) زمانہ۔ عہد۔ دور۔ جگ (۳) موقع۔ ہنگام (۴) موسم فصل۔ رُت (۵) فرصت۔ مہلت (۶) باری۔ نوبت۔ دفعہ۔ بار۔ (۷) حالت۔ گت (۸) عمر۔ زندگی۔ حیات (۹) موت کی گھڑی (۱۰) مصیبت (۱۱) دقت۔ دشواری۔

وَقت آپہنچنا: [ار۔ محاورہ] موت کا وقت آجانا۔ وعدہ آپہنچنا۔

وَقت آجانا: [ار۔ محاورہ] موسم آجانا۔ رت آجانا (۲) مصیبت آجانا موت کا وقت آپہنچنا۔

وَقت آیا ہوا نہیں ٹلتا: [ار۔ مثل] موت کے آنے پر دیر سویر نہیں ہوتی۔

وَقت بَد: [عف۔ امذ] مُصیبت کا وقت۔

وَقت برابر آنا/ہونا: [ار۔ محاورہ] زندگی کے دن پورے ہوجانا۔

وَقت بَوَقت: [ار۔ متعلق فعل] کبھی کبھی۔ وقتاً فوقتاً۔

وقت بے وقت: [ع۔ متعلق فعل] (۱) موقع بے موقع (۲) ہر وقت۔ ہر موقع پر۔

وَقت پانا: [ار۔ محاورہ] موقع یا فرصت پانا۔ موقع حاصل کرنا۔

وَقت پر: [ار۔ متعلق فعل] عین موقع پر۔ ضرورت کے وقت مصیبت کے وقت (۲) موسم پر۔ رُت پر۔ رُت کے موقع پر۔

وَقت پر اَوسان بجا رہنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت یا گھبراہٹ کے موقع پر بدحواس نہ ہونا۔

وَقت پر بھاگ جانا ہی مردانگی ہے: [ار۔ مثل] موقع کے موافق کام، دانائی اور ہنرمندی ہے۔

وقت پر پہنچنا: [ار۔ محاورہ] موقع پہ پہنچنا۔ ضرورت کے وقت حاضر ہوجانا ٹھیک موقع پر آنا۔

وقت پر صاف جواب دینا: [ار۔ محاورہ] ضرورت کے وقت کام نہ آنا۔ وقت پڑنے پر منہ موڑ لینا۔ موقع پر پیٹھ دکھانا۔

وقت پر صاف نکل جانا: [ار۔ محاورہ] عین موقع پر قول سے پھر جانا۔

وقت پر کام آنا: [ار۔ محاورہ] ضرورت پر کام آنا۔ موقع پر کام دینا۔

وقت پر کوئی کام نہیں آتا: [ار۔ مثل] مصیبت کے وقت کوئی مدد نہیں کرتا۔

وَقت پر گولی بچانا: [ار۔ محاورہ] موقع پر دغا دے جانا۔ ٹل جانا (۲) حالات کی زد سے بچ جانا۔

وَقت پڑنا: [ار۔ محاورہ] مصیبت پڑنا۔ دقت یا دشواری پیش آجانا۔ (۲) ضرورت مند ہونا۔

وَقت پڑنے پر گدھے کو باپ بناتے ہیں: [ار۔ مثل] دِقت یا لاچاری کی حالت میں ادنی لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔

وقت پڑے پر جانیئے کو بَیری کو میت: [ار۔ مثل] یہ بات مصیبت کے موقع پر ہی معلوم ہوتی ہے کہ کون دشمن ہے اور کون دوست۔ دوست دشمن کی تمیز بُرے وقت میں ہوتی ہے۔

وَقت تاکنا/دیکھنا: [ار۔ محاورہ] موقع کی تلاش میں رہنا۔

وَقت تنگ ہونا: [ار۔ محاورہ] کوئی کام جس وقت کرنا ہو اس میں تھوڑا وقفہ رہ جانا۔

وَقت ٹالنا: [ار۔ محاورہ] وقت گزاری کرنا۔ موقع ٹالنا۔

وقت ٹلنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "وقت ٹالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

وقت ٹھیک کرنا: [ار۔ محاورہ] گھڑی کا وقت درست کرنا۔

وَقت جاکر نہیں آتا: [ار - مقولہ] جو لمحہ گزر جاتا ہے پھر نہیں آتا ۔

وَقت سب کچھ کرا لیتا ہے: [ار - مقولہ] موقع اور ضرورت کے وقت انسان وہ کام کر لیتا ہے جو اس سے یوں نہیں ہو سکتے ۔

وَقت ضائع کرنا: [ار - مص مرکب] بیکار مشغلوں میں وقت بسر کرنا ۔

وَقتِ فضیلت: [ع - اند] وہ وقت جب نماز کا پڑھنا افضل ہو ۔

وَقت کا: [ار - صف] زمانے کا - عہد کا ۔

وَقت کا پابند: [ار - اند] ٹھیک وقت پر کام کرنے والا ۔

وَقت کاٹنا: [ار - محاورہ] (۱) وقت گزارنا (۲) دن پورے کرنا (۳) دل بہلانا ۔

وقت کا رونا بے وقت کی ہنسی سے اچھا: [ار - مثل] ہر بات اور ہر کام اپنے موقع پر اچھا ہوتا ہے ۔

وقت کٹنا: [ار - محاورہ] دیکھئے " وقت کاٹنا " جس کا یہ لازم ہے ۔

وَقت کو غنیمت جانئے: [ار - مقولہ] موقع سے فائدہ اٹھانا چاہئے ۔

وَقت کھونا: [ار - مص مرکب] وقت ضائع کرنا ۔ وقت رائگاں کرنا ۔

وَقت کی بات: [ار - امث] اتفاقی بات - شدنی امر ۔

وَقت کی خوبی ہے: [ار - مثل] بُرے دن آ جانے کی وجہ سے پریشانی اٹھانی پڑ رہی ہے ۔

وقت کے بادشاہ ہیں: [ار - مثل] بہت وسیع اختیارات کے مالک ہیں (۲) طنزاً بے پروا ہیں ۔ بے فکرے ہیں ۔

وقت کے وقت: [ار - متعلق فعل] عین وقت پر - بر وقت - عین ضرورت پر ۔

وقت گزارنا: [ار - محاورہ] دن کاٹنا ۔ وقت کاٹنا ۔

وقت گزر جانا: [ار - محاورہ] وقت جاتا رہنا ۔ موقع ٹل جانا ۔

وقت گزر گیا بات رہ گئی: [ار - مثل] کام نکل گیا شکایت رہ گئی ۔

وقت گنوانا: [ار - مص مرکب] وقت ضائع کرنا ۔ وقت کا خون کرنا ۔ وقت برباد کرنا ۔

وَقت ملنا: [ار - محاورہ] موقع ملنا - فرصت ہونا ۔

وقت نازک ہونا: [ار - محاورہ] حالات اچھے نہ ہونا - ایسی حالت ہونا جس میں دیکھ بھال کے چلنا چاہئے ۔

وَقت ناوقت: [ار - متعلق فعل] بے قاعدگی سے ۔ وقت بے وقت موقع بے موقع - وقت مقرر کئے بغیر - کبھی کبھی - گاہ بگاہ ۔

وَقت نکالنا: [ار - محاورہ] (۱) فرصت نکالنا (۲) مصیبت یا پریشانی کے زمانے میں زندگی جوں توں گزارنا ۔

وَقت نکل جاتا بات رہ جاتی ہے / وَقت نہیں رہتا بات رہ جاتی ہے: [ار - مثل] کام تو کسی نہ کسی طرح سے نکل ہی جاتا ہے - البتہ جو ضرورت یا مصیبت میں ساتھ نہ دے اس کی بدسلوکی یاد رہتی ہے ۔

وقت نکل جانا: [ار - محاورہ] (۱) ضرورت پوری ہو جانا - مصیبت ٹل جانا - (۲) موقع ہاتھ سے جاتا رہنا ۔

وَقت نکلنا: [ار - محاورہ] دیکھئے " وقت نکالنا " جس کا یہ لازم ہے ۔

وَقتِ واپسیں: [عف - اند] آخر وقت - نزع کا عالم - جان کنی کے لمحے - مرتے وقت ۔

وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے: [ار - مثل] ہر چیز اپنے موقع محل پر اچھی ہوتی ہے ۔

وَقت وقت کا راگ ہے: [ار - مثل] جیسا موقع ویسی ہی بات کرنی چاہئے ۔

وَقت وقت کی راگنی: [ار - مثل] موقع موقع کا کام ۔

وَقت ہاتھ سے جانا: [ار - محاورہ] موقع نکل جانا ۔

وَقت ہاتھ سے نہ دینا: [ار - محاورہ] موقع نہ کھونا - وقت ضائع نہ کرنا ۔

وَقت ہو جانا / ہونا: [ار - محاورہ] (۱) وقت پورا ہو جانا (۲) موقع ہونا ۔

وَقتاً فوقتاً: [ع - متعلق فعل] کبھی کبھی - گاہ بگاہ ۔

وَقتی: [ع - صف] (۱) وقت کا - زمانے کا (۲) عارضی ۔

وَقر: [ع - اند] (۱) بڑائی - عظمت - بزرگی (۲) عزت - آبرو - قدر و منزلت (۳) رتبہ - مرتبہ - درجہ - پایہ - منصب (۴) حلم - تمکنت ۔

وَقر اُٹھ جانا: [ار - محاورہ] وقعت نہ رہنا - عزت جاتی رہنا ۔

وَقر پانا: [ار - محاورہ] عزت حاصل کرنا - آبرو پانا ۔

وَقر کھونا: [ار - محاورہ] عزت گنوانا - بے آبرو ہونا ۔

وَقِس علیٰ ہذا: [ع - متعلق فعل] اور اسی پر قیاس کر لو ۔

وَقعَت: [ع - امث] (۱) عزت (۲) اعتبار - ساکھ (۳) سختی - جنگ ۔

وَقعت کھونا: [ار - محاورہ] (۱) عزت نہ رکھنا (۲) اعتبار یا ساکھ برباد کرنا ۔

وَقف: [ع - اند] (۱) ٹھہراؤ - توقف (۲) خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی مالک نہ بنایا گیا ہو - رفاہِ عام کی چیز جسے ہر شخص استعمال کر سکتا ہو (۳) ساکن حروف کے بعد غیر متحرک حرف آنا جیسے پیار میں " ر " (۴) (صف) اتنا زیادہ مشغول اور مصروف کہ دوسری طرف توجہ نہ دے سکے ۔

وَقفِ اَولاد / عَلَی الاَولاد: [عف - اند] وہ چیز جو مالک اپنی اولاد کے لئے وقف کرے ۔

وَقف کرنا: [ار - محاورہ] خدا کے نام پر چھوڑنا - رفاہ عامہ کے لئے چھوڑنا - مخصوص کرنا ۔

وقف نامہ: [عف - اند] وہ دستاویز جو وقف مال کی بابت لکھی جائے ۔

وقف ہونا: [ار - محاورہ] دیکھئے " وقف کرنا " جس کا یہ لازم ہے ۔

وقفہ: [ع - اند] (۱) مہلت - تھوڑی سی دیر (۲) قرآن مجید کی تلاوت میں اوقاف پر رکنا ۔

وَقفہ دینا: [ار - محاورہ] مہلت دینا - موقع دینا - فرصت دینا ۔

وُقوع: [ع - اند] واقع ہونا - ظہور - اظہار ۔

وُقوعِ جرُم: [ع - اند - بترکیب فارسی] جرم کیا جانا - جرم ہونا - جرم کا ارتکاب ۔

وُقوع میں آنا: [ار - محاورہ] واقع ہونا - ظاہر ہونا - سرزد ہونا ۔

وُقوعہ: [ع - اند] (۱) حادثہ - واردات - صدمہ - (۲) ہنگامہ - (۳) دنگا فساد ۔

وُقوف: [ع - اند] (۱) جاننا - علم - آگاہی - فہم - سمجھ - واقفیت (۲) شعور - تمیز - سلیقہ (۳) تجربہ - مہارت (۴) ٹھہرنا - (حاجیوں کا مقام عرفات)

وُقوف پکڑنا: [ار - محاورہ] عقل سیکھنا - تمیز سیکھنا - شعور پیدا کرنا ۔

وُقوف پیدا کرنا: [ار - محاورہ] (۱) ہنرمند بننا (۲) لیاقت حاصل کرنا ۔

وُقُوف دار: [عف۔ صف] جاننے والا۔ سمجھنے والا۔ تجربہ کار۔
وَقِیع: [ع۔ صف] (۱) وقعت رکھنے والا۔ معزز۔ عزت دار۔ ذی عزت (۲) بلند مرتبہ۔ ذی وقار۔
وَقِیعَہ / وَقِیعَت: [ع۔ امث] غازی۔ لڑائی۔ کارزار۔

و ۔ ک

وَکَالَت: [ع۔ امث] (۱) وکیل کا کام۔ وکیل کا پیشہ۔ وکیل ہونا۔ (۲) نیابت۔ قائم مقامی۔ کسی کا معاملہ اس کے نمائندے کی حیثیت سے پیش کرنا (۳) کسی کی طرف سے پیروی کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔
وَکَالَت کرنا: [عف۔ ار۔ مص مرکب] (۱) وکیل کا پیشہ کرنا۔ وکیل کا کام کرنا۔ کسی کی طرف سے پیروی کرنا (۲) کسی کی حمایت کرنا۔
وَکَالَت نامہ: [عف۔ اند] وکیل مقرر کرنے کا تحریری اقرار نامہ۔ وکالت کے لئے مختار نامہ۔
وکالت نامہ تصدیق ہونا: [ار۔ مص مرکب] وکالت نامہ پر متعلقہ حاکم عدالت کے دستخط ہونا۔
وَکَالَتہً: [ع۔ متعلق فعل] وکیل کے ذریعے۔ وکیل کی معرفت۔
وِکٹ: [انگ۔ اند] (WICKET) کرکٹ کے کھیل میں وہ تین ڈنڈے جن کے آگے کھڑا ہوا کھلاڑی بلّے کے ذریعے اس گیند کو روکتا ہے جو مخالف ٹیم کا باؤلر سامنے وکٹوں پر مارنے کے لئے پھینکے۔
وِکٹ کیپر: [انگ۔ اند] (WICKETKEEPER) وکٹ کے پیچھے کھڑے ہو کر گیند روکنے والا۔
وِکٹ گرانا: [ار۔ محاورہ] وکٹ پر گیند مار کر کھلاڑی کو آؤٹ کر دینا۔
وِکٹوریا: [انگ۔ امث] (VICTORIA) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی۔
وُکَلا: [ع۔ اند] دیکھئے "وکیل" جس کی یہ جمع ہے۔
وَکِیل: [ع۔ اند] (۱) مختار۔ قائم مقام۔ نائب۔ وہ شخص جس کے سپرد اپنا کام کیا جائے (۲) سند یافتہ قانون دان جو عدالت میں کسی فریق کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرے اور جس کا یہ پیشہ ہو۔
وَکِیلِ سرکار: [ع۔ اند] حکومت کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا وکیل۔
وَکِیلِ عام: [ع۔ اند] ایسا کارندہ جسے ہر بات کا پورا پورا اختیار ہو۔
وکیل کرنا: [ار۔ محاورہ] مقدمے کی پیروی کیلئے کسی کو وکیل مقرر کرنا۔

و ۔ گ

وِگ: [انگ۔ امث] (WIG) مصنوعی بالوں کی ٹوپی۔
وَگَر: [ف۔ حرف عطف] اور اگر۔
وگرنہ: [ف۔ متعلق فعل] ورنہ۔ اور اگر نہیں۔

و ۔ ل

وَل: [انگ۔ متعلق فعل] کلمہ کیا کی جگہ (۱) بیشک (WELL)
وِلا: [ع۔ امث] محبت۔ الفت۔ دوستی۔
وِلا: [ف۔ اند] وقت۔ عرصہ
وِلا: [انگ۔ اند] (VILLA) دیہاتی محل یا مکان۔ بنگلہ۔
وِلَادَت: [ع۔ امث] (۱) بچہ پیدا ہونا (۲) جنم۔ پیدائش۔
وِلَایَت: [ع۔ امث] (۱) ملک۔ اقلیم۔ سلطنت۔ مملکت۔ بادشاہت (۲) محکوم ملکوں کے باشندوں کے لئے وہ ملک جہاں کا بادشاہ ہو (۳) کسی کام کی ذمہ داری کفالت (۴) ولی ہونا۔ سرپرست ہونا (۵) ولی کا مرتبہ (۶) کوٹھری۔
وِلَایَت پانا: [ار۔ محاورہ] ولی بننا۔ ولی کا مرتبہ حاصل کرنا۔
وِلایت زا: [عف۔ صف] وہ جس کی پیدائش ولایت میں ہوئی ہو۔
وِلَایَت مآب: [ع۔ اند] (۱) کنایتہً حضرت علی کرم اللہ وجہہ (۲) ولی۔ صاحب ولایت۔
ولایت میں کیا گدھے نہیں ہوتے: [ار۔ مثل] بے وقوف عقلمند دیس میں بھی ہوتے ہیں۔
وِلَایَتہً: [ع۔ متعلق فعل] (۱) از روئے ولایت۔ ولی ہونے کی بنا پر (۲) والی وارث ہونے کی حیثیت میں۔
وِلایتی: [ع۔ صف] (۱) ولایت کا رہنے والا (۲) ولایت کا بنا ہوا (۳) جنگلی۔ وحشی۔ انجان۔ بولی نہ سمجھنے والا (۴) (مث) تلوار۔ شمشیر۔
ولایتی بیگن: [ار۔ اند] ایک بیگن جو سفید رنگ کا ہوتا ہے۔
ولایتی پانی: [ار۔ اند] سوڈا واٹر۔
وَلَد: [ع۔ اند] بیٹا۔ لڑکا۔ فرزند۔ پسر۔ پوت
وَلَدُ الحرام: [ع۔ صف] حرامی۔ حرام زادہ۔
وَلَدُ الحلال: [ع۔ صف] وہ جو حرامی نہ ہو۔ حلال زادہ۔
وَلَدُ الزِّنا: [ع۔ صف] حرام زادہ۔
وَلدِیَّت: [ع۔ امث] باپ کا نام۔ حسب نسب۔ اصل نسل۔ خاندان۔
وَلندیزی گفتگو: [ار۔ امث] ڈینگ۔ شیخی بگھارنا۔
ولندیزی لقمے چلتے ہیں: [ار۔ مثل] لاابالی یا اوپری باتیں کرتے ہیں۔
وَلوَلہ: [ع۔ اند] جوش۔ امنگ۔ بہت زیادہ شوق۔
وَلوَلہ آنا: [ار۔ محاورہ] جوش آنا
وَلوَلہ اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] جوش پیدا ہونا۔ امنگ پیدا ہونا۔
وَلِی: [ع۔ اند] (۱) ایسا انسان جو خدا کے قریب ہو (۲) سرپرست۔ محافظ۔ مربی۔ متولی (۳) دوست
ولی آدمی: [ار۔ صف] جس جگہ صاف صاف بیوقوف اور احمق کا لفظ کہنے سے بچتے ہیں وہاں آپ تو ولی کہہ کر مخاطب نادانی کا اظہار کرتے ہیں
وَلِیُ اللّٰہ: [ع۔ اند] خدا رسیدہ۔ مقرب بارگاہ الٰہی۔ بزرگ دین۔
وَلِی جائز: [ع۔ اند] وہ شخص جسے کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کا سرپرست مقرر کیا گیا ہو۔

ولی خنگر / کھنگر / کھنگڑ : [ار-صفت] (۱) حمایتی - مددگار - سرپرست (۲) بناوٹی ولی - خودساختہ پیرومرشد -

ولی را ولی می شناسد : [ف - مثل] کسی آدمی کی اصلیت کو وہی شخص پہچانتا ہے جو اس جیسا ہو -

وَلیِ عہد : [ع - اِمذ] بادشاہ وقت کا ہونے والا جانشین - وارث تخت و تاج -

وَلی عہدی : [ع - اِمث] دیکھئے "ولی عہد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے -

وَلی قریب : [ع - اِمذ - بترکیب فارسی] نزدیکی سرپرست -

ولی کو ولی پہچانتا ہے : [ار - مثل] ہر قسم کے آدمی کو اُسی قسم کا آدمی پہچانتا ہے -

ولی کے گھر شیطان : [ار - مثل] نیک کے گھر بد -

وَلیِٔ نعمت : [ع - صفت] خداوند نعمت - پرورش کرنے والا -

ولی نے کیا کام شیطان کا : [ار - مثل] شریف آدمی نے بدمعاشوں جیسی حرکت کی -

ولے : [ف - حرف استدراک] ولیک کا مخفف - لیکن - مگر -

ولے بر ندش : [ف - مثل] مجبوری سے کوئی کام کرنے کے موقع پر کہتے ہیں -

ولیک / ولیکن : [ف - حرف استدراک] ولیکن کا مخفف - لیکن - مگر -

وَلیمَہ : [ع - اِمذ] شادی کی ضیافت - بیاہ کی دعوت - نکاح کے بعد کی دعوت جو دولہا کی طرف سے دی جاتی ہے -

وِلین : [انگ - اِمذ] (VILLAIN) بدمعاش (۲) ڈرامے میں بدکردار شخص - ہیرو کی ضد -

وَلیَّہ : [ع - اِمث] دیکھئے "ولی" جس کی یہ تانیث ہے -

و - ن

وُن : [ار - ضمیر - ق] وہ کی جمع - اُن

وَنت : [س - لاحقہ] صاحب والا - مالک (جیسے دھن ونت دولتمند)

وَنڈائک : [انگ - اِمذ] (VANDAYKE) ایک خاص طریقہ کتابت وطباعت -

وِنگ کمانڈر : [انگ - اِمذ] (WING COMMANDER) ہوائی فوج کا اعلیٰ افسر -

وُنہیں : [ار - ضمیر - ق] ان کو

و - و

وو : [ار - اسم اشارہ - ق] دیکھئے "وہ" جس کی یہ قدیم شکل ہے -

ووٹ : [انگ - اِمذ] (VOTE) (۱) رائے (۲) کسی معاملے کے فیصلے کے لئے رائے دینا - عوامی نمائندوں کے انتخاب کے لئے تحریری اظہار رائے کی پرچی (۳) رائے دہی -

ووٹ پڑنا / ڈالنا : [ار - محاورہ] نامزدگی کے کاغذ پر دستخط کرکے ڈالنا (۲) جتانا

ووٹ دینا : [ار - محاورہ] (۱) رائے دینا (۲) کسی تجویز کے خلاف یا موافقت میں رائے دینا -

ووٹ لڑنا : [ار - محاورہ] ووٹوں کا مقابلہ ہونا -

ووٹر : [انگ - اِمذ] (VOTER) ووٹ دینے والا - رائے دینے والا -

ووٹنگ : [انگ - اِمث] (VOTING) رائے شماری - رائے دہی -

وولٹ : [انگ - اِمذ] برقی قوت کی اکائی - (VOLT)

وولنا : [ار - ضمیر - ق] وہی -

وُوں : [ار - متعلق فعل - ق] اس طرح -

وُوں سا : [ار - متعلق فعل] ویسا ہی - اسی طرح کا -

ووں کا ووں نہیں : [ار - متعلق فعل] جوں کا توں - ویسا ہی -

ووں ہی : [ار - متعلق فعل] فوراً - اُسی وقت -

ووئی : [کلمہ تعجب] ولہ - اوئی - (عورتیں کہتی ہیں -)

و - ہ

وَہ : [ف - کلمہ تحسین] (۱) واہ - شاباش (۲) کلمہ افسوس - ہائے -

وُہ : [ار - کلمہ - ضمیر و اشارہ] (۱) غائب یا بعید کی طرف اشارہ (۲) اس قدر - اتنا (۳) ایسا - اس قسم کا - اس درجے کا (۴) پہلا سا (۵) اونچے مرتبہ کا (۶) پوشیدہ بات کی طرف اشارہ - لوگوں کو متوجہ کرنے کے لئے -

وہ آتی ہے : [ار - کلمہ - بول چال] بچوں کو ہنسانے کے لئے مستعمل ہے -

وہ آنکھ / آنکھیں نہیں : [ار - مثل] وہ پہلی سی مروت نہیں رہی - وہ انداز اور طور طریقے نہیں رہے -

وہ بات : [ار - اِمث] (۱) وہ مرتبہ یا عزت و احترام (۲) وہ کام - (۳) وہ موقع -

وہ بات ہو گئی : [ار - بول چال] وہ کام ہو گیا - مقصد حاصل ہو گیا -

وہ بال کھینچوں کہ جس کی جڑ دُور ہو : [ار - مثل] سارے عیب ظاہر کردوں جس سے سارے عالم میں رسوائی ہو -

وہ بھی دن / گھڑی ہوگی : [ار - کلمہ تمنائیہ] کوئی ایسا وقت بھی آئے گا جب اپنا ارمان پورا ہوگا -

وہ بھی نہ ہوا : [ار - بول چال] وہ بات بھی نہ ہوئی - وہ مقصد بھی حاصل نہ ہوا -

وہ پانی ملتان گیا : [ار - مثل] اب موقع جاتا رہا - وہ بات گئی گزری -

وہ تو کہئے : [ار - بول چال] غنیمت یہ ہے کہ -

وہ تو وہ : [ار - بول چال] اُس کا جُدا رتبہ ہے -

وہ جانے اور اس کا ایمان جانے : [ار - مثل] کسی چیز کو کسی کے ایمان اور نیت پر چھوڑ دینے کے موقع پر بولا جاتا ہے -

وہ جانے اور اس کا کام جانے : [ار - مثل] کام سے

سبکدوش ہونے یا بری الذمہ ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔

وہ جو کہا ہے: [ار۔ متعلق فعل] جیسا کہ کہا ہے ۔ جیسا کہ بیان ہوا ہے ۔

وہ دڑبا جل گیا : [ار۔ مثل] وہ موقع جاتا رہا ۔ وہ معاملہ ٹھنڈا پڑ گیا ۔

وہ دفتر گاؤ خورد ہو گیا : [ار۔ مثل] وہ کام ختم ہو گیا ۔

وہ دِل نہیں رہا : [ار۔ بول چال] وہ حوصلہ نہیں رہا ۔ وہ طبیعت نہیں رہی ۔

وہ دل و دماغ کہاں : [ار۔ بول چال] طبیعت کی وہ امنگ جاتی رہی ۔

وہ دن : [ار۔ اذ] وہ وقت ۔ وہ زمانہ ۔ وہ بُرا وقت ۔

وہ دن اور آج کا دن / یہ دن : [ار۔ متعلق فعل] اس دن سے آج تک ۔

وہ دن بھی آئے : [ار۔ مثل] یعنی وہ وقت بھی آیا ۔

وہ دن بھی غنیمت تھے : [ار۔ مقولہ] وہ زمانہ اچھا تھا ۔

وہ دن ڈوبا جب گھوڑی چڑھا گبا : [ار۔ مثل] جس دن یہ عیب دار گھوڑی چڑھے گا وہ دن تباہ ہوگا ۔

وہ دن کیا تھے : [ار۔ مقولہ] کیا اچھا زمانہ تھا ۔

وہ دن کہاں : [ار۔ مقولہ] وہ وقت اب میسر نہیں ۔

وہ دن گئے : [ار۔ مقولہ] وہ زمانہ گزر گیا ۔

وہ دن گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے : [ار۔ مثل] اقبال کا زمانہ گزر گیا ۔

وہ دن یاد کرو : [ار۔ مقولہ] اپنی پچھلی حالت نہ بھولنے کی جگہ بولا جاتا ہے ۔

وہ ڈوبیں منجدھار جن پر بھاری بوجھ : [ار۔ مثل] اپنے پیچھے زیادہ جھگڑے نہ لگاؤ ورنہ تباہ ہو جاؤ گے ۔

وہ راہ تمہاری ہے تو ہماری یہ : [ار۔ مثل] بے پروائی ظاہر کرنے کے وقت بولتے ہیں ۔

وہ زمانہ کہاں گیا : [ار۔ مقولہ] اچھا وقت گزر گیا ۔

وہ کاٹا : [ار۔ کلمہ تحسین] پتنگ کاٹنے پر بولا جاتا ہے ۔

وہ کام کرتے ہو : [ار۔ مقولہ] اس قسم کا کام کرتے ہیں۔ اس قسم کے افعال ہیں ۔

وہ کچھ : [ار۔ متعلق فعل] کنایۃً بہت کچھ ۔

وہ کچھ سنائیں : [ار۔ بول چال] بہت کچھ بُرا بھلا کہا ۔

وہ کملی ہی نہیں جس میں تل بندھتے تھے : [ار۔ مثل] وہ زمانہ ہی نہیں رہا جس میں لوگ رحم کرتے تھے ۔ وہ حسن ہی نہیں جس کی پروا تھی ۔

وہ کو دوں دے کر پڑھا ہے : [ار۔ مثل] لکھنا پڑھنا بالکل ہی نہیں آتا ۔ استاد کی اچھی خدمت نہیں کی اس لئے ٹھیک سے نہیں پڑھ سکتا ۔

وہ کون دِن تھے : [ار۔ مقولہ] وہ کیا اچھا زمانہ تھا ۔

وہ کون سی کشمش ہے جس میں تنکا نہیں : [ار۔ مثل] ہر چیز میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہوتا ہے ۔

وہ کیا کسی کا خدا ہے : [ار۔ مقولہ] یعنی اس سے کوئی نہیں ڈرتا ۔

وہ کیا کہنے لگے : [ار۔ مقولہ] وہ یہ کہنے لگے ۔

وہ کیجئے : [ار۔ بول چال] وہ برتاؤ کیجئے ۔

وہ کیمیا گر کیا جو مانگے پیسا : [ار۔ مثل] (۱) ہنر مند کو اپنا کام دوسروں سے نہیں کروانا چاہیے (۲) دولت مند کو مفلسوں کی سی حرکتیں نہیں کرنی چاہئیں ۔

وہ مارا : [ار۔ کلمہ تحسین] کسی کام میں اچانک کامیابی و فتح حاصل ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ۔

وہ نہیں تو اس کا بھائی اور سہی : [ار۔ مثل] کسی خاص آدمی کے نہ ہونے سے کام رکا نہیں رہتا ۔

وہ وہ [ار۔ متعلق فعل] ایسا ایسا ۔

وہ ہمیں ہیں : [ار۔ مقولہ] ہمارا ہی یہ مقام ہے ۔

وَہّاب : [ع۔ صف] بہت بخشنے والا ۔ مراد خدا تعالیٰ ۔

وہابی : [ع۔ صف] شیخ عبدالوہاب نجدی کے پیرو جو تقلید آئمہ کے قائل نہیں ۔

وَہّاج : [ع۔ صف] بہت چمکتا ہوا ۔

وھارف/وارف : [انگ۔ اذ] (WHARF) گھاٹ ۔

وہاں : [ار۔ متعلق فعل] اس جگہ ۔ اس مقام پر ۔ ادھر ۔ کسی کے یہاں ۔

وہاں تک گدگدائیے جہاں تک دوسرا رو نہ دے / وہاں تک ہنسائیے جو رو نہ دے : [ار۔ مثل] ہنسی مذاق اتنا ہی اچھا ہوتا ہے جو ناگوار نہ ہو ۔

وہاں گردن ماریئے جہاں پانی نہ ملے : [ار۔ مثل] ایسے کو سنگین سزا دینی چاہئے ۔ اذیت سے مارنا چاہئے ۔

وہاں گئے کو : [ار۔ روزمرہ (دہلی)] وہاں گئے ہوتے ۔

وہاں ہی [ار۔ روزمرہ (دہلی)] وہیں ۔

وَہب : [ع۔ اذ] بخشش ۔ عطا ۔ عادت ۔

وَہبی : [ع۔ صف] قدرت کی طرف سے دیا گیا ۔

وِھپ/وِپ : [انگ۔ اذ] (WHIP) (۱) پارلیمنٹ کی کسی پارٹی کا وہ عہدہ دار جو اس کے اراکین میں تال میل رکھتا ہے (۲) کوڑا تازیانہ

وَہلہ : [ع۔ اذ] حملہ ۔ دھاوا (۲) نوبت ۔ باری ۔

وَہلم جرّا : [ع۔ مقولہ] اور چلے آؤ کھینچتے ہوئے

وَہَم : [ع۔ اذ] شک ۔ گمان ۔ احتمال ۔ بے اعتباری (۲) دماغ کی وہ قوت جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے ۔

وَہم بندھنا [ار۔ محاورہ] وسواس آنا ۔ شک گزرنا ۔

وَہم کا پتلا : [ار۔ اذ] وہ انسان جو ہر بات میں وہم کرے ۔

وَہم کرنا : [ار۔ محاورہ] بے بنیاد خیال قائم کرنا ۔ وسواس کرنا ۔

وَہم کی دارو لقمان کے پاس بھی نہیں : [ار۔ مثل] وہم کا دور

لینے کی کوئی تدبیر نہیں۔

وَہم لانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "وَہم کرنا"

وَہم ناک ۔[ف۔ صف] صاحب وَہم۔

وَہمی : [ع۔ صف] دیکھئے "وَہم" جس سے یہ منسوب ہے۔

وَہمی بات : [ار۔ امث] موہوم بات۔

وَہُوَ ہٰذا ، [ع۔ متعلق فعل] اور وہ یہ ہے۔ اور وہ یوں ہے۔

وُہی ۔[ار۔ متعلق فعل] وہ ہی (صف) اسی طرح۔ مثل سابق۔ پہلے ہی جیسے طریقے سے۔

وُہی اپنا جو اپنے کام آئے : [ار۔ مثل] جس سے فائدہ یا فیض پہنچے اُسی کو اپنا خیال کرنا چاہیے۔

وُہی بات :[ار۔ امث] کنایۃً مجامعت سے

وُہی بات گھوڑے کی لات : [ار مثل] بے بنیاد بات پر کہتے ہیں۔

وُہی پھُول جو مہیسر چڑھیں : [ار۔ مثل] دیکھئے "پھول وہی جو مہیسر چڑھیں"

وُہی تو کہوں :[ار۔ متعلق فعل] مجھے خود ہی یہ خیال آتا ہے۔

وُہی تین بیسی وہی ساٹھ :[ار۔ مثل] بات ایک ہی ہے جیسے چاہے کہہ لو۔

وُہی ڈھاک کے تین پات ۔[ار۔ مثل] (۱) معمولی مقررہ رقم ملنے پر بولتے ہیں (۲) معاملہ جوں کا توں ہے۔

وُہی راگ گانا ۔[ار۔ محاورہ] کہی ہوئی بات بار بار کہنا۔

وُہی کاسہ وُہی آش ۔[ار۔ مثل] پہلی حالت میں تبدیلی نہ ہونے پر بولتے ہیں۔

وہی کُتیا جس کے اَبلق بال ۔[ار۔ مثل] ناممکن اور تعجب انگیز بات۔

وُہی مُرغے کی ایک ٹانگ : [ار مثل] ایک ہی بات کی پیچ کئے جانا۔ اپنی ہی رٹ لگانا۔

وُہی مَن وہی چالیس سیر ۔[ار۔ مثل] مطلب ایک ہی ہے جیسے مرضی سمجھ لو۔

وُہی میاں دربار کو وہی چولھا پھونکنے کو ؛[ار۔ مثل] وہ شخص جس کو اپنے سارے چھوٹے بڑے کام خود ہی کرنے ہوں۔

وُہی وہ :[ار۔ متعلق فعل] انحصار کے لیے مستعمل ہے۔

وہی ہم وہی تم : [ار۔ مقولہ] پرانی جان پہچان۔ نہ تم بدلے نہ ہم۔

وہی ہوگا جو قسمت کا لکھا ہے ۔[ار۔ مقولہ] نوشتہ تقدیر پورا ہو کر رہتا ہے۔

وہیل :[انگ۔ امث] (WHALE) ایک بہت بڑی مچھلی۔

وَہیں ،[ار۔ متعلق فعل] (۱) اسی جگہ۔ اسی مقام پر (۲) اسی وقت۔ اسی دم۔

وہیں کا ہو رہنا : [ار۔ محاورہ] کسی جگہ جا کر جلد واپس نہ آنا۔ واپسی میں دیر لگانا۔ کسی جگہ جا کر بیٹھ جانا۔

وہیں کی وہیں ۔[ار۔ متعلق فعل] وہیں۔ فوراً

و۔ی

وَے [ار۔ کلمہ ضمیر] "وہ" ملاحظہ فرمائیں جس کی یہ جمع ہے (اب متروک ہے)

وی : [ار۔ کلمہ نسبت] یائے معروف پر ختم ہونے والے اسما کی "ی" کو واو سے بدل کر یائے نسبت بڑھاتے ہیں۔

ویاکرن ۔[س۔ اِمذ] (۱) ترکیب (۲) تشریح (۳) صرف و نحو۔ گرامر

وی۔ پی : [انگ۔ امث] V P انگریزی لفظ VALUE PAYABLE کا مخفف وہ مال جو ڈاکخانے سے قیمت دے کر چھڑایا جاتا ہے۔

ویتاگ : [ار۔ امث۔ ق] محبت۔ دوستی۔

ویٹر :[انگ۔ امذ] (WAITER) ہوٹل کا خدمت گار جو گاہکوں کو کھانا لا کر دیتا ہے اور دیگر ضروریات کا خیال رکھتا ہے۔

ویٹریس : [انگ امث] (WAITRESS) دیکھئے "ویٹر" جس کی یہ تانیث ہے۔

ویٹنگ روم : [انگ۔ امذ] (WAITING ROOM) انتظارگاہ۔

ویٹو :[انگ۔ امذ] (VETO) کسی تجویز، فیصلے یا قانون کو نامنظور کرنے کا حق۔ حق استرداد

وید :[س۔ اِمذ] ہندوؤں کی مقدس کتاب۔

وید :[س۔ اِمذ] ہندی طریقے پر علاج کرنے والا طبیب۔

ویدانت : [س۔ اِمذ] ہندوؤں کے فلسفے اور دینیات کا ایک نظام۔ جس میں خدا پر بحث کی گئی ہے۔

ویدانتی : [س۔ اِمذ] ویدانت کا پیرو یا عامل۔

ویدِک : [س۔ اِمذ] (۱) وید کا عالم۔ جس نے وید پڑھا ہو (۲) (صف) وید سے متعلق۔

وَیدک ۔[س۔ اِمذ] ہندی علم طب۔

وِیر : [س۔ صف] بہادر۔ شجاع۔ بھائی۔

وِیرا : [ہ۔ اِمذ] ایسا مال یا سامان جو کسی کے ہاتھ زبردستی زیادہ قیمت پر فروخت کیا جائے۔

ویراگ ۔[س۔ اِمذ] بیراگ۔ سنیاس۔ دنیا کو ترک کر دینا۔ ترک دنیا۔

ویراگی : [س۔ امث] دیکھئے "ویراگ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وِیران : [ف۔ صف] (۱) اُجڑا ہوا۔ غیر آباد۔ تباہ شدہ۔ بنجر۔ اُجاڑ۔ جس میں کھیتی باڑی نہ ہوتی ہو (۲) پریشان۔ بے رونق۔ اداس۔ حیران۔

ویران جگہ : [ف۔ اِمذ] غیر آباد مقام۔ اجاڑ اور سنسان مقام۔

ویران کرنا : [ار۔ مص مرکب] (۱) اجاڑ دینا (۲) تباہ کر ڈالنا (۳) پریشان کرنا۔

ویران کھیڑا : [ار۔ اِمذ] وہ اجاڑ جگہ جہاں پہلے گاؤں آباد رہا ہو۔

ویران ہونا : [ار۔ مص مرکب] دیکھئے "ویران کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

وِیرانہ : [ف۔ اِمذ] اُجاڑ اور غیر آباد جگہ۔

وِیرانہ نشین : [ف۔ صف] وہ انسان جو کسی اُجاڑ جگہ رہتا ہو۔

جنگل میں رہنے والا۔

وِیرانی: [ف۔ امث] دیکھئے "ویران" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

وِیرتا: [س۔ اند] شجاع۔ جوانمردی۔ بہادری۔

وَیرنا: [ہ۔ امث] ہل کا وہ لوہا جو ہل چلتے وقت زمین کھودتا ہے پھالی۔ بھ، پھالی سے کھیت کی زمین جوتنا۔ بیج ڈالنا۔

ویروار: [ہ اند] جمعرات۔ پنجشنبہ۔

ویزا: [انگ۔ اند] (VISA) پروانۂ راہداری

ویزلین: [انگ۔ امث] (VASELINE) ایک قسم کی چکنی نرم چیز کا نام جو مرہم میں استعمال ہوتی ہے اور اعضا پر نرمی پیدا کرنے کیلئے لگاتے ہیں۔ موم روغن۔

ویسا: [ار۔ صف] اسی طرح کا۔ اس جیسا۔ اس قسم کا۔

ویسا کا ویسا: [ار۔ صف] جیسا پہلے تھا بالکل ویسا ہی۔ جوں کا توں۔

ویسا ہی: [ار۔ صف] خاص اسی قسم کا۔ اس جیسا۔ ٹھیک اسی طرح کا۔

وَسٹ کوٹ: [انگ۔ اند] (WAIST COAT) کمر کوٹ۔ چھوٹا کوٹ۔ واسکٹ۔ صدری۔

ویسی [ار۔ امث] دیکھئے "ویسا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ویسے: [ار۔ صف] دیکھئے "ویسا" جس کی یہ جمع ہے۔

ویسے تو: [ار متعلق فعل] عام طور سے۔ اس لحاظ سے۔ دوسرے پہلوؤں سے۔

وَیسے کا وَیسا: [ا۔ صف] دیکھئے "وَیسا کا وَیسا"۔

وَیسے ہی: [ار۔ صف] دیکھئے "ویسا ہی"

ویش: [س۔ اند] ہندو چار ذاتوں میں ایک ذات جس کا پیشہ تجارت اور زراعت ہے۔

ویشنو: [س۔ اند] ۱ ہندوؤں کا ایک بڑا فرقہ جو وشنو دیو کو مانتا ہے (۲) ایک دیوتا۔

ویشیا: س۔ امث] طوائف۔ رنڈی۔ بیسوا۔

ویفر: [انگ۔ اند] (WAFER) لفافہ جوڑنے کی ٹکیا (۲) میٹھا اور پتلا بسکٹ۔

وَیکسین: [انگ۔ امث] (VACCINE) کسی بیماری کا خاص تدبیر سے تیار کیا ہوا زہریلا مادہ جس کا ٹیکا لگنے سے انسان اُس بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔

ویکسی نیٹر: [انگ۔ اند] (VACCINATOR) ویکسین کا ٹیکا لگانے والا۔

ویکینسی: [انگ۔ امث] (VACANCY) خالی جگہ۔ خالی عُہدہ یا آسامی۔

وَیگن: [انگ۔ اند] (WAGON) (۱) مال گاڑی کا ڈبا (۲) چھکڑا۔

ویلر: [انگ۔ اند] (۱) بہت بڑی چیز۔ مضبوط آدمی (۲) ایک قسم کا گھوڑا جو آسٹریلیا سے آتا ہے۔

وَیمپ: [انگ۔ امث] (VAMP) (۱) قحبہ۔ عیار (۲) ڈرامے میں بُرے کردار کی عورت۔ ہیروئن کی ضد۔

وینجن: [س۔ اند] (۱) ظاہر یا بتانے کا فعل (۲) حرفِ صحیح (۳) نشان (۴) ڈاڑھی (۵) بلوغت کا نشان (۶) تذکیر و تانیث کی علامت (۷) کوئی چیز جو کسی چیز کی تیاری میں استعمال کی جائے۔

ہ - ھ

ہ : [ع۔ امثا عربی اور فارسی میں اسے ہٓا اور اُردو میں ہے "ہائے مجہول کہتے ہیں۔" ح سے میز کرنے کے لیے اسے ہائے ہوز بھی کہتے ہیں۔

۱۔ اُردو حروفِ ہجا میں یہ چونتیسواں، فارسی میں اکتیسواں حرف ہے عربی حروفِ تہجی کی ترتیب ابتث میں ستائیسواں اور ترتیب ابجد میں ساتواں حرف ہے۔ دیوناگری رسم الخط میں تینتیسواں ونجن ہے۔

۲۔ اس کی تین قسمیں ہیں لینی ہائے ملفوظی۔ ہائے مختفی اور ہائے مخلوط۔

(ا) ہائے ملفوظی منظہرہ ظاہر ہوتی اور اپنی آواز دیتی ہے۔ مثلاً شاہ وغیرہ میں۔

(ب) ہائے مختفی: جو لکھنے میں تو آتی ہے مگر پڑھی نہیں جاتی اور اپنے ماقبل حرف کی حرکت (فتحہ) کے اظہار کے لیے ہوتی ہے مثلاً فسانہ۔ وغیرہ میں یہ فارسی سے مخصوص ہے۔

(ج) ہائے مخلوط: اس کو ہائے مخلوط التلفظ بھی کہتے ہیں۔ یہ کسی دوسرے حرف کے ساتھ مل کر آواز دیتی ہے اس کی کوئی آواز نہیں ہوتی بلکہ جس حرف سے ملتی ہے اس کی آواز کو بھاری بنا دیتی ہے۔ مثلاً بھ، پھ وغیرہ۔ مخلوط صورت میں یہ دوچشمی لکھی جاتی ہے یعنی "ھ" ہائے مخلوط فارسی اور عربی میں نہیں ہوتی۔

وہائے دوچشمی (ھ) وہ جو دو ہاؤں کی صورت میں یوں ھ لکھی جاتی ہے۔

۳۔ فارسی میں یہ تعین عدد، فاعلیت اور مفعولیت کا افادہ کرتی ہے۔ مثلاً دوسالہ، گزندہ اور بستہ وغیرہم میں۔

۴۔ علم نجوم میں جمعرات کے دن اور برج سنبلہ کی علامت ہے۔

۵۔ یہ حرف صحیح ہے یعنی اس کی اپنی ایک آواز ہوتی ہے۔

۶۔ عربی تعلیم کے مطابق یہ حرف قمری ہے یعنی اگر اس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز دیگا۔ مثلاً الہادی میں۔

۷۔ حساب جمل میں اس کے پانچ عدد مقرر ہیں۔

۸۔ فارسی میں یہ مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے۔

ا۔ ا کا بدل مثلاً اپنچ اور ہپنچ میں
ب۔ ب " " " کوب اور کوہ میں
ج۔ پ " " " کوپ اور کوہ میں
د۔ ج " " " ناگاج اور ناگاہ میں
ہ۔ ح " " " حیز اور ہیز میں
و۔ خ " " " خجیر اور ہجیر میں
ز۔ د " " " شنبد اور شنبہ میں
ح۔ ز " " " درواز اور درواہ میں
ط۔ س " " " آماس اور آماہ میں
ی۔ ش " " " پاشنگ اور پاہنگ میں
ک۔ غ " " " ملغم اور ملہم میں
ل۔ ف کا بدل مثلاً تُف اور تُہ
م۔ ک " " " پروانک اور پروانہ میں
ن۔ ل " " " چال اور چاہ میں
س۔ ن " " " مرزن اور مرزہ میں
ع۔ م " " " باسرم اور باسرہ میں
ف۔ ی " " " رائیگاں اور راہگاں میں

ہ —— ا

ہا: [ف۔ لاحقہ۔ جمع] فارسی الفاظ کے آخر میں آکر جمع بنا دیتا ہے۔ مثلاً دل ہا۔ (۲) حرف "ہ" کا نام۔

ہا: [ہ۔ حرف افسوس] افسوس۔ دریغ۔ حیف (۲) کسی امر کے روکنے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

ہا ہا ڈابا: دیکھیے ہباڈبہ

ہا بُوڑا: ایک لوٹ مار کرنیوالی قوم

ہابیل: [ع۔ اند] حضرت آدم علیہ السلام کے فرزند جنہیں اُن کے بڑے بھائی قابیل نے قتل کر دیا تھا۔

ہاپڑ: [ھ۔ اند] ا۔ بہت کھانے والا شخص۔ پیٹو آدمی (۲) کیا دکا ذخیرہ۔

ہاپُس: [ھ۔ اند] بڑے بڑے پھنکے لگانا۔

ہاپُس ہاپُس کھانا: [ا۔ محاورہ] بڑے بڑے پھنکے لگا کر کھانا۔

ہات: [ہ۔ اند] دیکھیے ہاتھ جس کا یہ مخفف ہے عموماً نظم میں استعمال ہوتا ہے۔

ہات موُں کا: [ھ۔ اند] سرمایہ۔ پونجی۔

ہاتف: [ع۔ اند] ایغیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔ سروش (۲) آوازِ غیب۔ غیب کی آواز۔

ہاتفِ غیب: [ع۔ اند] غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔

ہاتفِ غیب کا صدا یا ندا دینا: [ا۔ محاورہ] غیب سے آواز آنا۔

ہاتھ: [ہ۔ اند] انسان کے بازوؤں کا اگلا حصہ جس کے سرے پر انگلیاں ہیں۔ کلائی سے لے کر انگلیوں اور انگوٹھے کے سرے تک ہاتھ کہلاتا ہے۔ دست۔ پنجہ (۲) ہتھیلی۔ کف (۳) ایک ماپ جس کی لمبائی کہنی سے سرِ انگشت تک ہوتی ہے۔ تقریباً نصف گز ہوتا ہے۔ (۴) بس۔ قابو۔ اختیار۔ قبضہ (۵) تصرف۔ دخل۔ تعلق۔ دسترس (۶) باعث۔ سبب۔ وسیلہ۔ ذریعہ (۷) حفاظت۔ حمایت۔ مدد۔ (۸) وار۔ حملہ۔ ضرب۔ چوٹ (۹) داؤں (۱۰) قدرت۔ طاقت۔ قوت (۱۱) فرحوی۔ مستی (۱۲) معرفت (۱۳) پاس (۱۴) لیزم یا مگدر کا ہلانا (۱۵) کسی کھیل میں کوئی چوٹ یا ضرب (۱۶) دھوکا۔ شرارت (۱۷) (فیل بانوں کی اصطلاح) سونڈ (۱۸) تاش کے پتے جو کسی کے حصے میں آئیں بازی۔

ہاتھ آ جانا / آنا: [ا۔ محاورہ] ملنا۔ حاصل ہونا (۲) میسّر ہونا۔ دستیاب ہونا (۳) قابو پڑھنا۔ ہاتھ لگنا (۴) قبضہ ہونا (۵) تسخیر یا مسخر ہونا (۶) جاننا۔ معلوم ہونا۔

ہاتھ آگے کرنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کو دینے یا لینے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔

ہاتھ آنکھوں پر رکھ لینا / رکھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "آنکھوں پر ہاتھ الخ"

ہاتھ آنکھوں سے لگانا: [ا۔ محاورہ] بہت عزت یا توقیر کرنا۔ (۲) کاریگری یا صناعی کی تعریف میں بھی ایسا کرتے ہیں۔

ہاتھ اُتارنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ اُتر جانا / اُترنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہاتھ اُتر جانا / اُترنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ کے جوڑ / کلائی کا اپنی جگہ سے ہل جانا۔

ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر دُعا دینا: [ا۔ محاورہ] نہایت خلوص اور شوق کے ساتھ آسمان کی طرف ہاتھ اونچا کر کے دُعا دینا۔

ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر کوسنا: [ا۔ محاورہ] آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر بد دُعا دینا۔ بہت بد دعائیں دینا۔

ہاتھ اُٹھا بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مار بیٹھنا۔ دست درازی کرنا (۲) دستبردار ہونا۔ باز آنا (۳) عہد کر لینا۔ توبہ کر لینا / کرنا۔

ہاتھ اُٹھا کر / کے دینا: [ا۔ محاورہ] اپنی خوشی سے کوئی چیز کسی کو دینا۔

ہاتھ اُٹھا لینا: [ا۔ محاورہ] ا۔ دست بردار ہو جانا۔ کسی بات کو چھوڑ دینا۔ باز آنا (۲) کسی کی حمایت چھوڑ دینا۔ کسی کی مدد یا سرپرستی سے کنارہ کرنا۔

ہاتھ اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ہاتھ اونچا یا بلند کرنا (۲) سلام کرنا (۳) مارنا۔ پیٹنا (۴) مارنے کا قصد کرنا / دھمکانا (۵) بُری طرح کوسنا۔ بد دُعا دینا (۶) دُعا دینا (۷) دست بردار ہونا۔ کنارہ کش ہونا (۸) مایوس ہونا۔ نا اُمید ہونا (۹) ہاتھ علیحدہ کرنا۔ ہاتھ الگ کرنا (۱۰) فاتحہ پڑھنا۔ دُعائے خیر کرنا (۱۱) خُدا سے مانگنا (۱۲) اناج میں بھاؤ بستا (۱۳) ہاتھ پھیلانا۔

ہاتھ اُٹھانا اچھا نہیں: [ا۔ مثل] کسی کو مارنا نہیں چاہیے۔

ہاتھ اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ اُدھار: [ا۔ اند] قرض (بغیر تحریر کے۔ باقرار جلد واپسی)

ہاتھ اُکھاڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ اُتارنا"

ہاتھ اُکھڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ اُترنا"

ہاتھ اُوپر کے تلے ہونا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ باندھے جانا۔ گرفتار ہو جانا۔ مشکیں کسی جانا۔

ہاتھ اوٹ لینا: [ا۔ محاورہ] دونوں ہاتھ اکٹھے پھیلا کر کوئی چیز لینا۔

ہاتھ اوچھا پڑنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ اچھی طرح نہ پڑنا۔ پورا وار نہ بیٹھنا۔

ہاتھ اُونچا رہنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بول بالا رہنا۔ دست بلند رہنا (۲) سخی ہونا۔ دینے کے قابل ہونا / رہنا۔

ہاتھ اُونچا کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ہاتھ بلند کرنا (۲) دُعا کرنا (۳) فریاد کرنا۔

ہاتھ اُونچا ہونا: [ا۔ محاورہ] ا۔ سخی ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔

ہاتھ اینٹھنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ کو مروڑنا۔

ہاتھ باندھنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ہاتھ جوڑنا۔ منت خوشامد کرنا (۲) ہاتھ پکڑنا۔ دونوں ہاتھوں کو ملا کر کسنا (۳) نماز کے لیے پیٹ یا سینے پر ہاتھ رکھنا (۴) تعظیم کے واسطے سینے پر ہاتھ رکھنا۔

ہاتھ باندھے: [ا۔ متعلق فعل] دست بستہ نہایت تعظیم سے۔

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا: [ا۔ محاورہ] ادب کے ساتھ حاضر رہنا۔ حکم کا منتظر رہنا۔

ہاتھ باندھے کھڑے ہونا: [ا۔ محاورہ] دست بستہ حاضر ہونا

ہاتھ بٹا لینا / بٹانا: [ا۔ محاورہ] کسی کے کام میں شریک ہونا۔ مل کر کام کرنا (۲) مدد دینا۔ سہارا دینا۔

ہاتھ بدن کو لگانا: [ا۔ محاورہ] بدن کو چھونا۔ عورت سے مساس کرنا۔

ہاتھ بٹھانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ بیٹھنا" جس کا یہ متعدی ہے

ہاتھ بچانا: [ا۔ محاورہ] وار بچانا۔ ضرب لگنے نہ دینا۔

ہاتھ بڑھانا: [ا۔ محاورہ] کوئی چیز لینے یا دینے کے لیے ہاتھ آگے کرنا۔ ہاتھ لمبا کرنا (۲) اپنی حد سے آگے بڑھنا (۳) سوال کرنا۔ مانگنا (۴) دخل بڑھانا (۵) معمول سے زیادہ لینا (۶) دست درازی کرنا۔

ہاتھ بڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ بڑھانا" جس کا یہ ہے۔

ہاتھ بکانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ بکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہاتھ بکنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے ہاتھ فروخت ہونا۔ غلام بننا (۲) تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔ نوکر ہونا۔

ہاتھ بلند کرنا: [ا۔ محاورہ] خُدا سے التجا کرنا / دُعا کرنا۔

ہاتھ بلند ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ بلند کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ بندھ جانا / بندھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ بندھوانا: [ا۔ محاورہ] دیکھیے "ہاتھ باندھنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہاتھ بند ہونا: [ا۔ محاورہ] ا۔ روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا (۲) مفلس ہونا۔ غریب ہونا۔ ہاتھ رُکا ہونا۔

ہاتھ بہاتھ: [ا۔ متعلق فعل] دست بدست فوراً (غلط ترکیب)

ہاتھ بھر: [ا۔ صف] ایک ہاتھ کے برابر۔ نصف گز / ڈیڑھ فٹ۔

ہاتھ بھرا ہونا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ میں کسی چیز کا لگا ہونا (۲) دولتمند ہونا۔ ہاتھ میں روپیہ پیسہ ہونا۔

ہاتھ بھر پور پڑنا: [ا۔ محاورہ] پورا وار پڑنا۔

ہاتھ بھر جانا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ لتھڑ جانا (۲) ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ سُن ہو جانا۔

ہاتھ بھر کا دِل / کلیجا ہو جانا / ہونا: [ا۔ محاورہ] خوشی سے دل بڑھ جانا۔ سخت زبان یا گستاخ ہونا۔

ہاتھ بہکنا: [ا۔ محاورہ] نشانہ نہ لگنا۔ کوئی چیز مارنا کسی جگہ اور لگنا کسی جگہ۔ نشانہ چُوکنا۔

ہاتھ بھیجنا: [ا۔ محاورہ] کسی کی معرفت / کے ذریعے بھیجنا۔

ہاتھ بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ہاتھ جمنا۔ مشق ہونا (۲) وار پڑنا۔ زخم کاری لگنا۔ (۳) ہاتھ کے جوڑ کا اپنی جگہ پر ٹھیک بیٹھ جانا۔

ہاتھ بیچلے / بیچے ہیں۔ کوئی ذات نہیں بیچی: [ا۔ مثل] نوکری کی ہے مگر گالی گلوچ نہیں کھائیں گے۔

ہاتھ بیچنا: [ا۔ محاورہ] خدمت گاری / نوکری کرنا (۲) کسی کے پاس

فرو خت کرنا۔

ہاتھ پانی لینا: [ا ر محاورہ] آبدست کرنا۔ طہارت کرنا۔

ہاتھ پاؤں: [ا ر ۔ اسم] ا۔ دست و پا ۲۔ وہ ملازم جو محنت کا کام کرے

ہاتھ پاؤں باندھنا: [ا ر محاورہ] مجبور کر دینا۔ بے بس کر دینا۔

ہاتھ پاؤں بندھنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پاؤں باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ پاؤں بچانا: [ا ر محاورہ] ا۔ کمال احتیاط یا ہوشیاری سے کوئی کام کرنا۔ محتاط رہنا (۲) کسی الزام یا بدنامی سے بچا رہنا۔

ہاتھ پاؤں بچائیے، موذی کو تڑپائیے / تڑفائیے / ترکائیے: [ا ر مثل] حکمت سے کام لیکر دشمن کو نقصان پہنچانے کا موقع نہ دیجئے۔

ہاتھ پاؤں بے قابو ہونا: [ا ر محاورہ] ضعف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا کام نہ کر سکنا

ہاتھ پاؤں بیکار کر دینا: [ا ر محاورہ] اتنا مارنا کہ ہاتھ پاؤں کام نہ کر سکیں۔

ہاتھ پاؤں بیکار رہ جانا: [ا ر محاورہ] ضعف یا بڑھاپے کی وجہ سے اعضا کا سست پڑ جانا یا کام نہ دینا۔

ہاتھ پاؤں پڑنا: [ا ر محاورہ] ہاتھوں کو چومنا اور قدموں پہ گرنا۔ منت سماجت یا خوشامد کرنا۔

ہاتھ پاؤں پھول جانا / پھولنا: [ا ر محاورہ] تھکاوٹ کی وجہ سے ہاتھ پاؤں سُوج جانا۔ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا (۲) گھبرا جانا۔ ست پٹا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں پھیلانا: [ا ر محاورہ] کام کو بڑھانا۔ طول دینا (۲) ترقی کرنا ۳۔ غلبہ حاصل کرنا

ہاتھ پاؤں پیٹنا: [ا ر محاورہ] بیفائدہ کوشش کرنا۔

ہاتھ پاؤں توڑنا: [ا ر محاورہ] ضرر پہنچا کر ہاتھ پاؤں کو شکستہ یا بیکار کرنا / کر دینا۔ بہت مارنا (۲) حالت نزع میں ہونا (۳) ڈنڈ پیلنا۔ خوب کسرت یا ورزش کرنا (۴) اعضا شکنی کرنا (بخار کا)

ہاتھ پاؤں تھک کے تختہ ہو جانا / تھکنا: [ا ر محاورہ] بیحد تھک جانا۔ ہاتھ پاؤں شل ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں تھیلا کرنا: [ا ر محاورہ] کسی کو اتنا مارنا کہ بیکار ہو جائے۔

ہاتھ پاؤں تیار ہونا: [ا ر محاورہ] کسرت کی وجہ سے فربہ ہونا۔

ہاتھ پاؤں ٹوٹنا: [ا ر محاورہ] اعضا شکنی ہونا۔ بخار یا نشے کے اترنے کی وجہ سے ہاتھ پاؤں میں درد ہونا (۲) ہاتھ پاؤں کا شکستہ ہونا۔

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ جانا: [ا ر محاورہ] خوف یا بیماری سے ہاتھ پاؤں سرد

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ... [محاورہ] غشی کا عالم ہونا۔ نزع کا وقت ہونا۔ دونوں حالتوں میں ہاتھ پاؤں سرد ہو جاتے ہیں۔ (۲) بہت سردی کی وجہ سے ہاتھ پاؤں سرد ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں جھوٹے پڑ جانا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پاؤں کا بیکار ہو کر کام نہ کرنا۔

ہاتھ پاؤں چلانا: [ا ر محاورہ] ... پاؤں کو حرکت دینا۔

ہاتھ پاؤں چلنا: [ا ر محاورہ] کام کرنے کے قابل ہونا۔ ہاتھ پاؤں کا کام دینا۔ (۲) ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا (۳) پٹا بازی۔ کشتی۔ شناوری وغیرہ میں تیزی کرنا۔

ہاتھ پاؤں چومنا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پاؤں کو بوسہ دینا۔ بہت تعظیم و تکریم کرنا۔

ہاتھ پاؤں دابنا: [ا ر محاورہ] چنپی / چانپی کرنا۔ مشت مالی کرنا۔

ہاتھ پاؤں دھو کے چڑھ بیٹھنا: [ا ر محاورہ] ا۔ دفعتہً حربہ یا حملہ کرنا۔ ۲۔ عورت کی آبرو لینا۔

ہاتھ پاؤں دھلانا: [ا ر ص مرکب] دیکھئے "ہاتھ پاؤں دھونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہاتھ پاؤں دھلنا: [ا ر ص مرکب] دیکھئے "ہاتھ پاؤں دھونا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ پاؤں دھننا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔

ہاتھ پاؤں دھونا: [ا ر ص مرکب] ہاتھ پاؤں کو پانی ڈال کر صاف کرنا۔

ہاتھ پاؤں دبا سلائی بات کرے کو فضل الٰہی: [ا ر مثل] ہاتھ پاؤں میں تو زور نہیں مگر زبان خوب چلتی ہے۔

ہاتھ پاؤں رانگا / رنگلا ہونا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پاؤں شل ہونا۔

ہاتھ پاؤں رہ جانا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرنا / بیحس و حرکت ہو جانا (۲) فالج ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سرد ہو جانا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جانا"۔

ہاتھ پاؤں ... [محاورہ] ہاتھ پاؤں روکنا / قابو میں کرنا۔ (۲) خوب موٹا تازہ اور قد آور ہونا۔

ہاتھ پاؤں سنسانا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔ ۲۔ مضمحل ہونا۔

ہاتھ پاؤں سو جانا: [ا ر محاورہ] سُن ہو جانا۔ بیحس ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا: [ا ر محاورہ] عورت کا بچہ جننے سے فراغت پانا۔ جن کر درست ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سیدھے کرنا: [ا ر محاورہ] تھکے ہوئے ہاتھ پاؤں کو سیدھا لیٹ کر آرام دینا۔

ہاتھ پاؤں شل ہو جانا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پاؤں کا تھک کر مضمحل ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں کا جواب دینا: [ا ر محاورہ] بیماری ضعف یا بڑھاپے کی وجہ سے اعضاء کا کام نہ کر سکنا۔

ہاتھ پاؤں کا ہار جانا / ہارنا: [ا ر محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پاؤں کا جواب دینا"۔

ہاتھ پاؤں کھلے ہونا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پ... چستی ہونا۔

ہاتھ پاؤں کہنے میں نہ ہونا: [ا ر محاورہ] ضعف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرنا۔

ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں مونچھیں جائیں: [ا ر مثل] اتنا سست ہے کہ مونچھیں منہ میں جاتی ہیں اور انھیں ہٹا نہیں سکتا۔ ایسے سست آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ جو اپنے آپ کو نقصان پہنچائے۔

ہاتھ پاؤں کے لنگڑے نام سلامت خان: [ا ر مثل] دیکھئے "برعکس نہند نام الخ"

ہاتھ پاؤں مارنا: [ا ر محاورہ] ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا (۲) بیقرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ تڑپنا (۳) نزع کی حالت میں ہونا (۴) جان توڑ کر کوئی کام کرنا۔ جانفشانی کرنا (۵) کسی امر میں سعی یا کوشش یا دوڑ دھوپ کرنا (۶) تلاش یا تجسس کرنا (۷) کسی کام میں فکر کرنا (۸) تیرنا۔ شناوری کرنا۔

ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہونا: [ا ر محاورہ] کام یا کوشش بے نتیجہ ہونا۔

ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہے: [ا ر مثل] اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جس کے ہاتھ میں روپیہ پیسہ نہ ٹھہرے اور نیز پاؤں میں چکر ہو۔

ہاتھ پاؤں نکالنا: [ا ر محاورہ] حد سے بڑھ جانا۔ بہت شرارتیں کرنا۔ ۲۔ قد آور اور موٹا تازہ ہونا۔ جوان ہونا (۳) سر چڑھنا۔ گستاخ ہونا۔

ہاتھ پاؤں ہار جانا / ہارنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ضعف یا بڑھاپے کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا کام نہ کر سکنا۔ ۲۔ ہمت ہارنا۔ دل توڑ دینا۔

ہاتھ پاؤں ہلا بھگوان / خدا دیگا: [ا۔ مثل] آدمی کو خود بھی کوشش کرنی چاہیئے۔ خالی توکّل پر نہیں بیٹھ رہنا چاہیئے۔

ہاتھ پاؤں ہلانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا (۲) کوشش کرنا۔ ۳۔ بیکار نہ بیٹھنا۔ کچھ کام کرنا۔ محنت مزدوری کرنا۔

ہاتھ پاؤں ہونا: [ا۔ محاورہ] شباب کا زمانہ قریب آنا۔

ہاتھ پتھر تلے آنا / دینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ سخت مصیبت میں پھنسنا۔ ۲۔ بے بس ہونا۔ مجبور ہونا۔ ناچار ہونا۔

ہاتھ پُٹھے پر نہ رکھنے دینا: [ا۔ محاورہ] نہایت چالاک ہونا۔ بہت شوخ ہونا۔ یہ محاورہ گھوڑوں سے لیا گیا ہے۔

ہاتھ پر: [ا۔ متعلق فعل] ۱۔ ہاتھ کے اوپر (۲) فوراً اسی وقت۔

ہاتھ پر دھرا رہنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے لینے کیلئے ہاتھ میں ہونا / تیار ہونا۔

ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز کا ہر وقت پاس ہونا۔ کسی چیز کا تیار اور موجود ہونا۔

ہاتھ پر سانپ کھلانا: [ا۔ محاورہ] خطرے کا کام کرنا۔ جان کو خطرے میں ڈالنا۔

ہاتھ پر سرسوں جمانا: [ا۔ محاورہ] کسی سخت اور مشکل کام کو فوراً انجام دینا (۲) طلسم اور شعبدہ بازی دکھانا۔

ہاتھ پر سونا اچھالنا: [ا۔ محاورہ] ملک میں اس قدر امن چین ہونا کہ ہر شخص مال، دولت کھلے بندوں رکھ سکے۔

ہاتھ پر طوطا پالنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ پر زخم یا پھوڑا پھنسی ہونا (۲) اپنا ہاتھ زخمی کر لینا (۳) زخم اچھا نہ ہونے دینا۔

ہاتھ پر قرآن / گنگا جلی۔ دھرنا / رکھنا: [ا۔ محاورہ] سخت قسم کھانا حلف اٹھانا۔ قرآن کی قسم لینا۔

ہاتھ پر گرم پیسہ رکھنا: [ا۔ مص مرکب] پیسہ سخت گرم کرکے ہاتھ پر رکھ دینا۔ جو پرانے زمانے کی ایک سزا تھی۔

ہاتھ پر ناگ کھلانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پر سانپ کھلانا"

ہاتھ پر ہاتھ دھر / رکھ کر بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] بیکار رہنا۔ کام نہ کرنا۔ نکما بیٹھنا (۲) ناامید یا ہونا۔ غم میں بیٹھنا۔

ہاتھ پر ہاتھ دھرنا / رکھنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ رکھنا (۲) وعدہ کرنا۔ قول دینا۔ قول و قرار کرنا (۳) شرط لگانا۔ بازی بدنا۔

ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہنا / بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پر ہاتھ دھر کر / رکھ کر بیٹھنا۔

ہاتھ پر ہاتھ مارنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پر ہاتھ دھرنا ۲، ۳" (۲) کسی سے دھوکا فریب سے کوئی چیز ہتھیا لینا۔

ہاتھ پڑ جانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ (مصف) ہاتھ آنا۔ بغیر کوشش کے ہاتھ آنا (۲) چوری چلنا

ہاتھ پڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ آنا۔ بغیر کوشش کے ہاتھ آنا (۲) چوری ہو جانا (۳) کسی کے ہاتھ میں چلا جانا۔ کسی چیز کا آنا۔ گرفت میں آنا۔ مریض کی نبض دیکھی جانا۔ زیر علاج ہونا (۴) لوٹ ہونا۔ لٹنا۔ غارتگری ہونا (۵) دست درازی ہونا (۶) چھینا جھپٹی ہونا۔ ہاتھ کی ضرب لگنا۔ (۷) وار ہونا۔ ۸۔ داؤں پڑنا۔ پانسہ پڑنا (۹) بس میں آنا۔ قابو چڑھنا۔

۱۰۔ ہاتھ کا دفعتہً مس کرنا۔

ہاتھ پسارنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ مانگنا۔ مانگنے کے واسطے ہاتھ پھیلانا۔

ہاتھ پسارے جانا: [ا۔ محاورہ] دنیا سے خالی ہاتھ جانا۔

ہاتھ پکڑا دینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی کے سپرد کرنا۔ حفاظت میں دینا (۲) شادی

ہاتھ پکڑتے پہنچا / پونچا پکڑنا: [ا۔ محاورہ] تھوڑی سی رعایت سے بہت بے تکلف ہو جانا (۲) تھوڑا سہارا پا کر زیادہ کا طالب ہونا۔

ہاتھ پکڑ کے لے جانا: [ا۔ محاورہ] رہنمائی کرنا۔

ہاتھ پکڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ میں ہاتھ لینا۔ ہاتھ تھامنا (۲) مدد کرنا۔ دستگیری کرنا (۳) کسی کو کسی کام سے روکنا۔

ہاتھ پکڑے کی لاج رکھنا / کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پکڑے کی لاج ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہاتھ پکڑے کی لاج ہونا: [ا۔ محاورہ] ایک دفعہ جس کی مدد ہونا ہمیشہ اس کی مدد ہوتی رہنا۔ ہمیشہ مہربانی کرتے رہنا۔

ہاتھ پکڑے لے جانا: [ا۔ محاورہ] رہنمائی کرنا۔

ہاتھ پورا پڑنا: [ا۔ محاورہ] مکمل وار پڑنا۔ پورا وار پڑنا۔

ہاتھ پہنچنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ایسی جگہ ہونا جہاں ہاتھ جا سکے (۲) دسترس ہونا رسائی ہونا۔

ہاتھ پھٹ جانا / پھٹنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھوں میں سردی سے زخم ہو جانا

ہاتھ پھول: [ا۔ اسم] ایک پودا۔

ہاتھ پھرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی چیز کو ہاتھ کا چھونا (۲) مساس ہونا۔ عورت کے بدن پر مرد کا ہاتھ لگنا۔

ہاتھ پھیرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی چیز پر ہاتھ رکھ کر ادھر اُدھر ہلانا۔ جیسے گھوڑے پر ہاتھ پھیرتے ہیں (۲) پیار کرنا۔ چمکارنا۔ (۳) ٹھگنا۔ لوٹنا۔ موہنا۔ ۴۔ بوس و کنار کرنا۔ مساس کرنا (۵) گلے سے لگانا۔ لپٹانا۔

ہاتھ پھیر: [ھ۔ اسم] ۱۔ قرضہ (۲) قرض دینا۔

ہاتھ پھیر دینا: [ا۔ محاورہ] قرضہ دینا۔

ہاتھ پھیلا کر مانگنا: [ا۔ محاورہ] منت و زاری سے مانگنا۔

ہاتھ پھیلانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی چیز کو لینے یا چھونے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔ (۲) دست سوال دراز کرنا۔ مانگنا (۳) طمع کرنا۔

ہاتھ پھیلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پھیلانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ پھینکنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھوں کو چکر یا گردش دینا (۲) ہاتھوں سے وار کرنا۔ ہاتھ چلانا (۳) تلوار اور پٹے کے ہاتھ ہلانا (۳) پٹے بازی کرنا ۴۔ جلد کھانا۔ بڑے بڑے نوالے اُتار جانا۔

ہاتھ پیر مارنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ پاؤں مارنا"

ہاتھ پیر میں سنیچر ہے: [ا۔ مثل] دیکھئے "ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہے"۔

ہاتھ پیلے کرنا: [ا۔ محاورہ] غریبوں کی طرح شادی کر دینا۔

ہاتھ تکنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے ہاتھ کی طرف غور سے دیکھنا (۲) کسی کا محتاج ہونا۔ دست نگر ہونا۔

ہاتھ تلنا: [ا۔ مص مرکب] گرم تیل میں ہاتھ ڈال کر تل دینا۔ پرانے زمانے کی ایک سزا تھی۔

ہاتھ تلے: [ا ر] ۱۔ ماتحت۔ نیابت میں۔ نیچے (۲) قبضے میں۔ قابو میں (۳) پاس۔ قریب۔ نزدیک۔

ہاتھ تلے آنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ کا کسی چیز کے نیچے آنا (۲) ہاتھ کے نیچے آنا ہاتھ کے نیچے کسی چیز کا آنا۔ ۳۔ قابو میں آنا۔ قبضے میں آنا۔

ہاتھ تنگ ہونا: [ار۔ محاورہ] روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا۔ غریب ہونا۔

ہاتھ توڑ توڑ کر کھانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ مزیدار چیز کھا کر ہاتھ چاٹنا۔

ہاتھ توڑ دینا / توڑنا: [ار۔ محاورہ] دُوسرے کا ہاتھ شکستہ کر دینا۔

ہاتھ تھامنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ پکڑنا۔ ہاتھ پکڑ کر گرنے کو سنبھالنا۔

ہاتھ تھرکانا: [ار۔ محاورہ] زنانوں کی طرح ہاتھ ہلانا۔ نچانا

ہاتھ تہ سنگ ہونا: [ار۔ محاورہ] مجبور رہنا۔ ناچار ہونا۔ بے بس ہونا۔

ہاتھ تھک جانا / تھکنا: [ار۔ محاورہ] زیادہ کام کرنے سے ہاتھ کا مضمحل ہو جانا۔

ہاتھ تھکیں: [ار۔ بد دعا] عو۔ ہاتھ ٹوٹیں۔

ہاتھ تیار ہونا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ کو مشق ہونا۔ کسی کام کی مشق ہونا۔

ہاتھ ٹوٹ جانا / ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ کا شکستہ ہو جانا (۲) بیکار ہونا۔

ہاتھ ٹوٹیں: [ار۔ بد۔ دُعا] عو۔ ہاتھ کسی کام کرنے کے قابل نہ رہیں۔

ہاتھ ٹھٹھرانا: [ار۔ محاورہ] سردی سے ہاتھ کا سُن ہو جانا۔

ہاتھ ٹھنڈی میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔

ہاتھ ٹھہرانا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ روکنا۔

ہاتھ ٹھہرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے "ہاتھ ٹھہرانا" جس کا یہ لازم ہے۔ (۲) کسی کام کی مشق ہونا۔

ہاتھ ٹیک کر اٹھنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ زمین پر ہاتھ کا سہارا لیکر اُٹھنا۔ کمزوری یا بڑھاپے کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔

ہاتھ جانا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ کا کسی جگہ پہنچنا۔

ہاتھ جڑنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ تھپڑ مارنا۔ وار کرنا۔

ہاتھ جگر پر رکھنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ بیقراری کی وجہ سے ہاتھ سے جگر کو دبانا۔ بیقرار ہونا۔

ہاتھ جلنا: [ار۔ مص۔ مرکب] ۱۔ ہاتھ کا آگ۔ بجلی۔ تیزاب وغیرہ سے جل جانا / زخمی ہو جانا۔

ہاتھ جمنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ بیٹھنا۔ مشق ہو جانا۔

ہاتھ جوڑ: [ار۔ صف] دست بستہ۔

ہاتھ جوڑ دینا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہار مان لینا۔ معافی مانگنا۔

ہاتھ جوڑ کر کھڑا ہو جانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دست بستہ کھڑا ہو جانا (۲) سب کچھ خرچ کر دینا۔

ہاتھ جوڑ کر کہنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ منت سماجت سے کہنا۔ نہایت ادب اور تعظیم سے گذارش کرنا۔

ہاتھ جوڑنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ منت سماجت کرنا۔ التجا کرنا (۲) خوشامد کرنا۔ ۳۔ معافی مانگنا (۴) دُور سے سلام کرنا۔ پناہ مانگنا (۵) ہار ماننا۔ (۶) ہندوؤں میں سلام کرنا۔

ہاتھ جھاڑ اُٹھے: [ار۔ محاورہ] (دہلی) جوئے میں سب کچھ ہار کر اٹھ بیٹھے۔ مفلس اور نادار ہو گئے۔

ہاتھ جھاڑ کے اُٹھنا: [ار۔ محاورہ] خالی ہاتھ اُٹھنا۔

ہاتھ جھاڑ کے جانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ خالی ہاتھ جانا۔

ہاتھ جھاڑ کے کھڑے ہو جانا: [ار۔ محاورہ] اپنے پاس کچھ باقی نہ رکھنا۔ سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔

ہاتھ جھاڑنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ کو جھٹکا دینا (۲) ہاتھ کو مٹی وغیرہ سے صاف کرنا (۳) دستبردار ہونا (۴) ضرب لگانا۔ وار کرنا (۵) دست بردار ہونا۔ ہاتھ اُٹھا چھوڑنا (۶) تھپڑ لگانا۔ مارنا۔ پیٹنا۔

ہاتھ جھٹکنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ کو جھٹکا دینا اپنے جسم سے جھٹکے کے ساتھ ہٹانا۔ ہاتھ چھڑانا۔

ہاتھ جھلاتے آنا: [ار۔ محاورہ] خالی ہاتھ آنا۔ کچھ نہ لانا۔

ہاتھ جھلانا: [ار۔ محاورہ] ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

ہاتھ جھلائی: [ار۔ امث] ۱۔ دیکھئے "ہاتھ جھلانا" جس کا یہ اسم ہے۔ ۲۔ وہ روپیہ جو راہزن اپنی سرحد سے گزرنے کی بابت مسافروں سے لیتے ہیں (۳) وہ نقدی جو زمیندار یا ملازمان سرکار راہ میں مسافروں سے لیتے ہیں۔

ہاتھ جھوٹا پڑنا: [ار۔ محاورہ] وار خالی جانا۔ نشانہ پر نہ لگنا۔

ہاتھ جھوٹا کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ تھوڑا سا کھانا۔ منہ جھٹلانا۔ مالش کرنا۔

ہاتھ جھوٹا ہو جانا / ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ کا کھانے کی وجہ سے میلا / آلودہ ہونا / لتھڑنا (۲) ہاتھ کا بیکار ہو جانا / زور دار نہ کھا سکنا۔ ۳۔ ہاتھ کی طاقت کا جاتا رہنا (۴) وار ٹھیک طور پر نہ لگنا۔ وار کرتے ہوئے ہاتھ بہک جانا۔

ہاتھ جھول پڑ جانا / پڑنا: [ار۔ محاورہ] ہڈی ٹوٹ سے ہاتھ کا لٹک جانا

ہاتھ چالاک: [ار۔ صف] تیز دست۔ پھرتیلا۔ چابک دست۔ جلدی جلدی کام کرنے والا۔ چوری کی عادت۔ چوری۔

ہاتھ چالاکی: [ار۔ امث] دیکھئے "ہاتھ چالاک" کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہاتھ چڑھا ہونا: [ار۔ محاورہ] خوب مشق ہونا۔ ہاتھ رواں ہونا۔

ہاتھ چڑھنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ملنا۔ دستیاب ہونا (۲) ہاتھ کو مشق ہونا۔ ہاتھ کا رواں ہونا (۳) قابو میں آنا۔ قابو چڑھنا۔ ڈھب پر آنا۔

ہاتھ چٹھی: [ار۔ امث] وہ خط جو اپنے ہاتھ سے لکھا ہو۔

ہاتھ چلا: [ار۔ صف] ۱۔ دیکھئے "ہاتھ چالاک" ۲۔ ہاتھوں کو جلدی سے استعمال کرنے والا۔ ہتھ چھٹ۔

ہاتھ چلانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دست درازی کرنا (۲) چوری کرنا۔ چرانا (۳) ہاتھ ہلانا رکھنا۔ ہاتھ سے شرارت کرنا (۴) ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا (۵)۔ وار کرنا۔

ہاتھ چلنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ دیکھئے "ہاتھ چلانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) مشاق ہونا (۳) ہاتھ میں روانی ہونا (۴) فارغ البالی ہونا۔ خاطر خواہ آمدنی ہونا (۵) ہاتھ پڑنا۔ چوری کی عادت ہونا۔

ہاتھ چلے نہ ہٹیاں۔ بیٹھا دے گٹیاں: [ار۔ مثل] کام چلے یا نہ چلے۔ خدا ہر ایک کو بیٹھے بٹھائے روزی دیتا ہے۔ خدا اپاہجوں

کو بھی گھر بیٹھے روزی دیتا ہے۔

ہاتھ چمکانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ عورتوں کی طرح ہاتھ اُٹھا کر باتیں کرنا (۲) عورتوں اور مسخروں کا ہاتھ بلند کرکے اور انگلیاں خم کرکے ہاتھ ہلانا (۳) عورتوں کا لڑتے ہوئے ہاتھ اُوپر اُٹھا کر ہلانا (۴) تلوار کو نیام سے نکال کر اور سر سے اُونچا کرکے ہلانا۔

ہاتھ چمڑے کا نہ لگانا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ سے نہ چھُونا۔ الگ رہنا۔

ہاتھ چوُمنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھوں کو بوسہ دینا۔ دست بوس ہونا۔ پیار سے تنبیہ ہے۔ کاریگری کی داد دینا (۲) ہاتھوں کی داد دینا۔ یا قدر کرنا۔

ہاتھ چھُٹنا / چھُڑا لینا: [ا۔ محاورہ] اپنے ہاتھ کو جھٹکے سے دُوسرے کے ہاتھ سے نکال یا علیحدہ کر لینا۔

ہاتھ چھوٹا ہونا: [ا۔ محاورہ] بے دھڑک مار بیٹھنے کی عادت ہونا۔

ہاتھ چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] ضرب لگانا۔ حملہ کرنا۔ وار کرنا۔ تلوار لگانا۔

ہاتھ حمائل: [ا۔ صفت] کسی چیز کو ہاتھوں کے درمیان اس طرح رکھنا کہ ہاتھ ادرگرد رہیں۔

ہاتھ حمائل کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ حمائل ہونا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہاتھ حمائل ہونا: [ا۔ محاورہ] کمر۔ گلے وغیرہ کے گرد ہاتھ ہونا۔

ہاتھ خالی آنا: [ا۔ محاورہ] کسی کے گھر پھل مٹھائی وغیرہ (یکہ نہ آنا) نہ لانا۔ خالی ہاتھ آنا۔ بغیر کسی چیز (سامان) کے پیدا ہونا۔ دنیا میں کچھ لیکر نہ آنا۔

ہاتھ خالی جانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ وار خالی جانا۔ ہاتھ نہ پڑنا۔ نشانہ نہ بیٹھنا۔ ۲۔ پانسہ نہ پڑنا۔ داؤں حسب مُراد نہ پڑنا (۳) دُنیا سے نامُراد جانا۔

ہاتھ خالی دینا: [ا۔ محاورہ] حریف کی ضرب کو پڑنے نہ دینا۔

ہاتھ خالی رہنا: [ا۔ محاورہ] روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا۔

ہاتھ خالی ہونا: [ا۔ محاورہ] کچھ پاس نہ ہونا۔ مفلس ہونا۔

ہاتھ خالی نہ ہونا: [ا۔ محاورہ] فرصت نہ ہونا۔ کام میں مصروف ہونا۔

ہاتھ خرچ سے تنگ ہونا: [ا۔ محاورہ] ا۔ خرچ پاس نہ ہونا۔

ہاتھ خشک ہو جانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ کا سُوکھ جانا۔ ایک بیماری۔

ہاتھ دانتوں سے کاٹنا: [ا۔ محاورہ] بہت پچھتانا۔

ہاتھ دراز کرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ بڑھانا" ۲۔ دیکھئے "ہاتھ پھیلانا"

ہاتھ دِکھانا: [ا۔ محاورہ] نبض دکھانا (۲) نجومی سے مستقبل کے حالات دریافت کرنے کے لیے ہاتھ اس کے آگے کرنا (۳) فنونِ سپاہ گری / دلاوری کے جوہر دکھانا۔

ہاتھ دُکھنا: [ا۔ مص لازم] ہاتھ میں درد ہونا۔

ہاتھ دَوڑانا: [ا۔ محاورہ] کسی کام میں تیزی یا چستی ظاہر کرنا۔ ہاتھ چلانا۔ (۲) کسی کی طرف ہاتھ بڑھانا (۳) کسی کو پکڑنے کی کوشش کرنا (۴) کسی کے مال پر ہاتھ پھیرنا۔ کسی کو چھُونا (۵) کسی کا مال چُرانا۔

ہاتھ دَوڑنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ دوڑانا۔

ہاتھ دھرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ رکھنا"۔

ہاتھ دُھلانا: [ا۔ محاورہ] کسی کے ہاتھ پر پانی ڈالنا۔ عموماً کھانے سے پہلے یا بعد (۲) شادی کے روز کی ایک رسم دُولہا دُلہن کے ہاتھ پر پانی ڈالنا۔

ہاتھ دُھلائی: [ا۔ اسمِ مث] ہاتھ دُھلانے کا انعام جو دُولہا سے لیا جاتا ہے۔

ہاتھ دُھلوانا: [ا۔ محاورہ] کسی سے اپنے یا کسی اور کے ہاتھ پر پانی ڈلوانا۔

ہاتھ دھو بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] نا اُمید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا (۲) کھو بیٹھنا، چھوڑ بیٹھنا (۳) قطع تعلق کر دینا۔

ہاتھ دھو چکنا: [ا۔ محاورہ] اُمید چھوڑ بیٹھنا۔ آس توڑ بیٹھنا

ہاتھ دھو رکھنا: [ا۔ محاورہ] مایوس ہو جانا۔ نا اُمید ہو جانا۔

ہاتھ دھو کر / کے بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ دھو بیٹھنا"

ہاتھ دھو کر / کے پیچھے پڑنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اور کام چھوڑ کر ایک کام کے پیچھے پڑنا (۲) پیچھے پڑ جانا۔ درپے آزار ہونا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

ہاتھ دھو لینا: [ا۔ محاورہ] مایوس ہو جانا۔

ہاتھ دھونا: [ا۔ محاورہ] پانی سے ہاتھ صاف کرنا۔ طہارت کرنا۔ آبدست کرنا / لینا

ہاتھ دے دے مارنا: [ا۔ محاورہ] غصّہ یا نزع کی حالت میں ہاتھ بار بار پٹکنا۔

ہاتھ دیکھن کو آرسی کیا: [ا۔ مثل] دیکھئے "ہاتھ کنگن کو آرسی کیا"

ہاتھ دیکھنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ دیکھئے "ہاتھ دکھانا" جس کا یہ لازم ہے۔ (۲) نبض دیکھنا (۳) نجومی کا / دست شناس کا حالات بتانے کے لیے ہاتھ دیکھنا (۴) صبح اُٹھ کر اپنا داہاں ہاتھ دیکھنا کہ کسی منحوس کی صُورت پہلے نظر نہ پڑے (۵) کسی کی بخشش کا منتظر رہنا۔

ہاتھ دینا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ مصافحہ کرنا (۲) حوالہ کرنا (۳) داد دینا / مانگنا (۴) قول دینا وعدہ کرنا (۵) کسی چیز کا قبول کرنا (۶) چیچک کے دانوں کا مُرجھانا (۷) چراغ گل کرنا۔ بجھانا (۸) دوکاندار کا غلہ کو اُوپر نیچے کرنا۔ (۹) چابک سوار کا کپڑے کے نیچے ہاتھ ڈال کر گھوڑے کا معاملہ طے کرنا (۱۰) دُوکاندار / بیوپاری کا ایک دُوسرے کے ساتھ مانند ۹ سے معاملہ طے کرنا (۱۱) چالاکی کرنا۔ چابک دستی کرنا۔ (۱۲) عہد کرنا۔ زبان دینا۔

ہاتھ ڈالنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ داخل کرنا (۲) کسی چیز میں ہاتھ دینا (۳) غیر عورت کو پکڑنا۔ دست درازی کرنا (۴) دخل دینا۔ کوئی کام اپنے ذمہ لینا (۵) مَس کرنا۔ ہاتھ ڈالنا (۶) کسی کام کو شروع کرنا (۷) علاج شروع کرنا (۸) پکڑنا۔ پکڑنے کا ارادہ کرنا (۹) لُوٹنا۔ غارت کرنا۔ (۱۰) (ٹھوڑی میں) منت کرنا۔ خوشامد کرنا (۱۱) (جیب میں) کسی کو کچھ نقدی دینا۔ خیرات کرنا۔ کسی کی جیب میں سے کچھ نکالنا۔

ہاتھ ڈالو گڑ نکالو: [ا۔ مثل] محنت کرو۔ لذت اُٹھاؤ۔

ہاتھ رُکنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ کسی کام کے کرنے سے ہچکچانا (۲) وار بچنا۔

ہاتھ رکھنا: [ا۔ محاورہ] کسی چیز پر ہاتھ دھرنا (۲) کسی چیز کو چھپانا۔ (۳) ہاتھ سے کسی چیز کا یا کسی کا منہ بند کرنا (۴) قسم کھانا (۵) مدد کرنا۔ سہارا دینا (۶) ہاتھ سے بچانا (۷) محافظت کرنا (۸) کام نہ کرنا (۹) (منہ پر) چُپ کرانا۔ بات نہ کہنے دینا (۱۰) (دل / کلیجے وغیرہ پر) تسلی یا تسکین کے لیے ایسا کرتے ہیں (۱۱) (سر پر) مدد کا وعدہ کرنا (۱۲) (پشت پر) تسلی دینا۔ تسکین دینا (۱۳) (پاؤں پر) منت کرنا۔ خوشامد کرنا (۱۴) (آنکھوں پر) بند کرنا (۱۵) (ماتھے پر) سلام کرنا (۱۶) (کندھے پر)

سہارا دینا۔ اُٹھنے سے روکنا (۵) (چھاتی پر) تعظیم کرنا۔
ہاتھ رنگنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ مہندی یا کسی رنگ سے ہاتھوں کو رنگین کرنا۔ (۲) لوٹنا۔ مال مارنا (۳) رشوت لینا۔
ہاتھ رواں رہنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ چلتا رہنا (۲) کسی بات کی مشق رہنا۔
ہاتھ رواں کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ چلنا۔ کسی کام کی مشق ہونا۔
ہاتھ روکنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کسی کام سے باز رہنا (۲)۔ وار بچانا (۳) کفایت شعاری کرنا۔ خرچ کم کرنا۔ (۴) ہاتھ تھامنا۔
ہاتھ رہ جانا: [ار۔ محاورہ] کام کرتے کرتے ہاتھ تھک جانا۔ شل ہو جانا۔
ہاتھ رہنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کسی کے اختیار ہونا۔ کسی پر منحصر ہونا۔
ہاتھ زیر زنخداں ہونا: [ار۔ محاورہ] سوچ میں پڑے رہنا۔
ہاتھ سادھنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ صاف کرنا۔ مشق کرنا۔
ہاتھ سانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ آلودہ کرنا۔ بھرنا۔
ہاتھ سر پر پھیرنا: [ار۔ محاورہ] پیار یا شفقت سے ہتھیلی سر پہ پھیرنا۔
ہاتھ سر پر دھر / رکھ کے رونا: [ار۔ محاورہ] بہت پچھتانا۔ پشیمان ہونا۔ افسوس کرنا۔
ہاتھ سر پر رکھنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ حمایت کرنا (۲) پیار کرنا (۳) قسم کھانا (۴) سلام کرنا۔
ہاتھ سرکانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ آہستہ سے ہٹا لینا۔
ہاتھ سمرنی پیٹ کترنی: [ہ۔ مثل] ظاہر میں نیک باطن میں دغاباز۔
ہاتھ سُن ہو جانا / سو جانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ کا کام نہ کرنا۔ ہاتھ میں خون کا حرکت نہ کر سکنا۔
ہاتھ سوکھا فقیر بھوکا: [ار۔ مثل] انسان اپاہج ہو جائے تو بھوکا مرتا ہے۔
ہاتھ سے: [ار۔ متعلق فعل] ۱۔ ذریعہ سے (۲) سبب سے (۳) واسطے۔ دم سے (۴) قابو سے
ہاتھ سے بچنا: [ار۔ محاورہ] سلامت رہنا۔ زندہ رہنا۔
ہاتھ سے تنگ آنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کسی کی بد اعمالیوں / شرارتوں سے تکلیف میں ہونا۔
ہاتھ سے بھاگا پھرنا: [ار۔ محاورہ] کسی کے ڈر کے مارے کہیں چلا جانا۔
ہاتھ سے تنگ ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی کی وجہ سے تکلیف میں ہونا۔
ہاتھ سے توتے / طوطے اُڑنا: [ار۔ محاورہ] بیخود ہونا۔ بدحواس ہونا۔
ہاتھ سے جاتے رہنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ قابو سے نکل جانا۔ اختیار سے جانا۔ (۲) کھویا جانا۔ جاتا رہنا (۳) آپے سے باہر ہو جانا۔ از خود رفتہ ہونا ۴۔ مر جانا۔
ہاتھ سے جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ سے جاتے رہنا ۱، ۲، ۴"
ہاتھ سے چلنا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ سے جانے پر تیار ہونا۔
ہاتھ سے چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] قابو سے نکلنا۔
ہاتھ سے دل پھسلنا / جانا: [ار۔ محاورہ] عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
ہاتھ سے دینا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ بخشنا۔ عنایت کرنا۔ عطا کرنا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۳) کھونا۔ ضائع کرنا۔
ہاتھ سے رکھ دینا: [ار۔ محاورہ] کوئی ہاتھ سے پکڑی ہوئی چیز زمین پر ڈال دینا
ہاتھ سے سلام لینا: [ار۔ محاورہ] سلام کا جواب ہاتھ کے اشارے سے دینا۔

ہاتھ سے قلم رکھ دینا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ لکھنا چھوڑ دینا۔ لکھنے سے باز آنا۔ ۲۔ لکھنا ختم کر دینا۔
ہاتھ سے کام نکالنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ سے کام نکلنا" جسکا یہ متعدی ہے۔
ہاتھ سے کام نکلنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کسی کام کا تجربہ ہونا۔ کوئی کام ہاتھوں سے کیا جانا (۲) کسی کے ذریعہ یا وسیلہ سے کوئی کام نکلنا (۳) کوئی کام لیا جانا۔
ہاتھ سے کھونا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ملتی ہوئی چیز نہ لینا (۲) کسی چیز کا قابو سے نکل جانا۔
ہاتھ سے ناپنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کپڑے کا ناپ ہاتھ سے کرنا۔ دو ہاتھ کا قریباً ایک گز ہوتا ہے جو محض ایک تخمینہ ہے کیونکہ مختلف قد کے آدمیوں کا ہاتھ کہنی سے اُنگلی کے سرے تک مختلف لمبائی کا ہوتا ہے۔
ہاتھ سے نالاں ہونا: [ار۔ محاورہ] کسی کی وجہ سے تکلیف میں ہونا۔
ہاتھ سے نکلنا: [ار۔ محاورہ] قابو سے باہر ہونا۔
ہاتھ سے نہ دینا: [ار۔ محاورہ] قابو سے نہ نکلنے دینا۔
ہاتھ سے ہاتھ ملانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ مصافحہ کرنا (۲) پنجہ کشی کرنا (۳) ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا (۴) پہلوانوں کا کشتی سے پہلے ایک دوسرے کے ہاتھ کو چھونا۔
ہاتھ سے ہاتھ ملنا: [ار۔ محاورہ] مصافحہ کرنا۔
ہاتھ سیدھا مارنا: [ار۔ محاورہ] سیدھا وار کرنا۔
ہاتھ سیدھا ہونا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ کا ٹیڑھا ہو کر کھل جانا۔
ہاتھ شل ہو جانا / ہونا: [ار۔ محاورہ] ـــ جانا۔ کام کرنے کے قابل نہ رہنا۔
ہاتھ صاف کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ رواں کرنا۔ مشق کرنا (۲) خط سنوارنا۔ (۳) قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ لوٹنا۔ مال مارنا۔ ۵۔ زک دینا۔ برائی کرنا۔ (۶) ہاتھ دھونا۔ ہاتھ پانی یا کسی دوسری چیز، کپڑے وغیرہ سے صاف کرنا (۷) اُڑانا۔ خرچ کرنا۔
ہاتھ طوق کمر کرنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ طوق کمر ہونا" جسکا یہ متعدی ہے۔
ہاتھ طوق کمر ہونا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ کمر میں پڑنا۔ ہاتھ کا کمر کو حلقہ کرنا۔
ہاتھ طوق گلو کرنا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ گلے میں ڈالنا۔
ہاتھ طوق گلو ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ طوق گلو کرنا" جسکا یہ لازم ہے۔
ہاتھ قلم کرنا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ کاٹ دینا / کاٹنا۔
ہاتھ قلم ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ قلم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہاتھ کا: [ار۔ صف] ۱۔ اپنا۔ خود (۲) خود دیا ہوا (۳) خود بنایا ہوا (۴) خود سیا ہوا ۵۔ خود لکھا ہوا۔
ہاتھ کاٹا جانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ قلم کیا جانا (۲) بے اختیار کر دیا جانا۔
ہاتھ کاٹ دینا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ قلم کر دینا (۲) تحریر اقرار ہونا۔
ہاتھ کاٹنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ہاتھ کو چھری یا تلوار سے علیحدہ کرنا۔ اسلام میں چوری کی سزا ہے (۲) غصے میں اپنے دانتوں سے ہاتھ کو پکڑنا (۳) بطور شرط یا قسم کے استعمال ہوتا ہے۔ ہاتھ قلم کرنے کی شرط لگانا (۴) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔
ہاتھ کا جھوٹا: [ار۔ صف] وہ جو روپیہ لے کر واپس نہ دے۔ نادہند

بد معاملہ۔ بددیانت۔ خائن۔

ہاتھ کا چالاک ہونا: [ار۔ محاورہ] دست دراز ہونا۔ مشاق ہونا۔

ہاتھ کا چوٹا بل میں بیٹھا: [ار۔ مثل] جو پاس تھا وُہ بھی جاتا رہا۔

ہاتھ کا دینا اور بیر بسانا: [ار۔ محاورہ] قرض دیکر دُشمنی پیدا کرنا۔

ہاتھ کا دیا: [ار۔ اند] خیرات۔ دان۔ پُن۔ سخاوت۔ فیاضی

ہاتھ کا دیا آڑے آتے: [ار۔ مثل] خیرات کام آتی ہے / مصیبتوں کو روکتی ہے

ہاتھ کا دیا ساتھ چلے گا: [ار۔ مثل] فقیروں کی صدا۔ خیرات روزِ جزا کو سزا سے بچائے گی

ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگا: [ار۔ مثل] کمینے بھی برابری کا دعویٰ کرنے لگیں تو کہتے ہیں۔

ہاتھ کا دیا گم نہیں جاتا: [ار۔ مثل] نیکی / خیرات کا ثواب کبھی ضائع نہیں ہوتا۔

ہاتھ کا سچا: [ار۔ صف] لین دین کا کھرا۔ ساکھ والا۔

ہاتھ کا میل: [ار۔ اند] ا۔ وُہ مٹی / گرد وغیرہ جو ہاتھ سے صاف کرتے وقت اُترے (۲) بے اصل چیز۔ بے حقیقت چیز (۳) مجازاً روپیہ پیسہ مال وزر۔

ہاتھ کان سے ننگی: [ار۔ صف] وُہ جس کے پاس کوئی زیور نہ ہو۔ وُہ جس نے کوئی زیور نہ پہنا ہُوا ہو۔

ہاتھ کانپنا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ میں رعشہ ہونا۔

ہاتھ کانوں پر رکھنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ بالکل لاعلمی ظاہر کرنا (۲) پناہ مانگنا۔ (۳) ناواقفیت ظاہر کرنا۔ ۴۔ کسی کام کے کرنے سے انکار کر دینا۔

ہاتھ کا ہتھیار پیٹ کا ہتھیار: [ار۔ مثل] دیکھئے "جس کی لاٹھی الخ"

ہاتھ کٹا چکنا / دینا: [ار۔ محاورہ] تحریر دیکر مجبور ہو جانا۔

ہاتھ کٹانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ کٹوانا"

ہاتھ کٹ جانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ ہاتھ بازو سے کٹ کر علیحدہ ہو جانا (۲) ہاتھ زخمی ہو جانا (۳) کسی معاملے میں تحریر دینے کی وجہ سے مجبور ہو جانا۔

ہاتھ کٹ چکنا: [ار۔ محاورہ] تحریر دے کر مجبور ہونا۔

ہاتھ کٹنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ دیکھئے "ہاتھ قلم ہو جانا / ہونا (۲) تحریر دی جانا۔

ہاتھ کٹوانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ کٹنا" جس کا ہم معنی المتعدی ہے ۲۔ کسی بات کا دعویٰ کرنے پر بھی بطور شرط کہتے ہیں۔

ہاتھ کٹے ہونا: [ار۔ محاورہ] تحریر دینے کی وجہ سے بے بس / مجبور ہونا۔

ہاتھ کرنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ حملہ کرنا۔ وار کرنا (۲) بحث کرنا (۳) دھوکا دینا۔

ہاتھ کشیدہ آسمان دیدہ: [ار۔ مثل] اسکی نسبت بولتے ہیں جسکا ہاتھ کہیں اور خیال کہیں ہو

ہاتھ کمر میں رکھے پھرنا: [ار۔ محاورہ] بیکار پھرنا۔ بے شغلی کی حالت میں پھرنا۔

ہاتھ کمر میں ڈالنا: [ار۔ محاورہ] لڑنا جھگڑنا۔

ہاتھ کنگن: [ار۔ اند] ہاتھوں میں پہننے کے کڑے۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا: [ار۔ مثل] جو بات عیاں ہو اُس کو دریافت کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

ہاتھ کوڑی نہ بازار لیکھا: [ار۔ مثل] مفلس مفلس کا کوئی اعتبار نہیں کون اعتبار کرتا ہے

ہاتھ کو ہاتھ پہنچانتا ہے: [ار۔ مثل] جس سے کچھ لیتے ہیں۔ اسی کو دیتے ہیں۔

ہاتھ کو ہاتھ نظر نہ آنا: [ار۔ محاورہ] سخت اندھیرا ہونا۔

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سُجھائی دینا / سُوجھنا: [ار۔ مثل] سخت اندھیرا ہے۔ اندھیرا گھُپ ہے۔

ہاتھ کھانا: [ار۔ محاورہ] ہاتھ اُٹھانا۔ وار لگنا۔

ہاتھ کھجلانا: [ار۔ محاورہ] ا۔ ہاتھ میں خارش ہونا (۲) کسی کے مارنے پیٹنے کی خواہش ہونا۔ ہاتھوں پر مار کھانے کو جی چاہنا (۳) ہاتھ کا نچلا نہ بیٹھنا۔ مار کھانے کی باتیں کرنا (۴) کچھ ملنے کی اُمید ہونا۔ داہنے ہاتھ پر خارش ہو تو خیال ہوتا ہے کہ روپیہ آئے گا اور اگر بائیں پر خارش ہو تو خرچ ہوگا۔

ہاتھ کھلا ہونا: [ار۔ محاورہ] فیاضی کی عادت ہونا۔ سخی ہونا۔

ہاتھ کھُل جانا / کھُلنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ ہاتھ کا چلنے / کام دینے لگنا۔ (۲) ہاتھ میں روپیہ آنا۔ تنگی نہ رہنا (۴) مار پیٹنے کی عادت ہونا۔ ہتھ چھٹ ہو جانا۔

ہاتھ کھول دینا / کھولنا: [ار۔ محاورہ] ا۔ بندھے ہُوئے ہاتھ کی رسّی دُور کر دینا / کرنا (۲) آزادی دے دینا (۳) تنگی نہ چلنے دینا (۴) بندھا ہُوا ہاتھ کھُل جانا۔

ہاتھ کھینچ لینا: [ار۔ محاورہ] کسی کام کے کرنے سے رُک جانا۔ کوئی کام نہ کرنا۔ کسی کام سے علیحدگی اختیار کرنا۔

ہاتھ کھینچنا: [ار۔ محاورہ] رُک جانا۔ باز آنا۔ ترک کر دینا (۲) کسی کام سے ہاتھ روک لینا۔ تعلقات دنیاوی کو چھوڑ دینا۔

ہاتھ کی آئی بھی گئی: [ار۔ محاورہ] ہاتھ آئی ہوئی چیز بھی جاتی رہی۔

ہاتھ کی پیٹھ دانتوں سے کاٹنا: [ار۔ محاورہ] کسی وجہ سے سخت نادم ہونا۔ کسی چیز کے نہ ملنے پر حسرت و افسوس کرنا۔

ہاتھ کی چٹھی: [ار۔ امث] ا۔ اپنی لکھی ہوئی چٹھی (۲) اپنے ہاتھ کا لکھا ہُوا سرٹیفکیٹ (۳) اپنی لکھی ہُوئی رسید۔

ہاتھ کی چھڑی: [ار۔ امث] ہلکی سی چھڑی جو ہر وقت ہاتھ میں رہے۔

ہاتھ کی روٹی: [ار۔ امث] توے کی پکی ہوئی روٹی (یوں تو تنور کی روٹی بھی ہاتھ سے ہی پکتی ہے مگر اس سے مُراد توے کی روٹی ہے)

ہاتھ کی صفائی: [ار۔ امث] ا۔ وار کرنے میں مشاقی (۲) بازی گر اور شعبدہ باز وغیرہ کے ہاتھ کا کرتب۔ [افعال: دکھانا، ہونا]

ہاتھ کی لکیریں: [ار۔ امث] ا۔ وُہ خطوط جو ہاتھ پر ہوتے ہیں (۲) قسمت۔ نصیبا / تقدیر کا لکھا ہُوا۔

ہاتھ کی لکیریں کہیں ملتی ہیں / نہیں ملتی: [ار۔ مثل] ا۔ اپنے کسی طرح غیر نہیں ہو سکتے (۲) خاندانی۔ کبھی لوگ جب بیگ مانگیں تو کہتے ہیں۔

ہاتھ کی مٹی: [ار۔ امث] وُہ مٹی جو مُردے کو دفن کرتے وقت رشتہ دار قبر میں ڈالتے ہیں۔ کنایتہً کسی کے ہاتھ سے دفن ہونا۔

ہاتھ کی ہتھیلی: [ار۔ امث] وُہ گوشت جو ہاتھ کی ہتھیلی میں انگوٹھے کے نیچے

ہوتا ہے۔

ہاتھ کے اوپر ہاتھ دھرے بیٹھنا: [ا۔ محاورہ] بیکار رہنا۔

ہاتھ کے تلے آجانا / آنا: [ا۔ محاورہ] قابو ہونا مجبور ہو کر اپنے آپ کو کسی کے حوالے کرنا۔ زیر ہونا۔

ہاتھ کے دو بیر نہ کھانا: [ا۔ محاورہ] کسی سے نہایت نفرت کرنا حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

ہاتھ کے سنگل مُنہ پیار: [ا۔ مثل] ظاہر میں محبت باطن میں دشمنی۔

ہاتھ کے طوطے اُڑ جانا: [ا۔ محاورہ] حواس باختہ ہو جانا گھبرا جانا۔ سٹپٹا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔

ہاتھ کے نیچے آجانا: [ا۔ محاورہ] قابو میں آجانا۔ قبضہ میں ہو جانا۔

ہاتھ کے ہاتھ: [ا۔ متعلق فعل] فوراً۔ اسی وقت۔

ہاتھ گاڑی: [ا۔ امث] وہ گاڑی جو ہاتھ سے پکڑ کر کھینچی، دھکیل جاتی ہے۔ ٹھیلا۔ رکشا۔

ہاتھ گردن میں دیکر نکال دینا۔ ہاتھ گردن میں دینا / ہاتھ گردن میں ڈالنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "گردن میں ہاتھ"۔

ہاتھ گریبان تک جانا: [ا۔ محاورہ] گریبان پھاڑنے کے لیے ہاتھ کا اس تک پہنچنا۔ گریبان پھاڑ ڈالنا (۲) وحشت ہونا۔ دیوانہ پن ہونا۔

ہاتھ گلنا: [ا۔ مص مرکب] ہاتھ کے گوشت کا سردی، زخم، پھوڑے وغیرہ سے مر جانا / سڑ جانا۔

ہاتھ گلے میں ڈالنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ پیار کرنا۔ باہیں گلے کا ہار کرنا۔

ہاتھ گھسانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بیفائدہ کام کرنا۔ بے سُود محنت مشقت کرنا۔

ہاتھ گھسائی: [ا۔ امث] دیکھئے "ہاتھ گھسانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہاتھ گھس جانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ کوئی کام بہت دیر تک کرنا (۲) نقصان ہونا (ان معنوں میں نفی کے ساتھ مستعمل ہے)

ہاتھ گھنگھولنا: [ا۔ محاورہ] پانی میں ہاتھ ڈال کر جلدی جلدی انگوٹھا کر دینا۔

ہاتھ لا: [کلمہ تعریف] خوشی کے موقع پر کہتے ہیں۔ واہ واہ۔ کیا کہنا۔ شاباش۔ مرحبا۔ آفرین (۲) داد کے موقعہ پر بھی کہتے ہیں۔

ہاتھ لال کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ہاتھوں کا سُرخ کرنا (۲) قتل کرنا الزام لینا۔

ہاتھ لال ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ لال کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ لا: [ا۔ محاورہ] ا۔ پہلوانوں کا ہاتھ ملانا ۲۔ مصافحہ کرنا۔

ہاتھ لپک: [ا۔ صفت] اُچکا۔ اُٹھائی گیرا۔ چور۔

ہاتھ لپکانا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ بڑھانا۔

ہاتھ لگانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ چھونا۔ مس کرنا (۲) وار کرنا۔ ضرب لگانا۔ ۳۔ کام شروع کرنا (۴) مدد کرنا۔ امداد دینا۔ ۵ سہارا لگانا۔ کسی چیز کے اُٹھانے میں مدد دینا (۶) شرط بدنا۔ بازی لگانا (۷) قول دینا (۸) تیرنے میں ہاتھ چلانا (۹) چپو چلانا۔ کل کو حرکت دینا (۱۰) حکیم کا نبض دیکھنا۔ علاج شروع کرنا (۱۱) مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ سزا دینا (۱۲) کسی معاملے میں دخل دینا (۱۳) عورت سے مساس کرنا۔ دست درازی کرنا۔ چھیڑنا۔

ہاتھ لگائے کملانا: [ا۔ محاورہ] نہایت نرم و نازک ہونا۔

ہاتھ لگنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ لگانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) ملنا۔ حاصل ہونا۔ دستیاب ہونا (۳) ضرب کے قاعدہ میں حاصل ہونا (۴) واسطہ پڑنا۔ سابقہ پڑنا۔

ہاتھ لگتے / لگے میلا ہونا: [ا۔ مثل] کسی سفید اور نازک چیز کی تعریف میں کہتے ہیں۔

ہاتھ لگائے میلا ہونا: [ا۔ محاورہ] نہایت اُجلا یا سفید ہونا۔ آبدار ہونا۔ نہایت لطیف ہونا۔ پاکیزہ ہونا۔

ہاتھ لگے میلا ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ لگاتے میلا ہونا"۔

ہاتھ لینا: [ا۔ محاورہ] تھامنا۔ روکنا۔ پکڑنا۔

ہاتھ مارنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ضرب لگانا۔ وار کرنا (۲) جلد جلد کھانا۔ ہتھے مارنا۔ ۳۔ مال چُرانا / اڑا لینا۔ غبن کرنا۔ (۴) کُشتی میں کسی کے ہاتھ پر ہاتھ لگانا (۵) اقرار کرنا۔ قول کرنا (۶) تیرنے میں ہاتھ زور زور سے ہلانا (۷) قبضہ کرنا۔ لے لینا (۸) رشوت لینا (۹) شرط لگانا (۱۰) قتل کرنا۔ ذبح کرنا (۱۱) پیٹنا۔ سینہ کوبی کرنا (۱۲) دروازہ کھٹکھٹانا (۱۳) کسی چیز کی تلاش کرنا۔

ہاتھ مروڑ کر چھین لینا: [ا۔ محاورہ] کسی کے ہاتھ سے زبردستی کوئی چیز لینا۔

ہاتھ مروڑنا: [ا۔ مص مرکب] ا۔ کسی کے ہاتھ کو پیچ دینا۔

ہاتھ ملانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مصافحہ کرنا (۲) پہلوانوں کا کُشتی کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ سے ہاتھ مس کرنا (۳) پنجہ کشی کرنا (۴) ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا (۵) برابری کا دعویٰ کرنا (۶) سودا کرنا۔ کوئی مال خریدنا۔ (۷) خیرات دینا (۸) رُخصت ہوتے۔ وعدہ کرتے۔ سودا کرتے۔ کشتی شروع کرنے کے وقت ہاتھ ملاتے ہیں۔

ہاتھ ملانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مصافحہ کرنا (۲) ہاتھ پکڑ کر زور کرنا (۳) پنجہ کشی کرنا۔ (۴) ہمسری کرنا (۵) رُخصت کے وقت یا وعدہ کی پختگی کے لیے ہاتھ سے ہاتھ مس کرنا۔

ہاتھ ملاؤ: [ا۔ محاورہ] ا۔ کچھ دو۔ (۲) پہلوان کُشتی لڑنے کو کہتے ہیں۔

ہاتھ ملتے پھرنا: [ا۔ محاورہ] افسوس کرتے پھرنا۔ پچھتاتے پھرنا۔

ہاتھ ملتے رہ جانا / رہنا: [ا۔ محاورہ] افسوس کرتے رہنا۔ پچھتاتے رہنا۔

ہاتھ ملنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ہاتھ پر ہاتھ رگڑنا (۲) رشک و حسد سے افسوس کرنا (۳) پچھتانا۔

ہاتھ ملنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ ملوانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ ملنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

ہاتھ مُنہ پر رکھ دینا / رکھنا: [ا۔ محاورہ] بولنے نہ دینا۔

ہاتھ مُنہ پر سے نہیں اُترے: [ا۔ مثل] ابھی عروس نو کتخدا ہے۔ ابھی شرم و حیا کے دن ہیں۔

ہاتھ مُنہ دُھلانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ مُنہ صاف کرنے کے لیے کسی کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا (۲) خدمت گزاری، خدمتگاری کرنا۔ نوکر کا کام کرنا۔

ہاتھ مُنہ دھونا: [ا۔ مص مرکب] ہاتھ اور مُنہ کو پانی سے صاف کرنا۔

ہاتھ مُنہ میں سکون ہے: [ا۔ محاورہ] مل کر کھاتے کماتے ہیں۔ آپس میں سلوک ہے۔

ہاتھ میں: [ا۔ متعلق فعل] ہاتھ کے اندر۔ مٹھی میں (۲) قبضے میں۔ اختیار میں۔

ہاتھ میں آنا: [ا۔ محاورہ] حاصل ہونا۔ ملنا۔ بہم پہنچنا۔ (۲) قابو میں آنا۔

قبضے میں آنا۔

ہاتھ میں پڑا ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی ہنر کو جاننا۔ کسی فن کی مہارت ہونا۔

ہاتھ میں پڑ جانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ آجانا"

ہاتھ میں تھامنا: [ا۔ محاورہ] پکڑنا۔ ہاتھ میں لینا

ہاتھ میں تھمانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ میں تھامنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہاتھ میں ٹھیکرا دینا: [ا۔ محاورہ] مُفلس کر دینا / بنا دینا۔ بھیک منگوا دینا۔ گدا بنا دینا

ہاتھ میں ٹھیکرا لینا: [ا۔ محاورہ] بھیک مانگتے پھرنا۔ فقیر ہو جانا (۲) مُفلس ہو جانا۔

ہاتھ میں جانا: [ا۔ محاورہ] کسی کے پاس پہنچنا۔ کسی کے پاس جانا۔ کسی کے قبضے میں جانا۔

ہاتھ میں جوہر ہونا: [ا۔ محاورہ] صاحب کمال / ہُنرمند ہونا۔

ہاتھ میں دل رکھنا / لئے رہنا: [ا۔ محاورہ] دلجوئی کرنا خاطرداری کرنا۔ نازبرداری کرنا (۲) کسی کی ہر خواہش پوری کرنا۔

ہاتھ میں دے روٹی اور سر میں مارے جوتی: [ا۔ مثل] کم ظرف کی نسبت کہتے ہیں جو احسان کر کے جتائے۔

ہاتھ میں دینا: [ا۔ محاورہ] پکڑانا۔

ہاتھ میں رکھنا: [ا۔ محاورہ] پکڑے رکھنا۔ قابو میں رکھنا۔ قبضے میں رکھنا

ہاتھ میں رہنا: [ا۔ محاورہ] پکڑے ہونا۔ قبضے یا قابو میں رہنا / ہونا۔

ہاتھ میں سمرنی اور بغل میں کترنی: [ا۔ مثل] ایسے آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو ظاہر میں نیک اور باطن میں دغاباز ہو۔

ہاتھ میں سنیچر آنا: [ا۔ محاورہ] سخت نحوست چھانا۔ بدحالی کا زمانہ آنا (۲) نہایت غریب ہو جانا۔ تنگ دست ہونا۔

ہاتھ میں قلم پکڑ / لے کر رہ جانا: [ا۔ محاورہ] لکھتے وقت حیرت اور سوچ میں پڑ جانا۔ کچھ نہ سُوجھنا کہ کیا لکھیں۔

ہاتھ میں کل ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی کا قابو میں ہونا۔

ہاتھ میں گریباں ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی کے ظلم کا فریادی ہونا۔

ہاتھ میں لانا: [ا۔ محاورہ] پکڑنا۔ قابو کرنا۔ قبضہ کرنا۔

ہاتھ میں لانا پات / پیٹ میں کھانا: [ا۔ محاورہ] مُفلس کے متعلق کہتے ہیں جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ کما کے لائے تو کھائے۔

ہاتھ میں لیا کاسا تو بھیک کا کیا سانسا: [ا۔ مثل] جب گدائی اختیار کی تو پھر مانگنے میں کیا اندیشہ۔

ہاتھ میں لئے پھرنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ میں دبائے پھرنا۔ شہوت میں بیتاب ہونا۔

ہاتھ میں لینا: [ا۔ محاورہ] ا۔ کوئی کام اپنے ذمے لینا۔ خود انتظام کرنا۔

ہاتھ میں نہ گات میں۔ میں دھونتی جات میں: [ا۔ مثل] مفلس جو اعلیٰ خاندان ہونے کا دعویٰ کرے۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا: [ا۔ محاورہ] ا۔ کسی کے سپرد کرنا۔ سونپنا (۲) عورت کو بیاہ دینا۔ شادی کر دینا (۳) ہاتھ پکڑا دینا۔ ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔ کسی کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں۔ پکڑ لینا / پکڑنا۔ نیز۔ بیعت ہونا۔

ہاتھ میں ہاتھ ڈالنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ پکڑنا۔ مصافحہ کرنا۔

ہاتھ میں ہاتھ ہونا: [ا۔ محاورہ] ساتھ ساتھ ہونا۔ سرپرستی میں ہونا۔

ہاتھ میں ہنر ہونا: [ا۔ محاورہ] صاحب کمال ہونا۔ ماہر ہونا ہُنرمند ہونا۔

ہاتھ میں ہونا: [ا۔ محاورہ] ا۔ قبضے میں ہونا (۲) اختیار میں ہونا (۳) ہاتھ میں پکڑا ہونا (۴) رُسوخ ہونا۔ کسی سے کام کرا سکنا۔

ہاتھ نچانا: [ا۔ محاورہ] عورتوں کا لڑائی میں ہاتھ کو اونچا کر کے حرکت دینا۔

ہاتھ نکالنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ کو کسی چیز سے باہر لانا۔ جیسے جیب سے (۲) ناچتے وقت رقاصہ کا ہاتھوں کو ہلانا (۳) گدکے۔ نیزے اور پٹے کو پکڑ کر حرکت دینا۔

ہاتھ نکلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہاتھ نکالنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہاتھ نہ آنا: [ا۔ محاورہ] قبضے میں نہ آنا (۲) حاصل نہ ہونا (۳) پکڑا نہ جانا۔ قابو میں نہ آنا۔

ہاتھ نہ پڑنا: [ا۔ محاورہ] کوئی کام نہ ہو سکنا۔ کامیابی نہ ہونا۔

ہاتھ نہ پہنچنا: [ا۔ محاورہ] کسی کام میں کامیابی نہ ہونا۔ (۲) کسی جگہ ہاتھ نہ جا سکنا۔

ہاتھ نہ چھوڑنا: [ا۔ محاورہ] ہاتھ کو پکڑے رہنا۔

ہاتھ نہ دھرنے / رکھنے دینا: [ا۔ محاورہ] پاس نہ آنے دینا۔ چھونے نہ دینا۔ ہاتھ نہ لگانے دینا۔

ہاتھ نہ لگے ناک میں پیاز کے ڈلے: [ا۔ مثل] کم ظرف اور ذرا سی چیز پر اترانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

ہاتھ نہ لگانا: [ا۔ محاورہ] ا۔ بالکل نہ چھونا۔ احتراز کرنا۔ دُور رہنا (۲) زدوکوب نہ کرنا (۳) بچے کو تنبیہ نہ کرنا (۴) خاطر میں نہ لانا۔ بات نہ پوچھنا۔

ہاتھ نہ لگانے دینا: [ا۔ محاورہ] چھونے نہ دینا۔ پاس نہ آنے دینا۔ (۲) عورت کا مرد کو پاس نہ آنے دینا۔

ہاتھ نہ مُٹھی بلبلاتی اُٹھی / بیوی ہڑبڑا کے / پھڑپھڑا / بلبلا اُٹھی: [ا۔ مثل] پاس کچھ نہیں اور غصہ بات بات پر۔

ہاتھ ہونا: [ا۔ محاورہ] دخل ہونا۔ تعلق ہونا۔

ہاتھا: [ہ۔ امذ] ہاتھ۔ اُردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔

ہاتھا پائی: [ہ۔ امث] مارکٹائی۔ گھمسان گھاسا۔ دھول دھپا۔ مار پیٹ۔ لڑائی اور جھگڑائی۔ وہ لڑائی جو ہاتھ اور پاؤں کے ساتھ کی جائے (۲) دست درازی جو مزاح میں ایک دوسرے کے ساتھ کریں۔ [افعال: کرنا۔ ہونا]

ہاتھا پائی کی لینا: [ا۔ محاورہ] مارکٹائی اختیار کرنا۔ دھینگا مشتی پر آجانا۔

ہاتھا پیچھی: [ہ۔ امث] ایک کھیل کا نام۔

ہاتھا چھانٹی: [ا۔ امث] بدمعاملگی۔ دغابازی۔ بددیانتی (۲) غبن۔ خُرد بُرد۔

ہاتھا ہاتھی: [ا۔ امث] ہاتھ سے ہاتھ لگ جانا۔

ہاتھوں: [ا۔ امذ] دیکھئے "ہاتھ" جس کی یہ جمع ہے (۲) سبب۔ باعث۔ وجہ سے۔

ہاتھوں اُچکنا: [ا۔ محاورہ] آدمی یا گھوڑے یا کسی اور چیز کا انتہائی جست کرنا۔

ہاتھوں اُچھلنا: [ا۔ محاورہ] تڑپنا۔ بیحد بیقرار ہونا۔ نہایت کودنا۔ کثرت سے اُچھلنا۔

ہاتھوں اُڑ جانا: [ا۔ محاورہ] انسان یا حیوان کا کمال جست کرنا۔

ہاتھوں بڑھ جانا: [ا۔ محاورہ] بہت بڑھ جانا۔

ہاتھوں پلنا: [ا۔ محاورہ] غلام ہونا۔ تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔

ہاتھوں پر سانپ کھیلنا: [ا۔ محاورہ] کنایۃً خطرناک کام کرنا۔

ہاتھوں پھاندنا: [ا۔ محاورہ] آدمی یا گھوڑے کا حد سے زیادہ جست کرنا۔

ہاتھوں چھاؤں رکھنا / کرنا: [ا۔ محاورہ] کمال حفاظت سے رکھنا

ہاتھوں دِل بڑھانا: [ا ر. محاورہ] ہمت ہمت بڑھانا. بڑا حوصلہ دلانا.

ہاتھوں سے: [ا ر. متعلق فعل] ہاتھوں سے. فعلوں سے. ڈھنگوں سے (۲) بذریعہ. بہ وساطت.

ہاتھوں سے تنگ آنا: [ا ر. محاورہ] دیکھئے "ہاتھ سے تنگ آنا".

ہاتھوں قلم ہونا: [ا ر. محاورہ] بُرائی بھلائی کسی کے اختیار میں ہونا.

ہاتھوں کلیجا اُچھلنا: [ا ر. محاورہ] کمال اضطراب ہونا (۲) نہایت دل دھڑکنا

ہاتھوں کو تھامنا: [ا ر. محاورہ] گرنے کو سنبھالنے کے لیے ہاتھ پکڑنا.

ہاتھوں کے بَل چلنا: [ا ر. محاورہ] سر زمین کی طرف اور پاؤں آسمان کی طرف کرکے ہاتھوں کے سہارے چلنا.

ہاتھوں کے طوطے اُڑنا: [ا ر. محاورہ] حواس باختہ ہونا. بے خبر ہونا.

ہاتھوں کی لکیریں: [ا ر. امث] ہاتھوں کی ریکھیں (۲) وہ نشان جو مٹائے نہ مٹے. (۳) عزیز. یگانے. قرابتی.

ہاتھوں کی لکیریں مِٹانا: [ا ر. محاورہ] اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کی پروا نہ کرے.

ہاتھوں مہندی پاؤں مہندی اپنے کچھن اوروں دیندی: [ا ر. مثل] آپ مہندی کا عذر کرکے کام سے بچنا اور دوسروں کو اپنا کام سونپنا. (۲) اپنا عیب دوسروں کو سونپنا.

ہاتھوں میں لے لینا: [ا ر. محاورہ] سنبھالنا.

ہاتھوں ہاتھ: [ا ر. متعلق فعل] (۱) دست بدست (۲) بالا ہی بالا. اُوپر ہی اُوپر. (۳) فوراً. شتاب. جلد. سُرعت.

ہاتھوں ہاتھ اُٹھا / اڑا کر / کے لے جانا: [ا ر. محاورہ] فوراً لے جانا. دست بدست لے جانا.

ہاتھوں ہاتھ اُڑ جانا: [ا ر. محاورہ] بہت جلد صرف ہو جانا. فوراً خرچ ہو جانا.

ہاتھوں ہاتھ بِک جانا: [ا ر. محاورہ] کسی چیز کا فوراً بِک جانا.

ہاتھوں ہاتھ لانا: [ا ر. محاورہ] نہایت عزت و احترام سے لانا.

ہاتھوں ہاتھ لے جانا: [ا ر. محاورہ] (۱) بصد عزت سے لے جانا. قدر و منزلت کرنا (۲) فوراً لے جانا. دیر نہ کرنا.

ہاتھوں ہاتھ لیے جانا: [ا ر. محاورہ] بصد عزت ہونا.

ہاتھوں ہاتھوں لینا: [ا ر. محاورہ] دست بدست لینا (۲) فوراً لینا. جھٹ پٹ لینا (۳) توقیر کرنا (۴) اُوپر ہی اُوپر لے جانا.

ہاتھی: [ا ر. امذ] فیل. ہیل. ایک دیو قامت چوپایہ جس کی ناک جو سونڈ کہلاتی ہے بہت لمبی ہوتی ہے. اس سے وہ ہاتھ کا کام لیتا ہے. سواری اور بار برداری کے کام آتا ہے.

ہاتھی پاؤں: [ا ر. امذ] ایک بیماری جس میں پاؤں نہایت موٹے ہو جاتے ہیں.

ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اس کا ناؤں: [ا ر. مثل] جس کی شے ہو اُسی کا نام ہوتا ہے.

ہاتھی جھولنا: [ا ر. محاورہ] دروازے پہ ہاتھی بندھا ہونا. کنایتہً بہت امیر ہونا.

ہاتھی جھومنا: [ا ر. محاورہ] (۱) کسی کے پاس ہاتھی ہونا (۲) گھر پہ کنواری لڑکی موجود ہونا جو شادی کے لائق ہو.

ہاتھی چاک: [ا ر. امذ] ایک قسم کی ترکاری جس کی جڑ پکا کر کھاتے ہیں.

ہاتھی چنگھاڑ: [ا ر. امذ] ایک قسم کا درخت.

ہاتھی خانہ: [ا ر. امذ] فیل خانہ (ترکیب غلط ہے)

ہاتھی دانت: [ا ر. امذ] ہاتھی کے دانت جس کی اکثر چیزیں بنائی جاتی ہیں.

ہاتھی دانت کا جوڑا: [ا ر. امذ] ہاتھی کے دانتوں کی بنی ہُوئی چوڑیاں.

ہاتھی سے گنے کھانا: [ا ر. محاورہ] زبردست سے مقابلہ کرنا. طاقتور سے کوئی چیز لینا.

ہاتھی کا بوجھ ہاتھی اُٹھاتا ہے: [ا ر. مثل] بڑے کام بڑے حوصلے والا ہی کرتا ہے.

ہاتھی کا پاٹھا: [ا ر. امذ] جوان ہاتھی. ہاتھی کا نر بچہ.

ہاتھی کا پیر آنکس: [ا ر. مثل] مار سے سب ڈرتے ہیں.

ہاتھی کا جگ ساتھی کیڑی کا ہن پیڑی: [ا ر. مثل] زبردست کے سب ساتھی ہوتے ہیں. کمزور کا کوئی ساتھ نہیں دیتا.

ہاتھی کی ٹکر ہاتھی ہی سنبھالے: [ا ر. مثل] زبردست کا مقابلہ زبردست ہی کرتا ہے.

ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں: [ا ر. مثل] بڑے آدمی کے سب مطیع ہوتے ہیں (۲) سخی کی کمائی میں سب کا حصہ (۳) امیروں سے غریبوں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے.

ہاتھی کے دانت: [ا ر. امذ] خاص کر وہ دانت جو آگے کو نکلے ہوتے ہیں.

ہاتھی کے دانت بیٹھنا: [ا ر. محاورہ] ناممکن بات کرنا (۲) بوڑھے طوطے کو پڑھانا

ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور: [ا ر. مثل] کنایتہً دُنیا کے لوگ ظاہر کچھ ہیں اور باطن میں کچھ.

ہاتھی کے ساتھ گنے چُوسنا: [ا ر. محاورہ] زبردست کے مقابلہ میں آنا.

ہاتھی کے منہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں: [ا ر. مثل] زبردست کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں.

ہاتھی گھوڑے بھاگ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی: [ا ر. مثل] بڑے بڑے حوصلہ ہار گئے. ادنیٰ کو ابھی حوصلہ ہُوا ہے.

ہاتھی نال: [ا ر. امث] ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی کھینچتے تھے.

ہاتھی نکل گیا دُم اَٹکی رہ گئی: [ا ر. مثل] سارا کام ہو گیا. تھوڑا سا رہ گیا

ہاتھی وان: [ا ر. صف] فیل بان. مہاوت. ہاتھی چلانے والا.

ہاتھی ہزار لٹے پھر بھی سوا لاکھ ٹکے کا / ہاتھی ہزار لٹے پھر بھی لاکھ من کا: [ا ر. مثل] امیر کیسا ہی غریب ہو جاتے پھر بھی اس کی قدر باقی رہتی ہے.

ہاتھی ہے یا اَمرُود: [ا ر. مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک نے دو نئی مختلف چیزیں دیکھی ہوں اور ان میں ایک چیز کی بابت لوگوں کے پوچھنے پر کہے کہ یہ ہے یا وہ.

ہاٹ: [ہ. امذ] دُکان. سودا بیچنے کی دُکان. سودا بکنے کی منڈی یا بازار.

ہاٹ کرنا / رکھولنا: [ا ر. محاورہ] دُکان کرنا.

ہاجی: [ع. صف] ہجو کرنے والے. نقال. منہ چڑانے والا.

ہادِم: [ع. صف] منہدم کرنے والا. عمارت کا ڈھانے والا. گرانے والا.

ہادِمُ اللّذّات: [ع. صف] لذتوں کا ڈھانے والا (۲) کنایتہً موت.

ہادی: [ع. صف] ہدایت کرنے والا. رہنما. پیشوا.

ہار: [ہ. امث] شکست. ہزیمت. مات (۲) تکان. ماندگی.

ہار بیٹھنا: [ار۔ محاورہ] تھک جانا۔ عاجز ہو جانا۔ تنگ ہو جانا۔ شکست کھانا

ہار جانا: [ار۔ محاورہ] مات ہو جانا۔ شکست کھا جانا مغلوب ہو جانا (۲) عاجز ہونا۔ ناک میں دم ہونا۔ تنگ ہونا۔

ہار جیت: [ار۔ امث] شکست اور فتح۔ نفع نقصان۔

ہار دینا: [ار۔ محاورہ] بازی لگا کر مات ہو جانا۔ بازی میں دے دینا۔

ہار کر / کے: [ار۔ متعلق فعل] تھک کر۔ مجبور ہو کر۔ آخر کار۔

ہار کر / کے بیٹھ رہنا: [ار۔ محاورہ] مجبور ہو کر بیٹھ رہنا۔ عاجز آ کر کچھ نہ کرنا۔ تنگ آ کر چھوڑ دینا۔

ہار کر / کے جھک مار کر / کے: [ار۔ متعلق فعل] ناچار ہو کر۔ عاجز آ کر

ہار ماننا: [ار۔ محاورہ] شکست تسلیم کرنا۔

ہار: [ار۔ اند] پھولوں یا موتیوں کی مالا (۲) تسبیح سمرن۔ مالا۔ جواہرات کا گلوبند۔ (ہار میں کئی لڑیاں ہوتی ہیں)

ہار پڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے " ہار ڈالنا " جس کا یہ لازم ہے۔

ہار پھول: [ار۔ اند] خوشی کی محفلوں میں ہار پھول بانٹتے ہیں

ہار چڑھانا: [ار۔ محاورہ] مقدس بزرگوں کی قبر یا دیوتاؤں پر پھول چڑھانا۔

ہار ڈالنا: [ار۔ محاورہ] ہار پہنانا۔ مالا گلے میں ڈالنا۔

ہار / ہارا: [ہ۔ لاحقہ صفت] مرکبات میں بطور لاحقہ کے مستعمل ہے۔ بمعنی والا۔ صاحب جیسے ہونہار۔

ہارا: [ار۔ صف] تھکا ہوا۔ تھکا ماندہ (۲) کمزور۔ ضعیف ناتوان (۳) ہارا ہوا۔

ہارا جھک مارا سارا جنگل بُہارا: [ار۔ مثل] لڑکوں کا ایک کھیل جب کوئی لڑکا ہار جائے تو اس سے یہ فقرہ کہلواتے ہیں۔

ہارِب: [ع۔ صف] بھاگنے والا۔

ہاربر: [انگ۔ اند] harbour بندرگاہ۔ سمندر میں ساحل کے قریب وہ مقام جہاں جہاز کھڑے ہوتے ہیں۔

ہارپون: [انگ۔ اند] harpoon برچھے کی شکل کا وہ خمدار کانٹا جس سے بڑی مچھلیوں کا شکار کرتے ہیں۔

ہارڈ ویئر: [انگ۔ اند] hardware ظروف آہنی۔ لوہے کے برتن

ہارس پاور: [انگ۔ اند] horse power ایسی طاقت۔ اتنی طاقت جس سے ۵۵۰ پونڈ ایک سیکنڈ میں ایک فٹ اٹھایا جا سکے۔ ایک گھوڑے کی طاقت۔

ہارسنگار: [ار۔ اند] ا زیب و زینت (۲) ایک درخت جس کے پھول کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں۔

ہارمونیم: [انگ۔ اند] harmonium انگریزی قسم کا باجا جو ہاتھوں سے بجایا جاتا ہے۔

ہارن [انگ۔ اند] نرسنگا۔ قرنا۔ ایک قسم کا باجا (HORN)

ہارنا: [ار۔ مص] بازی میں دے دینا۔ جوئے میں شرط دینا (۲) شکست پانا۔ (۳) شکست کھانا (۴) تھکنا۔ ماندہ ہونا (۵) عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا (۶) تنگ ہونا۔

ہارُو: [ہ۔ صف] وہ شخص جو اکثر ہار جاتے۔

ہارُوت: [ع۔ اند] مشہور روایت کے مطابق ان دو فرشتوں میں سے ایک جو دُنیا میں آ کر زُہرہ نامی عورت پر عاشق ہو گئے۔ لوگوں کو جادو سکھاتے تھے۔ اب چاہ بابل میں لٹکے ہوئے عذاب الٰہی میں مبتلا ہیں۔ (غلط روایت)

ہارُون: [ع۔ اند] ا۔ شریر و سرکش گھوڑا (۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی کا نام (۳) سردار۔ سالار قوم (۴) قاصد۔ نقیب۔ پاسبان۔

ہارُونی: [ار۔ صف] ا۔ نافرمان۔ سرکش۔ ڈھیٹ۔ ف۔ امث: پاسبانی چوکیداری۔

ہارے بھی ہرا دے۔ جیتے بھی ہرا دے: [ار۔ مثل] اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ہر طرح اپنی ہی بات کا قائل کرے۔ چت بھی میری اور پٹ بھی میری۔

ہارے کو ہتھیار: [ار۔ مثل] جب آدمی بالکل عاجز آ جاتا ہے تو ہتھیار اٹھا لیتا ہے۔

ہاڑ: [ہ۔ اند] ہڈی۔ استخوان (۲) ڈھانچہ۔ ڈھچر۔

ہاڑ جوڑا: [ہ۔ صف] ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کو جوڑنے والا (۲) ایک پودا۔

ہاڑنا: [ار۔ مص] ایک باٹ سے دوسرا باٹ تول کرنا (۲) وزن سے وزن برابر کرنا وزن کا مقابلہ کرنا۔ امتحان کرنا۔ اندازہ کرنا۔

ہاسا: [ار۔ اند۔ ق] ہنسی

ہاشِم: [ع۔ اند] حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پردادا کا نام۔

ہاشِمی: [ع۔ صف] قریش کا ایک خاندان جو ہاشم کی اولاد سے تھا۔

ہاضِم: [ع۔ صف] ہضم کرنے والا۔ پچانے والا (۲) تحلیل کرنے والا۔ ملین۔

ہاضِمہ: [ع۔ اند] ہضم کرنے کی قوت (ہاضم کی تانیث)

ہاف: [انگ۔ صف] half نصف۔ آدھا۔

ہاک: [ار۔ امث۔ ق] ہانک۔ آواز۔

ہاکر: [انگ۔ اند] hawker پھیری والا۔ خوانچے والا۔ گھوم پھر کر بیچنے والا۔

ہاکی: [انگ۔ امث] hockey ایک کھیل جس میں گیند اور خمیدہ لکڑی سے کھیلتے ہیں۔

ہال: [ار۔ امث] حرکت۔ جنبش (۲) جھٹکا۔ چال۔ رفتار۔ گردش (۳) مذہبے کا وہ چکر جو پہیے کے گرد چڑھایا جاتا ہے (۴) عربی حال کا بگاڑ۔

ہال: [انگ۔ اند] hall بڑا کمرہ۔ ہال کمرا (۲) بڑا کمرا جس میں جلسے وغیرہ ہوتے ہیں۔

ہالا۔ [ہ۔ اند] وہ ٹیکس جو ہل پر لگایا جائے۔

ہالا: [س۔ امث] شراب۔

ہالا ڈولا: [ار۔ اند] بھونچال۔ زلزلہ۔

ہالا : [ار۔ اند] وہ دائرہ جو بخارات ارضی سے چاند کے گرد ظاہر ہوتا ہے اور جس کو بارش ہونے کی علامت سمجھتے ہیں (۲) عاشق۔ (صحیح "ہالہ" ہے۔)

ہالٹ: [انگ۔ اند] halt پڑاؤ۔ منزل۔ مقام۔ ٹھہراؤ (۲) رُکنے کا حکم۔

ہالنا: [ہ۔ مص] ہلنا۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا۔

ہالون: [ہ۔ امث] سرسوں کی شکل کے دانے جو بطور دوا کام آتے ہیں۔

ہال: [ع] دیکھئے "ہالا"۔
ہال کرنا: [ار مص مرکب] گھیرنا۔
ہالی: [ہ۔ صف] ہل چلانے والا۔ ہل جوتا۔
ہالی موالی: [ار۔ امذ] متعلقین۔ آس پاس والے۔ اردگرد کے لوگ صحیح اہالی موالی ہے
ہاموُن: [ف۔ امذ] میدان۔ بیابان۔ جنگل۔ صحرا۔ **ہامی**: [ار۔ امث] ہاں۔ اقرار۔ اثبات
ہامی بھرنا: [ار محاورہ] ہاں کرنا۔ قرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ زبان دینا۔
ہان: [ہ۔ امث] نقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ ضرر۔ زیان (۲) مصیبت۔ بپتا (۳) کشت وخون۔ خونریزی
ہاں: [ار کلمہ ایجاب] اچھا۔ ہوں۔ بھلا (۲) ضرور۔ ٹھیک۔ بیشک۔ البتہ۔ (۳) اثبات۔ قرار۔ حکم کا اشارہ۔ تاکید۔ تنبیہہ [متعلق۔ فعل] واقعی وہاں اور یہاں کا مخفف۔
ہاں اور: [ار متعلق۔ فعل] ابھی اور زیادہ کی جگہ۔
ہاں بھائی: [ار متعلق فعل] ہاں کی جگہ۔
ہاں جی: [ار متعلق فعل] تعظیم کے موقع پر۔ بے شک۔ بجا ہے۔
ہاں جی کا نوکر ہونا: [ار محاورہ] ہاں سے ہاں ملانے سے غرض رکھنا۔
ہاں جی ہاں جی کرنا: [ار۔ محاورہ] ہاں میں ہاں ملانا۔
ہاں صاحب: [ار متعلق فعل] بیشک کی جگہ۔
ہاں کرنا: [ار۔ محاورہ] اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔ منظور کرنا
ہاں میں ہاں ملانا: [ار۔ محاورہ] بے سمجھے بوجھے مان لینا۔
ہاں نا کا جواب: [ار۔ امذ] صاف جواب۔ صاف اقرار یا انکار۔
ہاں نہیں: [ار۔ امث] اقرار اور انکار۔
ہاں نہیں کرنا: [ار۔ محاورہ] ایک ہی بات میں اقرار و انکار کرنا۔
ہاں نہیں کہنا: [ار۔ محاورہ] صاف صاف اقرار یا انکار کرنا۔
ہاں ہاں: [ار متعلق فعل] وعدہ۔ اقرار (۲) منظوری۔ قبولیت (۳) ہرگز۔ (۴) بیشک۔ البتہ (۵) ہرگز نہ۔ نہ نہ۔
ہاں ہوں: [ار۔ امث] اقبال اور اقرار
ہاں ہوں کرنا: [ار محاورہ] صاف اقرار یا انکار کرنا۔
ہاپنا: [ار مص] جلد جلد سانس لینا۔ دم ٹوٹنا۔ سانس اکھڑنا۔
ہانڈا: [ہ۔ صف] پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔
ہانڈنا: [ار مص] آوارہ پھرنا۔ بے کار پھرنا۔ آوارہ گرد ہونا۔
ہانڈی: [ار۔ امث] کھانا پکانے کا مٹی برتن (۳) شیشے کی ہانڈی جس میں روشنی رکھتے ہیں۔ لیمپ کا گلوب (۲) صف پھرنے والی۔ آوارہ گرد
ہانڈی ابلنا: [ار۔ محاورہ] ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا (۲) بساط سے بڑھ کر کام کرنا۔
ہانڈی پکانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہانڈی پکنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ہانڈی پکنا: [ار محاورہ] دال سالن پکنا۔ کھانا پکنا (۲) چپکے چپکے صلاح مشورہ ہونا۔
ہانڈی پھوڑنا: [ار۔ محاورہ] بھانڈا پھوڑنا۔ افشائے راز کرنا۔
ہانڈی چاٹی ہوگی: [ار مثل] کسی کی شادی کے موقع پر بارش برسے تو مذاقاً کہتے ہیں
ہانڈی چڑھانا: [ار محاورہ] پکانے کے لیے ہانڈی کو چولہے پر رکھنا۔
ہانڈی چڑھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہانڈی چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہانڈی گرم کرانا: [ار۔ محاورہ] رشوت دلانا۔ فائدہ کرانا۔
ہانڈی گرم کرنا: [ار۔ محاورہ] مفت کا مال لینا۔ بے ایمانی سے کوئی چیز حاصل کرنا (۲) رشوت لینا۔
ہانڈی میں ہوگا سو ڈوئی میں نکلے گا: [ار مثل] جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے۔
ہانڈی نہ ڈوئی سب پیٹ کھوئی: [ار مثل] غریبی سے عزت بھی جاتی رہتی ہے۔
ہانڈی وال: [ار صفت] کھانے کا شریک۔ ساجھی۔ حصہ دار (۲) رقیب۔ ایک عورت سے تعلق رکھنے والے کئی مرد۔
ہانس: [ہ۔ امذ] سینے سے اوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈی ہنسلی (۲) ایک آبی پرندہ
ہانسی: [ہ۔ امث] ہنسی مذاق۔ دل لگی۔
ہانسی کے گل پھانسی: [ار مثل] ہنسی دل لگی کی باتیں کرتے کرتے فساد ہو جاتا ہے۔
ہانک: [ار۔ امث] آواز۔ پکار (۲) چلاہٹ۔ غل۔ شور۔
ہانک پکار: [ار۔ امث] آدمیوں کا شور و غل۔ غل غپاڑہ۔
ہانک پکار کے کہنا: [ار۔ محاورہ] بلند آواز سے کہنا۔ علی الاعلان کہنا۔
ہانک مارنا۔ پکارنا: [ار۔ محاورہ] آواز دینا۔ زور سے چیخ کر پکارنا۔
ہانکا: [ار۔ امذ] ہانکنے کا فعل۔ شکار کے لیے جھاڑیوں سے جانوروں کو باہر نکالنے کا عمل۔
ہانکا جانا: [ار محاورہ] بھگایا جانا۔ جانوروں کی طرح بھگایا جانا۔
ہانکا ہانک: [ار متعلق فعل] متواتر ہانکنے کا عمل۔
ہانکنا: [ار مص] چلانا۔ دوڑانا۔ تیز رفتار کرنا (۲) بے سوچے سمجھے کوئی بات زبان سے نکالنا (۳) بڑھانا۔ ریلنا۔ پیلنا۔
ہانکے پکارے: [ار متعلق فعل] علانیہ۔ سب کے سامنے۔ رو برو۔ ڈنکے کی چوٹ۔
ہانگا: [ہ۔ امذ] زور۔ قوت۔ طاقت۔
ہانگا چھوٹنا: [ار۔ محاورہ] طاقت نہ رہنا۔ جسمانی قوت میں فرق آنا۔
ہانگی: [ار۔ امث] کپڑے کی چھلنی۔ میدہ چھاننے کی باریک چھلنی۔
ہاون: [ف۔ امذ] اوکھل۔ کھرل۔
ہاون دستہ: [ف۔ امذ] اوکھل اور موسل۔ دوائیں کوٹنے کا ایک ظرف اور موسل
ہاو ہو / ہائے وہوئے: [ف۔ امث] شور و غوغا۔ آہ و بکا۔ واویلا۔ کراہ وغیرہ (افعال۔ کرنا۔ ہونا)
ہاویہ: [ع۔ امذ] دوزخ کا ساتواں اور سب سے نچلا طبقہ۔
ہاؤ: [ار۔ امث] ہو کر لے والا (۲) بچوں کو ڈرانے کا کاغذی چہرہ وغیرہ۔
ہاؤ ہاؤ: [ار۔ امث] جلدی۔ گھبراہٹ۔ ہائے پکار۔ واویلا (۲) مانگ۔ طلب تقاضا (۳) کمی۔ توڑا۔
ہاؤ ہاؤ کرنا: [ار محاورہ] ۱۔ جلدی کرنا (۲) کسی چیز کے نہ ہونے سے چلانا
ہاہا: [ار۔ امث] ۱۔ ہی ہی۔ ہنسی ٹھٹھے کی آواز (۲) افسوس۔ حیف۔ (۳) چاپلوسی۔ خوشامد درآمد (۴) عجز۔ انکسار (۵) التجا۔ درخواست۔ التماس
ہاہا ہی ہی ٹھی ٹھی: [ار۔ امث] ہنسی۔ ٹھٹھا۔
ہاہاکار: [ار امث] ڈر۔ خوف۔ اضطراب۔ ہاؤ ہو (افعال: پڑنا۔ مچنا۔ مچنا)
ہاہا کرنا: [ار۔ محاورہ] منت سماجت کرنا۔ خوشامد درآمد کرنا۔
ہاہا ہو ہو: [ار۔ امث] بیہودہ ہنسی اور مذاق۔

ہاہا ہی ہی: [ار۔امث] بیہودہ ہنسی۔ ہنسی ٹھٹھا۔ افعال کرنا
ہائل: [ع۔صف] ہولناک۔ مہیب۔ ڈراؤنا۔ بھیانک (۲) سخت۔
ہائلہ: [ع۔صف] دیکھئے "ہائل" جس کی یہ تانیث ہے۔
ہاؤس: [انگ۔اند] house گھر۔ خانہ
ہاؤس بوٹ: [انگ۔امث] (HOUSE BOAT) ایک کشتی جس میں رہتے بھی ہیں۔
ہاؤس سرجن: [انگ۔اند] house surgeon وُہ ڈاکٹر، جرّاح یا طبیب جو شفا خانے میں رہے (۲) زیرِ تربیت ڈاکٹر۔
ہائی: [ار۔امث] حالت۔ طور وضع۔ ڈھنگ۔ کیفیت۔ (۲) بدنامی۔ رُسوائی۔
ہائی: [انگ۔امث] high بلند۔ اُونچا۔ بالا (۲) بڑا۔ اعلیٰ۔
ہائی اسکول: [انگ۔اند] high school بڑا مدرسہ۔ وُہ مدرسہ جس میں دسویں جماعت تک تعلیم دی جائے۔
ہائی جمپ: [انگ۔اند] high jump اُونچی چھلانگ۔
ہائی کمان: [انگ۔امث] high command کا مخفف) اعلیٰ قیادت۔ سالارِ اعلیٰ اور اس کا منصب۔
ہائی کمشنر: [انگ] سفیر۔ نمائندہ حکومت۔
ہائی کمشن: [انگ۔اند] (HIGH COMMISSION) سفارت خانہ۔
ہائی کورٹ: [انگ۔امث] high court عدالت عالیہ۔
ہائے: [ار۔امث۔کلمہ تاسف] افسوس۔ دریغ (۲) آہ۔ فریاد (۳) بیماری وغیرہ کی آواز۔
ہائے اللہ: [کلمہ فجائیہ] اے خدا۔ یا اللہ۔
ہائے اے: [ار۔کلمہ تاسف] کلمہ تاسف و درد۔
ہائے غضب: [ار۔کلمہ فجائیہ] کیسا ستم ہُوا۔ بڑا غضب ہُوا۔
ہائے وُہ بھی کیا زمانہ تھا: [ار۔مقولہ] گذشتہ زمانے کو افسوس کے ساتھ یاد کرنے کا زمانہ۔
ہائے ہائے: [ار۔متعلق بفعل] آہ آہ۔ واویلا۔ آہ وزاری (۲) پکار۔ مانگ طلب
ہائے ہائے کرنا: [ار۔محاورہ] کراہنا۔ آہیں بھرنا (۲) واویلا کرنا۔ غل مچانا۔ بڑی محنت کرنا۔ کسی کام میں جان مارنا۔ کسی چیز کے نہ ہونے کی پکار مچانا۔
ہائے ہو: [ف۔امث] واویلا۔ غل شور۔ آہ و نالہ۔
ہائیڈرو: [انگ۔سابقہ] hydro پانی کا۔ پانی سے متعلق۔
ہائیڈرو الیکٹرک: [انگ۔اند] hydro electric پانی یا بھاپ سے بجلی پیدا کرنے والا۔
ہائیڈرو فوبیا: [انگ۔اند] hydro phobia پانی کا خوف جو کتے کے کاٹنے کی علامت ہے (۲) جنونِ سگ گزیدہ کی پھڑک۔
ہائیڈرو گرافی: [انگ۔امث] (hydro graphy) علم بحار و انہار
ہائیڈرو میٹر: [انگ۔اند] hydrometer آب پیما۔ مقیاس الماء
ہائیڈرو مینیا: [انگ۔اند] hydromania ایک قسم کا جنون جس میں ڈوب مرنے کو جی چاہتا ہے۔
ہائیڈروجن: [انگ۔اند] hydrogen ایک قسم کی گیس۔ وُہ ہوائے لطیف جو پانی کا جزو ہے۔
ہایں: [ار۔کلمہ تنبیہہ] کلمہ تنبیہہ و تہدید۔

ہ۔ب

ہَبّا ڈبّا: [ار۔اند] بچوں کی کھانسی۔ مسان کی بیماری۔
ہَبَڑا: [ار۔صف] بڑے بڑے دانتوں والا (۲) بدشکل۔ بدصورت۔ بھدّا۔ بھدّا۔
ہبڑ دھبڑ: [ار۔متعلق فعل] جلدی جلدی۔
ہَبَڑی: [ار۔امث] دیکھئے "ہبڑا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ہَبَنط: [ع۔اند] زوال۔ پستی۔ بدبختی۔
ہَبک دھبک: [ار۔امث] کام کرنے کی چالاکی۔ بیشتر خدمتگاروں کے متعلق ہے
ہبکنا: [ار۔فعل] جلدی جلدی کھانا۔
ہُبَل: [ع۔اند] ایک مشہور بُت جو ایام جاہلیت میں مکہ میں رکھا ہُوا تھا۔
ہبنقہ: [ع۔صف مجازاً] چھوٹے قد کا احمق شخص۔ باولا۔ جانگلو۔
ہُبوب: [ع۔اند] ہَوا کا چلنا۔
ہُبوط: [ع۔اند] نیچے اترنا۔ نازل ہونا (۲) پستی۔ نشیب۔
ہِبَہ: [ع۔اند] عطا۔ بخشش (۲) وقف۔ خیرات۔
ہِبَہ استقبالی: [ع۔امث۔ بترکیب فارسی] آئندہ کا ہبہ۔
ہِبَہ تملیک: [ع۔امث بترکیب فارسی] مالک کرنے یا قبضہ میں دینے کا ہبہ۔
ہبہ کرنا: [ار۔مص۔مرکب] بخشنا۔ عنایت کرنا (۲) وقف کرنا
ہبہ نامہ: [ع۔صف۔اند] وُہ کاغذ یا دستاویز جس میں کسی چیز کو بخشنے کا اقرار لکھا جائے

ہ۔پ

ہَپ: [ار۔امث] نگلنے کی آواز۔ ٹرپ۔
ہَپ کر جانا: [ار۔محاورہ] کھا جانا۔ نگل جانا (۲) غصب کر لینا۔ مار لینا۔ کسی کا مال ہضم کر لینا۔
ہَپ ہَپ: [ار۔امث] جلدی جلدی نگلنے کی آواز (۲) پریوں کے بولنے کی آواز
ہَپّا: [ار۔اند] بچوں کا کھانا (۲) پریوں کے کھانے کی چیز (۳) بچوں کی آواز میں کھانا پکانے والی ایک عورت۔
ہَپڑ ہپڑ: [ار۔امث] غذا یا کسی دُوسری چیز کا جلد جلد کھانا۔
ہپناٹزم: [انگ۔اند] hypnotism عمل تنویم۔ عمل توجہ۔ مسمریزم۔
ہپّو: [ار۔امث] غذا یا کسی دوسری چیز کا جلد جلد کھانا۔ پیٹو۔ لالچی۔
ہپّو ڈائن: [ار۔امث] بوڑھی چڑیل عورت۔
ہپّو: [ار۔امث] افیون کی گولی جو عورتیں بچوں کو دیتی ہیں۔
ہپوپوٹیمس: [انگ۔اند] HIPPOPOTAMUS دریائی بھینسا۔
ہَپ ہپانا: [ار۔مص] ہانپنا۔ لمبے لمبے سانس لینا۔
ہِپّی: [انگ۔اند] hippie ایک گروہ جس کے لوگ ہر قید و بند سے آزاد اور نشہ استعمال کرتے ہیں۔
ہپی ازم: [انگ۔اند] ہپّی لوگوں کا مسلک یا طریقِ زندگی۔

ہ۔ت

ہَت: [ار۔اند] ہاتھ (۲) دوستی۔

ہَٹ: [ا۔ کلمۂ تنفر] چل دُور ہو۔ الگ ہو۔ ہٹ پرے۔
ہَت تیری / تیرے کی: [ا۔ متعلق فعل] ہَت تیرے کی ایسی تیسی۔ خدا تیرا خانہ خراب کرے۔ خُدا تیرا کھوج کھوئے۔ (پیار سے بھی کہتے ہیں)
ہِت: [س۔ امذ] سچی دوستی۔ پیار۔ محبت۔ اخلاق (۲) بھلائی۔
ہِت کار: [ا۔ صف] بھلائی کرنے والا۔ سجن۔ دوست۔ مخلص۔ محسن۔
ہِت کاری: [ا۔ امث] دیکھئے "ہت کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہَتا / ہَتھا: [ا۔ امذ] ا۔ ہاتھ (۲) دستہ۔ موٹھ۔ دستہ۔ قبضہ۔ گرفت (۳) قالو۔ داؤ۔
ہَتا پھیرنا: [ا۔ محاورہ] کُرشنا۔ مُرسنا۔ صفائی کر لینا۔ سب لے لینا۔
ہَتا پھرنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہتا پھیرنا" جس کا یہ لازم ہے
ہَتا جوڑی: [ا۔ امذ] ایک قسم کا ناچ جس میں ایک دُوسرے کا ہاتھ پکڑ کر ناچتے ہیں۔
ہَتا صاف کرنا: [ا۔ محاورہ] ا۔ ہتا پھیرنا (۲) وُہ کام کرنا جس کی مشق ہو۔ ہاتھ صاف کرنا۔
ہَتا مارنا: [ا۔ محاورہ] چوری کرنا۔ اُڑا لینا۔ اُچک لینا۔
ہَتک: [ع۔ امث] پردہ دری۔ رُسوائی۔ بے حُرمتی۔ بے عزتی۔
ہَتک آمیز: [ع ف۔ صف] بے عزتی سے بھرا ہُوا۔ گستاخانہ۔
ہَتک حُرمت / عزت: [ع ف۔ امث] کسی کی عزت پر دھبّا لگانا۔ کسی کو رُسوا و بدنام کرنا۔
ہتو: [ہ۔ امذ] محب۔ خیر خواہ۔ ہمی خواہ۔
ہتوانسا: [ا۔ مص] ہاتھ میں لینا۔ قبضہ پر ہاتھ رکھ کر تلوار ہاتھ میں لینا۔
ہتوٹی: [ہ۔ امث] دستکاری۔ چالاکی۔ عیاری (۲) چھوٹی ہتھوڑی۔
ہتوڑا / ہتھوڑا: [ا۔ امذ] لوہاروں کا ایک اوزار۔ کوٹنے کا آلہ۔
ہتوڑی / ہتھوڑی: [ا۔ امث] چھوٹا ہتھوڑا۔
ہتھ: [ہ۔ امذ] "ہاتھ" کا مخفف جو مرکبات میں بطور سابقہ آتا ہے۔
ہتھ اُدھار: [ا۔ امذ] وُہ قرض جو گرو رکھے بغیر دیا جائے۔ دست گردان قرض۔
ہتھ اُدھار دینا: [ا۔ محاورہ] بغیر کچھ گروی رکھے قرض دینا۔
ہتھ پھول: [ا۔ امذ] ایک قسم کی آتشبازی جس سے پھول جھڑتے ہیں، اور جسے ہاتھ میں لے کر چھوڑتے ہیں۔
ہتھ پھیر: [ا۔ امذ] ا۔ ہاتھ کی چالاکی (۲) اُدھار (افعال: کرنا۔ لینا)
ہتھ پھیری: [ا۔ امث] ۱۔ دست مالی۔ مساس۔ معشوق کے بدن پر ہاتھ پھیرنا۔ ۲۔ غبن۔ صفایا۔ دست بُرد (۳) شعبدہ بازی۔ ہاتھ چالاکی۔ چابک دستی (افعال: کرنا)
ہتھ ٹوکری: [ہ۔ امث] چھوٹی ٹوکری جسے ہاتھ میں پکڑتے ہیں۔
ہتھ جوڑی: [ہ۔ امث] ا۔ پہلوانوں کا کشتی کا معاہدہ کرنے کی غرض سے ہاتھ ملنا۔ ۲۔ ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔
ہتھ جھولا: [ہ۔ امذ] ہاتھ کا اڑہ
ہتھ چھوا: [ہ۔ امذ] اس قدر جتنا ہاتھ میں آجائے۔ لپ بھر۔
ہتھ چِٹّھا: [ہ۔ امذ] ا۔ اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی چِٹھی (۲) رسید۔
ہتھ چکی: [ہ۔ امث] چھوٹی چکی۔ دستی چکی۔
ہتھ چلا: [ہ۔ صف] ہاتھ کا چالاک۔ عیار۔
ہتھ چھٹ: [ہ۔ صف] ا۔ وُہ جو ذرا سی بات پر مار بیٹھے (۲) بڑا اجاڑ پھکیت۔ وہ پھکیت جس کا وار خالی نہ جائے۔

ہتھ رس / رسی: [ہ۔ امذ۔ امث] ا۔ مساس (۲) جلق (۳) خارش۔ کھجلی۔
ہتھ کٹی: [ہ۔ امث] ضرب جو اس لیے لگائی جائے کہ حریف کا ہاتھ بیکار ہو جائے۔
ہتھ کڑا: [ہ۔ امذ] ا۔ سر کا کڑا جسے کسی پکڑتے ہیں (۲) ہتھکڑی۔
ہتھ کڑا رکھنا: [ا۔ محاورہ] کسی سے زبردستی کام کرانا۔ بیگار لینا۔
ہتھ کڑی / ہتھکڑی: [ہ۔ امث] وہ آہنی کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے۔ (افعال: لگنا۔ لگانا)
ہتھ کل: [ہ۔ امث] دستی۔ کلکا۔ کواڑ کی دستی / مُوٹھ۔ دروازے کی بلی۔ دستی کلکا۔
ہتھکنڈا / ہتھکنڈا: [ہ۔ امذ] ا۔ ہاتھ کا کرتب۔ چالاکی (۲) چالاکی۔ عیاری۔ شرارت (۳) داؤ پیچ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق (۴) اپنے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز۔
ہتھکنڈے: [ہ۔ امذ] دیکھئے "ہتھکنڈا" جس کی یہ جمع ہے۔
ہتھکنڈے بتا دینا: [ا۔ محاورہ] طریق سکھا دینا۔ ٹھکا دینا۔ بتا دینا۔
ہتھکنڈے رواں ہونا: [ا۔ محاورہ] کسی بات کی مشق ہو جانا۔
ہتھکوڑ / ہتھ کوڑ: [ہ۔ امذ] ہتھکڑی (افعال: لگنا۔ لگانا)
ہتھ گاڑی: [ہ۔ امث] ہاتھ سے چلانے والی گاڑی۔
ہتھ لیک: [ہ۔ صف] دیکھئے "ہتھ چلا"
ہتھ لیوا: [ہ۔ امذ] ا۔ ہندوؤں میں شادی کی ایک رسم۔ دولہا۔ دُولہن کی ہتھیلیوں کو ملا کر بیچ میں آٹا رکھ کے سُرخ دھاگے سے باندھ دیتے ہیں۔
ہتھ مارو: [ہ۔ صف] دیکھئے "ہتھ چلا"
ہتھ ناٹک: [ہ۔ امذ] ہاتھ کی چالاکی۔ شعبدہ بازی۔
ہتھ نال: [ہ۔ امث] ایک قسم کی چھوٹی توپ جو ہاتھی پر لادتے ہیں۔
ہتھنی: [ہ۔ امث] ا۔ ہاتھی کی مادہ (۲) بہت موٹی عورت۔
ہتھا: [ہ۔ امذ] دیکھئے "ہتا" مع مرکبات و محاورات۔
ہتھنی جیسا ڈیل: [ہ۔ امذ] بہت فربہ۔ عظیم الجثہ۔
ہتھو: [ہ۔ امذ] ہتھو۔
ہتھواسا: [ہ۔ امذ] ا۔ دستہ (۲) ترازو کا وُہ حصہ جو ہاتھ میں رہتا ہے / پکڑا جاتا ہے۔
ہتھوانسا: [ہ۔ محاورہ] تلوار سونتنا / کھینچنا
ہتھوٹی: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہتوٹی"
ہتھوٹیا: [ہ۔ صف] دیکھئے "ہتوٹی"
ہتھوں: [ہ۔ امذ] دیکھئے "ہتھا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
ہتھونا: [ہ۔ امث] میٹھی روٹی جو دولہا دُولہن کے ہاتھ میں دیتے ہیں۔
ہتھی: [ہ۔ امث] ا۔ چھوٹا دستہ۔ دستی۔ مُوٹھ (۲) گھوڑے کا برش (۳) نیشکر کے رس کو ہلانے کا ڈنڈا۔
ہتھی دینا: [ہ۔ محاورہ] باجرا، جوار وغیرہ کو ہاتھوں سے ملنا۔
ہتھے: [ہ۔ امذ] دیکھئے "ہتے" مع محاورات۔
ہتھیا: [ہ۔ امث] ا۔ ہاتھ (۲) دستہ (۳) تیرھواں نکشتر (۴) بارش کا شروع یا آخیر (۵) بارش کے چند روز جن میں بارش ہوتی ہے۔ وُہ بارش جو بشدت ہوتی ہے (۶) اسوج کے شروع کی جھڑی۔
ہتھیا کی راہ: [ہ۔ امث] کہکشاں

ہتھیانا / ہتھیا لینا: [ار۔ مص] ۱۔ اپنے ہاتھ میں لے لینا۔ چھین لینا۔ کسی کے مال پر فریب سے / بالجبر قبضہ کر لینا۔
ہتھیار: [ار۔ امذ] ۱۔ اسلحہ۔ اوزار جنگ۔ وہ آلہ جس سے لڑیں۔ تلوار۔ خنجر۔ بندوق توپ۔ نیزہ۔ چھری۔ ڈنڈا۔ لاٹھی۔ ٹھکوا۔ کلہاڑی وغیرہ (۲) کام کرنے کا آلہ۔ اوزار پیشہ وراں (۳) آلۂ تناسل۔
ہتھیار باندھنا: [ار۔ محاورہ] ہتھیاروں کا اپنے یا دوسرے کے جسم پر آراستہ کرنا۔
ہتھیار بندھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہتھیار باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہتھیار بند: [ہ۔ فہ صف] ہتھیار لگائے ہوئے مسلح۔ سپاہی۔
ہتھیار چلانا: [ار۔ محاورہ] ہتھیار سے حملہ کرنا۔
ہتھیار چل جانا / چلنا: [ار۔ محاورہ] لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔
ہتھیار خانہ: [ار محاورہ] ہتھیاروں کے رکھنے کا مکان۔ اسلحہ خانہ (ترکیب غلط ہے)
ہتھیار ڈال دینا / رکھ دینا: [ار۔ محاورہ] اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کرنا۔ ہار ماننا۔ شکست تسلیم کرنا۔ ہتھیار کرنا [ار محاورہ] ہتھیاروں سے حملہ کرنا۔
ہتھیار کھولنا: [ار محاورہ] لڑائی سے دست بردار ہونا۔ ہار مان لینا۔
ہتھیار گھر: [ار۔ امذ] دیکھئے "ہتھیار خانہ"
ہتھیار لگانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہتھیار باندھنا"
ہتھیلی: [ار امث] ۱۔ ہاتھ کا اندرونی حصہ جو انگلیوں کے نیچے ہوتا ہے (۲) کفِ دست۔ تالی۔ ہتھیلیوں کو بجانے کی آواز (۳) ہل کا دستہ۔
ہتھیلی بجانا: [ار۔ محاورہ] تالی بجانا (دہلی)
ہتھیلی بجنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہتھیلی بجانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہتھیلی پر جان لیے پھرنا: [ار۔ محاورہ] جان کی پروا نہ کرنا۔ سخت بے پروا ہونا۔ نڈر ہونا۔
ہتھیلی پر زہر رکھا رہو جو کھائے گا سو مرے گا: [ار۔ مثل] جو برا کام کرے گا وہ نقصان اٹھائے گا۔
ہتھیلی پر سر رکھ لینا / رکھنا: [ار۔ محاورہ] مرنے کو آمادہ ہونا۔
ہتھیلی پر سرسوں جمانا: [ار۔ محاورہ] کوئی کام بہت جلد کرنا۔ مشکل کام کا بہت پھرتی سے کرنا۔
ہتھیلی پر سر لیے پھرنا: [ار۔ محاورہ] مرنے مارنے کو تیار رہنا۔ جان دینے کو پھرنا۔ ہر وقت مرنے کو آمادہ ہونا۔
ہتھیلی پر فلانی رکھنا: [ار۔ محاورہ] ہر ایک مرد سے آمادہ مجامعت رہنا۔
ہتھیلی پر لیے بیٹھنا: [ار محاورہ] جان دینے یا آبرو مٹانے پر تیار رہنا
ہتھیلی پر لیے پھرنا: [ار۔ محاورہ] سخت خواہش ہونا۔ شہوت سے مجبور رہنا۔
ہتھیلی پر ہونا: [ار محاورہ] ہاتھ پر رکھ کر پیش کیا جانا / فروخت کے لیے آمادہ ہونا۔
ہتھیلی پیٹنا: [ار۔ محاورہ] تالی بجانا۔
ہتھیلی تیاب: [ہ صف] بڑھیا۔ گانڈو۔
ہتھیلی ٹیکنا: [ار۔ محاورہ] اعلام کرانا۔
ہتھیلی چبانا: [ار محاورہ] سخت غصہ / جھنجھلاہٹ ہونا
ہتھیلی دینا: [ار محاورہ] سہارا دینا۔
ہتھیلی سنسنانا: [ار محاورہ] ہتھیلی میں خفیف خفیف خارش ہونا۔ روپیہ ملنے کا شگون ہے۔

ہتھیلی سے ماتھا کوٹنا: [ار۔ محاورہ] حیرت اور حسرت ظاہر کرنے کے لیے ایسا کیا جاتا ہے۔
ہتھیلی کا پھپولا / پھپھولا: [ار۔ امذ] بہت نازک چیز جو آسانی سے ٹوٹ جائے (۲) باعث رنج و تکلیف وہ چیز۔ پکا پھوڑا۔
ہتھیلی کھجانا / کھجلانا: [ار۔ محاورہ] ہتھیلی میں کھجلی / خارش ہونا (۲) روپیہ آنے کا شگون ہونا۔ ۳۔ تھپڑ مارنے کو جی چاہنا۔
ہتھیلی کی مچھلی: [ار۔ امث] انگوٹھے کے نیچے کا گوشت۔
ہتھیلی میں چور پڑنا: [ار۔ محاورہ] مہندی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا
ہتیا: [س۔ امث] ۱۔ مارنا۔ قتل کرنا۔ جان سے مارنا۔ جان لینا۔ قتل۔ ذبح۔ ۲۔ بربادی۔ تباہی (۳) جرم۔ گناہ۔ پاپ (۵) وبا۔ مری۔ مرض متعدی ۶۔ ضرر رساں یا آزار دہ چیز (۷) دبلے آدمی یا جانور کو ہتیا کہتے ہیں۔ شکستہ حال آدمی (۸) جھگڑا۔ ٹنٹا۔
ہتیا پلے باندھنا / مول لینا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ اپنے آپ کو بدنام کرنا (۲) گناہ یا عیب پر چڑھنا۔
ہتیا کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ قتل کرنا۔ مارنا (۲) گناہ کرنا۔
ہتیار: [ہ۔ امذ] دیکھئے "ہتھیار" مع مرکبات ہتیارا: [ہ صف] قتل کرنے والا۔ جان سے مارنے والا۔ قاتل (۲) خونخوار۔ ظالم۔ سفاک۔ ۳۔ گناہگار۔ پاپی۔
ہتیاری: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہتیارا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ہتیائی: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہتیا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہتیری: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہتیلی"
ہتیری بہتیری: [ہ۔ امث] رنڈی۔ طوائف۔
ہتیلی: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہتھیلی" مع مرکبات

ہ ـــ ٹ

ہٹ: [ار امث] ہٹنا مصدر سے صیغہ امر (۲) ضد۔ اَڑ۔ اصرار (۳) سرکشی۔ مخالفت۔
ہٹ: [پ۔ امذ] دکان۔ ہاٹ۔
ہٹ اٹھانا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ ضد برداشت کرنا (۲) ناز اٹھانا۔
ہٹ اٹھنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہٹ اٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہٹ پر آجانا: [ار۔ محاورہ] ضد پر آجانا۔ اڑ جانا۔
ہٹ جانا: [ار۔ محاورہ] ضد چھوڑ دینا۔ ضد کی عادت نہ رہنا (۲) گائے، بھینس کا دودھ دوہنے سے رہ جانا۔
ہٹ دھرم: [ہ۔ صف] ۱۔ ضدی۔ ہٹی۔ متمرد (۲) ناانصاف۔ بے ایمان۔ بدمعاملہ (۳) احسان فراموش۔ ناشکر گزار (۴) متعصب۔
ہٹ دھرمی: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہٹ دھرم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے [اعمال کرنا]
ہٹ رکھنا: [ار۔ محاورہ] اپنی ضد پوری کرنا۔
ہٹ کا پورا: [ار صف] ہٹ پر قائم رہنے والا۔
ہٹ کرتا ہے: [ار۔] اطاعت نہیں کرتا۔ عموماً گھوڑے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔

ہٹ کر سٹر / ہٹ کر لید کر: [ار۔محاورہ] دفع ہو۔ چلا جا۔
ہٹ کرنا: [ار۔محاورہ] ضد کرنا۔ اڑنا۔ اصرار کرنا۔
ہٹ گیا: [ار۔محاورہ] (بچہ) مرگیا۔
ہٹ ہٹ کے: [ار۔متعلق فعل] بار بار۔ بار بار۔ مکرر۔
ہٹا: [ہ۔اذ] ا۔ لکڑیوں کا ایک آڑ جس کی پانی اونچی جگہ پر پھینکتے ہیں (۲) ہٹنا مصدر سے صیغہ امر (۳) ہٹنا مصدر سے صیغہ ماضی۔
ہٹا دینا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ہٹانا"
ہٹا کٹا: [ہ۔صف] موٹا تازہ۔ فربہ۔ تندرست۔ مضبوط۔
ہٹا کر: [ار۔متعلق فعل] پرے کرکے۔ ایک طرف کرکے۔
ہٹانا: [ار۔مص] ا۔ سرکانا۔ کھسکانا۔ پرے کرنا۔ ایک طرف رکھنا (۲) رستے سے ایک طرف کرنا (۳) پسپا کرنا۔ شکست دینا (۴) روکنا۔ ملتوی کرنا (۵) پھیرنا۔ لوٹانا۔ واپس کرنا۔
ہٹاؤ: [ہ۔صف] ا۔ دکان / منڈی کا یا ان کے متعلق (۲) کمینہ۔ رذیل (۳) میلا گندا۔
ہٹاو: [ہ۔اذ] ا۔ پیچھے ہٹنا۔ پسپا ہونا (۲) کھسکنا۔ گھبرانا (۳) نفرت (۴) ہٹنا۔ (۵) پسپائی۔
ہٹ پٹانا: [ار۔محاورہ] (تکلف) کسی کام کے لیے مضطرب ہونا۔
ہٹتال: [ہ۔امث] لفظی معنی۔ دکان کو تالا لگانا۔ دکان کو بند کرنا۔ بازار بند کرنا۔ ہڑتال۔
ہٹری: [ہ۔امث] بکروں کا کھیلنے کا مکان جو چھوروں کی شاخ سے بناتے ہیں اور اس میں چراغ رکھ کر دوالی میں کھیلتے ہیں۔
ہٹک: [ہ۔فعل] "ہٹکنا" مصدر سے صیغہ امر۔
ہٹکانا: [ہ۔مص] پیچھے ہٹانا۔ پسپا کرنا (۲) روکنا۔ ٹھہرانا (۳) نعرہ لگانا۔ لڑنے کے لیے بلانا (۴) مخاطب کرنا۔
ہٹکا: [ہ۔امث] ا۔ دھکا پیل۔ ریل پیل (۲) ایک دوسرے کو لڑائی کے لیے بلانا (۳) دھینگا مشتی۔ ہاتھا پائی۔
ہٹکنا: [ہ۔مصدر] ا۔ دیکھئے "ہٹکانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) ہچکچانا۔ جھجکنا (۳) کسی بات میں پیچھے رہ جانا (۴) حرکت کرنا (۵) کسی بات کا کھٹکا ہونا۔ ۶۔ روکنا۔
ہٹکی: [ہ۔امث] دیکھئے "ہٹکا"
ہٹنا: [ ] ا۔ دیکھئے "ہٹانا" جس کا یہ لازم ہے (۲) پیٹ کرنا۔
ہٹوا: [ہ۔اذ] ا۔ دوکاندار (۲) تولا۔
ہٹوائی: [ہ۔امث] ا۔ دیکھئے "ہٹوا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہٹھ: [ہ۔امث] دیکھئے "ہٹ"
ہٹھ: [س۔اذ] ا۔ زور۔ طاقت۔ قوت (۲) ظلم ستم (۳) قتل و غارت۔ لوٹ مار (۴) گھتیم۔ بانٹ (۵) ایک پودہ۔
ہٹھ جوگ / یوگ: [س۔اذ] یوگ کا ایک خاص طریقہ جس میں دل کو ظاہری اشیاء سے ہٹانے کے لیے کئی طریقے برتتے جاتے ہیں۔ جیسے ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔ ہاتھ کھڑا رکھنا۔ منہ پچھلی طرف موڑ کر سنتہ پینا وغیرہ۔

ہٹھ میں: [ہ۔صف] ضد کے اثر میں۔ ضد کی حالت میں۔
ہٹھ کی ٹیک پر ہونا: [ار۔محاورہ] ہٹھ کرنا۔ ضد کرنا۔ ضد کرنے پر تلا ہونا۔
ہٹھات: [ار۔متعلق فعل] زور سے۔ زبردستی (۲) جلدی سے۔ دفعتاً۔ یکایک۔ فوراً۔ (۳) بے خبری میں (۴) اتفاقاً۔
ہٹھر: [ہ۔اذ] ا۔ جلدی (۲) بے صبری
ہٹھرنا: [ہ۔مص] ا۔ جلدی کرنا۔ بے صبری کرنا۔
ہٹھوا / ہٹھوایا: [ہ۔اذ] دیکھئے "ہٹی"
ہٹھی: [ہ۔امث] ا۔ ایک پودا (۲) دیکھئے "ہٹی"
ہٹیلا: [ہ۔صف] دیکھئے "ہٹیلا"
ہٹیلے: [ار۔اذ] ایک قسم کے اولیا۔ جن میں سے ایک کا مقبرہ بٹرا ایچ میں ہے۔
ہٹی: [ہ۔امث] ا۔ چھوٹا میلا / منڈی / دوکان (۲) ایک پیشے کے مکانات یا محلہ (۳) بھیڑوں کا باڑا (۴) پھاٹک مویشی (۵) گلہ۔ ریوڑ۔
ہٹی / ہٹیلا: [ہ۔صف] ضدی۔ اڑیل۔ ہٹیلا۔ بات کی پچ کرنے والا۔
ہٹیا: [ہ۔امث] دیکھئے "ہٹی" جس کی یہ تصغیر ہے۔
ہٹیتا: [ہ۔اذ] مال اسباب۔

ہ ــــ ج

ہجا: [ع۔اذ] ا۔ حروف کا اعراب سے ظاہر کرنا (۲) برائی بیان کرنا۔ ہجو۔
ہجدہ: [ف۔اعدد] اٹھارہ۔
ہجدہم: [ف۔عدد ترتیبی] اٹھارہواں
ہجدہ ہزار عالم: [ف۔اذ] مسلمانوں کا خیال ہے کہ خدا نے اس قدر عالم پیدا کیے ہیں۔
ہجر: [ع۔اذ] ا۔ جدائی۔ مفارقت۔ علیحدگی۔
ہجر: [ع۔امث] ا۔ بکواس۔ ہذیان (۲) دوپہر (۳) جدائی کرنا۔
ہجر: [ع۔امث] فحش بات۔ بیہودہ بات۔
ہجراں: [ع۔اذ] دیکھئے "ہجر" بمعنی جدائی
ہجراں دیدہ / زدہ / نصیب: [ف۔صف] وہ جو اپنے عزیزوں / معشوق سے جدا ہو۔
ہجرت: [ع۔امث] ا۔ جدائی۔ مفارقت (۲) وطن کا چھوڑنا۔ وطن کو ہمیشہ کے لیے خیرباد کہنا (۳) پیغمبر صلعم کا مکے سے مدینہ جانا (افعال۔ فرمانا۔ کرنا۔ ہونا)
ہجری: [ع۔امث] ا۔ ہجرت سے منسوب (۲) مسلمانوں کا سنہ جو پیغمبر صلعم کی ہجرت کے دن سے شمار ہوتا ہے یہ واقعہ ۱۶ جولائی ۶۲۲ء کو ظہور میں آیا۔
ہجڑا: [ہ۔اذ] دیکھئے "ہیجڑا"
ہجم: [ع۔اذ] ا۔ ٹھوکر۔ گھس پڑنا (۲) جانا (۳) پٹخنا۔ گرانا (۴) مداخلت کرنا۔ پسپا کرنا (۵) حملہ کرنا (۶) استیصال۔ انہدام۔ بگاڑنا (۷) آنکھوں سے تمام آنسو بہہ نکلنا۔
ہجو: [ع۔امث] ا۔ بدگوئی کرنا۔ برا کہنا۔ نظم میں کسی کی برائی کرنا / برا کہنا۔ ۲۔ مذمت۔ برائی۔ بدگوئی۔ [افعال۔ کرنا۔ ہونا]

ہجو کہنا: [ا۔ محاورہ] شعروں میں مذمت کرنا۔
ہجو گو: [ع ف۔ صف] ہجو کہنے والا۔
ہجو گوئی: [ع ف۔ امث] دیکھئے "ہجو گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہجو ملیح: [ع۔ امث] وہ ہجو جو بظاہر مدح معلوم ہو۔
ہجویہ: [ع۔ صف] ہجو سے منسوب
ہجوڑا: [ہ۔ امذ] ہجو کرنے والا۔ ہجو گو۔
ہجوم: [ع۔ امذ] ۱۔ بھیڑ کرنا۔ حملہ کرنا (۲) بھیڑ۔ مجمع۔ انبوہ کثیر۔ ٹھٹھ۔ جمگھٹ۔
بھیڑ بھاڑ۔ ازدحام۔ جم غفیر۔ غٹ۔ [افعال۔ رہنا۔ کرنا۔ ہونا]
ہجے: [ع۔ امذ] دیکھئے "ہجا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
ہجے کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ اعراب سے لفظ ادا کرنا۔ حرفوں کو جوڑنا۔
۲۔ کسی معاملے میں خواہ مخواہ حجتیں نکالنا۔
ہجے گھڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہجے کرنا"
ہجے لگانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہجے کرنا"
ہجے نکالنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) اعتراض کرنا۔
ہجویر: [ف۔ امذ] افغانستان میں غزنی کے قریب ایک گاؤں۔
ہجویری: [ف۔ امذ] ہجویر کا باشندہ۔ داتا گنج بخش (لاہور) کی نسبت۔

ہ — چ

ہچر مچر: [ہ۔ امث] ہچکچاہٹ۔ جھجک (۲) بہانہ۔ ٹال مٹول رمٹولے (۳) پس و پیش
جھگڑا۔ دھکڑ پکڑ (۴) تامل۔ رکاوٹ [افعال: کرنا۔ ہونا]
ہچک: [ا۔ ہ۔ فعل۔ امث] ۱۔ ہچکنا مصدر سے صیغہ امر (۲) جھٹکا۔ دھکا
ہچکولا (۳) رکاوٹ۔ تامل (۴) جھجک ہچکچاہٹ۔
ہچکا / ہچکّا: [ہ۔ امذ] ۱۔ ہچکنا مصدر سے صیغہ امر (۲) ہچکنا مصدر سے ماضی۔
دھکا۔ جھٹکا۔ ہچکولا (۳) روک۔ اٹکاؤ (۵) کسی چیز کا
یکایک ٹھہر جانا۔
ہُچکا: [ہ۔ امذ] ڈور کی چرخی
ہیچکارہ: [ف۔ صف] (ہیچ کارہ کا مخفف) نکما۔ جو کسی کام کا نہ ہو۔
بے فائدہ۔ خراب۔ بُرا۔
ہچکانا: [ا۔ مص] ۱۔ زبردستی لینا۔ چھین لینا (۲) جھٹکا دینا۔
دھکا دینا۔ ۳۔ روکنا۔
ہچکچانا: [ا ہ۔ مص] ۱۔ پس و پیش کرنا۔ کسی کام میں تامل کرنا۔ آگا پیچھا
سوچنا۔ ۲۔ شک کرنا۔ شبہ کرنا۔ وہم کرنا (۳) متردد ہونا۔ ڈرنا۔
ہچکچاہٹ / ہچکچی: [ا۔ امث] دیکھئے "ہچکچانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہچکیں: [ہ۔ امث] ۱۔ ہچکی لگنا۔ رونے کی وجہ سے ہچکی لگنا (۲) ہچکی
ہچکنا: [ا۔ مص] ہچکچانا۔ جھجکنا (۲) تامل کرنا۔ رکنا (۳) بہانہ کرنا۔ ٹال
مٹول رمٹولے کرنا۔
ہچکولا: [ہ۔ امذ] ۱۔ دھکا۔ دھچکا۔ جھٹکا۔ دھمکا۔ جنبش۔
ہچکی: [ہ۔ امث] ۱۔ چھوٹی تیز اٹھنے کی آواز جو سانس کے دفعتہً رکنے سے
پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے پردہ شکم اور نرخرے کے سرے
کا فوری تشنج سے سکڑ جاتا ہے (۲) وہ ہوا جو آواز کے ساتھ نکلتی ہے
۳۔ وہ حالت نزع کے وقت ہوتی ہے۔
ہچکی آنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ آواز کے ساتھ سانس کا رک کر نکلنا۔ کہتے ہیں کہ
جب کوئی دوست یاد کرتا ہے تو ہچکی آتی ہے۔
ہچکی بندھ جانا / بندھنا: [ا۔ محاورہ] زیادہ رونے سے سانس رکنے لگنا۔
ہچکی لگنا: [ا۔ محاورہ] متواتر ہچکی آنا۔ (۲) حالت نزع کے وقت ہچکی آنا (۳)
بہت رونے سے سانس رکنے لگنا۔
ہچکی لینا: [ا۔ محاورہ] روتے ہوئے سانس رک رک کر نکالنا۔
ہچکیاں: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہچکی" جس کی یہ جمع ہے۔
ہچکیانا: [ا۔ مص] ہچکیاں لینا۔ ہچکچانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہچکچانا"۔
ہچنا / ہچ جانا: [ا۔ مص] نشانہ پہ نہ بیٹھنا۔
ہچنا: [ا۔ مص] دیکھئے "ہچکنا"

ہ — د

ہَد: [ع۔ امذ] توڑنا۔ گرانا۔ منہدم کرنا (۲) صفت فیاض۔ مخیر۔ سخی۔
ہُدا: [ع۔ امذ] دیکھئے ہُدیٰ۔
ہُدّا: [ہ۔ امذ] عہدہ کا بگاڑ۔
ہُدّا ہُدّی: [ہ۔ امث] ایک دوسرے کو دھمکانا۔ ایک دوسرے کو للکارنا۔
ہدایا: [ع۔ امذ] ۱۔ دیکھئے "ہدیہ" جس کی یہ جمع ہے۔
ہدایت: [ع۔ امث] کسی کو سیدھے راستے پر لے چلنا۔ راہنمائی۔ رستہ دکھانا۔
رہبری (۲) فہمائش۔ نصیحت (۳) راہ نیک (۴) حکم۔ ارشاد۔ فرمان۔
ہدایت پانا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ سیدھے راستے پر آنا۔ بُرے کاموں کو چھوڑ دینا۔ نیک راہ اختیار کرنا
ہدایت کار: [ع ف۔ صف] دیکھئے "ڈائریکٹر"
ہدایت کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ سمجھانا۔ سکھانا۔ راہنمائی کرنا۔ نیک راستے پر ڈالنا۔
طریقہ بتانا۔
ہدایت نامہ: [ع۔ امذ] ۱۔ ہدایتوں کی کتاب۔ وہ رسالہ یا کتاب جس میں کسی امر
کے متعلق احکام یا طریقے درج ہوں۔ دستور العمل۔
ہَدَر: [ع۔ امذ] کسی کے قتل کو مباح قرار دینا۔
ہَدَر: [ہ۔ فعل] ہدرنا مصدر سے صیغہ امر۔
ہَدَرا: [ہ۔ فعل] ہدرانا مصدر سے صیغہ امر (۲) ہدرنا مصدر سے صیغہ ماضی۔
ہدراہٹ: [ہ۔ امث] ہدرنا۔ جنبش کرنا (۲) کانپنا۔ تھرتھرانا۔ ۳۔ زلزلہ۔ بھونچال۔
ہدرانا: [ہ۔ مص] کسی کو تھرا دینا (۲) جھٹکا دینا (۳) ہلانا۔ جھٹکا دینا
ہدرنا: [ہ۔ مص] ۱۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ جھٹکا کھانا۔
ہَدَف: [ع۔ امذ] ۱۔ تیر کا نشانہ۔ زد۔ مار۔
ہدف آفت: [ع۔ امذ] آفت کا نشانہ۔ آفت میں مبتلا ہونا۔
ہدف بنانا: [ا۔ محاورہ] نشانہ بنانا۔
ہدف بننا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہدف بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہدف مارنا: [ا۔ محاورہ] نشانے پر تیر لگانا / مارنا۔ نشانہ مارنا (۲)
کوئی بڑا کام کرنا (طنزاً کہتے ہیں۔)
ہدف ملامت: [ع۔ صف] وہ جس پر ہر طرف سے ملامت ہو [افعال۔ بننا۔ ہونا]

ہَدَل: [ہ۔ امذ] (دکنی) دَلال۔
ہَدم: [ع۔ امذ] تباہی۔ بربادی۔ انہدام۔
ہَدِم: [ع۔ صف] تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا۔
ہُدہُد: [ع۔ امذ] ۱۔ ایک پرندہ جو فاختہ کے برابر ہوتا ہے اس کے سر پر بیدوں کی کلغی ہوتی ہے اور یہ لکڑی میں سے کیڑے نکال کر کھاتا ہے۔ کٹھ پھوڑا۔ کٹ بڑھئی۔ ۲۔ کنایۃً بیوقوف۔
ہَدانا: [ہ۔ مص] ۱۔ ہیرم ہونا۔ گھلنا (۲) مضبوطی جاتی رہنا۔
ہَدی: [ع۔ امث] ۱۔ مویشی جو مکّہ شریف کو برائے قربانی لیجاتے ہیں (۲) نذرانہ یا تحفہ دینا (۳) قیدی (۴) دُولہن جسے خاوند کے گھر لیجاتے ہیں ۵۔ کوئی چیز جو قیمتی قابلِ قدر یا عزت ہو۔
ہُدیٰ: [ع۔ امذ] راہ راست دکھانا۔ راہبری یا راہنمائی کرنا (۲) تجارت کے لیے راہنمائی (۳) درست راستہ۔ نجات کا راستہ۔
ہَدیا: [ہ۔ فل] ہدیانا مصدر سے صیغہ امر۔
ہدیارُو: [ہ۔ امذ] ایک قسم کا انگوٹھے کا چھلا۔
ہدیانا: [ہ۔ مص] ۱۔ گھبرانا۔ مضطرب ہونا (۲) ڈرنا۔ خوف کھانا (۳) کانپنا۔ تھرتھرانا (۴) ہچکچانا۔
ہَدیاہٹ: [ہ۔ امث] ۱۔ ڈر۔ خوف (۲) گھبراہٹ (۳) ہچکچاہٹ (۴) شرم۔ لاج۔ حیا۔
ہدیایا: [ہ صف] ۱۔ ڈرا ہوا۔ خوفزدہ (۲) شرمیلا۔ جھینپنے والا (۳) شکی۔ وہمی۔ محتاط
ہَدیہ: [ع۔ امذ] ۱۔ تحفہ۔ نذر۔ نذرانہ (۲) قرآن شریف کی قیمت۔ (۳) قرآن ختم کرنے کی تقریب۔ وُہ نذرانہ / پوشاک وغیرہ جو ختمِ قرآن پر استاد کو دی جائے (۴) (دہلی) آمین۔ (فارسی اُردو میں ہَدیہ بولتے ہیں۔
ہدیہ پیش کرنا / دینا: [ار۔ محاورہ] تحفہ یا نذرانہ دینا۔
ہدیہ کرنا: [ار۔ محاورہ] قرآن شریف یا کوئی متبرک چیز فروخت کرنا / بیچنا۔
ہدیہ ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہدیہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہ ــــ ڈ

ہَڈ: [ہ۔ امذ] ہڈا یا ہڈی کا مخفف۔
ہَڈّا: [ہ۔ امذ] ۱۔ بڑی ہڈی (۲) وُہ ہڈی جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے جوڑ میں پیدا ہو جاتی ہے اور گھوڑا اس کی وجہ سے لنگ کرنے لگ جاتا ہے۔ ۳۔ گوڈی کی ہڈی (۴) بھڑ۔
ہَڈا موتھرا / موترا: [ہ۔ امذ] دیکھئے ہڈا ۲ (افعال: نکال لانا۔ نکل آنا / نکلنا)
ہَڈا: [ہ۔ امذ] کچا اناج۔
ہڈیرا: [ہ۔ امذ] بُرا حال۔ بُری گت۔ بُرا درجہ (افعال کرانا۔ ہونا وغیرہ)
ہڈکنا: [ہ۔ امذ] ہٹ کنا۔
ہَڈّی: [ہ۔ امث] ۱۔ وُہ سخت چیز جو انسان اور حیوانات و پرند کے بدن میں گوشت کے اندر ہوتی ہے۔ استخوان (۲) گاجر کے اندر کی سخت چیز۔ ۳۔ اصل۔
ہڈی بٹھانا: [ار۔ محاورہ] جو ہڈی اپنے مقام سے ہل چکی / رگئی ہو اس کو اپنی جگہ پر لانا۔

ہَڈی بیٹھ جانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہڈی بٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہڈی پسلی ایک کر دینا / توڑ دینا / توڑ کر رکھ دینا: [ار۔ محاورہ] بہت مارنا۔
ہَڈّی ٹوٹنا: [ار۔ محاورہ] ہڈی کا شکستہ ہونا۔ چوٹ لگنے یا گرنے سے ہڈی کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
ہَڈی توڑنا: [ار۔ محاورہ] ہڈی شکستہ کرنا۔
ہَڈّی چمڑا رہ گیا: [ار۔ مثل] نہایت۔ دُبلا۔ لاغر ہو گیا۔
ہَڈی کھانا آسان پر ہڈی پچانا مشکل: [ار۔ مثل] کام شروع کرنا آسان ہوتا ہے مگر اس کو تکمیل پر پہنچانا بڑا مشکل ہوتا ہے۔
ہَڈی کھلانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہڈی کھلنا" جس کا یہ متعدی ہے۔
ہَڈی کھلنا: [ار۔ محاورہ] بخار یا کسی اور وجہ سے ہڈی کا کھلا ہو جانا۔
ہَڈی میں ہڈی پیوند میں پیوند ملنا: [ار۔ محاورہ] میاں بیوی کا اچھے خاندان اور اچھی نسل سے ہونا۔
ہَڈی ہڈی توڑنا / لڈے گڈے توڑنا: [ار۔ محاورہ] بہت مارنا۔
ہَڈیاں: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہڈی" جس کی یہ جمع ہے۔
ہَڈیاں بولنا: [ار۔ محاورہ] ہڈیوں کا کڑکڑ کرنا۔ بھینچنے سے ہڈیوں کا آواز دینا۔
ہَڈیاں بہشت میں ہوں: [ار دعا] بہشت میں جائے۔ جنت نصیب ہو۔
ہَڈیاں پیلنا: [ار۔ محاورہ] بہت محنت کرنا۔ محنت اور مشقت کرنا۔
ہَڈیاں توڑنا: [ار۔ محاورہ] بہت مارنا۔ زدوکوب کرنا۔
ہَڈیاں چچوڑنا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ کُتّے کی طرح ہڈی کو مُنہ سے ہلانا۔ چبانا۔ چوسنا (۲) مجازاً ناقص چیز سے کچھ پیدا / حاصل کرنا۔
ہَڈیاں چُور کرنا: [ار۔ محاورہ] بہت پیٹنا۔
ہَڈیاں خاک میں سونپنا: [ار محاورہ] مُردے کو دفن کرنا۔
ہَڈیاں سُرمہ ہو جانا: [ار۔ محاورہ] ہڈیاں پس جانا۔ سخت نقصان پہنچنا۔
ہَڈیاں کچلنا: [ار۔ محاورہ] بہت [illegible]نا۔
ہَڈیاں گن لینا / گنی جانا: [ار محاورہ] بہت لاغر ہونا۔
ہَڈیاں نکل آنا: [ار۔ محاورہ] کمال لاغر ہونا۔
ہڈیانا / ہڈیاہٹ: [ہ۔ امث] ہڈی بن جانا۔
ہَڈیوں: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہڈی" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔
ہَڈیوں کی مالا ہو جانا: [ار محاورہ] بہت لاغر ہو جانا۔ ہڈی نکل آنا۔

ہ ــــ ذ

ہٰذا: [ع۔ اسم اشارہ] یہ
ہَذر: [ع۔ امذ] ۱۔ بہت بولنا۔ بکواس۔ بک بک کرنا (۲) ہذیان۔
ہَذَیان / ہَذیاں: [ع۔ امذ] ۱۔ وُہ بے ہُودہ باتیں جو انسان مرض کی بیہوشی میں کرتا ہے (۲) بیہودہ کلام۔ بک بک بکواس
ہَذیان بکنا: [ار۔ محاورہ] بیہودہ باتیں کرنا۔

ہ — ر

ہر: [ھ۔اِند] وشنو۔ کرشن۔ مہادیو (۲) خُدا۔ پرمیشور بھگوان (۳) ہل
تلبہ۔ سم: ہڑ ہلیلہ۔

ہر بھجن: [ھ۔ امث] وشنو کی عبادت۔ مہادیو کا بھجن۔

ہر بھجنا: [ھ۔ محاورہ] خُدا کا نام لینا۔ مالا جپنا۔

ہر بھگت: [ھ۔ صف] وشنو کی عبادت کرنے والا۔

ہر کو بھجے سو ہر کا ہوے / ذات پات نہ پوچھے کوے: [ھ۔مثل] جو شخص خُدا کی بندگی کرتا ہے وہی اس کا پیارا ہے۔ اللہ کے نزدیک ذات پات کی کوئی قدر نہیں۔

ہر گنگا کرنا: [ا۔ محاورہ] نہاتے وقت خُدا کا نام لینا۔

ہر: [ف۔حرف تعمیم] یک۔ ایک۔ فی کس (۲) تمام۔ سب۔ یہ لفظ مجموعہ افراد یا اشیا میں سے فرداً فرداً ذکر کرنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جمع کے ساتھ درست نہیں۔

ہر آن: [ف۔متعلق فعل] ہر لمحہ۔ ہر گھڑی (۲) ہر دفعہ۔

ہر آنچہ: [ف۔متعلق۔ فعل] جو کچھ۔

ہر آنکہ: [ف۔ متعلق۔فعل] جو شخص

ہر آئینہ: [ف۔متعلق فعل] بے شک۔ ضرور۔ البتہ۔ بہرحال۔ ہر حال میں۔

ہر ایک: [ا۔ متعلق فعل] ہر شخص۔ ایک ایک۔ ہر بشر

ہر بی بی: [ف۔ صف] ا۔ ہر جائی۔ دروازے پہ جانیوالا (۲) ذوفنون۔ ہمہ داں۔

ہر بار: [ف متعلق۔فعل] ہر دفعہ۔ بار بار۔ گھڑی گھڑی۔

ہر پہلو: [ف۔متعلق فعل] ہر ایک پہلو (۲) ہر طرح۔

ہرجائی: [ف۔صف] وُہ جو ایک جگہ نہ ٹھہرے اور مارا مارا پھرے (۲) کنایۃً معشوق جو خاص کر کسی کا پابند نہ ہو۔ بے مروّت۔ بے وفا۔

ہرجائی پن / پنا: [ا۔امذ] دیکھئے "ہرجائی" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہر جیسے کو تیسا: [ا۔مثل] جیسا کوئی ہوتا ہے ویسا ہی اُسے مل جاتا ہے۔

ہر چند: [ف۔متعلق فعل] کتنا ہی کیا ہی۔ "بہتیرا" اس کے آگے کہ زائد بھی لگا دیتے ہیں

ہر چہ: [ف متعلق فعل] ہر چیز۔ جو کچھ۔

ہر چہ از / دوست / غیب می رسد نیکوست: [ف مقولہ] عالم غیب دوست سے اچھا بُرا جو کچھ بھی ملے۔ وُہ اچھا ہے۔

ہر چہ بادا باد: [ف۔ مقولہ] کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ جو کچھ ہو سو۔ کچھ ہی ہو۔

ہر چہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم: [ف مثل] اُس وقت بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص اہم کام شروع کرے اور نتیجہ پر نظر نہ کرے۔

ہر چہ باشد: [ف۔مقولہ] کوئی چیز کیوں نہ ہو۔

ہر چہ در دیگ است بچمچہ می آید: [ف۔مثل] جو دل میں ہے وُہ ہی زبان سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔

ہر چہ در کان نمک رفت نمک شد: [ف۔مثل] جو چیز نمک کی کان میں پڑی نمک بن گئی۔ تاثیر صحبت کے بیلے بولی جاتی ہے۔

ہر چہ بگیرید مختصر گیرید: [ف۔مثل] تھوڑی سی چیز پر قناعت کرو۔ جو کام کرو اپنی ہستی کے لائق کرو۔

ہر حال میں: [ا۔متعلق فعل] ہر حالت میں۔ ہر طرح۔ بہر کیف۔

ہر دفعہ: [ف۔متعلق فعل] ہر بار۔ ہر موقع پر۔ ہمیشہ۔

ہر دفعہ گڑ میٹھا ہی میٹھا: [ا۔مثل] گڑ کو جب دیکھو میٹھا ہی ہو گا ہر دفعہ ہی فائدہ ڈھونڈنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ اچھے کی اچھائی نکلتی ہے۔

ہر دل عزیز: [ف۔صف] سب کا پیارا۔ عام پسند۔ وُہ شخص جسے ہر ایک آدمی عزیز رکھے۔

ہر دم: [ف متعلق فعل] ہر وقت۔ ہر گھڑی ہر لحظہ۔ ہر لمحہ۔

ہر دو: [ف۔متعلق فعل] دونوں۔ دونوں کے دونوں۔

ہر دی چمچہ: [ا۔صف] ہر جائی۔ ہر ایک کے پاس آنے جانیوالا۔ مفت خورا

ہر رنگ میں پانی: [ا۔مثل] اُس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو ہر کے ساتھ ربط ضبط رکھے۔

ہر روز: [ف متعلق فعل] روزمرہ۔ بلا ناغہ۔ سدا۔

ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے: [ف۔مثل] روز ایسا عمدہ موقع ہاتھ نہیں آتا۔

ہر روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا: [ا۔مثل] کنایۃً روز کمانا۔ روز کھانا۔

ہر روز: [ف۔صف] بلا ناغہ۔ ہر روز۔

ہر زماں: [ف۔متعلق فعل] ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ دن رات۔

ہر سخن نکتہ و ہر نکتہ مقامے / مکانے دارد: [ف۔مثل] ہر بات کا کوئی نہ کوئی موقع محل ہوا کرتا ہے۔

ہر سُو: [ف متعلق فعل] ہر طرف۔ ہر جانب۔ ہر سمت۔ سب طرف۔

ہر سے: [ف۔متعلق فعل] ہر بار۔ ہر دفعہ۔ ہر مرتبہ۔

ہر صُورت: [فع متعلق فعل] ہر طرح۔ ہر حالت میں

ہر طرف: [فع متعلق۔فعل] سب طرف۔ ہر جانب۔

ہر عیب کہ سُلطان بپسندد ہُنر است: [ف۔مثل] اگر حاکم بُری بات بھی کرے تو لوگ اُس کی تقلید کرتے ہیں۔

ہر فرعونے را مُوسیٰ: [ف۔مثل] ایک پر ایک غالب ہے۔ ہر ظالم کی سرکوبی کے لیے کوئی نہ کوئی نیک بندہ پیدا ہو جاتا ہے۔

ہر فن مولا: [ا۔صف] ہر فن جاننے والا۔ ہر کام میں طاق۔

ہرکارہ: [ف صف۔ امذ] ہر کام کرنے والا (۲) چٹھی رساں۔ قاصد۔ ڈاکیا نامہ بر (۳) چپڑاسی۔ پیادہ۔ اردلی (۴) جاسُوس۔ مُخبر۔

ہر کارے و ہر فردے: [ف مثل] کوئی آدمی کسی کام کے لیے موزوں ہوتا ہے اور کوئی کسی کے لیے۔ ہر شخص ہر کام نہیں کر سکتا۔

ہر کجا: [ف۔متعلق۔فعل] ہر جگہ۔ جہاں کہیں

ہر کجا چشمہ بود شیریں۔ مردم و مور و مرغ گرد آیند: [ف۔مثل] جہاں فائدے کی اُمید ہوتی ہے سب لوگ جمع ہو جاتے ہیں۔

ہر کس: [ف۔حرف تنکیر] ہر کوئی۔ ہر آدمی

ہر کس بخیال خویش خبطے دارد: [ف۔مثل] ہر ایک اپنی رائے کو صحیح مانتا ہے۔

ہر کس و ناکس: [ف۔ اند] ہر شخص۔ ادنیٰ اعلیٰ۔ چھوٹا بڑا۔

ہر کسی سے: [ار۔متعلق فعل] ہر ایک سے۔

ہر کسے را بہر کارے ساختند: [ف۔مثل] ہر شخص کو خدا نے ایک خاص کام کے لیے بنایا ہے۔ ہر شخص ہر ایک کام نہیں کر سکتا۔

ہر کسے کہ باشد: [ف۔متعلق۔فعل] کوئی شخص کیوں نہ ہو۔

ہر کسے مصلحت خویش نکو می داند: [ف۔مثل] اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے۔

ہر کمالے را زوالے: [ار۔مثل] انتہائی ترقی کے بعد زوال شروع ہوتا ہے۔

ہر کہ: [ف۔حرف تنکیر] ہر ایک

ہر کہ آمد عمارت نو ساخت: [ف۔مثل] ہر شخص اپنے ہی خیال کے مطابق کام کرتا ہے۔

ہر کہ شک آرد کافر گردد: [ف۔مثل] جو شک کرے کافر۔ ایسا سچا قول جس میں شک کی گنجائش نہیں۔

ہر کہ شمشیر زند سکہ بنامش خوانند: [ف۔مثل] زبردست کا رُعب سب پر ہوتا ہے۔

ہر کہ و مہ: [ف۔متعلق فعل] ہر چھوٹا بڑا۔ ہر ادنیٰ و اعلیٰ۔

ہر گاہ: [ف۔متعلق۔فعل] جب۔جس وقت۔جس گھڑی (۲) جس حال میں (۳) چونکہ

ہر گلے را رنگ و بوے دیگر ست: [ف۔مثل] ہر ایک کا انداز جُدا ہوتا ہے۔

ہرگز: [ف۔کلمہ تاکید] نہیں۔ کبھی نہیں (نفی کی تاکید کے لیے آتا ہے۔ مثلاً ہرگز نہیں۔

ہر ملکے و ہر رسمے: [ف۔مثل] ہر جگہ کا چلن جُدا ہوتا ہے۔

ہر نوالہ / نوالے بسم اللہ: [ار۔مثل] ایسے بے شرم شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کھانے کی دعوت کے ساتھ ہی بسم اللہ کر کے کھانے کو موجود ہو جائے۔

ہر نوع: [ع۔متعلق فعل] ہر طرح۔ ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ بارہا۔ ہر موقع پر۔

ہر وقت: [ع۔متعلق فعل] ہر گھڑی۔ بارہا۔ ہر موقع پر۔

ہر ہر: [ار۔متعلق۔فعل] ہر ایک۔ ایک ایک۔

ہر ہفت: [ف۔اند] (۱) آرائش (۲) عورتوں کے سات سنگار (۳) آراستہ سنگار کیے ہوئے۔

ہر یک: [ف۔حرف۔تنکیر] ہر ایک۔

ہُر: [ار۔ امث۔صوت] وہ آواز جو پرندوں کے اڑنے سے پیدا ہوتی ہے۔

ہُر ہو جانا: [ار۔محاورہ] کنایتہً غائب ہو جانا (۲) سب خرچ ہو جانا۔

ہَرا: [ار۔صف] سبز۔ دھانی (۲) سرسبز۔ شاداب۔ ترو تازہ (۳) کچا۔ خام (۴) مذ سبزی۔ سبزہ۔ چری۔ چارہ۔

ہرا باغ دکھانا: [ار۔محاورہ] سبز باغ دکھانا دھوکا دینا۔ چکنی چپڑی باتیں کر کے فریب دینا۔

ہرا بھرا: [ار۔صف] ہرا سبز شاداب۔ ترو تازہ۔ زرخیز۔ بار آور (۲) کامیاب۔ بامراد۔ پھلا پھولا۔

ہرا کچور: [ار۔صف] بہت ہرا۔

ہرا ہو جانا: [ار۔محاورہ] سرسبز ہو جانا (۲) زخم کا ترو تازہ ہو جانا (۳) خوش ہو جانا۔ باغ باغ ہو جانا (۴) تھکن اُتر جانا۔ تازہ دم ہو جانا۔ (۵) وصول ہو جانا (۶) تنومند ہونا۔ چہرہ پُر رونق آنا۔

ہرّا: [ار۔ اند] ہلیلہ۔ ہڑڑ (۲) ہڑ کی شکل کے ٹکڑے جو گھوڑے کی زین میں لگا دیتے ہیں (۳) گھوڑے کا زیور اور حمائل (۴) چمچہ یا ڈوئی کا گہرا حصہ۔

ہرا لگے نہ پھٹکری اور رنگ بھی چوکھا آوے: [ار۔مثل] بے خرچ کیے خاطر خواہ کام بن جائے۔

ہُرا [ھ۔اند] دوڑ۔ ریلا۔ ہلا (۲) ڈر کر بھاگ جانا۔ منتشر ہو جانا۔

ہُرا ہو جانا: [ار۔محاورہ] فوج یا کسی جماعت کا منتشر ہو جانا۔ تتر بتر ہو جانا۔

ہُرّا: [انگ۔اند hurrah] کلمہ تحسین۔ مرحبا۔ شاباش۔ کیا خوب۔

ہَراس: [ف۔اند ومث] خوف۔ ڈر۔ ہول (۲) مذ ناامیدی۔ مایوسی۔

ہَراساں: [ف۔صف] ڈرا ہوا۔ خوفزدہ (۲) ناامید۔ مایوس۔

ہَرانا: [ار۔مص] بازی دینا۔ مات کرنا (۲) شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ (۳) تھکانا۔ مضمحل کرنا۔

ہراند / ہراہند: [ھ۔امث] بے بھُنے مصالحہ کی بُو۔ کچی ہلدی کی سی بُو۔ کچے پھل کی بُو۔

ہرانی جتائی: [ار۔صف] وہ بات جو حیران کر دینے یا عاجز کرنے کے بدلے کی جائے (۲) ہار جیت۔

ہراول: [ت۔ اند] گھوڑ سوار فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے۔ لشکر کا پیش خیمہ (۲) گھوڑ سوار فوج جو لشکر سے آگے آگے چلے لشکر کا پیش خیمہ (۲) آگے کی فوج کا سردار

ہر بَر نہ جاننا [ار۔محاورہ] دو چیزوں میں فرق نہ کر سکنا۔ قوت تمیز سے بے بہرہ ہونا۔

ہَر بونگ: [ار۔اند ومث] اندھیر۔ بدنظمی۔ ہنگامہ۔ ہلچل۔ کھلبلی۔ افراتفری۔

ہر بونگ مچانا: [ار۔محاورہ] شور و غل مچانا۔ دھم مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔

ہر بونگ مچنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ہر بونگ مچانا" جس کا یہ لازم ہے

ہر بونگ ہونا: [ار۔محاورہ] کثرت سے بھیڑ بھاڑ ہونا۔

ہر پھار ریوڑی: [ھ۔اند] ایک قسم کا چھوٹا پھل جو کھٹا بھی ہوتا ہے۔

ہر پھر کر / کے: [ار۔متعلق فعل] پھر پھرا کر۔ مجبور ہو کر۔ آخر کار۔

ہرتال: [ار۔امث] ایک قسم کی دھات جو زرد رنگ کی ہوتی ہے اور دواؤں میں کام آتی ہے۔

ہرتی پھرتی چھاؤں: [ار۔امث] آتی جاتی چھاؤں۔ ایک جگہ ایک کے پاس نہ رہنے والی۔ کنایتہً دولت۔ مال وغیرہ۔

ہرتے پھرتے: [ار۔متعلق فعل] آتے جاتے۔ چلتے پھرتے۔ کبھی کبھی۔

ہَرج: [ع۔اند] شورش۔ ہنگامہ۔ دنگا۔ گڑبڑی۔ فتنہ (۲) نقصان۔ خسارہ۔ خلل (۳) وقفہ۔ ڈھیل۔ دیر [افعال۔ کرنا۔ ہونا]

ہَرج مَرج: [ف - اند] شورش - بلوہ - نقصان - خلل - گڑبڑ - بدنظمی - ایسی ضرورت پیش آنا جس کی وجہ سے دوسرا کام نہ ہو سکے۔

ہَر جانا: [ار - مص] بازی ہار جانا (۲) تھک جانا۔

ہرجانہ: [ار - اند] ہرج کرنے کا معاوضہ - تاوان۔

ہرجہ: [ار - اند] نقصان - خسارہ (۲) ہرجانہ - تاوان۔

ہردا: [ار - اند] دل - من - قلب - ضمیر۔

ہردا کھل جانا / کھلنا: [ار - محاورہ] ا - روشن ضمیر ہونا - باطن کی آنکھیں کھل جانا (۲) ہمت بڑھ جانا (۳) ذہن نشین ہونا۔

ہرداول: [ار - امث] گھوڑے کے سینے کی بھونری جو منحوس سمجھی جاتی ہے۔

ہردے کرنا: [ہ - محاورہ] حفظ کرنا - ازبر کرنا - یاد کرنا - دل میں جمانا۔

ہَرزَہ: [ف - صف] بیہودہ - لغو - نامعقول۔

ہَرزہ درا / سرا / سنج / گو: [ف - صف] بیہودہ بات۔

ہرزہ درائی / سرائی / سنجی / گوئی: [ف - امث] دیکھئے "ہرزہ درا / سرا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہَرزہ کار: [ف - صف] وہ جو بیہودہ باتوں کا خوگر ہو۔

ہَرزہ کاری: [ف - امث] دیکھئے "ہرزہ کار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہَرزہ گرد: [ف - صف] بیہودہ مارا مارا پھرنے والا

ہرزہ گردی: [ف - امث] دیکھئے "ہرزہ گرد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہَرس / ہَرش: [ہ - امث] ہل کی پھالی۔

ہَرسا: [ہ - اند] صندل گھسنے کا پتھر۔

ہَرکھ: [ہ - اند] سکھ - خوشی - خرمی۔

ہَرمجسٹی: [انگ - امث] HERmajesty دیکھئے "ہزمجسٹی" جس کی یہ تانیث ہے

ہرم: [ع - صف] ا - بڑھاپا - پیری (۲) بوڑھا آدمی (۳) روح - عقل (۴) پرانا - قدیم (۵) مصر کے قدیم بادشاہوں کا مقبرہ۔

ہُرمُز: [ف - اند] ا - ہر شمسی مہینے کا پہلا دن جس میں سفر کرنا - نیا کپڑا پہننا اور قرض دینا برا خیال کیا جاتا ہے (۲) ایران کے بادشاہ کا نام (۳) ستارہ مشتری۔

ہرمزی: [ف - امث] ایک قسم کی سرخ مٹی - ہرمچی۔

ہرمُشٹا: [ہ - صف] ہٹا کٹا - موٹا تازہ - مضبوط - قوی۔

ہرمُشٹی: [ف - امث] شہ زوری - بے قاعدہ زور آزمائی۔

ہرمونیم: [انگ - اند] دیکھئے "ہارمونیم"

ہِرَن: [ار - اند] مرگ - آہو۔

ہرن کا چوکڑی بھرنا: [ار - اند] ہرن کا چاروں ٹانگیں اٹھا کر قلانچیں بھرنا۔

ہرن کا چوکڑی بھولنا: [ار - محاورہ] گھبرانے یا خوف کے سبب ہرن کا پھرتی کو بھول جانا

ہرن کا کالا ہونا: [ار - محاورہ] نہایت شدت کی دھوپ پڑنا۔

ہرن کا کا ہلا ہونا: [ار - محاورہ] گرمی کی شدت یا آفتاب کی حدت سے ہرن کا سست پڑ جانا۔

ہرن کھری: [ار - امث] ایک قسم کی بیل جو برسات میں پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتے ہرن کے کھر سے مشابہ ہوتے ہیں۔

ہرن کی شاخ: [ار - امث] ہرن کا سینگ۔

ہرن ہو جانا: [ار - محاورہ] ہرن کی طرح جلد بھاگ جانا - فرار ہو جانا۔

رفو چکر ہو جانا - کافور ہو جانا۔

ہَرنا: [ار - اند] کاٹھی کا اگلا ابھرا ہوا حصہ (۲) ا - بعض ہونے میں کسی چیز کا ہارنا - ۳ - بازی ہار جانا (ہارنا" کا لازم)

ہَرنا: [ار - اند] نر ہرن - آہو کے نر۔

ہَرنج: [ہ - اند] ایک قسم کا باریک اور عمدہ چاول۔

ہرنوٹا: [ار - اند] ہرن کا بچہ۔

ہَرنی: [ار - امث] دیکھئے "ہرن" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہرنیا: [انگ - اند] دیکھئے "فتق"

ہَرواہا: [ہ - اند] وہ شخص جو زمین کو زراعت کے لیے تیار کرے - ہل چلانے والا۔

ہَرونی: [ہ - امث] ایک قسم کی بانس کی لکڑی جو عمدہ اور مضبوط ہوتی ہے۔

ہَروَل: [ہ - امث] زر تقاوی جو ہل جوتنے والوں کو بلا سود دیا جائے۔

ہرو لنا: [ار - مص] غلہ کو ہاتھ سے صاف کرنا۔

ہرَّہ: [ع - امث] بلی

ہَرہرانا: [ہ - مص] لرزنا - کانپنا (۲) غرانا (۳) دریا کا شور کرنا۔

ہرہے: [ہ - اند] ا - ہل چلانے والا بیل (۲) شرارتی بیل (۳) آوارہ بیل ۴ - بکری - گائے - بھینس۔

ہَری: [ہ - اند] ہر کا بگاڑ - خدا - پرمیشور - بھگوان۔

ہَری بلوانا: [ار - محاورہ] خدا کا نام بلوانا (۲) زبردستی مار ڈالنا (۳) زندہ درگور کرنا

ہَری بولنا: [ار - محاورہ] مرتے وقت خدا کا نام لینا - چیں بولنا - ہار جانا۔

ہری: [ار - صف] دیکھئے "ہرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہری بھری: [ار - صف - مث] دیکھئے "ہرا بھرا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہری چگ: [ار - صف] ا - ہری گھاس کھانے والا (۲) کنایۃً دولت کا ساتھی - بے وفائی - ہرجائی۔

ہری چھال کا کیلا: [ار - امث] ا - ایک قسم کا عمدہ کیلا جو سبز اور لمبا ہوتا ہے۔

ہری کین: [انگ - امث] HORRICANE LANTERN کا مخفف۔ لالٹین - ہوا میں نہ بجھنے والا چراغ۔

ہری کھیتی گیابھن گائے۔ منہ پڑے جب جانی جائے۔

[ار - مثل] جب تک ہری فصل پک نہ جائے اور گابھن گائے بچہ نہ دے تب تک اس کا کوئی بھروسہ نہیں۔ جب کوئی انجام کو پہنچ جائے تب اطمینان ہوتا ہے۔

ہَرے میں آنکھیں ہونا: [ار - محاورہ] امیری کے سبب فضول خرچی کی عادت ہونا۔

ہَریا: [ار - صف] سبز - سرسبز و شاداب - ہرا بھرا (۲) شاہی جنگل کا نگہبان (۳) جنگلی - وحشی۔

ہریا ہاتھی حاکم چور، دونوں کے بگڑے اور نہ ٹھور:

[ار - مقولہ] جنگلی ہاتھی اور بدنیت حاکم کے بگڑ جانے سے کہیں ٹھکانا نہیں ملتا۔

ہَریالا: [ار - صف] سرسبز (۲) نوجوان - خوبصورت۔

ہریالا بنا: [ار - اند] نوجوان اور خوبصورت دولہا۔

ہریالی: [ا ، امث] سبزی۔ تازگی (۲) سبز و تازہ گھاس ۔ دوب۔
ہریالے: [ہ ۔ اف] ایک قسم کے گیت جو شادی میں گائے جاتے ہیں۔
ہریانا: [ا ، مص] سرسبز ہونا۔ ہرا بھرا ہونا (۲) مُرجھا کر اُگنا؟ (۲) مُد اُوگی زمین۔
ہریاول: [ہ ۔ امث] ہریالی۔ سبزی۔ سبزہ طراوت۔ تازگی (۲) سبزہ زار۔ چراگاہ۔ مرغزار۔
ہریائی: [ہ ۔ امث] ہریاول۔
ہریسہ: [ع ۔ امذ] ایک قسم کا کھانا جو گیہوں کے آٹے، گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکاتے ہیں (۲) صف نہایت گلا ہوا۔ گھلا ہوا۔
ہریل: [ہ ۔ امذ] ایک قسم کا سبز رنگ کا پرندہ جو جنگلی کبوتر کے برابر ہوتا ہے
ہریوا: [ہ ۔ امذ] ایک قسم کا خوش آواز پرندہ۔

ہ ـــ ڑ

ہڑ: [ا ، امث] ہلیلہ۔ ایک قسم کا کسیلا پھل (۲) ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ ہوتی ہے اور گوٹے کے ہاروں اور ازار بندوں میں لگائی جاتی ہے (۳) ہاڑ کا مخفف۔ ہڈی۔ استخوان۔
ہڑ بیر: [ا ، امث] پُرانی دشمنی۔ پُرانا بیر۔
ہڑ پھوٹن: [ا ، امث] ہڈیوں کا درد۔ اعضا شکنی۔
ہڑ جوڑا: [ا ، امذ] ایک پودے کا نام جس سے ہڈی جوڑی جاتی ہے۔
ہڑ واڑہ: [ا ، امث] خاندانی قبرستان۔
ہڑ: [ہ ۔ صف] بیوقوف۔ نادان۔ سادہ لوح (۲) چڑیوں کو بھگانے کا
ہڑبڑانا: [ا ، مص] بوکھلانا۔ بیقرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔
ہڑبڑی: [ا ، صف] جلدی۔ گھبراہٹ۔ بیقراری۔ اضطراب۔ ہلچل۔ افراتفری
ہڑبڑیا: [ا ، صف] مضطرب۔ بے چین۔ گھبرایا ہوا۔ جلد باز۔
ہڑبونگ: [ہ ۔ امذ و مث] دیکھئے " ہربونگ "
ہڑپ: [ہ ۔ امذ] بغیر چبائے نگل جانا۔ ایک ہی دفعہ نوالہ اُتار دینا۔
ہڑپ کر جانا: [ا ، محاورہ] نگل جانا۔ کھا جانا۔ اندر اُتار جانا (۲) غبن کر جانا۔
ہڑپّا: [ہ ۔ امذ] کسی چیز کو ایک ہی دفعہ مُنہ میں ڈال کر کھا جانا۔
ہڑپنا: [ہ ۔ مص] نگلنا۔ غبن کرنا۔
ہڑتال: [ا ، امث] ا۔ کسی ناظم یا حاکم کے ظلم سے تنگ آ کر یا مطالبات منظور نہ ہونے پر کاروبار بند کرنے کا عمل۔
[افعال : کرنا ۔ ہونا] اصل میں "ہٹ تال" تھا یعنی دوکان پر تالا لگانا۔
ہڑتال پڑنا / ہو جانا: [ا ، محاورہ] نایاب ہو جانا۔
ہڑدنگا: [ہ ۔ صف ۔ مث] آوارہ مارا مارا پھرنے والا (۲) مذ لڑکوں کا اُچھلنا کودنا۔ فتنہ و فساد۔ شور و غل
ہڑدنگی: [ہ ۔ امث] دیکھئے " ہڑدنگا " جس کی یہ تانیث ہے۔
ہڑدنگے کرنا: [ا ، محاورہ] شرارت کرنا۔ کھیلنا۔ کودنا۔ پھرنا۔
ہڑکنگ: [ہ ۔ امذ] ایک قسم کا باجا۔
ہڑک: [ہ ۔ امث] جنون سگ گزیدگی۔ وہ بیماری جو باؤلے کتے کے کاٹنے سے ہو جاتی ہے (۲) کنایۃً اُمنگ۔ ولولہ (۳) لت۔ عادت۔ دھت۔
ہڑک اُٹھنا / لگنا: [ا ، محاورہ] باؤلے کتے کی طرح رونا اور کاٹنے کو دوڑنا (۲) ولولہ اُٹھنا۔ شوق چرّانا۔
ہڑک چڑھنا: [ا ، محاورہ] باؤلے کتے کے کاٹنے کا زہر چڑھنا۔ باؤلے کتے کے کاٹنے کا اثر ہو جانا۔ اور اثر سے دیوانہ ہو جانا۔
ہڑکا: [ہ ۔ امذ] کسی کی جدائی کا غم جس سے بچے بیمار پڑ جاتے ہیں۔
ہڑکانا: [ا ، مس] ترسانا۔ بھڑکانا۔ کسی کی جدائی سے رنج دینا۔
ہڑکائی: [ہ ۔ صف] پگلی۔ دیوانی۔ باؤلی۔
ہڑکائی کتیا: [ہ ۔ امث] وہ کتیا جو ہر ایک کو کاٹتی پھرے (۲) کنایۃً لڑاکا۔ جھگڑالو (۳) ہر ایک کے سر ہونے والی عورت۔
ہڑکنا: [ا ، مص] بچوں کا کسی کو یاد کرنا (۲) ترسنا۔ پھڑکنا۔ خواہش مند ہونا۔
ہڑنا: [ہ ۔ مص] تلنا۔ جانچنا۔ وزن تولا جانا۔ وزن ہونا۔
ہڑ ہڑ نہ کھڑ کھڑ: [ا ، مثل] کوئی جھگڑا نہیں۔ کوئی رکاوٹ نہیں۔

ہ ـــ ز

ہزار: [ف ۔ اعدد] دس سو (۲) فعل متعلق ہر چند۔ کتنا ہی۔ بہتیرا (۳) امث بلبل۔ ہزار داستان (۴) کثرت تعداد کے لیے۔
ہزار آفتیں ہیں ایک دل لگانے میں: [ا ، مثل] ایک عشق کے ساتھ ہزاروں مصیبتیں ہوتی ہیں۔
ہزار باتوں کی ایک بات: [ا ، مثل] مختصر اور عمدہ بات۔
ہزار بار: [ا ، متعلق ۔ فعل] اکثر۔ بارہا۔ ہزار دفعہ۔ کئی دفعہ۔
ہزار پا / پایہ: [ف ۔ امذ] کنکھجورا۔
ہزار پر بھاری ہونا: [ا ، محاورہ] بڑی تعداد پر غالب آنا۔
ہزار جان سے: [ا ، متعلق فعل] بڑے شوق سے۔
ہزار جان / دل سے فدا / قربان ہونا: [ا ، محاورہ] بے طرح عاشق اور فریفتہ ہونا۔
ہزار چشم: [ف ۔ صف] ہزار آنکھوں والا۔ کیکڑا۔ خرچنگ۔ سرطان۔
ہزار چند: [ف ۔ متعلق ۔ فعل] ہزار گنا۔
ہزار حیف: [ف ۔ کلمہ تاسف] بڑا افسوس۔ نہایت افسوس۔ حیف صد حیف۔
ہزار داستان: [ف ۔ امذ] ہزار قسم کی بولیاں بولنے والا۔ ایک قسم کا بلبل۔ (۲) کنایۃً خوش بیان۔
ہزار دانہ: [ف ۔ امذ] ہزار دانے کی تسبیح۔
ہزار دوا اور ایک دعا: [ا ، مثل] دُعا دواؤں سے زیادہ کارگر ثابت ہوتی ہے۔
ہزار رنگ بدلنا: [ا ، محاورہ] کبھی کچھ اور کبھی کچھ ہونا (۲) ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔
ہزار شکر: [ف ۔ کلمہ فجائیہ] بے انتہا شکر۔
ہزار علاج اور ایک پرہیز: [ا ، مقولہ] بیماری میں دوا دارو کی نسبت پرہیز کا زیادہ اثر ہوتا ہے۔
ہزار گھر کی پھرنے والی: [ا ، صف ۔ مث] وہ عورت جو ماری ماری پھرے اور ایک جگہ نہ ٹھہرے (۲) کنایۃً تجربہ کار۔

ہزار کلا: [ف۔ اند] ایک قسم کا لالہ۔ ایک قسم کا بڑا گیندا۔
ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو پھر بھی گھر بھر کے باسن توڑنے کو بہت ہے: [ار۔ مثل] ٹوٹا پھوٹا ہتھیار بھی کام دے ہی جاتا ہے۔
ہزار منہ ہزار باتیں: [ار۔ مثل] ہر ایک شخص اپنی سمجھ کے مطابق کہتا ہے۔
ہزار میں نہ چوکنا: [ار۔ محاورہ] علانیہ کہنے سے باز نہ رہنا۔
ہزار میں کہنا: [ار۔ محاورہ] علانیہ کہنا۔ سرِ مجلس کہنا۔
ہزار نعمت اور ایک تندرستی: [ار۔ قول] ایک تندرستی کے آگے ہزاروں نعمتوں کی بھی کچھ حقیقت نہیں۔ ہزار نعمتیں ایک طرف اور تندرستی ایک طرف۔
ہزارہا: [ف۔ اسم عدد] دیکھئے "ہزار" جس کی یہ جمع ہے۔
ہزار ہاتھ: [ار۔ اند] بلا مبالغہ۔ ضرور بالضرور۔ کثرت تعداد۔
ہزار ہاتھ بن کر آتے: [ار۔ محاورہ] کیسا ہی اعلیٰ مرتبہ لے کر آتے کیسا ہی بھاری بھرکم بن کر آتے۔
ہزار ہاتھ ہیں: [ار۔ محاورہ] بہتیرے ہاتھ ہیں۔ خدا تعالیٰ دینے پر آئے تو بہت سے راستے ہیں۔
ہزاروں: [ار۔ عدد] دیکھئے "ہزار" جس کی یہ جمع ہے۔ بقاعدہ اردو۔
ہزاروں باتیں سنانا: [ار۔ محاورہ] بہت برا بھلا کہنا۔ آوازے کسنا۔
ہزاروں گھڑے پانی پڑنا / پڑ گیا: [ار۔ محاورہ] ۱۔ شرمندگی اور خجالت ہونا۔ شرم سے پسینہ پسینہ ہونا۔
ہزاروں میں: [ار۔ متعلق فعل] ہزار آدمیوں میں کھلم کھلا۔ علانیہ (۲) ضرور بالضرور۔
ہزارہ: [ف۔ اند] سرحدی پہاڑی علاقے کی قوم کا نام۔ (۲) ایک قسم کا لالہ جس کا پھول بڑا ہوتا ہے (۳) ایک قسم کا فوارہ۔
ہزاری: [ف۔ صف] دیکھئے "ہزار" جس سے یہ منسوب ہے۔
ہزاری بزاری: [ار۔ اند] سپاہی اور تاجر۔ فوجی اور شہری لوگ۔ چھوٹے بڑے۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ خاص و عام (۲) ہزاروں قسم کے آدمیوں سے ملنے والا۔ بازار میں بیٹھنے والا (۳) کنایۃً سفلہ۔ کمینہ۔ ناقابلِ اعتبار۔
ہزاری روزہ: [ف۔ اند] ماہ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا نفلی روزہ۔
ہزاری عمر: [ف۔ امث] ہزار سال کی عمر۔ لمبی عمر۔
ہزاری منصب: [ف۔ اند] زمانہ شاہی میں ایک عہدہ فوج کی تعداد کے مطابق اس عہدہ کا نام اور درجہ ہوتا تھا۔ جیسے سہ ہزاری۔ وغیرہ۔
ہزال: [ع۔ صف] پرلے درجہ کا ہزل گو۔ بہت بڑا پھکڑ۔
ہز آنر: [انگ۔ اند] HIS HONOOR گورنر کا تعظیمی خطاب۔
ہز ایکسیلینسی: [انگ۔ اند] his excellency گورنر اور سفیر کے لیے تعظیمی خطاب۔
ہزبر: [ع۔ اند] شیر ببر۔ پھاڑ ڈالنے والا۔
ہزج: [ع۔ امث] عروض کی ایک بحر کا نام (۲) وہ آواز جو سُرتال کے ساتھ ہو۔
ہژدہ ہزار عالم: [ف۔ اند] تمام مخلوقات جو اٹھارہ ہزار قسم کی ہے۔
ہزل: [ع۔ امث] بیہودہ باتیں۔ مذاق۔ تمسخر (۲) وہ نظم جس میں مسخرے پن کی باتیں اور مضامین ہوں۔ فحش باتیں۔
ہزل گو: [عف۔ صف] بیہودہ باتیں کہنے والا۔ مذاقیہ نظم لکھنے والا۔
ہزل گوئی: [عف۔ امث] دیکھئے "ہزل گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہز مجسٹی: [انگ۔ اند] (HER majesty) بادشاہوں کا خطاب۔
ہز ہائی نس: [انگ۔ اند] his highness والیانِ ریاست کا لقب۔
ہزیمت: [ع۔ امث] شکست بھاگڑ۔ ہار۔
ہزیمت اٹھانا: [ار۔ محاورہ] شکست کھانا۔ بھاگنا پسپا ہونا۔
ہزیمت کھانا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہزیمت اٹھانا"

ہ ــــ ژ

ہژدہ [ف۔ عدد] اٹھارہ۔
ہژدہ ہزار عالم [فع۔ اند] تمام مخلوق جو اٹھارہ ہزار طرح کی ہے

ہ ــــ س

ہسا: [ار۔ اند۔ ق] ہنسا۔ ہنسی
ہسپتال: [انگ۔ اند] اسپتال شفاخانہ۔ دارالشفا۔
ہست: [س۔ اند] ہاتھ۔ دست (۲) ہاتھی کی سونڈ (۳) تیرھواں ستارہ (۴) ہاتھی فیل
ہست [ف۔ امث] ہستی۔ زندگی زیست حیات وجود (۲) کائنات
ہست کرنا: [ار۔ محاورہ] پیدا کرنا۔ عالم وجود میں۔
ہست نیست: [ف۔ کلمہ ایجاب و نفی] ہاں نہیں
ہست و بود: [ف۔ امث] قیام و وجود۔ حیات و زندگی۔
ہست و ممات: [فع۔ امث] مرنا جینا۔ زندگی و موت۔
ہست ہونا: [ار۔ محاورہ] عالم وجود میں آنا۔ پیدا ہونا۔
ہستنی: [س۔ امث] مادہ فیل۔ ہتھنی (۲) کوک شاستر کے مطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم جو بدن کی بھاری اور بڑی پُرشہوت ہوتی ہے۔
ہستی: [ف۔ امث] وجود۔ قیام موجودگی (۲) موجودات مخلوقات کائنات (۳) حیات زندگی۔ زیست (۴) حقیقت۔ اصل۔ بساط (۵) مجال۔ طاقت۔ تاب (۶) دولت۔ ثروت (۷) دُنیا (۸) خود پسندی خود بینی۔
ہستیِ جاوداں: [ف۔ امث] حیاتِ ابدی ہمیشہ کی زندگی۔
ہستیِ فانی / موہوم: [فع۔ امث] فنا ہو جانے والی زندگی۔ وہمی اور خیالی زندگی۔ قائم نہ رہنے والی زندگی۔ چند روزہ زندگی۔
ہستیِ ناپائیدار / دو روزہ: [ف۔ اند] دیکھئے "ہستیِ فانی" وغیرہ۔
ہسٹری: [انگ۔ امث] history حالات تاریخ۔ سیرت۔ تذکرہ۔
ہسٹری شیٹ: [انگ۔ اند] history sheet وہ کاغذ جس میں کسی ملزم کے مفصل حالات اور اس کے پچھلے جرائم درج ہوں۔
ہسٹریا: [انگ۔ اند] hysteria دیکھئے اختناق الرحم۔
ہسرا: [س۔ صف] ۱۔ ہنسنے والا (۲) بیوقوف۔
ہمشکا: [ہ۔ اند] (عو) ریس نقل۔ برابری۔ مقابلہ (افعال: کرنا۔ ہونا)
ہمشکا ہمشکی: [ہ۔ امث] (عو) ایک دوسرے کی ریس۔

ہَنسکانا: [ہ۔ معں] ۱. چیز روشن کرنا.

ہَنس مُکھ: [ہ۔ صف] دیکھئے "ہنس مُکھ"

ہَسلی: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہنسلی" گلے کا زیور

ہَنسن: [س۔ اند] ہنسنے یا مُسکرانے کا فعل۔ ہنسنا۔ قہقہہ مارنا.

ہَسنِکا / ہَسنتی / ہَسنی: [س۔ اند۔ امث] انگیٹھی۔ چھوٹا چولہا یا تنور جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں.

ہَسی: [ہ۔ مث] دیکھئے "ہنسی"

ہَنسیا: [ہ۔ اند] درانتی۔ گھاس یا ترکاری کاٹنے کا اوزار.

ہ ــ ش

ہِشْ: [ف۔ امث] ۱. کُتے وغیرہ کو دھتکارنے کی آواز (۲) اُونٹ کے بٹھانے کی آواز (۳) پرندوں کو اڑانے کی آواز (۴) ہوش کا مخفف.

ہَشّاش: [ع۔ صف] ۱. خوش۔ شادان۔ ہشاش (۲) ہنس مُکھ.

ہَشّاش بَشّاش: [ع۔ صف] بہت خوش۔ خوش اور ہنستا ہوا.

ہَشّاش بَشّاش ہوکر بولنا: [ار۔ محاورہ] خوش ہو کر بات کرنا.

ہَشاشت: [ع۔ امث] دیکھئے "ہشاش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے

ہَشْت: [ف۔ اعدد] آٹھ (۸)

ہشت باغ / بُستان / بہشت: [ع۔ اند] مسلمانوں کے اعتقاد کے موافق آٹھ بہشت (۱) خُلد (۲) دارالسّلام (۳) دارالقرار (۴) عدن (۵) اولیٰ (۶) نعیم، علیّین (۸) فردوس.

ہَشْت پہلو: [ف۔ صف] آٹھ پہلو کا۔ آٹھ کونوں والا.

ہَشْت دہ: [ف۔ اعدد] ۱. اٹھارہ

ہشت صفات: [فع۔ امث] آٹھ خوبیاں (۱) خُدا کی معرفت (۲) علم شکرِ نعمت (۳) راضی برضا رہنا. (۵) مصیبت میں صبر (۶) خلق اللہ سے محبت (۷) تعظیم حکم خُدا (۸) عفت.

ہَشْت گنج: [ف۔ اند] خسرو کے آٹھ خزانے۔ گنج عروس (۲) گنج بادآورد (۳) گنج دیبا (۴) گنج افراسیاب (۵) گنج سوختہ (۶) گنج خضر (۷) گنج شادآورد (۸) گنج بار.

ہَشْت گوشہ: [ف۔ صف] آٹھ کونوں کا.

ہشتم / ہشتمی / ہشتمیں: [ف۔ صف] آٹھواں.

ہشت باو سے / مرعی: [ف۔ اند] آٹھ بہشت.

ہَشْت منظر: [ف۔ اند] آٹھ آسمان (۲) منطقۃ البروج اور آٹھ ستاروں کے گردش کے راستے

ہِشْت: [ف۔ اند] ۱. پھٹکار (۲) سیٹی (۳) کُتے وغیرہ کو دھتکارنے کی آواز (۴) اُونٹ کو بٹھانے کی آواز۔ پرندوں کو اڑانے کی آواز.

ہُشْت: [ف کلمہ] کسی امر سے روکنے / جھڑکنے / نفرت ظاہر کرنے کے لیے بولا جاتا ہے

ہَشْتاد: [ف۔ اعدد] اسّی.

ہُشْت مُشْت: [ف۔ امث] لات۔ گھونسہ۔ مارکٹائی۔ دھینگا مُشتی۔ جوتی پیزار (افعال: کرنا۔ ہونا)

ہُشکارنا: [ا۔ معں] کُتے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا (۲) کسی آدمی کو اشتعال دیکر کسی طرف راغب کرنا.

ہشیار: [ف۔ اند] دیکھئے "ہوشیار".

ہ ــ ض

ہَضْم: [ع۔ اند] معدہ میں کھانے کا گلنا۔ جس وقت دانتوں سے پس کر لُعاب دہن مل کر معدے میں پہنچتا ہے تو معدے میں پت نکل کر اس میں شامل ہو جاتا ہے جس کی کیمیاوی اثر سے کھانا گل جاتا ہے۔ اسے ہضم کہتے ہیں۔ اس کے بعد فضلہ علیحدہ ہوکر پاخانے پیشاب کی شکل اختیار کرنے کے بعد باہر نکل جاتا ہے اور جوہر خون کی صورت اختیار کرکے جُزو بدن ہوکر موجب طاقت بدنی ہوتا ہے.

ہَضْم کر جانا / کرنا: [ار۔ محاورہ] ۱. پچانا۔ تحلیل کرنا (۲) کسی کا مال غبن کرنا۔ مال مارنا.

ہضم ہونا: [ار۔ محاورہ] ۱. دیکھئے "ہضم کر جانا / کرنا" جس کا یہ لازم ہے (۲) غبن کا ظاہر نہ ہونا / خُفیہ رہنا.

ہ ــ ف

ہَفْت: [ف۔ اعدد] سات (۷)

ہَفْت آسیا: [ف۔ اند] سات ستاروں کی گردش کے دائرے.

ہَفْت آئینہ / اختر: [ف۔ اند] دیکھئے "سبع سیارہ".

ہَفْت اعضا: [ف۔ اند] ۱. سات اعضاء بدن (۲) تمام بدن.

ہَفْت اقلیم: [ف۔ اند] سات ملک۔ عرب۔ ایران۔ توران۔ ہند۔ چین۔ مصر۔ یونان (۲) کل دُنیا.

ہَفْت اَلْوان: [ف۔ اند] سات مختلف قسم کے کھانے۔ خصوصاً جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر اُترے (۱) روٹی (۲) گوشت (۳) نمک (۴) سرکہ (۵) شہد (۶) مکھن (۷) حلیم.

ہَفْت اندام: [ف۔ اند] ۱. بدن کے سات عضو۔ ۱. سر۔ چھاتی۔ پیٹ۔ دو ہاتھ۔ دو پاؤں۔ (۲) شاہ رگ جو خون کو تمام بدن میں پہنچاتی ہے.

ہفت اوتاد: [ف۔ اند] سات ستارے.

ہفت اورنگ: [ف۔ اند] ۱. سبع سیارہ (۲) دیکھئے "ہفت رنگ". ۳. سات آسمان (۴) قُطب اکبر کے سات ستارے.

ہَفْت ایوان: [ف۔ اند] سات آسمان.

ہفت باز: [ف۔ اند] ایک قسم کا جھنڈا جس میں سات پھریرے ہوتے ہیں.

ہَفْت بام: [ف۔ اند] سات آسمان

ہَفْت بانو: [ف۔ اند] سبع سیارہ

ہفت برادران: [ف۔ اند] قُطب اکبر کے سات ستارے

ہفت برگ: [ف۔ اند] ایک درخت جس کے پتے پھل وغیرہ دواؤں میں کام آتے ہیں

ہفت پردہ: [ف۔ اند] ۱. سات آسمان (۲) آنکھ کے سات پردے. (۳) گانے کے سات سُر.

ہفت پردہ ازرق: [ف۔ اند] سات آسمان.

ہفت پردہ چشم: [ف۔ اند] آنکھ کے سات پردے

ہفت پشت: [ف۔ امذ] سات پیڑھی۔
ہفت پیر: [ف۔ امذ] قرأت کے سات امام۔ ابن عامر دمشقی۔ (۲) ابن کثیر مکی (۳) ابو عمر بصری (۴) نافع مدنی (۵) حمزہ کوفی۔ (۶) عاصم کوفی (۷) علی کسائی کوفی۔
ہفت پیکر: [ف۔ امذ] سات ستارے۔ سات آسمان۔
ہفت تناں: [ف۔ امذ] اصحاب کہف۔ (۲) وہ سات مقدس اشخاص جن کی وجہ سے دنیا قائم ہے۔
ہفت جوش: [ف۔ امذ] وہ چیز جو سات دھاتیں ملا کر بنائی جائے۔ وہ دھاتیں یہ ہیں (۱) سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ جست۔ لوہا۔ سیسہ۔ رانگا۔
ہفت چشمۂ بہشت: [ف۔ امذ] بہشت کے سات چشمے کوثر۔ کافور۔ سلسبیل۔ تسنیم۔ معین۔ زنجبیل۔ بہیم۔
ہفت حرف آبی: [ف۔ مذ۔ امث] ج۔ ذ۔ س۔ ظ۔ ن۔ ک۔
ہفت حرف آتشی: [ف۔ مذ۔ امث] ا۔ ذ۔ ش۔ ط۔ ف۔ م۔ ہ
ہفت حرف استعلا: [ف۔ امذ] خ۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ع۔ ق۔
ہفت حرف خاکی: [ف۔ امذ] ح۔ خ۔ د۔ ر۔ ع۔ غ۔ ل۔
ہفت حرف ہوائی: [ف۔ امذ] ا۔ ب۔ ت۔ ص۔ ض۔ ن۔ و۔ ی۔
ہفت حکایات: [ف۔ امث] سات کہانیاں جو بہرام گور کو سات لڑکیوں نے سنائی تھیں۔
ہفت خاتون: [ف۔ امذ] سبع ستارہ۔
ہفت خراس: [ف۔ امذ] سات آسمان
ہفت خزینہ: [ف۔ امذ] بدن کے اندر سات حصے معدہ۔ دل۔ جگر۔ پھیپھڑے۔ پتا۔ تلی۔ گردے (۲) سات آسمان۔
ہفت خضرا: [ف۔ امذ] سات آسمان۔
ہفت خط: [ف۔ امذ] سات لکیریں جو جمشید کے پیالے میں تھیں خط ازرق۔ خط اشک۔ خط بصرہ۔ خط بغداد۔ خط جور۔ خط فرودینہ۔ خط کاسہ گر۔
ہفت خلیفہ: [ف۔ امذ] دیکھئے "ہفت خزینہ" (۲) روح۔ عقل۔ نظر۔ سمع۔ ذائقہ۔ شامہ اور لامسہ (۳) پیشانی۔ ہتھیلیاں۔ گھٹنے۔ پاؤں کے انگوٹھوں کے سرے جو سجدے میں زمین پر لگتے ہیں۔ (۴) دل کے سات حصے (۵) سات کیفیتیں۔ **ہفت خم:** [ف۔ امذ] سات آسمان۔
ہفت خوان: [ف۔ امذ] ایران اور توران کے درمیانی حصے کے سات مقامات جو رستم نے سات دن میں کیکاؤس کو چھڑانے کے لیے طے کیے تھے۔ کنایتہً نہایت مشکل کام۔
ہفت دانہ: [ف۔ امذ] ایک قسم کی مٹھائی جس میں سات قسم کے میوے ہوتے ہیں یہ دسویں محرم کو ایران میں تقسیم کی جاتی ہے۔
ہفت دریا: [ف۔ امذ] سات سمندر۔
ہفت دوزخ: [ف۔ امذ] دوزخ کے سات طبقے۔ سقر۔ سعیر۔ لظیٰ۔ حطمہ۔ جحیم۔ جہنم۔ ہاویہ۔
ہفت راہ: [ف۔ امذ] آنکھ کے سات پردے۔
ہفت رنگ: [ف۔ امذ] ساتوں رنگ۔ سیاہ۔ سفید۔ سرخ۔ سبز۔ پیلا۔ قرمزی۔ نیلا

ہفت رنگی: [ف۔ صف] ۱۔ سات رنگوں کا (۲) مجازاً مکار۔
ہفت روزہ: [ف۔ امذ] سات دن والا۔ وہ کاغذ جس میں ہفتہ کی کارگزاری یا حالات وواقعات درج ہوں (۲) ہفتہ میں ایک بار شائع ہونے والا اخبار۔
ہفت زبان: [ف۔ صف] وہ شخص جو سات زبانیں جانتا ہو۔
ہفت زبان ہونا: [ا۔ محاورہ] بہت سی زبانیں جاننا
ہفت زمین: [ف۔ امث] دیکھئے "ہفت اقلیم"
ہفت سلام: [ف۔ امذ] سات سلام جو قرآن شریف میں ہیں۔
ہفت طبق: [ف۔ امذ] آسمان کے ساتوں طبقے۔
ہفت قرا: [ف۔ امذ] قرآن پڑھانے والے سات قاری نافع مدنی۔ (۲) عبداللہ بن کثیر مکی (۳) ابو عمرو مصری (۴) ابن عامر شامی (۵) عاصم کوفی (۶) حمزہ کوفی (۷) علی کوفی جن کا لقب کسائی تھا۔
ہفت قرأت: [ف۔ امذ] قرآن کو پڑھنے کے سات انداز۔
ہفت قلزم: [ف۔ امذ] بحیرہ قلزم۔ بحیرہ عمان۔ بحیرہ عرب۔ بحیرہ روم۔ بحیرہ اخضر۔ بحیرہ اسود۔ بحر ظلمات۔
ہفت کشور: [ف۔ امذ] ہفت اقلیم۔ سات ولایتیں سات دنیا۔
ہفت کہنہ: [ف۔ امذ] مندرجہ ذیل سات چیزیں جو پرانی ہوں تو اچھی ہوتی ہیں۔ دوست۔ واقف۔ کتاب۔ حمام۔ شراب۔ "طعام"۔ چینی کے برتن۔
ہفت گاہ/ گردون/ گرہ: [ف۔ امذ] سات آسمان۔
ہفت گنبد: [ف۔ امذ] سات آسمان ۲۔ سات گنبد۔ جو بہرام گور نے بنائے تھے۔
ہفت گنج: [ف۔ امذ] خسرو پرویز کے سات خزانے۔ دیکھئے ہشت گنج۔
ہفت گنجینہ: [ف۔ امذ] سونا۔ چاندی۔ رانگا۔ جست۔ لوہا۔ تانبا۔ پیتل۔
ہفت گوشہ: [ف۔ امذ] سات کونے والا۔
ہفت ملت: [ف۔ امذ] مسلمانوں کے سات فرقے جو زبان زد مشہور ہیں۔ (۱) سنت والجماعت۔ رافضیہ۔ خارجیہ۔ جبریہ۔ قدریہ۔ جہمیہ۔ مرجیہ۔
ہفت منزل: [ف۔ امذ] ساتوں آسمان قرآن شریف کی ساتوں منزلیں۔
ہفتمیں: [ف۔ صف] ساتواں۔
ہفت میوہ: [ف۔ امذ] سات میوے انگور۔ سیب۔ آلو بخارا۔ خرما۔ کشمکش۔ انجیر۔ شفتالو۔
ہفت نامہ: [ف۔ صف] دیکھئے ہفت روزہ۔
ہفت ہزاری: [ف۔ امذ] شاہان مغلیہ کی طرف سے ایک بہت بڑے منصب کا نام۔
ہفت ہیکل: [ف۔ امث] ایک ہفت روزہ دعا کا نام ہے۔ سلامتی کے لیے سات دعائیں۔
ہفتاد: [ف۔ اسم عدد] ستر۔
ہفتاد پشت: [ف۔ امث] ستر پشتیں۔ کثرت۔
ہفتاد و دو شاخ/ ملت: [ف۔ امث] مسلمانوں کے بہتر فرقے۔

ہفتنش: [ا ر۔ امث۔ ن] تکرار۔ بحث۔
ہفتگی: [ف۔ صف] دیکھئے "ہفتہ روزہ"
ہفتم: [ف۔ صف] ساتواں۔
ہفتہ: [ف۔ امذ] سات دن کی مدت۔ سات دن (۲) سنیچر۔ شنبہ۔ ساتواں دن
ہفتہ دوست: [ف۔ صف] چند روزہ دوست۔ تھوڑے دنوں کا دوست۔
ہفتہ عشرہ: [ف۔ امذ] آٹھ دس دن کا زمانہ (۲) چند روز۔
ہفتے جڑنا / گانٹھنا: [ا ر۔ محاورہ] (پہلوانوں کی اصطلاح) حریف کی بغلوں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن کو دونوں ہاتھوں سے جکڑ لینا۔
ہفت نظر: [ف۔ امث] چشم بد دور۔ ماشاء اللہ
ہفوات: [ع۔ امث] بیہودہ باتیں۔
ہفنی: [ا ر۔ صف] بیحد پھرتیلا (۲) نہایت چالاک (۳) ایک قسم کا نہایت زہریلا سانپ (۴) افعی۔

ہ ــــ ک

ہک: [انگ۔ امذ] آہنی میخ۔ وہ خمدار کیل جو دیوار میں گاڑتے ہیں (۲) اچکن میں گھنڈی کی جگہ لگا لے کا آنکڑا۔
ہکا: [ہ۔ امذ] صدمہ جو حریف کو پہنچا کر غلبہ حاصل کریں۔
ہکا بکا: [ا ر۔ صف] متحیر۔ گھبرایا ہوا۔ سراسیمہ۔ حواس باختہ۔ [افعال: رہنا۔ ہونا]
ہک دک: [ا ر۔ امث] پس وپیش (۲) صفت متعجب۔ حیران۔ سکتے کے عالم میں
ہک دک رہ جانا: [ا ر۔ محاورہ] سکتے کے عالم میں رہ جانا۔ حیرت میں رہ جانا۔
ہک نہ دک: [ا ر۔ متعلق فعل] بے سان۔ گمان۔ اچانک (۲) بے سوچے سمجھے۔ گھبرا کر (۳) متعجب ہو کر۔
ہکنرا: [ہ۔ متعلق۔ فعل] اسی طرح۔
ہکر ہکر کرنا: [ا ر۔ محاورہ] ضعف یا بھوک پیاس کے باعث بمشکل سانس لینا۔
ہکلا: [ا ر۔ امذ] لکنت کرنے والا۔ رک رک کے بات کرنے والا۔
ہکلاپن: [ا ر۔ امذ] دیکھئے "ہکلا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہکلانا: [ا ر۔ مص] لکنت کرنا۔ زبان کا لڑکھڑانا۔
ہکلی: [ا ر۔ امث] دیکھئے "ہکلا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہ ــــ گ

ہگ: [ہ۔ امذ] پاخانہ۔ براز [افعال: پھرنا۔ کرنا]
ہگاس: [ا ر۔ امث] پاخانے کی حاجت۔ رفع ضرورت کی خواہش۔
ہگاس لگنا: [ا ر۔ محاورہ] پاخانے کی حاجت ہونا۔
ہگاسا: [ا ر۔ صف۔ مذ] وہ جس کا پاخانہ نکلنے کے قریب ہو۔ وہ جسے پاخانہ جانے کی حاجت ہو۔
ہگاسی: [ا ر۔ صف۔ مث] دیکھئے "ہگاسا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ہگانا: [ا ر۔ مص] پاخانہ پھرانا۔
ہگتے پادتے جانا: [ا ر۔ محاورہ] ڈر کے مارے بھاگتے ہگتے جانا۔ بلا عذر جانا۔
ہگنا: [ا ر۔ مص] براز کرنا۔ پاخانہ پھرنا۔
ہگو / ہگوڑا: [ا ر۔ صف] بار بار ہگنے والا۔ بہت ہگنے والا (۲) کنایۃً ڈرپوک۔ بزدل۔

ہ ــــ ل

ہل: [ا ر۔ امذ] زمین جوتنے کا آلہ۔ زمین کھودنے کا اوزار۔
ہل برار: [ا ر۔ امث] ہلوں کی تعداد پر مال گذاری۔
ہل جوتا: [ا ر۔ صف] ہل چلانے والا۔
ہل جوتنا / چلانا: [ا ر۔ مص مرکب] بیج بونے سے پہلے زمین کو ہل سے نرم کرنا۔ قلبہ رانی کرنا۔
ہل چلنا: [ا ر۔ مص مرکب] دیکھئے "ہل چلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہل دار: [ا ر۔ صف] ہل کا مالک (اصولاً ترکیب غلط ہے)
ہل واہا: [ا ر۔ صف] ہل چلانے والا۔
ہل ہانکتے، کودوں پھانکتے: [ا ر۔ مثل] کنایۃً اضطراب کی حالت میں۔
ہلا: [ا ر۔ امذ] چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ۔ یورش (۲) شور وغل۔
ہلا: [ا ر۔ امث] (حیلہ کا بگڑا ہوا) کام۔ مشغلہ۔ دھندا۔
ہلا پتی رچلی: [ہ۔ امث] بھاگڑ۔ گڑبڑ۔ ہلچل۔
ہلا دینا: [ا ر۔ محاورہ] لرزا دینا۔ زلزلہ ڈال دینا۔
ہلا مارنا: [ا ر۔ محاورہ] ہلکان کرنا۔ پریشان کرنا۔
ہلا (ہلا): [ا ر۔ صف] مانوس [افعال: ہونا]
ہلاس: [ہ۔ امث] خوشی۔ شادی۔ شادمانی (۲) ناس۔ نسوار ناک میں سونگھنے کا پسا ہوا سوکھا تمباکو۔
ہلاس دانی: [ہ۔ امث] ہلاس رکھنے کا ظرف۔
ہلاس لینا: [ا ر۔ محاورہ] ہلاس سونگھنا۔
ہلاس ہو جانا: [ا ر۔ محاورہ] ہلاس کی طرح چٹکی چٹکی کرکے اڑ جانا۔ کنایۃً جلد خرچ ہو جانا۔
ہلاک: [ع۔ امذ] قتل۔ فنا۔ اتلاف (۲) تباہی۔ بربادی۔ خرابی (۳) صفت قتل کیا ہوا (۴) صفت پژمردہ۔ مضمحل۔ ہ۔ مجازاً مشتاق۔ آرزومند۔
ہلاک کرنا: [ا ر۔ مص مرکب] مارنا۔ قتل کرنا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ (۳) تھکانا۔ مضمحل کرنا۔
ہلاک ہونا: [ا ر۔ مص مرکب] دیکھئے "ہلاک کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہلاکت: [ع۔ امث] دیکھئے "ہلاک" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہلاکو: [ت۔ صف۔ مذ] ظالم۔ جلاد۔ سفاک (۲) ایک تاتاری بادشاہ کا لقب۔
ہلاکی: [عف۔ امث] دیکھئے "ہلاکت"
ہلال: [ع۔ امذ] پہلی رات کا چاند۔ پہلی رات سے تیسری رات تک کا چاند۔
ہلال ابرو: [عف۔ امذ] ابرو کو ہلال سے تشبیہ دی گئی ہے۔

ہلال رکاب: [ع‌ف. صفت] صاحب رتبہ و اقتدار۔
ہلال کلاہ: [ع‌ف. صفت] بادشاہوں کی تعریف کے لیے مستعمل ہے۔
ہلالی: [ع. صفت] دیکھئے "ہلال" جس سے یہ منسوب ہے (۲) ہلال کی طرح کا ٹیڑھا۔
ہلالین: [ع. امث] دیکھئے "قوسین" (ہلال کی تثنیہ)
ہلانا: [ا. مص] حرکت دینا۔ جنبش دینا (۲) مانوس کرنا۔ خوگر کرنا۔ پرچانا۔ سدھانا۔
ہلاہل: [ع. صفت] ۱۔ قاتل۔ مہلک (۲) مذ زہر قاتل۔
ہلبل: [ا. امث] اضطراب۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔
ہلبلا: [ا. صفت] مضطرب۔ بیقرار۔
ہلبلانا: [ا. مص] بے چین ہونا۔ گھبرانا۔ اکھلانا۔
ہلبلاہٹ / ہلبلی: [ا. امث] دیکھئے "ہلبل"
ہلبھا: [ا. امذ] لہر۔ رو۔ موج (۲) ترنگ۔ ہلکورا۔
ہلپان: [ا. امث] عورتوں کی ایک رسم جس میں شادی کے موقع پر حلوا پوری پکا کر تقسیم کرتی ہیں۔
ہل جانا: [ا. محاورہ] متحرک ہو جانا۔ لرز جانا۔ کانپ جانا۔ تھرا جانا۔ ۲۔ مانوس ہو جانا۔ خوگر ہو جانا۔
ہلچل: [ا. امث] بھاگڑ۔ کھلبلی (۲) بیقراری۔ گھبراہٹ (۳) بلوہ۔ دنگا۔ فساد [افعال: پڑنا۔ مچنا۔ ہونا]
ہلدوا: [ا. امث] ایک قسم کی زرد رنگ کی لکڑی جس سے تخت، صندوق بناتے ہیں۔
ہلدی: [ا. امث] ایک قسم کی زرد جڑ جو سالن میں رنگ کے واسطے ڈالتے ہیں زرد چوبہ۔
ہلدی تھوپنا: [ا. محاورہ] چوٹ پر ہلدی کا پلستر کرنا۔
ہلدی کی گرہ لے کر پنساری بن بیٹھنا / بن جانا: [ا. محاورہ] ۱۔ تھوڑی سی پونجی پر اپنے آپ کو بڑا دوکاندار سمجھنا (۲) تھوڑے سے ہنر پر اپنے آپ کو بڑا قابل سمجھنا۔
ہلدی لگا کے بیٹھنا: [ا. محاورہ] چوٹ لگنے کا بہانہ کر کے چھپ رہنا بہانہ کرنا۔ حیلہ ڈھونڈنا۔
ہلدی لگا کے بیٹھو گے: [ا. مثل] اس کام سے باز آؤ ورنہ ایسی مار کھاؤ گے کہ ہلدی لگا کر بیٹھنے کی ضرورت ہوگی۔
ہلدی لگی نہ پھٹکڑی پیاخ بہو آن پڑی: [ا. مثل] بے مشقت مفت ہی کام بن گیا۔ بلا کوشش مطلب حاصل ہو گیا۔
ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آئے: [ا. مثل] اس جگہ بولتے ہیں جہاں بغیر خرچ کیے خاطر خواہ کام نکل آئے۔
ہلدیہ: [ا. امذ] ایک قسم کا زہر جو ہلدی وغیرہ میں پایا جاتا ہے (۲) یرقان ایک بیماری جس میں تمام جسم زرد پڑ جاتا ہے (۳) صفت زرد۔ پیلا۔ بسنتی۔
ہلڑ: [ا. امذ] شور و غل۔ غل غپاڑہ۔ ہنگامہ [افعال: کرنا۔ مچانا۔ مچنا۔ ہونا]
ہلسانا: [ا. مص] خوش کرنا۔ جی بہلانا (۲) بھڑکانا۔ بہکانا۔ اکسانا (۳) للچانا۔ شوق دلانا۔
ہلسانے میں آنا: [ا. محاورہ] بہکانے میں آنا۔
ہلکا: [ا. صفت. مذ] سبک۔ خفیف۔ کم وزن (۲) اوچھا۔ کم ظرف (۳) کم قیمت۔ گھٹیا (۴) بے عزت۔ حقیر۔ ذلیل (۵) پھیکا۔
ہلکا پانی: [ا. امذ] زود ہضم پانی۔
ہلکاپن: [ا. امذ] دیکھئے "ہلکا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہلکا پھلکا: [ا. صفت] نہایت کم وزن۔ نہایت سبک (۲) نازک۔ لاغر۔ کمزور (۳) پتلا چھلکا۔
ہلکا پھول: [ا. صفت] پھول کی طرح ہلکا۔
ہلکا جوڑا: [ا. امذ] کم قیمت پوشاک۔
ہلکا خون / لہو: [ا. امذ] وہ شخص جسے جلد نظر لگے (۲) وہ شخص جو دوسروں کا لہو نہ دیکھ سکے۔
ہلکا رنگ: [ا. صفت] پھیکا رنگ۔
ہلکا کام: [ا. امذ] آسان کام۔ معمولی کام (۲) زر دوزی وغیرہ کا کام جو گنجان نہ ہو۔
ہلکا کرنا: [ا. محاورہ] بوجھ اتارنا۔ بوجھ کم کرنا (۲) سبکدوش کرنا (۳) خفیف کرنا ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔
ہلکا کھانا: [ا. امذ] وہ کھانا جو جلد ہضم ہو۔
ہلکا گلابی جاڑا: [ا. امذ] خفیف سردی کا موسم۔
ہلکا ہاتھ: [ا. امذ] اوچھا وار۔
ہلکا ہلکا: [ا. صفت] خفیف خفیف۔
ہلکا ہونا: [ا. محاورہ] دیکھئے "ہلکا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہلکارنا: [ا. مص] کتے کو شکار پر دوڑانا (۲) کنایۃً کسی کو جنگ و فساد پر آمادہ کرنا (۳) مرغوں کو لڑنے کے لیے اکسانا۔
ہلکان: [ا. صفت] تھکا ماندہ (۲) پریشان مضمحل نیم جان [افعال: کرنا۔ ہونا]
ہلکر: [ا. امذ و مث] ۱۔ ہلچل۔ تہلکہ۔ کھلبلی۔ [افعال: ڈالنا]
ہلکورا: [ا. امث] لہر۔ موج۔ ترنگ۔ جنبش۔
ہلکورنا: [ا. مص] ہلانا۔ جھنجھوڑنا۔
ہلکورے لینا / مارنا: [ا. محاورہ] پانی کا لہریں مارنا۔ موج زن ہونا۔ لہرانا۔
ہلکی: [ا. صفت] دیکھئے "ہلکا" جس کی یہ تانیث ہے
ہلکی بات: [ا. امث] آسان بات (۲) کمینی بات [افعال: کہنا]
ہلکی پھلکی: [ا. صفت] دیکھئے "ہلکا پھلکا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ہلکی چٹکی: [ا. امث] کپڑے کا سینے کے بعد کم تاننا اور جھول چھوڑ دینا۔
ہلکی چوٹ: [ا. امث] خفیف چوٹ۔
ہلکی شراب: [ا. امث] وہ شراب جو تیز نہ ہو۔
ہلکے: [ا. امذ] دیکھئے "ہلکا" جس کی یہ جمع ہے۔
ہلکے بھاری ہونا: [ا. محاورہ] ناگوار سمجھنا۔ خفیف ہونا۔
ہلکے سے: [ا. متعلق فعل] ہولے سے۔ سہج سے۔ آہستگی سے۔
ہلکے ہلکے: [ا. متعلق فعل] آہستہ آہستہ۔ سہج سہج۔
ہل کے پانی نہ پی سکنا: [ا. محاورہ] نہایت ناتوان اور کمزور ہو جانا۔
ہل کے پانی نہ پینا: [ا. محاورہ] نہایت سست اور کاہل ہونا (۲) اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا۔

ہلگانا: [ا۔ مص] ہلکانا۔ آویزاں کرنا۔ معلق کرنا۔ اُلجھنا (۲) کسی کام میں لگا رہنا۔
ہلکت: [ا۔ امث] عادت۔ سُبھاؤ۔ خُو۔
ہلکنا: [ا۔ مص] چمٹ رہنا۔ اُلجھنا۔ پھنسنا۔
ہل مل جانا: [ا۔ محاورہ] گھل مل جانا۔ آپس میں مانوس ہو جانا۔
ہل مل کر رہنا: [ا۔ محاورہ] میل جول کے ساتھ رہنا۔
ہَل مِن مُبارِز: [ع بول چال] کون لڑنے والا ہے۔ (یہ الفاظ جنگ میں حریف کو طلب کرنے کے لئے بولتے ہیں)
ہَل مِن مَزِید: [ع بول چال] کوئی اور ہے۔ کسی چیز سے طبیعت نہ بھرے تو کہتے ہیں۔
ہلنا: [ا۔ مص] متحرک ہونا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ جُنبش کرنا۔ ۲۔ مانوس ہو جانا۔ پرچنا۔
ہلنا ڈلنا / جھلنا: [ا۔ محاورہ] حرکت کرنا۔
ہلنے کو جی نہیں چاہتا: [ا۔ محاورہ] بہت زیادہ سست ہونا۔
ہلو: [انگ۔ اند] hallo دیکھئے "ہیلو"
ہلورا: [ہ۔ اند] موج۔ لہر۔
ہلورنا: [ا۔ مص] دیکھئے "ہلکورنا"
ہلورے / ہلوریں لینا: [ا۔ محاورہ] موجیں مارنا۔ لہریں مارنا۔
ہلیل: [ا۔ امث] ایک پودا جو بواسیر کے لیے بہت مفید ہے۔
ہلہلا: [ہ۔ اند] شگوفہ۔ کوئی عجیب بات۔ انوکھی بات (۲) شوق۔ اُمنگ ۳۔ بہتان۔ جھوٹی بات۔ بے سروپا بات۔
ہلہلا اُٹھانا: [ا۔ محاورہ] شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی نئی یا عجیب بات مشہور کر دینا (۲) شوق دلانا۔ طبیعت کو اُبھارنا۔
ہلہلا اُٹھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہلہلا اُٹھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہلہلا کر بخار چڑھنا: [ا۔ محاورہ] زور سے بخار چڑھنا۔ ایسا بخار چڑھنا کہ بیمار کانپنے لگے۔
ہلہلانا: [ا۔ مص] کانپنا۔ تھرانا۔ بخار کی شدت سے تھرانا۔
ہَلْہَلَہ: [ع۔ اند] نعرہ۔ للکار۔ شور۔ داد و آفریں کا شور
ہلیلج: [ع۔ امث] دیکھئے "ہلیلہ" جس کا یہ معرب ہے۔
ہلیلہ: [ف۔ اند] ہڑ۔ ایک دوا کا نام

ہ—م

ہم: [ا۔ کلمہ ضمیر متکلم جمع] میں اور میرے ساتھی۔ کلمہ تعظیم اپنی ذات کے لیے۔
ہم بھی کوئی ہیں: [ا۔ محاورہ] ہم سے بھی کوئی رشتہ اور خصوصیت ہے (۲) ہمارا بھی بڑا مرتبہ ہے۔
ہم بھی کیا یاد کریں گے: [ا۔ مثل] کسی کی بے توجہی اور بے پروائی کے لیے مستعمل ہے۔
ہم بھی ہیں پانچوں سواروں میں: [ا۔ مثل] چھوٹا ہو کر اپنے آپ کو بڑوں میں شمار کرنا۔
ہم بھی ہیں وُہ بھی ہیں: [ا۔ مثل] ہمارا اور اُن کا مقابلہ ہے۔ دیکھئے کون بڑھتا ہے۔
ہم پر پھیل پڑے: [ا۔ مثل] ہمیں پر غصہ اُتارا۔ زبردست کو کچھ نہ کہا۔ ناحق ہم پر خفا ہو گئے۔
ہم جانیں یا تم جانو: [ا۔ مثل] ہمارے تمہارے سوا کوئی واقف نہ ہو۔
ہم نکو شش تیارا خندۂ آغوش: [ا۔ مقولہ] کمال رضامندی ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔
ہم سے اُڑتے ہو: [ا۔ مثل] ہم سے چالیں کرتے ہو۔ ہمیں فریب دیتے ہو۔
ہم سے کب چل سکتے ہو: [ا۔ مثل] ہم تمہارے فریب میں نہیں آ سکتے۔
ہم کو: [ا۔ کلمہ ضمیر] اپنی ذات کو۔
ہم کو پیٹے / ہم کو گاڑے
ہماری بھتی کھائے / ہم کو ہے ہے کرے } [ا۔ کلمہ قسم]
ہمارا ماتم کرے۔ ہم کو روئے۔ اگر فلاں کام کرے۔
ہم کون ہیں: [ا۔ مقولہ] ہم اس لائق نہیں۔ ہمارا اس معاملہ میں کچھ دخل نہیں۔
ہم کہاں: [ا۔ مقولہ] ہم نہ ہوں گے۔
ہم نہ کہتے تھے: [ا۔ مقولہ] دیکھا جو کچھ ہم نے کہا وہی ہُوا نا۔ ہم نے نہ کہا تھا۔
ہَم: [ع۔ اند] اندیشہ۔ فکر۔ ملال۔ غم (۲) قصد۔ ارادہ۔
ہم: [ف۔ حرف عطف] نیز۔ بھی۔ بلکہ۔ اس کے علاوہ (۲) کسی کام میں شرکت ظاہر کرنے کے لیے۔ آپس میں۔ باہم دگر۔
ہم آغوش: [ف۔ صف] بغل گیر۔ ہم کنار۔ باہم گلے ملنے والا [افعال: ہونا]
ہم آغوشی: [ف۔ امث] دیکھئے "ہم آغوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم آواز / آہنگ: [ف۔ صف] سُر یا راگ میں شریک (۲) ساتھی (۳) متفق الرائے
ہم آوَرد: [ف۔ صف] سامنے کھڑے ہو کر لڑنے والا۔ مقابل۔ حریف۔ دشمن۔
ہم باز: [ف۔ صف] شریک۔
ہم بزم: [ف۔ صف] محفل میں شریک۔
ہم بزمی: [ف۔ امث] دیکھئے "ہم بزم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم بستر: [ف۔ صف] ایک بستر پر سونے والا۔ مجامعت کرنے والا۔
ہم بستر ہونا: [ا۔ محاورہ] ساتھ سونا۔ ایک ہی بستر پر سونا (۲) صحبت کرنا۔ مجامعت کرنا۔
ہم بستری: [ف۔ امث] دیکھئے "ہم بستر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم بغل: [ف۔ صف] دیکھئے "ہم آغوش"
ہم پایہ: [ف۔ صف] ہم رتبہ۔ ایک ہی درجہ رکھنے والا۔
ہم پلہ: [ف۔ صف] برابر کی ٹکر کا۔ برابر برابر جوڑ کا (۲) برابر کی مار کا۔ برابر فاصلہ کا۔ ہم رتبہ۔ ہم وزن۔
ہم پہلو: [ف۔ صف] پہلو کے برابر۔ پہلو بہ پہلو رفیق۔
ہم پیالہ / نوالہ: [ف۔ صف] ایک پیالے میں کھانے والا۔ ہم کاسہ۔ گہرا دوست۔
ہم پیشہ: [ف۔ صف] ایک ہی پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا۔ حریف۔
ہم تاب: [ف۔ صف] ہمسر۔ ہمسر۔ ہمسری کرنے والا۔
ہم ترازو: [ف۔ صف] ہم رتبہ۔ ہم پلہ۔ ہم وزن۔
ہم جلیس: [ع۔ صف] ہم نشین۔ پاس بیٹھنے اُٹھنے والا۔
ہم جماعت: [ف۔ صف] ہم سبق۔ جماعت کا یار۔ ہم مکتب۔

ہم جنس: [ف. صف] ایک جنس کا۔ ہم ذات۔ ایک نسل کا (۲) ہم رتبہ ہم پیشہ۔ اپنی ہی صنف کے فرد میں جنسی دلچسپی رکھنے والا کا ترجمہ۔
ہم جنسی: [ف. اث] دیکھئے "ہم جنس" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم جوار: [ف. صف] ہمسایہ۔ پڑوسی۔
ہم جولی: [ا. صف] کم عمری میں ساتھ کھیلا ہوا۔ لنگوٹیا۔ ہم سن (۲) وہ کم سن جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے۔
ہم چشم: [ف. صف] برابر والا۔ ہم مرتبہ۔ مقابل [افعال: ہونا]
ہم چشمی: [ف. اث] دیکھئے "ہم چشم" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم چو من / ما / دیگرے نیست: [ف. مثل] میرے یا ہمارے مثل دوسرا نہیں۔ خود ستائی کے لیے مستعمل ہے۔
ہم خرما و ہم ثواب: [ف. مثل] وہ فعل جس میں لذت بھی ہو اور کارِ خیر بھی۔ وہ کام جس میں دوہرا فائدہ ہو۔
ہم خواب: [ف. صف] ساتھ سونے والا۔ ہم بستر [افعال: ہونا]
ہم خوابی: [ف. اث] دیکھئے "ہم خواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم داستان: [ف. صف] ہم کلام۔ ہم صحبت۔ ہم راز۔
ہم داماں: [ف. صف] بیوی کی بہن کا شوہر۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔
ہم دبستان: [ف. صف] ہم مکتب۔ ہم مدرسہ۔
ہم درد: [ف. صف] دُکھ درد کا ساتھی۔ دردمند۔ غم خوار۔
ہم دردی: [ف. اث] دیکھئے "ہم درد" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم درس: [ف. صف] ساتھ سبق پڑھنے والا۔
ہم دست: [ف. صف] ہمراہ۔ ساتھ۔ شریک و رفیق (۲) متفق۔
ہم دگر: [ف. صف] باہم۔ آپس میں۔ دونوں ایک دوسرے میں۔
ہم دم: [ف. صف] ہم نفس۔ یار۔ دوست (۲) [ا. اذ] حقّہ۔
ہم دوش: [ف. صف] برابر بیٹھنے والا۔ ہمسر۔ برابر کا۔
ہم دوشی: [ف. اث] دیکھئے "ہم دوش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم دیوار: [ف. صف] پڑوسی۔ ہمسایہ۔
ہم ذات: [ف. صف] ایک ذات کا۔ ہم قوم۔
ہم راز: [ف. صف] رازدان۔ بھیدی۔ محرمِ اسرار [افعال: کرنا۔ ہونا]
ہم راہ: [ف. صف] ساتھ چلنے والا۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم رنگ (۲) ساتھ۔ سنگ
ہم راہ گر شتاب کند ہمرہ تو نیست: [ف. مقولہ] ساتھی اگر جلدی کرے تو وہ تیرا سچا رفیق نہیں ہے۔
ہم راہ رکاب: [ف. صف] جلوس کے ساتھ۔ سواری کے ساتھ۔
ہم راہ ہو لینا: [ا. محاورہ] ساتھ ہو لینا۔
ہم راہی: [ف. صف] ساتھی۔ ساتھ چلنے والا (۲) [امث] دیکھئے "ہم راہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم رشتہ: [ف. صف] جو رشتہ میں برابر ہو۔ (۲) ایک ہی دھاگے میں پروئی ہوئی چیز۔
ہم رکاب: [ف. صف] ہم سفر۔ ہم راہ (۲) سواری کے ساتھ۔

ہم رنگ: [ف. صف] ایک طرح کا۔ یکساں۔ یک رنگ
ہم رنگ کی دُون: [ا. مث] جوڑے میں دو رنگی رقم لگا دینا۔
ہم رنگی: [ف. امث] دیکھئے "ہم رنگ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہم رو: [ف. صف] ہم راہ۔ ہم سفر (۲) وہ گھوڑا جو پانچ سال کا ہو گیا ہو۔ اور اس کے سب دانت نکل آئے ہوں۔
ہم رہ: [ف. صف] دیکھئے "ہم راہ" جس کا یہ مخفف ہے۔
ہم زاد: [ف. صف] جو ساتھ پیدا ہوا ہو (۲) وہ روایتی جن یا فرشتہ جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے اور انسان کا یہ سایہ اس کے سفلی عمل سے تابع ہو کر کام انجام دیتا ہے
ہم زانو: [ف. صف] پاس بیٹھنے والا۔ پہلو نشین (۲) برابر کا۔
ہم زبان: [ف. صف] ہم نوا۔ متفق (۲) ہم کلام۔
ہم زلف: [ف. صف] ساڑھو۔ سالی کا خاوند۔
ہم زماں: [ف. صف] ہم عصر۔ ایک زمانے کے لوگ
ہم زور: [ف. صف] وہ دو شخص جو طاقت میں ایک دوسرے کے برابر ہوں
ہم ساز: [ف. صف] ہم دم۔ ساز کا۔ موافق۔
ہم سال: [ف. صف] عمر میں برابر۔ ہم عمر۔
ہم سائی: [ا. امث] پڑوس میں رہنے والی۔ پڑوسن۔
ہم سایگی: [ف. امث] دیکھئے "ہم سایہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ہم سایہ: [ف. صف] ا۔ پڑوسی (۲) [امذ] پاس کا مکان۔
ہم سایہ دھوئیں کا شریک: [ا. مثل] پڑوسی سے ہمدردی ہونا ضروری ہے
ہم سایہ ہونا: [ا. محاورہ] پڑوسی ہونا۔ کنایۃً ہم رنگ ہونا۔
ہم سبق: [ف. صف] دیکھئے "ہم درس"
ہم سخن: [ف. صف] ہم زبان۔ ہم کلام۔ ساتھی۔
ہم سخنی: [ف. امث] دیکھئے "ہم سخن" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔ [افعال: کرنا]
ہم سر: [ف. صف] برابر کا۔ ہم رتبہ۔ ہم چشم۔
ہم سری: [ف. اث] دیکھئے "ہم سر" جس کا یہ اسم کیفیت ہے [افعال: کرنا]
ہم سفر: [ف. صف] ساتھ سفر کرنے والا۔ سفر کا ساتھی۔ رفیقِ راہ۔
ہم سلک: [ف. صف] ہم مسلک۔ جس کے رشتے کے لڑکی آپس میں بیاہے ہوں (۲) ساتھ منسلک کیا ہوا۔
ہم سن: [ف. صف] ہم جولی۔ ہم عمر
ہم سنگ: [ف. صف] ا۔ ہم وزن (۲) رتبہ میں برابر
ہم سوانا: [ا. صف] وہ مقامات جن کی سرحدیں آپس میں ملی ہوئی ہوں۔
ہم شان: [ف. صف] برابر کی شان کا۔ ہم رتبہ۔
ہم شکل: [ف. صف] ایک شکل کا۔ ہم صورت۔
ہم شیر: [ف. اذ] رضاعی بھائی۔ حقیقی بھائی۔ حقیقی بھائی یا بہن عموماً بہن کو کہتے ہیں۔
ہم شیر زاد / زادہ: [ف. اذ] بھانجا۔ خواہر زادہ۔
ہم صحبت: [ف. صف] صحبت میں رہنے والا۔ مصاحب۔
ہم صفیر: [ف. صف] وہ پرندے جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں (۲) مجازاً

ہمدم۔ ہمرنگ۔ ہم آواز۔

ہم طالع: [ف۔ صف] یکساں نصیب والا۔

ہم طرح: [ف۔ صف] وُہ غزل یا قصیدہ جو ایک ہی طرح یا ایک ہی زمین میں لکھے جائیں (۲) مقابل۔ ہم رتبہ۔

ہم طریق: [ف۔ صف] ہم سفر۔ ہم وضع۔

ہم عصر: [ف۔ صف] ہم عہد۔ ہم زمانہ۔ ایک وقت کا۔

ہم عمر: [ف۔ صف] برابر کی عمر کا

ہم عنان: [ف۔ صف] ہمرکاب۔ ہمراہ (۲) ساتھی۔ رفیق۔

ہم عہد: [ف۔ صف] ہم عصر۔ ہم زمانہ۔

ہم عیار: [ف۔ صف] ہم وزن۔

ہم قد: [ف۔ صف] برابر قد کا۔

ہم قدم: [ف۔ صف] ساتھی۔ رفیق۔ ہمراہی۔ ہم سفر۔

ہم قران / قرین: [ف۔ صف] یار۔ مصاحب۔

ہم قسم [ف۔ صف] باہم عہد کرنے والے۔ حلیف

ہم کار: [ف۔ صف] ہم عہدہ۔ وُہ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مقرر ہوں۔

ہم کوم: [ف۔ صف] ایک قوم کا۔ ایک ذات کا۔

ہم کفو: [ف۔ ع۔ اِ] ایک ہی خاندان کا۔ ایک ہی کنبہ کا۔

ہم کلام: [ف۔ صف] ہم سخن۔ مل کر بات کرنے والا۔ [افعال۔ ہونا]

ہم کلامی: [ف۔ امث] دیکھئے "ہم کلام" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہم کنار: [ف۔ صف] ہم آغوش۔ بغل گیر [افعال کرنا۔ ہونا]

ہم گرد: [ف۔ صف] ساتھ پھرنے والا۔

ہم مذہب / مشرب: [ف۔ صف] ایک ہی مذہب کا۔ ایک ہی ملت کا۔

ہم مرکز: [ف۔ صف] دُو دائرے جن کا مرکز ایک ہو۔

ہم معنی: [ف۔ صف] وہ لفظ جو ایک دوسرے کے مترادف ہوں۔

ہم مکتب: [ف۔ صف] ہم مدرسہ۔ ایک ہی مدرسہ کے پڑھے ہوئے۔ ایک ہی مکتب میں پڑھنے والے۔

ہم نام: [ف۔ صف] ایک ہی نام کا۔ ہم اسم

ہم نبرد: [ف۔ صف] مقابل حریف

ہم نشین: [ف۔ صف] مصاحب پاس کا اُٹھنے بیٹھنے والا۔ ہم صحبت

ہم نظیر: [ف۔ صف] مقابل۔ ہم پایہ۔

ہم نفس: [ف۔ صف] دوست۔ آشنا۔ رفیق (۲) ہم کلام۔

ہم نوا: [ف۔ صف] ہم آہنگ۔ ہم آواز۔ ہم صفیر

ہم نوالہ: [ف۔ صف] ساتھ کھانے پینے والا۔

ہموار: [ف۔ صف] برابر۔ یکساں۔ ہمیشہ۔

ہموار کرلینا: [ار۔ محاورہ] زمین کو یکساں کرلینا۔ کسی کو کسی امر پر رضامند کرلینا۔ اپنی رائے کو موافق کرلینا۔ موافق بنالینا۔

ہموارہ: [ف۔ صف] ہموار کا مزید علیہ۔

ہم وطن: [ف۔ صف] ایک دیس کا۔ ایک خاک کا۔ ایک شہر کا۔

ہم وقت: [ف۔ صف] ہم عصر۔ ہم عہد۔

ہما: [ف۔ امذ] ایک مشہور خیالی پرندہ جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گزرے وُہ بادشاہ بن جاتا ہے۔

ہما بازی تما بازی پیروں سے دغابازی: [ار۔ مثل] اُستاد کے آگے شاگرد کی نہیں چلتی۔

ہماتم / ہماتمی: [ار۔ امث ق] مقابلہ۔ برابری (۲) رقابت۔

ہمارا: [ار۔ کلمہ ضمیر حالت اضافی] ہم سب کا۔ تمام کا (۲) میرا۔ میری ذات کا۔

ہمارا اُدھر بھی لیکھا ہے: [ار۔ محاورہ] یونہیں۔ یوُں سہی۔ ہم کو یہ بھی منظور ہے۔ بیفائدہ نہیں۔

ہمارا بھی خُدا ہے: [ار۔ مثل] کسی سے مایوس ہوجانے پر بولتے ہیں۔

ہمارا تمہارا خُدا بادشاہ: [ار۔ مثل] قصہ گو کسی بادشاہ کا قصہ شروع کرتے وقت کہتے ہیں۔

ہمارا جنازہ دیکھو / دیکھے / ہمارا حلوا کھاؤ / کھائے / لہو پیو / پیئے / مردہ دیکھو / دیکھے: [ار۔ محاورہ] قسمیں جو بیشتر عورتوں کی زبان پر آتی ہیں۔

ہمارا ذمہ: [ار۔ امذ] ہم اس دعوٰی کے ذمہ دار ہیں۔

ہمارا سلام ہے: [ار۔ محاورہ] بیزاری ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

ہمارا کام بنا جہان سے ہمیں چلا ہی بنتا: [ار۔ مثل] مرنے کے موقع پر حسرت سے کہتے ہیں۔

ہمارا کیا ہے: [ار۔ محاورہ] ہمارا کچھ نقصان نہیں۔ ہمارا کیا بگڑتا ہے۔

ہماری: [ار۔ صف۔ مث] اپنی۔ ذاتی۔ ہم کی۔ میری (۲) میری بات / نصیحت / فریاد وغیرہ۔

ہماری آنکھ سے دیکھو: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "میری آنکھوں" الخ

ہماری بسم اللہ اور ہم سے ہی چھو / ہماری بلی اور ہم سے ہی میاؤں: [ار۔ مثل] ہمارا ہی کھائے اور ہم پہ ہی غُرائے۔

ہماری بندگی (پہنچے): [ار۔ مثل] ہم باز آئے۔ ہمیں معاف رکھئے۔

ہماری بھینٹ کھائے: [ار۔ محاورہ] قسم دلانے کو کہتے ہیں۔

ہماری کلو بھینٹ کھائے / ہم کو ہے ہے کرے: [ار۔ مثل] (عو) دوسرے کو منتوں سے کہتے ہیں۔

ہماری بیری میں بھی بیر لگیں گے: [ار۔ مثل] کبھی ہم سے بھی تم کو کام پڑے گا۔

ہماری جان کو جلّاد ہے: [ار۔ مثل] ہم پر ظلم کرتا ہے ہمارے لیے جلّاد کی مثل ہے۔

ہماری ہم سے پوچھو۔ کوہن کی کوہن جانے: [ار۔ مثل] جس بات کا ہمارے ساتھ کچھ تعلق نہیں ہمیں اس کا علم نہیں۔

ہمارے [ضمیر متکلم حالت اضافی] دیکھئے "ہمارا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

ہمارے بڑے بڑے بردے آزاد کرتے تھے: [ار۔ مثل] جو شخص خود کچھ نہ ہو۔ اور باپ دادا کے نام پر اترائے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔

ہمارے دادا / دادی نے گھی کھایا ہمارے ہاتھ سونگھو: کام کوئی کرے اور داد کوئی مانگے۔

ہمارے دونوں ہاتھ لڈو / بیٹھے: [ار۔ مثل] ہمارا ہر طرح فائدہ ہے۔

ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں : [ا. مثل] ہم کو مطلق معلوم نہیں۔ ہم بالکل بے خبر ہیں۔

ہمارے گھر آؤ گے کیا لاؤ گے، تمہارے گھر آئیں گے کیا کھلاؤ گے : [ا. مثل] نہایت خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔

ہمارے منہ میں بھی زبان ہے : [ا. محاورہ] ہم بھی اس سوال کا جواب دے سکتے ہیں۔ ہم بھی بات کہنے کی قدرت رکھتے ہیں۔

ہمارے ہاں سے آگ لائی نام رکھا بسندر : [ہ. مثل] ہماری چیز اور ہم ہی سے دریغ۔ پرائی چیز پر اترانے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

ہما : [ا. ضمیر] ہم۔ صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

ہما شما : [ا. ضمیر] ہم تم۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ چھوٹے بڑے (۲) سب۔ عام عوام

ہماں / ہمانا : [ف. صفت] ۱. مثل۔ برابر (۲) مانند۔ ملتا جلتا۔ (۳) [متعلق فعل] یقیناً (۴) ظاہر طور پر (۵) یکایک۔ فوراً (۶) ایضاً۔ جیسا کہ پہلے تھا۔ (۷) پھر (۸) بار بار وہی (۹) گویا۔ شاید (۱۰) (مذکر) روح۔ بھوت۔ (۱۱) خیال (۱۲) راستہ۔

ہماں دم / ہماندم / ہماں گاہ : [ف. متعلق. فعل] اسی وقت۔ فوراً۔ یکایک۔ جونہی کہ

ہماں ہمی کرنا : [ا. محاورہ] عہد و پیمان کرنا۔ حریف۔ مقابل۔ دشمن۔

ہماہمی / ہمیں : [ف. امث] ۱. خود نمائی۔ خود پسندی۔ انانیت۔ بڑا بول۔ (۲) سرزوری۔ زور آوری۔ زبردستی (۳) زور۔ طاقت (۴) خود غرضی۔

ہماہمی کرنا : [ا. محاورہ] ۱. خود غرض ہونا۔ خود پسند ہونا۔ زبردستی کرنا۔ سرزوری کرنا۔

ہمم : [ع. امذ] دیکھئے "ہمت" جس کی یہ جمع ہے۔

ہمایوں : [ف. صفت] خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ بلند اقبال۔ صاحب اقبال۔ (۲) بابرکت۔ پرنور۔ مقدس (۳) شاہانہ۔

ہمے : [ہ. متعلق. فعل] ہاں۔

ہمت : [ع. امث] ۱. قوت۔ طاقت۔ توفیق۔ دسترس (۲) دلیری۔ جرأت بہادری۔ شجاعت (۳) ارادہ۔ قصد۔ عزم (۴) عالی حوصلگی۔ اولوالعزمی (۵) فیاضی (۶) لیاقت۔ قابلیت (۷) کوشش۔ مرکبات ہیں جیسے پست ہمت۔ عالی ہمت۔ کم ہمت۔

ہمت باندھنا : [ا. محاورہ] حوصلہ کرنا۔

ہمت بندھانا : [ا. محاورہ] جرأت دلانا۔ حوصلہ کرانا۔

ہمت بندھنا : [ا. محاورہ] دیکھئے "ہمت باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہمت پڑنا : [ا. محاورہ] حوصلہ ہونا۔ جرأت ہونا۔

ہمت پست ہونا : [ا. محاورہ] حوصلہ جاتے رہنا۔ بے ہمت ہو جانا۔

ہمت توڑنا : [ا. محاورہ] دیکھئے "ہمت ٹوٹنا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہمت ٹوٹنا : [ا. محاورہ] کم ہمت ہو جانا۔ پست ہمت ہو جانا۔

ہمت جوان رہنا : [ا. محاورہ] حوصلہ قائم رہنا۔ ہمیشہ باحوصلہ رہنا۔

ہمت سرد ہونا : [ا. محاورہ] حوصلہ جاتے رہنا۔

ہمت قائم / قوی رہنا : [ا. محاورہ] حوصلہ قائم رہنا۔ ارادہ پکا رہنا۔

ہمت کرنا : [ا. محاورہ] ۱. دلیری کرنا۔ جرأت کرنا (۲) سخاوت کرنا (۳) حوصلہ کرنا (۴) کوشش کرنا۔

ہمت کی گڑیا عراقی کے لات مارے : [ا. مثل] ہر ایک اپنے حمایتی کے بھروسے پھولتا ہے۔

ہمت مردان : [ع ف. امث] بہادر آدمیوں کی ہمت کا حوصلہ۔

ہمت مرداں مدد خدا : [ف. مقولہ] کام میں کوشش شرط ہے خدا ضرور مدد کرتا ہے۔

ہمت مردانہ : [ع ف. امث] دیکھئے "ہمت مردان"

ہمت ہارنا : [ا. محاورہ] پست ہمت ہونا۔ جی چھوڑنا۔ حوصلہ نہ رہنا۔

ہمتا : [ف. صفت] برابر۔ نظیر۔ مثل۔ مانند

ہمتائی : [ف. امث] دیکھئے "ہمتا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہمزہ : [ع. امذ] وہ الف جو حرف کے درمیان یا آخیر میں آئے (۲) حساب میں [illegible] کا نشان (۳) عربی میں الف متحرک (یہ عین کے منہ کی طرح لکھا جاتا ہے۔ یعنی "ء") (۴) شیطانی وسوسہ

ہمسانا : [ہ. مص] ۱. اٹھانا (۲) ڈرانا۔

ہمسنا : [ہ. مص] کسی چیز کا اپنی جگہ چھوڑنا۔

ہمک : [ہ. فعل] ہمکنا مصدر سے صیغہ امر۔

ہمک ہمک کر چلنا : [ا. محاورہ] ٹھمک ٹھمک کر چلنا۔ اچک اچک کر چلنا

ہمکارا : [ا. امذ] ہاں۔ ہوں۔ کسی بات کے اقرار / اقبال کی آواز۔

ہمکاری : [ا. امث] دیکھئے "ہمکارا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہمکارا / ہمکاری بھرنا : [ا. محاورہ] اقرار / اقبال کرنا۔ ہاں۔ ہوں کرنا۔

ہمکنا : [ہ. مص] بچے کا کسی دوسرے کے پاس جانے کے لیے اچھلنا۔ پھدکنا۔ اچکنا۔ (۲) چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔

ہمگنا : [ہ. مص] دیکھئے "ہمکنا"

ہمگی / ہمگیں : [ف. صفت] کل۔ تمام۔ سب (ہمہ سے)

ہمم : [ع. امث] ہمت کی جمع مرکبات میں جیسے عالی ہمم۔

ہمہ : [ف. صفت] سب۔ کل۔ سارا۔ جملہ۔ تمام۔

ہمہ از وست : [ف. مقولہ] سب چیزیں اس (خدا) سے ہیں۔ کوئی چیز بذاتہ خود موجود نہیں ہے بلکہ ہر چیز اپنے وجود کے لیے اللہ کی محتاج ہے۔

ہمہ اوست : [ف. مقولہ] سب کچھ وہ (خدا) ہے۔ صوفیوں کا قول ہے۔ جن کے نزدیک سوا خدا کے کسی چیز کا وجود نہیں ہے۔ یہ خدا ہی ہے جو مختلف صورتوں میں دکھائی دیتا ہے۔

ہمہ تن : [ف. متعلق. فعل] بالکل۔ تمام۔ سراپا۔ سربسر۔ سب کا سب۔

ہمہ تن گوش : [ف. صفت] کمال متوجہ

ہمہ دان : [ف. صفت] ہر بات سے واقف۔ ہر علم جاننے والا۔

ہمہ دانی : [ف. امث] ہر بات کی واقفیت ("ہمہ دان" کا اسم کیفیت)

ہمہ صفت موصوف : [ف. صفت] تمام خوبیوں سے بھرا ہوا۔ وہ جس میں تمام خوبیاں پائی جائیں (طنزاً بھی مستعمل ہے)

ہمہ عنوان : [ف. متعلق. فعل] ہر طرح۔ ہر صورت۔

ہمہ نعمت : [ف. امث] تمام نعمتیں / عمدہ عمدہ چیزیں۔

ہمہ نعمت موجود ہے : [ا. محاورہ] خدا نے سب کچھ دے رکھا ہے۔

ہمہ وقت / وقتی : [ف. متعلق. فعل] ہر وقت۔

ہمیان / ہمیانی : [ف. امث] پتلی سی تھیلی جس میں روپے ڈال کر کمر سے باندھ لیتے تھے [افعال۔ کمر سے باندھنا۔ کھولنا]

ہمیش: [ف متعلق فعل] ہمیشہ کا مخفف۔
ہمیشگی: [ف۔ امث] دیکھئے "ہمیشہ / ہمیش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہمیشہ: [ف متعلق۔ فعل و صفت] مدام۔ سدا۔ دائم۔ نت۔ آئے دن۔
ہمیشہ بہار: [ف۔ امذ] (۱) ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے (۲) سدا بہار۔
ہمیشہ رونے ہی میں جنم گزرا / رونے گزر گئی: [ا۔ مقولہ] سدا مصیبت ہی میں مبتلا رہے۔
ہمیشہ سے چلا آتا ہے: [ا۔ مقولہ] یوں ہی ہوتا ہے۔ پرانا چلن ہے۔ قدیم رسم ہے۔
ہمیل: [ھ۔ امذ] روپیوں کی بنی ہوئی ہیکل جو گلے میں پہنتے ہیں۔
ہمیں: [ہ، یائے معروف] [ف متعلق فعل] (۱) یہی۔ (۲) اسی طرح۔ اسی طریقے پر (۳) صرف۔ نہ کم نہ زیادہ۔
ہمیں چوگان ہمیں میدان ہمیں گو / ہمیں گو ہمیں چوگان: [ف۔ مثل] یہی مقابلے کی جگہ ہے۔ یہیں آزمائش ہو جاتے۔
ہمیں (بہ یائے معروف) [کلمہ حصر] ہم ہی ہم ہی تمام۔ ہم سب۔
ہمیں پر کیا ہے: [ا۔ محاورہ] ہماری ذات ہی پر موقوف نہیں۔ ہم پر منحصر نہیں۔
ہمیں ہیں جو یہ مگدر ہلاتے ہیں: [ا۔ مثل] ہمارے برابر کوئی نہیں۔
ہمیں: [بہ یائے مجہول] [ا۔ ضمیر متکلم] ہم کو

ہ — ن

ہن: [ا۔ امذ] دکن کے ایک قدیم سکے کا نام (۲) دولت۔ مال و زر۔
ہن برسانا: [ا۔ محاورہ] دولت برسانا۔
ہن برسنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہن برسانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہن پر ہن برسنا: [ا۔ محاورہ] کثرت سے دولت برسنا۔
ہنٹر: [انگ۔ امذ] (۱) hunter کوڑا۔ چابک (۲) شکاری۔
ہنجار: [ف۔ امذ] راہ۔ راستہ۔ مجازاً طرز۔ روش۔ قاعدہ
ہند: [ھ۔ امذ] ہندوستان۔ بھارت۔
ہندسہ: [ع۔ امذ] (۱) شکل۔ عدد (۲) رقم (۳) اقلیدس۔
ہندسہ دان: [ع ف۔ صفت] علم ہندسہ کا عالم۔ اقلیدس کا عالم۔
ہندسہ دانی: [ع ف۔ امث] دیکھئے "ہندسہ دان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہندنی: [ھ۔ امث] ہندو عورت۔
ہندو: [ھ۔ امذ] ہندوستان کا باشندہ۔ ہندوستانی۔ ہندی (۲) ایک بُت پرست قوم (۳) خال سیاہ۔ زلف سیاہ (۴) فارسی میں چور۔ لٹیرا۔ غلام
ہندومت: [ھ امث] اہل ہند کا مذہب ہندو دھرم۔
ہندوانہ: [ف۔ امذ] تربوز
ہندوانی: [ف۔ صفت] ہندوؤں کا۔ ہندوؤں سے منسوب۔
ہندوستان: [ف۔ امذ] ملک ہند۔ بھارت۔
ہندوستانی: [ف۔ صفت] دیکھئے "ہند" جس سے یہ منسوب ہے (۲) ہندوستان کا باشندہ (۳) امث ہندوستان کی زبان۔ آسان ہندی۔ اُردو۔
ہندوے چرخ / فلک: [ف۔ امذ] سیارہ زحل جو سیاہ رنگ کا ہے۔
ہندی: [ف صفت] دیکھئے "ہند" جس سے یہ منسوب ہے۔ (۲) ہندوستانی۔ ہند کا رہنے والا (۳) ہند کی زبان (۴) ہندوستان کی تلوار (۵) اُردو۔
ہندی کی چندی: [ا۔ امث] تشریح کرنا۔ نکتہ چینی۔ چھان بین۔
ہندی کی چندی کرنا / بنانا: [ا۔ محاورہ] (۱) خوب سمجھانا۔ آسان کو آسان کر دینا۔ (۲) خوب چھان بین کرنا۔ کھود کھود کر پوچھنا۔ (۳) کنایتہً فضول کام کرنا۔
ہندی کی چندی نکالنا: [ا۔ محاورہ] بال کی کھال نکالنا۔ حجت کرنا۔
ہندی نژاد: [ف صفت] وہ جو ہند کا اصل باشندہ ہو۔
ہنڈا: [ھ۔ امذ] مٹی کی بڑی ہانڈی۔ مٹی کا بڑا برتن۔ مٹکا (۲) ہانڈی کی شکل کا بڑا فانوس (۳) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے۔
ہنڈا بھاڑا: [ا۔ امذ] واپسی کا کرایہ۔ کرایہ کا فیصلہ۔
ہنڈا پھوڑنا: [ا۔ محاورہ] راز فاش کرنا۔
ہنڈا کرنا: [ا۔ محاورہ] کسی دیوتا پر مٹھائیوں کے ہنڈے چڑھانا۔ کسی جاترا سے واپس آ کر ضیافت کرنا۔
ہنڈار: [ھ۔ امذ] گرگ۔ بھیڑیا۔
ہنڈانا: [ا۔ مص] شہر بدر کرنا۔ جلاوطن کرنا۔ گشت کرانا۔ پھرانا۔ تشہیر کرنا۔
ہنڈاون: [ھ۔ امث] ہنڈی بھیجنے کا کمیشن۔ ہنڈی کا بٹا۔
ہنڈکلیا / کلھیا: [ھ۔ امث] بچوں کی ہانڈی جو کلیا یا چھوٹے برتن میں پکاتے ہیں۔ بچوں کے کھانا پکانے کا کھیل۔
ہنڈنا: [ا۔ مص] گشت کرنا۔ پھرنا۔ تشہیر کرنا۔
ہنڈول: [ھ۔ امذ] ہندی راگوں کا پانچواں راگ۔ موسم بہار کا راگ۔ (۲) جھولا۔
ہنڈولا: [ھ۔ امذ] پالنا۔ گہوارہ۔ جھولا۔ ہنگھوڑا۔ (۲) برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے۔
ہنڈولا جھولنا: [ا۔ محاورہ] جھولا جھولنا۔ ہنڈولے میں جھولنا۔
ہنڈولنا: [ھ۔ امذ] جھولنا۔ پالنا۔ گہوارہ۔
ہنڈوی / ہنڈی: [ھ۔ امث] وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ دینے کے واسطے دیتے تھے آج کل چیک دیتے ہیں۔
ہنڈی بھیجنا: [ا۔ محاورہ] مہاجن کے ذریعے روپیہ بھیجنا۔ ساہوکار سے روپیہ کا کاغذ لیکر روانہ ہونا۔
ہنڈی پٹنا: [ا۔ محاورہ] ہنڈی کا روپیہ وصول ہونا۔
ہنڈی درشنی: [ھ۔ امث] وہ ہنڈی جس کی رقم دیکھتے ہی ادا کر دی جاتے۔
ہنڈی سکارنا / سکھارنا: [ا۔ محاورہ] ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔
ہنڈی سیاہ جوگ: [ھ۔ امث] وہ ہنڈی جس کا روپیہ کچھ دیر بعد ملے۔

ہُنڈی کرنا: [ا۔ محاورہ] ساہوکار کے ذریعہ ایک جگہ سے دُوسری جگہ روپیہ پہنچانا
ہُنڈی کھڑی رکھنا: [ا۔ محاورہ] ہنڈی کو کسی وجہ سے ملتوی رکھنا۔
ہَنڈیا: [ہ۔ امث] دیکھئے "ہانڈی" جس کی یہ تصغیر ہے (۲) کنایۃً ترکاری۔ سالن۔
ہَنڈیا پکانا: [ا۔ محاورہ] سالن پکانا۔ ترکاری پکانا (۲) چرچا کرنا۔ کھچڑی پکانا۔
ہَنڈیا پکنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہنڈیا پکانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہَنڈیا چڑھانا: [ا۔ محاورہ] ہنڈیا چولہے پر رکھنا۔ دال، ترکاری۔ ساگ وغیرہ پکانے کے لیے چولہے پر رکھنا۔
ہَنڈیا چڑھنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہنڈیا چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہَنڈیا ڈوئی: [ا۔ امث] کھانے پکانے کا سامان۔ باورچی خانے کے برتن (۲) کنایۃً گھر کا اثاثہ۔
ہُنر: [ف۔ اِمذ] فن۔ کام۔ کاریگری۔ حرفت۔ کمال۔ جوہر۔ صفت (۲) کرتب۔ وصف۔ خوبی (۳) اندازہ۔ سلیقہ۔ حکمت۔ دانائی۔
ہُنر کی پوٹ: [ا۔ امث] جامع الکمالات۔ بڑا ہُنرمند۔
ہُنرمند / وَر: [ف۔ صف] ہُنروَر۔ صاحبِ ہُنر۔ باہُنر۔ گُنی۔ (۲) دستکار۔ کاریگر۔ گُنتاج
ہُنرمندی / وَری: [ف۔ امث] دیکھئے "ہُنرمند / ور" جسکا یہ اسمِ کیفیت
ہَنس: [ا۔ اِمذ] ہنسنا مصدر کا امر جو مرکبات میں آتا ہے۔
ہَنس بول کر بسر کرنا: [ا۔ محاورہ] خوشدلی کیساتھ زندگی گزارنا۔
ہَنس بول لینا: [ا۔ محاورہ] ہنسی خوشی سے بات چیت کرنا۔
ہَنس پڑنا / دینا: [ا۔ محاورہ] دفعتہً ہنسنے لگنا۔
ہَنس مُکھ / خلق: [ا۔ صف] خوش خلق۔ ہنس مکھ۔ ملنسار
ہَنس: [ا۔ اِمذ] ایک قسم کا آبی پرندہ۔
ہَنس راج: [ا۔ امث] ا۔ ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے یا پہاڑوں پر کثرت سے ہوتی ہے (۲) ایک قسم کی آبی بطخ۔ قاز۔
ہِنسا: [س۔ اِمذ] قتل۔ خون۔ کشت و خون (۲) پاپ۔ گناہ۔
ہَنسا: [ا۔ اِمذ] ہنسی۔ قہقہہ۔
ہنسا جانا: [ا۔ محاورہ] تمسخر کیا جانا۔ مذاق اڑایا جانا
ہنسا مارنا: [ا۔ محاورہ] بہت ہنسنا۔
ہنسانا: [ا۔ مص] ہنسی دلانا۔ خندہ دلانا (۲) خواہش کرنا۔ محظوظ کرنا۔
ہَنسائی: [ا۔ امث] تضحیک۔ ٹھٹھا۔ ہنسی
ہَنستا: [ا۔ صف] ہنستا ہوا۔
ہَنستا پھول بکھتی کلی: [ا۔ مثل] نازک اور خوش مزاج آدمی جو اکثر مسکراتا اور ہنستا رہتا ہے۔ مگر جسے ذرا بھی خلافِ طبع ناگوار ہو۔
ہَنستا چِھنل: [ا۔ صف] دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا۔
ہَنستی: [ا۔ امث] دیکھئے "ہنستا" جس کی یہ تانیث ہے۔
ہَنستی پیشانی: [ا۔ امث] خندہ روئی۔ خندہ پیشانی۔
ہنستے بولتے: [ا۔ صفت] مذاق کرتے کرتے۔ باتوں باتوں میں۔ آسانی سے۔ خوش دلی سے گفتگو کرتے کرتے

ہَنستے ٹھا کر کھلنتے چور ان دونوں کا آیا اور: [ا۔ مثل] حاکم کی تمسخرانہ ہنسی اور چور کی کھلنسی خرابی کا باعث ہوتی ہے۔
ہَنستے ہنستے: [ا۔ متعلق فعل] ہنسی ہنسی میں۔ مذاق میں (۲) نہایت ہنسنے سے۔
ہَنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا: [ا۔ محاورہ] نہایت ہنسنا۔
ہَنستے ہنستے لوٹ جانا: [ا۔ محاورہ] ہنسی کے مارے غلطاں ہونا۔ ہنسی کے مارے لوٹ پوٹ ہو جانا۔
ہَنستے ہی گھر بستے ہیں: [ا۔ مثل] ہنسی ہنسی میں کام بن جاتے ہیں باتوں باتوں میں کام نکل آیا کرتے ہیں۔
ہَنسلی: [ا۔ امث] وہ ہڈی جو گردن کے نیچے ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔
ہَنسلی اتر جانا / جاتی رہنا / رہنا: [ا۔ محاورہ] شیرخوار بچے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے کھسک کر نیچے اوپر ہو جانا۔
ہَنسنا: [ا۔ مص] خندہ کرنا۔ کھلکھلانا۔ کھلنا (۲) مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔ چھیڑ خانی کرنا (۳) ہنسی اڑانا۔ تضحیک کرنا۔
ہَنسنا بولنا: [ا۔ محاورہ] ظرافت سے دل بہلانا۔ دل لگی کرنا۔ مذاق کرنا (۲) خوش دلی سے بات کرنا۔
ہَنسنا ہنسانا: [ا۔ محاورہ] تفریح کرنا۔
ہَنسوا: [ہ۔ اِمذ] درانتی۔ کاٹنے کا اوزار (فصل وغیرہ)
ہَنسوانا: [ا۔ مص] کسی پر ہنسنے کے لیے دوسرے کو تحریک کرنا۔
ہَنسوڑ: [ا۔ صف] خوش طبع۔ خوش مزاج۔
ہَنسی: [ا۔ امث] ہنسنے کا عمل۔ فعل۔ دل لگی۔ خوش طبعی۔ خوش مزاجی۔ مسخر (۳) تضحیک۔ تفضیح (۴) کھیل۔ نہایت آسان کام۔
ہَنسی آنا: [ا۔ محاورہ] خنداں ہونا۔
ہَنسی اڑانا: [ا۔ محاورہ] تضحیک کرنا۔ کسی پر ہنسنا۔
ہَنسی اڑنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہنسی اڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہَنسی ٹھٹھا: [ا۔ اِمذ] ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی (۲) ذرا سی بات۔ کھیل۔ تماشا۔ آسان کام
ہَنسی خوشی: [ا۔ اِمذ] خوشی سے۔ خوش ہو کر۔ خوشی کے ساتھ (۲) خوش خوش۔ خیریت کے ساتھ۔ بخیریت تمام۔
ہَنسی خوشی سے: [ا۔ متعلق فعل] رضامندی سے۔
ہَنسی خوشی کا سودا: [ا۔ اِمذ] رضامندی کا معاملہ۔
ہَنسی سے کہنا: [ا۔ محاورہ] مزاحاً کوئی بات کہنا
ہَنسی سے لوٹنا: [ا۔ محاورہ] ہنسی سے بیتاب ہو کر غلطاں ہونا۔ بہت ہنسنا۔
ہَنسی ضبط کرنا: [ا۔ مص مرکب] ہنسی روک لینا۔
ہَنسی کرنا: [ا۔ محاورہ] مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا (۲) رسوائی کرنا۔ بدنامی کرنا۔ تضحیک کرنا۔
ہَنسی کھیل: [ا۔ اِمذ] ہنسی ٹھٹھا۔ ذرا سی بات۔ آسان کام۔
ہَنسی کی بات: [ا۔ امث] مذاق کی بات۔ غیر سنجیدہ بات۔
ہَنسی کے مارے پیٹ پھٹا جاتا ہے: [ا۔ مثل] بہت ہنسی آتی ہے۔
ہَنسی کے مارے دم اُلٹ گیا: [ا۔ مثل] بے اختیار ہنسی

آئی اور دم اُلٹ گیا۔

ہنسی ماننا: [ار۔ محاورہ] کھیل سمجھنا۔

ہنسی میں: [ار۔ متعلق فعل] دل لگی میں۔ ظرافت میں۔

ہنسی میں اُڑانا/اُڑا دینا: [ار۔ محاورہ] کسی بات کو ہنسی میں ٹال دینا۔ بات پر توجہ نہ دینا۔

ہنسی میں پھول جھڑنا: [ار۔ محاورہ] کسی کا ہنسنا اچھا لگنا۔

ہنسی میں ٹالنا: [ار۔ محاورہ] کسی کی ناگوار بات کو مذاق میں لا کر آئی گئی کر دینا۔

ہنسی میں کھنسی ہو جانا: [ار۔ محاورہ] ہنسی میں بگاڑ ہو جانا۔ مذاق میں بگڑ جانا۔

ہنسی میں لے جانا: [ار۔ محاورہ] کسی کی بات کو مذاق سمجھنا۔

ہنسی ہنسی میں: [ار۔ متعلق فعل] دل لگی میں۔ مذاق میں۔ مذاقاً (۲) بلا وجہ۔ بلا سبب۔ یونہی۔ باتوں باتوں میں۔

ہنسی ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہنسی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہنسیا: [ھ۔ امذ] دیکھئے "ہسیا"

ہُنکار: [ھ۔ امث] ہاں کی آواز (۲) پُشتی۔ حمایت۔

ہُنکارا: [ھ۔ امذ] ہوں۔ ہاں۔

ہُنکارا بھرنا: [ار۔ محاورہ] ہاں کرنا۔ ہامی بھرنا (۲) اشارہ کرنا۔ بہکانا۔

ہُنکارنا: [ار۔ مص] "ہنکارا بھرنا" ملاحظہ فرمائیں۔

ہُنکاری: [ار۔ امث] دیکھئے "ہنکارا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہُنکالنا: [ار۔ مص ق] ہانکنا۔ چلانا۔ ہنکانا۔ نکال دینا۔

ہنکانا: [ار۔ مص] پاس سے دُور کرنا (۲) کھدیڑنا۔ بھگانا

ہنکایا جانا: [ار۔ محاورہ] جانوروں کی طرح تعاقب کیا جانا (۲) دُور کیا جانا۔ بھگایا جانا۔

ہنکرا: [ار۔ امذ] جانوروں کو ہانک کر شکاری کے بیٹھنے کی جگہ پر لانا۔

ہنکوانا: [ار۔ مص] دیکھئے "ہنکانا" جس کا یہ متعدی ہے۔

ہَنگ: [ف۔ امذ] بھاری بھرکم پن۔ تمکین۔ وقار (۲) ارادہ۔ قصد (۳) زور۔ قوت۔ بل (۴) صف دانا۔ زیرک۔ عاقل (۵) لشکر۔ سپاہ۔

ہنگام: [ف۔ امذ] وقت۔ زمانہ۔ موقع۔

ہنگامہ: [ف۔ امذ] مجمع۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ انبوہ (۲) معرکہ۔ میدان (۳) شورش۔ دنگا فساد (۴) شور و غوغا۔ ہائے ہو (۵) زور شور۔

ہنگامہ آرا: [ف۔ صف] جنگ برپا کرنے والا۔ فتنہ برپا کرنیوالا۔

ہنگامہ آرائی: [ف۔ امث] دیکھئے "ہنگامہ آرا" جس کا اسم کیفیت ہے

ہنگامہ برپا کرنا: [ار۔ محاورہ] فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔

ہنگامہ برپا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہنگامہ برپا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہنگامہ پرداز: [ف۔ صف] ہنگامہ برپا کرنے والا۔ فسادی۔

ہنگامہ پردازی: [ف۔ امث] دیکھئے "ہنگامہ پرداز" جسکا یہ اسم کیفیت ہے

ہنگامہ کرنا: [ار۔ محاورہ] فتنہ و فساد اُٹھانا۔ شور و غوغا کرنا۔

ہنگامہ گرم رہنا: [ار۔ محاورہ] فتنہ و فساد، شور و غوغا ہوتا رہنا۔

ہنگامہ گرم کرنا: [ار۔ محاورہ] حادثات کو کثرت سے پیدا کرنا۔ افراتفری کرنا۔

ہنگامہ گرم ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہنگامہ گرم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہنگامۂ محشر: [ف۔ امذ] قیامت کے روز کا ہجوم۔

ہنگامی: [ف۔ صف] چند روز کا۔ خاص وقت کا (۲) ناگہانی)

ہنگن: [ار۔ امث] ایک قسم کی آتشبازی (۲) ایک قسم کا جنگلی پھل۔

ہُنُود [ع۔ امذ] دیکھئے "ہندو" جس کی یہ جمع ہے۔

ہنُوز: [ف متعلق فعل] ابھی تک۔ اب تک۔ اس وقت تک۔ ابھی۔

ہنوز دلّی دُور است: [ار۔ مثل] ابھی منزل بہت دُور ہے۔ ابھی مطلب پُورا ہونے میں بہت دیر ہے۔

ہنوز روز اوّل است: [ار۔ مثل] ابھی وہی ابتدا والا معاملہ ہے۔ ابھی تک کچھ ترقی نہیں کی ہے۔

ہنُومان: [ھ۔ امذ] ہندوؤں کا ایک دیوتا۔ ہندوؤں کا ایک روایتی سردار جس نے سیتا جی کی بازیابی میں رام چندر جی کی مدد کی تھی۔ (۲) بندر۔ بوزنہ۔

ہنہنانا: [ار۔ مص] گھوڑے کا بولنا۔

ہنہناہٹ: [ار۔ امث] دیکھئے "ہنہنانا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہنی مُون: [انگ۔ امذ] honey moon شادی کا پہلا مہینہ جس میں دُولہا دُولہن باہر سیر و تفریح کے لئے چلے جاتے ہیں۔

ہ — و

ہو (بہ واوِ مجہول) [ار فعل ناقص] (ار) ہیں ضمیر واحد حاضر زمانہ حال کا فعل ناقص جیسے تم جانتے ہو۔ کھاتے ہو۔

ہُو: [ار۔ امث] پکارنے یا بلانے کی آواز (۲) بعض جنگلی جانوروں کی آواز (۳) بچوں کو ڈرانے کی آواز۔ حقارت کا کلمہ۔

ہُو: [ع۔ امذ] "اَللہ ھُوْ" کا مخفف (۲) ڈر۔ (۳) آہ۔ ہائے۔

ہُو بہُو: [ف صف] بعینہٖ۔ بالکل ٹھیک ٹھیک

ہُو حق: [ع۔ امث] عبد یا مستی میں منہ سے نکلنے والا نعرہ (۲) شور و غل۔

ہُو حق کرنا: [ار۔ محاورہ] خُدا کا نام لینا۔ اللہ اللہ کرنا (۲) شور و غل کرنا۔

ہُو حق ہو جانا: [ار۔ محاورہ] فنا ہو جانا۔ مٹ جانا۔ ناپید ہو جانا (۲) فنا فی اللہ ہو جانا۔

ہُو کا عالَم: [ار۔ امذ] عالم لاہوت۔ اُجاڑ۔ سنسان

ہُو کا مقام/مکان/میدان: [ار۔ امذ] ایسی جگہ جہاں سوائے خُدا کے اور کوئی نہ ہو۔ خوفناک جگہ۔ سنسان جگہ۔ ویران جگہ۔

ہُو کرنا: [ار۔ محاورہ] ڈر کر چیخنا۔ چیخنا۔ چیخ کر بھاگنا۔

ہُو ہو جانا: [ار۔ محاورہ] ویرانہ ہو جانا۔ سناٹا چھا جانا۔

ہُوَ: [ع ضمیر مذ] واحد غائب کی ضمیر۔ وہ

ہُوَ الاوّل ہُوَ الآخِر: [ع۔ مقولہ] خُدا جو سب سے اوّل اور سب سے آخر ہے۔

ہُوَ الشّافی: [ع۔ کلمہ دعا] خُدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے۔

(طبیب نسخے کے شروع میں لکھتے ہیں)

ہُوَالغفور: [ع-صف] بخشش کرنے والا۔

ہو آنا: [ار-محاورہ] کہیں جاکر واپس آ جانا۔ پلٹ آنا۔

ہَوا: [ع-امث] ۱۔ خلا اور زمین کی فضا (۲) باد۔ پون۔ بیار (۳) حرص۔ ہوس لالچ (۴) آرزو۔ ارمان تمنا۔ اشتیاق۔ خواہش نفس (۷) وبا۔ (۸) ادنیٰ مناسبت۔ خفیف نسبت (۹) ساکھ۔ اثر (۱۰) رُخ۔ میلان انداز۔ وضع (۱۱) شہرت۔ چرچا (۱۲) فنا۔ نیست معدوم۔

ہَوا آنا: [ار-محاورہ] ہوا کی رسائی ہونا۔

ہَوا اُڑانا: [ار-محاورہ] ۱۔ بھرم کھولنا۔ بات بگاڑنا۔ چرچا کرنا۔ پاد مارنا۔

ہَوا اُڑ جانا/اُڑنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "ہَوا اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہَوا اُکھڑ جانا: [ار-محاورہ] عزّت میں فرق آنا۔ ساکھ جاتی رہنا۔

ہَوا اَور ہو جانا/اور کچھ ہو جانا: [ار-محاورہ] انداز بدل جانا۔ انقلاب ہو جانا پہلا سا انداز نہ رہنا۔

ہَوا باز: [ف-صف] ہوائی جہاز چلانے والا۔ طیارہ ران۔

ہَوا بازی: [ف-امث] طیارہ رانی۔ ہَوا باز کا کام۔

ہَوا باندھنا: [ار-محاورہ] جھوٹ موٹ نام یا عزّت قائم کرنا (۲) رُعب جمانا (۳) رونق پکڑنا (۴) ڈینگ مارنا (۵) سماں باندھنا۔

ہَوا بنانا/بتلانا: [ار-محاورہ] ٹال دینا۔

ہَوا بدلنا: [ار-محاورہ] ۱۔ ہَوا کا رُخ بدلنا (۲) زمانہ کا رُخ بدلنا حالت بدلنا۔ ڈھنگ بدلنا (۳) زمانے کا موافق ہونا (۴) رُت پھرنا۔ موسم پلٹنا (۵) آب و ہَوا تبدیل کرنا۔

ہَوا برخلاف ہونا: [ار-محاورہ] زمانہ ناموافق ہونا۔

ہَوا بگڑنا/بگڑ جانا: [ار-محاورہ] ہَوا میں خرابی آنا۔ ہَوا میں فساد پیدا ہونا۔ ہَوا کا زہریلا ہو جانا (۲) زمانے کا ناموافق ہو جانا۔ زمانہ پھر جانا (۳) اعتبار اُٹھ جانا۔ بات بگڑ جانا۔

ہَوا بندھنا/ہَوا بندی: [ار-محاورہ] دیکھئے "ہَوا باندھنا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہَوا بھرانا: [ار-محاورہ] کبوتر و فاختہ کا اپنے بچّوں کی چونچ میں ہَوا دینا تاکہ بچّہ اپنی چونچ سے دانہ کھانے لگے۔

ہَوا بھر جانا: [ار-محاورہ] ہَوا سے پھُول جانا (۲) کسی چیز میں سما جانا۔ ۳۔ دُھن سمانا (۴) مغرور ہو جانا۔ اِترانا۔

ہَوا بھرنا: [ار-محاورہ] جوف دار چیز میں مُنہ یا دھونکنی سے ہَوا تاکہ وُہ پھُول جائے۔

ہَوا بھی نہ دینا: [ار-محاورہ] ذرا بھی نہ دکھانا۔ خبر تک نہ دینا۔ بالکل پتہ نہ دینا۔

ہَوا پر اُڑنا: [ار-محاورہ] مغرور ہونا۔ اِترانا۔

ہَوا پر چڑھانا: [ار-محاورہ] مغرور ہونا۔

ہَوا پر چڑھنا: [ار-محاورہ] دیکھئے "ہَوا پر چڑھانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہَوا پر دماغ ہونا: [ار-محاورہ] متکبر ہونا۔ مغرور ہونا۔

ہَوا پر دوڑنا: [ار-محاورہ] کسی معلّق شئے کا ہَوا میں جلد جلد جانا۔

ہَوا پر رہنا: [ار-محاورہ] غرور میں بھرا رہنا۔

ہَوا پرست: [ف-صف] عیاش۔ بیہودہ۔ ظاہر پرست (۲) ہَوا کے رُخ چلنے والا۔ زمانہ ساز۔ مطلب پرست۔

ہَوا پر سوار ہونا: [ار-محاورہ] جلد باز ہونا جانے میں جلدی کرنا

ہَوا پر گرہ لگانا: [ار-محاورہ] کمال چالاکی کرنا عیاری دکھانا ۲۔ ناممکن کام کرنا

ہَوا پر ہونا: [ار-محاورہ] اِترانا۔ فخر کرنا گھمنڈ کرنا (۲) تیزی پر ہونا۔ (۳) ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا۔

ہَوا پلٹا دینا: [ار-محاورہ] ہَوا کا رُخ بدل دینا (۲) زمانہ کا رنگ بدل دینا

ہَوا پلٹ جانا/پلٹنا: [ار-محاورہ] انقلاب ہونا۔ رنگ دگرگوں ہونا۔ ۲۔ موسم بدل جانا (۳) نصیبے کا برگشتہ ہونا۔

ہَوا پہنچانا: [ار-محاورہ] رسائی ہونا۔

ہَوا پھانکنا/ہَوا پھانک کے رہنا: [ار-محاورہ] فاقے سے رہنا بھُوکوں مرنا۔ صرف ہَوا کے سہارے زندہ رہنا۔ بغیر کھائے زندہ رہنا۔

ہَوا پھر جانا/پھرنا: [ار-محاورہ] ہَوا کا رُخ بدل جانا۔ ہَوا پلٹ جانا۔ ۲۔ زمانہ پلٹ جانا۔ بھلے دن آنا۔ اقبال یاور ہونا۔

ہَوا پھلنا: [ار-محاورہ] کنایۃً زمانہ موافق ہونا۔

ہَوا چکرانا: [ار-محاورہ] ہَوا کا چکر کھانا۔

ہَوا چلنا: [ار-محاورہ] ہَوا کا جنبش میں آنا (۲) کسی امر کا رواج پانا۔ رواج ہونا۔

ہَوا چھوڑنا: [ار-محاورہ] گوز خارج ہونا۔ پاد مارنا۔

ہَوا حبس ہونا: [ار-محاورہ] ہَوا بند ہونا۔

ہَوا خلاف ہونا: [ار-محاورہ] ۱۔ باد مخالف کا چلنا (۲) زمانے کا ناموافق ہونا۔

ہَوا خواہ: [ف-صف] خیر خواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔

ہَوا خواہی: [ف-امث] دیکھئے "ہَوا خواہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہَوا خوری: [ف-امث] کھُلی ہَوا میں جاکر سیر و تفریح کرنا۔

ہَوا دار: [ف-صف] ۱۔ خیر خواہ (۲) طالب۔ خواہش مند (۳) کُشادہ جگہ جس میں اچھی طرح ہَوا کا گزر ہو۔ ایک قسم کی سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں۔ تام جھام (۴) دوست دار۔

ہَوا داری: [ف-امث] دیکھئے "ہَوا دار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہَوا دیکھنا: [ار-محاورہ] زمانہ کا نشیب و فراز دیکھنا (۲) انداز اور وضع کی جانچ کرنا۔

ہَوا دینا: [ار-محاورہ] پنکھے یا دامن سے ہَوا پہنچانا (۲) ہَوا میں رکھنا۔ کسی چیز کو ہَوا کھلانا (۳) آگ کو ہَوا سے سُلگانا۔ آگ کو بھڑکانا (۴) اشتعال دینا۔ اُکسانا۔

ہَوا راس نہ آنا: [ار-محاورہ] ہَوا کا ناموافق ہونا۔

ہَوا زدگی: [ف-امث] زکام۔ زکام کی بیماری۔

ہَوا سا: [ار-متعلق فعل] ذرا سا۔ خفیف سا (۲) ہَوا کی مانند ہلکا پھلکا۔

ہَوا سر میں ہونا: [ار-محاورہ] دھن ہونا۔ سودا ہونا۔

ہَوا سمانا: [ار-محاورہ] دھن لگنا۔

ہَوا سنکنا: [ار-محاورہ] ہَوا کا آہستہ آہستہ چلنا۔

ہَوا سے آگے جانا: [ار-محاورہ] نہایت تیز جانا۔

ہَوا سے اُڑ جانا: [ار۔ محاورہ] نہایت کمزور اور ناتوان ہونا۔
ہَوا سے باتیں کرنا: [ار۔ محاورہ] نہایت جلد باز ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ ۲۔ کمال چالاک اور عیار ہونا (۳) بہت اُونچا ہونا (۴) مغرور ہونا۔
ہَوا سے بچ کر نکلنا: [ار۔ محاورہ] کمال نفرت کرنا کسی سے دُور بھاگنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔
ہَوا سے پرہیز: [ار۔ امذ] کسی سے کمال نفرت اور بیزاری کا اظہار کرنا۔
ہَوا سے لڑنا: [ار۔ محاورہ] خواہ مخواہ لڑنا۔ راہ چلتے ہوؤں سے جھگڑا یا لڑائی کرنا۔ نہایت بدمزاج اور تند ہونا۔
ہَوا فر فر چلنا: [ار۔ محاورہ] ہَوا کا تیزی سے چلنا۔
ہَوا کا اڑا لے جانا: [ار۔ محاورہ] ہَوا کا سبک اشیاء کا بلندی پر لیجانا۔
ہَوا کا جھپٹر / جھکڑ: [ار۔ امذ] ہَوا کا زور کا جھونکا۔
ہَوا کا تیز ہونا: [ار۔ محاورہ] ہَوا کا سخت ناگوار ہونا۔
ہَوا کا جھونکا: [ار۔ امذ] ہَوا کی زور سے جُنبش۔
ہَوا کا رُخ بتانا: [ار۔ محاورہ] ٹالنا۔ چلتا کرنا۔ منہ نہ لگانا (۲) کسی چیز کو اُٹھا کر پھینک دینا۔
ہَوا کا رُخ پھرنا: [ار۔ محاورہ] ہَوا کا دُوسری طرف چلنے لگا (۲) کنایۃً زمانے کا رنگ بدلنا۔
ہَوا کا کارخانہ: [ار۔ امذ] ناپائیدار کام۔
ہَوا کا گزر نہ ہونا: [ار۔ محاورہ] رسائی نہ ہونا۔
ہَوا کرنا: [ار۔ محاورہ] پنکھے سے ہوا دینا۔ پنکھا جھلنا۔
ہَوا کو گرہ دینا / گرہ میں باندھنا: [ار۔ محاورہ] ناممکن بات حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ نہایت مشکل کام کرنا۔
ہَوا کھانا: [ار۔ محاورہ] کھلی جگہ سیر کرنا۔ خواہش پوری کرنا (۲) رُخصت ہونا۔ چلے جانا۔
ہَوا کھاؤ: [ار۔ محاورہ] چلتے بنو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ دفع ہو۔
ہَوا کھلانا: [ار۔ محاورہ] سبز باغ دکھانا (۲) سیر کرانا۔
ہَوا کھونا: [ار۔ محاورہ] دقت ٹالنا۔ ساکھ گنوانا۔
ہَوا کی چال: [ار۔ امث] نہایت تیز چلنا۔
ہَوا کی روٹی: [ار۔ امث] ایک قسم کی نہایت پتلی چپاتی۔
ہَوا کی طرح چلنا: [ار۔ محاورہ] تیز چلنا (۲) سُبک چلنا۔
ہَوا کے ساتھ لڑنا: [ار۔ محاورہ] دیکھئے "ہَوا سے لڑنا"
ہَوا کے گھوڑے پر آنا: [ار۔ محاورہ] بہت تیز آنا۔ تیزی سے چلنا۔
ہَوا کے گھوڑے پر چلنا: [ار۔ محاورہ] تیزی سے چلنا۔
ہَوا کے گھوڑے پر سوار آنا: [ار۔ محاورہ] ارشاد کی تعمیل میں آنا۔ بہت تیزی سے آنا۔
ہَوا کے گھوڑے پر سوار ہونا: [ار۔ محاورہ] نہایت تیز و تند اور چست و چالاک ہونا۔ جلد باز ہونا (۲) متکبر و مغرور ہونا۔
ہَوا گرم ہونا: [ار۔ محاورہ] ہَوا میں حدت اور گرمی ہونا۔ کنایۃً گرم بازاری ہونا۔
ہَوا گرنا: [ار۔ محاورہ] ہَوا کی تیزی کم ہونا۔

ہَوا لگنا / ہَوا لگ جانا: [ار۔ محاورہ] ہَوا کا جسم سے چھُو جانا۔ ہَوا محسوس ہونا (۲) ہوا کے اثر سے جسم کا اکڑ جانا (۳) پَر پُرزے نکلنا۔ ۴۔ صحبت کا اثر ہونا مطلق اثر ہونا۔
ہَوا لینا: [ار۔ محاورہ] ہَوا کھانا۔
ہَوا مٹھی میں بند کرنا / تھامنا: [ار۔ محاورہ] ایسا کام کرنا جو ناممکن ہو۔ بے فائدہ محنت کرنا۔
ہَوا مخالف ہونا: [ار۔ محاورہ] ہَوا کا مخالف سمت میں چلنا (۲) کنایۃً زمانے کا ناساز گار ہونا
ہَوا میں آ جانا: [ار۔ محاورہ] اِترانا۔ ڈینگ کی لینا۔
ہَوا میں بھرنا: [ار۔ محاورہ] ہَوا بھرنے سے پھُول جانا۔ کنایۃً مغرور ہونا۔
ہَوا میں گرہ دینا / لگانا: [ار۔ محاورہ] ناممکن اور مشکل کام کرنا۔ کار دشوار کا ارادہ کرنا۔ لغو حرکت کرنا۔
ہَوا میں ہونا: [ار۔ محاورہ] مغرور ہونا خیال باطل میں مبتلا ہونا۔
ہَوا نا موافق ہونا / ناساز ہونا: [ار۔ محاورہ] رفتار زمانہ کسی کے خلاف ہونا۔
ہَوا نکلنا: [ار۔ محاورہ] اعزدر ڈھینا۔ ترکی تمام ہونا (۲) دم نکلنا۔ پھُونک نکلنا۔ سانس نکلنا (۳) گوز نکلنا (۴) کسی دروازے یا کھڑکی یا روزن سے ہَوا کا برآمد ہونا۔
ہَوا نہ آ سکنا: [ار۔ محاورہ] کنایۃً کسی کا گزر نہ ہو سکنا۔ کسی کی رسائی نہ ہونا۔
ہَوا نہ چھُونا: [ار۔ محاورہ] خفیف سا اثر بھی نہ ہونا۔
ہَوا نہ دینا: [ار۔ محاورہ] خبر نہ کرنا پتا تک نہ دینا۔ ۲۔ ہوا خارج نہ کرنا۔
ہَوا نہ رہنا: [ار۔ محاورہ] رونق نہ رہنا۔ بہار نہ رہنا۔
ہَوا نہ لگنا: [ار۔ محاورہ] ذرا سا اثر بھی نہ ہونا۔ ہوا نہ چھُونا۔
ہَوا نہیں آ سکتی: [ار۔ محاورہ] کنایۃً کسی کا گزر نہیں۔ کسی کی رسائی نہیں۔
ہوا و ہوس: [ف۔ امث] حرص اور لالچ عیاشی۔ شہوت پرستی
ہوا ہو: [ار۔ محاورہ] چلدو۔ دیر نہ ... جلدی جاؤ۔
ہوا ہونا: [ار۔ محاورہ] ہوا کی مانند تیز رفتار ہونا۔ کافور ہونا (۲) دھار کا تیز ہونا (۳) فنا ہونا۔ نابود ہونا۔
ہُوا: [ار۔ فعل] ہو چکا۔ ہو گیا۔ گزر گیا (۲) آمادہ ہُوا۔ مستعد ہُوا۔ ہونا۔ مصدر سے ماضی کا صیغہ۔
ہُوا جو ہُوا / ہُوا سو ہُوا: [ار۔ مثل] جانے دو۔ خیال نہ کرو۔ جو کچھ ہو گیا۔ سو ہو گیا۔
ہُوا چاہتا ہے: [ار۔ بول چال] جلد ہونے والا ہے۔ ضرور ہو گا۔
ہُوا کرے: [ار۔ مثل] کچھ پروا نہیں۔ بَلا سے۔ ہیں کیا۔
ہوا نہ ہو: [ار۔ مقولہ] نہ اب تک ہُوا نہ آئندہ ہو گا۔
ہواؤ: [ھ۔ امذ] حوصلہ۔ ہمت۔ دلیری۔ مردانگی (۲) زور قوت (۳) حجاب۔ پردہ۔
ہوائی: [ف۔ صف] ا۔ منسوب بہ ہَوا۔ آسمانی (۲) باری (۳) چالاک۔ تیز رفتار۔ تیز رو (۴) آوارہ داہی (۵) [ار۔ امث] ایک قسم کی آتشبازی (۶) لغویات۔ بیہودہ بات (۷) افواہ (۸) پستے اور بادام کا باریک ورق (۹) ایک قسم کا تیر جس میں بارود بھر کر

اور آگ لگا کر ہوا میں پھینکتے ہیں۔

ہَوائی آنکھ: [ف۔امث] ڈھیٹ اور گستاخ آنکھ۔

ہَوائی اُڑانا: [ار۔محاورہ] افواہ ہونا۔ جھوٹی خبر مشہور ہونا (۲) مُنہ فق ہونا چہرے کا رنگ متغیّر ہونا۔

ہَوائی اُڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ہوائی اُڑانا" جس کا یہ لازم ہے۔

ہَوائی تیر: [ف۔امذ] وُہ تیر جو ہَوا کے رُخ چلایا جائے اور جس کا کوئی نشانہ نہ ہو۔

ہَوائی چھوٹنا / چھٹنا: [ار۔محاورہ] بے حواس ہونا۔ چہرے کا رنگ اُڑنا۔ خوف یا شرمندگی سے چہرہ کا رنگ اُڑنا۔

ہَوائی چھوڑنا: [ار۔محاورہ] آتشبازی چلانا (۲) جھوٹی خبر مشہور کرنا۔ بے سُر پیر کی گپ مارنا۔

ہَوائی خبر: [ار۔امث] بازاری گپ۔ افواہ۔ بے سرو پا بات۔

ہَوائی دیدہ: [ار۔صف] شوخ چشم بے مروّت۔ کنایۃً گستاخ۔ ڈھیٹ

ہَوائی فائر / فیر: [ار۔امث] بندوق یا توپ وغیرہ کی وُہ گولی جو بغیر نشانہ کے ہوا میں چلائی جائے۔

ہَوائی ہونا: [ار۔محاورہ] اُڑ جانا (رنگ کا)

ہوائیاں اُڑنا / چھُوٹنا: [ار۔محاورہ] چہرے کا رنگ فق ہونا مُنہ سفید پڑ جانا۔

ہَوائیاں مُنہ پر اُڑتی ہیں: [ار۔محاورہ] چہرہ زرد ہو گیا ہے۔

ہو بیٹھنا: [ار۔محاورہ] ہو جانا۔ بن جانا (۲) حائض ہونا۔ کپڑوں سے ہو جانا۔

ہو پڑنا: [ار۔محاورہ] دفعتہً تکرار ہو جانا۔

ہوت: [ھ۔امث] مقدور۔ پونجی۔ فراغ بالی۔ ثروت۔ حیثیت۔ (۲) مذ پکارنے کا کلمہ

ہوت جوت والا: [ار۔صف۔مذ] صاحب ثروت۔ صاحب مقدور

ہوت کا باپ اَن ہوت کی ماں: [ار۔مثل] باپ روپے کا ساتھی اور ماں مفلسی کی۔

ہوت کی جوت ہے: [ار۔مثل] ساری رونق روپے کی ہے۔

ہوت والا: [ار۔امذ۔صف] دولتمند۔ مال دار غنی۔

ہوتا: [ار۔امذ] ہو سکتا اور نہیں ہو سکتا تھا کی جگہ (۲) ہونے والا۔ (۳) امذ رشتے دار قرابت دار ہم۔ دولت۔ ثروت۔ مقدور

ہوتا آیا ہے / چلا ہے: [ار۔مثل] زمانۂ قدیم سے ایسا ہو رہا ہے۔

ہوتا رہے گا: [ار۔مثل] تو ہی ایسا ہوگا تجھ پر وبال پڑیگا۔

ہوتا سوتا: [ار۔متعلق فعل] مرتا جیتا۔ حمایتی۔ عزیز۔ رشتہ دار۔

ہوتی: [ار۔متعلق فعل] دیکھئے "ہوتا" جس کی یہ تانیث ہے۔

ہوتی آئی ہے: [ار۔روزمرہ] قدیم رسم ہے۔ پہلے ہی سے چلی آئی ہے۔ ہمیشہ کا دستور ہے۔

ہوتے ساتے: [ار۔متعلق فعل] ہوتے ہوئے۔ پاس ہوتے ہوئے۔ موجود ہوتے ہوئے۔

ہوتے سوتے: [ار۔متعلق فعل] دیکھئے "ہوتا سوتا" جس کی یہ جمع ہے۔

ہوتے ہوتے: [ار۔متعلق فعل] رفتہ رفتہ۔ سہج سہج۔ دھیرے دھیرے۔

ہوتے ہوئے: [ار۔متعلق فعل] موجودگی میں۔

ہوتے ہی نہ مُوا جو کفن تھوڑا لگا: [ار۔مثل] ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جس سے سخت نفرت ہو۔

ہوتے ہی ہو گا: [ار۔محاورہ] آہستہ آہستہ ہو گا۔ بتدریج ہو گا۔ رفتہ رفتہ ہو گا۔

ہُوٹر: [انگ۔امذ] hooter کارخانہ وغیرہ کی سیٹی۔ گھگو۔

ہوٹل: [انگ۔امذ] hotel وُہ جگہ جہاں کھانے اور سکونت کا انتظام ہو۔ مسافر خانہ۔

ہُوٹنگ: [انگ۔امذ] ا۔ شور و غل (۲) کسی تقریر وغیرہ پر ناپسندیدگی کے

ہو جانا: [ار۔مص] کام بن جانا۔ کام پورا ہو جانا (۲) آ کر چلے جانا (۳) مل جانا۔ (۴) ختم ہو جانا۔ تمام ہو جانا (۵) آسیب کا اثر ہو جانا (۶) ذمّہ چڑھ جانا (۷) طلوع ہونا۔ چاند کا (۸) انزال ہونا۔

ہوجیو: [ار۔کلمہ دُعا] خدا کرے کہ ہو جائے۔

ہو چکا: [ار۔محاورہ] نہیں ہونے کا۔ صبر کرو۔ چھوڑ دو۔ (۲) تمام ہو گیا۔ ختم ہو چکا۔ ۳۔ گزر گیا۔ مر گیا۔

ہو چکنا: [ار۔مص] ختم ہو جانا۔ تمام ہو جانا (۲) خرچ ہو جانا۔ صرف ہو جانا۔ ۳۔ مر جانا۔ دم نکل جانا (۴) ہو جانا۔ ہونا (۵) لڑائی ہونا۔

ہَودَج: [ع۔امذ] ہودہ۔ عماری (۲) اُونٹ کا کجاوہ۔ محمل۔

ہُودَہ: [ف۔صف] ٹھیک۔ سچّا۔ درست۔ حق۔ (اردو میں بیہودہ ہی مستعمل ہے)

ہَودہ: [ار۔امذ] ا۔ عماری جو ہاتھی کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لیے رکھتے ہیں۔ ۲۔ زچہ بچہ (۳) قبر کا احاطہ۔ (غالباً حوضہ کا بگاڑ ہے)

ہور: [ار۔حرف عطف ق] اور

ہو رہنا: [ار۔محاورہ] کہیں رہ پڑنا۔ گھر بنا لینا (۲) کسی کا ہو جانا۔ مستقل طور پر طرف دار ہو جانا (۳) کسی قابل ہو جانا۔ کچھ حاصل کر لینا۔

ہوری: [ھ۔امذ] دیکھئے "ہولی" (۲) وُہ گیت جو "ہولی" کے موقع پر گاتے ہیں۔

ہوڑ: [ھ۔امث] شرط۔ بازی (۲) داؤں پیچ۔ گھات (۳) قول۔ عہد۔ پیکن (۴) بحث تکرار (۵) مقابلہ۔ برابری سامنا۔

ہوڑا ہوڑی: [ھ۔امث] تکرار۔ ضد (۲) مقابلہ۔

ہَوزَری: [انگ۔امث] hosiery موزہ۔ بنیان وغیرہ کی تجارت یا دُوکان۔

ہَوَس: [ع۔امث] مالیخولیا۔ خبط (۲) شوق۔ اشتیاق۔ آرزو۔ تمنا۔ خواہش (۳) جھوٹا عشق (۴) لالچ۔ حرص (۵) شہوت نفسانی۔ خواہش (۶) حوصلہ۔ اُمنگ

ہَوَس اُڑا دینا: [ار۔محاورہ] ہوس چھوڑ دینا۔

ہَوَس بجھنا: [ار۔محاورہ] ہَوس جاتی رہنا۔ خواہش پوری ہونا۔

ہَوَس پَرَور / پیشہ: [ف۔صف] بڑا حریص۔ لالچی۔

ہَوَس پروری / پیشگی: [ف۔امث] دیکھئے "ہوس پرور / پیشہ" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہَوَس پکانا: [ار۔محاورہ] کسی بات کی دِل ہی دِل میں خواہش کرنا۔

ہَوَس کیش: [ف۔صف] وُہ شخص جس کا دین ایمان لالچ اور حرص ہو۔

ہَوَس کیشی: [ف۔امث] "ہوس کیش" کا اسم کیفیت۔

ہَوَس ناک: [ف۔صف] لالچی۔ حریص۔ ہوس کا بھرا ہُوا (۲) پُر شہوت۔
ہَوَس ناکی: [ف۔امث] "ہوس ناک" کا اسم کیفیت۔
ہوس نکالنا: [ار۔محاورہ] ارمان نکالنا۔ خواہش پوری کرنا۔ حوصلہ نکالنا۔
ہَوَس نکلنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ہوس نکالنا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہوسٹل: [انگ۔امذ] hostel طلبہ کے رہنے کی جگہ۔ بورڈنگ ہاؤس۔
ہوسک: [ھ۔امذ] عورتوں کا ایک مرض جس میں سب آثار حمل کے ہوتے ہیں۔ لیکن حقیقتاً حمل نہیں ہوتا۔
ہوسکنا: [ار۔مص] ممکن ہونا (۲) امکان میں ہونا۔
ہوش: [ف۔امذ] عقل۔ دانش۔ دانائی۔ فہم۔ سمجھ۔ شعور (۲) خبر۔ واقفیت۔ آگاہی۔ سدھ (۳) رُوح۔ دل۔ جان (۴) حواس۔ قوت مدرکہ حافظہ۔ جیسے یاد۔
ہوش آنا: [ار۔محاورہ] ہوشیار ہونا۔ سنبھلنا۔ آپے میں آنا (۲) غفلت دُور ہونا (۳) سیانا ہونا۔ عقل آنا۔
ہوش آلے ہو گئے جانا: [ار۔محاورہ] بدحواسی چھا جانا۔
ہوش اُڑا دینا / اُڑانا: [ار۔محاورہ] گھبرا دینا۔ بے اوسان کر دینا۔ حواس باختہ کر دینا (۲) متحیر کر دینا۔ حیرت میں ڈال دینا۔ بے خود کر دینا۔
ہوش اُڑ جانا / اُڑنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ہوش اُڑا دینا" وغیرہ۔ جس کا یہ لازم ہے۔
ہوش باختہ: [ار ف صف] بدحواس (افعال: کرنا۔ ہونا)
ہوش بجا رکھنا: [ار۔محاورہ] ہوش قائم رکھنا۔
ہوش بجا رہنا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ہوش بجا رکھنا" جسکا یہ لازم ہے۔
ہوش بجا ہونا: [ار۔محاورہ] عقل ٹھکانے ہونا۔
ہوش بکھرنا: [ار۔محاورہ] ہوش پراگندہ ہونا۔
ہوش پراگندہ ہونا: [ار۔محاورہ] ہوش باختہ ہونا۔
ہوش پَرّان کرنا: [ار۔محاورہ] ہوش اُڑ جانا۔ گھبرا جانا۔
ہوش پَران ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ہوش پران کرنا" جسکا یہ لازم ہے۔
ہوش پکڑنا: [ار۔محاورہ] سیانا ہونا۔ ہوش میں آنا۔
ہوش پکڑو: [ار۔محاورہ] سنبھلو۔ تمیز سیکھو۔ عقل کے ناخن لو۔
ہوش ٹھکانے رہنا: [ار۔محاورہ] ہوش و حواس دُرست رہنا۔
ہوش جانا / جاتے رہنا: [ار۔محاورہ] عقل گم ہونا۔ بے اوسان ہو جانا۔
ہوش جمع ہونا: [ار۔محاورہ] ہوش ٹھکانے ہونا۔ حواس دُرست ہونا۔
ہوش رُبا: [ف۔صف] ہوش لے جانے والا۔
ہوش رُبائی: [ف۔امث] دیکھئے "ہوش رُبا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہوش رکھنا: [ار۔محاورہ] صاحب ہوش ہونا۔ خبردار ہونا۔
ہوش رہنا: [ار۔محاورہ] حواس بجا رہنا۔
ہوش سنبھالنا: [ار۔محاورہ] سیانا ہونا۔ بالغ ہونا (۲) تمیز سیکھنا۔ عقل حاصل کرنا۔
ہوش سے باہر ہونا: [ار۔محاورہ] بے خود ہونا۔ ہوش گم کرنا۔
ہوش کافور ہونا: [ار۔محاورہ] ہوش جاتے رہنا۔
ہوش کھونا: [ار۔محاورہ] ہوش سے باہر ہونا۔
ہوش کی بنا ؤ / خبر لو / دوا کرو / لو / کے ناخن لو / میں آؤ: [ار۔محاورہ] سنبھلو۔ سمجھو۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی عقل کے خلاف کام کرے۔
ہوش کی لینا: [ار۔محاورہ] سمجھ کی بات کرنا۔
ہوش گُم کرنا: [ار۔محاورہ] ہوش اُڑانا
ہوش گُم ہونا: [ار۔محاورہ] دیکھئے "ہوش گم کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہوش گوش: [ف۔امذ] ہوشیاری۔ عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔
ہوش مَند: [ف۔صف] عقل والا۔ خبردار۔ ہوش والا۔
ہوش مَندی: [ف۔امث] دیکھئے "ہوشمند" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہوش میں آنا: [ار۔محاورہ] ہوشیار ہونا۔ تمیز سیکھنا (۲) آپے میں آنا۔ سنبھلنا (۳) عبرت دِلانا۔
ہوش میں آؤ: [ار۔محاورہ] عقل سیکھو۔ تمیز حاصل کرو۔ عقل سے بات کرو۔
ہوش نہ رہنا: [ار۔محاورہ] بدحواسی طاری ہونا۔ خبر نہ ہونا۔
ہوش نہ ہونا: [ار۔محاورہ] حواس درست نہ ہونا۔ سدھ نہ ہونا۔
ہوش والا: [ف۔صف] ہوشیار۔ تجربہ کار۔ سمجھ دار۔
ہوش و حواس: [ف۔امذ] عقل و تمیز۔
ہوش و حواس اُڑ جانا: [ار۔محاورہ] عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ اوسان جاتے رہنا
ہوش ہرن ہونا / ہَوا ہونا: [ار۔محاورہ] ہوش اُڑ جانا۔ گھبرا جانا۔
ہوش ہونا: [ار۔محاورہ] سُدھ ہونا۔ خبر ہونا۔
ہُوشیار: [ف۔صف] فہیم۔ دانا۔ عاقل۔ واقف کار۔ خبردار (۲) عیار۔ چالاک (۳) جاگتا۔ بیدار۔ چوکنا۔ چوکس [افعال: کرنا۔ ہونا]
ہُوشیاری: [ف۔امث] دیکھئے "ہُوشیار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
ہُوک: [ار۔امث] وُہ دَرد جو دِل یا سینے میں ٹھہر ٹھہر کر یا یکایک اُٹھے (۲) کراہ۔
ہُوک اُٹھنا: [ار۔محاورہ] درد ہونا۔ پہلو میں درد ہونا۔
ہَوکا: [ار۔امذ] (۱) بہت لالچ کرنا۔ کھانے کی بے انتہا حرص کرنا (۲) کھانے کی حرص جو بیمار یا بچے کو ہوتی ہے۔ بے انتہا خواہش۔ [افعال: کرنا۔ لگنا۔ ہونا]
ہَوکے زدہ: [ار۔صف] وہ جس کو ہوکا ہو۔ (ترکیب غلط ہے)
ہو کر / کے: [ار۔متعلق فعل] پاس سے۔ نزدیک سے (۲) درمیان سے۔ (۳) ہوتے ہوئے۔ (۴) ضرور۔ لابد۔
ہوگا: [ار۔فعل متعلق] شک کے مقام پر بولتے ہیں۔ شاید۔
ہو گزرنا: [ار۔مص] گزرے ہوئے زمانے میں ہونا۔ (۲) واقع ہونا۔ (۳) ختم ہونا۔
ہَول: [ع۔امذ] خوف۔ ڈر۔ خطرہ۔ اندیشہ (۲) اضطراب۔ گھبراہٹ۔
ہول آنا: [ار۔محاورہ] دہشت سما جانا۔ ڈرنا۔
ہَول اُٹھنا: [ار۔محاورہ] خوف پیدا ہونا۔ دہشت سے گھبرا جانا۔ گھبراہٹ ہونا۔
ہول بیٹھ جانا: [ار۔محاورہ] ڈر بیٹھ جانا۔ خوف چھا جانا۔ خوف سما جانا۔
ہول پڑنا: [ار۔محاورہ] خوف پڑنا۔ دہشت ہونا (۲) اضطراب ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔
ہَول پکار: [ار۔امث] شور و غوغا۔
ہول جَول: [ار۔امث] گھبراہٹ۔ اضطراب۔ جلدی۔
ہول دِل: [ع ف۔امذ] دل کی دھڑکن۔ اختلاج قلب۔ خفقان۔
ہول دِل ہونا: [ار۔محاورہ] دھڑکن تیز ہونا۔ دل دھڑکنا۔

ہول دِلا: [ا۔صف] بُزدل۔ نامرد۔ ڈرپوک
ہول دِلی: [۔۔۔] گلے میں ڈالنے کی ایک چیز جس سے دِل کا خوف دُور ہو جاتا ہے۔ (۲) گھبراہٹ۔ بُزدلی۔
ہَول دینا: [ا۔محاورہ] گھبرا دینا۔
ہول رہنا: [ا۔محاورہ] خوف اور گھبراہٹ رہنا۔
ہَول زَدَہ: [ع ف۔صف] خوف زدہ۔ ڈرپوک۔ دہشت کا مارا۔ گھبرایا ہُوا۔
ہَول سمانا: [ا۔محاورہ] دہشت سمانا۔ خوف سمانا۔
ہَول / ہولیں کھانا: [ا۔محاورہ] ڈرنا۔ ڈر جانا۔ دہشت میں رہنا۔
ہَولناک: [ع ف۔صف] وُہ جس کے دیکھنے سے دِل میں خوف پیدا ہو۔ بھیانک۔ خوف ناک۔ ڈراؤنا۔
ہَولناکی: [ع ف۔صف] دیکھئے "ہولناک" جس کا یہ اِہ کیفیت ہے۔
ہُول: [ہ۔امث] دھکا۔ صدمہ۔ ضرب۔ کسی دھار دار آلے کا چبھونا۔
ہول چلنا: [ا۔محاورہ] گھونپا جانا۔ ہولا مارنے لگنا۔
ہُول دینا: [ا۔محاورہ] ہول مارنا (۲) کنایۃً کسی کام کے لیے اشتعال دلانا۔
ہُولنا: [ا۔مص] فیلبانوں کا ہاتھی کو چلانا۔
ہولا [ہ۔امذ] بھُنے ہوئے سبز چنے۔
ہَولا [ا۔صف] گھبرایا ہُوا۔ بوکھلایا ہُوا۔
ہَولا جولی: [ا۔امث] گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بے تابی (۲) بھاگڑ۔ افراتفری۔
ہَولا خبطا: [ا۔صف] بدحواس
ہولا کھائے مُنہ ہاتھ دونوں / کالے: [ا۔مثل] بُرے کام میں ہر طرح کی بدنامی ہوتی ہے۔
ہولو: [ہ۔صف] مسخرہ مزاح (۲) احمق۔ کاودی۔ ہونق۔
ہولی: [ہ۔امث] ہندُوؤں کا ایک تہوار جو پھاگن میں مناتے ہیں اور ایک دُوسرے پر رنگ پھینکتے ہیں۔
ہولی جلانا: [ا۔محاورہ] ہولی کے دن لکڑیوں کا ڈھیر جلانا۔
ہولی کا بھڑوا: [ہ۔امذ] وُہ جسے ہولی کے دن خوب رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بنایا جائے۔
ہولی کھیلنا / منانا: [ا۔محاورہ] ہولی کے دِن ایک دوسرے پر رنگ چھڑکنا۔ خوشیاں منانا۔
ہَولے: [ا۔متعلق فعل] سہج۔ آہستہ۔ بتدریج۔
ہَولے سے: [ا۔متعلق فعل] آہستہ سے۔ ہلکے سے۔
ہَولے ہَولے: [ا۔متعلق فعل] آہستہ آہستہ۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ سہج سہج۔
ہولینا: [ا۔محاورہ] ہو چکنا۔ ہو جانا (۲) پُورا ہونا۔ تمام ہو جانا (۳) کسی طرف کا راستہ اختیار کرنا (۴) ساتھ چلنا (۵) لڑائی ہونا۔
ہوم: [س۔امذ] ہندُوؤں کی مذہبی رسم جس میں منتر پڑھتے ہوئے آگ میں گھی ڈالتے ہیں۔
ہوم: [انگ۔امذ] home گھر۔ مکان۔ وطن۔
ہوم ڈیپارٹمنٹ: [انگ۔امذ] home department محکمہ امورِ داخلہ
ہوم رُول: [انگ۔امذ] home rule حکومت خود اختیاری۔
ہوم سیکرٹری home secretary محکمہ امورِ داخلہ کا سیکرٹری۔
ہوم منسٹر: [انگ۔امذ] home minister وزیرِ داخلہ۔
ہومیوپیتھ: [انگ۔امذ] homeopath علاج بالمثل کا ڈاکٹر
ہومیوپیتھک: [انگ۔امذ] homeopathic دیکھئے "ہومیوپیتھی" جس سے منسوب ہے۔
ہومیوپیتھی: [انگ۔امث] homeopathy علاج بالمثل اس کے مطابق کسی چیز کی کثیر مقدار جس مرض کو پیدا کرتی ہے اس کی قلیل مقدار اس مرض کو دُور کرتی ہے۔
ہَوَن: [س۔امذ] دیکھئے "ہوم"
ہُوں: [ا۔فعل ناقص] کلمہ اقبال و اقرار یا اجازت۔
ہوں کرنا: [ا۔محاورہ] زبان سے ہاں کہنا۔ رضامندی ظاہر کرنا (۲) ٹوکنا۔ روکنا۔
ہوں ہاں کرنا: [ا۔محاورہ] صاف جواب نہ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آرے بلے کرنا (۲) بچہ کا پہلے پہل بولنے لگنا۔
ہُوں ہاں نہ کرنا: [ا۔محاورہ] دم نہ مارنا۔ چپ رہنا۔
ہُوں ہوں: [ا۔کلمہ ایجاب و انکار] وُہ کلمہ جس میں اقرار و انکار دونوں باتیں پائی جائیں
ہُوں ہُوں کرنا: [ا۔محاورہ] ہاں ہاں کرنا۔ مُنہ سے ہُوں ہُوں کی آواز نکلنا (۲) ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا (۳) روکنا۔ ٹوکنا۔
ہونا: [ا۔مص] پیدا ہونا۔ جنم لینا (۲) ظاہر ہونا۔ واقع ہونا۔ وارد ہونا۔ پیش آنا (۳) موجود ہونا۔ رہنا۔ (۵) بچہ پیدا ہونا۔ تولد ہونا (۶) انزال ہونا۔ (۷) حاصل ہونا۔ ملنا۔ بہم پہنچنا (۸) معلوم ہونا (۹) ٹھہرنا۔ قرار پانا۔ تسلیم کیا جانا (۱۰) گرنا۔ بِکنا۔
ہونا نہ ہونا: [ا۔محاورہ] نیست و نابود۔ عدم وجود (۲) موجودگی۔ عدم موجودگی۔
ہونا ہوانا: [ا۔محاورہ] کسی فعل کا سرزد ہونا (۲) نقصان ہونا۔ ضرر پہنچنا۔ کسی فعل کا اثر ہونا۔
ہونٹ: [ا۔امث] لب۔ مُنہ کے باہر کا اُوپر اور نیچے کا حصّہ۔
ہونٹ پپڑانا: [ا۔محاورہ] لبوں کا خشکی یا تشنگی کے سبب خشک ہو جانا۔ پپڑی بندھ جانا۔
ہونٹ پھٹ جانا: [ا۔محاورہ] ہونٹ میں شدت سردی سے شگاف پڑ جانا۔
ہونٹ تک نہ ہلانا: [ا۔محاورہ] خفیف اشارہ بھی نہ کرنا۔ منہ سے بات نہ نکالنا۔
ہونٹ تک نہ ہلنا: [ا۔محاورہ] دیکھئے "ہونٹ تک نہ ہلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہونٹ چاٹنا: [ا۔محاورہ] شیریں چیز کھانے کے بعد زبان ہونٹوں پر پھیرنا۔ مزیدار چیز کا ذائقہ یاد رکھنا۔
ہونٹ چاٹتے رہ جانا: [ا۔محاورہ] کسی چیز کی لذّت کو یاد رکھنا
ہونٹ چاٹنے سے پیاس نہیں بجھتی: [ا۔مثل] تھوڑی سی امداد کا کچھ فائدہ نہیں۔
ہونٹ چبانا: [ا۔محاورہ] غصہ کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں سے چبانا۔
ہونٹ چپکنا: [ا۔محاورہ] شیرینی کی وجہ سے لب بند ہونا۔

ہونٹ چِڑانا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہونٹ چاٹنا" جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔
ہونٹ چوسنا: [ا۔ محاورہ] مساس کی ایک حرکت۔
ہونٹ خشک ہونا: [ا۔ محاورہ] منہ سوکھنا (۲) ندامت یا غلبۂ تشنگی سے ہونٹ سوکھنا۔
ہونٹ سی دینا: [ا۔ محاورہ] منہ بند کر دینا۔ خاموش کر دینا۔ چُپ لگا دینا۔
ہونٹ سی لینا: [ا۔ محاورہ] چُپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔
ہونٹ سے ہونٹ ملانا: [ا۔ محاورہ] لب بلب۔ ہونٹوں کو ہونٹوں سے ملانا۔ کنایتہً وصل میں۔
ہونٹ سے ہونٹ مِلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہونٹ سے ہونٹ ملانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہونٹ کاٹنا: [ا۔ محاورہ] افسوس ظاہر کرنا (۲) جلنا۔ حسد کرنا۔ ۳۔ ہونٹ چبانا۔
ہونٹ کٹا: [ا۔ صف] کٹے ہوئے ہونٹ والا۔
ہونٹ مَلنا: [ا۔ محاورہ] زبان درازی کی سزا دینا۔
ہونٹ مَلوں تو دودھ نکل پڑے: [ا۔ مثل] ابھی دودھ پیتے بچے ہو ذرا زور کروں تو پیا ہوا دودھ نکل پڑے۔
ہونٹ نیلے ہونا: [ا۔ محاورہ] زیادہ سردی یا چوٹ لگنے یا زہر کے اثر کی وجہ سے ہونٹ نیلے ہو جاتے ہیں۔
ہونٹ ہِلانا: [ا۔ محاورہ] ہونٹ کو حرکت دینا۔ بولنا۔ بات کرنا۔
ہونٹ ہِلنا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہونٹ ہلانا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہونٹوں پر پپڑیاں جمنا: [ا۔ محاورہ] خشکی یا حدت سے لبوں پر پپڑی بندھنا۔
ہونٹوں پر چھٹی کا دودھ یاد آ جانا: [ا۔ محاورہ] کنایتہً مصیبت میں پڑنا۔
ہونٹوں پر زبان پھیرنا: [ا۔ محاورہ] ذائقہ لینا۔ گھبراہٹ میں بھی ایسا کیا جاتا ہے۔
ہونٹوں پر ہنسی ہونا: [ا۔ محاورہ] مسکراہٹ ہونا۔
ہونٹوں سے باتیں کرنا: [ا۔ محاورہ] اس طرح بولنا کہ ہونٹ ہلیں اور آواز نہ نکلے۔
ہونٹوں سے دودھ کی بو نہیں گئی / ہونٹوں سے ابھی دودھ کی بو آتی ہے: [ا۔ مثل] ابھی شیرخوار بچے ہو۔ ابھی نادان ہو۔ ابھی دودھ پینا چھوڑا ہے۔
ہونٹوں سے لگانا: [ا۔ محاورہ] لب آشنا کرنا۔
ہونٹوں کا ہِلنا: [ا۔ محاورہ] آہستہ بات کرنا۔
ہونٹوں کی مِسّی پونچھو: [ا۔ مثل] بات کرنے کا سلیقہ سیکھو۔ سلیقے سے بات کرو۔
ہونٹوں میں بات دینا: [ا۔ محاورہ] ہچکچاتے بات کرنا۔
ہونٹوں میں بولنا: [ا۔ محاورہ] آہستہ سے بات کہنا۔
ہونٹوں میں مسکرانا: [ا۔ محاورہ] اس طرح مسکرانا کہ دانت نہ کھلیں اور ہونٹ ہی مل کر رہ جائیں۔ خندہ زیر لب

ہونٹوں ہونٹوں میں: [ا۔ متعلق فعل] ہونٹوں کے اشارے سے۔
ہونٹل / ہونٹھل: [ہ۔ صف] بڑے بڑے اور موٹے ہونٹوں والا۔
ہونٹھ: [ہ۔ اند] دیکھئے "ہونٹ"۔
ہونٹھی: [ہ۔ امث] گھوڑے کا دہانہ (۲) دہانے کی زنجیر۔
ہَونس: [ا۔ امث] نظر بد۔ ٹوک (۲) رشک۔ حسد۔ جلن۔ (۳) عداوت۔ بیر۔ بغض
ہونس سے رِیس بھلی: [ا۔ مثل] حسد سے رشک اچھا۔ عدو سے رشک بہتر ہے
ہَونس کا کھا جانا: [ا۔ محاورہ] نظر بد کا اثر ہو جانا۔
ہونس لگانا: [ا۔ محاورہ] نظر بد لگانا۔
ہَونس لگ جانا: [ا۔ محاورہ] نظر لگ جانا ٹوک میں آ جانا۔
ہَونسا: [ہ۔ صف] حاسد
ہونسا سو مونسا: [ہ۔ مثل] حاسد آپ ہی اپنا نقصان کرتا ہے۔
ہَونسنا: [ا۔ مص] نظر بد لگانا۔ ٹوکنا (۲) جلنا۔ حسد کرنا۔ ۳۔ بُرائی چاہنا۔
ہَونق: [ع۔ صف] احمق۔ بیوقوف۔ جانگلو۔ وحشی
ہُونکار: [ہ۔ اند] دیکھئے "ہنکار"
ہونکلنا: [ا۔ محاورہ] کسی طرف سے گزرنا۔
ہُونکنا: [ہ۔ مص] ہانپنا۔ سانس پھولنا (۲) شیر کا بولنا
ہونگے پوت تو پوجیں گے بھوت: [ا۔ مثل] اولاد کی اُمید پہ بھوت پریت کی پرستش بھی منظور ہے۔ کچھ نفع تو ہو خدمت بھی کریں گے۔
ہونہار: [ا۔ صف] ہونے والا (۲) وہ جس میں لیاقت اور قابلیت کے آثار پائے جائیں۔
ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات: [ا۔ مثل] ہونہار بچے کے آثار پہلے ہی سے اچھے نظر آتے ہیں
ہونہار ٹلتی نہیں ہووے بسوے بیس: [ا۔ مثل] شدنی ہو کر رہتی ہے۔
ہو نہ ہو: [ا۔ متعلق فعل] غالباً (۲) یقیناً۔
ہونی: [ا۔ مث] شدنی۔ قسمت کا لکھا۔
ہونے دو: [ا۔ مثل] ہو لینے دو۔ ہو جانے دو (۲) مت روکو۔ منع نہ کرو (۳) کیا پروا ہے۔ کچھ ڈر نہیں۔
ہونے کا: [ا۔ صف] ہونے والا۔
ہونے کے دِن: [ا۔ اند] حیض کا زمانہ
ہونے لگنا: [ا۔ محاورہ] ہونا۔ شروع ہونا۔
ہونے والا: [ا۔ صف] ہونہار۔ ہونے جوگ۔ پیش آنیوالا۔ ممکن۔
ہونے والی / ہونے والی بات: [ا۔ امث] شدنی۔ ہونی۔ پیش آنے والی
ہُوہا: [ہ۔ اند] غل۔ شور۔ ہنسی ٹھٹھے کی آواز۔ ہا ہو (۲) کبوتروں کے اُڑنے کی آواز۔
ہُوہا کرنا: [ا۔ محاورہ] شور و غل مچانا (۲) قہقہہ لگانا (۳) کبوتر اُڑانا۔

ہو یا ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "ہو ہا کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہو ہوا چکنا: [ار۔ محاورہ] ہو چکنا۔ ختم ہو جانا۔
ہوئی ہے نہ ہوگی: [ار۔ مقولہ] ممکن نہیں۔ ہرگز نہیں ہو سکتی۔ یہ کبھی نہ ہوئی ہے۔ نہ آئندہ ہوگی۔
ہُوِیّت [ع۔ امث] مرتبہ وحدت۔ ذاتِ باری تعالیٰ
ہُویدا: [ف۔ صف] ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ واضح۔ صاف۔ صریح۔

ہ ـ ی

ہی: [ار۔ کلمہ حصر و تاکید] ایک کلمہ جو کلمات کے آخر میں آتا ہے (۱) فقط صرف۔ اکیلا۔ تنہا۔ محض (۲) بالکل۔ ذرا۔ تھوڑا (۳) ضرور (۴) فوراً۔ ذریعہ۔ وجہ۔ تحقیق تاکید کا حرف۔
ہے: [ار۔ فعل ناقص] (ہونا سے مشتق) حاضر۔ موجود۔
ہے تو (یہ) یوں: [ار۔ بول چال] اصل بات یہ ہے۔
ہئے: [ف۔ حرفِ ندبہ] (ہائے کا مخفف) افسوس۔ ہائے۔ تنبیہ تحسین اور ندا کے لیے آتا ہے۔
ہئے ظالم: [فع۔ کلمہ تاسف] ہائے ظالم۔ ہائے کم بخت۔ ہائے افسوس۔
ہے غضب [فع کلمہ تاسف] غضب ہوا۔ ستم ہوا۔
ہے ہے: [ار۔ کلمہ تاسف] ہائے ہائے۔ افسوس۔
ہے ہے کر کے پیٹنا: [ار۔ محاورہ] نوحہ کر کے رونا۔ کسی کے مرنے کی آرزو کر کے رونا۔
ہے ہے نہ کھے کھے: [ار۔ مثل] جھگڑا نہ ٹنٹا۔ جھک جھک نہ بک بک۔
ہیا: [ھ۔ اند] دل۔ من۔ چیت کلیجہ۔ جگر۔ قلب (۲) ہوش۔ حواس۔ جرأت۔ دلیری۔ حوصلہ۔
ہیاؤ: [ھ۔ اند] حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت۔
ہیاؤ پڑنا: [ار۔ محاورہ] ہمت پڑنا۔
ہیاؤ کھل جانا: [ار۔ محاورہ] دل کا ڈر جاتا رہنا۔ جھجک مٹ جانا۔
ہیبت: [ع۔ امث] دہشت۔ رعب۔ ڈر۔
ہیبت زدہ: [عف۔ صف] ڈرا ہوا۔ خوف زدہ۔ سہما ہوا
ہیبت ناک: [عف صف] خوفناک۔ مہیب۔ ڈراؤنا۔ خطرناک۔ پُرخطر۔
ہیبیس کارپس: [انگ۔ اند] ملزموں پر مقدمہ چلانے کے لیے ان کو عدالت کے سامنے پیش کرنے کا حکم نامہ۔ پروانۂ حاضری ملزم
ہیت (بہ یائے مجہول) [ہ۔ امث] سبب۔ باعث۔ کارن (۲) لگن۔ لو تعلق۔ عشق محبت۔
ہیٹ: [انگ۔ اند] hat انگریزی طرز کی ٹوپی
ہیٹ (بہ یائے مجہول) [ھ۔ اند] نیچے۔ تلے۔ زیر (۲) پست۔ نیچا۔ ۳۔ کمینہ۔ سفلہ (۴) ذلیل۔ خراب
ہیٹا: [ار۔ صف] چھوٹا۔ گھٹیا۔ ناقص (۲) کمینہ۔ سفلہ (۳) پست ہمت۔ کمزور۔ بزدل۔ ڈرپوک (۴) ادنیٰ کم درجہ کا۔
ہیٹاپن: [ار۔ اند] دیکھیے "ہیٹا" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

ہیٹر: [انگ۔ اند] heater گرم کرنے کا ظرف۔ انگیٹھی
ہیٹی: [ار۔ امث] ذلت۔ ہتک۔ بدنامی۔ رسوائی۔
ہیٹی کرنا: [ار۔ محاورہ] رسوائی کرنا۔ بے عزتی کرنا۔
ہیٹی ہونا: [ار۔ محاورہ] دیکھیے "ہیٹی کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہیجا: [ع۔ امث] جنگ۔ لڑائی۔ رزم۔
ہیجان: [ع۔ اند] جوش۔ اُبال (۲) تیزی۔ شدت۔ زور۔ غلبہ۔
ہیجڑا: [ار۔ اند] وہ شخص جس کے جیتے اور عضو تناسل کاٹ دیے گئے ہوں۔ مخنث۔ خواجہ سرا (۲) ار۔ صف نامرد زنانہ۔ زنخا۔ بودا۔
ہیجڑا بنانا: [ار۔ محاورہ] نامرد بنانا۔ زنخہ بنانا (۲) عضو تناسل کاٹ کر مخنث بنانا۔
ہیجڑے کا اللہ میاں نے امٹی کا اعتبار نہیں کیا: [ار۔ مثل] ہیجڑے کا بالکل اعتبار نہیں۔
ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا: [ار۔ مثل] ناممکن بات ہوگی۔ اچنبھے کی بات ہوگی۔
ہیچ: [ف۔ صف] معدوم۔ کچھ نہیں (۲) کم۔ قلیل (۳) نکما۔ ناکارہ (۴) قابل نفرت۔ زبون (۵) پوچ۔
ہیچ آفت نہ رسد گوشۂ تنہائی: [ف۔ مثل] جو سب سے الگ ہو گیا وہ رنج سے بچ گیا۔
ہیچ سمجھنا: [ار۔ محاورہ] ناچیز سمجھنا۔ حقیر جاننا۔
ہیچ کارہ: [ف۔ صف] نالائق۔ ناکارہ (۲) بے فائدہ۔
ہیچ کس: [ف۔ صف] ناکارہ۔ ناقص آدمی۔
ہیچ مدان: [ف۔ صف] بے علم۔ نادان۔ ناواقف۔ کچھ نہ جاننے والا۔ ناچیز۔
ہیچ مدانی: [ف۔ امث] دیکھیے "ہیچ مدان" جس کا یہ اسم کیفیت ہے
ہیچ میرز: [ف۔ صف] ناچیز۔ بے قیمت۔ جس کی کوئی قیمت نہ ہو۔
ہیچ و پوچ: [ف۔ صف] بے مغز۔ لغو۔ بیہودہ۔ فضول نکما۔ ناکارہ۔ ۲۔ گھٹیا۔ ناقص۔
ہیڈ: [انگ۔ اند] head سر (۲) سرگروہ۔ سردار۔ پیشوا۔ ۳۔ صدر
ہیڈ آفس: [انگ۔ اند] head office صدر دفتر۔
ہیڈ فون: [انگ۔ اند] head phone لاسلکی یا ٹیلیفون سننے کا آلہ جسے دونوں کانوں میں لگا دیتے ہیں۔
ہیڈ کلرک: [انگ۔ اند] head clerk میر منشی۔ صدر محرر۔ کلرکوں کا افسر
ہیڈ کوارٹر: [انگ۔ اند] head quarter صدر مقام (۲) فوجی مرکز۔ سپہ سالار کی فرودگاہ۔
ہیڈ ماسٹر: [انگ۔ اند] headmaster صدر مدرسہ۔ مدرسہ کا افسر اعلیٰ۔
ہیڈ مسٹرس: [انگ۔ امث] دیکھیے "ہیڈ ماسٹر" جس کی یہ تانیث ہے۔
ہیر: [ھ۔ امث] خلاصہ۔ جوہر۔ ست۔ مغز (۲) رانجھا کی معشوقہ کا نام (۳) جڑ۔ اصل بیخ۔ طاقت۔ زور (۵) صاف۔ شفاف۔

ہیرا: [ا۔ اند] الماس ایک بیش قیمت سخت پتھر (۲) کنایۃً عمدہ نفیس کھرا۔ نہایت شریف۔
ہیرا آدمی: [ا۔ اند] سچا آدمی۔ کھرا آدمی۔
ہیرا کھانا: [ا۔ محاورہ] خودکشی کی غرض سے الماس کھانا۔ کنایۃً رشک سے جان دینا۔
ہیرامن: [ہ۔ اند] طوطا۔
ہیرا ہینگ: [ہ۔ اند] ایک قسم کی عمدہ ہینگ۔
ہیرے کی پرکھ جوہری جانے۔ [ا۔ مثل] اہل ہنر کو قدردان ہی پہچانتا ہے۔
ہیرے کی کنی کھانا: [ا۔ محاورہ] خودکشی کی غرض سے الماس کھانا۔
ہیرا پھیری: [ا۔ امث] کسی سودے کو لانا اور پھر پھیر کرے جانا۔ بار بار آنا جانا۔ (۲) ایچ پیچ۔ مکروفریب۔
ہیر پھیر [ا۔ اند] ۱۔ بال گردش چکر۔ انقلاب (۲) تبادلہ۔ ادل بدل دے کر دن لینا (۳) راستے کا خم و پیچ (۴) قصور۔ کمی۔ کوتاہی (۵) دیر پھیر۔ مکروفریب۔
ہیر پھیر کی باتیں: [ا۔ امث] دھوکے فریب کی باتیں۔
ہیر ڈریسر: [انگ۔ اند] hair dresser بال سنوارنے والا۔ بال تراشنے والا۔
ہیر کٹنگ سیلون: [ا۔ اند] hair cutting saloon وہ جگہ جہاں بال تراشتے ہیں۔
ہیرنا: [ا۔ مص] دیکھنا۔ مشاہدہ کرنا۔ ملاحظہ کرنا (۲) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا ۳۔ شکار کرنا (۴) پیروی کرنا۔ تعاقب کرنا (۵) پکڑنا۔ گرفت کرنا۔
ہیرو: [انگ۔ اند] aero آدھا دیوتا۔ فوق البشر (۲) بہادر شجاع۔ غازی۔ سورما (۳) وہ شخص جس پر قصے کا مدار ہو۔ کسی قصے کا مرکزی کردار۔
ہیرو / ہیرڈو۔ [ہ۔ اند] ایک قسم کے گیت جو دیوالی کے روز گاتے ہیں
ہیردا: [ہ۔ اند] وہ حالت جب بچہ کسی کو یاد کرتا ہے۔
[افعال: کرنا۔ ہونا]
ہیروئن: [انگ۔ اند] heroine دیکھئے "ہیرو" جس کی تانیث ہے۔
ہیرے پھیرے: [ہ۔ اند] بار بار آنا جانا۔
ہیڑا: [ہ۔ اند] گوشت۔ لحم۔ ماس (۲) شکار (۳) سالن۔ ترکاری۔
ہیڑی: [ہ۔ اند] شکاری۔ صیاد (۲) شکاری جانور۔
ہیز: [ف صف] ہیجڑا۔ مخنث۔ خواجہ سرا۔ زنخا (۲) بزدل۔
ہیزم: [ف۔ امث] جلانے کی لکڑی۔ سوکھی لکڑی۔ ایندھن۔
ہیزم فروش: [ف صف] لکڑیاں بیچنے والا۔ لکڑہارا۔
ہیزدہ: [ف۔ اعدد] ۱۸۔ اٹھارہ۔
ہیشمی: [ا۔ امث۔ ق] مٹھائی کی ایک قسم۔
ہیضہ: [ع۔ اند] ایک مہلک اور متعدی بیماری جس میں قے اور دست آتے ہیں۔

ہیضہ پھیلنا: [ا۔ محاورہ] ہیضے کی وبا عام ہونا
ہیضہ کرنا: [ا۔ محاورہ] ہیضے میں مبتلا کرنا۔
ہیضہ ہونا: [ا۔ محاورہ] دیکھئے "ہیضہ کرنا" جس کا یہ لازم ہے۔
ہیک: [ا۔ امث] ایک قسم کی بو۔ ہلدی وغیرہ کی بو۔
ہیکڑ: [ا۔ صف] زبردست۔ خودسر۔ شیخی مارنے والا (۲) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔
ہیکڑی: [ا۔ امث] دیکھئے "ہیکڑ" جس کا اسم کیفیت ہے۔
ہیکڑی جتانا / کرنا: [ا۔ محاورہ] زبردستی کرنا۔ زور دکھانا۔ ۲۔ اینٹھنا۔ اکڑفوں کرنا (۳) دھمکی دینا۔
ہیکڑی سے: [ا۔ متعلق فعل] زبردستی سے
ہیکل: [ع۔ امث] وہ صورت یا بت جو کسی سیارے کے نام پر بنایا جائے۔ ۲۔ مجازاً سیارے کا مندر (۳) بڑے جسم کا گھوڑا (۴) بت خانے کا بڑا مکان (۵) شان و شوکت۔ شکوہ (۶) تعویذ۔ جنتر۔ حمائل۔ (۷) صورت و شکل۔ نقشہ (۸) علامت۔ نشان (۹) عدد ہندسہ (۱۰) تصویر۔ ہیئت (۱۱) وضع قطع (۱۲) جسم۔ بدن۔ قدوقامت۔
ہیگا: [ا۔ فعل۔ ناقص۔ ق] ہے۔ موجود ہے۔ حاضر ہے۔
ہیں (بہ یائے مجہول) [ہ۔ امث] بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا۔
ہیل: [ف۔ امث] سفید الائچی۔ چھوٹی الائچی۔
ہیل: [انگ اند] heel ایڑی (۲) وہ حصہ جو ایڑی پر آئے۔
ہیلا: [ہ۔ اند] دھکیل۔ دھکا۔ جھٹکا (۲) کام کاج (۳) بار۔ وار دفعہ۔ مرتبہ (۴) ٹوکرا۔ ٹوکری (۵) آواز۔ ہانک۔
ہیلا دینا / مارنا: [ا۔ محاورہ] دھکیلنا۔ ریلنا۔ پیلنا۔ دھکا دینا۔ ہانک مارنا۔ پکارنا۔
ہیلتھ: [انگ۔ امث] health صحت۔ تندرستی
ہیلتھ آفیسر: [انگ۔ اند] health officer محکمہ حفظان صحت کا افسر۔
ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ [انگ۔ اند] health department محکمہ حفظان صحت۔
ہیل میل: [ا۔ اند] میل جول۔ ربط ضبط۔ راہ رسم (۲) موافقت ارتباط۔ پیار۔
ہیلنا: [ا۔ مص] پیرنا۔ شناوری کرنا۔
ہیلو: [انگ۔ اند] hello متوجہ کرنے کا کلمہ (۲) اظہار تعجب کا کلمہ
ہیلہ دینا: [ا۔ محاورہ] دھکا دینا۔ باغ و بہار
ہیلی کاپٹر [انگ۔ اند] h el icopter ایک قسم کا چھوٹا ہوائی جہاز جس کے اوپر پنکھا ہوتا ہے یہ فضا میں ساکن رہ سکتا ہے۔
ہیمہ: [ف۔ امث] ایندھن۔ ہیزم
ہیمیا: [ع۔ امث] علم طلسم

ہاں : [ا ر ۔ کلمہ تنبیہہ و مخالفت] ۱ باز آؤ ۔ خبردار ۔ ہوش کر (۲) استفہام کے لیے ۔ کیا (۳ فعل ناقص "ہے" کی جمع

ہیں ہیں : [ا ر کلمہ تنبیہہ] خبردار (باز رکھنے کے لیے مستعمل ہے)

ہیٹا : [ا ر ۔ صف] ا گھٹیل ۔ گھٹا ہوا ۔ کم ۔ کوتاہ ۔ چھوٹا (۲) ناقص ۔ ناتمام ۔ ادھورا (۳) کھوٹا (۴) خالی ۔ تہی (۵) سوچ ۔ باطل (۶) بد ۔ بُرا ۔ ہیٹا ۔ ہیٹی (۷) خراب ۔ نکما ۔

ہیٹا : [ا ر ۔ امث] کمی ۔ تخفیف ۔ گھٹ ۔ کٹوتی ۔

ہینڈ : [انگ ۔ اند] hand ہاتھ ۔ دست ۔

ہینڈز اپ ۔ [انگ] hands up ہاتھ اُٹھاؤ ۔ (بے حس و حرکت کھڑا ہو جاؤ)

ہینڈ بک ۔ [انگ ۔ امث] hand book دستی کتاب ۔ رسالہ (۲) دستور العمل ۔

ہینڈ بل : [انگ ۔ اند] hand bill چھوٹے چھوٹے اشتہار جو ہاتھ سے بانٹے جاتے ہیں ۔

ہینڈ بیگ hand bag دستی بیگ ۔ چھوٹا تھیلا

ہینڈل : [انگ ۔ اند] (HANDLE) دستہ ۔ موٹھ ۔ قبضہ

ہینا : [ا ر ۔ مص] گھوڑے کا ہنہنانا ۔ گدھے کا رینگنا ۔

ہینگ : [ھ ۔ امث] ایک درخت کا نام اور اس کا بد بودار گوند جو اکثر امراض میں کام آتا ہے ۔

ہینگ آئی تو باٹ لگائی ۔ [ا ر مثل] موقع کھو دیا ۔

ہینگ لگا کر رکھو ۔ [ا ر مثل] طنزاً ہوا نہ لگنے دو ۔ بچا کر رکھو ۔

ہینگ لگانا : [ا ر ۔ محاورہ] کسی چیز کو ہینگ ملنا (۲) زک دینا ۔ ہرانا ۔ نیچا دکھانا ۔ ذلیل کرنا (۳) سنوارنا ۔ بنانا ۔

ہینگ ہگنا : [ا ر ۔ محاورہ] پیچش کے مرض میں مبتلا ہونا (۲) بیمار پڑا رہنا (۳) نہایت کمزور و ناتوان ہونا

ہینگا : [ا ر ۔ اند] کھیت میں پھیرنے کا پٹرا یا سہاگہ ۔

ہینگر ۔ [انگ ۔ اند] hanger ہوائی جہازوں کا شیڈ ۔ کپڑے وغیرہ ڈالنے کی کھونٹی

ہیو : [ھ ۔ امث] گائے وغیرہ کے بلانے کی آواز ۔

ہیوت : [ھ ۔ امث] فصل ربیع میں مینہ برسنا ۔ گندہ بہار ۔

ہیولا / ہیولیٰ : [ع ۔ اند] ہر چیز کا مادہ ۔ ماہیت ۔ اصل (۲) ڈھیر ۔ تودہ ۔ انبار (۳) لوتھڑا ۔ مضغہ ۔ بیڈول جسم (۴) ڈول ڈھانچ ۔ خاکہ (۵) صفت ناشائستہ ۔ غیر مہذب (۶) لاغر ۔ ضعیف (۷) متلون مزاج

ہیولا مزاج ۔ [ع ۔ صف] وہ شخص جو کسی بات پر قائم نہ رہے ۔

ہیولائے اوّل : [ع ۔ اند] عقل اوّل حضرت جبرائیل علیہ السلام ۔

ہیوی : [انگ ۔ صف] heavy بھاری ۔ بوجھل ۔ وزنی ۔ گراں ۔

ہیوی ویٹ : [انگ ۔ اند] heavy weight مکا باز پہلوان جس کا وزن دو من سے زیادہ ہوتا ہے ۔

ہیہات : [ع ۔ کلمہ تاسف] افسوس کا کلمہ ۔

ہیہات ہیہات : [ع کلمہ تاسف] غضب ہوا ۔ افسوس ۔ ہیہات (۲) ہیہات صد حیف ۔ وائے دریغ (۳) رونے پیٹنے کی آواز

ہی ہی : [ا ر ۔ امث] ہنسنے کی آواز ۔ کھل کھل (۲) بیہودہ ہنسی ۔

ہیئت : [ع ۔ امث] علم جس میں اجرام فلکی ۔ زمین کی گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے (۲) بناوٹ ۔ ساخت (۳) صورت ۔ شکل ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ طور ۔ طریق ۔

ہیئت اصلی : [ع ۔ امث بترکیب فارسی] حقیقی شکل ۔

ہیئت بدلنا ۔ [ا ر محاورہ] شکل بدلنا ۔

ہیئت پکڑنا : [ا ر محاورہ] صورت اختیار کرنا ۔

ہیئت داں : [ع ف ۔ صف] علم ہیئت جاننے والا ۔

ہیئت کذائی : [ع ف ۔ امث] موجودہ حالت جیسی کہ حالت ہے ۔ ... اور اعتراض کے موقع پر مستعمل ہے)

ہیئت مجموعی : [ع امث بترکیب فارسی] مجموعی حالت ۔ عام حالت ۔

ہیئے : [ا ر ۔ اند] دیکھئے "ہیا" جس کی یہ جمع ہے

ہیئے کا اندھا : [ا ر ۔ صف] کور باطن ۔ ناعاقبت اندیش ۔ بیوقوف ۔ احمق ۔

ہیئے کی پھوٹنا : [ا ر ۔ محاورہ] مورکھ ہونا ۔ بے وقوف ہونا ۔

ی

ی : [ع امث] عربی اور فارسی میں اسے یا اور اردو میں یے (ی E) کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے اسے یائے مثناۃ تحتانیہ بھی کہتے ہیں۔

۱۔ اردو حروف تہجی میں پینتیسواں اور آخری اور فارسی میں بتیسواں اور آخری حرف ہے۔ عربی حروف ہجا کی ترتیب ابتث میں اٹھائیسواں اور آخری حرف ہے مگر ترتیب ابجد میں دسواں حرف ہے۔

۲۔ یا اگر ساکن ہو اور کسی دوسرے حرف کو متحرک کرے تو حرف علت ہے اور اگر متحرک ہو تو حرف صحیح ہے۔

۳۔ یا تین قسم کی ہوتی ہے یعنی یائے معروف، یائے مجہول، یائے لین۔
ا: یائے معروف وہ ہے جس سے پہلے کسرہ ہو اور خوب واضح کر کے پڑھی جائے مثلاً پی۔ سی وغیرہ میں۔
ب: یائے مجہول وہ جس سے پہلے کسرہ تو ہو مگر واضح کر کے نہ پڑھی جائے مثلاً سے۔ دے وغیرہ میں
ج: یائے لین۔ وہ جس سے پہلے فتحہ ہو اور آواز کو نرم اور ترچھا کر کے تلفظ کیا جائے۔

۴۔ یائے معروف کسی اسم کے آخر میں آکر نسبت کا افادہ کرتی ہے مثلاً شامی۔ ایرانی۔ پاکستانی۔ اسے یائے نسبتی کہتے ہیں۔

۵۔ فارسی میں یائے معروف آخر میں آکر اسے حاصل مصدر یا اسم کیفیت بنا دیتی ہے۔ مثلاً خوب سے خوبی اسے یائے مصدری کہتے ہیں۔

۶۔ اردو میں یائے معروف فاعلیت کا افادہ کرتی ہے مثلاً تیلی وغیرہ میں

۷۔ اردو میں یائے معروف لاحقہ تانیث بھی ہے مثلاً لڑکا سے لڑکی۔

۸۔ عربی میں صیغہ متکلم کی علامت ہے مثلاً رب سے ربی۔

۹۔ فارسی میں یائے مجہول وحدت اور تنکیر کے لئے آتی ہے مثلاً شخص سے شخصے وغیرہ میں۔

۱۰۔ اردو میں حروف عامل میں سے کوئی حرف آئے تو الف اور ہائے مختفی یائے مجہول سے بدل جاتے ہیں۔ مثلاً لڑکے نے۔ فسانے میں۔

۱۱۔ فارسی میں مصدر کے بعد یائے معروف آئے تو قابلیت کا افادہ کرتی ہے مثلاً سوختنی۔

۱۲۔ عربی تقسیم کے مطابق یہ حرف قمری ہے یعنی اس سے پہلے اگر "ال" آئے تو لام اپنی آواز دے گا مثلاً الیقین میں۔

۱۳۔ حساب جمل میں اس کے دس عدد مقرر ہیں۔

۱۴۔ فارسی میں یہ مندرجہ ذیل حروف کا بدل ہے:
ا: ذ کا بدل مثلاً ایلاق اور ییلاق میں
ب: د " " " ماندر اور مایندر میں
ج: ز " " " آواز اور آوای میں
د: ل کا بدل مثلاً نال اور نای میں
ہ: " " " شاہگاں اور شایگاں میں

۱۵۔ اردو میں یائے معروف گول یعنی "ی" کی صورت میں اور یائے مجہول دراز یعنی "ے" کی صورت میں لکھی جاتی ہے۔

ی - ا

یا : [ف : حرف تردید و عطف م] ۱۔ خواہ۔ چاہے۔ بھاویں ۲۔ عطف میں یا دو۔ ۳ ع : حرف ندا : اے۔ او

یا : [ع حرف ندا] اے۔ اجی۔ ارے

یاں : [ھ متعلق فعل] ۱۔ اس۔ ۲۔ یہاں

یا ادھر ہو یا ادھر : [ا ر مثل] ایک طرف ہو۔ بیچ کا نہیں۔

یا اللہ / یا الہی : [ا ر روزمرہ] اے خدا۔ دعا مانگنے کے موقع پہ کہتے ہیں یا تعجب اور حیرت ظاہر کرنے کے لئے۔

یا بار خدا : [ف۔ کلمہ ندا] اے خدائے بزرگ

یا با شوراشوری یا بایں بے نمکی : [ف مثل] یا تو اتنا اخلاص تھا یا اب اتنی بے حیائی ہے ۲۔ یا اتنا غرور یا اتنی عاجزی ۳۔ یا اتنی گرم جوشی تھی یا اتنی سرد مہری

یا بخت : [ا ر متعلق فعل] یا خدا

یا بسے گوجر یا رہے اوجڑ : [ا ر مثل] وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی اپنی آبادی چاہے اور دوسرے کو آباد نہ ہونے دے۔

یا بھینسا بھینسوں میں یا قصائی کے کھونٹے : [ا ر مثل] یا کامیاب ہوئے یا جان گئی کام ضرور کرنا ہے (بھینسا بیل کی طرح کام نہیں دیتا اس لئے عموماً اسے ذبح کر دیتے ہیں)

یا بھر مانگ سیندور یا نپٹ ہو رانڈ : [ھ مثل] مناسب کام کرنا چاہئے نامناسب نہیں۔

یا پر : [ھ متعلق فعل] اس پر

یا تخت یا تختہ : [ا ر مثل] یا کامیاب ہوں گے یا جان دیں گے۔

یا تن رسد بجاناں یا جان زتن برآید : [ف مثل] حصول مقصد کے لئے جان توڑ کر کوشش کرنا۔

یا تو ہنسا موتی چگے یا لنگن کر جائے : [ھ مثل] شریف آدمی اگر کھائے گا تو عزت کی روٹی کھائے گا ورنہ فاقہ ہی کرے گا۔

یاتے / تیں / سوں : [ا ر متعلق فعل] یہاں سے

یا جاتے ہزاری یا جاتے بازاری : [ا ر مثل] میلوں پر یا امیر لوگ جاتے ہیں یا بازاری لوگ

یا خدا : [ا ر حرف ندا] یا ایہا اللہ۔ اے خدا

یا خدا خیر، ہاتھ بچا اور پیر : [ا ر۔ دعا] مزدوروں کا کلمہ جان جوکھوں کے وقت بولتے ہیں

یا خدا خیر کر، خیر کا بیڑا پار کر : [ا ر۔ دعا] اے خدا مہربانی کر اور نیک آدمی کو کامیاب کر

یادوست [ار کلمہ ندا] فقیروں کی صدا یعنی یا خدا

یارب : [ار کلمہ دعا یا تعجب] اے پروردگار، دعا تعجب ۲۔ رمز فریاد دُہائی

یا رند رندے یا فتح چندے : [ار مثل] یا تو بالکل غریب ہونا چاہئے یا بہت امیر

یا سکھ نیند سوو یا مالا جپو : [ھ مثل] ایک وقت میں ایک کام ہونا چاہئے دو کام ایک وقت میں نہیں ہو سکتے۔

یا سنسار میں کرم پردھان : [ھ مثل] اس دنیا میں قسمت سب سے زبردست ہے

یا سووے جوگی ابدھوت یا سووے راجہ کا پوت : [ار مثل] دو ہی بے فکرے ہوتے ہیں۔ یا فقیر آرام سے گزارتا ہے یا امیر آدمی۔

یا علی : [ار کلمہ ندا] اہل تشیع بغرض طلب امداد مشکل کے وقت کہتے ہیں یا ایام محرم میں یہ نعرہ لگاتے ہیں۔ بعض اوقات تیغی مارنے والے بھی بولتے ہیں۔

یا علی مدد [ار کلمہ ندا] اہل تشیع مشکل کے وقت مدد کے لئے بولتے ہیں ۲۔ یہی لوگ بطور سلام علیکم ایک دوسرے کو ملاقات پر بولتے ہیں۔

یا غفور [ا ندا] اے بخشنے والے۔ گناہوں سے معافی مانگنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

یا غور غریباں یا رخصت جھنجھانا : [ار مثل] یا مرے حال کے موافق خبرگیری کرو نہیں تو گھر کی رخصت ملے۔

یا قسمت یا نصیب / مقدر : [ار کلمہ حسرت] حسرت یا افسوس کے موقع پر کہتے ہیں ۲۔ بدقسمتی ۳۔ بدقسمتی کا گلہ کرنے کے لئے کہتے ہیں ۴۔ قسمت آزمائی کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔

یا کرے اوپاس یا کھاتے ماس : [ھ مثل] کام میں یا فاقہ کرے یا گوشت کھائے

یا کرے درد مند یا کرے غرض مند : [ار مثل] یا تو کام وہ کرتا ہے جسے کوئی غرض ہو اور یا جسے تکلیف ہو۔

یا کسی کو کر رہے یا کسی کا ہو رہے : [ار مثل] لوگوں سے الگ تھلگ نہیں رہنا چاہئے یا کسی کو دوست بنائے یا خود کسی کا دوست بن جائے۔

یا کھائے گھوڑا یا کھائے روڑا : [ار مثل] گھوڑا پالنے یا مکان بنانے پر بہت خرچ ہوتا ہے۔

یا لڑے سورما یا لڑے ان بھول : [ھ مثل] بہادر یا بیوقوف دونوں ہی اچھا لڑتے ہیں۔

یا مارے ساجھے کا کام یا مارے بھادوں کی گھام : [ار مثل] شراکت کا کام اور بھادوں کی گرمی دونوں ہی نقصان پہنچاتے ہیں۔

یا مکن باپیل بانان دوستی یا بنا کن خانۂ درخور پیل [ف مثل] یا اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام نہ کر یا اس کا سامان کر

یا میرے اللہ : [کلمہ تعجب وحیرت] حیرت۔ تعجب یا تکلیف کے موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی بے تکی بات یا بے تکا کام کرے تو بھی بولا جاتا ہے

یا ہو : [ار ندا] ا۔ اے خدا۔ ۲ (مذ) ایک قسم کا سفید کبوتر جس کے منہ سے اسی قسم کی آواز نکلتی ہے۔ قمری

یا یہ شورا شوری یا یہ بے نمکی : [ار مثل] دیکھئے "یا یہ آں شورا شوری ... الخ"

یاب : [ف لاحقہ فاعلی] فارسی مصدر یافتن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور پانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے فتح یاب

یابندہ : [ف صف] پانے والا۔ حاصل کرنے والا

یابس : [ع صف] خشک۔ سوکھا ہوا۔ خشکی کرنے والا

یابسات : [ع امث] دیکھئے "یابس" جس کی یہ جمع ہے ۲۔ وہ دوائیں جو زخموں کو خشک کریں یا بدنی رطوبتوں کو خشک کریں۔

یابو : [ف امذ] غالباً یعبوب کا معرب ہے۔ ا۔ چھوٹا گھوڑا ۲۔ ٹٹو۔ تیز رفتار گھوڑا

۔یات : [ع۔ لاحقہ] جمع مونث سالم کا لاحقہ جو بعض کلمات کے ساتھ آتا ہے مثلاً غزلیات۔ بعض اوقات ایسی جمع بطور واحد مستعمل ہوتی ہے اور علم و فن کے معنی دیتی ہے مثلاً معاشیات

یاتایات : [س امذ] ا۔ آنا جانا۔ آمد و رفت ۲۔ میل جول ۳۔ جون بدلنا۔ آواگون

یاترا : [س امث] ا۔ جانا۔ روانہ ہونا۔ سفر کرنا ۲۔ سفر، سیاحت۔ روانگی ۳۔ مقام مقدس کو جانا۔ تیرتھ کی طرف جانا۔ زیارت کرنا ۴۔ جاتریوں کا گروہ ۵۔ جلوس ۶۔ بتوں کا جلوس ۷۔ دعوت تیوہار ۸۔ ایک قسم کا ناٹک ۹۔ سڑک ۱۰۔ ذریعہ معاش ۱۱۔ آمد و رفت ۱۲۔ میل جول ۱۳۔ ذریعہ۔ طریقہ۔ وسیلہ ۱۴۔ چلن۔ رسم۔ رواج ۱۵۔ لمحہ لحظہ اچھا وقت

یاترا کرن : [س امذ] یاترا کے لئے جانا۔

یاتری : [س صف] ا۔ معمولی۔ رسمی ۲۔ یاترا کے متعلق ۳۔ ذریعہ معاش کے متعلق ۴۔ سفر کرنے والا ۵۔ (امذ) مسافر، جاتری۔ راہرو۔ زائر۔

یاجوج : [ع امذ] ایک نام جو انجیل اور قرآن میں آتا ہے۔ بعض کے خیال میں یہ حضرت نوح کا پوتا تھا۔ اسی کی قوم / اولاد بھی اسی نام کے کہلاتی تھی۔ ان کے متعلق خیال ہے کہ یہ مع ماجوج کے قرب قیامت میں خروج کریں گے۔ یہ اور اس کی قوم کوہ الطائی کے دامن میں آباد تھی جہاں مغل قوم آباد ہے جس نے تیرھویں صدی میں چنگیز خاں کے تحت خروج کیا تھا اور بے حد مظالم کئے تھے۔

یاجوج ماجوج : [ع امذ] دونوں بھائی اور ان کی اولاد خیال کی جاتی ہے ۲۔ کنایۃً مفسد اور فتنی اشخاص ۳۔ دو شخصوں کے لئے جب وہ بہت شرارتی ہوں اور مل کر شرارتیں کرتے ہوں۔

یاد : [ف امث] کسی نام کو رٹنا۔ تسبیح ۲۔ خیال ۳۔ قوت حافظہ ۴۔ یادداشت ۵۔ دل۔ قلب۔ خاطر ۶۔ گنجفہ کھیلنے والے اپنے دوست کے نام کا ورق رکھتے ہیں اور سب پتوں کی تقسیم کے بعد دیکھتے ہیں (متعلق فعل) ازبر، حفظ۔ نوک زبان

یاد آنا : [ار محاورہ] ا۔ ذہن میں آنا۔ خیال آنا ۲۔ خبر پڑنا۔ معلوم دینا۔

یاد آوری : [ار امث] ا۔ یاد کرنا ۲۔ مزاج پرسی کرنا ۳۔ خط بھیجنا۔

یاد اللہ : [ار امث] ا۔ خدا کی یاد ۲۔ فقیروں کا سلام ۳۔ خدا کی عبادت ۴۔ واقفیت۔ صاحب سلامت۔ جان پہچان

یاد اللہ ہونا : [ار محاورہ] جان پہچان ہونا۔ واقفیت ہونا۔

یاد ایام : [ار عف] گزشتہ زمانے کی حالت کی یاد

یاد بدنا : [ار محاورہ] بھولی ہوئی چیز کی نسبت شرط بدنا

یاد بھلی بھگوان کی اور بھلی نہ کوئے / راجا کی کر چاکری جو پرجا تابع ہوئے : [ھ مثل] خدا کی یاد سب سے بہتر ہے۔ جو راجا کی نوکری کرتا ہے سب اس کی متابعت کرتے ہیں

یادِ خدا: [ار امث] خدا کی عبادت (افعال: کرنا۔ ہونا)
یادداشت: [ار امث] ۱۔ حافظہ۔ ۲۔ یاد رکھنے کا نشان۔ یاد۔ ۳۔ روزنامچہ۔ نوٹ بک ۴۔ یاددہانی کی چٹھی۔ دوسرا خط
یادداشت رکھنا: [ار محاورہ] نوٹ بک میں یاد رکھنے کے لئے لکھ لینا۔ نشانی رکھنا
یادداشت میں فرق آنا: [ار محاورہ] حافظہ کمزور ہو جانا
یاد دوست: [ار امث] قلندروں کی صدا
یاد دِلانا: [ار محاورہ] ۱۔ جتانا۔ ۲۔ آگاہ کرنا۔ بھولی ہوئی بات کو یاد کرانا۔ کسی بات کے لئے دوسری دفعہ لکھنا۔
یاد رکھنا: [ار محاورہ] خیال میں رکھنا۔ نہ بھولنا۔ ۲۔ تاکید کے لئے بھول نہ جانا۔ ۳۔ اپنی حرکت یاد رکھنا۔ بدلے کے وقت شکایت نہ ہو۔
یاد رکھو اس بات کو جو ہے تم میں کچھ گیان
سائیں جا کو ہو گئے وا کا سگر جہان } [ار مثل] خدا جس کی طرف ہے سارا جہان اُس ہی کی طرف ہے۔
یاد رہنا: [ار محاورہ] دھیان رہنا۔ خیال رہنا۔
یاد رہے: [ار کلمۂ تاکید] بھول نہ جانا۔ ۲۔ آگاہ کر دیتا ہوں کہ اس کا بدلہ لے کے رہوں گا۔ ۳۔ ضروری۔ بشرطی۔ یقیناً۔ بیشک۔ دعوے سے۔
یادش بخیر: [ف۔ مقولہ] ۱۔ کسی غیر حاضر دوست کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس کا نام بھلائی سے لیتے ہیں۔ ۲۔ اگر کسی دوست کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ آ جائے تو بھی کہتے ہیں۔
یاد فراموش: [ار امث] ایک قسم کا کھیل اور شرط۔ چند آدمی آپس میں عہد کرتے ہیں کہ اگر ہم میں کوئی تو آم پھل دیں اور ساتھ ہی لفظ فراموش کہہ دیں تو تمہیں اس قدر فلاں چیز دینی ہوگی اور اگر تم نے کہہ دیا۔ یاد رہے تو تم جیت گئے (افعال ہونا)
یاد فرمانا: [ار مص مرکب] بادشاہ یا عالی مرتبہ کا کسی کو بلانا۔
یاد فرمائی: [ف۔ مث] یاد کرنا۔
یاد کرنا: [ار مص مرکب] ۱۔ رٹنا۔ بار بار نام لینا۔ ۲۔ ازبر کرنا۔ حفظ کرنا۔ ۳۔ دیکھو یاد فرمانا۔ ۴۔ بھولی ہوئی بات کو خیال میں لانا۔ ۵۔ پچھتانا ۶۔ کسی کی کسی خوبی کا خیال کرنا۔ ۷۔ سوچنا۔ ۸۔ ذہن نشین کرنا۔
یاد کرو گے: [ار مثل] کبھی نہ بھولو گے۔ ۲۔ پچھتاؤ گے۔ ہاتھ ملو گے۔
یاد کری بھگوان کی تو ہو گئے بھگت کبیر
جھوٹے وا کی یاد بن سب ہیں پیر فقیر } [ار مثل] خدا کی یاد سے معمولی آدمی بھی کہیں سے کہیں پہنچ جاتے ہیں اور بغیر اس کی یاد کے پیر فقیر کچھ بھی نہیں ہیں۔
یاد کرے: [ار مقولہ] کبھی نہ بھولے۔ افسوس کرے۔ پچھتائے۔
یاد کیا ہے: [ار مقولہ] بلایا ہے
یادگار: [ف امث] ۱۔ وہ چیز جو کسی دوست کو بطور نشانی دی جائے ۲۔ وہ چیز جو کسی کی یاد تازہ کرے۔ ۳۔ وہ عمارت وغیرہ جو کسی متوفی شخص کی خدمات کی یادگار میں بنائی جائے۔ ۴۔ نشانی۔ آثار۔ علامات۔ ۵۔ پرانی عمارت۔ ۶۔ بیٹا۔ فرزند۔ اولاد [افعال: بنانا۔ بننا۔ قائم کرنا۔ قائم ہونا]
یادگار بنانا: [ار محاورہ] کسی کے نام پر عمارت بنانا
یادگارِ زمانہ: [ف امذ] زمانے میں یاد رہنے والی چیز۔ لاجواب
یادگاری: [ف امث] یاد
یاد گُدگُدانا: [ار محاورہ] بار بار کسی کی یاد آنا
یاد لگی ہونا: [ار محاورہ] ہر وقت کسی کا ذکر یا دھیان ہونا۔
یاد میں ڈوبنا: [ار محاورہ] کسی کے خیال میں محو ہونا
یاد میں رہنا: [ار محاورہ] کسی کو اکثر یاد کرنا۔
یاد میں نہ دیکھنا: [ار محاورہ] جب سے ہوش سنبھالا ہے تب سے نہ دیکھنا
یاد میں ہونا: [ار محاورہ] پالنا
یاد ہو کہ نہ یاد ہو: [ار مقولہ] معلوم نہیں کہ تمہیں یاد ہے یا کہ بھول گئے ہو۔
یاد ہونا: [ار محاورہ] حفظ ہونا۔ ازبر ہونا۔ دھیان ہونا۔ ۲۔ طلبی کرنا۔
یاد ہے: [ار مقولہ] ۱۔ بخوبی معلوم ہے خوب جانتے ہیں۔ ۲۔ سوالیہ صورت میں تم بھول تو نہیں گئے
یار: [ف اصفہ] ۱۔ دوست۔ ہم صحبت۔ ساتھی۔ آشنا۔ ہم نشیں۔ سنگی۔ ۲۔ مددگار۔ حمایتی۔ ۳۔ معشوق۔ محبوب۔ ۴۔ عورت کا آشنا۔ ۵۔ چوروں۔ ڈاکوؤں کے گروہ میں سے کوئی ایک۔ ۶۔ مالک۔ آقا۔ مرکبات میں جیسے شہریار
یار اہل است کار سہل است: [ار مقولہ] دوست لائق ہے تو ہر کام آسان ہو جاتا ہے۔
یار باز: [ف صف] فاحشہ۔ بدچلن عورت
یار باش: [ف صف] وہ شخص جو ہر ایک سے دوستی رکھے۔ خوش طبع۔
یار باشی: [ف امث] دیکھئے "یار باش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
یار باقی صحبت باقی: [ار مثل] اب نہیں تو پھر سمجھا جائے گا۔ کچھ مضائقہ نہیں۔
یار بنانا: [ار محاورہ] دوست بنانا۔ یارانہ گانٹھنا۔ اپنے مطلب کا کر لینا۔ ڈھب پر لانا۔ پیار میں لانا۔
یار بننا: [ار محاورہ] دیکھئے "یار بنانا" جس کا یہ لازم ہے۔
یار در خانہ و من گرد جہاں می گردم: [ار مثل] لڑکا بغل میں ڈھنڈورا شہر میں۔
یار را یارے بود۔ آں یار را یارے دگر: [ف مثل] دوست کا دوست ہوتا ہے اور اس دوست کا اور دوست ہوتا ہے۔ اخفائے راز کے سلسلے میں کہا جاتا ہے کہ اگر راز چھپانا ہے تو دوست سے بھی نہ کہو۔
یار زندہ صحبت باقی: [ف مثل] زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔
یارِ شاطر: [ف امذ] ۱۔ عقلمند دوست۔ چالاک دوست۔ ۲۔ وہ دوست جو یار ہو
یارِ شاطر باید نہ بارِ خاطر: [ف مثل] ہوشیار دوست چاہیے نہ ایسا شخص جو بارِ خاطر ہو۔
یارِ شاطر ہوں نہ بارِ خاطر: [ار مثل] میں دوستوں پر بار نہیں ہوتا۔

یارِ غار : [ف امذ] سچا دوست دوست صادق (ہجرت کے شروع میں تین دن تک پیغمبر صلعم اور حضرت ابوبکر صدیق ایک غار میں رہے اس کی طرف اشارہ ہے)

یار فروش : [ف صف] دوست کی تعریف کرنے والا

یار فروشی : [ف امث] دیکھئے "یار فروش" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

یار کا دل یار رکھے تو یار کا بھی رکھیئے۔ یار کے کھیر پکے تو تنک کی چکھیئے۔ یار کے گھر آگ لگے تو پرے پرے تکیئے [ا رمثل] خودغرض دوستوں کے متعلق کہتے ہیں جو کسی کو محض اپنے فائدے کے لئے دوست بنائیں۔

یار کا غصہ بھتار کے اُوپر : [ا رمثل] اس کے متعلق کہتے ہیں جو ناراض کسی سے ہو اور غصہ کسی پہ اُتارے

یار کرنا : [ا رمحاورہ] دوست بنانا۔ یار بنانا۔ ۲۔ آنکھ لگانا۔ آشنائی کرنا

یار کروں۔ پیار کروں چوتڑ تلے انگار دھروں، جل جائے تو کیا کروں [ا رمثل] اس کے متعلق کہتے ہیں جو ظاہر میں تو دوست ہو مگر باطن میں دشمن۔

یار کو کروں پیار خصم کو کروں بھسم لڑکے کو کروں چٹنی : [ا رمثل] بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

یار کی یاری سے کام اُس کے فعلوں سے کیا کام : [ا رمثل] دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے فعلوں سے کیا غرض۔

یار لوگ : [ا رامذ] ۱۔ دوست آشنا۔ ۲۔ چالاک دوست۔ ۳۔ ہم لوگ ہم چالاک آدمی

یار مار : [ا رصف] دوست سے دغا کرنے والا۔ دوست کو لُوٹنے والا محسن کش

یار مار بانیا پہچان مار چور : [ا رمثل] بنیا دوست کو لوٹتا ہے اور چور کسی کو امیر سمجھ کر لُوٹتا ہے۔

یار ماری : [ا رامث] دیکھئے "یار مار" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

یار مطلب کا گڑ کی مکھی : [ا رمثل] خود مطلب دوست گڑ کی مکھی کے برابر ہوتا ہے۔

یارِ من نیکوست اما رسم و آئینش بداست : [ف مثل] میرا دوست تو اچھا ہے مگر اس کے طور طریقے برے ہیں۔

یار وہی پکا جس نے یار کا من رکھا : [ا رمثل] جو دوست کی مدد کرے وہ اصل دوست ہے۔

یار وہی جو بھیڑ میں کام آوے : [ا رمقولہ] دوست وہ جو مصیبت کے وقت کام آوے۔

یار ہونا : [ا رمحاورہ] مددگار ہونا۔ دوست ہونا

یاراں : [ف امذ] دیکھئے "یار" جس کی یہ جمع ہے۔

یاراں چوری نہ پیراں دغا بازی : [ا رمثل] دوستوں سے کوئی بات نہیں چھپانی چاہئے اور پیروں سے دغا کرنا چاہئے۔ صاف گو اور کھرا آدمی اپنی صفائی جتانے کے لئے کہتا ہے۔

یارانِ رفتہ / عدم : [ف امذ] مُردے۔ مَرے ہوئے لوگ

یارانِ سرِ پل : [ف امذ] بے تکلف دوست۔ آشنائے محفل

یارانِ نجد : [ف امذ] ہم مشرب دوست۔ بے تکلف دوست۔ گروہ عاشقاں

یارانِ طریقت : [ف امذ] ہم مشرب لوگ۔ یار دوست

یارانہ : [ف امذ] ۱۔ دوستی۔ آشنائی۔ محبت۔ اتحاد۔ ۲۔ [صف] دوستی کے طور پر۔ بطور دوستانہ

یارانہ گانٹھنا : [ا رمحاورہ] ۱۔ دوستی پیدا کرنا۔ دوست بنانا۔ یار بنانا۔ ۲۔ آنکھ لگانا۔ آشنائی کرنا۔ پیدا کرنا۔ قائم کرنا۔

یارانہ ہونا : [ا رمحاورہ] دوستی ہونا۔ میل ملاپ ہونا۔

یارو : [ا رندا] اے دوستو

یاروں : [ا رامذ] دیکھئے "یار" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے۔

یاروں کا یار : [ا رصف] بہت اچھا دوست۔ یاروں کی ہر بات میں شریک ہونے والا۔ دوستوں کا ساتھی۔

یاروں کی تو مونچھیں ہی مونچھیں ہیں : [ا رمثل] ہمارے پاس کچھ نہیں ہے

یاری : [ف امث] ۱۔ مدد معاونت مددگاری۔ دستگیری۔ تائید۔ اعانت حمایت۔ ۲۔ دوستی آشنائی۔ اتحاد۔ اخلاص

یاری دینا : [ا رمحاورہ] مدد کرنا۔ دستگیری کرنا

یاری کریں سو باورے اور کر کے چھوڑیں گوہ۔ یا تو اور نبا ہیئے یا اس سے نہ ہیئے دُور [ا رمثل] دل لگا کر چھوڑنا بیوقوفی ہے۔ یا تو دل لگا کر نباہنا چاہیئے یا ایسی بات کے قریب نہیں جانا چاہئے۔

یاری کُٹ کرنا : [ا رمحاورہ] بچوں کا ایک دوسرے سے دوستی قطع کرنا

یازدہ : [ف اعدد] گیارہ

یازدہ مُشت : [ف امذ] گیارہ مٹھی۔ سب سے لمبے تیر کی لمبائی ہوتی ہے

یازدہم : [ف صف] گیارھواں

یازہ : [ف امذ] ۱۔ انگڑائی۔ ۲۔ جماہی۔ ۳۔ کپکپی۔ لرزہ

یاس : [ع امث] ۱۔ ناامیدی۔ مایوسی۔ حرمان۔ ۲۔ خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ دھڑکا

یاس آجانا : [ا رمحاورہ] مایوس ہونا

یاس ہو جانا / ہونا : [ا رمحاورہ] ناامیدی ہونا

یاسیت : [ع امذ] قنوطیت۔ مایوس ہونے کی کیفیت

یاسمن / یاسمین : [ف امث] چنبیلی۔ ایک سفید رنگ کا خوشبودار پھول والا پودا۔ اس کا پھول

یاسمین بو : [ف صف] چنبیلی کی سی خوشبو والی

یاسین [ع امث] ۱۔ لغوی معنی یا سید۔ ۲۔ قرآن شریف کی ایک سُورت جو اس لفظ سے شروع ہوتی ہے یہ جانکنی کے وقت بیمار کے پاس پڑھتے ہیں۔ خیال ہے کہ اس کے پڑھنے سے جانکنی کی تکلیف رفع ہو جاتی ہے [افعال : پڑھنا۔ پڑھوانا۔ پڑھی جانا۔ سننا۔ سنانا]

یاسین دم کرنا : [ا رمحاورہ] سورہ یٰسین پڑھ کر پھونک مارنا

یاسین کا وقت آنا : [ا رمحاورہ] نزع کا عالم ہونا

یاغ : [ف امذ] گھی۔ تیل۔ روغن

یافت : [ف امث] ۱۔ آمدنی۔ محاصل۔ نفع۔ ۲۔ رشوت۔ بالائی آمدنی۔ ۳۔ یافتن مصدر سے صیغہ امر

یافت کی آسامی / نوکری : [ا رامث] وہ نوکری جس میں بالائی آمدن ہو

یافتنی : [ف صف] ۱۔ قابل وصول۔ پانے کے لائق۔ ۲۔ [امث] وہ چیز جو ملتی ہو۔ ۳۔ قرضہ۔ حقوق۔

یافتہ ؛ (ف صف) پایا ہوا، مرکبات میں جیسے سند یافتہ۔
یاقوت ؛ (ع امذ) ایک قسم کا سرخ قیمتی پتھر لعل۔ ۲۔ ایک قسم کا پلاؤ جس کے چاول سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔
یاقوت جگری ؛ جگر کے رنگ کا یاقوت (صف امذ)
یاقوت رُمّانی ؛ (ع امذ) ایک قسم کا نہایت سُرخ رنگ کا یاقوت جو انار کے دانے کا ہم رنگ و ہم شکل ہوتا ہے
یاقوت سُرخ رنگ (عف امذ) سُرخ رنگ کا یاقوت ۲۔ کنایۃً معشوق کے ہونٹ لبِ محبوب
یاقوت لب ؛ (عف صف) جس کے ہونٹ یاقوت کے رنگ کے ہوں۔
یاقوتی ؛ (ع صف) ۱۔ یاقوت سے نسبت رکھنے والا۔ ۲۔ ایک قسم کی مقوی معجون جس میں یاقوت ڈالا جاتا ہے۔ ۳۔ ایک قسم کی مٹھائی جو نشاستہ قند اور زعفران سے کھیر کی طرح بنا کر اور چاندی کے ورق لگا کر بیچتے ہیں۔
یاک ؛ (ھ امذ) تبت کا بیل۔ اس کے بدن پر لمبے لمبے بال ہوتے ہیں۔
یال ؛ (ف امذ) ۱۔ ایال۔ ۲۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔
یام ؛ (ا امذ) ایام کا بگاڑ۔ موسم۔ وقت۔ زمانہ
یاں ؛ (ا متعلق فعل) یہاں کا مخفف صرف اشعار میں مستعمل ہے۔
یاں تک ؛ (ا متعلق فعل) یہاں تک کا مخفف
یاں سے ؛ (ھ متعلق فعل) یہاں سے۔ ۲۔ اس سے
یان ؛ (س امذ) ۱۔ جانا ۲۔ حرکت کرنا۔ چلنا۔ روانہ ہونا۔ ۳۔ سوار ہونا۔ ۴۔ کوچ کرنا ۵۔ حملہ کرنا۔ بڑھنا ۶۔ کسی قسم کی گاڑی۔ ۷۔ پالکی۔ پینس۔ ۸۔ گھوڑا ہاتھی وغیرہ۔
یانا ؛ (ھ صف) ۱۔ ناواقف۔ نادان۔ ۲۔ بچہ۔
یانا رہنا ؛ (ا محاورہ) بچوں کی طرح نادان رہنا۔ بچہ ہونا
یانی ؛ (ھ امث) دیکھئے "یانا" جس کی یہ تانیث ہے۔
یانی بلبل گوندا کھائے۔ سیانا کوا گوہ کھائے۔ یہ تقدیر کے کھیل ہیں بیوقوف مزے اڑاتے ہیں اور عقلمند خراب ہوتے ہیں
یاور ؛ (ف صف) مدد کرنے والا۔ حمایتی۔ مددگار۔ ۲ (امذ) دوست۔ یار۔ مددگار۔
یاورِ غریباں ؛ (ف امذ) ۱۔ غریبوں کا دوست یا مددگار۔ (۲) مجازاً خدا تعالیٰ
یاوری ؛ (ف امث) دیکھئے "یاور" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
یاوہ ؛ (ف صف) بیہودہ۔ لغو۔ نامعقول فضول۔ بے معنی۔ پوچ۔ لچر۔
یاوہ بکنا ؛ (ا محاورہ) بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا
یاوہ سرا / گو ؛ (ف صف) بیہودہ بکنے والا۔ بکواس کرنے والا
یاوہ گوئی ؛ (ف امث) دیکھئے "یاوہ گو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
یاہاں ؛ (ھ متعلق فعل) یہاں
یایا ؛ (ع امذ) آدمیوں، اونٹوں یا شکاری پرندوں کو بلانے کا کلمہ۔

ی ۔ ب

یبس ؛ (ع امذ) خشکی۔ سوکھا پن۔
یبوست ؛ (ع امث) خشکی۔ سوکھا پن

ی ۔ ت

یتا ؛ (ھ متعلق فعل) اِتا۔ اتنا
یتامیٰ ؛ (ع صف) دیکھئے "یتیم" جس کی یہ جمع ہے
یتن ؛ (س امذ) دیکھئے "جتن"
یتنی ؛ (س امث) بیوہ
یتیم ؛ (ع صف) (امذ) وہ بچہ جس کی ماں یا باپ یا دونوں مر گئے ہوں۔ ۲۔ قیمتی جواہر بے نظیر موتی۔ ۳۔ (صف) عجیب۔ نایاب۔ بے نظیر (۴) نوکر، غلام۔
یتیم الطّرفین ؛ (ع امذ) وہ بچہ جس کے ماں باپ دونوں مر گئے ہوں۔
یتیم خانہ ؛ (عف امذ) وہ ادارہ یا مکان جس میں یتیم رکھے جاتے ہیں اور ان کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔
یتیمی ؛ (ع امث) بے پدری کا عالم

ی ۔ ث

یثرب ؛ (ع امذ) مدینہ منورہ کا پرانا نام (لفظی معنی خارزار۔ ویرانہ)

ی ۔ ج

یجمان ؛ (ھ امذ) دیکھئے "ججمان"
یجمانی ؛ (ھ امذ) دیکھئے "ججمانی"

ی ۔ خ

یخ ؛ (ف امث) سخت برف۔ وہ برف جو آسمان سے پہاڑوں پر پڑ کر جم جاتی ہے۔ جس وقت برف گرتی ہے روئی کے گالوں کی طرح ہوتی ہے۔ کچھ عرصہ بعد ہوا لگ کر پتھر کی طرح سخت ہو جاتی ہے۔ ۲۔ پالے کی وجہ سے جو پانی رات کو جم جائے اُسے بھی یخ کہتے ہیں، مگر آج کل لفظ برف ہی عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔ ۳۔ (صف) نہایت / سخت سرد
یخ بستہ ؛ (ف صف) سردی سے برف کی طرح جما ہوا۔
یخنی ؛ (ف امث) گوشت کا پانی جو گوشت کو ابال کر تیار کیا جاتا ہے۔ اور بیماروں کو پلاتے ہیں۔ اسی میں پلاؤ پکاتے ہیں۔ انگریزی میں سُوپ کہتے ہیں جو کھانے سے پہلے پیا جاتا ہے
یخنی پلاؤ ؛ (ف امذ) گوشت کے ابالے ہوئے پانی میں پکے ہوئے چاول

ی ۔ د

ید ؛ (ع امذ) ہاتھ (عربی میں مؤنث ہے)

یَدُ اللّٰہ : [ع امذ] ا۔ خدا کا ہاتھ۔ ۲۔ کنایۃً حضرت علی
یدُ اللٰہی : [ع صف] یدُ اللّٰہ سے منسوب
یَدِ بیضا / بیضوی : [ع امذ] چمکتا ہوا ہاتھ۔ جب حضرت موسیٰؑ اپنا ہاتھ بغل میں ڈال کر نکالتے تو وہ بہت چمکتا اور دیکھنے والوں کی آنکھیں چندھیا دیتا۔ ۲۔ یہ ان کا ایک معجزہ تھا ۳۔ معجزہ خرق عادت
یدِ طُولیٰ : [ع امذ] ا۔ لمبا ہاتھ ۲۔ دسترس۔ کمال۔ مہارت۔ ملکہ
یدِ طُولیٰ رکھنا : [ا محاورہ] بہت مہارت رکھنا۔ ۲۔ بڑا بھاری ملکہ ہونا
یدِ قدرت : [ع امذ] خدا تعالےٰ کی قدرت
یُدھ : [ھ امذ] لڑائی۔ جنگ۔ جُدھ
یُدھماں : [ھ امذ] سورما۔ لڑنے والا۔ سپاہی

ی ۔ ر

یَراق : [ت امذ] ا۔ سامان جنگ۔ ہتھیار۔ اسلحہ۔ ۲۔ سامان اسباب
یرغا : [ع امذ] ا۔ گھوڑے کی ایک تیز چال۔ ۲۔ تیز رو گھوڑا ۳۔ ایک پرندہ ۴۔ ایک قسم کا کشیدہ
یرغا چلانا : [ا محاورہ] گھوڑے کو تیز چلانا
یرغمال : [ت امذ] دو بادشاہوں میں صلح ہونے پر فاتح مفتوح کے بچوں یا قریبی رشتہ داروں کو بطور ضمانت اپنے پاس رکھ لیتا ہے تاکہ پھر فساد نہ کرے۔ ضمانت۔
یرقان : [ع امذ] ایک بیماری جس میں تمام بدن زرد پڑ جاتا ہے۔ یہ جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہے
یرقانی : [ع صف] ا۔ وہ شخص جو یرقان میں مبتلا ہو۔ ۲۔ زرد۔ خزاں رسیدہ
یرمغاں : [ت امذ] دیکھئے "ارمغاں"
یروشلم : [فلسطین] فلسطین کا دار السلطنت جو بہت بڑا پرانا شہر ہے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان کا دار السلطنت تھا۔

ی ۔ ز

یزد : [ت امذ] ا۔ خدا تعالیٰ۔ ۲۔ ایران کے مشرق میں ایک شہر
یزداں : [ت امذ] خدا تعالیٰ۔ ایرانی دو خدائی طاقتیں مانتے تھے خیر کی یزداں اور شر کی اہرمن / اہرماں۔
یزداں پرست : [ت صف] خدا تعالیٰ کی پرستش کرنے والا۔ ۲۔ پارسی۔ آتش پرست۔
یزدانی : [ت صف] خدا سے منسوب۔ خدا کے متعلق۔ خدائی۔ ۲۔ آتش پرستوں کے زاہد و عابد
یزدی : [ت امث] ایک قسم کا کپڑا جو یزد (ایران) میں بُنا جاتا ہے۔
یزید : [ع صف] ا۔ دولت میں بڑھنے والا۔ دولت میں بڑھنا۔ ۲۔ کنایۃً سنگدل۔ بے رحم۔ سفاک (یہ معنی فارسیوں نے اس لفظ کو یزید بن معاویہ کی وجہ سے دیئے ہیں) ۳۔ یزید معاویہؓ کا بیٹا اور جانشین جس کے عہد میں سانحۂ کربلا ہوا
یزیدی : [ع صف] کُردوں کا ایک فرقہ اس کے اصول مختلف مذہبوں سے لئے گئے ہیں۔
یزیدیت : [ع امث] سفاکی و بے رحمی

ی ۔ س

یٰس : [ع امث] تلفظ "یاسین" دیکھئے۔
یسار : [ع امذ] ا۔ بہت افراط۔ دولت۔ ثروت۔ ۲۔ بائیں جانب۔ بایاں ہاتھ۔ بدقسمت آدمی۔ ۳۔ (صف) بایاں
یسار و یمین : [ع امذ] بایاں اور دایاں
یساوُل : [ت امذ] ا۔ سوار جو کسی بڑے آدمی کے ہمراہ رہیں۔ ۲۔ نقیب چوبدار۔ قاصد۔ ہرکارہ
یُسر : [ع امذ] ا۔ آسانی۔ آرام۔ ۲۔ دولت۔ ثروت۔ تونگری۔ ۳۔ نرمی حلم۔ ۴۔ اقبال مندی۔
یسوع : [عبرانی۔ امذ] حضرت عیسیٰ علیہ السلام
یَسیر : [ع صف] ا۔ سہل۔ آسان۔ ۲۔ تھوڑا۔ قلیل۔ چھوٹا۔ ۳۔ بن ماں کا۔ جس کی ماں مرگئی ہو۔

ی ۔ ش

یشب : [ت امذ] ایک قسم کا سبزی مائل قیمتی پتھر
یشم : [ت امذ] دیکھئے "یشب"
یشمی : [ت صف] یشب کا بنا ہوا
یشمک : [ت امذ] نقاب جو مصر اور ترکی میں مستعمل ہے۔

ی ۔ ع

یعبوب : [ع امذ] تیز رفتار گھوڑا
یعسوب : [ع امذ] شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ نر شہد کی مکھی۔
یعقوب : [عبرامذ] بن اسحاق بن ابراہیم یہودیوں کے جد اعلےٰ تھے ان کے بارہ بیٹے تھے حضرت یوسفؑ کو بھائیوں نے فروخت کیا وہ مصر میں وزیر ہوگئے یعقوب علیہ السلام وہیں جاکر آباد ہوگئے اور وفات پائی ان کی لاش کنعان میں دفن کی گئی۔ ان کی اولاد یہودی ہیں جن کو موسیٰؑ مصر سے نکال کر لائے اور کنعان میں آباد ہوئے۔ انہیں اسرائیل بھی کہا جاتا ہے۔
یعنی : [ع مضارع] مطلب یہ ہے۔ مراد یہ ہے۔

ی ۔ غ

یغما : [ت امذ] شکار۔ لوٹ کا مال۔ مالِ غنیمت

ی۔ق

یقین : [ع امذ] بے شبہ۔ بلاشک۔ ضرور۔ البتہ۔ ٹھیک۔ درست۔ ۲۔ اعتبار۔ اعتماد۔ ۳۔ اطمینان۔ بھروسا۔ ۴۔ ظن۔ گمان

یقین آنا : [ا۔ محاورہ] اعتبار آنا۔

یقین بڑا رہبر ہے : [ا۔ مقولہ] یقین ہو تو انسان کامیابی حاصل کرتا ہے

یقین جاننا : [ا۔ محاورہ] اعتبار کرنا۔ سچ جاننا۔ باور کرنا۔

یقین جانو : [ا۔ محاورہ] سچ سمجھو۔

یقین کرنا : [ا۔ مص مرکب] اعتبار کرنا۔ سچ ماننا۔

یقین کے بندے ہوگے تو سچ مانو گے : [ا۔ مثل] اگر تمہیں سچی بات کی شناخت ہوتی تو ہماری بات میں شبہ نہ کرتے۔

یقین لانا : [ا۔ محاورہ] باور کرنا۔ یقین مانو۔ سچ جانو۔ درست سمجھو۔

یقین نہ کرنا : [ا۔ مص مرکب] شبہ کرنا۔ سچ نہ جاننا۔ اعتبار نہ کرنا

یقین ہونا : [ا۔ مص مرکب] دیکھیے "یقین کرنا" جس کا یہ لازم ہے

یقیناً : [ع متعلق فعل] بے شک۔ بلاشبہ۔

یقینی : [ع صف] بے شبہ۔ شک سے مبرا۔ یقین کیا ہوا

یقینیات : [ع امث] دیکھیے "یقینیت" جس کی یہ جمع ہے

یقینیت : [ع امث] یقینی بات۔ سچائی۔ یقینی امر

ی۔ک

یک : [ف۔ اعدد] ایک۔ اکیلا

یک اَسپہ : [ف امذ] ا۔ اکیلا سوار۔ ۲۔ ایک گھوڑے کی گاڑی ۳۔ کنایۃً سورج

یک انار صد بیمار : [ف مثل] تھوڑی چیز خواستگار بہت

یک بار : [ف صف] ایک دفعہ۔ ایک بار

یک بارگی / بارہ / باری : [ف متعلق فعل] دیکھیے یک بیک

یک باگا : [ف صف] وہ جو ایک طرف چلنے کی کوشش کرے (گھوڑا)

یک بیک : [ف متعلق فعل] دفعتہً۔ یکا یک۔ ناگہاں

یک پارہ : [ف امذ] ا۔ ایک ٹکڑا۔ ایک حصہ۔ ۲۔ (صف) ٹھوس، پکا ۳۔ (متعلق فعل) فوراً۔ ایک دفعہ

یک پشتہ : [ف صف] ایک طرف چھپا ہوا (کاغذ)

یک پیری و صد عیب : [ف مقولہ] بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے

یکتا : [ف صف] ا۔ اکیلا۔ ۲۔ بے نظیر۔ نرالا۔ ۳۔ خدا تعالیٰ

یکتارا : [ف امذ] ا۔ ایک تار کا ستار۔ اکتارا۔ ۲۔ (مث) ایک قسم کی باریک ململ۔

یکتاز : [ف صف] دیکھیے "یکہ تاز"

یکتائی : [ف امث] اکیلا ہونا۔ بے نظیر ہونا

یکتائے زمانہ / عصر : [ف صف] بے مثل۔ لاجواب

یک تہی : [ف امث] اکہرا کپڑا۔ کپڑا جو دوہرا نہ ہو۔

یکجا : [ف صف] ایک جگہ۔ اکٹھے۔ ملے ہوئے۔ ملے جلے۔

یکجان : [ف صف] ا۔ خوب ملا ہوا۔ آمیختہ۔ ۲۔ شیر و شکر۔ یک دل۔ (افعال : ہونا)

یکجان دو قالب : [ا۔ مثل] بہت، نہایت گہرے، پکے دوست

یک جدی : [ف صف] ایک ہی دادا کی اولاد

یک جہت : [ف صف] متفق۔ ہم زبان

یک جہتی : [ف امث] اتحاد۔ دوستی

یک چشم : [ف صف] ا۔ کانا۔ ۲۔ منافق

یک چشمی : [ف صف] وہ جو ایک رخ کی ہو (تصویر) ۲۔ سب کو ایک آنکھ سے دیکھنا۔

یک چند : [ف صف] ا۔ تھوڑا سا۔ کچھ۔ ۲۔ بعض وقت

یک چندے : [ف متعلق فعل] کچھ دیر کے لیے۔ تھوڑی دیر کے لیے۔

یک چوبہ : [ف امذ] گول خیمہ جس میں ایک چوب ہو۔

یک دانہ محبت است و باقی ہمہ کاہ : [ف مثل] ایک دانہ محبت ہے اور باقی سب گھاس ہے دنیا میں محبت ہی ایک چیز ہے اور باقی سب کچھ ہیچ ہے۔

یک در گیر و محکم گیر : [ف مثل] ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہیے۔

یک دست : [ف صف] ا۔ یکساں۔ برابر۔ ۲۔ کل۔ تمام۔ ۳۔ ایک جیسا برابر بنا ہوا (کپڑا) ۴۔ جو ایک ہاتھ سے اٹھایا جا سکے۔ ۵۔ (متعلق فعل) بالکل

یک دستی : [ف امث] ا۔ ایک ہاتھ سے۔ ۲۔ کشتی کا ایک داؤ۔

یک دگر / دیگر : [ف صف] ایک دوسرا۔ ہر ایک۔ ۲۔ (متعلق فعل) دونوں مل کر

یک دل : [ف صف] ا۔ متفق۔ ہم زبان۔ ۲۔ ہمدم۔ ہمراز۔ مخلص۔ ۳۔ (متعلق فعل) متفق ہو کر۔ اکٹھے ہو کر۔

یک دلی : [ف امث] دیکھیے "یک دل" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

یک ذات : [ف صف] ایک ہی ذات کے

یک راس : [ف صف] دیکھیے "یک سار"

یک رخی : [ف صف امث] ا۔ ایک طرفہ۔ یک طرفہ (تصویر) ۲۔ دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا۔

یک رعایت قاضی نہ صد گواہ : [ف مثل] حاکم کی رعایت سو گواہوں سے بہتر ہے۔

یک رنگ : [ف صف] یکساں۔ اندر باہر سے ایک سا۔ ۲۔ ایک رنگ کا۔ ۳۔ صاف دل۔ صادق۔ محب۔ مخلص۔ دوست

یک رنگی : [ف امث] ایک طرح کا ہونا۔ ۲۔ محبت۔ دوستی۔ اخلاص ۳۔ بظاہر و بباطن یکساں ہونا۔

یک رو : [ف صف] ا۔ جو حاضر و غائب ایک طرح کی بات کہے۔ ۲۔ ایک طرف لکھا ہوا۔ ۳۔ مخلص۔ محب صادق۔ ۴۔ ہم زبان۔ متفق۔

یک روزہ : [ف صف] ا۔ ایک دن کا۔ ایک دن کے لیے

یک روی : [ف امث] دیکھیے "یک رو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

یک زبان : [ف صف] متفق۔ ہم زبان۔ بات کا پکا۔ ثابت قدم

یک زبان ہو کر کہنا : [ا ر محاورہ] متفق ہو کر بہت سے لوگوں کا ایک سی بات کہنا
یک سار / یکسار : [ھ صف] دیکھئے "یکساں"
یک سالہ : [ف صف] ایک سال کا
یکساں : [ف صف] ۱. ایک سا۔ ایک جیسا۔ برابر۔ مانند۔ ملتا ہوا۔ ہم شکل۔ مشابہ ۲۔ ہموار۔ مسطح۔ ۳۔ متوازی۔ ۵۔ ایک ہی قسم کا۔ ۶۔ ایک چلنے پھرنے والا۔ [متعلق فعل] اسی طریقے سے۔ ایک ہی سلسلے یا ترتیب سے / میں۔
یکساں آواز : [ف امث] بندھی ہوئی آواز
یکسانی : [ف امث] ۱۔ ایک جیسا ہونا۔ برابری۔ ۲۔ مشابہت
یکسر : [ف صف] ۱۔ تمام۔ بالکل۔ سراسر۔ محض۔ سارا۔ ۲[متعلق فعل] فوراً۔ دفعتہ ۳۔ اکٹھا۔ کل۔ تمام ۴۔ شروع سے آخر تک۔ ۵۔ اکیلا
یک سر ہزار سودا : [ف مثل] ایک آدمی اور ہزاروں کام۔ اپنی مصروفیت جتانے کو کہتے ہیں
یک سنگ دو کاز / شغ : [ف مثل] ایک [illegible] سے دو مقصد حاصل ہونا
یک سو : [ف صف] ایک [illegible] ۲۔ ساکن۔ ٹھہرا ہوا ۳۔ چلتا۔ ۴۔ ٹھہرا [illegible]
یکسو کرنا : [ا ر محاورہ] [illegible] فیصل کرنا
یکسو مزاج : [ف صف] [illegible] مزاج کا جسے غصہ جلد نہ آئے
یکسو ہونا : [ا ر محاورہ] سب سے الگ ہونا
یکسوئی : [ف امث] دیکھئے "یک سو" جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔
یک شنبہ : [ف امذ] اتوار
یک ضربی : [ف صف] ایک نالی بندوق یا پستول جس میں ایک کارتوس چل سکے۔ ایک ضرب لگانے والا۔
یک طرف : [ف متعلق فعل] ایک طرف۔ الگ۔ علیحدہ
یک طرفہ : [ف صف] ایک طرف کا۔ خصوصاً جب دوسری طرف کا خیال نہ کیا گیا ہو
یک طرفہ رائے : [ف امث] وہ رائے جو بغیر دونوں پہلو سوچنے کے دی جائے
یک طرفہ فیصلہ : [ف امذ] وہ فیصلہ جو بغیر دوسرے فریق کی شہادت کے سننے کے کیا جائے۔
یک فردی / فصلی : [ف صف] وہ جو ایک ہی فصل پیدا کرے۔
یک فنی : [ف صف] بے نظیر۔ فن کا کامل۔
یک قلم : [ف متعلق فعل] ۱۔ بالکل۔ تمام۔ یکلخت۔ ۲۔ فوراً۔ ضرور۔
یک کرشمہ دو کار / یک گرز دو فاختہ : [ا ر مثل] ایک تدبیر سے دو کام ہو گئے۔
یک گونہ : [ف صف] کسی قدر
یک لائی : [ف صف] چھوٹے عرض کا۔ ایک تہہ کا۔ ۲ [امث] ایک عرض کی چادر، نقاب یا جھنہ
یک لخت : [ف صف] بالکل سارا۔ سب تمام۔ کمال۔ ۲۔ فوراً۔ معاً
یک لقمۂ صباحی بہتر ز ہزار مرغ و ماہی : [ف مثل] صبح کا تھوڑا کھانا دیگر ہر قسم کی غذاؤں سے بہتر ہے۔

یک لوہی : [ف صف] تلوار کا پھل جو ایک ٹکڑے کا بنا ہوا ہو (ترکیب غلط ہے)
یکم : [ف اعدد ترتیبی] مہینے کی پہلی تاریخ۔ پہلا نمبر اوّل
یک مادری : [ف صف] ایک ماں کے
یک مرتبہ : [ف متعلق فعل] ۱۔ ایک دفعہ۔ ۲۔ فوراً
یک مشت : [ف امذ] ۱۔ ایک مٹھا۔ ۲۔ فی الفور ادائیگی۔ ۳[متعلق فعل] ایک دفعہ ہی۔ کُل
یک من علم را دہ من عقل مے باید : [ف مثل] ایک حصہ علم اور دس حصہ عقل ہونی چاہئے تب اس علم کا استعمال ٹھیک اور صحیح ہو سکتا ہے
یک منزلہ : [ف صف] ایک منزل والا مکان
یک منہ : [ف صف] دیکھئے "ایک منہ" جو صحیح ہے۔
یک منی : [ف صف] ۱۔ ایک من کا۔ ۲۔ اتفاق۔ اتحاد۔ دوستی یکدلی
یک نفس : [ف امذ] یک دم
یک نہ شد دو شد : [ف مثل] ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور آ بیچے پڑی۔ ایک مصیبت کے بعد دوسری مصیبت آنے پر کہتے ہیں۔
یک نہ یک : [ف صف] ایک نہ ایک۔ کوئی نہ کوئی۔
یک وقتی : [ف صف] جو ایک ہی وقت پر ہو
یک یک : [ف متعلق فعل] ایک ایک کر کے
یکا : [ہ صف] دیکھئے "یکہ"
یکائی : [ھ امث] اکائی
یکا یک : [ف متعلق فعل] فوراً۔ ناگاہ۔ دفعتہ
یکلو : [ھ صف] اکیلا
یکو : [ھ متعلق فعل] ایک بھی
یکوترا : [ھ صف] اکہرا
یکہ : [ف صف] ۱۔ اکیلا۔ مجرد۔ ۲۔ بے مثل۔ ۳۔ ایک گھوڑے کی گاڑی ۴۔ تاش کا پتا جس پر ایک نشان ہو ۵۔ ایک بتی کا فتیل سوز ۶۔ احدی۔ سپاہی
یکہ تاز : [ف صف] ۱۔ وہ جو اکیلا ہی دشمن پر حملہ کرے اور کسی کی مدد کا منتظر نہ ہو۔ ۲۔ بہادر۔ جری۔ شجاع۔
یکہ و تنہا : [ف صف] اکیلا و تنہا
یکے : [ف کلمہ تنکیر] ایک کا۔ ایک کو۔ ایک تو۔ ایک سے۔ کوئی ایک
یکے بر صد آید نہ صد بر یکے : [ف مثل] ۱۔ ایک سو کی طرف آتا ہے۔ سو ایک کی طرف نہیں آتے (۲) سب کثرت کا ساتھ دیتے ہیں۔
یکے بعد دیگرے : [ف متعلق فعل] ایک کے بعد دوسرا۔
یکے را بگیرد دیگرے را دعوے کن : [ف مثل] جو ملتا ہے وہ لے لو پھر اور مانگنا
یکے را بلندی و دیگرے را پستی : [ف مثل] ایک امیر دوسرا غریب۔
یکے نقصان مایہ دیگرے شماتت ہمسایہ : [ف مثل] ایک تو مال کا نقصان اور دوسرے لوگوں کی ملامت سننی پڑی
یکے ہمی رود و دیگرے ہمی آید : [ف مثل] دنیا میں آنا جانا ہی [illegible] ہے۔ ایک آتا ہے دوسرا جاتا ہے
یکے یوسف و ہزار خریدار : [ف مثل] ایک چیز کے بہت خواہش مند ہوں تو کہتے ہیں۔

ی . گ

یُگ ؛ [س امذ] ۱. دیکھئے جُگ ۔ ۲. بیلوں کا جُوا ۔ ۳. جوڑا ۔ دو ۔ ۴. چوسر میں دو گوٹیں جو ایک خانے میں اکٹھی ہو جائیں ۔

یگان ؛ [ف صف] ایک ۔ واحد ۔ اکیلا ۔ دیکھئے "یگانہ"

یگانگت / یگانگی ؛ [ف امث] ۱. قرابت ۔ پاس کی رشتہ داری ۔ ۲. ترجیہ یکتائی ۔ ۳. انوکھاپن ۔ نرالاپن ۔ ندرت ۔ ۴. اتحاد ۔ اتفاق ۔ (اصولاً یگانگت غلط ہے)

یگانہ ؛ [ف امذ] ۱. قرابتی ۔ رشتہ دار ۔ سگا ۔ ۲. ایک گھرانے کا ۔ ایک خاندان کا ۔ ۳. اکیلا ۔ واحد فرد ۔ ۴. بے نظیر ۔ لاثانی ۔ بے مثل ۔ ۵. بھائی بند ۔ برادر

ی . ل

یل ؛ [ف امذ] ۱. بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع ۔ دلاور ۔ شہ زور ۔ پہلوان ۔ ۲. فربہ ۔ موٹا یا جسیم آدمی

یل ؛ [ہ لاحقہ فاعلی] صیغہ امر وغیرہ کے ساتھ فاعلیت کے معنی دیتا ہے جیسے اڑیل ۔ ۲. مفعولیت کا فائدہ دیتا ہے جیسے سڑیل ۔ مریل ۔ ۳. نسبت کے معنی دیتا ہے جیسے بھلیل ۔ بلیل ۔ بچیل ۔ ۴. کہیں صاحب کے معنی دیتا ہے جیسے کڑیل

یل شل ؛ [ف صف] موٹا ۔ فربہ ۔ جسیم ۔ مسٹنڈا ۔ سنڈ منڈ

یلدا ؛ [ف امذ] وہ اندھیری رات جو سب سے بڑی ہوتی ہے ۔ یہ سردیوں کے موسم میں ۲۲ دسمبر کو ہوتی ہے ۔

یلدر کوشک ؛ [ف امذ] سلاطین روم کے محلات جو قسطنطنیہ میں ہیں ۔

یلغار / یلغر ؛ [ف امذ] حملہ ۔ دھاوا (افعال: کرنا ۔ ہونا)

یلّہ ؛ [ف صف] ۱. چھوڑا گیا ۔ بے قید ۔ آزاد ۔ ۲. کھلا چرنے کے لئے چھوڑا گیا ۔ ۳. اکیلا ۔ تنہا ۔ ۴. ٹیڑھا ۔ ۵. غلط ۔ فضول ۔ بیہودہ ۔ ۶. (امذ) رہائی ۔ خلاصی ۔ ۷. (امث) فاحشہ ۔ بدچلن عورت

ی . م

یَم ؛ [ع امذ] ۱. سمندر ۔ بحر ۔ ۲. بڑا دریا

یَم ؛ [س امذ] ۱. قابو کرنا ۔ روکنا ۔ سدھانا ۔ ۲. روک ۔ ممانعت ۔ ۳. اپنے آپ کو قابو کرنا ۔ ۴. توبہ ۔ کفارہ ۔ نفس کشی ۔ ۵. کوئی بڑا فرض یا رسم ۔ ۶. جوڑے یا توام میں سے ایک ۔ ۷. عدد ۔ ۸. نرک کا مالک جیم ۔ ۹. موت ۔ ۱۰. وقت ۔

یم پور / یم پوری ؛ [س مذ و مث] یم کا شہر ۔ نرک ۔ دوزخ

یم دُوت ؛ [س امذ] یم کا قاصد جو روحوں کو یم کے پاس لے جاتا ہے اور واپس اپنی جگہ پہنچاتا ہے

یم کا / یمکا ؛ [س امث] توام بہن

یم کال ؛ [س امذ] ۱. موت کا وقت ۔ ۲. یم کا لقب

یم لوک ؛ [س امذ] یم کا ملک ۔ نرک ۔ دوزخ

یمل ؛ [س امذ] جوڑا ۔ دو ۔ دیکھئے جمل

یملا ؛ [س امث] ۱. ایک قسم کی ہچکی ۔ ۲. تندرستی ۔ ۳. ایک دریا

یملی ؛ [س امث] ایک قسم کی پوشاک جس میں دو کپڑے ہوتے ہیں ۔ جوڑا

یمن ؛ [ع امذ] عرب کا ایک خطہ جہاں کا عقیق مشہور ہے ۔

یُمن ؛ [ع امذ] برکت ۔ سعادت ۔ کامیابی ۔ اقبال مندی ۔ بہجت

یمنی ؛ [ع امذ] ۱. یمن کا باشندہ ۔ ۲. ایک قسم کا نیلے رنگ کا کبوتر ۔ ۳. (صفت) یمن کا ۔ یمن سے نسبت رکھنے والا ۔

یمین ؛ [ع امذ] ۱. دایاں ہاتھ ۔ سیدھا ہاتھ ۔ ۲. دائیں طرف ۔ ۳. قسم ۔ سوگند ۔ حلف ۔ ۴. طاقت ۔ قوت ۔ توانائی ۔

یمینُ الدّولہ ؛ [ع امذ] رکن سلطنت کا ایک خطاب جو معزز اُمراء کو ملتا ہے

یمین و یسار ؛ [ع امذ] ۱. فوج کا دایاں اور بایاں بازو ۔ ۲. دائیں بائیں ۔ چپ و راست

ی . ن

ین ؛ [جاپانی امذ] ایک سکہ جو تقریباً ½ ۱ روپے کے برابر ہوتا ہے ۔

ینتر ؛ [س امذ] دیکھئے جنتر

ینتری ؛ [س امذ] علم جنتر کا ماہر ۔ انجنیئر ۔ مستری ۔ لوہار

ینی ؛ [ہ امث] جوان عورت

ی . و

یُو ۔ این ۔ او ؛ [انگ ۔ امث] united nations organisation ۔ (اسصار) مجلس اقوام متحدہ

یواپن ؛ [س امذ] ۱. جوان ہونے کی حالت ۔ بلوغت ۔ ۲. جوانی ۔ نوعمری

یوتش / یوتشی ؛ [س امث مذ] دیکھئے جوتش اور جوتشی ۔

یوجی / یوہی [ع امذ] ایک قسم کا سانپ جس کے متعلق مشہور ہے کہ ہزار سال کا ہونے کے بعد حسبِ خواہش صورت بدل سکتا ہے ۔

یوراج ؛ [س امذ] ولی عہد ۔ شہزادہ

یودّھا / یودھا ؛ [س ہ امذ] شجاع ۔ جری ۔ بہادر ۔ جنگ جو

یودھاپن ؛ [ہ امذ] بہادری ۔ شجاعت ۔ دلیری ۔ جوانمردی

یورپ ؛ [انگ امذ] ایک براعظم جو ایشیا کے مغرب میں واقع ہے ۔ اس میں قریباً ۳۰ ممالک ہیں ۔

یُورش ؛ [ت امث] دھاوا ۔ چڑھائی ۔ حملہ

یُوروک ؛ [ت امذ] آوارہ گرد قومیں جو ایشیائے کوچک میں پائی جاتی ہیں ۔

یوریشین ؛ [انگ امذ] وہ یورپین نسل کا آدمی جو ایشیا کے کسی ملک میں پیدا ہوا ہو ۔ (EURASIAN)

یورینیم ؛ [انگ امذ] uranium ایک سفید دھاتی عنصر

یوزہ ؛ [ت امذ] ۱. چیتا ۔ پلنگ ۔ ۲. ت ۔ سو ۔ صد

یُوسفؑ ؛ [عبر امذ] بن حضرت یعقوبؑ بن حضرت اسحاقؑ بن حضرت ابراہیمؑ یہ حضرت یعقوبؑ کے گیارھویں بیٹے تھے جو اپنے حسن کی وجہ سے بہت زیادہ مشہور ہیں ۔

یوسفِ بے کارواں: [صف۔ امذ] جس کا کوئی ساتھی نہ ہو
یوگ: [س امذ] مراقبہ۔ مذہبی ورزش۔ ۲۔ لائق۔ قابل
یوکلپٹس: [انگ امذ] Eucalyptus ایک بہت لمبا درخت جس کا عرق دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ۔ سفیدے کا درخت
یوگ شکتی: [س امث] معجزہ۔ اعجاز۔ کرشمہ
یوگ کرنا: [ا۔ محاورہ] ۱۔ ملانا۔ جوڑنا۔ ۲۔ ملنا۔
یوگیہ: [س صف] ۱۔ موزوں۔ مناسب۔ قابل۔ ۲۔ چالاک۔ ۳۔ طاقتور
۴۔ صندل۔ ۵۔ گاڑی۔ ۶۔ چپاتی۔ ۷۔ دودھ۔ ۹۔ ایک پودا
یوگن/یوگی: [ھ مث مذ] دیکھئے "جوگن/جوگی"
یوگندرا: [ھ امث] ۱۔ ہلکی نیند۔ ۲۔ جاگ
یوم: [ع امذ] ۱۔ دن۔ روز۔ ۲۔ تاریخ
یومِ اُحد: [ع امذ] جنگ اُحد کا دن۔
یوم الاثنین: [ع امذ] پیر کا دن
یوم الاحد: [ع امذ] اتوار۔ یک شنبہ
یوم الاربعا: [ع امذ] بدھ کا دن
یوم الاضحیٰ: [ع امذ] ذی الحجہ کی دسویں تاریخ
یوم الباحور: [ع امذ] بحران کا دن ۲۔ جنگ کا دن
یوم الترویح: [ع امذ] ذی الحج کی آٹھویں تاریخ
یوم الثلاثہ: [ع امذ] منگل کا دن
یوم الجمع: [ع امذ] جمعہ کا دن
یوم الحساب: [ع امذ] قیامت کا دن
یوم الخمیس: [ع امذ] جمعرات کا دن
یوم الدین: [ع امذ] قیامت کا دن
یوم السبت: [ع امذ] ہفتہ کا دن۔ شنبہ/سنیچر کا دن
یوم العرفہ: [ع امذ] نہم ماہ ذی الحج۔ حج سے ایک دن پہلے
یوم العاشورا: [ع امذ] محرم کی دسویں تاریخ جس دن حضرت امام حسینؓ شہید ہوئے تھے۔
یوم الفطر: [ع امذ] یکم ماہ شوال
یوم النشور: [ع امذ] قیامت کا دن
یوم بدر: [ع امذ] جنگ بدر کا دن
یوم عید: [ع امذ] تیوہار۔ خوشی کا دن
یوماً: [ع متعلق فعل] ایک دن
یوماً فیوماً: [ع متعلق فعل] روز بروز آئے دن
یومیہ: [ع صفت] ۱۔ روزانہ۔ ۲۔ (امذ) روزینہ۔ ۳۔ روزانہ خوراک۔ مزدوری یا اجرت۔ دہاڑی۔ ۴۔ دن بھر کا خرچ۔
یوں: [ہ متعلق فعل] ۱۔ اس طرح۔ اس طرز یا ڈھنگ سے ایسا۔ ۲۔ اس طور۔ ۳۔ یہ۔ ۴۔ (صفت) بے کار۔ یونہی۔
یوں بھی: [ہ متعلق فعل] اسی طرح۔ اس طرح
یوں بھی دیکھا وہ بھی دیکھ: [ا۔ مثل] نیرنگیٔ زمانہ دیکھ۔ خوشی دیکھی اب غم بھی دیکھ۔

یوں تو: [ہ متعلق فعل] ۱۔ اس طرح۔ اس ڈھنگ سے۔ ۲۔ ورنہ۔ وگرنہ ۳۔ کہنے کو تو۔ دراصل تو۔ برائے نام۔ بادی النظر میں۔ ویسے تو
یوں توں: [ہ امث] بدزبانی۔ تو تڑ۔ میں میں [افعال: کرنا۔ ہونا]
یوں سے ووں ہو جانا: [ا۔ محاورہ] ایک حالت کا دوسری حالت ہو جانا۔
یوں نہ یوں: [ہ متعلق فعل] نہ اس طرح نہ اُس طرح۔ کسی طرح نہیں۔
یوں ووں: [ہ متعلق فعل] اس طرح۔ اُسی طرح۔ کسی طرح
یوں ہی: [ہ متعلق فعل] ۱۔ اس طرح۔ اس طریقے سے۔ اس ڈھنگ سے ۲۔ مفت۔ بلاقیمت۔ ۳۔ نکما۔ بے کار۔ ۴۔ بلادقت۔ آسانی سے۔
۵۔ بے فائدہ۔ ناحق۔ بلاوجہ۔ ۶۔ جھٹ پٹ۔ فوراً۔ ۷۔ اتفاقاً۔ بلاارادہ ۸۔ بے سوچے بے سمجھے۔ ۹۔ از خود۔ آپ ہی۔ ۱۰۔ فضول۔ بے کار۔
۱۱۔ تھوڑا سا۔ قلیل۔ ۱۲۔ ایک تو۔ ۱۳۔ بغیر کسی تدبیر کے۔
یونہی ٹرخا دیا: [ا۔ مقولہ] کچھ نہ دیا۔ ناکام رکھا۔ مطلب پورا نہ ہوا
یونہی سا: [ا۔ صفت] تھوڑا سا۔ قلیل
یونہی سہی: [ا۔ بول چال] اسی طرح ہے۔ ایسا ہے
یونہی سہی: [ا۔ بول چال] ہمیں اسی طرح منظور ہے۔ ہم خوش ہیں۔
یونہیں: [ہ متعلق فعل] ۱۔ دیکھئے یونہی۔ یونہی ہو۔ کچھ بھی نہیں۔ بیکار ہو۔ ناحق ہو۔ ۲۔ ایسا ہی ہو۔
یونٹ: [انگ امذ] unit ۱۔ اکائی۔ وحدت ۲۔ ایک چیز۔ شخص یا مجموعہ جو واحد اور مکمل سمجھا جائے۔
یونس: [ع امذ] بن متی ایک یہودی پیغمبر جنہیں بابل جاکر لوگوں کو ہدایت کرنے کا حکم تھا مگر ڈر کے مارے نہ گئے اور کہیں اور چلے گئے کشتی میں سوار تھے کہ سخت طوفان آیا اُن کے کہنے پر ملاحوں نے اُنہیں سمندر میں پھینک دیا۔ انہیں ایک مچھلی نگل گئی۔ تین دن اس کے پیٹ میں رہنے اس کے بعد انہیں اُگل دیا۔ پھر وہ بابل گئے۔
یونی: [س امث] یونانی عورت ۔ کی بیوی (۲) یونانی عورت (۳) مسلمان عورت
یونی: [س امث] عورت۔ رشتہ
یونی: [س امث] پیدائش کی جگہ۔ دان۔ رحم۔ ۲۔ وطن۔ دیس۔ ۳۔ پیدائش۔ خلقت۔ اصلیت۔ بنیاد۔ سرچشمہ
یونیفارم: [انگ امث] مقررہ لباس۔ وردی
یونین: [انگ امذ] union اتحاد۔ اتفاق۔ ۲۔ اتصال۔ وصل
یونیورسٹی: [انگ امث] university وہ ادارہ جو اعلیٰ تعلیم کا انتظام کرتا ہے اور امتحان لیتا ہے اور اس میں جملہ علوم و فنون کی اعلیٰ تعلیم کا انتظام ہوتا ہے۔ جامعہ۔ دانش گاہ۔

ی۔ہ

یہ: [ا۔ اشارہ] اشارہ قریب کے لئے آتا ہے ۲۔ قریب۔ سامنے کا۔ اس قدر
یہ آپ کے فرمانے کی بات ہے: [ا۔ مثل] کوئی غلط یا ناجائز بات کہے تو بطور تنبیہ کہتے ہیں۔

یہ آزمالکر وہ آزمالکر : (ار۔ متعلق فعل) تجربہ کرکے، کئی طرح جانچ پڑتال کرکے
یہ آگیا وہ آگیا : (ار۔ مثل) دوسرے کی ہمت بڑھانے کے واسطے کہتے ہیں۔
یہ آیا وہ آیا : (ار۔ بول چال) ابھی ابھی آیا۔ بہت جلد آؤں گا۔
یہ اپنا ہی راگ گاتا اگائے جاتا ہے : (ار۔ مثل) یہ اپنے ہی مطلب کی کہے جاتا ہے۔
یہ اس سے بلیس ہے : (ار۔ مثل) یہ اس سے بڑھ کر بد اخلاق ہے۔
یہ اور بات ہے : (ار۔ بول چال) یہ بات جدا ہے۔
یہ اور ہوئی : (ار۔ بول چال) یہ نئی بات ہوئی
یہ بات پیروں نہیں چلتی : (ار۔ مثل) یہ معاملہ یوں طے نہیں ہوگا۔ یہ مراد پوری نہ ہوگی۔ یہ تدبیر اچھی نہیں۔
یہ بات دوسری ہے : (ار۔ بول چال) یہ اور بات ہے
یہ بات شرافت سے بعید ہے : (ار۔ مقولہ) شریف آدمی ایسی بات نہیں کرتا۔
یہ بات کہاں : (ار۔ بول چال) پھر ایسا موقع حاصل نہ ہوگا۔
یہ بات وہ بات لکادھر موورے ہمیرے ہاتھ : (ار۔ مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو ادھر ادھر کی باتوں سے مطلب نکالتا ہے۔
یہ بات ہی کیا ہے : (ار۔ مثل) یہ معمولی بات ہے۔ کوئی مشکل کام نہیں۔
یہ بات ہے : (ار۔ مثل) یہ خصوصیت ہے۔ یہ واقعہ ہے۔
یہ باتیں ہیں : (ار۔ مثل) فضول باتیں ہیں۔ صرف باتیں ہی باتیں ہیں۔
یہ بڑ میٹھا یہ بڑ کھٹا : (ار۔ مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو تذبذب کی حالت میں ہو۔
یہ بس کی گانٹھ ہے : (ار۔ مثل) بہت شریر اور بڑا آفت ہے۔
یہ بوجھ نہیں اٹھتا : (ار۔ مثل) اس بات کی ذمہ داری نہیں ہو سکتی
یہ بھی اپنے وقت کے حاتم طائی ہیں : (ار۔ مثل) بہت فیاض ہیں۔ طنزاً بھی کہتے ہیں۔
یہ بھی ایک چال ہے : (ار۔ مثل) یہ بھی عام بانکپن ہے۔ یہ بھی کوئی بات ہے۔ مہمل بات ہے۔ فضول بات ہے۔ بے موقع بات ہے۔
یہ بھی دام غلاموں کھاسگے ایسی ہی کشت پکاسگے : (ار۔ مثل) تمہاری سب طرح کی چالاکیاں پہچان گئے۔
یہ بھی کسی نے نہ پوچھا کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں : (ار۔ مثل) جہاں کسی کی خاطر تواضع نہ ہو تو کہتے ہیں۔ ۲۔ کوئی سعد لگا نہیں۔
یہ بھی کہیں گے کہ ہمیں بکری بندر لے دو : (ار۔ مثل) محض نادان اور لغو ہیں۔ بے دقوفی کے موقع پر بولتے ہیں۔
یہ بھی میرا وہ بھی میرا : (ار۔ مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو سب کچھ لینا چاہے
یہ بھی تو من تورا اُمیم : (ار۔ مثل) برا عمل واسنے والا ہے [illegible]

مارنے والا۔
یہ بھی نہ ہوا وہ بھی نہ ہوا : (ار۔ مقولہ) کچھ بھی نہ ہوا۔ دو سے ایک کام بھی نہ ہوا۔
یہ پاپڑ نہیں پڑھے : (ار۔ مثل) یہ کام کرنا نہیں چاہتے۔ ایسے فقروں میں نہیں آتے۔ جب کوئی ناواجب درخواست کرے انکار کرتے ہوئے کہتے ہیں۔
یہ پھل لگا : (ار۔ مثل) اس کا یہ نتیجہ/انجام ہوا۔
یہ تو بکیر بھی کہہ گئے ہیں : (ار۔ مثل) یہ مسلّم بات ہے۔
یہ تو کچھ بات نہیں : (ار۔ مثل) یہ غلط ہے۔ یہ درست نہیں۔
یہ تو نہیں : (ار۔ محاورہ) یہ امر واقع نہیں ہے۔ یہ درست نہیں۔
یہ تھوڑی سی گزر جائے : (ار۔ مثل) تھوڑی سی عمر جو رہ گئی ہے بخیریت گزر جائے
یہ تین کانے اور یہ پوبارہ : (ار۔ مثل) ایک بدقسمت ہے ایک بانصیب ہے۔ ۲۔ چوپڑ کھیلنے والے بھی کہتے ہیں
یہ ٹانگ کھولو تو لاج وہ ٹانگ کھولو تو لاج : (ار۔ مثل) دونوں طرح بدنامی ہے۔
یہ جا وہ جا : (ار۔ مثل) فوراً بھاگ گیا۔
یہ جوانی اور مانجھا ڈھیلا : (ار۔ مثل) عین جوانی میں اتنی سستی۔
یہ جوانی مجھے نہ بھاوے سینگ ڈلاوے ہنسی آوے : (ار۔ مثل) معمولی باتوں پر ہنسنا اچھی بات نہیں۔
یہ دن : (ما اخذ) اچھے اور برے دن (افعال : دکھانا۔ دیکھنا)
یہ دن دیکھا : (ار۔ محاورہ) اس حالت کو پہنچا۔
یہ دن سب کے واسطے ہے : (ار۔ محاورہ) سب کو مرنا ہے
یہ دیدے نہ دیدے ہیں دیدار کے : (ار۔ مثل) دیکھنے کی بے حد خواہش ہے۔
یہ دیکھو : (ار۔ محاورہ) یہ ہے۔ میرے پاس ہے۔
یہ دیکھو قدرت کے کھیل چھچھوندر لگائے اطلے چنبیلی کا تیل : (ار۔ مثل) بے حیثیت کو یہ حوصلہ ہو گیا ہے۔
یہ ڈاڑھی دھوکے کی ٹٹی ہے : (ار۔ مقولہ) گو اس کی ڈاڑھی لمبی ہے مگر یہ سخت منافق ہے۔ لوگوں کو دھوکا دینے کے لئے ڈاڑھی رکھی ہوئی ہے۔
یہ زمانے کا حال ہے : (ار۔ محاورہ) اس زمانے کے لوگوں کا یہ حال ہے
یہ سنسار کال کا کھاجا جیسا گدھا ویسا راجا : (ار۔ مثل) موت سے کوئی نہیں بچ سکتا۔
یہ شرط ہے : (ار۔ بول چال) اس کے لئے یہ ضروری ہے
یہ صاف صاف ہے : (ار۔ مثل) یہ واقعی بات ہے۔
یہ قسمت کی بات ہے : (ار۔ محاورہ) بدقسمتی ہے۔
یہ کتا نہیں مانتا : (ار۔ محاورہ) پیٹ بُری بلا ہے
یہ کچھ : (ار۔ صفت) اس قدر زیادہ

یہ کچھ بھی نہیں: (ار۔ مثل) یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے۔
یہ کچھ کھیل ہے: (ار۔ مثل) یہ آسان نہیں ہے۔ یہ بے دستور ہے۔
یہ کچھ کہیں نہیں: (ار۔ مثل) سمجھنے اور غور کرنے کی بات ہے۔
یہ کس کا موت ہے: (ار۔ محاورہ) یہ کس کا فلطہ ہے۔
یہ کسی کا بھی سگا نہیں: (ار۔ محاورہ) یہ بڑا بے وفا ہے۔
یہ کلا نہ بدھی / یہ بھی نہ بدھی: (ار۔ مثل) سب تدبیریں رائگاں گئیں
یہ کوا بھنے کی چال ہے: (ار۔ مثل) یہ بہت چالاکی کی بات ہے جب کوئی چالاک آدمی فریب دینے لگے تو کہتے ہیں۔
یہ کون بات ہے: (ار۔ محاورہ) یہ کوئی مشکل بات نہیں۔
یہ کوئی بات ہے: (ار۔ مثل) یہ بات بے موقع ہے۔ نازیبا ہے۔
یہ کوئی مشکل بات ہے: (ار۔ مثل) یہ معمولی بات ہے۔
یہ کہنے کو تو نہ ہوگا: (ار۔ محاورہ) کوئی یہ تو نہ کہہ سکے گا۔
یہ کہیے: (ار۔ محاورہ) ۱۔ بتائیے۔ ۲۔ خیر ہوئی
یہ کے فاقوں میں سیکھے ہو: (ار۔ مثل) طنزاً کوئی بدزبانی کرے تو کہتے ہیں
یہ کیا: (ار۔ محاورہ) یہ کیسی بیہودہ بات ہے۔
یہ کیا بات ہے: (ار۔ مثل) استفہام کے طور پر ۱۔ خوب بات ہے ۲۔ کچھ بات نہیں۔ سمجھ سے ۳۔ کیا سبب ہے۔
یہ کیا کیا: (ار۔ مثل) غضب کیا۔ برا کیا۔
یہ کیا ہے: (ار۔ مثل) (ار فی) بات ہے۔ عجیب بات ہے۔ ۲۔ خیر تو ہے۔
یہ گل کھلا: (ار۔ محاورہ) یہ نتیجہ / انجام برا نکلا۔
یہ گھٹنا کھولیں تو لاج وہ گھٹنا کھولیں تو لاج: (ار۔ مثل) ہر طرح رسوائی ہے۔
یہ گھر بھتونیوں نے لیا: (ار۔ مثل) یہ چیز اوروں کے تصرف میں رہی اپنے کام نہ آئی۔
یہ گھوڑا کس کا جس کا میں نوکر۔ تو نوکر کس کا جس کا یہ گھوڑا: (ار۔ مثل) ٹالنے کے موقع پر کہتے ہیں۔
یہ گئی وہ گئی / یہ گیا وہ گیا: (ار۔ مثل) بھاگ گئی / گیا
یہ گیہوں دے کے گاجریں کھائیں: (ار۔ مثل) پرلے درجے کے بیوقوف ہیں
یہ لچھن مار کھانے کے ہیں: (ار۔ مثل) ایسی باتوں پر انسان پٹتا ہے
یہ مانی ہوئی بات ہے / یہ مسلّم ہے: (ار۔ بول چال) اس سے کسی کو انکار نہیں۔ یہ تسلیم شدہ بات ہے۔
یہ منہ اور پھلوریاں / دھنیے کی چٹنی / مسور کی دال / گاجریں / پان جوگا: (ار۔ مثل) اس لائق نہیں ہو۔ تم اس لائق نہیں ۲۔ اپنے منہ سے کہتے ہو کہ ہم یوں کریں گے اور یں گے۔
یہ نتیجہ نکلا: (ار۔ مثل) نیکی کے بدلے بدی ملی
یہ نہ وہ: (ار۔ متعلق) دونوں میں سے کوئی بھی نہیں
یہ وہ فقیر نہیں جو کھا کر دعا دیں: (ار۔ مثل) بڑے ناشکر گزار آدمی ہیں
یہ وہ گڑ نہیں جو چیونٹے / مکھیاں کھائیں: (ار۔ مثل) یہ ایسا مال نہیں جسے ہر کوئی کھا لے۔ ہمارا مال کوئی نہیں کھا سکتا۔

یہ وہ نہ ہو: (ار۔ متور) یہ وہ معاملہ نہیں جس طرح پہلے کیا تھا اس طرح ہو
یہ بھی پھر دیا مجھ کا ہے کہ داتا دے تو ٹوٹ لیں: (ار۔ مثل) کسی کا منہ نہیں تکنا اور دل کو تر اسرنی ترسائے کیوں / چاہیے۔ خدا پر بھروسا کرنا چاہیے
یہ ہتھکنڈا ہے: (ار۔ متور) یہ چالاکی ہے۔
یہ ہتھکنڈے مجھی سے چلتے ہو: (ار۔ متور) یہ مکر اور فریب کی باتیں میرے ساتھ ہی کرتے ہو۔
یہ ہو چکا: (ار۔ متور) نہیں ہو سکتا۔ ۲۔ ہو لیا ہے
یہ ہی: (ار۔ متعلق فعل) دیکھیے "یہی"
یہاں: (ہ متعلق فعل) ۱۔ اس جگہ اس مقام پر۔ اس۔ ف۔ ۲۔ اس دنیا میں ۳۔ گھر۔ خاندان۔ ہمارے گھر ہم۔ مجھے
یہاں الٹی گنگا بہتی ہے: (ار۔ مثل) یہاں ہر کام الٹا ہوتا ہے
یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا: (ار۔ مثل) یہاں تک کوئی نہیں آ سکتا
یہاں تک: (ار۔ متعلق فعل) اس جگہ تک۔ اس وقت تک
یہاں تمہاری نہیں گلے گی / دال نہیں گلے گی: (ار۔ مثل) اس جگہ تمہارا کام نہیں بنے گا۔ یہاں تم سے کچھ نہ ہو سکے گا۔
یہاں تو ہم بھی حیران ہیں: (ار۔ مثل) یہاں سمجھ میں کچھ نہیں آتا۔
یہاں حضرت جبرائیل کے بھی پر جلتے ہیں: (ار۔ مثل) یہاں تک ہی رسائی تھی۔ معراج کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ حضرت جبرائیل پیغمبر صلعم کے ہمراہ تھے ایک موقع پر جا کر انہوں نے کہا کہ وہ اس سے آگے نہیں جا سکتے۔ پیغمبر صلعم آگے تنہا روانہ ہوئے۔
یہاں سب کان پکڑتے ہیں: (ار۔ مثل) اس جگہ سب عاجز ہیں۔
یہاں سے: (ہ متعلق فعل) اس جگہ سے اس طرف سے
یہاں سے ہوا ہو: (ار۔ محاورہ) دور ہو جا۔
یہاں ضرور کچھ دال میں کالا ہے: (ار۔ مثل) یہاں کچھ دھوکے کی بات ہے۔
یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے: (ار۔ مثل) یہاں کی ہر بات عجیب ہے۔
یہاں کا یہیں: (ار۔ متور) اس جگہ کا اسی جگہ۔ اس دنیا کا اسی دنیا میں (استعمال: رہ جانا)
یہاں کچھ مال تو نہیں گڑا ہے / یہاں کیا تیرا نال گڑا ہے: (ار۔ مثل) جہاں کوئی اپنا دعوے یا استحقاق جتائے تو کہتے ہیں۔
یہاں کے باوا آدم ہی نرالے ہیں: (ار۔ مثل) دیکھیے "یہاں کا باوا" الخ
یہاں گنگا الٹی بہتی ہے: (ار۔ مثل) یہاں کے سب معاملات الٹے ہیں
یہاں نہ وہاں یہ بلا کہاں: (ار۔ مثل) بےخانہ بدوش آدمی
یہاں وہاں: (ار۔ متعلق فعل) ادھر ادھر
یہاں وہاں کا ذکر: (ار۔ امذ) ادھر ادھر کی باتیں (افعال: کرنا)
یہیو: (ہ متعلق فعل) اب۔ اس وقت
یہود: (ع امذ) یہودی کی جمع۔ حضرت یعقوب کی اولاد ۲۔ حضرت موسیٰ کی امت۔
یہودا: (ع امذ) ۱۔ حضرت یعقوب کا چوتھا بیٹا جس کے نام پر یہودی قوم کا نام پڑا ہے۔ ۲۔ حضرت عیسیٰ کا ایک حواری جس نے تیس درہم لے کر

اُنہیں چھڑوا دیا تھا۔ بقول عیسائیوں کے بعد کو اس نے درہم واپس کر دیئے اور خود پھانسی لگ کر مر گیا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ اس کی شکل حضرت عیسیٰؑ کی طرح ہو گئی اور یہودیوں نے اسے صلیب پر لٹکا دیا۔ حضرت عیسیٰؑ کو نہیں لٹکایا۔

یہُودَان : [ا ر امث] یہودی قوم کی عورت۔ یہودی کی بیوی

یَہُودِی : [ع اند] ۱۔ ایک قوم جو حضرت یعقوبؑ کی اولاد اور حضرت موسےٰؑ کی اُمت ہے۔ ۲۔ اس قوم کا ایک فرد

یہُودِیَّت : [ع امث] یہودی ہونا۔ یہودی کا مسلک۔ یہودی کی خصوصیت

یہودیہ : [ع اند] ۱۔ ملک فلسطین۔ کنعان۔ اصل میں کنعان کے جنوبی حصے کو کہتے ہیں۔

یہی : [ا ر متعلق فعل] خالص یہ۔ خصوصاً یہ۔ ۲۔ اسی قسم کا۔ ۳۔ صرف۔ ۴۔ اشارہ قریب کے لئے۔ یہی

یہی بھروسا ٹھیک ہے کہ دا تا دے تو لوں ۔ اوروں کا کر آسرا جی ترسا وے کیوں [ا ر مثل] کسی کا منہ نہیں تکنا چاہیئے خدا پر بھروسا کرنا چاہیئے۔

یہی تو بڑے باپ کا بیٹا ہے : [ا ر مثل] طنزاً یہی تو سب میں افضل درجے کا ہے۔ ۲۔ یہ کچھ بھی نہیں۔

یہی سہی : [ا ر بول چال] یوں ہی سہی

یہی گُوُ اور یہی میدان / یہی گیند یہی میدان [ا ر مثل] آیئے ابھی مت بد ہو جائے۔ یہی وقت امتحان کے لئے مناسب ہے۔

یہی لیل و نہار ہے : [ا ر مثل] یہی گردش زمانہ ہے

یہی منہ یہی مسالا : [ا ر مثل] دیکھئے "یہ منہ اور مسور کی دال"

یہی نا : [ا ر متعلق] صرف اتنی ہی بات۔

یہی ہتھکنڈے ہیں تو خدا حافظ : [ا ر مثل] یہی چالاکیاں رہیں تو ایک نہ ایک دن ضرور مصیبت میں پھنسے گا۔

یہیں : [ا ر متعلق فعل] ۱۔ اسی جگہ۔ اسی مقام پہ۔ ۲۔ اسی طرف۔ اِدھر ہی ۳۔ اسی دُنیا میں۔ اس جہان میں

یہیں کا چن یہیں کا پن : [ا ر مثل] جو بھی ہے سو اس دنیا کا ہے۔ (چن آٹا۔ پن پانی)

یہیں کہیں : [ا ر متعلق فعل] اسی جگہ کسی مقام پر

ی۔ی

یَیے : [ا ر اشارہ ق] ۱۔ یہ۔ ۲۔ بہت

ییچ : [ا ر اشارہ ق] یہی

ییلاق : [ت۔ اند] ۱۔ وہ سرد مقام جہاں موسم گرما گزارتے ہیں۔ ۲۔ خانہ بدوش قبائل کی موسم گرما کی چراگاہ۔

خلیل احمد خوشنویس نکانہ ضلع شیخوپورہ نزد مسجد الرشید

بلند پایہ کتابیں

علمی اُردو لغت (متوسط) - از وارث سرہندی ایم۔ اے

یہ درمیانی لغات سکولوں، کالجوں کے طالب علموں اور عام شائقین کے لیے کم قیمت والی لکھی گئی ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ نصابی کتابوں کے تمام الفاظ اور عام ابتدائی الفاظ اس میں مل جائیں۔ مطالب میں اختصار کر کے ضخامت کم کر دی ہے اور صرف ضرورت کے الفاظ شامل کیے گئے ہیں۔ صفحات تقریباً بارہ سو۔ سائز ۲۲×۱۸/۱۶ (زیر طبع)

تلمیحات و اشارات - از وارث سرہندی ایم۔ اے - نظر ثانی از محمد احسن خان

نظم و نثر کی کتابوں میں گذشتہ واقعات یا شخصیتوں یا قصوں کی طرف اشارات استعمال ہوتے ہیں یا بعض ضرب الامثال بعض مخصوص قصوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ ان کا مفہوم سمجھنے کے لیے ان کا جاننا ضروری ہے کہ وہ کیا ہیں اور کب ہوئے۔ وارث سرہندی صاحب نے ایسے الفاظ، اسماء اور ضرب الامثال کو بڑی محنت سے اس کتاب میں جمع کر دیا ہے۔ اور ان شخصیتوں یا واقعات اور قصوں کا مختصر تذکرہ کر دیا ہے۔ تاکہ اردو ادب کے شائقین گھر بیٹھے ہی ان کو سمجھ سکیں اور مفہوم سمجھ لیں۔ (زیر طبع)

(۳) **اُردو کے دس عظیم شاعر**:- از پروفیسر محمد اقبال جاوید ایم۔ اے، صدر شعبہ اردو، گورنمنٹ کالج گوجرانوالہ۔ (زیر طبع)

یہ اُردو ادب کے مشہور مصنف اور ادیب کے مطالعہ و فکر کا نچوڑ ہے جو درج ذیل اُردو کے دس شعراء کے فن و فکر کا ایک جامع تنقیدی جائزہ ہے جس پر نیچے دیے گئے عنوانات کے تحت سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

(۱) ولی (۲) میر تقی (۳) میر درد (۴) مصحفی (۵) آتش (۶) غالب (۷) حالی (۸) حسرت (۹) اقبال (۱۰) اصغر۔

عنوانات (۱) شعر و سخن پر عمومی بحث (۲) شاعر کے فکر کا ہر پہلو (۳) تبرکات کے عنوان سے عظیم نقادوں کے نایاب مضامین اور آراء (۴) انتخاب کلام، خصوصیات کے اعتبار سے۔ (۵) اشارات و ماخذ، تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے ایک مفید فہرست (۶) تنقیدی بحث، زبان کے بانکپن کے ساتھ۔

مثلاً میر تقی میر کی زندگی کے حالات کے بعد رنگِ سخن میں درج ذیل عنوانات شامل ہیں:-

(۱) میر کا ماحول اور شاعری (۲) میر کا درد و غم (۳) دل اور دلی کی بربادیاں (۴) تغزل اور نشتریت (۵) میر کا محبوب (۵) میر اور عشق (۶) قنوطیت نہیں، رجائیت (۷) حکیمانہ انداز (۸) میر کا فخر، لب و لہجہ اور تقلیدِ میر (۹) الفاظ و تراکیب (۱۰) تشبیہات و استعارات (۱۱) مختصر یہ کہ ـــــ تبرکات کے عنوان میں:-

میر تقی میر۔ سید علی عباس جلالپوری۔ میر کی شاعری پر ایک اجمالی نظر۔ الیاس سو جانپوری (رہایاں ۱۹۳۶ء)۔

نقادوں کی نظر میں:-

(۱) ڈاکٹر مولوی عبدالحق (۲) ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی (۳) مجنوں گورکھپوری (۴) ڈاکٹر سید عبداللہ (۵) ڈاکٹر وحید قریشی (۶) محمد مجتبیٰ تنہا (۷) نظیر صدیقی (۸) نثار احمد فاروقی (۹) ولی الرحمٰن ولی کاکوری (۱۰) نصیر احمد زاد (۱۱) سعادت نظیر۔

(انتخاب کلام میر، خصوصیات کے اعتبار سے):-

(۱) جگر جورِ گردوں سے خوں ہو گیا (درد و غم) (۲) یہ جگر سو مرتبہ ٹوٹا گیا (دل کی بربادیاں) (۳) دلی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب (دلی کے تذکرے) (۴) یہ ہماری۔ ان سے پیار ہے (تغزل اور حسنِ ادا) (۵) برقع اٹھتے ہی چاند سا نکلا (میر کا محبوب) (۶) تدبیر دلِ ناتواں نے خوب کیا (جوشش دل) (۷) بُودا دم نو دشبنم ہے (حکمت کی باتیں) (۸) مستند ہے میرا فرمایا ہوا (تعلّی) اشارات و ماخذ۔ تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے ایک فہرست۔

ل

صحت نامہ

نمبر صفحہ	نمبر کالم	نمبر سطر	غلط	صحیح
۷	۲	۹	آپ کے مُنہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا اُدھار	آپ کے مُنہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا آدھار
۱۱	۱	۲۶	جو آج ہے سو کل نہیں۔	آج ہے سو کل نہیں۔
۱۸	۱	آخری	[ار- امث]	[ار- امذ]
۳۴	۲	۲۵	[ار- محاورہ]	[ار- مثل]
۴۱	۲	۱۸	حقیقت نما ہیں	حقیقت نما ہونا
۴۴	۲	۲	[ار- محاورہ]	[ار- مثل]
۴۷	۲	۲۱	تیوری چڑھانا	تیوری چڑھنا
۵۲	۲	۳۴	اپائی/اپائے [س- امث]	اپائے [س- امذ]
۷۰	۲	۳۵	اٹھارہ انچ دھانے کی توپ	اٹھارہ پونڈ کا گولہ پھینکنے والی توپ
۸۸	۱	۱۷	اُخوت	اُخُوّت
۹۱	۲	۱۵	ادھنا کی تانیث	ادھنا کی تصغیر
۹۶	۱	۲۹	ارگن ——— (ARGAN)	ارگن ——— (ORGAN)
۹۷	۲	۳۱	اڑبنگا ——— رکھنا	اڑبنگا ——— رخنہ
۱۰۱	۲	۳۰	اُستارا — (۳) آب زلال، دواؤں کا نتھارا ہوا پانی"	وادین کے درمیان کی تمام عبارت قلم زد سمجھی جائے
۱۰۱	۲	۳۱	اُسلنا — (۱) پانی نکالنا، دوا بھگو کر اس کا آب نکال لینا	وادین کے اندر کی تمام عبارت قلم زد سمجھی جائے
۱۰۲	۲	۱۰	[ف- امذ]	اس سے پہلے "اُستاد" پڑھا جائے۔
۱۱۳	۲	۹	HONORARY	HONORARIUM
۱۱۴	۲	۱۴	انکساری	انکسار
۱۱۶	۲	۳۰	افہام ——— سمجھنا	افہام ——— سمجھانا
۱۱۷	۲	۱۰	اقتدار ——— برائی	اقتدار ——— بڑائی
۱۱۸	۱	۹	اقلیم ——— کرہ ارض کا ۱/۷ حصہ	اقلیم ——— کرہ ارض کا ۱/۷ حصہ
۱۱۸	۲	۲۷	اِکّا "اکیلا، تنہا، واحد بے نظیر، بے مثل، لاثانی، یکتا"	وادین کے اندر کی تمام عبارت قلم زد سمجھی جائے۔
۱۲۵	۲	۲۱	الٹی میٹم ——— اعلان جنگ	الٹی میٹم ——— آخری تنبیہ
۱۵۲	۱	۳۱	اونچا گھر/گھرانا ——— بُرا گھر	اونچا گھر/گھرانا ——— بڑا گھر
۲۶۴	۲	۱۲	بہتیرا (بہ تیرا)	بُہتیرا (بُہ تیرا)
۲۶۵	۱	۸	(۲) خوش	(۲) خوشی
۲۶۵	۲	۱۹	بہکانہ [ار- مصدر]	بہکانا [ار- مص]
۲۷۱	۱	۲۷	بھائی دوست نہیں۔	بھائی جیسا دوست نہیں۔
۲۷۳	۲	۱۸	[ھ امث صوت]	[ھ- امث]
۲۷۶	۱	۲۰	(۲) نجوم دوسرا مکتدر	(۲) (نجوم) دوسرا پنچستر
۲۷۸	۲	۷	بھسک	بھسک

۲۸۵	۲	۲۹	جمع ولایت	جمع، ولادت،
۲۹۰	۱	۳۷	بے نزدگی	بے پردگی
۲۹۲	۲	۴۲	ناانصافت ظلم	ناانصافی، ظلم،
۲۹۳	۱	۴۳	بے جگہ	بے جگر
۳۰۸	۲	۲۱	ڈدکتیا مردار ...... الخ	ڈدکتیا مردار ...... الخ
۳۱۹	۲	۹	[ار - مثل]	[ار - محاورہ]
۳۳۱	۲	۱۱	پتوار ــــ اڑ والڈ، کھم	پتوار ــــ اڑ واڑ، چپو
۳۳۸	۱	۱۱	پجا [ھ، صف] بھرا ہونا، آباد	یہ تمام عبارت قلم زد بھی جائے
۳۴۶	۲	۱۷	پران ــــ نقش	پران ــــ نفس
۳۴۸	۱	۸	پرائی دھی اور ہنس بٹاؤ لوگ	پرائی دھی اور ہنسیں بٹاؤ لوگ۔
۳۴۹	۱	۳۴	پرچانا ــــ [ار - محاورہ]	پرچانا ــــ [ار - مص]
۳۴۹	۲	۱۳	پرچون ــــ خوردہ فروش	پرچون ــــ خردہ فروش
۳۵۰	۱	۲۸	جس کی یہ تانیث ہے	جس کی یہ تصغیر ہے
۳۵۲	۲	۱۸	پرستش	پرسش
۳۵۹	۲	۵	پڑوسن کے مینہ برسے گا تو اپنی بھی اوریلیں ٹپکیں گی۔	پڑوسن کے مینہ برسے گا تو اپنی بھی اولتیاں ٹپکیں گی
۳۶۱	۱	۱۵	کسی منظر، بیان یا تصویر کا وہ اسے نمایاں کرنے میں ہوئے میں مدد دے۔	کسی منظر، بیان یا تصویر کا وہ حصہ جو اسے نمایاں کرنے میں مدد دے۔
۳۶۱	۱	۱۷	آگا پیچھا ــ انجام	آگا پیچھا ــ انجام و آغاز
۳۶۱	۲	۲	پست ــــ نشیب	پست ــــ نشیبی
۳۶۱	۲	۴۱	پست قد - چھوٹے قد کا [خع، صف]	یہ تمام عبارت حذف سمجھی جائے۔
۳۸۲	۱	آخری	طاقچہ یا گھڑا	طاقچہ یا گڑھا
۳۸۵	۱	۱۱	پھاٹک بندی ــ حوالات، قید خانہ، بندی خانہ۔	پھاٹک بندی، حراست، قید، گرفتاری۔
۳۸۵	۱	۱۲	پھاٹک ٹوٹا گرد ٹوٹا۔	پھاٹک ٹوٹا گردھ ٹوٹا،
۴۱۱	۲	۳۱	پیری بعد عیب	پیری و صد عیب۔
۴۲۰	۲	۱۲	تاریکی	تاریک
۴۲۰	۲	۲۷	[ار - محاورہ]	[ار - مثل]
۴۲۴	۱	۷	[ار - مثل]	[ار - صف]
۴۲۹	۱	۹	وہ چیز جس میں برکت ہونے کا انعقاد ہو۔	وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو۔
۴۵۳	۲	۴۲	تطاول ــــ دست درازی	تطاول ــــ دراز دستی
۴۷۳	۱	۳۵	تواتر ــ لگاتار، تابڑ توڑ، سلسلہ وار	تواتر ــ سلسلہ، تسلسل
۴۸۰	۱	۲۱	تھان ــ (۲)...... جائے رہائش	تھان ــ (۲)...... جائے سکونت
۴۸۴	۱	۲۴	[ف - اند]	[ع - اند]
۵۰۱	۱	۳۰	حوالی	حوالی
۵۳۸	۱	۴۴	جوا بڑا بیوپار، جو اس میں نہ ہوتی ہار	جوا بڑا بیوپار جو اس میں نہ ہوتے ہار
۵۵۲	۲	۴۴	جوش ملنا [ار - محاورہ] دیکھئے جوش کھانا۔	جوش مارنا / کھانا [ار - محاورہ] ۱۔ کھولنا۔ ابلنا۔ ۲۔ زیادہ ہونا۔ ۳۔ اثر دکھانا۔

۵۵۵	۲	۲۳	جہاں بہو کا پنیا وہیں سسر کی کھاٹ	جہاں بہو کا پسینا وہیں سسر کی کھاٹ
۵۷۰	۱	۳۹	جیب کترا ۔	جیب کترا ۔
۵۶۸	۱	۳	[ف ۔ صف]	[ا،ر،ت صف]
۶۱۰	۱	۲۲	چوکس — طول میں پورا	چوکس — قول میں پورا
۶۲۵	۲	۲۷	چھٹکارا — (۲) فرصت	چھٹکارا — (۲) فرصت
۶۴۷	۱	آخری	[ع ۔ امذ]	[ع — امث]
۶۵۰	۲	۱۹	بات ۔ مقالہ	باب — مقالہ
۶۸۰	۲	۱۹	خلفشار [ع — امذ]	خلفشار [عف امذ]
۷۰۳	۱	۳۹	دانشور — INTELLEGENT کا ترجمہ	دانشور — INTELLECTUAL کا ترجمہ
۷۲۵	۲	۳	دکتر — انگریزی لفظ DRILL کا معرب	دکتر — انگریزی لفظ DOCTOR کا معرب
۷۳۸	۱	۸	دلدل — کیچڑ، دھنس	دلدل کیچڑ، دھسن
۷۴۰	۱	۱۳	دم سماری	دم شماری
۷۵۸	۱	۱۷	دہرا بدن — [ار — امث]	دہرا بدن — [ار ۔ امذ]
۷۹۹	۲	۱	راکھی	راکھی
۸۱۰	۲	۳۲	رُستا خیز	رستا خیز
۸۱۰ ۸۱۰	۲ ۲	۳۳ ۳۴	رُستگار	
۸۱۴	۱	۲۳	زرخرا، بھجور	یہ عبارت حذف سمجھی جائے ۔
۸۱۹	۲	۷	(۱) گردن (۲) غلام	یہ عبارت حذف سمجھی جائے ۔
۸۲۳	۱	۹	رنگ پر یدہ — پتلا	رنگ پریدہ — پیلا
۸۴۳	۲	۳۰	معتقی، جوگی	متقی — جوگی
۸۹۳	۱		د — س	س — د
۹۰۴	۲	۲۴	سُر کی تانیث	یہ عبارت حذف سمجھی جائے ۔
۹۵۰	۱	۲۴	شذوز	شذوذ
۹۶۴	۱	۱۳	بہتر قدم	سبز قدم
۹۷۷	۲	۱۲	صراح — فارسی کی ایک مشہور لغت	صراح — عربی کی ایک مشہور لغت
۱۰۴۳	۲	۱۵	فارس — (۲) "پارس کا معرب ۔ ایران"	فارس — کے بعد واوین کے اندر کی عبارت حذف سمجھی جائے ۔
۱۰۷۸	۱	۳۴	قشلاق [ع — امذ]	قشلاق [ت ۔ امذ]
۱۰۸۴	۲	۲۲	قُلیہ	قلیہ
۱۰۸۴	۲	۲۳	قُلیہ بنانا	قلیہ بنانا
۱۰۸۴	۲	۲۴	قُلیہ چپاتی	قلیہ چپاتی
۱۰۸۵	۱	۳۵	قنات [ع — امث]	قنات [ت ۔ امث]
۱۱۴۹	۲	۴	ک — ل	ک — م
۱۱۷۵	۱	۲	غنیمت	غیبت
۱۱۸۰	۲	۱۰	کھپانا	کھتیانا
۱۲۰۱	۱	۲۹	(۳) ترکش، شیردان	ترکش، تیردان

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۱۲۵۳	۱	۲	مفتی	مغنی
۱۲۶۷	۱	۳۴	آتش بازی جو لگ دینے گھومتی ہے	آتش بازی جو آگ دینے سے گھومتی ہے۔
۱۲۷۶	۲	۴	[ع — اذ]	[ع — امث]
۱۳۳۵	۹	۱۰	[ہ — اذ]	[ف — اذ]
۱۳۶۱	۲	۳۱	مَدارا	مُدارا
۱۳۶۸	۱	۱۸	مُرچا موریچہ کا ھندی	مُرچا — موریچہ کا ھند
۱۳۷۷	۲	۱۳	نحوست	نخوت
۱۴۲۰	۲	۲۱	ملالمہ	ملائکہ
۱۴۳۱	۱	۲۴	پاٹ	ہاٹ
۱۴۷۶	۲	۳۵	مقطر	مضطرب
۱۴۷۷	۲	آخری	[ا — محاورہ]	[ف — امث]
۱۴۹۱	۲	۲۸	نام نہا	نام نہاد
۱۴۹۶	۱	۲۷	[ع — امث]	اس سے پہلے "بنوت" پڑھا جائے۔
۱۴۹۹	۱	۳۱	دیکھئے نکشتر	یہ عبارت حذف کی جاتی ہے۔
۱۴۹۹	۱	۳۲	دیکھئے نکشتری	پچھتر سے منسوب۔
۱۵۱۹	۲	۵	[ا — محاورہ]	[ع — اذ]
۱۵۸۰	۱	۷	نمث	عنث

اُردو ادب کے فضلا کے آرا سے اقتباسات

جو انھوں نے "علمی اُردو لغت" کے مطالعہ کے بعد تحریر فرمایا!

ڈاکٹر سید عبد اللہ پنجاب یونیورسٹی

"ہمیں یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ حال میں علمی کتاب خانہ اُردو بازار لاہور نے بہت جامع اور محیط علمی اُردو لغت شائع کیا ہے جسے توسط کہنا چاہیئے۔ یہ نہ تو اتنی مفصل ہے کہ کئی جلدوں پر مشتمل ہو اور نہ اتنی مختصر کہ ضرورت کے عام الفاظ بھی اس میں نہ مل سکیں۔ اسے اگر جامع مختصر کہہ دیا جائے تو مناسب ہوگا۔ اس میں عام قاری کے علاوہ مختلف علوم سے تعلق رکھنے والے طلبائے علم یکساں استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس میں اعراب کا اہتمام بھی کیا گیا ہے جس سے صحیح تلفظ میں بڑی مدد مل سکتی ہے۔ اُردو زبان میں جو جدید الفاظ رواج پذیر ہو چکے ہیں انہیں بالالتزام شامل کیا گیا ہے۔ مرتب کی یہ کوشش قابلِ تحسین ہے"۔

ڈاکٹر وحید قریشی پنجاب یونیورسٹی

"وارث سرہندی فارسی زبان پر بھی عبور رکھتے ہیں۔ عربی سے بھی نا آشنا نہیں۔ انگریزی اور ہندی پر بھی انہیں خاصی آگاہی ہے۔ اس لیے لفظوں کے اصل مخارج تک ان کو رسائی حاصل ہے۔ انھوں نے صرف دوسری ڈکشنریوں کو سامنے رکھ کر الفاظ و معانی کو سامنے رکھ کر الفاظ و معانی کو نقل کرنے پر بھروسہ نہیں کیا بلکہ ہر لفظ کو اس کے اصل ماخذ تک جا کر دیکھنے کی کوشش کی ہے۔ اس لیے ان کی لغت جامع اللغات اور نور اللغات سے ان کے معنوں میں تو مشابہت رکھتی ہے کہ ان میں الفاظ اور محاورات وہی ہیں لیکن معانی کے تعین میں اُنھوں نے ان اہم ڈکشنریوں پر تکیہ نہیں کیا۔ بلکہ لفظوں کی مختلف شکلوں کو قواعد کی رُو سے جانچ پرکھ کر اُن کے مطالب کا تعین کیا ہے۔ نیز جو لفظ کسی زبان سے آیا ہے اُس کے اصل ماخذ تک رسائی حاصل کر کے معانی کے بعض ایسے پہلو بھی دریافت کیے ہیں جو اُردو عبارتوں میں موجود تو تھے لیکن ان کی شناخت ماہرینِ لغت نے نہیں کی تھی۔ اس کا ایک فائدہ انہیں یہ بھی ہوا ہے کہ جہاں لغت نویس نے لفظ کے مفہوم کو یا محاورے کے کسی پہلو کو طویل جملے میں بیان کیا تھا انھوں نے اسے چند لفظوں کے ذریعے ادا کیا ہے۔ زبان پر یہ عالمانہ گرفت بہت کم لغت نویسوں کے حصے میں آئی ہے۔ مطالب کے بیان میں یہ جامعیت وارث سرہندی کی لغت کا خاص پہلو ہے انھوں نے کم سے کم الفاظ میں الفاظ اور تراکیب کے زیادہ سے زیادہ پہلو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے"۔

بازار میں عام طور پر دستیاب ڈکشنریوں میں فرہنگِ عامرہ، نسیم اللغات اور فیروز اللغات زیادہ تر مقبول ہیں۔ جامع اللغات اور نور اللغات اب نایاب ہو چکی ہیں۔ ضرورت تھی کہ اسی محنت اور عرق ریزی سے ایک ایسی لغت تیار کی جائے جو عام ضرورت کو بھی پورا کرتی ہو اور علماء کے حوالے کی بھی چیز بن جائے۔ علمی اُردو لغت اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے۔ اس میں نہ تو سند میں عبارتیں اور اشعار ہیں کہ ضخامت جامع اللغات یا امیر اللغات کی طرح کئی جلدوں میں چلی جائے اور نہ نسیم اللغات اور فرہنگ عامرہ کی طرح اتنی مختصر ہے کہ ادب کے عام طالب العلم کے لیے کئی الفاظ کے لیے دوسری ڈکشنریوں کی ورق گردانی کرنی پڑے۔ محاورات

اور ضرب الامثال کو بھی خاص اہمیت دی گئی ہے۔"

ڈاکٹر عبادت بریلوی پرنسپل اورینٹل کالج لاہور

"مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ اس علمی اور مو لُغت میں بڑی حد تک وارث سرہندی صاحب نے اس حال کو پیش نظر رکھا ہے اور اس بات کی کوشش کی ہے کہ اس میں ان الفاظ کے ساتھ جو قدیم لُغت میں تفصیل کے ساتھ ملتے ہیں نئی اصطلاحات اور زبان میں نئے داخل ہونے والے الفاظ کو بھی اپنے پیش نظر رکھا ہے اور حوالے دے کر ان کے معنوی پہلوؤں کی وضاحت کی ہے۔ الفاظ کے مآخذ کو بھی جگہ جگہ واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ علمی اور فنی اصطلاحات کو بڑی حد تک اس میں بڑی جگہ دی گئی ہے۔ غرض مجموعی طور پر وارث سرہندی صاحب نے اس لُغت کو عام پڑھنے والے اور خصوصاً طلباء کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنایا ہے۔"

میرزا ادیب

"وارث سرہندی صاحب سیالکوٹ کے ایک دُور افتادہ مقام پر رہائش رکھتے ہیں۔ کثیر المطالعہ شخص ہیں۔ لسانیات کے ایسے ماہر ہیں کہ اس کا کوئی گوشہ، کوئی شاخ اور کوئی جہت بھی ان کی نظروں سے پوشیدہ نہیں۔ جہاں تک علم و فضیلت کا تعلق ہے وارث سرہندی صاحب ایک بے مثال شخصیت سمجھے جانے کے ہر طرح مستحق ہیں۔

علمی لُغت مؤلف کی پانچ برس کی شبانہ روز گرانقدر مساعی کا نتیجہ ہے۔ یہ اردو کی پہلی لُغت ہے جس کی تالیف و ترتیب میں مؤلف نے غالب، ذوق، نظیر اکبرآبادی، میرانیس اور علامہ اقبال جیسے اردو کے اہم شاعروں کے الفاظ اور لفظی تراکیب کا احاطہ کیا ہے۔ علامہ اقبال نے پرانے رموز و علوم کو نئے معنی دیئے ہیں۔ یہ معاملہ محض انہی کی ذات تک محدود نہیں۔ ہر شخص ایک خاص علامت کو اپنے زمانے اور اپنی ذات کے حوالے سے استعمال کرتا ہے۔ اس لیے یہ علامت اس کے ہاں وہ معنی کھو دیتی ہے جو عام طور پر اس کے ساتھ وابستہ ہوتے ہیں۔ ان شاعروں کے علاوہ وارث سرہندی نے مولوی نذیر احمد، رتن ناتھ سرشار، مرزا رجب بیگ سرور اور میرامن کی تصانیف کو بھی پیش نظر رکھا ہے اور ان کے خاص الفاظ، خاص محاوروں، ضرب الامثال کو بھی اپنی لُغت میں جگہ دی ہے۔ اخبارات میں استعمال ہونے والے الفاظ و مصطلحات، ادبی اصطلاحات، بیان و معانی عروض اور صرف نحو کی اصطلاحات، اسلامی احکامات، انگریزی اصطلاحات کے تراجم ایسی گنگا جمنی تراکیب جو از روئے قواعد غلط ہیں مگر عوام انہیں استعمال کرتے رہتے ہیں۔ دفتری الفاظ و اصطلاحات۔ ان سب کو مؤلف نے اپنی لُغت میں شامل کر لیا ہے اس لُغت کے ساتھ جامع کا لفظ بھی استعمال کیا گیا ہے۔ اور بجا طور استعمال کیا گیا ہے۔ یہ لُغت حقیقتاً جامع ہے اور جیسا کہ میں اُوپر عرض کر چکا ہوں۔ جہاں تک لُغت کے باب میں افادیت کا تعلق ہے۔ یہ لُغت ہر جہت سے ہر پہلو سے اور ہر انداز سے مکمل ترین لُغت ہے۔

میں جناب مؤلف کے ساتھ اس کتاب کے ناشر حاجی سردار محمد صاحب کو بھی مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے اپنی کوششوں سے ہمیں ایک گرانبہا اور گرانقدر لُغت فراہم کر دی ہے۔

علمی اردو لغت ایک اہم علمی اور ادبی ضرورت کی تکمیل

موقر روزنامہ "مشرق"، ۱۲ فروری ۱۹۷۷ء

"یہ کتاب طالب علموں کی ضرورت کو پورا کرتی ہے۔ وارث سرہندی اردو کی تشکیل میں مدد دینے والی مختلف زبانوں عربی، فارسی سنسکرت ہندی اور انگریزی سے بخوبی واقف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی رسائی لفظوں کے ان مآخذ اور مخارج تک آسانی سے ہو جاتی ہے جو متعدد دوسرے لغت نویسوں کی گرفت سے باہر رہتے ہیں۔ انھوں اہم ڈکشنریوں پر تکیہ نہیں کیا۔ بلکہ لفظوں کی مختلف شکلوں کو قواعد کی رو سے جانچ پرکھ کر ان کے مطالب کا تعین کیا ہے۔ نیز جو لفظ جس زبان سے آیا ہے اس کے اصل ماخذ تک رسائی حاصل کر کے معانی کے بعض ایسے پہلو دریافت کیے ہیں جو اردو عبارتوں میں موجود تو تھے لیکن ان کی شناخت ماہرین لغت نے نہیں کی تھی۔ دوسرے لغت نویسوں نے جہاں کسی لفظ کے مفہوم یا محاورے کو طویل جملے میں بیان کیا وارث نے اسے چند لفظوں میں بیان کیا ہے۔ زبان پر یہ عالمانہ گرفت بہت کم افراد کے حصے میں آتی ہے۔ کم سے کم الفاظ میں، لفظوں اور ترکیبوں کے زیادہ سے زیادہ پہلو اجاگر کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

زباندانی، ادب، شاعری اور تصنیف و تالیف سب کی بنیاد لفظوں پر استوار ہوتی ہے۔ اس اعتبار سے لغت شناسی، تمام علوم و فنون کی خشت اول ہے۔ الفاظ کا صحیح تلفظ اور صحیح مفہوم جاننا ہر تعلیم یافتہ شخص کی اہم ترین بنیادی ضرورت ہے اور اس ضرورت کو علمی اردو لغت نے نہایت خوبی سے پورا کیا ہے۔ کتاب کی جلد بندی، کتابت اور طباعت ہر اعتبار سے معیاری ہے قیمت بھی زیادہ نہیں۔

علمی اردو لغت (جامع)

روزنامہ "[illegible]" کراچی ۸ مئی ۱۹۷۷ء

"وارث سرہندی ایم، اے کی یہ ضخیم کتاب لغت جو بڑی تقطیع کے ۱۶۲۰ صفحات پر مشتمل ہے جسے علمی کتاب خانہ لاہور نے اعلیٰ درجہ کے موٹے چکنے کاغذ پر بہت کتابت و طباعت سے مزین کر کے شائع کیا ہے۔ بڑی قابل قدر چیز ہے اور جناب مؤلف اور ناشر کا قابل فخر کارنامہ ہے۔ اس میں غالب، مومن، ذوق، اقبال وغیرہ کے علاوہ قدیم و جدید الفاظ اخباری اصطلاحات، محاورات، مرکبات، صحیح تلفظ کے ساتھ موجود ہیں۔ یہ ایسی وسیع اور جامع لغت ہے کہ نہ صرف طالب علم اور عام قاری بلکہ محققین کے لیے بھی کارآمد اور حوالے کی کتاب بن گئی ہے۔"

میجر آفتاب حسن صدر سائنٹیفک سوسائٹی پاکستان کراچی یونیورسٹی

"علمی کتب خانہ لاہور قابل مبارکباد ہے کہ اس کی علمی اردو لغت (جامع) اہل قلم کے مطالبات کو بدرجہ اتم پورا کرتی ہے۔ صرف ایک جلد میں ایک لاکھ چار ہزار سے زیادہ الفاظ جمع کر کے ان کے معنی و مطالب کی وضاحت کر دینا گویا دریا کو کوزے میں بند کرنا ہے۔ بلاشبہ یہ لغت اپنے قاری کو دوسری لغت سے بڑی حد تک بے نیاز کر دیتی ہے۔ وارث سرہندی صاحب کی یہ کوشش قابل تحسین ہے۔"